بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

ضیاء القرآن

الاسراء

جلد اوّل

فاتحہ — تا — انعام

پیر محمد کرم شاہ ایم اے (الازہر) سجادہ نشین بھیرہ

ضیاء القرآن پبلیکیشنز
گنج بخش روڈ ○ لاہور

کتابت ———— خوشنویس محمد ناصر قادری خوش رقم بنک کالونی سمن آباد لاہور
تعداد ———— تین ہزار (۳۰۰۰)
تاریخ طباعت ———— 1995
ناشر ———— ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور

تخلیق مرکز پرنٹرز لاہور

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱۔	طبع جدید	۵
۲۔	مقدّمہ	۷
۳۔	الفاتحہ	۲۰
۴۔	البقرہ	۲۷
۵۔	آلِ عمران	۲۰۳
۶۔	النسّاء	۳۱۱
۷۔	المائدہ	۴۳۱
۸۔	الانعام	۵۲۹
۹۔	تحقیقاتِ لغویہ	۶۲۳
۱۰۔	التحقیقات النحویہ	۶۲۸
۱۱۔	فہرست مطالب	۶۲۹

فہرست نقشہ جات

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱۔	نقشہ مقامات حج	۱۳۶
۲۔	حضرت ابراہیمؑ کی "اُر" سے کنعان تک ہجرت اور دیگر اسفار	۱۸۰
۳۔	نقشہ جنگِ اُحد	۲۸۶
۴۔	بنی اسرائیل کی مصر سے ہجرت اور صحرا نوردی	۴۶۰

طبعِ جدید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی بتوفیقہ تتم الصالحات والصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ الذی بجاھہ تقبل الطاعات وتمحی السیئات وعلی الہ معادن السعادات واصحابہ منابع البرکات ومن احبہ واتبعہ باحسان الی یوم الدین۔

۱۳۸۴ھ ہجری ۱۹۶۵ء میں ضیاء القرآن کی پہلی جلد کا پہلا ایڈیشن شائع ہوا۔ ۱۹۷۰ء میں دُوسری جلد طبع ہُوئی۔ اِن دونوں جلدوں کی کتابت اور طباعت اتنی غیر معیاری تھی کہ ان کا مطالعہ قارئین کے ذوقِ لطیف پر ایک ناخوشگوار بوجھ تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ بازار میں دستیاب بھی نہیں ہوتی تھی جس سے شائقین کو گوناگوں دُشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا۔ یہ ساری باتیں میرے لیے بڑی تکلیف کا باعث تھیں لیکن اس سے رُستگاری کی کوئی صُورت نظر نہ آرہی تھی۔

آخر کار اس کے بغیر کوئی چارہ کار نہ رہا کہ متوکلاً علی اللہ تعالیٰ اس کی طباعت واشاعت کی ذمہ داری خود سنبھالی جائے۔ چُنانچہ مخلص احباب کے مشورہ اور تعاون سے شبِ معراج ۱۳۹۴ھ میں ضیاء القرآن پبلی کیشنز کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا گیا۔ اُسی کی زیرِ نگرانی ضیاء القرآن طبع ہو کر اب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

- تمام تفسیر کی کتابت از سرِ نو کرائی گئی ہے اور ملک کے بہترین خوشنویسوں کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔
- ضیاء القرآن کو تین جلدوں میں شائع کرنے کے بجائے پانچ جلدوں میں شائع کرنے کا پروگرام بنایا گیا۔ کیونکہ مواد زیادہ تھا اِسے تین جلدوں میں سمونا مشکل تھا۔
- تفسیر کو حاشیہ پر لکھنے کا اسلوب ترک کر کے موجُودہ انداز اختیار کیا گیا ہے۔
- مطبوعہ جلدوں میں بھی متعدد مقامات پر اضافے کیے گئے ہیں جن سے آیات کا مطلب سمجھنے میں آسانی ہوگی۔
- مُناسب مقامات پر مضامینِ قرآن کی توضیح کے لیے نقشوں کا اضافہ بھی کر دیا گیا ہے۔
- ہر جلد کی فہرستِ مطالب از سرِ نو اس طرح مرتّب کی گئی ہے کہ قارئین کے لیے اِس سے اِستفادہ آسان ہو جائے۔
- پانچویں جلد کے آخر میں مفتاح القرآن نامی ایک رسالہ کا اضافہ کر دیا گیا ہے جس سے قارئین کو مطلوبہ آیت کی تلاش میں مدد ملے گی۔
- پہلی طباعت بلاکس پر تھی۔ اب فوٹو آفسٹ کا طریقہ اپنایا گیا ہے۔
- قرآنِ کریم کے نُور کو ہر مُسلم گھر میں پہنچانے کی غرض سے ضیاء القرآن دو قسموں میں آپ کے سامنے ہے۔ اعلیٰ قسم اور

ارزاں قیمت۔ تاکہ ہر شخص اپنے ذوق اور مقدرت کے مطابق اسے حاصل کر سکے۔

دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ کے فاضل نوجوان عزیزم مولٰنا محمد سعید اسعد نے دس گیارہ سال بڑی محنت اور دلی لگن سے شب و روز میرے ساتھ کام کیا۔ اپنے آرام و آسائش کی کبھی پرواہ نہ کی۔ ان کی ذہانت، خوش ذوقی اور خلوص کا مجھے اعتراف ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس مخلصانہ رفاقت اور مسلسل محنت کو شرفِ قبول بخشے اور انھیں اپنے دینِ حنیف کی خدماتِ جلیلہ سرانجام دینے کی توفیقات ارزانی فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

ان کے علاوہ دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ کے فاضل عزیزم مولٰنا عبدالرسول ارشد ایم۔ اے (گولڈ میڈلسٹ) کا میں ممنون ہوں جنھوں نے میری گزارش پر سرکاری ملازمت سے استعفا دے کر ضیاء القرآن پبلی کیشنز کا کام سنبھالا۔ انہی کی ان تھک کوششوں کا نتیجہ ہے کہ آج ضیاء القرآن کو اس دیدہ زیب صورت میں آپ کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے۔

حضرت مولٰنا محمد معراج الاسلام صاحب شیخ الحدیث دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ اور جناب عابد نظامی مدیر معاون ماہنامہ "ضیائے حرم" میرے خصوصی شکریہ کے مستحق ہیں۔ ان کے مفید مشوروں سے میں نے استفادہ کیا۔ ضیاء القرآن پبلی کیشنز کے اراکین کے بھرپور تعاون کے بغیر اس عظیم منصوبہ کو عملی جامہ پہنانا مشکل تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کے جذبۂ خدمتِ اسلام کو ہمیشہ سلامت رکھے اور انھیں مزید توفیقات سے بہرہ ور فرمائے۔

رب اوزعنی ان اشکر نعمتك التی انعمت علیّ وعلیٰ والدیّ وان اعمل صالحاً ترضاہ واصلح لی فی ذریتی انی تبت الیك وانی من المسلمین۔

یارب صل وسلّم دائمًا ابدًا
علی حبیبك خیر الخلق کلهم

دوشنبہ
۱۲۔ محرّم الحرام ۱۳۹۸ھ
۲۔ جنوری ۱۹۷۸ء

خاکِ راہِ صاحبدلاں
محمد کرم شاہ
سجادہ نشین بھیرہ ضلع سرگودھا

ضیاء القرآن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ ربّ العٰلمین الرّحمٰن الرحیم مالک یوم الدین وازکی الصلوات واطیب التسلیمات واسنی التحیات علی حبیبہ المعظم و نبیہ المکرّم سیّد ولد آدم مولانا محمد المبعوث رحمۃ للعالمین قائد الغر المحجلین وعلیٰ آلہ الطیبین واصحابہ المکرّمین اللّٰھم ایّاک نعبد و ایّاک نستعین اھدنا الصراط المستقیم صراط الّذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضّالین اٰمین بحق طٰہٰ و یٰس۔

رحمٰن ورحیم پروردگار نے اپنے بندوں کی رہنمائی اور اُن کی حقیقی فلاح وکامرانی کے لیے جو صحیفہ خاتم الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے قلبِ مُنیر پر نازل فرمایا اسے ہم **قرآن مجید** کے نام سے جانتے ہیں۔ کہنے کو تو یہ ایک کتاب ہے اور کتابیں اَن گنت ہیں۔ بڑی ضخیم، بڑی اَدق، بڑی دِل آویز لیکن اِس کتاب کی شان ہی نرالی ہے۔ یہ صحیفہ بیک وقت کتاب بھی ہے اور علم ومعرفت کا آفتابِ جہاں تاب بھی جس میں زِندگی کی حرارت اور ہدایت کا نُور دونوں یکجا ہیں۔ اس کا حسن وجمال قلب ونگاہ کو یکساں متاثر کرتا ہے۔ اس کی تجلّیات سے دُنیا وعقبیٰ دونوں جگمگا رہے ہیں۔ اس کا فیض ہر پیاسے کو اُس کی پیاس کے مطابق سیراب کرتا ہے۔ اِس کا پیغام اگر عقل وخرد کو لذّتِ جستجو بخشتا ہے تو قلب ورُوح کو بھی شوقِ فراواں سے مالامال کرتا ہے۔ اِس کی تعلیم نے اِنسان کو خود شناس بھی بنایا اور خُدا شناس بھی۔

یہ کتابِ مقدّس ہر لحاظ سے سراپا اعجاز ہے۔ اِس کا ہر پہلو اِتنا دِلرُبا ہے کہ اپنے پڑھنے والے کو مسحُور کر دیتا ہے۔ اِسی لیے جب سے اس کا نزُول ہوا اس نے اپنی فطری جاذبیّت سے نوعِ اِنسان کے ہر طبقہ سے سنجیدہ اور ذہین افراد کو اپنی طرف متوجّہ کیا اور اِس میں قطعاً مبالغہ نہیں کہ قرآنِ حکیم کے متعلق جتنا کچھ لکھا گیا ہے اُتنا کسی کتاب یا کسی موضوع پر نہیں لکھّا گیا۔ لکھنے والوں میں اپنے بھی تھے اور بیگانے بھی محقّق بھی تھے اور متعصّب بھی۔ ادیب بھی تھے اور فلسفی بھی۔ عربی بھی تھے اور عجمی بھی۔ شمعِ علم کے پروانے بھی تھے اور میخانۂ عرفان کے متوالے بھی۔ سب ہی نے تو اِس کی خدمت کی بلکہ سب ہی سے اس نے اپنی خدمت لی اور ہر ایک نے اس

چاکری کو اپنے لیے باعثِ عزّت وسعادت سمجھا۔

اس بحرِ بے پیدا کنار میں غوّاصی کرنے والوں نے غوّاصی کا حق ادا کیا۔ ہر ایک نے اپنی ہمّت کے مُطابق انمول موتیوں سے اپنی جھولیاں بھریں لیکن اس کے معارف کے خزینے بھرے کے بھرے ہی رہے۔ اس کے اسرار و رُموز کے گنجینوں میں کمی نہ ہوئی جنھوں نے اس گلستانِ معنی میں گُل چینی کرتے کرتے عمریں گزار دیں۔ اُنھوں نے بھی یہ تو نہیں کہا کہ ہم نے سب پھُول چُن لیے ہیں بلکہ سب نے بے تامّل یہ اعتراف کیا۔

دامانِ نگاہ تنگ و گُلِ حُسنِ تو بسیار
گُل چینِ تو از تنگیٔ داماں گلہ دارد

اور اُن کا یہ اعترافِ عجز، ازراہِ تواضع و انکسار نہ تھا بلکہ حقیقت کا اظہار تھا اور وُہ مجبُور تھے کہ اس روشن حقیقت کا اظہار کریں۔

جس میدان میں ابن جریرؒ اور ابن کثیرؒ جیسے محدّث اور مؤرّخ، زمخشری اور ابن حیان اُندلسی جیسے ادیب اور نکتہ سنج، رازیؒ اور بیضاویؒ جیسے متکلم اور فلسفی، اُبوبکر جصاص اور اُبو عبداللہ القرطبی جیسے فقیہ اور مقنّن (علیھم الرحمۃ) قرآن کی عظمت وجلال کے سامنے دم بخود اور سربگریباں کھڑے ہوں میرے جیسے ہیچمدان، ہیچمیرز کا ادھر رُخ کرنا یقیناً محلِ تعجّب وحیرت ہے۔

خُدا شاہد ہے کبھی بھُولے سے بھی یہ خیال نہیں آیا تھا کہ مجھے یہ کام کرنا ہے یا میں یہ کام کرنے کی اہلیت رکھتا ہُوں یا اپنے فہم و ادراک کے ناخن سے کسی پیچیدہ گرہ کو کھول سکتا ہُوں۔ یا میرے قلم میں اتنا زور ہے کہ میری نگارشات قرآن فہمی کے راستہ سے ساری رُکاوٹیں دُور کر سکتی ہیں۔ ان تمام کوتاہیوں کا پُورا احساس ہوتے ہوئے یہ کچھ ہو گیا۔ اس کی توجیہ میرے پاس اس کے علاوہ کچھ نہیں کہ میں یہ کہوں کہ اللہ ربّ العزّت نے چاہا اور یہ ہو گیا۔ اسی مسبّب الاسباب نے اسباب فراہم کیے اسی کی توفیق نے دستگیری فرمائی اسی کی عنایاتِ پیہم کے سہارے قدم اُٹھتے رہے اسی کی تائیدِ مسلسل سے میں یہاں تک پہنچا اور اسی کی بارگاہِ بےکس پناہ میں دامنِ طلب پھیلائے بصد عجز ونیاز فریاد کُناں ہُوں کہ اے ذرّوں کو رشکِ آفتاب بنانے والے اے قطروں کو سمندر کی وُسعتیں بخشنے والے اے گداؤں کو ہفت اقلیم کی سُلطانی کا تاج پہنانے والے اے دلوں کے ظلمت کدوں میں اپنی معرفت کا چراغ روشن کرنے والے! اس ذرّۂ ناچیز کو، اس قطرۂ حقیر کو، اس بے نوا فقیر کو، اس سیاہ رُو اور سیاہ دِل کو اپنے محبُوبِ مکرّم رسُولِ معظّم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے طفیل اپنی عنایاتِ خسُروانہ سے، اپنے الطافِ شاہانہ سے، اپنی نوازشاتِ کریمانہ سے ہمیشہ ہمیشہ سرفراز فرمائے رکھنا۔

رب اوزعنی ان اشکر نعمتك التی انعمتَ علیَّ وعلیٰ والدیَّ وأن اعمل صالحا ترضاہ واصلح لی فی ذریتی انی تبتُ الیك وانّی من المسلمین۔ (۴۶ : ۱۵)

فاران کی وادیوں سے قرآن کا چشمۂ فیض کیا پھُوٹا کہ اس سے علُوم وفنون کے دریا بہہ نکلے جنھوں نے جزیرۂ عرب کے پیاسے ریگزاروں کو سیراب کیا اور اُنھیں حکمت ودانش کی جلوہ گاہ بنا دیا! اس ایک کتاب مجید نے جہاں پہلے علُوم کو حیاتِ نَو بخشی وہاں اس نے بے شمار جدید علوم کی تشکیل کا سامان فراہم کر دیا۔ علُومِ تفسیر، لغت وفقہ اللغۃ، فقہ واصُولِ فقہ، معانی وبلاغۃ وبدیع، صرف ونحو، قرأت وتجوید، وعظ وخطابت، قصص واخبار، امثال وحکایات ان کے علاوہ اور کئی علُوم ہیں جنھوں نے قرآن کریم کے سایۂ عاطفت میں جنم لیا اور اسی کے آغوشِ تربیت میں پروان چڑھے اس طرح قرآن حکیم کے فیض سے دُنیا کی سب سے زیادہ جاہل قوم علم وحکمت کے عظیم خزانوں کی مالک بلکہ خالق بن گئی۔

ہر عہد میں ملتِ اسلامیہ کے ذہین وفطین افراد نے جو روشن دماغ بھی تھے اور روشن ضمیر بھی، اپنی ذاتی استطاعت، ذاتی صلاحیت و استعداد اور اپنے مخصوص ماحول کی ضروریات اور تقاضوں کے پیشِ نظر قرآن مجید کے ان خادم علوم میں سے کسی ایک کو اپنے لیے منتخب کیا اور خدمت گزاری کا حق ادا کر دیا۔ اور اپنے اپنے موضوع پر ایسی زندۂ جاوید تالیفات وتصنیفات کا گراں بہا ذخیرہ چھوڑا جن کی روشنی سے دُنیا بھر کے کتب خانے اور دانش گاہیں آج بھی چمک رہی ہیں لیکن اس ناچیز کے نزدیک قرآن کا سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ وُہ کتاب ہدایت ہے اس کے نازل فرمانے والے نے بارہا اس کا تعارف اس قسم کے کلمات سے کرایا ہے:۔

هٰذا بيان للناس وهدى وموعظة للمتقين (۳ : ۱۳۸)

آج ہمیں قرآن مجید کے اسی پہلو پر زیادہ سے زیادہ توجہ دینی چاہیئے لیکن شومیٔ تقدیر ملاحظہ ہو آج قرآن کا یہی پہلو متروک اور مہجور ہے۔

قرآن حکیم کا مقصدِ اوّلین انسان کی اصلاح ہے۔ تربیتِ پیہم سے اس کے نفسِ امّارہ کو نفسِ مطمئنّہ بنانا ہے۔ ہوا وہوس کے غبار سے آئینۂ دِل کو صاف کر کے اسے انوارِ ربّانی کی جلوہ گاہ بنانا ہے۔ انانیّت وغرور، تمرّد وسرکشی کی بیخ کنی کر کے انسان کو اپنے مالکِ حقیقی کی اطاعت وانقیاد کا خُوگر کرنا ہے۔ یہی کام سب سے اہم بھی ہے اور سب سے مشکل اور کٹھن بھی۔ قرآن مجید نے اسی اہم ترین اور مشکل ترین کام کو سرانجام دیا اور اس حسن وخُوبی سے کہ دُنیا کا نقشہ بدل گیا۔

یہ صرف باتیں ہی باتیں نہیں ہیں بلکہ ایک حقیقت ہے زندۂ جاوید حقیقت اور ناقابلِ انکار حقیقت کہ قرآن کی ہدایت سے بگڑا ہوا انسان سدھرا اور سدھر کر ساری کائنات کے لیے آیۂ رحمت بن گیا۔ غور فرمائیے حکمتِ الٰہی نے نزولِ قرآن کے لیے جس سرزمین کو منتخب کیا وُہ عرب کا خطّہ تھا۔ وہاں بسنے والے لوگ شکل وصُورت میں تو انسان تھے لیکن انسانیت سے اُن کا دُور کا واسطہ بھی نہ تھا۔ کفر وشرک، فسق وفجور، ظلم و ستم، وحشت وبربریّت، جہالت اور اُجڈپن اس پر فقر وافلاس مستزاد، غرضیکہ کونسا عیب تھا یا کونسی گمراہی تھی جو اُن میں بدرجۂ اتم موجود نہ تھی۔ اور دُنیا نے دیکھا کہ قرآن حکیم کی تاثیر اور صاحبِ قرآن کی برکت سے وُہ کیا سے کیا بن گئے۔ اگر قرآن عرب کے اُجڈ بدوؤں کو آدم وبنی آدم کے لیے باعثِ عزّ وشرف بنا سکتا ہے۔ اگر ان جاہلوں کو جو ابجد خواں بھی نہ تھے بزمِ علم ودانش کا صدر نشین بنا سکتا ہے اگر حرم کعبہ میں ۳۶۰ بُتوں کی پُوجا کرنے والی قوم کے دِل میں معرفتِ الٰہی کی شمع فروزاں کر سکتا ہے تو ہمارے صنم کدۂ تصوّرات کے لات و ہُبل کو کیوں ریزہ ریزہ نہیں کر سکتا۔ ہمارے ظلمت خانۂ حیات کو اس کی کرنیں کیوں منوّر نہیں کر سکتیں۔ بخُدا ہو سکتا ہے۔ سب کچھ ہو سکتا ہے بشرطیکہ ہم قرآن کی ہدایت کو قبُول کرنے کے لیے تیّار ہوں اور ہمارا کاروانِ حیات اس شاہراہِ ہدایت پر گامزن ہو جائے جو قرآن نے ہمارے لیے تجویز کی ہے۔

اے درماندۂ راہ قوم! قرآن تمھیں عظمت وعزّت کی بلندیوں کی طرف آج بھی لے جا سکتا ہے بشرطیکہ تم اس کی قیادت قبول کرلو۔

اے اپنی قسمتِ برگشتہ پر آہ وفغاں کرنے والے نوجوانو! دُنیا کی امامت تمھاری متاعِ گم گشتہ ہے۔ تمھیں یہ واپس مل سکتی ہے اگر تم میں اس کی واپسی کی تڑپ ہو ——— قرآن تمھیں واپس دِلا سکتا ہے اگر تم اس کا حکم ماننے کے لیے تیّار ہو۔

زندگی کی یہ ساری چہل پہل تقسیمِ کار کے باعث ہے۔ ایک ہی ملّت کے مختلف افراد مختلف کام سرانجام دیتے ہیں کسی کے ہاتھ میں حکمرانی کی باگ ڈور ہے۔ کوئی مجالسِ مشاورت کا رُکن رکین ہے۔ کوئی تجارت وصنعت کو چار چاند لگا رہا ہے۔ کوئی شکمِ زمین سے رزق کے

سربمہر خزانے نکال کر ان کے ڈھیر لگا رہا ہے۔ کوئی وعظ و نصیحت کے منبر پر جلوہ نما ہے۔ کوئی تعلیم و تدریس کی مسند کو رونق بخشے ہے اور کوئی سجادۂ فقر و درویشی پر تشریف فرما ہے۔ قوم کو مجموعی طور پر اصلاح یافتہ اُسی وقت کہا جا سکتا ہے جب کہ اُس کے تمام عناصر حق کا دامن مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہوں اور اپنے اپنے دائرۂ عمل میں قرآن مجید کی ہدایت پر کاربند ہوں اور اپنے اپنے فرائض کی انجام دہی میں پوری دیانت داری سے مصروفِ کار ہوں۔ ان عناصر کا باہمی تعلق اتنا گہرا ہوتا ہے کہ اگر ایک عنصر بھی جادۂ حق سے برگشتہ ہو جائے تو دوسرے عناصر اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے اِس لیے قرآن حکیم نے ہر ایک کو اپنی خصوصی توجہ کا مستحق سمجھا ہے اور ہر گروہ میں راہ پانے والی خرابیوں کی نشاندہی کی ہے اور انھیں اس کے عبرتناک انجام سے آگاہ کیا ہے۔

ہم اکثر بگڑی ہوئی قوموں کے حالات اور ان کے حسرت ناک انجام کے متعلق قرآن میں پڑھتے ہیں اور ایک لمحہ توقّف کیے بغیر آگے نکل جاتے ہیں ہم یہ زحمت بہت کم گوارا کرتے ہیں کہ اپنے اعمال کا موازنہ ان برباد شدہ قوموں کے اعمال سے کریں اور یہ سوچیں کہ کہیں ہم بھی انھیں نافرمانیوں کا شکار تو نہیں اور اگر خدانخواستہ ہیں تو اپنے انجام کی ہولناکیوں سے غافل کیوں ہیں؟ کیا مکافاتِ عمل کا قانون قدرت کا اٹل قانون نہیں؟ کیا ہم نے یہ نہیں پڑھا کہ ولن تجد لسنة الله تبديلا۔

میں نے ہر ایسے موقع پر کوشش کی ہے کہ مطالعہ کرنے والے کے وجدان کو جھنجھوڑوں اور اُسے اپنا محاسبہ کرنے کی رغبت دلاؤں تاکہ وُہ اپنی جنسِ عمل کو اسلام اور قرآن کے مقرر کیے ہوئے ترازو میں تولے اور اسی کی کسوٹی پر پرکھے تاکہ اسے اپنے متعلق کوئی غلط فہمی یا اشتباہ نہ رہے۔ اور اگر اس کا قدم جادۂ حق سے پھسل گیا ہے تو وُہ سنبھلنے کی بروقت کوشش کرے۔

قرآن کریم نے اپنے ماننے والوں کو ایک واضح اور مکمّل ضابطۂ حیات (شریعت) بھی عطا کیا ہے اور یہ ضابطہ اتنا ہی وسیع ہے جتنی زندگی اپنے بوقلموں تنوّع کے ساتھ وسیع ہے بلکہ بلا مبالغہ اس سے بھی وسیع تر۔ انسان کیا ہے؟ اس کا تعلق اپنے خالق کے ساتھ اور اس کی مخلوق کے ساتھ کیسا ہونا چاہیئے؟ اگر وُہ حاکم ہے تو اس کی ذمّہ داریاں کیا ہیں۔ اگر وُہ رعایا ہے تو اس کے فرائض کی نوعیّت کیا ہے؟ اگر وُہ دولت مند ہے تو اس کا طرزِ عمل کیسا ہو اور اگر وُہ فقیر و محتاج ہو تو کس طرح باوقار زندگی بسر کر سکتا ہے؟ قرآن نے جو شریعت کاملہ ہمیں دی ہے اس میں ان سوالات کا مکمّل جواب موجود ہے۔ اسی لیے عبادات، سیاسیات، معاشیات، نظامِ اخلاق وغیرہ تمام امُور کو شریعت نے اپنے دامن میں سمیٹا ہوا ہے۔

قرآن حکیم میں جہاں بھی یہ مباحث آئے ہیں میں نے کوشش کی ہے کہ اُن کو اس واضح اسلوب میں پیش کیا جائے جسے عصرِ حاضر کا انسان سمجھ بھی سکے اور قبول بھی کر سکے۔

یہ ایک بڑی دلخراش اور رُوح فرسا حقیقت ہے کہ مرورِ زمانہ سے اس اُمّت میں بھی افتراق و انتشار کا دروازہ کھل گیا جسے واعتصموا بحبل الله جميعا ولا تفرقوا کا حکم دیا گیا تھا۔ یہ اُمّت بھی بعض خود غرض اور بدخواہ لوگوں کی ریشہ دوانیوں سے متنازع گروہوں میں بٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی اور جذبات میں آئے دن کشیدگی اور تلخی بڑھتی ہی چلی جا رہی ہے۔ اس پراگندہ شیرازہ کو یکجا کرنے کا یہی طریقہ ہو سکتا ہے کہ انھیں قرآن حکیم کی طرف بلایا جائے اور اس کی تعلیمات کو نہایت شائستہ اور دلنشین پیرایہ میں پیش کیا جائے۔ پھر ان کی عقلِ سلیم کو اس میں غور و فکر کی دعوت دی جائے۔ ہمارا اتنا ہی فرض ہے۔ اور ہمیں یہ فرض بڑی دل سوزی سے ادا کرنا چاہیئے۔ اس کے

بعد معاملہ خدائے برتر کے سپرد کر دیں۔ وہ حیّ و قیّوم چاہے تو انھیں ان شبہات اور غلط فہمیوں کی دلدل سے نکال کر راہِ ہدایت پر چلنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ وما ذٰلك على الله بعزيز۔

اِس باہمی اور داخلی انتشار کا سب سے المناک پہلو اہل السنّۃ والجماعت کا آپس میں اختلاف ہے جس نے انھیں دو گروہوں میں بانٹ دیا ہے۔ دین کے اصولی مسائل میں دونوں متفق ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی توحید ذاتی اور صفاتی، حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت اور ختمِ نبوّت، قرآن کریم، قیامت اور دیگر ضروریاتِ دین میں کلّی موافقت ہے لیکن بسا اوقات طرزِ تحریر میں بے احتیاطی اور اندازِ تقریر میں بے اعتدالی کے باعث غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں اور باہمی سُوءِ ظن ان غلط فہمیوں کو ایک بھیانک شکل دے دیتا ہے۔ اگر تقریر و تحریر میں احتیاط و اعتدال کا مسلک اختیار کیا جائے اور اِس بدظنی کا قلع قمع کر دیا جائے تو اکثر و بیشتر مسائل میں اختلاف ختم ہو جائے۔ اور اگر چند اُمور میں اختلاف باقی رہ بھی جائے تو اس کی نوعیّت ایسی نہیں ہوگی کہ دونوں فریق عصرِ حاضر کے سارے تقاضوں سے چشم پوشی کر کے آستینیں چڑھائے، لٹھ لیے ایک دُوسرے کی تکفیر میں عمریں برباد کرتے رہیں۔

ملّتِ اسلامیہ کا جسم پہلے ہی اغیار کے چرکوں سے چھلنی ہو چکا ہے۔ ہمارا کام تو ان خونچکاں زخموں پر مرہم رکھنا ہے۔ ان رِستے ہوئے ناسُوروں کو مُندمل کرنا ہے۔ اس کی ضائع شدہ توانائیوں کو واپس لانا ہے۔ یہ کہاں کی دانش مندی اور عقیدت مندی ہے کہ ان زخموں پر نمک پاشی کرتے رہیں۔ ان ناسُوروں کو اور اذیّت ناک اور تکلیف دِہ بناتے رہیں۔

میں نے پُورے خلوص سے کوشش کی ہے کہ ایسے مقامات پر افراط و تفریط سے بچتے ہوئے اپنے مسلک کی صحیح ترجمانی کر دُوں جو قرآن کریم کی آیاتِ بیّنات، احادیثِ صحیحہ یا اُمّت کے علماءِ حق کے ارشادات سے ماخوذ ہے تاکہ نادان دوستوں کی غلط آمیزیوں یا اہلِ غرض کی بہتان تراشیوں کے باعث حقیقت پر جو پردے پڑ گئے ہیں وہ اُٹھ جائیں اور حقیقت آشکارا ہو جائے۔ بفضلہٖ تعالیٰ اس طرح بہت سے الزامات کا خود بخود ازالہ ہو جائے گا اور اُن لوگوں کے دلوں سے یہ غلط فہمی دُور ہو جائے گی جو غلط پروپیگنڈے سے متاثر ہو کر یہ خیال کرنے لگے ہیں کہ واقعی ملّت کا ایک حصّہ شرک سے آلودہ ہے یا ان کے اعمال اور مشرکین کے اعمال میں مماثلت پائی جاتی ہے العیاذ باللہ۔ خُداوند کریم ہمارے حالِ زار پر رحم فرماوے اور دلوں کو حسد اور نفرت کے جذبات سے پاک کر کے ان میں محبّت و اُلفت پیدا فرماوے۔ وهو على كل شيء قدير۔

فرقانِ حمید عربی زبان میں نازل ہوا۔ عربی کا اپنا ادب ہے، فصاحت و بلاغت کا اپنا معیار ہے۔ اس کے اپنے مجازات، استعارات اور امثال ہیں۔ مفردات کے اشتقاق اور جملوں کی ترتیب کے الگ قواعد ہیں۔ اس کا دامن الفاظ کی کثرت سے معمور ہے اور قواعدِ اشتقاق نے تو اس میں اِتنی وُسعت پیدا کر دی ہے کہ دُنیا کی کوئی ترقی یافتہ زبان بھی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔

اِس کتابِ مقدّس کو صحیح طور پر سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم عربی زبان سے ربط پیدا کریں۔ اس کے قواعد و ضوابط سے اچھی طرح واقفیّت بہم پہنچائیں۔ اس کے ادب اور اسلوبِ انشاء کی خصُوصیات کو سمجھیں تاکہ کلمات کے آبگینوں میں حقیقت کی جو شرابِ طہور چھلک رہی ہے اس سے لُطف اندوز ہو سکیں۔

جہاں کہیں کوئی نحوی یا صرفی اُلجھن معلوم ہُوئی یا لغوی پیچیدگی نظر آئی میں نے کوشش کی ہے کہ ائمۂ فن کے مستند اقوال

سے اس کا حل پیش کروں تاکہ دل میں کوئی خلش باقی نہ رہے۔

ہر سُورۃ سے پہلے میں نے اس کا تعارف لکھا ہے جس میں سُورۃ کا زمانہ نزُول، اس کا ماحول، اس کے اہم اغراض و مطالب، اس کے مضامین کا خلاصہ۔ اور اگر اس میں کسی سیاسی یا تاریخی واقعہ کا ذکر ہے تو اس کا پس منظر بیان کیا ہے۔ تاکہ قارئین جب پہلے اس تعارف کو پڑھ لیں گے تو سُورۃ کا مطالعہ کرتے وقت وُہ ان امُورِ خصُوصی پر زیادہ توجہ مبذُول کر سکیں گے۔

قرآن کریم کے اُردُو تراجم جو میری نظر سے گزرے ہیں وُہ عموماً دو طرح کے ہیں۔ ایک قسم تحت اللفظ تراجم کی ہے لیکن ان میں وُہ زورِ بیان مفقود ہے جو قرآن کریم کا طرّہ امتیاز بلکہ اس کی رُوح رواں ہے۔ دُوسری قسم بامحاورہ تراجم کی ہے۔ ان میں دقت یہ ہے کہ لفظ کہیں ہوتا ہے اور اس کا ترجمہ دو سطر پہلے یا دو سطر بعد درج ہوتا ہے اور مطالعہ کرنے والا یہ معلُوم نہیں کر سکتا کہ میں جو نیچے لکھا ہوا ترجمہ پڑھ رہا ہوں اس کا تعلق کس کلمہ یا جُملہ سے ہے۔

میں نے سعی کی ہے کہ ان دونوں طرزوں کو اس طرح یکجا کر دُوں کہ کلام کا تسلسل اور روانی بھی برقرار رہے زورِ بیان میں بھی (حتی الامکان) فرق نہ آنے پائے اور ہر کلمہ کا ترجمہ اس کے نیچے بھی مرقوم ہو۔ میں اس میں کہاں تک کامیاب ہوا ہوں اس کا فیصلہ تو قارئین کرام ہی کریں گے۔ بہرحال اگر مجھے اس میں کامیابی ہُوئی ہے (پُوری نہ سہی ادھوری سہی) تو یہ میرے مولائے کریم کا اپنے اس ناچیز بندے پر ایک مزید احسانِ عظیم ہے جس کی شکرگزاری سے یہ ہیچمدان کبھی عہدہ برآ نہیں ہو سکتا۔

اب مجھے قرآن حکیم کی جمع و تدوین اور اس کی موجُودہ ترتیب کے متعلق کچھ عرض کرنا ہے تاکہ ان امُور کے متعلق اگر کسی کو کوئی غلط فہمی ہو تو اس کا ازالہ ہو جائے۔

جمعِ قرآنِ مجید

حضُور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے اپنے فاضل اور فنِ تحریر میں ماہر صحابہؓ کی ایک جماعت کو قرآن کریم کی کتابت کے لیے متعیّن فرمایا ہوا تھا جنھیں "کاتبانِ وحی" کہا جاتا تھا جب بھی کوئی آیت یا مجموعہ آیات یا سُورہ نازل ہوتی تو ارشادِ نبویؐ کے مُطابق کاتبانِ وحی اسے ضبطِ تحریر میں لے آتے حضُور ہر آیت کے متعلق یہ تصریح فرماتے کہ یہ آیت فلاں سُورۃ میں فلاں مقام پر لکھی جائے۔ اس طرح جُوں جُوں قرآن نازل ہوتا رہا رسُولِ مکرم کی نگرانی میں حضُور کی ہدایات کے مُطابق تحریر کیا جاتا رہا لیکن یہ تحریریں کتابی شکل میں مدوّن نہیں تھیں بلکہ کاغذوں، ہڈی کے ٹکڑوں، کھجُور کے چھلکوں، پتھر کی سلوں وغیرہ اشیا پر لکھی جاتی رہیں۔

حفاظتِ قرآن کا سب سے اہم ذریعہ حفظِ قرآن مجید تھا۔ حضُورؐ اپنے صحابہؓ کو اسے یاد کرنے کا شوق دلاتے۔ قیامت کے روز حفاظِ قرآن کو مقاماتِ رفیعہ اور مدارجِ سنیہ پر فائز ہونے کی بشارتیں دیتے۔ نمازیں بھی اس کی تلاوت کو فرض کر دیا گیا۔ اس لیے ہر مُسلمان کے لیے قرآن کا کچھ نہ کچھ حصّہ حفظ کرنا ضروری ہو گیا۔ اور کئی صحابہؓ ایسے تھے جنھیں تمام کا تمام قرآن حکیم یاد تھا۔

رحمتِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے رفیقِ اعلیٰ سے جا ملنے کے بعد جب ارتداد کا فتنہ اُٹھا اور حضرت صدیق اکبرؓ نے اس کو کچلنے کے لیے صحابہؓ کے لشکر روانہ کیے تو مسیلمہ کذاب سے یمامہ کے مقام پر مسلمانوں کی جو خُونریز جنگ ہُوئی اس میں اگرچہ مسیلمہ اور اس کی جھوٹی

نبوّت کا تو خاتمہ ہو گیا لیکن ختمِ رسالت کے فدا کاروں کا بھی بے اندازہ جانی نقصان ہوا جس میں سات سو کے قریب صرف حفاظِ قرآن نے جامِ شہادت نوش کیا۔ (القرطبی)

اِس سانحہ نے حضرت فاروقِ اعظمؓ کو بہت پریشان کر دیا۔ بارگاہِ خلافت میں حاضر ہو کر اُنھوں نے عرض کی کہ اَے صدّیقؓ! باطل سے جنگوں کا جو سلسلہ شروع ہوا ہے وُہ ختم ہوتا نظر نہیں آتا۔ اگر حفاظِ قرآن کے قتل کی یہی رفتار رہی تو مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں ہم اللہ تعالیٰ کی اِس کتاب سے محرُوم نہ ہو جائیں اس لیے مصلحت کا تقاضا یہ ہے کہ اسے کتابی شکل میں یکجا جمع کر دیا جائے۔ حضرت صدّیقؓ نے کہا اَے عمرؓ! میں وُہ کام کرنے کے لیے تیار نہیں جسے حضُور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے نہیں کیا لیکن حضرت فارُوقؓ کے پیہم اصرار کے باعث آپ کو بھی اِس کام کی اہمیّت کا احساس ہو گیا۔ آپؓ نے حضرت زید بن ثابتؓ کو طلب کیا اور اُنھیں قرآن کریم کو یکجا جمع کرنے کی ہدایت فرمائی۔ حضرت زیدؓ کا قول ہے کہ حضرت اُبو بکرؓ مجھے کسی پہاڑ کو ایک جگہ سے اُٹھا کر دُوسری جگہ لے جانے کا حکم دیتے تو مجھ پر اتنا شاق نہ گزرتا جتنی اِس حکم کی تعمیل شاق گزری۔

پہلے آپؓ نے بھی ایسا کام کرنے سے اِنکار کیا جو عہدِ رسالت میں نہیں کیا گیا تھا لیکن خلیفۂ اوّل کی فہمائش سے انھیں بھی انشراحِ صدر حاصل ہو گیا۔ اور اس کام کی اہمیّت کا اُنھیں بھی احساس ہو گیا۔ بڑی جانفشانی، محنت تجسّس اور جستجو سے قرآنِ حکیم کا پہلا نسخہ مدوّن کیا گیا۔ چنانچہ حضرت صدیقِ اکبرؓ کے عہدِ خلافت میں یہ نسخہ آپؓ کے پاس رہا۔ آپؓ کے بعد حضرت فارُوقِ اعظمؓ کے پاس رہا۔ اور ان کے بعد اُمّ المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس محفُوظ رکھ دیا گیا۔ اور ضرورت کے وقت اس کی طرف رجُوع کیا جاتا۔

یہ امر مخفی نہیں کہ قرآن کے اوّلین مخاطب اہلِ عرب تھے جن کی مادری زبان عربی تھی۔ اگرچہ سب قبائل کی مشترک زبان عربی ہی تھی لیکن ان کے لہجوں میں، تلفّظِ الفاظ میں اور بعض اعراب میں بیّن تفاوت تھا۔ یہ صُورتِ حالات ہر زبان میں ہوتی ہے۔ جس علاقہ میں اُردو بولی جاتی ہے وہاں کے ہر ضلع بلکہ ہر تحصیل کے لوگوں کے لب و لہجہ میں کافی فرق پایا جاتا ہے۔ ابتدا میں مختلف قبائل کی سہولت کے پیشِ نظر اُنھیں اُن کے مخصُوص انداز کے مُطابق قرأتِ قرآن کی اجازت دے دی گئی تھی۔ کیونکہ سب اہلِ زبان تھے اِس لیے ایسے تفاوت سے کوئی غلط فہمی پیدا نہیں ہوتی تھی لیکن جب فتوحات کا سلسلہ وسیع ہوا اور دُوسرے ممالک بھی قلمروِ اسلامی کا حصّہ بن گئے اور وہاں کے باشندوں نے اِسلام قبول کیا اور قرآن مجید پڑھنا شروع کیا تو ہر ایک نے قرآن کے فقط اسی لہجہ اور تلفّظ کو صحیح یقین کیا جو اُسے اُس کے اُستاد نے سکھایا تھا۔ اِس طرح مختلف اساتذہ کے شاگرد اِن اختلافات کے باعث ایک دُوسرے کی تغلیط کرنے لگ گئے اور فتنہ و فساد کی آگ آہستہ آہستہ سلگنے لگی۔ اسی قسم کا ایک واقعہ حضرت عثمانؓ کی خلافت کے زمانہ میں حضرت حذیفہؓ کے سامنے پیش آیا جس نے آپؓ کو حیران و سراسیمہ کر دیا۔ حضرت حذیفہؓ جنگِ ارمینیہ میں شریک تھے۔ عراق اور شام کے نومسلم بھی اس جنگ میں شرکت کے لیے آئے ہُوئے تھے۔ ہر ایک نے اپنے معلّم کی سکھائی ہُوئی قرأت کے مطابق قرآن مجید پڑھنا شروع کیا۔ جس سے باہمی نزاع پیدا ہو گیا۔ ہر ایک نے دُوسرے کی تغلیط کی اور اسے محرّفِ قرآن کہا۔ حضرت حذیفہؓ نے جب یہ ماجرا اپنی آنکھوں سے دیکھا تو انھیں سخت فکر دامن گیر ہوئی چنانچہ آپ مدینہ منوّرہ واپس آتے اور اپنے گھر جانے سے پہلے امیر المؤمنین کی خدمت میں حاضر ہُوئے اور عرض کی۔ ادرك هذه الامة قبل ان تهلك: اِس اُمّت کی چارہ سازی کیجیے اس سے پیشتر کہ یہ ہلاک ہو جائے اور پھر سارا ماجرا کہہ سُنایا اور کہا انی اخشی علیهم ان یختلفوا فی کتابهم کما اختلف

الیھود والنصاریٰ یعنی مجھے ان کے بارے میں سخت اندیشہ ہے کہ کہیں یہ بھی یہود و نصاریٰ کی طرح اپنی کتاب میں اختلاف نہ کرنے لگیں۔

قرآنِ کریم کا نزول لغتِ قریش کے مطابق ہوا تھا محض آسانی اور سہولت کے پیشِ نظر دُوسرے قبائل کو اپنے اپنے لب ولہجہ سے اس کی تلاوت کی اجازت دی گئی تھی لیکن اب یہ رُخصت ایک عظیم فتنہ کا باعث بن رہی تھی۔ ان حالات میں اس کو برقرار رکھنا سراسر نقصان دہ اور مُضر تھا چنانچہ صحابہ کرام کے مشورہ سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے زید بن ثابت کو حکم دیا کہ قرآن کریم کا ایک نسخہ صرف لغتِ قریش کے مطابق لکھیں۔ چنانچہ وُہ تیار کر چکے تو اس کی متعدد نقلیں تیار کر کے مختلف دیار و امصار میں بھیجی گئیں اور لوگوں کو اس کی پابندی کا سختی سے حکم دیا گیا اور دُوسرے تمام نسخوں کو ممنوع قرار دے دیا گیا۔ اس طرح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی سعی و کوشش سے ایک مہلک ترین فتنہ کا سدِباب ہو گیا۔

اُمّتِ اسلامیہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے اس احسان کا شکریہ ادا نہیں کر سکتی اسی وجہ سے ہی آپ کو جامع آیات القرآن کے معزز لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔

اس بحث کو ختم کرنے سے پہلے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ لب ولہجہ کے تفاوت اور قراتوں کے اختلاف کی نوعیت بیان کر دی جائے تاکہ اس کے متعلق کوئی وسوسہ دل میں نہ رہ جائے۔ چند مثالیں ذکر کر دینے سے ان امُور کی حقیقت واضح ہو جائے گی اور پتہ چل جائے گا کہ یہ اختلاف معمولی قسم کا تھا۔ مثلاً قریش حتّٰی (جب تک) کہتے اور بنی ہذیل اور بنی ثقیف اس کا تلفظ عَتّٰی کیا کرتے۔ بنی اسد مضارع میں حروف "اتین" کو مکسور پڑھا کرتے جیسے تِعلَمُوْن۔ اور قریش کی لغت میں حروف "اتین" مفتوح ہیں تَعلَمُوْن۔ مصر میں اب بھی عام لوگ اپنی گفتگو میں حروفِ "اتین" کو کسرہ دیا کرتے ہیں۔ قریش کی لغت میں ماء غیر آسن ہے۔ لیکن بنی تمیم اسے ماء غیر یاسن پڑھتے۔

ان امثلہ سے معلوم ہو گیا کہ یہ اختلاف کس نوعیت کا تھا۔ لیکن قرآن کا تقدّس اور اس کی عظمت اتنے سے اختلاف کی بھی متحمّل نہیں اس لیے اس کو بھی ممنوع قرار دے دیا گیا۔ چنانچہ وُہی قرآن جو عرش عظیم کے رب نے اپنے محبوب رسُول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر نازل فرمایا تھا اور جس کو حضرت ابُوبکر صدّیق رضی اللہ عنہ اور ان کے بعد حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ نے خالص قریشی لغت کے مطابق جس میں اس کا نزول ہوا تھا ایک صحیفہ میں مدوّن فرمایا وُہی قرآن جُوں کا تُوں بغیر کسی تحریف کے، بغیر کسی معمولی تغیّر کے، بغیر کسی ادنیٰ ردّ و بدل کے اب تک محفوظ ہمارے پاس موجُود ہے اور قیامت تک موجُود رہے گا۔ اور اس کا اعتراف دوست دُشمن سب کو ہے۔ چنانچہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا صفحہ ۴۸۰ جلد ۱۳ میں بھی یہ تصریح موجُود ہے۔

"THIS RECENSION OF UTHMAN THUS BECAME THE ONLY STANDARD TEXT FOR THE WHOLE MUSLIM WORLD UP TO THE PRESENT DAY"

ترتیبِ قرآن

یہ تو واضح ہے کہ قرآنِ کریم کی سُورتوں اور سُورتوں کی آیات کی موجُودہ ترتیب وُہ نہیں جس ترتیب سے اُن کا نزول ہوا تھا۔ پھر اس موجُودہ ترتیب کا ماخذ کیا ہے؟ اور کس نے یہ ترتیب دی ہے؟ اکثر عیسائی مستشرقین نے اس پر بڑی لے دے کی ہے اور یہ ثابت کرنے کے لیے بڑے جتن کیے ہیں کہ موجُودہ ترتیب زمانۂ نبوّت میں نہیں دی گئی بلکہ اس کے بعد صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس کو یوں مرتّب

کیا ہے۔ آیئے حقائق کی روشنی میں ان کے اس مفروضہ کا جائزہ لیں۔

ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق قرآن کی سُورتوں اور سُورتوں کی آیتوں کو مرتّب فرمایا۔ اور یہ موجُودہ ترتیب وہی ترتیب ہے۔ اِس کے لیے متعدّد دلائل ہیں۔ جن میں سے چند ایک اپنے دعویٰ کے اثبات کے لیے ہدیۂ ناظرین ہیں :-

ا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ اِنّ علینا جمعه وقرآنه ۞ فاذا قرأناه فاتبع قرانه (۷۵ : ۱۷، ۱۸) یعنی "قرآن کو جمع کرنا اور اسے پڑھنا ہمارے ذمّہ ہے۔ اور جب ہم پڑھ چکیں تو آپ اس پڑھے ہُوئے کی اتباع کریں"۔ اب آپ سوچیں کہ کیا ترتیب کے بغیر جمعِ قرآن کا تصوّر کیا جاسکتا ہے۔ کیا کسی مخصوص ترتیب کے بغیر اس کی تلاوت ممکن ہے؟ جب جمع کرنے اور پڑھنے کے لیے اس کا مرتب ہونا ضروری ہے تو معلوم ہوا کہ جس ذات پاک کے ذمّہ اس کا جمع کرنا اور پڑھنا ہے اسی نے اس کو مرتب فرمایا ہے۔

ب۔ تاریخی لحاظ سے آپ سوچیئے عہدِ رسالت میں صحابہ کرام کو قرآن کریم یاد تھا۔ بعض کو کچھ سُورتیں اور بعض کو سارا قرآن صحابہ کرامؓ نمازیں اور اس کے باہر اس کی تلاوت کیا کرتے۔ حضُور رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم خود بھی نمازِ تہجّد میں، دُوسری نمازوں میں، عام خطبات میں کثرت سے قرآن کریم کی قرأت فرماتے اور حضُورؐ کی قرأت وترتیب اور صحابہؓ کی قرأت وترتیب میں قطعاً کوئی فرق نہیں ہوا کرتا تھا۔ یہ وُہ امُور ہیں جن سے کوئی بھی انکار کرنے کی جرأت نہیں کرسکتا۔ اب آپ خود فیصلہ کیجئے کہ اگر نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اسے حکمِ الٰہی سے مرتّب نہیں فرمادیا تھا تو صحابہؓ کیسے اس کو حفظ کرسکتے تھے۔ کیسے اس کی تلاوت ان کے لیے ممکن تھی۔ اور اگر حضورؐ کی مقررہ ترتیب نہیں تھی تو ہر ایک کی قرأت دُوسرے سے مختلف ہونی چاہیئے تھی حالانکہ ایسا نہیں تھا۔ تو ثابت ہوا کہ قرآن کریم عہدِ رسالت میں مکمّل طور پر مرتّب فرما دیا گیا تھا اور تمام صحابہؓ اسی کی پیروی اور پابندی کیا کرتے تھے۔ اس لیے عیسائی متعصّبین کا یہ شوروغوغا قطعاً کوئی وزن نہیں رکھتا۔ وللہ الحجۃ البالغۃ۔

قرآن مجید کی تلاوت کے آداب

قرآنِ حکیم کتابِ ہدایت ہے۔ اس کی تلاوت کا مقصد دل بہلانا اور وقت گزارنا نہیں بلکہ اس کا مقصدِ اوّلین تعمیرِ انسانیّت اور تشکیلِ سیرت ہے۔ اور یہ مقصد تب ہی حاصل ہوسکتا ہے جب پڑھنے والے کو اس کتاب عزیز سے دلی لگاؤ اور طبعی ربط پیدا ہو جائے۔ اس لگاؤ اور ربط کو پیدا کرنے کے لیے حکماء اسلام نے چند آداب اور شرائط بتاتے ہیں جن کی پابندی کرنے سے قرآن کریم سے فیضیاب ہونے کے دروازے کُھل جاتے ہیں۔ میں انھیں قارئین کرام کے فائدہ کے لیے العارف الکامل حجۃ الاسلام الامام محمد بن محمد بن محمد بن احمد الغزالی رحمۃ اللہ علیہ کی شہرۂ آفاق کتاب احیاء علوم الدین سے استفادہ کرتے ہُوئے مختصر اً قلمبند کرتا ہُوں۔

ا۔ **قاری** کے لیے ضروری ہے کہ باوضو ہو۔ قبلہ رُو کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر بڑے ادب وسکون کے ساتھ قرآن کریم کی تلاوت کرے۔

۲۔ **مقدارِ قرأت**: بعض لوگ دن رات میں ایک مرتبہ، بعض دو مرتبہ اور بعض تین مرتبہ بھی قرآن ختم کرتے ہیں۔ اور بعض ایک ماہ میں ایک مرتبہ اور بعض ہفتہ میں ایک بار کیونکہ قرأتِ قرآن کا مدّعا اس کو صحیح طور پر سمجھنا اور اس سے ہدایت حاصل کرنا ہے اور

ایک دن میں اسے ختم کرنے سے یہ مدعا پورا نہیں ہوتا۔ اس لیے اس کو مکروہ کہا گیا ہے الختم فی یوم ولیلة قد کرهه جماعة (احیاء) حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کا ارشادِ گرامی بھی ہے من قرأ القرآن فی اقل من ثلاث لم یفقهه: یعنی جس نے تین دن سے کم وقت میں قرآن ختم کیا اس نے اسے سمجھا ہی نہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو ارشادِ نبوی بھی یہی تھا کہ وُہ ہفتہ میں قرآن ختم کیا کریں۔ چنانچہ حضرات عثمان، زید بن ثابت، ابن مسعُود اور ابی ابن کعب رضی اللہ عنہم کا یہی معمول تھا۔

۳۔ ترتیل۔ ٹھیر ٹھیر کر آہستہ آہستہ پڑھنا کیونکہ اسی صُورت میں ہی انسان آیات پر غور و فکر کرسکتا ہے۔

۴۔ رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کا ارشادِ گرامی ہے۔ اتلوا القرآن وابکوا فان لم تبکوا فتباکوا: قرآن کریم پڑھو اور روؤ اور اگر رونا نہ آئے تو بہ تکلف رونے کی کوشش کرو۔ گریہ وزاری سے ہی رحمتِ الٰہی کو اپنی طرف متوجّہ کیا جاسکتا ہے۔

۵۔ جو آیت پڑھے اس کا حق ادا کرے یعنی آیتِ تسبیح و تکبیر پڑھے تو خود بھی سُبحان اللہ اور اللہ اکبر کہے۔ اگر دُعا و استغفار کی آیت تلاوت کرے تو اپنے لیے بھی دُعا مانگے اور مغفرت طلب کرے۔ اگر کسی آیت میں انعاماتِ الٰہیہ کا ذکر ہے تو ان کے لیے دستِ سوال دراز کرے۔ اگر کہیں عذاب و مصیبت کا تذکرہ آئے تو اپنے لیے پناہ مانگے۔ اگر آیتِ سجدہ پڑھے یا سُنے تو سجدہ کرے۔ غرضیکہ جس مضمون کی آیت پڑھے اسی قسم کے تاثر کا اظہار کرے۔

۶۔ تلاوت شروع کرتے وقت یہ پڑھے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ ۔ اور جب تلاوت ختم کرنے لگے تو یہ کہے صَدَقَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَبَلَّغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنَا بِهٖ وَبَارِكْ لَنَا فِیْهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْحَیَّ الْقَیُّوْمَ ۔

۷۔ پڑھتے وقت آواز اتنا بلند کرے کہ کم از کم خود سُن سکے۔ اس سے زیادہ بلند آواز سے قرأت اگر کسی دُوسرے شخص کے لیے تکلیف دہ نہ ہو تو محبُوب ہے ورنہ مکرُوہ۔

۸۔ حضُور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا ارشادِ گرامی ہے۔ زینوا القرآن باصواتکم: یعنی خوش آوازی سے قرآن کو مزیّن و آراستہ کرو۔ دُوسری حدیث شریف میں ہے۔ قال صلی اللہ علیہ وسلم لیس منا من لم یتغن بالقرآن۔ یعنی حضورؐ نے فرمایا جو قرآن کو خُوش الحانی سے نہیں پڑھتا وُہ ہم میں سے نہیں ہے۔ اس لیے تکلّف و تصنّع کے بغیر جتنا ممکن ہو خُوش الحانی سے پڑھے تاکہ خود بھی اور سُننے والے بھی اس کی قرأت سے لُطف اندوز ہوں۔

اِن کے علاوہ چند باطنی آداب و شرائط ہیں جن کا التزام باعثِ ہزار برکت و سعادت ہے۔

۱۔ پڑھنے والے کا دِل و دماغ اس کتابِ مقدّس کی عظمت اور اس کے نازل فرمانے والے کی عظمت سے لبریز ہو۔ اُسے یہ احساس ہو کہ یہ کتاب کوئی معمولی کتاب نہیں ہے۔ اس کو کسی انسان نے تصنیف نہیں کیا بلکہ یہ خالقِ جنّ و بشر، مالکِ بحر و برّ، ربّ السموات والارض احکم الحاکمین کا کلامِ معجز نظام ہے جو اس نے از راہِ غایت بندہ پروری اپنے بندوں کی ہدایت پذیری

کے لیے اپنے محبوب وبرگزیدہ بندے خاتم الانبیاء والمرسلین رحمۃ للعالمین محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے قلبِ مُنیر پر نازل فرمایا ہے۔

ب۔ دل کو تمام وسوسوں اور اندیشوں سے پاک کرکے بڑی یکسوئی اور حضورِ قلب سے اس کی تلاوت میں مشغول ہو۔

ج۔ فکر و تدبّر کی جملہ صلاحیّتوں کو اس کے اسرار و رموز تک رسائی حاصل کرنے کے لیے بروئے کار لائے تاکہ رحمتِ الٰہی اس کے شوق وطلب کی بے قراریوں پر رحم فرماتے ہوئے اس کے لیے فیوضِ قرآنی کے دروازے کھول دے۔

د۔ نفس اور نفس کی پیدا کردہ خواہشیں اور مصلحتیں، غلطی اور جہالت سے جگہ پکڑے ہوئے نظریات اور اعتقادات، ماحول کی مجبوریاں اور گناہوں کی نحوستیں بسا اوقات قرآن فہمی کی راہ میں پہاڑ بن کر کھڑی ہوجاتی ہیں۔ قرآن کے حیات بخش چشمہ تک پہنچنے والے کے لیے ضروری ہے کہ ایک ایک رکاوٹ کو پیوندِ خاک کرے اور مردانہ وار آگے بڑھتا چلا جائے۔ قرآن کے سحابِ کرم سے عرفان کے جو قطرے اس کی کشتِ ایمان پر ٹپکنے لگیں۔ ان کی راہ میں کسی چیز کو حائل نہ ہونے دے۔

ہ۔ قرآن فہمی کے لیے صرف اپنے فہم و ذکاء اور علم و دانش پر بھروسہ نہ کرے بلکہ اللہ تعالیٰ کی توفیق و تائید پر اعتماد کرے اور قدم قدم پر اس کی رہنمائی اور دستگیری کے لیے بصد عجز و نیاز التجا کرتا ہے وما یتذکر الا من ینیب (المومن) یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والا ہی (اس صحیفۂ رشد وہدایت سے) نصیحت قبول کرتا ہے تبصرۃ وذکری لکل عبد منیب (ق) اپنے رب کی طرف مائل ہونے والے ہر بندے کے لیے یہ کتاب بصیرت افروز اور نصیحت ہے۔

رموزِ اوقاف قرآن حکیم

قرآن مجید کی تلاوت کرنے والے جانتے ہیں کہ آیات کے آخر میں یا وسط میں مختلف علامات و اشارات بنے ہوتے ہیں کہیں چھوٹا سا گول دائرہ بنا ہوتا ہے تو کہیں م یا ص یا ز وغیرہ حروف لکھے ہوتے ہیں۔ یہ علامات و اشارات حقیقت میں رموزِ اوقاف (PUNCTUATION) ہیں۔ آیت کے مطلب کو صحیح سمجھنے کا انحصار کافی حد تک ان رموز کی حقیقت کو سمجھنے پر ہے۔ ان کی اس اہمیت کے پیشِ نظر ان کا تفصیلی بیان درج ذیل ہے:

○ یہ چھوٹا سا گول دائرہ وقف تام کی علامت ہے یعنی آیت ختم ہوگئی ہے۔ آپ کو یہاں ٹھیرنا چاہیئے۔ یہ حقیقت میں گول ۃ تھی لیکن اب گول دائرہ کی شکل میں لکھی جاتی ہے۔

م۔ یہ وقف لازم کی علامت ہے یعنی یہاں ٹھیرنا ضروری ہے۔ ورنہ کلام کے مفہوم کے خلط ملط ہوجانے کا اندیشہ ہے۔

ط۔ یہ وقف مطلق کی علامت ہے۔ یہاں آپ کو ٹھیرنا چاہیئے لیکن سلسلۂ کلام ابھی جاری ہے۔ کہنے والے کا مطلب ابھی پورا نہیں ہوا۔

ج۔ وقف جائز کی نشانی ہے۔ یہاں ٹھیریں تو بہتر نہ ٹھیریں تو حرج نہیں۔

ز۔ وقف مجوز کی علامت ہے۔ یہاں ٹھیریں تو درست ہے لیکن نہ ٹھیرنا بہتر ہے۔

ص ۔ وقفِ مرخّص کی نشانی ہے۔ یہاں ملاکر پڑھنا چاہیئے لیکن اگر کوئی تھک کر ٹھیر جائے تو رُخصت ہے۔
صلے ۔ یہ الوصل اولیٰ کا مخفف ہے یعنی ملاکر پڑھنا بہتر ہے۔
ق ۔ قیل علیہ الوقف کا اختصار ہے۔ یہاں نہیں ٹھیرنا چاہیئے۔
صل ۔ قد یوصل کا مخفف ہے۔ یہاں ٹھیرنا اور نہ ٹھیرنا دونوں جائز ہیں لیکن ٹھیرنا بہتر ہے۔
قف ۔ اِس کا معنی ہے ٹھیر جاؤ۔ اور یہ علامت وہاں لکھی جاتی ہے جہاں یہ احتمال ہوتا ہے کہ پڑھنے والا اِسے مِلاکر پڑھے گا۔
س یا سکتہ ۔ یہاں ٹھیرنا چاہیئے لیکن سانس نہ ٹوٹنے پائے۔
وقفہ ۔ لمبے سکتے کی علامت ہے لیکن سانس یہاں بھی نہ ٹوٹنا چاہیئے۔
لا ۔ لا کے معنی نہیں کے ہیں۔ یہ علامت کبھی آیت کے اختتام پر لکھی جاتی ہے اور کہیں آیت کے اندر۔ آیت کے اندر ہو تو ہرگز نہیں ٹھیرنا چاہیئے۔ آیت کے اختتام پر (۞) ہو تو بعض کے نزدیک ٹھیرنا چاہیئے اور بعض کے نزدیک نہیں دونوں صُورتوں میں آیت کے مفہوم میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔
ك ۔ کذلك کا مخفف ہے یعنی جو علامت پہلے ہے وُہی یہاں سمجھی جائے۔

آخر میں مَیں اپنے اُن احباب کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہُوں جنھوں نے اِس اہم اور عظیم کام کی تکمیل میں میری اعانت کی اور مجھے اپنے قیمتی مشوروں سے مُستفید فرمایا۔ اِس سلسلہ میں عزیز مولوی محمد رفیق صاحب متعلّم دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ نے میری بڑی خدمت کی ہے۔ اپنے آرام و آسائش کو قربان کر کے مجھے آرام پہنچایا ہے۔ سفر و حضر میں میرے رفیق رہے ہیں۔ مولا کریم اِس مخلصانہ خدمت پر انھیں اجرِ جزیل عطا فرماوے۔ آمین!

متوکلاً علی اللّٰہ العلی العظیم یہ نحیف و ناتواں راہرو جس منزل کی طرف یکم رمضان المبارک ۱۳۷۹ھ بروز دوشنبہ (۲۹ فروری ۱۹۶۰ء) جادہ پیما ہُوا تھا۔ آج بفضلہٖ تعالیٰ اس کٹھن اور طویل راہگزر کا ایک حصّہ طے ہُوا چاہتا ہے۔ رات کا ایک بج چکا ہے۔ ابھی ابھی ۱۹۶۴ء ختم ہُوا ہے۔ اور ابھی ابھی مطلعِ حیات پر ۱۹۶۵ء کا ظہُور ہُوا ہے۔ وقت کی برق رفتاری انسان اور اس کی زندگی کی بے ثباتی کو عیاں کر رہی ہے لیکن وُہ لمحے جو اس کی یاد اور اس کے ذِکر میں گزرتے ہیں۔ اور وُہ راتیں جو اس کی مقدّس کتاب کی خدمت میں کٹتی ہیں اور جو ساعتیں اس کے محبوبِ مکرّم حبیبِ معظّم صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی ثناء گستری کی نذر ہوتی ہیں وُہ فنا نہیں ہوتیں وُہ باقی ہیں۔ وُہ ابدی اور سرمدی ہیں۔ وُہی حاصلِ حیات ہیں۔ وُہی مقصدِ زِیست ہیں ؎

اَوقات ہماں بُود کہ با یار بسر شد ‍ ‍ ‍ ‍ باقی ہمہ بے حاصلی و بے خبری بُود

اَے میرے کریم! اِس بندۂ حقیر کے دِل میں کبھی یہ خیال بھی نہیں آیا تھا کہ تُو اسے اپنی اس کتابِ مُنیر کی خدمت کی سعادت بخشے گا۔ یہ ناکارۂ خلائق اِس قابل کب تھا؟ اِس بے عِلم اور نادان میں یہ اہلیت کہاں تھی؟ اَے میرے بندہ نواز! اِسے محض تیرا کرم نہ کہوں تو اور کیا کہوں۔

اَے میرے رحیم! آج میرا قلبِ حزیں جذباتِ مسرّت سے سرشار ہے۔ یہ اس لیے کہ تیری شانِ رحمت نے اسے اپنے

الطافِ بے پایاں سے نوازا ہے کسی استحقاق کے بغیر یہ نوازشاتِ خسروانہ! انھیں محض تیرا کرم نہ کہوں تو اور کیا کہوں ہمیرے رحمٰن! مجھ بے نوا اور بے کس کے پاس نہ تو دامن تھا اور نہ حوصلہ طلب تیری ہی شانِ رحمانیت نے مجھے دامن بھی بخشا اور حوصلہ طلب بھی۔ اِس بے نوا اور اِس بے کس پر یہ عنایت! اسے محض تیرا کرم نہ کہوں تو اور کیا کہوں؟ اے میرے رحمٰن! میرے رحیم! میرے کریم! اِس ناکارۂ خلائق کی ایک اور التجا ہے پہلے کی طرح بغیر کسی استحقاق کے، بغیر کسی وجہ کے، محض اپنے کرم سے اسے بھی شرفِ پذیرائی بخش۔ وُہ یہ کہ "بھلا نہ دیا جاؤں"۔

تیری محبت سے میری شمعِ حیات روشن رہے۔ تیری بندگی کا نشان میری جبین پر ہمیشہ تابندہ رہے۔

تیرے پیارے حبیب کے عشق سے میرا حریمِ دل منور رہے تیرے رسولِ مکرّم کی غلامی کا طوق زیبِ گلو رہے۔

ہوائے خلعتِ شاہی ندارم   بگردن حلقۂ طوقِ غلامی

آخر میں تیری عنایاتِ بے پایاں پر، تیری نوازشاتِ بیکراں پر، تیرے لطفِ عمیم پر تیرے ہی بتائے ہوئے کلماتِ طیّبات سے تیری بارگاہِ بےکس پناہ میں ہدیۂ تشکر و امتنان پیش کرتا ہوں اسے قبول فرمالے۔ ربّ اوزعنی ان اشکر نعمتك التی انعمت علیّ وعلی والدیّ وان اعمل صالحا ترضاہ واصلح لی فی ذریتی انّی تبت الیك وانی من المسلمین فاطر السمٰوات والارض انت ولیّ فی الدنیا والآخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصّالحین ربّ ارحمھما کما ربیانی صغیرا۔ ربّنا تقبّل منّا انك انت السمیع العلیم۔ بحرمۃ حبیبك المصطفٰی ونبیك المجتبٰی ورسولك المرتضٰی سیّدی ومولائی وشفیعی وحبیبی محمّد والہٖ بدور الدجٰی وصحبہ نجوم الھدٰی۔ اللّٰھم صلِّ وسلِّم وبارك علیہ وعلٰی اٰلہٖ وصحبہ ومن تبعہ باحسان الی یوم الدین یارب العالمین۔

خاکِ راہِ صاحبدلاں

ابُو الحسنات **محمّد کرم شاہ**

مِن عُلماء الازھر الشریف

خادم آستانۂ عالیہ امیر السالکین حضرت قبلہ پیر **امیر شاہ صاحب** رح

ہاشمی، اسدی، چشتی، نظامی، سیالوی نور اللہ مرقدہٗ

بھیرہ۔ ضلع سرگودھا (مغربی پاکستان)

شبِ جمعہ ۲۷ شعبان المعظّم ۱۳۸۴ھ

یکم جنوری ۱۹۶۵ء

سرٹیفکیٹ

میں نے اِس قرآنِ مجید کو حرفاً حرفاً نہایت غور اَور امعانِ نظر سے پڑھا ہے اَور
میں تصدیق کرتا ہُوں کہ اِس کے متن میں کوئی کمی بیشی اَور کتابت کی کوئی غلطی نہیں ہے۔

ابُوالفیض محمّد عبدالکریم
خطیب جامع مسجد خانقاہ ڈوگراں
ضلع شیخوپورہ

تحقیقاتِ لُغویہ

	حاشیہ نمبر	سورت نمبر
ا___		
آمین	۱۳	۱
اسرائیل	۵۵	۲
الوف	۳۱۷	۲
الامانی	۹۵	۲
اسم	۴۶	۳
یألو	۱۲۸	۳
اللّٰھو	۲۰۱	۵
کائی	۱۵۸	۳
اقنوم	۲۵۷	۴
اساطیر	۳۹	۶
ب___		
بدیع	۱۳۴	۲
	۱۳۲	۶
بطانۃ	۱۲۸	۳
بکّۃ	۹۹	۳
یبخلون	۲۰۸	۳
بروج	۷۸	۴
بھیمۃ	۲	۵
ابن اور ولد کا فرق (ابناء)	۵۳	۵
بحیرہ	۱۸۰	۵
اُبسلوا	۸۹	۶

	حاشیہ نمبر	سورت نمبر
بصائر	۱۳۴	۶
ت___		
تاب	۵۲	۲
تتلوا	۱۱۲	۲
تتبعونی	۳۱	۳
ث___		
ثُبات	۱۱۱	۴
ج___		
جِبت	۸۸	۴
لایجرمنّکم	۶	۵
ح___		
الحمد	۴	۱
یستحي	۳۷	۲
الحکمۃ	۱۵۳	۲
حافظوا	۳۱۰	۲
الحق	۳	۳
المحکمات	۷	۳
محراب	۳۷	۳
حنیفا	۷۳	۳
محصنات	۵۳	۴
یحسدون	۵۱	۴
حذر	۱۱۱	۴

	حاشیہ نمبر	سُورت نمبر
حُيّيتم	۱۳۳	۴
حام	۱۸۰	۵
حواريّون	۱۹۶	۵
حكماً	۱۴۴	۶
حرجاً	۱۵۹	۶
حسبان	۱۲۵	۶
حمولة	۱۸۰	۶
خ		
خبالاً	۱۲۸	۳
اخدان	۵۲	۴
مختال	۶۹	۴
خطأً	۱۴۰	۴
خليلاً	۱۸۹	۴
مُنخنقه	۸	۵
خائنه	۴۱	۵
خضرا	۱۲۸	۶
د		
الدين	۸	۱
تُدلوا	۲۲۸	۲
الدرك	۲۱۷	۴
تدعون	۱۷۷	۴
دائره	۱۱۱	۵
تدرك	۱۳۳	۶
ذ		
الذلّة	۱۲۳	۳

	حاشیہ نمبر	سُورت نمبر
ر		
الرحمن الرحيم	۳	۱
رب	۵	۱
رزقنا	۷	۲
راعنا	۱۲۰	۲
رفث	۲۴۰	۲
ربانيّون	۸۴	۳
ربوه	۳۵۹	۲
ربيّون	۱۵۸	۳
رابطوا	۲۲۸	۳
اركس	۱۳۴	۴
مراغبا	۱۵۰	۴
روع	۲۵۶	۴
رهبان	۱۵۴	۵
متردیه	۸	۵
ز		
ازلهما	۴۹	۲
الزبر	۲۱۳	۳
ازلام	۹	۵
زخرف القول	۱۴۲	۶
س		
استوىٰ	۴۲	۲
اسجدوا	۴۸	۲
سلوىٰ	۷۴	۲
المسكنة	۱۲۳	۳

	حاشیہ نمبر	سُورت نمبر
سنن	۱۵۰	۳
اسلام	۲۱	۳
سوأة	۶۷	۵
سمّاعون	۸۸	۵
سُحت	۸۸	۹
سائبہ	۱۸۰	۵
ش		
اشتدوا	۲۱	۲
شعائر	۱۸۵	۲
متشابہ	۷	۳
مشیّدہ	۱۲۰	۴
شنآن	۶	۵
شرعة	۱۰۳	۵
شیاطین	۱۴۲	۶
شیعا	۲	۶
ص		
الصبر	۶۲	۲
الصائبین	۸۳	۲
الصیام	۲۱۱	۲
فصُرھن	۳۵۳	۲
تُصعِدون	۱۶۷	۳
اصبروا	۲۲۸	۳
صابروا	۲۲۸	۳
اصباح	۱۲۵	۶

	حاشیہ نمبر	سُورت نمبر
ض		
یُضلّ	۳۸	۲
الضأن	۱۸۱	۶
ط		
یطیقون	۲۱۴	۲
طاغوت	۳۴۴	۲
	۸۸	۴
اطیعوا	۳۱	۳
نطمس	۸۵	۴
طوّعت	۶۵	۵
ظ		
یظنون	۶۳	۲
ع		
عالمین	۶	۱
نعبد	۹	۱
لنعلم	۱۶۴	۲
عیسٰی	۴۷	۳
العافین	۱۴۶	۳
ولیعلم	۱۵۲	۳
عزمت	۱۸۳	۳
عدوا	۱۴۲	۶
تعولوا	۹	۴
عقود	۱	۵
عزرتموہ	۳۷	۵

	حاشیہ نمبر	سورت نمبر
غ		
غیب	۵	۲
لاتغلوا	۲۵۴	۴
اغرینا	۴۵	۵
غمرات	۱۱۹	۶
ف		
مفلحون	۱۰	۲
فریقاً	۲۳۹	۲
الفتنة	۱۳۸	۵
〃 〃	۲۳۴	۲
الفرقان	۴	۳
فاحشه	۱۴۸	۳
فخور	۶۹	۴
فتره	۵۵	۵
فرطنا	۴۶	۶
فالق	۱۲۲	۶
فرشا	۱۸۰	۶
فواحش	۱۹۴	۶
فرادیٰ	۱۲۱	۶
ق		
یقیمون	۶	۲
قرضاً	۳۱۹	۲
قیوم	۳۳۸	۲
قلائد	۵	۵
قوّامون	۲۰۳	۴

	حاشیہ نمبر	سورت نمبر
قسیس	۱۵۴	۵
قدروا	۱۱۳	۶
مستقر	۱۲۷	۶
قنوان	۱۲۸	۶
ك		
كرسيّه	۳۴۲	۲
كاظمين	۱۴۵	۳
كلمة	۱۴۵	۶
〃 〃	۲۵۵	۴
كلالة	۲۵۹	۴
اكنّة	۳۹	۶
ل		
تلبسون	۵۹	۲
يلوٗون	۸۳	۳
م		
مالك	۸	۱
مثل	۲۴	۲
ملائكه	۴۵	۲
من وسلوىٰ	۴۴	۲
مسيح	۴۷	۳
مكروا	۵۸	۳
معز	۱۸۱	۶
نُملی	۲۰۵	۳
مريض	۱۷۸	۴

	حاشیہ نمبر	سُورت نمبر
ن ــــــ		
انداد	۳۱	۲
نحله	۱۰	۴
نشوز	۶۵	۴
نکیر	۹۱	۴
نجوىٰ	۱۷۲	۴
نقیبا	۳۷	۵
استنکف	۲۵۸	۴
منہاج	۱۰۳	۵
ینئَون	۴۰	۶
نُصُب	۸	۵
تنقمون	۱۲۱	۵
انبٰؤُا	۹	۶
متّقون	۴	۲
و ــــــ		
یوقنون	۹	۲
وسطاً	۱۶۲	۲
اولیاء	۲۸	۳
ولی	۳۴۵	۲
اوحینا	۲۴۶	۴
اوفوا	۱	۵

	حاشیہ نمبر	سُورت نمبر
موقوذة	۸	۵
وسیلة	۷۶	۵
یاویلتٰی	۶۶	۵
وصیة	۱۸۰	۵
وقرا	۳۹	۶
مستودع	۱۲۷	۶
نُولّی	۱۶۴	۶
توفیتنی	۲۰۹	۵
یتوفّٰکم	۸۱	۶
ه ــــــ		
اهدنا	۱۱	۱
یستهزئ	۲۰	۲
هدی	۵	۵
ما اُهل	۸	۵
هلُمَّ	۱۹۱	۶
مهیمن	۱۰۲	۵
استهوت	۱۴۲	۶
ی ــــــ		
یوم الدین	۹	۱
ینعه	۱۲۹	۶

التّحقیقاتُ النّحویہ

	حاشیہ نمبر	سورت نمبر		حاشیہ نمبر	سورت نمبر
وما انزل علی الملکین ببابل	۱۱۷	۲	اولمّا اصابتکم مصیبۃ	۱۸۶	۳
ہاروت و ماروت			فلاوربك لایومنون	۱۰۳	۴
الموفون بعہدھم اذا عاھدوا	۲۰۲	۲	حسن اولئك رفیقا	۱۰۹	۴
والصابرین فی البأساء			والمقیمین الصلوٰۃ والمؤتون الزکاۃ	۲۴۵	۴
یرونھم مثلیھم رأی العین	۱۴	۳	عموا وصمّوا کثیر منھم	۱۴۱	۵
قائما بالقسط	۲۰	۳	وھو اللہ فی السموات والارض	۷	۶
تبغونھا عوجا	۱۰۵	۳	ارأیتکم	۵۸	۶
الا بحبل من اللہ	۱۲۴	۳	عدوًا شیاطین الانس والجن	۱۴۲	۶
ھاانتم اولاء	۱۲۹	۳	اکٰبر مجرمیھا	۱۵۵	۶
کأیّن من نبیّ	۱۵۸	۳	ثمانیۃ ازواج	۱۸۱	۶
فبما رحمۃ من اللہ	۱۸۰	۳	قل ھلمّ شھداءکم	۱۹۱	۶

فہرست مطالب

اللہ جلّ مجدہٗ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ا۔ توحید		
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	۱	
ساری تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں	۱	۱
صرف اُسی کی عبادت	۱	۴
عبادت کا مفہوم	۱	۴ حاشیہ
صرف اُسی سے اِستعانت	۱	۴
اِستعانت کا مفہوم، کون سی اِستعانت شرک ہے اور کون سی نہیں	۱	۴ حاشیہ
اپنے رب کی عبادت کرو	۲	۲۱
اس کے سوا تمھارا کوئی یار و مددگار نہیں	۲	۱۰۷
وُہی ایک خدا ہے	۲	۱۶۳
〃 〃 〃 〃	۳	۲، ۶
〃 〃 〃 〃	۴	۸۷، ۱۷۱
〃 〃 〃 〃	۶	۱۰۲، ۱۰۶
توحیدِ ذاتی و صفاتی (آیۃ الکرسی بمع حواشی)	۲	۲۵۵
اللہ تعالیٰ، ملائکہ اور عُلماء توحید کے گواہ ہیں	۳	۱۸
وُہی ہر چیز کا مالک ہے	۲	۱۰۷، ۱۱۵
〃 〃 〃 〃		۱۱۶، ۱۴۲
〃 〃 〃 〃		۲۸۴

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
(قل اللهم مالك الملك)	۳	۲۶، ۱۰۹
〃 〃 〃 〃		۱۸۹
〃 〃 〃 〃	۴	۱۲۶، ۱۷۰
〃 〃 〃 〃	۵	۱۷، ۱۲۰
〃 〃 〃 〃	۶	۱۲، ۱۳ مع حواشی
ب۔ دلائل توحید		
وُہ ربّ العالمین ہے	۱	۱
رُبُوبیّت کیا ہے	۱	۱ حاشیہ
تمھارا اور تمھارے آباء و اجداد کا وُہی خالق ہے	۲	۲۱ مع حاشیہ
تکوینی دلائل (زمین، آسمان، بارش، پھل)	۲	۲۲ مع حاشیہ
جس نے تمھیں زندہ کیا اس کا اِنکار نہ کرو	۲	۲۸
زندگی اور موت کتنی بار	۲	۲۸
زمین کی ہر چیز تمھارے لیے پیدا فرمائی	۲	۲۹
زمین و آسمان کی تخلیق، گردشِ لیل و نہار، سمندری جہاز، بارش کا پانی، ہواؤں کا چلنا اور بادل، ان میں اس کی وحدانیت کی نشانیاں ہیں۔	۲	۱۶۴
چاند کے گھٹنے بڑھنے میں حکمتِ الٰہی	۲	۱۸۹
برباد شہر پر ایک صاحب کا گزر اور اس کا اِستعجاب	۲	۲۵۹

	سورت نمبر	آیت نمبر
دلائلِ توحید	۳	۲ مع حاشیہ
وفدِ نجران کو دعوتِ مباہلہ	۳	۶۱
تکوینی دلائل، مظاہرِ فطرت میں دعوتِ غور و فکر	۳	۱۹۰، ۱۹۱ حاشیہ
مظاہرِ فطرت میں غور و فکر افضل عبادت ہے	۳	۱۹۱ حاشیہ
مُسلمان متفکّرین کا طرّۂ امتیاز	۳	۱۹۱
شب و روز میں قرار پذیر ہر چیز اس کی ہے	۶	۱۳ مع حاشیہ
رات کی نیند	۶	۶۰
تکوینی دلائل زمین و آسمان کو حق سے پیدا کرنے کی تشریح	۶	۷۲ مع حاشیہ
تکوینی دلائل (دانہ، گٹھلی، صبح، شام، ستارے وغیرہ)	۶	۹۵ تا ۹۹
تکوینی دلائل باغات، حیوانات	۶	۱۴۱، ۱۴۲ حاشیہ

ج ۔ صفاتِ الٰہی

(۱) علمِ الٰہی

	سورت نمبر	آیت نمبر
ہر چیز کو جاننے والا	۲	۲۹
آسمان و زمین کی سب چھپی چیزوں کو جانتا ہے	۲	۳۳
ظاہر و پوشیدہ کو جانتا ہے	۲	۳۳، ۷۷
اللہ تعالیٰ جو تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے	۲	۱۱۰
وُہ سمیع و علیم ہے	۲	۱۲۷، ۲۴۴
وُہ شاکر علیم ہے	۲	۱۵۸
وُہ ہر چیز جاننے والا ہے	۲	۲۳۱
وُہ تمہارے اعمال کو دیکھ رہا ہے	۲	۲۳۳، ۲۳۷
وُہ ہر چیز سے خبردار ہے	۲	۲۳۵
واسع علیم ہے	۲	۲۴۷، ۲۶۱، ۲۶۸
ھو بکل شیئ علیم	۲	۲۸۲، ۲۸۳
〃 〃 〃	۴	۳۲
وُہ تمہارے ظاہر و باطن کو جانتا ہے	۲	۲۸۴
اللہ پر کوئی چیز مخفی نہیں	۳	۵
تمہارے دلوں کے چھپے حالات کو جانتا ہے	۳	۲۹
سمیع علیم	۳	۳۴
〃	۴	۱۴۸
السمیع العلیم	۳	۳۵
وُہ تمہارا نگران ہے	۴	۱
علیم حکیم ہے	۴	۱۱، ۱۷، ۲۶،
〃 〃	〃	۱۰۴، ۱۱۱
علیم حلیم	۴	۱۲
کفی باللہ علیما	۴	۷۰
علیم خبیر	۴	۹۴
علیم بذات الصدور	۵	۷
خبیر بما تعملون	۵	۸
علام الغیوب	۵	۱۱۶
وُہ تمہارے ظاہر و باطن کو جانتا ہے	۶	۳
اس کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں	۶	۵۹
غیب و شہادت کا جاننے والا	۶	۷۳
سمیع علیم	۶	۱۱۵
وُہ بہتر جانتا ہے جو رسالت کا اہل ہے	۶	۱۲۴

(۲) ہر چیز کا خالق و مالک

	سورت نمبر	آیت نمبر
مالکِ یوم الدّین ہے	۱	۳

	سورت نمبر	آیت نمبر
زمین کی ہر چیز اور سات آسمانوں کا خالق	۲	۲۹
آسمانوں اور زمین میں اسی کی بادشاہی ہے	۲	۱۰۷
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۵	۱۱۷،۱۲۰
مشرق و مغرب اللہ تعالیٰ کا ہے	۲	۱۱۵،۱۴۲
زمین آسمان کی ہر چیز اس کی تابع فرمان ہے	۲	۱۱۶
آسمانوں اور زمین کا مُوجد ہے	۲	۱۱۷
غنی حمید ہے	۲	۲۶۷
آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ تعالیٰ کا ہے	۲	۲۸۴
وُہی ہر چیز کا مالک ہے	۳	۶،۲۶،۱۰۹،
〃 〃 〃 〃 〃	〃	۸۳،۱۸۹
زمین و آسمان، نُور و ظلمت کا خالق	۶	۱
فاطر السموات والارض	۶	۱۴
زمین و آسمان کو حق کے ساتھ پیدا کیا گیا (بالحق کی تشریح)	۶	۷۳
دانے اور گٹھلی کو چیرنے والا، زندہ کو مُردہ سے اور مُردہ کو زندہ سے نکالنے والا	۶	۹۵
صبح کو پیدا کرنے والا، رات، سُورج اور قمر کو ذریعۂ حساب بنانے والا	۶	۹۶
ستاروں کو بحر و بر میں ہدایت کا باعث بنانے والا	۶	۹۷،۹۸
زمین و آسمان کا خالق بدیع	۶	۱۰۱
ہر چیز کا خالق	۶	۱۰۲
(۳) ہر چیز پر قادر ہے		
حکمِ الٰہی اور رضائے الٰہی میں اور ارادہ و مشیّتِ الٰہی میں فرق ہے	۲	۱۰۲

	سورت نمبر	آیت نمبر
اللہ ہر چیز پر قادر ہے	۲	۱۰۶
〃 〃 〃 〃 〃	۲	۱۰۹
〃 〃 〃 〃 〃	۲	۱۴۸
کن فیکون	۲	۱۱۷
وعزیز حکیم	۲	۱۲۹
〃 〃 〃	۲	۲۰۹
ساری قوت کا مالک اللہ تعالیٰ ہے	۲	۱۶۵
رزق کی تنگی اور فراخی اللہ کے قبضۂ قدرت میں ہے	۲	۲۴۵
اللہ جسے چاہتا ہے اپنا ملک عطا فرماتا ہے	۲	۲۴۷
تابُوتِ سکینہ	۲	۲۴۸
جو چاہتا ہے کرتا ہے	۲	۲۵۳
اللہ کے اِذن سے بسا اوقات چھوٹی جماعت بڑی جماعت پر غالب آتی ہے	۲	۲۴۹
	〃	〃
ہر چیز پر قادر ہے	۲	۲۵۹
عزیز حکیم ہے	۲	۲۶۰
جس کو چاہتا ہے ملک دیتا ہے جس سے چاہتا ہے ملک چھین لیتا ہے الخ	۳	۲۷،۲۶
	〃	〃
ہر چیز پر قادر ہے	۳	۲۹
جو چاہتا ہے کرتا ہے	۳	۴۰
〃 〃 〃 کن فیکون	۳	۴۷
مدد اُسی کی طرف سے ہے	۳	۱۲۶
وُہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے	۳	۱۵۶
اگر اللہ تمھاری مدد کرے تو تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا۔	۳	۱۶۰
	〃	〃

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ہر چیز پر قادر ہے	۳	۱۶۵
اللہ کفّار کا شر تم سے روک لے گا	۴	۸۴
ہر چیز پر قادر ہے	۴	۱۳۳
وُہ ہر چیز پر قادر ہے	۶	۱۲ تا ۱۸
وُہ ہر چیز پر غالب ہے	۶	۶۰ تا ۶۵
قُدرتِ الٰہی کے نمُونے	۶	۹۵، ۹۶ تا ۹۹
وُہ غنی ہے وُہ چاہے تو تمھیں تباہ کر دے اور تمھاری جگہ کسی اور کو کھڑا کر دے۔	۶	۱۳۴
جس کو چاہے ہدایت دے دے اور جس کو چاہے گمراہ کر دے	۶	۱۳۳
مُردوں کو زندہ کرنے کے بارے میں حضرت خلیلؑ کا سوال اور اس کا جواب	۲	۲۶۰
جس کو چاہتا ہے حکمت عطا فرماتا ہے جسے حکمت ملی اُسے خیرِ کثیر ملی۔	۲	۲۶۹
جسے چاہے بخشے جسے چاہے عذاب دے	۲	۲۸۴
ہر چیز پر قادر ہے	۲	۲۸۴
وُہ شکمِ مادر میں جیسے چاہتا ہے تصویر بناتا ہے	۳	۶
جو چاہتا ہے حکم فرماتا ہے	۵	۱
ہر چیز پر قادر ہے	۵	۱۷
رحمتِ الٰہی		
وُہ رحمٰن و رحیم ہے	۱	
″ ″ ″ ″	۱	۲
″ ″ ″ ″	۲	۱۶۳
وُہ التوّاب الرّحیم ہے	۲	۵۴

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ مخصوص کرتا ہے۔ وُہ فضلِ عظیم کا مالک ہے	۲	۱۰۵
وُہ التوّاب الرّحیم ہے	۲	۱۲۸
رؤف رحیم ہے	۲	۱۴۳
غفور رحیم ہے	۲	۱۷۳
″ ″ ″	۲	۲۱۸
″ ″ ″	۳	۳۱
″ ″ ″	۴	۱۲۹، ۱۵۲
وُہ لوگوں کے ساتھ رؤف رحیم ہے	۲	۱۴۳
اُس سے مغفرت طلب کرو بیشک وُہ غفور رحیم ہے	۲	۱۹۹
رؤف بالعباد	۲	۲۰۷
غفور حلیم ہے	۲	۲۳۵
اللہ تعالیٰ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے	۲	۲۴۳
وُہ سارے جہان والوں پر فضل و احسان کرنے والا ہے		
ذو فضلٍ علی العالمین	۲	۲۵۱
وُہ تمھارے گناہ بخش دے گا وُہ غفور رحیم ہے۔	۳	۳۰، ۳۱
وُہ غفور رحیم ہے	۳	۸۹
اللہ کی مغفرت اور رحمت ہمارے مال سے بہتر ہے	۳	۱۵۷
وُہ فضلِ عظیم کا مالک ہے	۳	۱۷۴
جس کو چاہتا ہے بخشتا ہے جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے وُہ غفور رحیم ہے	۳	۱۲۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
غفور رحیم ہے	۴	۲۳،۲۵
ولو انّھم اذ ظلموا الخ	۴	۶۴
غفور رحیم ہے	۴	۹۶
〃 〃	۴	۱۰۰
〃 〃 〃	۴	۱۰۶
〃 〃 〃	۴	۱۱۰
〃 〃 〃	۴	۱۱۹
〃 〃 〃	۴	۱۵۲
وُہ عفوّاً قدیراً ہے	۴	۱۴۹
اُس نے اپنے اُوپر رحمت لازم کی ہے	۶	۱۲
تمہارا رب وسیع رحمت والا ہے	۶	۱۴۷
وُہ ایک نیکی کے بدلے دس نیکیاں دیتا ہے	۶	۱۶۰
تنزیہہ باری		
کسی کو اُس کا "نِد" نہ بناؤ	۲	۲۲
مچھر کی مثال دینے سے وُہ حیا نہیں کرتا	۲	۲۶
اللہ اپنے بندوں کے اعمال سے غافل نہیں	۲	۱۴۴
اللہ تعالیٰ ظالم نہیں	۳	۱۰۸،۱۸۲
کسی کا عمل ضائع نہیں کرتا	۳	۱۹۵
اللہ تعالیٰ نے کفّار کو مسلمانوں پر غلبہ نہیں دیا	۴	۱۴۱ مع حاشیہ
اگر تم شکر کرو تو اللہ تعالیٰ عذاب نہیں دے گا	۴	۱۴۰
آنکھیں اُس کا احاطہ نہیں کرسکتیں (دیدارِ الٰہی)	۶	۱۰۲
اللہ تعالیٰ کن سے محبت کرتا ہے اور ہدایت دیتا ہے		
جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے	۲	۱۴۲،۲۷۲

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
توّاب رحیم ہے	۲	۱۵۹
وُہ محسنین سے محبت کرتا ہے	۲	۱۹۵
〃 〃 〃 〃 〃	۳	۱۴۸،۱۳۴
〃 〃 〃 〃 〃	۵	۹۴
وُہ توّابین سے محبت کرتا ہے	۲	۲۲۲
وُہ پاکیزہ لوگوں سے محبت کرتا ہے	۲	۲۲۲
اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے	۲	۲۴۹
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳	۱۴۶
وُہ توکّل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے	۳	۱۵۹
وُہ پرہیزگاروں سے محبت کرتا ہے	۳	۷۶
جو اللہ تعالیٰ کا دامن مضبوطی سے پکڑ لیتا ہے اسے ہدایت دی جاتی ہے	۳	۱۰۱
وُہ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے	۵	۴۲
اللہ تعالیٰ کن سے محبت نہیں کرتا اور ہدایت نہیں دیتا		
وُہ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا	۲	۲۶
فاسق کون ہیں	۲	۲۷
وُہ زیادتی کرنے والوں سے محبت نہیں کرتا	۲،۵	۱۹۰،۸۷
اللہ تعالیٰ فساد کو پسند نہیں کرتا	۲	۲۰۵
اللہ تعالیٰ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا	۳	۸۶
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۲	۲۵۸
وُہ کافر قوم کو ہدایت نہیں دیتا	۲	۲۶۴
وُہ ناشکرے بدکار سے محبت نہیں کرتا	۲	۲۷۶
وُہ کافروں سے محبت نہیں کرتا	۳	۳۲
وُہ ظالموں سے محبت نہیں کرتا	۳	۵۷،۱۴۰

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
وُہ مغرور اور فخر کرنے والے سے محبت نہیں کرتا	۴	۳۶
وُہ بدکار بددیانت سے محبت نہیں کرتا	۴	۱۰۷
بُری بات برملا کہنے کو پسند نہیں کرتا	۴	۱۴۸
وُہ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا	۶	۱۴۰
ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا	۶	۱۴۴
متفرّق		
اللہ تعالیٰ کا رنگ سب سے زیادہ حسین ہے	۲	۱۳۸
وُہ اپنے احکام سے اپنے بندوں کو آزماتا ہے	۲	۱۴۳
وُہ اپنے بندوں کا ایمان ضائع نہیں کرتا	۲	۱۴۳
تم مجھے یاد کرو میں تمھیں یاد کروں گا	۲	۱۵۲
ذِکر کی برکت اور ترغیب	۲	۱۵۲ حاشیہ
اللہ تعالیٰ صابروں کے ساتھ ہے	۲	۱۵۳
اللہ تعالیٰ مغفرت وفضل کا وعدہ کرتا ہے	۲	۲۶۸
وُہ سریع الحساب ہے	۳	۱۹
رزق کی کمی بیشی اسی کے اختیار میں ہے	۳	۳۷
جس کی چاہتا ہے مدد فرماتا ہے	۳	۱۳، ۱۲۶، ۱۵۱، ۱۶۱

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
جو اُس کا دامن پکڑے وُہی ہدایت پاتا ہے	۳	۱۰۱
شکرگزار بندوں کو جزا دیتا ہے	۳	۱۴۵
دُعا مانگنے کی ترغیب	۴	۳۲ حاشیہ
اللہ تعالیٰ سب سے سچّا ہے	۴	۱۲۲
اس کے پاس دُنیا وآخرت کا ثواب ہے	۴	۱۳۴ حاشیہ
وُہی ہر قسم کی عزّت کا حقدار ہے	۴	۱۲۹
جو اللہ تعالےٰ کی رضا کا طالب ہے اُسے ہی سبل السّلام اور نورِ ہدایت سے نوازا جاتا ہے	۵	۱۶ حاشیہ
اللہ تعالیٰ سب سے بڑا گواہ ہے	۶	۱۹
اللہ تعالیٰ کی راہنمائی سے ہدایت ملتی ہے	۶	۷۱
وُہی بدیع ہے	۶	۱۰۱
وُہ جس کو ہدایت دیتا ہے اُس کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیتا ہے	۶	۱۲۵
وُہ جس کو گمراہ کرنا چاہے اس کا سینہ اسلام کے لیے تنگ کرتا ہے	۶	۱۲۵
اللہ کی دلیل ہی سب سے قوی ہے	۶	۱۴۹

سیّدنا و مولانا محمّد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم

ا۔ نبوّت و رسالت

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
عصمتِ انبیاء	۲	۳۶ مع حاشیہ
سب رسُولوں پر ایمان لانا ضروری ہے	۲	۲۸۵
ہم نے آپ کو حق کے ساتھ بشیر و نذیر بنا کر بھیجا ہے	۲	۱۱۹
بے شک آپ رسُولوں میں سے ہیں	۲	۲۵۲
رسُولوں میں سے بعض کو بعض پر فضیلت بخشی ۔ وجُوہِ فضیلت	۲	۲۵۳
دلیل رسالت	۳	۳
ختمِ نبوّت کی دلیل (تعارف آلِ عمران)		
مباہلہ حضُورؐ کی رسالت کی کھُلی دلیل	۳	۶۱ حاشیہ
(حضورؐ کی صاحبزادیاں اور خلافتِ بلافصل)	۳	۶۱ حاشیہ
حضُورؐ کی رسالت احسانِ عظیم ہے	۳	۱۶۴
حضُورؐ تمام اِنسانیت کے رسُول ہیں	۴	۷۹ حاشیہ
اَے لوگو! یہ رسُول حق کے ساتھ تمھاری طرف آیا	۴	۱۷۰
حضُورؐ کی بشارت اناجیل میں	۵	۱۴ حاشیہ
حضُورؐ کو تبلیغِ قرآن کا حکم اور عصمت کا وعدہ	۵	۶۷ حاشیہ
رسُول کا فرض تبلیغِ احکام ہے	۵	۹۹
اہلِ کتاب کو حضُورؐ کی صداقت کا یقین تھا	۶	۲۰
حضُورؐ کی بعثت کے لیے دُعاءِ خلیل	۲	۱۲۹
بعثتِ نبی کے اغراض	۲	۱۲۹ حاشیہ

ب۔ رحمت و خُلقِ عظیم

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
حضُورؐ کی تشریف آوری سے اوس و خزرج میں لڑائی ہوتے ہوتے رہ گئی	۳	۹۹
حضُورؐ کی بعثت سے اِتفاق و محبّت	۳	۱۰۳
صحابہؓ کا کمالِ ایمان	۳	۱۰۳ حواشی
اُحد میں رُخِ انور کا زخمی ہونا اور حضُور کا دُعا فرمانا	۳	۱۲۸ حاشیہ
حضُورؐ نے غنیمت میں خیانت کرنے والوں کا جنازہ نہیں پڑھا	۳	۱۶۱ حاشیہ
کفر میں جلدبازی کرنے والوں سے آپ غمگین نہ ہوں	۳	۱۷۶
حضُورؐ کی رحمتِ واسعہ (فبما رحمۃ من اللہ لِنتَ لھم)	۳	۱۵۹ حاشیہ
منافقین سے اعراض کرنے اور تنہائی میں انھیں نصیحت کرنے کی تعلیم	۴	۶۳
خائنوں کی طرف سے جھگڑا کرنے کی ممانعت	۴	۱۰۵ حاشیہ
استغفار کا حکم	۴	۱۰۶، ۱۰۷
یہُود کی سازش سے حضُورؐ کو بچا لینا	۵	۱۱ حاشیہ
ساری اُمت پر اللہ تعالیٰ کا اِحسان		
حضُورؐ کو یہُود سے عفو و درگزر کرنے کا حکم	۵	۱۱۳
ان کی خواہشات کے اتباع کی ممانعت	۵	۴۸ حاشیہ

	سورت نمبر	آیت نمبر
حضورؐ کا اللّٰھم اُمّتی کہہ کر رونا اور جبرئیلؑ کا مژدۂ رحمت لانا	۵	۱۱۸ حاشیہ
کفّار کے ایمان نہ لانے سے حضورؐ کا غمگین ہونا اور اللہ تعالیٰ کا تسلّی دینا	۶	۲۳، ۲۴ حاشیہ
کفّار کی ہدایت یابی کے لیے حضورؐ کی شدّتِ حرص کا بیان	۶	۳۵ حواشی
ذِکر کرنے والوں کو دُور نہ ہٹانے کی تلقین	۶	۵۲ حاشیہ
کسی اجر کی طلب نہیں	۶	۹۰
آپؐ تفرقہ اندازوں سے نہیں	۶	۱۵۹

شانِ مُصطفویؐ

	سورت نمبر	آیت نمبر
اذ قال ربک میں اِس امر کی طرف اشارہ ہے کہ حضورؐ خلیفۂ اعظم ہیں	۲	۳۰ حواشی
اگر آپؐ نہ ہوتے تو آدم کو بھی پیدا نہ کیا جاتا	۲	۳۰ حاشیہ
حضورؐ کی شان کو مت چھپاؤ	۲	۴۲ حاشیہ
یہود حضورؐ کے وسیلہ سے فتح طلب کیا کرتے	۲	۸۹
حضورؐ اُمّت پر گواہ ہیں گواہی کی تشریح	۲	۱۴۳
اللہ تعالیٰ نے اسے قبلہ بنایا جو آپؐ کو پسند ہے	۲	۱۴۴
اہلِ کتاب حضورؐ کو خوب پہچانتے ہیں	۲	۱۴۶
قد نریٰ تقلب وجھک میں حضورؐ کی شان	۲	۱۴۴
حضورؐ کی بعثت کے مقاصد	۲	۱۵۱
یعلمکم، تکرارِ فعل کی حکمت	۲	۱۵۱
حضورؐ کے بال کی برکت سے حضرت خالدؓ کو فتح نصیب ہوتی	۲	۲۴۸ حاشیہ
حضورؐ کے درجات کو بلند فرمایا	۲	۲۵۳
حضورؐ کی اطاعت خُدا کا محبوب بنا دیتی ہے	۳	۳۱ مع حاشیہ
حضورؐ کا مرتبہ مقامِ اصطفیٰ سے بلند تر ہے	۳	۳۳ مع حاشیہ
حضورؐ اور حضورؐ کے پیروکار حضرت خلیلؑ کے جائز وارث ہیں	۳	۶۸
تمام انبیاء سے حضورؐ پر ایمان لانے اور نصرت کرنے کا وعدہ لیا گیا	۳	۸۱ حاشیہ
حضورؐ اور حضورؐ کی امت کا تمام کتب اور انبیاء پر ایمان	۳	۸۴
شجاعت و اِستقامتِ نبویؐ	۳	۱۵۲ حاشیہ
اللہ تعالیٰ اپنے محبوبؐ سے خطا کاروں کی سفارش فرماتا ہے	۳	۱۵۹ حاشیہ
نادانوں کے ساتھ آپؐ کا رویّہ	۳	۲۰
حضورؐ کی بعثت اللہ تعالیٰ کا احسان	۳	۱۶۴
جو گنہگار آپؐ کے پاس آئے گا بخشا جائے گا (ولو انھم اذ ظلموا) الآیۃ	۴	۶۴ حاشیہ
سب انبیاء حضورؐ سے فیضیاب ہیں	۴	۱۶۴ حاشیہ
حبیب کا مقام خلیل سے بلند	۴	۱۲۵ حاشیہ
حضورؐ اللہ تعالیٰ کی بُرہان ہیں	۴	۱۷۵
حضورؐ کی بشارت انجیلوں میں	۵	۱۴ حاشیہ
اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہارے پاس نور آیا	۵	۱۵ حاشیہ
قرآن سابقہ کتب کا مہیمن اور مصدّق ہے	۵	۴۸ حاشیہ
حضورؐ سے بے فائدہ سوالات کرنے کی ممانعت	۵	۱۰۱ حاشیہ
اطاعت اور محبّت کے میدان میں روزِ الست سب سے پہلے قدم رکھنے والے حضورؐ تھے	۶	۱۴، ۱۶۳ حواشی

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آپ تخلیقاً پہلے ہیں کنت نبیاً و آدم الخ	۶	۱۶۳
دیدارِ الٰہی	۶	۱۰۴
اللہ تعالیٰ سے ہمکلامی کا شرف حضورؐ کو بھی حاصل ہوا	۴	۱۶۴ حاشیہ

حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا علم مبارک

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
حروفِ مقطعات کا علم	۲	۱
علّم آدم الاسماء کلّھا سے حضورؐ کے علم کا اندازہ کرو	۲	۳۱ حاشیہ
یعلّمکم میں فعل کی تکرار کی حکمت	۲	۱۵۱
حضورؐ کا امّت پر گواہ ہونا	۲	۱۴۳ مع حاشیہ
	۴	۴۱
چاند کے گھٹنے بڑھنے کے متعلق سوال اور اس کا جواب	۲	۱۸۹ مع حاشیہ
متشابہات کا علم حضورؐ کو بذریعہ وحی دیا گیا	۳	۷
غیب بذریعہ وحی بتایا جاتا ہے	۳	۴۴
حضورؐ کو مشورہ کرنے کا حکم اور اس کی حکمت	۳	۱۵۹
حضورؐ کو علمِ غیب سکھایا گیا	۳	۱۶۹
علمِ خداداد	۳	۱۶۱
اس قوم کا کیا حال ہوگا جو میرے علم پر طعنہ زنی کرتی ہے	۳	۱۷۹ حاشیہ
حضورؐ کو احکامِ شرعیہ کا یقینی علم عطا فرمایا گیا	۴	۱۰۵ مع حاشیہ
طعمہ کی چوری کا واقعہ	۴	۱۰۵
جس چیز کا علم حضورؐ کو پہلے نہیں تھا اس کا علم اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو عطا کیا	۴	۱۱۳ مع حاشیہ
جن انبیاء و رسل کا قرآن میں ذکر نہیں حضورؐ کو ان کا بھی علم تھا	۴	۱۶۴ حاشیہ
علماء یہود کا اس خیال سے حضورؐ کو غلانا کہ آپ بشر ہی تو ہیں اور ناکام ہونا	۵	۴۹ حاشیہ

حضورؐ کی اطاعت

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
حکمت سے مراد سنّتِ نبویؐ ہے	۲	۱۲۹
تحویلِ قبلہ اور صحابہ کی شانِ اطاعت	۲	۱۴۴
رسولؐ کا اتّباع محبّتِ الٰہی کی نشانی اور مغفرت کا باعث ہے	۳	۳۱ مع حاشیہ
اطاعتِ رسولؐ کا حکم	۳	۳۲
اطاعتِ خدا اور اطاعتِ رسولؐ	۳	۱۳۲
فتنہ انکارِ سنّت کا ردّ	۴	۷۹ حاشیہ
جو اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرے گا وہ جنّت میں داخل ہوگا	۴	۱۳
جو نافرمانی کرے گا وہ جہنم میں جائے گا	۴	۱۴
قیامت کے دن رسولؐ کے نافرمانوں کی حالت	۴	۴۲
رسول اس لیے بھیجے جاتے ہیں کہ ان کی اطاعت کی جائے	۴	۶۴ مع حاشیہ
تیرے رب کی قسم! وہ مومن نہیں جب تک تیرا فیصلہ نہ مانیں (اطاعتِ رسولؐ)	۴	۶۵
اطاعتِ رسولؐ کی برکت سے ہدایت نصیب ہوگی	۴	۶۸ حاشیہ
اللہ اور رسولؐ کے مطیع ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر انعام ہوا	۴	۵۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اطاعتِ رسولؐ	۴	۷۹
جو رسولؐ کا مطیع ہے وُہی اللہ تعالےٰ کا مطیع ہے	۴	۸۰
حضورؐ کی نافرمانی کا نتیجہ توفیقِ الٰہی سے محرومی ہے	۴	۱۱۵ مع حاشیہ
اجماعِ اُمّت کی خلاف ورزی کا انجام	۴	۱۱۵
اطاعتِ رسولؐ کا حکم اور نافرمانی کی ممانعت	۵	۹۲
میری اطاعت کرو ورنہ راہِ حق سے بھٹک جاؤ گے	۶	۱۵۳ حاشیہ
جو دین میں تفرقہ ڈالتے ہیں آپ کا ان سے کوئی واسطہ نہیں (کانوا شیعاً)	۶	۱۵۹

حضورؐ کی تعظیم و تکریم

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
حضورؐ کو "رَاعِنَا" مت کہو بلکہ "اُنْظُرْنَا" عرض کرو	۲	۱۰۴
یہود کی طرح میرے حبیبؐ سے لایعنی سوالات مت پوچھو ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے	۲	۱۰۸
بارگاہِ رسالت میں یہود کی بے ادبیاں	۴	۴۶
اس گستاخی کے باعث وُہ ایمان سے محروم کر دیئے گئے	۴	۴۶
یہود کی دلآزاری اور اللہ تعالیٰ کی دلجوئی	۵	۴۱
حضورؐ سے بے فائدہ سوالات کی ممانعت	۵	۱۰۱ حاشیہ

اظہارِ عبودیت

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اگر آپ ان کی اھواء کی پیروی کریں گے تو...	۲	۱۴۵
حضورؐ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں کیا ان کے انتقال کے بعد تم دین چھوڑ دو گے	۳	۱۴۴ حاشیہ
استغفار کا حکم	۴	۱۰۵
میں سب سے پہلے سر جھکانے والا ہوں	۶	۱۴، ۱۶۳
مجھے اپنے رب کی نافرمانی سے سخت ڈر لگتا ہے	۶	۱۵
میں جھوٹے خداؤں کی خدائی کی گواہی ہرگز نہیں دیتا	۶	۱۹
کفّار کی ہدایت پذیری پر حضورؐ کی شدتِ حرص	۶	۳۵ حاشیہ
میں اس بات کا دعوےٰ نہیں کرتا کہ میرے پاس خدا کے خزانے ہیں	۶	۵۰ حاشیہ
مجھے منع کیا گیا ہے کہ میں تمہارے معبودوں کی پرستش کروں	۶	۵۶
آپ کہیئے اللہ! اور کافروں کو ان کے حال پر چھوڑ دیجئے	۶	۹۱
مجھے میرے رب نے ہدایت دی ہے	۶	۱۶۱
میری نماز، میری قربانی میری زندگی اور موت سب اللہ تعالےٰ کے لیے ہیں	۶	۱۶۲
اللہ تعالیٰ کے سوا میں کسی کو اپنا رب نہیں مانتا	۶	۱۶۴

اِسلام

	سورت نمبر	آیت نمبر
اِسلام نے اِنسان کی تقسیم قومیّت و وطنیّت کی بُنیاد پر نہیں کی بلکہ نیکی و بدی کو اساس بنایا ہے	۲	۸۱، ۸۲
جس نے اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے سامنے جھکا دیا اُسے نہ خوف نہ حُزن	۲	۱۱۲
شہیدوں کو مُردہ مت کہو وُہ زندۂ جاوید ہیں	۲	۱۵۴
طرح طرح کی تکلیفوں سے بندے کو آزمایا جاتا ہے صابر جیت جاتے ہیں	۲	۱۵۵
اِسلام کے نزدیک نیکی اَور صالحیّت کا معیار	۲	۱۷۷
اِسلام کو مکمّل طور پر قبول کرو	۲	۲۰۸
دِین میں اِکراہ نہیں	۲	۲۵۶
اِطمینانِ قلب کے لیے سوال کرنے کی اجازت	۲	۲۶۰
اللہ تعالیٰ کے نزدیک دین فقط اِسلام ہے	۳	۱۹
مبلّغینِ اِسلام کی ایک جماعت	۳	۱۰۳
ہر حال میں سچّی گواہی دینے اَور اِنصاف کرنے کا حکم	۴	۱۲۵، ۵،
	″	۸
دین میں اِختلاف کا آغاز	۲	۲۱۳
″ ″ ″ ″	۳	۱۹
اِسلام خُدائی دین ہے	۳	۱۹

	سورت نمبر	آیت نمبر
اِسلام سب انبیاء کا دین ہے	۳	۱۹
اِسلام قبول کرنے میں سب کا بھلا ہے	۳	۲۰
اِسلام کو چھوڑنا بڑی نادانی ہے	۳	۸۳
اِسلام کے بغیر کوئی دین قبُول نہیں	۳	۸۵
اِنسانیت کو متحد کرنے والا دین	۳	۸۵ حاشیہ
اِسلام کی اشاعت کے لیے مبلّغین کی تیاری	۳	۱۰۴
اِسلام دینِ محبت ہے	۳	۱۱۹
توکّل کا اِسلامی مفہُوم	۳	۱۲۲
وعدہ شکنی کی مذمت اَور اس کی سزا	۳	۷۷
ہر حال میں سچّی گواہی دو اَور اِنصاف کرو	۵	۸
دشمنوں پر زیادتی کی ممانعت	۵	۲
اِیفاءِ عہد کا حکم	۵	۱
شعائر اللہ کی عزّت کو ملحُوظ رکھنے کا حُکم	۵	۲
نیکی پر تعاون کا حُکم	۵	۲
تکمیلِ دین کی بشارت	۵	۳
اِسلام اللہ تعالیٰ کا سیدھا راستہ ہے	۶	۱۲۶
ان صلاتی ونسکی (الآیۃ)	۶	۱۶۲
اطاعت احکامِ الٰہی سے اَور تقویٰ سے تنگ دستی نہیں بلکہ فراخی ہے	۵	۱۶۶

انبیاء علیہم السلام

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
رسولوں کو رسولوں میں سے بعض کو بعض پر فضیلت بخشی	۲	۲۵۳
انبیاء کرام کو سب عالمین سے چُنا گیا ہے	۳	۳۳
انبیاء کسی کو اپنا بندہ نہیں بناتے بلکہ اللہ تعالیٰ کا بندہ بناتے ہیں	۳	۷۹، ۸۰
بعثت انبیاء کا مقصد	۴	۱۶۵
تمام انبیاء پر ایمان لانا ضروری ہے	۴	۱۵۰، ۱۵۱
وحی کی حقیقت	۴	۱۶۳ حاشیہ
بعثت انبیاء کا مقصد	۶	۴۸
قیامت کے دن انبیاء کا "لا علم لنا" کہنا	۵	۱۰۹
ہر نبی کے دُشمن جنوں اور انسانوں میں سے بنائے گئے ہیں	۶	۱۱۲
اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ کس کو رسالت دی جائے۔	۶	۱۲۴
جنّ و انس کی طرف انبیاء مبعوث فرمائے گئے	۶	۱۳۰
آدم علیہ السلام		
تخلیق آدمؑ کا واقعہ	۲	۳۰
فرشتوں کی گزارش	۲	۳۰
حضرت آدمؑ کے علوم	۲	۳۱
فرشتے بھی دم بخود	۲	۳۱، ۳۲
فرشتوں کو حکم کہ آدمؑ کو سجدہ کرو	۲	۳۴
آدمؑ کی رہائش جنت میں	۲	۳۵
درخت کے قریب جانے سے ممانعت	۲	۳۵
شیطان نے پھسلا دیا اور پھر آدمؑ کی توبہ	۲	۳۶، ۳۷
حضورؐ کے وسیلہ سے توبہ کی قبولیت	۲	۳۷ حاشیہ
ہابیل اور قابیل کا قصہ	۵	۲۷ تا ۳۱ حواشی
ابراہیم علیہ السلام		
آپ کی آزمائش، کامیابی اور مرتبۂ امامت پر فائز المرامی	۲	۱۲۴
آپ کے حالات	۲	۱۲۴ حاشیہ
نیک اولاد ہی اپنے اسلاف کی نیک نامی کی حقدار ہے	۲	۱۲۴
مقام ابراہیمؑ کو مصلّیٰ بناؤ	۲	۱۲۵
میرے گھر کو صاف ستھرا رکھو	۲	۱۲۵
مکّہ کے لیے آپ کی دُعا	۲	۱۲۶
تعمیر کعبہ کی تکمیل کے وقت آپ کی دُعائیں ہماری اس محنت کو قبول فرما۔ ہمیں اور ہماری اولاد کو مسلمان بنائے رکھ اور ایک رسولِ عظیم کے لیے دُعا	۲	۱۲۷ تا ۱۳۱
ملّتِ ابراہیمؑ کو صرف احمق لوگ قبول نہیں کرتے نظر انداز کرتے ہیں	۲	۱۳۰
حکم الٰہی اَسلِم جواباً عرض کی اسلمت لرب العالمین	۲	۱۳۱

	سورت نمبر	آیت نمبر
اپنی اولاد کو وصیت	۲	۱۳۲
اللہ تعالیٰ کے بارے میں آپ کا نمرود سے مکالمہ	۲	۲۵۸
آپ کا سوال، تو کس طرح مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور اس کا جواب	۲	۲۶۰
آپ نہ یہودی تھے نہ نصرانی بلکہ سچے مسلم	۳	۶۷
آپ کے صحیح جانشین	۳	۶۸
آلِ ابراہیمؑ کو کتاب، حکمت اور مُلکِ عظیم عطا فرمایا گیا	۴	۵۴
آپ اللہ تعالیٰ کے خلیل ہیں	۴	۱۲۵
آپ کی آذر کو نصیحت	۶	۷۴
کیا آذر آپ کے والد کا نام ہے	۶	۷۴ حاشیہ
ملکوت السموات والارض کا مشاہدہ	۶	۷۵
ستارے، چاند اور سورج کی الوہیت کا بطلان	۶	۷۶ تا ۷۸ مع حاشیہ
آپ کے شہر اُر کے سیاسی، تمدنی اور مذہبی حالات	۶	۷۶ حاشیہ
آپ کا اعلانِ توحید	۶	۷۹
قوم کے ساتھ آپ کا مناظرہ	۶	۸۰، ۸۱
ابراہیمی حجت	۶	۸۳
آپ کو نیک اولاد کا عطیہ	۶	۸۴
عیسیٰ علیہ السلام		
حضرت عیسیٰؑ کو بیّنات عطا فرمائے اور روح القدس سے مؤید فرمایا	۲	۲۵۳
آپ کی الوہیت کی نفی	۳	۵۹، ۶

	سورت نمبر	آیت نمبر
حضرت مریمؑ کی والدہ کی نذر	۳	۳۶
مریم کی شان	۳	۴۲
آپ صدیقہ تھیں	۵	۷۵
آپ کو حضرت عیسیٰؑ کی بشارت	۳	۴۵
انھیں "کلمۃ منہ" کہنے کی وجہ	۳	۴۵
عیسیٰؑ بن مریم کہنے کی وجہ	۳	۴۵ حاشیہ
اس بات پر مریمؑ کا تعجب اور اس کا ازالہ	۳	۴۷ حاشیہ
مسیحؑ صرف بنی اسرائیل کے رسول تھے	۳	۴۹
اس کی تائید انجیل سے حاشیہ آیت مذکورہ		
آپ کے معجزات	۳	۴۹
معجزات کے انکار کی وجہ اور اس کا رد		حاشیہ آیت مذکورہ
اظہارِ معجزات کے بعد اپنی بندگی اور اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کا اعلان	۳	۵۱
عیسائیوں کو دعوتِ مباہلہ	۳	۶۱
مسلّمہ اصولوں پر عیسائیوں کو ایمان لانے کی دعوت	۳	۶۴
کسی کو رب بنانے کا مقصد	۳	۶۴ حاشیہ
"انّی متوفّیک" کی وضاحت	۳	۵۵
حضرت مسیحؑ کی وفات پر استدلال اور	۳	۱۴۴
اس کا رد	۵	۱۱۷
قتل وصلب کی نفی اور رفع سماء کا ثبوت	۴	۱۵۸
حضرت مسیحؑ کی وفات سے پہلے تمام اہلِ کتاب آپ پر ایمان لائیں گے	۴	۱۵۹ حاشیہ
اہلِ کتاب کو حد سے تجاوز کرنے کی ممانعت	۴	۱۷۱ حاشیہ
آپ "رسول اللہ، کلمۃ اور روح منہ" ہیں	۴	۱۷۱ حاشیہ

	سورت نمبر	آیت نمبر
عقیدۂ تثلیث سے باز آنے کا حکم اور توحید کا واضح بیان	۴	۱۷۱ حواشی
عقیدۂ تثلیث کی وضاحت اس کا ماخذ اور اس کا بطلان	۴	۱۷۱ حاشیہ
انجیل کی آیت میں توحید خالص کا بیان	۴	۱۷۱
اللہ تعالیٰ کا بندہ بننا مسیح کیلیے باعث عار نہیں	۴	۱۷۲
جو بندگی کو عار سمجھے اس کے لیے عذابِ الیم	۴	۱۷۳
مقام عبدیت سب سے افضل مقام ہے	۴	۱۷۲
حضرت مریمؑ صدیقہ تھیں	۵	۷۵
حضرت مسیحؑ کی وفات پر استدلال اور اس کا جواب	۵	۱۱۷ حاشیہ
عیسٰی علیہ السلام کی اُلوہیت کا اعتقاد اور اس کا بطلان	۵	۱۷، ۷۲ تا ۷۶ حواشی
یہ عقیدہ کیونکر عیسائیت کا جزو بنا، نیقیا، کاسیڈن اور قسطنطنیہ کی کونسلوں کے اجلاس، اس عقیدہ پر مرتب ہونے والے نتائج کا مفصل بیان	۵	۷۳ حاشیہ
آپ پر اللہ تعالیٰ کے گوناگوں انعامات کا ذکر اور معجزات کا بیان	۵	۱۱۰
من وسلویٰ کا مطالبہ اور آپ کا جواب	۵	۱۱۲ تا ۱۱۴
آپ نے لوگوں کو یہ نہیں کہا تھا کہ انھیں اور اُن کی ماں کو خدا بنائیں	۵	۱۱۶، ۱۱۷
مُوسٰی علیہ السّلام		
فرعون کی غرقابی، آپ کی نجات	۲	۵۰
حضرت موسیٰؑ کا طور پر جانا اور چالیس رات ٹھہرنا	۲	۵۱
آلِ فرعون کا بنی اسرائیل کو گوناگوں سزائیں دینا	۲	۴۹

	سورت نمبر	آیت نمبر
آپ کی غیر موجودگی میں بنی اسرائیل کا بچھڑا بنانا اور اس کی پوجا کرنا	۲	۵۴
تیہ کے صحرا میں بارہ چشموں کا جاری ہونا بیت المقدس میں داخل ہونے کا حکم، ان کا انکار اور اس کی سزا	۲	۶۰
آپ کا بنی اسرائیل کو گائے ذبح کرنے کا حکم	۲	۶۷ تا ۷۳
بنی اسرائیل پر احسانات	۵	۲۰
جو کتاب آپ پر نازل ہوئی وہ نور اور ہدایت	۶	۹۱، ۱۵۲
داؤد و سُلیمان علیہما السّلام		
آپ نے جالوت کو قتل کر دیا	۲	۲۵۱
اللہ تعالیٰ نے آپ کو ملک حکمت اور علم بخشا	۲	۲۵۱
سلیمان علیہ السلام نے کفر نہیں کیا بلکہ شیطان لوگوں کو سحر سکھایا کرتے	۲	۱۰۲
سحر کی حقیقت		حاشیہ آیت مذکورہ
ہاروت ماروت کا واقعہ	۲	۱۰۲ حاشیہ
آپ پر بائبل کا الزام اور اس کا رد	۲	۱۰۲ حاشیہ
زکریا علیہ السّلام		
حضرت زکریا کی دُعا اس کی قبولیت اور بشارت	۳	۳۸ تا ۴۱
حضرت یعقوب علیہ السلام		
آپ کی اپنے بیٹوں کو وصیت	۲	۱۳۳
مختلف انبیاء		
متعدد انبیاء کے اسماء گرامی اور اُن کی عزت افزائیاں	۶	۸۴ تا ۹۰

اِنسان اَور اُس کی عظمت کا قرآنی تصوّر

	سورت نمبر	آیت نمبر
زمین کی ہر چیز تمھارے لیے پیدا فرمائی	۲	۲۹
اِنسان زمین میں اللہ تعالیٰ کا خلیفہ ہے	۲، ۶	۳۰، ۱۶۵
فرشتوں کو حکم کہ آدم کو سجدہ کرو	۲	۳۴
اِنسان کو منصبِ خلافت پر فائز کرنے کی وجہ	۲	۳۰ حاشیہ
آدمؑ کے علوم کے سامنے فرشتوں نے بھی اِعترافِ عجز کیا	۲	۳۲
نجات کا انحصار نسب اَور قومیت پر نہیں بلکہ اِیمان اَور عملِ صالح پر ہے	۲	۶۲، ۸۱
نیک اِنسان کی صفات	۲	۱۷۷
سارے اِنسان ایک اُمت تھے باہمی حسد کے باعث گروہوں میں بٹ گئے	۲	۲۱۳
آزمائش وتکلیف کے بعد اللہ تعالیٰ کی مدد	۲	۲۱۴
اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت سے عورتوں، بچّوں اَور مال و اسباب کی محبّت کو آراستہ کردیا ہے	۳	۱۴
اِنسان کی حقیقی منزل رضاءِ الٰہی ہے	۳	۱۵
علماء کو توحید کا گواہ بنا کر اُن کی عزّت افزائی	۳	۱۸
ہر شخص اپنے اعمال کا ذمہ دار ہے	۲	۱۳۹، ۱۴۰
〃 〃 〃 〃 〃	۶	۱۶۴
سارے اِنسان ایک باپ کی اولاد ہیں	۴	۱
اِنسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔	۴	۲۸

اَوَامر

	سورت نمبر	آیت نمبر
اپنے رب کی عبادت کرو	۲	۲۱
تم میرا وعدہ پورا کرو میں تمہارا وعدہ پورا کروں گا	۲	۴۰
صرف مجھ سے ڈرو	۲	۴۰
صبر اور نماز سے اِستعانت کا حکم	۲	۴۵، ۱۵۳
عفو و درگزر کا حکم	۲	۱۰۹
نیکیوں میں سبقت لے جاؤ	۲، ۳	۱۴۸، ۱۳۳
" " " "	۵	۴۸
لوگوں سے نہ ڈرو مجھ سے ڈرو	۲	۱۵۰
تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا	۲	۱۵۲
پاکیزہ رزق کھاؤ اور اس کا شکر ادا کرو	۲	۱۷۲
بھلائی کرو	۲	۱۹۵
اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو یاد رکھو	۲	۲۳۱
اللہ تعالیٰ سے ڈرو	۲	۲۳۱، ۲۳۳
اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار بن جاؤ	۲	۲۳۸
نماز کی پابندی کرو	۲	۲۳۸
مصائب میں صبر اور تقویٰ	۳	۱۲۰، ۱۲۵ مع حواشی
" " "		
تقویٰ اِختیار کرنے کا حکم	۳، ۴	۱۰۲، ۱۳۱
" " "	۵	۷، ۳۵
" " " "		
اللہ تعالیٰ کی رسی کو مضبوط پکڑ لو اور اِختلاف نہ کرو	۳	۱۰۳

	سورت نمبر	آیت نمبر
دعوت و ارشاد کے لیے تم میں سے ایک جماعت ہونی چاہیئے	۳	۱۰۴
اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور وسیع جنّت کی طرف جلدی کرو	۳	۱۳۳
صبر اور تقویٰ بڑے حوصلے کا کام ہے	۳	۱۸۶
اِسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ	۲	۲۰۸
اموالِ یتامیٰ میں گڑبڑ نہ کرو	۴	۲
عبادتِ الٰہی کا حکم	۴	۳۶ مع حاشیہ
حقوق اللہ اور حقوق العباد کا مفصّل ذکر	۴	۳۶ حاشیہ
عدل کرو	۴	۵۸، ۱۳۵
اچھی سفارش اور بُری سفارش	۴	۸۵ مع حاشیہ
سلام دینے کا حکم اور طریقہ	۴	۸۶
سرگوشی صرف مفید باتوں میں ہونی چاہیئے	۴	۱۱۴
اللہ تعالیٰ کی طرف وسیلہ تلاش کرو اور مجاہدہ کرو	۵	۳۵
پیر و مرشد وسیلہ ہے	۵	۳۵ حاشیہ
سیاحت کا حکم اور اس کا مقصد	۶	۱۱ حاشیہ
بُری صحبت سے اِجتناب کا حکم	۶	۶۸
دین کو لہو و لعب سمجھنے والوں سے قطع تعلق کا حکم	۶	۷۰
ظاہری باطنی گناہ ترک کرنے کا حکم	۶	۱۲۰

بنی اسرائیل

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مجھ سے ہی ڈرو	۲	۴۰
اِسلام کا اِنکار مت کرو	۲	۴۱
آیاتِ الٰہی کو مت بیچو	۲	۴۱
حق کو باطل کے ساتھ مت ملاؤ	۲	۴۲
جان بُوجھ کر حق کو مت چھپاؤ	۲	۴۲
نماز زکٰوۃ کا حکم	۲	۴۳
لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور خود نیکی نہیں کرتے ہو	۲	۴۴
قیامت سے ڈرنے کا حُکم	۲	۴۸
من وسلویٰ کے بجائے ترکاری گندم کا مطالبہ	۲	۶۱
ان پر ذلّت ومسکنت مسلّط کر دی گئی	۲	۶۱
انبیاء کو ناحق قتل کرتے	۲	۶۱ حاشیہ
ان سے اِتباعِ تورات کا پختہ وعدہ، طُور کا ان پر آویزاں کرنا، کتاب کو مضبُوطی سے پکڑنے کا حکم پھر وعدہ شکنی	۲	۶۳، ۶۴
اُن کے دل پتھر سے زیادہ سخت	۲	۷۴
اُن کا زعمِ باطل کہ انھیں آگ نہیں چھُوئے گی مگر چند دن	۲	۸۰
اُن کے اَن پڑھوں کی خوش فہمیاں	۲	۷۸
اللہ تعالیٰ کی عبادت، والدین، رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں سے اِحسان کا حکم	۲	۸۳، ۸۴
اچھی باتوں کا حکم، نماز، زکٰوۃ کا حکم اور دیگر احکام	۲	۸۵
لیکن ان کی سرتابی	۲	۸۵
ان کے ہاں انبیاء کی آمد کا سلسلہ جاری رہا	۲	۸۷
پہلے مُوسیٰؑ پھر عیسیٰؑ تشریف لائے	۲	۸۷
وُہ کہتے ہمارے دِلوں پر غلاف چڑھا ہے	۲	۸۸

ان پر انعاماتِ خُداوندی

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
بنی اسرائیل کو انعاماتِ خداوندی یاد کرنے کا حکم	۲	۴۰، ۱۲۲
بنی اِسرائیل کو عالمین پر فضیلت	۲	۴۷، ۱۲۲
فرعون کا عذاب اور اس سے نجات	۲	۴۹
وُہ کیوں ان کے بچوں کو قتل کرتا تھا	۲	حاشیہ آیت مذکورہ
سمندر کا پایاب ہونا	۲	۵۰
میدانِ تیہ میں بادل کا سائبان	۲	۵۷
من وسلویٰ کا نزول	۲	۵۷
پتھر سے بارہ چشموں کا جاری ہونا	۲	۶۰
ان کا بچھڑے کو خدا بنانا پھر ان کی توبہ کا قبول ہونا	۲	۵۱، ۵۲، ۵۴
اس معاہدہ کی تفصیل جو اللہ تعالےٰ نے اُن سے لیا	۲	۸۳
بنی اِسرائیل کا اپنے نبی سے بادشاہ مقرر کرنے کا مطالبہ، طالوت کا قِصّہ بالتفصیل، طالوت کے تقرر پر بنی اسرائیل کا اعتراض	۲	۲۴۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
بنی اسرائیل کا اعتراض	۲	۲۴۷
تابوتِ سکینہ کا عطیّہ	۲	۲۴۸
اس میں کیا کیا تھا	۲	۲۴۸ حاشیہ
تورات کی حفاظت کے ذمہ داران کے انبیاء وعلماء بنائے گئے	۵	۴۴
اگر یہ تورات وانجیل پر عمل کرتے تو خزانوں کے منہ ان کے لیے کھول دیئے جاتے	۵	۶۶
اطاعتِ الٰہی سے تنگ دستی نہیں بلکہ فراخی آتی ہے	۵	حاشیہ آیتِ بالا

ان کا دفترِ عمل

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے اور خود نیکی سے دور بھاگتے	۲	۴۴
انبیاء کو ناحق قتل کرتے	۲	۶۱ حاشیہ ۹۱، ۹۲ حواشی
منّ وسلویٰ کے بجائے ترکاری، گندم، پیاز کا مطالبہ	۲	۶۱
ان پر ذلّت ومسکنت مسلّط کر دی گئی	۲	۶۱
ان کی وعدہ شکنی (یومِ سبت کی خلاف ورزی)	۲	۶۳، ۶۴،
" " " " " "		۶۵، ۶۶
ان کے دل پتھر سے زیادہ سخت	۲	۷۴
وہ بعض کتاب کو مانتے اور بعض کو نہیں مانتے	۲	۸۵
انھوں نے آخرت کو دنیا کے عوض فروخت کر دیا	۲	۸۶
رسول کی جو بات پسند نہ آئی ردّ کر دی	۲	۸۷

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
بعض کو جھٹلایا بعض کو قتل کیا	۲	۸۷
وہ کہتے ہم صرف اپنی کتاب پر ایمان لائیں گے دوسری آسمانی کتابوں پر ایمان نہیں لائیں گے	۲	۹۱
دیدارِ الٰہی کا مطالبہ اور اس کا انجام	۲	۵۵، ۵۶
ان کا یہ زعم کہ آخرت صرف ان کی ہے اور اس کا رد	۲	۹۴، ۹۵، ۹۶
بعض اہلِ کتاب اللہ تعالیٰ کی کتاب کو پس پشت ڈال دیتے	۲	۱۰۱
وہ سحر کی پیروی کرتے ہیں	۲	۱۰۲
اگر وہ ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو بہتر ثواب پاتے	۲	۱۰۳
اہلِ کتاب از راہِ حسد تمھیں مرتد کرنے کے خواہاں ہیں	۲	۱۰۹
ان کا زعم کہ یہود ونصاریٰ کے بغیر جنت میں کوئی داخل نہ ہو گا اس کی تردید	۲	۱۱۱
نصاریٰ اور یہود ایک دوسرے کو گمراہ کہتے	۲	۱۱۳
وہ اللہ تعالیٰ کا بیٹا مانتے ہیں	۲	۱۱۶
یہود ونصاریٰ تم سے کبھی خوش نہ ہونگے	۲	۱۲۰
جو ان کی خواہشات کا اتباع کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی مدد نہیں کرے گا	۲	۱۲۰
وہ کہتے ابراہیم، اسماعیل اور اسحاق علیہم السلام سب یہودی تھے یا نصاریٰ	۲، ۳	۱۴۰، ۶۵ تا ۶۷
آپ دلیلوں کے انبار لگا دیں یہ نہیں مانیں گے	۲	۱۴۵

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
جو اللہ کی آیات کو چھپاتے ہیں وُہ ملعون ہیں	۲	۱۵۹
عمالقہ اَور بنی اِسرائیل کی جنگ کا مفصّل تذکرہ	۲	۲۴۴
بنی اسرائیل نے اللہ کی نعمت کو بدل دیا	۲	۲۱۱
طالوت کی تقرری پر ان کا اِعتراض اور اس کا ردّ	۲	۲۴۷
نہر سے ان کی آزمائش اور ان کی ناکامی	۲	۲۴۹
جالوت سے جنگ کرنے میں بُزدلی کا مظاہرہ	۲	۲۵۰
یہُود کے اطوار کفر بالآیات، انبیاء و مبلّغین کا قتل، ان کی سزا۔ ان کو ان کے غلط مزعومات نے گمراہ کر دیا	۳	۲۰ تا ۲۵
	۴	۶۰، ۶۱
	۵	۱۸ مع حاشیہ
ان کے کرتوت اَور سزا، ہدایت سے محرومی	۴	۱۵۵ تا ۱۵۷
غلو کرنے اَور اپنی خواہشات کی پیروی کرنے کی ممانعت	۵	۷۷
طویل زندگی کے بڑے دلدادہ ہیں	۲	۹۶
یہ دانستہ حق کو باطل سے ملاتے ہیں	۳	۷۱
بعض اہلِ کتاب بد دیانت ہیں اَور بعض دیانت دار	۳	۷۵، ۱۱۲، ۱۱۳، ۱۱۴، ۱۹۹
ان کی بدمعاملگی کی اصل وجہ ان کا یہ نظریہ ہے کہ ان امّیوں کے متعلق ان سے بازپرس نہیں ہوگی۔	۳	۷۵
آیاتِ الٰہی میں تحریف ان کا شیوہ ہے	۳	۷۳
نہ خود ہدایت قبول کرتے ہیں اور نہ دُوسروں کو قبول کرنے دیتے ہیں	۳	۹۸، ۹۹
یہُود کی گستاخی "اللہ فقیر ہے اَور ہم غنی"	۳	۱۸۱
دُوسری گستاخی غلّت اید یھو	۵	۶۴

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آیاتِ الٰہی کو پسِ پُشت ڈال دیا	۳	۱۸۹
جو صفات ان میں نہیں پائی جاتیں ان سے توصیف کو بہت پسند کرتے	۳	۱۸۸
ان کی بدعملی اَور بدفکری کا بیان	۴، ۵	۱۶۰، ۱۴۱، ۱۴
ان کا دعویٰ پارسائی	۴	۴۹
ان پر لعنت کی وجہ	۴	۱۵۵
〃 〃 〃	۵	۷۸، ۷۹، ۱۳
خُدا سے عہد شکنی کے باعث ان میں عداوت و بُغض پیدا ہو گیا	۵	۱۴، ۶۴
ابناء اللہ ہونے کا دعویٰ اَور اس کا ردّ (اِبن کی تشریح)	۵	۱۸ مع حاشیہ
مُوسیٰ علیہ السّلام کا ان کو ارضِ مقدس میں داخل ہونے کا حکم دینا اور ان کا اِنکار	۵	۲۰ تا ۲۶ حواشی
یہُود کی دلآزاریوں اَور کرتوتوں کا تذکرہ	۵	۴۱، ۶۲
جب کوئی رسُول ان کی منشاء کے خلاف احکام لاتا تو اُسے قتل کر دیتے اَور اذیّت دیتے	۵	۷۰
اس کا نتیجہ یہ ہے کہ وُہ بہرے اور اندھے ہو گئے	۵	۷۰
ذبح بقرہ کا حکم اَور ان کی حُجّت بازیاں	۲	۶۷ تا ۷۳
حضورؐ کی آمد سے پہلے حضورؐ کے وسیلہ سے فتح طلب کرتے جب آپؐ آئے تو اِنکار کرنے لگے	۲	۸۹
اِسرائیلی ریاست	۳	۱۱۲ حاشیہ

اُن کے عُلماء اَور اُن کا طریقۂ کار

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
تحریفِ آیات ان کا معمُول تھا	۲	۷۵
〃 〃 〃 〃 〃	۳	۷۸

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
تحریف کرنے والوں کے لیے بربادی ہے	۲	۷۹
یہ حق کو چھپاتے ہیں	۲	۱۴۶
یہ دانستہ حق کو باطل سے ملاتے ہیں	۳	۷۱
ان کا مشرکین مکہ کو مسلمانوں سے زیادہ ہدایت یافتہ کہنا	۴	۵۱، ۵۲
حضورؐ اور حضرت موسیٰؑ سے بنی اسرائیل کا مطالبہ	۴	۱۵۳
ان کے علماء و مشائخ انھیں برائیوں اور حرام خوریوں سے کیوں نہیں روکتے	۵	۶۳
برائی سے نہیں روکتے تھے	۵	۷۹ حاشیہ
بعض نصاریٰ قرآن سن کر آبدیدہ ہوجاتے	۵	۸۳، ۸۴
اسلام کے خلاف ان کی سازشیں اور اسلام کو قبول نہ کرنے کی وجوہات		
یہود حسد کے مارے اسلام کو قبول نہیں کرتے	۲	۹۰، ۱۰۵، ۱۰۹
یہود کا یہ کہنا غلط ہے کہ وہ صرف اپنی کتاب اور رسول پر ایمان لاتے ہیں	۲	۹۰، ۹۱
کیونکہ قرآن جبرئیل لے کر آتا ہے اس لیے ہم نہیں مانتے	۲	۹۷ مع حاشیہ
جب تک مسلمان اپنے دین کو نہ چھوڑیں یہود و نصاریٰ ان پر خوش نہیں ہونگے	۲	۱۲۰
یہ مسلمانوں کو بھی گمراہ کرنا چاہتے ہیں	۳	۶۹
یہ دانستہ اسلام کا انکار کرتے ہیں	۳	۷۰
مسلمانوں کو اسلام سے برگشتہ کرنے کی خطرناک سازش	۳	۷۲، ۷۳
مسلمانوں میں لڑائی کرانے کی کوشش اور ناکامی	۳	۱۰۰
ان کی بھلائی اسلام قبول کرنے میں ہی تھی	۳	۱۱۰
ان کا مسلمانوں سے حسد اور عناد	۳	۱۱۹، ۱۲۰
ان کے ایمان نہ لانے کا ایک اور عذر اور اس کا رد	۳	۱۸۳
ان کا ایک مطالبہ اور اس کا رد	۴	۱۵۳
مسلمانوں سے یہود کی ناراضگی کی کیا وجہ ہے	۵	۵۹ حاشیہ
خدا کے نزدیک برا کون ہے	۵	۶۰ حاشیہ
مسلمانوں کے سب سے کٹر دشمن یہودی اور مشرک ہیں	۵	۸۲ حاشیہ
عیسائی مسلمانوں سے نسبتاً محبت کرتے ہیں	۵	۸۲

جبر و قدر

	سورت نمبر	آیت نمبر		سورت نمبر	آیت نمبر
جبر و قدر کی بحث	۲	۶ حاشیہ	جو نعمتِ خداوندی کو بدل دیتا ہے وُہ عذاب میں گرفتار ہوتا ہے	۲	۲۱۱ حاشیہ
کفّار کے دلوں پر مُہر، کانوں پر پردہ	۲	۶، ۷	اُحد کی ہزیمت اپنی فروگزاشت کا نتیجہ تھی	۳	۱۶۵
بنی اسرائیل کیوں مغضوب بنے	۴	۱۵۵	اِنسان کو اس کی طاقت کے مطابق تکلیف دی جاتی ہے	۲	۲۸۶
〃 〃 〃 〃	۲	۶۱	تم جہاں بھی ہو موت آئے گی	۴	۷۸
〃 〃 〃 〃	۳	۱۸۲	اچھائی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور برائی اپنی طرف سے	۴	۷۸
〃 〃 〃 〃	۴	۱۵۵	اس نسبت کی وجہ	۴	۷۸ حاشیہ
〃 〃 〃 〃	۵	۱۳ مع حاشیہ	اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو وُہ شرک نہ کرتے	۶	۱۰۷، ۱۱۱،
قرآن سے کون گمراہ ہوتے ہیں	۲	۲۷	〃 〃 〃 〃 〃 〃	〃	۱۴۸
ہم ظلم نہیں کرتے وُہ اپنے اُوپر خود ظلم کرتے ہیں	۲	۵۷	اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو وُہ یہ نہ کرتے	۶	۱۳۷
اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو وُہ باہم نہ جھگڑتے	۲	۲۵۲ حاشیہ	اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو سب کو ہدایت دے دیتا	۶	۱۴۹
دین میں اِکراہ نہیں	۲	۲۵۶ حاشیہ			
فرعونیوں کو ان کے گناہوں کے باعث سزا ملی	۳	۱۱			

جہاد

	سورت نمبر	آیت نمبر
جہاد کا اِذن	۲	۱۹۰
زیادتی کی ممانعت	۲	۱۹۰
کفّار کے قتل کی اِجازت	۲	۱۹۱
فِتنہ بازی قتل سے بھی سخت ہے	۲	۱۹۱،۲۱۷
مسجدِ حرام کے قریب لڑائی منع ہے	۲	۱۹۱
اگر وُہ ہتھیار ڈال دیں تو.........	۲	۱۹۱
جنگ جاری رکھو یہاں تک کہ فِتنہ کی آگ بُجھ جائے اَور دین محض اللہ کے لِیے ہو جائے	۲	۱۹۲
اِسلامی جہاد کی خصُوصیات	۲	حاشیہ آیاتِ بالا
اشہرِ حُرم میں جنگ کرنے یا نہ کرنے کا حکم	۲	۱۹۴
زیادتی کے مقابلہ میں زیادتی کی اجازت	۲	۱۹۴
ہر حالت میں اللہ سے ڈرتے رہو	۲	۱۹۴
مالی جہاد کا حکم	۲	۱۹۵،۲۴۵
اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو	۲	۱۹۵
حضرت ابو ایوب انصاری کی تفسیر	۲	۱۹۵ حاشیہ
جہاد کے متعلق مستشرقین کا اِعتراض اَور اس کا جواب	۲	۲۱۶ حاشیہ
جہاد اگرچہ تمھیں ناپسند ہے لیکن اللہ تعالیٰ کا حکم ہے تعمیل کرو	۲	۲۱۶
اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرو	۲	۲۴۴
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴	۸۴

	سورت نمبر	آیت نمبر
اللہ تعالیٰ کے اِذن سے چھوٹی جماعت کثیر پر غالب آتی ہے	۲	۲۴۹
طاقت کے توازن کی حکمت	۲	۲۵۱
نظریۂ جہاد	۲	۲۵۶ مع حاشیہ
مالی جہاد کی ترغیب اَور فضیلت	۲	۲۶۱
زراعت کی فضیلت	۲	حاشیہ آیتِ بالا
اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والوں کا کردار نہ اِحسان جتلاتے ہیں نہ دُکھ پہنچاتے ہیں	۲	۲۶۲،۲۶۳
ریا کے لِیے خرچ کرنے والوں کی مثال	۲	۲۶۴،۲۶۶
رضاءِ اِلٰہی کے لِیے مال خرچ کرنے والوں کی مثال	۲	۲۶۵
مومن اَور کافر کی جنگ کا فرق	۳	۱۳
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴	۷۴ مع حاشیہ
جہاد وُہ کرے جو اس زندگی کو اُخروی زندگی سے بیچنے کے لِیے تیار ہو	۴	۷۴
مجاہد غالب آجائے یا قتل ہو جائے اُسے اجرِ عظیم مِلے گا	۴	۷۴
مجاہدین کا درجہ	۴	۹۵،۹۶
میدانِ جنگ میں بھی اگر کوئی کافر اِیمان کا اعلان کرے تو اسے ردّ نہ کرو	۴	۹۴ حاشیہ
دُشمن کے تعاقب میں سُستی نہ کرو	۴	۱۰۴ حاشیہ
جہاد کے لِیے مکمّل تیاری کا حکم	۴	۷۱

	سورت نمبر	آیت نمبر
مُسلمانوں کو جہاد پر برانگیختہ کرنے کا حکم	۴	۷۵
کن کفّار سے جنگ کرنا منع ہے	۴	۹۱،۹۰
ہجرت کرنے والوں کے لیے کشادہ روزی اور اجرِ عظیم کا وعدہ	۴	۱۰۰
اللہ تعالیٰ کی راہ میں پیاری چیز خرچ کرو	۳	۹۲
پاکیزہ چیزیں خرچ کرنے کا حکم	۲	۲۶۷
شہداء زندہ ہیں	۲	۱۵۴
" " "	۳	۱۶۹
" " "	۳	۱۷۲
راہِ خُدا میں مرنے سے مغفرت و رحمت ملتی ہے	۲	۱۵۷
اگر مُسلمان کفّار کے نرغے میں آجائیں تو کیا کریں اور کیا نہ کریں	۳	۲۸ حاشیہ
بدر		
جنگِ بدر	۳	۱۳، ۱۲۳
دو گروہوں کے احوال اور مُسلمانوں کی فتح	۴	۷۴
تمہاری فریاد، ہماری اِمداد، فرشتوں کا نزُول	۳	۱۲۴، ۱۲۵، ۱۲۷
فرشتوں کی آمد محض بشارت تھی، فتح اللہ نے دی تھی	۳	۱۲۶، ۱۲۷

	سورت نمبر	آیت نمبر
اُحد		
جنگِ اُحد	۳	۱۲۱
ہزیمت کی وجہ	۳	حاشیہ آیت بالا
اُحد میں کفّار کی مرعُوبیّت	۳	۱۵۱ حاشیہ
پہلے فتح اور پھر شکست	۳	۱۵۲
جنگِ اُحد کا چشم دید حال	۳	۱۵۲ حاشیہ
اُحد کا ایک اور منظر	۳	۱۵۳
اُحد میں مُنافقین کا حال	۳	۱۵۴ حاشیہ
یہ ہزیمت آزمائش تھی تاکہ مومن اور کافر کی تمیز ہو سکے	۳	۱۴۰، ۱۴۱، ۱۶۶، ۱۶۷
مومنوں سے درگزر	۳	۱۵۲، ۱۵۵
غم و اندوہ کے بعد اطمینان و تسکین کی کیفیّت	۳	۱۵۴
کمزور ایمان والوں کے افکارِ پریشان	۳	۱۵۴
مومنین کا اِن حالات میں بھی ثبات و استقلال	۳	۱۷۲ تا ۱۷۵
خطاکاروں سے حضور کا مشفقانہ برتاؤ اور عفو و درگزر	۳	۱۵۹

دُعائیں

	سورت نمبر	آیت نمبر
اھدنا الصراط المستقیم	۱	۵، ۶، ۷
قضائے حاجت کے لیے دُعا	۲	۴۵ حاشیہ
جسم میں درد ہو تو یہ پڑھے	۱	بسم اللہ
جب بندہ دُعا مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے قریب ہوتا ہے اور اُس کی دُعا قبول کرتا ہے	۲	۱۸۶ مع حاشیہ
قبولیّتِ دُعا کے لیے شرائط	۲	۱۸۶ حاشیہ
کافر کی دُعا فقط دُنیوی فوائد کے لیے	۲	۲۰۰
مومن کی دُعا دُنیا و آخرت کے لیے	۲	۲۰۱
میدانِ جنگ میں طالوت کی دُعا	۲	۲۵۰
پیاری پیاری جامع دُعائیں	۲	۲۸۶
حضرت ابراہیمؑ و اسماعیلؑ کی تعمیرِ کعبہ کے وقت دُعا	۲	۱۲۷، ۱۲۸، ۱۲۹
اَے اللہ! ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کرنا	۳	۸، ۹
بخششِ گناہ کے لیے مومنوں کی دُعا	۳	۱۶
ادائے قرض کی دُعا	۳	۲۷ حاشیہ
حضرتِ زکریاؑ کی دُعا فرزند صالح کے لیے	۳	۳۸
سابقہ انبیاء اور اُن کے صحابہ کی دُعا	۳	۱۴۷
مفکّرینِ اسلام کی دُعائیں ربنا ما خلقت ھذا باطلاً	۳	۱۹۱ تا ۱۹۴
مکّہ کے مظلوم مسلمانوں کی دُعا	۴	۷۵
گواہوں میں شمولیّت کی دُعا مانگنا	۵	۸۳
حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی دُعا نزولِ مائدہ کے لیے	۵	۱۱۴
نزولِ نعمت کا دن عید کا دن	۵	۱۱۴
میلاد شریف کا ثبوت	۵	حاشیہ آیت مذکورہ بالا

سیاست

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
خلیفہ کسے کہتے ہیں	۲	۳۰ حاشیہ
زوال پذیر قومیں جھوٹی آس لگائے رکھتی ہیں	۲	۷۸ حاشیہ
زوال پذیر قومیں سحر و منتر پر بھروسہ کرتی ہیں	۲	۱۰۲ حاشیہ
سربراہِ مملکت میں کیا صفات ہونی چاہئیں	۲	۱۲۴ کا حاشیہ
〃 〃 〃 〃 〃	۲	۲۴۷ کا حاشیہ
فاسق و فاجر اس منصب کا اہل نہیں	۲	۱۲۴
بے دین لوگ جب برسرِ اقتدار آتے ہیں تو فتنہ و فساد برپا کرتے ہیں	۲	۲۰۵
کیا اسلام ملوکیت کا حامی ہے	۲	۲۴۶
طاقت کا توازن ضروری ہے	۲	۲۵۱
غیر مسلم اقوام کے ساتھ مسلمانوں کے تعلقات کی نوعیّت	۳	۲۸
جب کوئی مسلمان کفّار کے نرغے میں آ جائے تو کیا کرے	۳	۲۸
حدود و قصاص کی تنفیذ حکومت کی ذمہ داری ہے نہ افراد کی	۲	۱۷۸
دُنیا میں باعزت زندگی بسر کرنے کا طریقہ اتفاق و اتحاد ہے اور مسلمانوں کے اتحاد کی اساس حبل اللہ ہیں	۳	۱۰۳ حاشیہ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مشورہ کا حکم اسلام کا جمہوری نظام ہے	۳	۱۵۹ حاشیہ
حکومت دینے اور سلب کرنے کا خُدائی اصول	۳	۲۶
مُسلمانوں اور غیر مُسلموں کے تعلقات کی نوعیّت	۳	۱۱۸ حاشیہ
اُولوالامر کی اطاعت	۴	۸
ہنگامی حالات میں تمام امور کو حاکمِ وقت کی طرف لوٹا دینا چاہیے	۴	۸۳
افراتفری کی اور افواہیں پھیلانے کی اجازت نہیں	۴	۸۳
حکومت و اقتدار امانت ہے۔ اس کی ادائیگی میں خیانت، کُنبہ پروری اور ظلم کی ممانعت	۴	۵۸ حاشیہ
ہر حالت میں ہر شخص کے ساتھ عدل	۴	۵۸
اچھی سفارش اور بُری سفارش	۴	۸۵ حاشیہ
کافروں کو دوست نہ بناؤ	۴	۱۴۴
〃 〃 〃	۵	۵۱
طاغوت کو حَکَم مت بناؤ	۴	۶۰
ذمیوں کے تنازعات کا فیصلہ کون کرے	۵	۴۲ حاشیہ

شِرک کا بُطلان

	سورت نمبر	آیت نمبر
وُہی ہر تعریف کا مستحق ہے	۱	۱
〃 〃 〃 〃 〃	۶	۱، ۴۵
اسی کی عبادت اسی سے اِستعانت	۱	۴ مع حاشیہ
اس کا "ند" نہ بناؤ	۲	۲۲
اس کے سوا کوئی خدا نہیں	۲	۱۶۴
بعض لوگ "ند" بناتے ہیں	۲	۱۶۵
اس کا کوئی بیٹا نہیں	۲	۱۱۶
〃 〃 〃 〃	۶	۱۰۰، ۱۰۱
شِرک کی مغفرت نہیں	۴	۱۱۶، ۱۴۸
شِرک کی حقیقت	〃	حواشی آیاتِ بالا
شِرک افتراءِ عظیم ہے	۴	۴۸
شِرک گمراہی ہے	۴	۱۱۶
اسی کی عبادت	۶	۱۰۴
آسمان و زمین کی ہر چیز کا مالک اللہ تعالےٰ ہے	۶	۱۲
دن رات میں ٹھہرنے والی ہر چیز اسی کی ہے	۶	۱۳ احواشی
مُشرک بننے کی ممانعت	۶	۱۴
اگر وُہ تکلیف دے تو اس کے بغیر کوئی دُور نہیں کر سکتا	۶	۱۷

	سورت نمبر	آیت نمبر
شرک سے براءت	۶	۱۹ حاشیہ
بحر و بر کے اندھیروں میں نجات دینے والا اس کے سوا کون ہے	۶	۶۳، ۶۴ حاشیہ
شِرک کے بُطلان کا ابراہیمی انداز	۶	۷۴ تا ۷۸
〃 〃 〃 〃 〃		۸۰، ۸۱
اس کا کوئی بیٹا نہیں	۶	۱۰۰، ۱۰۱
مریمؑ کی اُلوہیّت کا بُطلان	۵	۷ حاشیہ
مسیح کا اعلان، جو شِرک کرے گا اس پر جنّت حرام ہے	۵	۷۲ حاشیہ
تثلیث کے قائل کافر ہیں	۵	۷۳ حاشیہ
مسیح اللہ تعالیٰ کا رسول ہے	۵	۷۵
کیا تم ان کی پُوجا کرتے ہو جو نفع و ضرر کا اِختیار نہیں رکھتے	۵	۷۶
قیامت کے دِن مشرکین کا اپنے شِرک	۶	۲۲ تا ۲۴
سے اِنکار	〃	۹۴
اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہیں	۶	۵۶
مُشرکین کا فریبِ نفس، اگر اللہ تعالےٰ چاہتا تو ہم شِرک نہ کرتے	۶	۱۴۸

شریعت

	سورت نمبر	آیت نمبر
ہر اُمّت کے لیے ایک شریعت مقرر کی گئی۔ اس کی وجہ	۵	۴۸
جو کتابِ الٰہی کے مُطابق فیصلہ نہ کرے وُہ کافر ہے	۵	۴۴
جو کتابِ الٰہی کے مُطابق فیصلہ نہ کرے وُہ ظالم ہے	۵	۴۵
جو کتابِ الٰہی کے مُطابق فیصلہ نہ کرے وُہ فاسق ہے	۵	۴۷
ا۔ شریعتِ اسلامیہ کی خصُوصیات		
اللہ تعالیٰ تمھارے لیے آسانی کا اِرادہ فرماتا ہے تکلیف کا نہیں	۲	۱۸۵
قاضی کے فیصلہ سے حرام حلال نہیں ہوجاتا	۲	۱۸۸ حاشیہ
گھریلو معاملات میں فضل و احسان کی تلقین	۲	۲۳۷
اللہ تخفیف کا اِرادہ رکھتے ہیں	۴	۲۸
احکامِ شرعی میں حرج کی نفی	۵	۶
احکامِ شرعی سے مقصُود اتمامِ نعمت ہے	۵	۶
کیا تم احکامِ الٰہی سے سرتابی کرکے جاہلیّت کے قوانین پر عمل کرنا چاہتے ہو	۵	۵۰ مع حاشیہ
شریعت کے مسلّمہ اصول (عدل و انصاف)	۵	۴۲
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۶	۱۵۰،۱۵۲
ذمیوں کے تنازعات کا فیصلہ کون کرے	۵	۴۲ حاشیہ

	سورت نمبر	آیت نمبر
ب۔ عبادات		
عبادت سے تقویٰ حاصل ہوتا ہے	۲	۲۱
نماز		
غیرِ خُدا کو سجدہ کرنے کا حکم	۲	۳۴
نماز ڈرنے والوں کے علاوہ سب پر بھاری ہے	۲	۴۵
اقامتِ نماز کا حکم	۲	۱۱۰
ساری نمازیں پابندی سے ادا کرو خصُوصاً صلوٰۃِ وسطےٰ	۲	۲۳۸
حالتِ خوف میں نماز ادا کرنے کا طریقہ	۲	۲۳۹
نماز میں قبلہ رُو ہونے کا حُکم	۲	۱۴۴
نماز اپنے اَوقات پر ادا کرو	۴	۱۰۳
نماز کے بعد ذِکرِ الٰہی کا حُکم	۴	۱۰۳
نمازِ قصر، سفرِ قصر کی مِقدار	۴	۱۰۱ مع حاشیہ
وضو		
وضو کے احکام	۵	۶
غسلِ جنابت	۴	۴۳
〃	۵	۶
تیمّم		
احکامِ تیمّم	۵	۶ مع حاشیہ
〃	۴	۴۳

	سورت نمبر	آیت نمبر
روزہ		
روزے کی فرضیّت کا حکم	۲	۱۸۳
اس کی حکمت	۲	۱۸۳
مرض اور مسافر کا حکم	۲	۱۸۴
ماہِ رمضان کی تخصیص میں حکمت	۲	۱۸۵
رمضان کی رات میں مقاربت جائز ہے	۲	۱۸۷
سحری کھانے کا وقت	۲	۱۸۷
حالتِ اعتکاف میں رات کو بھی مقاربت منع ہے	۲	۱۸۷
حج		
صفا اور مروہ کے درمیان سعی	۲	۱۵۸
حج وعمرہ پورا کرو اور ان کے احکام	۲	۱۹۶
حج تمتع	۲	۱۹۶
حج کے لیے زادِ راہ تیار کرنے کا حکم	۲	۱۹۷ مع حاشیہ
ایّامِ حج میں تجارت کی اجازت	۲	۱۹۸
کفّارِ قریش کو عرفات میں وقوف کا حکم	۲	۱۹۹
ایّامِ حج میں کثرت سے ذکرِ الٰہی کرنے کا حکم	۲	۱۹۸-۱۹۹
" " " " " " "		۲۰۰ تا ۲۰۳
محرم اگر محصور ہو جائے تو کیا کرے	۲	۱۹۶
میقات کی تفصیل	۲	۱۹۶ حاشیہ
حج کی فرضیّت	۳	۹۷
حالتِ احرام میں شکار کی ممانعت	۵	۱،۹۴
شکاری جانوروں کو قتل کرنے کا کفّارہ	۵	۹۵
دریائی شکار کی اجازت	۵	۹۶

	سورت نمبر	آیت نمبر
زکوٰۃ وصدقات		
زکوٰۃ ادا کرو	۲	۱۱۰
خرچ کرنے کی ابتدا اپنے قریبی رشتہ داروں سے کرو	۲	۲۱۵
صدقاتِ فرضیہ اور نافلہ اور ان کے آداب	۲	۲۷۰،۲۷۱
اللہ تعالیٰ کے راہ میں خرچ کرنے کی ترغیب فضائل، شرائط اور آداب	۲	۲۶۰ تا ۲۷۲
ایسے لوگوں کی امداد جو دستِ سوال دراز نہیں کرتے	۲	۲۷۳
جو لوگ دن رات ظاہر و پوشیدہ مال خرچ کرتے ہیں	۲	۲۷۴
زکوٰۃ دینے والے متّقی ہیں	۲	۱۷۷
پاکیزہ چیزیں راہِ خدا میں خرچ کرو	۲	۲۱۵
اپنے صدقات کو احسان جتلا کر اور اذیّت دے کر ضائع نہ کرو	۲	۲۶۴
کمال نیکی تب حاصل ہوگی جب پیاری چیزیں خرچ کرو گے	۳	۹۲
فراخی اور تنگی میں خرچ کرنے کی ترغیب	۳	۱۳۴
رضائے الٰہی کے لیے خرچ کرنے کی	۲	۲۶۵،۲۶۲
ترغیب اور اس کا اجر		۲۷۶
جو خرچ کرتے ہو اللہ تعالیٰ جانتے ہیں	۲	۲۷۰
صدقات کو ظاہراً اور پوشیدہ دینا	۲	۲۷۱
موت سے پہلے راہِ خدا میں خرچ کرنے کی تلقین	۲	۲۵۴

جرائم وعقوبات

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
چوری		
چور کی سزا	۵	۳۸
قطعِ ید کی شرائط	؍؍	حاشیہ آیتِ بالا
قطعِ ید کی سزا مقرر کرنے کی وجہ	۵	۳۹
اگر چور گرفتار ہونے سے پہلے تائب ہو جائے تو کیا اس پر حد جاری کی جائے گی	۵	۳۹
راہزنی		
راہزنوں اور قزاقوں کی عبرتناک سزائیں	۵	۳۳
ان سزاؤں کی شدّت کی وجہ	؍؍	حاشیہ آیتِ بالا
اگر راہزن گرفتاری سے پہلے تائب ہو جائے تو اُسے معافی دی جائے گی	۵	۳۴ حاشیہ
قتل		
قاتل مقتول کا وارث نہیں ہو سکتا	۲	۶۷ کا حاشیہ
ساحر کی سزا قتل ہے	۲	۱۰۲ حاشیہ
جریمۂ قتل کی سزا (قصاص اور دِیت)	۲	۱۷۸
اِسلام سے پہلے قصاص میں دھاندلیاں	۲	۱۷۸ حاشیہ
قصاص میں زندگی ہے	۲	۱۷۹
مومن کو مومن کا قتل جائز نہیں	۴	۹۲
قتلِ خطا کی مختلف صورتیں اور سزائیں اور دیت کا حکم	؍؍	حاشیہ آیتِ بالا
قتلِ عمد کی سزا	۴	۹۳
قتلِ ناحق کی ابتداء اور قصاص کا آغاز	۵	۳۲
قصاص کا حکم	۵	۴۵

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آیاتِ تورات سے اس کی تصدیق	۵	۴۵ حاشیہ
شراب		
شراب کی حُرمت کی ابتدا	۲	۲۱۹
نماز کے اوقات میں شراب کی ممانعت	۴	۴۳ مع حاشیہ
شراب اور جُوئے کی قطعی حُرمت کا حکم	۵	۹۰
صحابہ کا جذبۂ اطاعت اور قرآن کی تاثیر	۵	۹۰
شراب نوشی بند کرنے میں حکومتِ امریکہ کی ناکامی	۵	۹۰ حاشیہ
شراب کی حُرمت کی وجہ	۵	۹۰-۹۱
جُوا		
اس کی حُرمت کی ابتدا	۲	۲۱۹
تیروں کے ساتھ جُوئے کی ممانعت	۵	۳
اس کی حکمت	۵	۳ حاشیہ
جُوئے کی ممانعت خواہ اس کی آمدنی کارِ خیر میں خرچ کی جائے	۵	۳ حاشیہ
جُوئے کی قطعی ممانعت کا حکم	۵	۹۰
جُوئے کی حُرمت کی حکمت	۵	۹۱
تاش وشطرنج کا حُکم	۵	۹۱ حاشیہ
زنا		
زانیہ اور زانی کی سزا کے بارے میں پہلا حکم	۴	۱۵، ۱۶
لونڈیوں کی سزا	۴	۲۵

معاملات

	سورت نمبر	آیت نمبر
نکاح، طلاق، خلع، ایلاء، عِدّت، حیض وغیرہ زیرِ عنوان "عورت" ملاحظہ ہوں۔		
میراث اور وصیّت کی تفصیلات "معاشیات" کے تحت ملاحظہ ہوں۔		
رضاعت		
رضاعت کس کی ذمّہ داری ہے		
مدّتِ رضاعت		
مرضعہ کے اخراجات	۲	۲۳۳ مع حواشی
بچّہ کی وجہ سے ماں کو تنگ نہ کیا جائے نہ باپ کو		
کسی دایہ کو مرضعہ مقرر کرنے کا حکم	۲	۲۳۴
گواہی		
گواہی کا نصاب اور اس کے دیگر احکام	۲	۲۸۲، ۲۸۳
گواہی چھپانا منع ہے	۲	۲۸۳
یتیموں کو ان کے اموال واپس کرتے وقت گواہ بنا لیا کرو	۴	۶
گواہی عدل کے ساتھ دیا کرو خواہ اپنے اور اپنوں کے خلاف ہی ہو	۴	۱۳۵

	سورت نمبر	آیت نمبر
اگر حالتِ سفر میں کسی کی موت آجائے تو وُہ کِسے گواہ بنائے اور ان گواہوں کی سچّائی کیسے معلوم ہو	۵	۱۰۶ تا ۱۰۸
غیر مُسلِم کی گواہی	۵	۱۰۶، حاشیہ
قسمیں		
اپنی قسموں کو نیکی سے رُکاوٹ نہ بناؤ	۲	۲۲۴
لغو قسم کا اِعتبار نہیں	۲	۲۲۵
	۵	۸۹
لیکن صحیح قسم کا اِعتبار ہوگا	۵	۸۹
اچھے کام سے باز رہنے کے لیے اللہ کے نام کو آڑ نہ بناؤ	۲	۲۲۴
نذر	۲	۲۷۰
یمینِ لغو کا حکم	۵	۸۹
قسم توڑنے کا کفّارہ	۵	۸۹
اپنی قسموں کی حفاظت کرو	۵	۸۹
رہن		
اس کا حکم (معاشیات کے عنوان کے تحت)	۲	۲۸۳
حلال وحرام		
پاکیزہ رزق کھاؤ	۲	۱۷۲
حرام چیزوں کا بیان	۲	۱۷۳

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ	۲	۱۷۳ احاشیہ
〃 〃 〃 〃 〃	۵	۳
〃 〃 〃 〃 〃	۶	۱۴۵
حالتِ اضطرار کا حکم	۲	۱۷۴
〃 〃 〃 〃	۵	۳
صرف طیّب اشیا ہی حلال کی گئی ہیں	۵	۴
شکاری پرندوں کا حکم	۵	۴
حرام جانوروں کا تفصیلی بیان	۵	۳
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۶	۱۴۵ احاشیہ
ان کی لغوی اور شرعی تشریح	۵	۳ حاشیہ
اہلِ کتاب کے ذبیحہ کا حکم	۵	۵ حاشیہ
طیّبات کو حرام کرنے کی ممانعت	۵	۸۷
تمھارے نفس کا بھی تم پر حق ہے	۵	۸۷ حاشیہ
بحیرہ، سائبہ اور وصیلہ اور حام کا حکم	۵	۱۰۳
جن پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اُن کو کھاؤ	۶	۱۱۸، ۱۱۹

شیطان (ابلیس)

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
شیطان کا آدمؑ کو سجدہ کرنے سے انکار	۲	۳۴
شیطان تمھارا دشمن ہے	۲	۱۶۸
وہ تمھیں بُرائی، فسق و فجور اور خدا پر بُہتان لگانے کا حکم دیتا ہے	۲	۱۶۹
اس کی پیروی نہ کرو وہ تمھارا کھُلا دشمن ہے	۲	۲۰۸
شیطان فقر و افلاس کا وعدہ کرتا ہے اور بُرائی کا حکم دیتا ہے	۲	۲۶۸
شیطان تم کو کفّار سے ڈراتا ہے تم صرف اللہ تعالیٰ سے ڈرو	۳	۱۷۵
شیطان تمھیں گمراہ کرنا چاہتا ہے	۴	۶۰
شیطان بدترین ساتھی ہے	۴	۳۸
شیطان جھُوٹے وعدے کرتا ہے اور اُمیدوں کے ہوائی قلعے تعمیر کرتا ہے	۴	۱۲۰ امع حاشیہ
تغییرِ خلق کا معنی	۴	۱۱۹، ۱۲۰ احاشیہ
شیطان جُوئے اور شراب سے باہمی عداوت پیدا کرتا ہے اور ذکرِ الٰہی سے روکتا ہے۔	۵	۹۱
شیطان اپنے دوستوں کو تم سے جھگڑنے پر اُکساتے ہیں۔	۶	۱۲۱

صحابہ کرام اور اُمتِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء

	سورت نمبر	آیت نمبر
حضور کی اُمت، اُمتِ وسط ہے اور سارے لوگوں پر گواہ ہے	۲	۱۴۳
آیۃ یُعلّمکم میں تکرارِ فعل سے علوم لدنیہ کی طرف اشارہ ہے	۲	۱۵۱
شہید زندہ ہیں	۲	۱۵۴
شہید کی زندگی کی حقیقت	۲	۱۵۴ حاشیہ
شہدا اپنے دوستوں کی امداد کرتے ہیں	۲	۱۵۴ حاشیہ
ان پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں	۲	۱۵۷
صحابہ نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اپنی جانیں بیچ دیں۔	۲	۲۰۷
جو ایمان لائے، ہجرت کی، جہاد کیا وُہی رحمتِ الٰہی کے اُمیدوار ہیں	۲	۲۱۸
حضرت عثمان رض کے لیے حضور کی دُعا	۲	۲۶۲
صحابہ رض کا کمالِ ایمان	۲	۱۰۳ مع حاشیہ
صحابہ پر اعتراض کرنے والوں کی کوتاہ نظری	۳	۱۰۳ حاشیہ
یہ اُمت خیر الامم ہے	۳	۱۱۰
اس کے اوّلین مصداق صحابہ ہیں	۳	۱۱۰
یہ لقب کیوں ملا۔ شانِ صحابہ رض	۳	۱۱۰، ۱۹۵
یہودی مسلمانوں کو صرف اذیت پہنچا سکتے ہیں ضرر نہیں پہنچا سکتے	۳	۱۱۱
صحابہ کی پاک دلی	۳	۱۱۵ مع حاشیہ
مومن کی صفاتِ طیبہ	۳	۱۳۴ تا ۱۳۶
انتم الاعلون کا مژدہ	۳	۱۳۹ حاشیہ
مسلمانوں کی آزمائش	۳	۱۴۰
غلامانِ مصطفیٰ کو سرزنش اس کے بعد مژدۂ عفو	۳	۱۵۲، ۱۵۵
اپنے حبیب ﷺ سے صحابہ رض کی سفارش	۳	۱۵۹ حاشیہ
صحابہ کے لیے اجر کی بشارت، ان کی	۳	۱۷۱
توصیف اور ان کا کمالِ ایمان	״	۱۷۲
نیکوکاروں کے لیے جنت اور اللہ کے ہاں میزبانی	۳	۱۹۸
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صاحبزادیوں کے بارے میں ایک غلط فہمی اور اس کا ازالہ	۳	۶۱
اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو جوڑ دیا اور دوزخ میں گرنے سے بچا لیا کے اوّلین مصداق صحابہ رض ہیں	۳	۱۰۳
حضرت عثمان رض پر عبدالرحمٰن رض بن عوف کا اعتراض اور جواب	۳	۱۵۵
زخموں سے چُور صحابہ کا ابوسفیان کے تعاقب کے لیے نکلنا	۳	۱۷۲
صحابہ کی قوتِ ایمانی اور انعامِ خداوندی	۳	۱۷۳، ۱۷۴،
״ ״ ״ ״ ״		۱۷۵
صحابہ رض کے فضائل	۳	۱۹۵

	سورت نمبر	آیت نمبر
الفاروق کا لقب کب ملا	۴	۶۰ حاشیہ
حضرت ثوبان کا عشق اور اس کی پذیرائی (حسن اولئک رفیقاً)	۴	۷۰
فتنۂ ارتداد میں صحابہ کی پامردی کی پیشین گوئی	۵	۵۴ حاشیہ
وھو راکعون سے حضرت شیرِ خدا کی فضیلت	۵	۵۵
شیرِ خدا کی خلافتِ بلافصل پر استدلال اور اس کا جواب	۵	۵۵ حاشیہ
مباہلہ کا واقعہ	۳	۶۱ حاشیہ
صحابہ کرامؓ کو سلام دینے میں پہل کرنے کا حکم	۶	۵۴

عملِ صالح

	سورت نمبر	آیت نمبر
وہ اعمال صالحہ جو اسلام کے نزدیک بہت اہم ہیں	۲	۱۷۷
پچھواڑے سے گھروں میں داخل ہونا کوئی نیکی نہیں لکن البر من اتقی	۲	۱۸۹
عمل صالح کے ساتھ ایمان کی شرط بھی ہے	۴	۱۲۴ مع حاشیہ
عمل صالح والوں کو تین خوشخبریاں	۵	۱۲ حاشیہ
جسے اللہ تعالیٰ رُوحِ ہدایت سے زندہ کر دے کیا گمراہ اس کے برابر ہوسکتے ہیں	۶	۱۲۲

عورت

عورت کے حقوق

	سورت نمبر	آیت نمبر
وُہ تمہارے لیے لباس ہیں اور تم ان کے لیے لباس ہو	۲	۱۸۷
مشرک عورتوں کے ساتھ نکاح نہ کرو، نہ مشرک مردوں کے ساتھ اگرچہ تمہیں وُہ بہت پسند ہوں	۲	۲۲۱
وُہ تمہاری کھیتیاں ہیں	۲	۲۲۳
اِسلام کا فلسفۂ ازدواج	۲	۲۲۳
جیسے تمہارے حقوق عورتوں پر ہیں ویسے ہی ان کے حقوق تم پر ہیں	۲	۲۲۸

	سورت نمبر	آیت نمبر
مردوں کا درجہ عورت سے بلند ہے	۲	۲۲۸
〃 〃 〃 〃 〃	۴	۳۴ حاشیہ
تعدّدِ ازدواج کا فلسفہ	۴	۳
وراثت میں عورت بھی مرد کی طرح حِصّہ دار ہے	۴	۷
عورتوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کا حکم	۴	۱۹ حاشیہ
ان کو مجبور نہ کرنے کی ہدایت	۴	۱۹
زمانۂ جہالت کے ایک ظلم کا انسداد	۴	۱۹ حاشیہ
اگر بیوی معیار کے مطابق نہیں تب بھی صبر کرو اس کی حکمت	۴	۱۹ حاشیہ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
تلاشِ رزق کے مُساوی حقوق	۴	۳۲
نیک عورتوں کی صفات	۴	۳۴
نکاح وطلاق وغیرہ		
نکاح		
مشرک مردوں عورتوں سے نکاح نہ کرو	۲	۲۲۱
جن عورتوں سے نکاح حرام ہے	۴	۲۲،۲۳حاشیہ
تعدّدِ ازواج	۴	۳حاشیہ
لونڈیوں کے ساتھ نکاح کس وقت جائز ہے	۴	۲۵
سب بیویوں سے حُسنِ سلوک کا حُکم	۴	۱۲۹
پاکدامن مومنات سے نکاح کا حُکم	۵	۵
کتابیات سے نکاح کا حُکم	۵	۵
مہر		
غیر مدخولہ کے مہر کا حکم	۲	۲۳۶،۲۳۷
مہر کا وجُوب	۴	۴
طلاق دیتے وقت مہر واپس نہ لو	۴	۲۰-۲۱
مَہر کی ادائیگی	۴	۲۴
حیض		
اِس حالت میں مقاربت ناجائز ہے	۲	۲۲۲
یہُود و نصارٰی کی افراط و تفریط	〃	حاشیہ آیتِ بالا
طلاق		
طلاق کا اِسلامی طریقہ	۲	۲۲۹
تیسری طلاق کے بعد رجوع کا اِختیار ساقط	۲	۲۳۰
دیگر احکام	۲	۲۳۰
مروّجہ حلالہ کا حکم	۲	۲۳۰حاشیہ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
طلاقِ رجعی اور اس میں عورت کے ساتھ حُسنِ سلوک کی ہدایت	۲	۲۳۱
غیر مدخولہ کی طلاق کا حکم	۲	۲۳۶،۲۳۷
صورتِ حال کی اصلاح مرد کی ذمہ داری ہے	۲	۲۲۸،۲۲۱
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴	۱۲۸حاشیہ
طلاق کتنی بار دی جاسکتی ہے	۲	۲۲۹،۲۳۰
عرب میں طلاق کا رواج اور اس کی اِصلاح	〃	حاشیہ آیاتِ بالا
طلاق دینے کا حق مرد کو کیوں تفویض کیا گیا	۲	۲۲۹حاشیہ
تیسری بار طلاق دینے پر مرتب ہونے والے احکام	۲	۲۳۰
خُلع		
اگر زوجین حدود اللہ قائم کرنے سے قاصر ہوں تو پھر عورت خُلع کر سکتی ہے	۲	۲۲۹
اِیلاء		
اِیلاء کے احکام	۲	۲۲۶،۲۲۷
عِدّت		
عدّت کی حکمت اور اس کے احکام	۲	۲۲۸
مطلقہ عدّت گزارنے کے بعد نکاح کرنا چاہے تو اسے منع نہ کرو	۲	۲۳۲
بیوہ کی عدّت	۲	۲۳۴
اثنائے عدّت نکاح کا پیغام دُرست نہیں	۲	۲۳۵
اِس کی جائز صُورت	۲	۲۳۵
عِدّت کا نفقہ	۲	۲۴۱
بیوہ کی عِدّت اور دیگر احکامِ عدّت	۲	۲۳۴حاشیہ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
پہلے بیوہ کی عدّت ایک سال تھی	۲	۲۴۰
عدّت کے زمانہ کا خرچہ	۲	۲۴۱
عورت کو عدّت گزارنے کے بعد ایذارسانی کے لیے روکنا ظلم ہے	۲	۲۳۱

فاسقین

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
فاسقین کون ہیں	۲	۲۷
جس کو اس کی بُرائی گھیرے میں لے لیتی ہے وُہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے	۲	۸۱
فاسق ہی قرآن کے منکر ہیں	۲	۹۹
عہد شکنی ان کا شیوہ ہے	۲	۱۰۰

قبلہ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
جدھر رُخ کرو اُدھر اللہ تعالیٰ موجُود ہے	۲	۱۱۵
کعبہ لوگوں کے لیے مرکز اور امن کی جگہ ہے	۲	۱۲۵
مقام ابراہیمؑ کو مصلّٰی بناؤ	۲	۱۲۵
تحویلِ قبلہ پر بے جا اعتراض	۲	۱۴۲
کعبہ کو پھر قبلہ بنانے کی حکمت	۲	۱۴۳
کعبہ کو قبلہ بنانے کا فرمانِ الٰہی	۲	۱۴۴
ہر قوم کے لیے ایک سمت کو قبلہ مقرر کیا گیا	۲	۱۴۸
مسجد حرام کی طرف منہ کرنے کا حکم	۲	۱۴۹، ۱۵۰
خانہ کعبہ سب سے پہلے تعمیر ہوا	۳	۹۶
یہ بابرکت اور ہدایت کا سرچشمہ ہے	۳	۹۶
اِس میں روشن نشانیاں ہیں (مقامِ ابراہیمؑ)	۳	۹۷
جو یہاں داخل ہوگا امن پالے گا	۳	۹۷
اس گھر کا حج فرض ہے	۳	۹۷
کعبہ "قیاماً للناس" ہے	۵	۹۷
اِس کی وجہ	۵	۹۷

قرآن مجید

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اِس کتاب میں ذرا شک نہیں	۲	۲
یہ متقین کے لیے ہدایت ہے	۲	۲
اس میں سب لوگوں کے لیے ہدایت اور فرقان ہے	۲	۱۸۵
قرآن کی مثل لانے کا چیلنج	۲	۲۳
یہ اعلان کہ تم ہرگز اس کی مثل نہیں لاسکو گے	۲	۲۴
قرآن سے کون لوگ گمراہ ہوتے ہیں اور کیوں	۲	۲۶، ۲۷ حاشیہ
فرشتوں کی حقیقت	۲	۳۰ حاشیہ
قرآن جبرئیلؑ لے کر نازل ہوئے	۲	۹۷
یہ ہدایت و بشارت ہے	۲	۹۷
قرآن کا نزول رمضان میں ہوا	۲	۱۸۵
نسخ آیات کی تفصیل (نسخ کی بحث)	۲	۱۰۶
قرآن حق کے ساتھ نازل ہوا۔ حق کی تشریح	۳	۳
قرآن کی کچھ آیات محکم اور کچھ متشابہ ہیں	۳	۷
متشابہات کا علم	〃	حاشیہ آیت بالا

	سورت نمبر	آیت نمبر
یہ متقین کے لیے بیان، ہدایت اور موعظت ہے	۳	۱۳۸
قرآن کے کلامِ الٰہی ہونے کی دلیل	۴	۸۲
وحی کی حقیقت	۴	۱۶۳ حاشیہ
قرآن نور ہے	۴	۱۷۵
اللہ تعالیٰ گواہ ہے کہ یہ کتاب اس نے نازل فرمائی ہے	۴	۱۶۶
یہ کتاب مبارک ہے	۶	۹۲، ۱۵۵
یہ بیّنہ ہے یہ ہدایت و رحمت ہے	۶	۱۵۷
اس کے نزول کی وجہ	۶	۱۵۶، ۱۵۷
قرآن سابقہ کتب کی تصدیق کرنے والا اور ان کا نگہبان ہے	۵	۴۸
قرآن کا اندازِ موعظت	۶	۶، ۱۱
قرآن کا اسلوبِ دعوت	۶	۴۲ تا ۴۵ مع حواشی
دلائلِ توحید جو قرآن نے پیش کیے	۲	۱۶۴
″ ″ ″ ″ ″ ″	۶	۴۶، ۴۷ مع حواشی
قرآن نے کائنات میں غور و فکر کی دعوت دی	۶	۹۹
تمّت کلمۃ ربك صدقا وعدلا آپ کے رب کی بات سچائی اور انصاف کے ساتھ مکمل ہوئی	۶	۱۱۵ حاشیہ
سارے جہانوں کے لیے نصیحت (ذکریٰ للعالمین)	۶	۹۰
وحی کی حقیقت کیا ہے	۴	۱۶۳ حاشیہ

تورات

	سورت نمبر	آیت نمبر
اِس میں ہدایت و نور ہے	۵	۴۴
ان کتب کے نزول کی غرض و غایت	۵	۴۸ مع حاشیہ
اس میں ہر چیز کی تفصیل اور ہدایت و رحمت ہے	۶	۱۵۴

اِنجیل

	سورت نمبر	آیت نمبر
اِس میں بھی ہدایت و نور ہے	۶	۴۶
ان کتب کے نزول کی غرض و غایت	۵	۴۸ مع حاشیہ

قیامت

	سورت نمبر	آیت نمبر
قیامت سے ڈرو جب کوئی فِدیہ اور سفارش قبول نہ ہوگی	۲	۴۸
قیامت کے دن اللہ تعالیٰ یہود و نصاریٰ کے درمیان فیصلہ کرے گا	۲	۱۱۳
وقوعِ قیامت کی دلیل	۲	۲۵۹
قیامت سے ڈرو جب تم اللہ تعالیٰ کے پاس لوٹائے جاؤ گے اور ہر شخص کو اس کے نیک و بداعمال کی جزا و سزا ملے گی۔	۲	۲۸۱
قیامت کے دن بعض کے چہرے سفید اور بعض کے سیاہ ہوں گے۔	۳	۱۰۶، ۱۰۷
قیامت کے دن سب کو اجر پورے دیئے جائیں گے	۳	۱۸۵

	سورت نمبر	آیت نمبر
یومِ قیامت کی رُسوائی سے پناہ	۳	۱۹۴
قیامت کے دن سب کو جمع کیا جائے گا	۴	۸۷
اس میں ذرا شک نہیں	۶	۱۲
تمام مُردوں کو قیامت کے دِن زندہ کیا جائے گا	۶	۳۶
قیامت کے دن سب لوگ اللہ کے پاس لوٹیں گے اور وُہ اُنھیں ان کے اعمال سے آگاہ کرے گا	۶	۶۰

کُفّار و مُشرکین

ا۔

	سورت نمبر	آیت نمبر
انھیں ڈرانا بے سُود ہے	۲	۶
جبر و قدر کی بحث	۲	۶ حاشیہ
کفّار کے دِلوں پر مُہر اور آنکھوں پر پردے	۲	۷ حاشیہ
کفّار اللہ اور اس کے رسُولوں کے دُشمن اور اللہ تعالیٰ ان کا دُشمن	۲	۹۸
کفّار پسند نہیں کرتے کہ تم پر بھلائی نازل ہو	۲	۱۰۵
کفّار کے لیے عذابِ الیم	۲	۱۰۴
جو مسجدوں میں ذکرِ الٰہی سے روکتے ہیں وُہ دُنیا میں بھی ذلیل اور آخرت میں بھی جہنّم رسید	۲	۱۱۴
جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو چھپاتے ہیں وُہ ملعون ہیں	۲	۱۵۹
وُہ بُتوں کو اللہ تعالیٰ کا مدِّمقابل سمجھتے ہیں اور اُن سے محبّت کرتے ہیں	۲	۱۶۵

	سورت نمبر	آیت نمبر
وُہ کہتے ہیں اپنے باپ دادا کی پیروی کریں گے	۲	۱۷۰
کفّار کی مثال اندھے بہرے ڈنگر	۲	۱۷۱
جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو بیچتے ہیں ان کی سزا	۲	۱۷۴،۱۷۵
ان کے لیے دُنیوی زندگی مزیّن کردی گئی ہے	۲	۲۱۲
ان کی خواہش ہے کہ تم مُرتد ہو جاؤ	۲	۲۱۷
کافروں کے معاون طاغوت ہیں انھیں نور سے اندھیروں کی طرف نکالتے ہیں	۲	۲۵۷
رزق تو کفّار کو بھی دیا جاتا ہے	۲	۱۲۶
کیا کفّار کے پاس اُن کے کُفر کی کوئی دلیل ہے	۲	۲۸
کفّار کے لیے عذابِ شدید	۳	۴
کفّار کو ان کے اموال اور اولاد کوئی فائدہ نہ پہنچا سکیں گے	۳	۱۰ تا ۱۲
آیات کا انکار، انبیاء و دعوتِ حق دینے والوں کا قتل	۳	۲۱-۲۲
ان کے دِلوں میں حسد کی آگ بھڑک رہی ہے۔ تمھاری تکلیف سے انھیں خوشی اور تمھاری خوشی سے اُنھیں رنج ہوتا ہے۔	۳	۱۱۸ تا ۱۲۰
کفّار کے دِلوں پر رُعب	۳	۱۵۱
کفّار کی شر انگیزیاں، اسلام کی ترقی نہیں روک سکتیں	۳	۱۷۷

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ان کی ہلاکت کی وجہ یہ ہے کہ یہ رسولوں کے ساتھ استہزاء کیا کرتے تھے	۶	۱۰
قیامت کے دن ان کا شرک سے انکار	۶	۲۳، ۲۴
ان کے دلوں پر پردے اور کانوں میں بہرا پن	۶	۲۵
اپنے اعمال کی وجہ سے انھیں ہلاک کیا جائے گا اور کھولتا ہوا پانی دیا جائے گا	۶	۷۰
کفّار کے اعمال شیطان بڑے آراستہ کر کے انھیں دکھاتا ہے	۶	۱۲۲
قیامت کے روز کفّار کا کفِ افسوس ملنا	۶	۲۷، ۲۸
کہ کاش انھیں دنیا میں لوٹا دیا جائے		۳۰، ۳۱

(ب) ان کا عقیدہ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
وہ بتوں کو انداد (اللہ کا ہمسر) یقین کرتے	۲	۲۲
کفّار کی محبّت میں توسیع	۲	۶۵
ان کی نظروں میں دنیا بڑی حسین ہے	۲	۲۱۲
مشرکین کس کی عبادت کرتے ہیں	۴	۱۱۷ حاشیہ
خدا اور رسولوں میں فرق کرنے والے پکّے کافر ہیں	۴	۱۴۹، ۱۵۰، ۱۵۱
وہ اپنے معبودوں کو خدا کے برابر تسلیم کرتے (یعدلون)	۶	۱، ۱۵۰
یہ قرآن کو اساطیر کہتے ہیں	۶	۲۵ مع حاشیہ
قیامت کا انکار	۶	۲۹
یہ دنیوی زندگی لہو و لعب کی زندگی ہے	۶	۳۲
شفاعت کے متعلق کفّار کا غلط عقیدہ	۶	۵۱ حاشیہ
جنّوں کو وہ خدا کا شریک بناتے ہیں	۶	۱۰۰
خدا کے بیٹے اور بیٹیاں بناتے	۶	۱۰۰
کفّار کے عقیدہ کا بطلان	۶	۴۰-۴۱ حاشیہ
جھوٹے مدعیانِ نبوّت کی محشر میں رسوائی	۶	۹۴ حاشیہ
کفّار اپنے کفر کی خود شہادت دیں گے	۶	۱۳۰

ان کی نجات نہیں

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
کفّار ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے	۲	۳۹
کفّار کے لیے بخشش نہیں	۲	۱۶۱، ۱۶۲
" " " "	۴	۴۸، ۱۱۶
کفّار کے لیے شفاعت نہیں	۲	۲۵۴
" " "	۶	۵۱
ہم ان کو جو مہلت دے رہے ہیں وہ ان کے لیے عذاب الیم کا سبب بنے گی	۳	۱۷۸
کفّار کو مال اور اولاد فائدہ نہیں دے گی	۳	۱۰
شرک کی تحقیق	۴	۴۸ حاشیہ
جو ہر وقت دین بدلتے رہتے ہیں ان کے لیے نجات نہیں	۴	۱۳۷
جنھوں نے کفر اور ظلم کیا انھیں ہدایت نہیں ملے گی	۴	۱۶۸، ۱۶۹
ان کے لیے نہ نجات ہے نہ فدیہ	۳	۹۰، ۹۱
" " " "	۵	۳۶، ۳۷
مرتد کا عمل برباد	۳	۲۱۷

ان کے اطوار

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مساجد سے روکنا بڑا ظلم ہے	۲	۱۱۴

	سورت نمبر	آیت نمبر
کفّار اپنے جاہل باپ دادا کی پیروی کرتے تھے	۲	۱۷۰
	۵	۱۰۴
ان کی مثال	۳	۱۷۱
مومنوں کا مذاق اُڑانا اُن کا شیوہ ہے	۲	۲۱۲ حاشیہ
کفّار و منافق اِسلامی عبادات کا مذاق اڑاتے ہیں	۵	۵۸
آیات سے اعراض	۶	۴ حاشیہ
حق کی تکذیب اَور اِستہزاء	۶	۵
ان کے کہنے کے مطابق اگر لکھی لکھائی کتاب نازل ہوتی تب بھی یہ اسے سحرِ مُبین کہہ کر اِنکار کرتے	۶	۷
فرشتہ کے نزول کا مطالبہ	۶	۸
یہ مطالبہ پورا نہ کرنے کی وجہ	۶	۹ حاشیہ
رسُولوں کے ساتھ استہزاء اَور یہی ان کی ہلاکت کا باعث	۶	۱۰
اللہ تعالیٰ پر افترا بازی بڑا ظلم ہے	۶	۲۱، ۱۴۴
″ ″ ″ ″ ″ ″	″	۹۳، ۱۵۷
غریب مسلمانوں کا مذاق	۶	۵۳
وُہ محض حجت بازی کے لیے معجزات طلب کرتے تھے	۶	۱۵۹
بے شمار معجزات دیکھنے کے باوجود وُہ ایمان نہ لاتے۔	۶	۱۱۱
ان کی ایک اَور حجت بازی کہ ان پر بھی وحی اترے	۶	۱۲۴
ان کی مشرکانہ رسُوم :-		

	سورت نمبر	آیت نمبر
۱۔ کھیتی اَور مویشی میں بتوں کا حِصّہ	۶	۱۳۶، ۱۳۸
۲۔ قتل اولاد ان کے لیے مزیّن کیا گیا	۶	۱۳۷
۳۔ بعض چیزیں مردوں کے لیے مخصوص، بعض عورتوں کے لیے، ایسی حماقتوں کے باعث گمراہ ہُوتے	۶	۱۴۰
۴۔ جانوروں کی حِلّت و حُرمت کے متعلق لایعنی رواج	۶	۱۴۳، ۱۴۴
وُہ اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکنے کے لیے مال خرچ کرتے	۳	۱۱۶، ۱۱۷
کفّار کی فارغ البالی اَور کثرتِ اولاد تمھیں دھوکہ میں نہ ڈالے (متاعِ قلیل)	۳	۱۹۶، ۱۹۷
ان کا ہولناک انجام، ظالموں کی موت کی کیفیّت	۴	۹۷
جہنّم میں ان کا عذاب ختم نہ ہوگا	۴	۵۶
کفّار ہلاکت کا اِنتظار کر رہے ہیں	۶	۱۵۸
قیامت کے روز ان کا بصد حسرت کفِ افسوس ملنا اَور ایک بار لوٹائے جانے کی آرزو کرنا	۶	۲۷، ۲۸
	″	۳۰، ۳۱
تباہی اَور پینے کے لیے کھولتا ہُوا پانی	۶	۷۰
کفر کی وجہ سے عذاب اَور باہمی انتشار کی سزا	۶	۶۵ حاشیہ

گُناہ

	سورت نمبر	آیت نمبر
اللہ تعالیٰ اَور اس کی مخلوق سے وعدہ شکنی	۳	۷۷
گناہِ کبیرہ	″	حاشیہ آیت بالا

	سورت نمبر	آیت نمبر
کن لوگوں کی توبہ قبول ہوتی ہے اور کن کی نہیں	۴	۱۷، ۱۸
اگر کبیرہ گناہوں سے اجتناب کیا جائے تو دوسری غلطیاں معاف کردی جاتی ہیں	۴	۳۱
کبیرہ گناہ کیا ہے تکفیر سیّئات کا مطلب	۴	۳۱ حاشیہ
گناہ دراصل اپنے نفس سے خیانت ہے	۴	۱۰۷ حاشیہ

متقین و مومنین

متقین کی صفات:-

	سورت نمبر	آیت نمبر
وہ غیب پر ایمان لاتے ہیں	۲	۳
نماز قائم کرتے ہیں	۳	۱۳۴ تا ۱۳۶
مال خرچ کرتے ہیں	〃	〃
آسمانی کتب پر ایمان، آخرت پر یقینِ محکم	۲	۴
انھیں ہدایت و فلاح کی بشارت	۲	۵
اہلِ ایمان کو جنت اور دیگر انعامات کی بشارت	۲	۲۵
نہ انھیں خوف نہ حزن	۲	۳۸
اہلِ ایمان اللہ تعالیٰ سے سب سے زیادہ محبت کرتے ہیں۔ رسول ﷺ سے محبت اللہ سے محبت ہے	۲	۱۶۵ حاشیہ
شفاعتِ اولیاء	۲	۲۵۴ حاشیہ
اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان کا مددگار ہے۔ وہ انھیں اندھیروں سے نور کی طرف لاتا ہے	۲	۲۵۷
جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے انھیں نہ خوف نہ حزن	۲	۲۷۷
اہلِ ایمان سب رسولوں کو مانتے ہیں اور	۲	۲۸۵

	سورت نمبر	آیت نمبر
ان میں تفریق نہیں کرتے		
اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہونے کے لیے مومن کی تربیت	۲	۱۵۳، ۱۵۴، ۱۵۵، ۱۵۶، ۱۵۷
شہداء زندہ ہیں	۲	۱۵۴
ان کی زندگی کی کیفیت اور ان کا اپنے دوستوں کی مدد کرنا	۲	۱۵۴ حاشیہ
مومن مصائب میں صبر کرتا ہے اور راضی برضا رہتا ہے	۲	۱۵۵، ۱۵۶ حواشی
رضائے الٰہی کے لیے جان تک بھی بیچ دیتے ہیں	۲	۲۰۷
مسلمانوں کو اسلام میں مکمل طور پر داخل ہونے کا حکم	۲	۲۰۸
مومنین کی صفات، کراماتِ اولیاء	۳	۱۷
〃 〃 〃	۳	۳۷ حاشیہ
اہلِ کتب کی اطاعت کروگے تو گمراہ ہو جاؤ گے	۳	۱۰۰-۱۰۱
پوری طرح تقویٰ اختیار کرو اور مرنا ہے تو اسلام پر مرو۔	۳	۱۰۲
تقویٰ کی تعریف	۳	۱۰۲ حاشیہ
اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے والا اور ناراض کرنے والا برابر نہیں ہوسکتا	۳	۱۶۲
انتم الاعلون (تم ہی سربلند ہو اگر	۳	۱۳۹
رب والے راہِ حق میں پیش آ مصائب سے دل برداشتہ	۳	۱۴۶
اللہ اہلِ ایمان کا بہترین مددگار ہے	۳	۱۵۰
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت مومنین پر احسان ہے	۳	۱۶۴

	سورت نمبر	آیت نمبر
مومنوں کی آزمائش اور اس پر پُورا اُترنا	۳	۱۸۶
مومنین کے لیے جنّت اور پاک بیبیاں	۴	۵۷
متّقی کے لیے آخرت بہت بہتر ہے	۴	۷۷
بہترین دین اللہ کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دینا ہے	۴	۱۲۵
سابقہ اُمم کو بھی تقویٰ کا حکم دیا گیا اور تمھیں بھی۔	۴	۱۳۱
جن اہلِ ایمان نے اللہ کی رسّی کو پکڑ لیا انھیں رحمت و فضل اور صراطِ مستقیم کی ہدایت	۴	۱۷۶
ایمان اور عملِ صالح پر اجرِ عظیم کی بشارت	۵	۹
رضاءِ الٰہی کے طالبوں کو قرآن سے سبل السّلام کی طرف راہنمائی ملتی ہے	۵	۱۶ حاشیہ
مومنین کے اوصاف	۵	۵۴
اہلِ ایمان کو اپنی اصلاح کا حکم	۵	۱۰۵
صادقین کی قیامت کے روز عزّت افزائی	۵	۱۹۹
وُہ خُدا سے راضی اور خدا اُن سے راضی	۶	۱۲۷

معاشیات

	سورت نمبر	آیت نمبر
پاکیزہ رزق کھاؤ	۲	۱۷۲
کسبِ معاش میں حلال و حرام میں امتیاز	۲	۱۶۸ حاشیہ
وصیّت	۲	۱۸۰
وصیّت کو بدلنے والا گنہ گار ہو گا	۲	۱۸۱
وصیّت میں ظلم کی صُورت میں مصالحت	۲	۱۸۲
باطل ذرائع سے لوگوں کے مال نہ کھاؤ	۲	۱۸۸
〃 〃 〃 〃 〃	۴	۲۹
باطل ذرائع کون کون سے ہیں	۲	۱۸۸ کا حاشیہ
پاک مال اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرو اور اس کا آغاز اپنے قریبی رشتہ داروں سے کرو	۲	۲۱۵
پُوچھتے ہیں کیا خرچ کریں فرماؤ العفو	۲	۲۱۹
انفاق فی سبیل اللہ کی ترغیب		
ریاکاری سے اجتناب	۲	۲۶۱ تا ۲۶۶
پاکیزہ مال خرچ کرو	۲	۲۶۷
بخل کو فحشاء کہا گیا ہے	۲	۲۶۸
بخل کی مذمّت	۳	۱۸۰
انفاق فی سبیل اللہ کی ترغیب اور آداب	۲	۲۵۹ تا
اور اس کی برکات		۲۷۴
سُود کی حُرمت		
سُود خور کی مثال آسیب زدہ شخص کی سی ہے	۲	۲۷۵ حواشی
بیع حلال ہے سُود حرام ہے	۳	۱۳۰
سُود کی حُرمت کی وجہ		
اللہ تعالیٰ سُود کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا ہے	۲	۲۷۶
اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور بقیہ سُود چھوڑ دو	۲	۲۷۸
اگر ایسا نہیں کرو گے تو اللہ اور رسُولؐ کا تمھارے خلاف اعلانِ جنگ ہے	۲	۲۷۹
صدقات کا مستحق	۲	۲۷۳
زراعت کی فضیلت	۲	۲۶۱ حاشیہ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
بھیک مانگنے کی مذمت	۲	۲۷۳حاشیہ
غیر مسلم فقراء کو صدقہ دینا	۲	۲۷۲
مقروض تنگ دست ہو تو مہلت دو یا اس پر صدقہ کردو	۲	۲۸۰
قرض لیتے وقت لکھ لیا کرو	۲	۲۸۲
کاتب صحیح صحیح لکھے اور لکھنے سے انکار نہ کرے	۲	۲۸۲
تحریر کس کے ذمہ ہے	۲	۲۸۲
اگر مقروض سفیہہ یا ضعیف ہو تو.......	۲	۲۸۲
نصاب شہادت وغیرہ اور دیگر ہدایات	۲	۲۸۲
اللہ تعالیٰ کی راہ میں پیاری چیزیں خرچ کرو	۳	۹۲
یتیموں کے اموال کی حفاظت	۴	۲، ۱۲۷
" " " "	۶	۱۵۲
	۲	۲۲۰
"سن" رشد سے پہلے یتیموں کو ان کے مال نہ دو	۴	۵، ۶
کورٹ آف وارڈ	۴	۶ حاشیہ
یتیموں کے سرپرستوں کو ہدایات	۴	۶، ۹، ۱۰
جاہلی عرب کا نظام وراثت	۴	۷ حاشیہ
احکام میراث	۴	۱۱ تا ۱۴
اسلام کا حکیمانہ نظام وراثت		
اولاد کے وارث بننے کی مختلف صورتیں	۴	۱۱، ۱۲
والدین کے " " " "		حواشی متعلقہ
خاوند " " " "		وصیت پر
بیوی " " " "		مفصل بحث

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
کلالہ کی تعریف		حاشیہ آیات سابقہ
وراثت کی تقسیم		
کلالہ کی تعریف	۴	۱۷۷
قمار بازی کی ممانعت	۵	۳ حاشیہ
اسراف کی ممانعت	۶	۱۴۱
صحیح تولنے اور ماپنے کا حکم	۶	۱۵۲
عشر پر تفصیلی بحث	۶	۱۴۱ حاشیہ

معجزات

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
حضرت کلیمؑ کے لیے سمندر کا پایاب ہونا	۲	۵۰ مع حاشیہ
نیوٹن کا قول	۲	حاشیہ آیات بالا
حضرت مریمؑ کے پاس بے موسم کے پھل	۳	۳۷
حضرت عیسیٰؑ کے معجزات	۳	۴۹، ۵۰
" " " "	۵	۱۱۰

منافقین

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
منافقین ایمان کے دعویٰ کے باوجود مومن نہیں	۲	۸
وہ اللہ تعالیٰ کو دھوکہ دے رہے ہیں	۲	۹
ان کے دلوں میں مرض ہے	۲	۱۰
وہ فسادی ہیں اور اپنے آپ کو مصلح سمجھتے ہیں	۲	۱۱، ۱۲
اہل ایمان کو بے وقوف کہتے ہیں	۲	۱۳

	سورہ نمبر	آیت نمبر
ان کے دیگر احوال	۲	۱۴،۱۵،۱۶
ان کی مثال	۲	۱۷ ، ۱۸
دُوسری مثال	۲	۱۹ ، ۲۰
مُسلمانوں سے ملتے ہیں تو مومن بن کر، اپنوں سے ملتے ہیں تو اَور قسم کی سرگوشی کرتے ہیں	۲	۷۶
مُنافقین بڑے شیریں گفتار ہوتے ہیں لیکن الدّ الخصام	۲	۲۰۴
انھیں اِقتدار مِل جائے تو فِتنہ و فساد برپا کرتے ہیں	۲	۲۰۵
خُدا کا خوف دلایا جائے تو وُہ اسے عزّتِ نفس کا سوال بنالیتے ہیں۔	۲	۲۰۶
مُنافق کے مال خرچ کرنے کی مثال	۲	۲۶۴
مُسلمان شہداء کے متعلق ان کا رویّہ	۳	۱۵۶
اُحد میں مُنافقین کا طرزِ عمل یہ جنگ نہیں خودکشی ہے	۳	۱۶۷
دُوسروں کو موت سے بچانے کے بجائے اپنے آپ کو بچا دیکھو	۳	۱۶۸
مومن اَور مُنافق کو الگ الگ کر دینا حکمتِ الٰہی کا تقاضا ہے	۳	۱۷۹
مُنافق مال کے ملنے اَور جھوٹی خوشامد پر بڑے خوش ہوتے ہیں	۳	۱۸۸
کتاب وسُنت کی پیروی کی دعوت دی جائے تو رُوگردانی کرتے ہیں۔	۴	۶۰، ۶۱، ۶۲
دعوتِ جہاد کے وقت ان کی حالت	۴	۷۲ ، ۷۳
مُنافقین پر جہاد بہت گراں ہے	۴	۷۷ حاشیہ
ہر پسپائی اَور تنگی کو حضورؐ کی طرف منسوب کرتے ہیں اس کا ردّ	۴	۷۸
بظاہر دعوی اطاعت بباطن سازش اَور منصوبہ سازی	۴	۸۱
یہ مُسلمانوں کو بھی کافر بنانا چاہتے ہیں	۴	۸۹
یہ عزّت حاصل کرنے کے لیے کفّار سے یارانہ گانٹھتے ہیں	۴	۱۳۹
آیاتِ الٰہی کے ساتھ تمسخر کرنے والوں کے ساتھ مت بیٹھو	۴	۱۴۰
فتح وشکست کے وقت مُنافقوں کا کردار	۴	۱۴۱
مُنافقین کا طریقہ کار اللہ سے دھوکہ	؍؍	؍؍
نماز میں سُستی، ذکرِ الٰہی سے بے رغبتی نہ اِدھر کے نہ اُدھر کے	۴	۱۴۲،۱۴۳ مع حاشیہ
مُنافقین درکِ اسفل میں ہیں مگر تائب ہونے والے نہیں	۴	۱۴۵،۱۴۶
مُنافقین حوادثِ زمانہ سے بچنے کے لیے یہود سے دوستانہ تعلقات بناتے ہیں	۵	۵۲ حاشیہ
نفاق کی وجہ سے اعمال ضائع	۵	۵۳
مُنافقین جیسے خالی آتے ویسے خالی لَوٹتے ہیں	۵	۶۱

نواہی

	سورہ نمبر	آیت نمبر
کِسی کو اس کا مدِ مقابل نہ بناؤ	۲	۲۲
آیاتِ الٰہی کو نہ بیچو	۲	۴۱
حق کو باطل سے نہ ملاؤ	۲	۴۲

سُورۂ فاتحہ

یہ وُہ مختصر لیکن حقائق اور معانی سے لبریز، دل نشین و دل آویز جلیل القدر سُورت ہے جس سے اِس مقدّس آسمانی کتاب کا آغاز ہوتا ہے جس نے تاریخ اِنسانی کا رُخ موڑ دیا۔ جس نے فکر ونظر میں اِنقلاب پیدا کر دیا۔ جس نے قلب و رُوح کو نئی زندگی بخش دی۔ اِس پاک سُورت کی گوناں گوں برکات کو کیوں کر قلمبند کیا جا سکتا ہے۔ وُہ متعدّد نام جن سے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اِس سُورت کو یاد فرمایا حقیقت شناس نگاہوں کو ان فیوض و برکات سے آشنا کر دیں گے جو اِس میں بڑی خُوبصُورتی سے سمو دیئے گئے ہیں۔ اِن ناموں سے چند یہ ہیں :-

الفاتحۃ : رحمت وحکمت کے خزانے کھولنے والی۔

فاتحۃ الکتاب : قرآن حکیم کے سربستہ رازوں کی کلید۔

اُمّ القرآن : حقائق قرآنی کا ماخذ ومنبع۔

السّبع المثانی : بار بار دُہرائی جانے والی سات آیتیں۔

الشّفاء : جسمانی اور رُوحانی بیماریوں کا تریاق۔

یہ سُورۃ پاک مکہ مکرمہ میں نازل ہُوئی۔ اِس کا ایک رکُوع ہے۔ سات آیتیں ہیں۔ اِس کے الفاظ کی تعداد پچّیس ہے اور حرُوف کی تعداد ۱۲۳ ہے۔

○

سُورۃ الفاتحۃ مکیّۃ	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○	وھی سبع اٰیات
سُورۃ فاتحہ مکّی	اللہ کے نام سے ۱؎ شروع کرتا ہوں ۲؎ جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۳؎	ایک رکوع سات آیتیں

۱؎ اسلامی آدابِ معاشرت میں بسم اللہ الخ کو اہم مقام حاصل ہے ہمیں ہمارے ہادی و مُرشد علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے یہ سبق دیا ہے کہ ہر کام بسم اللہ الخ سے شروع کرو بلکہ یہاں تک فرمایا اغلق بابك واذكر اسم الله واطفئ مصباحك واذكر اسم الله وخمر اناءك واذكر اسم الله واوك سقاءك واذكر اسم الله (تفسیر القرطبی) دروازہ بند کرو تو اللہ کا نام لیا کرو۔ دیا بجھاؤ تو اللہ کا نام لیا کرو۔ اپنے برتن ڈھانپو تو اللہ کا نام لیا کرو۔ اپنی مشک کا مُنہ باندھو تو اللہ کا نام لیا کرو۔" مقصد یہ ہے کہ ہر کام چھوٹا ہو یا بڑا کرتے وقت انسان اپنے کارسازِ حقیقی کا نام لینے کا خوگر ہو جائے تاکہ اس کی برکت سے مشکلیں آسان ہوں۔ اس کی تائید و نصرت پر اس کا توکّل پختہ ہو جائے۔ نیز جب اسے ہر کام شروع کرتے وقت اللہ کا نام لینے کی عادت ہو جائے گی تو وُہ ہر ایسا کام کرنے سے رُک جائے گا جس میں اُس کے رب تعالیٰ کی ناراضگی ہو۔ امام قرطبی نے صحیح سند سے یہ حدیث نقل کی ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ بن ابی العاص نے شکایت کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم جب سے مشرّف باسلام ہوا ہوں جسم میں درد رہتا ہے۔ تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہاں درد ہو وہاں ہاتھ رکھ کر تین بار بسم اللہ الخ پڑھو اور سات بار یہ جملہ کہو اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔

۲؎ اللہ معبودِ حقیقی کا علمِ ذاتی ہے۔ ذاتِ باری کے علاوہ کسی کے لیے استعمال نہیں ہوتا۔

۳؎ یہ دونوں مبالغے کے صیغے ہیں۔ ان کا ماخذ رحمت ہے۔ اور رحمتِ الٰہی سے مُراد اس کا وُہ انعام و اکرام ہے جس سے وُہ اپنی مخلوق کو سرفراز فرماتا رہتا ہے۔ وجُود، زندگی، علم، حکمت، قوّت، عزّت اور عملِ صالح کی توفیق سب اس کی رحمت کے مظاہر ہیں یہ اس کی بے پایاں رحمت ہی تو ہے جس نے کسی استحقاق کے بغیر انسان کی جسمانی اور رُوحانی بالیدگی کے سب سامان فراہم فرما دیئے۔ یہ اس کی بے حد و بے حساب رحمت ہی تو ہے کہ ہماری لگاتار ناشکریوں اور نافرمانیوں کے باوجود وُہ اپنے لطف و کرم کا دروازہ بند نہیں کرتا۔ کبھی آپ نے غور فرمایا کہ قرآن اللہ تعالیٰ کی جس صفت کا سب سے پہلے ذکر کرتا ہے وُہ صفت قہاریّت و جباریّت نہیں بلکہ صفتِ رحمانیّت و رحیمیّت ہے۔ یہ اس لیے کہ بندہ کا جو تعلق اللہ تعالیٰ سے ہے اُس کا دار و مدار خوف و ہراس اور رُعب و دبدبہ پر نہ ہو۔ بلکہ رحمت و محبّت پر ہو۔ کیونکہ یہی وُہ اکسیر ہے جس سے انسان کی خفتہ صلاحیّتیں بیدار ہوتی ہیں اور پنہاں توانائیاں آشکار۔ اور یہی معراجِ انسانیّت ہے کہ انسان اپنے آپ کو عیاں دیکھ لے بعض حق ناشناس کہتے ہیں کہ اسلام کا خدا خُونی ہے اور اپنے ماننے والوں کو خونخواری سکھاتا ہے۔ کاش وُہ اسلام کی مقدّس کتاب کے پہلے صفحہ کی پہلی آیت ہی پڑھ لیتے تو انھیں پتہ چل جاتا کہ اسلام کا خدا خونخوار نہیں، الرحمٰن ہے اس کی رحمت کا وسیع دامن کائنات کے ذرّہ ذرّہ کو اپنے آغوشِ لطف و کرم میں لیے ہے اسلام کا خُدا سفّاک نہیں بلکہ الرحیم ہے اس کی رحمت کا بادل ہر وقت برستا ہی رہتا ہے۔

جیسے پہلے عرض کیا یہ دونوں مبالغہ کے صیغے ہیں۔ ان کا معنی صرف رحمت کرنے والا نہیں بلکہ بہت اور ہر وقت رحمت کرنے والا ہے لیکن الرحمٰن میں الرحیم سے بھی زیادہ مبالغہ ہے یعنی بہت ہی رحم فرمانے والا۔ اتنی رحمت فرمانے والا جس سے زیادہ کا تصوّر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ

سب تعریفیں ۴؎ اللہ کے لیے جو مرتبۂ کمال تک پہنچانے والا ہے ۵؎ سارے جہانوں کا ۶؎ بہت ہی مہربان

ہی نہیں کیا جا سکتا۔ معناه المنعم الحقیقی البالغ فی الرحمة غایتها وذلك لایصدق علی غیره (بیضاوی) اسی لیے الرحمٰن کا اطلاق بجز ذاتِ الٰہی کے کسی پر نہیں ہوتا۔ مسئلہ: بسم اللہ الخ کلامِ الٰہی ہے۔ دو سورتوں کو الگ کرنے کے لیے اس کا نزول ہوا۔ یہ نہ سورۃ فاتحہ کی آیت ہے نہ کسی اور سورت کی۔ ہاں سورۃ النمل کی ایک آیت کا جزو ہے۔ اس لیے احناف و مالکیہ کے نزدیک سورۃ فاتحہ کی طرح نماز میں اسے بلند آواز سے پڑھنا منع ہے۔

۴؎ ہر خوبی و کمال جس کا ظہور اختیار اور ارادہ سے ہو اس کی ستائش و ثنا کو عربی میں حمد کہتے ہیں۔ تو اس لفظ حمد نے اس حقیقت کو بے حجاب کر دیا کہ اللہ تعالیٰ کا صفاتِ کمال سے متّصف ہونا اضطراری اور غیر اختیاری نہیں بلکہ اس کی اپنی مرضی اور ارادہ کی جلوہ نمائی ہے۔ کمال کہیں بھی ہو جمال کسی روپ میں ہو اسی کی کرشمہ سازی ہے۔ اسی کی با اختیار تدبیر کا اعجاز ہے تو ستائش و تعریف کسی کی بھی کی جائے حقیقت میں اسی ذاتِ بے ہمتا کی ہے جس کی قدرت و اختیار سے اس عالمِ رنگ و بو کی ساری رنگینیاں اور رعنائیاں رونپذیر ہیں۔ اسی لیے فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔

سورۃ فاتحہ کا آغاز الحمد سے کیا۔ اس سے اس امر کی طرف بھی اشارہ ہے کہ سالک جب راہِ طلب میں قدم رکھے تو پہلے اپنے رب کی حمد کرے جس نے اس راہ پر گامزن ہونے کی اسے توفیق بخشی جس نے منزلِ مقصود کی لگن اس کے دل میں پیدا کی کیونکہ ؎

میری طلب بھی انھیں کے کرم کا صدقہ ہے ۔۔۔ قدم یہ اُٹھتے نہیں ہیں اُٹھائے جاتے ہیں

نیز اس سورۃ میں دُعا بھی ہے اور دُعا کے آداب سے یہ بھی ہے کہ مولائے کریم جس کے سامنے وُہ دامنِ طلب پھیلا رہا ہے اس کی بخشش بے انداز اور اس کی عنایتِ جہاں پرور کا اعتراف کرے۔

۵؎ رب مصدر ہے اس کا معنی ہے تربیت۔ اور تربیت عربی میں کہتے ہیں تبلیغ الشئ الی کماله بحسب استعداده الازلی شیئا فشیئا (روح المعانی) کسی چیز کو اس کی ازلی استعداد و فطری صلاحیّت کے مطابق آہستہ آہستہ مرتبۂ کمال تک پہنچانا۔ اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں سے منعم علیہ کے اعتبار سے اعلیٰ ترین نعمت تربیت ہے۔ اس لیے حمد کے فوراً بعد اس کا ذکر فرما کر حامد کو یاد دلایا کہ جس کی تو حمد کر رہا ہے وُہی ہر حمد کے لائق ہے کیونکہ اسی نے تجھے ضعف و ناتوانی، جہالت و بے بسی کی حالت سے نکال کر اس منزل تک پہنچایا۔

۶؎ عالمین عالم کی جمع ہے۔ اور یہ ماخوذ ہے عَلَم بمعنی علامت و نشانی سے۔ کیونکہ ہر چیز اپنے پیدا کرنے والے کا پتہ دیتی ہے نیز اس میں اس لطیف نکتہ کی طرف اشارہ ہے کہ اسلام کا خُدا کسی خاص قوم، نسل اور وطن کا خدا نہیں تاکہ اس کی نوازشات کسی خاص قوم و نسل کے ساتھ ہی مخصوص ہوں۔ بلکہ اس کی ربوبیّت کا رشتہ کائنات کی ہر شے کے ساتھ یکساں ہے۔ اور اسی لیے اس کے لطف و احسان کے سب مساوی طور پر حق دار ہیں بشرطیکہ وُہ اس کے احکام کی بجا آوری سے اپنے آپ کو اس کا اہل ثابت کر دیں۔

الرَّحِيْمِ ۝۲ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝۳ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ

ہمیشہ رحم فرمانے والا ۔ مالک ہے ۷ روزِ جزا کا ۸ تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں ۹ اور

۷ مالک کہتے ہیں المتصرف فی الاعیان المملوکۃ کیف شاء (بیضاوی) وُہ ہستی جو اپنے ملک میں جو چاہے کر سکے اس لفظ سے ان عقائد باطلہ کی تردید ہوگئی جن میں ہندوستان کے مشرک اور کئی دُوسری قومیں مبتلا تھیں یعنی خدا ہر مجرم کو سزا دینے پر مجبور ہے اسے معاف کرنے کا ہرگز اختیار نہیں ۔ قرآن نے فرمایا وُہ مالک و مختار ہے اور ہر چیز جنّ و انس سب اس کی ملکیت ہیں ۔ جیسے چاہے ان سے سلوک فرمائے ۔ اگر مجرم کو سزا دینا چاہے تو اسے کوئی روک نہیں سکتا اور اگر بخشنا چاہے تو اسے کوئی ٹوک نہیں سکتا ۔

۸ دین کا معنی ہے حساب اور جزاء ۔ لبید کہتا ہے حصادك یوما مازرعت وانما ۔ یدان الفتی یوما کما ھو دائن ثواب و عذاب کی تعبیر لفظ "دین" سے کی تاکہ پتہ چلے کہ یہ ثواب و عذاب بلاوجہ نہیں بلکہ ان کے اپنے اعمال کا طبعی ثمر ہے جس سے مفر نہیں مقصد یہ ہے کہ انسان گناہوں کی لذّت میں کھو کر ان بُرے نتائج سے بے خبر نہ ہو جائے جو رُونما ہو کر رہیں گے اپنی عُمرِ ناپائیدار اور اس کی فناپذیر راحتوں اور عزّتوں پر مغرور ہو کر اس دن کو نہ بھول بیٹھے جب کہ انصاف کے ترازو میں اس کا ہر چھوٹا بڑا نیک و بد عمل تولا جائے گا ۔ اس میں شک نہیں کہ وُہ رب ہے اِس میں کلام نہیں کہ اس کی رحمت بے پایاں ہے لیکن اس کی یہ صفتِ کمال بھی ہر وقت پیشِ نظر رہے کہ وُہ عادل ہے ۔ حق تو یہ ہے کہ عدل کے بغیر اس کی صفاتِ رُبوبیّت و رحمت کا کامل ظہور ہو ہی نہیں سکتا ۔ کان کھول کر سُن لو وُہ دِن آنے والا ہے جب سطوت و جبروت کے سب موہوم پیکر مٹ جائیں گے ۔ اکڑی ہُوئی سب گردنیں جُھک جائیں گی ۔ ظاہر و باطن میں اسی کی فرمانروائی ہوگی جو حقیقی فرماں روا ہے ۔

کتنی افسوسناک حقیقت ہے کہ وُہ اُمّت جس کے دین کے بُنیادی عقائد میں روزِ جزا پر ایمان لانا ہے میدانِ عمل میں اس کی غالب اکثریت میں اس ایمان کا کوئی اثر محسوس نہیں کیا جاتا ۔ وُہ روزِ حساب اور مکافاتِ عمل کے قانون سے یوں غافل ہیں گویا کسی نے انھیں یہ بات بتائی ہی نہیں

۹ عبادت کیا ہے ؟ آپ کو لغت و تفسیر کی ساری کتابوں میں اس کا یہ معنی ملے گا اقصی غایۃ الخضوع والتذلل یعنی حد درجہ کی عاجزی اور انکسار ۔ مفسّرین اس کی مثال سجدہ سے دیتے ہیں ۔ حالانکہ صرف سجدہ ہی عبادت نہیں بلکہ حالتِ نماز میں تمام حرکات و سکنات عبادت ہیں ۔ ہاتھ باندھ کر کھڑے ہونا ، رکوُع اور رکوُع کے بعد ہاتھ چھوڑ کر کھڑے ہونا ، سجدہ اور اس کے بعد حالت التحیات میں دوزانو بیٹھنا ، سلام کیلئے دائیں بائیں مُنہ پھیرنا ۔ یہ سب عبادت ہیں اگر عبادت صرف تذلّل و انکسار کے آخری مرتبہ کا نام ہے اور یہ آخری مرتبہ سجدہ ہی ہے تو کیا یہ باقی چیزیں عبادت نہیں ۔ اس کا تو تصوّر بھی نہیں کیا جا سکتا ۔ اور اگر یہ ساری چیزیں مطلقاً عبادت ہیں تو اگر کوئی شاگرد اپنے اُستاد کے سامنے اور بیٹا اپنے باپ کے سامنے دوزانو ہو کر بیٹھتا ہے یا ان کی آمد پر کھڑا ہو جاتا ہے تو کیا یہ کہنا درست ہوگا کہ اُس نے اپنے اُستاد یا باپ کی عبادت کی اور اُن کو اپنا معبود بنا لیا ۔ حاشا و کلاّ ۔ پھر وُہ کونسی چیز ہے جو ان حرکات و سکنات کو اگر یہ نماز میں ہوں تو عبادت بنا دیتی ہے اور یُوں کھڑے ہونے کو (ہاتھ باندھے یا کھولے ہُوئے) اور اس طرح بیٹھنے کو اور دائیں بائیں منہ پھیرنے کو تذلّل و انکسار کے آخری مرتبہ پر پہنچا دیتی ہے ۔ اور اگر یہی امور نماز سے خارج ہوں تو نہ ان میں غایۃ خضوع ہے اور نہ یہ عبادت متصوّر ہوتے ہیں

اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝۴ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝۵

تجھی سے مدد چاہتے ہیں ن۱ے چلا ہم کو ۱۱ے سیدھے راستہ پر

تو اس کا ممیّز ایک ہی ہے اور وُہ یہ کہ جس ذات کے لیے اور جس کے سامنے آپ یہ افعال کر رہے ہیں اس کے متعلق آپ کا عقیدہ کیا ہے۔ اگر آپ اُس کو اللہ اور معبُود یقین کرتے ہیں تو یہ سب اعمال عبادت ہیں اور سب میں غایتِ تذلّل و خضوع پایا جاتا ہے لیکن اگر آپ اس کو عبد اور بندہ سمجھتے ہیں نہ خُدا، نہ خُدا کا بیٹا، نہ اس کی بیوی، نہ اس کا اوتار تو یہ اعمال عبادت نہیں کہلائیں گے۔ ہاں آپ ان کو احترام، اجلال اور تعظیم کہہ سکتے ہیں البتہ شریعتِ محمّدیہ علیٰ صاحبہا اجمل الصلاۃ و اطیب السّلام میں غیرِ خدا کے لیے سجدۂ تعظیمی بھی ممنوُع ہے۔ یہ سمجھ لینے کے بعد اب یہ بات خود بخود واضح ہو گئی کہ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک کے بغیر کوئی دُوسری چیز ایسی نہیں جس کی عبادت شرعاً یا عقلاً دُرست ہو۔ سب سے بالاتر اور قوی تر وُہ، سب کا خالق اور سب کو اپنی تربیت سے مرتبۂ کمال تک پہنچانے والا وُہ، لطف و کرم کا پیہم مینہ برسانے والا وُہ، بندہ ہزار خطائیں کرے لاکھوں جُرم کرے اپنی رحمت سے معاف فرمانے والا وُہ، اور قیامت کے دن ہر نیک و بد کی قسمت کا فیصلہ فرمانے والا وُہ، تو اُسے چھوڑ کر انسان کسی غیر کی عبادت کرے تو آخر کیوں؟ بلکہ اس کے بغیر اور ہے ہی کون جو معبُود اور اللہ ہو اور اس کی پرستش کی جائے؟ اسی لیے قرآن نے ہمیں صرف یہی تعلیم نہیں دی کہ نعبدك کہ ہم تیری عبادت کرتے ہیں کیونکہ اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور تیرے ساتھ اوروں کی بھی۔ بلکہ یہ سبق سکھایا کہ ایّاك نعبد صرف تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور کسی کی نہیں کرتے۔ مفسّرین کرام نے ایّاك کو مقدّم کرنے میں حصر و تخصیص کے علاوہ دیگر لطائف کا بھی ذکر فرمایا ہے۔ فرماتے ہیں یہاں تین چیزیں ہیں۔ عابد، عبادت اور معبُود۔ عارف کو چاہیئے کہ اس مقام پر اپنے آپ کو بھی بھُول جائے۔ عبادت کو بھی مقصُود نہ بنائے بلکہ اس کی نگاہ ہو تو صرف اپنے معبُودِ حقیقی پر تاکہ اس کے انوارِ جمال و جلال کے مشاہدہ میں استغراق کی نعمت سے سرفراز کیا جائے۔ اِس لیے فرمایا ایّاك نعبد۔ عابد واحد ہے لیکن صیغہ جمع کا استعمال کر رہا ہے۔ اِس میں نکتہ یہ ہے کہ اپنی ناقص عبادت کو مقرّبین بارگاہِ صمدیّت کی اخلاص و نیاز میں ڈوبی ہوئی عبادت کے ساتھ پیش کرے تاکہ ان کی برکت سے اس کی عبادت کو بھی شرفِ پذیرائی نصیب ہو۔

ن۱ے یعنی جیسے ہم عبادت صرف تیری ہی کرتے ہیں اُسی طرح مدد بھی صرف تجھی سے طلب کرتے ہیں تو ہی کارسازِ حقیقی ہے تو ہی مالکِ حقیقی ہے ہر کام میں، ہر حاجت میں تیرے سامنے ہی دستِ سوال دراز کرتے ہیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس عالمِ اسباب میں اسباب سے قطع نظر کر لی جائے۔ بیمار ہوئے تو علاج سے کنارہ کش، تلاشِ رزق کے وقت وسائلِ معاش سے دست بردار، حصُولِ علم کے لیے صحبتِ اُستاد سے بیزار۔ اس طریقہ کار سے اسلام اور توحید کو کوئی سروکار نہیں کیونکہ وُہ جو شافی، رزّاق اور حکیم ہے اسی نے ان نتائج کو ان اسباب سے وابستہ کر دیا ہے اسی نے ان اسباب میں تاثیر رکھی ہے۔ اب اِن اسباب کی طرف رجُوع استعانت بالغیر نہیں ہوگی۔ اسی طرح اِن جُملہ اسباب میں سب سے قوی تر اور اثر آفرین سبب دُعا ہے حضوُر علیہ الصّلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا الدعاء یرد القضاء کہ دُعا تو تقدیر کو بھی بدل دیتی ہے اور اس میں بھی کلام نہیں کہ محبُوبانِ خدا کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وُہ ان کی عاجزانہ اور نیازمندانہ التجاؤں کو ضرور شرفِ قبُول بخشے گا۔ چنانچہ حدیثِ قُدسی جسے امام بُخاریؒ اور دیگر محدّثین نے روایت کیا ہے میں مذکوُر ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے مقبوُل بندوں کے متعلق ارشاد فرماتا ہے۔ لَئِنْ سَأَلَنِیْ لَاُعْطِیَنَّہٗ

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۵ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

راستہ اُن کا جن پر تُو نے انعام فرمایا[۱۱] نہ اُن کا جن پر غضب

وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِيْ لَاُعِيْذَنَّهٗ ۔ اگر میرا مقبول بندہ مجھ سے مانگے گا تو میں ضرور اُس کا سوال پُورا کرُوں گا۔ اور اگر وُہ مجھ سے پناہ طلب کرے گا تو میں ضرور اسے پناہ دُوں گا۔ تو اب اگر کوئی شخص ان محبُوبانِ الٰہی کی جناب میں خصُوصاً حبیبِ کبریا علیہ التحیۃ والثّناء کے حضُور میں کسی نعمت کے حصُول یا کسی مشکل کی کشود کے لیے التماسِ دُعا کرتا ہے تو یہ بھی استعانت بالغیر اور شرک نہیں بلکہ عین اسلام اور عین توحید ہے۔ ہاں اگر کسی ولی، شہید یا نبی کے متعلق کسی کا یہ عقیدہ ہو کہ یہ مستقل بالذّات ہے اور خدا نہ چاہے تب بھی یہ کر سکتا ہے تو یہ شرک ہے اور ایسا کرنے والا مشرک ہے۔ اس حقیقت کو حضرت شاہ عبد العزیزؒ نے نہایت بسط کے ساتھ اپنی تفسیر میں رقم فرمایا ہے۔ اور اس کا ماحصل مولانا محمُود الحسن صاحب نے اپنے حاشیۂ قرآن میں ان جامع الفاظ میں بیان کیا ہے :-

"اس آیت شریفہ سے معلوم ہوا کہ اس کی ذات پاک کے سوا کسی سے حقیقت میں مدد مانگنی بالکل ناجائز ہے۔ ہاں اگر کسی مقبُول بندہ کو محض واسطۂ رحمتِ الٰہی اور غیر مستقل سمجھ کر استعانتِ ظاہری اس سے کرے تو یہ جائز ہے کہ یہ استعانت درحقیقت حق تعالیٰ سے ہی استعانت ہے۔"

اور اس طرح کی استعانت تو پاکانِ اُمّت کا ہمیشہ سے معمُول رہا ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ جنابِ رسالت مآبؐ میں عرض کرتے ہیں ؎ وانت مجیری من ھجوم ملمۃ اذا انشبت فی القلب شر المخالب

ترجمہ:- یا رسُول اللہ! حضُور مجھے پناہ دینے والے ہیں جب مُصیبتیں ٹُوٹ پڑیں اور دل میں اپنے بے رحم پنجے گاڑ دیں۔

بانیٔ دار العلُوم دیوبند عرض کرتے ہیں ؎ مدد کر اے کرمِ احمدی کہ تیرے سوا نہیں ہے قاسمِ بے کس کا کوئی حامیٔ کار

۱۱؎ لُغت میں ہدایت کا معنی ہے لُطف و عنایت سے کسی کو منزلِ مقصُود تک پہنچا دینا۔ الھدایۃ دلالۃ بلطف اللہ تعالٰی کی عظمت و کبریائی کے بیان کے بعد، اس کے مسلسل انعامات کے اعتراف کے بعد، اپنی عبُودیّت اور ناتوانی کا اعلان کرنے کے بعد انسان اب اپنے رحمٰن و رحیم رب کے حضُور میں دُعا کے لیے ہاتھ پھیلا کر گویا عرض کرتا ہے۔ مَیں کمزور ہُوں نفس کی فریب کاریاں اور شیطان کی وسوسہ اندازیاں بہت شدید ہیں۔ خود تو میری دستگیری فرما اپنے لُطف و کرم سے مجھے سیدھے راستہ پر ثابت قدمی سے چلتے رہنے کی توفیق بخش اور اپنی رضا کی منزل تک پہنچا۔ قرب و وصالِ الٰہی کے اس مقام پر پہنچ کر مومن تنہا اپنی ذات کے لیے ہدایت طلب نہیں کرتا بلکہ ساری اُمّتِ محمّدیہ کے لیے ہدایت کا طلب گار ہے۔ کہتا ہے اھد نا ہم سب کو ہدایت دے۔ کیونکہ اگر ہدایتِ اسلام چند افراد تک محدُود رہے گی تو اس کی عالمگیر برکات و فیوض کا اظہار کیونکر ہوگا۔ شرق و غرب میں انسان جن گمراہیوں میں ٹھوکریں کھا رہا ہے اُن سے کیونکر چھٹکارا پا سکے گا اور کنتم خیر امۃ اخرجت للنّاس کی تعبیر کیسے ہوگی۔ ہدایت کے بے شمار مدارج ہیں۔ ایک سے ایک بلند۔ ایک سے ایک اعلیٰ۔ مومن جب یہ دُعا مانگتا ہے تو اس کا

عَلَیۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ﴿۷﴾ ع

ہوّا اور نہ گمراہوں کا ۱۳

مقصد یہ ہوتا ہے کہ اُسے اُس کے موجودہ مقامِ قُرب وہدایت سے اَرفع اَور اعلیٰ مقام پر فائز فرمایا جاوے۔ یا شیطان کی وسوسہ اندازی اَور نفس کی کمزوری کے باعث قدم کے پھسل جانے کا جو ہر لحظہ خطرہ ہے اُس سے اُسے محفوظ رکھا جائے۔ اَور اُسے اس راہ پر ثبات نصیب ہو۔ اَور وُہ دمِ واپسین تک شیطان کے ہر دامِ فریب کو تار تار کرتا ہوّا راہِ ہدایت پر بڑھتا چلا جائے۔ وھذا الدعاء من المؤمنین ومن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مع کونھم علی الھدایۃ لطلب التثبت او طلب مزید الھدایۃ فان الالطاف والھدایات من اللہ تعالیٰ لاتتناھی۔ (مظہری)

۱۲ اِن الفاظ سے راہِ حق کی ایسی نشاندہی فرما دی تاکہ تعصّب اَور ضِد سے بلند ہو کر جو اس کا متلاشی ہو وُہ اسے پہچان سکے۔ فرمایا جن لوگوں پر مَیں نے اِنعام واِکرام فرمایا ہے جس راستہ پر وُہ چل رہے ہیں وُہی سیدھا راستہ ہے۔ اَور اُن لوگوں کے متعلق بھی تصریح فرما دی من النّبیین والصدّیقین والشّھداء والصالحین کہ میرا اِنعام نبیوں، صدّیقوں، شہیدوں اَور نیک بندوں پر ہے۔ اَب خود سوچ لو کہ کس راہ پر اِن نفوسِ قُدسیہ کے نقُوش پا ہیں۔ حضرت صدّیق وفارُوق وعثمان وحیدر، صحابہ کرام، اہلِ بیت عظام کس جماعت کے پیشوا ہیں۔ اَور اولیاء کرام کا سِلسلہ اُس وقت سے لے کر آج تک کِس جماعت سے ظاہر ہو رہا ہے۔

۱۳ جمہور علماء کے نزدیک مغضوب سے مُراد یہودی ہیں اَور ضالین سے مُراد عیسائی اَور ارشادِ نبویؐ سے بھی اِسی کی تائید ہوتی ہے۔

مسئلہ:۔ جب اِنسان سُورۃ فاتحہ پڑھے تو سُنّت یہ ہے کہ آمین کہے۔ اس کا معنی ہے استجب یعنی آخر میں پھر التماس کرے کہ اَے مولائے کریم! جو دُعا میں نے کی ہے اِسے قبُول فرما۔

تعارف سُورۃ البقرۃ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حضُورکریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم جب ہجرت کر کے مدینہ منوّرہ میں تشریف فرما ہُوئے تو یہ سُورۃ نازل ہُوئی۔ یہاں اسلامی دعوت کے جو مخاطب تھے وُہ مکّہ کے باشندوں سے مذہبی، ذہنی اور عمرانی اعتبار سے مختلف تھے۔ خود دعوتِ اسلامی جس مرحلہ میں داخل ہو رہی تھی اُس کی ضروریات اور تقاضے بھی بالکل نئے تھے۔ اس لیے ہمیں اس سُورت میں جو چالیس رکوع اور دو سو چھیاسی آیتوں پر مشتمل ہے، جس کے الفاظ چھ ہزار اکتیس اور حرُوف کی تعداد بیس ہزار ہے۔ مکّی سُورتوں کے اعتبار سے بیّن اور صاف فرق معلوم ہوتا ہے۔

اہلِ مکّہ مُشرک و بُت پرست تھے۔ وحی، نبوّت، قیامت وغیرہ کا کوئی تصوّر اُن کے ذہن میں نہ تھا۔ قتل و غارت اور لُوٹ مار میں وُہ فخر اور لذّت محسُوس کرتے تھے۔ اس لیے مکّہ میں جو سُورتیں نازل ہوئیں ان میں انھیں عقائدِ باطلہ اور اعمالِ فاسدہ کی اصلاح پیشِ نظر تھی۔ یثرب کے اصلی باشندے گو انصار تھے لیکن قوّت و اقتدار یہوُد کے ہاتھ میں تھا۔ اور انصار مذہبی اور ذہنی طور پر یہوُد سے بہت متاثر تھے۔ یہوُد کیونکہ اہلِ کتاب تھے اس لیے وحی، رسالت، قیامت، جنّت، دوزخ وغیرہ پر اُن کا ایمان تھا۔ لیکن بدقسمتی سے وُہ اپنی قومی برتری کے نشہ میں اس حد تک مست تھے کہ وُہ یہ تصوّر ہی نہیں کر سکتے تھے کہ ان کے علاوہ نبوّت کسی اور کو بھی عطا کی جا سکتی ہے۔ عملی اعتبار سے اُن کی پستی کی یہ حالت تھی کہ وُہ معمولی سے دُنیاوی فائدہ کے لیے تورات کی واضح آیتوں کا انکار بلکہ ان میں تحریف کرنے میں ذرا جھجک محسُوس نہ کرتے۔ تجارت کی منڈیوں پر اُن کا قبضہ تھا۔ یثرب کی زرخیز زمینیں اور شاداب باغات ان کی ملکیت میں آچکے تھے۔ علم و دانش میں انصار کو اُن سے کوئی نسبت ہی نہ تھی۔ آئینی طور پر نہ سہی لیکن عملی طور پر حکومت یہوُد کی تھی۔

یہ حالات تھے جب رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے مدینہ میں قدم رنجہ فرمایا اور یہوُد و انصار کو اسلام کی دعوت دی۔ یہوُد تو تلملا گئے۔ اُنھیں اپنی عظمت و جلال کے محلّات مسمار ہوتے دکھائی دینے لگے۔ کہاں ان کی خود بینی اور خود پرستی اور کہاں ایک نئے دین کے قبُول اور ایک نئے رسُول کی اطاعت کی دعوت۔ یہوُد کیسے اس دین کو قبول کر لیتے۔ ان کے سامنے تو رکاوٹوں کے کئی پہاڑ تھے۔ ایک سے ایک بلند اور ایک سے ایک کٹھن۔ اب قرآن کا کام یہ تھا کہ ان رکاوٹوں کو دُور کرے اور ان فلک بوس چوٹیوں کو پیوندِ خاک۔ اسی لیے مدینہ طیّبہ میں جو پہلی سُورت نازل ہُوئی اس کے کئی رکوع یہوُد کی

اصلاح کے لیے وقف ہیں۔

دوسری نئی صورتِ حال جس سے مدینہ میں اسلام کو واسطہ پڑا وہ یہ تھی کہ انصار کی اکثریت کے اسلام قبول کر لینے کے بعد اور مکّہ سے مسلمانوں کی ہجرت کے بعد اسلام متفرق اور منتشر افراد کا مذہب نہیں رہا تھا بلکہ ایک جماعت اور ایک قوم کا دین بن گیا تھا اور قوم بھی ایسی جس میں ترقی اور برتری کی بے پناہ صلاحیتیں بیدار ہو رہی تھیں۔ اب ضرورت اس بات کی تھی کہ ایسے مضبوط خطوط پر ان کی تنظیم کر دی جائے کہ کثرت وحدت میں کھو جائے۔ اور کوئی گوشہ ایسا نہ رہے جس میں بدنظمی اپنے قدم جما سکے۔ اسے اب ضرورت تھی ایسے قانون کی جو اُن کے دیوانی اور فوجداری مقدمات کا فیصلہ کرے۔ ایسے اقتصادی نظام کی جو عدل و انصاف پر مبنی ہوتے ہوئے معاشی خوشحالی کا ضامن ہو۔ سیرت و اخلاق کے ایسے قالب کی جس میں ملّت کا ہر فرد اپنے کردار کو ڈھالے تاکہ اس کی خوبیاں اور نیکیاں اجتماعی رنگ اختیار کر لیں۔ اُسے ضرورت تھی ایک ایسے آئین کی جس پر ان کی عالمگیر سیاست کی بنیاد رکھی جائے۔ ان اہم ضروریات کے پیشِ نظر اس سورت میں قانون، اخلاق، آئین اور سیاست کے بیشتر قواعد و ضوابط بیان فرما دیئے گئے ہیں۔

ایک اور چیز بھی غور طلب ہے مکّی زندگی میں تو مسلمان کفّار کے ظلم و ستم سہتے اور چپ ہو جاتے۔ مدینہ طیّبہ میں جب مسلمان اکٹھے ہو گئے تو کفّار نے اپنی اجتماعی طاقت سے اسلام کو مٹانے کا عزم کر لیا۔ اُدھر اللہ تعالیٰ نے بھی اپنے بندوں کو کفر سے ٹکر لینے کی اجازت دے دی اور انھیں یہ بتایا کہ اپنی بےکسی اور بےبسی اور مخالف کی قوت و سطوت سے مت گھبراؤ۔ فتحیاب تو وہی ہوتا ہے جس کے شاملِ حال میری تائید اور نصرت ہوتی ہے۔ اور وہ تمہارے ساتھ ہے یقیناً تمھیں غالب و منصور ہو۔

ملّتِ اسلامیہ کے لیے قبلہ کا تعیّن بھی فرما دیا تاکہ اُن کی توجہات کا ظاہری مرکز بھی ایک ہی ہو جائے اور اُن کی عبادتیں انتشار کا شکار ہو کر اپنا اجتماعی حُسن نہ کھو دیں۔

اگر ان امور کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے آپ سورۃ بقرہ کا مطالعہ کریں گے تو شاید زیادہ مفید ثابت ہو۔

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ مِائَتَانِ وَسِتٌّ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُوْنَ رُكُوْعًا

سورۃ بقرہ مدنی ۲۸۶ آیتیں ۴۰ رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

الٓمّٓ ۚ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ ۚۛ فِیْهِ ۚۛ هُدًى

الف لام میم [۱] یہ ذی شان کتاب [۲] ذرا شک نہیں اس میں [۳] یہ ہدایت ہے

[۱] الف۔ لام۔ میم مفسرین کرام نے ان حروف کی تشریح کرتے ہوئے متعدد اقوال تحریر فرمائے ہیں میرے نزدیک احسن قول یہ ہے کہ الٓمّٓ اور دیگر حروف مقطعات سِرٌّ بَیْنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔ یہ وہ راز ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے درمیان ہیں۔ صاحب روح المعانی کی یہ عبارت ملاحظہ ہو۔ فلا یعرفه بعد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وآله وسلم الا الاولیاء الورثة فهم یعرفونه من تلك الحضرة وقد تنطق لهم الحروف کما کانت تنطق لمن سبح فی کفه الحصی یعنی ان حروف کا صحیح مفہوم نبی کریم جانتے ہیں اور اولیاء کاملین۔ ان کو یہ علم بارگاہِ رسالت سے عطا ہوتا ہے بعض اوقات یہ حروف خود اپنے اسرار کو اولیاء کرام سے بیان کر دیتے ہیں جیسے یہ حروف اس ذات پاک سے گویا ہوتے تھے جس کی ہتھیلی میں کنکریوں نے اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کی تھی۔

[۲] اس سے مراد قرآن کریم ہے۔ ذٰلك اگرچہ عام طور پر اس مشارٌ الیہ کے لیے استعمال ہوتا ہے جو دور ہو لیکن ایسے مشارٌ الیہ کے لیے بھی یہ استعمال ہوتا ہے جو حساً تو نزدیک ہو لیکن اپنی شان اور رتبہ کے اعتبار سے بہت بلند اور دسترس سے دور ہو۔ اس لیے ترجمہ میں قربِ حسی اور بعدِ رتبی دونوں کا لحاظ رکھتے ہوئے ترجمہ کیا گیا ہے "یہ ذی شان کتاب"۔

[۳] یہ نہیں فرمایا کہ لا یرتاب فیه کہ اس میں شک نہیں کیا جاتا۔ کیونکہ اس پر شک و شبہ کی گرد اڑانے والوں کی نہ تب کمی تھی نہ اب ہے۔ بلکہ فرمایا لاریب فیه یعنی اس کے واضح دلائل، اس کی روشن تعلیمات، اس کے بیان کردہ تاریخی واقعات اور اس کی پیشین گوئیاں حق و صداقت کے وہ بلند مینار ہیں جہاں شک و شبہ کا غبار نہیں پہنچ سکتا۔ اگر کوئی شبہ کرتا ہے تو یہ اس کی اپنی کج فہمی اور کور ذوقی ہے۔ اگر یرقان کے بیمار کو ہر چیز زرد دکھائی دے تو یہ اس کی آنکھوں کا قصور ہے۔ ہر چیز تو زرد نہیں۔

لِلْمُتَّقِيْنَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ

پرہیزگاروں کے لیے ۴ وُہ جو ایمان لائے ہیں غیب پر ۵ اور

۴ اگرچہ قرآن کریم ھدی للنّاس یعنی سارے انسانوں کے لیے پیغام ہدایت ہے۔ لیکن اس کی ہدایت سے فائدہ کیونکہ پرہیزگار ہی اٹھاتے ہیں اس لیے یہاں اس لحاظ سے تخصیص کر دی۔ اور ایسا استعمال ہر زبان میں عام ہے تقوٰی کا لُغت میں تو یہ معنی ہے جعل النفس فی وقایۃ مما یخاف یعنی نفس کو ہر ایسی چیز سے محفوظ کرنا جس سے ضرر کا اندیشہ ہو۔ عرف شرع میں تقوٰی کہتے ہیں ہر گناہ سے اپنے آپ کو بچانا۔ اس کے درجے مختلف ہیں۔ ہر شخص نے اپنے درجہ کے مُطابق اس کی تعبیر فرمائی ہے۔ میرے نزدیک سب سے مؤثّر اور آسان تعبیر یہ ہے۔ التقوٰی ان لایراك الله حیث نھاك ولا یفقدك حیث امرك یعنی تیرا رب تجھے وہاں نہ دیکھے جہاں جانے سے اس نے تجھے روکا ہے اور اس مقام سے تجھے غیر حاضر نہ پائے جہاں حاضر ہونے کا اس نے تجھے حکم دیا ہے۔

۵ یہاں سے المفلحون تک ان متقین کی علامات بیان کی گئی ہیں جو قرآن کی ہدایت سے بہرہ ور ہوتے ہیں۔ ان کی پہلی علامت یہ ہے کہ وُہ غیب پر ایمان لاتے ہیں۔ ایمان کا معنی ہے محکم یقین۔ اور غیب ہر اُس چیز کو کہتے ہیں جو ظاہری حواس کی رسائی سے بلند اور عقل کی سمجھ سے بالاتر ہو۔ مثلاً وحی، فرشتے، قیامت، جنّت، دوزخ اور خود ذاتِ الٰہی۔ یہ سب ایسی چیزیں ہیں جو نہ آنکھوں سے دیکھی جا سکتی ہیں اور نہ عقل سے سمجھی جا سکتی ہیں۔ ان کے جاننے کا فقط ایک ذریعہ ہے۔ اور وُہ نبی کی ذاتِ گرامی ہے۔ اس کی زبانِ حق ترجمان سے جو کچھ نکلے اس پر انسان محکم یقین رکھے۔ اِس لیے ایمان بالغیب کو تقوٰی کی اوّلین شرط قرار دیا گیا ہے۔ اِن چیزوں کے علاوہ شریعتِ اسلامیہ کے وُہ احکام جن کی حکمتوں کے سمجھنے سے انسانی عقل (ابتدا میں) قاصر رہتی ہے یا وُہ ارشادات جو اس کے ذاتی مفاد یا اس کے گروہی اور محدُود وطنی منافع کے خلاف ہوتے ہیں تو ایسے حکموں کو تسلیم کرنا بھی ایمان بالغیب میں داخل ہے یعنی نبی کی بتائی ہُوئی ہر چیز کو سچّا جاننے اور نبی کے ارشادات کے مفید اور نفع مند ہونے پر اسے اس درجہ یقین ہو کہ ان تمام رکاوٹوں کے باوجُود وُہ ان کو عملی جامہ پہنانے پر آمادہ ہو۔ اعتماد اور اطاعت کا یہ مقام جب تک کسی کو میسّر نہیں ہوتا وُہ قرآن کی ہدایت سے کوئی فائدہ نہیں اُٹھا سکتا۔ بلکہ بے یقینی اور تذبذب کی یہ کیفیت اس کے تمام اعمال کو بے نتیجہ کر دیتی ہے ؎

سُن اے تہذیبِ حاضر کے گرفتار
غلامی سے بتر ہے بے یقینی

تو معلوم ہُوا کہ متّقی کی پہلی علامت یہ ہے کہ وُہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی بتائی ہُوئی تمام چیزوں پر محکم یقین رکھتا ہے۔

يُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُونَ ﴿۳﴾

صحیح صحیح ادا کرتے ہیں نماز ۶ اور اس سے جو ہم نے انھیں روزی دی خرچ کرتے ہیں ۷

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ

اور وُہ جو ایمان لائے ہیں ۸ اُس پر (اے حبیب) جو اُتارا گیا ہے آپ پر اور جو

۶ یہ متّقین کی دُوسری علامت ہے۔ قرآن میں یہ حکم کہیں نہیں کہ نماز پڑھا کرو بلکہ جب بھی فرمایا تو یہی کہ نماز قائم کرو۔ اور اقامة الشیٔ توفیة حقه (راغب) نماز قائم کرنے کا مطلب یہ ہے کہ نماز کو تمام حقوقِ ظاہری اور باطنی کے ساتھ ادا کرو۔ نماز کے ظاہری حقوق تو یہ ہیں کہ سُنّتِ نبوی ؐ کے مُطابق تمام ارکان بجا لائے جائیں۔ اور باطنی حقوق یہ ہیں کہ تو خضوع وخشوع میں ڈُوبا ہوا ہو اور احسان کی کیفیت طاری ہو یعنی تو محسُوس کر رہا ہو کہ کانك تراه گویا تو اپنے معبود کو دیکھ رہا ہے۔ ورنہ کم از کم اتنا تو ضرور ہو کہ فانه یراك کہ تیرا رب تو تجھے دیکھ رہا ہے۔ اس ذوق وشوق سے ادا کی ہُوئی نماز ہی وُہ نماز ہے جسے دِین کا ستُون اور مومن کی معراج فرمایا گیا ہے۔ ورنہ ؏

میرا قیام بھی حجاب میرا سجُود بھی حجاب

۷ الرزق فی اللغة النصیب والعطاء ویطلق علی الحسی والمعنوی (المنار) لغت میں رِزق کہتے ہیں حصّہ اور بخشش کو خواہ حِسّی ہو یا معنوی۔ مال، اولاد، عِلم ومعرفت اِس لحاظ سے سب رزق ہیں۔ اور یہاں بھی رِزق کا یہی لغوی معنی مُراد ہے۔ اِس آیت سے پتہ چلا کہ جو کچھ کسی کے پاس ہے مال وجاہ ہو، عِلم وعرفان ہو کسی کا اپنا نہیں بلکہ سب اللہ تعالیٰ کا دیا ہُوا ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ کی خُوشنودی اس میں ہے کہ وُہ اِس میں بُخل نہ کرے۔ بلکہ جو اِن نعمتوں سے محرُوم ہیں ان میں تقسیم کرتا رہے۔ دولت مند اپنی دولت سے، عالم اپنے عِلم سے اور عارف اپنے رُوحانی فیوُضات سے مستحقین کو مالا مال کرے۔ یہ فیضِ عام متّقین کی تیسری علامت ہے۔

۸ اِس سے یہ بات واضح ہو گئی کہ وُہ لوگ جو انسانی رُشد وہدایت کے لیے آسمانی وحی کے قائل ہی نہیں بلکہ اپنی عقل کو ہی اپنی رہنمائی کے لیے کافی سمجھتے ہیں یا وحی کے قائل تو ہیں لیکن بعض کو مانتے ہیں اور بعض کا انکار کرتے ہیں۔ وُہ قرآنی ہدایت سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتے۔ یہ چوتھی علامت ہے۔ نیز اِس آیت میں حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی ختم نبوّت کی بیّن دلیل ہے۔ کیونکہ وحی جس پر ایمان لانا ضروری ہے وُہ یا تو حضور کریم ؐ پر نازل ہُوئی یا حضور ؐ سے پہلے۔ اگر نبوّت کا سلسلہ جاری ہوتا تو حضور کریم ؐ کے بعد بھی وحی نازل ہوتی اور اس پر ایمان لانا ضروری ہوتا۔ اس صُورت میں آیت یُوں ہوتی وما انزل

أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝٤ۗ

اُتارا گیا آپ سے پہلے اور آخرت پر بھی وُہ یقین رکھتے ہیں ۹

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۖ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥ اِنَّ الَّذِيْنَ

وُہی لوگ ہدایت پر ہیں اپنے رب (کی توفیق) سے اور وُہی دونوں جہان میں کامیاب ہیں ۱۰ بے شک جنھوں نے

كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٦ خَتَمَ

کُفر اختیار کرلیا ہے یکساں ہے ان کے لیے چاہے آپ اُنھیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں ۱۱ وُہ ایمان نہیں لائیں گے مُہر لگادی

من قبلك وما نزل من بعدك۔

۹ اِس آخرت کی زندگی کو صرف تسلیم کرلینا ہی کافی نہیں بلکہ اس کے ساتھ اِیقان ضروری ہے۔ اِیقان کہتے ہیں اتقان العلم بانتفاء الشك والشبهة عنه یعنی علم کی وُہ پختگی جس میں شک وشُبہ کا گزر نہ ہو۔ اور جب کسی چیز یا حقیقت کا علم اتنا پُختہ ہوجاتا ہے تو وُہ عقل، دل اور ارادہ کو مسخّر کرلیتا ہے۔ اِنسان اس کے خلاف نہ کچھ سوچ سکتا ہے اور نہ کچھ کرسکتا ہے جب روزِ جزاء کے ساتھ کسی کا علم ویقین اِس مرتبہ پر پہنچ جاتا ہے تو عمل کی شاہراہ پر ہر قدم اُٹھانے سے پہلے وُہ ان نتائج کا اندازہ لگالیا کرتا ہے جو اِس پر مرتب ہونے والے ہیں ہمیں اپنے قول وعمل میں جو افسوسناک تضاد دکھائی دے رہا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمیں قیامت پر وُہ اِیقان نہیں جو اپنی قوت سے ہمارے عمل کو ہمارے قول سے ہم آہنگ کردے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں روزِ جزاء پر یقین بخشے تاکہ قول وعمل کی یہ کشمکش ختم ہو جس نے ہمیں ذلّت کی پستیوں میں دھکیل دیا ہے اور ہمارا تماشہ دیکھنے والوں کو ورطۂ حیرت میں ڈال رکھا ہے۔

۱۰ ان اوصاف سے جو متّصف ہیں ان کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وُہی فلاح پانے والے ہیں۔ فلاح کسی اُدھوری اور جُزوی کامیابی کو نہیں کہتے بلکہ فلاح اس مکمّل کامیابی کو کہا جاتا ہے جس کے دامن میں دُنیا و آخرت کی ساری سعادتیں اور برکتیں سمٹ آئی ہوں۔ ليس فى كلام العرب كله اجمع من لفظة الفلاح لخيرى الدنيا والاخرة كما قاله ائمة اللغة (تاج العروس) ائمہ لغت نے تصریح کی ہے کہ عربی زبان میں فلاح کے لفظ سے زیادہ اور کوئی جامع لفظ نہیں جو دنیا و آخرت دونوں کی خیرات و برکات پر دلالت کرتا ہو۔ اب آپ اولئك هم المفلحون کے مُژدہ پر پھر غور کریں۔

۱۱ دعوتِ حق قبول کرنے والے خُوش نصیبوں کے ذکر کے بعد اب اُن بدنصیبوں کا حال بیان ہوتا ہے جنھوں نے حق کو قبول کرنے سے انکار کردیا۔ اس موقع پر بعض لوگ بلاوجہ جبر و قدر کی بحث چھیڑ دیا کرتے ہیں۔ کہتے ہیں ان بےچاروں کا کیا قصور۔

اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۭ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۡ وَّلَهُمْ

اللہ تعالیٰ نے ان کے دِلوں پر اور ان کے کانوں پر ۱۲ے اور ان کی آنکھوں پر پردہ ہے اور ان کے لیے

جب اللہ تعالیٰ نے فرما دیا کہ وُہ ایمان نہیں لائیں گے تو وُہ ایمان کیونکر لا سکتے ہیں۔ اور جب خُود خُدا نے اُن کو ایمان لانے سے باز رکھا تو اُنھیں سزا کیوں دی جائے اور ملامت کیوں کی جائے۔ کاش اتنی بڑی جرأت سے پہلے وُہ جبر کی حقیقت پر ہی غور کر لیتے۔ جبر کیا ہے؟ اِنسان کی بےبسی کی وُہ حالت جس میں وُہ کسی ایک بات کے کرنے پر مجبُور ہو اور اُسے چھوڑ کر کوئی دُوسری چیز اختیار کرنے پر قادر نہ ہو۔ اگر حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم تشریف نہ لاتے۔ واضح دلائل اور روشن معجزات سے حق کو نکھار کر نہ رکھ دیتے اور قرآن کی دِل ہلا دینے والی آیتیں سُنا سُنا کر ہدایت اور گمراہی کی راہوں کو الگ الگ نہ فرما دیتے اور کوئی اِنسان وِرثہ میں ملے ہُوئے کفر و شرک میں سرگرداں رہتا تو جبر کی کوئی بات بھی تھی۔ لیکن اب جب کہ کتابِ الٰہی کی روشنی نے حق اور باطل کو بالکل مُمتاز کر دیا اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے تبلیغ کا حق ادا کر دیا۔ اپنے معجزات اور اپنے دلائل سے غلط فہمی کا شائبہ تک باقی نہ چھوڑا۔ اس کے بعد بھی جو باطل کو چھوڑ کر ہدایت کو قبُول کرنے پر آمادہ نہ ہُوا اور گمراہ ہی رہا تو وُہ باطل سے چمٹے رہنے پر مجبُور نہ تھا بلکہ سب کچھ سمجھ لینے کے بعد جان بُوجھ کر اس نے حق کو قبول نہیں کیا اور باطل سے مُنہ نہیں موڑا۔ ایسے لوگوں کو مزید سمجھانا واقعی بے سُود ہے۔ کیونکہ سمجھایا تو اُسے جائے جو سمجھتا نہ ہو۔ اور جو سمجھ چُکا ہو اور پھر کفر پر بضد ہو وُہ لاعلاج مریض ہے۔ وُہ شفایاب نہیں ہو سکتا۔ اس آیتِ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے کافروں کے اس مخصوص گروہ کی نفسیاتی حالت کا تجزیہ کیا ہے جو محض تعصّب اور ہٹ دھرمی کے باعث دانستہ کُفر کی راہ پر دوڑے چلے جا رہے تھے یہاں جبر و قہر کا احتمال ہی نہیں تاکہ اس بحث میں اُلجھا جائے۔

۱۲ے یہاں بھی بعض لوگوں کو یہ کہتے سُنا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کے دِلوں اور کانوں پر مُہر لگا دی اور آنکھوں پر پردے ڈال دیئے تو غریب کیونکر ایمان لاتے۔ اُن کی خدمت میں صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ اِنسان کے اعمال پر کوئی نتیجہ اور اثر مرتب ہوتا ہے یا نہیں؟ اگر اِنسان جسمانی صحت کے اصولوں کو لگاتار توڑتا رہے تو اس کا بلانوش معدہ جو ہر چیز ہضم کر لیا کرتا تھا کیا غذا ہضم کرنے سے معذُور نہیں ہو جاتا؟ کیا اس کا جگر خُون پیدا کرنا چھوڑ نہیں دیتا؟ اگر ایسا ہے اور یقیناً ایسا ہی ہے تو رُوحانی صحت کے بھی چند اصُول ہیں جن کی پابندی سے رُوحانی قوتیں نشوونما پاتی ہیں۔ اور جن کی پیہم خلاف ورزیوں سے وُہ قوتیں ناکارہ ہو کر رہ جاتی ہیں۔ دِل سے حق و باطل میں تمیز کرنے کی صلاحیّت سلب ہو جاتی ہے۔ آنکھیں دیکھتی تو ہیں لیکن عبرت حاصل نہیں کرتیں۔ کان سُنتے تو ہیں لیکن نصیحت قبُول نہیں کرتے۔ بس اِسی کیفیّت کا اللہ تعالیٰ نے اِس آیت میں ذِکر فرمایا ہے۔ ان کفّار کی پیہم نافرمانیوں سے، حق سمجھ لینے کے باوجُود اس سے مسلسل اِنکار کرنے کی وجہ سے ان کے دِل و دماغ اور دِیدہ و گوش کی ساری قوتیں ناکارہ ہو کر رہ گئی ہیں۔ تو ان کی یہ محرُومیاں نتیجہ ہیں ان مسلسل نافرمانیوں کا۔ اور طبعی اثر ہے اُن کی ہٹ دھرمی اور تعصّب کا۔ اِس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ پہلے ہی انھیں ہوش فہم

عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٧﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُولُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ

بڑا عذاب ہے اور کچھ لوگ ہیں جو کہتے ہیں ۱۳ ہم ایمان لائے اللہ پر اور روزِ

الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨﴾ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَمَا

قیامت پر حالانکہ وُہ مومن نہیں ۱۴ فریب دیا چاہتے ہیں اللہ کو اور ایمان والوں کو ۱۵ اور

يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٩﴾ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

(حقیقت میں) نہیں فریب دے رہے مگر اپنے آپ کو (اور اس حقیقت کو) نہیں سمجھتے ان کے دلوں میں بیماری ہے

ع ۷ - وقف لازم

سے محروم کر دیا گیا تھا تاکہ وُہ حق کو سمجھ ہی نہ سکیں۔ اس حقیقت کو قرآن کریم نے متعدّد موقعوں پر اس قدر واضح فرمایا ہے کہ غلط فہمی کی گنجائش تک باقی نہیں چھوڑی۔ مثلاً ایک جگہ ارشاد ہے بل طبع اللّٰہ علیہا بکفرھم۔ یعنی ان کے کفر و انکار کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اُن کے دلوں پر مُہر لگا دی۔ یعنی پہلے سے ان کے دل مُہر شدہ نہ تھے بلکہ ان کے کفرو انکار اور اس پر ان کے شدید اصرار کی پاداش میں انھیں اس نعمت سے محروم کر دیا گیا۔ ایک اور جگہ ارشاد ہے بل ران علی قلوبھم ما کانوا یکسبون یعنی جو کرتوت وُہ کیا کرتے تھے ان کا مَیل اُن کے دلوں پر جم گیا ہے اور ان کے دلوں کا روشن آئینہ اس قدر مکدّر ہو گیا ہے کہ آفتابِ ہدایت کی روشن کرنیں اس میں چمک پیدا نہیں کر سکتیں اللہ تعالیٰ ہمیں حُسنِ عمل کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

۱۳ یہاں سے منافقوں کا ذکر شروع ہوتا ہے۔ مُنافق اُس کو کہتے ہیں جو زبان سے اسلام کا اقرار کرے لیکن دِل سے مُنکر ہو۔ اِسلام کی روز افزوں ترقی دیکھ کر دُنیاوی فوائد حاصل کرنے کیلیے کئی موقع شناس اپنے آپ کو مُسلمان بتانے لگے تھے۔ نیز وُہ بد باطن حاسد جو کھلے طور پر اسلام کا مقابلہ کرنے سے عاجز تھے وُہ مُسلمانوں میں شامل ہو کر سازشوں اور فتنہ انگیزیوں کا جال بچھا کر مُسلمانوں کو پریشان کرنا چاہتے۔ ہجرت سے پہلے مُنافقین کا نشان نہیں ملتا۔ کیونکہ اس وقت مُسلمان ہونا ہر قسم کے ظلم و ستم کا تختۂ مشق بننا تھا۔ اس لیے کسے کیا پڑی تھی کہ ایسے دین کے لیے مُصیبتوں کو دعوت دے جس پر اُس کا ایمان ہی نہیں۔ وہاں تو صرف وُہ لوگ ہی اسلام قبُول کرتے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُول پاک کے لیے جان، مال، اولاد غرضیکہ سب کچھ قربان کرنا اپنی سب سے بڑی سعادت سمجھتے تھے۔

۱۴ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مُسلمان وُہی ہے جو زبان کے اقرار کے ساتھ دِل سے تصدیق بھی کرے۔ اور جو دِل سے تصدیق نہ کرے وُہ مومن نہیں ہو سکتا۔ خواہ ایمان و اِسلام کے دعویٰ میں وُہ کتنا ہی چرب زبان ہو۔

۱۵ وُہ یہ فریب اللہ تعالےٰ سے نہیں کرتے تھے بلکہ اللہ کے رسُول سے کرتے تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اُنھیں بتا دیا کہ جو اللہ کے رسُول کے ساتھ فریب کرتے ہیں وُہ خُود اللہ تعالیٰ کے ساتھ فریب کرتے ہیں۔ اور اس دھوکہ بازی کا وبال اُن پر ہی

فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿۱۰﴾

پھر بڑھا دی ۱۶؎ اللہ نے ان کی بیماری اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے بوجہ اس کے کہ وُہ جھوٹ بولا کرتے تھے

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱﴾

اور جب کہا جائے اُنھیں کہ مت فساد پھیلاؤ زمین میں ۱۷؎ تو کہتے ہیں ہم ہی تو سنوارنے والے ہیں

اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

ہوشیار! وُہی فسادی ہیں لیکن سمجھتے نہیں اور جب کہا جائے اُنھیں

اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ

ایمان لاؤ جیسے ایمان لائے (اور) لوگ تو کہتے ہیں کیا ہم ایمان لائیں جس طرح ایمان لائے بیوقوف خبردار! بے شک

پڑے گا۔ وُہ اِسلام اور اللہ تعالیٰ کے رسُولؐ کا کچھ بگاڑ نہیں سکیں گے۔ کیونکہ یہ وُہ نُور ہے جس کو ہمیشہ تاباں و درخشاں رکھنے کا ذمہ دار خُود اللہ تعالیٰ ہے۔

۱۶؎ حضُور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے خلاف منافقین کے دِل میں عداوت کے جو جذبات پرورش پا رہے تھے اور حسد اور غصّہ کی جو چنگاریاں چٹخ رہی تھیں ان کو قرآن نے مرض سے تعبیر فرمایا ہے۔ جب وُہ حضور کریمؐ اور اسلام کی روزافزوں عزّت اور ترقّی کو دیکھتے تو حسد و عناد کے شعلے بھڑک اُٹھتے۔ اللہ تعالیٰ اُنھیں تنبیہ فرماتا ہے کہ اگر اُنھوں نے اِس مرض کو یُونہی بڑھنے دیا اور اِس کا علاج نہ کیا تو جس طرح جسمانی بیماریاں جسمانی موت کا باعث بنتی ہیں اِسی طرح ان کا یہ مرض ان کے قلب و رُوح کا گلا گھونٹ کر رکھ دے گا۔

۱۷؎ اِس آیت میں ان کے دِلوں کے بیمار ہونے کی دلیل پیش کی جا رہی ہے۔ وُہ دِن رات فتنہ و فساد پھیلانے میں اور حق کی شمع بُجھانے میں مصرُوف ہیں اور اگر ان کی فتنہ پردازیوں کی طرف توجّہ دِلا کر انھیں باز رہنے کو کہا جاتا ہے تو اُلٹا گھُورتے ہیں اور کہتے ہیں آپ ہمیں فسادی کہتے ہیں۔ ہم ہی تو امن و اصلاح کے لیے ہر وقت کوشش کر رہے ہیں۔ اب جو شخص فساد پھیلانے اور حق کا چراغ گُل کرنے کو اِصلاح کہنے پر مُصر ہو اس کے قلب و نظر کو اگر بیمار نہ کہا جائے تو کیا کہا جائے۔ اَب آپ اپنے گرد و پیش پر نگاہ ڈالیے۔ جتنے نئے فرقے، نئے مذہب جنم لے رہے ہیں اُن کے بانی بھی دین کی اِصلاح اور قوم کی فلاح کا دعویٰ ہی کرتے ہیں لیکن ان کی فتنہ پردازیاں آئے دِن جو گُل کھلا رہی ہیں ان کے باعث تو قوم کا ذہنی اتحاد بھی پاش پاش ہوتا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان نادان دوستوں یا دانا دُشمنوں کے مکر و فریب سے اُمّت کو بچائے اور ہمیں توفیق بخشے

هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنۡ لَّا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا قَالُوۡۤا اٰمَنَّا ۖۚ

وُہی احمق ہیں مگر وُہ جانتے نہیں ۱۸؎ اور جب ملتے ہیں ایمان والوں سے تو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے ہیں

وَاِذَا خَلَوۡا اِلٰى شَيٰطِيۡنِهِمۡ ۙ قَالُوۡۤا اِنَّا مَعَكُمۡ ۙ اِنَّمَا نَحۡنُ مُسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿۱۴﴾

اور جب اکیلے ہوتے ہیں اپنے شیطانوں کے پاس تو کہتے ہیں ہم تمھارے ساتھ ہیں ہم تو صرف (ان کا) مذاق اُڑا رہے تھے ۱۹؎

اَللّٰهُ يَسۡتَهۡزِئُ بِهِمۡ وَيَمُدُّهُمۡ فِىۡ طُغۡيَانِهِمۡ يَعۡمَهُوۡنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ

اللہ سزا دے رہا ہے اُنھیں اِس مذاق کی ۲۰؎ اور ڈھیل دیتا ہے اُنھیں تاکہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں (یہ) وُہ

کہ ہم ان کو پہچان سکیں۔ آمین۔

۱۸؎ وُہ لوگ جن کے نزدیک نفع و نقصان اور سُود و زیاں جانچنے کی کسوٹی صرف دُنیا کا عیش و آرام اور عزّت و جاہ ہے اُن کے نزدیک وُہ ہستیاں عقل و دانش سے محرُوم ہیں جو اپنے دین و ایمان کے لیے سر دھڑ کی بازی لگا دیتی ہیں لیکن حقیقت میں ان سے زیادہ دانا اور کون ہے جنھوں نے فانی دے کر باقی کو لے لیا جنھوں نے جان دے کر اپنے مالک کی رضا حاصل کر لی۔ "ورضوان من اللہ اکبر"۔ اور ان سے بڑھ کر احمق کون ہے جنھوں نے چند روزہ زندگی کی راحتوں کے عوض اپنے آپ کو ابدی راحتوں بلکہ اپنے رب کریم کی خوشنودی سے محرُوم کر دیا۔ اِس لیے قرآن نے فرمایا الا انھم ھم السفھاء۔

۱۹؎ مُنافقین کا رویّہ یہ تھا کہ مُسلمانوں سے مِلتے تو اُنھیں کہتے کہ ہم ایمان لا چکے ہیں۔ اور کفّار کے سرغنوں کے پاس تنہائی میں جا جا کر اُنھیں یقین دِلاتے کہ ہم اپنے مذہب پر قائم ہیں اور مُسلمانوں کے ساتھ ہماری بات چیت اور اُٹھنا بیٹھنا اس وجہ سے ہرگز نہیں کہ ہم اُن کا دین قبول کر چکے ہیں بلکہ ہم تو اس طرح اُن کو بے وقوف بناتے ہیں اور اُن کا تمسخر اُڑاتے ہیں۔

۲۰؎ علامہ قرطبیؒ نے لفظ استہزاء کی لغوی تحقیق کرتے ہُوئے لکھا ہے کہ اصل الاستھزاء الانتقام۔ استہزاء کا معنی انتقام لینا ہے۔ سند کے طور پر یہ شعر بھی لکھا ہے ؎

قد استھزأ وا منھم بالفی مدجج ... سراتھم وسط الضحاضح جثّم

اِس تحقیق کے مُطابق اللہ یستھزئ بھم کا معنی ہو گا کہ اللہ تعالیٰ اُن سے اُن کی شرارتوں کا انتقام لیتا ہے اس معنی میں اللہ تعالیٰ کی طرف استہزاء کی نسبت میں کوئی قباحت نہیں۔ نیز اہلِ عرب میں یہ عام محاورہ ہے کہ جب کوئی کام کسی فعل کی سزا دینے کے لیے کیا جائے تو اس کی تعبیر بھی اسی لفظ سے کر دیتے ہیں جس لفظ سے اس فعل کی تعبیر کی گئی ہو جس پر سزا یا عتاب کیا جا رہا ہے۔ مثلاً جزاء سیئۃ سیئۃٌ مثلھا۔ یعنی بُرے فعل کی جزاء بھی اسی طرح بُری ہُوا کرتی ہے۔ حالانکہ سزا جو عدل و انصاف کا عین تقاضا ہوتا ہے بُری نہیں ہوتی۔ یا نسوا اللہ فانسٰھم۔ اُنھوں نے خدا کو بھلا دیا اور خدا نے اُن کو بھلا دیا۔

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ فَمَا رَبِحَت تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا

لوگ ہیں جنھوں نے خرید لی ۲۱ گمراہی ہدایت کے بدلے مگر نفع بخش نہ ہوئی اُن کی (یہ) تجارت ۲۲ اور وُہ

مُهْتَدِينَ ﴿١٦﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا أَضَاءَتْ

صحیح راہ نہ جانتے تھے ۲۳ ان کی مثال اس شخص ۲۴ کی سی ہے جس نے آگ روشن کی ۲۵ پھر جب جگمگا اُٹھا

مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَّا يُبْصِرُونَ ﴿١٧﴾

اُس کا آس پاس تو لے گیا اللہ اُن کا نُور اور چھوڑ دیا اُنھیں گھُپ اندھیروں میں کہ کچھ نہیں دیکھتے۔

حالانکہ خُدا کی ذات بھُول سے پاک ہے لیکن ان کے بھُلانے پر جو سزا دی گئی اُس کو بھُلانے سے تعبیر کیا گیا۔ اسی طرح استہزاء پر مُنافقین کو جو سزا دی گئی اُس کو بھی استہزاء سے بیان کر دیا۔ کیونکہ یہ استعمال محاورۂ عرب کے عین مُطابق تھا۔ اِس لیے کفّار جو قرآن پر اعتراض کرنے کے لیے کسی ادنیٰ سے بہانے کے متلاشی رہتے تھے اِس استعمال پر کوئی اعتراض نہ کر سکے۔

۲۱ اشتراء کا معنی ہے خریدنا، قیمت ادا کر کے کوئی چیز لینا۔ یہاں اشتراء کا یہ معنی تب درست ہو سکتا تھا جب کہ مُنافقوں کے پاس دولتِ ایمان ہوتی اور اُسے دے کر وُہ کفر خریدتے۔ وہاں تو پہلے بھی کفر ہی کفر تھا۔ اِس لیے علّامہ قرطبیؒ نے لکھا ہے۔ کہ یہاں اشتروا بمعنی استحبوا ہے یعنی اُنھوں نے کفر کو پسند کر لیا اور حق کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ فرماتے ہیں لغتِ عرب میں شراء کا لفظ ایک چیز کو دُوسری چیز سے بدل لینے کے معنی میں عام مستعمل ہے۔ والمعنی استحبوا الکفر علی الایمان ...... وانما اخرجه بلفظ الشراء توسعا ...... والعرب تستعمل ذلك في كل من استبدل شيئاً بشيءٍ (القرطبی)

۲۲ اُنھوں نے مُنافقت کا نقاب تو اِس لیے ڈالا تھا کہ وُہ مسلمانوں کی جماعت میں شامل ہو کر دُنیاوی فوائد حاصل کریں گے۔ مالِ غنیمت سے اُنھیں حصّہ ملے گا اور اُن کی چودھراہٹ قائم رہے گی لیکن ان کی کوئی اُمّید بر نہ آئی۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کا پردہ چاک کر دیا۔ حضُور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے سرِ محفل ایک ایک کا نام لے کر اسے مسجد سے نکال دیا۔

۲۳ نفع کمانا تو کجا ان احمقوں نے تو اپنا سرمایہ (فطرتِ سلیمہ) ہی تباہ کر دیا۔ وھم ضیعوا راس المال وھی الفطرة وما حصلوا الفضل بادراك الحق ونَيْلِ الكمال (مظہری)

۲۴ مَثَلٌ، مِثْلٌ اور مَثِيْلٌ تینوں کا معنی نظیر ہے لیکن اس کا عام استعمال ضرب المثل (اُردو) کے معنی میں ہوتا ہے۔ اور بطورِ استعارہ ایسی حالت کے بیان کو بھی مَثَل کہتے ہیں جس میں نُدرت اور اوپرا پن ہو۔ یہاں یہ لفظ اِسی مفہوم میں مذکور ہوا ہے۔ یعنی اِن مُنافقوں کی عجیب و غریب حالت ایسی ہے جیسے اُن لوگوں کی جن کا ذکر اِس آیت میں ہے۔

۲۵ مُنافقوں کے دو گروہ تھے ایک وُہ جو دِل سے کفر پر جمے ہُوئے تھے اور صرف زبان سے اپنے آپ کو مُسلمان کہتے دُوسرا

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ﴿١٨﴾ اَوْ كَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ

یہ بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں ٢٦ سو وہ نہیں پھریں گے یا پھر جیسے زور کا مینہ برس رہا ہو بادل سے ٢٧

فِیْهِ ظُلُمٰتٌ وَّ رَعْدٌ وَّ بَرْقٌ ۚ یَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ

جس میں اندھیرے ہوں اور گرج اور چمک ہو ٹھونستے ہیں اپنی اُنگلیاں اپنے کانوں میں

مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَ اللّٰهُ مُحِیْطٌۢ بِالْكٰفِرِیْنَ ﴿١٩﴾

کڑک کے باعث موت کے ڈر سے اور اللہ گھیرے ہوئے ہے کافروں کو

یَكَادُ الْبَرْقُ یَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَاۤ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا

قریب ہے کہ بجلی اُچک لے جائے ان کی بینائی جب چمکتی ہے ان کے لیے تو چلنے لگتے ہیں

وُہ جو ایمان تو قبول کرتے لیکن مصائب و مشکلات سے گھبرا کر پھر اسلام سے دست بردار ہو جاتے۔ پہلے گروہ کی مثال اس آیت میں بیان کی گئی ہے اور دُوسرے گروہ کی او کصیب الخ میں۔

٢٦ اِس مثال میں جن لوگوں کا حال بیان کیا گیا ہے ان کی وضاحت حضرت صدر الافاضل مُراد آبادی قدس سرّہٗ نے خُوب کی ہے۔ فرماتے ہیں "جنھوں نے اظہارِ ایمان کیا اور دِل میں کفر رکھ کر اقرار کی روشنی کو ضائع کر دیا۔ اور وُہ بھی جو مومن ہونے کے بعد مُرتد ہو گئے اور وُہ بھی جنھیں فطرتِ سلیمہ عطا ہُوئی اور دلائل کی روشنی نے حق واضح کر دیا مگر اُنھوں نے فائدہ نہ اُٹھایا اور گمراہی اختیار کی۔ اور جب حق سُننے، ماننے، کہنے اور راہِ حق دیکھنے سے محروم ہُوتے تو کان، زبان، آنکھ سب بے کار ہیں۔" (خزائن العرفان)

٢٧ اِس آیت میں کئی چیزوں کا ذِکر آیا ہے۔ بارش، اندھیرے، بادل کی کڑک اور بجلی کی روشنی اور ایسے سمے میں سفر کرنے والا شخص۔ یہ سب مشبّہ بہا ہیں۔ جب تک ان کے مشبّہات (یعنی یہ کن چیزوں کی تشبیہیں ہیں) کا تعیّن نہ کر لیا جائے اس مثال کا حُسن نکھر کر سامنے نہیں آتا۔ بارش سے مُراد اِسلام، اندھیروں اور بادل کی کڑک سے مُراد وُہ مصائب اور مشکلات ہیں جنھوں نے چاروں طرف سے اسلام کو گھیر لیا تھا۔ اور بجلی کی روشنی سے مُراد وُہ فتوحات وغیرہ ہیں جو ان ناسازگار حالات میں اِسلام کو حاصل ہوتی رہیں۔ جس طرح بارش مُردہ زمینوں کو نئی زندگی بخش دیتی ہے اُسی طرح اِسلام مُردہ دِلوں کو نئی زندگی مرحمت فرماتا ہے۔ جیسے بارش برستے وقت گھنگھور گھٹائیں چھا جاتی ہیں اور تاریکی پھیل جاتی ہے۔ بادل کی خوفناک کڑک سے دِل دہلنے لگتے ہیں۔ اسی طرح اِسلام کا مینہ برستے وقت کھلی عداوتوں اور پوشیدہ سازشوں کا ایک

فِيهِ ۚ وَإِذَا أَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوا ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَذَهَبَ

اس (کی روشنی) میں اور جب اندھیرا چھا جاتا ہے ان پر تو کھڑے رہ جاتے ہیں اور اگر چاہے اللہ تو لے جائے

بِسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٠﴾

ان کے سننے کی قوت اور ان کی بینائی بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے ۲۸ے

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالَّذِينَ مِنْ

اے لوگو! ۲۹ے عبادت کرو اپنے رب کی جس نے پیدا فرمایا تمھیں ۳۰ے اور جو تم سے

ہنگامہ برپا ہو گیا۔ فضا یکسر مکدّر ہو گئی۔ مصیبتوں کے بادل گرجنے لگے۔ جو سچے دل سے ایمان لا چکے تھے نہ اندھیروں سے انھیں وحشت تھی نہ بادل کی کڑک سے وہ ہراساں تھے۔ مصائب کے ہجوم میں بھی وہ چٹان کی طرح ڈٹے رہے لیکن وہ لوگ جو مذبذب تھے ان کی حالت عجیب ڈانواں ڈول تھی وہ اسلام کے حیات بخش چھینٹوں سے سیراب بھی ہونا چاہتے تھے۔ لیکن مصائب کی تاریک گھٹائیں دیکھ کر مشکلات کی کڑک سن کر ان کے دل ڈوب ڈوب جایا کرتے تھے اور اسلام کا دامن چھوڑنے میں ہی انھیں اپنی سلامتی نظر آتی تھی۔ پھر اگر اسلام کو کوئی کامیابی نصیب ہوتی تو وہ اسلام کی طرف لپکنے کی تیاری کرتے ایسے میں اگر مصائب کا کوئی تند و تیز جھونکا آجاتا تو وہ بددل ہو کر رہ جاتے۔

۲۸ے اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ ہندی، مصری اور یونانی دیوتاؤں کی طرح اس کے اختیارات محدود نہیں ہیں۔ کائنات کا ذرّہ ذرّہ اس کا تابع فرمان ہے۔ بلندیاں اور پستیاں سب اس کے حکم کے سامنے سرافگندہ ہیں۔

۲۹ے ان آیات میں اسلام کے بنیادی مقاصد یعنی توحید، صداقتِ قرآن اور حقانیتِ نبوت وغیرہ پر ایمان لانے کی دعوت دی جا رہی ہے۔ اسلام کیونکہ کسی خاص قوم، ملک اور وقت کا دین نہیں بلکہ تمام بنی نوع انسان کا تاقیامِ قیامت دین ہے اس لیے عام خطاب سے دعوت دی جا رہی ہے یا ایها النّاس اے تمام انسانو!

۳۰ے توحیدِ ربوبیت سے توحیدِ الوہیت پر استدلال قائم کیا جا رہا ہے۔ نعمتِ ایجاد اور بقاء کا ذکر فرما کر ثابت کیا کہ وہ وحدہٗ لاشریک ہے یعنی تم اپنے رب کی عبادت کرو۔ کیونکہ وہی ہے جس نے تمھیں پیدا فرمایا۔ اگر وہ کرم نہ فرماتا تو تم فنا کی دنیا سے وجود کی دنیا میں کیسے آسکتے۔ پھر اس نے مزید کرم یہ فرمایا کہ تمھیں پیدا کر کے تمھارے آرام و آسائش اور حیات و بقا کے سارے سامان خود فراہم کر دیئے۔ اگر وہ تمھیں صرف پیدا کر کے چھوڑ دیتا اور اپنے لطف و عنایت سے تمھارے رزق اور آسائش کا انتظام نہ فرماتا تو تم پیدا ہوتے ہی ہلاک ہو جاتے۔ اب جب کہ تمھارا وجود بھی اسی کے کرم کا صدقہ ہے اور تمھاری زندگی اور بقا بھی اسی کی نظرِ رحمت کی محتاج ہے اور کسی دوسرے کا اس میں کوئی حصہ نہیں جب ایجاد

قَبۡلِكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُونَ ﴿٢١﴾ الَّذِىۡ جَعَلَ لَكُمُ الۡاَرۡضَ فِرَاشًا

پہلے تھے تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ وُہ جس نے بنایا تمھارے لیے زمین کو بچھونا

وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّاَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخۡرَجَ بِهٖ مِنَ

اور آسمان کو عمارت اور اُتارا آسمان سے پانی پھر نکالے اس سے کچھ

الثَّمَرٰتِ رِزۡقًا لَّكُمۡ فَلَا تَجۡعَلُوۡا لِلّٰهِ اَنۡدَادًا وَّاَنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿٢٢﴾

پھل تمھارے کھانے کے لیے پس نہ ٹھیراؤ اللہ کے لیے مدِّ مقابل [۳۱] اور تم جانتے ہو

وَاِنۡ كُنۡتُمۡ فِىۡ رَيۡبٍ مِّمَّا نَزَّلۡنَا عَلٰى عَبۡدِنَا فَاۡتُوۡا بِسُوۡرَةٍ مِّنۡ

اور اگر تمھیں شک ہو اس میں جو ہم نے نازل کیا اپنے (برگزیدہ) بندے پر تو لے آؤ ایک سُورۃ اِس

ربُوبیّت میں وُہ وحدہٗ لاشریک ہے تو الُوہیّت میں کون اس کا شریک ہو سکتا ہے۔ جب لاخالق الا اللہ اور لارب الا اللہ کو تسلیم کرنے میں انکار کی گنجائش نہیں تو لامحالہ لا الٰہ الا اللہ بھی تسلیم کرنا پڑے گا اور جب اس پر ایمان محکم ہو گیا تو لامعبُود الا اللہ پر بھی یقین راسخ ہو جائے گا۔ تو ثابت ہوا کہ عبادت کے لائق صرف وُہی ذات پاک ہے جو ہر لحاظ سے وحدہٗ لاشریک ہے۔ توحید کے نازک اور پیچیدہ مسئلہ پر قرآن کا استدلال آپ نے مُلاحظہ فرما لیا۔ کتنا فطری، کتنا سادہ ہے اس کے باوجُود کتنا مؤثّر اور یقین پرور ہے۔ ایک اَن پڑھ عامی، ایک عالم، ایک محقّق اور اسرارِ کائنات کے سمندر کا ماہر غوّاص سب یکساں طور پر اپنی اپنی سمجھ کے مطابق اس سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ اس کے مقابلہ میں فلسفہ وحکمت کے صحائف میں توحید کے دلائل پڑھیئے فنی مُوشگافیوں، پیچیدہ اِصطلاحات، مقدّمات کی ترتیب کا پریشان کن چکّر آپ کو مرعُوب تو کر دے گا لیکن یقین کی دولت سے آپ کا دامن خالی ہی رہے گا۔ یہی قرآن کا اعجاز ہے جس نے چودہ صدیوں سے دانشورانِ عالم کو حیرت واِستعجاب میں مبتلا کر رکھا ہے۔

[۳۱] اِس کا مُفرد نِدٌّ ہے جس کا معنی ہے المثل المناوی یعنی وُہ شخص جو کسی جیسا بھی ہو اور مخالف بھی ہو مُشرکین کے بُتوں کو انداد کیوں کہا گیا؟ اِس کی وجہ علّامہ بیضاوی تحریر فرماتے ہیں۔ لانهم لما ترکوا عبادته الی عبادتها وسموها الهة: کیونکہ اُنھوں نے اللہ تعالیٰ کی عبادت چھوڑ دی تھی اور صرف ان بُتوں کی عبادت ہی کرتے تھے اور ان کو اِلٰہ (خُدا) بھی کہتے تھے۔

مِّثْلِهٖ ۪ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٣﴾

جیسی ۳۲؎ اور بلا لو اپنے حمایتیوں کو اللہ کے سوا اگر تم سچے ہو۔

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا

پھر اگر ایسا نہ کر سکو اور ہرگز نہ کر سکو گے تو ڈرو اس آگ سے جس کا ایندھن

النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٤﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

انسان اور پتھر ہیں جو تیار کی گئی ہے کافروں کے لیے اور خوشخبری ۳۳؎ دیجیے انھیں جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

اور کیے نیک عمل (کہ) یقیناً ان کے لیے باغات ہیں بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا

جب کھلایا جائے گا انھیں ان باغوں سے کوئی پھل (تو صورت دیکھ کر) کہیں گے یہ تو وہی ہے جو ہمیں پہلے

۳۲؎ یہ دلیل ہے قرآن کریم کے کلامِ الٰہی ہونے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی رسالت کی۔ یہ چیلنج صرف عرب کے شعراء اور بلغاء کے لیے نہیں بلکہ عرب وعجم کے سب منکرین کو دیا جا رہا ہے۔ اسلام کے دشمنوں کے لیے یہ کتنا آسان طریقہ تھا کہ تین آیت کی ایک سورت بنا کر قرآن کے اس چیلنج کا جواب دے دیتے۔ اور اس طرح قرآن، نبوت اور اسلام کی صداقت اور عظمت کو یک دم ختم کر کے بیک کرشمہ سہ کار کا منظر دکھا دیتے۔ لیکن چودہ صدیاں گزر چکی ہیں۔ اور شرق وغرب کے بدخواہ اپنی بے چین خواہشوں، لگاتار کوششوں اور جاں گسل کاوشوں کے باوجود اس چیلنج کا جواب آج تک نہیں دے سکے۔ اور نہ قیامت تک دے سکیں گے جیسے قرآن نے پیشین گوئی کر دی ہے تو اب کسی انصاف پسند ذی ہوش کے لیے یہ ماننے میں انکار کی کوئی گنجائش نہیں رہ جاتی کہ قرآن اللہ کا کلام ہے اور جس عبدِ مقرب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم پر یہ قرآن نازل ہوا ہے وہ اللہ تعالیٰ کا برگزیدہ رسول ہے۔ اس ایک آیت میں قرآن کے کلامِ الٰہی ہونے اور حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے رسول ہونے کی ایسی دلیل پیش فرما دی جس کے سامنے بڑے بڑے سرکش مخالفوں کی گردنیں جھک گئیں۔

۳۳؎ حق واضح ہو جانے کے بعد حق کا انکار کرنے والوں کے لیے جو عذاب تیار کیا گیا ہے اس کے ذکر کے بعد ان لوگوں کو جو ایمان اور نیک اعمال سے متّصف ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی سرمدی نعمتوں کے مژدہ سے خورسند کیا جا رہا ہے۔

مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ

کھلایا گیا تھا ۳۴؎ اور دیا گیا انھیں پھل (صورت میں) ملتا جلتا اور ان کے لیے جنّت میں پاکیزہ بیویاں ہوں گی ۳۵؎

وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا

اور وُہ ان میں ہمیشہ رہیں گے ۳۶؎ بے شک اللہ حیا نہیں فرماتا ۳۷؎ اس سے کہ ذکر کرے کوئی

مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ

مثال مچھر کی ہو یا اس سے بھی حقیر چیز کی تو جو ایمان لائے وُہ خوب جانتے ہیں کہ یہ

الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ

مثال حق ہے ان کے ربّ کی طرف سے (اُتری ہے) اور جنھوں نے کفر کیا سو وُہ کہتے ہیں کیا قصد کیا اللہ نے

بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ

اس مثال کے ذکر سے گمراہ کرتا ہے اللہ اس سے بہتیروں کو اور ہدایت دیتا ہے اس سے بہتیروں کو اور نہیں گمراہ کرتا

وقف لازم

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں عمل صالح وُہ ہے جس میں چار چیزیں ہوں علم، نیّت، صبر اور اخلاص (مظہری) نیز اس سے یہ بات بھی واضح ہوگئی کہ جنّت کی ابدی نعمتوں کا حقیقی مستحق وُہ ہے جو ایمان اور عمل صالح دونوں سے متّصف ہو۔

۳۴؎ یعنی جنّت کے میووں کی شکل تو ایسی ہوگی جس سے وُہ پہلے سے آشنا ہیں لیکن اُن کا ذائقہ اور خوشبو بالکل نرالی ہوگی۔

۳۵؎ یعنی بالکل پاک وصاف۔ نہ جسمانی آلائشوں کا وہاں گزر ہوگا اور نہ اخلاقی عیوب سے اُن کی سیرت کا دامن داغدار ہوگا۔

۳۶؎ اُن انعامات کی بڑی خصوصیّت یہ ہوگی کہ وُہ عارضی نہیں ہوں گے۔ بلکہ اہل جنّت ہمیشہ ہمیشہ اُن سے لُطف اندوز ہوتے رہیں گے۔

۳۷؎ علامہ قرطبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں لایستحی ای لایخشی وقیل لایترك وقیل لایمتنع مقصد یہ ہوا کہ کسی حقیقت کو واضح کرنے کے لیے اگر مکھی، مکڑی، مچھر یا اس سے بھی حقیر ترین چیز سے مثال دینا ضروری ہو تو اللہ تعالیٰ کسی کے اعتراض کے ڈر سے ایسی مثال کو ترک نہیں فرماتا۔ سلیم الطبع لوگ تو مثال کے مفید ہونے کی وجہ سے تسلیم کرتے ہیں کہ یہ اللہ کا کلام ہے لیکن جن کی فطرت مسخ ہوچکی ہے وُہ اعتراض کرنا شروع کر دیتے ہیں کہ یہ عجیب خُدا کا کلام ہے جس میں مکڑی اور مچھروں کا ذکر ہے۔

بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ

اس سے مگر نافرمانوں کو ۳۸ وُہ جو توڑتے رہتے ہیں عہدِ خداوندی کو اسے پختہ

مِيْثَاقِهٖ ۖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ

باندھنے کے بعد اور کاٹتے رہتے ہیں اسے حکم فرمایا اللہ نے جس کے جوڑنے کا اور فساد مچاتے رہتے

فِي الْاَرْضِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ

ہیں زمین میں وُہی لوگ نقصان اُٹھانے والے ہیں کیونکر تم انکار کرتے ہو اللہ کا ۳۹

كُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۸﴾

حالانکہ تم مُردہ تھے اُس نے تمھیں زندہ کیا پھر تمھیں مارے گا پھر تمھیں زندہ کرے گا پھر اُسی کی طرف تم پلٹائے جاؤگے ۴۰

۳۸ الضلال اصلہ الھلاك (قرطبی) ضلال کا اصلی معنی ہلاک ہونا ہے اور فسق عُرفِ شرع میں کہتے ہیں۔ الخروج من طاعة اللہ عزوجل (القرطبی) اللہ تعالیٰ کی اطاعت وفرماں برداری سے نکل جانا۔ ان کی نافرمانی کی نوعیت اگلی آیت میں تفصیلاً بیان فرمادی۔ اللہ تعالیٰ سے وعدہ کرکے توڑ دینا، وُہ رشتے اور تعلّقات انفرادی اور اجتماعی جن کو محفوظ رکھنے کا اللہ تعالیٰ نے تاکیدی حکم فرمایا ہے اُن کو قطع کرتے رہنا۔ اپنے جاہ ومنصب کے لیے ظُلم وستم اور فتنہ وفساد برپا کرتے رہنا۔ یہ ان کے کرتوت تھے۔ اور جن کے یہ کرتوت ہوں اُن کو ہلاکت وتباہی سے کیونکر بچایا جاسکتا ہے۔ عارفِ رُومیؒ فرماتے ہیں ؎ نقضِ میثاق وشکستِ توبہا موجبِ لعنت شود در انتہا

۳۹ ازراہِ حیرت وتعجّب کفّار سے پُوچھا جارہا ہے کہ اتنی آفاقی اور انفسی، ظاہری اور باطنی دلیلوں کے باوجود وُہ کُفر کی جرأت کیسے کررہے ہیں۔

۴۰ یہاں دو چیزیں قابلِ غور ہیں۔ پہلی یہ کہ یہاں اللہ تعالیٰ کے انعامات کا بیان مقصُود ہے تو پھر موت کا ذکر کیوں کیا۔ اس کا جواب تو یہ ہے کہ کیونکہ یہ موت انسان کو فانی زندگی سے نکال کر ابدی اور دائمی زندگی کی طرف لے جاتی ہے۔ تو یہ موت ہزار نعمتوں سے بڑی نعمت ہے۔ دُوسری قابلِ غور چیز یہ ہے کہ یہاں دو موتوں اور دو زندگیوں کا ذکر ہے اگر قبر کی زندگی مانی جائے تو تین زندگیاں اور تین موتیں لازم آئیں گی اور یہ آیت کے خلاف ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ثم یحییکم سے قبر کی زندگی مُراد ہے۔ کیونکہ اس کے بعد ارشاد ہے ثم الیہ ترجعون۔ پھر تم اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹائے جاؤگے۔ یہاں ثم کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ جو تعقیب اور تاخیر کے لیے آتا ہے۔

هُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ لَکُمۡ مَّا فِی الۡاَرۡضِ جَمِیۡعًا ٭ ثُمَّ اسۡتَوٰۤی اِلَی

وُہی تو ہے جس نے پیدا کیا تمھارے لیے جو کچھ زمین میں ہے سب کا سب ۴۱ پھر توجہ فرمائی اُوپر

السَّمَآءِ فَسَوّٰىہُنَّ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَ ہُوَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿۲۹﴾ وَ اِذۡ

کی طرف تو ٹھیک ٹھیک بنا دیا اُنھیں سات آسمان ۴۲ اور وُہ سب کچھ خوب جانتا ہے اور یاد کرو ۴۳

یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف لَوٹنا اس زِندہ ہونے کے بعد ہو گا لیکن اس کے بعد فوراً نہیں بلکہ دیر کے بعد۔ اور یہ تب ہی ہو سکتا ہے جب کہ قبر کی زِندگی کو تسلیم کیا جائے۔ اگر کہا جائے کہ ثُمَّ یُحۡیِیۡکُمۡ سے مُراد حشر کی زندگی ہے تو پھر ثُمَّ کے استعمال کا محل معلوم نہیں ہوتا۔ کیونکہ جب قبروں سے اہلِ قبور اُٹھائے جائیں گے تو فوراً بارگاہِ الٰہی میں پہنچیں گے۔ کسی کو ٹال مٹول یا تاخیر کی اِجازت نہیں ہوگی۔

یہ سب بحث اس وقت ہے جب کہ یہاں زِندگی اور موت کے عدد کا حصر مقصود ہو حالانکہ علامہ قرطبیؒ اور دیگر محققین نے تصریح کی ہے کہ حصر مقصود نہیں کیونکہ احادیثِ صحیحہ میں چار پانچ دفعہ تک موت و حیات کا تکرار ثابت ہے بہرحال اس آیت سے کسی طرح حیاتِ قبر کا اِنکار ثابت نہیں ہوتا۔ تمام اہلِ سنّت کا یہی مذہب ہے کہ قبر کی زندگی حق ہے اور متعدّد احادیثِ صحیحہ جو حدِ تواتر کو پہنچی ہُوئی ہیں حیاتِ قبر کو ثابت کرتی ہیں۔

۴۱ آئندہ رکوع میں اِنسان کی پیدائش اور اس کو خلیفۃ اللہ کا منصب عطا کیے جانے کا ذکر آرہا ہے۔ اس لیے اس سے پہلے اس کے شرف اور اس کی عظمت کا بیان فرمایا کہ زمین اور اس کے شکم میں پنہاں بے پایاں اور بیش قیمت خزینے لہلہاتے ہُوئے کھیت اور رسیلے اور رنگیلے پھلوں سے لدے ہُوئے سرسبز باغات، اُونچے پہاڑ اور گہرے دریا، رنگ برنگ پرندے اور گوناں گوں چوپائے یہ سب کچھ اسی کی خدمت گزاری کے لیے پیدا کیے گئے ہیں۔ اسے چاہیئے کہ ہر چیز کو اپنے تصرّف میں لائے۔ اس سے فائدہ اُٹھائے اور اپنی خدمت لے۔ لیکن جادۂ حق سے بھٹکے ہُوئے اِنسان کی پستی کا کیا کہنا کہ اس نے مخدُوم ہوتے ہُوئے اپنے چاکروں کو اپنا مطلُوب بنایا بلکہ بعض نے تو اُنھیں خُدائی کے تخت پر بٹھایا اور ان کو اپنا مخدُوم اور مطاع بنا کر ان کے سامنے سجدہ ریز ہو گئے۔ کیا اس سے بڑھ کر بھی کسی بے انصافی کا تصوّر کیا جاسکتا ہے آیت کے اس حصّہ نے اِنسان کو اپنے بلند مقام سے آگاہ کیا اور اس خُود فراموش کو جھنجھوڑا تاکہ وُہ اپنے چہرہ سے ذِلّت و رُسوائی کی گرد صاف کرے۔

۴۲ استوٰی کا صلہ جب الیٰ ہو تو اس کا معنی قصد کرنا، متوجّہ ہونا ہوتا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ زمین کی تخلیق کے بعد ارادۂ خُداوندی آسمان کی آفرینش کی طرف متوجّہ ہوا اور اس نے اپنی قُدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ سے اسے ایسے درست فرمایا کہ اس میں کوئی کمی اور کجی باقی نہ رہنے دی۔ ان آیات سے علمِ تخلیقِ کائنات (COSMOGENY) کی تفصیلات

قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ؕ قَالُوْٓا

جب فرمایا تمھارے رب نے ۴۴ فرشتوں ۴۵ سے میں مقرر کرنے والا ہوں زمین میں ایک نائب ۴۶ کہنے لگے

اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا وَیَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ

کیا تو مقرر کرتا ہے زمین میں جو فساد برپا کرے گا اس میں اور خونریزیاں کرے گا حالانکہ ہم تیری تسبیح کرتے ہیں

اور جزئیات کا بیان مقصود نہیں۔ بلکہ غرض یہ ہے کہ انسان کائناتِ سماوی وارضی میں غور کرے اور اس کو نیست سے ہست کرنے والے کی قدرت کا اعتراف کرے اور ربِ قدیر نے اس کی بقاء اور آسائش کے لیے جتنے مکمل انتظامات کیے ہیں ان سے جائز فائدہ اٹھائے اور اس کی ان عنایاتِ بے پایاں کا شکریہ ادا کرے۔

۴۳ اس رکوع میں ایک اور عظیم الشان احسان کا ذکر ہے۔ یہ ہے حضرتِ انسان کی پیدائش کا تذکرہ۔ خالقِ کائنات نے جس اہتمام سے اس پیکرِ خاکی کی تخلیق کا ذکر فرمایا ہے اس اہتمام سے کسی دوسری مخلوق کا ذکر نہیں فرمایا۔

۴۴ اس مقام پر رب مضاف ہے ك ضمیر کی طرف جس کا مرجع ذاتِ پاک مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اس اضافت میں جو لطف ہے اس کا صحیح ادراک صرف اہلِ محبت وعرفان کا خاصہ ہے۔ علامہ الوسی فرماتے ہیں کان .... رمزا الی ان المقبل علیه بالخطاب له الحظ الاعظم فهو صلی الله تعالٰی علیه وآله وسلم علی الحقیقة الخلیفة الاعظم ولولاه ماخلق آدم ولا ولا (روح المعانی) یعنی حضور کریم کی ذاتِ مقدس ہی حقیقت میں خلیفہ اعظم ہے۔ اور اگر یہ ذاتِ گرامی نہ ہوتی تو آدم ہی پیدا نہ ہوتے بلکہ کچھ بھی نہ ہوتا۔

۴۵ اس کا واحد مَلَكٌ ہے۔ اس کا ماخذ اشتقاق اَلُوْکَةُ ہے جس کا معنی ہے "پیغام رسانی" کیونکہ فرشتے اللہ تعالیٰ کا پیغام اس کے مقبول بندوں تک پہنچانے کے لیے مامور ہیں اس لیے انھیں اس نام سے موسوم کیا گیا۔ ملائکہ کی حقیقت کیا ہے؟ اس میں اتنے مختلف اقوال ہیں کہ ان کا احاطہ یہاں آسان نہیں۔ علماء اسلام کے نزدیک ان کی حقیقت یہ ہے انها اجسام لطیفة قادرة علی التشکل باشکال مختلفة۔ یہ وہ لطیف اور نورانی جسم ہیں جو مختلف شکلیں بدل سکتے ہیں۔ لایراهم ماهم علیه الا ارباب النفوس القدسیة۔ اور ان کو ان کی اصل شکل میں صرف اولیاء کاملین ہی دیکھ سکتے ہیں۔ اور ہونا بھی یونہی چاہیے۔ کیونکہ مختلف اشیاء کا شعور وادراک ایک ہی قوت سے نہیں ہوتا۔ بلکہ مختلف قوتیں مختلف چیزوں کا شعور وادراک کرتی ہیں۔ رنگت کا ادراک آنکھ سے اور حرارت کا چھونے سے ہوتا ہے۔ نابینا اگر سرخ وسفید کو نہ سمجھ سکے تو وہ معذور ضرور ہے لیکن اسے یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ سرخ وسفید کا انکار ہی کر دے۔ اسی طرح ملائکہ جن کا تعلق عالمِ روح سے ہے اگر ظاہری حواس انھیں نہ پا سکیں تو وہ معذور ہیں۔ اور وہ آنکھ جو عالمِ روح کے اسرار ولطائف کو دیکھ سکتی ہے۔ وہ تو اس وقت روشن ہوتی ہے۔ جب ریاضت اور مجاہدات

بِحَمۡدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّیۤ اَعۡلَمُ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۳۰﴾ وَعَلَّمَ

تیری حمد کے ساتھ اور پاکی بیان کرتے ہیں تیرے لیے فرمایا بے شک میں وُہ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے اور اللہ نے

سے تزکیۂ نفس ہو اور دِل کا آئینہ چمکنے لگے۔ جو لوگ ساری عُمر لذّات وخواہشات کے درپے رہتے ہیں جنھوں نے تزکیۂ نفس کی اہمیّت کا کبھی احساس نہیں کیا۔ وُہ اگر اس نورانی اور لطیف مخلوق کو نہ دیکھ سکیں تو معذور ہیں لیکن انھیں کسی طرح یہ زیبا نہیں کہ وُہ اِن نفوسِ قدسیہ کے مشاہدات کا انکار کریں جن کی چشمِ دِل بیدار بھی ہے اور بینا بھی۔ اس لیے جن لوگوں نے فرشتوں کے وجُود کا انکار کیا ہے۔ اور مختلف دُور از کار اور رکیک تاویلیں کی ہیں ان کا انکار بھی علمی نہیں اور ان کی یہ تاویلیں بھی کسی ستائش کی مستحق نہیں۔

٤٦ے یہاں فرشتوں سے نہ مشورہ لیا جا رہا ہے اور نہ اذن طلب کیا جا رہا ہے بلکہ ربُّ العزّت اپنے ارادۂ عالیہ سے انھیں آگاہ فرما رہا ہے۔ یہاں دو چیزیں غور طلب ہیں۔ (١) خلیفہ کسے کہتے ہیں؟ (٢) انسان کو منصبِ خلافت کیوں تفویض کیا گیا؟ خلیفہ وُہ ہے جو کسی کے مُلک میں اس کے نائب کی حیثیّت سے اس کے احکام کے مُطابق عمل کرائے۔ اس منصب کے لیے انسان کے انتخاب کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ انسان کے علاوہ جتنی مخلوق ہے اُس کی استعداد، علم اور اس کا دائرۂ عمل محدود ہے۔ اور جس کی محدودیّت کا یہ عالم ہو وُہ اس ذات پاک کا خلیفہ نہیں بن سکتا جس کا علم، ارادہ، احکام اور تصرّف غیر محدُود ہے لیکن انسان جو ابتدا میں ضعیف بھی ہے اور جہول بھی اس میں وُہ پایاں ناپذیر استعداد رکھ دی گئی ہے۔ اور عقل وفہم کی وُہ قوتیں ودیعت فرما دی گئی ہیں جن کے تصرّفات کی حد نہیں۔ اس لیے جُملہ مخلوقات سے صرف یہی ایک مخلوق ہے جو منصبِ خلافت کی اہلیّت رکھتی ہے۔ علماء ربّانیین نے اس مشتِ خاک میں پنہاں توانائیوں سے جیسے پردہ اُٹھایا ہے اس کی گردِ راہ کو بھی نفسیاتِ انسانی کے ماہرین نہیں پہنچ سکے۔ عارفِ کامل اسمٰعیل حقّی کے الفاظ مُلاحظہ فرمائیے۔

ان فی الانسان صورۃ من عالم الشھادۃ المحسوسۃ وروحا من عالم الغیب الملکوتی غیر المحسوس وسرا مستعد القبول فیض الانوار الالھیۃ فبالتربیۃ یترقی من عالم الشھادۃ الی عالم الغیب و بسر المتابعۃ یترقی من عالم الملکوت الی عالم الجبروت والعظموت ویشاھد بنور اللّٰہ المستفاد من سر المتابعۃ انوار الجمال والجلال الخ یعنی انسان مختلف عناصر سے مرکّب ہے۔ اس کی صورت کا تعلق عالمِ محسُوس سے ہے اور اس کی رُوح کا تعلق عالمِ غیب ملکوتی سے ہے صورت و رُوح کے علاوہ اس میں ایک پوشیدہ قوت ہے جو انوارِ ربانی کے فیض کو قبُول کرنے کی استعداد رکھتی ہے۔ اچھی تربیت سے وُہ عالمِ محسُوس سے ترقی کر کے عالمِ غیب تک رسائی حاصل کرتا ہے اور رسالتمآبؐ کی سچّی پیروی سے اس پر عالمِ جبرُوت وعظموت کی راہیں کھلتی ہیں۔ وُہ الٰہی نُور جو اس اطاعت وپیروی کی برکت سے اسے حاصل ہوتا ہے اس سے وُہ جمال وجلال کے انوار وتجلّیات کا مشاہدہ کرتا ہے۔ فسبحان اللہ احسن الخالقین۔ انسان کو جو صرف خاک کا پتلا سمجھتے ہیں کاش اس کی حقیقت پر غور

اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِیْ

سکھا دیئے آدم کو تمام اشیاء کے نام ٤٧ پھر پیش کیا انھیں فرشتوں کے سامنے اور فرمایا بتاؤ تو مجھے

بِاَسْمَآءِ هٰۤؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَاۤ

نام ان چیزوں کے اگر تم (اپنے اس خیال میں) سچے ہو عرض کرنے لگے ہر عیب سے پاک تو ہی ہے کچھ علم نہیں ہمیں

اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ﴿۳۲﴾ قَالَ یٰۤاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ

مگر جتنا تو نے ہمیں سکھا دیا بے شک تو ہی علم و حکمت والا ہے فرمایا اے آدم! بتادو انھیں ان

بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّاۤ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّیْۤ

چیزوں کے نام پھر جب آدم نے بتا دیئے فرشتوں کو ان کے نام تو اللہ نے فرمایا کیا نہیں کہا تھا میں نے تم سے کہ میں

اَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۙ وَ اَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَ مَا كُنْتُمْ

خوب جانتا ہوں سب چھپی ہوئی چیزیں آسمانوں اور زمین کی اور میں جانتا ہوں جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ تم

تَكْتُمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَ اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْۤا اِلَّاۤ اِبْلِیْسَ ؕ

چھپاتے تھے اور جب ہم نے حکم دیا فرشتوں کو کہ سجدہ کرو آدم کو ٤٨ تو سب نے سجدہ کیا سوا ابلیس کے

کریں تاکہ ان میں اپنے بلند مقام پر پہنچنے کی تڑپ پیدا ہو۔ یہ وُہ ذرّہ ہے جس کے سامنے آسمان کی رفعتیں سرنگوں ہیں اور یہ وُہ قطرہ ہے جس میں سمندروں کی گہرائیاں ہیں۔

٤٧ حضرت ابن عبّاس، عکرمہ، قتادہ اور ابن جبیر رضی اللہ عنہم نے اس آیت کی تفسیر یُوں بیان فرمائی ہے علمہ اسماء جمیع الاشیاء کلھا جلیلھا وحقیرھا (القرطبی) یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السّلام کو چھوٹی بڑی تمام اشیاء کے سب نام سکھا دیئے اور خلافت کے منصب کا تقاضا بھی یہی تھا کہ انھیں ان تمام چیزوں کا علم عطا فرمایا جاتا۔ جب آدم علیہ السّلام کے علم کی یہ کیفیت ہے تو سیّد بنی آدم خلیفۃ اللہ فی العالم محمّد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے علوم و معارف کا کیا کہنا۔

٤٨ جب فرشتوں نے آدم علیہ السّلام کی وُسعتِ علم اور اپنے عجز کا اعتراف کر لیا تو پروردگارِ عالم نے اُنھیں حُکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو۔ سجدہ کا لغوی معنی ہے تذلّل اور خضوع اور شریعت میں اس کا معنی ہے وضع الجبھۃ علی الارض پیشانی کا زمین پر

أَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٤﴾ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ

اس نے انکار کیا اور تکبّر کیا اور (داخل) ہو گیا وُہ کفّار (کے ٹولہ) میں اور ہم نے فرمایا اے آدم! رہو تم

وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۖ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ

اور تمہاری بیوی اس جنّت میں اور دونوں کھاؤ اس سے جتنا چاہو جہاں سے چاہو اور مت نزدیک جانا اس

رکھنا۔ بعض علماء کے نزدیک یہاں سجدہ کا لغوی معنی مُراد ہے۔ کہ فرشتوں کو ادب و احترام کرنے کا حکم دیا گیا۔ لیکن جمہور علماء کے نزدیک شرعی معنی مُراد ہے۔ یعنی فرشتوں کو حکم دیا گیا کہ آدم علیہ السّلام کے سامنے پیشانی رکھ دیں۔ اب اس سجدہ کی دو صورتیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ پیشانی جھکانے والا یہ اعتقاد کرے کہ جس کے سامنے میں پیشانی جھکا رہا ہُوں وُہ خُدا ہے تو یہ عبادت ہے اور یہ خاص ہے اُسی وحدہٗ لاشریک کے ساتھ جو خالق و مالک ہے ساری کائنات کا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت کبھی بھی کسی نبی کی شریعت میں جائز نہیں۔ بلکہ انبیاء کی بعثت کا مقصدِ اوّلین تھا ہی یہ کہ وُہ انسانوں کو صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حکم دیں اور دُوسروں کی عبادت سے منع کریں۔ تو یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ جس چیز سے روکنے کے لیے انبیاء تشریف لائے اس فعل کا ارتکاب خود کریں یا کسی کو اجازت دیں۔ دُوسری صُورت یہ ہے کہ جس کے سامنے سجدہ کیا جا رہا ہے اس کی عزّت و احترام کے لیے ہو عبادت کے لیے نہ ہو تو اس کو سجدہ تحیّہ کہتے ہیں۔ یہ پہلے انبیاء کرام کی شریعتوں میں جائز تھا لیکن حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اس سے بھی منع فرما دیا۔ اب تعظیمی سجدہ بھی ہماری شریعت میں حرام ہے۔ یہ عزّت و سرفرازی جو آدم علیہ السّلام کو نصیب ہوئی اس کا سبب علم تکوینی یعنی اشیاء اور ان کی خاصیّات اور ان کے اثرات کا علم ہے وُہ اُمّت جس کی آسمانی کتاب میں آدم کی برتری اور افضلیّت کا راز یہ بتایا گیا ہو کہ وُہ کائنات کے اسرارِ سربستہ سے آگاہ کیا گیا تھا وُہ اُمّت اگر علم سے محرُوم ہو۔ سائنس اور حکمت سے ناآشنا ہو تو یہ اُس کی اپنی بدبختی ہے۔ اس کے دین نے تو اس کے سمندِ شوق کو مہمیز لگانے میں کوئی کسر اُٹھا نہیں رکھی دُنیا میں جتنے مذہبی صحائف موجُود ہیں کسی میں اتنی وضاحت اور اتنے اہتمام سے مقامِ آدم کی نشاندہی نہیں کی گئی ہے۔ اب ہم اپنی شورہ بختی کے علاوہ کس کو ملامت کریں کہ ہماری غالب اکثریت تو ابجد خواں بھی نہیں۔ اور جو علم سے آشنا ہیں وُہ علم کو تن پروری کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ وُہ دن کب طلوع ہو گا جب مومن اپنے مقام کو پہچانے گا۔ پھر کب اس آسُودۂ خوابِ راحت کو رُومی کا سوز اور رازی کا پیچ و تاب نصیب ہو گا۔ ہمارے مطالعہ کی میز پر تو تہ در تہ گرد جمی ہوئی ہے اور ہمارے عشرت کدوں میں نور و نکہت کا سیلاب اُمڈا چلا آ رہا ہے۔ ہماری رصد گاہیں اب ان تھک تیز نگاہوں سے محرُوم ہیں جو ستاروں کی معمُولی سی جنبش کا تعاقب کیا کرتی تھیں۔ ہماری تجربہ گاہیں اب ایسے علماء کو ترس گئی ہیں جو دُنیا کی لذّات سے کنارہ کش ہو کر نشترِ تحقیق سے کائنات کی ہر چیز کا دل چیرا کرتے اور ان میں پوشیدہ اثرات اور قوتوں کا کھوج لگایا کرتے۔ اور اس سے بھی بڑھ کر قابلِ حیرت بلکہ لائقِ نفرت وُہ آواز ہے جو بعض حلقوں سے توحید کے نام پر اُٹھائی

الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۳۵ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا

درخت کے ورنہ ہو جاؤ گے اپنا حق تلف کرنے والوں سے پھر پھسلا دیا انھیں شیطان نے ۴۹ اس درخت کے باعث اور نکلوا دیا

مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۖ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي

ان دونوں کو وہاں سے جہاں وہ تھے اور ہم نے فرمایا اُتر جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن رہو گے اور (اب) تمہارا

جا رہی ہے کہ نبی کو تشریعی علم دیا جاتا ہے تکوینی علم سے اُسے کیا سروکار۔ اور اس طرح اس ذاتِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلّم کے علم کی بیکراں وسعتوں کو تنگ سے تنگ کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا سارا زور صرف کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے ہمارے حالِ زار پر اور بخشے ہماری کوتاہ اندیشیوں کو۔ انه هو التواب الرحيم۔

۴۹ اس مقام پر بے ساختہ یہ خیال پریشان کرنے لگتا ہے کہ کیا انبیاء سے بھی گناہ سرزد ہوتا ہے؟ اس لیے اجمال کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس سلسلہ کے متعلق کچھ عرض کرنا نہایت ضروری ہے۔ علّامہ قرطبیؒ نے بڑی عمدگی سے اس مشکل کو حل کیا ہے۔ فرماتے ہیں۔ انهم معصومون من الصغائر كلها كعصمتهم من الكبائر اجمعها۔ یعنی مالکی حنفی اور شافعی مسلک کے جمہور فقہاء کا یہ مذہب ہے کہ انبیاء جس طرح کبیرہ گناہوں سے پاک ہوتے ہیں اسی طرح صغیرہ گناہوں سے بھی پاک ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمیں ان کی مطلق اطاعت کا حکم دیا گیا ہے۔ اگر ان سے گناہ کا ارتکاب ہو سکے تو ان کے گناہوں کی اطاعت بھی لازم آئے گی۔ جس سے ہدایت کا سارا انتظام درہم برہم ہو جائے گا۔ اس پر یہ شبہ وارد ہوتا ہے کہ قرآن حکیم میں جا بجا انبیاء کی طرف ایسی چیزیں منسوب ہیں جو گناہ ہیں اور پھر ان امور پر انبیاء کی شدید ندامت اور استغفار بھی منقول ہے۔ ایسے میں مطلق عصمت کا قول کیونکر ممکن ہے۔ اس شبہ کے ازالہ کے لیے ایک چیز کو ہمیشہ ذہن نشین رکھنا چاہیئے۔ وہ یہ کہ کوئی فعل گناہ اس وقت ہوتا ہے جب کہ کسی حکم کی نافرمانی کا عزم اور قصد پایا جائے۔ اور اگر عزم اور قصد مفقود ہے بلکہ بے ارادہ بھول چوک سے کوئی ایسا فعل سرزد ہو جائے جو بظاہر کسی حکم کے خلاف ہے تو اُسے گناہ نہیں کہتے۔ اور ایسے امور کا صدور عصمتِ انبیاء کے منافی نہیں۔ اب آپ اسی ایک واقعہ پر غور کریں۔ قرآن حکیم کی تعبیر میں اس مسئلہ کی نزاکت کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ یہاں فرمایا ہے۔ فازلهما۔ اب آپ "زلة" کی لغوی تحقیق پر غور کیجئے۔ الزلة في الاصل استرسال الرجل من غير قصد: بلا ارادہ پاؤں کا پھسل جانا۔ دوسرے مقام پر قرآن نے بالکل اس حقیقت کو واضح الفاظ میں بیان فرما دیا فنسي ولم نجد له عزما۔ یعنی آدم سے یہ حرکت بھول سے ہوئی اس کا عزم و ارادہ ہرگز نہ تھا۔ جب تک عزم و ارادہ مفقود ہو اس فعل کو گناہ نہیں کہا جا سکتا۔ لیکن ؎

بود آدم دیدۂ نورِ قدیم موئے در دیدہ بود کوہِ عظیم (رومیؒ)

یعنی آدم علیہ السّلام تو نورِ قدیم کی آنکھ تھے۔ اور آنکھ میں اگر ایک بال بھی گر جائے تو آنکھ کی نزاکت اس کو برداشت نہیں

الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۳۶﴾ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ

زمین میں ٹھکانا ہے اور فائدہ اُٹھانا ہے وقتِ مقرر تک ۵۰ پھر سیکھ لیے آدم نے اپنے رب سے چند کلمے ۵۱

فَتَابَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۳۷﴾ قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ

تو اللہ نے اس کی توبہ قبول کی ۵۲ بے شک وُہی ہے بہت توبہ قبول کرنے والا نہایت رحم فرمانے والا ہم نے حکم دیا اُتر جاؤ اس جنت سے سب کے سب ۵۳

کرسکتی بلکہ وُہ ہلکا سا بال یہاں پہاڑ سے بھی بوجھل محسُوس ہونے لگتا ہے۔

۵۰ اس آیت میں یہ لطیف اشارہ بھی ہے کہ اس دُنیا میں تمھارا قیام ہمیشہ نہیں ہوگا۔ بلکہ یہ تمھاری عارضی قیام گاہ ہے۔ ان فرصت کے لمحوں میں تمھیں اپنی ابدی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے کوشاں رہنا چاہیے۔

۵۱ آدم علیہ السّلام بھُولے سے یہ خطا کر تو بیٹھے لیکن پھر فرطِ ندامت سے روئے اور اتنا روئے کہ آنسوؤں کے دریا بہا دیئے۔ ان کے دردانگیز نالوں سے پتھروں کے دل پھٹ جاتے تھے۔ دن رات آہ و فغاں سے کام تھا۔ ہر وقت بارگاہِ الٰہی میں اس کی رحمت کے لیے ملتجی رہتے۔ سالہا سال اسی طرح بیت گئے لیکن مغفرت کی خوشخبری نہ ملی۔ آخر ایک روز ایسے کلمات زبان سے نکلے کہ رحمتِ خداوندی کو ترس آگیا اور چشمِ عنایت مائل بکرم ہوگئی۔ وُہ کون سے کلمات تھے۔ اس کے متعلق میں حضرت شاہ عبدالعزیز قدس سرہٗ کی تفسیر فتح العزیزی کی عبارت نقل کرتا ہوں تاکہ ہر خوش نصیب کی طمانیتِ قلب کا باعث ہو۔ "اور طبرانی نے معجم صغیر میں اور حاکم اور ابُونعیم اور بیہقی نے حضرت امیرالمومنین عمر بن خطاب سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا کہ جب حضرت آدمؑ سے یہ گناہ سرزد ہوا اور ان پر عتابِ الٰہی نازل ہوا تو بہ قبول ہونے میں حیران تھے کہ اتنے میں ان کو یاد آیا کہ مجھ کو جس وقت خدائے تعالیٰ نے پیدا کیا تھا اور رُوح خاص میرے اندر پھُونکی تھی اُس وقت میں نے اپنے سر کو عرش کی طرف اُٹھایا تھا اس جگہ لکھا دیکھا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ قدر کسی شخص کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک برابر اس شخص کے نہیں کہ نام اس کا اپنے نام کے برابر لکھا ہے۔ تدبیر یہ ہے کہ بحق اسی شخص کے سوال مغفرت کا کروں پس دُعا میں کہا۔ اسئلك بحق محمد ان غفرت لی (اے مولا! میں تجھ سے محمد مصطفٰے کے صدقہ سے التجا کرتا ہوں کہ تو مجھے بخش دے) حق تعالیٰ نے ان کی بخشش کی اور وحی بھیجی کہ محمدؐ کو کہاں سے جانا تو نے۔ اُنھوں نے تمام ماجرا عرض کیا۔ حکم پہنچا کہ اے آدمؑ! محمدؐ سب پیغمبروں سے پچھلا پیغمبر ہے اولاد تیری میں سے اور اگر وُہ نہ ہوتا تجھ کو نہ پیدا کرتا۔" (ص ۱۱۶ ج ۱۔ تفسیر عزیزی ترجمہ اُردو مطبوعہ علیمی پریس دہلی ۱۹۳۲ء)

۵۲ توبہ کا لغوی معنی رجُوع کرنا ہے اور جب کہا جائے تاب العبد (کہ بندے نے توبہ کی) تو اس کا مفہوم یہ ہوتا ہے کہ رجع الی طاعۃ ربہ۔ سرکشی چھوڑ کر وُہ اللہ تعالیٰ کا فرماں بردار بن گیا اور اگر تاب کا فاعل اللہ تعالیٰ ہو تو پھر معنی یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نادم اور شرمسار بندے کی طرف نظرِ رحمت فرمائی اور اس کا قصور معاف فرما دیا۔

فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

پھر اگر آئے تمہارے پاس میری طرف سے (پیغام) ہدایت تو جس نے پیروی کی میری ہدایت کی انھیں نہ تو کوئی خوف ہو گا

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اور نہ وُہ غمگین ہوں گے اور جنھوں نے کفر کیا اور جھٹلایا ہماری آیتوں کو (تو) وُہ دوزخی

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۳۹﴾ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ

ہوں گے وُہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اے اولادِ یعقوب ۵۴؎ یاد کرو میرا وُہ احسان جو

۵۳؎ نیچے اُترنے کا حکم دو بار ہوا۔ پہلے لغزش کے صادر ہونے کے بعد، پھر قبولِ توبہ کے بعد۔ پہلے حکم سے ناراضگی کا اظہار مقصود تھا۔ اور دُوسری بار منصبِ خلافت سنبھالنے کے لیے۔ دونوں حکموں کی غرض و غایت الگ الگ ہے اس لیے یہاں تکرار نہیں۔

۵۴؎ تیسرے رکوُع میں تمام اولادِ آدم کو دعوتِ اسلام دی گئی اور توحید و رسالت کے دلائل پیش کیے گئے۔ چوتھے رکوُع میں انسان کی پیدائش، اسے زیورِ علم سے آراستہ کرنے اور منصبِ خلافت پر فائز کرنے کا ذکر فرمایا گیا۔ اور اب یہاں سے مسلسل کئی رکوعوں تک بنی اسرائیل کی اصلاح و ہدایت کی کوشش کی جارہی ہے۔ یہوُد کو خصوصی خطاب کرنے میں یہ مصلحت تھی کہ تمام اقوامِ عالم خصوصاً جزیرۂ عرب کے باشندوں میں یہوُد کو ایک اہم مقام حاصل تھا۔ چار ہزار سال تک سلسلۂ نبوّت ان میں جاری رہا۔ ہزاروں نبی ان میں پیدا ہوئے۔ جن کے باعث علم و حکمت میں کوئی قوم ان کی برابری کا دعوٰے نہیں کرسکتی تھی۔ ان کے گردونواح میں بسنے والے قبائل ان کی علمی برتری سے بہت مرعوب تھے۔ یہاں تک کہ بعض لوگوں نے اسلام قبول کرنے کے لیے یہ شرط لگا رکھی تھی کہ اگر یہوُد نے (جو اہلِ علم و کتاب ہیں) اسلام قبول کیا تو وُہ بھی قبول کرلیں گے اس لیے قرآن حکیم نے یہوُد کو خاص طور پر اسلام کی طرف بُلایا تاکہ اُن کے اسلام لانے سے دُوسرے لوگوں کے لیے اسلام قبول کرنے کی راہ ہموار ہوجائے۔ اور اگر وُہ اسلام کو قبول نہ کریں تو اُن کی ہٹ دھرمی کا پردہ چاک ہوجائے اور دُنیا کو پتہ چل جائے کہ یہ صرف دُنیاوی اقتدار اور دولت و ثروت کے باعث اسلام کی مخالفت کر رہے ہیں۔ اس تفصیل کی ایک حکمت یہ بھی ہوسکتی ہے کہ ملّتِ اسلامیہ کو درسِ عبرت دیا جائے کہ بنی اسرائیل کی داستانِ عرُوج و زوال تمھارے سامنے ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی اطاعت کرتے رہوگے تو عزّت و حکومت تمھاری خانہ زاد لونڈی ہوگی۔ اور اگر سرکشی اختیار کی تو تمھاری بدعملیاں کسی بخت نصر کا لباس پہن کر نمودار ہوں گی اور تمھیں صفحۂ ہستی سے حرفِ غلط کی طرح مٹا کر رکھ دیں گی۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ اَوْفُوْا بِعَهْدِىْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَ اِيَّاىَ

کیا میں نے تم پر ۵۵ اور پورا کرو تم میرے (ساتھ کیے ہوئے) وعدہ کو میں پورا کروں گا تمہارے (ساتھ کیے ہوئے) وعدہ کو ۵۶

فَارْهَبُوْنِ ﴿۴۰﴾ وَ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَ لَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ

اور صرف مجھی سے ڈرا کرو ۵۷ اور ایمان لاؤ اس (کتاب) پر جو نازل کی ہے میں نے یہ سچا ثابت کرنے والی ہے اس کو جو تمہارے پاس ہے ۵۸

كَافِرٍۭ بِهٖ ۪ وَ لَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِىْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۫ وَّ اِيَّاىَ فَاتَّقُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَ لَا تَلْبِسُوا

اور نہ بن جاؤ تم سب سے پہلے انکار کرنے والے اس کے اور نہ خرید و تم میری آیتوں کے عوض تھوڑی سی قیمت ۵۹ اور صرف مجھی سے ڈرا کرو اور مت ملایا کرو

الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَ تَكْتُمُوا الْحَقَّ وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

حق کو باطل کے ساتھ ۶۰ اور مت چھپاؤ حق کو حالانکہ تم (اسے) جانتے ہو اور صحیح ادا کرو نماز

۵۵ حضرت سیدنا ابراہیم (۲۱۶۰ تا ۱۹۸۵ ق م) کے فرزند حضرت اسحاق جو حضرت سارہ عراقیہ کے بطن سے تھے۔ ان کے فرزند حضرت یعقوب علیہم السّلام کا لقب اسرائیل ہے۔ اس کا معنی ہے عبد اللہ۔ اللہ کا بندہ۔

۵۶ اس عہد کی تفصیل اسی پارہ کے دسویں رکوع میں (اور دوسرے مقامات پر) مذکور ہے۔ تورات کے الفاظ بھی اس کی تائید کرتے ہیں "تونے آج کے دن اقرار کیا ہے کہ خداوند تیرا خدا ہے اور تو اس کی راہوں پر چلے گا اور اس کے آئین اور فرمان اور احکام کو مانے گا اور اس کی بات سنے گا۔ (استثنار ۲۶ : ۱۷)

۵۷ علماء بنی اسرائیل کے اسلام قبول کرنے کے راستہ میں ایک بڑی رکاوٹ یہ بھی تھی کہ وہ اس بات سے خوف زدہ تھے کہ اگر انھوں نے اپنے پرانے دین کو چھوڑ دیا اور اس نئے دین کو اختیار کر لیا تو ان کے عقیدت مندوں کا یہ ہجوم منتشر ہو جائے گا اور مالی منفعت جو اب انھیں اپنے ماننے والوں سے حاصل ہو رہی ہے بند ہو جائے گی اللہ تعالیٰ انھیں متنبہ فرماتا ہے کہ ایسی باتوں سے ہراساں مت ہو۔ ڈرنا ہے تو اپنے اللہ سے ڈرو جس کے قبضۂ قدرت میں رزق کے خزانے ہیں اور جسے چاہتا ہے جتنا چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔

۵۸ قرآن حکیم تو تمہاری کتاب کی تائید اور تصدیق کرتا ہے۔ تمہارے دین کی حقانیت کا علم بردار ہے۔ تمہارے انبیاء کی شان بلند کرتا ہے تو پھر تم اس سے کیوں بدکتے ہو۔

۵۹ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو تھوڑے داموں فروخت نہ کرو اور اگر منہ مانگے دام ملیں تو بیچ دو۔ بلکہ مقصد یہ ہے کہ کسی قیمت پر حق کو مت بیچو کیونکہ ساری دنیا کے خزانے بھی اس کے مقابلہ میں حقیر ترین معاوضہ ہیں۔

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ

اور دیا کرو زکوٰۃ اور رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ کیا تم حکم کرتے ہو (دوسرے) لوگوں کو نیکی کا اور

تَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا

بھلا دیتے ہو اپنے آپ کو حالانکہ تم پڑھتے ہو کتاب ۶۱ کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے اور مدد لو

بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿٤٥﴾ لا الَّذِيْنَ

صبر اور نماز سے ۶۲ اور بے شک نماز ضرور بھاری ہے مگر عاجزی کرنے والوں پر (بھاری نہیں) جو

۶۰ تورات کے صفحات نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے کمالات وصفات اور علامات کے ذکر سے مزین تھے علماء بنی اسرائیل ان کو چھپانے کی کوشش میں لگے رہتے۔ تاکہ لوگ ان پر مطلع ہو کر حضورؐ پر ایمان نہ لے آئیں۔ اور اگر کسی کی نظر سے ایسی کوئی آیت گزر جاتی تو وہ اس کی ایسی تاویلیں گھڑ کر اسے بتاتے کہ وہ بے چارہ طرح طرح کی غلط فہمیوں میں مبتلا ہو جاتا۔ اللہ تعالیٰ انھیں اس مذموم حرکت سے منع فرماتے ہیں۔ لبس کے دو معنے ہیں ڈھانپ لینا اور غلط ملط کر دینا اس سے ہر طرح کی تحریف لفظی ہو یا معنوی سے باز آنے کا حکم دیا جا رہا ہے۔ یہ حکم صرف بنی اسرائیل کے علماء کے ساتھ ہی مخصوص نہیں بلکہ ملت اسلامیہ سے نسبت رکھنے والے علماء کو بھی شامل ہے۔

۶۱ علماء یہود لوگوں کو تو یہ حکم دیتے کہ تورات اللہ کی کتاب ہے اور اس کے ہر فرمان کی تعمیل کرو لیکن اپنا یہ حال تھا کہ ذرا سے ذاتی فائدے کے لیے تورات کے صریح احکام کو پس پشت ڈال دیتے۔ تورات کی بیان کردہ علامات حضورؐ میں دیکھ لینے کے بعد بھی ایمان نہ لاتے۔ اللہ تعالیٰ ان کو ان کی دو رخی پالیسی سے منع فرماتے ہیں۔ یہ زجر و توبیخ ہر اس شخص کے لیے ہے جو دوسروں کو نیکی کا حکم دے اور خود اس کے خلاف عمل پیرا ہو۔ خواہ وہ یہودی کہلائے یا مسلمان۔ قرآن حکیم نے جا بجا قول و عمل کے اختلاف سے روکا ہے۔ حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا۔ معراج کی رات میرا گزر ایک ایسی قوم پر ہوا جن کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جا رہے تھے۔ میں نے جبریلؑ سے ان کے متعلق دریافت کیا تو جبریل نے بتایا۔ هؤلاء الخطباء من اهل الدنيا (و فی رواية من امتك) يامرون الناس بالبر وينسون انفسهم وهم يتلون الكتاب افلا يعقلون۔ (ترجمہ)۔ یہ دنیا کے خطیب ہیں۔ (ایک روایت میں ہے آپؐ کی امت کے خطیب ہیں) جو لوگوں کو تو نیکی کا حکم دیا کرتے اور اپنے نفسوں کو بھلائے رکھتے حالانکہ وہ کتاب کی تلاوت بھی کرتے۔ تنسون انفسکم کی تعبیر کتنی اثر آفرین ہے یعنی تم ایسا کر کے اپنی بہتری نہیں کر رہے بلکہ تم تو وہ زیاں کار اور سود فراموش ہو جن کی نظروں سے اپنی بہتری اوجھل ہو چکی ہے۔

يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَٰقُوا رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رَٰجِعُونَ ﴿٤٦﴾ يَٰبَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ

یقین کرتے ہیں کہ وُہ مُلاقات کرنے والے ہیں اپنے ربّ سے اور وُہ اُسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ۶۳ے اے اولادِ یعقوبؑ!

اذْكُرُوا نِعْمَتِىَ الَّتِىٓ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّى فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَٰلَمِينَ ﴿٤٧﴾

یاد کرو میرا وُہ اِحسان جو میں نے تم پر کیا اور (یہ کہ) میں نے فضیلت دی تھی تمھیں سارے جہان والوں پر ۶۴ے

وَاتَّقُوا يَوْمًا لَّا تَجْزِى نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا

اور ڈرو اُس دِن سے جب نہ بدلہ دے سکے گا کوئی شخص کسی کا کچھ بھی اور نہ قبول کی جائے گی اس کے لیے

۶۲ے کیونکہ بنی اسرائیل صدیوں سے ان اخلاقی بیماریوں میں مبتلا تھے اور ایک حد تک ان کے عادی ہو گئے تھے۔ یک لخت ان کا اِن عادتوں سے دست بردار ہو جانا بہت مشکل تھا۔ اس لیے اب اُنھیں اِن پستیوں سے نکل آنے کا راستہ بتایا جارہا ہے یعنی تم صبر اور نماز سے اِن خامیوں کا علاج کر سکتے ہو۔

"صبر کے لغوی معنی روکنے اور باندھنے کے ہیں۔ اور اس سے مُراد ارادے کی وُہ مضبُوطی، عزم کی وُہ پختگی اور خواہشاتِ نفس کا وُہ اِنضباط ہے جس سے ایک شخص نفسانی ترغیبات اور بیرُونی مشکلات کے مقابلہ میں اپنے قلب وضمیر کے پسند کیے ہُوئے راستہ پر لگاتار بڑھتا چلا جاتے۔" (تفہیم القرآن) اگر انسان اپنے اندر یہ قوّت پیدا کر لے اور اس کے ساتھ ساتھ وُہ نماز کے ذریعہ اپنا رشتۂ عبدیّت اپنے ربِّ حقیقی سے محکم کر لے تو پھر کوئی مشکل اس کا راستہ نہیں روک سکتی۔ حضُور کریمؐ کی یہ عادت مُبارک تھی کہ جب کوئی مشکل کام آ پڑتا تو فوراً نماز پڑھنے لگتے۔ نیز رحمتِ عالمؐ نے فرمایا کہ اگر کسی کو حاجت ہو اللہ تعالیٰ سے یا کسی اِنسان سے تو اُسے چاہیئے کہ بڑی احتیاط سے وضو کرے۔ پھر دو رکعت نماز پڑھے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرے اس کے بعد دُرُود شریف کثرت سے پڑھے اور اس کے بعد ان الفاظ سے دُعا مانگے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔ (رواہ الترمذی)

۶۳ے عُلماءِ لُغت کے نزدیک ظن اُن الفاظ سے ہے جو مختلف اور متضاد معنوں پر دلالت کرتے ہیں۔ چنانچہ ظن کا معنی شک بھی ہے اور یقین بھی۔ اور اس آیت میں ظن بمعنی یقین مستعمل ہوا ہے۔

۶۴ے دُنیا کی ساری قومیں، خاندان اور ان کے افراد اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہونے میں اور آدمؑ کی اولاد ہونے میں سب برابر ہیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک برتری اور بزرگی کا دارومدار وُہ عُمدہ صفات اور خوبیاں ہیں جن سے کوئی قوم یا فرد متّصف ہوتا ہے۔

شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِذْ

سفارش ۶۵ اور نہ لیا جائے گا اس سے کوئی معاوضہ اور نہ وُہ مدد کیے جائیں گے اور یاد کرو جب

نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ

نجات بخشی ہم نے تمھیں فرعونیوں سے جو پہنچاتے تھے تمھیں سخت عذاب (یعنی) ذبح کرتے تھے ۶۶

صرف کسی خاندان کا فرد ہونا یا کسی نسل سے ہونا کوئی معنی نہیں رکھتا۔ ہدایت، علم و حکمت اور حکومت یہ تین ایسی چیزیں تھیں جو مجموعی طور پر اُس وقت بنی اسرائیل کے علاوہ کسی قوم میں نہیں پائی جاتی تھیں اس لیے ان کی بزرگی اور فضیلت مسلّم تھی لیکن جب ضِد اور تعصّب کی وجہ سے اُنھوں نے پیغامِ ہدایت کو ٹھکرادیا اور اپنی خواہشات کی تسکین کے لیے علم و حکمت کے آسمانی صحیفوں میں تحریف اور بگاڑ شروع کر دیا اور انبیاء کرام کی توہین اور بے ادبی کو اپنا پیشہ بنالیا اور بعض کو قتل بھی کر دیا تو ان کرتوتوں کے باعث ان پر ذلّت و مسکنت کی لعنت مسلّط کر دی گئی۔ گویا اُنھوں نے اپنے ہاتھوں سے اپنی فضیلت کا گلا گھونٹ دیا اور اپنی بزرگی کا جنازہ نکال دیا۔ اب چونکہ ان فضائل و اوصاف کی وارث اُمّتِ مسلمہ تھی اس لیے فضیلت و کرامت کا تاج اس کے سر پر رکھ دیا گیا اور اسے کنتم خیر امۃ کا مُژدہ سُنا دیا گیا۔ اس لیے اُمّتِ مسلمہ پر بنی اسرائیل کی فضیلت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

۶۵ دُنیا میں "مُجرم" کی رہائی کے جتنے طریقے ہیں سب کی نفی کر دی کہ قیامت کے دِن ان طریقوں میں سے کوئی طریقہ کام نہیں آئے گا۔ معتزلہ نے اِس آیت سے گنہگار مومن کے لیے شفاعت کا بھی اِنکار کیا ہے جو غلط ہے۔ علّامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں۔ اجمع المفسرون علی ان المراد بھذہ الاٰیۃ النفس الکافرۃ لا کل نفس۔ تمام مفسّرین کا اجماع ہے کہ نفس سے مُراد کافر ہے نہ ہر نفس۔ علّامہ بیضاویؒ معتزلہ کا ردّ کرتے ہُوئے لکھتے ہیں کہ یہ آیت کفّار کے لیے مخصُوص ہے کیونکہ گنہگار مومن کے لیے شفاعت پر کئی آیات اور احادیث (جو حدِ تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں) دلالت کرتی ہیں۔ نیز آیت کا نزُول یہُود کے اس غلط عقیدہ کے بطلان کے لیے ہوا وُہ سمجھتے تھے ان کے اعمال اور عقاید کیسے ہی ہوں ان کی نجات یقینی ہے۔

۶۶ بچّوں کے قتل کی وجہ کیا تھی؟ قرآن نے اس کا ذکر نہیں فرمایا۔ البتّہ عام مفسّرین کا خیال یہ ہے کہ نجومیوں نے فرعون کو بتا دیا تھا کہ بنی اسرائیل میں ایک لڑکا پیدا ہونے والا ہے جو تیری حکومت کا تختہ اُلٹ دے گا۔ احتیاطی تدابیر کے طور پر اُس نے حکم دے دیا کہ بنی اسرائیل کے ہاں جو لڑکا پیدا ہو قتل کر دیا جائے اور لڑکیاں زندہ رہنے دی جائیں تاکہ بڑی ہو کر ان کی لونڈیاں بنیں۔ اس وقت کی توہم پرست مصری ذہنیت سے یہ کچھ بعید بھی نہ تھا۔ لیکن شیخ محمد عبدہ نے ایک اور وجہ بیان کی ہے۔ وُہ کہتے ہیں کہ بنی اسرائیل کی نسل اس تیزی اور کثرت سے بڑھنے لگی تھی کہ فرعون کو یہ اندیشہ لاحق ہوگیا کہ اگر

اَبۡنَآءَكُمۡ وَيَسۡتَحۡيُوۡنَ نِسَآءَكُمۡ ؕ وَفِىۡ ذٰلِكُمۡ بَلَاۤءٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ

تمھارے بیٹوں کو اور زندہ رہنے دیتے تھے تمھاری عورتوں (بیٹیوں) کو اور اس میں بڑی بھاری آزمائش تھی تمھارے رب کی

عَظِيۡمٌ ﴿۴۹﴾ وَاِذۡ فَرَقۡنَا بِكُمُ الۡبَحۡرَ فَاَنۡجَيۡنٰكُمۡ وَاَغۡرَقۡنَآ اٰلَ فِرۡعَوۡنَ

طرف سے ۶۷؎ اور جب پھاڑ دیا ہم نے تمھارے لیے سمندر کو پھر ہم نے بچالیا تم کو اور ڈبو دیا فرعونیوں کو

وَاَنۡتُمۡ تَنۡظُرُوۡنَ ﴿۵۰﴾ وَاِذۡ وٰعَدۡنَا مُوۡسٰٓى اَرۡبَعِيۡنَ لَيۡلَةً ثُمَّ

اور تم (کنارے پر کھڑے) دیکھ رہے تھے ۶۸؎ اور یاد کرو جب ہم نے وعدہ فرمایا موسیٰؑ سے چالیس رات کا پھر

اتَّخَذۡتُمُ الۡعِجۡلَ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ وَاَنۡتُمۡ ظٰلِمُوۡنَ ﴿۵۱﴾ ثُمَّ عَفَوۡنَا عَنۡكُمۡ

بنالیا تم نے بچھڑے کو (معبود) ان کے بعد اور تم سخت ظالم تھے پھر بھی درگزر فرمایا ہم نے تم سے

ان کی پیدائش کی رفتار یہی رہی تو بنی اسرائیل کی اقلیت اکثریت میں تبدیل ہو جائے گی اور اپنی غالب اکثریت کی بناء پر یہ کوئی انقلاب برپا کر دیں گے۔ اس خدشہ کے پیش نظر اس نے بنی اسرائیل کی نسل کشی کا یہ ظالمانہ حکم دیا۔

۶۷؎ مصیبت اور نعمت دونوں میں آزمائش ہے۔ پہلی میں صبر و ثبات کی، دوسری میں شکر و سپاس کی۔ ذلکم کا مشار الیہ یہ دونوں چیزیں ہیں قتل اولاد کی مصیبت اور اس سے نجات کی نعمت۔

۶۸؎ سالہا سال تک مظالم برداشت کرنے کے بعد موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو لے کر راتوں رات مصر سے روانہ ہوئے۔ صبح ہوئی تو فرعون اپنے لشکر جرار سمیت موسیٰؑ کے تعاقب میں نکلا۔ بنی اسرائیل کا قافلہ جب سمندر (بحر قلزم) کے کنارہ پر پہنچ رہا تھا تو پیچھے سے فرعون کے لشکر کی گرد و غبار اڑتی نظر آئی تو گھبرا گئے۔ سمجھے کہ اب نجات کے سارے راستے یکسر بند ہو گئے۔ حضرت موسیٰؑ نے اپنے عصا سے سمندر پر ضرب لگائی۔ سمندر کا پانی سمٹ گیا۔ درمیان میں سے راستہ نمودار ہو گیا۔ جس پر چل کر بنی اسرائیل بخیر و عافیت دوسرے کنارے پر پہنچ گئے۔ فرعون نے بھی اپنے گھوڑے ڈال دیئے۔ جب سب سمندری راستے میں اتر چکے تو پہاڑوں کی طرح تھمی ہوئی موجوں میں جنبش ہوئی۔ اور چشم زدن میں فرعون اور اس کا لشکر غرق ہو کر رہ گیا۔ یہ سب منظر بنی اسرائیل نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔

سمندر نے کیونکر راستہ چھوڑ دیا؟ کیا چیز تھی جس نے سمندر کے پانی سے روانی چھین لی اور اس کی محو رقص و خرام لہروں کے پاؤں میں زنجیریں ڈال دیں؟ اور جب کلیم کنارے پر پہنچ گئے تو پھر سمندر اپنی اصلی حالت پر لوٹ آیا؟ جب ہماری عقل ان سوالات کا جواب نہیں دے سکتی تو ہم یا تو سرے سے ایسے واقعات کا انکار کر دیتے ہیں اور اگر انکار نہیں کر سکتے

مِّنۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ﴿۵۲﴾ وَاِذۡ اٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡكِتٰبَ

اس (ظلمِ عظیم) کے بعد شاید کہ تم شکر گزار بن جاؤ ۶۹ اور جب عطا فرمائی ہم نے موسیٰ کو کتاب

وَالۡفُرۡقَانَ لَعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُوۡنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذۡ قَالَ مُوۡسٰى لِقَوۡمِهٖ يٰقَوۡمِ

اور حق و باطل میں تمیز کی قوت نے تاکہ تم سیدھی راہ پر چلنے لگو اور یاد کرو جب کہا موسیٰ (علیہ السلام نے) اپنی قوم سے

اِنَّكُمۡ ظَلَمۡتُمۡ اَنۡفُسَكُمۡ بِاتِّخَاذِكُمُ الۡعِجۡلَ فَتُوۡبُوۡٓا اِلٰى بَارِئِكُمۡ

اے میری قوم! بے شک تم نے ظلم ڈھایا اپنے آپ پر بچھڑے کو (خدا) بنا کر پس چاہیئے کہ توبہ کرو اپنے خالق کے حضور

فَاقۡتُلُوۡٓا اَنۡفُسَكُمۡ ؕ ذٰلِكُمۡ خَيۡرٌ لَّكُمۡ عِنۡدَ بَارِئِكُمۡ ؕ فَتَابَ عَلَيۡكُمۡ ؕ

سو قتل کرو اپنوں کو (جنھوں نے شرک کیا) یہ بہتر ہے تمھارے لیے تمھارے خالق کے نزدیک ۷۱ پھر حق تعالیٰ نے تمھاری توبہ

تو ایسی بھونڈی تاویلیں کرتے ہیں جن سے واقعہ کا سارا حُسن بھی خاک میں مل جاتا ہے اور دل بھی مطمئن نہیں ہوتا۔ اس کی وجہ انسان کی یہ کمزوری ہے کہ وُہ اپنے علم کی انتہا کو علم و حکمت کی آخری سرحد یقین کر بیٹھتا ہے اور اپنی تجربہ گاہ میں علت و معلول، سبب اور مسبّب کی جو زنجیر وُہ تیار کرتا ہے اس کے علاوہ وُہ سبب و علّت کے کسی دُوسرے سلسلہ کو تسلیم کرنے کے لیے ہرگز آمادہ نہیں ہوتا۔ حالانکہ انسان کا علم بھی محدُود ہے اور اس کے تجربے بھی ناکمّل ہیں۔ نیوٹن نے بہت کھلے الفاظ میں اس حقیقت کا اعتراف کیا ہے۔ وُہ کہتا ہے "میری مثال اس بچّے کی سی ہے جو سمندر کے کنارے کھیل رہا ہو مجھے اپنے ساتھیوں کی نسبت کوئی زیادہ خوبصُورت سنگریزہ یا گھونگا مل جاتا ہے لیکن ابھی حقیقت بحرِ زخّار کی طرح میرے سامنے ہے جس کا کوئی علم ہمیں نہیں ہوا۔" (HEROES OF CIVILIZATION) جب علمِ انسانی کی نارسائیوں کا یہ عالم ہے تو ایسے واقعات جن کی ہم کوئی توجیہ نہیں کر سکتے لیکن اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسُولوں نے اُن کو بیان فرمایا ہے تو ہمارے لیے سلامتی اور حقیقت شناسی کا راستہ یہ ہے کہ ہم ان کو بلا چُون و چرا تسلیم کر لیں۔

۶۹ جب بنی اسرائیل غلامی کی لعنت سے نجات حاصل کر کے آزادی کی نعمت سے سرفراز کیے گئے تو حکمتِ الٰہی کا تقاضا یہ ہوا کہ اُنھیں ایک کتاب عطا کی جائے جس پر عمل پیرا ہو کر وُہ بے راہروی سے بچتے رہیں۔ اس لیے مُوسیٰؑ کو طُور پر چالیس روز تک چلّہ کشی کا حُکم دیا گیا۔ مُوسیٰؑ کا غیر حاضر ہونا تھا کہ سامری کا داؤ چل گیا اور اس کے بہکانے سے بنی اسرائیل اپنے وحدہٗ لاشریک پروردگار کو چھوڑ کر ایک بچھڑے کی پُوجا کرنے لگے۔ اللہ تعالیٰ اس آیت میں اس واقعہ کی طرف اشارہ فرماتے ہیں کہ اتنے احسانات کے بعد تم شرکِ جلی کے مرتکب ہُوتے۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ تم پر توبہ کا دروازہ بند کر دیا جاتا اور تمھیں نیست و نابود

إِنَّهُۥ هُوَ ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ ۝٥٤ وَإِذْ قُلْتُمْ يَٰمُوسَىٰ لَن نُّؤْمِنَ لَكَ

قبول کرلی بے شک وُہی بہت توبہ قبول کرنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے اور یاد کرو جب تم نے کہا اے مُوسیٰ! ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے

حَتَّىٰ نَرَى ٱللَّهَ جَهْرَةً فَأَخَذَتْكُمُ ٱلصَّٰعِقَةُ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ ۝٥٥

تجھ پر جب تک ہم نہ دیکھ لیں اللہ کو ظاہر ٧٢ پس (اس گستاخی پر) آلیا تم کو بجلی کی کڑک نے اور تم دیکھ رہے تھے

ثُمَّ بَعَثْنَٰكُم مِّنۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝٥٦ وَظَلَّلْنَا

پھر ہم نے جلا اُٹھایا تمھیں تمھارے مرجانے کے بعد کہ کہیں تم شکر گزار بنو اور ہم نے سایہ کر دیا

عَلَيْكُمُ ٱلْغَمَامَ وَأَنزَلْنَا عَلَيْكُمُ ٱلْمَنَّ وَٱلسَّلْوَىٰ ۖ كُلُوا۟ مِن

تم پر بادل کا ٧٣ اور اُتارا تم پر منّ و سلویٰ ٧٤ کھاؤ پاکیزہ

کر دیا جاتا لیکن ہم نے پھر بھی اپنا درِ رحمت کھلا رکھا اور تمھاری توبہ کو شرفِ قبول بخشا۔

٧٠ کتاب سے مُراد تورات اور فرقان سے مُراد وُہ معجزات ہیں جن کے ذریعہ حق کا بول بالا ہوا اور باطل سرنگوں اور شرمسار ہوا۔

٧١ مُوسیٰ علیہ السّلام کے طُور سے واپس آنے پر بچھڑے کے پُجاریوں کو اپنی حماقت کا احساس ہوا تو لگے توبہ کرنے اللہ تعالےٰ نے توبہ کی قبُولیّت کی شرط یہ فرمائی کہ جنھوں نے شرک نہیں کیا وُہ بچھڑے کے پُجاریوں کو قتل کریں۔ اور ہر شخص اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کو تہِ تیغ کرے۔ کئی لوگوں نے حکمِ قتل کی کئی ایک تاویلیں کی ہیں اور لکھّا ہے کہ اِس قتل سے مُراد ریاضات اور مجاہدات ہیں جو نفس کُشی کا باعث بنتے ہیں۔ شاید اس احساس نے کہ یہ سزا بہت سنگین ہے انھیں اِس آیت کی تاویل کرنے پر مجبُور کیا۔ حالانکہ اگر جرُم کی نوعیّت پر غور کرتے تو یہ خدشہ پیدا ہی نہ ہوتا۔ یہ جُرم صرف مذہبی قسم کا نہ تھا بلکہ اس کی نوعیّت سیاسی بغاوت کی تھی۔ کیونکہ مصر سے ہجرت کے بعد فلسطین میں ان کی نوخیز حکومت جس بنیاد پر استوار کی جارہی تھی وُہ عقیدۂ توحید تھا اور توحید کا انکار حقیقت میں اس ریاست کا انکار تھا جو کھُلی بغاوت اور صریح غدر تھا۔ جس طرح آج کوئی حکومت خواہ وُہ اپنے نظریات اور طریقۂ کار میں بڑی آزاد منش ہو یہ گوارا نہیں کرسکتی کہ اس کی رعایا کا کوئی فرد اس کی بنیاد کو اُکھیڑ پھینکے اور جو فرد ایسا کرے اُس کو باغی قرار دیا جاتا ہے اور اُسے تختۂ دار پر کھینچ دیا جاتا ہے۔ اِسی طرح اِس جُرم کی نوعیّت تھی۔ اور وُہ مُجرم اِسی سزا کے مستحق تھے جو اُنھیں دی گئی۔

٧٢ اُن کی ہٹ دھرمی اور اُن سے عفوو درگزر کا ایک واقعہ ذِکر فرمایا۔

٧٣ بنی اسرائیل کا اصلی وطن شام تھا۔ یُوسف علیہ السّلام کے عہد میں یہ مِصر چلے گئے تھے تو عمالقہ نے شام پر قبضہ کرلیا۔

طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَ مَا ظَلَمُوْنَا وَ لٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

چیزوں سے جو ہم نے تمھیں دے رکھی ہیں اور اُنھوں نے ہم پر کوئی زیادتی نہیں کی بلکہ وُہ اپنی ہی جانوں پر زیادتی کرتے

يَظْلِمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَ اِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ

رہتے تھے ۷۵؎ اور یاد کرو جب ہم نے حکم دیا داخِل ہو جاؤ اِس بستی میں ۷۶؎ پھر کھاؤ اس میں جہاں سے

جب دوبارہ اپنے وطن لوٹے تو اُنھیں حُکم مِلا کہ عمالقہ سے جہاد کر کے اپنا وطن آزاد کرائیں اور اس میں آزادی اور عزّت کی زِندگی بسر کریں۔ لیکن اُنھوں نے جہاد کرنے سے صاف اِنکار کر دیا۔ جس کی پاداش میں چالیس ۴۰ سال تک تیہ کے ریگستان کی خاک چھانتے پھرے۔ اِس حالت میں بھی اللہ تعالیٰ کی نوازشات ان پر سایہ افگن رہیں۔ اس آیت میں اِن انعامات کا ذِکر ہے۔ دُھوپ سے بچانے کے لیے بادلوں کا سائبان تان دیا۔ پانی کے چشمے بہا دیئے اور منّ وسلویٰ ان کی خوراک کے لیے مہیّا کر دیا۔ اس طرح ان کی زیست اور راحت کے جُملہ سامان اس چٹیل میدان اور بے آب وگیاہ ریگستان میں فراہم کر دیئے اور اُنھیں پھر موقع دیا کہ وُہ دِل سے اللہ تعالیٰ کے حضُور میں جُھک جائیں۔

۷۴؎ علامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں کہ اکثر مفسّرین کے نزدیک منّ سے مُراد ترنجبین ہے اور ترنجبین ایک قسم کی قدرتی شکر ہے جو اُونٹ کٹارے (یا اِس قسم کی دُوسری بُوٹیوں) کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے اور سلویٰ بٹیر کو کہتے ہیں جو وادیٔ سینا کا خاص پرندہ ہے کیونکہ یہ رزقِ لذیذ ان کو محنت ومشقّت کے بغیر میسّر آ جاتا تھا اس لیے اسے منّ (احسان) فرمایا گیا اور بٹیر کے شکار میں ان کے مغموم اور افسردہ دِلوں کی شگفتگی اور تازگی کا سامان بھی تھا اس لیے اسے سلویٰ کے نام سے تعبیر کیا گیا۔

۷۵؎ ایک اہم حقیقت کا بیان ہے یعنی احکامِ الٰہی کی نافرمانی کرنے والے اللہ تعالیٰ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے بلکہ اپنی دُنیا وآخرت ہی برباد کرتے ہیں۔

۷۶؎ اِس میں اِختلاف ہے کہ وُہ بستی کون سی تھی اور کس زمانے میں بنی اِسرائیل نے اسے فتح کیا۔ بائبل کی تصرِیح یہ ہے۔ "اِس شہر کو بنی اِسرائیل نے حضرت مُوسیٰؑ کی زندگی کے اخیر زمانہ میں فتح کیا اور وہاں بڑی بدکاریاں کیں۔ جن کے نتیجہ میں خُدا نے ان پر وبا بھیجی اور ۲۴ ہزار آدمی ہلاک کر دیئے۔" (گنتی باب ۲۵ آیت ۱-۸) ایک چیز قرآن کا مطالعہ کرتے وقت ہمیشہ پیشِ نظر رہنی چاہیئے وُہ یہ کہ قرآن جن واقِعات کا ذِکر کرتا ہے اس سے مقصود صرف عبرت وموعظت ہوتی ہے اس سے اِس واقِعہ کی تاریخی حیثیت کا بیان مطلُوب نہیں ہوتا اِس لیے قرآن اِن واقعات کے صرف ان پہلوؤں کو بیان کرتا ہے جن میں درسِ عبرت ہو۔ عمُوماً غیر ضروری تفصِیلات کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ جو لوگ قرآن حکیم کی اِس خصُوصیّت کو ملحوظ نہیں رکھتے وُہ قصصِ قرآنی میں تاریخی کتب کی طرح تفصِیلات کا تسلسل اور زمان ومکاں کا تعیّن نہیں پاتے تو وُہ طرح طرح کے شکوک وشبہات میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ

چاہو اور جتنا چاہو اور داخل ہونا دروازہ سے سر جھکائے ہوئے ۷۷ اور کہتے جانا بخش دے (ہمیں) ہم بخش

خَطٰيٰكُمْ ۚ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٨﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا

دیں گے تمھاری خطائیں اور ہم زیادہ دیتے ہیں نیکو کاروں کو پس بدل ڈالا ان ظالموں نے اور بات سے

غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ

جو کہا گیا تھا اُنھیں تو ہم نے اُتارا ان ستم پیشہ لوگوں پر عذاب آسمان

السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ

سے بوجہ اس کے کہ وُہ نافرمانی کرتے تھے ۷۸ اور یاد کرو جب پانی کی دُعا مانگی مُوسیٰؑ نے اپنی قوم کے لیے

فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۭ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ

تو ہم نے فرمایا مارو اپنا عصا فلاں چٹان پر تو فوراً بہہ نکلے اس چٹان سے بارہ

عَيْنًا ۭ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۭ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ

چشمے ۷۹ پہچان لیا ہر گروہ نے اپنا اپنا گھاٹ ۔ کھاؤ اور پیو اللہ کے دیئے ہوئے رزق سے

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿٦٠﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ

اور نہ پھرو زمین میں فساد برپا کرتے ہوئے اور یاد کرو جب تم نے کہا اے مُوسیٰؑ!

۷۷ اُنھیں ہدایت فرمائی جارہی ہے کہ جب فاتحانہ طور پر شہر میں داخل ہونے لگیں تو دُوسرے فاتحین کی طرح سرکش و مغرُور ہو کر داخل نہ ہوں بلکہ دِل میں عجز و تواضع اور زبان پر (حطۃ) طلبِ مغفرت کی دُعائیں ہوں ۔ یہاں سجدہ کا لغوی معنی یعنی تذلّل اور انکسار مُراد ہے ۔

۷۸ اِس سے یہ بتلانا مقصُود ہے کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب کسی قوم پر بلا وجہ نہیں آتا بلکہ اُن کی اپنی بداعمالیوں کا طبعی نتیجہ ہوتا ہے ۔

۷۹ جب تیہ کے ریگستان میں بنی اسرائیل پیاس سے تڑپنے لگے تو مُوسیٰ علیہ السّلام نے بارگاہِ اِلٰہی میں پانی کے لیے

نَصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ

ہم صبر نہیں کر سکتے ایک ہی طرح کے کھانے پر سو آپ دُعا کیجیے ہمارے لیے اپنے پروردگار سے کہ نکالے ہمارے لیے

الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ

وُہ جن کو زمین اُگاتی ہے (مثلاً) ساگ اور ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز

قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِیْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ ؕ اِهْبِطُوْا

مُوسیٰ نے کہا کیا تم لینا چاہتے ہو وُہ چیز جو ادنیٰ ہے اُس کے بدلہ میں جو عمدہ ہے (اچھا) جا رہو

مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ وَضُرِبَتْ عَلَیْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ

کسی شہر میں تمھیں مل جائے گا جو تم نے مانگا اور مسلط کر دی گئی اُن پر ذلّت اور غربت ۸۰

وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا یَكْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ

اور مستحق ہو گئے غضبِ الٰہی کے یہ (سب کچھ) اس وجہ سے تھا کہ وُہ اِنکار کرتے رہتے تھے اللہ کی آیتوں کا

عرض کی حکم ہوا فلاں پتھر پر اپنا عصا مارو۔ حضرت مُوسیٰ نے یُونہی کیا اور اس سے بارہ چشمے پھُوٹ نِکلے اور پانی کی قلّت دُور ہو گئی وُہ چٹان اَب تک جزیرہ نمائے سینا میں موجُود ہے۔ پادری دین اسٹینلے (DEAN STANLEY) نے اُنیسویں صدی کے وسط میں بائیبل کے مقاماتِ مقدسہ کی جغرافیائی تحقیق کے لیے خود فلسطین کی سیاحت کی اور اپنے مشاہدات و تحقیقات کو (SINAI PALESTINE) کے نام سے شائع کیا۔ اس میں اس چٹان کا ذِکر کر کے لکھتے ہیں "یہ چٹان دس اور پندرہ فُٹ کے درمیان بلند ہے آگے کی طرف ذرا خمیدہ ہے اور رَاس سفسفہ کے قریب لیجا کی وسیع وادی میں واقع ہے۔" سب سے پہلے قرآن ہی نے حتمی طور پر بنی اِسرائیل کے بارہ قبائل کے لیے بارہ چشموں کی تعداد بیان کی ہے یہ اِشارہ اُنھیں شگافوں کی طرف ہے ص ۳۷-۳۸ (تفسیر ماجدی)

۸۰ یہاں یہ شُبہ دِل میں کھٹکتا ہے کہ قرآنِ کریم کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بنی اِسرائیل پر فقر و تنگدستی مسلّط کر دی۔ حالانکہ اُن کا شمار دُنیا کی امیر ترین اقوام میں ہوتا ہے۔ اِس شبہ کو دُور کرنے کے لیے جیوش اِنسائیکلو پیڈیا کے مندرجہ ذیل فِقرات مُلاحظہ فرمائیے:- "گو یہُود کا تموّل ضرب المثل کی حد تک شہرت پا چکا ہے لیکن اہلِ تحقیق کا اِتفاق ہے کہ یہُود یورپ کے جس جس مُلک میں آباد ہیں۔ وہاں کی آبادی میں اُنھیں کے مُفلسوں کا تناسب بڑھا ہوا ہے (جلد ۱۰ ص ۱۵۱)

اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا

اور قتل کرتے تھے انبیاء کو ناحق ۸۱ے یہ (سب کچھ) اس وجہ سے تھا کہ وُہ نافرمان تھے اور

يَعْتَدُوْنَ ﴿٦١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ ھَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَ

حد سے بڑھ جایا کرتے تھے یقین کرو ۸۲ے اسلام کے پیروکار ہوں یا یہودی ، عیسائی ہوں یا

الصّٰبِـــِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَھُمْ

صابی ۸۳ے جو کوئی بھی ایمان لائے اللہ پر اور دن قیامت پر اور نیک عمل کرے تو ان کے لیے

عوام یہود دُوسری قوموں سے کہیں زیادہ غریب ہیں۔ یہ اَور بات ہے کہ ان کے چند افراد بہت زائد دولت مند ہیں۔
(جلد اصـ۱۶ تفسیر ماجدی)

۸۱ے یہاں پھر اس امر کی وضاحت کردی کہ بنی اسرائیل پر ذِلّت و افلاس کا جو عذاب مسلّط کیا گیا تھا وُہ بلاوجہ نہ تھا بلکہ ان کی اپنی نافرمانیوں اَور کرتوتوں کی سزا تھی۔
اِس قسم کے جرائم سے بنی اسرائیل کی تاریخ بھری پڑی ہے مثلاً "تب خُدا کی رُوح...... زکریاہ پر نازل ہُوئی سو وُہ لوگوں سے بلند جگہ پر کھڑا ہو کر کہنے لگا...... چُونکہ تم نے خداوند کو چھوڑا ہے اُس نے بھی تم کو چھوڑ دیا۔ تب اُنھوں نے اس کے خلاف سازش کی اَور بادشاہ کے حکم سے خداوند کے گھر کے صحن میں اُسے سنگسار کر دیا" ۲۔ تواریخ ۲۴، ۲۰، ۲۱)
اِسی طرح مرقس کے باب ۶ کی آیات ۱۷ تا ۲۹ میں حضرت یوحنا (یحییٰ علیہ السّلام) کے متعلّق مذکور ہے کہ جب آپ نے ہیرودیس بادشاہ کو اس پر ٹوکا کہ اس نے اپنے بھائی فلپس کی بیوی ہیرودیاس کو اپنے پاس کیوں رکھا ہوا ہے تو بادشاہ نے پہلے انھیں قید کر دیا۔ بعد میں اپنی داشتہ کی فرمائش پر آپ کا سر کاٹا اَور ایک تھال میں رکھ کر اس کی خدمت میں پیش کیا۔
۸۲ے اِس آیت میں اِس امر کی وضاحت فرمائی جارہی ہے کہ نجات کا دارومدار نسب اَور قومیّت پر نہیں بلکہ ایمان اَور عمل پر ہے۔ یہود اِس غلط فہمی میں مبتلا تھے کہ ان کا عقیدہ کتنا بگڑا ہوا کیوں نہ ہو اور اُن کے اعمال کتنے خراب کیوں نہ ہوں جنّت ان کی ہے اَور ان کے علاوہ جتنی قومیں ہیں وُہ کتنی پاکباز کیوں نہ ہوں سب دوزخ کا ایندھن ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کی اِس غلط فہمی کو نہایت صاف الفاظ سے دُور کر دیا۔ اَور لطف یہ ہے کہ مخاطب مُسلمانوں، یہودیوں، نصرانیوں اَور صابیوں سب کو بنایا اَور مسلمانوں کا ذِکر پہلے کر کے اُنھیں تنبیہ فرمادی کہ مبادا تم بھی کہیں اپنی قومیّت پر نازاں ہو کر ایمان و عمل سے غفلت برتنے لگو۔ نجات و فلاح ایمان و عمل کے بغیر حاصل نہیں ہو سکے گی۔
۸۳ے جو شخص ایک دین چھوڑ کر دُوسرا دین اختیار کرے اُسے صابی کہتے ہیں اَور اِصطلاح میں ایک مذہبی فرقہ کا نام ہے

أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦٢﴾

ان کا اجر ہے ان کے رب کے ہاں اور نہیں کوئی اندیشہ ان کے لیے اور نہ وُہ غمگین ہوں گے

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُم

اور یاد کرو جب ہم نے لیا تم سے پختہ وعدہ اور بلند کیا تم پر طُور کو (اور حکم دیا) پکڑ لو جو ہم نے تم کو دیا

بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿٦٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّيْتُم مِّن

مضبُوطی سے اور یاد رکھنا وُہ (احکام) جو اس میں درج ہیں شاید کہ تم پرہیزگار بن جاؤ پھر مُنہ موڑ لیا تم نے پختہ وعدہ

بَعْدِ ذَٰلِكَ ۖ فَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَكُنتُم مِّنَ

کرنے کے بعد تو اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم ضرور ہو جاتے نقصان

الْخَاسِرِينَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِينَ اعْتَدَوْا مِنكُمْ فِي السَّبْتِ

اُٹھانے والوں میں اور تم خوب جانتے ہو ۸۴؎ اُنھیں جنھوں نے نافرمانی کی تھی تم میں سے سبت ۸۵؎ کے قانون کی

جو شام و عراق کی سرحد پر آباد تھا۔ یہ لوگ توحید اور رسالت کے قائل تھے۔ حضرت عمرؓ اور ابنِ عبّاس رضی اللہ تعالیٰ عنہم اُنھیں اہلِ کتاب سے شمار کرتے تھے اور اُن کے ذبیحہ کو حلال فرماتے تھے

۸۴؎ یہاں سے ایک ایسے واقعہ کی یاد دہانی کرائی جارہی ہے جو بنی اسرائیل کی تاریخ کا مشہور و معرُوف واقعہ ہے لفظ علمتم پر قد اور قد پر لام، تاکید بالائے تاکید پر دلالت کرتا ہے یعنی بلا شک و شبہ یقیناً تم اِس واقعہ کو جانتے ہو

۸۵؎ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے لیے سنیچر کا دن عبادت کے لیے مخصُوص فرما دیا تھا۔ اس روز ان کے لیے کھیتی باڑی، کاروبار، شکار وغیرہ تک ممنُوع تھا اور یہ حکم اتنا سخت تھا کہ اس کی نافرمانی کرنے والوں کے لیے قتل کی سزا مقرر تھی۔ بنی اسرائیل نے رفتہ رفتہ اِس حکم کو بے اثر بنانے کے لیے حیلہ و فریب سے کام لینا شروع کر دیا تھا۔ دریا کے کنارے گڑھے کھود رکھے تھے۔ اور چھوٹی چھوٹی نالیوں کے ذریعہ اُنھیں دریا سے ملا رکھا تھا۔ سنیچر کو (جب کہ مچھلیاں شکاری کی آمد سے نڈر ہو کر سطحِ آب پر کثرت سے نمودار ہوتیں) اِن نالیوں کے دہانے کھول دیتے اور مچھلیاں کثیر تعداد میں پانی کے ساتھ ان گڑھوں میں چلی جاتیں پھر ان کے دہانے بند کر دیتے اور اتوار کے روز آ کر مچھلیاں پکڑ لیتے۔ اللہ تعالیٰ کی غیرت یہ برداشت نہیں کرتی کہ اس کے احکامِ شریعت کو حیلوں اور بہانوں سے معطّل و بے اثر کر دیا جائے۔ اِس لیے ان پر وُہ عذاب مسلّط

فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ ﴿٦٥﴾ فَجَعَلْنَاهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ

تو ہم نے حکم دیا اُنھیں کہ بن جاؤ بندر پھٹکارے ہُوئے ۸٦ پس ہم نے بنا دیا اس سزا کو عبرت ان کے لیے

يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٦٦﴾ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ

جو اس زمانہ میں موجُود تھے اور جو بعد میں آنے والے تھے اور (اسے) نصیحت بنا دیا پرہیزگاروں کے لیے اور یاد کرو جب کہا مُوسیٰ (علیہ السّلام نے)

لِقَوْمِهِ إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَذْبَحُوا بَقَرَةً ۖ قَالُوا أَتَتَّخِذُنَا

اپنی قوم سے کہ اللہ تعالیٰ حکم دیتا ہے تمھیں کہ تم ذبح کرو ایک گائے ۸۷ وُہ بولے کیا آپ ہمارا مذاق

کیا جس نے اُن کو رُسوائی وخواری کے ساتھ نیست ونابُود کر دیا۔ اگر مُوسوی شریعت میں اس قسم کے حیلے برداشت نہیں کیے جاتے تھے تو آپ خود فیصلہ کریں کہ خاتم النبیین کی شریعت جس کے بعد اور کوئی آسمانی قانون انسانی اصلاح کے لیے آنے والا نہیں ہے کیا اللہ تعالیٰ کی حکمت اور غیرت کسی قسم کی تحریف اور حیلہ سازی کو گوارا کر سکتی ہے؟ نہیں بخدا ہر گز نہیں۔ وُہ لوگ جن کو حکومت اور قانون سازی کی ذمہ داری سونپی گئی ہے وُہ ان آیات کو بار بار پڑھیں۔ اس واقعہ کا ذکر پروردگار نے صرف ہماری عبرت پذیری کے لیے کیا ہے۔ داستان سرائی قرآن کا مقصود نہیں۔

۸٦ مجاہد کا قول یہ ہے کہ یہ مسخ معنوی تھا یعنی ان کی صورتیں تو انسانوں کی ہی رہیں لیکن ان کا ذہن اور فکر مسخ ہوگیا اور بندروں کی سی قبیح اور مذموم عادتیں اُن میں پیدا ہو گئیں۔ انسانی شکل ہو اور کرتوت بندروں کی طرح ذلیل! پناہ بخدا! کتنا ہولناک ہے یہ عذاب! لیکن جمہُور علماء کا قول یہ ہے کہ اُن کی شکلیں بھی بندروں کی سی ہو گئی تھیں۔ اور وُہ چند روز کے بعد ہلاک کر دیئے گئے تھے۔ اور یہ کوئی امر محال نہیں۔ جو بدبخت اس کے تشریعی قانون کو مسلسل توڑتے رہے ہوں اگر اللہ تعالیٰ اپنے تکوینی قانون میں ان کو سزا دینے کے لیے تھوڑی سی تبدیلی کر دے تو اس میں کیا استحالہ ہے؟ نیز جو تخلیق آدم کے بارے میں ڈاروِن کے نظریۂ ارتقاء پر ایمان لا چکے ہیں ان کے لیے تو سرے سے اس میں اچنبے کی کوئی بات ہی نہیں۔ یہ بھی تو سلسلۂ ارتقاء کی ایک کڑی ہے۔ ارتقاءِ مستقیم نہ سہی ارتقاء معکوس سہی۔ بہر حال ہے تو ارتقاء ہی۔

۸۷ بنی اسرائیل میں ایک بوڑھا دولت مند تھا۔ اس کا ایک لڑکا تھا۔ اس بوڑھے کے بھتیجوں نے اس کے لڑکے کو قتل کر دیا تاکہ اس کی وراثت بھی اُنھیں ملے اور اُس کی لاش کو اُٹھا کر دُور شہر کے دروازہ پر پھینک آئے۔ صُبح ہُوئی تو خُود ہی مدّعی بن بیٹھے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت اور قدرت کا ایک روشن نشان دکھانے کے لیے اُنھیں ایک گائے کے ذبح کرنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ اس ذبح شدہ گائے کا ایک ٹکڑا مقتُول پر مارو۔ دیکھو وُہ میری قدرت سے کیسے زندہ ہوتا ہے اور کس طرح حقیقتِ حال سے پردہ اُٹھتا ہے۔ خاص گائے کے ذبح کرنے میں یہ حکمت بھی ہو سکتی ہے کہ بنی اسرائیل مدتوں

هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۶۷﴾ قَالُوا ادْعُ

اُڑاتے ہیں ۸۸؎ آپ نے کہا میں پناہ مانگتا ہُوں خدا سے کہ میں شامل ہو جاؤں جاہلوں (کے گروہ) میں ۸۹؎ بولے دُعا کیجئے

لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا

ہمارے لیے اپنے رب سے کہ وُہ بتائے ہمیں کہ کیسی ہے وُہ گائے ۹۰؎ مُوسیٰ ؑ نے کہا اللہ فرماتا ہے کہ وُہ گائے ہے جو نہ

فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۸﴾

بُوڑھی ہو اور نہ بالکل بچی (بلکہ) درمیانی عُمر کی ہو تو بجا لاؤ جو تمھیں حکم دیا جا رہا ہے

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا

کہنے لگے دُعا کرو ہمارے لیے اپنے رب سے کہ بتائے ہمیں کیسا رنگ ہو اس کا مُوسیٰ ؑ نے کہا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ایسی

بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿۶۹﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا

گائے جس کی رنگت خوب گہری زرد ہو جو فرحت بخشے دیکھنے والوں کو کہنے لگے پُوچھو ہمارے لیے

رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَاِنَّآ اِنْ

اپنے رب سے کہ کھول کر بیان کرے ہمارے لیے کہ گائے کیسی ہو بے شک گائے مشتبہ ہو گئی ہے ہم پر اور ہم اگر

مِصر میں رہے جہاں گائے کی پرستش ہوتی تھی۔ ان کے ڈھلمل یقین مزاج سے کچھ بعید نہ تھا کہ وُہ بھی گائے کو مقدّس سمجھنے لگ گئے ہوں۔ اِس لیے گائے کو ذبح کرنے کا حکم دیا تاکہ یہ خیال بھی اُن کے دِلوں سے مٹا دیا جائے۔

مسئلہ: وِراثت کا لالچ قتل کا ایک بہت بڑا سبب ہے۔ اِسلام نے یہ حکم دے کر کہ قاتل مقتُول کے ورثہ سے محرُوم ہو جاتا ہے۔ قتل کے ایک بڑے محرّک کو ختم کر دیا۔

۸۸؎ وُہ آئے تھے قاتل کا پتہ لگانے اور حُکم مِلا گائے ذبح کرنے کا۔ کیونکہ دونوں چیزوں میں کوئی مناسبت نہ تھی اِس لیے یہ سوال کر دیا۔

۸۹؎ حکمِ خُداوندی بتاتے وقت مذاق کرنا جاہلوں کا شیوہ ہے اور نبی کا مقام تو بہت بلند ہے۔ اس سے ایسے وقت میں مذاق کا تصوّر کیونکر ہو سکتا ہے۔

۹۰؎ کیونکہ اُن کا مفاد تو اس میں تھا کہ قاتل کا سراغ نہ مِلے اِس لیے طرح طرح کی حُجّت بازیاں کرنے اور بال کی کھال اُتارنے لگے

شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ

اللہ نے چاہا تو ضرور اس کو تلاش کر لیں گے موسیٰ بولے اللہ فرماتا ہے وُہ گائے جس سے خدمت نہ لی گئی ہو

تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِى الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ قَالُوا

کہ ہل چلائے زمین میں اور نہ پانی دے کھیتی کو بے عیب بے داغ (عاجز ہو کر) کہنے لگے

الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧١﴾ وَاِذْ

اب آپ لائے صحیح پتہ پھر اُنھوں نے ذبح کیا اُسے اور وُہ ذبح کرتے معلوم نہیں ہوتے تھے ٩١ اور یاد کرو

قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ

جب قتل کر ڈالا تھا تم نے ایک شخص کو پھر تم ایک دوسرے پر قتل کا الزام لگانے لگے اور اللہ ظاہر کرنے والا تھا جو تم

تَكْتُمُوْنَ ﴿٧٢﴾ ۚ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ يُحْىِ اللّٰهُ

چھپا رہے تھے تو ہم نے فرمایا کہ مارو اس مقتول کو گائے کے کسی ٹکڑے سے (دیکھا) یُوں زندہ کرتا ہے اللہ تعالےٰ

الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٧٣﴾ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ

مُردوں کو اور دکھاتا ہے تمھیں اپنی (قدرت کی) نشانیاں شاید تم سمجھ جاؤ پھر سخت ہو گئے تمھارے دِل

٩١ ؎ مفسّرین نے لکھا ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک نیکوکار آدمی تھا۔ اُس کا ایک معصوم بچّہ تھا اور اس کے پاس ایک بچھیا تھی۔ جب مرنے لگا تو اس نے دُعا کی اے بارِ الٰہ! اس ننھے بچّے کے لیے میں یہ بچھیا تیرے پاس امانت رکھتا ہُوں اور اس بچّے کو تیرے سپرد کرتا ہُوں۔ پھر اس بچھیا کو جنگل میں چھوڑ دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے اس نیک بندے کی عرض کو قبول فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں وُہ پلتی رہی۔ اور جب یہ بچّہ جوان ہو گیا تو اُس جنگل میں گیا جہاں وُہ گائے چرا کرتی تھی۔ اپنے مالک کی آواز سُنتے ہی وُہ گائے اس کے پاس آگئی۔ جب بنی اسرائیل نے اللہ تعالیٰ کے بتائے ہُوئے مخصوص حُلیہ والی گائے کی تلاش شروع کی تو اُن تمام صفات سے متّصف صرف وُہی گائے ملی جو اس نیک بندے کے لڑکے کے پاس تھی۔ بنی اسرائیل نے اُسے مُنہ مانگی قیمت ادا کی اور گائے خرید لی۔ اس قصّہ سے یہ سبق بھی ملتا ہے کہ جو چیز اللہ تعالےٰ کے حوالے ہو اُسے کوئی چیز گزند نہیں پہنچا سکتی اور جس چیز کا تعلّق بندگانِ خُدا سے ہوتا ہے، اُس کی

مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ

یہ منظر دیکھنے کے بعد بھی وُہ تو پتھر کی طرح (سخت) ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت ۹۲ (کیونکہ) کئی

الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ

پتھر ایسے بھی ہیں جن سے بہہ نکلتی ہیں نہریں اور کئی ایسے بھی ہیں کہ جو پھٹتے ہیں تو ان سے

مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا

پانی نکلنے لگتا ہے اور کئی ایسے بھی ہیں جو گر پڑتے ہیں خوفِ الٰہی سے اور اللہ

اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ

بے خبر نہیں ہے ان (کرتوتوں) سے جو تم کرتے ہو (اے مسلمانو!) کیا تم یہ اُمید رکھتے ہو کہ (یہ یہودی) ایمان لائیں گے

وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ

تمہارے کہنے سے حالانکہ ایک گروہ ان میں ایسا تھا جو سُنتا تھا کلامِ الٰہی کو پھر بدل دیتے تھے اسے

مِنْ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

خوب سمجھ لینے کے بعد جان بُوجھ کر ۹۳ اور جب ملتے ہیں ایمان والوں سے

قدر و قیمت کا اندازہ اُن کی ہم مثل چیزوں سے نہیں لگایا جا سکتا۔

۹۲ انسان جب سنورتا ہے تو فرشتوں کا قبلہ بن جاتا ہے اور جب بگڑتا ہے تو بے سمجھی اور سنگ دلی میں پتھروں کو بھی مات کر دیتا ہے۔ کیونکہ پتھر تو خدا کے خوف سے لرزتے بھی ہیں اور اپنے حال کے مُطابق اُس کی حمد و ثنا بھی کرتے رہتے ہیں اور یہ مُورکھ اپنے رب سے غافل نافرمانی کے میدان میں ہوا و ہوس کے گھوڑے سرپٹ دوڑاتا چلا جاتا ہے۔

۹۳ مسلمانوں کو بتایا جا رہا ہے کہ ان کا اِنکار کسی دلیل پر مبنی نہیں۔ یہ جانتے ہیں کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم اللہ تعالیٰ کے سچے رسُول ہیں۔ ان کی صفات کے ذکر اور کمالات کے بیان سے اُن کی کتابیں بھری پڑی ہیں۔ وُہ جان بوجھ کر اِنکار کر رہے ہیں۔ ایسے لوگوں سے ایمان لانے کی اُمید رکھنا بے کار ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ حق پوشی اور سیّدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے اوصاف کو چھپانا اور آپ کے کمالات کا اِنکار کرنا

قَالُوٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَ اِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ

تو کہتے ہیں ہم بھی ایمان لائے ہیں ۹۴ اور جب تنہا ملتے ہیں ایک دوسرے سے تو کہتے ہیں (ارے) کیا بیان کرتے ہو ان سے

بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ اَفَلَا

جو کھولا ہے اللہ نے تم پر یوں تو وہ دلیل قائم کریں گے تم پر ان باتوں سے تمہارے رب کے سامنے کیا تم

تَعْقِلُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا

اتنا بھی نہیں سمجھتے کیا وہ (یہ) نہیں جانتے کہ اللہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ

يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ

ظاہر کرتے ہیں اور ان میں کچھ ان پڑھ ہیں جو نہیں جانتے کتاب کو بجز جھوٹی امیدوں کے

وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۷۸﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ

اور وہ تو محض وہم و گمان ہی کرتے رہتے ہیں ۹۵ پس ہلاکت ہو ان کے لیے جو لکھتے ہیں کتاب

النصف

یہود کا شیوہ تھا۔ اسلام کا دعویٰ کرنے والوں کو زیب نہیں دیتا کہ اپنے محبوب اور کریم رسولؐ کے کمالات بیان کرنے سے اُن کی زبان میں لکنت ہو اور فضائل سننے سے دِل میں گھٹن ہو۔ رفعت شانِ مصطفےٰ حبیب خدا علیہ وعلیٰ آلہ اطیب التحیۃ واحسن الثناء کسی کے گھٹانے سے نہ گھٹے گی۔

۹۴ے یہاں سے یہودی منافقوں کے احوال کا بیان ہے۔ یعنی جب مسلمانوں سے ملتے ہیں تو بطور خوشامد یہ ظاہر کر بیٹھتے ہیں کہ ہم تو سچے دِل سے اس رسولؐ پر ایمان لائے ہیں کیونکہ نبی برحق کی جو نشانیاں ہماری کتاب میں مذکور ہیں وہ سب حضورؐ میں پائی جاتی ہیں۔ ان کی ایسی باتوں پر دوسرے یہودی ان کو ملامت کرتے کہ تم مسلمانوں کو ایسی باتیں بتا کر اپنا راز افشاء کر رہے ہو۔ تمہارے انہیں اقوال سے وہ تمہارے مذہب کی تردید کریں گے۔ اور تورات کی وہ آیات جن کا تم ان سے ذکر کرتے ہو انہیں آیات سے وہ تم پر حجت قائم کر دیں گے۔ لیحاجوکم بہ عند ربکم کی تفسیر جس کو علامہ زمخشری اور علامہ بیضاوی نے پسند کیا ہے وہ یہ ہے کہ عند ربکم کا معنی ہے ما فی کتاب ربکم یعنی تمہارے رب کی کتاب کی آیتوں سے تم پر دلیل قائم کریں گے اور عند اللہ کا معنی عام طور پر یہی ہوتا ہے کہ فی کتاب اللہ جیسے کہا جاتا ہے کہ عند اللہ اس کا یہ حکم ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی کتاب میں اس مسئلہ کا یہ حکم ہے۔

بِاَيْدِيْهِمْ ۗ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ

خود اپنے ہاتھوں سے ۹۶ پھر کہتے ہیں یہ نوشتہ اللہ کی طرف سے ہے تاکہ حاصل کرلیں اس کے عوض

ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ

تھوڑے سے دام سو ہلاکت ہو ان کے لیے بوجہ اس کے جو لکھا اُن کے ہاتھوں نے اور ہلاکت ہو ان کے لیے

مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ؕ

بوجہ اس مال کے جو وہ (یوں) کماتے ہیں اور انھوں نے کہا ہرگز نہ چھوئے گی ہمیں (دوزخ کی) آگ بجز گنتی کے چند دن ۹۷

۹۵ پہلے ان کے عالموں کا ذکر ہوا۔ اب اُن کے اَن پڑھ عوام کا حال بیان کیا جاتا ہے۔ امانی کا مفرد ہے امنیۃ جس کا اصل منی ہے۔ اس کا معنی ہے فرض کرنا یا وہ انعام جس کا انسان اپنے آپ کو حق دار اور اہل ثابت نہ کرتے ہوئے خواہش رکھتا ہو۔ اس خواہش کو عربی میں امنیۃ کہتے ہیں۔ یعنی بنی اسرائیل کے عوام کا کل سرمایہ نجات کے متعلق ان کے من گھڑت خیالات اور جھوٹی آرزوئیں ہیں۔ قومیں اپنے زوال و انحطاط کے دور میں انھیں بے بنیاد خیالات سے اپنی نجات کی آس لگائے رہتی ہیں اور عمل صالح سے آنکھیں بند کرلیتی ہیں۔ کاش ہم بھی اپنی حالت پر غور کریں اور احکامِ شرعی سے کھلی بغاوت کے باوجود اپنی نجات کے جو سنہرے سپنے ہم دیکھ رہے ہیں ان سے چونکیں۔ اگر ہم اپنے اسلاف کی طرح احکامِ الٰہی کی اطاعت کرتے تو ان کی مادی اور روحانی برکات سے خود بھی مالامال ہوتے اور دوسری گم کردہ راہ قوموں کے لیے بھی مشعلِ راہ ثابت ہوتے۔ ہم وارثانِ اسلام اور مدعیانِ شریعت کی محرومیوں اور حالِ زار کو دیکھ کر دوسری قومیں اسلام کو دور ہی سے سات سلام کر دیتی ہیں۔

۹۶ یہودی علماء کی مزید کارستانیاں ملاحظہ ہوں۔ بتایا جارہا ہے کہ وہ کتاب جس کے وہ امین بنائے گئے تھے۔ جس کی حفاظت اور اُس پر عمل کرنے کا انھیں حکم دیا گیا تھا اُنھوں نے صرف اسی پر بس نہیں کی کہ خود عمل ترک کر دیا ہو بلکہ اُنھوں نے آیاتِ الٰہی کو سرے سے ہی بدل ڈالا اور اپنی طرف سے طرح طرح کے اضافے کر دیئے۔ اور اس طرح ان ظالموں نے آئندہ نسلوں میں سے بھی کسی سلیم الطبع کے لیے یہ گنجائش نہ چھوڑی کہ وہ آیاتِ الٰہی میں خود غور و فکر کرکے حقیقت تک رسائی حاصل کر سکے۔ یہود و نصاریٰ اب تک تو تحریف کے قائل نہ تھے لیکن اب ان کے محققین نے یہ تسلیم کر لیا ہے کہ اُن کی کتب تحریف و تغیّر سے محفوظ نہیں ہیں۔

۹۷ بنی اسرائیل کہا کرتے تھے کہ ہم خدا کے لاڈلے اور محبوب ہیں۔ دوزخ کی آگ ہمیں جلا نہیں سکتی جیوش انسائیکلوپیڈیا میں ہے۔ "آتشِ دوزخ گنہگارانِ قومِ یہود کو چھوئے گی بھی نہیں۔ اس لیے کہ وہ جہنم پر پہنچتے ہی اپنے گناہوں کا اقرار

قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ

آپ فرمائیے کیا لے رکھا ہے تم نے اللہ سے کوئی وعدہ تب تو خلاف ورزی نہ کرے گا اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ

اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً

کی یا (یونہی) بہتان باندھتے ہو اللہ پر جو تم جانتے ہی نہیں ہاں (ہمارا قانون یہ ہے) جس نے جان کر بُرائی کی

وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓئَتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

اور گھیر لیا اُس کو اُس کی خطاء نے تو وُہی دوزخی ہیں وُہ

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ

اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں اور جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے وُہی

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ

جنتی ہیں ۹۸ وُہ اس جنت میں ہمیشہ رہنے والے ہیں اور یاد کرو جب لیا تھا ہم نے پختہ وعدہ

کرلیں گے اور خدا کے پاس واپس آجائیں گے۔ (جلد ۵ صـ۵۸۳) (ماجدی) بعض یہود کا عقیدہ یہ تھا کہ انھیں صرف چالیس روز عذاب ہوگا۔ یہ وُہ مدت ہے جس میں بنواسرائیل نے بچھڑے کی پُوجا کی تھی۔ خُدا کے متعلق ان کا تصوّر بڑا نرالا تھا۔ ایک طرف تو اُس کے جبر و قہر کا یہ عالم کہ جو گناہ ان کے آباؤ اجداد سے سرزد ہوا اُس کی سزا صرف اُن مجرموں تک محدُود نہیں رکھتا بلکہ ان کی نسل سے قیامت تک جو اولاد ہوگی وُہ اس ناکردہ گناہ کی سزا بھگتے گی۔ اور دُوسری طرف اُس کے عفو و درگزر کی یہ کیفیت کہ کسی سنگین سے سنگین گناہ کے بارے میں اس کے اصلی مجرم سے بھی بازپُرس نہیں۔ افراط و تفریط کا یہ ہوش رُبا چکّر ہوش و خرد کے لیے ناقابل حل معمّہ ہے۔

۹۸ قرآن حکیم یہاں نجات و بخشش کا اصل الاصول بیان فرمارہا ہے۔ نجات کا دار و مدار کسی قوم و نسب سے وابستگی پر نہیں بلکہ ایمان اور عمل صالح پر ہے۔ اسلام سے پہلے انسانیت کی تقسیم رنگ اور نسل اور وطن کی بنیادوں پر ہوتی تھی۔ ہر سفید رنگ والا خواہ اس کا نامۂ عمل کتنا سیاہ ہو ہر کالی رنگت والے سے برتر ہے خواہ اس کی سیرت مہر و ماہ سے تابندہ تر ہو۔ ہر برہمن وُہ کتنا جاہل اور کندۂ ناتراش ہی کیوں نہ ہو افضل ہے ہر فاضل اور کامل سے جسے کسی برہمن ماں نے جنم نہیں دیا۔ جرمنی کی حدُود میں پیدا ہونے والا خواہ وُہ کتنا خونخوار اور زیاں کار کیوں نہ ہو اپنی نجابت میں لاجواب ہے۔ یہ

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۫ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا

بنی اسرائیل سے (اس بات کا) کہ نہ عبادت کرنا بجز اللہ کے ۹۹ اور ماں باپ سے اچھا سلوک کرنا

وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا

نیز رشتہ داروں یتیموں اور مسکینوں سے بھی (مہربانی کرنا) اور کہنا لوگوں سے اچھی باتیں

وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ

اور صحیح ادا کرنا نماز اور دیتے رہنا زکوٰۃ پھر مُنہ موڑ لیا تم نے مگر چند آدمی تم سے (ثابت قدم رہے)

وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ

اور تم رُوگردانی کرنے والے ہو اور یاد کرو جب لیا ہم نے تم سے پختہ وعدہ کہ تم اپنوں کا خون نہیں بہاؤ گے

وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ

اور نہیں نکالو گے اپنوں کو اپنے وطن سے پھر تم نے (اس وعدہ پر ثابت رہنے کا) اقرار بھی کیا اور

تَشْهَدُوْنَ ﴿۸۴﴾ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ

تم خود اس کے گواہ ہو پھر تم وُہی ہو نا (جنھوں نے یہ وعدے کیے) کہ اب قتل کر رہے ہو اپنوں کو اور نکال باہر کرتے ہو

شرف اسلام کو حاصل ہے جس نے ان فاسد بُنیادوں کو اکھیڑ پھینکا اور انسانیت کی تقسیم مومن اور کافر، صالح اور فاسق، نیک اور بد کی اساس پر کی۔ اور اس طرح بلا وجہ اترانے والوں سے فخر و مباہات کے سب جھوٹے اسباب چھین لیے اور نیکی اور تقوےٰ کے میدان میں سبقت لے جانے والوں کے راستہ میں حائل ہونے والی سب چٹانوں کو ریزہ ریزہ کر دیا فللّٰہ ورسولہ الحجۃ البالغۃ۔

۹۹ انبیاء بنی اسرائیل نے اپنی قوم سے جن عقائد پر ایمان لانے، معاملات اور عبادات کے جن احکام پر کاربند ہونے اور اخلاق کے جن اصولوں کو اپنانے کا پختہ وعدہ لیا تھا اللہ تعالےٰ نے انھیں اسی کی یاد دہانی کرائی اور ساتھ ہی ہر بار اُن کی وعدہ شکنی کا بیان فرما دیا شاید وُہ ایسی غلطیوں سے آئندہ پرہیز کریں اور احکامِ الٰہی کی تعمیل کرنے لگیں۔

فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ط

اپنے گروہ کو ان کے وطن سے (نیز) مدد دیتے ہو ان کے خلاف (دُشمنوں کو) گناہ اور ظلم سے

وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ط

اور اگر آئیں تمھارے پاس قیدی بن کر (تو بڑے پاکباز بن کر) اُن کا فدیہ ادا کرتے ہو حالانکہ حرام کیا گیا تھا تم پر ان کا گھروں سے نکالنا

اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ج فَمَا جَزَآءُ

تو کیا تم ایمان لاتے ہو کتاب کے کچھ حصّہ پر اور اِنکار کرتے ہو کچھ حصّہ کا تو نہ (تم خود ہی کہو) کیا سزا ہے

مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج وَيَوْمَ

ایسے نابکار کی تم میں سے سوائے اس کے کہ رُسوائی ہے دُنیا کی زندگی میں اور قیامت

الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ط وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٥﴾

کے دِن تو انھیں پھینک دیا جائے گا سخت ترین عذاب میں اور اللہ بے خبر نہیں ان (کرتوتوں) سے جو تم کرتے ہو۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ فَلَا يُخَفَّفُ

یہ ہیں وُہ لوگ جنھوں نے مول لے لی ہے دُنیا کی زندگی آخرت کے عوض تو نہ ہلکا کیا جائے گا

تا ۱ یثرب کے رہنے والوں میں مُشرک بھی تھے اور یہودی بھی۔ یثرب کی مُشرک آبادی دو قبیلوں اوس اور خزرج میں بٹی ہوئی تھی جو آپس میں لڑتے رہتے اور یہودی آبادی بھی دو قبیلوں بنو قریظہ اور بنی نضیر پر مشتمل تھی۔ جب اوس و خزرج برسرِ پیکار ہوتے تو بنی قریظہ اوس کے حلیف بن جاتے اور بنی نضیر خزرج کے اور اِس طرح یہ یہودی آپس میں ایک دُوسرے کا گلا کاٹتے۔ اور جب جنگ ختم ہو جاتی اور مغلوب فریق کے اسیرانِ جنگ کو فدیہ ادا کر کے آزاد کرانے کا مرحلہ درپیش ہوتا تو اُس وقت یہ یہود تورات کی صفحہ گردانی کرتے اور اس کی آیات سے فدیہ دینے اور فدیہ لینے کے جواز پر اِستدلال کرتے۔ قرآنِ حکیم اُنھیں کہتا ہے کہ تورات تو تمھیں قتل و غارت کرنے سے اور کسی کو جلاوطن کرنے سے بھی روکتی ہے۔ وُہ حکم تو تمھیں یاد نہ رہا اور جب روپیہ کے لین دین کا سوال پیدا ہوا تو تمھیں تورات پر عمل کرنے کا شوق پیدا ہو گیا۔ بھلا یہ بھی کوئی اِیمان ہے کہ کتاب کے بعض حصّے جو اپنی طبیعت کے موافق ہوئے ان پر تو عمل کر لیا اور کتاب کا

عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

اُن سے عذاب اور نہ ہی اُن کی مدد کی جائے گی اور بے شک ہم نے عطا فرمائی موسیٰ کو کتاب

وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۫ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ

اور ہم نے پے درپے اُن کے پیچھے پیغمبر بھیجے اور دیں ہم نے عیسیٰؑ بن مریمؑ کو روشن نشانیاں ۱۰۱

وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى

اور ہم نے تقویت دی اُنھیں جبریلؑ سے ۱۰۲ توکیا جب کبھی لے آیا تمھارے پاس کوئی پیغمبر ایسا حکم جسے تمھارے نفس

اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ۫ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ﴿۸۷﴾ وَ

پسند نہ کرتے تو تم اکڑ گئے بعض کو تم نے جھٹلایا اور بعض کو قتل کرنے لگے اور

قَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾

یہودی بولے ہمارے دلوں پر تو غلاف چڑھے ہیں ۱۰۳ نہیں بلکہ پھٹکار دیا ہے انھیں اللہ نے ان کے کفر کی وجہ سے وہ بہت ہی کم ایمان رکھتے

وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَ

ہیں اور جب آئی ان کے پاس اللہ کی طرف سے وہ کتاب (قرآن) جو تصدیق کرتی تھی اس (کتاب) کی جو اُن کے پاس تھی اور

وُہ حصہ جس پر عمل کرنا نفس پر گراں معلوم ہوا یا جس پر عمل کرنے سے مادی نقصان کا اندیشہ ہوا اُسے چھوڑ دیا۔ ہم قرآن پر ایمان رکھنے والوں کے لیے بھی اس میں درس عبرت ہے۔

۱۰۱ روشن معجزات جیسے مادرزاد اندھے کو بینا کر دینا، کوڑھے کو شفا بخشنا، مُردوں کو زندہ کرنا اور غیب کی خبریں دینا وغیرہ

۱۰۲ اس سے مُراد جبریل امین علیہ السلام ہیں۔ بعض مفسرین نے اس سے اللہ تعالیٰ کا وُہ اسمِ اعظم مُراد لیا ہے جس کی برکت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مُردوں کو زندہ کیا کرتے تھے۔

۱۰۳ یہودی بڑے فخر سے کہتے ہمارے دلوں پر غلاف چڑھے ہُوتے ہیں اس لیے ہمارے عقائد محفوظ ہیں۔ کسی کا سحرِ بیان، کسی کی قوتِ استدلال، کسی کے معجزات ہمیں اپنے عقائد سے متزلزل نہیں کر سکتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یُوں نہیں بلکہ حقیقت یہ ہے کہ تمھاری مسلسل نافرمانیوں کے باعث تمھیں رحمتِ الٰہی سے محروم کر دیا گیا ہے

كَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ

وُہ اس سے پہلے فتح مانگتے تھے کافروں پر (اس نبی کے وسیلہ سے)۱۰۴ تو جب تشریف فرما ہوا ان

مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۫ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ

کے پاس وُہ نبی جسے وُہ جانتے تھے تو انکار کر دیا اُس کے ماننے سے سو پھٹکار ہو اللہ کی (دانستہ) کفر کرنے والوں پر۔ بہت بُری چیز ہے

اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ

جس کے بدلے سودا چکایا انھوں نے اپنی جانوں کا وُہ یہ کہ کفر کرتے ہیں اس (کتاب) کے ساتھ جو اللہ نے نازل کی حسد۱۰۵ کے مارے کہ

فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ۭ

نازل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اپنا فضل (وحی) جس پر چاہتا ہے اپنے بندوں سے سو وُہ حق دار ہو گئے مسلسل ناراضگی کے

وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٩٠﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ

اور کافروں کے لیے ذلیل و رُسوا کرنے والا عذاب ہے اور جب اُن سے کہا جاتا ہے ایمان لے آؤ اس پر جسے اللہ نے اتارا ہے

اَب تم اِس قابل ہی نہیں رہے کہ نُورِ ایمان سے تمھارے دلوں کے ظُلمت کدے روشن ہوں۔

۱۰۴ے یہُود کی ہٹ دھرمی اور دانستہ کفر کی ایک اور مثال بیان فرمائی جارہی ہے حضُور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی تشریف آوری سے پیشتر یہُود کا شعار تھا کہ جب کبھی کفّار و مشرکین سے اُن کی جنگ ہوتی اور ان کی فتح کے ظاہری امکانات ختم ہو چکتے تو اُس وقت تورات کو سامنے رکھتے اور وُہ مقام کھول کر جہاں حضُور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی صفات و کمالات کا ذِکر ہوتا وہاں ہاتھ رکھتے اور اِن الفاظ سے دُعا کرتے۔ اللّٰھم انا نسئلك بحق نبيك الذی وعدتنا ان تبعثه فی آخر الزمان ان تنصرنا اليوم علی عدونا فينصرون۔ (رُوح المعانی۔ القرطبی وغیرہ)

اے اللہ ہم تجھے تیرے اُس نبی کا واسطہ دے کر عرض کرتے ہیں جس کی بعثت کا تُو نے ہم سے وعدہ کیا ہے آج ہمیں اپنے دُشمنوں پر فتح دے تو حضور پُر نور کے صدقے اللہ تعالیٰ انھیں فتح دیتا۔ قرآن کریم فرماتا ہے کہ آج تک تم جس کا نام لے کر جیتتے رہے اور جس کی برکت سے فتحیاب ہوتے رہے جب میرا وُہ رسُول اور محبُوب اور تمھارا نجات دہندہ تشریف فرما ہوا تو اُس پر ایمان لانے سے انکار کر دیا۔ تُف ہے ایسے تعصّب پر! حیف ہے ایسی حُبّ جاہ و مال پر!

۱۰۵ے یعنی اُن کی سرکشی اور انکار کسی دلیل پر مبنی نہیں تھا۔ صرف یہ حسد اُنھیں جلا رہا تھا کہ یہ نبی حضرت اسمٰعیل علیہ السّلام

اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۚ وَهُوَ

تو کہتے ہیں ہم تو (صرف) اس پر ایمان لائے ہیں جو نازل کی گئی ہم پر اور کفر کرتے ہیں اس کے علاوہ (دوسری کتابوں) کے ساتھ

الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۗ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ

حالانکہ وہ بھی حق ہے تصدیق کرتا ہے اُس کتاب کی جو اُن کے پاس ہے آپ فرمایئے پھر تم کیوں قتل کرتے رہے اللہ کے پیغمبروں کو

قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ

اس سے پہلے اگر تم (اپنی کتاب پر ہی) ایمان رکھتے تھے ۱۰۶؎ اور بے شک آئے تمھارے پاس موسیٰ ؑ روشن دلیلیں لے کر پھر

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا

تم نے بنا لیا بچھڑے کو (اپنا معبود) اس کے بعد اور تم (تو عادی) جفا کار ہو ۱۰۷؎ اور یاد کرو جب ہم نے لیا

مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ۭ

تم سے پختہ وعدہ اور بلند کیا تمھارے سروں پر کوہ طور (اور تمھیں حکم دیا) کہ پکڑ لو جو ہم نے تمھیں دیا مضبوطی سے اور (خوب غور سے) سنو

قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۤ وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ۭ

اُنھوں نے (زبان سے) کہا ہم نے سن لیا اور (دل میں کہا) نہیں مانا سیراب ہو چکے تھے ان کے دل بچھڑے (کے عشق) سے بوجہ ان کے پیہم انکار کی

کی اولاد سے کیوں بھیجا گیا۔ بنی اسرائیل میں سے کیوں نہیں چنا گیا لیکن یہ تو اللہ تعالیٰ کی اپنی مرضی ہے جس پر چاہے اپنا فضل وکرم فرمادے۔

۱۰۶؎ جب انھیں قرآن پر ایمان لانے کی دعوت دی جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم تو صرف اس وحی پر ہی ایمان لائیں گے جو ہمارے انبیاء پر اتری۔ اس کے علاوہ کسی دوسری وحی پر ایمان لانے کی ہمیں ضرورت نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کا تو اپنے انبیاء پر نازل شدہ وحی پر بھی ایمان نہیں ورنہ وہ اپنے انبیاء کو قتل کرنے کی جرأت کر سکتے؟ ان کا ایسا کرنا ان کے عدم ایمان کی واضح دلیل ہے۔

۱۰۷؎ ان کی نافرمانیوں کی طویل فہرست سے چند واقعات کی طرف اجمالاً اشارہ کر کے ان کے اس دعویٰ کے بطلان کو واضح کیا جا رہا ہے کہ وہ اپنے انبیاء پر صدق دل سے ایمان لا چکے تھے۔

قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُمْ بِهٖٓ إِيمَانُكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿۹۳﴾ قُلْ إِنْ

نحوست تھی فرمائیے بہت بُرا ہے جس کا حکم کرتا ہے تمھیں (یہ) تمھارا (عجیب و غریب) ایمان اگر تم ایمان دار ہو ۱۰۸؎ آپ فرمائیے اگر

كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْآخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِنْ دُونِ النَّاسِ

تمھارے لیے ہی دارِ آخرت (کی راحتیں) اللہ کے ہاں مخصوص ہیں تمام لوگوں کو چھوڑ کر

فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ﴿۹۴﴾ وَلَنْ يَتَمَنَّوْهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ

تو بھلا آرزو تو کرو موت کی اگر تم سچ کہتے ہو ۱۰۹؎ اور وہ ہرگز کبھی بھی اس کی تمنا نہ کریں گے اپنی کرستانیوں

أَيْدِيهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِالظّٰلِمِينَ ﴿۹۵﴾ وَلَتَجِدَنَّهُمْ أَحْرَصَ النَّاسِ

کے خوف سے اور اللہ خوب جانتا ہے ظالموں کو اور آپ یقیناً پائیں گے انھیں سب لوگوں سے زیادہ ہوس

عَلٰى حَيٰوةٍ ۚ وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا ۚ يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ

رکھنے والے زندگی کی حتیٰ کہ مشرکوں سے بھی (زیادہ جینے پر حریص ہیں) چاہتا ہے ہر ایک ان میں سے کہ زندہ رہنے دیا جائے ہزار

سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ أَنْ يُعَمَّرَ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيرٌ

سال اور نہیں بچا سکتا اس کو عذاب سے (اتنی مدت) جیتے رہنا اور اللہ ہر وقت دیکھ رہا

۱۰۸؎ اگر ایسے قبیح جرائم اور ہر حکمِ الٰہی سے کھلی بغاوت کے باوجود تمھیں ایمان کا دعویٰ ہے تو عجیب ہے تمھارا یہ ایمان جو تمھیں بُرائی پر اُکساتا ہے اور نیکیوں سے باز رکھتا ہے۔ یہ ہے قرآن کریم کا دل ہلا دینے والا اندازِ بیان! دعوتِ حق کا حق ادا کر دیا لیکن جن کے دل مُردہ ہو چکے تھے وہ اِس سے فائدہ نہ اُٹھا سکے۔

۱۰۹؎ جس چیز نے اُنھیں اِنکارِ حق پر محکم کر دیا تھا وُہ اُن کا یہ عقیدہ تھا کہ اُن کی نجات یقینی ہے اور جنّت کو صرف انھیں کی خاطر دُلہن کی طرح سجایا جا رہا ہے۔ قرآن حکیم ان کے اِس حجاب کو بھی تار تار کرتا ہے۔ اگر تم اِس دعویٰ میں سچّے ہو تو ذرا اپنے مرنے کی دُعا تو کرو تاکہ اِس دارالمحن سے نکل کر جنّت کی ابدی نعمتوں سے شاد کام ہو۔ اللہ تعالیٰ پیشین گوئی فرماتے ہیں کہ وُہ ہرگز ہرگز ایسا نہیں کریں گے اور واقعی وُہ ایسا نہ کر سکے۔ اِن کے لیے کتنا آسان تھا کہ مرنے کی آرزو کر کے قرآن کے اِس اعلان کو جھُٹلا دیتے لیکن وُہ دِل کی گہرائیوں میں خوب جانتے تھے کہ یہ کھیل نہیں۔ اگر اُنھوں نے تمنّا کی تو اُن کی زندگی کا چراغ اسی لمحہ

بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى

ہے جو کچھ وُہ کرتے ہیں آپ فرمائیے جو دُشمن ہو جبریلؑ کا (اسے معلوم ہونا چاہیئے) کہ اس نے اُتارا قرآن

قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى

آپ کے دل پر اللہ تعالیٰ کے حکم سے ١٥٠ (یہ) تصدیق کرنے والا ہے ان کتابوں کی جو اس سے پہلے اُتریں ١٥١ اور سراپا ہدایت اور خوشخبری

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٧﴾ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ

ہے ایمان والوں کے لیے جو کوئی دُشمن ہو اللہ اور اُس کے فرشتوں اور اُس کے رسُولوں اور جبریلؑ

وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍ

و میکائیلؑ کا تو اللہ بھی دشمن ہے (ان) کافروں کا اور یقیناً ہم نے اُتارے ہیں آپ پر روشن

بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿٩٩﴾ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا

نشان اور کوئی بھی اِنکار نہیں کرسکتا ان کا بجز نافرمانوں کے کیا (یُوں نہیں) کہ جب کبھی اُنھوں نے وعدہ کیا

نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠٠﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ

تو پھر توڑ پھینکا اُسے انھیں میں سے ایک گروہ نے بلکہ ان کی اکثریّت تو (سرے سے) ایمان ہی نہیں لائی اور جب آیا ان کے پاس

بُجھا دیا جائے گا۔ حضُور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم سے مروی ہے کہ اگر یہُود اُس وقت مرنے کی تمنّا کرتے تو ایک بھی زندہ نہ بچتا۔

١٥٠ یہُود کے ایک عالم عبداللہ بن صوریا نے حضُور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم سے دریافت کیا کہ کونسا فرشتہ وحی لے کر آپ کے پاس آتا ہے۔ حضُورؐ نے فرمایا جبریلؑ امین۔ ابن صوریا کہنے لگا کہ وُہ تو ہمارا پُرانا دُشمن ہے ہمیشہ غضب و عذاب ہی لے کر ہم پر اُترتا رہا ہم اس کی لائی ہُوئی وحی پر ایمان لانے سے معذُور ہیں۔ اِس آیت میں اس کا ردّ فرمایا جا رہا ہے کہ جبریلؑ اپنی طرف سے تو کچھ نہیں کرتا۔ وُہ تو صرف اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل پر مقرر ہے۔ اگر جبریلؑ سے تمھیں دُشمنی ہے تو اللہ تعالیٰ بھی تمھارا دُشمن ہے۔

١٥١ اِن الفاظ سے تنبیہ فرما دی کہ یہ عجیب لوگ ہیں جو وحی لے کر اَب جبریلؑ اُتر رہا ہے اس سے تو تورات اور جُملہ انبیاءِ بنی اِسرائیل کی تصدیق ہو رہی ہے۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ دَوڑ کر اس پر اِیمان لاتے لیکن یہ اُلٹی کھوپڑی والے اپنے دوست اور

رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ

رسُول اللہ کی طرف سے تصدیق کرنے والا اُس کتاب کی جو اُن کے پاس ہے تو پھینک دیا ایک

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ

جماعت نے اہل کتاب سے ۱۱۲ اللہ کی کتاب کو اپنی پشتوں کے پیچھے جیسے وُہ

لَا يَعْلَمُوْنَ ۞ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ

کچھ جانتے ہی نہیں اور پیروی کرنے لگے اس کی جو پڑھا کرتے تھے شیطان ۱۱۳ سلیمان ؑ کے عہدِ حکومت میں ۱۱۴

دُشمن کو بھی نہیں پہچانتے۔

۱۱۲ جب سیّدنا محمد رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم تشریف فرما ہُوئے اور حضورؐ کے اوصاف و کمالات جو تورات اور زبُور میں موجُود تھے اُنھوں نے اپنی آنکھوں سے ذاتِ پاکِ مُصطفیٰ علیہ التحیّۃ والثّنا میں مشاہدہ کر لیے تو بجائے اس کے کہ ایمان لاتے ان ظالموں نے اپنی مقدس کتابوں کی ان تصریحات کو ہی پس پُشت ڈال دیا۔ اور ان کو بھی ماننے سے انکار کر دیا۔ جس قوم کی ہٹ دھرمی کا یہ حال ہو اس سے بھلا ہدایت کی کوئی توقع کی جا سکتی ہے!

۱۱۳ اس طویل آیت میں یہوُد کی تاریخ کا ایک تاریک صفحہ پیش کیا جا رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ قومیں اپنے عرُوج کے زمانہ میں ہمّت، محنت اور جانفشانی سے اپنے لیے بلند مقام پیدا کرتی ہیں۔ اور انحطاط کے دَور میں بھی اپنے اسلاف کے حاصل کردہ بلند مقامات سے چمٹے رہنے کی آرزو تو ان کے دلوں میں چٹکیاں لیتی رہتی ہے لیکن ان کی پست ہمتیں اور شکستہ حوصلے کسی ایثار و قربانی کے لیے اُنھیں آمادہ نہیں کر سکتے۔ اس وقت وُہ جادُو اور منتر کا سہارا لینے لگتی ہیں تاکہ اپنے بزرگوں کی عظمت کا تاج بھی ان کے زیبِ سر رہے اور اُنھیں کرنا بھی کچھ نہ پڑے۔ یہوُد کا بھی دَورِ انحطاط شرُوع ہُوا تو سچّی عزت اور عظمت کی بلندیوں تک لے جانے والا سیدھا راستہ جس کی نشان دہی تورات نے کی اس پر چلنا تو ان کے لیے دُشوار ہو گیا اور اپنے جھوٹے وقار کو برقرار رکھنے کے لیے اُنھوں نے جادُو وغیرہ کا سہارا لینا شرُوع کر دیا۔ اس آیت میں ان کی اسی بے راہروی کا تذکرہ ہو رہا ہے۔ تتلوا اگر تلاوۃ سے مشتق ہے تو اس کا معنی پڑھنا ہے۔ اگر تلو سے ماخوذ ہے تو اس کا معنی پیروی کرنا ہے۔ اس کا ایک معنی بُہتان باندھنا بھی ہے۔ اس صُورت میں آیت کا معنی یہ ہو گا کہ یہوُد پیروی کرنے لگے اس چیز (سحر) کی جس کا شیطان حضرت سُلیمان ؑ پر بہتان باندھا کرتے تھے۔

۱۱۴ علیٰ بمعنی فی ہے یعنی حضرت سلیمان علیہ السّلام کے عہدِ حکومت میں۔ اور علیٰ اور فی ایک دُوسرے کے معنی میں بکثرت استعمال ہوتے رہتے ہیں۔

وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ

حالانکہ سلیمانؑ نے کوئی کفر نہیں کیا ۱۱۵ بلکہ شیطانوں نے ہی کفر کیا سکھایا کرتے تھے ۱۱۶ لوگوں کو

۱۱۵ بہتر ہے کہ آیت کی مزید تشریح سے پہلے سحر کی حقیقت بیان کردی جائے۔ صاحب تاج العروس لکھتے ہیں :۔
واصل السحر صرف الشئ عن حقیقته الی غیرہ فکان الساحر لما اری الباطل فی صورة الحق وخیل الشئ علی غیر حقیقته فقد سحر الشئ عن وجهه ای صرفه (تاج)

سحر کا اصلی معنی ہے کسی چیز کی حقیقت کو بدل دینا گویا جب ساحر جھوٹ کو سچ کر کے دکھاتا ہے یا چیز اپنی حقیقت کے خلاف نظر آنے لگتی ہے تو گویا اس نے اس شئے کی حقیقت کو بدل دیا۔ یہ تو ہے سحر کی لغوی تحقیق۔ اب اس کے اصطلاحی معنی پر غور فرمائیے۔ ایسے الفاظ اور اعمال کے جاننے اور کرنے کو سحر کہا جاتا ہے جن سے انسان کو شیاطین کا تقرب حاصل ہوجاتا ہے اور وہ اس کے فرمانبردار بن جاتے ہیں۔ اور ان اعمال و الفاظ کے اثر سے کانوں اور آنکھوں پر ایک ایسی کیفیت طاری ہوجاتی ہے جس سے آواز ہوتی کچھ ہے اور سنائی کچھ دیتی ہے۔ اور چیزیں اپنی حقیقت کے خلاف دکھائی دینے لگتی ہیں بعض کا خیال یہ ہے کہ چیزیں اپنی حقیقت کے خلاف صرف دکھائی ہی نہیں دیتیں بلکہ ان کی حقیقت بھی بدل جاتی ہے۔ واللہ اعلم۔

حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ کے نزدیک ساحر کی سزا یہ ہے کہ اسے قتل کر دیا جائے اور اس کی توبہ قبول نہ کی جائے۔
"والمشهور عنه ان الساحر یقتل مطلقا...... ولا یقبل قوله اتوب عنه (روح المعانی)

۱۱۶ یہود و نصاریٰ ایک طرف تو حضرت سلیمانؑ کی رسالت کو تسلیم کرتے اور بحر و بر پر ان کی فرمانروائی کا ذکر بڑے فخر سے کرتے اور دوسری طرف یہ بھی کہتے کہ آخری عمر میں سلیمانؑ نے توحید کو چھوڑ دیا اور اپنی مشرک بیویوں کے باطل خداؤں کی پرستش کرنے لگا۔ چنانچہ بائیبل میں اس کی تصریح موجود ہے۔" اور سلیمانؑ بادشاہ فرعون کی بیٹی کے علاوہ بہت سی اجنبی عورتوں سے .... محبت کرنے لگا .... سلیمانؑ ان ہی کے عشق کا دم بھرنے لگا ...... اور اس کی بیویوں نے اس کے دل کو پھیر دیا کیونکہ جب سلیمانؑ بڈھا ہو گیا تو اس کی بیویوں نے اس کے دل کو غیر معبودوں کی طرف مائل کر لیا اور اس کا دل خداوند اپنے خدا کے ساتھ کامل نہ رہا .... اور سلیمانؑ نے خداوند کے آگے بدی کی .... اور خداوند سلیمانؑ سے ناراض ہوا کیونکہ اس کا دل خداوند اسرائیل کے خدا سے پھر گیا تھا (باب ۱۱ آیات ۱ تا ۹ سلاطین) نعوذ باللہ من ذلک سلیمانؑ پر انہوں نے شرک صریح کا یہ الزام لگایا اور دنیا آپ کو یونہی سمجھتی رہی۔ یہاں تک کہ اللہ کا حبیبؐ اور سارے انبیاء و رسل کی عزت و ناموس کا نگہبان محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تشریف لایا اور اپنے رب کا یہ فرمان دنیا کو سنایا وماکفر سلیمان۔ یعنی سلیمانؑ تو جلیل القدر پیغمبر تھا اسے کفر و شرک سے کیا واسطہ! پنبہ در گوش یہود و نصاریٰ نے از راہ تعصب اس وقت بھی اس حقیقت کو تسلیم نہ کیا لیکن ۱۳½ صدیاں گزرنے کے بعد انہیں آخر کار

السِّحْرَ ۚ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ؕ

جادُو نیز وُہ بھی جو اُتارا گیا دو فرشتوں پر (شہر) بابل میں (جن کے نام) ہارُوت اور مارُوت تھے ۱۷۱

وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ

اور (کچھ) نہ سکھاتے تھے وُہ دونوں کسی کو جب تک یہ نہ کہہ لیتے کہ ہم تو نِری آزمائش ہیں (ان پر عمل کرکے) کُفر مت کرنا

وُہی تسلیم کرنا پڑا جو خدائے برحق نے اپنے نبی برحق کی زبانِ حقیقت ترجمان سے کہلوایا تھا۔ چنانچہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا جلد ۲ صفحہ ۹۵۲ پر محققین کے قلم کو یہ لکھنا پڑا "سُلیمانؑ خدائے واحد کے مخلص پرستار تھے"۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ مسیحی دُنیا کے فضلاء نے انسائیکلوپیڈیا ببلیکا میں انجیل کی ان آیات کے متعلق صراحۃً لکھ دیا کہ یہ غلط ہیں اور بعد میں لوگوں نے ملائی ہیں۔ اور حضرت سُلیمانؑ تہمتِ شرک سے مبرّا تھے۔ کالم (۴۶۸۹) اللہ تعالیٰ نے قرآن اور حاملِ قرآن کی اس صفت کا بار بار اعلان فرمایا ہے کہ وُہ پہلے انبیاء ورُسل اور آسمانی کتابوں کی تصدیق کرنے کے لیے آیا ہے اور ان تہمتوں اور بہتانوں سے ان کی برأت کرنے کے لیے آیا ہے جو صرف غیروں نے ہی نہیں بلکہ ان کے اپنے ماننے والوں نے ان پر چسپاں کر رکھی تھیں۔ سبحان من لا الہ الا ھو۔

۱۷۱ اس آیت میں دو احتمال ہیں۔ پہلا یہ کہ ما نافیۃ ہے اور یہ جُملہ معترضہ ہے۔ اس صُورت میں اس کا مطلب یہ ہوگا کہ یہُود کا یہ کہنا کہ جادُو بھی آسمان سے فرشتوں پر نازل ہوا اور فرشتوں نے ہی ہمیں یہ سکھایا اس لیے یہ بھی صحائفِ آسمانی کی طرح آسمانی چیز ہے اور مقدّس ہے۔ یہُود کا یہ کہنا سراسر باطل ہے وما انزل علی الملکین فرشتوں پر ہرگز کوئی جادُو نازل نہیں کیا گیا۔ ہارُوت اور مارُوت بدل البعض ہوگا شیاطین سے یعنی شیاطین جن کے دو سرکردوں کے نام ہارُوت اور مارُوت ہیں وُہ جادُو سکھایا کرتے تھے۔ علّامہ قرطبیؒ نے لکھا ہے۔ ھذا اولی ما حملت علیہ الآیۃ من التاویل و اصح ما قیل فیھا ولا یلتفت الی سواہ۔ یعنی آیت کی یہی تاویل کرنا چاہیئے۔ یہی سب سے زیادہ صحیح قول ہے۔ اور اس کے علاوہ کسی قول کی طرف التفات نہ کرنا چاہیئے۔ واقعی اس تاویل سے کئی شُبہات کا ازالہ ہو جاتا ہے۔

لیکن جمہور علماء کا قول یہ ہے کہ ما انزل میں ما موصُولہ ہے اور اس کا عطف اتبعوا کے تحت ہے یعنی یہُودیِ فلسطین میں مرّوج جادُو پر بھی عمل پیرا تھے اور جب بخت نصر بیت المقدس کی اینٹ سے اینٹ بجانے کے بعد بنی اسرائیل کو جنگی قیدی بنا کر بابل میں لے گیا تو بجائے اس کے کہ اس کُفر و الحاد کی دُنیا میں وُہ توحید کی تبلیغ کرتے اُلٹا وہاں کے لوگوں سے بھی اُنھوں نے جادُو سیکھا اور اس پر بھی عمل پیرا ہُوئے۔ اب یہاں یہ خدشہ پیدا ہوتا ہے کہ ہارُوت وماروت جو معصُوم فرشتے تھے اُنھیں کیونکر جادُو کی تعلیم دینے کے لیے بابل میں اُتارا گیا۔ تو اس کی حکمت یہ بیان کی گئی ہے کہ اس وقت ساری دُنیا میں خصُوصاً بابل کی مملکت میں جادُو کا بہت رواج تھا۔ جادُو کے زور سے لوگ طرح طرح کے کرشمے دِکھاتے جس سے

فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ زَوْجِهٖ ؕ وَ مَا هُمْ

(اس کے باوجود) لوگ سیکھتے رہے ان دونوں سے وُہ منتر ١١٨ جس سے جُدائی ڈالتے تھے خاوند اور اس کی بیوی میں اور وُہ

بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ يَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ

ضرر نہیں پہنچا سکتے اپنے جادُو منتر سے کسی کو بغیر اللہ کے ارادہ کے ١١٩ اور وُہ سیکھتے ہیں وُہ چیز جو ضرر رساں ہے اُن کے لیے

سادہ لوح دنگ رہ جاتے۔ ان کے نزدیک جادُو اور معجزہ میں کوئی فرق نہیں رہ گیا تھا۔ بلکہ وُہ جادُو کو علم کی ایک مُفید ترین شاخ تصوّر کرنے لگے تھے اور جادُوگروں کو مقدّس ماننے لگے تھے۔ اس لیے اللہ تعالےٰ نے دو فرشتے نازل کیے جو لوگوں کو جادُو کی اصلیّت سے آگاہ کریں تاکہ وُہ آسانی سے جادُو کی فریب کاری اور معجزہ کی حقیقت میں تمیز کر سکیں اور اگر اُنھوں نے جادُو سیکھ کر اس پر عمل کرنا شروع کر دیا تو یہ ان کی اپنی غلطی تھی۔ فرشتے تو اُنھیں صاف طور پر بتا دیتے کہ ہمیں تو فقط تمھارے آزمانے کے لیے بھیجا گیا ہے۔ اگر تم نے جادُو پر عمل شروع کر دیا تو خوب سُن لو کہ ایمان رُخصت ہو جائے گا اور کافر ہو جاؤ گے۔

بعض مفسّرین کرام نے لکھا ہے کہ یعلمان کا مقصد یہ نہیں کہ وُہ باقاعدہ سحر کے اُصول وقواعد کا درس دیا کرتے اور اس کی جُزئیات اُنھیں ازبر کرایا کرتے بلکہ یہاں یُعَلِّمَان بمعنی یُعْلِمَان ہے جس کا مصدر اعلام ہے (قرطبی) اس کا مفہوم ہے جتانا۔ آگاہ کرنا۔ یعنی وُہ جادُو کے مفاسد اور مضرّات سے اُنھیں آگاہ کرتے تاکہ وُہ اس سے پرہیز کر سکیں۔

١١٨ سحر وجادُو کا جو منتر ان میں بہت مقبولیّت حاصل کر چکا تھا وُہ تھا جس سے میاں بیوی میں ناچاقی پیدا ہو تاکہ یہ اس پر ڈورے ڈال کر اپنے عشق کے جال میں پھانس لیں۔ اس طرح وُہ حرام کاری کا بازار گرم رکھتے۔ قرآن کا اعجاز ملاحظہ ہو کہ ان کے کردار کے چہرہ پر جس بدنما داغ کی نشاندہی چودہ صدیاں پہلے قرآن نے کی اس کو آج وُہ خود اپنی تحقیق کے آئینہ میں اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر رہے ہیں۔ جیوش انسائیکلو پیڈیا کی یہ عبارت پڑھیئے۔ سحر کی سب سے زیادہ عام متداول صُورت اس نقش کی تھی جو عشق و محبّت کے لیے دیا جاتا تھا۔ خاص کر وُہ نقش جو ناجائز آشنائیوں کے لیے لکھا جاتا تھا۔

(جیوش انسائیکلو پیڈیا جلد ٨ ص ٢٥٥) (تفسیر ماجدی)

١١٩ آیت کے اس حصّہ میں بتایا جا رہا ہے کہ سحر اور اس پر مرتّب ہونے والے آثار کا باہمی تعلق ایسا ہی ہے جیسے سبب و مسبّب کا۔ اور سبب جب ہی اپنا اثر دکھاتا ہے جب اذنِ الٰہی ہو۔ اور اگر اذن نہ ہو تو سبب معطل ہو جاتا ہے۔ معلوم ہوا کہ سحر ایسی چیز نہیں جو اللہ تعالیٰ کی مشیّت پر بھی غالب ہو۔ اور اگر وُہ نہ چاہے تب بھی جادُو کا اثر ہو کر رہے۔ ہر قسم کا اختیار رکھنے والی تو وُہ ذات ہے جس کے اذن واجازت پر ہر چیز کے وجُود و عدم کا دارومدار ہے۔ سحر پر بھی اگر آثار مرتب ہوتے ہیں تو خود بخود نہیں بلکہ اذنِ الٰہی ملنے کے بعد۔ اب یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب سحر حرام ہے تو پھر اس پر آثار

وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۚ وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ

اور نہیں نفع پہنچا سکتی انھیں اور وُہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ جس نے اس کا سودا کیا اس کے لیے آخرت میں (رحمتِ الٰہی سے)

خَلَاقٍ ۚ قف وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ۚ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۰۲

کوئی حصّہ نہیں اور بہت بُری ہے وُہ چیز بیچا ہے انھوں نے جس کے عوض اپنی جانوں (کی فلاح) کو، کاش! وُہ کچھ جانتے

وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ۚ لَوْ كَانُوْا

اور اگر وُہ ایمان لاتے اور پرہیز گار بنتے تو (اس کا) ثواب اللہ کے ہاں بہت اچھا ہوتا کاش! وُہ کچھ

يَعْلَمُوْنَ ۝۱۰۳ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا

جانتے اے ایمان والو! (میرے حبیبؐ سے کلام کرتے وقت) مت کہا کرو "راعنا" ۱۲۰ے بلکہ کہو "انظرنا"

مرتّب ہونے کا اللہ تعالیٰ اِذن ہی کیوں دیتا ہے؟ اس کے لیے ایک چیز ہمیشہ مدِّ نظر رہنی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کے ارادہ و مشیّت اور اس کے حکم و رضا میں بڑا فرق ہے۔ وُہ کسی بُری چیز کا حکم نہیں دیتا اور نہ اس کے کرنے سے خوش ہوتا ہے ہاں تکوینی مصلحتوں کے باعث ان اشیاء سے اُس کی مشیّت متعلق ہوتی رہتی ہے۔ اس نے یہ حکم نہیں دیا کہ کسی سوئے ہُوئے بے گناہ کا سر قلم کر دو لیکن اس کے اذن کے بغیر نہ سر کٹتا ہے نہ موت آتی ہے۔ اسی طرح مقرّبینِ بارگاہِ الٰہی کو اذیّت دینا اور اُنھیں قتل کرنا اُسی کی مشیّت سے وقوع پذیر ہوتا ہے لیکن اس نے نہ اس کا حکم دیا ہے نہ وُہ ایسے جرائم سے خوش ہوتا ہے اس اِذن و مشیّت میں وُہ مصلحتیں اور اسرار ہوتے ہیں جن کو بیان کرنے سے زبانِ قلم عاجز ہوتی ہے۔ اِس سرِّ نہاں کے رُخ سے ذرا سا پردہ حضرتِ خضرؑ نے سرکایا تھا تو حضرتِ کلیمؑ تاب نہ لا سکے۔ ما و شما کس شمار میں ہیں۔

باقی رہی وُہ روایت کہ زُہرہ نامی بدکارہ نے اِن دونوں فرشتوں ہارُوت و مارُوت کو اپنے دامِ عشق میں گرفتار کر لیا اور اس کے کہنے پر دونوں نے شراب پی اور بدکاری کی اور اب وُہ بابل کے کسی کنوئیں میں اوندھے لٹکے ہُوئے ہیں یہ روایت عُلماءِ محقّقین کے نزدیک مردُود اور غیر مقبول ہے (رازی) اور صاحبِ رُوح البیان بصد حسرت لکھتے ہیں کہ کاش! ایسی بیہودہ روایات سے اہلِ اسلام کی تصنیفات پاک ہوتیں۔

۱۲۰ے رٰاعنا ذو معنی لفظ ہے۔ اس کا ایک معنی تو یہ ہے کہ ہماری رعایت فرمائیے اور صحابہ کرامؓ بارگاہِ رسالتؐ میں جب حاضر ہوتے اور حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے کسی ارشادِ گرامی کو اچھی طرح سمجھ نہ سکتے تو عرض کرتے راعنا اے حبیب اللہ! ہم پُوری طرح سمجھ نہیں سکے ہماری رعایت فرماتے ہُوئے دوبارہ سمجھا دیجئے لیکن یہود کی عبرانی زبان میں

وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ

اور (ان کی بات پہلے ہی) غور سے سُنا کرو ؁۱۲۱ اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے نہیں پسند کرتے وہ لوگ جو کافر ہیں

اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ

اہل کتاب سے اور نہ مشرک کہ اُتاری جائے تم پر کچھ بھلائی تمہارے

رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ

رب کی طرف سے ؁۱۲۲ اور اللہ خاص فرما لیتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ جسے چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ بہت بڑا فضل

الْعَظِيْمِ ﴿۱۰۵﴾ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ

(فرمانے) والا ہے جو آیت ہم منسوخ کر دیتے ہیں یا فراموش کرا دیتے ہیں تو لاتے ہیں (دُوسری) بہتر اس سے یا

یہی لفظ ایسے معنی میں مستعمل ہوتا جس میں گستاخی اور بے ادبی پائی جاتی۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے محبوب کی عزّت و تعظیم کا یہاں تک پاس ہے کہ ایسے لفظ کا استعمال بھی ممنوع فرما دیا جس میں گستاخی کا شائبہ تک بھی ہو۔ چنانچہ علماء کرام نے تصریح کی ہے فيها دليل على تجنب الالفاظ المحتملة التى فيها التعريض للتنقيص والغض (قرطبی) یعنی اس آیت سے ثابت ہوا کہ ہر ایسے لفظ کا استعمال بارگاہِ رسالت میں ممنوع ہے جس میں تنقیص اور بے ادبی کا احتمال تک ہو۔ امام مالک رحؒ نے تو ایسے شخص کو حدّ قذف لگانے کا حکم دیا ہے۔

؁۱۲۱ راعنا کی جگہ انظرنا (یعنی ہماری طرف نگاہِ لطف فرمائیے) کہا کرو۔ کیونکہ یہ لفظ ہر طرح کے احتمالاتِ فاسدہ سے پاک ہے۔ واسمعوا کا حکم دے کر یہ تنبیہ فرما دی کہ جب میرا رسول ؐ تمہیں کچھ سُنا رہا ہو تو ہمہ تن گوش ہو کر سُنو۔ تاکہ انظرنا کہنے کی نوبت ہی نہ آئے۔ کیونکہ یہ بھی تو شانِ نبوّت کے مناسب نہیں کہ ایک ایک بات تم بار بار پُوچھتے رہو۔ یہ کمالِ ادب اور انتہائے تعظیم ہے جس کی تعلیم عرش و فرش کے مالک نے غلامانِ مصطفےٰ علیہ السّلام کو دی۔ اب جو لوگ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کو صرف بڑے بھائی کی سی حیثیت دیتے ہیں یا اپنے جیسا بشر ثابت کرنے میں اپنی ساری قابلیتیں صرف کر دیتے ہیں وُہ اپنے انجام پر خود ہی غور کر لیں ؎

ادب گاہیست زیرِ آسماں از عرش نازک تر
نفس گم کردہ مے آید جنیدؒ و بایزیدؒ ایں جا

؁۱۲۲ یہود کو یہ رنج تھا کہ نبوّت جو اُن کی وراثت تھی بنی اسمٰعیل کو کیوں ملی اور مشرکین کو یہ صدمہ تھا کہ نبی کا انتخاب مکّہ و طائف کے رئیسوں میں سے کیوں نہیں کیا گیا۔ عبدالمطّلب کے یتیم پوتے کا انتخاب اُن کی ظاہر بین نگاہوں میں ہرگز

مِثۡلِهَا ؕ اَلَمۡ تَعۡلَمۡ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۱۰۶﴾ اَلَمۡ تَعۡلَمۡ اَنَّ

(کم ازکم) اس جیسی ۱۲۳ے کیا تجھے علم نہیں کہ اللہ تعالےٰ سب کچھ کر سکتا ہے کیا تم نہیں جانتے کہ

اللّٰهَ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَمَا لَكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ

اللہ ہی کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی اور تمھارا اللہ کے سوا

مِنۡ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیۡرٍ ﴿۱۰۷﴾ اَمۡ تُرِیۡدُوۡنَ اَنۡ تَسۡـَٔلُوۡا رَسُوۡلَكُمۡ

کوئی یار و مددگار نہیں کیا تم (یہ) چاہتے ہو کہ پُوچھو اپنے رسُولؐ سے

كَمَا سُئِلَ مُوۡسٰى مِنۡ قَبۡلُ ؕ وَمَنۡ یَّتَبَدَّلِ الۡكُفۡرَ بِالۡاِیۡمَانِ

(ایسے سوال) جیسے پُوچھے گئے مُوسٰیؑ سے اس سے پہلے ۱۲۴ے اور جو بدل لیتا ہے کفر کو ایمان سے

موزُوں نہ تھا اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ میرا اپنا فضل وکرم ہے جس کو چاہوں سرفراز کروں تمہارے مشورہ کی یہاں ضرورت ہے، نہ گنجائش۔

۱۲۳ے یہود سادہ لوح مسلمانوں کے ایمان کو متزلزل کرنے کے لیے طرح طرح کے شبہات پیش کرتے۔ اِن میں سے ایک یہ تھا کہ قرآن آج ایک حکم دیتا ہے کل اسے بدل دیا جاتا ہے اور ایک دُوسرے حُکم پر عمل کرنے کے لیے کہا جاتا ہے۔ ایسا کرنا اللہ تعالیٰ کے شایانِ شان نہیں۔ اِس لیے قرآن خُدا کی کتاب ہی نہیں۔ اِس شُبہ کے ردّ میں یہ آیت نازل ہُوئی۔ نسخ اصُولِ فقہ کی خاص اصطلاح ہے جس کا معنی ہے "بیان محض لانتہاء الحکم الاول" یعنی اللہ تعالیٰ نے جو حکم پہلے نازل فرمایا تھا وُہ ہمیشہ کے لیے نہیں تھا بلکہ ایک خاص وقت کے لیے تھا۔ جب اس کا وقت ختم ہو گیا تو دُوسرا حکم نافذ کر کے پہلے حکم کی مقررہ میعاد کے ختم ہونے کا اعلان کردیا۔ اس میں کسی قسم کی قباحت نہیں بلکہ یہ عین حکمت ہے کیونکہ عرب جیسی آوارہ منش قوم کو قانون وآئین کا پابند کرنے کے لیے جن تدریجی اقدامات کی ضرورت تھی وُہ پوشیدہ نہیں اس لیے اگر چند ابتدائی احکام جو محض وقتی مصلحت کے لیے نافذ کیے گئے تھے بعد میں منسُوخ کر دیئے گئے اور ان کی جگہ دُوسرے احکام جو اب اُن کی تربیت یافتہ ذہنیت کے مُطابق ہیں نافذ کر دیئے گئے تو یہ بالکل دُرست ہے۔ آیت کا یہ ٹکڑا "نات بخیر منہا" اسی بات کی طرف واضح اشارہ ہے۔ آخر میں سب معترضین کا مُنہ بند کرنے کے لیے یہ بھی فرمایا کہ میں قادرِ مطلق ہُوں جو چاہُوں کرُوں تمھیں اعتراض کا کیا حق ہے؟ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو احقر کی تالیف سُنّت خیر الانام علیہ الصّلوٰۃ والسّلام میں نسخ کی بحث)

۱۲۴ے یہود مسلمانوں کو طرح طرح کے سوالات کرنے پر اُکساتے۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ایسا کرنے سے سختی سے منع فرمایا۔

فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١٠٨﴾ وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ

وُہ (قسمت کا مارا) تو بھٹک گیا سیدھے راستہ سے دِل سے چاہتے ہیں بہت سے اہلِ کتاب کہ کسی طرح پھر بنا دیں تمھیں

مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚۖ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ

اِیمان لانے کے بعد کافر ۱۲۵؎ (ان کی یہ آرزو) بوجہ اس حسد کے ہے جو اُن کے دِلوں میں ہے

بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ

(یہ سب کچھ) اس کے بعد جبکہ خوب واضح ہو چکا ہے اُن پر حق پس (اے غلامانِ مصطفےٰ) مُعاف کرتے رہو اور درگزر کرتے رہو

بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٠٩﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ

یہاں تک کہ بھیج دے اللہ (اُن کے بارے میں) اپنا حکم ۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور صحیح ادا کرو نماز اور

اٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ

دیا کرو زکوٰۃ اور جو کچھ آگے بھیجو گے اپنے لیے نیکیوں سے ضرور پاؤ گے اس کا ثمر اللہ کے

اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿١١٠﴾ وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ

ہاں ۱۲۶؎ یقیناً اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کر رہے ہو خوب دیکھ رہا ہے اور اُنھوں نے کہا نہیں داخل ہوگا جنّت میں (کوئی بھی)

کہ میرے حبیب سے یہودیوں کی طرح قیل وقال نہ کیا کرو۔ ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے۔ جن امُور کے کرنے کا حُکم دیا جائے ان کو کرو۔ جن سے منع کیا جائے ان سے باز رہو۔ اور جن امُور کے متعلق اللہ اور اس کے رسُول نے سکوت اختیار فرمایا ہے انھیں مت چھیڑو۔ اسی میں تمھاری سلامتی ہے۔

۱۲۵؎ یہود ضد اور ہٹ دھرمی کے باعث خود بھی دولتِ ایمان سے محرُوم رہے اب حسد کے مارے چاہتے ہیں کہ کوئی اور بھی دولتِ ایمان سے مالا مال نہ ہو۔ ہر وقت مُسلمانوں کو اسلام سے برگشتہ کرنے کے لیے سازشیں کرتے رہتے ہیں اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو فرماتا ہے کہ تم ان کی فتنہ انگیزیوں اور شرارتوں سے درگزر کرتے رہو۔ بات بات پر اُن سے اُلجھنے کی ضرورت نہیں جب مناسب ہوگا ان کا قلع قمع کرنے کا تمھیں حکم دے دیا جائے گا۔

۱۲۶؎ چھوٹی یا بڑی جو نیکی کرو گے وُہ بھلا نہیں دی جائے گی بلکہ اس کا پُورا پُورا ثواب تمھیں عطا کیا جائے گا۔

إِلَّا مَن كَانَ هُودًا أَوْ نَصَارَىٰ ۗ تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ ۗ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ

بغیر ان کے جو یہودی ہیں یا عیسائی یہ ان کی من گھڑت باتیں ہیں آپ (انھیں) فرمائیے لاؤ اپنی کوئی دلیل

إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿١١١﴾ بَلَىٰ مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ وَهُوَ

اگر تم سچے ہو ہاں جس نے بھی جھکا دیا اپنے آپ کو اللہ کے لیے اور وہ

مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِندَ رَبِّهِ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

مخلص بھی ہو تو اس کے لیے اس کا اجر ہے اپنے رب کے پاس ۱۲۷ نہ کوئی خوف ہے انھیں اور نہ ہی وہ

يَحْزَنُونَ ﴿١١٢﴾ وَقَالَتِ الْيَهُودُ لَيْسَتِ النَّصَارَىٰ عَلَىٰ شَيْءٍ وَ

غمگین ہوں گے اور کہتے ہیں یہودی کہ نہیں ہیں عیسائی سیدھی راہ پر اور

قَالَتِ النَّصَارَىٰ لَيْسَتِ الْيَهُودُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَهُمْ يَتْلُونَ

کہتے ہیں عیسائی نہیں ہیں یہودی سیدھی راہ پر ۱۲۸ حالانکہ وہ سب پڑھتے ہیں

الْكِتَابَ ۗ كَذَٰلِكَ قَالَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللَّهُ

(آسمانی) کتاب اسی طرح کہی ان لوگوں نے جو کچھ نہیں جانتے ان کی سی بات ۱۲۹ تو (اب)

يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿١١٣﴾ وَ

اللہ فیصلہ فرمائے گا ان کے درمیان قیامت کے دن جن باتوں میں وہ جھگڑتے رہتے تھے اور

۱۲۷ یہ سب دعوے باطل ہیں۔ نجات کا صرف ایک ہی راستہ ہے اور وہ ہے ایمان اور عمل صالح۔ جس نے اپنی ذات، اپنی خواہشات کو اللہ تعالیٰ کے حکم کے سامنے جھکا دیا وُہی بارگاہِ الٰہی میں سرخرو ہوگا۔ رُومی و زنگی، عربی و عجمی کی کوئی قید نہیں۔

۱۲۸ نجران کے عیسائی بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے تو اُن کی آمد کی خبر سُن کر علماء یہود بھی وہاں پہنچ گئے۔ فریقین میں گفتگو شروع ہوگئی۔ اثناء کلام میں یہود نے کہہ دیا کہ نصاریٰ کا مذہب بالکل باطل ہے اور نصاریٰ نے بھی جواباً کہہ دیا کہ یہود کا حق و صداقت سے کوئی واسطہ نہیں۔ اللہ تعالیٰ دونوں کی غلطی کا اظہار فرماتے ہیں کہ جب تورات میں حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی آمد اور اُن کی

مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ

کون زیادہ ظالم ہے اس سے جو روک دے اللہ کی مسجدوں سے ۱۳۰ے کہ ذکر کیا جائے ان میں اس کے نام (پاک) کا

وَسَعٰى فِىْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ

اور کوشاں ہو ان کی ویرانی میں اُنھیں مناسب نہیں تھا کہ داخل ہوتے مسجدوں میں

اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ

مگر ڈرتے ڈرتے ان کے لیے دُنیا میں (بھی بڑی) ذلّت ہے ۱۳۱ے اور ان کے لیے آخرت میں (بھی) بڑا

عَظِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ

عذاب ہے اور مشرق بھی اللہ کا ہے اور مغرب بھی ۱۳۲ے سو جدھر بھی تم رُخ کرو وہیں ذاتِ

رسالت کا ذکر موجود ہے تو تورات پر ایمان کا دعوےٰ کرنے والے یہود کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وُہ حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی رسالت کا انکار کریں اور انجیل میں جب حضرت موسٰی علیہ السّلام کی نبوّت کی اَن گنت شہادتیں موجود ہیں تو اب نصاریٰ کس منہ سے موسٰے علیہ السّلام کی نبوّت کا انکار کرتے ہیں۔ غرضیکہ راستی کا دامن دونوں کے ہاتھ سے چھوٹ گیا ہے۔ دونوں اپنی ضد پر اڑے ہوئے ہیں۔

۱۲۹ے بتوں کے پجاری آگ اور ستاروں کے پرستار بھی اسی غلط فہمی کا شکار ہیں وُہ بھی اپنے سوا سب کو گم کردہ راہ یقین کرتے ہیں۔

۱۳۰ے یعنی صرف زبانی دعووں کو رہنے دو۔ اپنے عمل کے آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھو حقیقت نمایاں ہو جائے گی۔ رُوم کے عیسائیوں نے اپنے بادشاہ طیطس (TITUS) کے ساتھ یہودیوں سے انتقام لینے کے لیے فلسطین پر لشکرکشی کی اور بیتُ المقدس کو ویران و برباد کر دیا۔ اور اس کی پُرشکوہ عمارت کو کھنڈروں میں تبدیل کر دیا۔ بھلا جس کا عمل یہ ہو کیا اُسے حق پہنچتا ہے کہ وُہ اپنے آپ کو حق کا علم بردار کہے۔ کفّارِ مکّہ نے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم اور مسلمانوں کو مسجدِ حرام میں عبادت کرنے سے مدّتوں روکے رکھا۔ کیا ان مشرکین کو زیب دیتا ہے کہ ہدایت پر ہونے کا دعویٰ کریں۔ مقصد یہ ہوا کہ وُہ دعویٰ جس کے ثبوت کے لیے عملِ صالح کی گواہی نہ ہو وُہ توجّہ کے قابل نہیں۔ یہ حکم عام ہے۔ جو ایسا کرے وُہ سب سے زیادہ ظالم ہے۔ کسی زمانہ یا کسی قوم کے ساتھ اس کی تخصیص کی ضرورت نہیں۔

۱۳۱ے دُنیا میں ان کی ذلّت و رُسوائی تو چند سالوں میں ظاہر ہوگئی۔ کفّارِ مکّہ کا اقتدار ختم ہو گیا۔ یہود جلا وطن کر دیئے گئے اور عیسائی مملکتوں پر اسلام کا پرچم لہرانے لگا اور آخرت کا عذاب بھی عنقریب وُہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے۔

۱۳۲ے منتشر افراد تب قوم بنتے ہیں جب ان میں یک جہتی ہو۔ اور یک جہتی تب پیدا ہوتی ہے جب ان کا کوئی مخصوص مرکز ہو۔

اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿١١٥﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ

خداوندی ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ فراخ رحمت والا خوب جاننے والا ہے اور یہ کہتے ہیں کہ بنا لیا ہے اللہ نے (اپنا) ایک بیٹا پاک ہے وہ (اس تہمت سے) ١٣٣

بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿١١٦﴾ بَدِيْعُ

بلکہ اُسی کی ہے جو چیز آسمانوں میں ہے اور زمین میں سب اُسی کے فرمانبردار ہیں موجد ہے ١٣٤

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰۤى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ

آسمانوں اور زمین کا اور جب ارادہ فرماتا ہے کسی کام کا تو صرف اتنا حکم دیتا ہے اُسے کہ ہو جا تو وہ

فَيَكُوْنُ ﴿١١٧﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَاۤ

ہو جاتا ہے اور کہتے ہیں وہ لوگ جو کچھ نہیں جانتے کہ کیوں نہیں کلام کرتا ہمارے ساتھ (خود) اللہ یا کیوں نہیں آتی

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ہر اُمّت کے لیے ایک خاص قبلہ مقرر فرما دیا۔ رفتہ رفتہ قوموں میں یہ خیال جڑ پکڑتا گیا کہ یہ سمت کسی اپنی ذاتی خصوصیت اور خوبی کے باعث قبلہ بنائی گئی۔ اس آیت میں اُن کی اس غلط فہمی کا ازالہ مقصود ہے کہ جہتیں اور سمتیں سب اللہ کی ہیں مشرق ہو یا مغرب جنوب ہو یا شمال سب اس کی پیدا کی ہوئی اور اُسی کے زیرِ نگیں ہیں اگر کوئی جہت قبلہ بنائی جاتی ہے تو کسی ذاتی خصوصیت کی بنا پر نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے قبلہ بنائی جاتی ہے۔ پُورب پچھم سے تمھیں کیا سروکار تم اس کے حکم کے بندے ہو۔ نیز اگر مشرک قومیں سُورج کی پرستش کرتی تھیں اور مشرق اُس کے طلوع کی سمت ہے اس لیے خصوصی طور پر اس کے تقدّس کی قائل تھیں اور بعض فرقے مغرب کو مقدّس مانتے تھے اللہ تعالیٰ نے جہت پرستی کے اس صنم کو بھی پاش پاش کر دیا اور فرمایا یہ جہت از خود کچھ بھی نہیں۔ ان کی حقیقت بس اتنی کچھ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انھیں پیدا فرمایا اور اسی کا حکم ان میں جاری ساری ہے۔

١٣٣ یہود حضرت عزیرؑ کو عیسائی حضرت عیسٰیؑ کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا مانتے اور مشرکین فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں یقین کرتے (نعوذ باللہ) اس آیت میں ان عقائدِ فاسدہ کی تردید ہے۔ زمین کی وسعتوں اور آسمان کی پہنائیوں میں جو چیز ہے نوری ہو یا ناری، خاکی ہو یا افلاکی، بے جان ہو یا جاندار، حقیر ہو یا عزیز، سب پر اس کی مملوک ہونے کی مُہر لگی ہے۔ اور ہر چیز بلا استثناء اس کے حکم کے سامنے سرافگندہ ہے۔

١٣٤ نیست سے ہست کرنے، عدمِ محض سے موجود کرنے کو عربی میں ابداع کہتے ہیں یعنی نہ پہلے اس کا کوئی مادہ ہو نہ نمونہ اور نہ بنانے کے آلات موجود ہوں۔ اس ایک لفظ سے ردّ ہو گیا ان لوگوں کا (مثلاً آریہ سماجی وغیرہ) جو کہتے ہیں کہ رُوح بھی ہمیشہ سے موجود ہے اور مادہ بھی۔ اللہ تعالیٰ نے زیادہ سے زیادہ صرف یہ کیا کہ ایک ماہر کاریگر کی طرح مادے کے مختلف اجزاء کو

اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ

ہمارے پاس کوئی نشانی۔ اسی طرح کہی تھی ان لوگوں نے جو ان سے پہلے (گزرے) تھے ان کی سی (بے سروپا) بات ۱۳۵؎ ملتے جلتے ہیں

قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ

ان سب کے دل۔ بے شک ہم نے صاف صاف بیان کردی ہیں (اپنی) نشانیاں اس قوم کے لیے جو یقین رکھتے ہیں ۱۳۶؎ بے شک ہم نے بھیجا ہے ۱۳۷؎

بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾ وَلَنْ

آپ کو (اے حبیب) حق کے ساتھ (رحمت کی) خوشخبری دینے والا (عذاب سے) ڈرانے والا اور آپ سے باز پرس نہیں ہوگی ان دوزخیوں کے متعلق اور ہرگز خوش

تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ

نہیں ہوں گے آپ سے یہودی اور نہ عیسائی ۱۳۸؎ یہاں تک کہ آپ پیروی کرنے لگیں ان کے دین کی آپ (انھیں)

اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ

کہہ دیجیے کہ اللہ کا بتایا ہوا راستہ ہی سیدھا راستہ ہے اور اگر (بفرض محال) آپ پیروی کریں ان کی خواہشوں کی اس علم کے بعد بھی

ایک خاص تناسب سے باہم ملا دیا اور رنگارنگ چیزیں نمودار ہوگئیں۔ قرآن اعلان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ صرف صانع ہی نہیں بلکہ بدیع ہے۔ اس نے آسمان اور زمین کو محض اپنے ارادہ سے بغیر کسی سابق مادہ کے پیدا فرمایا۔

۱۳۵؎ یہاں سے حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی دلجوئی مقصود ہے کہ اگر یہ کافر روشن معجزات اور واضح دلائل کے باوجود آپ پر ایمان نہیں لاتے تو یہ کوئی نئی بات نہیں جس سے آپ دلگیر ہوں بلکہ یہ تو ہمیشہ سے ایسا ہی کرتے چلے آئے ہیں۔

۱۳۶؎ اس آیت کے پہلے حصّہ میں ان نادانوں کے دو مطالبوں کا ذکر ہے۔ ایک یہ کہ خدا خود اُن سے کلام کرے یا انھیں کوئی ایسی نشانی دکھائے جس کے بعد شک کی گنجائش نہ رہے۔ پہلی بات تو توجّہ کے لائق ہی نہ تھی اس لیے اس کا تو جواب تک نہ دیا۔ دوسری بات کے متعلق فرمایا کہ تم تو صرف ایک نشانی کا مطالبہ کر رہے ہو اور ہم نے تمھیں بے شمار فیصلہ کن نشانات دکھائے ہیں اور پھر بھی تم باطل پر اڑے ہوئے ہو۔ ان کھلی نشانیوں کے بعد تمھیں اور کس نشان کا انتظار ہے جسے دیکھنے کے بعد تم ایمان لاؤ گے۔

۱۳۷؎ ساتھ ہی فرمایا کہ اسلام کی حقّانیّت کی سب سے بڑی دلیل خود آپ کی ذات ہے جو آپ کی ہمہ صفت موصوف اور باکمال ہستی کو دیکھ کر ہدایت قبول نہیں کرتے اُنھیں کوئی اور معجزہ یا دلیل کیونکر راہِ ہدایت دکھا سکتی ہے۔

الَّذِیْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّ لَا نَصِیْرٍ ﴿۱۲۰﴾

جو آپ کے پاس آچکا ہے (تو پھر) نہیں ہوگا آپ کے لیے اللہ (کی گرفت) سے بچانے والا کوئی یار اور نہ کوئی مددگار ۱۳۹

الَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ اُولٰٓىِٕكَ یُؤْمِنُوْنَ

جن کو ہم نے کتاب دی وہ اس کی تلاوت کا حق ادا کرتے ہیں وُہی ایمان لاتے ہیں اس کے

بِهٖ ؕ وَ مَنْ یَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ یٰبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ

ساتھ اور جو کوئی انکار کرتا ہے اس کا تو وُہی نقصان اُٹھانے والے ہیں اے بنی اسرائیل!

اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتُ عَلَیْكُمْ وَ اَنِّیْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى

یاد کرو میری وُہ نعمت جو میں نے تم پر فرمائی اور (خصوصاً یہ کہ) میں نے تم کو فضیلت دی (اس زمانہ کے)

الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَ اتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْـًٔا وَّ لَا یُقْبَلُ

سب لوگوں پر ۱۴۰ اور ڈرو اس ۱۴۱ دن سے کہ نہ بکڑا جائے گا کوئی آدمی کسی کے عوض اور نہ قبول کیا جائے گا

مِنْهَا عَدْلٌ وَّ لَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّ لَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَ اِذِ ابْتَلٰۤى

اس سے مالی تاوان اور نہ نفع دے گی اسے کوئی سفارش اور نہ ہی ان کی امداد کی جائے گی اور یاد کرو جب ۱۴۲ آزمایا

۱۳۸ یہ جو معجزات اور آیات دکھانے کی طرح طرح کی فرمائشیں کر رہے ہیں اِس سے اُن کا مقصد قبولِ ایمان نہیں۔ یہ تو صرف حجّت بازیاں ہیں۔ وُہ تو صرف اس کو پسند کرتے ہیں کہ آپ اپنا دین چھوڑ کر ان کے باطل کو قبول کر لیں جو ناممکن ہے۔

۱۳۹ یہ خطاب اُمّتِ محمّدیہ کو ہے کہ جب تم نے جان لیا کہ سیّد انبیاء صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم تمھارے پاس حق و ہدایت لائے تو تم ہرگز کفّار کی خواہشات کا اتّباع نہ کرنا۔ اگر ایسا کیا تو تمھیں کوئی عذابِ الٰہی سے بچانے والا نہیں۔ (خزائن العرفان)

۱۴۰ بنی اسرائیل کی فضیلت کی وجہ پر مفصّل بحث گزر چکی ہے۔ ملاحظہ ہو صفحہ ۵۶ حاشیہ ۶۴

۱۴۱ اس کا ذکر بھی پہلے گزر چکا ہے۔ ملاحظہ ہو صفحہ ۵۷ حاشیہ ۶۵

۱۴۲ یہ آزمائش اس لیے نہ تھی کہ اللہ تعالیٰ کو حضرت ابراہیمؑ کی حقیقت کا علم نہ تھا۔ وُہ تو علیم و خبیر ہے۔ بلکہ اپنے مقبول بندے کے جذبۂ صدق و اخلاص سے لوگوں کو آگاہ کرنا مطلوب تھا۔ شاید اس میں حکمت یہ ہو کہ بے خبر لوگ کہیں یہ نہ

اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ

ابراہیمؑ کو ۱۴۳ اُس کے ربّ نے چند باتوں سے تو اُنھیں پُورے طور پر بجا لایا ۱۴۴ اللہ نے فرمایا بے شک میں بنانے والا ہوں تمھیں تمام انسانوں

قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ قَالَ لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاِذْ

کا پیشوا ۱۴۵ عرض کی میری اولاد سے بھی؟ ۱۴۶ فرمایا نہیں پہنچتا میرا وعدہ ظالموں تک اور یاد کرو

کہنے لگیں کہ ان پر جو فضل و کرم ہو رہا ہے یُونہی ہو رہا ہے اس کی کوئی خاص وجہ نہیں۔ بلکہ اُنھیں علم ہو جائے کہ وُہ اس لطفِ عمیم کے ہر طرح مستحق ہیں۔ نیز اس لیے بھی کہ ہر بُوالہوس ان مقاماتِ رفیعہ کی طرف للچائی ہُوئی نظروں سے نہ دیکھے بلکہ اُسے معلوم ہو کہ آزمائش و ابتلاء کا آتشیں سمندر موجزن ہے اور ان بلندیوں کی طرف جانے والا راستہ اس میں سے ہو کر گزرتا ہے۔

۱۴۳ ابو الانبیاء حضرت ابراہیم علیہ وعلی نبینا افضل الصلوٰۃ والسّلام کے اسمِ گرامی سے عرب کا بچّہ بچّہ واقف تھا اس لیے قرآن حکیم نے پہلی دفعہ ہی کسی تمہید و تعارف کے بغیر ان کا ذکر فرمایا۔ تورات میں آپ کا نام ابرام اور ابراہم دونوں طرح آیا ہے۔ جدید ترین اثری تحقیقات کے مُطابق آپ کا سالِ پیدائش ۲۱۶۰ ق۔م ہے۔ تورات میں عمر شریف ۱۷۵ سال درج ہے۔ آپ کا آبائی وطن بابل ہے جسے آج کل عراق کہتے ہیں۔ جس شہر میں آپ کی ولادت ہُوئی اُس کا نام تورات میں "اُور" (UR) ہے۔ مدّتوں یہ شہر نقشہ سے غائب رہا۔ اب از سرِ نو نمودار ہو گیا ہے۔ کھُدائی کے کام کی داغ بیل ۱۸۹۴ء میں ہی پڑ گئی تھی۔ ۱۹۲۲ء میں برطانیہ اور امریکہ کے ماہرینِ اثریات کی ایک مشترکہ تحقیقاتی مہم عراق کو روانہ ہُوئی اور کھُدائی کا کام پُورے سات سال تک جاری رہا۔ رفتہ رفتہ پُورا شہر نمودار ہو گیا۔ موجُودہ محرّف بائیبل میں تاریخی غلطیوں کی کثرت سے اُکتا کر بعض محققین نے اُنیسویں صدی کے آخر میں یہ کہنا شروع کر دیا تھا کہ ابراہیم نامی کوئی تاریخی شخصیت گزری ہی نہیں۔ بلکہ یہ محض ایک نوعی نام تھا۔ یا ہر قبیلہ کے شیخ کا لقب تھا لیکن اب پھر تحقیق کا رُخ بدلا اور بیسویں صدی کے آغاز میں ہی پھر (یورپ) کو آپ کی تاریخی شخصیت کا پُوری طرح قائل ہونا پڑا۔

(ماخوذ از تفسیر ماجدی)

۱۴۴ وُہ امتحانات جن سے حضرت ابراہیم علیہ السّلام کو آزمایا گیا تھا کیا تھے؟ ذبحِ اسمٰعیل، آتشِ نمرود اور عرب کے بے آب و گیاہ ریگستان میں اپنی زوجہ اور اپنے ننھے بچّے کو حکمِ الٰہی کے مُطابق چھوڑ آنا اور ان کے علاوہ تمام احکامِ شریعت پر کاربند ہونا ہے جس میں ناخنوں کے تراشنے، دانتوں کو مسواک سے صاف کرنے سے لے کر حج و زکوٰۃ کے جملہ مناسک داخل ہیں۔

۱۴۵ امام کہتے ہیں جس کی پیروی کی جائے یعنی تمام انبیاء اور اُن کی اُمّتیں آپ کی پیروی اور اتباع کریں گی۔ یہاں تک کہ سیّد الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والثناء کو بھی حکم ملا۔ اتبع ملّة ابراهيم حنيفا۔

جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَ اَمْنًا ؕ وَ اتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ

جب ہم نے بنایا اس گھر (خانہ کعبہ) کو مرکز ۱۴۷ لوگوں کے لیے اور امن کی جگہ اور (انہیں حکم دیا کہ) بنالو ابراہیمؑ کے کھڑے

اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ وَ عَهِدْنَاۤ اِلٰۤى اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا

ہونے کی جگہ کو جائے نماز ۱۴۸ اور ہم نے تاکید کردی ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ کو کہ خوب صاف ستھرا رکھنا میرا گھر ۱۴۹

بَيْتِىَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَ الْعٰكِفِيْنَ وَ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾ وَ اِذْ قَالَ

طواف کرنے والوں، اعتکاف بیٹھنے والوں اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لیے اور یاد کرو جب عرض

۱۴۶ اپنی اولاد کے لیے حضرت ابراہیمؑ کا دعا کرنا ایک طبعی چیز تھی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میرا یہ وعدہ ظالموں کے لیے نہیں۔ ہاں جو نیک اور اطاعت گزار ہوں گے ان میں سے بعض کو شرفِ نبوت سے سرفراز کیا جائے گا لیکن ظالم اور بدکار اس نعمت کے حقدار نہیں۔ اس آیت سے علماء نے انبیاء کرام کی عصمت پر استدلال کیا ہے نیز صدرِ مملکت میں جن صفات کا پایا جانا ضروری ہے۔ ان کے متعلق علماءِ اسلام نے تصریح کی ہے "ان الامام یکون اھل العدل والاحسان والفضل مع القوۃ علی القیام بذلک وھو الذی امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم الاینازعوا الامر اھلہ واما اھل الفسوق والجور فلیسوالہ باھل (قرطبی) یعنی امام وہ ہوتا ہے جس کا دامن کبیرہ گناہوں سے داغدار نہ ہو۔ احسان وفضل کی صفات سے متصف ہو۔ اس کے ساتھ اس میں حکومت کی ذمہ داریوں کو بجالانے کی قوت بھی ہو۔ ان خوبیوں والے خلیفہ (یا صدرِ مملکت) کے متعلق ہی حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ ان سے مت جھگڑو۔ لیکن جو فاسق و فاجر ہوں وہ خلافت و صدارت کے اہل نہیں۔

۱۴۷ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہزارہا انقلابوں کے باوجود جس طرح پورا ہو رہا ہے۔ دوست دشمن سب اس کا مشاہدہ کرتے چلے آتے ہیں اور تاقیامت مشاہدہ کرتے چلے جائیں گے۔

۱۴۸ وہ پتھر جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام کعبہ کی تعمیر کرتے رہے اس کو مقامِ ابراہیمؑ کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے محبوبوں کی ہر ادا اور ان سے تعلق رکھنے والی ہر چیز بڑی پیاری ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ وہ بے جان حقیر پتھر جسے حضرت خلیل کے پاؤں سے چھو جانے کا شرف حاصل ہوا وہ قدرت کی نگاہ میں اتنا عزیز اور ذیشان ہے کہ امتِ مصطفوی کو حکم دیا جا رہا ہے کہ اسے اپنی جائے نماز بنائیں۔

۱۴۹ اب کعبہ کی آبادی اور رونق افزائی کا اہتمام فرمایا جا رہا ہے۔ حکم ہے اے ابراہیمؑ اے اسمٰعیلؑ ہر آلائش سے ہر آلودگی سے اسے پاک صاف رکھو۔ اس کا فرش غبار سے، اس کی دیواریں بدنما دھبّوں سے اور اس کی چھتیں مکڑی کے جالوں سے نہ اَٹی رہیں بلکہ اجلا فرش، شفاف آئینہ وار دیواریں اور پاک وصاف چھتیں ہوں۔ تاکہ عبادت کرنے والوں کو دلجمعی نصیب ہو اور وہ اطمینان سے اپنے رب کی یاد کرتے رہیں۔ جب ظاہری پاکیزگی کا اتنا اہتمام ہو رہا ہے تو کفر و شرک کی غلاظت و عفونت سے اسے

إِبْرٰهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ أَهْلَهُ مِنَ الثَّمَرٰتِ

کی ابراہیم نے اے میرے ربّ! بنادے اِس شہر کو ۱۵۰ امن والا اور روزی دے اس کے باشندوں کو طرح طرح کے پھلوں سے

مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ

(یعنی) جو ان میں سے ایمان لاتے اللہ پر اور روزِ قیامت پر۔ اللہ نے فرمایا (ان میں سے) جس نے کفر بھی کیا اسے بھی

قَلِيلًا ثُمَّ أَضْطَرُّهُ إِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿۱۲۶﴾ وَ

فائدہ اٹھانے دوں گا چند روز پھر مجبور کروں گا اسے دوزخ کے عذاب کی طرف اور یہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے اور

إِذْ يَرْفَعُ إِبْرٰهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمٰعِيلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ

یاد کرو جب اٹھا رہے تھے ابراہیم (علیہ السلام) بنیادیں ۱۵۱ خانہ کعبہ کی اور اسمٰعیل (علیہ السلام) بھی۔ اے ہمارے پروردگار قبول فرما

مِنَّا ؕ إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿۱۲۷﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ

ہم سے (یہ عمل) بے شک تو ہی سب کچھ سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے اے ہمارے ربّ! بنادے ہم کو فرماں بردار اپنا

وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ

اور ہماری اولاد سے بھی ایک ایسی جماعت پیدا کرنا جو تیری فرمانبردار ہو اور بتادے ہمیں ہماری عبادت کے طریقے اور توجّہ

پاک رکھنا کتنا اہم ہوگا۔ اسی دلیل سے ہر مسجد کو پاک وصاف رکھنے کا حکم ثابت ہوتا ہے۔

۱۵۰۔ حضرت خلیل ؑ نے عرض کی اے ربّ کریم! اس شہر کو امن کا گہوارہ بنادے اور اس کے ایماندار شہریوں کو تازہ پھل کھانے کے لیے عطا فرما۔ اللہ تعالیٰ نے دونوں التجائیں قبول فرمائیں۔ امامت کے سلسلہ میں چونکہ یہ ہدایت کی گئی تھی کہ یہ صرف فرمانبرداروں کا حصّہ ہے اس سے سبق لیتے ہوئے حضرت خلیل ؑ نے رزقِ طیّب کا سوال کیا تو صرف اہلِ ایمان کے لیے لیکن پروردگارِ عالم نے فرمایا کہ رزق تو مومن اور کافر سب کو دوں گا لیکن کفّار چند روزہ زندگی گزارنے کے بعد اپنے کفر وسرکشی کی سزا بھگتنے کے لیے دوزخ میں پھینک دیئے جائیں گے۔

۱۵۱۔ خود کعبہ کی دیواریں چُن رہے ہیں۔ بلند اقبال فرزند پتھر اور گارا اُٹھا اُٹھا کر لا رہا ہے نسیمِ رحمت کے جھونکوں سے دلوں کے غنچے شگفتہ ہو رہے ہیں۔ کیف وسرور کی ایک ناقابلِ بیان کیفیت طاری ہے۔ اُس وقت اللہ کے یہ دونوں مقبول بندے

عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٢٨﴾ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ

فرما ہم پر (اپنی رحمت سے) بےشک تو ہی بہت توبہ قبول کرنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے اے ہمارے رب ۱۵۲ بھیج ان میں ایک برگزیدہ

رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

رسول انھیں میں سے تاکہ پڑھ کر سنائے ۱۵۳ انھیں تیری آیتیں اور سکھائے انھیں یہ کتاب اور دانائی کی باتیں

اپنے ربِّ کریم سے مانگ رہے ہیں اور وہ دیئے چلا جارہا ہے ۔ دامنِ طلب پھیلا ہوا ہے اور دستِ کرم مصروفِ جود و عطا ہے ۔ اپنے لیے اور اپنی اولاد کے لیے اتنا ہی مانگا کہ لذتِ نیاز اور ملے ۔ لطفِ عبادت میں اور اضافہ ہو۔ مسلمین لک اور امۃ مسلمۃ لک کہہ کر گویا سب کچھ ہی تو مانگ لیا ۔

۱۵۲؎ اپنے لیے اور اپنی اولاد کے لیے دعا مانگنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے ایک ایسے جلیل القدر رسول کی بعثت کے لیے التجا کی جارہی ہے جس کا دامنِ رحمت اتنا کشادہ اور خوانِ کرم اتنا وسیع ہو کہ ہر خاص و عام اس سے فائدہ اٹھا سکے اب یہ دیکھنا ہے کہ اس دعا کا مصداق کون ہے ۔ قرآن کے الفاظ پر غور کرنے سے حقیقت کھل جاتی ہے ۔ وابعث فیھم اور رسولا منھم پر غور فرمائیے ۔ ھم کی ضمیر کا مرجع یا امۃ مسلمۃ ہے یا ذریتنا ہے ۔ ان کے علاوہ کوئی اور لفظ نہیں جو کسی تاویل سے بھی ھم کا مرجع بنایا جاسکتا ہو ۔ ان دونوں لفظوں میں سے کسی ایک کو آپ مرجع بنائیے تو پہلی صورت میں معنی یہ ہوگا کہ امتِ مسلمہ میں سے جو ہماری (ابراہیم و اسمٰعیل کیونکہ یہی دونوں دعا کرنے والے ہیں تیسرا اور کوئی نہیں) اولاد میں سے ہو ۔ رسول مبعوث فرما ۔ دوسری صورت میں یہ معنی ہوگا کہ ہماری اولاد میں سے ایک رسول مبعوث فرما ۔ دونوں صورتوں سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ اس دعا کا وہی مصداق ہے جو ابراہیم اور اسمٰعیل علیہما السلام دونوں کی نسل سے ہو ۔ اور جو حضرت ابراہیمؑ کی نسل سے تو ہیں لیکن اسمٰعیلؑ کی نسل سے نہیں (مثلاً اولادِ اسحاق علیہ السلام) وہ اس دعا کا مصداق نہیں بن سکتے اور لطفِ ایزدی ملاحظہ ہو کہ ان دو حضرات کی نسل سے حضور کریم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ کوئی رسول مبعوث نہیں ہوا ۔ بلکہ کسی کو جھوٹا دعویٰ نبوت کرنے کی توفیق بھی نہیں ہوئی ۔ تاکہ یہ حقیقت ہر شک و شبہ سے بالاتر رہے کہ وہ ذاتِ مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والثناء تھی جس کے لیے خلیلؑ و ذبیحؑ دعائیں کرتے رہے ۔ رسولاً مفرد اور نکرہ منون استعمال ہوا جس سے اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ وہ ہوگا بھی ایک اور ہوگا بے مثال صاحبِ شانِ عظیم ۔ الحمد للہ الذی جعلنا من امتہ ۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے خود بھی فرمایا کہ انا دعوۃ ابی ابراھیم ۔ میں اپنے باپ ابراہیم کی دعا ہوں ۔

۱۵۳؎ اس رسول کے تین فرائض گنوائے جارہے ہیں ۔ ایک تو یہ کہ وہ اللہ کی آیات پڑھ پڑھ کر سنائے ۔ دوسرا یہ کہ کتاب و حکمت سکھائے ۔ تیسرا یہ کہ اپنے تصرفِ روحانی سے دلوں کے آئینوں کو جلا دے اور روشن کرے تاکہ حقائق و معارف

وَيُزَكِّيهِمْ ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿١٢٩﴾ وَمَن يَرْغَبُ عَن مِّلَّةِ

اور پاک صاف کر دے انھیں۔ بے شک تو ہی بہت زبردست (اور) حکمت والا ہے اور کون رُوگردانی کرسکتا ہے دینِ ابراہیمؑ سے ۱۵۴

إِبْرَاهِيمَ إِلَّا مَن سَفِهَ نَفْسَهُ ۚ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا ۖ

بجز اُس کے جس نے احمق بنا دیا ہو اپنے آپ کو اور بے شک ہم نے چُن لیا ابراہیمؑ کو دُنیا میں

وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ﴿١٣٠﴾ إِذْ قَالَ لَهُ رَبُّهُ أَسْلِمْ ۖ

اور بلاشبہ وُہ قیامت کے دن نیکو کاروں میں ہوں گے اور یاد کرو جب فرمایا اُس کو اُس کے رب نے ۱۵۵ اے ابراہیمؑ!

قَالَ أَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٣١﴾ وَوَصَّىٰ بِهَا إِبْرَاهِيمُ بَنِيهِ

گردن جُھکا دو عرض کی میں نے اپنی گردن جُھکا دی سارے جہانوں کے پروردگار کے سامنے ۱۵۶ اور وصیّت کی اِسی دین کی ابراہیمؑ نے اپنے بیٹوں کو

ان میں جلوہ نما ہوسکیں۔

حکمت سے کیا مُراد ہے؟ اس کے سمجھنے سے ایک بہت بڑے فتنے کا اصُولی ردّ ہوجائے گا۔ حکمت کہتے ہیں وضع الاشیاء علیٰ مواضعھا۔ ہر چیز کو اپنے محل اور موقع پر رکھنا۔ یہاں الحکمۃ کا لفظ جو مذکور ہے اس سے مراد احکامِ قرآنی کی ایسی تفصیل اور ان کا ایسا بیان ہے جسے جاننے کے بعد انسان ان احکام کی ایسی تعمیل کرسکے جیسے قرآن نازل کرنے والے خُدا کا منشاء ہے۔ اور نبی کے فرائض میں صرف یہی نہیں کہ قرآن سکھا دے بلکہ اس کا صحیح بیان اور تفصیل بھی سکھائے تاکہ قرآن پر اللہ تعالیٰ کی منشاء کے مطابق عمل ہوسکے۔ اور اسی حکمت یعنی بیانِ قرآن کو سُنّتِ نبویؐ کہا جاتا ہے۔ دُوسری متعدّد آیات میں اس امر کی وضاحت کردی گئی ہے کہ حکمتِ قرآن یعنی اس کا بیان نبی کا ذاتی اجتہاد نہیں ہوتا بلکہ وُہ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل کی جاتی ہے مثلاً ارشاد ہے وانزل اللہ علیک الکتاب والحکمۃ ترجمہ۔ اللہ تعالیٰ نے آپ پر (اے نبیؐ) کتاب اور حکمت نازل فرمائی ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ جیسے قرآن کی اطاعت فرض ہے اُسی طرح صاحبِ قرآن کی سُنّت پر عمل کرنا بھی ضروری ہے۔ اس سے ان لوگوں کی غلط فہمی کا ازالہ بھی ہوگیا جو سُنّت کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی ذاتی رائے خیال کرتے ہیں اور اس پر عمل کرنا ضروری یقین نہیں کرتے (حکمت اور سُنّت پر مفصّل بحث احقر کی تالیف سنتِ خیر الانام میں مُلاحظہ فرمائیں)

۱۵۴ ملّت سے مُراد دین اور شریعت ہے کیونکہ ملّتِ ابراہیمیؑ دینِ فطرت ہے اس لیے ہر سلیم الطبع اسے قبول کرنے کے لیے آمادہ ہوتا ہے۔ ہاں جن کی طبیعتیں مسخ ہوچکی ہوں اور سمجھ بگڑ چکی ہو وُہ اسے قبول نہیں کرتے۔

۱۵۵ اسلام کا معنی ہے اللہ تعالیٰ کے حکم کے سامنے گردن رکھ دینا یعنی اپنی راحت اور تکلیف، اپنے نفع اور نقصان، اپنی

وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ

اور یعقوب ۱۵۷؎ نے اے میرے بچو! بے شک اللہ نے پسند فرمایا ہے تمھارے لیے یہی دین سو تم ہرگز نہ مرنا

اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ ؕ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ

مگر اس حال میں کہ تم مسلمان ہو بھلا کیا تم (اس وقت) موجود تھے جب آ پہنچی یعقوبؑ کو

الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ

موت جب کہ پوچھا اُس نے اپنے بیٹوں سے کہ تم کس کی عبادت کروگے میرے (انتقال کر جانے کے) بعد انھوں نے عرض کی ہم

اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا

عبادت کریں گے آپ کے خدا کی اور آپ کے بزرگوں ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ اور اسحاقؑ کے خدا کی جو خدائے وحدہٗ لاشریک

وَّاحِدًا ۚۖ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا

ہے اور ہم اسی کے فرمانبردار رہیں گے یہ ایک جماعت تھی جو گزر چکی انھیں فائدہ دے گا جو

رائے یا خواہش کو بالکل نظر انداز کر دے اور بغیر کسی حیل و حجّت کے اپنے ربّ کریم کے احکام کی تعمیل پر کمربستہ ہو جائے۔ یہ ہے اسلام کا حقیقی مفہوم۔

۱۵۶؎ یہی وعدہ حضرت سیّدنا ابراہیمؑ نے اپنے ربّ سے کیا۔ اور دُنیا شاہد ہے کہ اُس مردِ پاکباز نے کیسے اس عہد کو نبھایا۔ ان کی زندگی میں مشکل سے مشکل امتحان آئے لیکن اُس ذاتِ قدسی صفات نے جس عزم و ثبات اور تسلیم و رضا کا ثبوت دیا۔ اُس نے فرشتوں کو بھی تصویرِ حیرت بنا دیا۔ جب منجنیق میں رکھ کر نمرود کی بھڑکائی ہوئی آگ میں آپ کو پھینکا جانے لگا تو جبرائیلؑ امین نے حاضر ہو کر عرض کی۔ ھل لك حاجة؟ کوئی کارِ خدمت؟ کوئی ضرورت؟ فرمایا اما الیك فلا۔ تجھ سے کوئی حاجت نہیں۔ جبرئیلؑ نے پھر گزارش کی فاسأل ربك اپنے رب سے تو سوال کرو کہ آپ کو اس آگ کے شعلوں سے بچالے۔ جواب دیا۔ حسبی من سوالی علمه بحالی یعنی جب وُہ جانتا ہے تو مجھے عرض کرنے کی کیا ضرورت۔

۱۵۷؎ حضرت ابراہیم اور حضرت یعقوب علیہما السّلام نے اپنی اولاد کو دینِ اسلام پر ثابت قدم رہنے کی وصیّت فرماتے ہوئے جو الفاظ استعمال کیے ہیں ان سے زیادہ مختصر اور زور دار الفاظ مل نہیں سکتے۔ لا تموتن الا وانتم مسلمون یعنی مرنا تو اسلام پر مرنا۔ کیونکہ موت نے ضرور آنا ہے لیکن اس کے آنے کا وقت ہمیں معلوم نہیں۔ اس لیے ایسی اٹل اور اچانک آجانے والی چیز کے لیے انسان کو ہر لمحہ مستعد رہنا ضروری ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ اسلام کا دامن ہر وقت مضبوطی

كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٣٤﴾ وَ

(نیک عمل) اُنھوں نے کمایا اور تمھیں نفع دیں گے جو (نیک اعمال) تم نے کمائے اور نہ پُوچھے جاؤ گے تم اس سے جو وُہ کیا کرتے تھے اور (یہودی)

قَالُوا كُونُوا هُودًا أَوْ نَصَارَىٰ تَهْتَدُوا ۗ قُلْ بَلْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ

کہتے ہیں یہودی بن جاؤ (عیسائی کہتے ہیں) عیسائی بن جاؤ (تب) ہدایت پالو گے آپ فرمائیے میرا دین تو دینِ ابراہیمؑ ہے جو باطل سے منہ

حَنِيفًا ۖ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٣٥﴾ قُولُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا

موڑنے والا حق پسند تھا اور وُہ نہیں تھا شرک کرنے والوں سے ۱۵۸؎ کہہ دو ہم ایمان لائے ہیں اللہ پر اور اُس پر جو

أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنْزِلَ إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ

نازل کیا گیا ہماری طرف اور جو اُتارا گیا ابراہیمؑ و اِسمٰعیلؑ و اِسحاقؑ و یعقوبؑ

وَالْأَسْبَاطِ وَمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَمَا أُوتِيَ النَّبِيُّونَ مِنْ

اور اُن کی اولاد کی طرف اور جو عطا کیا گیا موُسیٰؑ اور علیسیٰؑ کو اور جو عنایت کیا گیا دُوسرے نبیوں کو ان کے

سے پکڑے رہو۔ اور ایک آن کے لیے بھی یہ گرفت ڈھیلی نہ پڑے۔ مبادا وُہی آن تمھارے یہاں سے کُوچ کرنے کی ہو اگر غفلت کی حالت میں موت کا پیغام آگیا تو اپنے کریم رب کے حضوُر میں کیا مُنہ لے کر حاضر ہوگے۔ زندگی کی یہ بازی جیتنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ ہر وقت انسان چوکنّا رہے۔ اپنا دامن گناہوں سے آلُودہ نہ ہونے دے۔ نافرمانی اور سرکشی تو کُجا غفلت کی گرد سے بھی اپنے دِل کے آئینہ کو مکدّر نہ کرے۔

۱۵۸؎ یہُودیوں اور نصرانیوں کو حضرت ابراہیمؑ کی اولاد ہونے پر بڑا ناز تھا۔ ہر محفل اور مجلس میں اس نسبت پر فخر کیا کرتے تھے۔ اور اپنی صداقت کی یہی دلیل پیش کرتے کہ ہم دینِ ابراہیمیؑ کے پیروکار ہیں لیکن بجائے اس کے کہ ان کے بتائے ہُوئے راستہ پر گامزن ہوتے اُنھوں نے اُلٹا حضرت خلیلؑ کو یہُودی اور عیسائی ثابت کرنا شروع کر دیا تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کے فریب کا پردہ چاک کرتے ہُوئے ان کی غلط بیانی کی تردید کرتے ہیں کہ تمھاری اِس شرک آلُود یہُودیت اور نصرانیت سے اس موحّدِ اعظمؑ کا کیا واسطہ۔ ان کا دامنِ عصمت تو ان تمام بدنما دھبّوں سے پاک اور منزّہ تھا۔

رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۫ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾

رب کی طرف سے ہم فرق نہیں کرتے ان میں کسی پر ایمان لانے میں اور ہم تو اللہ کے فرماں بردار ہیں ۱۵۹

فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا

تو اگر یہ بھی ایمان لائیں جس طرح تم ایمان لائے ہو جب تو وُہ ہدایت پا گئے اور اگر وُہ منہ پھیریں تو (معلوم ہوگیا کہ)

هُمْ فِیْ شِقَاقٍ ۚ فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۱۳۷﴾ ط

وُہی مخالفت پر کمربستہ ہیں تو کافی ہوجائے گا آپ کو اُن کے مقابلے میں اللہ اور وُہ سب کچھ سُننے والا سب کچھ جاننے والا ہے

صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

(ہم پر) اللہ کا رنگ (چڑھا ہے) اور کس کا رنگ خوبصورت ہے اللہ کے رنگ سے ۱۶۰ ہم تو اسی کے عبادت گزار ہیں

قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِی اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَ

آپ فرمائیے کیا تم جھگڑتے ہو ہمارے ساتھ اللہ کے بارے میں حالانکہ وُہ ہمارا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی مالک۔ اور ہمیں ہمارے اعمال اور

لَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ لا اَمْ تَقُوْلُوْنَ

تمہیں تمہارے اعمال فائدہ پہنچائیں گے ہم تو اُسی کی اخلاص سے عبادت کرتے ہیں کیا تم کہتے ہو

۱۵۹؎ یہود و نصاریٰ کی تنگ نظری اور تعصّب کے ذکر کے بعد اَب مسلمانوں کو تعلیم دی جا رہی ہے کہ تم اِس تنگ نظری کا شکار نہ ہونا بلکہ تمہارا شیوہ یہ ہونا چاہیئے کہ اُن تمام کتابوں پر ایمان لاؤ جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائیں۔ تمام ان انبیاء کی تصدیق کرو جنھیں اللہ تعالیٰ نے مبعوث فرمایا۔ اگرچہ اِن کتابوں کے ماننے کا دعوےٰ کرنے والے تمہارے قرآن کو نہ مانیں اور اُن انبیاء کی اُمّت کہلانے والے تمہارے نبی مکرّم پر ایمان نہ لائیں بلکہ طرح طرح کی شرانگیزیوں سے اذیّت پہنچائیں تب بھی تمہارا رویّہ ایسا ہی ہونا چاہیئے کیونکہ تم خدا کے بندے اور اس کے حکم کے سامنے سرافگندہ ہو۔

۱۶۰؎ یہود کی رسم تھی کہ جب کوئی ان کے دین میں داخل ہوتا تو اسے رنگدار پانی سے غسل دیتے۔ پھر عیسائیوں نے بھی اِسے اختیار کر لیا۔ اور جب کوئی بچّہ پیدا ہوتا تو زرد رنگ کے پانی سے اُسے غسل دیتے (جسے اصطباغ یا بپتسمہ کہا جاتا ہے) اور پھر یہ سمجھتے کہ اَب اِس پر یہودیّت اور عیسائیّت کا رنگ چڑھ گیا ہے۔ قرآن فرماتا ہے کہ رنگ

اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ

کہ ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ و اسحاقؑ و یعقوبؑ اور ان کے بیٹے

كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ

یہودی تھے یا عیسائی فرمائیے کیا تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ اور کون

اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ

زیادہ ظالم ہے اُس سے جو چھپاتا ہے گواہی جو اللہ کی طرف سے اُس کے پاس ہے اور اللہ بے خبر نہیں ہے جو

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ

تم کر رہے ہو وُہ ایک اُمّت تھی جو گزر چکی اُسے مِلے گا جو اُس نے کمایا

وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾ ع

اور تمھیں ملے گا جو تم نے کمایا اور تم سے نہ پُوچھا جائے گا اُس سے جو وُہ کیا کرتے تھے

چڑھانا ہے تو اللہ کا رنگ چڑھاؤ جو نہ پانی سے دُھلے نہ دُھوپ سے اُڑے اور نہ وقت گزرنے پر پھیکا پڑے ۔ بھلا یہ ناپائیدار رنگ بھی کوئی رنگ ہے جس پر تم اترا رہے ہو ۔ اور اللہ کا رنگ یہی توحیدِ خالص کا رنگ ہے جس کو چڑھانے والا سیّدِ انس وجاں محمّد مُصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم ہے ۔

سَيَقُولُ السُّفَهَاۤءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِیْ

اب کہیں گے بے وقوف لوگ ۱۶۱ کہ کس چیز نے پھیر دیا ان (مسلمانوں) کو اپنے قبلہ سے جس

كَانُوْا عَلَيْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَ الْمَغْرِبُ ؕ يَهْدِیْ مَنْ يَّشَاۤءُ

پر وہ اب تک تھے آپ فرمائیے اللہ ہی کا ہے مشرق بھی اور مغرب بھی ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۴۲﴾ وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا

سیدھے راستہ کی طرف اور اسی ۱۶۲ طرح ہم نے بنا دیا تمہیں (اے مسلمانو!) بہترین اُمّت تاکہ تم

۱۶۱ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم جب مکّہ مکرّمہ سے ہجرت کرکے مدینہ منوّرہ تشریف فرما ہوئے تو بیت المقدّس کی طرف جو اہل کتاب کا قبلہ تھا رُخ کرکے نماز ادا فرماتے رہے۔ سولہ سترہ ماہ اسی پر عمل رہا۔ لیکن حضورؐ کی دلی آرزو یہی تھی کہ کعبہ جسے حضرت خلیل علیہ السّلام نے تعمیر کیا اُمّتِ مُسلمہ کا قبلہ بنایا جائے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی آرزو کو پُورا کرنے سے پہلے معترضین کے اعتراضات کا ذکر فرماتے ہیں تاکہ جب وُہ اعتراضات کی بوچھاڑ کریں تو مسلمان کسی تذبذب کا شکار نہ ہو جائیں بلکہ تمام قیل وقال سے بے نیاز ہو کر نہایت اطمینان سے اپنے مالک کے فرمان کی تعمیل کریں۔ پہلے بتا دیا کہ قبلہ کی تبدیلی پر اعتراض صرف سطحی قسم کے لوگ ہی کریں گے جو اپنی کم عقلی کی وجہ سے یہ خیال کیے بیٹھے ہیں کہ بیت المقدس کی سمت میں کوئی ذاتی خصوصیّت ہے جس کی وجہ سے اسے قبلہ بنایا گیا تھا اور وُہ خصوصیّت کسی اور سمت میں نہیں اس لیے بیت المقدس کے بغیر کوئی اور قبلہ بن ہی نہیں سکتا حالانکہ سمت ہونے میں تمام سمتیں یکساں ہیں۔ آج تک اگر یہ سمت قبلہ بنی رہی تو اس کی صرف یہی ایک وجہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حکم سے اسے قبلہ مقرر فرما دیا۔ کسی کو اعتراض کا کیا حق۔ جو لوگ اتنی آسان سی بات بھی نہیں سمجھ سکتے وُہ نادان اور بے سمجھ نہیں تو اور کیا ہیں۔

۱۶۲ یعنی جیسے ہم نے قبلہ کے معاملہ میں تمہیں راہ راست اختیار کرنے کی توفیق بخشی اسی طرح ہر معاملہ میں تمہیں اُمّتِ وسط بنایا۔ وسط کا لفظ قابل غور ہے۔ اس کا معنی ہے درمیان۔ ہر چیز کا درمیانی حصّہ ہی اس کا عمدہ ترین حصّہ ہوا کرتا ہے۔ انسان کی زندگی کا درمیانی عرصہ "عہدِ شباب" اس کی زندگی کا بہترین وقت ہے۔ دن کے درمیانی حصّہ دوپہر میں روشنی اپنے نقطۂ عروج پر ہوتی ہے۔ اسی طرح اخلاق میں میانہ روی قابل تعریف ہوتی ہے۔ افراط وتفریط دونوں پہلو مذموم۔ بُخل اور فضول خرچی کی درمیانی حالت کو سخاوت، بُزدلی اور طیش کے درمیانی حال کو شجاعت کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اُمّتِ محمدّیہ کو اس عظیم المرتبت خطاب سے سرفراز فرمایا۔ ان کے عقائد، ان کی شریعت، ان کے نظامِ اخلاق، سیاست

شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا ۭ وَمَا

گواہ بنو لوگوں پر ۱۶۳ اور (ہمارا) رسُول تم پر گواہ ہو اور نہیں

جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا إِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَتَّبِعُ الرَّسُولَ

مقرر کیا ۱۶۴ ہم نے (بیت المقدس کو) قبلہ جس پر آپ (اب تک) رہے مگر اس لیے کہ ہم دیکھ لیں کہ کون پیروی کرتا ہے (ہمارے) رسُول کی

اور اقتصاد میں افراط و تفریط کا گزر نہیں۔ یہاں اعتدال ہے توازن ہے موزونیت ہے۔ جب مسلمانوں کو اپنے اس عظیم منصب کا پاس تھا اُس وقت اُن کا ہر قول اور ہر فعل آئینہ تھا اس ارشادِ ربّانی کا لیکن آج تو ہم یُوں بگڑ چکے کہ قرآن میں جس اُمّت کے محاسن بیان کیے گئے ہیں ہم پہچان ہی نہیں سکتے کہ وُہ ہم ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے حالِ زار پر رحم فرما دے۔ آمین۔

۱۶۳ اُمّتِ محمّدیہ گواہ ہے دُنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ دُنیا میں اس کی گواہی اسلام کی صداقت پر ہے۔ کیونکہ اسلامی تعلیمات کی وُہ زندہ تصویر ہے۔ دُنیا میں اس کا ہر قول ہر فعل اس کی انفرادی اور اجتماعی خوشحالی، اس کی سیرت کی پختگی اور اس کے اخلاق کی بلندی ہر چیز اسلام کی صداقت پر گواہی دے رہی ہے۔ اور قیامت کے روز جب اگلے پیغمبروں کی اُمّتیں اللہ تعالیٰ کے حضوُر میں عرض کریں گی کہ ہمیں کسی نے تیرا پیغام ہدایت نہیں پہنچایا تو اُس وقت اُمّتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم گواہی دے گی کہ یہ لوگ جھوٹ بول رہے ہیں تیرے پیغمبروں نے تو تیرا پیغام حرف بحرف پہنچا دیا تھا اور جب اُن پر اعتراض ہوگا کہ تم اُس وقت موجُود ہی نہ تھے تم گواہ کیسے بن گئے تو یہ جواب دیں گے کہ اے اللہ! تیرے حبیب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلّم نے ہمیں بتایا کہ تیرے رسُولوں نے تبلیغ کا حق ادا کر دیا اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم اپنی اُمّت کی صداقت و عدالت کی گواہی دیں گے۔ کیونکہ حضوؐر اپنے اُمّتیوں کے حالات سے پُورے واقف ہیں۔

چنانچہ حضرت شاہ عبدالعزیزؒ اپنی تفسیر فتح العزیز میں تحریر فرماتے ہیں:۔

باشد رسُولؐ شما بر شما گواہ زیرا کہ او مطلع است بنُورِ نبوّت بر رُتبۂ ہر متدین بدینِ خوُد کہ در کدام درجہ در دینِ من رسیدہ و حقیقتِ ایمانِ او چیست و حجابے کہ بداں از ترقی محجوب ماندہ است کدام است پس اومے شناسد گناہانِ شما راو درجاتِ ایمانِ شمارا و اعمالِ نیک و بدِ شمارا و اخلاص و نفاق شمارا۔

ترجمہ:۔ تمھارا رسُولؐ تم پر گواہی دے گا۔ کیونکہ وُہ جانتے ہیں اپنی نبوّت کے نُور سے اپنے دین کے ہر ماننے والے کے رُتبہ کو کہ میرے دین میں اس کا کیا درجہ ہے اور اس کے ایمان کی حقیقت کیا ہے۔ اور وُہ کونسا پردہ ہے جس سے اس کی ترقی رُکی ہُوئی ہے۔ پس وُہ تمھارے گناہوں کو بھی پہچانتے ہیں۔ تمھارے ایمان کے درجوں کو، تمھارے نیک اور بد سارے اعمال کو اور تمھارے اخلاص اور نفاق کو بھی خُوب پہچانتے ہیں۔

۱۶۴ سولہ سترہ ماہ کے لیے بیت المقدس کو قبلہ مقرر کرنے اور پھر کعبہ کو حسبِ سابق قبلہ بنا دینے کی ایک حکمت بیان

مِمَّنۡ يَّنۡقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيۡهِؕ وَاِنۡ كَانَتۡ لَكَبِيۡرَةً اِلَّا عَلَى

(اور) کون مُڑتا ہے اُلٹے پاؤں بے شک یہ (حکم) بہت بھاری ہے مگر اُن پر

الَّذِيۡنَ هَدَى اللّٰهُ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيۡعَ اِيۡمَانَكُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

(بھاری نہیں) جنھیں اللہ نے ہدایت فرمائی اور نہیں اللہ کی یہ شان کہ ضائع کر دے تمھارا ایمان ۱۶۵ بے شک اللہ تعالیٰ

بِالنَّاسِ لَرَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۱۴۳﴾ قَدۡ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجۡهِكَ فِى السَّمَآءِ ۚ

لوگوں پر بہت ہی مہربان (اور) رحم فرمانے والا ہے ہم دیکھ رہے ہیں ۱۶۶ بار بار آپ کا مُنہ کرنا آسمان کی طرف

فرمائی جارہی ہے کہ وُہ جو نبیؐ کی بے چُون وچرا اطاعت کرتے ہیں اُن لوگوں سے مُمتاز اَور علیحدہ ہو جائیں جو بات بات پر اِعتراض کرنے اَور اپنی عقل کی سند حاصل کرنے کے خوگر ہیں۔ لنعلم کا عام معنی تو یہ ہے "تاکہ ہم جان لیں" اِس سے یہ شبہ ہوتا ہے کہ کیا اللہ تعالیٰ پہلے ان کو نہیں جانتا۔ اِس لیے علامہ قرطبیؒ نے سیّد الفصحاء و اِمام البلغاء حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے لِنَعْلَمَ کا معنی لِنَرَیٰ نقل کیا ہے یعنی جو چیز ہمارے علمِ ازلی میں قدیم سے ہے اُسے وقوع پذیر ہوتے ہُوئے دیکھ لیا جائے۔ والعرب تضع العلم مكان الرؤية والرؤية مكان العلم یعنی اہلِ عرب لفظ علم رؤیت (یعنی دیکھنے) کے معنی میں اَور رؤیت علم کے معنی میں عام اِستعمال کرتے رہتے ہیں۔ اِس لیے اب کوئی اشکال نہ رہا۔

مطیع اَور معترض کی پہچان کے سوا تحویلِ قبلہ میں یہ حکمت بھی ہوسکتی ہے کہ اِس سے اِس امر کا اعلان مقصُود ہے کہ اب سیادت اَور نبوّت بنی اِسرائیل سے منتقل ہو کر اَولادِ اِسمٰعیلؑ میں آگئی اِسی لیے کعبہ کو قبلہ بنا دیا گیا۔

۱۶۵ بعض صحابہؓ کو یہ خیال گزرا کہ جو مسلمان بیت المقدس کی طرف نمازیں پڑھتے رہے اَور تحویلِ قبلہ سے پہلے اِنتقال کر گئے اُن کی نمازیں تو ضائع ہوگئیں۔ اُن کی تسکین کے لیے فرمایا کہ اُن کی نمازیں ضائع نہیں ہُوئیں۔ وُہ تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہی بیت المقدس کی طرف مُنہ کر کے نمازیں ادا کرتے رہے اِس لیے ضائع ہونے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

۱۶۶ کعبہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے جدِّ امجد حضرت خلیلؑ کا قبلہ تھا۔ نیز اہلِ عرب کو اِسلام کی طرف مائل کرنے کا ایک مؤثر ذریعہ تھا۔ یہ اَور ان کے علاوہ کئی دیگر وجُوہات بھی تھیں جنھیں نگاہِ نبوّت دیکھ رہی تھی۔ جن کے باعث حضورؐ کی دِلی تمنّا تھی کہ کعبہ کو قبلہ بنایا جائے۔ اَور چشمِ اُمّید درِ رحمت کی طرف بار بار اُٹھتی رہتی تھی۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے محبُوبؐ کی یہ ادا اِتنی پیاری اَور اس کی خوشنودی خاطر اِتنی مطلوب تھی کہ اِسی آیت میں اعلان فرما دیا کہ اَے محبُوبؐ! جو قبلہ تمھیں پسند وُہی ہمیں پسند اَور تیری خوشی کے لیے ہم کعبہ کو قبلہ مقرر فرماتے ہیں۔ قد نرٰی تقلّب وجهك (بصیغہ مضارع) فرمایا قد رأینا (ماضی) نہیں فرمایا۔ جیسے ظاہر حال کا تقاضا ہے اِس میں اِس امر کی طرف اِشارہ ہے کہ تیرے رُخِ انور کا بار بار آسمان

فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

تو ہم ضرور پھیر دیں گے آپ کو اُس قبلہ کی طرف جسے آپ پسند کرتے ہیں (لو) اب پھیر لو اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف ۱۶۷

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

(اے مسلمانو!) جہاں کہیں تم ہو پھیر لیا کرو اپنے منہ اس کی طرف اور بے شک وُہ جنھیں کتاب

الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۴﴾

دی گئی ۱۶۸ ضرور جانتے ہیں کہ یہ حکم برحق ہے ان کے رب کی طرف سے اور نہیں اللہ تعالیٰ بے خبر ان کاموں سے جو وُہ کرتے ہیں

وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَا

اور اگر آپ لے آئیں اہل کتاب کے پاس ہر ایک دلیل (پھر بھی) نہیں پیروی کریں گے آپ کے قبلہ کی اور نہ

اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ وَلَئِنِ

آپ پیروی کرنے والے ہیں اُن کے قبلہ کی اور نہ وُہ ایک دُوسرے کے قبلہ کو ماننے والے ہیں اور اگر (بالفرض محال)

کی طرف اُٹھنا ایسی چیز نہیں جسے قصّہ ماضی بنا کر بیان کیا جائے۔ بلکہ چشم قدرت اس منظر رُوح پرور کا اب بھی یُونہی مشاہدہ فرما رہی ہے۔ فرمایا ہم دیکھ رہے ہیں تیرا بار بار آسمان کی طرف اپنے رُخ جہاں افروز کا اُٹھانا۔ کیا شانِ محبُوبیّت ہے۔ سُبحان اللہ!

۱۶۷ جب یہ آیت نازل ہُوئی تو حضورؐ اپنے صحابہ کرامؓ کے ساتھ مسجد بنی سلمہ میں ظہر کی نماز باجماعت پڑھ رہے تھے دو رکعتیں ادا فرما چکے تھے کہ یہ آیت نازل ہُوئی۔ اُسی وقت حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے بیت المقدس سے مُنہ موڑ کر کعبہ کی طرف کر لیا۔ صحابہ کرامؓ نے بھی اپنے رُخ کعبہ کی طرف پھیر لیے۔ مدینہ کی دُوسری مسجدوں میں بھی جہاں جہاں جماعت ہو رہی تھی جب یہ حکم پہنچا تو اُسی لمحہ تمام صحابہ کرامؓ نے اپنے رُخ پھیر لیے اور دُنیا کو تسلیم و رضا کا ایک بے مثال نمُونہ دِکھایا۔ صحابہ کرامؓ کی محیّر العقول ترقی کا راز اپنے نبی اور اپنے قائد کی اسی بے چُون وچرا اطاعت میں مضمر تھا۔

۱۶۸ اللہ تعالیٰ اپنے رسُولؐ کو تسلّی دیتے ہیں کہ آپؐ یہُود کے اعتراضات سے پریشان نہ ہوں۔ ان کی کتاب میں تحویلِ قبلہ کا ذکر موجُود ہے۔ انھیں خوُب معلوم ہے کہ یہ حق ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اب محض تعصب اور ہٹ دھرمی کر رہے ہیں۔ اس لیے ان کے سامنے جتنے دلائل پیش کیے جائیں اُنھیں ہدایت نہ ہو گی۔

اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ

آپ پیروی کریں ۱۶۹؎ ان کی خواہشوں کی اس کے بعد کہ آچکا آپ کے پاس علم تو یقیناً آپ اس وقت

الظّٰلِمِيْنَ ۘ ﴿۱۴۵﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ

ظالموں میں (شمار) ہوں گے جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ پہچانتے ہیں انھیں جیسے وہ پہچانتے ہیں

اَبْنَآءَهُمْ ؕ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴۶﴾

اپنے بیٹوں کو ۱۷۰؎ اور بے شک ایک گروہ ان میں سے چھپاتا ہے حق کو جان بوجھ کر

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ ع وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ

یہ حق ہے تیرے رب کی طرف سے تو ہرگز نہ بن جانا شک کرنے والوں سے اور ہر قوم کے لیے ۱۷۱؎ ایک سمت (مقرر) ہے

وقف لازم — وقف منزل — ع ۱۷

۱۶۹؎ اس آیت میں بظاہر خطاب حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کو ہے لیکن مُراد اُمّت ہے۔ کیونکہ اُمّت سے تو اپنے نفس کی خواہشات کی تابعداری ممکن ہے لیکن نبی کی ذات جو صغائر سے بھی معصوم ہوتی ہے اس سے تو ناممکن ہے کہ ایسا جرم سرزد ہو مضمون کی اہمیّت کے باعث حضورؐ کی طرف نسبت کی گئی۔ فهو محمول على ارادة امته لعصمة النبی صلی اللہ علیه وسلم وخوطب علیه السلام تعظیما للامر (قرطبی)

۱۷۰؎ یعنی اہلِ کتاب اپنے بیٹوں کی طرح حضور نبیٔ کریم کو خوب پہچانتے ہیں۔ اُن کی آسمانی کتابوں میں حضورؐ کا حُلیہ، اوصاف اور معجزات یوں صاف صاف لکھے ہیں کہ شک کی گنجائش ہی نہیں رہتی۔

۱۷۱؎ تحویلِ کعبہ کے بعد یہود اور منافقین نے اعتراضات کی بوچھاڑ شروع کردی اور سادہ لوح مسلمانوں کو طرح طرح کے مکر و فریب سے اسلام سے برگشتہ کرنا اپنا مشغلہ بنالیا۔ قرآن نے ان کے سب شور و شغب کا ایک ہی مسکت جواب دیا۔ کہ اس میں اعتراض کی کیا بات ہے مسلمانوں سے پہلے جتنی اُمتیں گزری ہیں سب کے لیے ایک ایک سمت عبادت کرنے کے لیے مقرر کر دی گئی۔ اگر پیغمبر اسلام نے اپنے رب کے حکم کے مطابق کعبہ کو اپنی اُمّت کا قبلہ مقرر فرما دیا تو اس میں کیا انوکھی بات ہے کہ تم یُوں سیخ پا ہوگئے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی حکمت کا تقاضا بھی یہی ہے کہ کعبہ جسے ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام کے مقدّس ہاتھوں نے تعمیر کیا ملّتِ ابراہیمیؑ کے علمبردار اور نسلِ اسمٰعیلؑ کے نبیؐ کا قبلہ بنایا جائے۔

هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۗ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللّٰهُ

وُہ اُسی کی طرف منہ کرتی ہے بس آگے بڑھ جاؤ ۱۷۲؎ دُوسروں سے نیکیوں میں تم کہیں ہو لے آئے گا اللہ تعالیٰ

جَمِيعًا ۗ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿۱۴۸﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ

تم سب کو یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور جہاں سے بھی آپ (باہر) نکلیں

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَإِنَّهُ لَلْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ ۗ

تو موڑ لیا کریں (نماز کے وقت) اپنا رُخ مسجدِ حرام کی طرف اور بے شک یہی حق ہے آپ کے رب کی طرف سے

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿۱۴۹﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ

اور نہیں اللہ تعالیٰ بے خبر جو کچھ تم کرتے ہو اور جہاں سے آپ (باہر) نکلیں تو موڑ لیا کریں

وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ

اپنا رُخ (نماز کے وقت) مسجدِ حرام کی طرف اور (اے مُسلمانو!) جہاں کہیں تم ہو تو پھیر لیا کرو اپنے مُنہ

شَطْرَهُ ۙ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۖ إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ ۖ

اس کی طرف تاکہ نہ رہے لوگوں کو تم پر اعتراض (کی گنجائش) ۱۷۳؎ بجز اُن لوگوں کے جو نا انصافی کریں ان سے

۱۷۲؎ یہ معمولی سی بات جسے تم یُوں اُچھال رہے ہو موضُوعِ سخن بنانے کے لائق نہیں۔ بات تو یہ ہے کہ وُہ خیرات یعنی ازلی ابدی نیکیاں جن پر سب ادیان متفق ہیں ان کو عملی جامہ پہنانے میں ایک دُوسرے سے سبقت لے جانے کا جذبہ پیدا کرو۔ لیکن یہ کام تو مشکل ہے۔ اِس میں نفس کو تکلیف پہنچتی ہے۔ اپنی خواہشات کا خُون کرنا پڑتا ہے اور وُہ تمہارے بس کا روگ نہیں۔ اِس لیے تم ان حقیقی امُور سے رُوگردانی کیے ہُوئے ہو۔ اور فروعی اور غیر اہم چیزوں کو یُوں اہمیّت دے رہے ہو گویا دین کا اصل الاصول بس یہی ایک چیز ہے۔

۱۷۳؎ بتا دیا کہ سفر ہو یا حضر، دُور ہو یا نزدیک حالتِ نماز میں تمہارا رُخ کعبہ کی طرف ہی ہونا چاہیئے ورنہ اہلِ کتاب اور مُشرکین تم پر اعتراض کریں گے اور وُہ اعتراض بجا ہوگا۔ کیونکہ اہلِ کتاب نے اپنی کتابوں میں پڑھا ہے کہ نبی آخر الزّمان صلی اللہ علیہ وسلم کا قبلہ کعبہ ہوگا اور تم کعبہ رُخ ہو کر نماز نہیں پڑھو گے تو وُہ یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گے کہ یہ وُہ نبی نہیں جس کی بشارت

فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ۗ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿١٥٠﴾

سو نہ ڈرو تم اُن سے (بلکہ صرف) مجھ سے ڈرا کرو تاکہ میں پُورا کردوں اپنا انعام تم پر ۱۷۴؎ تاکہ تم راہِ راست پر ثابت قدم رہو

كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ

جیساکہ بھیجا ۱۷۵؎ ہم نے تمھارے پاس رسُول تم میں سے پڑھ کر سُناتا ہے تمھیں ہماری آیتیں اور پاک کرتا ہے تمھیں

وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٥١﴾

اور سکھاتا ہے تمھیں کتاب اور حکمت اور تعلیم دیتا ہے تمھیں ۱۷۶؎ ایسی باتوں کی جنھیں تم جانتے ہی نہیں تھے

ہماری کتابوں میں دی گئی ہے۔ اور مُشرک کہیں گے کہ دعویٰ تو کرتے ہیں ملّتِ ابراہیمی ہونے کا اور ان کے قبلہ کو قبلہ بھی نہیں سمجھتے۔ اور بعض ناحق شناس جواب بھی غوغا آرائی کر رہے ہیں وُہ التفات کے لائق ہی نہیں۔

۱۷۴؎ کعبہ کا قبلہ متعیّن کیا جانا خود بہت بڑی نعمت ہے۔ کیونکہ اس طرح ملّتِ اسلامیہ کو ایک مخصُوص اور محسُوس مرکز عطا فرما دیا گیا جو اُن کی توجّہات اور عبادات کا مرجع ہو۔ تاکہ رنگ و زبان، قومیّت اور وطن کے سب اختلافات کے باوجُود اسے دیکھنے والے یقین کرلیں کہ یہ ایک قوم ہے، اس کا مرکزِ توجّہات ایک ہے، اس کا مقصدِ حیات ایک ہے نیز تحویلِ قبلہ میں اس بات کی طرف بھی صاف اشارہ ہے کہ اب دُنیا کی قیادت بنی اسرائیل سے منتقل ہو کر اسمٰعیل علیہ السّلام کی اولاد میں آگئی ہے۔ یہ سرفرازی اور یہ شرف بذاتِ خُود ایک نعمتِ عظمےٰ ہے۔

۱۷۵؎ تعمیرِ کعبہ کے وقت جو دُعا حضرات ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السّلام نے کی کہ ان میں ان صفات والا رسُول مبعُوث فرمایا جائے اب بتایا جارہا ہے کہ وُہ دُعا مقبُول ہُوئی۔ اور وُہ رسُولِ کریم ان تمام صفات سے متّصف ہو کر تشریف فرما ہوگیا۔

۱۷۶؎ امام وقت قاضی ثناء اللہ پانی پتی اپنی تفسیرِ مظہری میں تحریر فرماتے ہیں:۔ تکرار الفعل یدل علی ان ھذا التعلیم من جنس آخر ولعل المراد بہ العلم اللدنی الماخوذ من بطون القرآن ومن مشکاۃ صدر النبی صلی اللہ علیہ وسلم الذی لاسبیل الی درکہ الا الانعکاس۔ ترجمہ۔ یعلم کا فعل دوبارہ ذکر کیا جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ تعلیم پہلی تعلیم کتاب و حکمت سے الگ نوعیّت کی ہے اور شاید اس سے مُراد علمِ لدُنّی ہے جو قرآن کے باطن اور نبی مکرّم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے منوّر و روشن سینہ سے حاصل ہوتا ہے اور اس کے حصُول کا ذریعہ یہ مروّجہ تعلیم و تعلّم نہیں بلکہ انعکاس ہے یعنی آفتابِ قرآن کی کرنیں اور ماہتابِ نبوّت کی شعاعیں دِل کے آئینہ پر منعکس ہوتی ہیں (اس عارفِ ربّانی نے اس مسئلہ کو بڑی شرح و بسط سے بیان کیا ہے چاہیئے کہ ملاحظہ کیا جائے) اور اولیائے کاملین جو انوارِ نبوّت کے صحیح وارث ہوتے ہیں وُہ بھی اپنے مُریدانِ باصفا پر اسی قسم کے علوم و معارف کا القا اور فیضان فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم مسکینوں

فَاذْكُرُونِىٓ أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِى وَلَا تَكْفُرُونِ ﴿١٥٢﴾ يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ

سو تم مجھے یاد کیا کرو ۱۷۷ میں تمھیں یاد کیا کروں گا اور شکر ادا کیا کرو میرا اور میری ناشکری نہ کیا کرو ۱۷۸ اے ایمان والو !

ءَامَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَوٰةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّٰبِرِينَ ﴿١٥٣﴾

مدد طلب کیا کرو صبر ۱۷۹ اور نماز (کے ذریعہ) سے بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ۱۸۰

پر بھی اپنے محبوب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل یہ انعام فرمادے آمین ثم آمین !

۱۷۷ یہاں بھی عارف باللہ قاضی ثناء اللہ کے الفاظ ہی قارئین کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ ولما کان طریق تحصیل تلک المعارف منحصرا فی الالقاء والانعکاس وکان کثرۃ الذکر والمراقبۃ یفید للقلب والنفس صلاحیۃ الانعکاس من مشکاۃ صدر النبی صلی اللہ علیہ وسلم بلا واسطۃ او بوسائط عقب اللہ سبحانہ بقولہ فاذکرونی

ترجمہ: جب ان معارف کے حاصل ہونے کا طریقہ صرف القاء اور انعکاس ہے اور ذکر الٰہی اور مراقبہ سے ہی دل میں یہ استعداد پیدا ہوتی ہے کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پرنور سینہ سے بلا واسطہ یا بالواسطہ فیضان و القاء قبول کرسکے اس لیے حکم دیا کہ میرا ذکر کیا کرو۔ کثرت ذکر سے ہی تم اس مقام پر فائز کیے جاؤ گے۔ جہاں انوار و تجلیات کی بے محابا بارش ہوتی ہے اور دوری کے حجاب یکسر الٹ دیئے جاتے ہیں۔

تم مجھے یاد کرو میں تمھیں یاد کروں گا۔ کیا اس سے بڑھ کر بھی بندہ کی کوئی عزت افزائی ہوسکتی ہے کہ اس کا مالک و خالق اس کو اپنی یاد سے سرفراز فرمادے۔ ایک حدیث قدسی بھی ملاحظہ ہو تا کہ اپنے رب کریم کی بندہ نوازی کا آپ کو اندازہ ہوسکے۔

انا عند ظن عبدی بی وانا معہ اذا ذکرنی فان ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی وان ذکرنی فی ملاء ذکرتہ فی ملاء خیر منھم وان تقرب الی شبرا تقربت الیہ ذراعا وان تقرب الی ذراعا تقربت الیہ باعا وان اتانی یمشی اتیتہ ھرولۃ (متفق علیہ)

ترجمہ: میرا بندہ جیسے مجھ سے گمان رکھتا ہے ویسا ہی میں اس کے ساتھ برتاؤ کرتا ہوں۔ اگر وہ مجھے دل میں یاد کرے میں بھی اسے ایسے ہی یاد کرتا ہوں اور اگر مجمع عام میں یاد کرے تو میں اس سے بہتر مجمع میں اسے یاد کرتا ہوں۔ اگر وہ ایک بالشت میرے نزدیک ہو تو میں ایک ہاتھ اس کے نزدیک ہوجاتا ہوں۔ اگر وہ ایک ہاتھ میرے نزدیک ہو تو میں ایک قدم اس کے قریب ہوجاتا ہوں۔ اگر وہ چل کر میری طرف آئے تو میں دوڑ کر اس کی طرف جاتا ہوں۔ (بخاری، مسلم)

۱۷۸ جو انعام میں نے تم پر فرمائے۔ مثلاً رسول بھیجے، ہدایت کی توفیق بخشی، شوق و محبت کا جذبہ عطا فرمایا اس پر شکر ادا کرو۔ نعمتوں کا انکار، رسول کی نافرمانی اور غفلت میں وقت ضائع کرکے ناشکری نہ کرو۔

۱۷۹ دنیا کی امامت کا جو شرف تمھیں بخشا گیا ہے اس کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کا طریقہ بتایا جارہا ہے کہ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہو۔ مشکلات سے گھبراؤ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت پر بھروسہ کرکے قدم بڑھاتے چلو

وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ

اور نہ کہا کرو اُنھیں جو قتل کیے جاتے ہیں ۱۸۱؎ اللہ کی راہ میں کہ وُہ مُردہ ہیں بلکہ وُہ زندہ ہیں

اور نماز سے اپنی بندگی کے تعلق کو پختہ بناتے رہو۔ یقیناً کامیابی تمھارے قدم چُومے گی (اِس کی وضاحت پہلے بھی گزر چکی ہے)

۱۸۰؎ یہاں معیّت سے خصُوصی معیّت مُراد ہے یعنی تائید اور نصرت کی معیّت۔ اور صاحب تفسیر مظہری لکھتے ہیں۔ قلت بل معیة غیر متکیفة یتضح علی العارفین۔ یعنی اِس سنگت سے وُہ خاص سنگت مُراد ہے جس کی کیفیت بیان نہیں ہوسکتی۔ صرف عارف ہی اِس کو سمجھ سکتے ہیں۔

۱۸۱؎ جب میدانِ بدر میں کئی مُسلمان شہید ہُوئے تو لوگوں نے کہنا شروع کیا کہ فلاں مر گیا وُہ اپنی زندگی کی لذّتوں سے محرُوم ہوگیا۔ غیرتِ الٰہی اس کو برداشت نہ کر سکی کہ جن لوگوں نے اس کے دین کی سربلندی کے لیے اپنی جانیں قُربان کیں اُنھیں مُردہ کہا جائے۔ اِس لیے یہ آیت نازل فرما کر اللہ کی راہ میں جان دینے والوں کو مُردہ کہنے سے سختی سے روک دیا۔ بلکہ بتایا کہ وُہ زِندہ ہیں۔ شہداء کی زندگی کس قسم کی ہے؟ اس پر گفتگو کرتے ہُوئے صاحب رُوح المعانی تصریح کرتے ہیں:۔ فذهب کثیر من السلف الی انها حقیقیة بالروح والجسد وذهب البعض الی انها روحانیة والمشهور ترجیح الاول۔

ترجمہ:۔ یعنی سلف صالحین کی اکثریّت کا یہی مذہب ہے کہ شہداء کی زندگی رُوحانی اور جسمانی دونوں طرح کی زندگی ہے۔ اور بعض کا خیال ہے کہ صرف رُوحانی زندگی ہوتی ہے۔ لیکن پہلا قول ہی صحیح ہے۔ اور صاحب تفسیر مظہری بیان فرماتے ہیں یعنی ان اللہ تعالیٰ یعطی لارواحهم قوة الاجساد فیذهبون من الارض والسماء والجنة حیث یشاؤن وینصرون اولیاءهم ویدمرون اعداءهم ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ ان کے رُوحوں کو جسموں کی قوّت دیتا ہے۔ وُہ زمین، آسمان اور جنّت میں جہاں چاہیں جاتے ہیں اور وُہ (شہداء) اپنے دوستوں کی اِمداد کرتے ہیں اور اپنے دُشمنوں کو ہلاک کرتے ہیں۔ اِنشاء اللہ تعالیٰ۔

جب شہداء کی زندگی کا یہ حال ہے تو انبیاء اور صدیقین اُمّت جو شہیدوں سے مرتبہ و شان میں بالاتفاق اعلیٰ اور برتر ہیں اُن کی زِندگی میں کیوں کر شبہ کیا جا سکتا ہے۔ اسی زندگی کی وجہ سے ان کے جسمِ خاکی بھی صحیح و سلامت رہتے ہیں۔ چنانچہ اِمام مالکؒ نے روایت فرمایا ہے کہ جنگِ اُحد کے چھیالیس سال بعد حضرت عمرو بن جموح اور حضرت عبداللہ بن جبیر کی قبر (دونوں ایک ہی قبر میں مدفون تھے) سیلاب کی وجہ سے جب کھُل گئی تو ان کے اجسادِ طاہرہ یُوں تروتازہ اور شگفتہ و شاداب پائے گئے جیسے اُنھیں کل ہی دفن کیا گیا ہو۔ (مؤطا) اِس بیسویں صدی کا واقعہ ہے کہ جب دریائے دجلہ حضرت عبداللہؓ بن جابر اور دیگر شہداء کی قبروں کے بالکل نزدیک پہنچ گیا تو حکومتِ عراق نے ان شہداء کرام کی نعشوں کو حضرت سلمانؓ فارسی کے مزارِ پُرانوار کے جوار میں منتقل کرنا چاہا تو ان حضرات کی قبریں کھودی گئیں تیرہ صدیاں گزرنے کے بعد بھی ان کے پاک جسم صحیح و سلامت پائے گئے۔ ہزارہا

وَلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَیْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ

لیکن تم (اسے) سمجھ نہیں سکتے ۱۸۲؎ اور ہم ضرور آزمائیں گے تمھیں کسی ایک چیز کے ساتھ یعنی خوف ۱۸۳؎

وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ وَ

اور بھوک اور کمی کرنے سے (تمھارے) مالوں اور جانوں اور پھلوں میں اور

بَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ ﴿۱۵۵﴾ الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِیْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا

خوشخبری سُنا دیجئے ان صبر کرنے والوں کو جو کہ جب پہنچتی ہے اُنھیں کوئی مُصیبت تو کہتے ہیں بے شک ہم

لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ ؕ اُولٰٓئِكَ عَلَیْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ

صرف اللہ ہی کے ہیں اور یقیناً ہم اُسی کی طرف لوٹنے والے ہیں یہی وُہ (خوش نصیب) ہیں جن پر ان کے رب کی طرح طرح کی نوازشیں

مخلوق نے اسلام کا یہ معجزہ اور قرآن کی اس آیت کی صداقت کا اپنی ان آنکھوں سے مشاہدہ کیا۔ ومن اصدق من اللہ قیلا۔

۱۸۲؎ یعنی اس زندگی کی ماہیّت و حقیقت تم اپنے عقل و حواس سے نہیں سمجھ سکتے۔ اگر تمھاری عقل نہ سمجھ سکے تو تم انکار کی جرأت نہ کرنا۔

۱۸۳؎ جب تک انسان اس دُنیا میں ہے رنج و غم اور مُصیبت و الم سے اُسے کم و بیش دوچار ہونا ہی پڑتا ہے۔ قرآن نے اپنے ماننے والوں کو اس غلط فہمی میں مبتلا نہیں ہونے دیا کہ اسلام کے دامن میں پناہ لینے سے وُہ اب ہر طرح کی مصیبتوں اور تکلیفوں سے بچ گئے۔ البتّہ قرآن نے مسلمانوں کو صبر کی ایک ڈھال دے دی جس سے وُہ مصائب و حوادثات کے بے رحم حملوں سے اپنا بچاؤ کر سکتے ہیں۔ اُنھیں ایک ایسا عقیدہ دے دیا جو ان کے سکون و قرار کو نازک ترین لمحوں میں بھی سلامت رکھ سکتا ہے۔ ہر شخص جانتا ہے کہ جس کے ہاتھ سے صبر کا دامن چھوٹ گیا اس میں مقابلہ کی ہمّت ختم ہو جاتی ہے اور مُصیبتیں اسے خس و خاشاک کی طرح بہا لے جاتی ہیں لیکن اگر اللہ تعالیٰ پر توکّل کرتے ہُوئے مصائب کے سامنے ڈٹا رہے تو یہ کالے بادل خود بخود چھٹ جاتے ہیں۔ نیز جس شخص کا یہ عقیدہ ہو کہ میں بھی اور میرا سب کچھ میرا اپنا نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا دیا ہے وُہ کسی کے مرنے یا کھیتی باڑی اور کاروبار میں نقصان واقع ہونے سے اتنا دلگیر ہی کیوں ہوگا کہ اس کا حوصلہ ہی ٹوٹ جائے بلکہ وُہ نئی جد و جہد کے لیے اپنے آپ کو تازہ دم پائے گا۔ اسی لیے قرآن نے رنجدہ واقعات کی طویل فہرست ذکر کرنے کے ساتھ ساتھ وُہ گُر بھی بتا دیا جس پر عمل کر کے وُہ ان نازک مرحلوں میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

وَرَحْمَةٌ ۫ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ اِنَّ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةَ

اور رحمت ہے[۱۸۴] اور یہی لوگ سیدھی راہ پر ثابت قدم ہیں بے شک صفا اور مروہ[۱۸۵]

مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ

اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں پس جو حج کرے اس گھر کا یا عمرہ کرے تو کچھ حرج نہیں

عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ؕ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ

اسے کہ چکر لگائے ان دونوں کے درمیان اور جو کوئی خوشی سے نیکی کرے تو اللہ تعالیٰ بڑا

شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۵۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ

قدردان خوب جاننے والا ہے بے شک جو لوگ[۱۸۶] چھپاتے ہیں ان چیزوں کو جو ہم نے نازل کیں روشن دلیلوں

وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ

اور ہدایت سے اس کے بعد بھی کہ ہم نے کھول کر بیان کر دیا انھیں لوگوں کے واسطے (اپنی) کتاب میں یہی وہ لوگ ہیں

---

[۱۸۴] اللہ تعالیٰ ان باہمت اور عالی حوصلہ لوگوں کو یہ خوشخبری دیتا ہے کہ ان پر ان کے پروردگار کی طرح طرح کی برکتیں اور رحمتیں نازل ہوتی ہیں اور سیدھی راہ پر ثابت قدمی سے چلنے کی توفیق مرحمت کی جاتی ہے۔

[۱۸۵] شعائر جمع ہے شعیرۃ کی اس کا معنی علامت ہے۔ احناف کے نزدیک صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا حج و عمرہ میں واجب ہے اور اس تعبیر کی وجہ یہ ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں صفا پر اساف اور مروہ پر نائلہ کے بُت نصب تھے۔ اسلام لانے کے بعد مسلمانوں کو اس جگہ سعی کرنا ناگوار گزرا جہاں پہلے بُت رکھے ہوتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ تمھیں تو حضرت ہاجرہ کی پیروی میں دوڑنا ہے تمھیں مناسب نہیں کہ تم بتوں کی وجہ سے اسمٰعیل علیہ السّلام کی والدہ مکرمہ کی سُنّت کو ترک کردو۔ مسلمانوں کے دل میں جو نفرت تھی اس کو اس حکیمانہ انداز سے دُور فرما دیا یعنی کوئی حرج نہیں بیشک صفا و مروہ میں دوڑ لگا لیا کرو۔ اور اس کا واجب ہونا حدیث پاک سے ثابت ہوا۔

[۱۸۶] اس آیت میں بنی اسرائیل کے ان علماء سُوء کا ذکر ہے جو اپنے دُنیاوی فائدہ کے لیے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے کمالات کو چھپاتے اور اللہ تعالیٰ کے حکموں کو اپنی منشاء اور خواہش کے مطابق توڑ موڑ دیا کرتے۔ اب بھی کوئی عالم اگر حضور کے کمالات کے اظہار میں بخل کرے اور احکامِ شریعت میں تحریف کرے تو اس کا یہی حکم ہے۔

يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ﴿١٥٩﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا

کہ دُور کرتا ہے انھیں اللہ تعالیٰ (اپنی رحمت سے) اور لعنت کرتے ہیں انھیں لعنت کرنے والے البتہ جو لوگ توبہ کرلیں اور اپنی اصلاح کرلیں

وَبَيَّنُوْا فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٦٠﴾ اِنَّ

اور ظاہر کردیں (جو اب تک چھپاتے رہے) تو ایسے لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہوں اور میں بہت توبہ قبول کرنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہوں بیشک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ

جن لوگوں نے کفر اختیار کیا اور مرے اس حال پر کہ وُہ کافر تھے یہی وُہ لوگ ہیں جن پر لعنت ہے اللہ کی

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٦١﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ

اور فرشتوں کی اور سب لوگوں کی ہمیشہ رہیں گے اس میں نہ ہلکا کیا جائے گا

عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿١٦٢﴾ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ

ان سے عذاب اور نہ انھیں مُہلت دی جائے گی اور تمھارا خدا ایک خدا ہے[۱۸۷]

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿١٦٣﴾ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

نہیں کوئی خدا بجز اس کے بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے بے شک[۱۸۸] آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں

۱۸۷ے یہ آیت قرآنِ حکیم کی عظیم ترین آیتوں میں سے ہے۔ اس کے پہلے ٹکڑے میں توحید کا ثبوت، دُوسرے میں شرک کی نفی اور تیسرے میں دونوں کی دلیل ہے۔ یعنی جب اسی کی وسیع رحمت پر تمھارے وجود، تمھاری بقا اور نشوونما اور تمھارے آرام و راحت کا دارومدار ہے تو اس کے علاوہ اور کون ہے جو الٰہ یا معبود بننے کا حقدار ہو۔

۱۸۸ے اس آیت میں توحید کے دلائل شرح و بسط سے بیان کیے گئے ہیں اس اہم ترین اور مشکل ترین مسئلہ کے اثبات کے لیے قرآن کا طرزِ استدلال فلسفیوں کے طرزِ استدلال سے بالکل الگ ہے۔ قرآن فکر و نظر کے گھڑے ہُوئے دلائل پیش نہیں کرتا جو پیچیدہ اصطلاحات سے بوجھل ہوں۔ جن کو سمجھنے کے لیے خاص ذہنی اور علمی استعداد کی ضرورت ہو اور سمجھ آبھی جائیں تو ان میں وُہ زور نہیں ہوتا کہ وُہ انسان کو شک اور گمان کی دلدل سے باہر کھینچ لیں اور یقین کی منزل تک پہنچا دیں۔ اس کے برعکس قرآنِ کریم دلائل کو نہ پیش کرتا ہے جو کائنات کے کھُلے صفحات پر جلی قلم سے لکھے ہُوئے ہیں جو روشن اور واضح اتنے ہیں کہ ہر شخص

وَ اخْتِلَافِ الَّیْلِ وَ النَّهَارِ وَ الْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ

اور رات اور دن کی گردش میں اور جہازوں میں جو چلتے ہیں سمندر میں وُہ چیزیں

بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ وَ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ

اُٹھائے جو نفع پہنچاتی ہیں لوگوں کو اور جو اُتارا اللہ تعالیٰ نے بادلوں سے پانی

فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَ بَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ص

پھر زندہ کیا اس کے ساتھ زمین کو اس کے مُردہ ہونے کے بعد اور پھیلا دیئے اس میں ہر قسم کے جانور

وَّ تَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَ السَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ

اور ہواؤں کے بدلتے رہنے میں اور بادل میں جو حکم کا پابند ہو کر آسمان اور زمین کے درمیان (لٹکتا رہتا) ہے

انھیں اپنی قابلیت کے مُطابق سمجھ سکتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ گہرے اور پیچیدہ اِتنے کہ ماہر غوطہ زن بھی ان کی تہ تک پہنچنے کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ عقلِ گرہ کشا جتنی گرہیں کھولتی جاتی ہے اس سے زیادہ عقدہائے لاینحل اس کو چیلنج کرتے ہُوئے یکے بعد دیگرے نمُودار ہونے رہتے ہیں۔ ان دلائل میں جو شخص سنجیدگی سے غور کرے گا وُہ یقین و تصدیق کی دولت سے مالا مال ہو گا۔ یہی ہے قرآن کے طرزِ استدل کا طرّۂ امتیاز اور وجہِ اعجاز! اب آپ اِس آیت کا بغور مطالعہ فرمائیں۔ آسمان کی نیلی وسیع چھت اس میں لٹکے ہُوئے اَن گِنت ستارے، چاند اور سُورج، پھر ان کا مقرّرہ وقت پر طلُوع و غرُوب جن میں ایک سیکنڈ کے برابر بھی کبھی فرق نہیں ہوتا، اُن کی گردش کے متعیّن راستے جن سے سرِ مُو کبھی انحراف نہیں ہوا۔ زمین کا یہ کشادہ صحن، اس میں رواں دواں ندّیاں اور دریا، رات دن کی پیہم گردش، ان کا گھٹنا بڑھنا، بیکراں سمندروں کے سینوں پر مُسافروں سے لدی اور سامان سے بھری ہُوئی کشتیوں اور جہازوں کا خراماں خراماں آنا جانا، گھنگھور گھٹائیں اور اُن کا مُوسلا دھار برسنا، پھر مُردہ زمین کا دیکھتے دیکھتے سرسبز و شاداب ہو جانا، کرّۂ ہوا میں بادلوں کا منڈلاتے پھرنا، کبھی برسنا اور کبھی ترساتے ترساتے آنِ واحد میں ناپید ہو جانا ایسی چیزیں نہیں جسے عالم تو جانتے ہوں اور بے علم نہ جانتے ہوں، جسے دانشمند سمجھ سکتے ہوں اور کم عقل کی سمجھ سے بالاتر ہوں بلکہ کائنات کی کتاب کا ہر ورق ہر کہ و مہ کے لیے یکساں طور پر روشنی کا مینار ہے۔ اور اس کے باوجود لُطف یہ ہے کہ اِتنا واضح ہونے کے باوجُود اِتنا سطحی بھی نہیں کہ اہلِ فکر و دانش کے لیے اس میں دلچسپی کا کوئی سامان نہ ہو بلکہ انھیں دعوت ہے کہ اپنے نشترِ تحقیق سے ذرّے ذرّے کا دِل چیریں اور دیکھیں کہ ان میں اسرار و رمُوز اور قوّت و طاقت کے وُہ سمندر موجزن ہیں جن کا اُنھیں تصوّر تک نہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ہر لمحہ مشاہدہ میں آنے والی چیزوں کا ذِکر فرمانے کے بعد قرآن نے بارہا افلا تتفکرون افلا تتدبرون

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ

(ان سب میں) نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو عقل رکھتے ہیں اور کچھ لوگ وہ ہیں ۱۸۹؎ جو بناتے ہیں اوروں کو

اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا

اللہ کا مدِّمقابل محبت کرتے ہیں ان سے جیسے اللہ سے محبت کرنا چاہیئے اور جو ایمان لائے ہیں وہ سب سے زیادہ محبت کرتے

لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ

ہیں اللہ سے ۱۹۰؎ اور کاش! (اب) جان لیتے جنھوں نے ظلم کیا (جو وہ اس وقت جانیں گے) جب (آنکھوں سے) دیکھ لیں گے عذاب

لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ

کہ ساری قوتوں کا مالک اللہ ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والا ہے (خیال کرو) جب بیزار ہو جائیں گے وہ

کے جملے کہے کیا تم غور نہیں کرتے؟ کیا تم تدبّر نہیں کرتے؟ اور ان چبھتے ہوئے فقروں سے دانش و خرد کو للکارا ہے کاش یہ الفاظ اس اُمّت کے نوجوانوں کی خفتہ صلاحیتوں کو بیدار کردیں جن کی آسمانی کتاب نے اُنھیں واضح طور پر بتا دیا تھا۔ ھوالذی خلق لکم مافی الارض جمیعا۔ اللہ تعالیٰ نے زمین کی ہر چیز صرف تمھارے لیے پیدا کی ہے۔

اِن روزمرّہ دکھائی دینے والی چیزوں میں اگر آپ غور کریں گے تو آپ یہ کہنے پر مجبور ہو جائیں گے کہ تنوّع میں یکسانیّت، اختلاف میں توافق، کثرت میں وحدت اور یہ بے مثال نظم و ضبط بغیر کسی علیم حکیم اور قدرت والے خالق کے ظہور پذیر نہیں ہو سکتا لیکن یہ روشن دلیلیں صرف ان کو فائدہ دیتی ہیں جن کی عقل کی آنکھ بینا ہے اور جو اس سے کام لینا پسند کرتے ہیں۔

۱۸۹؎ اس کے بعد ان نادانوں کا ذکر ہے جو عقل سے کام نہیں لیتے اور ان واضح دلائل پر غور نہیں کرتے اور اپنے رب کو چھوڑ کر اپنے بُتوں یا جھوٹے سرداروں کی محبّت کا دم بھرتے ہیں۔

۱۹۰؎ یہ الفاظ غور طلب ہیں۔ یہ نہیں فرمایا کہ وہ صرف اللہ تعالیٰ سے محبّت کرتے ہیں اور کسی سے محبّت نہیں کرتے بلکہ فرمایا وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ سب سے زیادہ محبّت کرتے ہیں یعنی عزیز و اقارب، فرزند و زن، مال و جاہ سے ان کو محبّت ہے لیکن اللہ تعالیٰ سے جو اُن کو محبّت ہے وہ سب محبّتوں سے بڑھ کر ہے اور اس کا پتہ اُس وقت چلتا ہے جب یہ محبّتیں کچھ کہتی ہوں اور اللہ تعالیٰ کی محبّت کچھ کہتی ہو۔ تو اُس وقت اگر اس نے اللہ تعالیٰ کے حُکم کے سامنے گردن خم کردی تو وہ سچّا ورنہ جھوٹا۔ صوفیاء کرام نے "انداد" کی تفسیر یہ فرمائی ہے۔ کل ماکان مشغلا عن اللہ مانعا من امتثال امرہ۔ ہر وہ چیز جو انسان کو اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل کردے اور اس کے احکام کی تعمیل سے

اتُّبِعُوا مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ

جن کی تابعداری کی گئی ان سے جو تابعداری کرتے رہے اور دیکھ لیں گے عذاب کو اور ٹوٹ جائیں گے ان کے

الْاَسْبَابُ ﴿۱۶۶﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ

تعلقات اور کہیں گے تابعداری کرنے والے کاش! ہمیں لوٹ کر جانا ہوتا (دُنیا میں) تو ہم بھی بیزار ہو جاتے

مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ

ان سے جیسے وُہ (آج) بیزار ہو گئے ہیں ہم سے یُونہی دکھائے گا انھیں اللہ تعالیٰ ان کے (بُرے) اعمال کہ باعثِ پشیمانی

عَلَيْهِمْ ؕ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ﴿۱۶۷﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا

ہوں گے ان کے لیے اور وُہ (کسی صُورت میں) نہ نکل پائیں گے آگ (کے عذاب) سے اے انسانو! کھاؤ

مِمَّا فِى الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ

اس سے جو زمین میں ہے حلال (اور) پاکیزہ (چیزیں) ۱۹۱ اور شیطان کے قدموں پر قدم نہ رکھو

رول دے وُہ "انداد" سے ہے۔ خواہ وُہ بُت ہوں، گمراہ رئیس ہوں، مال و دولت ہو، فرزند و زن ہوں یا علم و فن ہر چیز جو اللہ تعالیٰ سے دُور کرنے والی ہو وُہ "ند" ہے اور پاش پاش کر دینے کے لائق۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم سے ہمیں جو عشق و عقیدت ہے اور اولیاء کرام سے ہمیں جو محبّت ہے وُہ صرف اس لیے ہی تو ہے کہ وُہ محبُوبانِ خدا ہیں اور محبُوب کا محبُوب بھی محبُوب ہوا کرتا ہے۔ جو اپنے دِل میں اللہ تعالیٰ کے محبُوب رسُول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے لیے محبّت محسُوس نہیں کرتا وُہ یہ سمجھ لے کہ اُسے اللہ تعالیٰ سے بھی محبّت نہیں۔

۱۹۱ آج کی ترقی یافتہ دُنیا میں کھانے اور استعمال کی چیزوں میں صفائی کا اہتمام کیا جانے لگا ہے لیکن حلال و حرام کی تمیز اَب بھی نہیں۔ اِسلام نے اپنے ماننے والوں کو دونوں باتوں کے اہتمام کا حکم دیا۔ یعنی ظاہری طور پر بھی غلیظ اور گندی نہ ہوں تاکہ جسمانی صحت پر بُرا اثر نہ پڑے اور باطنی طور پر بھی نجس اور پلید نہ ہوں تاکہ ضمیرِ انسانی دم نہ توڑ دے۔ ظاہری صفائی کو قرآن نے طیّب کے لفظ سے اور حقیقی پاکیزگی کو حلال کے لفظ سے تعبیر فرمایا ہے۔ اور حلال اُس چیز کو کہتے ہیں کہ نہ تو ذاتی طور پر حرام ہو جیسے حرام جانور، مُردار، شراب وغیرہ اور نہ ایسے طریقوں سے حاصل کی گئی ہو جن کو شریعت نے حرام قرار دیا ہے مثلاً چوری، جوا خواہ وُہ کلبوں میں ہو۔ رِشوت، سُود وغیرہ وغیرہ

إِنَّهُۥ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿١٦٨﴾ إِنَّمَا يَأْمُرُكُم بِالسُّوٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَ

بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ وہ تو حکم دیتا ہے تمہیں فقط برائی اور بے حیائی کا اور

أَن تَقُولُوا۟ عَلَى ٱللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿١٦٩﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ ٱتَّبِعُوا۟

یہ کہ بہتان باندھو اللہ پر جو تم جانتے ہی نہیں[۱۹۲]۔ اور جب کہا جاتا ہے[۱۹۳] ان سے پیروی

مَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ قَالُوا۟ بَلْ نَتَّبِعُ مَآ أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ ءَابَآءَنَآ ۗ أَوَلَوْ

کرو اس کی جو نازل فرمایا ہے اللہ نے تو کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو اسکی پیروی کرینگے جس پر ہم نے پایا اپنے باپ دادوں کو۔ اگرچہ

كَانَ ءَابَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْـًٔا وَلَا يَهْتَدُونَ ﴿١٧٠﴾ وَمَثَلُ ٱلَّذِينَ

ان کے باپ دادا نہ کچھ سمجھ سکتے ہوں اور نہ ہدایت یافتہ ہوں۔ اور مثال ان کی[۱۹۴]

اسلامی نظام معاشیات کا یہ ایک بنیادی اصول ہے۔ کسب معاش کے لیے کھلی چھٹی نہیں بلکہ تمام وہ راستے بند کر دیئے ہیں جن میں کسی کی کمزوری، مجبوری اور ناداری سے ناجائز فائدہ اٹھایا جاتا ہو۔ آپ خود سوچیں جب سود، جوا، رشوت اور بلیک مارکیٹنگ وغیرہ کے چور دروازے بند ہو جائیں تو کیا دولت سکڑ کر صرف چند افراد کے ہاتھ میں جمع ہو جائے گی! دولت کی ناجائز تقسیم بلکہ لوٹ کھسوٹ جن معاشی، اخلاقی اور سیاسی خرابیوں کو جنم دیتی ہے وہ اہل علم سے پوشیدہ نہیں۔ کاش ہم اس الٰہی نظام کو خود سمجھتے۔ سنجیدگی سے اس پر عمل کر کے دکھاتے تاکہ دوسری قوموں کو سمجھا سکتے۔

۱۹۲ شیطان تمہیں بدکاری اور بدمعاشی کی دعوت دیتا ہے۔ وہ تمہارے دل میں طرح طرح کے وسوسے ڈال کر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر اکساتا ہے۔ اگر تم اسلام کے بتائے ہوئے اصولوں پر عمل کرنے کا قصد کرو تو وہ تمہیں معاشی بدحالی اور بین الاقوامی بدنامی کے موہوم خطرات سے ڈراتا ہے۔ ایسے بدخواہ کے حکموں میں آکر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ کرو۔

۱۹۳ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی واضح آیات چھوڑ کر اپنے گمراہ باپ دادا کی تقلید کرتے ہیں ان پر حسرت و افسوس کا اظہار ہے۔ اور اگر آباؤ اجداد سراپا رشد و ہدایت ہوں تو ان کا اتباع عین مقصود ہے اور انبیاء کی یہی سنت ہے۔ یوسف صدیق علیہ السّلام نے مصر کے قیدخانہ میں یہی فرمایا تھا۔ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِیْ میں اپنے آباؤ اجداد کے دین کا پیرو ہوں۔

۱۹۴۔ کفار کی مثال ان جانوروں کی سی ہے جنہیں ہانکا جائے تو وہ ہانکنے والے کی آواز تو سنتے ہیں لیکن سمجھتے کچھ نہیں۔

كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّ نِدَآءً ؕ

جنہوں نے کفر (اختیار) کیا۔ ایسی ہے جیسے کوئی چلّا رہا ہو ایسے (جانوروں) کے پیچھے جو نہیں سنتے سوائے خالی پکار اور آواز کے۔

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا

یہ لوگ بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں سو وہ کچھ نہیں سمجھتے۔ اے ایمان والو! کھاؤ

مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَ اشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۷۲﴾

پاک چیزیں جو ہم نے تم کو دی ہیں اور شکر ادا کیا کرو اللہ تعالیٰ کا اگر تم صرف اُسی کی عبادت کرتے ہو۔

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَیْكُمُ الْمَیْتَةَ وَ الدَّمَ وَ لَحْمَ الْخِنْزِیْرِ وَ مَاۤ اُهِلَّ

اُس نے حرام کیا ہے ۱۹۵؎ تم پر صرف مُردار اور خون اور سؤر کا گوشت اور وہ جانور بُلند کیا گیا ہو

بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّ لَا عَادٍ فَلَاۤ اِثْمَ عَلَیْهِ ؕ

جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام ۱۹۶؎ لیکن جو مجبور ۱۹۷؎ ہو جائے درآنحالیکہ وہ نہ سرکش ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا تو اس پر (بقدر ضرورت کھالینے میں) کوئی گناہ نہیں

۱۹۵؎ اس میں چار چیزوں کا ذکر ہے جو حرام ہیں (۱) مُردار۔ وہ جانور جسے شرعی طریقہ پر ذبح نہ کیا گیا ہو۔ اس کی کسی چیز کا استعمال درست نہیں۔ اور ابُوبکر الجصاص نے تصریح کی ہے کہ شکاری کُتّوں اور شکاری پرندوں کو کھلانا بھی منع ہے۔ ہاں چمڑا دباغت (رنگنے) کے بعد پاک ہوجاتا ہے۔ (۲) خونِ جاری (۳) خنزیر (۴) مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ۔

۱۹۶؎ مَیں نے اسکا ترجمہ کیا ہے" اور وہ جانور جس پر بلند کیا گیا ہو ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام" مَیں نے اس ترجمہ میں حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے فارسی ترجمہ کا اتباع کیا ہے۔ قرآنِ کریم میں یہ آیت چار بار آئی ہے اور ہر جگہ حضرت شاہ صاحبؒ نے یہی ترجمہ کیا ہے اور مَا اُهِلَّ کے لفظی ترجمہ میں" وقتِ ذبح" کی قید کو ہمیشہ ملحوظ رکھا ہے۔ مثلاً آپ نے اس آیت کا ترجمہ" وآنچہ آواز بلند کردہ شود در ذبح وے بغیرِ خدا" کے الفاظ سے کیا ہے (فتح الرحمٰن) اور تمام مفسّرین کرام نے اس آیت کا یہی معنی بیان فرمایا ہے۔ مَیں امام ابُوبکرؒ جصاص کی عبارت نقل کرنے پر اکتفا کرتا ہوں" وَلَا خِلَافَ بَیْنَ الْمُسْلِمِیْنَ اَنَّ الْمُرَادَ بِهٖ الذَّبِیْحَةُ اِذَا اُهِلَّ بِهَا لِغَیْرِ اللّٰهِ عِنْدَ الذَّبْحِ" یعنی سب مسلمان اس بات پر متفق ہیں کہ اس سے مُراد وہ ذبیحہ ہے جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا جائے (مزید تحقیق کے لیے ملاحظہ ہوں تفاسیر قرطبی، مظہری، بیضاوی، رُوح المعانی ابنِ کثیر وکبیر وغیرہا) بعض لوگ اِن چیزوں کو بھی حرام کہہ دیتے ہیں جن پر کسی ولی یا نبی کا نام لے دیا جائے خواہ ذبح کے وقت اللہ کے نام سے ہی ذبح کیا جائے کیونکہ اس طرح مشرکین کے مشرکانہ عمل سے تشبیہ

إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٧٣﴾ إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ

بے شک اللہ تعالیٰ بہت گناہ بخشنے والا ہمیشہ رحم کرنیوالا ہے۔ بیشک جو لوگ چھپاتے ہیں ۱۹۸ اللہ کی نازل کی ہوئی

الْكِتَابِ وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۙ أُولَٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي

کتاب اور خرید لیتے ہیں اس کے بدلے حقیر سا معاوضہ۔ سو وہ نہیں کھا رہے اپنے

بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ ۚ

پیٹوں میں سوائے آگ کے اور بات تک نہ کریگا ان سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ۱۹۹ اور نہ انکے گناہ بخش کر انہیں

ہو جاتی ہے کیونکہ وہ بھی اپنے بتوں کے نام لے دیا کرتے تھے۔ لیکن اگر نظرِ انصاف سے دیکھا جائے تو مسلمانوں کے اس عمل کو مشرکین کے عمل سے ظاہری یا باطنی، صوری یا معنوی کسی قسم کی بھی مشابہت نہیں۔ کفار جب ایسے جانوروں کو ذبح کرتے تھے تو اپنے بتوں کا نام لے کر ان کے گلے پر چھری پھیرتے وہ کہتے باسم اللات والعزّیٰ۔ لات اور عزّیٰ کے نام سے ہم ذبح کرتے ہیں۔ اور مسلمان ذبح کرتے وقت اللہ تعالیٰ کے نام کے سوا کسی کا نام لینا گوارا ہی نہیں کرتے۔ اس لیے ظاہری مشابہت نہ ہوئی۔ نیز کافر ان جانوروں کو ذبح کرتے تو ان بتوں کی عبادت کی نیّت سے انکی جان تلف کرتے، کسی کو ثواب پہنچانا مقصود نہ ہوتا۔ اور مسلمان کسی غیر خدا کی عبادت کی نیّت سے یا کسی کی خاطر ان کی جان تلف نہیں کرتے بلکہ ان کی نیّت یہی ہوتی ہے، کہ اس جانور کو اللہ کے نام سے ذبح کرنے کے بعد یا یہ کھانا پکانے کے بعد فقرا اور عام مسلمان کھائیں گے۔ اور اس کا جو ثواب ہو گا وہ فلاں صاحب کی روح کو پہنچے۔ واضح ہو گیا کہ مسلمانوں کے عمل اور مشرکین کے طریقہ میں زمین و آسمان سے بھی زیادہ فرق ہے۔ ہاں اگر کوئی ذبح کرتے وقت غیر خدا کا نام لے یا کسی غیر خدا کی عبادت کے لیے کسی جانور کی جان تلف کرے تو اس چیز کے حرام ہونے اور ایسا کرنے والے کے مشرک و مرتد ہونے میں کوئی شک نہیں۔ اگر مقصد صرف ایصالِ ثواب ہو جیسے ہر کلمہ گو کا مقصد ہوا کرتا ہے تو اس کو طرح طرح کی تاویلات سے حرام کہنا اور مسلمانوں پر شرک کا فتویٰ دیتے چلے جانا کسی عالم کو زیب نہیں دیتا۔ مفصّل بحث سورہ النحل کی آیت ۱۱۵ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

۱۹۷ یعنی اگر کوئی شخص مجبور ہو جائے اور اس کی زندگی خطرے میں پڑ جائے تو ان حرام چیزوں سے وہ بقدرِ ضرورت استعمال کر سکتا ہے

۱۹۸ یہود احکامِ الٰہی کو چھپاتے تھے۔ حضور کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے محامد و اوصاف جو تورات میں لکھے تھے ظاہر نہیں ہونے دیتے تھے اور چند ٹکوں کے لالچ میں اپنی خواہش کے مطابق شریعت میں ردّ و بدل بھی کر لیتے تھے۔ خود بھی چشمۂ ہدایت سے سیراب نہ ہوتے اور دوسروں کو بھی سیراب نہ ہونے دیتے تھے۔ خود بھی گمراہ رہے اور دوسروں کے لیے بھی ہدایت کے دروازے بند رکھتے۔ یہ جرم کیونکہ بہت سنگین تھا اس لیے اس کی سزا بھی اتنی سخت رکھی گئی۔ فرمایا کہ یہ لذیذ لقمے جو رشوت لے کر تم اپنے حلق سے نیچے اتار رہے ہو یہ آگ کے نہ بجھنے والے انگارے ہیں ان کی سوزش کبھی ختم نہ ہو گی۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى

پاک کریگا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ یہ وہ (بدنصیب) ہیں جنہوں نے خرید لی گمراہی ہدایت کے عوض ،

وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿۱۷۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ

اور عذاب کو نجات کے بدلے (تعجب ہے) کس چیز نے اتنا صابر بنا دیا ہے انہیں آگ (کے عذاب) پر ۔ یہ سزا اس وجہ سے ہوگی

اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ۗ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِى الْكِتٰبِ

کہ اللہ نے تو اُتاری کتاب حق کے ساتھ اور بیشک جو لوگ اختلاف ڈال رہے ہیں کتاب میں

لَفِىْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿۱۷۶﴾ لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ

وہ دُور دراز کے جھگڑوں میں پھنسے ہیں نیکی (بس یہی) نہیں کہ (نماز میں) تم پھیر لو اپنے رُخ ۲۰؎ مشرق کی

۱۹؎ اور اس سے بڑھ کر یہ کہ اللہ تعالیٰ جو رحمٰن و رحیم ہے ایسے لوگوں سے بات تک نہ کرے گا۔ ہر وہ شخص جس نے کبھی اخلاص و محبت کا نام بھی سُنا ہو یہ سرزنش برداشت نہیں کر سکتا۔ مالکِ حقیقی، محبوبِ حقیقی ہمیشہ مہربانی فرمانے والا ہر وقت بے انداز عنایتیں فرمانے والا اپنی نگاہِ رحمت پھیر لے، اپنے کرم کا رُخ موڑ لے، اپنے خطابِ جاں پرور سے محروم کر دے اور پھول برداشت کر لے۔ وہ دِل نہ ہوا پتھر ہوا بلکہ پتھر سے بھی سخت تر اور فروتر۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب مصطفےٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلّم کے طفیل اپنی ادنیٰ سے ادنیٰ ناراضگی سے بھی بچائے۔ آمین ۔ تیسری سزا یہ ہے کہ ان کے چہروں پر کتمانِ حق کی نجاست چسپاں رہنے دی جائے گی۔ آبِ رحمت سے اسے دھویا نہیں جائے گا۔

۲۰؎ ہر دین میں بعض ظاہری اعمال ہوتے ہیں اور بعض حقیقی مقاصد کیونکہ ان ظاہری اعمال سے انسان دین کے حقیقی مقاصد تک آسانی سے پہنچ سکتا ہے اس لیے اِن ظاہری اعمال کی بجا آوری نہایت ضروری ہوتی ہے۔ جب تک قوم دین کا دامن مضبوطی سے تھامے رہتی ہے ۔ وہ اِن ظاہری اعمال اور حقیقی مقاصد دونوں کو پیشِ نظر رکھتی ہے اور دونوں کو یکساں اہمیت دیتی ہے لیکن جب دین کا ولولہ سرد پڑ جاتا ہے تو آہستہ آہستہ حقیقی مقاصد آنکھوں سے اوجھل ہونے لگتے ہیں اور قوم صرف ظاہری اعمال کی ادائیگی کو کافی سمجھنے لگتی ہے اور اِن ظاہری اعمال میں حقیقی مقاصد تک پہنچنے کا جذبہ دم توڑ چکا ہوتا ہے ۔ اس لیے وہ اعمال بے جان رسوم ہو کر رہ جاتے ہیں اور غلط اندیش قوم انہیں رسوم کی بجا آوری کو ہی سب سے بڑی نیکی شمار کرنے لگتی ہے اور حقیقی مقاصد سے یکسر غافل ہو جاتی ہے۔ مثلاً نماز اور روزہ اسلام کی بنیادی عبادات میں سے ہیں لیکن حضور رحمۃ للعٰلمین صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم نے نماز کے متعلق ارشاد فرمایا کہ جو نماز نمازی کو بدکاری سے باز نہ رکھ سکے فَلَمْ تَزِدْهُ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا بُعْدًا (اَوْ كَمَا قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ) وہ نماز اسے خدا سے اور زیادہ دُور کر دیگی ۔ روزہ سے متعلق ارشاد ہے مَنْ لَّمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهٖ فَلَيْسَ لِلّٰهِ

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

طرف اور مغرب کی طرف بلکہ ۲۰ نیکی (کا کمال) تو یہ ہے کہ کوئی شخص ایمان لائے اللہ پر اور روز

الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ

قیامت پر اور فرشتوں پر اور کتاب پر اور سب نبیوں پر اور دے اپنا مال اللہ کی محبت سے

ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ

رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو

وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ

اور (خرچ کرے) غلام آزاد کرنے میں اور صحیح صحیح ادا کیا کرے نماز اور دیا کرے زکوٰۃ اور جو پورا کرنے والے ہیں اپنے وعدوں کو

حَاجَةٌ فِیْ اَنْ یَّدَعَ طَعَامَہٗ وَشَرَابَہٗ۔ روزے دار اگر جھوٹ بولنے اور اس پر عمل کرنے سے باز نہ آئے تو اللہ کو اس کے بھوکا پیاسا رہنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اس آیتِ کریمہ میں اسی حقیقت کو کھول کر بیان فرمایا گیا ہے تاکہ اُمّتِ مُسلمہ پہلی امتوں کی طرح چند ظاہری اعمال پر ہی قانع نہ ہو جائے اور نیکی اور طاعت کو انہی میں منحصر نہ سمجھ بیٹھے۔ صاحب تفسیر مظہری لکھتے ہیں کہ لیس البر کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ مقررہ سمت کی طرف مُنہ کرنا نیکی اور طاعت ہے ہی نہیں بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ نیکی صرف اسی میں منحصر نہیں یہ بھی نیکی ہے اور اس کے علاوہ اور بھی نیکی اور اطاعت کے کام ہیں جو حقیقی مقاصد ہیں اور تمہاری توجہ کے زیادہ مستحق ہیں

۲۰؎ سابقہ غلط فہمی کو دُور کرنے کے بعد بڑی وضاحت اور خاص ترتیب سے اسلام کے جملہ حقیقی مقاصد بیان فرمائے جا رہے ہیں۔ اسلام کی ساری تعلیم اِن چار عنوانوں کے نیچے درج کی جا سکتی ہے۔ ۱۔ عقائد ۲۔ معاملات۔ ۳۔ عبادات۔ ۴۔ اخلاق من آمن سے لیکر والنَّبِیّٖنَ تک عقائدِ اسلامیہ کا ذکر فرمایا آتی المال سے وفی الرقاب تک معاملات کا بیان ہوا۔ اقام الصّلوٰۃ و آتی الزکوٰۃ سے اسلامی نظام عبادات کے دو اہم ترین رکن نماز و زکوٰۃ بتائے گئے۔ اس کے بعد اسلام جس ضابطہ اخلاق کی پابندی کا اپنے ماننے والوں کو حکم دیتا ہے اس کی وضاحت کر دی گئی۔ کاش ایسا مکمل اور لاثانی دستورِ حیات رکھنے والی اُمّت اس پر عمل کرنے کی ضرورت کو بھی محسوس کرے تو وہ اپنے آپ میں اور اپنے گردو پیش میں ایک واضح انقلاب محسوس کرنے لگے ؎

چوں بجاں در رفت جاں دیگر شود ٭ جاں چوں دیگر شد جہاں دیگر شود (اقبالؒ)

إِذَا عَاهَدُوا ۚ وَالصَّابِرِينَ فِي الْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ وَحِينَ الْبَأْسِ ۗ

جب کسی سے وعدہ کرتے ہیں اور کمال نیک ہیں ۲۰۲؎ جو صبر کرتے ہیں مصیبت میں اور سختی میں اور جہاد کے وقت

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ صَدَقُوا ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ ﴿١٧٧﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

یہی لوگ ہیں جو راستباز ہیں اور یہی لوگ حقیقی پرہیزگار ہیں۔ اے ایمان والو

آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى ۖ الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ

فرض کیا گیا ہے تم پر قصاص ۲۰۳؎ جو (ناحق) مارے جائیں۔ آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے

بِالْعَبْدِ وَالْأُنْثَىٰ بِالْأُنْثَىٰ ۚ فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيهِ شَيْءٌ

بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت، پس جس کو ۲۰۴؎ معاف کی جائے اسکے بھائی ۲۰۵؎ (مقتول کے وارث) کیطرف سے

۲۰۲؎ قاعدہ کے مطابق والصابرون ہونا چاہیئے لیکن خلیل امام نحو نے کہا کہ یہاں الصابرین منصوب علی المدح ہے اس لیے اس معنی مدح کو جو قرآن کا مدلول ہے ترجمہ میں ظاہر کرنا ازحد ضروری ہے اسی لیے میں نے یہ ترجمہ کیا ہے۔ واللہ الموفق

۲۰۳؎ اسلام سے پہلے عرب میں دستور تھا کہ اگر طاقتور قبیلے کا کوئی شخص قتل کر دیا جاتا تو وہ صرف قاتل کے قتل پر اکتفا نہ کرتے بلکہ قاتل کے قبیلہ کے دس دس بیس بیس آدمی قتل کرنا اپنا حق سمجھتے۔ اگر کسی آزاد کو غلام قتل کر دیتا تو غلام کے بدلے غیر قاتل آزاد کا سر قلم کیا جاتا اور اگر عورت قتل کرتی تو مرد قتل کیا جاتا۔ اسی ظالمانہ اور غیر اسلامی دستور پر صدیوں عمل ہوتا رہا۔ اور عرب اپنی نسلی نخوت اور قبائلی برتری کی تسکین بے گناہوں کا خون بہا بہا کر کرتے رہے۔ قرآن کریم نے اس دستور کو یک قلم منسوخ کر دیا۔ اور حکم دیا کہ مقتول کا قاتل ہی قصاص میں قتل کیا جائے گا۔ خواہ وہ مرد ہو یا عورت، آزاد ہو یا غلام۔ یہ رواج صرف عرب میں ہی نہ تھا بلکہ دوسری قوموں میں بھی تھا بلکہ آج تک یورپ کی حکمران قومیں بھی اس پر عمل پیرا رہی ہیں۔ جنوبی افریقہ کے حبشی، آسٹریلیا کے اصلی باشندے اور امریکہ کے ریڈ انڈین آج بھی اس پر شاہد ہیں۔ یہ فخر اسلام کو ہی حاصل ہے کہ اس نے جھوٹے امتیازات کے بت مدت ہوئی پاش پاش کر دیئے اور انسانی مساوات کا صرف قانون ہی پیش نہیں کیا بلکہ عمل کر کے دکھا دیا۔

۲۰۴؎۔ قانون قصاص میں ایک اور اہم تبدیلی کی جا رہی ہے۔ وہ یہ کہ اگر مقتول کے وارث قاتل سے صلح کرنا چاہیں تو وہ خوں بہا لے کر صلح کر سکتے ہیں۔ آج کل کے قانون میں قتل کا جرم صلح کے قابل نہیں جس سے بہت خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔ اسلام نے ان خرابیوں کا احساس کرتے ہوئے صلح کی اجازت دیدی۔

۲۰۵؎۔ مِن اخیہ کا لفظ بڑی شان رکھتا ہے۔ ایسی حالت میں جبکہ قاتل قتل کا ارتکاب کر چکا ہے۔ محبت، پیار، رحم

فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ

کچھ چیز تو چاہیئے ٢٠٦ کہ طلب کرے (مقتول کا وارث) خون بہا، دستور کے مطابق اور (قاتل کو چاہیئے) کہ اسے ادا کرے اچھی طرح ۔ یہ رعایت ہے ٢٠٧

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ

تمہارے ربّ کی طرف سے اور رحمت ہے ۔ تو جس نے زیادتی کی ٢٠٨ اس کے بعد تو اس کے لیے دردناک عذاب

اَلِيْمٌ ﴿١٧٨﴾ وَلَكُمْ فِى الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰاُولِى الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ

ہے ۔ اور تمہارے لیے قصاص میں زندگی ہے اے عقل مندو! ٢٠٩ تاکہ تم (قتل کرنے سے)

اور شفقت کے تمام رشتے ٹوٹ چکے ہیں ۔ عداوت اور انتقام کی آگ بھڑکنے لگی ہے ۔ قرآن مقتول کے غضبناک وارثوں کو یاد دلاتا ہے کہ قاتل مجرم ہے، قصور وار ہے اور تمہارا غصّہ بے جا بھی نہیں ۔ تاہم تمہارا اسلامی بھائی تو ہے ۔ اگر بخش دو معاف کر دو تو کوئی بڑی بات نہیں ۔ مقصد یہ ہے کہ ٹوٹے ہوئے دل پھر جُڑ جائیں ۔ اور اسلامی معاشرے کے دامن میں جو چاک پڑ گیا ہے اسے پھر سے سی دیا جائے ۔ اللہ تعالیٰ کی پاک کلام کی یہی لطافتیں تھیں جنہوں نے عرب کے سرکشوں کو مطیع بنا دیا تھا ۔

٢٠٦ مقتول کے وارثوں کو نصیحت کی جا رہی ہے کہ جس بھائی پر تم نے اتنا احسان کیا اب اس سے خوں بہا اس احسن طریقہ سے طلب کرو کہ اسے تکلیف نہ ہو ۔ اور قاتل کو ہدایت فرمائی کہ وہ احسان فراموش نہ بنے بلکہ خوشی خوشی جلدی جلدی خوں بہا ادا کر دے

٢٠٧ قتل کی سزا قتل ہی تو مقرر نہیں فرمائی بلکہ خوں بہا ادا کرنے کی بھی گنجائش رکھی ہے ۔ یہ محض تمہارے ربّ کا تم پر احسان ہے ۔

٢٠٨ تصفیہ کے بعد بھی جو زیادتی کرے گا ۔ قاتل ہو یا مقتول کے رشتہ دار اسے دردناک سزا دی جائے گی ۔ ہر ایک کو قانون کا احترام اور اس کی پابندی کرنا چاہیئے ۔ اسی لیے شریعتِ اسلامیّہ نے قصاص لینے، حدود قائم کرنے اور تعزیرات لگانے کا حق افراد کو نہیں دیا بلکہ صرف حکومتِ وقت کو دیا ہے کیونکہ عدل و انصاف قائم رکھنے کی صرف یہی صورت ہے ۔ اگر افراد کو یہ حق مل جائے تو وہ افراتفری پیدا ہو کہ الامان !

٢٠٩ ۔ اس آیت کریمہ میں قانونِ قصاص کی علّت اور حکمت بیان کی جا رہی ہے ۔ یعنی اگر بے گناہ قتل کرنے والے کو سزا نہیں دی جائے گی تو اس کا حوصلہ بڑھے گا ۔ اور مجرمانہ ذہنیت کے دوسرے لوگ بھی نڈر ہو کر قتل و غارت کا بازار گرم کر دیں گے ۔ لیکن اگر قاتل کو اس کے جرم کے بدلے قتل کر دیا گیا تو دوسرے مجرم بھی اپنا بھیانک انجام دیکھ کر باز آجائیں گے ۔ اور اس طرح ایک قاتل کے قتل کرنے سے بے شمار معصوم جانیں قتل و غارت سے بچ جائیں گی ۔ آج بعض ملکوں میں قتل کی سزا منسوخ کر دی گئی ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ سزا ظالمانہ اور بہیمانہ ہے ۔ مقتول تو قتل ہو چکا، اب اس کے عوض ایک دوسرے آدمی کو تختہ دار پر لٹکا دینا بے رحمی نہیں تو کیا ہے ۔ آپ خوفناک حقائق کو دلکش عبارتوں سے حسین بنا سکتے ہیں لیکن نہ آپ ان کی حقیقت کو بدل سکتے ہیں اور نہ

تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ

پرہیز کرنے لگو۔ فرض کیا گیا ہے تم پر جب قریب آجائے تم میں سے کسی کے موت۔ بشرطیکہ چھوڑے

خَيْرًا ۚ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا

کچھ مال ۲۱۲ۓ۔ کہ وصیت کرے اپنے ماں باپ کے لیے اور قریبی رشتہ داروں کے لیے انصاف کے ساتھ ایسا کرنا

عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ

ضروری ہے پرہیزگاروں پر۔ پھر جو بدل ڈالے اس وصیّت کو سُن لینے کے بعد تو اس کا گناہ اُنہیں

عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ۗ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۸۱﴾ فَمَنْ خَافَ

بدلنے والوں پر ہوگا۔ بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ اور جسے اندیشہ ہو

ان کے بُرے نتائج کو رُو پذیر ہونے سے روک سکتے ہیں۔ جس مُلک کے قانون کی آنکھیں ظالم قاتل کے گلے میں پھانسی کا پھندا دیکھ کر پُرنم ہوجائیں وہاں مظلوم و بے کس کا خدا ہی حافظ، وہ اپنے آغوش میں ایسے مجرموں کو ناز و نعم سے پال رہا ہے جو اس کے چمنستان کے شگفتہ پھولوں کو مسل کر رکھ دیں گے۔ وہ دین جو دینِ فطرت ہے، جو ہر قیمت پر عدل و انصاف کا ترازو برابر رکھنے کا مدّعی ہے اس سے ایسی بے جا بلکہ نازیبا نازبرداری کی توقع عبث ہے۔

۲۱۲ۓ اِن آیاتِ کریمہ سے عرب کے ایک اور جاہلانہ رواج میں اصلاح فرمائی۔ اہلِ عرب کا یہ دستور تھا کہ مرتے وقت اپنے مال کی وصیّت ایسے لوگوں کے نام کر جاتے جن سے ان کا دُور کا واسطہ بھی نہ ہوتا۔ اور اپنے زعمِ باطل میں اسے سخاوت سے تعبیر کرتے۔ اور اگر کوئی وصیت کیے بغیر مر جاتا تو وراثت صرف اولاد اور بیوی میں بٹ جاتی۔ والدین اور دُوسرے رشتہ دار بالکل محروم رہتے۔ یہ دونوں صُورتیں کیونکہ ظلمِ صریح تھیں اس لیے قرآنِ حکیم نے اِس کی اصلاح فرمادی لیکن یک لخت سارے سابقہ نظام کو درہم برہم نہیں کیا بلکہ آہستہ آہستہ اصلاح فرمائی تاکہ طبیعتوں میں بے چینی بھی پیدا نہ ہو اور اِصلاح کا مقصد پُورا ہوجائے اِس لیے اس سے پہلے کہ وراثت کی تقسیم کا منظم و مکمّل قانون نافذ کیا جاتا انہیں اِن آیات میں وصیّت کا حکم دیا گیا اور یہ کہا گیا کہ اپنے والدین اور قریبی رشتہ داروں کے لیے وصیّت کریں اور ہر ایک کو اس کے حق کے مطابق حِصّہ دیدیں۔ لیکن اتنے اہم کام کو عوام کی مرضی اور صرف ان کے رحم و کرم پر چھوڑا نہیں جاسکتا تھا اس لیے کچھ مدّت کے بعد سُورہ **النساء** میں وراثت کے احکام بالتفصیل بیان فرما دیئے۔ حضُورِ کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے احکامِ وصیّت اور احکامِ وراثت کی وضاحت فرماتے ہُوئے دو قاعدے بیان کیے۔ پہلا قاعدہ تو یہ ہے کہ اِن رشتہ داروں کے لیے وصیت کی ممانعت کردی جو وراثت میں حِصّہ دار ہیں۔ دوسرا قاعدہ ہے کہ وصیّت

مَنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ط

وصیّت کرنے والے سے کسی طرفداری یا گناہ کا پس وہ صلح کرا دے ان کے درمیان تو کچھ گناہ نہیں اس پر

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸۲﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ

بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ اے ایمان والو! فرض کیے گئے ہیں تم پر

الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۳﴾

روزے[۲۱۱] جیسے فرض کیے گئے تھے ان لوگوں پر جو تم سے پہلے تھے کہ کہیں تم پرہیزگار بن جاؤ[۲۱۲]

کو مالِ متروکہ کے تیسرے حصّے تک محدود فرما دیا۔ ⅓ حصّہ تک اپنے غیر وارث رشتہ داروں یا دُوسرے مستحق لوگوں یا رفاہِ عام کے کاموں میں خرچ کرسکتا ہے۔ اسلام کا یہ وہ حکیمانہ اور متوازن نظام ہے جس پر مسلمانوں کو بجا طور پر نازاں ہونا چاہیئے۔ بعض لوگ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسلام کی عائد کردہ ان پابندیوں کو اپنی کم فہمی سے خلافِ قرآن کہتے ہوئے ماننے سے انکار کرنے لگے ہیں۔ لیکن اگر وہ ذرا تامّل کریں تو انہیں معلوم ہوجائے کہ اگر یہ پابندیاں اُٹھا دی جائیں تو آپ کا نظامِ وراثت بازیچہ طفلاں بن کر رہ جائے۔
(مزید تحقیق کے لیے احقر کی تالیف سُنّتِ خیر الانام (صفحہ ۲۵۰ تا ۲۷۳) ملاحظہ ہو۔ تمام شکوک وشبہات کا مفصل جواب درج ہے)

۲۱۱؎ صیام جمع ہے۔ اس کا مفرد ہے صَوم۔ لغت میں صوم کا معنی ہے الامساك عما تنازع اليه النفس۔ اس چیز سے باز رہنا جس کی طرف نفس کشش محسوس کرتا ہو۔ اور شریعت میں صوم کہتے ہیں کہ انسان عبادت کی نیت سے صبحِ صادق سے غروبِ آفتاب تک کھانے پینے اور عملِ زوجیت سے رُکا رہے۔ یہ حکم ہجرت کے دوسرے سال نازل ہوا۔ پہلی اُمتوں پر بھی روزے فرض تھے۔ گو ان کی تعداد اور کیفیت الگ تھی۔

۲۱۲؎ روزے کا مقصدِ اعلیٰ اور اس سخت ریاضت کا پھل یہ ہے کہ تم مُتّقی اور پاکباز بن جاؤ۔ روزے کا مقصد صرف یہ نہیں کہ ان تینوں باتوں سے پرہیز کرو بلکہ مقصد یہ ہے کہ تمام اخلاقِ رذیلہ اور اعمالِ بد سے انسان مکمل طور پر دستکش ہوجائے۔ تم پیاس سے تڑپ رہے ہو، تم بھوک سے بیتاب ہو رہے ہو۔ تمہیں کوئی دیکھ بھی نہیں رہا۔ ٹھنڈے پانی کی صراحی اور لذیذ کھانا پاس رکھا ہے لیکن تم ہاتھ بڑھانا تو کجا آنکھ اٹھا کر اُدھر دیکھنا بھی گوارا نہیں کرتے۔ اس کی وجہ صرف یہی ہے نا کہ تمہارے رب کا یہ حکم ہے! اب جب حلال چیزیں اپنے ربّ کے حکم سے تم نے ترک کردیں تو وہ چیزیں جن کو تمہارے ربّ نے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے حرام کردیا ہے (چوری، رشوت بددیانتی وغیرہ) اگر یہ مراقبہ پُختہ ہوجائے تو کیا تم ان کا ارتکاب کرسکتے ہو؟ ہرگز نہیں۔ مہینہ بھر کی اس مشق کا مقصد یہی ہے کہ تم سال کے باقی گیارہ ماہ بھی اللہ سے ڈرتے ہوئے یُونہی گزار دو۔ جو لوگ روزہ تو رکھ لیتے ہیں لیکن جھوٹ، غیبت، نظربازی وغیرہ سے باز نہیں آتے۔ ان کے متعلق حضور پُرنور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے واضح الفاظ میں فرما دیا۔ مَنْ لَّمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ

أَيَّامًا مَّعْدُودَٰتٍ ۚ فَمَن كَانَ مِنكُم مَّرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ

یہ گنتی کے چند روز ہیں ۔ پھر جو تم میں سے بیمار ہو ۲۱۳ یا سفر میں ہو تو اتنے

فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۚ وَعَلَى ٱلَّذِينَ يُطِيقُونَهُۥ فِدْيَةٌ طَعَامُ

روزے اور دنوں میں رکھ لے ۔ اور جو لوگ ۲۱۴ اسے بہت مشکل سے ادا کرسکیں ان کے ذمّہ فدیہ ہے

مِسْكِينٍ ۖ فَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُۥ ۚ وَأَن تَصُومُوا۟ خَيْرٌ

ایک مسکین کا کھانا ۔ اور جو خوشی سے زیادہ نیکی کرے تو وہ اس کے لیے زیادہ بہتر ہے ۔ اور تمہارا روزہ رکھنا ہی بہتر ہے

لَّكُمْ ۖ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿١٨٤﴾ شَهْرُ رَمَضَانَ ٱلَّذِىٓ أُنزِلَ فِيهِ

تمہارے لیے اگر تم جانتے ہو ۔ ماہِ رمضان المبارک جس میں اُتارا گیا

وَالعمل بہٖ فلیس للہِ حاجۃ فِی ان یدع طعامہ وشرابہ ۔ یعنی جس نے جھوٹ بولنا اور اس پر عمل کرنا نہیں چھوڑا اگر اس نے کھانا پینا ترک کر دیا تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی کوئی قدر نہیں ۔

۲۱۳ مریض اور مسافر کو اس حکم سے مستثنےٰ کر دیا ۔ مریض سے مُراد وہ شخص ہے کہ اگر روزہ رکھے تو اس کی ہلاکت یا اس کے مرض کے بڑھ جانے کا خطرہ ہو اور سفر سے مراد احناف کے نزدیک ۳ روز کا سفر ہے جس کا اندازہ ۳۶ کوس یا ۵۴ میل ہے ۔ خواہ آپ اتنی مسافت آج ایک گھنٹہ میں طے کریں آپ کو افطار کی اجازت ہے ۔ بیماری اور سفر سے جتنے روزے آپ نہ رکھ سکیں تو صحتیاب ہونے اور سفر سے واپس آنے پر اُن کی قضا دینا ہوگی ۔ مریض اور مسافر کو افطار کی اجازت ہے لیکن روزہ رکھنا افضل ہے ۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سفر میں کبھی روزہ رکھا اور کبھی نہیں رکھا ۔ لیکن سفرِ جہاد میں روزے کے افطار کا حکم ہے ۔ فتح مکّہ کے موقع پر حضورؐ نے صحابہ کرام کو حکم دیا انہ یومُ قتال فافطروا ۔ آج جنگ کا دن ہے روزے افطار کرو ۔

۲۱۴ اس آیت میں علمارِ تفسیر کا اختلاف ہے ۔ اکثر کی رائے تو یہ ہے کہ ابتدا میں جب روزے رکھنے کا حکم دیا گیا تو لوگوں کی آسانی کے پیشِ نظر یہ گنجائش رکھی گئی کہ اگر کوئی روزے نہ رکھے تو وہ فدیہ ادا کر دے ۔ بعد میں جب لوگ روزے کی لذّت و برکت سے آشنا ہوگئے تو یہ رعایت واپس لے لی گئی ۔ اور عام حکم دے دیا گیا ۔ فمن شھد منکم الشھر فلیصمہ ۔ نفاذِ شریعت میں جس تدریج کو ملحوظ رکھا گیا ہے ۔ یہ قول اس کے عین مطابق ہے ۔ لیکن بعض علمار کی رائے یہ ہے کہ یطیقون کا معنی ہے کہ جو لوگ بڑی ہی مشکل سے روزہ رکھ سکتے ہوں وہ فدیہ ادا کریں ۔ مثلاً بوڑھا ، دائم المریض ۔ حاملہ عورت ، دُودھ پلانے والی ۔ ان کے لیے یہ رعایت دی گئی ہے ۔ اور یہ رعایت آج بھی بحال ہے ۔

الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ

قرآن ۲۱۵ اس حال میں کہ یہ راہ حق دکھاتا ہے لوگوں کو اور (اس میں) روشن دلیلیں ہیں ہدایت کی اور حق و باطل میں تمیز کرنے کی۔ سو جو

شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۗ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى

کوئی پائے ۲۱۶ تم میں سے اس مہینہ کو تو وہ یہ مہینہ روزے رکھے۔ اور جو کوئی ۲۱۷ بیمار ہو، یا

سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ۗ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ

سفر میں ہو تو اتنے روزے اور دنوں میں رکھ لے۔ اللہ تعالیٰ چاہتا ہے تمہارے لیے سہولت اور نہیں چاہتا ۲۱۸

۲۱۵ پہلی آیت میں روزہ رکھنے کی حکمت بیان کی گئی تھی۔ کہ تم متقی بن جاؤ۔ اب اس بات کی حکمت بیان کی جارہی ہے کہ ماہ رمضان اس عبادت کے لیے کیوں مخصوص کیا گیا۔ تبایا کہ یہ وہ مہینہ ہے جس میں قرآن کریم کے نزول کا آغاز ہوا۔ وہ قرآن جو کسی خاص قوم یا ملک کے لیے نہیں بلکہ ھدًی للناس تمام اولاد آدم کے لیے ہادی و مرشد ہے۔ اور اس کی ہدایت کی روشنی اتنی کھلی ہے کہ حق اور باطل بالکل ممتاز ہو جاتے ہیں۔ جس ماہ میں اتنی بڑی نعمت سے سرفراز کیا گیا ہو وہ ماہ اس قابل ہے کہ اس کا ہر لمحہ ہر لحظہ اپنے محسن حقیقی کی شکر گزاری میں صرف کر دیا جائے۔ اور اس نعمت کی شکر گزاری کی بہترین صورت یہی ہے کہ دن میں روزہ رکھا جائے۔ رات کو قرآن پڑھا اور سنا جائے تاکہ اس ماہ میں نفس کی ایسی تربیت ہو جائے کہ وہ اس بار امانت کو اچھی طرح اٹھا سکے۔ اس آیت کا آخری حصہ لعلکم تشکرون اغلباً اسی حقیقت کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔

۲۱۶ علامہ قرطبی لکھتے ہیں فزالت الرخصۃ الا لمن عجز منھم پہلے حکم میں روزہ کی بجائے فدیہ دینے کی جو رعایت دی گئی تھی وہ اس آیت سے ختم ہو گئی۔ شہود سے دیکھنا اور جاننا دونوں مراد ہیں۔ یعنی خواہ وہ خود دیکھے یا صحیح طریقہ سے اس کا دیکھا جانا معلوم ہو جائے تو روزہ رکھنا فرض ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اختلاف مطالع ایک مسلمہ مسئلہ ہے۔ اس لیے فقہا نے تصریح فرمائی ہے کہ اگر دور دراز علاقہ میں چاند دیکھا جائے تو اس کا اعتبار نہ ہوگا۔ ان البلاد اذ تباعدت کتباعد الشام من الحجاز فالواجب علی اھل کل بلد ان تعمل علی رؤیتہ دون رویۃ غیرہ۔ (قرطبی) قمری سال کا مہینہ مقرر فرمایا کیونکہ یہ سال کے مختلف موسموں میں پھرتا رہتا ہے۔ تاکہ مسلمان سردی گرمی سب موسموں میں بھوک پیاس کی شدت برداشت کرنے کے عادی ہو جائیں۔

۲۱۷ کیونکہ فدیہ کی رعایت واپس لے لی گئی تھی اس سے گمان ہو سکتا تھا کہ مریض اور مسافر کے لیے افطار کی جو اجازت دی گئی تھی شاید وہ بھی ساقط کر دی گئی ہو۔ اس لیے اس کو واضح کیا کہ نہیں وہ رخصت بحال ہے۔

۲۱۸ یعنی احکام شرعیہ تعزیری احکام نہیں جن سے کسی کو تنگ کرنا اور تکلیف دینا مقصود ہو۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کا منشا ان سے تمہاری آسانی اور اصلاح کرنا ہے۔ اس ٹکڑے میں گویا احکام شرعیہ کی روح رواں کا ذکر فرما دیا۔

بِكُمُ الْعُسْرَ ۡ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ

تمہارے لیے دشواری اور (چاہتا ہے کہ) تم گنتی پوری کرلیا کرو۔ اور اللہ کی بڑائی بیان کیا کرو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت

وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ

دی اور تاکہ تم شکر گزاری کیا کرو۔ اور جب پوچھیں ۲۱۹ آپ سے (اے میرے حبیب) میرے بندے میرے متعلق تو (انہیں بتاؤ) میں (ان کے) بالکل نزدیک

اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ

ہوں۔ قبول کرتا ہوں دعا ۲۲۰ دعا کرنیوالے کی جب وہ دعا مانگتا ہے مجھ سے پس انہیں چاہیئے کہ میرے حکم مانیں اور ایمان لائیں مجھ پر

۲۱۹ کتنی پیاری آیت ہے، ہجومِ بلائیں، طوفانِ مصائب میں، گردابِ ہلاکت میں گھرے ہوئے شکستہ دل اور پریشان انسان کے لیے ان چند لفظوں میں اطمینان وسکون کا کیا روح پرور پیغام ہے۔ آپ غور فرمائیے۔ اِنی قریب کے دو لفظوں میں راحت و اطمینان کی ایک دنیا سمیٹ کر رکھ دی گئی ہے۔ کسی فصلِ بہار کی نسیمِ سحر میں، کسی ابرِ نیساں کے حیات بخش قطروں میں وہ اثر کہاں جو اثر ان دو لفظوں میں ہے! دکھ درد کا مارا جب یہ سنتا ہے کہ میرا مالک، میرا خالق مجھ سے الگ تھلگ کہیں دور نہیں کہ اسے میرے حال کا علم نہ ہو۔ رنج و الم کی خبر نہ ہو بلکہ وہ قریب ہے، بالکل قریب، نزدیک ہے، رگِ جاں سے بھی زیادہ نزدیک تو اسے کتنا قرار آجاتا ہے۔ تمہاری زبان پر آئی ہوئی بات تو کیا تمہارے دل میں منہ چھپائے ہوئے اسرار جو قوتِ گویائی کو اپنا چہرہ دکھانے سے شرماتے ہیں۔ افکار اور اندیشوں کے وہ نازک و لطیف آبگینے جو ہوائی صوتی لہروں کو بھی برداشت نہیں کر سکتے۔ ان سب کو وہ جانتا ہے۔ وہ قادر بھی ہے رحمٰن و رحیم بھی۔ تم دستِ دعا دراز تو کرو۔ تم دامنِ طلب پھیلا کر تو دیکھو تم دل کے ہاتھوں سے اس کے درِ رحمت پر دستک تو دو، وہ سنے گا تمہاری فریاد۔ وہ قبول کریگا تمہاری دعا۔ وہ بدل دے گا تمہاری بگڑی ہوئی قسمت۔ لیکن جب وہ کرم فرمائے تو سرکش نہ بن جانا۔ اسی طرح سرِ نیاز اس کے درِ اقدس پر جھکائے رکھنا۔ اسلام قبول کرنے پر جو ذمہ داریاں تم نے قبول کی تھیں۔ جو عہد تم نے باندھا تھا ان کو نباہتے رہنا۔ رشد و ہدایت پا جاؤ گے کامیاب و کامران ہو جاؤ گے۔

۲۲۰ ممکن ہے یہاں پر کسی کو شک گزرے کہ بسا اوقات دعا کرتے کرتے سالہا سال گزر جاتے ہیں لیکن قبول نہیں ہوتی۔ اس کی ایک بڑی وجہ رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے بیان فرمائی ہے۔ اِنہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہِ وآلہٖ وسلم ذکر الرجل يطيل السفر يمد يده الى السماء يارب اشعث اغبر مطعمه حرام وملبسه حرام وغذى بالحرام فانّٰى يستجاب لذالك (رواہ مسلم) حضور نے ایک شخص کا ذکر فرمایا کہ وہ دور دراز کا سفر کرتا ہے، آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتا ہے۔ بال اسکے پریشان، جسم اس کا گرد آلود۔ اس کا کھانا لباس سب حرام کمائی سے ہے۔ اس کے پیٹ میں جو غذا ہے وہ بھی حرام ہے، (تو وہ لاکھ پکارے اور دعائیں کرے) ایسے حرام خور کی دعا کب قبول ہونے کے لائق ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے صحابہ کو فرمایا تھا

لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ﴿۱۸۶﴾ أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ

تاکہ وہ کہیں ہدایت پاجائیں۔ حلال ۲۲۱ کر دیا گیا ہے تمہارے لیے رمضان کی راتوں میں اپنی

نِسَائِكُمْ ۚ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ۗ عَلِمَ اللَّهُ

عورتوں کے پاس جانا۔ وہ ۲۲۲ تمہارے لیے پردہ، زینت و آرام ہیں اور تم ان کے لیے پردہ، زینت و آرام ہو۔ جانتا ہے اللہ تعالیٰ

أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ ۖ

کہ تم خیانت کیا کرتے تھے اپنے آپ سے پس اس نے نظرِ کرم فرمائی تم پر اور معاف کر دیا تمہیں،

فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ ۚ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا

سو اب تم ان سے ملو ملاؤ اور طلب کرو جو (قسمت میں) لکھ دیا ہے اللہ نے تمہارے لیے اور کھاؤ اور پیو

کہ اگر چاہتے ہو کہ تمہاری ہر دُعا قبول ہو تو رزقِ حلال کھایا کرو۔ دُعا کی قبولیت کی ان شرائط کو ہم نے فراموش کر دیا۔ بلکہ ہم نے تو حلال و حرام میں فرق کرنے کی زحمت بھی کبھی گوارا نہیں کی۔ اگر ہماری دُعائیں قبول نہ ہوں تو جائے تعجب نہیں بلکہ تعجب و حیرت تو اس کی رحمتِ بے پایاں پر ہے کہ پھر بھی وہ فریادیں سُن لیتا ہے۔

۲۲۱ ابتدا میں دن کی طرح رات کو بھی عورتوں سے علیحدہ رہنے کا حکم تھا۔ لیکن بعد میں تخفیف کر دی گئی اور رات کو مقاربت کی اجازت دے دی گئی۔ ان گنت سلام اور بے شمار درود اس ذاتِ پاک پر جو رحمت بن کر آیا تھا۔ رحمت لے کر آیا تھا۔ رفث ایک جامع لفظ ہے جو میاں بیوی کے خصوصی تعلقات کے سارے درجوں کو شامل ہے۔ قال الزجاج الرفث كلمة جامعة لكل ما يريد الرجل من امرأته۔ (قرطبی)

۲۲۲ آیت کا یہ حصہ خاص توجہ طلب ہے۔ مرد اور عورت کے باہمی تعلقات کو انتہائی خوش اسلوبی سے بیان فرمایا گیا ہے۔ یعنی جیسے وہ تمہارے لیے لباس ہیں ویسے ہی تم ان کے لیے لباس ہو۔ اس لحاظ سے دونوں کے حقوق اور فرائض مساوی ہیں۔ پھر لباس کی تعبیر کتنی معنی خیز ہے۔ مختصر الفاظ میں لباس پردہ ہے۔ ہر عیب کو چھپاتا ہے۔ زینت ہے حُسن و جمال کو نکھارتا ہے۔ راحت ہے سردی و گرمی سے بچاتا ہے۔ کیا ایک اچھی بیوی اپنے خاوند کے لیے اور ایک اچھا خاوند اپنی بیوی کے لیے پردہ، زینت اور راحت نہیں؟ یقیناً ہے۔ جس ملّت کے ہر گھر میں زوجیت کا یہ بلند تصور اور اعلیٰ معیار ہو اس کے لیے یہ دُنیا جنت نہیں تو اور کیا ہے۔ اسلام پر یہ اعتراض کرنے والے کہ اس نے عورت کے حقوق کو پامال کر دیا ہے۔ اگر آیت کے اسی حصہ پر نظر ڈالیں تو انہیں اپنی غلطی کا احساس ہو جائے گا۔ ہاں اسلام نے ملّتِ ابراہیمی کی بیٹیوں کے چہروں سے شرم و حیا کا نقاب نوچنے کا حکم نہیں دیا۔ اس نے عورت کو محفلِ رقص و سرود کی زینت بننے کی

حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ

یہاں تک کہ ظاہر ہو جائے تمہارے لیے سفید ڈورا سیاہ ڈورے سے ۲۲۳ صبح کے

الْفَجْرِ ۠ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ

وقت پھر پورا کرو ۲۲۴ روزہ کو رات تک اور نہ مباشرت کرو ان سے ۲۲۵ جب کہ

عٰكِفُوْنَ فِي الْمَسٰجِدِ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ۭ كَذٰلِكَ

تم اِعتکاف بیٹھے ہو مسجدوں میں یہ اللہ کی حدیں ہیں اِن (کو توڑنے) کے ۲۲۶ قریب بھی نہ جانا ۔ اِسی طرح

اِجازت نہیں دی ۔ اِس کی وجہ یہ ہے کہ اِسلام ایک مستقل دین ہے ۔ اِس کا اپنا نظام، اپنا قانون اور اپنا ضابطۂ حیات ہے اور اِس کے اِستقلال کی یہی علامت ہے کہ وہ ہر حالت میں اسی ضابطے کا پابند رہے ۔ کسی کو پسند آئے یہ بات یا نہ ۔ کوئی خوش ہو یا ناخوش ۔ اِسلام کو ہر دلعزیز بنانے اور اسے تہذیبِ مغرب سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اِس کے سادہ لوح بہی خواہوں نے اِس کے فطری خد و خال میں جس وقت قطع و بُرید گوارا کر لی اُس دن اِسلام بحیثیت ایک مستقل ضابطۂ حیات کے ہم سے چھین جائیگا ۔ اللہ تعالیٰ اس روزِ بد سے بچائے ۔

۲۲۳ اِس سے مراد صبحِ صادق کا طلوُع ہے یعنی وہ روشنی جو دائیں بائیں پھیلتی ہے قال الجمهور ذٰلك الفجر المعترض فی الافق یمنةً ویُسرةً (قرطبی) صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے حضوُر نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے پُوچھا یا رسُول اللہ! کیا خیطِ ابیض اور خیطِ اسود سے سفید اور سیاہ دو تاگے مراد ہیں ۔ حضوُر نے فرمایا: لا بل هو سواد اللّیل و بیاض النهار نہیں بلکہ اِس سے مراد رات کی تاریکی اور دن کی روشنی ہے ۔ اور لُغتِ عرب میں خیط کا لفظ لون کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے ۔ والخیط فی کلامهم عبارة عن اللون ۔ (قرطبی)

۲۲۴ پہلے روزے کی اِبتدا کا وقت بتایا اب اِس کے اِختتام کا وقت بتایا جا رہا ہے ۔ صبح صادق سے لے کر رات آنے تک روزہ رکھو ۔ حضور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے اپنے اِس اِرشاد سے وضاحت فرما دی اذا ادبر النهار من ههنا واقبل اللیل من ههنا جب اِدھر (مغرب) سے دِن پیٹھ پھیر دے اور اُدھر (مشرق) سے رات آجائے وہ وقت ہے افطار کا ۔ بعض لوگ روزہ کے افطار میں اِتنی جلدی کرنے لگے ہیں کہ سورج بھی صحیح طور پر غروب نہیں ہوتا کہ وہ افطار کا نقارہ بجا دیتے ہیں ۔

۲۲۵ اگر کوئی معتکف ہو تو اسے رات کو بھی اپنی بیوی سے مقاربت جائز نہیں ۔

۲۲۶ یعنی اللہ تعالیٰ کی قائم کی ہوئی حدوں کو توڑ کر آگے نکل جانے کا تو خیال ہی مت کرو ۔ تمہاری سلامتی اور بھلائی اِسی میں ہے ان کے نزدیک تک مت جاؤ ۔ ایسا نہ ہو کہ مشتعل جذبات کی رَو تمہارے قدم حدود کے پاس جمنے ہی نہ دے اور تم بے بس اور بے اختیار

يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ

بیان فرماتا ہے اللہ تعالیٰ اپنی آیتیں لوگوں کے لیے تاکہ وہ تقویٰ اختیار کریں - اور نہ کھاؤ ایک دوسرے کا مال

بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ

آپس میں ۲۲۷ ناجائز طریقہ سے اور نہ ۲۲۸ رسائی حاصل کرو اس مال سے (رشوت دیکر) حاکموں تک تاکہ یوں کھاؤ کچھ حصہ ۲۲۹

ہوکر بہتے ہوئے چلے جاؤ۔ اس لیے تمہاری بہتری اسی میں ہے کہ جن چیزوں سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے ان کے پاس بھی نہ پھٹکو۔

۲۲۷ اسلامی نظامِ معاشیات کا ایک اور قاعدہ بیان ہو رہا ہے۔ یعنی ناجائز طریقہ سے لوگوں کے مال نہ کھاؤ۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں من اخذ مال غیرہ لا علی وجه اذن الشرع فقد اکل بالباطل - وہ شخص جس نے ایسے طریقے سے مال حاصل کیا جس کی شریعت نے اجازت نہیں دی تو اس نے باطل ذریعہ سے کھایا - فیدخل فیه القمار والخداع والغصوب وجحد الحقوق و مالا تطیب به نفس مالکه : ترجمہ - اس میں جوا، دھوکہ دہی، زبردستی چھین لینا کسی کے حقوق کا انکار اور وہ مال جسے اس کے مالک نے خوشی سے نہیں دیا۔ سب اکلِ باطل میں شامل ہیں۔ علامہ قرطبی نے یہ تصریح بھی کی ہے، اگر کوئی شخص رشوت دے کر یا جھوٹی قسم کھا کر یا جھوٹی گواہیاں دلوا کر اپنے حق میں فیصلہ کرالے تو قاضی کا فیصلہ حرام کو حلال نہیں کرسکتا۔ فالحرام لا یصیر حلالاً بقضاء القاضی۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد بھی سن لیجئے۔ انکم تختصمون الیّ ولعل بعضکم ان یکون الحن بحجته من بعض فاقضی له علی نحو مما اسمع فمن قطعت له من حق اخیه شیئًا فلا یاخذه فانما اقطع له قطعة من نار۔ (قرطبی) ترجمہ : تم میرے پاس جھگڑے چکانے کے لیے آتے ہو۔ ممکن ہے تم میں سے ایک فریق زیادہ چرب زبان ہو اور میں (بالفرض محال) اس کے حق میں فیصلہ دے دوں۔ اگر میں کسی کو اس کے بھائی کا حق دیدوں تو وہ ہرگز نہ لے بے شک وہ اس کے حق میں آگ کا ایک ٹکڑا ہے۔

اگر ہمارا باہمی لین دین قرآن کے اس حکم اور حضور کے اس واضح ارشاد کے مطابق ہوجائے تو کتنی مقدمہ بازیاں ختم ہوجائیں ان کی پیروی پر جو بے محابا روپیہ اور بے انداز وقت ضائع ہوتا ہے وہ بچ جائے۔ ان مقدمہ بازیوں کا ایک بہت بڑا نقصان یہ بھی ہے کہ قریبی رشتے ٹوٹ جاتے ہیں۔ باہمی محبت اور اخلاص کی جگہ نفرت اور دشمنی پیدا ہوجاتی ہے۔ اگر ہم قرآن کے اس حکم کو سچے دل سے مان لیں تو اسلامی معاشرہ ان سب خرابیوں سے پاک ہوجائے گا۔ اور اس کا ماحول اتنا پاکیزہ اور خوشگوار بن جائے گا جس کا ہم اس وقت تصوّر بھی نہیں کرسکتے۔ کاش! قرآن کو سینے سے لگانے والا مسلمان اس پر عمل کرنے کی اہمیت کا بھی احساس کرے۔

۲۲۸ : دوسروں کے مال ناجائز طور پر کھانے کا یہ بھی ایک مروّج اور مؤثر طریقہ تھا جو اب بھی ہے کہ حکام کو رشوت دیکر ان سے اپنے حق میں فیصلہ کرا لیا جائے۔ اس ناپاک طریقہ کی ممانعت کو الگ ذکر فرمایا۔ لفظ تدلوا ماخوذ ہے ادلاء سے۔ اس کا معنی ہے رسی

اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ

لوگوں کے مال کا ظلم سے حالانکہ تم جانتے ہو (کہ اللہ نے یہ حرام کیا ہے)۔ دریافت کرتے ہیں آپ سے ۲۳۰ نئے چاندوں کے متعلق

قُلْ هِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ وَلَیْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا

(کہ یہ کیونکر گھٹتے بڑھتے ہیں) فرمائیے یہ وقت کی علامتیں ہیں لوگوں کے لیے اور حج کیلئے اور یہ کوئی نیکی نہیں کہ تم داخل ہو

کوکنوئیں میں پانی نکالنے کے لیے لٹکانا ۔اِس سے مراد ہے کسی چیز تک پہنچنے کا ذریعہ بنانا ۔ استعیر للتوصل الی شیٔ (مفردات)۔

۲۲۹ : فریق کا معنی گروہ بھی ہے ۔اور کسی چیز کے حصّہ اور جُزء کو بھی فریق کہتے ہیں ۔یہاں یہی معنی مُراد ہے۔فریقا ای قطعۃ وجزأً (قرطبی)۔

۲۳۰ : قدرت کی کرشمہ سازی ملاحظہ ہو۔ایک طرف مظاہرِ فطرت کو اتنا حسین بنا دیا کہ دل بے ساختہ ان کی طرف کھِچے چلے جاتے ہیں ۔دُوسری طرف اِن میں اِتنا غموض رکھ دیا کہ لاکھ سر پٹخنے اِن کی دلکشی اور حُسن کا راز معلوم نہیں ہوتا۔اور اِس پر سِتم ظریفی یہ فرمائی کہ کھوج لگانے کی تڑپ اور سُراغرسانی کی بے تابیاں مضمر کردیں ۔کبھی آپ نے غور فرمایا کہ کیوں؟ اِس لیے کہ اِس کے بغیر نہ تو عروسِ کائنات کے حُسن پر نکھار آسکتا تھا اور نہ ان صلاحیتوں کا اِظہار ہوسکتا تھا جو کمال حکمت سے آدمِ خاکی میں سمو دی گئی تھیں ۔ایک وقت ایسا آیا کہ اِنسان جب اِس غموض سے پردہ نہ اُٹھا سکا تو ہیبتِ حُسن اور جلالِ دِلربائی کے سامنے سربسجُود ہوگیا ۔پھر کیا تھا کائنات پر جمُود طاری ہوگیا ۔ہر چیز افسردہ، ہر نظارہ پژمردہ نظر آنے لگا ۔کیونکہ وہ ہاتھ شل ہوکر رہ گیا تھا جو گیسُوئے کائنات کی مشاطگی کے لیے پیدا ہوا تھا اور طبعِ فتنہ طراز وجلوہ پرور کو پا بجولاں کر دیا گیا تھا۔عقل ونظر کے سب چراغ بجُھا دیئے گئے تھے۔رونق آتی تو کہاں سے، بارونق ہوتی تو کیا چیز؟ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبِ مکرّم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو مبعُوث فرمایا۔جس نے آکر انسان کی آنکھ سے جہالت کی پٹّی کھولی۔اس کی چندھیائی ہُوئی آنکھوں کو تازہ بینائی مرحمت فرمائی اور اسے بتایا کہ یہ مہر وماہ ، ارض وسما، کوہ ودمن ، دریا وصحرا تیرے مسجُود نہیں، تیرے معبُود نہیں ، بلکہ تیرے غلام ہیں تُو قدمِ شوق اُٹھا تو سہی اِن کی ساری نخوتیں تیری راہ میں پامال ہونے کے لیے بے چین ہیں، تو چشمِ جہاں بیں کھول کر تو دیکھ ان کی ساری رعنائیاں اپنے نقاب اُلٹنے کے لیے بے تاب ہیں ۔اور تو اِن سے ڈر کر، مرعُوب ہوکر دُور بھاگنے کی کوشش کرتا ہے اور جب بھاگ نہیں سکتا تو غش کھا کر سجدہ کناں انکے قدموں پر گر پڑتا ہے ۔فاران کی چوٹیوں سے ایک مسیحا نے انسان کی خوابیدہ قوتوں بلکہ اِنسان کے خوابیدہ بخت کو جھنجھوڑا ؎

جہاں اگرچہ دگرگُوں ہے قُم باذنِ اللہ
وُہی زمیں وہی گردُوں ہے قُم باذنِ اللہ

الْبُیُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُیُوْتَ

گھروں میں انکے پچھواڑے سے ہاں نیکی تو یہ ہے کہ انسان تقویٰ اختیار کرے۔ اور آیا کرو گھروں میں ۲۳۳

کیا نوائے اناالحق کو آتشیں جس نے ✽ تیری رگوں میں وُہی خوں ہے قُم باذن اللہ

جہاں تک انسان کی فکری غلطی کا تعلق تھا اس کی اصلاح کر دی گئی۔ انہیں بتا دیا گیا کہ کائنات کی بڑی سے بڑی کوئی چیز معبود نہیں بلکہ تمہارے لیے پیدا کی گئی ہے۔ تمہارا اور کائنات کی ہر چیز کا خالق اللہ وحدہٗ لاشریک ہے۔ اور اس حقیقت کو اتنا واضح کر دیا کہ شک وشُبہ کا شائبہ تک نہ چھوڑا۔ لیکن اس کے بعد؟ وہی اس کائنات کی دلکشی تھی۔ وہی اس کا غموض تھا اور وُہی جذبۂ جستجو کی چبھن تھی۔ جب وہ اس اُلجھن کو حل نہ کر پاتے تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کا حل طلب کرتے اس اُمید پر کہ جس نے ہمیں اتنی بڑی فکری اُفتاد سے بچایا ہے وُہی اس مشکل کو آسان کر دے گا۔ ان کی یہ توقع نہ بے محل تھی اور نہ بیجا لیکن اس اُستادِ کامل کی شفقت ان کی یہ خواہش پوری کرنے پر آمادہ نہ ہوئی۔ کیونکہ اس میں ان کا سراسر نقصان تھا۔ آپ شاید پوچھیں یہ کیسے؟ تو سُنیئے اگر کوئی اُستاد ریاضی کے سب سوال خود حل کر کے دے دیا کرے اور اپنے طلبہ کو اپنا دماغ استعمال کرنے کا موقع ہی نہ دے تو کیا وہ ریاضی میں مہارت پیدا کر سکیں گے؟ کبھی ان میں خود اعتمادی کا جوہر چمکے گا؟ اور کمال شفقت کا تقاضا یہی ہے کہ شاگرد اپنی عقل سے اس گرہ کو کھولے۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے تمام ایسے سوالات کا جواب دینے سے اس لیے دانستہ اعراض فرمایا کہ حضورؐ کی اُمت اپنی ذہنی اور رُوحانی توانائیوں کو بروئے کار لا کر ان چیزوں کو مسخر اور فرمانبردار بنائے۔ اگر حضورؐ فلکیات وطبعیات وغیرہا کے اسرار سے خود نقاب اُٹھا دیتے تو اُمت کی عقلیں بانجھ ہو کر رہ جاتیں۔ اور افلا تعقلون افلا تتفکّرون اور افلا تتدبّرون کی بانگ شوق افروز پر کیونکر لبّیک کہی جا سکتی۔ اسی قسم کا یہ سوال ہے اور اس کا جواب۔ چاند کا نمودار ہونا ایک انداز سے اس کا بڑھنا، پھر گھٹنا اور پھر غائب ہو جانا۔ ایک عجیب بات تھی۔ جس کی وجہ معلوم کرنے کے لیے رہ رہ کر دل میں شوق پیدا ہوتا۔ صحابہؓ نے اسکی وجہ دریافت کی تو اللہ تعالیٰ نے اس سوال کا جواب نہ دیا۔ کیونکہ اس کا جواب ہمیں خود تلاش کرنا تھا۔ بلکہ چاند کے گھٹنے بڑھنے کے فوائد بتا دیئے کہ اس سے تم اپنی عبادات، لین دین وغیرہ کے وقت مقرر کر سکتے ہو۔ اور یہ کھُلی ہوئی جنتری ہے۔ جس سے ہر شخص، پڑھا ہوا ہو یا ان پڑھ۔ شہری ہو یا دیہاتی، وقت معلوم کر سکتا ہے۔ حضورؐ کے اس سکوت سے جو عین مصلحت اور سراسر شفقت ورحمت کا مظہر ہے۔ بعض کج فہم یہ نتیجہ اخذ کرنے لگے ہیں کہ حضورؐ کو نعوذ باللہ ان امور کا علم نہ تھا۔ اور خاموشی لاعلمی کی وجہ سے تھی۔ لیکن یہ کیسے باور کر لیا جائے کہ نبی کو اتنا علم بھی نہ ہو جتنا مڈل یا میٹرک کے ایک طالب علم کو ہوا کرتا ہے۔ کتنی غیر مناسب ہے یہ بات ✽

۲۳۳ امام بخاریؒ نے روایت کی ہے کہ عرب کے لوگوں کا یہ دستور تھا کہ جب احرام باندھ لیا کرتے اور انہیں گھر میں داخل ہونے کی ضرورت پڑتی تو دروازوں سے داخل نہ ہوتے بلکہ پیچھے سے دیوار میں سوراخ کر کے داخل ہوا کرتے اور اس کو بڑی نیکی سمجھتے۔ اس لایعنی حرکت سے ان کو روک دیا گیا۔ بعض علماء نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی کام صحیح طریقہ سے کیا جائے تو عرب کہتے اتنا

مِنْ اَبْوَابِهَا ۠ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾ وَ قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ

ان کے دروازوں سے اور ڈرتے رہو اللہ سے اس اُمید پر کہ کامیاب ہوجاؤ اور لڑو اللہ کی راہ میں ۲۳۲

اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَ لَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

ان سے جو تم سے لڑتے ہیں اور (ان پر بھی) زیادتی نہ کرنا۔ بے شک اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا

اتی البیت من بابہ۔ یعنی اس نے صحیح طریقہ سے یہ کام کیا۔ اور اگر غلط طریقہ سے کوئی کام کرے تو کہتے انہ لو یات البیت من بابہ: یہاں بھی سائلین کو بتایا گیا کہ ان چیزوں کے دریافت کرنے کا یہ طریقہ نہیں کہ اُٹھے اور نبیؐ سے پوچھ لیا۔ بلکہ اس کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ اپنی سوچ بچار، مشاہدات اور تجربات سے ان سوالات کا حل تلاش کیا جائے۔ واللہ علم

۲۳۲ے ان آیات میں ان مظلوموں اور ستم رسیدوں کو طاقت کا جواب طاقت سے دینے کی اجازت دی جارہی ہے جن پر بارہ تیرہ برس مسلسل ظلم کے پہاڑ توڑے جاتے رہے۔ اور تسلیم و رضا کے یہ مجسمے خاموشی سے برداشت کرتے رہے۔ قرآن کے حکم جہاد کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ان تین چیزوں کو خوب ذہن نشین کرلیا جائے۔ ا۔کس مقصد کے لیے ۲۔کس کے ساتھ ۳۔اور کن شرائط اور قیود کے ساتھ قرآن نے جہاد کی اجازت دی ہے۔ ان آیتوں میں تینوں امور کی وضاحت کردی گئی ہے۔ مقصد جہاد کے متعلق تو فرمایا: فی سبیل اللہ۔ حق کی سربلندی کے لیے۔ لوٹ مار، تجارتی و صنعتی رقابت، وطنی یا نسلی عداوت و تعصب یا اس قسم کے سفلی مقاصد مومن کی جنگ کے پیش نظر نہیں ہوتے۔ صرف اُن لوگوں کے ساتھ، الذین یقاتلونکم، جو تمہارے ساتھ جنگ کر رہے ہیں۔ جو تم پر یلغار کرنے کے لیے پر تول رہے ہیں۔ اور اس شرط کے ساتھ "لا تعتدوا" کہ جب جذبات پر قابو نہیں رہتا۔ آتش انتقام بھڑک رہی ہوتی ہے۔ خبردار۔ اُس وقت بھی کسی پر زیادتی مت کرو۔ کیونکہ زیادتی کرنے والوں کو اللہ دوست نہیں رکھتا۔ عورتوں معصوم بچوں، اپاہجوں، بوڑھوں، کسانوں، مزدوروں اور راہبوں پر ہاتھ اٹھانے سے اسلام نے منع فرمایا ہے (بشرطیکہ یہ لوگ جنگ میں شریک نہ ہوں)۔ حضرت صدیق اکبرؓ جب اپنے ایک سپہ سالار یزید بن ابی سفیان کو الوداع کہنے کے لیے پاپیادہ ان کے ساتھ گئے تو رخصت کرتے وقت انہیں پھلدار درختوں کے کاٹنے، اُونٹوں اور شیر دار جانوروں کو بلاضرورت ہلاک کرنے سے منع فرمایا۔ مستشرقین حضرات جو اسلام کے نظریۂ جہاد پر طرح طرح کے اعتراضات کرتے ہیں وہی انصاف سے بتائیں کہ دُنیا میں کوئی قوم ایسی گزری ہے یا آج کی مہذب و متمدن دُنیا میں کوئی قوم ایسی موجود ہے جس کے جنگی قانون میں عدل و انصاف کا یوں لحاظ رکھا گیا ہو۔ آج تو جنگ شروع ہوتی ہے تو پُرامن شہریوں اور آبادبستیوں کو ایٹم بموں سے اُڑا کر رکھ دیا جاتا ہے۔ عورتیں معصوم بچوں، بوڑھوں، بیماروں، کسی سے درگذر نہیں کی جاتی۔ ہسپتالوں، درسگاہوں، عبادت خانوں تک کا احترام بھی پس پُشت ڈال دیا جاتا ہے۔

الْمُعْتَدِيْنَ ﴿١٩٠﴾ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ

زیادتی کرنے والوں کو۔ اور قتل کرو انہیں جہاں بھی انہیں پاؤ ۲۳۳ اور نکال دو انہیں

مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ

جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا تھا اور فتنہ انگیزی تو ۲۳۴ قتل سے بھی زیادہ سخت ہے۔ اور نہ جنگ کرو ان سے

عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ

مسجد حرام کے قریب یہاں تک کہ وہ (خود) تم سے وہاں جنگ کرنے لگیں۔ سو اگر وہ لڑیں تم سے

فَاقْتُلُوْهُمْ ۗ كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩١﴾ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

تو پھر قتل کرو انہیں۔ یہی سزا ہے (ایسے) کافروں کی۔ پھر اگر وہ باز آجائیں (تو جان لو کہ) اللہ تعالیٰ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٩٢﴾ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ

بہت بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانیوالا ہے۔ اور لڑتے رہو ان سے یہاں تک کہ نہ رہے فتنہ (وفساد) ۲۳۵ اور ہو جائے

۲۳۳ جب صلح حدیبیہ کے بعد معاہدہ کے مطابق مسلمان زیارتِ کعبہ کو جانے لگے تو ان کے دل میں رہ رہ کر خیال پیدا ہونے لگا کہ اگر کفار نے غدر کرکے حملہ کر دیا تو ہم حالتِ احرام میں حدودِ حرم میں ان سے کیونکر جنگ کریں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اگر وہ آمادۂ جنگ ہوں تو پھر کعبہ کا مالک تمہیں اجازت دیتا ہے کہ تم اپنے دشمن کو جہاں پاؤ قتل کر دو۔

۲۳۴ فتنہ کیا ہے۔ جب سُنار میل نکالنے کے لیے سونے کو پگھلاتا ہے تو عرب کہتے ہیں۔ فتن الصائغ الذھب اور کسوٹی کو فتانہ کہا جاتا ہے۔ یہ اس کا لغوی معنی ہے۔ اب اس کا استعمال سخت آزمائش کے لیے کیا جاتا ہے۔ اور سب آزمائشوں سے سخت ترین آزمائش وہ ہے جو دین کے لیے ہو یا دین سے برگشتہ کرنے کے لیے ہو۔ کفارِ مکہ غریب مسلمانوں کو دین سے برگشتہ کرنے کے لیے سخت ترین سزائیں دیا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں قتل بھی بڑا بھیانک جرم ہے لیکن کسی کو اس کے پسندیدہ عقائد سے باز رکھنا جن کی صداقت اور سچائی پر وہ صدقِ دل سے یقین رکھتا ہو قتل سے بھی زیادہ خوفناک جرم ہے۔

۲۳۵ پہلے جنگ کی وجہ بیان فرمائی۔ اب اس کی انتہا کا ذکر ہے۔ یعنی مخالفین جب اطاعت قبول کرلیں اور دین کے معاملہ میں مداخلت اور جبر کرنے کی قوت ٹوٹ جائے اور ہر شخص آزادی سے دینِ حق کو قبول کر سکے تو اس وقت جنگ بند کر دینے کا حکم ہے۔

الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾

دین صرف اللہ کے لیے ۔ پھر اگر وہ باز آجائیں تو (سمجھ لو) کہ سختی (کسی پر) جائز نہیں مگر ظالموں پر ۔

اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ فَمَنِ

حرمت والا مہینہ ۲۳۶ حرمت والے مہینہ کا بدلہ ہے اور ساری حرمتوں میں (فریقین کے رویہ میں) برابری چاہیے

اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ص

تو جو تم پر زیادتی کرے تم اس پر زیادتی کر لو (لیکن) اسی قدر جتنی زیادتی اس نے تم پر کی ہو ،

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ وَاَنْفِقُوْا فِيْ

اور ڈرتے رہا کرو اللہ سے اور جان لو یقیناً اللہ (کی نصرت) پرہیز گاروں کے ساتھ ہے ۔ اور خرچ کیا کرو

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۚۖ وَاَحْسِنُوْا ۚ

اللہ کی راہ میں ۲۳۷ اور نہ پھینکو اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں تباہی میں ۲۳۸ اور اچھے کام کیا کرو

ع

۲۳۶ عرب ہمیشہ ایک دوسرے سے برسرپیکار رہا کرتے تھے لیکن ان کا یہ باہمی معاہدہ تھا کہ سال میں چار ماہ ، محرّم ، رجب ، ذیقعدا اور ذی الحجہ میں جنگ بند کر دی جاتی تھی ۔ لیکن جب مسلمان ماہ ذیقعد ۶ھ میں عمرہ کے لیے گئے تو کفّار نے جنگ کی تیاری شروع کر دی اور اپنے دیرینہ دستور کو بھی نظرانداز کر دیا۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو فرماتا ہے کہ اگر وہ اس ماہِ حرام کا پاس نہیں کرتے تو تم بھی نہ کرو ۔ اور اگر وہ جنگ کریں تو تم بھی مدافعت کے لیے کمربستہ ہو جاؤ۔

۲۳۷ پہلے جانی جہاد کا حکم دیا اب مالی جہاد کا حکم دیا جا رہا ہے ۔

۲۳۸ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا ۔ اِنَّ الْاِلْقَاءَ بِالْيَدِ اِلَى التَّهْلُكَةِ هُوَ تَرْكُ الْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۔ اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے کا مطلب یہ ہے کہ انسان اللہ کے راستے میں جہاد چھوڑ دے ۔ امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ روایت کرتے ہیں کہ اسلم ابی عمران سے مروی ہے کہ جب ہم نے قسطنطنیہ پر حملہ کیا تو رومیوں کا ایک لشکرِ جرار ہمارے مقابلہ میں صف آرا ہوا ۔ مسلمانوں کی فوج بھی ان کے مقابلے میں ڈٹ گئی ۔ ایک مسلمان سپاہی نے تنہا لشکرِ روم پر حملہ کر دیا اور ان کی صف میں گھس گیا ۔ لوگ چلّائے سبحان اللہ! اس نے اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو ہلاک کیا ۔ حضرت ابو ایوب کھڑے ہو گئے اور فرمانے لگے ۔ اے لوگو! تم نے اس آیت کا مطلب غلط سمجھا ہے ۔ آؤ میں تمہیں اس کا شانِ نزول بتاؤں ۔ جب اسلام کو غلبہ

إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ﴿١٩٥﴾ وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ ۚ فَإِنْ

بے شک اللہ تعالیٰ محبت فرماتا ہے اچھے کام کرنیوالوں سے۔ اور پورا کرو ۲۳۹ حج اور عمرہ اللہ (کی رضا) کے لیے

أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۖ وَلَا تَحْلِقُوا رُءُوسَكُمْ

پھر اگر تم گھر جاؤ ۲۴۰ تو قربانی کا جانور جو آسانی سے مل جائے (وہ بھیجدو) اور نہ منڈاؤ اپنے سر یہاں تک کہ

حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ ۚ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضًا أَوْ بِهِ

پہنچ جائے قربانی کا جانور اپنے ٹھکانے پر۔ پس جو شخص تم میں سے بیمار ہو یا اسے

أَذًى مِنْ رَأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ ۚ

کچھ تکلیف ہو سر میں (اور وہ سر منڈا لے) تو وہ فدیہ دیدے روزوں سے یا خیرات سے یا قربانی سے،

حاصل ہو گیا اور مسلمان مجاہدوں کی تعداد بھی کافی بڑھ گئی تو ہم انصار نے خفیہ مشورہ کیا۔ کہ اب جانبازوں کی کمی بھی نہیں رہی اور اسلام کو عزّت وعظمت بھی حاصل ہو گئی ہے اور مسلسل کئی سال تک ہم اپنی کھیتی باڑی اور کاروبار کی طرف کوئی توجہ نہیں دے سکے۔ اب ہمیں اپنی مالی حالت درست کرنے کے لیے ساری کوششیں صرف کرنی چاہئیں۔ اُس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی جس میں یہ تصریح تھی کہ اے انصار اگر تم جہاد کو چھوڑ کر زراعت وتجارت میں کھو کر رہ گئے تو سمجھ لو کہ تم نے اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں سے ہلاکت کے گڑھے میں پھینک دیا ہے۔ حضرتِ ابو ایوب لڑتے رہے یہاں تک کہ جامِ شہادت نوش کیا اور قسطنطنیہ میں ہی ان کا مزارِ پُرانوار ہے جو مال مست اور قال مست مسلمان کو آج بھی اس جدّ وجہد کی دُنیا میں عزّت کے مقام کا صحیح راستہ بتا رہا ہے۔

۲۳۹ عرب قدیم زمانہ سے حج کیا کرتے تھے۔ لیکن اِن کے نزدیک حج ایک میلہ یا تجارتی منڈی بن کر رہ گیا تھا۔ عبادت کا پہلو تو بالکل ختم ہو گیا تھا یا اتنا غیر اہم ہو کر رہ گیا تھا کہ اس کا کوئی اثر ہی محسوس نہیں کیا جاتا تھا۔ لوگ آتے سیر وتفریح کر جاتے شاعر اپنے قصائد اور خطیب اپنے آتشیں خطبے سُنا کر لوگوں کے دِلوں پر اپنی فصاحت وبلاغت کا سکّہ جماتے اور چلے جاتے۔ چند روز تجارت کا بازار بھی خوب گرم رہتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ حج وعمرہ کرو۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کی رضا جوئی کے لیے۔ یعنی پورے آداب وشرائط کے ساتھ۔ پورے اخلاص وحُسنِ نیّت کے ساتھ۔

۲۴۰ اگر تم احرام باندھ چکے ہو اور راستہ میں بیمار ہو گئے یا دشمن نے راستہ بند کر دیا۔ اور تم حج کے ایام میں وہاں نہیں پہنچ سکتے۔ تو اب احرام سے نکلنے کی یہ صورت ہے کہ قربانی کا جو جانور تم گھر سے لے آئے ہو وہ کسی کے ہاتھ بھیجدو یا اس کی قیمت روانہ کر دو اور انہیں یہ کہو کہ حرم میں پہنچ کر تمھاری طرف سے جانور ذبح کر دیں۔ جب تم یہ خیال کرو کہ وہ حرم میں پہنچ گئے ہوں گے اور

فَاِذَآ اَمِنْتُمْ قف فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ

اور جب تم امن میں ہو جاؤ (اور حج سے پہلے مکہ پہنچ جاؤ) تو جو فائدہ اٹھانا چاہے عمرہ کا ۲۴۱ حج کے ساتھ تو جو اسے میسر ہو

مِنَ الْهَدْيِ ج فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَ

قربانی دے پھر جسے قربانی کی طاقت نہ ہو تو وہ تین دن روزے رکھے حج کے وقت اور

سَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ط تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ط ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ

سات جب تم گھر لوٹ آؤ یہ پورے دس (روزے) ہوئے ۔ یہ رعایت اس کے لیے

اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

ہے ۲۴۲ جس کے گھر والے مسجد حرام کے قریب نہ ہوں ۔ اور ڈرا کرو اللہ سے اور جان لو کہ بیشک اللہ تعالیٰ

جانور ذبح کر دیا ہو گا تو تم سر منڈا کر یا بال کٹوا کر احرام کی پابندیوں سے آزاد ہو سکتے ہو۔ لیکن اگر بیماری کی وجہ سے جلد سر منڈانے کی ضرورت پڑ جائے تو فدیہ کے طور پر روزے رکھ لو۔ صدقہ دے دو یا جانور ذبح کر دو صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ تین روزے یا چھ مسکینوں کو ۲-۲ سیر گندم یا ۴-۴ سیر جو (صدقہ فطر کے اندازے کے مطابق) دے یا کم سے کم بکری ذبح کر دے اور حجامت بنوالے۔

۲۴۱ حج کی تین صورتیں ہیں: ۱- افراد یعنی حج کے دنوں میں صرف حج کیا اس میں قربانی واجب نہیں۔ ۲- تمتع۔ ایک سفر میں ایام حج میں پہلے عمرہ کا احرام باندھا۔ طواف وسعی کے بعد حلق کر کے اس احرام سے فارغ ہو گیا۔ پھر وقت آیا تو حج کا احرام باندھا کیونکہ ایک ہی وقت میں دو عبادتیں جمع کر لیں اور دُہرا فائدہ اُٹھا لیا تو اسے متمتع کہتے ہیں۔ ۳- قران۔ ایک ساتھ ہی حج و عمرہ کا احرام باندھا۔ پہلے عمرہ کے ارکان ادا کیے لیکن احرام بدستور رہا۔ یہاں تک کہ ایام حج میں حج کے ارکان ادا کر کے حلق کرایا اور احرام سے فارغ ہوا۔ پچھلی دونوں صورتوں میں ایک سفر میں دو عبادتیں جمع کر لیں۔ اس لیے اس پر قربانی لازمی قرار دے دی گئی۔

۲۴۲ ایک سفر میں حج و عمرہ جمع کرنے کی اجازت صرف ان لوگوں کو ہے جو مکہ کے رہنے والے نہیں بلکہ دُور دراز کی مسافتیں طے کر کے آتے ہیں۔ مکہ کے باشندوں اور حدودِ میقات کے اندر رہنے والوں کا ایک ہی حکم ہے، **مسئلہ:** میقات اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں باہر سے قصدِ حرم کرنے والا جب پہنچے تو اسے حکم ہے کہ بغیر احرام باندھے آگے نہ بڑھے۔ مختلف اطراف کے لیے مختلف مقاماتِ میقات ہیں۔ اہلِ مدینہ اور اس طرف والوں کے لیے ذوالحلیفہ۔ اہلِ عراق اور اس طرف والوں کے لیے ذاتِ عرق، اہلِ شام اور ان اطراف کے لیے جحفہ۔ اہلِ نجد کے لیے قرن۔ اہلِ یمن اور اس طرف سے آنے والوں کے لیے یلملم۔ پاکستان کے حاجی جو بحری راستے سے جاتے ہیں ان کا میقات بھی یلملم ہے۔ جب ان کا جہاز بحیرہ احمر میں داخل ہوا اور یلملم

مکّہ سے عرفات تک حاجیوں کا راستہ

جبلِ نور

غارِ حرا

(فاران)

شمال

مدینہ کو

مدینہ کو

مالات

بیعت عقبہ کا مقام

حضرت ابراہیمؑ کے ہاتھوں
قربانی اسماعیلؑ کا مقام

مزار حضرت خدیجہ رضؓ

مالات کا قبرستان

جدہ کو

بیت الرسولؐ

منیٰ

مقامات
رمی الجمار

بازمین

جبلِ رحمت جہاں سے حضور صلی اللہ
علیہ وسلم نے ایک لاکھ بیس ہزار یا
ایک لاکھ چالیس ہزار کے اجتماع
کو خطاب فرمایا۔

مکہ

مسجد حرام

جبل ابو قبیس

مسجد خیف

محسّر

مزدلفہ یا مشعر الحرام

مسفلہ

قبلہ

جبل ثور

عرفات

مسجد نمرہ

شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿۱۹۶﴾ الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَّعْلُومَاتٌ فَمَنْ فَرَضَ فِيهِنَّ

سخت سزا دینے والا ہے ۔ حج کے چند مہینے ہیں جو معلوم ہیں ۲۴۳ پس جو نیت کرلے ان میں

الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ وَمَا تَفْعَلُوا

حج کی تو اسے جائز نہیں بے حیائی کی بات اور نہ نافرمانی اور نہ جھگڑا ۲۴۴ حج کے دنوں میں اور جو تم نیک کام کرو ۲۴۵

مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللَّهُ وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَىٰ وَ

اللہ تعالیٰ اسے جانتا ہے ، اور سفر کا توشہ ۲۴۶ تیار کرو اور سب سے بہتر توشہ تو پرہیزگاری ہے اور

اتَّقُونِ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ ﴿۱۹۷﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوا

ڈرتے رہو مجھ سے اے عقلمندو ! نہیں ہے تم پر ۲۴۷ کوئی حرج (اگر حج کے ساتھ ساتھ) تم تلاش کرو

کے مقابل سے گزرے تو وہاں ان حاجیوں کو احرام باندھنا ہوتا ہے ۔

۲۴۳ یعنی شوال ، ذلیقعد ، اور ذی الحجہ کے دس دن ۔

۲۴۴ رفث کہتے ہیں الجماع والافحاش لِلمراة بالکلام ۔ جماع کرنا یا اس کے متعلق باتیں کرنا ۔ فسوق : جمیع المعاصی کلہا ۔ تمام گناہ ۔ چھوٹے بڑے ظاہر پوشیدہ ۔ جدال : جھگڑا ۔ اِن تمام چیزوں سے روک دیا گیا تاکہ حج کا حقیقی مقصد یعنی تربیتِ نفس ضائع نہ ہوجائے ۔

۲۴۵ یعنی جو نیک کام تم کرتے ہو جسے کوئی اور نہیں دیکھتا یا جن مشتعل جذبات کو تم سختی سے روکے ہوئے ہو جس کا اندازہ دوسرے نہیں کرسکتے ۔ اللہ تعالیٰ تمہارے ہر عمل کو دیکھ رہا ہے ۔ اور اپنے نفس سے تمہاری کش مکش کی نوعیت کو بھی خوب جانتا ہے وہ ضرور اس کا اجرِ عظیم عطا فرمائے گا ۔

۲۴۶ عرب کے اکثر لوگ خصوصاً اہلِ یمن کا دستور تھا کہ جب حج کی نیت سے گھروں سے نکلتے تو سفر خرچ ساتھ نہ لاتے اور اس کو توکل کے خلاف سمجھتے اور رستہ میں لوگوں سے بھیک مانگا کرتے مسلمانوں کو اس غیر انسانی طریقہ کار سے روک دیا گیا اور حکم دیا کہ زادِ راہ لے کر چلا کرو کسی کی خدمت نہ کر سکو تو کم از کم دوسروں پر بوجھ تو نہ بنو ۔ ساتھ ہی فرما دیا بہترین توشہ تقویٰ ہے جو سفرِ آخرت میں کام آتا ہے ۔

۲۴۷ امام رازیؒ لکھتے ہیں نزلت ردًّا علی من یقول لاحج لِلتجار والاجراء والجمالین ۔ یہ آیت ان لوگوں کے ردّ میں نازل ہوئی جو یہ کہتے تھے کہ تاجروں، مزدوروں اور ساربانوں کا کوئی حج نہیں بلکہ اجازت دی کہ تم بے شک نفع کماؤ لیکن ایسا نہ ہو کہ تم نفع کمانے میں ہی لگے رہو ۔ اور یہی تمہارا مقصدِ اوّلین ہو کر رہ جائے ۔ اور حقیقی مدعا یعنی ذکرِ الٰہی بھول جائے ۔

فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ۗ فَإِذَآ أَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا اللَّهَ

اپنے ربّ کا فضل (رزق) پھر جب واپس آؤ عرفات سے ۲۴۸ تو ذکر کرو اللہ کا

عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۖ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَإِنْ كُنْتُمْ مِّنْ

مشعرِ حرام (مزدلفہ) کے پاس اور ذکر کرو اس کا جس طرح اس نے تمہیں سکھایا اور اگرچہ تم اس سے

قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّينَ ﴿١٩٨﴾ ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ

پہلے گمراہوں میں سے تھے۔ پھر تم بھی ۲۴۹ (اے مغروران قریش) وہاں تک (جاکر) واپس آؤ جہاں جاکر دوسرے لوگ

وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ ۗ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٩٩﴾ فَإِذَا قَضَيْتُمْ

واپس آتے ہیں، اور معافی مانگو اللہ سے بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے، پھر جب تم پورے کر چکو

مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا ۗ فَمِنَ

حج کے ارکان تو اللہ کو یاد کرو جس طرح ۲۵۰ اپنے باپ دادا کا ذکر کرتے ہو بلکہ اس سے بھی زیادہ ذکرِ الٰہی کرو اور کچھ

---

۲۴۸ حکم ہوتا ہے جب عرفات میں حاضری کا فرض ادا کرکے وہاں سے چلو تو مزدلفہ میں اللہ کا ذکر کرو اس کی تسبیح وتہلیل میں وقت صرف کرو۔ حاجی دسویں کی رات یہاں بسر کرتے ہیں۔ مشعرِ حرام اس مسجد کو کہتے ہیں جو وادیٔ مزدلفہ کے ایک پہاڑ قزح پر ہے۔ جہاں امام قیام کرتا ہے۔ اگرچہ سارا مزدلفہ (ماسوا وادیٔ محسر) موقف ہے لیکن مشعرِ حرام اور اس کے قرب میں وقوف زیادہ ثواب کا باعث ہے۔

۲۴۹ قریش اپنے لیے یہ ہتک سمجھتے تھے کہ دُوسرے لوگوں کی طرح وہ بھی عرفات کے میدان میں وقوف کریں اس لیے وہ مزدلفہ ہی میں ٹھہرتے اور اس کی وجہ یہ بیان کرتے نحن اهل الله وقطان حرمه (یعنی ہم اہل اللہ ہیں اور اس کے حرم کے باشندے ہیں) اللہ تعالیٰ کو ان کی یہ مغرورانہ ادا پسند نہ آئی اور انہیں حکم دیا کہ جہاں سے لوگ لوٹتے ہیں وہاں سے ہی تم لوٹو حج تو ہے ہی سب باطل امتیازات مٹانے کے لیے، سب جھوٹے تفاخر ختم کرنے کے لیے۔ اگر آج بھی تم اپنی برتری کے نشے میں مست رہو گے تو مساواتِ انسانی کا صحیح مظاہرہ کب ہوگا اور تم یہ اہم سبق کیونکر یاد کرو گے۔

۲۵۰ ان کی ایک اور جاہلانہ رسم کا بطلان کیا جا رہا ہے۔ وہ جب حج سے فارغ ہوتے تو بیتُ اللہ کے پاس مجلسیں منعقد کرتے جن میں وہ اپنے باپ دادا کی تعریفوں کے پُل باندھا کرتے۔ حکم ہوتا ہے اپنے ربِّ کریم کو یاد کرو جیسے اپنے باپ دادا کو ذوق شوق سے یاد کیا کرتے۔ اَوْ اختیار کے لئے نہیں بلکہ ترقی کے لیے ہے اور بَلْ کا ہم معنی ہے۔ یعنی بلکہ ان سے بھی

النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ

لوگ ہیں جو کہتے ہیں ۲۵۱ اے ہمارے رب دیدے ہمیں دُنیا میں ہی (سب کچھ) نہیں ہے اس کے لیے آخرت میں

خَلَاقٍ ﴿۲۰۰﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي

کوئی حصّہ اور بعض لوگ ہیں جو کہتے ہیں اے ہمارے رب! عطا فرما ہمیں دُنیا میں بھی بھلائی اور

الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا

آخرت میں بھی بھلائی ۲۵۲ اور بچالے ہمیں آگ کے عذاب سے۔ انہی لوگوں کو بڑا حصّہ ملیگا (دونوں جہانوں میں) بسبب

كَسَبُوْا ۭ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۲۰۲﴾ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ

انکی (نیک) کمائی کے، اور اللہ تعالیٰ بہت جلد حساب چکانے والا ہے۔ اور (خوب) یاد کرو اللہ تعالیٰ کو ان دنوں میں جو معدودے چند ہیں ۲۵۳

زیادہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرو۔

۲۵۱ مُشرکین کو آخرت کی زندگی پر ایمان نہ تھا۔ وہ اسی زندگی کو سب کچھ سمجھتے۔ اس لیے حج کرتے وقت اور دُوسرے خاص اوقات میں دُنیا کے متعلق ہی سوال کیا کرتے۔

۲۵۲ ان کے برعکس مومن صرف دُنیاوی منافع اور مقاصد پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ دُنیا و آخرت دونوں کے لیے وسیع دامن پھیلاتا ہے۔ حَسَنَة سے مُراد کوئی خاص چیز نہیں بلکہ ہر اچھائی مراد ہے فان حسنة نكرة في سياق الدعاء فهو محتمل لكل حسنة (قرطبی) ایک شخص کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ملاحظہ فرمایا کہ چُوزے کی طرح دُبلا ہوگیا ہے۔ حضورؐ نے دریافت کیا، اللہ تعالیٰ سے کوئی دُعا مانگا کرتا ہے۔ عرض کرنے لگا ہاں، یا رسول اللہ صلّی اللہ علیک وسلّم میں یہ دُعا کیا کرتا ہوں کہ اے مالک جو عذاب تو مجھے قیامت کے دن دینا چاہتا ہے وہ اس دُنیا میں ہی دیدے۔ حضورؐ نے فرمایا تم میں خدا کا عذاب برداشت کرنے کی قوّت کہاں، تم یہ دُعا کیوں نہیں مانگا کرتے۔ رَبَّنَا اٰتِنَا الخ

۲۵۳ دسویں رات تو گزری مزدلفہ میں۔ صبح سویرے مُنہ اندھیرے فجر کی نماز ادا کی اور وہاں سے منیٰ میں آکر قیام کیا۔ یہاں آکر ہی سر مُنڈایا یا بال کٹوائے، قربانی دی، احرام کی پابندیوں سے آزاد ہوئے اور کپڑے بدلے۔ ان امور کے علاوہ چند مخصوص مقامات پر پتھر بھی مارنے پڑتے ہیں اور ذی الحجہ کی ۱۰-۱۱-۱۲-۱۳ تاریخ تک وہاں ہی قیام رہتا ہے۔ بارھویں کے دن پتّھر مارنے کے بعد انسان اگر مکّہ واپس آجائے تو بھی درست ہے اور اگر تیرھویں کی رات وہاں قیام کرے اور دن کو رمی جمار کے بعد لوٹے تو بھی جائز ہے۔ لیکن حضرت امام صاحبؒ کے نزدیک افضل دُوسری صورت ہے۔ منیٰ میں جتنے

فَمَنْ تَعَجَّلَ فِیْ یَوْمَیْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَیْهِ ۚ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ

اور جو جلدی کرکے دو دِنوں میں ہی چلا گیا تو اس پر بھی کوئی گناہ نہیں ۔ اور جو کچھ دیر وہاں ٹھیرا رہا تو اس پر بھی کوئی

عَلَیْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰی ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾

گناہ نہیں (بشرطیکہ) وہ ڈرتا رہا ہو، اور ڈرتے رہو اللہ سے اور (خوب) جان لو تمہیں اسی کی بارگاہ میں اکٹھا کیا جائے گا ۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَیُشْهِدُ

اور (اے سُننے والے) لوگوں سے [۲۵۴] وہ بھی ہے کہ پسند آتی ہے تجھے اس کی گفتگو دُنیاوی زندگی کے بارے میں اور وہ گواہ بناتا رہتا ہے

اللّٰهَ عَلٰی مَا فِیْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿۲۰۴﴾ وَاِذَا تَوَلّٰی سَعٰی

اللہ کو اس پر جو اس کے دل میں ہے ۔ حالانکہ وہ (حق کا) سخت ترین [۲۵۵] دشمن ہے ۔ اور جب وہ حاکم بن جاتا ہے [۲۵۶] تو سر توڑ کوشش

فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ فِیْهَا وَیُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ وَاللّٰهُ لَا

کرتا ہے کہ مُلک میں فساد برپا کردے اور تباہ کردے کھیتوں کو اور نسلِ انسانی کو اور اللہ تعالیٰ

روز قیام کرے اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتہلیل اور حمد وثنا میں لگا رہے اور اپنے باطن کی اصلاح کی طرف پُوری پُوری توجّہ دے۔

۲۵۴ یہاں سے مُنافقوں کے احوال کا بیان ہے کہ جب سامنے آتے ہیں تو بڑی میٹھی باتیں کرتے ہیں۔ اپنے مُسلمان ہونے کے لمبے چوڑے دعوے کرتے ہیں۔ اور اس پر اللہ کی قسمیں بھی کھاتے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسلام کے سب سے بڑے جھگڑالو دشمن یہی ہیں۔ جب یہ تمہارے پاس واپس آتے ہیں یا ان کو کچھ اقتدار ملتا ہے تو ان کی شرپسند طبیعت گُل کھلاتی ہے اور فتنہ وفساد اور قتل وغارت کا بازار گرم کر دیتے ہیں۔ کہا گیا ہے کہ یہ آیت اخنس بن شریق ثقفی کے حق میں نازل ہوئی۔ لیکن اس کا حکم عام ہے۔ سب منافقین کی یہی عادت ہے، یہی ان کا طریق کار اور یہی انجام ہے۔

۲۵۵ بہت سخت عداوت رکھنے والے جھگڑالو کو اَلَدّ کہتے ہیں۔ خصام یا تو مصدر ہے بمعنی مخاصمة یا خصم کی جمع ہے۔

۲۵۶ تولّٰی کے دو معنی ہیں، والی بننا اور پیٹھ پھیرنا۔ قاضی بیضاوی اس کی تفسیر فرماتے ہیں ادبر وانصرف عنك وقیل اذا غلب وصار والیا۔ یہاں دونوں معنے مُراد ہوسکتے ہیں۔ یعنی اگر اسے اقتدار ملتا ہے تو فتنہ وفساد برپا کرتا ہے اور لوٹ کھسوٹ شروع کر دیتا ہے یا جب مُسلمانوں کے پاس سے اُٹھ کر چلا آتا ہے تو پھر وہی منافقت ظاہر کرنے لگتا ہے۔

يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝٢٠٥ وَإِذَا قِيلَ لَهُ اتَّقِ اللَّهَ أَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْإِثْمِ

فساد کو ہرگز پسند نہیں کرتا اور جب کہا جائے اسے کہ (میاں) خُدا سے تو ڈرو تو اُکساتا ہے اسے غرور گناہ پر ۲۵۷

فَحَسْبُهُ جَهَنَّمُ ۖ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝٢٠٦ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْرِي

پس اس کے لیے جہنّم کافی ہے اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے ۔ اور لوگوں میں سے وہ بھی ہے جو ۲۵۸ بیچ ڈالتا ہے

نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ رَءُوفٌ بِالْعِبَادِ ۝٢٠٧ يَا أَيُّهَا

اپنی جان (عزیز) بھی اللہ کی خوشنودیاں حاصل کرنے کے لیے اور اللہ نہایت مہربان ہے اپنے بندوں پر ۔ اے

الَّذِينَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَافَّةً ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ

ایمان والو ۲۵۹ داخل ہوجاؤ اسلام میں پُورے پُورے اور نہ چلو شیطان کے

۲۵۷ اخنس اور اس کے سارے ہم مشربوں کا ایک ہی ڈھنگ ہے۔ جب انہیں انکی فتنہ پردازیوں سے روکنے کے لیے اللہ کا خوف دلایا جاتا ہے تو غصّہ سے انکے نتھنے پھُول جاتے ہیں۔ اور اسے وہ اپنے ذاتی وقار اور شخصی عزّت کا مسئلہ بنا لیتے ہیں۔ اس وقت نہ انہیں خدا کا خوف رہتا ہے اور نہ اس کے دردناک عذاب کا، وہ اپنی ساری طاقتیں اپنے جھُوٹے وقار کو برقرار رکھنے کے لیے وقف کر دیتے ہیں۔ چلو وہ گئے مرگئے۔ اپنا کیا حال ہے۔ کیا ہم تو حق کے سامنے سر جھکانے کو عار نہیں سمجھتے۔ اور اپنی ناحق بات پر اڑے رہنے میں اپنی عزّت تصوّر نہیں کرتے:

آپ ہی اپنے ذرا طرزِ عمل کو دیکھیں ؎ مَیں اگر عرض کروں گا تو شکایت ہوگی

۲۵۸ منافقوں اور منافق مشرب لوگوں کی اخلاقی پستی کا ذکر کرنے کے بعد اب ان بندگانِ خاص کا ذکر ہے جو اپنا تن من دھن اپنے مولا کریم کی رضاجوئی کے لیے قربان کرنے پر آمادہ و مُستعد بیٹھے ہیں۔ حضرتِ صُہیبؓ ہجرت کے ارادہ سے مکّہ سے نکلے تھے۔ کفّار نے آگھیرا۔ آپ نے انہیں فرمایا، میرا سارا سامان لے لو اور مجھے مدینہ جانے سے نہ روکو۔ کافر اس پر رضامند ہوگئے اور یہ مردِ حق پرست جب اپنی زندگی کا سارا اندوختہ لُٹا کر محبوبِ ربّ العالمین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا تو جبریلِ امین یہ آیت لے کر پہنچے۔ کتنے خوش نصیب تھے صُہیبؓ اور کتنے بلند اقبال ہیں اس کی راہ پر چلنے والے۔

۲۵۹ سِلْمٌ اور سَلْمٌ دونوں قرأتیں ہیں۔ دونوں کا معنی سرِ تسلیم خم کرنا، غیر مشروط اطاعت اختیار کر لینا ہے۔ السلم بالکسر والفتح الاستسلام والطاعة (بیضاوی ومظہری) یہاں اِس سے مُراد اسلام ہے۔ یہ آیت ہمیں اسلام کے مزاج سے آگاہ کر رہی ہے کہ یہ دین مستقل ضابطۂ حیات اور مکمّل دستورِ زندگی ہے۔ اِس کے اپنے عقاید ہیں۔ اِس کا اپنا

الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا

نقشِ قدم پر بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے ۲۶۰ اور اگر تم پھسلنے لگو اس کے بعد کہ

جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

آ چکی ہیں تمہارے پاس روشن دلیلیں تو جان لو ۲۶۱ کہ اللہ تعالیٰ زبردست ہے حکمت والا ہے کیا وہ اس بات کا انتظار کر

اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَ

رہے ہیں کہ ۲۶۲ آئے انکے پاس اللہ کا عذاب چھائے ہوئے بادلوں (کی صورت) میں اور فرشتے اور (انکا)

دیوانی اور فوجداری قانون ہے۔ سیاسیات اور معاشیات کے متعلق اس کے اپنے نظریات ہیں۔ اور یہ انسان کی ذہنی روحانی اور مادی ترقی کا ضامن ہے۔ لیکن اس کی برکتیں تب ہی رونما ہوسکتی ہیں جب کہ اسے ماننے والے اسے پورے کا پورا اپنا لیں اور اس کے تمام ضابطوں اور قوانین پر عمل پیرا ہوجائیں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان کو حکم دیتے ہیں کہ وہ اسے بتمامہ قبول کریں اس کا کوئی گوشہ ترک نہ ہو اور ملّتِ اسلامیہ کا کوئی فرد اس کو اپنانے سے گریز نہ کرے۔ کافّۃً کا لفظ ان دونوں باتوں کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ کافۃ حال ہے اس کا ذوالحال ادخلوا میں ضمیر مستتر انتم بھی ہوسکتی ہے اور السلم بھی۔

۲۶۰ یعنی حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ۔ اس طرح حق کا حُسن داغدار ہوجائے گا اور اس کا سرچشمہ مکدّر ہوجائے گا۔ آج ہماری کیا حالت ہے۔ کس طرح اسلام کے نام پر شہر آباد کیے جاتے ہیں۔ پھر اسی کی شاہراہوں پر اسلام کے نام اور اس کے نظام کو رُسوا کیا جاتا ہے۔ اسلام کے نام پر مملکتیں معرضِ وجود میں لائی جاتی ہیں۔ لیکن اسلام کے قانون، ضابطہ اخلاق اور اس کی مقدس قدروں کو سرد خانوں میں مقفّل کر دیا جاتا ہے۔ یہ خدا فریبی بھی ہے اور خود فریبی بھی۔ کیا ابھی وہ وقت نہیں آیا کہ ہم اپنے ساتھ مذاق کرنا چھوڑ دیں۔

۲۶۱ یعنی اگر تم نے ایسا کیا تو اللہ تم سے انتقام لے گا۔ وہ عزیز ہے، سب پر غالب ہے۔ کوئی اس کے حکم کے سامنے دم نہیں مار سکتا۔ لیکن اسکا ہر فعل حکمت پر مبنی ہوتا ہے۔ اگر اس کی حکمت کا تقاضا یہ ہو کہ اس سرکش کو ابھی ڈھیل دینا چاہیے تو اسے فوراً پکڑ نہیں لیا جاتا۔ بلکہ اسے ڈھیل دی جاتی ہے۔ اسی لیے عزیز کے ساتھ حکیم کا ذکر بھی آیا ہے۔

۲۶۲ اس آیت میں بظاہر آنے کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی جارہی ہے۔ لیکن آنا جانا جسم کی صفتیں ہیں اور اللہ تعالیٰ جسم اور اس کی صفتوں سے پاک اور منزّہ ہے۔ اس کے متعلق علماءِ سلف کی متفقہ رائے یہ ہے کہ ایسی تمام آیتیں متشابہات سے ہیں۔ اور انکا حقیقی مفہوم اللہ اور اس کا رسولؐ بہتر جانتے ہیں ہمیں اس کے متعلق سکوت اختیار کرنا چاہیے۔ قال سفیان بن عیینہ کل ما وصف اللہ بہ نفسہ ..... لیس لاحد ان یفسرہٗ الا اللہ و رسولہ وبہ قال ابوحنیفہ رحمہ اللہ (مظہری) لیکن علماءِ متاخّرین کا مسلک یہ ہے کہ ان آیات کی ایسی تاویل کرنا جو انکی شایانِ شان ہو درست ہے۔ چنانچہ علامہ بیضاوی ؒ

قُضِيَ الْأَمْرُ ۚ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٢١٠﴾ سَلْ بَنِي إِسْرَائِيلَ

فیصلہ ہی کر دیا جائے اور (آخر کار) اللہ کی طرف ہی لوٹائے جائیں گے سارے معاملات۔ آپ پوچھیے بنی اسرائیل سے ۲۶۳

كَمْ آتَيْنَاهُمْ مِنْ آيَةٍ بَيِّنَةٍ ۗ وَمَنْ يُبَدِّلْ نِعْمَةَ اللَّهِ مِنْ بَعْدِ

کہ ہم نے انہیں کتنی روشن دلیلیں عنایت فرمائیں اور جو (قوم) بدل ڈالے اللہ کی نعمت کو اس کے مل جانے

مَا جَاءَتْهُ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٢١١﴾ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا

کے بعد۔ تو یقیناً اللہ تعالیٰ (اس قوم کو) سخت عذاب دینے والا ہے۔ آراستہ کر دی گئی ہے کافروں کے لیے ۲۶۴

الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُونَ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا ۘ وَالَّذِينَ اتَّقَوْا

دنیا کی (فانی) زندگی اور مذاق اڑاتے ہیں یہ ایمان والوں کا، حالانکہ پرہیزگاروں کی شان

اور دوسرے مفسرین نے یہاں آیت میں مضاف محذوف مانا ہے۔ یعنی اصل عبارت یوں تھی۔ ان یأتیھم امر اللہ وباسہ (بیضاوی) اور لغتِ عرب میں مضاف کا حذف عام مستعمل ہے۔ میں نے ترجمہ میں اسی قول کو اختیار کیا ہے۔

۲۶۳ مسلمانوں کو جو عزت اور امانت سونپی جا رہی تھی، وہ ان سے پہلے بھی کئی قوموں کو دی گئی تھی۔ لیکن جب انہوں نے اس کی قدر نہ کی اور اس کا غلط استعمال شروع کر دیا تو دنیاوی عزت ان سے چھین لی گئی اور دینِ حق کی امانت ان سے واپس لے لی گئی اور انہیں ذلیل و رسوا کر دیا گیا۔

مسلمانوں کو بتایا جا رہا ہے کہ اگر تم نے بھی اس نعمت کا شکر ادا نہ کیا اس کا صحیح استعمال کر کے اپنے لیے اور دوسروں کے لیے ہدایت کی راہ ہموار اور روشن نہ کر دی تو یاد رکھو تمہارا انجام بھی ویسا ہی ہوگا۔ اگر مثال دیکھنا چاہو تو تمہیں قدیم کتب خانوں کی ورق گردانی کرنے اور پرانے کھنڈرات میں سالہا سال سرگرداں محوِ فکر کھڑا رہنے کی ضرورت نہیں یہ جو تمہارے پڑوس میں قوم بنی اسرائیل بس رہی ہے اس سے پوچھ لو۔ وہ اپنی کج بحثی اور حق پوشی کی پرانی عادت کے باوجود ان تاریخی واقعات کا انکار نہیں کر سکتی۔

۲۶۴ کافر سے مراد یہاں صرف اللہ و رسول کا منکر نہیں بلکہ انکارِ نعمت اور احسان فراموشی کرنے والا بھی مراد ہے۔ یعنی جب انہوں نے ہدایت کے انعام کی قدر نہ کی تو ان کی نظر بس حقیقت سے پھر کر دنیا کی زیب و زینت میں گم ہو کر رہ گئیں اور وہ اُلٹا اُن لوگوں کا مذاق اڑانے لگے جو حق کی خاطر زندگی کی ساری عشرتوں سے دستبردار ہو کر افلاس اور تنگی پر قانع ہو گئے تھے۔ قیامت کے دن جب حقیقت سے پردہ اُٹھے گا تو پتہ چلے گا کہ یہ مسکین لوگ جنہیں تم حقیر سمجھتے تھے مالکِ حقیقی کے نزدیک کتنی

فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾

بُلند ہوگی اِن سے قیامت کے دِن اور اللہ تعالیٰ روزی تو جسے چاہے ۲۶۵ بے حساب دے دیتا ہے۔

كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۫ فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ

(ابتدا میں) سب لوگ ایک ہی دین پر تھے ۲۶۶ (پھر جب اُنمیں اختلاف پیدا ہوگیا) تو بھیجے اللہ نے انبیار خوشخبری سُنانیوالے

وَمُنْذِرِيْنَ ۪ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ

اور ڈرانے والے ۲۶۷ اور نازل فرمائی ان کے ساتھ کتاب برحق تاکہ فیصلہ کر دے لوگوں کے درمیان

عزّت وکرامت کے مستحق ہیں۔

۲۶۵ وہ لوگ اپنی وافر دولت، ساز وسامان، جاہ وجلال کو دیکھ کر دل میں یہ سوچنے لگتے ہیں کہ ہم پر ہی اللہ کی نظرِ عنایت ہے ہم ہی وہ لوگ ہیں جن کو اس نے اپنے فضل وکرم کے لیے چُن لیا ہے۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ دولت کی کثرت، مقبولیت اور قربِ خداوندی کی دلیل نہیں۔ رزق کی کمی بیشی گمراہی وہدایت کا معیار نہیں۔ اپنے دل کی گہرائیوں میں نظر ڈالو۔ اپنے اعمال کا جائزہ لو تمہیں حقیقت روزِ روشن کی طرح دِکھائی دینے لگے گی۔

۲۶۶ دین کی تاریخ لکھنے والے اِس کے آغاز، اس کی نشو ونما اور اس کے عروج کی داستان قلمبند کرنے والے اِس سوال کا جواب تلاش کرنے کے لیے مدّتوں سرگرداں رہے کہ دین کی اِبتدا کیوں کر ہوئی اور انکی طویل تحقیق کا نتیجہ یہ تھا کہ انسان اِبتدا میں مُشرک تھا اور عقیدۂ توحید تک اس کی رسائی آہستہ آہستہ سینکڑوں صدیاں ٹھوکریں کھانے کے بعد ہوئی۔ قرآن بتاتا ہے کہ یُوں نہیں بلکہ انسانِ اوّل (آدم علیہ السلام) موحد تھا۔ شرک سے اسکا کوئی سروکار نہ تھا اور عرصہ دراز تک اس کی اولاد عقیدۂ توحید پر ثابت قدم ہی قرآن نے اِس سوال کا جواب جو صدیوں پہلے دیا تھا اور جس کو تسلیم کرنے کے لیے یورپ کے محقّق کل تک تیار نہ تھے آج مجبوراً تسلیم کر رہے ہیں۔ چنانچہ آثارِ قدیمہ کے ماہرین انسانیات اور اجتماعیات کے علما رسر چارلس مارسٹن، پروفیسر لنگڈن اور پروفیسر شمڈٹ کا یہی فیصلہ ہے کہ انسان کا دینِ اوّلین دینِ توحید تھا (تفسیر ماجدی)

۲۶۷ یہاں اُمّۃ واحدۃ اور فبعث اللّٰہ کے درمیان ایک چھوٹا سا جملہ فاختلفوا محذوف ہے جس پر فیما اختلفوا فیہ کے الفاظ صراحۃً دلالت کر رہے ہیں۔ اب آیت کا مطلب بالکل صاف ہوگیا کہ پہلے مدّت دراز تک ایک ہی اُمت بنے رہے بعد میں جب نسلِ انسانی بڑھی تو لوگ اپنے مزاجوں اور طبیعتوں کے اختلاف کی وجہ سے آپس میں جھگڑنے لگے اور اولادِ آدم مختلف ٹولیوں اور گروہوں میں بٹ گئی۔ بھٹکے ہوؤں کو راہِ راست پر لانے کے لیے، اختلاف کی آگ کو بجھانے کے لیے اللہ تعالیٰ نے انبیار کرام مبعوث فرمائے اور انکو آسمانی کتابیں عطا فرمائیں۔ انبیار کرام نے اپنے وعظ ونصیحت

النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ ؕ وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ إِلَّا الَّذِينَ أُوتُوهُ

جن باتوں میں وہ جھگڑنے لگے تھے اور کسی نے اختلاف نہیں کیا اس میں ۲۶۸ بجز اُن لوگوں کے جنہیں کتاب

مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى اللّٰهُ

دی گئی تھی بعدازاں کہ آگئی تھیں اُن کے پاس روشن دلیلیں (اسکی وجہ) ایک دوسرے سے حسد تھا۔ پس اللہ نے ہدایت بخشی

الَّذِينَ اٰمَنُوا لِمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِي

اُنھیں جو ایمان لائے تھے ان سچی باتوں پر جن میں وُہ اختلاف کیا کرتے تھے اپنی توفیق سے ۲۶۹ اور اللہ تعالیٰ ہدایت دیتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿۲۱۳﴾ أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا

جسے چاہتا ہے سیدھے راستہ کی طرف۔ کیا تم خیال کر رہے ہو ۲۷۰ کہ (یونہی) داخل ہو جاؤ گے

سے اِن کو جھگڑا بازی اور فرقہ بندی سے نکالنے کی کوششیں کیں تاکہ منتشر انسانوں کی یہ ٹکڑیاں پھر ایک قوم بن جائیں۔

۲۶۸ اِن الفاظ سے تاریخ انسانی کے ایک بہت بڑے المیے کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ اور وہ المیہ یہ ہے کہ وہ کتاب جو اتحاد پیدا کرنے کے لیے نازل کی گئی تھی، اس کو جاننے اور سمجھنے والوں نے اِس کتاب کے ذریعہ" اس کو ماننے والی اُمّت" کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا، انکا باہمی اختلاف اور فرقہ بندی حُسنِ نیّت کی وجہ سے نہ تھی بلکہ حسد اور عناد اور سرکشی کا جذبہ تھا جس نے مِلّت کی وحدت کو پارہ پارہ کر دیا۔

۲۶۹ یعنی کِتاب سے ہدایت اُنہیں لوگوں کو مل سکتی ہے جو سچّے دل سے ایمان لاتے ہیں۔ اور جو کتاب کے احکام کی تعمیل کرتے ہیں، اور جو لوگ اپنے من گھڑت معنوں کا لباس اللہ کی آیاتِ بیّنات کو زبردستی پہنا دینے کو اپنے علم و کمال کا کرشمہ سمجھتے ہیں وہ اِس سے ہدایت نہیں پا سکتے۔

۲۷۰ مُسلمانوں کو تنبیہہ کی جا رہی ہے کہ تم اِس اختلاف اور فرقہ بندی سے اپنا دامن بچانا۔ جن حالات سے پہلی اُمتوں کو واسطہ پڑا تمہیں بھی انکا سامنا کرنا ہو گا، ایسے فِتنہ باز تم میں بھی پیدا ہوں گے جو اپنے ذاتی وقار اور اپنی ناموری کے لیے قرآن کے نام پر مِلّت کے اتحاد کو پارہ پارہ کریں گے تم اِن کے جال میں نہ پھنسنا۔ اگر تم اِس خوش فہمی میں مبتلا ہو کہ اِسلام میں داخل ہو جانے کے بعد اب تم پر جنّت کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں تو اِس خام خیالی سے باز آجاؤ۔ خوب کان کھول کر سُن لو، ہوش رُبا مصیبتیں، کڑی آزمائشیں اور لرزہ خیز امتحانات تمہاری راہ دیکھ رہے ہیں۔ اِس وقت اگر تم ثابت قدم رہے اور صبر کا دامن مضبُوطی سے پکڑے رکھا تو اللہ کی مدد تمہاری دستگیری کو یقیناً آئے گی۔

الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُم مَّثَلُ الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلِكُم ۖ مَّسَّتْهُمُ

جنت میں حالانکہ نہیں گذرے تم پر وہ حالات جو گذرے ان لوگوں پر جو تم سے پہلے ہوئے ہیں ، پہنچی انھیں

الْبَأْسَاءُ وَالضَّرَّاءُ وَزُلْزِلُوا حَتَّىٰ يَقُولَ الرَّسُولُ وَالَّذِينَ آمَنُوا

سختی اور مصیبت اور وہ لرز اُٹھے یہاں تک کہ کہہ اُٹھا (اس زمانہ کا) رسول اور جو ایمان لے آئے

مَعَهُ مَتَىٰ نَصْرُ اللَّهِ ۗ أَلَا إِنَّ نَصْرَ اللَّهِ قَرِيبٌ ﴿٢١٤﴾ يَسْأَلُونَكَ

تھے اسکے ساتھ کب آئیگی اللہ کی مدد؟ سن لو یقیناً اللہ کی مدد قریب ہے ، آپ سے پوچھتے ہیں کہ

مَاذَا يُنفِقُونَ ۖ قُلْ مَا أَنفَقْتُم مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَ

وہ کیا خرچ کریں ۱۷ ، آپ فرمائیے جو کچھ خرچ کرو (اپنے) مال سے تو اس کے مستحق تمہارے ماں باپ ہیں ، اور

الْأَقْرَبِينَ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ ۗ وَمَا تَفْعَلُوا

قریبی رشتہ دار ہیں اور یتیم ہیں اور مسکین ہیں اور مسافر ہیں اور جو نیکی تم کرتے ہو

مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ بِهِ عَلِيمٌ ﴿٢١٥﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ

تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ اُسے خوب جانتا ہے۔ فرض کیا گیا ہے تم پر جہاد اور وہ ناپسند ہے

۱۷ دو باتوں کے متعلق پوچھا گیا تھا۔ کہ کیا خرچ کریں اور کہاں خرچ کریں۔ دونوں کا جواب دیا گیا۔ فرق صرف اتنا ہے کہ پہلے سوال کا جواب ضمناً ہے اور دوسرے کا صراحتہً اور تفصیلاً کیا خرچ کریں کے متعلق تو فرمایا ، مِنْ خَیْرٍ یعنی اللہ کی راہ میں خرچ کرنا ہے تو حلال اور پاک مال خرچ کرو۔ اللہ تعالیٰ کی پاک ذات حرام اور ناپاک مال کو قبول نہیں فرماتی۔ دُوسرے سوال کا جواب اپنی اہمیت کے پیشِ نظر تفصیل طلب تھا اس کی وضاحت کر دی حکم دیا جاتا ہے کہ خرچ کرنے کا آغاز اپنے گھر سے کرو اور گھر میں بھی اپنے حقوق کے لحاظ سے سب سے مقدم ماں باپ ہیں۔ انکی خدمت اور دلداری تمہارا فرض اوّلیں ہے۔ ان کے بعد دُوسرے عزیز و رشتہ دار ہیں ، اولاد ، بہن بھائی ، چچا ، پھوپھی ، ماموں اور خالہ وغیرہ سب کے ساتھ احسان و مروّت ازحد اہم ہے۔ انکے بعد باری ہے قوم کے یتیم بچوں کی ، مسکینوں اور بے وطن مسافروں کی ، امداد و اعانت کا کتنا مناسب اور فطری طریقہ ہے۔ ایسا نہیں کہ اپنے تو بھوک سے بلک رہے ہوں اور بیگانوں پر آپ کی سخاوت کا مینہ برس رہا ہو۔

لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا

تمہیں ۲۷۲ اور ہو سکتا ہے کہ تم ناپسند کرو کسی چیز کو حالانکہ وہ تمہارے لیے بہتر ہو اور ہو سکتا ہے کہ تم پسند کرو

شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٢١٦﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ

کسی چیز کو حالانکہ وہ تمہارے حق میں بُری ہو اور (حقیقتِ حال) اللہ ہی جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ۲۷۳ وہ پوچھتے ہیں آپ سے

عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ۭ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ۭ وَصَدٌّ

کہ ماہِ حرام میں جنگ کرنے کا حکم کیا ہے ۲۷۴ آپ فرمائیے کہ لڑائی کرنا اس میں بڑا گناہ ہے لیکن روک دینا

۲۷۲ بعض مستشرقین نے اسلامی جہاد کو عجیب رنگ میں پیش کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مسلمان طبعاً لوٹ مار اور جنگ وجدال کے رسیا تھے۔ ہر وقت تلواریں سونتے پُر امن بستیوں کو برباد کرنے اور لُوٹنے کے لیے آ دھمکتے تھے۔ وہ زبردستی لوگوں کو اپنے دین میں داخل کیا کرتے تھے، کہنے کو انسان جو جی چاہے کہے لکھنے کو جو دل میں آئے لکھ دے لیکن اس طرح حقیقت تو بدل نہیں جاتی، واقعات تو مسخ نہیں ہو جاتے۔ تاریخ کے صفحات اور قرآن کی یہ آیت ان کے سارے افسانوں کی تردید کے لیے کافی ہے۔ کوئی قوم اگر طاقت کے نشہ میں مست ہو۔ اس کے پاس وسائل کی بہتات ہو اور اس کا مقابل کمزور ہو اور دین اور اخلاق کا کوئی ضابطہ بھی اس کو روکنے والا نہ ہو تو مانا جا سکتا ہے کہ ایسی قوم جنگ کا اعلان کر دے تاکہ کمزور دشمن کو نیست و نابود کر کے اپنی حکومت کو وسعت دے، اپنے خدمت گاروں کی صفوں میں اضافہ کرے اور انکی دولت وثروت کو ہڑپ کرلے۔ لیکن تاریخ ہمیں ایسی ایک بھی مثال نہیں بتا سکتی کہ کسی کمزور، تعداد میں کم، سامانِ جنگ سے یکسر محروم قوم نے شوقیہ اپنے سے طاقتور، کثیر التعداد، ہر قسم کے اسلحہ سے لیس قوم کو جنگ کے لیے للکارا ہو۔ اب خود فیصلہ فرمائیے کہ مستشرقین کا یہ خیال کہاں تک درست ہے کہ جنگ مسلمانوں کا مشغلہ تھا۔ کیا مُسلمان ان حالات میں پہل کرنے کی پوزیشن میں تھے؟ ہرگز نہیں۔ آپ قرآنِ حکیم کے ان الفاظ پر غور فرمائیے وَ هُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ کہ تم پر جہاد فرض کیا گیا حالانکہ وہ تمہیں ناپسند ہے اگر مسلمان طبعی طور پر جنگجو ہوتے اور ان کا دین انہیں لُوٹ مار کا سبق دیتا تو کیا وہ جنگ کو ناپسند کرتے بلکہ وہ تو بہانے تلاش کرتے کہ کوئی موقعہ ہاتھ آئے تاکہ لُوٹ مار تاخت وتاراج کی حسرت پُوری ہو سکے۔

۲۷۳ اللہ تعالیٰ کے فرمان کے سامنے تمہاری پسند اور ناپسند کو دخل نہیں۔ تمہارا فرض ہے اپنے ربّ کا ہر حکم مانتے چلے جاؤ۔ کیونکہ وُہی جانتا ہے کہ تمہارے لیے کونسی چیز مفید ہے اور کونسی نقصان دہ ہے۔

۲۷۴ حضورِ کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے جمادی الثانی کی آخری تاریخوں میں عبد اللہ بن جحش کو ایک مختصر سے دستے کے ساتھ کُفّار کی نقل وحرکت معلوم کرنے کے لیے بھیجا۔ ان کی مٹھ بھیڑ مشرکین کے ایک قافلہ سے ہو گئی۔ چنانچہ ان کا ایک آدمی

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ

اللہ کی راہ سے اور کفر کرنا اس کے ساتھ اور (روک دینا) مسجد حرام سے اور نکال دینا اس میں بسنے والوں کو

مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ

اس سے، اس سے بھی بڑے گناہ ہیں اللہ کے نزدیک اور فتنہ (وفساد) قتل سے بھی بڑا گناہ ہے۔ اور ہمیشہ ۲۷۵

يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ وَمَنْ

لڑتے رہیں گے تم سے یہاں تک کہ پھیر دیں تمہیں تمہارے دین سے اگر بن پڑے اور جو

يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ

پھرے تم میں سے اپنے دین سے پھر مرجائے حالت کفر پر تو یہی وہ (بدنصیب) ہیں کہ ضائع

مسلمانوں کے ہاتھوں مارا گیا اور تین آدمیوں کو سازوسامان سمیت گرفتار کرلیا گیا۔ جس روز یہ واقعہ ہوا مسلمان اس خیال میں تھے کہ رجب کا چاند دکھائی نہیں دیا اور جمادی الثانی کی تیسویں تاریخ ہے اور حقیقت یہ تھی کہ رات کو رجب کا چاند ہوگیا تھا۔ اس واقعہ سے کفار مکہ اور یہود ومنافقین مدینہ کو مسلمانوں کے خلاف پروپیگنڈے کا ایک سنہری موقعہ ہاتھ آگیا۔ انہوں نے تو اودھم مچانا شروع کردیا کہ ذرا دیکھو ان مسلمانوں کو لوگوں کو تو نیکی کا حکم دیتے ہیں اور خود ماہ حرام (رجب) میں قتل کرنے سے بھی باز نہیں آتے مسلمانوں کی اس نادانستہ غلطی کو لے کر انہوں نے بات کا بتنگڑ بنا دیا۔ ان آیات میں انکے پروپیگنڈے کا منہ توڑ جواب دیا گیا کہ ٹھیک ہے ماہ رجب کی بڑی عزت وحرمت ہے اور اس میں قتل کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔ لیکن اپنے کرتوتوں کو بھی تو ملاحظہ کرو۔ وہ راستہ جو بندے کو مولا تک پہنچاتا ہے وہ تم روکے کھڑے ہو۔ مسجد حرام میں کسی حق پرست کو تم داخل ہونے نہیں دیتے۔ صرف یہی نہیں بلکہ امن وسلامتی کے اس شہر سے اس کے اصلی باشندوں کو جلاوطن کرنے سے تم باز نہیں آتے اور ان سب سے بڑھ کر یہ کہ جو عورت اسلام قبول کرلیتا ہے اسے طرح طرح کے عذاب دیکر، اس کے دل میں شکوک وشبہات ابھار کر دین حق سے دور کرنے کے لیے کوشاں رہتے ہو۔ ان سنگین جرائم کا تو تمہیں خیال تک بھی نہیں، بلکہ ان کو تم جرم سمجھتے ہی نہیں اور اس معمولی واقعہ کو جو محض غلطی سے سرزد ہوگیا اسے یوں اچھال رہے ہو گویا یہ تمہارے جرموں سے قبیح ترین ہے۔

۲۷۵ مسلمانوں کو کفار کی دلی آرزو سے آگاہ کیا جارہا ہے۔ تاکہ ہشیار رہیں۔

اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

ہو گئے ان کے عمل دُنیا و آخرت میں اور یہی دوزخی ہیں ، وہ

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۱۷﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا

اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں بیشک جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور جہاد کیا ،

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

اللہ کی راہ میں ، (تو) یہی لوگ اُمید رکھتے ہیں اللہ کی رحمت کی ، اور اللہ بڑا بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿۲۱۸﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ؕ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ

بہت رحم فرمانیوالا ہے۔ وہ پوچھتے ہیں آپ سے ۲۷۶ شراب اور جوئے کی بابت ، آپ فرمائیے ان دونوں میں بڑا گناہ ہے

۲۷۶ شراب کی حرمت کا حکم نازل ہونے سے پہلے بھی بعض سلیم طبیعتیں اس کو گوارا نہیں کرتی تھیں۔ چنانچہ حضرت فاروق اعظمؓ اور حضرت معاذؓ نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ ہمیں شراب کے متعلق حکم دیجئے۔ فانها مذهبة للعقل ومسلبة للمال۔ یہ عقل زائل کرنے والی اور مال ضائع کرنے والی ہے تو یہ آیت نازل ہوئی۔ اس پر بعض نے شراب ترک کر دی اور بعض پیتے رہے۔ کیوں کہ اس میں صراحتہً روکا نہیں گیا تھا۔ ایک روز حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے بعض احباب کو بلایا اور انہیں شراب پیش کی۔ جب وہ پی کر مست ہو گئے تو شام کی نماز کا وقت ہو گیا۔ انہیں میں سے ایک صاحب نے امامت کرائی اور سورۂ الکافرون کی تلاوت شروع کی اور بجائے لا اعبد ما تعبدون (میں انکی عبادت نہیں کرتا جن کی تم عبادت کیا کرتے ہو) کی جگہ اعبد ما تعبدون (میں بھی انکی عبادت کرتا ہوں جن کی تم کرتے ہو) پڑھ گئے۔ تو اس وقت حکم ہوا۔ لا تقربوا الصّلٰوۃ وانتم سکارٰی کہ نشہ کی حالت میں نماز مت پڑھو۔ پھر ایک محفل میں جس کا اہتمام عتبان بن مالک نے کیا تھا۔ جب جام شراب گردش میں تھا اور حاضرین کو خمار چڑھنا شروع ہوا تو لگے اپنے اپنے قبیلوں کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملانے۔ کسی صاحب نے انصار کی ہجو میں شعر کہہ دیا۔ ایک انصاری نے اُونٹ کے جبڑے کی ہڈی ان کے سر پر دے ماری اور سر پھوڑ دیا۔ بارگاہِ رسالت میں شکایت کی گئی۔ حضرت عمرؓ نے التجا کی اے اللہ! شراب کے بارے میں واضح حکم نازل فرما۔ تو یہ آیت نازل ہوئی۔ انما الخمر۔ الی۔ فهل انتم منتهون۔ یہ شراب کی حرمت کا اٹل حکم تھا (اس کی تفصیل اپنے موقع پر آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ)

وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَ اِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ۭ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ

اور کچھ فائدے بھی ہیں لوگوں کے لیے اور ان کا گناہ بہت بڑا ہے ۲۷۷ ان کے فائدے سے اور پوچھتے ہیں آپ سے

مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ڛ قُلِ الْعَفْوَ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

کیا خرچ کریں فرمائیے جو ضرورت سے زیادہ ہوا ۲۷۸ اسی طرح کھول کر بیان کرتا ہے اللہ تم تمہارے لیے اپنے حکموں کو

۲۷۷ یعنی یہ درست ہے کہ شراب سے عارضی سرور بھی حاصل ہوتا ہے اور جوئے سے بغیر محنت و مشقت کے دولت بھی مل جاتی ہے لیکن انکے نقصانات اتنے زیادہ ہیں کہ انکے سامنے اس نفع قلیل کی کوئی اہمیت نہیں رہتی (مزید وضاحت کے لیے سورۂ مائدہ کی آیت نمبر ۹۰-۹۱ ملاحظہ فرمائیے)۔

۲۷۸ جو تمہاری ضروریات سے زیادہ ہو یا جس کا خرچ کرنا تمہاری طبیعتوں پر بوجھ نہ ہو العفو ماسھل وتیسر و فضل ولو یشق علی القلب اخراجہ (قرطبی) ایک شخص سونے کا انڈا لیے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ میری طرف سے یہ صدقہ قبول فرمائیے۔ حضورؐ نے منہ پھیر لیا۔ وہ بار بار اصرار کرتا رہا اور حضور اعراض فرماتے رہے۔ جب وہ باز نہ آیا تو حضورؐ نے وہ انڈا اس سے لے کر غصے سے دور پھینک دیا۔ اور اگر وہ اسے لگ جاتا تو اس کا سر پھوڑ دیتا۔ پھر اس حکیم و شفیق استاد اور مربی نے فرمایا یاتی احدکم بمالہ کلہ یتصدق بہ و یجلس یتکفف الناس انما الصدقۃ عن ظہر غنی (تم میں سے کوئی آتا ہے اور اپنا سارا مال خیرات کر دیتا ہے اور پھر لوگوں سے بھیک مانگنے لگتا ہے۔ صدقہ تو تب ہے جب احتیاج نہ ہو) نیز اس لفظ میں ان لوگوں کے لیے بھی درس عبرت ہے جن کے پاس بے حساب دولت ہے اور ان کے گرد و نواح اور پڑوس میں کئی غریب، مسکین اور محتاج زندگی کی اہم ضروریات کے لیے بھی ترس رہے ہوتے ہیں وہ بھی یہ نہ سمجھیں کہ زکوٰۃ ادا کر کے اب وہ ہر قسم کی ذمہ داری سے سبکدوش ہو گئے ہیں بلکہ ان کی ضرورت سے زیادہ جو سرمایہ ہے اس سے وہ اپنے اسلامی بھائیوں کی ضرور مدد کریں۔ بعض کا خیال ہے کہ زکوٰۃ سے پہلے یہ حکم تھا کہ ضرورت سے زیادہ مال صدقہ کر دیا کرو لیکن زکوٰۃ کی فرضیت کے بعد یہ آیت منسوخ ہو گئی۔ صاحب تفسیر مظہری فرماتے ہیں کہ یہ رائے درست نہیں کیونکہ آیت زکوٰۃ جو سورۂ بقرہ کی ابتدا میں ہے اس آیت سے پہلے نازل ہوئی اس لیے وہ اس آیت کی ناسخ نہیں ہو سکتی قلت و ھذا لیس بسدید فان انزال الحکم بالزکوٰۃ فی صدر سورۃ البقرۃ ... (فہی) مقدمۃ نزولا علی ھذہ الآیۃ (مظہری) نیز یہاں نسخ کی ضرورت بھی نہیں کیونکہ زکوٰۃ فرضی صدقہ ہے اور یہ آیت نفلی صدقات کے بارے میں ہے۔

لَعَلَّكُمۡ تَتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۲۱۹﴾ فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ ؕ وَيَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ

تاکہ تم غور و فکر کرو ۲۷۹ دُنیا اور آخرت (کے کاموں) میں ۔ اور پوچھتے ہیں آپ سے یتیموں

الۡيَتٰمٰى ؕ قُلۡ اِصۡلَاحٌ لَّهُمۡ خَيۡرٌ ؕ وَاِنۡ تُخَالِطُوۡهُمۡ فَاِخۡوَانُكُمۡ ؕ

کے بارے میں ۲۸۰ فرمائیے (ان سے الگ تھلگ رہنے سے) انکی بھلائی کرنا بہتر ہے اور اگر (کاروبار میں) تم انہیں ساتھ ملا لو تو وہ تمہارے بھائی ہیں

وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ الۡمُفۡسِدَ مِنَ الۡمُصۡلِحِ ؕ وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعۡنَتَكُمۡ ؕ

اور اللہ خوب جانتا ہے بگاڑنے والے کو سنوارنے والے سے ۲۸۱ اور اگر چاہتا اللہ تو مشکل میں ڈال دیتا تمہیں

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ﴿۲۲۰﴾ وَلَا تَنۡكِحُوا الۡمُشۡرِكٰتِ حَتّٰى يُؤۡمِنَّ ؕ

بے شک اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا حکمت والا ہے ۔ اور نہ نکاح کرو ۲۸۲ مُشرک عورتوں کے ساتھ یہاں تک کہ وہ ایمان لے آئیں

۲۷۹ یعنی دُنیا و آخرت دونوں کو بہتر بنانے کے لیے غور و فکر کرو ۔ یہ ہے مومن کامل کا طریق کار ۔

۲۸۰ بعض لوگ تو یتیموں کے اموال کو خُرد بُرد کرنے کے لیے انکے ساتھ شراکت کرتے ۔ لیکن کئی ایسے بھی تھے جو ازراہِ ہمدردی ان کو اپنے کاروبار میں شریک کر لیتے ۔ اور دیانتداری سے انکے حصّہ کا نفع ان کو ادا کرتے اور ان کی سہولت کے پیشِ نظر انکے کھانے پینے کا انتظام اپنے ساتھ کر لیتے ۔ جب قرآنِ حکیم نے یتیموں کے اموال میں بددیانتی کرنے سے سختی سے روکا بلکہ انکے مال کے نزدیک تک جانے سے منع کر دیا تو اس سے ان لوگوں کو بھی بڑی پریشانی ہوئی جو یتیموں کی بہتری اور فائدہ کے لیے ان کو اپنے ساتھ شریک کیے ہوئے تھے ۔ اس لیے فرمایا کہ اگر تم یتیموں کا روپیہ کاروبار میں لگاؤ تاکہ اس سے انہیں نفع پہنچے تو یہ اچھی بات ہے ۔ منع تو اس امر سے کیا گیا ہے کہ تم ان کے مال ہضم کر جاؤ ۔

۲۸۱ وہ ہر ایک کی نیّت اور ارادے سے واقف ہے ۔ اس سے کوئی چیز مخفی نہیں ۔

۲۸۲ اسلام کے ابتدائی دَور میں مُسلمان کفّار سے رشتہ لیا بھی کرتے تھے اور دِیا بھی کرتے تھے ۔ لیکن اب انہیں اس بات سے روک دیا گیا اور انہیں بتا دیا گیا کہ مانا کوئی مشرک عورت اپنے مال و دولت ، حسن و جمال اور اپنے فضل و کمال میں بڑھی ہوئی ہے لیکن اس کے شرک کے عیب نے اس کے تمام حسن و کمال کو بدنما بنا کر رکھ دیا ہے اور مومنہ پر ایمان کے نُور کا جو ہالہ ہے اس نے اس کی دُوسری جُملہ خامیوں کی کسر نکال دی ہے اور یہی فرق مومن مرد اور مُشرک مرد کا ہے ۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ جب میاں اور بیوی کے عقاید بالکل متضاد ہوں گے ایک اللہ وحدہٗ لاشریک کا بندہ اور دوسرا ہزاروں بُتوں کا پرستار ہوگا تو ان کی کب نبھ سکے گی ۔ لامحالہ آج نہیں تو کل یہ کشتی کسی چٹان سے ٹکرائے گی اور پاش پاش ہو جائے گی ۔ نیز وہ دو

وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا

اور بے شک مسلمان لونڈی بہتر ہے (آزاد) مشرک عورت سے اگرچہ وہ بہت پسند آئے تمہیں۔ اور نہ نکاح کر دیا کرو

الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ

(اپنی عورتوں کا) مشرکوں سے یہاں تک کہ وہ ایمان لائیں اور بے شک مومن غلام بہتر ہے (آزاد) مشرک سے،

وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚۖ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا

اگرچہ وہ پسند آئے تمہیں وہ لوگ تو بلاتے ہیں ۲۸۳ دوزخ کی طرف اور اللہ تعالیٰ بُلاتا ہے

اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

جنّت اور مغفرت کی طرف اپنی توفیق سے اور کھول کر بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے حکم لوگوں کے لیے تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ

نصیحت حاصل کریں۔ اور وہ پوچھتے ہیں آپ سے حیض کے متعلق ۲۸۴ فرمائیے وہ تکلیف دہ ہے

ع ۵ ۲۷

قومیں جو ایک دوسرے سے برسرِ پیکار ہیں ان کے افراد کو ایک دوسرے پر اعتماد کب ہوگا اور وہ شادی جہاں باہمی اعتماد نہ ہو۔ جذبات اور امنگیں ایک دُوسرے سے بالکل متضاد ہوں وہ زیادہ دیرپا نہیں ہوسکتی اس لیے تم جذبات کی رَو میں نہ بہہ جاؤ اور اپنے مستقبل کو برباد نہ کرو۔

اہلِ کتاب کی عورتوں کے ساتھ شادی کرنے کا حکم اپنے موقع پر آئے گا۔

۲۸۳ سابقہ حکم کی حکمت بیان کی جارہی ہے۔ یعنی اگر مشرک عورت سے شادی رچائی تو وہ اپنی پُوری کوشش کرے گی کہ وہ تمہیں اسلام سے رُوگرداں کردے اور عورت کے دامِ فریب میں تو بڑے بڑے سُورماؤں کو پھڑکتے دیکھا ہے۔ اور اگر تم نے اپنی بیٹی کسی مشرک سے بیاہ دی تو ممکن ہے اس کی ہیبت کا کوئی جھونکا تمہاری بیٹی کے ایمان کی شمع بجھادے۔ خود سوچو یہ کتنا ناقابلِ برداشت خسارہ ہے۔

۲۸۴ یہود ایامِ حیض میں عورت سے بالکل قطع تعلّق کرلیا کرتے تھے۔ ایک ساتھ اُٹھنا بیٹھنا تو کجا اس کے ساتھ کھانا پینا بھی بند کردیا جاتا۔ بلکہ اس کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا بھی ناپاک خیال کیا جاتا تھا اور مشرکینِ عرب کا رویہ بھی تقریباً ایسا ہی تھا۔ لیکن نصاریٰ ان دِنوں میں کسی قسم کا پرہیز نہیں کیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ہم بستری سے بھی باز نہ آتے۔ حضور نبی کریم علیہ الصّلوٰۃ والتسلیم سے دریافت

فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتّٰى

پس الگ رہا کرو عورتوں سے حیض کی حالت میں اور نہ نزدیک جایا کرو ان کے یہاں تک کہ

يَطْهُرْنَ ۚ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللّٰهُ ۗ

وہ پاک ہو جائیں۔ پھر جب وہ پاک ہو جائیں ۲۸۵ تو جاؤ ان کے پاس جیسے حکم دیا ہے تمہیں اللہ نے

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ﴿۲۲۲﴾ نِسَاؤُكُمْ

بے شک اللہ دوست رکھتا ہے بہت توبہ کرنے والوں کو اور دوست رکھتا ہے صاف ستھرا رہنے والوں کو۔ تمہاری بیویاں

حَرْثٌ لَّكُمْ ۖ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ ۖ وَقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُمْ ۚ

تمہاری کھیتی ہیں ۲۸۶ سو تم آؤ اپنے کھیت میں جس طرح چاہو ۲۸۷ اور پہلے پہلے کر لو اپنی بھلائی کے کام ۲۸۸

کیا گیا تو یہ آیت نازل ہوئی۔ جس میں نہ افراط ہے نہ تفریط بلکہ اسلام کی روایتی میانہ روی اور اعتدال جلوہ فرما ہے۔ صحبت سے منع کر دیا کیونکہ مرد عورت دونوں کا فائدہ اسی میں ہے۔ عورت کی طبیعت ان دنوں نڈھال ہوتی ہے اور یہ عمل اس کے لیے بھی ناگوارِ خاطر ہوتا ہے۔ نیز خون جو بہرحال غلیظ اور نجس ہے ایسے حال میں مقاربت کو کوئی سلیم الطبع انسان پسند نہیں کرتا بلکہ ایسا کرنے سے بسا اوقات ایسی نفرت پیدا ہو جاتی ہے کہ پھر اس کا ازالہ ممکن نہیں ہوتا۔ لیکن ساتھ اٹھنے بیٹھنے کھانے پینے کو اسلام نے جائز رکھا کیونکہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

۲۸۵ یہاں طہارت میں مبالغہ مطلوب ہے۔ یعنی خون کے بند ہونے کے بعد غسل کرلے یا ایک نماز کا وقت گزر جائے یا خون دس دن گزرنے پر بند ہوا ہو تو پھر مقاربت کی اجازت ہے۔ یہ قید اس لیے بڑھائی گئی ہے تاکہ خون بند ہونے کا پورا یقین ہو جائے۔

۲۸۶ "یعنی فطرۃً اللہ نے عورتوں کو مردوں کے لیے سیرگاہ نہیں بنایا بلکہ ان دونوں کے درمیان کھیت اور کسان کا سا تعلق ہے" (تفہیم القرآن) ایک نازک ترین حقیقت کو کیسے احسن پیرایہ میں بیان فرمایا گیا ہے کہ جبینِ حیا پر شکن بھی نہیں پڑتی اور مقصد بھی کھل کر سامنے آجاتا ہے۔ بلکہ اگر غور کیا جائے تو اسلامی ازدواج کا سارا فلسفہ سمیٹ کر ان دو لفظوں میں رکھ دیا گیا ہے۔ شادی کا مقصد صرف لذّت طلبی نہیں بلکہ حصولِ اولاد ہے۔ اس لیے اپنے لیے بیوی ایسی منتخب کرو جو نیک اور پاکباز ہو۔ کیونکہ اگر ردّی زمین میں تخم ریزی کرو گے تو اچھی کھیتی کی توقع عبث ہے۔ نیز جس طرح کسان کی ظاہری خوشحالی بلکہ بقا کا انحصار اس کے کھیت کی حفاظت و نگہداشت اور خدمت پر ہے اور اس کے لیے دلی وابستگی ضروری ہے۔ اسی طرح تمہارا تعلق اپنی رفیقۂ حیات سے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۲۳﴾

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور خوب جان لو کہ تم ملنے والے ہو اس سے اور (اے حبیب) خوشخبری دو مومنوں کو

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَ

اور نہ بناؤ اللہ (کے نام) کو رکاوٹ ۲۸۹ اس کی قسم کھا کر کہ نیکی نہ کرو گے اور پرہیزگاری نہ کرو گے اور

دلی وابستگی کا ہونا چاہیئے۔ غرضیکہ آپ جتنا غور کرتے جائیں گے شادی کے مقاصد اور فرائض نکھر نکھر کر سامنے آتے جائیں گے۔

۲۸۷ اَنّٰی بمعنی کیف ہے۔ یعنی مقاربت کی کوئی ایک ہیئت متعین نہیں بلکہ جیسے تمہیں پسند ہو۔ صرف ایک شرط ملحوظ رہے کہ تخم ریزی وہاں ہو جو جگہ اس کے لیے مخصوص کی گئی ہے۔ آیت کے ان الفاظ سے دو غلط کاریوں کا رد کر دیا گیا ہے۔ یہود نے مقاربت کے لیے صرف ایک شکل مخصوص کر رکھی تھی۔ فرمایا کسی خاص ہیئت کی پابندی کی ضرورت نہیں بلکہ جیسے تمہیں پسند ہو۔ اور بعض گندے مذاق کے لوگ عورتوں کے ساتھ لواطت کیا کرتے تھے۔ اس سے منع فرمایا کہ وہ تخم ریزی کی جگہ نہیں۔ اس سے شادی کا مقصد بھی فوت ہو جاتا ہے اور عورت کے طبعی حقوق بھی پامال ہوتے ہیں

۲۸۸ بڑا جامع فقرہ ہے اور بڑے وسیع مفہوم پر دلالت کرتا ہے۔ یعنی ان لذتوں میں ہی نہ کھو جاؤ بلکہ اپنی آنے والی زندگی کے لیے نیک اعمال کا توشہ جمع کرتے رہو۔ نیز شادی سے اولاد طلب کرو تا کہ اس کی وجہ سے تمہارا نام باقی رہے اور ان کے اعمال صالحہ سے تمہارے مرجانے کے بعد بھی تمہارے اعمال نامہ میں نیکیوں کا اضافہ ہوتا رہے۔ اگر تم لذت طلبی میں ہی عمر برباد کر کے دنیا سے چل دیئے تو تمہارا نام تک مٹ جائے گا۔ اور اگر اولاد ہوئی اور اس کی تم نے صحیح تربیت نہ کی۔ ان کے اخلاق اور سیرت کو اسلامی سانچے میں نہ ڈھالا۔ وہ جاہل۔ بدعمل، بدکار بن گئے تو تمہیں یاد تو کیا جائے گا لیکن ایسی برائی کے ساتھ کہ اس سے تمہیں اگر یاد نہ کیا جاتا تو ہزار بار بہتر تھا۔ نیز نیک اولاد کی خواہش ہے تو پہلے ایسی نیک بیوی تلاش کرو جو نیک اور سعادتمند بچوں کی ماں بن سکے۔ یہ سارے مطالب قدموا لانفسکم میں بیان فرما دیئے گئے ہیں۔

۲۸۹ عرضۃ ای حاجز (بیضاوی) یعنی رکاوٹ۔ بعض نادان قسم اٹھا لیا کرتے تھے کہ وہ ماں باپ کے ساتھ نہیں بولیں گے یا اپنے بھائی وغیرہ سے قطع تعلق کر لیں گے اور جھوٹی گواہی ضرور دیں گے اور پھر اپنی قسموں کی وجہ سے اپنے آپ کو نیکی نہ کرنے کا پابند سمجھتے تھے (اور آجکل بھی یہ عام رواج ہے) اس آیت میں بتایا گیا کہ نیکی نہ کرنے پر اللہ کے نام کی قسمیں مت اٹھاؤ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد گرامی ہے اذا حلفت علی یمین فرایت غیرھا خیرا منھا فات الذی ھو خیر وکفر عن یمینک۔ یعنی اگر تم کسی کام کی قسم اٹھا لو اور پھر اس سے دوسرا کام نیک معلوم ہو تو وہ نیک کام کر لو اور قسم کا کفارہ ادا کر دو۔ یعنی اللہ تعالیٰ کا نام پاک نیک کام نہ کرنے کا ذریعہ مت بناؤ۔ قسم توڑنے کا کفارہ یہ ہے کہ دس مسکینوں کو کھانا کھلانا یا کپڑے دینا یا تین روزے رکھنا۔

تُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۴﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ

صلح نہ کراؤ گے لوگوں میں اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والا جاننے والا ہے نہیں پکڑے گا تمہیں

اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَ لٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ

اللہ تعالیٰ تمہاری لایعنی قسموں پر ۲۹۰ لیکن پکڑے گا تمہیں ان قسموں پر جن کا ارادہ تمہارے

قُلُوْبُكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ

دلوں نے کیا ہے۔ اور اللہ بہت بخشنے والا حلم والا ہے۔ ان کے لیے جو قسم اٹھاتے ہیں کہ وہ ۲۹۱ اپنی بیویوں کے

تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲۶﴾

قریب نہ جائینگے مہلت ہے چار ماہ کی پھر اگر رجوع کرلیں (اس مدت میں) تو بیشک اللہ غفور رحیم ہے۔

وَ اِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۷﴾ وَ الْمُطَلَّقٰتُ

اور اگر پکا ارادہ کرلیں طلاق دینے کا تو بے شک اللہ تعالےٰ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ اور طلاق دی ہوئی عورتیں

يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ وَ لَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ

روکے رکھیں اپنے آپ کو تین حیضوں تک ۲۹۲ اور جائز نہیں ان کے لیے کہ چھپائیں ۲۹۳

۲۹۰ یعنی اگر ارادہ اور قصد کے بغیر قسمیہ الفاظ زبان پر جاری ہونے کی عادت ہوگئی ہے تو ان کا اعتبار نہ ہوگا۔

۲۹۱ بعض لوگ اپنی عورتوں کو ستانے کے لیے قسم اٹھالیا کرتے کہ وہ ان سے ہم بستری نہ کریں گے۔ اس طرح عورت نکاح میں بھی رہتی اور حقوقِ زوجیت سے بھی محروم ہوجاتی۔ قرآن نے اس ظلم کا بھی خاتمہ کردیا۔ اور فرمایا کہ اگر چار ماہ کے اندر تم نے اپنی یہ قسم توڑ دی تو عورت تمہارے نکاح میں رہے گی تمہیں صرف کفّارہ ادا کرنا ہوگا۔ اور اگر تم نے چار ماہ گزرنے پر بھی اپنی قسم نہ توڑی تو نکاح ٹوٹ جائے گا۔ اور عورت کو حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی دوسرے شخص سے نکاح کرلے۔ ایسا نہیں ہوسکتا کہ تم عورت کو اپنے نکاح میں بھی جکڑ بند رکھو اور اس کے حقوقِ زوجیت بھی ادا نہ کرو۔ ہاں اگر اپنی خوشی سے پھر اس خاوند سے نکاح کرنا چاہے تو کرسکتی ہے۔

۲۹۲ اگر خاوند اپنی بیوی کو طلاق دیدے تو بیوی کو یہ اجازت نہیں کہ وہاں سے اُٹھے اور جھٹ دوسرے شخص سے جا کر بیاہ رچالے، جیسا یہود کے ہاں قاعدہ تھا۔ بلکہ اسے حکم ہے کہ تین حیض گزرنے کی مدّت تک صبر کرے۔ اس کے بعد اسے نکاح کرنے

مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

جو پیدا کیا ہے اللہ نے ان کے رحموں میں اگر وہ ایمان رکھتی ہوں اللہ پر اور روزِ

الْاٰخِرِ ؕ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ؕ

آخرت پر اور ان کے خاوند زیادہ حقدار ہیں ان کو لوٹانے کے اِس مُدت میں اگر وہ ارادہ کریں صلاح کا ۲۹۴

وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۪ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ

اور ان کے بھی حقوق ہیں (مردوں پر) جیسے مردوں کے حقوق ہیں ان پر دستور کے مُطابق البتہ مردوں کو عورتوں پر

دَرَجَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۸﴾ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ

فضیلت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ عزّت والا حکمت والا ہے۔ طلاق دو بار ہے ۲۹۵ پھر یا تو روک لینا ہے بھلائی کے ساتھ

کی اجازت ہے۔ اِس مدت انتظار کو شریعت میں عدّت کہتے ہیں۔ اِس میں بڑی مصلحتیں ہیں۔ اِس مدت میں خاوند چاہے تو رجُوع بھی کر سکتا ہے (بشرطیکہ اس نے تیسری بار طلاق نہ دے دی ہو) نیز اس عرصہ میں اگر عورت حاملہ ہے تو بھی پتہ چل جائیگا اور یہ چیز خاوند کو رجُوع کرنے پر آمادہ کر سکتی ہے۔ اِس سے بڑھ کر شریعت کو ابھی پیدا ہونے والے بچّے کے حقوق کا پاس ہے۔ کہ اس کی نسبت مشکوک اور مخلوط نہ ہو جائے۔ اِس کے علاوہ طلاق کی اہمیت کی طرف بھی اشارہ ہے کہ طلاق کوئی معمولی واقعہ نہیں جس کا کوئی اثر نہ ہو۔ یہ تو ایک المناک حادثہ ہے۔ لیکن عِدّت کی یہ مُدت اس عورت کے لیے ہے جو مدخول بہا ہو اور بڑھاپے کی وجہ سے اس کا حیض بھی بند نہ ہو گیا ہو۔ اور حاملہ بھی نہ ہو۔ اس قسم کی عورتوں کی عِدّت کا بیان دُوسری آیات میں مذکور ہے۔

۲۹۳ عورت پر ضروری ہے کہ وہ اپنی صحیح اندرُونی کیفیت بتا دے کہ آیا وہ حاملہ ہے یا نہیں تاکہ عدّت کے فوائد مرتب ہو سکیں۔

۲۹۴ اِن کے خاوند اگر اصلاح کرلیں اور آباد کرنے کی نیّت سے دوبارہ انہیں اپنے گھر میں بسالیں تو یہ بہت بہتر ہے بشرطیکہ انہوں نے تیسری بار طلاق نہ دیدی ہو۔

۲۹۵ عرب میں یہ رواج تھا کہ خاوند اپنی بیوی کو اَن گنت بار طلاق دے سکتا تھا۔ چنانچہ مفسّر کبیر ابن جریر لکھتے ہیں کہ مرد جتنی بار چاہتا اپنی بیوی کو طلاق دیتا کوئی پابندی نہ تھی اور ہر بار عدّت گزرنے سے پہلے وہ رجُوع کر سکتا تھا۔ ایک دفعہ ایک انصاری نے اپنی بیوی کو دھمکی دی لا اقربک ولا تحلین منی ، کہ نہ تو میں تمہارے نزدیک جاؤں گا اور نہ تو

أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ ۗ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ

یا چھوڑ دینا ہے احسان کے ساتھ اور جائز نہیں تمہارے لیے کہ لوتم ۲۹۶ اس سے جو تم نے دیا ہے انہیں

مجھ سے آزاد ہو سکے گی۔ اس کی بیوی نے اس سے پوچھا یہ کیسے؟ تو وہ بولا کہ میں تمہیں طلاق دیا کروں گا۔ اور عدت گزرنے سے پہلے رجوع کر لیا کروں گا۔ وہ اپنے تاریک مستقبل کا تصور کر کے لرز گئی اور شکوہ کناں بارگاہ رسالتمآب رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئی اور اپنی مظلومیت کی داستان عرض کی۔ پروردگار عالم نے اپنے حبیب مکرم پر یہ آیت نازل فرمائی۔ جس نے عورت کے بیشتر مصائب کا خاتمہ کر دیا۔ خاوند کے حق طلاق کو تین بار تک محدود کر دیا۔ ایک بار طلاق دینے کے بعد اسی طرح دوسری بار طلاق دینے کے بعد وہ اپنی بیوی سے رجوع کر سکتا ہے اور اگر اس نے تیسری بار بھی طلاق دے دی تو اب اس کا تعلق اس عورت سے بالکل منقطع ہو گیا۔ اب اسے رجوع کرنے کا کوئی اختیار نہیں۔

طلاق دینے کا قاعدہ: اگر قطع تعلق کے بغیر کوئی چارۂ کار نہ رہے تو مرد اپنی بیوی کو جب وہ حیض سے فارغ ہو صحبت کرنے سے پہلے ایک طلاق دے۔ پھر دوسرے ماہ جب وہ حیض سے پاک ہو تو صحبت سے پہلے دوسری بار طلاق دے۔ ابھی تک وہ رجوع کر سکتا ہے۔ پھر تیسرے ماہ جب عورت حیض سے پاک ہو تو صحبت سے پہلے تیسری طلاق دے۔ اب نکاح کا تعلق ہمیشہ کے لیے ٹوٹ گیا ہے۔ مرد کو اتنی مہلت جو دی گئی تو اس کی وجہ یہ ہے کہ مرد اپنے اس فیصلہ پر ایک بار نہیں بار بار غور کرے۔ اور اگر اپنے اس فیصلے کو وہ واپس لینا چاہے تو دو بار تک واپس لے سکتا ہے۔ لیکن اگر اس نے تیسری بار بھی طلاق دے دی تو گویا اس نے یہ اعلان کر دیا کہ وہ اس عورت کو کسی قیمت پر اپنے ساتھ نہیں رکھنا چاہتا۔ اس کے بعد اسے یہ حق نہیں کہ پھر رجوع کرتا پھرے اور عورت کو اپنی خواہشات کا کھلونا بنائے رکھے۔

یہ اسلام کا قانون طلاق ہے۔ اب اس کا موازنہ کریں۔ ایک طرف عرب کے جاہلانہ طریقے سے جس میں مرد جب چاہتا طلاق دیتا رہتا اور دوسری طرف ہندوؤں، یہودیوں اور نصاریٰ کے قانون سے کہ جو ایک بار نکاح کی زنجیر میں جکڑ دیا گیا، اب حالات کیسے ہی ناگفتہ بہ کیوں نہ ہو جائیں چھٹکارا کی کوئی صورت نہیں۔ اسلام کی شریعت کی میانہ روی اور اعتدال وہ امتیاز ہے جس کا مقابلہ دنیائے قدیم وجدید کا کوئی نظام قانون نہیں کر سکتا۔ کاش ہم سمجھتے! کاش اس کے مطابق عمل کرتے۔

۲۹۶ مرد کیونکہ فطری طور پر عورت سے نسبتاً زیادہ مدبر، دور اندیش اور جذبات کی رو میں بہ جانے کی بجائے عقل و ہوش سے زیادہ کام لینے والا ہے۔ نیز ازدواجی زندگی کی ساری ذمہ داریاں بھی اسی کے کندھوں پر ہیں اس لیے شریعت مطہرہ نے طلاق دینے کا حق مرد کو تفویض کیا ہے۔ اور اس حق کو استعمال کرنے کا حکیمانہ طریقہ بھی تعلیم کر دیا۔ اور اسے اس آیت میں یہ بھی ہدایت کر دی کہ جو چیزیں اس نے آج تک اپنی اس بیوی کو تحفہ یا ہدیہ کے طور پر دی تھیں وہ واپس نہ لے بلکہ تسریح باحسان کے الفاظ تو بتاتے ہیں کہ اس افسوسناک حادثہ پر اس کی مزید خدمت کر دے تاکہ اس کی کچھ نہ کچھ دلجوئی ہو جائے۔

شَيْـًٔا اِلَّاۤ اَنْ يَّخَافَاۤ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا

کچھ بھی بجز اس کے کہ دونوں اندیشہ ہو کہ وہ قائم نہ رکھ سکیں گے اللہ کی حدوں کو پھر اگر تمہیں خوف ہو کہ وہ دونوں قائم نہ رکھ

حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ

سکیں گے اللہ کی حدوں کو تو کوئی حرج نہیں ان پر ۲۹۷ کہ عورت کچھ فدیہ دیکر جان چھڑا لے - یہ

حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ

حدیں ہیں اللہ کی سو ان سے آگے نہ بڑھو اور جو کوئی آگے بڑھتا ہے اللہ کی حدوں سے سو وہی لوگ

۲۹۷ اگر خاوند عورت کو مارتا پیٹتا ہے اور اسے طلاق بھی نہیں دیتا یا عورت کو اپنے خاوند سے ایسی نفرت ہو گئی ہے کہ اب ان کی صلح کی کوئی توقع نہیں اور خطرہ پیدا ہو گیا کہ اگر یہ نکاح کے بندھن میں بندھے رہے تو یہ طرح طرح کی معصیتوں میں مبتلا ہو جائینگے تو اب کیا کیا جائے؟ اس مشکل کا حل آیت کے اس حصہ میں بیان فرمایا گیا ہے جسے فقہاء کی اصطلاح میں خُلع کہا جاتا ہے۔ یعنی اگر مندرجہ بالا صُورت پیدا ہو جائے تو عورت حاکمِ وقت کے پاس خلع کا مُطالبہ کرے۔ اور حاکم پہلے ان کی مصالحت کی کوشش کریگا اگر کامیابی نہ ہو تو خاوند نے عورت کو مہر میں جو کچھ دیا تھا حاکم اسے لے کر خاوند کو واپس کر دے۔ اور ان کے درمیان تفریق کر دے۔ یہ خُلع ہے اور اس کا حکم طلاق بائن کا ہے۔

فقہاء احناف نے تصریح فرمائی ہے کہ اگر زیادتی خاوند کی طرف سے ہے تو اسے خلع کرتے وقت بیوی سے کچھ لینا مناسب نہیں اور اگر زیادتی بیوی کی ہے تو جتنا اس نے بیوی کو دیا تھا اتنا لینا اسے مباح ہے اور اس سے زیادہ لینا مکرُوہ ہے اور بعض دیگر علماء نے کہا ہے کہ زیادہ بھی لے سکتا ہے۔ مخلوعہ کی عِدت بھی تین حیض ہے۔ اس حکم کے نزُول کی وجہ محدثین کرام نے یہ لکھی ہے کہ جمیلہ بنتِ عبداللہ نے جو ثابت بن قیس کے نکاح میں تھی، بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر عرض کی لا انا ولا ثابت لا یجمع راسی و راسہٗ شیئٌ۔ میں اور ثابت ایک ساتھ نہیں رہ سکتے۔ میرا سر اور اس کا سر ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتا (اس نفرت کی بجز اس کے کوئی وجہ نہ تھی کہ انکو ان کی شکل پسند نہ تھی) حضورؐ نے فرمایا کیا تم وہ باغ واپس کرنے کے لیے تیار ہو جو ثابت نے تم کو مہر میں دیا تھا۔ جمیلہ نے کہا ہاں وہ بھی اور کچھ اور بھی دینے کو تیار ہوں۔ حضور علیہ السّلام نے وہ باغ حضرتِ ثابت کو واپس کر دیا اور ان میں تفریق کر دی۔ (خلع کے تفصیلی احکام کے لیے کتب فقہ کی طرف رجُوع کیا جائے)

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى

ظالم ہیں۔ (دوبار طلاق دینے کے بعد) ۲۹۸ پھر اگر وہ طلاق دے اپنی بیوی کو تو وہ حلال نہ ہوگی اس پر اس کے بعد یہاں تک

تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَاۤ اَنْ يَّتَرَاجَعَاۤ

کہ نکاح کرے کسی اور خاوند کے ساتھ۔ پس اگر وہ (دوسرا) طلاق دے اسے تو کوئی حرج نہیں ان دونوں پر کہ رجوع کرلیں بشرطیکہ

اِنْ ظَنَّاۤ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا

انہیں خیال ہو کہ وہ قائم رکھ سکیں گے اللہ کی حدوں کو اور یہ حدیں ہیں اللہ کی وہ بیان فرماتا ہے انہیں اُن

لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۰﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں اور جب تم طلاق دیدو عورتوں کو اور وہ پوری کرلیں اپنی عدّت ۲۹۹

فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۪ وَّلَا تُمْسِكُوْهُنَّ

پس یا تو روک لو انہیں بھلائی کے ساتھ یا چھوڑ دو انہیں بھلائی کے ساتھ اور نہ روکو انہیں

۲۹۸ یہاں سے تیسری طلاق اور اس کے حکم کا بیان ہے۔ یعنی اگر تیسری طلاق بھی اس نے دے دی تو اب جب تک وہ کسی دُوسرے خاوند سے بالکل اسی طرح بسنے کی نیت سے نکاح نہ کرے جیسے اس نے پہلے خاوند کے ساتھ کیا تھا اور پھر وہ دوسرا خاوند ہم بستری کرنے کے بعد کچھ مدّت گزرنے پر اپنی مرضی سے اسے طلاق نہ دے دے اس وقت تک وہ پہلے خاوند کے نکاح میں نہیں جاسکتی۔ یہ ہے قرآنِ کریم کا واضح ارشاد جس میں تاویل کی گنجائش نہیں۔ آجکل اس کا حل حلالہ کی باعثِ صد نفرین صُورت میں تلاش کرلیا گیا ہے۔ اِس کے متعلق حضور نبی کریم ؐ کا یہ حکم پیشِ نظر رہے۔ لعن اللہ المحلل والمحلل لہٗ۔
ترجمہ: حلالہ کرنے والے پر بھی اللہ کی پھٹکار اور جس (بے غیرت) کے لیے حلالہ کیا جارہا ہے اس پر بھی اللہ کی پھٹکار۔ رکوُع کے آخر تک جتنی آیتیں ہیں ان میں مکرر سہ کرر تاکید کی جارہی ہے کہ کسی عورت کے ساتھ نکاح اسے ستانے اور دُکھ دینے کے لیے نہ کرو بلکہ انہیں آباد کرنے کے لیے کرو۔ اور جو ایسا کرے گا وہ گویا اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے ساتھ مذاق کررہا ہے۔ کیا کسی مومن کے لیے اس سے بھی کوئی سنگین سرزنش ہوسکتی ہے۔

۲۹۹ طلاق سے یہاں مُراد طلاقِ رجعی ہے۔ یعنی جب تک تم نے طلاق مغلّظ نہیں دی اُس وقت تک تمہیں اختیار ہے چاہے تو رجُوع کرلو اور اسے اپنے گھر بسالو اور اسکے ساتھ حُسنِ سلوک کرو۔ اور اگر رجُوع کا ارادہ نہیں تو پھر اسے عمدگی اور شائستگی سے

ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَا

تکلیف دینے کی غرض سے تاکہ زیادتی کرو۔ اور جو کوئی کرے گا اس طرح تو وہ ظلم کریگا اپنی ہی جان پر اور نہ

تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۡ وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ

بنالو اللہ کی آیتوں کو مذاق ۳۰۰ اور یاد کرو ۳۰۱ اللہ کی نعمت کو جو تم پر ہے اور (یاد کرو) جو اس نے نازل

عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا

فرمایا تم پر قرآن اور حکمت وہ نصیحت فرماتا ہے تمہیں اس سے۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے اور خوب جان لو

اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۲۳۱﴾ ع وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ

کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے اور جب تم طلاق دو عورتوں کو پھر وہ پوری کر چکیں

اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا

اپنی عدّت تو نہ منع کرو انہیں ۳۰۲ کہ نکاح کریں اپنے خاوندوں سے جبکہ رضامند ہو جائیں

علیحدہ کر دو۔ جو صورت بھی اختیار کرو اسمیں نیک نیتی ملحوظ ہو۔ عورت کو ضرر دینا اور اسے تنگ کرنا ہرگز مقصود نہیں ہونا چاہیئے۔

۳۰۰ گھریلو زندگی کی اہمیت کے پیشِ نظر ان قوانین کو غلط استعمال کرنے والوں کو تنبیہہ کی جارہی ہے کہ اگر تم نے ان قواعد کی تعمیل میں تاویل سے کام لینا شروع کیا تو یاد رکھو تمہارا یہ جرم نظر انداز نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ تم آیاتِ خداوندی کا مذاق اڑا رہے ہو۔ اور یہ بڑا سنگین جرم ہے۔ اس کی سزا تمہیں بھگتنی پڑے گی۔

۳۰۱ پہلے جملے میں سرزنش کی گئی تھی۔ اب ملاطفت و شفقت سے ان قوانین کے اتباع کی ترغیب دی جارہی ہے۔ کہ دیکھو قرآن ایسی کتاب ہدایت تمہیں عطا فرمائی گئی ہے۔ تمہیں اس نعمت عظمیٰ کا ہمیشہ پاس رہنا چاہیئے۔ تبھی تو تم اس احسانِ عظیم کی شکر گزاری کا حق ادا کرسکتے ہو۔ ترغیب و ترہیب کی کیا حسین آمیزش ہے۔

۳۰۲ یعنی مطلقہ عورت جب اپنی عدت پوری کرلے اور اپنے پہلے خاوند کے ساتھ نکاح کرنا چاہے تو عورت کے ولی اسے منع نہ کریں۔ اس کا دوسرا مطلب یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ایسی عورت اگر اپنے تجویز کردہ خاوند کے ساتھ عدت گزرنے کے بعد نکاح کرنا چاہے تو پہلا خاوند اسے نہ روکے اور یہ کوشش نہ کرے کہ جب میں نے اسے طلاق دے دی ہے تو کوئی

بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ

آپس میں مناسب طریقہ سے یہ فرمان الٰہی (ہے) نصیحت کی جاتی ہے اسکے ذریعے اسکو جو تم میں سے یقین رکھتا ہو

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اللہ پر اور قیامت پر یہ بہت پاکیزہ ہے تمہارے لیے اور بہت صاف اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے

وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ

اور تم نہیں جانتے ۔ اور مائیں دُودھ پلائیں اپنی اولاد کو پورے دو

كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ

سال ؎۳۰۳ (یہ مدت) اس کے لیے ہے جو پورا کرنا چاہتا ہے دودھ کی مدت ۔ اور جس کا بچّہ ہے اس کے ذمّہ ہے

رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ

کھانا ان ماؤں کا اور ان کا لباس مناسب طریقہ سے ۔ تکلیف نہیں دی جاتی کسی شخص کو مگر اسکی حیثیت کے مطابق

دُوسرا بھی اس سے نکاح نہ کرے ۔

؎۳۰۳ یہاں طلاق کے بعد یہ سوال طبعاً سامنے آتا ہے کہ اگر طلاق والی عورت کی گود میں شیرخوار بچّہ ہو تو اس جدائی کے بعد اس کی پرورش کا کیا طریقہ ہوگا ۔ اس لیے ضروری تھا کہ بچہ کی پرورش کی ذمہ داریاں جو ماں باپ پر ہیں انہیں اس موقعہ پر بیان فرمادیا جائے ۔ لہٰذا یہاں اِن مسائل کا بیان ہوا ۔

مسئلہ : ماں خواہ مطلقہ ہو یا نہ ہو اس پر اپنے بچّے کو دُودھ پلانا واجب ہے بشرطیکہ باپ کو اُجرت پر دُودھ پلوانے کی قدرت و استطاعت نہ ہو یا کوئی دُودھ پلانے والی میسّر نہ آئے یا بچّہ ماں کے سوا اور کسی کا دُودھ قبول نہ کرے ۔ اگر یہ باتیں نہ ہوں یعنی بچّہ کی پرورش خاص ماں کے دُودھ پر موقوف نہ ہو تو ماں پر دُودھ پلانا واجب نہیں مستحب ہے ۔ (منقول از حاشیہ صدرالافاضل مُرادآبادی)

مسئلہ : اگر کسی شخص نے اپنی زوجہ کو طلاق دی اور عدّت گزر چکی تو وہ اس بچّہ کے دُودھ پلانے کی اُجرت لے سکتی ہے ۔ (حاشیہ صدرالافاضل رح)

لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۚ وَعَلَى

نہ ضرر پہنچایا جائے کسی ماں کو اسکے لڑکے کے باعث اور نہ کسی باپ کو (ضرر پہنچایا جائے) اسکے لڑکے کے باعث اور وارث

الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَ

پر بھی اسی قسم کی ذمہ داری ہے۔ پس اگر دونوں ارادہ کرلیں دُودھ چھڑانے کا اپنی مرضی اور

تَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۭ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا

مشورہ سے تو کوئی گناہ نہیں دونوں پر اور اگر تم چاہو کہ دُودھ پلواؤ (دایہ سے) اپنی

اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ

اولاد کو پھر کوئی گناہ نہیں تم پر جبکہ تم ادا کردو جو دینا ٹھہرایا تھا تم نے مناسب طریقے سے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور (خوب) جان لو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کررہے ہو اسے دیکھنے والا ہے۔ اور جو لوگ

يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ

فوت ہوجائیں [۳۰۴] تم میں سے اور چھوڑ جائیں بیویاں تو وہ بیویاں انتظار کریں [۳۰۵] چار

اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا

مہینے اور دس دن اور جب پہنچ جائیں اپنی (اس) مدت کو تو کوئی گناہ نہیں تم پر اس میں جو

[۳۰۴] یہاں ان عورتوں کی عدت کا بیان ہے جن کے خاوند فوت ہوجائیں اور وہ حاملہ نہ ہوں۔ حاملہ کی عدت وضعِ حمل ہے یعنی جس وقت وہ بچہ جنے گی اس کی عدت ختم ہوجائے گی۔ اس کی تصریح آگے آئے گی۔

[۳۰۵] اس کا صرف یہ مطلب نہیں کہ وہ اِس مدت میں نکاح نہ کرے بلکہ احادیثِ صحیحہ کے مطابق کئی دوسری چیزوں سے بھی پرہیز لازمی ہے۔ یعنی عدت کے اندر وہ رنگین اور ریشمی لباس نہ پہنے۔ خوشبو نہ لگائے۔ مہندی اور دیگر آرائش سے اجتناب کرے۔ اپنے متوفی خاوند کے ہی گھر ٹھہرے۔ (ہاں ضروری کام کی غرض سے دن کو گھر سے نکل سکتی ہے رات کو

فَعَلْنَ فِیْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ﴿۲۳۴﴾

کریں وہ اپنی ذات کے بارے میں مناسب طریقہ سے۔ اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو خوب واقف ہے۔

وَلَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ فِیْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ

اور کوئی گناہ نہیں تم پر اس بات میں کہ اشارہ سے پیغام نکاح دو ان عورتوں کو

اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ

یا جو چھپائے ہو تم اپنے دلوں میں ۳۰۶ جانتا ہے اللہ تعالیٰ کہ تم ضرور ان کا ذکر کرو گے البتہ

لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ؕ وَلَا تَعْزِمُوْا

نہ وعدہ لینا ان سے خفیہ طور پر بھی مگر یہ کہ کہو (ان سے) شریعت کے مطابق کوئی بات اور نہ پکی کر لو

عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى یَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ

نکاح کی گرہ یہاں تک کہ پہنچ جائے عدّت اپنی انتہا کو اور جان لو کہ یقیناً اللہ جانتا ہے

مَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ ﴿۲۳۵﴾ ع

جو تمہارے دلوں میں ہے سو اس سے ڈرتے رہو اور جان لو کہ بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا حلم والا ہے۔

پھر اسی مکان میں شب باشی کرے۔ نیز نئے نکاح کے لیے بھی بات چیت نہ کرے۔

۳۰۶ مسلمانوں کو حکم دیا جا رہا ہے کہ عدتِ وفات گزارنے والی عورت سے صراحۃً نکاح کرنے کا تذکرہ نہ کریں۔ غم واندوہ کی ان گھڑیوں میں جبکہ ایک گھر بے چراغ ہو چکا ہے تمہارا جشن شادی منانے کی طرح ڈالنا کتنا معیوب ہے اور اس مرحوم کے ساتھ کتنی بے انصافی ہے کہ ابھی اسکا کفن بھی میلا نہیں ہوا اور تم اسکی بیوی کو شادی کا پیغام بھیجنے لگے ہو۔ ہاں پردہ داری سے اگر تم اپنے ارادہ کا اظہار کر دو تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ بہتر تو یہ ہے کہ یہ بات تمہارے دلوں میں ہی رہے اور زبان پر نہ آنے پائے۔

لَاجُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ أَوْ

کوئی حرج نہیں تم پر اگر تم طلاق دے دو ان عورتوں کو جن کو تم نے چھوا بھی نہیں ۳۰۵ اور نہیں

تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً ۚ وَمَتِّعُوهُنَّ عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ

مقرر کیا تم نے ان کا مہر اور خرچہ دو انہیں مقدور والے پر اسکی حیثیت کے مطابق

وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ ۚ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ ﴿۲۳۶﴾

اور تنگدست پر اس کی حیثیت کے مطابق یہ خرچہ مناسب طریقہ پر ہونا چاہئیے یہ فرض ہے نیکو کاروں پر ،

وَإِنْ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ

اور اگر تم طلاق دو انہیں ۳۰۶ اس سے پہلے کہ تم انہیں ہاتھ لگاؤ اور مقرر کر چکے تھے

لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ إِلَّآ أَنْ يَعْفُونَ أَوْ يَعْفُوَا

ان کے لیے مہر تو نصف مہر (ادا کرو) جو تم نے مقرر کیا ہے مگر یہ کہ وہ (اپنا حق) معاف کردیں یا معاف

۳۰۵ یہاں اس عورت کی طلاق کا حکم بیان ہوا ہے جس کے ساتھ نکاح تو ہو گیا لیکن مہر کی کوئی مقدار مقرر نہیں ہوئی اور مرد نے اس کے ساتھ صحبت اور خلوتِ صحیحہ بھی نہیں کی۔ بتایا کہ ایسی عورت کو طلاق دینے میں کوئی گناہ نہیں لیکن ایسی عورت کو خرچہ کے لیے کچھ دیدو تاکہ اس کی دلجوئی ہو جائے۔ فقہاء نے تین کپڑوں کا جوڑا مُراد لیا ہے۔ یہ بھی بتا دیا کہ خاوند اس میں تنگدلی سے بھی کام نہ لے اور فضول خرچی بھی نہ کرے بلکہ اپنی حیثیت کے مطابق جو دینا چاہے دے۔ حقًّا سے یہ وضاحت کی کہ دینا ضروری ہے۔

۳۰۶ یہاں اس عورت کا حکم بیان ہو رہا ہے کہ نکاح کے وقت جس کا مہر تو مقرر ہو چکا تھا لیکن صحبت اور خلوتِ صحیحہ سے پہلے طلاق دے دی گئی۔ فرمایا اِس صُورت میں خاوند نصف مہر عورت کو دے۔ ہاں اگر عورت اپنی مرضی سے وہ بھی بخش دے یا خاوند پُورا مہر دینے کو تیار ہو جائے اور نصف مہر نہ دینے کی جو رعایت اِسے دی گئی تھی اِس رعایت کو وہ معاف کر دے تو پھر اور بات ہے۔ الذی بیدہ عقدۃ النکاح سے مُراد خاوند ہے۔ کیونکہ نکاح کی گرہ کے باندھنے اور کھولنے کا حق اِسے ہی دیا گیا ہے۔ اور اَن تعفوا سے اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ عفو اور فراخ دِلی کے زیادہ مستحق مَرد ہیں۔

الَّذِیْ بِیَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ؕ وَ اَنْ تَعْفُوْۤا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ؕ وَ

کردے وہ جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے ۔ اور (اے مردو) اگر تم معاف کردو تو یہ بہت قریب ہے تقوی سے اور

لَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَیْنَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۲۳۷﴾

نہ بھلایا کرو ۳۰۹ احسان کو آپس (کے لین دین) میں ۔ بیشک اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہے ۔

حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَ الصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۗ وَ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِیْنَ ﴿۲۳۸﴾

پابندی کرو سب نمازوں کی ۳۱۰ اور (خصوصًا) درمیانی نماز کی ۳۱۱ اور کھڑے رہا کرو اللہ کیلئے عاجزی کرتے ہوئے

۳۰۹ اس وقت احسان و مروّت کی ہدایت کی جا رہی ہے جبکہ حالات اس قدر کشیدہ ہوچکے ہیں کہ طلاق دینے کی نوبت آ چکی ہے ۔ لیکن قرآن اپنے ماننے والوں کو تلقین کرتا ہے کہ ان بگڑے ہوئے حالات میں بھی حسنِ خلق کا مظاہرہ کرو۔ اور اگر دوسرا فریق تمہارے اس حسنِ سلوک اور مہربانی کا اعتراف اور قدر نہ بھی کرے تو کیا ہوا، تمہارا رب تو تمہیں دیکھ رہا ہے ۔ اگر وہ راضی ہوگیا تو پھر تمہیں اور کیا چاہیئے ۔

۳۱۰ ذکرِ الٰہی اسلام کی رُوح ہے ۔ یہی وہ قوت ہے جس سے انسان بخوشی شریعت کے تمام قوانین پر عمل کر سکتا ہے ۔ اس لیے قرآن کا یہ اسلوب ہے کہ جہاں قوانین و احکام کا بیان ہوا وہاں ساتھ ہی ذکرِ الٰہی کی طرف دلوں کو راغب کر دیا تاکہ وہ ان احکام کی پابندی آسانی سے کر سکیں ۔ یہاں بھی خانگی زندگی سے متعلق احکام طلاق ، خلع ، عدّت وغیرہ بیان کر کے نماز کو پابندی سے ادا کرنے کا حکم دیا ۔ کیونکہ نماز ہی ذکرِ الٰہی کا سب سے اعلیٰ اور مؤثر طریقہ ہے ۔ اسمیں جسم و روح ، دل و دماغ سب مصروفِ عبادت و مناجات ہوتے ہیں ۔ یہاں قرآن کے الفاظ غور طلب ہیں ۔ حافظوا علی الصّلوات فرمایا احفظوھا نہیں فرمایا ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب مفاعلہ کا صلہ علیٰ آجائے تو اس وقت اس کے معنی بار بار اور علی الدوام کرنے کے ہوتے ہیں (المنار) یہاں بھی مقصد یہی بتانا ہے کہ بار بار ہمیشہ نماز ادا کرتے رہو ۔ یہ نہیں کہ ایک بار نماز ادا کر لی اور ہفتہ بھر کے لیے چھٹی مل گئی ۔ اسلام میں نماز کو جو اہمیت حاصل ہے وہ محتاجِ بیان نہیں ۔ قرآن کریم میں اسکا حکم سو دفعہ کے قریب ہے ۔ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے اسے دین کا ستون فرمایا ہے ۔ اور ہم مسلمان ہو کر نماز کے معاملہ میں جتنی سستی کرتے ہیں اس کی کوئی حد نہیں ۔ حضور اکرم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کا ایک ارشاد نقل کرتا ہوں ، ممکن ہے اس سے کوئی خوش نصیب ہدایت پا جائے ۔ من حافظ علیھا کانت له نورا و برھانا و نجاة یوم القیامة ومن لم یحافظ علیھا لم تکن له نورا و برھانا و نجاة وکان یوم القیامة مع قارون و فرعون و ھامان و ابی بن خلف (رواہ احمد و الطبرانی) ترجمہ : حضور نے فرمایا کہ جو نماز پابندی سے

فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا

پھر اگر تم کو ڈر ہو (دشمن وغیرہ کا) تو پیادہ یا سوار (جیسے بن پڑے) ۳۱۲ پھر جب تمہیں امن حاصل ہو جائے تو یاد کرو اللہ تعالیٰ کو جس طرح

عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَ

اُس نے سکھایا ہے تمہیں جو تم نہیں جانتے تھے۔ اور جو لوگ فوت ہو جاتے ہیں تم میں سے ۳۱۳ اور

يَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۖۚ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ

چھوڑ جاتے ہیں بیویاں (انہیں چاہیئے کہ) وصیت کر جایا کریں اپنی بیویوں کے لیے کہ انہیں خرچ دیا جائے ایک سال تک (اور) نہ نکالا جائے (انہیں گھر سے)

فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ

پھر اگر وہ خود چلی جائیں تو کوئی گناہ نہیں تم پر جو کچھ وہ کریں۔ اپنے معاملہ میں مناسب

ادا کرے گا قیامت کے دن یہ اس کے لیے نور ہوگی۔ اس کے ایمان کی واضح دلیل ہوگی۔ اور اس کی نجات کا باعث ہوگی۔ اور جس نے نماز کی پابندی نہ کی تو اس کے پاس نہ نور ہوگا نہ اپنے ایمان کی کوئی دلیل اور نہ بخشش کا کوئی وسیلہ۔ اور اس کا حشر قارون، فرعون، ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ ہوگا۔ اے اللہ ہمیں غفلت کی نیند سے بیدار کر اور اپنی عبادت اور اپنے محبوب کی اطاعت کی توفیق عطا فرما۔ آمین۔ بجاہ حبیبك الكريم عليه افضل الصلوٰة والسلام۔

۳۱۱ : درمیانی نماز سے کونسی نماز مراد ہے۔ اس میں علماء کے اقوال مختلف ہیں لیکن راجح قول یہ ہے کہ یہ نمازِ عصر ہے۔ حضرت علی۔ ابن مسعود و عائشہ وغیرہم رضی اللہ عنہم کا یہی قول ہے۔ اور امام اعظم رضی اللہ عنہ کا یہی مسلک ہے جنگِ خندق میں عصر کی نماز قضا ہو گئی تھی تو حضور نے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ ان کفار کی قبروں کو آگ سے بھر دے انہوں نے ہمیں درمیانی نماز پڑھنے سے مصروف رکھا۔ ملأ الله بيوتهم وقبورهم نارًا كما شغلونا عن الصلوٰة الوسطىٰ حتىٰ غابت الشمس۔ متفق علیہ۔

۳۱۲ : یہ آیت نماز کی نہائی اہمیت پر دلالت کرتی ہے کہ یہ عبادت اتنی اہم ہے کہ اسوقت بھی معاف نہیں ہوتی جب تمہیں دشمن کے حملہ کا اندیشہ ہو۔ ہاں اتنی آسانی کر دی گئی ہے کہ پیدل چلتے چلتے یا اپنی سواریوں پر بیٹھے بیٹھے جدھر بھی رُخ ہو نماز ادا کرتے جاؤ۔

۳۱۳ : ابتدائے اسلام میں بیوہ کی عدت ایک سال تھی اور ایک سال کامل وہ شوہر کے ہاں رہ کر نان نفقہ پانے کی مستحق ہوتی تھی پھر ایک سال کی عدت تو آیہ يتربصن بانفسهن اربعة اشهر وعشرا سے منسوخ ہوئی جس میں بیوہ کی عدت چار ماہ دس دن مقرر فرمائی گئی اور سال کا نفقہ آیت میراث سے منسوخ ہوا (حاشیہ صدر الافاضل)

مَّعۡرُوۡفٍ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ﴿۲۴۰﴾ وَلِلۡمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالۡمَعۡرُوۡفِ ؕ حَقًّا

طور پر ۳۱۴ ۔ اور اللہ بہت زبردست بڑا دانا ہے ۔ اور (اسی طرح) جن کو طلاق دی گئی انکو خرچ دینا چاہیئے مناسب طور پر ۔ یہ

عَلَى الۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۲۴۱﴾ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمۡ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۲۴۲﴾ اَلَمۡ

واجب ہے پرہیز گاروں پر ۳۱۵ اسی طرح کھول کر بیان فرماتا ہے اللہ تعالیٰ تمہارے لیے اپنے احکام تاکہ تم سمجھ جاؤ ۔ کیا نہیں

تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ خَرَجُوۡا مِنۡ دِيَارِهِمۡ وَهُمۡ اُلُوۡفٌ حَذَرَ الۡمَوۡتِ فَقَالَ

دیکھا تو نے ان لوگوں کی طرف جو نکلے تھے ۳۱۶ اپنے گھروں سے اور وہ ہزاروں تھے موت کے ڈر سے ۳۱۷ تو فرمایا

لَهُمُ اللّٰهُ مُوۡتُوۡا ثُمَّ اَحۡيَاهُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوۡ فَضۡلٍ عَلَى النَّاسِ وَ

انھیں اللہ تعالیٰ نے کہ مر جاؤ پھر زندہ فرمایا انھیں بے شک اللہ تعالیٰ بڑا مہربان ہے لوگوں پر

۳۱۴ یعنی عدت کی مدت ختم ہونے کے بعد اگر وہ اپنے سابقہ خاوند کے گھر میں نہ رہنا چاہیں تو انہیں مجبور نہیں کیا جائیگا۔ بشرطیکہ وہ کوئی ایسا قدم نہ اٹھائیں جو شریعت کے کسی قانون کے خلاف ہو یا اخلاق سے گرا ہوا ہو جس سے انکی ناموس داغدار ہو یا ان کے فوت شدہ خاوند کی بدنامی اور رسوائی کا باعث ہو مِن معروف کی قید بڑھا کر انہیں دو باتوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ۔ ۳۱۵ شریعت نے مطلقہ عورت کے لیے عدت مقرر کی ہے اس کی ایک حکمت یہ بھی ہے کہ معلوم ہو جائے کہ یہ حاملہ تو نہیں۔ اس میں سراسر خاوند کے نسب کی حفاظت ملحوظ ہے گویا عورت ابھی اسی کے حقوق کی نگہداشت کے لیے محبوس ہے اس لیے اس کے اخراجات کی ذمہ داری خاوند کو سونپی گئی ۔ اور یہی عین انصاف ہے ۔

۳۱۶ کئی مفسرین نے کوشش کی ہے کہ جس قوم کا واقعہ بیان ہو رہا ہے اس کا تعین کریں کہ وہ کونسی قوم تھی ۔ لیکن علامہ قرطبی نے ابن عطیہ سے نقل کیا ہے کہ سب قصے ناقابل اعتماد ہیں آیت کا مقصد مسلمانوں کو کسی گزشتہ قوم کے (جس کی تعیین مقصود نہیں) عمل سے عبرت دلانا ہے جو موت کے ڈر سے بھاگ نکلی تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے وہ موت جس سے وہ بھاگے تھے ان پر مسلط کر دی ۔ پھر کچھ عرصہ بعد انھیں نئی زندگی عطا فرمائی ۔ اور اس طرح مارنے اور جلانے سے مدعا ان کو یہ سمجھانا تھا کہ موت سے بھاگنے کی کوشش کرنا بے سود ہے ۔ نہ تم اپنی سعی و کوشش سے اپنی موت کو ٹال سکتے ہو اور نہ زندگی بڑھا سکتے ہو ۔ اور اس واقعہ کے ذکر کرنے سے اُمت مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء کو یہ بتانا مقصود تھا کہ تم ایسا مت کرنا ۔ وہ کون تھے ؟ کہاں سے بھاگے تھے ؟ کیوں بھاگے تھے ؟ یہ ایسی تفصیلات ہیں جن میں اُلجھنے کا کوئی فائدہ نہیں اس لیے قرآن نے ان کا ذکر نہیں کیا ۔

۳۱۷ جمہور کا قول یہ ہے کہ اُلوف جمع ہے اَلف کی جس کا معنی ہزار ہے یعنی وہ ہزاروں کی تعداد میں تھے ۔ اور بعض ائمہ لغت

لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا

لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے اور لڑائی کرو اللہ کی راہ میں ۳۱۸ اور جان لو

اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۴﴾ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

کہ بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے کون ہے جو دے اللہ تعالیٰ کو قرض حسن ۳۱۹

(ابنِ زید) سے یہ بھی منقول ہے کہ اُلُوْفٌ اَلِفٌ یا اِلْفٌ کی جمع ہے۔ اب معنی ہوگا کہ وُہ ایسی حالت میں اپنے گھروں سے نکلے کہ وُہ ایک دُوسرے کے ساتھ پیار و محبّت کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ اِس آیت سے علماء کرام نے یہ مسئلہ بھی اخذ کیا ہے کہ اگر کہیں وبا پھُوٹ پڑے تو وہاں کے لوگوں کو بھاگ کھڑا نہیں ہونا چاہیئے۔ کیونکہ اگر تندرست بھاگ نکلے تو بیماروں کی تیمارداری کون کرے گا۔ نیز اِس بھگدڑ سے ایسی خرابیاں پیدا ہوں گی جن کا پہلے اندازہ بھی نہیں کیا جا سکتا۔ نیز اگر متعدّی مرض ہے تو ممکن ہے کہ ان کی وجہ سے بیماری کے جراثیم صحت مند علاقوں میں منتقل ہو جائیں اور وہاں بیماری پھیل جائے اور اس حکم کی سب سے بڑی حکمت جو بحیثیت دین، اِسلام کے پیشِ نظر ہے وُہ یہ ہے کہ اِس طرح لوگوں کا عقیدہ متزلزل ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ کے سوا دُوسرے اسباب کو وُہ محیُ و ممیت سمجھنے لگیں گے۔ جس طرح اِسلام نے وبا زدہ علاقہ سے بھاگنے سے منع فرمایا اُسی طرح اُس میں داخل ہونے سے بھی روکا۔ حضُور علیہ السّلام نے فرمایا۔ فمن سمع به بارض فلا یقدمنّ علیه ومن کان بارض وقع بها فلا یخرج فرارا منه۔ (بخاری)

۳۱۸ یہ سبق خُوب ذہن نشین کرانے کے بعد کہ موت و حیات اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہیں کوئی اپنے حیلہ سے موت کو ٹال نہیں سکتا اور نہ زندگی کو بڑھا سکتا ہے۔ اب مُسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور دِین کی سربلندی کے لیے جہاد کی ترغیب دی جا رہی ہے۔

۳۱۹ لُغتِ عرب میں قرض کا یہ مفہُوم نہیں جو ہم اُردُو میں اس سے سمجھا کرتے ہیں کہ کسی کو کسی چیز کی ضرورت ہوئی اپنے پاس نہ تھی اِس لیے دُوسرے سے اُدھار لے کر پُوری کر لی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ جو غَنِیٌّ حَمِیْدٌ ہے ضرورت کے تصوّر سے بھی پاک ہے بلکہ القرض: اسم لکل ما یلتمس علیه الجزاء (قرطبی) یعنی قرض ہر وُہ چیز یا عمل ہے جس پر جزاء اور بدلہ طلب کیا جائے۔ اب کسی قسم کا خلجان پیدا ہی نہ ہوگا۔ پہلے کیونکہ جہاد کا حکم دیا گیا تھا اور جہاد کے لیے روپیہ کی ضرورت ہوتی ہے اِس لیے اِس حُسنِ بیان سے اہلِ اِسلام کو اپنا سرمایہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربان کرنے کے لیے شوق دلایا جا رہا ہے یعنی یہ مت سمجھو کہ یہ رقم خرچ ہو گئی تو پھر واپس نہیں ملے گی بلکہ اللہ تعالیٰ اِس کا تمھیں کئی گنا معاوضہ دے گا۔ قرض اگر بمعنی مفعول ہو تو حسن کی صفت سے یہ مُراد ہوگا کہ جو مال اللہ کی راہ میں خرچ کرو وُہ حلال اور پاک ہو۔ اور اگر قرض اپنے مصدری معنی میں ہی استعمال ہوا ہو تو پھر حسن سے مُراد یہ ہوگا کہ قرض دو تو خلوص سے دو۔ خوشی خوشی دو۔ منصوب علی المفعولیة ای مقرضا حلالا طیبا او علی المصدریة ای قرضا مقرونا بالاخلاص وطیب النفس (مظہری)

فَیُضٰعِفَهٗ لَهٗۤ اَضْعَافًا كَثِیْرَةً ؕ وَ اللّٰهُ یَقْبِضُ وَ یَبْصُۜطُ ۪ وَ اِلَیْهِ

تو بڑھا دے اللہ اس قرض کو اس کے لیے کئی گنا اور اللہ تعالیٰ تنگ کرتا ہے (رزق کو) اور فراخ کرتا ہے ۳۲۰ اور اسی

تُرْجَعُوْنَ ۝۲۴۵ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى

کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے کیا نہیں دیکھا تم نے اس گروہ کو ۳۲۱ بنی اسرائیل سے (جو) موسیٰ (علیہ السّلام) کے بعد ہوا

اِذْ قَالُوْا لِنَبِیٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ

جب کہا انھوں نے اپنے نبی سے کہ مقرر کر دو ہمارے لیے ایک امیر ۳۲۲ تاکہ لڑائی کریں ہم اللہ کی راہ میں نبی نے کہا

۳۲۰ اور یہ بھی خُوب ذہن نشین کر لو کہ رزق کی تنگی اور فراخی اللہ قادر کریم کے ہاتھ میں ہے۔ اگر تم اس کی راہ میں خرچ کرو گے تو وُہ اپنی رحمت کے خزانوں کے مُنہ کھول دے گا۔ اور اگر بُخل کیا تو کوئی بعید نہیں کہ وُہ ناراض ہو جائے اور تمھیں محتاج و مفلس بنا دے۔

۳۲۱ مَلَأٌ سے مُراد قوم کے رؤسا اور شرفا ہیں۔ ان آیات میں مُوسیٰ علیہ السّلام کے تقریباً تین سو سال بعد اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی ولادت سے ہزار گیارہ سو سال پہلے کا ایک واقعہ بیان ہو رہا ہے۔ جس کا مختصر حال یہ ہے کہ عمالقہ فلسطین کے اکثر حصّوں پر قابض ہو گئے تھے اور بنی اسرائیل رامہ کے علاقہ میں محصُور ہو کر رہ گئے تھے۔ اس وقت جو اُن کے نبی اور حکمران تھے ان کا نام سموئیل تھا۔ وُہ کافی بُوڑھے ہو چکے تھے۔ عمالقہ کی ایذا رسانیاں اور زیادتیاں دن بدن بڑھ رہی تھیں۔ بنی اسرائیل چاہتے تھے کہ عمالقہ کی سرکوبی کریں اور اپنا کھویا ہوا اقتدار اور حکومت واپس لیں۔ اس لیے اُنھوں نے بار بار اپنے نبی حضرت سموئیل سے درخواست کی کہ وُہ اللہ تعالیٰ سے ان کے لیے ایک ملک (سردار) کا سوال کریں۔ حضرت سموئیل ان کی عادات سے خُوب واقف تھے کہ یہ دعوے تو بڑے لمبے چوڑے کرتے ہیں لیکن عمل کے وقت ان کا سارا جوش سرد پڑ جاتا ہے۔ اس لیے آپ نے فرمایا کہ ایسا نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ تم پر جہاد فرض کرے اور تم جہاد سے مُنہ موڑ جاؤ۔ کہنے لگے حضرت جی! کہیں ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ ہم جہاد نہ کریں حالانکہ ہمیں گھروں سے نکالا گیا اور اپنے بچوں سے جُدا کر دیا گیا۔ ہم تو صرف اذنِ ربّانی کے منتظر ہیں لیکن جب اُنھیں اجازت مل گئی تو گنتی کے چند آدمیوں کے سوا سب نے جہاد کرنے سے انکار کر دیا۔

۳۲۲ بعض لوگ جب قرآن کی ان آیتوں میں ملک کا لفظ پڑھتے ہیں تو انھیں یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ شاید اسلام ملوکیّت کا حامی ہے۔ اور سیاسی طور پر شاہی نظام کا علمبردار ہے۔ اس لیے ہمیں ملک کے لفظ کی تحقیق کر لینا ضروری ہے۔ اکثر مفسّرین جن میں بیضاوی بھی ہیں، نے ابعث لنا ملکا کا معنیٰ کیا ہے اقم لنا امیرا ننهض معه للقتال یدبر امره۔

هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَمَا

کہیں ایسا نہ ہو کہ فرض کر دیا جائے تم پر جہاد تو تم جہاد نہ کرو وُہ کہنے لگے (کوئی وجہ) نہیں

لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ قَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِیَارِنَا وَ

ہمارے لیے کہ ہم جہاد نہ کریں اللہ کی راہ میں حالانکہ ہم نکالے گئے اپنے گھروں سے اور

اَبْنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَ

اپنے فرزندوں سے مگر جب فرض کر دیا گیا ان پر جہاد تو مُنہ پھیر لیا اُنھوں نے بجز چند نے ان میں سے اور

اللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۴۶﴾ وَ قَالَ لَهُمْ نَبِیُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ

اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے ظالموں کو اور کہا اُنھیں اُن کے نبی نے بے شک اللہ تعالیٰ نے مقرر فرما دیا ہے

یعنی ہمیں ایک امیر اَور قائد عطا فرما جس کے جھنڈے کے نیچے کھڑے ہو کر ہم جہاد کریں اَور جنگ کا سارا اِنتظام اس کی نگرانی میں ہو تو اِس تصریح سے واضح ہو گیا کہ یہاں ملک سے مُراد سپہ سالار ہے اَور عربی زبان میں لفظ ملک رئیس اور امیر کے معنی میں عام مستعمل ہوتا ہے۔ نیز ایک بات یہاں اَور بھی غور طلب ہے کہ ملُوکیّت یا شاہی نظامِ حکومت کا مفہوم یہ ہے کہ رئیسِ حکومت مُطلق العِنان بادشاہ ہوا کرتا ہے۔ قانون سازی، اِنتظامِ مملکت، حکومت کے سارے خزانے اس کے ہاتھ میں ہوتے ہیں۔ سب اس کے سامنے جواب دِہ ہوتے ہیں۔ اَور وُہ کسی کے سامنے اپنے کسی فعل کے لیے جواب دِہ نہیں ہوتا۔ یہاں جب حضرت سموئیل نبی موجُود ہیں تو قانون وُہی ہو گا جو ان کی شریعت کا ہے۔ اِقتدارِ اعلیٰ انھیں کے پاس ہو گا۔ ان کی موجودگی میں کسی ایسے شخص کے تقرر کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا جو مُطلقُ العِنان اور مُختارِ کُل ہو۔ اِس لیے صرف لفظ ملک سے اِسلام پر نظامِ ملُوکیّت کا اِلزام لگانا سراسر حقیقت کے خلاف ہے۔ دُوسرے یہ واقعہ تو بنی اِسرائیل کا ہے۔ اَور جو کچُھ اُنھوں نے کہا قرآن نے اُسے بیان کر دیا۔ اِس سے یہ کب ثابت ہوتا ہے کہ قرآن نے اُن کے اِس مطالبہ کو پسند کیا۔ اَور مُسلمانوں کو شاہی نظام اِختیار کرنے کا حُکم دیا۔ بلکہ بائبل کے باب سموئیل اوّل میں جو آیات ہیں وُہ وضاحت کرتی ہیں کہ ان کے اِس مطالبہ کو نہ اللہ تعالیٰ نے پسند فرمایا اَور نہ اللہ کے نبیؑ نے۔

لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا ۚ قَالُوٓا اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ

تمھارے لیے طالوت کو امیر۳۲۳ بولے کیونکر ہو سکتا ہے اسے حکومت کا حق ہم پر حالانکہ ہم زیادہ حقدار ہیں

بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ۚ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ

حکومت کے اس سے اور نہیں دی گئی اسے فراخی مال و دولت میں نبی نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے چُن لیا ہے

عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِى الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ۚ وَاللّٰهُ يُؤْتِىْ مُلْكَهٗ

اسے تمھارے مقابلہ میں اور زیادہ دی ہے اسے کشادگی علم میں اور جسم میں اور اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے اپنا ملک

مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ

جسے چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ وسعت والا سب کچھ جاننے والا ہے اور کہا انھیں اُن کے نبی نے کہ اس کی بادشاہی کی نشانی یہ ہے

اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ

کہ آئے گا تمھارے پاس ایک صندُوق اس میں تسلی (کا سامان) ہوگا تمھارے رب کی طرف سے اور (اس میں) بچی ہوئی چیزیں ہوں گی

اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۚ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ

جنھیں چھوڑ گئی ہے اولادِ مُوسیٰ اور اولادِ ہارُون اُٹھالائیں گے اس صندُوق کو فرشتے بے شک اس میں بڑی نشانی ہے تمھارے لیے

۳۲۳؎ ان کی خواہش اور اصرار کے باعث اللہ تعالیٰ نے طالُوت کو جب اُن کا سردار اور سپہ سالار مقرر فرما دیا تو لگے اعتراض کرنے کہ یہ شخص نہ لاوی بن یعقوب کی اولاد سے ہے جس میں نبوّت نسلاً بعد نسل چلی آتی ہے اور نہ یہودا بن یعقوب کی اولاد سے ہے جن میں حکومت وسلطنت پُشت در پُشت چلی آرہی ہے) تو یہ نادار اور قلاش کب سردارِ قوم اور سالارِ لشکر بن سکتا ہے۔ امامت کے حقدار تو ہم ہیں۔ جن کے پاس دولت کی فراوانی ہے۔ حضرت سموئیل علیہ السّلام نے اُنھیں بتایا کہ حکومت کے لیے تمھارا قائم کردہ معیار دُرست نہیں بلکہ اس کا صحیح معیار تو علم وشجاعت ہے۔ اور ان دونوں باتوں میں وُہ تم سب سے ممتاز ہے۔ بائبل میں ہے کہ یہ تیس سالہ نوجوان اپنے حُسن وجمال میں بے نظیر تھا۔ اُس کی قامت کی بلندی کی یہ حالت تھی کہ دُوسرے لوگ مشکل سے اس کے کندھوں تک پہنچ سکتے تھے اور یہ بن یامین کی نسل سے تھا حضرت سموئیل نے اُنھیں بتایا کہ طالوت کا انتخاب انسانی انتخاب نہیں بلکہ ربّ العزّت نے خُود اسے تمھاری قیادت کے لیے منتخب فرمایا ہے تمھیں اس کی عطا وبخشش پر معترض نہیں ہونا چاہیئے۔

إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾ فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ

اگر تم ایمان دار ہو ۳۲۴؎ پھر جب روانہ ہوا طالوت ۳۲۵؎ اپنی فوجوں کے ساتھ اس نے کہا کہ بے شک اللہ تعالےٰ

مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ

آزمانے والا ہے تمھیں ایک نہر سے سو جس نے پانی پی لیا اس سے وُہ نہیں میرے ساتھیوں سے اور جس نے نہ پیا

فَإِنَّهٗ مِنِّيْٓ إِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةًۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ إِلَّا قَلِيْلًا

وُہ یقیناً میرے ساتھیوں میں سے ہے مگر جس نے بھر لیا ایک چلّو اپنے ہاتھ سے پس سب نے پیا اس سے مگر چند آدمیوں نے

۳۲۴؎ بنی اسرائیل بھلا کب آسانی سے اپنی ضد سے باز آنے والے تھے فوراً مطالبہ کیا کہ آپ دلیل پیش کیجئے کہ طالوت کا انتخاب واقعی اللہ تعالیٰ نے کیا ہے۔ اُس وقت اُن کے نبی نے اُنھیں فرمایا کہ اس کی حکومت کی نشانی یہ ہے کہ وُہ صندوق جس میں تمھاری تسکین وطمانیت کا سامان ہے اور جس میں حضرت مُوسیٰ وہارُون علیہما السّلام کے تبرّکات تھے اور جو عمالقہ تم سے چھین کر لے گئے تھے وُہ تمھیں فرشتے واپس کر دیں گے۔ اور اگر تم میں ایمان ہے تو اس سے بڑھ کر تمھیں کسی مزید نشانی کی ضرورت نہیں رہے گی۔ جب فرشتے اس صندُوق کو اُٹھائے ہُوئے یا اس بیل گاڑی کو ہانکتے ہُوئے جس پر تابوت رکھا تھا بنی اسرائیل کے پاس لے آئے تو اب انھیں طالوت کے ملک بننے کے متعلق اطمینان ہو گیا۔ نیز انھیں ڈھارس بندھ گئی کہ اب وُہ یقیناً فتحیاب ہوں گے کیونکہ انبیائے کرام کے تبرّکات والا صندُوق جس میں حضرت مُوسیٰ کا عصا اور پارچات اور حضرت ہارُون کا عمامہ تھا اُنھیں واپس مل گیا ہے۔ اس آیت سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ وُہ اشیاء جن کا تعلق اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں سے ہوتا ہے ان کی برکت سے دُعائیں قبول ہوتی ہیں اور دُشمنوں پر غلبہ نصیب ہوتا ہے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے ناخن، بال مُبارک تبرّک کے طور پر پاس رکھا کرتے۔ حضرت خالد کے سر پر ایک کپڑے کی ٹوپی تھی جس میں حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والسّلام کا ایک بال شریف رکھا ہُوا تھا۔ حضرت خالد فرماتے ہیں کہ جس معرکہ میں مَیں یہ ٹوپی سر پر رکھ کر جاتا ہوں اللہ تعالیٰ اس بال کی برکت سے مجھے کامیاب وکامران کرتا ہے۔

۳۲۵؎ جب طالُوت عمالقہ کی سرکوبی کے لیے روانہ ہُوئے تو ان کے ہمراہ بنی اسرائیل کا ایک انبوہ کثیر تھا۔ راستہ میں ایک نہر (ممکن ہے دریائے اُردن ہی ہو) پر سے گزر ہُوا تو اُنھیں حکم ملا کہ اب تمھارا امتحان لیا جائے گا اور وُہ امتحان یہ ہے کہ اس نہر سے پانی پینے کی اجازت نہیں۔ جس نے پانی پیا وُہ میرا سپاہی نہیں۔ ہاں اگر پیاس کی شدت ہو تو ایک چلّو بھر کر پی لو اس سے زیادہ نہیں۔ اب کیا تھا سب ٹوٹ پڑے اور خوب سیر ہو کر پانی پیا سوائے چند مخلصین کے جو اس امتحان میں کامیاب رہے اور جن کی تعداد صحیح روایت کے مُطابق ۳۱۳ تھی۔ باقی جتنے لوگ ہزاروں کی تعداد میں تھے انھوں نے لشکر سے کنارہ کشی اختیار کر لی۔

مِّنْهُمْ ۭ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا

ان سے (نہیں پیا) پھر جب ۳۲۶ عبور کیا اسے طالوت نے اور ان لوگوں نے جو ایمان لائے تھے اس کے ساتھ۔ کہنے لگے کچھ طاقت

الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا

نہیں ہم میں آج جالوت اور اس کے لشکر کا مقابلہ کرنے کی (مگر) کہا ان لوگوں نے جو یقین رکھتے تھے کہ وُہ ضرور ملاقات کرنے والے ہیں

اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً ۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ مَعَ

اللہ سے کہ بارہا چھوٹی جماعتیں غالب آئی ہیں بڑی جماعتوں پر اللہ کے اِذن سے اور اللہ تعالیٰ

الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾ وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا

صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے اور جب سامنے آ گئے جالوت ۳۲۷ اور اس کی فوجوں کے تو بارگاہِ الٰہی میں عرض کرنے لگے اے ہمارے رب!

صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾ ۭ فَهَزَمُوْهُمْ

اُتار ہم پر صبر اور جمائے رکھ ہمارے قدموں کو اور فتح دے ہمیں قوم کفار پر پس اُنھوں نے شکست دی جالوت کے لشکر کو

۳۲۶ اب طالوت اپنے مٹھی بھر جانباز سپاہیوں کو ساتھ لے کر آگے بڑھے لیکن جب اُنھوں نے جالُوت کا لشکرِ جرار دیکھا تو سہم سے گئے اور کہنے لگے کہ جالوت کے اتنے بڑے لشکر کے ساتھ جنگ کرنے کی طاقت ہم میں کہاں لیکن انھیں کے چند مخلص ترین ساتھیوں نے ان کی ہمت بندھائی اور انھیں بتایا کہ فتح و نصرت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ اس سے پہلے بھی بارہا ایسے واقعات ہو گزرے ہیں جب کہ اس کی نصرت اور تائید سے چھوٹی سی جماعت نے بڑی بڑی فوجوں کو شکست فاش دی اور اللہ تعالیٰ کی نصرت ان لوگوں کے ضرور شریکِ حال ہوتی ہے جو حق و صداقت کے لیے صبر و ثبات سے کام لیتے ہیں۔

۳۲۷ جب وُہ جانباز سر ہتھیلیوں پر رکھے میدان میں نکلے تو بارگاہِ ربّ العزت میں دُعا کے لیے ہاتھ پھیلائے اور اپنے لیے صبر و استقامت کی دُعا کی اور پھر دُشمن کی شکست کا سوال کیا۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ فتح و نصرت حاصل کرنے کے لیے صبر اور ثابت قدمی شرطِ اوّلیں ہیں۔ جو قوم یا فرد میدانِ جہاد یا میدانِ عمل میں شدائد اور تکالیف کے سامنے صبر و استقامت سے کام لیتا ہے وُہی کامیاب ہوتا ہے۔ نیز اس سے یہ بھی واضح ہوا کہ مومن کے پاس سب سے زیادہ مؤثر ہتھیار دُعا ہے جس کا اس کے دُشمن کے پاس کوئی جواب نہیں حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی سُنّتِ طاہرہ بھی یہی تھی۔

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ۫ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَ

اللہ کے اِذن سے ۳۲۸ اور قتل کر دیا داؤد نے جالوت کو ۳۲۹ اور عطا فرمائی داؤد کو اللہ نے حکومت اور دانائی اور

عَلَّمَهٗ مِمَّا یَشَآءُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ

سکھا دیا اس کو جو چاہا اور اگر نہ بچاؤ کرتا اللہ تعالیٰ ۳۳۰ بعض لوگوں کا بعض کے ذریعہ تو

لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲۵۱﴾

برباد ہو جاتی زمین لیکن اللہ تعالیٰ فضل و کرم فرمانے والا ہے سارے جہانوں پر

تِلْكَ اٰیٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَیْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۲۵۲﴾

یہ آیتیں ہیں اللہ کی ہم پڑھتے ہیں انھیں آپ پر (اے حبیب) ٹھیک ٹھیک اور یقیناً آپ رسولوں میں سے ہیں

۳۲۸ ان مٹھی بھر مجاہدین نے اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت سے دشمن کے لشکرِ جرّار کو شکستِ فاش دے دی۔

۳۲۹ عمالقہ کے سپہ سالار جالوت کو جو بڑا بہادر اور کہنہ مشق جرنیل تھا حضرت داؤد علیہ السّلام نے پتھر مار کر ہلاک کر دیا حالانکہ حضرت داؤد اُس وقت بالکل کم سن تھے۔ زرد رُو اور لاغر و بیمار تھے۔

۳۳۰ اللہ تعالیٰ کی یہ سُنّت ہے کہ جب کوئی ظالم ظلم وستم پر کمر بستہ ہوتا ہے تو اس کی ہلاکت انگیزیوں کی روک تھام کے لیے ایک اور قوم پیدا کر دی جاتی ہے جو اس کے مظالم کا خاتمہ کر دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اگر اپنی حکمت اور قدرت سے طاقت کا توازن یُوں قائم نہ رکھے تو سرکش افراد اور قومیں آبادیوں کو کھنڈرات میں اور بستیوں کو ویرانوں میں تبدیل کر دیں اور زمین کے کسی گوشہ میں انسان کو امن کا سانس لینا نصیب نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کا اپنی مخلوق پر یہ بڑا احسان ہے کہ ہر فرعون کی سرکوبی کے لیے وُہ مُوسیٰ پیدا فرما دیتا ہے۔

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ

یہ سب رسول ، ہم نے فضیلت دی ہے (ان میں سے) بعض کو بعض پر ۳۳۱ ان میں سے کسی سے

كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

کلام فرمایا اللہ نے اور بلند کیے ان میں سے بعض کے درجے اور دیں ہم نے عیسیٰ فرزندِ مریم کو

الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ

کھلی نشانیاں اور مدد فرمائی ہم نے ان کی پاکیزہ رُوح سے ۳۳۲ اور اگر چاہتا ۳۳۳ اللہ تعالیٰ تو نہ لڑتے (جھگڑتے) وہ لوگ

۳۳۱ اللہ تعالیٰ کے سب رسول نفسِ رسالت میں اور جملہ انبیا نفسِ نبوت میں برابر ہیں لیکن فضائل وکمالات، مراتب و مقامات، معجزات و کرامات میں ایک دوسرے پر فضیلت رکھتے ہیں۔ کسی کو ایک کمال سے متصف فرمایا کسی کو دوسرے شرف سے مشرف فرمایا لیکن ایک ذاتِ پاک مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم ہے جو مظہرِ اتم ہے تمام کمالاتِ جلالیہ اور جمالیہ کی جو مراتب و کمالات دیگر انبیا و رُسل کو ایک ایک کرکے عنایت کیے گئے تھے وہ سب اپنی اعلیٰ ترین اور اکمل ترین صورت میں حضور کریمؐ کو عطا فرمائے گئے اور ان کے علاوہ ایسے بے شمار مراتب اور ان گنت معجزات بخشے جن میں کوئی نبی کوئی رسول ہمسری تو کیا محض شرکت کا دعویٰ بھی نہیں کرسکتا۔ حضورؐ کو ساری نوعِ انسانی بلکہ ساری کائنات زمینی اور آسمانی کیلیے نبی بنایا گیا محدود وقت کے لیے نہیں بلکہ ابد تک کے لیے قرآن جیسی کتاب اتاری فرمائی رحمۃ للعٰلمین کے خطاب سے نوازا ختمِ نبوت و رسالت کا تاج زیبِ سر فرمایا کسی کو صفی، کسی کو خلیل، کسی کو کلیم اور کسی کو رُوح فرمایا لیکن کائنات کے اس آخری سہارے کو صفوت، خلت، کلام وغیرہ کے علاوہ محبوبیت کی خلعتِ فاخرہ بخشی۔ مفسرین کرام نے تصریح کی ہے کہ رفع بعضھم درجٰت سے حضور کریم محمد رسول اللہ علیہ الصلاۃ والسلام مراد ہیں لیکن یہ بات ذہن نشین رہے کہ کسی نبی کو دوسرے نبی پر یوں فضیلت نہ دو کہ اس سے دُوسرے نبی کی معاذ اللہ تحقیر ہو۔ قال النحاس بعضہم ھنا علی قول ابن عباس والشعبی ومجاھد محمد صلی اللہ علیہ وسلم (قرطبی وغیرہ)

۳۳۲ یہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نام کی تصریح فرمادی کیونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ جلیل القدر رسول اپنوں اور بیگانوں کی افراط وتفریط کا نشانہ بن کر رہ گیا تھا نصاریٰ نے انھیں خدا کا بیٹا بنا رکھا تھا۔ اور یہود انھیں ایک شریف انسان بھی ماننے کے لیے تیار نہ تھے اس لیے ان کا نام لیا اور ابن مریم یعنی مریم کا بیٹا کہہ کر ان کی الوہیت کا بطلان کردیا اور اید ناہ بروح القدس فرماکر یہود کی الزام تراشیوں کا رد کردیا کہ وہ تو صاحبِ آیاتِ بیّنات نبی ہے جس کی تائید کے لیے ہم نے رُوح القدس (جبریلِ امینؑ) کو مقرر کیا ہے۔

۳۳۳ اگر انسان اس آیت میں کماحقہٗ تامل نہ کرے تو وہ آسانی سے اس غلط فہمی کا شکار ہوسکتا ہے کہ انسان مجبورِ محض ہے اس کے اپنے بس میں کچھ نہیں ایک غیر مرئی قوت (اسے تقدیر کہہ لیجیے) کے ہاتھ میں یہ ایک کھلونا ہے اس کا کوئی اچھا یا برا فعل اس کی ہر شائستہ اور ناشائستہ حرکت اس کے اپنے ارادہ سے سرزد نہیں ہوتی بلکہ اس سے جبراً کرائی جاتی ہے لیکن اگر آپ ذرا غور وفکر کی زحمت گوارا کریں گے تو آیت کے الفاظ ہی آپ کی اس غلط فہمی کو دُور کردیں گے۔ اختلفوا (وہ آپس میں اختلاف کرنے لگے) فمنھم من آمن (ان میں سے بعض نے

مِنۢ بَعْدِهِمْ مِّنۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا

جو ان (رسولوں) کے پیچھے آئے بعد اس کے کہ آگئیں ان کے پاس کھلی نشانیاں لیکن انھوں نے اختلاف کیا

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۣ

ان میں سے کوئی ایمان پر (ثابت) رہا اور ان میں سے کوئی کافر ہو گیا اور اگر چاہتا اللہ تعالیٰ تو نہ لڑتے (جھگڑتے)

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۲۵۳﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا

لیکن اللہ تعالیٰ کرتا ہے جو چاہتا ہے اے ایمان والو! ۳۳۴ے خرچ کرو اس

ایمان قبول کیا) ومنھم من کفر (اور ان میں سے بعض نے کفر اختیار کیا) یہ تینوں فعل بغیر فاعل کے ارادہ اور اختیار کے صادر نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ ان سب کا تعلق ظاہری اعضا سے نہیں جن پر جبر کا قانون چل سکتا ہے بلکہ ان کا تعلق ذہن اور قلب سے ہے۔ اب مطلب آیت کا یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو عقل وفکر کی صلاحیت بخشی اور عمل کی قوت عطا فرمائی۔ پھر انبیاء کے ذریعہ اس پر ہدایت کا راستہ روشن اور واضح کر دیا لیکن اسے صرف سیدھے راستہ پر چلنے کے لیے مجبور نہیں فرمایا بلکہ اسے اتنا اختیار دیا کہ وہ ہدایت کی راہ پر چل نکلے یا گمراہی کی راہ پر۔ بعض لوگوں نے عقل وفکر سے کام لیتے ہوئے اپنی مرضی سے راہ راست اختیار کی اور بعض نے نفسانی شہوات اور دنیاوی خواہشات پر اپنی خوشی سے اپنی روحانی ترقی کو قربان کر دیا۔ ولو شاء اللہ ما اقتتلوا سے یہ بتانا مقصود ہے کہ انسان کو جو اختیار دیا گیا ہے اس سے وہ قدرت خداوندی سے باہر نہیں نکل گیا۔ اللہ تعالیٰ کی طاقت اور قدرت اتنی زبردست اور ہمہ گیر ہے کہ وہ جو چاہے کر سکتا ہے جس طرح اس نے انسان کو عمل کرنے کی آزادی دی ہے وہ اس سے یہ آزادی سلب کر کے اسے صرف راہ راست پر چلنے کے لیے مجبور کر سکتا ہے۔ اور اس طرح اختلاف کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے لیکن مصلحت عامہ اور حکمت بالغہ کا تقاضا یہی ہے کہ حق و باطل کی یہ آویزش جاری رہے۔ ہر شخص اپنی مرضی سے حق و باطل میں سے جسے چاہے اختیار کرے۔

۳۳۴ے سابقہ آیت میں یہ بتایا گیا تھا کہ حق و باطل کی جنگ جاری رہے گی اور اس جنگ میں حق کو مظفر و منصور کرنے کیلئے اہل حق کو جانی قربانیوں کے ساتھ ساتھ مالی قربانیاں بھی دینا ہوں گی اس آیت میں مسلمانوں کو یہ کہہ کر اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ کرنے کی رغبت دلائی جارہی ہے کہ یہ مال و دولت جو تمھیں تمھارے رب نے عطا فرمایا ہے اور جس طرح چاہو اس کو خرچ کرنے کی تمھیں مہلت دی ہے یاد رکھو! یہ مہلت صرف اس وقت تک کے لیے ہے جب تک تمھاری زندگی کا یہ چراغ ٹمٹما رہا ہے۔ جس دن یہ بجھ گیا مہلت ختم۔ جس نے اس اختیار اور مہلت سے فائدہ نہ اٹھایا قیامت کے دن وہ حرماں نصیب کیا کرے گا۔ اس روز نہ تو خرید و فروخت ہو سکے گی اور نہ وہاں کوئی دنیاوی بھائی چارہ کام آئے گا اور نہ کسی کی (بغیر اذن الٰہی) سفارش ہوگی۔ اس آیت سے بعض لوگ جلد بازی سے حضور کریم علیہ الصلاۃ والسلام اور اولیاء کرام کی شفاعت اور ان کی محبت اور غلامی کی برکات کا انکار کر دیتے ہیں۔ حالانکہ قرآن کریم میں صراحۃً موجود ہے الاخلاء

رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّ

(مال) سے جو ہم نے دیا ہے تم کو اس سے پہلے کہ آ جائے وُہ دن جس میں نہ تو خرید و فروخت ہوگی اور نہ (کفّار کے لیے)

لَا شَفَاعَةٌ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۞ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

دوستی ہوگی اور نہ (ان کے لیے) شفاعت ہوگی اور جو کافر ہیں وُہی ظالم ہیں اللہ ۳۳۵ (وُہ ہے کہ) کوئی عبادت کے لائق نہیں بغیر اس کے ۳۳۶

اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

زندہ ہے ۳۳۷ سب کو زندہ رکھنے والا ہے ۳۳۸ نہ اُس کو اُونگھ آتی ہے اور نہ نیند ۳۳۹ اُسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے ۳۴۰

یومئذٍ بعضھم لبعض عدو الا المتقین سب دوست اس دن ایک دوسرے کے دُشمن ہوں گے مگر متّقی یعنی ان مردانِ خُدا کی دوستی اس روز بھی قائم رہے گی اور کام آئے گی اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا شفیع المذنبین ہونا تو قرآن کی متعدد آیات اور کثیر احادیث صحیحہ متواترہ سے ثابت ہے اور عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا میں تو رحمۃ للعالمین کو مقامِ محمود (یعنی شفاعت کبریٰ) پر سرفراز ہونے کی بشارت دی جا رہی ہے اس لیے قرآن کریم کی کسی آیت کا ایسا مفہوم بیان کرنا جس سے دُوسری آیتوں کی تغلیط ہوتی ہو کسی ایماندار کے شایانِ شان نہیں۔

۳۳۵ اس آیت کو آیۃ الکرسی کہا جاتا ہے کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کی توحید ذاتی اور صفاتی کا واضح اور روشن ترین بیان ہے اس لیے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا ان اعظم اٰیۃ فی القراٰن اٰیۃ الکرسی قرآن کی سب سے عظیم الشان آیت آیۃ الکرسی ہے احادیث میں اس کے بڑے فضائل مذکور ہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک فرمان سُن لیجیے من قرأ اٰیۃ الکرسی فی دبر کل صلوٰۃ مکتوبۃ لم یمنعہ من دخول الجنۃ الا الموت جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھتا ہے اس کے فوت ہونے کے بعد جنّت میں داخل ہونے سے اسے کوئی روک نہیں سکتا۔ اب اس عظیم الشان آیت کی مختصر سی توضیح ملاحظہ ہو۔

۳۳۶ اللہ ذاتِ باری کا عَلَم (نام) ہے اور یہ لفظ ان تمام صفات کا جامع ہے جو متعدد صفاتی ناموں میں الگ الگ پائی جاتی ہیں۔ فرمایا کہ وُہ ذات پاک جس کا نام اللہ ہے صرف وُہی معبودِ برحق ہے اس کے بغیر اور کوئی نہیں جو عبادت کیے جانے کے لائق ہو۔

۳۳۷ جو ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ ہمیشہ رہے گا موت اور فنا کے نقص سے بہت پاک اور نہایت بلند ہے۔

۳۳۸ القیّوم یہ مبالغہ کا صیغہ ہے اصل میں قَیْوُوْمٌ تھا صرفی تعلیل سے قَیُّوْمٌ بن گیا اس کا مصدر "قیام" ہے اس کا مفہوم بیان کرنے کے لیے مختلف تعبیریں اختیار کی گئی ہیں لیکن حضرت قتادہ سے جو عبارت منقول ہے وُہ زیادہ جامع معلوم ہوتی ہے۔ القیوم: القائم بتدبیر خلقہ من انشاءھم ابتداء وایصال ارزاقھم الیھم۔ یعنی وُہ ہستی جو کائنات کی ہر چیز کی تخلیق، نشو و نما اور بقاء کی تدبیر فرمانے والی ہے۔

۳۳۹ پہلے اس کی صفات کمال کا بیان تھا اب جملہ نقائص سے اس کی پاکی بیان کی جا رہی ہے کہ اس کی قیومیت کا تعلق ہر چیز سے ہر وقت ایک طرح کا ہے۔ یہ اُونگھتا نہیں کہ اس وقت اس کی قیومیت کا تعلق کمزور ہو جائے وُہ سوتا نہیں کہ یہ تعلق منقطع ہو جائے۔

۳۴۰ یعنی زمین و آسمان کی ہر چیز نوری ہو یا خاکی قیمتی ہو یا حقیر سب کے گلے میں بلا استثنا اس کی بندگی کا طوق آویزاں ہے پھر کون ہے جو اس کی

وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۚ يَعْلَمُ

اور جو کچھ زمین میں ہے کون ہے جو سفارش کر سکے اس کے پاس بغیر اس کی اجازت کے[۳۴۱] جانتا ہے

مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۖ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ

جو ان سے پہلے (ہو چکا) ہے اور جو ان کے بعد (ہونے والا) ہے اور وہ نہیں گھیر سکتے کسی چیز کو اس کے

عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ ۖ وَ

علم سے مگر جتنا وہ چاہے سما رکھا ہے اس کی کرسی نے آسمانوں اور زمین کو[۳۴۲] اور

لَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ﴿٢٥٥﴾ لَا إِكْرَاهَ فِي

نہیں تھکاتی اُسے زمین و آسمان کی حفاظت اور وہی ہے سب سے بلند عظمت والا کوئی زبردستی نہیں ہے

ہمسری کا دعویٰ کرے یا کسی کو اس کا ہمسر خیال کرے وہی ایک اللہ ہے باقی سب اس کے بندے، اس کے مملوک اور تابع فرمان ہیں۔

۳۴۱؎ یہاں ایک قاعدہ بیان فرما دیا کہ ہر شخص کو بارگاہِ ذُو الجلال میں لب کشائی اور شفاعت کی طاقت نہ ہوگی۔ صرف وہی شفاعت کریگا جس کو پروردگارِ عالم نے اذن فرمایا۔ بتانا یہ ہے کہ اے مشرکین و کفار! قیامت کے دن تو وہی شفاعت کرے گا جسے اجازت ہوگی اور تمہارے ان بتوں کو تو کوئی اجازت نہیں پھر ان سے یہ توقع عبث کیوں لگائے بیٹھے ہو۔ اور اِلَّا باذنہ سے یہ واضح فرمایا کہ وہ محبوب و مقبول بندگانِ خدا ضرور شفاعت کریں گے جن کو ان کے رب نے اجازت مرحمت فرمائی ہوگی۔ سب سے پہلے شفاعت کرنے والا اللہ کا محبوب و حبیب محمد مصطفےٰ علیہ افضل التحیۃ و اجمل الثناء ہوں گے جو اس روز مقامِ محمود کے منصبِ رفیع پر متمکن ہوں گے۔ اے اللہ کریم! ہم گناہ گاروں کو اپنے رسول صاحبِ مقامِ محمود کی شفاعت نصیب فرما اور اس کی برکات و توجہات سے ہمیں دُنیا و آخرت میں سرفراز رکھ (آمین ثم آمین)

۳۴۲؎ مفسرینِ کرام نے الکرسی کی تفسیر میں متعدد اقوال نقل کیے ہیں اور ان اقوال سے علامہ ابنِ جریر نے حضرت ابنِ عباس کا یہ قول پسند کیا ہے۔ قال ابن عباس کرسیه علمه ورجحه الطبری قال منه الکراسة التی تضم العلم وقیل للعلماء الکراسی (قرطبی)

ترجمہ: حضرت ابنِ عباس نے فرمایا کہ کرسیه سے مراد اس کا علم ہے ابنِ جریر طبری نے اسی قول کو پسند کیا ہے اور کہا ہے کہ اسی سے کراستہ ماخوذ ہے جس کے معنی اس دفتر کے ہیں جس میں علم منضبط کیا جاتا ہے۔ اور عربی میں علماء کو کراسی بھی کہا جاتا ہے علامہ قرطبی نے اس کی سند کے طور پر ایک شعر بھی نقل کیا ہے لیکن حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم سے یہ بھی منقول ہے یا ابا ذر ما السموات السبع مع الکرسی الا کحلقة ملقاة فی ارض فلاة۔ کہ کرسی کی وُسعت و فراخی کے سامنے سات آسمان یُوں معلوم ہوتے ہیں جیسے ایک وسیع صحرا میں ایک مُندری پڑی ہو۔ بعض لوگ مخلوقاتِ خداوندی کی وُسعت و عظمت کا تصوّر جب اپنے ذہنوں میں نہیں کر پاتے تو بڑی

الدِّيْنِ ۚ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

دین میں ۳۴۳؎ بے شک خوب واضح ہو گئی ہے ہدایت گمراہی سے تو جو انکار کرے شیطان کا ۳۴۴؎

وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ

اور ایمان لائے اللہ کے ساتھ تو اُس نے پکڑ لیا مضبوط حلقہ جو ٹوٹنے والا

حیرت میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور اتنی بڑی چیز کے وجود سے ہی انکار کر دیتے ہیں اور اپنی قابلیت ان آیات کی بعید از کار تاویلات کرنے میں ضائع کر دیتے ہیں۔

۳۴۳؎ اسلام کے دشمنوں نے اسلام پر لوگوں کو زبردستی مسلمان بنانے کا جو الزام لگا رکھا ہے قرآن نے پہلے ہی اس کا ردّ کر دیا تھا کہ دین کے معاملہ میں جبر و اکراہ کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ دین کی بنیاد ہے ایمان اور ایمان کا تعلق ہے دل سے اور دل جبر و اکراہ کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنا جانتا ہی نہیں۔ نیز اسلام بحیثیت دین، انسان کی باطنی اور قلبی اصلاح اور درستی کرنا چاہتا ہے۔ اگر کسی کے گلے میں آپ جبر کا پھندا ڈال دیں تو کیا اس کی روحانی اصلاح ہو جائے گی اور کیا اسلام کا مقصد حاصل ہو جائے گا اور اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر ایسے شخص کو مسلمان کرنے میں اسلام کو کیا دلچسپی ہو سکتی ہے۔ یہ تو ہوا اس بہتان کا نظری تجزیہ اب آپ عملی پہلو پر نگاہ ڈالیے۔ چودہ صدیاں گزرنے کے بعد بھی آج ہند و پاک کے میدانوں میں، مراکش کے صحراؤں میں، ہمالہ کی چوٹیوں اور بحرِ اوقیانوس کے دور افتادہ جزیروں میں، یورپ کے ہنگامہ زا شہروں میں اور ایشیا کے بیشتر ممالک میں ہر روز پانچ دفعہ اذان کی آواز گونج رہی ہے۔ کیا جس دین کو ظلم و ستم کے خوف سے قبول کیا گیا ہو اس سے لوگوں کی عقیدت کا یہ عالم ہوا کرتا ہے۔ بلکہ یہاں تو اسلام کے متوالوں کو ستایا گیا۔ ان پر ظلم توڑے گئے۔ انہیں تختۂ دار پر سر راہ لٹکایا گیا۔ پروپیگنڈے کے طوفان اُمڈ کر آئے لیکن اپنا سر پٹخ پٹخ کر رہ گئے۔ ان اللہ کے بندوں کو جو عقیدت اپنے رب سے تھی، جو عشق اپنے محبوب اور پیارے رسول سے تھا، جو شیفتگی اپنے اس دین برحق سے تھی اس میں کمی نہ ہوئی لیکن ایک اور چیز بھی پیش نظر رہے۔ اسلام جس طرح یہ گوارا نہیں کرتا کہ کسی کو جبراً مسلمان بنایا جائے اسی طرح وہ یہ بھی برداشت نہیں کرتا کہ کوئی اس کے ماننے والوں پر تشدد کر کے انھیں اسلام سے برگشتہ کرے یا جو خوشی سے اسلام کی برادری میں شریک ہونا چاہتے ہیں ان کو ایسا کرنے سے زبردستی روکا جائے۔ اور اگر کہیں ایسی صورت پیدا ہو جائے تو اسلام اُس وقت اپنے ماننے والوں کو حکم دیتا ہے کہ ایسی حالت میں وہ ظالم قوت کا مقابلہ کریں اور یہی اسلام کا نظریۂ جہاد ہے۔ اسلام کے بعض نکتہ چین جہاد کو اکراہ فی الدین سے تعبیر کرتے ہیں اور اس پر اپنی ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہیں وہ سن لیں کہ اسلام اُن کی خوشنودی کا پروانہ حاصل کرنے کے لیے اپنے ماننے والوں کو دشمنانِ دین و ایمان کے جور و ستم کا تختۂ مشق بننے کی اجازت نہیں دے گا۔

۳۴۴؎ طاغوت طغیان سے ہے جس کا معنی سرکشی ہے۔ قال الجوهري والطاغوت الكاهن والشيطان وكل راس في الضلال (قرطبی) یعنی طاغوت کاہنوں کو بھی کہا جاتا ہے جو غیب دانی کے جھوٹے دعوے کر کے لوگوں کو اپنے دامِ فریب میں پھنسایا کرتے ہیں۔ اس کا اطلاق

لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ

نہیں اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے اللہ مددگار ہے ۳۴۵ ایمان والوں کا نکال لے جاتا ہے انھیں

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ

اندھیروں سے نور کی طرف اور جنھوں نے کفر کیا ان کے ساتھی شیطان ہیں

يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۗ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

نکال لے جاتے ہیں انھیں نور سے اندھیروں کی طرف یہی لوگ دوزخی ہیں وہ

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ

اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں کیا نہ دیکھا آپ نے (اے حبیب!) اسے جس نے جھگڑا کیا ۳۴۶ ابراہیم سے ان کے رب کے بارے میں اس

اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ

وجہ سے کہ دی تھی اسے اللہ نے بادشاہی جب کہا ابراہیم (علیہ السلام) نے (اسے) کہ میرا رب وہ ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے

شیطان پر بھی ہوتا ہے اور وہ شخص بھی طاغوت ہے جو کسی گمراہ مذہب، غلط نظریہ اور مضر عمل کا بانی اور کرتا دھرتا ہو۔ لیکن قرآن کی اس آیت کو آپ پڑھیے۔ یریدون ان یتحاکموا الی الطاغوت وقد امروا ان یکفروا بہ۔ اس سے آپ کو طاغوت کی اور قسم بھی معلوم ہوگی یعنی وہ بھی طاغوت ہے جو احکامِ الٰہی کے خلاف اپنے وضع کردہ قوانین کے مطابق لوگوں کے درمیان فیصلے کرے۔ طاغوت واحد اور جمع دونوں کے لیے مستعمل ہوتا ہے۔

۳۴۵ قال الخطابی الولی الناصر ینصر عبادہ المؤمنین یعنی اللہ تعالیٰ ایمان والوں کا مددگار ہے انھیں وہ اپنی توفیق اور امداد سے ہر قسم کی گمراہی کے اندھیروں سے نکال کر ہدایت کی روشنی میں پہنچاتا ہے۔ کیونکہ گمراہیاں طرح طرح کی ہیں اس لیے لفظ جمع ظلمات سے تعبیر کیا اور ہدایت کیونکہ ایک ہی ہے اس لیے وہاں واحد کا لفظ استعمال فرمایا۔

۳۴۶ وہ شخص جس سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مکالمہ ہوا وہ نمرود تھا۔ جو عراق کا بادشاہ تھا اور جس کی حکومت دور دراز تک پھیلی ہوئی تھی۔ حکومت واقتدار کے نشہ میں اس نے اپنے مالکِ حقیقی کو بھلا دیا اور خود خدائی کا دعویٰ کر دیا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب شرک والحاد کے خلاف جہاد شروع کیا اور اس مٹی کے ناچیز پتلے کو رب ماننے سے صاف انکار کر دیا تو نمرود نے سرِ مجلس آپ سے آپ کے رب کے متعلق دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا میرا رب تو وہ ہے جو ہر چیز کو زندہ کرنے والا اور مارنے والا

حضرت ابراہیم کا اُر سے کنعان تک سفر

نقشہ متعلقہ آیات ۲۵۸۔ البقرہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پیدائش اُر کے مقام پر ہوئی جو عراق کا ایک قدیم شہر ہے۔ یہیں آتشکدہ نمرود کا واقعہ رونما ہوا۔ اس کے بعد آپ نے اُر سے ہجرت اختیار کی۔ پہلے حاران تشریف لے گئے۔ کچھ عرصہ قیام کے بعد فلسطین کا رُخ کیا۔ بیت ایل، حبرون اور بیرشبع کو اپنی تبلیغ کا مرکز بنایا۔ پھر حضرت لوط کو جو آپ کے بھتیجے تھے، بحر لوط کے مشرق میں متعین کیا۔ وہاں سے آپ نے مصر کا قصد فرمایا جو اس زمانہ میں عراق کے بعد تہذیب و تمدن کا دوسرا عظیم الشان گہوارہ تھا۔ حکم الٰہی کے بعد وہاں سے مکہ تشریف لے گئے اور کعبۃ اللہ کی تعمیر فرمائی اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو وہاں اپنا جانشین مقرر کیا۔ پھر فلسطین واپس آئے۔ حبرون میں اقامت اختیار کی۔ یہیں آپ نے رحلت فرمائی اور دوسرے فرزند حضرت اسحٰق علیہ السلام یہاں آپ کے جانشین ہوئے۔

قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ؕ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ

اس نے کہا میں بھی جلا سکتا ہوں اور مار سکتا ہوں ابراہیم (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نکالتا ہے سورج کو

مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ؕ

مشرق سے تو تو نکال لا اسے مغرب سے (یہ سن کر) ہوش اڑ گئے اس کافر کے

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ﴿۲۵۸﴾ اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ

اور اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا ظالم قوم کو یا (کیا نہ دیکھا) اس شخص کو ۳۴۷ جو گزرا ایک بستی پر

وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ

درآں حال کہ وہ گری پڑی تھی اپنی چھتوں کے بل کہنے لگا کیونکر زندہ کرے گا اسے اللہ تعالیٰ اس کے ہلاک

ہے۔ نمرود نے کہا کہ یہ تو میں بھی کر سکتا ہوں۔ چنانچہ اس نے دو آدمی بلائے۔ ان میں سے ایک وہ تھا جس کے قتل کرنے کا حکم صادر ہو چکا تھا اور دوسرا بے گناہ تھا۔ اس نے بے گناہ کو قتل کر دیا اور اس واجب القتل کو رہا کر دیا۔ اور اس طرح حقیقت ناشناسوں کے سامنے اپنی جھوٹی خدائی کی لاج رکھ لی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ایک اور بھرپور وار کیا۔ حضرت صدر الافاضل مراد آبادی کے الفاظ یہاں بہت جامع ہیں "لیکن چونکہ نمرود کے جواب میں شان دعویٰ پیدا ہو گئی تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس پر مناظرانہ گرفت فرمائی کہ موت و حیات کا پیدا کرنا تو تیرے مقدور میں نہیں اے ربوبیت کے جھوٹے مدعی تو اس سے سہل کام ہی کر دکھا جو ایک متحرک جسم کی حرکت کو بدلنا ہے۔ یہ بھی نہ کر سکے تو پھر ربوبیت کا دعویٰ کس منہ سے کرتا ہے۔

۳۴۷ وہ کون تھا جس کا قصہ اس آیت میں بیان ہو رہا ہے؟ اس کی تعیین نہ قرآن نے کی ہے نہ حدیث نے۔ اس لیے علماء مفسرین سے متعدد اقوال منقول ہیں۔ بعض نے یہ بھی کہا ہے کہ وہ کافر تھا جسے قیامت پر ایمان نہ تھا۔ بعض نے ارمیا نبی کا اور اکثر نے حضرت عزیر علیہ السلام کا نام لیا۔ لیکن زیادہ بہتر یہی ہے کہ جس کو اللہ اور رسول ؐ نے معین نہیں فرمایا اسے معین نہ کیا جائے۔ اسی طرح اس قریہ میں بھی اختلاف ہے۔ اکثر کا یہ خیال ہے کہ وہ بیت المقدس تھا جسے بخت نصر نے ۵۸۶ ق م میں تباہ و برباد کیا تھا۔ اس کے اکثر باشندوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا تھا اور بقایا کو قید کر کے اپنے پایۂ تخت بابل میں لے گیا تھا۔ جب اجڑے ہوئے شہر پر ان کا گزر ہوا تو ان کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ اس برباد اور اجڑے ہوئے شہر کو اللہ تعالیٰ کیونکر از سرِ نو آباد فرمائے گا۔

مَوْتِهَا ۚ فَأَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهُ ۖ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ۖ

ہونے کے بعد۔ سو مُردہ رکھا اسے اللہ تعالیٰ نے سو سال تک پھر زندہ کیا اُسے ۳۴۸ فرمایا کتنی مدت تو یہاں ٹھیرا رہا

قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۖ قَالَ بَل لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ

اُس نے عرض کی میں ٹھیرا ہوں گا ایک دن یا دن کا کچھ حصّہ اللہ نے فرمایا نہیں بلکہ ٹھیرا رہا ہے تو سو سال

فَانظُرْ إِلَىٰ طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۖ وَانظُرْ إِلَىٰ حِمَارِكَ

اب (ذرا) دیکھ اپنے کھانے اور اپنے پینے (کے سامان) کی طرف یہ باسی نہیں ہوا اور دیکھ اپنے گدھے کو

وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً لِّلنَّاسِ ۖ وَانظُرْ إِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنشِزُهَا

اور یہ سب اس لیے کہ ہم بنائیں تجھے نشان لوگوں کے لیے اور دیکھ ان ہڈیوں کو کہ ہم کیسے جوڑتے ہیں انھیں

ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللّٰهَ عَلَىٰ كُلِّ

پھر (کیسے) ہم پہناتے ہیں انھیں گوشت پھر جب حقیقت روشن ہو گئی اس کے لیے (تو) اس نے کہا میں جان گیا ہوں کہ بے شک اللہ تعالیٰ

شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٥٩﴾ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَىٰ ۖ

ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور یاد کرو جب ۳۴۹ عرض کی ابراہیم نے اے میرے پروردگار دکھا مجھے کہ تو ۳۵۰ کیسے زندہ فرماتا ہے مُردوں کو

۳۴۸ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ کا مشاہدہ کرانے کے لیے اُنھیں موت کی نیند سُلا دیا اور اس حالت میں پُورے سو سال گزر گئے۔ اس کے بعد انھیں زندہ کیا گیا اور اُن سے پُوچھا گیا کہ آپ کتنی مدّت اس حالت میں رہے تو اُنھوں نے جواب دیا کہ ایک دن یا اس کا کچھ حصّہ۔ اُنھیں بتایا گیا کہ نہیں تم تو پُوری ایک صدی یہیں رہے اور دیکھئے میری قُدرت کہ آپ کا کھانا جو عام طور پر چند گھنٹے گزر جانے کے بعد بدبُودار ہو جاتا ہے جُوں کا توں ہے اور گدھے کا گوشت پوست گل سڑ گیا ہے اور اس کی ہڈیاں بکھری پڑی ہیں اب دیکھئے یہ بکھرا ہوا ڈھانچہ کیسے جُڑتا ہے اور گوشت پوست کیسے آن واحد میں اس پر نمودار ہو جاتا ہے۔ جب ان تمام اُمُور کا اُنھوں نے بچشمِ خود مشاہدہ کر لیا تو کہنے لگے میں نے دیکھ لیا کہ اللہ تعالیٰ جو چاہے کر سکتا ہے علم یہاں بھی رویت کے معنی میں ہے۔

۳۴۹ اللہ تعالیٰ اپنی قدرتِ کاملہ کا ایک اور ثبوت پیش فرماتے ہیں۔

۳۵۰ اس سوال سے یہ نہ سمجھ لیا جائے کہ حضرت ابراہیم علیہ السّلام اس بات میں متردّد تھے۔ ہر گز نہیں کیونکہ یہاں سوال

قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِىْ ؕ قَالَ فَخُذْ

فرمایا (اے ابراہیمؑ) کیا تم اس پر یقین نہیں رکھتے عرض کی ایمان تو ہے ۳۵۱ لیکن (یہ سوال اس لیے ہے) تاکہ مطمئن ہوجائے میرا دل ۳۵۲ فرمایا تو پکڑ لے

اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ

چار پرندے ۳۵۳ پھر مانوس کر لے انھیں اپنے ساتھ پھر رکھ دے ہر پہاڑ پر

مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

اُن کا ایک ایک ٹکڑا پھر بُلا اُنھیں چلے آئیں گے تیرے پاس دوڑتے ہُوئے اور جان لے یقیناً اللہ تعالیٰ سب پر غالب

کیف سے ہو رہا ہے۔ اور کیف سے سوال اُس چیز کی حالت دریافت کرنے کے لیے کیا جاتا ہے جس کے موجود ہونے کا یقین ہو۔ وذلك ان الاستفهام بكيف انما هو سؤال عن حالة شيئ موجود متقرر الوجود عند السائل والمسئول (قرطبی)

۳۵۱ یہاں آپ کی زبان سے کہلوا دیا بلیٰ کہ مجھے پُورا ایمان ہے۔ یہ اس لیے تاکہ کسی کو شک کرنے کا موقعہ ہی نہ ملے۔

۳۵۲ تو جب ایمان و یقین پہلے سے حاصل ہے تو پھر اس سوال کا کیا مطلب؟ اس کی وجہ بتائی کہ پہلے مجھے علم الیقین تو ہے لیکن اگر تُو مجھے اپنی قدرت کا مشاہدہ کرا دے تو مجھے عین الیقین کا مرتبہ نصیب ہو جائے گا۔ ای سالتك ليطمئن قلبی بحصول الفرق بين المعلوم برهانا والمعلوم عيانا (قرطبی) اِس سوال سے یہ بھی ثابت ہو گیا کہ اطمینانِ خاطر کے لیے اس قسم کے سوالات اپنے اُستاد اور مُرشدِ کامل سے پُوچھ لینا جائز ہیں۔

۳۵۳ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ کا مشاہدہ کرانے کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السّلام کو حکم دیا کہ چار پرندے لیں انھیں ذبح کر کے اُن کے ٹکڑے ٹکڑے کریں اور پھر اُنھیں آپس میں ملا دیں۔ پھر ان ملی جُلی بوٹیوں کے چار حصے کر لیں اور ایک ایک حصہ ایک ایک پہاڑی پر رکھیں۔ پھر ان پرندوں کو اپنی طرف بُلائیں اور اپنے رب کی قُدرتِ کاملہ کا مشاہدہ کریں۔ جب حضرت خلیلؑ نے ایسا کر کے ان کو بُلایا تو اُنھوں نے اپنی آنکھوں سے مُشاہدہ کیا کہ وُہ متفرق بوٹیاں اکٹھی ہُوئیں بکھرے ہُوئے پر جمع ہو گئے اور وُہ پرندے پھڑپھڑاتے ہُوئے جلدی جلدی حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ فصرهن کے دو معنے ہیں۔ ایک اس کا معنی ہے مائل اور مانوس کرنا اور ترجمہ میں یہی معنی لیا گیا ہے۔ لیکن اس کا دُوسرا معنی قطعهن ہے یعنی ان کو ٹکڑے ٹکڑے کرو۔ حضرت ابن عبّاس اور ابن الانباری وغیرہما سے یہی منقول ہے۔ يقال صار الشيئ يصوره ای قطعه (قرطبی) بعض لوگوں نے اس آیت کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ تم چار پرندوں کو اپنے ساتھ مانوس کر لو۔ پھر ایک ایک پرندہ الگ الگ پہاڑیوں پر بٹھا دو اور اُنھیں اپنی طرف بُلاؤ وُہ فوراً تمھاری طرف چلے آئیں گے۔ تو جیسے تم نے ان کو مانوس کیا اور وُہ تمھاری آواز پر دوڑے چلے آتے اسی طرح جب کائنات کا رب ان منتشر اجزاء کو قیامت کے روز

حَكِيْمٌ ﴿۲۶۰﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ

بڑا دانا ہے مثال اُن لوگوں کی جو خرچ کرتے ہیں ۳۵۴ اپنے مالوں کو اللہ کی راہ میں ایسی ہے جیسے

حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ط

ایک دانہ ۳۵۵ جو اُگاتا ہے سات بالیں (اور) ہر بال میں سو دانہ ہو

بلائے گا تو یہ اجزاء اکٹھے ہو جائیں گے لیکن یہ تاویل کچھ مناسب حال معلوم نہیں ہوتی۔ سوال یہ ہے کہ پراگندہ اور منتشر اجزاء اکٹھے کیونکر ہوں گے اور ان میں رُوح کیونکر پھونکی جائے گی۔ کم از کم جواب ایسا تو ہونا چاہیئے جو سوال کے اہم گوشوں کی وضاحت کر دے۔ اس تاویل کے مُطابق نہ تو منتشر اجزاء کا اجتماع ہے اور نہ ہی مُردہ کو از سرِ نو زندہ کرنے کا وقوع ہے۔ پھر اس میں کونسی ایسی چیز ہے جو قلب کے اطمینان کا باعث ہو۔

۳۵۴ اس آیت کریمہ کے الفاظ تو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرنے کی فضیلت کی مثال بیان کرتے ہیں لیکن اس کے ضمن میں اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی ترغیب بھی دلائی جا رہی ہے۔ یعنی جب یہ یقین ہو کہ یہاں ایک درہم خرچ کرنے سے سات سو درہم ملیں گے تو کونسا عقل مند ایسا ہو گا جو بصد خوشی اپنا سارا سرمایہ اس سودے میں نہیں لگا دے گا۔ اللہ جو غنی وحمید ہے اپنی راہ میں خرچ کرنے والوں کو وُہ داتا یُونہی دیا کرتا ہے لیکن اللہ کریم کے خزانوں کو تقسیم فرمانے والا نبیؐ جسے اپنے مالک کے بے پایاں خزانوں کا بھی علم ہے اور اُس کی شانِ کریمی کو بھی جانتا ہے جب یہ آیت نازل ہوئی تو عرض کرتا ہے رب زد اُمّتی۔ اے میرے پروردگار میری اُمّت کو اس سے بھی زیادہ عطا فرما تو جواب ملا من ذالذی یقرض اللہ قرضا حسنا فیضاعفہٗ لہ اضعافا کثیرۃ جو اللہ کو قرض دیتا ہے اللہ تعالیٰ اُسے کئی کئی گنا زیادہ دیتا ہے۔ لبِ مُصطفےٰ کو پھر جنبش ہُوئی اور عرض کی۔ رب زد اُمّتی۔ میرے کریم! میری اُمّت کو اس سے بھی زیادہ عطا فرما تو جواب ملا انما یوفی الصابرون اجرھم بغیر حساب۔ صبر کرنے والوں کو بے حد وحساب اجر دیا جائے گا۔ (قرطبی) اَن گِنت حمد و ثناء اُس مولائے کریم کے لیے اور بے شمار دُرود وسلام اُس کے محبُوبؐ کریم پر۔

۳۵۵ علامہ قرطبی اس آیت کے ضمن میں لکھتے ہیں کہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ زراعت کا پیشہ تمام پیشوں سے اعلیٰ ہے اور روزی کمانے کے ذرائع میں سے بہت باعزّت ذریعہ ہے۔ اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم التمسوا الرزق فی خبایا الارض اخرجہ الترمذی یعنی حضورؐ نے فرمایا کہ زمین کی تہوں سے اپنا رزق تلاش کرو۔ اور زراعت فروضِ کفایہ سے ہے۔ اگر لوگ اس کی طرف سے غفلت برتیں تو امامِ وقت کو چاہیئے کہ لوگوں کو جبراً کاشتکاری کی طرف راغب کرے اور باغات اور درخت لگانے کا حکم دے (علامہ قرطبی) نیز اس سے یہ بھی معلوم ہُوا کہ اگر پُوری کوشش کی جائے تو جتنا بیج ڈالا جائے سات سو گُنا تک فصل برداشت کیا جا سکتا ہے۔

وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۱﴾ اَلَّذِيْنَ

اور اللہ تعالیٰ (اس سے بھی) بڑھا دیتا ہے جس کے لیے چاہتا ہے اور اللہ وسیع بخشش والا جاننے والا ہے جو لوگ

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا

خرچ کرتے ہیں اپنے مال اللہ کی راہ میں پھر ۳۵۶ جو خرچ کیا اس کے پیچھے

مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

نہ احسان جتاتے ہیں اور نہ دُکھ دیتے ہیں اُنھیں کے لیے ثواب ہے اُن کا اُن کے رب کے پاس نہ کوئی خوف ہے اُن پر

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۶۲﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ

اور نہ وُہ غمگین ہوں گے اچھی بات کرنا ۳۵۷ اور (غلطی) معاف کر دینا بہتر ہے اس

صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ﴿۲۶۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

صدقہ سے جس کے پیچھے دُکھ پہنچایا جائے اور اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے بڑے حلم والا ہے اَے ایمان والو!

دُوسری قومیں اِس میدان میں گوئے سبقت لیے جا رہی ہیں اور ہم اِتنا کچھ کرنے سے بھی عاجز ہیں۔ خلیفہ معتضد نے خواب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی زیارت کی اور حضرت نے اُسے مسحاۃ پکڑایا اور فرمایا خذھا فانھا مفاتیح خزائن الارض اسے پکڑ لو کیونکہ یہی زمین کے خزانوں کی کُنجیاں ہیں۔

۳۵۶ یعنی خرچ بھی اللہ کے راستہ میں ہو اور اسی کے لیے ہو تب اجر کی توقع ہے۔ اور اگر خرچ کے بعد احسان جتانا یا ستانا شروع کر دیا تو اللہ کے نزدیک اسے کوئی ثواب نہیں ملے گا۔ جنگ تبوک کے موقعہ پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ایک ہزار دینار لے کر حاضر ہوئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی جھولی میں ڈال دیئے۔ رحمتِ دو عالم کی زبانِ پاک سے حضرت عثمانؓ کے حق میں ایسی دُعا نکلی جس پر حضرت عثمانؓ جتنا ناز کریں بجا ہے اور جتنا شکر کریں کم ہے۔ حضورؐ نے فرمایا۔ ما ضر عثمان ما عمل بعد الیوم اللھم لا تنس ھذا الیوم لعثمان۔ اب عثمان جو کچھ کرتا رہے اس کو نقصان نہیں دے گا۔ اَے اللہ! عثمانؓ کے آج کے دِن کی قربانی فراموش نہ کرنا۔

۳۵۷ بعض کم ظرف لوگ اگر چند کوڑیاں کسی نیک کام میں خرچ کر بیٹھتے ہیں تو پھر احسان جتلاتے ہیں۔ طرح طرح سے اذیّت پہنچاتے ہیں مُسلمانوں کو ایسی کمینہ حرکت سے باز رہنے کی تلقین کی جا رہی ہے اور اُنھیں بتایا جا رہا ہے کہ ایسے خرچ کرنے سے تو

اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰىۙ كَالَّذِیْ یُنْفِقُ

مت ضائع کرو اپنے صدقوں کو احسان جتلا کر اور دُکھ پہنچا کر اُس آدمی کی ۳۵۸ طرح جو خرچ

مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِؕ فَمَثَلُهٗ

کرتا ہے اپنا مال لوگوں کو دکھانے کے لیے اور یقین نہیں رکھتا اللہ پر اور دن قیامت پر اس کی مثال ایسی ہے

كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَیْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًاؕ

جیسے کوئی چکنی چٹان ہو جس پر مٹی پڑی ہو پھر برسے اُس پر زور کی بارش اور چھوڑ جائے اُسے چٹیل صاف پتھر

لَا یَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَیْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْاؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ

(ریاکار) حاصل نہ کرسکیں گے کچھ بھی اُس سے جو اُنھوں نے کمایا اور اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا کفر اختیار

الْكٰفِرِیْنَ ﴿۲۶۴﴾ وَمَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ

کرنے والوں کو اور مثال اُن لوگوں کی جو خرچ کرتے ہیں اپنے مال ۳۵۹ اللہ کی خوشنودیاں حاصل کرنے

خندہ پیشانی سے بات کرنا اور کسی کی سخت کلامی وغیرہ سے درگزر کرنا بہت بہتر ہے۔ دین کا مقصد تو یہ ہے کہ تمھاری سیرت سنور جائے۔ اگر چند ٹکے دے کر تم میں نخوت پیدا ہو گئی ہے تو اِس طرح تو سیرت اور بگڑ گئی۔ قال صلی اللہ علیہ وسلم الکلمة الطیبة صدقة وان من المعروف ان تلقی اخاك بوجه طلق۔ حضورؐ نے فرمایا پاکیزہ بات بھی صدقہ ہے۔ اور اسلام میں یہ بھی بڑی نیکی ہے کہ تُو اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے ملاقات کرے۔

۳۵۸ یہ مُنافق اور ریاکار کے عمل کی مثال ہے کہ جس طرح پتھر پر مٹی نظر آتی ہے لیکن جب بارش برستی ہے تو اس مٹی کو بہا کر لے جاتی ہے اور پتھر پھر چٹیل کا چٹیل رہ جاتا ہے۔ اسی طرح منافق کے اعمالِ خیر کی حالت ہے کہ بظاہر دیکھنے میں تو بہت کچھ دکھائی دیتے ہیں لیکن قیامت کے روز وُہ یوں ناپید ہو جائیں گے جیسے بارش کے بعد پتھر سے مٹی ناپید ہو جاتی ہے۔

۳۵۹ اس آیت میں مومن مخلص کے اعمال کی مثال بیان فرمائی کہ جس طرح بلند خطّہ کی بہترین زمین کا باغ ہر حال میں خوب پھلتا ہے خواہ بارش کم ہو۔ ایسے ہی بااخلاص مومن کا صدقہ اور انفاق کم ہو یا زیادہ اللہ تعالیٰ اس کو خُوب بڑھاتا ہے۔ ربوہ اس خطّۂ زمین کو کہتے ہیں جو نسبتہً دُوسری زمین سے بلند ہو اور اس کی مٹی زیادہ زرخیز ہو۔ الربوة: المکان المرتفع ارتفاعا یسیرا معه فی الاغلب کثافة تراب (قرطبی)

اللّٰهِ وَتَثۡبِيۡتًا مِّنۡ اَنۡفُسِهِمۡ كَمَثَلِ جَنَّةٍۢ بِرَبۡوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ

کے لیے اور اس لیے تاکہ پختہ ہو جائیں ان کے دل ۳۶۰ ان کی مثال اُس باغ جیسی ہے جو ایک بلند زمین پر ہو برسا ہو اس پر

فَاٰتَتۡ اُكُلَهَا ضِعۡفَيۡنِ‌ۚ فَاِنۡ لَّمۡ يُصِبۡهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ‌ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

زور کا مینہ تو لایا ہو وُہ باغ دوگنا پھل اور اگر نہ برسے اس پر بارش تو شبنم ہی کافی ہو جاتی اور اللہ تعالیٰ جو تم

تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ‏ ﴿۲۶۵﴾ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمۡ اَنۡ تَكُوۡنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنۡ

کر رہے ہو سب دیکھ رہا ہے کیا پسند کرتا ہے کوئی تم میں سے ۳۶۱ کہ ہو اُس کا ایک باغ

نَّخِيۡلٍ وَّاَعۡنَابٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُۙ لَهٗ فِيۡهَا مِنۡ

کھجوروں اور انگوروں کا بہتی ہوں اُس کے نیچے ندیاں (کھجور و انگور کے علاوہ) اس کے لیے اس میں

كُلِّ الثَّمَرٰتِۙ وَاَصَابَهُ الۡكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۖۚ فَاَصَابَهَاۤ

ہر قسم کے اور پھل بھی ہوں اور آلیا ہو اُسے بڑھاپے نے اور اس کی اولاد بھی کمزور ہو (تو کیا وُہ پسند کرتا ہے کہ) پہنچے اس کے باغ کو

۳۶۰ یہ الفاظ بڑے غور طلب ہیں۔ مال خرچ کرنے سے اللہ کے مخلص اور پاکباز بندوں کی ایک غرض تو یہ ہوتی ہے کہ اُن کا ربِ کریم اُن پر راضی ہو جائے۔ اور اس کے علاوہ دُوسری غرض یہ بھی ہوتی ہے کہ دِلوں میں اللہ کی راہ میں مال و جان قربان کرنے کی اِستعداد پختہ اور ملکہ راسخ ہو جائے۔ مال بڑی پیاری چیز ہے۔ اس کا خرچ کرنا ابتداءً میں بے شک گراں گزرتا ہے لیکن جب انسان خرچ کرنا شرُوع کر دیتا ہے تو دِل آہستہ آہستہ اس کا خوگر اور اس کی لذتوں سے آشنا ہو جاتا ہے اور راہِ خُدا میں سب کچھ لُٹانے کی اِستعداد پختہ ہو جاتی ہے۔ پھر مال تو مال رہا وُہ اپنی جانِ عزیز تک نثار کرنے کو سب سے بڑی سعادت یقین کرنے لگتا ہے۔

۳۶۱ اخلاصِ نیّت کی اہمیّت کو ایک مثال ذِکر کر کے یُوں واضح کیا گیا ہے کہ کوئی باہوش آدمی اس میں غفلت نہیں برت سکتا۔ ایک آدمی ایک باغ لگاتا ہے۔ اُس کی شبانہ روز محنت اور کثیر روپیہ خرچ کرنے کے بعد اس میں گوناگوں پھلدار درخت اُگ آتے ہیں۔ میٹھے اور شفاف پانی کی ندّیاں ان درختوں کی قطاروں میں بہ رہی ہیں۔ بڑھاپے نے اسے آلیا ہے۔ اس کی قوّت رفتہ رفتہ جواب دے رہی ہے۔ اس کے بچّے ابھی چھوٹے ہیں۔ وُہ مطمئن ہے کہ اب وُہ اپنی زندگی بھر کی محنت کا ثمر کھائے گا۔ اس کے پھل دار باغ کی آمدنی سے اس کی پیری کے دِن آرام سے کٹیں گے اور اسے اپنے بال بچّے کی روزی کے لیے اب کوئی

اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

بگولہ جس میں آگ ہو پھر وُہ باغ جل بھُن جائے ایسے ہی کھول کر بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ تمھارے لیے (اپنی) آیتیں

لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۶۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ

تاکہ تم غور وفکر کرو اے ایمان والو! خرچ کیا کرو عمدہ چیزوں سے

مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۪ وَلَا تَيَمَّمُوا

جو تم نے کمائی ہیں ۳۶۲ اور اس سے جو نکالا ہے ہم نے تمھارے لیے زمین سے اور نہ ارادہ کرو ۳۶۳

الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا

ردّی چیز کا اپنی کمائی سے کہ (تم اسے) خرچ کرو حالانکہ (اگر تمھیں کوئی ردّی چیز دے تو) تم نہ لو اسے بجز اس کے کہ چشم پوشی کر لو

ع ۳۶

تردّد نہیں ہو گا تم خود سوچو ایسا بوڑھا آدمی ایسی حالت میں کبھی یہ گوارا کر سکتا ہے کہ کوئی آتشیں بگولہ آئے اور اس کی عمر بھر کی کمائی کو جلا کر راکھ کا ڈھیر بنا دے۔ بس بالکل یُونہی سمجھ لو اپنی زندگی بھر کے نیک اعمال کو۔ قیامت کے دن جب تم خود کچھ کما نہیں سکتے، اور دُوسرا تمھاری کوئی امداد کر نہیں سکتا اُس روز تمھیں اپنی زندگی بھر کے نیک اعمال کی کتنی شدید حاجت ہو گی۔ اگر ریاکاری کے بگولہ سے تم نے ان کو جلا کر خاک سیاہ کر دیا تو قیامت کے دن تمھاری حسرت، ندامت اور دل سوزی کا کیا عالم ہو گا۔ اگر تم اس اندوہناک صُورتِ حال سے دوچار ہونا نہیں چاہتے تو اپنے اعمال کو ریا اور دکھلاوے سے بچاؤ۔ سُبحان اللہ! کیا اثر آفریں اور دل نشین ہے یہ مثال۔

۳۶۲ طیّبات سے وُہ چیزیں مُراد ہیں جو عُمدہ بھی ہوں، حلال بھی ہوں اور حلال طریقہ سے کمائی بھی گئی ہوں۔ کیونکہ اس طرح خرچ کرنے کے تین مقاصد ہیں۔ غریب کا فائدہ، اپنے نفس کی اصلاح اور اللہ تعالیٰ کی رضا۔ اور یہ مقاصد تب ہی حاصل ہو سکتے ہیں جب کہ عُمدہ اور پاکیزہ چیز خرچ کی جائے۔ اگر ردّی چیز خرچ کی تو نہ غریب کو کچھ فائدہ پہنچا، نہ بُخل کی آلُودگی سے نفس کی صفائی ہُوئی اور اللہ تعالیٰ کی رضا کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کیونکہ وُہ ذات جو اپنے بہتر سے بہتر انعامات کی تم پر بارش فرما رہی ہے۔ جب اُس کے نام پر دینے کا وقت آیا تو سب سے ناکارہ چیز تم نے اس کی راہ میں دے دی تو وُہ کیونکر تم سے راضی ہو گا۔

۳۶۳ کیونکہ جب ردّی چیز تم اپنے لیے پسند نہیں کرتے تو اللہ تعالیٰ ردّی چیزوں کو کب پسند فرمائے گا۔

فِیْهِ ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ ﴿۲۶۷﴾ اَلشَّیْطٰنُ یَعِدُكُمُ

اِس میں اور (خُوب) جان لو کہ اللہ تعالیٰ غنی ہے ہر تعریف کے لائق ہے شیطان ۳۶۴؎ ڈراتا ہے تمھیں

الْفَقْرَ وَیَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ یَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ

تنگ دستی سے اور حکم کرتا ہے تم کو بے حیائی کا اور اللہ تعالیٰ وعدہ ۳۶۵؎ فرماتا ہے تم سے اپنی بخشش کا

وَفَضْلًا ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۶۸﴾ یُّؤْتِی الْحِكْمَةَ مَنْ یَّشَآءُ ۚ

اور فضل (وکرم) کا اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا سب کچھ جاننے والا ہے عطا فرماتا ہے دانائی ۳۶۶؎ جسے چاہتا ہے

وَمَنْ یُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا كَثِیْرًا ؕ وَمَا یَذَّكَّرُ اِلَّآ

اور جسے عطا کی گئی دانائی تو یقیناً اُسے دے دی گئی بہت بھلائی اور نہیں نصیحت قبول کرتے مگر

۳۶۴؎ شیطان طرح طرح کے وسوسے ڈال کر راہِ خُدا میں خرچ کرنے سے روکتا ہے۔ وُہ کہتا ہے کہ اگر یہ خرچ کر دیا تو خود کیا کھاؤ گے۔ بچّوں کا پیٹ کیسے بھرو گے۔ در در کی بھیک مانگنے کی ذِلّت اُٹھانی پڑے گی۔ اور بُخل کو کفایت شعاری، دُور اندیشی وغیرہ کے رنگین عنوانوں سے پیش کرتا ہے۔ یہ چیز غور طلب ہے کہ قرآن نے بُخل کو فحشاء (سخت بے حیائی) کے لفظ سے تعبیر کیا ہے اور یہ ہے بھی حقیقت کہ اِس سے بڑھ کر بے حیائی کی بات کیا ہوسکتی ہے کہ اِنسان خود عیش کر رہا ہو اور کسی غریب بھائی کی امداد کا اُسے کبھی خیال ہی نہ آتا ہو۔

۳۶۵؎ لیکن اللہ تعالیٰ تمھیں نیکی کے کاموں میں خرچ کرنے کی ترغیب دلاتا ہے کہ ایسا کرنے سے تمھارے گناہ معاف فرما دیئے جائیں گے اور غریبوں اور تنگ دستوں کی امداد کرنے سے تم پر رزق اور نعمت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔

۳۶۶؎ حکمت سے مُراد وُہ علمِ صحیح ہے جو اِتنا پُختہ اور طاقت ور ہو کہ وُہ انسانی ارادہ کو حکماً عملِ خیر کی طرف متوجہ کر دے۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کا وُہ اِحسان ہے جسے قرآن نے خیرِ کثیر فرمایا ہے۔ اور دُنیا و ما فیہا کو متاعِ قلیل کہا ہے۔ اب اگر کوئی صاحبِ علم اُمراء و اغنیاء سے اپنے آپ کو کمتر اور کہتر سمجھے تو یہ اس کی اپنی کم نگاہی ہے۔ ورنہ جو نعمت اور دولت اسے عطا فرمائی گئی ہے اُس کے سامنے دولتِ قارُون اور جاہِ فریدُون کی وقعت ہی کیا ہے۔

اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۶۹﴾ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ

عقل مند اور جو تم خرچ کرتے ہو یا منّت مانتے ہو ۳۶۷

نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۲۷۰﴾ اِنْ

تو یقیناً اللہ تعالیٰ اُسے جانتا ہے اور نہیں ہے ظالموں کے لیے کوئی مددگار اگر

تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ

ظاہر کرو (اپنی) خیرات ۳۶۸ تو بہت اچھی بات ہے اور اگر پوشیدہ رکھو صدقوں کو اور دو اُنھیں فقیروں کو

فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

تو یہ بہت بہتر ہے تمھارے لیے اور (صدقہ کی برکت سے) مٹا دے گا تم سے تمھارے بعض گناہ اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کر رہے ہو

۳۶۷ یعنی جو کچھ تم خرچ کرو اور جہاں کہیں خرچ کرو اور جیسی نذر مانو اور جس کے لیے مانو اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتا ہے۔ اور تمھاری نیّت کے مطابق تمھیں ثواب وعذاب دیا جائے گا۔ نذر کی تعریف یہ ہے ھو ما اوجبہ المکلف علی نفسہ من عبادات لو لم یوجبہ لم یلزمہ (قرطبی) نذر کسی ایسی عبادت کو اپنے اُوپر لازم کر لینے کو کہتے ہیں کہ اگر وُہ عبادت یہ خود اپنے اُوپر واجب نہ کرے تو وُہ عبادت اس پر لازم نہیں ہوتی۔ حضرت صدر الافاضل حاشیہ میں تحریر فرماتے ہیں نذر خاص اللہ تعالیٰ کے لیے ہوتی ہے۔ اور یہ جائز ہے کہ اللہ کے لیے نذر کرے اور کسی ولی کے آستانہ کے فقراء کو خرچ کرنے کا محل مقرر کرے مثلاً کسی نے یہ کہا کہ یارب میں نے نذر مانی کہ اگر تو میرا فلاں مقصد پورا کر دے یا فلاں بیمار کو شفا دے دے تو میں فلاں ولی کے آستانہ کے فقراء کو کھانا کھلاؤں یا وہاں کے خدام کو روپیہ پیسہ دُوں یا ان کی مسجد کے لیے تیل یا بوریا حاضر کروں تو یہ نذر جائز ہے (رد المختار)

۳۶۸ مفسّرین کی یہی رائے ہے کہ فرضی صدقات ظاہر کر کے دینے افضل ہیں اور نفلی صدقات چھپا کر دینے افضل ہیں۔ قال الحسن اظہار الزکاۃ احسن واخفاء التطوع افضل۔ اور کیا حکمت آموز قول ہے جو حضرت عباس بن عبد المطلب سے منقول ہے۔ لایتم المعروف الا بثلاث خصال تعجیلہ وتصغیرہ وسترہ فاذا عجلتہ ھنّاتہ واذا صغرتہ عظمتہ واذا سترتہ اتممتہ۔ ترجمہ: نیکی تین خصلتوں کے بغیر مکمّل نہیں ہوتی۔ نیکی کرنے میں جلدی کرے، اسے حقیر سمجھے اور اسے پوشیدہ رکھے جب تم نے نیکی کرنے میں جلدی کی تو اُسے خوشگوار بنایا جب اسے حقیر سمجھا تو اس کی قدر کو بڑھایا اور جب اسے پوشیدہ رکھا تو اسے مکمّل کر دیا۔

خَبِيْرٌ ﴿۲۷۱﴾ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

خبردار ہے نہیں ہے آپ کے ذمہ ان کو سیدھی راہ پر چلانا ۳۶۹ ہاں اللہ سیدھی راہ پر چلاتا ہے جسے چاہتا ہے

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ

اور جو کچھ تم خرچ کرو (اپنے) مال سے تو (اس میں) تمھارا اپنا فائدہ ہے اور تم تو خرچ ہی نہیں کرتے بجز اس کے اللہ کی

وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۲﴾

رضا طلبی کے اور جتنا کچھ تم خرچ کرو گے (اپنے) مال سے پورا پورا ادا کر دیا جائے گا تمھیں اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا (خیرات)

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

ان فقیروں کے لیے ہے جو ۳۷۰ روکے گئے ہیں اللہ کی راہ میں نہیں فرصت ملتی انھیں (روزی کمانے کے لیے)

۳۶۹ انصار کے کئی رشتہ دار اسلام نہیں لائے تھے اور انصار اُن کی امداد کرنا چاہتے لیکن اس خیال سے نہ کرتے کہ وُہ مسلمان نہیں۔ اور خود حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے بھی مسلمانوں کو حکم دیا کہ وُہ مسلمان فقراء کو ہی اپنے صدقات دیا کریں۔ اس آیت کریمہ سے حکم ملا کہ نہیں اُن کے کُفر کی وجہ سے اُن کو بُھوکا مرتے دیکھتے رہنا آپ کی رحمت کے خلاف ہے۔ چنانچہ اس کے بعد مسلمان غیر مسلموں کو بھی صدقات دینے لگے۔ لیکن خیال رہے کہ یہ نفلی صدقات وخیرات کا حکم ہے۔ فرض اور واجب صدقات مثلاً زکوٰۃ اور صدقۂ فطر صرف مسلمان فقراء کو ہی دیئے جا سکتے ہیں۔

۳۷۰ پہلی آیت میں بتایا کہ اگر غیر مسلم فقراء کو بھی اپنے خیرات وصدقات دو تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ اس آیت میں بتایا کہ صدقات کے صحیح مستحق یہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنی زندگیاں خدمتِ دین کے لیے وقف کر دی ہیں اور اُنھیں فرصت ہی نہیں ملتی کہ وُہ اپنی معاش کا بھی فکر کریں۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے عہدِ ہمایوں میں تین چار سو کے قریب ایسے مہاجر تھے جن کے پاس نہ مال تھا، نہ اہل اور نہ سر چھپانے کے لیے جھونپڑا۔ وُہ بارگاہِ رسالت میں حاضر رہتے اور جس کام کے لیے حکم ملتا اس کی تعمیل کرتے۔ جب کہیں سرایا بھیجنے کی ضرورت ہوتی یہ بے تامّل حاضر ہوتے اور جب فارغ ہوتے تو قرآن یاد کرتے اور سُنّتِ نبویؐ کو حفظ کرتے۔ ان کی رہائش کے لیے مسجد میں ہی حضورؐ نے ایک چھپّر بنوا دیا تھا۔ فقر و تنگدستی کے باوجود عزّتِ نفس اور خودداری کا یہ عالم تھا کہ کسی کے سامنے ہاتھ پھیلانا تو یہ گویا جانتے ہی نہ تھے جیسے گزرتی خاموشی اور صبر سے گزار دیتے۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیت کے ذریعہ مسلمانوں کی توجّہ ان کی طرف مبذول کرائی لیکن یہ حکم انھیں کے ساتھ مخصوص نہیں اب بھی جو حضرات اس خدمت میں مشغول رہتے ہیں اور کسبِ معاش کے لیے وقت نہیں نکال سکتے ان کے متعلق یہی حکم ہے۔

ضَرْبًا فِي الْأَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ أَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ

چلنے پھرنے کی زمین میں خیال کرتا ہے اُنھیں ناواقف (کہ یہ) مالدار (ہیں) بوجہ ان کے سوال نہ کرنے کے

تَعْرِفُهُمْ بِسِيمَاهُمْ لَا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا وَمَا تُنْفِقُوا

(اے حبیب!) آپ پہچانتے ہیں انھیں ان کی صُورت سے یہ نہیں مانگا کرتے لوگوں سے لپٹ کر ۳۷۱ اور جو کچھ تم خرچ کرو گے

مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ بِهِ عَلِيمٌ ﴿۲۷۳﴾ الَّذِينَ يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ

(اپنے) مال سے پس یقیناً اللہ تعالیٰ اسے خُوب جاننے والا ہے جو لوگ خرچ کیا کرتے ہیں اپنے مال

بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَعَلَانِيَةً فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ

رات میں اور دن میں چھپ کر اور علانیہ تو ان کے لیے ان کا اجر ہے اپنے رب کے پاس

وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿۲۷۴﴾ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ الرِّبَا

اور نہ انھیں کچھ خوف ہے اور نہ وُہ غمگین ہوں گے جو لوگ کھایا کرتے ہیں سُود ۳۷۲

۳۷۱ اِسلام نے بھیک مانگنے کی سخت مذمّت کی ہے۔ حضرت ابُوہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور سرورِ عالمؐ نے فرمایا۔ لان یغدو احدکم فیحتطب علی ظھرہ فیتصدق منه ویستغنی به عن الناس خیر له من ان یسال رجلا اعطاہ او منعه۔ کہ اگر کوئی شخص ہر صُبح لکڑیاں چن کر پیٹھ پر اُٹھا لاتے اور اس کی قیمت سے جو ملے اس سے صدقہ بھی کرے اور خود بھی کھاتے یہ اس سے بہت بہتر ہے کہ لوگوں سے مانگتا پھرے کسی کا دِل چاہے تو کچھ دے دے اور چاہے تو اِنکار کر دے۔ حضور علیہ السّلام کا ایک اور ارشاد ہے من سال الناس اموالھم تکثرا فانما یسال جمرا فلیستقل منه او لیستکثر۔ ترجمہ۔ جو آدمی لوگوں سے مال جمع کرنے کیلیے بھیک مانگتا ہے وُہ انگارے جمع کر رہا ہے۔ تھوڑے انگارے جمع کرے یا زیادہ یہ اس کی اپنی مرضی۔

۳۷۲ پہلے سخی اور کریم الطبع لوگوں کا ذِکر فرمایا جو محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لِیے لوگوں کی اِمداد کرتے ہیں اور کسی معاوضہ بلکہ شکریہ کی بھی توقع نہیں رکھتے۔ اب اُن لوگوں کا ذِکر ہے جو دولتمند ہونے کے باوجُود اِتنے تنگ دِل بلکہ سنگ دِل ہیں کہ اپنے مجبُور اور معذُور بھائی کی ویسے اِمداد تو کجُا، قرض بھی دیتے ہیں تو سُود کا مطالبہ پہلے کرتے ہیں۔ اِن آیات میں ربا (سُود) کو حرام کر دیا گیا۔ اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اس وقت کے اہلِ عرب کِس چیز کو ربا کہا کرتے تھے اور اس کی کیا کیا شکلیں رائج تھیں۔

لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ

وُہ نہیں کھڑے ہوں گے مگر جس طرح کھڑا ہوتا ہے وُہ جسے پاگل بنا دیا ہو شیطان نے

الْمَسِّ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ

چھُو کر ۳۷۳ یہ حالت اس لیے ہوگی کہ وُہ کہا کرتے تھے کہ سوداگری بھی سُود کی مانند ہے حالانکہ حلال فرمایا

لُغتِ عرب میں ربا کا معنی زیادتی ہے۔ اصطلاح میں اس مقررہ زیادتی کو ربا کہا جاتا تھا جو کسی رقم کی ادائیگی میں دیر کرنے پر ادا کی جاتی تھی۔ اس کی مروّجہ شکلیں یہ تھیں کہ کسی نے کوئی چیز خریدی قیمت اگر وُہ نقد ادا نہ کر سکتا تو ایک میعاد مقرر کی جاتی اگر وُہ اس میعاد پر بھی قیمت ادا نہ کر سکتا تو میعاد بھی لمبی کردی جاتی اور قیمت میں بھی اضافہ کردیا جاتا۔ مثلاً دس روپیہ کی کوئی چیز لی۔ اور ایک ماہ کے بعد قیمت ادا کرنے کا وعدہ کیا۔ مہینہ گزرنے کے بعد اگر اسے دس روپے میسّر نہ آتے تو وُہ ایک ماہ کی مزید مہلت طلب کرتا اور دس کی بجائے بارہ روپیہ ادا کرنے کا اقرار کرتا۔ ایک شکل یہ بھی تھی کہ کسی سے سو روپیہ مثلاً قرض لیا اور طے یہ پایا کہ مقروض ہر سال سو کے ساتھ دس روپیہ زائد ادا کرے گا۔ ان دونوں شکلوں کو اس وقت ربا کہا جاتا یہاں ایک چیز اور تحقیق طلب ہے، کیا اس وقت کے لوگ صرف نجی ضروریات کے لیے ہی سُودی قرض لیا کرتے تھے یا کاروبار کرنے کے لیے بھی سُودی قرض کا اُس وقت عام رواج تھا۔ بعض لوگ جنہیں عرب کے حالات اور رسم ورواج کے تفصیلی مطالعہ کی فرصت نہیں ملی، کہتے ہیں کہ اس وقت صرف ذاتی ضروریات کے لیے ہی قرض لیا جاتا تھا اور کاروبار کے لیے قرض لینے کا اس قدیم غیر متمدّن معاشرہ میں کوئی تصوّر نہ تھا۔ لیکن اگر وُہ دُنیا کا نقشہ ملاحظہ فرمائیں تو انہیں معلوم ہوجائے گا کہ اس وقت جب کہ نہر سویز نہیں کھُدی تھی جب کہ بڑے بڑے بحری جہاز معرضِ وجود میں نہیں آئے تھے۔ مشرق ومغرب کی تجارت خشکی کے راستہ سے ہوتی تھی۔ اس وقت تجارتی کاروانوں کی راہ گزر جزیرہ عرب تھا۔ عرب کے لوگ عموماً اور اہلِ مکّہ خصوصاً تجارت میں خوب حصّہ لیتے تھے۔ اور اس امر کا تذکرہ تو خود قرآن حکیم میں ہے کہ اہلِ مکّہ کے تجارتی قافلے سردیوں میں یمن وفارس کی طرف اور گرمیوں میں شام ورُوم کی طرف باقاعدگی سے جاتے تھے اور یہی اُن کا ذریعہ معاش تھا اور تاریخ اس پر اٹل شاہد ہے کہ جو قافلہ شام سے ابُوسفیان کی قیادت میں مکّہ واپس جارہا تھا جس کا مسلمانوں نے مدینہ طیّبہ سے نکل کر محاصرہ کرنے کا ارادہ کیا تھا اس میں تمام اہلِ مکّہ کا سرمایہ تھا۔ مکّہ میں کوئی گھر ایسا نہ تھا جس نے اس میں اپنا حصّہ نہ ڈالا ہو۔ اور حصّہ کی دونوں مختلف شکلیں رائج تھیں۔ یا تو سرمایہ دینے والا نفع میں شریک ہوتا تھا یا وُہ اپنا مقررہ حصّہ ٹھیرالیا کرتا خواہ قرض لینے والے کو نفع ہو یا نقصان۔ ان تاریخی حقائق کی موجُودگی میں یہ فرض کرلینا کب روا ہے کہ اس وقت کے اہلِ عرب کاروبار کے لیے سُودی قرض نہیں لیا کرتے تھے۔ قرآن نے ہر ربا کو حرام کیا کہیں آپ کاروباری سود لینے کی اجازت نہیں دکھا سکتے۔

۳۷۳ ان کلمات میں سُودخوار کی کیفیّت بیان کی جارہی ہے۔ فرمایا جیسے آسیب زدہ اور پاگل آدمی عجیب وغریب حرکتیں کرتا ہے جنہیں دیکھ کر انسان ہنسی ضبط نہیں کرسکتا اسی طرح یہ سُودخور بایں حشمت وجاہ، دولت کی محبّت میں یُوں مارے مارے پھرتے ہیں

اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ۭ فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ

اللہ تعالیٰ نے تجارت کو اور حرام کیا سود کو ۳۷۴ پس جس کے پاس آئی نصیحت اپنے رب کی طرف سے

اور اُن سے ایسی نامعقول باتیں اور ناشائستہ حرکتیں سرزد ہوتی ہیں کہ دیکھنے والے کو گمان ہوتا ہے کہ شاید ان پر کسی چیز نے تسلط جما رکھا ہے۔ ان کی دُنیاوی زندگی بھی یُونہی گزرے گی اور قیامت کے روز بھی ان کا یُونہی حشر ہو گا۔

۳۷۴ سُود کے جواز کے لیے جو دلیل آج پیش کی جاتی ہے بعینہٖ یہی استدلال چودہ صدیاں پیشتر غیر متمدّن عرب کے سُود خوار پیش کیا کرتے تھے۔ یعنی جب دُوسری اجناس کے لین دین میں نفع حاصل کرنا درست ہے تو روپیہ جو ایک جنس ہی ہے اس کے لین دین میں اگر نفع لیا جائے تو اسے حرام کیوں قرار دیا جائے۔ اس کا جواب قرآن حکیم نے یہ دیا کہ دونوں میں بڑا فرق ہے بیع کو اللہ تعالیٰ نے اس کے فوائد کی وجہ سے حلال کر دیا ہے اور سُود کو اس کے نقصانات کی وجہ سے حرام کیا ہے۔ اس لیے ان دو چیزوں کو یکساں کیسے تصوّر کیا جاسکتا ہے۔ سُود کی حُرمت کے متعلق بہت کچھ لکھا جا چکا ہے لیکن جو فاضلانہ بحث حُجّۃ الاسلام الامام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے کی ہے اس کا جواب نہیں۔ بحث کی اہمیّت کا تقاضا تو یہ ہے کہ غزالی کے کلام کا پُورا ترجمہ نقل کیا جائے لیکن مقام کی تنگ دامانی اس کی متحمّل نہیں۔ اس لیے نہایت اختصار سے اس بحث کا ماحصل ہدیۂ قارئین ہے۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں:۔

فرض کرو تمھارے پاس زعفران ہے اور ایک دُوسرے شخص کے پاس اُونٹ ہے۔ تم اُونٹ لینا چاہتے ہو لیکن اُونٹ والے کو زعفران کی ضرورت نہیں۔ اب تم اُونٹ کیونکر حاصل کر سکتے ہو۔ یا تمھارے پاس کپڑے ہیں اور دُوسرے شخص کے پاس کھانا ہے۔ تمھیں بھوک لگی ہے تمھیں کھانا چاہیئے لیکن کھانے والے کو کپڑوں کی ضرورت نہیں۔ اب تم کھانا کیونکر خریدو گے اس لیے قدرت نے ایک ایسی جنس (سونا چاندی) کی تخلیق فرما دی جس کے ذریعہ ہر شخص اپنی ضرورت کی چیز خرید سکے۔ اگر آپ ذرا سا تامّل فرمائیں تو آپ کو پتہ چل جائے گا کہ سونے چاندی کی تخلیق اس حکیم و دانا رب نے اسی مقصد کے لیے فرمائی ہے۔ اور ان کا اور کوئی فائدہ نہیں۔ ایک تو یہ کمیاب ہیں دُوسرا ان میں وُہ صلابت اور سختی نہیں جو لوہے اور تانبہ وغیرہ میں ہے تاکہ اُن کی جگہ استعمال ہو سکیں۔ اب اگر روپیہ پر سُود لینے کی اجازت دی جائے تو روپیہ پھر صرف تبادلۂ اشیاء کا ذریعہ نہیں رہے گا بلکہ اس کی اپنی ذات کا سبب اور نفع خیز بن جائے گی اور لوگ دُوسرے سامانِ تجارت کی طرح اس کی ذخیرہ اندوزی شروع کر دیں گے جس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ بازار میں سے یہ غائب ہوتا چلا جائے گا۔ اور جب روپیہ بازار سے غائب ہونا شروع ہو گیا تو صنعتی ترقی رُک جائے گی تجارتی سرگرمی ختم ہو جائے گی اور دُوسری اشیاء کی قیمتوں میں وُہ اُتار چڑھاؤ شروع ہو گا جس سے سارا اقتصادی نظام درہم برہم ہو جائے گا۔ شریعتِ اسلامیہ نے اِن مفاسد کے سدِّباب کے لیے سُود کو حرام کر دیا۔ (اختصار کلامِ غزالیؒ)

افلاطون نے بھی اپنی کتاب "السیاسۃ" میں یہی لکھا ہے کہ روپیہ کُڑک مُرغی ہے جو انڈے نہیں دیتی۔

سُود کی حُرمت کی حقیقی وجہ سمجھ لینے کے بعد اب ہمیں یہ بھی سمجھنا ہے کہ تجارت اور سُود میں کیا فرق ہے جس کی طرف

فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ وَ اَمْرُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ

تو وُہ (سُود سے) رُک گیا تو جائز ہے اس کے لیے جو گزر چکا اور اس کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے اور جو شخص پھر سُود کھانے لگے تو وُہ لوگ

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷۵﴾ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَ يُرْبِي

دوزخی ہیں وُہ اس میں ہمیشہ رہیں گے مٹاتا ہے ۳۷۵ اللہ تعالیٰ سُود کو اور بڑھاتا ہے

الصَّدَقٰتِ ؕ وَ اللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

خیرات کو ۳۷۶ اور اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا ہر ناشکرے گنہگار کو بے شک جو لوگ ایمان لائے

وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ

اور کرتے رہے اچھے عمل اور صحیح صحیح ادا کرتے رہے نماز کو اور دیتے رہے زکوٰۃ کو ان کے لیے

اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾

ان کا اجر ہے ان کے رب کے پاس نہ کوئی خوف ہے انھیں اور نہ وُہ غمگین ہوں گے

قرآن نے اشارہ فرمایا ہے۔ یہ بالکل واضح فرق ہے کہ تجارت میں انسان روپیہ لگاتا ہے۔ پھر محنت کرتا ہے۔ اپنی ساری ذہنی قابلیتیں صرف کرتا ہے اور وقت خرچ کرتا ہے۔ اس کے باوجود نفع یقینی نہیں۔ اسے نفع بھی ہو سکتا ہے اور نقصان بھی لیکن سُودخوار جو صرف اپنا فالتو روپیہ دیتا ہے۔ نہ وقت، نہ محنت نہ کاوش! وُہ یقینی نفع کا خواستگار کیوں ہو۔ اسلام نے سرمایہ دار کے لیے دو ہی راستے تجویز کیے ہیں یا تو اپنے بھائی کو اپنا زائد از ضرورت روپیہ بطور قرضِ حسنہ دے ورنہ کاروبار میں شریک ہو جائے اور نفع و نقصان میں حصّہ دار بنے۔ اس کے لیے تیسرا کوئی راستہ نہیں۔

۳۷۵ المحق محوالشيی والذهاب به كمحاق القمر۔ کسی چیز کے مٹ جانے اور غائب ہونے کو محق کہتے ہیں۔ چاند کی آخری دو تاریخوں کو محاق کہا جاتا ہے کیونکہ چاند ان راتوں میں بالکل رُوپوش ہو جاتا ہے۔ آیت کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ قاعدہ مقرر فرما رکھا ہے کہ سُودخوار کو برکت نہیں ہوگی اور مال سے اُسے کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔ نہ اُس کی سوسائٹی میں کچھ عزت ہوگی نہ اس کو قلبی سکون نصیب ہوگا۔ یہ اس کی حالت دُنیا میں ہوگی اور آخرت میں وُہ ثواب و رضائے خداوندی سے محرُوم ہوگا۔

۳۷۶ سُودخوار کے برعکس صدقہ و خیرات کرنے والا دُنیا میں بھی باعزّت زندگی بسر کرے گا اور آخرت میں بھی اجرِ عظیم کا مستحق ہوگا۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰۤوا اِنْ

اے ایمان والو! ڈرو اللہ سے اور چھوڑ دو جو باقی رہ گیا ہے سُود سے اگر

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷۸﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ

تم (سچے دل سے) ایمان دار ہو اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اعلانِ جنگ سُن لو ۳۷۷ اللہ اور اُس کے

وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ

رسُول کی طرف سے اور اگر تم توبہ کر لو تو تمھیں (مل جائیں گے) اصل مال نہ تم ظلم کیا کرو

وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۹﴾ وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ۭ

اور نہ تم پر ظلم کیا جائے اور اگر مقروض تنگ دست ہو ۳۷۸ تو مُہلت دو اُسے خوشحال ہونے تک

وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸۰﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا

اور بخش دینا اسے (قرض) بہت بہتر ہے تمھارے لیے اگر تم جانتے ہو اور ڈرتے رہو اُس دن سے

تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۗ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَ

لوٹائے جاؤ گے جس میں اللہ کی طرف پھر پورا پورا دے دیا جائے گا ہر نفس کو جو اُس نے کمایا ہے اور

۳۷۷ سُود کے اخلاقی، معاشرتی اور اقتصادی ناقابلِ تلافی نقصانات کے باعث اس کی حُرمت کو اتنے شدید پیرائے میں بیان کیا گیا جس کی مثال نہیں۔ ارشاد ہے جو ان احکام کے بعد بھی سُود لینے کی جرأت کرے گا اس کے خلاف اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا اعلانِ جنگ ہے۔

۳۷۸ مکارمِ اخلاق کا ایک اور درس ہے۔ جو قوم ایسے ضابطۂ اخلاق کی پابند ہو اس کے غریب و امیر افراد میں حسد و عناد کی آگ نہیں بھڑک سکتی۔ اور یہ خونی انقلاب رُونپذیر نہیں ہو سکتے جن سے آج ساری دُنیا لرزہ براندام ہے۔ کاش مسلمان اپنے فرض کو پہچانیں اور ان اخلاقی اصولوں کو اپنانے کی کوشش کریں۔

هُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٢٨١﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ

ان پر زیادتی نہ کی جائے گی اے ایمان والو! جب تم ایک دُوسرے کو قرض دو ۳۷۹

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۪

مدّت مقررہ تک تو لکھ لیا کرو اسے اور چاہیئے کہ لکھے تمھارے درمیان لکھنے والا ۳۸۰ عدل و انصاف سے

وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ

اور نہ انکار کرے لکھنے والا ۳۸۱ لکھنے سے جیسے سکھایا ہے اس کو اللہ نے بس وُہ بھی لکھ دے اور لکھوائے

الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْئًا ؕ

وُہ شخص جس کے ذمہ حق (قرضہ) ہے اور ڈرے اللہ سے جو اس کا پروردگار ہے اور نہ کمی کرے اس سے ذرّہ بھر

۳۷۹ قرآن کریم کی یہ سب سے لمبی آیت ہے اور اس میں معاملات کے بہت سے احکام شرح و بسط سے بیان فرما دیئے گئے ہیں۔ پہلا حکم تو یہ ہے کہ جب اُدھار کا لین دین کرو تو ضرور لکھ لیا کرو کیونکہ بسا اوقات انسان پہلے لکھنے سے شرماتا ہے لیکن بعد میں طرح طرح کی غلط فہمیاں اور رنجشیں پیدا ہو جاتی ہیں اور نوبت لڑائی جھگڑے اور مقدمات تک پہنچتی ہے اور آپس کے تعلّقات ہمیشہ کے لیے کشیدہ ہو جاتے ہیں لیکن اگر معاملہ کی ساری تفصیلات یعنی مقدار، قسم اور ادائیگی کا مقررہ وقت لکھ لیا جائے تو پھر ان مفاسد سے نجات مل جاتی ہے۔ فقہی اصطلاح میں اگرچہ اسے واجب نہ کہا جائے لیکن اس کی اہمیّت اور افادیّت سے کسی کو انکار نہیں حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم سے مروی ہے کہ جو شخص تحریر نہیں کرتا اور اس کا حق ضائع ہو جائے تو اُسے کوئی اجر نہ ملے گا اور اگر اس نے اپنا حق غصب کرنے والے کے لیے بد دُعا کی تو وُہ بھی قبول نہ ہوگی کیونکہ اس نے اللہ تعالیٰ کے اس واضح ارشاد کی تعمیل نہیں کی۔ (احکام القرآن)

۳۸۰ یعنی جو شخص تحریر کا فرض انجام دے اسے ایسی تحریر لکھنی چاہیئے جو ہر طرح کے ابہام اور مغالطہ سے مبرّا ہو۔ ذُو معنی الفاظ کے استعمال سے اجتناب کرے اور ان تمام شرائط کا پُورا لحاظ رکھے جو شریعت نے اس عقد کی صحت کے لیے مقرر کی ہیں اس لیے فقہائے فرمایا ہے کہ وثیقہ نویس ایسا شخص ہونا چاہیئے جسے ان شرائط و قواعد کا پُورا پُورا علم ہو تاکہ فریقین کے مقصد کی صحیح ترجمانی کر سکے۔

۳۸۱ اگر ایک شخص کے سوا کوئی دُوسرا آدمی وثیقہ نویسی کا اہل نہ ہو تو اس شخص پر ضرُوری ہے کہ وُہ لکھنے سے انکار نہ کرے۔ اور فقہائے کرام نے تصریح کی ہے کہ وثیقہ نویس کو اُجرت لینے کی شرعاً اجازت ہے۔

فَاِنْ كَانَ الَّذِیْ عَلَیْهِ الْحَقُّ سَفِیْهًا اَوْ ضَعِیْفًا اَوْ لَا یَسْتَطِیْعُ

پھر اگر وُہ شخص جس پر قرض ہے بے وقوف ہو یا کمزور ہو یا اس کی طاقت نہ رکھتا ہو

اَنْ یُّمِلَّ هُوَ فَلْیُمْلِلْ وَلِیُّهٗ بِالْعَدْلِ ؕ وَ اسْتَشْهِدُوْا

کہ خود لکھا سکے تو لکھائے اس کا ولی (سرپرست) انصاف سے اور بنا لیا کرو ۳۸۲

شَهِیْدَیْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ یَكُوْنَا رَجُلَیْنِ فَرَجُلٌ

دو گواہ اپنے مردوں سے اور اگر نہ ہوں دو مرد تو ایک مرد

وَّ امْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا

اور دو عورتیں اُن لوگوں میں سے جن کو پسند کرتے ہو تم (اپنے لیے) گواہ تاکہ اگر بھول جائے ایک عورت

فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ؕ وَ لَا یَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ

تو یاد کرائے (وُہ) ایک دُوسری کو اور نہ انکار کریں گواہ جب وُہ بُلائے جائیں

وَ لَا تَسْــٴَـمُوْۤا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِیْرًا اَوْ كَبِیْرًا اِلٰۤى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ

اور نہ اُکتایا کرو اسے لکھنے سے خواہ (رقمِ قرضہ) تھوڑی ہو یا زیادہ اس کی میعاد تک یہ تحریر عدل قائم

اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَ اَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَ اَدْنٰۤى اَلَّا تَرْتَابُوْۤا اِلَّاۤ

کرنے کے لیے بہت مفید ہے اللہ کے نزدیک اور بہت محفوظ رکھنے والی ہے گواہی کو اور آسان طریقہ ہے تمہیں شک سے بچانے کا مگر

اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِیْرُوْنَهَا بَیْنَكُمْ فَلَیْسَ عَلَیْكُمْ

یہ کہ سودا دست بدستی ہو جس کا تم لین دین آپس میں کرو (اس صُورت میں) نہیں تم پر

۳۸۲؎ تحریر کے ساتھ گواہ مقرر کرنے کا بھی حکم دیا تاکہ معاملہ میں کسی وقت بھی گڑبڑ پیدا نہ ہو۔ شہادت کے تفصیلی احکام کتبِ فقہ میں مُلاحظہ ہوں۔

جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ وَ اَشْهِدُوْۤا اِذَا تَبَایَعْتُمْ ۪ وَ لَا یُضَآرَّ
کچھ حرج اگر نہ بھی لکھو اسے اور گواہ ضرور بنا لیا کرو جب خرید و فروخت کرو اور ضرر نہ پہنچایا جائے

كَاتِبٌ وَّ لَا شَهِیْدٌ ؕ۬ وَ اِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَ اتَّقُوا
لکھنے والے کو اور نہ گواہ کو ۳۸۳ اور اگر تم ایسا کرو گے تو یہ نافرمانی ہوگی تمھاری اور ڈرا کرو

اللّٰهَ ؕ وَ یُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۲۸۲﴾ وَ اِنْ كُنْتُمْ
اللہ سے اور سکھاتا ہے تمھیں اللہ تعالیٰ (آداب معاشرت) اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے اور اگر تم

عَلٰی سَفَرٍ وَّ لَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ
سفر میں ہو اور نہ پاؤ کوئی لکھنے والا تو کوئی چیز گروی رکھ لیا کرو اور اس کا ۳۸۴ قبضہ دے دیا کرو پھر اگر اعتبار

بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْیُؤَدِّ الَّذِی اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَ لْیَتَّقِ اللّٰهَ
کرلے کوئی تم میں سے دوسرے پر بس چاہیئے کہ ادا کردے وہ جس پر اعتبار کیا گیا ہے اپنی امانت کو اور ضرور ہے کہ ڈرتا رہے

رَبَّهٗ ؕ وَ لَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَ مَنْ یَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ
اللہ سے جو اس کا رب ہے، اور مت چھپاؤ گواہی کو اور جو شخص چھپاتا ہے اسے تو یقیناً گنہگار ہے اس کا ضمیر

۳۸۳ لایضار کی را اگر مفتوح ہو (یعنی مضارع مجہول) تو اس کا مطلب ہوگا کہ فریقین سے کوئی کاتب کو غلط لکھنے اور گواہ کو جھوٹی گواہی دینے پر مجبور نہ کرے اور ان کا وقت بے کار ضائع نہ کرے۔ اور اگر لایضارِ ہو تو پھر مطلب یہ ہوگا کہ کاتب غلط لکھ کر اور گواہ جھوٹی گواہی دے کر کسی کو ضرر نہ پہنچائے اور حق تلفی نہ کرے۔

۳۸۴ اور اگر تم حالتِ سفر میں ہو۔ وہاں کوئی وثیقہ نویس بھی نہیں اور گواہ بھی موجود نہیں اور تم ادھار پر کوئی لین دین کرنا چاہتے ہو تو اس کی صورت یہ ہے کہ خریدنے والا قیمت کی جگہ اپنی کوئی چیز بیچنے والے کے پاس گروی رکھ دے۔ جب قیمت ادا کرے تو اپنی گروی شدہ چیز واپس لے لے۔ یہاں حالتِ سفر میں گروی رکھنے کا ذکر ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ سفر کے بغیر رہن رکھنا جائز نہیں بلکہ اغلباً یہ صورت کہ نہ وثیقہ نویس ہے اور نہ گواہ سفر میں ہی پیش آتی ہے اس لیے سفر کا ذکر کیا، ورنہ حضر میں بھی رہن رکھنا درست ہے۔ لیکن گروی رکھی ہوئی چیز سے کوئی فائدہ اٹھانا شرعاً ممنوع ہے۔

۳۹ ع ۲ ۷

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۳﴾ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو خوب جاننے والا ہے اللہ تعالیٰ کا ہی ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین

الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ

میں ہے اور اگر تم ظاہر کرو ۳۸۵ جو کچھ ۳۸۶ تمہارے دلوں میں ہے یا تم اسے چھپائے رہو حساب لے گا تم سے اس کا

اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى

اللہ تعالیٰ پھر بخش دے گا جسے چاہے گا اور عذاب دے گا جسے چاہے گا اور اللہ تعالےٰ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ

ہر چیز پر قادر ہے ایمان لایا یہ رسول (کریم) اس (کتاب) پر جو اتاری گئی اس کی طرف اس کے رب کی طرف سے

۳۸۵ جب یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی تو صحابہ کرام بے چین و بے قرار ہوگئے۔ مغموم و افسردہ ہوکر بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے۔ اور گھٹنوں کے بل کھڑے ہوکر عرض پرداز ہوئے کہ اے اللہ کے پیارے رسول! آج تک جو احکام (نماز، روزہ، حج، جہاد) نازل ہوئے اُن پر ہم عمل کر سکتے تھے لیکن اس آیت پر عمل کرنے کی ہم میں طاقت نہیں۔ حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے فوراً گرتے ہوؤں کو سہارا دیا اور پھسلتے ہوؤں کو تھام لیا۔ فرمایا تم یہود و نصاریٰ کی طرح یہ مت کہو سمعنا وعصینا ہم نے حکم سُن تو لیا لیکن مانا نہیں بلکہ شیوۂ تسلیم و رضا اختیار کرتے ہوئے بارگاہِ ربّ العزت میں بے چون وچرا عرض کرو سمعنا واطعنا غفرانک ربنا والیک المصیر۔ صحابہ کرام نے اپنے آقا و مولا ہادی و مرشد کا ارشادِ گرامی سُن کر فوراً سرِ تسلیم خم کردیا اور زبان پر جاری ہوگیا سمعنا واطعنا الخ جب غلامانِ مصطفےٰ علیہ افضل التحیۃ واجمل الثناء نے یہ عرض کی تو اس سبوح وقدوس نے آمن الرسول الخ فرماکر ان کے ایمان کی تصدیق فرمادی۔ سبحان اللہ العظیم والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الکریم۔

۳۸۶ حضرت صدرالافاضل قدس سرہ نے یہاں خوب تحریر فرمایا ہے۔ لکھتے ہیں:۔ انسان کے دل میں دو طرح کے خیال آتے ہیں۔ ایک بطور وسوسہ کے اُن سے دل کا خالی کرنا انسان کی مقدرت میں نہیں لیکن وُہ ان کو بُرا جانتا ہے اور عمل میں لانے کا ارادہ نہیں کرتا۔ ان کو حدیثِ نفس اور وسوسہ کہتے ہیں اس پر مؤاخذہ نہیں۔ بخاری و مسلم کی حدیث ہے۔ سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ میری اُمّت کے دلوں میں جو وسوسے گزرتے ہیں اللہ تعالیٰ اُن سے تجاوز فرماتا ہے۔ جب تک کہ وُہ اُنھیں عمل میں نہ لائیں یا ان کے ساتھ کلام نہ کریں۔ یہ وسوسے اس آیت میں داخل نہیں۔ دُوسرے وُہ خیالات جن کو انسان اپنے دل میں جگہ دیتا ہے اور ان کو عمل میں لانے کا قصد و ارادہ کرتا ہے ان پر مؤاخذہ ہوگا اور اُنھیں کا بیان اس آیت میں ہے۔

وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ قف

اور (ایمان لائے) مومن یہ سب دل ۳۸۷ سے مانتے ہیں اللہ کو اور اُس کے فرشتوں کو اور اُس کی کتابوں کو اور اُس کے رسُولوں کو

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا

(نیز کہتے ہیں) ہم فرق نہیں کرتے کسی میں اُس کے رسُولوں سے اور اُنھوں نے کہا ہم نے سُنا اور ہم نے اطاعت کی

غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا

ہم طالب ہیں تیری بخشش کے اے ہمارے ربّ! اور تیری طرف ہی ہمیں لوٹنا ہے ذمہ داری نہیں ڈالتا اللہ تعالیٰ کسی شخص پر مگر

وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا

جتنی طاقت ہو اس کی۔ اس کو اجر ملے گا جو (نیک عمل) اس نے کیا اور اس پر وبال ہوگا جو (بُرا عمل) اس نے کمایا اے ہمارے ربّ پکڑ ہم کو ۳۸۸

اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا

اگر ہم بھُولیں یا خطا کر بیٹھیں اے ہمارے ربّ! نہ ڈال ہم پر بھاری بوجھ جیسے

حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ

تو نے ڈالا تھا اُن پر جو ہم سے پہلے گزرے ہیں اے ہمارے پروردگار! نہ ڈال ہم پر وُہ بوجھ جس کے اٹھانے کی ہم میں قوت

۳۸۷ اِس آیت میں ایمان کا اجمالی تذکرہ کر دیا کہ اللہ تعالیٰ کو وحدہٗ لاشریک ماننا، فرشتوں کو نُوری اور اللہ تعالیٰ کی فرمانبردار مخلُوق تسلیم کرنا، تمام آسمانی کتابوں کو صحیح ماننا، تمام رسُولوں کی رسالت پر بلا اِستثناء ایمان لانا اور یومِ قیامت پر یقین رکھنا یہ ہے ایمان۔

۳۸۸ یہ پیارے پیارے دلنشیں اور اثر آفریں کلمات دُعائیہ جُملے ہیں۔ کریم و بندہ پرور اور ذرّہ نواز مولا تبارک وتعالیٰ اپنے بندوں کو خود سکھاتا ہے کہ مجھ سے یہ مانگا کرو اور یُوں مانگا کرو۔ میرے درِ رحمت پر دستک دینے کا یہ طریقہ ہے اور جب کریم اور بہت کریم، سخی اور نہایت سخی گدائے بے نوا کو کہے کہ آ مجھ سے مانگ تو جب وُہ گدائے بے نوا اخلاص و نیاز اور سوز و گداز سے عرض کرے گا تو ضرور وُہ عرض قبول ہوگی۔ اِس دُعا میں جسمانی و رُوحانی، اِنفرادی اور اِجتماعی، دینی و دُنیاوی ہر قسم کی سعادتوں، نعمتوں اور سرفرازیوں کے لیے اِلتجا ہے اِسی لیے تو حضور نبی کریم رؤف و رحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ

لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وَقفۃ وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وَقفۃ وَارْحَمْنَا ۥ وَقفۃ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا

نہیں اور درگزر فرما ہم سے اور بخش دے ہم کو اور رحم فرما ہم پر توہی ہمارا دوست (اور مددگار) ہے تو مدد فرما

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ ع

ہماری، قوم کفّار پر

ع ۸ ۳

وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلّم نے فرمایا:۔

اوتیت ھٰذہ الآیات من آخر سورۃ البقرۃ من کنز تحت العرش لم یؤتھن نبی قبلی۔

سورۃ بقرہ کی یہ آخری آیتیں مجھے عرش عظیم کے نیچے جو (رحمتوں اور برکتوں کا ربّانی) خزانہ ہے اس سے عطا فرمائی گئی ہیں۔ اور یہ وہ انعام عظیم ہے جو اور کسی نبی کو نہیں دیا گیا۔

تعارف سورۃ آلِ عمران

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام - اِس سُورۃ پاک کا نام آلِ عِمران ہے ۔ یہ باتفاقِ عُلماء مدینہ طیّبہ میں نازل ہُوئی ۔ اِس کے بیس ۲۰ رکُوع ہیں دوسو آیتیں ۔ ۳۵۴۲ ۔ الفاظ اور ۱۴۵۳۶ حرُوف ہیں ۔

مضامین ۱ - اِس سُورۃ میں بڑے واضح انداز سے اِس امر کی تصریح کی گئی ہے کہ انسان کی ہدایت کے لیے اس کے خالق نے جو ضابطہ عطا فرمایا وُہ ایک ہی ہے اَور اُس کا نام ہے دینِ اسلام ۔ اِس دین کے اساسی عقائد اور بُنیادی اصول زمان و مکان کے اختلاف و تعدّد کے باوجُود ازلی و ابدی ہیں ۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ دین انسانی عقل و خرد کی اختراع کردہ چیز نہیں بلکہ اللہ کا دین ہے جو حق ہے اَور حق ایک ہی ہُوا کرتا ہے ہر زمانہ میں ہر حال میں ۔ اسلام کے نام سے بدکنے والے اہلِ کتاب کو صاف صاف بتا دیا کہ جن انبیاء کرام کے نام پر تم اپنے الگ الگ مذہبوں کی بُنیادیں استوار کر رہے ہو ۔ اُن سب کا دین تو اسلام تھا ۔ تمھارے جدِّ امجد حضرت ابراہیم علیہ السّلام بھی دینِ اسلام کے علمبردار تھے ۔

اِس طرح قرآنِ حکیم نے دین و مذہب کے نام پر انسانیّت کی وحدت کو پارہ پارہ کرنے والے محرّکات پر ضربِ کاری لگائی اَور وحدتِ انسانیّت کے لیے ایک ایسی محکم اساس مہیّا کر دی کہ جب بھی انسان اپنی ذاتی ، وطنی اَور قومی خود غرضیوں سے رہائی حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا تو وُہ اتحاد و محبّت کے رشتہ میں منسلک ہو جائے گا ۔

کیونکہ تمام انبیاء ایک ہی دین کے داعی اَور مبلّغ تھے ۔ اِس لیے ہر نبی نے اپنے سے پہلے گزرے ہُوئے انبیاء و رُسل کی تصدیق کی اَور اپنی اپنی اُمّتوں کو بعد میں آنے والے انبیاء پر ایمان لانے کی ہدایت کی ۔ اسی سُنّت پر حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے عمل فرمایا اَور تمام انبیاء و رُسلِ سابقین کی تصدیق کی لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے بعد کیونکہ کوئی اَور نبی مبعُوث ہونے والا نہیں تھا ۔ اِس لیے کسی نئے نبی پر ایمان لانے کا حکم نہیں دیا ۔ ختمِ نبوّت کی یہ بھی بڑی واضح دلیل ہے ۔

وُہ ختم الرُّسل مولائے کُل جس کی ذاتِ قُدسی صفات کو مشیّتِ الٰہی نے انسانیّت کے بکھرے ہُوئے اَور منتشر اَوراق کی شیرازہ بندی کے لیے تجویز فرمایا تھا اس کے متعلق تمام انبیاء کو حکم دیا کہ اس پر ایمان لائیں اور اس کی نُصرت و تائید کا پختہ وعدہ کریں تاکہ ان کی اُمّتوں

کو مجالِ انکار نہ رہے۔

اِس سُورت میں اِن تمام اُمور کا ذِکر کر کے یہ بتا دیا کہ اِنسانوں کی ان برسرِ پیکار جماعتوں کا اتحاد و اتفاق اگر ہوسکتا ہے تو صرف اِسلام کے جھنڈے کے نیچے اَور حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی قیادت میں ہی ہوسکتا ہے۔

۲۔ سُورۂ بقرہ میں یہُود کی اِصلاح کی بھرپُور کوشش کی گئی تھی۔ کیونکہ یہُود مدینہ کے باشندے تھے۔ اَور ہر صُبح و شام مسلمانوں کو ان سے سابقہ پڑتا تھا۔ اِس سُورہ میں عیسائیوں کے عقاید کی درستی کی طرف خاص توجہ فرمائی گئی ہے اَور اُن کے عقیدۂ تثلیث کا ایسا سخت محاسبہ کیا گیا ہے جس کا جواب مسیح کے پرستاروں کے پاس تب تھا نہ اَب ہے۔ اِس سُورۃ کا بہت سا حصّہ اس وقت نازل ہوا جب نجران کے عیسائیوں کے علماء و رؤسا کا ایک وفد بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اَور اپنے عقائد کے متعلق حضُور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم سے مناظرہ شروع کیا۔

۳۔ سُورۂ بقرہ میں مسلمانوں کو کفّار سے جہاد کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔ اس کے بعد کفر و اِسلام کی جنگوں کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ پہلی جنگ بدر کے میدان میں لڑی گئی۔ جس میں مٹھی بھر مسلمانوں نے اپنی بے سر و سامانی کے باوجُود کفّار کو شکستِ فاش دی۔ لیکن اس شکست نے کفّار کو آتش زیرِ پا کر دیا۔ اِنتقام کے شعلے بھڑک اُٹھے۔ یہُود نے بھی اپنی سازشوں کو تیز تر کر دیا۔ ایک سال بھی گزرنے نہ پایا تھا کہ پُورے ساز و سامان کے ساتھ مشرکینِ مکّہ نے مدینہ پر چڑھائی کر دی۔ احد کے پہاڑ کے دامن میں مقابلہ ہوا۔ ابتداء میں مسلمانوں نے کفّار کو بھاگنے پر مجبُور کر دیا۔ لیکن چند نوجوانوں کی جلد بازی نے جنگ کا نقشہ بدل دیا۔ جس سے مسلمانوں کو سخت جانی نقصان ہوا۔ اِس سُورۃ میں دُشمنوں (یہُود اَور منافقین) کی سازشوں کا پردہ چاک کیا گیا اَور مُسلمانوں کو ان کی اپنی فروگزاشتوں پر تنبیہ فرما کر اُن سے آئندہ بچنے کی تلقین کی گئی۔ اِسی تربیّتِ الٰہی اَور تادیبِ خُداوندی کا نتیجہ تھا کہ مُسلمانوں کا یہ مختصر سا لشکر قیصر و کسریٰ کی فوجوں کو روندتا ہوا اُلٹاڑتا ہوا گزر گیا۔

۴۔ اِس سُورۃ میں مسلمانوں کو اپنے مقامِ بلند اَور فرضِ منصبی سے آگاہ کیا گیا ہے کہ تم خیر الاُمم ہو اَور تمھاری خیرات و برکات صِرف اپنے لیے اَور صرف اپنوں کے لیے ہی نہیں بلکہ سب کائنات کے لیے ساری نوعِ اِنسانی کے لیے ہیں۔ اَور یہ منصب جتنا عظیم اَور بلند ہے اُتنا ہی کٹھن اَور دُشوار ہے۔ اِس لیے تمھیں باہمی اِتفاق و محبّت کی ضرورت ہے تمھیں بہا لے جانے کے لیے حسد و عناد کے طُوفان اُمڈ اُمڈ کر آئیں گے۔ اگر تم نے اللہ تعالیٰ کی رسّی کو مضبُوطی سے نہ پکڑے رکھا اَور اخوتِ اسلامی کے جذبہ سے سرشار نہ رہے اَور آپس میں سرپھٹول شروع کر دی تو نہ صرف یہ کہ تم اپنے منصبِ رفیع کی ذِمّہ داریوں سے عہدہ برآ نہ ہوسکو گے بلکہ تمھاری اپنی نامُوس اَور بقاء خطرہ میں پڑ جائے گی۔

۵۔ معاشی ناہمواریاں قوم کی صفوں کو درہم برہم کر دیتی ہیں۔ اَور ان کی موجودگی میں کوئی پند و موعظت مؤثر ثابت نہیں ہوتی۔ اور ان کی ایک بہت بڑی وجہ سُود خوری کا ظالمانہ نظام ہے۔ اِس لیے اس کی حرمت کو یہاں پھر دُہرایا گیا تاکہ مِلّت ایسے عوامل سے بچی رہے جو اس کی صفوں میں اِنتشار اَور ذِہنوں میں اِضطراب پیدا کرنے کا سبب بن سکتے ہیں۔

۶۔ آخر میں ایک اَور امر جس کی طرف قارئین کی توجہ مبذول کرانا ضرُوری سمجھتا ہُوں وُہ یہ ہے کہ حضرت سیّدنا عیسٰی

بن مریم علیہ السّلام کو لوگوں نے خُدا کا بیٹا کہا ثالث ثلاثہ (تین خُداؤں سے ایک) کہا۔ اُن کی والدہ کو خُدا کی جورُو کہا۔ جو سراسر توحید و تنزیہہ باری کے خلاف ہے۔ قرآن جو توحید کا سب سے بڑا مبلّغ اَور داعی ہے۔ اُس نے ان کے اس باطل عقیدہ کی تکذیب کی۔ اور اس کے بطلان کو آشکارا کر دیا۔ لیکن کس طرح؟ کیا حضرت مسیح کی تنقیص کر کے، کیا اُن کی شان گھٹا کر، کیا ان کے معجزات کا انکار کر کے، یا کیا احترامِ نبوّت کو پسِ پُشت ڈال کر؟ ہرگز نہیں۔ بلکہ ان کے تقدّس کا ذِکر فرمایا۔ ان کی خرقِ عادت پیدائش کو بیان کیا۔ ان کے محیّر العقول معجزات کو بڑی شان سے پیش کیا کہ وُہ باذنِ الٰہی مُردوں کو زندہ اَور اندھوں کو بینا کرتے ہیں۔ لوگوں کے گھروں میں رکھی ہُوئی چیزوں کو جانتے ہیں۔ اور جو کچھ وُہ کہیں بیٹھ کر کھاتے ہیں انھیں ان کا علم ہے۔ غرضیکہ توحید کے اثبات کے وقت بھی پیغمبر کے منصبِ رفیع کو گھٹایا نہیں۔ تو اَب وُہ لوگ جو اپنے زعمِ باطل کے مطابق مُسلمانوں کو مُشرک تصوّر کرتے ہُوئے اُنھیں توحید کا درس دیتے وقت حضور فخرِ موجُودات، مصدرِ کمالات، نورِ مجسّم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی شانِ رفیع میں بے باکیاں کرتے ہیں اَور حضورؐ کی ذاتِ اقدس واطہر کے کمالاتِ علمی اَور عملی کو گھٹانا اپنے فنِ خطابت کی معراج خیال کرتے ہیں وُہ خود سمجھ لیں کہ کیا وُہ قرآن کا اِتباع کر رہے ہیں یا اس کے اسلوب سے سراسر انحراف کر رہے ہیں۔

سورة آل عمران مدنية وهي مائتا اية وعشرون ركوعا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُورۃ آل عمران مدنی ہے اسکی آیتیں دو سو ۲۰۰ اور رکوع بیس ۲۰ ہیں — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

الٓمّٓ ① اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ② نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ

الف لام میم [۱] اللہ (وُہ ہے کہ) کوئی عبادت کے لائق نہیں بغیر اس کے زندہ ہے سب کو زندہ رکھنے والا ہے [۲] نازل فرمائی اس نے آپ پر یہ کتاب

بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِیْلَ ③

حق کے ساتھ [۳] تصدیق کرنے والی ہے ان (کتابوں) کی جو اس سے پہلے (اُتری) ہیں اور اُتاری اُس نے توراۃ اور انجیل

[۱] یہ حرُوفِ مقطّعات ہیں۔ صاحب رُوح المعانی لکھتے ہیں کہ لایعرفہ بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم الا الاولیاء یعنی ان کا صحیح مفہوم حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے بعد صرف اولیائے اُمّت کو معلوم ہے۔ مزید تفصیل کے لیے سُورۃ بقرہ کا حاشیہ [۲] ملاحظہ ہو۔

[۲] مفسّرین نے فرمایا ہے کہ آلِ عمران کی پہلی اسّی سے کچھ زیادہ آیتیں اُس وقت نازل ہُوئیں جب نجران کے عیسائیوں کا ایک وفد اپنے عقائد کے متعلق حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم سے بحث کر رہا تھا۔ اِس لیے موقع کی مناسبت کے لحاظ سے اِس سُورۃ پاک کا آغازِ بیان توحید سے کیا گیا۔ لا الٰہ الا ھو دعویٰ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی (معبُود) عبادت کے لائق نہیں اور الحیّ القیّوم اس کی دلیل ہے یعنی معبُود تو وُہ ہو سکتا ہے جو (الحی) ہمیشہ سے زندہ ہو اور ہمیشہ تک زندہ رہنے والا ہو جو القیّوم ہو یعنی ہر چیز اپنے وجُود، بقاء اور اپنی نشوونما میں اس کی محتاج ہو۔ اور یہ صفات اللہ ہی کی ذات میں پائی جاتی ہیں۔ اِس لیے صرف وُہی معبُود ہے۔ عیسائی حضرت عیسٰی علیہ السّلام کو خدا یا خُدا کا بیٹا کہا کرتے تھے۔ اِن مختصر الفاظ سے ان کی تردید کر دی گئی کہ جب حضرت عیسٰی علیہ السّلام میں یہ صفات نہیں پائی جاتیں تو ان کے متعلق ایسا عقیدہ رکھنا کہاں کی عقلمندی ہے۔ عیسائیوں کی تردید کے ساتھ تمام مشرک قوموں کے عقیدہ کا بطلان بھی ہو گیا جو کسی مخلوق کو الٰہ بنائے ہُوئے ہیں۔

[۳] حق سے کیا مُراد ہے۔ علّامہ قرطبی نے اِس کا معنی الحجۃ الغالبۃ لکھّا ہے یعنی اِس کتاب میں ایسی دلیلیں پیش کی گئی ہیں جن کا کوئی جواب نہیں لیکن حق کا جو مفہُوم علّامہ راغب اصفہانی نے بیان کیا ہے وُہ بہت جامع اور لطیف ہے۔ لکھتے ہیں۔ الحق للفعل والقول: الواقع بحسب مایجب وقدر مایجب وفی الوقت الذی یجب (مفردات) یعنی کوئی قول اور فعل اُس وقت حق کہلاتا ہے جب کہ وُہ اِس طرح پایا جائے جیسے چاہیئے اِس اندازے سے پایا جائے جتنا مناسب اور موزوں ہو۔ اور اُس وقت پایا جائے جب کہ اس کی ضرورت ہو۔ قرآن کو بالحق کی صفت سے متّصِف کر کے اللہ تعالیٰ نے اِس حقیقت کو واضح فرما دیا کہ قرآن آیا اور ایسی آن بان سے آیا جو اس کی شایانِ شان تھی۔ ایسے دلائل و براہین سے مزیّن ہو کر آیا جن کو عقلِ سلیم ماننے

مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ؕ۬ اِنَّ الَّذِيْنَ
اس سے پہلے لوگوں کی ہدایت کے لیے اور اُتارا فرقان کو ۴؎ بے شک وُہ لوگ جنھوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو
کفر کیا۵؎ اللہ کی آیتوں کے ساتھ ان کے لیے سخت عذاب ہے اور اللہ تعالیٰ غالب ہے بدلہ لینے

انْتِقَامٍ ؕ﴿۴﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا
والا ہے بے شک اللہ تعالیٰ نہیں پوشیدہ رہتی اس پر کوئی چیز۶؎ زمین میں اور نہ

پر مجبُور تھی۔ اَور عین اُس وقت آیا جب ہر طرف گھُپ اندھیرا چھا چکا تھا۔ اَور انسانیت کا کارواں دشتِ حیرت وضلالت میں بھٹک رہا تھا۔ اَور اُس وقت کے تقاضوں کو پُورا کرنے کے لیے آیا جب عقلِ انسانی اپنی طفولیّت کی سرحد عبُور کرکے فکر ونظر کی وادی میں قدم رکھ چکی تھی۔ اَور انسان کے حواس کو مرعُوب کرنے والے معجزات سے کہیں زیادہ عقل وخرد کو مطمئن کرنے والی آیاتِ بیّنات کی ضرورت تھی۔ سُبحان اللہ! کیا اعجاز ہے بالحق کے ایک لفظ میں معانی کا سمندر بند کرکے رکھ دیا ہے۔

۴؎ لفظ فرقان کا معنی صرف الگ الگ کرنا نہیں جو لفظ "فرق" کا مفہوم ہے۔ بلکہ حق اَور باطل کو الگ الگ کرنے کو فرقان کہا جاتا ہے۔ یہاں اِس لفظ سے کونسی چیز مُراد ہے؟ علماء سے متعدّد اقوال منقول ہیں لیکن امام ابنِ جریر طبری نے کہا ہے کہ ان کے نزدیک بہترین قول یہ ہے "الفصل بين الحق والباطل" یعنی حق وباطل میں تمیز کرنے والی قوّت کو فرقان کہا جاتا ہے۔ امام رازیؒ کے نزدیک وُہ معجزات ہیں۔ اَور بعض متاخرین نے کہا ہے کہ اِس سے مُراد عقل ہے۔ کیونکہ اس سے بھی حق وباطل میں تمیز ہوسکتی ہے۔

پہلی آیت میں توحید کی دلیل تھی اِس میں نبوّتِ محمّدیؐ کا اثبات ہے۔ اَور رُوئے سخن نجران کے نصاریٰ کی طرف ہے کہ جب تم توراۃ وانجیل کو کلامِ الٰہی مانتے ہو اَور اپنے ایمان کی دلیل یہ ٹھیراتے ہو کہ جن پر یہ کتب نازل ہُوئیں وُہ صاحبِ معجزات تھے جن کے باعث تم ان کی صداقت کو تسلیم کرنے پر مجبُور ہوگئے ہو تو قرآن کو کیوں کلام اللہ یقین نہیں کرتے۔ حالانکہ جس ذاتِ پاک پر یہ کتاب نازل ہُوئی ہے۔ اُس نے تو وُہ معجزات دکھائے ہیں جن کی مثال ہی نہیں۔

۵؎ عقلِ سلیم کو مطمئن کرنے کے لیے دلائل پیش کیے۔ اب ہٹ دھرموں کو عذابِ الیم اَور انتقامِ شدید کی دھمکی دی جارہی ہے۔

۶؎ حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی اُلوہیّت کے بطلان کی اَور دلیل پیش کی جارہی ہے کہ اللہ تعالیٰ تو وُہ ہے جس کا علم اتنا وسیع اَور محیط ہے کہ کوئی چیز کسی وقت اس سے مخفی نہیں اَور اس کا یہ علم ذاتی ہے کسی کا دیا ہُوا نہیں۔ اَور عیسٰی علیہ السّلام کا علم نہ یُوں محیط ہے اَور نہ اُن کا علم ذاتی۔ بلکہ جتنا ہے وُہ اللہ جل مجدہٗ کا عطا فرمایا ہُوا ہے تو وُہ خُدا کیسے ہوسکتے ہیں؟

فِي السَّمَآءِ ۝٥ هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ط

آسمان میں وُہی ہے جو تمھاری تصویریں بناتا ہے (ماؤں کے) رحموں میں جس طرح چاہتا ہے

لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝٦ هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ

کوئی معبود نہیں بغیر اس کے (وُہی) غالب ہے حکمت والا ہے وُہی ہے جس نے نازل فرمائی آپ پر کتاب

مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتٰبِ وَأُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ط

اس کی کچھ آیتیں محکم ہیں ؎۷ وُہی کتاب کی اصل ہیں اور دُوسری آیتیں متشابہ ہیں

فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشٰبَهَ مِنْهُ

پس وُہ لوگ جن کے دلوں میں کجی ہے سو وُہ پیروی کرتے ہیں (صرف) ان آیتوں کی جو متشابہ ہیں قرآن

ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَأْوِيلِهِ ج وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا

سے (ان کا مقصد) فتنہ انگیزی اور (غلط) معنی کی تلاش ہے اور نہیں جانتا ؎۸ اس کے صحیح معنی کو بغیر

؎۷ محکم کی تعریف امام راغب نے یہ کی ہے۔ فالمحکم ما لا یعرض فیہ شبھۃ من حیث اللفظ ولا من حیث المعنی (مفردات) محکم آیت وُہ ہے جس کا مفہوم واضح اور بیّن ہو اس کے لفظ یا معنی کے اعتبار سے اس پر کسی قسم کا شبہ نہ وارد ہوسکتا ہو اور المتشابہ ما اشکل تفسیرہ امامن حیث اللفظ او من حیث المعنی یعنی جس کا معنی اور تفسیر کسی لفظی یا معنوی پیچیدگی کی وجہ سے مشکل ہو۔ ارشاد ہوتا ہے کہ قرآن کی بعض آیات بالکل واضح اور ہر شک وشبہ سے بالاتر ہیں۔ اور یہی ساری کتاب کی اصل اور مرجع ہیں۔ اور بعض آیتیں ایسی ہیں جن کا مفہوم واضح نہیں ہوتا اور ان میں مختلف تاویلات کی گنجائش ہوتی ہے۔ جن کے دِل حق سے منحرف ہوتے ہیں وُہ دُوسرے سادہ لوح مسلمانوں کے سامنے آیات متشابہات کی ایسی تاویلیں کرتے ہیں جو محکم آیات کے منافی ہوتی ہیں۔ اور اس طرح ان کے دِلوں میں قرآن و اسلام کے متعلق طرح طرح کے شکوک اور وسوسے پیدا کر کے اُنھیں اپنے دین سے بدظن کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ حالانکہ چاہیئے تو یہ تھا کہ متشابہات کی تاویل کرتے وقت محکم آیات کی پیروی کی جاتی اور اُن کی روشنی میں ان کا مفہوم بتایا جاتا۔ لیکن کیونکہ نیّت فاسد ہوتی ہے اس لیے وُہ راہِ راست کو چھوڑ کر پیچ در پیچ راہ اختیار کرتے ہیں۔

؎۸ بعض عُلمائے نے والراسخون کا عطف اللہ پر کیا ہے۔ اس قول کے مطابق معنی یہ ہوگا کہ متشابہات کی حقیقی غرض اللہ تعالیٰ

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اللّٰهِ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ

اللہ تعالیٰ کے اور پختہ علم والے کہتے ہیں ہم ایمان لائے ساتھ اس کے سب ہمارے رب کے

رَبِّنَا ۚ وَمَا یَذَّكَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝۷ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ

پاس سے ہے اور نہیں نصیحت قبول کرتے مگر عقل مند اے ہمارے رب! نہ ٹیڑھے کر ہمارے دل بعد اس کے

اِذْ هَدَیْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝۸

کہ تو نے ہدایت دی ہمیں اور عطا فرما ہمیں اپنے پاس سے رحمت بے شک تو ہی سب کچھ بہت زیادہ دینے والا ہے

اور علمائے راسخین کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔ لیکن دوسرے علما نے اِلَّا اللّٰہ پر وقف کیا ہے اور والرّاسخون الخ کو مستقل جملہ قرار دیا ہے۔ ان کے قول کے مطابق معنی یہ ہوگا کہ متشابہات کا علم صرف اللہ تعالیٰ کو ہے! اور علمائے راسخین نہ جاننے کے باوجود ان آیات کی حقانیت اور منزّل من اللہ ہونے پر ایمان رکھتے ہیں۔ اب یہ شبہ وارد ہوتا ہے۔ کہ کیا قرآن کریم میں ایسی آیات بھی ہیں جن کا مفہوم کسی کو معلوم نہیں۔ اگر ایسا ہے تو پھر ان کے نازل کرنے کا کیا فائدہ جب ان کو کوئی سمجھ نہیں سکتا اور ان سے ہدایت نہیں حاصل کی جاسکتی۔ مفسّرین نے اس شبہ کا یہ جواب دیا ہے کہ جو علماء الا اللہ پر وقف کرتے ہیں وہ متشابہات کا عام معنی مراد نہیں لیتے بلکہ ان کے نزدیک متشابہات سے مراد وہ امور ہیں" ما استاثرہ اللہ تعالیٰ بعلمہ کقیام الساعۃ والحروف المقطعۃ فی اوائل السور"۔ جن کا علم اللہ تعالیٰ نے اپنے لیے خاص کیا ہوا ہے جیسے قیامت کا وقت، سورتوں سے پہلے حروفِ مقطّعات وغیرہ۔ اب یہاں یہ چیز کھٹکتی ہے کہ کیا ان امور کا علم اللہ تعالیٰ نے کسی کو بھی نہیں بتایا۔ تو اس کا نہایت واضح جواب علّامہ سیّد محمود آلوسی بغدادی نے دیا ہے۔ فرماتے ہیں:

لعل القائل بکون المتشابہ مما استاثر اللہ بعلمہ لایمنع تعلیمہ للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم بواسطۃ الوحی مثلا ولا القاءہ فی روع الولی الکامل مفصلا لکن لا یصل الی درجۃ الاحاطۃ۔ کعلم اللہ تعالیٰ۔ ومنع ھذا وذاک مما لایکاد یقول بہ من یعرف رتبۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ورتبۃ اولیاء امتہ الکاملین وانما المنع من الاحاطۃ ومن معرفتہ علی سبیل النظر والفکر الخ (روح المعانی) یعنی جن علماء کے نزدیک متشابہات سے مراد وہ امور ہیں جن کا علم اللہ تعالیٰ نے اپنے لیے مختص فرمایا ہے۔ وہ علماء بھی اس بات کا انکار نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ نے ان امور کا علم بذریعہ وحی اپنے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو دیا، یا اولیائے کاملین کے قلوب میں القاء فرمایا ہے۔ کیونکہ جو شخص حضور کے مقامِ رفیع اور حضور کی امت کے اولیائے کاملین کے مرتبہ کو پہچانتا ہے وہ اس کا انکار نہیں کرسکتا۔ نفی علمِ محیط کی ہے اور اس علم کی جو انسان اپنی عقل و فکر سے حاصل کرتا ہے

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ

اے ہمارے پروردگار! بے شک تو جمع کرنے والا ہے سب لوگوں کو اُس دن کے لیے نہیں کوئی شبہ جس (کے آنے) میں بے شک اللہ تعالےٰ

الْمِيْعَادَ ۝ ۹ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَ

نہیں پھرتا اپنے وعدہ سے بے شک وہ لوگ ۹ جنھوں نے کفر اختیار کیا نہ بچا سکیں گے انھیں اُن کے مال اور

لَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ وَ اُولٰٓئِكَ هُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ۝ ۱۰

نہ اُن کی اولاد اللہ (کے عذاب) سے کچھ بھی اور وُہی (بدبخت) ایندھن ہیں آگ کا

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ

(اُن کا طریقہ) مثل طریقہ آل فرعون کے اور اُن لوگوں کے تھا جو اُن سے پہلے تھے اُنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو

فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَ اللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ ۱۱ قُلْ

پس پکڑ لیا انھیں اللہ تعالیٰ نے ان کے گناہوں کی وجہ سے ۱۱ اور اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والا ہے (اے میرے رسول!) فرما دو

نہ اُس علم کی جو اللہ اپنے نبی کو بذریعہ وحی یا کسی ولی کو بذریعہ الہام عطا فرماتا ہے۔

۹؎ اکثر دیکھا گیا ہے کہ مال اور اولاد کی کثرت انسان میں ایک قسم کا غرور اور خودسری پیدا کر دیتی ہے جو اُسے اس امر کی اجازت نہیں دیتی کہ وُہ اپنے اختیار کردہ باطل عقائد کو ترک کر کے حق و صداقت کی دعوت کو قبول کرے۔ اس آیت میں ایسے لوگوں کو بتایا جا رہا ہے کہ یہ مال و دولت اور اہل و عیال اُنھیں اللہ تعالیٰ کی گرفت سے نہیں بچا سکتے۔ اور اگلی آیت میں مثال دے کر واضح کیا گیا کہ ذرا فرعون اور فرعونیوں کی جاہ و حشمت پر نگاہ ڈالو جب اللہ کا عذاب آیا تو کوئی چیز اُنھیں بچا نہ سکی۔ اگر فرعون جیسا زبردست فرماں روا قہر خداوندی کی تاب نہ لا سکا تو تمھاری کیا حقیقت ہے۔

۱۱؎ اس حقیقت کو قرآن بار بار واضح کرتا ہے کہ کسی قوم پر غضب الٰہی بلا وجہ نازل نہیں ہوتا بلکہ اُن کی تباہی اور بربادی ان کے اعمال بد کا طبعی نتیجہ ہوا کرتی ہے۔ جو قوم اپنے اعمال اور کردار سے اپنے آپ کو عزت و عظمت کا مستحق ثابت نہیں کر سکتی اُسے اس نعمت سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا سَتُغۡلَبُوۡنَ وَتُحۡشَرُوۡنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَبِئۡسَ

اُن لوگوں کو جنھوں نے کفر کیا کہ عنقریب تم مغلوب کیے جاؤ گے اور ہانکے جاؤ گے جہنّم کی طرف ۱۱؎ اور وُہ بہت بُرا

الۡمِهَادُ ۝۱۲ قَدۡ كَانَ لَكُمۡ اٰيَةٌ فِىۡ فِئَتَيۡنِ الۡتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ

ٹھکانا ہے بے شک تھا تمھارے لیے (عبرت کا) نشان ۱۲؎ (ان) دو گروہوں میں جو ملے تھے (میدانِ بدر میں) ایک گروہ

فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَاُخۡرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوۡنَهُمۡ مِّثۡلَيۡهِمۡ رَاۡىَ الۡعَيۡنِ ؕ

لڑتا تھا اللہ کی راہ میں ۱۳؎ اور دُوسرا کافر تھا دیکھ رہے تھے (مسلمان) اُنھیں اپنے سے دوچند (اپنی) آنکھوں سے ۱۴؎

۱۱؎ حضورِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے بدر میں فتح یاب ہونے کے بعد یہود کو دعوتِ اسلام دی اور اُنھیں فرمایا کہ اگر تم اسلام نہ لائے تو تمھارا انجام بھی قریشِ مکہ کی طرح ہوگا۔ اس پر یہود غصّہ سے لال پیلے ہوکر کہنے لگے کہ آپ نے چند ناتجربہ کار لوگوں کو شکست دی ہے اگر ہم سے ٹکرّلی تو پتہ چلے گا کہ جنگجو ایسے ہوتے ہیں۔ ان کی اس گستاخانہ گفتگو کے جواب میں یہ آیت نازل ہُوئی اور اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو حکم دیا کہ وُہ یہود کی شکست اور رُسوائی کا اعلان فرمادیں۔

۱۲؎ یہاں جنگِ بدر کا ذکر ہے۔ جس میں مسلمانوں کی تعداد ۳۱۳ تھی جن میں صرف چھ زرہ پوش تھے۔ ساز و سامان کا یہ عالم تھا کہ ساری فوج میں دو گھوڑے، ستّر اُونٹ اور آٹھ تلواریں تھیں۔ ان کے مقابلہ میں کفّار کا لشکر ۹۵۰ افراد پر مشتمل تھا جو ہر طرح کے اسلحہ سے پُوری طرح مسلّح تھا سواری کے لیے اُن کے پاس سو گھوڑے اور سات سو اُونٹ تھے۔ اور رسد کا یہ حال تھا کہ ہر روز اُونٹ ذبح ہو رہے تھے۔ اتنی کثیر التعداد فوج کا اتنی قلیل اور غیر مسلّح فوج سے شکست کھانا اللہ تعالیٰ کی قُدرت کی کھُلی نشانی ہے۔

۱۳؎ یہاں ایک چیز غور طلب ہے۔ دو گروہوں کا ذکر کیا جارہا ہے۔ لیکن جب یہ بتانے کا وقت آیا کہ وُہ دو گروہ کون کون تھے تو پہلے گروہ کا تعارف اِن الفاظ سے کرایا فئۃ تقاتل فی سبیل اللہ اور دُوسرے گروہ کا واخرٰی کافرۃ سے۔ یہ اسلوبِ بیان کیوں اختیار کیا اور یُوں کیوں نہ فرمایا کہ فئۃ مسلمۃ واخرٰی کافرۃ کہ ایک گروہ مُسلمان تھا اور دُوسرا کافر میرے خیال میں تو غلامانِ مُصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی کمالِ للّٰہیت اور خلوص کا ذکر مقصُود ہے کہ ان کی جنگ محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے تھی۔ اور اس سے انفرادی یا اپنی جماعتی یا قومی برتری مقصُود نہ تھی۔

۱۴؎ کون کس کو اپنے سے دوگنا دیکھ رہا تھا؟ اس میں مفسّرین کے متعدّد قول ہیں لیکن علّامہ ابن جریر نے اسی قول کو پسند کیا ہے کہ یَرَوْنَ کا فاعل مُسلمان ہیں اور ھُمْ ضمیر کا مرجع کفّار ہیں۔ یعنی مُسلمان کفّار کو اپنے سے دوگنا اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔ لیکن پھر بھی وُہ ثابت قدم رہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت سے کفّار کو شکستِ فاش دی جس میں ان کے ستّر سردار مارے

وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي

اور اللہ مدد کرتا ہے اپنی نصرت سے جس کی چاہتا ہے ۱۵۔ یقیناً اس واقعہ (بدر) میں بہت بڑا سبق ہے آنکھ

الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ

والوں کے لیے آراستہ کی گئی لوگوں کے لیے ۱۶۔ ان خواہشوں کی محبت یعنی عورتیں اور بیٹے

وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ

اور خزانے جمع کیے ہوئے سونے اور چاندی کے اور گھوڑے نشان لگائے ہوئے

وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ

اور چوپائے اور کھیتی یہ سب کچھ سامان ہے دُنیوی زندگی کا اور اللہ ہے جس کے

حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا

پاس اچھا ٹھکانا ہے (اے میرے رسول!) آپ فرمائیے کیا بتاؤں میں تمھیں اس سے بہتر چیز ان کے لیے جو متقی بنے

عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَ

ان کے رب کے ہاں باغات ہیں رواں ہیں ان کے نیچے نہریں ہمیشہ رہیں گے (متقی) ان میں اور ان کے لیے

گئے جن میں ابوجہل بھی تھا اور ستّر قیدی بنائے گئے۔

۱۵۔ یعنی فتح و کامیابی فوج کی تعداد اور ساز و سامان کی کثرت پر موقوف نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت پر موقوف ہے۔

۱۶۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمتِ کاملہ سے انسان کے دل میں ان اشیاء کے ساتھ طبعی لگاؤ اور رغبت پیدا فرمادی۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو شادی کی تلخ ذمہ داریوں کو کون اُٹھاتا۔ ناتوان اولاد کے لیے کون لمبی راتیں جاگ کر گزارتا۔ اور ان کی پرورش کے لیے اپنی راحت و آسائش کو ترک کرتا۔ اور اگر ایسا نہ ہوتا تو نسلِ انسانی کی بقا کیسے ممکن ہوتی۔ اسی طرح سونے چاندی، عمدہ گھوڑوں، مویشیوں اور کھیتی باڑی کے ساتھ میلانِ طبع نہ ہوتا تو دُنیا کی ساری رونقیں ختم ہو کر رہ جاتیں۔ لیکن یہ سب کچھ اس لیے نہیں کہ انسان ان کے پیچھے رات دن بھاگتا رہے اور ان کی چاہت میں یوں گم ہو جائے کہ اپنے مولا تبارک و تعالیٰ کو ہی بھول جائے بلکہ یہ تو چند روزہ زندگی کا سامان ہے۔ ان کو استعمال کرو لیکن اپنے مالک سے غافل نہ ہو جاؤ۔

أَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿١٥﴾

پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور حاصل ہوگی اُنھیں خوشنودی اللہ کی ۱۷؎ اور اللہ تعالیٰ خوب دیکھنے والا ہے اپنے بندوں کو

الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ إِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ

یہ وُہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں اے ہمارے رب! یقیناً ہم ایمان لائے تو مُعاف فرمادے ہمارے لیے ہمارے گناہ اور بچالے ہمیں آگ

النَّارِ ﴿١٦﴾ اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ وَ

کے عذاب سے (یہ مصیبتوں میں) صبر کرنے والے ہیں ۱۸؎ اور (ہر حالت میں) سچ بولنے والے ہیں اور (عبادت میں) عاجزی کرنے والے ہیں اور (اللہ

الْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْأَسْحَارِ ﴿١٧﴾ شَهِدَ اللّٰهُ أَنَّهٗ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ

کی راہ میں) خرچ کرنے والے ہیں اور (اپنے گناہوں کی) معافی مانگنے والے ہیں سحری کے وقت ۱۹؎ شہادت دی اللہ تعالیٰ نے (اس بات کی) کہ بیشک نہیں کوئی خدا سوائے اس کے

۱۷؎ کیا اس سے بڑھ کر بھی کوئی انعام ہے جس کی انسان آرزو بھی کرسکے حقیقت شناس دلوں کے لیے یہی حاصل زیست ہے۔ یہی مدعائے حیات ہے۔ انسانی ارتقاء کا یہی وُہ بلند ترین مقام ہے جس سے بلند تر کسی اور چیز کا تصوّر بھی نہیں کیا جاسکتا۔

۱۸؎ متقی لوگ جن کے لیے جنّت اپنی تمام زیب و زینت اور دل آویزیوں کے ساتھ چشم براہ ہے۔ جن پر رضائے الٰہی سایہ فگن ہے۔ ان کے چند اوصاف کا ذکر ہو رہا ہے تاکہ تقویٰ کا قرآنی مفہوم واضح ہو جائے۔ اور ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہو جائے کہ ان پر یہ انعام و اکرام بلاوجہ نہیں۔

۱۹؎ دُنیا کی سب سے بڑی اور اہم شہادت توحید کی شہادت ہے۔ اللہ تعالیٰ خود اپنی وحدانیت کا سب سے بڑا گواہ ہے اس کے علاوہ اُس کی معصوم مخلوق فرشتے اور اہلِ علم اس واضح سچائی کے گواہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی اپنی توحید پر شہادت کے متعلق علامہ بیضاوی فرماتے ہیں۔ بیّن وحدانیته بنصب الدلائل الدالة علیها و انزال الایات الناطقة بها۔ یعنی اللہ تعالےٰ نے کائنات کی کتاب کے ہر صفحہ پر اپنی توحید کے ایسے روشن اور اٹل دلائل ثبت فرما دیئے ہیں جن سے کوئی صاحبِ عقلِ سلیم انکار نہیں کرسکتا۔ اور اس کے علاوہ اس نے اپنی کتابوں میں توحید کے مسئلہ کو یُوں مدلّل بیان فرمایا ہے کہ شک و شبہ کی گنجائش ہی باقی نہیں رہتی۔ قرآن کریم ہر مناسب موقع پر علم کی عظمت اور اہلِ علم کی شان بیان کرکے اپنے ماننے والوں کو علم حاصل کرنے کی رغبت دلاتا ہے۔ یہاں بھی توحید کے گواہوں میں اہلِ علم کا شمار کرکے ان کی عزّت افزائی فرمادی۔

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ

اور (یہی گواہی دی) فرشتوں نے اور اہل علم نے (ان سب نے یہ بھی گواہی دی کہ وہ) قائم فرمانے والا ہے عدل و انصاف کو[۲۰] نہیں کوئی معبود سوائے اس کے (جو) عزت والا

الْحَكِیْمُ ؕ﴿۱۸﴾ اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۫ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِیْنَ

حکمت والا ہے بے شک دین اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف اسلام ہی ہے [۲۱] اور نہیں جھگڑا کیا [۲۲] جن کو

اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْیًۢا بَیْنَهُمْ ؕ

دی گئی تھی کتاب مگر بعد اس کے کہ آگیا تھا اُن کے پاس صحیح علم (اور یہ جھگڑا) باہمی حسد کی وجہ سے تھا

[۲۰] "قائما بالقسط" کی ایک ترکیب یہ ہے کہ یہ حال ہے اور لفظ اللہ ذوالحال اور دوسری ترکیب یہ ہے کہ لا الٰہ الا ھو میں ھو ضمیر اس کا ذوالحال ہے اور یہ حال معنیً اس کی صفت ہے۔ اس صورت میں یہ مشھود بہ میں داخل ہوگا یعنی ان سب گواہوں نے اس کی وحدانیت کی بھی گواہی دی اور اس کے ساتھ اس کے عدل و انصاف کی بھی شہادت دی۔ (بیضاوی) ترجمہ اسی دوسری ترکیب کے مطابق کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا عدل و انصاف کسی ایک چیز کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ کائنات کی تخلیق، فطرت کے قواعد کلیہ، عقائد اور شریعت کے قوانین غرضیکہ ہر وہ چیز جس کو اس سے نسبت ہے وہ اُس کے عدل و انصاف کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔ تبارک اللہ احسن الخالقین۔

[۲۱] علامہ ابن کثیر نے اسلام کے مفہوم کو بڑے آسان اور واضح الفاظ میں یوں بیان فرمایا ہے ھو اتباع الرسل فیما بعثھم اللہ به فی کل حین حتی ختموا بمحمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وآله وسلم الذی سد جمیع الطریق الیه الا من جهة محمد صلی اللہ علیه وسلم ہر زمانہ کے نبی پر اللہ تعالیٰ نے جو نازل فرمایا اس کی اطاعت و اتباع کو اسلام کہتے ہیں۔ یہاں تک کہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے جب نبوت کا سلسلہ ختم ہوا تو اسلام نام ہوگیا اتباعِ محمدی کا۔ اُس ذاتِ اقدس کو چھوڑ کر کوئی شخص اگر کوئی دوسرا راستہ اختیار کرے گا تو وہ گمراہی کا راستہ ہوگا۔ اس آیت سے تاریخ ادیان کے طالب علم کے لیے قرآن نے ایک بڑی اُلجھی ہوئی گرہ کھول دی۔ اس نے بتا دیا کہ مختلف انبیاء مختلف زمانوں میں الگ الگ دین لے کر نہیں آئے بلکہ سب نے اپنے اپنے وقت میں ایک ہی دین کی دعوت دی اور ایک ہی دین کی تبلیغ کی۔ کیونکہ وہ سب حق کے پیغامبر تھے۔ حق کی طرف بُلانے والے تھے۔ حق کے ساتھ مبعوث کیے گئے تھے اور حق ایک ہی ہے۔ اس لیے سب ایک ہی دین کے مبلغ بن کر آئے تھے۔ اب خاتم الانبیاء بھی اسی دین کے داعی بن کر آئے ہیں۔ کوئی نیا دین لے کر نہیں آئے اس لیے اب حضور کا دین ہی دینِ اسلام ہے۔ حضور کی غلامی کو چھوڑ کر جو شخص بھی کوئی دوسرا دین اختیار کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقبول نہیں ہوگا۔

[۲۲] اب یہاں خود بخود یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر دین ایک ہی ہے تو دین کے نام پر یہ جو اَن گنت فرقے نمودار ہوگئے ہیں اور ان

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ⑲ فَاِنْ

اور جو انکار کرتا ہے اللہ کی آیتوں کا تو بے شک اللہ تعالیٰ بہت جلد حساب لینے والا ہے پھر اگر (اب بھی)

حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَقُلْ

جھگڑا کریں آپ سے تو آپ ۲۳؎ کہہ دیجیے کہ میں نے جھکا دیا ہے اپنا سر اللہ کے سامنے اور جنھوں نے میری پیروی کی اور کہیے

لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ

اُن لوگوں سے جن کو کتاب دی گئی اور اَن پڑھوں سے کہ کیا تم اسلام لائے پس اگر وہ اسلام لے آئیں جب تو

اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ⑳ ع

ہدایت پا گئے ۲۴؎ اور اگر مُنہ پھیر لیں تو اتنا ہی آپ کے ذمہ تھا کہ آپ پیغام پہنچا دیں (جو آپ نے پہنچا دیا) اور اللہ خوب دیکھنے والا ہے (اپنے) بندوں کو

۲ ع ۱۰

کے باہمی اختلاف کی آگ بارہا خرمنِ امن کو جلا کر خاکستر بنا چکی ہے اس کی کیا وجہ ہے۔ اِس آیت میں اِسی سوال کا جواب دیا گیا ہے کہ یہ اختلاف کسی نیک نیتی یا غلط فہمی پر مبنی نہیں بلکہ اس کی وجہ حسد و عناد ہے۔ (اِس کی تفصیل پہلے سُورۃ بقرہ، آیت ۲۱۳ میں گزر چکی ہے)

۲۳؎ اگر حق سمجھ لینے کے بعد حسد کی وجہ سے وُہ حق کا انکار کریں اور آپ سے جھگڑیں تو ایسے لوگوں سے لفظی بحث میں اُلجھ کر آپ اپنا قیمتی وقت کیوں ضائع کریں۔ بلکہ ان کی پسند اور ناپسند سے بے نیاز ہو کر اپنے اور اپنے غلاموں کے محکم عقیدہ کا کھُلے الفاظ میں اعلان کر دیں۔ اس کا ان پر نفسیاتی اثر پڑے گا۔ کیونکہ جب وُہ دیکھیں گے کہ ان کے ہزاروں حیلے اور لاکھوں فریب بے اثر ثابت ہو گئے ہیں اور ان کے باوجود حق کے پرستاروں کے پاؤں نہیں ڈگمگائے۔ بلکہ ان کی تعداد دِن بدن بڑھ رہی ہے تو ان کے حوصلے پست ہو جائیں گے اور اِسلام کی مخالفت میں ان کی گرمجوشی سرد پڑ جائے گی۔

۲۴؎ یہاں ایک اور اعلان کا حکم دیا جا رہا ہے کہ آپ ان پر یہ بھی واضح کر دیں کہ ہم تم کو اِسلام کی جو بار بار دعوت دے رہے ہیں اس کی یہ وجہ نہیں کہ ہم تمھاری سنگت سے اپنی تقویّت کا قصد کر رہے ہیں۔ اور درپردہ اپنی مصلحت کے لیے کوشاں ہیں بلکہ اِسلام کی دعوت قبول کر لینے میں سراسر تمھارا ہی فائدہ ہے۔ اور اگر ضد پر اڑے رہے اور اس کو قبول نہ کیا تو تم ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکو گے بلکہ اپنی دُنیا و آخرت کا ستیاناس کر دو گے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ

بے شک جو لوگ انکار کرتے ہیں اللہ کی آیتوں کا اور قتل کرتے ہیں انبیاء کو ناحق ۲۵

وَّيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ فَبَشِّرْهُمْ

اور قتل کرتے ہیں ان لوگوں کو جو حکم کرتے ہیں عدل و انصاف کا لوگوں میں سے تو خوشخبری دو انھیں

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۱﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا

دردناک عذاب کی یہ ہیں وُہ (بدنصیب) اکارت گئے جن کے اعمال دُنیا میں

وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۲﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا

اور آخرت میں اور نہیں ہے ان کے لیے کوئی مددگار کیا نہیں دیکھا آپ نے ان لوگوں کی طرف جنھیں دیا گیا

نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ

کچھ حصّہ کتاب کا (جب) بُلائے جاتے ہیں کتابِ الٰہی کی طرف تاکہ تصفیہ کردے ان کے باہمی جھگڑوں کا تو

يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ

پیٹھ پھیر لیتا ہے ایک گروہ ان میں سے درآنحالیکہ وُہ رُوگردانی کرنے والے ہوتے ہیں اس (بیباکی) کی وجہ یہ تھی کہ وُہ کہتے تھے کہ بالکل نہ

تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۪ وَّغَرَّهُمْ فِىْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا

چھوئے گی ہمیں دوزخ کی آگ مگر چند دن گنے ہوئے اور فریب میں مبتلا رکھا انھیں ان کے دین کے معاملہ میں ان باتوں نے جو وُہ

۲۵ آیات ۲۰ تا ۲۵ میں یہود کی بدعنوانیوں، سرکشیوں اور حق سے دانستہ انکار اور اہلِ حق پر ظلم و ستم توڑنے ان کو بے رحمی سے قتل کردینے کی دیرینہ عادت کا ذکر کیا جارہا ہے۔ اور اس پر انھیں قیامت کے دن کی سختیوں کی یاد دلا کر تنبیہ کی جارہی ہے تاکہ وُہ اپنی اس روش سے باز آجائیں۔ نیز ان کی اس غلط فہمی کا ردبھی کردیا جس میں وُہ بُری طرح مبتلا تھے کہ وُہ خواہ کچھ بھی کرتے رہیں۔ ان کو یا تو عذاب ہوگا ہی نہیں اور اگر ہوا بھی تو گنتی کے چند روز۔ انھیں واضح طور پر بتادیا کہ یہ تمھاری من گھڑت باتیں ہیں جن کی کوئی حقیقت نہیں۔ بلکہ تم سے تمھاری ہر بدکاری کی سخت بازپرس ہوگی اور تمھیں تمھاری کارستانیوں کی پُوری سزادی جائے گی۔ تقریباً یہی مضمون پہلے سورۃ بقرہ میں گزر چکا ہے۔

يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٤﴾ فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۟ وَوُفِّيَتْ

خود گھڑا کرتے تھے سو کیا حال ہوگا (اُن کا) جب ہم جمع کریں گے انھیں اُس روز جس کے آنے میں کوئی شک نہیں اور پُورا پُورا

كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ

بدلہ دیا جائے گا ہر شخص کو جو اُس نے کمایا اور اُن پر ظلم نہیں کیا جائے گا (اے حبیب!۲۶ یُوں) عرض کرو اے اللہ! اے مالک

الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۬ وَ

سب مُلکوں کے! تو بخش دیتا ہے مُلک جسے چاہتا ہے اور چھین لیتا ہے مُلک جس سے چاہتا ہے اور

تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

عزّت دیتا ہے جس کو چاہتا ہے اور ذلیل کرتا ہے جس کو چاہتا ہے تیرے ہی ہاتھ میں ہے ساری بھلائی بے شک تو ہر چیز پر

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٦﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۬

قادر ہے تو داخل کرتا ہے رات (کا حصّہ) دن میں اور داخل کرتا ہے تُو دن (کا حصّہ) رات میں

۲۶ے اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کو اور حضورؐ کی وساطت سے ساری اُمّت کو ایسے پاکیزہ کلمات کی تعلیم دے رہا ہے جس میں نہایت مؤثر اور دلکش اسلوب میں اس کی توحید اور اس کی عظیم قدرت کا ذکر کیا گیا ہے۔ حکومت دینے والا بھی وُہی ہے اور چھیننے والا بھی وُہی ہے وُہی جس کو چاہتا ہے دین و دُنیا کی عزّتوں سے سرفراز کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے خوار و ذلیل کر دیتا ہے۔ کسی فرد یا قوم کو یہ حق حاصل نہیں کہ وُہ حکومت اور عزّت کو اپنا پیدائشی حق سمجھنے لگے۔ اور اس فریب میں مبتلا رہے کہ اس کے اعمال کتنے سیاہ کیوں نہ ہوں اس کا کردار کتنا پست اور اس کی سیرت کتنی داغدار کیوں نہ ہو نہ اس سے حکومت چھینی جا سکتی ہے اور نہ اسے عزّت سے محرُوم کیا جا سکتا ہے۔ ایسا ہرگز نہیں بلکہ سب کچھ اس مالکِ حقیقی کے دستِ قُدرت میں ہے۔ وُہ ربّ قدیر جس کی شانِ صمدیّت و قدوسیّت اور جس کی صفتِ علم و حکمت کے ساتھ رحمت و عدل کی ساری قدریں قائم اور باقی ہیں۔ اُس کی سُنّت یہ ہے کہ وُہ جب کسی فرد یا قوم میں رحمت و عدل کے تقاضے پُورا کرنے کی صلاحیّت دیکھتا ہے تو اُسے حکومت و عزّت سے سرفراز فرما دیتا ہے اور جو فرد یا قوم اپنے عمل سے اپنے آپ کو اس نعمت کا نااہل ثابت کر دیتی ہے تو اسے ذلّت و خواری کے گڑھے میں پھینک دیا جاتا ہے۔ اس آیت میں بنی اسرائیل کی لاف زنیوں کا ردّ بھی کر دیا گیا۔ اور یہ بھی صاف صاف بتا دیا گیا کہ ان کی مسلسل نافرمانیوں کے باعث عزّت و کرامت کا تاج ان سے چھین کر اب عرب کے بادیہ نشینوں کے سر پر رکھ دیا جائے گا جنھوں نے سچے دل سے اسلام کی تعلیمات کو

وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ

اور نکالتا ہے تُو زندہ کو مُردہ سے اور نکالتا ہے مُردہ کو زندہ سے اور رزق دیتا ہے

تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٢٧﴾ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكٰفِرِينَ أَوْلِيَآءَ

جسے چاہتا ہے بے حساب ۲۷؎ نہ بنائیں مومن کافروں کو اپنا دوست

مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِي

مومنوں کو چھوڑ کر ۲۸؎ اور جس نے کیا یہ کام پس نہ رہا (اس کا) اللہ سے کوئی

قبُول کرلیا ہے۔

۲۷؎ اِس آیت میں اللہ تعالیٰ کی قُدرتِ کاملہ کے دو اَور ثبُوت بیان فرمائے گئے ہیں۔اِن آیات کے ضمن میں علاّمہ قرطبی لکھتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں ایک دفعہ نمازِ جمعہ میں شریک نہ ہوسکا۔حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے وجہ دریافت فرمائی تو میں نے گزارش کی کہ میں نے یوحنا بن باریا یہُودی کا کچُھ قرض دینا تھا وُہ میرے دروازہ پر تاڑ لگائے بیٹھا تھا کہ میں باہر نکلوں اَور وُہ مجھے اپنی حراست میں لے لے اَور حضور کی خِدمت میں حاضر ہونے سے روک دے۔اِس لیے میں باہر نہ نکل سکا۔اَور نمازِ جمعہ کی شِرکت سے محرُوم رہا۔حضور کریم نے فرمایا اَے معاذ! کیا تم پسند کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمھارا قرض ادا فرما دے۔میں نے عرض کی۔ہاں یارسُول اللہ! تو حضور نے فرمایا ہر روز یہ پڑھا کرو۔قل اللّٰھم مالك الملك تا بغیر حساب۔ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا تُعْطِيْ مِنْهُمَا مَنْ تَشَاۤءُ وَتَمْنَعُ مِنْهُمَا مَنْ تَشَاۤءُ اِقْضِ عَنِّيْ دَيْنِيْ۔ اگر تجھ پر زمین کے برابر سونا قرض ہوگا تو اللہ تعالیٰ ادا فرما دے گا۔ (اخرجہ ابُو نعیم الحافظ)

۲۸؎ یہ آیت وُہ ستون ہے جس پر اسلامی حکومت کی خارجہ پالیسی کا دارومدار ہے۔اپنی اِس اہمیّت کے پیشِ نظر یہ بہت غور و تدبّر کی مستحق ہے۔تاکہ ہم اِس اہم حکم کی تعمیل میں اسے صحیح نہ سمجھنے کے باعث کسی غلطی کا شکار نہ ہوجائیں۔اِس سِلسلہ میں سب سے پہلے لفظ "اولیاء" کا مفہُوم ذہن نشین کرنا چاہیئے۔"اولیاء" جمع ہے ولی کی اَور ولی مشتق ہے وِلایة یا وَلایة سے۔علاّمہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں۔الوِلایة النصرة والوَلایة تولی الامر وقیل الوِلایة والوَلایة واحدة۔یعنی وِلایة (جب کہ واؤ کے نیچے زیر ہو) کا معنی مدد کرنا ہے۔اَور وَلایة (جب کہ واؤ کے اُوپر زبر ہو) کا معنی کسی کام کا ذمہ دار اَور انچارج بننا ہے اَور بعض علمائے لُغت کے نزدیک دونوں کا ایک ہی معنی ہے۔ذرا اَور سُنیئے۔علامہ قرطبی نے اِس آیت کی تفسیر اِسی سُورۃ کی آیت نمبر ۱۱۸ سے کی ہے۔لاتتخذوا بطانة من دونکم۔اَور اِس آیت کا اُنھوں نے یہ معنی بیان کیا ہے کہ یفاوضوھم فی الآراء ویسندون الیھم امورھم کہ اپنے اہم امُور کے متعلق انھیں کفّار سے مشورہ کیا جائے اَور اپنے تمام کام اُنھیں کے سپُرد کردیئے

شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ؕ وَ يُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَ

تعلق مگر اس حالت میں کہ تم کرنا چاہو ان سے اپنا بچاؤ ۲۹؎ اور ڈراتا ہے تمھیں اللہ تعالیٰ اپنی ذات سے (یعنی غضب سے) اور

جائیں۔ اس سے واضح ہو گیا کہ کفّار کے ساتھ ایسے دوستانہ مراسم کہ انھیں اپنے سیاہ وسپید کا مالک بنا دیا جائے اور ہر بات میں اُنھیں کے مشورہ پر اعتماد کیا جائے، اسے قرآن حکیم نے قطعاً ممنوع قرار دے دیا ہے۔ ایسا رویّہ اختیار کرنا کسی آزاد قوم اور آزاد حکومت کے شایانِ شان نہیں بلکہ حقیقت میں ذہنی غلامی کا یہ دُوسرا نام ہے جسے غیرتِ اسلام برداشت نہیں کر سکتی۔ نیز اگر ایک اسلامی مملکت دُوسری اسلامی مملکت کے خلاف کسی غیر مُسلم حکومت کی امداد کرنے لگے تو کیا ملّی وحدت کا جنازہ نہ نکل جائے گا؟ اگر ہم اپنے ایک مسلمان بھائی کے خلاف کسی کافر کی اعانت کر کے اُسے شکست دے دیتے ہیں تو حقیقت میں ہم اپنے آپ کو کمزور کر رہے ہیں اور اپنے دُشمن کی تقویت کا باعث بن رہے ہیں جو آج تو اپنے اغراض ومقاصد کے پیشِ نظر ہماری خوشامد بھی کر رہا ہے اور طرح طرح کے سبز باغ بھی دکھا رہا ہے لیکن کل جب اس کی اغراض ہمارے مفاد سے ٹکرائیں گی تو وُہ ہمارا قلع قمع کرنے میں دریغ نہیں کریگا اور اُس وقت اُسے یاد بھی نہ رہے گا کہ ہم اُس کے وُہ مخلص دوست ہیں جنھوں نے اس کی خاطر اپنے دینی بھائیوں کا خون بہانے میں ذرا تامّل نہ کیا تھا۔ جو لوگ اُندلس کے زوال اور بربادی کی خونچکاں داستان سے واقف ہیں یا جنھوں نے سلطنتِ مُغلیہ کے انحطاط کے دَور میں بنگال اور جنوبی ہند کے مُسلمان نوابوں کی غلط کاریوں کا جائزہ لیا ہے اُنھیں قدم قدم پر قرآن حکیم کے اِس حکم کی اہمیّت اور صداقت کے واضح ثبوت ملیں گے۔ تفسیر المنار کی یہ عبارت بہت جامع ہے۔ فالممنوع منہا ما یکون فیہ خذلان لدینك وایذاء لاھلہ او اضاعۃ لمصالحھم۔ یعنی کفار کے ساتھ ایسی دوستی ممنوع ہے جس سے تیرے دین کی رُسوائی ہو، یا تیرے دینی بھائیوں کو اذیّت پہنچے یا اُن کے وقار اور مفاد کو نقصان پہنچے۔

لیکن غیر مسلم حکومتوں کے ساتھ تجارت کرنا یا عام انسانی فلاح وبہبُود کے کاموں میں ان کے ساتھ تعاون کرنا، عالمی امن و سلامتی کی بقاء کے لیے مل کر کوشش کرنا یا ایک مشترکہ دشمن کے مقابلہ کے لیے ان کے ساتھ فوجی پیکٹ کرنا یا عام میل جول اور معاشرت میں غیر مُسلموں کے ساتھ حُسنِ سلوک اور خندہ پیشانی سے پیش آنا قطعاً ممنوع نہیں۔ اس کا ثبوت قرآنِ حکیم کی متعدد آیتوں اور اُسوۂ حسنہ سے ملتا ہے۔ جس کا ذکر اپنے اپنے موقع پر آئے گا۔

۲۹؎ یعنی اگر مُسلمان کفّار کے نرغہ میں آجائے اور اُسے اپنے قتل ہو جانے، مال چھن جانے اور ناموس لُٹ جانے کا قوی اندیشہ ہو تو اس بے بسی کے عالم میں اسلام نے اسے اجازت دی ہے کہ وُہ ایسی بات کہہ لے جس سے وُہ کفّار کے شر سے محفُوظ رہے۔ لیکن عُلمائے اہلِ سُنّت نے تصریح کی ہے کہ فاما ما یرجع ضررہ الی الغیر کالقتل والزنا وغصب الاموال والشھادۃ بالزور وقذف المحصنات واطلاع الکفار علی عورات المسلمین فذلك غیر جائز البتۃ۔ (امام رازیؒ)

یعنی اس عالمِ خوف وخطر میں اسے یہ اجازت ہرگز نہیں کہ وُہ ایسا فعل کرے یا ایسی بات کہے جس سے دُوسرے مُسلمان کو ضرر پہنچے مثلاً اگر کفّار اُسے کسی مسلمان کو قتل کرنے، زنا کرنے، مال غصب کرنے، جھُوٹی گواہی دینے، کسی پاکدامن عورت پر جھُوٹا

إِلَى اللّٰهِ الْمَصِيرُ ﴿۲۸﴾ قُلْ إِنْ تُخْفُوا مَا فِي صُدُورِكُمْ أَوْ تُبْدُوهُ

اللہ ہی کی طرف (سب نے) لوٹ کر جانا ہے فرما دیجئے اگر تم چھپاؤ جو کچھ تمہارے سینوں میں ہے یا ظاہر کرو اُسے،

يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ۗ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى

جانتا ہے اُسے اللہ تعالیٰ اور جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ تعالیٰ ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿۲۹﴾ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ

چیز پر قادر ہے جس دن موجود پائے گا ہر نفس جو کی تھی اُس نے نیکی

مُّحْضَرًا ۚ وَمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ أَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗ أَمَدًا

اپنے سامنے اور جو کچھ کی تھی اس نے بُرائی تمنّا کرے گا کہ کاش اس کے درمیان اور اُس دن کے درمیان (حائل

بَعِيدًا ۗ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۗ وَاللّٰهُ رَءُوفٌ بِالْعِبَادِ ﴿۳۰﴾ قُلْ

ہوتی) مدت دراز اور ڈراتا ہے تمھیں اللہ اپنے (عذاب) سے اور اللہ تعالیٰ بہت مہربان ہے اپنے بندوں پر (اے محبوب!) آپ فرمائیے (انھیں کہ)

بہتان لگانے یا کفّار کو مُسلمانوں کے راز بتانے پر مجبُور کریں تو اُس مُسلمان کو اِس امر کی ہرگز اجازت نہیں کہ وُہ اپنے بچاؤ کے لیے اِن کاموں میں سے کوئی کام کرے۔

اگر وُہ اپنی جان بچانے کے لِیے زبان پر کلمہ کُفر لائے اور اس کا دِل مطمئن ہو تو اسے ایسا کرنے کی رُخصت تو ہے لیکن اُس کا ایمان پر ڈٹے رہنا اور اپنی جان دے دینا بہت افضل ہے۔

اِس چیز کو اُس تقیّہ سے دُور کا واسطہ بھی نہیں جو مذہب شیعہ کا اصلِ عظیم ہے اور بڑا کارِ ثواب ہے جس کی فضیلت بیان کرتے ہُوئے وُہ یہاں تک کہہ جاتے ہیں کہ اگرچہ خلفائے ثلاثہ نے قرآن کی تحریف کر دی، احکامِ شریعت کو بدل ڈالا۔ سُنّتِ رسُول کو مٹا دیا۔ لیکن حضرت علی نے تقیّہ پر عمل کیا اور خاموش رہے بلکہ کاروبارِ حکومت میں ان کا ہاتھ بٹاتے رہے۔ ان کے مالِ غنیمت سے اپنا حصّہ قبول کرتے رہے۔ ان کے پیچھے نمازیں ادا کرتے رہے۔ استغفر اللہ۔ شاہِ مرداں شیرِ یزداں علیہ و آلہٖ افضل الثناء و اکمل الرضوان کی ذاتِ مقدّس پر یہ کتنا ناپاک بہتان ہے۔ ایسی بہتان تراشی پر ہم اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگتے ہیں۔

إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ط

اگر تم (واقعی) محبت کرتے ہو اللہ سے ۳۰ تو میری پیروی کرو (تب) محبت فرمانے لگے گا تم سے اللہ اور بخش دے گا تمھارے لیے تمھارے گناہ

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣١﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ

اور اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا رحم فرمانے والا ہے آپ فرمائیے اطاعت کرو اللہ کی اور (اس کے) رسول کی ۳۱ پھر اگر وہ منہ پھیریں تو یقیناً

۳۰ ۔ جب یہود کو اسلام کی دعوت دی گئی تو انھوں نے یہ کہہ کر اس دعوت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا کہ ہم تو پہلے ہی محبت الٰہی سے سرشار ہیں اور اس کے لاڈلے فرزند ہیں۔ ہمیں کیا ضرورت پڑی ہے کہ کسی نئے نبی کی امت میں داخل ہونے کی زحمت گوارا کریں۔ سابقہ آیات میں قرآن نے ان کے بُرے اعمال اور رذیل عادات کا ذکر فرمایا۔ ایسی ناپسندیدہ حرکات کے باوجود وہ خدا کی دوستی کا دم بھرا کرتے۔ ان آیات میں انھیں تنبیہ فرمائی جارہی ہے کہ محبتِ الٰہی کا دعویٰ بغیر دلیل قابلِ التفات نہیں۔ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے اس برگزیدہ رسول کی اطاعت و فرمانبرداری کرو۔ اگر تم نے دل وجان سے اس رسول کریم کی اطاعت کی تو تمھارا دعویٰ محبت بھی درست تسلیم کرلیا جائے گا۔ اور اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کی ایک سب سے بڑی نعمت سے بھی سرفراز کیے جاؤ گے یعنی تمھیں محبوبِ الٰہی ہونے کا شرف بخشا جائے گا۔ اور تمھارے اعمال نامہ کی سیاہی کو رحمت اور مغفرت کے پانی سے صاف کر دیا جائے گا۔ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء کی عظمتِ شان اور جلالتِ قدر کا کیا کہنا۔ جس کی غلامی یہود ایسی راندۂ درگاہ اور ذلیل قوم کو بھی اللہ تعالیٰ کا محبوب بنا سکتی ہے۔ اور اُس کے گھناؤنے کرتوتوں کی بخشش کا سبب بن سکتی ہے۔ اگر امتِ مسلمہ اتباعِ حبیبِ خدا کو اپنا شعار بنالے اور سنتِ سرورِ کائنات کے سانچے میں اپنی سیرت کو ڈھال لے تو کیا یہ محبوبیت کی خلعتِ فاخرہ سے نوازی نہیں جائے گی ؟ حیاء کا سر ندامت کے بوجھ سے اٹھ نہیں سکتا جب ہم اللہ تعالیٰ کی محبت کے لمبے چوڑے دعوے کرتے ہیں اور عمل کی دنیا میں رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی سنت سے انحراف کیے ہوتے ہیں۔ کیا اچھا کہا ہے کسی شاعر نے ؎

لو کان حبک صادقا لاطعتہ ان المحب لمن یحب مطیع

یعنی اگر تیری محبت سچی ہوتی تو تُو اپنے محبوب کی اطاعت میں سرگرم ہوتا۔ کیونکہ محب تو ہمیشہ اپنے محبوب کا مطیع ہوا کرتا ہے۔

۳۱ ۔ اس آیت میں بھی دعوتِ اسلام قبول کرنے والوں کو حکم دیا جارہا ہے کہ تم اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو۔ آج کل بعض لوگ اس تحریک کو بڑی سرگرمی سے چلا رہے ہیں کہ ہمیں صرف قرآن کا اتباع کرنا چاہیئے۔ سنتِ نبوی کی پیروی کی ضرورت نہیں۔ حیرت ہوتی ہے کہ قرآن کے احکام کا اتباع کرنے کے دعویٰ کے ساتھ وہ انکارِ سنت کی کیسے جرأت کرتے ہیں۔ کیا قرآن نے ہی بے شمار مقامات پر نہایت واضح اور زوردار انداز میں یہ حکم نہیں دیا کہ اللہ تعالیٰ کے اس رسولِ برحق کی اطاعت کرو۔ اُس کا حکم مانو اور اُس کے اسوۂ حسنہ کو اپناؤ۔ تو گویا حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی اطاعت اور فرمانبرداری قرآن سے کوئی الگ چیز نہیں۔ بلکہ قرآن ہی کی بے شمار آیات کی تعمیل ہے۔ اگر آپ سنتِ نبوی کی پیروی سے انکار کریں گے تو آپ نے صرف سنت

اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰۤى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ

اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا کفر کرنے والوں کو بے شک اللہ تعالیٰ نے چن لیا ۳۲؎ آدم اور نوح اور ابراہیم

اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۳﴾ ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ

کے گھرانے کو اور عمران کے گھرانے کو سارے جہان والوں پر یہ ایک نسل ہے بعض ان میں سے بعض کی اولاد ہیں

کا ہی انکار نہیں کیا بلکہ قرآن کی بے شمار آیات کا انکار کر دیا۔ اتباعِ رسُول اور اطاعتِ رسُول کسے کہتے ہیں؟ یہ بتا دینا بھی ضروری ہے تاکہ کوئی لفظی ابہام راہِ راست سے منحرف کرنے کا باعث نہ بنے۔ امام ابُوالحسن آمدی نے "اتباع" کی وضاحت کرتے ہُوئے لکھا ہے۔ الاتباع فی الفعل هو التأسی بعینه والتأسی ان تفعل مثل فعله علی وجهه من اجله: کسی کے فعل کے اتباع کا یہ معنی ہے کہ اس کے اس فعل کو اس طرح کیا جائے جس طرح وُہ کرتا ہے اور اس لیے کیا جائے کیونکہ وُہ کرتا ہے۔ اور امام آمدی اطاعت کے مفہوم کی توضیح کرتے ہُوئے لکھتے ہیں ومن اتی بمثل فعل الغیر علی قصد اعظامه فهو مطیع له: جب کوئی شخص کسی دُوسرے کی عزّت واحترام کے باعث بعینہٖ اس کے فعل کی طرح کوئی فعل کرے تو وُہ اس کا مطیع کہلاتا ہے اتباع و اطاعت رسالتمآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے متعلّق جو حکم قرآن نے ہم کو دیا ہے (جس کی اطاعت وُہ بھی فرض سمجھتے ہیں) اس کی تعمیل کی صرف یہی صُورت ہے کہ ہم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے افعال کو بالکل اسی طرح ادا کریں جیسے حضور نے ادا فرمائے اور صرف اس لیے ادا کریں کہ یہ افعال اس ذاتِ اطہر واقدس سے ظہور پذیر ہُوئے ہیں جو جمال و کمال کا وُہ پیکر ہے جس سے حسین تر اور جمیل تر چیز کا تصوّر تک ممکن نہیں۔ کاش ہم قرآن کے الفاظ کو اپنی من گھڑت تاویلات کا اکھاڑہ بنانے سے باز رہیں اور اس آیت کے آخر میں اتّباع و اطاعتِ رسُول سے رُوگردانی کرنے والوں کو جن الفاظ سے یاد کیا گیا ہے اس پر غور کریں (اس موضوع پر احقر کی تالیف "سُنّتِ خیرالانام علیہ الصلوٰۃ والسّلام" کا مطالعہ شاید مفید ثابت ہو)

۳۲؎ قرطبی نے زجاج سے اصطفاء کا یہ مفہوم نقل کیا ہے کہ انھیں نعمتِ نبوّت کے لیے سارے جہان سے چن لیا۔ اس کے بعد قرطبی لکھتے ہیں کہ حضوُر علیہ الصلوٰۃ والسّلام کا مقام درجہ اصطفاء سے بہت بلند ہے۔ حضوُر تو حبیب اور رحمت ہیں دوسرے انبیا رحمت کے لیے پیدا کیے گئے اور سرورِ عالم کو سراپا رحمت پیدا کیا گیا اور حضوُر کی تشریف آوری سے خلقِ خدا کو امان مل گئی اسی لیے حضوُر نے فرمایا میں اللہ کی طرف سے رحمت کا تحفہ ہُوں۔ فاما محمد صلی الله علیه وسلم فقد جازت مرتبته الاصطفاء لانه حبیب ورحمة فالرسل خلقوا للرحمة وهو خلق بنفسه رحمة فلذالك صار امانا للخلق لذلك قال علیه السلام انا رحمة مهداة (القرطبی) آلِ عمران میں عمران سے مراد حضرت مریم کے والدِ محترم عمران بن ماثان ہیں جو حضرت سلیمان علیہ السّلام کی نسل سے تھے۔ حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کے پدرِ بزرگوار کا نام بھی عمران تھا لیکن مفسّرین نے اسی قول کو ترجیح دی ہے کہ یہاں اوّل الذکر مُراد ہیں۔

وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ۝٣٤ اِذۡ قَالَتِ امۡرَاَتُ عِمۡرٰنَ رَبِّ اِنِّیۡ نَذَرۡتُ

اور اللہ سب کچھ سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے جب عرض کی ۳۳ عمران کی بیوی نے اے میرے رب! میں نذر مانتی

لَكَ مَا فِیۡ بَطۡنِیۡ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلۡ مِنِّیۡ ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ۝٣٥

ہوں تیرے لیے جو میرے شکم میں ہے (سب کاموں سے) آزاد کر کے سو قبول فرمالے (یہ نذرانہ) مجھ سے بے شک تو ہی (دعائیں) سننے والا (نیتوں کو)

فَلَمَّا وَضَعَتۡهَا قَالَتۡ رَبِّ اِنِّیۡ وَضَعۡتُهَاۤ اُنۡثٰىؕ وَاللّٰهُ اَعۡلَمُ

جاننے والا ہے پھر جب اس نے جنا اسے (تو حیرت و حسرت سے) بولی اے رب! میں نے تو جنم دیا ایک لڑکی کو ۳۴ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے

بِمَا وَضَعَتۡ ؕ وَلَيۡسَ الذَّكَرُ كَالۡاُنۡثٰى ۚ وَاِنِّیۡ سَمَّيۡتُهَا مَرۡيَمَ وَ

جو اس نے جنا اور نہیں تھا لڑکا (جس کا وہ سوال کرتی تھی) مانند اس لڑکی کے ۳۵ اور (ماں نے کہا) میں نے نام رکھا ہے اس کا مریم اور

۳۳ یہ کہنے والی عمران کی زوجہ اور حضرت مریم کی والدہ ہیں۔ ہمارے مفسرین نے علمائے بنی اسرائیل کے حوالہ سے ان کا نام حنّہ بتایا ہے۔ اس پاکباز خاتون نے جب حمل کی گرانی محسوس کی تو اپنی عبدیت اور نیازمندی کا اظہار کرنے کے لیے بارگاہِ الٰہی میں عرض کرنے لگیں کہ اے میرے خالق! میرے شکم میں جو بچہ ہے اس کے متعلق میں نذر مانتی ہوں کہ اس سے میں اپنی خدمت یا گھر کا کام کاج نہیں لوں گی۔ وہ دنیا کے سارے بندھنوں سے آزاد ہو کر عمر بھر تیرے گھر (بیت المقدس) کی جاروب کشی اور خدمت میں لگا رہے گا۔ تو میری اس نیازمندانہ نذر کو اپنے فضل و کرم سے شرفِ قبول بخش۔ تو میرے دل کی پکار کو سننے والا اور میرے جذباتِ پنہاں کو جاننے والا ہے۔

۳۴ انھیں تو یہ امید تھی کہ لڑکا ہوگا۔ اور اسی امید پر انھوں نے اسے بیت المقدس کی چاکری کے لیے وقف بھی کر دیا تھا۔ اب جب لڑکی پیدا ہوئی تو بصد حسرت و یاس کہنے لگیں۔ اے ربّ! میں نے تو بچی جنی ہے۔ اب میں اپنی نذر کیسے پوری کروں گی۔ کیونکہ اس وقت لڑکیوں کو بیت المقدس کی خدمت کی اجازت نہ تھی۔

۳۵ یہ ارشادِ باری ہے جو بطور جملہ معترضہ حضرت حنّہ کے کلام کے درمیان میں لایا گیا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اس بچی کی ولادت مقامِ افسوس نہیں ہے۔ جس لڑکے کی آرزو تم کیا کرتی تھیں وہ اس بچی کا کیا مقابلہ کر سکتا ہے جو ہم نے تم کو مرحمت فرمائی ہے۔ اس کی ذات سے برکت و رحمت اور ہدایت کی جو کرنیں پھوٹیں گی وہ تو ایک عالم کو منوّر کر دیں گی۔ اس جملہ کے بعد پھر حضرت حنّہ کا کلام ہے۔

اِنِّیْۤ اُعِیْذُهَا بِكَ وَ ذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ﴿۳۶﴾ فَتَقَبَّلَهَا

میں تیری پناہ میں دیتی ہُوں اسے اور اس کی اولاد کو شیطان مردُود (کے شر) سے پھر قبول ۳۶ فرمایا اسے

رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّ اَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّ كَفَّلَهَا زَكَرِیَّا ؕ

اُس کے رب نے بڑی ہی اچھی قبولیت کے ساتھ اور پروان چڑھایا اسے اچھا پروان چڑھانا اور نگران بنا دیا اس کا زکریا کو

كُلَّمَا دَخَلَ عَلَیْهَا زَكَرِیَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ

جب بھی جاتے ۳۷ مریم کے پاس زکریا (اس کی) عبادت گاہ میں (تو) موجود پاتے اس کے پاس کھانے کی چیزیں ۳۸ (ایک بار)

یٰمَرْیَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَرْزُقُ

بولے اے مریم! کہاں سے تمہارے لیے آتا ہے یہ (رزق) مریم بولیں یہ اللہ تعالیٰ کے پاس سے آتا ہے بے شک اللہ تعالیٰ رزق دیتا ہے

۳۶ حضرت حنّہ کی دُعا کی قبولیت کا ذکر ہے۔ حضرت مریم کے مقبول ہونے کی ظاہری علامت یہ مقرر فرما دی کہ ان کی تربیت وقت کے نبی حضرت زکریا علیہ السلام کے سپرد فرما دی۔ اگر کامل مُرشد اور مربّی مل جائے تو یہ بھی اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا انعام ہے ؎

اگر کوئی شعیب آئے میسّر شبانی سے کلیمی دو قدم ہے

۳۷ محراب کا لغوی معنی ہے "اکرم موضع فی المجلس"، مجلس میں جو سب سے باعزت جگہ ہو اس کو محراب کہتے ہیں عموماً اُس حجرۂ عبادت کو محراب کہا جاتا ہے۔ جو سطح زمین سے کچھ بلند بنایا جاتا ہے اور جس میں جانے کے لیے سیڑھیوں کی ضرورت پڑتی ہے ہیکل سلیمانی کے ارد گرد ہیکل کے خادموں اور چلّہ کشوں کے لیے جو کمرے بنے ہُوئے تھے انہی میں سے ایک میں حضرت مریم مشغولِ عبادت رہا کرتی تھیں اور حضرت زکریا علیہ السلام کیونکہ ان کے سرپرست تھے اس لیے اکثر ان کی خبرگیری کے لیے ان کے ہاں تشریف لے جایا کرتے تھے۔

۳۸ جب بھی حضرت زکریا حضرت مریم کے پاس جاتے تو ان کے ہاں طرح طرح کے پھل رکھے پاتے۔ گرمی کے پھل سردی میں اور سردی کے پھل گرمی میں۔ اس سے عُلمائے اہلِ سُنّت نے اولیاء کرام کی کرامتوں کا برحق ہونا ثابت کیا ہے۔ کیونکہ حضرت مریم نبی نہ تھیں۔ بے موسم کے پھلوں کا آپ کے پاس پایا جانا آپ کی کرامت تھی۔ صرف معتزلیوں نے کراماتِ اولیا کا انکار کیا ہے۔ اور آج بھی کئی اُن کے ہم نوا اہلِ سنّت ہونے کا دعویٰ کرنے کے باوجود کرامات کا انکار کرنا اپنے علم کا کمال سمجھتے ہیں۔

مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٧﴾ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ

جسے چاہتا ہے بے حساب وہیں دُعا مانگی زکریا نے اپنے رب سے ۳۹ عرض کی اے میرے ربّ!

هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿٣٨﴾ فَنَادَتْهُ

عطا فرما مجھ کو اپنے پاس سے اولاد پاکیزہ بے شک تُو ہی سُننے والا ہے دُعا کا پھر آواز دی اُن کو

الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ

فرشتوں نے ۴۰ جب کہ وُہ کھڑے نماز پڑھ رہے تھے (اپنی) عبادت گاہ میں کہ بے شک اللہ تعالیٰ خوشخبری دیتا ہے آپ کو

بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا

یحییٰ کی جو تصدیق کرنے والا ہوگا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرمان کی اور سردار ہوگا اور ہمیشہ عورتوں سے بچنے والا ہوگا اور نبی ہوگا

مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٣٩﴾ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ

صالحین سے زکریا کہنے لگے اے رب! کیونکر ہوگا میرے ہاں لڑکا حالانکہ آلیا ہے مجھے

۳۹ے حضرت زکریا علیہ السّلام کی عُمر کافی ہو چکی تھی لیکن اَولاد نہ تھی۔ حضرت مریم کے شب و روز بڑے اخلاص سے محوِ عبادت رہنے کے باعث انکے دل میں بھی اَولاد کی آرزو بیدار ہو گئی اَور عرض کرنے لگے۔ اَے رب! اگرچہ میں بُوڑھا ہو چکا ہُوں اَور میری بیوی بانجھ ہو چکی ہے۔ اَور اَولاد پیدا ہونے کا عام وقت گزر چکا ہے لیکن تُو وُہ کریم اَور قادر ہے جو اس مقفل حجرے میں مریم کو بے موسم کے پھل عطا فرماتا ہے۔ تیرے کرم سے کیا بعید ہے اگر تُو مجھے بھی نیک بخت اَور پاک اَولاد عطا فرمادے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نیک اَولاد کے لیے دُعا کرنا انبیائے کرام کی سُنّت ہے۔ اَور یہ بھی معلوم ہوا کہ مُبارک مکان میں مُبارک وقت میں کسی اللہ کے محبُوب کے پاس کھڑے ہو کر جو دُعا کی جاتی ہے اس کو اللہ تعالےٰ اپنے فضل وکرم سے منظُور فرمایا کرتا ہے۔

۴۰ے فرشتوں کے ذریعہ سے حضرت زکریا کو ان کی دُعا کی مقبُولیّت کی خوشخبری دے دی گئی۔ بچّے کا نام اَور اس کی عزّت و پاکبازی کی اِطلاع بھی دے دی اَور ساتھ ہی یہ بھی اِرشاد فرما دیا گیا کہ وُہ نبی ہوگا۔" کلمۃ من اللّٰہ" سے مُراد حضرت عیسٰی علیہ السّلام ہیں کیونکہ ان کی بن باپ پیدائش ان کے متعلق طرح طرح کے اِلزامات تراشنے کا سبب بننے والی تھی اِس لیے ان کی پاکدامنی اَور تقدّس کو بیان کرنے کے لِیے قدُرت نے پہلے ہی حضرت یحییٰ کو مقرر فرما دیا۔ جن کی بزرگی پاکبازی اَور نبوّت کا ساری قوم کو اِعتراف تھا اِنجیل میں حضرت یحییٰ کو یوحنا کہا جاتا ہے اَور انگریزی میں (JOHN)

الْكِبَرُ وَامْرَاَتِیْ عَاقِرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ ۝٤٠ قَالَ

بُڑھاپے نے اور میری بیوی بانجھ ہے فرمایا بات اسی طرح ہے (جیسی تم نے کہی) لیکن اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے عرض کی

رَبِّ اجْعَلْ لِّیْۤ اٰیَةً ؕ قَالَ اٰیَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَیَّامٍ

اے میرے رب! مقرر فرمادے میرے لیے کوئی نشانی ۴۱ فرمایا تیری نشانی یہ ہے کہ نہ بات کر سکو گے لوگوں سے تین دن

اِلَّا رَمْزًا ؕ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِیْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِیِّ وَالْاِبْكَارِ ۝٤١

مگر اشارہ سے اور یاد کرو اپنے پروردگار کو بہت اور پاکی بیان کرو (اس کی) شام اور صبح

وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓىِٕكَةُ یٰمَرْیَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ

اور جب کہا فرشتوں نے اے مریم! بے شک اللہ تعالیٰ نے چن لیا ہے تمھیں ۴۲ اور خوب پاک کر دیا ہے

وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ ۝٤٢ یٰمَرْیَمُ اقْنُتِیْ لِرَبِّكِ وَ

تمھیں اور پسند کیا ہے تجھے سارے جہان کی عورتوں سے اے مریم! اخلاص سے عبادت کرتی رہ اپنے رب کی ۴۳ اور

۴۱ یہ گزارش کسی شک کی وجہ سے نہ تھی بلکہ لیتلقی تلك النعمة بالشكر حین حصولها (روح المعانی) اس لیے تھی کہ جس وقت اس نعمت کا حصول ہو اُسی وقت سرِ نیاز سجدۂ شکر ادا کرنے لگ جائے۔ اور حمل قرار پانے کی علامت یہ مقرر کی گئی کہ اس وقت ان کی زبان ذکرِ الٰہی اور تسبیح و تہلیل میں تو محو رہے گی لیکن لوگوں کے ساتھ گفتگو کرنے کی استعداد اس میں باقی نہ رہے گی۔

۴۲ یعنی قدرت کی نگاہِ انتخاب نے بچپن میں بھی مریم کو چن لیا کہ حضرت زکریا کی سرپرستی عطا فرمائی۔ دل میں اپنی یاد کی لگن پیدا کر دی۔ غیب سے طرح طرح کے پھل مہیا ہونے لگے۔ اور فرشتے ان سے گفتگو کرنے لگے۔ اور جب آپ سنِ شباب کو پہنچیں تو رحمتِ الٰہی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام جیسے جلیل القدر نبی کی ماں بنانے کے لیے منتخب فرما لیا۔ اس لیے اصطفاء کا ذکر دوبارہ آیا۔ اور نساء العٰلمین سے مُراد ان کے اپنے زمانہ کی عورتیں ہیں۔

۴۳ جب اللہ تعالیٰ کسی کو اپنی نعمتوں سے سرفراز فرمائے تو اس پر لازم ہے کہ وُہ ان انعامات پر اس کا شکریہ بھی ادا کرے۔ سجدہ کا حکم پہلے اور رکوع کا بعد میں ہوا۔ حالانکہ رکوع سجدہ سے پہلے ہوا کرتا ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ واؤ عاطفہ ترتیب پر دلالت نہیں کرتی یعنی اس سے معطوف علیہ کا معطوف پر مقدم ہونا ضروری نہیں ہوتا۔

اسْجُدِیْ وَارْكَعِیْ مَعَ الرّٰكِعِیْنَ ۝۴۳ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ

سجدہ کر اور رکوع کر رکوع کرنے والوں کے ساتھ یہ (واقعات) غیب کی خبروں میں سے ہیں ۴۴

نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ یُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَیُّهُمْ

ہم وحی کرتے ہیں ان کی آپ کی طرف اور نہ تھے آپ ان کے پاس جب پھینک رہے تھے وُہ (مجاور) اپنی قلمیں (یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ)

یَكْفُلُ مَرْیَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ یَخْتَصِمُوْنَ ۝۴۴ اِذْ قَالَتِ

کون ان میں سے سرپرستی کرے مریم کی اور نہ تھے آپ ان کے پاس جب وُہ آپس میں جھگڑ رہے تھے جب کہا

الْمَلٰٓئِكَةُ یٰمَرْیَمُ اِنَّ اللّٰهَ یُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖۗ اسْمُهُ الْمَسِیْحُ

فرشتوں نے اے مریم ! اللہ تعالیٰ بشارت دیتا ہے تجھے ایک حکم کی ۴۵ اپنے پاس سے اس کا نام ۴۶ مسیح

۴۴ے اس سے واضح ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے بتانے سے نبی غیب کے علوم کو جانتا ہے اور یہی اس کی نبوّت کی قوی دلیل ہوتی ہے۔

۴۵ے ویسے تو کائنات کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کے کلمۂ کُن (یعنی ہو جا) کی جلوہ گری ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمتِ کاملہ سے دُوسری اشیاء کو سبب اور مسبّب، علّت اور معلول کے رشتہ میں پرو دیا ہے۔ اس لیے ان کے ظہور اور ان کی تخلیق میں عام نگاہیں سبب اور علّت کے حجاب میں اٹک کر رہ جاتی ہیں لیکن یہاں کیونکہ عیسیٰ علیہ السّلام کی ولادت کا سبب عادی (باپ) موجُود نہیں اس لیے یہاں وُہ حجاب درمیان میں نہیں اور کلمۂ کُن کی جلوہ گری اور کرشمہ آفرینی بہت واضح اور نمایاں ہے۔ اس لیے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو کلمۃً مِّنْہُ فرما دیا۔ امام فخر الدین رازیؒ لکھتے ہیں:۔

انه خلق بكلمة الله وهو قوله كن من غير واسطة الاب فلما كان تكوينه بمحض قول الله كن وبمحض تكوينه وتخليقه من غير واسطة الاب والبذر لاجرم سمى كلمة يسمى المخلوق خلقا والمقدور قدرة والمرجو رجاء وهذا باب مشهور فى اللغة۔

۴۶ے اسم کا لغوی معنی ہے السمة والعلامة المميزة یعنی وُہ نشان اور علامت جو کسی چیز کو دُوسروں سے ممتاز کر دے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو ممتاز اور نمایاں کرنے کے لیے ان کا لقب مسیح، ان کا نام (علم) عیسیٰ اور ان کی کُنیت ابن مریم ذکر فرما دیں تاکہ وُہ اپنے تمام اوصاف اور خصوصی امتیازات کے ساتھ ممتاز ہو جائیں۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ آپ کو مسیح کہنے کی وجہ یہ ہے کہ آپ جس بیمار پر ہاتھ پھیرا کرتے تھے وُہ بالکل صحت یاب ہو جایا کرتا تھا اور مسیح کا معنی مُبارک بھی ہے۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ سمی مسیحا لانه كان مسیح الارض یعنی آپ کو مسیح کے لقب سے اس لیے ملقب کیا گیا کہ آپ نے

عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٤٥﴾

عیسیٰ بن مریم ۴۷ ہوگا معزز ہوگا دُنیا اور آخرت میں ۴۸ اور (اللہ کے) مقرّبین سے ہوگا

وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٤٦﴾ قَالَتْ رَبِّ

اور گفتگو کرے گا لوگوں کے ساتھ گہوارے میں بھی اور پکی عمر میں بھی ۴۹ اور نیکوکاروں میں سے ہوگا ۵۰ مریم بولیں اے میرے پروردگار!

کہیں مستقل رہائش اختیار نہیں فرمائی تھی اپنی تبلیغی سرگرمیوں میں آج یہاں کل وہاں سفر پر رہتے۔ یار لوگ اتنی سی بات کو لے اُڑے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سیّاح وجہاں گشت تصوّر کر لیا۔ بلکہ قرآن کی تصریحات، احادیث نبویؐ کے واضح بیانات اور تاریخ کے مسلّمہ حقائق کو نظر انداز کرتے ہُوئے اُنھیں اپنے توہّم کے گھوڑے پر سوار کیا اور مُلک مُلک کی سیر اور شہر شہر کی سیاحت کراتے ہُوئے اُنھیں کشمیر میں پہنچا کر دم لیا۔ اور صرف اسی پر اکتفا کرتے اُن کے دُشمن، اُنھوں نے تو ناخنِ تحقیق سے کشمیر کا چپّہ چپّہ کُرید ڈالا اور آخر کار سری نگر کے ایک محلّہ میں اُن کی قبر کا سُراغ بھی لگا لیا۔ اور پھر اپنے لیے نبوّت کا قصرِ رفیع تیار کر لیا۔ کہاں کی لکڑی کہاں کا روڑا، بھان متی نے کنبہ جوڑا۔ جس نبوّت کی بُنیاد ایسے دُور از حق اور بعید از عقل توہّمات اور مفروضات پر ہو وُہ کس قسم کی نبوّت ہوگی۔ ذرا غور فرمایئے۔

۴۷ عیسیٰ عبرانی لفظ ایشوع کا معرّب ہے اس کا معنی ہے سیّد اور سردار۔ یہاں اس فرزند کا تعارف کسی غیر سے نہیں کرایا جا رہا تاکہ اس کی ولدیّت وغیرہ کا ذکر کرکے اسے دُوسروں سے ممتاز کرنا مقصود ہو۔ بلکہ ان کی ماں کو ان کا نام بتایا جا رہا ہے۔ اور اس کے لیے اگر اسمِ عیسیٰ کہہ دیا جاتا تو کافی تھا۔ لیکن المسیح عیسیٰ بن مریم فرما کر اس امر کی طرف اشارہ کر دیا کہ باپ نہ ہونے کے باعث ان کی نسبت ان کی والدہ مکرّمہ کی طرف کی جائے گی اور قیامت تک اسی نام سے یاد کیے جائیں گے۔

۴۸ ممکن تھا کہ حضرت مریم علیہا السّلام کے دِل میں یہ خدشہ پیدا ہو تاکہ بچّہ جو اس انوکھی طرح پیدا ہوگا تو لوگ اس پر طرح طرح کے الزام لگائیں گے اور اُسے عزّت کی نگاہ سے نہ دیکھیں گے۔ اس کے متعلق پہلے انھیں اطمینان دلا دیا کہ ایسا نہیں ہوگا۔ بلکہ دُنیا میں بھی اور آخرت میں بھی وُہ بڑا باعزّت و با احترام ہوگا۔

۴۹ یعنی گہوارے میں بھی وُہ جو گفتگو کرے گا وُہ بے معنی نہیں ہوگی بلکہ اس میں بھی نبوّت کا وقار اور رسالت کی سنجیدگی پائی جائے گی اس وقت بھی جو الفاظ ان کی زبان سے نکلیں گے وُہ حقائق سے لبریز ہوں گے۔ اس معصومیت کے زمانہ میں بھی وُہ اللہ تعالیٰ کی توحید اور اپنی رسالت کا ایسا زبردست اعلان کرے گا کہ کسی کو اِنکار کی مجال نہ رہے گی۔ (اس کا ذکر سُورۃ مریم میں تفصیلاً آئے گا) اور یہی وُہ معجزانہ پہلو ہے جس کی طرف قرآن اشارہ کر رہا ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہر صحت مند بچّہ پنگھوڑے میں باتیں کرنے لگتا ہے۔ لیکن انصاف کے ساتھ یہ کتنا ستم ہوگا اگر بچّوں کی غوں غاں اور ان کے بے جوڑ اور بے معنی الفاظ کو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے اس کلامِ معجز نظام سے تشبیہ دی جائے۔ امام رازیؒ نے یہاں سے ایک اور لطیف نکتہ نکالا ہے۔ کہ

اَنّٰى يَكُوْنُ لِىْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِىْ بَشَرٌ ۗ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ

کیونکر ہو سکتا ہے میرے ہاں بچہ ؟ ۵۱ حالانکہ ہاتھ تک نہیں لگایا مجھے کسی انسان نے ۔ فرمایا بات یُونہی ہے (جیسے تم کہتی ہو لیکن)

يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۗ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٤٧﴾

اللہ پیدا فرماتا ہے جو چاہتا ہے ۵۲ جب فیصلہ فرماتا ہے کسی کام (کے کرنے) کا تو بس اتنا ہی کہتا ہے اسے کہ ہو جا تو وُہ فوراً ہو جاتا ہے

اس سے یہ بتلانا بھی مقصود ہے کہ حضرتِ عیسٰی بایں ہمہ کمالات و معجزات خدا نہیں ۔ ورنہ زندگی کی مختلف منزلوں میں وُہ ان تبدیلیوں اور تغیّرات سے دوچار نہ ہوتے ۔

۵۰ پہلی آیت میں ومن المقربین فرمایا ۔ ان الفاظ سے ایک طرف اگر یہُود کے طعنوں کا ردّ ہے تو دُوسری طرف نصاریٰ کے اس خیالِ باطل کی تردید ہے کہ وُہ خُدا تھے یا خُدا کے بیٹے تھے (نعوذ باللہ) بلکہ بتایا کہ وُہ اللہ تعالیٰ کے مقرّب اور نیکوکار بندوں میں سے ایک بندے تھے ۔

۵۱ حضرت مریم علیہا السّلام کو جب ایسے بچّے کی بشارت دی گئی تو آپ کنواری تھیں ششدر ہو کر پُوچھنے لگیں ۔ میرے ربّ ! میرے ہاں بچّہ کیسے ہو گا جب کہ مجھے آج تک کسی انسان نے ہاتھ تک نہیں لگایا ۔ بعض نے لکھا ہے کہ اس آیت سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی ولادت باپ کے بغیر ہُوئی ۔ کیونکہ یہاں تو صرف پیشین گوئی کی جا رہی ہے کہ تمہارا بچّہ ہو گا یعنی شادی کے بعد ۔ ان کی خدمتِ اقدس میں بصد ادب صرف اتنی گزارش ہے کہ اگر مقصد یہی تھا تو اس میں تعجّب کی کوئی بات نہ تھی ۔ لوگ شادی کیا کرتے ہیں ۔ بچّے پیدا ہوتے رہتے ہیں ۔ یہ تو مناسب تھا کہ حضرت مریم اس بشارت پر کلماتِ شکر زبان پر لے آتیں لیکن آپ کا تصویرِ حیرت و استعجاب بن کر انّٰی یکون لی ولد الخ کہنے کا کوئی محل نہ تھا ۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ حضرت مریم نے صحیح بات نہیں سمجھی تھی اُنھیں یہ غلط فہمی ہو گئی تھی کہ شاید ابھی بچّہ پیدا ہونے والا ہے ۔ حالانکہ ابھی تو صرف اس کی ولادت کی اطلاع دی جا رہی تھی پیدا تو اسے شادی کے بعد ہونا تھا ۔ اگر اس بات کو درست تسلیم کر لیا جائے تو پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت مریم کے استعجاب کا جو جواب دیا وُہ موزُونیّت سے عاری نظر آتا ہے ۔ سیدھا جواب یہ تھا کہ مریم گھبراؤ نہیں ۔ جب تم شادی کرو گی بچّہ اس کے بعد پیدا ہو گا ۔ اگر اللہ تعالیٰ کسی بات کو صحیح صحیح بیان کرنے کی قدرت رکھتا ہے یا الفاظ اور اسلوبِ بیان کا کوئی وزن ہوتا ہے تو پھر یہ تاویل بلکہ تحریف لائقِ التفات نہیں ۔

۵۲ ایک چیز یہاں اور قابلِ غور ہے ۔ حضرت زکریا علیہ السّلام کی حیرانی کے موقعہ پر فرمایا یفعل اللہ مایشاء اور حضرت مریم کے تعجب کو دُور کرنے کے لیے فرمایا ۔ یخلق مایشاء ۔ جواب میں یہ تفاوت کیوں ؟ اس تفاوت کی وجہ سمجھنے کے لیے فعل اور خلق کا معنوی فرق ملحُوظ رکھنا ازبس ضروری ہے ۔ لفظ الفعل یستعمل کثیرا فیما یجری علی قانون الاسباب المعروفۃ ولفظ الخلق یستعمل فی الابداع والایجاد (المنار) یعنی ایسے واقعات جو اپنے اسباب کے پائے جانے سے

وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿٤٨﴾ وَرَسُوْلًا

اور اللہ تعالیٰ سکھائے گا اُسے کتاب و حکمت اور تورات و انجیل اور (بھیجے گا اُسے) رسول بنا کر

اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ۬ اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ

بنی اسرائیل کی طرف ۵۳ (وہ انھیں آکر کہے گا کہ) میں آگیا ہوں تمھارے پاس ایک معجزہ لے کر تمھارے رب کی طرف سے ۵۴

اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ

(وہ معجزہ یہ ہے کہ) میں بنا دیتا ہوں تمھارے لیے کیچڑ سے پرندے کی سی صورت پھر پھونکتا ہوں اس (بے جان صورت) میں تو وہ فوراً ہو جاتی ہے

وقوع پذیر ہوتے ہیں اُنھیں عام طور پر لفظ فعل سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اور جو واقعات ظاہری اسباب کے بغیر رُونما ہوتے ہیں اُن کی تعبیر عام طور پر لفظ خلق سے کی جاتی ہے۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام کی ولادت کیونکہ ماں باپ دونوں کی وجہ سے تھی۔ اور یہی ولادت کا سبب عادی ہے اس لیے وہاں فرمایا یفعل اللہ اور حضرت عیسیٰؑ کی ولادت صرف ماں سے ہوئی اور والد جو سبب عادی ہے مفقود تھا اس لیے لفظ خلق سے بیان کیا۔

۵۳ ۔ یعنی حضرت مسیح علیہ السلام صرف بنی اسرائیل کے لیے نبی بنا کر بھیجے گئے تھے۔ آپ کی رسالت سارے عالم انسانیت کے لیے نہیں تھی۔ قرآن حکیم کے اس فرمان کی تصدیق خود انجیل کی متعدد آیتوں سے ہوتی ہے۔ "ان بارہ کو یسوع نے بھیجا اور ان کو حکم دے کر کہا کہ غیر قوموں کی طرف نہ جانا اور سامریوں کے کسی شہر میں داخل نہ ہونا بلکہ اسرائیل کے گھرانے کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے پاس جانا اور چلتے چلتے یہ منادی کرنا کہ آسمان کی بادشاہی نزدیک آگئی ہے متی باب ۱۰۔ آیات ۵ تا ۸۔ اسی مضمون کی تائید میں دوسرا حوالہ ملاحظہ ہو۔ اس نے جواب میں کہا کہ میں اسرائیل کے گھرانے کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے سوا اور کسی کے پاس نہیں بھیجا گیا۔ متی باب ۱۵ : ۲۵۔

جب مسیح علیہ السلام نے خود اعتراف کیا ہے کہ میری نبوت کا دائرہ بنی اسرائیل تک محدود ہے تو پھر عیسائی مبلغین کا بنی اسرائیل کے علاوہ کسی اور کو دعوت عیسائیت دینا یسوع مسیح کی ہدایت کی صریح خلاف ورزی ہے۔

۵۴ ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت غیر معروف طریقہ پر ہوئی تھی جس سے معاندین کو اعتراضات کے کافی مواقع فراہم ہوگئے تھے اور آپ جس قوم کی طرف بھیجے گئے تھے وہ کٹ حجتی میں اپنی مثال آپ تھی اس لیے انھیں ایسے کھلے معجزات عطا فرماتے گئے جنھیں دیکھ کر کسی عقلمند کے لیے انکار کرنے کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ قرآن کریم ان معجزات کو بڑی وضاحت سے بیان فرما رہا ہے اور ان کو لفظ آیت سے تعبیر کیا ہے۔ اور آیت کہتے ہیں "العلامۃ الظاھرۃ" جو کسی کو پہچاننے کی کھلی نشانی ہو۔ جس کے بعد شک و شبہ کی گنجائش نہ رہے۔ یہ معجزات پانچ قسموں پر مشتمل ہیں۔ (۱) مٹی سے پرندے کی تصویر بنا کر اس میں پھونک مار کر زندہ کر دیا کرتے

طَيْرًا بِإِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَأُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَأُحْيِ الْمَوْتَىٰ

پرندہ اللہ کے حکم سے اور میں تندرست کر دیتا ہوں مادرزاد اندھے کو اور (لاعلاج) کوڑھی کو اور میں زندہ کرتا ہوں مُردے کو

بِإِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَأْكُلُونَ وَمَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ ۚ

اللہ کے حکم سے اور بتلاتا ہوں تمھیں جو کچھ تم کھاتے ہو اور جو کچھ تم جمع کر رکھتے ہو اپنے گھروں میں

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿٤٩﴾ وَمُصَدِّقًا لِمَا

بے شک ان معجزوں میں (مری صداقت کی) بڑی نشانی ہے تمھارے لیے اگر تم ایمان دار ہو ۵۵ اور میں تصدیق کرنے والا ہوں

(۲) مادرزاد اندھے کو بینا کر دیتے (۳) کوڑھی کو تندرست کر دیتے (۴) اور مُردہ کو ازسرِنو زندہ کر دیا کرتے۔ یہ چار قسمیں عملی معجزات کی تھیں۔ اور پانچویں قسم علمی معجزہ کی تھی یعنی غیب کی خبریں دینا۔ آپ بتایا کرتے تھے کہ تم نے آج یہ یہ چیزیں کھائی ہیں اور یہ یہ چیزیں تم اپنے گھروں میں ذخیرہ کر آئے ہو۔ کیونکہ یہ تمام امُور انسانی قدرت سے باہر تھے اس لیے قوی اندیشہ تھا کہ شاید لوگ حضرت عیسیٰؑ کو خُدا ماننے لگیں اس لیے ساتھ ساتھ باذن اللہ کی قید لگا دی کہ یہ سب کچھ اگرچہ مجھ سے ظہُور پذیر ہو رہا ہے لیکن اس کا حقیقی فاعل اللہ تعالیٰ ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا ان افعال کو اپنی طرف منسُوب کرنا اس بات پر بھی دلالت کرتا ہے کہ اگر ایسے افعال کی نسبت یہ سمجھتے ہُوئے کہ ان کا فاعلِ حقیقی اللہ تعالیٰ ہے ان کے ظاہری اسباب کی طرف کر دی جائے تو یہ جائز ہے شرک نہیں۔ جیسے حضرت امام اعظمؒ حضُور سرورِ کائنات علیہ الصلوٰت والتحیات کی جناب میں عرض کرتے ہیں ؎

وشفيت ذا العاهات من امراضهم ‌ ‌ ‌ ‌ وملأت كل الارض من جدواك

ترجمہ:۔ یارسُول اللہؐ آپ نے بیماروں کو ان کی بیماریوں سے صحت عطا فرما دی ہے اور رُوئے زمین کو اپنے جُود وکرم سے لبریز کر دیا ہے۔

۵۵ ہر کام چھوٹا ہو یا بڑا اس کا کرنے والا وُہ خُدا ہے جو ہر چیز پر قادر ہے۔ جو چاہے جس وقت چاہے اور جیسے چاہے کر سکتا ہے اس نے اپنی حکمتِ کاملہ سے تمام کاموں اور تمام چیزوں کو کسی نہ کسی سبب سے متعلق کر دیا ہے۔ ان میں سے بعض اسباب وُہ ہیں جن کو ہم نے سمجھ لیا ہے اور بعض اسباب ایسے ہیں جن کا سُراغ لگانے سے ہماری عقل قاصر ہے۔ ایسے افعال جن کی ہم کوئی ظاہری توجیہ نہیں کر سکتے ہو سکتا ہے کہ ان کے ظہُور پذیر ہونے کا سبب کوئی ایسا امر ہو جس تک ہماری عقل کی رسائی ابھی تک نہ ہُوئی ہو۔ جب تک ہم تمام اسباب وعلل کا کامل احاطہ نہ کرلیں ہمیں یہ حق نہیں پہنچتا کہ ہم ایسے واقعات کا صرف اس وجہ سے انکار کر دیں کہ عقل ان کے واقع ہونے کو جائز نہیں سمجھتی۔ اور اس سلسلۂ اسباب وعلل کے احاطہ کا دعوےٰ تو آج تک کسی سائنسدان نے بھی نہیں کیا۔ اس لیے محض اس وجہ سے کسی واقعہ کا انکار کر دینا کہ یہ ہماری دانش کی کسوٹی پر

بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ

اپنے سے پہلے آئی ہوئی کتاب تورات کی اور تاکہ میں حلال کر دوں تمہارے لیے بعض وُہ چیزیں جو (پہلے) حرام کی گئی

عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۣ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝۵۰

تھیں تم پر ۵۶ اور لایا ہوں تمہارے پاس ایک نشانی تمہارے رب کی طرف سے سو ڈرو اللہ تعالیٰ سے اور میری اطاعت کرو

پورا نہیں اُترنا اپنے حدود سے تجاوز کرنے کے مترادف ہے۔ نیوٹن کہتا ہے:۔

"میری مثال اُس بچے کی سی ہے جو سمندر کے کنارے کھیل رہا ہو۔ مجھے اپنے ساتھیوں کی نسبت کوئی زیادہ خوبصورت سنگریزہ یا گھونگا مل جاتا ہے لیکن ابھی حقیقت بحرِ ذخار کی طرح میرے سامنے ہے جس کا ہمیں کوئی علم نہیں ہوا۔"

HEROES OF CIVILIZATION BY JOSEPH AND HAYM

جب حقیقت یہ ہے تو قرآن کے بیان کردہ معجزات کو تسلیم کرنے سے انکار کرنا یا ان کی ایسی تاویلیں کرنا جن کو عربی زبان اور قرآن کا فصیح و بلیغ اسلوب بیان قبول کرنے کے لئے تیار نہ ہو نہ علم کی خدمت ہے نہ قرآن کی۔ اور اگر ایک لمحہ کے لیے یہ مان بھی لیا جائے کہ سلسلۂ اسباب وعلل کی ساری کڑیاں ہمارے علم کی گرفت میں آچکی ہیں اور ان کا ہم نے کلیۃً احاطہ کر لیا ہے تو پھر بھی معجزات کے انکار کی کوئی وجہ نہیں۔ کیونکہ قادرِ مطلق خدا جس نے اپنی حکمتِ کاملہ سے ایک چیز کو ایک علت سے وابستہ کر دیا ہے۔ وُہ اس پر بھی قدرت رکھتا ہے کہ اس چیز کی تخلیق و آفرینش کو اس کے علاوہ کسی اور علت سے وابستہ کر دے۔ اور معجزات کے ظہور پذیر ہونے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ معاندین اور منکرین حق کے سامنے اپنے نبی کی صداقت کی ناقابلِ انکار دلیل پیش کر دی جائے اور اُن پر یہ واضح کر دیا جائے کہ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اُن کے شاملِ حال ہے اسی لیے تو یہ محیر العقول واقعات ان کے اشاروں پر واقع ہو رہے ہیں۔ اور عام طور پر ہر نبی کو اس کے زمانہ کی ضروریات کے مطابق معجزات عطا فرمائے جاتے ہیں۔

معجزہ پر تفصیلی بحث سُورہ بنی اسرائیل کی پہلی آیت کے ضمن میں مُلاحظہ فرمائیے۔

۵۶ یہاں آپ اپنے منصبِ رسالت کی ذمہ داریوں کا اظہار فرما رہے ہیں کہ جو پابندیاں اور قیود تمہارے علماء نے اپنی طرف سے تم پر عائد کر رکھی ہیں اُن کا بوجھ ہلکا کرنے کے لیے میں آیا ہوں۔

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ﴿۵۱﴾ فَلَمَّاۤ

بے شک اللہ تعالیٰ مرتبہ کمال تک پہنچانے والا ہے مجھے اور مرتبہ کمال تک پہنچانے والا ہے تمھیں سو اُس کی عبادت کرو یہی سیدھا راستہ ہے ۵۷ پھر جب

اَحَسَّ عِیْسٰی مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ

محسوس کیا عیسیٰ (علیہ السلام) نے اُن سے کفر (و انکار) (تو) آپ نے کہا کون ہیں میرے مددگار اللہ کی راہ میں؟ (یہ سُن کر) کہا

الْحَوَارِیُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَ اشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۵۲﴾

حواریوں نے کہ ہم مدد کرنے والے ہیں اللہ (کے دین) کی ہم ایمان لائے ہیں اللہ پر اور (اے نبی!) آپ گواہ ہو جائیو کہ ہم (حکم الٰہی کے سامنے) سر

رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا بِمَاۤ اَنْزَلْتَ وَ اتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِیْنَ ﴿۵۳﴾ وَ

جھکائے ہوئے ہیں۔ اے ہمارے رب ہم ایمان لائے اس پر جو تو نے نازل فرمایا اور ہم نے تابعداری کی رسول کی تو لکھ لے ہمیں (حق پر) گواہی دینے والوں کے ساتھ اور

مَكَرُوْا وَ مَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَ اللّٰهُ خَیْرُ الْمٰكِرِیْنَ ﴿۵۴﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسٰۤی اِنِّیْ

یہودیوں نے بھی (مسیح کو قتل کرنے کی) خفیہ تدبیر کی اور (مسیح کو بچانے کے لیے) اللہ نے بھی خفیہ تدبیر کی ۵۸ اور اللہ سب سے بہتر (اور مؤثر) خفیہ تدبیر کرنے والا ہے یاد کرو جب فرمایا اللہ نے

ع ۱۳ ۱۳

۵۷ اتنے حیران کن معجزات دکھانے کے بعد آپ صراحۃً اعلان فرما رہے ہیں کہ بے شک تم نے مجھے مُردوں کو زندہ کرتے، اندھوں کو بینا کرتے اور لاعلاج مریضوں کو تندرست کرتے دیکھا ہے لیکن یاد رکھو میں خدا نہیں ہوں بلکہ اس کا بندہ ہوں جو میرا بھی پروردگار ہے اور تمھارا بھی۔ وہی عبادت و پرستش کے لائق ہے۔ اور کوئی صاحب کمال اس قابل نہیں کہ اسے معبود بنایا جائے۔ اس لیے تم اسی کی عبادت کرو۔ اس لیے رب العالمین کو اللہ وحدہٗ لاشریک یقین کرنا اور اسی کی عبادت کرنا یہی صراطِ مستقیم ہے۔ اور جو کوئی بھی اس شاہراہِ رشد و ہدایت سے سرمو منحرف ہوا وہ گمراہ ہو گیا۔

۵۸ تقریباً ہر زبان میں بلا استثناء ایسے مشترک الفاظ پائے جاتے ہیں جو متعدد معانی پر دلالت کرتے ہیں اور اہل زبان ان الفاظ کو بلا تامل ان کے مختلف معنوں میں استعمال کرتے رہتے ہیں لیکن جب وہی لفظ کسی دوسری زبان میں استعمال ہونے لگتا ہے تو وہ اپنے اصلی مختلف معنوں میں سے کسی ایک معنی میں مشہور ہو جاتا ہے۔ اب جب ہم اسے اس کی اصلی زبان میں مستعمل ہوتے ہوئے پاتے ہیں تو اس کا وہی ایک معنی جو ہمارے ذہن نشین ہو چکا ہوتا ہے چسپاں کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور جب وہ چسپاں نہیں ہوتا تو پریشان ہو جاتے ہیں۔ اس کی ایک مثال لفظ "مکر" ہے۔ اس کا معنی حیلہ سازی بھی ہے اور یہی لفظ عربی میں صرف تدبیر کرنے اور کسی کی پنہاں سازش کو خفیہ طریقہ سے ناکام بنا دینے کے معنی میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن اُردو میں ہم اس

مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ

اے عیسیٰ! یقیناً میں پوری عمر تک پہنچاؤں گا تمہیں ۵۹؎ اور اٹھانے والا ہوں تمہیں اپنی طرف اور پاک کرنے والا ہوں تمہیں ۶۰؎ ان لوگوں (کی تہمتوں) سے جنہوں نے (تیرا) انکار کیا اور

لفظ "مکر" کو صرف دھوکہ دہی اور فریب کاری کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ اور جب اس فعل کی نسبت ذاتِ باری کی طرف ہوتی ہے تو ہمارا ذہن بلاوجہ طرح طرح کے شکوک و شبہات کی آماجگاہ بن جاتا ہے حالانکہ جب اس کا فاعل وہ ذاتِ مقدس ہو جو ہر عیب، ہر نقص اور نازیبا فعل سے پاک ہے تو ہم لفظ "مکر" کا معنی صرف تدبیر یا وہ خفیہ طریقہ جس سے دشمنانِ حق کے شیطانی منصوبوں کو خاک میں ملانا مقصود ہوتا ہے کریں گے۔ اب کسی قسم کا شک باقی نہیں رہتا۔ قال المفضل ودبر واودبر الله والمکر لطف التدبیر (بحر محیط)

اور اگر ان لغوی تحقیقات کے لیے انسان کے پاس وقت نہ ہو تو کم از کم علم بدیع کے قاعدۂ مشاکلت کو ہمیشہ پیش نظر رکھے۔ وہ یہ ہے کہ عربی میں کسی بُرے اور ناپسندیدہ فعل پر جو سزا دی جاتی ہے اسے اسی لفظ سے تعبیر کر دیتے ہیں اگرچہ وہ سزا کتنی مناسب اور قرینِ انصاف کیوں نہ ہو۔ مثلاً جزاء سيئة سيئة مثلها یعنی بُرائی کا بدلہ بُرائی ہے اسی طرح حالانکہ بُرائی کی سزا بُرائی نہیں ہوتی بلکہ عین انصاف ہوا کرتی ہے یا مثلاً فمن اعتدی علیکم فاعتدوا علیه یعنی جو تم پر زیادتی کرے تم اس پر زیادتی کر لو۔ حالانکہ زیادتی اور تعدّی کی روک تھام کرنا زیادتی اور ظلم نہیں بلکہ دین اور اخلاق کے تمام ضابطے اس کے دُرست ہونے کی تائید کرتے ہیں۔ اسی طرح یہاں بھی حضرت مسیح علیہ السّلام کے قتل کرنے کی جو مکارانہ سازش ان یہودیوں نے کر رکھی تھی۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کو ناکام بنانے کی جو تدبیر کی گئی اُسے مکر سے تعبیر فرما دیا اور اس میں کوئی نقص نہیں۔

۵۹؎ علمِ معانی کا یہ مسلّمہ قاعدہ ہے کہ اگر کسی لفظ کا ایک حقیقی معنی ہو اور دُوسرا مجازی تو حقیقی معنی کو مجازی معنی پر ترجیح دی جائے گی۔ ہاں اگر کوئی ایسا قرینہ پایا جائے جس کے ہوتے ہُوئے حقیقی معنی متعذّر ہو تو اس وقت معنی حقیقی کو ترک کر کے معنی مجازی مُراد لیا جائے گا لیکن اگر ایسے قوی قرائن موجود ہوں جو حقیقی معنی مُراد لینے کے ہی مؤیّد ہوں تو اس حالت میں حقیقی معنی کو ترک کر کے مجازی معنی مراد لینے پر اصرار کرنا تو اُلٹی گنگا بہانے کے مترادف ہے۔ اب آپ لفظ "توفی" کے معنی پر غور فرمائیے۔ تاج العروس میں لفظ "وفی" کی تحقیق کرتے ہُوئے لکھتے ہیں وتوفاه ای لم یدع منه شیئا یعنی پُورے کا پُورا لے لیا اور اس سے کوئی چیز باقی نہیں رہنے دی۔ امام ابی عبداللہ القرطبی الجامع لاحکام القرآن میں لکھتے ہیں۔ توفیت مالی من فلان ای قبضته یعنی میں نے اس سے سارا مال واپس لے لیا یہ تو ہے لفظ توفی کا حقیقی معنی۔ ہاں یہ موت کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے لیکن یہ اس کا مجازی معنی ہے جیسے صاحب تاج العروس نے لکھا ہے۔ ومن المجاز ادرکته الوفاة ای الموت والمنیة وتوفی فلان اذا مات وتوفاه الله عزّوجل اذا قبض روحه۔ اب آپ خود فیصلہ فرمالیں کہ ایک لفظ کا حقیقی معنی ترک کر کے بغیر قرینہ کے اس سے مجازی معنی اخذ کرنے پر اصرار کرنا اس لفظ کے ساتھ کتنی بے جا زیادتی ہے۔ اور یہاں صرف اتنا ہی نہیں کہ مجازی معنی لینے کا کوئی قرینہ موجود نہیں بلکہ ایسے قوی قرائن موجود ہیں جو اس لفظ کے حقیقی معنی لیے جانے پر دلالت کرتے ہیں۔ آپ پُوچھیں گے۔ کہ وہ

جَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ

بنانے والا ہوں اُن کو جنھوں نے تیری پیروی کی ۶۱ غالب کفر کرنے والوں پر قیامت تک ۶۲

ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۵۵﴾

پھر میری طرف ہی لوٹ کر آنا ہے تم نے پس (اس وقت) میں فیصلہ کروں گا تمھارے درمیان (ان امور کا) جن میں تم اختلاف کرتے رہتے تھے

کون سے ایسے قرائن ہیں تو اس کے متعلق عرض ہے کہ ایک تو اس آیت کا سیاق و سباق اس امر کا قوی قرینہ ہے یہاں گفتگو نجران کے عیسائیوں سے ہو رہی ہے جو حضرت مسیح کی اُلوہیت کے قائل تھے مقصدِ کلام ہے اثباتِ توحیدِ باری اور بطلانِ اُلوہیتِ مسیح۔ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام مر چکے ہوتے تو کتنی صاف بات تھی کہ نجران کے عیسائیوں سے کہہ دیا جاتا کہ جن کو تم خدا مانتے ہو وہ تو مر چکے ہیں۔ اور جو مر جائے کیا وہ بھی کہیں خدا بن سکتا ہے لیکن قرآن کا اس اسلوب کو اختیار نہ کرنا بلکہ اس انداز کو اپنانا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ قرآن کی اس آیت کا مدعیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی موت کو بیان کرنا نہیں۔ دوسرا واضح قرینہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشادِ گرامی ہے۔ قال الحسن قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم للیھود ان عیسٰی لم یمت وانہ راجع الیکم قبل یوم القیامۃ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے یہود کو فرمایا کہ عیسیٰ مرے نہیں اور قیامت سے پہلے وہ تمھاری طرف لوٹ کر آئیں گے۔ ان تصریحات کی موجودگی میں حقیقی معنی چھوڑ کر مجازی معنی مراد نہیں ہو سکتا۔ اسی لیے جمہور مفسرین اس حقیقی معنی کو مدِّنظر رکھتے ہوئے لکھتے ہیں:-

متوفیك ای مستوفی اجلك ومؤخرك الی اجلك المسمی عاصما ایاك عن قتلھم (بیضاوی) رحمہ اللہ تعالیٰ ترجمہ: تمھیں اپنی مقررہ مدت تک زندہ رکھے گا اور تمھیں قتل سے بچائے گا۔

متوفیك ای مستوفی اجلك معناہ انی عاصمك من ان یقتلك الکفار (کشاف) امام ابن جریر لکھتے ہیں۔ و اولی الاقوال بالصحۃ عندنا قول من قال معنی ذلك انی قابضك من الارض ورافعك الیّ لتواتر الاخبار من رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم۔ یعنی میرے نزدیک صحیح ترین قول یہ ہے کہ اے عیسیٰ میں تجھے زمین سے قبض کرنے والا ہوں اور اپنی طرف اُٹھانے والا ہوں کیونکہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی احادیثِ متواترہ سے یہی چیز ثابت ہے کہ آپ کو زندہ آسمان پر اُٹھا لیا گیا۔ (مزید وضاحت کے لیے سورۂ نساء کی آیت ۱۵۶ کا حاشیہ ملاحظہ ہو)

۶۰ یہود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی رسالت کو بھی تسلیم نہیں کرتے تھے۔ ان کو طرح طرح کی اذیتیں پہنچایا کرتے اور مزید برآں آپ پر اور آپ کی والدہ ماجدہ حضرت مریم علیہا السلام پر گندے الزامات اور بہتان لگایا کرتے۔ اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام کو فرما رہے ہیں کہ تیرا دامن ان الزامات سے صاف کر دیا جائے گا۔ تیری پاکیزگی اور معاندین کی بدباطنی کا ساری دنیا مشاہدہ کرے گی۔

۶۱ جو آپ کی نبوت اور رسالت کے قائل ہوں۔ ۶۲ جو آپ کی نبوت کے منکر ہیں اور اپنے دلوں میں آپ کی عداوت رکھتے ہیں یعنی یہود۔ اور اس فوقیت اور برتری سے مراد سیاسی برتری بھی ہے اور دلائل کی برتری بھی۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي الدُّنْيَا

تو وہ جنھوں نے کفر کیا میں عذاب دوں گا انھیں سخت عذاب دُنیا میں

وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٥٦﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اور آخرت میں اور نہیں ہوگا ان کے لیے کوئی مددگار اور وہ جو ایمان لائے اور کیے نیک

الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٧﴾

کام تو اللہ پورے پورے دے گا انھیں اُن کے اجر اور اللہ تعالیٰ نہیں محبت کرتا ظلم کرنے والوں سے

ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴿٥٨﴾ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى

یہ جو ہم پڑھ کر سناتے ہیں آپ کو آیتیں ہیں اور نصیحت حکمت والی بے شک مثال عیسٰی (علیہ السلام) کی

عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٥٩﴾

اللہ تعالیٰ کے نزدیک آدم (علیہ السلام) کی مانند ہے ۶۳ بنایا اسے مٹی سے پھر فرمایا اسے ہو جا تو وہ ہو گیا

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَمَنْ حَاجَّكَ فِيْهِ

(اے سننے والے) یہ حقیقت (کہ عیسٰی انسان ہیں تیرے رب کی طرف سے (بیان کی گئی) ہے پس تو نہ ہو جا شک کرنے والوں سے ۶۴ پھر جو شخص جھگڑا کرے آپ سے اس بارے میں

۶۳؎ عیسائی حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی بن باپ پیدائش کو اس بات کی دلیل بناتے تھے کہ آپ خدا یا خدا کے بیٹے ہیں۔ قرآن کریم ان کی واضح تردید فرماتا ہے کہ اگر عیسٰی علیہ السّلام کے خدا ہونے کی یہی دلیل ہے تو پھر آدم علیہ السّلام کے متعلق تمھارا کیا خیال ہے۔ ان کا تو نہ کوئی باپ تھا اور نہ کوئی ماں۔ اگر ان کو تم انسان مانتے ہو تو عیسٰی علیہ السّلام کو کیوں خدا یا خدا کا بیٹا بنا رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کے سامنے آدم اور عیسٰی علیہما السّلام کی پیدائش یکساں ہے وہ بھی اس کی قدرت کی جلوہ گری ہے اور یہ بھی۔ اس کی مشیّت کی کرشمہ نمائی نہ خدائی کا دم بھرنے کا اسے حق پہنچتا ہے نہ اسے۔ سب اس کے بندہ ہونے پر اور اسے اپنا رب پہچاننے پر نسکر کناں ہیں عیسائیوں میں بھی کئی ایسے فرقے گزرے ہیں جو حضرت عیسٰی علیہ السّلام کو اللہ تعالیٰ کا بندہ یقین کرتے تھے۔ اور اُن کو نہ خدا مانتے تھے نہ خدا کا بیٹا۔

۶۴؎ حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی حقیقت یہود کی افترا بازیوں، بہتان تراشیوں اور نصاریٰ کی مبالغہ آرائیوں میں گم ہو کر رہ گئی تھی۔ قرآن نے یہ سارے پردے ہٹا دیئے۔ اُن کی اور اُن کی والدہ کی طہارت و پاکیزگی، ان کی عجیب و غریب پیدائش،

مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ

اس کے بعد کہ آ گیا آپ کے پاس (یقینی) علم تو آپ کہہ دیجیے کہ آؤ ۶۵ ہم بلائیں اپنے بیٹوں کو بھی اور تمہارے بیٹوں کو بھی

وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ

اپنی عورتوں کو بھی اور تمہاری عورتوں کو بھی ۶۶ اپنے آپ کو بھی اور تم کو بھی ۶۷ پھر بڑی عاجزی سے (اللہ کے حضور) التجا کریں پھر بھیجیں

اُن کے حیران کن معجزات بھی بیان کر دیے اور اُن کا بندہ ہونا بھی ثابت کر دیا۔ اب اس پر یہ کہہ کر مُہر تصدیق ثبت کر دی کہ الحق من ربك یہ وُہ سچی حقیقت ہے جو اللہ تعالیٰ نے بیان فرمائی ہے۔ اس لیے اس میں شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں فلا تکونن میں خطاب یا تو قرآن کے ہر پڑھنے سننے والے کو ہے یا خطاب حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کو ہے اور مُراد حضور ؐ کی اُمّت ہے۔ کیونکہ حضورؐ کی اپنی ذات شک و شبہ سے بالاتر تھی الخطاب للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم والمراد امته لانه صلی اللہ علیه وسلم لم یکن شاکا فی امر عیسیٰ علیه السلام۔ (القرطبی)

۶۵ بنی نجران کے وفد کے تمام شکوک اور شبہات کا قرآن حکیم نے تحقیقی جواب دے دیا اور ایسے واضح اور روشن دلائل پیش فرمائے جن کے بعد کسی طالبِ حق کے لیے انکار کی گنجائش نہ رہی لیکن جب اُنھوں نے پھر بھی دعوت توحید کو قبول نہ کیا اور اپنے عقیدۂ تثلیث پر اڑے رہے تو ان معاندین پر حجت قائم کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسُول کو ان سے مباہلہ کرنے کا حکم دیا۔ مباہلہ کہتے ہیں کہ فریقین نہایت عاجزی سے اللہ تعالیٰ کے دربار میں یہ دُعا کریں کہ ان میں سے جو جھوٹا ہو اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔ چنانچہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم حضرت امام حسینؓ کو اُٹھائے حضرت حسنؓ کو اُنگلی سے پکڑے تشریف لائے اور حضورؐ کے پیچھے پیچھے خاتون جنت اور ان کے پیچھے حیدر کرّار آ رہے تھے۔ اور حضورؐ نے وفد نجران کو مباہلہ کی دعوت دی۔ جب اُنھوں نے یہ نُورانی چہرے دیکھے تو ان کے اسقف (لاٹ پادری) نے کہا کہ اگر تم نے ان سے مباہلہ کیا تو یاد رکھو تمہارا نام و نشان تک مِٹ جائے گا۔ چنانچہ اُنھوں نے صلاح مشورہ کے لیے مُہلت طلب کی اور دُوسرے روز مباہلہ کرنے سے انکار کر دیا اور جزیہ ادا کرنے کے لیے تیار ہو گئے اور صلح کر لی۔ یہ واقعہ سنہ ۱۰ھ میں ہوا۔ جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی نبوّت اور اسلام کی صداقت اور عیسائیوں کے عقیدۂ تثلیث کے بطلان کی ناقابلِ تردید دلیل ہے۔ اگر حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کو اپنی نبوّت کے متعلق ادنیٰ سا بھی شک ہوتا تو بذاتِ خود ان بزرگ اور عزیز ہستیوں کی معیّت میں مباہلہ کے میدان میں کیوں تشریف فرما ہوتے۔ اور اگر نصرانیوں کو اپنے عقیدہ کی سچائی کا یقین ہوتا تو وُہ کبھی مباہلہ کرنے سے باز نہ آتے۔

۶۶ بعض لوگوں نے یہاں یہ ثابت کرنے کی بے جا کوشش کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی صرف ایک صاحبزادی حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہی تھیں۔ ورنہ دوسری صاحبزادیاں بھی اس روز مباہلہ میں شرکت کرتیں۔ تو ان کی خدمت میں گزارش ہے۔ تاریخ کی تمام معتبر کتابوں (ناسخ التواریخ اور کافی وغیرہ) میں موجود ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی چار

لَّعۡنَتَ اللّٰهِ عَلَى الۡكٰذِبِيۡنَ ﴿۶۱﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الۡقَصَصُ الۡحَـقُّ ۚ وَ
اللہ تعالیٰ کی لعنت جھوٹوں پر بے شک یہی ہے واقعہ سچا ٦٨ اور

مَا مِنۡ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ‌ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ‏ ﴿۶۲﴾ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور بے شک اللہ ہی غالب ہے (اور) حکمت والا ہے پھر اگر وُہ مُنہ پھیریں

فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيۡمٌ ۢ بِالۡمُفۡسِدِيۡنَ ﴿۶۳﴾ قُلۡ يٰۤـاَهۡلَ الۡكِتٰبِ تَعَالَوۡا اِلٰى
تو اللہ تعالیٰ خُوب جاننے والا ہے فساد برپا کرنے والوں کو (میرے نبی!) آپ کہیئے اے اہل کتاب آؤ ٦٩ اس

صاحبزادیاں تھیں اور اُس روز خاتُونِ جنّت کا اکیلے تشریف لانا اس لیے تھا کہ باقی صاحبزادیاں انتقال فرما چکی تھیں حضرت رقیہ نے ۲ھ میں، حضرت زینب نے ۸ھ میں اور حضرت ام کلثوم نے ۹ھ میں انتقال فرمایا۔ علی ابیھن و علیھن افضل الصلوٰت واطیب التسلیمات۔ اور یہ واقعہ ۱۰ھ کا ہے۔

٦٧ اس لفظ سے بعض لوگوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی خلافت بلافصل پر استدلال کیا ہے۔ اُن کا کہنا ہے کہ انفسنا سے مُراد حضرت علی کرم اللہ وجہہ ہیں جس سے ثابت ہوا کہ آپ نفسِ رسُول ہیں۔ گویا آپ رسُول جیسے ہیں۔ تو جب آپ حضور کریم کے مساوی ہوگئے تو پھر آپ سے زیادہ خلافت کا حقدار اور کون ہوسکتا ہے۔ تو اس کے متعلق التماس ہے کہ حضرت علی کا شمار ابناءنا میں ہے۔ کیونکہ آپ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے داماد تھے۔ اور داماد کو بیٹا کہا جاتا ہے۔ اور اگر انفسنا میں ہی شمار کریں تو عینیت اور مساوات کہاں سے ثابت ہُوئی۔ کیونکہ یہ لفظ تو ان لوگوں کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جو قریبی رشتہ دار یا دینی اور قومی بھائی ہوں جیسے یخرجون انفسھم من دیارھم (وُہ اپنے نفسوں کو یعنی اپنے قومی بھائیوں کو ان کے وطن سے نکال رہے ہیں) و لا تخرجون انفسکم من دیارکم (اپنے وطن سے اپنے نفسوں کو یعنی اپنے قومی بھائیوں کو نہ نکالنا) ثم انتم ھؤلاء تقتلون انفسکم۔ ان سب آیات میں ان کے علاوہ متعدّد دیگر آیات میں النفس کا لفظ دینی اور قومی بھائیوں کے لیے استعمال ہوا ہے۔

٦٨ ان حکایات اور تفصیلات کے بعد اس آیت میں ان سب کا حاصل بیان فرما دیا کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی خدا اور معبُود نہیں جو کسی مخلوق کو خُدا یا خُدا کا بیٹا تسلیم کرتا ہے وُہ راہِ راست سے بھٹک گیا ہے۔

٦٩ کلمہ سے مُراد یہاں لفظ مفرد نہیں بلکہ جملہ مفیدہ ہے یعنی الا نعبد الا اللہ الخ اور یہ استعمال عام ہے۔ والکلمۃ تطلق علی الجملۃ المفیدۃ (ابن کثیر) اس سے معلوم ہوا کہ حضور سراپا نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کوئی نئی دعوت، کوئی نرالا دین لے کر نہیں آئے تھے بلکہ حضور بھی اسی توحید کے داعی بن کر تشریف لاتے تھے جس کی دعوت ہر نبی نے دی۔ نیز اس آیت سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ انسانیت جو آج مختلف اور مخالف گروہوں میں بٹ کر رہ گئی ہے۔ جس کے باعث گلشنِ ہستی جہنّم زار بن گیا ہے اس کے اتحاد کی

كَلِمَةٍ سَوَآءٍۭ بَيۡنَنَا وَبَيۡنَكُمۡ اَلَّا نَعۡبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشۡرِكَ بِهٖ

بات کی طرف جو یکساں ہے ہمارے اور تمھارے درمیان (وہ یہ کہ) ہم نہ عبادت کریں (کسی کی) سوائے اللہ کے اور نہ شریک ٹھیرائیں اس کے

شَيۡـًٔـا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعۡضُنَا بَعۡضًا اَرۡبَابًا مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا

ساتھ کسی چیز کو اور نہ بنالے کوئی ہم میں سے کسی کو رب اللہ کے سوا ۷۰ پھر اگر وہ رُوگردانی کریں

فَقُوۡلُوا اشۡهَدُوۡا بِاَنَّا مُسۡلِمُوۡنَ ﴿۶۴﴾ يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوۡنَ

(اس سے) تو تم کہہ دو گواہ رہنا (اے اہل کتاب) کہ ہم مسلمان ہیں ۷۱ اے اہل کتاب! کیوں جھگڑتے ہو تم

فِىۡۤ اِبۡرٰهِيۡمَ وَمَاۤ اُنۡزِلَتِ التَّوۡرٰٮةُ وَالۡاِنۡجِيۡلُ اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ

ابراہیم کے بارے میں حالانکہ نہیں اُتاری گئی تورات اور انجیل مگر ان کے بعد ۷۲

حقیقی اور محکم بنیاد عقیدہ توحید ہی ہے جو دُنیا کی ساری حقیقتوں سے واضح تر اور روشن ترین حقیقت ہے۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے اسی پلیٹ فارم پر جمع ہونے کے لیے اہل کتاب کو دعوت دی۔

۷۰ امام ترمذی نے حضرت عدی بن حاتم سے نقل کیا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو میں نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی یا رسول اللہ! ہم ان کی عبادت تو نہیں کیا کرتے تھے تو حضورؐ نے فرمایا کہ کیا ایسا نہیں تھا کہ وُہ جس حلال چیز کو چاہتے حرام کر دیتے اور جس حرام چیز کو چاہتے حلال کر دیتے اور تم ان کے ہر حکم کی پیروی کیا کرتے۔ میں نے عرض کیا کہ ہاں ایسا تو ہم کیا کرتے تھے۔ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ھو ذالک یعنی اللہ کے حکم کے بغیر کسی کو حلال و حرام کرنے کے کلّی اختیارات سونپ دینا ہی تو اس کی عبادت کرنا اور اس کو رب بنانا ہے۔ اب بھی اگر کوئی شخص کسی کے متعلق یہ عقیدہ رکھے کہ وُہ شریعت کی حلال کردہ چیزوں کو حرام اور حرام کردہ چیزوں کو حلال کر سکتا ہے تو وُہ بھی اسی توبیخ کا مستحق ہے۔

۷۱ اس آیتِ کریمہ میں اہل کتاب کی آنکھوں سے تعصب کا پردہ اُٹھانے کی ایک عجیب اور لطیف اسلوب میں کوشش کی گئی ہے انسان جب کسی دُوسرے کو حق و صداقت کے میدان میں سبقت لے جاتے ہوئے دیکھتا ہے تو یہ جذبہ قدرتاً اس کے اندر بھی بیدار ہونے لگتا ہے کہ جب اور لوگ تمام رکاوٹوں کو عبور کر کے حق کی طرف بے تابانہ لپک رہے ہیں تو میں کسی سے پیچھے کیوں رہوں مسلمانوں کے اس اعلان سے یہود و نصاریٰ کے دِل میں بھی یہی جذبہ پیدا کرنا مقصود ہے۔

۷۲ حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے فضائل و کمالات کے سب معترف تھے۔ اور سب اس پر متفق تھے کہ آپ کا دین ہی سچا دین ہے اور آپ کا راستہ ہی سیدھا راستہ ہے۔ اس لیے اپنے آپ کو سچا ثابت کرنے کے لیے یہودی یہ دعویٰ کیا کرتے کہ حضرت ابراہیم یہودی تھے اور

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٦٥﴾ هَٰأَنتُمْ هَٰؤُلَاءِ حَاجَجْتُمْ فِيمَا لَكُم بِهِ عِلْمٌ فَلِمَ

کیا (اتنا بھی) تم نہیں سمجھ سکتے سُنتے ہو! تم وُہ لوگ ہو جو جھگڑتے رہے ہو (اب تک) ان باتوں میں جن کا تمھیں کچھ نہ کچھ علم تھا پس (اب)

تُحَاجُّونَ فِيمَا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴿٦٦﴾

کیوں جھگڑنے لگے ہو ان باتوں میں نہیں ہے تمھیں جن کا کچھ علم اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

مَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ يَهُودِيًّا وَلَا نَصْرَانِيًّا وَلَٰكِن كَانَ حَنِيفًا

نہ تھے ابراہیم یہودی اور نہ نصرانی بلکہ وُہ ہر گمراہی سے الگ رہنے والے

مُّسْلِمًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿٦٧﴾ إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيمَ

مُسلمان تھے ۷۳؎ اور نہ ہی وُہ شرک کرنے والوں میں سے تھے بے شک نزدیک تر لوگ ۷۴؎ ابراہیم (علیہ السّلام) سے

عیسائی دعویٰ کیا کرتے کہ آپ عیسائی تھے۔ ان کے اس غلط دعویٰ کا بطلان کیا جا رہا ہے کہ یہُودیت اور عیسائیّت بعد کی پیداوار ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السّلام کا زمانہ تو صدیوں پہلے کا ہے جب یہُودیّت و نصرانیت کا وجُود ہی نہ تھا۔ اس لیے ان کو یہُودی یا عیسائی کہنا کہاں کی دانشمندی ہے۔

۷۳؎ گمراہی سے مُنہ موڑ کر حق کی طرف متوجّہ ہونے کو عربی میں الحنف کہتے ہیں اور حق سے رُوگردانی کر کے گمراہی کی طرف مائل ہونے کو الجنف کہتے ہیں (مفردات) تو حنیف کا معنی ہوا ہر باطل و گمراہی سے مُنہ موڑ کر ہمہ تن حق و صداقت کی طرف متوجّہ ہونے والا۔ قرآن بتاتا ہے کہ حضرت ابراہیمؑ تو صرف اللہ تعالیٰ کی اُلوہیّت کے قائل تھے اور اُسی ایک کی عبادت میں سرگرم تھے۔ نہ وُہ عُزیر کو خُدا کا بیٹا اور نہ مسیح کو اس کا فرزند کہتے تھے۔ نہ صلیب کے پرستار تھے اور نہ مشرکینِ عرب کی طرح کسی پتھر کی مُورتی کے پُجاری تھے۔ اُن کی توحیدِ خالص سے تمھاری اس شرک آلود یہُودیت و نصرانیت کو کیا نسبت ہو سکتی ہے۔

۷۴؎ اہلِ حق سے تعلق اور تقرّب کا انحصار اس پر نہیں کہ آپ ان سے اپنی وابستگی کے طویل و عریض دعوے کریں۔ بلکہ اس کا دار و مدار ان کی سچی پیروی پر ہے۔ جس نے ان کے پیغام کو دِل سے قبُول کیا اور زندگی بھر اس پر کاربند رہا وُہی ان سے قریب ہے۔ وہی ان کا دوست ہے۔ اس لیے قرآنِ حکیم نے تصریح کر دی کہ حضرت ابراہیم سے تقرب کا شرف یا ان لوگوں کو حاصل ہے۔ جو ان پر ایمان لائے۔ اور ان کی پیروی کی یا اس نبی امی (فداہ ابی وامی) کو جس نے دینِ ابراہیمی کو نئی زندگی اور تازہ قوّت بخشی اور یا اس کے جانباز غلاموں کو جو ابراہیمی مشن کو سربلند کرنے کے لیے ہر قربانی دینے کے لیے آمادہ ہیں۔ تمھیں کیا واسطہ اللہ کے خلیل سے جو دُنیا کی محبّت اور اقتدار کی ہوس میں یُوں کھوئے ہُوئے ہو کہ حق کو پہچانتے ہُوئے حق کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہو۔

لِلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَ هٰذَا النَّبِيُّ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَ اللّٰهُ وَلِيُّ

وُہ تھے جنھوں نے ان کی پیروی کی نیز یہ نبی (کریم) اور جو (اس نبی پر) ایمان لاتے اور اللہ تعالیٰ مددگار ہے

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۶۸ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ

مومنوں کا دل سے چاہتا ہے ایک گروہ ۷۵ اہلِ کتاب سے کہ کسی طرح گمراہ کر دیں تمھیں

وَ مَا يُضِلُّوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَ مَا يَشْعُرُوْنَ ۝۶۹ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ

اور نہیں گمراہ کرتے مگر اپنے آپ کو اور وُہ (اس حقیقت کو) نہیں سمجھتے اے اہلِ کتاب!

لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ اَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ۝۷۰ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ

کیوں انکار کرتے ہو اللہ کی آیتوں کا حالانکہ تم خود گواہ ہو ۷۶ اے اہلِ کتاب!

لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَ تَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَ اَنْتُمْ

کیوں ملاتے ہو حق کو باطل کے ساتھ ۷۷ اور (کیوں) چھپاتے ہو حق کو حالانکہ تم

۷۵ے چاہیئے تو یہ تھا کہ اہلِ کتاب حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم پر ایمان لاتے لیکن ایمان لانا تو کجا اُن کی ضد اور عناد کی یہ حالت ہے کہ جو راہِ راست پر چل رہے ہیں ان کے متعلق بھی ان کی آرزو یہ ہے کہ وُہ بھٹک جائیں۔ اگر وُہ اُن کا مذہب قبول نہیں کرتے، تو کم از کم مسلمان تو نہ رہیں۔ اِس لیے مسلمانوں کو اسلام سے بدظن اور برگشتہ کرنے کے لیے سارے جتن کرتے۔ ان کے سامنے طرح طرح کے شبہات پیش کرتے۔ گوناگوں الزامات تراشتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وُہ اِس ناپاک مقصد میں تو کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے البتہ وُہ اپنے نامۂ اعمال کی سیاہی میں ضرور اضافہ کر رہے ہیں اور بے خبری میں اپنے آپ کو ہلاکت کے گڑھے میں پھینک رہے ہیں و مایضلون کا معنی و مایہلکون ہے۔

۷۶ے اسلام کی صداقت وحقانیت کے دلائل اِس قدر واضح اور روشن ہیں گویا وُہ اسلام کی صداقت کا اپنی ان آنکھوں سے مشاہدہ کر رہے ہیں لیکن یُوں عیاں دیکھ لینے کے باوجود بھی ان کا اسلام کو قبول نہ کرنا کتنی عجیب بات ہے۔

۷۷ے لبس کا معنی ڈھانپ دینا یا کسی چیز کو دُوسری چیز کے ساتھ خلط ملط کر دینا ہے یعنی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے کمالات وعلامات جو ان کی آسمانی کتابوں کے صفحہ صفحہ پر ثبت تھے ان کو چھپا دیا کرتے یا اللہ تعالیٰ کے ان احکام میں تحریف کر دیا کرتے تھے۔ جن پر عمل کرنا ان کی طبعِ نازک پر گراں ہوتا۔

تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِیْٓ

جانتے ہو کہا ایک گروہ نے ۷۸ اہل کتاب سے کہ ایمان لے آؤ اس (کتاب) پر

اُنْزِلَ عَلَى الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ

جو اُتاری گئی ایمان والوں پر صبح کے وقت اور انکار کردو اس کا سرِشام شاید (اس طرح) وُہ

لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِیْنَكُمْ ؕ قُلْ

(اسلام سے) برگشتہ ہو جائیں (ایک دوسرے کو تاکید کرتے ہیں) ۷۹ کہ مت مانو کسی کی بات سوائے اُن لوگوں کے جو پیروی کرتے ہیں تمھارے دین کی فرمائیے

۷۸ دلائل کے میدان میں شکست کھانے کے بعد یہود کے مذہبی رؤسا نے لوگوں کو دینِ حق سے برگشتہ کرنے کے لیے ایک گہری سازش سے کام لینا چاہا۔ اُنھوں نے سوچا کہ اور کوئی تدبیر کارگر ثابت نہیں ہوتی اب یُوں کریں کہ اپنے چند خاص چیلے مُسلمانوں کے پاس بھیجیں جو وہاں جا کر اپنے مُسلمان ہونے کا اعلان کر دیں۔ کچھ وقت گزرنے کے بعد وُہ مُرتد ہو جائیں اور اس کا خوب چرچا کریں کہ اسلام قبول کرنے کے بعد ہمیں اسلام اور پیغمبرِ اسلام کو قریب سے دیکھنے کا موقعہ ملا ہے۔ اور ان کے ایسے عیُوب اور کوتاہیاں ہم پر آشکارا ہوتی ہیں کہ ہم اس دین کو ترک کرنے پر مجبُور ہو گئے۔ جس کو ہم نے کچھ عرصہ پہلے بڑے شوق اور بڑی محبت سے قبول کیا تھا۔ اس کا اثر یہ ہوگا۔ کہ وُہ لوگ جو آج دھڑا دھڑ اسلام میں داخل ہو رہے ہیں ٹھٹک کر رہ جائیں گے۔ اور وُہ ایک بار پھر یہ سوچنے لگیں گے کہ جس دین کو اس کے ماننے والے ایک ایک کر کے چھوڑ رہے ہیں وُہ سچا دین نہیں۔ یہُود کی یہ سازش بڑی خطرناک تھی۔ اور نفسیاتی طور پر اس کا بڑا بُرا نتیجہ نکلتا۔ لیکن دانا و بینا خُدا نے اُن کے اس دامِ ہمرنگِ زمین کو پہلے ہی نمایاں کر کے مُسلمانوں کو ہُشیار کر دیا اور اس طرح یہُود کی یہ گہری چال ناکام ہو کر رہ گئی۔

۷۹ مفسّرین کرام نے اس آیت کو مشکل ترین آیت شمار کیا ہے۔ اور اس میں جو متعدّد جُملے ہیں ان کے باہمی تعلق پر بڑی طویل بحثیں کی ہیں لیکن خدا رحم فرمائے امام ابُو عبداللہ القرطبی پر جنھوں نے اس آیت کو بالکل آسان بنا دیا ہے۔ فرماتے ہیں اس آیت میں قل ان الهدى هدى الله جملہ معترضہ ہے اور دُوسرے سب جملوں کا تعلق لا تومنوا سے ہے اس صُورت میں اس کا مفہوم یُوں ہوگا:۔

المعنى ولا تؤمنوا الا لمن تبع دينكم ولا تؤمنوا ان يوتى احد مثل ما اوتيتم ولا تصدقوا ان يحاجوكم (تفسیر قرطبی)

یعنی رؤسا۔ یہُود اپنے ان چیلوں کو جنھیں اُنھوں نے اس سازش کے لیے تیار کیا تھا یہ تین باتیں بڑی مہارت سے ذہن نشین کراتے تھے۔ پہلی بات تو یہ تھی کہ اپنے دین کے ماننے والوں کے بغیر کسی کی بات مت ماننا۔ دُوسرا یہ یقین کرنا کہ جن انعامات خُداوندی سے تمھیں سرفراز کیا گیا ہے وُہ کسی دُوسری قوم کو مرحمت نہیں کیے گئے۔ تیسرا یہ کہ بالکل مطمئن رہو۔ قیامت کے دن بھی تم پر کوئی حجت قائم کر کے تمھیں شرمسار نہ کر سکے گا۔ یہ باتیں ان کے ذہن نشین کرنے کے بعد ان کو اس خطرناک سازش کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا اہم فریضہ سونپا جاتا۔

إِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ أَنْ يُؤْتٰى أَحَدٌ مِّثْلَ مَآ أُوتِيتُمْ

ہدایت تو وُہی ہے جو اللہ کی ہدایت ہو (اور یہ بھی نہ ماننا کہ) دیا جا سکتا ہے کسی کو جیسے تمھیں دیا گیا

أَوْ يُحَآجُّوكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۗ قُلْ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيهِ

یا کوئی حجت لا سکتا ہے تم پر تمھارے رب کے پاس (اے حبیب!) فرما دیجئے کہ فضل (وکرم) تو اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے دیتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ﴿٧٣﴾ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۗ

جسے چاہتا ہے ۸۰؎ اور اللہ تعالیٰ وسعت والا سب کچھ جاننے والا ہے خاص کر لیتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ جسے چاہتا ہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ﴿٧٤﴾ وَمِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ إِنْ

اور اللہ تعالیٰ صاحب فضل عظیم ہے اور اہل کتاب سے بعض ایسے (دیانتدار) ہیں کہ اگر تو

علم نفسیات کے ماہران کی وُسعتِ نظر کی داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ یہُود کو یہ اندیشہ تھا اور وُہ بے جا بھی نہ تھا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ بھی اُن کے پاس جا کر انھیں کے بن کر رہ جائیں جیسے اُن کا بارہا کا مشاہدہ تھا۔ اور دُوسروں کو اِسلام سے برگشتہ کرتے کرتے کہیں اپنوں سے ہی ہاتھ نہ دھونے پڑیں۔ اِس اندیشہ کی پیش بندی اُنھوں نے بڑی سُوجھ بُوجھ سے کی۔ اور ان کے دِل و دماغ کو ایسے قالب میں ڈھالنے کی ماہرانہ سعی کی جس کے بعد اِس قِسم کے خطرات کا اِمکان ہی ختم ہو جاتا ہے۔ پہلے ان کی مذہبی عصبیت کو ہوشیار کیا۔ اور انھیں یہ نہ مانوں نہ مانوں کا سبق از بر کرا دیا۔ اس کے بعد ان کی قومی نخوت اور نسلی برتری کے احساس کو ہوا دی گئی کہ خُدا کی ساری مخلوق میں تمھیں اس کے پیارے اور لاڈلے ہو۔ جو اِنعامات تم پر کیے گئے ہیں کسی دُوسری قوم پر نہیں کیے گئے۔ اِس لیے جب تم تمام اقوامِ عالم سے افضل و اعلیٰ ہو تو تم کیوں کسی دُوسری قوم کی دعوت قبول کرو جو تم سے فروتر ہیں۔ اب بھی ایک گوشہ باقی تھا جس طرف سے اُن کی ہٹ دھرمی اور تعصّب پر یورش ہو سکتی تھی اور وُہ روزِ قیامت کی بازپُرس کا خوف۔ اس کو یہ کہہ کر محفوظ کر دیا کہ یقین مانو قیامت کے دن بھی تم ہی سُرخرو ہو گے اور کوئی ایسی بات نہیں جس کے باعث تمھیں قیامت کے دن شرمندہ ہونا پڑے۔ اِس طرح انھیں ذہنی اور رُوحانی طور پر بھی اِسلام کے خلاف اس گھناؤنے جُرم کے اِرتکاب کے لیے مُستعد کر دیا۔ علامہ قرطبی کی اِس تفسیر کے بعد آیت کا مفہوم اِتنا واضح ہے کہ ان پُر پیچ تاویلات کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوتی۔

۸۰؎ نبوّت کسی کی ذاتی جاگیر نہیں بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔ وُہ حکیم و علیم جس کو اِس بارِ امانت کے اُٹھانے کا اہل دیکھتا ہے اس کو اس سے سرفراز فرماتا ہے۔ اس سے یہُود کے اِس دعوے کی تردید ہے کہ نبوّت اولادِ اسحٰق علیہ السّلام کی میراث ہے بنی اسمٰعیل سے کوئی نبی نہیں آسکتا۔

تَأْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُؤَدِّهِ إِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَنْ إِنْ تَأْمَنْهُ بِدِينَارٍ

امانت رکھے اس کے پاس ایک ڈھیر (سونے چاندی کا) تو ادا کر دے اُسے تمہاری طرف اور ان میں سے بعض وُہ بھی ہیں کہ اگر تُو امانت رکھے اس کے پاس ایک اشرفی

لَا يُؤَدِّهِ إِلَيْكَ إِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَائِمًا ۗ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا

تو واپس نہ کرے گا اسے بھی تیری طرف مگر جب تک تُو اس کے سر پر کھڑا رہے اس (بد دیانتی) کی وجہ یہ ہے کہ وُہ کہتے ہیں

لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْأُمِّيِّينَ سَبِيلٌ ۚ وَيَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ

کہ نہیں ہے ہم پر ان پڑھوں کے معاملہ میں کوئی گرفت [۸۱] اور یہ لوگ کہتے ہیں اللہ پر جھوٹ

وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿٧٥﴾ بَلَىٰ مَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ وَاتَّقَىٰ فَإِنَّ اللَّهَ

حالانکہ وُہ جانتے ہیں ہاں کیوں نہیں جس نے پُورا کیا اپنا وعدہ اور پرہیزگار بنا تو بے شک اللہ تعالےٰ

يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ﴿٧٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ

محبّت کرتا ہے پرہیزگاروں سے بے شک جو لوگ [۸۲] خریدتے ہیں اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے عوض

[۸۱] سبیل کا معنی راستہ ہے۔ اور کبھی کبھی یہ حجّت اور دلیل کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ ویعبر به عن الحجة (مفردات) یہاں اسی معنی میں استعمال ہوا ہے۔ یہُودی آپس میں جب لین دین، عہد وپیمان اور خرید و فروخت کرتے تو اس وقت احکامِ خداوندی پر کم و بیش عمل کرتے لیکن اہلِ عرب خصُوصاً مسلمانوں کے ساتھ ان کا برتاؤ عجیب قسم کا تھا۔ ان سے خرید و فروخت کرتے وقت دھوکہ کرتے۔ وعدہ کر کے پھر جاتے۔ امانتوں میں خیانت سے باز نہ آتے۔ غرضیکہ ان کے ساتھ معاشرت میں اخلاق اور دین کے کسی ضابطہ کی پابندی نہ کرتے۔ اور اگر اُنھیں اس خیانت، عہد شکنی اور بد معاملگی پر ملامت کی جاتی تو بجائے نادم ہونے کے یہ جواب دیتے کہ ہمیں اپنی کتاب نے عرب کے ان بے علموں کے مال خُرد بُرد کرنے کی اجازت دی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کا یہ کہنا تورات اور حضرت کلیم پر بہتانِ عظیم ہے۔ خُداوند کریم تو انھیں لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو ہر کسی سے معاملہ کرتے وقت دیانتداری، ایفائے عہد اور سچ بولنے کے اصولوں پر کاربند رہیں۔ اس سے ہمیں بھی یہ سبق مل گیا کہ ہم جس کسی سے معاملہ کریں خواہ وُہ مسلمان ہو یا کافر، نیک ہو یا بد، اپنا ہو یا بیگانہ، اس سے دیانت داری اور راست بازی کا معاملہ کریں۔ کسی کا کفر یا فسق اس کے ساتھ فریب دھوکہ کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی وجہِ جواز نہیں۔

[۸۲] کبیرہ گناہوں کی فہرست بہت طویل ہے لیکن ان میں سے عہد شکنی اور وعدہ خلافی پر جو سزا مقرر کی گئی ہے وُہ کسی دُوسرے گناہ

ثَمَنًا قَلِيلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ

تھوڑی سی قیمت یہ وُہ (بدنصیب) ہیں کہ کچھ حصّہ نہیں ان کے لیے آخرت میں اور بات تک نہ کرے گا ان سے

اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۠ وَلَهُمْ

اللہ تعالیٰ اور دیکھے گا بھی نہیں ان کی طرف قیامت کے روز اور نہ پاک کرے گا انھیں اور ان کے لیے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۷﴾ وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ

دردناک عذاب ہے اور بے شک ان میں ایک فریق وُہ ہے جو مروڑتے ہیں ۸۳؎ اپنی زبانوں کو کتاب کے ساتھ

کے لیے تجویز نہیں کی گئی۔ عہد شکنی کے لیے پانچ سزاؤں کا یہاں ذکر ہے۔ (۱) وُہ آخرت کی نعمتوں سے یکسر محروم کر دیا جائے گا (۲) رحمٰن ورحیم خدا اُس سے بات تک نہ فرمائے گا (۳) اُس کی نظر لطف ورحمت سے بھی وُہ محروم رہے گا (۴) گناہ کی آلائشوں سے بھی اُسے پاک نہیں کیا جائے گا اور (۵) اس کے علاوہ اُسے دردناک عذاب دیا جائے گا۔

کوئی ہے ایسا دل گُردے والا جو ان سزاؤں میں سے کسی ایک کو برداشت کرنے کی طاقت رکھتا ہو۔ قرآن کو اللہ تعالیٰ کا کلام ماننے والی قوم اگر اس پُرہیبت وپُرجلال آیت کے بعد بھی اپنے وعدہ کی پابند نہیں بنے گی تو کب بنے گی۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کا ارشادِ گرامی بھی سُن لیجیے:۔

آیۃ المنافق ثلاث وان صام وصلی وزعم انہ مسلم اذا حدث کذب واذا وعد اخلف واذا اؤتمن خان۔

ترجمہ: منافق کی تین نشانیاں ہیں اگرچہ وُہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے اور اپنے آپ کو مسلمان خیال کرے۔ جب وُہ بات کرے تو جھوٹ بولے۔ جب وعدہ کرے تو ایفاء نہ کرے اور جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت کرے۔ آیت میں دو وعدوں کا ذکر ہے۔ ایک وُہ وعدہ جو بندہ اپنے رب کے ساتھ اس کی بندگی اور فرمانبرداری کے متعلق کرتا ہے اور دُوسرا وُہ جو لوگ آپس میں ایک دُوسرے کے ساتھ کرتے ہیں۔ دونوں کی خلاف ورزی پر یہ وعید ہے۔ ہاں اگر کوئی شخص گناہ کے ارتکاب کی قسم اُٹھاتا ہے یعنی اس نے قسم اُٹھائی کہ وُہ نماز نہیں پڑھے گا یا شراب پیئے گا۔ یا ماں باپ کو اذیت پہنچائے گا تو اُس وقت اُس قسم کا توڑنا لازمی ہو جاتا ہے۔ جیسے حدیث شریف میں ہے۔ کیونکہ اللہ کا نام پاک نیکی پر برانگیختہ کرنے کے لیے ہے نہ کہ بُرائی اور گناہ پر اُکسانے کے لیے۔

۸۳؎ یلوٗن کا اصل لَیٌّ ہے جس کا معنی ہے جھکانا مائل کرنا۔ کہا جاتا ہے لوی بیدہ اس نے اپنا ہاتھ جھکایا۔ لوی براسہ اس نے اپنا سر جھکایا۔ یعنی اُس کی اصلی اور فطری وضع میں تبدیلی کر دی۔ اس لیے اب اس کا استعمال کسی کلام کے الفاظ یا اعراب میں ایسا ردّوبدل کر دینا جس سے اس کلام کا اصلی مفہوم بدل جائے یا اس کی ایسی من گھڑت تشریح کرنا جس کا اس کلام سے دُور کا واسطہ بھی نہ ہو کے معنی میں ہونے لگا ہے لوی لسانہ بکذا کنایۃ عن الکذب وتخرص الحدیث (مفردات) عربی محاورہ میں جھوٹ

لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ

تاکہ تم خیال کرنے لگو (ان کی) اس (اُلٹ پھیر) کو بھی اصل کتاب سے حالانکہ وُہ کتاب سے نہیں ہے اور وُہ کہتے ہیں یہ بھی

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

اللہ کی طرف سے (اُترا) ہے حالانکہ وُہ نہیں ہے اللہ کے پاس سے اور وُہ کہتے ہیں اللہ پر

الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۞ ۷۸ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ

جھوٹ جان بوجھ کر نہیں ہے مناسب کسی انسان کے لیے کہ (جب) عطا فرمادے اسے اللہ تعالیٰ کتاب

وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ

اور حکومت اور نبوّت ۸۴ تو پھر وُہ کہنے لگے لوگوں سے کہ بن جاؤ میرے بندے اللہ کو

دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ

چھوڑ کر (وُہ تو یہ کہے گا کہ) بن جاؤ اللہ والے اس لیے کہ تم دُوسروں کو تعلیم دیتے رہتے تھے کتاب کی

بولنے اور من گھڑت بات بنانے کو "لوی لسانہ بکذا" کہتے ہیں۔ علّامہ قرطبیؒ نے لکھّا ہے والمعنی یحرفون الکلم ویعدلون بہ عن القصد یعنی علماءِ یہود کا یہ شیوہ تھا کہ تورات کی جن آیات میں حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کا ذکرِ پاک ہوتا یا تو ایسے لب ولہجہ سے انھیں پڑھتے کہ مطلب بگڑ جاتا یا الفاظ و اعراب میں ردّ و بدل کر دیتے یا ان آیات کا غلط مطلب لوگوں کو بتایا کرتے۔ اس آیت میں ان کی اس مذموم حرکت کا بیان ہے۔

۸۴ یعنی جسے ان انعامات سے سرفراز کیا جاتا ہے وُہ کسی کو اپنی پرستش اور عبادت کی دعوت نہیں دے گا بلکہ وُہ تو سب کو یہی تلقین کرے گا کہ اللہ والے بن جاؤ۔ ربانیین جمع ہے ربّانی کی جو رب کی طرف منسوب ہے اس نسبت کی وجہ سے اسے "ربّی" ہونا چاہیئے لیکن بسا اوقات مبالغہ کے لیے الف نون کا اضافہ کر دیا کرتے ہیں مثلاً جس کی بڑی گھنی ڈاڑھی ہو اُسے باضافہ الف نون لحیانی اور جس کی گردن بہت فربہ ہو اُسے باضافہ الف نون رقبانی کہا جاتا ہے۔ اس صورت میں اس کا معنی ہو گا بالکل اللہ والا۔ مبرد نے اس کا ایک دُوسرا ماخذ بتایا ہے۔ وُہ کہتے ہیں کہ یہ ربّان کی جمع ہے جو ربہ یربہ فھو ربان سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے تربیتِ نفوس، اصلاحِ احوال اور تدبیرِ امور کرنے والا۔ اب ربانیون کا معنی ہو گا نوعِ انسانی کی صحیح تربیت اور ان کی اصلاح کرنے والے۔ یہاں عیسائیوں کو بتایا جا رہا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام تو نبی تھے۔ وُہ اپنے آپ کو خدا یا خدا کا فرزند کیونکر کہہ سکتے تھے۔

وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُونَ ﴿٧٩﴾ وَلَا يَأْمُرَكُمْ أَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ

اور بوجہ اس کے کہ تم خود بھی اسے پڑھتے تھے ۸۵ اور وُہ (مقبول بندہ) نہیں حکم دے گا تمھیں اس بات کا کہ بنالو فرشتوں

وَالنَّبِيّٖنَ أَرْبَابًا ۗ أَيَأْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنْتُمْ مُسْلِمُونَ ﴿٨٠﴾

اور پیغمبروں کو خدا (تم خود سوچو) کیا وُہ حکم دے سکتا ہے تمھیں کفر کرنے کا بعد اس کے کہ تم مسلمان بن چکے ہو

وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَا آتَيْتُكُمْ مِنْ كِتٰبٍ وَحِكْمَةٍ

اور یاد کرو جب لیا اللہ تعالیٰ نے انبیاء سے پختہ وعدہ ۸۶ کہ قسم ہے تمھیں اس کی جو دُوں میں تم کو کتاب اور حکمت سے

اُنھوں نے تو تمھیں محض اللہ والا بننے کی دعوت دی ہے۔

۸۵ مقصد یہ ہے کہ اے اہل کتاب تمھیں تو بطریق اولیٰ ربّانی بننا چاہیئے۔ کیونکہ تمھارے پاس تو رُشد و ہدایت کا آسمانی صحیفہ موجُود ہے۔ جس کے معانی اور مطالب سے تم خوب واقف ہو۔ تم خود بھی اسے پڑھتے ہو اور دُوسروں کو بھی اس کا درس دیتے ہو اور اگر تم نے خود اُس سے ہدایت حاصل نہ کی اور توحید کی خالص نعمت سے محرُوم رہے تو پھر درس و تدریس کی ہنگامہ آرائیوں سے کیا حاصل؟

۸۶ حضرت سیدنا علی اور ابن عبّاس رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک نبی سے یہ پختہ وعدہ لیا کہ اگر اس کی موجُودگی میں سرورِ عالم و عالمیاں محمد رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم تشریف فرما ہوں تو اُس نبی پر لازم ہے کہ وُہ حضور کی رسالت پر ایمان لا کر آپ کی اُمّت میں شمُولیّت کا شرف حاصل کرے اور ہر طرح حضور کے دین کی تائید و نصرت کرے اور تمام انبیاء نے یہی عہد اپنی اپنی اُمتوں سے لیا۔ السیّد المحقق محمُود الالوسی صاحب رُوح المعانی تحریر فرماتے ہیں۔ ومن هنا ذهب العارفون الى انه صلى الله تعالى عليه وآله وسلم هو النبي المطلق والرسول الحقيقي والمشرع الاستقلالي وان من سواه من الانبياء عليهم الصلوٰة والسلام في حكم التبعية له صلى الله عليه وسلم۔ یعنی اسی لیے عارفین نے فرمایا ہے کہ نبی مطلق رسولِ حقیقی اور مُستقل شریعت کے لانے والے حضور نبی کریم محمد رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں اور جملہ دیگر انبیاء حضور علیہ السّلام کے تابع ہیں (رُوح المعانی)

شبِ معراج تمام انبیاء کرام کا بیت المقدس میں مجتمع ہو کر حضور فخرِ کائنات کی امامت میں حضور کی شریعت کے مُطابق نماز ادا کرنا اسی بلند مرتبت عہد کی عملی توثیق تھی۔ اور امام الانبیاء والمرسلین کی عظمتِ شان اور جلالتِ قدر کا صحیح اندازہ قیامت کے روز ہو گا جب ساری مخلوقِ خدا خوفِ خُدا سے لرزہ براندام ہو گی اور مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء لواء حمد ہاتھ میں لیے مقامِ محمُود پر فائز ہوں گے۔ اللّٰهم صل على حبيبك وصفيك صاحب لواء الحمد والمقام المحمود وبارك وسلم واحشرنا

ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ

پھر تشریف لائے تمہارے پاس وُہ رسُول جو تصدیق کرنے والا ہو ان (کتابوں) کی جو تمہارے پاس ہیں تو تم ضرور ضرور ایمان لانا اس پر

قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰی ذٰلِكُمْ اِصْرِیْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ

اور ضرور ضرور مدد کرنا اس کی (اس کے بعد) فرمایا کیا تم نے اِقرار کر لیا اور اُٹھا لیا تم نے اس پر میرا بھاری ذمہ؟ سب نے عرض کی ہم نے اقرار کیا

قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ ﴿۸۱﴾ فَمَنْ تَوَلّٰی

(اللہ نے) فرمایا تو گواہ رہنا اور میں (بھی) تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہُوں پھر جو کوئی پھرے اس

بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ

(پختہ عہد) کے بعد تو وُہی لوگ فاسق ہیں کیا اللہ کے دین کے سوا (کوئی اور دین) تلاش

وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ

کرتے ہیں ۸۷ حالانکہ اسی کے حضُور سر جھکا دیا ہے ہر چیز نے جو آسمانوں اور زمین میں ہے خوشی سے یا مجبُوری سے اور اسی کی طرف وُہ

یُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَیْنَا وَمَآ اُنْزِلَ

(سب) لوٹائے جائیں گے آپ فرمائیے ہم ایمان لائے اللہ پر ۸۸ اور اُس پر جو اتارا گیا ہم پر اور جو اُتارا گیا

فی زمرته وتحت لوائه وارزقنا شفاعته وادخلنا معه فی الجنة انك سمیع الدعاء۔

۸۷۔ جس مالکِ ارض و سماء کے حکم کے سامنے کائنات کی ہر چیز سر افگندہ ہے۔ خوشی یا ناخوشی سے، شعوری یا غیر شعوری طور پر اس کے ہر تکوینی فرمان کی تعمیل کر رہی ہے۔ اور جس کی طرف ہر چیز پلٹ کر جانے والی ہے کیا اس قادر و توانا خدا کے دین کے بغیر وُہ کسی اور دین، کسی دُوسرے ضابطہ حیات کے متلاشی ہیں۔ وہ کتنے غلط کار ہیں اور فریبِ نفس کے کتنے مُہلک مرض میں وُہ مبتلا ہیں۔

۸۸۔ اپنے حبیبِ مکرّم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی زبان پاک سے اس حقیقتِ عظمیٰ کا پھر اعلان کروایا جا رہا ہے کہ دینِ الٰہی اسلام ہی ہے۔ سب انبیاء و رُسل اپنے اپنے زمانہ میں اسی کی تبلیغ فرماتے رہے اور میں بھی اسی دین کا داعی اور مبلّغ بن کر آیا ہوں۔ اس لیے وُہ تمام مقدس ہستیاں جن کو بارگاہِ الٰہی سے نبوّت کا شرف بخشا گیا اور ان پر جو کتابیں نازل ہوئیں ہیں اور میرے ماننے

عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ اِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطِ

ابراہیم ، اسمٰعیل ، اسحٰق ، یعقوب اور ان کے بیٹوں پر

وَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَ عِيْسٰى وَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۪ لَا نُفَرِّقُ

اور جو کچھ دیا گیا موسیٰ ، عیسیٰ اور (دوسرے) انبیاء کو ان کے رب کی طرف سے نہیں فرق کرتے ہم

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۫ وَ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَ مَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ

کسی کے درمیان ان میں سے اور ہم اللہ کے فرمانبردار ہیں اور جو تلاش کرے گا

الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَ هُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ

اسلام کے بغیر کوئی (اور) دین تو وہ ہرگز قبول نہ کیا جائے گا اس سے ۸۹ اور وہ قیامت کو زیاں کاروں

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ

میں سے ہوگا کیسے ہوسکتا ہے کہ ہدایت دے اللہ تعالیٰ ایسی قوم کو جنھوں نے کفر اختیار کر لیا ایمان لے آنے کے بعد ۹۰

والے اُن سب کی صداقت کو تسلیم کرتے ہیں۔ ہمارا یہ شیوہ نہیں کہ بعض کو مانیں اور بعض کو نہ مانیں۔ یہ ہے دینِ محمدی کی وُہ وُسعت اور گیرائی جو ہر حق کو اپنے دامن میں سمیٹے ہُوئے ہے۔ جہاں کسی قومی، وطنی اور نسلی عصبیت کی گنجائش نہیں۔ اس دینِ قیّم کی رُوح تمام اُن عناصر سے پاک ہے جو انسان کو انسان سے ملنے نہیں دیتے۔ یہ کسی خاندان یا نسل کے خدا کا دین نہیں بلکہ ربّ العٰلمین کا دین ہے۔ اور اس کا داعی صرف بنی اسرائیل کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کو جمع کرنے کے لیے بھیجا نہیں گیا بلکہ وُہ رحمت للعٰلمین ہے جو سارے عالم انسانیّت کی شیرازہ بندی کے لیے مطلع وجود پر جلوہ نما ہوا۔ اس لیے صرف یہی دین انسانی اتحاد کے لیے اساس محکم ثابت ہوسکتا ہے۔

۸۹ دینِ اسلام جو سب انبیاء کا دین ہے اور جس کو لے کر اب حضرت محمد رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم تشریف لائے ہیں اب اگر کوئی شخص اس دین کو قبول نہیں کرتا اور کسی اور دین کی پیروی کرتا ہے تو اس کا وُہ دین اللہ تعالیٰ کی جناب میں مردود ہے۔

۹۰ وُہ گمراہ جو جہالت کی وجہ سے قبولِ حق سے انکار کرتے ہیں ان کے ہدایت پانے کی توقع ہوسکتی ہے کہ جب جہالت کا پردہ اُٹھ جائے گا اور حقیقت کا روشن چہرہ انھیں دکھائی دے گا تو وُہ اسے پہچان کر پروانہ وار اس پر قربان ہونے لگیں گے لیکن جو حق کو پہچانتے ہیں اور اپنی خاص محفلوں میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی رسالت کو تسلیم بھی کرتے ہیں۔ اور پھر دُشمنی پر کمر بستہ ہیں۔ ان کے

وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاللّٰهُ لَا

اور وُہ (پہلے خود) گواہی دے چکے تھے کہ رسول سچا ہے اور آ چکی تھیں ان کے پاس کھلی نشانیاں اور اللہ تعالیٰ

يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۶﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ

ہدایت نہیں دیتا ظالم لوگوں کو ایسوں کی سزا یہ ہے ۹۱ کہ اُن پر

لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۷﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ

پھٹکار پڑتی رہے اللہ کی فرشتوں کی اور سب انسانوں کی ہمیشہ رہیں اسی پھٹکار میں

لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۸﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا

نہ ہلکا کیا جائے گا اُن سے عذاب اور نہ اُنھیں مہلت دی جائے گی مگر وُہ لوگ جنھوں نے (سچے دل سے) توبہ

مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۫ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۸۹﴾ اِنَّ

کرلی اس کے بعد ۹۲ اور اپنی اصلاح کر لی تو بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے (انھیں بخش دے گا) یقیناً

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ

وُہ لوگ جنھوں نے کفر اختیار کیا ایمان لانے کے بعد پھر بڑھتے چلے گئے کفر میں ہرگز نہ قبول کی جائے گی

تَوْبَتُهُمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَ

ان کی توبہ اور یہی لوگ ہیں جو گمراہ ہیں جن لوگوں نے کفر کیا اور مر گئے کفر ہی

راہ پانے کی توقع عبث ہے۔

۹۱ یعنی وُہ بدنصیب جنھوں نے اپنی فطرتِ سلیمہ کو بگاڑ دیا اور خداداد صلاحیتوں کو مسخ کر دیا۔

۹۲ اسلام نے رحمتِ الٰہی سے مایوس ہوجانے کی سخت مذمت کی ہے۔ اور سب گمراہوں کو واضح طور پر بتا دیا ہے کہ جب وُہ سچے دِل سے اپنے گناہوں پر نادم ہوں تو آئیں اور اس کے درِ رحمت پر دستک دیں۔ اُن کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اور اُنھیں ایک اور زرّیں موقع مل جائے گا کہ وُہ ایک پاکیزہ زندگی کا ازسرِ نو آغاز کر سکیں۔

هُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّ لَوِ

کی حالت میں ۹۳ تو ہرگز نہ قبول کیا جائے گا ان میں سے کسی سے زمین بھر سونا اگرچہ وُہ (اپنی نجات کیلیے)

افْتَدٰى بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّ مَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۹۱﴾

عوضانہ دے اتنا سونا ایسے لوگوں کے لیے عذاب ہے دردناک اور نہیں ہے ان کا کوئی مددگار

۹۳ البتہ وُہ لوگ جو زندگی بھر کفر وطغیان کے راستہ پر گامزن رہے اور باز آنے اور نادم ہونے کے لیے جو مہلت اُنھیں دی گئی تھی اُس سے اُنھوں نے فائدہ نہیں اُٹھایا۔ یہاں تک کہ موت کے جھونکے نے اُن کی زندگی کا چراغ گُل کر دیا۔ اُن کی بخشش کی کوئی صورت نہیں۔ اگر وُہ بے انداز سونا بھی فدیہ کے طور ادا کرنا چاہیں گے تو ردّ کر دیا جائے گا۔ اور کوئی ان کی شفاعت بھی نہ کرے گا کیونکہ شفاعت گنہگار مومن کے لیے ہوا کرتی ہے اور کافر اور مُشرک شفاعت کا مستحق نہیں ہوا کرتا۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا

ہرگز نہ پاسکو گے تم ۹۴ کامل نیکی (کا رتبہ) جب تک نہ خرچ کرو (راہِ خدا میں) اُن چیزوں سے جن کو تم عزیز رکھتے ہو اور جو کچھ تم خرچ کرتے

مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا

ہو ۹۵ بلاشبہ اللہ تعالیٰ اُسے جانتا ہے سب کھانے کی چیزیں ۹۶ حلال تھیں

لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِیْلُ عَلٰی نَفْسِهٖ مِنْ

بنی اِسرائیل کے لیے مگر وُہ جسے حرام کیا اِسرائیل نے اپنے آپ پر اس

۹۴ علّامہ بیضاوی فرماتے ہیں۔ لن تبلغوا حقیقة البر الذی هو کمال الخیر یعنی اپنی محبُوب اَور عزیز چیزوں کو راہِ خُدا میں خرچ کیے بغیر تم نیکی کی حقیقت تک جو خیر و احسان کا درجۂ کمال ہے رسائی حاصل نہیں کر سکتے۔ البرّ سے مُراد برّ اللہ ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی رضا اَور رحمت کے مستحق نہیں بن سکتے۔ محبُوب اشیاء میں مال و متاع، جسم و جان اَور جاہ و منصب سب داخل ہیں۔ ان میں سے جو پیاری چیز ہو اُسے اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربان کرنے سے ہی نیکی میں درجۂ کمال حاصل ہو سکتا ہے۔ جب یہ آیت نازل ہُوئی تو حضرت ابو طلحہؓ حاضر ہُوئے اَور عرض کی اَے اللہ کے پیارے رسُولؐ! مجھے سب سے زیادہ عزیز اپنا باغ بیرحاء ہے فضعها حیث اراك الله۔ حضور جہاں مناسب خیال فرماتے ہیں اِسے خرچ فرمائیے۔ حضور علیه الصلوٰة والسّلام نے بڑی خوشنودی کا اِظہار فرمایا اَور حکم دیا کہ اپنے قریبی رِشتہ داروں کو دے دو۔ ایسی متعدّد مثالیں احادیث میں موجُود ہیں۔

۹۵ نیکی میں درجۂ کمال تو مِلے گا عزیز ترین چیز خرچ کرنے سے۔ لیکن اگر اس کے علاوہ اس سے کم تر کوئی چیز خرچ کرو گے تو بھی اکارت نہیں جائے گی بلکہ اِس کے مناسب تمھیں اس کا معاوضہ دیا جائے گا۔ نیز اِس آیت کے پہلے حصّہ میں راہِ خُدا میں اچھی اَور پسندیدہ چیز دینے کا ذِکر فرمایا۔ پچھلے حصّہ میں اخلاصِ نیّت کی طرف توجّہ دلائی یعنی اللہ تعالیٰ تمھاری نیّتوں کو جاننے والا ہے۔ اگر تم نے ریا اَور نمود کے لِیے خرچ کیا تو وُہ اکارت جائے گا۔

۹۶ یہُود نے حضورِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم پر ایک اَور اِعتراض کرنا شروع کیا کہ آپ دعوٰی تو کرتے ہیں ملّتِ ابراہیمی کا حالانکہ اُونٹ کا گوشت اَور دُودھ جو شریعتِ ابراہیمی میں حرام تھا اسے آپ حلال جانتے ہیں۔ اِس آیت میں ان کے اِس اِعتراض کا جواب ہے کہ تمھارا یہ کہنا غلط ہے کہ یہ چیزیں شریعتِ ابراہیمی میں حرام تھیں۔ نہیں بلکہ انھیں تو حضرت اسرائیل (یعقوب) علیہ السّلام نے بعض طبیبوں کے مشورہ سے اِستعمال کرنا ترک کیا تھا۔ بعض روایات میں ہے کہ حضرت یعقوب کو عرق النساء کی تکلیف تھی۔ اِس لِیے بطورِ پرہیز اُنھوں نے اُونٹ کا گوشت اَور دُودھ چھوڑ دیا تھا۔ اگر تم اِس بات کو تسلیم نہیں کرتے تو تورات لے آؤ۔ اس سے حقیقتِ حال روشن ہو جائے گی لیکن اُنھیں ہمّت نہ ہوئی کہ کتاب لاتے۔

قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَاۤ اِنْ

سے پہلے کہ نازل کی گئی تورات آپ فرمائیے لاؤ تورات پھر پڑھو اسے اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ

تم سچے ہو پس جو بہتان لگاتا ہے اللہ تعالیٰ پر جھوٹا اس کے

ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۚ فَاتَّبِعُوْا

بعد تو وُہی ظالم ہیں آپ کہہ دیجئے سچ فرمایا ہے اللہ نے ۹۷ پس پیروی کرو

مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۵﴾ اِنَّ

تم ملتِ ابراہیم کی جو ہر باطل سے الگ تھلگ تھے اور (بالکل) نہ تھے وُہ شرک کرنے والوں سے بے شک

اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى

پہلا (عبادت) خانہ ۹۸ جو بنایا گیا لوگوں کے لیے وہی ہے جو مکّہ میں ہے ۹۹ بڑا برکت والا ۱۰۰ ہدایت (کا سرچشمہ) ہے

۹۷ یعنی اللہ کا فرمان سچّا ہے۔ تمھاری تحریف کا سکّہ نہیں چل سکتا۔

۹۸ حضرت ابُوذرغفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضُور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے دریافت کیا کہ زمین پر سب سے پہلے کونسی مسجد بنائی گئی تو حضُورؐ نے فرمایا، مسجدِ حرام۔ میں نے عرض کی اس کے بعد، تو فرمایا مسجدِ اقصیٰ۔ میں نے پھر پُوچھا ان دونوں کی تعمیر کے درمیان کِتنا عرصہ تھا۔ تو فرمایا چالیس سال۔ اِس سے معلوم ہُوا کہ مسجدِ حرام کے پہلے معمار حضرت آدم اور مسجدِ اقصیٰ کے پہلے معمار آپ کے کوئی فرزند تھے۔ طوفانِ نوح کے بعد جب یہ عمارت منہدم ہو گئی تو حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے خانہ کعبہ کی دوبارہ تعمیر کی اور حضرت سلیمان علیہ السّلام نے مسجدِ اقصیٰ کی۔ بیت سے مُراد مطلق گھر نہیں بلکہ خانۂ عبادت ہے۔

۹۹ بعض علماء نے لکھا ہے کہ مکّہ میں ایک لُغت بکہ بھی آئی ہے۔ مجاہد نے کہا کہ مکّہ اور بکہ ایک شہر کے ہی دو نام ہیں۔ امام مالکؒ نے فرمایا خانہ کعبہ کی جگہ کو بکہ اور سارے شہر کو مکہ کہتے ہیں۔ محمدؐ ابن شہاب سے مروی ہے کہ صرف خانہ کعبہ کو نہیں بلکہ ساری مسجدِ حرام کو بکہ کہا جاتا ہے اور دُوسرے سارے شہر کو مکّہ۔

۱۰۰ اس کی برکتوں کا کیا کہنا۔ اس میں ایک نماز پڑھی جائے تو لاکھ نماز کا ثواب ملتا ہے۔ ایک ختم قرآن کیا جائے تو لاکھ ختم کا

وقف جبریل علیہ السلام

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۶﴾ فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهٗ

سب لنائے جہانوں کے لیے اس میں روشن نشانیاں ہیں ۱۰۲ (ان میں سے ایک) مقام ابراہیم ہے اور جو بھی داخل ہوا اس میں ہو جاتا

كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ

ہے (ہر خطرہ سے) محفوظ اور اللہ کے لیے فرض ہے لوگوں پر حج اس گھر کا ۱۰۳ جو طاقت رکھتا ہو وہاں

اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾

تک پہنچنے کی اور جو شخص (اس کے باوجود) انکار کرے تو بے شک اللہ بے نیاز ہے سارے جہان سے

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖۗ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ

آپ فرمائیے اے اہل کتاب! کیوں انکار کرتے ہو اللہ کی آیتوں کا ۱۰۴ اور اللہ دیکھ رہا ہے

ثواب ملتا ہے۔ نیز اس کا حج اور عمرہ کرنے والوں، اس کے گرد طواف کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ کی رحمت کی جو بارش برستی ہے اس کا کوئی کیا اندازہ لگا سکتا ہے۔

۱۰۱ے کیونکہ یہ اُس نبی کا کعبہ ہے جو رحمۃ للعلمین ہے۔ اس لیے اس کا کعبہ بھی سارے جہان کا قبلہ سارے عالمِ بشریت کی عبادت گاہ ہے اور اس سے جو پیغام دُنیا کو سُنایا گیا اس میں سب کے لیے رُشد و ہدایت کی روشنی ہے۔

۱۰۲ے کعبہ کے بیت اللہ ہونے کی روشن نشانیاں ہیں۔ مثلاً آج تک جس ظالم نے اس گھر کی توہین کرنے کا قصد کیا قہرِ الٰہی نے اُسے نیست و نابود کر دیا۔ چند سال پیشتر ابرہہ کا جو ہولناک انجام ہوا تھا وُہ عرب کے بچّہ بچّہ کو معلوم تھا۔ دورِ جہالت میں جب ہر طرف کشت و خون کا بازار گرم تھا اور کسی کو کہیں گوشۂ عافیت میسّر نہیں تھا اُس وقت بھی حرم کعبہ کی حدُود میں جو داخل ہو جاتا ہر قسم کی بالادستی اور گرفت سے محفوظ ہو جاتا۔ ایک اور نشانی وُہ مقدس پتھر تھا جس پر معمارِ حرم ابراہیم علیہ السّلام کے نقوش پا ثبت تھے۔

۱۰۳ے حج کی فرضیت کے متعلق سُورۂ بقرہ میں حاشیہ گزر چکا ہے۔ استطاعتِ سبیل سے مُراد یہ ہے کہ زادِ سفر بھی ہو، راہ بھی پُرامن ہو اور صحت سفر کی مشقتیں بھی برداشت کر سکتی ہو۔

۱۰۴ے آیات سے مُراد وُہ عقلی اور نقلی دلائل ہیں جن سے اسلام کی حقانیت اور حضور رحمۃ للعلمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی صداقت روزِ روشن کی طرح واضح ہو چکی تھی (بیضاوی) اس میں حضورؐ کے معجزات، قرآن حکیم، خُلقِ عظیم اور شریعت اسلامیہ کی پاکیزگی اور برتری اور ان کے علاوہ تورات و انجیل کی کھلی تصریحات سب داخل ہیں۔ ازراہِ تعجب اہل کتاب سے استفسار کیا جا رہا ہے کہ کیا انھیں یہ زیب دیتا ہے کہ تم ان روشن دلائل کو جانتے پہچانتے ہُوئے ان کا انکار کر دو۔ تم اپنی تحریف اور عیّاری سے چند لوگوں کو تو فریب دے

عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ۝٩٨ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ

جو کچھ تم کرتے ہو آپ فرمائیے اے اہل کتاب! تم کیوں روکتے ہو۱۰۵ اللہ

سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَ

کی راہ سے اُسے جو ایمان لا چکا۔ تم چاہتے ہو کہ اس راہ (راست) کو ٹیڑھا بنادو حالانکہ تم خود (اس کی راستی کے)

مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝٩٩ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوْا

گواہ ہو۱۰۶ اور نہیں ہے اللہ بے خبر ان (کرتوتوں) سے جو تم کرتے ہو اے ایمان والو! ۱۰۷ اگر تم کہا مانو گے

سکتے ہو۔ لیکن دانا و بینا خدا کو کیا جواب دو گے۔ وُہ تو تمہارے ظاہر و باطن کو یکساں دیکھ رہا ہے۔

۱۰۵؎ اہل کتاب نہ صرف یہ کہ خود اسلام قبول کرنے سے مُنہ موڑے ہُوئے تھے بلکہ دُوسروں کو بھی اِس دین حق سے برگشتہ کرنے کے لیے سارے پاپڑ بیلا کرتے تھے۔ ان کی اِس مذموم اور ذلیل حرکت پر ملامت کرنے کے لیے ان کو دوبارہ خطاب کیا جارہا ہے۔ تبغونھا عوجا میں ھا ضمیر کا مرجع سبیل ہے۔ آیت کے ان الفاظ سے یہ بتایا جارہا ہے کہ وُہ لوگوں کو کیونکر اسلام سے متنفّر کیا کرتے تھے یعنی یا تو وُہ اس راہِ حق میں طرح طرح کے عیُوب نکالتے یا اس کو اس طرح لوگوں کے سامنے پیش کرتے کہ سُننے والا یہ گمان کرنے لگتا کہ یہ شاہراہِ ہدایت نہیں بلکہ گمراہی کا راستہ ہے۔

۱۰۶؎ شہدا۔ کا ایک معنی تو یہ ہے کہ اسلام کی حقانیت اور حضور سرورِ عالم کی صداقت کے تم خود گواہ ہو۔ لیکن علامہ قرطبیؒ نے شہدا۔ کا معنی عقلا۔ بھی کیا ہے یعنی تم تو بڑے دانشمند ہو۔ بھلا کوئی تمہارے جیسا زیرک و دانا بھی ایسی حرکتیں کرسکتا ہے جن کا انجام دُنیا میں ذلّت اور آخرت میں رُسوائی و شرمساری ہو۔

۱۰۷؎ یثرب کے دو قبیلوں اوس اور خزرج میں عرصۂ قدیم سے دُشمنی چلی آتی تھی۔ بارہا یہ ایک دُوسرے سے جنگ کرچکے تھے۔ جن میں وُہ ایک دُوسرے کو بڑی بے دردی سے قتل کیا کرتے تھے۔ حضور سراپا نور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے جب یثرب کی سرزمین کو اپنے مُبارک قدموں سے نوازا تو حضورؐ کی تعلیم کی برکت سے ان کی دیرینہ عداوت اور خاندانی دُشمنی اخوّت و محبّت میں بدل گئی۔ وُہ چاک جن کے رفو ہونے کا امکان نہ تھا۔ وُہ گہرے زخم جن کے مندمل ہونے کی کوئی صُورت نہ تھی حضورؐ کی محبّت کی اکسیر نے ان سب کا درماں کردیا۔ اوس و خزرج کی باہمی مصالحت اور دوستی یہود کے لیے ناقابلِ برداشت تھی۔ ایک روز شاس بن قیس یہودی کا گزر ایک ایسی مجلس پر ہوا جس میں اوس و خزرج محبّت و پیار کے جذبات سے سرشار ہو کر مصرُوفِ گفتگو تھے۔ وُہ تو جل بھُن کر رہ گیا۔ اس کی انگیخت پر ایک دُوسرا یہودی اس مجلس میں گیا اور ایسے اشعار پڑھنے شروع کردیئے جن میں ان کی پُرانی جنگوں کا ذکر تھا۔ اس کی یہ چال کامیاب ثابت ہُوئی اور اوس و خزرج میں ترش کلامی شروع ہوگئی جس نے بڑھتے بڑھتے

فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ

ایک گروہ کا اہل کتاب سے (تو نتیجہ یہ ہوگا کہ) لوٹا کر چھوڑیں گے تمھیں تمھارے ایمان قبول کرنے کے بعد

كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَ

کافروں میں اور یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ تم (اب پھر) کفر کرنے لگو حالانکہ تم وہ ہو کہ پڑھی جاتی ہیں تم پر اللہ کی آیتیں اور

فِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ۭ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ

تم میں اللہ کا رسول بھی تشریف فرما ہے اور جو مضبوطی سے پکڑتا ہے اللہ (کے دامن) کو تو ضرور پہنچایا جاتا ہے اُسے سیدھی

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا

راہ تک اے ایمان والو! ڈرو اللہ سے جیسے حق ہے اُس سے ڈرنے کا ۱۰۸ اور (خبردار)

جنگ کی شکل اختیار کرلی۔ تلواریں سونت لی گئیں۔ نیزے سنبھال لیے گئے اور صفیں درست کرلی گئیں۔ اسی اثنا میں اس کی اطلاع نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو پہنچی۔ حضور اپنے صحابہ کی معیت میں اس مقام پر پہنچے اور خود دونوں صفوں کے درمیان کھڑے ہو گئے۔ اور فرمایا۔ اے اوس و خزرج! تمھیں کیا ہو گیا۔ میری موجودگی میں تم عہدِ جاہلیت کی رسم کو تازہ کر رہے ہو۔ وہ عداوت اور دشمنی جس کے شعلوں کو اسلام کے ابرِ رحمت نے بجھا دیا۔ کیا تم پھر انھیں بھڑکانا چاہتے ہو۔ یہ شیطان کی وسوسہ اندازی ہے اور تمھارے دشمن کی سازش ہے۔ حضورؐ کا یہ فرمان سن کر ان کی آنکھیں کھل گئیں۔ یکدم انھوں نے ہتھیار زمین پر پھینک دیئے اور وہ آنکھیں جن سے ایک لمحہ پہلے غصہ و غضب کے انگارے برس رہے تھے اب اشکبار تھیں۔ اور وہ دوڑ دوڑ کر ایک دوسرے کو گلے لگا رہے تھے۔ اس موقع پر یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی۔ اس آیت میں وہ ابدی حقیقت پیش کی گئی ہے جس پر زمانہ کی ہر کروٹ نے مہرِ تصدیق ثبت کی ہے۔ انیسویں صدی پر ہی نگاہ ڈالیے۔ برِّ اعظم پاک و ہند میں ملّتِ اسلامیہ پر کیا گزری۔ یورپ کے عیسائیوں نے مسلمان حکمرانوں کو کس طرح ایک دوسرے کے خلاف اکسا کر اسلامی مملکت کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ شرقِ اوسط کے مسلمان فرمانرواؤں نے کس کی انگیخت پر خلافتِ عثمانیہ کے خلاف علَمِ بغاوت بلند کیا۔ اور کس طرح اپنے وقار کا جنازہ نکالا۔ مسلمانوں نے جب بھی اغیار پر یوں اندھا اعتماد کیا انھیں ان روح فرسا حالات سے دوچار ہونا پڑا۔ اسلام نے کسی کے ساتھ کارِ خیر میں تعاون سے منع نہیں کیا۔ لیکن اس نے دوسروں سے فریب اور دھوکا کھانے سے ضرور روکا ہے۔

۱۰۸ ان کلمات کی تفسیر حضرت ابن مسعودؓ نے رحمتِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم سے بایں الفاظ نقل کی ہے ان يطاع فلا يعصى وان يذكر فلا ينسى وان يشكر فلا يكفر۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی ایسی اطاعت کی جائے کہ اس میں نافرمانی کا شائبہ نہ ہو

تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا

نہ مرنا مگر اس حال میں کہ تم مسلمان ہو ۱۰۹ے اور مضبوطی سے پکڑ لو اللہ کی رسی ۱۱۰ے سب مل کر

وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً

اور جُدا جُدا نہ ہونا ۱۱۱ے اور یاد رکھو اللہ تعالیٰ کی وُہ نعمت (جو اس نے تم پر فرمائی جب کہ تم تھے (آپس میں) دُشمن

اُس کو ایسا یاد کیا جائے کہ غفلت طاری نہ ہو۔ اور اس کا یُوں شکریہ ادا کیا جائے کہ اس میں ناشکری کی آمیزش نہ ہو۔ دُوسری آیت نے اِس آیت کو بالکل واضح کر دیا فاتقوا اللّٰه ما استطعتم کہ تم اپنی طرف سے تقویٰ کا حق ادا کرنے میں کوئی کسر نہ اُٹھا رکھو۔

۱۰۹ے تمھیں موت آئے تو اِس حال میں آئے کہ تم اللہ تعالیٰ کے سامنے سر جُھکائے ہُوئے ہو۔ اور کیونکہ موت کا مقررہ وقت ہمیں معلوم نہیں اِس لیے ہمیں ہر لمحہ اس کے لیے مستعد رہنا چاہیئے۔ کسی لمحہ میں بھی نافرمانی کی جرأت نہ کی جائے مبادا ہماری موت کے لیے یہی لمحہ مقرر ہو۔

۱۱۰ے حبل کا لغوی معنی ہے السبب الذی یوصل به الی البغیة (القرطبی) یعنی وُہ چیز جو مقصد تک پہنچنے کا سبب ہو لیکن اس کا اِستعمال مختلف معنوں میں ہوتا ہے۔ وُہ پٹھہ جو گردن کو کندھوں سے ملاتا ہے اسے بھی حبل کہتے ہیں۔ والحبل الرسن والحبل العھد۔ حبل کا معنی رسی بھی ہے اور عہد بھی۔ حضرات سیّدنا علیؓ و ابنِ مسعُودؓ و ابوسعید الخدریؓ نے رسُولِ کریم علیہ و علی آلہ الصلوٰۃ والتسلیم سے روایت فرمائی ہے حبل اللّٰه القرآن۔ اللہ کی رسی سے مُراد قرآن ہے۔ اسلاف سے حبل اللہ کی تفسیر میں جو متعدّد اقوال منقُول ہیں ان میں تضاد نہیں بلکہ وُہ ایک دُوسرے کے مؤیّد اور موافق ہیں۔

۱۱۱ے زندگی کی اِس رزم گاہ میں جہاں شکست و ریخت، تعمیر و تخریب اور فنا و بقاء کا ایک نہ ختم ہونے والا چکّر چل رہا ہے کوئی قوم عزّت و وقار سے زِندہ و سلامت نہیں رہ سکتی جب تک اس کے افراد میں اِتفاق و اِتحاد نہ ہو۔ اور کوئی اِتحاد پائندہ و پائدار نہیں ہو سکتا جب تک محکم اور حقیقی بنیادوں پر اس کی عمارت نہ تعمیر کی گئی ہو۔ اُمّتِ مُسلمہ جو کہ دولتِ رُشد و ہدایت کی امین اور رحمتِ خداوندی کی قاسم بنا کر بھیجی گئی ہے۔ جسے ہر باطل سے ٹکرانا ہے اور ٹکرا کر اُسے پاش پاش کرنا ہے۔ جسے قلب و نظر کے سارے صنم کدے مسمار کرنے ہیں۔ جسے ہر دِل کو بیت اللہ اور ہر نگاہ کو اُس کا شناسا بنانا ہے۔ اس قوم کے لیے ضروری ہے کہ اپنے لیے نہ سہی اپنے بلند اور پاکیزہ مقاصد کے لیے زندہ رہے اور عزّت و وقار سے زندہ رہے تاکہ اُس کی آواز سُنی جائے اور مانی جائے۔ اور یہ اس کے بغیر ممکن نہیں کہ اس کے افراد میں اتحاد و اِتفاق ہو۔ اور وُہ اِتحاد و اِتفاق سطحی نہ ہو جسے کوئی تُند و تیز لہر بہا کر لے جا سکے بلکہ حقیقی اور پائدار ہو۔ اِس لیے اِس آیتِ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے مُسلمانوں کو متحد ہونے کا بھی حکم دیا اور ان کے لیے وُہ مستحکم بنیاد مقرر فرمائی جس سے محکم تر کوئی اور بنیاد نہیں ہو سکتی۔ وُہ قرآنِ کریم ہے۔ قرآنِ کریم پر عمل کرنے کے لیے اِس کا صحیح سمجھنا ضروری ہے۔ اور اس کی صحیح سمجھ اس ذاتِ اقدس و اطہر کے بیان اور تفسیر کے بغیر ناممکن ہے جسے قرآن نازل

فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُم بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا ج وَكُنتُمْ

پس اُس نے اُلفت پیدا کر دی تمھارے دلوں میں تو بن گئے تم اس کے احسان سے بھائی بھائی ۱۱۲ اور تم (کھڑے) تھے

کرنے والے خدا نے بھیجا ہی قرآن کو صحیح صحیح سمجھانے کے لیے تھا۔ علامہ قرطبی نے فرمایا اور خوب فرمایا۔ امرنا اللہ تعالٰی بالاجتماع علی الاعتصام بالکتاب والسنۃ اعتقادا وعملا وذلک سبب اتفاق الکلمۃ وانتظام الشتات الذی یتم بہ مصالح الدنیا والدین یعنی اللہ تعالٰی نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم اعتقاداً اور عملاً کتاب وسنّت کی رسّی مضبوطی سے پکڑلیں۔ ہمارے اتحاد کا صرف یہی سبب ہے اور صرف اسی طرح اتفاق واتحاد کی نعمت میسّر آسکتی ہے جس سے ہمارے دین و دُنیا کے حالات سنور سکتے ہیں۔

۱۱۲ رحمتِ عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلّم کی تشریف آوری سے قبل عرب کے جزیرہ نما کی کیا حالت تھی۔ وُہ آپس میں اُنس و محبّت اور شفقت و رحمت کرنے والے انسانوں کا ملک نہیں تھا بلکہ ایک کوہِ آتش فشاں تھا جس سے ہر لحظہ اور ہر لمحہ بغض و عناد کی آگ برستی رہتی تھی اور دُور دُور تک آبادیاں جل کر خاکستر ہوجایا کرتی تھیں۔ ہر قبیلہ دُوسرے قبیلہ سے برسرِ پیکار تھا۔ ہر علاقہ دوسرے علاقہ سے جنگ آزما تھا۔ جذبات اتنے مشتعل اور بے قابو تھے کہ ذرا ذرا سی بات پر خون کی ندیاں بہہ جایا کرتی تھیں۔ ایک بار اگر جنگ کی آگ سُلگ پڑتی تھی تو صدیوں تک اُس کے شعلے بھڑکتے رہتے تھے۔ اوس وخزرج میں لڑائی کا سلسلہ ایک سو بیس ۱۲۰ سال تک جاری رہا۔ کسی کی جان، کسی کا مال محفوظ نہ تھا۔ یہاں تک کہ اسلام کا بادل آیا اور رحمتِ خداوندی بن کر برسا۔ حضورؐ سراپا نُور وسرُور کا ظہور ہُوا تو عرب کے اُجڑے دیار میں بہار آگئی۔ عداوت کی جگہ محبّت نے، وحشت کی جگہ اُنس نے، انتقام کی جگہ عفو نے، خود غرضی کی جگہ اخلاص و ایثار نے اور غرور و تکبّر کی جگہ تواضع و انکسار نے لے لی۔ یہ وُہ انقلاب تھا جس نے عرب کی کایا پلٹ دی۔ جس کی برکت سے عرب کے صحرانشینوں نے تاریخِ عالم کا رُخ موڑ دیا۔ اللہ تبارک و تعالٰی اپنے اسی احسانِ عظیم کی یاد تازہ کرا رہا ہے کہ کس طرح اُس نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلّم کی برکت اور فیضِ نگاہ سے تمہارے ٹوٹے ہُوئے دل جوڑ دیئے اور تمھیں بھائی بھائی بنا دیا۔ اور ذلّت و رُسوائی کی پستیوں سے نکال کر ترقی و عزّت کی شاہراہ پر گامزن کر دیا۔ تم دوزخ کے کنارے پر کھڑے تھے۔ بس آنکھ بند کرنے کی دیر تھی اور تم اس گڑھے میں گر پڑتے۔ لیکن رحمتِ الٰہی نے تمھاری دستگیری کی اور تمھیں آتشِ جہنّم میں گرنے سے بچا لیا۔ ان احسانات کو یاد کرو اور یاد رکھو۔ اور اسلام کی رسّی کو مضبوطی سے پکڑے رہو۔ اور اپنی صفوں میں انتشار کو جگہ نہ دو۔ اس آیت کے اوّلین مخاطب صحابہ کرام ہیں۔ اور ان کے متعلق ہی خدائے بصیر و خبیر فرما رہا ہے کہ میں نے ان کے دل جوڑ دیئے۔ اُنھیں بھائی بھائی بنا دیا۔ اُن کو دوزخ سے نکال لیا۔ اب جو لوگ ان نفوسِ قدسیہ پر طرح طرح کے اعتراضات کرتے ہیں۔ ان کو دائرۂ اسلام سے خارج سمجھتے ہیں وُہ خود ہی ذرا انصاف کریں اور بتائیں کہ وُہ کون لوگ تھے جن کو حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلّم نے شیر و شکر کیا تھا۔ وُہ کون تھے جن کو دوزخ کے کنارے سے ہٹا کر جنّت میں پہنچایا تھا۔ حقیقت میں صحابہ کرام پر اعتراض کرنا ان پر اعتراض نہیں بلکہ قرآن پر، اسلام پر اور پیغمبرِ اسلام پر براہِ راست

عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

دوزخ کے گڑھے کے کنارے پر تو اس نے بچا لیا تمھیں اس (میں گرنے) سے یُونہی بیان کرتا ہے

اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ

اللہ تعالیٰ تمھارے لیے اپنی آیتیں تاکہ تم ہدایت پر ثابت رہو ضرور ہونی چاہیئے ۱۱۳؎ تم میں ایک جماعت

اعتراض ہے۔ اور جن کے ذہنِ فتنہ زا نے ان شکوک کو جنم دیا تھا اُن کے پیشِ نظر صحابہ کو مطعون کرنا نہیں تھا بلکہ جا بک دستی سے اسلام اور پیغمبر اسلام کی عظمت کو داغدار کرنا تھا کہ یہ ہیں تمھارے اس نبی کے اوّلین شاگرد جس کی قصیدہ خوانی سے تم رات دن آسمان سر پر اُٹھائے رکھتے ہو۔ ان اعتراضات کرنے والوں پر تو ہمیں حیرت نہیں، افسوس ہمیں ان مسلمانوں پر ہے جو دُشمن کے اس دامِ فریب میں پھنس جاتے ہیں اور ان مقدّس ہستیوں کے متعلّق بے باکی کی جرأت کرتے ہیں جن کے دفترِ حیات کی ہر سطر آفتاب و مہتاب سے تابندہ تر ہے ؎

عاشقاں از خُوباں خُوب تر خُوش تر و زیبا تر و محبُوب تر (اقبالؒ)

۱۱۳؎ یہ دینِ قیّم جس نے عالمِ بشریّت کی تقدیر بدل دی اس کی تبلیغ و اشاعت ایک اہم ترین فریضہ ہے۔ اگر اس ملّت میں ایسے افراد نہ ہوں جو اس پیغامِ رحمت کو دُنیا کے گوشہ گوشہ تک پہنچانے کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دیں تو یہ عالم گیر پیغامِ ہدایت چند ملکوں میں محدُود ہو کر رہ جائے گا۔ اور یہ اس پیغام سے بھی ناانصافی ہوگی اور ان قوموں پر بھی ظلم ہوگا جو گھُپ اندھیروں میں بھٹک رہی ہیں۔ جن کی زندگی کی تاریک رات کسی روشن چراغ کے لیے ترس رہی ہے۔ نیز وہ قوم اور ملک جس نے اس دین کو قبول کر لیا ہے اُس کے آئینۂ دل پر بھی غفلت کی گرد پڑ سکتی ہے۔ اُن کی گرمیٔ عمل بھی سُستی کا شکار ہو سکتی ہے۔ اِرد گرد کے گمراہ کُن تاثرات سے بھی وُہ متاثر ہو سکتے ہیں۔ اگر ایسی ہستیاں نہ ہوں جن کا کام ہی اسلام کے حکیمانہ انداز سے لوگوں کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنا، ان کی گرمیٔ عمل کو باقی رکھنا اور خارجی اور اجنبی تاثرات و تحریکات سے ان کے دل و دماغ کو محفوظ رکھنا ہو تو بہت سی گمراہیاں خود اس قوم میں راہ پا سکتی ہیں جو اس دین کی علمبردار ہے۔ یہ دونوں کام یعنی ملتِ اسلامیہ کو شاہراہِ اسلام پر ثابت قدم رکھنا اور غیر مسلم اقوام تک یہ پیغامِ رُشد و ہدایت پہنچانا جتنے اہم اور ضروری ہیں اتنے ہی مشکل اور پیچیدہ ہیں اس لیے ایک ایسی جماعت تیار کرنا ملّت کا اجتماعی فریضہ ہے۔ جس کا علم و عمل، ظاہر و باطن، سیرت و کردار رسُولِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسّلام کا مظہرِ کامل ہو۔ ان میں علُومِ اسلامیہ میں مہارتِ تامہ کے ساتھ ساتھ سیرت کی پاکیزگی، کردار کی پختگی، اور ظاہر و باطن کی یکسانی پیدا کرنا کوئی آسان کام نہیں۔ اس کے لیے جس بڑی سے بڑی مالی قربانی، ایمانی فراست، قلبی بصیرت اور رُوحانی تربیت کی ضرورت ہے وُہ پُوری ہونی چاہیئے۔ اگر ملّت اپنے اس اہم ترین فریضہ کو ادا نہ کرے گی وُہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں اپنی اس کوتاہی کے لیے جواب دِہ ہوگی۔ تاریخ شاہد ہے جب تک ایسے افراد تیار ہوتے رہے گلشنِ اسلام میں فصلِ بہار رہی

يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ

جو بلایا کرے نیکی کی طرف اور حکم دیا کرے بھلائی کا اور روکا کرے بدی

الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

سے اور یہی لوگ کامیاب و کامران ہیں اور نہ ہو جانا اُن لوگوں کی طرح جو

تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاُولٰٓئِكَ

فرقوں میں بٹ گئے تھے اور اختلاف کرنے لگے تھے اس کے بعد بھی جب آچکی تھیں ان کے پاس روشن نشانیاں ۱۱۴ اور ان لوگوں

لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۵﴾ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ

کے لیے عذاب ہے بہت بڑا ۱۱۵ اُس دن (جب کہ) روشن ہوں گے کئی چہرے اور کالے ہوں گے کئی مُنہ ۱۱۶

جب تک مدارسِ اسلامیہ غزالی، رازی، سعدی اور بیضاوی اور خانقاہیں رُومی، ہجویری، اجمیری، زکریا ملتانی، شیخ سرہندی رضی اللہ عنہم وعن مشائخہم وخلفائہم وامثالہم ایسی فخرِ روزگار ہستیاں تیار کرتی رہیں۔ کفر کے ظلمت کدے اسلام کے نُور سے روشن ہوتے رہے۔ حق کی قوت باطل کے قلعوں کو مسخّر کرتی رہی لیکن اب؟ رویم ببیں حالم مپرس۔ میرا چہرہ دیکھ لو۔ اس پر میری حرماں نصیبیوں کی داستان کا ہر حرف کندہ ہے۔ میرا حال پُوچھو نہیں۔ یہ اتنا دردانگیز ہے کہ نہ مجھ میں بیان کرنے کی ہمت اور نہ تم میں سننے کی تاب۔ اے اللہ! ہم پر رحم فرما۔ اے گنبدِ خضراء کے مکین چارہ سازی کر!

۱۱۴ مسلمانوں کو گروہ بندی اور اختلاف سے منع کیا جارہا ہے۔ اب ان کے سامنے گروہ بندی اور اختلاف کی لعنت میں گرفتار قوموں کی خونچکاں داستان اور عبرتناک کہانی بیان کی جارہی ہے تاکہ مُسلمان اسے سُنیں اور نصیحت پکڑیں۔ یہُود و نصارٰی نے اپنے دین کے اصولوں کو پسِ پشت ڈال دیا تھا اور فروعی اور جُزوی مسائل کو اُنھوں نے اتنی اہمیّت دے رکھی تھی کہ انھیں کی وجہ سے کفر کے فتوے لگائے جاتے اور مِلّت کی وحدت کو اِس طرح انتہائی بے دردی سے پارہ پارہ کر دیا جاتا۔ آج ہم بھی اسی مقام پر کھڑے ہیں۔ ایک خدا، ایک رسُول، ایک کتاب اور ایک کعبہ رکھنے والی قوم نے اپنے آپ کو بےشمار فرقوں میں بانٹ رکھا ہے اور علماء سُوء نے ان کے درمیان نفرت و عداوت کی اتنی بلند دیواریں کھڑی کر دی ہیں کہ اب ان کے آپس میں مِل بیٹھنے کی بظاہر کوئی صُورت نظر نہیں آتی۔ ذاتِ پاک مصطفٰے علیہ التحیۃ والثناء کے فضائل و کمالات پر جب بحث ہونے لگی اور مناظروں کی ضرورت محسُوس ہونے لگی تو اب وُہ کونسی چیز ہے جو ہمیں اکٹھا رکھ سکتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ بڑا قادر و قوی ہے۔ وُہ چاہے تو چشم زدن میں ہماری آنکھوں سے پردے ہٹا دے۔

۱۱۵ واولٰئک لھم عذاب عظیم۔ اس عذابِ عظیم کا مشاہدہ ہم اپنی آنکھوں سے کر رہے ہیں۔ الحاد و دہریت کے طُوفانوں

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۚ قف اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ

تو وُہ جو سیاہ رُو ہوں گے (انھیں کہا جائے گا) کہ کیا تم نے کفر اختیار کر لیا تھا ایمان لانے کے بعد

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

تو اب چکھو عذاب (کی اذیتیں) بوجہ اس کفر کے جو تم کیا کرتے تھے اور وُہ (خوش نصیب) لوگ

ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۷﴾

روشن ہوں گے جن کے چہرے تو وُہ رحمتِ الٰہی (کے سائے) میں ہوں گے وُہ اس میں ہمیشہ رہیں گے

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا

یہ اللہ کی آیتیں ہیں ہم پڑھ کر سُناتے ہیں آپ کو ٹھیک ٹھیک اور نہیں ارادہ رکھتا اللہ ظلم کرنے کا

نے ہمارے بُنیادی عقائد کے قلعوں میں شگاف ڈال دیئے ہیں۔ اخلاقی انحطاط اور اباحیت نے ہمارے معاشرہ کا حُلیہ بگاڑ دیا ہے۔ اشتراکیت وشیوعیت کا سیلاب اُمڈا چلا آرہا ہے۔ ہم یہ سب کچھ دیکھ رہے ہیں۔ ان اسلام دُشمن تحریکوں کے مہلک اثرات کا بھی ہمیں بخوبی علم ہے لیکن ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ بے حسی اور بے بسی نے ہماری تعمیری صلاحیتوں کو ناکارہ بنا دیا ہے۔ ہم خوب جانتے ہیں کہ بُخارا، سمرقند، تاشقند وغیرہا اسلامی مراکز کا رُوسی کمیونزم نے کیا حشر کیا۔ عظیم مساجد، اسلامی جامعات اور خانقاہیں ویران کر دی گئیں۔ وہاں کی مسجدیں سجدوں کے لیے، فلک بوس مینارے صدائے اذان کے لیے، مدارس قرآن وسنت کے لیے اور خانقاہوں کے درو دیوار ذکرِ الٰہی کے لیے ترس رہے ہیں۔ سارے چراغ گُل ہوگئے۔ سارے چشمے خشک ہوگئے۔ اشتراکیت کے گماشتے یہاں بھی اسی المیہ کو دوہرانے کے لیے شب وروز مصرُوفِ کار ہیں۔ لیکن ہمیں اپنے گروہی نظریات اور مفادات اتنے عزیز ہیں کہ ہم اسلام کے بنیادی عقائد اور اصولی نظریات کا چمن اُجڑتا ہوُا دیکھ سکتے ہیں۔ یہی عذابِ عظیم ہے۔ کسی قوم کے لیے بے حسی اور بے بسی سے بڑا عذاب کوئی نہیں ہو سکتا۔ کاش ہم نے ذاتِ پاک حبیبِ کبریا علیہ الصلوٰۃ والثناء کو تو ہدفِ تنقید نہ بنایا ہوتا۔ کاش یار لوگوں کی زبانیں بارگاہِ رسالت میں گستاخی سے تو باز رہتیں ؎

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا
کارواں کے دِل سے احساسِ زیاں جاتا رہا

۱۱۶؎ قیامت کے روز دِل کی کیفیّت چہروں پر عیاں ہوگی۔ جن کے دِل نُور سے منوّر ہیں قیامت کے دن اُن کے چہرے آفتاب کی طرح روشن ہوں گے۔ اور جن کے باطن میں گمراہی کی تاریکی جمی ہُوئی ہے اُس روز ان کے چہرے سیاہ ہوں گے

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ

دُنیا والوں پر ۱۱۷ اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے ۱۱۸ اور اللہ کی طرف ہی

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ

لوٹائے جائیں گے سارے کام ہو تم بہترین اُمّت ۱۱۹ جو ظاہر کی گئی ہے لوگوں (کی ہدایت و بھلائی) کے لیے تم حکم

بعض علماء نے فرمایا ہے کہ کامیابی اور نجات پر فرحت و سرور کی کیفیت جو چہروں پر نمایاں ہوگی اس کو بیاض وجہ یعنی چہرہ کی سفیدی سے اور کفار و فساق رحمتِ الٰہی سے محرومی کے باعث جس اندوہ والم کا شکار ہوں گے اور جس کے اثرات چہروں پر بالکل واضح ہوں گے اسے سواد وجہ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ بہر حال مومن و کافر ہر ایک اپنی اپنی شکل سے پہچانا جائے گا۔ اب حضور کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے متعلق یہ گمان کرنا کہ حضورؐ بعض کافروں کو نہیں پہچان سکیں گے کیونکر درست ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان مقبولوں کی محبت اور رفاقت نصیب فرمادے جن کے چہروں کی درخشانیوں کے سامنے مہر نیر وز شرمندہ ہوگا۔ آمین ثم آمین

۱۱۷ یعنی قیامت کے دن بعض پر انعام واکرام کی بارش اور بعض پر غضب و ناراضگی کی پھٹکار بلا وجہ نہیں ہوگی بلکہ ہر ایک کے اپنے اعمال کا یہ نتیجہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک اس سے بلند اور پاک ہے کہ وُہ کسی پر زیادتی کرے یا کسی کے اعمال کو ضائع کردے وُہ تو کسی پر ظلم نہیں کرتا۔ ہاں لوگ خود جان بوجھ کر اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں اور اپنے اعمالِ بد سے اپنے نامۂ عمل کی سیاہی میں اضافہ کرتے رہتے ہیں۔

۱۱۸ یہ آیت پہلی آیت کے مضمون کی دلیل بھی ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ جو مالک و خالق ہے زمین و آسمان کی ہر چیز کا۔ اس کو کیا ضرورت ہے کہ کسی پر ظلم کرے اور کسی کی حق تلفی کرے۔ نیز سابقہ تمام آیات کا یہ حاصل اور نتیجہ بھی ہے۔

۱۱۹ رسُول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی اُمت کو خیر الاُمم کے جلیل القدر لقب سے سرفراز کیا جا رہا ہے۔ کہ جتنی بھی اُمّتیں آج تک صفحۂ ہستی پر ظاہر ہُوئی ہیں ان سب سے تم بہتر ہو۔ کیونکہ تمہاری زندگی کا مقصد بڑا پاکیزہ، بہت بلند ہے۔ تم اس لیے زندہ ہو اور اس لیے کوشاں ہو کہ حق کا بول بالا ہو، ہدایت کی روشنی پھیلے۔ گمراہی کی ظلمت کافور ہو۔ باطل کا طلسم ٹوٹے اور اخلاقِ حسنہ کو قبولیت حاصل ہو۔ وُہ حیوانی رسم و رواج جنھوں نے طاقتور کو ظالم اور چیرہ دست اور کمزور کو مظلوم و فاقہ مست بنا رکھا ہے مٹ جائیں اور اس کے ساتھ ساتھ سب سے بڑی صداقت (یعنی توحید) پر تم خود بھی ایمان لا چکے ہو اور دُوسروں کو بھی اس کے قبول کرنے کی دعوت دیتے ہو۔ اگرچہ پہلی اُمتیں بھی امر بالمعروف، نہی عن المنکر اور ایمان باللہ سے مشرّف تھیں۔ لیکن جو شان تمہارے امر بالمعرُوف کی ہے۔ جو جلال تمہارے نہی عن المنکر میں ہے اور جو گہرائی، گیرائی اور کمال تمہارے ایمان باللہ میں ہے وُہ تم سے پہلے کسی اُمت کو نصیب نہیں ہُوا۔ نیز جس ہمت، خلوص اور سرفروشی سے تم نے اس بارِ امانت کو اُٹھایا ہے یُوں آج تک کوئی نہ اُٹھا سکا۔ اِس لیے تم اس کے جائز مستحق ہو کہ اقوامِ عالم کی بھری محفل میں تمہارے سر پر افضلیت کا تاج رکھا جائے۔ ان وجُوہات

بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ

دیتے ہو نیکی کا اور روکتے ہو برائی سے اور ایمان رکھتے ہو اللہ پر ۱۲۰ اور اگر ایمان لاتے

اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ

اہل کتاب ۱۲۱ تو یہ بہتر ہوتا ان کے لیے بعض ان میں سے مومن ہیں اور زیادہ ان میں سے

کے علاوہ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی اُمّت کے خیرالاُمم ہونے کی ایک اور وجہ بھی ہے جو اس آیت میں ہی مذکور ہے یعنی دُوسری قوموں کے فیضانِ ہدایت سے ایک محدود علاقہ، ایک مخصوص قوم، وُہ بھی ایک مقررہ وقت تک مستفیض ہوسکتی تھی۔ لیکن تمھارا ابرِکرم بحر و بر، نشیب و فراز، سیاہ و سپید، نزدیک و دُور ہر خطّہ پر برسے گا۔ اور ہر خطّہ کے پیاسوں کی پیاس بُجھائے گا۔ تمھاری برکتیں صرف اپنے لیے اور صرف اپنوں کے لیے نہیں بلکہ سب کے لیے ہیں۔ اور یہ وُہ شرف ہے جو کسی کو پہلے حاصل نہیں ہوا۔ یہ وُہ جُود وسخا ہے جس سے پہلے دُنیا متعارف نہیں "اخرجت للناس" میں اسی امر کی طرف اشارہ ہے۔

۱۲۰ اگر یہ فرض کرلیا جائے کہ وُہ لوگ جو اس اعزاز سے سب سے پہلے مشرّف کیے گئے وُہ تو خود غاصب تھے۔ جبر و تشدّد اُن کا شیوہ تھا معصوموں کے اموال ضبط کرنا اُن کا دستور تھا۔ اور جو غاصب نہیں تھے بلکہ دُوسروں کے جبر و تشدّد کا شکار تھے وُہ جرأت و شجاعت سے محرُوم تھے۔ وُہ یُوں سہمے سہمے اور ڈرے ڈرے رہتے تھے کہ اُن کی آنکھوں کے سامنے آیاتِ قرآنی بدل دی گئیں بلکہ اپنی طرف سے آئتیں بناکر قرآن میں بڑھادی گئیں۔ احکامِ شرعی میں من مانی تبدیلیاں کردی گئیں لیکن یہ حضرات ٹس سے مس نہ ہُوئے۔ کیا ایسی اُمت جس کا ایک طبقہ غاصب اور جابر ہو اور دُوسرا طبقہ ڈرپوک اور بے حس ہو کیا وُہ اُمت اس قابل ہے کہ اُسے ایک شریف قوم بھی کہا جائے۔ چہ جائیکہ اُسے خیرالاُمم کے منصب پر فائز کیا جائے۔ اِس صُورت میں یا تو یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ خُدا کو ان کے باطن کا یا ان کے مستقبل کا علم نہ تھا اور ناواقفی اور بے علمی کی وجہ سے ان کو یہ اعزاز بخشا جو اس کے قطعاً اہل نہ تھے۔ اور یا یہ ماننا پڑے گا کہ جانتا تو تھا لیکن ان کی خوشامد کرکے کام نکالنا چاہتا تھا (نعوذ باللہ) اور اگر یہ دونوں اِحتمال غلط ہیں اور یقیناً غلط ہیں تو یہ یقین کرنا پڑے گا کہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام کے خلاف جو ہرزہ سرائی کی جاتی ہے وُہ جھوٹ ہے اور محض جھوٹ ہے اور اسلام کے دُشمنوں کی اِسلام کے خلاف ایک گہری سازش ہے۔

۱۲۱ یہود و نصاریٰ کو یہ خدشہ تھا کہ اگر اُنھوں نے اِسلام قبول کرلیا تو ان کی سیادت اور چودھراہٹ ختم ہوجائے گی اور مالی لحاظ سے بھی اُنھیں سخت نقصان اُٹھانا پڑے گا۔ اِسی لیے جاننے پہچاننے کے باوجُود بھی وُہ انکار پر مُصر تھے۔ اللہ جل مجدہٗ فرماتے ہیں کہ یہ صرف اُن کی غلط اندیشیاں ہیں۔ اُن کی بہتری اور سعادتِ دارین تو اس میں تھی کہ وُہ حق کو قبوُل کرلیتے۔ دُنیا میں بھی عزّت و وقار نصیب ہوتا اور آخرت میں بھی دوہرا اجر پاتے۔ لیکن اس روشن حقیقت کو بجز قلیل تعداد کے کسی نے نہ سمجھا کہ سچی اور دائمی عزّت حق کو تسلیم کرنے میں ہی ہے۔

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ

نافرمان ہیں (کچھ) نہ بگاڑ سکیں گے تمہارا سوائے ستانے کے ۱۲۲ اور اگر لڑیں گے تمہارے ساتھ تو پھیر دیں گے تمہاری طرف اپنی پیٹھیں

الْاَدْبَارَ ۟ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا

(اور بھاگ جائیں گے) پھر اُن کی امداد نہ کی جائے گی مسلّط کر دی گئی ہے اُن پر ذِلّت (و رُسوائی) ۱۲۳ جہاں کہیں یہ پائے گئے

اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ

بجز اس کے کہ اللہ کے عہد سے ۱۲۴ یا لوگوں کے عہد سے (کہیں پناہ مل جائے) اور یہ مستحق ہو گئے ہیں غضبِ الٰہی کے

۱۲۲ یثرب کے یہودی بڑے اثر و نفوذ کے مالک تھے۔ ان کے پاس نہ دولت کی کمی تھی نہ سامانِ جنگ کی۔ ان میں بڑے جنگ آزما بہادر بھی تھے۔ اُنھوں نے یثرب اور اس کے اردگرد دُور دُور تک قلعے اور گڑھیاں بھی بنا رکھی تھیں۔ یہاں تک کہ خیبر کی دُور دراز آبادی میں بھی ان کے کئی مستحکم قلعے تھے۔ نیز ان کی زندگی کی سب سے بڑی آرزو بھی یہ تھی کہ وُہ غریب الوطن، بے سرو سامان، مٹھی بھر مسلمانوں کو مٹا کر رکھ دیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم اور صحابۂ کرام کو واضح طور پر بتا رہے ہیں کہ یہود باایں ہمہ قوّت وسطوت کبھی تم پر غالب نہیں آسکتے۔ زیادہ سے زیادہ وُہ یہ کر سکتے ہیں کہ زبان درازی، فتنہ طرازی اور بہتان تراشی سے تمھارے دِلوں کو دُکھ پہنچا لیا کریں۔ اور اگر اُنھوں نے دِل کڑا کر کے میدانِ جنگ میں آنے کی کبھی ہمت کی تو پھر شکست کھا کر پاؤں سر پر رکھ کر بھاگیں گے۔ دُنیا نے دیکھا کہ اگرچہ ظاہری حالات ناموافق تھے۔ لیکن قرآن نے جو پیشین گوئی فرمائی وُہ پُوری ہو کر رہی۔

۱۲۳ اس پر مفصّل حاشیہ سُورۃ بقرہ کی آیت ۶۱ میں گزر چکا ہے۔ یہاں ذِلت اور مسکنت کے الفاظ کی ذرا توضیح مقصود ہے۔ بسا اوقات اِنسان اِس قدر شکستہ خاطر اور افسردہ دِل ہو جاتا ہے کہ وُہ اپنے آپ کو بالکل بے بس اور فرو تر سمجھنے لگ جاتا ہے۔ اُس کی عزّتِ نفس دم توڑ دیتی ہے۔ وُہ دولت کی کثرت کے باوجود اپنے کو فقیر اور جاہ و منصب کے ہوتے ہُوئے اپنے کو حقیر سمجھتا ہے۔ اِس حالت کو عربی میں مسکنت کہتے ہیں۔ ان المسکنة حالة للشخص منشؤها استصغاره لنفسه حتّٰی لا یدعی له حقا۔ اور اگر کوئی جابر کسی کی دولت چھین لے اور اسے ذلیل و رُسوا کر دے تو اُسے ذِلّت کہتے ہیں۔ والذلة حالة تعتری الشخص من سلب غیره لحقه (المنار) یہود کو ان کے گناہوں کی پاداش میں دو قِسم کی سزائیں دی گئیں۔ ایک تو یہ کہ اُن کو عزّتِ نفس سے محرُوم کر دیا گیا۔ وُہ کروڑپتی ہوتے ہُوئے بھی ایک ایک پائی کے لیے جان دے دیتے ہیں۔ اور ایسی رذیل و حقیر حرکتیں خوشی خوشی کرتے ہیں جن کو کوئی باغیرت و باحمیّت اِنسان دیکھنا تک گوارا نہیں کر سکتا۔ اور جہاں بھی رہے بحیثیت قوم ذلیل و مقہور ہو کر رہے۔

۱۲۴ علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ فی الکلام اختصار والمعنی الا ان یعتصموا بحبل من اللّٰه الخ یعنی اس کلام میں ان

اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ

اور مسلّط کر دی گئی ہے ان پر محتاجی یہ اس لیے کہ وُہ کفر کیا کرتے تھے ۱۲۵

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّ

اللہ کی آیتوں سے اور قتل کیا کرتے تھے انبیاء کو ناحق یہ (بیباکی) اس لیے تھی کہ وُہ نافرمانی کرتے

كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ لَيْسُوْا سَوَآءً ۭ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ

تھے اور سرکشی کیا کرتے تھے سب یکساں نہیں ۱۲۶ اہل کتاب سے ایک گروہ حق پر قائم ہے

يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

یہ تلاوت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی آیتوں کی رات کے اوقات میں اور وُہ سجدے کرتے ہیں ایمان رکھتے ہیں اللہ پر

یعتصموا محذوف ہے۔ اب آیت کا معنی واضح ہوگیا۔ کہ ویسے تو ان کے مقدر کی پیشانی پر ذلّت و مسکنت کی مُہر لگا دی گئی ہے ہاں دو صورتوں میں اُنھیں امن و سکون میسّر ہو سکتا ہے۔ ایک صورت تو یہ ہے کہ اللہ کے عہد میں داخل ہو جائیں۔ اس کی ایک تفسیر تو یہ کی گئی ہے کہ اسلام قبول کرلیں۔ اور دُوسری تفسیر یہ کی گئی ہے کہ مملکتِ اسلامیہ کے پُر امن شہری بن جائیں۔ پھر ان کے حقوق، ان کی عزّت و ناموس، ان کے جان و مال کی پوری حفاظت کی جائے گی اور وُہ تمام رعاتیں جو ایک مسلمان کو حاصل ہیں وُہ اُن کو بھی حاصل ہوں گی۔ اور حبل من الناس سے یہ مُراد لی گئی ہے کہ کوئی دُوسری طاقت ان کی پشت پناہی کرے تو اس کے سہارے انھیں طمانیّتِ خاطر نصیب ہوسکتی ہے۔ اہلِ نظر سے مخفی نہیں کہ قلبِ اسلام میں اسرائیلی حکومت کا قیام یہوُد کا اپنا کارنامہ نہیں بلکہ مغربی سیاست کی ایک سازش ہے جو مسلمانوں سے زیادہ اسلام کے خلاف کی گئی ہے۔ اسرائیلی حکومت کی بقاء کا انحصار یورپ و امریکہ کی امداد پر ہے۔ اگر وُہ دست کش ہو جائیں تو یہ ریاست اپنی موت آپ مر جائے۔ یہ ایک غم انگیز اور ہوش رُبا حقیقت ہے کہ اگر شرقِ اوسط کے مسلمان فرماں روا باہمی رقابت کا شکار نہ ہوتے اور مجاہدینِ اسلام سے غدر نہ کرتے۔ تو یہ ریاست دُنیا کے نقشہ پر موجُود ہی نہ ہوتی لیکن اب شرقِ اوسط کے سیاسی مطلع پر ایسے مردانِ کار رُونما ہو چکے ہیں جن سے بجا طور پر توقع کی جا سکتی ہے کہ وُہ بتوفیقہ تعالیٰ اس زقوم کے درخت کو ایک روز جڑ سے اُکھیڑ پھینکیں گے۔

۱۲۵ اس حقیقت کو پھر دُہرایا جا رہا ہے کہ یہ پھٹکار اُن پر بلا وجہ نہیں پڑی بلکہ ان کے یہ یہ جرم تھے جن کی یہ سزا ہے۔

۱۲۶ یعنی سارے اہل کتاب کا یہ حال نہیں بعض ان میں سے بڑی خوبیوں کے مالک تھے لیکن ان کی تعداد بہت قلیل تھی اور نافرمان کثیر تعداد میں تھے۔

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ

اور روزِ آخرت پر اور حکم دیتے ہیں بھلائی کا اور منع کرتے ہیں بُرائی سے اور

يُسَارِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا يَفْعَلُوْا

جلدی کرتے ہیں نیکیوں میں اور یہ لوگ نیکوکاروں میں سے ہیں اور جو یہ کریں گے

مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

نیک کاموں سے تو ہرگز انکار نہ کیا جائے گا اس کارِ خیر کا۔ اور اللہ جاننے والا ہے پرہیزگاروں کو بے شک جن لوگوں نے

كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِىَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ

کفر اختیار کیا ہرگز نہ بچا سکیں گے انھیں ان کے مال اور نہ ان کی اولاد اللہ (کے عذاب) سے

شَيْئًا ؕ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ مَثَلُ مَا

ذرّہ بھر اور وُہ دوزخی ہیں وُہ اس میں ہمیشہ رہیں گے مثال اس کی جو وُہ

يُنْفِقُوْنَ فِىْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ

خرچ کرتے ہیں ۱۲۷ اس دُنیوی زندگی میں ایسی ہے جیسے ہوا ہو اس میں سخت ٹھنڈک ہو (اور) لگے وُہ

حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَ

ایک قوم کے کھیت کو جنھوں نے ظلم کیا ہو اپنے نفسوں پر پھر فنا کر دے اس کھیت کو۔ نہیں ظلم کیا اُن پر اللہ تعالیٰ نے۔

۱۲۷ الصر: البرد الشدید۔ جلا دینے والی سخت ٹھنڈ کو صر کہتے ہیں۔ ایمان لائے بغیر ریا و نمود کے لیے پانی کی طرح روپیہ بہانے والوں کے حسرت ناک انجام کی کتنی بہترین اور اثر آفرین مثال ہے۔

لٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا

لیکن وُہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں اے ایمان والو! ۱۲۸؎ نہ بناؤ

بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ

اپنا راز دار غیروں کو وُہ کسر نہ اُٹھا رکھیں گے تمھیں خرابی پہنچانے میں وُہ پسند کرتے ہیں جو چیز تمھیں ضرر دے۔

بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۖ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ

ظاہر ہو چکا ہے بغض ان کے مُونہوں (یعنی زبانوں) سے اور جو چُھپا رکھا ہے ان کے سینوں نے وُہ اس سے بھی بڑا

قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ هٰۤاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ

ہے ہم نے صاف بیان کر دیں تمھارے لیے اپنی آیتیں اگر تم سمجھ دار ہو سُنو! تم تو وُہ (پاک دل) ہو ۱۲۹؎ کہ محبت کرتے ہو ان سے

۱۲۸؎ اس آیت کے چند الفاظ وضاحت طلب ہیں۔ کپڑے کا وُہ طرف جو اندر کی جانب ہوتا ہے اور جسم سے ملا ہوتا ہے۔ اس کو بطانة الثوب کہتے ہیں۔ اسی مناسبت سے اس دوست کو بطانة کہتے ہیں جس پر کامل اعتماد اور بھروسہ ہو۔ اور ہمراز ہو۔ ھو الذی یعرفه الرجل اسراره ثقة به (بیضاوی) الایالو فی الامر قصر وابطأ کا معنی ہے کسی امر میں کسر اُٹھا رکھنا، کوتاہی کرنا۔ عملی جسمانی اور عقلی خرابی اور فساد کو خبال اور خبل کہتے ہیں (قرطبی) اب آیت کے مفہوم پر غور فرمائیے۔ اسلام سے پہلے یثرب کے یہودیوں کے ساتھ اوس وخزرج کے بڑے گہرے مراسم وتعلقات تھے۔ افراد کی آپس میں دوستیاں تھیں اور قبیلوں کے بھی آپس میں معاہدے تھے۔ ہر کام میں ایک دُوسرے سے مشورہ کیا کرتے تھے۔ کسی سے کوئی بات چھپا کر نہیں رکھا کرتے تھے۔ لیکن اوس و خزرج کے اسلام قبول کرنے کے بعد ان تعلّقات میں یکسر انقلاب آگیا۔ اس بات کا احتمال تھا کہ مُسلمان اپنی صاف دلی کی بنا پر اسلام کے بھید بھی حسبِ سابق کہیں یہود سے نہ کہہ دیا کریں جس سے مسلمانوں کو طرح طرح کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے اس لیے اللہ تعالےٰ نے اس سے منع فرما دیا کہ وُہ اپنے اور اسلام کے دُشمنوں کو اپنا راز دار بنائیں۔ اس آیت کا نزُول اگرچہ اس خاص موقع پر ہوا لیکن اس کا حکم عام ہے۔ وُہ غیر مُسلم جن کی اسلام دُشمنی ان کے اقوال اور افعال سے واضح ہو چکی ہو اُن پر یُوں اعتماد اور بھروسہ کرنا کہ ہر راز کی بات اُن سے کہہ دی جائے کہاں کی دانشمندی ہے۔ قرآن نے مسلمانوں کو ایسی سادہ لوحی سے منع فرمایا ہے۔ مسلمانوں کے غیر مسلموں کے ساتھ تعلّقات کیسے ہونے چاہئیں؟ اس پر تفصیلی بحث اسی سُورۃ کی آیت نمبر اٹھائیس کے ضمن میں گزر چکی ہے۔

۱۲۹؎ ھا تنبیہ کے لیے ہے انتم مبتدا۔ اور اولاء خبر ہے (کشاف) اسلام کو نفرت و عداوت کا دین کہنے والے اگر اس آیت کو غور سے پڑھیں تو ان پر اپنی غلطی آشکارا ہو جائے۔ مسلمان تو وُہ صاف دِل قوم ہے جو اپنی دُشمن قوموں کے لیے بھی اپنے دل میں

وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا

اور وُہ (ذرا) محبّت نہیں کرتے تم سے اور مانتے ہو تم سب کتابوں کو اور جب وُہ تم سے ملتے ہیں کہتے ہیں

اٰمَنَّا ۚ ۖ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ؕ قُلْ

ہم ایمان لائے ہیں اور جب وُہ تنہا ہوتے ہیں تو چباتے ہیں تم پر اُنگلیاں غصّہ سے (اے حبیب!) آپ فرمائیے

مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾ اِنْ

مرجاؤ اپنے غصّہ (کی آگ میں جل کر) ۱۳۰ یقیناً اللہ خوب جاننے والا ہے دلوں کی باتوں کا (ان کا حال تو یہ ہے کہ) اگر

تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۫ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ؕ

پہنچے تمھیں کوئی بھلائی تو بُری لگتی ہے انھیں اور اگر پہنچے تمھیں کوئی تکلیف تو (بڑے) خوش ہوتے ہیں اس سے

وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا

اور اگر تم صبر کرو ۱۳۱ اور اللہ سے ڈرتے رہو تو نہ نقصان پہنچائے گا تمھیں ان کا فریب کچھ بھی بے شک اللہ تعالیٰ جو کچھ

محبّت ورحمت کے جذبات موجزن پاتی ہے۔ وُہ دین جس کے ماننے والے اپنے بدخواہوں کے متعلق بھی ایسے جذبات رکھتے ہوں کیا اس دین کو نفرت وعداوت کا دین کہنا قرینِ انصاف ہے؟ اس آیت میں مسلمانوں کے ان پاکیزہ اِنسانی احساسات کا اعتراف کرتے ہُوئے اُنھیں دُشمنوں کی خطرناک چالوں سے محتاط اور چوکنّا رہنے کی تنبیہ کی جا رہی ہے کہ ان کے متعلق تمھارے دِل تو صاف ہیں۔ اور تم اُن کی مقدّس کتابوں پر بھی سچے دِل سے ایمان رکھتے ہو لیکن ان کی حالت یہ نہیں۔ وُہ تمھارے رُوبرو تو ایمان کا اقرار کرتے ہیں لیکن جب وُہ تم سے الگ ہوتے ہیں تو مارے حسد کے اُنگلیاں چباتے ہیں۔ تمھاری ترقی اور اسلام کی روزافزوں کامیابی ان کے لیے سوہانِ رُوح بنی ہُوئی ہے۔

۱۳۰ شیخ سعدیؒ نے شاید اسی آیت کی ترجمانی اپنے اِس شعر میں فرمائی ہے ؎

بمیر تا برہی اے حسود کیں رنجیست — کہ از مشقّت او جز بمرگ نتواں رُست

یعنی حاسد کا علاج صرف ایک ہی ہے کہ وُہ حسد کی آگ میں جل کر خاکستر ہو جائے۔

۱۳۱ زندگی کی اِس امتحان گاہ میں یہ تو نہیں ہو سکتا کہ مخالفت کے طُوفان نہ اُمڈیں مصائب کے سیاہ بادل گھر کر نہ آئیں۔ یہ تو ایسا ہی ہوتا آیا ہے اور ایسا ہی ہوتا رہے گا لیکن ایسے حوادثات کے باوجُود اگر تم صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہو گے اور اللہ تعالیٰ

يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾ وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ

وُہ کرتے ہیں (اس کا) اِحاطہ کیے ہوئے ہے اور یاد کرو (اے محبوب) ۱۳۲ جب صبح سویرے رُخصت ہوئے آپ اپنے گھروں سے (اور میدان اُحد میں) بٹھا رہے تھے مومنوں کو

کے بتائے ہُوئے سیدھے راستہ پر ثابت قدمی سے چلتے رہو گے تو دُشمن کا مکروفریب تمھیں کوئی گزند نہیں پہنچا سکے گا۔ گویا اِس رزم گاہِ حیات میں کامیابی کا سہرا اُسی کے سر باندھا جاتا ہے جو صابر اور متقی ہو۔ مشکلات سے ہراساں ہونے والا اور اللہ تعالےٰ کی نافرمانی کرنے والا کبھی فلاح نہیں پا سکتا۔

۱۳۲؎ ابُوسفیان بدر کے مقتولوں کا بدلہ لینے اور اپنی شکست کا بدنما داغ مٹانے کے لیے تین ہزار مسلح جنگ آزماؤں کا لشکرِ جرّار لے کر مدینہ طیّبہ پر چڑھائی کرنے کے لیے روانہ ہوا۔ اِس دفعہ آتشِ انتقام کو بھڑکانے اور جوشِ حمیّت کو تیز تر کرنے کے لیے وُہ اپنی عورتوں کو بھی ساتھ لائے تھے جن کی قیادت ابُوسفیان کی بیوی ہندہ کر رہی تھی۔ وُہ اشعار گا کر، دف بجا کر اُن کو اشتعال دلاتی تھی۔ جب وُہ اُحد کے میدان میں خیمہ زن ہو گئے تو حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے مجلسِ مشاورت طلب فرمائی۔ حضورؐ کی اور اکابر صحابہ کی رائے یہ تھی کہ مدینہ میں رہ کر اُن کا مقابلہ کیا جائے۔ عبداللہ بن ابی جسے پہلی بار مشورہ کے لیے دعوت دی گئی تھی اُس نے بھی اِس کی تائید کی۔ لیکن نوجوان طبقہ جو شوقِ شہادت سے بے تاب ہو رہا تھا اِس بات پر مصر تھا کہ میدان میں نکل کر مقابلہ کیا جائے۔ چنانچہ کثرتِ رائے کے پیشِ نظر حضورؐ نے یہی فیصلہ فرما دیا۔ اور خود زِرہ پہن کر گھر سے باہر تشریف لائے۔ اور ایک ہزار کی جمعیّت کے ساتھ ۷ شوال بروز سنیچر ۳ھ مدینہ طیّبہ سے اُحد کی طرف روانہ ہُوئے۔ راستہ میں ہی عبداللہ بن ابی اپنے تین سو ہمراہیوں کے ساتھ الگ ہو گیا۔ اب مسلمانوں کی تعداد کفار کی تعداد سے چوتھائی سے بھی کم ہو گئی۔ پہاڑ کی جانب پشت کر کے صفیں آراستہ کی گئیں۔ پہاڑ کی وُہ گھاٹی جہاں سے دُشمن کے اچانک حملہ آور ہونے کا خدشہ تھا وہاں عبداللہ بن جبیرؓ کو پچاس سپاہیوں کے ساتھ متعیّن فرمایا۔ اور اُنھیں تاکیدی حکم دیا کہ ہمیں خواہ فتح ہو یا شکست تمھیں ہر حالت میں یہاں ٹھیرے رہنا ہو گا۔ مصعبؓ بن عمیر کو پرچم مرحمت ہوا۔ لشکر کے ایک بازو پر حضرت زبیرؓ کو اور دُوسرے پر حضرت منذرؓ بن عمرو کو مقرر فرمایا۔ اور اپنی تلوار خوش نصیب ابو دجانہؓ کو عنایت فرمائی۔ پہلے ہلّہ میں ہی کفّار کے قدم اُکھڑ گئے۔ اور اُنھوں نے مسلمانوں کے حملہ کی تاب نہ لا کر پسپا ہونا شروع کر دیا۔ گھاٹی پر متعیّنہ دستہ نے جب دیکھا کہ اب کفّار کو شکست ہو چکی ہے تو مالِ غنیمت حاصل کرنے کے لیے وُہ وہاں سے دوڑے۔ حضرت عبداللہ بن جبیرؓ نے بہت سمجھایا لیکن چند آدمیوں کے سوا کسی نے ان کی بات پر کان نہ دھرے۔ خالد بن ولید نے جو اس وقت مشرکین کے رسالہ کے کماندار تھے جب اس گھاٹی کو خالی دیکھا تو پہاڑ کا چکر کاٹ کر مسلمانوں پر عقب سے حملہ کر دیا۔ اب کیا تھا لشکرِ اسلام میں انتشار پڑ گیا۔ نظم و ضبط قائم نہ رہ سکا۔ عبداللہ بن قمہ اور عتبہ نے اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم پر حملہ کر دیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے دندانِ مُبارک شہید ہو گئے۔ پیشانیٔ اقدس اور رُوئے انور زخمی ہو گیا۔ اور یہ افواہ بھی اُڑ گئی کہ حضورؐ شہید ہو گئے۔ جس نے صحابہ کے رہے سہے ہوش بھی اُڑا دیئے لیکن جاں نثار غلاموں کا ایک گروہ اُس وقت بھی پروانہ وار نثار ہو رہا تھا۔ حضرت مصعبؓ علمبردار نے حضورؐ کے سامنے شہادت پائی۔ ان کے بعد پرچم حضرت سیّدنا علیؓ مُرتضےٰ نے لے لیا۔ حضرت

مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾ اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ

مورچوں پر جنگ کے لیے اور اللہ سب کچھ سُننے والا جاننے والا ہے جب ارادہ کیا دو جماعتوں نے ۱۳۳

مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ۗ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

تم میں سے کہ ہمت ہار دیں حالانکہ اللہ تعالیٰ دونوں کا مددگار تھا (اسلیے اس نے اس لغزش سے بچالیا) اور ۱۳۴ صرف اللہ پر توکل کرنا چاہیئے

ابُو دجانہؓ نے اپنے آپ کو حضورؐ پر ڈھال بنا رکھا تھا۔ ہر تیر اپنی پُشت پر روکتے۔ حضرت طلحہؓ تلوار کا ہر وار اپنے بازُو پر روکتے۔ حضرات ابُوبکر صدّیقؓ، علی مرتضیٰؓ، ابُوعبیدہؓ، مالکؓ بن سنان وغیرہم نے دُشمن کے زبردست ریلے کو پیچھے ہٹایا۔ جب اِدھر اُدھر میدانِ جنگ میں کفّار سے مصروفِ پیکار مُسلمانوں کو حضورؐ کی سلامتی کی اطلاع ہُوئی تو سب دوڑ کر حضورؐ کے ارد گرد جمع ہوگئے اور کفار پھر اپنے اُونٹوں پر سوار ہوکر مکّہ کی طرف روانہ ہوگئے۔ یہ درُست ہے کہ اس کو کفارِ مکّہ کی فتح نہیں کہا جاسکتا لیکن اس میں بھی شک نہیں کہ مُسلمانوں کو سخت نقصان اُٹھانا پڑا۔ اور ستّر سے زیادہ جلیل القدر صحابہ شہید ہُوئے جن میں حضرت سیّدنا حمزہؓ اسد اللہ و رسولہ بھی تھے جن کو حبشی نے پیچھے سے نیزہ مارا تھا مسلمانوں کو جو یہ زک اُٹھانی پڑی۔ اس کی ایک ہی بڑی وجہ تھی کہ اُنھوں نے اپنے رسُول اور قائد کے حکم کی اطاعت میں تساہل کیا۔ اگر وُہ دستہ گھاٹی پر جما رہتا تو یہ المناک حالات رُونما نہ ہوتے۔

۱۳۳ے جب عین وقت پر عبداللہ بن ابی اپنے تین سو سپاہیوں کے ساتھ الگ ہوگیا تو مسلمانوں کی تعداد میں مزید کمی ہوگئی تو قبیلہ اوس کے بنی حارثہ اور خزرج کے بنی سلمہ کے دل میں بھی میدانِ جنگ سے واپسی کا خیال پیدا ہوا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی دستگیری فرمائی اور اس لغزش کے ارتکاب سے اُنھیں بچا لیا۔ حضرت جابرؓ فرمایا کرتے کہ یہ آیت ہمارے حق میں نازل ہُوئی اور ہم اس کے نزول سے بڑے خوش ہیں۔ کیونکہ اگر ایک طرف ہمارے پھسل جانے کے خیال کا ذکر ہے تو ساتھ ہی "واللہ ولیھما" کی نویدِ جاں پرور بھی ہے۔ سچے مومن سے اگر کسی بشری کمزوری کے باعث کوئی غلطی سرزد ہونے لگتی ہے تو رحمتِ الٰہی اُسے سنبھال لیتی ہے۔ شانِ کریمی یہ گوارا نہ کرسکی کہ اس کے محبُوب کے سچّے غلام ایسی لغزش کر بیٹھیں۔

۱۳۴ے توکّل کیا ہے؟ محقّقین صوفیہ نے اس کی یہ تعریف کی ہے۔ ان التوکل علی اللّٰہ ھو الثقۃ باللّٰہ والایقان بان قضاءہ ماض واتباع سنۃ نبیہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فی السعی فیما لابد منہ من الاسباب (القرطبی) اللہ تعالیٰ پر کامل بھروسہ اور یہ یقینِ محکم کہ اس کا حکم اٹل ہے۔ اس کے ساتھ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی اس سنت پر عمل کہ ضروری اسباب کے مہیّا کرنے میں بھی پُوری جدوجہد کرنے کو توکّل کہتے ہیں۔ حضرت سہل فرماتے ہیں کہ جو شخص ترکِ اسباب کو توکّل کہتا ہے وُہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی سُنّت پر اعتراض کرتا ہے۔

الْمُؤْمِنُونَ ﴿۱۲۲﴾ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا

مومنوں کو اور بے شک مدد کی تھی تمھاری ۱۳۵؎ اللہ تعالیٰ نے (میدان) بدر میں ۱۳۶؎ حالانکہ تم بالکل کمزور تھے پس ڈرتے

اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ تَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ

رہا کرو اللہ سے تاکہ تم (اس وقت امداد کا) شکر ادا کرسکو (عجب سہانی گھڑی تھی) جب آپ فرمارہے تھے مومنوں سے ۱۳۷؎ کیا تمھیں یہ کافی نہیں

اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِينَ ﴿۱۲۴﴾ ط

کہ تمھاری مدد فرمائے تمھارا پروردگار تین ہزار فرشتوں سے جو اُتارے گئے ہیں

۱۳۵؎ لشکرِ اسلام کی حوصلہ افزائی اور تسکین کے لیے اُحد کے جانکاہ حادثہ کے بعد بدر کی فتح مُبین کا ذکر فرمایا۔ اور انھیں یاد دلایا کہ کس طرح تمھاری قلیل اور بے سروسامان سی جمعیت کو دشمن کے مسلّح لشکرِ جرّار پر فتح عطا فرمائی۔ اس لیے اُحد کے نقصانات سے غمگین نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کی امداد تمھارے ساتھ ہے۔ ہاں جو غلطی تم سے ہُوئی اور جس کی وجہ سے تمھیں یہ زک اُٹھانی پڑی اس سے اجتناب کرنا۔

۱۳۶؎ مدینہ طیّبہ سے تقریباً بیس میل کے فاصلہ پر ایک کنواں ہے جس کا نام بدر ہے۔ اسی مقام پر اسلام اور کفر کی پہلی ٹکر ہوئی۔ ہجرت کا دوسرا سال تھا جمعہ کا دن اور رمضان المبارک کی سترہ تاریخ تھی مسلمانوں کی تعداد تین سو دس سے کچھ اُوپر تھی۔ اور کفّار کا لشکر ہزار کے قریب تھا۔ جب لشکر آمنے سامنے ہُوئے تو اللہ تعالیٰ کے محبُوب نے طلب نصرت کے لیے بارگاہِ الٰہی میں ہاتھ پھیلائے اور عرض کی۔ اللھم انجزلی ما وعدتنی اللھم آت ما وعدتنی اللھم ان تھلک ھذہ العصابۃ من اھل الاسلام لاتعبد فی الارض۔ (اے اللہ اپنا وعدہ پُورا فرما۔ اگر مسلمانوں کا یہ مختصر گروہ ہلاک ہوگیا تو رُوئے زمین پر تیری عبادت نہیں کی جائے گی) محویّت کا یہ عالم تھا کہ دوشِ مُبارک سے چادر گر پڑی۔ حضرت صدیقؓ نے پیچھے سے اپنے آقا کو گلے لگا لیا اور عرض کی۔ یارسُولؐ اللہ! اللہ تعالیٰ ضرور اپنا وعدہ پُورا فرمائے گا۔ ادب و نیاز میں ڈوبی ہُوئی دُعا قبول ہُوئی۔ اور دُنیا نے دیکھا کہ چند سربکف مجاہدوں نے بدر کے میدان میں کفر کو ایسی شکست دی جس کے بعد وُہ سنبھل نہ سکا۔

۱۳۷؎ اپنی قلّت اور بے سروسامانی کے باوجُود مُسلمان بڑی بے جگری سے میدانِ بدر میں لڑ رہے تھے۔ اسی اثنا میں یہ خبر مشہور ہو گئی کہ کُرز بن جابر المحاربی کمک لے کر کفّار کی مدد کو آرہا ہے۔ اس سے مسلمانوں کو کچھ تشویش ہوئی۔ اس وقت حضور سرورِ عالم نے فرمایا کہ کیا ہُوا اگر کُرز اپنی جمعیت لے کر آرہا ہے۔ تمھاری امداد کے لیے بھی تین ہزار فرشتے آسمان سے اُتر رہے ہیں۔ اور اگر تم نے صبر اور تقویٰ اختیار کیے رکھا تو یہ تعداد بڑھا کر پانچ ہزار کر دی جائے گی۔ حضورؐ کے فرمانے سے صحابہ کے حوصلے اور بلند ہو گئے۔ فرشتوں کی آمد کس غرض کے لیے تھی؟ اکثر عُلماء فرماتے ہیں کہ اُنھوں نے بالفعل جنگ میں حصّہ لیا۔ اور بعض کی رائے یہ ہے کہ اُن کی آمد سے مُسلمانوں کو رُوحانی تقویّت حاصل ہوگئی۔ اُن کے حوصلے بڑھ گئے اور اُنھوں نے جم کر لڑنا شروع کر دیا۔ انما حضروا اللہ عاء

بَلٰٓی ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَیَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا یُمْدِدْكُمْ

ہاں کافی ہے بشرطیکہ تم صبر کرو اور تقویٰ اختیار کرو اور (اگر) آدھمکیں کفار تم پر تیزی سے اسی وقت تو مدد کرے گا تمھاری

رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِیْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَمَا جَعَلَهُ

تمھارا رب پانچ ہزار فرشتوں سے جو نشان والے ہیں اور نہیں بنایا فرشتوں ۱۳۸ کے

اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ؕ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا

کے اترنے کو اللہ نے مگر خوش خبری تمھارے لیے اور تاکہ مطمئن ہو جائیں تمھارے دل اس سے اور (حقیقت تو یہ ہے) کہ نہیں ہے

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ ﴿۱۲۶﴾ ۙ لِیَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِیْنَ

فتح و نصرت مگر اللہ کی طرف سے جو سب سے غالب (اور) حکمت والا ہے (یہ مدد اس لیے تھی) تاکہ کاٹ دے ایک حصہ کافروں

كَفَرُوْٓا اَوْ یَكْبِتَهُمْ فَیَنْقَلِبُوْا خَآئِبِیْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَیْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ

سے یا ذلیل کر دے ان کو پس لوٹ جائیں نامراد ہو کر نہیں ہے آپ کا اس معاملہ میں کوئی

شَیْءٌ اَوْ یَتُوْبَ عَلَیْهِمْ اَوْ یُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَ

دخل ۱۳۹ چاہے تو اللہ اُن کی توبہ قبول فرمالے اور چاہے تو عذاب دے اُنھیں پس بے شک وُہ ظالم ہیں اور

بالتثبیت والاول اکثر (قرطبی) اس کی مفصّل بحث سورۂ انفال میں آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۳۸ یعنی ملائکہ کا نزول کامیابی کے دیگر اسباب کی طرح ایک سبب ہے حقیقت میں فتح و کامرانی بخشنے والا رب العٰلمین ہے۔ اس آیت میں یہ سبق دیا گیا کہ اعتماد اور توکّل اللہ تعالیٰ کی ذات پر ہی ہونا چاہیئے۔ وُہی فاعلِ حقیقی ہے۔ ہر چیز اُسی کے دستِ قدرت میں ہے۔

۱۳۹ اُحد کے دن جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے دندانِ مبارک شہید کیے گئے۔ رُخِ انور زخمی کیا گیا تو حضورؐ نے فرمایا وُہ قوم کیونکر نجات پا سکتی ہے جس نے اپنے اُس نبی کے سر کو مجروح کیا اور دانت شہید کیے جو اُنھیں اللہ تعالیٰ کی طرف بُلاتا ہے۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ وقیل استاذن فی ان یدعو فی استئصالھم فلما نزلت ھذہ الآیۃ علم ان منھم من سیسلم و قد آمن کثیر منھم خالد بن ولید (قرطبی) یعنی حضورؐ نے ان لوگوں کے حق میں بد دُعا کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ سے اجازت طلب کی تو یہ آیت نازل ہوئی۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو معلوم ہو گیا کہ ان میں سے کئی لوگ مُسلمان ہوں گے

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ

اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے بخش دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

سزا دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور اللہ بہت بخشنے والا رحم فرمانے والا ہے اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

نہ کھاؤ سُود دوگُنا چوگُنا کر کے ۱۴۰ اور ڈرتے رہو اللہ سے تاکہ تم

چنانچہ ایک کثیر تعداد اسلام لائی۔ انھیں میں حضرت خالدؓ بھی تھے۔ حضرت فارُوقِ اعظمؓ کے یہ کلمات کتنے حقیقت افروز اور ایمان پرور ہیں۔ بابی انت وامی یارسول اللہ لقد دعا نوح علی قومہ فقال رب لا تذر علی الارض من الکافرین دیارا ولو دعوت علینا مثلھا لھلکنا من عند آخرنا فلقد وطئ ظھرك وادمی وجھك وکسرت رباعیتك فابیت ان تقول الاخیرا فقلت رب اغفر لقومی فانھم لا یعلمون (القرطبی)

ترجمہ "اے اللہ کے پیارے رسُولؐ! میرے ماں باپ حضُور پر قربان ہوں نُوح علیہ السّلام نے اپنی قوم کے لیے بد دُعا کی۔ کہ اے رب زمین پر کسی کافر کو سلامت نہ رہنے دے۔ اگر حضورؐ بھی ہمارے لیے بد دُعا کرتے تو ہم سب کے سب ہلاک ہو جاتے۔ لیکن (اے سراپا کرم) آپ کی پُشتِ پاک پر قدم رکھے گئے۔ رُخِ پُرنور زخمی کیا گیا۔ دندانِ مُبارک توڑے گئے۔ بایں ہمہ آپ نے دعائے خیر ہی فرمائی۔ اور یہی عرض کی کہ اے رب! میری قوم بے علمی سے یہ کر رہی ہے تو اس کو معاف فرما دے۔"

اِس آیتِ کریمہ کا یہ مدّعا نہیں کہ حضورؐ کی دُعا یا بد دُعا کا اللہ کی جناب میں کوئی وزن نہیں۔ اِس میں ذرّہ بھر بھی شک نہیں کہ ہر کہ و مہ حقیر و عزیز سب کچھ بلا استثناء اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ وُہ نہ چاہے تو کوئی کچھ بھی نہیں کر سکتا۔ لیکن اسی طرح اِس میں بھی ذرّہ بھر شک نہیں کہ مُصطفٰے کا ہاتھ اُٹھے تو اُجڑے دیار میں بہار آجاتی ہے۔ اُنگلی کا اِشارہ ہو تو چاند دو ٹکڑے ہو جاتا ہے اور اُس کی نظرِ کرم ہو تو کفر و شرک اور فِسق و فجُور کی تاریکیاں جگمگانے لگتی ہیں۔ ولسوف یعطیك ربك فترضیٰ اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ کا وعدہ سچا ہوتا ہے۔ اور خواہ کسی کی جبین پر بل پڑیں وُہ پُورا کر کے رہتا ہے ؎

وُہی ہے طُور جہاں پڑ گئی نِگاہ تِری وُہی چمن ہے جہاں مُسکرا دِیا تُو نے

۱۴۰ سُود اور سُود کی حُرمت پر مفصّل بحث سُورۂ بقرہ میں گزر چکی ہے۔ نزول کے اعتبار سے یہ آیت سُورۂ بقرہ کی آیات سے مقدم ہے۔ یہاں اس سُودی نظام کو حرام کیا جا رہا ہے جس کا اُس وقت عام رواج تھا۔ رواج یہ تھا کہ کسی نے ایک مدت مقررہ تک قرض لیا۔ جب وُہ مدّت ختم ہُوئی اور قرض خواہ نے رقم کا مطالبہ کیا تو مقروض کہا کرتا کہ تم میعاد بڑھا دو میں رقم میں اضافہ کر دیتا ہُوں

تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِیْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ

فلاح پا جاؤ ۱۴۱ اور بچو اس آگ سے جو تیار کی گئی ہے کافروں کے لیے اور اطاعت کرو اللہ کی

وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ

اور رسُول (کریم) کی تاکہ تم پر رحم کیا جائے اور دوڑو ۱۴۲ بخشش کی طرف جو تمھارے رب کی طرف سے ہے

وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِیْنَ ﴿۱۳۳﴾ الَّذِیْنَ

اور (دوڑو) جنّت کی طرف جس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین جتنی ہے ۱۴۳ جو تیار کی گئی ہے پرہیزگاروں کے لیے وہ (پرہیزگار)

یہ سلسلہ مدّت تک جاری رہتا یہاں تک کہ اصل رقم کئی گُنا بڑھ جاتی۔ جسے سُود در سُود یا سُود مرکّب کہا جاتا ہے۔ اس ظالمانہ نظام کو اسلام نے ختم کر دیا کیونکہ اس سے اگر ایک طبقہ میں تن آسانی، حرام خوری، حرص و بُخل کے جذبات پرورش پاتے ہیں تو قوم کے دُوسرے طبقہ میں حسد و عناد اور منافرت کی تخم ریزی ہوتی ہے۔ وُہ اُمّت جسے دُنیا میں تبلیغِ توحید و ہدایت کا ایک عظیم المرتبت مشن سرانجام دینا ہو اُس میں ایسے عناصر کو کب برداشت کیا جا سکتا ہے جو مِلّی وحدت کو پارہ پارہ کر دیں۔ اس لیے اگلی آیتوں میں یہاں تک فرما دیا کہ اگر تم نے اس سُودی کاروبار کو نہ چھوڑا تو اس عذاب میں مبتلا کیے جاؤ گے جو کفّار کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

۱۴۱ بیشتر افراد اور قومیں اپنی فلاح و کامرانی کو دولت کی فراوانی میں مضمر سمجھتی ہیں اور اس کے حصُول کے لیے جائز و ناجائز، حلال و حرام کی تمیز کیے بغیر کوشاں رہتی ہیں مُسلمانوں کو بتایا جا رہا ہے کہ دُوسروں کی طرح تم بھی اس فریب میں مبتلا نہ ہو جانا۔ حقیقی فلاح متّقی بننے سے نصیب ہوتی ہے۔

۱۴۲ یعنی ان اعمال کی بجا آوری میں تیزی کرو جو مغفرت کے حصُول کے اسباب ہیں۔ ان میں سابقہ گناہوں سے توبہ، آئندہ گناہوں سے اجتناب کا عزم، ہر قسم کے نیک کاموں کا بجا لانا سب داخل ہیں۔

۱۴۳ بعض کا ارشاد ہے کہ جنّت کی چوڑائی فی الواقع اتنی ہے جتنا آسمانوں اور زمین کا مجموعی رقبہ ہے۔ اور چوڑائی کی فراخی اور وسعت کا یہ عالم ہے تو اُس کی لمبائی کا کیا کہنا۔ لیکن عُلمائے لُغت و ادب کی رائے ہے کہ لم تقصد الاٰیۃ تحدید العرض ولکن اراد بذلک انھا اوسع شیءٍ رأیتموہ۔ یعنی یہاں جنّت کے عرض کی مساحت کو آسمانوں اور زمینوں کی مساحت کے برابر ثابت کرنا مقصُود نہیں بلکہ بطریقِ استعارہ یہ بتانا مقصُود ہے کہ جتنی وُسعت کا تم تصوّر کر سکتے ہو جنّت اس سے بھی وسیع تر ہے۔

يُنۡفِقُوۡنَ فِى السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالۡكٰظِمِيۡنَ الۡغَيۡظَ وَالۡعَافِيۡنَ

جو خرچ کرتے ہیں خوشحالی اور تنگ دستی میں ۱۴۴؎ اور ضبط کرنے والے ہیں غصہ کو ۱۴۵؎ اور درگزر کرنے والے ہیں

عَنِ النَّاسِ‌ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الۡمُحۡسِنِيۡنَ‌ۚ ﴿۱۳۴﴾ وَالَّذِيۡنَ اِذَا فَعَلُوۡا

لوگوں سے ۱۴۶؎ اور اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے احسان کرنے والوں سے ۱۴۷؎ اور یہ وہ لوگ ہیں کہ جب کر بیٹھیں کوئی

فَاحِشَةً اَوۡ ظَلَمُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسۡتَغۡفَرُوۡا لِذُنُوۡبِهِمۡ قف

بُرا کام یا ظلم کریں اپنے آپ پر (تو فوراً) ذکر کرنے لگتے ہیں اللہ کا اور معافی مانگنے لگتے ہیں اپنے گناہوں کی ۱۴۸؎

وَمَنۡ يَّغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ اِلَّا اللّٰهُ صلے قف وَلَمۡ يُصِرُّوۡا عَلٰى مَا فَعَلُوۡا وَ

اور کون بخشتا ہے گناہوں کو اللہ کے سوا اور نہیں اصرار کرتے اس پر جو اُن سے سرزد ہوا اس حال میں کہ

۱۴۴؎ یہاں متقین کی صفات بیان کی جارہی ہیں جن کے لیے جنت کی بہاریں چشم براہ ہیں۔ ان کی پہلی صفت یہ ہے کہ وہ خوش حالی میں اور تنگ دستی و افلاس میں اپنا عزیز مال اللہ تعالیٰ کی رضاجوئی کے لیے خرچ کرتے ہیں۔ ایسا کرنا کمال تقویٰ کی واضح علامت ہے۔ اس صفت کو سب سے پہلے ذکر کیا گیا۔ کیونکہ اس سے پہلے سود کا ذکر تھا جس میں دوسروں کا مال بغیر حق کے کھایا جاتا ہے اور اس میں صدقہ کا ذکر ہے جس میں اپنا مال بغیر کسی ظاہری استحقاق کے غیر کو دیا جاتا ہے۔

۱۴۵؎ کظم غیظ ان کی دوسری صفت ہے۔ غیظ شدت غضب کو اور کظم بھری ہوئی مشک کے منہ باندھنے کو کہتے ہیں بعض اوقات ایسی ناپسندیدہ حرکات اور ضرر رساں امور رونما ہوتے ہیں جن سے انسان برافروختہ ہو جاتا ہے اور جذبۂ انتقام سے اُس کا دل لبریز ہو جاتا ہے۔ ایسے حال میں اپنے غصہ کو پی جانا بے شک بڑی ہمت کا کام ہے۔

۱۴۶؎ اس کی تیسری صفت عفو ہے۔ عفو کہتے ہیں باوجود قدرت کے انسان کسی کی خطا اور ضرر رسانی پر صرف خاموش ہی نہ رہے بلکہ دل سے اسے معاف بھی کر دے۔ هو التجافی عن ذنب المذنب مع القدرة علیه۔ یہ چیز کظم غیظ سے اعلیٰ ہے۔

۱۴۷؎ ان کی چوتھی صفت احسان ہے۔ یہ مرتبہ تمام پہلے مراتب سے بلند تر ہے کہ انسان دشمن سے انتقام بھی نہ لے۔ اسے دل سے معاف بھی کر دے۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس پر لطف و احسان بھی کرے۔ اس کی جلالت شان کی طرف اشارہ کرنے کے لیے اسلوب کلام بدل دیا۔ اور یہ بھی بتا دیا کہ ان کو محبوبیت کا شرف بخشا جاتا ہے۔

۱۴۸؎ ان کی پانچویں صفت طلب مغفرت ہے۔ انسان مجموعۂ خطا و نسیان ہے۔ یعنی اُن سے جرم سرزد ہو جائے تو فوراً احساس ندامت انھیں آلیتا ہے۔ اور یہ جانتے ہوئے کہ گناہوں کو بخشنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے اُس کے حضور میں نہایت عاجزی سے گناہوں

هُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ

وُہ جانتے ہیں یہ وُہ (نیک بخت) ہیں جن کا بدلہ بخشش ہے اپنے رب کی طرف سے اور جنّت ۱۴۹

تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ﴿۱۳۶﴾

رواں ہیں جن کے نیچے ندیاں ہمیشہ رہیں گے ان میں کیا ہی اچھا بدلہ ہے کام کرنے والوں کا

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا

گزر چکے ہیں تم سے پہلے (قوموں کے عروج و زوال کے) قاعدے ۱۵۰ پس سیر کرو زمین میں اور (اپنی آنکھوں سے) دیکھو کہ

كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِیْنَ ﴿۱۳۷﴾ هٰذَا بَیَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًی

کیسا انجام ہوا (دعوتِ حق کو) جھٹلانے والوں کا یہ ایک بیان ہے لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے اور ہدایت

کی معافی کی درخواست کرتے ہیں۔ اُن کی یہ توبہ حقیقی توبہ ہوتی ہے۔ ایسا نہیں ہوتا کہ ان کی زبان تو استغفر اللہ کے ورد میں مصروف ہو اور وُہ اپنے عمل سے اس استغفار کا تمسخر اڑا رہے ہوں۔ فاحشۃ سے مُراد وُہ گناہ ہے جس کا ضرر دُوسروں تک پہنچے۔ اور ظلموا سے مُراد وُہ گناہ ہیں جن کا اثر ان کی اپنی ذات تک محدود ہو۔ (بیضاوی)

۱۴۹ آپ خُود اندازہ لگائیے کہ جس شخص میں یہ خصالِ حمیدہ ہوں کیا وُہ اپنے شہر، اپنی قوم اور اپنے ملک کے لیے باعثِ ہزار فخرو برکت نہیں ہوتا بلکہ یُوں کہیئے کہ وُہ سارے نوعِ انسانی کے لیے رحمتِ الٰہی ثابت ہوتا ہے اور وُہ اِس کا جائز مستحق ہے کہ اسے اولٰئك الخ کا مژدہ سُنایا جائے۔ یہ ہے اخلاق کا وُہ کامل معیار جس پر مسلمان کو پُورا اُترنا چاہیئے۔ آخر وُہ رحمۃ للعالمین کا غلام اور اُمّتی ہے وُہ کیوں نہ اپنے آقا کی رحمت کا آئینہ ہو۔ لیکن ؎

وائے محرُومیِ متاعِ کارواں جاتا رہا کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا

۱۵۰ سُنن جمع ہے سُنّت کی۔ اور سُنّت وُہ راستہ ہے جو شاہراہِ عام ہو۔ وُہ طرزِ زندگی ہے جس کا ہمیشہ التزام اور پابندی کی جائے۔ غزوۂ اُحد کی تکلیفات، بدر کی فتحِ مُبین، سُودخوری کے نقصانِ عظیم اور مردِ مومن کی صفات کا ذکر فرمانے کے بعد بتایا جارہا ہے کہ زمین کے اس کھُلے ہوئے صفحہ پر تم سے پہلے گزری ہوئی اقوام کے حالات جلی قلم سے مرقوم ہیں۔ تم اُنھیں پڑھ لو۔ فتح و سُرخروئی کی عزّت اُنھیں دی گئی جو ان صفات کے مالک تھے اور ناکامی و ذلّت اُنھیں کے حصّہ میں آئی جو ان سے محرُوم تھے۔ قدرت کے قوانین یکساں اور اٹل ہیں۔ کسی کے لیے اُنھیں توڑا نہیں جاتا۔

وَمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ

اور نصیحت ہے پرہیزگاروں کے واسطے — اور نہ (تو) ہمت ہارو اور نہ غم کرو ۱۵۱ اور تمھیں

الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ

سربلند ہوگے اگر تم سچے مومن ہو (اُحد میں) اگر لگی ہے تمھیں چوٹ تو (بدر میں)

مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ

لگ چکی ہے (تمھاری دشمن) قوم کو بھی چوٹ ایسی ہی اور یہ (ہار جیت کے) دن ہم پھراتے رہتے ہیں اِنھیں لوگوں میں

۱۵۱ے عمل اور رائے میں کمزوری کو وہن کہتے ہیں۔ اور کسی عزیز اور پیاری چیز سے محرومی پر جو دِل میں الم پیدا ہوتا ہے اُسے حُزن کہا جاتا ہے۔ اُحد میں پیش آنے والے ہوش رُبا حادثات ممکن تھا کہ مُسلمانوں کی کمرِ ہمّت توڑ دیتے۔ اِس لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ گھبراؤ نہیں تم ہی غالب و منصور ہوگے اگر تم سچے ایمان دار ہو۔ تاریخ شاہد ہے کہ اس کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے عہدِ مُبارک میں اور اس کے بعد جب بھی باطل سے صحابہ کرام کی جنگ ہُوئی صحابہ ہی فتح یاب ہُوئے۔ حتّٰی کہ ہر وُہ لشکر جس میں ایک صحابی بھی شامل ہوا اُس نے کبھی شکست نہیں کھائی۔ اور یہ صحابہ کرام کے مومنِ کامل ہونے کی واضح دلیل ہے۔ نیز مولا تبارک نے انھیں ایسے الفاظ سے خطاب فرمایا جن سے انبیاء کو مخاطب فرمایا۔ موسیٰ علیہ السّلام کو اِرشاد ہوا اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى اور غلامانِ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء کو مُژدہ دیا اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ سُبحان اللہ! کیا شان ہے غلامانِ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والسّلام کی۔

نیز اس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ اِیمان کی قوت دُنیا کی ساری مادی قوّتوں سے زیادہ توانا ہے جس قوم کے افراد کے دِلوں میں اِیمان اور یقین کی شمع روشن ہوتی ہے دُنیا کی کوئی طاقت ان کو شکست نہیں دے سکتی۔ مادی وسائل بھی اسی وقت کارگر ثابت ہوتے ہیں جب ان کو اِستعمال کرنے والا اپنے مقصدِ حیات پر محکم یقین رکھتا ہو۔

حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے دہکتے انگاروں پر لیٹ کر، خباب رضی اللہ عنہ نے پھانسی کے تختے پر مُسکرا کر، سمیّہ رضی اللہ عنہا نے نیزہ سے اپنا جسم گھائل کرا کر اور یاسر رضی اللہ عنہ نے دو اُونٹوں سے اپنا بدن چِروا کر جو عظیم فتح حاصل کی وُہ فقط اُن کے نُورِ ایمان اور اُن کی قوّتِ یقین کا فیضان تھا۔

جب تک اُمّتِ مُسلمہ اِیمان و اِیقان سے بہرہ ور رہی ہر میدان میں کامیابی بڑھ کر اس کے قدم چُومتی رہی۔ ہر معرکہ نے اِس اِرشادِ باری پر مُہرِ تصدیق ثبت کی وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔ بدر، خندق، حنین کے غزوات، یمامہ، قادسیہ اور نہاوند کے معرکے، محمد بن قاسم، طارق، غزنوی اور غوری کی فتوحات اور اولیاء کرام کی تبلیغی سرگرمیاں اور محیّر العقول کامیابیاں عالمِ واقعہ میں وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ کی کتنی حسین اور دِلکش تفسیریں ہیں۔

وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا

اور یہ اس لیے کہ دیکھ لے اللہ تعالیٰ ان کو جو ایمان لائے ۱۵۲ اور بنالے تم میں سے کچھ شہید ۱۵۳ اور اللہ تعالیٰ

يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ

دوست نہیں رکھتا ظالموں کو اور اس لیے کہ نکھار دے اللہ تعالیٰ اُنھیں جو ایمان لائے اور مٹا دے

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ

کافروں کو کیا تم گمان رکھتے ہو کہ (یونہی) داخل ہو جاؤ گے جنت میں حالانکہ ابھی دیکھا ہی نہیں اللہ نے

الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ

ان لوگوں کو جنھوں نے جہاد کیا تم میں سے اور دیکھا ہی نہیں (آزمائش میں) صبر کرنے والوں کو اور تم تو آرزو کرتے تھے

الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۪ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾ ع

موت کی اس سے پہلے کہ تم اس سے مُلاقات کرو سو اَب دیکھ لیا تم نے اس کو اور تم (آنکھوں سے) مشاہدہ کر رہے ہو

۱۵۲ اللہ تعالیٰ کو ہر چیز کا ہر شخص کے ظاہر و باطن کا تفصیلی اور یقینی علم ازل سے حاصل ہے تو پھر یہاں ولیعلم اللہ (تاکہ اللہ جان لے) سے کیا مُراد ہے؟ علمائے کرام نے بڑی شرح وبسط سے اس مسئلہ پر بحث کی ہے۔ بعض نے یہ فرمایا کہ یہاں مضاف محذوف ہے مقصد ہے ولیعلم اولیاء اللہ یعنی تاکہ اللہ کے دوست مومن اور کافر کو جان لیں۔ بعض نے کہا کہ یعلم بمعنی یمیز ویُعلِمُ ہے کہ اللہ تعالیٰ دُوسروں کو جتا دے لیکن جمہور کا قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا علم دو طرح کا ہے۔ ایک تو یہ کہ مُستقبل میں یُوں واقع ہوگا۔ یہ علم تو ازل سے حاصل ہے۔ اس علم پر کوئی جزا۔ یا سزا، مدح یا ذم مرتب نہیں ہوتی۔ لیکن جب کوئی معلوم چیز علم باری کے مُطابق خارج میں موجود ہو جاتی ہے تو اُس وقت یہ علم حاصل ہوتا ہے کہ اب یہ چیز عدم سے وجُود میں آگئی اور اسی علم پر جزاء و سزا مرتب ہوتی ہے۔ یہاں آیت میں علم کا یہی معنی مُراد ہے جسے علم ظہُور کے عنوان سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ قول الجمھور ان المراد بالعلم علم الظهور (المنار)

۱۵۳ شہداء سے مُراد شہیدانِ جہاد ہیں۔ اُنھیں کے خُون سے قوم وملّت کی تاریخ کو رنگینی اور رعنائی نصیب ہوتی ہے۔ اور شہداء سے وُہ کاملین اُمت بھی مُراد لیے جاسکتے ہیں جن کا عمل اور سیرت اس دُنیا میں اسلام کی حقّانیت پر شاہد عدل ہے اور جن کا علم اور بصیرت قیامت کے روز لوگوں کے اعمال پر گواہ ہوگا۔ جن کا ذکر لتکونوا شهداء على الناس میں گزر چکا ہے۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَا۠ئِنْ مَّاتَ

اور نہیں محمد (مصطفےٰ) مگر (اللہ کے) رسول ۱۵۴ے گزر چکے ہیں آپ سے پہلے کئی رسول ۱۵۵ے تو کیا اگر وہ انتقال فرمائیں

اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ

یا شہید کر دیئے جائیں پھر جاؤ گے تم اُلٹے پاؤں (دینِ اسلام سے) اور جو پھرتا ہے اُلٹے پاؤں

۱۵۴ے جنگِ اُحد میں جب خالد نے درّہ کو خالی پاکر مسلمانوں پر پیچھے سے حملہ کر دیا۔ اس ناگہانی حملہ سے خوف وہراس کی لہر دوڑ گئی۔ ابن قمیہ نے پتھر مار کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو شدید زخمی کر دیا تو یہ افواہ اُڑ گئی کہ حضورؐ شہید کر دیئے گئے۔ بس اس خبر کا مشہور ہونا تھا کہ مسلمانوں کے اوسان خطا ہو گئے۔ بعض کمزور دل مسلموں نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ کاش عبداللہ بن ابی ہمارے لیے ابوسفیان سے امان طلب کرے۔ بعض منافقوں نے یہ پروپیگنڈا شروع کر دیا کہ محمدؐ (علیہ الصلوٰۃ والسّلام) نبی ہوتے تو شہید کیسے کیے جاتے آؤ اپنے پہلے دین کی طرف لوٹ جائیں۔ لیکن بعض ایسے جانباز بھی تھے کہ اس مشکل وقت میں بھی ثابت قدم رہے۔ حضرت انسؓ بن نضر للکار رہے تھے کہ آؤ جس مقصد کے لیے ہمارے آقا نے جان دی اسی کے لیے ہم بھی اپنا سر قربان کر دیں حضورؐ کے بعد زندہ رہنے میں کیا لطف؟ اگر رسول اللہ شہید ہو گئے تو کیا ہوا اُن کا رب تو زندہ ہے۔ یہ کہہ کر کفّار پر حملہ کر دیا۔ اور لڑتے لڑتے جامِ شہادت نوش کیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ بعض نومسلموں نے حضورؐ کی شہادت کی خبر سُن کر جو کمزوری دکھائی اُس پر اُنھیں تنبیہ کی جارہی ہے کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم رسول ہیں خدا نہیں۔ اس دُنیا میں حضورؐ کے قیام کی مدّت مقرر ہے۔ جب وہ فانی دُنیا کو چھوڑ کر رفیقِ اعلیٰ کی طرف انتقال فرمائیں تو کیا تم ان کا دین چھوڑ دو گے۔ اور اسلام کی خاطر لڑنا بند کر دو گے۔ ایسا کیا تو خود ہی نقصان اُٹھاؤ گے۔ اللہ تعالیٰ کے دین کو تمھارے اس رویّہ سے کوئی ضرر نہیں پہنچے گا۔

۱۵۵ے اس آیت سے بعض سینہ زوروں نے حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی وفات ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ قرآن فرماتا ہے کہ آپ سے پہلے جتنے رسول تھے فوت ہو چکے ہیں اس لیے عیسٰی علیہ السّلام بھی زندہ نہیں۔ لیکن ان کا مدعا تو تب ثابت ہوتا کہ آیت کے الفاظ یُوں ہوتے۔ قد ماتت من قبله الرسل یعنی آپ سے پہلے جتنے رسول تھے وُہ وفات پا چکے۔ حالانکہ قرآن کے الفاظ ہیں قد خلت من قبله الرسل اور خلا یخلو کا معنی الگ ہو جانا علیحدہ ہو جانا ہے نہ کہ مر جانا۔ ابھی ایک آیت گزری ہے جس میں منافقین یہود کا ذکر ہے واذا خلوا عضوا علیکم الانامل اس میں خلوا کا یہ معنی نہیں کہ جب وُہ مر جاتے ہیں بلکہ جب وُہ الگ ہوتے ہیں تو غصّہ سے اپنی اُنگلیاں کاٹتے ہیں۔ قرآن کے واضح الفاظ کے واضح معنوں کی ایسی تحریف سے خُدا بچائے۔

فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَمَا كَانَ

تو نہیں بگاڑ سکے گا اللہ کا کچھ بھی اور جلدی اجر دے گا اللہ تعالیٰ شکر کرنے والوں کو ۱۵۶؎ اور نہیں ممکن کہ

لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَمَنْ يُّرِدْ

کوئی شخص مرے ۱۵۷؎ بغیر اللہ کی اجازت کے۔ لکھا ہوا ہے (موت کا) مقرر وقت۔ اور جو شخص چاہتا ہے

ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ

دُنیا کا فائدہ ہم دیتے ہیں اس کو اس سے اور جو شخص چاہتا ہے آخرت کا فائدہ ہم دیتے ہیں اُسے

مِنْهَا ؕ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ

اس میں سے اور ہم جلدی اجر دیں گے اپنے شکر گزار بندوں کو اور کتنے ہی ۱۵۸؎ نبی گزرے ہیں کہ جہاد کیا ان کے ہمراہ

رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا

بہت سے اللہ والوں نے سو نہ ہمّت ہاری اُنھوں نے بوجہ اُن تکلیفوں کے جو پہنچیں اُنھیں اللہ کی راہ میں اور نہ

ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَمَا

کمزور ہُوئے اور نہ اُنھوں نے ہار مانی اور اللہ تعالیٰ پیار کرتا ہے (تکلیفوں میں) صبر کرنے والوں سے اور نہیں

۱۵۶؎ یہی شکر گزار بندے ہیں جنھوں نے نعمتِ اسلام کو پہچانا، اس کی قدر کی اور اس کے لیے اپنی جان دے کر اس بے مثل نعمت کے شکریہ کا حق ادا کر دیا۔

۱۵۷؎ یعنی موت کا ایک دِن معیّن ہے۔ بُزدلی سے زندگی بڑھ نہیں سکتی اور شجاعت و دلیری سے گھٹ نہیں سکتی پھر جہاد سے جی چُرانے سے کیا حاصل؟

۱۵۸؎ "کاین" کم خبریہ کے معنی میں ہے۔ اصل میں ایّ تھا۔ اس پر کاف تشبیہ کا داخل کر کے نون تنوین کو نون کی شکل میں لکھ دیا۔ "کاین"۔ اِس میں مشہور لغت کائن بھی ہے۔ ربیّون کی راء پر تینوں حرکتیں آسکتی ہیں۔ زمخشری نے تو اس کا معنی رب والے ہی کیا ہے۔ والربیّون، الربانیّون (کشاف) لیکن علامہ قرطبی نے اس کا دُوسرا معنی انبوہِ کثیر بھی لکھا ہے الربّیّون الجماعة الكثيرة۔ اِس صُورت میں اس کا واحد رُبّی ہے اور رِبّة بمعنی جماعت کی طرف منسوب ہے۔ اس آیت میں

كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا

تھی ان کی گفتگو بغیر اس کے کہ کہا اُنھوں نے اَے ہمارے رب! بخش دے ہمارے گناہ ۱۵۹ اور جو زیادتیاں کیں ہم نے

فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾

اپنے کام میں ۱۶۰ اور ثابت قدم رکھ ہمیں اور فتح دے ہم کو قوم کفّار پر

بھی اُن لوگوں کو سرزنش کی جارہی ہے جن کے قدم اُحد میں ڈگمگا گئے۔ کہ پہلے بھی انبیائے کرام اپنے صحابہ سمیت کفر سے جنگ آزما ہُوئے لیکن وُہ مصائب وشدائد میں گھبرائے نہیں۔ اَور تم تو خیرُ الاُمم ہو اَور سیّدُ الانبیاء کے غلام ہو۔ کیا تمھیں یہ زیب دیتا ہے کہ مُصیبت کے لمحوں میں ثابت قدم نہ رہو۔

۱۵۹ کتنی پاکیزہ دُعا ہے۔ اَور اِس کے سارے جُملے کتنے معنی خیز، دِلکش اَور پُر از تاثیر ہیں۔ اِبتدا میں اُن اُمُور سے پناہ مانگی جارہی ہے جو شکست کا باعث بنتے ہیں۔ قوم اپنے گناہوں کے باعث اللہ تعالیٰ کے لُطف وکرم سے محرُوم ہو جاتی ہے۔ دُشمن جب اس پر ہلّہ بولتا ہے تو تائیدِ ربّانی اس کی پشت پناہی نہیں کرتی اَور وُہ قوم شکست کھا جاتی ہے۔ اِس لیے عرض کی کہ الٰہی! ہم سے جو گناہ اَور قصُور سرزد ہُوئے ہیں وُہ معاف فرما دے اَور ہم پر راضی ہو جا۔ نیز بسا اَوقات دُشمن سے نبرد آزما ہونے کے لیے جس قسم کی تیّاری کی ضرورت ہوتی ہے اس میں کوتاہی ہو جاتی ہے۔ فوج کی عسکری تربیت میں خامی رہ جاتی ہے۔ جدید اسلحہ کی ساخت اَور فراہمی کا بندوبست نہیں ہو پاتا۔ جنگ کا منصُوبہ پُوری محنت اَور ہوشمندی سے تیّار نہیں کیا جاتا۔ یہ چیزیں بھی ناکامی کا باعث بن جایا کرتی ہیں۔ اِن کوتاہیوں اَور غفلتوں سے بھی عفو و درگذر کی اِلتجا کی جارہی ہے۔ اس کے بعد فتح کے لیے دامن پھیلایا جارہا ہے۔ لیکن پہلے میدانِ جنگ میں صبر و اِستقامت کی توفیق مانگی جارہی ہے جو کامیابی کی شرطِ اوّل ہے۔

یہ جُملہ دُعا بھی ہے اَور ایک عملی ہدایت نامہ بھی۔ جس اُمّت کے پاس ایسی کتاب ہو جو نہ خود حقائق سے اغماض کرتی ہو اَور نہ اپنے ماننے والوں کو اس غلط راستہ پر چلنے کی اِجازت دیتی ہو۔ وُہ اُمّت اگر طِفل تسلّیوں میں مُبتلا رہے اَور جھُوٹی اُمیدوں کی بُنیادوں پر ہوائی قلعے تعمیر کرتی رہے تو اِس سے زیادہ المناک سانحہ اَور کیا ہو سکتا ہے۔

۱۶۰ واسرافنا فی امرنا سے یہ مقصد بھی ہو سکتا ہے کہ اس خاص مہم کے لیے تیار ہونے میں جو غفلت اَور تساہل ہو گیا جس کی وجہ سے فتح و کامرانی کے ظاہری اسباب کی تکمیل میں کمی رہ گئی اُس سے عفو و درگزر کی اِلتجا کی جارہی ہے۔ کیونکہ ہمیں توکّل کے ساتھ ساتھ ظاہری اسباب مہیّا کرنے کا بھی حکم دیا گیا ہے۔

فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ۗ وَاللّٰهُ

تو دے دیا ان کو ۱۶۱ اللہ تعالیٰ نے دُنیا کا ثواب (یعنی کامیابی) اور عمدہ ثواب آخرت کا (یعنی نعیم جنّت اور لذّتِ وصل) اور اللہ تعالیٰ

يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ

محبّت کرتا ہے نیکو کاروں سے اے ایمان والو! ۱۶۲ اگر پیروی کرو گے تم

كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ بَلِ اللّٰهُ

کافروں کی تو وُہ پھیر دیں گے تمھیں اُلٹے پاؤں (کفر کی طرف) تو تم لوٹو گے نقصان اُٹھاتے ہوئے بلکہ اللہ

مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ

حامی ہے تمھارا اور وُہ سب سے بہتر مدد فرمانے والا ہے ابھی ہم ڈال دیں گے کافروں کے دِلوں

كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَ

میں ۱۶۳ رُعب اِس لیے کہ اُنھوں نے شریک بنا لیا اللہ کے ساتھ اُس کو جس کے لیے نہیں اتاری اللہ نے کوئی دلیل اور

۱۶۱ ثوابِ دُنیا سے مُراد فتح وظفر، رُعب و دبدبہ اور تحسین و آفرین ہے۔ اور ثوابِ آخرت سے مقصود جنّت، رضائے الٰہی اور لذّتِ وصل ہے۔

۱۶۲ پہلی آیت میں انبیائے سابقین کے انصار و اعوان کی اِقتدا کا حکم دیا گیا۔ اس آیت میں کفّار کی اطاعت سے روکا گیا۔ کیونکہ ان کی اطاعت کا نتیجہ یہ ہوگا کہ دین کا دامن ہمارے ہاتھ سے چھوٹ جائے گا۔ یا کم از کم ہماری گرفت ڈھیلی پڑ جائے گی۔

۱۶۳ اس کا مظاہرہ جنگِ اُحد میں ہی ہو گیا۔ کفّار نے پلٹ کر عقب سے حملہ کر کے مسلمانوں کو سراسیمہ کر دیا تھا۔ ان کی صفیں درہم برہم ہو گئی تھیں۔ ان کی کثیر تعداد شہید اور فوج کا بیشتر حصّہ بُری طرح زخمی ہو چکا تھا۔ اگر وُہ اُس وقت مدینہ پر یلغار کرتے تو ظاہری حالات ایسے تھے کہ شاید انھیں کسی قابلِ ذکر مزاحمت کا سامنا نہ کرنا پڑتا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اُن کے دِلوں کو اتنا مرعوب اور خوفزدہ کر دیا کہ اُنھوں نے وُہ مہم جس کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے وُہ پُورے طمطراق سے آئے تھے اور اپنی عورتوں کو بھی ساتھ لائے تھے اس کو نامکمل چھوڑ کر واپس ہونے میں ہی اپنی عافیت سمجھی۔ راستہ میں اُنھیں اپنی اس غلطی کا احساس بھی ہوا کہ وُہ اپنے کام کو ادھورا چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ چنانچہ اُنھوں نے واپسی کا قصد بھی کیا لیکن ہمّت نے جواب دے دیا۔

مَأْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ

اُن کا ٹھکانا آتش (جہنّم) ہے اور بہت بُری جگہ ہے ظالموں کی اور بے شک سچ کر دکھایا تم سے

اللّٰهُ وَعْدَهٗۤ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰۤى اِذَا فَشِلْتُمْ وَ

اللہ نے اپنا وعدہ ۱۶۴؎ جب کہ تم قتل کر رہے تھے کافروں کو اس کے حکم سے یہاں تک کہ جب تم بزدل ہو گئے اور

تَنَازَعْتُمْ فِى الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ؕ

جھگڑنے لگے (رسولؐ کے حکم کے بارے میں اور نافرمانی کی تم نے اس کے بعد کہ اللہ نے دکھا دیا تھا تمھیں جو تم پسند کرتے تھے

اُلٹا زخم خوردہ مسلمانوں نے اپنے نبیؐ کی قیادت میں مدینہ سے آٹھ میل دُور حمراء الاسد تک اُن کا تعاقب کیا۔ رُعب بھی فتحیابی کا بہت بڑا سبب ہے۔ بسا اوقات دُشمن لڑے بغیر ہتھیار ڈال دیتا ہے۔ اور حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی خصوصیات میں سے یہ بھی ہے کہ دُشمن ایک ماہ کی مُسافت پر ہراساں رہتا تھا۔

۱۶۴؎ امام بُخاری نے براء ابن عازب سے جنگِ اُحد کا چشم دید حال روایت کیا ہے جس سے اس آیت کا مفہوم بالکل واضح ہو جاتا ہے۔ ترجمہ ملاحظہ ہو:۔

براءؓ بن عازب فرماتے ہیں۔ اُحد کے دن جب ہمارا مقابلہ مُشرکین سے ہوا تو حضورؐ نے تیر اندازوں کے ایک دستہ کو عبداللہ بن جبیر کی امارت میں درّہ پر متعیّن فرمایا اور اُنھیں حُکم دیا کہ چاہے ہمیں فتح ہو یا شکست تم کسی صُورت میں اس جگہ کو نہ چھوڑنا۔ جب لڑائی شروع ہوئی تو مُسلمانوں نے کفّار کو بھاگنے پر مجبُور کر دیا۔ ہم نے اُن کی عورتوں کو دیکھا کہ وُہ پہاڑ میں اِدھر اُدھر حواس باختہ ہو کر بھاگ رہی ہیں۔ اُنھوں نے پائنچے اُوپر چڑھائے ہُوئے ہیں۔ اُن کی پنڈلیاں برہنہ ہو رہی ہیں اور اُن کی پازیبیں نظر آرہی ہیں۔ جنگ کی یہ حالت تھی اور مسلمانوں نے غنیمت غنیمت کہنا شروع کر دیا۔ تیر اندازوں کے دستہ نے بھی غنیمت جمع کرنے میں شریک ہونا چاہا۔ عبداللہ بن جبیر نے اُنھیں کہا کہ ٹھہرو! کیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے تمھیں حکم نہیں دیا تھا کہ یہاں سے ہرگز نہ ہٹنا۔ لیکن وُہ وہاں نہ ٹھہرے۔ کفّار نے پیچھے سے حملہ کر دیا اور مُسلمانوں کے ستّر آدمی شہید ہو گئے۔ براءؓ فرماتے ہیں کہ ابُوسفیان نے اُونچی جگہ کھڑے ہو کر حضورؐ کا نام پاک لے کر پوچھا۔ کیا تم میں محمّدؐ (فداہ اُمّی وابی) ہیں؟ حضورؐ نے جواب دینے سے منع فرما دیا۔ اس نے یہ سوال تین بار دُہرایا۔ پھر اُس نے تین بار پُوچھا۔ کیا تم میں ابن ابی قحافہ (ابُوبکر) ہیں؟ پھر بھی جواب دینے سے حضورؐ نے روک دیا۔ پھر اُس نے تین بار پُوچھا۔ کیا تم میں عُمر ہیں؟ پھر بھی جواب کی اجازت نہ ملی۔ ابُوسفیان نے اپنے احباب کی طرف متوجّہ ہو کر (خوشی سے) کہا کہ یہ تینوں تو قتل ہو گئے۔ اب حضرت عُمرؓ سے ضبط نہ ہو سکا۔ آپ نے فرمایا اے اللہ کے دُشمن! تم جھُوٹ بکتے ہو۔ تجھے ذلیل و رُسوا کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اُنھیں باقی رکھا ہے۔ پھر اُس نے نعرہ مارا اعل ھبل۔ ھبل کی جے! حضورؐ نے فرمایا۔ تم کہو

مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ

بعض تم میں سے ۱۶۵ طلبگار ہیں دُنیا کے اور بعض تم میں سے طلبگار ہیں آخرت کے پھر

صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ

پیچھے ہٹا دیا تمھیں ان کے تعاقب سے تاکہ آزمائے تمھیں اور بے شک اس نے معاف فرما دیا تم کو ۱۶۶ اور اللہ تعالیٰ بہت

فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى

فضل و کرم فرمانے والا ہے مومنوں پر یاد کرو جب تم دُور بھاگے جا رہے تھے ۱۶۷ اور مڑ کر دیکھتے بھی

اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ

نہ تھے کسی کو اور رسول کریم ۱۶۸ بلا رہے تھے تمھیں پیچھے سے پس اللہ نے پہنچایا تمھیں غم کے بدلے غم ۱۶۹

اللہ اعلیٰ واجل۔ اللہ بلند اور بزرگ ہے۔ پھر ابوسفیان نے ازراہِ غرور کہا لنا عزی ولا عزی لکم ہمارا عزی ہے اور تمھارا کوئی عزی نہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ تم کہو اللہ مولانا ولا مولا لکم اللہ ہمارا مددگار رہے اور تمھارا کوئی مددگار نہیں۔" اب یہ آیت مزید کسی تشریح کی محتاج نہیں۔

۱۶۵ اس سے مراد وہ تیرانداز ہیں جو مالِ غنیمت حاصل کرنے کے لیے اپنا مورچہ چھوڑ گئے اور منکم من یرید الآخرۃ سے مراد حضرت عبداللہؓ بن جبیر اور اُن کے وہ دس ساتھی ہیں جو اپنی جگہ پر جمے رہے اور شہید ہوئے۔

۱۶۶ زبردست سرزنش کرنے کے بعد اب اُن کو یہ مژدہ سُنایا جا رہا ہے کہ تمھاری اس خطا کو تمھارے مولا کریم نے معاف فرما دیا ہے بے شک اللہ تعالیٰ مومنوں پر اپنا فضل و کرم فرمانے والا ہے۔ اس سے یہ واضح ہوا کہ جن سے یہ لغزش ہوئی وہ مومن تھے اب جب اللہ تعالیٰ اُنھیں مومن کہے اور اُن کی لغزش کو معاف کر دے تو آج کون ہے جسے یہ حق پہنچتا ہو کہ ان نفوسِ قدسیہ کے ایمان میں شک کرے یا اُن پر زبان طعن دراز کرے۔

۱۶۷ زمین میں دُور تک دوڑے چلے جانے کو اصعاد کہتے ہیں۔ الاصعاد الذھاب والابعاد فی الارض (بیضاوی) ابوحاتم نے کہا کہ بلندی پر چڑھنے کو صعود اور ہموار زمین اور وادیوں میں چلنے کو اصعاد کہتے ہیں (قرطبی) اُحد میں مسلمانوں کی افراتفری کا نقشہ کھینچا جا رہا ہے۔

۱۶۸ دُشمن کے ناگہانی دوطرفہ حملہ سے جو دہشت اور خوف پھیل گیا تھا اس میں بڑے بڑے بہادروں کی کمرِ ہمت ٹوٹ گئی۔ پاؤں ڈگمگا گئے۔ اور جان بچانے کی فکر میں اِدھر اُدھر بھاگ کھڑے ہوئے لیکن اللہ کا پیارا محبوب ﷺ اور سچا رسول ﷺ پہاڑ کی طرح

لِّكَيْلَا تَحْزَنُوا عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَا أَصَابَكُمْ ۗ وَاللَّهُ خَبِيرٌ

تاکہ تم نہ غمگین ہو ١٧٠ اس چیز پر جو کھو گئی ہے تم سے اور نہ اس مصیبت پر جو پہنچی ہے تمھیں اور اللہ تعالیٰ خبردار ہے

بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٥٣﴾ ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّن بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً

جو کچھ تم کر رہے ہو پھر اُتاری اللہ تعالیٰ نے تم پر ١٧١ غم و اندوہ کے بعد راحت (یعنی)

نُّعَاسًا يَغْشَىٰ طَائِفَةً مِّنكُمْ ۖ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ

غنودگی جو چھا رہی تھی ایک گروہ پر تم میں سے اور ایک جماعت ایسی تھی جسے فکر پڑا ہوا تھا (صرف)

اپنی جگہ پر جما رہا۔ نہ دل میں ہراس، نہ چہرہ پر مایوسی، نہ زبان پر شکوہ اور نہ حرکات میں بے ضابطگی۔ شجاعتِ رسالت اور وقارِ نبوت کا صحیح مظاہرہ اسی روز ہوا۔ صرف بارہ جان نثار پاس ہیں اور دشمن کا ٹڈی دل لشکر چاروں طرف سے اُمڈا چلا آرہا ہے۔ لیکن یہاں پیشانی پر بل تک نہیں۔ اس وقت بھی زبان پاک سے الیّ عباد اللہ الیّ عباد اللہ اے اللہ کے بندو میری طرف آؤ۔ اے اللہ کے بندو میری طرف آؤ کے الفاظ نکل رہے ہیں۔

١٦٩ یعنی تم نے حکم نبوی سے سرتابی کرکے حضور کو رنج پہنچایا۔ اس کے بدلے تمھیں بھی غم سے دوچار ہونا پڑا۔ جیتا ہوا میدان ہاتھ سے نکل گیا۔ تعداد کثیر شہید ہوگئی اور حضور کی شہادت کی خبرِ وحشت اثر نے تو دنیا ہی تاریک کردی۔

١٧٠ اس کا ایک مفہوم تو یہ ہے کہ یہ غم پر غم، رنج پر رنج اس لیے دیا کہ تم ان کے خوگر ہوجاؤ اور آئندہ کبھی ایسی صورت پیش آئے تو صبر و استقامت سے کام لو۔ لیکن بعض علماء نے فرمایا ہے کہ یہ جملہ لقد عفا عنکم سے متعلق ہے یعنی اس لغزش کے باوجود تمھیں معاف اس لیے کردیا کہ غلطی کا احساس تمھیں ہمیشہ حزین و غمگین نہ بنائے رکھے۔ احساسِ خطا کے اس تکلیف دِہ زخم پر اللہ تعالیٰ نے عفو و کرم کا مرہم لگا دیا۔ علامہ قرطبی نے اسی کو پسند کیا ہے۔

١٧١ اُحد میں جب جسم زخموں سے چُور چُور ہو رہے تھے۔ تھکن سے جوڑ جوڑ ٹوٹ رہا تھا۔ عزیز احباب کے لاشے خاک و خون میں تڑپ رہے تھے۔ ہر طرف خوف و ہراس پھیلا ہوا تھا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے مخلص مومنوں پر غنودگی طاری کردی جس سے پھر یہ تھکا ماندہ لشکر تازہ دم ہوگیا۔ حضرت ابوطلحہ رض فرماتے ہیں کہ ہم اُونگھنے لگے۔ یہاں تک کہ کئی بار تلوار میرے ہاتھ سے چھوٹی اور میں نے اسے سنبھالا۔ ایسی حالت میں نیند کا آنا واقعی ایک بڑی نعمت ہے۔

اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ

اپنی جانوں کا ۱۷۲ے بدگمانی کر رہے تھے اللہ کے ساتھ بلا وجہ عہدِ جاہلیت کی بدگمانی کہتے

هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ

کیا ہمارا بھی اِس کام میں کچھ دخل ہے آپ فرمائیے اختیار تو سارا اللہ کا ہے

يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ

چھپائے ہوئے ہیں اپنے دلوں میں جو ظاہر نہیں کرتے آپ پر کہتے ہیں (اپنے دِلوں میں) اگر ہوتا

لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ

ہمارا اِس کام میں کچھ دخل تو نہ مارے جاتے ہم یہاں (اس بے ردی سے) آپ فرمائیے کہ اگر تم (بیٹھے) ہوتے ۱۷۳ے

بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ

اپنے گھروں میں تو ضرور نکل آتے (وہاں سے) وُہ لوگ لکھا جا چکا تھا جن کا قتل ہونا اپنی قتل گاہوں کی طرف (یہ سارے

وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ

مصائب اس لیے تھے) تاکہ آزمالے اللہ تعالیٰ جو کچھ تمہارے سینوں میں (چھپا) تھا اور صاف کر دے جو (میل کچیل) تمہارے دِلوں میں تھا

۱۷۲ے منافقین کی تین سو کی نفری تو ابن ابی کے ساتھ راستہ سے ہی لوٹ گئی تھی۔ لیکن ایک مختصر سی جماعت (معتب بن قشیر اور اس کی پارٹی) ساتھ تھی۔ انھیں نیند کے لُطف سے محرُوم رکھا گیا۔ کیونکہ انھیں نہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی سلامتی کا فکر تھا اور نہ کامیابی کا خیال۔ انھیں صرف اپنی پڑی تھی کہ وُہ کہیں زندہ و سلامت گھر پہنچیں۔ لیکن جب جنگ کا پانسہ پلٹ گیا تو ان کا چھپا ہوا نفاق اور اِسلام دشمنی ان کی زبان سے ظاہر ہوئے بغیر نہ رہ سکی۔ اور جو کچھ بے سرو پا باتیں اُنھوں نے کیں۔ ان کو قرآن نے وضاحت سے ذِکر کر دیا۔

۱۷۳ے یعنی جب موت کا وقت معیّن آ جاتا ہے تو اِنسان اپنی قتل گاہ کی طرف خُود بخود کھچا چلا آتا ہے۔ وُہ لاکھ کترائے لیکن تقدیر اسے پابجولاں لے ہی آتی ہے۔

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ

اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے سینوں کے رازوں کا ۱۷۴ بے شک وہ لوگ جو پیٹھ پھیر گئے تھے تم سے ۱۷۵

يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ

اُس روز جب مقابلہ میں نکلے تھے دونوں لشکر تو پھسلا دیا تھا اُنھیں شیطان نے بوجہ ان کے کسی عمل کے

وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۵۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور بے شک (اب) معاف فرما دیا ہے اللہ تعالیٰ نے انھیں یقیناً اللہ بہت بخشنے والا نہایت حلم والا ہے اے ایمان والو!

۱۷۴ اب پھر خطاب مومنین صادقین سے ہے کہ ان مصیبتوں کی بھٹی میں تمھیں اس لیے ڈالا گیا کہ کھوٹا کھرا الگ الگ ہو جائے اور لغزش کا میل کچیل دُھل جائے۔

۱۷۵ اس افراتفری میں جو لوگ بھاگ کھڑے ہوئے تھے انھیں پہلے مژدہ سنایا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کی غلطی معاف فرما دی۔ ان کی مزید تسکین خاطر کے لیے اسی خوشخبری کو دُہرایا جا رہا ہے۔ ایک دفعہ حضرت عثمان اور حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما میں کسی بات پر تیز کلامی ہو گئی۔ تو حضرت عبد الرحمٰن نے حضرت عثمان سے کہا کہ تمھیں کوئی حق نہیں پہنچتا کہ مجھے بُرا بھلا کہو۔ کیونکہ میں بدر میں شریک تھا اور تم غیر حاضر تھے۔ میں نے بیعتِ رضوان کی اور آپ نے نہیں کی۔ اور میں اُحد میں ثابت قدم رہا اور تم نہ رہے۔ تو حضرت عثمان نے جواب میں فرمایا کہ غزوۂ بدر میں میری غیر حاضری کی خاص وجہ تھی۔ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صاحبزادی (ان کی زوجۂ محترمہ) بیمار تھیں اور میں ان کی تیمارداری اور خدمت گزاری میں رہا اور حضور کریم نے مجھے مجاہدینِ بدر کے سے اجر کی خوشخبری بھی دی اور مالِ غنیمت سے مجھے ان کے برابر حصہ بھی دیا۔ بیعتِ رضوان کے وقت میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سفیر بن کر کفارِ مکہ کے پاس گیا ہوا تھا اور جب تم لوگ بیعت کر چکے تو حضور نے اپنا دایاں ہاتھ اپنے بائیں ہاتھ پر رکھ کر فرمایا ھذہ لعثمان یہ ہاتھ عثمان کی طرف سے ہے فیمین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وشمالہ خیرلی من یمینی وشمالی۔ میرے دائیں اور بائیں ہاتھ سے سرورِ عالم کا دایاں اور بایاں ہاتھ میرے لیے ہزار درجہ بہتر ہے۔ باقی رہا غزوۂ اُحد کا حادثہ تو اس کے متعلق خود اللہ کریم نے فرما دیا لقد عفا اللہ عنھم کہ اللہ تعالیٰ نے اُنھیں بخش دیا۔ یہ مسکت جواب سُن کر حضرت عبد الرحمٰن کو خاموش ہونا پڑا۔

اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا

۱۷۶ نہ ہو جاؤ ان لوگوں کی طرح جنھوں نے کفر اختیار کیا اور جو کہتے تھے اپنے بھائیوں کو جب وُہ سفر کرتے

فِى الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا

کسی علاقہ میں یا ہوتے تھے جہاد کرنے والے کہ اگر وُہ ہوتے ہمارے پاس تو نہ مرتے اور نہ مارے جاتے

لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِىْ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ ؕ

تاکہ بنائے ۱۷۷ اللہ تعالیٰ اس (خیالِ باطل) کو حسرت (کا باعث) ان کے دلوں میں اور (درحقیقت) اللہ ہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۵۶﴾ وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے اور واقعی اگر تم قتل کیے جاؤ ۱۷۸ راہ خدا میں

۱۷۶ منافقین جو اپنے آپ کو مسلمان کہتے اور مسلمانوں کے ساتھ بھائی چارے کا دعویٰ کیا کرتے وُہ اپنی بُزدلی اور نامردی کو حزم و احتیاط اور مسلمانوں کے جذبۂ جہاد اور شوقِ سرفروشی کو دیوانگی سمجھا کرتے۔ اور جب کوئی مسلمان جہاد میں جامِ شہادت نوش کرتا تو ردنی صُورت بنا کر خیر خواہی کے انداز میں کہا کرتے کہ کاش یہ ہمارے بھائی جو جنگوں میں کٹ کٹ کر مر رہے ہیں ہماری طرح آرام سے گھروں میں ٹھیرتے تو کاہے کو یہ مُصیبت آتی۔ بچے یتیم ہوتے۔ بیگم کا سہاگ اُجڑا۔ ماں کی دُنیا تاریک ہو گئی۔ اللہ تعالیٰ مُسلمانوں کو ہوشیار فرمارہے ہیں کہ ان مکاروں کے فریب میں نہ آنا۔ موت و حیات میرے قبضۂ قدرت میں ہے۔ میں چاہُوں تو گھر میں رُوح قبض کرلُوں اور چاہُوں تو گھمسان کے رن میں جہاں گولیاں برس رہی ہوتی ہیں۔ توپیں دھاڑ رہی ہوتی ہیں۔ اور طیّارے بموں کی بارش کر رہے ہوتے ہیں بچالُوں۔

۱۷۷ حسرت یہ بھی کہ مُسلمان ان کی باتوں کو نہیں مانتے تھے۔ باپ شہید ہو چکا ہے اور بیٹا کفن باندھے میدانِ جہاد کا رُخ کر رہا ہے۔ بھائی سر کٹا چکا ہے اور دُوسرا بھائی خونِ شہادت سے سُرخرُو ہونے کی دُعائیں مانگ رہا ہے۔ ماں اپنے ایک شہید بیٹے کو سپُردِ خاک کرنے کے بعد دُوسرے بیٹے کو اپنے دُودھ کی لاج رکھنے کی نصیحت کر کے سر پر خود اور ہاتھ میں تلوار دے رہی ہے۔ ان منافقین کے لیے اس سے زیادہ حسرت آمیز اور الم انگیز کیا چیز ہو سکتی ہے۔

۱۷۸ پہلے تو یہ ضروری نہیں کہ جو گھر پڑا ہے گا وُہ مرے گا نہیں اور جو جہاد کے لیے جائے گا وُہ ضرُور مرے گا۔ اور اگر اسے تسلیم بھی کر لیا جائے تو بھی یہ سودا بڑا سُود مند ہے۔ اس حیاتِ فانی کے عوض اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت میسّر آجائے تو پھر اور کیا چاہیئے۔

اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿١٥٧﴾ وَ

یا تم مر جاؤ تو اللہ کی بخشش اور رحمت (جو تمھیں نصیب ہو گی) بہت بہتر ہے اس سے جو وہ جمع کرتے ہیں اور

لَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿١٥٨﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ

اگر تم مر گئے یا مارے گئے تو اللہ کے حضور جمع کیے جاؤ گے ۱۷۹ پس (صرف) اللہ کی رحمت سے ۱۸۰

اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا

آپ نرم ہو گئے ہیں ان کے لیے اور اگر ہوتے آپ تند مزاج سخت دل تو یہ لوگ منتشر ہو جاتے

مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي

آپ کے آس پاس سے تو آپ درگزر فرمایئے ان سے اور بخشش طلب کیجیے ان کے لیے ۱۸۱ اور صلاح مشورہ کیجیے ان سے اس

۱۷۹ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اب تو ہم اللہ تعالیٰ سے کہیں دُور ہیں اور قیامت کے روز ہمیں اُس میدان میں کھڑا کیا جائے گا۔ جہاں ہم خدا کے رُوبرُو ہوں گے۔ ہم تو اب بھی اُس سے دُور نہیں۔ اور وہ اب بھی ہماری شہ رگ سے قریب تر ہے لیکن آج ہم طرح طرح کی مشغولیتوں میں ایسے کھوئے ہوئے ہیں کہ ہمیں اس قُرب کا احساس نہیں رہا۔ اس طرح ہم اس سے گویا بہت دُور ہیں لیکن قیامت کے روز سارے مشاغل ختم ہو جائیں گے۔ اور قُربِ الٰہی کا ہم اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر لیں گے اور ہم اعتراف کریں گے کہ اب ہم اس کے رُوبرو کھڑے کر دیئے گئے ہیں۔

۱۸۰ ما موصولہ ہے اور تاکید کے لیے لایا گیا ہے۔ اسی لیے معنی میں "صرف" کا لفظ ذکر کیا گیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ان قصورواروں کو جن کی وجہ سے فتح شکست میں تبدیل ہو گئی سزا تو کجا سرزنش تک بھی نہ کرنا بلکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا لطف و محبت سے پیش آنا محض اللہ تعالیٰ کی رحمت کی جلوہ نمائی ہی تو تھی جس سے اس نے اپنے محبوب کو متصف فرمایا تھا۔ اگر حضورؐ کا حوصلہ اتنا وسیع، رحمت اتنی عام اور عفو و حلم اتنا بے پایاں نہ ہوتا تو حق کے متلاشیوں کا اتنا جمگھٹا کیسے ہوتا۔ لوگوں سے قصور ہو جاتا تو بعض شرم کے مارے اور بعض سزا کے خوف سے دُور بھاگ جاتے۔

۱۸۱ "حق تعالیٰ نے نہایت عجیب و غریب پیرایہ میں ان کی سفارش کی۔" (شیخ الہند) فاعف عنھم واستغفر لھم میں اپنے رسولؐ کو فرمایا کہ ان سے جو غلطی ہو گئی ہے اسے خود بھی معاف کر دیجئے اور میری جناب میں بھی شفاعت کیجیے کہ میں بھی ان سے راضی ہو جاؤں۔ سبحان اللہ کیا شان ہے صحابہ کرام کی اور کتنا بلند مقام ہے ان کے نبی مکرمؐ کا۔ اور کیا کہنے مولائے کریم کی رحمت کے جو اس نے اپنے محبوب اور اس کے ذریعہ اپنی سب مخلوق پر کی۔ اس آیت میں بالکل واضح ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے ہم گنہگاروں

الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾

کام میں ۱۸۲؎ اور جب آپ ارادہ کرلیں ۱۸۳؎ (کسی بات کا) تو پھر توکل کرو اللہ پر بے شک اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے توکل کرنے والوں سے

اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ

اگر مدد فرمائے تمھاری اللہ تعالیٰ تو کوئی غالب نہیں آسکتا تم پر اور اگر وہ (ساتھ) چھوڑ دے تمھارا تو کون ہے جو

يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَمَا

مدد کرے گا تمھاری اس کے بعد اور صرف اللہ پر بھروسہ کرنا چاہیئے ایمان والوں کو اور نہیں ہے

کے گناہ بخشنے کے لیے ہمارے دُکھ درد دُور کرنے کے لیے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی دُعا کو واسطہ اور وسیلہ بنایا حضورؐ کو وسیلہ سمجھنا اور حضورؐ کی بارگاہ میں شفاعت کے لیے التجا کرنا شرک نہیں عین اسلام ہے اور قرآن کی تعلیم ہے۔

۱۸۲؎ امام ابی عبداللہ القرطبیؒ نے اس مقام پر خوب لکھا ہے۔ فرماتے ہیں۔ قال ابن عطية والشورى من قواعد الشريعة وعزائم الاحكام ومن لايستشير اهل العلم والدين فعزله واجب مشورہ شریعت کے مسلّمہ اصولوں اور اہم ترین احکام سے ہے۔ اور جو حاکم اہلِ علم و دین سے مشورہ نہیں کرتا بلکہ خود رائی سے کام لیتا ہے اُسے معزول کر دینا لازمی ہے۔ اس کے بعد لکھتے ہیں" کہ خلفاء اور حکام پر واجب ہے کہ دینی معاملات میں علماء سے، جنگی امور میں قائدینِ لشکر اور ماہرینِ حرب سے، عام فلاح و بہبود کے کاموں میں سردارانِ قبائل سے اور ملک کی ترقی اور آبادی کے متعلق عقلمند وزراء اور تجربہ کار عہدہ داروں سے مشورہ کریں"۔ اور نبی اکرمؐ کو مشورہ کرنے کے حکم کی حکمت بیان کرتے ہوئے علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں ما امر الله نبيه بالمشاورة لحاجة منه الى رأيهم وانما اراد ان يعلمهم ما فى المشاورة من الفضل ولتقتدى به امته من بعده یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیؐ کو اس لیے مشورہ کرنے کا حکم نہیں دیا کہ حضورؐ کو ان کے مشورہ کی ضرورت تھی بلکہ اس میں حکمت یہ تھی کہ انھیں مشاورت کی شان کا پتہ چل جائے۔ نیز یہ کہ مشورہ سُنّتِ نبویؐ بن جائے اور اُمّتِ مسلمہ اس کی اقتداء اور اتباع کرے۔ اس کی ایک اور وجہ بھی لکھی ہے کہ تطييبا لنفوسهم ودفعا لاقدارهم صحابہ کے دلوں کو خوش کرنا اور ان کی قدر و منزلت کو بڑھانا بھی مقصود تھا۔

۱۸۳؎ خُوب غور و فکر، بحث و تمحیص کے بعد جو فیصلہ کیا جائے اُس کو عملی جامہ پہنانے کا پختہ ارادہ کرلینے کو عزم کہتے ہیں۔ بغیر سوچے سمجھے کسی کام کے کرنے میں لگ جانا عزم نہیں ہے۔ اسی لیے بعض علمائے لغت نے لکھا ہے العزم والحزم واحد توکّل کا اسلامی مفہوم پہلے بیان ہو چکا ہے مقصد یہ ہے کہ ایک بات طے کرلینے کے بعد پھر تذبذب کا شکار ہو جانا پیغمبر کی شایانِ شان نہیں اور نہ مومن کو ایسا کرنا زیبا ہے۔ کیونکہ اس سے دل میں کمزوری اور مزاج میں تلوّن پیدا ہو جاتا ہے۔

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَغُلَّ ۚ وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ

کسی نبی کی یہ شان کہ خیانت کرے [184] اور جو کوئی خیانت کرے گا تو لے آئے گا (اپنے ہمراہ) خیانت کی ہوئی چیز کو قیامت کے دن

ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ أَفَمَنِ

پھر پورا پورا بدلہ دیا جائے گا ہر نفس کو جو اُس نے کمایا اور اُن پر ظلم نہ کیا جائے گا تو کیا جس نے

اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَأْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۚ

پیروی کی رضائے الٰہی کی اس کی طرح ہو سکتا ہے جو حقدار بن گیا ہے اللہ کی ناراضگی کا اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہے

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶۲﴾ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا

اور یہ بہت بُری پلٹنے کی جگہ ہے لوگ درجہ بدرجہ ہیں اللہ کے ہاں اور اللہ تعالیٰ دیکھنے والا ہے جو وُہ

[184] اُحد کے درّہ پر متعین تیر اندازوں نے جب دُوسرے مُسلمانوں کو مالِ غنیمت اکٹھا کرتے دیکھا تو اُن کے دل میں یہ خیال گزرا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ حضورؐ فرمادیں من اخذ شیئاً فھولہ جس نے جو چیز لے لی اُسی کی ہوگئی اور ہم بالکل محروم رہیں۔ یہ خیال کرکے اپنی جگہ چھوڑ کر غنیمت جمع کرنے میں مشغول ہوگئے۔ حضور علیہ السلام نے وجہ دریافت فرمائی تو وُہ کوئی معقول جواب نہ دے سکے۔ اس وقت نبی کریمؐ نے ان کے دل کی بات کہہ دی اظننتم انا نغل ولا نقسم لکم کیا تم یہ خیال کرتے تھے کہ ہم خیانت کریں گے اور تمھیں کچھ نہ دیں گے اور اُس وقت یہ آیت نازل ہُوئی۔ غُلُّ کہتے ہیں مالِ غنیمت سے اس کی تقسیم سے پہلے کوئی چیز چھپا کر لے لینا۔ اِس آیت میں اِس جُرم کی قباحت اور اس کی سزا بیان کرکے اس سے باز رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔ جب خیبر پر حضور کریمؐ نے حملہ کیا تو ان دنوں میں ایک شخص (جس کا نام نہیں لیا گیا) فوت ہوگیا۔ حضورؐ کی خدمت میں جنازہ کے لیے عرض کی گئی۔ تو رحمتِ عالمؐ نے فرمایا "صلوا علی صاحبکم" جاؤ تم اس کی نمازِ جنازہ پڑھ دو۔ صحابہ کرام کے چہروں کی رنگت بدل گئی تو حضورؐ نے فرمایا "ان صاحبکم غل فی اللّٰہ" کہ تمھارے اِس ہمراہی نے مالِ غنیمت میں خیانت کی ہے۔ ہم حیران ہوگئے۔ اور جب اس کے مال کی تلاشی لی فوجدنا خرزا من خرز یھود لا یساوی درھمین تو ہمیں اس کے سامان سے یہودیوں کے چند منکے ملے جن کی قیمت دو درہم سے بھی کم تھی (ابو داؤد) اِس سے معلوم ہوا کہ مالِ غنیمت میں معمولی سی خیانت بھی اِتنا بڑا جُرم ہے کہ حضورؐ جیسے رحم دل نبیؐ نے بھی اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی۔ نیز یہ بھی پتہ چلا کہ نگاہِ نبوّت سے اِتنی سی بات بھی پوشیدہ نہ تھی۔

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا

کرتے ہیں یقیناً بڑا احسان فرمایا اللہ تعالیٰ نے مومنوں پر ۱۸۵ جب اس نے بھیجا ان میں ایک رسول

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ

انھیں میں سے پڑھتا ہے ان پر اللہ کی آیتیں اور پاک کرتا ہے اُنھیں اور سکھاتا ہے اُنھیں قرآن

وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾ اَوَلَمَّآ

اور سُنّت اگرچہ وُہ اس سے پہلے یقیناً کھُلی گمراہی میں تھے کیا جب

اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ؕ قُلْ

پہنچی تمھیں ۱۸۶ کچھ مصیبت حالانکہ تم پہنچا چکے ہو (دُشمن کو) اس سے دُگنی تو تم کہہ اُٹھے کہاں سے آپڑی یہ مصیبت؟ فرمائیے

هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۶۵﴾ وَمَآ

یہ تمھاری طرف سے ہی آئی ہے بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور وُہ مصیبت

۱۸۵ درندہ صفت انسان کیونکر فرشتہ سیرت بن گئے۔ جنھیں کوئی اپنا غلام بنانا بھی پسند نہیں کرتا تھا کیونکر آئینِ جہانبانی میں دُنیا بھر کے اُستاد ہو گئے۔ جن کی گھٹی میں شراب تھی۔ ظلم وستم جن کا شعار تھا۔ کفر وشرک اور فسق وفجور کے گھٹا ٹوپ اندھیروں میں بھٹکتے بھٹکتے صدیاں گزر چکی تھیں۔ ان میں یہ مکمّل تبدیلی اور ہمہ گیر انقلاب کیونکر آیا۔ جنھوں نے کبھی ان حقائق پر غور کیا ہے وُہی اس نبیِ معظّم کی شانِ رفیع کو جان سکتے ہیں۔ تلاوتِ آیات، تعلیم کتاب وحکمت کے علاوہ تزکیۂ نفس اور تربیتِ صالحہ سے یہ مُبارک انقلاب رُونپذیر ہوا۔ ان الفاظ پر حاشیہ سُورۂ بقرہ میں گزر چکا ہے۔

۱۸۶ واؤ عطف کے لیے ہے اور ہمزہ استفہام کے لیے۔ اُحد کے میدان میں مسلمان ازراہِ تعجّب کہنے لگے عجب بات ہے ہم حق پر ہیں۔ راہِ خُدا میں جہاد کرنے نکلے ہیں اور رسُولِ خُدا بھی ہم میں موجُود ہیں۔ اور ہمیں اُن لوگوں کے ہاتھوں ہزیمت اُٹھانا پڑی جو کافر ومشرک ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کیا ہوا اگر تمھیں آج تکلیف پہنچی۔ اس سے پہلے تم ان پر دوگنی ضرب لگا چکے ہو۔ تم نے بدر میں ان کے ستّر سردار قتل کیے اور ستّر کو قیدی بنا لیا تھا۔ اور اس پسپائی کے اسباب کے متعلق زیادہ فکر مند ہونے کی ضرورت نہیں۔ تم میں سے بعض نے ہمارے رسُولؐ کے حکم سے سرتابی کی اور تم سب کو اس کا مزا چکھنا پڑا۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ حق کے ماننے والے ظاہری اسباب کے مہیّا کرنے اور تدبّر سے کام لینے میں سُستی کرتے ہیں۔ اور یہ سمجھ کر کہ ہم اہلِ حق ہیں اپنی کامیابی

أَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِإِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۶۶﴾

جو پہنچی تھی تمھیں اُس روز جب مقابلہ کو نکلے تھے دونوں لشکر تو وُہ اللہ کے حکم سے ۱۸۷ پہنچی تھی اور (مقصد یہ تھا کہ) دیکھ لے اللہ تعالیٰ مومنوں کو ۱۸۸

وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۚۖ وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ

اور دیکھ لے جو نفاق کرتے تھے اور کہا گیا ان سے آؤ لڑو اللہ کی راہ

اللّٰهِ أَوِ ادْفَعُوْا ۭ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ ۭ هُمْ لِلْكُفْرِ

میں یا بچاؤ کرو (اپنے شہر کا)، بولے ۱۸۹ اگر ہم جانتے کہ جنگ ہوگی تو ہم ضرور تمھاری پیروی کرتے۔ وُہ کفر سے

يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْإِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِأَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ

اُس روز زیادہ قریب تھے بہ نسبت ایمان کے کہتے ہیں اپنے مُنہ سے (ایسی باتیں)، جو نہیں ہیں

فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ ۚ الَّذِيْنَ قَالُوْا لِإِخْوَانِهِمْ

اُن کے دِلوں میں اور اللہ تعالیٰ خوب ۱۹۰ جانتا ہے جسے وُہ چھپاتے ہیں جنھوں نے ۱۹۱ کہا اپنے بھائیوں کے بارے میں

کا یقین کر لیتے ہیں اور ظاہری قواعد وضوابط کی پابندی کو اِتنی اہمیت نہیں دیتے اُنھیں اِس آیت پر مکرّر غور کرنا چاہیئے کہ جب صحابہ کی مقدّس اور حق کی علمبردار جماعت سے معمولی سی فروگزاشت ہو گئی تو انجام کیا ہوا۔ بلکہ اہل حق کو تو بہت محتاط ہونا چاہیئے کیونکہ ان کی کامیابی صرف ان کی کامیابی ہی نہیں بلکہ حق کی کامیابی بھی ہے اور ان کی شکست صرف ان کی شکست نہیں بلکہ حق کی شکست ہے

۱۸۷ اِذن سے مُراد "بقضائه وقدره" (قرطبی) اللہ تعالیٰ کی قضاء وقدر ہے۔

۱۸۸ علم کا مفہوم ہے تمیز کرنا یا جتا دینا یا ظاہر میں واقع ہونا۔ اِس کی وضاحت ابھی گزری ہے۔

۱۸۹ جب منافقین کو شرکت کی دعوت دی گئی تو اُنھوں نے جواب دیا کہ اپنے سے چار گنا مسلح اور ہر ساز وسامان سے لیس لشکر کے ساتھ کھُلے میدان میں نکل کر ٹکر لینا لڑائی نہیں بلکہ خودکشی ہے ہم جنگ میں تو تمھارا ساتھ دینے کے لیے آمادہ ہیں لیکن جان بُوجھ کر اپنے آپ کو ہلاکت کے گڑھے میں گرانے کے لیے تیار نہیں۔ ولكن ما انتم عليه ليس بقتال بل القاء بالنفس الى التهلكة۔ (بیضاوی)

۱۹۰ مُسلمانوں کے ساتھ جنگ میں شرکت سے پہلوتہی کی اصلی وجہ ان کا نفاق تھا جسے وُہ اپنے دِل میں چھپائے ہُوئے تھے دُوسری باتیں تو ملمّع سازی کے لیے تھیں۔

۱۹۱ اُن کے نفاق کی دُوسری کھُلی علامت اُن کا یہ قول ہے۔

وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ

حالانکہ وُہ خود (گھر) بیٹھے تھے کہ اگر وُہ ہمارا کہا مانتے تو نہ مارے جاتے آپ فرمائیے ذرا دُور تو کر دکھاؤ ۱۹۲؎ اپنے آپ سے

الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ

موت کو اگر تم سچّے ہو اور ہرگز یہ خیال نہ کرو ۱۹۳؎ کہ وُہ جو قتل کیے گئے ہیں اللہ

سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَرِحِيْنَ

کی راہ میں ۱۹۴؎ وُہ مُردہ ہیں بلکہ وُہ زندہ ہیں ۱۹۵؎ اپنے رب کے پاس (اور) رزق دیئے جاتے ہیں شاد ہیں

۱۹۲؎ یعنی اگر تم اتنے زیرک اور دانا ہو کہ اپنے ناوکِ تدبیر سے عقابِ تقدیر کو گھائل کر سکتے ہو تو ذرا خُود کو موت کے آہنی پنجہ سے چھڑا کر دکھاؤ۔

۱۹۳؎ ولا تحسبن الخ سورہ البقرہ کی آیت ۱۵۴ میں تو یہ فرمایا کہ زبان سے مت کہو کہ شہید مُردہ ہیں بلکہ وُہ زندہ ہیں۔ یہاں یہ تاکیدی حکم دیا جا رہا ہے کہ تمھارے دل میں بھی یہ گمان نہ گزرے کہ راہِ خُدا میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے مُردہ ہیں۔ بلکہ وُہ زندہ ہیں اور انھیں اپنے رب کی جناب سے رزق بھی دیا جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے اپنے جس خصوصی لُطف و احسان سے اُنھیں نوازا ہے اس پر وُہ خوشی سے پھُولے نہیں سماتے۔

البتہ اس زندگی کی حقیقت ہمارے فہم و ادراک سے ماوراء ہے۔ اور کسی چیز کا ہمارے فہم کی رسائی سے بالاتر ہونا اس کے نہ ہونے کی دلیل نہیں۔ رُوح کی ماہیّت آج تک سرِّ مکتوم ہے۔ اس کو نہ سمجھ سکنا اس کے عدم کی دلیل نہیں ہو سکتا۔ ہم شہداء کو زندہ یقین کرتے ہیں کیونکہ ہمارے رب نے فرمایا ہے کہ وُہ زندہ ہیں۔ ہم اُن کو مُردہ نہیں کہتے ہم انھیں مُردہ خیال بھی نہیں کرتے۔ کیونکہ ہمارے رب نے اُنھیں مُردہ کہنے اور اُنھیں مُردہ خیال کرنے سے تاکیداً منع کیا ہے ہمارے رب کا ہر ارشاد حق ہے اور اُس کا ہر فرمان سچّا ہے اور واجب الاذعان ہے۔ ہم عقل کے غلام نہیں کہ عقل جس کو تسلیم کرے اس کو مان لیں اور جس کو تسلیم نہ کرے اُس کا انکار کر دیں۔ ہم تو اللہ کے بندے اور اس کے رسُولؐ کے غلام ہیں اور اس پر نازل ہونے والی وحی کی صداقت پر ایمان رکھتے ہیں۔

۱۹۴؎ حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جب تمھارے بھائی اُحد میں شہید ہُوئے۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کی ارواح کو سبز پرندوں کے قالب عطا فرمائے۔ وُہ جنتی نہروں پر سیر کرتے پھرتے ہیں۔ جنتی میوے کھاتے ہیں طلائی قندیلیں جو زیرِ عرش معلّق ہیں اُن میں رہتے ہیں۔ جب اُنھوں نے کھانے پینے رہنے کے پاکیزہ عیش پائے تو کہا کہ ہمارے بھائیوں کو کون خبر دے کہ ہم جنّت میں زندہ ہیں تاکہ وُہ جنت سے بے رغبتی نہ کریں اور جنگ سے بیٹھ نہ جائیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں

بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا

ان (نعمتوں) سے جو عنایت فرمائی ہیں انھیں اللہ نے اپنے فضل و کرم سے[196] اور خوش ہو رہے ہیں[197] بسبب ان لوگوں کے جو ابھی تک نہیں آملے

بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾

ان سے ان کے پیچھے رہ جانے والوں سے کہ نہیں ہے کوئی خوف ان پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے

يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ

خوش ہو رہے ہیں اللہ کی نعمت اور اس کے فضل پر اور (اس پر) کہ اللہ تعالیٰ ضائع نہیں کرتا

اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ۚۛ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ

اجر ایمان والوں کا جنھوں نے لبیک کہا اللہ اور رسول کی دعوت پر[198] اس کے بعد کہ

انھیں تمھاری خبر پہنچاؤں گا"۔ (خزائن العرفان) اللہ کے رسول کی یہ حدیث بھی صحیح ہے اور اللہ کی کتاب کی یہ آیت بھی سچی ہے جنت میں رہتے ہوئے شہدا کی روحوں کا تعلق اپنے بدنوں سے قائم ہے اور وہ اپنے بدنوں کے ساتھ زندہ ہیں۔ اسی حیات کی وجہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہر سال شہداء احد کے مزارات پر تشریف لے جایا کرتے تھے اور انھیں اپنی دعاؤں اور تسلیمات سے محظوظ کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے جمال جہاں افروز کے دیدار سے بھی انھیں شاد کام فرمایا کرتے۔

۱۹۵ علامہ قرطبیؒ کہتے ہیں کہ حياة الشهداء محققة۔ شہداء کا زندہ ہونا ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے۔ وان الارض لا تاكل اجساد الانبياء والشهداء والعلماء والمؤذنين المحتسبين وحملة القران یعنی زمین انبیاء کرام، شہیدوں، علمائے ربانیین، ثواب کے لیے اذان دینے والوں اور قرآن کے حافظوں کے جسم نہیں کھاتی۔

۱۹۶ یعنی شہادت کا شرف، ابدی زندگی، قرب الٰہی اور نعیم جنت سے لطف اندوزی۔ (بیضاوی)

۱۹۷ شہدا جب اللہ تعالیٰ کی شان بندہ پروری اور ذرہ نوازی اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرتے ہیں تو وہ خوش ہوتے ہیں کہ اپنے پیچھے جن مسلمانوں کو وہ چھوڑ آئے ہیں وہ بھی راہ خدا میں جان دینے کے بعد انہی عنایات اور نوازشات سے بہرہ ور کیے جائیں گے (حیات شہداء کے متعلق تفصیلی بحث سورۃ البقرہ میں گزر چکی ہے۔ ملاحظہ ہو حاشیہ آیت ۱۵۴)

۱۹۸ جب ابو سفیان اپنے لشکر سمیت روحاء کے مقام پر پہنچا تو اپنی مہم کو ادھورا چھوڑنے پر سب کو سخت ندامت ہوئی اور انھوں نے فیصلہ کیا کہ وہ واپس جا کر تھکے ماندے زخموں سے چور مسلمانوں پر حملہ کر کے ان کا قصہ پاک کر دیں جب یہ خبر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ملی تو حضورؐ نے بھی اپنے صحابہ کو دشمن کی طرف پیش قدمی کرنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ اس مہم میں صرف وہی لوگ ہمارے

أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا أَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿١٧٢﴾

لگ چکا تھا اُنھیں (گہرا) زخم ان کے لیے جنھوں نے نیکی کی ان میں سے اور تقویٰ اختیار کیا اجرِ عظیم ہے

الَّذِينَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ

یہ وُہ لوگ ہیں کہ جب کہا انھیں لوگوں نے کہ بلا شبہ کافروں نے ۱۹۹ جمع کر رکھا ہے تمھارے لیے (بڑا سامان اور لشکر) سو ڈرو ان سے

فَزَادَهُمْ إِيمَانًا ۖ وَقَالُوا حَسْبُنَا اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ ﴿١٧٣﴾ فَانْقَلَبُوا بِنِعْمَةٍ

تو (اس دھمکی نے) بڑھا دیا اُن کے (جوشِ) ایمان کو اور اُنھوں نے کہا کافی ہے ہمیں اللہ تعالیٰ اور وُہ بہترین کارساز ہے (ان کے عزم و توکل کا نتیجہ یہ نکلا کہ)

مِّنَ اللَّهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوءٌ وَاتَّبَعُوا رِضْوَانَ اللَّهِ ۗ

واپس آئے یہ لوگ اللہ کے انعام اور فضل کے ساتھ ۲۰۰ نہ چھوا ان کو کسی بُرائی نے اور پیروی کرتے رہے رضائے الٰہی کی

وَاللَّهُ ذُو فَضْلٍ عَظِيمٍ ﴿١٧٤﴾ إِنَّمَا ذَٰلِكُمُ الشَّيْطَانُ يُخَوِّفُ

اور اللہ تعالیٰ صاحبِ فضلِ عظیم ہے یہ تو شیطان ہے جو ڈراتا ہے (تمھیں)

ساتھ جا سکتے ہیں جو کل اُحد کے میدان میں ہمارے ساتھ تھے۔ حضور کریمؐ کا حکم سُن کر صحابہ کرام اپنے مجروح جسموں کے ساتھ لبّیک کہتے ہُوئے حاضر ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی اِس اطاعتِ کاملہ پر اُن کی توصیف فرما رہا ہے۔

۱۹۹ ے ابُوسفیان اُحد سے لوٹتے وقت مُسلمانوں کو چیلنج دے گیا تھا کہ اب آئندہ سال میدانِ بدر میں ہم تمھارے ساتھ جنگ کریں گے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے اس کے اِس چیلنج کو قبول فرما لیا تھا۔ جب وقت مقرر آیا تو ابُوسفیان دو ہزار پیدل اور پچاس سوار سمیت بدر کے میدان کی طرف روانہ ہوا۔ لیکن دِل اِتنا مرعُوب ہوا کہ آگے بڑھنے کی ہمّت نہ ہُوئی۔ اور نعیم ثقفی جو مدینہ کی طرف جا رہا تھا اُس سے وعدہ کیا کہ اگر وُہ مسلمانوں کو مدینہ سے باہر نکلنے سے باز رکھے تو وُہ اسے دس اُونٹ اِنعام دے گا۔ جب نعیم مدینہ پہنچا تو اُس نے پُر زور پروپگنڈا شروع کر دیا کہ ابُوسفیان نے بڑے کرّوفر سے اِس دفعہ بدر کی طرف کُوچ کیا ہے۔ اگر تم نے بدر کا رُخ کیا تو یاد رکھو تمھاری خیر نہیں۔ تم سے زندہ بچ کر گھر کوئی نہیں آئے گا لیکن مسلمانوں نے اُس کے اِس طلسم کو یہ کہہ کر توڑ دیا کہ حسبنا اللہ و نعم الوکیل۔

۲۰۰ ے جب مُسلمان اپنے رب پر بھروسہ کر کے اپنے رسُولؐ کی قیادت میں بدر کی طرف روانہ ہُوئے تو دشمن ان کی روانگی کی خبر سُن کر راستہ سے ہی واپس مکّہ لوٹ گیا۔ مُسلمان چند روز تک بدر میں ٹھیرے رہے۔ تجارت سے خوب نفع کمایا اور شاداں و

أَوْلِيَآءَهُۥ فَلَا تَخَافُوهُمْ وَخَافُونِ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٧٥﴾

اپنے دوستوں سے پس نہ ڈرو ان سے ۲۰۱ بلکہ مجھ سے ہی ڈرا کرو اگر تم مومن ہو

وَلَا يَحْزُنكَ ٱلَّذِينَ يُسَٰرِعُونَ فِى ٱلْكُفْرِ ۚ إِنَّهُمْ لَن يَضُرُّوا۟

اور (اے جانِ عالم) نہ غمزدہ کریں آپ کو جو جلدی سے ۲۰۲ کفر میں داخل ہوتے ہیں بے شک یہ لوگ نہیں نقصان پہنچا سکتے

ٱللَّهَ شَيْـًٔا ۗ يُرِيدُ ٱللَّهُ أَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِى ٱلْءَاخِرَةِ ۖ وَلَهُمْ

اللہ تعالیٰ کو کچھ بھی چاہتا ہے اللہ تعالیٰ کہ نہ رکھے ان کے لیے ذرا حصّہ آخرت (کی نعمتوں) سے ۲۰۳ اور ان کے لیے

عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٧٦﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ ٱشْتَرَوُا۟ ٱلْكُفْرَ بِٱلْإِيمَٰنِ لَن

عذاب عظیم ہے بے شک جنھوں نے خرید لیا کفر کو ایمان کے عوض میں ۲۰۴ ہرگز

فرحاں صحیح وسلامت مدینہ طیبہ کو مراجعت فرما ہوئے۔

۲۰۱ مسلمانوں کو سبق دیا جارہا ہے کہ تم دشمن سے نہ ڈرا کرو بلکہ اپنے رب سے ڈرا کرو۔ اور جو اپنے رب سے ڈرتا ہے ساری دنیا اس سے لرزہ براندام رہتی ہے۔ جب سے مسلمانوں نے یہ سبق فراموش کردیا اس وقت سے مسلمانوں کے قدم پیچھے ہٹنے شروع ہوگئے ہیں۔

۲۰۲ جنگِ اُحد میں مسلمانوں کو جو تکلیف پہنچی اس سے کئی منافق کھلے طور پر اپنے کفر کا اعلان کرنے لگے۔ اور اسلام کا ظاہری نقاب جو انھوں نے اپنے عقیدہ پر ڈال رکھا تھا اُسے بھی اُٹھا دیا۔ نیز حضورؐ کی دعاؤں، انتہائی کوشش اور جان سوزی کے باوجود کفار اپنے کفر سے چمٹے رہنے پر مُصر تھے جس سے نبی رؤف رحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا دل بہت حزین رہتا۔ اللہ تعالیٰ اپنے پیارے حبیبؐ کو تسلّی دے رہے ہیں کہ آپ غمناک کیوں ہوں۔ آپ نے تو سمجھانے کا حق ادا کردیا ہے۔ اگر اس کے باوجود وہ کفر کو نہیں چھوڑتے تو یہ ان کی اپنی شامتِ اعمال اور بدنصیبی ہے۔ یہ لاکھ جتن کریں اللہ کے دین کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔

۲۰۳ درحقیقت اللہ تعالیٰ کی یہ مرضی نہیں کہ انھیں آخرت کی ابدی نعمتوں سے کچھ حصّہ ملے انھوں نے اس کے محبوبؐ کو بے حد ستایا ہے۔ انھوں نے جان بوجھ کر حق کا انکار کیا ہے اور راہِ راست کو چھوڑ کر گمراہی کا راستہ اپنے لیے پسند کیا ہے۔ یہ اس لائق ہی نہیں کہ انھیں نورِ ایمان سے بہرہ ور کیا جائے۔

۲۰۴ انھیں دولتِ ایمان سے بہرہ ور کیا گیا تھا لیکن مسلمانوں کو اُحد میں جو زک پہنچی اُن لوگوں نے یہ سمجھ لیا کہ اسلام کا مستقبل مخدوش ہے۔ اس کا سورج آن کی آن میں ڈوبا چاہتا ہے۔ اب سلامتی اسی میں ہے کہ کفر کی طرف لوٹ چلیں اور کفّار سے اپنے دیرینہ تعلقات

يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۭ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ

نقصان نہ پہنچا سکیں گے اللہ تعالیٰ کو کچھ بھی اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے اور نہ خیال کریں ۲۰۵ جو کفر

كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ۭ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا

کر رہے ہیں کہ ہم جو مہلت دے رہے ہیں انھیں یہ بہتر ہے ان کے لیے صرف اس لیے ہم تو انھیں مہلت دے رہے ہیں کہ وہ

اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور زیادہ کرلیں گناہ اور ان کے لیے عذاب ہے ذلیل و خوار کرنے والا نہیں ہے اللہ (کی شان) کہ چھوڑے رکھے مومنوں کو ۲۰۶

کو از سر نو بحال کریں جن کو جلد بازی سے انھوں نے توڑ دیا تھا۔ اس طرح ان دُوں ہمت اور کوتاہ نظر لوگوں نے نقد ایمان دے کر کفر کا دوبارہ سودا کر لیا۔ وہ یقین رکھیں اُن کی یہ حرکت ان کو تو عذاب الیم میں مبتلا کرنے کا باعث ضرور بنے گی لیکن اللہ کے دین کی ترقی میں رکاوٹ ہرگز نہ بن سکے گی۔

۲۰۵ الاملاء طول العمر ورغد العيش۔ درازیٔ عمر اور اس کو عیش و عشرت کے ساتھ بسر کرنے کی مہلت کو املاء کہتے ہیں۔ لیکن کفار اس پر مغرور نہ ہوں۔ انھیں جتنی ڈھیل دی جا رہی ہے گناہوں کا بوجھ زیادہ ہو رہا ہے۔ اور اس طرح ان کی سزا اور عذاب میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ "سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم سے دریافت کیا گیا کون شخص اچھا ہے فرمایا جس کی عمر دراز اور عمل اچھے ہوں۔ عرض کیا گیا بدترین کون ہے فرمایا جس کی عمر دراز اور عمل خراب"۔ (خزائن العرفان)

۲۰۶ ابتدا میں کئی لوگ زبان سے اسلام کا اقرار کر کے مسلمانوں میں داخل ہو جایا کرتے اور مسلمان اُن سے بالکل اپنے بھائیوں کا سا سلوک کرتے لیکن ہر نازک مرحلہ پر یہ مسلمانوں کے دلوں میں خوف و ہراس، ان کی صفوں میں انتشار اور ان کے رازوں کو افشا کر کے انتہائی اذیت و تکلیف پہنچاتے۔ اس لیے زیادہ دیر تک اُن کا مسلمانوں میں ملے جلے رہنا مناسب نہ تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ حکمت الٰہی اس بات کی روادار نہیں کہ مخلص و منافق آپس میں ملے جلے رہیں بلکہ ان کو الگ الگ کرنا ضروری ہے۔ ان کو کیونکر الگ الگ کیا گیا۔ اس میں علماء کے متعدد اقوال ہیں۔ ابتلاء و آزمائش سے، اسلام کو کامیاب اور باطل کو سرنگوں کرنے سے یا بذریعہ وحی اپنے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو منافقوں کا علم عطا فرمانے سے۔ چنانچہ علامہ بیضاوی نے یہ روایت نقل کی ہے۔ انه عليه السلام قال عرضت علي امتي واعلمت من يؤمن بي ومن يكفر فقال المنافقون انه يزعم انه يعرف من يومن ومن يكفر ونحن معه ولا يعرفنا فنزلت (بیضاوی) حضورؐ نے فرمایا کہ میری اُمت (دعوت) میرے سامنے پیش کی گئی۔ اور مجھے علم دیا گیا کہ کون میرے ساتھ ایمان لائے گا اور کون کفر کرے گا۔ اس وسعتِ علمی پر کسی مومن نے اعتراض نہیں کیا بلکہ منافقین نے ازراہِ مذاق کہا کہ دعویٰ تو یہ ہے کہ میں ہر مومن اور ہر کافر کو جانتا ہوں اور حالت

عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ۭ وَمَا كَانَ

اس حال پر جس پر تم اب ہو جب تک الگ الگ نہ کردے پلید کو پاک سے اور نہیں ہے

اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ

اللہ (کی شان) کہ آگاہ کرے تمہیں غیب پر ۲۰۲ البتہ اللہ (غیب کے علم کے لیے) چُن لیتا ہے اپنے رسولوں سے

یہ ہے کہ ہم ہر وقت آٹھوں پہر ان کے ساتھ رہتے ہیں اور ہمارا تو علم نہیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو منافقوں کا علم تھا۔ نیز یہ بھی پتہ چلا کہ علم کا ظاہر نہ کرنا علم کے نہ ہونے کی دلیل نہیں۔ اور صحابہ کرام تو اپنے نبی پاک کے علم کی وسعت کو دیکھ کر خوش ہوتے تھے البتہ منافق لوگ تسلیم نہ کرتے اور چیں بجبیں ہو کر اعتراض کرتے۔

تفسیر خازن اور معالم التنزیل میں اس روایت کو تفصیل سے لکھا گیا ہے۔ مندرجہ عبارت کے بعد لکھتے ہیں:۔ فبلغ ذلك رسول الله صلى الله عليه وسلم فقام على المنبر فحمد الله تعالى واثنى عليه ثم قال ما بال اقوام طعنوا فى علمى لاتسئلونى عن شيئ فيما بينى وبين الساعة الا انبأتكم به فقام عبد الله بن حذافة فقال من ابى يارسول الله فقال حذافة فقام عمر فقال يارسول الله رضينا بالله ربا وبالاسلام دينا وبالقرآن اماما وبك نبيا فاعف عنا عفا الله عنك فقال النبى صلى الله عليه وسلم فهل انتم منتهون فهل انتم منتهون ثم نزل عن المنبر فانزل الله هذه الاية۔

ترجمہ: منافقین کا یہ قول حضورؐ کو پہنچا تو حضورؐ منبر پر تشریف فرما ہوئے۔ اللہ کی حمد وثنا کے بعد فرمایا۔ اس قوم کا کیا حال ہوگا جو میرے علم پر اعتراض کرتے ہیں۔ اس وقت سے لے کر قیامت تک ہونے والی کوئی بات پوچھو میں یہاں کھڑے کھڑے تمہیں اس کا جواب دوں گا۔ عبداللہ بن حذافہ اُٹھے (ان کی نسب پر طعن کیا جاتا تھا) یا رسول اللہ میرا باپ کون ہے؟ فرمایا حذافہ۔ حضرت عمرؓ نے معذرت طلب کی۔ حضورؐ نے دوبار فرمایا کہ کیا میرے علم پر اعتراض کرنے سے باز آؤ گے یا نہیں؟ پھر نبی علیہ الصلوٰۃ والسّلام منبر سے اُترے۔ اُس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

۲۰۲؎ کیونکہ منافقین کی پہچان بذریعہ وحی حضور اکرمؐ کو ہی کرائی گئی تھی۔ اس لیے اس کے بعد فرمایا کہ غیب پر مطلع ہونا ہر کسی کے اختیار کی بات نہیں اور نہ ہر ایک میں اس کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔ عام لوگوں کا ذریعۂ علم تو دلائل اور ظاہری علامات ہیں اور غیب پر صرف رسولوں کو آگاہ کیا جاتا ہے کیونکہ ان میں ہی غیب پر مطلع ہونے کی استعداد پائی جاتی ہے۔ اور اولیائے کرام کو یہ نعمت حضور فخر موجودات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی غلامی سے میسّر ہوتی ہے اور حضورؐ کے وسیلہ کے بغیر یہ چیز حاصل نہیں ہو سکتی۔ (روح المعانی)
اس سے یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ اللہ تعالیٰ کی تعلیم کے بغیر علمِ غیب حاصل نہیں ہو سکتا۔ وُہ جتنا چاہتا ہے اپنے رسولوں کو سکھا دیتا ہے اور اس ذاتِ کریم نے اپنے حبیب کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والسّلام کو جتنا "چاہا" دیا۔ یہ "جتنا" اللہ تعالیٰ کے علمِ غیر متناہی کا بعض ہے

مَنْ يَّشَآءُ ۖ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ

جسے چاہتا ہے سو ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسولوں پر اور اگر تم ایمان لے آئے اور تقویٰ اختیار کیا تو تمہارے لیے

اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ

اجرِ عظیم ہے اور ہرگز نہ گمان کریں جو بخل کرتے ہیں ۲۰۸؎ اس میں جو دے رکھا ہے انھیں

مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے کہ یہ بخل بہتر ہے ان کے لیے بلکہ یہ بخل بہت برا ہے ان کے لیے۔ طوق پہنایا جائے گا انھیں

مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

وہ مال جس میں انھوں نے بخل کیا قیامت کے دن اور اللہ کے لیے ہے میراث آسمانوں اور زمین کی

لیکن مخلوق کے علم کے مقابل ایک بیکراں سمندر ہے جس کی حدود وقیود وہم انسان مقرر نہیں کر سکتے۔ جو لوگ اس "جتنا" کو یہاں تک تنگ کر دیتے ہیں کہ حضورؐ کو اور تو اور اپنے انجام کا بھی علم نہ تھا کہ آپ کے ساتھ کیا کیا جائے گا۔ ان کی اپنی تنگ دلی اور تنگ نظری مستحق ہزار تاسّف ہے۔ اللہ تعالیٰ کی صفاتِ کرم وعطا وبخشش (کریم معطی۔ وہاب) کے انکار کا نام توحید رکھنا کہاں کا انصاف ہے ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے مصطفےٰ کے قلبِ منوّر کو علومِ غیبیہ سے بھرپور فرمایا۔ لیکن حضورؐ کا علم نہ اللہ تعالیٰ کے علم کی طرح ذاتی ہے نہ غیر متناہی۔ بلکہ وہ محض عطائے الٰہی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے علمِ محیط وتفصیلی کے ساتھ اس کی نسبت ذرّہ اور صحرا، قطرہ اور دریا کی بھی نہیں۔ لیکن علومِ خلائق کے مقابلہ میں وہ بحرِ ذخّار ہے جس کی گہرائی کو کوئی غوّاص آج تک نہ پا سکا اور جس کے کنارہ تک کوئی شناور آج تک نہ پہنچ سکا۔

۲۰۸؎ لغت میں بخل کہتے ہیں اس چیز کا روک لینا جس کا ادا کرنا اس پر واجب ہو۔ والبخل فی اللغة ان یمنع الانسان الحق الواجب علیه (القرطبی) اس آیتِ کریمہ میں ان لوگوں کا حال بیان کیا جا رہا ہے جو مالی حقوق کو ادا کرنے میں بخل کرتے ہیں۔ حدیثِ صحیح میں اس آیت کی تفسیر یہ کی گئی ہے کہ "جس کو اللہ نے مال دیا اور اس نے زکوٰۃ ادا نہ کی وہ مال سانپ بن کر اس کو طوق کی طرح لپٹے گا اور یہ کہہ کہہ کر ڈستا جائے گا کہ میں تیرا مال ہوں، میں تیرا خزانہ ہوں۔" (خزائن العرفان)

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿١٨٠﴾ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کر رہے ہو اس سے خبردار ہے بے شک سُنا ۲۰۹ے اللہ نے قول ان (گستاخوں) کا جنھوں نے کہا

اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ

کہ اللہ مفلس ہے حالانکہ ہم غنی ہیں ہم لکھ لیں گے ۲۱۰ے جو اُنھوں نے کہا نیز قتل کرنا ان کا

الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿١٨١﴾ ذٰلِكَ

انبیاء کو ناحق (بھی لکھ لیا جائے گا) اور ہم کہیں گے کہ (اب) چکھو آگ کے عذاب (کا مزہ) یہ

بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿١٨٢﴾ ۚ

بدلہ ہے اس کا جو آگے بھیجا ہے تمھارے ہاتھوں نے ۲۱۱ے اور یقیناً اللہ تعالیٰ نہیں ظلم کرنے والا اپنے بندوں پر

اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى

یہ وُہ لوگ ہیں جنھوں نے کہا کہ تحقیق اللہ نے اقرار لیا ہے ہم سے کہ ۲۱۲ے ہم نہ ایمان لائیں کسی رسُول پر یہاں تک کہ وُہ

۲۰۹ے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے حضرت صدّیق اکبرؓ کو یہود کے ایک قبیلہ بنی قینقاع کے پاس اپنا مکتوب گرامی دے کر بھیجا جس میں اُن کو دعوتِ اسلام دی گئی تھی۔ نماز اور زکوٰۃ کے متعلق تاکید کی گئی تھی۔ اور یہ بھی تحریر تھا کہ "ان یقرض اللہ قرضاحسنا" یعنی اللہ تعالیٰ کو قرضہ حسنہ دیں (نیکی کے کاموں میں اپنی دولت خرچ کریں) اس پر ان کے ایک مُنہ پھٹ فنحاص بن عازوراء نے ازراہِ تمسخر کہا کہ اللہ مفلس و نادار ہے اسی لیے تو ہم سے قرض مانگ رہا ہے۔ حلیمُ الطبع ابُوبکرؓ اس گستاخی کو برداشت نہ کر سکے اور اُس کے مُنہ پر طمانچہ رسید کیا۔ اور فرمایا اگر ہمارے تمھارے درمیان معاہدہ نہ ہوتا تو تمھارا سر قلم کر دیتا۔ اس نے حضورؐ کے پاس حضرت صدّیق کی شکایت کی اور اپنے الفاظ سے بالکل مُکر گیا۔ اُس وقت ربّ العزّت نے یہ آیت نازل فرمائی۔

۲۱۰ے ہم یہ الفاظ ان کے نامۂ عمل میں لکھ لیں گے۔ کلامِ الٰہی کے ساتھ مذاق اتنا بڑا جُرم ہے کہ قتلِ انبیاؑ کے ساتھ اسے لکھّا گیا۔

۲۱۱ے یعنی یہُود کو یہ عذابِ شدید بِلا وجہ نہیں دیا گیا بلکہ اُن کی بدکرداریوں کا طبعی ثمر اور عادلانہ سزا ہے۔

۲۱۲ے یہُود نے جو فنِ حیلہ سازی کے امام تھے حضورؐ پر ایمان نہ لانے کا ایک اور عُذر تراشا۔ کہنے لگے کہ ہم تو آپ کو نبی نہیں مان سکتے۔ کیونکہ ہمارے رب نے ہم سے یہ پُختہ وعدہ لیا ہے کہ کسی ایسے شخص کو نبی نہ ماننا جو تمھیں یہ مُعجزہ نہ دکھائے کہ وُہ قربانی کرے اور آسمانی آگ آکر اُسے جلا کر راکھ کر دے۔ اور آپ نے تو یہ معجزہ دکھایا نہیں اس لیے ہم آپ کی رسالت تسلیم کرنے سے معذُور ہیں۔ قرآن نے

يَأْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَأْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ

لائے ہمارے پاس ایک قربانی کھالے اس کو آگ آپ فرمایئے آ چکے تمہارے پاس رسول مجھ سے

قَبْلِي بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِي قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ إِنْ كُنْتُمْ

پہلے بھی دلیلوں کے ساتھ اور اس معجزہ کے ساتھ بھی جو تم کہہ رہے ہو تو کیوں قتل کیا تھا تم نے انھیں اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾ فَإِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ

سچے ہو اگر یہ جھٹلاتے ہیں ۲۱۳؎ آپ کو تو (یہ کوئی نئی بات نہیں) بے شک جھٹلائے گئے رسول آپ سے پہلے

جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ

جو لائے تھے معجزات اور صحیفے اور روشن کتاب ہر نفس چکھنے والا ہے

الْمَوْتِ ؕ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ

موت کو ۲۱۴؎ اور پوری مل کر رہے گی تمھیں تمہاری مزدوری قیامت کے دن پس جو شخص بچا لیا گیا آتش

اُن کے اِس عُذر کو بھی باطل کر دیا۔ تمھاری مقدّس کتابوں میں یہ تو ہے کہ بعض انبیاء نے یہ معجزہ دکھایا کہ ان کی دُعا سے آسمان سے آگ اُتری اور اُن کی قربانی کو جلاگئی۔ لیکن یہ تصریح نام کو بھی نہیں کہ جو نبی یہ معجزہ نہ دکھائے اس پر ایمان نہ لانا۔ اگرچہ اس کی صداقت کی اور واضح دلیلیں موجود ہوں۔ اور اگر ایک لمحہ کے لیے یہ فرض بھی کر لیا جائے تو تم نے اِس کا پہلے کب پاس رکھا۔ وُہ انبیاء جن سے یہ معجزہ ظاہر ہوا اُن کے ساتھ بھی تم نے کفر کیا۔ اور صرف زبانی کفر پر ہی بس نہیں کی بلکہ ان کو قتل تک کر دیا۔ تمھیں جن کا دامن معصوم انبیاء کے پاک خُون سے داغدار ہے ایسی بے سروپا باتیں کہتے ہُوئے حیا نہیں آتی۔

۲۱۳؎ بیّنات سے مُراد معجزات اور عقلی دلائل ہیں۔ زبر جمع ہے زبُور کی۔ اِس کا معنی وعظ و نصیحت ہے۔ اور کتاب سے مُراد وُہ صحیفہ ہے جس میں شریعت کے احکام درج ہوں۔ مولا تعالیٰ اپنے حبیب کو تسلّی دے رہا ہے کہ منکرینِ حق کا یہ پُرانا شیوہ ہے کہ اُنھوں نے ہر اُس نبی کو جھٹلایا جو اپنی سچّائی کی روشن اور ناقابلِ تردید دلیلیں لے کر آیا۔

۲۱۴؎ اِس میں یہود اور منکرین کو تنبیہ کی جا رہی ہے کہ وُہ دِن آنے والا ہے جب تمھیں موت کا پیالہ پینا پڑے گا اور اپنے کیے کی سزا بھگتنی پڑے گی۔ اور اس میں اُن مسلمانوں کے لیے تسلّی بھی ہے جو قبولِ اسلام کے بعد اپنوں اور بیگانوں کے مظالم کا ہدف بنے ہُوئے تھے کہ گھبراؤ نہیں حق کے لیے اپنی زندگی کے چار روز جیسے گزرتے ہیں گزار لو۔ اور وُہ دِن آنے والا ہے جب تمھیں اس کا

النَّارِ وَ اُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَ مَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَاۤ اِلَّا مَتَاعُ

(دوزخ) سے اور داخل کیا گیا جنّت میں تو وُہ کامیاب ہوگیا اور نہیں یہ دُنیوی زندگی مگر ساز و سامان

الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾ لَتُبْلَوُنَّ فِیْۤ اَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ ۫ وَ لَتَسْمَعُنَّ مِنَ

دھوکہ میں ڈالنے والا۔ یقیناً ۲۱۵ تم آزمائے جاؤ گے اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے اور یقیناً تم سنو گے ان سے

الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ مِنَ الَّذِیْنَ اَشْرَكُوْۤا اَذًی

جنھیں دی گئی کتاب تم سے پہلے اور اُن لوگوں سے جنھوں نے شرک کیا اذیّت دینے والی

كَثِیْرًا ؕ وَ اِنْ تَصْبِرُوْا وَ تَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۸۶﴾

بہت باتیں اور اگر تم (ان دل آزاریوں پر) صبر کرو اور تقویٰ اختیار کرو تو بے شک یہ بڑی ہمّت کا کام ہے

وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَیِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ

اور یاد کرو جب لیا اللہ تعالیٰ نے پختہ وعدہ ۲۱۶ اُن لوگوں سے جنھیں کتاب دی گئی کہ تم ضرور کھول کر بیان کرنا اسے لوگوں سے

وَ لَا تَكْتُمُوْنَهٗ ؗ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَ اشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا

اور نہ چھپانا اس کو تو (اُلٹا) اُنھوں نے پھینک دیا اس وعدہ کو اپنی پشتوں کے پیچھے اور اُنھوں نے خرید لی اُس کے عوض تھوڑی

اجرِ عظیم عطا فرمایا جائے گا۔

۲۱۵ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو پہلے ہی بتا رہے ہیں کہ مدینہ کی غیر مسلم آبادی، مشرک اور اہلِ کتاب سے اچھے سلوک کی توقع مت رکھو وُہ تمھارے مال و جان کو گزند پہنچائیں گے تمھیں کوسا جائے گا تمھارے خلاف پروپیگنڈا کی خطرناک مہم چلائی جائے گی تمھیں طرح طرح سے مطعون کیا جائے گا اور تمھارے محبوب رسُول ؐ کی شان میں زبان درازی کی جائے گی ایسی حالت میں عام طور پر جذبات مشتعل ہو جاتے ہیں۔ زبان اور ہاتھ پر قابو نہیں رہتا اور انسان ہر طرح کی جوابی کارروائی کرنے کے لیے اپنے آپ کو مجبور اور ہر جائز اور ناجائز حربہ استعمال کرنے کے لیے معذور پاتا ہے۔ اگر ایسے نازک حالات میں بھی تم نے صبر و استقامت کا دامن نہ چھوڑا اور اپنے بلند کردار پر جمے رہے تو تمھاری عظمت و رفعت پر انسانیت فخر کرے گی۔ اور ایسا کرنا ہر ایک کے بس کی بات نہیں بلکہ بڑی ہمت کا کام ہے۔

۲۱۶ اس میں علماء اہلِ کتاب کی اخلاقی پستی اور علمی خیانت کا حال بیان کیا جا رہا ہے۔ اور مقصد یہ ہے کہ علماء اسلام ان کے رویّہ سے

قَلِيلًاۭ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُونَ ﴿١٨٧﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَفْرَحُونَ

سی قیمت سو بہت بُری ہے وُہ چیز جو وُہ خرید رہے ہیں ہرگز آپ ۲۱۷ یہ خیال نہ کریں کہ جو لوگ خوش ہوتے ہیں

بِمَآ أَتَوا وَّيُحِبُّونَ أَن يُحْمَدُوا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوا فَلَا تَحْسَبَنَّهُم

اپنی کارستانیوں پر اور پسند کرتے ہیں کہ اُن کی تعریف کی جائے ایسے کاموں سے جو اُنھوں نے کیے ہی نہیں تو ان کے متعلق یہ گمان

بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٨٨﴾ وَلِلَّهِ مُلْكُ

نہ کرو کہ وُہ امن میں ہیں عذاب سے ان کے لیے ہی تو دردناک عذاب ہے اور اللہ ہی کے لیے ہے بادشاہی

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٨٩﴾ إِنَّ فِي

آسمانوں اور زمین کی اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے بے شک

ع ۱۹ / ۱۰

عبرت حاصل کریں۔

۲۱۷ے مُنافقین ہر دفعہ جہاد میں شرکت نہ کرتے اور اس محرُومی پر اُنھیں افسوس اور ندامت نہ ہوا کرتی بلکہ اسے اپنی عقلمندی کا کرشمہ سمجھتے اور خوش ہوتے۔ نیز اگرچہ ان کی زندگی کی کتاب شجاعت، ایثار، اخلاص اور تقویٰ کے کارناموں سے یکسر خالی تھی لیکن وُہ اس بات کو دل سے پسند کرتے کہ اُنھیں شجاع، ایثار پیشہ، مخلص اور متّقی کہا جائے۔ اُن کے متعلق بتایا جارہا ہے کہ ایسا مریض جس کی قوّتِ عملیہ مفلُوج ہو چکی ہو۔ اور جس کا ذہن خودستائی اور خود پسندی کی بیماری میں مبتلا ہو اُس کے تندرُست ہونے کی بہت کم توقع ہوا کرتی ہے۔ وُہ اپنی ان کوتاہیوں کے انجامِ بد سے ضرور دوچار ہو کر رہے گا۔ اگرچہ یہ آیت یہُود اور مُنافقین کی کمزوریوں کو آشکارا کرنے کے لیے نازل ہُوئی لیکن یہ نہ سمجھ لیا جائے کہ اس میں ہمارے لیے کوئی سبق نہیں۔ میدانِ عمل سے فرار اور اس پر بھی اپنی ستائش و تعریف سُننے کی خواہش دو ایسی کمزوریاں ہیں کہ جو شخص ان کا شکار ہو جاتا ہے اس کا وُہی انجام ہوتا ہے۔ جو قرآن نے واضح الفاظ میں بیان فرما دیا۔ کتنے نامور باپوں کے فرزند، کتنے علم و عرفان کے خانوادوں کے چشم و چراغ اور ثروت و سطوت کے وارث ان خرابیوں کے باعث اپنے اسلاف کی عظمت کو خاک میں ملا چکے ہیں۔ کیونکہ ان کو بڑی آسانی سے ایک بنا بنایا حلقہ دستیاب ہو جاتا ہے جو اُن کی ہر حرکت کو مستحسن اور ان کی تمام کوتاہیوں کے باوجود اُن کو مجمع صفاتِ کمال سمجھتا یا کہتا ہے۔ ہر باپ کا یہ فرض ہے کہ وُہ اپنی اولاد کو، اُستاد اپنے شاگردوں کو اور مُرشد اپنے عقیدت مندوں کو اس گردابِ ہلاکت سے بچانے کی ہر ممکن کوشش کرے۔ ان کی ایسی تربیت کی جائے کہ وُہ حقیقت پسند ہوں اور اپنی سخت کوشی سے تلخ زندگانی کو انگبین بنانے میں لذّت محسُوس کریں۔

خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ

آسمانوں ۲۱۸ اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن کے بدلتے رہنے میں (بڑی) نشانیاں ہیں

لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾ الَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ

اہل عقل کے لیے وہ عقل مند جو یاد کرتے رہتے ہیں ۲۱۹ اللہ تعالیٰ کو کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے اور

عَلٰی جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

پہلوؤں پر لیٹے ہوئے اور غور کرتے رہتے ہیں ۲۲۰ آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں (اور تسلیم کرتے ہیں) ۲۲۱

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾

اے ہمارے مالک! نہیں پیدا فرمایا تو نے یہ (کارخانۂ حیات) بے کار۔ پاک ہے تو (ہر عیب سے) بچالے ہمیں آگ کے عذاب سے

۲۱۸ اس سورۂ پاک کا اختتام ان آیات سے کیا اور اہل علم کو ان میں فکر و نظر کی دعوت دی۔ کیونکہ کارخانۂ قدرت کی نیرنگیوں میں وہ جتنا غور و فکر کریں گے۔ اللہ تعالیٰ کی وحدانیّت اور اس کے علم محیط اور حکمت کاملہ پر ان کا ایمان پختہ ہوگا۔ اور یہ پختگی تقلیدی نہیں ہوگی بلکہ تحقیقی ہوگی۔

۲۱۹ اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس کا ذکر کسی وقت اور کسی جگہ کے ساتھ مخصوص نہیں۔ کھڑے، بیٹھے، لیٹے ہر حالت میں بندہ اپنے خالق کی یاد میں محو رہے۔

۲۲۰ علامہ بیضاوی فرماتے ہیں وھوافضل العبادات کما قال علیہ الصلوٰۃ والسلام لاعبادۃ کالتفکر۔ مظاہر کائنات میں غور و تدبّر کرتے رہنا سب عبادتوں سے افضل ہے۔ کیونکہ نبی اکرم کا ارشادِ گرامی ہے کہ تفکّر و تدبّر کے ہم پایہ کوئی عبادت نہیں لیکن آج ہم اس افضل ترین عبادت سے کیسے اعراض کیے ہوتے ہیں اور کس طرح ہم نے اس کو صدیوں سے بالکل بھلا رکھا ہے محتاج بیان نہیں۔

۲۲۱ آج اگرچہ کائنات کے ہر پہلو پر غور و فکر ہو رہا ہے۔ اور وسعت کا یہ عالم ہے کہ ہر مظہر فطرت کے لیے ایک مستقل فن کی بنیاد پڑ چکی ہے لیکن مومن اور غیر مومن کی تحقیق و تفحّص میں ایک بنیادی فرق ہے۔ مومن جب کائنات کی کسی چھوٹی یا بڑی چیز پر غور کرتا ہے اور اس کی حیران کن تاثیرات اور اس میں مضمر ایک بدیع نظام پر اس کی نگاہ پڑتی ہے تو وہ اس کی حیران کن تاثیرات اور بدیع مضمرات میں کھو کر نہیں رہ جاتا بلکہ اسی وقت اس کی نگاہ اس کے بنانے والے کی طرف بے تابانہ وار دوڑتی ہے۔ اور اس کی زبان سے بے ساختہ یہ کلمات نکلتے ہیں ربنا ما خلقت ھذا باطلا الخ لیکن ایک غیر مومن کی نگاہ ان مشاہدات کی چمک دمک سے خیرہ ہو کر رہ جاتی ہے اور اس کے بنانے والے کی عظمت و جلالت، علم و قدرت، مشیّت و حکمت کی طرف

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ

اے ہمارے رب! بے شک تُو نے جسے داخل کر دیا آگ میں تو رُسوا کر دیا تُو نے اُسے اور نہیں ہے ظالموں کا

مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ

کوئی مددگار اے ہمارے رب! بے شک سُنا ہم نے مُنادی کرنے والے کو کہ بُلند آواز سے بُلاتا تھا ایمان کی طرف

اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا

(اور کہتا تھا) کہ ایمان لاؤ اپنے رب پر تو ہم ایمان لے آئے اے ہمارے مالک! پس بخش دے ہمارے گناہ اور مٹا دے ہم سے ہماری بُرائیاں

وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ ج رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَ

اور (اپنے کرم سے) موت دے ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ ۲۲۲ اے ہمارے رب! عطا فرما ہمیں جو وعدہ کیا تُو نے ہمارے ساتھ اپنے رسولوں کے ذریعہ اور

لَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ فَاسْتَجَابَ

نہ رُسوا کر ہمیں قیامت کے دن بے شک تُو وعدہ خلافی نہیں کرتا تو قبول ۲۲۳ فرما لی

لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ

اُن کی اِلتجا اُن کے پروردگار نے (اور فرمایا) کہ میں ضائع نہیں کرتا عمل کسی عمل کرنے والے کا تم سے خواہ مرد ہو یا

اُس کی توجہ مبذول نہیں ہوتی۔ بے شک وُہ اُن کی تسخیر سے اپنی مادی ترقی کو تو معراجِ کمال تک پہنچا دیتا ہے لیکن یقین کا چراغ روشن نہیں ہوتا۔ اور اُس کے دِل کی دُنیا پھر بھی تاریک کی تاریک ہی رہتی ہے۔ کاش مسلمان طلبہ قرآن کی اِس آیت کی روشنی میں سائنس اور طبعیات کے علوم کا مطالعہ کریں تاکہ اگر ان کی کاوشوں سے ان کی مِلّت کا ظاہر رشکِ مہتاب بن جائے تو اُس کا باطن رشکِ صد آفتاب ہو جائے۔

۲۲۲ے جب غور و فکر اور پیہم عبادت و ذِکر سے ان کا آئینۂ دِل جگمگانے لگتا ہے تو وُہ اپنے مولا تبارک و تعالیٰ کی جنابِ پاک میں دامن پھیلا کر یُوں گزارش کرتے ہیں۔ دُعا کے یہ جُملے اپنے اندر جو مٹھاس اور تاثیر رکھتے ہیں وُہ محتاجِ بیان نہیں۔

۲۲۳ے اِنعاماتِ خُداوندی کے وُہ طلبگار جنھوں نے اپنے عمل سے اپنے آپ کو ان کا اہل ثابت کر دیا ہے جب وُہ ادب و نیاز سے دُعا کرتے ہیں تو اُن کے دِل سے نکلی ہُوئی دُعائیں قبول کر لی جاتی ہیں۔

أُنْثَىٰ ۚ بَعْضُكُمْ مِنْ بَعْضٍ ۖ فَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَأُخْرِجُوا مِنْ

عورت بعض تمھارا جزء ہے بعض کی تو وُہ جنھوں نے ہجرت کی ۲۲۴ے اور نکالے گئے اپنے

دِيَارِهِمْ وَأُوذُوا فِي سَبِيلِي وَقَاتَلُوا وَقُتِلُوا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ

وطن سے اور ستائے گئے میری راہ میں اور (دین کے لیے) لڑے اور مارے گئے تو ضرور میں مٹادوں گا ان (کے

سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ

نامۂ عمل) سے ان کے گناہ اور ضرور داخل کروں گا انھیں باغوں میں بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں

ثَوَابًا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عِنْدَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿١٩٥﴾

(یہ) جزا ہے (ان کے اعمالِ حسنہ کی) اللہ کے ہاں اور اللہ ہی کے پاس بہترین ثواب ہے

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي الْبِلَادِ ﴿١٩٦﴾ مَتَاعٌ قَلِيلٌ

(اے سُننے والے!) نہ دھوکہ میں ڈالے تجھے چلنا پھرنا اُن کا جنھوں نے کفر کیا ملکوں میں ۲۲۵ے یہ لُطف اندوزی تھوڑی مدت کے لیے ہے

ثُمَّ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٩٧﴾ لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا

پھر ان کا ٹھکانا جہنّم ہے اور یہ بہت بُری ٹھیرنے کی جگہ ہے لیکن وُہ جو ۲۲۶ے ڈرتے رہے

۲۲۴ے اب اُن پاکبازوں کا ذکر ہو رہا ہے جن کے اعمال ضائع نہیں کیے جاتے۔ اور اگر ان سے بمقتضائے بشریت کوئی غلطی سرزد ہو بھی جائے تو ان کی خوبیوں اور نیکیوں کے باعث معاف کر دی جاتی ہے لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ کا معنی علامہ بیضاویؒ نے "لامحونها" کیا ہے یعنی مٹادوں گا محو کردوں گا میں اُن کے گناہ۔

۲۲۵ے کفار کی ظاہری آن بان دیکھ کر بعض کمزور دلوں میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ اگر یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے نافرمان ہوتے تو کیا وُہ یوں شان وشوکت سے زندگی بسر کرتے۔ اِس خیال کا بھی ازالہ کر دیا کہ یہ ساری دُھوم دھام عارضی ہے۔ اِس کے بعد ان کا ٹھکانا جہنّم ہے اِس لیے تم ان کی اِس چند روزہ کرّوفر کو ان کے حق پر ہونے کی دلیل مت سمجھو۔ ان کے انجام پر غور کرو کہ یہ کتنا ہولناک ہے۔

۲۲۶ے ان کے برعکس وُہ لوگ جن کے پاس عیش وعشرت کا سامان نہیں لیکن ان کا دل تقویٰ کے نُور سے منوّر ہے اللہ تعالیٰ کی جناب میں اُن کا بڑا بلند مقام ہے۔ جنّت الفردوس میں یہ مہمان ہوں گے اور اللہ تعالیٰ ان کا میزبان ہوگا۔

رَبِّهِمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

اپنے رب سے اُن کے لیے باغ ہوں گے رواں ہوں گی ان کے نیچے ندّیاں (وہ متقی) ہمیشہ رہیں گے ان میں

نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾ وَاِنَّ

یہ تو مہمانی ہوگی اللہ کی طرف سے اور جو (ابدی نعمتیں) اللہ کے پاس ہیں وُہ بہت بہتر ہیں نیکوں کے لیے اور بے شک

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ

بعض اہل کتاب ایسے ہیں ۲۲۷ جو ایمان لاتے ہیں اللہ تعالیٰ پر اور اُس پر جو اُتارا گیا تمھاری طرف

وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

اور جو اُتارا گیا اُن کی طرف عاجزی (اور نیازمندی) کرنے والے ہیں اللہ تعالیٰ کے لیے نہیں سودا کرتے اللہ کی آیتوں کا

ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

حقیر قیمت پر یہ وُہ ہیں جن کا ثواب اُن کے رب کے پاس ہے بے شک اللہ تعالیٰ بہت جلد

الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۟ قف

حساب لینے والا ہے اَے ایمان والو! ۲۲۸ صبر کرو اور ثابت قدم رہو (دُشمن کے مقابلہ میں) اور کمربستہ رہو (خدمتِ دین کے لیے)

۲۲۷ قبل ازیں اہلِ کتاب اور اُن کے عُلماء کے عیوب و نقائص بیان کیے گئے تھے۔ جس سے یہ وہم ہو سکتا تھا کہ شاید سب اہلِ کتاب اور اُن کے سارے عُلماء ایک ہی قماش کے ہیں۔ قرآن حکیم نے اِس غلط فہمی کو بھی دُور فرما دیا کہ سب ایک جیسے نہیں۔ ان میں سے کئی ایک بڑے پاک دِل، نیک فِطرت اور سلیم الطبع ہیں۔

۲۲۸ یہ اِس جلیل القدر اور عظیم المرتبت سُورۃ کی آخری آیت ہے۔ اور اِس میں نہایت مختصر اور بہت ہی جامع الفاظ میں بتایا جا رہا ہے کہ اِن چار باتوں میں دُنیوی اور اُخروی فلاح و کامیابی کا راز پوشیدہ ہے۔ صبر، مصابرہ، رباط اور تقویٰ۔ صبر کا معنی ہے نیک اعمال کرنے اور بُرے اعمال سے باز رہنے پر نفس کو پابند رکھنا۔ مصابرہ کا معنی ہے مصابرۃ الاعداء یعنی دُشمن کے پے در پے حملوں کے سامنے فولاد بن کر کھڑے رہنا اور رباط کا معنی ہے الرباط حمل النفس علی النیۃ الحسنۃ والجسم علی فعل الطاعۃ ومن اعظمہ ارتباط الخیل فی سبیل اللہ وارتباط النفس علی الصلوٰۃ۔ یعنی

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾ ع

اور (ہمیشہ) اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ (اپنے مقصد میں) کامیاب ہو جاؤ

رباط کہتے ہیں نفس کو نیّت حسنہ پر آمادہ رکھنا اور جسم کو عبادت پر کاربند رکھنا۔ اس کا اعلیٰ مقام یہ ہے کہ انسان جہاد فی سبیل اللہ کے لیے کمربستہ رہے اور گھوڑا تیار رکھے اور نفس کو نماز کا خوگر بنائے۔ اور تقویٰ کی تفسیر جا بجا گزر چکی ہے۔ جب کسی فرد یا قوم میں یہ صفات پائی جاتی ہیں تو رحمتِ الٰہی اور نصرتِ خداوندی اس کی پاسبان ہوتی ہے۔ مشکلات کے پہاڑ از خود راستہ چھوڑ دیتے ہیں۔ دُنیا میں بھی عزّت نصیب ہوتی ہے اور آخرت میں بھی سُرخروئی۔

تعارف سُورۃ النِّساء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِس سُورۃ پاک کا نام النِّساء ہے ۔ باتفاق عُلماء مدینہ طیّبہ میں نازل ہُوئی ۔ اِس کی آیتوں کی تعداد ۱۷۶ ہے ۔ الفاظ تین ہزار پینتیس اور حرُوف ۱۶۰۳۰ ہیں ۔ اَور ۲۴ رکُوع ہیں ۔ اَور یہ سُورۃ پاک بڑی اہم اور دُوررس اِصلاحات پر مشتمل ہے ۔جنھیں اگر دینِ اِسلام کا طُرّہ اِمتیاز کہا جائے تو قطعاً مبالغہ نہ ہوگا ۔

گھریلو زِندگی ۔ اِس سُورۃ میں سب سے پہلے اور سب سے زیادہ توجہ گھریلو زِندگی کو خوشگوار بنانے پر دی گئی ہے کیونکہ گھر ہی قوم کی خشتِ اوّل ہے ۔ گھر ہی وُہ گہوارہ ہے جہاں قوم کے مستقبل کے معمار پرورش پاتے ہیں ۔ گھر ہی وُہ مدرسہ ہے جہاں اخلاق وکردار کی جو قدریں اچھی یا بُری ، بلند یا پست لوحِ قلب پر لکھ دی جاتی ہیں ان کے نقوش کبھی مدّھم نہیں پڑتے ۔صرف جذبات کِتنے پاکیزہ اور معصُوم کیوں نہ ہوں حقائق کا مقابلہ کرنے کی تاب نہیں لاسکتے ۔ قرآن حقائق کو حقائق کی حیثیت سے دیکھتا ہے ۔ اِس لِیے گھر کے ماحول کو خوشگوار بنانے کے لِیے مُبہم نصیحتوں پر اِکتفاء نہیں کیا بلکہ اس کے لِیے واضح اور غیر مبہم قاعدے اور ضابطے متعیّن فرما دیئے ۔

ا ۔ یتیم بچّے ۔جس گھر میں یتیم بچّوں پر زیادتیاں کی جائیں اور ان کے سرپرست ان کی دولت کو خرد بُرد کرنے کے لِیے سازش و فریب کے جال بُنتے رہیں اس گھر کی فضا کبھی صِحت مند نہیں ہوسکتی اور اس خاندان کے افراد کبھی سچی مسرّت کی لذّتوں سے آشنا نہیں ہوسکتے ۔ اِس لِیے قرآنِ حکیم نے اپنے ماننے والوں کو صاف الفاظ میں حکم فرمایا کہ وُہ یتیم بچّوں اور بچیوں کے ساتھ اچّھا سلوک کریں ۔ ان کے حقوق کی نگہبانی اور ان کے اموال کی حفاظت کریں بلکہ ان کے اِحساسات تک کا پاس رکھیں ۔ اور جو بھی ان بیکسوں کے ورثہ میں ناجائز تصرّف کرے گا وُہ خُوب جان لے کہ وُہ آتشِ جہنّم سے اپنے پیٹ کو بھر رہا ہے ۔

ب ۔ عورت کا مقام ۔ عرصہ ہائے دراز سے یہ صنفِ نازک ظلم وستم کا نشانہ بنی ہوئی تھی ۔قدرت نے اگرچہ اسے مرد کی طرح ذِی رُوح اور ذِی شعُور بنایا تھا لیکن اِس کے ساتھ برتاؤ مٹّی کی بے جان مُورتیوں کا سا کیا جاتا تھا ۔ جُوئیں داؤ پر اِسے لگایا جاسکتا تھا ۔ خاوند کی لاش کے ساتھ قانوناً اسے جل کر راکھ ہونا پڑتا تھا ۔ کہیں اسے تمام بُرائیوں کی جڑ اَور اِنسان کی ساری بدبختیوں کا سرچشمہ یقین کیا جاتا تھا اور کہیں چوٹی کے نامور فلسفی اس کے اِنسان ہونے کو بھی مشکُوک

نگاہوں سے دیکھا کرتے تھے۔ اس کو ملکیت کے حقوق حاصل نہ تھے۔ اسے ازدواجی بندھنوں میں مقیّد کرنے سے پہلے اس سے کوئی رائے لینے کا تصوّر تک نہ تھا۔ یہ بلکہ اس سے بھی بدتر حالات تھے جن میں اسلام سے پہلے یہ صنفِ نازک گرفتار تھی۔ جہاں کنبہ کے نصف افراد کی بےبسی کا یہ عالم ہو وہاں خوشی اور مسرّت کا گزر کہاں؟ قرآن نے پہلی مرتبہ اعلان کیا کہ جس طرح مرد کے حقوق عورت پر ہیں اسی طرح عورت کے حقوق بھی مرد پر ہیں۔ اس کی رائے ہے اور قانون اس کی رائے کا احترام کرتا ہے۔ اس کو اپنے والدین، اپنے خاوند، اپنی اولاد کا وارث تسلیم کیا گیا۔ اس کو ملکیت کے حقُوق تفویض کیے گئے۔

کیونکہ مرد اور عورت کا اوّلین رشتہ ازدواج کا رشتہ ہے اس لیے اس میں جو بےراہ رویاں پائی جاتی تھیں ان کی اصلاح کی۔ تعدّدِ ازواج پر پابندیاں لگائیں۔ اور اس کی اجازت دی تو بڑی شرُوط وقیوُد کے ساتھ۔ مرد کو بیوی کے ساتھ حسُنِ سلوک کا حکم دیا اور اگر اس کی کوئی چیز پسندِ خاطر نہ ہو تو اس پر صبر کرنے کی ہدایت کی۔ اگر باہمی تعلّقات کشیدہ ہو جائیں تو اصلاحِ حال کی تدبیر بتائی۔ لیکن عورت کو یہ تمام حقوق دینے کے بعد گھر کی سرداری اور نظم ونسق کی ذمہ داری مرد کو سونپی۔ کیونکہ اسی کی فطری صلاحیتیں اس بارِگراں کو اُٹھا سکتی ہیں اور یہی حقایق کی نگہداری اور ہر بات میں میانہ روی اس بات کی دلیل ہے کہ قرآن کلامِ الٰہی ہے۔ کیونکہ اس میں تفریط کا گزر نہیں تو افراط کا بھی نشان نہیں۔

ج۔ تیسری چیز جو گھر کے ماحول کو خوشگوار رکھنے کے لیے بڑی اہمیّت رکھتی ہے وُہ مالی حقوق کی مُنصفانہ تقسیم ہے۔ اس میں معمولی سی کوتاہی بھائی کو بھائی سے جُدا کر دیتی ہے۔ اس لیے تقسیمِ میراث کا مفصّل قانون نازل فرمایا۔ اسلام کے نظامِ میراث کی جو امتیازی خصوصیات ہیں ان کا جائزہ تو اپنے اپنے مقام پر لیا جائے گا لیکن ایک بےمثل تبدیلی یہ کی کہ عورت (ماں۔ بیٹی بیوی) کو بھی مرد کی طرح وارث قرار دیا۔

۲۔ حق وباطل کی جنگ جس کا آغاز بدر سے ہوا تھا ابھی جاری تھی۔ اُحد میں مُسلمانوں کی کثیر تعداد کے شہید ہونے کے باعث مُنافق، یہُودی اور مُشرک قبائل کے حوصلے بڑھ گئے تھے۔ اس سُورۃ میں بھی مُسلمانوں کو حق کی حفاظت کے لیے اپنی جان تک کی بازی لگانے کا حکم دیا گیا اور ان کے حوصلوں کو بلند کیا گیا اور منافقوں کے مختلف گروہوں کے ساتھ ہر ایک کے مناسب حال رویّہ اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی۔

۳۔ انفرادی کردار کی تعمیر کی طرف بھی خاص توجہ دی گئی ہے اور اُن قوموں کی اقتدا سے روکا گیا ہے جو عمل سے جی چُراتی ہیں حق کے لیے کسی جانی اور مالی قربانی کے لیے آمادہ نہیں ہوتیں اور اس کے باوجُود اپنے آپ کو انعاماتِ خداوندی کا واحد حقدار سمجھتی ہیں۔ اُمتِ مُصطفویہ کو صاف صاف بتا دیا گیا کہ اس رزم گاہِ حیات میں جیت اسی کی ہوگی جو اپنے پیہم اور نتیجہ خیز عمل سے اپنی فوقیّت اور برتری ثابت کر دے۔ خیالی پلاؤ پکانے اور ہوائی قلعے تعمیر کرنے سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ نیز یہ بھی فرمایا کہ مُسلمانوں کے باہمی برتاؤ کا دار ومدار احسان اور مہربانی پر ہونا چاہیئے۔ جتنی قرابت زیادہ ہوگی اتنی ہی اس کے ساتھ مہربانی اور احسان زیادہ ہونا چاہیئے۔

۴۔ اطاعتِ رسُول: اِس سُورۃ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبِ اکرم رسُولِ معظّم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی غیر مشرُوط اطاعت کا حکم دیا ہے اور فلا وربك (اَے محبُوب تیرے رب کی قسم) کے پُرجلال الفاظ سے قسم اُٹھا کر بتایا کہ کوئی شخص مُسلمان نہیں ہوسکتا جب تک وُہ میرے رسُول کے ہر فیصلہ کو خواہ وُہ اس کے خلاف بھی ہو دِل و جان سے بخوشی قبول نہ کرے۔

۵۔ زمانۂ نزول: عُلماءِ محقّقین کی رائے میں اس سُورۃ کے نزُول کا آغاز جنگِ اُحد (شوال ۳ھ) کے بعد ہوا جب کہ ستّر مُسلمانوں کی شہادت کے بعد یتیموں کی کفالت اور وِرثہ کی تقسیم کے مسئلہ نے بڑی اہمیت اختیار کرلی تھی۔ نمازِ خوف غزوۂ ذات الرّقاع میں پڑھی گئی اور یہ غزوہ ۴ھ میں ہوا۔ اور تیمّم کی اجازت غزوۂ بنی مصطلق میں دی گئی اور یہ غزوہ ۵ھ میں پیش آیا۔ اِن واقعات اور سنین سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر اِس سُورۃ کا آغاز اُحد کے بعد ہوا تو اس کا سلسلۂ نزُول ۵ھ کے اوائل تک جاری رہا۔

سُورَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَسَبْعٌ وَسَبْعُونَ آيَةً وَأَرْبَعَةٌ وَعِشْرُونَ رُكُوعًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُورۃ النساء۔ مدنی۔ ۱۷۶ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے آیتیں ۲۴ رکوع

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ

اے لوگو! [1] ڈرو اپنے رب سے جس نے پیدا فرمایا تمھیں ایک

وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ

جان سے اور پیدا فرمایا اسی سے جوڑا اس کا [2] اور پھیلا دیئے ان دونوں سے مرد کثیر تعداد میں اور

نِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

عورتیں (کثیر تعداد میں) اور ڈرو اللہ تعالیٰ سے [3] وہ اللہ مانگتے ہو تم ایک دوسرے سے (اپنے حقوق) جس کے واسطہ سے اور (ڈرو [4]) رحموں (کے قطع کرنے سے) بیشک اللہ تعالیٰ

[1] معاشرہ زندگی کی مسرتوں سے تب لطف اندوز ہوسکتا ہے جب ہر خاندان کے افراد میں باہمی محبت و پیار ہو اس کے لیے صلہ رحمی، رواداری اور حسن سلوک کی اہمیت محتاج بیان نہیں۔ اسی کے متعلق اس سورۃ میں واضح احکام اور روشن ہدایات دی گئیں لیکن ان احکام و ہدایات کے ذکر سے پہلے دو باتوں کی طرف خصوصی توجہ دلائی۔ ایک تو یہ کہ سب انسانوں کا پیدا کرنے والا ایک ہی خدا ہے دوسرا یہ کہ سب انسان ایک ہی باپ کی اولاد ہیں۔ جب سب ایک خدا کی مخلوق ہیں تو سب کو اس کے ہر حکم کی تعمیل اور اس کی نافرمانی سے احتراز کرنا چاہیئے۔ اور جب ایک ہی باپ کی اولاد ہیں تو انھیں آپس میں محبت و پیار کرنا چاہیئے۔ نیز اس ارشاد سے انسانی مساوات کا درس دیا اور انسانی برادری میں طرح طرح کے امتیازات پر ضرب کاری لگائی جن کے باعث انسان اعلیٰ اور ادنیٰ میں منقسم کر دیا گیا ہے۔

[2] ابو مسلم اصفہانی وغیرہ نے یہاں مضاف محذوف مانا ہے ان کے نزدیک اصل عبارت یوں ہے خلق من جنسها زوجها یعنی آدم کی جنس سے اس کا جوڑا تخلیق کیا۔ لیکن آیت کے الفاظ اس کی تائید نہیں کرتے۔ مضاف محذوف ماننا تکلف سے خالی نہیں نیز تمام بنی نوع انسان کا نفس واحد سے پیدا کیا جانا تب ہی درست ہوسکتا ہے جب تمام افراد کا اصل الاصول ایک آدم ہی ہوں۔ اگر حوّا کی تخلیق آدم سے تسلیم نہ کی جائے تو پھر افراد بشری کی تخلیق دو نفسوں آدم و حوّا سے ہوگی نہ کہ ایک نفس سے، جیسا کہ قرآن کریم کا منشا ہے۔ لوكانت حوا مخلوقة ابتداء لكان الناس مخلوقين من نفسين لا من نفس واحدة (بحر محیط)

[3] تقویٰ کی اہمیت کے پیش نظر اس کا دوبارہ حکم دیا گیا لیکن پہلی دفعہ وجہ یہ بیان فرمائی کہ وہ تمہارا خالق ہے اور دوبارہ تقویٰ کا حکم دیتے ہوئے فرمایا کہ روزمرّہ کی زندگی میں تم اسی کے نام سے لین دین کرتے ہو۔ اسی کا واسطہ دے کر تم اپنے حقوق کا مطالبہ کرتے ہو۔ اسی کے نام کی قسم اٹھا کر تم اپنے عہد و پیمان کو قابل اعتماد بناتے ہو۔ جب اس کے نام کے بغیر تمہاری زندگی کا کاروان

كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا ① وَاٰتُوا الْيَتٰمٰى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا

تم پر ہر وقت نگران ہے اور دے دو یتیموں کو ان کے مال اور نہ بدلو

الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۠ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

(اپنی) ردی چیز کو (اُن کی) عمدہ چیز سے اور نہ کھاؤ ان کے مال اپنے مالوں سے ملا کر[۵] واقعی یہ

حُوْبًا كَبِيْرًا ② وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا

بہت بڑا گناہ ہے اور اگر ڈرو تم اس سے کہ نہ انصاف کر سکو گے تم یتیم بچیوں کے معاملہ میں[۶] (تو ان سے نکاح نہ کرو) اور نکاح کرو

ایک قدم بھی نہیں چل سکتا تو پھر کیا تمہیں زیب دیتا ہے کہ اس کی نافرمانی کرو۔

[۴] یہ منصوب ہے اور اس کا عطف لفظ اللہ پر ہے۔ رحم ہر قسم کے رشتہ دار کو کہا جاتا ہے۔ الرحم اسم لكافة الاقارب (قرطبی) آیت کے اِس حصہ میں صلہ رحمی کا حکم اور قطع رحمی سے منع فرمایا گیا ہے۔ اسلام نے اپنے قریبی رشتہ داروں سے حسنِ سلوک کا بار بار حکم دیا ہے۔ اور ان کے ساتھ بدسلوکی کرنے سے سختی سے منع فرمایا ہے حضورؐ کے ارشادات اس بارے میں اتنے واضح ہیں کہ کسی تاویل کی گنجائش نہیں رکھتے۔ ایک فرمانِ گرامی سُن لیجئے۔ الرحم معلقة بالعرش تقول الا من وصلني وصله الله ومن قطعني قطعه الله یعنی رحم عرشِ الٰہی سے آویزاں ہے اور کہہ رہا ہے کہ ہوشیار! جس نے مجھے جوڑا خدا اُسے جوڑے رکھے اور جس نے مجھے قطع کیا اُسے اللہ پارہ پارہ کرے۔

[۵] وَاٰتُوا الْيَتٰمٰى الخ یتیموں پر طرح طرح کے ظلم کیے جاتے۔ جب کسی کا والد فوت ہو جاتا اور یتیم بچے چھوڑ جاتا تو اس کے چچے یا بڑے بھائی سارے مال پر قبضہ کر لیتے اور یتیم کے بالغ ہونے پر بھی اس کا مال اُسے واپس نہ کرتے یا یتیم کے اعلیٰ نسل کے فربہ جانور خود رکھ لیتے اور گنتی پُوری کرنے کے لیے اُس کو ردّی نسل کے دُبلے اور لاغر جانور دے دیتے اور یُوں بری الذمہ ہو جاتے۔ تیسری صُورت یہ ہوتی کہ یتیموں کے اموال کو اپنے اموال میں خلط ملط کر دیتے اور حفاظت کے بہانہ سے سب آہستہ آہستہ ہڑپ کر جاتے۔ ان تمام صُورتوں کو تفصیل سے ذکر کر دیا اور ایسا کرنے سے سختی سے روک دیا اور بتا دیا کہ یہ بہت بڑا گناہ ہے اور اس کی سزا بہت سخت ہے۔ الحوب: الاثم گناہ۔

[۶] حضرت عائشہ صدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اِس آیت کی وضاحت کرتے ہُوئے فرمایا کہ یتیم بچیاں جو اپنے سرپرستوں کی نگرانی میں ہُوا کرتی تھیں ان کے سرپرست ان کے مال اور جمال کی وجہ سے ان کو اپنی زوجیّت میں لے لیتے۔ اور باپ کا سایہ اُٹھ جانے کے بعد کیونکہ ان کے حقوق کا محافظ اور ان کے دُکھ درد میں ان سے ہمدردی کرنے والا کوئی نہ ہوتا اس لیے عام طور پر نہ تو ان یتیم بچیوں کے ساتھ نکاح کرتے وقت اُن کو اُن کی حیثیت کے مُطابق مہر دیا جاتا اور نہ نکاح کے بعد اُن

مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ فَإِنْ خِفْتُمْ

جو پسند آئیں تمھیں (ان کے علاوہ دُوسری) عورتوں سے دو دو تین تین اور چار چار ؎ اور اگر تمھیں یہ اندیشہ ہو

کے حقوق ادا کیے جاتے۔ اِس لیے اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل فرمایا کہ جب تمھیں اندیشہ ہو کہ تم ان بے سہارا بچیوں کے حقوق کی نگہداشت نہیں کر سکوگے تو اُن کے ساتھ نکاح نہ کرو بلکہ ان کے علاوہ دُوسری عورتوں سے جو تمھیں پسند ہوں چار تک نکاح کر سکتے ہو۔

؎ اسلام کے ناقدین خصُوصاً اہلِ مغرب نے تعدّدِ ازواج کے مسئلہ پر بڑی لے دے کی ہے اور وُہ مُسلمان بھی اس کے متعلق بہت پریشان رہتے ہیں جن کے نزدیک خیر و شر اور حُسن و قبح کا صرف وُہی معیار قابلِ قبُول ہے جو اُن کے ذہنی مربیوں نے مقرر کر رکھا ہے۔ اِس لیے اس کے متعلق اختصار کو ملحُوظ رکھتے ہُوئے چند حقائق پیش کرنا فائدہ سے خالی نہ ہوگا:۔

۱۔ یہ حُکم نہیں جس کی پابندی پیروانِ اسلام پر لازمی ہو بلکہ یہ ایک رُخصت ہے۔

۲۔ رُخصت بھی بے قید و شرط نہیں، بلکہ سخت قیوُد سے مقیّد اور سنگین شرائط سے مشرُوط۔

۳۔ طبِّ جدید و قدیم اِس پر متفق ہے کہ مرد کی طبعی کیفیت عورت کی طبعی کیفیت سے جُداگانہ ہے۔

۴۔ مرد میں جنسی رغبت عورت سے کہیں زیادہ ہے۔ جس کی ظاہر وجہ یہ ہے کہ جنسی عمل کے بعد عورت کو مدّت دراز تک مختلف نازک سے نازک مرحلوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ اِستقرارِ حمل، وضعِ حمل، اضاعت اور ننھے بچّے کی تربیّت یہ سارے مرحلے اُسے یُوں مشغُول رکھتے ہیں کہ اس میں کوئی طلب کم ہی رُونما ہوتی ہے لیکن مرد ان تمام ذمہ داریوں سے آزاد ہوتا ہے۔

۵۔ اکثر ممالک میں عورت کی شرحِ پیدائش مردوں سے زیادہ ہے۔ اس کے علاوہ جنگ آزما قوموں کے مرد ہی ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں جنگ کے شعلوں کی نذر ہوتے ہیں۔ اِس لیے عورتوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔

۶۔ تاریخِ انسانی جب سے مرتّب کی گئی ہے اس کے ہر اس قانونی نظام میں جس میں تعدّدِ ازواج قانُوناً ممنُوع ہے زنا کی کھُلی اجازت ہے اور یہ فعلِ شنیع اپنی اَن گِنت خرابیوں کے باوجُود جرم ہی تصوّر نہیں کیا جاتا۔

۷۔ کیا بیوی اور اس کے بچّوں کے لیے اس کے خاوند کی دُوسری بیوی قابلِ برداشت ہے یا اس کی داشتہ ذہنی، رُوحانی، مادی اور جسمانی صحت کے جُملہ پہلوؤں پر غور فرمائیے۔

۸۔ کیا کسی باحمیّت و باغیرت عورت کے لیے یہ مُناسب ہے کہ وُہ گھر کی مالکہ بن کے رہے اس کا خاوند اس کے آرام کا ذمّہ دار، اس کی نامُوس کا مُحافظ ہو۔ اس کی اَولاد جائز اَولاد متصوّر ہو اور سوسائٹی میں اسے باعزّت مقام حاصل ہو یا ایسی عورت بن کر رہے جس کا حُسن و شباب ہوسناک نگاہوں کا کھلونا بنا رہے لیکن نہ کوئی اس کی اَولاد کا باپ بننا گوارا کرے اور نہ کوئی دُوسری ذمّہ داری لینے کے لیے تیار ہو۔

أَلَّا تَعْدِلُوا فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَلَّا

کہ تم ان میں عدل نہیں کرسکو گے تو پھر ایک ہی یا کنیزیں جن کے مالک ہوں تمہارے دائیں ہاتھ۔ یہ زیادہ قریب ہے اس کے کہ تم ایک

تَعُولُوا ﴿٣﴾ وَآتُوا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً ۚ فَإِن طِبْنَ لَكُمْ

طرف ہی نہ جھک جاؤ ۹ اور دیا کرو (اپنی) عورتوں کو ان کے مہر خوشی خوشی پھر اگر وہ بخش دیں تمہیں

۹۔ کیا یورپ اور امریکہ اپنی تمام سائنسی ترقی کے باوجود حرامی بچوں اور کنواری ماؤں کی تعداد میں ہوش رُبا اضافہ کے باعث پریشان نہیں۔ (یو۔ این۔ او کی رپورٹ کے مطابق بعض یورپین ممالک میں ناجائز ولادتوں کا اوسط ساٹھ فیصدی تک پہنچ گیا ہے۔

یہ حقائق ہیں جن کو تسلیم کرتے ہوئے یہی مشکلات ہیں جن کا حل پیش کرتے ہوئے اسلام نے جو دین فطرت ہے) ضرورت کے وقت ایک سے زائد بیوی سے نکاح کرنے کی اجازت دی ہے۔ خود مغرب کے کئی مفکر اپنے معاشرہ کی اخلاقی پستی اور اس میں ایسی عورتوں اور ناجائز بچوں کی زبوں حالی کو دیکھ کر چیخ اُٹھے ہیں اور برملا کہنے لگے ہیں کہ قرآن کے قانون پر عمل کیے بغیر اب کوئی چارۂ کار نہیں۔

۸ے لیکن اگر ہم ذرا حقیقت پسندی سے کام لیں تو ہمیں یہ اعتراف کرنا پڑے گا کہ ہم نے اس رخصت کا اکثر ناجائز فائدہ اُٹھایا ہے۔ ہمارے ہاں گنتی کے چند افراد کے سوا جو لوگ بھی دوسری شادی کرتے ہیں ہوس رانی اور لذّت طلبی کے بغیر ان کے پیشِ نظر کوئی چیز نہیں ہوتی۔ نیز نئی نویلی دُلہن کے حضور میں یوں متاعِ ہوش لُٹا دی جاتی ہے کہ پہلی بیوی کے جملہ حقوق فراموش کر دیئے جاتے ہیں۔ شریفانہ برتاؤ تک نہیں کیا جاتا۔ اُس کے شکم سے جو اولاد ہوتی ہے وُہ بھی اپنے ہوش باختہ باپ کی شفقت سے یکسر محروم ہو جاتی ہے۔ ہم بھی تو ذرا انصاف کریں کہ کیا خُدائے بزرگ و برتر کا، اس کے رسُولِ معظّم کا ہمیں یہی حکم ہے دینِ اسلام نے ہمیں یہی تعلیم دی ہے۔ وہاں تو یہ تصریح ہے کہ اگر تم دونوں بیویوں میں عدل کرنے کی قدرت نہیں رکھتے تو ایک صرف ایک بیوی کی اجازت ہے۔ کاش مسلمان اپنی بدعملیوں سے اپنے پاکیزہ دین کو داغدار نہ کریں اور اپنے حُسنِ عمل سے اسلام کی تعلیمات کی صداقت کو نمایاں کرنے کے بجائے اپنی کوتاہیوں اور خامیوں کے باعث طالبانِ حق اور متلاشیانِ ہدایت کو اس دینِ برحق سے متنفّر کرنے کا سبب نہ بنیں۔

۹ے لفظ تعولوا کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ قرطبی حضرت ابنِ عباس اور مجاہد سے نقل کرتے ہیں یقال عال الرجل یعول اذا جار ومال ومنہ قولھم عال السھم عن الھدف اذا مال عنہ یعنی عال کا معنی ہے ظلم کرنا ایک طرف جھک جانا۔ جب تیر نشانہ سے ہٹ جائے تو کہتے ہیں عال السھم لیکن اس کا ایک اور معنی امام شافعیؒ سے منقول ہے الا تعولوا ای لا تکثروا عیالکم کہ تمہارے بال بچّے زیادہ نہ ہو جائیں یعنی اگر تم ایک بیوی پر اکتفا کرو گے تو کثرتِ اولاد تمہیں پریشان نہیں کرے گی۔

عَنۡ شَیۡءٍ مِّنۡهُ نَفۡسًا فَكُلُوۡهُ هَنِیۡٓـًٔا مَّرِیۡٓـًٔا ﴿٤﴾ وَ لَا تُؤۡتُوا

کچھ اس سے خوش دلی سے تو کھاؤ اُسے لذّت حاصل کرتے ہوئے خوشگوار سمجھتے ہوئے اور نہ دے دو ۱۱

السُّفَهَآءَ اَمۡوَالَكُمُ الَّتِیۡ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمۡ قِیٰمًا وَّ ارۡزُقُوۡهُمۡ

نادانوں کو اپنے مال ۱۲ جنھیں بنایا ہے اللہ تعالیٰ نے تمھاری (زندگی کے) لیے سہارا اور کھلاؤ انھیں

نا اس آیت سے مہر کا وجوب ثابت ہوتا ہے۔ اور جب تک عورت خوشی سے سارا مہر یا اس کا کوئی جزء معاف نہ کردے وُہ مرد کے ذمّہ واجب الادا رہتا ہے۔ نحلۃ اس عطیّہ کو کہتے ہیں جو خوشی خوشی کسی معاوضہ کے لالچ کے سوا دیا جائے۔ نحلة عطية اذا اعطاه اياه عن طيب نفس بلا توقع عوض (بیضاوی)

اا یتیم بچّوں اور بچّیوں کے مال ضائع ہونے کی ایک صُورت یہ بھی تھی کہ ان کے اموال اس وقت ان کے سپرد کردیئے جائیں جب کہ مال کے صحیح انتظام، اسے نفع بخش کاروبار میں لگانے کی قابلیّت ان میں مفقود ہو۔ اس حالت میں ان کے سرپرست ان کے مال اگر ان کے سپرد کردیں گے تو وُہ چند دنوں میں اسے اڑا کے رکھ دیں گے۔ اور جب ان کی چشم ہوش وا ہوگی تو وُہ اپنے آپ کو فقر و افلاس کی زنجیروں میں بندھا ہوا پائیں گے۔ اس لیے اس آیت میں یہ فرمایا کہ اگر وُہ باشعور نہیں تو ان کا مال حفاظت سے اپنے پاس رکھو اور ان کے خورد و نوش اور لباس کا اہتمام کرو اور اُن کو خوش اسلوبی سے بتاتے رہو کہ یہ مال و متاع تمھارا ہی ہے اور ہم نے تمھاری بہتری کے لیے اسے اپنے پاس سنبھال کر رکھا ہوا ہے۔ اور جب تم بڑے ہوجاؤ گے تو ہر چیز تمھارے حوالہ کردی جائے گی۔

۱۲ اس آیت میں دو لفظ آپ کی خصوصی توجّہ کے مستحق ہیں۔ اموالھم (ان کے مال) کی بجائے اموالکم فرمایا کہ یتیموں کا مال اگرچہ انھیں کا ہے لیکن کیونکہ وُہ اور تم سب ایک ملّت کے فرد ہو اس لیے گویا وُہ تمھارا ہی ہے۔ اس کی حفاظت اور نگہداشت بالکل یُوں کرو جیسے اپنے مال کی کرتے ہو۔ وحدتِ ملّی اور تکافلِ اجتماعی کا یہ وُہ محبت آفریں سبق ہے جس کی طرف قرآن ہر مُناسب موقع پر ہماری توجّہ مبذول کراتا ہے۔ دُوسرا امر جو غور طلب ہے وُہ آیت کا یہ حصّہ ہے التی جعل اللہ لکم قیاما یعنی مال جس کو اللہ تعالیٰ نے تمھاری زندگی کا سہارا بنایا ہے۔ ان الفاظ سے مال کی اہمیّت اور قدر و قیمت کا اظہار مقصود ہے۔ یعنی مال فضول اور قابلِ نفرت چیز نہیں بلکہ یہ تو تمھاری معاشی خوشحالی اور ترقی کا ستون ہے اگر تم اس کو بے جا خرچ کردیا کرو گے تو تمھیں معاشی اور اقتصادی فارغ البالی نصیب نہیں ہوسکے گی۔ اسے سنبھال کر رکھو اور سمجھ کر خرچ کرو۔

فِيهَا وَاكْسُوهُمْ وَقُولُوا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا ۝ وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى

اس مال سے اور پہناؤ انھیں اور کہو ان سے بھلائی کی بات اور آزماتے رہو[۱۳] یتیموں کو

حَتّٰٓى إِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَإِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوٓا

یہاں تک کہ وہ پہنچ جائیں نکاح (کی عمر) کو پس اگر محسوس کرو تم ان میں دانائی تو لوٹا دو

إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَأْكُلُوهَآ إِسْرَافًا وَّبِدَارًا أَنْ يَّكْبَرُوا ۚ

انھیں ان کے مال اور نہ کھاؤ انھیں فضول خرچی سے اور جلدی جلدی اس خوف سے کہ وہ بڑے ہو جائیں گے

وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ فَقِيرًا فَلْيَأْكُلْ

اور جو سرپرست غنی ہو تو اسے چاہیئے کہ (یتیموں کے مال سے) پرہیز کرے اور جو سرپرست فقیر ہو[۱۴] تو وہ کھا لے

[۱۳] سابقہ آیت میں حکم فرمایا کہ یتیموں کے مال انھیں واپس کر دو۔ اس آیت میں مال کی واپسی کا وقت اور اس کی شرائط کا ذکر ہے جب یہ دو چیزیں بلوغ اور رُشد اُن میں پائی جائیں تو ان کے اموال ان کے حوالہ کر دو۔ رُشد سے مُراد مالی انتظام اور کاروبار کی سُوجھ بُوجھ ہے۔ یتیموں کی صلاحیّت اور قابلیّت کو آزمانے کا ایک تو یہ طریقہ ہے کہ ابتدا میں انھیں ان کے مال کی قلیل سی مقدار دے دی جائے۔ اگر اس میں تصرّف سے ان کی ہونہاری کے آثار نمایاں ہوں تو سارا مال اُن کے سپُرد کر دو۔ اور دُوسرا طریقہ یہ ہے کہ اُن سے وقتاً فوقتاً کاروبار اور نظم ونسق کے سلسلہ میں مشورہ طلب کیا جائے اور ان کی رائے میں سنجیدگی اور عقلمندی پائی جائے تو ان کی چیز ان کے حوالہ کر دو۔ کورٹ آف وارڈز (COURT OF WARDS) کا قانون انھیں آیات سے ماخوذ ہے۔

ان آیات سے یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ اسلام اگرچہ انفرادی ملکیّت کو تسلیم کرتا ہے لیکن اس کے ناجائز استعمال کی اجازت نہیں دیتا۔ اگر کوئی شخص اپنی دولت کو یُوں خرچ کرنا شروع کر دے جس سے اس کو بھی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو اور قوم کا نظامِ اخلاق اس کی بے راہ روی سے داغدار ہو رہا ہو تو حکومت کو حق پہنچتا ہے بلکہ حکومت پر لازم ہو جاتا ہے کہ اس کی مُطلق العنانی کو مقیّد کر دے۔

[۱۴] یتیم کا سرپرست جو اس کی تربیت اور اس کے مال کا نظم ونسق کرتا ہے کیا وُہ کسی اُجرت کا مُستحق ہے؟ اس کے متعلق بتایا کہ سرپرست اگر غنی ہے تو اُسے یتیم کے مال سے کوئی معاوضہ نہیں لینا چاہیئے اور یہ سب خدمت حسبۃً للہ کرنی چاہیئے اور اگر وُہ تنگدست ہے پھر اسے اپنی جائز ضروریات (کھانا، کپڑا وغیرہ) مُناسب طریق سے پُوری کرنے کی اجازت ہے لیکن اکثر

بِالْمَعْرُوْفِ ۭ فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا

مُناسب مقدار سے پھر جب لوٹاؤ تم ان کی طرف ان کے مال تو گواہ بنا لو

عَلَيْهِمْ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ

ان پر ۱۵ے اور کافی ہے اللہ تعالیٰ حساب لینے والا ۱۶ے مردوں کے لیے حصّہ ہے اس میں سے جو چھوڑ گئے

الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ

ماں باپ اور قریبی رشتہ دار ۱۷ے اور عورتوں کے لیے حصّہ ہے اس میں سے جو چھوڑ گئے ماں باپ

وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ۭ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝ وَاِذَا

اور قریبی رشتہ دار اس ترکہ سے خواہ تھوڑا ہو یا زیادہ یہ حصّہ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) مقرر ہے اور جب

علماء نے بطورِ احتیاط یہ حکم دیا ہے کہ اس حالت میں بھی قرضہ حسنہ کی نیّت سے لے اور یہ ارادہ کرے کہ جب مولیٰ تعالیٰ نے اسے خوشحال کیا تو وُہ یہ قرض ادا کر دے گا۔ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کا یہی مسلک تھا۔ بالمعروف کا یہ معنی ہے کہ اگر اس خرچ کو کسی غیر جانبدار آدمی کے سامنے پیش کیا جائے تو وُہ اسے ناجائز قرار نہ دے۔

۱۵ے ایک واضح ارشاد فرمایا کہ جب مالِ یتیم کو واپس کرنے لگو تو چپکے چپکے پوشیدہ طور پر واپس نہ کرو بلکہ گواہوں کی موجودگی میں ایک ایک چیز انہیں لوٹا دو۔ اس طرح کسی قسم کی غلط فہمی بھی پیدا نہیں ہوگی اور آئندہ کسی جھگڑے کا خدشہ بھی ختم ہو جائے گا۔

۱۶ے آخر میں تنبیہ فرما دی کہ تم لوگوں کی آنکھوں میں خاک ڈال سکتے ہو لیکن اللہ تعالیٰ سے تمہارا کوئی فعل پوشیدہ نہیں اگر تم نے ان کے مال میں خیانت کی تو یاد رکھو اس کے حضور پائی پائی کے لیے جواب دِہ ہونا پڑے گا۔

۱۷ے عرب میں میراث کی تقسیم کا یہ قاعدہ تھا کہ عورتیں اور چھوٹے بچّے اپنے مرنے والے باپ اور خاوند وغیرہ کی وراثت سے یکسر محرُوم کر دیئے جاتے تھے اور اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی کہ جو میدانِ جنگ میں دادِ شجاعت دینے کے قابل نہیں وُہ میراث پانے کا بھی حقدار نہیں۔ بھارت میں بھی عورت وارث شمار نہیں کی جاتی تھی۔ اور یورپ میں تو گنگا ہی اُلٹی بہہ رہی تھی۔ صرف بڑا لڑکا وارث بنتا دُوسرے لڑکے بھی محرُوم رہ جاتے۔ یہ حالت تھی جب قرآن کی یہ انقلاب آفرین آیت نازل ہوئی جس نے عورتوں کو مردوں کی طرح وارث قرار دیا۔ بڑے لڑکے کی تخصیص ختم کر کے سب لڑکوں کو اپنے متوفّی باپ کی وراثت میں برابر کا شریک بنایا۔ چھوٹی اور بڑی تمام جائیدادوں میں ورثاء کو حسبِ حصّہ حقدار تسلیم کیا۔

حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ

حاضر ہوں (ورثہ کی تقسیم کے وقت (غیر وارث) رشتہ دار، یتیم بچے اور مسکین ۱۸ تو دو انھیں بھی

مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝٨ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا

اس سے اور کہو ان سے اچھی بات اور چاہیئے کہ ڈریں جو (یتیموں کے سرپرست ہیں اور سوچیں) کہ اگر چھوڑ

مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۖ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ

جاتے وُہ اپنے پیچھے چھوٹے چھوٹے کمزور بچے ۱۹ تو وُہ کتنے فکرمند ہوتے ان کے متعلق پس چاہیئے کہ وُہ ڈریں اللہ سے

وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝٩ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى

اور کہیں ایسی بات جو بالکل درست ہو بے شک وُہ لوگ، جو کھاتے ہیں یتیموں کے مال

ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ۗ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ۝١٠

ظلم سے وُہ تو بس کھا رہے ہیں اپنے پیٹوں میں آگ اور وُہ عنقریب جھونکے جائیں گے بھڑکتی آگ میں

يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۖ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ

حکم دیتا ہے تمھیں ۲۰ اللہ تمھاری اولاد (کی میراث) کے بارے میں ایک مرد (لڑکے) کا حصہ برابر ہے ۲۱ دو عورتوں (لڑکیوں) کے حصہ کے

نصیبا مفروضا کے الفاظ سے واضح کر دیا کہ یہ حصے اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ ہیں اس میں ردّ و بدل کا کسی کو اختیار نہیں۔

۱۸ قانونِ میراث کی تفصیلات بیان کرنے سے پہلے ایک اخلاقی ضابطہ کا ذکر بھی کر دیا کہ متروکہ جائیداد کے وارث تو وہی ہیں جن کا ذکر تفصیلاً آگے آرہا ہے لیکن اگر تقسیم کے وقت غیر وارث رشتہ دار، محلّہ کے یتیم بچے، بستی کے غریب لوگ جمع ہو جائیں تو ان کو بھی کچھ نہ کچھ دے دو اور ترش لب و لہجہ میں ان سے گفتگو نہ کرو جس سے ان کی دل شکنی ہو۔

۱۹ کتنا مؤثر اور دلنشیں اندازِ نصیحت ہے۔

۲۰ اسلام نے صحت مند معاشرہ کو معرضِ وجود میں لانے کے لیے کنبہ کو بڑی اہمیت دی ہے اور اس کے افراد کے مفاد کو یُوں ایک دُوسرے سے وابستہ کر دیا ہے کہ محبت و قرابت کا باہمی رشتہ کبھی ٹوٹنے نہ پاتے۔ اس کے لیے جو وسائل اختیار کیے ہیں انھیں میں سے ایک نظامِ میراث ہے۔ زندگی میں اگر کنبہ کا کوئی فرد افلاس و غربت کا شکار ہو جائے تو دُوسرے افراد پر

فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ

پھر اگر ہوں صرف لڑکیاں دو سے زائد تو ان کے لیے دو تہائی ہے جو میّت نے چھوڑا اور اگر ہو

كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۭ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا

ایک ہی لڑکی تو اس کے لیے نصف ہے اور میّت کے ماں باپ میں سے ہر ایک کو

اس کے نفقہ کو فرض قرار دیا۔ اسی طرح موت کے بعد متوفّی کے قریبی رشتہ داروں میں اس کی جائیداد کو تقسیم کرنے کا حکم دیا تاکہ زندگی اور موت میں کنبہ کا مفاد یوں باہم پیوستہ رہے کہ جدائی کا خیال ہی ان میں راہ نہ پا سکے۔ کنبہ کے اتحاد کو برقرار رکھنے کے لیے نظام وراثت میں **قرابت** کا اصول پیش نظر رکھا گیا۔ میراث میں حصّہ کے ملنے یا نہ ملنے اور حصّہ کے کم یا زیادہ ہونے میں رشتہ کی نزدیکی اور دُوری کو بہت بڑا دخل ہے۔ دُوسرا اصول **ضرورت** ہے یعنی قریبی رشتہ داروں میں حصّہ کی کمی بیشی کا مدار ضرورت کو قرار دیا جتنی کسی کی ضروریات زیادہ اور ذمّہ داریاں کثیر ہوں گی اسی لحاظ سے اس کا حصّہ مقرر کیا جائے گا مثلاً متوفّی کے والدین اور اس کی اولاد کی قرابت بالکل مساوی نوعیّت کی ہے لیکن اولاد جو زندگی کے سفر کا اب آغاز کر رہی ہے اس کی ضروریات والدین کی ضرورتوں سے کہیں زیادہ ہوتی ہیں جو اس طویل سفر کی آخری منزل میں قدم رکھ چکے ہیں۔ نیز والدین کے پاس تو زندگی بھر کا کچھ نہ کچھ اندوختہ ہوتا ہی ہے اور اولاد بالکل خالی ہاتھ ہے۔ یہی فرق لڑکی اور لڑکے میں ہے۔ لڑکی پر کسی قسم کی ذمّہ داری نہیں۔ شادی سے پہلے اس کے والدین اس کی تمام ضروریات کے کفیل ہیں اور شادی کے بعد اس کی رہائش، لباس، خورد و نوش کی تمام تر ذمّہ داری خاوند پر ہے۔ اس کی اولاد کی تعلیم و تربیت کے جملہ مصارف بھی اس کے خاوند کے ذمّہ ہیں۔ مزید برآں عملی زندگی کی سرگرمیاں جس سرمایہ کی محتاج ہیں اس کا مہیّا کرنا بھی مرد کی ذمّہ داری ہے۔ یہ حقائق ہیں جن کے پیش نظر اسلام نے والدین اور اولاد، عورت اور مرد کے حصّوں میں فرق کیا ہے اور یہ فرق ہی عین عدل ہے۔ ان امتیازات کی موجودگی میں ان کے حصّوں کو مساوی رکھنا مساوات تو ہوگی لیکن کھوکھلی اور ظالمانہ، اور اسلام صرف اس مساوات کا علمبردار ہے جو عدل و انصاف پر مبنی ہو۔ تیسرا اصول **تقسیم دولت** ہے۔ اسلام چاہتا ہے کہ دولت سمٹ کر چند ہاتھوں میں جمع نہ ہو جائے اور وراثت کی تقسیم میں بھی اس اصول کو ملحوظ رکھا۔ اس لیے صرف بڑے لڑکے یا صرف لڑکوں کو ہی وارث تسلیم نہیں کیا بلکہ تمام اولاد لڑکے اور لڑکیاں اور ان کے علاوہ کئی اور رشتہ داروں کو وارث قرار دیا تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد میں یہ دولت تقسیم ہو۔ یہ وہ تین اصول ہیں (قرابت، ضرورت، تقسیم دولت) جن پر اسلام کا یہ بے نظیر نظام وراثت قائم ہے۔ (ان سطور میں میں نے اپنے استاد اور مصر کے شہرۂ آفاق عالم شیخ محمد ابو زہرہ کے مقالہ "شریعۃ القرآن" کا حاصل پیش کیا ہے جو ماہنامہ "المسلمون" رجب ۱۳۷۷ھ میں شائع ہوا تھا۔ اب حضرت الاستاذ کا انتقال ہو گیا ہے اللہ کریم انھیں جنّت الفردوس میں جگہ دے۔ آمین۔)

۲۱؎ اولاد کے وارث ہونے کی چار صورتیں ہیں: (۱) لڑکے بھی ہوں اور لڑکیاں بھی اس صورت میں لڑکے کو دو حصّے اور

السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ

چھٹا حصہ ملے گا ۲۲ اس سے جو میّت نے چھوڑا بشرطیکہ میّت کی اولاد ہو اور اگر نہ ہو اس کی اولاد

وَّ وَرِثَهٗۤ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗۤ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ

اور اس کے وارث صرف ماں باپ ہی ہوں تو اس کی ماں کا تیسرا حصہ ہے (باقی سب باپ کا) اور اگر میّت کے بہن بھائی بھی ہوں تو ماں کا

السُّدُسُ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍ ؕ اٰبَآؤُكُمْ وَ

چھٹا حصہ ہے (اور یہ تقسیم) اس وصیّت کو پورا کرنے کے بعد ہے جو میّت نے کی اور قرض ادا کرنے کے بعد تمھارے باپ اور

اَبْنَآؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ

تمھارے بیٹے ۲۳ تم نہیں جانتے کون ان میں سے زیادہ قریب ہے تمھیں نفع پہنچانے میں یہ حصّے مقرر ہیں اللہ تعالیٰ کی

اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱﴾ وَ لَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ

طرف سے بے شک اللہ تعالیٰ (تمھاری مصلحتوں کو) جاننے والا ہے بڑا دانا ہے اور تمھارے لیے نصف ہے جو چھوڑ جائیں

لڑکی کو ایک حصّہ ملے گا۔ (۲) صرف ایک لڑکی ہو۔ اس صورت میں لڑکی نصف جائیداد کی وارث ہوگی۔ (۳) صرف دو لڑکیاں ہوں۔ (۴) یا دو سے زائد اور لڑکا کوئی نہ ہو۔ ان دونوں صورتوں میں لڑکیوں کو جائیداد کا دو تہائی حصّہ ملے گا۔

۲۲ والدین کے وارث بننے کی تین مختلف صورتیں ہیں۔ (۱) ماں باپ بھی موجود ہوں اور اولاد بھی ہو خواہ لڑکا یا لڑکی ایک یا زیادہ، اس صورت میں ماں باپ کو چھٹا چھٹا حصّہ ملے گا اور بقایا ۴/۶ اولاد میں حسب قاعدہ تقسیم ہو گا۔ (۲) صرف ماں باپ وارث ہوں میّت کی اولاد بھی نہ ہو اور بہن بھائی بھی نہ ہوں اس صورت میں ماں کا ۱/۳، اور بقیہ دو تہائی باپ کا۔ یہاں بہن بھائی کے نہ ہونے کی تصریح نہیں کی کیونکہ تیسری صورت میں اس کی وضاحت آرہی ہے۔ (۳) میّت کی اولاد تو نہ ہو لیکن اس کے بھائی یا بہن ہوں اس صورت میں ماں کو چھٹا حصّہ اور بقیہ ۵/۶ باپ کو۔ بھائی بہن خواہ عینی ہوں یعنی ایک ہی ماں باپ کی اولاد ہوں خواہ علاتی یعنی باپ ایک مائیں الگ الگ یا اخیافی یعنی ماں ایک باپ الگ الگ۔ ان سب حالتوں میں ایک ہی حکم ہے۔ باپ کے باعث بھائی بہنوں کو حصّہ نہ ملے گا۔

۲۳ سابقہ حصص بیان کرنے کے بعد یہ وضاحت فرما دی کہ ان حصص کو خدائے علیم وخبیر نے اپنی حکمتِ کاملہ سے مقرر فرمایا ہے تمھیں یہ اختیار نہیں کہ ان میں ردّ و بدل کرو۔ اور اگر یہ بات تمھاری صوابدید پر چھوڑ دی جاتی تو تم اپنی عارضی اور وقتی مصلحتوں

أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ

تمھاری بیویاں ۲۴ بشرطیکہ نہ ہو ان کی اولاد اور اگر ہو ان کی اولاد تو تمھارے لیے

الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوصِينَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۚ

چوتھائی ہے اس سے جو وُہ چھوڑ جائیں (یہ تقسیم) اس وصیّت کے پُورا کرنے کے بعد ہے جو وُہ کر جائیں اور قرض ادا کرنے کے بعد

وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ

اور تمھاری بیویوں کا چوتھا حصّہ ہے اس سے جو تم چھوڑو بشرطیکہ نہ ہو ۲۵ تمھاری اولاد اور اگر ہو

لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

تمھاری اولاد تو ان کا آٹھواں حصّہ ہے اس سے جو تم پیچھے چھوڑ جاؤ (یہ تقسیم) اس وصیت کو پُورا کرنے کے بعد ہے جو

تُوصُونَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۗ وَإِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّورَثُ كَلٰلَةً أَوِ

تم نے کی ہو اور (تمھارا) قرض ادا کرنے کے بعد۔ اور اگر ہو وُہ شخص جس کی میراث تقسیم کی جانے والی ہے کلالہ ۲۶ وُہ

اور مفاد کے زیرِ اثر معلوم نہیں کیا کیا ترمیمیں کرتے رہتے۔

۲۴ بیوی کی وراثت تقسیم کرنے کی دو صُورتیں ہیں:۔

۱۔ متوفیّہ بیوی کی کوئی اولاد نہ ہو نہ لڑکی نہ لڑکا نہ تم سے اور نہ کسی دُوسرے خاوند سے۔ اس صُورت میں نصف خاوند کو ملے گا اور بقیہ نصف دُوسرے وارثوں میں حسبِ قاعدہ شرعی تقسیم ہوگا۔

۲۔ اس کی کوئی اولاد ہو تو اس صُورت میں چوتھائی خاوند کو ملے گی اور بقیہ دُوسرے وارثوں کو۔

۲۵ خاوند کی وراثت تقسیم کرنے کی دو صُورتیں ہیں۔ (۱) خاوند کی کوئی اولاد نہ ہو نہ لڑکا نہ لڑکی نہ موجُودہ بیوی سے نہ کسی دُوسری بیوی سے تو چوتھائی بیوی کو ملے گا خواہ ایک ہو یا زیادہ اور اگر خاوند کی اولاد ہو (بہ تفصیلِ سابق) تو بیوی کو آٹھواں حصّہ ملے گا۔ ایک ہو یا زیادہ۔ بقیہ دیگر وارثوں میں تقسیم کیا جاتے گا۔

۲۶ کلالہ اس مرد یا عورت کو کہا جاتا ہے جس کی نہ اولاد ہو اور نہ اس کے والدین زندہ ہوں۔ اگر اس کے وارث عینی یا علاتی بہن بھائی ہوں تو ان کا ذکر آخر سُورہ میں آئے گا۔ اور اگر اس کے اخیافی (یعنی ماں کی طرف سے سگے) بہن بھائی ہوں تو ان کا حکم یہاں ذکر فرمایا۔ اس کی دو صُورتیں ہیں یا تو ایک بھائی یا ایک بہن وارث ہوگی تو اس صُورت میں اس کو چھٹا حصّہ ملے گا۔

امْرَاَةٌ وَّلَهٗۤ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ

مرد ہو یا عورت اور اس کا بھائی یا بہن ہو تو ہر ایک کے لیے ان میں سے چھٹا حصہ ہے اور اگر

كَانُوْۤا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِی الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ

وہ بہن بھائی ایک سے زیادہ ہوں تو سب شریک ہیں تہائی میں (یہ تقسیم) وصیت پوری کرنے کے

وَصِیَّةٍ یُّوْصٰى بِهَاۤ اَوْ دَیْنٍ ۙ غَیْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِیَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ

بعد ہے جو کی گئی ہے ۲۷ے اور قرض ادا کرنے کے بعد بشرطیکہ اس سے ۲۸ے نقصان پہنچایا گیا ہو۔ (یہ نظام وراثت) حکم ہے اللہ کی طرف سے

اور اگر وُہ ایک سے زائد ہوں تو سب کو تہائی حصہ ملے گا اور سب میں برابر تقسیم ہوگا۔

۲۷ے شریعتِ اسلامیہ کا یہ حکم ہے کہ جب کوئی شخص فوت ہو جائے تو تجہیز و تکفین کے بعد سب سے پہلے اس کا قرض ادا کیا جائے بعد ازاں اس کی وصیت پر عمل کیا جائے اور اس کے بعد بقیہ ترکہ حسبِ احکامِ قرآنی وارثوں میں تقسیم کیا جائے۔ قرض کی ادائیگی کا مقدّم ہونا تو عین انصاف ہے۔ وصیت کے بارے میں شریعت نے چند ایک قیود عائد کی ہیں۔ اور اسلام سے پہلے وصیت کے بارے میں جو طریقہ رائج تھا اس میں اصلاح کر دی تاکہ اس طریقہ میں جو بے راہ روی رُونما ہو چکی تھی اس کا سدِّ باب کر دیا جائے اہلِ عرب کا یہ دستور تھا کہ مرنے والا اپنی جائیداد کی ایسے لوگوں کے نام وصیت کر جاتا جن سے اس کا دُور کا واسطہ بھی نہیں ہوتا تھا اور اپنی اولاد کو محروم کر دیتا اور اس فعل کو شرافت و سخاوت کا کمال شمار کیا جاتا۔ اللہ تعالیٰ نے اس بے راہ روی کے انسداد کے لیے احکامِ وراثت نازل فرمائے اور تمام رشتہ داروں کے حصے مقرر کر دیئے اور ان میں ردّ و بدل اور کمی بیشی کرنے سے صاف الفاظ میں منع فرما دیا لیکن بسا اوقات کوئی اجنبی یا غیر وارث رشتہ دار وارثوں سے کہیں بڑھ کر کسی کی خدمت کرتا ہے اور وُہ شخص اس کا معاوضہ اسے دینا چاہتا ہے یا کسی کارِ خیر میں حصہ لینا چاہتا ہے تو اس سے بھی اسے محرُوم نہیں کیا گیا بلکہ جائیداد کے ⅓ حصہ میں اسے وصیت کرنے کا حق دیا۔ قرآن حکیم نے وصیت کے لیے "غیر مضار" کی قید لگائی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے اس کی حد ⅓ مقرر فرما دی اور وصیت کی اجازت صرف ان لوگوں کے لیے دی گئی ہے جو وارث نہیں ہیں کیونکہ اگر وارث کے لیے بھی وصیت جائز رکھی جاتی تو پھر قواعدِ میراث بالکل معطّل ہو کر رہ جاتے۔ اس لیے حضور رحمۃ للعٰلمین علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے فرمایا ان الله اعطى كل ذى حق حقه فلا وصية لوارث۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے ہر حقدار کو اس کا حصہ عطا فرما دیا ہے اس لیے اب کسی وارث کے لیے وصیت کی اجازت نہیں بعض لوگ وارث کو وصیت سے محرُوم کرنے اور وصیت کو ⅓ تک محدُود کرنے پر بڑے برافروختہ ہوتے ہیں کاش وُہ اسلام کے حکیمانہ نظام میں غور کریں۔ (اس پر سیر حاصل بحث میری تالیف سُنّتِ خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسّلام میں ملاحظہ فرمائیں)

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا بڑا بردبار ہے یہ حدیں ۲۹؎ اللہ کی (مقرر کی ہوئی) ہیں اور جو شخص فرمانبرداری کرے گا اللہ کی اور اس کے رسول کی

يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَ

داخل فرمائے گا اسے اللہ تعالیٰ باغوں میں بہتی ہوں گی جن کے نیچے نہریں ہمیشہ رہیں گے وہ ان میں اور

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ

یہی ہے بڑی کامیابی اور جو نافرمانی کرے گا اللہ کی اور اس کے رسول کی اور تجاوز کرے گا

حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۠ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۴﴾ ع

اللہ کی (مقررہ) حدوں سے داخل کرے گا اُسے اللہ آگ میں ہمیشہ رہے گا اس میں اور اس کے لیے عذاب ہے ذلیل کرنے والا

وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَاۗىِٕكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ

اور جو کوئی اِرتکاب کرے بدکاری کا ۳۰؎ تمہاری عورتوں میں سے تو گواہ طلب کرو (تہمت لگانے والے سے) ان پر

۲۸؎ اگرچہ یہ قید تمام سابقہ آیات میں بھی ملحوظ ہے لیکن یہاں تصریح کی اس لیے زیادہ ضرورت ہوئی کہ جب انسان کی اولاد یا والدین نہیں ہوتے تو وُہ اپنے دُوسرے وارثوں کو محروم کرنے کے لیے طرح طرح کے حیلے بہانے کرتا ہے کسی کو بلاوجہ وصیّت کر دی، کسی کا فرضی قرضہ اپنے اُوپر تسلیم کر لیا تاکہ اس کی جائیداد بٹ جائے اور اس کے وارثوں کو نہ ملے اس لیے یہاں مضار کے الفاظ صراحۃً ذکر فرما دیئے۔

۲۹؎ ان دو آیات سے نظامِ وراثت کی اہمیّت کی طرف توجہ دلائی، اس پر عمل پیرا ہونے کا تاکیدی حکم دیا۔ اللہ تعالیٰ اپنی اور اپنے رسُولِ کریم کی کامل اطاعت کی توفیق بخشے اور اپنی اور اپنے رسُول کی نافرمانی سے محفُوظ رکھے۔ آمین

۳۰؎ دُوسری بُرائیوں کی طرح زنا بھی جاہلیّت میں عام تھا پیشہ ور عورتیں اپنے مکانوں پر مخصُوص پرچم لہرایا کرتیں۔ اس فعل شنیع کے اِرتکاب کو (چند ذی شرف خاندانوں کی مستورات کے علاوہ) چنداں معیوب بھی نہیں سمجھا جاتا تھا۔ اسلام نے اس فعل بد کی روک تھام کے لیے صرف وعظ و نصیحت پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اس کا اِرتکاب کرنے والے کے لیے سزا اور سزا بھی سنگین مقرر کی لیکن ابتداء ہی میں اس سنگین سزا کا نفاذ نہیں فرمایا بلکہ آہستہ آہستہ اور تدریجاً۔ ان دو آیتوں میں ابتدائی زمانہ میں جو سزا مقرر ہوئی اس کا ذکر ہے۔ سدی، قتادہ اور کئی دُوسرے ائمہ تفسیر کے نزدیک پہلی آیت شادی شدہ عورتوں کے متعلق ہے کہ اگر وُہ اس جرم کا اِرتکاب

اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى

چار مرد اپنوں میں سے پھر اگر وُہ گواہی دے دیں تو بند کر دو اُن عورتوں کو گھروں میں یہاں تک کہ

يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿۱۵﴾ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا

پُورا کر دے ان (کی زندگی) کو موت یا بنا دے اللہ تعالیٰ ان (کی رہائی) کے لیے کوئی رستہ اور جو مرد عورت ارتکاب کریں

مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ

بدکاری کا تم میں سے تو خوب اذیت دو انھیں پھر اگر دونوں توبہ کرلیں اور (اپنی) اصلاح کرلیں تو چھوڑ دو انھیں بے شک اللہ تعالیٰ

كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۱۶﴾ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

بہت توبہ قبول کرنے والا بہت رحم کرنے والا ہے۔ توبہ ۳۱؎ جس کا قبول کرنا اللہ نے اپنے ذمہ لیا ہے ان کی توبہ ہے جو کر بیٹھتے ہیں

کریں تو انھیں اُن کے گھروں میں بطورِ سزا بحکمِ حاکم نظر بند کر دیا جائے یہاں تک کہ اُن کی زندگی ختم ہوجائے یا اللہ تعالیٰ ان کے لیے کوئی دُوسرا حکم نازل فرمادے۔ (یہ آخری کلمات اِس بات کا صاف پتہ دیتے ہیں کہ یہ عمر قید کی سزا عارضی سزا ہے اور اس کے بعد کوئی دُوسری سزا تجویز ہونے والی ہے) اور دُوسری آیت میں غیر شادی شدہ مرد و عورت کی سزا کا ذِکر ہے لیکن یہ سزا تب دی جائے گی جب جُرم ثابت ہوجائے اور اس جُرم کا تعلق کیونکہ عزّت و آبرو سے ہے اِس لیے اِس کے اثبات کے لیے دو نہیں چار گواہوں کی ضرورت ہے۔ چاروں گواہ مُسلمان ہوں، مرد ہوں، عاقل ہوں اور آزاد ہوں۔ کچھ عرصہ بعد سورۃ نُور کی آیت (الزانیۃ والزانی) نازل ہُوئی جس میں غیر شادی شدہ زناکار عورت اور مرد کی سزا بیان کی گئی اور سُنّتِ صحیحہ نے شادی شدہ عورت و مرد کی سزا رجم مقرر فرمائی۔ (اس کا تفصیلی بیان سُورۃ نُور میں آئے گا اِنشاء اللہ تعالیٰ)

۳۱؎ توبہ کا لغوی معنی رجُوع کرنا اور لوٹ آنا ہے یعنی جس سمت میں آپ چلے جارہے ہیں ادھر سے مُنہ پھیر کر دُوسری سمت میں چل پڑیں۔ توبہ شرعی میں بھی یہی معنی ملحُوظ ہے کہ اِنسان گناہ و معصیت کی جس راہ پر اپنی کم عقلی اور کج فہمی کے باعث بھاگا چلا جارہا ہے اس سے رُخ موڑ کر نیکی اور تقویٰ کی شاہراہ پر گامزن ہوجائے۔ اسی لیے المحققین نے توبہ کی قبولیت کے لیے متعدد شرُوط بیان فرمائی ہیں جن میں سے اہم یہ ہیں۔ (۱) ندامت (۲) اس گناہ سے اسی وقت باز آجانا (۳) دوبارہ یہ گناہ نہ کرنے کا پختہ ارادہ (۴) وان یکون ذلک حیاء من اللہ تعالیٰ لا من غیرہ یعنی یہ سب کچھ اللہ جل مجدہ سے شرمسار ہو کر کرے۔ ایسی توبہ کو قبول فرمانے کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے۔ جھالۃ کا معنی نہ جاننا ہے اور اس سے مُراد وُہ کیفیت ہے کہ جب انسان رذیل خواہش ہوائے نفس اور غصّہ سے یُوں مغلوب ہوجائے کہ اپنے اعمال کے نتائج اس سے پوشیدہ ہوجائیں۔

السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ

گناہ بے سمجھی سے پھر توبہ کرتے ہیں جلدی سے[۳۲] پس یہی لوگ ہیں (نظر رحمت سے) توجہ فرماتا ہے اللہ ان پر

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۱۷ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ

اور ہے اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا بڑی حکمت والا اور نہیں یہ توبہ (جس کے قبول کرنے کا وعدہ ہے) ان لوگوں کے لیے جو کرتے رہتے ہیں برائیاں (ساری عمر)

حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَھُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ

یہاں تک کہ جب آ جائے کسی ایک کو ان میں سے موت (تو) کہے بے شک میں توبہ کرتا ہوں اب اور نہ ان لوگوں کی توبہ

يَمُوْتُوْنَ وَھُمْ كُفَّارٌ ۭ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَھُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۱۸ يٰٓاَيُّھَا

جو مرتے ہیں اس حال میں کہ وہ کافر ہیں انھیں کے لیے ہم نے تیار کر رکھا ہے عذاب دردناک[۳۳] اے

[۳۲] وقت قریب سے مُراد یہ ہے کہ وُہ جذبات جن سے مغلوب ہو کر اس نے یہ فعلِ بد کیا جب ان کی تیزی ختم ہو جائے تو فوراً بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہو کر توبہ کرے۔ لیکن شریعت نے موت کے آثار ظاہر ہونے سے پہلے توبہ کرنے کو صحیح قرار دیا ہے۔ چنانچہ ضحاک سے مروی ہے کہ کل ما کان قبل الموت فھو قریب۔ لیکن انسان اس غلط فہمی میں نہ رہے کہ ابھی توبہ کی کیا جلدی ہے موت سے پہلے توبہ کر لُوں گا۔ کیا پتہ کہ موت اچانک ہی آجائے۔ کیا خبر کہ پیہم نافرمانیوں کی نحوست احساسِ گناہ کا گلا ہی گھونٹ دے اور توبہ کی توفیق سے ہی محرُوم کر دے۔ ایک چیز یاد رہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات برتر اور اعلیٰ ہے اس چیز سے کہ اس پر کوئی چیز واجب ہو۔ ہاں جیسے وُہ خود محض اپنے فضل وکرم سے اپنے اُوپر واجب کرے۔ اسی طرح ایسی توبہ کے قبول کرنے کا اس نے محض اپنی مہربانی اور رحمت سے وعدہ فرمایا ہے۔

[۳۳] یعنی جو لوگ انجام سے بے خبر اور خوفِ الٰہی سے بے فکر ہو کر روز و شب گناہوں میں مشغول رہتے ہیں یہاں تک کہ موت کا فرشتہ اُن کا گلا دبوچ لیتا ہے اور زندگی سے بالکل مایُوس ہو جاتے ہیں۔ اس وقت ان کی آنکھیں کھُلتی ہیں اور توبہ توبہ کہنے لگتے ہیں اس کو توبۃ الیاس کہتے ہیں یعنی مایوسی کی توبہ اور ایسی توبہ قبول نہیں ہوتی نیز وُہ بدبخت جو کُفر پر مرتا ہے ان دونوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے المناک عذاب تیار کر رکھا ہے ان کی بخشش کی کوئی صُورت نہیں

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ۭ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ

اے ایمان والو! نہیں حلال تمھارے لیے کہ وارث بن جاؤ عورتوں کے زبردستی ۳۴ اور نہ روکے رکھو انھیں ۳۵

لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ

تاکہ لے جاؤ کچھ حصّہ اس (مہر وغیرہ) کا جو تم نے دیا ہے انھیں بجز اس صورت کے کہ ارتکاب کریں کھلی بدکاری کا

وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا

اور زندگی بسر کرو اپنی بیویوں کے ساتھ عمدگی سے ۳۶ پھر اگر تم ناپسند کرو انھیں تو (صبر کرو) شاید تم ناپسند کرو ۳۷ کسی چیز کو

۳۴ عرب میں یہ طریقہ صدیوں سے رائج تھا کہ خاوند کے مرنے کے بعد اس کا لڑکا اپنے باپ کی جائیداد کی طرح اس کی بیوی (اپنی سوتیلی ماں) کا بھی وارث ہوتا۔ چاہتا تو اس کو جبراً بغیر مہر ادا کیے اپنے نکاح میں لے آتا۔ چاہتا تو اپنی مرضی سے کسی دوسرے آدمی سے اس کی شادی کر دیتا اور مہر خود وصول کرتا اور چاہتا تو اسے ساری عمر یونہی بیوگی کی زندگی گزارنے پر مجبور کر دیتا اور اس کے مرنے کے بعد اس کی میراث کا تنہا وارث بن جاتا۔ مدّتِ دراز سے یہ ظالمانہ رسم نہ صرف عرب میں بلکہ یونان و رُوم میں بھی رائج تھی۔ قرآن حکیم نے مظلوم عورت کی فریاد رسی کی اور مردوں کو اس کی آزادی میں مداخلت کرنے سے سختی سے روک دیا۔

۳۵ اس آیت سے ایک اور قبیح رسم کا قلع قمع کرنا مطلوب ہے بعض مرد اپنی مالدار بیویوں کو طبعی منافرت کی وجہ سے آباد بھی نہ کرتے اور طلاق بھی نہ دیتے تاکہ وُہ یا تو اسی حالت میں مر جائیں اور یہ ان کے وارث بنیں اور یا وُہ انھیں کچھ دے کر طلاق لینے پر مجبور ہو جائیں یا اس شرط پر طلاق دیتے کہ وُہ کسی سے شادی نہیں کرے گی۔ ان تمام چیزوں سے بھی قرآن نے منع فرما دیا ہاں اگر عورت فاحشہ مبیّنہ کی مُرتکب ہو تو پھر خلع کی اجازت ہے۔ فاحشہ مبیّنہ سے مُراد اکثر مفسّرین نے زنا لیا ہے اور حضرت ابن عبّاسؓ اور ابن مسعودؓ سے بُغض اور نافرمانی بھی منقُول ہے۔ الفاحشة المبينة فى هذه الآية البغض والنشوز۔ مقصد یہ ہے کہ اگر عورت کی طرف سے ایسی بات رُونما ہو جس کے باعث ازدواجی زندگی تلخ ہو جائے تو پھر مرد کو اجازت ہے کہ جو مہر اس نے بیوی کو دیا ہے وُہ اس سے لے کر اسے طلاق دے دے۔

۳۶ کتنی واضح ہدایت ہے بلکہ کتنا کھلا حکم ہے۔ حضور سرورِ کائنات علیہ الصّلوات والتسلیمات کا ارشاد بھی سُن لیجیے خیرکم خیرکم باھلہ تم میں سے بہتر وُہ ہے جو اپنے گھر والوں کے ساتھ عمدہ برتاؤ کرتا ہو۔ کاش ہم سمجھیں اور اس پر عمل کریں وُہ گھر جس میں میاں بیوی میں اَن بن ہو وُہ کبھی سچّی مسرّتوں سے لُطف اندوز نہیں ہو سکتا اور نہ کبھی ترقی کر سکتا ہے۔

۳۷ خوابوں کی دُنیا اور حقائق کی دُنیا میں بہت بڑا فرق ہے۔ اگر تمھاری رفیقۂ حیات کا معیارِ جمال اِتنا اُونچا نہیں جس کا تم تصوّر کیے ہُوئے تھے۔ یا اس کے اطوار و اخلاق اتنے مثالی نہیں جن کے تم متمنّی تھے تو دِل برداشتہ ہو کر ازدواج کے اِس رِشتہ

وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۹﴾ وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ

اور رکھ دی ہو اللہ تعالیٰ نے اس میں (تمہارے لیے) خیر کثیر اور اگر تم ارادہ کر لو۳۸ کہ بدلو ایک بیوی کو پہلی

زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ

بیوی کی جگہ اور دے چکے ہو تم اسے ڈھیروں مال تو نہ لو اس مال سے کوئی چیز کیا تم لینا چاہتے ہو اپنا مال

بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾ وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى

(زمانۂ جاہلیت کی طرح) بہتان لگا کر اور کھلا گناہ کر کے اور کیوں کر (واپس) لیتے ہو تم مال کو حالانکہ مل جل چکے ہو تم (تنہائی میں) ایک دوسرے

بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۲۱﴾ وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ

سے ۳۹ اور وہ لے چکی ہیں تم سے پختہ وعدہ اور نہ نکاح کرو جن سے نکاح کر چکے تمہارے باپ دادا ۴۰

کو توڑ نہ دو بلکہ ان کوتاہیوں اور خامیوں پر صبر کرو۔ اللہ تعالیٰ کے کرم سے بعید نہیں کہ تمہیں اس بیوی سے ایسی نجیب وسعید اولاد عطا فرمادے جو تمہارے نام کو روشن کر دے۔ یا جب زندگی کا کارواں آزمائش وابتلاء کی سنگلاخ وادی میں قدم رکھے تو تمہاری یہ بیوی تمہارے عزم وحوصلہ کو بلند رکھنے میں اس گلِ رعنا سے زیادہ مفید ثابت ہو جس کی بوئے وفا اور رنگِ صفا کو بادِ سموم کا ایک ہی جھونکا مرجھا کر رکھ دے۔ انسانی حسن وجمال کا آئینہ صرف نگاہ ہی تو نہیں اس کے علاوہ اور بھی کئی آئینے ہیں۔

۳۸ پہلے ذکر فرمایا کہ اگر عورت کی غلطی اور کوتاہی کی وجہ سے طلاق ناگزیر ہوگئی ہو تو خاوند کو اپنا مہر واپس لینے کا حق ہے لیکن اگر عورت کا کوئی قصور نہ ہو اور پھر بھی تم اسے چھوڑ کر دوسری عورت سے نکاح کرنا چاہو تو تمہیں یہ حق حاصل نہیں کہ جو تم پہلے خوشی سے عورت کو دے چکے ہو خواہ اس کی مقدار بہت زیادہ ہو واپس لو۔ امام رازی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ زمانۂ جہالت کی ایک رسم یہ تھی کہ جب کوئی آدمی دوسری شادی کرنا چاہتا تو وہ پہلی بیوی پر زنا کی تہمت لگاتا۔ اس طرح اس کو مجبور کر دیتا کہ وہ اس کو مال دے کر طلاق حاصل کرے۔ اس سے بھی مسلمانوں کو روکا گیا (یورپ آج بھی وہی کر رہا ہے جو اسلام سے پہلے جاہل عرب کیا کرتے تھے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جاہلیت خواہ نئی ہو یا پرانی اس کا مزاج ایک ہی ہے۔

۳۹ افضی افضاء سے ہے۔ فراء امام لغت نے اس کا معنی کیا ہے مرد وعورت کا تنہائی میں ملنا خواہ صحبت کے بغیر ہو۔ اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اسی کو خلوتِ صحیحہ کہتے ہیں۔ اس سے سارا مہر واجب ہو جاتا ہے۔

۴۰ جیسے ایک سابقہ آیت میں گزرا ہے کہ زمانۂ جہالت میں باپ کے مرنے کے بعد لڑکا اپنی سوتیلی ماں سے جبراً شادی کر لیا کرتا تھا۔ اس آیت کے نزول سے جبراً شادی تو بند ہوگئی لیکن جانبین کی رضامندی سے یہ سلسلہ جاری رہا اس آیت میں

مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّ مَقْتًا ؕ وَ سَآءَ

مگر جو ہو چکا (اس سے پہلے سو وُہ مُعاف ہے) بے شک یہ فعل بہت بے حیائی اور نفرت کا فعل تھا اور بہت بُرا

سَبِيْلًا ﴿۲۲﴾ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَ بَنٰتُكُمْ وَ اَخَوٰتُكُمْ وَ عَمّٰتُكُمْ وَ خٰلٰتُكُمْ

طریقہ تھا حرام کر دی گئیں تم پر ۴۱؎ تمھاری مائیں اور تمھاری بیٹیاں اور تمھاری بہنیں اور تمھاری پھوپھیاں اور تمھاری خالائیں

وَ بَنٰتُ الْاَخِ وَ بَنٰتُ الْاُخْتِ وَ اُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْۤ اَرْضَعْنَكُمْ وَ اَخَوٰتُكُمْ مِّنَ

اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور تمھاری مائیں ۴۲؎ جنھوں نے تمھیں دُودھ پلایا اور تمھاری بہنیں

الرَّضَاعَةِ وَ اُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَ رَبَآئِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ

رضاعت سے اور مائیں ۴۳؎ تمھاری بیویوں کی اور تمھاری بیویوں کی بیٹیاں جو تمھاری گودوں میں (پرورش پا رہی) ہیں ان بیویوں سے

بالکل ممانعت کر دی گئی۔ علامہ قرطبی نے اپنی تفسیر میں بہت سے لوگوں کے نام گنوائے ہیں جنھوں نے اپنی سوتیلی ماؤں سے نکاح کیے اور ان سے ان کی اولاد بھی ہوئی۔

۴۱؎ یہاں سے اُن عورتوں کا تفصیلاً ذکر ہوتا ہے جن سے نکاح کرنا حرام ہے۔ یہ حُرمت تین طرح کی ہے حُرمتِ نسب، حرمتِ رضاعت اور حُرمتِ مصاہرت۔ پہلے ان عورتوں کا ذکر ہے جن کی حُرمت کا سبب نسب ہے ان کی تعداد سات ہے:۔

۱۔ ماں (اس میں دادی، نانی اور اس سے اُوپر سب داخل ہیں)

۲۔ بیٹی (اس میں پوتی۔ نواسی نیچے تک سب داخل ہیں)

۳۔ بہن (سگی اور سوتیلی) (۴) پھوپھی (۵) خالہ (۶) بھتیجی (۷) بھانجی

۴۲؎ یہاں سے اُن محرّمات کا ذکر ہے جو رضاع کی وجہ سے حرام ہیں۔ ساتوں رشتے جو نسب سے حرام تھے وُہی رضاع سے حرام ہیں۔ حضور کریم علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کا ارشاد ہے "یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب"۔

۴۳؎ اب اُن عورتوں کا ذکر ہے جو علاقۂ نکاح کی وجہ سے حرام ہو جاتی ہیں۔ ان میں سے بعض وُہ ہیں جو ہمیشہ کے لیے حرام ہو جاتی ہیں بعض وُہ ہیں جن کے ساتھ اُس وقت تک نکاح حرام ہے جب تک اس کی بیوی اس کے نکاح میں ہے پہلی قسم بیوی کی ماں اور اس بیوی کی بیٹی جس سے صحبت کی جا چکی ہو لیکن اگر صُحبت سے پہلے بیوی کو طلاق دے دی تو اس کی بیٹی سے نکاح دُرست ہو گا۔ اور بیٹوں کی بیویاں بھی ہمیشہ کے لیے حرام ہو جاتی ہیں یہی حکم پوتوں اور نواسوں کی بیویوں کا ہے دُوسری قسم بیوی کی بہن، پھوپھی، خالہ، بھتیجی اور بھانجی ہیں جب تک بیوی زندہ ہے یا نکاح میں ہے اُس وقت تک ان سے نکاح درست

الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ؗ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ ؗ

جن سے تم صحبت کر چکے ہو اور اگر تم نے صحبت نہ کی ہو ان بیویوں سے تو کوئی حرج نہیں تم پر (ان کی بیٹیوں سے نکاح

وَ حَلَآىِٕلُ اَبْنَآىِٕكُمُ الَّذِیْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ وَ اَنْ تَجْمَعُوْا بَیْنَ

کرنے میں) اور (حرام کی گئیں) بیویاں تمہارے ان بیٹوں کی جو تمہاری پشتوں سے ہیں ۴۴؎ اور (یہ بھی حرام ہے) کہ جمع کرو تم دو

الْاُخْتَیْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۟ۙ ﴿۲۳﴾

بہنوں کو ۴۵؎ مگر جو گزر چکا (سو وہ معاف ہے) یقیناً اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے

نہیں۔ اور اگر بیوی مر جائے یا اُسے طلاق دے دے تو پھر ان سے نکاح کرنا درُست ہے۔

۴۴؎ یعنی ان بیٹوں کی بیویاں حرام ہیں جو تمھاری پُشت سے ہوں۔ یہ قید اہلِ عرب کی ایک غلط رسم کو مٹانے کے لیے بڑھائی گئی ہے کہ وُہ جن کو متبنّٰی بنایا کرتے اُن کی بیویوں کے بیوہ یا مطلّقہ ہونے کے بعد بھی ان سے نکاح کرنا حرام خیال کرتے۔

۴۵؎ دو بہنوں کو خواہ وُہ حقیقی ہوں یا رضاعی ایک نکاح میں جمع کرنا بھی حرام ہے۔ اور حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے پھوپھی اور بھتیجی، خالہ اور بھانجی کا ایک عقد میں جمع کرنا ممنوع فرمایا ہے اور اس کی وجہ یہ بیان فرمائی کہ یہ رشتے محبّت و پیار کے رشتے ہیں اگر یہ ایک دُوسرے کی سوکنیں بن جائیں گی تو محبّت واُنس کی جگہ حسد و عناد جو عام طور پر سوکنوں میں پایا جاتا ہے رُونما ہوجائے گا۔ انکم اذا فعلتم ذلك قطعتم ارحامکم (قرطبی)

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ

اور (حرام ہیں) خاوندوں والی عورتیں مگر (کافروں کی وُہ عورتیں) ۴۶ جو تمھارے مِلک میں آجائیں فرض کیا ہے

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ

اللہ نے (ان احکام کو) تم پر اور حلال کردی گئی ہیں تمھارے لیے ماسوا ان کے تاکہ تم طلب کرو (ان کو) اپنے مالوں کے ذریعہ

مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ

پاکدامن بنتے ہُوئے نہ زناکار بنتے ہُوئے ۴۷ پس جو تم نے لُطف اُٹھایا ہے ان سے ۴۸

۴۶ یعنی جو عورتیں میدانِ جنگ میں پکڑی جائیں اور ان کے خاوند دارالحرب میں رہ جائیں تو اُن کا سابقہ نکاح ٹُوٹ جاتا ہے اور حکومتِ اسلامیہ اس عورت کو جس سپاہی کے حصّہ میں دے وُہ اس سے ہم بستری کرسکتا ہے۔ جنگی قیدیوں کا مسئلہ ہمیشہ سے حکُومتوں کے لیے دردِسر کا سبب بنا رہا ہے۔ اِسلام نے اپنی فطری سادگی سے اس کا حل پیش کیا ہے کہ اگر جنگ میں دشمن قوم کے مرد اور عورتیں اسیر بن کر آئیں تو حکُومتِ اسلامیہ کو اختیار ہے چاہے تو انھیں آزاد کردے۔ چاہے تو ان سے فدیہ لے کر چھوڑ دے۔ چاہے تو مُسلمان قیدیوں کے ساتھ اُن کا تبادلہ کرلے اور اگر مصلحتِ عامہ کا تقاضا یہ ہو کہ انھیں اسیر ہی رکھا جائے تو پھر اس کی اِجازت ہے لیکن کیسے؟ جاپان، جرمنی اور رُوس کے قیدی کیمپوں کا یہاں کوئی وجُود نہیں جہاں انھیں بھُوکا پیاسا رکھا جاتا ہو۔ انھیں طرح طرح کی اذیّتیں پہنچائی جاتی ہوں اور ان سے رات دِن جبری مزدُوری لی جاتی ہو بلکہ اس کی صُورت یہ ہے کہ انھیں سپاہیوں میں تقسیم کردیا جائے۔ ہر سپاہی اس کے آرام و آسائش کا خیال رکھے۔ جو اسیر عورت کسی کے حصّہ میں آئے وُہ ایک ماہواری گزرنے کے بعد اس سے صُحبت کرسکتا ہے۔ اگر اس کے شکم سے اَولاد پیدا ہُوئی تو اس کے حقوق بالکل ویسے ہی ہوں گے جیسے دُوسری اَولاد کے۔ اب وُہ اِس لونڈی کو فروخت بھی نہیں کرسکتا اور اس کے مرنے کے بعد وُہ خود بخود آزاد بھی ہوجائے گی۔

۴۷ علّامہ قرطبیؒ نے محصنین کا معنی متعففین عن الزنا کیا ہے یعنی پاکباز بنتے ہُوئے اور غیر مسافحین کا معنی غیر زانین۔ ان کلمات سے نِکاح کی غرض وغایت کی طرف اِشارہ فرمایا۔

۴۸ اگر بیوی کے ساتھ مباشرت یا خلوتِ صحیحہ ہوجائے تو سارا مہر ادا کرنا لازم ہوجاتا ہے اور اگر اس سے پیشتر ہی جُدائی ہوجائے تو پھر صرف نصف مہر ہی ادا کرنا پڑتا ہے۔ اس آیت سے متعہ پر روافض کا استدلال کرنا سراسر باطل ہے کیونکہ محصنین غیر مسافحین کے الفاظ اس کی صراحۃً تردید کرتے ہیں نیز حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اسے حجۃ الوداع کے موقع پر قیامت تک کے لیے حرام کردیا تھا۔ تفصیلی بحث سُورہ المومنون میں ملاحظہ فرمائیے۔

فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ

تو دو ان کو ان کے مہر جو مقرر ہیں اور کوئی گناہ نہیں تم پر جس چیز پر تم آپس میں راضی ہو

بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿٢٤﴾ وَمَنْ

جاؤ ۴۹ مقرر کیے ہوئے مہر کے بعد بے شک اللہ تعالیٰ علیم و حکیم ہے اور جو

لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ

نہ رکھتا ہو ۵۰ تم میں سے اس کی طاقت کہ نکاح کرے آزاد مسلمان عورتوں سے تو وہ

مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ؕ

نکاح کرے جو تمہارے قبضہ میں ہیں تمہاری کنیزیں جو مسلمان ہیں اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے تمہارے ایمان (کی کیفیت) کو

بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ

بعض تمہارا ۵۱ بعض (کی جنس) سے ہے تو نکاح کر لو ان سے ان کے سرپرستوں کی اجازت سے اور دو ان کو

اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ

مہر ان کے دستور کے موافق (تاکہ نکاح سے) وہ پاکدامن بن جائیں نہ (اعلانیہ) زنا کار اور نہ بنانے والی ہوں

۴۹ ہاں اگر بیوی اپنی خوشی سے سارا مہر یا اس کا کچھ حصہ بخش دے تو پھر کوئی حرج نہیں۔

۵۰ عام طور پر آزاد عورت کا مہر اور اس کا نفقہ کنیزوں کے مہر اور نفقہ سے کہیں زیادہ ہوا کرتا ہے بعض اوقات ایک شخص آزاد عورت کے اخراجات برداشت کرنے کی قدرت نہیں رکھتا اور اس کو یارائے صبر بھی نہیں۔ اس کے گناہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے تو اس صورت میں قرآن حکیم نے اسے اجازت دی ہے کہ وہ کسی کی کنیز سے نکاح کرلے۔ امام شافعی وغیرہ کے نزدیک اس کنیز کا مسلمان ہونا ضروری ہے اور امام صاحب کے نزدیک مستحب ہے۔ طول کا معنی ہے السعة والغنٰی (القرطبی)

۵۱ عرب میں باندیوں کے ساتھ نکاح کرنا بہت معیوب سمجھا جاتا اور ان کے شکم سے جو اولاد ہوتی اس کو "ھجین" کہا جاتا۔ یہ بتا کر کہ تم سب ایک آدم کی اولاد ہو اس خیال کی تردید کر دی۔

اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ

پوشیدہ یار ۵۲ اور جب وُہ نکاح سے محفوظ ہوجائیں پھر اگر وُہ ارتکاب کریں بدکاری کا تو ان پر ۵۳

نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ

اس سزا کا نصف ہے جو آزاد عورتوں کے لیے ہے یہ (لونڈیوں سے نکاح کی اجازت)

الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۭ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۵﴾

اس کے لیے ہے جسے خطرہ ہو بدکاری میں مبتلا ہونے کا تم سے اور تمہارا صبر کرنا بہتر ہے تمہارے لیے اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے

۵۲ اخدان جمع ہے اس کا واحد خِدْنٌ اور خدین ہے۔ خدن اس کو کہتے ہیں جس کے ساتھ پوشیدہ بُرے تعلقات ہوں اس آیت میں کھلے اور چوری چھپے زنا دونوں سے منع کر دیا۔

۵۳ ان دو تین آیتوں میں محصنات اور محصنین کے الفاظ کا کئی بار تکرار ہوا ہے لیکن کسی جگہ اس کا معنی شادی شدہ کہیں پاکباز کہیں آزاد اور کہیں کنوارا کیا گیا ہے جس سے اگر کسی نو آموز کے ذہن میں تردّد پیدا ہو جائے تو کچھ بعید نہیں کہ ایک لفظ ہے اور قدم قدم پر اس کے معانی بدلتے چلے جا رہے ہیں۔ اس لیے اس تردّد کے ازالہ کے لیے یہ ضروری ہے کہ ان الفاظ کی تحقیق کی جائے ان الفاظ کا ماخذ احصان ہے۔ اس کا لغوی معنی روکنا اور حفاظت کرنا ہے اسی لیے قلعہ کو حصن کہتے ہیں کیونکہ وُہ دشمن کے حملہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور مضبوط زرہ کو درع حصینۃ کہا جاتا ہے کیونکہ وُہ بھی حریف کے وار سے جسم کی حفاظت کرتی ہے اسی مُناسبت سے جو مرد یا عورت بدکاری سے اپنی حفاظت کرے اُسے بھی محصن اور محصنۃ کہتے ہیں۔ اس حفاظت کے متعدد اسباب ہیں اسلام، آزادی، طبعی عفّت، بکارت اور زواج۔ ان میں سے ہر ایک چیز انسان کو بدکاری سے روکنے والی ہے۔ اس لیے موقع اور محل کی مناسبت سے اِس لفظ کا معنی متعیّن کیا جائے گا خصوصاً معنی کا وُہ تعیّن جو رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے وُہ قطعی ہوگا اس میں ردّ و بدل کی گنجائش نہیں۔ یہاں محصنات کا معنی آزاد باکرہ لڑکیاں ہیں اور یہاں محصنات کا یہ معنی حضور کریم کا متعین کردہ ہے کیونکہ سنت نبوی ﷺ کے مُطابق انھیں کی سزا سو دُرّے ہے جس کا نصف پچاس دُرّے مُسلمان لونڈی کی سزا ہے دُوسرے قوانین میں مراعات اور گنجائشیں ان لوگوں کے لیے مخصوص ہیں جو صاحب جاہ و ثروت ہوں اور سوسائٹی میں کوئی بلند مقام رکھتے ہوں لیکن اس دینِ فطرت میں ان مراتب کو ملحوظ نہیں رکھا گیا بلکہ انسان کی فطری کمزوریوں کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔ جہاں پھسلنے کے امکانات زیادہ اور بچنے کے وسائل کم ہیں۔ وہاں سزائیں تخفیف کر دی گئیں۔ غلاموں، باندیوں، غیر شادی شدہ اور شادی شدہ مردوں اور عورتوں کی سزائیں کمی بیشی کا یہی راز ہے (جرم زنا کی سزا پر تفصیلی بحث سورہ النور میں آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ)

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

چاہتا ہے اللہ تعالیٰ ۵۴ے کہ کھول کر بیان کر دے (اپنے احکام) تمہارے لیے اور چلائے تم کو ان (کامیاب لوگوں) کی راہوں پر جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں

وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶﴾ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ

اور اپنی رحمت سے توجہ فرمائے تم پر اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا بڑا دانا ہے اور اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ اپنی رحمت سے توجہ فرمائے

عَلَيْكُمْ ۣ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا

تم پر اور چاہتے ہیں وہ لوگ جو پیروی کر رہے ہیں اپنی خواہشوں کی کہ تم (حق سے) بالکل منہ

عَظِيْمًا ﴿۲۷﴾ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ

موڑ لو ۵۵ے اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ ہلکا کرے ۵۶ے تم سے (پابندیوں کا بوجھ) اور پیدا کیا گیا ہے انسان

۵۴ے سابقہ آیات میں کثیر التعداد احکام بیان کیے گئے جن کی پابندی ان لوگوں کے لیے بڑی دشوار تھی اس لیے تاکیدی طور پر یہ فرما دیا کہ ہم نے ان احکام کی پابندی تم پر بلاوجہ فرض نہیں کی بلکہ مقصد یہ ہے کہ تمہیں وہ راستہ دکھا دیں جن پر تم سے پہلے انبیاء و صلحاء گامزن رہے اور دارین کی سعادتوں سے بہرہ اندوز ہوئے اس لیے ان احکام کی پیروی میں تمہاری اپنی سعادت اور بھلائی ہے۔

۵۵ے ان گوناگوں اصلاحات نے عرب کے پرانے طرز تمدن و معاشرت میں ایک انقلاب برپا کر دیا۔ اب لڑکیوں کو بھی اپنے بھائیوں کی طرح ورثہ ملنے لگا تھا۔ عورت اپنے خاوند کے مرجانے کے بعد اپنے سوتیلے بیٹے کے رحم و کرم پر نہ چھوڑ دی گئی تھی بلکہ عدت گزرنے کے بعد اسے اختیار تھا کہ جس سے چاہے نکاح کرے سوتیلی ماں سے نکاح کی ممانعت کر دی گئی تھی۔ زنا کو جرم قرار دے دیا گیا تھا اور اس کے لیے سنگین سزا مقرر کر دی گئی تھی۔ اسی طرح متعدد ایسے قوانین نافذ کر دیئے گئے تھے جو ان کے قدیم رسم و رواج کے سراسر خلاف تھے۔ ایک طبقہ اپنی دیرینہ جہالت سے اندھی عقیدت کے باعث ان اصلاحات پر آتش زیر پا ہو گیا۔ اور وہ لوگوں کو اسلام سے متنفر کرنے کے لیے ان قوانین کا سہارا لینے لگا۔ اس کے علاوہ یہودی بھی یہ گوارا نہ کر سکتے تھے کہ ان کے نافذ کردہ من گھڑت قوانین میں کسی قسم کا ردّوبدل کیا جائے کیونکہ اس میں ان کی علمی برتری کی ہتک تھی اور منافقین کا تو محبوب مشغلہ ہی یہ تھا کہ لوگوں کے دلوں میں اسلام کی تعلیمات کے متعلق غلط فہمیاں پیدا کی جائیں۔ یہ سب لوگ مسلمانوں کو احکام الٰہی سے برگشتہ کرنے کے لیے اپنے اپنے مخصوص حیلے اختیار کرتے اللہ تعالیٰ اس آیت میں مسلمانوں کو ان کے مکر و فریب سے ہوشیار رہنے کی تاکید فرما رہے ہیں۔

۵۶ے علیم و حکیم خدا جو تمہارا اور تمہاری صلاحیتوں کا پیدا کرنے والا ہے۔ اسے تمہاری فطری کمزوریوں کا خوب علم ہے اس لیے احکام شرعیہ میں ایسی سختی نہیں رکھی گئی جس کو تم برداشت نہ کر سکو۔ یہ بات کسی ایک قانون سے مختص نہیں بلکہ شریعت اسلامیہ کا ہر

ضَعِيفًا ﴿٢٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ

کمزور اے ایمان والو نہ کھاؤ اپنے مال آپس میں

بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِنْكُمْ ۚ وَ

ناجائز طریقہ سے ۵۷ مگر یہ کہ تجارت ہو تمہاری باہمی رضامندی سے اور

لَا تَقْتُلُوا أَنْفُسَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿٢٩﴾ وَمَنْ يَفْعَلْ

نہ ہلاک کرو اپنے آپ کو ۵۸ بے شک اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ بڑی مہربانی فرمانے والا ہے اور جو شخص کرے گا

ذَٰلِكَ عُدْوَانًا وَظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيهِ نَارًا ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ

یوں ، سرکشی اور ظلم سے تو ڈال دیں گے ہم اُسے آگ میں اور یہ

قانون اس حقیقت کا آئینہ دار ہے۔

۵۷ کسبِ حلال پر قرآن نے جتنا زور دیا ہے وُہ محتاجِ بیان نہیں۔ ایسے موقعوں پر قرآن کا اندازِ بیان بڑا اثر انگیز ہوا کرتا ہے یہ نہیں فرمایا کہ دُوسروں کے مال ناجائز طریقوں سے مت کھاؤ بلکہ فرمایا اپنے مال باطل طریقوں سے مت کھاؤ۔ اس سے یہ حقیقت واضح کرنا مطلوب ہے کہ اُمّت کے کسی فرد کا مال پرایا مال نہیں بلکہ اپنا ہی مال ہے۔ اس میں ناجائز تصرّف کرنا دھوکا فریب سے اس کو ہڑپ کرنا اپنے آپ سے ہی دھوکہ کرنا ہے۔ ہاں اگر تم آپس میں تجارت کرو اور تجارت میں کسی کی سادہ لوحی یا مجبوری سے ناروا فائدہ نہ اُٹھایا گیا ہو بلکہ فریقین نے راضی خوشی سے لین دین کیا ہو۔ اور اس طرح تمہیں نفع حاصل ہو تو یہ نفع حلال ہے۔ عَنْ تَرَاضٍ کے کلمات پر مزید غور فرمائیے۔ اسلام جس صاف ستھری تجارت کی اجازت دیتا ہے اس کے خدّ و خال آپ پر واضح ہو جائیں گے۔

۵۸ اس آیت میں خودکشی کی ممانعت بھی آگئی۔ اور کسی مسلمان بھائی کو بلاوجہ قتل کرنے سے بھی روک دیا گیا۔ انفسکم کہہ کر بتا دیا کہ اگر تم کسی مسلمان بھائی کو قتل کرو گے تو اس کا نقصان تمہیں ہی پہنچے گا۔ تمہاری ہی ایک مومن بہن بیوہ ہوگی۔ تمہاری ہی ملّت کے معصوم بچے یتیم ہوں گے۔ تمہارے مسلم معاشرہ کا ہی ایک گھر غم واندوہ کے اندھیروں میں ڈوب جائے گا۔ علّامہ بیضاوی علیہ الرحمۃ نے اس کا ایک اور لطیف معنی بھی کیا ہے۔ فرماتے ہیں۔ لاتقتلوا انفسکم باقتراف مایذ للھا ویردیھا فانہ القتل الحقیقی للنفس یعنی ایسی مذموم حرکتیں اور ذلیل اعمال مت کرو جو لوگوں کی نگاہ میں تمہیں ذلیل و رُسوا کر دیں۔ کیونکہ یہ ذلّت و رُسوائی ہی تو نفس کی حقیقی ہلاکت و تباہی ہے۔ سبحان اللہ کیا لطیف بات کہی ہے۔

عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾ اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ

اللہ پر بالکل آسان ہے اگر تم بچتے ۵۹ رہو گے ان بڑے بڑے کاموں سے روکا گیا ہے تمھیں جن سے تو ہم محو کر دیں گے

عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَتَمَنَّوْا

تمھارے (نامۂ اعمال) سے تمھاری بُرائیاں اور ہم داخل کریں گے تمھیں عزّت کی جگہ میں اور نہ آرزو کرو اس چیز کی،

۵۹ یہاں تین چیزیں غور طلب ہیں:۔

ا۔ اجتناب کا کیا معنی ہے؟

ب۔ گناہِ کبیرہ کسے کہتے ہیں؟۔

ج۔ تکفیرِ سیّئات کا کیا مطلب ہے؟

ا۔ کسی ایسے کام کو جس کے دواعی اور اسباب موجود ہوں اسے اپنے ارادہ اور مرضی سے نہ کرنے کو اجتناب کہا جاتا ہے۔

ب۔ گناہِ کبیرہ کے متعلق علماء سے کئی اقوال منقول ہیں لیکن علّامہ بیضاوی کا پسندیدہ قول یہ ہے کہ ہر وہ فعل جس کے لیے شارع نے کوئی حد مقرر کی ہو یا اس پر عذاب کی دھمکی دی ہو وہ گناہِ کبیرہ ہے۔ والاقرب ان الكبيرة كل ذنب رتب الشارع عليه حدا اوصرح بالوعيد فيه۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے مندرجہ ذیل گناہوں کو کبیرہ شمار کیا ہے:۔

(۱) اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھیرانا۔ (۲) قتل بے گناہ (۳) پاکباز عورت پر بہتان (۴) یتیم کا مال کھانا۔ (۵) زنا (۶) میدانِ جہاد سے فرار (۷) اور والدین کی نافرمانی۔ اس شمار سے مقصود حصر نہیں ہے احادیث میں ان کے علاوہ کئی اور امور کو بھی کبیرہ کہا گیا ہے۔

ج۔ اب رہا تکفیرِ سیّئات کا مسئلہ۔ اس کے متعلق عام مفسّرین نے تو یہی فرمایا ہے کہ نکفر کا معنی نمحو (مٹا دینا) اور نغفر (بخش دینا) ہے لیکن حجۃ الاسلام امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ جب انسان گناہ کا ارتکاب کرتا ہے تو اس سے اس کی پاکیزہ اور معصوم فطرت متاثر ہوتی ہے اور آہستہ آہستہ گناہوں سے اس کی نفرت ان سے اُنس میں تبدیل ہو جاتی ہے لیکن جب کوئی شخص بڑے بڑے گناہوں سے بچنے کا پختہ ارادہ کر لیتا ہے اور ساری آسانیوں بلکہ اشتعال انگیزیوں کے باوجود وہ اپنا دامن بچانے کی سعی کرتا ہے تو اس کشمکش سے اس کے دل کے آئینہ سے زنگار دُور ہونے لگتا ہے طبیعت پھر اپنی کھوئی ہوئی صحت واپس لے لیتی ہے گناہوں سے پھر اس کو نفرت ہونے لگتی ہے اسی حالت کو "تکفیرِ سیّئات" کی اصطلاح سے تعبیر کیا گیا ہے۔ (المنار)

مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِیْبٌ

بزرگی دی ہے اللہ نے جس سے تمھارے بعض کو بعض پر ۶۰ مردوں کے لیے حصّہ ہے

مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ؕ وَ لِلنِّسَآءِ نَصِیْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ؕ وَ سْـَٔلُوا اللّٰهَ

اُس سے جو انھوں نے کمایا اور عورتوں کے لیے حصّہ ہے اس سے جو انھوں نے کمایا اور مانگتے رہو اللہ تعالےٰ سے ۶۱

۶۰ بعض انسان دُوسرے انسانوں سے باعتبارِ صحت، شکل و صُورت، قوت و توانائی، ذہانت و فطانت، حسب و نسب اور جاہ و منزلت برتر اور افضل ہوا کرتے ہیں۔ اس لیے اُن جیسا بننے کی حسرت سے اپنی زندگی کو تلخ نہ بنالو۔ یہ اُمور نہ تو انسان کے لیے حقیقی شرف و عزت کا معیار ہیں اور نہ انھیں قربِ الٰہی میں کچھ دخل ہے۔ عزّت و شرف کا حقیقی معیار اور قربِ الٰہی کا صحیح راستہ تو تمھاری ذاتی جدوجہد میں مضمر ہے۔ اگر آپ نیک عمل کریں گے تو تمھیں قربِ الٰہی نصیب ہوگا قطع نظر اس سے کہ تمھاری رنگت کیا ہے۔ تمھاری جسمانی قوت اور ذہانت کا معیار کیا ہے اور تم کس خاندان کے چشم و چراغ ہو تم مرد ہو یا عورت اور تمھارے چہرے کی دلکشی تمھارے حسب و نسب کی برتری یا کوئی دُوسری خوبی تمھیں خالق و مخلوق کی نگاہوں میں کوئی عزّت نہیں بخش سکے گی اس لیے کرنے کا کام تو یہ ہے کہ اپنے حسنِ عمل سے اپنی برتری ثابت کرو۔ دُوسروں کے کمالات دیکھ کر ان جیسا بننے کے فقط خواب دیکھتے رہنا تو ایک مومن کے شایانِ شان نہیں۔ یہ عادت تو انسان میں حسد اور عناد کے جذبات کو اُبھارتی ہے۔ علّامہ بیضاوی نے کیا خوب لکھا ہے اى لكل من الرجال والنساء فضل ونصيب بسبب ما اكتسب ومن اجله فاطلبو الفضل بالعمل لا بالحسد والتمنى یعنی ہر مرد اور ہر عورت کو بلا امتیاز اس کی جدوجہد کا ثمر ملے گا۔ اس لیے اگر تم اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے طلبگار ہو تو عمل سے طلب کرو کسی سے حسد کرنا یا صرف اس جیسا بننے کی خواہش ہی کرتے رہنے سے کیا حاصل۔ عورتوں کے دلوں میں عام طور پر یہ حسرت ہوتی ہے کہ کاش وُہ مرد ہوتیں۔ اس کا بھی ازالہ فرما دیا کہ تکوینی مصلحتوں کے پیشِ نظر کسی کو مرد اور کسی کو عورت ضرور ہونا تھا اس لیے اس خیالِ خام کو اپنے دلوں سے نکال دو حصولِ کمال اور قربِ الٰہی کے دروازے تمھارے لیے بھی کھُلے ہُوئے ہیں آگے بڑھو اور اپنے حسنِ کردار اور خوبیٔ عمل سے بلند سے بلند مقام حاصل کرلو۔

نیز اس آیت سے یہ بھی بتا دیا کہ دولت کمانے کا حق جس طرح مرد کو ہے اسی طرح عورت کو بھی ہے۔ مرد بھی اپنی کمائی ہوئی دولت کا مالک ہوتا ہے اس میں اپنی مرضی سے تصرّف کر سکتا ہے اور اس سے استفادہ کر سکتا ہے اسی طرح عورت کو بھی یہ حقوق حاصل ہیں۔ اس ارشادِ گرامی سے مرد و زن میں جو بے جا تفریق صدیوں سے قائم تھی اس کا قلع قمع کر دیا۔

۶۱ صرف خیالی پلاؤ پکانے اور حسد کرنے کی عادت کو ترک کر دو اور اللہ تعالیٰ کے حضور میں دامن پھیلا دو۔ وُہ اپنی جُود و سخا سے تمھیں سب کچھ عطا فرمانے پر قادر ہے اس کے خزانے ختم ہونے والے نہیں۔ وُہ کثرتِ سوال سے اُکتا نہیں جاتا بلکہ خوش ہوتا ہے

مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا ﴿۳۲﴾ وَ لِكُلٍّ جَعَلْنَا

اس کے فضل (وکرم) کو بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے اور ہر ایک کے لیے بنا دیتے ہیں

مَوَالِیَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَ الْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَ الَّذِیْنَ عَقَدَتْ اَیْمَانُكُمْ

ہم نے وارث اس مال سے جو چھوڑ جائیں ماں باپ اور قریبی رشتہ دار ۶۲ اور وہ لوگ جن سے بندھ چکا ہے تمھارا عہد و پیمان

فَاٰتُوْهُمْ نَصِیْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدًا ﴿۳۳﴾ ع

تو دو انھیں ان کا حصّہ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کا مشاہدہ فرمانے والا ہے

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَی النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰی

مرد محافظ و نگران ہیں عورتوں پر اس وجہ سے کہ فضیلت دی ہے اللہ تعالیٰ نے مردوں کو

بَعْضٍ وَّ بِمَاۤ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ

عورتوں پر ۶۳ اور اس وجہ سے کہ مرد خرچ کرتے ہیں اپنے مالوں سے (عورتوں کی ضرورت و آرام کے لیے) تو نیک عورتیں ۶۴ اطاعت گزار ہوتی ہیں حفاظت کرنے والی ہوتی ہیں

حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا ارشادِ گرامی ہے سلوا اللہ من فضلہ فانہ یحب ان یسأل وافضل العبادۃ انتظار الفرج یعنی اللہ تعالیٰ سے اس کے فضل وکرم کا سوال کیا کرو وہ اس کو دوست رکھتا ہے اور بہترین عبادت مصیبت کے دور ہونے کے لیے منتظر رہنا ہے۔

۶۲ عہدِ جہالت کی ایک رسم یہ بھی تھی کہ جن لوگوں کی آپس میں دوستی ہوتی تھی یا جس کو وہ اپنا منہ بولا بیٹا بنا لیا کرتے وہ بھی ان کی وراثت میں حصّہ دار بن جاتا۔ اس آیت میں وضاحت فرما دی کہ وراثت کے حقدار تو وہی لوگ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے وارث ٹھیرایا ہے۔ جن کے ساتھ ان کا معاہدہ ہوا کرتا ان کو پہلے ۱/۶ حصّہ دیا جاتا۔ بعد میں اولوالارحام کی آیت سے یہ بھی منسوخ ہو گیا۔

۶۳ کسی چیز کی ضروریات کو مہیا کرنے والے، اس کی نگہبانی اور حفاظت کرنے والے اور اس کی اصلاح و درستگی کے ذمہ دار کو عربی میں قَوَّام کہا جاتا ہے۔ جیسے ہر فوج کا ایک کمانڈر اور ہر مملکت کا ایک فرماں روا ہونا ضروری ہے جو نظام قائم رکھے اور فوج اور رعایا اس کے حکم کی تعمیل کرے۔ اسی طرح گھر کی ریاست کا بھی ایک حاکمِ اعلیٰ ہونا چاہیئے جو گھر کی تمام ضروریات کا کفیل اور اس کی خوشحالی کا ذمّہ دار ہو اور اس کے احکام کی اطاعت کی جائے۔ ورنہ گھر کی یہ مختصر مگر اہم ریاست کا سکون و اطمینان برباد ہو کر رہ جائے گا۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ ذمّہ داری کس کو سونپی جائے۔ اور اس بارِ گراں کو اٹھانے کی بہترین صلاحیت کس

لِّلۡغَيۡبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِىۡ تَخَافُوۡنَ نُشُوۡزَهُنَّ فَعِظُوۡهُنَّ

(مردوں کی) غیر حاضری میں اللہ کی حفاظت سے اور وُہ عورتیں ۶۵ اندیشہ ہو تمھیں جن کی نافرمانی کا تو (پہلے نرمی سے) انھیں سمجھاؤ

میں ہے اِس کے وہی اُمیدوار ہیں ماں اور باپ۔ قرآن حکیم نے باپ کو اس ذمہ داری کا اہل قرار دیا ہے اور ساتھ ہی وجہ بھی بتا دی ہے کہ اس میں دو خوبیاں ہیں ایک وہبی ہے اور دُوسری کسبی۔ انھیں کے باعث وُہ گھر کی مملکت کا رئیس مقرر کیا گیا ہے۔ پہلی خوبی تو یہ ہے جس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ مرد اپنی جسمانی قوت، ذہنی برتری، معاملہ فہمی اور دُور اندیشی میں بلاشبہ عورت سے بڑھا ہوا ہے۔ اس چیز کو قرآن نے یُوں اپنے مختصر الفاظ میں بیان فرمایا بما فضل الله بعضهم علی بعض۔ اور مرد کی دُوسری خوبی یہ ہے کہ بیوی بچے کے جملہ اخراجات اور ان کے آرام و آسائش اور ان کی حفاظت و صیانت کی تمام تر ذمہ داری اس پر عائد ہے۔ اس کا قرآن کریم نے ان الفاظ میں ذکر فرمایا۔ وبما انفقوا من اموالهم۔ اس لیے اپنی فطری اور کسبی برتری کے باعث مرد ہی اس امر کا مستحق ہے کہ وُہ گھر کی ریاست کا امیر ہو۔ کوئی کج فہم یہ نہ سمجھے کہ عورت کے گلے میں مرد کی غلامی کا طوق ڈالا جا رہا ہے نہیں ان انتظامی امور کے علاوہ عورت کے اپنے حقوق ہیں جو مرد پر ایسے ہی واجب ہیں جیسے مرد کے حقوق عورت کے ذمہ واجب ہیں۔ لهن مثل الذی علیهن۔ اور قربِ الٰہی کے دروازے دونوں صنفوں کے لیے برابر کشادہ ہیں اس لیے یہاں عورت کی غلامی کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ حقیقت یہ ہے کہ عورت کو جو مقام اسلام نے معاشرہ میں بخشا ہے اس کی نظیر نہیں ویسے کوئی آنکھیں بند رکھنے پر ہی اُدھار کھائے بیٹھا ہو تو چشمۂ آفتاب را چہ گناہ۔

۶۴ یہاں سے نیک عورتوں کی صفات کا بیان ہے۔ اس ارشادِ ربّانی کی مزید وضاحت حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کے اس فرمان سے ہوتی ہے خیر النساء امرأة اذا نظرت الیها سرتك واذا امرتها اطاعتك واذا غبت عنها حفظتك فی نفسها ومالك یعنی بہترین بیوی وُہ ہے جسے جب تو دیکھے تو تو مسرور ہو جائے۔ اُسے حکم کرے تو وُہ تیری اطاعت کرے اور اگر تو کہیں باہر جائے تو وُہ تیری غیر حاضری میں اپنی عصمت کی اور تیرے مال کی حفاظت کرے۔ (ابن جریر عن ابی ہریرہ)۔ ایک مسلمان خاتون کو جن خوبیوں سے آراستہ ہونا چاہیئے اور جن پاکیزہ صفات سے متصف ہونا چاہیئے ان کا ذکر کتنے دلنشین کلمات میں کیا گیا ہے۔ بیوی کا اس سے بلند معیار تصوّر ہی نہیں کیا جا سکتا۔ خود سوچیئے اسلام ایک بیوی سے کیا توقع رکھتا ہے اور اس طرح اس کے مقام کو کتنا بلند کر دیتا ہے۔ اور اس مرد سے بھی زیادہ کوئی خوش نصیب ہو سکتا ہے جس کی رفیقۂ حیات ان خوبیوں کی مالک ہو۔

۶۵ لیکن پانچوں انگلیاں برابر نہیں ہوا کرتیں۔ اچھی خواتین کے ساتھ ساتھ ایسی عورتیں بھی ہوتی ہیں جو تُند مزاج اور کج سرشت ہُوا کرتی ہیں۔ ان کی اصلاح کا طریقہ تعلیم کیا جا رہا ہے۔ عورت کے ازراہِ غرور و نفرت خاوند کی اطاعت سے سرتابی کرنے کو "نشوز" کہتے ہیں۔ خوف سے مُراد وہم و گمان نہیں بلکہ علم و یقین ہے (قرطبی) یعنی اگر تمھیں ان کی نافرمانی کا پُورا علم ہو جائے تو پہلے ہی غصہ سے بے قابو ہو کر انتہائی اقدام نہ کرو۔ بلکہ پہلے انھیں نرمی سے سمجھاؤ۔ اور اگر فہمائش مؤثر ثابت نہ ہو تو پھر ان سے الگ رات بسر کیا

وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا

اور (پھر) الگ کردو انھیں خواب گاہوں سے اور (پھر بھی باز نہ آئیں تو) مارو انھیں پھر اگر وہ اطاعت کرنے لگیں تمہاری تو نہ تلاش کرو

عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ۗ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿٣٤﴾ وَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ

ان پر (ظلم کرنے کی) راہ ۶۶ یقیناً اللہ تعالیٰ (عظمت و کبریائی میں) سب سے بالا سب سے بڑا ہے اور اگر خوف کرو تم ناچاقی کا

بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ أَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ أَهْلِهَا ۚ إِنْ

ان کے درمیان ۶۷ تو مقرر کرو ایک پنچ مرد کے کنبہ سے اور ایک پنچ عورت کے کنبہ سے اگر وہ

يُّرِيْدَا إِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ۗ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿٣٥﴾

دونوں (پنچ) ارادہ کریں گے صلح کرانے کا تو موافقت پیدا کر دے گا اللہ تعالیٰ میاں بیوی کے درمیان بیشک اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا ہر بات سے خبردار ہے

کرو اور محبت بھری باتیں کرنا ترک کر دو۔ وہ عورت جس میں شرافت کی حس ابھی زندہ ہے وہ اس سرزنش سے ضرور اپنی اصلاح کر لے گی۔ لیکن اگر یہ طریقہ کار بھی مفید ثابت نہ ہو تو پھر تم اس کو مار بھی سکتے ہو لیکن مار ایسی سخت نہ ہو جس سے جسم پر چوٹ آجائے۔ والضرب فی ھذہ الایۃ ضرب الادب غیر المبرح (قرطبی) اور حضرت ابن عباس سے تو یہ تصریح مروی ہے کہ اگر مارنے کی نوبت آئے تو مسواک یا اس قسم کی کسی ہلکی پھلکی چیز سے مارے۔ آج کل جہلاء اپنی بیویوں کو بھینسوں کی طرح پیٹتے ہیں اس کی اجازت قطعاً اسلام نے نہیں دی۔

۶۶ اگر عورت اپنی سرکشی سے باز آجائے اور اپنے شوہر کی فرمانبردار بن جائے تو پھر شوہر پر بھی لازم ہے کہ وہ اپنے پہلے رویہ کو یکسر بدل دے اور اس پر دست درازی سے کلیۃً باز آجائے۔ یہ حکم اس خدا کا ہے جو سب سے بالا اور سب سے بڑا ہے اور اس کے حکم کی سرتابی کے نتائج بڑے المناک ہیں۔

۶۷ لیکن اگر آپس کی کوششیں اصلاح حال کے لیے مفید ثابت نہ ہوں اور ایسے آثار رونما ہونے لگیں کہ اگر صورت حال پر قابو نہ پایا گیا تو معاملہ طلاق پر جا ختم ہوگا تو اس وقت یا تو میاں بیوی اپنی اپنی طرف سے ایک ایک ثالث مقرر کریں جو ان کی شکایات سن کر ان کا باہمی تصفیہ کر دیں یا دونوں کے خاندان ثالث مقرر کریں اور اگر معاملہ عدالت تک پہنچ گیا ہو تو پھر حاکم کو چاہیے کہ جلد بازی سے ان میں تفریق نہ کر دے بلکہ حَکَم کے ذریعہ ان کی مصالحت کی بھرپور کوشش کرے اور اگر ان حکموں نے خلوص نیت سے اصلاح کی کوشش کی تو توفیق الٰہی ضرور ان کے شامل حال ہو گی بعض مفسرین کے نزدیک ان یریدا اصلاحا کے فاعل میاں بیوی ہیں۔ یعنی اگر ان کے دلوں میں مصالحت کی خواہش ہوئی تو اللہ تعالیٰ کوئی نہ کوئی صورت ضرور پیدا فرما دے گا۔

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا

اور عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی ۶۸ے اور نہ شریک بناؤ اس کے ساتھ کسی کو اور والدین کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو

وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى

نیز رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور پڑوسی جو رشتہ دار ہے

وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ

اور پڑوسی جو رشتہ دار نہیں اور ہم مجلس اور مسافر اور جو (لونڈی غلام)

اَيْمَانُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۙ ﴿۳۶﴾ الَّذِيْنَ

تمہارے قبضہ میں ہیں (ان سب سے حسن سلوک کرو) بے شک اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا اس کو جو مغرور ہو فخر کرنے والا ہو ۶۹ے جو خود بھی

يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ

بخل کرتے ہیں اور حکم دیتے ہیں لوگوں کو بھی بخل کرنے کا اور چھپاتے ہیں ۷۰ے جو عطا فرمایا ہے انھیں

۶۸ے پہلے میاں بیوی کے حقوق کا ذکر ہوا آپس میں حسن سلوک اور حسن معاشرت کی تاکیدیں ہوئیں اصلاح حال کی تدبیریں بتائی گئیں۔ اب مخاطب کو یہ یاد دلایا جا رہا ہے کہ تیرا تعلق صرف گھر اور گھر والی سے ہی نہیں بلکہ اس کے علاوہ تیرا رشتہ اپنے خالق سے بھی ہے اور اس کی مخلوق سے بھی۔ ان کے حقوق کی ادائیگی بھی تم پر لازم ہے۔ اپنے خالق کا حق تو تجھ پر یہ ہے کہ اس کی یاد، اس کے ذکر اور اس کی عبادت میں سرشار رہے۔ اور کسی کو کسی حیثیت سے بھی اس کا شریک نہ بنائے نہ ذات میں نہ صفات میں۔ اور اس کی مخلوق کا تجھ پر یہ حق ہے کہ سب کے ساتھ احسان اور مروّت کا برتاؤ کرے کسی کو ضرر اور دکھ پہنچانے کا تو خیال تک بھی تیرے دل میں نہ گزرے۔ ترتیب بیان مراتب کی ترتیب پر دلالت کرتی ہے۔ کاش ہم تعلیمات قرآنی پر عمل کرنے کی سعی کریں۔

۶۹ے مختال مغرور و متکبّر کو کہتے ہیں اور فخور اس کو کہتے ہیں جو اپنی تعریف و ثنا میں ہی رطب اللّسان رہے اور اپنی خوبیاں اور کمالات ہی بیان کرتا رہے۔ آخر آیت میں ان دو صفات کا ذکر اس لیے فرمایا ہے کہ ایسا انسان ہی کسی کے ساتھ مہربانی اور شفقت سے پیش آنے میں اپنی کسر شان سمجھتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے حضور میں سر نیاز خم کرنے کے شوق سے محروم رہتا ہے۔

۷۰ے اس میں خدا کے دیئے ہوئے مال کو بھی اہل ضرورت سے پوشیدہ رکھنے کی مذمّت ہے نیز وہ صاحب علم جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کی سمجھ عطا فرمائی ہے اور وہ لوگوں کو فیض نہیں پہنچاتا اور ان کے کانوں تک پیغام حق پہنچانے میں بخل سے کام لیتا ہے

اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝۳۷ۚ

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل (وکرم) سے اور تیار کر رکھا ہے ہم نے کافروں کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب

وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَاۗءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ

اور وُہ لوگ جو خرچ کرتے ہیں اپنے مال لوگوں کو دکھانے کے لیے اور نہیں ایمان رکھتے

بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا

اللہ پر اور نہ روزِ قیامت پر اور وُہ (بدقسمت) ہو جائے شیطان جس کا ساتھی اے

فَسَاۗءَ قَرِيْنًا ۝۳۸ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

پس وُہ بہت بُرا ساتھی ہے اور کیا نقصان ہوتا ان کا اگر ایمان لاتے اللہ پر اور روزِ آخرت پر

وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ۝۳۹ اِنَّ اللّٰهَ

اور خرچ کرتے اس سے جو دیا ہے انھیں اللہ تعالیٰ نے اور اللہ تعالیٰ اُن سے خُوب واقف ہے بے شک اللہ تعالیٰ

لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ

ظلم نہیں کرتا ذرّہ برابر بھی (بلکہ) اگر ہو معمولی سی نیکی تو دوگنا کر دیتا ہے اسے اور دیتا ہے

اس کا بھی یہی حال ہے۔

یہاں ان بدنصیبوں کا ذکر کیا جا رہا ہے جن سے اللہ تعالیٰ محبت نہیں کرتا۔ بلاشبہ جو لوگ غرور و فخر کی بیماری میں مُبتلا ہوں جن کو دولت اتنی پیاری ہو کہ وُہ ایک دمڑی تک راہِ خُدا میں خرچ کرنے کے لیے تیار نہ ہوں اور دُوسرے لوگوں کو بھی راہِ حق میں مال خرچ کرنے سے روکیں اور اللہ تعالیٰ کی دی ہُوئی نعمتوں کو چھپائے رکھیں وُہ اس قابل کہاں ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان سے محبت کرے۔ وُہ رُسوا کُن عذاب کے مستحق ہیں جو ان کے لیے بالکل تیار ہے۔

اے عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے مال خرچ کرنے میں بُخل سے کام لیتے ہیں وُہ اپنی نام و نمود کے لیے، حکّامِ وقت کو خوش کرنے کے لیے اور لوگوں کے دِلوں پر اپنی فیاضی کا سکّہ بٹھانے کے لیے بے دریغ دولت خرچ کرتے ہیں حقیقت میں نہ اللہ پر ان کا ایمان ہوتا ہے اور نہ قیامت پر انھیں یقین ہوتا ہے۔ اُن کا دوست اور ساتھی شیطان ہوتا ہے

مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٤٠﴾ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ

اپنے پاس سے اجر عظیم ۴۲ تو کیا حال ہوگا (ان نافرمانوں کا) جب ہم لے آئیں گے ہر اُمت سے

بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ شَهِيْدًا ﴿٤١﴾ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ

ایک گواہ ۴۳ اور (اے حبیب!) ہم لے آئیں گے آپ کو ان سب پر گواہ اُس روز تمنا کریں گے وُہ جنھوں نے

كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ

کفر کیا اور نافرمانی کی رسُول کی ۴۴ کہ کاش! (انھیں دبا کر) ہموار کر دی جاتی ان پر زمین اور نہ چھپا سکیں گے

وقف النبی علیہ السلام

جو اس ازلی بدخواہ کو اپنا اصلاح کار بنالے اس سے زیادہ بدقسمت کون ہوسکتا ہے شیطان تو اُسے ہر نیک کام سے روکے گا اس سے بدترین ساتھی اور ہم سفر کوئی نہیں ہوسکتا۔

۴۲ یہ غفلت شعار، کوتاہ اندیش اگر اپنے خدا پر ایمان لے آتے اور قیامت پر یقین کرتے تو راہِ حق میں مال خرچ کرنے میں ہرگز بُخل نہ کرتے بلکہ بڑی دریا دِلی سے غریبوں مسکینوں کی امداد کرتے۔ اللہ تعالیٰ ان کے مال میں برکت دیتا۔ جتنا خرچ کرتے اس سے کئی گنا اِس دُنیا میں وُہ انھیں عطا فرماتا اور اس کے علاوہ جو اجرِ عظیم اُنھیں بارگاہِ الٰہی سے ملتا اس کا تو وُہ اندازہ بھی نہیں کرسکتے۔ لیکن شیطان کی سنگت نے اُنھیں سُود فراموش اور زیاں کار بنا دیا ہے۔

۴۳ قیامت کے دن تمام انبیاء اپنی اپنی اُمتوں کے احوال و اعمال پر شہادت دیں گے اور حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم انبیائے کرام کی شہادت کے درست ہونے کی گواہی دیں گے۔ اور ھؤلاء کا مشارٌ الیہ اُمّتِ مصطفویہ کو بھی قرار دیا گیا ہے یعنی حضورُ علیہ السّلام اپنی اُمّت کے احوال پر گواہی دیں گے۔ وقیل الاشارة الی جمیع امته۔ علامہ قرطبی نے اس قول کی تائید کے لیے حضرت سعید بن مسیّب کا یہ قول نقل کیا ہے۔ لیس من یوم الا تعرض علی النبی صلی اللہ علیه وسلم امته غدوة وعشیة فیعرفهم بسیماهم واعمالهم فلذلك یشهد علیهم (القرطبی) یعنی حضور علیہ الصلوٰة والسّلام پر ہر صبح و شام حضور کی اُمّت پیش کی جاتی ہے۔ حضورُ اپنے ہر اُمّتی کا چہرہ اور اس کے اعمال کو پہچانتے ہیں۔ اسی علمِ کامل کے باعث حضور قیامت کے روز سب کے گواہ ہوں گے۔ یہ مضمون دُوسرے سیپارہ کی دُوسری آیت کے ضمن میں مفصّل گزرا ہے۔ ملاحظہ فرمادیں۔

۴۴ کاش اِس آیت کو وُہ لوگ بھی پڑھیں جو بڑے طمطراق سے اطاعتِ رسُول کا اِنکار کرتے ہیں تو انھیں پتہ چلے کہ رسُول کے نافرمانوں اور اس کی سُنّت سے سرکشی کرنے والوں کی قیامت کے دن کیا حالت ہوگی۔

اللّٰہَ حَدِیۡثًا ﴿۴۲﴾ یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَقۡرَبُوا الصَّلٰوۃَ وَ اَنۡتُمۡ

اللہ سے کوئی بات اے ایمان والو! ۷۵ نہ قریب جاؤ نماز کے جب کہ تم

سُکٰرٰی حَتّٰی تَعۡلَمُوۡا مَا تَقُوۡلُوۡنَ وَ لَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِیۡ سَبِیۡلٍ

نشہ کی حالت میں ہو یہاں تک کہ تم سمجھنے لگو جو (زبان سے) کہتے ہو ۷۶ اور نہ جنابت ۷۷ کی حالت میں مگر یہ کہ تم سفر ۷۸ کر رہے ہو

۷۵ عرب میں شراب کا استعمال عام تھا۔ اگر اسے یک لخت حرام کر دیا جاتا تو مسلمان بڑی مشکل میں مبتلا ہو جاتے اس لیے حکیم و علیم خدا نے اس کی حرمت کے احکام تدریجاً نازل فرمائے۔ ابتدا میں تو صرف اتنا اشارہ کر دیا کہ یہ مضر اور نقصان دہ چیز ہے۔ اس سے بعض لطیف طبائع نے شراب چھوڑ دی۔ پھر یہ آیت نازل ہوئی جس میں اوقاتِ نماز میں شراب کی ممانعت کر دی گئی۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ دن میں شراب کا استعمال بند ہو گیا۔ عشاء کی نماز کے بعد ہی لوگ اس سے شوق کرتے۔ کچھ مدت بعد شراب کی قطعی حرمت کا حکم نازل ہوا۔ اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے کہ ایک روز حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف کے ہاں کئی صحابہ مدعو تھے۔ کھانے کے بعد دورِ شراب چلا جب وہ اس کے نشہ سے جھوم رہے تھے تو مغرب کی نماز کا وقت آگیا۔ ایک صاحب امامت کے لیے آگے بڑھے اور اتفاق سے سورۃ الکافرون پڑھنا شروع کر دی۔ اور بے ہوشی میں لا اعبد ما تعبدون کی جگہ اعبد ما تعبدون پڑھ گئے۔ جس سے معنی بالکل بدل گیا۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی اور نشہ کی حالت میں نماز ادا کرنے سے روک دیا گیا۔ اس سے پہلی آیت میں قیامت کے روز بارگاہِ الٰہی میں حاضری کا ذکر گزرا اس آیت میں بارگاہِ الٰہی میں حاضری کے آداب سکھائے جا رہے ہیں تاکہ قیامت کی حاضری آسان ہو۔ بتایا کہ باادب و ہوشیار ہو کر اس احکم الحاکمین کی خدمت میں حاضر ہو۔ مدہوشی کی حالت میں حاضری آدابِ شاہانہ کے خلاف ہے۔ آیت کے دوسرے حصہ میں بتایا کہ دل کے حضور کے ساتھ ساتھ جسم کی طہارت و نظافت بھی لازمی ہے۔

۷۶ حدیث پاک میں ہے کہ حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا کہ اگر نماز پڑھتے وقت تم پر نیند کا غلبہ ہو جائے تو نماز چھوڑ دو اور جا کر سو رہو۔ اور نیند پوری کرنے کے بعد جب ہوش و حواس درست ہو جائیں تو نماز ادا کرو۔ اذا نعس احدکم وھو یصلی فلینصرف فلینم حتی یعلم ما یقول (بخاری عن انس)

۷۷ بیوی سے صحبت کرنے سے یا حالتِ نیند میں انزال ہو جانے سے انسان جنبی ہو جاتا ہے۔ اس کی طہارت صرف وضو سے نہیں ہوتی بلکہ غسل فرض ہو جاتا ہے۔ اس کی وجہ بھی یہی ہے کہ اس حالت میں انسان کے جسم کے سارے اعصاب پر ایک درماندگی اور افسردگی کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے جس سے کسی کام میں جی نہیں لگتا۔ لیکن جب پانی کے ٹھنڈے چھینٹے پڑتے ہیں تو نشاط و سرور کی رو سارے جسم میں دوڑ جاتی ہے اور افسردگی اور درماندگی شگفتگی سے بدل جاتی ہے۔ انسان ایک نئی تازگی محسوس کرنے لگتا ہے۔ نماز سے پہلے غسل کا حکم اسی لیے دیا گیا ہے کہ بارگاہِ الٰہی میں یہ حاضری ایسی

حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَ اِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ

یہاں تک کہ تم غسل کر لو اور اگر ہو تم بیمار ۷۹ یا سفر میں یا آئے کوئی

مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً

تم میں سے قضائے حاجت سے یا ہاتھ لگایا ہو تم نے (اپنی) عورتوں کو پھر نہ پاؤ تم پانی تو (اس صورت میں)

فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَ اَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ

تیمّم کر لو ۸۰ پاک مٹی سے اور (اس کا طریقہ یہ ہے کہ) ہاتھ پھیرو اپنے چہروں پر اور اپنے بازوؤں پر بے شک

حالت میں ہو جب تم ترو تازہ اور شگفتہ خاطر ہو۔

۷۸ ان الفاظ کا معنی سمجھنے کے لیے ہمیں لفظ الصلوٰۃ پر جو ابتدائے آیت میں گزرا از سرِ نو غور کرنا چاہیئے کہ بعض علماء کے نزدیک جن میں امام شافعیؒ بھی ہیں الصلوٰۃ سے مُراد مسجد ہے۔ اس صُورت میں آیت کا معنی یہ ہو گا کہ جنابت کی حالت میں مسجدوں میں نہ جاؤ۔ ہاں اگر مجبوراً گزرنا پڑے اور دُوسرا کوئی راستہ نہ ہو تو صرف گزرنے کی اجازت ہے لیکن وہاں ٹھیرو نہیں۔ اور بعض علماء نے صلوٰۃ سے مُراد نماز ہی لی ہے۔ تو اس صُورت میں معنی یہ ہو گا کہ سفر کی حالت میں جنبی کو اجازت ہے کہ وُہ تیمّم کر کے غسل کے بغیر نماز پڑھ لے۔ جس کی تفصیل آگے آ رہی ہے۔

۷۹ اس آیت میں ان صورتوں کا بیان ہو رہا ہے جن میں تیمّم کی اجازت ہے۔ پہلی صُورت بیماری۔ اگر انسان بیمار ہو اور اُسے یہ اندیشہ ہو کہ اگر میں نے غسل کیا یا وضو کیا تو میری بیماری میں اضافہ ہو جائے گا تو تیمّم کر لے۔ دُوسری صورت سفر۔ اگر مُسافر ہے اور غسل کی ضرورت پڑ گئی اور پانی کا ملنا دُشوار ہے تو تیمّم کر لے۔ یہ تیمّم کی اجازت دونوں حالتوں میں ہے وضو کے لیے بھی اور غسل کے لیے بھی۔ قضائے حاجت کے لیے جاء من الغائط کے الفاظ اور صحبت کے لیے لمستم النساء کے کلمات کتنے لطیف ہیں۔ نازک سے نازک طبع پر بھی گراں نہیں گزرتے۔ یہی حُسنِ تعبیر تو اس کلامِ خُداوندی کا اعجاز ہے۔

۸۰ اب یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ تیمّم کس چیز سے ہو سکتا ہے اور اس کی صُورت کیا ہے۔ دونوں چیزیں اس آیت میں مذکور ہیں۔ پہلی چیز کے متعلق تو فرمایا کہ صعید طیب سے کرو۔ صعید کا معنی ہے "وجہ الارض کان علیہ التراب اولم یکن" زمین کی بالائی سطح خواہ اس پر گرد ہو یا نہ ہو۔ امام صاحبؒ کے نزدیک مٹی اور مٹی کی جنس کی سب چیزوں مثلاً پتھر، ریت وغیرہ سے بھی تیمّم جائز ہے بشرطیکہ وُہ پاک ہوں۔ وضو اور غسل کا بدل تیمّم کیونکر ہوا۔ اور مٹی کے ساتھ تیمّم کرنے کا حکم دینے میں کیا حکمتیں ہیں اس پر حکمائے اسلام نے سیر حاصل بحث کی ہے جس کے ذکر کی یہاں گنجائش نہیں (اس کے لیے المنار ملاحظہ ہو) تیمّم کرنے

اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿٤٣﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا

اللہ تعالیٰ ۸۱؎ معاف فرمانے والا بڑا بخشنے والا ہے کیا نہیں دیکھا آپ نے ان لوگوں کی طرف جنھیں دیا گیا حصّہ

مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا

کتاب سے وُہ مول لے رہے ہیں گمراہی کو اور (یہ بھی) چاہتے ہیں کہ بھٹک جاؤ تم بھی

السَّبِيْلَ ﴿٤٤﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّ

راہِ راست سے ۸۲؎ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے تمھارے دشمنوں کو اور کافی ہے (تمھارے لیے) اللہ حمایتی اور

كَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿٤٥﴾ مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ

کافی ہے (تمھارے لیے) اللہ تعالیٰ مددگار کچھ لوگ جو یہودی ہیں ۸۳؎ پھیر دیتے ہیں (اللہ کے کلام کو

کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تیمم کی نیت کرے۔ اس کے بعد دونوں ہاتھ زمین پر مارے۔ اگر ان کے ساتھ غبار بہت لگ گیا ہو تو پھونک سے کم کر دے اس کے بعد اپنے چہرہ پر ملے۔ دوبارہ پھر اسی طرح زمین پر دونوں ہاتھ مار کر دونوں بازوؤں کی کہنیوں تک ملے۔ تیمم سے بھی ایسی کامل طہارت ہوتی ہے جیسے وضو سے۔ اگر امام نے تیمم کیا ہو تو وضو کرنے والے مقتدی کی نماز اس کے پیچھے درست ہے۔ تیمم سے جتنی نمازیں چاہے پڑھ سکتا ہے۔ تفصیلی احکام کے لیے کتبِ فقہ کا مطالعہ فرمائیے۔

۸۱؎ حکمِ تیمم سے بندوں کے ساتھ جو نرمی کی گئی ہے وُہ ان دو صفات کا بہترین مظہر ہے۔

۸۲؎ یہود و نصاریٰ کو آسمانی کتب سے بہرہ ور کیا گیا تھا لیکن اُنھوں نے اِس نعمت کی قدر نہ کی اور مال و جاہ حاصل کرنے کی خاطر احکامِ الٰہیہ کو نظر انداز کر دیا جو اُن کی سعادت و فلاح کے ضامن تھے لیکن وُہ اِسی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ تمھیں بھی گمراہ کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔ بظاہر تمھارے خیرخواہ اور دوست بنے ہوئے ہیں درحقیقت یہ تمھارے بدترین دُشمن ہیں جو تمھیں راہِ حق سے بہکا دینا چاہتے ہیں ان سے خبردار رہو۔ ان کے دامِ فریب میں پھنس کر خداوندِ کریم کے نافرمان نہ بنو۔ اسی کو اپنا دوست اور مددگار بناؤ۔ اس کے احکام کی پیروی کرو۔ اگر تمھیں اس کی دوستی اور نصرت نصیب ہو گئی تو پھر کوئی دُشمن تمھیں گزند نہیں پہنچا سکے گا۔

۸۳؎ بیباکی اور گستاخی، تصنّع اور تملّق اور کلامِ الٰہی میں اپنی مرضی کے مُطابق کانٹ چھانٹ اور احکامِ خداوندی کی من مانی تاویلیں یہود کی خصوصیات بن کر رہ گئی تھیں۔ جنابِ رسالت مآب کی تعریف و توصیف جس سے تورات کے صفحات مزیّن تھے جان بوجھ کر وُہ ان کا انکار کرتے اور ان کے من گھڑت معانی بیان کرتے۔ گفتگو کے وقت بارگاہِ نبوّت میں بڑی دریدہ دہنی سے کام لیتے۔

عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ

اس کی اصلی جگہوں سے اور کہتے ہیں ہم نے سُنا اور ہم نے نافرمانی کی اور (کہتے ہیں) سُنو تم نہ

مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِى الدِّيْنِ ؕ وَلَوْ

سُنائے جاؤ اور (کہتے ہیں) "رَاعِنَا" بل دیتے ہوئے اپنی زبانوں کو اور طعنہ زنی کرتے ہوئے دین میں اور اگر

اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا

وہ (یوں) کہتے ہم نے (آپ کا ارشاد) سُنا اور (اسے) مان لیا اور (ہماری عرض) سُنیئے اور نگاہ (کرم) فرمائیے ہم پر تو ہوتا بہت بہتر

لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ

ان کے لیے اور بہت درست لیکن (اپنی رحمت سے) دُور کر دیا ۸۴ انھیں اللہ نے بوجہ ان کے کفر کے پس نہیں ایمان لائیں گے

اِلَّا قَلِيْلًا ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا

مگر تھوڑے سے اے وہ لوگو جنھیں دی گئی کتاب! ایمان لاؤ اس کتاب پر جو نازل فرمائی ہم نے تاکہ تصدیق کرے

طبعی خبّث کے باعث ذومعنی کلمات استعمال کرتے جن میں مدح و ذم کے دونوں پہلو ہوتے اور اپنی زبانوں کو بل دے کر ان کا ایسا تلفّظ کرتے جس سے ذم کا پہلو زیادہ نمایاں ہوتا۔ اور اگر ٹوکا جاتا تو فوراً کہہ دیتے کہ نہیں صاحب ہمارا مدّعا یہ تھا۔ حضور سرورِ کائنات ﷺ اگر کوئی حکم فرماتے تو سمعنا بلند آواز سے کہتے اور اسی سانس میں چُپکے سے وعصینا بھی کہہ جاتے۔ غیر مسمع کے دو مفہوم ہو سکتے ہیں۔ دُعا کے لیے بھی یعنی کوئی ناگوار بات آپ کو نہ سُننی پڑے اور بد دُعا کے لیے بھی کہ آپ کچھ نہ سُن سکیں اور وہ یہ کلمہ بولتے وقت دُوسرا معنی مُراد لیتے۔ راعنا کہتے وقت زبان کو لچک دیتے تاکہ راعینا ہو جاتے۔ اِس لفظ کے متعلق پہلے ذکر گزر چکا ہے۔ یہ ان کے اطوار تھے۔ یہ اُن کا رویّہ تھا اُس فخرِ عالم و عالمیاں کے ساتھ جس کے دربار میں فرشتے بھی حاضر ہوتے تو تصویرِ ادب بن کر۔

۸۴ بارگاہِ رسالت میں بے باکی کرنے والوں کی سزا ہی یہ ہے کہ وہ درِ رحمت سے دُور کر دیئے جاتے ہیں۔ ہدایت کی توفیق اُن کا ساتھ چھوڑ دیتی ہے۔ حق شناسی کی قوت اُن سے چھین لی جاتی ہے۔ یہی سزا یہود کو دی گئی۔ اور قیامت تک ایسے بے باکوں کو یہی سزا دی جائے گی۔

لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ

اس کتاب کی جو تمھارے پاس ہے (ایمان لاؤ) اس سے پہلے کہ ہم مسخ کردیں چہرے ۸۵ پھر پھیر دیں انھیں پشتوں کی طرف

اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۴۷

یا لعنت کریں اُن پر جس طرح ہم نے لعنت کی سبت والوں پر اور اللہ کا حکم پُورا ہو کر رہتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ

بے شک اللہ تعالیٰ ۸۶ نہیں بخشتا اس بات کو کہ شرک کیا جائے اس کے ساتھ اور بخش دیتا ہے جو اس کے علاوہ ہے جس کو

يَّشَاۗءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ۴۸ اَلَمْ

چاہتا ہے اور جو شریک ٹھیراتا ہے اللہ کے ساتھ وُہ اِرتکاب کرتا ہے گناہ عظیم کا کیا نہیں

۸۵ کسی چیز کا نام ونشان مٹادینے کو عربی میں طمس کہتے ہیں۔ اور چہرہ کا حُلیہ بگاڑ دینا اس کے نقش ونگار کو خراب کر دینا "طمس الوجہ" کہلاتا ہے۔ یہ اس کا لغوی معنی ہے۔ اور اہلِ زبان صلاحیتوں کے مسخ ہو جانے کے لیے بھی طمس کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ چنانچہ علّامہ بیضاوی، قرطبی اور دُوسرے جلیل القدر مفسّرین نے اس کا یہ مفہوم بھی بیان کیا ہے یعنی یہود جن پر اسلام اور پیغمبر اسلام کی صداقت روزِ روشن کی طرح عیاں تھی اور پھر بھی وُہ انکار پر مُصر تھے اُنھیں تنبیہ کی جارہی ہے کہ باز آجاؤ۔ یہ ضد اچھی نہیں۔ اور اگر تم حق کے سامنے جُھک نہ گئے۔ تو یاد رکھو حق پذیری کی صلاحیت سے ہی محرُوم کر دیئے جاؤ گے تمھاری آنکھیں دیکھ تو رہی ہوں گی لیکن حق کو پہچان نہیں سکیں گی۔ تمھارے کان سُن تو رہے ہوں گے لیکن حق بات کو نہیں سُنیں گے بیضاوی کے الفاظ ملاحظہ ہوں۔ من قبل ان نطمس وجوھا بان نعمی الابصار عن الاعتبار ونصم الآذان عن الاصغاء الی الحق بالطبع ونردھا من الھدایۃ الی الضلالۃ۔ بعض علماء نے وجُوہ کا معنی چہروں کی بجائے رؤساء کیا ہے یعنی ہم تمھارے سرداروں کے چہرے بگاڑ دیں گے یعنی اب اُن کے چہروں پر جو رونق اور تروتازگی ہے وُہ چھین لی جائے گی۔ ان کے چہرے بے نور اور بے رونق ہو کر رہ جائیں گے جس پر نامُرادی اور ناکامی کی گرد پڑ رہی ہوگی۔ اور نردھا کا مطلب یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اُنھیں مدینہ طیّبہ سے جلا وطن کر کے پھر سینا کے بے آب وگیاہ صحرائیں لَوٹا دیا جائے گا۔

۸۶ علّامہ ابُوعبداللہ الانصاری القرطبی نے اپنی تفسیر الجامع لاحکام القرآن میں شرک کے متعلق بہترین بحث کی ہے جس کا خلاصہ ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں۔ آپ فرماتے ہیں کہ شرک کے تین مرتبے ہیں اور تینوں حرام ہیں: ۔(۱) اصلہ اعتقاد

تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۭ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۗءُ وَ

دیکھا آپ نے ان لوگوں کی طرف جو پاکباز بتلاتے ہیں اپنے آپ کو۸۷ بلکہ (یہ تو) اللہ (کی شان ہے کہ) پاکباز بنادے جسے چاہے اور

شریك لله فی الوهیته وهو الشرك الاعظم وهو شرك الجاهلیة۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی انسان، جن، شجر و حجر کو الٰہ یقین کرنا یہی شرکِ اعظم ہے اور عہدِ جاہلیت کے مشرکین یہی شرک کیا کرتے تھے (جیسے سورہ الصّٰفّٰت میں ان کے متعلق ہے واذا قیل لهم لا اله الا الله یستکبرون ویقولون ءانا لتارکوا الهتنا لشاعر مجنون۔ جب انہیں یہ بتایا جاتا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی خدا نہیں تو تکبّر کرتے اور کہتے کیا اس شاعرِ دیوانہ کے کہنے پر ہم اپنے خداؤں کو چھوڑ دیں) (۲) ویلیه فی الرتبة اعتقاد شریك لله تعالیٰ فی الفعل وهو من قال ان موجودا ما غیر الله تعالیٰ یستقل باحداث فعل وایجاده وان لم یعتقد کونه الها۔ یعنی شرک کا دوسرا درجہ یہ ہے کہ کسی کے متعلق یہ اعتقاد رکھا جائے کہ وہ مستقل طور پر اور بالذّات اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی کام کر سکتا ہے اگرچہ اس شخص کو الٰہ نہ مانتا ہو۔ (۳) ویلی هذه الرتبة الشرك فی العبادة وهو الریاء (۵: ۱۸۱) یعنی کسی کو عبادت میں شریک کرنا اور یہ ریا ہے اور یہ بھی شرک کی ایک قسم ہے۔ اب آپ انصاف فرمائیے کہ کوئی مسلمان کسی کے متعلق خواہ ذاتِ پاک مصطفٰے علیہ اطیب التحیۃ واجمل الثناء ہی ہو یہ اعتقاد رکھتا ہے۔ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر وہ صاحبان جو مسلمانوں کو مشرک ثابت کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور صرف کرتے ہیں اور وہ تمام آیات جو مشرکینِ مکّہ اور کفّارِ عرب کے حق میں نازل ہوئیں جن کے شرک کی کیفیت اوپر مذکور ہوئی سمجھے بے سمجھے مسلمانوں پر چسپاں کرتے ہیں کیا انہیں خدا کا خوف نہیں۔ وہ ڈریں کہیں ان کا شمار یحرّفون الکلم عن مواضعه کے زمرہ میں نہ ہو۔

شرک کی حقیقت سمجھ لینے کے بعد اب اس پر غور فرمائیے کہ شرک کیوں ظلمِ عظیم ہے۔ اور کیوں اس جرم کی بخشش نہیں ہوگی۔ شرک اس قادرِ مطلق اور شہنشاہِ کائنات کے خلاف بغاوت ہے۔ اس کی بادشاہی اور فرمانروائی میں کسی کو شریک کرنا اس کو حاکمِ اعلیٰ اور آمرِ مطلق تسلیم کرنے کے منافی ہے۔ ظاہری حکومتیں سنگین سے سنگین جرم کرنے والے کے لیے عفو و درگزر کا دروازہ کھلا رکھتی ہیں لیکن علمِ بغاوت بلند کرنے والا گردن زدنی ہوا کرتا ہے۔ اگر کسی دُنیوی حکمران کی حکومت کو تسلیم کرنے سے انکار اتنا بڑا جرم ہے تو آپ خود اندازہ لگائیں کہ اس حقیقی بادشاہ جو مالک بھی ہے اور خالق بھی، میرا بھی اور تیرا بھی، بلندی کا بھی اور پستی کا بھی، اس کی الوہیت کا جو انکار کرے یا اس جیسا کسی کو سمجھے اس سے بڑا جرم بھی کوئی اور ہو سکتا ہے۔ لیکن یہ اس وقت جب اسی حالتِ کفر و شرک پر موت آجائے۔ اور اگر وہ شرک سے تائب ہو جائے اور توحید کو دل و جان سے تسلیم کرلے تو اس کی توبہ قبول ہوگی۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ گنہگار مومن جو اپنے گناہوں سے توبہ کیے بغیر مر جائے اللہ تعالیٰ چاہے تو اپنی رحمت سے اس کو بھی بخش دے۔

۸۷ یہود اپنی اعتقادی، اخلاقی اور عملی گوناگوں خرابیوں کے باوجود اپنے آپ کو مقدّس اور پاکباز یقین کیا کرتے اور کہا کرتے کہ نحن ابناؤ الله واحباؤه۔ ہم اللہ کے فرزند اور اس کے لاڈلے ہیں۔ جنّت ہماری جاگیر ہے جو جی میں آئے کرتے رہیں ہمیں عذاب نہیں دیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یونہی شیخی بگھارنے اور اپنے تقدّس و پاکبازی کے قصیدے پڑھنے سے کچھ نہیں بنے گا۔ پاک و

لَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ

وُہ نہیں ظلم کیے جائیں گے کھجور کی گٹھلی کے ریشہ کے برابر۔ دیکھئے کیسے گھڑتے ہیں اللہ پر جھوٹ

وَكَفٰى بِهٖۤ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا

اور کافی ہے (انھیں رُسوا کرنے کے لیے) یہ کھلا گناہ کیا نہیں دیکھا تم نے اُن لوگوں کی طرف جنھیں دیا گیا حصّہ

مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ

کتاب سے وُہ (اب) اعتقاد رکھنے لگے ہیں جبت اور طاغوت پر ۸۸ اور کہتے ہیں ان کے بارے میں جنھوں نے

كَفَرُوْا هٰۤؤُلَاۤءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾ اُولٰٓئِكَ

کفر کیا کہ یہ کافر زیادہ ہدایت یافتہ ہیں ان سے جو ایمان لائے ہیں ۸۹ یہی وُہ (بدنصیب) ہیں

مقدّس تو وُہ ہے جو بارگاہِ خُداوندی میں مقدّس ہے۔ فتیلا: مایکون فی شق النواة....یضرب به المثل فی الشیٔ الحقیر (مفردات)

۸۸ جبت لغت میں ایسی چیز کو کہتے ہیں جو بیکارِ محض ہو الذی لاخیر فیہ۔ اس کا اطلاق جادُو، جادُوگر، جوتش، رمل اور فال گری وغیرہ خرافات پر ہوتا ہے۔ حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا اِرشاد ہے "الطرق والطیرة والعیافة من الجبت" (قرطبی عن ابی داؤد)

کنکریاں پھینک کر فال پکڑنے کو طرق کہتے ہیں اور الطیرة کا معنی بدشگونی ہے اور العیافة پرندوں کے ناموں، آوازوں اور ان کے گزرنے سے فال پکڑنے کو کہا جاتا ہے (حاشیہ قرطبی) یہ سب اَوہام پرستی کی اقسام ہیں۔ صاحب المنار لکھتے ہیں فالمعنی الجامع للجبت ھوالدجل والاوھام والخرافات یعنی مکروفریب، وہم پرستی اور خرافات کو جبت کہا جاتا ہے اور طاغوت کی تعریف ادب ولُغت کے اِمام جوہری نے یہ کی ہے۔ والطاغوت الکاھن والشیطان وکل راس فی الضلال۔ یعنی طاغوت کا اطلاق کاہن اور شیطان پر بھی ہوتا ہے اور اس شخص کو بھی طاغوت کہتے ہیں جو کسی گمراہی کا سرغنہ ہو۔ مزید وضاحت سُورۃ بقرہ کی آیت ۲۵۶ کے حاشیہ میں ملاحظہ فرمائیے)

۸۹ جنگِ اُحد کے بعد یہُود کے دو سرغنے کعب بن اشرف اور حُیَیّ بن اخطب چند اور یہُودیوں کے ہمراہ مکّہ گئے تاکہ کفّار کو مُسلمانوں پر حملہ کرنے کے لیے اُکسائیں۔ ابُوسفیان نے اُن سے پُوچھا کہ ہم تو اَن پڑھ ہیں اور آپ لوگ اہلِ علم اور صاحب کتاب ہیں ہمیں یہ تو بتاؤ کہ راستی پر کون ہے ہم یا محمّد (صلی اللہ علیہ وسلّم) یہ جانتے ہوئے کہ شرک محض کو توحید خالص سے کیا نسبت ہو سکتی ہے پُوری بے باکی سے کفّارِ مکّہ کو خوش کرنے کے لیے جواب دیا کہ اُن سے کہیں زیادہ تم ہدایت پر ہو۔ جانتے بُوجھتے سفید جھوٹ!

الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾ۭ

جن پر لعنت کی ہے اللہ تعالیٰ نے اور جس پر لعنت بھیجے اللہ تعالیٰ تو ہرگز نہ پائے گا تو اس کا کوئی مددگار

اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾ لا

کیا ۹۰ ان کے لیے کوئی حصّہ ہے حکومت میں اگر ایسا ہوتا تو نہ دیتے یہ لوگوں کو تل برابر

اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰي مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ

کیا حسد کرتے ہیں ۹۱ لوگوں سے اُس نعمت پر جو عطا فرمائی ہے انھیں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے (وُہ حسد کی

اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾

آگ میں جلا کریں) ہم نے تو مرحمت فرما دی ہے ابراہیمؑ کے گھرانے کو کتاب اور حکمت اور عنایت فرما دی ہے اُنھیں عظیم الشان سلطنت

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ۭ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ

تو اُن سے کوئی ایمان لائے اس کے ساتھ اور کسی نے منہ پھیر لیا اس سے اور کافی ہے (انھیں جلانے کے لیے)

سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ۭ كُلَّمَا

جہنّم کی دہکتی ہُوئی آگ۔ بے شک جنھوں نے انکار کیا ہماری آیتوں کا ہم ڈال دیں گے اُنھیں آگ میں جب کبھی

اخلاقی پستی مُلاحظہ ہو۔ ایسوں پر لعنت نہ برسے گی تو کیا رحمت کے پھُول برسیں گے۔

۹۰ یہ تو خیر ہُوئی کہ اُنھیں اختیار و اقتدار میسّر نہیں۔ اگر کوئی خطّہ زمین اُن کے زیرِ نگیں ہوتا تو فرطِ بُخل سے یہ کسی کو پھُوٹی کوڑی بھی نہ دیتے۔

۹۱ حسد کی تعریف یہ کی گئی ہے الحسد تمنی زوال النعمة عن صاحبها المستحق بها یعنی ایسے شخص سے نعمت کے زوال کی آرزو جو اس نعمت کا صحیح مستحق ہو۔ اِس آیت میں بتایا گیا کہ یہُودیوں کی یہ اسلام دُشمنی محض حسد کی وجہ سے تھی ورنہ یہ مرقّعِ حسُن و خوُبی بھی تو خاندانِ ابراہیمی کا چشم و چراغ ہے۔ اور حضرت ابراہیمؑ کے خاندان کو تو اس کے رب نے نبوّت، کتاب، حکمت اور وسیع سلطنت سے سرفراز فرمایا۔ اگر اس کے ایک فرزند کو یہ نعمتیں پھر بخشی گئی ہیں تو حیرت و افسوس کیوں ہو۔ نقیر۔ کھجُور کی گٹھلی پر باریک سا جو نقطہ ہوتا ہے اس کو نقیر کہتے ہیں مُراد ہے حقیر ترین چیز۔

نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ

پک جائیں گی ان کی کھالیں تو بدل کر دے دیں گے ہم انھیں کھالیں دوسری تاکہ وہ (مسلسل) چکھتے رہیں عذاب کو

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

بے شک اللہ تعالیٰ غالب ہے حکمت والا ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل بھی کیے

سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

عنقریب ہم داخل کریں گے انھیں باغوں میں رواں ہیں جن کے نیچے ندیاں ہمیشہ رہیں گے ان میں

اَبَدًا ۭ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۡ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾

تا ابد۔ اُن کے لیے ان باغوں میں پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور ہم داخل کریں گے انھیں گھنے سایہ میں

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ

بے شک اللہ تعالیٰ حکم فرماتا ہے تمھیں کہ (اُن کے) سپرد کرو ۹۲ امانتوں کو جو ان کے اہل ہیں اور جب بھی فیصلہ کرو ۹۳

۹۲ علامہ قرطبی لکھتے ہیں هذه الاية من امّهات الاحكام تضمّنت جميع الدين والشرع یعنی یہ آیت قرآن کریم کے اہم ترین احکام سے ہے اس کے ضمن میں دین اور شریعت کی تمام تفصیلات سمیٹ کر رکھ دی گئی ہیں۔ اور قرطبی کا یہ کہنا بالکل بجا ہے۔ کیونکہ ادائے امانت سے مُراد یہاں صرف یہی نہیں کہ آپ کسی شخص کے پاس کوئی چیز رکھیں اور وہ آپ کو جُوں کی توں واپس کر دے بلکہ اس کا مفہوم وسیع تر ہے۔ عبادات بھی امانت ہیں۔ ان کو صحیح وقت پر اخلاص نیّت سے شرائط وقیود کی پابندی کے ساتھ ادا کرنا اس امر کی تعمیل ہے۔ اگر آپ کو اقتدار و حکومت حاصل ہے تو غریب و امیر، قوی و ضعیف میں مساوات قائم کرنا، عدل کے ترازو کو تمام مخالف رُجحانات کے باوجود برابر رکھنا، حکومت کے عہدوں پر تقرر کے لیے کُنبہ پروری اور دوست نوازی کی بجائے صرف اہلیت و قابلیت کو معیار قرار دینا بھی اِس حکم کی تعمیل میں داخل ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ والاظهر فى الآية انها عامة فى جميع الناس فهى تتناول الولاة فيما اليهم من الامانات فى قسمة الاموال ورد الظلامات والعدل فى الحكومات۔

۹۳ عام لوگوں کے علاوہ اِس حکم کے خصوصی مخاطب اُمراء اور حکّام ہیں۔ اور اگر نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کا یہ ارشاد پیش نظر ہو تو پھر ہر شخص اِس آیت کا خصوصی مخاطب ہے۔ ارشاد ہے۔ كلكم راع وهو مسئول عن رعيته فالامام راع وهو مسئول عن رعيته والرجل راع على اهله وهو مسئول عنهم والمرأة راعية على بيت زوجها وهى مسئولة عنها تم میں سے ہر شخص اپنے مرتبہ

على اهله وهو مسئول عنهم والمرأة راعية على بيت زوجها وهى مسئولة عنها

بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ

لوگوں کے درمیان تو فیصلہ کرو انصاف سے بے شک اللہ تعالیٰ بہت ہی اچھی بات کی نصیحت کرتا ہے تمہیں

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ

بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ سُننے والا ہر چیز دیکھنے والا ہے اے ایمان والو! ۹۴ اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی

وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ

اور اطاعت کرو (اپنے ذی شان) رسُول کی اور حاکموں کی جو تم میں سے ہوں پھر اگر جھگڑنے لگو تم کسی

شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

چیز میں تو لوٹا دو اسے اللہ اور (اپنے) رسُول (کے فرمان) کی طرف اگر تم ایمان رکھتے ہو اللہ پر

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۵۹﴾ؑ اَلَمْ تَرَ اِلَى

اور روزِ قیامت پر یہی بہتر ہے اور بہت اچھا ہے اس کا انجام کیا نہیں دیکھا آپ نے اُن کی طرف

کے لحاظ سے پاسبان ہے اور جوابدہ ہے امام اور خلیفہ بھی راعی ہے اس سے اس کی رعیّت کے متعلق پُوچھا جائے گا۔ خاوند اپنے گھروالوں کا رئیس ہے۔ اور بیوی اپنے خاوند کے گھر کی نگران ہے۔ ہر ایک سے اُس کی حیثیت کے مطابق سوال کیا جائے گا۔

۹۴ اس آیت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُولِ مکرّم کی اطاعت کے علاوہ مسلمان امراء اور حکّام کی اطاعت کا بھی حکم دیا گیا۔ اس کی وجہ ظاہر ہے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے اِس دارِ فانی میں زیادہ دیر اقامت گزیں نہیں ہونا تھا اور حضورؐ کے بعد امُورِ مملکت کی ذمہ داری خُلفاء اور اُمراء نے سنبھالنی تھی اس لیے ان کی اطاعت کرنے کے متعلق بھی تاکید فرمائی۔ لیکن اطاعتِ رسُولؐ اور اطاعتِ امیر میں ایک بیّن فرق ہے۔ نبی معصُوم ہوتا ہے۔ جُملہ امُور میں خصُوصاً احکامِ شرعی کی تبلیغ میں اس سے خطا نہیں ہوسکتی اس لیے اس کی اطاعت کا جہاں حکم دیا غیر مشرُوط اطاعت کا حکم دیا۔ مثلاً ما اٰتٰکم الرسُول فخذوہ وما نھٰکم عنه فانتھوا۔ جو کچھ تمہیں رسُولؐ دے لے لو اور جس سے روکے رُک جاؤ۔ رسُول کا ہر حکم واجب التسلیم اور اٹل ہے اِس میں کسی کو مجالِ قیل وقال نہیں۔ خلیفہ کا معصُوم ہونا ضروری نہیں۔ اس سے غلطی بھی ہوسکتی ہے اس لیے اس کی مشرُوط اطاعت کا حکم دیا کہ اس کے حکم کو خدا اور رسُول کے فرمان کی روشنی میں پرکھو۔ اگر اس کے مطابق ہے تو اس پر عمل کرو ورنہ وُہ قابلِ عمل نہیں۔ حضُور کریمؐ کا ارشاد ہے۔ لا طاعة للمخلوق فی معصیة اللّٰه۔ اِس لیے حاکمِ وقت کی

الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ

جو ۹۵ دعویٰ تو کرتے ہیں کہ وُہ ایمان لائے اس (کتاب) کے ساتھ جو اُتاری گئی آپ کی طرف اور جو اُتارا گیا آپ

قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا

سے پہلے (اس کے باوجود) چاہتے ہیں کہ فیصلہ کرانے کے لیے (اپنے مقدمات) طاغوت ۹۶ کے پاس لے جائیں حالانکہ انھیں حکم دیا گیا

اطاعت کا حکم فرمانے کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اگر تمھارے درمیان تنازع رُونما ہو جائے تو اُسے لوٹا دو اللہ اور اُس کے رسُول کی طرف۔ یعنی اس حکم کا قرآن و سُنّت کی روشنی میں جائزہ لو۔ اگر اس کے مُطابق ہے تو اس پر عمل کرو ورنہ تم پر اس کی اطاعت فرض نہیں۔

۹۵ ان آیات کے شانِ نزُول کے متعلق عُلماء تفسیر وحدیث نے یہ واقعہ ذکر کیا ہے کہ ایک یہودی اور ایک مُنافق کے درمیان جو اپنے آپ کو مُسلمان ظاہر کیا کرتا تھا تنازعہ ہو گیا۔ یہُودی حق پر تھا۔ اس نے اس بظاہر مُسلمان کو رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے پاس فیصلہ کرانے کے لیے کہا۔ اُس منافق کے دِل میں چور تھا۔ اُسے معلوم تھا کہ وہاں تو نہ سفارش چلے گی اور نہ رشوت سے کام بنے گا۔ اس لیے اس نے کہا کہ تمھارے عالم کعب بن اشرف کے پاس چلتے ہیں۔ یہُودی اس بات پر رضامند نہ ہُوا۔ چُنانچہ چاروناچار حضُور کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ یہُودی حق پر تھا فیصلہ بھی اسی کے حق میں ہُوا۔ منافق کو پسند نہ آیا تو وُہ یہُودی کو لے کر حضرت صدّیق کے پاس گیا۔ وہاں سے بھی وُہی حکم ملا۔ لیکن اس کو بھی تسلیم کرنے پر آمادہ نہ ہُوا۔ آخر دل میں سوچا کہ میں بظاہر تو مُسلمان ہُوں اور یہ یہُودی ہے عُمرؓ کے پاس چلیں وُہ یقیناً میرے اسلام کا پاس کرتے ہُوئے میرے حق میں فیصلہ دیں گے۔ چنانچہ اس نے یہُودی کو بھی اس پر رضامند کر لیا۔ جب وہاں پہنچے تو یہُودی نے عرض کی کہ پہلے حضُور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم اور حضرت ابُوبکرؓ اس مقدّمہ کا فیصلہ میرے حق میں کر چکے ہیں اب یہ مجھے آپ کے پاس لایا ہے۔ حضرت عُمرؓ نے فرمایا۔ رویدا کما حتی اخرج الیکما میرے واپس آنے تک ٹھہرو۔ چنانچہ آپ گھر تشریف لے گئے۔ تلوار بے نیام کیے واپس آئے اور اس منافق کا سر قلم کر دیا اور فرمایا ھکذا اقضی علی من لم یرض بقضاء اللہ وقضاء رسولہ ونزلت الآیۃ وقال رسول اللہ انت الفاروق (قرطبی) یعنی جو اللہ اور اس کے رسُول کے فیصلہ کو تسلیم نہیں کرتا میں اُس کا یوں فیصلہ کیا کرتا ہُوں اس پر یہ آیت نازل ہُوئی اور حضُور نے اس دن حضرت عُمرؓ کو الفارُوق (حق و باطل میں فرق کرنے والا) کے لقب سے سرفراز فرمایا۔

۹۶ طاغُوت پر حاشیہ گزر چکا۔ یہاں طاغوت سے مُراد وُہ حاکم اور عدالت ہے جو احکامِ الٰہی کے خلاف مقدّمات کا فیصلہ کیا کرے۔

اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَ يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝۶۰

تاکہ انکار کریں طاغوت کا اور چاہتا ہے شیطان کہ بہکا دے انھیں بہت دُور تک

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَ اِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ

اور جب کہا جاتے انھیں کہ آؤ ۹۷ اس (کتاب) کی طرف جو اُتاری ہے اللہ نے اور (آؤ) رسُول (پاک) کی طرف تو آپ

الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ۝۶۱ فَكَيْفَ اِذَاۤ اَصَابَتْهُمْ

دیکھیں گے مُنافقوں کو کہ منہ موڑ لیتے ہیں آپ سے رُوگردانی کرتے ہُوئے پس کیا حال ہوتا ہے جب پہنچتی ہے انھیں

مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖۗ بِاللّٰهِ

مُصیبت ۹۸ بوجہ ان (کرتوتوں) کے جو آگے بھیجے ہیں ان کے ہاتھوں نے پھر حاضر ہوتے ہیں آپ کے پاس قسمیں اُٹھاتے ہیں اللہ کی (کہتے ہیں کہ)

اِنْ اَرَدْنَاۤ اِلَّاۤ اِحْسَانًا وَّ تَوْفِيْقًا ۝۶۲ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا

نہیں قصد کیا تھا ہم نے مگر بھلائی اور باہمی مصالحت کا یہ لوگ ہیں خُوب جانتا ہے اللہ تعالیٰ ۹۹ جو کچھ

۹۷ اِس سے معلوم ہُوا کہ مُنافقین کی یہ عادت تھی کہ جس مقدّمہ کے متعلق انھیں یہ یقین ہوتا کہ فیصلہ اُن کے حق میں ہوگا اس کے تصفیہ کے لیے تو بارگاہِ نبوّت میں حاضر ہوتے اور جس کے متعلق یہ خیال ہوتا کہ ہم جھوٹے ہیں اس کے لیے ایسے حاکم کے پاس جاتے جہاں اُنھیں معلوم ہوتا کہ ہم اپنے اثر و رسُوخ یا رشوت سے اپنے حق میں فیصلہ کرا لیں گے۔ آج بھی بعض لوگ ایسے امُور میں تو شریعت کے مُطابق فیصلہ کرانے پر بڑے مُصر ہوتے ہیں جہاں انھیں فائدہ کی توقع ہو اور جہاں یہ خیال ہو کہ شریعت کا قانون ان کے خلاف ہے تو اس وقت دُوسرے قوانین اور رسم و رواج وغیرہ کی آڑ لیتے ہیں اور شریعت کے قریب بھی نہیں پھٹکتے آپ خود سوچیں کہ اُن کے درمیان اور عہدِ رسالت کے مُنافقین کے درمیان پھر کیا فرق ہُوا۔

۹۸ یعنی جب ان کے نفاق کا پردہ چاک ہو جاتا ہے تو پھر جھُوٹی قسمیں کھا کھا کر اپنے مُسلمان ہونے کا یقین دلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم تو فلاں شخص کے پاس اس لیے گئے تھے کہ وُہ ہمارے درمیان مصالحت کرا دے ورنہ فیصلہ تو وہی ہم نے تسلیم کر لیا تھا جو اللہ کے رسُول مقبُول نے فرمایا تھا۔

۹۹ وُہ لاکھ جھُوٹی قسمیں کھائیں اللہ تعالیٰ اُن کے دِلوں میں جو پوشیدہ ہے اُس سے خُوب واقف ہے۔

فِیْ قُلُوْبِهِمْ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ

ان کے دلوں میں ہے (اے حبیب!) چشم پوشی فرمایئے ان سے اور نصیحت کرتے رہیئے انھیں اور کہیئے انھیں ۱۰۰؎ تنہائی میں

قَوْلًۢا بَلِیْغًا ﴿۶۳﴾ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِیُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ

ایسی بات جو مؤثر ہو اور نہیں بھیجا ہم نے ۱۰۱؎ کوئی رسول مگر اس لیے کہ اس کی اطاعت کی جائے اللہ کے اذن سے

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ

اور اگر یہ لوگ ۱۰۲؎ جب ظلم کر بیٹھے تھے اپنے آپ پر حاضر ہوتے آپ کے پاس اور مغفرت طلب کرتے اللہ تعالیٰ سے

۱۰۰؎ اس صریح سرکشی کے بعد بھی مولائے کریم اپنے محبوبؐ کریم کو ان سے مواخذہ نہ کرنے اور ان کی اصلاح و ہدایت کے لیے کوشاں رہنے کی تلقین فرما رہا ہے۔ اسی کے متعلق تو حضورؐ نے فرمایا اَدَّبَنِیْ ربی فاحسن تادیبی میرے ربّ نے مجھے آداب و اخلاق کی تعلیم دی ہے اور خوب دی ہے۔

۱۰۱؎ چند لفظوں میں ایک طویل بحث کو سمو کر رکھ دیا۔ اللہ کی اطاعت ہر مؤمن پر فرض ہے۔ اور اللہ کی اطاعت یہ بھی ہے کہ اس کا یہ حکم بھی مانا جائے کہ میرے رسولؐ کی بھی اطاعت کرو۔ جو رسولؐ کی اطاعت سے انکار کرتا ہے اس نے گویا اللہ کے حکم سے سرتابی کی۔ تو رسول کی نافرمانی کر کے اُس نے صرف رسول کی ہی نافرمانی نہیں کی بلکہ اللہ کی بھی نافرمانی کی ہے جس کا یہ حکم اس نے تسلیم کرنے سے اِنکار کر دیا ہے کہ میرے رسول کی اطاعت کرو۔ وُہ فرقہ جو حضور رسالتمآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے اِتّباع کو غیر ضروری بلکہ اُمّت کے لیے مُضر اور نقصان دِہ سمجھتا ہے وُہ اِس آیت کو کیوں نہیں پڑھتا اور اگر پڑھتا ہے تو اسے کیوں واجب الاتباع یقین نہیں کرتا۔

۱۰۲؎ یعنی اے رحمتِ مجسّم! اگر یہ دُنیا بھر کے قصُور کر کے اور اپنی جانوں پر طرح طرح کے ظلم توڑنے کے بعد بھی نادم و تائب ہو کر تیرے حضور میں حاضر ہوں تو ان پر اپنا درِ کرم باز رکھ۔ جب ان کی شفاعت و بخشش و رُستگاری کے لیے تیرا ہاتھ میری بارگاہِ جُود و عطاء میں اُٹھے گا تو خواہ وُہ کتنے گنہ گار رُوسیاہ اور بدکار کیوں نہ ہوں تیرے رب کی رحمت ان کو مایُوس نہیں کرے گی بلکہ ان کی توبہ قبول کر لی جائے گی اور ان بیگانوں کو اپنا بنا لیا جائے گا۔ حضُورِ اکرم شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی یہ برکت حضورؐ کی ظاہری زندگی تک محدُود نہ تھی بلکہ تا ابد ہے۔ اہلِ دل اور اہلِ نظر ہر لمحہ اور ہر آن اس کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے مروی ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ حضورؐ کے وصال کے تین روز بعد ایک اعرابی ہمارے پاس آیا اور (فرطِ رنج و غم سے) مزارِ پُرانوار پر گر پڑا اور خاکِ پاک کو اپنے سر پر ڈالا۔ اور عرض کرنے لگا اے اللہ کے رسولؐ! جو آپ نے فرمایا ہم نے سُنا، جو آپ نے اپنے رب سے سیکھا وُہ ہم نے آپ سے سیکھا اور اسی میں یہ آیت بھی تھی وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْۤا الخ میں نے

وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿٦٤﴾ فَلَا

نیز مغفرت طلب کرتا ان کے لیے رسُول (کریم) بھی تو وُہ ضرور پاتے اللہ تعالیٰ کو بہت توبہ قبول فرمانے والا نہایت رحم کرنے والا ۔ پس

وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ

(اے مصطفیٰ) تیرے رب کی قسم یہ ۱۰۳ لوگ مومن نہیں ہوسکتے یہاں تک کہ حاکم بنائیں آپ کو ہر اس جھگڑے میں جو پھوٹ پڑا ان کے درمیان

ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا

پھر نہ پائیں ۱۰۴ اپنے نفسوں میں تنگی اس سے جو فیصلہ آپ نے کیا اور تسلیم کر لیں

تَسْلِيْمًا ﴿٦٥﴾ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ

دل وجان سے اور اگر ہم فرض کر دیتے ان پر ۱۰۵ کہ قتل کرو اپنے آپ کو یا

اپنی جان پر بڑے بڑے ستم کیے ہیں اب تیری بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں۔ اے سراپا شفقت ورحمت! میری مغفرت کے لیے دُعا فرمائیے فنودی من القبر انه قد غفرلك (القرطبی) تو مرقدِ منوّر سے آواز آئی تجھے بخش دیا گیا۔

۱۰۳ رسُولِ کریمؐ کی غیر مشروط اطاعت و اتباع کو پھر نہایت واضح، مؤکّد اور مؤثر پیرایہ میں بیان فرمایا جا رہا ہے واؤ قسم کے لیے ہے نفیِ ایمان پر دلالت کرنے کے لیے لا نفی کو دوبار ذکر کیا ہے۔ ایک بار قسم سے پہلے اور دُوسری مرتبہ قسم کے بعد۔ یعنی تیرے ربِّ جلیل کی قسم وُہ ہرگز ہرگز ایماندار نہیں ہوسکتے۔ اگر ایک لائے نفی پر اکتفا کیا جاتا تو عبارت لغوی لحاظ سے تو درست ہوتی لیکن یہ زورِ بیان مفقود ہوتا۔ اِمام ابنِ جریر وغیرہ کا قول ہے کہ اس آیت کا تعلق بھی اسی سابقہ واقعہ سے ہے اور یہ حکم بھی حضورؐ کی ظاہری حیات تک نہیں بلکہ قیامت تک کے لیے ہے۔ ہر شخص کے لیے ہے اور یہی ایمان کی اساس ہے۔ جو شخص اطاعتِ رسُولؐ سے سرتابی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے متعلّق قسم سے مؤکّد کر کے اپنا فیصلہ یہ دیتا ہے کہ وُہ مومن نہیں وہاں تو وُہی اطاعت قبوُل ہے جو اس کے رسُولؐ کی اِتّباع و پیروی میں ہو اور وُہی مطیع ہے مطیع ہوگا جو مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کی غلامی کا طوق زیبِ گلو کیے حاضر ہوگا۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

۱۰۴ اس جُملہ نے تو یہاں تک تصریح کر دی کہ ظاہری انقیاد و تسلیم کافی نہیں بلکہ مومن وُہ ہوگا جو دِل کی گہرائیوں میں بھی فرمانِ رسُولؐ کے خلاف کوئی گرانی اور گھُٹن محسُوس نہ کرے۔

۱۰۵ علیھم کی ضمیر کا مرجع مُنافقین ہیں (ابنِ عبّاس) جن کا ذکر سابقہ آیات میں چلا آ رہا ہے یعنی جب معمُولی سی آزمائش آتی ہے تو ان کے ایمان کی قلعی کھُل جاتی ہے اگر ان کا شدید قسم کا امتحان لیا جاتا تو گنتی کے چند آدمیوں کے علاوہ سب فیل ہو جاتے

اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ

نکل جاؤ اپنے گھروں سے تو نہ بجا لاتے اس کو مگر چند آدمی ان میں سے اور اگر وُہ کرتے

فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿۶۶﴾

۱۰۶ جس کی انھیں نصیحت کی گئی تھی تو ہوتا بہتر اُن کے لیے اور (اس طرح سختی سے (اللہ کے احکام پر) ثابت قدم ہو

وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۶۷﴾ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا

جاتے تو اس وقت ہم بھی عطا فرماتے انھیں اپنے پاس سے اجر عظیم اور ضرور پہنچاتے انھیں سیدھے

مُّسْتَقِيْمًا ﴿۶۸﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ

راستہ تک ۱۰۷ اور جو اطاعت کرتے ہیں اللہ کی اور (اس کے) رسُولؐ کی تو وُہ ۱۰۸ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر

اور صحابہ کرامؓ نے جب یہ آیت سُنی تو بول اُٹھے لو فعل ربنا لفعلنا اگر ہمارے رب نے ہمیں یہ حکم دیا تو ہم تعمیل حکم کریں گے۔ حضورؐ نے جب اپنے صحابہ کا یہ جواب سُنا تو اس کی تصدیق کرتے ہُوئے فرمایا الایمان اثبت فی قلوب اھلہ من الجبال الرواسی اہل ایمان کے دلوں میں ایمان مستحکم پہاڑوں سے بھی زیادہ مضبُوطی سے جاگزیں ہے۔

۱۰۶ مُنافقین کو نصیحت کی جارہی ہے کہ تمھارے لیے یہ کتنا بہتر ہوتا کہ تم یکسوئی سے میرے رسُولؐ کا دامن پکڑ لیتے۔ تمھاری دُنیا بھی سنور جاتی اور آخرت بھی۔ اور اس کا ایک بڑا فائدہ یہ ہوتا کہ تذبذب کی یہ کیفیت جس سے تم دوچار ہو، کبھی اسلام کی طرف لپکتے ہو اور کبھی کفر کے ساتھ چمٹتے ہو یہ ختم ہو جاتی۔ تمھارے دلوں کی بے یقینی یقین سے اور تمھارے رُوحوں کی بے چینی اطمینان سے بدل جاتی اور اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ اس شخص کے کرب والم کی کیا کیفیت ہوتی ہے جو تذبذب و بے یقینی کی موجوں کے تھپیڑے کھا رہا ہو اور اس کے سفینۂ حیات کی کوئی متعیّن منزل نہ ہو۔ واشد تثبیتا کیا حکیمانہ اور پیارا جملہ ہے۔

۱۰۷ کیا خوب لکھا ہے علامہ بیضاوی نے۔ فرماتے ہیں۔ یصلون بسلوکہ جناب القدس ویفتح علیھم ابواب الغیب قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من عمل بما علم ورثہ اللہ علم ما لم یعلم۔ یعنی اطاعتِ رسُول کی برکت سے انھیں وُہ رستہ مل جائے گا جو اُنھیں حریمِ قدس تک پہنچا دے گا اور ان پر غیب کے دروازے کھُل جائیں گے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کا ارشاد ہے جو اپنے علم کے مُطابق عمل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اُسے وُہ علوم القا کرتا ہے جن کو وُہ نہیں جانتا۔

۱۰۸ پہلے مذبذب لوگوں کو اطاعت کی ترغیب دی گئی۔ اب ان خوش نصیبوں کی خوش بختی کا ذکر کیا جارہا ہے جنھیں اللہ اور اس کے رسُولؐ کی اطاعت کا شرف نصیب ہوا۔ صِدِّیق۔ فِعِّیل کے وزن پر مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس کا لغوی معنی

اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَیۡهِمۡ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَ الصِّدِّیۡقِیۡنَ وَ الشُّهَدَآءِ

اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا یعنی انبیاء اور صدّیقین اور شہداء

المبالغ فی الصدق نہایت راست بازاور راست گفتار ہے۔ اور مقاماتِ قُربِ الٰہی میں سے ایک مقام کا نام بھی ہے۔ الشیخ محمد عبدہٗ لکھتے ہیں ہم الذین زکت فطرتھم واعتدلت امزجتھم وصفت سرائرھم حتی انھم یمیزون بین الحق والباطل والخیر والشر بمجرد عروضہ یعنی صدیقین وُہ لوگ ہیں جن کی فطرت اور جن کا باطن ہر گرد وغبار سے یُوں پاک صاف ہوتا ہے کہ جب ان پر حق پیش کیا جاتا ہے تو بے ساختہ اس کو قبول کر لیتے ہیں۔ خیر وشر کے درمیان انھیں التباس نہیں ہوتا بلکہ جیسے نگاہ سیاہ وسپید کے درمیان بے تکلف امتیاز کر لیتی ہے اسی طرح وُہ حق وباطل اور خیر وشر میں امتیاز کر لیتے ہیں۔ یہ صدّیقیّت کا مرتبہ حضورؐ کے کئی جلیل القدر صحابہ کو حاصل تھا۔ اور صدیق اکبر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ جن کی زندگی کا ہر لمحہ اسی صدّیقیّتِ کبریٰ کا مظہرِ اتم ہے۔ ایمان لانے کی دعوت دی گئی تو ادنیٰ جھجک کے بغیر اسے قبول کیا۔ معراج کی خبر سُنی تو دل وجان سے اسے حق تسلیم کیا۔ صلح حدیبیہ کی شرائط پر ایک یہ ہستی تھی جسے کوئی تردّد نہ تھا اور خلافت کے اڑھائی سال کے عرصہ میں تو سُبحان اللہ! صدیقیت کی نور افشانیاں اور ضیاء پاشیاں عین شباب پر تھیں۔ جو قدم اٹھایا اکابر صحابہ بھی پریشان ہو گئے لیکن ہر قدم دُرست نکلا۔ ہر تدبیر ہم آہنگ تقدیر ثابت ہُوئی۔ ایک ایک واقعہ کو دیکھئے بخدا یُوں محسُوس ہوتا ہے کہ صدّیقیّت کا نور تمام حجابات کو چیر کر بطنِ غیب کے حالات کو بے حجاب دیکھ رہا ہے۔

الشھداء: امام رازی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ الشھید فعیل بمعنی الفاعل وھو الذی یشھد بصحۃ دین اللہ تارۃ بالحجۃ والبیان واخری بالسیف والسنان ویقال للمقتول فی سبیل اللہ شھید من حیث انہ بذل نفسہ فی دین اللہ وشھادتہ لہ بانہ الحق وماسواہ الباطل (کبیر)

شہید کا وزن فعیل بمعنی فاعل ہے۔ وُہ شخص جو کبھی نورِ بُرہان اور قوّتِ بیان سے اور کبھی شمشیر وسنان سے دینِ الٰہی کی حقّانیّت کی شہادت دے وُہ شہید کہلاتا ہے اور راہِ خدا میں قتل ہونے والے کو اسی مناسبت سے شہید کہا جاتا ہے کہ اس نے اپنی جان قربان کر کے دین کی حقّانیّت کی گواہی دی۔ اس کے معاً بعد امام رازی لکھتے ہیں کہ وُہی افراد جو دُنیا میں دین کی صداقت کے شاہد رہے وُہی قیامت کے روز لتکونوا شھداء علی الناس کے مصداق ہوں گے۔ اللھم اجعلنا منھم۔

الصالحون: امام رازیؒ فرماتے ہیں کہ والصالح ھو الذی یکون صالحا فی اعتقادہ وفی عملہ جو عقائد واعمال دونوں کے لحاظ سے صالح ہو۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُولؐ کی اطاعت کا یہ کتنا شیریں ثمر ہے۔

وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۞ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ

اور صالحین اور کیا ہی اچھے ہیں یہ ساتھی ۱۰۹ یہ (محض) فضل ہے اللہ تعالیٰ

اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ۞ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ

کا ۱۱۰ اور کافی ہے اللہ تعالیٰ جاننے والا اے ایمان والو! ہوشیار رہو ۱۱۱

۱۰۹ حَسُنَ بمعنی مَا اَحْسَنَ تعجب کے لیے ہے بظاہر حسن اولئك رفقاء چاہیے لیکن علماء نے اس کے دو جواب دیئے ہیں ایک تو یہ ہے کہ تقدیر کلام یہ ہے حسن کل واحد منھم رفیقا اور دوسرا جواب جو زیادہ واضح ہے یہ ہے کہ رفیق، برید وغیرہ الفاظ واحد، جمع اور جنس سب معانی کے لیے استعمال ہوتے ہیں اس لیے یہاں رفیق بمعنی رفقاء ہے۔ اس آیت کا شانِ نزول یوں بیان کیا گیا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے عاشقِ زار حضرت ثوبان رضؓ حاضر ہوئے تو ان کا چہرہ اُترا ہوا اور رنگ اُڑا ہوا دیکھ کر حضورؐ نے وجہ پوچھی تو دردمند عاشق نے عرض کی یا رسول اللہ! نہ کوئی جسمانی تکلیف ہے اور نہ کہیں درد ہے۔ بات یہ ہے کہ رُخِ انور جب آنکھوں سے اوجھل ہوتا ہے تو دل بے تاب ہو جاتا ہے۔ فوراً زیارت سے اس کو تسلّی دیتا ہوں۔ اب رہ رہ کر مجھے یہ خیال ستا رہا ہے کہ جنّت میں حضورؐ کا مقام بلند کہاں ہوگا اور یہ مسکین کس گوشہ میں پڑا ہوگا۔ اگر روئے تاباں کی زیارت نہ ہوئی تو میرے لیے جنّت کی ساری لذتیں ختم ہو جائیں گی۔ فراق و ہجر کا یہ جانکاہ صدمہ تو اس دلِ ناتواں سے برداشت نہ ہو سکے گا۔ حضور یہ ماجرا سُن کر خاموش ہو گئے یہاں تک کہ جبریلِ امین ؑ یہ مژدہ لے کر تشریف لائے کہ ہم اطاعت گزار عشاق کو جنّت میں جُدائی کا صدمہ نہیں پہنچائیں گے بلکہ ان کو اپنے محبوب کی معیّت و وصال میسّر ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ عشقِ مصطفوی میں صرف ثوبان کی یہ کیفیت نہ تھی بلکہ سب کا تقریباً یہی حال تھا۔ چنانچہ علّامہ قرطبی اور دیگر مفسّرین جنھوں نے یہ روایت لکھی ہے انھوں نے یہ بھی تحریر فرمایا ہے کہ جملہ صحابہ کے شکوۂ فراق پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اللھم ارزقنا حبك و حب حبیبك المصطفٰی وانت ذوالفضل العظیم۔

۱۱۰ اعمالِ صالحہ پر اجرِ عظیم کا وعدہ فرمایا گیا ہے جو یقیناً پورا ہوگا جنّت، جنّت کی بے پایاں نعمتیں، کیف بار اور سرور آگیں لذتیں، حور و قصور، ان کے علاوہ دیگر بے شمار انعام و اکرام ان اعمالِ صالحہ کا اجر ہوں گے لیکن اپنے محبوب بندوں کی معیّت خصوصاً اپنے حبیبِ مکرّم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی بارگاہِ اقدس میں شرفِ باریابی کی سعادت بطور اجر و ثواب نہیں ہوگی بلکہ محض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور شانِ جود و عطا کی جلوہ گری ہوگی۔ اس کی لطافتوں سے وہی بہرہ ور ہو سکتے ہیں جن کو دردِ محبّت اور سوزِ عشق کے انعام سے سرفراز کیا گیا ہے۔

۱۱۱ حِذْرٌ و حَذَرٌ ایک ہی معنی ہے۔ یقال اخذ حذرہ اذا تیقظ واحترز من المخوف۔ کسی خوفناک چیز سے ہوشیار اور چوکنا ہو جانا۔ مسلمانوں کو پہلے اطاعتِ خدا اور رسولؐ کا حکم دیا اب دینِ حق کی سربلندی کے لیے جہاد کی تلقین کی جا رہی

فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِیْعًا ﴿۷۱﴾ وَ اِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّیُبَطِّئَنَّ

پھر (وقت آجائے تو) نکلو ٹولیاں بن کر یا نکلو سب مل کر اور بے شک تم میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو ضرور[۱۱۲] دیر

فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِیْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیَّ اِذْ لَمْ

لگائیں گے پھر اگر پہنچے تمھیں کوئی مصیبت تو وہ کہے احسان فرمایا ہے اللہ نے مجھ پر کہ میں نہیں

اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِیْدًا ﴿۷۲﴾ وَ لَىٕنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ

تھا ان کے ہمراہ (جنگ میں) حاضر اور اگر ملے تمھیں فضل (فتح اور مالِ غنیمت) اللہ کی مہربانی سے

لَیَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَیْنَكُمْ وَ بَیْنَهٗ مَوَدَّةٌ یّٰلَیْتَنِیْ كُنْتُ

تو ضرور کہے جیسے نہیں تھی تمھارے درمیان اور اس کے درمیان کوئی دوستی کاش میں بھی ہوتا اُن

مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِیْمًا ﴿۷۳﴾ فَلْیُقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ الَّذِیْنَ

کے ہمراہ تو حاصل کرتا بڑی کامیابی پس چاہیئے کہ لڑا کریں اللہ کی راہ میں (صرف) وہ لوگ جنھوں نے

ہے۔ اور پوری طرح تیاری کرنے اور دشمن کی عیارانہ چالوں سے ہوشیار اور چوکنا رہنے کی ہدایت کی جا رہی ہے۔ ثبات کا واحد ثُبَةٌ ہے اس کا معنی گروہ ہے۔

۱۱۲؎ منافقوں کا مسلمانوں کے ساتھ جو برتاؤ تھا اس کا ذکر کیا جا رہا ہے کہ مسلمان میدان جہاد کا رخ کریں تو یہ مختلف حیلوں بہانوں سے پیچھے رہ جاتے ہیں۔ اگر میدانِ جنگ میں مسلمانوں کو مصیبت یعنی تکلیف اور شکست ہو تو بغلیں بجاتے ہیں اور اپنے پیچھے رہ جانے کو اللہ کا فضل شمار کرتے ہیں حالانکہ یہ عین اُس کی ناراضگی کا نتیجہ ہے کہ انھیں شہادت کی سعادت اور جہاد کے ثواب سے محروم رکھا۔ اور اگر مسلمانوں کو فتح ہو تو انھیں سانپ سونگھ جاتا ہے اور ان کے دلوں میں حسرت و پشیمانی کی آگ سلگنے لگتی ہے۔ یہ پشیمانی اگر ثواب جہاد سے محرومی کے باعث ہوتی تو کوئی بات بھی تھی لیکن اُن کی ندامت و پشیمانی تو فقط اس لیے ہے کہ انھیں اب مالِ غنیمت سے حصّہ نہیں ملے گا۔ کان لم تکن کا جملہ ان کی ذہنیت کو خوب واضح کر رہا ہے۔

يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ

بیچ دی ہے دُنیا کی زندگی ۱۱۳ آخرت کے عوض اور جو شخص لڑے ۱۱۴ اللہ کی راہ

اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾ وَ

میں پھر (خواہ) مارا جائے یا غالب آئے تو (دونوں حالتوں میں) ہم دیں گے اسے اجرِ عظیم اور

مَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ

کیا ہو گیا ہے تمھیں کہ جنگ نہیں کرتے ہو ۱۱۵ راہِ خدا میں حالانکہ کئی بے بس

۱۱۳ شرا، خریدنے اور بیچنے دونوں معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ یہاں دُوسرے معنی میں مستعمل ہوا ہے مقصد یہ ہے کہ اِس فدائیت اور جاں نثاری کے میدان میں وُہی قدم رکھے جو پہلے اپنی زندگی اور اس کی دِل بستگیوں کا سودا اپنے رب کے ساتھ کر چکا ہو۔ وُہ لوگ جو دُنیا اور دُنیاوی جاہ وجلال کے متلاشی ہیں وُہ کِسی اور منڈی کا رُخ کریں مسلمانوں کی صفوں میں اور اِسلام کے پرچم کے نیچے ایسے دُوں ہمّت اور دُنیا طلب لوگوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔

۱۱۴ نیّت میں اخلاص ہو مقصد اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور دین کی سربلندی ہو تو پھر کامیابی کا یہ معیار نہیں کہ خیر وعافیت سے مالِ غنیمت کے انبار سمیٹے ہُوئے واپس آئے تو کامیاب ورنہ ناکام نہیں وُہ شخص ہر حالت میں کامیاب ہے سلامتی سے گھر واپس آئے تو، جامِ شہادت نوش کرے تو، علامہ مرحوم نے کیا خُوب ترجمانی کی ہے ؎

برتر از اندیشۂ سُود و زیاں ہے زِندگی
ہے کبھی جاں اور کبھی تسلیمِ جاں ہے زندگی

۱۱۵ مکّہ میں کئی مرد، عورتیں اور بچّے ایسے تھے جو اِسلام قبول کر چکے تھے لیکن کُفّارِ مکّہ نے اُن کا ناک میں دم کیا ہُوا تھا۔ نہ وُہ ہجرت کر سکتے اور نہ انھیں امن وسلامتی میسّر تھی۔ وُہ خدا ناترسوں کے مظالم برداشت کرتے اور اللہ کے حضور میں دعائیں مانگتے کہ اَے غریبوں کے فریاد رس اور بےکسوں کے حامی! ہم ناتوانوں پر رحم فرما اور ہمیں ان ظالموں کے چنگل سے چھڑا۔ اللہ تعالیٰ اِس آیت میں مُسلمانوں کو اپنے مظلوم بھائیوں، بہنوں کی اِمداد کی ترغیب دے رہا ہے۔ چنانچہ وُہ دن آیا جب نبیِ رحمت اپنے ہمراہ دس ہزار مُسلمانوں کو لیے مکّہ پر حملہ آور ہوا۔ اُس روز مکّہ نے اپنے بند دروازے کھول دیئے اور اس کے مغرور ومتکبّر سرداروں نے اپنی گردنیں خم کر دیں اور ان مظلوموں نے آزادی کا سانس لیا۔ یہ حکم اب بھی بدستور ہے۔ جس خِطّۂ زمین میں مُسلمانوں پر کفّار مظالم توڑ رہے ہوں تو دُوسرے مُسلمانوں پر فرض ہے کہ وُہ ان کو نجات دلائیں۔ ومالکم میں اِستفہام تحریض کے لیے ہے یعنی جہاد پر برانگیختہ کرنے کے لیے۔

الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا

مرد اور عورتیں اور بچے ایسے بھی ہیں جو (ظلم سے تنگ آ کر) عرض کرتے ہیں اے ہمارے رب! نکال

مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ

ہمیں اس بستی سے ظالم ہیں جس کے رہنے والے اور بنا دے ہمارے لیے اپنے پاس سے کوئی دوست

وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ

اور بنا دے ہمارے لیے اپنے پاس سے کوئی مددگار جو ایمان لائے ہیں وہ جنگ کرتے ہیں ۱۱۶

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ

اللہ کی راہ میں اور جو کافر ہیں وہ جنگ کرتے ہیں طاغوت کی راہ میں

فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ﴿۷۶﴾ ع

تو (اے ایمان والو) لڑو شیطان کے حامیوں سے بے شک شیطان کا فریب کمزور ہے ۱۱۷

۱۱۶ عمل ایک ہی ہوتا ہے لیکن مقاصد کے اختلاف کے باعث وہ لائق تحسین یا قابل نفرین ہو جاتا ہے۔ جنگ کی اجازت اسلام نے بھی دی۔ اور دوسری قومیں بھی لڑائی کیا کرتی ہیں۔ دونوں جنگوں میں خون کے دریا بہتے ہیں۔ کشتوں کے پشتے لگتے ہیں زخمیوں کی چیخ و پکار سے فضا سوگوار ہو جاتی ہے لیکن پھر بھی اسلام کی جنگ اور دوسری جنگوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ مومن کی جنگ اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے، عدل و انصاف، مساوات و حریت، نیکی و تقویٰ کی اقدار کو زندہ کرنے کے لیے ہوتی ہے اور غیر مومن کی جنگ کے پس پردہ صرف مادی فوائد کارفرما ہوتے ہیں کسی ملک پر قبضہ، کسی قوم کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑنا، اپنے لیے تجارت کی منڈیاں قائم کرنا، مفتوحہ ممالک کی معدنیات اور قدرتی ذخائر سے فائدہ اٹھانا ہوتا ہے۔ ان تمام چیزوں کو طاغوت (یعنی باطل) کے ایک لفظ سے تعبیر کر دیا گیا ہے۔ ان مقاصد کے لیے جو جنگ لڑی جائے گی خواہ لڑنے والوں کے سر پر ہلالی پرچم لہرا رہا ہو اور غلغلہ ہائے تکبیر سے ساری فضا تھرا رہی ہو وہ جنگ فی سبیل اللہ نہیں ہو گی۔

۱۱۷ اے اہل ایمان! باطل کو نیست و نابود کرنے کے لیے سر دھڑ کی بازی لگا دو تم حق کے علم بردار ہو۔ حق کو فتح اور غلبہ نصیب ہو گا تو انسانیت کے چمن میں بہار آ جائے گی۔ اعلیٰ اخلاقی قدروں کی بالادستی قائم ہو گی۔ نیکی کی روشنی اور مہک ہر سو پھیل جائے گی۔ امن و عافیت کا دور دورہ ہو گا۔ باطل کے سربراہوں کی فتنہ سامانیوں سے خوفزدہ اور دل گرفتہ ہونے

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ كُفُّوْۤا اَیْدِیَكُمْ وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ

کیا نہیں دیکھا آپ نے اُن لوگوں کی طرف جنھیں جب کہا گیا ۱۱۸ کہ روکو اپنے ہاتھوں کو اور قائم کرو نماز

وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ

اور ادا کرو زکوٰۃ (ان باتوں کو تو مان لیا) پھر جب فرض کیا گیا ان پر جہاد تب ایک گروہ ان میں سے

یَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْیَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْیَةً ۚ وَ قَالُوْا رَبَّنَا

ڈرنے لگ گیا لوگوں سے جیسے ڈرا جاتا ہے خدا سے یا اس سے بھی زیادہ اور کہنے لگے اے ہمارے

لِمَ كَتَبْتَ عَلَیْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْ لَاۤ اَخَّرْتَنَاۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِیْبٍ ؕ

پروردگار! کیوں فرض کر دیا تُو نے ہم پر جہاد (اور) کیوں نہ مہلت دی تُو نے ہمیں تھوڑی مدت تک

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ ۚ وَ الْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۫ وَ

(اے ترجمانِ حقیقت انھیں) کہو دُنیا کا سامان ۱۱۹ بہت قلیل ہے اور آخرت زیادہ بہتر ہے اس کے لیے جو تقویٰ اختیار کیے ہے اور

کی قطعاً ضرورت نہیں۔ تمھارے نعرۂ اللہ اکبر سے اہلِ طاغوت کے قلعے لرز جائیں گے۔ تمھارے ایک حملہ کی دیر ہے ان کا نام ونشان تک باقی نہ رہے گا۔ شیطان کا مکروفریب بہت کمزور ہے۔

۱۱۸ علّامہ قرطبی نے تصریح کی ہے کہ یہ آیت منافقین کے حق میں نازل ہوئی کہ جب تک نماز و روزہ کا حکم تھا اس وقت تک تو پکّے مومن بنے رہے۔ اب جب اسلام کی سربلندی کے لیے سر کٹانے کا موقع آیا تو اوسان خطا ہونے لگے۔ قلت وهذا اشبه بسياق الآية۔ علّامہ مذکور فرماتے ہیں کہ ربنا لم كتبت الخ کا جُملہ صحابہ کرام کی زبان سے نہیں نکل سکتا۔ وُہ تو اس دارِ فنا کو الوداع کہہ کر آخرت کی ابدی نعمتوں سے ہمکنار ہونے کے لیے ہر وقت بے تاب رہا کرتے تھے۔ ومعاذ الله ان يصدر هذا القول من صحابي كريم الخ (قرطبی) پناہ بخدا کسی پاکباز صحابی کی زبان سے یہ جملہ صادر نہیں ہو سکتا۔

۱۱۹ یعنی اِس ناپائیدار زندگی اور اس کی فناپذیر آسائشوں کے لیے ابدی زندگی اور اس کے لازوال انعامات کو کیوں نظرانداز کرتے ہو۔ حضور کریم ؐ کا ارشاد ہے مثلي ومثل الدنيا كراكب قال قيلولة تحت شجرة ثم راح وتركها۔ یعنی میری اور اس دُنیا کی ایسی ہی مثال ہے جیسے کوئی سوار راستے میں کسی درخت کے نیچے دوپہر کے وقت آرام کرنے کے لیے ٹھہرتا ہے

لَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۷۷﴾ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ

نہیں ظلم کیا جائے گا تم پر کھجور کی گٹھلی کے ریشہ کے برابر۔ جہاں کہیں تم ہو گے آلے گی تمھیں موت ۱۲۰؎ اگرچہ (پناہ گزیں) ہو

فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ؕ وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ

تم مضبوط قلعوں میں اور اگر پہنچے انھیں کوئی بھلائی تو کہتے ہیں ۱۲۱؎ یہ اللہ کی

عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ؕ

طرف سے ہے اور اگر پہنچے انھیں کوئی تکلیف تو کہتے ہیں یہ آپ کی طرف سے ہے

قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ فَمَالِ هٰۤؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ

(اے میرے رسول) آپ فرمائیے سب اللہ کی طرف سے ہے تو کیا ہو گیا ہے اس قوم کو بات سمجھنے کے

اور پھر اپنی منزل کی طرف روانہ ہو جاتا ہے۔

۱۲۰؎ بُروج کا واحد بُرج ہے۔ وُہ بلند عمارت جو دُور سے نمایاں ہو۔ یعنی قلعہ یا قصر۔ مشیّدہ کا معنی مضبُوط بھی ہے اور بلند بھی۔ بتانا یہ ہے کہ موت سے خوفزدہ ہو کر نامردی اور بُزدلی دکھانا عقلمندی نہیں۔ تم اپنے بچاؤ کے ہزاروں سامان کرلو موت آکر رہے گی۔

۱۲۱؎ مُنافقین ہی کا ذکر چلا آرہا ہے یعنی اُن کا شیوہ یہ ہے کہ اگر جنگ میں فتح ہو یا عام حالات خوشگوار ہوں تو کہتے ہیں کہ یہ سب اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے۔ اور اگر اُن کی اپنی کمزوری سے پسپائی ہو یا غلہ گراں ہو جائے یا باغات اچھی طرح نہ پھلیں تو اس وقت سارا الزام اللہ کے رسُول پر دھرتے ہیں کہ ان کی بے تدبیری کی وجہ سے پسپائی ہوئی ہے یا ان کے اور ان کے صحابہ کے ایسے سبز قدم آئے ہیں کہ ہر چیز سے برکت ہی اُٹھ گئی ہے۔ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں اے عقل کے اندھو! ہر کام کا فاعلِ حقیقی اور مسبّب الاسباب تو اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ تم میرے محبُوب پر کیوں الزام لگاتے ہو۔ مولینا دریا آبادی نے یہاں خوب لکھا ہے کہ "منافقین کا یہ من عند اللہ کہنا بھی بطور حمد نہ تھا بلکہ بطور محاورۂ زبان تھا جیسے اُردو میں لوگ کہہ اُٹھتے ہیں کہ یہ تو تقدیری امور ہیں۔ (تفسیر ماجدی)

يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ﴿۷۸﴾ مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ؗ وَمَآ

قریب ہی نہیں جاتے جو پہنچے آپ کو [۱۲۲] بھلائی سو وہ اللہ کی طرف سے ہے اور جو

اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ؕ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ

پہنچے آپ کو تکلیف سو وہ آپ کی طرف سے ہے اور بھیجا ہے ہم نے آپ کو سب لوگوں کی طرف [۱۲۳] رسول بنا کر

[۱۲۲] یہاں خطاب نوعِ انسانی کے ہر فرد کو ہے یا خطاب حضور نبی کریم ﷺ کو ہے اور مُراد آپ کی اُمّت ہے پہلی آیت میں فرمایا کل من عند اللہ یعنی ہر چیز سُکھ اور دُکھ، آرام اور تکلیف، خوشحالی اور تنگی سب اللہ کی طرف سے ہے اور یہاں یہ ارشاد ہے کہ سُکھ آرام اور خوشحالی تو محض اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان ہے اور دُکھ، تکلیف اور تنگی وغیرہ انسان کی اپنی طرف سے ہے۔ بظاہر ان آیتوں میں تضاد کا گمان ہوتا ہے اس لیے دو مختصر سے فقروں میں علامہ بیضاوی نے اس کا جواب دے دیا فرماتے ہیں۔ کل من عند اللہ ایجادا و ایصالا غیران الحسنۃ احسان وامتحان والسیئۃ مجازاۃ وانتقام۔ یعنی ہر کام کا مُوجدِ حقیقی تو اللہ تعالیٰ ہے لیکن آرام و خوشحالی کا باعث اُس کا احسان ہے اور مقصد یہ ہوتا ہے کہ اپنے بندہ کا امتحان بھی لیا جائے کہ وُہ اس انعام پر کیسے شکر ادا کرتا ہے۔ اور تکلیف و رنج کا باعث انسان کی اپنی کوتاہیاں اور غفلتیں ہوا کرتی ہیں۔ اس کی واضح مثال آپ کو غزوۂ اُحد میں ملے گی۔ جب ہزیمت سے مُسلمانوں کو دوچار ہونا پڑا اگرچہ اس کا مُوجد تو رب تعالیٰ ہی تھا لیکن پہاڑی درّہ پر متعیّن دستہ کی جلد بازی اس کا سبب بنی تھی۔ دُوسرے بیجوں کی طرح انسان کے اعمال بھی اپنے مخصُوص برگ و بار رکھتے ہیں۔ انسان کو ہر کام کرتے وقت اس کے مآل و انجام پر بھی نگاہ رکھنی چاہیئے۔

[۱۲۳] الناس پر الف لام استغراق کے لیے ہے یعنی ہم نے آپ کو تمام انسانوں کے لیے اور ہر زمانہ کے انسانوں کے لیے رسُول بنا کر بھیجا ہے۔ کوئی رنگت، کوئی زبان، کوئی قومیّت اور کوئی وطن اس سے مستثنٰی نہیں۔ سب کے لیے آپ ہی ہادی اور مُرشد ہیں۔ جب یہ بات واضح ہوگئی کہ حضور ﷺ سب کے رسُول ہیں۔ اور رسُول کی تشریف آوری کی غایت ابھی بتائی جاچکی ہے کہ الا لیطاع باذن اللہ کہ اس کی اطاعت کی جائے تو اب کون ہے جو حضور ﷺ کو اپنا رسُول تو تسلیم کرے اور آپ کی اطاعت سے منحرف ہو۔ اور آیاتِ بیّنات میں دُور از کار تاویلات کرتا رہے۔ یہ تو یہوُد کا شیوہ تھا کہ بعض آیاتِ تورات جو اُن کی ہوائے نفس کے مطابق ہوتی تھیں انھیں مان لیا کرتے اور دُوسری آیات کا حسب منشا مطلب گھڑ لیتے۔ بہرحال یہ امر واضح ہے کہ قرآن نے سنتِ مُصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ اسنی الصلوات واحسن التحیات کی بے چُون وچرا اطاعت کو بار بار اتنا دُہرایا ہے کہ قرآن کو اللہ کی کتاب یقین کرنے والے کے لیے سُنّتِ نبوی سے انحراف کے سارے دروازے بند کر دیئے ہیں۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿٧٩﴾ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ

اور کافی ہے ۱۲۴ اللہ تعالیٰ (آپ کی رسالت کا) گواہ جس نے طاعت کی رسول کی ۱۲۵ تو یقیناً اس نے اطاعت کی اللہ کی

وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿٨٠﴾ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۡ

اور جس نے منہ پھیرا تو نہیں بھیجا ہم نے آپ کو اُن کا پاسبان بنا کر اور کہتے ہیں ہم نے حکم مان لیا ۱۲۶

فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِيْ

اور جب باہر نکلتے ہیں آپ کے پاس سے تو رات بھر مشورہ کرتا ہے ایک گروہ ان میں سے اس کے برعکس جو آپ نے

تَقُوْلُ ۭ وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى

فرمایا اور اللہ تعالیٰ لکھ رہا ہے جو وہ راتوں کو سوچا کرتے ہیں پس رُخ (انور) موڑ لیجئے ان سے اور بھروسہ کیجئے

اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿٨١﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ

اللہ پر اور کافی ہے ۱۲۷ اللہ تعالیٰ (آپ کا) کارساز تو کیا غور نہیں کرتے قرآن میں؟ ۱۲۸ اور (اتنا بھی نہیں سمجھتے کہ)

۱۲۴ اے حبیب! اس حقیقت کی صداقت پر خود خدا گواہ ہے کہ تو اُس کی ساری کائنات کا ہادی و مرشد ہے۔ اور ایسے گواہ کی شہادت کے بعد دُنیا بھر کے منکرین کا انکار پرِ کاہ کی وقعت نہیں رکھتا۔ ناگفتہ بہ حالات میں اسلام کا غالب آنا اور دُشمنانِ اسلام کا ہی کچھ مدت بعد اس کی ناموس وعظمت کے لیے اپنی جانیں قربان کرنا اللہ کے گواہ ہونے کی سب سے روشن دلیل ہے۔

۱۲۵ کتنا کھول کر بتا دیا کہ اللہ کا مطیع وُہی ہے جو اس کے رسول کا مطیع ہو۔ لاکھ کوئی دعویٰ کرے اطاعتِ الٰہی اور اتباعِ قرآن کا وُہ جھوٹا ہے جب تک اللہ کے رسولِ کریم کی سُنّت کا پابند نہ ہو۔

۱۲۶ منافقوں کا رویّہ یہ تھا کہ بظاہر تو اطاعت وتسلیم کا اقرار کرتے اور درپردہ سازشوں کے جال بُنا کرتے۔

۱۲۷ اللہ تعالیٰ کی کارسازی کا کرشمہ دُنیا بھر نے دیکھا کہ دُشمنوں کی ساری سازشیں تارِ عنکبوت سے بھی زیادہ کمزور ثابت ہوئیں اور جو فتنہ اور شورش اُنھوں نے رسولِ کریمؐ کو ناکام کرنے کے لیے برپا کی وُہ خود اُن کی ہلاکت و رُسوائی کا باعث بنی۔

۱۲۸ منافق جن کے طرزِ عمل اور دورُخی پالیسی کا ذکر چلا آ رہا ہے نہ وُہ سچے دِل سے حضورؐ کی رسالت کے قائل تھے اور نہ ہی قرآن کو کتاب اللہ یقین کرتے تھے۔ اسی لیے تو وُہ اس مخمصہ میں گرفتار تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اگر انھوں نے قرآن میں غور وفکر کیا ہوتا تو ان پر عیاں ہو جاتا کہ یہ کسی انسان کا نہیں بلکہ ربّ العزّت کا کلام ہے۔ اس طرح وُہ اس تذبذب سے

مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾ وَ اِذَا جَآءَهُمْ

اگر وُہ غیر اللہ کی طرف سے (بھیجا گیا) ہوتا تو ضرور پاتے اس میں اختلاف کثیر ۱۲۹ اور جب آتی ہے ان کے

اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ وَ لَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ

پاس کوئی بات اطمینان یا خوف کی ۱۳۰ تو چرچا کرنے لگتے ہیں اس کا۔ اور اگر لوٹا دیتے اُسے رسُول (کریم) کی طرف

نجات حاصل کر لیتے۔

۱۲۹؎ یہ کتاب جو تیئیس ۲۳ سال کے عرصۂ دراز میں نازل ہُوئی اس میں تضاد و اختلاف کی بُو تک نہیں۔ یہ وُہ ہنگامہ خیز اور پُر آشوب عرصہ ہے جس میں داعیٔ اسلام، اس کے ماننے والوں اور خود اس دعوت کو شدید قسم کے مختلف مرحلوں سے گزرنا پڑا ظلم وستم کے پہاڑ بھی توڑے گئے۔ اور عقیدت و محبّت کے پھُول بھی برسائے گئے۔ ایسے حالات بھی رُونما ہُوئے کہ ظاہر بیں نگاہوں کو یقین ہونے لگا کہ چراغِ حق ابھی بجھا چاہتا ہے۔ اور ایسا دَور بھی آیا کہ اس چراغ کو پھُونکیں مار مار کر بجھانے والے پروانہ وار اس پر تصدّق ہونے لگے۔ صُلح بھی اور جنگ بھی، فتح بھی اور پسپائی بھی، خوف بھی اور امن بھی ہر قسم کے حالات رُونپذیر ہُوئے۔ ان گوناگوں اور بُوقلموں اَدوار میں ایک کتاب نازل ہوتی ہے اور اس میں ایک ایسی آیت کی بھی نشان دہی نہیں کی جاسکتی جس سے اسلام کے اصولوں میں تضاد کا شائبہ تک ہو۔ علّامہ بیضاوی ؒ نے ایک جُملہ میں سب کچھ بیان کر کے رکھ دیا۔ من تناقض المعنی وتفاوت النظم یعنی اس کی کوئی آیت نہ معنوی لحاظ سے دُوسری آیت کے خلاف ہے اور نہ فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے کوئی حصّہ دُوسرے حصّہ سے فروتر ہے۔ معانی و حقائق کا سمندر ہے جس کی لہروں میں آویزش نہیں۔ جس کی ہر موج اور ہر قطرہ گُل کا رنگ و بُو لیے ہے۔ اس سے بڑھ کر اس کے کلامِ الٰہی ہونے کی اَور کیا دلیل ہوسکتی ہے۔

۱۳۰؎ مُسلمان جب ہجرت کر کے مدینہ منوّرہ پہنچے تو کفّار کے ساتھ جنگوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ ایک جنگ کے بعد دُوسری جنگ کی تیاری، ایک یورش کے بعد دُوسری یورش کا اندیشہ تھا مسلمان مسلسل ایسے حالات میں زندگی بسر کر رہے تھے جنھیں بجا طور پر زمانۂ جنگ کہا جاسکتا ہے۔ ہر دِن ہر لحظہ حملہ ہو سکتا تھا۔ ایسے ہنگامی حالات میں غلط افواہوں اور بے بُنیاد خبروں کا پھیلنا ایک قدرتی امر ہُوا کرتا ہے۔ اگر اِن افواہوں کو روکا نہ جائے تو صُورتِ حال بڑی سنگین ہو سکتی ہے مُسلمان معاشرہ میں بھی کئی ایسے کمزور دل اور بعض بیمار دل افراد تھے کہ کوئی بات کانوں تک پہنچی اور اُسے سارے شہر میں مشہُور کر دیا جس سے طرح طرح کے نقصانات کا اندیشہ تھا۔ اس لیے اس سے روک دیا گیا اور ہدایت کر دی گئی کہ اگر ایسی کوئی بات ہو تو بارگاہِ رسالت میں عرض کر دیا تم میں جو صاحبِ عقل و دانش ہیں وُہ اس کی جانچ پڑتال کرنے کے بعد اس کے متعلق مناسب اقدام کریں۔ جب عام دُنیوی اور سیاسی اُمور میں عوام کو ان چیزوں میں دخل اندازی اور خود سری سے روک دیا گیا ہے تو آپ خود

وَ اِلٰۤى اُولِی الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِیْنَ یَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْؕ

اور با اقتدار لوگوں کی طرف اپنی جماعت سے تو جان لیتے اس خبر (کی حقیقت) کو وُہ لوگ جو نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں بات کا ان میں سے

وَ لَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَ رَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّیْطٰنَ اِلَّا

اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تم پر اور (نہ ہوتی) اس کی رحمت تو ضرور تم اتباع کرنے لگتے شیطان کا سوائے

قَلِیْلًا ﴿۸۳﴾ فَقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَ حَرِّضِ

چند آدمیوں کے تو (اے محبوب!) جہاد کرو ۱۳۱؎ اللہ کی راہ میں نہ تکلیف دی جائے گی آپ کو سوائے اپنی ذات کے اور ابھاریں آپ

الْمُؤْمِنِیْنَۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ یَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْاؕ وَ اللّٰهُ

ایمان والوں کو (جہاد پر) عجب نہیں کہ اللہ تعالیٰ روک دے زور اُن لوگوں کا جو کفر کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ

اَشَدُّ بَاْسًا وَّ اَشَدُّ تَنْكِیْلًا ﴿۸۴﴾ مَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً یَّكُنْ

کی گرفت بہت سخت ہے نیز وُہ سزا دینے میں بہت سخت ہے ۔ جو کرے گا سفارش اچھی ۱۳۲؎ ہو گا

سوچیں کہ اُمورِ دینیہ میں یہ بدنظمی کب برداشت کی جا سکتی ہے کہ ہر کہ و مہ مُفتی بنا پھرے اور قرآن و سُنّت کو اپنی رائے سے ہم آہنگ کرتا رہے مُسلمانوں کا فرض ہے کہ حرص و ہویٰ کے بندوں کی تقلید نہ شروع کر دیا کریں اور دینی امُور میں فقط ان علماء کی طرف متوجہ ہوں جن کا علم و فضل، زُہد و تقویٰ اور دینی بصیرت مسلّمہ اور جن کی سیرت بے داغ ہو۔

۱۳۱؎ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کریمؐ کو حکم دے رہے ہیں کہ جب باطل حق سے برسرِپیکار ہو تو آگے بڑھو خواہ آپ تنہا ہی کیوں نہ ہوں چنانچہ حضورِ کریمؐ کے یہ الفاظ اسی حکم کی تعمیل معلوم ہوتے ہیں۔ واللہ لاقاتلنھم حتی تنفرد سالفتی ۔ یعنی بخدا میں کفّار سے ضرور لڑوں گا خواہ میری گردن جُدا ہی ہو جائے ۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر کسی کارِ خیر میں اس کا کوئی معاون بھی نہ ہو تو اسے اکیلے اس کام کو شروع کر دینا چاہیئے ۔ ساتھیوں کا نہ ہونا کوئی عذر نہیں ہے۔

۱۳۲؎ امام راغب یہاں شفاعت کے معنی کی وضاحت کرتے ہُوئے لکھتے ہیں۔ ای من انضم الی غیرہ وعاونہ وصار شفیعا فی الخیر والشر فعاونہ وقواہ وشارکہ فی نفعہ وضرہ ۔ یعنی کسی اچھے یا بُرے کام میں کسی کے ساتھ اس طرح شریک ہو جانا کہ اس کی اعانت اور تقویّت پر اپنا پُورا زور صرف کر دے اور اس کام کے نتائج میں بھی اپنے آپ کو برابر شریک سمجھے ۔ اس توضیح کے بیشِ نظر آیت کا یہ مفہوم ہو گا کہ جو شخص حق و صداقت کے عَلَم بردار کے ساتھ اپنی قسمت

لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ

اس کا حصہ اس میں سے اور جو کرے گا سفارش بُری تو ہوگا اس کے لیے بوجھ

مِّنْهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ مُّقِيْتًا ﴿۸۵﴾ وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا

اس سے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے اور جب سلام دیا جائے تمہیں کسی لفظ دُعا سے ۱۳۳ تو سلام دو

بِاَحْسَنَ مِنْهَاۤ اَوْ رُدُّوْهَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ حَسِيْبًا ﴿۸۶﴾

تم ایسے لفظ سے جو بہتر ہو اس سے یا (کم از کم) دُہرا دو وُہی لفظ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کا حساب لینے والا ہے

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۗ

اللہ، نہیں کوئی معبود بغیر اس کے وُہ ضرور جمع کرے گا تمہیں قیامت کے دن نہیں ذرا شک اس (کے آنے) میں

وابستہ کر دیتا ہے اور اپنا تن من دھن اس مقصد کو کامیاب کرنے کے لیے وقف کر دیتا ہے وُہ ضرور اپنے قائد کی طرح اجرِ عظیم کا مُستحق ہوگا۔ اسی طرح جس نے اپنی صلاحیتوں اور وسائل کو باطل کے سرغنوں کے حوالہ کر دیا اور فسق و فجور کو فروغ دینے میں ان کا ہاتھ بٹاتا رہا تو وُہ بھی اس گناہ میں برابر کا شریک ہوگا۔ اس آیت کا یہ مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے کہ کسی مشکل میں کسی بھائی کی امداد کرنا اس کے حقوق کی بازیابی کی سعی کرنا، اس کو نفع پہنچانا اور اس سے کسی تکلیف کو دُور کرنے میں کوشاں ہونا بشرطیکہ اس سے کسی غیر کی حق تلفی نہ ہو تو یہ اچھی سفارش ہے اور اس پر سفارش کرنے والے کو اجر ملے گا۔ اور اگر ایسی سفارش کی جس سے کسی کی حق تلفی ہوئی یا کسی پر ظلم ہوا تو یہ بُری سفارش ہے اور سفارش کرنے والا گنہگار ہوگا۔

۱۳۳ے تحیۃ باب تفعیل کا مصدر ہے۔ اس کا اصلی معنی زندگی کی درازی کی دُعا دینا ہے۔ واصل التحیۃ الدعاء بالحیاۃ (قرطبی) اور اس کا معنی ملک بھی ہے التحیات للہ میں یہی معنی ملحوظ ہے۔ جمہور مفسرین کے نزدیک یہاں تحیۃ سے مراد سلام کہنا ہے۔ سلام دینا حضور کریم کی پسندیدہ سنّت ہے لیکن اس کا جواب دینا فرض ہے۔ سلام کا جواب دینے کے قرآن حکیم نے دو طریقے سکھائے ہیں یا تو وہی الفاظ دُہرا دو جن سے تمہیں سلام کہا گیا ہے یا ایسے الفاظ کا اضافہ کرو جو محبت و تکریم پر دلالت کرتے ہوں۔ چنانچہ حدیث پاک میں ہے کہ اگر کوئی السّلام علیکم کہے تو جواب میں وعلیکم السّلام ورحمۃ اللہ کہو۔ اور اگر کوئی السّلام علیکم ورحمۃ اللہ کہے تو تم وعلیکم السّلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ سے جواب دو۔ باہمی محبت و پیار کے جذبات کو ترو تازہ کرنے کا یہ بڑا ہی مؤثر طریقہ ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا ارشادِ گرامی ہے لاتدخلون الجنۃ حتی تؤمنوا ولاتؤمنون حتی تحابوا اولا ادلکم علی شیٔ اذا فعلتموہ تحاببتم افشوا السلام بینکم۔ "جب تک ایمان نہیں لاؤ گے جنت میں داخل نہ

وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ﴿٨٧﴾ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ

اور کون زیادہ سچا ہے اللہ تعالیٰ سے بات کہنے میں سو کیا ہو گیا ہے تمہیں کہ منافقوں کے بارے میں ۱۳۴

فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ

(تم) دو گروہ بن گئے ہو حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اوندھا کر دیا ہے انہیں بوجہ اُن کرتوتوں کے جو اُنھوں نے کیے۔ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اُسے راہ دکھاؤ

اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿٨٨﴾ وَدُّوْا

جسے گمراہ کر دیا اللہ نے اور جسے گمراہ کر دے اللہ تعالیٰ تو ہرگز نہ پائے گا تو اس کے لیے (ہدایت کا) راستہ وہ دوست رکھتے ہیں

لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ

اگر تم بھی کفر کرنے لگو جیسے انھوں نے کفر کیا تاکہ تم سب یکساں ہو جاؤ ۱۳۵ پس نہ بناؤ تم ان سے

ہو سکو گے اور جب تک آپس میں محبت نہ کرو گے تو ایمان نصیب نہ ہو گا۔ کیا میں تمہیں ایسی چیز بتاؤں جس پر عمل کرو تو آپس میں محبت و پیار پیدا ہو جائے؟ (خود ہی فرمایا) ایک دوسرے کو السلام علیکم کہا کرو۔" دنیا میں جتنے آداب ملاقات رائج ہیں سب کو دیکھو ملاقات کا وہ طریقہ جو آپ کو قرآن نے سکھایا ہے اس کا جواب نظر نہ آئے گا۔ حضرت ابن عباس رض فرماتے ہیں اگر غیر مسلم سلام دے تو اس کے وہی الفاظ جواب میں دوہرا دو۔ ردوها مثل ما سلم عليكم على غير اهل دينكم (تفسیر ماجدی)

۱۳۴ بعض لوگ اسلام تو قبول کر لیتے لیکن بال بچوں کی محبت، مال و جائداد کا پیار اور وطن کی کشش انھیں ہجرت کرنے کی اجازت نہ دیتی اور اس طرح قبول اسلام کے بعد بھی انھیں مشرکوں کی معاندانہ سرگرمیوں میں شریک ہونا پڑتا اور بعض جو ہجرت کر کے مدینہ آ بھی جاتے لیکن وہاں کا نظام حیات، اخلاقی پابندیاں اور ان پر دشمن کے حملوں کا خطرہ انھیں وہاں قیام نہ کرنے دیتا اور وہ آب و ہوا کی ناموافقت کا عذر کر کے واپس لوٹ آتے۔ اس قسم کے لوگوں کے متعلق مسلمانوں کی آراء مختلف تھیں بعض انھیں مسلمان اور دوسرے انھیں خارج از اسلام خیال کرتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تم ان کے متعلق مختلف الرائے کیوں ہو یہ تو اپنی بداعمالیوں کے باعث جدھر سے آئے تھے اُدھر ہی لوٹا دیئے گئے۔ ارکس اور انکس دونوں ہم معنی ہیں۔ کسائی کہتے ہیں الركس والنكس قلب الشيء على راسه والمركوس المنكوس (القرطبی) رکس اور نکس دونوں کا معنی کسی چیز کو سر کے بل اوندھا گرا دینا ہے۔ ارکس کا یہ لفظ یہاں کتنا موزوں ہے۔ بما کسبوا نے واضح کر دیا کہ ان کا جادۂ حق سے منحرف ہونا ان کی اپنی غلط کاریوں کا طبعی ثمر ہے۔

۱۳۵ یعنی تم تو ان کے مسلمان ہونے کے متعلق آپس میں بحث کر رہے ہو اور ان کے کفر و فسوق کا یہ حال ہے کہ وہ تمہیں بھی

اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ

اپنے دوست یہاں تک کہ وُہ ہجرت کریں اللہ کی راہ میں پس اگر وُہ (ہجرت سے) منہ موڑیں تو پکڑ لو انھیں

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۠ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّ

اور قتل کرو انھیں جہاں کہیں پاؤ ان کو اور نہ بناؤ ان سے (کسی کو) اپنا دوست اور

لَا نَصِيْرًا ﴿٨٩﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ

نہ مددگار مگر ان کو (قتل نہ کرو) جو تعلق رکھتے ہیں اس قوم سے کہ تمھارے درمیان اور ان کے درمیان

مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا

معاہدہ ہے ۱۳۶ یا آگئے ہوں تمھارے پاس اس حال میں کہ تنگ ہو چکے ہوں ان کے سینے کہ جنگ کریں تم سے یا جنگ کریں

قَوْمَهُمْ ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ

اپنی قوم سے اور اگر چاہتا اللہ تعالیٰ تو مسلّط کر دیتا انھیں تم پر تو وُہ ضرور لڑتے تم سے پھر اگر

اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ

وُہ کنارہ کرلیں تم سے اور نہ جنگ کریں تمھارے ساتھ اور بھیجیں تمھاری طرف صلح (کا پیغام) تو نہیں بنائی

دولتِ ایمان سے محروم کر کے اپنے ساتھ ملانے کی تدبیر سوچ رہے ہیں۔ اِس لیے جب تک ہجرت کر کے تمھارے ہاں قیام نہ کریں اور اپنی قسمت تمھارے ساتھ وابستہ نہ کردیں اس وقت تک تم ان کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم نہ کرو۔

۱۳۶ یہ لوگ جو تمھارے اُن دُشمنوں سے جا ملے ہیں جن کے ساتھ تمھاری جنگ شروع ہے تو اُن کو مت جانے دو جہاں ملیں قتل کر ڈالو لیکن اگر وُہ کسی ایسے قبیلہ کی پناہ اختیار کرلیں جن کے ساتھ تمھارا معاہدہ ہو چکا ہے تو پھر اُنھیں کچھ نہ کہو۔ اور اگر وہ تمھارے پاس حاضر ہو کر یقین دلا دیں کہ نہ وُہ تمھارے ساتھ جنگ کریں گے اور نہ تمھارے معاون بن کر اپنی قوم کے خلاف لڑیں گے تو بھی ان سے تعرض نہ کرو۔ اس آیت سے صاف واضح ہوگیا کہ آیتِ سابقہ میں ان کے قتل کرنے کا حکم صرف اس وقت ہے جب وُہ ہمارے خلاف لڑ رہے ہوں۔ اور جب وُہ جنگ سے باز آجائیں تو اس وقت حکم یہ ہے کہ تم بھی ان کے قتل سے ہاتھ روک لو۔

اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ﴿۹۰﴾ سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ

اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے ان پر (زیادتی کرنے کی) راہ ۱۳۷ تم پاؤ گے چند اور لوگ جو چاہتے ہیں کہ

يَّاْمَنُوْكُمْ وَ يَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا رُدُّوْۤا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ

امن میں رہیں تم سے بھی اور امن میں رہیں اپنی قوم سے (لیکن) جب کبھی پھیرے جاتے ہیں فتنہ کی طرف تو مُنہ کے بل گر پڑتے ہیں اس میں ۱۳۸

فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَ يُلْقُوْۤا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَ يَكُفُّوْۤا اَيْدِيَهُمْ

سو اگر نہ کنارہ کریں تم سے یا نہ بھیجیں تمھاری طرف صلح (کا پیغام) اور نہ روک لیں اپنے ہاتھ

فَخُذُوْهُمْ وَ اقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَ اُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ

تو پکڑ لو انھیں اور قتل کرو انھیں جہاں تم پاؤ انھیں اور یہی لوگ ہیں کہ دیا ہے ہم نے تمھیں

عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۹۱﴾ ع وَ مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا

ان پر کھلا اختیار ۱۳۹ اور نہیں (جائز) کسی مومن کے لیے کہ قتل کرے ۱۴۰ کسی مومن کو مگر

۱۳۷ اِس آیت نے مزید وضاحت کر دی کہ قابلِ گردن زدنی وُہی لوگ ہیں جو مُسلمانوں کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے آمادہ ہوں۔

۱۳۸ یعنی غیر جانبداری کے اِن بلند بانگ دعووں کے باوجُود جب کبھی موقعہ ملے اور ان کی قوم انھیں مُسلمانوں پر حملہ کرنے کے لیے کہے تو پھر انھیں اپنی غیر جانبداری کا خیال نہیں رہتا اور فوراً مسلّح ہو کر کفّار کی صفوں میں آکھڑے ہوتے ہیں۔

۱۳۹ اگر وُہ اپنی امن پسندی کا کوئی ثبوت بہم نہ پہنچائیں۔ تمھارے ساتھ جنگ کرنے سے کنارہ کش بھی نہ ہوں۔ تمھیں صلح کا پیغام بھی نہ بھیجیں اور جب موقع ملے تم پر دستِ تعدّی دراز کرنے سے باز بھی نہ آئیں تو پھر تم بھی ان کا ذرا لحاظ نہ کرو اور جہاں قابو میں آئیں بلا تامّل ان کو موت کے گھاٹ اتار دو۔

۱۴۰ مفسّرین نے ماکان لمومن کا معنی کیا ہے ماصح لمومن ولیس من شانہ۔ مومن کے لیے یہ درست اور جائز نہیں اور مومن کے شایانِ شان نہیں کہ وُہ اِس فعلِ شنیع کا بسلامتیِ ہوش وحواس ارتکاب کرے۔ ہاں یہ الگ بات ہے کہ بے ارادہ اور نادانستہ اس سے یہ جرم سرزد ہو۔ اِس اسلوبِ بیان سے واضح ہو گیا کہ یہ جرم معمولی قسم کا نہیں بلکہ نہایت سنگین اور بہت ہی گھناؤنا ہے کسی ایماندار سے اس کا صدور حد درجہ قبیح ہے۔

اَلْخَطَاءُ اِذَا لَمْ يَصْنَعْ عَنْ تَعَمُّدٍ یعنی اگر قصد و ارادہ کے بغیر کوئی کام ہو جائے تو اسے خطا کہتے ہیں۔ اِس کی مختلف

خَطَـًٔا ۚ وَمَن قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَدِيَةٌ

غلطی سے اور جس نے قتل کیا کسی مومن کو غلطی سے تو (اس کی سزا یہ ہے کہ) آزاد کرے مسلمان غلام اور خوں بہا

مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰٓ أَهْلِهِۦٓ إِلَّآ أَن يَصَّدَّقُوا۟ ۚ فَإِن كَانَ مِن قَوْمٍ عَدُوٍّ

ادا کرے مقتول کے گھر والوں کو مگر یہ کہ وُہ خود ہی (خوں بہا) معاف کردیں پھر اگر ہو (مقتول)[۱۴۱] اس قوم سے جو دُشمن ہے

لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۖ وَإِن كَانَ مِن قَوْمٍۭ

تمھاری لیکن وُہ (مقتول) خود مومن ہو تو (قاتل) آزاد کرے ایک مسلمان غلام اور اگر مقتول اس قوم سے ہو کہ ہو چکا ہے

صُورتیں ہیں۔ کفّار کے ساتھ جنگ جاری تھی۔ گولیاں برس رہی تھیں۔ اتفاقاً اس کی گولی سے کوئی مُسلمان مارا گیا۔ یا نشانہ لگایا تھا شکار کو اور جا لگا کسی انسان کو، یہ سب قتل خطا کی صورتیں ہیں۔ یہ ربطھا عدم القصد۔ تمام میں قدرِ مشترک قصد کا نہ ہونا ہے۔ اس آیتِ کریمہ میں قتلِ خطا کی تین صورتیں اور ان کے احکام بتائے گئے ہیں۔ پہلی صورت تو یہ ہے کہ مقتول مُسلمان ہو۔ اس کا حکم یہ ہے کہ قاتل ایک مُسلمان غلام کو آزاد کرے اور اس کے ورثاء کو دیت ادا کرے۔ اس کی مقدار اللہ کے رسُول ﷺ نے سَو اُونٹ مقرر فرمائی ہے اور یہی مقدار ہر زمانہ کے لیے ہے۔ دیۃ الحر المسلم مأۃ ابل فی کل زمان (قرطبی) ہاں اگر کوئی شخص اُونٹ نہ ادا کرسکتا ہو تو ہر زمانہ میں سو اُونٹوں کی قیمت کے برابر نقد روپیہ دے سکتا ہے۔ اونٹوں کی قیمتوں میں کمی بیشی سے روپیہ میں کمی بیشی ہوسکتی ہے بہرحال دیت سو اُونٹ ہی ہوگی۔ البتہ اگر مقتول کے وارث دیت بخش دیں تو وُہ بخش سکتے ہیں شریعتِ اسلامیہ نے دیت کے لیے روپیہ کی کوئی مقدار مقرر نہیں کی۔ کیونکہ روپیہ کی قیمت یعنی قوتِ خرید گھٹتی بڑھتی رہتی ہے۔ اگر روپیہ کی قوتِ خرید گھٹ جائے تو انسانی جان کی قدر و منزلت بھی گر جائے گی جو کسی طرح بھی قرینِ انصاف نہیں۔ اس لیے شریعت نے خوں بہا ایک سو اُونٹ مقرر کیے ہیں تاکہ انسانی جان کی قدر و منزلت گرنے نہ پائے اور تمام حالات میں انصاف کے تقاضے پُورے ہوتے رہیں۔ یہی حکمتیں ہیں جو ہر حُکمِ شرعی میں جلوہ نما ہیں۔ اور اہلِ نظر کو بتا رہی ہوتی ہیں کہ یہ شریعت انسانی عقل کی تراشیدہ نہیں بلکہ علیم و حکیم رب کی فرستادہ ہے۔

۱۴۱؎ قتلِ خطا کی دُوسری صُورت یہ ہے کہ مقتول ہو تو مُسلمان لیکن اس کی بُود و باش کفّار میں ہو۔ اس صُورت میں صرف ایک مُسلمان غلام آزاد کردے۔ اس پر دیت لازم نہ ہوگی۔ اور وُہ اس لیے کہ اس کے سب وارث کافر ہیں اور مسلمانوں سے برسرِ پیکار ہیں۔ ان کو دیت ادا کرنا توان کو تقویّت دینا ہے جو کسی طرح قرینِ عقل نہیں۔

بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ

تمہارے درمیان اور ان کے درمیان معاہدہ تو (قاتل) خون بہا دے دے ۱۴۲ اس کے گھر والوں کو اور آزاد کرے

رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۡ

ایک مسلمان غلام تو جو شخص غلام نہ پا سکے ۱۴۳ تو روزے رکھے دو ماہ لگاتار (اس گناہ کی)

تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا

توبہ اللہ کی طرف سے (یہی مقرر ہے) اور ہے اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا حکمت والا اور جو شخص قتل کرے کسی مومن کو

مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

جان بوجھ کر ۱۴۴ تو اس کی سزا جہنم ہے ہمیشہ رہے گا اس میں اور غضبناک ہوگا اللہ تعالیٰ اس پر اور

۱۴۲ اگر مقتول اُس قوم کا فرد ہو جس کے ساتھ تمہارا معاہدہ ہو چکا ہے خواہ وُہ مسلمان ہو یا کافر۔ اس صُورت میں قاتل مسلمان غلام آزاد کرے اور مقتول کے ورثاء کو دیت ادا کرے۔ ذمّی یعنی اسلامی حکومت کی غیر مسلم رعایا کا بھی یہی حکم ہے۔ مسلم، کافر، مجوسی وغیرہ سب کی دیت یکساں ہے یعنی سو اُونٹ وبہ قال ابوحنیفۃ رحمۃ اللہ علیہ۔

۱۴۳ اگر کوئی شخص غلام خریدنے کی اِستطاعت نہ رکھتا ہو یا غلام دستیاب ہی نہ ہو سکتے ہوں تو پھر دو ماہ لگاتار روزے رکھے۔ اگر اس نے عذر شرعی مثلاً حیض، بیماری کے سوا ناغہ کیا تو پھر از سرِ نو شروع کرنے ہوں گے۔ احناف کے نزدیک بیماری عُذر نہیں ہے۔

۱۴۴ پہلے قتلِ خطا کا ذکر تھا اب قتلِ عمد کا بیان ہے۔ قرآنِ حکیم اور ارشاداتِ نبویہ اس جُرم کے عظیم ترین ہونے پر شاہد ہیں قرآن کریم کی یہی آیت اِنسان غور سے پڑھے اور اس میں قاتل کی جو سزا بیان کی گئی ہے اس پر نگاہ ڈالے تو رونگٹے کھڑے ہو جائیں۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کا ارشاد ہے کہ قتل المومن اعظم عنداللہ من زوال الدنیا کہ دُنیا کے فنا ہونے سے بھی بے گناہ مومن کا قتل اللہ تعالیٰ کے نزدیک شدید ترین ہے۔ معتزلہ کے نزدیک قاتل عمد کی توبہ قابل قبول نہیں لیکن اہلِ سنت کی یہ رائے ہے کہ سچے دل سے توبہ کرنے والے کی توبہ قبول ہو جاتی ہے۔ اور یہ وعید ان کے لیے ہے جو توبہ نہیں کرتے۔ اور حضرت ابن عبّاس رضی اللہ عنہ سے قتلِ عمد کی جو تفسیر منقول ہے اس کے پیش نظر تو یہ اُلجھن پیدا ہی نہیں ہوتی۔ آپ نے فرمایا متعمدا مستحلا مقتلہ یعنی جو دانستہ اور مسلمان کے قتل کو حلال سمجھتے ہوئے قتل کرتا ہے اِس کی یہ سزا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

لَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِیْمًا ﴿۹۳﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ضَرَبْتُمْ

اپنی رحمت سے دُور کر دے گا اسے اور تیار کر رکھا ہے اس نے اس کے لیے عذابِ عظیم اے اہل ایمان جب تم سفر پر نکلو ۱۴۵

فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَتَبَیَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰۤى اِلَیْكُمُ السَّلٰمَ

اللہ کی راہ میں (جہاد کے لیے) تو خوب تحقیق کر لو اور نہ کہو اسے جو بھیجتا ہے تم پر سلام

لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۫ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ

کہ تم مومن نہیں ہو تم تلاش کرتے ہو سامان دُنیوی زندگی کا پس اللہ کے پاس بہت غنیمتیں ہیں

كَثِیْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَیْكُمْ فَتَبَیَّنُوْا ؕ اِنَّ

(وُہ تمھیں غنی کر دے گا) ایسے ہی (کافر) تم بھی تھے ۱۴۶ اس سے پہلے پھر احسان فرمایا اللہ نے تم پر تو خوب تحقیق کر لیا کرو یقیناً

اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ﴿۹۴﴾ لَا یَسْتَوِی الْقٰعِدُوْنَ مِنَ

اللہ تعالیٰ اس سے جو کچھ تم کرتے ہو خبردار ہے نہیں برابر ہو سکتے (گھروں میں) بیٹھنے والے

۱۴۵ واقعہ یُوں ہُوا کہ حضرت اسامہؓ کی قیادت میں حضورؐ نے ایک سریہ روانہ فرمایا۔ کفّار کو جب لشکرِ اسلام کی آمد کی خبر ملی تو وُہ بھاگ گئے لیکن مرداس نامی ایک شخص جو مسلمان ہو چکا تھا وُہ اپنے مال مویشی کے ساتھ ٹھیرا رہا۔ جب مسلمان وہاں پہنچے اور نعرۂ تکبیر بلند کیا تو اس نے بھی جواب میں اللہ اکبر کہا اور کلمۂ شہادت پڑھتا ہُوا نیچے اُتر آیا اور انھیں السلام علیکم کہا لیکن حضرت اسامہؓ نے اس کی پرواہ نہ کی اسے قتل کر دیا اور اس کا ریوڑ ہانک کر مدینہ طیّبہ لے آئے اور بارگاہِ رسالت میں سارا ماجرا بیان کیا حضوُر بہت رنجیدہ خاطر ہُوئے اس وقت یہ آیت نازل ہُوئی۔ آیتِ سابقہ میں مسلمانوں کو حالتِ امن میں مُسلمان اور غیر مسلمان کو قتل کرنے سے منع کیا اس آیت میں حالتِ جنگ میں بھی بِلا وجہ قتل و غارت سے روک دیا۔ جب تک تمھیں یقین نہ ہو جائے کہ یہ محارب کافر ہے اس وقت تک ہاتھ نہ اُٹھاؤ اور اگر کوئی عین اس وقت بھی اظہارِ اسلام کرے تو مالِ غنیمت کے حصُول کے لیے اس کی شہادت رد نہ کر دو۔ اس فنا پذیر دولت کی خاطر تم ایک مومن کی شہادت ایمان رد کر رہے ہو۔ تمھیں معلوم ہونا چاہیئے کہ رزق کی کُنجیاں اللہ کے ہاتھ میں ہیں اگر تم اس کے حکم کی تعمیل کرو گے تو وُہ دُوسرے ذریعہ سے تم پر رزق کے دروازے کھول دے گا۔

۱۴۶ یعنی ابتدا میں تمھاری بھی زبانی شہادتِ اسلام پر اِعتبار کر لیا گیا تھا اب تم دُوسروں کی زبانی شہادت کو کیوں صحیح تسلیم نہیں کرتے "فتبینوا" کا لفظ آیت میں دو بار آیا ہے جو قتل میں انتہائی اِحتیاط برتنے کی تاکید کر رہا ہے۔

الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَ الْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

مسلمان سوائے معذوروں کے ۱۴۷ اور جہاد کرنے والے اللہ کی راہ میں

بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَ

اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے ۔ بزرگی دی ہے اللہ تعالیٰ نے جہاد کرنے والوں کو اپنے مالوں اور

اَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَ

اپنی جانوں سے (گھروں میں) بیٹھ رہنے والوں پر درجہ میں اور سب سے وعدہ فرمایا ہے اللہ نے بھلائی کا لیکن

فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۙ﴿۹۵﴾ دَرَجٰتٍ

فضیلت دی ہے اللہ نے جہاد کرنے والوں کو بیٹھنے والوں پر اجرِ عظیم سے (ان کے لیے) بلند درجے ہیں

مِّنْهُ وَ مَغْفِرَةً وَّ رَحْمَةً ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۹۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اللہ (کی جناب) سے اور (نوید) بخشش اور رحمت ہے اور ہے اللہ تعالیٰ سارے گناہ بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا بے شک وہ لوگ کہ

ع ۱۳ ۵ ۱۰

تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا

قبض کیا اُن (کی رُوحوں) کو فرشتوں نے ۱۴۸ اس حال میں کہ وُہ ظلم توڑ رہے تھے اپنی جانوں پر فرشتوں نے انھیں کہا تم کس شغل میں تھے (معذرت کرتے ہوئے) انھوں نے

۱۴۷ اِس سے مُراد وُہ لوگ ہیں جو بیماری یا کسی حقیقی مجبوری کی وجہ سے جہاد میں شرکت سے قاصر ہیں۔ قال العلماء: اھل الضرر اھل الاعذار اور یہ چیز محتاجِ بیان نہیں کہ جو لوگ ہر وقت سربکف اللہ و رسول ﷺ کے نام پر قربان ہونے کے لیے تیار رہوں اللہ تعالےٰ کے قرب میں ان کا وُہ لوگ مقابلہ کیونکر کر سکتے ہیں جو اپنے گھروں میں آرام سے بیٹھے ہوں اور اپنے دُنیاوی کاروبار میں ہر وقت مشغول ہوں۔

۱۴۸ حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب ہجرت کر کے مدینہ طیبہ تشریف فرما ہوئے تو بعض مسلمان اپنے عزیز و اقارب اور مال و جائداد وغیرہ کی وجہ سے مکہ ہی میں رہ گئے۔ اور اس وقت جب کہ ہجرت فرض تھی ہجرت نہ کی۔ مرتے وقت فرشتوں سے جو اُن کا مکالمہ ہوگا اس کا ذکر ہو رہا ہے۔ اس وقت ہجرت کے فرض ہونے کے دو سبب تھے۔ ایک تو مکہ کی فضا ایسی ناسازگار تھی کہ کھُلم کھُلا شرک ہو رہا تھا فسق و فجور کا بازار گرم تھا۔ عقیدۂ اسلامی کا اظہار اور عبادات کی بجا آوری از حد مشکل تھی اِن حالات

مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً

کہا ہم تو بے بس تھے زمین میں فرشتوں نے کہا کیا نہیں تھی اللہ کی زمین کشادہ

فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۹۷﴾

تاکہ تم ہجرت کرتے اس میں یہی وہ لوگ ہیں جن کا ٹھکانا جہنم ہے اور جہنم بہت بُری پلٹ کر آنے کی جگہ ہے

اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

مگر واقعی کمزور و بے بس مرد اور عورتیں اور بچے ۱۴۹ جو نہیں کر سکتے تھے

حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۹۸﴾ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ

(ہجرت کی) کوئی تدبیر اور نہیں جانتے تھے (وہاں سے نکلنے کا) کوئی راستہ تو یہ لوگ ہیں جن کے بارے میں اُمید کی جا سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ درگزر

عَنْهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۹۹﴾ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

فرمائے گا ان سے اور اللہ تعالیٰ درگزر فرمانے والا بہت بخشنے والا ہے اور جو شخص ہجرت کرے گا اللہ کی راہ میں

يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ

پائے گا زمین میں پناہ کے لیے ۱۵۰ بہت جگہ اور کشادہ روزی اور جو شخص نکلے اپنے گھر سے

میں ایمان کے ضائع ہونے کا قوی اندیشہ تھا اس لیے ضروری تھا کہ جسے اپنا ایمان عزیز ہے وُہ وہاں سے ہجرت کر جائے۔ اس کے علاوہ مدینہ طیّبہ پر کفّار ہر وقت حملہ آور ہوتے رہتے تھے۔ وہاں کے مسلمانوں کو شدید ضرورت تھی کہ ان کے دینی بھائی ان کے ساتھ آملیں اور ایسے مشکل اور نازک وقت میں ان کی تقویّت کا باعث بنیں۔

۱۴۹ سابقہ آیت میں ان لوگوں کا ذکر ہوا جنھوں نے طاقت رکھنے کے باوجود ہجرت نہ کی اور کفّار کے ساتھ مل جُل کر زندگی بسر کرنے پر رضامند ہوگئے اب اُن لوگوں کا ذکر ہے جو حقیقتاً معذور تھے۔

۱۵۰ صاحبِ کشاف نے مراغم کا معنی یہ بیان کیا ہے۔ مراغما: مهاجرا وطريقا يراغم بسلوكه قومه اويفارقهم على رغم انوفهم۔ (کشاف) یعنی مراغم کا معنی ہجرت گاہ یا ہجرت کا راستہ ہے۔ اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ کافر جو ہجرت کرنے سے اسے بزور روک رہے تھے ان کی ناک کو خاک میں ملا کر اُس نے ہجرت کی۔ اپنا وطن، اپنے احباب وغیرہ چھوڑ کر غریب الوطنی

مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ

ہجرت کرکے اللہ کی طرف اور اس کے رسُول کی طرف پھر آلے اس کو (راہ میں) موت تو ثابت ہو گیا اس کا اجر

عَلَى اللّٰهِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۰﴾ وَ اِذَا ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ

اللہ کے ذمّہ ۱۵۱ اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے اور جب تم سفر کرو ۱۵۲ زمین میں

فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖۗ اِنْ خِفْتُمْ

تو نہیں تم پر کچھ حرج اگر تم قصر کرو نماز میں اگر ڈرو تم

اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۱۰۱﴾

اِس بات سے کہ تکلیف پہنچائیں گے تمھیں کافر بے شک کافر تو تمہارے کُھلے دُشمن ہیں

کی تکلیفوں کو قبول کرنا بڑی مشکل بات تھی۔ اللہ تعالیٰ اپنی راہ میں گھر بار چھوڑنے والوں کو خوشخبری دے رہے ہیں کہ گھبراؤ نہیں تمھیں بہترین رہنے کی جگہ اور فراخ روزی دیں گے۔

۱۵۱ے بعض صحابہ ہجرت کے ارادہ سے مدینہ طیّبہ روانہ ہوئے لیکن وہاں پہنچنے سے پہلے راستہ میں ہی موت کا پیغام آگیا۔ ان کے متعلق ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو ضرور اجر و ثواب عطا فرمائے گا۔

۱۵۲ے اس آیت کریمہ میں نماز کے قصر کرنے کا ذکر ہے۔ قصر کے یہ معنی ہیں کہ جن نمازوں میں فرضوں کی چار رکعت پڑھی جاتی ہیں ان میں بجائے چار کے دو رکعت پڑھنا۔ اس آیت میں اس کی اجازت دی جارہی ہے۔ اگرچہ آیت میں قصر کے لیے خوفِ کفّار بطور شرط مذکور ہے لیکن خوفِ کفّار کا ذکر بطور حقیقت حال کے تھا یعنی اس وقت مسلمانوں کے تمام سفر کفّار کے خوف سے گھرے ہوئے تھے۔ ورنہ حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اپنے تمام سفروں میں قصر فرمایا۔ یعلی بن امیّہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ ہم تو امن میں ہیں پھر ہم قصر کیوں کرتے ہیں۔ فرمایا اس کا مجھے بھی تعجب ہوا تھا تو میں نے سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے دریافت کیا تو حضور نے فرمایا۔ "تلك صدقة تصدق الله بها عليكم فاقبلوا صدقته" تمہارے لیے یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے صدقہ ہے تم اس کا صدقہ قبول کرو۔

مسئلہ۔ جس سفر میں قصر کیا جاتا ہے اس کی ادنیٰ مقدار اتنی ہے جتنی تین رات دن میں پیدل یا اُونٹ کی متوسط رفتار سے طے کی جا سکتی ہے۔ اس کی مقدار خشکی اور دریا اور پہاڑوں میں مختلف ہو جاتی ہے۔ اکثر فقہاء نے میدانی علاقہ کے لیے چھتیس کوس یا چوّن میل مقرر فرمائی ہے۔ دورانِ سفر اگر کسی جگہ چودہ روز تک قیام کرنا ہو تو قصر کرتا رہے اس سے زیادہ ٹھیرے تو پھر پُوری نماز ادا کرے۔

وَ اِذَا كُنْتَ فِیْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآىٕفَةٌ مِّنْهُمْ

اور (اے حبیب!) جب آپ ان میں موجود ہوں اور قائم کریں آپ ان کے لیے نماز تو چاہیئے کہ کھڑا ہو ایک گروہ ان سے ١٥٣

مَّعَكَ وَ لْیَاْخُذُوْۤا اَسْلِحَتَهُمْ ۫ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْیَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآىٕكُمْ ۪

آپ کے ساتھ اور وہ پکڑ رکھیں اپنے ہتھیار پس جب سجدہ کر چکیں تو وہ ہو جائیں تمہارے پیچھے

وَ لْتَاْتِ طَآىٕفَةٌ اُخْرٰى لَمْ یُصَلُّوْا فَلْیُصَلُّوْا مَعَكَ وَ لْیَاْخُذُوْا

اور آ جائے دوسرا گروہ جس نے (ابھی) نماز نہیں پڑھی پس (اب) وہ نماز پڑھیں آپ کے ساتھ اور لیے رہیں

حِذْرَهُمْ وَ اَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ

اپنے بچاؤ کا سامان اور اپنے ہتھیار تمنا کرتے ہیں کافر اگر تم غافل ہو جاؤ

اَسْلِحَتِكُمْ وَ اَمْتِعَتِكُمْ فَیَمِیْلُوْنَ عَلَیْكُمْ مَّیْلَةً وَّاحِدَةً ؕ وَ

اپنے اسلحہ سے اور اپنے ساز و سامان سے تو وہ لوٹ پڑیں تم پر یک بارگی اور

١٥٣ نمازِ خوف کا مختصر طریقہ یہ ہے کہ پہلی جماعت اِمام کے ساتھ ایک رکعت پوری کر کے دشمن کے مقابل جائے اور دُوسری جماعت جو دُشمن کے مقابل کھڑی تھی وہ آکر امام کے ساتھ دُوسری رکعت پڑھے پھر فقط اِمام سلام پھیرے اور پہلی جماعت آکر دُوسری رکعت بغیر قرأت کے پڑھے اور سلام پھیر دے اور دُشمن کے مقابل چلی جائے۔ پھر دُوسری جماعت اپنی جگہ آکر ایک رکعت جو باقی رہی تھی اس کو قرأت کے ساتھ پُورا کر کے سلام پھیرے کیونکہ یہ لوگ مسبوق ہیں اور پہلی لاحق۔ حضرت ابنِ مسعُود رضی اللہ عنہ سے سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کا اِس طرح نمازِ خوف ادا فرمانا مروی ہے۔ حضور کے بعد بھی صحابہ نمازِ خوف پڑھتے رہے ہیں حالتِ خوف میں دُشمن کے مقابل اِس اہتمام سے نماز ادا کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جماعت کِس قدر ضروری ہے (خزائن العرفان؛ حضرت صدر الافاضل مراد آبادی قدس سرّہ) یہ اہتمام اس وقت ضروری ہے جب ساری فوج ایک ہی اِمام کی اقتدا میں نماز ادا کرنا چاہتی ہو جیسے عہدِ رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلّم میں۔ اور جہاں ایسا نہ ہو اور لوگ الگ الگ اِماموں کے پیچھے نماز ادا کرنے پر معترض نہ ہوں تو پھر ایک جماعت اپنے اِمام کے پیچھے پُوری نماز ادا کر لے اور دُوسری جماعت دُشمن کے مقابل ڈٹی رہے جب پہلی جماعت فارغ ہو کر مورچے سنبھال لے تو پھر دُوسری جماعت آکر اپنے اِمام کی اقتدا میں نماز ادا کرے نیز یہ حکم اُس وقت کا ہے جب صفیں تو آراستہ ہوں اور لڑائی شروع نہ ہوئی ہو۔ اگر معرکہ جنگ جاری ہے اور مسلمان دُشمنوں سے گتھم گتھا ہو

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى

نہیں کوئی حرج تم پر اگر ہو تمھیں تکلیف بارش کی وجہ سے یا ہو تم بیمار

اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ

تو اُتار دو اپنے ہتھیار مگر (دشمن کی نقل و حرکت سے) ہوشیار رہو بے شک اللہ نے تیار کر رکھا ہے کافروں کے لیے

عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۰۲﴾ فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا

عذاب رُسوا کرنے والا جب تم ادا کر چکو نماز ۱۵۴؎ تو ذکر کرو اللہ تعالیٰ کا کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے

وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ

اور اپنے پہلوؤں پر (لیٹے ہوئے) پھر جب ۱۵۵؎ مطمئن ہو جاؤ (دشمن کی طرف سے) تو ادا کرو نماز (حسب دستور) بے شک نماز

كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿۱۰۳﴾ وَلَا تَهِنُوْا فِى ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ

۱۵۶؎ مسلمانوں پر فرض کی گئی ہے اپنے اپنے مقرر وقت پر اور نہ کمزوری دکھاؤ (دشمن) قوم کی تلاش میں ۱۵۷؎

چکے ہیں تو اُس وقت جماعت کا اہتمام ضروری نہیں۔ جیسے بن آئے خواہ فقط اشاروں سے ہی نماز ادا کرلیں اور اگر اتنی بھی فرصت نہ ہو تو بے شک اس وقت نماز کو ملتوی کر دیں اور جب فراغت ہو تو ادا کریں جیسے غزوۂ خندق کے روز حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے چار نمازیں بعد میں ادا فرمائی تھیں۔

۱۵۴؎ نمازِ خوف کا طریقہ تعلیم کرنے کے ساتھ یہ بتایا جا رہا ہے کہ اگرچہ خوف کی حالت میں تم نماز کو اس کی اصلی ہیئت کے مطابق سکون و طمانیت سے ادا نہیں کر سکتے تو اپنی زبان و دل کو تم جس حالت میں بھی ہو ذکرِ الٰہی میں مصروف رکھو۔ تاکہ اس کی یاد میں غفلت نہ آنے پائے۔ اور جنگ کی حالت میں کثرت سے ذکرِ الٰہی کرنے کی تاکید تو دوسری متعدد آیتوں میں آتی ہے مثلاً اذا لقيتم فئة فاثبتوا واذكروا الله كثيرا۔ جب دشمن سے مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کا ذکر کثرت سے کرو۔

۱۵۵؎ اور جب خوف دور ہو جائے تو پھر نماز کو اس کی اصلی ہیئت کے مطابق ادا کرو۔

۱۵۶؎ نماز کے متعلق یہاں دو خصوصیتوں کا ذکر فرمایا کتابا اور موقوتا۔ کتاب کا مطلب تو یہ ہے کہ نماز کی ادائیگی تم پر فرض ہے تمھاری مرضی پر اس کا انحصار نہیں کہ موج میں آئے تو ادا کرلی اور موج میں نہ ہوئے تو چھوڑ دی۔ بلکہ مالک الملک شہنشاہِ دوجہاں کا تاکیدی حکم ہے اور اس کی ادائیگی تم پر فرض ہے موقوتا کا معنی ہے کہ اس کی ادائیگی کے لیے اوقات

إِن تَكُونُوا تَأْلَمُونَ فَإِنَّهُمْ يَأْلَمُونَ كَمَا تَأْلَمُونَ ۚ وَتَرْجُونَ مِنَ

اگر تمھیں دُکھ پہنچتا ہے تو انھیں بھی دُکھ پہنچتا ہے جیسے تھیں دُکھ پہنچتا ہے اور تم تو اُمید رکھتے ہو

اللَّهِ مَا لَا يَرْجُونَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١٠٤﴾ إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ

اللہ تعالیٰ سے اس (ثواب) کی جس کی وُہ اُمید نہیں رکھتے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا بڑا دانا ہے بے شک ہم نے نازل کی ہے آپ کی طرف

الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرَاكَ اللَّهُ ۚ وَلَا تَكُن

یہ کتاب ۱۵۸ حق کے ساتھ تاکہ فیصلہ کریں آپ لوگوں میں اس کے مطابق جو دکھا دیا آپ کو اللہ تعالیٰ نے اور نہ بنیئے ۱۵۹

مقرر ہیں۔ والمعنی عند اھل اللغة مفروض لوقتہ بعینہ یقال وَقّتہ فھو موقوت ووقّتہ فھو موقّت (قرطبی)
اس لیے ہر نماز کو اپنے وقت پر ادا کرنا فرض ہے یہ نہیں کہ جب جی چاہا اُٹھ کھڑے ہُوئے اور دو تین ایک ساتھ پڑھ ڈالیں۔ ایک فرقہ ایسا بھی ہے جو ظہر اور عصر کی نماز اور مغرب اور عشاء کی نماز ہمیشہ مِلا کر پڑھتا ہے پہلی دو نمازوں کا نام ظہرین اور دُوسری دو نمازوں کا نام مغربین رکھ دیا ہے۔ اُنھیں چاہیئے کہ خُدا سے ڈریں۔ اس آیت میں غور کریں اور ہر نماز کو اللہ تعالےٰ کے رسُول ؐ کے مقرر کردہ اوقات میں ادا کیا کریں۔ اتنے اہم فریضہ کی ادائیگی میں اپنی مرضی اور منشاء سے کام لینا ان کے لیے روزِ قیامت پشیمانی کا باعث ہو گا۔

۱۵۷ دُشمن کے تعاقب میں سُستی نہ کرو۔ مانا کہ تھیں اس سے بڑی تکلیف ہوتی ہے لیکن تمھارے دُشمن جو کفر و شرک کو سربلند کرنے کے لیے لڑ رہے ہیں انھیں بھی تو اسی طرح تکلیف و اذیت پہنچتی ہے۔ اگر وُہ باطل کے لیے تمام سختیاں خوشی سے برداشت کر رہے ہیں تو تم حق کو فتحیاب کرنے کے لیے ان سے پیچھے کیوں رہتے ہو۔ تمھیں تو یہ اُمید ہے کہ اس جدّ وجہد سے اللہ تعالیٰ تم پر راضی ہو گا اور ان کے پیشِ نظر کوئی ایسا اعلیٰ اور پاکیزہ مقصد بھی نہیں۔ تو پھر تمھارا سُست و کاہل ہونا بہت تعجب خیز اور حیرت افزا ہے۔

۱۵۸ یہ چند آیات ایک واقعہ کے متعلق نازل ہوئیں جو عہدِ رسالت میں وقوع پذیر ہوا تھا۔ انصار کے بنی ظفر قبیلہ کے ایک شخص مسمّٰی طعمہ بن اُبیرق نے اپنے ہمسایہ قتادہؓ بن نعمان کے مکان میں نقب لگا کر کچھ زرہیں اور آٹا کی بوری چرالی اور ایک یہودی زید بن سمین کے ہاں جا کر رکھ آیا۔ صبح ہوئی اور حضرت قتادہ کو جب چوری کا پتہ چلا تو انھوں نے اپنے پڑوسی طعمہ سے دریافت کیا اس نے صاف انکار کر دیا اور قسم اُٹھائی کہ مجھے اس کے متعلق علم تک نہیں۔ اتفاق یہ ہوا کہ آٹے کی بوری میں سُوراخ تھا جس سے آٹا گرتا گیا۔ اُنھوں نے اس گرے ہُوئے آٹے کے نشانات کا پیچھا کیا۔ چنانچہ وُہ یہودی کے مکان تک پہنچ گئے۔ تلاش کرنے پر مال مسرُوقہ برآمد ہو گیا۔ اُس یہودی نے کہا کہ میں چور نہیں بلکہ میرے پاس طعمہ یہ چیزیں رکھ گیا ہے

لِّلۡخَآئِنِيۡنَ خَصِيۡمًا ﴿١٠٥﴾ وَّاسۡتَغۡفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوۡرًا

بد دیانت لوگوں کی طرف سے جھگڑنے والے ۱۶۰؎ اور مغفرت طلب کیجئے اللہ سے ۱۶۱؎ بے شک اللہ تعالیٰ غفور

کئی یہودیوں نے اس کی تصدیق کی طعمہ کے قبیلہ والوں نے کہا چلو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی خدمت میں چلیں۔ چنانچہ سب حاضر ہوئے۔ بنوظفر کو اب علم ہو چکا تھا کہ چور یہودی نہیں بلکہ طعمہ ہے لیکن اپنی بدنامی کے خوف سے وہ طعمہ کو ہر طریقہ سے بری ثابت کرنا چاہتے تھے اس لیے اس کی حمایت میں بڑی سرگرمی دکھانے لگے۔ حتیٰ کہ حضور کی جناب میں بھی عرض کرنے لگے کہ اگر فیصلہ طعمہ کے خلاف ہوا تو بے چارا ہلاک ہو جائے گا اور ذلت و رسوائی کی کوئی حد نہ رہے گی۔ اور یہودی جو اللہ اور اس کے رسول کا دشمن ہے وہ صاف بری ہو جائے گا حضور کو بھی خیال گزرا کہ بنوظفر جو مسلمان ہیں سچے ہوں گے۔ چنانچہ کوئی فیصلہ صادر ہونے سے پہلے وحی الٰہی پہنچ گئی جس سے حقیقت حال آشکارا ہوگئی۔ ارشاد ربانی ہوا ہم نے یہ کتاب حق کے ساتھ اُتاری ہے تاکہ آپ اس علم یقینی کے مطابق فیصلہ صادر فرمایا کریں جو آپ کو اپنے رب کی طرف سے عطا فرمایا گیا ہے چنانچہ الشیخ رشید رضا لکھتے ہیں وتسمیۃ اعلامہ تعالیٰ لنبیہ بالاحکام ارأۃ یشعر بان علمہ علیہ السلام بھا یقینی کالعلم بما یراہ بعینہ فی الجلاء والوضوح (المنار) یعنی احکام کے متعلق جو علم اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو عطا فرمایا اس کی تعبیر الاراءۃ (دکھا دینا) سے کی ہے تاکہ یہ پتہ چل جائے کہ اس علم میں ظن و گمان کا احتمال نہیں رہا بلکہ ایسا یقینی اور قطعی ہے جیسے کسی چیز کا آنکھوں سے مشاہدہ کر لیا جاتا ہے۔ اب آپ خود انصاف فرماویں کہ جس ذاتِ قدسی صفات کے سامنے آنے والے ہر حجاب کو اُٹھانے والا اللہ تعالیٰ ہو اُس کے علم وسیع پر ہم ایسوں کو زیب دیتا ہے کہ اعتراض کرتے پھریں۔

۱۵۹؎ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو منع فرمایا جا رہا ہے کہ آپ خائنوں کی طرفداری نہ کیا کریں۔ کیونکہ آپ کی ذات سے عدل و انصاف کی ساری عظمتیں وابستہ ہیں۔ انصاف کرتے وقت یہ دیکھنا کہ مسلمان کون ہے اور یہودی کون ہے آپ کی شان سے بہت فروتر ہے لیکن اس نہی سے کسی کو یہ غلط فہمی نہ ہو کہ معاذ اللہ حضور نے خائنوں کی طرفداری کی تھی اس لیے آپ کو منع کیا گیا بلکہ مطلب یہ ہے کہ جیسے پہلے آپ نے طرفداری نہیں کی ویسے آئندہ بھی طرفداری نہ کریں چنانچہ مولانا تھانوی اس آیت کے ضمن میں لکھتے ہیں "پس آپ کی حالت اور نہی کے مجموعہ سے حاصل یہ ہوگا کہ جیسے اب تک طرفداری نہیں کی آئندہ بھی نہ کیجئے۔ اور یہ انتظامات بھی مکمل عصمت نبویہ کے ہیں۔" (بیان القرآن)

۱۶۰؎ اگرچہ خائن اور چور ایک تھا لیکن کیونکہ اس کا قبیلہ بنوظفر اس کی حمایت میں کھڑا ہو گیا تھا اس لیے سارے قبیلہ کو خائن کہا گیا معلوم ہوا کہ خائن کی اعانت سے بھی آدمی کا شمار خائنوں میں ہو جاتا ہے۔ طعمہ کا انجام یہ ہوا کہ وہ وہاں سے بھاگ کر مکہ آگیا۔ ایک رات وہاں بھی نقب لگا رہا تھا کہ دیوار گر پڑی اور وہ اس کے نیچے دب کر ہلاک ہو گیا۔

۱۶۱؎ کس کے لیے استغفار کرنے کا حکم ہو رہا ہے؟ امام رازی نے یہاں تین وجوہات بیان فرمائی ہیں:۔
(۱) طعمہ کے مسلمان ہونے کی وجہ سے اس کی نصرت کا جو (ہلکا سا) خیال خاطر مبارک میں گزرا تھا اس سے طلب مغفرت کا

رَحِيمًا ﴿١٠٦﴾ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِينَ يَخْتَانُونَ أَنْفُسَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ

رحیم ہے اور مت جھگڑیں آپ اُن کی طرف سے جو خیانت کرتے ہیں اپنے آپ سے ۱۶۲ بے شک اللہ تعالیٰ

لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا أَثِيمًا ﴿١٠٧﴾ يَسْتَخْفُونَ مِنَ النَّاسِ وَ

نہیں دوست رکھتا اسے جو بڑا بد دیانت (اور) بدکار ہے وُہ چھپا سکتے ہیں (اپنے ارادے) لوگوں سے ۱۶۳ لیکن

لَا يَسْتَخْفُونَ مِنَ اللَّهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُونَ مَا لَا يَرْضَىٰ

نہیں چھپا سکتے اللہ تعالیٰ سے اور وُہ تو (اس وقت بھی) ان کے ۱۶۴ ساتھ ہوتا ہے جب راتوں کو مشورہ کرتے ہیں ایسی باتوں کا

حکم مل رہا ہے۔ (۲) طعمہ کی قوم بنی ظفر کی شہادت کے باعث یہودی کو مجرم ٹھیرانے کا جو واہمہ سا ہوا تھا اس کے متعلق استغفار کا حکم ہوا۔ امام فرماتے ہیں کہ اگر یہ وجوہات ہوں تو آپ کا یہ خیال حسنات الابرار سیئات المقربین کی قسم سے ہے کہ آپ کا مقام اتنا ارفع اور اتنا بلند ہے کہ ایسا واہمہ بھی اس کو زیبا نہیں اور تیسری وجہ امام رازیؒ نے یہ ذکر کی ہے وَ استغفر لاولئك الذين يذبون عن طعمة ويريدون ان يظهروا براءته کہ آپ ان لوگوں کے لیے مغفرت طلب کیجیے جن سے طعمہ کی اعانت سرزد ہوئی ہے آخر وُہ بھی مسلمان ہیں اور آپ کے غلام!

۱۶۲ صاحب کشاف لکھتے ہیں جعلت معصية العصاة خيانة منهم لانفسهم لان الضرر راجع اليهم یعنی کیونکہ ان کی خیانت کا وبال انھیں پر لوٹ کر پڑنے والا ہے۔ اس لیے گویا وُہ کسی دُوسرے کے ساتھ خیانت نہیں کر رہے بلکہ اپنے آپ سے خیانت کر رہے ہیں۔ مولینا مودُودی نے یہاں ایک نہایت لطیف نکتہ بیان فرمایا ہے۔ لکھتے ہیں جو شخص دُوسرے کے ساتھ خیانت کرتا ہے وُہ دراصل سب سے پہلے خود اپنے نفس کے ساتھ خیانت کرتا ہے۔ کیونکہ دل اور دماغ کی جو قوتیں اس کے پاس بطور امانت ہیں ان پر بے جا تصرّف کر کے وُہ انھیں مجبور کرتا ہے کہ خیانت میں اس کا ساتھ دیں اور اپنے ضمیر کو جسے اللہ تعالیٰ نے اس کے اخلاق کا محافظ بنایا تھا اس حد تک دبا دیتا ہے کہ وُہ اس خیانت کاری میں سدّ راہ بننے کے قابل نہیں رہتا۔ جب انسان اپنے اندر اس ظالمانہ دست بُرد کو پایۂ تکمیل تک پہنچا لیتا ہے تب کہیں باہر اس سے خیانت و معصیت کے افعال صادر ہوتے ہیں۔ (تفہیم القرآن)

۱۶۳ اس میں بنو ظفر کو سرزنش کی جا رہی ہے۔

۱۶۴ اللہ تعالیٰ کا بندے کے ساتھ ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ اس کی ذات وہاں موجود ہوتی ہے۔ کیونکہ کسی مکان میں پایا جانا جسم کی صفت ہے اور ذاتِ الٰہی اس سے منزّہ اور پاک ہے۔ اہل سُنت کے نزدیک معیّت کا معنی ہے ای بالعلم والرؤية والسمع یعنی اپنے علم سے وُہ اپنے بندے کے ساتھ ہے اُس کو اور اُس کی ہر حرکت کو دیکھتا ہے

مِنَ الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿١٠٨﴾ هٰٓاَنْتُمْ

جو پسند نہیں اللہ کو اور اللہ تعالیٰ جو کچھ وُہ کرتے ہیں اسے گھیرے ہُوئے ہے سُنتے ہو!

هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ

تم وُہ لوگ ہو کہ جھگڑتے ہو ان کی طرف سے دُنیا کی زندگی میں ۱۶۵ پس کون جھگڑے گا اللہ تعالیٰ کے ساتھ

عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿١٠٩﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ

ان کی طرف سے قیامت کے دن یا کون ہوگا (اس روز) ان کا وکیل اور جو شخص کر بیٹھے

اوراس کی ہر بات کو سُنتا ہے۔ صاحبِ کشاف لکھتے ہیں،" یہ آیت ان لوگوں کو اپنا ماتم کرنے کے لیے کافی ہے جو یہ ایمان رکھتے ہُوئے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے حضوُر میں حاضر ہیں اس کے درمیان اور ہمارے درمیان کوئی حجاب بھی نہیں اور وُہ ہمارے کسی عمل سے غافل بھی نہیں اور پھر وُہ اس سے نہیں شرماتے۔ اور نہ اس سے ڈرتے ہیں" اگر ہم کسی آدمی کی موجودگی میں کوئی بُری حرکت کرنے کی جرأت نہیں کرتے تو کیا یہ وقاحت و بے حیائی کی حد نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے ہم بے جھجک گناہ پر گناہ اور قصور پر قصوُر کرتے چلے جائیں۔

۱۶۵ قرابت یا دوستانہ تعلقات کی بنا پر لوگ مجرم کی اعانت کرنے سے باز نہیں آتے بلکہ بسا اوقات وُہ اسے اپنی ذاتی یا قبیلہ کی عزّت کا مسئلہ بنا لیتے ہیں۔ ہر ممکن حیلہ سے اسے بے گناہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جس طرح بنوظفر کا طرزِ عمل آپ سُن چکے ہیں۔ ایسے لوگوں کو تنبیہ کی جارہی ہے کہ اس دُنیا میں تو تم جھوُٹی قسمیں کھا کر اور جھوٹی گواہیاں دے کر ان کو بے گناہ ثابت کرلو گے ذرا یہ تو بتاؤ کہ قیامت کے روز ان کی صفائی کس منہ سے پیش کروگے۔ اس مجرم دوست اور گنہ گار رشتہ دار کو خداوند ذوالجلال کی گرفت سے کیونکر بچاؤ گے۔ کس میں یہ دم خم ہے کہ اس کا وکیل بن کر بارگاہِ الٰہی میں پیش ہو اور اس کو رہا کرا سکے۔

اِن آیات میں اُمّتِ مُسلمہ کی تربیت کی جارہی ہے اور ان کو یہ سبق ذہن نشین کرایا جارہا ہے کہ وُہ گناہ اور گنہگار کے خلاف متحدہ محاذ قائم کریں تاکہ اسلامی معاشرہ گناہوں کی آلائش وعفونت اور گنہگاروں کی فساد انگیزیوں سے پاک ہوجائے۔ جرم کسی سے سرزد ہو اس کو اس کی سزا بھگتنے دی جائے سچی بات تو یہ ہے کہ اگر لوگ مجرموں کی پشت پناہی کرنا ترک کردیں اور قانون کی تنفیذ میں آڑے نہ بنیں تو جرائم کا اِستیصال کرنے میں زیادہ دقت کا سامنا نہیں کرنا پڑتا مُسلمان جو یوم الحساب پر یقین رکھتے ہیں ان کے لیے تو کسی حالت میں جائز نہیں کہ وُہ گناہوں کے خلاف جہاد کرنے کے بجائے گنہگار کی اعانت کرنے لگیں اور اس طرح بُرائیوں کے فروغ کا باعث بنیں۔

سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾

بُرا کام یا ظلم کرے اپنے آپ پر پھر مغفرت مانگے اللہ تعالیٰ سے تو پائے گا اللہ تعالیٰ کو بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ۱۶۶

وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا

اور جو کمائے گناہ کو تو وہ کماتا ہے اُسے اپنے لیے ۱۶۷ اور اللہ تعالیٰ علیم (و)

حَكِيْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓـًٔا فَقَدِ

حکیم ہے اور جو شخص کمائے کوئی خطا ۱۶۸ یا گناہ پھر تہمت لگائے اس سے کسی بے گناہ کو تو اس نے

احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۲﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ

اُٹھا لیا (بوجھ) بہتان کا اور کھلے گناہ کا اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل آپ پر ۱۶۹ اور اس کی رحمت

۱۶۶ گناہ کا سرزد ہو جانا بعید از امکان نہیں۔ بسا اوقات انسان جذبات سے مغلوب ہو کر یا نادانی اور ناسمجھی سے غلطی کر بیٹھتا ہے۔ اب اس کے لیے یہ ہرگز روا نہیں کہ وہ اپنے گناہ پر پردہ ڈالنے کی کوشش شروع کر دے۔ اس کے لیے مناسب یہ ہے کہ اپنے غفور و رحیم خدا کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اپنے قصور کا اعتراف کرے۔ اس پر صدق دل سے ندامت و شرمندگی کا اظہار کرے اور پختہ وعدہ کرے کہ آئندہ وہ ایسی ناشائستہ حرکت ہرگز نہیں کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو اپنے دامنِ رحمت میں پناہ دے گا اور اس کے گناہوں کو بخش دے گا۔

۱۶۷ بدکار مجرم درحقیقت اپنا ستیاناس کر رہا ہے دوسروں کو تو اذیت یا نقصان بعد میں پہنچے گا اس کی تباہی و بربادی کا سامان پہلے ہو جائے گا۔ جس شخص کو اپنا مفاد عزیز ہو اور جو اپنی سلامتی کا خواہاں ہو اسے تو گناہوں کے قریب بھی نہیں پھٹکنا چاہیے۔

۱۶۸ گناہ سرزد ہونے کے بعد چاہیے تو یہ کہ انسان اس پر نادم و شرمسار ہو کر اللہ تعالیٰ کی جناب میں مغفرت کا طالب ہو لیکن جو شخص گناہ کا ارتکاب کرتا ہے اور پھر اس پر نادم ہونے کے بجائے اپنی برأت ثابت کرنے کے لیے اس گناہ کا الزام کسی بے گناہ پر تھوپتا ہے تو اس سے بڑھ کر کمینہ اور دوں فطرت کون ہو سکتا ہے۔ ایسے شخص نے اپنے آپ کو دوہرے گناہ کا مجرم بنا دیا ہے ایک گناہ دوسرا بہتان۔ اسے سزا بھی اب دوہری ملے گی۔

۱۶۹ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب پر اپنے فضل و کرم اور عنایاتِ پیہم کا ذکر فرماتے ہیں کہ اے میرے محبوب بندے! اس خاص واقعہ میں اگر ہمیشہ کی طرح اللہ کا فضل و احسان تیرے شاملِ حال نہ ہوتا تو انھوں نے تو ایک غلط فیصلہ آپ سے کرانے کا ارادہ

لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ

تو تہیّہ کر لیا تھا ایک گروہ نے اُن سے کہ غلطی میں ڈال دیں آپ کو اور نہیں غلطی میں ڈال رہے مگر اپنے آپ کو

وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَیْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

اور نہیں ضرر پہنچا سکتے آپ کو کچھ بھی اور اتاری ہے اللہ تعالیٰ نے آپ پر کتاب اور حکمت ۱۷۱

کرہی لیا تھا لیکن جب فضلِ خداوندی تجھ پر سایہ فگن اور عصمتِ ربّانی تیری دستگیر ہے تو وہ تجھے کیسے غلط راہ پر ڈال سکتے ہیں ہاں اُنھوں نے ایسا خیال کرکے اپنا ہی کچھ بگاڑا ہے۔

۱۷۱ عنایاتِ ربّانی میں سے خاص خاص عنایات کا ذکر فرما دیا کہ آپ کو کتاب و حکمت دی اور آپ کو جُملہ اُن امُور کا علم عطا فرمایا جن کا پہلے آپ کو علم نہ تھا۔ آیت کے اِس حصّہ کی جو تفسیر امام المفسرین ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ نے کی ہے اسی کے لکھنے پر اکتفا کرتا ہوں۔ فرماتے ہیں: ومن فضل الله عليك يا محمّد مع سائر ما تفضل به عليك من نعمه انه انزل عليك الكتاب وهو القرآن الذی فيه بيان كل شيئٍ وهدى وموعظة والحكمة يعنی وانزل عليك مع الكتاب الحكمة وهی ماكان فی الكتاب مجملا ذكره من حلاله وحرامه وامره ونهيه واحكامه ووعده ووعيده وعلمك مالم تكن تعلم من خبر الاولين والآخرين وما كان وما هو كائن (تفسیر ابن جریر ص۱۷۵/۱) یعنی اَے مصطفےٰ اللہ تعالےٰ نے اپنے بے پایاں احسانات سے آپ پر یہ بھی خاص احسان فرمایا کہ آپ کو قرآن جیسی کتاب سے نوازا جس میں ہر چیز کا بیان ہے نیز اس میں ہدایت کا نور بھی ہے اور پند و نصیحت بھی ایسی جامع کتاب کے ساتھ حکمت یعنی قرآن کے حلال و حرام، اوامر و نواہی وغیرہ کے اجمال کی تفصیل بھی نازل کی۔ نیز آپ کو ان امُور کا علم عطا فرمایا جن کا پہلے آپ کو علم نہ تھا یعنی گزرے ہوئے اور آنے والے لوگوں کی خبروں کا علم جو کچھ ہو چکا (ما کان) اور جو کچھ ہونے والا (وما هو كائن) ہے اس کا علم بھی عنایت فرمایا۔ امام ابن جریر کے یہ الفاظ کہ اللہ نے اپنے نبی کریم کو علم ما کان وما هو كائن عطا فرمایا تھا۔ بعینہٖ یہی الفاظ امام مسلمؒ نے اپنی صحیح میں حضرت ابو زید عمرو بن اخطب سے روایت کیے ہیں۔ پُوری حدیث بمعہ ترجمہ ہدیۂ ناظرین ہے:۔

حدثنی ابوزيد قال صلی بنا رسول الله صلی الله عليه وسلم الفجر وصعد المنبر فخطبنا حتى حضرت الظهر فنزل فصلی ثم صعد المنبر فخطبنا حتى حضرت العصر ثم نزل فصلى ثم صعد المنبر فخطبنا حتى غربت الشمس فَاَخْبَرَنَا بِمَا كَانَ وَبِمَا هُوَ كَائِنٌ فَاَعْلَمُنَا اَحْفَظُنَا۔

ترجمہ۔ ابُو زید (عمرو بن اخطب) فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریمؐ نے صبح کی نماز پڑھائی پھر منبر پر تشریف فرما ہوئے اور ہمیں خطبہ ارشاد فرماتے رہے یہاں تک کہ نماز ظہر کا وقت ہوگیا۔ حضورؐ منبر سے اُترے، نماز پڑھائی پھر منبر پر تشریف فرما

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۭ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾

اور سکھا دیا آپ کو جو کچھ بھی آپ نہیں جانتے تھے اور اللہ تعالیٰ کا آپ پر فضل عظیم ہے ۱۷۱ے

لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ

نہیں کوئی بھلائی ان کی اکثر سرگوشیوں میں ۱۷۲ے بجز ان لوگوں کے جو حکم دیں صدقہ دینے کا یا نیک کام کا

ہو کر خطبہ شروع کیا یہاں تک کہ عصر کی نماز کا وقت ہو گیا حضورؐ نیچے تشریف لائے اور عصر کی نماز پڑھائی پھر منبر پر جلوہ افروز ہو کر اپنا خطبہ جاری فرمایا اور یہ خطبہ غروب آفتاب تک جاری رہا۔ اس طویل خطبہ میں (جو صبح سے شام تک جاری رہا) حضورؐ نے ہمیں (ماکان) جو کچھ پہلے گزر چکا تھا کی بھی خبر دی اور (ماھو کائن) جو کچھ ہونے والا تھا اُس کی بھی خبر دی ہم میں سے بڑا عالم وُہ ہے جسے یہ خطبہ زیادہ یاد ہے۔ (مُسلم صفحہ ۲۹۰۔ جلد ۲ مطبوعہ اصح المطابع کراچی)

اِس کے علاوہ بے شمار صحیح احادیث ہیں جن سے حضور پُرنُور کے علم وسیع کا پتہ چلتا ہے۔ امام بوصیریؒ نے شاعرانہ مبالغہ سے کام نہیں لیا تھا بلکہ حقیقت کا اظہار فرمایا تھا جب اُنھوں نے اپنے مشہور قصیدہ میں بارگاہِ رسالت میں عرض کی تھی

وان من جودك الدنيا وضرتها ومن علومك علم اللوح والقلم

(اے نبی رحمتؐ! دُنیا اور آخرت آپ ہی کی سخاوت سے ہے۔ اور لوح و قلم کا علم آپ کے علم کے بحرِ بیکراں کا ایک حصّہ ہے)

اللہ تعالیٰ کا علم، ماکان وما یکون کے علم میں منحصر نہیں تاکہ مساوات کا شبہ ہو۔ بلکہ اس علم کو تو علمِ الٰہی سے اتنی نسبت بھی نہیں جو قطرے کو سمندر سے ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی مکرم حبیبِ معظّم علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو جن بے پایاں علوم سے نوازا اور اسرار و معارف کے جن خزانوں سے آپ کے سینہ کو لبریز فرمایا ان کا ذِکر قرآن کریم میں متعدد مقامات پر آپ کو ملے گا۔ جن کے پڑھنے اور سمجھنے سے آپ کے دِل کو اطمینان نصیب ہو گا۔ خصوصاً سورہ النمل کی آیت ۶۵ ضیاء القرآن جلد سوم اور سورہ الم نشرح کی پہلی آیت ضیاء القرآن جلد پنجم کا مطالعہ فرمائیے۔

۱۷۱ے کتنا پیارا جملہ ہے۔ جس ذاتِ اقدس و اطہر پر اللہ کا فضل ہو اور فضل بھی تھوڑا سا نہیں، محدود سا نہیں بلکہ فضلِ عظیم ہو تو اُس کے علوم و معارف کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔

۱۷۲ے علامہ قرطبی لفظ نجویٰ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ لفظ نجوت الشیئ انجوہ سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے کسی چیز کو خالص اور مُنفرد کر لینا۔ اسی مُناسبت سے دو آدمی جو دُوسرے لوگوں سے الگ تھلگ ہو کر باتیں کرتے ہیں اس کو نجویٰ کہتے ہیں۔ یہ مصدر ہے اور سرگوشی کرنے والی جماعت پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے (واذ هم نجوى)

أَوْ إِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ

یا صلح کرانے کا لوگوں میں اور جو شخص کرے یہ کام ۱۷۳ اللہ تعالیٰ کی رضامندیاں

اللَّهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿١١٤﴾ وَمَن يُشَاقِقِ الرَّسُولَ مِن

حاصل کرنے کے لیے تو ہم عطا فرمائیں گے اسے اجرِ عظیم اور جو شخص مخالفت کرے ۱۷۴ (اللہ کے) رسول ﷺ کی اس کے

بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدَىٰ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ

بعد کہ روشن ہو گئی اس کے لیے ہدایت کی راہ اور چلے اس راہ پر جو الگ ہے مسلمانوں کی راہ سے تو ہم پھرنے دیں گے

مَا تَوَلَّىٰ وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا ﴿١١٥﴾ إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ

اسے جدھر وہ خود پھرا ہے ۱۷۵ اور ڈال دیں گے اسے جہنم میں اور یہ بہت بُری پلٹنے کی جگہ ہے بے شک اللہ تعالیٰ نہیں بخشتا اس (جرمِ عظیم) کو

اس آیت میں ارشاد ہو رہا ہے کہ ان کے جو اکثر خفیہ اجلاس ہوتے رہتے ہیں اور ان میں بڑی رازدارانہ باتیں ہوتی ہیں یہ سب تضیعِ اوقات ہے۔ باہمی گفتگو تو وہ اچھی ہے جس میں ان معاملات پر غور کیا جائے کہ کسی ضرورت مند کی کیسے حاجت روائی کی جائے، اصلاحی منصوبوں اور نیکی کے کاموں کو کیسے عملی جامہ پہنایا جائے۔ لوگوں میں فتنہ و فساد کی جو آگ بھڑک رہی ہے اُسے کیسے فرو کیا جائے معروف کا لفظ ہر نیکی کو شامل ہے۔ دو ناراض آدمیوں میں صلح کرانا اگرچہ معروف کے ضمن میں بھی آ گیا تھا لیکن اس کی اہمیت کے پیشِ نظر اس کو مستقلاً علیحدہ ذکر فرمایا۔

۱۷۳ یعنی اِس ساری تگ و دَو کے پیشِ نظر دُنیاوی عزّ و جاہ اور چودھراہٹ کا حصول نہ ہو بلکہ محض اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنا ہو۔ تو اسے اجرِ عظیم کی بشارت ہے۔

۱۷۴ المشاقّة: المعاداة (قرطبی) مشاقت کا معنی عداوت و مخالفت ہے۔ یہ دو آیتیں بھی سابقہ چور طعمہ بن اُبیرق کے متعلق ہی نازل ہوئیں لیکن ان کا مفہوم عام ہے۔ طعمہ کا انجام آپ پہلے پڑھ چکے ہیں۔

۱۷۵ علّامہ بیضاوی اِس جُملہ کا معنی لکھتے ہیں۔ نجعله واليا لما تولى من الضلال ونخلى بينه وبين ما اختاره۔ جس کُفر و گمراہی کی طرف وُہ دانستہ پھر گیا ہے ہم اِس میں حائل نہ ہوں گے اور اسے ادھر ہی پھرنے دیں گے۔ یہی معنی زیادہ موزوں معلوم ہوتا ہے۔ اس بدنصیب کا کیا حال ہو گا رحمت و توفیقِ الٰہی نے جس کی دستگیری چھوڑ دی ہو۔ اِس آیت سے یہ ثابت ہوا کہ رسُولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی مخالفت اور اجماعِ اُمّت کی مخالفت سے انسان توفیقِ الٰہی سے محرُوم ہو جاتا ہے اور شیطان کے ہاتھ میں محض ایک کھلونا بن کر رہ جاتا ہے اور وُہ جیسے چاہتا ہے اُسے تگنی کا ناچ نچاتا ہے۔

اَنۡ یُّشۡرَكَ بِهٖ وَیَغۡفِرُ مَا دُوۡنَ ذٰلِكَ لِمَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَمَنۡ یُّشۡرِكۡ

کہ اسے شریک ٹھیرایا جائے اس کے ساتھ اور بخش دیتا ہے اس کے ماسوا جتنے جرم ہوں جس کے لیے چاہتا ہے اور جو شریک ٹھیرائے (کسی کو)

بِاللّٰهِ فَقَدۡ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِیۡدًا ﴿۱۱۶﴾ اِنۡ یَّدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِهٖۤ

اللہ کے ساتھ تو وُہ گمراہ ہوا اور گمراہی میں دُور نکل گیا نہیں عبادت کرتے یہ مشرک اللہ کے سوا

اِلَّاۤ اِنٰثًا ۚ وَاِنۡ یَّدۡعُوۡنَ اِلَّا شَیۡطٰنًا مَّرِیۡدًا ﴿۱۱۷﴾ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ

مگر دیویوں کی ۱۷۷ اور نہیں عبادت کرتے مگر شیطان سرکش کی ۱۷۸ لعنت کی ہے اس پر اللہ نے اور اس نے کہا تھا

۱۷۶ اس کے لیے آیت نمبر ۴۸ کا حاشیہ ملاحظہ فرمایا جائے۔

۱۷۷ پہلے شرک کے متعلق مکرّر تصریح کی کہ یہ جرم قابلِ عفو نہیں۔ اب مشرکین کی حماقت اور سفاہت کا بیان ہو رہا ہے کہ وُہ اگر خدا کا شریک ٹھیراتے ہیں تو کس کو؟ ان لکڑی اور پتھر کے بنے ہوئے بُتوں کو۔ ان کے معبُودوں کو اناث (عورتیں) کہا گیا ہے اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ ان کے بیشتر معبُودوں کے نام عورتوں کے سے تھے جیسے لات، منات، عزیٰ وغیرہ۔ دُوسری وجہ یہ ہے کہ ہر قبیلہ جس بُت کی پرستش کیا کرتا تھا اسے انثی بنی فلاں کہا جاتا تھا۔ تیسری وجہ یہ ہے کہ کیونکہ وُہ بے جان مُورتیاں تھیں اس لیے انھیں اناث سے تعبیر کیا گیا۔ کیونکہ مؤنّث بھی انفعال پذیر ہوا کرتی ہے یعنی دُوسرے کا اثر قبول کرتی ہے اور کسی میں اثر نہیں کرتی اسی طرح یہ لکڑی پتھر وغیرہ بھی مؤنّث کی طرح صرف منفعل ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں فاعل نہیں ہوتے اس لیے انھیں اناث کہا گیا۔ (بیضاوی) لفظ یدعون کا معنی ابن جریر، زمخشری، بیضاوی، قرطبی وغیرہم نے یعبدون (عبادت کرتے ہیں) کیا ہے اور مولنا تھانوی نے اس آیت کا ترجمہ یُوں کیا ہے "یہ لوگ خدا تعالےٰ کو چھوڑ کر صرف چند زنانی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں اور صرف شیطان کی عبادت کرتے ہیں" (بیان القرآن) تفہیم القرآن میں اس کا ترجمہ یُوں درج ہے "وُہ اللہ کو چھوڑ کر دیویوں کو معبُود بناتے ہیں وہ اس باغی شیطان کو معبُود بناتے ہیں"

۱۷۸ المرید العاتی المتمرّد یعنی نافرمان اور سرکش کو مَرِید کہتے ہیں۔ مشرکین شیطان کی بلاواسطہ تو عبادت نہیں کیا کرتے تھے لیکن جب اُنھوں نے شیطان کے بہلانے پھسلانے سے اللہ وحدہٗ لاشریک کی عبادت چھوڑ کر ان دیویوں کی عبادت شروع کر دی تو گویا اُنھوں نے اپنے نفسوں کی باگ ڈور شیطان کے ہاتھ میں دے دی اور اس کی اطاعتِ کاملہ پر راضی ہو گئے تھے اس لیے گویا وُہ دُوسرے معنوں میں شیطان ہی کی پُوجا کیا کرتے تھے۔ دیکھئے اوّل تو اللہ تعالےٰ کے سوا کسی کو معبُود بنانا، اس سے بڑھ کر ضلالت کیا ہو سکتی ہے پھر بنایا تو کن کو؟ پتھروں کو جن میں کسی قسم کی حس و حرکت بھی نہیں اور عورتوں کے نام سے موسُوم ہیں۔ اور کس کے بتلانے سے؟ شیطان مردُود و ملعُون خداوندی کے بہکانے سے۔ کیا اس ضلالت

وقف لازم

لَاَتَّخِذَنَّ مِنۡ عِبَادِكَ نَصِيۡبًا مَّفۡرُوۡضًا ﴿١١٨﴾ وَّلَاُضِلَّنَّهُمۡ وَ

کہ میں ضرور لوں گا تیرے بندوں سے (اپنا) حصّہ مقرر ١٧٩ اور میں ضرور انھیں گمراہ کروں گا اور

لَاُمَنِّيَنَّهُمۡ وَلَاٰمُرَنَّهُمۡ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الۡاَنۡعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمۡ

میں ضرور انھیں ١٨٠ جھوٹی اُمیدوں میں رکھوں گا اور میں ضرور حکم دوں گا انھیں ١٨١ پس وُہ ضرور چیریں گے جانوروں کے کان اور میں

فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلۡقَ اللّٰهِ ؕ وَمَنۡ يَّتَّخِذِ الشَّيۡطٰنَ وَلِيًّا مِّنۡ دُوۡنِ

انھیں حکم دوں گا تو وُہ ضرور بدل ڈالیں گے اللہ کی مخلوق کو ١٨٢ اور جو شخص بنالے شیطان کو (اپنا) دوست اللہ کو چھوڑ کر

اور جہالت کی نظیر مل سکتی ہے (حاشیہ محمود الحسن صاحب)

١٧٩ جب آدم کو سجدہ نہ کرنے کے باعث شیطان راندۂ درگاہِ رحمت ہوگیا تو اُس نے اُسی وقت دل میں اولادِ آدم کو گمراہ کرنے کی ٹھان لی اور صاف صاف اس کا اظہار بھی کر دیا جس کا بیان اس آیت میں موجود ہے۔

١٨٠ امنیة۔ جھُوٹی اُمیّد کو کہا جاتا ہے۔ شیطان متاعِ ایمان کو لُوٹنے کے لیے اِنسان کے سامنے کس طرح اُمیّدوں کے محلّات تعمیر کرتا ہے کِس طرح وُہ خواہشات کی حسین وجمیل دُنیا آنکھوں کے سامنے لا کھڑی کرتا ہے۔ کِس طرح جاہ ومنصب کے زرتار جال بُن کر طائرِ عقل کو پھنساتا ہے یہ بات کِسی توضیح کی محتاج نہیں۔ اور اس کی مہارت کی داد دیجئے کہ وُہ امیدوں اور توقّعات کے سُنہرے جال ایک ہی شکل کے تیّار نہیں کرتا بلکہ جس اُمید سے وُہ کِسی کو زیادہ فریب دے سکتا ہے اس کے لیے اسی قِسم کا جال بُنتا ہے۔ وادعو کلا منهم الی مایمیل طبعه الیه فاصده بذالك عن الطاعة (روح) یعنی میں ہر شخص کو اس کی دعوت دُوں گا جس کی طرف اس کی طبیعت مائل ہوتی ہے۔ اِس طرح میں اُسے اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری سے روک دُوں گا۔

١٨١ کفّارِ عرب اس اُونٹنی کو جو پانچ بچے جنتی اور پانچواں نر ہوتا اُس کے کان چھید کر بُتوں کے نام پر چھوڑ دیتے اور اس سے کسی قِسم کا کام نہ لیتے۔

١٨٢ تغییرِ خلق سے مُراد کسی جانور کے کان کاٹ دینا، کِسی مرد کو خصّی کر دینا، عورتوں کا بال کٹا کر اپنی انوثیت کو بگاڑ کر مردوں کی مشابہت اِختیار کرنا، مردوں کا داڑھی منڈانا وغیرہ اعمال ہیں بعض علمائے کرام نے اس کا یہ مفہُوم بیان کیا ہے کہ جس مقصد کے لِیے کسی چیز کی تخلیق اس کے خالق نے فرمائی ہے اس کے خلاف اس کو اِستعمال کرنا مثلاً سورج، دریا اور پتھر وغیرہ جو اِنسان کی خدمت گذاری کے لیے پیدا کیے گئے ہیں ان کو اپنا معبُود بنا لینا بھی تغییرِ خلق میں داخل ہے صاحب کشاف نے اس کی تشریح کی "فطرة الله التی هی دین الاسلام" یعنی تغییرِ خلق سے مراد دینِ اسلام جو دینِ فطرت

اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۹﴾ يَعِدُهُمْ وَ يُمَنِّيْهِمْ ۚ وَ مَا

تو نقصان اُٹھایا اس نے کھلا نقصان شیطان (جھوٹے) وعدے ۱۸۳ے کرتا ہے اُن سے اور (غلط) اُمیدیں

يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۫ وَ لَا

دلاتا ہے انھیں اور نہیں وعدہ کرتا ان سے شیطان مگر فریب کا یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانا دوزخ ہے ۱۸۴ے اور نہ

يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿۱۲۱﴾ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

پائیں گے اس سے بچ نکلنے کی جگہ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے

سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ

داخل کریں گے ہم انھیں ان باغوں میں رواں ہیں جن کے نیچے ندیاں ہمیشہ ہمیشہ اس میں

اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَ مَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾ لَيْسَ

رہیں گے (یہ) اللہ کا سچّا وعدہ ہے ۱۸۵ے اور کون زیادہ سچّا ہے اللہ تعالیٰ سے بات کرنے میں (نجات کا انحصار) نہ

ہے اس میں ردّو بدل اور کانٹ چھانٹ کرنا اور اس کا حلیہ کچھ سے کچھ کر دینا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ قرآن حکیم کا یہ لفظ ان تمام معانی پر مشتمل ہے۔ ہر ایک نے اپنی فکر کے مطابق اس سے استفادہ کیا ہے۔

۱۸۳ے یعنی شیطان کا تو کام ہی صرف وعدے کرنا اور اُمیدوں کے سبز باغ دکھانا ہے۔ اس کے بازار کی ساری رونقیں اور اس کی جنسِ عصیاں کی بڑھتی ہوئی مانگ کا سارا دارومدار انھیں کبھی نہ پورے ہونے والے وعدوں اور کبھی نہ برآنے والی اُمیدوں پر ہے۔ ان آیات کے نزول کا مقصد بظاہر تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ نیکی کی جو صلاحیتیں ہم میں موجود ہیں ان کو خوابِ غفلت سے جھنجھوڑا جائے اور ہمیں غیرت دلائی جائے کہ یہ شیطان آنکھیں بند کیے جس کی ہر بات مانتے چلے جا رہے ہو یہ وُہی تو ہے جو تمہارا روزِ ازل کا دُشمن ہے اور اس نے تمھیں اسی دن اپنا نخچیرِ زبوں بنانے کا اعلان کیا تھا۔ وُہ تمھاری متاعِ عقل و دیں لوٹتا چلا جا رہا ہے۔ اور تم ہو کہ اپنے ربِ کریم کی طرف سے منہ موڑ کر اپنے اُس کھلے دُشمن کے پیچھے سرپٹ دوڑتے چلے جا رہے ہو اور یہ دیکھنے کی زحمت بھی گوارا نہیں کرتے کہ وُہ خُلدِ بریں سے نکال کر تمھیں سرابِ وہم و گمان کی طرف لیے جا رہا ہے۔ اگر انسان کا ذوقِ سلیم بے حس نہ ہو چکا ہو تو خیر و تقویٰ کے جذبات کو سرگرمِ عمل کرنے کا یہ کتنا مؤثر اسلوب ہے۔

۱۸۴ے جو ایسی دِل ہلا دینے والی تنبیہات کے باوجود بھی شیطان کے چنگل سے رہائی حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرتے ان کا انجام ملاحظہ ہو۔

بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَ

تمھاری جھوٹی اُمیدوں پر ہے اور نہ ۱۸۶؎ اہلِ کتاب کی جھوٹی اُمیدوں پر (بلکہ) جو عمل کرے گا بُرے اُسے سزا ملے گی اس کی اور

لَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ

نہ پائے گا اپنے لیے اللہ کے بغیر کوئی دوست اور نہ مددگار اور جس نے عمل کیے

مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ

اچھے مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وُہ مومن ہو ۱۸۷؎ سو وُہی لوگ داخل ہوں گے

۱۸۵؎ شیطان کے سارے وعدے تو جھوٹے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ فرمایا ہے وُہ یقیناً اُسے پُورا فرمائے گا۔

۱۸۶؎ یعنی اللہ کی جانب سے جس اجرِ عظیم اور جنت الخلد کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے اس کے تم اس طرح مستحق نہیں بن سکتے کہ کرو کچھ نہیں اور سمجھو یہ کہ سب کچھ ہمارے لیے وقف ہے۔ ایسا نہیں بلکہ یہ تو اس کو ملے گا جو سچا مومن بھی ہو اور اس کے اعمال بھی اچھے ہوں۔ کیا صاف صاف بتا دیا تاکہ کوئی کسی دھوکہ میں مبتلا ہو کر ان فرصت کے لمحات کو ضائع ہی نہ کر دے۔ اب بھی اگر کوئی عمل صالح کی اہمیت کا اعتراف نہیں کرتا تو اسے خود فریب نہ کہا جائے تو کیا کہا جائے۔ مسلمانوں کے ساتھ اہلِ کتاب کے ذکر سے یہ پتہ چلتا ہے کہ مسلمانوں کے سامنے ایک ایسی قوم کی زندہ مثال پیش کی جا رہی ہے جو صرف توقعات اور امیدوں کی آغوش کی پروردہ تھی۔ یہی ڈینگیں مارتے رہے کہ نحن ابناؤ اللہ و احباءہ اور ہمیں دوزخ کی آگ نہیں جلائے گی اور ہم افضل ترین امم ہیں اور زندگی کے وہ سنہری لمحات ضائع کر دیئے یعنی حضور رحمۃ للعالمین کے حلقۂ غلامی کے شرف سے محروم رہ گئے۔ آفتابِ ہدایت طلوع ہوا زمین کے دُور افتادہ تاریک ترین گوشے بھی جگمگا اُٹھے لیکن ان بیہوشوں کو ہوش نہ آیا۔ اپنی برتری کے نشہ میں آنکھیں بند ہی رہیں اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عزت وعظمت کے تخت سے نیچے پھینک دیئے گئے۔ غلامانِ مصطفےٰ علیہ اجمل الصلوۃ واطیب الثناء کو بھی بتایا جا رہا ہے کہ تم ان کے نقش قدم پر نہ چلنا تمھارا بھی کہیں یہی حسرت ناک انجام نہ ہو۔ کاش اپنے آپ کو عاشقانِ رسُول کہلانے والے اس آیت کو بار بار پڑھیں۔ دعویٰ عشق ومحبت اور محبوب کی اطاعت میں سُستی اور کاہلی! ذرا غور کرو کتنی بے جوڑ سی بات ہے۔

۱۸۷؎ یہاں اس بات کو واضح کر دیا کہ اعمالِ صالحہ کی قبولیت کے لیے ایمان کا ہونا شرطِ اوّلین ہے۔ آپ خود دیکھئے ایک آدمی ایک قطعۂ زمین کو ہموار کرتا ہے۔ اس سے جڑی بُوٹی اُکھاڑ کر باہر پھینکتا ہے۔ پھر اس کی آبپاشی کرتا ہے اور رات دن اس کی نگرانی میں مصروف رہتا ہے لیکن اس میں بیج نہیں ڈالتا۔ تو کیا اس کی طویل محنت ومشقت کا کوئی نتیجہ برآمد ہوگا؟ جب بیج ہی نہیں تو ساری محنت رائیگاں جائے گی۔ اسی طرح اگر ایمان کا تخم نہیں تو دُنیا بھر کی ساری نیکیاں بے ثمر ہوں گی۔ اور

الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ

جنّت میں اور نہ ظلم کیے جائیں گے تل بھر اور کون بہتر ہے دینی لحاظ سے اس شخص سے جس نے جھکا دیا ہو

وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ

اپنا چہرہ اللہ کے لیے اور وہ ۱۸۸؎ احسان کرنے والا ہو اور پیروی کی ملّتِ ابراہیم کی اس حال میں کہ وہ ہر باطل سے منہ موڑنے ہوئے ہو اور بنا لیا ہے

اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ

اللہ تعالیٰ نے ابراہیمؑ کو خلیل ۱۸۹؎ اور اللہ کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾ ۧ وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِى النِّسَآءِ ؕ قُلِ

اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو گھیرے میں لینے والا ہے اور فتویٰ پوچھتے ہیں آپ سے عورتوں کے بارے میں۔ آپ فرمائیے

ع ۱۸ | ۱۵

اگر ذرا دقّتِ نظر سے کام لیا جائے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ عمل صالح ہو ہی نہیں سکتا جب تک عامل میں صفتِ ایمان موجود نہ ہو کیونکہ ایمان کے بغیر ہر عمل کے پیچھے کوئی پست جذبہ کارفرما ہو گا مثلاً دُنیاوی منفعت، شہرت، ذکرِ دوام وغیرہ وغیرہ۔ تو جس عمل کا محرّک ایسی پست چیز ہو وہ عمل صالح نہیں کہلا سکتا۔ صرف ایمان ہی وُہ قوت ہے جو ہر عمل کا رُخ صرف اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ کی طرف موڑ دیتی ہے۔ اسی نسبت کی برکت سے انسان کا ہر عمل صالح بن جاتا ہے۔ اس پر جو نتائج مرتب ہوتے ہیں ان سے عامل کی زندگی کو بھی چار چاند لگ جاتے ہیں اور اس کی قوم اور ملک کو بھی عزّت و ناموری حاصل ہوتی ہے۔

۱۸۸؎ جو سرتاپا اطاعت ہی اطاعت ہو۔ اور محسن کا مطلب یہ ہے آت بالحسنات تارك للسيّئات یعنی اس سے نیکی ہی نیکی صادر ہو برائی کا اس سے ظہور نہ ہو۔ حنیف۔ ہر طرف سے منہ موڑ کر جو اللہ تعالیٰ کی طرف مائل ہونے والا ہو۔ اس کی تشریح پہلے گزر چکی ہے۔

۱۸۹؎ لفظ خلیل کی تحقیق کرتے ہُوئے صاحب المنار لکھتے ہیں۔ يطلق الخليل بمعنى الحبيب او المحب لمن يحبه اذا كانت هذه المحبة خالصة من كل شائبة بحيث لم تدع فى قلب صاحبها موضعا لحب آخر وهو من الخلة اى المحبة والمودة التى تتخلل النفس وتمازجها كما قال الشاعر:

قد تخللت مسلك الروح منى   وبه سمى الخليل خليلا

یعنی خلیل کا لفظ اس حبیب اور محبّ پر بولا جاتا ہے جس کے دل میں اپنے محبُوب کی محبّت یُوں بس جائے کہ کسی غیر کی محبّت کی گنجائش تک نہ رہے۔ خلّت اس محبّت کو کہتے ہیں جو نفس میں رچ جائے۔ جیسے کسی شاعر نے کہا ہے۔ اے محبُوب!

اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِى الْكِتٰبِ فِىْ يَتٰمَى

اللہ تعالیٰ فتویٰ دیتا ہے تمھیں ان کے بارے میں ۱۹۰ اور وہ آیتیں جو پڑھی جاتی ہیں تم پر اس کتاب (قرآن ہیں (ان میں احکام ہیں) ان یتیم

النِّسَآءِ الّٰتِىْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ

بچیوں کے متعلق جنھیں تم نہیں دیتے ہو جو (حق) مقرر کیا گیا ہے ان کے لیے اور خواہش کرتے ہو ۱۹۱ کہ خود

تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا

نکاح کر لو ان کے ساتھ (ان کا مال دبو چنے کے لیے) اور (قرآن میں احکام ہیں) کمزور بچوں کے متعلق اور (وہ یہ) کہ قائم رہو

جہاں جہاں میری رُوح ہے تیرا عشق وہاں سما گیا ہے اسی وجہ سے تو خلیل کو خلیل کہا جاتا ہے۔ صاحب رُوح المعانی لکھتے ہیں کہ محبّت کا جو مقام محبُوبِ ربّ العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو عطا فرمایا گیا ہے وُہ اتنا بلند ہے کہ حضرت خلیل کا طائرِ آرزو بھی وہاں پر نہیں مار سکتا۔ وان من مراتب المحبة مالم تبلغه امنية الخليل عليه السّلام وهي المرتبة الثابتة له صلى الله تعالى عليه وآله وسلم (رُوح المعانی)

۱۹۰ عرب عورتوں اور یتیم بچّوں کے ساتھ جو سلوک کرتے تھے یعنی نہ میراث میں حصّہ، نہ اپنی شادی کے معاملہ میں کچھ اختیار اور شادی کرنے کے بعد ان کے حقوق سے سراسر تجاہل وغیرہ اور اسلام نے اِس صُورتِ حال میں جو اصلاحات کیں ان کا ذکر اس سُورۃ کی ابتدا میں بھی ہو چکا ہے۔ انہی کے متعلق لوگ طرح طرح کے سوالات کرتے۔ اب مزید انھیں تاکید کی جا رہی ہے کہ جو تمھیں اللہ کی طرف سے حکم مِلا ہے اس کی بلا چُون وچرا تعمیل کرو۔ اور ان کے جو حقوق مقرر کیے گئے ہیں ان کی ادائیگی میں سُستی نہ کرو۔

۱۹۱ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ زمانۂ جہالت میں اگر کوئی بچی یتیم رہ جاتی تو اگر وُہ صاحبِ حُسن ومال ہوتی تو اس کا ولی اس کے ساتھ خود نکاح کر لیتا لیکن اس کے حقوق کی ادائیگی کا خیال تک نہ کیا جاتا۔ اور اگر وُہ صاحبِ مال تو ہوتی لیکن قبول صُورت نہ ہوتی تو پھر سرے سے اس کی کسی سے شادی ہی نہ کی جاتی تاکہ اس کے حقُوق کا مطالبہ کرنے والا ہی کوئی نہ ہو اور وُہ خود ہی اس کے مال کو ہضم کر جائے۔ اور اگر وُہ نہ خوبصُورت ہوتی اور نہ مالدار تو پھر اس کو اپنی مرضی سے کسی کے پلّے باندھ دیا جاتا اور اس کا مہر وغیرہ ولی خود وصُول کر لیتا۔ ان تمام چیزوں کی ممانعت کر دی گئی۔ ترغبون کا کوئی صلہ عن یا الی ذکر نہ کرنے میں یہ حکمت بھی ہو سکتی ہے کہ عبارت تمام صورتوں پر حاوی رہے اور حسبِ حال صلہ مقدّر مان لیا جائے۔ آیت کا مدعیٰ یہ ہے کہ یتیم بچیوں کے جن حقُوق کا پہلے ذکر ہو چکا ہے وُہ ہر وقت اور ہر حالت میں مدِّنظر رہیں۔

لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ

یتیموں کے معاملہ میں انصاف پر ۱۹۲ اور جو کرو گے بھلائی (کے کاموں) سے تو یقیناً اللہ تعالیٰ اس کو خوب

عَلِيْمًا ﴿۱۲۷﴾ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا

جاننے والا ہے ۱۹۳ اور اگر کوئی عورت خوف کرے ۱۹۴ اپنے خاوند سے (اس کی) زیادتی یا رُوگردانی کی وجہ سے

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ

تو نہیں کوئی حرج ان دونوں پر کہ صلح کر لیں آپس میں اور صلح ہی (دونوں کے لیے) بہتر ہے

وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

اور موجود رکھا گیا ہے نفسوں میں بخل ۱۹۵ اور اگر تم احسان کرو اور متقی بنو ۱۹۶ تو بے شک اللہ تعالیٰ

۱۹۲ یتیم بچیوں کی طرح یتیم بچوں کے ساتھ بھی بے انصافی نہ کرو۔ ان کو ضعیف وکمزور سمجھ کر ان کے اموال غصب نہ کر لو اور ان کے حقوق تلف مت کرو۔ وُہ بے چارے تو تمھارے مظالم پر صدائے احتجاج بلند کرنے سے بھی قاصر ہیں لیکن ان کا خدا تو قادر وتوانا ہے اس کی گرفت اور عذاب سے تمھیں کون بچائے گا۔

۱۹۳ آخر میں فرمایا کہ اگر تم یتیم بچوں اور بچیوں کے ساتھ حسن سلوک کرو گے۔ اُن کے اموال اور حقوق کی حفاظت کرو گے۔ ان کی تعلیم وتربیت کا اہتمام کرو گے تو وُہ اگرچہ تمھیں ان احسانات کا بدلہ دینے سے قاصر ہیں لیکن اللہ تعالیٰ تمھیں ضرور اجر عطا فرمائے گا۔ وہ تمھارے جملہ احسانات کو خوب جانتا ہے۔ یہ ناممکن ہے کہ وُہ تمھیں ان نیک خدمات کا اپنے شایانِ شان صلہ نہ دے۔

۱۹۴ بعض اوقات بیوی دائم المریض یا بانجھ ہوتی ہے، اس کی شکل وصورت غیر پسندیدہ یا اس کا مزاج تند وتیز ہوتا ہے یا کبر سنی کی وجہ سے مرغوبِ خاطر نہیں رہتی اور مرد چاہتا ہے کہ اسے طلاق دے دے اور کسی دُوسری عورت سے شادی کر لے یا کسی کی دو بیویاں ہیں ان میں سے ایک مذکورہ بالا وجوہات کے باعث اب اس کے لیے وبالِ جان بن گئی ہے اور وُہ اسے طلاق دینے کا ارادہ کر رہا ہے تو ایسے موقعوں کے لیے عورت کو بتایا جا رہا ہے کہ اگر وُہ اپنے خاوند کے ساتھ رہنے کو اس کی جُدائی پر ترجیح دیتی ہے تو اسے اجازت ہے کہ وُہ اپنا مہر معاف یا کم کر کے، اپنے حقوق زوجیت سے دُوسری بیوی کے حق میں دست بردار ہو کر یا اپنے نفقہ کے بار کو ہلکا کر کے خاوند کے ساتھ مصالحت کر لے تا کہ وُہ اسے طلاق نہ دے قرآن فرماتا ہے کہ جُدائی اور افتراق سے بہر حال صُلح ہی بہتر ہے۔

كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿١٢٨﴾ وَلَنْ تَسْتَطِيعُوٓا اَنْ تَعْدِلُوا بَيْنَ

جو کچھ تم کرتے ہو اس سے اچھی طرح باخبر ہے اور تم ہرگز طاقت نہیں رکھتے کہ پُورا پُورا انصاف کرو اپنی بیویوں

النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيلُوا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوهَا

کے درمیان اگرچہ تم اس کے بڑے خواہشمند بھی ہو ۱۹۷ تو یہ نہ کرو کہ جُھک جاؤ (ایک بیوی کی طرف) بالکل اور چھوڑ دو دُوسری کو جیسے

كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوا وَتَتَّقُوا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿١٢٩﴾

وُہ (درمیان میں) لٹک رہی ہو۔ اور اگر تم درست کرلو (اپنا رویہ) اور پرہیزگار بن جاؤ تو بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے

وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا

اور اگر دونوں (میاں بیوی) جُدا ہو جائیں تو غنی کر دے گا اللہ تعالیٰ دونوں کو اپنی وسیع بخشش سے۔ اور اللہ تعالیٰ وسیع بخشش والا

حَكِيمًا ﴿١٣٠﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا

حکمت والا ہے ۱۹۸ اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور بے شک ہم نے حکم دیا

۱۹۵ یعنی ہر شخص مرد ہو یا عورت اپنے فائدہ سے دست بردار ہونے میں بہت بخیل ہے وُہ اس کو بخوشی گوارا کرنے کے لیے بہت کم ہی آمادہ ہُوا کرتا ہے۔

۱۹۶ مردوں کو ہی ترغیب دی جارہی ہے کہ وُہ احسان اور عالی ظرفی سے کام لیں اور اپنی نامرغوب بیوی کے ساتھ بھی حُسنِ سلوک کریں اور اس کے حقُوق کی پاسداری میں اللہ سے ڈرتے رہیں

۱۹۷ یعنی جب بیویاں ایک سے زائد ہوں تو وُہ ہر حیثیت سے آپس میں مُساوی نہیں ہُوا کرتیں شکل وصورت صحت وبیماری خوش خلقی وبدخلقی کئی قسم کا باہمی تفاوت پایا جاتا ہے۔ جن کی وجہ سے دِلی محبّت واُنس یکساں نہیں ہوتا۔ اس فطری چیز کا اعتراف کرتے ہُوئے جو انسان کے بس سے باہر ہے اسے حکم دیا کہ ایسا نہ کرے کہ ایک بیوی میں ہی کھو کر رہ جاتے اور دُوسری کے تمام حقُوق نظر انداز کر دے اور اُسے معلق بنا کر رکھ دے بلکہ اس کی باری کے دن اور نفقہ وغیرہ میں مساوات ملحُوظ رکھے۔ کیونکہ اگر دل کا میلان تمہارے اختیار میں نہیں تو یہ امُور تو تمہارے اختیار میں ہیں۔

۱۹۸ اگر صلح کی ہر تدبیر ناکام ثابت ہو اور طلاق ناگزیر ہو جائے تو پھر زیادہ غمگین ہونے کی کوئی بات نہیں۔ اللہ تعالیٰ بہت کریم ہے۔ وُہ ایسی صُورت پیدا کر دے گا جس میں دونوں کی طمانینت اور خوشحالی کا سامان مہیّا ہو جائے گا۔ خاوند کو ایسی بیوی

الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡکِتٰبَ مِنۡ قَبۡلِکُمۡ وَ اِیَّاکُمۡ اَنِ اتَّقُوا اللّٰہَ ؕ وَ اِنۡ

ان لوگوں کو جنھیں دی گئی کتاب ۱۹۹؎ تم سے پہلے اور (حکم دیا) تمھیں بھی کہ ڈرو اللہ تعالیٰ سے اور اگر

تَکۡفُرُوۡا فَاِنَّ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ وَ کَانَ اللّٰہُ

کفر کرو ۲۰۰؎ تو بے شک اللہ کے ملک میں ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے اور

غَنِیًّا حَمِیۡدًا ﴿۱۳۱﴾ وَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ وَ کَفٰی

ہر تعریف کا مستحق ہے اور اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور کافی ہے

دے دے گا جو اس کے لیے قرۃ العین ہوگی اور اس مطلقہ عورت کو ایسا خاوند عطا فرمائے گا جو اس سے محبت کرے گا اور اس کے آرام کا خیال رکھے گا۔

۱۹۹؎ جو کتابیں مختلف زمانوں میں انبیاء و رسل پر نازل ہوئیں اور یہ کتاب جو تمھاری ہدایت کے لیے اُتاری گئی ہے، ان سب میں تمام اُمتوں کو تقویٰ کا ہی حکم دیا گیا ہے۔ اگر غور کیا جائے تو اس میں شک ہی نہیں رہتا کہ دینِ الٰہی کا دارومدار ہی تقویٰ پر ہے۔ دل میں خوفِ خدا پیدا ہو گیا تو انسان کا ظاہر و باطن سنور گیا اور اگر دل خوفِ خدا سے ہی آشنا نہیں تو پھر زبان سے پارسائی کے ہزاروں دعوے کیے جائیں نفس اصلاح پذیر نہیں ہو سکتا ؂

خرد نے کہہ بھی دیا لا الٰہ تو کیا حاصل دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

وقال بعض العارفین ھذہ الاٰیۃ رحی آی القراٰن لان جمیعہ یدور علیھا (قرطبی) یعنی کاملینِ اُمت نے اس آیت کو سارے قرآن کا محور قرار دیا ہے۔

۲۰۰؎ اہل عرب مدت ہائے دراز سے جس رسم و رواج کے پابند چلے آتے تھے ان سے کنارہ کش ہو جانا اور بالکل نئے قواعد و ضوابط کا پابند ہو جانا کوئی آسان کام نہ تھا اس لیے اللہ تعالیٰ بار بار اپنے مالک الملک ہونے، زمین و آسمان کی ہر چیز پر قدرتِ کاملہ رکھنے اور کسی کا محتاج نہ ہونے کا ذکر فرما کر انھیں تنبیہ فرما رہے ہیں کہ ان قواعد و ضوابط کی پابندی میں تمھارا ہی دُنیا و دین کا فائدہ ہے اگر تم ان سے سرتابی کر کے اپنی جاہلانہ رسوم کی پابندی کرو گے تو اپنا ہی نقصان کرو گے۔ پادری صاحبان بڑے فخر سے کہتے ہیں کہ اسلام نے انسان کی اصلاح کے لیے دوزخ کی آگ اور عذاب کا سہارا لیا ہے جب کہ عیسائیت کا انحصار محض محبتِ الٰہی پر ہے۔ افسوس! بائیبل ان کے اس دعویٰ کی تصدیق نہیں کرتی ملاحظہ ہو "جو بدن کو قتل کرتے ہیں اور رُوح کو قتل نہیں کر سکتے ان سے نہ ڈرو بلکہ اسی سے ڈرو جو رُوح اور بدن دونوں کو جہنم میں ہلاک کر سکتا ہے۔ (متی ۱۰: ۲۸) اس سے ڈرو جس کو اختیار ہے کہ قتل کرنے کے بعد جہنم میں ڈالے۔ ہاں میں تم سے کہتا ہوں کہ اسی سے ڈرو۔ (لوقا ۱۲: ۵)

بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ۭ

اللہ تعالیٰ کارساز اگر چاہے تو لے جائے تمھیں ۲۰۱؎ اے لوگو اور لے آئے دوسروں کو

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا

اور اللہ تعالیٰ اس بات پر پوری قدرت رکھتا ہے جو شخص ارادہ کرتا ہو صرف ثوابِ دنیا کا (تو یہ اس کی اپنی کم نظری ہے ۲۰۲؎)

فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًاۢ بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ ع

اللہ کے پاس تو دُنیا و آخرت (دونوں) کا ثواب ہے اور اللہ تعالیٰ ہر بات سُننے والا ہر چیز دیکھنے والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاۗءَ لِلّٰهِ

اے ایمان والو! ۲۰۳؎ ہو جاؤ مضبوطی سے قائم رہنے والے انصاف پر گواہی دینے والے محض اللہ کے لیے

۲۰۱؎ یہ خیال تم اپنے دل سے نکال دو کہ اللہ تعالیٰ کے دین کو اگر تم نے چھوڑ دیا تو یہ ختم ہو جائے گا یا بزمِ ہستی کی ساری رونقیں تمھارے دم قدم سے ہیں۔ اگر تم نہ رہے تو یہ بزم بے رونق ہو جائے گی نہیں۔ اگر تم نے اس زرّیں موقع سے فائدہ نہ اٹھایا اور اللہ کے دین کی رسّی کو مضبوطی سے نہ پکڑا اور اس کے رسُول کے دامن کو نہ تھاما تو وہ تمھیں اس مقامِ شرف سے ہٹا کر کسی دُوسری قوم کو اپنی نوازشات کے لیے منتخب کرلے گا۔ کیا تمھیں خبر نہیں کہ تم سے پہلے بھی کئی اُمتوں نے سرکشی کا راستہ اختیار کیا تو اُنھیں بیخ و بُن سے اکھیڑ دیا گیا۔ ان کے مِٹ جانے سے اللہ کی بادشاہی میں کیا کوئی زوال آیا؟ اسی طرح اگر تم بھی نظرِ رحمت سے گرا دیئے گئے تو کوئی اور آگے بڑھ کر اس تاجِ کرامت کو اپنے سر پر رکھ لے گا۔

۲۰۲؎ انسان کی اپنی کوتاہ نظری اور کم ہمّتی ہے کہ وُہ بارگاہِ ربّ العٰلمین سے صرف دولت، شہرت، عزّت، وجاہت کا ہی سوال کرکے رہ جائے۔ ورنہ اس کریم، رحیم اور وہاب کی جناب سے تو جو مانگا جائے وُہ مِلتا ہے۔ انسان فقط فنا ہونے والی نعمتوں کے سوال پر کیوں اکتفا کرے۔ کیوں نہ اس کی محبت کا جام رنگیں مانگے اور اس کی رضا کے لیے دامنِ طلب پھیلائے۔ جب دینے والا بخیل نہیں تو مانگنے والا مانگنے میں کیوں بُخل کرے ؎

تُو ہی ناداں چند کلیوں پر قناعت کر گیا ورنہ گلشن میں علاجِ تنگیٔ داماں بھی تھا

۲۰۳؎ قوّام مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس سے مراد کثرتِ عددی نہیں بلکہ اس سے ثبات اور استحکام فی الشہادۃ کی تاکید مقصود ہے یعنی جب شہادت دو تو خوب مستحکم ہو کر۔ پہلے زوجین، یتیم بچّوں بچیوں کے حقوق کا ذکر چلا آیا ہے اس میں کبھی عدالت تک جانے کی نوبت آجاتی ہے۔ وہاں فیصلہ گواہوں کی گواہی سے کیا جاتا ہے۔ اگر گواہ سچّی گواہی نہ دے تو حق دار کی

وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا

چاہے گواہی دینا پڑے تمھیں اپنے نفسوں کے خلاف یا اپنے والدین اور قریبی رشتہ داروں کے خلاف۔ (جس کے خلاف گواہی جا رہی ہے)

اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۖ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ

وُہ دولت مند ہو یا فقیر۔ پس اللہ زیادہ خیر خواہ ہے دونوں کا۔ تو نہ پیروی کرو خواہش نفس کی انصاف کرنے میں

وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾

اور اگر تم ہیر پھیر کرو ۲۰۴ یا منہ موڑو تو بے شک اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو اس سے اچھی طرح باخبر ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ

اَے ایمان والو! ۲۰۵ ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور اس کتاب پر جو

حق تلفی ہو جاتی ہے اور ظلم جس کے انسداد کے لیے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا گیا ہے اس کو اُلٹا قانون کا سہارا مل جاتا ہے اس لیے گواہوں کو سچی سچی گواہی دینے کا حکم دیا جا رہا ہے اور ان تمام اُمور کو جو سچی گواہی دینے سے انسان کو روکتے ہیں مثلاً اپنا ذاتی فائدہ، ماں باپ کا پاس، قریبی رشتہ داروں کی رعایت وغیرہ کو ذکر کر کے ان کو خاطر میں نہ لانے کی تاکید کی جا رہی ہے مندرجہ بالا موانع کے علاوہ کبھی یہ خیال انسان کو حق کے اظہار سے روک دیتا ہے کہ جس کے خلاف میں گواہی دے رہا ہوں وُہ امیر کبیر ہے۔ اور کبھی یہ ہوتا ہے کہ کسی مسکین کی مسکنت اور غربت کا احساس انسان کے دل میں رحم و شفقت کے جذبات اُبھار دیتا ہے اور اس غریب کے خلاف سچی بات کہنے سے اس لیے ہچکچاتا ہے کہ اس سے اس غریب کو نقصان نہ پہنچے۔ انسانی نفسیات کا کتنا دقیق محاسبہ ہے۔ فرمایا عدالت میں کھڑے ہو کر ان احساسات کو بالکل دل سے نکال دو اور بڑی سچائی کے ساتھ گواہی دو۔ "فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا" کتنا پیارا جملہ ہے یعنی تم کسی کی خیر خواہی بھلا کیا کرو گے۔ تم اپنے رب کا حکم مانو۔ تم سے زیادہ اللہ تعالیٰ خود ان (غریب و امیر) کا خیر خواہ ہے۔ اس آیت کی ابتدا میں دو لفظ "شُهَدَآءَ لِلّٰهِ" کتنے پُرشکوہ اور اثر آفریں ہیں یعنی یہ نہ سمجھو کہ تم کسی انسان کے لیے گواہی دے رہے ہو اور جو تمھارے دل میں آئے کہہ دیا تو کوئی تمھارا کیا بگاڑ لے گا۔ نہیں یہ گواہی کسی انسان کے لیے نہیں بلکہ اللہ ذوالمجد والعلیٰ کے لیے ہے۔ اب سوچ لو کیا تم اس کو ناراض کرنے کی ہمت رکھتے ہو۔ سبحان اللہ! کیا جلال و شکوہ ہے کلامِ احکم الحاکمین میں۔

۲۰۴ یعنی سچی گواہی دیتے دیتے ہیر پھیر کر دیا۔ جو بات غیر اہم تھی اس پر بڑا زور دیا اور جو اہم بات ہوئی اس کو پی گئے۔

۲۰۵ یعنی اَے ایمان والو! اپنے ایمان پر ثابت قدم رہو۔ ومعنی آمنوا اثبتوا علی الایمان ودوموا علیہ (کشاف)

نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ

نازل فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولؐ پر اور اس کتاب پر جو نازل کی اس سے پہلے اور جو

یَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ

کفر کرے اللہ کے ساتھ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں اور روزِ آخرت کے ساتھ تو وہ

ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِیْدًا ﴿۱۳۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ

گمراہ ہوا اور گمراہی میں دُور نکل گیا بے شک جو لوگ ایمان لائے پھر کافر ہوئے ۲۰۶ پھر

اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ یَكُنِ اللّٰهُ لِیَغْفِرَ لَهُمْ

ایمان لائے پھر کافر ہوئے پھر بڑھتے گئے کفر میں نہیں ہے سنتِ الٰہی ان کے متعلق کہ بخش دے انھیں

وَلَا لِیَهْدِیَهُمْ سَبِیْلًا ﴿۱۳۷﴾ؕ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِیْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا

اور (یہ) کہ پہنچائے انھیں راہِ (راست) تک خوشخبری سُنا دو منافقوں کو ۲۰۷ کہ بلاشبہ ان کے لیے دردناک عذاب

اسلام قبول کرنے کے بعد بھی انسان کو کتنے ہی کٹھن مرحلوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ مومن تو وہی ہے جو بڑی پامردی سے کسی خطرہ، کسی وسوسہ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے جادۂ زیست پر قدم بڑھاتا چلا جائے۔ اس آیت کا یہ مفہوم بھی ہو سکتا ہے۔ اے ایمان کا دعوے کرنے والو! اپنے حسنِ عمل سے اس کی تصدیق کرو۔

۲۰۶ے جو لوگ اتنے ڈھلمل یقین ہوں کہ اسلام کی کوئی کامیابی دیکھی تو مسلمان ہو گئے ذرا شدت کا زمانہ آیا تو جھٹ کفر اختیار کر لیا۔ پھر کوئی معجزہ دیکھا یا مسلمانوں کے غالب آنے کے آثار نمایاں ہوئے تو پھر اسلام قبول کر لیا پھر کسی شیطان نے وسوسہ ڈالا یا مسلمان کسی آزمائش میں مبتلا ہو گئے تو اسلام سے رشتہ توڑ کر کفر سے ناطہ جوڑ لیا۔ ایسے مجرم ناقابلِ عفو ہیں اور توفیقِ خداوندی ان لوگوں کی دستگیری کرنے کے لیے بے چین نہیں جو گمراہی کے گڑھے میں گرنے کی قسم کھائے بیٹھے ہوں۔ روی عن ابن عباس ان الایۃ فی المرتدین (بحر)

۲۰۷ے بشارت کا عام استعمال تو خوشخبری کے معنی میں ہوتا ہے اور اس عذابِ الیم کی خبر کو بشارت سے تعبیر کرنا بطورِ طنز ہے۔ اور علامہ قرطبی نے لکھا ہے کہ ہر اس اچھی یا بری خبر کو بشارت کہتے ہیں جس کے سننے کے بعد اس کے اثرات چہرہ پر نمایاں ہو جائیں۔ التبشیر الاخبار بما یظہر اثرہ علی البشرۃ (قرطبی)

اَلِیْمًا ﴿۱۳۸﴾ الَّذِیْنَ یَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ؕ

ہے۔ وُہ منافق جو بناتے ہیں کافروں کو (اپنا) دوست مسلمانوں کو چھوڑ کر

اَیَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعًا ﴿۱۳۹﴾ ؕ وَقَدْ نَزَّلَ

کیا وُہ تلاش کرتے ہیں ان کے پاس عزّت؟ تو (وُہ سُن لیں) عزّت تو صرف اللہ کے لیے ہے سب کی سب ۲۰۸؎ اور تحقیق اُتارا

عَلَیْكُمْ فِی الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰیٰتِ اللّٰهِ یُكْفَرُ بِهَا وَیُسْتَهْزَاُ

ہے اللہ تعالیٰ نے تم پر (یہ حکم) کتاب میں کہ جب تم سُنو اللہ کی آیتوں کو کہ انکار کیا جا رہا ہے ان کا ۲۰۹؎ اور مذاق اُڑایا

بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰی یَخُوْضُوْا فِیْ حَدِیْثٍ غَیْرِهٖۤ ۙ ۖ

جا رہا ہے ان کا تو مت بیٹھو ان (کفر و استہزاء کرنے والوں) کے ساتھ یہاں تک کہ وُہ مشغول ہو جائیں کسی دُوسری بات میں

اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْكٰفِرِیْنَ فِیْ جَهَنَّمَ

ورنہ تم بھی انھیں کی طرح ہو گے بے شک اللہ تعالیٰ اکٹھا کرنے والا ہے سب منافقوں اور سب کافروں کو جہنّم میں

۲۰۸؎ مُنافقین کفّار کے ساتھ محبّت کی پینگیں اس لیے بڑھاتے تھے کہ وُہ دیکھتے تھے کہ ان مسلمانوں کے پاس کیا رکھا ہے۔ نہ دولت، نہ شوکت اور ہر لمحہ دُشمن کے حملوں کے سیلاب میں بہ جانے کا خدشہ اور کافروں کے پاس دولت و ثروت کے علاوہ قوّت و شوکت بھی ہے۔ اُن سے روابط پیدا کر کے ہم عزّت حاصل کر سکتے ہیں۔ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ یہ سب تمھاری خام خیالیاں ہیں۔ عزّت عطا فرمانے والا اللہ تعالیٰ ربّ العزّت ہے ابھی چند دنوں میں تمھیں پتہ چل جائے گا کہ کس کا آفتاب اقبال دُنیا بھر کو منوّر کرتا ہے اور کن کے قدموں میں دولت لونڈی بن کر حاضر ہوتی ہے۔

۲۰۹؎ ایسی مجالس میں جن میں کتاب الٰہی کا انکار کیا جائے اور اس کی آیتوں کا مذاق اُڑایا جائے شرکت کرنے کی ممانعت کر دی گئی تھی۔ اسی حکم کی یاد تازہ کرائی جا رہی ہے کہ جو شخص ایسی مجلسوں میں شرکت کرتا ہے وُہ بھی گناہ میں برابر کا شریک ہوتا ہے۔ تمام گمراہ فرقوں کی مجلسوں اور جلسوں میں جا کر بیٹھنے کا یہی حکم ہے کیونکہ صحبت کا اثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔

جَمِيعًا ﴿١٤٠﴾ الَّذِينَ يَتَرَبَّصُونَ بِكُمْ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللَّهِ

وُہ جو ٢١٠ انتظار کر رہے ہیں تمہارے (انجام) کا۔ تو اگر ہو جائے تمھیں فتح اللہ کی طرف سے

قَالُوا أَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ وَإِنْ كَانَ لِلْكَافِرِينَ نَصِيبٌ قَالُوا أَلَمْ

(تو) کہتے ہیں کیا نہیں تھے ہم بھی تمھارے ساتھ اور اگر ہو کافروں کے لیے کچھ حصّہ (کامیابی سے) کہتے ہیں کیا نہیں

نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ فَاللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ

غالب آگئے تھے ہم تم پر اور (اس کے باوجود) کیا نہیں بچایا تھا ہم نے تم کو مومنوں سے پس (اے اہلِ نفاق!) اللہ فیصلہ کرے گا

يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَنْ يَجْعَلَ اللَّهُ لِلْكَافِرِينَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ سَبِيلًا ﴿١٤١﴾

تمھارے درمیان قیامت کے دن۔ اور ہرگز نہیں بنائے گا ٢١١ اللہ تعالیٰ کافروں کے لیے مسلمانوں پر (غالب آنے کا) راستہ

٢١٠ ۔ منافقین کی دو رُخی روش کو بے نقاب کیا جا رہا ہے یعنی اُن کا کوئی دین نہیں کوئی عقیدہ نہیں جس کے لیے جینے اور مرنے کی تڑپ ان کے دلوں میں موجود ہو۔ ان کا دین، ان کا کعبۂ مقصود صرف عروسِ دولت ہے۔ اپنا عہد و پیمان توڑنا پڑے، اپنے ضمیر کو کچلنا پڑے پرواہ نہیں دولت مل جائے۔ حق و باطل میں جو کشمکش جاری ہے اس میں وُہ کسی ایک کے ساتھ اپنی قسمت وابستہ نہیں کرتے بلکہ اس تاڑ میں رہتے ہیں کہ پلّہ کس کا بھاری رہتا ہے اور مالِ غنیمت پر قابض کون ہوتا ہے۔ میدانِ جنگ کسی کے ہاتھ رہے وُہ اسی کے پاس جا کر اپنی دوستی کا حق جتلا کر مالِ غنیمت میں اپنے حصّہ کا مطالبہ کرنے لگتے ہیں۔ شاید دُنیا کے پرستاروں کا ازل سے یہی شیوہ ہے اور ابد تک یہی شیوہ رہے گا مُسلمان ہونے میں ترقی کے امکانات دکھائی دیئے تو حضرت پکے مُسلمان ہیں۔ اور اگر وزارتیں اور عہدے، خطابات اور جاگیریں کفر کے تصرّف میں دیکھیں تو تسبیح وسجّادہ کو دُور سے سلام کیا، قشقہ لگایا، زُنّار پہنا اور باطل و کفر کی خدمت میں جاں نثار اور وفادار غلاموں کی طرح حاضر ہو گئے۔

٢١١ ۔ اس کے متعلق علامہ قرطبی نے تفصیلی بحث کی ہے اور سب سے پسندیدہ قول یہ ہے کہ اگر مُسلمان اللہ کی نافرمانی کر کے اور سُننِ الٰہیہ سے آنکھیں بند کر کے اپنی شکست کے اسباب خود مہیّا نہ کریں تو کوئی طاغوتی طاقت ان کو شکست نہیں دے سکتی۔ جہاں کہیں اور جب کبھی بھی مُسلمانوں کو ہزیمت ہوئی ہے اپنے ہاتھوں ہوئی ہے۔ اگر وُہ احکامِ الٰہی کے صحیح معنوں میں پابند ہوں۔ دُشمن سے نبرد آزما ہونے کے لیے جس اتفاق و اتحاد کا انھیں حکم دیا گیا ہے اور تمام ممکن وسائل سے جنگ کے لیے مستعد ہونے کا ارشاد ہوا ہے۔ اگر وُہ اس کو ملحوظ رکھیں تو دُنیا کی کوئی

إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَإِذَا قَامُوْٓا إِلَى

بے شک منافق (اپنے گمان میں) دھوکہ دے رہے ہیں اللہ کو اور اللہ تعالیٰ سزا دینے والا ہے انھیں (اس دھوکہ بازی کی) اور جب

الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ

کھڑے ہوتے ہیں نماز کی طرف ۲۱۲ تو کھڑے ہوتے ہیں کاہل بن کر (وہ بھی عبادت کی نیت سے نہیں بلکہ) لوگوں کو دکھانے کے لیے اور

إِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۴۲﴾ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ إِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ إِلٰى

نہیں ذکر کرتے اللہ تعالیٰ کا مگر تھوڑی دیر ڈانواں ڈول ہو رہے ہیں کفر و ایمان کے درمیان نہ ادھر کے اور نہ ادھر

هٰٓؤُلَآءِ ۗ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾ يٰٓأَيُّهَا

کے ۲۱۳ اور جس کو گمراہ کر دے ۲۱۴ اللہ تعالیٰ تو ہرگز نہ پائے گا تو اس کے لیے ہدایت کا راستہ اے

طاقت انھیں مغلوب نہیں کر سکتی۔ ان اللہ سبحانہ لایجعل للکفرین علی المومنین سبیلا الا ان یتواصوا بالباطل ولا یتناھوا عن المنکر ویتقاعدوا عن التوبۃ فیکون تسلیط العدو من قبلھم۔ قال ابن العربی ھذا نفیس جدا (القرطبی) بعض علماء نے سبیل سے مراد دلیل لی ہے یعنی دلیل و برہان کے میدان میں کافر کبھی مسلمانوں کو شکست نہیں دے سکتے۔

۲۱۲ بیچارے منافقوں کی جان عجیب عذاب میں گرفتار تھی۔ جب دل ایمان سے خالی ہو تو نماز کون پڑھے۔ لیکن اُنھیں مجبوری یہ تھی کہ اسلام کا یہ ظاہری لباس جو اُنھوں نے پہن رکھا تھا اگر وہ نماز نہیں ادا کرتے اور جماعت میں شریک نہیں ہوتے تو تار تار ہوتا ہے۔ اور ان کا نفاق بالکل عیاں ہو جاتا ہے اِس لیے انھیں بادلِ نخواستہ جماعت میں شریک ہونا پڑتا تھا۔ اور اس میں بھی للّٰہیت کی بو تک نہ تھی بس لوگوں کو بتانے کے لیے کہ وُہ مسلمان ہیں اُنھوں نے یہ سوانگ رچا رکھا تھا۔ اور وہ جذب و کیف اور ذوق و شوق جو مُسلمانوں کو یادِ الٰہی میں نصیب تھا ان کو تو اس کی ہوا تک بھی نہ لگی تھی۔ اِمام نے سلام پھیرا اور یہ جُوتیاں ہاتھ میں لیے مسجد سے بھاگے۔ معلوم ہوا نماز سے فارغ ہو کر ذِکرِ الٰہی میں مشغول رہنا، کلمہ شریف و درُود شریف پڑھنا، تلاوتِ قرآن مجید کرنا یہ وُہ چیزیں تھیں جو مُسلمانوں کو منافقوں سے ممتاز کرتی تھیں۔ ہمارے ہاں چشم بد دُور! اب ایسوں کی کمی نہیں جو نماز کے بعد کلمہ یا درُود شریف پڑھنے والوں پر بدعتی ہونے کا الزام لگانے میں کسی نرمی کے روادار نہیں۔ اللہ سمجھ دے۔

۲۱۳ یعنی نہ زُمرۂ مومنین میں اور نہ گروہِ کفار میں۔ کہیں کے بھی نہیں۔

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ط

ایمان والو! نہ بناؤ ۲۱۵ کافروں کو اپنا دوست مسلمانوں کو چھوڑ کر

اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

کیا تم ارادہ کرتے ہو کہ بنا دو اللہ تعالیٰ کے لیے اپنے خلاف واضح دلیل ۲۱۶ بے شک منافق

فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ج وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾ لا اِلَّا الَّذِيْنَ

سب سے نچلے طبقہ میں ہوں گے دوزخ (کے طبقوں) سے ۲۱۷ اور ہر گز نہ پائے گا تو ان کا کوئی مددگار مگر وہ لوگ جنھوں نے

تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ

توبہ کی اور اپنی اصلاح کر لی اور مضبوطی سے پکڑ لیا اللہ کا (دامن رحمت) اور خالص کر لیا اپنا دین اللہ کے لیے تو یہ لوگ

۲۱۴ ومن یضلل الخ کا یہی معنی ہے کہ جب اُنھوں نے ہدایت کو جان بوجھ کر چھوڑ دیا۔ ایک بار نہیں بلکہ بار بار اور کفر و ضلالت کی راہ اپنے لیے منتخب کر لی تو سنتِ الٰہی کے مطابق ایجادِ ضلالت کر دی گئی۔

۲۱۵ اولیاء ولی کی جمع ہے ولی کا معنی ہے دوست، ہمراز، مددگار۔ ای لا تجعلوا الکافرین خاصتکم وبطانتکم (قرطبی) اس کی وضاحت پہلے گزر چکی ہے۔

۲۱۶ یعنی کفار کے ساتھ اس قسم کے قریبی مراسم اور پختہ تعلقات منافقت کی کھلی ہوئی دلیل ہیں۔ اس کے بعد اگر تم پر اللہ تعالیٰ کی گرفت آئے تو تم کو شکوہ کا موقع نہ رہے گا کہ اجی ہم تو مسلمان تھے کیونکہ تم نے کفار کے ساتھ دوستی قائم کر کے اپنے منافق ہونے کا ناقابلِ تردید ثبوت مہیّا کر دیا ہے۔

۲۱۷ الدَّرْك اور الدَّرَك دونوں لغتیں ہیں۔ بلندی کی طرف جو یکے بعد دیگرے درجے ہوتے ہیں انھیں اہلِ عرب درجات کہتے ہیں۔ اور پستی کی طرف یکے بعد دیگرے جو درجے ہوتے ہیں انھیں درکات کہتے ہیں۔ جہنّم کے مختلف طبقات کے علی اسبیل التنزل یہ نام ہیں۔ ۱۔ جہنّم۔ ۲۔ لظی۔ ۳۔ حُطمہ۔ ۴۔ سعیر۔ ۵۔ سقر۔ ۶۔ جحیم۔ ۷۔ ہاویہ سب سے نیچے۔ منافقوں کا یہی ٹھکانا ہے۔ (قرطبی) اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے طفیل دوزخ کی لُو سے بھی ہر مسلمان کو محفوظ رکھے۔

مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾ مَا

ایمان والوں کے ساتھ ہیں ۲۱۸؎ اور عطا فرمائے گا اللہ تعالیٰ مومنوں کو اجر عظیم کیا

يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾

کرے گا اللہ تعالیٰ تمھیں عذاب دے کر اگر تم شکر کرنے لگو اور ایمان لے آؤ ۲۱۹؎ اور اللہ تعالیٰ بڑا قدر دان ہے سب کچھ جاننے والا ہے

۲۱۸؎ سُبحان اللہ! کیا ٹھکانا ہے اُس کے عفو و درگزر کا، کیا حد ہے اس کے جُود و کرم کی۔ منافقین نے انتہا کر دی اللہ کے حبیب ؐ کو اذیت پہنچانے، شمع اسلام کو بجھانے، کفر کو غالب و منصور کرنے اور مسلمانوں کو صفحۂ ہستی سے نیست و نابود کرنے میں۔ اور اس طرح اپنے ہاتھوں اپنی زندگی کے اُفق کو تیرہ و تار کر دیا۔ اس کے باوجود کریم و رحیم خدا۔ محمدؐ رحمۃ للعالمین کا خدا انھیں بتا رہا ہے کہ دیکھو ادھر دیکھو! توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔ سچے دل سے تائب ہو جاؤ۔ معاف کر دیئے جائیں گے تمھارے گناہ اور تمھیں ابوبکرؓ و عمرؓ اور حمزہؓ و علیؓ کی معیت و سنگت نصیب ہو گی۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم۔ واقعی اسلام کا خدا رب العالمین ہے اور اس کا پیغمبر رحمۃ للعالمین ہے اور یہ دین۔ دینِ انسانیت ہے۔

۲۱۹؎ اگر تم راہِ راست اختیار کر لو اور ضلالت و گمراہی سے باز آ جاؤ تو اللہ کو کیا پڑی ہے کہ تمھیں خواہ مخواہ عذاب دیتا رہے۔ وہ ایسا نہیں بلکہ وہ شاکر ہے۔ جو بندہ حسنِ نیت سے نیک عمل کرتا ہے وہ اپنے غایت کرم سے اُسے قبول فرماتا ہے۔ اس سے کچھ مخفی نہیں۔ وہ سب کچھ جاننے والا ہے۔

لَا یُحِبُّ اللّٰہُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَ

نہیں پسند کرتا اللہ تعالیٰ کہ برملا کہی جائے بُری بات مگر (اس سے) جس پر ظلم ہوا ۲۲۰ اور

كَانَ اللّٰہُ سَمِیْعًا عَلِیْمًا ﴿۱۴۸﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَیْرًا اَوْ تُخْفُوْہُ اَوْ

اللہ تعالیٰ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے ۲۲۱ اگر تم ظاہر کرو کوئی نیکی یا پوشیدہ رکھو اسے یا

تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰہَ كَانَ عَفُوًّا قَدِیْرًا ﴿۱۴۹﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ

درگزر کرو (کسی کی) بُرائی سے تو بے شک اللہ تعالیٰ درگزر فرمانے والا قدرت والا ہے ۲۲۲ بے شک جو لوگ

۲۲۰ بعض لوگوں کا مشغلہ ہی دُوسروں کی عیب جوئی ہوتا ہے کسی کے حقیقی یا فرضی عیوب کو اُچھالنے اور اُن کی تشہیر کرنے میں اُنھیں خاص لُطف آتا ہے۔ اور بعض مُنہ پھٹ ایسے ہوتے ہیں کہ چلتے چلتے کسی کی پگڑی اچھال دی۔ دو چار بے نقط سُنا کر اپنی بڑائی کی تسکین کرلی۔ ایسے لوگ جس دِل آزاری کا باعث بنتے ہیں اور باہمی محبّت و پیار کو جتنا نقصان پہنچاتے ہیں اس کا اندازہ ہر اس شخص کو اچھی طرح ہے جس کو اس قماش کے لوگوں سے واسطہ پڑا ہو۔ اسلام جو مُسلمانوں کو سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح یکجان دیکھنا چاہتا ہے وُہ ان یاوہ گوئیوں کو کب برداشت کرسکتا ہے۔ اِس لیے اس آیت میں واضح ہدایت فرمادی کہ ایسی باتیں اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہیں ان سے باز آجاؤ۔ کسی کی پس پُشت غیبت کسی کی منہ پر توہین اور ہتک عزّت سب کی ممانعت کردی گئی۔ ہاں وُہ شخص جس پر واقعی ظلم ہُوا ہو اس کی حق تلفی کی گئی ہو اُسے رُخصت ہے کہ وُہ ظالم کے ظلم کا برملا اظہار کرے اور اپنی مظلومیّت کی داستان بے دھڑک سُنائے۔

۲۲۱ اللہ تعالیٰ کی ان صفات کا ظالم و مظلوم دونوں کو احساس دلایا جا رہا ہے۔ ظالم یہ نہ سمجھے کہ اس کے مظالم کا کسی کو علم ہی نہیں یا دُنیا کی کوئی طاقت اس کا کچھ بگاڑ نہیں سکتی۔ بلکہ اللہ تعالیٰ ظالم کے کرتوتوں سے واقف ہے۔ اور اگر دُنیا کی کوئی عدالت اسے سزا نہیں دے سکتی تو اللہ تعالیٰ کی عدالت سے اسے سزا مل کر رہے گی۔ اور مظلوم کو تسلی دی جا رہی ہے کہ اگر کوئی دُوسرا تمھاری دادرسی نہیں کرتا تو صبر کرو اللہ تعالیٰ تیرا فریاد رس ہے تیری مظلومیّت اور بے بسی کا اُسے خوب علم ہے

۲۲۲ بُرائی کے اظہار سے منع کیا اور نیکی کے متعلق اجازت دی کہ چاہے اُسے ظاہر کرو یا پنہاں رکھو۔ آخر میں مظلوم کو فرمایا کہ تمھارے لیے بہتر یہ ہے کہ تم بھی زیادتی کرنے والے انسان سے درگزر کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ قدرت کاملہ کے باوجود غلط کاروں اور مجرموں کو معاف کردیا کرتا ہے۔ تو بھی اگر اپنے آپ کو صفاتِ الٰہی اور اخلاقِ ربّانی سے متّصف کرنے کے لیے یہ غصّہ پی جائے تو تیرے لیے بہت مناسب ہے۔ پہلا حکم رُخصت ہے اور عوام کے لیے ہے جن کی اخلاقی حالت اتنی بلند نہیں ہوتی کہ وُہ اس وقت ضبط سے کام لے سکیں جب کہ جذبات مشتعل ہوتے ہیں اور دوسرا حکم عزیمت ہے اور خواص کے لیے ہے۔

يَكْفُرُونَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَ

کفر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کے ساتھ ٢٢٣ اور چاہتے ہیں کہ فرق کریں ٢٢٤ اللہ اور اس کے

رُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ

رسولوں کے درمیان اور کہتے ہیں ہم ایمان لائے ہیں بعض رسولوں پر اور ہم کفر کرتے ہیں بعض کے ساتھ اور چاہتے ہیں ٢٢٥

٢٢٣ مشرکین و منافقین کی خصلتوں کے ذکر کے بعد اب کفار کا حال بیان کیا جا رہا ہے۔ کفار کی بھی کئی قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو اللہ کو مانتے ہیں لیکن نبوت و رسالت کے قائل نہیں۔ ایک وہ جو بعض انبیاء کی نبوت کو مانتے ہیں اور بعض کی رسالت کا انکار کرتے ہیں مثلاً یہودی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مانتے تھے لیکن حضرت مسیح اور خاتم الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کا اقرار نہیں کرتے۔ اسی طرح عیسائی۔ ان سب کے متعلق فرمایا کہ وہ پکے کافر ہیں۔ اب یہ امر غور طلب ہے کہ جو اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہے اور انبیاء کے ساتھ کفر کرتا ہے اسے پکا کافر کیوں کہا گیا؟ اس لیے کہ جو سلسلہ وحی و نبوت کو تسلیم نہیں کرتا نہ اسے اللہ تعالیٰ کی صفات کمال کا صحیح علم ہوتا ہے اور نہ اسے عبادت کا وہ طریقہ معلوم ہو سکتا ہے جو قرب الٰہی کا باعث ہو۔ جب اللہ تعالیٰ کی صفات تقدس و کمال کو نہ پہچانا اور اس کی عبادت کے صحیح طریقوں کو نہ جانا تو اللہ کو کیا پہچانا۔ آپ ان قوموں کے رسوم عبادت کو دیکھئے جو اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں لیکن کسی نبی کے پیروکار نہیں۔ آپ حیران ہو کر رہ جائیں گے۔ اسی طرح فلاسفہ قدیم و جدید نے جن صفات الٰہیہ کا اثبات کیا ہے وہ بھی انسان کے لیے کچھ کم پریشان کن نہیں۔ اسی طرح وہ لوگ جو بعض انبیاء کی نبوت کو تسلیم کرتے ہیں اور جن دلائل و براہین اور معجزات کی وجہ سے انھوں نے ان بعض کی نبوت کا اقرار کیا۔ اب جب ان سے بھی محکم تر دلائل و براہین اور روشن تر معجزات ایک دوسری ہستی میں پائے جاتے ہیں تو وہ اس کی نبوت پر کیوں ایمان نہیں لاتے۔ ان کا یہ ایمان نہ لانا پہلے انبیاء کے انکار کے مترادف ہے اور خصوصاً ذات پاک محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا انکار کرنا جن کی آمد کی بشارت اور ان پر ایمان لانے کی تاکید ہر زمانے کے نبی نے فرمائی صرف آپ کا انکار نہیں بلکہ تمام سابقہ انبیاء و مرسلین کی تکذیب ہے۔

٢٢٤ اللہ اور رسولوں کے درمیان فرق کرنے کا یہ مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ پر تو ایمان لے آتے اور وحی و رسالت کا سرے سے انکار کر دیا۔ اس انکار میں ان کی انانیت اور خود بینی جھلک رہی ہوتی ہے۔ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ انبیاء کی تعلیمات تو ناقص و ناکافی ہیں۔ اس لیے ان کی عقلی موشگافیوں کی ضرورت ہے۔ اب وہ لوگ جو اللہ کی اطاعت کے تو قائل ہیں لیکن اللہ کے رسول کی اطاعت سے گریزاں ہیں۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی اطاعت کے ساتھ رسول کی اطاعت کا حکم بھی دیا ہے وہ ذرا غور کریں کہ وہ بھی کہیں اللہ اور اس کے رسول میں تفریق کے مرتکب تو نہیں ہو رہے۔

٢٢٥ اسلام اور کفر کی معجون مرکب بنانے کا خیال بہت پرانا ہے ان لوگوں کے علاوہ جن کا ذکر اس آیت میں ہو رہا ہے

اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۵۰﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ

کہ اختیار کرلیں کفر و ایمان کے درمیان کوئی (تیسری) راہ یہی لوگ کافر ہیں

حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۵۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ

حقیقت میں اور ہم نے تیار کر رکھا ہے کافروں کے لیے عذاب رُسوا کرنے والا اور جو لوگ ایمان لائے ۲۲۶ اللہ تعالیٰ

وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ

اور اس کے (تمام) رسُولوں کے ساتھ اور نہیں فرق کیا انھوں نے کسی میں اُن سے یہی لوگ ہیں دے گا انھیں اللہ تعالیٰ

اُجُوْرَهُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۵۲﴾ ع يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ

ان کے اجر اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے مطالبہ کرتے ہیں آپ سے اہل کتاب

اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ

کہ آپ اتروا دیں ان پر کتاب آسمان سے ۲۲۷ سو وہ تو سوال کر چکے ہیں موسیٰ (علیہ السلام) سے اس سے

مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ

بھی بڑی بات کا اُنھوں نے کہا تھا اے مُوسیٰؑ! دکھاؤ ہمیں اللہ کھُلم کھُلا تو پکڑ لیا تھا انھیں بجلی کی کڑک نے بسبب ان کے ظلم کے

ع ۲۱ / ۱۱

ہماری اپنی تاریخ بھی ان نوادرِ روزگار ہستیوں سے خالی نہیں۔ اکبر اور دارا شکوہ کے بعد آج بھی تو کئی افراد موجود ہیں۔

۲۲۶ یعنی جو لوگ اللہ پر اس کی تمام صفاتِ تقدّس و کمال پر اور بلا استثناء اس کے تمام رسُولوں پر ایمان لاتے ہیں ان کے اجرِ عظیم کا ذِکر فرمایا جا رہا ہے۔ اور سوف تاکیدِ مضمون کے لیے ہے۔

۲۲۷ کعب بن اشرف چند اور یہودیوں کو ہمراہ لے کر بارگاہِ نبوّت میں حاضر ہوا۔ اور آکر کہنے لگا کہ ہم آپ پر ایمان لانے کے لیے تیار ہیں بس آپ ہماری ایک چھوٹی سی شرط پوری کر دیجئے۔ جیسے ہمارے پیغمبر موسیٰ علیہ السّلام پر لکھی لکھائی تورات آسمان سے اُتری تھی آپ ایسی ہی کوئی کتاب اتروا دیں تو ہم آج ہی کلمہ پڑھ لیں گے۔ یہود کا یہ مطالبہ محض حجّت بازی کے لیے تھا۔ جس کے وُہ عرصہ دراز سے خوگر تھے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ اپنے محبُوب کے تعجّب کو دُور کرنے کے لیے فرماتے ہیں کہ آپ اس پر حیران ہیں یہ اپنے پیغمبر سے تو اس سے بھی بڑی اور انوکھی فرمائش کر چکے ہیں ان سے تو اُنھوں نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ

ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ

پھر بنا لیا اُنھوں نے بچھڑے کو (اپنا معبود) ۲۲۸ اس کے بعد کہ آچکی تھیں ان کے پاس کھلی دلیلیں پھر بھی ہم نے بخش دیا ان

ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ

کا یہ (سنگین) جرم ۲۲۹ اور ہم نے عطا فرمایا موسیٰ کو واضح غلبہ ۲۳۰ اور ہم نے بلند کیا ان کے اُوپر طُور کو

بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ

ان سے پختہ وعدہ لینے کے لیے اور ہم نے فرمایا انھیں کہ داخل ہو جاؤ اس دروازہ سے سجدہ کرتے ہوئے اور ہم نے فرمایا انھیں

لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾ فَبِمَا

کہ حد سے نہ بڑھنا سبت میں اور ہم نے لیا تھا اُن سے پختہ وعدہ (ان پر پھٹکار کی)

نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ

وجہ یہ تھی کہ انھوں نے توڑ دیا اپنے وعدہ کو ۲۳۱ اور انھوں نے انکار کیا اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا اور انھوں نے قتل کیا انبیاء کو ناحق

ہمیں خدا کا بے پردہ دیدار کرا دو تب ایمان لائیں گے۔ اس گستاخی کی سزا انھیں یہ دی گئی کہ بجلی کی کڑک نے انھیں آلیا۔

۲۲۸ ان کے حجت باز ہونے کا دُوسرا واقعہ بیان فرمایا کہ مُوسیٰ علیہ السّلام کی صداقت کے روشن معجزات آنکھوں سے مشاہدہ کرنے کے بعد جب سامری نے بچھڑا بنا کر انھیں کہا کہ تمھارا اصلی خُدا تو یہ ہے عقل کے دشمن اس مُورت کی پرستش میں لگ گئے اور انھیں اتنا بھی یاد نہ رہا کہ کس ذات نے ان کے لیے سمندر میں خشک راستے بنا کر انھیں فرعون کی گرفت سے بچا لیا اور ان کے دُشمن کو ان کی آنکھوں کے سامنے غرق کر دیا جو اتنے کودن ہوں وہ اگر ایسے نامعقول مطالبات کریں تو اس میں حیرت کیا ہے۔ نیز جو تورات لکھی لکھائی ان پر اتاری گئی تھی اس کو انھوں نے کب مانا تھا کہ اب اگر کوئی ایسا صحیفہ آسمان سے اُتارا جاتا تو ان کے ایمان لانے کی توقع کی جاتی۔

۲۲۹ یعنی اس شرک قبیح کے بعد بھی ہم نے ان کو معاف فرما دیا۔

۲۳۰ روشن معجزات اور واضح دلائل یا رُعب و دبدبہ۔

۲۳۱ با سببیت کے معنی پر دلالت کرتا ہے ما زائدہ ہے اور تاکید کا فائدہ دیتا ہے۔ اور تقدیر عبارت یُوں ہے فبنقضھم میثاقھم لعنّاھم (قرطبی) یعنی انھوں نے پختہ وعدہ کیا کہ ہماری اطاعت و فرماں برداری کریں گے لیکن اس کے بعد

حَقٍّ وَّقَوۡلِهِمۡ قُلُوۡبُنَا غُلۡفٌ ؕ بَلۡ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيۡهَا بِكُفۡرِهِمۡ

اور اُنھوں نے یہ (گستاخانہ) بات کہی کہ ہمارے دلوں پر غلاف چڑھے ہیں (یوں نہیں) بلکہ مُہر لگا دی اللہ نے اُن کے دلوں پر ٢٣٢ے

فَلَا يُؤۡمِنُوۡنَ اِلَّا قَلِيۡلًا ۖ ﴿۱۵۵﴾ وَّبِكُفۡرِهِمۡ وَقَوۡلِهِمۡ عَلٰى مَرۡيَمَ بُهۡتَانًا

بوجہ ان کے کفر کے سو وُہ ایمان نہیں لائیں گے مگر تھوڑی سی تعداد۔ اور ان کے کفر کے باعث اور ٢٣٣ے مریمؑ پر بُہتانِ عظیم

عَظِيۡمًا ۙ ﴿۱۵۶﴾ وَّقَوۡلِهِمۡ اِنَّا قَتَلۡنَا الۡمَسِيۡحَ عِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ رَسُوۡلَ

باندھنے کے باعث اور ان کے اس قول سے کہ ہم نے قتل کر دیا ہے مسیح عیسیٰؑ فرزند مریم کو جو اللہ کا رسول

اس کو توڑ دیا۔ اِس وجہ سے ہم نے اُن پر پھٹکار کی اور انھیں اپنے درِ رحمت سے دُور کر دیا۔

٢٣٢ے پہلے کی طرح یہاں بھی اس امر کی تصریح کر دی کہ انسان جب پے در پے گناہوں کا ارتکاب کرتا ہے تو اس کا آئینۂ دل زنگار آلود ہو جاتا ہے اُس کی نگاہِ حق بیں بے نور ہو جاتی ہے اور اس میں حق قبول کرنے کی استعداد دم توڑ دیتی ہے یہود کے فردِ جرم کی اس طویل فہرست پر حواشی سورۂ بقرہ میں گزر چکے ہیں۔

٢٣٣ے یہودیوں کے جرائم کا تذکرہ پہلے سُورہ بقرہ میں گزر چکا ہے۔ یہاں ان جرائم کے علاوہ چند ایسے شدید قسم کے جرائم کا اضافہ کیا جا رہا ہے جن کا ذکر پہلے نہیں آیا۔ (١) حضرتِ مریم پر بہتان: جب حضرت مریم کو حضرت مسیح کی بشارت دی گئی تو آپ کنواری تھیں۔ وضع کا وقت قریب آیا تو آپ باہر ویرانے میں چلی گئیں۔ بچہ پیدا ہوا تو وُہ لوگوں کے طعنوں کا خیال کر کے گھبرائیں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوا کہ جب کوئی تم پر زبانِ طعن دراز کرے تو خود چُپ رہنا اور اس بچے کی طرف اشارہ کر دینا۔ چنانچہ جب آپ واپس یروشلم پہنچیں لوگوں نے ان کی گود میں بچہ دیکھ کر انھیں مطعون کرنا شروع کیا۔ ایک کنواری لڑکی کی گود میں بچہ دیکھنے سے اس کے اخلاق کے متعلق شکوک کا پیدا ہو جانا ایک طبعی امر تھا۔ حضرت مریم نے حسب ارشادِ الٰہی بچے کی طرف اشارہ کر دیا۔ کہ اس سے دریافت کرو۔ کہنے لگے۔ کیف نکلم من کان فی المھد صبیا۔ ہم کیوں کر اس بچے سے بات کر سکتے ہیں جو ابھی پنگھوڑے میں ہے۔ اس وقت وُہ معصوم بچہ جس کی عمر چند گھنٹوں سے زیادہ نہ تھی فصیح زبان میں گویا ہوا۔ قال انی عبد اللہ آتٰنی الکتاب وجعلنی نبیا۔ کہ میں اللہ کا بندہ ہُوں اس نے مجھے کتاب دی ہے اور مجھے نبی بنایا ہے۔ اس روشن معجزہ اور ناقابلِ تردید دلیل کو اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر لینے کے بعد انھیں حضرت مریم کی طہارت کا یقین آنا چاہیئے تھا۔ آخر وُہ اہلِ کتاب تھے اور نبوت، وحی اور معجزات پر ان کا ایمان تھا لیکن یوں جان لینے کے بعد پھر ان کا اس تقدّس مآب خاتون پر یہ تہمت لگانا بُہتانِ عظیم نہیں تو اور کیا ہے۔ والبھتان العظیم رمیھم مریم بالزنا مع رؤیتھم الآیۃ فی کلام عیسیٰ علیہ السلام فی المھد ووصف بالعظیم لانھم تمادوا علیہ بعد ظھور

اللّٰہِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ

ہے ۲۳۴ حالانکہ نہ انھوں نے قتل کیا اور نہ اُسے سُولی چڑھا سکے ۲۳۵ بلکہ مشتبہ ہو گئی ان کے لیے (حقیقت) ۲۳۶ اور یقیناً

الآیۃ وقیام المعجزۃ بالبراءۃ (بحر)

۲۳۴ دُوسرا جرم جس کا یہاں پہلی دفعہ ذکر ہو رہا ہے ان کا یہ دعویٰ کہ ہم نے اللہ کے رسُول مسیح کو قتل کر دیا مفسرین کرام نے لکھا ہے کہ جب وُہ آپ کو رسُول مانتے تھے تو پھر قتل کیوں کیا؟ اِس کے دو جواب دیئے گئے ہیں۔ (۱) انھوں نے یہ الفاظ بطور تمسخر بڑھائے تھے۔ وُہ آپ کو رسُول مانتے نہیں تھے یا یہ کہ یہ الفاظ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسٰیؑ کی شان و توقیر بیان کرنے کے لیے بڑھائے ہیں۔ لیکن اگر یہُود کی گزشتہ تاریخ کو دیکھا جائے تو یہ کچھ بعید بھی معلوم نہیں ہوتا کہ آپ کو رسُول اللہ مانتے ہوئے اُنھوں نے آپ کو قتل کرنے کی ٹھانی ہو۔ حضرت زکریا اور یرمیا علیہما السّلام کو نبی مانتے تھے لیکن جب ان بزرگواروں نے انھیں ان کی بداخلاقیوں پر ٹوکا تو انھیں اپنے ہاتھوں شہید کر دیا۔ بہر حال اُن کا یہ دعویٰ کرنا کہ ہم نے مسیح کو قتل کر دیا (اگرچہ اس کی تغلیط آگے آ رہی ہے) اور پھر اس پر ان کا اِترانا اور فخر کرنا اس سے بڑھ کر ان کے کفر کی اور کیا دلیل ہو سکتی ہے۔

۲۳۵ عجیب بات ہے کہ حضرت مسیح کے دُشمن یہُود بھی دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم نے ان کو قتل کر دیا اور سُولی دے دیا اور آپ کے ماننے والے اور پرستار بھی یہی یقین رکھتے ہیں کہ یہُود نے حضرت مسیح کو سُولی دے دیا۔ گویا بیٹا سُولی پر لٹکتے ہُوئے ایلی! ایلی! تم نے مجھے کیوں چھوڑ دیا فریاد کرتا رہا اور باپ نے اس کی کچھ مدد نہ کی۔ جب دُشمن اور دوست سب اِس بات پر متفق ہو چکے تھے تو قرآن نے آکر حضرت مسیح کی عظمت و جلالت شان سے پردہ اُٹھایا اور صاف الفاظ میں اعلان کیا کہ یہُودی اپنی سازش میں کامیاب نہ ہو سکے۔ جس اللہ کے رسُول کو اپنے اللہ کا پیغام سُنانے کے باعث اُنھوں نے قتل کرنے کی سر توڑ کوشش کی اللہ ربّ العزّت نے اُن کی اس ناپاک سازش کو ناکام بنا دیا۔ اور اپنے رسُول کا بال بھی بیکا نہ ہونے دیا۔ دونوں چیزوں کی نفی کر دی یعنی یہُودی نہ آپ کو قتل کر سکے اور نہ سُولی پر چڑھا کر تذلیل کر سکے۔ جیسے مختلف انجیلوں میں مذکور ہے۔ مرزائیوں کی لاہوری پارٹی کے امیر مولوی محمد علی نے اپنے انگریزی ترجمۂ قرآن میں اِس جگہ توضیحی نوٹ لکھا ہے اس میں اس بات کی بڑی زحمت اُٹھائی ہے کہ آیاتِ قرآن کو انجیلوں میں بیان کردہ حکایت پر منطبق کریں۔ چنانچہ وہ ان تمام تفصیلات کو جو انجیلوں میں موجُود ہیں بڑی فراخدلی سے تسلیم کرتے چلے جاتے ہیں کہ حضرت مسیح کو سُولی دیا گیا۔ چنانچہ وُہ نیم جان ہو کر دُوسرے دو مجرموں کی طرح نیچے گر پڑے۔ آپ کے پہلو میں ضربیں لگا لگا کر چھلنی کر دیا گیا اور خُون کے فوّارے بہ نکلے وغیرہ۔ پھر آخر میں نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ قرآن ان چیزوں کا انکار نہیں کرتا کیونکہ قرآن نے بھی سُولی پر مرنے کی نفی کی ہے لیکن اگر وُہ ذرا سا تامّل کرتے تو قرآن کا ایک لفظ ہی ان کو اس زحمتِ لاطائل سے بچا لیتا۔ وہاں دونوں چیزوں کی نفی ہے مرنے کی بھی اور سُولی پر چڑھائے جانے کی بھی۔ کیونکہ صَلَبَ کا معنی ہے الصلب ھو

الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ

جنھوں نے اختلاف کیا ان کے بارے میں وُہ بھی شک و شبہ میں ہیں ان کے متعلق ٢٣٧ نہیں ان کے پاس اس امر کا کوئی صحیح علم

تعلیق الانسان للقتل: کسی انسان کو لٹکا دینا تاکہ وُہ مر جائے۔ مر جانا صلب کے معنی موضوع لہ میں داخل نہیں بلکہ اس فعل کا مقصد ہے۔ اور مقصد و غایت مفہوم کو مستلزم ہو تو ہو لیکن معنی میں داخل نہیں ہوا کرتا۔ اور اگر یہ تسلیم کر لیا جائے تو پھر یہ بھی ماننا پڑے گا کہ یہود اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے۔ آپ کو پکڑا بھی گیا۔ آپ کے منہ پر تھوکا بھی گیا۔ کانٹوں کا تاج بھی پہنایا گیا اور پھر سُولی بھی چڑھا دیا گیا۔ گویا اپنی طرف سے اُنھوں نے اس منحوس منصوبہ کو عملی جامہ پہنا دیا۔ اب یہ اور بات ہے کہ مسیح توقع سے زیادہ سخت جان ثابت ہُوئے اور بچ گئے۔ یہود کا مقصد تو پُورا ہو گیا۔ اُنھوں نے آپ کی تذلیل و تحقیر اور اذیّت رسانی کے سارے ارمان پُورے کر لیے۔ ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہود کی ناپاک سازشوں کو ناکام کر دیا اور اپنے برگزیدہ بندے اور جلیل القدر رسُول کی توہین کرنے کا انھیں قطعاً موقع نہیں دیا اور یہی قرآن کا واضح اعلان ہے۔

٢٣٦ تفاسیر میں اگرچہ ایسی روایات کثرت سے مندرج ہیں جن میں حضرت مسیح علیہ السّلام کو گرفتار کرنے اور آپ کے بچ جانے اور کسی دُوسرے انسان کو سُولی چڑھائے جانے کی تفصیلات موجُود ہیں لیکن محقّق علمائے تفسیر نے صراحت کر دی ہے کہ کوئی روایت بھی یقینی نہیں۔ اور حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم سے اس کے متعلق کوئی صحیح حدیث مروی نہیں۔ واختلف الرواۃ فی کیفیۃ القتل والصلب ولم یثبت عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ذلك شیٔ (بحر المحیط) بہرحال اتنا معلوم ہوتا ہے کہ یہودیوں نے فلسطین کے رُومی گورنر پیلاطس کی عدالت میں آپ کے خلاف مقدمہ دائر کیا اور آپ پر یہ الزام لگایا کہ آپ دینِ مُوسوی میں تحریف کرتے ہیں اور جھُوٹی شہادتیں پیش کر کے اسے مجبُور کیا کہ آپ کو پھانسی کی سزا دے۔ اور جب اسے پس و پیش کرتے دیکھا تو اس کو فتنہ و بغاوت کی دھمکی دی انجیل کی یہ عبارت ملاحظہ فرمائیے "جب پیلاطس نے دیکھا کہ کچھ نہیں بن پڑتا بلکہ اُلٹا بلوہ ہوا جاتا ہے تو پانی لے کر لوگوں کے رُوبرُو اپنے ہاتھ دھوئے اور کہا میں راست باز کے خون سے بری ہُوں تم جانو۔ سب لوگوں نے کہا اس کا خُون ہماری اور ہماری اولاد کی گردن پر" انجیل متی۔ تو جب پیلاطس نے ان کے دباؤ کے زیر اثر آپ کو بے گناہ اور معصُوم یقین کرتے ہُوئے سُولی دینے کا حکم دے دیا تو اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت غالبہ اور حکمت کاملہ سے عیسٰی علیہ السّلام کو تو بچا لیا اور ایک منافق کی شکل کو آپ کے مشابہ کر دیا اور یہودی اسی کو مسیح سمجھ کر پکڑ لے گئے اور اُسے پھانسی دے دیا۔ اغلباً وُہ منافق یہوداہ تھا جو آپ کا حواری تھا۔ اور جب یہودیوں نے اسے تیس روپیہ کا لالچ دیا تو اس نے اپنے پیغمبر کی مخبری کی اور آپ کو گرفتار کرانے کی کوشش میں یہود کا ساتھ دیا۔

٢٣٧ اِس بارے میں نصاریٰ کے مختلف اقوال کی تو حد ہی نہیں۔ امام رازیؒ نے تین مشہُور فرقوں کی آرا نقل کی ہیں۔

اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ﴿١٥٧﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ

بجز اس کے کہ وُہ پیروی کرتے ہیں گمان کی اور نہیں قتل کیا انھوں نے اُسے یقیناً ۲۳۸ بلکہ اُٹھالیا ہے اُسے اللہ نے اپنی طرف ۲۳۹

ا نسطوریہ ۔ ۲ ۔ ملکانیہ ۔ ۳ یعقوبیہ نسطوریہ فرقہ کا یہ قول ہے کہ مسیح کا ناسُوت تو مصلوب ہُوا لیکن ان کا لاہوت مصلوب نہیں ہُوا۔ ملکانیہ کا خیال ہے کہ لاہُوت بھی مصلوب ہُوا لیکن بالذّات نہیں بلکہ بواسطۂ ناسُوت اور یعقوبیہ کا نظریہ یہ ہے کہ ناسُوت اور لاہُوت دونوں کو سُولی دی گئی ۔ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں کہ ان کی یہ آرا کسی دلیل پر مبنی نہیں بلکہ سب کچھ ظن وگمان کی نقش آرائیاں ہیں ۔

۲۳۸ مسیح کے نام سے واقف جتنی قومیں جہاں کہیں بستی تھیں سب اس غلط فہمی کا شکار تھیں کہ آپ کو سُولی دیا گیا۔ اس عالمی غلط فہمی کا ازالہ اور حضرت مسیح علیہ السّلام کی عظمت کا اعلان اگر قرآن حکیم نہ کرتا تو اور کون کرتا ۔ اس لیے بار بار اس حقیقت کو دُہرایا جارہا ہے ۔

۲۳۹ حضرت مسیح کے بارے میں پھیلے ہُوئے تمام نظریات کا بطلان کر کے اب قرآن خود بتاتا ہے کہ وُہ کہاں گئے۔ فرمایا اُنھیں اللہ تعالےٰ نے اپنی طرف اُٹھالیا ۔ اب قدرۃً یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کہاں اُٹھالیا ۔ کہیں وُہ خود بیٹھا تو ہے نہیں کہ وہاں بُلا لیا ہو تو اس کا صاف جواب یہ ہے کہ آسمان پر۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی حدیث معراج میں اس کی تصریح موجود ہے ۔ کیونکہ رفع کا معنی بلند کرنا ہے ۔ اگر کسی چیز کو نیچی جگہ سے اُٹھا کر بلند جگہ پر رکھ دیا جائے یا کسی کا مرتبہ اور شان بلند کردی جائے تو وہاں رفع کا لفظ مستعمل ہوتا ہے اور اگر دونوں چیزیں اکٹھی ہو جائیں یعنی بلندیٔ مقام اور بلندیٔ شان تو رفع کا استعمال کیوں دل میں کھٹکے ۔ بات اتنی سی تھی ۔ بالکل مختصر اور دو ٹوک ۔ کہ یہودیوں کا دعویٰ اور عیسائیوں کا عقیدہ کہ حضرت مسیح کو سُولی دے دیا گیا دونوں غلط ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے اُنھیں اپنی طرف اُٹھالیا اور حدیثِ رسُول ؐ نے بتا دیا کہ آپ کو آسمان پر اُٹھالیا گیا لیکن انسان کی کج بحثی یا ندرت آفرینی کا کیا علاج جب تک سیدھی اور صاف بات میں اپنی تیخ نہ لگالے حضرت کو قرار نہیں آتا ۔ جناب مرزا صاحب آنجہانی تشریف لائے اور اپنے نبی اور مسیح ہونے کا دعویٰ کر دیا ۔ اور اپنی نبوّت کے ثبوت کے لیے وفاتِ مسیح کو بطور اساس قرار دیا حالانکہ ختمِ نبوّت کے مسئلہ کو حیاتِ مسیح کے ساتھ دُور کا بھی واسطہ نہیں ۔ اگر بفرضِ محال حیاتِ مسیح ثابت نہ ہوسکے تو بھی حضرت خاتم النّبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے بعد کسی کا کسی قسم کی نبوّت کا دعویٰ کرنا آیاتِ قرآنی اور احادیثِ نبویؐ کا صریح انکار اور کفر ہے ۔ مزید برآں مرزا صاحب کا مسیح موعُود ہونے کا دعویٰ اور استدلال بھی کچھ کم دلچسپ نہیں ۔ آپ مسیح کیوں ہیں ؟ اس لیے کہ احادیث میں موجُود ہے کہ حضرت مسیح آئیں گے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کا کوئی فرمان غلط نہیں ہوسکتا ۔ اور اگر پوچھا جائے کہ جناب ! جن احادیث میں مسیح کی آمد کا ذکر ہے ان میں تو مسیح کا نام ، ولدیّت ، محلّ نزوُل اور جو جو کارہائے نمایاں آپ انجام دیں گے ان سب کا تفصیلی ذکر ہے اور حسنِ اتفاق کہ آپ میں ان تفصیلات میں سے کوئی ایک چیز بھی تو نہیں پائی جاتی تو پھر آپ وُہ مسیح کیوں کر ہُوئے

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۵۸﴾ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا

اور ہے اللہ تعالیٰ غالب حکمت والا۔ اور کوئی ایسا نہیں ہوگا اہل کتاب سے مگر ۲۴۰

جس کی آمد کا وعدہ فرمایا گیا ہے۔ (ان احادیث کثیرہ میں سے ایک حدیث کا ذکر ابھی آرہا ہے) تو پھر انھیں احادیث پر اعتراضات کی بوچھاڑ اور جب اس میں بھی کامیابی نظر نہیں آتی تو پھر تاویلات کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ اگر بنی اسرائیل کے دانشوروں نے بچھڑے کو خدا مان لیا تھا تو آج اگر کوئی مرزا صاحب کو نبی یا مسیح موعود مان لے تو کیا تعجب ہے؟ حیاتِ مسیح علیہ السلام کی تفصیلی بحث سورہ الاحزاب کی اکتالیسویں آیت کی تشریح میں ملاحظہ فرمائیے۔ ضیاء القرآن جلد چہارم

۲۴۰؎ قبل موتہ کی ضمیر کا مرجع کون ہے؟ بعض نے کہا اس کا مرجع کتابی ہے یعنی ہر اہل کتاب پر مرنے سے پہلے حضرت عیسیٰؑ کا مقامِ نبوت و عبدیت منکشف ہو جاتا ہے اور وہ اس پر ایمان لے آتا ہے کہ آپ اللہ کے رسول اور اس کے بندے ہیں۔ لیکن امام المفسرین ابن جریر۔ امام ابن حیان الاندلسی اور علامہ ابی عبداللہ القرطبی اپنی تفاسیر میں اس قول کو ترجیح دیتے ہیں کہ مرجع حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ذات ہے یعنی آپ وفات سے پہلے زمین پر نزول فرمائیں گے اور اس زمانہ میں جتنے اہل کتاب ہوں گے آپ پر ایمان لا کر دینِ اسلام میں داخل ہوں گے۔ چنانچہ ابن حیان کی عبارت ہے۔ والظاهر ان الضميرين فی به وموته عائد ان علی عيسٰی وهو سياق الكلام (بحر محیط) اور امام ابن جریر فرماتے ہیں: واولی الاقوال بالصحة والصواب قول من قال تاويل ذلك ان من اهل الكتاب الا ليؤمنن بعيسٰی قبل موت عيسٰی۔

ترجمہ۔ تمام اقوال سے زیادہ صحیح اور درست قول یہ ہے کہ بہ اور موتہ کی ضمیروں کا مرجع عیسیٰؑ ہے یعنی تمام کتابی عیسیٰؑ کے مرنے سے پہلے عیسیٰؑ پر ایمان لے آئیں گے۔

اور علامہ قرطبی یہ قول نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں وقاله قتادة وابن زيد وغيرهما واختاره الطبری و نحوه عن الضحاك وعن سعيد بن جبير۔ ترجمہ۔ کہ حضرات قتادہ، ابن زید وغیرہما کا یہی قول ہے ضحاک، سعید بن جبیر اور امام طبری نے اسی کو ترجیح دی ہے۔

اور اس قول کی وجہ ترجیح یہ حدیث بیان کرتے ہیں جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ عن النبی صلی الله عليه وسلم انه قال لينزلن ابن مريم حكما عدلا فليقتلن الدجال وليقتلن الخنزير و ليكسرن الصليب وتكون السجدة واحدة لله رب العلمين ثم قال ابو هريرة اقرؤوا ان شئتم و ان من اهل الكتاب الا ليؤمنن به قبل موته قال ابو هريرة قبل موت عيسٰی عليه السلام يعيدها ثلاث مرات۔

ترجمہ "حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ابن مریم ایک عادل حاکم کی حیثیت سے تم میں ضرور

لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ

وُہ ضرور ایمان لائے گا مسیح پر ان کی موت سے پہلے اور قیامت کے دن وُہ ہوں گے ان پر

شَهِيْدًا ۚ ﴿۱۵۹﴾ فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ

گواہ ۲۴۱ سو بوجہ ظلم ڈھانے یہود کے ۲۴۲ ہم نے حرام کر دیں اُن پر

طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿۱۶۰﴾

وُہ پاکیزہ چیزیں جو حلال کی گئی تھیں ان کے لیے اور بوجہ روکنے یہود کے ۲۴۳ اللہ کے راستے سے بہت لوگوں کو

اُتریں گے وُہ دجّال اَور خنزیر کو قتل کریں گے صلیب کو توڑیں گے اور سجدہ صرف اللہ تعالیٰ کو کیا جائے گا جو پروردگارِ عالم ہے۔ پھر حضرت ابُوہریرہؓ نے کہا کہ اگر دلیل کی ضرُورت ہو تو یہ آیت پڑھو۔ وان من اهل الكتاب الا ليؤمنن به قبل موته۔ ابوہریرہؓ نے فرمایا موتہ کی ضمیر عیسٰی علیہ السّلام کی طرف لوٹتی ہے۔ آپ نے یہ بات تین بار کہی"۔ یہ حدیث ان کثیر التعداد احادیث میں سے ایک ہے جن میں آنے والے مسیح کی ولدیّت، ان کی صفات اور ان کے کارہائے نمایاں کا تذکرہ ہے۔ اِنصاف سے کہیئے کیا جناب مرزا صاحب میں ان میں سے کوئی ایک بات بھی پائی جاتی ہے۔ اگر نہیں اَور یقیناً نہیں تو پھر وُہ مسیح موعود (یعنی وُہ مسیح جس کی آمد کا وعدہ کیا گیا ہے) کیوں کر بن سکتے ہیں؟

۲۴۱ یعنی آپ یہُودیوں اور عیسائیوں کی بداعمالیوں پر شہادت دیں گے۔

۲۴۲ فبما نقضهم کا بدل ہے۔ ابھی ذِکر یہُود کی نافرمانیوں کا چلا آ رہا ہے انھیں عصیاں شعاریوں کے باعث اللہ تعالیٰ نے کئی ایک حلال و پاکیزہ اشیاء کو بطور سزا اُن پر حرام فرمایا۔ جن کا تفصیلی ذِکر آگے آئے گا۔

۲۴۳ یہ کوئی معمُولی جُرم نہیں کہ انسان خود اطاعتِ خداوندی سے محرُوم رہے لیکن جو شخص دُوسروں کے لیے ہدایت کا راستہ بند کرتا ہے اور دعوتِ حق قبُول کرنے سے روکتا ہے اس سے بڑھ کر اور کون مجُرم ہوگا۔ دین سے روکنے کی ایک صُورت تو یہ ہے کہ انسان زبان اور قوّت سے لوگوں کو سچّا دین قبول کرنے سے روکے۔ اس کے علاوہ ایک دُوسری صُورت بھی ہے جو زیادہ خطرناک ہے وُہ یہ کہ انسان دینِ حق کو قبول تو کرلے لیکن اس کے احکام، اس کے ضابطۂ اخلاق اور اس کے قواعدِ معاشرت وغیرہ پر عمل کر کے اپنی حالت کو نہ سنوارے تو دُوسری قومیں خود بخود اس دین سے متنفّر ہو جائیں گی کہ جب اس کے قدیم ماننے والے کسی حیثیّت سے بھی دُوسری قوموں سے بلند اور بہتر نہیں تو پھر اس دین کو کیوں قبول کیا جائے۔ کیا ہم مُسلمان کہلانے والے اپنی زِشتیِ اعمال سے دُوسری قوموں کے لیے اِسلام قبول کرنے میں حجاب اور رُکاوٹ تو نہیں؟ یہ غور طلب مسئلہ ہے۔

وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ

اور بوجہ ان کے سود لینے کے ۲۴۴ حالانکہ منع کیے گئے تھے اس سے اور بوجہ ان کے کھانے کے لوگوں کے مال

بِالْبَاطِلِ ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶۱﴾ لٰكِنِ

ناحق اور تیار کر رکھا ہے ہم نے کافروں کے لیے ان میں سے عذاب دردناک لیکن

الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ

جو پختہ ہیں ۲۴۵ علم میں ان سے (وہ بھی) اور (جو) مسلمان ہیں ایمان لاتے ہیں اس پر جو اُتارا گیا

اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ

آپ کی طرف اور جو اتارا گیا آپ سے پہلے اور صحیح ادا کرنے والے ۲۴۶ نماز کے اور دینے والے

الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ سَنُؤْتِيْهِمْ

زکوٰۃ کے اور ایمان لانے والے اللہ اور روزِ آخرت کے ساتھ یہی ہیں جنھیں عنقریب ہم دیں گے

۲۴۴ے اگرچہ آج یہود دنیا میں سب سے بڑی سود خور قوم ہے اور دولت جمع کرنے میں ہر حیلہ و فریب سے کام لینے میں ضرب المثل ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ان کے دین نے ان کو ایسے قبائح کی اجازت دی۔ اس لیے قرآن نے بتایا کہ ان باتوں سے انھیں منع کیا گیا تھا لیکن باز نہ آئے۔ ان کی تورات میں اب بھی ایسی واضح آیات موجود ہیں جن میں انھیں سود لینے سے روکا گیا ہے۔ "اگر تو میرے لوگوں میں سے کسی محتاج کو جو تیرے پاس رہتا ہو کچھ قرض دے تو اس سے قرضخواہ کی طرح سلوک نہ کرنا اور نہ اس سے سود لینا۔ (خروج ۲۲ : ۲۵)

۲۴۵ے یہود کی کثرتِ غالبہ اگرچہ ہدایت آسمانی کو عملی طور پر چھوڑ چکی تھی لیکن ان میں بھی خال خال ایسے علماء موجود تھے جن کی معلومات اپنے دین کے متعلق سطحی قسم کی نہ تھیں بلکہ ٹھوس قابلیت کے مالک تھے جیسے عبد اللہ بن سلام وغیرہ اور اپنے علم کے مطابق عمل پیرا تھے یہ کیسے ہوسکتا تھا کہ قرآن حکیم ان نفوسِ قدسیہ کا ذکر نہ فرماتا۔

۲۴۶ے اس کا عطف المومنون پر ہے۔ نحوی قاعدہ کے مطابق المقیمون ہونا چاہیئے اسے اپنے معطوف علیہ کے خلاف اعراب کیوں دیا گیا؟ اس کے متعلق علماء نے متعدد جواب دیئے لیکن سب سے بہتر توجیہ وہ ہے جو سیبویہ نے کی۔ قال سیبویه هذا باب ما ينصب على التعظيم: کہ مقیمین پر نصب تعظیم کی وجہ سے ہے وهذا اصح ما قيل فيه (قرطبی)

ع ۲۲ / ۲

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۶۲﴾ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ

اجر عظیم۔ بے شک ہم نے وحی بھیجی آپ کی طرف ۲۴۷ جیسے وحی بھیجی ہم نے نوح کی طرف

وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَ

اور ان نبیوں کی طرف جو نوح کے بعد آئے اور (جیسے) وحی بھیجی ہم نے ابراہیم، اسمٰعیل،

اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَ

اسحٰق، یعقوب اور ان کے بیٹوں اور عیسیٰ، ایوب، یونس،

هٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۱۶۳﴾ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ

ہارون اور سلیمان کی طرف اور ہم نے عطا فرمائی داؤد کو زبور اور (جیسے وحی بھیجی) دوسرے رسولوں پر جن کا حال بیان کر دیا ہے

۲۴۷ لغت عربی میں وحی کا معنی اشارہ کرنا ہے جیسے فاوحی الیهم ان سبحوا بکرة وعشیا حضرت زکریا نے انھیں اشارہ کیا کہ صبح و شام اللہ کی تسبیح کیا کریں اور اس کا اطلاق مختلف مفہوموں پر ہوتا رہتا ہے بطریق الہام کسی چیز کو دل میں ڈال دینے کو بھی وحی کہتے ہیں جیسے واوحینا الی ام موسٰی نیز اپنے طبعی اور غریزی فرائض کی انجام دہی کے لیے جو ہدایت کسی کو فطری طور پر اپنے خالق کی طرف سے ہوتی ہے اُسے بھی وحی کہا جاتا ہے جیسے واوحی ربك الی النحل۔ اور کسی کو پُراسرار طریقہ سے کسی امر کی تعلیم دینے کو بھی وحی کہتے ہیں جیسے شیاطین الانس والجن یوحی بعضهم الی بعض۔ اور انبیاء کی طرف اللہ تعالیٰ کی جانب سے جو وحی کی جاتی ہے اس کا مفہوم یہ ہے وحی الله الی انبیائه هو ما یلقیه الیهم من العلم الضروری الذی یخفیه عن غیرهم بعد ان یکون اعدّ ارواحهم لیلقیه بواسطة الملك او بغیر واسطة (المنار) ترجمہ۔ اس علم یقینی اور قطعی کو وحی کہتے ہیں جو اللہ تعالیٰ دُوسرے لوگوں سے پنہاں اپنے انبیاء کے دلوں میں القاء فرماتا ہے۔ جن کے ارواح طیبہ کو اُس نے پہلے سے اس علم کو قبول کرنے کے لیے تیار کیا ہوتا ہے۔ یہ القاء کبھی فرشتہ کے واسطہ سے ہوتا ہے اور کبھی بلاواسطہ براہِ راست۔ وحی کی حقیقت ذہن نشین کر لینے کے بعد اب آیت پر غور فرمائیے۔ حضور نبی کریم کی نبوت کو یہود بڑے شک کی نگاہ سے دیکھتے اور بہت حیران ہوتے تھے کہ یہ کیونکر نبی ہوگئے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ آپ سے پہلے اور انبیاء بھی مبعوث ہوئے اور اُن پر اللہ کی وحی نازل ہوئی ہے اور جب وہ ان کی نبوت اور ان پر نزولِ وحی کو تسلیم کرتے ہیں تو آپ کو کیوں نبی نہیں مانتے۔ چند انبیاء کے اسماء گرامی ذکر کر دیئے تاکہ انھیں مجالِ انکار نہ رہے۔

عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۭ وَكَلَّمَ اللّٰهُ

ہم نے آپ سے اس سے پہلے اور ان رسُولوں پر بھی جن کا ذکر ہم نے اب تک آپ سے نہیں کیا ۲۴۸ اور کلام فرمایا اللہ نے

مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿۱۶۴﴾ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ

مُوسیٰ سے خاص کلام ۲۴۹ (بھیجے ہم نے یہ سارے) رسُول خوشخبری دینے کے لیے اور ڈرانے کے لیے تاکہ نہ رہے

لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۶۵﴾

لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی عُذر رسُولوں کے (آنے کے) بعد ۲۵۰ اور اللہ تعالیٰ غالب ہے حکمت والا ہے (کوئی تسلیم نہ کرے تو اُس کی مرضی)

۲۴۸ یہاں سے اس غلط فہمی کا ازالہ کرنا مقصود ہے کہ انبیا صرف اتنے ہی ہوتے ہیں جن کے نام قرآن مجید میں موجود ہیں اس لیے فرمایا کہ بعض ایسے انبیاء بھی ہیں جن کا نام قرآن حکیم میں نہیں آیا۔ اس سے کوئی یہ نہ سمجھ لے کہ دُوسرے انبیاء کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو بھی علم نہ تھا۔ علامہ آلوسیؒ فرماتے ہیں کہ حضورؐ کو سب انبیاء کا علم تھا۔ یہاں نفی زمانہ گزشتہ کی ہو رہی ہے۔ یہ اس کو مستلزم نہیں کہ آئندہ بھی نہ بتایا ہو۔ لان نفی قصهم من قبل لا يستلزم نفی قصهم مطلقا۔ (رُوح المعانی)

۲۴۹ مصدر کا ذکر تاکید اور رفع احتمال مجاز کے لیے ہے یعنی کوئی یہ نہ خیال کرے کہ اللہ تعالیٰ کی گفتگو مُوسیٰ علیہ السّلام سے بھی بذریعہ فرشتہ ہوئی اور کلام کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف مجازی ہے۔ بلکہ حقیقتہً اللہ تعالیٰ نے فرشتہ کے بغیر کلام فرمایا۔ اور اللہ تعالیٰ جس بندے کو اپنے خاص فضل سے ممتاز کرنا چاہے کر سکتا ہے۔ بے واسطہ گفتگو ہمارے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم سے بھی ہُوئی لیکن موسیٰؑ سے وادیٔ ایمن میں اور مصطفٰےؐ سے بالائے عرش۔ بس وُہی فرق جو کلیم اور حبیب میں ہے علّامہ آلوسی بغدادیؒ فرماتے ہیں کہ کسی نبی کو جو معجزہ عطا ہُوا وُہ معجزہ اللہ تعالیٰ نے بمعہ زیادتی اپنے محبوب کو بھی مرحمت فرمایا۔ بل مامن ذرة نور شعت فی العلمین الا تصدقت بها شمس ذاته صلى الله تعالیٰ علیه وسلم ولله سبحانه در البوصيری حيث يقول ؎

وكل آي اتى الرسل الكرام بها فانما اتصلت من نوره بهم (رُوح المعانی)

یعنی سارے جہانوں میں نور کی کوئی کرن جو کہیں چمک رہی ہے وُہ آفتاب محمدی کا صدقہ ہے۔ اور علّامہ بوصیریؒ نے کیا ہی خوب فرمایا ہے کہ اللہ کے معزّز و مکرّم رسولوں کو جو معجزہ بھی ملا ہے وُہ درحقیقت آپ کے نور کا فیضان ہے۔

۲۵۰ یعنی ہم نے کثیر تعداد میں مختلف علاقوں اور مختلف وقتوں میں اس لیے نبی اور رسُول مبعوث فرمائے تاکہ لوگوں کو اللہ کی معرفت اور اس تک پہنچنے کا راستہ بتائیں اور یوم حشر جب وُہ ہماری جناب میں پیش ہوں تو یہ عُذر نہ پیش کر سکیں کہ ہمیں ہماری گمراہی پر کیوں سزا دی جا رہی ہے۔ کیا کوئی ایسا پیغمبر آیا جس نے ہمیں حق کی دعوت دی اور ہم نے قبول نہ کی۔ جب ہمیں

لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

لیکن اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے اس کتاب کے ذریعہ جو اس نے آپ کی طرف اتاری کہ اس نے اُسے اتارا ہے اپنے علم سے اور فرشتے بھی ۲۵۱

يَشْهَدُوْنَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿١٦٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا

گواہی دیتے ہیں اور کافی ہے اللہ تعالیٰ بطور گواہ بے شک وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا اور روکا (دُوسروں کو)

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًا بَعِيْدًا ﴿١٦٧﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اللہ کی راہ سے ۲۵۲ وہ گمراہ ہوئے اور گمراہی میں بہت دُور نکل گئے بے شک جنھوں نے کفر کیا

وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿١٦٨﴾

اور ظلم کیا نہیں ہے اللہ تعالیٰ کہ بخش دے انھیں اور نہ یہ کہ دکھائے ۲۵۳ انھیں (سیدھی) راہ

اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

بجز جہنم کی راہ کے ہمیشہ رہیں گے اس میں ابد تک اور یہ بات اللہ تعالیٰ کے لیے

حق کی طرف بُلانے والا آپ نے بھیجا ہی نہیں تو پھر ہمیں آج کیوں عذاب دیا جا رہا ہے۔ ان کے اس عُذر کو دُور کرنے کے لیے انبیاء و رُسل مبعوث کیے گئے۔

۲۵۱؎ جس ذات پاک نے آپ سے پہلے آنے والے پیغمبروں پر وحی نازل کی۔ اسی نے آپ پر یہ کتاب نازل فرمائی۔ اس حقیقت کو ثابت کرنے کے لیے دُوسرے لوگوں کی شہادت کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں۔ خود اللہ تعالیٰ اس کتاب کے ذریعہ اس کی سچّائی کی گواہی دے رہا ہے کہ اسی نے اپنے کمالِ علم و حکمت سے اسے اُتارا ہے۔ اس کتاب کی ہر آیت ہر جُملہ بلکہ ہر کلمہ اللہ تعالیٰ کے کمالِ علم کی جلوہ گاہ ہے۔ جو شخص تعصّب سے بالاتر ہو کر اس کا مطالعہ کرے گا وُہ بے ساختہ کہہ اُٹھے گا کہ یہ کتاب اللہ کی نازل کردہ ہے۔

۲۵۲؎ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے اوصاف و کمالات جو تورات میں موجود تھے ان کا اِنکار کر کے اُنھوں نے دُوسرے لوگوں کو بھی اِسلام قبول کرنے سے روک دیا۔ ای دین الاسلام بانکارھم نعت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم۔

۲۵۳؎ کیونکہ انھوں نے خود قبولِ حق کی اِستعداد کو ضائع کر دیا ہے اور اپنے اعمالِ سیّئہ سے اپنے آپ کو جہنّم کی سزا کا مُستحق بنا دیا ہے۔

يَسِيرًا ﴿١٦٩﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الرَّسُولُ بِالْحَقِّ مِن رَّبِّكُمْ

بالکل آسان ہے اے لوگو! تحقیق آگیا ہے تمھارے پاس رسول حق کے ساتھ تمھارے رب کی طرف سے

فَآمِنُوا خَيْرًا لَّكُمْ ۚ وَإِن تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ

پس تم ایمان لاؤ یہ بہتر ہے تمھارے لیے اور اگر تم انکار کرو تو بے شک اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں

وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١٧٠﴾ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا

اور زمین میں ہے اور ہے اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا اے اہل کتاب نہ غلو کرو ۲۵۴ؔ

فِي دِينِكُمْ وَلَا تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ ۚ إِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى

اپنے دین میں اور نہ کہو اللہ تعالیٰ کے متعلق مگر سچی بات بے شک مسیح عیسیٰ

ابْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ اللَّهِ وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلَىٰ مَرْيَمَ وَرُوحٌ

پسر مریم تو صرف اللہ کے رسول ہیں اور اس کا کلمہ ۲۵۵ؔ جسے اللہ نے پہنچایا تھا مریم کی طرف اور ایک رُوح تھی

۲۵۴ؔ اس سے پہلے یہود کا ذِکر تھا جنھوں نے حضرت عیسٰی علیہ السّلام کے مقامِ بلند کو نہ پہچانا اور آپ کو نبی ماننا تو کجا ایک شریف آدمی بھی تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ آپ کی ذاتِ مقدّسہ اور آپ کی والدہ طاہرہ پر گندے سے گندے بہتان لگائے۔ یہاں تک کہ آپ کو قتل کرنے کی بھی مذموم کوشش کی جس میں وُہ ناکام رہے۔ ان کی تردید کے بعد رُوئے سخن دُوسری قوم کی طرف ہوتا ہے جنھوں نے حضرت مسیح کو یُوں بڑھایا کہ انھیں خُدا یا خُدا کا بیٹا ماننا شروع کر دیا۔ اب انھیں اس غلو سے روکا جا رہا ہے اور انھیں بتایا جا رہا ہے کہ وُہ خُدا نہیں، خُدا کے بیٹے نہیں بلکہ خُدا کے برگزیدہ رسُول اور مقبول بندے ہیں۔ غلو کا معنی ہے حد سے تجاوز کرنا الغلو التجاوز فی الحد (قرطبی) قرآن کریم میں حضرت عیسٰی علیہ السّلام کے ذِکر کے ساتھ کلمہ اور رُوح کے الفاظ کا ذِکر اکثر ملتا ہے اِس لیے ان کا صحیح مفہُوم ذہن نشین کرنا از حد ضروری ہے تاکہ کسی کی وسوسہ اندازی سے انسان متاثر نہ ہو۔

۲۵۵ؔ کلمہ کا لغوی معنی تو ہے وما ینطق بہ الانسان جس کے ساتھ نطق کیا جائے۔ یہ تو ظاہر ہے کہ عیسٰی علیہ السّلام پر اس کا اطلاق حقیقی معنی میں نہیں بلکہ مجازاً ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ وجہِ مجاز کیا ہے۔ امام غزالی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ حضرت عیسٰی علیہ السّلام پر کلمہ کے اطلاق کی وجہ یہ ہے کہ ہر مولُود کے دو سبب ہیں۔ ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ کا ارادہ اس کی تخلیق سے

مِّنْهُ ۫ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۫ۚ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا

اس کی طرف سے ۲۵۶ پس ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسولوں پر اور نہ کہو ۲۵۷ تین (خدا ہیں) باز آجاؤ (ایسا کہنے سے) یہ بہتر ہے

متعلق ہوا اور وہ اپنی زبان قدرت سے "کن" فرما کر اسے اذن ظہور دے۔ دوسرا سبب یہ ہے کہ مادہ منویہ شکم مادر میں قرار پکڑے اور وقت معین گزرنے کے بعد اس کی ولادت ہو۔ پہلا سبب اگرچہ حقیقی ہے لیکن نگاہوں سے پوشیدہ ہے اس لیے اسے سبب بعید کہہ لیجئے اور دوسرا سبب کیونکہ عادی اور عام ہے اور اسے ہر ایک جانتا ہے مومن ہو یا غیر مومن اس لیے اسے سبب قریب کہہ لیجئے۔ اب یہاں دلائل قطعیہ سے ثابت ہے کہ سبب قریب یعنی مادہ منویہ موجود نہیں اس لیے ان پر سبب بعید یعنی کلمہ "کن" کا اطلاق کر دیا اور آپ کو کلمۃ اللہ یا کلمۃ منہ کہہ دیا۔ اور عربی لغت میں سبب کا اطلاق مسبّب پر عام ہوتا رہتا ہے۔ جیسے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے متعلق فرمایا۔ انا دعوۃ ابی ابراھیم یعنی میں اپنے پدر بزرگوار ابراہیمؑ کی دعا ہوں حالانکہ آپ دعا نہ تھے بلکہ دعا کا جواب تھے۔ دعاء ابراہیمی کیونکہ آپ کی تشریف آوری کا سبب بنی تھی اس لیے آپ پر دعا کا اطلاق کر دیا۔ نیز کلمہ کا لفظ بشارت اور آیت کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا رہتا ہے اس صورت میں معنی یہ ہوگا کہ آپ وہ بشارت ہیں جو حضرت مریم کو دی گئی یا آپ اللہ کی قدرت کی آیت (نشانیوں) میں سے ایک روشن نشانی ہیں۔

۲۵۶ روح کا معنی ہے ما به الحیاۃ جس کے ساتھ زندگی قائم ہو۔ اور زندگی دو قسم کی ہوتی ہے۔ حسّی اور معنوی۔ حسّی زندگی وہ ہے جس کے ذریعے چلنا پھرنا، بولنا، سننا اور سمجھنا اور یاد کرنا وغیرہ قسم کے افعال صادر ہوتے ہیں اور معنوی وہ ہے جس سے مکارم اخلاق رحم، سخاوت، محبت وغیرہ کا ظہور ہوتا ہے۔ اسی لیے قرآن حکیم کو بھی کئی بار روح کہا گیا ہے کیونکہ وہ حیات معنوی کا سبب ہے وکذلك اوحینا الیك روحا من امرنا۔ اسی طرح ہم نے اپنے حکم سے آپ پر روح یعنی قرآن نازل فرمایا۔ اور حضرت مسیح کیونکہ حیات حسّی اور معنوی دونوں کے مظہر اتم تھے اس لیے آپ کو بطور مبالغہ روح یعنی سراپا روح کہہ دیا جیسے ہم کسی بہت خوب صورت انسان کو "حسن مجسم" کہہ دیتے ہیں۔

منه ۔ روح کی اضافت اللہ تعالیٰ کی طرف جزئیت کی نہیں بلکہ تشریف و تفضیل کی ہے اور یہ اضافت قرآن اور کلام عرب میں عام ہے مثلاً اللہ تعالیٰ شیطان کو فرماتے ہیں ان عبادی لیس لك علیھم سلطان یعنی میرے بندوں پر تو قابو نہیں پا سکتا۔ بندے تو سب اللہ تعالیٰ ہی کے ہیں مومن ہوں یا کافر، نیک ہوں یا بد۔ لیکن اطاعت شعار بندوں کی اضافت اپنی طرف کی اور اُن کو اپنا مخصوص اور مخلص بندہ ہونے کا شرف و عزت بخشی۔ یہاں بھی روح منه یا روح اللہ کہہ کر اس خصوصی شرف و مقبولیت کا اظہار مقصود ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بارگاہ الٰہی میں حاصل ہے منه کے لفظ سے یہ کہنا کہ قرآن سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ حضرت مسیح اللہ کی جزء ہیں بالکل ناحق ہے۔ کیونکہ آپ اس طرح جزئیت ثابت کرنے پر بضد ہوں تو پھر اس میں حضرت عیسیٰؑ کی خصوصیت باقی نہیں رہتی۔ کیونکہ قرآن میں حضرت

لَكُمْ ۭ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا

تمہارے لیے بے شک اللہ تو معبودِ واحد ہی ہے پاک ہے وہ اس سے کہ ہو اس کا کوئی لڑکا اسی کا (ملک) ہے

آدم علیہ السّلام کے متعلق صاف موجود ہے کہ نفخت فیہ من روحی کہ میں نے اپنی رُوح آدم میں پھونک دی۔ صرف آدم نہیں بلکہ تمام اولادِ آدم کے متعلق ارشاد ہے ثم جعل نسلہ من سلالۃ من ماء مھین ثم سواہ و نفخ فیہ من روحہ یعنی اللہ تعالیٰ نے ہر بچۂ آدم کو مادۂ منویہ سے تخلیق کرکے اور اس کے اعضاء کو درست کرکے اس میں اپنی رُوح پھُونکی۔ صرف آدم و بنی آدم ہی نہیں بلکہ کائنات کی ہر چیز کو اللہ تعالیٰ کا جزو ماننا پڑے گا وسخر لکم ما فی السموات وما فی الارض جمیعا منہ۔ اگر من روحی اور من روحہ اور منہ کے الفاظ سے کسی چیز کی جزئیّت ثابت نہیں ہوتی تو پھر اگر وُہی لفظ حضرت مسیح کے لیے استعمال ہوں تو ان سے جزئیّت کیسے ثابت ہو سکتی ہے اور حقیقت تو یہ ہے کہ انجیل میں اب بھی ایسی آیات موجود ہیں جن سے قرآن کے اس نظریہ کی تائید ہوتی ہے کہ رُوح الامین کے پھُونک مارنے سے آپ کی ولادت ہُوئی۔ ملاحظہ ہو۔ اما ولادۃ یسوع المسیح فکانت ھکذا: لما کانت مریم امہ مخطوبۃ لیوسف قبل ان یجتمعا وجدت حبلی من الروح القدس۔ اس عربی عبارت کا ترجمہ اُردو میں ملاحظہ ہو:۔

"اب یسُوع مسیح کی پیدائش اِس طرح ہُوئی کہ جب اس کی ماں مریم کی منگنی یُوسف کے ساتھ ہو گئی تو ان کے اکٹھے ہونے سے پہلے وُہ رُوح القدس کی قدرت سے حاملہ پائی گئی"۔ (انجیل متی ۱:۱۸)

۲۵۷ قرآن حکیم نے حضرت مسیح کی ہستی کے متعلق جو صدیوں سے ایک معمّہ بن کر رہ گئی تھی صاف الفاظ میں صراحت کر دی کہ وُہ مریم کے بیٹے اور اللہ کے رسُول ہیں اور بِن باپ اس کے کلمۂ کُن سے ان کی پیدائش ہُوئی ہے۔ اور وُہ اللہ تعالیٰ کی مقرّب رُوحوں میں سے ایک مقدّس رُوح ہیں۔ اب ان الفاظ سے عیسائیوں کو ان کے غلط عقیدہ سے باز رہنے کا حکم دیا جا رہا ہے اور یہ قرآن مجید کا اعجاز ہے اور اس کے کلامِ الٰہی ہونے کی ایک اور روشن دلیل ہے کہ ثلثۃ جو خبر ہے اس کو ذکر کیا اور اس کی مبتداء کو محذُوف کر دیا۔ کیونکہ تثلیث میں تو عیسائیوں کے تقریباً تمام فرقے متحد ہیں لیکن ان کی تفصیل میں ان کا باہمی اِتنا اختلاف اور تضاد ہے کہ یہ مسئلہ ان کے نزدیک بھی ایک چیستان بن کر رہ گیا ہے۔ اگر کوئی ایک مبتداء بیان کر دی جاتی تو تثلیث کی ایک صُورت تو ممنوع ہو جاتی اور تثلیث کی دُوسری اقسام کا حکم معلوم نہ ہو سکتا۔ اِس لیے خبر کے ذکر پر اکتفاء کیا تاکہ موقع اور محل کے مطابق مبتداء مقدر مان لی جائے۔ یہاں یہ تو ممکن نہیں کہ عیسائیوں کے تمام فرقوں کا تثلیث کے بارے میں جو جو عقیدہ ہے ان سب کو بیان کروں لیکن ان کے چند اہم فرقوں کے نظریات بیان کرنے کی ضرور جسارت کروں گا۔

اِس بات پر تو تقریباً سب عیسائی فرقے متفق الرّائے ہیں کہ اللہ تعالیٰ بحیثیت جوہر ہونے کے واحد ہے۔ اور

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۷۱﴾

جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے اور کافی ہے اللہ تعالیٰ کارساز

بحیثیت اقانیم تین ہے۔ وجود، علم اور حیات کو اقانیم کہتے ہیں (اقانیم کا واحد اقنوم ہے) جس کا معنی شخص اور اصل ہے۔ الاقنوم: الشخص، الاصل ج اقانیم والکلمۃ من الدخیل (المنجد) وجود کو باپ، علم کو بیٹا اور حیات کو روح القدس کہتے ہیں۔ ان کا اختلاف اس میں ہے کہ ان تین اقانیم کا تعلق جوہر (یعنی اللہ) سے کیسا ہے۔

۱۔ ایک فرقہ کا یہ مذہب ہے کہ یہ تین اقانیم اور جوہر قدیم الگ الگ ہیں اور ہر ایک ان میں سے خدا ہے۔ اور اقنوم ثانی (یعنی علم) حضرت مسیح کے جسم سے متحد ہوگیا جیسے شراب اور پانی ملنے کے بعد یک جان ہو جاتے ہیں اور مسیح بھی ازلی قدیم ہے۔ اور مریم نے ازلی قدیم کو جنا ہے۔

۲۔ ایک اور فرقہ یہ کہتا ہے کہ بیٹا یعنی مسیح کی دو حیثیتیں ہیں ایک لاہوتی اور ایک ناسوتی۔ اس حیثیت سے کہ وہ خدا کا بیٹا ہے۔ وہ خدائے کامل ہے اور اس حیثیت سے کہ اس کا ظہور اس جسدِ عنصری میں ہوا انسان کامل ہے۔ اس لیے یہ قدیم بھی ہے اور حادث بھی۔ اور قدیم و حادث کا یہ اتحاد نہ قدیم کی قدامت کو متاثر کرتا ہے اور نہ حادث کے حدوث کو۔

۳۔ ایک نظریہ یہ ہے کہ کلمہ یعنی اقنوم ثانی گوشت اور خون میں بدل گیا اور خدا مسیح کی شکل میں رونما ہوا۔

۴۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ الٰہ قدیم کے جوہر اور انسان حادث کے جوہر میں یوں امتزاج ہوا جیسے نفس ناطقہ کا جسم کے ساتھ ہوتا ہے اور وہ دونوں ایک چیز بن جاتے ہیں۔ اسی طرح جوہر قدیم اور جوہر حادث کے مجموعہ کا نام مسیح ہے اور وہی خدا ہے۔ اور کہتے ہیں کہ اگرچہ خدا انسان نہ بن سکا لیکن انسان خدا بن گیا۔ جیسے اگر آگ کوئلہ نہیں بن سکتی تو کوئلہ تو آگ بن جاتا ہے۔

اس سلسلہ کو کہاں تک طول دیں مشتے نمونہ از خروارے بس ست۔ ان میں سے کوئی بات ایسی نہیں جسے عقل سمجھ سکے۔ بہرحال ایک چیز واضح ہوگئی کہ ان تمام اختلافات کے باوجود تثلیث کے عقیدہ پر سب متفق ہیں۔ گو عنوان جدا جدا ہیں لیکن معنون ایک ہی ہے۔ اور یہ ایک ایسا معمہ ہے جس کو حل کرنے کے لیے عیسائیت کے بڑے بڑے مدبروں اور دانشوروں نے سر توڑ کوشش کی لیکن نتیجہ برآمد نہ ہو سکا۔ آخر ایک ہی چیز کو قدیم اور حادث، خدا اور بندہ اور لاہوت و ناسوت کا مجموعہ کیسے تصوّر کرلیا جائے۔ اگر تاریخ مذاہب عالم کا مطالعہ کیا جائے تو تثلیث کا عقیدہ تمام مشرکانہ مذاہب میں مشترک نظر آتا ہے۔ ہندوستان کی تاریخ میں "تری مورتی" یعنی برہما، وشنو اور شیو کی عبادت کی جاتی ہے۔ جن کے لیے وہ ان تین حروف (ا۔و۔م) کو بطور رمز استعمال کرتے ہیں۔ چین میں "تاؤ" ایک ایسا خدا ہے جس کی تین اقانیم ہیں۔ مصر قدیمہ میں معبد منفس کے قسیس ثالوث مقدّس کی تعلیم دیتے تھے اور یہ بتاتے تھے کہ پہلے نے دوسرے کو اور دونوں

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ

ہرگز عار نہ سمجھے گا مسیح (علیہ السلام) کہ وُہ ۲۵۸ے بندہ ہو اللہ کا اور نہ ہی مقرب فرشتے

الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ

(اس کو عار سمجھیں گے) اور جسے عار ہو اس کی بندگی سے اور وُہ تکبر کرے تو اللہ جلد ہی جمع کرے گا

اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿۱۷۲﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ

ان سب کو اپنے پاس پھر جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے تو اللہ تعالیٰ پُورا پُورا دے گا انھیں

نے مل کر تیسرے کو پیدا کیا۔ اُن کے اعتقاد میں اقنوم ثانی کو کلمہ، نیز دُوسرا خُدا اور اللہ کا پلوٹھی کا بیٹا کہا جاتا (بالکل ویسے جیسے اب عیسائی کلمہ کو ابن اللہ اور الٰہ مانتے ہیں) اور فارس میں بھی ایک ایسے الٰہ کی پرستش کی جاتی تھی جو مثلث الاقانیم تھا جن کے نام یہ تھے ازمرد، مترات اور اہرمن۔ مترات کو وُہ بھی ابن اللہ کہا کرتے۔ اور خود یورپ میں مسیحیت سے پہلے تثلیث کا عقیدہ رائج تھا۔ چنانچہ یُونانی ایک ایسے خُدا کے قائل تھے جس کی تین اقانیم تھیں۔ اور رُوم کے قدیم بُت پرست بھی تثلیث کے قائل تھے۔ اور اللہ، کلمہ اور رُوح پر ایمان رکھتے تھے۔ اس مطالعہ کے بعد یہ نتیجہ نکالنا مشکل نہیں کہ جب عیسائیت مشرقِ اوسط سے یورپ میں پہنچی اور قسطنطین شاہِ رُوم نے اسے قبول کیا تو وُہی تثلیث جو اہلِ یورپ کے عقیدہ میں غیر معلوم زمانہ سے چلی آرہی تھی منتقل ہو کر ایک ایسے دین میں آگئی جو سراسر توحیدِ خالص کا علمبردار تھا۔ انجیل مقدس کی یہ آیت اب بھی اعلان کر رہی ہے کہ اس دینِ حق کا اور اس کے پیغمبر کا دامن شرک کی ان آلودگیوں سے پاک ہے۔ حضرت مسیح علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

هذه هي الحياة الابدية ان يعرفوك انت الاله الحقيقي وحدك ويسوع المسيح الذى ارسلته۔ (انجیل یوحنا)

"ہمیشہ کی زندگی یہ ہے کہ وُہ تجھ خُدائے واحد اور برحق کو اور یسُوع مسیح کو جسے تُو نے بھیجا ہے جانیں"۔

(انجیل یوحنا باب ۱۷: ۳)

۲۵۸ے یعنی عیسیٰ علیہ السلام کے لیے اللہ تعالیٰ کی توحید کا اعتراف اور اپنے بندہ ہونے کا اعتراف باعث ہزار فخر و نازش ہے وُہ بھلا کیوں اس کو عار سمجھیں۔ اور حقیقتہً یہ ہی انسان کی سب سے بڑی سعادت ہے کہ اپنے معبُودِ حقیقی کو پہچان لے اور اپنے گلے میں اس کی بندگی کا طوق ڈال کر اس کی جناب میں حاضر ہو۔ حضور رحمۃ للعالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام جب معراج کی رات مقامِ قرب کی انتہا تک پہنچے تو اللہ تعالیٰ نے پُوچھا بما اشرفك يا محمدؐ۔ اے سراپا ستائش و خوبی! ایں آج

اُجُوْرَهُمْ وَ يَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا

اُن کے اجر اور زیادہ بھی دے گا انھیں اپنے فضل (وکرم) سے ۔ لیکن جنھوں نے عار سمجھا (بندہ بننے کو)

وَ اسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ۬ (۱۷۳) وَّ لَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ

اور تکبّر کیا تو عذاب دے گا انھیں دردناک عذاب اور نہ پائیں گے اپنے لیے

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّ لَا نَصِيْرًا (۱۷۴) يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ

اللہ کے سوا کوئی حمایتی اور نہ کوئی مددگار اے لوگو! آچکی ہے تمھارے

بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا (۱۷۵) فَاَمَّا الَّذِيْنَ

پاس ایک (روشن) دلیل تمھارے پروردگار کی طرف سے اور ہم نے اُتارا ہے تمھاری طرف نور درخشاں تو جو لوگ

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ اعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ

ایمان لائے اللہ تعالیٰ پر اور مضبوطی سے پکڑ لیا اللہ (کی رسّی) کو تو عنقریب داخل کرے گا انھیں اپنی رحمت

وَ فَضْلٍ ۙ وَّ يَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ؕ (۱۷۶) يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ

اور فضل میں اور پہنچائے گا انھیں اپنی طرف لے جانے والی سیدھی راہ پر اے میرے رسُول) فتویٰ پوچھتے ہیں

قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ

آپ سے ۔آپ فرمائیے اللہ تعالیٰ فتویٰ دیتا ہے تمھیں کلالہ کی میراث کے بارے میں ۲۵۹ اگر کوئی ایسا آدمی فوت ہوجائے نہ ہو جس کی کوئی اولاد

تجھے کس اعزاز سے مشرّف کروں تو حضورؐ نے عرض کی بنسبتی الیك بالعبودیة مجھے اپنا بندہ ہونے کا شرف عطا فرما۔ شاید یہی حکمت ہے کہ جس آیت میں معراج کا ذکر ہے وہاں حضور کے متعلق عبدہ کا لفظ مذکور ہے ۔استنکف الرجل: استکبر و استنکف من کذا: امتنع انفة وحمیة واستکبارا (المنجد) یعنی تکبّر کرنا، ازراہِ نخوت وغرور کسی چیز سے رُک جانا۔

۲۵۹ کلالۃ اسے کہتے ہیں جس کے والدین بھی زندہ نہ ہوں اور اولاد لڑکی یا لڑکا بھی کوئی نہ ہو۔

وَلَهٗٓ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَآ اِنْ لَّمْ يَكُنْ

اور اس کی ایک بہن ہو تو بہن کا نصف حصّہ ہے اس کے ترکہ سے ۲۶۰ اور وُہ وارث ہوگا اپنی بہن کا اگر نہ ہو اس بہن

لَّهَا وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ۭ وَاِنْ

کی کوئی اولاد۔ پھر اگر دو بہنیں ہوں ۲۶۱ تو ان دونوں کو دو تہائی ملے گا اس سے جو اس نے چھوڑا اور اگر

كَانُوْٓا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَاۗءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ

وارث ہوں بہن بھائی مرد بھی اور عورتیں بھی ۲۶۲ تو مرد (بھائی) کا حصّہ دو عورتوں (بہنوں) کے حصّہ کے برابر ہے

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۱۷۷ ع

صاف صاف بیان کرتا ہے اللہ تمھارے لیے (اپنے) احکام ۲۶۳ تاکہ گمراہ نہ ہو جاؤ اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے ۲۶۴

ع ۲۴

۲۶۰ وُہ بہن جو صرف ماں کی طرف سے ہو اس کا حکم پہلے گزر چکا۔ یہاں بہن سے مُراد سگی اور باپ کی طرف سے جو بہن ہو اُس کا ذِکر ہو رہا ہے ایسی بہن کو نِصف ترکہ مِلے گا۔ اور بقیہ نِصف اگر کوئی عصبہ ہو یعنی چچا، چچا زاد بھائی وغیرہ تو ان کو مِلے گا۔ ورنہ یہ نِصف بھی بہن کی طرف لَوٹ آئے گا۔

۲۶۱ اور بقیہ ثلث عصبہ کو مِلے گا اور اگر عصبہ کوئی نہ ہو تو پھر یہ بھی ان کو مِلے گا۔ دو یا دو سے زائد بہنوں کا یہی حکم ہے۔

۲۶۲ اگر کلالہ کے وارثوں میں بھائی اور بہن دونوں ہوں تو بھائی کو دو حِصّے اور بہن کو ایک حِصّہ مِلے گا۔

۲۶۳ احکامِ میراث کو اتنی وضاحت اور تفصیل سے بیان کرنے کی غرض بتا دی کہ تم اپنی خود ساختہ مصلحتوں کو ملحُوظ رکھتے ہُوئے کہیں گمراہ نہ ہو جاؤ۔

۲۶۴ یہ نظام کسی ایسے قانون ساز کی تخلیق نہیں جس کی معلُومات ادھوری اور ناقص ہوں۔ بلکہ اُس قادر و توانا ربُّ العزّت کا مقرر فرمُودہ ہے جو ہر چیز کو اچھّی طرح جاننے والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تعارف سُورۃ المائدہ

اِس سُورۃ پاک کا نام "المائدۃ" ہے اور یہ مدنی ہے کیونکہ ہجرت کے بعد جو سُورتیں نازل ہُوئیں خواہ وُہ مدینہ طیّبہ میں نازل ہُوئی ہوں یا مدینہ طیّبہ سے باہر حالت سفر میں یا حج وعمرہ کے ایّام میں خاص مکّہ مکرّمہ میں سب کو مدنی کہا جاتا ہے۔ اس کی ایک سو بیس ۱۲۰ آیات اور سولہ رکوع ہیں۔ اس کے حرُوف کی تعداد ۱۲۴۶۴ ہے۔

اس سُورۃ کی فقط ایک آیت الیوم اکملت لکم الخ کے متعلق تو یقین سے کہا جاسکتا ہے کہ وُہ حجّۃ الوداع کے موقع پر میدانِ عرفات میں ۹۔ ذی الحجہ سنہ ۱۰ھ کو نازل ہُوئی۔ باقی آیات کی تاریخ نزُول کے متعلق وثوق سے کچھ نہیں کہا جاسکتا۔ لیکن مختلف روایات میں غور وفکر کرنے سے یہ نتیجہ اخذ کرنا مشکل نہیں کہ اِس کا نزُول صُلح حدیبیہ کے وقت سے شرُوع ہوا اور حجّۃ الوداع کے موقعہ پر اِس کا اختتام ہوا۔

یہ چند سال اِسلامی تاریخ میں بڑی اہمیّت رکھتے ہیں۔ مدینہ کے اُفق پر خطرات کے جو سیاہ بادل ہر وقت منڈلایا کرتے تھے وُہ آہستہ آہستہ ناپید ہو رہے تھے۔ کفّار پر یہ حقیقت عیاں ہو چکی تھی کہ اسلام ایک قوّت ہے اس کو مٹانا اب ان کے بس کی بات نہیں۔ یہُودیوں کا زور بھی اب ٹوٹ چکا تھا۔ مدینہ اور اس کے گرد و نواح میں ان کی سب بستیاں گڑھیاں اور قلعے مُسلمانوں کے تصرّف میں تھے۔ غرضیکہ مظلُومیّت کی طویل اور تاریک رات اب ختم ہو رہی تھی اور آفتاب اِقبال طلُوع ہو رہا تھا۔ اِن بدلے ہُوئے حالات میں یہ سُورۃ نازل ہُوئی۔ اب ہمیں دیکھنا ہے کہ قرآنِ حکیم نے مُسلمانوں کو کیا ہدایات فرمائیں۔

۱۔ اِس سُورۃ کا آغاز تربیتِ اخلاق سے ہو رہا ہے اِس لیے پہلے اسی عُنوان پر غور کریں۔ اِس سُورۃ میں مختلف اقسام کے اخلاقی سبق دیئے گئے ہیں جن کا تعلّق جس طرح ایک قوم کی اِنفرادی اور اجتماعی زندگی سے ہے اسی طرح ان کا تعلق بین الاقوامی معاملات اور تعلّقات سے بھی ہے۔ سب سے پہلے یہ حکم دیا جارہا ہے کہ جو وعدہ کرو اس کو پُورا کرو۔ خواہ یہ وعدہ نجی کاروبار کے متعلق ہو یا اپنے حلیفوں سے ہو یا حریفوں سے ہو اور خواہ اپنے رب ذو المجد والعلیٰ سے ہو۔ آج کل کی متمدّن قومیں یہ درست ہے کہ اپنے اِنفرادی وعدوں کی کسی حد تک پابندی کرتی ہیں لیکن سیاسی زندگی میں اپنے وعدوں کی جو مٹی پلید کرتی ہیں وُہ محتاج بیان نہیں مُسلمانوں کا رب اُنھیں حکم دیتا ہے کہ جو وعدہ کرو اسے

پورا کرو خواہ وُہ وعدہ حدیبیہ کے میدان میں دُشمنانِ اسلام سے ہی کیوں نہ کیا گیا ہو۔
اَب جب قوّت و اقتدار مسلمانوں کے پاس آرہا ہے تو ان کو صاف صاف اور کئی کئی بار حکم دیا کہ جب قضا کی کُرسی پر بیٹھو تو یاد رہے عدل و انصاف تمہارا شعار ہو۔ فریقِ مقدمہ تمہارا دُشمن ذاتی نہیں بلکہ دینی دُشمن ہی کیوں نہ ہو عدل کا دامن تمہارے ہاتھوں سے چھُوٹنے نہ پائے۔ نیز فرمایا کہ اقوامِ عالم سے تمہارے تعلّقات کی بُنیاد یہ ہو کہ نیکی اور بھلائی کے ہر کام میں اُنھیں تمہاری معاونت حاصل ہو اور گناہ اور ظلم کے کسی کام میں تم اُن سے اِشتراک نہ کرو۔ فرزندانِ آدم کا قصّہ بیان کرکے بتایا کہ حسد بہت بُری چیز ہے اس نے بھائی کو بھائی کا قاتل بنا دیا تم اِس مذموم خصلت سے اِحتراز کرنا۔
٢۔ **آسمانی کتابیں**:۔ دُوسری اہم چیز جس کا ذکر اس سُورۃ میں کیا گیا ہے وُہ یہ ہے کہ تورات انجیل اور قرآن الگ الگ نظریات کے عَلَم بردار نہیں بلکہ یہ تینوں نہریں ایک ہی سرچشمۂ فیض سے پھُوٹی ہیں۔ تورات کے متعلّق فرمایا کہ فیھا ھدی و نور۔ انجیل کے متعلق بھی بعینہٖ یہی الفاظ فرمائے کہ فیہ ھدی و نور اور قرآن کے متعلق تو بار بار یہی فرمایا گیا معلوم ہوا سب میں ہدایت ہے سب میں نُور ہے۔ اور ہر ایک کتاب میں اپنے زمانہ کے مُطابق شریعت کا مکمّل ترین نظام اور اخلاقیات و معاملات کا واضح ضابطہ موجود تھا۔ اور ان سب کا جامع اور ان تمام بلند اخلاقی قدروں کا نقیب، محافظ اور نگہبان قرآن مجید ہے۔
٣۔ حاملانِ قرآن کو تنبیہ فرما دی کہ دیکھو! ہدایت و نور یہُود کے پاس بھی آیا اور نصاریٰ کے پاس بھی۔ لیکن اُنھوں نے اس سے فائدہ نہ اُٹھایا۔ اَے غلامانِ مصطفےٰ! اب وُہی ہدایت و نور اپنی پُوری آب و تاب اور شوکت و جلال سے تمہارے مطلعِ حیات پر نمُودار ہو رہا ہے۔ اور تمھیں اِس سے اِستفادہ کا موقع دیا جا رہا ہے کہیں تم بھی اپنے پیش روؤں کی طرح اپنی خواہشات اور خود ساختہ مصلحتوں کی قربان گاہ پر اسے بھینٹ نہ چڑھا دینا۔ اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ احکام کی پُوری پُوری تعمیل کرنا۔ کیونکہ جو اللہ تعالیٰ کے حکم کو چھوڑ کر اپنی خواہشات کے مطابق فیصلے کرتا ہے وُہ منکرِ حق ہے۔ وُہ نافرمان ہے وُہ اپنے نفس پر ظلم کرنے والا ہے۔ نیز فرمایا کہ یہُود و نصاریٰ خود تو بھٹکے ہُوئے ہیں۔ وُہ تمھیں بھی جادۂ حق سے بہلانے پھُسلانے کی اِنتہائی کوشش کریں گے۔ خبردار! ہوشیار! ان کے دامِ فریب میں نہ پھنس جانا۔ واحذرھم ان یفتنوک عن بعض ما انزل اللہ الیک۔
معلوم ہوتا ہے اہلِ حق کو حق سے برگشتہ کرنے کی جو کوشش اس وقت شرُوع ہوئی تھی وُہ بدستور جاری ہے اور پہلے کی نسبت زیادہ تندی اور تیزی سے۔ اور اسی تحریک کے پیدا کردہ وُہ وسوسے ہیں جن کی وجہ سے اسلامی مملکتوں کے سربراہ اِسلامی قانون کو اپنانے سے ہراساں ہیں۔ بات تو صرف اِتنی ہے کہ جس طرح پوری یک جہتی کے ساتھ ایک بار اللہ اکبر کہہ کر ہم نے ان فرنگی آقاؤں کی ظاہری غلامی کے زنجیر توڑے ہیں۔ بس ایک بار اور جی کڑا کر کے اللہ اکبر کہیں اور ذہنی غلامی کا طلسم بھی توڑ کر رکھ دیں۔ قوتِ یقین اور ذوقِ عمل کا ایک معجزہ چند سال ہُوئے ہم نے اپنی آنکھوں سے

دیکھا ہے اور اقوامِ عالم کو دکھایا ہے۔ فقط ایک اور معجزہ نمائی کی ضرورت ہے۔ وادیٔ ایمن سے تو اب بھی یہ آواز دمادم آرہی ہے۔ لاتخف انك انت الاعلیٰ۔ گھبراؤ نہیں تو ہی سرفراز و کامیاب ہے اور الق ما فی یمینك کا حکم مل رہا ہے لیکن ہم ہیں کہ ساحرِ فرنگ کی شعبدہ بازیوں سے دم بخود ہوئے بیٹھے ہیں۔

افحکم الجاھلیة یبغون (کیا تم جاہلیت کے قانون پر عمل کرنا چاہتے ہو؟) کی توبیخ سے یہ بتایا کہ اگر تمہاری غفلت کے باعث حق کا چراغ گل ہو گیا تو پھر "جاہلیت" کا اندھیرا چھا جائے گا۔ اور "جاہلیت" خواہ اس کے چہرہ کو علم و فن کی مشاطگی نے کسی دلِ آرام کی طرح بہت ہی دلکش و دلفریب بنا دیا ہو۔ اس کی رُوح ظالم ہے اس کی فطرت بے رحم ہے وُہ تمہاری ساری عزیز قدروں اور عقائد کو کچل دے گی روند ڈالے گی بلکہ خود تم سے روندوا ڈالے گی۔

۴۔ قرآن جو شریعت لے کر آیا اس کی کئی جزئیات کا یہاں ذکر کیا گیا ہے۔ حج کے آداب۔ شعائر اللہ کی تعظیم، شراب اور جوا کی قطعی ممانعت، وضو و تیمّم کے احکام، حلال و حرام اشیاء کا ذکر، پُرامن راستوں پر ڈاکہ زنی کرنے والوں اور چوری کرنے والوں کے لیے عبرتناک سزائیں وغیرہ۔ جن کا تفصیلی تذکرہ اپنے اپنے مقام پر آئے گا۔

۵۔ لات وہبل کا زور ٹوٹ چکا تھا۔ ان کے اپنے ماننے والے ان سے بدظن ہو چکے تھے۔ اب صرف اتنی ہی دیر تھی کہ کوئی دھکا دے اور وُہ دھڑام سے منہ کے بل زمین پر گر پڑیں۔ لیکن شرک کی ایک اور قسم دنیا کے ایک وسیع حصّہ کو اپنی لپیٹ میں لیے ہوئے تھی یعنی عیسائیوں کا عقیدۂ تثلیث۔ جس کی اشاعت کے لیے شاہی خزانوں کے منہ کھلے ہوئے تھے۔ جس کی حفاظت کے لیے بے شمار تلواریں بے نیام تھیں۔ اور جب کبھی کسی فکری بحران نے اسے دُود چراغِ محفل بنانا چاہا تو علماء فلسفۂ یونان و رُوما کا حجاب اکبر تان کر کھڑے ہو جاتے۔ قرآن نے اس عقیدہ کا پہلے بھی محاسبہ کیا ہے۔ اور یہاں بھی بڑی بے تکلفی اور فطری سادگی سے اس کا تجزیہ کرتے ہوئے بتایا کہ عیسیٰؑ خدا نہیں ہو سکتا۔ جو ماں کے شکم سے پیدا ہو۔ جو اپنی بقا کے لیے کھانے پینے کا محتاج ہو وُہ بندہ ہو سکتا ہے مقبول ترین بندہ، محبوب ترین بندہ، لیکن خدا نہیں ہو سکتا۔ اور روزِ قیامت پیش آنے والے واقعات کو بیان کرتے ہوئے حضرت مسیح کی زبانی توحید خالص کا اعلان کرا دیا۔

۶۔ اس سُورۃ کا طُرّۂ امتیاز وُہ آیت کریمہ ہے جو بتاریخ ۹۔ ذی الحجہ سنلہ ھ میدانِ عرفات میں رحمتِ عالمیاں پیکرِ ہدایت، نورِ مجسّم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم پر نازل ہوئی۔ الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا۔ دین کی تکمیل کا اعلان! اتمامِ نعمت کا مژدہ! اللہ اللہ! بلالؓ کی آنکھیں خوشی کے آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی ہوں گی۔ ابُوبکرؓ کی جبین نیاز سجدہ میں جُھک گئی ہو گی۔ عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ کے چہرے فرطِ مسرت سے رشکِ مہِ تاباں بن گئے ہوں گے اور حمزہؓ، یاسرؓ، سمیہؓ اور خبابؓ اپنے اپنے مزارات پُرانوار میں ربّ ذو الجلال کی حمد و ثنا معلوم نہیں کوثر و سلسبیل سے دُھلے ہوئے کن نورانی کلمات سے کرنے لگے ہوں گے رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ کائنات کا ذرّہ ذرّہ جھوم اُٹھا

ہوگا۔ اللہ ربّ السّموات والارض کی ساری نوری مخلوقات اس کے حبیب، اس کے رسول، اس کے صفی اور اس کے عبدہ، محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود وسلام کے پھول نثار کر رہی ہوگی۔

فاطر السموات والارض انت ولی فی الدنیا والاخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین بجاہ سیّدی ومولائی وحبیبی محمّد الامین واٰلہ الطیبین آمین آمین یارب العالمین۔

سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ مَدَنِیَّۃٌ وَّھِیَ مِائَۃٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰیَۃً وَّسِتَّۃَ عَشَرَ رُکُوْعًا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

(سورۂ مائدہ مدنی ہے اِس کی) اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے (آیتیں ۱۲۰ اور رکوع ۱۶ ہیں)

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۬ؕ اُحِلَّتْ لَکُمْ بَھِیْمَۃُ

اَے ایمان والو! پُورا کرو (اپنے) عہدوں کو[1] حلال کیے گئے ہیں تمہارے لیے بے زبان

الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا یُتْلٰی عَلَیْکُمْ غَیْرَ مُحِلِّی الصَّیْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ

جانور[2] سوائے ان کے جن کا حکم پڑھ کر سُنایا جائے گا تمہیں نہ حلال سمجھو شکار کو جب کہ تم احرام باندھے ہو[3]

[1] جس طرح وعدہ کیا گیا ہو اُسی کے مُطابق اس کو پُورا کرنے کو وفا اور ایفاء کہتے ہیں۔ عقود عقد کی جمع ہے۔ اس کا لغوی معنی گرہ لگانا ہے۔ اب اس کا اطلاق اس پختہ وعدہ پر ہوتا ہے جو دو شخصوں کے درمیان طے پائے۔ یہاں عقود سے مُراد ہر قسم کے معاہدے ہیں خواہ وُہ اِنسان اور اس کے خالق کے درمیان ہوں یا اِنسان اور اِنسان کے درمیان ہوں۔ ان کا تعلق دینی احکام سے ہو یا دُنیوی معاملات سے۔ سب اس میں درج ہیں۔ اور سب کی پابندی کا ہمیں حکم دیا جا رہا ہے البتہ وُہ وعدہ جس کے پُورا کرنے سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہوتی ہو اُس کا پُورا نہ کرنا ضروری ہے۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے عہد شکنی کو منافقت کی علامت قرار دیا ہے۔ اخلاق کا کتنا بہترین درس اِن دو لفظوں میں دیا گیا۔ کاش! ہم سمجھیں اور عمل کریں۔

[2] احکامِ اِلٰہی کا ذِکر شروع ہو رہا ہے۔ جن کی تعمیل کا وعدہ ہر مُسلمان اسلام قبول کرتے وقت اپنے ربّ سے کیا کرتا ہے۔ پہلا حکم یہ ہے کہ ان جانوروں کے علاوہ جن کا ذِکر آگے آ رہا ہے دُوسرے مویشی تمہارے لیے حلال ہیں۔ مشرکینِ عرب نے اپنے باطل عقائد اور فاسد خیالات کی وجہ سے کئی مویشی اپنے اُوپر حرام کر رکھے تھے مثلاً بحیرہ وغیرہ۔ نیز کئی مویشی بطورِ سزا بنی اسرائیل پر حرام کر دیئے گئے تھے مُسلمانوں کو حکم دیا کہ یہ جانور تمہارے لیے حلال ہیں۔ بھیمۃ کا معنی علامہ راغب نے کیا ہے مالانطق لہ یعنی بے زبان۔ ترجمہ میں مَیں نے یہی معنی اختیار کیا ہے۔ بعض علماء کی رائے ہے کہ ہر چوپائے کو بھیمہ کہا جاتا ہے اسو لکل ذی اربع اس صورت میں اس کی اضافت انعام کی طرف اضافتِ بیانیہ ہو گی۔ بعض دیگر اہلِ علم کا خیال ہے کہ بھیمہ سے مُراد چرنے والے شکاری جانور ہیں مثلاً ہرن۔ نیل گائے وغیرہ۔

[3] دُوسرا حکم یہ دیا گیا کہ جب تم نے حج و عمرہ کے لیے احرام باندھ لیا ہو تو پھر تمہارے لیے خشکی کا شکار ممنوع ہے

إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيدُ ۝١ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحِلُّوا شَعَائِرَ

بے شک اللہ تعالیٰ حکم فرماتا ہے جو چاہتا ہے ۴ اے ایمان والو! بے حرمتی نہ کرو اللہ کی نشانیوں

اللَّهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَائِدَ وَلَا آمِّينَ

کی ۵ اور نہ عزت والے مہینہ کی اور نہ حرم کو بھیجی ہوئی قربانیوں کی اور نہ جن کے گلے میں پٹے ڈالے گئے ہیں اور نہ (بے حرمتی کرو) جو

۴۔ بیشتر احکام جو اس وقت نازل ہو رہے تھے وُہ عرب کے دیرینہ رسم و رواج اور اُن کے آبائی عقائد کے بالکل خلاف تھے۔ اس لیے احتمال تھا کہ سوال و جواب کا سلسلہ شروع ہو جائے کہ ایسا حکم کیوں دیا گیا۔ اسے کیوں حرام اور اُسے کیوں حلال کیا گیا وغیرہ وغیرہ اس لیے یہ فرما کر اُن تمام چہ میگوئیوں کا دروازہ ہی بند کر دیا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے اور وُہ جو چاہتا ہے حکم فرماتا ہے۔ جب تم نے اس کا بندہ ہونے کا اعتراف کر لیا۔ اس کو علیم و حکیم تسلیم کر لیا اور اس کے احکام کی تعمیل کا وعدہ کر لیا تو اب قیل و قال کیسی یقین محکم سے ہر ارشاد کی پیروی کرتے جاؤ۔

۵۔ امام ابن جریرؒ شعائر کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ شعیرہ بروزن فعیلہ کی جمع ہے اس کا معنی ہے وُہ علامت جس سے کسی چیز کی پہچان ہو سکے۔ وشعائرہ التی جعلھا امارات بین الحق والباطل یعنی جن سے حق و باطل کی شناخت ہو سکے اُن کو شعائر اللہ کہتے ہیں۔ اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ جن احکام کو اللہ تعالیٰ نے اسلام کا طرّۂ امتیاز مقرر فرمایا ہے ان کی پابندی کرو۔ جن حدوں کو قائم کیا ہے ان سے تجاوز نہ کرو۔ جن چیزوں کے استعمال سے روکا ہے ان کے قریب مت جاؤ۔ ھَدْیٌ اُس قربانی کے جانور کو کہا جاتا ہے جو حرم شریف کی حدود میں ذبح کرنے کے لیے کوئی اپنے ہمراہ لے جاتے۔ قلائد یعنی ذوات قلائد: قربانی کے ان جانوروں کو کہا جاتا جو حرم کی حدود میں ذبح کرنے کے لیے کوئی اپنے ہمراہ لیے جا رہا ہو اور اُن کے گلے میں پٹے ڈال دیئے گئے ہوں۔ آمّین: قصد کرنے والے ارادہ کرنے والے لفظی تحقیق کے بعد اب اس آیت کا شانِ نزول ملاحظہ ہو۔ حطمہ بن ہند البکری بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور حضورؐ سے اسلام کی حقیقت کے متعلق دریافت کیا۔ حضورؐ نے اسلام کی حقیقت اس کے سامنے پیش فرمائی۔ سُن کر کہنے لگا مجھے سوچنے کا موقع دیجئے۔ میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ مشورہ بھی کر لوں۔ اُمید ہے کہ ہم سب آپ کا دین قبول کر لیں گے اس کے حاضر خدمت ہونے سے پہلے ہی حضورؐ نے اپنے صحابہ کو بتا دیا تھا کہ آج تمہارے پاس قبیلہ ربیعہ کا ایک ایسا آدمی آ رہا ہے جو شیطان کی زبان سے گفتگو کرے گا۔ اور جب وُہ جانے لگا تو حضورؐ نے فرمایا لقد دخل بوجہ کافر وخرج بعقب غادر: جب آیا تھا تو اس کے چہرے پر کفر کی نحوست برس رہی تھی اور اب جا رہا ہے تو اس کی پشت پر غدر کے آثار نمایاں ہو رہے ہیں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ راستہ میں ایک جگہ مسلمانوں کے مویشی چر رہے تھے ان کو بھگا کر لے گیا دوسرے سال قربانی کے لیے وُہی مسلمانوں کے چرائے ہوئے مویشی لے کر ان کے گلے میں قلادے ڈال کر حج کے ارادہ سے روانہ ہوا۔

الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ؕ وَاِذَا

قصد کیے ہوئے ہیں بیتِ حرام کا طلب کرتے ہیں اپنے رب کا فضل اور (اس کی) رضا اور جب

حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ

احرام کھول چکو تو شکار کر سکتے ہو اور ہرگز نہ اُکسائے تمھیں ٦ کسی قوم کا بغض بوجہ اس کے کہ انھوں

عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَ

نے روکا تھا تمھیں مسجدِ حرام سے اس پر کہ تم زیادتی کرو اور ایک دوسرے کی مدد کرو ٧ نیکی اور

وقف لازم

مسلمانوں کو علم ہوا تو انھوں نے اس پر حملہ کرنا چاہا تو فوراً یہ آیت نازل ہوئی یعنی اگرچہ وہ کافر ہے اور تمہارا مجرم بھی ہے۔ لیکن اب نکلا ہے میرے گھر کی نیت سے۔ قربانی کے جانوروں کے گلوں میں پٹے ڈال کر، اس سے تعرض نہ کرو (ابن جریر قرطبی)۔ خدا پرستی کی کیا عمدہ تعلیم ہے۔ کوئی کسی روپ میں ہو لیکن جب اللہ تعالیٰ کی رضا کا طالب ہو کر نکلے تو اس پر دست درازی نہ کرو۔ اس کی اب ہر چیز شعائر اللہ ہے۔

٦ جَرَمَ کا معنی برانگیختہ کرنا، کسی کام پر اُکسانا ہے۔ شنآن کے معنی بغض اور دشمنی کے ہیں۔ قریش مکہ کا دستور تھا کہ حج وعمرہ کے لیے کسی پر پابندی نہ تھی۔ جانی دشمن بھی حرم کا مہمان بن کر کیوں نہ آجائے اس کا احترام کیا جاتا اس کی خدمت کی جاتی۔ لیکن جب ٦ھ میں حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم اپنے چودہ سو صحابہ کے ہمراہ عمرہ کے ارادے سے آئے تو کفارِ مکہ نے داخل ہونے سے روک دیا اور ان تمام سابقہ روایات کو بالائے طاق رکھ دیا جو زائرین کعبہ کے لیے ان کے ہاں مروّج تھیں مسلمانوں کو کتنا صدمہ پہنچا ہوگا اور ان کے غصہ کی کیا کیفیت ہوگی اس کا اندازہ آپ آسانی سے لگا سکتے ہیں۔ عین ممکن تھا کہ مسلمان جوابی کاروائی کرتے اور ان مشرک قبائل کو مکہ آنے سے روک دیتے جن کے راستے مسلمانوں کے مقبوضہ علاقہ سے گزرتے تھے اس لیے ربّ جلیل نے انھیں حکم دیا کہ کفارِ مکہ کا اتنا شدید جرم بھی تمھیں کسی پر زیادتی کرنے پر آمادہ نہ کرے۔ تمھیں یہ زیب نہیں دیتا کہ تم کسی پر ظلم وتعدّی کرو۔ تمھاری شان سے یہ حرکت بہت فروتر ہے۔ یہ قرآن کی تعلیم ہے جہاں تصنّع نہیں ریا نہیں۔ دیکھئے قرآن اپنے ماننے والوں کی اخلاقی تربیت کن بلند اصولوں پر کر رہا ہے۔ یہاں ہوا کا رُخ دیکھ کر بات نہیں کی جاتی بلکہ ایسی بات کی جاتی ہے جو ہوا کا رُخ موڑ دے عین اُس وقت مسلمانوں کو دشمن پر دست درازی سے منع فرمایا جب غصہ کی چنگاریاں چٹخ رہی تھیں اور انتقام کے شعلے بھڑک رہے تھے

٧ زندگی کا ایک اور زرّیں اصول سکھایا جا رہا ہے کہ تمھارے آپس کے تعلقات کی بنیاد اور اقوامِ عالم سے تمھارے تعلقات کی اساس یہ ہونی چاہیئے کہ ہر نیکی اور بھلائی کے کام میں انھیں تمھاری اعانت اور تعاون حاصل ہو اور ہر

التَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ

تقویٰ (کے کاموں) میں اور باہم مدد نہ کرو گناہ اور زیادتی پر اور ڈرتے رہو اللہ سے بے شک

اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۲ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَ

اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والا ہے حرام کیے گئے ہیں تم پر ۸ مُردار ، خون ،

لَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ

سُؤر کا گوشت اور جس پر ذبح کے وقت غیر خدا کا نام لیا جائے اور گلا گھونٹنے سے مرا ہوا، چوٹ سے مرا ہوا،

وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۣ وَ

اُوپر سے نیچے گر کر مرا ہوا، سینگ لگنے سے مرا ہوا اور جسے کھایا ہو کسی درندے نے سوائے اس کے جسے تم ذبح کر لو اور (حرام ہے)

بُرائی اور گناہ کی تحریک میں تم ان سے الگ رہو۔ قرآن کا ہر حکم دِل نواز، اس کی ہر آیت اِنسانیت پرور اور اس کا ہر فرمان گمراہوں کے لیے روشنی کا مینار ہے لیکن ان کی برکات کا ظہور تو تب ہو جب ان کو عملی جامہ پہنایا جائے۔ اور اس کو کلامِ الٰہی ماننے والی قوم ہی جب عملی طور پر اس سے رُوگرداں ہو تو اس کی مُضمر خوبیاں اور فائدے کیوں کر عیاں ہوں۔

۸ے یہاں سے ان جانوروں کا ذِکر ہو رہا ہے جو حرام ہیں۔ (۱) میتہ: مُردار (۲) دم مسفوح: وُہ خون جو ذبح کے وقت بہتا ہے (۳) خنزیر (۴) ما اھل بہ: وُہ جانور جس پر ذبح کرتے وقت غیرِ خدا کا نام لیا جائے۔ جیسے مُشرکین کا طریقہ تھا کہ جانور ذبح کرتے وقت اللہ کا نام لینے کی بجائے باسم اللات والعزیٰ، لات اور عزیٰ کے نام سے ذبح کرتا ہُوں کہا کرتے۔ علامہ بیضاوی لکھتے ہیں۔ ای رفع الصوت لغیر اللہ بہ لقولھم باسم اللات والعزی عند ذبحہ۔ اس پر تفصیلی حاشیہ سُورۃ بقرہ کی آیت ۱۷۳ کے نیچے مُلاحظہ فرماویں۔ (۵) منخنقۃ۔ وُہ جانور جو گلا گھونٹنے سے مر جائے۔ (۶) موقوذۃ۔ جسے پتھر یا لاٹھی کی پیہم ضربوں سے مار دیا گیا ہو (۷) متردیۃ۔ جو بلندی سے نیچے گِر کر مر جائے۔ (۸) نطیحۃ۔ جو جانور کسی جانور کے سینگ مارنے سے مر جائے۔ (۹) جسے کوئی درندہ پھاڑ ڈالے الا ما ذکیتم یعنی سابقہ جانور اگر زندہ ہوں اور انھیں ذبح کر لیا جائے تو پھر اُن کا کھانا حلال ہے (۱۰) وما ذبح علی النصب امام ابنِ جریر نے قتادہ سے نقل کیا ہے کہ نصب وُہ پتھر ہیں جن کی زمانۂ جاہلیت میں پُوجا کی جاتی تھی اور ان کے لیے جانور ذبح کیے جاتے تھے۔ والنصب الحجارۃ کان اھل الجاھلیۃ یعبدونھا ویذبحون لھا (ابنِ جریر) اور اس سے مُراد ہر ایسی جگہ ہو سکتی ہے جو مشرکانہ رسُوم کی ادائیگی کے لیے مخصُوص ہو۔

مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ۭ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۭ

جو ذبح کیا گیا ہو تھانوں پر اور (یہ بھی حرام ہے) کہ تم تقسیم کرو جوئے کے تیروں سے یہ سب نافرمانی کے کام ہیں ۹

۹ مُشرکین کی یہ بھی ایک عادت تھی کہ جب کوئی کام کرنے لگتے تو کسی کپڑے وغیرہ میں تین تیر (جو اس مقصد کے لیے پہلے تیار رکھے ہوتے) ڈالتے۔ ایک پر لکھا ہوتا امرنی ربی (میرے رب نے مجھے اس کا حکم دیا ہے) دُوسرے پر لکھا ہوتا منعنی ربی (مجھے میرے رب نے اس سے منع کیا ہے) اور تیسرا خالی ہوتا۔ آنکھیں بند کرکے ہاتھ ڈال کر نکالتے اور جو تیر نکلتا اس کے مُطابق عمل کرتے۔ اِس فعل سے اُنھیں روکا جارہا ہے۔ کیونکہ جب کِسی چیز کے کرنے، نہ کرنے کا فیصلہ کرنا ہو تو اِن کو عقلِ خُدا داد سے کام لینا چاہیئے اور اس کے فوائد و نقصانات کا پوری سنجیدگی سے جائزہ لے کر کوئی فیصلہ کرنا چاہیئے۔ فہم و دانش کی نعمت جو ہمیں عطا کی گئی ہے اس کی یہ کتنی توہین ہے کہ ہم ایسے موقعوں پر اس سے کام نہ لیں بلکہ اِتفاقات پر اپنے اعمال کی بُنیاد رکھیں۔ چنانچہ تستقسموا کا معنی علامہ بیضاوی نے یہی کیا ہے۔ طلب معرفة ماقسم لهم دون مالم يقسم لهم بالازلام۔ اہلِ عرب کی دُوسری عادت یہ تھی کہ وُہ تیروں کے ذریعہ جُوا کھیلا کرتے۔ ان تیروں کی تعداد دس ہوا کرتی۔ سات پر کچھ نہ کچھ لکھا ہوتا اور تین خالی ہوتے۔ اِس فعلِ بد کو بھی ممنوع کیا گیا۔ کیونکہ انسان اِس طرح بھی دولت کمانے کے ایسے راستے تلاش کرنے کا خوگر ہو جاتا ہے جن میں نہ ذہنی کاوش کا کوئی دخل ہوتا ہے اور نہ جسمانی مشقّت کا۔ اس میں ہارنے والے کا مال بغیر اس کی رضامندی کے جیتنے والے کے پاس چلا جاتا ہے اور یہ ناجائز ذرائع سے دُوسروں کا مال ہڑپ کرنے کی ایک واضح صورت ہے جس سے اِسلام نے منع فرمایا ہے۔ چشم زدن میں امیر کبیر بن جانے کی ہوس میں لوگوں کو گھروں کی اینٹیں بیچتے دیکھا گیا ہے۔ کئی خوشحال کُنبے چند دنوں میں غُربت اور افلاس کے گڑھے میں گرتے ہُوئے دیکھے گئے ہیں۔ جو چیز اِتنی خرابیوں کا باعث ہو اِسلام اُس کو کیسے گوارا کرسکتا ہے۔ ایک بات اور یہاں غور طلب ہے۔ اس وقت بھی کئی لوگ جُوا میں جیتی ہُوئی رقم کو اپنے اُوپر خرچ نہ کرتے بلکہ غریبوں، یتیموں اور بیواؤں کی اس سے اعانت کیا کرتے۔ لیکن قرآن نے جُوا کو ممنوع کرتے وقت اِس صُورت کو مستثنیٰ نہیں کیا بلکہ جُوا کی دیگر صُورتوں کی طرح اِسے بھی حرام کردیا۔ آج کل ہمارے ہاں جو یہ رسم قبولِ عام حاصل کر رہی ہے کہ کہیں طوفان یا سیلاب آیا یا کوئی دُوسری مُصیبت ٹوٹی تو مُصیبت زدگان کی اِمداد کے لِیے چندہ فراہم کرنے کے لِیے کہیں رقص و سرود کی محفلیں سجائی جاتی ہیں اور کہیں فلم ایکٹرسوں کے میچ کرائے جاتے ہیں ان کا حکم بھی اِس آیت سے واضح ہے۔ بجائے اس کے کہ قوم کے اِنسانی اور اِسلامی جذبات کو بیدار کیا جائے ہم ان کے شہوانی جذبات کو اُکسا کر دولت اکٹھی کرتے ہیں۔ خود سوچیئے ہم قوم کو کس پستی کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ دُوسرا اللہ تعالیٰ کے غضب کا مقابلہ اس کی نافرمانی اور اس کی حدُود کو توڑ کر کرنا کیا ایک کلمہ گو کو زیب دیتا ہے؟

اَلْیَوْمَ یَىٕسَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِیْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَ

آج مایوس ہو گئے ہیں جنھوں نے کفر اختیار کیا تھا تمھارے دین سے نلے سو نہ ڈرو تم اُن سے اور

اخْشَوْنِؕ اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ

ڈرو مجھ سے آج میں نے مکمّل کر دیا ہے تمھارے لیے تمھارا دین اللہ اور پُوری کر دی ہے تم پر اپنی نعمت ۱۲

وَ رَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًاؕ فَمَنِ اضْطُرَّ فِیْ مَخْمَصَةٍ غَیْرَ

اور میں نے پسند کر لیا ہے تمھارے لیے اسلام کو بطور دین ۱۳ پس جو لاچار ہو جائے بھوک میں درآں حالیکہ نہ

نلے الیوم سے مُراد یا تو ۹ ذی الحجہ کا خاص دن ہے اور یا الیوم زمانہ پر دلالت کرنے کے لیے ہے یعنی اب کفّار کی قوت ٹوٹ چکی ہے انھیں معلوم ہو گیا ہے کہ وُہ اب تم کو نہیں مٹا سکتے ۔ اب اللہ تعالیٰ سے ڈرا کرو اور اس کے کسی حکم کی تعمیل میں پس و پیش نہ کیا کرو ۔

اللہ جیسے پہلے عرض کیا جا چکا ہے یہ آیت ۹ ذی الحجہ ۱۰ھ بمقام عرفات بروز جمعہ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم پر نازل ہوئی ۔ اس میں بتایا گیا کہ جس دین کا داعی بنا کر آپ کو بھیجا گیا تھا آج وُہ ظاہری اور باطنی ، صُوری اور معنوی ہر لحاظ سے پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا ۔ اس دین کے غلبہ اور فتح مندی کا جو وعدہ آپ سے کیا گیا تھا آج آپ نے اپنے غلاموں سمیت مشاہدہ کر لیا کہ وُہ پورا کر دیا گیا ۔ نیز وُہ عقائد جن پر تمھاری نجات کا انحصار ہے وُہ مکمّل طور پر تمھیں سکھا دیئے گئے ۔ شریعت و قانون کے وُہ بُنیادی قواعد تفصیلاً یا اصُولاً تم کو بتا دیئے گئے جو ہر زمانہ اور تمام حالات میں تمھارے لیے روشنی کا مینار ثابت ہوں گے ۔ تمھیں ایسے اصولوں کی تعلیم بھی دے دی جن کی مدد سے تم ہر نئی مشکل کا حل اور ہر جدید مسئلہ کا جواب معلوم کر سکو گے ۔

۱۲ یعنی قرآن جیسی کتاب ہدایت محمّد مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء جیسا رسُول اور ہادی عطا فرمایا ۔ ہدایت کی راہ تم پر روشن کر دی اور اس پر چلنے کی توفیق عنایت فرمائی ۔ بلکہ جہاں کفر و شرک کی حکومت تھی وہاں آج اسلام کا پرچم لہرا رہا ہے ۔ جہاں لات وہُبل کی پُوجا ہُوا کرتی تھی وہاں اللہ وحدہٗ لاشریک کے حضور میں پیشانیاں محوِ سجُود ہیں ۔

۱۳ دینِ اسلام جو تمام سابقہ انبیاء اور رُسل کا دین تھا وُہی دین اپنی کامل صُورت میں تمھارے لیے پسند کر لیا گیا ہے اب اس میں اضافہ اور تبدیلی کی گنجائش نہیں ۔ یہ آیت حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے خاتم الانبیاء ہونے کی واضح دلیل ہے ۔ کیونکہ جب دین مکمل ہو چکا اس کے احکام میں ردّ و بدل کی گنجائش نہ رہی تو پھر کسی دُوسرے نبی کے آنے کی بھی ضرورت نہ رہی ۔

مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ

جھکنے والا ہو گناہ کی طرف ١۴ے تو یقیناً اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے پوچھتے ہیں آپ سے کہ کیا کیا

اُحِلَّ لَهُمْ ؕ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ

حلال کیا گیا ہے ان کے لیے ١۵ے آپ فرمائیے حلال کی گئی ہیں تمھارے لیے پاک چیزیں اور (شکار) ان کا سکھایا ہے تم نے جنھیں ١٦ے

مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۫ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ

شکاری جانوروں سے شکار پکڑنے کی تعلیم دیتے ہوئے تم سکھاتے ہو انھیں (وہ طریقہ) جو سکھایا ہے تمھیں اللہ تعالیٰ نے تو کھاؤ اس میں سے جسے

عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

پکڑ رکھیں تمھارے لیے اور لیا کرو اللہ کا نام اس جانور پر ١٧ے اور ڈرتے رہو اللہ سے بے شک اللہ تعالیٰ

١۴ے مندرجہ بالا چیزوں کو حرام کرنے کے بعد فرمایا کہ اگر کوئی شخص ایسی حالت میں ہو کہ اسے کھانے کے لیے ان چیزوں کے علاوہ اور کوئی چیز میسّر نہ ہو تو اس نے اگر اپنی جان بچانے کے لیے بقدرِ ضرورت ان میں سے کوئی چیز کھالی تو اس سے بازپُرس نہ ہوگی۔

١۵ے جب حرام چیزوں کا ذکر ہو چکا تو بعض صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ! یہ تو ہوئیں حرام چیزیں اب یہ فرمائیے کہ حلال کون کون سی چیزیں ہیں۔ تو جواب دیا گیا کہ سب طیّب اور پاکیزہ چیزیں حلال ہیں کیونکہ حلال کا دائرہ بہت وسیع تھا اور ان کو نام بنام ذکر کرنے میں دُشواری تھی اس لیے ایک لفظ سے انھیں بیان فرما دیا۔ اب رہا یہ کہ طیّبات کس کو کہتے ہیں تو اس کے متعلق علماء نے فرمایا جسے طبعِ سلیم پسند کرے اور حضورؐ کی حدیث سے اس کی مزید وضاحت ہوگئی۔ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم عن کل ذی ناب من السباع وکل ذی مخلب من الطیر یعنی حضورؐ نے ہر داڑھ والے درندہ اور ہر پنجہ سے پکڑ کر کھانے والے پرندہ کو حرام فرمایا۔

١٦ے عدی بن حاتم اور زید الخیر نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ہم کتّے اور باز کے ذریعہ شکار کرتے ہیں کیا یہ ہمارے لیے حلال ہے تو اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ شکاری درندوں اور شکاری پرندوں کا ایک ہی حکم ہے۔

١٧ے آیت سے جو مستفاد ہوتا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ جس شخص نے کتّا یا شکرہ وغیرہ کوئی شکاری جانور شکار پر چھوڑا تو اس کا شکار چند شرطوں سے حلال ہے:۔

سَرِيعُ الْحِسَابِ ④ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ

بہت تیز ہے حساب لینے میں ۔ آج حلال کر دی گئیں تمھارے لیے پاکیزہ چیزیں ۔ اور کھانا اُن لوگوں کا جنھیں

اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۪ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَالْمُحْصَنٰتُ

دی گئی کتاب حلال ہے تمھارے لیے ۱۸؎ اور تمھارا کھانا حلال ہے ان کے لیے ۔ اور (حلال ہیں) پاک دامن

مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ

مومن عورتیں ۱۹؎ اور پاک دامن عورتیں اُن لوگوں کی جنھیں دی گئی کتاب ۔ تم سے

۱۔ شکاری جانور مُسلمان کا ہو اور سکھایا ہوا ہو۔
۲۔ اس نے شکار کو زخم لگا کر مارا ہو۔
۳۔ شکاری جانور بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر چھوڑا گیا ہو۔
۴۔ اگر شکاری کے پاس شکار زندہ پہنچا ہو تو اسے بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر ذبح کرے۔ اگر ان شرطوں میں سے کوئی شرط نہ پائی گئی تو حلال نہ ہوگا۔

مسئلہ۔ تیر سے شکار کرنے کا بھی یہی حکم ہے (خزائن العرفان حضرت صدر الافاضل مُراد آبادی قدس سرہ العزیز)

۱۸؎ یہاں طعام سے مُراد وُہ جانور ہیں جنھیں ذبح کیا جاتا ہے۔ یعنی وُہ جانور جسے کسی یہودی اور نصرانی نے ذبح کیا ہو اُس کا کھانا مُسلمان کے لیے حلال ہے اگر ذبح کے وقت اُنھوں نے اللہ تعالیٰ کا نام لیا تو پھر تو سب ائمہ اس کے حلال ہونے پر متفق ہیں لیکن اگر وُہ عزیر اور مسیح علیہما السلام کا نام لے کر ذبح کریں تو پھر کیا حکم ہے۔ اس کے متعلق بہترین قول وُہ ہے جسے صاحب رُوح المعانی نے حسن رحؒ سے نقل کیا ہے کہ اگر تو خود سُنے کہ اس نے غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کیا ہے تو اُسے نہ کھا اور اگر تُو نے خود نہیں سُنا تو پھر حلال ہے۔ وقال الحسن اذا ذبح الیھودی والنصرانی فذکر اسم غیر اللہ تعالیٰ وانت تسمع فلا تاکل فاذا غاب عنك فكل فقد احل اللہ لك (روح المعانی) وقالت طائفة اذا سمعت الكتابي يسمي غير اسم الله عزوجل فلا تاكل وقال بهذا من الصحابة علیؓ و عائشة وابن عمر وهو قول طاؤس والحسن (قرطبی)

۱۹؎ محصنٰت کا معنی ہے پاک دامن۔ یہاں مُسلمانوں کو ترغیب دلائی جارہی ہے کہ اگر تم شادی کرنا چاہو تو حُسن و دولت کی وجہ سے شادی نہ کرو بلکہ عفت و پاکدامنی کے زیور سے جو مزیّن ہو اس کے ساتھ شادی کرو۔ یہی ایک ایسی محکم بُنیاد ہے جس پر گھر کی جو عمارت اُٹھائی جائے گی وُہ زندگی میں پیش آنے والے سارے حادثات اور طوفانوں کا مقابلہ کر سکے گی۔

قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ

پہلے ۲۰ جب دے دو تم انھیں مہر اُن کے پاکباز بنتے ہُوئے نہ بدکاری کرتے ہُوئے

وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ

اور نہ چوری چھپے آشنا بناتے ہُوئے ۲۱ اور جو انکار کرتا ہے ایمان کا ۲۲ تو بس ضائع ہو گیا

عَمَلُهٗ ؗ وَهُوَ فِى الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۟ ۵ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

اس کا عمل اور وُہ آخرت میں نقصان اُٹھانے والوں سے ہو گا اے ایمان والو!

۲۰ پہلے یہ بتایا کہ اہلِ کتاب کا ذبیحہ تمھارے لیے حلال ہے۔ اب یہ بتایا جا رہا ہے کہ ان کی نیک عورتوں سے بھی تم شادی کر سکتے ہو۔ بعض علماء کے نزدیک صرف ان کتابی عورتوں سے شادی کی اجازت ہے جو مملکتِ اسلامیہ کی رعایا ہوں۔ دارالحرب میں رہنے والی کتابی عورتوں سے اجازت نہیں۔ احناف کے نزدیک حرام تو نہیں لیکن مکروہ ضرور ہے لیکن بعض علماء نے ہر کتابی عورت سے نکاح کی اجازت دی خواہ وُہ مملکتِ اسلامیہ کی رعایا ہو یا دارالحرب کی باشندہ ہو۔ یہاں یہ بات یاد رہے کہ قرآن نے جو حلال فرمایا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی عورت کا صرف یہُودی یا نصرانی ہونا اس کی حُرمت کا باعث نہیں۔ لیکن اگر اس کی وجہ سے اور خرابیاں رُونپذیر ہوتی ہوں تو پھر حرمت لغیرہٖ ثابت ہو جائے گی۔ یہ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ جن لوگوں نے ایسی عورتوں سے شادی کی ان کے گھروں میں وُہی طرزِ معاشرت داخل ہو گئی۔ وُہی بے پردگی، وُہی غیر مردوں سے عام اختلاط، اسلامی عبادات سے بے رغبتی اور اخلاق و آداب سے بے رُخی اور پھر یہی اثر ان کی اولاد میں بھی چلا جاتا ہے۔ تاریخ میں ایسی مثالیں بکثرت ملتی ہیں کہ یہُودی و نصرانی عورتوں نے مُسلمانوں کے ایسے ایسے راز اپنی قوم تک پہنچائے جس سے مُسلمانوں کو سخت نقصانات سے دوچار ہونا پڑا۔ اس لیے اگر ان وجُوہات کے باعث ایسی عورتوں سے نکاح کرنے پر پابندی لگا دی جائے تو عین حکمت ہے۔

۲۱ عورت اور مرد کے باہمی تعلّق کی صرف ایک صُورت کو ہی اسلام نے جائز رکھا ہے وُہ یہ کہ اس کی بنیاد نکاحِ صحیح پر ہو۔ اس کے علاوہ محض شہوت رانی کے لیے جو تعلّقات قائم کیے جائیں گے خواہ وُہ کھُلم کھُلا ہوں یا چوری چھپے وُہ قطعاً حرام اور ممنُوع ہیں۔

۲۲ غیر عورتوں سے شادی کرنے میں یہ خدشہ تھا کہ کہیں اُن کے دامِ محبّت میں پھنس کر مُسلمان اپنا ایمان، اسلامی احکام اور اخلاقی قدروں کو پسِ پُشت نہ ڈال دیں۔ اس کے متعلق سرزنش فرما دی۔

إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى

جب تم اُٹھو ٢٣ نماز ادا کرنے کے لیے تو (پہلے) دھولو ٢٤ اپنے چہرے اور اپنے بازو کہنیوں

٢٣ اس سے پہلے کھانے پینے اور نکاح وغیرہ کے احکام بتائے جو حدثِ اصغر (بے وضو ہونا) اور حدثِ اکبر (جنابت) کا باعث ہوتے ہیں۔ اب یہ حکم دیا جا رہا ہے کہ جب تم اپنے طبعی تقاضوں کو پورا کر چکو اور اللہ تعالیٰ کے حضور میں آنا چاہو تو اس کے آداب کیا ہیں۔ حدثِ اصغر کے لیے وضو اور حدثِ اکبر کے لیے غسل کا حکم دیا۔ یہاں قمتم بمعنی اردتم ہے یعنی جب تم نماز کا ارادہ کرو تو وضو کرو۔ اختصار کے لیے ارادہ جو سبب ہے اس کو ذکر نہیں کیا اور قیام جو مسبّب ہے اس کو ذکر کر دیا اور یہ استعمال عام ہے جیسے اذا قرأت القران فاستعذ باللہ۔ اس کا معنی بھی یہی ہے کہ جب تم قرآن کی تلاوت کا ارادہ کرو تو پہلے اعوذ باللہ الخ پڑھ لیا کرو۔ بظاہر آیت سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ ہر نماز کے لیے تازہ وضو کیا جائے حضور صلی اللہ علیہ وسلّم اور خلفاء راشدین کا عام معمول یہی تھا لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے کئی بار ایک وضو سے متعدّد نمازیں ادا فرمائی ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اگرچہ افضل تو یہی ہے کہ ہر نماز تازہ وضو سے ادا کی جائے لیکن کئی نمازوں کا ایک وضو سے ادا کرنا جائز ہے فتح مکّہ کے روز حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے پانچوں نمازیں ایک وضو سے ادا فرمائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آج تو حضورؐ نے ایسا کام کیا ہے جو حضورؐ نے پہلے کبھی نہیں کیا۔ جواب ملا عمدا فعلته۔ اے عمرؓ میں نے یہ کام (یعنی ایک وضو سے پانچ نمازیں) جان بوجھ کر کیا ہے تاکہ اُمّت کو یہ مسئلہ معلوم ہو جائے کہ ایک وضو سے متعدّد نمازیں پڑھنا درست ہے۔

٢٤ وضو کے فرائض چار ہیں جو اس آیت میں مذکور ہیں: (١) مُنہ کا دھونا (٢) ہاتھوں کا کہنیوں سمیت دھونا۔ (٣) سر کا مسح کرنا (٤) اور ٹخنوں تک پاؤں کا دھونا۔ اس کے علاوہ وضو سے پہلے نیّت کرنا، بسم اللہ پڑھنا، پہلے ہاتھ صاف کرنا، کلّی کرنا، مسواک کرنا، ناک میں پانی ڈال کر صاف کرنا، مسح کے علاوہ ہر کام کو تین تین مرتبہ کرنا دائیں طرف سے شروع ہونا، کان کا مسح کرنا۔ یہ سب اعمال حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے معمول سے ثابت ہیں۔ فقہاء نے ان سے بعض کو سُنّت اور بعض کو مستحب فرمایا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے وضو کی کیفیّت اکثر صحابہ کرام سے مروی ہے۔ یہاں وہ تفصیل جو حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے بیان کی ہے اسی کے لکھنے پر اکتفا کرتا ہوں۔ ابو حیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کو وضو کرتے دیکھا۔ آپ نے پہلے اپنے ہاتھوں کو خوب پاک صاف کیا۔ پھر تین مرتبہ کلّی کی۔ پھر تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا۔ پھر تین مرتبہ چہرہ مُبارک دھویا پھر بازوؤں کو تین مرتبہ دھویا۔ پھر ایک مرتبہ سر کا مسح کیا پھر ٹخنوں تک پاؤں دھوتے اور اس کے بعد فرمایا احببت ان اریکم کیف کان طھور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (ترمذی و ابن ماجہ) کہ میں چاہتا تھا کہ تمھیں دکھاؤں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے وضو کا کیا طریقہ تھا۔

الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ

تک ۲۵ے اور مسح کرو اپنے سروں پر ۲۶ے اور دھو لو اپنے پاؤں ٹخنوں تک ۲۷ے اور اگر

كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ

ہو تم جنبی تو (سارا بدن) پاک کر لو ۲۸ے اور اگر ہو تم بیمار ۲۹ے یا سفر پر یا

۲۵ے الی بمعنی مع ہے یعنی ہاتھوں کو کہنیوں کے سمیت دھوؤ۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام جب وضو فرماتے تو کہنیوں کو بھی دھوتے عن جابران النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا توضأ ادار الماء علی مرفقیہ (دارقطنی)

۲۶ے مسح کہتے ہیں ہاتھ پانی سے تر کرکے پھیرنا۔ تمام سر کا مسح مستحب ہے اور سر کے چوتھے حصہ کے برابر مسح کرنا فرض ہے سُنّتِ نبویؐ سے اس کی تائید ہوتی ہے۔

۲۷ے اس کا عطف ایدیکو پر ہے اور اس کا معنی ہے واغسلوا ارجلکم کہ اپنے پاؤں کو بھی دھوؤ۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم اپنے صحابہ کو پاؤں اچھی طرح دھونے کا حکم فرمایا کرتے۔ حضورؐ نے ایک قوم کو دیکھا کہ ان کی ایڑیاں خشک ہیں تو حضورؐ نے بلند آواز سے فرمایا۔ ویل للاعقاب من النار اسبغوا الوضوء۔ خشک رہ جانے والی ایڑیوں کو آگ جلائے گی۔ وضو عمدہ طریق سے کیا کرو تاکہ کوئی جگہ خشک نہ رہ جائے۔ حاشیہ ۲۴ے میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے حضورؐ کے وضو کی کیفیت جو بیان کی گئی ہے اُس سے بھی یہی معلوم ہوا کہ حضور پاؤں مبارک دھویا کرتے تھے۔ سیّد شریف رضی نے امیر المومنین سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے وضو کی جو تفصیل بیان کی ہے اس سے بھی پاؤں کا دھونا ثابت ہے (نہج البلاغہ) اس کے بعد جھگڑے کی گنجائش ہی نہیں رہی۔ (مزید تحقیق کے لیے رُوح المعانی کا مطالعہ فرمائیں)

کتبِ شیعہ میں پاؤں دھونے کی متعدّد روایات ائمہ سے منقول ہیں حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام کے ایک عقیدتمند ابن یقطین نے وضو کی ترکیب کے متعلق استفسار کیا تو حضرت نے یہ جواب تحریر فرمایا۔ والذی اٰمرك بہ فی ذلك ان تمضمض ثلاثاً وتستنشق ثلاثا وتغسل وجهك ثلاثا وتخلل شعر لحيتك وتغسل يديك الى المرفقين وتمسح رأسك كله وتمسح ظاهر اذنيك وباطنها وتغسل رجليك الى الكعبين ثلاثا ولا تخالف ذلك الى غيره۔ ترجمہ: اس بارے میں مَیں تمھیں یہ حکم دیتا ہوں کہ تین مرتبہ کلّی کرو، تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالو، تین مرتبہ اپنے چہرہ کو دھوؤ، اپنی ڈاڑھی کے بالوں کا خلال کرو، دونوں بازوؤں کو کہنیوں تک تین مرتبہ دھوؤ، اپنے پورے سر کا مسح کرو، کانوں کے ظاہر و باطن کا مسح کرو اور اپنے پاؤں کو ٹخنوں تک تین مرتبہ دھوؤ آخر میں فرمایا اس حکم کی خلاف ورزی نہ کرنا۔ (کشف الغمہ جلد ۲ صد ۲۴ ایران)

۲۸ے پہلے حدثِ اصغر سے طہارت کا طریقہ بتایا اب حدثِ اکبر سے طہارت کا طریقہ سکھایا جا رہا ہے یعنی جب انسان جنبی ہو جائے تو اس وقت غسل کرے۔ اس کے متعلق حاشیہ سورہ النساء میں گزر چکا ہے۔ آیت ۴۳

۲۹ے اس کے متعلق حواشی بھی سورہ النساء میں گزر چکے ہیں۔ آیت ۴۳

جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا

آئے کوئی تم میں سے قضاء حاجت کے بعد یا صحبت کی ہو تم نے عورتوں سے پھر نہ پاؤ تم

مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ

پانی تو تیمّم کرو پاک مٹی سے یعنی مسح کرلو اپنے چہروں اور اپنے بازوؤں پر

مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ

اس سے نہیں چاہتا اللہ تعالیٰ کہ رکھے تم پر کچھ تنگی ۳۰ بلکہ وہ تو یہ چاہتا ہے

لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝٦ وَ

کہ خوب پاک صاف کردے تمھیں اور پوری کردے اپنی نعمت تم پر ۳۱ تاکہ تم شکریہ ادا کرتے رہو اور

۳۰؎ فقہ قرآنی کا یہ ایک بنیادی اصول ہے جس پر اسلامی شریعت کا قصرِ رفیع تعمیر ہوا ہے۔ ان احکام پر ہی نگاہ ڈالیئے۔ حدثِ اصغر (وضو کا ٹوٹنا) کے لیے غسل فرض نہیں کیا کیونکہ اس کا وقوع عام ہے اور اس میں دشواری ہے۔ جنابت جو کبھی کبھی لاحق ہوتی ہے اس کے لیے غسل کو فرض فرمایا کیونکہ ظاہری صفائی اور اعصاب کی افسردگی اور طبیعت کی درماندگی کا اس سے بہتر اور آسان کوئی علاج نہیں۔ اس پر بھی پانی نہ ملے یا پانی کے استعمال سے بیماری کے بڑھنے کا خدشہ ہو تو تیمّم کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے ناتوان بندوں کے لیے رعایت پر رعایت، آسانی پر آسانی کو ہر حکم میں پیشِ نظر رکھا ہے۔ فقہاء کرام نے اس آیتِ کریمہ سے جتنے مزید قواعد اور جزئیات کا استنباط فرمایا ہے وہ فقہ اسلامی کے نکتہ دانوں سے مخفی نہیں۔

۳۱؎ احکامِ اسلامیہ کی اصلی روح تو عبادت ہے یعنی ہم ان کو اس لیے بجالاتے ہیں کہ یہ احکامِ خداوندی ہیں اور خداوندِ عالم کے ہر حکم کی اطاعت ہم پر فرض ہے۔ لیکن قرآن کریم جا بجا ان کے ظاہری فوائد اور روحانی منافع کو بیان فرما کر اس طرف بھی ہماری توجہ مبذول کرا دیتا ہے کہ ان احکام میں سراسر تمھاری بہبودی اور بہتری کو مدِّنظر رکھا گیا ہے۔ یہاں بھی اشارہ فرما دیا کہ وضو اور غسل و تیمّم سے مقصود تمھاری پاکیزگی اور طہارت ہے۔ اسلام نے روحانی طہارت کے لیے جسمانی پاکیزگی کو جتنا ضروری قرار دیا ہے وہ ظاہر ہے یہ الگ بات ہے کہ آج ہمارے صوفی اور امام گندگی میں اپنی مثال آپ ہوں۔

اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ الَّذِي وَاثَقَكُمْ بِهِ

یاد رکھو اللہ کی نعمت جو تم پر ہے اور اس کے وعدہ کو جو اُس نے پختہ لیا تھا تم سے ۳۲

إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ

جب کہا تھا تم نے ہم نے سُن لیا اور مان لیا اور ڈرتے رہو اللہ سے بے شک اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے جو کچھ سینوں

الصُّدُورِ ۝٧ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ لِلّٰهِ شُهَدَاءَ

میں ہے اے ایمان والو! ہو جاؤ مضبوطی سے قائم رہنے والے اللہ کے لیے گواہی دینے والے

بِالْقِسْطِ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَىٰ أَلَّا تَعْدِلُوا

انصاف کے ساتھ ۳۳ اور ہرگز نہ اُکسائے تمھیں کسی قوم کی عداوت اس پر کہ تم عدل نہ کرو

۳۲؎ ہر مسلمان جب دینِ اسلام کو قبول کرتا ہے تو وُہ پہلے اقرار کرتا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُول کریم ؐ کے ہر حکم کی تعمیل کروں گا۔ اور اسلام کی سربلندی کے لیے کسی جانی اور مالی قربانی سے دریغ نہ کروں گا۔ اللہ تعالےٰ اپنے مومن بندوں کو یاد کرا رہے ہیں کہ دیکھو ہم نے تم پر کتنا احسان فرمایا۔ تمھیں ہدایت کا راستہ دکھایا اور اس پر چلنے کی توفیق عنایت فرمائی۔ اس نعمت کو اور کامل اطاعت کے وعدہ کو ہمیشہ یاد رکھو۔ اور اس یقین کو پختہ سے پختہ تر کرتے رہو کہ تمھاری کوئی بات تمھارے ہمہ بیں اور ہمہ داں رب سے پوشیدہ نہیں۔

۳۳؎ بعینہٖ یہی الفاظ سُورہ النساء میں گزر چکے ہیں اور ان کی لغوی تحقیق وہاں ملاحظہ فرمائی جائے (سُورہ النساء آیت ۱۳۵) اس کے دوبارہ نزول کی وجہ یہ ہے کہ مکّہ فتح ہونے والا ہے۔ مسلمانوں کے جان و ایمان کے نہایت ظالم اور بے رحم دُشمن ان کے سامنے پیش ہونے والے ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ اسلام کے علم بردار جوشِ غضب میں ان پر زیادتی کرنے لگیں۔ اس لیے اُنھیں وقت سے پہلے ہی تنبیہ فرما دی کہ احکامِ الٰہی کی اطاعت میں تساہل نہ برتیں بلکہ قوّامین للّٰہ یعنی اللہ کے ہر حکم کی اطاعت کے لیے مضبُوطی سے کھڑے رہنے والے بن جائیں۔ کفّار مسلمانوں کے شہیدوں کے ناک کان کاٹ کر مثلہ کر دیا کرتے تھے۔ مسلمان عورتوں اور بچّوں کے قتل سے بھی نہیں شرماتے تھے۔ مسلمانوں کو ایسی تمام باتوں سے روک دیا گیا۔

اِعْدِلُوْا ۫ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌۢ

عدل کیا کرو ٣٤ یہی زیادہ نزدیک ہے تقوٰی سے ٣٥ اور ڈرتے رہا کرو اللہ سے بے شک اللہ تعالیٰ خوب خبردار ہے

بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝٨ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ

جو کچھ تم کرتے ہو وعدہ فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِیْمٌ ۝٩ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ

کہ ان کے لیے بخشش اور اجرِ عظیم ہے اور جن لوگوں نے کفر کیا اور جھٹلایا ہماری آیتوں کو

اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ ۝١٠ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ

وہی لوگ دوزخی ہیں اے ایمان والو! یاد کرو اللہ کی

اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ یَّبْسُطُوْۤا اِلَیْكُمْ اَیْدِیَهُمْ فَكَفَّ

نعمت جو تم پر ہوئی ٣٦ جب پختہ ارادہ کر لیا تھا ایک قوم نے کہ بڑھائیں تمھاری طرف اپنے ہاتھ تو اللہ نے روک دیا

٣٤ اب کیونکہ قوت و اقتدار مسلمانوں کے پاس آرہا تھا اس لیے انھیں نہایت واضح طور پر حکم دیا کہ خبردار! کسی قیمت پر انصاف کا دامن تمھارے ہاتھ سے چھوٹنے نہ پائے۔ اور حق یہ ہے کہ کوئی قوم حکومت وسلطنت کے تخت کی مستحق اس وقت تک ہی رہتی ہے جب تک وہ صفت عدل سے متصف ہو۔ جس قوم نے ظلم پر کمر باندھ لی وہ آج نہیں تو کل ضرور اس نعمت سے محروم کر دی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ اسلامی مملکت کے بانیوں کو بھلا کیوں نہ واضح طور پر اور پرزور طریقہ سے عدل کرنے کی ہدایت فرماتا۔

٣٥ یعنی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور اس کے عذاب سے بچنے کا قریبی راستہ یہ ہے کہ انسان عدل و انصاف کو اپنا شعار بنائے رکھے۔ امام رازیؒ فرماتے ہیں کہ جب کفار کے ساتھ عدل کرنے کا یہ تاکیدی حکم ہے تو مسلمانوں کے ساتھ عدل کرنے کی اہمیت محتاجِ بیان نہیں۔

٣٦ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے ہمراہ یہود بنی نضیر کے پاس تشریف لے گئے اور انھیں فرمایا کہ ہمارے ایک آدمی نے دو آدمیوں کو غلط فہمی سے قتل کر دیا ہے اُن کے وارث دیت کا مطالبہ کرتے ہیں اس لیے تم لوگ حسبِ معاہدہ ان کی دیت میں اپنا حصہ دو۔ اُنھوں نے کہا آپ بیٹھیں کچھ کھا پی لیں پھر تعمیلِ حکم کریں گے۔ حضورؐ کو

أَيْدِيَهُمْ عَنكُمْ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿١١﴾

ان کے ہاتھوں کو تم سے اور ڈرتے رہا کرو اللہ سے اور اللہ تعالیٰ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیئے ایمان والوں کو

وَلَقَدْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ

اور یقیناً لیا تھا اللہ تعالیٰ نے پختہ وعدہ بنی اسرائیل سے اور ہم نے مقرر کیے ان میں سے

اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا ۖ وَقَالَ اللَّهُ إِنِّي مَعَكُمْ ۖ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلَاةَ

بارہ ۳۷؎ سردار اور فرمایا تھا اللہ تعالیٰ نے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم صحیح صحیح ادا کرتے رہے نماز

وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ وَآمَنتُم بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ

اور دیتے رہے زکوٰۃ اور ایمان لائے میرے رسولوں پر اور مدد کرتے رہے ان کی اور قرض دیتے رہے

بٹھا کر اُنھوں نے یہ سازش کی کہ دیوار کے اُوپر سے ایک بھاری پتھر لُڑھکا کر آپ کو شہید کر دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو ان کے ناپاک ارادہ کی اطلاع دے دی اور حضورؐ فوراً اُٹھ کر تشریف لے گئے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی سلامتی کا احسان قیامت تک آنے والے سب غلامانِ مصطفےٰ پر ہے۔ اس لیے یہ آیت صرف صحابہ کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ ہر مسلمان اس کا مخاطب ہے اور اس نعمتِ عظمےٰ کا عملی اعتراف مسلمان کا فرضِ اوّلین ہے۔

۳۷؎ نقیب اُس شخص کو کہتے ہیں جو کسی قوم کے صحیح حالات سے پُوری طرح باخبر ہو اور ان کی بہتری اور برتری کا ذِمّہ دار ہو۔ القائم بامورهم الذی ینقب عنها وعن مصالحهم (قرطبی) بنی اسرائیل کے بارہ قبیلے تھے ہر قبیلہ سے حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام نے ایک ایک آدمی مقرر کیا جو اُن کے احوال پر آگاہ ہو اور ان کو اطاعتِ الٰہی کی ترغیب دیتا رہے۔ لیلۃ العقبہ میں جب مدینہ کے ستّر مردوں اور دو عورتوں نے حضورؐ کے دستِ مُبارک پر اسلام کی بیعت کی تو حضورؐ نے بھی ان میں سے بارہ آدمی منتخب فرمائے اور انھیں نقیب کا خطاب عطا فرمایا۔ عزرتم تعزیر کا معنی ہے۔ النصرۃ مع التعظیم (مفردات) عزّت و احترام کی وجہ سے کسی کی امداد کرنا۔ مخلص اور جانباز کارکنوں کے لیے اس آیت میں تین انعامات کا مژدۂ جانفزا ہے۔ سب سے پہلے یہ کہ اللہ تعالیٰ کی معیّت ان کے شاملِ حال ہوتی ہے وُہ انسان کتنا خوش بخت ہے جسے یہ سعادت نصیب ہو اور اس کی کامیابی کتنی یقینی ہے جس کے ہر کام میں امدادِ الٰہی شریک ہو۔ دُوسری بشارت یہ دی گئی کہ بشری تقاضوں اور طبعی کمزوریوں کی وجہ سے جو غلطیاں اس سے سرزد ہو جاتی ہیں ان کا اثر اس کے دل سے اور ان کا ذکر اس کے نامۂ اعمال سے محو کر دیا جاتا ہے۔ اور تیسری یہ کہ اس کی دائمی قرارگاہ

اللّٰہَ قَرۡضًا حَسَنًا لَّاُکَفِّرَنَّ عَنۡکُمۡ سَیِّاٰتِکُمۡ وَ لَاُدۡخِلَنَّکُمۡ

اللہ کو قرض حسن تو میں ضرور دُور کردوں گا تم سے تمھارے گناہ اور میں داخل کروں گا تمھیں

جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ ۚ فَمَنۡ کَفَرَ بَعۡدَ ذٰلِکَ مِنۡکُمۡ

باغات میں رواں ہیں جن کے نیچے نہریں تو جس نے کفر کیا اس کے بعد تم میں سے

فَقَدۡ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیۡلِ ﴿۱۲﴾ فَبِمَا نَقۡضِہِمۡ مِّیۡثَاقَہُمۡ

تو یقیناً وُہ بھٹک گیا سیدھی راہ سے تو بوجہ ان کی عہد شکنی کے ہم نے

لَعَنّٰہُمۡ وَ جَعَلۡنَا قُلُوۡبَہُمۡ قٰسِیَۃً ۚ یُحَرِّفُوۡنَ الۡکَلِمَ عَنۡ

اپنی رحمت سے انھیں دُور کر دیا اور کر دیا ان کے دِلوں کو سخت ۳۸؎ وُہ بدل دیتے ہیں (اللہ کے) کلام کو اپنی اصلی

جنت ہوگی جہاں بہار ہے خزاں نہیں۔ جہاں راحت و شادمانی ہے رنج و غم کا گزر نہیں۔ کسی مخلص کی حوصلہ افزائی کے لیے اس سے زیادہ مؤثر اور کیا چیز ہوسکتی ہے۔

۳۸؎ با سببیت کے لیے ہے اور ما لفظاً زائد اور معناً کلام میں قوت و زور پیدا کرنے کے لیے ہے۔ لعنت کا معنی ہے درِ رحمت سے دُور ہٹا دینا واللعن الابعاد والطرد من الرحمۃ۔ اِس حقیقت کو قرآن نے بار بار واضح فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی پر پھٹکار اور ذِلّت و رُسوائی کا عذاب بلا وجہ نہیں ہوتا۔ بلکہ انسان کی اپنی کوتاہیاں اور نافرمانیاں اس کا سبب ہوتی ہیں۔ قیامت کے دن جو سزا ملے گی وُہ تو ملے گی لیکن مسلسل سرتابی اور پیہم نافرمانی کی سزا جو اس دُنیا میں ہی ملتی ہے وہ بھی کچھ کم اہم نہیں۔ اس کی اچھی صلاحیتیں اور عمدہ قابلیتیں بے کار اور معطل ہوکر رہ جاتی ہیں۔ اِس حقیقت کو بار بار منکشف کرنے سے بنی اسرائیل کی تذلیل ہی مطلوب نہیں بلکہ حاملانِ قرآن کو عبرت دلانا بھی مقصود ہے کہ ایسا نہ ہو کہ شامتِ اعمال سے تم بھی اپنی صلاحیتیں ضائع کر بیٹھو۔ تمھارے کان بھی حق سُننے سے بہرے ہو جائیں۔ تمھاری آنکھیں بھی ہدایت کی روشنی دیکھنے سے اندھی ہو جائیں۔ ایسا نہ ہو کہ تم بھی مسلسل نافرمانیوں کے باعث درگاہِ رحمت سے دُور ہٹا دیئے جاؤ اور تمھارے دِل بھی ایسے سخت ہو جائیں کہ کوئی پند و موعظت اور کوئی سرزنش سُود مند ثابت نہ ہو بلکہ قرآن جیسی دِل ہلا دینے والی کتاب بھی تمھارے دِلوں میں خوفِ الٰہی کا جذبہ پیدا نہ کر سکے۔ غور کیجئے کہیں خدانخواستہ ہم انفرادی اور اجتماعی طور پر اس گرداب میں تو پھنسے ہُوئے نہیں ہیں۔

مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ

جگہوں سے ۳۹ اور انھوں نے بھلا دیا بڑا حصہ ۴۰ جس کے ساتھ انھیں نصیحت کی گئی تھی اور ہمیشہ آپ آگاہ ہوتے

عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ؕ

رہیں گے ان کی خیانت پر ۴۱ بجز چند آدمیوں کے ان سے ۴۲ تو معاف فرماتے رہیئے ان کو اور درگزر ۴۳ فرمایئے

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى

بے شک اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے احسان کرنے والوں کو اور ان لوگوں سے جنھوں نے کہا ہم نصرانی ہیں ۴۴

۳۹ تحریف دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک تو یہ کہ الفاظ میں ہی ردّ و بدل کر دیا۔ اصل عبارت کچھ تھی اس کو بگاڑ کر رکھ دیا۔ دُوسری یہ کہ الفاظ میں تو قطع و برید نہ کی لیکن اس کا مفہوم غلط بیان کر دیا۔ یہود اپنی آسمانی کتاب میں دونوں طرح کی تحریف سے باز نہیں آتے تھے۔

۴۰ حظًّا کی تنکیر تعظیم کے لیے ہے یعنی اپنی کتاب کا بہت اہم حصہ فراموش کر دیا۔ ان کے انبیاء نے حضور رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانے کا جو بار بار انھیں حکم دیا تھا انھوں نے اُسے بھلا دیا۔ حضور کی تعریف و توصیف سے اُن کی کتابوں کے صفحات مزیّن تھے ان کو بھی فراموش کر دیا۔

۴۱ خائنۃ خیانت کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے اور لغت میں اسم فاعل بمعنی مصدر استعمال ہوتا رہتا ہے والخائنۃ الخیانۃ وھذا جائز فی اللغۃ (قرطبی) اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ صفت ہو۔ اور اس کا موصوف طائفۃ محذوف ہو مقصد یہ ہے کہ خیانت اور غدر ان کی پُرانی عادت ہے۔ آپ کے ساتھ اُنھوں نے دوستی کے جو معاہدے کیے ہُوئے ہیں ان میں بھی وُہ مخلص نہیں اور آپ ان کی غدّاری اور خیانت پر آگاہ ہوتے رہیں گے۔

۴۲ یعنی ان کا بیشتر حصہ تو خیانت سے باز نہیں آئے گا لیکن ان میں مخلصین کی ایسی جماعت بھی ہے جو سچے دل سے ایمان لے آتے ہیں جیسے عبد اللہ بن سلام وغیرہ

۴۳ یعنی وُہ ستاتے رہیں آپ معاف کرتے رہیں۔ وُہ آپ کے خلاف خطرناک سازشوں کے جال بُنتے رہیں آپ نظر انداز کرتے رہیں۔ وُہ اپنا کام کریں اور اے مجموعۂ ہر خُوبی و دلبری آپ اپنا کام کریں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پاک کو مکارمِ اخلاق کی کتنی بے نظیر تعلیم دی ہے۔ اِسی لیے تو حضور نے فرمایا ادّبنی ربی فاحسن تادیبی یعنی میری تادیب و تربیت میرے ربّ نے فرمائی اور خُوب فرمائی۔

۴۴ جس طرح یہود نے کامل اطاعت کا وعدہ کر کے توڑ دیا اسی طرح جنھوں نے اپنے نبی کی دعوت پر خوشی سے

اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۪ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ

ہم نے لیا تھا پختہ وعدہ ان سے بھی۔ سو اُنھوں نے بھی بُھلا دیا بڑا حصّہ جس کے ساتھ انھیں نصیحت کی گئی تھی تو ہم نے بھڑکا دی

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ

ان کے درمیان عداوت اور بغض (کی آگ) روزِ قیامت تک ۴۵ اور آگاہ کر دے گا انھیں

نحن انصار اللہ کہہ کر دینِ الٰہی کی نصرت و تائید کا پُرجوش وعدہ کیا تھا وُہ بھی ثابت قدم نہ رہے۔ اللہ تعالیٰ کی توحید کے بجائے تثلیث کے من گھڑت عقیدہ کو اپنا لیا۔ حضرت مسیح نے حضور خاتم الانبیا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی آمد کی بشارت دی تھی اور آپ پر ایمان لانے کی بار بار دعوت دی تھی اسے بھی یکسر فراموش کر دیا۔ حضرت مسیح دنیا سے رُخصت ہونے سے پہلے اپنے شاگردوں کو تسلّی دیتے ہُوئے فرماتے ہیں "اگر تم مجھ سے محبّت رکھتے ہو تو میرے حکموں پر عمل کرو گے اور میں باپ سے درخواست کروں گا کہ وُہ تمھیں دُوسرا مددگار بخشے گا کہ ابد تک تمھارے ساتھ رہے گا" (یوحنا ۱۴: ۱۶)۔

اب یہ ابد تک ساتھ رہنے والا مددگار بجز خاتم النّبییّن کے اَور کون ہے؟ اسی کی تاکید ایک بار پھر حضرت مسیح کی زبان سے ملاحظہ ہو:۔

"میں تم سے سچ کہتا ہُوں کہ میرا جانا تمھارے لیے فائدہ مند ہے کیونکہ اگر میں نہ جاؤں تو وُہ مددگار (وکیل یا شفیع) تمھارے پاس نہ آئے گا لیکن اگر میں جاؤں گا تو اسے تمھارے پاس بھیج دُوں گا اور وُہ آکر دُنیا کو گناہ اور راست بازی اور عدالت کے بارہ میں قصوروار ٹھیرائے گا" (یوحنا ۱۶: ۷، ۸)

"لیکن جب وُہ سچّائی کا رُوح آئے گا تو تم کو تمام سچّائی کی راہ دکھائے گا اس لیے کہ وُہ اپنی طرف سے نہ کہے گا لیکن جو کچھ سُنے گا وُہی کہے گا اور تمھیں آئندہ کی خبریں دے گا (یوحنا ۱۶: ۱۳) انجیل کی یہ آیت تو اس آیت کا بالکل ترجمہ معلوم ہوتی ہے۔ وما ینطق عن الھوٰی ان ھو الا وحی یوحٰی۔

۴۵ اغرا کہتے ہیں کسی چیز کو کسی پر چسپاں کرنا مسلّط کر دینا۔ الاغراء بالشیء الالصاق بہ من جھۃ التسلیط علیہ (قرطبی) یعنی جب اُنھوں نے ہدایت کی سیدھی راہ چھوڑ دی اور نفسانی خواہشات کی بُھول بھلیوں میں پھنس گئے اور گمراہی کا اندھیرا چھا گیا تو اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلا کہ اُن کی یک جہتی اور اتحاد ختم ہو گیا۔ باہمی محبّت و پیار کی جگہ بغض و عناد نے لے لی اور وُہ ایک دُوسرے کے خون کے پیاسے ہو گئے۔ ایک دین کے ماننے والے مختلف فرقوں اور ٹولیوں میں بٹ گئے۔ ہر فرقہ دُوسرے فرقہ کو کافر اور مُلحد کہنے لگ گیا اور سیاسی طور پر ان کی رقابتوں نے انسانی خون کے دریا بہا دیئے۔ ان کے سیاسی اختلافات، رقابتوں اور عداوتوں کی شدّت کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت پیش کیا جائے کہ اس ترقی یافتہ دَور میں بیس ۲۰ سال کی قلیل مدّت میں اُنھوں نے ساری دُنیا کو دو عالمی جنگوں میں جھونک دیا۔ کروڑوں

اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝١٤ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ

اللہ تعالیٰ جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اے اہلِ کتاب! بے شک آگیا ہے تمہارے پاس

رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ

ہمارا رسُول ۴۶ کھول کر بیان کرتا ہے تمہارے لیے بہت سی ایسی چیزیں جنھیں تم چھپایا کرتے تھے کتاب سے

وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝١٥

اور درگزر فرماتا ہے بہت سی باتوں سے بے شک تشریف لایا ہے تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور اور ۴۷ ایک کتاب ظاہر کرنے والی

يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ

دکھاتا ہے اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ انھیں جو پیروی کرتے ہیں اس کی خوشنودی کی سلامتی کی راہیں ۴۸ اور نکالتا ہے انھیں

کی تعداد میں لوگ مارے گئے آبادیاں ویرانوں میں تبدیل ہوگئیں۔

۴۶ یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی نبوّت اور علم کامل کی دلیل ہے۔ باوجود اُمّی ہونے کے آپ تورات اور انجیل کے ایسے مسائل اور احکام ظاہر فرمادیتے جنھیں علماء یہود و نصاریٰ ہمیشہ سے چھپائے ہوئے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرا رسُول تمہاری ساری چھپی ہوئی باتوں کو ظاہر نہیں فرماتا بلکہ صرف اُنھیں اُمور کا ذکر کرتا ہے جن کے اظہار میں کوئی دینی فائدہ یا مصلحتِ عامہ ہو۔ ویسے تمہاری دُوسری خباثتیں جن کے اِظہار سے بجز تمھیں رُسوا کرنے کے اور کوئی فائدہ نہیں اُن سے اغماض فرماتا ہے۔

۴۷ امام المفسّرین ابن جریر لکھتے ہیں یعنی بالنور محمدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم الذی انار اللہ بہ الحق واظہر بہ الاسلام ومحق بہ الشرک فہو نور لمن استنار بہ (تفسیر ابن جریر) یعنی نوُر سے مُراد یہاں ذاتِ پاک محمد مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والثناء ہے جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے حق کو روشن کردیا۔ اسلام کو ظاہر فرمایا شرک کو نیست ونابُود کیا۔ حضور نور ہیں مگر اس کے لیے جو اس نوُر سے دِل کی آنکھوں کو روشن کرنا چاہے۔ اللہ تعالیٰ اس نورِ مجسّم کی تابانیوں اور درخشانیوں سے ہمارے آئینۂ دِل کو منوّر فرمائے اور اپنے محبُوب کی غلامی اور محبّت کی سعادت سے بہرہ اندوز فرمائے آمین۔ جب اللہ تعالیٰ اپنے محبُوب کو نُور فرما رہا ہے تو کسی کو کیا اعتراض؟ کتابِ مُبین سے مُراد قرآن مجید ہے۔ یہ کہنا کہ "نور" سے بھی قرآن کریم مُراد ہے درست نہیں کیونکہ واو عاطفہ تغایُر پر دلالت کرتی ہے۔

۴۸ من اتبع رضوانہ سے اخلاصِ نیّت کی اہمیّت کو واضح فرمایا یعنی نورِ محمّدی اور کتابِ مُبین سے اللہ تعالیٰ

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ

تاریکیوں سے ۴۹ اُجالے کی طرف اپنی توفیق سے اور دکھاتا ہے انھیں راہِ

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٦﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ

راست یقیناً کفر کیا جنھوں نے کہا کہ اللہ تو مسیح بن

اُنھیں کی دستگیری اور رہنمائی فرماتا ہے جن کے دلوں میں اس کی رضا کی سچّی طلب ہو۔ سبل السّلام کا معنی اکثر علماء نے "سلامتی کے راستے" ہی بتایا ہے جن پر چلنے سے انسان دُنیا و آخرت میں ناکامی سے بچ جاتا ہے اور لغزش اور بھٹک جانے کا خطرہ نہیں رہتا۔ لیکن صراطِ مستقیم جس کا ذِکر آیت کے آخر میں آرہا ہے وُہ بھی تو سلامتی کا راستہ ہی ہے ایک چیز کو مکرّر ذکر کرنے کا کیا فائدہ۔ اِس لیے مجھے تو سبل السّلام کا وہی معنی زیادہ پسند ہے جو قرطبی نے امام حسن بصری رح سے نقل کیا ہے کہ السلام: اللہ عزوجل اور علاّمہ بیضاوی رح نے بھی اس کی طرف اِشارہ کیا ہے او سبل اللہ (بیضاوی) یعنی معرفتِ الٰہی کے وُہ خاص راستے جن پر چلنے سے قربِ حق نصیب ہوتا ہے اور دُوری کے حجاب اُٹھا دیئے جاتے ہیں۔ جو اپنے دل سے تمام خواہشات کو باہر نکال پھینکتا ہے اور اخلاصِ نیّت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے حصُول کے لیے شب و روز تڑپتا رہتا ہے تو آفتابِ محمدی ص کی شعاعیں اس کے لیے ان راہوں کو منوّر و روشن کر دیتی ہیں جن پر چلنے سے اسے قربِ حق نصیب ہوتا ہے اور دُوری کے حجاب اُٹھا دیئے جاتے ہیں۔ اولیاء کاملین جن کو اس کا ذاتی تجربہ ہے اُن سے پوچھو وُہ تمھیں بتائیں گے کہ مُصطفٰے کی رہنمائی کے بغیر اللہ تک پہنچانے والی راہ کا سراغ نہیں ملتا۔ لفظ السّلام سے مقصُود اگر وُہی ہو جو حسن بصری رح کا خیال ہے تو پھر سبل السلام اگرچہ سالک کی آخری منزل ہے لیکن اسے سب سے پہلے اس لیے ذِکر کیا تاکہ سالک کی آرزوؤں کا کعبہ اور اُمیدوں کا قبلہ ہر وقت اس کی نگاہوں کے سامنے رہے اور اس سے کم درجہ پر قناعت نہ اختیار کرے۔

۴۹ تاریکیاں اور اندھیرے کئی قسم کے ہیں۔ شرک و کفر کا اندھیرا، گناہ و سرکشی کا اندھیرا، نفس پرستی اور بدعت کی تاریکی غفلت اور سُستی کی ظُلمت اس لیے ظلمات جمع کا لفظ ذِکر کیا۔ لیکن نُور صرف ایک ہی ہے اِس لیے واحد کا لفظ ہی اِستعمال فرمایا۔ صراطِ مستقیم یعنی شریعتِ محمدی ص کی اطاعت کی برکت سے اِنسان مختلف قسم کے اندھیروں سے نکل کر ہدایت کی روشنی میں آتا ہے۔

مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ

مریم ہی ہے ۵۰ (اے حبیب!) آپ فرمایئے کون قدرت رکھتا ہے ۵۱ اللہ کے حکم میں سے کوئی چیز روک دے (یعنی) اگر وہ ارادہ فرمائے کہ ہلاک

الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَ اُمَّهٗ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَ لِلّٰهِ

کر دے مسیح بن مریم کو اور اس کی ماں کو اور جو کوئی بھی زمین میں ہے سب کو (تو اسے کون روک سکتا ہے) اور اللہ

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ

ہی کے لیے ہے سلطنت آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے پیدا فرماتا ہے جو چاہتا ہے ۵۲ اور اللہ تعالیٰ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑰ وَ قَالَتِ الْيَهُوْدُ وَ النَّصٰرٰى نَحْنُ

ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے اور کہا یہود اور نصاریٰ نے کہ ہم

۵۰ عیسائیوں کے عقیدۂ تثلیث پر مفصل بحث سورہ النساء میں گزر چکی ہے۔ تثلیث کے عنوان پر انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کی یہ عبارت مختصر بھی ہے اور جامع بھی۔

"THE CHRISTIAN DOCTRINE OF THE TRINITY CAN BE BEST EXPRESSED IN THE WORDS, THE FATHER IS GOD, THE SON IS GOD AND THE HOLY GHOST IS GOD, AND YET THEY ARE NOT THREE GODS BUT ONE GOD"

ENCY: BRITTANICA 479 VOLUME 22

"مسیحیت کے عقیدۂ تثلیث کو نہایت عمدگی سے اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے: باپ بھی خدا ہے بیٹا بھی خدا ہے اور روح القدس بھی خدا ہے۔ بایں ہمہ وہ تین خدا نہیں بلکہ ایک خدا ہے۔" یہ معمہ نہ سمجھنے کا نہ سمجھانے کا

۵۱ یہاں سے حضرت عیسیٰؑ کے اللہ (خدا) ہونے کے عقیدہ کا بطلان کیا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ تو وہ ہے کہ اگر وہ حضرت مسیحؑ، اُن کی والدہ بلکہ سب مخلوق کو آنِ واحد میں موت کی نیند سلانا چاہے تو کوئی دم نہ مار سکے۔ حضرت مسیحؑ تو اپنی والدہ کی جان نہ بچا سکے اور جب ان کا مقررہ وقت آئے گا تو وہ سرِ تسلیم خم کرتے ہوئے موت کے پیغام کو قبول کر لیں گے۔ جب ان کی یہ حالت ہے تو وہ خدا کیسے ہو سکتے ہیں یملک کا معنی قدرت رکھنا ہے یملک بمعنی یقدر من قولھم ملکت علی فلان امرہ ای اقتدرت علیہ (قرطبی)

۵۲ ماں باپ کے ذریعے، ماں باپ دونوں کے بغیر اور باپ کے بغیر۔ یہ سب اُسی کی قدرتِ بے پایاں کی

أَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ یُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ

اللہ کے بیٹے ہیں ۵۳ اور اس کے پیارے ہیں آپ فرمائیے (اگر تم سچے ہو) تو پھر کیوں عذاب دیتا ہے تمہیں تمہارے گناہوں پر بلکہ ۵۴ تم

بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ

بشر ہو اس کی مخلوق سے بخش دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور سزا دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور اللہ ہی کے لیے

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ؕ وَاِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ﴿۱۸﴾

ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور اسی کی طرف (سب نے) لوٹ کر جانا ہے

یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا یُبَیِّنُ لَكُمْ عَلٰی فَتْرَةٍ

اے اہل کتاب! بے شک آگیا ہے تمہارے پاس ہمارا رسول صاف بیان کرتا ہے تمہارے لیے (احکام الٰہی) بعد

اعجاز نمایاں ہیں۔ کوئی چیز اس کے لیے مشکل نہیں۔ کوئی صورت اس کے لیے دشوار نہیں۔

۵۳؎ عربی میں بیٹے کے لیے عام طور پر دو لفظ استعمال ہوتے ہیں ولد اور ابن لیکن ان میں فرق یہ ہے کہ ولد تو صرف اس لڑکے کو کہتے ہیں جو صلب سے پیدا ہوا ہو اور ابن صلبی بیٹے کے لیے بھی مستعمل ہوتا ہے اور جس چیز کا کسی کے ساتھ خصوصی تعلق ہو اس کو بھی ابن کہہ دیتے ہیں جیسے مسافر کو ابن السبیل اور جنگجو کو ابن الحرب وغیرہ۔ یہود اور عیسائی اس معنی میں اپنے آپ کو اللہ کے بیٹے نہیں کہا کرتے تھے کہ وہ اس کی صلبی اولاد ہیں بلکہ اس وجہ سے کہ وہ اس کے مقرب اور لاڈلے ہیں اور ان پر اللہ کی رحمت و شفقت اس طرح ہے جیسے باپ کی بچوں کے ساتھ ہوتی ہے۔ امام رازیؒ فرماتے ہیں ان لفظ الابن کما یطلق علی ابن الصلب فقد یطلق ایضا علی من یتخذ ابنا بمعنی تخصیصه بمزید الشفقة والمحبة فالقوم ادّعوا ان عنایة الله بهم اشد واکمل من عنایة بکل ماسواهم (کبیر) یہود و نصاریٰ کو جب اسلام کی دعوت دی جاتی تو وہ ازراہ غرور کہا کرتے ہمیں اس دین کو قبول کرنے اور اس کے نبی پر ایمان لانے کی کیا ضرورت ہم تو اللہ کے چہیتے اور محبوب ہیں۔ ان کی اس غلط فہمی کا ازالہ یہ کہہ کر فرما دیا کہ اگر تم اپنے دعویٰ میں سچے ہو تو تم پر عذاب الٰہی کے بادل کیوں ہر وقت منڈلایا کرتے ہیں۔ کبھی دوستوں اور پیاروں کو بھی یوں ذلیل و رسوا کیا جاتا ہے جیسے تمہیں کیا جا رہا ہے۔

۵۴؎ فرما دیا کہ تم بھی دوسرے انسانوں کی طرح انسان ہو۔ رحمت اور عذاب کا جو قاعدہ ان کے لیے مقرر ہے وہی تم پر بھی کارفرما ہے۔ جو ایمان و اخلاص سے اپنے آپ کو اس کی مغفرت کا اہل ثابت کرے گا وہ بخشا جائے گا۔ اور جو اپنی

مِّنَ الرُّسُلِ اَنۡ تَقُوۡلُوۡا مَا جَآءَنَا مِنۡۢ بَشِيۡرٍ وَّلَا نَذِيۡرٍ

اس کے کہ ۵۵ رسُولوں کا آنا مدتوں بند رہا تھا تاکہ تم یہ نہ کہو کہ نہیں آیا ہمارے پاس کوئی خوشخبری دینے والا اور نہ کوئی ڈرانے والا

فَقَدۡ جَآءَكُمۡ بَشِيۡرٌ وَّنَذِيۡرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ

اب تو آگیا ہے تمھارے پاس خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پُوری قدرت رکھنے

قَدِيۡرٌ ﴿۱۹﴾ وَاِذۡ قَالَ مُوۡسٰى لِقَوۡمِهٖ يٰقَوۡمِ اذۡكُرُوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ

والا ہے اور جب کہا مُوسیٰ (علیہ السلام) نے ۵٦ اپنی قوم سے اے میری قوم! یاد کرو اللہ کا احسان

عَلَيۡكُمۡ اِذۡ جَعَلَ فِيۡكُمۡ اَنۡۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمۡ مُّلُوۡكًا ۖ وَّاٰتٰٮكُمۡ

جو تم پر ہوا جب بنائے اس نے تم میں سے انبیاء اور بنایا تمھیں حکمران ۵۷ اور عطا فرمایا تمھیں

برتری کے نشہ میں مست رہا اور خاتم الانبیاء کی اطاعت اختیار نہ کی وُہ پکڑا جائے گا۔

۵۵ جب کوئی چیز چلتے چلتے رُک جاتے تو کہتے ہیں فتر الشیئ اور اگر کوئی کام پہلے بڑی سرگرمی سے ہو رہا ہو اور پھر وہ بند ہوجائے تو اس کے لیے بھی فتر کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ دو نبیوں کے درمیانی زمانہ کو فترۃ کہا جاتا ہے اور یہاں یہی معنی مُراد ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کا ظہُور قدسی ۵۷۰ء اور اعلانِ نبوّت ۶۱۰ء میں ہوا۔ گویا حضورؐ کی تشریف آوری اور حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسّلام کا درمیانی عرصہ چھ سو سال کے قریب ہوا۔ اہلِ کتاب کو بتایا جا رہا ہے کہ وُہ نبی تشریف فرما ہو گیا جس کا تمھیں انتظار تھا۔ اب اگر اس کی اطاعت نہ کرو اور اس پر ایمان لاکر اپنی نجات کا سامان نہ کرو تو تمھاری مرضی۔ کل تمھارا یہ عذر نہ سُنا جائے گا کہ اے ربّ! ہم کیا کرتے ہمیں تو راہ دکھانے والا کوئی آیا ہی نہیں۔

۵٦ اللہ تعالیٰ اپنے حبیبؐ کو بتا رہے ہیں کہ ان کی یہ ضد اور ہٹ دھرمی اور کج بحثی صرف آپ کے ساتھ مخصوص نہیں یہ اپنے پیغمبر مُوسیٰ علیہ السّلام کے ساتھ بھی یونہی پیش آیا کرتے تھے۔ چنانچہ مثال کے طور پر ان کی تاریخِ قدیم کا ایک اہم واقعہ بیان فرمایا۔

۵۷ یہاں مَلِک کا لفظ بادشاہ کے معنی میں مستعمل نہیں ہوا بلکہ آزاد اور خود مختار کے معنی میں مذکور ہوا ہے مقصد انھیں یہ جتانا ہے کہ پہلے تم فرعون کی غلامی کی زنجیروں میں جکڑے ہُوئے تھے۔ اب وُہ کاٹ دی گئیں اور تمھیں آزادی اور حرّیت کی نعمت سے سرفراز فرما دیا گیا۔ مفسّرین کرام ابن جریر، رازی، قرطبی وغیرہم نے اسی معنی کو پسند فرمایا ہے۔ قرطبی کے الفاظ ہیں۔ وجعلکم ملوکا ای تملکون امرکم لا یغلبکم علیہ غالب بعد ان کنتم مملوکین لفرعون مقھورین

مَا لَمۡ يُؤۡتِ اَحَدًا مِّنَ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۲۰﴾ يٰقَوۡمِ ادۡخُلُوا الۡاَرۡضَ

جو نہیں عطا فرمایا تھا کسی کو سارے جہانوں میں ۵۸ اے میری قوم! داخل ہو جاؤ اس پاک

الۡمُقَدَّسَةَ الَّتِىۡ كَتَبَ اللّٰهُ لَـكُمۡ وَلَا تَرۡتَدُّوۡا عَلٰٓى اَدۡبَارِكُمۡ

زمین میں ۵۹ جسے لکھ دیا ہے اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے اور نہ پیچھے ہٹو پیٹھ پھیرتے ہوئے

حضرت زید بن اسلم نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کا یہ ارشاد بھی روایت فرمایا ہے جس کے پاس رہنے کے لیے گھر اور خدمت کے لیے خادم ہو وہ ملک ہے۔ (ابن جریر)

۵۸ عقیدۂ توحید، نبوّت، حرّیت و آزادی، حکومت، یہ ساری نعمتیں ایسی تھیں جو اس زمانہ میں بنی اسرائیل کے سوا کسی اور قوم کو نصیب نہیں تھیں۔

۵۹ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے بنی اسرائیل کو ساتھ لے کر مصر سے ہجرت کی اور سمندر کو بخیریت عبور کر لیا اور فرعون اپنے لشکر سمیت غرق ہو گیا۔ تو آپ وادیٔ سینا میں فروکش ہو گئے۔ ایک سال وہیں قیام فرمایا اسی اثنا میں آپ کو تورات عطا ہوئی۔ اس کے بعد آپ نے اپنی قوم کو اپنے آبائی وطن شام کی طرف جانے کے لیے آمادہ کیا۔ چنانچہ وہاں کے لوگوں کے حالات معلوم کرنے کے لیے بارہ نقیب روانہ کیے جو چالیس روز تک وہاں کے حالات کا مشاہدہ کرتے رہے۔ جب واپس آئے تو موسیٰ علیہ السّلام نے انھیں فرمایا کہ قوم کے سامنے برملا ایسی کوئی بات نہ کہنا جس سے اُن کے حوصلے پست ہوں لیکن بارہ میں سے دس نے تو وہاں کے لوگوں کی قوّت و جبروت، ان کے قدو قامت، ان کے قلعوں کی مضبوطی کا ایسا نقشہ کھینچا کہ بنی اسرائیل چلّا اُٹھے۔ اور انتہائی بے باکی سے اپنے پیغمبر کو کہہ دیا کہ ہم ایسی جابر قوم سے ٹکر لے کر اپنے بچّوں کو یتیم اور اپنی بیویوں کو بیوہ کرنے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ آپ اور آپ کا خُدا پہلے ان سے جا کر لڑیں۔ ان سے ملک کو پاک کریں تو پھر ہم اپنے آبائی وطن کا رُخ کریں گے۔ اُنھوں نے کہا ہم شام کی زرخیز زمینوں، ٹھنڈے پانی کے اُبلتے ہوئے چشموں اور پھلوں سے لدے ہوئے باغات اور وہاں کی عزّت کی زندگی سے باز آئے۔ ہم تو واپس مصر جاتے ہیں۔ وہاں اگرچہ غلامی کی ذِلّت ہے لیکن موت کا تو اندیشہ نہیں دُوسرے دو نقیبوں حضرت یوشع بن نون اور کالب نے بہت سمجھایا کہ نامرد نہ بنو، ذرا ہمّت کر کے دُشمن پر حملہ تو کر و پھر دیکھو نصرتِ الٰہی کس طرح تمھارے دُشمنوں کو کچل کر رکھ دیتی ہے لیکن ان پر کوئی اثر نہ ہوا۔ چنانچہ ان کی اس بُزدلی اور پیغمبر کی نافرمانی کی وجہ سے اس ملک کا داخلہ ان پر بند کر دیا گیا۔ چالیس برس تک مختلف بیابانوں اور صحراؤں کی خاک چھانتے پھرے جب اس مدّت میں غلامی کی گود میں پلے ہوئے اسرائیلی لقمۂ اجل بن گئے اور آزادی کی فضا میں پیدا ہونے والے بچّے پروان چڑھے تو انھوں نے شام پر حملہ کر کے اُسے فتح کیا۔ اس سے ہمیں بھی یہ حقیقت بتا دی گئی کہ آزادی کی نعمت

فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِیْنَ ﴿۲۱﴾ قَالُوْا یٰمُوْسٰۤى اِنَّ فِیْهَا قَوْمًا جَبَّارِیْنَ

ورنہ تم لوٹو گے نقصان اُٹھاتے ہوئے کہنے لگے اے موسیٰ! اس زمین میں تو بڑی جابر قوم (آباد) ہے

وَ اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى یَخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَا

اور ہم ہرگز داخل نہ ہوں گے اس میں جب تک وُہ نکل نہ جائیں وہاں سے اور اگر وُہ نکل جائیں اس سے

فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِیْنَ یَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ

تو پھر ہم ضرور داخل ہوں گے (اس وقت) کہا دو آدمیوں نے جو (اللہ سے) ڈرنے والوں سے تھے انعام فرمایا تھا اللہ نے

عَلَیْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَیْهِمُ الْبَابَ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ

جن پر کہ (بے دھڑک) داخل ہو جاؤ ان پر دروازہ سے اور جب تم داخل ہو گے دروازہ سے تو یقیناً تم

غٰلِبُوْنَ ۚ وَ عَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْۤا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۲۳﴾ قَالُوْا

غالب آجاؤ گے اور اللہ پر بھروسہ کرو اگر ہو تم ایمان دار کہنے لگے

یٰمُوْسٰۤى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَاۤ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِیْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ

اے موسیٰؑ! ہم تو ہرگز داخل نہ ہوں گے اس میں قیامت تک جب تک وُہ وہاں ہیں پس جاؤ تم

وَ رَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿۲۴﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ لَاۤ اَمْلِكُ

اور تمہارا رب اور دونوں لڑو (ان سے) ہم تو یہاں ہی بیٹھیں گے موسیٰؑ نے عرض کی اے میرے ربّ! میں مالک نہیں ہوں

اِلَّا نَفْسِیْ وَ اَخِیْ فَافْرُقْ بَیْنَنَا وَ بَیْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِیْنَ ﴿۲۵﴾

بجز اپنی ذات کے اور اپنے بھائی کے پس جُدائی ڈال دے ہمارے درمیان اور اس نافرمان قوم کے درمیان

اُسی قوم کو عطا فرمائی جاتی ہے جو اس کے لیے سر دھڑ کی بازی لگانے کے لیے تیار ہو۔

قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً يَتِيْهُوْنَ فِي

اللہ نے فرمایا تو یہ سرزمین حرام کردی گئی ہے ان پر چالیس سال تک سرگرداں پھریں گے زمین

الْاَرْضِ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ

میں سو نہ غمگین ہوں آپ اِس نافرمان قوم (کے انجام) پر اور آپ پڑھ سُنایئے انھیں ٦٠ے

نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا

خبر دو فرزندان آدم کی ٹھیک ٹھیک جب دونوں نے قربانی دی ٦١ے تو قبول کی گئی ایک سے

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ

اور نہ قبول کی گئی دوسرے سے (اس دوسرے نے) کہا قسم ہے میں تمھیں قتل کر ڈالوں گا۔ (پہلے نے کہا (تو بلا وجہ ناراض ہوتا ہے)

٦٠ے نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی واضح دلیلیں اور روشن معجزات دیکھ کر بھی یہود ہدایت قبول کرنے سے انکار کر دیا کرتے جس سے حضورؐ کو رنج ہوتا۔ اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں کا قصہ سُنا کر اپنے حبیبؐ کو بتاتے ہیں کہ جیسے قابیل نے محض حسد کی بنا پر اپنے بے گناہ اور پاکباز بھائی کو قتل کر دیا تھا۔ یہ بھی اسی حسد کے شکار ہیں۔ انھیں رنج یہ ہے کہ حضرت اسمٰعیل کی اولاد سے کسی کو کیوں نبی بنا کر بھیجا گیا صرف اِس لیے یہ لوگ آپ کی اور آپ کے لائے ہوئے دین کی مخالفت پر کمربستہ ہیں۔ قابیل اپنے بھائی ہابیل سے کیوں حسد کرتا تھا۔ اس کے جواب میں مفسرین نے بہت کچھ لکھا ہے لیکن کوئی یقینی چیز نہیں جسے پیش کرتے وقت دِل میں خلش محسوس نہ ہو۔ اس لیے اس سے قطع نظر کر کے صرف وُہی کچھ عرض کرنا عبرت پذیری کے لیے کافی ہے جو قرآنِ حکیم نے بتایا ہے۔ بالحق کے لفظ نے یہ واضح کر دیا کہ یہ قصہ محض تفریحِ طبع اور دِل بہلانے کے لیے نہیں سُنایا جا رہا ہے بلکہ سچ مچ بے کم و کاست سُنایا جا رہا ہے۔ تاکہ حق واضح ہو اور نصیحت حاصل ہو۔

٦١ے قربان سے مُراد کوئی جانور نہیں جو ذبح کیا گیا ہو بلکہ محض نذرِ خداوندی مُراد ہے۔ خواہ وُہ جنس کی شکل میں ہو یا کسی جانور کی قربانی کی صورت میں۔ بتایا یہ جا رہا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے دونوں بیٹوں (قابیل اور ہابیل) نے بارگاہِ ربّ العزّت میں نذرانۂ عبودیت پیش کیا۔ اللہ تعالیٰ نے ایک (ہابیل) کی قربانی کو شرفِ قبول بخشا اور دوسرے (قابیل) کا نذرانہ نامنظور فرمایا۔ قابیل حسد کے مارے تڑپ اُٹھا اور اس میں اپنی تحقیر اور تذلیل سمجھی کہ اس کی قربانی منظور ہو گئی اور میری مسترد کر دی گئی۔ چنانچہ اس نے کہا کہ ہابیل! میں اِس ذِلّت کو برداشت نہیں کر سکتا۔ اب تیری جان لیے بغیر

النصف

اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝٢٧ لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ

قبول فرماتا ہے اللہ صرف پرہیزگاروں سے ۶۲ تو اگر تو بڑھائے ۶۳ میری طرف اپنا ہاتھ تاکہ تو قتل کرے مجھے (جب بھی)

اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ

میں نہیں بڑھانے والا اپنا ہاتھ تیری طرف تاکہ میں قتل کروں تجھے میں تو ڈرتا ہوں اللہ سے جو مالک ہے

الْعٰلَمِيْنَ ۝٢٨ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ

سارے جہانوں کا میں تو یہی چاہتا ہوں کہ تو اُٹھالے میرا گناہ ۶۴ اور اپنا گناہ تاکہ تو ہو جائے

مجھے تسکین نہیں ہوسکتی۔

۶۲؎ ہابیل نے قابیل کی دھمکی کا جواب دیا کہ بھائی اس میں میری کیا خطا ہے۔ اللہ کے ہاں تو اسی کا نذرانہ قبول کیا جاتا ہے جو متّقی اور پرہیزگار ہو۔ گویا ہابیل نے اُسے بتادیا کہ اگر تم اپنی سابقہ زندگی میں اپنے رب کے نافرمان اور سرکش بنے رہے ہو جس کے باعث تمہیں یہ دن دیکھنا پڑا تو اب گزشتہ کرتوتوں پر اشکِ ندامت بہاؤ اور سچّے دل سے توبہ کرلو اور آئندہ تقویٰ کی راہ پر گامزن رہو۔ رحمتِ خداوندی تمہاری قربانی بھی قبول کرلے گی۔ لیکن انسان کی یہ دیرینہ عادت ہے کہ وُہ ایک غلطی پر دُوسری شدید غلطی سے پردہ ڈالنا چاہتا ہے۔ ایک گناہ کو چھپانے کے لیے اس سے بھی سنگین گناہ کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ قابیل کے لیے آسان اور سلامتی کا راستہ تو وُہی تھا جس کی طرف اس کے بھائی نے اس کی رہنمائی کی تھی لیکن وُہ اسے قبول کرنے کے لیے تیار نہ ہوا۔

۶۳؎ ہابیل نے جب دیکھا کہ قابیل میرے قتل کا عزم کر چکا ہے اور کسی طرح باز نہیں آتا تو اس نے کہا قابیل! اگر تم مجھے قتل کرنے کے لیے دست درازی کرو گے تو بھی میں تمہیں قتل کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ قابیل جب قتل کرنے آیا ہابیل مظلوم اور بے بس بھیڑ کی طرح سر جھکا کر کھڑے ہوگئے اور اپنی حفاظت کے لیے کچھ نہ کیا۔ نہیں بلکہ ہابیل کا یہ مقصد ہے کہ اگرچہ مجھے یقین ہے کہ تم میرے قتل کرنے پر تُلے ہُوئے ہو پھر بھی میں پہل نہیں کروں گا۔ حضرت ابنِ عبّاس رضی اللہ عنہ سے یہی معنی مروی ہے۔ قال ابن عباس ان المعنی فی الآیة لئن بسطت الی یدك علی سبیل الظلم والابتداء لتقتلنی ما انا بباسط یدی الیك علی وجه الظلم والابتداء (روح المعانی) شریعت میں اپنے بچاؤ کے لیے حملہ آور کا مقابلہ کرنا واجب ہے۔ والاصح وجوب ذلك لما فیه من النهی عن المنکر۔ (قرطبی) یعنی صحیح بات یہ ہے کہ اپنا بچاؤ اور دفاع فرض ہے کیونکہ نہی عن المنکر کے حکم کی تعمیل کی یہی صُورت ہے۔

۶۴؎ بِاِثْمِیْ کا معنی ہے باثم قتلی یعنی جو گناہ تو نے پہلے کیے ہیں ان کا بار تو تیرے سر پر ہے ہی اب میرے خُونِ ناحق

اَصۡحٰبِ النَّارِ ۚ وَ ذٰلِکَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیۡنَ ﴿ۚ۲۹﴾ فَطَوَّعَتۡ لَہٗ نَفۡسُہٗ

دوزخیوں سے اور یہی سزا ہے ظلم کرنے والوں کی پس آسان بنا دیا اس کے لیے ٦۵

قَتۡلَ اَخِیۡہِ فَقَتَلَہٗ فَاَصۡبَحَ مِنَ الۡخٰسِرِیۡنَ ﴿۳۰﴾ فَبَعَثَ اللّٰہُ

اُس کے نفس نے اپنے بھائی کا قتل سو قتل کر دیا اُسے اور ہو گیا سخت نقصان اُٹھانے والوں سے پھر بھیجا اللہ نے

غُرَابًا یَّبۡحَثُ فِی الۡاَرۡضِ لِیُرِیَہٗ کَیۡفَ یُوَارِیۡ سَوۡءَۃَ اَخِیۡہِ ؕ

ایک کوّا کھودتا تھا زمین کو تاکہ دکھائے اُسے کہ کس طرح چھپائے لاش اپنے بھائی کی

قَالَ یٰوَیۡلَتٰۤی اَعَجَزۡتُ اَنۡ اَکُوۡنَ مِثۡلَ ہٰذَا الۡغُرَابِ فَاُوَارِیَ

کہنے لگا ہائے افسوس! ٦٦ کیا قاصر رہا ہیں کہ ہوتا اس کوّے کی مانند تو چھپا دیتا

کا گناہ بھی تیرے سر پر لاد ا جائے گا۔ اس کی یہ تفسیر بھی کی گئی ہے کہ قیامت کے دن ظالم اور مظلوم جب بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہوں گے تو اللہ تعالیٰ مظلوم کی دادرسی کے لیے ظالم کی نیکیاں مظلوم کو عطا فرمائیں گے اور اگر اس سے بھی دادرسی میں کسر رہ جائے گی تو مظلوم کے گناہ ظالم پر لاد دیئے جائیں گے۔ ہو سکتا ہے کہ باثمی سے اس بات کی طرف اشارہ ہو۔

٦۵ طوع کا معنی ہے آسان بنا دینا (قرطبی) سگے بھائی کا قتل کوئی آسان بات نہ تھی۔ جب قابیل کو اس کا پہلے خیال آیا ہو گا تو بھائی کی محبت، اس کی نیکی اور پاکیزگی، باپ کی ناراضگی اور اللہ کا غضب یہ سب چیزیں راستہ میں پہاڑ بن کر کھڑی ہو گئی ہوں گی۔ نہ معلوم قتل کرنے کی خواہش میں اور ان عوامل میں کتنی دیر کشمکش جاری رہی ہو گی۔ لیکن آخر حسد کا جذبہ غالب آ گیا اور اس نے بھائی کے قتل کو عین مصلحت بنا کر پیش کیا۔ اور قابیل اس کو خوشی سے کرنے پر آمادہ ہو گیا پہلے جس کے تصوّر سے اس کے رونگٹے کھڑے ہو گئے ہوں گے۔ ہر مجرم جرم کرنے سے پہلے ایسی کشمکش سے دوچار ہوتا ہے۔ اگر نیکی کی قوت غالب آ گئی تو جرم کرنے سے باز آ گیا اور گناہ سے بچ گیا۔ اور اگر خدا نخواستہ شر کو غلبہ حاصل ہو گیا تو پھر حضرتِ انسان باین جُبّہ و دستار بہمہ علم و فراست چاروں شانے چت زمین پر آ گرتا ہے اور کچھ بعید نہیں کہ اس موقع پر شیطان زوردار قہقہہ لگا کر نعرہ بلند کرتا ہو مسجودِ ملائک زندہ باد!

٦٦ اصل میں یا ویلتی ہے لیکن ندا کے وقت یا کو الف سے بدل دیا اور اس کے ماقبل کو فتح دے دیا۔ ویل کا معنی ہلاکت ہے۔ جب انسان ہلاک ہونے لگے تو اس وقت کہا جاتا ہے یا ویلتی ہائے میں برباد ہو گیا۔

سَوْاَةَ اَخِيْهِ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿٣١﴾ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۛ

لاش اپنے بھائی کی ٦٧ غرض وُہ ہو گیا سخت پچھتانے والوں سے — اسی وجہ سے ٦٨

كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ

(حکم) لکھ دیا ہم نے بنی اسرائیل پر کہ جس نے قتل کیا کسی انسان کو ٦٩ سوائے قصاص کے

اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَمَنْ اَحْيَاهَا

اور زمین میں فساد برپا کرنے کے تو گویا اس نے قتل کر دیا تمام انسانوں کو اور جس نے بچا لیا

فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَلَقَدْ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ

کسی جان کو تو گویا بچایا اس نے تمام لوگوں کو اور بے شک آئے ٧٠ ان کے پاس ہمارے رسول روشن دلیلوں کے ساتھ

٦٧ سوأۃ۔ شرمگاہ چھپانے کی چیز یعنی لاش۔ کہتے ہیں کہ ہابیل پہلا شخص ہے جس نے موت کا جام پیا۔ اس لیے قابیل حیران ہو گیا کہ میں اب اس کی لاش کو کدھر کروں۔ آخر اللہ تعالیٰ نے ایک کوّے کے ذریعے اس کو دفن کرنے کا طریقہ سکھایا۔

٦٨ یعنی جب قابیل نے اپنے بے گناہ بھائی کو جان سے مار کر قتل کا بند دروازہ کھول دیا اور ایک خطرناک رسم کی ابتدا کر دی اور اب دُوسرے لوگ بھی قتل کرنے لگے اور فتنہ و فساد کا بازار گرم ہو گیا تو بنی اسرائیل پر جو کتاب نازل ہوئی اس میں اس کی صراحۃً ممانعت کر دی گئی۔

٦٩ یہ تو ظاہر ہے کہ ایک شخص کے قتل سے زیادہ آدمیوں کا قتل زیادہ سنگین ہے اور اس کا گناہ بہت زیادہ ہے تو پھر اس کا مطلب کیا کہ جس نے ایک آدمی کو قتل کیا اس نے گویا تمام انسانوں کو تہ تیغ کر دیا۔ علامہ بیضاویؒ اس کے متعلق لکھتے ہیں کہ جس نے ایک بے گناہ کو مار ڈالا اُس نے خونِ انسانی کی بے حرمتی اور توہین کی نیز اس نے قتل کی رسم کا از سرِ نو آغاز کیا اور دُوسرے لوگوں کو بھی اس جرم کے ارتکاب کی جرأت دلائی۔ من حيث انه هتك حرمة الدماء وسن القتل وجرأ الناس عليه (بیضاویؒ)

٧٠ تورات میں انھیں قتل ناحق سے باز رکھنے کے لیے احکام قطعیہ نازل ہوئے۔ ان کو یہ احکام یاد دلانے کے لیے ایسے رسولوں کی آمد کا سلسلہ جاری رہا جن کے معجزات دیکھ کر ان کی صداقت کا انھیں اعتراف کرنا پڑا۔ لیکن ان کی مسخ شدہ فطرت اور بگڑے ہُوئے مزاج کی اصلاح نہ ہوئی۔ یہ برابر آمادۂ قتل و فساد رہے۔ جن پیغمبروں پر وُہ ایمان لا چکے تھے ان کو بھی تختۂ دار پر لٹکانے اور ان کے سر پر آرہ چلانے سے باز نہ آتے۔ تو اُن سے یہ توقع کیونکر ہو سکتی ہے کہ وُہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم

ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِى الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ۞ اِنَّمَا

پھر بھی بہت سے لوگ ان میں سے اس کے بعد بھی زمین میں زیادتیاں کرنے والے ہیں بلا شبہ

جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ

سزا ان لوگوں کی جو جنگ کرتے ہیں ؁ اللہ سے اور اس کے رسُول سے اور کوشش کرتے ہیں ؁ زمین میں

فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ

فساد برپا کرنے کی یہ ہے کہ انھیں (چُن چُن کر) قتل کیا جائے یا سُولی دیا جائے یا کاٹے جائیں ان کے ہاتھ اور اُن کے پاؤں

مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْىٌ فِى الدُّنْيَا

مختلف طرفوں سے یا جلاوطن کر دیئے جائیں ؁ یہ تو ان کے لیے رُسوائی ہے دُنیا میں

کی اذیّت رسانی اور آپ کے خلاف ناپاک سازشیں کرنے سے باز آئیں گے۔

؁ مملکتِ اسلامیہ کے گوشہ گوشہ میں امن قائم کرنے راستوں کو محفُوظ بنانے اور فتنہ وفساد کی جڑ کاٹنے کا حکم اللہ تعالےٰ اور اس کے رسُول معظّم نے دیا ہے۔ جو اس حکم کی خلاف ورزی کر کے قتل وغارت اور لُوٹ مار کا بازار گرم کرتا ہے وُہ گویا اللہ اور اس کے رسُول کے خلاف علَم بغاوت بلند کر رہا ہے اس لیے قرآن کریم نے مملکتِ اسلامیہ کے کسی باشندے پر خواہ وُہ مُسلمان ہو یا ذمّی دست درازی کرنے کو اللہ اور اس کے رسُول کے خلاف جنگ کرنے سے تعبیر کیا ہے۔

؁ واو تفسیر یہ ہے۔ پہلے جملہ میں جس محاربہ کا ذکر ہُوا اس کی وضاحت فرما دی۔

؁ محاربین جن کی سزائیں یہاں بیان کی گئی ہیں وُہ کون ہیں؟ ان کے متعلق فقہاء کرام نے کہا ہے کہ جن میں یہ تین شرطیں پائی جائیں وُہ محارب ہیں۔ (۱) وُہ بندُوق، تلوار، نیزہ وغیرہ ہتھیاروں سے مسلّح ہوں۔ (۲) آبادی سے باہر راستہ یا صحرا میں وُہ رہزنی اور ڈاکہ کا ارتکاب کریں لیکن امام شافعی، اوزاعی اور لیث رحمہم اللہ تعالیٰ کے نزدیک شہر میں ڈاکہ ڈالنے والے بھی محارب کہلائیں گے اور انھیں سزاؤں کے مستحق ہوں گے (۳) وُہ چھُپ کر نہیں بلکہ برملا حملہ آور ہو کر لُوٹ مار کریں۔ ایسے لوگوں کے لیے قرآن نے چار سزائیں مقرر کی ہیں۔ (۱) انھیں قتل کر دیا جائے باب تفعیل تقتیل تشدید اور مبالغہ کے لیے ہے یعنی مقتول کے وارث اگر معاف بھی کر دیں تو بھی انھیں قتل کیا جائے گا کیونکہ مدعی حکومت ہے جو عوام کی نمائندہ ہے۔ یہ مقتول کے وارثوں کا نجی معاملہ نہیں رہا (۲) انھیں سُولی دے دیا جائے۔ (۳) اُن کا دایاں ہاتھ اور بایاں پاؤں کاٹ دیا جائے۔ (۴) یا اُنھیں قید کر دیا جائے۔ بعض عُلماء کا یہ خیال ہے کہ ان فقروں کے درمیان او (یا) کا کلمہ تخییر

وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٣٣﴾ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن قَبْلِ

اور ان کے لیے آخرت میں (اس سے بھی) بڑی سزا ہے ۷۴ مگر وہ جنھوں نے توبہ کرلی ۷۵ اس سے پہلے

أَن تَقْدِرُوا عَلَيْهِمْ ۖ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٣٤﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

کہ تم قابو پالو ان پر (ان کو معاف کردیا جائے گا) اور خوب جان لو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا نہایت رحم فرمانے والا ہے اے ایمان والو!

کے لیے ہے یعنی امام وقت کو اختیار ہے کہ ان سزاؤں میں سے جو سزا مناسب سمجھے دے۔ وھو قول سعید ابن المسیب وعمر بن عبد العزیز ومالك والنخعي كلهم قال الامام مخير في الحكم على المحاربين وهو مروي عن ابن عباس (قرطبی) لیکن جمہور علماء کا یہ خیال ہے کہ سزا جرم کے مطابق ہوگی۔ جتنا جرم سنگین ہوگا اتنی ہی سزا سخت ہوگی چنانچہ احناف نے اس کی تفصیل یُوں بیان کی ہے کہ اگر انھوں نے قتل کیا تو انھیں قتل کیا جائے گا اور مقتول کے وارثوں کے بخش دینے سے بھی معاف نہ ہوگا۔ اور اگر قتل بھی کیا اور مال بھی لوٹا تو پھر انھیں سُولی دے دیا جائے گا اور لوگوں کی عبرت پذیری کے لیے شارعِ عام پر سُولی دے دی جائے اور ان کی لاشیں لٹکی رہیں اور اگر انھوں نے قتل نہ کیا صرف مال لُوٹا تو اُن کا دایاں ہاتھ اور بایاں پاؤں کاٹ دیا جائے گا۔ اور اگر انھوں نے نہ قتل کیا نہ مال لُوٹا صرف لوگوں کو دہشت زدہ اور ہراساں کیا تو پھر انھیں قید کیا جائے گا۔ (رُوح المعانی)

۷۴ کون نہیں جانتا کہ ملک کی ترقی اور خوشحالی کا تمام تر انحصار اس پر ہے کہ وہاں امن وامان ہو۔ راستے محفوظ ہوں۔ تجارتی قافلوں اور سامان کے لُٹ جانے کا خطرہ نہ ہو۔ لوگ طلب معاش اور اپنی دُوسری ضرُوریات کے لیے بے دھڑک جہاں چاہیں جاسکیں اور جو فسادی عنصر مُلک کے امن کو برباد کر رہا ہو۔ عام شاہراہوں پر بسوں اور موٹروں کو لوٹنا، ریل گاڑی کی پٹڑی کو اکھیڑ دینا، بجلی یا ٹیلیگراف کی تاروں کو کاٹ دینا، راہ چلتے نہتّے مسافروں کو مار ڈالنا اپنا مشغلہ بنا لے وُہ کسی رحم اور نرم دِلی کا مستحق نہیں اس کو جتنی عبرت ناک سزا دی جائے اتنا ہی مفید ہے۔ ایسے ہی فتنہ پرداز لوگوں کے لیے یہ سزائیں قرآن نے مقرر کی ہیں۔ اگر کوئی چین بجبیں ہوتا ہے تو اس کی مرضی لیکن کسی سے آفرین لینے کے لیے اسلام ایسے افراد کو اپنی سوسائٹی میں برداشت نہیں کرسکتا اور ان کو ان کے ظلم وتشدّد کی سزا دینے کا اپنے ماننے والوں کو حکم دیتا ہے۔ ممکن ہے سفّاکوں اور رہزنوں کے ساتھ نرمی کرنا ہی کسی کے نزدیک رحم ہو لیکن اسلام کے نزدیک ظالم کے ہاتھ سے ظلم کی تلوار چھین لینا اور اس کے ظالم ہاتھ کو کاٹ پھینکنا رحمت ہے۔ نظریات کے اتنے بیّن تفاوت کی موجودگی میں عمل اور طریق کار میں تفاوت حیرت انگیز چیز نہیں۔

۷۵ اگر وُہ گروہ گرفتار ہونے سے پہلے تائب ہوجائے اور اپنے آپ کو حکومت کے حوالہ کردے پھر حقوق اللہ معاف ہوجائیں گے لیکن اگر اُنھوں نے کسی کا مال لُوٹا ہے تو وُہ واپس کرنا ہوگا۔ اگر کسی کو قتل کیا ہے تو اُس کا قصاص یا دیت

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَابْتَغُوْٓا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ وَجَاھِدُوْا فِیْ سَبِیْلِہٖ لَعَلَّکُمْ

ڈرو اللہ تعالیٰ سے اَور تلاش کرو اس تک پہنچنے کا وسیلہ [76] اَور جدوجہد کرو اس کی راہ میں [77] تاکہ تم

ادا کرنی ہوگی۔ کسی کو زخمی کیا ہے تو اس کی سزا بھگتنی ہوگی۔

[76] ابن منظور لفظ وسیلہ کی تحقیق کرتے ہُوئے لکھتے ہیں۔ الوسیلۃ فی الاصل مایتوصل بہ الی الشیئ و یتقرب بہ الیہ (لسان العرب) یعنی جس چیز کے ذریعہ کسی تک پہنچا جائے اور اس کا قُرب حاصل ہو اُسے وسیلہ کہتے ہیں۔ والوسیلۃ کل مایتقرب بہ (کشاف)۔ ایمان، نیک اعمال، عبادات، پیروئ سنّت اور گناہوں سے بچنا یہ سب اللہ تعالیٰ تک پہنچنے اور اس کا قُرب حاصل کرنے کا وسیلہ اور ذریعہ ہیں اور مرشدِ کامل جو اپنی رُوحانی توجّہ سے اپنے مُرید کی آنکھوں سے غفلت کی پٹی اتار دے۔ دِل میں یادِ الٰہی کی تڑپ پیدا کردے اس کے وسیلہ ہونے میں کون شبہ کرسکتا ہے۔ کاملینِ اُمّت نے ایسے مُرشد کی تلاش میں سینکڑوں، ہزاروں کوس کی مُسافت کو پاپیادہ طے کیا ہے۔ اور ان کی رہنمائی اور دستگیری سے آسمانِ معرفت وحکمت پر مِہر و ماہ بن کر چمکے ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے تصریح فرمائی ہے کہ اِس آیت میں وسیلہ سے مُراد بیعتِ مُرشد ہے (قول جمیل) اِس آیت کی تشریح کرتے ہُوئے شاہ اسمٰعیل صاحب دہلوی کو بھی لکھنا پڑا۔ ”اہلِ سلوک ایں آیت را اشارت بسلوک مے فہمند ووسیلہ مرشد رامے دانند پس تلاشِ مُرشد بنا بر فلاحِ حقیقی و فوزِ تحقیقی پیش از مجاہدہ ضروری ست و سُنت اللہ برہمیں منوال جاریست لہٰذا بدُون مُرشد راہ یابی نادر است۔“ (صراطِ مستقیم) یعنی سالکانِ راہِ حقیقت نے وسیلہ سے مُراد مُرشد لیا ہے پس حقیقی کامیابی اور کامرانی حاصل کرنے کے لیے مجاہدہ و ریاضت سے پہلے تلاشِ مُرشد ازبس ضرُوری ہے اور اللہ تعالیٰ نے سالکانِ راہِ حقیقت کے لیے یہی قاعدہ مقرر فرمایا ہے۔ اِسی لیے مُرشد کی رہنمائی کے بغیر اِس کا مِلنا شاذو نادر ہے۔

مولوی ہرگز نشُد مولائے رُوم — تا غُلامِ شمسِ تبریزی نشُد (رُومیؒ)

دمِ عارف نسیمِ صُبحدم ہے — اِسی سے ریشۂ معنی میں نم ہے

اگر کوئی شعیبؑ آئے میسّر — شبانی سے کلیمی دو قدم ہے (اقبالؒ)

[77] اللہ تعالیٰ کا قُرب حاصِل کرنے کے لیے تقویٰ اختیار کرنے، وسیلہ تلاش کرنے کے علاوہ ہر دم مصرُوفِ جہاد رہنا بھی ضرُوری ہے جہادِ اصغر بھی اَور جہادِ اکبر بھی۔ کفّار سے بھی اَور نفسِ امّارہ سے بھی۔ اور ان تمام نظریات اور افکار سے بھی جو کسی حیثیّت سے اِسلامی عقائد اور مسلّمات سے ٹکراتے ہیں۔ تب جا کر فلاح و کامرانی نصیب ہوگی ؎

چو می گویم مُسلمانم بلرزم
کہ دانم مشکلاتِ لا اِلٰہ را (اقبالؒ)

تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا

فلاح پاؤ — بے شک وُہ جنھوں نے ۷۸ کفر اختیار کیا اگر انہی کی ملکیت میں ہو جو کچھ زمین میں ہے سب کا سب

وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ

اور اتنا اور بھی اس کے ساتھ تاکہ بطور فدیہ دیں اسے (اور نجات پائیں) عذاب سے روزِ قیامت — نہ قبول کیا جائے گا

مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۳۶﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ

اُن سے — اور ان کے لیے عذاب دردناک ہوگا — بہت چاہیں گے کہ نکلیں اس آگ سے

وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۫ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۳۷﴾ وَالسَّارِقُ

اور وُہ نہیں نکل سکیں گے — اس سے — اور ان کے لیے عذاب ہوگا ہمیشہ رہنے والا — اور چوری کرنے والے ۷۹

۷۸ یعنی کفّار کا یہ خیال غلط ہے کہ ہم وہاں بھی روپیہ وغیرہ سے کام چلالیں گے۔ وہاں تو نجات کا ذریعہ ایمان ہے دُنیا بھر کی دولت بھی اگر وُہ دے کر جان چھوڑانا چاہیں گے تو ان کے منہ پر مار دی جائے گی۔

۷۹ اس سے پہلے ہتھیار بند ڈاکوؤں اور رہزنوں کی سزائیں بتائی گئیں۔ اب چوروں کی سزا بیان کی جارہی ہے پہلے یہ سمجھنا چاہیئے کہ اہلِ عرب کے نزدیک جن کی زبان اور محاورات کے مُطابق قرآن حکیم نازل ہوا۔ سارق (چور) کِس کو کہتے ہیں۔ السارق عند العرب هو من جاء مستترا الی حرزٍ فاخذ منه ما ليس له (قرطبی) یعنی اہلِ عرب سارق اس کو کہتے ہیں جو پوشیدہ طور پر کسی محفوظ جگہ میں آئے اور وہاں سے ایسا مال لے جائے جو اس کا اپنا نہیں۔ اس وضاحت کے بعد پتہ چل جاتا ہے کہ فقہاءِ اسلام نے چور کا ہاتھ کاٹنے کے لیے جن شرائط کا پایا جانا ضروری قرار دیا ہے وُہ ان کا اپنا اضافہ نہیں بلکہ لفظ سارق کے لغوی مفہوم سے ماخوذ ہیں۔ مختصراً ان شرائط کا ذِکر کرتا ہوں قطعِ ید کے لیے جن کا پایا جانا چور، چوری شدہ مال اور چوری ہونے کی جگہ میں ضروری ہے۔ چور کے متعلق تو یہ شرطیں ہیں:-

(۱) بالغ ہو نابالغ نہ ہو۔ (۲) عاقل ہو پاگل اور دیوانہ نہ ہو۔ (۳) مالِ مسرُوقہ کا مالک نہ ہو سارے کا نہ اُس کے کسی حصّہ کا۔ مالِ مسرُوقہ کے لیے یہ ضرُوری ہے کہ اس کی قیمت ایک دینار یا دس درہم سے کم نہ ہو۔ اور جہاں سے چوری کی گئی ہے وُہ محفوظ جگہ ہو گھر ہو، دُکان ہو کوئی اور مکان ہو۔ یا اس مال کی حفاظت کے لیے کوئی پہرے دار مقرر ہو۔ اس کے علاوہ اور بہت سی تفصیلات ہیں جن کے لیے کتبِ فقہ کی طرف رجُوع کرنا چاہیئے۔

وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ

اور چوری کرنے والی (کی سزا یہ ہے) کہ کاٹو ان کے ہاتھ بدلہ دینے کے لیے جو انھوں نے کیا ۸۰ (اور) عبرتناک سزا

اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝۳۸ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ

اللہ کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ غالب ہے حکمت والا ہے ۸۱ پھر جس نے توبہ کر لی اپنے (اس ظلم کے بعد اور اپنے آپ کو سنوار لیا

۸۰؎ چوری کی یہ سزا مقرر کرنے کی دو وجہیں بتائیں۔ ایک تو یہ کہ جزاء بما کسبا یہ اس کے اپنے کیے کی سزا ہے اب وُہ اسے بھگتے۔ دُوسری وجہ نکالاً من اللہ نکال اس سزا کو کہتے ہیں جو دُوسروں کے لیے عبرت کا باعث ہو اور یہ دونوں مقصد اسی طرح پُورے ہو سکتے ہیں جیسے قرآن نے حکم دیا۔ آج کئی لوگ اِن سزاؤں کو بہت شدید اور سخت خیال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ اس غیر مہذب اور غیر متمدن سوسائٹی کے لیے تھیں جن میں قرآن نازل ہوا۔ اس زمانہ کے بعض مترجمین اور حاشیہ نویسوں نے اس پر بڑا زورِ قلم صرف کیا ہے کہ یہ سزا صرف عادی مجرموں کے لیے ہے جنھیں قید و بند کی سختیاں بھی درُست نہ کر سکیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ قرآن نے جس پاکیزہ معاشرہ کا سنگِ بنیاد رکھا ہے جس طرح قوم کے تمام افراد کے حقوق و فرائض کا توازن قائم کیا ہے۔ رعایا کے ہر فرد کی جان۔ مال اور آبرو کی حفاظت کی ذمہ داری حکومتِ اسلامیہ پر عائد کی ہے ان تمام امُور کو پیشِ نظر رکھا جائے تو یہ سزائیں سخت اور شدید سہی لیکن عین حکمت ہیں۔ آپ خود انصاف کیجئے کہ آپ کی شفقت کا زیادہ مستحق کون ہے۔ وُہ بیوہ، وُہ یتیم، وُہ پُرامن شہری جس کی عمر بھر کا اندوختہ راتوں رات لُوٹ لیا گیا یا ہٹا کٹا چور۔ جب سے مظلوم سے زیادہ ظالم، لٹنے والے سے زیادہ لُوٹنے والا شفقت و عنایت کا مستحق سمجھا جانے لگا ہے اس وقت سے جرموں اور مجرموں میں ہوش رُبا اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ ہم اپنے ہاں ہی دیکھیں۔ پولیس ہے مجسٹریٹ ہیں، جیل خانے کھچا کھچ بھرے ہُوئے ہیں لیکن جرائم میں زیادتی ہی ہو رہی ہے۔ جس علاج سے بیماری گھٹنے کے بجائے بڑھتی چلی جا رہی ہو وُہ علاج ناکام ہے۔ اگر ہم مریض کو واصل بحق کرنے کا ہی عزمِ مصمم کر چکے ہیں تو یہ اور بات ہے۔ ورنہ مریض اور اس کے سارے کُنبہ کی خیر خواہی کا تقاضا تو یہی ہے کہ دُوسرا علاج کیا جائے۔ بنی امیہ کے ایک خلیفہ ہشام کو بھی تہذیب و شائستگی کا دورہ پڑا تھا اور اس نے بھی ہاتھ کاٹنے کی سزا منسُوخ کر دی تھی۔ لیکن جب چوری کی وارداتیں آئے دن بڑھنے لگیں اور کوئی دُوسرا حیلہ کارگر نہ ہو سکا تو دو سال کے عرصہ کے بعد پھر اسے قرآنی سزا نافذ کرنا پڑی۔ اس نے تو پھر اپنی غلطی کو بھانپ لیا اور دو سال کے بعد ہی اس کا ازالہ کر دیا لیکن ہم تو حالات کی انتہائی نزاکت کے باوجود ٹس سے مس نہیں ہوتے۔ اگر ملک بھر میں دس بیس چلو پچاس ہی چوروں کے ہاتھ کٹ جائیں اور آپ کا ملک چوری کی لعنت سے نجات حاصل کر لے اور آپ کی نئی پود میں یہ مجرمانہ خیالات سر ہی نہ اُٹھائیں تو میرے ناقص خیال میں تہذیب و شائستگی کا یہ مظاہرہ اس مظاہرہ سے بدرجہا بہتر ہوگا کہ ہمارے ملک میں کسی کا مال محفوظ نہ ہو۔ ہماری جیلوں میں سوسائٹی کے ان کرم فرماؤں (چوروں) کے لیے

فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٣٩ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ

تو بے شک اللہ تعالیٰ توجہ فرمائے گا ۸۲؎ اس پر بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے کیا تو نہیں جانتا کہ بلا شبہ

اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ

اللہ تعالیٰ کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی سزا دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور بخش دیتا ہے

لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٤٠ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ

جسے چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے اے رسول ۸۳؎

لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا

نہ غمگین کریں آپ کو وہ جو تیز رفتار ہیں کفر میں ان لوگوں سے جنھوں نے کہا

اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ

ہم ایمان لائے (صرف) اپنے مُنہ سے حالانکہ نہیں ایمان لائے تھے ان کے دِل اور ان لوگوں سے جو یہودی ہیں

قورمہ اور پلاؤ پک رہا ہو۔

۸۱؎ یعنی جس خدا نے چور کی یہ سزا تجویز کی ہے وُہ عزیز بھی ہے یعنی سب پر غالب ہے اور حکیم بھی ہے یعنی اس کا ہر حکم سینکڑوں حکمتوں اور مصلحتوں پر مبنی ہوا کرتا ہے۔ ان دو صفات کے ذکر کرنے سے معترضین کے تمام شکوک کا جواب بھی آ گیا۔

۸۲؎ امام شافعیؒ اور چند اور علماء کا خیال ہے کہ اگر چور بھی گرفتار ہونے سے پہلے تائب ہو جائے تو اس پر حد جاری نہیں کی جائے گی لیکن جمہور علماء اور احناف کا یہی مذہب ہے کہ چوری کے بعد حد تو ضرور لگے گی لیکن اگر اس نے توبہ کی تو قیامت کا عذاب معاف کر دیا جائے گا۔ اور توبہ کی صُورت یہ ہے کہ اگر اس کے پاس چوری کا مال موجُود ہو تو اس کے مالک کو واپس کر دے نہیں تو اس کی قیمت ادا کرے اور اگر یہ دونوں نہیں کر سکتا تو پھر مالک سے معاف کرا لے۔

۸۳؎ یہُود کی خباثتوں سے حضور کریمؐ کا دِل آزردہ ہوتا تھا۔ حضورؐ ان کو قدم قدم پر اسلام کی حقّانیت کے ثبوت مہیّا فرماتے لیکن وُہ برابر کفر سے چمٹے رہنے پر مُصر رہتے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبُوبؐ کو تسلّی دے رہے ہیں کہ آپ افسُردہ نہ ہوں۔ یہ نہ آپ کو کوئی گزند پہنچا سکتے ہیں اور نہ اسلام کی ترقی کو روکنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ یہ صرف زبان سے ایمان کا اقرار کر رہے ہیں ان کے دِل اسی پُرانے کفر میں مُبتلا ہیں۔

سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ

جاسوسی ۸۴؎ کرنے والے ہیں جھوٹ بولنے کے لیے وُہ جاسُوس ہیں دُوسری ۸۵؎ قوم کے جو نہیں آتی آپ کے پاس بدل دیتے ہیں

الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ

اللہ کی باتوں کو اس کے صحیح موقعوں سے کہتے ہیں اگر تمھیں دیا جائے یہ حکم تو مان لو اُسے

وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ

اور اگر نہ دیا جائے تمھیں یہ حکم تو بچو ۸۶؎ اور جس کو ارادہ فرمالے اللہ تعالیٰ فتنہ میں ڈالنے کا تو نہیں طاقت

۸۴؎ سمع کے دو معنی ہیں (۱) سُننا (۲) قبول کرنا۔ سمّاع مبالغہ کا صیغہ ہے۔ علّامہ زمخشری اور بیضاوی نے دُوسرا معنی پسند کیا ہے قابلون لما یفتریه الاحبار ومنه سمع الله لمن حمده (کشاف) یعنی اپنی باطنی خباثت کی وجہ سے انھیں اپنے پادریوں کی جھوٹی باتیں بڑی پسند ہیں اُنھیں وُہ فوراً قبول کر لیتے ہیں۔

۸۵؎ یہاں بھی سماع کے دونوں معنے مُراد ہو سکتے ہیں یعنی وُہ آپ کی مجلس میں محض جاسُوسی کے لیے آتے ہیں کہ کوئی راز کی بات سنیں اور اُسے اپنی قوم کے سرداروں کو جاکر بتائیں۔ دُوسرا یہ کہ آپ کی سچی باتوں کو تو قبول نہیں کرتے لیکن فریب کار احبار و علماء کی جھُوٹی باتوں کو دل میں جما لیتے ہیں۔

۸۶؎ یہاں ایک خاص واقعہ کی طرف اشارہ فرمایا جارہا ہے جس کو تفسیر کشاف سے نقل کرتا ہُوں۔ خیبر کے ایک شادی شدہ یہُودی مرد اور عورت نے زنا کیا۔ دونوں اعلیٰ خاندان کے افراد تھے اس لیے علماء یہُود نے ان کو رجم کرنا مناسب نہ سمجھا۔ اُنھوں نے ان دونوں کو ایک وفد کے ہمراہ بنی قریظہ کے پاس مدینہ طیّبہ روانہ کیا تاکہ رسُول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم سے مسئلہ دریافت کریں نیز انھوں نے یہ ہدایت کی کہ اگر دُرّے لگانے اور منہ کالا کرنے کا حکم دیں تو مان لینا اور اگر رجم کا حکم دیں تو انکار کر دینا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے رجم کا ہی حکم فرمایا۔ اُنھوں نے انکار کر دیا۔ حضرت جبریلؑ کے کہنے پر حضورؐ نے انھیں فرمایا کہ کیا تم نوجوان ابن صوریا کو پہچانتے ہو؟ کہنے لگے جی ہاں رُوئے زمین پر یہُود میں اس کا ہم پلّہ کوئی عالم نہیں۔ چنانچہ اسے حکم مقرر کیا گیا۔ جب وُہ آیا تو حضورؐ نے فرمایا تمھیں اس خدا کا واسطہ دے کر پُوچھتا ہُوں جس نے مُوسیٰ علیہ السّلام کے لیے دریا کو شق کیا اور تمھیں نجات دی اور فرعون کو غرق کیا اور جس نے تم پر تورات نازل فرمائی تم یہ بتاؤ کہ شادی شدہ زانی کے لیے تورات میں رجم کا حکم ہے یا نہیں؟ وُہ انکار نہ کر سکا اور صاف کہہ دیا کہ بے شک ایسا ہی ہے یہُود اس پر اُچھل پڑے لیکن اس نے کہا کہ اگر میں اس نبی برحق کے سامنے جھوٹ بولتا تو مجھے عذاب الٰہی کے نازل ہونے کا اندیشہ تھا۔ چنانچہ مسجد کے دروازہ کے سامنے انھیں رجم کیا گیا۔ (کشاف)

تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ

رکھتا تو اس کے لیے اللہ سے کسی چیز کی یہ وُہی لوگ ہیں ۸۷؎ کہ نہیں ارادہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ پاک کرے

قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ ۖۚ وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ

ان کے دِلوں کو ان کے لیے دُنیا میں ذِلّت ہے اور ان کے لیے آخرت میں بڑا عذاب

عَظِيْمٌ ﴿۴۱﴾ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ جَآءُوْكَ

ہے قبول کرنے والے ہیں جھوٹ کو بڑے حرام خور ہیں ۸۸؎ تو اگر وُہ آئیں آپ کے پاس

فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ

تو چاہیے فیصلہ فرمایئے ان کے درمیان یا منہ پھیر لیجئے اُن سے (آپ کو اختیار ہے) اور اگر آپ مُنہ پھیر لیں اُن سے تو نہ

۸۷؎ اس کی وجہ ان کی اپنی عاقبت نااندیشی تھی۔ جس قوم کی ہدایت کے لیے ایسا مکرّم رسُول مبعُوث کیا جائے، قرآن جیسی روشن اور مدلّل کتاب نازل کی جائے۔ ہر لمحہ ان کو اِسلام کی حقّانیّت کے معجزات کا مشاہدہ کرایا جائے اور ان کی اِصلاح کی اِنتہائی کوشش کی جائے لیکن وُہ قوم پھر بھی پستی سے نکل کر بلندی کی طرف، گمراہی سے ہدایت کی طرف، باطل سے حق کی طرف آنے سے اِنکار کرتی رہے تو اس قوم کا بجز اس کے کیا علاج ہے کہ اُسے اپنے حال پر چھوڑ دیا جائے تاکہ وُہ باطل عقائد کی غلاظت اور غلط اعمال کی عفونت سے آلُودہ رہے اور اسی حالت میں دم توڑ دے۔ اللہ تعالےٰ جس طرح کسی کو بُرائی پر مجبور نہیں کرتا اسی طرح وُہ کسی سے جبراً نیکی بھی نہیں کراتا۔ یہ اس کی حکمت کے خلاف ہے۔ اور اِنسان کو جو شرف تمام کائنات پر عطا فرمایا گیا ہے اُس کے بھی منافی ہے۔

۸۸؎ "سُحت" کا لغوی معنی ہلاکت و بربادی ہے۔ مال حرام کو اس لیے سُحت کہا جاتا ہے کہ وُہ نیکیوں کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیتا ہے مسلمانوں کو بھی حرام کھانے سے بارہا منع کیا گیا۔ چنانچہ حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا کل لحم نبت بالسحت فالنار اولی به قالوا یا رسول اللّٰه وما السحت؟ قال الرشوة فی الحکم: جو گوشت سُحت سے پیدا ہو اُسے آگ ہی جلائے گی۔ عرض کی گئی اے اللہ کے رسُول! سُحت کسے کہتے ہیں؟ فرمایا فیصلہ کرتے وقت رشوت لینا۔ اِمام اَبُوحنیفہؒ فرماتے ہیں اذا ارتشی الحاکم انعزل فی الوقت وان لم یعزل کہ حاکم رشوت لیتے ہی معزُول ہو جاتا ہے خواہ اسے بظاہر معزُول نہ بھی کیا جائے۔ رشوت اس مال کو کہتے ہیں جو کسی کا حق ضائع کرنے کے لیے اور ناحق کوئی چیز خود لینے کے لیے کسی حاکم کو دیا جائے۔ فاما ان ترشی لتدفع عن دینك ودمك ومالك فلیس بحرام۔ الیکن اپنے

يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ

نقصان پہنچا سکیں گے آپ کو کچھ بھی ۸۹ اور اگر آپ فیصلہ کریں تو فیصلہ فرمائیے ان میں انصاف سے ۹۰ بے شک

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝۴۲ وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ

اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے انصاف کرنے والوں سے اور کیسے منصف بناتے ہیں آپ کو حالانکہ ان کے پاس

التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ

تورات ہے اس میں اللہ کا حکم ہے ۹۱ پھر وہ منہ پھیرتے ہیں (اس سے) اس کے بعد بھی اور نہیں ہیں

دین، جان اور مال کی حفاظت کے لیے دی جائے تو حرام نہیں۔ یہاں لینے والا گنہگار ہوگا)

۸۹ بعض علماء کا یہ خیال ہے کہ پہلے حضورؐ کو اختیار دیا گیا تھا کہ چاہیں تو اہل کتاب کے تنازعات کا فیصلہ فرما دیں اور چاہیں تو انکار کر دیں۔ لیکن بعد میں جب یہ آیت نازل ہوئی "ان احکم بینھم بما انزل الخ تو یہ اختیار نہ رہا۔ اور ان کے باہمی جھگڑوں کا فیصلہ کرنا حضورؐ پر لازمی ہوگیا۔ لیکن دوسرے علماء نے اس کی مزید وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اگر جھگڑا مسلم اور ذمی (یعنی مسلمانوں کی غیر مسلم رعایا) کے درمیان ہو تو مسلمان قاضی فیصلہ کرے گا۔ اور اگر ذمیوں کا آپس میں تنازع ہو تو پھر دیکھیں گے کہ امور متنازعہ کا تعلق ان کی شخصی اور مذہبی زندگی سے ہے مثلاً نکاح، طلاق، زنا وغیرہ تو ہم ان کو مجبور نہیں کرسکتے کہ وہ ہماری شریعت کے مطابق فیصلہ کرائیں۔ وہ ان معاملات میں اپنے علماء کی طرف رجوع کریں۔ واما الحکم فیما یختص به دینهم من الطلاق والزنی وغیرها فلیس یلزمهم ان یتدینوا بدیننا وفی الحکم بینهم اضرار بحکامهم وتغییر ملتهم (قرطبی) لیکن ایسے امور جن کا تعلق ملک کے داخلی امن وامان یا خارجی سلامتی کے ساتھ ہے تو ایسے معاملات میں مسلمان قاضی فیصلہ کرے گا کیونکہ اگر معاملات میں تساہل اور غفلت روا رکھی جائے تو فتنہ وفساد کے پھیلنے کا اندیشہ ہے (قرطبی)

۹۰ یعنی جب فیصلہ کیا جائے تو عدل وانصاف کو پیش نظر رکھا جائے کسی کا یہودی یا منافق اور دشمن دین ہونا اس پر ظلم کرنے اور اس کا حق ضائع کرنے کے لیے وجہ جواز نہیں بن سکتا۔

۹۱ اظہار تعجب کیا جا رہا ہے کہ یہ لوگ آپ کے پاس دوڑ کر کیوں آتے ہیں۔ اگر آپ سے فرمان خداوندی کے مطابق ہی فیصلہ کرانا مقصود ہے تو پھر یہاں آنے کی زحمت کیوں اٹھاتے ہیں ان کے پاس تورات ہے۔ اس میں احکام الٰہی موجود ہیں۔ اس کے مطابق فیصلہ کر لیا کریں۔

أُولَٰئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٣﴾ إِنَّا أَنزَلْنَا التَّوْرَاةَ فِيهَا هُدًى وَنُورٌ

وُہ ایمان دار ٩٢ بے شک اُتاری ہم نے تورات اس میں ہدایت اور نور ہے ٩٣

يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّونَ الَّذِينَ أَسْلَمُوا لِلَّذِينَ هَادُوا وَالرَّبَّانِيُّونَ

حکم دیتے رہے اس کے مطابق انبیاء ٩٤ جو (ہمارے) فرماں بردار تھے یہودیوں کو اور (اسی کے مطابق حکم دیتے رہے) اللہ والے

وَالْأَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوا مِن كِتَابِ اللَّهِ وَكَانُوا عَلَيْهِ شُهَدَاءَ

اور علماء اس واسطے کہ محافظ ٹھیرائے گئے تھے اللہ کی کتاب کے اور وُہ تھے اس پر گواہ

٩٢ اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ جیسے وُہ قرآن کو نہیں مانتے ایسے ہی تورات پر بھی ان کا ایمان نہیں۔ صرف اپنی قوم کو دھوکہ دینے کے لیے وُہ تورات کا سہارا لیے ہُوتے ہیں۔

٩٣ اس رکوع میں دو چیزوں کو بڑی وضاحت سے بیان فرمایا گیا ہے۔ ایک یہ کہ تورات، انجیل اور قرآن مختلف اور متضاد اور ایک دُوسرے کی تردید اور تکذیب کرنے والی کتابیں نہیں اور نہ یہ کہ جب تک دو کا انکار نہ کیا جائے تیسری پر ایمان دُرست نہیں ہو سکتا بلکہ یہ سب ایک سرچشمۂ فیض کی نہریں ہیں۔ ہر ایک میں نُور ہے جو گمراہی کے اندھیروں کے لیے پیغامِ موت ہے۔ ہر ایک میں ہدایت ہے جو طالبانِ مولا کی دستگیری کر کے شاہدِ مقصود تک پہنچا دینے والی ہے۔ دُوسری چیز یہ کہ یہود نے تورات اور نصاریٰ نے انجیل سے فائدہ نہ اُٹھایا اور احکامِ الٰہی کی جگہ اپنی ہوا و ہوس کے پرستار بن کر رہ گئے۔ اے حاملانِ قرآن! وُہ ایڑی چوٹی کا زور صرف کریں گے کہ تمھیں بھی اپنی کتاب سے دُور کر دیں۔ خبردار! کہیں تم بھی ان کے دامِ فریب میں پھنس کر اس سُنہری موقع کو ضائع نہ کر دینا۔

٩٤ یہود کو تورات جس میں نُور و ہدایت تھی عطا کی گئی تھی۔ مدّت دراز تک ان کے انبیاء، ان کے اولیاء اور ان کے علماء اس کے مطابق فیصلے کرتے رہے اور اس کی حفاظت کی ذمہ داری جو ان پر عائد کی گئی تھی اس کو ادا کرتے رہے لیکن بعد میں جب یہ ہدایت و نُور کا صحیفہ دُنیا پرست علماء اور نفس پرور زاہدوں کے قبضہ میں آگیا تو اُنھوں نے نہ اس پر عمل کیا اور نہ اُس کی حفاظت کی۔ استحفظوا کے لفظ سے معلوم ہوتا ہے کہ تورات کی حفاظت کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے اولیاء اور عُلماء کے سپرد کی تھی۔ جب تک وُہ اس ذمہ داری کو بجا لاتے رہے تورات ہر تحریف اور ردّ و بدل سے محفوظ رہی۔ جب عبادت گزاروں اور علم والوں میں اخلاص اور للّٰہیت نہ رہی بلکہ جاہ طلبی اور دُنیا طلبی کا غلبہ ہو گیا تو یہ ہدایت و نُور کا صحیفہ رہبان و احبار کی جاہ طلبی اور دُنیا پرستی کی نذر ہو کر رہ گیا۔ اُنھوں نے اپنی مطلب برآری کے لیے اس میں ردّ و بدل کر دیا۔

فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِىْ ثَمَنًا

پس نہ ڈرا کرو لوگوں سے اور ڈرا کرو مجھ سے اور نہ بیچا کرو میری آیتوں کو تھوڑی سی

قَلِيْلًا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

قیمت سے ۹۵ اور جو فیصلہ نہ کرے اس (کتاب) کے مطابق جسے نازل فرمایا اللہ نے تو وہی لوگ

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَاۤ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَ

کافر ہیں ۹۶ اور ہم نے لکھ دیا تھا یہود کے لیے تورات میں (یہ حکم) کہ جان کے بدلے جان

۹۵ اس میں مسلمانوں کو بھی تنبیہ ہو رہی ہے کہ علمائے یہود کی طرح بادشاہوں اور امیروں سے ڈر کر تم بھی قرآن کے معانی میں ہیرپھیر نہ شروع کر دینا بلکہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا جس نے اگر پکڑ لیا تو کوئی چھوڑا نہ سکے گا۔ اگر اس کی نگاہِ لطف و کرم سے محروم کر دیئے گئے تو دُنیا تنگ ہو جائے گی اور کہیں گوشۂ عافیت نہ ملے گا۔

۹۶ یہاں فرمایا کہ جو لوگ اللہ کے نازل کیے ہوئے احکام کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے وُہ کافر ہیں۔ اسی رکوع کی آیت نمبر ۴۵ میں ایسے لوگوں کو ظالم کہا گیا اور آیت نمبر ۴۷ میں ایسے لوگوں کو فاسق کہا گیا۔ بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ یہ آیات صرف یہودیوں اور عیسائیوں کے بارے میں نازل ہوئیں لیکن یہ درست نہیں۔ کیونکہ کسی خاص شخص کے متعلق کسی آیت کے نازل ہونے کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ وُہ آیت بس اسی سے مخصوص ہو کر رہ گئی۔ اس کا حکم اب کسی دُوسرے شخص پر نافذ نہیں ہوگا۔ اس لیے صحیح یہی ہے کہ اسے یہود کے ساتھ مخصوص نہ کیا جائے بلکہ اس کا مفہوم عام رکھا جائے۔ چنانچہ علماءِ اہلِ سنّت نے من لم يحكم بما انزل الله مستهينا به منكرا له یعنی جو شخص اللہ کے حکم کی توہین اور تحقیر کرتے ہُوئے اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے گا وُہ کافر ہوگا۔ کیونکہ احکامِ شرعیہ کی توہین اور تحقیر کی صرف وہی جرأت کر سکتا ہے جس کا دل ایمان و یقین کے نور سے خالی ہو۔ علامہ بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ نے ایسے شخص کو کافر، ظالم اور فاسق کہنے کی بڑی لطیف وجہ بیان کی ہے فرماتے ہیں فكفرهم لانكاره وظلمهم بالحكم بخلافه وفسقهم بالخروج عنه یعنی اس وجہ سے کہ انھوں نے احکامِ الٰہیہ کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا وُہ کافر ٹھیرے۔ اور اس وجہ سے کہ انھوں نے اس قانون کو چھوڑ دیا جو عین عدل و انصاف تھا وُہ ظلم کے مرتکب ہُوئے اور اس لیے کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کی حدوں کو توڑا وُہ فاسق کہلائے۔ اس کے بعد بیضاوی فرماتے ہیں کہ یہ بھی جائز ہے کہ یہ تینوں لفظ کفر، ظلم اور فسق احکامِ الٰہیہ سے سرتابی کرنے والوں کے مختلف حالات کے پیشِ نظر کہے گئے ہوں یعنی اگر اس نے یہ سرتابی ازراہِ تمرد و تحقیر کی تو وُہ کافر ہے اور اگر دل میں انکار تو نہیں بلکہ ویسے حکم عدولی ہو گئی تو وُہ ظالم و فاسق ہوگا۔ ويجوز ان يكون كل واحدة من الصفات الثلاث باعتبار حال

الْعَیْنَ بِالْعَیْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَ

آنکھ کے بدلے آنکھ ۹۷ ، ناک کے بدلے ناک ، کان کے بدلے کان اور

السِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ

دانت کے بدلے دانت اور زخموں کے لیے قصاص تو جو شخص ۹۸ معاف کردے بدلا تو یہ معافی کفارہ

كَفَّارَةٌ لَّهٗ وَمَنْ لَّمْ یَحْكُمْ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓىٕكَ هُمُ

بن جائے گی اس کے گناہوں کا۔ اور جو فیصلہ نہ کرے اس (کتاب) کے مطابق جسے اتارا اللہ نے تو وُہی لوگ ظالم

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَقَفَّیْنَا عَلٰۤى اٰثَارِهِمْ بِعِیْسَى ابْنِ مَرْیَمَ

ہیں اور ہم نے پیچھے بھیجا ان کے نقش قدم پر عیسٰی بن مریم کو ۹۹

مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَاٰتَیْنٰهُ الْاِنْجِیْلَ

تصدیق کرنے والا جو اس کے سامنے موجُود تھا یعنی تورات اور ہم نے دی اسے انجیل

انضمت الی الامتناع عن الحکم به ملائمة لها (بیضاوی) سچ تو یہ ہے کہ ان آیات کے بعد کسی مسلمان کے لیے کوئی گنجائش نہیں رہتی کہ وُہ اپنے لیے، اپنی قوم اور اپنی رعایا کے لیے ایسے قوانین تجویز کرے جو احکامِ خداوندی کے خلاف ہوں۔

۹۷ تورات میں طرح طرح کے ردّ و بدل کے باوجُود آج بھی یہ حکم موجُود ہے جو قرآن کی حقانیت کی تصدیق کرتا ہے "اگر وُہ اِس صدمہ سے ہلاک ہو جائے تو تُو جان کے بدلہ میں جان لے اور آنکھ کے بدلہ آنکھ، دانت کے بدلہ دانت اور ہاتھ کے بدلہ ہاتھ، پاؤں کے بدلہ پاؤں، جلانے کے بدلہ جلانا، زخم کے بدلہ زخم اور چوٹ کے بدلہ چوٹ (خروج ۲۱: ۲۳-۲۵)

۹۸ ظالم کے لیے عبرت ناک سزا تجویز فرمائی۔ اس کے ساتھ ساتھ مظلوم کو عفو و درگزر کی تلقین کی۔ عدل و انصاف اور رحم و کرم کا کتنا حسین امتزاج ہے۔

۹۹ حضرت مُوسٰی علیہ السّلام کے بعد سلسلہ نبوّت جاری رہا۔ مختلف مقامات پر مختلف اوقات میں انبیاء مبعُوث ہوتے رہے۔ ان کے پیچھے اور ان کے نقشِ قدم پر حضرت عیسیٰؑ تشریف لے آئے۔ انھوں نے تورات کی تصدیق کی۔ انھیں انجیل دی گئی۔ وُہ بھی تورات کی طرح سراپا ہدایت و نُور تھی۔

فِيهِ هُدًى وَّنُورٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ

اس میں ہدایت اور نور تھا اور تصدیق کرنے والی تھی جو اس سے پہلے تھا یعنی تورات

وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٤٦﴾ وَلْيَحْكُمْ أَهْلُ الْإِنجِيلِ

اور (یہ انجیل) ہدایت اور نصیحت تھی پرہیزگاروں کے لیے اور ضرور فیصلہ کیا کریں انجیل والے اس کے مطابق

بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ فِيهِ ۚ وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأُولٰئِكَ

جو نازل فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس میں۔ اور جو فیصلہ نہ کریں اس کے مُطابق جسے اللہ تعالیٰ نے اتارا ہے تو وہی لوگ

هُمُ الْفٰسِقُونَ ﴿٤٧﴾ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا

فاسق ہیں اور (اے حبیب!) اتاری ہم نے آپ کی طرف یہ کتاب (قرآن) سچائی کے ساتھ تصدیق کرنے والی ہے

لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُم بَيْنَهُم

جو اس سے پہلے (آسمانی) کتاب ہے ۱؎ اور (یہ قرآن) محافظ ہے اس پر تو آپ فیصلہ فرماویں ان کے درمیان

۱؎ تورات وانجیل کے بعد قرآن اور اس کی چند خصُوصیات کا ذکر فرمایا۔ پہلی خصُوصیت تو یہ ہے کہ اس کا نزول حق کے ساتھ ہوا ہے۔ لفظ حق کی پُوری تشریح آل عمران کے حاشیہ نمبر۳ میں گزر چکی ہے۔ علّامہ راغب کے اس قول کا اعادہ فائدہ سے خالی نہ ہوگا کہ کوئی فعل یا قول اس وقت حق کہلاتا ہے جب کہ وُہ اس طرح پایا جائے جیسے چاہیئے۔ اس اندازے سے پایا جائے جتنا مناسب اور موزُوں ہو اور اس وقت پایا جائے جب اس کی ضرُورت ہو (مفردات) اس مفہوم کو پیشِ نظر رکھتے ہُوئے اب آپ بالحق کے لفظ کو پڑھیں تو قرآن کی جلالتِ شان واضح ہوگی۔ اس کی دُوسری خصُوصیت یہ ہے کہ یہ پہلی آسمانی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے اور تیسری خصُوصیت یہ ہے کہ قرآن ان کتب پر مہیمن بن کر آیا ہے مہیمن متعدّد معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ محُافِظ، نگہبان، نگران، شاہد اور امین۔ یہاں مہیمن کے یہ سارے معانی لیے جا سکتے ہیں یعنی دین کے وُہ عقائد اور اصُول جو سابقہ آسمانی کتب میں بیان کیے گئے تھے جن میں سے بعض فراموش کر دیئے گئے اور بعض میں ردّوبدل کر کے انھیں کچھ کا کچھ بنا دیا گیا قرآن اُن کا محافظ ہے ان کو صحیح رنگ میں پیش کرتا ہے۔ اور اپنے صفحات میں ان کی ایسی حفاظت و نگہبانی کر رہا ہے کہ اب وہاں کسی محرّف کا ہاتھ نہیں پہنچ سکتا قرآن آسمانی کتب کا رقیب و نگران بھی ہے۔ کیونکہ قرآن ہی ایک ایسی کسوٹی ہے جس سے ہم یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ موجودہ تحریف شدہ

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ

اس سے جو نازل فرمایا اللہ تعالیٰ نے ۱۰۱ اور آپ نہ پیروی کریں ان کی خواہشات کی ۱۰۲ اس حق کو چھوڑ کر جو آپ کے پاس آیا ہے

لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ

ہر ایک کے لیے بنائی ہے ہم نے تم میں سے ایک شریعت اور عمل کی راہ ۱۰۳ اور اگر چاہتا اللہ تعالیٰ تو بنا دیتا تم (سب کو)

آسمانی کتابوں میں حق کی کتنی مقدار جُوں کی تُوں موجُود ہے۔ قرآن اِس بات پر گواہ بھی ہے کہ یہ کتابیں اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیا ورُسل پر نازل فرمائی تھیں۔ قرآن امین بھی ہے۔ گزشتہ انبیاء کی تعلیمات کو جُوں کا تُوں پیش کرتا ہے۔ اِن میں کسی قسم کا تصرّف اور کمی بیشی نہیں کرتا۔

۱۰۱ے تورات کے نزُول کی غرض وغایت بیان کرتے ہُوئے فرمایا کہ یحکم بھا النبیون اور انجیل کے نزول کا مقصد بیان کرتے ہُوئے فرمایا ولیحکم اھل الانجیل اور قرآن حکیم کے نازل کرنے کا مدّعا بھی یہی بتایا فاحکم بما انزل الخ اِن تمام الفاظ سے یہ بتانا مطلوب ہے کہ ان کتابوں کے نازل کرنے کا مقصدِ اعلیٰ یہ ہے کہ اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اپنے تمدّنی اور معاشرتی مسائل میں اپنی سیاسی اور اقتصادی مشکلات میں ان کی روشنی سے ہدایت حاصل کی جائے اور ان کے بتائے ہُوئے راستہ پر چلا جائے تب ہی تو وُہ فرق معلوم ہو سکتا ہے جو قانونِ الٰہی اور انسان کے بنائے ہُوتے ناقص قانون میں ہے۔ اور اگر اس پر عمل نہ کیا جائے اور اس کی واضح ہدایات اور احکام کے ہوتے ہُوتے اپنی خواہشات کی ہی پیروی کی جائے تو پھر ان کے نزول کا اصلی مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے اور انسان ان برکتوں سے محرُوم ہو جاتا ہے جو ان احکام میں مضمر ہیں۔

۱۰۲ے کسی بات سے اگر منع کیا جائے تو اس کا ہمیشہ یہ مطلب نہیں ہوتا کہ مُخاطب اس کا ارتکاب کرنے والا تھا اور اسے روک دیا گیا بلکہ کبھی منع اس لیے بھی کیا جاتا ہے کہ مخاطب جیسے پہلے اِس کام سے مجتنب اور محترز چلا آ رہا ہے اُسی طرح آئندہ بھی مجتنب رہے۔ یہاں حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو ان لوگوں کی خواہشات کی پیروی سے روکنے کا مقصد یہ نہیں کہ معاذ اللہ آپ ان کی پیروی کا خیال کرنے لگے تھے اس لیے روکنا پڑا۔ بلکہ مقصد یہ ہے کہ جیسے پہلے آپ احکامِ الٰہیہ کی پیروی کرتے چلے جا رہے ہیں اور ان کی نفسانی خواہشات کی اِتّباع کا واہمہ تک بھی خاطرِ عاطر میں نہیں گزرتا اسی طرح آئندہ بھی ہمّت واستقلال سے احکامِ ربّانی کی اطاعت کرتے جائیے۔

۱۰۳ے شرعة اور شریعة ہم معنی ہیں شریعت لُغت میں اس راستے کو کہا جاتا ہے جو پانی کی طرف لے جاتا ہو الشریعة فی اللّغة: الطریق الذی یتوصل منه الی الماء۔ اسی مناسبت سے شرعہ اور شریعۃ اس راستہ کو کہا جاتا ہے جو نجاتِ دارین کی طرف رہنمائی کرتا ہو۔ والشریعة: ماشرع اللہ لعبادہ من الدین اور منہاج کہتے ہیں واضح اور

أُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنۡ لِّيَبۡلُوَكُمۡ فِىۡ مَاۤ اٰتٰٮكُمۡ فَاسۡتَبِقُوا الۡخَيۡرٰتِؕ

ایک ہی اُمّت ۱۰۴؎ لیکن آزمانا چاہتا ہے تمھیں اس چیز میں جو اس نے دی ہے تم کو۔ تو آگے بڑھنے کی کوشش کرو نیکیوں میں ۱۰۵؎

اِلَى اللّٰهِ مَرۡجِعُكُمۡ جَمِيۡعًا فَيُنَبِّئُكُمۡ بِمَا كُنۡتُمۡ فِيۡهِ تَخۡتَلِفُوۡنَۙ‏ ﴿۴۸﴾

اللہ کی طرف ہی لوٹ کر آنا ہے تم سب نے ۱۰۶؎ پھر وہ آگاہ کرے گا تمھیں جن باتوں میں تم جھگڑا کرتے تھے۔

روشن راستہ کو۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ وُہ عقائد اور کلّیات جن پر انسان کی نجات کا انحصار ہے وُہ تو تمام آسمانی کتابوں میں یکساں ہیں لیکن شریعت کے احکام اور ان کی تفصیلات، عبادات اور ان کی شکل وصورت، حِلّت وحُرمت کے قواعد ان میں اختلاف ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ مختلف انبیاء کی اُمّتوں کی ذہنی سطح، اُن کا مخصوص ماحول، ان کے معاشرہ کے تقاضے، ان کی سیاسی اور اقتصادی ضروریات کیونکہ مختلف تھیں اس لیے اِن فروعات میں اختلاف ناگزیر تھا۔

۱۰۴؎ یہاں اس شبہ کا ازالہ کیا جا رہا ہے کہ اگر اصُول وکلّیات کی طرح فروعات میں بھی اختلاف نہ ہوتا تو کیا اچھا ہوتا۔ دین کے نام پر یہ مختلف قسم کی گروہ بندیاں ختم ہو جاتیں۔ اس کا ایک جواب تو وُہی ہے جو لکل جعلنا کے ضمن میں دیا جا چکا ہے کہ بُنیادی عقائد وکلیات میں یکسانیت کے باوجود فروعات میں یہ اختلاف عین حکمت ہے۔ اور اس کا دُوسرا جواب یہ دیا کہ ان کا امتحان بھی مقصُود تھا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کا مقصد تو یہ ہے کہ اس کے ہر حکم کے سامنے سر اطاعت خم کر دیا جائے۔ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرنے کا حکم ہو تو کعبہ کو چھوڑ کر ادھر رُخ کر لیا جائے۔ اور اگر اسے چھوڑ کر کعبہ کی سمت منہ کرنے کا فرمان صادر ہو تو وُہ نماز پڑھتے ہُوئے ہی کعبہ کی طرف منہ کر لے اور دل میں کسی قسم کا تردّد نہ ہو۔ علامہ بیضاویؒ نے اس کا یہ مفہوم بھی بیان کیا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو جبراً ہر ایک کو اسلام کا پابند کر دیتا اور کسی کے لیے مجالِ انکار ہی نہ رہتی۔ لیکن یُوں اس لیے نہیں کیا گیا تاکہ لوگوں کی آزمائش ہو جائے کہ کون اپنے اختیار سے اس دینِ حق کو قبول کرتا ہے اور کون جان بوجھ کر اعتراض کرتا ہے۔

۱۰۵؎ اس مقام پر یہ جُملہ کتنا معنی خیز ہے کہ اِن جھگڑوں میں پڑ کر اپنا قیمتی وقت ضائع نہ کرو بلکہ اللہ کے اس آخری دین، آخری کتاب اور آخری رسُول پر ایمان لے آؤ اور دُوسرے لوگوں سے نیکی کے میدان میں بازی لے جانے کی سرتوڑ کوشش کرو۔ اہل کتاب کو غیرت دلائی جا رہی ہے کہ عرب کے مُشرک اور جاہل لوگ تو دھڑا دھڑ اس دین کو قبول کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا کی جستجو میں راہ راست پر تیزی سے قدم بڑھاتے چلے جا رہے ہیں اور تم صاحب علم و دانش اور اہل کتاب ہو کر فضول بحثوں اور بے کار حُجّت بازیوں میں اپنی عمریں برباد کر رہے ہو۔ چھوڑو ان لایعنی باتوں کو اور ایمان وعمل کی سیدھی راہ پر چل پڑو۔

۱۰۶؎ یہ دُنیا جس کی دلچسپیوں میں تم کھو کر رہ گئے ہو، یہ تمھاری عارضی قیام گاہ ہے۔ تمھیں ایک دن یہاں سے رختِ سفر

وَاَنِ احۡكُمۡ بَيۡنَهُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَهُمۡ وَ

اور یہ کہ فیصلہ فرمائیں آپ ان کے درمیان اس کے مطابق جو نازل فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے اور نہ پیروی کریں ان کی خواہشات کی اور

احۡذَرۡهُمۡ اَنۡ يَّفۡتِنُوۡكَ عَنۡۢ بَعۡضِ مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ اِلَيۡكَ ؕ فَاِنۡ

آپ ہوشیار رہیں ان سے کہ کہیں برگشتہ نہ کر دیں آپ کو اس کے کچھ حصّہ سے جو اُتارا ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف ۱۷۰ اور اگر وُہ

باندھنا ہے اور اپنے علیم وخبیر ربّ کی عدالت میں پیش ہونا ہے۔ اپنی بدعملی اور گمراہی پر اب تو تم طرح طرح کے خوبصورت پردے ڈال کر لوگوں کی آنکھوں میں خاک ڈال سکتے ہو۔ لیکن اس روز کیا کرو گے جب سب پردے اُٹھا دیئے جائیں گے۔ اور حقیقت بے نقاب ہو جائے گی۔

۱۷۰ مُسلمانوں کو آگاہ کیا جارہا ہے کہ اہلِ کتاب خُود تو احکامِ الٰہیہ سے مُنہ موڑ چکے تھے اور اپنی کتابوں سے رشتہ توڑ چکے تھے لیکن اب وُہ یہ بھی گوارا نہیں کر سکتے کہ تم ہدایت کی راہ پر چلو اس لیے وُہ طرح طرح کے شبہات، قسم قسم کے اعتراضات اور گوناگوں وسوسوں سے تمھیں بھی اپنے دین سے برگشتہ کرنے کی بھرپُور کوشش کریں گے۔ خبردار! ان کے جال میں پھنس کر اللہ کے دینِ قیّم کی رسّی چھوڑ نہ دینا۔ آج بھی گُم کردہ راہ لوگ متاعِ ایمان لُوٹنے کے لیے اپنی تمام کوششیں صرف کر رہے ہیں۔ پانی کی طرح روپیہ بہایا جارہا ہے۔ فتنوں اور سازشوں کا ایک ٹھاٹھیں مارتا ہوا سیلاب اسلامی اقدار کو بہالے جانے کے لیے بڑھا چلا آرہا ہے۔ کاش ہم قرآن کی اس تنبیہ پر کان دھریں اور ہوشیار ہو جائیں۔ چور نہیں بلکہ وُہ مالک قابلِ ملامت ہے جو اپنے قیمتی سامان کی حفاظت نہیں کرتا۔ حضرت ابن عبّاس رضی اللہ عنہ نے اس آیت کا شانِ نزول یہ بیان فرمایا ہے کہ چند یہُود علماء نے جن میں ابن صوریا، کعب بن اسد اور ابن صلونا ان کے اکابر بھی تھے یہ مشورہ کیا کہ آؤ چلیں محمدؐ (فداہ امّی و ابی صلی اللہ علیہ وسلّم) کے پاس اور انھیں کسی حیلہ سے اپنے دین سے برگشتہ کریں فانما ھو بشر وُہ بشر ہی تو ہے اسے دھوکا دینا کیا مشکل ہے۔ بڑی سوچ بچار سے ایک منصُوبہ تجویز کیا اور حضُور کی خدمت میں حاضر ہُوئے اور کہنے لگے کہ آپ جانتے ہیں کہ ہم یہُود کے احبار (علماء) ہیں اور اگر ہم آپ کا دین قبُول کرلیں تو سب یہُودی مسلمان ہو جائیں گے۔ ہم آپ کے پاس اس لیے آتے ہیں کہ ہمارا بعض لوگوں کے ساتھ کچھ تنازعہ ہے۔ ہم اس کے تصفیہ کے لیے آپ کے پاس آئیں گے۔ اگر آپ نے اس کا فیصلہ ہمارے حق میں کیا تو ہم سب مسلمان ہو جائیں گے اور ہمارے ایمان لانے سے سارے یہُودی اسلام قبول کرلیں گے۔ بہت ہی خطرناک تھی یہ سازش! اُنھیں اچھی طرح علم تھا کہ کسی کے اسلام قبول کرنے سے جو مسرّت حضورؐ کو ہوتی ہے وُہ اور کسی چیز سے نہیں ہوتی۔ وُہ عقل کے اندھے سمجھ رہے تھے کہ بشر ہی تو ہے ہمارے جال میں پھنس جائے گا لیکن حقائقِ عالم کو بے حجاب دیکھنے والا، اسرارِ کائنات کے رُخ سے ہر نقاب اُلٹ دینے والا، دینِ اسلام کا سچّا داعی یہ رشوت کب قبول کر سکتا تھا جس کی فراست نورِ خداوندی

تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ؕ

مُنہ پھیرلیں تو جان لو کہ بے شک ارادہ کرلیا ہے اللہ تعالیٰ نے کہ سزا دے انھیں ان کے بعض گناہوں کی ۱۰۸

وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ۝۴۹ اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ

اور بے شک بہت سے لوگ نافرمان ہیں تو کیا وُہ جاہلیت کے زمانہ کے فیصلے چاہتے ہیں ۱۰۹

وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝۵۰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور اللہ تعالیٰ سے بہتر کس کا حکم ہوسکتا ہے اس قوم کے نزدیک جو یقین رکھتی ہے اے ایمان

اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ ؔۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ

والو! نہ بناؤ یہود اور نصاریٰ کو (اپنا) دوست (و مددگار) وُہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست

ع ۷ / ۱۱

وقف غفران

سے روشن تھی اس سے ان کی چال کیوں کر مخفی رہ سکتی تھی۔ فابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (قرطبی) حضورؐ نے صاف انکار کردیا۔ فنزلت ھذہ الایۃ (قرطبی) تو یہ آیت نازل ہوئی۔ وُہ بیچارے ساری عمر اسی غلط فہمی کا شکار رہے کہ یہ بھی ہماری طرح بشر ہیں۔ اور ان کی نگاہیں مقام محمدیؐ کی رفعتوں کو نہ دیکھ سکیں۔ آفتابِ مصطفوی کی جلوہ سامانیوں کو نہ پاسکیں۔ آج بھی توحید کی آڑ لے کر شانِ رسالت کی عظمتوں کا انکار کرنے والے بعینہٖ یہی الفاظ دہراتے سُنائی دیتے ہیں۔ اِس یہودی ذہنیّت کو مُسلمان کہلانے والوں نے کیوں اور کیسے قبول کرلیا بڑی حیرت اور افسوس کا مقام ہے۔

۱۰۸ بار بار فہمائش کے باوجود وُہ اپنی اصلاح پر آمادہ نہیں۔ اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اس سزا کے لیے بہت بیتاب ہیں جو ایسے سرکش مجرموں کے لیے مقرر ہے۔ چنانچہ وہ وقت آیا جب مدینے کی پاک سرزمین سے ان کو جلاوطن کردیا گیا۔ کئی قتل کردیئے گئے۔ باقی جزیہ دینے پر مجبور ہوگئے۔

۱۰۹ جاہلیّت اس نظامِ حیات کو کہتے ہیں جہاں قانون سازی کا کامل اختیار خالقِ کائنات کو نہ ہو بلکہ انسانی اغراض اور خواہشات کے ہاتھ میں ہو۔ جہاں اقتدار و حکومت کی مسند پر وحی الٰہی کے بجائے انسان کا ناقص اور ناتمام علم قابض ہو۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب تم ان آسمانی کتابوں کی اطاعت کو گراں سمجھ رہے ہو جن میں ہدایت ہی ہدایت، نُور ہی نُور ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ تم دورِ جہالت کے اس ظالمانہ نظام کو اپنانا چاہتے ہو جس میں غریب و امیر، کمزور اور طاقتور، حاکم اور محکوم کے لیے الگ الگ قانون تھے۔ ذرا سوچو! اللہ تعالیٰ کے مقرر کیے ہُوئے احکام جو عین عدل و

بَعْضٍ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي

ہیں اور جس نے دوست بنایا انھیں تم میں سے سو وہ انھیں میں سے ہے ١١٠ بے شک اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥١﴾ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ

ظالم قوم کو سو آپ دیکھتے ہیں ان لوگوں کو جن کے دلوں میں (نفاق کا) مرض ہے کہ وہ دوڑ دوڑ کر جاتے ہیں

فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَاۗىِٕرَةٌ ۭ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ

یہود و نصاریٰ کی طرف۔ کہتے ہیں کہ ہم ڈرتے ہیں کہ کہیں ہم پر کوئی گردش نہ آجائے ١١١ وہ وقت دور نہیں جب اللہ تعالیٰ انھیں دیدے

انصاف اور مجسم رحم و کرم ہیں وہ بہتر ہیں یا تمہارا یہ ظالمانہ نظام جہاں خواہشاتِ نفسانی کی سروری ہے۔

١١٠ دشمنانِ دین کو اپنا ہمراز اور صلاح کار بنانے اور ان پر کامل اعتماد کرنے کی ممانعت ہو رہی ہے جس کی توضیح کئی مرتبہ پہلے گزر چکی ہے۔ مسلمانوں کی صفوں میں ابھی کئی منافق تھے جو مسلمانوں سے بھی روابط قائم رکھنا چاہتے تھے اور اس کے ساتھ یہود کی طرف بھی دلی میلان رکھتے تھے۔ اور مسلمانوں کے راز وقتاً فوقتاً ان کو بتایا کرتے تھے۔ ایسے لوگوں کی سرگرمیاں کیونکہ بہت خطرناک تھیں اس لیے مسلمانوں کو بتا دیا گیا کہ یہود و نصاریٰ کے ساتھ جو ایسے دلی تعلقات قائم کرے وہ زمرۂ مسلمین سے نہیں۔

١١١ پہلے تو یہ عام حکم دیا کہ یہود و نصاریٰ کے ساتھ ایسے گہرے یارانے نہ گانٹھو ورنہ تمہارا شمار انھیں میں سے ہوگا۔ اب منافقین کے ایک خاص گروہ کی روش کو بے نقاب کیا جا رہا ہے جو دونوں کشتیوں میں بیک وقت سوار رہنے کے لیے کوشاں تھے۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر وہ دل سے تو ایمان لائے ہوئے نہ تھے تاکہ وہ اپنی قسمت کو کلیۃً اسلام کے ساتھ وابستہ کر دیتے اور مشکلات اور نتائج کی پرواہ کیے بغیر اسلام کو غالب و منصور کرنے کے لیے اپنی جان کی بازی لگا دیتے۔ وہ تو مصلحت کے پرستار تھے۔ وہ یہ دیکھ رہے تھے کہ اسلام اور کفر میں کشمکش شروع ہے ہو سکتا ہے مسلمانوں کا پلّہ بھاری رہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ کفر کو غلبہ حاصل ہو جائے۔ ان غیر یقینی حالات میں ان کی عقل مصلحت بین کا فیصلہ یہی تھا کہ کسی ایک فریق کے ساتھ اپنی قسمت وابستہ کر دینا نادانی بلکہ دیوانگی ہے۔ اس لیے تم مسلمانوں سے بھی راہ و رسم رکھو اور کفار کے ساتھ بھی تمہارے تعلقات دوستانہ رہیں۔ اگر مسلمانوں کو شکست ہو (جس کے وہ دل سے خواہاں تھے) تو اس وقت تم بے یار و مددگار ہو کر نہ رہ جاؤ۔ ان کی اس غلط اندیشی پر انھیں سرزنش ہو رہی ہے کہ تم کس ادھیڑ بن میں ہو۔ اللہ تعالیٰ تو عنقریب اپنے دین کو فتح مبین عطا فرمانے والا ہے اور مسلمانوں کی تقویت اور دین کی اشاعت کے دوسرے وسائل بہم پہنچانے والا ہے۔ اس وقت تمہاری

بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

فتح کامل یا (ظاہر کردے کامیابی کی) کوئی بات اپنی طرف سے تو پھر ہو جائیں گے اس پر جو اُنھوں نے چھپا رکھا تھا اپنے دلوں میں

نٰدِمِيْنَ ۝۵۲ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا

نادم ۔ اور (اُس وقت) کہیں گے ایمان والے ۱۱۲ کہ کیا یہی وُہ لوگ ہیں جنھوں نے قسمیں اٹھائی تھیں

بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۭ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا

اللہ کی سخت سے سخت کہ وُہ یقیناً تمھارے ساتھ ہیں ۔ اکارت گئے ان کے اعمال اور ہو گئے وُہ (سراسر)

خٰسِرِيْنَ ۝۵۳ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ

نقصان اُٹھانے والے ۱۱۳ اَے ایمان والو! جو پھر گیا تم میں سے ۱۱۴ اپنے دین سے

یہ دوغلی پالیسی تمھارے کام نہیں آئے گی۔ دائرۃ گردشِ زمانہ کو کہتے ہیں۔ نخشٰی ان تصیبنا دائرۃ کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ جب مُسلمان ان کو ٹوکتے کہ اللہ تعالیٰ کے بار بار منع فرمانے کے باوجود تم یہُود سے قطع تعلق کیوں نہیں کرتے تو وُہ مُنافق ان کو جواب دیتے کہ یہُود بڑے متموّل اور سرمایہ دار ہیں ہم تو فقط اِس لیے ان کے ساتھ راہ و رسم رکھتے ہیں کہ مبادا کہیں قحط پڑ جائے یا کوئی اور ناگہانی مُصیبت آجائے تو اُس وقت ہم اُن سے روپیہ پیسہ یا غلّہ وغیرہ کی اِمداد لے سکیں۔ ان کی اس غلط فہمی کا ازالہ فرما دیا کہ عنقریب اللہ تعالیٰ مُسلمانوں کو غلبہ دے گا۔ دولت و ثروت مُسلمانوں کی لونڈی بنے گی۔ یہ یہُودی مہاجن اور ساہوکار یہاں سے جلاوطن کر دیئے جائیں گے۔ اس وقت حسرت و ندامت کے بغیر تمھارے لیے کوئی چارۂ کار نہ رہے گا۔ اِس لیے بہتر ہے کہ ابھی سے اِسلام کا دامن مضبُوطی سے تھام لو۔ اور اس کے دُشمنوں سے اپنے تعلّقات منقطع کر لو۔

۱۱۲ مُسلمان آپس میں کہا کرتے کہ کیا یہ وُہ لوگ ہیں جو بڑے جوش و خروش سے قسمیں کھا کر ہمیں اپنی اعانت کا یقین دلایا کرتے اور اُن کا حال یہ ہے کہ جب دیکھو کسی دُشمنِ دین کی گود میں بیٹھے اس سے سرگوشیاں کر رہے ہیں۔ یہ عجیب لوگ ہیں۔

۱۱۳ ان کی کافر دوستی اور مُسلم دُشمنی کا نتیجہ یہ نکلا کہ جو نیکیاں بظاہر اُنھوں نے کی تھیں وُہ اکارت ہو گئیں۔ اللہ تعالیٰ نے نفاق کا پردہ چاک کر کے اُنھیں رُسوا کر دیا اور قیامت کے روز اُنھیں اپنی بدنصیبی کا صحیح اِحساس ہو گا۔

۱۱۴ اِس آیتِ کریمہ میں مُخلص مُسلمانوں کو اِطمینان دلایا جا رہا ہے کہ تمھاری صفوں میں چھُپے ہُوئے مُنافق اگر اعلانیہ کُفر اختیار کر لیں تو بھی اِسلام کا چراغ روشن رہے گا۔ اُن کی جگہ اُن سے بہتر، ذہین، فہیم اور مخلص لوگ اِسلام کو قبول کریں گے اور

فَسَوْفَ يَأْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

(تو اس کی بدنصیبی) سو عنقریب لے آئے گا ١١٥ اللہ تعالیٰ ایک ایسی قوم محبت کرتا ہے اللہ ان سے ١١٦ اور وہ محبت کرتے ہیں اس سے جو نرم ہوں گے ایمانداروں کیلیے

اس کی عظمت کو چار چاند لگا دینگے۔ نیز اس آیت میں ایک بہت بڑے واقعہ کے متعلق پیشین گوئی بھی کی گئی ہے کہ بعض بدنصیب اِس دین سے برگشتہ ہو جائیں گے لیکن اللہ تعالیٰ اِسلام کو ایسے جانباز سپاہی اور جواں ہمّت مجاہد عطا فرمائے گا جو اِن مُرتدین کا قلع قمع کر کے مملکتِ اِسلامیہ کی بُنیادوں کو ایسا مضبُوط اور مستحکم بنا دیں گے کہ پھر صدیوں تک اِس میں لچک پیدا نہ ہوگی۔ چنانچہ قرآن نے جو فرمایا وُہ ہو کر رہا۔ حضور سرورِ کائنات علیہ اجمل التحیّات و احسن التسلیمات کے آخری ایّام میں اسود عنسی نے یمن میں نبوّت کا دعویٰ کر دیا لیکن فیروز دیلمی نے اس رات اس کا کام تمام کر دیا جس کی صبح کو حضورؐ اس دُنیا سے تشریف لے گئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے اُسی وقت صحابہؓ کو اس کی اِطلاع بھی دے دی جس سے صحابہؓ کو بڑی فرحت ہُوئی (بیضاوی) قبیلہ بنی حنیفہ میں مسیلمہ کذّاب نے، بنو اسد میں طلیحہ نے اپنے اپنے نبی ہونے کا اعلان کر دیا۔ حضور پُر نورؐ کے اِنتقال کے بعد حالات اور نازک ہو گئے۔ کئی قبائل نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا۔ غرضیکہ اِرتداد کی آندھی اس زور سے چلی کہ عرب کے بادیہ نشین قبائل میں سے شاذونادر ہی کوئی اپنے اِیمان کی شمع روشن رکھ سکا۔ لیکن صد آفرین حضرت صدیق کے اِیمان و یقین پر، ان کے عزم و اِستقلال اور ان کے تدبّر و فراست پر اور اُن جانباز اور سرفروش مسلمان مجاہدین پر جنھوں نے اِس تند و تیز طُوفان کا مُنہ پھیر دیا اور دو سال سے کم عرصہ میں سارے جزیرۂ عرب پر پھر توحید کا پرچم لہرانے لگ گیا۔

ف ١١٥ وُہ قوم کون تھی؟ حضرت صدّیقؓ، ان کے رُفقاء کار، ان کے لشکروں کے جانباز سپاہی، یمن کے قبائل، عرب کے دُوسرے لوگ جنھوں نے بڑی بے جگری سے اِس فتنہ کا مُقابلہ کیا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

ف ١١٦ ہر فتو اور نتھو کا کام نہیں کہ وُہ حوادثات کے مُنہ زور ریلے کے سامنے سینہ تان کر کھڑا ہو جائے اور فِتنہ و فساد کے بھڑکتے ہُوئے شعلوں میں کُود کر اُنھیں گلزارِ خلیل بنا دے۔ اِس لیے فرمایا کہ اِس نازک وقت میں اِسلام کی امداد کے لیے سر بکف نکلنے والے صرف وُہی لوگ ہوں گے جو اِن صفات سے متّصف ہوں گے وُہ اللہ کے پیارے ہوں گے اور اللہ تعالیٰ ان کا محبُوب ہوگا۔ اہلِ اِیمان کے لیے وُہ نرم، مشفق اور سراپا لُطف و عنایت ہوں گے اور کافروں کے لیے فولاد کی چٹان کی طرح سخت ؎

جس سے جگرِ لالہ میں ٹھنڈک ہو وُہ شبنم
دریاؤں کے دِل جس سے دہل جائیں وُہ طوفان

ان کی تیسری صِفت یہ ہے کہ اس والہانہ سرفروشی اور تن فراموشی کے پس پردہ کوئی مادی منفعت کارفرما نہیں ہوتی بلکہ ان کا ہر قدم اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لیے اُٹھتا ہے۔ چوتھی بات یہ ہے کہ وُہ کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے متاثر نہیں ہوتے۔

آپ نے غور فرمایا حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ اور اُن کے جانباز مجاہدوں کو قرآن کریم کن الفاظ سے خراجِ تحسین

اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۔ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ

بہت سخت ہوں گے کافروں پر جہاد کریں گے اللہ کی راہ میں اور نہ ڈریں گے

لَوْمَةَ لَآئِمٍ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ

کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے یہ (محض) ۱۱۷ اللہ کا فضل (وکرم) ہے نوازتا ہے اس سے جسے چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑی کشادہ رحمت

عَلِيْمٌ ۝۵۴ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ

والا سب کچھ جاننے والا ہے تمہارا مددگار تو صرف اللہ تعالیٰ اور اُس کا رسول (پاک) ہے ۱۱۸ اور ایمان والے ہیں جو صحیح صحیح نماز ادا

پیش کر رہا ہے۔ جس کے سپاہیوں کی یہ شان ہو، جس کے لشکری اِن اَوصافِ حمیدہ سے متّصف ہوں، جنھیں زبانِ قدرت ان پاکیزہ جملوں سے سرفراز فرما رہی ہو اُس خلیفۂ برحق کی شان کتنی رفیع اور اُس کا مقام کتنا بلند ہوگا۔ ایسے خلیفہ کی خلافت کی حقّانیت کے بارے میں کسی ایسے شخص کو تو کوئی شبہ نہیں ہو سکتا جو قرآن کو خدا کا کلام اور اپنے خدا کو علیمٌ بذات الصدور یقین کرتا ہو۔

۱۱۷ مالکِ حقیقی جسے چاہتا ہے اُسے اپنے انعامات سے سرفراز فرماتا ہے۔ اس کا فضل وکرم بے پایاں ہے۔ اس کا علم ہر چیز کو محیط ہے۔ وُہ خُوب جانتا ہے کہ کس ذرّۂ ناچیز کو اپنی رحمت سے رشکِ مہرِ درخشاں بنانا ہے۔

۱۱۸ پہلے دُشمنانِ اِسلام سے دوستی اور محبّت کرنے سے روکا گیا۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ مسلمان کس سے محبت و پیار کریں کسے اپنا ناصر اَور مددگار بنائیں۔ فرمایا تمہارا دوست اور مددگار اللہ تعالیٰ، اُس کا رسولؐ اور وُہ مومن ہیں جو نماز قائم کرتے ہیں زکوٰۃ دیتے ہیں لیکن دُنیا کو دِکھانے کے لیے نہیں بلکہ وھم راکعون یعنی نہایت خشوع وخضوع سے عبادتِ الٰہی میں مشغول و منہمک رہتے ہیں۔ رکع بمعنی خشع کثیر الاستعمال ہے مثلاً ؎

لا تُھِن الفقیر علّک ان ۔ ترکع یوماً والدھر قد رفعه

یعنی کسی فقیر کو حقارت کی نظر سے مت دیکھ۔ ہو سکتا ہے کہ تُو ذلیل ہو جائے اور زمانہ اُس کو سربلند کر دے۔ اسی طرح وارکعی مع الراکعین میں بھی رکوع سے عاجزی اور انکساری ہی مُراد ہے۔ کیونکہ یہ رکوع جو ہم نمازیں کرتے ہیں وُہ پہلی اُمتوں میں نہیں تھا۔ اِس صُورت میں یہ جُملہ حال ہوگا۔ اور نماز پڑھنے والے، زکاۃ دینے والے ایماندار ذوالحال ہوں گے بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ یہ آیت حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے حق میں نازل ہوئی ہُوا یوں کہ ایک سائل نے آکر سوال کیا۔ آپ اُس وقت حالتِ رکوع میں تھے آپ نے اپنی انگوٹھی اُتار کر اُسے دے دی بعض صاحبان نے اس آیت سے حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی خلافت بلافصل پر استدلال کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ

الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ

کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیا کرتے ہیں اور (ہر حال میں) وُہ بارگاہِ الٰہی میں جھکنے والے ہیں اور (یاد رکھو) جس نے مددگار بنایا

وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿٥٦﴾

اللہ کو اور اس کے رسُولِ کریم کو اور ایمان والوں کو (تو وُہ اللہ کے گروہ سے ہیں اور) بلاشبہ اللہ کا گروہ ہی غالب آنے والا ہے

لفظ ولی سے مُراد یہاں متصرّف فی الامُور یعنی امام اور خلیفہ ہے اور انما حصر کا کلمہ ہے تو آیت کا مطلب ہُوا کہ تمھارے اُمور میں تصرّف کرنے والا صرف اللہ تعالیٰ، اس کا رسُول پاک اور وُہ مومن ہیں جنھوں نے رکوع کی حالت میں خیرات دی ہو۔ اور یہ کام کیونکہ صرف حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ نے کیا اس حصر کے پیشِ نظر صرف آپ ہی خلیفہ ہو سکتے ہیں اور کوئی نہیں ہو سکتا۔ لیکن ان کا یہ استدلال کئی وجُوہ سے توجّہ کے لائق نہیں۔ ایک تو اس لیے کہ ولی کا معنی یہاں متصرّف فی الامُور (خلیفہ اور امام) نہیں بلکہ ناصر اور مددگار ہے۔ کیونکہ بعینہٖ یہی لفظ اس آیت میں مذکور ہے۔ یاایھا الذین آمنوا لاتتخذوا الیھود والنصاریٰ اولیاء (اے ایمان والو! یہُود و نصاریٰ کو ولی نہ بناؤ) اور یہ واضح ہے کہ کوئی بھی انھیں خلیفہ نہیں بناتا تھا بلکہ بعض مُنافق انھیں اپنا ناصر اور مددگار سمجھتے تھے۔ اس آیت کے بعد والی آیت میں بھی ولی بمعنی ناصر ہے۔ تو جس چیز کی نفی ہو رہی ہے اسی کا ہی اثبات ہو رہا ہے یعنی یہُودی وغیرہ تمھارے دوست نہیں بلکہ اللہ اور اس کا رسول اور مومن تمھارے دوست ہیں۔ دُوسری عرض یہ ہے کہ ولایت عامہ اور خلافت کبریٰ اگر صرف ان لوگوں میں ہی محصُور ہو جن میں وھم راکعون کی صفت پائی جاتی ہو تو پھر حضرت امام حسن رضی اور امام حسین رضی بلکہ جُملہ گیارہ ائمہ اہلِ بیت کی امامت کا ان صاحبان کو بھی انکار کرنا پڑے گا کیونکہ ان میں سے کسی نے حالتِ رکوع میں زکوٰۃ نہیں دی۔ اور امام صرف وُہی ہو سکتا ہے جو حالتِ رکوع میں زکوٰۃ دے اس لیے ان کے اپنے قائم کردہ قاعدہ کے مُطابق ان حضرات میں سے کوئی بھی امام نہیں ہوگا اور شاید اس بات کے لیے تو وُہ بھی تیار نہ ہوں۔ تیسری کھُلی وجہ یہ ہے کہ اگر یہ آیت حضرت سیّدنا علی رضی کی امامت بلافصل کی دلیل ہوتی تو آنحضرت صلی اسے ضرور پیش فرماتے۔ اور ان وجُوہات کے پیشِ نظر ان صاحبان کا استدلال قابلِ التفات نہیں۔

نیز یہ روایت بھی توجہ طلب ہے۔ نماز میں سائل کے سوال کی طرف توجّہ کرنا، پھر ایک ہاتھ کی انگلی میں جو انگوٹھی ہے اُس کو دُوسرے ہاتھ سے اُتارنا، پھر ہاتھ بڑھا کر سائل کو دینا یہ عمل کثیر اور توجہ الی الغیر حضرت علی مرتضیٰ رضی کی شان سے بہت بعید ہے جن کی حالت استغراق کا یہ عالم ہوتا تھا کہ نماز ادا کرتے ہوئے دُنیا و مافیہا بلکہ اپنے جسم تک کی خبر نہ رہتی تھی۔ ایک بار جناب کے جسم کو چیر کر تیر نکالا گیا لیکن نہ آپ کو درد ہُوا اور نہ تیر نکالنے کا علم ہُوا۔ ایسی محویّت سے نماز ادا کرنے والا حالتِ نماز میں کسی غیر کی طرف متوجہ ہو یہ کیسے ممکن ہے۔

نیز یہ امر بھی قابلِ غور ہے کہ وُہ انگوٹھی سونے کی تو ہرگز نہ تھی کیونکہ سونا مردوں پر حرام ہے یقیناً چاندی کی ہوگی زیادہ

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّ

اے ایمان والو! ۱۱۹ مت بناؤ اُن لوگوں کو جنھوں نے بنا رکھا ہے تمھارے دین کو ہنسی اور

لَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ الْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ

کھیل اُن سے جنھیں دی گئی کتاب تم سے پہلے اور کفّار سے (اپنے) دوست

وَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ وَ اِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ

اور ڈرتے رہو اللہ تعالیٰ سے اگر ہو تم ایمان دار اور جب تم بُلاتے ہو نماز کی طرف (یعنی اذان دیتے ہو)

اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّ لَعِبًا ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۵۸﴾ قُلْ

تو وُہ بناتے ہیں اسے مذاق اور تماشہ ۱۲۰ یہ (حماقت) اِس لیے ہے کہ وُہ ایسی قوم ہیں جو کچھ نہیں سمجھتے آپ فرمائیے

سے زیادہ اس کا وزن ایک تولہ ہوگا جس کی قیمت اس وقت ایک روپیہ سے بھی کم تھی۔ اگر ایک روپیہ صدقہ کرنے سے خلافت کا حق ثابت ہوجاتا ہے تو جنھوں نے ہزاروں اشرفیاں ایک بار ہی نہیں کئی کئی بار بارگاہِ رسالت ﷺ میں پیش کیں اور جب بھی اِسلام کے لیے ضرُورت پڑی سونے اور چاندی کے سکّوں سے بھری ہوئی جھولیاں قدموں میں لاکر ڈھیر کر دیں اُن کی خلافت کا کیسے اِنکار کیا جاسکتا ہے۔

۱۱۹ یہُود اِسلامی عبادات کا مذاق اُڑایا کرتے تھے اور کفّار کا تو مشغلہ ہی یہ تھا کہ اِسلام کی ہر چیز سے تمسخر کیا کرتے اللہ تعالیٰ مُسلمانوں کو ایسے لوگوں سے محبّت و دوستی کے تعلّقات قائم کرنے سے منع فرماتے ہیں کہ وُہ دین کا مذاق اُڑائیں اور آپ اُن سے دوستی رکھیں۔ ایسے کُفر نواز اِسلام کی اللہ کو ضرورت نہیں۔

۱۲۰ اذان کے متعلق یہُود کہا کرتے کہ یہ کیا نئی رسم نکالی ہے جس کا پہلے دینوں میں نام ونشان تک نہیں۔ یہ شور وغُل ناقابلِ برداشت ہے۔ بجائے اِس کے کہ اپنے گھنٹوں اور ناقوسوں کی بے معنی چیخ و پکار کے مقابلہ میں اذان کے پیارے پیارے اور معنی خیز جملوں کی قدر کرتے وُہ اُلٹا تمسخر اُڑاتے۔ یہ اُن کی حماقت اور نادانی نہیں تو اور کیا ہے۔ علّامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ مدینہ میں ایک عیسائی تھا جب مؤذّن اشھد ان محمدا رسول اللہ کے دلنواز الفاظ کہتا تو وُہ بدبخت کہا کرتا حرق الکاذب کہ جھوٹا جلایا جائے۔ چنانچہ ایک رات وُہ سو رہا تھا کہ اس کے گھر میں آگ لگ گئی جس میں وُہ اور سارا کُنبہ جل کر راکھ ہوگیا۔ گویا اس کو جلاکر اللہ تعالیٰ نے یہ بتا دیا کہ جھوٹا کون ہے۔

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ

اے اہل کتاب! تم کیا ناپسند کرتے ہو ۱۲۱ہم سے بجز اس کے کہ ہم ایمان لائے اللہ کے ساتھ اور جو اُتارا گیا

اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ قُلْ هَلْ

ہماری طرف اور جو اُتارا گیا اس سے پہلے اور بلاشبہ بہت سے تم میں سے فاسق ہیں آپ (انھیں) فرمائیے کیا

اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَ

میں آگاہ کروں تمھیں کہ کون بُرا ہے ان سے ۱۲۲باعتبار جزاء کے اللہ کے نزدیک وہ لوگ (بُرے ہیں) جن پر لعنت کی اللہ نے اور

غَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ

غضب فرمایا ان پر اور بنایا ان میں سے بعض کو بندر اور بعض کو سؤر اور (وہ بُرے ہیں) جنھوں نے پُوجا کی شیطان کی

۱۲۱ نقم کہتے ہیں ناپسند کرنے ہکرُوہ ومعیوب سمجھنے کو اور انتقم کا معنی بدلہ لینا، انتقام لینا ہے۔ یقال نقم منه کذا اذا انکره وانتقم اذا کافاه (بیضاوی) حکم ہو رہا ہے کہ یہود سے دریافت کرو کہ تم ہم سے ناراض اور کھچے کھچے کیوں رہتے ہو۔ چور ہم نہیں۔ جھُوٹ ہم نہیں بولتے۔ کسی پر ظلم و تعدّی ہم نہیں کرتے۔ کسی کے دین کی توہین کرنا ہمارا شیوہ نہیں۔ پھر اس غصّہ وغضب کی آخر کیا وجہ ہے؟ ہاں ہم میں ایک چیز ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کو واحد و یکتا سمجھتے ہیں، اس کی جو کتاب ہم پر نازل ہوئی یا جو کتابیں ہم سے پہلے انبیاء سابقین پر نازل ہوئیں ان سب پر ایمان لائے ہوئے ہیں شاید اس وجہ سے تم ہمیں بُرا سمجھتے ہو۔ اگر یہی وجہ ہے اس بغض وعناد کی تو پھر خود ہی انصاف کرو خطا کس کی ہے ہماری یا تمھاری؟

۱۲۲ چند یہودی جن میں ابُو یاسر بن اخطب اور رافع بن ابی رافع بھی تھے بارگاہِ نبوّت میں حاضر ہُوئے اور پُوچھنے لگے کہ آپ کن کن رسُولوں کو مانتے ہیں۔ حضُورؐ نے جواب میں یہ آیت مبارک پڑھی نؤمن باللہ وما انزل الینا الی قوله تعالیٰ ونحن له مسلمون ان انبیاء کے اسماء میں جب حضرت عیسٰی علیہ السّلام کا نام لیا گیا تو یہودیوں نے ان کی نبوّت کا انکار کرتے ہُوئے کہا واللہ لانعلم دینا شرا من دینکم، بخدا ہم تمھارے دین سے بُرا کوئی اور دین نہیں جانتے۔ ان کے جواب میں یہ آیتیں نازل ہوئیں اور انھیں بتا دیا گیا کہ بُرے اور شریر وہ ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے اپنی درگاہِ رحمت سے دُور کر دیا، جن پر اس کا غضب ہوا اور جن کو ان کی بدکرداریوں کی پاداش میں مسخ کر کے بندر اور خنزیر بنا دیا گیا۔ اور جنھوں نے شیطان کی بندگی کا پھندا اپنے گلے میں ڈال رکھا ہے۔ اے یہود! اگر اپنے اعمال کے آئینے میں غور سے دیکھنے کی تم نے زحمت اُٹھائی تو تم پر عیاں ہو جائے گا کہ چشم بد دُور! وہ آپ ہی ہیں۔

أُولَٰئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَأَضَلُّ عَن سَوَاءِ السَّبِيلِ ﴿٦٠﴾ وَإِذَا جَاءُوكُمْ

وُہی لوگ بدترین ہیں بلحاظ درجہ کے اور دُوسروں سے زیادہ بھٹکنے والے ہیں راہِ راست سے اور جب آتے ہیں تمھارے

قَالُوا آمَنَّا وَقَد دَّخَلُوا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوا بِهِ ۚ وَاللَّهُ أَعْلَمُ

پاس تو کہتے ہیں ہم ایمان لاچکے حالانکہ وُہ (یہاں) داخل بھی ہوئے کفر کے ساتھ اور وُہ نکلے بھی کفر کے ساتھ اور اللہ تعالیٰ خوب

بِمَا كَانُوا يَكْتُمُونَ ﴿٦١﴾ وَتَرَىٰ كَثِيرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُونَ فِي الْإِثْمِ

جانتا ہے جسے وُہ چھپا رہے تھے اور آپ دیکھتے ہیں بہتوں کو ان میں سے کہ بڑے تیز رفتار ہیں گناہ

وَالْعُدْوَانِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٦٢﴾ لَوْلَا

اور زیادتی کرنے میں ۱۲۳ اور حرام خوری میں بے شک یہ بہت ہی بُرے کام کرتے رہے ہیں کیوں نہیں

يَنْهَاهُمُ الرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْإِثْمَ وَأَكْلِهِمُ

منع کرتے انھیں ۱۲۴ ان کے مشائخ اور علماء گناہ کی بات کہنے سے اور حرام کھانے

۱۲۳ یہ آیت مُنافقینِ یہود کے بارے میں نازل ہُوئی۔ اثم: گناہ۔ عدوان: سرکشی بعض عُلماء نے ان دونوں میں یہ فرق کیا ہے کہ اثم اس گناہ کو کہتے ہیں جو انسان کی اپنی ذات تک محدُود ہو اور عدوان اس کو جس کا ضرر دُوسروں تک پہنچے (بیضاوی)

۱۲۴ علامہ بیضاویؒ لکھتے ہیں کہ لولا اگر ماضی پر داخل ہو تو زجر و توبیخ کے لیے ہوتا ہے یعنی اُنھوں نے کیوں ایسا نہ کیا۔ کیوں اپنے فرض کی ادائیگی میں غفلت اور کوتاہی کی۔ اور اگر مضارع پر داخل ہو تو کسی کام پر برانگیخت کرنے اور اُکسانے کے لیے ہوتا ہے۔ یہاں مضارع پر داخل ہے اور مقصد یہ ہے کہ اہلِ کتاب کے عُلماء اپنا فرضِ منصبی ادا کرنے کے لیے اُٹھ کھڑے ہوں۔ لوگوں کو حرام کاری اور حرام خوری سے منع کرنے کے لیے کمربستہ ہو جائیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا ھی اشد آیۃ فی القران (کشاف) یہ قرآن کریم کی سخت ترین آیت ہے۔ اور ضحاک کہتے ہیں ما فی القران اخوف عندی منھا (کشاف) میرے نزدیک قرآن میں اس سے زیادہ خوف دلانے والی کوئی آیت نہیں اس میں علماء اسلام کو بھی امر بالمعرُوف اور نہی عن المنکر کی تاکید بلیغ ہے۔ علامہ قرطبی نے ایک روایت نقل کی ہے کہ ایک فرشتہ کو حکم دیا گیا کہ فلاں گاؤں کو برباد کردو۔ اس نے عرض کی کہ اس میں تو فلاں عبادت گزار رہتا ہے حکم ہُوا کہ ہلاکت کی

السُّحْتَ ۭ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ

سے ۔ بے شک بہت بُرے ہیں وُہ کرتوت جو وُہ کیا کرتے تھے ۔ اور کہا ۱۲۵ یہُودنے کہ اللہ کا ہاتھ

مَغْلُوْلَةٌ ۭ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ

جکڑا ہوا ہے ۔ جکڑے جائیں ان کے ہاتھ اور پھٹکار ہو ان پر بوجہ اِس گستاخانہ قول کے ۱۲۶ بلکہ اس کے تو دونوں ہاتھ کُھلے

يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَاۗءُ ۭ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

ہوئے ہیں خرچ کرتا ہے جیسے چاہتا ہے ۱۲۷ اور ضرور بڑھا دے گا اکثر کو ان میں سے جو نازل کیا گیا آپ کی طرف

اِبتدا اسی سے کرو۔ کیونکہ اس کی آنکھوں کے سامنے شریعت کے احکام کی خلاف ورزیاں ہوتی رہیں اور کبھی اس کے چہرے کا رنگ تک بھی میلا نہ ہوا۔

۱۲۵ پہلے تو یہ بتایا کہ یہُود اسلامی عبادات، اذان وغیرہ کا مذاق اُڑاتے ہیں۔ اِس آیت میں یہ بتایا کہ اب ان کی بیباکی اور جسارت کا یہ عالم ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ عزّت وجلال میں بھی گُستاخانہ کلمات زبان پر لانے سے نہیں شرماتے۔ جب یہُود نے حضُور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم اور حضور کے غلاموں کو دیکھا کہ زندگی فقر وفاقہ سے کٹ رہی ہے افلاس وتنگ دستی کا دور دورہ ہے اور قرآن کی یہ آیت بھی اُنھوں نے سُنی من یقرض اللہ قرضا حسنا تو بڑی بے حیائی سے کہنے لگے کہ محمدّ (صلی اللہ علیہ وسلّم) کا خدُا فقیر ہے اور بخیل ہے۔ اسی لیے تو مُسلمان بھُوکے مر رہے ہیں اگر اس کے پاس کچھ ہوتا یا وُہ سخی ہوتا تو مسلمانوں کا افلاس اور غربت کے مارے یہ حال ہوتا!

۱۲۶ شدّتِ غضب وناراضگی سے بطور بددُعا انھیں کہا جا رہا ہے کہ تمھارے ہاتھوں میں بیڑیاں لگیں اور اس گُستاخی اور بدزبانی کی پھٹکار تم پر پڑے۔ زمین وآسمان کے مالک کے خزانے بھی کبھی ختم ہو سکتے ہیں اور اس کا دستِ جُود وسخا بھی کبھی بند ہو سکتا ہے۔ معاذ اللہ۔

۱۲۷ بلکہ اس کے ہاتھ تو کُشادہ ہیں اور مصرُوفِ جُود وسخا ہیں۔ جب چاہتا ہے، جتنا چاہتا ہے اور جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔ وُہ کسی کی اِجازت کا محتاج نہیں۔ یہُود نے اور ساری دُنیا نے دیکھا کہ اس کا ابرِ کرم اُس کے محبُوب پر اور اس کے طفیل اُس کے غلاموں پر جب برسا تو ساری کائنات میں فصلِ بہار آگئی۔ جہاں جہالت ووحشت کے اندھیرے خیمہ زن تھے وہاں عِلم وعرفان کے چراغ روشن ہوگئے۔ چند سال بھی نہ گزرنے پائے تھے کہ قیصر وکسریٰ کے خزانے ان فقیروں کی مسجدوں میں بانٹے جانے لگے۔ یہ کس کی ذرّہ پروری تھی۔ یہ کس کی بےکس نوازی تھی؟ اللہ تعالیٰ زمین وآسمان، عرش وفرش کے خالق ومالک کی۔ اور کس کے طفیل؟ اس کے طفیل جس کو ردائے رحمۃ للعٰلمین اوڑھائی گئی تھی۔ جس کے

مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ

آپ کے ربّ سے سرکشی اور انکار میں ۔ اور ہم نے ڈال دی ہے ان میں ۱۲۸؎ دُشمنی اور بغض

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ

روزِ قیامت تک جب کبھی وُہ بھڑکاتے ہیں آگ لڑائی کی بجھا دیتا ہے اُسے اللہ تعالیٰ ۱۲۹؎

وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۴﴾

اور یہ کوشش کرتے ہیں زمین میں فساد برپا کرنے کی ۔ اور اللہ تعالیٰ نہیں پسند کرتا فسادیوں کو

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ

اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے اور پرہیزگار بنتے تو ہم ضرور دُور کر دیتے ان سے ان کی بُرائیاں

ہر وقت سجدۂ نیاز و بندگی میں جُھکے ہُوئے سر پر محبوبیت کا تاج رکھا گیا تھا۔ اور جس کے قلبِ منوّر کو اس کتابِ مُبین کا حامل بنا دیا گیا جس کے ہر لفظ میں علم و حکمت کے سمندر موجیں مار رہے ہیں ؎

اُمّئے بُود کہ ما از اثرِ حکمتِ اُو — واقف از سرِّ نہاں خانہ تقدیر شُدیم

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وسلم کما یحب ربنا ویرضی ۔

عربی محاورہ میں بخیل کو مغلول الید اور سخی کو باسط الید کہا جاتا ہے۔ اور اسی معنی میں یہ الفاظ یہاں مستعمل ہُوئے ہیں۔

۱۲۸؎ ہدایت قبول کرنے سے انکار اور گمراہی سے چمٹے رہنے پر اصرار کا یہ طبعی نتیجہ تھا کہ ان میں اتفاق و محبت کی جگہ چاقی اور عداوت رُونما ہو جائے۔ چنانچہ مذہبی طور پر بھی وُہ اَن گنت فرقوں میں تقسیم ہو گئے اور ایک دُوسرے کی تکفیر اور تضلیل میں لگ گئے۔ اور سیاسی طور پر بھی ایک دُوسرے کے دُشمن اور ایک دُوسرے کے خُون کے پیاسے بن گئے۔

۱۲۹؎ اور جب کبھی بھی انھوں نے اسلام اور نبی اسلام کے خلاف فتنہ و فساد کی آگ بھڑکانے کی کوشش کی ناکام ہوئے اور ہمیشہ اسلام کو ہی غلبہ نصیب ہوا۔ بعض مفسّرین نے کلّما (ہر بار) کو زمانۂ نبوّت کے ساتھ مخصوص نہیں کیا۔ بلکہ اس کو ان کی ساری تاریخ سے متعلق کیا ہے۔ جب کبھی انھوں نے کچھ ہوش سنبھالا اور آمادۂ فساد ہُوئے تو ہر بار اللہ تعالیٰ نے ان پر ایسا جابر اور قاہر دُشمن مسلّط کیا جس نے ان کو پیس کر رکھ دیا۔ چنانچہ پہلے بخت نصر نے ان کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ پھر جب کچھ سنبھلے اور شرارتیں شروع کیں تو فطرس (پطرس) رُومی نے آکر ان کی سرکوبی کی۔ کچھ عرصہ گزرنے کے بعد جب کچھ شوکت و قوّت حاصل کی اور دنگا فساد شروع کر دیا تو مجوس نے آکر کچومر نکال دیا۔ یہاں تک کہ اسلام نے آکر ہمیشہ کے لیے

وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ

اور ہم ضرور داخل کرتے انھیں نعمت کے باغوں میں اور اگر وہ ۱۳۰؎ قائم کرتے تورات

وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ

اور انجیل کو (اپنے عمل سے) اور جو نازل کیا گیا ان کی طرف ان کے رب کی جانب سے (تو فراخ رزق دیا جاتا انھیں حتیٰ کہ) وہ کھاتے

وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ۭ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۭ وَكَثِيْرٌ

اُوپر سے بھی اور نیچے سے بھی ۱۳۱؎ ان میں ایک جماعت اعتدال پسند بھی ہے ۱۳۲؎ اور اکثر

ان کی خوابوں کی دُنیا پریشان کردی اور اُن کی جھوٹی اُمیدوں کے چراغ گُل کردیئے (قرطبی و بیضاوی)

۱۳۰؎ تورات اور انجیل کو قائم کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ان کے احکام کے مُطابق عمل کیا جائے اور اپنی خواہشات کے مُطابق ان میں ردّوبدل کرکے ان کو بگاڑ نہ دیا جائے۔ اقامة التوراة والانجيل العمل بمقتضاهما وعدم تحريفهما۔

۱۳۱؎ اظہارِ مبالغہ کے لیے ہے یعنی تورات وانجیل کی اتباع کی برکت سے انھیں کشادہ، حلال اور پاکیزہ روزی دی جاتی اسی طرح دُوسری آیت ہے۔ ولو ان اهل القرى آمنوا واتقوا لفتحنا عليهم بركات من السماء والارض؛ اگر ان گاؤں کے رہنے والے ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ان پر آسمان وزمین کی برکتوں کے دروازے کھول دیتے۔ اور اس کا یہ مفہُوم بھی ہوسکتا ہے کہ ہم آسمان سے ان کے قلب و رُوح کے لیے رحمتوں اور برکتوں کی غذا نازل کرتے اور ان کے جسم کے لیے زمین میں چھپے ہُوئے رزق کے خزانوں کے منہ کھول دیتے۔ کیونکہ انسان کو جس طرح جسمانی خوراک کی ضرورت ہے اسی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ رُوحانی غذا کی ضرورت ہے۔ اس آیت سے یہ بھی واضح ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ کے احکام کی پیروی سے فقر و تنگ دستی نہیں بلکہ فراخی اور وُسعت ہوتی ہے ومن يتق الله يجعل له مخرجا ويرزقه من حيث لا يحتسب۔ جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لیے نجات کی راہ بنا دیتا ہے اور اسے ایسے ذرائع سے رزق دیتا ہے جن کا اسے وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔

۱۳۲؎ سب ایک جیسے نہیں۔ بلکہ ان میں ایک ایسی جماعت بھی ہے جو اعتدال و انصاف سے کام لیتی ہے اور قرآن کو اللہ تعالیٰ کی کتاب سمجھ کر اس پر ایمان بھی لے آتی ہے۔

مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

ان میں سے بہت بُرا ہے جو کر رہے ہیں ۔ اے رسولؐ! ۱۳۳ پہنچا دیجئے جو اُتارا گیا ہے آپ کی طرف

ع ۹ / ۱۳

۱۳۳؂ جس قوم کی اِصلاح اور ہدایت کے لیے سیّدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کو مبعوث فرمایا گیا ان کی کوئی بات بھی تو درست نہ تھی۔ سیاسی طور پر وُہ بدنظمی اور اِنتشار کا شکار تھے۔ معاشی طور پر ان کی بدحالی کی مثال نہ تھی۔ اِخلاقی لحاظ سے ان کے ہاں گنگا ہی اُلٹی بہہ رہی تھی۔ شراب نوشی، جوّا بازی اور بدکاری، سرداری اور دولت مندی کی علامات تھیں۔ ظلم و قتل کو شجاعت، معصوم بچّیوں کو زندہ درگور کرنے کو تقاضائے حمیّت و غیرت اور اسراف و فضول خرچی کو سخاوت کہا نہیں جاتا تھا بلکہ یقین کیا جاتا تھا۔ دینی لحاظ سے تو اِتنا کہہ دینا ہی کافی ہے کہ وُہ گھر جو اللہ وحدہٗ لاشریک کی عبادت کے لیے تعمیر کیا گیا تھا وہاں تین سو ساٹھ بتوں کی پُوجا ہو رہی تھی۔ اور یہ ان کا دین تھا۔ ان کا عقیدہ تھا۔ انھیں اس پر کامل یقین بھی تھا اور اس سے والہانہ محبّت بھی تھی۔ اب جو ہستی ایک ہمہ گیر اِنقلاب کی داعی بن کر آئی تھی اور جسے زندگی کے ہر شعبہ میں ہر خرابی کی اِصلاح کے لیے مقرر فرمایا گیا تھا۔ اس کا فرض تھا کہ سیاسی اِنتشار کے جو محرّکات تھے ان پر بھی ضربِ کاری لگائے۔ وُہ عناصر جن کی دھاندلیاں وہاں کی معاشی زندگی کو درہم برہم کر رہی تھیں ان کے منہ میں بھی لگام دے۔ وُہ خبیث عادتیں اور وحشیانہ افعال جن پر اخلاقِ عالیہ کے دِلکش غلاف چڑھے ہوئے تھے ان کو بھی بے نقاب کرے اور اخلاق فاضلہ کا صحیح مفہوم بھی ان کے ذہن نشین کرائے اور ان کی عقیدت کے صنم کدوں میں جتنے بُت تھے پتھر کے، تانبے کے، پیتل کے، اپنی خواہشات کے، اپنے نفس کے، ذاتی اور قبائلی عصبیتوں کے ان سارے بُتوں کو اِلَّا اللہ کی ضرب سے ریزہ ریزہ کرے۔ اِس کارِ عظیم کے لیے قدرت کی نظرِ انتخاب پڑی تو اس پر جس کا کوئی بھائی نہیں، جس کے سر پر باپ اور دادا کا سایہ نہیں۔ دولت نہیں۔ خُدّام نہیں۔ اُس کے پاس صرف اللہ کا نام ہے۔ یہی اس کی ساری قوتوں کا سرچشمہ ہے اور یہی اس کی ساری توانائیوں کا منبع ہے۔ اس نازک اور مشکل ترین خدمت کے لیے اسے متعیّن فرما کر اس کا رب اسے فرماتا ہے کہ آپ رسُول بنا کر بھیجے گئے ہیں اور رسُول کا کام یہ ہے کہ اپنے بھیجنے والے کا پیغام بے خوف و خطر کسی ردّوبدل کے بغیر پہنچا دے۔ اِس لیے اپنے منصبِ رسالت کا پاس رکھتے ہوئے اپنے ربِ کریم کا جو حکم آپ کو ملے اس کو اس کی مخلوق تک پہنچا دو۔ اور اگر کسی حکم کے پہنچانے میں پس و پیش کیا تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ نے اپنا فرضِ منصبی پُورا کرنے میں غفلت برتی ہے اور اس کا ذرا حق ادا نہیں کیا۔ باقی رہی دُشمنوں کی قوّت، کفّار کے حملے، منافقین کی سازشیں اور یہود وغیرہ کی ریشہ دوانیاں تو سُن لو اللہ تعالیٰ خود آپ کا نگہبان ہے۔ کوئی آپ کو گزند نہیں پہنچا سکتا۔ اب آپ خود غور کیجئے کہ اس صریح اور پُر جلال حکم کے بعد کوئی یہ باور کر سکتا ہے کہ حضورؐ نے اللہ تعالیٰ کے کسی حکم کو کسی کی پاسداری کے لیے یا کسی کے خوف سے چھپایا ہو۔ مولانا عثمانی کے یہ الفاظ بڑے معنی خیز ہیں۔ آپ لکھتے ہیں :-

"نوعِ انسانی کے عوام و خواص میں سے جو بات جس طبقہ کے لائق اور جس کی استعداد کے مُطابق تھی آپؐ نے

مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسٰلَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ

آپ کے پروردگار کی جانب سے۔ اور اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو نہیں پہنچایا آپ نے اللہ تعالیٰ کا پیغام اور اللہ تعالیٰ بچائے گا آپ کو

مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝٦٧ قُلْ يٰٓاَهْلَ

لوگوں (کے شر) سے یقیناً اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا کافروں کی قوم کو آپ فرمایئے اے

الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَ

اہل کتاب! نہیں ہو تم کسی چیز پر (ہدایت سے) یہاں تک کہ (عمل سے) قائم کرو تورات اور انجیل کو اور

مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

جو اُتارا گیا تمہاری طرف تمہارے رب کی جانب سے اور ضرور بڑھا دے گا ۱۳۴ اکثر کو ان میں سے جو نازل کیا گیا آپ کی

مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝٦٨ اِنَّ

طرف آپ کے رب کی جانب سے سرکشی اور انکار میں پس آپ نہ افسوس کریں ۱۳۵ قوم کفار پر بے شک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى مَنْ

جو لوگ ایمان لائے ۱۳۶ اور جو یہودی بنے اور صابی اور نصرانی جو بھی (ان میں سے)

بلا کم و کاست اور بے خوف و خطر پہنچا کر خدا کی حجت بندوں پر تمام کر دی۔"

۱۳۴ یعنی جوں جوں آیاتِ قرآنی کا نزول ہوتا ہے ان کا غیظ و غضب بڑھتا جاتا ہے اور ان کے کفر و سرکشی میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔

۱۳۵ اطمینان دلایا جا رہا ہے کہ اے میرے حبیب! آپ کا دل کیوں رنجیدہ ہو۔ اگر یہ گمراہی پر جمے ہوئے ہیں تو جمے رہیں اپنے کیے کی سزا پائیں گے۔ اسی یاسی اسیً اذا حزن (قرطبی)

۱۳۶ اس آیت کی وضاحت سورہ بقرہ کی آیت نمبر ۶۲ میں گزر چکی ہے۔ اور ایمان باللہ سے مراد اس کی ذات، اس کی صفاتِ کمال، اس کی نازل کی ہوئی کتابوں اور اس کے بھیجے ہوئے رسولوں پر ایمان لانا ہے۔ کیونکہ جو کوئی کسی رسول پر ایمان نہیں لاتا وہ گویا اس کے بھیجنے والے کا انکار کر رہا ہے۔ جو شخص کسی بادشاہ کو اپنا بادشاہ تسلیم کرتا ہے لیکن اس کے

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ

ایمان لایا اللہ پر اور روزِ قیامت پر اور نیک عمل کیے تو نہ کوئی خوف ہے ان پر اور

لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَاۤ

نہ وُہ غمگین ہوں گے بے شک ہم نے لیا تھا پختہ وعدہ بنی اسرائیل سے اور ہم نے بھیجے تھے

اِلَيْهِمْ رُسُلًا ۭ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰۤى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا

ان کی طرف رسول جب کبھی آیا اُن کے پاس کوئی رسول وُہ حکم لے کر جسے ناپسند کیا ان کے نفسوں نے ۱۳۷ے

كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَحَسِبُوْۤا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا

تو (انبیاء کے) ایک گروہ کو تو انھوں نے جھٹلایا اور ایک گروہ کو قتل کر دیا اور یہ فرض کر لیا کہ نہیں ہوگا (انھیں) عذاب ۱۳۸ے تو اندھے

وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ۭ

بن گئے اور بہرے بن گئے ۱۳۹ے پھر نظرِ رحمت فرمائی اللہ تعالیٰ نے ان پر ۱۴۰ے پھر وُہ اندھے بن گئے اور بہرے بن گئے بہت ان میں سے ۱۴۱ے

مقرر کیے ہوئے حکام کا انکار کرتا ہے وُہ یقیناً اس بادشاہ کے حکم کے خلاف عَلَمِ بغاوت بلند کر رہا ہے۔ اِس لیے کوئی اِس غلط فہمی میں مبتلا نہ رہے کہ رسُولوں پر ایمان لائے بغیر بھی نجات ممکن ہے۔

۱۳۷ے جب کسی اللہ کے نبی نے بنی اسرائیل کو ان کی عہد شکنیوں اور غلط کاریوں پر ملامت کی اور انھیں کوئی ایسی بات کہی جو اُن کی طبیعتوں پر ناگوار گزری تو وُہ بپھر گئے۔ نبوّت کے احترام کو بالائے طاق رکھ دیا اور انبیاء کی برملا تکذیب شروع کر دی اور زبانی انکار پر ہی اکتفا نہ کیا بلکہ بعض انبیاء کو قتل کر دیا۔ (اِن تمام امُور کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے)

۱۳۸ے فتنہ سے مُراد آزمائش اور ابتلاء ہے۔ یعنی وُہ یہ گمان کیے ہوئے تھے کہ ہم انبیاء کی جو ہتک کر رہے ہیں اور بعض کو شہید کر دیا ہے اِس کے متعلق ہم سے باز پُرس نہ ہوگی اور ہمیں آزمائش میں مبتلاء نہ کیا جائے گا۔ چنانچہ علّامہ قرطبیؒ نے یہی لکھا ہے۔ ابتلاء واختبار بالشدائد لیکن علّامہ زمخشری اور بیضاوی نے فتنہ کا معنی عذاب کیا ہے یعنی وُہ اِس غلط فہمی میں مبتلا ہو گئے تھے کہ کیونکہ وُہ اللہ تعالیٰ کے فرزند اور چہیتے ہیں اِس لیے وُہ خواہ کچھ کرتے رہیں انھیں عذاب ہرگز نہیں ہوگا۔ فتنہ بمعنی عذاب قرآن میں اور جگہ بھی آیا ہے مثلاً ذوقوا فتنتکم ای عذابکم۔

۱۳۹ے یعنی ہر طرح کی گرفت اور باز پُرس سے بالکل مطمئن ہو کر ہدایت کا نُور دیکھنے سے اور حق کا پیغام سننے سے اپنی آنکھیں

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ دیکھ رہا ہے جو وہ کرتے ہیں بے شک کافر ہو گئے وہ جنھوں نے (یہ) کہا کہ اللہ ۱۴۲

الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا

مسیح بن مریم ہی تو ہے حالانکہ کہا تھا خود مسیح نے اے بنی اسرائیل! عبادت کرو

اللّٰهَ رَبِّىْ وَرَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ

اللہ کی جو میرا بھی رب ہے اور تمھارا بھی رب ہے یقیناً جو بھی شریک بنائے گا اللہ کے ساتھ تو حرام کر دی ہے اللہ تعالیٰ نے

اور کان بند کر کے اندھے اور بہرے بن کر رہ گئے

۱۴۰ے اس سے مراد حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی بعثت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص مہربانی سے ان مدہوشوں کو ہوشیار کرنے کے لیے اپنا رسول بھیجا پھر بھی گنتی کے چند لوگوں کے سوا یہ اندھے اور بہرے ہی بنے رہے۔

۱۴۱ے یہاں ایک چیز حل طلب ہے۔ نحو کا قاعدہ ہے کہ فاعل ظاہر ہو تو خواہ وہ جمع ہی کیوں نہ ہو فعل واحد ذکر کیا جاتا ہے یہاں "کثیر" فاعل ظاہر ہے۔ اس کے باوجود عموا اور صموا فعل جمع کیوں ذکر کیا گیا اس کا ایک جواب یہ ہے کہ "کثیر" فاعل نہیں بلکہ "واو" علامت جمع اور ضمیر فاعل ہے اور کثیر اس کا بدل ہے۔ فارتفع کثیر علی البدل من الواو (قرطبی) دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ عرب کی ایک لغت میں ایسے موقع پر بھی فعل کا جمع کا صیغہ مستعمل ہوتا رہتا ہے جیسے اکلونی البراغیث یا جیسے فرزدق کا شعر ہے ؎

ولکن دیافیٌّ ابوہ وامہ — بحوران یعصرن السلیط اقاربہ (قرطبی)

یہاں اقاربہ فاعل ہے پھر بھی یعصرن جمع مؤنث ذکر ہوا۔

۱۴۲ے عیسائی حضرت مسیح علیہ السّلام کو "الٰہ" مانتے ہیں جس کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے۔ ان کے دعویٰ کا بطلان حضرت مسیح علیہ السّلام کی زبان سے کرایا جا رہا ہے۔ آپ فرماتے ہیں صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔ کون اللہ جو میرا بھی رب ہے اور تمھارا بھی رب ہے۔ رب کا معنی ہے آہستہ آہستہ کسی چیز کو اس کی استعداد کے مطابق نقص سے کمال کی طرف، کمزوری سے قوّت کی طرف پہنچانے والا۔ تو جب وہ مجھے مرتبۂ کمال تک پہنچانے والا ہے تو پھر میں خدا کیسے ہو سکتا ہوں۔ خدا تو وہ ہے جو ہر نقص اور کمی سے پہلے ہی پاک اور منزّہ ہو۔ وہ کسی کے پاک کرنے اور منزّہ کرنے کا محتاج نہیں ہوتا۔

عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿٧٢﴾

اس پر جنّت اور اس کا ٹھکانا آگ ہے اور نہیں ظالموں کا کوئی مددگار ۱۴۳

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ

بے شک کافر ہو گئے وُہ جنھوں نے (یہ) کہا کہ اللہ تیسرا ہے ۱۴۴ تین (خداؤں) سے۔ اور نہیں ہے کوئی خدا

۱۴۳ یعنی اگر تم مجھے خدا سمجھو گے تو شرک کا ارتکاب کرو گے اور جو شرک کرتا ہے وُہ ظلم عظیم کرتا ہے اور اس روز ظالم کی امداد نہیں کی جائے گی۔ اور میں بھی تم سے دست بردار ہو جاؤں گا۔

۱۴۴ ۔عقیدہ تثلیث کی حقیقت کیا ہے؟ عیسائیوں نے اسے کب اور کیوں اختیار کیا؟ کیا حضرت عیسٰی علیہ السّلام کے کسی قول سے اس کی تائید ہوتی ہے؟ کیا پہلی تین انجیلوں میں یہ عقیدہ موجود ہے؟ جب تک ان سوالات کا تحقیقی جواب نہ دیا جائے نہ ہم قرآن حکیم کی ان آیات کو پُوری طرح سمجھ سکتے ہیں اور نہ علیٰ وجہ البصیرت مسیحی عقائد کے متعلق گفتگو کر سکتے ہیں۔ آیئے نہایت صبر و سکون اور متانت و سنجیدگی سے ان امور کی تحقیق کریں۔

اس وقت میرے پیش نظر بائیبل کے علاوہ انسائیکلو پیڈیا بریٹانیکا (مطبوعہ ۱۹٦۲ء) ہے۔ جو دُنیا بھر کے فضلاء اور محققین کی کاوشوں کا مجموعہ ہے۔ اور جسے تمام علمی حلقوں میں مستند ترین کتاب تسلیم کیا جاتا ہے۔ مسیحیت کے متعلق میں نے اس میں عیسائی علماء کے مضامین کا مطالعہ کیا ہے ان کے مطالعہ سے میں جن نتائج پر پہنچا ہُوں وُہ ہدیۂ ناظرین ہیں:

مسیحیت (CHRISTIANITY) کے موضوع پر جارج ولیم ناکس (G.W.KNOX) اور سڈنی ہربرٹ میلون (S.H.MELLONE) نے مل کر جو محققانہ مقالہ لکھا ہے اس میں وُہ رقمطراز ہیں:۔

"مسیح نے خود بھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ ان کی اصل کوئی مافوق الفطرت چیز ہے بلکہ وُہ اس پر مطمئن تھے کہ انھیں مریم اور جوزف کے بیٹے کی حیثیت سے پہچانا جائے"۔ (انسائیکلوپیڈیا بریٹانیکا جلد ٥، صفحہ ٦۳۲)

اس خیال کی تائید میں انھوں نے مرقس کی انجیل باب ششم کی آیات نمبر ۳، ۴ کا حوالہ دیا ہے۔ "کیا یہ وُہی بڑھئی نہیں جو مریم کا بیٹا اور یعقوب اور یوسیس اور یہوداہ اور شمعون کا بھائی ہے؟ اور کیا اس کی بہنیں یہاں ہمارے ہاں نہیں؟ پس انھوں نے اس کے سبب ٹھوکر کھائی۔ یسوع نے ان سے کہا نبی اپنے وطن اور اپنے رشتہ داروں اور اپنے گھر کے سوا اور کہیں بے عزّت نہیں ہوتا۔

یوحنّا کی یہ آیت بھی زیر نظر رہے۔ "پھر ان دو دنوں کے بعد وُہ وہاں سے روانہ ہو کر گلیل کو گیا کیونکہ یسوع نے خود گواہی دی کہ نبی اپنے وطن میں عزّت نہیں پاتا (۴: ۴۳، ۴۴) لوقا کی یہ آیت بھی توجہ طلب ہے

"مگر مجھے آج اور کل اور پرسوں اپنی راہ پر چلنا ضرور ہے کیونکہ ممکن نہیں کہ نبی یروشلم سے باہر ہلاک ہو"۔ (۱۳: ۳۳)

اناجیل کی اِن آیات اور سابقہ تصریح سے یہ امر واضح ہوگیا کہ حضرت عیسٰی علیہ السّلام نے ہمیشہ اپنے آپ کو مریم کا بیٹا کہلوایا اور اپنے نبی ہونے کا بار بار اعلان کیا اور کبھی بھی اپنے آپ کو خدا یا خدا کا بیٹا نہیں کہا۔

(ان تصریحات سے اسی سُورہ کی آیت نمبر ۱۱٦ کی تصدیق بھی ہوگئی)

جب حقیقت یہ ہے تو پھر تثلیث (تین خدا) اور ابنیت کا نظریہ اس دین میں کیونکر گھُس آیا۔ اس کے متعلق بھی مذکورہ بالا فاضلوں کی یہ عبارت مُلاحظہ فرمایئے :۔

"باپ، بیٹا اور رُوح القدس کی اصطلاحات کو یہُودی ذرائع نے مہیّا کیا۔ یسُوع نے شاذ و نادر ہی آخری اِصطلاح استعمال کی ہو۔ (سینٹ) پال کے متعلق بھی یہ واضح نہیں کہ اس نے اسے استعمال کیا۔ چنانچہ تثلیث کا مواد یہُودی ہے جسے یُونانی (فلسفہ کے) اثر و رسُوخ نے اِس قالب میں ڈھالا ہے۔" اِنسائیکلوپیڈیا برٹانیکا جلد ۵ صفحہ ٦۳۳

دینِ مسیحی کی تاریخ کا مطالعہ کرتے وقت جو چیز بڑی عجیب و غریب اور انوکھی معلوم ہوتی ہے وُہ یہ ہے کہ اِس دین کے بُنیادی عقائد وُہ نہیں جو اِس دین کے بانی حضرت مسیح علیہ السّلام نے بتائے ہیں یا جو انجیلوں میں مذکور ہیں بلکہ اس کے بنیادی عقائد وُہ ہیں جو پادریوں کی کونسلیں مختلف حالات میں مقرر کرتی رہی ہیں۔ اور یہ کونسلیں اِس امر کی مجاز ہیں کہ حضرت مسیح پر ایمان رکھنے والے اگر ان کے منظور کردہ عقائد سے اِنحراف کریں تو وُہ انھیں مُرتد قرار دے کر اس دین سے خارج کر دیں۔ ان کونسلوں کی داستان بڑی دلچسپ اور معلُومات افزا ہے۔

مجھے اب آپ سے یہ عرض کرنا ہے کہ جب تثلیث کا کوئی سراغ ہمیں یسُوع مسیح کے کلام میں نہیں ملتا اور انجیلوں کی آیات بھی مسیح کی ابنیت (بیٹا ہونا) کی بجائے ان کی نبوّت ثابت کر رہی ہیں تو پھر یہ مشرکانہ نظریہ کیسے اور کب نمودار ہوا۔ اس کے متعلق بھی اِنسائیکلوپیڈیا کے حوالہ سے حقیقتِ حال پیش کرتا ہوں۔

قسطنطین کے تخت نشین ہونے سے پہلے عیسائیوں پر طرح طرح کے مظالم کیے جاتے تھے اور حکومتِ روم کی نگاہوں میں بھی یہ معتوب تھے لیکن یہ مذہب آہستہ آہستہ پھیلتا رہا اور تقویّت پکڑتا رہا۔ قسطنطین جب رومن امپائر کا فرمانروا بنا تو اس نے ۳۱۳ء میں میلان کے فرمانِ شاہی کے ذریعہ مذہبی آزادی کا اعلان کیا۔ اپنی سیاسی اغراض کی وجہ سے عیسائیوں پر عنایاتِ خسروانہ کی بارش شروع کر دی تاکہ ان کی کثیر آبادی کی ہمدردیاں اور وفاداریاں حاصل کر کے اپنی حکومت کو مستحکم کر لے۔ اور ۳۳۷ء میں جب وُہ بسترِ مرگ پر دم توڑ رہا تھا تو اس نے عیسائی مذہب قبول کیا اور اُسے بپتسمہ دیا گیا۔ یہ تو ان کے سیاسی حالات تھے لیکن اس سے پہلے تین صدیوں میں ان کے عقائد میں کیا کیا تبدیلیاں رُونما ہو چکی تھیں۔ اور قسطنطین کی سرپرستی میں ان میں کیا قطع و بُرید کی گئی۔ اس کے متعلق تاریخ کلیسا (CHURCH HISTORY) کے عنوان پر چار مسیحی فضلاء نے جو لکھا ہے اس کا اقتباس پیشِ خدمت ہے :۔

"تیسری صدی کے ختم ہونے سے پہلے یسُوع کو کلامِ الٰہی (LOGOS) کا مجسّمہ تسلیم کر لیا گیا تھا لیکن اس کی اُلوہیّت کا عام طور پر انکار کیا جاتا تھا۔ اِس اثناء میں ایریس (ARIUS) کے تنازعہ نے چوتھی صدی کے کلیسا کو جس اضطراب و حیرت میں مبتلا

کر دیا تھا اُس نے لوگوں کی توجہ کو اِس مسئلہ کی طرف مبذُول کیا۔ نیقیا (NICAEA) کی کونسل جو ۳۲۳ء میں منعقد ہُوئی اس میں سرکاری طور پر یسُوع کی الُوہیّت کو تسلیم کر لیا گیا جسے باضابطہ طور پر مرتّب کرنے کے بعد (NICENE CREED) کا نام دیا گیا۔ تنازعہ کچھ عرصہ جاری رہا لیکن آخر کار مشرق و مغرب کے عیسائیوں نے اِسی عقیدہ کو صحیح مسیحی عقیدہ مان لیا۔ بیٹے کی الُوہیّت کے ساتھ رُوح القدس کی الوہیّت بھی تسلیم کر لی گئی۔ نیقیا کے عقیدہ کی فتح نے تثلیث کو عیسائی مذہب کے صحیح عقائد کا جزو لاینفک بنا دیا۔ بیٹے کی الوہیّت کا مظہر یسوع کو قرار دے دینے سے ایک نئی پیچیدگی پیدا ہو گئی جو چوتھی صدی اور اس کے بعد عرصہ تک مابہ النزاع بنی رہی۔ وُہ یہ کہ یسُوع میں الُوہیّت اور اِنسانیت کا باہمی تعلق کیا ہے؟ کالسیڈن (CHALCEDON) کی کونسل جو ۴۵۱ء میں منعقد ہُوئی اس میں یہ قرار پایا کہ مسیح کی ذات میں الُوہیّت اور اِنسانیت دونوں یکساں طور پر مجتمع ہیں اور باہمی امتزاج کے باوجُود دونوں کی خصوصیات جُوں کی توں قائم ہیں قسطنطنیہ کی تیسری کونسل جو ۶۸۰ء میں منعقد ہوئی اس میں اس پر مزید اضافہ کیا گیا کہ اِن دو ماہیّتوں کی الگ الگ مرضی اور مشیّت ہے۔ مسیح دونوں مشیّتوں کا مالک ہے مغربی کلیسا نے نیقیا، کالسیڈن اور قسطنطنیہ کے فیصلوں کو قبول کر لیا اور اِس طرح تثلیث اور مسیح کے اندر دو مشیّتوں (خُدائی اور اِنسانی) کے وجُود کے نظریات کو مشرق و مغرب کے کلیساؤں نے بحیثیت پختہ اور صحیح عقیدہ کے مان لیا۔" (انسائیکلوپیڈیا جلد ۵ صفحہ ۶۷۷-۷۸)

اِس طویل اِقتباس سے یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح واضح ہو گئی کہ تثلیث و ابنیّت کے عقائد خُدا اور اس کے نبی کے بتائے ہُوئے عقائد نہیں ہیں بلکہ سینکڑوں سال بعد انعقاد پذیر ہونے والی کونسلوں نے انھیں گھڑا اور عیسائیوں کے لیے ان پر ایمان لانا ضروری قرار دیا۔ قرآن کریم نے بارہا علماء اہلِ کتاب کے متعلق جو یہ اعلان فرمایا کہ وُہ اپنی طرف سے باتیں گھڑتے ہیں اور پھر اسے خُدا کی طرف اور اس کے پیغمبروں کی طرف منسُوب کر دیتے ہیں اس کا کتنا واضح ثبُوت ان کی اپنی تاریخ نے فراہم کر دیا۔

لیکن یہ بحث تشنۂ تکمیل رہے گی اگر یہ نہ بتایا جائے کہ نیقیا کی کونسل میں مسیح کی الُوہیّت کا جو افتراء باندھا گیا اس کے محرّکات کیا تھے؟ اور کیا اس کونسل میں شرکت کرنے والے سارے بشپ اِس عقیدہ کو دِل و جان سے تسلیم کرتے تھے یا نہیں؟

یہ بات سمجھنے کے لیے اس کے پس منظر کا سمجھنا لازمی ہے۔ قسطنطین کی حمایت و سرپرستی میں عیسائیت کو امن و سکُون نصیب ہُوا تو ان میں نظریاتی خانہ جنگی شروع ہو گئی جس کے باعث ان کی وحدت پارہ پارہ ہو گئی اور ان کی سیاسی قوّت زوال پذیر ہونے لگی۔ اِس طرح قسطنطین نے جس خیال سے ان کی حمایت شروع کی تھی وُہ خواب پریشان ثابت ہونے لگا۔ چنانچہ اس داخلی اِنتشار کو دُور کرنے کے لیے اس نے نیقیا میں تمام عیسائی علماء کی کونسل طلب کی جس کے اجلاس ۲۰ مئی سے ۲۵ جولائی ۳۲۳ء تک جاری رہے۔ سب سے اہم مسئلہ جو زیرِ بحث آیا وُہ یہ تھا کہ یسُوع کا تعلق خدا سے کس نوعیت کا ہے؟

یہ بھی یاد رہے کہ اس کونسل کا داعی بھی قسطنطین تھا۔ اس کے جملہ مصارف بھی اس نے اپنی گرہ سے ادا کیے اور اس کے کئی اجلاسوں میں شرکت بھی کی اور ان کے فیصلوں کو اپنے شاہی اختیارات سے نافذ کیا اور جس نے ماننے سے انکار کیا اس کو سزائیں دیں۔ (انسائیکلو پیڈیا جلد ۶ صفحہ ۵۸۸)

اس کونسل کے انعقاد کے محرکات اور پس منظر کو سمجھ لینے کے بعد مسیح کی الوہیت کے متعلق جو قرارداد پاس کی گئی اب اس کے متعلق مسیحی فاضلوں کی آراء سنئیے :-

"یہ درست ہے کہ کثرت آراء سے نیقیا کی کونسل میں اسکندریہ کے عقیدہ کو منظور کیا گیا لیکن یہ اتفاق قلبی یقین وایمان سے رونپذیر نہیں ہوا تھا۔ بلکہ اس کی ایک وجہ تو یہ تھی کہ شرکت کرنے والے پادریوں کی اکثریت غیر جانب دار تھی۔ انھیں اس سے کوئی ذاتی دلچسپی نہ تھی۔ دوسری وجہ شاہی اختیارات اور ان کا دباؤ تھا۔ اس کے ثبوت کے لیے ہمارے پاس تاریخی شہادت موجود ہے وہ یہ کہ ایرئیس (ARIUS) کے خلاف یہ فیصلہ اگر پورے غور وفکر کے بعد کامل ایمان ویقین سے کیا گیا ہوتا تو پھر اس عقیدہ کے حق میں رائے دینے والے ایرئیس سے کبھی نرم برتاؤ نہ کرتے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہوا۔ یہ حقیقت ہے کہ یہ عقیدہ فقط ان لوگوں کی طرف سے مسلط کیا گیا تھا جو اس کونسل کے بانی تھے (یعنی قسطنطین اور اس کے اعیان حکومت) ان حالات میں ہم یہ نتیجہ اخذ کرنے پر مجبور ہیں کہ یہ کثرت آراء قطعاً اس بات کا معیار نہیں کہ مسیح کی الوہیت کا جو عقیدہ اس کونسل میں منظور ہوا اس میں کونسل کے ارکان کا قلبی یقین بھی کارفرما تھا"

فاضل مقالہ نگار مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ نیقیا کی کونسل کے متعلق اپنی نگارشات کا اختتام کرتا ہے :-

"اس مصنوعی اور بناوٹی اتحاد سے جو عقیدہ گھڑا گیا تھا وہ امن برقرار رکھنے کی اہلیت نہیں رکھتا تھا۔ بلکہ اس نے ایسے جھگڑوں کے لیے راہ ہموار کردی جن کے باعث مملکت کی بنیادیں لرز گئیں۔ نیقیا کے اس عقیدہ کے اعلان کے بعد لوگوں نے اس پر سنجیدگی سے غور کرنا شروع کر دیا۔ اور یہ عقیدہ جو کلیسا نے فکر وتدبر کے بغیر اپنے اوپر مسلط کر لیا تھا اس کی تشریح وتوضیح کرتے وقت کلیسا کو ایسی مذہبی بحثوں میں الجھنا پڑا جن کا راستہ بڑا دشوار اور پرخار تھا۔ (انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا جلد ۶ صفحہ ۴۱۰)

ان تاریخی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے اب ان آیات لقد کفر الذین قالوا الخ کو غور سے پڑھو۔ آفتاب حقانیت کی تابانیاں آپ کی چشم خرد کو روشن کردیں گی اور اللہ تعالیٰ نے اسی سورۃ کی آیت نمبر ۴۸ میں قرآن کو سابقہ آسمانی کتب کے نگہبان (مھیمنا علیہ) کا جو لقب عطا فرمایا ہے۔ اس کی صداقت آشکارا ہوجائے گی۔

خدارا بتائیے کیا اس دین کو دین الٰہی کہنا بجا ہے جس کے بنیادی عقائد چند آدمیوں نے سیاسی دباؤ اور سیاسی اغراض کی خاطر صدہا سال بعد خود وضع کیے ہوں اور ان میں اپنے پیغمبر کے ارشادات سے واضح انحراف کیا گیا ہو۔ مسیحیت کو اس کی اپنی تاریخ کے آئینہ میں آپ نے دیکھ لیا۔ اس کے بعد کسی مزید تبصرہ کی گنجائش نہیں۔

اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ

مگر ایک اللہ ۱۴۵ اور اگر باز نہ آئے اس (قول باطل) سے جو وُہ کہہ رہے ہیں تو ضرور پہنچے گا جنھوں نے

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾ اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ

کفر کیا ان میں سے درد ناک عذاب تو کیا نہیں رجُوع کرتے اللہ کی طرف اور کیا نہیں بخشش طلب کرتے

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷۴﴾ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ

اس سے اور اللہ بہت بخشنے والا بڑا رحم کرنے والا ہے نہیں مسیح ابن مریم ۱۴۶ مگر ایک رسُول ۔ گزر چکے ہیں

مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ اُنْظُرْ

اس سے پہلے بھی کئی رسُول اور ان کی ماں بڑی راست باز تھیں دونوں کھایا کرتے تھے کھانا دیکھو!

كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۷۵﴾ قُلْ

کیسے ہم کھول کر بیان کرتے ہیں ان کے لیے دلیلیں پھر دیکھو وُہ کیسے اُلٹے پھر رہے ہیں ۱۴۷ آپ فرمائیے

۱۴۵ یعنی اور کوئی خدا ہے ہی نہیں سوائے اس کے جو صفتِ وحدانیت سے متّصف ہے ۔ اس جملہ میں "ما" استغراق نفی کا فائدہ دیتا ہے یعنی کسی قسم کا تعدّد نہیں نہ ذات میں نہ اعتبار میں ۔ صرف وُہی خدا ہے جو ہر طرح کی کامل وحدانیت اور یکتائی سے متّصف ہے۔

۱۴۶ حضرت مسیح کی الُوہیّت کی نفی کرنے کے بعد بتایا کہ وُہ ہیں کون ؟ فرمایا وُہ اللہ کے رسُول ہیں اور ان سے پہلے بھی رسُول آچکے ہیں ۔ وُہ سب اللہ تعالیٰ کے بندے اور انسان تھے ۔ نہ پہلے رسُولوں میں سے کوئی خدا تھا نہ مسیح خُدا ہیں اور اُن کی والدہ مُحترمہ مریم اللہ تعالیٰ کی ایک راست باز بندی ہیں ۔ وُہ دونوں ماں بیٹا اپنی زندگی کی بقا کے لیے دُوسرے انسانوں کی طرح طعام کھایا کرتے تھے ۔ جب اُنھیں کھانے کی ضرورت محسُوس ہوتی تھی تو وُہ بندے ہُوتے خُدا تو نہ ہوئے ۔ اس آیت میں یہودیوں کی بھی تردید ہوگئی اور عیسائیوں کا بھی رد آگیا۔

۱۴۷ اے ناظر مُنصف ! ان کے عقیدہ کے بطلان پر کتنے زبردست دلائل پیش کیے گئے ہیں لیکن وُہ پھر بھی اپنے آباؤ اجداد کی اندھی تقلید سے باز نہیں آتے ۔ اب اس ہٹ دھرمی کا کیا علاج !

اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا ؕ وَ اللّٰهُ

کیا تم عبادت کرتے ہو اللہ کے سوا اس کی جو نہیں مالک تمہارے نقصان کا اور نہ نفع کا ۱۴۸؎ اور اللہ تعالیٰ

هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۷۶﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ

ہی سب کچھ سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے آپ فرمائیے اے اہل کتاب! نہ حد سے بڑھو اپنے دین میں

غَيْرَ الْحَقِّ وَ لَا تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَ

ناحق اور نہ پیروی کرو ۱۴۹؎ اس قوم کی خواہشوں کی جو گمراہ ہو چکی ہے پہلے سے اور

اَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّ ضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۷۷﴾ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

گمراہ کر چکے ہیں بہت سے لوگوں کو اور بھٹک چکے ہیں راہِ راست سے لعنت کیے گئے وہ جنھوں نے کفر کیا

مِنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا

بنی اسرائیل سے داؤد کی زبان پر اور عیسیٰ پسر مریم کی زبان پر یہ بوجہ اس کے کہ

۱۴۸؎ حضرت صدر الافاضل مُرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں۔"یہ ابطال شرک کی ایک اور دلیل ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ مستحقِ عبادت وہی ہو سکتا ہے جو نفع و ضرر وغیرہ ہر چیز پر ذاتی قدرت و اختیار رکھتا ہو جو ایسا نہ ہو وہ اللہ مستحقِ عبادت نہیں ہو سکتا اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام نفع و ضرر کے بالذات مالک نہ تھے۔ اللہ تعالیٰ کے مالک کرنے سے مالک ہوئے۔ تو ان کی نسبت الوہیت کا اعتقاد باطل ہے۔" (خزائن العرفان)

۱۴۹؎ اس آیتِ کریمہ میں اللہ تعالیٰ عیسائیوں کو فرماتے ہیں کہ افراط و تفریط سے کام لینا چھوڑ دو اور حضرت مسیح علیہ السّلام کی صحیح تعلیمات پر اپنے عقائد کی بنیاد رکھو۔ تمہارے عقیدۂ تثلیث کو حضرت مسیح کی تعلیمات سے دور کا واسطہ بھی نہیں۔ بلکہ تم نے دوسری گم کردہ راہ قوموں کے مشرکانہ نظریات کو اپنانا شروع کر دیا ہے اپنے صاف سادہ عقیدۂ توحید کو یونانی اور رومی فلسفہ کی بھینٹ چڑھا کر اس کو بالکل مسخ کر کے رکھ دیا چھوڑ دو اس خود ساختہ عقیدہ کو۔ اور حضرت مسیح کے سچے دین کو مضبوطی سے پکڑ لو۔

عَصَوْا وَّ كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿٧٨﴾ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ

وُہ نافرمانی کیا کرتے اور زیادتیاں کیا کرتے تھے نہیں منع کیا کرتے تھے ایک دوسرے کو اس برائی سے جو وُہ کرتے تھے ۱۵۰

لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ

بہت بُرا تھا جو وُہ کیا کرتے تھے آپ دیکھیں گے بہتوں کو ان میں سے ۱۵۱ کہ وُہ دوستی رکھتے ہیں کافروں سے

لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي

بہت ہی بُرا ہے جو آگے بھیجا ان کے لیے ان کے نفسوں نے یہ کہ ناراض ہو گیا اللہ تعالیٰ ان پر اور عذاب

الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ

میں وُہ ہمیشہ رہیں گے اور اگر وُہ ۱۵۲ ایمان لائے ہوتے اللہ پر اور نبی پر اور جو

۱۵۰ تناہی کے دو معنی ہوسکتے ہیں۔ ۱۔ تناہی بمعنی انتہی باز آجانا۔ رُک جانا یعنی جو اعمالِ بد وُہ کیا کرتے تھے اس سے باز نہیں آتے تھے۔ لاکھ سمجھاؤ سرکش گھوڑے کی طرح نافرمانی کی راہ پر سرپٹ دوڑے چلے جاتے تھے۔ ۲۔ دوسرا معنی یہ ہے کہ وُہ ایک دُوسرے کو بُرائی سے نہیں روکتے تھے۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کا یہ ارشادِ گرامی بھی سُن لیجئے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ یہودیوں میں بے دینی کی ابتدا یُوں ہُوئی کہ جب کوئی آدمی کسی بدکار سے ملتا تو پہلے اُسے اللہ سے ڈراتا اور اس گناہ سے باز آجانے کی ترغیب دیتا۔ پھر دُوسرے روز اسی کے ساتھ بلا تامّل کھاتا پیتا بیٹھتا اُٹھتا جب انھوں نے ایسا کرنا شروع کیا تو اُن کے دِلوں کو اللہ تعالیٰ نے آپس میں ٹکرا دیا۔ پھر حضورؐ نے یہ آیت پڑھی۔ لعن الذین الخ اس کے بعد فرمایا کلا واللہ لتامرن بالمعروف ولتنھون عن المنکر ولتاخذن علی یدی الظالم ولتاطرنّہ علی الحق اطرا ولتقصرنہ علی الحق قصرا اولیضربن اللہ بقلوب بعضکم علی بعض ولیلعننکم کما لعنھم (ترمذی، ابوداوٗد)

ترجمہ۔ بخدا یا تو تم نیکی کا حکم دو گے، بُرائی سے منع کرو گے اور ظالم کے ہاتھ پکڑ لو گے اسے حق وانصاف کی طرف زبردستی لوٹا دو گے اور اسے عدل کا جبراً پابند کرو گے ورنہ تمہارے دِلوں کو بھی اللہ تعالیٰ آپس میں ٹکرا دے گا۔ اور تم پر بھی ایسی پھٹکار ڈالے گا جیسے پہلے ان لوگوں پر ڈالی گئی۔

۱۵۱ یعنی عجیب و غریب ہیں یہ لوگ! خدا کی توحید کے مدعی اور انبیاء ورُسل کے پیروکار اور دوستی اُن سے جو کھُلے بُت پرست ہیں۔

۱۵۲ اگر وُہ اپنے دعویٰ ایمان میں سچّے ہوتے تو بھلا یہ ممکن تھا کہ وُہ مخلص اہلِ توحید کے خلاف مُشرکوں اور بُت پرستوں

أُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٨١﴾

اتارا گیا اس پر تو نہ بناتے ان کو (اپنا) دوست لیکن اکثر ان میں سے فاسق ہیں

لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ

ضرور پائیں گے آپ سب لوگوں سے زیادہ دشمنی رکھنے والے مومنوں سے یہود کو اور مشرکوں کو

وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى ؕ

اور پائیں گے آپ ١۵٣ سب سے زیادہ قریب دوستی میں ایمان والوں سے انھیں جنھوں نے کہا کہ ہم نصاریٰ ہیں

ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٨٢﴾

یہ اس لیے کہ ان میں عالم ١۵٤ اور درویش ہیں اور وہ غرور نہیں کرتے

سے یارانے گانٹھتے۔

١۵٣ یہود و مشرکین کی اذیت رسانیوں اور اسلام دشمنیوں کے مقابلہ میں نصاریٰ کا رویہ بہتر ہے۔ امام ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان عیسائیوں سے مراد عام عیسائی نہیں بلکہ ان کا وہ مختصر گروہ مراد ہے جو ان عقائد کا پابند تھا جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انھیں سکھائے تھے۔ اُنَاسٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ كَانُوْا عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْحَقِّ مِمَّا جَاءَ عِيْسٰى يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيُنْتَهُوْنَ اِلَيْهِ۔ (تفسیر ابن جریر) انھیں میں حق قبول کرنے کی صلاحیت موجود تھی۔ ان کی نگاہوں میں ہی نورِ ہدایت کو دیکھنے کی قوت تھی۔

١۵٤ قسیسین کا واحد قس اور قسیس ہے وَاَصْلُهٗ مِنْ قَسَّ اِذَا تَتَبَّعَ الشَّيْءَ فَطَلَبَهٗ۔ جب کوئی کسی چیز کا متلاشی ہو اور اس کے پیچھے پیچھے چلا جا رہا ہو تو کہتے ہیں قس الشی۔ یہاں قسیسین سے مراد ان کے علما ہیں ممکن ہے کہ یہ لفظ رومی زبان کا ہو اور تعریب کے بعد لغتِ عرب میں استعمال کیا جانے لگا ہو۔ رھبان راھب کی جمع ہے۔ راہب اس عبادت گزار کو کہتے ہیں جو دنیا کے ہنگاموں سے الگ تھلگ خانقاہوں اور حجروں میں مصروف ذکر و فکر رہتا ہو۔ اَلرُّهْبَانِيَّةُ وَالتَّرَهُّبُ التَّعَبُّدُ فِيْ صَوْمَعَةٍ۔ (قرطبی)

وَ اِذَا سَمِعُوْا مَاۤ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰۤى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ
اور جب سنتے ہیں (قرآن) جو اتارا گیا رسول کی طرف تو تُو دیکھے گا ان کی آنکھوں کو کہ چھلک رہی ہوتی ہیں

مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا
آنسوؤں سے ۱۵۵ اس لیے کہ پہچان لیا انھوں نے حق کو کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے ۱۵۶ پس

مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَ مَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ مَا جَآءَنَا مِنَ
تو لکھ لے ہمیں (اسلام کی صداقت کی) گواہی دینے والوں میں اور کیا وجہ ہے کہ ہم ایمان نہ لائیں اللہ پر اور جو آچکا ہے ہمارے پاس

الْحَقِّ ۙ وَ نَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۴﴾
حق حالانکہ ہم امید کرتے ہیں کہ داخل فرمائے ہمیں ہمارا رب نیک گروہ میں ۱۵۷

فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
تو عطا فرمائے اُنھیں اللہ تعالیٰ نے بعوض اس قول کے باغات رواں ہیں ان کے نیچے نہریں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَ ذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
وُہ ہمیشہ رہیں گے ان میں اور یہی معاوضہ ہے نیکی کرنے والوں کا اور جنھوں نے کفر کیا

وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۸۶﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اور جھٹلایا ہماری آیتوں کو تو وُہی دوزخی ہیں اے ایمان والو!

ع ۹ ۱۱

۱۵۵ جب آنکھیں آنسوؤں سے لبریز ہو کر چھلک پڑیں تو عرب کہتے ہیں فَاضَتِ الْعَيْنُ ۔ اسی سے تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ ماخوذ ہے۔

۱۵۶ شاہدین سے مُراد اُمتِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہے اِس آیت سے ابنِ جریر کے قول کی مزید تائید ہوتی ہے کہ یہاں نصاریٰ سے مُراد وُہ مخصوص گروہ ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے دین کا پابند تھا۔ اور عبادت اور ذکرِ الٰہی میں مشغول رہتا تھا۔ اور جب حق اور ہدایت کی روشنی حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میں دیکھی تو فوراً ایمان لے آیا۔

لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

نہ حرام کرو ۱۵۸؎ پاکیزہ چیزوں کو جنھیں حلال فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے اور نہ حد سے بڑھو بے شک اللہ تعالیٰ

لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝۸۷ وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪

نہیں دوست رکھتا حد سے تجاوز کرنے والوں کو اور کھاؤ اس سے جو ۱۵۹؎ رزق دیا ہے تمھیں اللہ تعالیٰ نے حلال (اور) پاکیزہ

۱۵۷؎ معلوم ہوا کہ نیک اور صالح لوگوں کی سنگت بھی بہت بڑی نعمت ہے۔

۱۵۸؎ چند جلیل القدر صحابہ جن میں حضرت صدیق و علی رضی اللہ عنہم بھی شریک تھے حضرت عثمان بن مظعون کے گھر میں جمع ہوئے اور یہ فیصلہ کیا کہ آئندہ وہ ہمیشہ روزہ رکھا کریں گے، ساری رات عبادت میں گزاریں گے۔ بستروں پر نہیں سوئیں گے۔ گوشت، گھی وغیرہ نہیں کھائیں گے۔ عورتوں اور خوشبو سے بالکل اجتناب کریں گے۔ اونی لباس پہنیں گے اور دنیا سے قطع تعلق کرلیں گے۔ رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اطلاع ملی تو حضورؐ نے انھیں بلا کر حقیقت افروز ارشاد فرمایا۔ مجھے ان باتوں کا حکم نہیں دیا گیا۔ اِنَّ لِاَنْفُسِكُمْ عَلَيْكُمْ حَقًّا فَصُوْمُوْا وَاَفْطِرُوْا وَقُوْمُوْا وَنَامُوْا فَاِنِّيْ اَقُوْمُ وَاَنَامُ وَاَصُوْمُ وَاُفْطِرُ وَاٰكُلُ اللَّحْمَ وَالدَّسَمَ وَاٰتِي النِّسَاءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ۔ (کشاف وغیرہ)

اے میرے صحابہ! تمھارے نفسوں کا بھی تم پر حق ہے اس لیے روزے بھی رکھو اور افطار بھی کرو۔ راتوں میں جاگ کر عبادت بھی کرو اور آرام سے سوؤ بھی۔ کیونکہ میں رات کو جاگتا بھی ہوں اور سوتا بھی ہوں۔ روزے بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں۔ گوشت اور گھی بھی کھاتا ہوں۔ اور اپنی ازواج سے بھی مقاربت کرتا ہوں (یہ میرا طریق کار اور سنت ہے) جس نے میری سنّت سے منہ موڑا وہ میری جماعت سے نہیں۔ اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ نہ تو یہودیوں کی طرح لذّات دنیا میں کھو جاؤ اور نہ مسیحی راہبوں کی طرح دنیا کی حلال لذّتوں کو اپنے اوپر حرام کردو بلکہ اعتدال اور میانہ روی اختیار کرو۔ یہی دین اسلام کا طرۂ امتیاز ہے۔ اس آیت میں لاتحرموا کا معنی یہ ہے کہ نہ تو یہ اعتقاد رکھو کہ یہ چیزیں حرام ہیں اور نہ زبان سے ایسا کہو اور نہ ان کے استعمال کو اس طرح ترک کرو جیسے حرام چیز کو ترک کیا جاتا ہے۔ اولیائے کرام نفس سرکش کی سرکوبی کے لیے بعض حلال چیزوں کو استعمال نہیں کرتے تو وہ ان کی حرمت کے قائل نہیں ہوتے۔ بلکہ جس طرح جسمانی طبیب بعض اشیاء کو صحت جسمانی کے لیے مضر خیال کرکے مریض کو ان کے استعمال سے روک دیتا ہے اسی طرح یہ روحانی معالج بعض روحانی مفاسد کے پیش نظر بعض چیزوں سے وقتی طور پر اجتناب کرتے ہیں لیکن اگر کوئی جاہل اللہ تعالیٰ کی کسی حلال کردہ چیز کو اعتقادی یا قولی طور پر حرام جانے تو یہ باطل ہے اور گمراہی ہے۔

۱۵۹؎ اکل سے مراد کھانا ہی نہیں بلکہ اکل بمعنی تمتع ہے یعنی فائدہ اٹھانا، استعمال کرنا خواہ کھانے، پینے، پہننے کی صورت

وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیۡۤ اَنۡتُمۡ بِهٖ مُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۸۸﴾ لَا یُؤَاخِذُکُمُ اللّٰهُ

اور ڈرتے رہو اللہ سے جس پر تم ایمان لاتے ہو نہ باز پرس کرے گا تم سے اللہ تعالیٰ

بِاللَّغۡوِ فِیۡۤ اَیۡمَانِکُمۡ وَ لٰکِنۡ یُّؤَاخِذُکُمۡ بِمَا عَقَّدۡتُّمُ الۡاَیۡمَانَ ۚ

تمھاری فضول قسموں پر [۱۶۰] لیکن باز پرس کرے گا تم سے اُن قسموں پر جن کو تم پختہ کر چکے ہو

فَکَفَّارَتُهٗۤ اِطۡعَامُ عَشَرَةِ مَسٰکِیۡنَ مِنۡ اَوۡسَطِ مَا تُطۡعِمُوۡنَ

تو اس (کے توڑنے) کا [۱۶۱] کفّارہ یہ ہے کہ کھلایا جائے دس مسکینوں کو درمیانی قسم کا کھانا جو تم کھلاتے ہو اپنے

اَهۡلِیۡکُمۡ اَوۡ کِسۡوَتُهُمۡ اَوۡ تَحۡرِیۡرُ رَقَبَةٍ ؕ فَمَنۡ لَّمۡ یَجِدۡ فَصِیَامُ

گھر والوں کو یا کپڑے پہنائے جائیں انھیں یا آزاد کیا جائے غلام اور جو نہ پائے (ان میں سے کوئی چیز) تو وہ روزے

ثَلٰثَةِ اَیَّامٍ ؕ ذٰلِکَ کَفَّارَةُ اَیۡمَانِکُمۡ اِذَا حَلَفۡتُمۡ ؕ وَ احۡفَظُوۡۤا

رکھے تین دن یہ کفّارہ ہے تمھاری قسموں کا جب تم قسم اُٹھاؤ اور حفاظت کیا کرو

میں ہو یا سواری وغیرہ کرنے کی شکل میں۔ اَلاَکلُ فِی ھٰذِہِ الآیَۃِ عِبَارَۃٌ عَنِ التَّمَتُّعِ بِالاَکلِ وَ الشُّربِ وَاللِّبَاسِ وَالرُّکُوبِ وَغَیرِ ذَالِکَ۔

۱۶۰ ایمان جمع ہے یمین کی۔ اور یہ یمن بمعنی برکت سے ماخوذ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کیونکہ قسم سے بھی حقوق محفوظ ہوتے ہیں معاہدے پُورے کیے جاتے ہیں اس لیے اسے یمین (برکت والی چیز) کہہ دیا گیا۔ یمین لغو وہ ہے جس میں قسم اٹھانے کی نیّت نہیں ہوتی بلکہ اثنار کلام میں واللہ باللہ کے الفاظ بلا سوچے سمجھے منہ سے نکل جاتے ہیں۔ ایسی قسم کا کوئی کفّارہ نہیں لیکن وُہ قسمیں جو نیّت اور ارادہ سے اُٹھائی گئی ہوں اور پھر اُنھیں پُورا نہ کیا جائے تو اس قسم کو توڑنے پر باز پُرس ہوگی اور کفّارہ دینا پڑے گا۔

۱۶۱ کفّارہ کی تین صُورتیں ہیں۔ (۱) دس آدمیوں کو کھانا کھلادے (۲) یا اُنھیں کپڑے پہنا دے جن سے ان کے جسم کا اکثر حصّہ ڈھک جائے مثلاً چادر اور کُرتہ یا چادر اور صافہ (۳) یا غلام آزاد کرے۔ اور اگر ان تینوں صُورتوں میں سے کسی ایک پر بھی قدرت نہیں رکھتا تو پھر تین دن لگاتار روزہ رکھے۔

اَيْمَانِكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾

اپنی قسموں کی ۱۶۲؂ اسی طرح کھول کر بیان فرماتا ہے اللہ تعالیٰ تمہارے لیے اپنی آیتیں تاکہ تم شکریہ ادا کرو ۱۶۳؂

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ

اے ایمان والو! ۱۶۴؂ یہ شراب اور جوا اور بُت اور جُوئے کے تیر ۱۶۵؂

۱۶۲؂ یعنی اپنی قسموں کو مذاق نہ بنالو کہ ادھر قسم اُٹھائی اُدھر توڑ دی۔ بلکہ جب قسم اُٹھاؤ تو اُس کی پُوری طرح پابندی کرو اس میں اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ زیادہ قسمیں نہ اٹھایا کرو ایسا نہ ہو کہ تم ان کی پابندی نہ کر سکو اور ان کو توڑنے پر مجبور ہو جاؤ۔

۱۶۳؂ پاک اور حلال لذتوں سے لُطف اندوز ہونے کی اجازت مرحمت فرمائی قسم توڑنے کی صُورت میں کفّارہ کا آسان طریقہ بتایا۔ ان کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے ظاہری اور باطنی انعامات اور احسانات کا غیر منقطع سلسلہ جاری ہے جس پر شکر بجا لانا ہم پر واجب ہے۔

۱۶۴؂ عرب میں شراب کا عام رواج تھا۔ گنتی کے چند آدمیوں کے علاوہ سب اِس کے متوالے تھے شراب جو اَن گنت جسمانی اور رُوحانی بیماریوں کا سبب، اخلاقی اور معاشی خرابیوں کی جڑ اور فتنہ و فساد کی علّت ہے اسلام کے پاکیزہ نظامِ حیات میں اِس کی کیوں کر گنجائش ہو سکتی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اسے قطعی حرام کر دیا لیکن حرمت کا حکم آہستہ آہستہ اور تدریجاً نازل ہوا تاکہ لوگوں کو اس پر عمل کرنا آسان ہو جائے۔ چنانچہ سورۂ بقرہ میں تو اتنا کہنے پر اکتفا کیا گیا کہ فِيْهِمَاۤ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ۔ اس کے کچھ عرصہ بعد یہ آیت نازل ہوئی وَلَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى۔ کہ نشہ کی حالت میں نماز نہ پڑھا کرو۔ یہ آیات اس آخری حکم کا پیش خیمہ تھیں۔ اگرچہ شراب کی حُرمت کا صراحۃً ان میں ذکر نہ تھا لیکن کئی سلیم طبیعتوں نے اُس وقت ہی شراب چھوڑ دی تھی۔ حضرت فارُوق اعظم رضی اللہ عنہ بارگاہِ الٰہی میں اس کی قطعی حرمت کے لیے التجائیں کیا کرتے۔ عرض کرتے۔ اَللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا بَيَانًا شَافِيًا۔ اِس اثنا میں چند ایسے واقعات بھی رُونما ہوئے جس سے شراب پینے کے مفاسد اور نقصانات کا صحابہ کرام کو زیادہ سے زیادہ احساس ہونے لگا۔ جب ایمان پختہ ہو گئے تعلیماتِ اسلامیہ قلب و رُوح کی گہرائیوں میں بس گئیں اور اللہ اور اس کے رسُول کے ہر حکم کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنے کی عادت فطرت بن گئی تو یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی۔ حضور رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے ایک خادم کو حکم دیا کہ مدینہ کے گلی کوچوں میں پھر کر بلند آواز سے اِن آیات کا اعلان کرے۔ جب وُہ منادی کرنے والا اعلان کرنے نکلا تو کئی جگہ شراب کی محفلیں آراستہ تھیں میخوار جمع تھے۔ پیمانے گردش میں تھے۔ جُونہی کان میں هَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ کی آواز پہنچی ہاتھوں پر رکھے ہُوئے پیالے زمین پر پٹخ دیئے گئے۔ ہونٹوں سے لگے ہُوئے جام خود بخود

الگ ہو گئے۔ جام و سبُو توڑ دیئے گئے مشکوں اور مٹکوں میں بھری ہُوئی مئے ناب اُنڈیل دی گئی۔ وُہ چیز جو انھیں ازحد عزیز تھی اب گندے پانی کی طرح گلیوں میں بہہ رہی تھی۔ حیرت یہ ہے کہ اس کے بعد کسی صحابی نے شراب پینے کی خواہش کا اظہار تک نہ کیا۔ قرآن کی اثر آفرینی، حضور ؐ کے فیض تربیت، صحابہ کرام کی کامل ترین اطاعت و فرمانبرداری اور اسلام کی انقلاب آفرین قوت کا یہ وُہ عدیم النظیر مظاہرہ ہے جس کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں۔ شراب کے زہریلے اثرات دیکھ کر یورپ و امریکہ کے ڈاکٹر اور دانشور لرزہ براندام ہیں۔ اِس مصیبت سے اپنی قوم کو چھٹکارا دلانے کے لیے بڑی بڑی مخلصانہ اور حکیمانہ کوششیں کی جارہی ہیں۔ حکومتِ امریکہ نے پُورے چودہ سال تک شراب کے خلاف زور شور سے جہاد جاری رکھا۔ اور اس جہاد میں نشر و اشاعت اور پروپیگنڈے کے جدید ترین اور قوی ترین وسائل اختیار کیے۔ اخبارات، رسالے، لیکچرز، تصاویر اور فلمیں سبھی شراب سے نفرت دلانے کے لیے برسرِ پیکار رہے۔ اِس عظیم مہم پر حکومت نے تقریباً چھ کروڑ ڈالر (ساٹھ کروڑ روپیہ) خرچ کیا۔ پچیس کروڑ پونڈ کا خسارہ برداشت کیا۔ تین سو افراد کو تختۂ دار پر لٹکایا گیا۔ پانچ لاکھ سے زیادہ اشخاص کو قید و بند کی سزائیں دیں۔ بھاری جرمانے کیے۔ بڑی بڑی جائدادیں ضبط کی گئیں لیکن یہ ساری چیزیں بیکار ثابت ہوئیں۔ آخر کار حکومت کو اپنی شکست فاش کا اعتراف کرنا پڑا اور اس نے شراب نوشی جس کے خلاف عرصہ دراز تک وُہ معرکہ آرا رہی تھی کو ۱۹۳۳ء میں قانوناً جائز قرار دے دیا" (ماخوذ از ماذا خسر العالم)

والمیسر الخ۔ اِسی طرح برطانیہ میں جو اس پر برائے نام پابندی تھی اسے بھی ۱۹۶۱ء میں واپس لے لیا گیا۔ اور اس کی بیخ کنی کے لیے ساری مساعی کے ناکام ہو جانے کے بعد اسے بھی قانونی طور پر سندِ جواز مل گئی۔ (ریڈرز ڈائجسٹ مئی ۱۹۶۴ء)

لیکن سب بے فائدہ، سب بے اثر! یہ اِسلام کی قوتِ قاہرہ تھی جس نے اپنے ایک فرمان سے ساری قوم کو اِس بلائے بے درماں سے رہائی دلادی۔

۱۶۵؎ یہاں چار چیزوں کا ذکر کیا جارہا ہے۔ خمر، میسر، انصاب اور ازلام۔ اگرچہ ان کے متعلق توضیحی نوٹ گزر چکے ہیں لیکن مختصراً یہاں بھی کچھ عرض کرنا مناسب ہے۔ خمر: كُلُّ شَرَابٍ مُّسْكِرٍ وَهٰذِهِ التَّسْمِيَةُ لُغَوِيَّةٌ وَّشَرْعِيَّةٌ ہر مدہوش کر دینے والی شراب کو خمر کہتے ہیں۔ عصیر عنب سے اس کی تخصیص تعسف ہے کیونکہ مدینہ طیّبہ میں جو شراب اِستعمال ہوتی تھی وُہ انگور، گندم، جَو، کھجور اور شہد سے کشید ہوا کرتی تھی۔ اور جب یہ آیت نازل ہوئی تو کسی صحابی نے بھی یہ نہیں سمجھا کہ صرف انگوری شراب ہی حرام ہے حالانکہ وُہ اہلِ زبان تھے۔ میسر: مطلقاً جُوا کو کہتے ہیں خواہ اس کی صُورت کیسی ہو۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ اَلشَّطْرَنْجُ مِنَ الْمَيْسِرِ کہ شطرنج بھی جوا ہے۔ انصاب: ان پتھروں کو انصاب کہا جاتا تھا جو حرم میں کعبہ کے اردگرد نصب تھے اور کفّار ان کے لیے جانور ذبح کرتے اور ان کا خون ان پتھروں پر مل دیتے۔ ازلام: وُہ تیر جن کے ذریعہ فالیں نکالی جاتی تھیں نیز وُہ تیر جن کے ساتھ جُوا

رِجۡسٌ مِّنۡ عَمَلِ الشَّيۡطٰنِ فَاجۡتَنِبُوۡهُ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ۝۹۰ اِنَّمَا

سب ناپاک ہیں ۱۶۶ شیطان کی کارستانیاں ہیں سو بچو ان سے تاکہ تم فلاح پا جاؤ یہی تو

يُرِيۡدُ الشَّيۡطٰنُ اَنۡ يُّوۡقِعَ بَيۡنَكُمُ الۡعَدَاوَةَ وَالۡبَغۡضَآءَ فِى الۡخَمۡرِ

چاہتا ہے شیطان ۱۶۷ کہ ڈال دے تمہارے درمیان عداوت اور بغض شراب

کھیلا جاتا تھا۔ اس آیت میں مقصود تو شراب اور جوا کی حُرمت قطعی بیان کرنا ہے لیکن انصاب اور ازلام کو ان کے ساتھ ذکر کر کے ان کی قباحت کو اور زیادہ عیاں کر دیا۔ چنانچہ حضرت فارُوقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اَے شراب! تیرا ذکر تو جُوئے اور انصاب و ازلام کے ساتھ مِلا کر کیا گیا ہے بُعۡدًا لَّکَ وَسُحۡقًا! تیرا ستیاناس ہو۔ تیرا خانہ خراب ہو۔

۱۶۶ بدبُودار، غلیظ اور گندی چیز کو رِجس کہتے ہیں۔ یُقَالُ لِلنَّتۡنِ وَالۡعَذِرَۃِ وَالۡاَقۡذَارِ رِجۡسٌ (قرطبی) مِنۡ عَمَلِ الشَّیۡطٰنِ کہہ کر یہ بتایا کہ یہ چیزیں اتنی غلیظ اور ناپاک ہیں کہ کوئی سلیمُ الفطرت انسان از خود ان کی طرف مائل نہیں ہوتا۔ صرف شیطان کی وسوسہ اندازی ہی اسے ان قبیح حرکات کے اِرتکاب کی رغبت دِلا سکتی ہے۔

۱۶۷ شراب اور جوا کو حرام کرنے کی حکمت بیان فرمائی جا رہی ہے۔ اگرچہ ان کی خرابیاں بے حد و بے شمار ہیں اور وُہ قومیں جو اس کو شیرِ مادر سمجھ کر پیا کرتی ہیں وُہ بھی اگرچہ اس کو چھوڑ دینے سے عاجز ہیں لیکن ان خرابیوں اور نقصانات کا برملا اعتراف کرتی ہیں۔ قرآن کریم نے مختصر سے الفاظ میں ان کی دو مُضر ترین خرابیوں کا ذکر کر کے ان کی قباحت کو روزِ روشن کی طرح واضح کر دیا۔ بتایا کہ شراب اور جوا کی حُرمت کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ اس سے عداوت اور دُشمنی کی تخم ریزی ہوتی ہے۔ گہرے دوست ایک دُوسرے کے خون کے پیاسے، سگے بھائی ایک دُوسرے کے دُشمن بن جاتے ہیں۔ اور دُوسری وجہ یہ ہے کہ انسان نماز اور یادِ الٰہی سے غافل ہو جاتا ہے۔ اس سے بڑھ کر اَور بدنصیبی اَور محرُومی کیا ہو سکتی ہے کہ مؤذّن اللہ کے حضور میں شرفِ باریابی حاصل کرنے کی دعوت دے رہا ہو اَور کوئی اس وقت شراب کے نشہ میں مدہوش پڑا ہو یا جوا کی بازی جیتنے میں یوں کھویا ہوا ہو کہ اسے خبر تک نہ ہو کہ رحمت کی گھڑی آئی بھی اور گزر بھی گئی۔ اور جب شراب اور جوا کی حُرمت کی یہ وجہ ہے کہ وُہ یادِ خُدا سے غفلت کا سبب بنتے ہیں تو شطرنج اور تاش وغیرہ جب اپنے کھیلنے والوں کو اتنا منہمک کر دیں کہ نماز کی ہوش تک نہ رہے تو یہ کیوں حرام نہ ہوں گے فَاِنۡ کَانَتِ الۡخَمۡرُ اِنَّمَا حُرِّمَتۡ لِاَنَّهَا تُسۡکِرُ فَتَصُدُّ بِالۡاِسۡکَارِ عَنِ الصَّلٰوۃِ فَلۡیُحَرَّمِ النَّرۡدُ وَالشَّطۡرَنۡجُ لِاَنَّهٗ یُغۡفِلُ وَیُلۡهِیۡ فَیَصُدُّ بِذٰلِکَ عَنِ الصَّلٰوۃِ وَاللّٰهُ اَعۡلَمُ۔ (قرطبی)

وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿٩١﴾

اور جُوئے کے ذریعہ اور روک دے تمہیں یادِ الٰہی سے اور نماز سے تو کیا تم باز آنے والے ہو؟

وَاَطِيْعُوا اللهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا

اور اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسُول (کریم) کی ١٦٨ اور محتاط رہو اور اگر تم نے رُوگردانی کی تو خوب جان لو

اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿٩٢﴾ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

کہ ہمارے رسُول کا فرض تو بس پہنچا دینا ہے کھول کر (ہمارے احکام کو)۔ نہیں ان لوگوں پر ١٦٩ جو ایمان لاتے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَ

نیک عمل کیے کوئی گناہ جو (اس حکم سے پہلے) وُہ کھا پی چکے جب کہ وُہ پہلے بھی ڈرتے تھے اور ایمان رکھتے تھے اور

١٦٨ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسُولِ مکرّم کی اطاعت کی پھر تاکید کر دی گئی اور نافرمانی سے روک دیا گیا تاکہ کوئی شخص کسی تاویل سے اس کی نافرمانی کی جرأت نہ کر سکے۔

١٦٩ جب شراب وجوا کی حُرمت کے احکام نازل ہُوئے تو بعض صحابہ نے عرض کی۔ یا رسُول اللہ! ہمارے وُہ مُسلمان بھائی جو اِس حکم سے پہلے انتقال کر گئے اور مختلف جنگوں میں شہادت پائی حالانکہ وُہ شراب پیا کرتے تھے ان کا کیا بنے گا؟ تو یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی۔ اس آیت میں اِتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا۔ اِتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا۔ اور اِتَّقَوْا وَّ اَحْسَنُوْا کے الفاظ کا تکرار بہت غور طلب اور معنی خیز ہے۔ علامہ بیضاوی فرماتے ہیں کہ ان مکرّر الفاظ سے صحابہ کرام کی تین حالتوں یا ان کے تین مقامات کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ پہلے اِتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا سے ان کے تقویٰ و ایمان کی اس حالت کا بیان ہے جس کا تعلق ان کے اپنے قلب و رُوح کے ساتھ ہے۔ دُوسرے وَاتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا سے اُن کے تقویٰ و ایمان کی اُس کیفیّت کا ذکر ہے جو اُن کے اور دُوسرے لوگوں کے درمیان تھی۔ اور آخری اِتَّقَوْا وَّ اَحْسَنُوْا سے تقویٰ و احسان کی اُس حالت کی طرف اشارہ ہے جو اُن کے اور ان کے رب کے درمیان تھی۔ یا پہلے ان کے ابتدائی مقام کی طرف اشارہ ہے۔ پھر ان کی درمیانی حالت کی طرف اور آخر میں ان کی اعلیٰ ترین کیفیّت کی طرف جب کہ عابد ومعبود، ساجد ومسجود میں دُوری کے پردے اُٹھ جاتے ہیں اور نعمتِ مشاہدہ سے دِل کی آنکھیں روشن ہوتی ہیں۔ اسی لیے آخر میں وَاتَّقَوْا وَّ اَحْسَنُوْا فرمایا جب کہ انسان مقامِ احسان پر فائز ہوتا ہے۔ اور احسان کا مفہوم حضُور نے فرمایا۔ اَنْ تَعْبُدَ اللهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ وَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ۔ یعنی احسان اس کیفیّت کو کہتے ہیں جب کہ تُو

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ

نیک عمل کیا کرتے تھے پھر (ان احکام کے بعد بھی) ڈرتے ہیں اور (جو اترا) اس پر ایمان رکھتے ہیں پھر بھی ڈرتے ہیں اور اچھے کام کرتے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٩٣﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ

ہیں اور اللہ محبت کرتا ہے ١٧٠ اچھے کام کرنے والوں سے۔ اے ایمان والو! ضرور آزمائے گا تمہیں اللہ تعالیٰ کسی چیز کے ساتھ

الصَّيْدِ تَنَالُهٗۤ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ

شکار سے ١٧١ پہنچ سکتے ہیں جس تک تمہارے ہاتھ اور تمہارے نیزے ١٧٢ تاکہ پہچان کرا دے اللہ تعالیٰ اس کی جو ڈرتا ہے اس سے

فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٩٤﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بن دیکھے پس جو شخص حد سے بڑھے گا اس (تنبیہ) کے بعد تو اس کے لیے دردناک عذاب ہے اے ایمان والو!

لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا

نہ مارو شکار کو جب کہ تم احرام باندھے ہوئے ہو اور جو قتل کرے شکار کو تم میں سے جان بوجھ کر ١٧٣

اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کرے جیسے تو اسے دیکھ رہا ہے یا حالتِ عبادت میں تم یہ سمجھ رہے ہو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

١٧٠ یعنی وہ صحابہ کرام تقویٰ اور ایمان کی منزلیں طے کرتے کرتے جب مقامِ احسان پر فائز ہو گئے تو وہ خداوندِ عالم کے محبوب بن گئے۔ اب ان سے ایسی چیزوں کی پرسش نہ ہوگی جن کی حرمت کا حکم اس وقت تک نازل نہ ہوا تھا۔

١٧١ عرب کے بادیہ نشین جانوروں اور پرندوں کا شکار کر کے گزر اوقات کیا کرتے تھے احرام کی حالت میں ان کا شکار سے باز رہنا کچھ کم صبر آزما نہ تھا خصوصاً ایسی حالت میں جب کہ قدم قدم پر ہرنوں کی ٹولیاں اور پرندوں کے جھرمٹ دلوں کو للچا رہے ہوں۔ اس کی حقیقت کسی شکاری سے پوچھئے جس کے سامنے سے ہرنوں اور نیل گاؤں کا غول گزر رہا ہو اور وہ انہیں آسانی سے نشانہ بھی بنا سکتا ہو اور اس وقت اسے شکار کرنے سے روک دیا جائے تو اس کی کیا حالت ہوتی ہے۔ اس حکم سے مسلمانوں کا امتحان لیا جا رہا ہے کہ جب تم احرام باندھ لو تو کسی جانور یا پرندے کو شکار نہ کرو۔

١٧٢ اس میں رسیاں، جال، تیر، بندوق، شکاری کتے غرضیکہ شکار کا ہر ذریعہ داخل ہے۔

١٧٣ اگر کسی نے شکار پکڑ لیا تو اسے چھوڑ دے اور اگر اسے مار ڈالا تو پھر اس کی سزا یہ ہے کہ اس طرح کا ایک جانور جس کی قیمت دو معتبر آدمیوں کے فیصلہ کے مطابق اس شکار کردہ جانور کے برابر ہو خریدے اور مکہ میں لا کر اسے ذبح کرے

فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ

تو اُس کی جزا یہ ہے کہ اسی قسم کا جانور دے جو اس نے قتل کیا ہے فیصلہ کریں اس کا دو معتبر آدمی تم میں سے

هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا

درآں حالیکہ یہ قربانی کعبہ میں پہنچنے والی ہو یا کفّارہ ادا کرے وُہ یہ کہ چند مسکینوں کو کھانا دے یا اس کے برابر روزے رکھے

لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ؕ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ

تاکہ چکھے سزا اپنے کام کی ۔ معاف فرمادیا اللہ تعالیٰ نے جو گزر چکا اور جو (اب) پھر گیا تو انتقام لے گا

اللّٰهُ مِنْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿٩٥﴾ اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ

اللہ تعالیٰ اس سے اور اللہ تعالیٰ غالب ہے بدلہ لینے والا ہے حلال کیا گیا ہے تمھارے لیے دریائی شکار اور اس کا کھانا

مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ

فائدہ اُٹھاؤ تم اور دُوسرے قافلے اور حرام کیا گیا ہے تم پر خشکی کا شکار جب تک تم

حُرُمًا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٩٦﴾ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ

احرام باندھے ہوئے ہو اور ڈرتے رہو اللہ سے جس کے پاس تم اکٹھے کیے جاؤ گے بنایا ہے اللہ تعالیٰ نے کعبہ کو ١٧٤

یا اس جانور کی قیمت کا غلّہ لے کر غریبوں میں تقسیم کر دے یا جتنے غریبوں میں صدقۂ فطر کی مقدار سے وُہ غلّہ تقسیم ہو سکتا ہے اتنے روزے رکھے ۔ احناف کے نزدیک قیمت میں مماثلت کافی ہے اور امام شافعیؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک شکل و صورت اور قدو قامت میں بھی مماثلت ضروری ہے لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے سانپ، بچھو، چوہا، کوّا اور حداۃ کو مارنے کی اجازت فرمائی ہے ۔

١٧٤ مکعب نما ہونے کی وجہ سے اس گھر کو کعبہ کہا گیا۔ حدُودِ حرم میں شکار کی ممانعت کرنے کے بعد اب بتایا جا رہا ہے کہ جس طرح کعبہ اور اس کی حدُود جانوروں کے لیے امن گاہ ہیں اسی طرح کعبہ انسانوں کے حفظ و بقا کا بھی سبب ہے۔ قیام اصل میں قوام تھا واؤ کا ماقبل مکسور تھا اس لیے اسے یاء سے بدل دیا گیا۔ وَالْمُرَادُ بِهٖ مَا يَقُوْمُ بِهٖ اَمْرُ النَّاسِ (المنار) کعبۂ مقدّسہ تکوینی اور تشریعی دونوں لحاظ سے لوگوں کے حفظ و بقا کا ذریعہ ہے۔ تکوینی لحاظ سے تو اس طرح کہ

الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَآئِدَ ؕ

جو عزت والا گھر ہے بقا کا باعث لوگوں کے لیے نیز حرمت والے مہینوں کو ۱۷۵ اور حرم کی قربانی اور گلے میں پٹے پڑے

ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ

ہوئے جانوروں کو تاکہ تم خوب جان لو ۱۷۶ کہ یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور یقیناً

اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۹۷﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ

اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتا ہے خوب جان لو کہ اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا (بھی) ہے اور

اللہ تعالیٰ نے اس گھر کی عزت و عظمت لوگوں کے دلوں میں ایسی مستحکم کر دی ہے کہ اُس زمانہ میں جب کہ جزیرۂ عرب میں کوئی حکومت نہ تھی، کوئی قانون نہ تھا، کوئی دین نہ تھا اور قتل و غارت کی گرم بازاری تھی اُس وقت بھی یہاں کوئی کسی کو چھیڑتا نہیں تھا۔ باپ کا قاتل بھی اگر وہاں آجاتا تو اس کی طرف بھی بُری نظر سے نہ دیکھا جاتا۔ باوجود اس کے کہ گرد و نواح کا علاقہ سب صحرا اور ریگستان تھا لیکن تجارتی قافلوں کی یہی منڈی تھی۔ عرب کے گوشہ گوشہ سے لوگ یہاں ہی جمع ہوتے اور کاروبار کرتے۔ یہ گویا حضرت ابراہیم کی اس دُعا کی برکت تھی۔ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ۔ اور تشریعی طور پر اس طرح کہ حج وعمرہ کی عبادات یہاں ہی ادا کی جاتی ہیں۔ ہر مسلمان دُنیا کے کسی گوشہ میں ہو نماز کے وقت کعبہ کی طرف ہی رُخ کر کے کھڑا ہوتا ہے۔ حج کے موقع پر دُنیا کے کونہ کونہ سے کلمہ گو کھچے چلے آتے ہیں۔ علامہ عثمانی نے یہاں خوب لکھا ہے فرماتے ہیں "سب سے بڑی بات یہ ہے کہ علم الٰہی میں پہلے ہی مقدر ہو چکا تھا کہ نوع انسانی کے لیے اسی جگہ سے عالمگیر اور ابدی ہدایت کا چشمہ پھوٹے گا اور مصلح اعظم اور سیّد کائنات محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے مولد و مسکن مبارک بننے کا شرف بھی سارے جہان میں سے اسی خاکِ پاک کو حاصل ہو گا"۔

۱۷۵ حرمت والے مہینے بھی لوگوں کے حفظ و بقا کا سبب تھے۔ کیوں کہ انھیں چار مہینوں میں تجارتی قافلے بے خوف و خطر ادھر اُدھر جا سکتے تھے۔ لوگ مطمئن ہو کر اپنے مقاصد کے لیے دُور دراز کے سفر کر سکتے تھے۔ خوف و ہراس کے بادل جو ہر وقت اُفق پر منڈلاتے رہتے تھے وُہ بھی اِن مہینوں میں چھٹ جاتے تھے۔ انھیں دنوں میں لوگ حج و عمرہ کی سعادت سے بہرہ اندوز ہو سکتے تھے۔ انہی وجوہ کے پیشِ نظر ان حرمت والے مہینوں کو بھی قِيٰمًا لِّلنَّاسِ فرمایا گیا۔

۱۷۶ ان چیزوں کو لوگوں کی حفظ و بقا کا باعث بنا دینا اللہ تعالیٰ کے علمِ محیط کی دلیل ہے۔ کیونکہ عرب لُوٹ مار کے عادی تھے۔ حکومت اور قانون وہاں موجود نہ تھا۔ اگر کعبہ اور حرمت والے مہینے بھی نہ ہوتے تو وہاں کی حالت اور خستہ ہوتی

اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٩٨﴾ مَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ

اللہ تعالیٰ غفور رحیم (بھی) ہے نہیں (ہمارے) رسُول پر ۱۷۷ کوئی ذمہ داری سوائے پیغام پہنچانے کے اور اللہ جانتا ہے

وَمَا تَكْتُمُونَ ﴿٩٩﴾ قُل لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ

جو تم ظاہر کر رہے ہو اور جو چھپا رہے ہو۔ آپ فرما دیجئے نہیں برابر ہو سکتا ناپاک اور پاک ۱۷۸ اگرچہ حیرت میں ڈال دے تجھے

الْخَبِيثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿١٠٠﴾ يَا أَيُّهَا

ناپاک کی کثرت سو ڈرتے رہو اللہ تعالیٰ سے اے عقل والو! تاکہ تم نجات پا جاؤ اے

الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِن تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ وَإِن

ایمان والو! ۱۷۹ مت پُوچھا کرو ایسی باتیں کہ اگر ظاہر کی جائیں تمہارے لیے تو بُری لگیں تمہیں اور اگر

---

۱۷۷ یعنی میرے رسُول کا کام یہ ہے کہ تمہیں میرے احکام پہنچا دے اور خوب کھول کر سمجھا دے اور وُہ فرض اُس نے بہ ہزار حسن وخوبی انجام دے دیا۔ اب اگر تم ان کی تعمیل میں کوتاہی کرو گے تو اس کے تم خود ذمہ دار ہو گے۔

۱۷۸ اللہ تعالیٰ اپنے محبُوب کریم کو ارشاد فرماتا ہے کہ آپ اپنی اُمّت کو بتا دیجئے کہ کُفّار کی جاہ وحشمت، مال و دولت اور تعداد کی کثرت اور اپنی غربت اور کمزوری کو دیکھ کر پریشان نہ ہوا کریں کیونکہ خبیث اور طیّب ایک ایسے نہیں ہو سکتے وُہ پلید ہیں تم پاک ہو۔ خبیث اور طیّب سے مُراد حرام اور حلال، کافر اور مومن، عاصی اور مطیع سب ہو سکتے ہیں۔

۱۷۹ بعض لوگ حضور کریم سے عجیب وغریب قسم کے سوالات پوچھا کرتے تھے۔ جن میں کوئی دینی اور دُنیوی فائدہ نہیں ہوا کرتا تھا۔ یہاں تک کہ حضور ان سوالات سے کبیدہ خاطر ہُوئے اور ایک روز منبر پر تشریف فرما ہو کر ارشاد فرمایا۔ لَا تَسْأَلُونِي الْيَوْمَ عَنْ شَيْءٍ إِلَّا بَيَّنْتُهُ لَكُمْ۔ آج تم جس چیز کے متعلّق مجھ سے دریافت کرو گے وُہ میں تمہیں بتاؤں گا۔ سب صحابہ کرام کے سر جُھکے ہُوئے تھے اور زار و قطار رو رہے تھے اور کسی میں ہمّت نہ تھی کہ کوئی بات کر سکے اس وقت حضرت عبداللہ بن حذافہ جن کی نسب کے متعلق لوگ طرح طرح کی چہ میگوئیاں کیا کرتے تھے اُٹھے اور عرض کی مَنْ أَبِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ۔ میرا باپ کون ہے۔ حضور نے یہ نہیں کہا کہ مجھے کیا پتہ۔ مجھ سے تو کوئی فقہ کا مسئلہ دریافت کرو بلکہ اپنے خُداداد وسیع علم کا اظہار فرماتے ہُوئے جواب دیا کہ أَبُوكَ حُذَافَةُ۔ تیرا باپ حذافہ ہے۔ ان کی والدہ اپنے لڑکے کے اس سوال پر کانپ اُٹھیں اور کہنے لگیں۔ اے عبداللہ! تجھ سے زیادہ نافرمان بھی کسی کا بیٹا ہو سکتا ہے۔ تُو تو مجھے برسرِ مجلس رُسوا کرنا چاہتا تھا۔ حضرت عبداللہ کو اپنے محبُوب نبی کے علمِ خُداداد پر اتنا اعتماد تھا کہ فرمایا۔ اگر حضور مجھے

تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ وَاللّٰهُ

پُوچھو گے ان کے متعلق جب کہ اُتر رہا ہے قرآن تو ظاہر کر دی جائیں گی تمہارے لیے معاف کر دیا ہے اللہ نے ان کو۔ اور اللہ

غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا

بہت بخشنے والا بڑے حلم والا ہے تحقیق پُوچھا تھا ان کے متعلق ایک قوم نے تم سے پہلے پھر وُہ ہو گئے ان احکام کا

كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّ

اِنکار کرنے والے نہیں مقرر کیا اللہ تعالیٰ نے ۱۸۰؎ بحیرہ اور نہ سائبہ اور نہ وصیلہ اور

کسی حبشی غلام کا بیٹا کہہ دیتے تو مجھے اِنکار نہ ہوتا۔ اِسی طرح بعض لوگ بال کی کھال نکالنے کے عادی تھے۔ حج کی فرضیّت کا حکم نازل ہوا تو ایک شخص نے عرض کی یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! کیا ہر سال حضورؐ خاموش رہے۔ اس نے مکرّر سہ کرر اپنا سوال دُہرایا۔ حضورؐ نے فرمایا، نہیں۔ اور اگر میں ہاں کہہ دیتا تو تم پر ہر سال حج فرض ہو جاتا۔ کیونکہ اِس قسم کے سوالات مفید ہونے کے بجائے تکلیف اور مشقّت کا باعث بن سکتے تھے اِس لیے ان سے منع فرما دیا۔ حضورؐ کا یہ ارشادِ گرامی بھی پیشِ نظر رہے۔ اِنَّ اللّٰہَ فَرَضَ فَرَائِضَ فَلَا تُضَیِّعُوْھَا وَحَرَّمَ حُرُمَاتٍ فَلَا تَنْتَھِکُوْھَا وَحَدَّ حُدُوْدًا فَلَا تَعْتَدُوْھَا وَسَکَتَ عَنْ اَشْیَاءَ مِنْ غَیْرِ نِسْیَانٍ فَلَا تَبْحَثُوْا عَنْھَا۔ اللہ تعالیٰ نے کچھ فرض مقرر کیے ہیں ان کو ضائع نہ کرو۔ بعض چیزوں کو حرام کر دیا ہے ان کی پردہ دری نہ کرو۔ اور بعض حدیں مقرر کر دی ہیں اُن کو مت توڑو۔ اور بعض چیزوں کے متعلق دانستہ سکُوت فرمایا ہے ان کے متعلق بحث نہ کرو۔

۱۸۰؎ کِسی چیز کو حلال یا حرام کرنے کا اختیار اللہ تعالیٰ کو ہے یا اس کے اِذن سے اس کے رسُولؐ کو۔ اگر کوئی شخص اللہ اور رسُولؐ کی حلال کی ہُوئی چیز کو حرام اور حرام کی ہُوئی چیز کو حلال کرتا ہے تو وُہ تشریع اور قانون سازی کا حق اپنے ہاتھ میں لے رہا ہے اور حقوقِ ربّانی میں مداخلت کرنے کا مجرم بن رہا ہے۔ اِس آیت میں کفّار کی ایسی مداخلت کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ کہ جن جانوروں کا گوشت اور دُودھ اللہ تعالیٰ نے حلال کیا، اُن سے خدمت لینے، ان پر سواری کرنے، بوجھ لادنے کی اجازت بخشی، یہ کفّار اپنی من گھڑت تجویزوں سے ان کو اپنے اُوپر حرام کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے۔ حالانکہ یہ سراسر جھُوٹ اور بہتان ہوتا ہے۔ جن جانوروں کو مُشرکین اپنے اُوپر مختلف طریقوں سے حرام کر دیا کرتے تھے اُن کے نام مع تشریح درج ذیل ہیں:۔

۱۔ بحیرہ۔ اِس کا لغوی معنی ہے کان چِرا۔ وُہ اُونٹنی جو پانچ بچّے جنتی اور آخری بچّہ نر ہوتا تو کان چیر کر اُسے چھوڑ دیتے۔ اس پر سواری کرنا، اس کا گوشت سب اپنے اُوپر حرام خیال کر لیتے۔

لَا حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَاَكْثَرُهُمْ

نہ حام لیکن جنھوں نے کفر کیا وُہ تہمت لگاتے ہیں ۱۸۱؎ اللہ تعالیٰ پر جھوٹی اور اکثر ان میں سے

لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ

کچھ سمجھتے ہی نہیں ہیں اور جب کہا جاتا ہے انھیں کہ آؤ اس کی طرف جو نازل کیا ہے اللہ تعالیٰ نے اور آؤ اس کے رسُول

قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ

کی طرف کہتے ہیں کافی ہے ہمیں جس پر پایا ہم نے اپنے باپ دادا کو ۱۸۲؎ اگرچہ ان کے باپ دادا کچھ بھی نہ جانتے ہوں ۱۸۳؎

۲۔ سائبۃ۔ اگر کوئی آدمی سفر پر جاتا یا بیمار ہوتا تو وُہ نذر مانتا کہ اگر میں خیریت سے گھر پہنچ گیا یا اس بیماری سے صحتیاب ہوگیا تو میری یہ اُونٹنی سائبہ ہوگی ۔اور اس کا دُودھ، گوشت اور اس پر سواری بھی بحیرہ کی طرح حرام تصوّر کرتے۔

۳۔ وصیلۃ۔ ان کی بکری اگر بچی جنتی تو اُسے اپنے لیے رکھ لیتے اور بچہ جنتی تو وُہ ان کے بتوں کا ہوتا۔ اور اگر ایک شکم سے بچی بچہ دونوں جنتی تو پھر بھی بچی کو بچہ کے ساتھ ملا کر بُتوں کی نذر کر دیتے۔ یہ بچی جو اپنے بھائی کے ساتھ مل کر بُتوں کی نذر ہوتی اس کو وصیلۃ کہتے۔ وَصَلَتِ الْاُنْثٰی اَخَاهَا۔

۴۔ حام۔ وُہ اُونٹ جس کی جفتی سے دس بچے پیدا ہوتے اس کی سواری وغیرہ بھی اپنے اُوپر حرام کر دیتے اور اُسے حام کہا جاتا۔ (بیضاوی) یہ سارے جانور وُہ اپنے بتوں کے لیے نذر کرتے اور ان سے کسی قسم کا فائدہ اٹھانا اپنے اُوپر حرام کر دیتے۔

۱۸۱؎ یہ رسُومِ بد تو ان کی من گھڑت ہیں لیکن نسبت ان کی اللہ تعالیٰ کی طرف کر دیتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ہرگز یہ حکم نہیں دیا۔ بلکہ اس نے تو ان جانوروں کو پیدا ہی اس لیے فرمایا ہے کہ انسان انھیں کھائے۔ اُن کا دُودھ پئے۔ اُن پر سواری کرے اور اُن پر اپنا سامان وغیرہ لادے۔

۱۸۲؎ اگر ان لوگوں کو ان بیہُودہ رسموں سے باز آنے اور قرآن وسُنّت کی اطاعت کے لیے کہا جاتا ہے تو کہتے ہیں ہمیں تمھاری رہنمائی کی ضرورت نہیں ہم تو صرف اسی راہ پر گامزن رہیں گے جس پر ہمارے باپ دادا چلا کرتے تھے۔

۱۸۳؎ اگرچہ ان کے باپ دادا جاہل اور گمراہ ہی کیوں نہ ہوں یہ ان کی ہی تقلید کریں گے۔ معلوم ہوا کہ ایسے باپ دادا کی پیروی سے روکا جارہا ہے جو جاہل اور گمراہ ہوں۔ اس آیت سے ائمۂ مجتہدین اور اولیاء کاملین کی تقلید کی ممانعت نہیں۔ اور اس کی کھلی وجہ یہ ہے کہ ان کی تقلید عین اللہ اور اس کے رسُول کی اطاعت ہے کیونکہ ان کی زندگیاں اسی اطاعتِ کاملہ کی زندہ تصویر ہوا کرتی ہیں۔

شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ

اور نہ ہدایت یافتہ ہوں (کیا پھر بھی وُہ انھیں کی پیروی کریں گے) اَے ایمان والو! تم پر ۱۸۴ اپنی جانوں کا فکر لازمی ہے نہیں نقصان پہنچا سکے گا

مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ

تمھیں جو گمراہ ہوا جب کہ تم ہدایت یافتہ ہو اللہ کی طرف ہی لَوٹ کر جانا ہے تم سب نے پھر وُہ آگاہ کرے گا

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ

تمھیں جو تم (اِس دُنیا میں) کیا کرتے تھے اَے ایمان والو! آپس میں تمھاری گواہی ۱۸۵ جب آ جائے

۱۸۴ کفّار کا عناد اور کفر پر ان کا اصرار دیکھ کر صحابہ کرام بہت رنجیدہ خاطر رہا کرتے تھے۔ ان کی تسلّی کے لیے یہ آیت نازل ہوئی کہ تم اپنی اصلاح اَور سلامت روی کے ذمہ دار ہو۔ اگر تم راہِ راست پر ثابت قدم رہے تو کسی کی گمراہی تمھیں ضرر نہیں پہنچائے گی۔ ہر شخص اپنے اعمال کی جزا و سزا بھگتے گا لیکن اِس سے کوئی یہ نہ سمجھ لے کہ جب ہم خود نیکوکار اور صالح ہیں تو کسی کو نیکی کا حکم کرنا اور بُرائی سے روکنا ہم پر لازم نہیں۔ یہ خیال سراسر غلط ہے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اِس غلط فہمی کا پہلے ہی ازالہ فرما دیا تھا۔ آپ ایک روز خطبہ کے لیے کھڑے ہُوئے۔ حمد و ثنا کے بعد فرمایا: تم یہ آیت عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ الخ پڑھتے ہو اور اِس کا غلط مفہُوم ذہن میں رکھتے ہو۔ میں نے حضُور کریمؐ کو یہ فرماتے ہُوئے سُنا: اِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوُا الْمُنْكَرَ وَلَمْ يُغَيِّرُوْهُ يُوْشَكُ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ اَنْ يَعُمَّهُمْ بِعِقَابِهٖ (سُنن اربعہ): لوگ جس وقت بُرائی کو دیکھیں اور پھر اس کو درست نہ کریں تو کچھ بعید نہیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اپنے عذاب کی گرفت میں لے لے۔

۱۸۵ اِن تین آیتوں کو اعراب، معنی اور حکم کے اعتبار سے مشکل ترین آیات شمار کیا گیا ہے۔ ان کا خلاصہ مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی مُسلمان سفر میں ہو اور اس کی موت کا وقت قریب آ جائے تو دو معتبر مسلمانوں کو بُلا کر اپنے مال کی وصیّت کرے اَور اگر اس وقت مُسلمان نہ مل سکیں تو دو غیر مُسلموں کو بُلا کر ہی اِس کی وصیّت کر دے۔ اَور جب وُہ وصی اس کے گھر پہنچیں اور وارثوں کو شک پڑ جائے کہ اُنھوں نے صحیح حالات نہیں بتائے تو نمازِ عصر کے بعد جب لوگ نماز سے فارغ ہو جائیں تو ان وصیوں کو بُلا کر قسم لی جائے کہ اُنھوں نے کسی قسم کی خیانت نہیں کی اور وصیّت کو صحیح طور پر بیان کر دیا ہے۔ کیونکہ وارث اس صُورت میں مدعی تھے لیکن ان کے پاس اِن وصیوں کے خلاف گواہ موجُود نہ تھے۔ اِس لیے وصی جو منکر تھے ان سے قسم لی گئی لیکن اگر بعد میں ان کی خیانت پکڑی جائے اور ان کا جھُوٹ ظاہر ہو جائے تو پھر وارثوں میں سے دو آدمی قسم اُٹھائیں کہ پہلے وصیوں کا بیان غلط تھا اور جو ہم کہہ رہے ہیں وُہ زیادہ صحیح ہے۔ پھر ان وارثوں کی قسم کے مطابق فیصلہ کیا جائے۔ وُہ خاص واقعہ جس کے بارے میں یہ احکام نازل ہُوئے اس کے ذِکر سے مزید وضاحت ہو جائے گی اِس لیے

اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ

کسی کو تم سے موت وصیّت کرتے وقت (یہ ہے کہ) دو معتبر شخص تم میں سے ہوں یا دو اور ۱۸۶ے

مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ

غیروں میں سے اگر تم سفر کر رہے ہو زمین میں پھر پہنچے تمھیں موت کی مصیبت

الْمَوْتِ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ

روکو ان دو گواہوں کو ۱۸۷ے نماز پڑھنے کے بعد تو وُہ قسم کھائیں اللہ کی اگر تمھیں

اس کا ذکر کرنا بھی مناسب ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ بدیل نامی ایک مُسلمان دو عیسائیوں تمیم الداری اور عدی کے ہمراہ ملک شام میں تجارت کی غرض سے گئے۔ جب بدیل شام پہنچے تو اچانک بیمار ہو گئے۔ اور انھوں نے اپنے سامان کی فہرست لکھ کر سامان میں رکھ دی اور اپنے ساتھیوں کو اس کی اطلاع نہ دی جب ان کی حالت نازک ہو گئی تو انھوں نے اپنے دونوں ساتھیوں کو بُلا کر وصیّت کی کہ میرا سامان میرے گھر پہنچا دینا۔ چنانچہ ان کا انتقال ہو گیا۔ تمیم اور عدی نے ان کا سامان سنبھالا۔ اس میں ایک چاندی کا پیالہ تھا۔ جس پر سنہری نقش و نگار تھے۔ وُہ ان کو پسند آیا اور اسے نکال لیا۔ مدینہ واپس پہنچ کر بدیل کا سامان ان کے گھر پہنچا دیا۔ گھر والوں کو سامان کی وُہ فہرست مل گئی۔ جب سامان کو اس فہرست کے مطابق کیا گیا تو پیالہ مفقود تھا۔ ان سے دریافت کیا انھوں نے بے خبری کا اظہار کیا۔ چنانچہ بارگاہِ رسالت میں عرض کی گئی۔ حضورؐ نے عصر کی نماز کے بعد ان دونوں کو بلایا اور ان سے قسم لی۔ وہاں بھی انھوں نے قسم اُٹھالی۔ کچھ عرصہ بعد وُہ پیالہ مکّہ کے ایک سُنار کے پاس پایا گیا۔ اس نے بتایا کہ میں نے تو یہ پیالہ تمیم اور عدی سے ایک ہزار درہم میں خریدا ہے۔ چنانچہ پھر مقدمہ بارگاہِ رسالت میں پیش ہوا۔ اس آیت کے مطابق اس دفعہ بدیل کے وارثوں سے قسم لی گئی کہ یہ پیالہ بدیل کا ہے اُس نے فروخت نہیں کیا بلکہ عدی اور تمیم نے خیانت کی ہے۔ چنانچہ ان دونوں کے خلاف فیصلہ صادر ہوا۔ اور ان سے ہزار درہم لے کر بدیل کے وارثوں کو دیا گیا۔

۱۸۶ے اس سے بعض فقہاء نے بوقتِ ضرورت غیر مُسلم کی شہادت مسلمان کے لیے جائز رکھی ہے۔ امام صاحبؒ کے نزدیک ذمی ذمی کے لیے شہادت دے سکتا ہے لیکن مسلمان کے لیے نہیں دے سکتا۔ آیت سے یہ مفہوم واضح طور پر مستفاد نہیں ہوتا۔

۱۸۷ے ویسے تو ہر نماز کے بعد جائز ہے لیکن ظہر اور عصر کی نماز کے بعد بہتر ہے۔ کیونکہ اس وقت لوگوں کا اجتماع زیادہ ہوتا ہے۔

ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ

شک پڑ جائے (ان الفاظ سے) ۱۸۸؎ کہ ہم نہ خریدیں گے اس قسم کے عوض کوئی مال اور اگرچہ قریبی رشتہ دار ہی ہو اور ہم نہیں چھپائیں گے اللہ

اللّٰهِ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا

کی گواہی (اگر ہم ایسا کریں) تو یقیناً ہم اس وقت گنہگاروں میں (شمار) ہوں گے۔ پھر اگر پتہ چلے کہ وہ دونوں گواہ سزاوار ہوئے ہیں کسی گناہ کے

فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ

تو دو اور کھڑے ہو جائیں ان کی جگہ ان میں سے جن کا حق ضائع کیا ہے پہلے گواہوں نے اور (یہ نئے

فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۖ

دو گواہ) قسم اٹھائیں اللہ کی کہ ہماری گواہی زیادہ ٹھیک ہے ان دو کی گواہی سے اور ہم نے حد سے تجاوز نہیں کیا

اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى

(اگر ہم ایسا کریں تو) بے شک اس وقت ہم ظالموں میں شمار ہوں گے۔ یہ طریقہ زیادہ قریب ہے کہ گواہ دیا کریں گواہی ۱۸۹؎ جیسا کہ

وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

چاہیے یا خوف کریں اس بات کا کہ لوٹائی جائیں گی قسمیں (میت کے وارثوں کی طرف) ان کی قسموں کے بعد اور ڈرتے رہو

وَاسْمَعُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ ع يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ

اللہ سے اور سنو اس کا حکم اور اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا فاسق قوم کو جس دن جمع کرے گا اللہ تعالیٰ

۱۸۸؎ شہادت لینے کی ضرورت تب ہوگی جب وارثوں کو شک ہو۔ ورنہ نہ مقدمہ ہوگا نہ شہادت و قسم کی ضرورت ہوگی۔

۱۸۹؎ یوں نماز کے بعد مجمع عام میں جب قسم لینے کا قانون ہوگا تو وصی بھی جھوٹ بولنے سے اجتناب کریں گے اور وارث بھی اللہ کے گھر میں اللہ کی مخلوق کے سامنے ناجائز مطالبہ نہیں کریں گے۔ دونوں کو علم ہوگا کہ ہمیں قسم اٹھانا ہے۔

ع ۱۴ / ۴

الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ

تمام رسُولوں کو پھر پُوچھے گا (ان سے) کیا جواب ملا تمھیں؟ ۱۹۰ عرض کریں گے کوئی علم نہیں ہمیں۔ بے شک تو ہی خوب

الْغُيُوْبِ ﴿۱۰۹﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَ

جاننے والا ہے سب غیبوں کا۔ جب فرمائے گا اللہ تعالیٰ اے عیسیٰ بن مریم! ۱۹۱ یاد کرو میرا انعام اپنے پر اور

عَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۟ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي

اپنی والدہ پر جب میں نے مدد فرمائی تمھاری رُوح القدس سے ۱۹۲ باتیں کرتا تھا تو لوگوں سے (جبکہ

الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ

تو ابھی) پنگوڑے میں تھا اور جب پکی عمر کو پہنچا۔ اور جب سکھائی میں نے تمھیں کتاب اور حکمت اور تورات

وقف لازم

۱۹۰ بظاہر یہ شبہ گزرتا ہے کہ انبیاء نے جب دینِ حق کی دعوت دی تو بعض لوگوں نے اُسے قبول کیا بعض نے اُسے ردّ کر دیا اور اس کی مخالفت پر کمر باندھی۔ ان تمام واقعات کا انبیاء نے بچشمِ خود مشاہدہ کیا تھا۔ پھر ان کے اس جواب کا کیا مطلب کہ انھیں تو کچھ خبر نہیں کہ ان کی اُمتوں نے اُنھیں کیا جواب دیا۔ امام المفسرین ابن جریرؒ نے اسی توجیہ کو صحیح اور بہترین فرمایا ہے جو حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ انبیاء نے اللہ تعالیٰ کے علم محیط اور کامل کے سامنے اپنے علم کو ہیچ سمجھتے ہوئے ازراہ ادب و تعظیم اپنے علم کی سرے سے نفی کر دی۔ وَاَوْلَى الْاَقْوَالِ بِالصَّوَابِ قَوْلُ مَنْ قَالَ مَعْنَاهُ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا عِلْمٌ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنَّا لِاَنَّهُمْ نَفَوْا اَنْ يَّكُوْنُوْا عَلِمُوْا مَا شَاهَدُوْا كَيْفَ يَجُوْزُ ذٰلِكَ وَهُوَ تَعَالٰى ذِكْرُهٗ يُخْبِرُ اَنَّهُمْ سَيَشْهَدُوْنَ عَلٰى تَبْلِيْغِهِمُ الرِّسَالَةَ ۔ (ابن جریر صفحہ ۸۲ جلد ۷)

۱۹۱ پہلی آیت میں یہ بتایا گیا کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ رسُولوں سے دریافت فرمائے گا کہ ان کی امتوں نے انھیں کیا جواب دیا۔ اب حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا خاص ذکر کر کے ان کی اُمّت کو تنبیہ کی جا رہی ہے کہ اس دن کے طلوع ہونے سے پہلے تم اپنی اصلاح کر لو اور اس گستاخی سے تائب ہو جاؤ جو اللہ تعالیٰ کے لیے جورُو اور بیٹا مان کر تم نے کی۔

۱۹۲ اللہ تعالیٰ یہاں حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اور ان کی والدہ ماجدہ پر اپنے خاص احسانات اور انعامات کا ذکر فرما رہے ہیں۔ خطاب ابن مریم کے لفظ سے کیا تاکہ عیسائیوں کے اس عقیدہ کی جڑ کٹے جو آپ کو ابن اللہ مانتے ہیں۔ ان کی والدہ پر تو احسان یہ ہے کہ بچپن میں ہی حضرت زکریا علیہ السّلام کی نگرانی اور تربیت کی نعمت سے سرفراز ہوئیں

وَ الْاِنْجِيْلَ ۚ وَ اِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ

اور انجیل اور جب تو بناتا تھا ۱۹۳ کیچڑ سے پرندے کی سی صورت میرے اذن سے پھر پھونک مارتا تھا

فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًۢا بِاِذْنِيْ وَ تُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ

اس میں تو وہ (مٹی کا بے جان پتلہ) بن جاتا تھا پرندہ میرے اذن سے اور (جب) تو تندرست کردیا کرتا تھا مادرزاد اندھے کو اور کوڑھی کو

وَ اِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ وَ اِذْ كَفَفْتُ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ

میرے اذن سے اور جب تو (زندہ کرکے) نکالا کرتا تھا مردوں کو میرے اذن سے اور جب میں نے روک دیا تھا ۱۹۴ بنی اسرائیل کو تجھ سے جب

جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا

تو آیا تھا ان کے پاس روشن نشانیاں لے کر تو کہا جنھوں نے کفر کیا تھا ان سے کہ یہ سب (معجزات) نہیں ہیں مگر

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۰﴾ وَ اِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَ

کھلا ہوا جادو ۱۹۵ اور جب میں نے حواریوں کے دل میں ڈالا ۱۹۶ کہ ایمان لاؤ میرے ساتھ اور

عبادت کے لیے وقف ہوگئیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ سے انھیں عیسیٰ جیسا فرزند عطا فرمایا۔ ان کے علاوہ اور بے شمار عنایات سے حضرت مریم کو ممتاز کیا گیا۔

۱۹۳ یہاں سے اُن احسانات اور انعامات کا ذکر شروع ہو رہا ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر فرمائے گئے۔ ان تمام کے متعلق حواشی سورہ آلِ عمران میں گزر چکے ہیں (ملاحظہ ہو آیت ۴۹ آلِ عمران)

۱۹۴ بارہا یہود نے کوشش کی کہ حضرت مسیح کو قتل کر ڈالیں لیکن ہر بار اللہ تعالیٰ نے ان کی کوششوں کو ناکام بنا دیا۔ آخری مرتبہ جب انھوں نے رومی حاکم سے آپ کو سولی دے دینے کے احکام بھی لے لیے تو پھر بھی اللہ تعالیٰ نے ان کو بچا لیا اور اپنی طرف آسمان پر اٹھا لیا جس کی تفصیلات سورہ النساء میں گزر چکی ہیں۔ (ملاحظہ ہوں آیات نمبر ۱۵۷ تا ۱۵۹۔ النساء)

۱۹۵ یہودی آپ کے روشن معجزات دیکھ کر ایمان لانے کے بجائے اُلٹا آپ کو جادوگر اور شعبدہ باز کہنے لگے۔

۱۹۶ وحی کے مختلف معانی کی تحقیق پہلے گزر چکی ہے۔ اگر یہ حواری انبیاء تھے جیسے بعض علماء کا خیال ہے تو وحی سے مراد وہ وحی ہوگی جو اللہ تعالیٰ انبیاء پر نازل فرماتا ہے اور اگر یہ نبی نہ ہوں تو وحی سے مراد الہام اور القاء ہوگا۔ حواریون

بِرَسُوْلِیْ ۚ قَالُوْۤا اٰمَنَّا وَ اشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ اِذْ قَالَ

میرے رسُول کے ساتھ اُنھوں نے کہا ہم ایمان لائے اور (اے مولا!) تو گواہ رہ کہ ہم مُسلمان ہیں ۱۹۷ جب کہا تھا

الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ

حواریوں نے اے عیسیٰ بن مریم کیا یہ کر سکتا ہے ۱۹۸ تیرا رب کہ اُتارے

عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾

ہم پر ایک خوان آسمان سے (ان کی اس تجویز پر) عیسیٰؑ نے کہا ڈرو اللہ سے اگر تم مومن ہو ۱۹۹

قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَ تَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَ نَعْلَمَ اَنْ قَدْ

حواریوں نے کہا ہم تو (بس) یہ چاہتے ہیں کہ ہم کھائیں اس سے اور مطمئن ہو جائیں ہمارے دل اور ہم جان لیں کہ آپ نے

جمع حواری کی۔ اِس کا لغوی معنی سفید و براق رنگ والا ہے۔ ظاہر اور باطن میں جو مخلص دوست ہو اُس کو بھی حواری کہتے ہیں۔ خصوصاً انبیاء کے ممتاز اور جاں نثار دوستوں اور اطاعت گزاروں کو حواری کہا جاتا ہے۔ اَلْحَوَارِيُّ مَعْنَاهُ فِي اللُّغَةِ الْاَبْيَضُ النَّقِيُّ اللَّوْنِ وَيُقَالُ مَنْ اَخْلَصَ سِرًّا وَّجَهْرًا فِيْ مَوَدَّتِكَ قَالَ الزَّجَّاجُ الْحَوَارِيُّوْنَ خُلْصَانُ الْاَنْبِيَاءِ وَصَفْوَتُهُمْ۔

۱۹۷ اس سے معلوم ہوا کہ تمام انبیاء کا دین جس کی وُہ دعوت دیا کرتے تھے وُہ اِسلام ہی تھا۔ یہ کوئی نیا دین نہیں ہے جو پہلے دینوں سے الگ ہو بلکہ انھیں کی ایک کامل، توانا اور حسین صُورت ہے۔

۱۹۸ کیونکہ وُہ مسلمان تھے اس لیے انھیں اِس میں تو شک نہ تھا کہ مائدہ نازل کرنے کی اللہ تعالیٰ قدرت رکھتا ہے یا نہیں۔ بلکہ وُہ دریافت یہ کر رہے تھے کہ کیا اللہ تعالیٰ کی حکمت اور ارادہ اِس بات کا متقاضی ہے کہ وُہ ہم پر مائدہ اُتارے۔ یعنی کوئی حکمت مائدہ کے نزوُل میں مانع تو نہیں۔ بعض علماء کا خیال یہ ہے کہ يَسْتَطِيْعُ بمعنی يُطِيْعُ ہے۔ یعنی اگر آپ مائدہ کے نزوُل کی دُعا کریں تو کیا اللہ تعالیٰ آپ کی یہ دُعا قبول فرمائے گا۔

۱۹۹ عیسیٰ علیہ السّلام کے ماننے والے بنی اِسرائیل کے چشم و چراغ تھے۔ نئی نئی تجویزیں پیش کرنا اور انھیں منوانا ان کا آبائی شعار تھا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام ان کو فرماتے ہیں کہ چھوڑو ان حجّت بازیوں کو اور اپنے آپ کو امتحان میں نہ ڈالو۔ ایسا نہ ہو کہ اپنے بڑوں کی طرح تم بھی شکرِ نعمت سے قاصر رہو اور اس سزا کے مستحق ٹھیرو جو ناشکروں کے لیے مقرر ہے۔

صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

ہم سے سچ کہا تھا اور ہم ہو جائیں اس پر ۲۰۰ گواہی دینے والوں سے عرض کی عیسیٰ بن مریم نے

اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا

اے اللہ ہم سب کے پالنے والے اُتار ہم پر خوان ۲۰۱ آسمان سے بن جائے ہم سب کے لیے خوشی کا دن

لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

(یعنی) ہمارے اگلوں کے لیے بھی اور پچھلوں کے لیے بھی اور (ہو جائے) ایک نشانی تیری طرف سے ۲۰۲ اور رزق دے ہمیں اور تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے

۲۰۰ اپنے اس مطالبہ کی تائید میں جو وجوہات اُنھوں نے بیان کیں ان کا ذکر اس آیت میں فرمایا جارہا ہے وہ وجوہات یہ ہیں: (۱) تاکہ ہم اس سے اپنی بھوک کا علاج کریں۔ (۲) اس معجزہ کے مشاہدہ کے بعد ہمارے دلوں کو اطمینان نصیب ہوگا (۳) نیز ہمیں آپ کی صداقت کی بھی قوی دلیل مل جائے گی (۴) جب ہم ایسا معجزہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے تو ہم اور لوگوں کو بھی بتائیں گے شاید ان سے بھی کوئی ہدایت قبول کرے۔

۲۰۱ اَللّٰهُمَّ اصل میں یَا اَللّٰہ ہے۔ حرفِ ندا کی جگہ دو میم آخر میں بڑھا دیئے۔ دُعا کے لیے ہاتھ اُٹھاتے وقت حضرت عیسیٰ علیہ السّلام نے ایک اسمِ ذاتی اور دُوسرا اسمِ صفاتی ذکر کیا۔ کیونکہ لفظ اللہ تمام صفاتِ کمالیہ کا جامع ہے۔ رحمت، بخشش، مغفرت سب اس کے ضمن میں آگئے۔ اور رَبَّنَا سے صفتِ ربُوبیّت کو مؤکّد کیا گیا کیونکہ جس چیز کے متعلّق سوال کیا جارہا ہے اُس کا اس صفت سے خصوصی تعلّق ہے۔ مَآىِٕدَة اس دسترخوان کو کہتے ہیں جس پر کھانا چنا ہوا ہو۔ اَلْمَآىِٕدَةُ اَلْخِوَانُ الَّذِيْ عَلَيْهِ الطَّعَامُ (قرطبی) عید مطلق خوشی اور سرُور کے دن کو کہتے ہیں۔ لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا سے مُراد یہ ہے کہ جو اس مائدہ کے نازل ہونے سے پہلے ایمان لا چکے اور جو بعد میں ایمان لائیں گے یہ سب کے لیے فرحت و شادمانی کا دن ہوگا۔ حضرت صدر الافاضل مُراد آبادی قدس سرہٗ نے یہاں خوب لکھا ہے فرماتے ہیں: اس سے معلوم ہوا کہ جس روز اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت نازل ہو اس روز کو عید بنانا اور خوشیاں منانا، عبادتیں کرنا، شکرِ الٰہی بجا لانا طریقۂ صالحین ہے۔ اور کچھ شک نہیں کہ سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کی تشریف آوری اللہ تعالیٰ کی عظیم ترین نعمت اور بزرگ ترین رحمت ہے۔ اس لیے حضورؐ کی ولادتِ مبارکہ کے دن عید منانا اور میلاد شریف پڑھ کر شکرِ الٰہی بجا لانا اور اظہارِ فرح و سرُور کرنا مستحسن و محمُود اور اللہ کے مقبول بندوں کا طریقہ ہے۔ (خزائن العرفان)

۲۰۲ تیری قدرت کی اور میری نبوّت کی۔

قَالَ اللّٰهُ اِنِّیْ مُنَزِّلُهَا عَلَیْكُمْ ۚ فَمَنْ یَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّیْ اُعَذِّبُهٗ

فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ بلاشبہ میں اتارنے والا ہوں اسے تم پر ۲۰۳ پھر جس نے کفر اختیار کیا اس کے بعد تم سے تو بے شک میں عذاب

عَذَابًا لَّاۤ اُعَذِّبُهٗۤ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۱۵﴾ وَ اِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسَى ابْنَ

دوں گا اسے ایسا عذاب کہ نہیں دوں گا کسی کو بھی اہل جہان سے اور جب پوچھے گا اللہ تعالیٰ اے عیسیٰ بن

مَرْیَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِیْ وَ اُمِّیَ اِلٰهَیْنِ مِنْ دُوْنِ

مریم ۲۰۴ کیا تو نے کہا تھا لوگوں سے ۲۰۵ کہ بنا لو مجھے اور میری ماں کو ۲۰۶ دو خدا اللہ کے

اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا یَكُوْنُ لِیْۤ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَیْسَ لِیْ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ

سوا۔ وہ عرض کریں گے پاک ہے تو ہر شریک سے ۲۰۷ کیا مجال تھی میری کہ میں کہوں ایسی بات جس کا نہیں ہے مجھے کوئی حق اگر میں نے

ع ۱۵ ۔ ۷ ۔ ۵

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

۲۰۳ بعض جلیل القدر تابعین، مجاہد اور حسن کی رائے تو یہ ہے کہ جب انھوں نے ناشکری پر سخت ترین عذاب کی دھمکی سنی تو اپنا مطالبہ واپس لے لیا لیکن جمہور علماء کا قول یہ ہے کہ مائدہ بالفعل نازل ہوا۔ اس میں کون کون سے کھانے تھے؟ اس کی تفصیل کا نہ یقینی علم ہے اور نہ اس کے جاننے کی ضرورت۔ وَالْمَقْطُوْعُ بِهٖ اَنَّهَا نَزَلَتْ وَكَانَ عَلَیْهَا الطَّعَامُ یُؤْكَلُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِتَعْیِیْنِهٖ۔ (قرطبی)

۲۰۴ جمہور مفسرین کا قول یہ ہے کہ یہ سوال جواب قیامت کے دن ہوگا۔ اس سے پہلی آیت یوم یجمع الخ اور بعد کی آیت یوم ینفع الخ اس کی مؤید ہیں۔

۲۰۵ سوال ہمیشہ اسی لیے نہیں کیا جاتا کہ سائل کو اس چیز کا علم نہیں اور وہ اس سوال سے غیر معلوم چیز کو جاننا چاہتا ہے بلکہ سوال دوسرے فوائد کے لیے بھی ہو سکتا ہے۔ یہاں اس استفسار سے مقصود یہ ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کی زبان سے ان کروڑوں آدمیوں کو اپنی فحش غلطی پر آگاہ کیا جائے جس میں وہ مبتلا ہو کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا یا شریکِ خدا یا فرزندِ خدا بنائے ہوئے ہیں۔

۲۰۶ مسیحی دنیا میں حضرت مریمؑ کی پرستش کوئی پوشیدہ امر نہیں۔ وہ ان کے قدِ آدم مجسّمے بنا کر اپنے گرجاؤں کی محرابوں میں رکھتے ہیں اور تمام رسومِ پرستش بجا لاتے ہیں۔

۲۰۷ حضرت مسیحؑ کا جواب قابلِ غور ہے الزام آپ پر لگ رہا ہے کہ کیا آپ نے ایسا کہا۔ اللہ تعالیٰ کا مقبول بندہ اپنی صفائی میں لب کشائی نہیں کرتا بلکہ اپنے رب کی عظمت و پاکی کا اعلان کرتا ہے اور اپنی صفائی اپنے سب کچھ جاننے والے

قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَ لَاۤ اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ ؕ

کہی ہوتی ایسی بات تو تو ضرور جانتا اس کو۔ تو جانتا ہے جو میرے جی میں ہے اور میں نہیں جانتا جو تیرے علم میں ہے

اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ﴿۱۱۶﴾ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَاۤ اَمَرْتَنِیْ بِهٖۤ اَنِ

بے شک تو ہی خوب جاننے والا ہے تمام غیبوں کا نہیں کہا میں نے انھیں ۲۰۸ مگر وہی کچھ جس کا تو نے حکم دیا مجھے کہ

اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَ رَبَّكُمْ ۚ وَ كُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا مَّا دُمْتُ فِیْهِمْ ۚ

عبادت کرو اللہ کی جو میرا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی پروردگار ہے اور تھا میں ان پر ۲۰۹ گواہ جب تک میں رہا ان میں

خدا کے سپرد کر دیتا ہے یعنی اے میرے رب! تجھ سے کوئی بات مخفی نہیں۔ زمین و آسمان کے سب چھپے ہوئے اسرار تجھے معلوم ہیں میں کیا اپنی صفائی پیش کروں۔ تو جانتا ہے کہ میں نے یہ الفاظ ہرگز نہیں کہے۔ اور تیرا یہ بندہ جس پر ہر لحظہ تیرے کرم کی بارش ہو رہی ہے کیا اتنا ناشکر گزار بن سکتا ہے اور یہ جرأت کر سکتا ہے کہ ایسی بات کا مدعی بنے جس کا اسے کوئی حق نہیں سبحان اللہ! کیا شان ہے بارگاہِ خداوندی میں ادب و تعظیم کی۔

۲۰۸ یعنی میں نے تو انھیں وہی کچھ کہا جس کے کہنے کا تو نے مجھے حکم فرمایا۔ میں نے تو انھیں صاف صاف اور بار بار کہا تھا کہ تم صرف اس ربّ العزّت کی عبادت کرنا جو میرا بھی مالک اور پروردگار ہے اور تمہارا بھی۔

۲۰۹ جب تک میں ان میں رہا اس وقت تک میں ان کی نگہبانی کرتا رہا اور جب تو نے مجھے آسمان پر اٹھا لیا تو تو ہی ان کا نگہبان تھا۔ یہاں بعض لوگوں نے تَوَفَّیْتَنِیْ کے لفظ سے حضرت عیسیٰؑ کی موت ثابت کرنے کی کوشش کی ہے حالانکہ یہ غلط ہے کیونکہ توفی کا حقیقی معنی مارنا نہیں بلکہ کسی چیز کو پوری طرح اپنے قبضہ میں لے لینا ہے۔ اَلتَّوَفِّیْ اَخْذُ الشَّیْءِ وَافِیًا: کسی چیز کو کامل طور پر اپنے قبضہ میں لے لینا۔ (بیضاوی) وَتَوَفَّاهُ اَیْ لَمْ یَدَعْ مِنْهُ شَیْئًا (تاج العروس) اور یہ لفظ موت کے معنی میں بطریق مجاز استعمال ہوتا ہے وَمِنَ الْمَجَازِ اَدْرَكَتْهُ الْوَفَاةُ اَیِ الْمَوْتُ (تاج العروس) چنانچہ حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ لفظ وفات قرآن میں تین طرح استعمال ہوا ہے۔ ۱۔ وفاتِ موت۔ ۲۔ وفاتِ نوم ۳۔ وفاتِ رفع پہلی وجہ کی مثال اَللّٰهُ یَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِهَا یعنی اللہ تعالیٰ موت کے وقت نفسوں کو اپنے قبضہ میں لے لیتا ہے۔ دوسری وجہ کی مثال وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّیْلِ اللہ تعالیٰ کی وہ ذات ہے جو رات کو نیند کے وقت تمہارے نفسوں کو اپنے قبضہ میں لے لیتی ہے۔ تیسری وجہ کی مثال یَا عِیْسٰۤى اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ۔ اے عیسیٰؑ میں تمھیں زمین سے اٹھا کر اپنے قبضہ اور حفاظت میں لے لوں گا۔ قَالَ الْحَسَنُ اَلْوَفَاةُ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَوْجُهٍ وَفَاةُ الْمَوْتِ وَوَفَاةُ النَّوْمِ وَوَفَاةُ الرَّفْعِ وَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى اَللّٰهُ یَتَوَفّٰى

فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنْتَ عَلَىٰ كُلِّ
پھر جب تونے مجھے اُٹھا لیا تو تو ہی نگران تھا ان پر اور تو ہر چیز کا مشاہدہ
شَيْءٍ شَهِيدٌ ﴿١١٧﴾ إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۖ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ
کرنے والا ہے اگر تو عذاب دے انھیں تو وُہ ۱۲۱ بندے ہیں تیرے اور اگر تو بخش دے ان کو
فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿١١٨﴾ قَالَ اللَّهُ هَٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصَّادِقِينَ
تو بلا شبہ تو ہی سب پر غالب ہے (اور) بڑا دانا ہے فرمایا اللہ تعالیٰ نے یہ ہے وُہ دن جس میں فائدہ پہنچائے گا سچّوں کو
صِدْقُهُمْ ۚ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا
اُن کا سچ ان کے لیے باغات ہیں رواں ہیں جن کے نیچے نہریں وُہ ہمیشہ ہمیشہ ان میں

الْأَنْفُسَ حِينَ مَوْتِهَا۔ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفّٰكُمْ بِاللَّيْلِ۔ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يٰعِيْسٰى إِنِّي مُتَوَفِّيْكَ (قرطبی)

اَب جب یہ لفظ ان متعدّد معانی میں مستعمل ہوتا ہے تو اس بات کا یقین کرنے کے لیے کہ کسی موقع پر ان متعدّد معانی سے کونسا معنی مُراد ہے دُوسرے قرآن کو دیکھنا ہوگا۔ اور اگر حدیث صحیح سے کوئی معنی متعیّن ہو جائے تو پھر دوسرے معانی کا احتمال ختم ہو جائے گا اور صرف وُہی معنی لیا جائے گا جو حضورؐ نے مقرر فرما دیا ہے۔ کیونکہ کتاب کے بیان کا حق اللہ تعالےٰ نے اپنے رسُولؐ کو تفویض فرمایا ہے اس کے بعد کسی قیل وقال کی گنجائش نہیں رہتی۔ جب احادیث نبویہ میں یہ صراحت موجُود ہے کہ حضرت عیسٰیؑ کو زندہ آسمان پر اُٹھا لیا گیا تو اب آیاتِ قرآنی کو اپنے اغراض واہواء کا لباس پہنانا سراسر بے دینی اور بے باکی ہے۔

۱۲۱ حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریمؐ نے یہ آیت پڑھی۔ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَإِنَّهٗ مِنِّيْ وَمَنْ عَصَانِيْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (اے میرے رب! جس نے میری فرمانبرداری کی وُہ میرے گروہ سے ہوگا اور جس نے نافرمانی کی تو تو ہی عزّت وحکمت والا ہے) اور پھر یہ آیت تلاوت فرمائی۔ إِنْ تُعَذِّبْهُمْ الخ پھر حضورؐ زار وقطار رو پڑے اور عرض کی اَللّٰهُمَّ أُمَّتِيْ۔ اللہ تعالیٰ نے جبریلؑ کو حکم دیا کہ میرے محبوبؐ کے پاس جاؤ اور اس سے رونے کی وجہ پُوچھو۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتا ہے۔ جبریلؑ حاضر ہوئے دریافت کیا تو رحمتِ عالمؐ نے اپنی اُمّت کی بخشش کے متعلق اندیشہ ظاہر کیا۔ اللہ تعالیٰ نے پھر جبریلؑ کو یہ پیغام دے کر اپنے محبوبؐ کے پاس بھیجا فَقَالَ اللّٰهُ يَا

أَبَدًا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۹﴾ لِلّٰهِ

رہیں گے راضی ہو گیا اللہ تعالیٰ ان سے اور راضی ہو گئے وہ اللہ تعالیٰ سے۔ یہی ہے بڑی کامیابی [۲۱۱] اللہ ہی کے لیے ہے

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ ۭ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۲۰﴾

بادشاہی سب آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ ان میں ہے اور وہ ہر چیز پر [۲۱۲] پوری قدرت رکھنے والا ہے

جِبْرِیْلُ اِذْھَبْ اِلٰی مُحَمَّدٍ فَقُلْ اِنَّا سَنُرْضِیْكَ فِیْ اُمَّتِكَ وَلَا نَسُوْءُكَ (صحیح مسلم) کہ اے مصطفےٰ آپ رنجیدہ نہ ہوں، یقیناً ہم آپ کی اُمّت سے ایسا رحمت کا سلوک کریں گے جس سے آپ خوش ہو جائیں گے اور ان سے ایسا معاملہ نہ ہو گا جو آپ کو ناگوار گزرے۔ الحمد للہ جس نے ہم سیاہ کاروں کو ایسے کریم اور بیکس پرور نبی کی اُمّت ہونے کا شرف بخشا۔ صد شکر کہ ہستیم میانِ دو کریم۔

[۲۱۱] ابن حیان فرماتے ہیں کہ اللہ کی رضا ہی سب سے بڑی کامیابی ہے کیونکہ اس نعمتِ عظمیٰ کے سامنے جنّت اور نعیم جنّت کی کیا وقعت ہے لِاَنَّ الْجَنَّةَ بِمَا فِیْهَا کَالْعَدَمِ بِالنِّسْبَةِ اِلٰی رِضْوَانِ اللّٰهِ۔ (بحر)

[۲۱۲] یہ آخری آیت گویا اس سُورۂ کریمہ کے سر پر زرّیں تاج ہے۔ سب شبہات کا ازالہ، سب گمراہیوں کا رد اور سب حقائق کا حاصل اور نچوڑ اس میں بیان فرما دیا۔ فرمایا زمین اور آسمان اور ان میں خاکی، ناری اور نوری، بے جان اور جاندار، بے شعور اور باشعور جو کچھ بھی ہے سب اللہ وحدہٗ لاشریک کی ملکیّت ہے۔ اس کے سوا اور کوئی خدا نہیں کوئی خدائی میں شریک نہیں۔ کوئی اس کا بیٹا نہیں۔ سب اس کے بندے اور اس کے حکم کے پابند ہیں۔ ہر چیز اسی کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ وہ اگر کسی کو کوئی چیز نہ دے یا دے کر چھین لے تو کوئی دم نہیں مار سکتا۔ اور اپنے محبوبوں کو خصوصاً اپنے محبوب ترین بندے سیّد المرسلین کو جو دینا چاہے وہ دے دیتا ہے کوئی اعتراض نہیں کر سکتا۔

تعارف سورۃ الانعام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اس سورۃ پاک کا نام الانعام ہے۔ اس کی آیتوں کی تعداد ایک سو پینسٹھ ۱۶۵ اور رکوعوں کی تعداد بیس ۲۰ ہے کیونکہ اس میں انعام (مویشیوں) کی حلت و حرمت کے متعلق کفار کے خیالات فاسدہ کی تردید کی گئی ہے۔ اس لیے سورۃ کا نام الانعام رکھا گیا۔ اس کے کلمات کی تعداد تین ہزار ایک سو اور حروف بارہ ہزار نو سو پینتیس ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور دیگر صحابہ سے بسند صحیح ثابت ہے کہ یہ سورۃ باستثنا چند آیات بیک وقت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

اس کے سال نزول کا تعین مشکل ہے لیکن مختلف قرائن اور شواہد کے پیش نظر بعض محققین کا یہ خیال ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی مکی زندگی کے آخری حصہ میں ہجرت سے کچھ عرصہ پہلے یہ سورت نازل ہوئی مدینہ طیبہ میں اسلام کو یہودیت اور عیسائیت سے واسطہ پڑا تھا۔ اس لیے مدنی سورتوں میں ان کے عقائد کی تردید ان کے اطوار کا محاسبہ اور ان کی اصلاح پر زیادہ توجہ دی گئی لیکن مکہ کا ماحول بالکل انوکھا تھا۔ یہاں کے لوگ نظریاتی اور اعتقادی لحاظ سے یکسر جدا تھے۔ یہاں کی زندگی کی مشکلات اور مسائل نرالی قسم کے تھے۔ ان حالات میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے نبی پر جو وحی نازل ہوئی اس میں انھیں مشکلات کا حل اور انھیں مسائل کا جواب پیش کیا گیا ہے۔ اس لیے اس سورۃ کریمہ کے مطالعہ سے پہلے اس سورۃ کریمہ کی مندرجہ ذیل خصوصیات کا ذہن نشین کر لینا فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔

۱۔ مکہ کی تقریباً تمام تر آبادی مشرک اور بت پرست تھی۔ ان پتھر کے بتوں اور مٹی کی مورتیوں کے متعلق ان کا عقیدہ یہ تھا کہ وہ بھی الٰہ (خدا) ہیں۔ اس بے سروپا بات کے اظہار میں انھیں ذرا تامل نہ تھا۔ بلکہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انھیں بتایا کہ یہ بے جان اور بے زبان مجسمے خدا نہیں۔ خدا تو وہ ذات والاصفات ہے جو زمین و آسمان کا خالق ہے۔ ہر چیز پر قادر ہے اور اس کے علم سے کائنات کا کوئی ذرہ بھی مخفی نہیں۔ تاریک غار میں اندھیری رات میں ننھی سی چیونٹی کے رینگنے کی آواز کو بھی سنتا ہے۔ تو یہ سن کر وہ حیران و ششدر ہو گئے اور مارے حیرت کے کہہ اٹھے اَجَعَلَ الۡاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۖۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیۡءٌ عُجَابٌ۔ یہ تو بڑی عجیب

غریب بات ہے۔ جب وُہ ان کو خُدا مانتے تھے تو ان کی عبادت بھی کیا کرتے تھے۔ خدا سمجھتے ہُوئے اپنی مشکلات اور تکالیف میں انھیں کی طرف رجُوع بھی کیا کرتے۔ اپنی ضرُوریات اور حاجات کے لیے انھیں کے سامنے دستِ سوال بھی دراز کیا کرتے۔ وُہی ان کے مینہ برسانے والے، وُہی ان کو صحت دینے والے، وُہی اُن کو دُشمنوں پر غالب کرنے والے تھے۔ اِس سُورۃ پاک میں ان کے اِس مُشرکانہ عقیدہ کی تردید کی گئی ہے انھیں بتایا گیا کہ پتھر کے یہ بُت جو شکل وصُورت میں کسی سنگ تراش کے مرہُونِ منّت ہیں وُہ خدا کیسے ہو سکتے ہیں۔ خدا تو وُہ ذات ہے جس نے کُنۡ (ہو جا) فرمایا تو یہ عالمِ رنگ وبُو اپنی تمام دلآویزیوں اور عظمتوں کے ساتھ موجُود ہو گیا جس کا علم اتنا ہمہ گیر ہے کہ ظاہر و باطن سب اس پر عیاں ہے جس کے اختیارات غیر محدُود ہیں۔ وُہ جو چاہے، جتنا چاہے، جسے چاہے عطا فرمادے کوئی اعتراض نہیں کر سکتا۔ اور جو چاہے جس وقت چاہے جس سے چاہے چھین لے کوئی دم نہیں مار سکتا۔ ساری کائنات نوُری و ناری، آبی اور خاکی سب کی سب بلا استثناء اپنے وجُود، اپنی بقا، اپنی نشو ونما، اپنے تمام شئوونِ حیات میں ہر لحظہ، ہر لمحہ اس کی نظرِ رحمت کی محتاج ہے اور اسے کسی کی حاجت نہیں۔ اِس طرح اِس سُورۃ میں اللہ تعالیٰ کی صفتِ کمال کا ذکر کر کے ان کے مشرکانہ عقیدہ کی بے سروپائی کو طشت از بام کر دیا اور اس کی بُنیادوں کو اِس طرح لرزا دیا کہ اگر بے جا ضد، بانئ اسلام سے بلا وجہ حسد اور عناد کے جذبات اِس عمارت کو کچھ وقت تک سہارا نہ دیتے رہتے تو وُہ اُسی وقت پیوندِ خاک ہو جاتی۔

۲۔ **دلائلِ توحید۔** قرآن اپنے پڑھنے اور سُننے والے کو فلسفہ کی بھُول بھلیّوں میں حواس باختہ اور اس کی ثقیل اور غیر مانوس اصطلاحوں سے مرعُوب نہیں کرتا بلکہ کائنات کی اِس کھُلی ہُوئی کتاب میں غور وفکر کی دعوت دیتا ہے۔ یہ سُورج، یہ چاند کس کی کبریائی کے شاہکار ہیں۔ زمین کی سطح پر لہلہاتے ہُوئے شاداب کھیت، رنگا رنگ پھُول، قسم قسم کے پھل کس کی قدرت کی شہادت دے رہے ہیں۔ یہ گھنگھور گھٹائیں اور ان سے ٹپکنے والے حیات بخش قطرے کس کی رحمت کا مظہر ہیں؟ صرف اللہ وحدہٗ لاشریک کے۔ کون انکار کر سکتا ہے ان حقائق کا۔ یہی وُہ نورِ تاباں تھا جس کی تجلّیوں کے سامنے کفر وشرک کی ظلمتوں کو کہیں پناہ نہ ملی۔

۳۔ **مُشرکین کا رویہ۔** اسلام، قرآن اور صاحبِ قرآن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم سے مشرکین کی مخالفت کسی سنجیدگی اور متانت پر مبنی نہ تھی اور نہ قرآنی دلائل کے جواب میں ان کے پاس کوئی ایسی قوی دلیل تھی جس سے وُہ اپنے باطل عقائد کی حفاظت کر سکتے۔ ان کا سارا سرمایہ مذاق، تمسخر اور طرح طرح کی حجّت بازیاں تھیں۔ فرشتہ جو وحی لاتا ہے وُہ ہمیں نظر کیوں نہیں آتا۔ قرآن ایک مرتّب کتاب کی صُورت میں کیوں نازل نہیں ہوا۔ اس یتیم اور بے یار ومددگار کو رسالت ونبوّت کے لیے کیوں منتخب کیا گیا۔ لو اور سُنو موت کے بعد نئی زندگی کا پرچار ہو رہا ہے۔ بھلا یہ بھی کوئی ماننے کی بات ہے۔ بس اس قسم کے اُن کے اعتراضات تھے جنھیں وُہ بڑی شدّ و مد

سے پیش کیا کرتے۔ اس سورۃ میں ان کا رد کیا گیا ہے۔

۴۔ تسلّی و اطمینان۔ ایک طرف انتہائی خلوص، للّٰہیّت اور خیر اندیشی کے جذبات کے ساتھ نورِ حق کی طرف رہنمائی کی جا رہی ہے۔ دوسری طرف سے ضد اور ہٹ دھرمی کا مظاہرہ ہو رہا ہے۔ اس سے ہادیِ برحق کا دلِ رحیم بہت رنجیدہ ہوتا۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو بار بار تسلّی دیتے ہیں کہ آپ رنجیدہ نہ ہوں۔ آپ سے پہلے بھی انبیاء آئے۔ اُنھیں ستایا گیا۔ اذیّتیں پہنچائی گئیں لیکن اُنھوں نے صبر کیا یہی سُنّتِ الٰہی ہے۔ آپ کو بھی صبر سے اس سرد مہری اور دل آزاری کا سامنا کرنا ہوگا۔ حق و باطل کی آویزش، نور و ظلمت کی کشمکش کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے بعید نہیں کہ وہ چشم زدن میں سب کو اسلام لانے پر مجبور کر دے لیکن یہ اس کی حکمت کے خلاف ہے۔ ورنہ ابراہیمؑ اور نمرود کی پہچان کیسے ہو حسینؓ و یزید کا امتیاز کیونکر ہو۔

۵۔ مشرکانہ رسوم۔ سورۃ کے آخری حصّہ میں مشرکین کی ان جاہلانہ رسموں کی تردید کی گئی ہے جو اُنھوں نے جانوروں کی حلّت و حرمت وغیرہ کے متعلّق مقرر کر رکھی تھیں۔ اور واضح طور پر بتا دیا کہ یہ تمھاری من گھڑت باتیں ہیں اللہ تعالےٰ کا یہ حکم نہیں۔

۶۔ رکوع ۱۵ میں مکارمِ اخلاق کی تعلیم دی گئی ہے اور اخلاقِ رذیلہ سے اپنے حکیمانہ انداز میں منع کیا گیا ہے۔

۷۔ اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ کے آخری رکوع میں اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو حکم فرمایا ہے کہ قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ تا وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ کا اعلان کریں۔ ان دونوں آیتوں کا ترجمہ آپ بار بار پڑھیں اور غور کریں۔ آپ کا دل پکار اُٹھے گا کہ بخدا یہی حاصلِ اسلام ہے، یہی روحِ توحید ہے۔

سورة الانعام مكية ماة وهي مائة | بسم الله الرحمن الرحيم | خمس وستون آية وعشرون ركوعا

سُورۃ الانعام مکی ہے اس کی آیتیں ۱۶۵ اور رکوع ۲۰ ہیں — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں ل جس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو اور بنایا اندھیروں کو

وَ النُّوْرَ۬ؕ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ① هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ

اور نور کو پھر بھی ۲ جنھوں نے کفر کیا وہ اپنے رب کے ساتھ (اوروں کو) برابر ٹھیرا رہے ہیں ۳ اللہ وہ ہے جس نے پیدا کیا

ل ہر طرف گمراہی کا بھیانک اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ انسان کا رشتہ اپنے خالق و پروردگار سے بالکل کٹ چکا تھا۔ کوئی سُورج کا پجاری، کوئی ستاروں کا پرستار، کوئی پہاڑوں کی بلند چوٹیوں، بڑے بڑے دریاؤں اور اُونچے اُونچے درختوں کا عبادت گزار تھا ہندوستان میں تینتیس کروڑ خُداؤں کی خُدائی کا ڈنکا بج رہا تھا۔ ایران کے لالہ زاروں میں آتش کدے روشن تھے۔ رُستم وسُہراب کی سرزمین کے بہادر اور نڈر فرزند آگ کے شعلوں کی جناب میں سجدہ ریز تھے۔ مسیحی دُنیا میں ایک خدائے برتر ودانا کی جگہ باپ، بیٹا اور رُوح القدس تین خداؤں کی پرستش ہو رہی تھی۔ اور جزیرہ نمائے عرب کی تو حالت ہی نہ پُوچھیے۔ راہ چلتے کوئی پتھر پسند آگیا۔ اس کی تراش خراش کی اور اسے اپنی محراب عبادت کی زینت بنا دیا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ کے رسُول ؐ نے اعلان کیا کہ آسمان (عالم علوی) اور زمین (عالم سفلی) اندھیرا اور نوُر یہ سب مخلوق ہیں۔ اور اپنے وجُود، اپنی حیات، اپنی نشوونما اور اپنی بقا میں اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں۔ اے شرف انسانیت کے پاسبانو! اے بحر علم ودانش کے غوّاصو! تم خود ہی بتاؤ کیا تمھیں یہ زیب دیتا ہے کہ اپنے خالق سے مُنہ موڑ کر مخلوق کے بندے بن جاؤ۔ غنی اور صمد کی جگہ محتاج اور بے بس کی عبادت کرنے لگو۔ یہ ہر چیز حسین وجمیل سہی، پُرہیبت وپُرجلال سہی، مُفید اور نفع بخش سہی لیکن یہ حُسن وجمال، یہ ہیبت وجلال، یہ افادیّت اور نفع رسانی ان میں آئی کہاں سے؟ یہ اسی ذات برتر و اعلیٰ کے فضل وکرم کی جلوہ طرازی ہے جس نے اُنھیں نیست سے ہست کیا۔ عدم سے موجُود کیا تو حمد وستائش اسی کی ہونی چاہیئے۔ ہر تعریف و توصیف کا وُہی مستحق ہے۔ اس حقیقت کے پیشِ نظر اس سُورۃ پاک کا آغاز اس آیت کریمہ سے فرمایا گیا۔ ذرا غور کیجیے اندازِ بیان کتنا ناصحانہ اور مشفقانہ ہے کسی کی کج روی کا ذکر کیے بغیر، کسی کا نام تک لیے بغیر۔ اس مختصر سے جملے سے شرک کی لاتعداد قسموں کا بطلان کر کے رکھ دیا جو مختلف اقوام میں رائج تھیں۔

۲ "ثم" حرف عطف ہے لیکن کوئی دُوسرا حرف عطف اس کے قائم مقام نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ یہ معنی عطف پر دلالت کرنے کے ساتھ ساتھ کفّار کی نادانی اور ان کے عقیدہ کی قباحت کو بھی عیاں کر رہا ہے "ثم" دالة علی قبح فعل الكافرين

مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ

تمھیں مٹی سے پھر مقرر کی ایک میعاد ۴؎ اور ایک میعاد مقرر ہے اللہ کے نزدیک ۵؎ پھر بھی تم

تَمْتَرُوْنَ ۝۲ وَهُوَ اللّٰهُ فِى السَّمٰوٰتِ وَفِى الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَ

شک کر رہے ہو ۶؎ اور وُہی اللہ ہے آسمانوں میں اور زمین میں ۷؎ وُہ جانتا ہے تمھارے بھید بھی اور

(قرطبی) مقصد یہ ہے کہ یہ جاننے کے باوجود کہ کائنات کی ہر بڑی اور چھوٹی چیز اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہُوئی ہے۔ پھر بھی یہ مخلوق اور محتاج چیزوں کو اللہ تعالیٰ کے برابر سمجھ رہے ہیں۔ کتنے نادان اور کتنے زیاں کار ہیں یہ لوگ۔

۳؎ اس کا معنی ہے اَیْ یَجْعَلُوْنَ لَهٗ عَدِیْلًا (مفردات) یعنی اپنے معبودانِ باطل کو خداوند تعالیٰ کا ہمسر اور اس کے برابر بنائے ہُوئے ہیں۔ وُہ کس طرح اُنھیں برابر و ہمسر بناتے تھے۔ اس کی وضاحت امام ابن جریرؒ نے ان الفاظ میں کی ہے۔ یعدلون: یجعلون له شریکا فی عبادتهم اياه فيعبدون معه الالهة والانداد یعنی وُہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کے ساتھ اپنے باطل خداؤں کی بھی عبادت کیا کرتے ہیں۔ اس سے معلوم ہُوا کہ کسی غیر اللہ کی عبادت کرنے کا صاف مطلب یہ ہے کہ اس کو اللہ تعالیٰ کے برابر اور ہمسر یقین کیا جا رہا ہے۔

۴؎ یعنی جس کی قدرت نے ان خاک کے ذرّوں کو زندہ کیا اس کی حکمت جب متقاضی ہوگی تو عناصر کی یہ ہم آہنگی ختم ہو جائے گی اور یہ اعتدال درہم برہم ہو جائے گا اور موت کی بادِ سموم اس چراغِ زیست کو بجھا دے گی۔ اور اس کے علمِ ازلی میں یہ وقت مقرر ہو چکا ہے۔

۵؎ موت کا وقت مقرر کرنے کے علاوہ اس نے ایک اور میعاد بھی متعیّن فرما دی ہے یعنی قیامت کا دن۔ اور اس کا یقینی علم اسی کے پاس ہے کوئی دُوسرا اس کے بتائے بغیر اپنی عقل و فراست سے یا قیاس آرائیوں سے اس کو نہیں جان سکتا۔

۶؎ لفظ "ثُمَّ" یہاں بھی بعینہٖ اسی مفہوم کو ادا کرتا ہے جو پہلی آیت میں ادا کیا گیا۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرت کے بے شمار دلائل دیکھنے کے بعد بھی تمھیں قیامت کا یقین نہیں۔ انسان اپنی غذا ہی کو دیکھے کس طرح وُہ زمین سے پیدا ہوتی ہے۔ کس طرح وُہ معدہ میں پہنچ کر ہضم کی مختلف کیفیّات سے گزر کر جزوِ بدن بنتی ہے۔ اسی کا ایک حصّہ آنکھ کا نور، کانوں کی سماعت، زبان کی گویائی اور ایک حصّہ ہڈیوں کی سختی، اعصاب کی نرمی، دماغ کا ادراک، ہاتھوں کی گرفت وغیرہ بن جاتا ہے۔ جو ہستی اس باریک نظام کو چلا رہی ہے اس کے لیے خاک کے منتشر ذرّوں کو جمع کرنا کوئی مشکل نہیں۔ اس کی قدرت کے بے شمار دلائل کا مشاہدہ کرنے کے بعد پھر قیامت کا انکار کرنا کتنی نادانی اور کتنی قباحت ہے۔

۷؎ اس کی ترکیب غور طلب ہے۔ ابوعلی نے اس کی ترکیب یہ کی ہے کہ هو ضمیر شان الله مبتدا۔ اور فی السموات والارض اپنے متعلق کے ساتھ مل کر خبر ہے (بحر)

جَهۡرَكُمۡ وَيَعۡلَمُ مَا تَكۡسِبُوۡنَ ۝٣ وَمَا تَاۡتِيۡهِمۡ مِّنۡ اٰيَةٍ مِّنۡ اٰيٰتِ

تمہاری کھلی باتیں بھی اور جانتا ہے جو تم کما رہے ہو ۷ اور نہیں آتی ان کے پاس کوئی نشانی اپنے رب کی نشانیوں سے

رَبِّهِمۡ اِلَّا كَانُوۡا عَنۡهَا مُعۡرِضِيۡنَ ۝٤ فَقَدۡ كَذَّبُوۡا بِالۡحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمۡ ؕ

مگر وُہ ہو جاتے ہیں اس سے مُنہ پھیرنے والے ۸ بے شک انھوں نے جھٹلایا حق کو جب وُہ آیا ان کے پاس

اور زجاج کی رائے یہ ہے کہ ھو مبتدا۔ اللہ خبر اور فِی السَّمٰوٰتِ الخ اللہ سے متعلق ہے۔ یہاں بتلانا یہ مقصود ہے کہ زمین و آسمان کی ہر چیز کا خالق، مالک، زندہ کرنے والا، مارنے والا، رزق دینے والا، تمام شوؤن حیات اور امورِ کائنات کی تدبیر کرنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ اگر کوئی ایک صفت ذکر کی جاتی تو دوسری صفات نگاہوں سے اوجھل رہتیں۔ اِس لیے کسی اسم صفت کے ذکر کی بجائے اللہ جو علم ذاتی ہے اور تمام صفاتِ کمالیہ کا جامع ہے ذکر کیا تاکہ قاری جب یہ آیت پڑھے تو لفظ اللہ جب اس کی زبان سے نکلے تو تمام صفاتِ الٰہیہ اس کی آنکھوں کے سامنے آجائیں۔ اور ہر صفت کو ملحوظ رکھتے ہوئے وُہ فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ کہے لیکن اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا عَلَم (اللہ) ظرف اور مجرور کا متعلق بن سکتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ عَلَم جن معانی کو متضمن ہے ان کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے وُہ متعلق بن سکتا ہے۔ وان کان لفظ اللہ علما لان الظرف والمجرور قد یعمل فیھما العلم بما تضمنه من المعنی (بحر)

ابن عطیہ نے اِس توجیہ کو بہت پسند کیا ہے۔ قال ابن عطیه وھذا عندی افضل الاقوال واکثرھا احرازا لفصاحة اللفظ وجزالة المعنی (بحر) یعنی ابن عطیہ کہتے ہیں کہ میرے نزدیک یہ بہترین قول ہے لفظ کی فصاحت اور معنی کی عمدگی دونوں کا جامع ہے۔

۷ پہلی دو آیتوں میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کا بیان تھا۔ اِس آیت میں اس کے علمِ محیط کا ذکر ہو رہا ہے یعنی وُہ اتنا ہمہ دان اور ہمہ بین ہے کہ کوئی چیز اس کے علم سے پنہاں نہیں۔ ہمارے دلوں کے پوشیدہ احساسات ہماری زبانوں سے نکلے ہوئے کلمات اور ہمارے سب چھوٹے بڑے نیک و بد عمل اس کے احاطۂ علم میں ہیں۔ مشرک اقوام کو بتایا جا رہا ہے کہ اللہ تو وُہ ہے جس کی قدرت بے پایاں اور جس کا علم محیط ہو۔ تمہارے معبود نہ تو قادر و توانا ہیں نہ علیم و دانا۔ تو اے عقل کے دشمنو! وُہ معبود اور خدا کیونکر ہو سکتے ہیں۔

۸ ہر قسم کے حسی اور معنوی معجزات جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اسلام کی صداقت کے لیے ظاہر فرماتے ان میں وُہ غور و فکر نہیں کیا کرتے تھے جس کی وجہ یہ تھی کہ وُہ ان معجزات کی اثر آفریں قوت سے ہراساں تھے۔ انھیں یہ پسند نہ تھا کہ جس تاریکی سے اُن کی آنکھیں مانوس ہو چکی ہیں وُہ اُجالے سے بدل جائے۔ ان میں یہ سکت بھی نہ تھی کہ ان دلائل کا

فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنْبَٰٓؤُا مَا كَانُوا بِهِۦ يَسْتَهْزِءُونَ ﴿٥﴾ أَلَمْ يَرَوْا كَمْ

سو اب آیا چاہتی ہیں ان کے پاس خبریں اس چیز کی جس کے ساتھ وہ مذاق کیا کرتے تھے۹ کیا نہیں دیکھا انھوں نے

أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّن قَرْنٍ مَّكَّنَّٰهُمْ فِى ٱلْأَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّن

اُنھوں نے کہ کتنی ہلاک کر دیں ہم نے ان سے پہلے قومیں جنھیں ہم نے (ایسا) تسلّط دیا تھا زمین میں جو ہم نے تمھیں نہیں

لَّكُمْ وَأَرْسَلْنَا ٱلسَّمَآءَ عَلَيْهِم مِّدْرَارًا وَجَعَلْنَا ٱلْأَنْهَٰرَ تَجْرِى

دیا اور ہم نے بھیجے بادل ان پر مُوسلا دھار برسنے والے اور ہم نے بنا دیں نہریں جو بہتی تھیں

مِن تَحْتِهِمْ فَأَهْلَكْنَٰهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَنشَأْنَا مِنۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا

ان کے (گھروں اور باغوں کے) نیچے سے پھر ہم نے ہلاک کر دیا انھیں بوجہ ان کے گناہوں کے اور پیدا کر دی ہم نے ان کے بعد ایک

جواب پیش کر سکیں اب ان کے پاس باطل سے چمٹے رہنے کا اس کے بغیر اور کوئی ذریعہ نہ تھا کہ وُہ غور و تامّل سے پہلو تہی کیا کریں۔

۹ے حق سے مُراد قرآنِ حکیم یا ذاتِ پاک مُصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء ہے یعنی القرآن وقیل محمّد علیہ السّلام (قرطبی) انباء جمع ہے نبأ کی۔ اس کا معنی ہے اہم اور اثر انگیز خبر النبأ الخبر الذی یعظم وقعہ (بحر) یہاں اس سے مُراد عذاب ہے۔ وُہ عذاب جو پے در پے شکستوں اور ناکامیوں کی صُورت میں دیا گیا اور وُہ عذاب جو آخرت میں انھیں دیا جائے گا۔ علّامہ ابی حیان الأندلسی نے خوب لکھا ہے۔ فرماتے ہیں یہاں کفّار کے تین مدارج کا ذِکر ہے۔ جب آیات پیش کی گئیں تو اُنھوں نے منہ پھیر لیا۔ اِسی پر اِکتفا نہ کی بلکہ ان کو جھٹلانا شروع کر دیا اور اس پر بھی بس نہ کی بلکہ ان کا مذاق اڑانے لگ گئے۔

۱۰ے مکّہ کے باشندے تجارت پیشہ تھے۔ ان کے تجارتی کارواں دُور دراز ملکوں میں جایا کرتے تھے۔ راستہ میں ان کا گزر کئی اُجڑی ہُوئی بستیوں، ویران کھنڈروں اور غیر آباد کنوؤں اور نہروں پر ہوتا تھا۔ جب اُنھوں نے دلائلِ توحید میں غور و فکر کرنے کے بجائے اُن کا مذاق اڑانا شروع کر دیا تو پہلی گمراہ قوموں کے ہولناک انجام کا ذِکر کر کے انھیں متنبّہ کیا جا رہا ہے کہ یہ عاد و ثمود کی ویران بستیاں جن کو تم بارہا دیکھ چکے ہو یہاں کے بسنے والے تم سے زیادہ خوشحال تھے۔ مال و دولت کی فراوانی تھی۔ وسیع و عریض خطّۂ زمین ان کے زیرِ نگیں تھا۔ ان کے مُلک میں ٹھنڈے اور میٹھے پانی کی نہروں کا جال بچھا ہوا تھا۔ ان کے کھیت سونا اُگل رہے تھے اور ان کے گھر رشکِ اِرم بنے ہُوئے تھے۔ لیکن جب انھوں نے بے راہ روی

اٰخَرِيْنَ ۝ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ

اور قوم ١١ ۔ اور اگر ہم اُتارتے ١٢ آپ پر کتاب (لکھی ہوئی) کاغذ پر اور وُہ چھو بھی لیتے اس کو اپنے ہاتھوں سے

لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اِنْ هٰذَا اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَقَالُوْا لَوْلَا اُنْزِلَ

تب بھی کہتے جنھوں نے کفر اختیار کیا ہے کہ نہیں ہے یہ مگر جادو کھلا ہوا اور بولے کیوں نہ اتارا گیا ١٣

عَلَيْهِ مَلَكٌ ۚ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝ وَ

ان پر فرشتہ اور اگر ہم اُتارتے فرشتہ تو فیصلہ ہو گیا ہوتا ہر بات کا پھر نہ مُہلت دی جاتی انھیں اور

اِختیار کی اور اللہ تعالیٰ کی حدوں کو توڑنا شروع کر دیا تو قانونِ مکافات حرکت میں آیا اور وُہ اپنے گناہوں کی پاداش میں ایسے عذاب میں مُبتلا کر دیئے گئے جس نے ان کو نیست و نابُود کر دیا۔

١١ لیکن ان کی تباہی و بربادی سے بزمِ کائنات کی رونق میں کوئی فرق نہیں آیا بلکہ ان کا جانشین ہم نے دُوسری قوم کو بنا دیا جس نے اپنی راست بازی اور محنت و خلوص سے بازارِ ہستی کی رونق میں کئی گنا اضافہ کر دیا۔ اِس میں ہمارے لیے بھی درسِ عبرت ہے۔ جب تک ہم احکامِ الٰہیہ کے پابند رہیں گے۔ جب تک ہماری تعمیری صلاحیتیں خدمتِ خلق میں مصرُوف رہیں گی۔ عزّت و اقتدار کی مسند کے ہم مالک ہوں گے اور جب ہم بھی طاؤس و رباب کے دِلدادہ بن گئے تو پژمُردہ پھُولوں کی طرح ہمیں بھی باغ سے باہر پھینک دیا جائے گا۔

١٢ کفّار کی ہٹ دھرمی اور عناد کا بیان ہو رہا ہے کہ اگر وُہ اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرلیں کہ قرآن کاغذ میں لکھا لکھایا آسمان سے اُتر رہا ہے اور پھر وُہ اسے اپنے ہاتھوں سے ٹٹول کر تسلّی بھی کرلیں تب بھی وُہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے بلکہ اپنے انکار کے لیے اگر اُنھیں کوئی اور بہانہ نہ مِل سکا تو یہی کہنے لگیں گے کہ یہ تو جادُو ہے۔ اللہ تعالیٰ دِل کی آنکھ کو بے نُور نہ کر دے۔ ورنہ کوئی دلیل، کوئی معجزہ اور کوئی فہمائش اثر نہیں کرتی۔ خُوئے بدرا بہانہ ہا بسیار۔

١٣ کفّار کی ایک اور فرمائش ملاحظہ ہو۔ کہنے لگے کہ ہم اس شرط پر ایمان لانے کے لیے تیار ہیں کہ آسمان سے ایک فرشتہ اُترے اور وُہ ہمیں بتائے کہ آپ واقعی اللہ تعالیٰ کے رسُول ہیں۔ اس کا جواب فرمایا کہ اگر تمھاری یہ شرط پُوری کر دی جائے تو تمھاری ہلاکت یقینی ہے۔ فرشتہ اگر اپنی اصلی صُورت میں نمودار ہو تو اس کی ہیبت و جلال سے تمھارا دم نکل جائے۔ نیز اگر تمھاری یہ فرمائش پُوری کر دی گئی۔ اور یہ کھُلی دلیل دیکھ کر بھی تم نے ایمان لانے میں پس و پیش کی تو تم پر ایسا عذاب مسلّط کیا جائے گا جو تمھاری جڑوں کو بھی اُکھیڑ کر رکھ دے گا۔ اس لیے تمھارے لیے بہتر یہی ہے کہ تمھاری اس فرمائش کو پُورا نہ کیا جائے تاکہ مُہلت کی اِن گھڑیوں میں تمھیں غور و فکر کا بیش از بیش موقع مِل سکے۔

لَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّ لَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ﴿۹﴾

اگر ہم بناتے نبی کسی فرشتہ کو تو بناتے اس کو انسان (کی شکل میں) تو (یوں) ہم مشتبہ کر دیتے ان پر جس شبہ میں وُہ اب ہیں ۱۴

وَ لَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ

اور بلاشبہ مذاق اُڑایا گیا رسُولوں کا آپ سے پہلے ۱۵ پھر گھیر لیا اُنھیں جو مذاق اُڑاتے تھے رسُولوں کا

مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۰﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا

اس چیز نے جس کے ساتھ مذاق اڑایا کرتے تھے آپ فرمائیے سیر کرو زمین میں ۱۶ پھر دیکھو

ع ۱

۱۴ منکرینِ حق کی نگاہیں فقط حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی بشریّت تک ہی محدُود تھیں۔ وُہ نبوّت کے اِس آفتاب کو دیکھنے سے قاصر تھے جو دلِ انور کے مطلع پر ضوفشاں تھا۔ اِس لیے اُنھوں نے اپنے جیسا بشر سمجھ کر حضورؐ کی نبوّت کو تسلیم کرنے سے اِنکار کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر فرشتہ کو نبی بنا کر تمھاری ہدایت کے لیے بھیجا جاتا تو اس کی دو صُورتیں تھیں۔ یا تو وُہ اپنی مَلکی شکل میں مبعوث ہوتا یا انسانی لباس میں۔ پہلی صُورت میں اس کی ہیبت وجلال کی وجہ سے اس سے اِستفادہ ناممکن ہوتا۔ دُوسری صُورت میں پھر وہ انھیں شبہات میں مبتلا ہو جاتے جن میں اب مُبتلا ہیں۔

۱۵ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو تسلّی دے رہے ہیں کہ یہ عناد، یہ اِنکار اور یہ مذاق ومسخر جس سے آپ کو واسطہ پڑ رہا ہے کوئی نئی چیز نہیں۔ آپ سے پہلے بھی انبیا کے ساتھ منکرینِ حق کا یہی سلوک رہا ہے۔ وُہ بھی اِن گُستاخیوں اور بے ادبیوں کے باعث برباد کر دیئے گئے اور ان کا انجام بھی سُنّتِ الٰہیہ کے مطابق یہی ہو گا کہ نیست و نابُود کر دیئے جائیں گے۔

۱۶ قرآنِ حکیم نے بارہا زمین میں سیر وسیاحت کا حکم دیا ہے لیکن صرف تفریحِ طبع کے لیے نہیں بلکہ عبرت پذیری کے لیے۔ لہو ولعب کے لیے نہیں بلکہ علمی مقاصد اور تاریخی نتائج اخذ کرنے کے لیے تاکہ گزری ہوئی قوموں کے مسمار شدہ محلّات، باغات، قلعوں اور شہروں کو دیکھ کر ہم اپنی اصلاح کریں اور ہمیں وُہ روزِ بد نہ دیکھنا پڑے جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی سزا میں اُنھیں دیکھنا پڑا تھا۔ اس نیت سے سیر وسیاحت کرنا باعثِ ثواب اور مُوجبِ رضاءِ الٰہی ہے۔ چنانچہ علامہ قرطبی نے صراحت کی ہے کہ ایسا سفر مستحب ہے جو گزری ہُوئی اُمّتوں اور اُجڑے ہُوئے شہروں کے آثار اور کھنڈرات دیکھ کر عبرت حاصل کرنے کے لیے کیا جاتے۔ هذا السفر مندوب اليه اذا كان على سبيل الاعتبار بآثار من خلا من الامم واهل الديار (القرطبی) یہاں بھی کفّار کو حکم دیا جا رہا ہے کہ تم حق کو قبول کرنے سے اِنکار کر رہے ہو اور روشن دلائل کے باوجُود تم باطل سے چمٹے رہنے پر مُصر ہو ذرا زمین میں چل پھر کر دیکھو کہ ان قوموں کا کتنا دردناک انجام

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۱﴾ قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

کیسا ہوا انجام (رسولوں کو) جھٹلانے والوں کا آپ (ان سے) پوچھئے کس کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے ۱۷

قُلْ لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

آپ (ہی انھیں) بتایئے (سب کچھ) اللہ ہی کا ہے اس نے لازم کرلیا ہے اپنے آپ پر رحمت فرمانا ۱۸ یقیناً جمع کرے گا تمھیں قیامت کے دن

لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَهٗ

ذرا شک نہیں اس میں (مگر) جنھوں نے نقصان میں ڈال دیا ہے اپنے آپ کو تو وہ نہیں ایمان لائیں گے ۱۹ اور اسی کا ہے

ہوا جنھوں نے اللہ تعالیٰ کے رسولوں کو جھٹلایا۔

۱۷ قاعدہ یہ ہے کہ جب سوال کا جواب ایک ہی ہو اور جس سے سوال کیا جارہا ہے اُس کو بھی اس سے انکار نہ ہو تو سائل خود ہی جواب دے دیا کرتا ہے۔ اس سوال کے جواب میں کفار کو بھی اختلاف نہ تھا اس لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زبانِ مبارک سے جواب دلا دیا گیا۔

۱۸ یہاں یہ سوال پیدا ہوسکتا تھا کہ ایسے نابکار لوگوں کو زندہ کیوں رہنے دیا جاتا ہے اُنھیں فوراً نیست و نابود کیوں نہیں کردیا جاتا۔ اس لیے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے کسی مجبوری یا کمزوری کی وجہ سے نہیں بلکہ محض اپنے فضل و کرم سے رحمت کو اپنے اُوپر لازم کرلیا ہے۔ لوگ کتنی ہی نافرمانیاں کریں۔ اس کے ساتھ شریک ٹھیرائیں، اس کی ہستی کا ہی انکار کر دیں اُس کی رحمت کا وسیع دامن ان پر سایہ فگن رہتا ہے اور ان کی زندگی کی جو میعاد مقرر کی گئی ہے اُس وقت تک انھیں زندہ رہنے کے وسائل بہم پہنچاتے جاتے ہیں۔ سورج، بارش، ہوا وغیرہ مومن و کافر، متقی و فاسق سب کے لیے ایک ہی حیات آفرین تاثیر رکھتے ہیں۔ ان الفاظ سے کفار کو ایمان لانے کی ترغیب دلانا بھی مقصود ہے یعنی اپنی سابقہ بداعمالیوں کی وجہ سے مایوس نہ ہو جاؤ۔ اگر اب بھی تم سچے دل سے توبہ کرلو تو تمھیں دامن رحمت میں پناہ مل جائے گی۔

۱۹ یہاں خسارہ سے مُراد اس قیمتی استعداد کو ضائع کرنا ہے جو حق اور باطل میں فرق کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو عطا فرماتا ہے۔ کفار جاننے بوجھنے کے باوجود حق کو قبول کرنے سے گریزاں تھے جس سے ان کی وہ استعداد ضائع ہوگئی۔ اس کے بعد ان سے یہ توقع نہیں کی جاسکتی کہ وہ ایمان لے آئیں گے۔

مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳﴾ قُلْ اَغَيْرَ

جو بس رہا ہے رات میں اور دن میں ۲۰ اور وہی سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ آپ فرمائیے کیا ۲۱ بغیر

اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۗ

اللہ تعالیٰ کے کسی کو (اپنا معبود بناؤں (وہ اللہ جو) پیدا فرمانے والا ہے آسمانوں کو اور زمین کو اور وہ (سب کو) کھلاتا ہے اور خود نہیں کھلایا جاتا ۲۲

قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ

فرمائیے بے شک ۲۳ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں ہو جاؤں سب سے پہلے سر جھکانے والا ۲۴ (نیز یہ حکم دیا گیا ہے کہ) ہر گز نہ بننا

۲۰ زمین اور آسمان ظرفِ مکان ہیں اور رات اور دن ظرفِ زمان۔ پہلے بتایا کہ بلندی اور پستی میں جو کچھ ہے وہ سب اللہ تعالیٰ کا ہے۔ اب بتایا کہ زمانے کے پیمانے میں جو کچھ ہے وہ بھی اسی کی ملکیت ہے۔ تو جب سب زمانیات اور مکانیات اسی کی پیدا کردہ ہیں اور اسی کے قبضۂ قدرت میں ہیں تو پھر ان میں سے کوئی انسان، کوئی پتھر یا کوئی اور چیز کیونکر معبود بن سکتی ہے۔

۲۱ کفار حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ آپ ہیں نادار اور تنگ دست۔ مال و دولت جمع کرنے کے لیے آپ نے نبوت کا سلسلہ چلا رکھا ہے جس سے ہر گھر میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑک اٹھی ہے۔ اس لیے آپ جتنی دولت مانگیں ہم آپ کے قدموں میں ڈھیر کرنے کے لیے تیار ہیں۔ آپ اپنے نئے دین کی تبلیغ بند کر دیجیے اور جس طرح ہمارے اسلاف ان بتوں کی پوجا کرتے چلے آئے ہیں آپ بھی انھیں کی پرستش کیا کریں تو یہ آیت نازل ہوئی۔ لغتِ عرب میں "ولی" کے بے شمار معنی ہیں۔ یہاں اس سے مراد معبود ہے۔ والمراد بالولی المعبود (بیضاوی) ولی سے مراد یہاں معبود ہے۔ جس کی عبادت کی جائے۔ والمراد بالولی المعبود لانه رد لمن دعاه صلی اللہ علیہ وسلم (روح المعانی)

۲۲ یعنی معبود تو وہ ہو سکتا ہے جو کسی کا محتاج نہ ہو اور ہر چیز اس کی محتاج ہو۔ تمھارے یہ بنائے ہوئے معبود اور خدا تو سراپا احتیاج ہی احتیاج ہیں۔ ہاں میرا معبود جو زمین و آسمان کا خالق ہے وہی وہ معبودِ برحق ہے جو ہر محتاج کی حاجت روائی فرماتا ہے ہر چیز کو رزق پہنچاتا ہے۔ اور خود کسی چیز کا محتاج نہیں۔ نہ کھانے کا نہ پینے کا۔ نہ کسی اور چیز کا۔ اب تم خود انصاف کرو کہ معبودِ حقیقی کون ہے؟

۲۳ اے کفار! تم مجھے کیا لالچ دینے آئے ہو۔ مجھے تو اپنے رب کا یہ حکم ہے کہ میں سب سے پہلے اس کی الوہیت، اس کی کبریائی اور اس کی عظمت و جلال کے سامنے سرِ تسلیم خم کروں اور شرک کی آلودگیوں سے اپنا دامن بچانے کی مجھے تاکید

الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۴﴾ قُلْ اِنِّیْۤ اَخَافُ اِنْ عَصَیْتُ رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ

شرک کرنے والوں سے آپ فرمائیے میں ڈرتا ہوں ۲۵؎ اگر میں نافرمانی کروں اپنے رب کی بڑے دن کے

عَظِیْمٍ ﴿۱۵﴾ مَنْ یُّصْرَفْ عَنْهُ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَ ذٰلِكَ الْفَوْزُ

عذاب سے وہ شخص ٹال دیا گیا عذاب ۲۶؎ جس سے اُس روز تو یقیناً رحم فرمایا اللہ نے اس پر اور یہی کھلی کامیابی

کی گئی ہے۔ اس لیے میں اپنے رب کے حکم سے سرتابی کرکے کیونکر تمہارے کہنے سے ان باطل خداؤں کی پرستش شروع کر سکتا ہوں۔

۲۴؎ جس دین کی دعوت دینے کے لیے حضور مبعوث ہوئے تھے اس کو سب سے پہلے قبول کرنے والے بھی حضور ہی تھے اِس لیے فرمایا کہ تمام اُمّت سے پہلے مجھے اپنے رب کی وحدانیّت اور الوہیّت پر ایمان لانے کا حکم دیا گیا ہے۔ یہاں صاحب رُوح المعانی کا ایک رُوح پرور اور ایمان افروز اقتباس بمعہ ترجمہ ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں:۔

فاول روح رکضت فی میدان الخضوع والانقیاد والمحبة روح نبینا صلی اللّٰہ علیه وسلّم وقد اسلم نفسه لمولاه بلا واسطة وکل اخوانه الانبیاء علیهم الصلوٰة والسّلام فی عالم الارواح انما اسلموا انفوسهم بواسطته علیه الصلوٰة والسلام فهو صلی اللّٰه علیه وسلّم المرسل الی الانبیاء والمرسلین علیهم الصلوٰة والسلام فی عالم الارواح وکلهم امته (رُوح المعانی)

ترجمہ:۔ عاجزی، فرماں برداری اور محبّت کے میدان میں سب سے پہلے جو رُوح سجدہ ریز ہوئی وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی رُوح مبارک تھی۔ اور حضور نے بلاواسطہ اپنے مولائے کریم کے سامنے سرِ عبودیّت جھکایا۔ اور تمام نبیوں اور رسولوں نے حضور کے واسطہ سے۔ پس حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم تمام انبیاء و رُسل کے بھی رسول ہیں اور سب حضور کے اُمتی ہیں۔

۲۵؎ اگر میں سرِمُو بھی حکمِ خداوندی سے انحراف کروں تو مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں عذاب میں گرفتار نہ ہو جاؤں۔

۲۶؎ یعنی مجھے دولت کی آرزو نہیں اور نہ دولت و عزّت میرے نزدیک کامیابی کا کوئی معیار ہے۔ کامیاب و کامران تو وہ ہے جس کو قیامت کے دن عذابِ الٰہی سے نجات مل گئی۔ حضور کی اُمّت کو بھی یہ حقیقت ہر لحظہ پیشِ نظر رکھنی چاہیئے اور قیامت کی کامیابی کے لیے کوشاں رہنا چاہیئے۔

الْمُبِيْنُ ⑯ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَ

اور اگر پہنچائے تجھے اللہ تعالیٰ کوئی دُکھ تو نہیں کوئی دُور کرنے والا اس دُکھ کو سوائے اس کے ٢٧ اور ہے

اِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑰ وَهُوَ الْقَاهِرُ

اگر پہنچائے تجھے کوئی بھلائی (اس کو کوئی روک نہیں سکتا) وُہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے اور وُہ غالب ہے

فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ⑱ قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ

اپنے بندوں پر ٢٨ اور وُہ بڑا دانا، ہر چیز سے خبردار ہے آپ پُوچھئے کون سی چیز بڑی (معتبر) ہے گواہی کے لحاظ سے ٢٩

٢٧ تکلیف اور راحت، بیماری اور صحت، ناکامی اور کامیابی، ذِلّت اور عزّت سب اللہ تعالیٰ وحدہٗ کے دستِ قُدرت میں ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کسی کو فقر، مرض یا قرض میں مُبتلا کر دے تو کسی کے بس میں نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی مشیّت اور مرضی کے بغیر ان مصائب سے اسے نجات دے دے۔ اور اگر اللہ تعالیٰ کسی پر اپنا فضل وکرم فرمائے اور اسے اپنے انعامات سے سرفراز فرما دے تو کسی کی طاقت نہیں کہ اس سے چھین لے۔ وُہی مالکِ حقیقی ہے۔ وُہی قادرِ مطلق ہے۔ اُس کے اذن کے بغیر کوئی پتّہ، کوئی ذرّہ اور کوئی قطرہ اپنی جگہ سے جُنبش نہیں کر سکتا۔ مشرک قوموں نے نیکی، بدی، بارش، فتح، دولت اور علم وغیرہ کے لیے الگ الگ خدا بنائے ہُوئے تھے ان سب کے خیالاتِ فاسدہ کی تردید فرما دی۔

٢٨ قہر کا معنی غلبہ ہے یعنی وُہ اپنے تمام بندوں پر غالب ہے۔ کوئی ایسا نہیں جو اس پر غالب ہو اور اُس کی مرضی کے خلاف جو چاہے کرتا پھرے۔ سب بندے اس کے حکم کے سامنے سرافگندہ ہیں۔ ای هم تحت تسخيره لا فوقية مكان (القرطبی) فوقیت سے فوقیت مکانی مُراد نہیں بلکہ کسی پر غالب آنا، غلبہ پانا۔

٢٩ کفّارِ مکّہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم سے دریافت کیا کہ آپ جو نبوّت کا دعویٰ کر رہے ہیں اسے کیونکر تسلیم کیا جائے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے کسی کو نبی بنانا ہی تھا تو اسے آپ کے بغیر کوئی دُوسرا نہ مل سکا۔ آپ اپنے دعوے کی صداقت پر کوئی گواہ پیش کیجئے۔ ہم نے تو یہود و نصاریٰ سے بھی آپ کی نبوّت کے متعلق دریافت کیا ہے اور اُنھوں نے واضح الفاظ میں ہمیں بتایا ہے کہ ان کی آسمانی کتابوں میں آپ کی نبوّت کا ذکر تک نہیں۔ ان کے جواب میں یہ آیت نازل ہُوئی جس میں آپ کو فرمایا گیا کہ آپ اُنھیں کہیئے کہ میری نبوّت کا گواہ خود رب العالمین ہے۔ کیا اس سے سچّا اور زیادہ معتبر کوئی اور گواہ بھی ہو سکتا ہے جب خود اللہ تعالیٰ میری نبوّت اور صداقت کا گواہ ہے تو مجھے کسی اور گواہ کی ضرورت کیا ہے؟

قُلِ اللّٰهُ ۟ شَهِيۡدٌۢ بَيۡنِىۡ وَبَيۡنَكُمۡ ۟ وَاُوۡحِىَ اِلَىَّ هٰذَا الۡقُرۡاٰنُ لِاُنۡذِرَكُمۡ

آپ ہی بتائیے اللہ وہی گواہ ہے میرے درمیان اور تمھارے درمیان اور وحی کیا گیا ہے میری طرف یہ قرآن ۳۰ تاکہ میں ڈراؤں تمھیں

بِهٖ وَمَنۡۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمۡ لَتَشۡهَدُوۡنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخۡرٰى ؕ قُلْ

اس کے ساتھ اور (ڈراؤں) اسے جس تک یہ پہنچے۔ کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ خدا اور بھی ہیں؟ ۳۱ آپ فرمائیے

لَّاۤ اَشۡهَدُ ۚ قُلۡ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِىۡ بَرِىۡٓءٌ مِّمَّا تُشۡرِكُوۡنَ ۘ ﴿۱۹﴾

میں تو (ایسی جھوٹی) گواہی نہیں دیتا آپ فرمائیے وہ تو صرف ایک خدا ہی ہے اور بے شک میں بیزار ہوں ان (بتوں) سے جنھیں تم شریک ٹھیراتے ہو

اَلَّذِيۡنَ اٰتَيۡنٰهُمُ الۡكِتٰبَ يَعۡرِفُوۡنَهٗ كَمَا يَعۡرِفُوۡنَ اَبۡنَآءَهُمۡ ۘ اَلَّذِيۡنَ

جنھیں ہم نے دی ہے کتاب وہ پہچانتے ہیں اس نبی کو جیسے پہچانتے ہیں اپنے بیٹوں کو ۳۲ جنھوں نے

۳۰ اصل میں ہے مَنۡۢ بَلَغَهُ الۡقُرۡاٰنُ ۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضورؐ کی نبوت و رسالت صرف اس زمانہ کے لوگوں تک محدود نہ تھی بلکہ جب تک اور جہاں تک قرآن کی آواز پہنچے گی حضورؐ سب کے نبی ہیں۔ سب پر فرض ہے کہ وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم پر ایمان لائیں۔

۳۱ اگر تم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی مخلوق کے خدا اور معبود بننے کی گواہی دو تو میں ایسی لچر اور بے ہودہ بات ماننے کے لیے تیار نہیں۔ خدا تو وہی ایک ذات ہے جس کی قدرت، علم، کبریائی، بے نیازی اور غلبہ کا ذکر تم اتنی دیر سے سن رہے ہو میں تو صرف اسی ایک خدا کو اپنا معبود اور الٰہ یقین کرتا ہوں۔ باقی رہے تمھارے بے بس، محتاج اور بے مصرف دیوی دیوتا۔ تو میرا ان سے کوئی تعلق نہیں۔ کان کھول کر سن لو میں ان سے بری ہوں۔

۳۲ اوپر گزرا ہے کہ اہلِ مکہ نے اہلِ کتاب سے بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے متعلق دریافت کیا تو انھوں نے آپ کے متعلق اپنی لاعلمی کا اظہار کیا۔ اس آیت میں ان کا رد ہے کہ ان کا انکار لاعلمی کی وجہ سے نہیں بلکہ محض ہٹ دھرمی اور عناد کی وجہ سے ہے ورنہ وہ ہمارے نبی کو یوں پہچانتے ہیں جیسے وہ اپنے بچوں کو پہچانتے ہیں۔ ہجرت کے بعد حضرت عمرؓ نے اس آیت کے متعلق حضرت عبداللہ بن سلام سے پوچھا کہ تم حضورؐ کو کیسے پہچانتے تھے تو انھوں نے جواب دیا کہ حضورؐ کے اوصاف و کمالات اور علامات و نشانات اتنی وضاحت سے ہماری کتابوں میں مرقوم ہیں کہ جب ہم نے حضورؐ کو دیکھا تو یوں پہچان لیا جیسے ہم اپنے بچوں کو پہچان لیتے ہیں۔ آخر میں حضرت عبداللہ نے فرمایا کہ بخدا میں تو اپنے بچے سے بھی زیادہ حضورؐ کو پہچانتا ہوں۔ کیونکہ مجھے اپنے بچے کی ماں پر اتنا اعتماد نہیں جتنا اللہ کی بتائی ہوئی علامات پر ہے۔

خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى

نقصان میں ڈال دیا ہے اپنے آپ کو تو وہ نہیں ایمان لائیں گے اور کون زیادہ ظالم ہے اس سے جس نے بہتان

عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢١﴾ وَيَوْمَ

لگایا اللہ پر جھوٹا یا جھٹلایا اس کی آیتوں کو ۳۳ بے شک فلاح نہیں پائیں گے ظلم کرنے والے اور (یاد کرو) وہ

نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيْنَ

دن ۳۴ جب ہم جمع کریں گے سب کو پھر ہم کہیں گے اُنھیں جو شرک کیا کرتے تھے کہ کہاں ہیں تمھارے شریک جن کے (خدا

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٢٢﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا

ہونے کا) تم دعویٰ کیا کرتے تھے پھر نہیں ہوگا کوئی عذر ان کا بجز اس کے کہ کہیں گے کہ اُس اللہ کی قسم جو ہمارا رب ہے

مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿٢٣﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ

نہ تھے ہم شرک کرنے والے ۳۵ دیکھو کیسا جھوٹ باندھا اُنھوں نے اپنے نفسوں پر اور گم ہوگئیں ان سے

ع ۲ ۸

وایم اللہ انا بمحمد اشد معرفۃ منی بابنی لانی لا ادری ما احدثت امہ (روح المعانی)

۳۳ یہاں کفار کی دوہری غلطی کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ وہ بے سروپا باتیں جن کے متعلق ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ان پر تو انھیں محکم یقین ہے مثلاً اپنے بتوں اور معبودوں کو خدا کا شریک ماننا۔ فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں تسلیم کرنا۔ مادہ روح کو قدیم یقین کرنا۔ زندگی کے مختلف کاموں کے لیے الگ الگ دیوی دیوتا تصوّر کرنا اور جن چیزوں کے متعلق قطعی اور یقینی روشن دلائل موجود ہیں ان کا انکار اور اس انکار پہ اصرار۔ مثلاً توحید، قرآن کریم، رحمتِ عالم، قیامت وغیرہ۔

۳۴ قیامت کے دن ان کی ذلّت اور رسوائی کی کوئی حد نہ رہے گی۔ ان سب منکروں، مشرکوں اور سرکشوں کو ہم اپنے دربار میں لاکھڑا کریں گے اور ان سے پوچھیں گے کہ کہاں ہیں وہ تمھارے معبود جن کو تم خدا کا شریک بنایا کرتے تھے۔ آج ان کو بلاؤ تاکہ وہ ہمارے عذاب سے تمھیں نجات دلائیں۔

۳۵ فتنہ کا لغوی معنی پرکھنا اور آزمائش کرنا ہے۔ قتادہ نے کہا کہ یہاں فتنہ سے مراد عذر اور بہانہ ہے مقصد یہ ہے کہ جب میدانِ حشر میں اس مالکِ حقیقی کے دربار میں اُنھیں پیش کیا جائے گا اور وہ غضبِ خداوندی کا مشاہدہ کریں گے

مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٢٤﴾ وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ ۖ وَجَعَلْنَا عَلَىٰ

جو افترا بازیاں کیا کرتے تھے ۳۶ اور کچھ ان میں سے ۳۷ ایسے ہیں جو کان لگاتے ہیں آپ کی طرف اور ہم نے ڈال

قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۚ وَإِن يَرَوْا كُلَّ

دیئے ہیں ان کے دلوں پر پردے تاکہ نہ سمجھیں وہ اسے اور اُن کے کانوں میں گرانی ہے اور اگر وہ دیکھ لیں ۳۸ ہر ایک

اور ان کے بتوں معبودوں اور دیوی دیوتاؤں کا کہیں نام تک نہ ہوگا۔ تو جب ان سے سابقہ سوال پوچھا جائے گا تو مارے حیرت و درماندگی کے کوئی جواب نہ بن آئے گا۔ اس وقت وہ انکار اور جھوٹ کا سہارا لیں گے اور صاف صاف کہہ دیں گے کہ اے ہمارے معبود برحق! اے ہمارے پالنہار! ہمیں تیری کبریائی کی قسم ہم نے تو کبھی شرک کیا ہی نہیں۔ ہم تو تیرے بغیر کسی اور خدا کو جانتے ہی نہیں۔

۳۶ اے میرے رسول! ملاحظہ ہو ان کی بےبسی کا عالم! ساری عمر جن کو پوجتے رہے، جن کی جے بولتے رہے جن کی وجہ سے آپ کو ستایا۔ اذیتیں پہنچائیں آج اُن سے دست بردار ہو رہے ہیں۔ اُن کی خدائی کا انکار کر رہے ہیں۔ قیامت میں پیش آنے والے واقعات اور ان کے حسرتناک انجام کے ذکر سے مطلوب یہ ہے کہ کفار آج ہی ان کمینہ حرکات سے باز آجائیں۔ آج ہی شرک سے تائب ہو کر اللہ تعالیٰ کی توحید کا دل وجان سے اعتراف کرلیں۔ ورنہ قیامت کے دن پشیمان ہوئے تو اس کا کیا فائدہ ہوگا۔

۳۷ جیسے پہلے کئی بار مذکور ہوا کہ جب انسان کسی چیز کو حق سمجھنے کے باوجود اس کو تسلیم نہیں کرتا اور دانستہ اس سے اعراض کرتا رہتا ہے تو اس کا طبعی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ (بطور سزا) نورِ حق کو دیکھنے والی آنکھ بےنور ہو جاتی ہے۔ آوازِ حق کو سننے والے کان بہرے ہو جاتے ہیں۔ اور حق کو سمجھنے کی قوت سے دل محروم ہو جاتا ہے۔ قرآن حکیم نے متعدد مقامات پر اس کی تصریح کی ہے۔ یہاں فرمایا کہ ہم نے ان کے کانوں کو بہرہ کر دیا اور ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ان چیزوں کو اپنی طرف منسوب کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس محرومی کا سبب تو ان کا اعراض اور انکار ہے لیکن سبب پر مسبّب کا مؤثر پر اثر کا مترتب کرنا اللہ تعالیٰ کی شان ہے اور اسی کا فعل ہے۔ اس لیے سبب اور مؤثر کی بجائے ان کو خود ذاتِ باری کی طرف منسوب کر دیا اور کیونکہ دوسرے متعدد مقامات پر اس کی تصریح ہے اس لیے التباس کا شبہ نہیں۔

۳۸ یہ پہلی بات کی توضیح ہے کہ اے حبیب! آپ انھیں لاکھ معجزے دکھائیں۔ روزِ روشن کی طرح حق نمایاں کر دیں یہ ایمان لانے کے نہیں۔ انھوں نے تو اس صلاحیت کو ہی ضائع کر دیا۔ وہ استعداد ہی کھو دی جو حق کو قبول کرنے والی ہوتی ہے۔

اٰیٰتٍ لَّا یُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْكَ یُجَادِلُوْنَكَ یَقُوْلُ الَّذِیْنَ

نشانی بھی تو نہیں ایمان لائیں گے ان کے ساتھ۔ یہاں تک کہ جب حاضر ہوں ٣٩ آپ کے پاس جھگڑتے ہوئے آپ سے تو کہتے ہیں وہ لوگ

كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿٢٥﴾ وَهُمْ یَنْهَوْنَ عَنْهُ وَ

جنھوں نے کفر کیا کہ نہیں یہ (قرآن) مگر جھوٹے قصّے پہلے لوگوں کے اور وہ روکتے ہیں ٤٠ اس سے اور

یَنْـَٔوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ یُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا یَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَلَوْ

دُور بھاگتے ہیں اس سے اور نہیں ہلاک کرتے مگر اپنے نفسوں کو اور وہ (اتنا بھی) نہیں سمجھتے اور اگر

تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا یٰلَیْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰیٰتِ

آپ دیکھیں جب وُہ کھڑے کیے جائیں گے آگ پر تو کہیں گے اے کاش! (کسی طرح) ہم لوٹا دیئے جائیں تو (پھر) نہ جھٹلائیں گے

٣٩ نضر نامی ایک شخص نے ایران کی سیاحت کی۔ وہاں سے رُستم و اسفندیار کے افسانوں اور قصّوں کی کتابیں اپنے ہمراہ لایا اور قریش کی مجلسوں میں بیٹھ کر بڑے مزے لے لے کر انھیں پڑھ کر سُنایا کرتا تھا۔ اسے بڑا جہاندیدہ خیال کرتے ہوتے ابُوجہل اور ابُوسفیان اس کو لے کر حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہُوئے اور قرآن سُننے کی خواہش کی۔ حضُور سرورِ عالمؐ نے پڑھ کر سُنایا۔ ابُوسفیان اور ابوجہل نے نضر سے پُوچھا کیسا پایا؟ وُہ ناسمجھ کہنے لگا کہ بس یُونہی ہونٹ ہلاتے رہتے ہیں۔ یہ ایسے ہی افسانے ہیں جیسے میں تمھیں سُنایا کرتا تھا۔ چند الفاظ:۔ اَكِنَّة اس کا واحد کنان ہے اس کا معنی پردہ ہے وقر بمعنی ثقل یعنی سماعت کی گرانی۔ اساطیر جمع ہے لیکن اس میں بہت اختلاف ہے کہ اس کا واحد کیا ہے زجاج نے اِس کا واحد اَسطار۔ ابوعبیدہ نے اِسطار، اخفش نے اسطورہ بتایا ہے۔ اور بعض ائمہ لغت کی رائے یہ ہے کہ یہ ایسی جمع ہے جس کا واحد نہیں۔ جیسے مذاکیر۔ ابابیل وغیرہ (قرطبی)

٤٠ نہی کا معنی ہے روکنا اور نأی کا معنی ہے دُور کرنا۔ النهی الزجر والنأی البعد یعنی کفّار کی یہ حالت ہے، کہ خود بھی دعوتِ حق قبول نہیں کرتے اور دُوسروں کو بھی منع کرتے ہیں۔ اِس طریقِ کار سے وُہ اپنی دُنیا و آخرت ہی برباد کر رہے ہیں دین کی ترقی کو نہیں روک سکتے۔

رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٧﴾ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ

اپنے ربّ کی نشانیوں کو اور ہم ہو جائیں گے ایمانداروں سے بلکہ عیاں ہو گیا ان پر ۴۱؎ جسے چھپایا کرتے تھے

مِنْ قَبْلُ ۖ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٢٨﴾

پہلے اور اگر انھیں واپس بھیجا جائے (جیسے اُن کی خواہش ہے) تو پھر بھی وہی کریں جس سے روکے گئے تھے اور بے شک وہ

وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَلَوْ

جھوٹے ہیں اور کہتے ہیں ۴۲؎ نہیں کوئی زندگی بجز ہماری اس دنیاوی زندگی کے اور ہم نہیں اٹھائے جائیں گے (قبروں سے) اور اگر

تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۭ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ قَالُوْا بَلٰى وَ

آپ ۴۳؎ دیکھیں جب وہ کھڑے کیے جائیں گے اللہ کے حضور میں اللہ فرمائے گا کیا یہ (قبروں سے اُٹھنا) حق نہیں؟ کہیں گے بے شک (حق ہے)

۴۱؎ پہلی آیت میں بتایا کہ کفّار کو جب جہنم کے کنارے کھڑا کیا جائے گا اور اس کے دہکتے ہوئے انگاروں اور لپکتے ہوئے شعلوں پر ان کی نظر پڑے گی تو اوسان خطا ہو جائیں گے اور ساری نخوت اور غرور کافور ہو جائے گا تو انتہائی حسرت سے یہ آرزو کریں گے کہ کاش! اُنھیں دُنیا میں جانے کا ایک بار موقع ملے تو پھر اللہ کے رسُول کی ہرگز تکذیب نہ کریں بلکہ سچے دل سے اُس پر ایمان لے آئیں۔ اِس آیت میں دلوں کے اسرارِ نہاں جاننے والا خدا فرماتا ہے کہ یہ سب جھوٹ اور فریب کاری کی باتیں ہیں۔ ان کی فِطرت ایسی مسخ ہو چکی ہے کہ اگر انھیں بفرضِ محال پھر دُنیا میں بھیجا جائے تب بھی وُہی کرتوت کریں گے جو وُہ پہلے کرتے رہے۔ اب یہ جو اتنے بھلے مانس بنے ہُوئے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اب اُن کے راز افشاء کر دیئے گئے۔ ان کی جھوٹی قسموں کی حقیقت بھی کھل گئی اب اس کے علاوہ انھیں کوئی چارہ کار نظر نہیں آتا۔

۴۲؎ ان کی کجروی اور غلط کاری کا سب سے بڑا سبب یہ تھا کہ انھیں قیامت، جزاء و سزا اور جنّت و دوزخ پر ایمان نہ تھا۔ ان کا یہی عقیدہ تھا کہ زندگی بس یہی دُنیوی زندگی ہے۔ اس کے بعد اور کوئی زندگی نہیں جس میں اپنے اعمال کے نتائج سے دوچار ہونا پڑے اِس لیے وُہ بالکل بے فکر ہو کر اپنی گمراہیوں میں منہمک تھے۔

۴۳؎ آج تو بے شمار دلائل سُننے اور سمجھنے کے باوجود یہ کافر قیامت کا انکار کر رہے ہیں۔ غور کیجئے وُہ منظر ان کے لیے کتنا ہولناک ہو گا جب وُہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں پیش کیے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان سے دریافت فرمائے گا کہ اب بتاؤ قیامت کے برپا ہونے کی جو خبر میرے رسُولوں نے تمھیں دی تھی سچی تھی یا نہیں۔ اس وقت تسلیم کریں گے لیکن اس روز کا تسلیم کرنا کچھ مفید نہ ہو گا۔ اس وقت ان کا کوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا اور جہنم میں پھینک دیئے جائیں گے۔

رَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٣٠﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ

ہمارے رب کی قسم اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو اب چکھو عذاب بسبب اس کفر کے جو تم کیا کرتے تھے بے شک خسارہ میں رہے ۴۴

كَذَّبُوْا بِلِقَاءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا

وہ جنھوں نے جھٹلایا اللہ سے ملاقات (کی خبر) کو۔ یہاں تک کہ جب آگئی ان پر قیامت اچانک بولے ہائے افسوس ۴۵

عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا

اس کوتاہی پر جو ہم سے ہوئی اس زندگی میں ۴۶ اور وہ اٹھائے ہوئے ہیں اپنے بوجھ اپنی پشتوں پر ۴۷ ارے

۴۴ ایک فرض ناشناس طالب علم جو اس غلط فہمی میں مبتلا ہو کہ اس کا امتحان نہیں لیا جائے گا۔ اور اپنا سارا تعلیمی سال کھیل کود اور عیش و عشرت کی نذر کر دے۔ اچانک جب اسے بتایا جائے کہ میاں صاحبزادے! کل آپ کا امتحان ہے تیار ہو جاؤ۔ تو یہ خبر اس کے خرمنِ ہوش پر بجلی بن کر کوندے گی۔ اور وہ سال بھر کی غفلتوں پر اپنے آپ کو کوسنے لگے گا۔ اسی سے آپ اندازہ کر لیجئے اس سراسیمگی اور پریشانی کا جس سے ایسا شخص دوچار ہو گا۔ جو یہ سمجھتے ہوئے ساری عمر دادِ عیش دیتا رہے کہ قیامت کا دن آنے کا ہی نہیں اور پھر اسے اچانک پکڑ کر اپنے گزشتہ اعمال کی حساب دہی کے لیے بارگاہِ ربّ العزت میں کھڑا کر دیا جائے۔

۴۵ حسرت منادیٰ حقیقی نہیں۔ صرف کثرتِ حسرت کے اظہار کے لیے اسے منادیٰ بنایا گیا جیسے یا للعجب یا للرخاء (قرطبی)

۴۶ عرب کہتے ہیں فرط فلان الی الماء: فلاں شخص پانی کے گھاٹ یا چشمے کی طرف سب سے پہلے چلا گیا۔ اسی سے ہے اَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ: میں تم سے پہلے حوضِ کوثر پر پہنچ جاؤں گا۔ (حدیثِ نبوی) فَرَّطَ اسی سے بابِ تفعیل اور متعدّی ہے۔ اس کا معنی ہے دوسرے کو آگے کر دینا اور خود پیچھے رہ جانا۔ اسی مناسبت سے فَرَّطْنَا کا مفہوم یہ ہو گا کہ رضاءِ الٰہی کے حصول میں ہم نے دوسروں کو آگے بڑھنے دیا اور خود پیچھے رہ گئے۔ اسی لیے یہ لفظ تقصیر اور کوتاہی کرنے کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔

۴۷ گناہوں کا بوجھ ان کی پیٹھ پر لادنے کا یا تو یہ مطلب ہے کہ قیامت کے دن گناہ مختلف شکلوں میں ظاہر ہوں گے اور انھیں گنہگاروں کی پیٹھ پر لاد دیا جائے گا۔ یا یہ بطور مجاز و تشبیہ کہا گیا ہے مطلب یہ ہے کہ احساسِ گناہ اور ندامت ان پر مسلّط ہو گا اور فرطِ ندامت سے ان کی یہ حالت ہو گی جیسے کوئی بھاری بھرکم بوجھ ان پر لاد دیا گیا ہو اور وہ اس کی گرانی کے نیچے دبے چلے جا رہے ہوں۔

سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿٣١﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ

کتنا بُرا بوجھ ہے جسے وُہ اُٹھائے ہوئے ہیں۔ اور نہیں ہے دُنیا کی زندگی ۴۸؎ مگر کھیل اور تماشا اور بے شک آخرت

الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٣٢﴾ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ

کا گھر بہتر ہے اُن کے لیے جو (اللہ سے) ڈرتے ہیں تو کیا تم (اتنی بات بھی) نہیں سمجھتے (اے حبیب!) ہم جانتے ہیں کہ رنجیدہ کرتی

الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

ہے آپ کو وُہ بات جو یہ کہہ رہے ہیں تو وُہ نہیں جھٹلاتے آپ کو بلکہ یہ ظالم (دراصل) اللہ کی آیتوں کا انکار

يَجْحَدُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا

کرتے ہیں ۴۹؎ اور بے شک جھٹلائے گئے رسُول آپ سے پہلے ۵۰؎ تو اُنھوں نے صبر کیا اس

۴۸؎ زندہ دونوں رہتے ہیں مومن بھی اور کافر بھی لیکن ان کی زندگیوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے اور اسے بڑی عمدگی سے حضرت ابنِ عبّاس رضی اللہ عنہما نے بیان فرمایا ہے۔ ارشاد ہے: ھذہ حیاۃ الکافر لانہ یزجیھا فی غرور و باطل فاما حیاۃ المومن فتنطوی علی اعمال صالحۃ فلا تکون لھوا و لعبا: "لہو و لعب کافر کی زندگی کا نچوڑ ہے کیونکہ وُہ یہ قیمتی لمحے غرور و نخوت اور باطل میں ضائع کر دیتا ہے لیکن مومن کی زندگی اعمالِ صالحہ سے لبریز ہوتی ہے۔ اس لیے وُہ لہو و لعب نہیں"۔ یہ اور بات ہے کہ آج ایمان کے بیشتر دعوے داروں کو اس فرق کا احساس ہی نہ ہو۔

۴۹؎ اس کے دو مطلب بیان کیے گئے ہیں۔ حضُور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم بذاتِ خود کچھ نہیں کہا کرتے تھے بلکہ اللہ تعالیٰ کے رسُول اور نبی ہونے کی حیثیّت سے ہی ان کو تبلیغ کرتے تھے۔ اس لیے حضُورؐ کی رسالت کا انکار اور تکذیب گویا آیاتِ الٰہی کا انکار اور تکذیب ہی تھی۔ دُوسرا مطلب یہ ہے کہ وُہ حضُورؐ کو تو صادق اور راست گفتار یقین کرتے تھے۔ جیسے ابُوجہل نے ایک دفعہ حضُورؐ سے کہا کہ ہم آپ کو تو نہیں جھٹلاتے کیونکہ آپ کی صداقت ہمارے نزدیک مُسلّم ہے لیکن یہ پیغام جو لے کر آپ آئے ہیں ہم اسے سچّا تسلیم نہیں کرتے۔ وکان ابوجھل یقول: ما نکذبک لانک عندنا صادق وانما نکذب ما جئتنا بہ (کشاف)

۵۰؎ سُنّتِ الٰہی یہی ہے کہ حق و باطل کی کشمکش جاری رہے۔ مصائب کے پہاڑ حق کے علمبرداروں پر ٹوٹتے رہیں اور وُہ صبر و اُولو العزمی سے ان کو برداشت کرتے رہیں۔ حوادثات کے طوفانوں میں بھی شمعِ توحید کو ہر قیمت پر وُہ روشن رکھیں۔ حضُور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو کفّار کے کفر و عناد سے بڑی تکلیف ہوتی تھی اور آپ کے رحیم و شفیق دل کو

كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰٓى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ

جھٹلائے جانے پر اور ستائے جانے پر یہاں تک کہ آپہنچی انھیں ہماری مدد ۵۱؎ اور نہیں کوئی بدلنے والا اللہ کی باتوں کو

وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِی الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۳۴﴾ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَیْكَ

اور آہی چکی ہیں آپ کے پاس رسولوں کی کچھ خبریں اور اگر گراں ہے آپ پر ان کا (حق سے)

اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِیَ نَفَقًا فِی الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا

رُوگردانی کرنا ۵۲؎ تو اگر آپ سے ہو سکے تو تلاش کر لو کوئی سرنگ زمین میں یا کوئی سیڑھی

فِی السَّمَآءِ فَتَاْتِیَهُمْ بِاٰیَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَی الْهُدٰی

آسمان میں (تو اس پر چڑھ جاؤ) پھر لے آؤ ان کے پاس کوئی معجزہ (تو بھی وُہ ایمان نہیں لائیں گے) اور اگر چاہتا اللہ تعالیٰ تو جمع کر دیتا انھیں ہدایت پر

گوارا نہ تھا کہ کوئی بھی کفر و گمراہی کے اندھیروں میں بھٹکتا پھرے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ آپ سے پہلے بھی انبیاء مبعوث کیے گئے۔ کفّار نے اُن کو بھی ستایا اور اُنھوں نے صبر و تحمّل سے کام لیا۔ آپ بھی کفّار کی اذیّت رسانیوں پر صبر و تحمّل سے کام لیا کریں۔

۵۱؎ جب انبیاء کرام نے تبلیغ اور صبر کا حق ادا کر دیا اور کفّار کی اذیّت رسانیوں اور تعصّب کی حد ہوگئی تو اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت آئی جس نے باطل کو سرنگوں اور ذلیل کر دیا اور حق کا بول بالا ہو گیا۔ اور کفر کا سارا تزک و احتشام خدا کی نصرت کے وعدہ کو پورا ہونے سے نہ روک سکا۔ اسی طرح اے میرے حبیبؐ! میں نے آپ سے اسلام کو سربلند کرنے کا جو وعدہ فرمایا ہے وُہ پُورا ہو کر رہے گا۔

۵۲؎ اس آیت میں دو اہم باتوں کا ذکر ہے۔ ایک تو یہ کہ میرا محبوب ان گم کردہ راہوں کے ہدایت پانے پر اتنا حریص ہے کہ وُہ ہر کوشش کے لیے تیار ہے۔ یہاں تک کہ اگر اس کا بس چلے تو جس معجزہ کا وُہ مطالبہ کریں وُہ پیش کر دے۔ خواہ اس کے لیے زمین میں سُرنگ لگانی پڑے یا آسمان پر زینہ لگا کر چڑھنا پڑے۔ والمراد بیان حرصه علی اسلام قومه وانه لو استطاع ان یاتی بآیة من تحت الارض او من فوق السماء لاتی بها رجاء ایمانهم (نیشاپوری کشاف وغیرہ)

دُوسری بات یہ بتائی گئی کہ اللہ تعالیٰ کی حکمت کا یہ تقاضا نہیں کہ کسی کو اتنا مجبُور و مقہُور کر دیا جائے کہ اسلام کو تسلیم کیے بغیر اس کے لیے کوئی چارہ کار نہ رہے۔ کیونکہ دین صرف چند رسُوم کی ادائیگی اور چند کلمات کے تلفّظ

النصف وقف غفران

فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ

تو آپ نہ ہو جائیں ان سے جو (حقیقت کا) علم نہیں رکھتے ۵۳ صرف وہی قبول کرتے ہیں ۵۴ جو سنتے ہیں

وقف منزل

وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ

اور ان مُردہ (دلوں) کو اٹھائے گا اللہ تعالیٰ پھر وہ اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے ۵۵ اور بولے کیوں نہیں اتاری گئی

عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّ

ان پر کوئی نشانی ان کے رب کی طرف سے ۵۶ آپ فرمائیے بے شک اللہ تعالیٰ قادر ہے اس بات پر کہ اتارے کوئی نشانی

کا نام نہیں بلکہ یہ وہ ہمہ گیر انقلاب ہے جو روح، قلب اور شعور و احساس کی پرانی دنیا کو زیر و زبر کر کے نئی دنیا تعمیر کرتا ہے اور یہ انقلاب فقط اسی وقت رُو پذیر ہو سکتا ہے جب کہ کوئی شخص اپنی مرضی سے خوب سوچ سمجھ کر اس نظریۂ حیات کو قبول کرے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کی حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ انسان کو کوئی خاص دین اختیار کرنے کے لیے آزاد چھوڑ دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب ﷺ کو فرماتے ہیں کہ ہماری قدرت تو اتنی وسیع ہے کہ اگر ہم چاہیں تو سب بوذر و بلال بن جائیں لیکن ایسا کیا نہیں جاتا۔

۵۳ بعض کے نزدیک اس آیت کے مخاطب حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہیں لیکن نہی کا مدعی یہ نہیں کہ حضور ایسا کر رہے تھے اور آپ کو منع کر دیا گیا۔ بلکہ کسی چیز سے اجتناب اور پرہیز کی تاکید کے لیے یہ اسلوب کلام اختیار کیا جاتا ہے۔ چنانچہ علامہ نظام الدین نیشاپوری رقم طراز ہیں۔ فهذا النهي لا يقتضي اقدامه على مثل هذه الحالة لكنه يفيد التغليظ (نیشاپوری) اور بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ یہاں خطاب امت کے ہر فرد کو ہے اور علامہ ابو حیان نے اسی قول کو اختیار کیا ہے۔ فرماتے ہیں:۔ والذي اختاره ان هذا الخطاب ليس للرسول فانما ذلك للسامع فالخطاب والنهي في فلا تكونن للسامع دون الرسول (بحر محیط) یعنی میرے نزدیک پسندیدہ قول یہ ہے کہ یہاں خطاب حضور علیہ السلام کو نہیں بلکہ ہر سننے والا مخاطب ہے۔

۵۴ اب ان کے ایمان نہ لانے کی وجہ بیان کی جا رہی ہے کہ وہ حق کو قبول تو اس وقت کریں جب وہ حق کی آواز کو سنیں لیکن انھوں نے لگاتار انکار سے ان کانوں کو ہی بہرہ کر دیا ہے جو حق کی آواز سن سکتے ہیں تو وہ اس حالت میں ایمان کیونکر لائیں۔

۵۵ کیونکہ ان کے دل مُردہ تھے اس لیے ان کو مُردہ کہا گیا۔

۵۶ کفار طرح طرح کی فرمائشیں کیا کرتے تھے یعنی اس ریگزار میں دریا بہنے لگیں چشم زدن میں یہاں سرسبز و شاداب باغات

لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ

لیکن اکثر ان میں سے کچھ نہیں جانتے اور نہیں کوئی (جانور) چلنے والا زمین پر اور نہ کوئی پرندہ

يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ

جو اُڑتا ہے اپنے دو پروں سے مگر وہ اُمتیں ہیں تمھاری مانند ۵۷؎ نہیں نظر انداز کیا ہم نے کتاب میں کسی چیز کو

ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ

پھر اپنے رب کی طرف اُٹھائے جائیں گے اور جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو (تو وہ) بہرے اور گونگے ہیں

فِي الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ

اندھیروں میں (سرگرداں ہیں) جسے چاہے اللہ تعالیٰ گمراہ کر دے اسے اور جسے چاہے لگا دے اُسے سیدھے

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ

راستہ پر آپ فرمائیے بھلا بتاؤ تو ۵۸؎ اگر آئے تم پر اللہ کا عذاب یا آجائے تم پر قیامت کیا اس وقت

لہلہانے لگیں اور ان میں ندیاں رواں ہوں۔ آپ سچے نبی ہیں تو آپ ہم پر آسمان کا کوئی ٹکڑا گرادیں وغیرہ وغیرہ۔ اور یہ مطالبے قبول حق کے لیے نہ تھے۔ اس لیے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے تو کچھ بعید نہیں کہ جو تمھارا مطالبہ ہو اسے پورا کر دیا جائے۔ لیکن اس کی حکمت کے خلاف ہے۔

۵۷؎ اے منکرینِ حق! تم اللہ تعالیٰ کی قدرت اور علمِ وسیع کا کیا اندازہ کر سکتے ہو۔ اُس کی قدرت کا یہ عالم ہے کہ اُس نے تمام جانوروں اور پرندوں کو مختلف اُمتوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ ان میں سے ہر ایک کی پیدائش اور موت کے لیے الگ الگ قانون بنا دیئے ہیں۔ ان کے مزاج کے موافق ان کی غذا کا انتظام فرما دیا ہے۔ ان کی ضروریات کے مطابق انھیں مختلف قسم کے اعضاء مرحمت فرما دیئے ہیں جس خطۂ زمین میں اور جس آب و ہوا میں انھیں زندگی بسر کرنا ہے ان کی کھال، ان کے بال، ان کے جسم کی ساخت میں ان کی کمال رعایت ملحوظ رکھی گئی ہے۔ پھر ہر ایک کے فرائض کے مطابق اسے شعور اور سمجھ عطا کی گئی ہے۔

۵۸؎ ارایتکم کا لفظ تحقیق طلب ہے۔ جمہور علماء لغت کے نزدیک اس کا معنی ہے اخبرونی (مجھے بتادو) اور اس کی ترکیب میں متعدد اقوال منقول ہیں۔ میں ان میں سے صرف ایک قول ہی نقل کروں گا جو واضح ترین ہے اور اکثر علمائے لغت

اَغَيۡرَ اللّٰهِ تَدۡعُوۡنَ ۚ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ۝٤٠ بَلۡ اِيَّاهُ تَدۡعُوۡنَ

اللہ کے سوا کسی اور کو پکارو گے؟ (بتاؤ) اگر تم سچے ہو بلکہ اسی کو پکارو گے

فَيَكۡشِفُ مَا تَدۡعُوۡنَ اِلَيۡهِ اِنۡ شَآءَ وَتَنۡسَوۡنَ مَا تُشۡرِكُوۡنَ ۝٤١ وَلَقَدۡ

تو دُور کر دے گا وُہ تکلیف پُکارا تھا تم نے جس کے لیے اگر وُہ چاہے گا اور تم بھلا دو گے انھیں جنھیں تم نے شریک بنا رکھا تھا اور بے شک

نے اسے پسند فرمایا ہے۔ تَ ضمیر فاعل ہے اس کے بعد جو كَ ہے وُہ حرفِ خطاب ہے اور محض ضمیر فاعل کی تاکید کے لیے لایا گیا ہے۔ فاعل کے واحد، تثنیہ اور جمع ہونے کی صُورت میں كَ کی شکل بدلتی رہے گی یعنی واحد کے لیے صرف "كَ" تثنیہ کے لیے "كما" اور جمع کے لیے "كم" ہو جائے گا۔ اور تَ جو ضمیر فاعل ہے وُہ تینوں حالتوں میں مفتوح رہے گی اس میں تغیّر نہ ہو گا۔

یہ ترکیب ذہن نشین کر لینے کے بعد اب آیت کے مفہوم میں غور فرمائیے۔ ارشاد ہے کہ جن بتوں اور دیوی دیوتاؤں کی تم پُوجا کیا کرتے ہو اور جنھیں تم نے خدا یقین کیا ہوا ہے اگر یہ واقعی نفع رساں ہیں اور مصیبتوں کو ٹالنے والے ہیں تو ذرا اس وقت بھی ان کو پکارا کرو جب اللہ تعالیٰ کا عذاب تمھیں اپنی گرفت میں لے لے، مایُوسی کا گھُپ اندھیرا چھا جائے۔ اور نجات کے تمام ظاہری راستے بند ہو جائیں۔ اُس وقت تو تمھاری آنکھوں سے غفلت کی پٹی کھُل جاتی ہے اور جہالت کی تاریکی دُور ہو جاتی ہے۔ اور تم بھی اسی مولائے حقیقی کو پکارتے ہو اور اسی کی بارگاہ میں نجات کے لیے عرض کرتے ہو۔ تو جب مُصیبت کے ان سنگین لمحوں میں باطل خداؤں کی خدائی کا طلسم ٹوٹ کر رہ جاتا ہے اور دل بے ساختہ اسی قبلۂ حاجات کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور فقط اسی کے دامنِ کرم میں پناہ ڈھونڈتا ہے تو پھر اس سچے اور حقیقی خداوند تعالیٰ کو چھوڑ کر کسی غیر کی عبادت کرنا اور اس کو خدا تسلیم کرنا کہاں کا انصاف اور کہاں کی عقلمندی ہے۔ چنانچہ امام المفسّرین ابنِ جریر فرماتے ہیں:۔

وتاویل الکلام قل یا محمّد لھولاء العادلین باللّٰہ الاوثان والاصنام اخبرونی ان جاءکم ایھا القوم عذاب اللّٰہ۔ او جاءتکم الساعۃ اغیر اللّٰہ ھناك تدعون او الی غیرہ من الھتکم تضرّعون۔

ترجمہ:۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ اے مصطفیٰ! آپ ان لوگوں سے پُوچھیے جو بُتوں کو اللہ کے برابر یقین کرتے ہیں کہ اے قوم مجھے بتاؤ کہ اگر تم پر اللہ کا عذاب آجائے یا اچانک قیامت قائم ہو جائے تو کیا اللہ کے سوا کسی کو پکارو گے اور اپنے خداؤں کی طرف گھبرا کر نجات کے لیے دوڑو گے؟

علّامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں یہ آیت مشرکین کو لاجواب کرنے کے لیے نازل ہُوئی جو ویسے تو بُتوں کی عبادت کیا کرتے اور جب عذاب چاروں طرف سے گھیر لیتا تو پھر اللہ تعالیٰ کے حضور میں عذاب ٹالنے کے لیے دُعائیں کرنے لگتے۔ (القرطبی)

أَرْسَلْنَآ إِلَىٰٓ أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَخَذْنَٰهُم بِٱلْبَأْسَآءِ وَٱلضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ

بھیجے ہم نے رسول ۵۹ اُمتوں کی طرف آپ سے پہلے (جب اُنھوں نے سرکشی کی) تو ہم نے پکڑ لیا انھیں سختی اور تکلیف سے

يَتَضَرَّعُونَ ﴿٤٢﴾ فَلَوْلَآ إِذْ جَآءَهُم بَأْسُنَا تَضَرَّعُوا۟ وَلَٰكِن قَسَتْ قُلُوبُهُمْ

تاکہ وہ گڑگڑائیں تو کیوں ایسا نہ ہوا کہ جب آیا ان پر ہمارا عذاب تو وہ (توبہ کرتے اور) گڑگڑاتے لیکن سخت ہو گئے ان کے دل

وَزَيَّنَ لَهُمُ ٱلشَّيْطَٰنُ مَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ ﴿٤٣﴾ فَلَمَّا نَسُوا۟ مَا ذُكِّرُوا۟ بِهِۦ

اور آراستہ کر دیا ان کے لیے شیطان نے جو وہ کیا کرتے تھے پھر جب انھوں نے بھلا دیں وہ نصیحتیں جو انھیں

فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَٰبَ كُلِّ شَىْءٍ حَتَّىٰٓ إِذَا فَرِحُوا۟ بِمَآ أُوتُوٓا۟

کی گئی تھیں کھول دیئے ہم نے ان پر دروازے ہر چیز کے یہاں تک کہ جب وہ خوشیاں منانے لگے اس پر جو انھیں

۵۹ ان تین آیات میں قوموں کی تربیت اور ان کو گمراہی کی دلدل سے نکال کر صراطِ مستقیم پر لا کھڑا کرنے کے مختلف طریقوں کی طرف اشارہ فرمایا گیا ہے اور ساتھ ہی بتایا گیا کہ جو قوم کسی طرح قبولِ حق کے لیے آمادہ نہ ہو اس کا کیا انجام ہوتا ہے۔ ہدایت کا سب سے پہلا طریقہ تو یہ ہے کہ انھیں آیاتِ الٰہی سنائی جائیں اور دلائل و براہین سے ان کو راہِ راست پر لایا جائے سلیم الطبع لوگوں کے لیے اتنا ہی کافی ہوتا ہے اور جو لوگ اس سے ہدایت پذیر نہیں ہوتے انھیں مصائب اور تکالیف سے دوچار کر دیا جاتا ہے تاکہ اس طرح ان کے دل نرم ہو جائیں اور نافرمانی اور سرکشی سے تائب ہو جائیں۔ اور اگر اس طرح بھی وہ باز نہ آئیں تو ان کے لیے رزق کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ ہر چیز کی فراوانی ہو جاتی ہے اور وہ اس غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ عیش و عشرت کا یہ دور کبھی ختم نہ ہو گا۔ بجائے اس کے کہ وہ اپنے مالکِ حقیقی کے شکر گزار بندے بن جائیں جس نے ان کی تنگی کو فراخی سے بدل دیا اور ان بے آب و گیاہ ریگزاروں کو سبزہ زاروں میں تبدیل کر دیا وہ اُلٹا اکڑنے لگتے ہیں۔ اور اس ناپائیدار سرور و نشاط میں وہ سب کچھ بھول جاتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ غضبِ خداوندی کی بجلی گرتی ہے جو انھیں اور ان کے سارے متاعِ حیات کو دم بھر میں جلا کر راکھ کا ڈھیر بنا دیتی ہے۔

اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ

دیا گیا تو ہم نے پکڑ لیا اُنھیں اچانک۔ اب وُہ نا اُمید ہو کر رہ گئے تو کاٹ کر رکھ دی گئی جڑ اس قوم کی ٦٠ جس نے

ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ

ظلم کیا تھا اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو پروردگار ہے سارے جہان والوں کا۔ آپ فرمائیے بھلا یہ تو بتاؤ کہ اگر ٦١ لے لے اللہ تعالیٰ

سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ

تمھارے کان اور تمھاری آنکھیں اور مُہر لگا دے تمھارے دلوں پر تو کوئی خُدا ہے اللہ کے سوا

يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾

جو لا دے تمھیں یہ چیزیں؟ ملاحظہ ہو کس کس رنگ سے ٦٢ ہم بیان کرتے ہیں (توحید کی) دلیلیں پھر بھی وُہ منہ پھیرے ہوئے ہیں ٦٣

٦٠ ظالم قومیں جن کی چیرہ دستیوں سے اللہ کی مخلوق تنگ آچکی ہوتی ہے جب تباہ و برباد کر دی جاتی ہیں تو ہر طرف اطمینان اور آرام کا سانس لیا جاتا ہے۔ اور واقعی وُہ لمحہ اس قابل ہے کہ مظلوم اور ستم رسیدہ لوگ اپنے ربّ کریم کی حمد و ثنا کے گیت گائیں جس نے ان کی بےکسی اور بےبسی پر ترس کھا کر ان کو ان جابر ظالموں کی قیدِ غلامی سے نجات بخشی

٦١ اللہ تعالیٰ مُشرکین کے عقیدہ کی بے سروپائی کو ایک اور طریقہ سے واضح فرما رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے رسول ﷺ کو حکم دیتے ہیں کہ ان بے وقوفوں سے دریافت فرمائیے کہ اگر اللہ تعالیٰ تمھیں اندھا اور بہرہ کر دے اور تمھارے دلوں پر غفلت کے پردے ڈال دے اور سمجھنے اور سوچنے کی قوّت سلب کر لے تو بھلا بتاؤ تمھارے یہ خُدا جن کی تم پُوجا کیا کرتے ہو ان میں سے کسی میں ہمّت ہے کہ وُہ تمھیں یہ چیزیں عطا کر دے۔ اور اگر نہیں اور ہرگز نہیں تو پھر معبُودِ حقیقی کو چھوڑ کر ان باطل اور عاجز چیزوں کی عبادت کرنا کہاں کی عقلمندی ہے کتنی واضح اور مضبُوط دلیل ہے جس سے ہر ادنیٰ اور اعلیٰ، عامی اور عارف یکساں طور پر ہدایت کی روشنی حاصل کر سکتا ہے۔

٦٢ قرآن کا اسلوبِ استدلال اُکتا دینے والا نہیں بلکہ اس میں وُہ رنگینی اور تنوّع ہے کہ طبیعت ہر بار ایک نیا لُطف محسُوس کرتی ہے اور ایک نئی لذّت سے سرشار ہوتی ہے کبھی عقلی دلائل پیش کیے جاتے ہیں کبھی تاریخی شواہد مذکور ہوتے ہیں کبھی اپنی رحمت کا مژدہ سُنایا جاتا ہے اور کبھی اپنی ناراضگی اور غضب کے انجام سے ڈرایا جاتا ہے۔ وتصريف الآيات الاتيان بها على جهات من اعذار وانذار وترغيب وترهيب ونحو ذلك (قرطبی)

٦٣ صدف کا معنی ہے اعراض کرنا منہ پھیر لینا۔ ثمّ یہاں بھی استبعاد کے لیے ہے یعنی چاہیئے تو یہ تھا کہ اس طرح کے

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ

آپ فرمائیے یہ تو بتاؤ اگر آجائے تم پر اللہ کا عذاب اچانک یا کھلم کھلا تو کون

يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا

ہلاک کیا جائے گا بغیر ظالم لوگوں کے اور ہم نہیں بھیجتے رسولوں کو ۶۴ مگر

مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

خوش خبری سنانے کے لیے اور (عذابِ جہنم سے) ڈرانے کے لیے۔ تو جو ایمان ۶۵ لائے اور اپنے آپ کو سنوار لیا تو کوئی خوف نہیں ہوگا

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ

انھیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے اور جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو تو پہنچے گا انھیں عذاب

بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ

بوجہ اس کے کہ وہ حکم عدولی کیا کرتے تھے آپ فرمائیے۔ کہ میں ۶۶ نہیں کہتا تم سے کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں

روشن دلائل سے متاثر ہو کر وہ دینِ حق قبول کرتے مگر یہ تو الٹا اس سے منہ پھیر رہے ہیں اور روگردانی کر رہے ہیں۔ کیا الٹی سمجھ کے ہیں یہ لوگ۔

۶۴ انبیاء کرام کی تشریف آوری کا مقصد یہ نہیں ہوتا کہ وہ نت نئے عجائبات کا مظاہرہ کرتے رہیں اور جیسی کچھ کسی نے فرمائش کی اس کی بجا آوری میں لگے رہیں۔ بلکہ ان کی آمد کا اصلی مقصد یہ ہے کہ نیکوکاروں کو رحمتِ الٰہی کا مژدہ سنائیں اور بدکاروں اور روسیاہوں کو اس کے عذابِ الیم سے ڈرائیں۔ تاکہ نیک اور نیک ہو جائیں اور بدکار اپنی بدی اور گمراہی سے باز آجائیں۔

۶۵ ایمان کا تعلق دل سے ہے اور اصلاح کا تعلق اعمال سے یعنی جس کا عقیدہ بھی صحیح ہے اور اعمال بھی نیک ہیں۔ ان کو اندیشہ ہائے سود و زیاں سے نجات دے دی گئی ہے۔ نہ گزرے ہوئے وقت پر وہ ملول و غمگین ہوں گے اور نہ آنے والے حالات کے بارے میں انھیں کچھ تشویش ہوگی۔

۶۶ کفارِ مکہ کے نزدیک زندگی فقط یہی دنیوی زندگی تھی۔ ان کی ساری کد و کاوش اور دوڑ دھوپ کا مدعا دولت، عزت اور وقار کا حصول تھا۔ وہ اسی ادھیڑ بن میں اپنے دن گزارتے کہ وہ زیادہ سے زیادہ دولت مند کیسے بن جائیں۔

وَلَآ أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ أَقُولُ لَكُمْ إِنِّي مَلَكٌ ۚ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰٓ

اور نہ یہ کہوں کہ خود جان لیتا ہوں غیب کو اور نہ یہ کہتا ہوں تم سے کہ میں فرشتہ ہوں نہیں پیروی کرتا میں مگر وحی کی جو بھیجی جاتی ہے

ان کی راتیں اسی پیچ و تاب کی نذر ہوتیں کہ وہ کس طرح اپنے حریف کی عزت کو خاک میں ملا کر اپنے جاہ و جلال کا پرچم لہرائیں علاوہ ازیں شرفِ انسانی کا کوئی تصوّر ان کے ذہن میں موجود نہ تھا۔ وہ خود اور ان کے ارد گرد بسنے والے انسان جن سے ان کو عمر بھر کا واسطہ پڑا تھا کسی طرح بھی وحشی درندوں سے بہتر نہ تھے۔ بھلا وہ انسان جس کے ہاتھ غریبوں اور مسکینوں کو لوٹتے وقت نہ لرزیں اپنے قریبی رشتہ داروں کو قتل کرتے وقت نہ کانپیں۔ جن کے کان زندہ در گور ہونے والی بچیوں کی جگر دوز آہ و فغاں سن رہے ہوں اور ان کے دل ٹس سے مس نہ ہوں۔ رہزنی اور غارت گری جن کا پیشہ ہو اور جوا بازی اور شراب خوری جن کی تفریحِ طبع کا سامان ہو۔ بدکاری اور بدمعاشی جن کا روز کا مشغلہ ہو وہ کوئی شریف چیز نہیں ہو سکتا۔ انسان کے متعلق ایسا تصوّر قائم کرنے میں وہ معذور بھی تھے۔ کیونکہ انسان نام کا جو جانور انہیں ادھر ادھر دکھائی دے رہا تھا وہ انہیں لغویات اور خرافات کا مجسّمہ تھا۔ اس لیے ان کو یہ بات سمجھانا آسان نہ تھا کہ انسان بھی منصبِ رسالت پر فائز ہو سکتا ہے۔ یہ ان کی ذہنیت تھی۔ اور اس سے بلند تر فضا میں پرواز کرنے کی اُن کے مرغِ فکر میں ہمّت ہی نہ تھی۔ جب رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم تشریف فرما ہوئے اور دعوتِ اسلام کا آغاز کیا تو یہ لوگ نادان بچّوں کی طرح اپنے ایمان لانے کے لیے ایسی شرطیں لگانے لگے جس سے ان کی مالی حالت بہتر ہو جائے۔ کہا کرتے، یہ ہمارے تپتے ہوئے صحرا گلشن و گلزار بنا دیجئے۔ ان میں ندّیاں بہنے لگیں اور چشمے ابلنے لگیں اور سرسبز و شاداب کھیت لہلہانے لگیں تو ہم جانیں کہ آپ سچّے نبی ہیں اور آپ پر ایمان لانے سے ہمیں فائدہ ہوا اور اگر ہماری معاشی بدحالی جوں کی توں ہی رہے تو پھر آپ کو نبی ماننے سے ہمیں کیا فائدہ؟ اور اگر یہ نہیں کرتے تو اتنا ضرور کیجئے کہ ہمیں بتا دیا کرو کہ اس سال فلاں جنس کا بھاؤ چڑھ جائے گا تاکہ ہم اس کا ذخیرہ کر لیا کریں اور جب نرخ تیز ہو جائے تو اس کو بیچ کر نفع کمائیں۔ یا ہماری چوری ہو جائے تو چور کا سراغ بتائیں لیکن یہ چیزیں بھی آپ نہیں کرتے تو پھر ہم خواہ مخواہ اپنا آبائی مذہب چھوڑ کر کیوں اپنے آپ کو بدنام اور بے آرام کریں۔ جب وہ دیکھتے کہ یہ کھاتے پیتے بھی ہیں۔ کاروبار بھی کرتے ہیں۔ بال بچے دار بھی ہیں۔ تو وہ کہتے کہ یہ انسان ہیں۔ اور انسان (جس قسم کے انسان سے وہ واقف تھے) نبی کیسے ہو سکتا ہے۔ کفّار کی اس بگڑی ہوئی اور پست ذہنیّت کی اصلاح کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی زبانِ پاک سے یہ اعلان کرایا کہ میں اس بات کا مدّعی بن کر نہیں آیا کہ میں تمہارے ان ریتلے ٹیلوں کو ہموار کر کے رشکِ ارم بنا دوں گا۔ خشک زمینوں میں دریا بہا دوں گا۔ اور ہر چٹان سے چشمے ابلنے لگیں گے۔ میں تمہاری مادی خواہشات کی تکمیل کے لیے نہیں بھیجا گیا۔ میں تو تمہیں اللہ سے ملانے آیا ہوں۔ تمہارے ویران دلوں کو بسانے آیا ہوں۔ میں تو تمہارے گلستانِ حیات میں نیکی، تقویٰ، پاکیزگی اور خوش اخلاقی کے سدا بہار پھول کھلانے آیا ہوں۔ مجھے اس لیے تو مبعوث نہیں کیا گیا کہ میں تمہیں چنے اور جَو، کھجور اور

اِلَیَّؕ قُلۡ هَلۡ یَسۡتَوِی الۡاَعۡمٰی وَ الۡبَصِیۡرُؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۵۰﴾ وَ

میری طرف ۔ آپ فرمائیے کیا (کبھی) برابر ہو سکتا ہے اندھا اور ۶۷ دیکھنے والا ۔ تو کیا تم غور و فکر نہیں کرتے اور

انگور کے بھاؤ بتاؤں بلکہ مجھے تو اعمال حسنہ کی جنس سے تمہیں آشنا کرنے کے لیے بھیجا گیا ہے ۔ جن کی قدر و قیمت بازارِ محشر میں اتنی زیادہ ہوگی جس کا تم اب تصور بھی نہیں کر سکتے ۔ یہ افکار کی لطافت ، ارادوں کی پختگی اور حوصلوں کی بلندی ، یہ اعمال کا حُسن کردار کی رعنائی اور اخلاق کی پاکیزگی ، یہ علمی کمالات اور دُوسرے معجزات جن کا تم مجھ میں مشاہدہ کر رہے ہو ان سب کے باوجود میں انسان ہُوں فرشتہ نہیں ۔ فرشتہ تو انسانِ کامل کی گردِ راہ کو بھی نہیں پہنچ سکتا ۔ تمہارے ذہنوں میں انسان کا جو گھٹیا تصوّر ہے وُہ انسانِ کامل کا نہیں بلکہ بھٹکے ہُوئے انسان کا تصوّر ہے جو نفس اور شیطان کے دامِ فریب میں گرفتار ہو کر اور مدّت دراز تک اس کا گرفتار رہ کر اپنی مسندِ شرف و عزّت سے محرُوم کر دیا گیا ہے ۔ اس لیے تم انسان کو اتنا حقیر نہ جانو ۔ اپنی قدر پہچانو ۔ اور اپنے شرفِ خُداداد کا احترام کرتے ہُوئے شیطان کے جال سے رُستگاری حاصل کرنے کے لیے کوشش کرو ۔ نیز اس آیت سے اس شبہ کا ازالہ بھی کر دیا جس میں اکثر ضعیف العقل لوگ مبتلا ہو جاتے ہیں کہ ذرا کسی میں کمال دیکھا جھٹ اس کے خُدا ہونے کا یقین کر لیا ۔ وُہ ذاتِ پاک اعلان فرما رہی ہے جس کے اشارے سے چاند دو ٹکڑے ہوا ۔ اور ڈوبا ہوا سُورج پھر لوٹ آیا کہ میں خدا ہونے کا دعویٰ نہیں کرتا ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے سارے خزانے میرے قبضہ میں ہیں ۔ خود بخود جیسے چاہُوں ان میں تصرّف کرُوں یا مجھے غیب کا خُود بخود علم ہو جاتا ہے اور بغیر اللہ کے بتلائے اور سکھلائے میں ہر غیب کو جانتا ہُوں ۔ میرا یہ دعویٰ نہیں ۔ میرا اگر کوئی دعویٰ ہے تو فقط یہ کہ ان اتبع الا ما یوحی الی : جو کچُھ میری طرف وحی کیا جاتا ہے میں اس کی پیروی کرتا ہُوں ۔ قول اور فعل میں ، علم اور عمل میں ۔ والمعنی لا ادعی ان ھاتیك الخزائن مفوضة الی التصرف فیھا کیف اشاء استقلالا واستدعاء (رُوح المعانی) ولست اقول انی الرب الذی له خزائن السموات والارض (ابن جریر) علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ آیت کا معنی یہ ہے کہ میں یہ دعویٰ نہیں کرتا کہ یہ سارے خزانے میرے تصرّف میں ہیں اور میں خود مُستقلاً ان میں جیسے چاہُوں تصرّف کر سکتا ہُوں خط کشیدہ دو لفظ خصُوصی توجّہ کے مستحق ہیں ۔ (رُوح المعانی) یعنی میں یہ نہیں کہتا کہ میں خُدا ہُوں جس کے قبضہ میں آسمانوں اور زمین کے سارے خزانے ہیں ۔ (ابن جریر)

اس آیت میں ایک اور نہایت اہم اور بُنیادی چیز کی طرف بھی رہنمائی کی گئی ہے کہ اسلام کی اشاعت کا انحصار لالچ اور شعبدہ بازی پر نہیں بلکہ معرفتِ حق اور قبولِ حق پر ہے یعنی کوئی اس لالچ میں ایمان نہ لائے کہ اسے فلاں جاگیر مل جائے گی زمین میں چھپا ہوا کوئی خزانہ اس کے ہاتھ لگ جائے گا ۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے ہاں فقط وہی ایمان مقبُول ہو گا جو حق کو حق سمجھ کر صرف اس لیے کہ وُہ حق ہے قبُول کیا جائے ۔

۶۷؎ بعض پریشان خیال لوگ اس آیتِ کریمہ میں غور کیے بغیر اس وہم میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ حضور فخرِ موجودات علیہ

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ

ڈرایئے ٦٨ ؎ اس (قرآن) سے انھیں جو ڈرتے ہوں اس سے کہ اُٹھایا جائے گا انھیں ان کے رب کی طرف اس حالت میں کہ نہیں

مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٥١﴾ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ

ہوگا ان کے لیے اللہ کے سوا کوئی حمایتی اور نہ کوئی سفارشی ٦٩ ؎ (انھیں ڈرائیے) تاکہ یہ (کامل) پرہیزگار ہو جائیں اور نہ دُور ہٹاؤ انھیں جو

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ

جو پکارتے رہتے ہیں اپنے ربّ کو صبح اور شام ٧٠ ؎ طلبگار ہیں (فقط) اس کی رضا کے۔ نہیں آپ پر

افضل التحیّات والتسلیمات علم میں، اختیار میں، بشری کمزوریوں میں عام انسانوں کی طرح ہیں۔ کاش! وُہ اس آیت کے ان مختصر الفاظ میں بھی تدبّر کرتے۔ قدرت نے پہلے ہی ان کا ازالہ فرما دیا ہے اور بتا دیا کہ تم میں اور میرے محبوبؐ میں اتنا فرق ہے جتنا اندھے اور بینا میں ہوتا ہے۔ اب خود سمجھ لو کہ جس کی آنکھیں اللہ تعالیٰ کے نُور سے روشن ہوں اور جو تہ در تہ اندھیروں میں بھٹک رہا ہو کیا برابر ہو سکتے ہیں جس کی چشم مازاغ مقامِ دنیٰ پر محوِ مشاہدہ ہو۔ کیا اس کی ہمسری وُہ لوگ کر سکتے ہیں جو دُوری کے حجابوں کے پیچھے سر پٹخ رہے ہوں۔ افلا تتفکرون کے الفاظ سے یہ بتایا کہ اس آیت میں جتنا کوئی زیادہ غور و فکر کرے گا اتنی ہی اس کو سمجھ دی جائے گی اور جو غور و تامّل نہیں کرے گا وُہ محرُوم رہے گا۔

٦٨ ؎ وُہ لوگ جو محض تعصب وہٹ دھرمی سے آپ کی مخالفت کر رہے ہیں اور انھیں قیامت کے قائم ہونے کا خیال تک نہیں۔ انھیں اپنے حال پر چھوڑ دیئے اور آپ ان لوگوں کی طرف اپنی توجہ زیادہ مبذول کیجیے جو قیامت کے آنے پر یقین رکھتے ہیں۔ بہ کا مرجع قرآن حکیم ہے۔ اگر وُہ پہلے سے مسلمان ہے تو اس کے ڈرانے کا یہ فائدہ ہوگا کہ وُہ اپنے باطل عقیدوں کو چھوڑ کر اسلام قبول کر لے گا۔ فان کان مسلما انذر لیترك المعاصی و ان کان من اهل الکتب انذر لیتبع الحق۔

٦٩ ؎ شفاعت کا بہت غلط تصوّر لوگوں میں رائج تھا بُت پرست یہ سمجھتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی نہ بھی ہو تو اُن کے بُت انھیں چھوڑا لیں گے اور جس کو چاہیں گے بخشوا لیں گے اور یہُود و نصاریٰ اس زعم میں مبتلا تھے نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ہم تو اللہ کے فرزند اور اس کے لاڈلے ہیں۔ ہمارے اعمال کیسے ہی ہوں ہم بخشے جائیں گے۔ تو اس غلط تصوّر کی نفی کر دی۔ اس سے انبیاء کرام کی شفاعت کی نفی نہیں کیونکہ وُہ اذنِ الٰہی سے ہو گی۔ تو گویا حقیقۃً اللہ تعالیٰ ہی شفیع ہو گا۔ شفاعة الرسول لهم تکون باذن الله فهو الشفیع حقیقة اذن (قرطبی)

٧٠ ؎ حضرات بلال، یاسر، خبیب وغیرہ غریب ومسکین صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہر وقت شمع رسالت پر پروانہ وار نثار

مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَیْءٍ

ان کے حساب سے کوئی چیز اور نہ آپ کے حساب سے ان پر کوئی چیز ہے

فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ

تو پھر بھی اگر آپ دور ہٹائیں انھیں تو ہو جائیں گے آپ بے انصافی کرنے والوں سے اور اسی طرح ہم نے آزمائش میں ڈال دیا

لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ

بعض کو بعض سے تاکہ کہیں (مالدار کافر نادار مسلمانوں کو دیکھ کر) کیا یہ ہیں احسان کیا ہے اللہ نے جن پر ہم میں سے۔ کیا نہیں جانتا اللہ تعالیٰ ان سے زیادہ ٧٢

ہوتے رہتے تھے۔ کفار جو نسلی برتری کے قائل تھے انھیں ہرگز یہ گوارا نہ تھا کہ وُہ ان غریبوں کے پاس بیٹھیں۔ چنانچہ اُنھوں نے ایک دفعہ حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی خدمتِ اقدس میں کہلا بھیجا کہ ہم آپ کے پاس حاضر ہونا تو چاہتے ہیں لیکن آپ کے گرد گنواروں اور ناداروں کا ہجوم ہوتا ہے اور ان کے ساتھ بیٹھنے میں ہماری ہتک ہوتی ہے۔ اگر آپ ان کو اپنی مجلس سے اُٹھادیں تو ہم حاضر ہو سکتے ہیں۔ حضور کے خاطرِ مُبارک میں خیال گزرا ہی تھا کہ فوراً جبریل ؑ یہ حکم لے کر حاضر ہو گئے۔ اور ساری دُنیا کو یہ بتادیا کہ یہی وُہ بارگاہ بے کس پناہ ہے جہاں حاضر ہونے والوں کی قدر و قیمت کا اندازہ ان کے زرق برق لباس اور ان کی دولت و ثروت کی بنا پر نہیں لگایا جاتا بلکہ ایمان و تقویٰ کی بنا پر لگایا جاتا ہے۔ فتكون من الظالمين کے الفاظ سے قیامت تک آنے والی اُمت کو بھی اس طرزِ عمل پر ثابت قدم رہنے کی تاکید کر دی گئی۔ فان فعلت كنت ظالما وحاشا من وقوع ذلك منه وانما هذا بيان للاحكام ولئلا يقع مثل ذلك من غيره من اهل الاسلام (القرطبی) اگر آپ ایسا کریں تو آپ ظلم کا ارتکاب کریں گے۔ پناہ بخدا! کہ ایسا فعل حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے صادر ہو۔ یہ تو محض احکامِ الٰہی کا بیان ہے تاکہ حضور ؐ کے علاوہ کسی فرزندِ اسلام سے بھی ایسی حرکت صادر نہ ہو۔

٧١ے ابتدا میں حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم پر ایمان لانے والوں میں غریبوں اور فقیروں کی کثرت تھی دولتمند کفار دل میں یہ سوچنے لگے کہ اگر اسلام واقعی کوئی نعمتِ عظمیٰ ہے تو کیا اس کے لیے نظرِ انتخاب انھیں بدحالوں اور فاقہ مستوں پر ہی پڑی۔ کیا ہم موجود نہ تھے۔ شکل و صُورت، حسب و نسب، مال و جاہ غرضیکہ ہم ہر لحاظ سے ان لوگوں سے بہتر تھے۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ یہ شرف ہمیں بخشا جاتا۔ اس لیے یہ کوئی شرف کی چیز نہیں ورنہ ان ناداروں کو عطا نہ کی جاتی۔

٧٢ے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں اپنے شکر گزار بندوں کو خُوب جانتا ہُوں اور مجھے خُوب معلوم ہے کہ نعمتِ ایمان سے کس کو سرفراز کرنا ہے۔

بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ

اپنے شکر گزار (بندوں) کو؟ اور جب آئیں ۷۳؎ آپ کی خدمت میں وہ لوگ جو ایمان رکھتے ہیں ہماری آیتوں پر تو (ان سے) فرمائیے سلام ہو

عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ

تم پر لازم کر لیا ہے تمھارے رب نے (محض اپنے کرم سے) اپنے آپ پر رحمت فرمانا تو جو کوئی کر بیٹھے تم میں سے

سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ ۙ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾

بُرائی نادانی سے پھر توبہ کر لے اس کے بعد اور سنوار لے (اپنے آپ کو) تو بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا

وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾ ع

نہایت رحم فرمانے والا ہے۔ اور اسی طرح ہم کھول کر بیان کرتے ہیں آیتوں کو تاکہ ظاہر ہو جائے راستہ گنہگاروں کا

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قُلْ

آپ فرمائیے مجھے منع کیا گیا ہے کہ میں پوجوں انھیں جن کی تم عبادت کرتے ہو اللہ کے سوا ۷۴؎ آپ فرمائیے میں

۷۳؎ وہ مقدس گروہ جن کے شب و روز کا ہر لمحہ اللہ تعالیٰ کے ذکر میں صرف ہوتا ہے اور ان کے دل نورِ ایمان سے لبریز ہیں ان کی مزید عزت افزائی کا سامان ہو رہا ہے یعنی کیا ہوا کہ وہ پھٹے پرانے لباس میں ملبوس ہیں اور نانِ جویں کے علاوہ اور کوئی چیز کھانے کو میسر نہیں ہوتی لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان کی شان یہ ہے کہ اے محبوب ! جب وہ تیری خدمت میں حاضر ہوں تو آپ پہلے انھیں سلام فرمائیے اور انھیں یہ دعا دیجئے کہ تمھارا دین، تمھاری دنیا ہر قسم کے مصائب و آلام سے محفوظ رہے۔ چنانچہ حضور کا ارشاد ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ فِیْ اُمَّتِیْ مَنْ اَمَرَنِیْ اَنْ اَبْدَأَهُمْ بِالسَّلَامِ (قرطبی) اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے میری امت میں ایسے لوگ بھی پیدا فرمائے ہیں جنھیں پہلے سلام کہنے کا مجھے حکم فرمایا گیا ہے۔ نیز یہ وہ خوش نصیب ہیں جن کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کا دامن پھیلا دیا ہے۔ ان میں سے اگر کوئی بھولے سے غلطی کر بیٹھتا ہے اور پھر نادم ہو کر توبہ کرتا ہے اور اپنے کردار کو درست کر لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دیتا ہے اور اس پر رحمت فرماتا ہے۔

۷۴؎ نادان کفار اس کوشش میں سرگرداں رہا کرتے کہ دینِ توحید کا علم بردار اللہ تعالیٰ کا رسول برحق بھی ان معبودانِ باطل کی پرستش کرنے لگے جن کے سامنے یہ سجدہ ریز رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو حکم دیا کہ آپ کھلے الفاظ میں اعلان

لَآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝٥٦

نہیں پیروی کرتا تمھاری خواہشوں کی ایسا کروں تو گمراہ ہوگیا میں اور نہ رہا میں ہدایت پانے والوں سے

قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِيْ مَا

آپ فرمائیے بے شک میں قائم ہوں ایک روشن دلیل پر اپنے رب کی طرف سے اور جھٹلا دیا تم نے اسے نہیں ہے میرے پاس ۷۵ جس

تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ

کی تم جلدی مچا رہے ہو نہیں ہے حکم ۷۶ (کسی کا) سوائے اللہ کے وہی بتاتا ہے حق اور وہ سب سے بہتر

کردیں کہ میں تمھارے جھوٹے خداؤں کی عبادت ہرگز نہیں کروں گا اس خیالِ خام کو ہمیشہ کے لیے اپنے ذہنوں سے نکال دو۔ کیونکہ نہ عقلِ سلیم اس کی اجازت دیتی ہے کہ خالق دوجہان کو چھوڑ کر کسی غیر کی عبادت کی جائے اور نہ توحید کی روشن دلیلوں نے اس لغویت کے لیے کوئی گنجائش چھوڑی ہے۔ اِس لیے عقل ونقل کے خلاف ایک صریح باطل کو کیوں کر اختیار کیا جا سکتا ہے۔ آیت میں تدعون کا معنی حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے ترجمہ میں یہ فرمایا ہے تدعون من دون اللہ شما پرستید بجز خدا یعنی خدا کے سوا جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ آپ کے علاوہ قرطبی، رُوح المعانی، کشاف، نیشاپوری وغیرہم نے تدعون کا معنی تعبدون کیا ہے۔ دُعا کی حقیقت کیا ہے؟ کونسی دُعا عبادت اور شرک ہے؟ اور کونسی دُعا عبادت نہیں۔ اِس کی تحقیق کسی مناسب مقام پر کی جائے گی۔ اِنشاء اللہ تعالیٰ۔

۷۵ امام رازیؒ فرماتے ہیں کہ حضورؐ انھیں ڈرایا کرتے کہ اگر تم نے شرک کو نہ چھوڑا تو عذابِ الٰہی آئے گا اور تمھیں نیست و نابود کردے گا۔ وہ بطورِ مذاق کہتے کہ ہم آپ کا دین قبول نہیں کرتے پھر اتار دیجئے ہم پر عذاب۔ جلدی کیجئے دیر کیوں لگا رہے ہیں۔ بلکہ وہ تو یہ دُعا بھی مانگا کرتے کہ اے خدا! اگر یہ دین سچا ہے تو ہم پر آسمان سے پتھروں کی بارش کر۔ اللہ تعالیٰ ان کی ہرزہ سرائی کے رد میں اپنے محبوب کو یہ جواب دینے کی ہدایت فرما رہے ہیں کہ اے کفار جس عذاب کے لیے تم جلدبازی کر رہے ہو۔ یہ اللہ تعالیٰ کے دستِ قدرت میں ہے۔ جب چاہے گا اُتارے گا اور اُس وقت اس کے غضب سے تمھیں کوئی نہ بچا سکے گا۔

۷۶ ہر چیز اس کے قبضۂ قدرت میں ہے ہر کام کے لیے اس نے اپنے علمِ ازلی میں وقت مقرر کر رکھا ہے جو وقت تم پر عذاب نازل کرنے کا اس نے متعین کر دیا ہے۔ اس سے پہلے یا پیچھے کوئی نہیں کر سکتا۔

الْفٰصِلِیْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِیَ الْاَمْرُ

فیصلہ کرنے والا ہے آپ فرمائیے اگر میرے پاس ہوتی وُہ چیز جس کی تم جلدی کر رہے ہو تو (کبھی کا) فیصلہ ہو گیا ہوتا

بَیْنِیْ وَ بَیْنَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۸﴾ وَ عِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ

اس بات کا میرے درمیان اور تمھارے درمیان اور اللہ خوب جانتا ہے ظالموں کو۔ اور اسی کے پاس ہیں کُنجیاں غیب کی

لَا یَعْلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَ یَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ؕ وَ مَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ

نہیں جانتا انھیں سوائے اس کے ۷۷ے اور جانتا ہے جو کچھ خشکی میں اور سمندر میں ہے ۷۸ے اور نہیں گرتا کوئی پتّہ

۷۷ے مَفْتَحٌ کا معنی خزانہ ہے اور مِفْتَح کا معنی کُنجی ہے۔ اگر مفاتح کو مَفْتَحٌ کی جمع تسلیم کیا جائے تو آیت کا معنی ہوگا اللہ تعالیٰ کے پاس ہی غیب کے خزانے ہیں اور اگر مِفتح کی جمع کہا جاوے تو پھر آیت کا مفہوم ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کے پاس ہی غیب (کے خزانوں) کی کنجیاں ہیں پہلی آیت میں بتایا کہ ہر قسم کا اختیار اسی کو حاصل ہے۔ اس آیت میں تصریح فرمائی کہ علمِ کامل اور محیط سے بھی فقط وُہی متصف ہے۔ تو اس سے معلوم ہوا کہ خدا صرف وُہی ہو سکتا ہے جو بے پایاں قدرت اور بیکراں علم کا مالک ہو۔ لیکن اس آیت سے یہ سمجھنا کسی طرح درست نہیں کہ وُہ کسی کو علمِ غیب سکھاتا بھی نہیں (بلکہ وُہ جس کو چاہتا ہے جتنا چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔ کوئی بخیل اس کی بخشش وعطا کا ہاتھ نہیں رُوک سکتا۔ اور جو کچھ اس نے سیّد الانبیاء محمّد رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو عنایت فرمایا ہے اس کا اندازہ لگانا کسی کے بس کی بات نہیں۔ علّامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں۔ فالله تعالیٰ عنده علم الغیب وبیده الطرق الموصلة الیه لا یملکها الا هو فمن شاء اطلاعه علیها اطلعه ومن شاء حجبه عنها حجبه ولا یکون ذلك من افاضة الا علی رسله: یعنی غیب کا علم اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اور علمِ غیب تک پہنچنے کے ذریعے بھی اسی کے دستِ قدرت میں ہیں کوئی ان کا مالک نہیں پس اللہ تعالیٰ جس کو غیب کا علم دینا چاہتا ہے دے دیتا ہے اور جس کو محرُوم رکھنا چاہتا ہے اسے محروم کر دیتا ہے۔ اور امُورِ غیب پر آگاہی صرف رسُولوں کے ذریعے ہی حاصل ہو سکتی ہے جن پر علومِ غیب کا فیضان فرمایا جاتا ہے۔

۷۸ے پہلے تو مُطلقاً فرمایا کہ غیب کے خزانوں کی کنجیاں اسی کے قبضہ میں ہیں۔ اس کے بعد مزید وضاحت سے اپنے علمِ وسیع و محیط کو بیان فرمایا کہ یہ کائنات جس کے کروڑویں حصّے کا بھی تمھیں علم نہیں لیکن جتنا کچھ بھی تم جانتے ہو اس میں سب سے بڑی چیزیں خشکی اور تری ہیں۔ ان میں رنگا رنگ اَن گنت مخلوق چھوٹی اور بڑی سانس لے رہی ہے ان سب کو بھی وُہ جانتا ہے۔ اس کے علم کی ہمہ گیری کی یہ کیفیت ہے کہ رُوئے زمین پر بے شمار جنگلات کے بے حساب درختوں کے اَن گنت پتّوں میں سے اگر کوئی پتّہ بھی گرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کو اس کا بھی علم ہے۔ اور سُنو! شکمِ زمین کے اندھیروں میں جہاں تمھارے

اِلَّا يَعۡلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِىۡ ظُلُمٰتِ الۡاَرۡضِ وَلَا رَطۡبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِىۡ

مگر وُہ جانتا ہے اس کو اور نہیں کوئی دانہ زمین کے اندھیروں میں اور نہ کوئی تر اور نہ کوئی خشک چیز ۷۹ مگر وُہ

كِتٰبٍ مُّبِيۡنٍ ﴿۵۹﴾ وَهُوَ الَّذِىۡ يَتَوَفّٰٮكُمۡ بِالَّيۡلِ وَيَعۡلَمُ مَا جَرَحۡتُمۡ

لکھی ہوئی ہے روشن کتاب ۸۰ میں ۔ اور وُہ وہی ہے جو قبضہ میں لے لیتا ہے تمہیں رات کو اور جانتا ہے جو کمایا تم نے

بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبۡعَثُكُمۡ فِيۡهِ لِيُقۡضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى‌ ۚ ثُمَّ اِلَيۡهِ مَرۡجِعُكُمۡ

دن کو پھر اُٹھاتا ہے تمہیں (نیند سے) دن میں تاکہ پُوری کر دی جائے (تمہاری عمر کی) میعاد مقرر ۸۱ پھر اسی کی طرف تمہیں لَوٹنا ہے

تیز بین برقی آلات بھاری بھرکم اشیاء کا سراغ لگانے سے بھی عاجز ہیں۔ ان اندھیروں میں سرسوں کے بیج سے بھی باریک دانہ جہاں کہیں جس حالت میں پڑا ہے اللہ تعالیٰ اُس کو بھی جانتا ہے۔ تو جس کی ہمہ دانی کی یہ کیفیت ہو اُس کے احاطۂ علم سے بھی کوئی چیز خارج ہو سکتی ہے؟

۷۹ ۔ ان جزئیات کا ذکر کر کے اب پھر عمومی رنگ میں اللہ تعالیٰ کے علم کی ہمہ گیری کا ذکر ہو رہا ہے۔

۸۰ ۔ اس سے مُراد لوحِ محفُوظ ہے۔ جس میں علمِ الٰہی متشکل صُورت میں موجود ہے۔ جس پر ملائکہ آگاہ ہوتے رہتے ہیں ای فی اللوح المحفوظ لتعتبر الملائكة بذلك (القرطبی)

۸۱ ۔ نیند اور بیداری کا یہ تسلسل جاری رہتا ہے یہاں تک کہ زندگی کا سفینہ وقت کے سمندر میں موجوں سے کھیلتا، طوفانوں سے اُلجھتا، بھنوروں سے بچتا موت کے ساحل پر لنگر انداز ہو جاتا ہے۔ اس کے پیچھے ایک آہنی دیوار کھڑی کر دی جاتی ہے۔ حال کے ہنگامے ماضی کی گود میں دم توڑ دیتے ہیں۔ ساری وابستگیاں اور دلبستگیاں ختم ہو جاتی ہیں۔ ایک اور زندگی کی صبح طلوع ہوتی ہے۔ اِنسان اپنے مالک و خالق کے حضُور میں جواب دہی کے لیے کھڑا کر دیا جاتا ہے۔ یہاں "توفی" کا لفظ نیند کے معنی میں اِستعمال ہوا ہے۔ اس کا حقیقی معنی ہے کسی چیز کو پورا پُورا لے لینا۔ استیفاء الشیئ (قرطبی) کیونکہ نیند کے وقت اِنسان کا عقل و شعور معطّل ہو جاتا ہے۔ چلنے پھرنے، دیکھنے سننے وغیرہ کی قوتیں بے کار ہو جاتی ہیں۔ اس لیے اس کے لیے توفّی کا لفظ استعمال ہوا۔ اور موت کے وقت بھی مرنے والا کیونکہ اپنے مقررہ رات دن پورے گزار چکا ہوتا ہے اس لیے وہاں بھی توفی کا لفظ اِستعمال ہوتا ہے۔ توفی المیت استوفی عدد ایام عمرہ والذی ینام کانہ استوفی حرکاتہ (قرطبی) توفی کا یہ مفہوم خوب ذہن نشین رہے۔ تاکہ کوئی یہ بتا کر کہ توفی کا معنی موت ہے آپ کو حیاتِ حضرت مسیح علیہ السّلام سے منحرف نہ کر دے۔

ثُمَّ يُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٦٠﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَ

پھر وُہ بتائے گا تمھیں جو تم کیا کرتے تھے اور وُہی غالب ہے اپنے بندوں پر اور

يُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ

بھیجتا ہے تم پر نگہبان ۸۲ یہاں تک کہ جب آجائے تم میں سے کسی کی موت تو قبض کر لیتے ہیں

رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُونَ ﴿٦١﴾ ثُمَّ رُدُّوٓا إِلَى اللَّهِ مَوْلَىٰهُمُ الْحَقِّ أَلَا

اُس کی رُوح ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) اور وُہ کوتاہی نہیں کرتے۔ پھر لوٹائے جائیں گے اللہ تعالیٰ کی طرف جو اُن کا حقیقی مالک ہے سنتے ہو

لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِينَ ﴿٦٢﴾ قُلْ مَن يُنَجِّيكُم مِّن

اسی کا حکم ہے اور وُہ سب سے تیز حساب کرنے والا ہے آپ فرمائیے ۸۳ کون نجات دیتا ہے تمھیں

۸۲ حفظۃ جمع ہے حافظ کی مقصد یہ ہے کہ انسان یہ نہ سمجھے کہ اللہ تعالیٰ اس کے اعمال سے بے خبر ہے۔ بلکہ اللہ تعالےٰ نے تو ایسے فرشتے مقرر فرما دیئے ہیں کہ ہر لفظ جو اس کی زبان سے نکلتا ہے اور ہر حرکت جو اس سے سرزد ہوتی ہے وُہ اس کو ریکارڈ کر رہے ہیں۔ اور قیامت کے دن مجرم جب اپنے جرموں کو تسلیم کرنے سے انکار کرے گا تو اُس کی زندگی کا صحیفہ اُس کے سامنے رکھ دیا جائے گا۔ گراموفون کے ریکارڈ کی طرح اُسی کی زبان ہوگی اور اعتراف جرم ہوگا۔

۸۳ اپنے مولائے برحق کی نافرمانی میں سرکش گھوڑے کی طرح سرپٹ دوڑے چلے جانے والے انسان سے پُوچھا جا رہا ہے کہ حضرت جی! یہ تو فرماؤ کہ جب تمھیں خشکی یا تری میں مصائب کے بادل گھیر لیتے ہیں۔ نجات کے راستے مسدُود ہو جاتے ہیں۔ اندھیری رات ہے۔ کالی گھٹا چھا رہی ہے۔ طُوفان اُمڈ کر آ رہا ہے۔ کشتی ہچکولے کھا رہی ہے اور گمان یہ ہے کہ ابھی ٹوٹی ابھی ڈُوبی، اُس وقت تم کس کی بارگاہ میں فریاد کرتے ہو۔ کس کے دامنِ رحمت میں پناہ تلاش کرتے ہو۔ دِل کی گہرائیوں سے کس سے پختہ عہد باندھتے ہو کہ اب معاف کر دے پھر نافرمانی نہیں کریں گے اور عمر بھر تیرے اس احسان کے مرہُون رہیں گے۔ اور وُہ مولائے کریم جب اس وقت بھی تم پر اپنا فضل و کرم فرما کر تمھیں اِن مصائب اور مایُوسی کے اندھیروں سے نکال دیتا ہے تو تم پھر اس کو بھُول جاتے ہو۔ اور اس وحدہٗ لاشریک کے ساتھ بُتوں کو شریک ٹھیرانے لگتے ہو۔ کیا یہی تمھاری انسانیت ہے اور یہی تمھاری شرافت؟ کچھ سوچو تو۔ کہاں بھٹکتے پھر رہے ہو ظلمات سے مُراد مصائب اور مشکلات ہیں۔ اہلِ عرب تکلیف کے دن کو یوم مظلم کہتے ہیں۔ کرب کا معنی ہے شدید غم۔

ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ

خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں جسے تم پکارتے ہو گڑگڑاتے ہوئے اور آہستہ آہستہ (اور کہتے ہو) اگر نجات دی اللہ نے ہمیں

هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٣﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ

اس (مصیبت) سے تو ہم ضرور ہو جائیں گے اس کے شکر گزار (بندے) فرمائیے اللہ ہی نجات دیتا ہے تمہیں اس سے اور ہر

كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿٦٤﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ

مصیبت سے پھر تم شریک ٹھیراتے ہو فرمائیے وہ قادر ہے اس پر کہ ۸۴؎ بھیجے تم

عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ

پر عذاب تمہارے اوپر سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے اور خلط ملط کر دے

شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ۗ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ

تمہیں مختلف گروہوں میں اور چکھائے تم میں سے بعض کو شدت دوسروں کی دیکھو کیونکر ہم طرح طرح سے بیان کرتے ہیں (توحید کی)

۸۴؎ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور اس کے احکام سے سرتابی کر کے اِنسان امن و عافیت کی زندگی بسر نہیں کر سکتا۔ کبھی اوپر سے بجلی کڑک رہی ہے۔ موسلا دھار بارشیں سیلاب کی صورت اختیار کر کے قیامت ڈھا رہی ہیں۔ توپیں آگ اُگل رہی ہیں بلند پرواز طیارے اور راکٹ، بم اور ایٹم بم برسا رہے ہیں۔ کبھی نیچے سے بارودی سرنگیں پھٹ رہی ہیں۔ آبدوز کشتیاں سمندر کی گہرائیوں سے اُبھر کر بھاری بھرکم جہازوں کو اُڑا رہی ہیں۔ کہیں زلزلے آباد شہروں کو کھنڈرات میں بدل رہے ہیں۔ اِس کے علاوہ سخت تر عذاب یہ ہے کہ آپس میں اِنتشار اور بے اِتفاقی کی وبا پھوٹ پڑتی ہے۔ ایک قوم کے فرزند، ایک مِلّت کے افراد مختلف ٹولیوں اور فرقوں میں بٹ جاتے ہیں۔ کہیں مذہب وجہِ فساد بن جاتا ہے اور کہیں سیاست باعثِ اِنتشار۔ اپنوں کی عزّت کو اپنے ہاتھوں خاک میں مِلا دینا بڑا کارنامہ تصوّر کیا جاتا ہے۔ اوروں کو رہنے دیجئے۔ اپنے گھر کا حال دیکھئے جب سے ہم نے صراطِ مستقیم سے اِنحراف کیا ہے ہم کِن پستیوں میں دھکیل دیئے گئے ہیں۔ ایک خدا۔ ایک رسول۔ ایک کتاب اور ایک کعبہ پر اِیمان رکھنے والے کِس نِفاق اور اِنتشار کا شکار ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے حالِ زار پر رحم فرماوے آمین بجاہِ طٰہٰ ویٰس علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ فوق اور تحت کے جو لفظ آیت میں ہیں ان کی ایک اور تفسیر بھی حضرت ابن عباس رض سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ فوق سے مُراد ظالم حکمران اور تحت سے مُراد کمینے اور بدکار اہل کار ہیں۔ من فوقکم یعنی

الْاٰیٰتِ لَعَلَّهُمْ یَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَ كَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَ هُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ

دلیلوں کو تاکہ یہ لوگ (حقیقت کو) سمجھ لیں اور جھٹلایا اسے آپ کی قوم نے حالانکہ یہ حق ہے فرمایئے

لَّسْتُ عَلَیْكُمْ بِوَكِیْلٍ ﴿۶۶﴾ ؕ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ٘ وَّ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۷﴾

نہیں ہوں میں تمہارا ذمہ دار ہر ایک خبر (کے ظہور) کا ایک وقت مقرر ہے اور عنقریب جان لوگے ۸۵

وَ اِذَا رَاَیْتَ الَّذِیْنَ یَخُوْضُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰی

اور (اے سننے والے!) ۸۶ جب تو دیکھے انھیں کہ بیہودہ بحثیں کر رہے ہیں ہماری آیتوں میں تو منہ پھیر لے اُن سے یہاں تک کہ

یَخُوْضُوْا فِیْ حَدِیْثٍ غَیْرِهٖ ؕ وَ اِمَّا یُنْسِیَنَّكَ الشَّیْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ

وہ اُلجھنے لگیں کسی اور بات میں اور اگر (کہیں) بھلا دے تجھے شیطان تو مت بیٹھو

بَعْدَ الذِّكْرٰی مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۶۸﴾ وَ مَا عَلَی الَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ

یاد آنے کے بعد ظالم قوم کے پاس اور نہیں ہے ان پر جنھوں نے تقویٰ اختیار کیا ہے

الامراء الظلمة ومن تحت یعنی السفلة وعبید السوء (القرطبی)

۸۵ کفار خیال کیا کرتے کہ عذاب کی جو دھمکیاں ہمیں دی جا رہی ہیں ان کی کوئی حقیقت نہیں۔ یہ محض ڈراوا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں تم یونہی جلدی کر رہے ہو میرے علم ازلی میں ہر چیز کے لیے وقت مقرر ہے اور ہر چیز اپنے وقت پر ظہور پذیر ہو جائے گی اور تم اُس وقت خود بخود جان لوگے۔

۸۶ صحبت کا اثر مسلّم ہے۔ انسان اپنے ہم نشین کی عادات، اخلاق اور عقائد سے ضرور متاثر ہوتا ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ان لوگوں کے پاس بیٹھنے سے سختی سے منع کیا ہے جن کا رات دن کا مشغلہ اسلام، پیغمبر اسلام اور قرآن حکیم پر طعن و تشنیع کرنا ہے۔ ایسے لوگوں کی صحبت سے پرہیز ضروری ہے۔ ایسا نہ ہو کہ تمہارا دل بھی ان کی باتوں سے متاثر ہونے لگے۔ آج کل کی عام گمراہی کی بہت بڑی وجہ یہ ہے کہ لوگ اس حکم پر عمل نہیں کرتے اور ان بدعقیدہ لوگوں کی صحبت میں بیٹھنے میں کوئی ضرر نہیں سمجھتے۔ نتیجہ وہی نکلتا ہے کہ متعدی مرض کے مریض کے پاس بیٹھنے والا بھی اس مرض کا شکار ہو جاتا ہے۔

مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰی لَعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَذَرِ

ان کافروں کے حساب سے کچھ بوجھ ۸۷ البتہ پرہیزگاروں پر نصیحت کرنا فرض ہے شاید وہ باز آجائیں اور چھوڑ

الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا دِیْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا وَ

دے جنھوں نے ۸۸ بنالیا ہے اپنا دین کھیل اور دل لگی اور دھوکہ میں ڈال دیا ہے اُنھیں دُنیوی زندگی نے اور

ذَكِّرْ بِهٖۤ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۖۗ لَیْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

نصیحت کرو ۸۹ قرآن سے تاکہ ہلاک نہ ہوجائے کوئی آدمی اپنے عملوں کی وجہ سے۔ نہیں ہے اس کے لیے اللہ کے سوا کوئی

وَلِیٌّ وَّلَا شَفِیْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا یُؤْخَذْ مِنْهَا ؕ اُولٰٓىِٕكَ

حمایتی اور نہ سفارشی اور اگر وُہ معاوضہ میں دے ہر بدلہ تو نہ قبول کیا جائے گا اس سے یہی وُہ لوگ

الَّذِیْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِیْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِیْمٌۢ

ہیں جو ہلاک کیے گئے ہیں بوجہ اپنے کرتوتوں کے اُن کے لیے پینے کو کھولتا ہُوا پانی ہے اور دردناک عذاب ہے

۸۷ پہلے دُشمنانِ دین کی صُحبت وہم نشینی سے روکا گیا۔ اب فرمایا جاتا ہے کہ اگر مجبوراً تمھیں ان کے پاس بیٹھنا پڑے تو ان کے بکواسات اور لغو گوئی کا محاسبہ تم سے نہیں ہو گا وُہ خود ہی اس کے ذمہ دار اور اس کے لیے جوابدہ ہوں گے۔ ہاں تمھیں چاہیئے کہ شائستگی اور سلیقہ سے اُنھیں دعوتِ اسلام دیتے رہو۔ ممکن ہے ان کی راہ یابی کی صُورت نکل آئے۔

۸۸ وُہ بدنصیب لوگ جنھوں نے دین کو کھیل اور دل لگی بنا رکھا ہے اور سنجیدگی اور متانت سے اسے سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے۔ طلبِ حق کا شوق ہی دِل میں نہیں رکھتے بلکہ اُلٹا مذاق کرتے ہیں اُنھیں اپنے حال پر رہنے دو۔ زندگی کی عیش وعشرت اور ساز وسامان نے اُنھیں بدمست و مدہوش کر دیا ہے۔ اُن سے یہ توقع نہیں کہ یہ دعوتِ اسلام قبول کریں گے

۸۹ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ انھیں سمجھانا اور نصیحت کرنا ہی ترک کر دیا جائے بلکہ انھیں قرآن حکیم کی آیات پڑھ پڑھ کر سُنا دیجئے۔ شاید عذابِ الٰہی سے بچنے کی کوئی صُورت نکل آئے۔ اور جس نے چشمِ ہوش نہ کھولی اور باطل کی حمایت میں سرگرم رہا تو قیامت کے دن اس کی نجات کی کوئی شکل نہ ہوگی۔ نہ تو اسے کوئی ایسا حمایتی ملے گا جو زبردستی اسے اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بچالے اور نہ سفارشی۔ اور نہ اس سے فدیہ قبول کیا جائے گا۔ الابسال تسلیم المرء للھلاك (قرطبی) اپنے آپ کو ہلاکت کے حوالے کر دینے کو ابسال کہتے ہیں۔

بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝٧٠ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَ

بوجہ اس کفر کے جو وُہ کرتے رہے تھے ۔ آپ فرمائیے کیا ہم پُوجیں ٩٠ اللہ تعالیٰ کے سوا اس کو جو نہ نفع پہنچا سکتا ہے ہمیں اور

لَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ

نہ ہمیں نقصان پہنچا سکتا ہے اور (کیا) ہم پھر جائیں اُلٹے پاؤں اس کے بعد کہ ہدایت دی ہے ہمیں اللہ نے؟ مثل اس شخص کے کہ

الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۖ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى

بھٹکا دیا ہو اُسے جنّوں نے زمین میں اور وُہ حیران و پریشان ہو۔ اُس کے ساتھی ہوں جو اُسے بُلا رہے ہوں ہدایت کی

الْهُدَى ائْتِنَا ۗ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۗ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ

طرف کہ ہمارے پاس آجا ۔ آپ فرمائیے اللہ کی رہنمائی ہی حقیقی رہنمائی ہے ۔ اور ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم گردن

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٧١ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۗ وَهُوَ الَّذِىٓ اِلَيْهِ

جھکا دیں سارے جہانوں کے رب کے سامنے اور یہ کہ صحیح صحیح ادا کرو نماز اور ڈرو اس سے ۔ اور وُہی ہے جس کی طرف

٩٠ کفّار اس بات میں بڑے کوشاں رہا کرتے تھے کہ مسلمان اسلام کو چھوڑ کر اپنے باپ دادا کا مذہب پھر اختیار کر لیں اللہ تعالیٰ اپنے محبُوب کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کو حکم فرماتے ہیں کہ آپ اُنھیں فرمائیے کہ یہ خیالِ خام اپنے دِل سے نکال دیں کیا یہ ممکن ہے کہ وُہ شاہراہِ ہدایت پا لینے کے بعد جس پر نُور ہی نُور ہے۔ ہم شرک کفر، فسق و فجُور کے بھیانک اندھیروں کی طرف لوٹ جائیں۔ ہرگز نہیں۔ اگر ہم ایسا کریں تو پھر ہماری حالت اُس شخص سے مختلف نہ ہو گی جو اپنی منزلِ مقصُود کی طرف ایسے ساتھیوں کی رفاقت میں بڑھا چلا جا رہا ہے۔ جو راہ کے پیچ و خم اور نشیب و فراز سے اچھی طرح واقف ہیں۔ اور پھر راستہ میں کوئی شیطان اسے بہکا دے اور وُہ اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کر اس کے پیچھے ہو لے۔ اس کے ہمراہی اس کو پیچھے سے آواز دیں کہ کدھر بھٹک کر جا رہے ہو۔ سیدھی راہ تو اِدھر ہے۔ اور وُہ ششدر و درماندہ تصویرِ حیرت بنا کھڑا ہو اور کچھ فیصلہ نہ کر سکے کہ اُسے کدھر جانا ہے۔ اَے کفّار تمھاری یہ توقع عبث ہے کہ ہم دولتِ یقین سے مالا مال ہونے کے بعد شک و گمان کے بھنور میں کُود پڑیں گے۔ آیت میں استھوتہ کا لفظ ہے اس کا مفہوم ہے زین له الشيطان هواه (قرطبی) یعنی شیطان نے جس کی نفسانی خواہش کو مزیّن و آراستہ کر دیا ہو اور وُہ اس پر فریفتہ ہو چکا ہو اور حق کا دامن چھوڑ کر باطل کی پیروی میں مگن ہو گیا ہو۔

تُحْشَرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ وَيَوْمَ

تم جمع کیے جاؤ گے اور وُہ وُہی ہے جس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ ۹۱ اور جس روز

۹۱ عبادت کے لائق تمھارے بےبس اور بےکس معبُودانِ باطل نہیں بلکہ وُہ ذاتِ یکتا و بےہمتا عبادت کے لائق ہے جو اِن صفات کی مالک ہے جن کا ذِکر اِن آیات میں موجُود ہے۔ اس کا کوئی کام عبث و فضول نہیں۔ اس کی کوئی تخلیق بےمقصد نہیں۔ اِس وسیع و عریض کائنات کی کسی حقیر سی حقیر چیز پر غور کرو، اس کی افادیّت کا آپ کو اِحساس ہونے لگے گا۔ یہ بےڈھنگا اور بدوضع پرند جسے ہم گِدھ کہتے ہیں نوعِ اِنسانی کا کتنا بڑا خدمت گزار ہے۔ اگر یہ نہ ہوتا تو دُنیا بھر کی میونسپل کمیٹیاں اور صحت کے ادارے ان مُردہ جانوروں کو ٹھکانے لگانے سے عاجز آجاتے۔ اور ان کی گلی سڑی بدبُودار لاشوں سے زندگی تلخ ہوجاتی۔ غرضیکہ چیونٹی سے لے کر ہاتھی تک، ممولے سے لے کر عقاب تک جدھر بھی آپ فکر کی نِگاہ ڈالیں آپ کو حکمتِ ربّانی کے جلوے نظر آئیں گے۔ یہاں میں نیویارک سائنس اکیڈیمی کے پریذیڈنٹ اے۔ سی۔ موریسن کے مضمون کا ایک مختصر اِقتباس پیش کرتا ہُوں جس سے بالحق کا مفہوم نہایت واضح ہوجائے گا۔

”زمین اپنے محور پر ایک ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چکّر کاٹ رہی ہے۔ اگر اِس کی رفتار ایک ہزار میل کی بجائے ایک سو میل ہوتی تو دِن اِتنے لمبے ہوتے کہ سُورج کی تپش تمام کھیتوں کو بھُون کر رکھ دیتی۔ اور راتیں اِتنی لمبی اور سرد ہوتیں کہ زندگی کی اگر کچھ رمق سُورج کی تپش سے بچ جاتی تو رات کی سردی اسے منجمد کر کے رکھ دیتی۔ سُورج کا درجۂ حرارت بارہ ہزار ڈِگری فارن ہیٹ ہے۔ لیکن زمین کو اس سے اِتنی مناسب دُوری پر رکھ دیا گیا ہے کہ وہاں سُورج کی حرارت اِتنا قدر ہی پہنچتی ہے جو حیات بخش ہے۔ لیکن اگر سُورج کا درجۂ حرارت بارہ ہزار ڈگری کے بجائے چھ ہزار ڈگری ہوتا تو کرّۂ زمین برف کے نیچے دب جاتا۔ اور اگر اٹھارہ ہزار ڈِگری ہوتا تو ساری زمین اس کی تمازت سے جل کر راکھ ہوجاتی زمین کا جُھکاؤ ۲۳ درجہ کا زاویہ بناتا ہے اور اِسی جُھکاؤ سے ہمارے موجُودہ موسم مناسب وقفوں کے بعد باری باری آتے ہیں۔ اگر اس میں یہ جُھکاؤ نہ ہوتا تو سمندر سے اُٹھنے والے بُخارات جنوب اور شمال میں حرکت کرتے اور اِتنی زور سے برف باری ہوتی کہ ساری زمین ڈھک جاتی۔ اگر چاند کی دُوری زمین سے اِتنی نہ ہوتی جتنی اَب ہے بلکہ صرف پچّاس ہزار میل ہوتی تو سمندروں میں مدّ و جزر اِس شدّت سے آتا کہ پہاڑوں تک کو بھی بہا کر لے جاتا۔ اگر زمین کی سطح موجُودہ سطح سے صرف دس فٹ زیادہ موٹی ہوتی تو یہاں آکسیجن ہی نہ ہوتی اور کوئی جانور زندہ نہ رہتا۔ اور اگر سمندر چند فٹ اور گہرے ہوتے تو ساری کاربن ڈائی آکسائڈ اور آکسیجن صرف ہوجاتی اور رُوئے زمین پر کوئی سبز پتّہ نظر نہ آتا۔ اِس حکیمانہ نظام پر غور کرنے سے ہم اِس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ کارخانۂ ہستی اِتفاقاً معرضِ وجُود میں نہیں آگیا بلکہ ایک حکیم و دانا خالق نے اس کی تخلیق فرمائی ہے ورنہ زندگی کا کوئی اِمکان نہ تھا۔“ (READER'S. DIGEST OCT, 1960) یہ اِقتباس پڑھ لینے کے بعد اَب اِس آیت کو دوبارہ پڑھیئے اور اس کے نازل کرنے والے مولائے برحق کے حضُور میں سربسجُود ہوجایئے۔ اور جس

يَقُوۡلُ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ۷۳ قَوۡلُهُ الۡحَقُّ ؕ وَلَهُ الۡمُلۡكُ يَوۡمَ يُنۡفَخُ فِى الصُّوۡرِ ؕ

وُہ کہے گا کہ تو ہو جا تو بس وُہ ہو جاتے گا اُسی کا فرمان حق ہے اور اسی کی حکومت ہو گی جس دن پھُونکا جائے گا صُور ۹۲

عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡخَبِيۡرُ ۷۴ وَاِذۡ قَالَ اِبۡرٰهِيۡمُ

جاننے والا ہے ہر چھپی چیز کا اور ہر ظاہر چیز کا اور وُہی ہے حکمت والا سب کچھ جاننے والا اور یاد کرو جب کہا ۹۳ ابراہیم

لِاَبِيۡهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصۡنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّىۡۤ اَرٰٮكَ وَقَوۡمَكَ فِىۡ ضَلٰلٍ

نے اپنے باپ ۹۴ آزر سے کیا تم بناتے ہو بُتوں کو خدا بے شک میں دیکھتا ہوں تمھیں اور تمھاری قوم کو کھُلی گمراہی

ذاتِ قُدس صفات نے اُمّی ہوتے ہُوئے اس حقیقتِ پنہاں کے رُخ سے نقاب اُلٹا ہے اس پر زبانِ دل و رُوح سے صلوٰۃ و سلام عرض کیجیے ۔ اُمّیے بُود کہ ما از اثرِ حکمتِ او واقف از سرِّ نہاں خانۂ تقدیر شدیم (اقبالؒ)

۹۲ بعض لوگوں نے صُوْر کو صورۃ کی جمع تصوّر کیا ہے اور معنی یہ کیا ہے کہ صُورتوں میں جب پھُونکا جائے گا تو وُہ حقائق میں تبدیل ہو جائیں گی یا بے جان مجسّموں میں پھُونک مارنے سے وُہ زندہ ہو جائیں گے لیکن یہ معنی دُوسری آیتوں اور احادیثِ نبویہ سے تطبیق نہیں کھاتا۔ حدیث شریف میں یہی ہے کہ حضرت اسرافیل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے حکم سے پہلی بار صُور پھُونکیں گے تو سب زندہ اشیاء موت کی نیند سو جائیں گی۔ اور جب دُوسری بار پھُونکیں گے تو ہر چیز زندہ ہو کر اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر ہو جائے گی۔ اس صُور کی حقیقت کیا ہے۔ اس کی شکل و صُورت اور طول و عرض کتنا ہے۔ اس کے متعلّق نہ قرآن نے بتایا نہ صاحبِ قرآن نے اور نہ اس کے جاننے کی کوئی ضرورت ہے۔ اس لیے اس بارے میں سکُوت ہی اولیٰ ہے۔

۹۳ عرب کے مُشرک یہُودی اور عیسائی سب حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی عظمت و جلالتِ شان اور رسالت کے معترف تھے اور اہلِ عرب کو اس پر ناز تھا کہ وُہ اس مقدّس ہستی کی اولاد ہیں اس لیے حضرت خلیل علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے حالات پیش کر کے انھیں بتایا جا رہا ہے کہ تم عجب ستم ظریف ہو کہ جس کے نام سے تمھیں یہ ساری عزّت اور سرداری نصیب ہے۔ جس کی نسل سے ہونے کو تم اپنے لیے وجہِ عزّت و افتخار سمجھتے ہو۔ اس کے دین اور اس کے مقصدِ حیات سے تم بالکل بیگانگی اختیار کر چکے ہو بلکہ اس گمراہی کو تم اپنا دین بنا چکے ہو جس کو مٹانے کے لیے اُنھوں نے عُمر بھر جہاد کیا۔ جن بُتوں کو ریزہ ریزہ کر کے اُنھوں نے بھڑکتے ہُوئے آتش کدہ میں کُودنا گوارا کیا تم پھر اُنھیں بُتوں کی پُوجا میں سرگرم ہو اور ان کے دینِ حنیف کی طرف تمھیں دعوت دی جاتی ہے تو خشمگین اور غضب ناک ہو کر رسُولِ برحق سے لڑنے کے لیے کمربستہ ہو جاتے ہو عجیب اُلٹی کھوپڑی کے لوگ ہو تم۔

۹۴ حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے والد کا نام آزر تھا یا چچا کا؟ حضرت خلیل علیہ السلام کے والد مُسلمان تھے یا کافر؟ اس مقام

مُّبِيْنٍ ﴿٧٥﴾ وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ

اور اسی طرح ہم نے دکھادی ۹۵ ابراہیمؑ کو ساری بادشاہی آسمانوں اور زمین کی ۹۶ تاکہ وہ ہو جائیں

پر علامہ آلوسی بغدادیؒ نے اپنی تفسیر رُوح المعانی میں جو کچھ لکھا ہے اس کا خلاصہ ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں اور اس نزاع کا فیصلہ انہیں پر چھوڑتا ہوں۔ علامہ مذکور رقم طراز ہیں۔ علماء اہل سنت میں سے ایک جم غفیر کی رائے یہ ہے کہ آزر حضرت ابراہیمؑ کے والد نہ تھے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے آباؤ اجداد میں کوئی بھی کافر نہ تھا۔ حضورؐ کا ارشاد ہے۔ " لَمْ اَزَلْ اَنْقُلُ مِنْ اَصْلَابِ الطَّاهِرِيْنَ اِلٰی اَرْحَامِ الطَّاهِرَاتِ وَالْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ " کہ میں ابتداء سے آخر تک پاک لوگوں کی پشتوں سے پاک خواتین کے رحموں میں منتقل ہوتا چلا آیا ہوں اور مشرک نجس ہیں۔ اس کے بعد آلوسیؒ فرماتے ہیں کہ امام رازیؒ کا یہ کہنا کہ یہ شیعہ کا مذہب ہے درست نہیں۔ امام رازیؒ نے اچھی طرح چھان بین نہیں کی اس لیے یہ غلطی ہو گئی۔ علماء اہل سنت کی اکثریت کا یہ قول ہے کہ آزر حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چچا کا نام ہے اور اَب کا لفظ چچا کے معنی میں عام استعمال ہوتا ہے۔ اپنے اس مسلک کی تائید میں علامہ مذکور نے کئی آثار نقل کیے ہیں لیکن یہاں صرف ایک چیز پیش کی جاتی ہے۔ یہ تو ایک واضح امر ہے کہ جس کی موت کفر و شرک پر ہو اس کے لیے مغفرت نہیں۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے والد کی وفات کے سالہا سال بعد جب بابل سے ہجرت کر کے مصر گئے۔ وہاں سے حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح کر کے شام آئے اور مدت دراز کے بعد اسمٰعیل علیہ السلام کی ولادت ہوئی اور حکم ربانی سے آپ ننھے اسمٰعیلؑ اور ان کی والدہ ہاجرہؓ کو اس لق و دق صحرا میں چھوڑ آئے جہاں کعبہ کی تعمیر ہونی تھی۔ اس واقعہ کے برسوں بعد جب اسمٰعیل علیہ السلام جوان ہوئے اور کعبہ کی تعمیر مکمل ہو گئی تو اُس وقت یہ دُعا آپ نے مانگی۔ اس میں یہ الفاظ بھی ہیں۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ۔ اے رب! مجھے بھی بخش دے اور میرے والدین اور مسلمانوں کو بھی بخش دے۔ اگر حضرت کے والدین کافر ہوتے تو ایک پیغمبر یہ جانتے ہوئے کہ کافر کی بخشش نہیں ہو سکتی کبھی اُن کی مغفرت کے لیے دُعا نہ کرتے۔ (رُوح المعانی) لیکن وُہ علماء جن کی تحقیق یہ ہے کہ آزر حضرت کے والد ہی تھے وُہ بھی اِس بات سے سختی سے منع کرتے ہیں کہ عام مجالس میں ان کے متعلق باتیں کی جائیں۔

حضرت صدر الافاضلؒ یہاں لکھتے ہیں " قاموس میں ہے کہ آزر حضرت ابراہیمؑ کے چچا کا نام ہے۔ علامہ جلال الدینؒ سیوطی نے مسالک الحنفاء میں بھی ایسا ہی لکھا ہے۔ چچا کو باپ کہنا تمام ممالک میں معمول ہے بالخصوص عرب میں۔ قرآن کریم میں بھی ہے۔ نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا۔ اس میں حضرت اسمٰعیلؑ کو حضرت یعقوبؑ کے آباء میں ذکر کیا گیا ہے باوجودیکہ آپ عم ہیں۔ حدیث شریف میں بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباسؓ کو اَب (باپ) فرمایا۔ چنانچہ ارشاد کیا رُدُّوْا عَلَيَّ اَبِيْ۔ یہاں ابی سے حضرت عباسؓ مراد ہیں۔ (خزائن العرفان)

۹۵ امام رازیؒ فرماتے ہیں کہ جلالِ خداوندی کے انوار و تجلیات ہر لمحہ ضوفشاں ہیں لیکن انسانی رُوح کسی نہ کسی حجاب

مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ

کامل یقین کرنے والوں میں پھر جب چھا گئی ان پر رات ۹۷ (تو) دیکھا اُنھوں نے ایک ستارا۔ بولے (کیا) یہ میرا رب ہے؟

کے باعث ان کے مشاہدہ سے محروم رہتی ہے۔ جیسے جیسے حجاب ہٹتا اور سرکتا جاتا ہے ویسے ہی انوار کا مشاہدہ شروع ہوجاتا ہے حضرت خلیل ع نے جب تمام حجابات کو تار تار کر دیا اور انوارِ الٰہی کے مشاہدہ میں کوئی آڑ باقی نہ رہی تو زمین و آسمان کی بے کراں وُسعتوں میں قدرتِ خداوندی کے جو اسرار تھے سب ظاہر ہوگئے اور نگاہِ ابراہیمی پر ہر چیز منکشف کر دی گئی فلما زال ذلك الحجاب لاجرم تجلى له ملكوت السموات بالتمام (تفسیر کبیر)

۹۶ ملکوت میں رحموت اور رہبوت کی طرح ت مبالغہ کے لیے ہے یعنی ملکِ عظیم اور سلطنت وسیع۔ نری معناہ اریناہ (قرطبی) ہم نے دکھا دی۔ یہ رؤیت بصر سے تھی یا بصیرت سے؟ یعنی صرف آنکھوں نے دیکھا تھا یا دل کو بھی اس کا علم و عرفان نصیب ہوا تھا۔ بعض کا خیال ہے کہ پردہ اُٹھ گیا تھا اور عرش سے تحت الثریٰ تک ہر چیز نظر آنے لگی تھی۔ اور بعض نے فرمایا کہ آسمان اور زمین کی تمام اشیاء کی حقیقت پر آگاہی بخش دی گئی تھی تاکہ کائنات کی ان مختلف چیزوں پر مطلع ہو کر وُہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، علم، قدرت اور حکمت کے بارے میں عین الیقین کے مرتبۂ عُلیا پر فائز ہو جائیں۔ امام رازیؒ لکھتے ہیں کہ اگرچہ عام انسان بھی کائنات کے بعض اسرار پر آگاہ ہوتے ہیں لیکن اس عالمِ خلق کی ہر چیز میں خواہ وُہ جنس ہو یا نوع یا صنف ہو یا شخص حکمتِ الٰہی کے جو آثار پائے جاتے ہیں ان سے جس طرح اکابر انبیاء آگاہ ہوتے ہیں وُہ آگاہی کسی اور کو نصیب نہیں ہوتی۔ وان کان جمیع الموحدین یعرفون اصل هذا الدلیل الا ان الاطلاع علی آثار حکمة الله فی کل واحد من مخلوقات هذا العالم بحسب اجناسها وانواعها واصنافها واشخاصها واحوالها لا یحصل الا للاکابر من الانبیاء علیهم السلام (کبیر) جب حضرت ابراہیم علیہ السّلام کو حقائقِ اشیاء کا اتنا علم ارزانی فرما دیا گیا تھا تو تعجب ہے ان لوگوں کی کم نگاہی پر جو نبی الانبیاء کے متعلق یہ خیال کرتے ہیں کہ نعوذ باللہ آپ کو یہ خبر بھی نہ تھی کہ نر کھجور سے مادہ کھجور کس طرح باردار ہوتی ہے۔

۹۷ جس شہر میں حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی ولادت ہُوئی اُس کا نام اُر تھا۔ بیسویں صدی کے آغاز میں آثارِ قدیمہ کے ماہرین نے کھدائی کر کے اس کو دریافت کر لیا ہے۔ اور اس سے جو تحریریں اور دُوسری اشیاء دستیاب ہوئی ہیں ان سے آپ کے زمانہ کے لوگوں کے مذہبی، تمدّنی اور معاشی حالات پر روشنی پڑتی ہے سر لیونارڈ وولی (SIR LEONARD WOOLLY) نے اپنی کتاب (ABRAHAM) میں جو لندن میں ۱۹۳۲ء میں شائع ہُوئی ہے ماہرینِ آثارِ قدیمہ کے جو تاثرات قلم بند کیے ہیں ذیل میں اُن کا خلاصہ درج کیا جاتا ہے:۔

"اندازہ کیا گیا ہے کہ ۲۱۰۰ قبل مسیح کے لگ بھگ زمانہ میں جسے اب عام طور پر محققین حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے ظہور کا زمانہ تسلیم کرتے ہیں۔ شہر "اُر" کی آبادی ڈھائی لاکھ کے قریب تھی اور بعید نہیں کہ پانچ لاکھ ہو۔ بڑا صنعتی اور

فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ﴿۷۷﴾ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا

پھر جب وُہ ڈُوب گیا (تو) بولے میں نہیں پسند کرتا ڈُوب جانے والوں کو۔ پھر جب دیکھا چاند کو چمکتے ہُوئے تو کہا (کیا) یہ

تجارتی مرکز تھا جس ریاست کا یہ صدر مقام تھا اس کے حدُود موجُودہ حکومتِ عراق سے شمال میں کچھ کم اور مغرب میں کچھ زیادہ تھے۔ ملک کی بیشتر آبادی صنعت و تجارت پیشہ تھی۔ اِس عہد کی جو تحریرات آثارِ قدیمہ کے کھنڈروں سے دستیاب ہوئی ہیں اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ زندگی میں ان لوگوں کا نقطۂ نظر خالص مادہ پرستانہ تھا۔ دولت کمانا اور زیادہ سے زیادہ آسائش فراہم کرنا اُن کا سب سے بڑا مقصدِ حیات تھا۔ سُود خوری کثرت سے پھیلی ہُوئی تھی۔ آپس میں بہت مقدّمہ بازیاں ہوا کرتی تھیں۔ آبادی تین طبقوں پر مشتمل تھی۔ (۱) عمیلو: یہ اُونچے طبقہ کے لوگ تھے۔ جن میں پجاری، حکومت کے عہدہ دار اور فوجی افسر وغیرہ شامل تھے۔ اِس طبقہ کو خاص اِمتیازات حاصل تھے۔ ان کے فوجداری اور دیوانی حقُوق دُوسروں سے مختلف تھے۔ اور ان کے جان و مال کی قیمت دُوسروں سے بڑھ کر تھی۔ حضرت ابراہیمؑ کے خاندان کا اسی طبقہ میں شمار ہوتا تھا۔ (۲) مشکینو: یہ تجّار، اہلِ صنعت اور زراعت پیشہ لوگ تھے۔ (۳) آردو یعنی غلام، مزدُور پیشہ۔

اُر کے کتبات میں تقریباً پانچ ہزار خُداؤں کے نام ملتے ہیں۔ مُلک کے مختلف شہروں کے الگ الگ خُدا تھے ہر شہر کا ایک خاص محافظ خُدا ہوتا تھا جو ربّ البلد یا مہادیو سمجھا جاتا تھا۔ اُر کا ربّ البلد "ننّار" (چاند دیوتا) تھا۔ دُوسرا بڑا شہر "لرسہ" تھا۔ اس کا ربّ البلد "شماش" (سُورج دیوتا) تھا۔ اِن بڑے خُداؤں کے ماتحت بہت سے چھوٹے خُدا بھی تھے جو زیادہ تر آسمانی تاروں اور سیّاروں میں سے تھے۔ ان دیوتاؤں اور دیویوں کی شبیہیں بُتوں کی شکل میں بنائی گئی تھیں اور تمام مراسمِ عبادت انہی کے آگے بجالائے جاتے تھے۔

ننّار کا بُت اُر میں سب سے اُونچی پہاڑی پر ایک عالی شان عمارت میں نصب تھا۔ مندر میں بکثرت عورتیں دیوتا کے نام پر وقف تھیں اور ان کی حیثیت دیوداسیوں (RELIGIOUS PROSTITUTES) کی تھی۔ وُہ عورت بڑی معزّز خیال کی جاتی تھی جو خُدا کے نام پر اپنی بکارت قربان کر دے۔ کم از کم ایک مرتبہ اپنے آپ کو "راہِ خُدا" میں کسی اجنبی کے حوالہ کرنا عورت کے لیے ذریعۂ نجات خیال کیا جاتا تھا۔

ننّار محض دیوتا ہی نہ تھا۔ بکثرت باغ، مکانات اور زمینیں اس کے مندر کے لیے وقف تھیں۔ بہت سے کارخانے مندر کے ماتحت قائم تھے۔

اُر کا شاہی خاندان جو حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے زمانہ میں حُکمران تھا اس کے بانیٔ اوّل کا نام اُرنمّو تھا جس نے ۲۳۰۰ برس قبل مسیح میں ایک وسیع سلطنت قائم کر لی تھی۔ اسی سے اس خاندان کو نمّو کا نام ملا جو عربی میں جا کر نمرُود ہو گیا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ہجرت کے بعد اس خاندان اور اس قوم پر مسلسل تباہی نازل ہونی شروع ہوئی۔ پہلے عیلامیوں نے اُر کو تباہ کیا اور نمرُود کو ننّار کے بُت سمیت پکڑ کر لے گئے۔ پھر لرسہ میں ایک عیلامی حکومت قائم ہوئی جس کے ماتحت اُر

رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ

میرا رب[98] ہے (؟) پھر جب وُہ (بھی) غروب ہو گیا تو آپ نے کہا اگر نہ ہدایت دیتا مجھے میرا رب تو ضرور ہو جاتا میں بھی اس گمراہ

الضَّآلِّيْنَ ﴿٧٨﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ

قوم سے ۔ پھر جب دیکھا سُورج کو جگمگاتے ہُوئے (تو بولے (کیا) یہ میرا رب ہے (؟) یہ تو ان سب سے بڑا ہے۔ لیکن جب وُہ بھی

اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿٧٩﴾ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ

ڈُوب گیا (تو) آپ نے فرمایا۔ اَے میری قوم! میں بیزار ہوں ان چیزوں سے جنھیں تم شریک ٹھیراتے ہو بے شک میں نے پھیر لیا ہے اپنا رُخ

کا علاقہ غلام کی حیثیت سے رہا۔ ان تباہیوں نے تتار کے ساتھ اُر کے لوگوں کا عقیدہ متزلزل کر دیا۔ (ماخوذ از تفہیم القرآن)

مندرجہ بالا اقتباس سے معلوم ہوا کہ آپ کے ہم وطن ستاروں، چاند اور سُورج کے پرستار تھے۔ اس لیے حضرت ابراہیمؑ ان کے معبُودوں کے حالات سے ہی ان کی خُدائی پر ضرب کاری لگا رہے ہیں کہ جن کے یہ حالات ہوں۔ جن کو ایک جگہ قرار نصیب نہ ہو۔ جو کبھی طلُوع ہو رہے ہیں اور کبھی غرُوب ہو رہے ہیں۔ جن کے طلوع و غرُوب کا وقت بھی ان کے اختیار میں نہ ہو۔ اور اُن کی گردش کا جو راستہ مقرر ہے اس سے بھی بال برابر اِدھر اُدھر نہ ہو سکتے ہوں۔ جو ایک بے اختیار غلام کی طرح انقیاد و اطاعت کا پٹہ گلے میں ڈالے صُبح و شام تعمیلِ حکم میں سرگرداں نظر آتے ہوں اُنھیں معبُود بنانا، ان کو خدا سمجھنا کتنی نادانی اور بے سمجھی ہے۔

۹۸ یہ اصل میں اھذا ربی استفہام انکاریہ ہے۔ یعنی اُے میری قوم کیا یہ میرا رب ہے؟ ہرگز نہیں۔ یہ خیال کرنا کہ اُس وقت حضرت ابراہیمؑ کو عرفانِ توحید حاصل نہ تھا اس لیے وُہ ایک ٹمٹماتے ہُوئے تارے کو اپنا رب سمجھنے لگے سخت غلطی ہے۔ پیغمبر کا دامن نبوّت سے پہلے بھی کفر و شرک سے پاک ہوتا ہے۔ چاند کے متعلق بھی آپ نے یہی فرمایا تھا کہ ھٰذا ربّی اور جب وُہ بھی ڈوب گیا تو آپ فرماتے ہیں لئن لم یھدنی ربّی اگر میرا رب مجھے ہدایت نہ فرماتا تو جس گمراہی میں میری ساری قوم گرفتار تھی میں بھی اس سے نہ بچ سکتا۔ ان الفاظ سے اِس امر کی پُوری وضاحت ہو جاتی ہے کہ آپ کا دِل "ربّی" (میرا ربّ) کے یقین اور ایمان سے منوّر اور روشن تھا۔ ورنہ اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ ابھی تک حقیقی ربّ کا کوئی تصوّر ان کے ذہن میں نہ تھا اور چاند کو آپ نے رب مان لیا تھا تو جب اس کے ڈوب جانے سے اس کی خدائی کا طلسم بھی ٹوٹ گیا تو آپ کو حیرت کا اظہار کرنا چاہیئے تھا کہ لو جسے خدا سمجھ رہے تھے وُہ تو فانی نکلا۔ اب کسے خُدا مانا جائے۔ آپ نے اظہارِ حیرت نہیں کیا بلکہ چاند کے غروب ہونے پر آپ نے اپنی قوم کے باطل عقیدہ کو غلط ثابت کرنے کے بعد فوراً فرمایا۔ لئن لم یھدنی ربّی۔ یعنی وُہ رب نہیں جسے تم نے رب سمجھ رکھا ہے بلکہ حقیقی رب تو وُہ ہے جو میرا

لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٨٠﴾ وَ

اس ذات کی طرف جس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو ، یکسو ہو کر ۹۹ اور نہیں ہوں میں مشرکوں میں سے اور

حَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ؕ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ وَلَآ اَخَافُ

جھگڑنے لگی ان سے ان کی قوم ۱۰۰ آپ نے کہا کیا تم جھگڑتے ہو مجھ سے اللہ کے بارے میں حالانکہ اس نے ہدایت دے دی ہے مجھے اور نہیں ڈرتا

مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ رَبِّيْ شَيْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ

میں ان سے جنھیں تم شریک بناتے ہو اس کا مگر یہ کہ چاہے میرا ہی پروردگار کوئی تکلیف پہنچانا گھیرے ہوئے ہے میرا رب ہر چیز کو (اپنے) علم سے۔

اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٨١﴾ وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ

تو کیا تم نصیحت قبول نہیں کرو گے اور کیسے ڈروں میں ۱۰۱ (ان سے) جنھیں تم نے شریک ٹھیرا رکھا ہے حالانکہ تم نہیں ڈرتے (اس سے) کہ

اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ

تم نے شریک بنایا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اسے کہ نہیں اتاری اللہ نے اس کے متعلق تم پر کوئی دلیل تو (تم ہی بتاؤ) دونوں فریقوں سے

پروردگار ہے جو مجھے ہر باطل سے بچا کر راہِ حق پر چلا رہا ہے۔

۹۹ سورج، چاند، تارے خدا نہیں تو پھر کون خدا ہے؟ اس کا جواب دیا کہ خدا وہ قدرت والا اور حکمت والا ہے جو ہر چیز پر غالب ہے کسی سے مغلوب نہیں جو ہر کا داتا ہے کسی کا محتاج نہیں۔ وہ قدرت والا جس نے آسمانوں کو بھی پیدا فرمایا اور زمین کو بھی میں تو ہر باطل سے منہ موڑ کر یکسوئی سے اسی کی طرف دل وجان سے متوجہ ہوں اور کسی بڑی سے بڑی چیز کو بھی اس کا شریک خیال نہیں کرتا۔

۱۰۰ ان آیات سے پتہ چلتا ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دلائل کے سامنے وہ لاجواب ہو گئے تو پھر آپ سے جھگڑنے لگے اور کہنے لگے۔ اے ابراہیم تم خداؤں کی ہتک سے باز آجاؤ ورنہ ان کے غضب کا شکار ہو جاؤ گے اور پھر رہائی کی کوئی صورت نظر نہ آئے گی۔ آپ فرماتے ہیں مجھے ایسی دھمکیاں کیوں دیتے ہو اپنے خداؤں کو کہہ دو کہ میرا جو بگاڑ سکتے ہیں بگاڑ لیں۔ مجھے ان سے ذرا اندیشہ نہیں۔ ہاں اگر میرا رب مجھے کسی آزمائش میں مبتلا کر دے تو مجھے مجال دم زدن نہیں۔

۱۰۱ سلسلہ تقریر شروع ہے کہ ڈرنا تو تمھیں چاہیئے جو معبودِ برحق سے منہ موڑ کر باطل خداؤں کی چوکھٹ پر سر افگندہ ہو میں کیوں ڈروں جو سیدھے راستہ پر چل رہا ہوں۔

أَحَقُّ بِالْأَمْنِ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿۸۲﴾ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا

کون زیادہ حقدار ہے امن (وسلامتی) کا؟ اگر تم (کچھ) جانتے ہو وُہ جو ایمان لاتے اور نہ ملایا ۱۰۲ اُنھوں نے

إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ أُولَٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُمْ مُهْتَدُونَ ﴿۸۳﴾ وَتِلْكَ

اپنے ایمان کو ظلم (شرک) سے اُنھیں کے لیے ہی امن ہے اور وُہی ہدایت یافتہ ہیں اور یہ

حُجَّتُنَا آتَيْنَاهَا إِبْرَاهِيمَ عَلَىٰ قَوْمِهِ ۚ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَنْ نَشَاءُ ۗ إِنَّ

ہماری دلیل تھی ۱۰۳ جو ہم نے دی تھی ابراہیم کو اس کی قوم کے مقابلہ میں ہم بلند کرتے ہیں ۱۰۴ درجے جس کے چاہتے ہیں بے شک

رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ﴿۸۴﴾ وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ

آپ کا رب بڑا دانا سب کچھ جاننے والا ہے۔ اور ہم نے عطا فرمائے اُنھیں اسحاق اور یعقوب ۱۰۵ ہر ایک کو ہم نے ہدایت دی

۱۰۲؎ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو صحابہ کرام بہت پریشان ہوئے۔ اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی خدمت میں عرض کی۔ ایّنا لم یظلم نفسہ؟ ہم میں سے کون ہے جس نے اپنے آپ پر ظلم نہ کیا ہو۔ تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا کہ یہاں ظلم سے مُراد گناہ نہیں بلکہ شرک ہے۔ لیس ھو کما تظنون انما ھو کما قال لقمان لابنہ یا بنی لاتشرک باللہ ان الشرک لظلم عظیم (قرطبی)

۱۰۳؎ کیا لطف ہے اس آیت میں۔ ہماری دلیل تھی اور ہم ہی نے ابراہیم کو عطا فرمائی تھی۔ وُہ دلیل جسے اللہ تعالیٰ اپنی فرما رہے ہیں اس کی عظمت وجلالت کا کیا کہنا! کفر وشرک کی اس اندھیر نگری میں جس ہستی کو اس دلیل سے سرفراز فرمایا گیا اس کی رفعتِ شان کی کیا حد! اس مقام پر رب کو کافِ خطاب کی طرف مضاف کرنے میں جو لُطف ہے اس سے اہلِ دل ہی لُطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ اے مُصطفےٰ! تیرا ربّ ہے تو وُہ سارے جہان کا ربّ لیکن اس کی ربوبیّت کا جو تعلّق مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء سے ہے وُہ کسی سے نہیں۔

۱۰۴؎ یعنی ان کفّار کی بستی سے جو ہزارہا ہزار خداؤں کے پُجاری تھے وُہ گمراہی کی پستیوں میں گرے پڑے تھے۔ ان میں سے حضرت ابراہیمؑ کو توحید کا علمبردار بنا دینا اور اس کے سینے کو علم وفہم اور دلیل کی روشنی سے منوّر کر کے دُنیا و آخرت میں اس کا نام اور اس کی شان بلند کر دینا یہ صرف اللہ تعالیٰ کی ہی قدرت اور طاقت ہے ای بالعلم والفھم والامامۃ والملک (القرطبی)

۱۰۵؎ ہم نے ابراہیمؑ پر مزید کرم یہ فرمایا کہ اُنھیں اسحاق جیسا بیٹا اور یعقوبؑ جیسا پوتا مرحمت فرمایا جس کی نسل سے ہزاروں انبیاء اور لاکھوں صلحاء پیدا ہوئے۔ معلوم ہوا کہ نیک اولاد بھی اللہ تعالیٰ کی خاص نوازشات میں سے ہے۔

وَنُوحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِ دَاوُدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ

اور نوحؑ کو ہدایت دی تھی ان سے پہلے اور اس کی اولاد میں [١٠٦] سے داؤدؑ اور سلیمانؑ اور ایوبؑ

وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَزَكَرِيَّا

اور یوسفؑ اور موسیٰؑ اور ہارونؑ کو (راہِ راست دکھائی) اور اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں نیکوکاروں کو اور (ہم نے

وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ

ہدایت دی) زکریاؑ اور یحییٰؑ اور عیسیٰؑ اور الیاسؑ کو (یہ) سب صالحین میں سے تھے اور (ہدایت دی) اسمٰعیلؑ اور الیسعؑ

وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَ

اور یونسؑ اور لوطؑ کو اور ان سب کو ہم نے [١٠٧] فضیلت دی سارے جہان والوں پر اور ہدایت دی ان کے کچھ باپ دادوں اور

ذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۸﴾

ان کی اولاد اور اُن کے بھائیوں کو اور ہم نے چُن لیا ان (سب) کو اور ہدایت دی ان (سب) کو راہِ راست کی

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ اَشْرَكُوْا

یہ [١٠٨] اللہ تعالیٰ کی ہدایت ہے رہنمائی کرتا ہے اس کے ساتھ جس کی چاہتا ہے اپنے بندوں سے اور اگر وُہ شرک کرتے

لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۹﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ

توضرور ضائع ہو جاتا ان سے وُہ (عمل) جو وُہ کیا کرتے تھے یہ وُہ لوگ تھے ہم نے عطا کی تھی جنھیں کتاب

[١٠٦] بعض نے کہا ہے کہ ضمیر کا مرجع حضرت ابراہیم علیہ السّلام ہیں اور بعض کی رائے ہے کہ حضرت نوح ای من ذرية ابراهيم وقيل ومن ذرية نوح (القرطبی)

[١٠٧] کلا ھدینا، کل من الصالحین اور کلا فضلنا کے پیارے پیارے جملے پڑھ کر احساس ہونے لگتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں اور برگزیدہ رسولوں کا ذکر آتے ہی رحمت الٰہی کے سمندر میں جوش آ رہا ہے۔

[١٠٨] یہ ہدایت محض فضلِ ایزدی کی جلوہ طرازی ہے اور جس پر اس کی نگاہ لطف وکرم پڑ گئی وُہ ہدایت یافتہ ہو گیا۔

وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا

اور حکمت اور نبوّت تو اگر انکار کریں ۹۰اے اس کا یہ (مکہ والے) تو ہم نے مقرر کر دیئے ہیں اس کو ماننے کے لیے

لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿٩٠﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ

ایسے لوگ جو اس کے ساتھ کفر کرنے والے نہیں یہی وُہ لوگ ہیں جنھیں ہدایت دی تھی اللہ نے تو انھیں کے ۱۱۰اے

اقْتَدِهْ ؕ قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩١﴾

طریقہ کی پیروی کرو آپ فرمائیے ۱۱۱اے میں نہیں مانگتا تم سے اس (تبلیغ قرآن) پر کوئی اُجرت نہیں ہے وُہ ۱۱۲اے (قرآن) مگر نصیحت سارے جہانوں کے لیے

۹۰اے اگر کفارِ مکہ ہماری آیات کو نہ مانیں اور دعوتِ اسلام کو قبول نہ کریں تو وُہ اپنا ہی زیاں کریں گے۔ اسلام کو تو کوئی نقصان نہ پہنچے گا کیوں کہ اس دینِ حق کو قبول کرنے کے لیے اس کا پیغام دُنیا کے گوشہ گوشہ تک پہنچانے کے لیے اور اس کے پرچم کو ہر قیمت پر سربلند رکھنے کے لیے ہم نے ایک قوم (یعنی انصار، مہاجرین اور دُوسرے لوگ جنھیں توفیقِ ایمان نصیب ہوئی) مقرر کر دی ہے۔

۱۱۰اے اقتدا کا معنی ہے کسی کے کام کے موافق کوئی کام کرنا۔ علامہ قطب الدین رازیؒ کشاف کے حاشیہ میں لکھتے ہیں کہ یہاں اقتدا سے مقصُود صرف اخلاقِ فاضلہ اور صفاتِ کمال میں ان جلیل القدر انبیاء کی موافقت کرنا ہے۔ اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ہر وُہ خوبی اور کمال جو دُوسرے انبیاء میں متفرق طور پر پایا جاتا تھا حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام ان سب کمالات کے جامع ہیں۔ اس لیے سب سے افضل و اکمل ہیں۔ (رُوح المعانی) ؎

حسنِ یُوسفؑ، دمِ عیسٰیؑ، یدِ بیضا داری آنچہ خُوباں ہمہ دارند تُو تنہا داری

۱۱۱اے بعض کفار اس غلط فہمی میں مُبتلا تھے کہ نبوّت کا دعویٰ صرف مال و دولت اکٹھا کرنے کے لیے کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبُوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو حکم فرماتے ہیں کہ آپ اعلان کر دیجئے کہ دعوتِ اسلام میرا پیشہ نہیں بلکہ مقصدِ حیات ہے۔ میں اس کے ذریعہ سے دولت جمع نہیں کرنا چاہتا بلکہ میرا مدعا تو فقط یہ ہے کہ تم گمراہی کی دلدل سے نکل کر شاہراہِ ہدایت پر آجاؤ۔ تمھارے رب سے تمھارا ٹُوٹا ہوا رشتہ پھر جوڑ دیا جائے۔

۱۱۲اے جو کتاب میں تمھیں پڑھ کر سُناتا اور سمجھاتا ہُوں اس سے میری ذاتی اغراض وابستہ نہیں۔ یہ تو ہر قسم کی اغراض سے بالاتر ہے یہ تو ایک آفاقی دعوتِ رُشد اور ایک عالمی پیغامِ ہدایت ہے۔ اس کے پیشِ نظر کسی شخص، کسی قوم اور کسی مُلک کی برتری دُوسروں پر قائم کرنا نہیں بلکہ سب کو ایک سطح پر ایک صف میں کھڑا کرنا اور امن و سلامتی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔ عرب اپنی قومی اور لسانی برتری پر محکم یقین رکھتے تھے۔ ان کی عرب قومیّت کے جذبات کو مُشتعل کر کے اور اُن کے

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ

اور نہ قدر پہچانی ۱۱۳ انھوں نے اللہ کی جیسے حق تھا اس کی قدر ۱۱۴ پہچاننے کا جب کہا اُنھوں نے کہ نہیں اُتاری اللہ نے کسی آدمی پر

دِلوں میں دُوسرے ممالک پر عربی غلبہ و اقتدار کی ہوس بیدار کر کے اپنی طرف مائل کرنا بہت آسان تھا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو اتنی مشکلات سے بھی دو چار نہ ہونا پڑتا۔ لیکن یہ کامیابی عارضی اور وقتی ہوتی۔ اگر ایسا کیا جاتا تو ایک عالمی دین قوم و وطن کی تنگ حدُود میں بند ہو کر رہ جاتا۔ اِس لیے جہاں کہیں بھی قرآن کا ذِکر کیا گیا ہے کہیں بھی یہ نہیں کہا گیا کہ یہ عرب کے لیے ہے بلکہ فرمایا ان ھو الا ذکری للعلمین سب جہانوں کے لیے ہے۔ سب شرقی و غربی، رُومی و حبشی، عربی اور عجمی کے لیے اس کا پیغام ہدایت ہے۔

۱۱۳ قدر کا کیا معنی ہے؟ صاحب رُوح المعانی لکھتے ہیں کہ قدر کا اصلی معنی تو کسی چیز کی مقدار کو جاننا ہے لیکن اب اس کا اطلاق کسی چیز کو اس کے تمام پہلوؤں سے پہچاننے پر ہوتا ہے۔ اب کثرتِ استعمال سے یہی اس کا معنی حقیقی ہو گیا ہے۔
واصل القدر معرفة المقدار بالسبر ثم استعمل فی معرفة الشیٔ علی اتم الوجوہ حتی صار حقیقة فیه (روح)
اخفش کہتے ہیں کہ وُہ لوگ جن کی زبان سے اگلا جملہ نکل رہا ہے اُنھوں نے گویا اللہ تعالیٰ کو صحیح طور پر پہچانا ہی نہیں اس کی حکمت اور رحمت کا صحیح اندازہ نہیں لگایا۔

۱۱۴ یہ کہنے والے کون تھے؟ بعض نے کہا ہے کہ مشرکینِ مکّہ نے یہ بات کہی تھی۔ کیونکہ وُہ سرے سے ہندوستان کے برہمنوں کی طرح وحی اور نبوّت کے ہی قائل نہ تھے لیکن اِس پر یہ شبہ وارد ہوتا ہے کہ ان کے نظریہ کی تردید حضرت موسیٰؑ پر نزولِ تورات سے درست نہیں۔ کیوں کہ وُہ تو موسیٰؑ کی نبوّت کے بھی قائل نہ تھے۔ اور جمہور کا یہ خیال ہے کہ یہ بات یہود نے کہی تھی لیکن اس پر شبہ یہ وارد ہوتا ہے کہ یہود یہ کیوں کر کہہ سکتے تھے کہ کوئی اِنسان نبی نہیں ہو سکتا۔ حالاں کہ وُہ حضرت موسیٰؑ اور صدہا دُوسرے انبیاء کی نبوّت کو تسلیم کرتے تھے۔ نیز یہ سُورۃ مکّی ہے اور مکّہ میں یہود موجود ہی نہ تھے۔ تو ان سے یہ مکالمہ کیسے ہوا۔ اِس لیے اِس آیت کی وضاحت ضروری ہے۔ حقیقت یُوں معلوم ہوتی ہے کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے نبوّت اور نزُولِ وحی کا دعویٰ کیا تو اہلِ مکّہ کے لیے یہ بالکل انوکھی چیز تھی۔ وُہ اِس بات کے قائل ہی نہ تھے کہ کوئی نبی بھی خُدا کی طرف سے مبعُوث ہوتا ہے اور اس پر خدا کی طرف سے وحی بھی آتی ہے۔ پہلے پہل تو اُنھوں نے صاف اِنکار ہی کر دیا۔ لیکن جب آیاتِ قرآنی کا جمال ان کے دِلوں کو لبھانے لگا اور حضوؐر کی رُوح پرور سیرت انھیں اپنی طرف مائل کرنے لگی تو وُہ اب مسئلہ کو سوچنے پر مجبُور ہو گئے۔ اور اِس مشکل کو حل کرنے کے لیے اُنھوں نے یہودِ یثرب کی طرف رجُوع کیا۔ ان کوتاہ اندیشوں کو حضوؐر کی نبوت میں اپنی محرومی اور ذِلّت نظر آ رہی تھی۔ اُنھیں اپنے ہاتھوں اپنا تاج اُتار کر دُوسرے کے سر پر رکھنا کب گوارا تھا۔ چنانچہ اُنھوں نے ازراہِ عناد و حسد اپنے مسلّمات اور نظریات کے خلاف اُنھیں کہلا بھیجا کہ اَے اہلِ حرم! تم اس شخص کو ہرگز نبی نہ ماننا۔ ہم اپنے علم کی بنا پر تمھیں بتاتے ہیں کہ خُدا نے آج تک کسی اِنسان پر وحی نہیں بھیجی تو یہ اِنسان ہو کر کیسے اِس بات کا دعویٰ کرتے ہیں کہ وُہ نبی ہیں اور وحی

شَيْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّ

کوئی چیز (یعنی وحی)، آپ پوچھئے کس نے اُتاری تھی وُہ کتاب جسے لے آئے تھے موسیٰؑ (جو سراسر) نُور تھی اور (سراپا)

هُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ

ہدایت تھی لوگوں کے لیے تم نے بنا لیا ہے اسے الگ الگ کاغذ ۱۱۵ ظاہر کرتے ہو اسے اور چھپا لیتے ہو (اس کا) بہت سا (حصّہ)

وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ

اور تمھیں سکھایا گیا جو نہ تم جانتے تھے اور نہ تمھارے باپ دادا آپ فرما دیجئے اللہ! پھر چھوڑ دیجئے انھیں ۱۱۶

خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ

(تاکہ وُہ اپنی بیہودہ باتوں میں کھیلتے رہیں اور یہ (قرآن) کتاب ہے ہم نے اُتارا ہے اس کو ۱۱۷ بابرکت ہے تصدیق کرنے والی ہے

سے مشرف ہیں۔ ان یہود کے ردّ میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اگر تمھارا یہ قول درست ہے تو پھر موسیٰ علیہ السّلام بھی تو انسان تھے ان پر وحی کیسے نازل ہوئی۔ اور تورات کون لایا؟ جب موسیٰ علیہ السّلام پر تورات نازل ہوئی حالانکہ وُہ اِنسان تھے تو حضور پُرنور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم پر قرآن کے نازل ہونے میں کیا شک ہے۔

۱۱۵ یہود کے اِس قول کی تکذیب کرنے کے بعد ان کی مزید مذمت کی جا رہی ہے کہ تم تو وُہ ناشکرے اور احسان فراموش ہو کہ تورات جیسی سراپا نُور و ہدایت کتاب کو تم نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ جس حصّہ کو اپنی خواہشات اور اغراض کے مطابق پایا اسے اپنا لیا اور جس حصّہ کو اپنے دُنیاوی مقاصد سے متصادم محسوس کیا اسے چھپا دیا۔ کیا وحی الٰہی کے امینوں اور رسالتِ موسوی کے وارثوں کو یہ بات زیب دیتی ہے؟

۱۱۶ اے حبیبؐ! ان سے زیادہ بحث مباحثہ کی ضرورت نہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ یہ کتاب اللہ تعالیٰ نے مجھ پر نازل فرمائی ہے۔ تمھارے انکار سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔ یہ کہہ کر انھیں ان کے حال پر چھوڑ دیجئے اللہ تعالیٰ ان کو کیفرِ کردار تک پہنچائے گا۔

۱۱۷ اِس کتاب کی متعدّد صفات اور خصوصیات بیان ہو رہی ہیں جس کے بارے میں اہلِ مکّہ اِس کشمکش میں مبتلا تھے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے بھی یا نہیں۔ فرمایا یہ مبارک ہے یعنی برکت والی ہے۔ برکت کا معنی ہے الزيادة والنماء کسی تھوڑی چیز کا زیادہ ہو جانا۔ کسی چھوٹی چیز کا بڑا ہو جانا۔ اُمّتِ اِسلامیہ کی ساری تاریخ قرآن کی اِس ایک صفت کی جلوہ گاہ ہے۔ عرب کے اَن پڑھ ساربان وسیع ملکوں اور عظیم قوموں کی زمامِ اقتدار اپنے ہاتھ میں لیتے ہیں اور ساری دُنیا عدل و انصاف اور پاکیزگی اور تقویٰ کے نُور سے جگمگا اُٹھتی ہے۔ وُہ ایک ایک کوڑی کے لیے انسانی جان ضائع کرنے والا

بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

اس (وحی) کی جو اس سے پہلے (نازل ہوئی) اور اس لیے تاکہ ڈرائیں آپ مکّہ (والوں) کو اور جو اس کے اردگرد ہیں اور جو ایمان لاتے ہیں

بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَمَنْ

آخرت کے ساتھ وُہ ایمان رکھتے ہیں اس پر (بھی) اور وُہ اپنی نماز کی پابندی کرتے ہیں اور کون

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ

زیادہ ظالم ہے ۱۱۸ اس سے جو بہتان باندھے اللہ پر جھوٹا یا کہے کہ وحی کی گئی ہے میری طرف حالانکہ نہیں وحی

اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ

کی گئی اُس کی طرف کچھ بھی اور (کون زیادہ ظالم ہے اس سے) جو کہے کہ میں (بھی) نازل کروں گا ایسا ہی (کلام) جیسے نازل کیا ہے اللہ نے کاش تم دیکھو جب

بھوکا بدّو اِتنا سیر چشم اور دل کا غنی ہو جاتا ہے کہ کسریٰ کے محلّات کی ثروت اور بیش قیمت ساز و سامان اس کی حفاظت میں مدینہ طیّبہ بھیجا جاتا ہے اور اس میں ایک سُوئی کی خیانت بھی نہیں ہوتی۔ سنگدل اعرابی اِس کتاب کے اثر سے اِتنا رحیم و کریم ہو جاتا ہے کہ وُہ اس خیمہ کو اُکھاڑنا بھی گوارا نہیں کرتا جس میں ایک فاختہ نے انڈے دے رکھے ہیں۔ اس کتاب کی دُوسری خصُوصیّت یہ ہے کہ یہ سابقہ کتابوں اور انبیاء کی تصدیق کرتی ہے اور ان کتابوں کے ماننے والوں اور مخالفین کے ہاتھوں ان میں جو ردّ و بدل ہو گیا ہے اس کا پتہ بتاتی ہے۔ اور اِس کتاب کی سب سے بڑی خصُوصیّت یہ ہے کہ یہ اہلِ مکّہ اور اس کے شرق و غرب اور جنوب و شمال میں پھیلی ہوئی ساری اِنسانی دُنیا کو خدا کے عذاب سے اور بدکاریوں کے طبعی نتائج سے ڈراتی ہے۔ اَے مکّہ کے دانشورو! تم خود سوچو جو کتاب اِن خوُبیوں کی حامل ہو۔ اور جس کے پیشِ نظر سارے عالمِ انسانیّت کی اِصلاح ہو اور جس کے اثر سے ان وحشیوں اور درندہ صِفت بدّوؤں سے ایک ایسی جماعت بھی تیار ہو چکی ہو جو اللہ تعالیٰ کے ہر حکم کی تعمیل میں سرگرم ہو کیا یہ کسی اِنسان کی بنائی ہوئی کتاب ہو سکتی ہے۔ یقیناً یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جو اس نے اپنی ساری مخلوق کی ہدایت کے لیے اپنے مُصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء پر نازل فرمائی ہے۔

۱۱۸ واقعی اس شخص سے بڑھ کر اور کون ظالم اور نوعِ اِنسانی کا دُشمن ہو سکتا ہے جو اپنی من گھڑت باتوں کو وحیِ الٰہی کہہ کر لوگوں کے سامنے پیش کرے اور ان پر ایمان لانے کی دعوت دے یا یہ دعوےٰ کرے کہ کلامِ الٰہی کی طرح میں کلام نازل کر سکتا ہوں۔ جو بدنصیب ایسے گستاخوں کے جال میں پھنس جاتے ہیں وُہ تباہ و برباد ہو جاتے ہیں اور بعض دُوسرے لوگ ان کے کلام کی لغویّت اور بے ہُودگی سے متنفّر ہو کر وحیِ الٰہی سے متنفّر ہو جاتے ہیں۔ یہ کتنا بڑا نقصان اور خسارہ ہے۔

الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا

ظالم ۱۱۹ موت کی سختیوں میں (گرفتار) ہوں اور فرشتے بڑھائے ہوں (ان کی طرف) اپنے ہاتھ (اور انہیں کہیں کہ) ۱۲۰ نکالو

اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى

نکالو اپنی جانوں کو۔ آج تمھیں دیا جائے گا ذلّت کا عذاب اس وجہ سے کہ تم بہتان لگاتے تھے اللہ تعالیٰ

اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا

پر ناحق اور تم اس کی آیتوں (کے ماننے) سے تکبّر کیا کرتے تھے اور بے شک آگئے ہو تم ہمارے پاس ۱۲۱ اکیلے

فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ

اکیلے اکیلے جیسے ہم نے پیدا کیا تھا تمھیں پہلی دفعہ اور تم چھوڑ آئے ہو جو ہم نے عطا فرمایا تھا تمھیں اپنے پیچھے

وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ

اور ہم نہیں دیکھتے تمھارے ساتھ ان سفارشیوں کو جن کے متعلق تم خیال کرتے تھے کہ وُہ تمھارے معاملہ میں (ہمارے) شریک ہیں

۱۱۹ ان گستاخوں اور بیباکوں کے حسرت ناک انجام کا ذکر ہو رہا ہے۔ غمرات کا واحد غمرۃ ہے۔ غمرۃ اس کو کہتے ہیں جو کسی چیز کو ڈبو دے اور اس کو ڈھانپ لے ومنه غمرۃ الماء۔ یہاں غمرات سے مقصود موت کی سختیاں اور تکلیفیں ہیں۔
۱۲۰ حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ مرتے وقت کافر کی رُوح کو کہا جائے گا اس کے بدن سے نکلو اس حال میں کہ تم خود بھی اس مفارقت پر ناراض ہو اور خدا بھی تم پر ناراض ہے۔ نکلو عذاب الٰہی کی سختیوں کی طرف۔ ایتها النفس الخبيثة اخرجي ساخطة مسخوطة عليكِ الى عذاب الله۔ اگرچہ جسم سے رُوح کو ملک الموت نکالے گا لیکن زجرو توبیخ کے لیے اُنھیں یہ کہا جائے گا۔
۱۲۱ فرادی کا واحد فردان ہے جیسے سکاری کا سکران۔ اور بعض اہل لغت کا خیال ہے کہ اس کا واحد فرد ہے۔ اس کا معنی ہے اکیلے اکیلے (قرطبی) خوّلنا ای اعطینا۔ وُہ ظالم جو خود نبوّت کا جھوٹا دعویٰ کرتے تھے اور کہتے تھے کہ ایسی وحی تو ہم بھی اُتار سکتے ہیں ان کی حالت ذرا قیامت کے دن دیکھنے کے قابل ہوگی۔ تن تنہا بے یار و مددگار بارگاہ ربّ ذو الجلال میں پیش کیے جائیں گے۔ اور وُہ جھوٹے خدا جن کی وُہ عمر بھر پرستش کرتے رہے ان کا وہاں نام و نشان تک نہ ہوگا وُہ گھرے تعلقات اور بڑی بڑی توقعات سب ختم ہو کر رہ جائیں گی۔ شفعاءکم سے مُراد

لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٩٥﴾ إِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ

بے شک ٹوٹ گئے تمہارے سارے رشتے اور کھو گئے تم سے جو تم دعوے کیا کرتے تھے بے شک اللہ تعالیٰ ہی ۱۲۲

الْحَبِّ وَالنَّوٰى ۖ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۚ

پھاڑنے والا ہے دانے اور گٹھلی کو نکالتا ہے زندہ کو مُردہ سے اور نکالنے والا ہے مُردہ کو زندہ سے ۱۲۳

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَأَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٩٦﴾ فَالِقُ الْإِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا

یہ ہے اللہ ۱۲۴ پس کدھر تم بھکے چلے جا رہے ہو وُہ نکالنے والا ہے صبح کو (رات کی تاریکی سے) ۱۲۵ اور بنایا ہے اس نے رات کو آرام کے لیے

وُہ بُت ہیں جن کی وُہ عبادت کیا کرتے تھے اور اُنھیں خدا کا شریک بناتے تھے۔ یرید الاصنام وکان المشرکون یقولون الاصنام شرکاء اللہ وشفعاء نا عندہ (القرطبی) مُراد بُت ہیں۔ مشرک کہا کرتے کہ ان کے بُت اللہ کے شریک اور ان کے شفیع ہیں۔

۱۲۲؎ الفلق الشق فلق کا معنی ہے چیرنا۔ اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کے وُہ کرشمے جن کا ہم ہر وقت مشاہدہ کرتے ہیں ان کا ذکر کر کے ان میں غور و فکر کی دعوت دی جا رہی ہے اور پُوچھا جا رہا ہے کہ اے عقل کے دُشمنو! یہ بتاؤ کہ عبادت کے لائق وُہ ذاتِ والاصفات ہے جس کی قدرت کے یہ کرشمے ہیں کہ وُہ خشک دانے اور سخت گٹھلی کو چیر کر اس سے سرسبز پودے اور بلند و بالا درخت اُگاتا ہے۔ یا وُہ بےبس اور بے جان پتھر وغیرہ کے بُت جنھیں اپنی بھی خبر نہیں۔ گندم کے دانے کا دِل چیر کر کس طرح گندم کا پودا نکلتا ہے جس کی کئی بالیں ہوتی ہیں اور ہر بال پر الگ الگ خوشہ ہوتا ہے جس میں سینکڑوں دانے مضبوط غلافوں میں لپٹے ہُوئے ظاہر ہوتے ہیں۔ یہ سب کچھ اس چھوٹے سے دانے میں سے کیونکر نکلا۔ اور اب تک اس میں کیونکر سمٹا رہا۔ آم کی چھوٹی سی گٹھلی سے اتنا بڑا درخت کیسے پیدا ہو گیا۔ اگر انسان اسی میں تامّل کرے تو حقیقت روشن ہو جاتی ہے۔

۱۲۳؎ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا دُوسرا اعجاز۔ بے جان انڈے سے جاندار مُرغی اور قطرۂ آب سے زندہ انسان۔ یا بد سے نیک اور نیک سے بد۔

۱۲۴؎ ذٰلکم مبتدا۔ اللہ خبر ہے یعنی اللہ اور معبودِ برحق تو وُہ ذات ہے جس کی قدرت کے یہ کرشمے ہیں۔ تعجّب ہے تم پر اگر اس کے بعد بھی تم دُوسروں کو خدا سمجھتے رہو۔

۱۲۵؎ صبح، صباح اور اصباح تینوں ہم معنی ہیں (قرطبی) سکناً کا معنی ہے آرام اور راحت کا وقت۔ ای محلاً للسکون (قرطبی) حسباناً ای بحساب یتعلق بہ مصالح العباد (قرطبی) یعنی اس حساب اور اندازے سے سُورج اور چاند کی حرکت مقرر فرما دی ہے جس سے دِن، مہینے اور سال بنتے ہیں۔ جس سے گرمی، سردی، بہار اور خزاں کے موسم

وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٩٧﴾ وَهُوَ

اور (بنایا ہے) سُورج اور چاند کو حساب کے لیے یہ اندازہ ہے (مقرر کیا ہُوا) سب سے زبردست، سب کچھ جاننے والے کا اور وُہی ہے

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ

جس نے بنایا ہے تمھارے لیے ستاروں کو تاکہ سیدھی راہ معلوم کر سکو اُن سے خشکی اور سمندر کے اندھیروں میں

قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٩٨﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ

بے شک ۱۲۶ہم نے کھول کر بیان کر دیئے ہیں دلائل ان لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں اور وُہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو ایک

نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ

جان سے ۱۲۷پھر (تمھارے لیے) ایک ٹھیرنے کی جگہ ہے اور ایک امانت رکھے جانے کی بے شک ہم نے تفصیل سے بیان کر

ظہور پذیر ہوتے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہر طرح مُستفید ہوتی ہے۔ پہلی آیت میں دانہ اور گٹھلی جو بظاہر معمولی چیزیں ہیں ان کا ذکر فرمایا تھا۔ اِس آیت میں نظامِ شمسی کے دو اہم ستاروں سُورج اور چاند کا ذِکر ہو رہا ہے۔ بتانا یہ ہے کہ کارخانۂ ہستی کی ہر چھوٹی بڑی چیز اسی کی قدرتِ کاملہ کا کرشمہ ہے۔ اسی کی حکمت اور علم نے ان کے لیے ایسے اندازے اور ضابطے مقرر کر دیئے ہیں جن کے وُہ پابند ہیں اور سب اُس کے حکم کی تعمیل اور اس کے فرمان کی بجا آوری میں سرگرمِ عمل ہیں۔ اور زندگی کی یہ ہما ہمی موجُود ہے۔

۱۲۶ یعنی اہلِ علم و دانش کے لیے کائناتِ ہستی کی ہر چیز میں توحید کی دلیلیں موجُود ہیں۔ چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی آپ کوئی چیز لیں اس کی وضع و قطع کی موزُونیت، اس کی خصوصیات، اس کے اَن گنت فوائد اور پھر سارے نظامِ عالم کے ساتھ اس کی وابستگی کو دیکھ کر اِنسان مجبُوراً کہہ اُٹھتا ہے کہ اس کے بنانے والی ذات بڑی قدرت، علم اور حکمت کی مالک ہے۔ جتنا علم زیادہ ہوگا اسی مُناسبت سے عرفانِ توحید زیادہ ہوگا۔

۱۲۷ زمین و آسمان کی مختلف اشیاء کے ذِکر کے بعد قدرت اپنے شاہکار حضرتِ اِنسان کا ذِکر کر رہی ہے کہ ان سب کا اصل الاصول اور جدِّ امجد ایک آدم ہے علیہ السّلام مستقر کا معنی ہے قرار پکڑنے کی جگہ۔ مستودع کہتے ہیں اُس جگہ کو جہاں کوئی چیز بطورِ امانت رکھی جاتی ہے۔ آیت میں اِن الفاظ سے کیا مُراد ہے۔ اس کے متعلق علما کے متعدّد اقوال ہیں بعض نے کہا کہ مُستقر سے مُراد ماں کا شکم ہے اور مُستودع سے باپ کی پیٹھ۔ بعض نے کہا کہ مستقر سے مراد زمین ہے جہاں اِنسان دُنیوی زندگی بسر کرتا ہے اور مستودع سے مُراد قبر ہے جہاں مرنے کے بعد حشر تک کا درمیانی عرصہ گزارنا ہوتا ہے۔

يَّفْقَهُوْنَ ﴿٩٩﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ

دی ہیں دلیلیں ان لوگوں کے لیے جو (حقیقت کو) سمجھتے ہیں اور وہی ہے ۱۲۸ جس نے اتارا بادل سے پانی تو ہم نے نکالی اس کے ذریعے اُگنے

كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَ

والی ہر چیز پھر ہم نے نکالیں اس سے ہری ہری بالیں نکالتے ہیں اس سے (خوشہ جس میں) دانے ایک دوسرے پر چڑھے ہوتے ہیں اور

مِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ

(نکالتے ہیں) کھجور سے یعنی اس کے گابھے سے گچھے نیچے جھکے ہوئے اور (ہم نے پیدا کیے) باغات انگور اور

وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ

زیتون اور انار کے بعض (شکل و ذائقہ میں) ایک جیسے ہیں اور بعض الگ الگ دیکھو ہر درخت کے پھل کی طرف

اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿١٠٠﴾ وَجَعَلُوْا

جب وہ پھل دار ہو اور (دیکھو) اس کے پکنے کو ۱۲۹ بے شک ان میں ۱۳۰ نشانیاں ہیں (اس کی قدرت کاملہ کی) اس قوم کے لیے جو ایمان لا رہی ہے اور بنایا

۱۲۸۔ اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کی اعجاز آفرینیوں کے ذکر کا سلسلہ جاری ہے۔ یہاں انسانی بقا کے لیے اس کی خوراک کا جو انتظام فرمایا گیا ہے اس کا بیان ہو رہا ہے۔ خضر بمعنی اخضر یعنی سرسبز ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد گندم، جو، مکی اور چاول کے پودے ہیں جن پر خوشے لگتے ہیں۔ قال ابن عبّاس يريد القمح والشعير والسلت والذرة والارز وسائر الحبوب (قرطبی) قِنْوَان جمع ہے قِنْوٌ یا قُنْوٌ کی اس کا معنی ہے گچھّہ۔

۱۲۹۔ یہاں دیکھنے سے مُراد سرسری دیکھنا نہیں بلکہ غور و تدبّر سے دیکھنا ہے تاکہ قدرت کی کرشمہ سازی اور اس کی حکمت کی پختہ کاری کے جلوے نظر آنے لگیں۔ يَنْعِه مصدر مضاف ہے ضمیر کی طرف اس کا معنی ہے پھل کا پکنا۔ قال الجوهري ينع الثمر يَيْنَعُ وَيَيْنِعُ يَنْعًا وَيُنْعًا وينوعًا اى نضج (القرطبی)

۱۳۰۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرا پہچاننا مشکل نہیں۔ تمہارے اُوپر اور نیچے، تمہارے دائیں اور بائیں میری مصنوعات اور تخلیقات کا جو بازار سجا ہوا ہے اسی میں غور کرو۔ ہر چیز یہ پکارتی ہوئی سنائی دے گی کہ وہ اپنی نیرنگیوں اور بوقلمونیوں سمیت خود بخود موجود نہیں ہو گئی بلکہ اس کا ایک بنانے والا ہے جو سب کچھ جاننے والا ہر چیز پر قدرت والا ہے۔ ذرا دیکھو بیج کا دانہ شق ہو رہا ہے۔ اس میں سے ایک نرم و نازک بال نکل آئی ہے۔ اسے آپ کمزور نہ سمجھئے یہ تو مٹی کی کئی

لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۭ بِغَيْرِ عِلْمٍ

اُنھوں نے ۱۳۱؎ اللہ کا شریک جنّوں کو حالانکہ اللہ نے پیدا کیا ہے انھیں اور گھڑ لیے ہیں اُنھوں نے اس کے لیے بیٹے اور بیٹیاں محض جہالت سے

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنّٰى

پاک ہے وُہ اور برتر ہے اس سے جو وُہ بیان کرتے ہیں موُجد ہے آسمانوں ۱۳۲؎ اور زمین کا کیوں کر

اِنچ موٹی تہ کو چیر کر نکلی ہے۔ یہ بڑھتی ہی چلی جارہی ہے۔ وُہ بال اَب ایک ننھے سے تنے میں تبدیل ہورہی ہے۔ ہوا کے تھپیڑوں کو برداشت کرنے کے لیے مناسب فاصلوں پر اس میں گرہیں ڈالی جارہی ہیں۔ اب اس کے سر پر ایک خوشہ سا نمُودار ہوگیا ہے۔ اس کی جیبیں اَب دانوں سے بھر گئی ہیں۔ یہ پودا جو پہلے ہرا بھرا اور نرم و نازک تھا اب اپنا رنگ تبدیل کر رہا ہے۔ غور کرنے والی آنکھ خود فیصلہ کرلے کہ کیا یہ اندھے مادے کی کاریگری ہے یا علیم و حکیم پروردگار کی صنعت کا اعجاز ہے۔ پھل لگنے سے لے کر پکنے تک اس کی مقدار، اس کی بُو اور اس کے ذائقہ میں آہستہ آہستہ موقع بموقع جو تبدیلیاں رُونما ہوتی رہتی ہیں اسی پر انسان غور کرے تو حقیقت واضح ہوجائے گی۔ اس آیت میں "انظر" کے معنی سرسری دیکھنے کے نہیں بلکہ غور و فکر سے دیکھنے کے ہیں۔ ای نظر اعتبار لا نظر الابصار المجرد عن التفکر (قرطبی) میں یہ کہنے سے باز نہیں رہ سکتا کہ جس قوم کی آسمانی کتاب نے اُسے کائنات کی ہر چیز میں فکر و تدبّر کرنے کی ترغیب دلائی وُہی قوم اس میدان میں سب سے پیچھے نظر آرہی ہے۔ کیا ملّتِ اسلامیہ کے نوجوان اپنا مقام پہچانیں گے۔ اپنا فریضہ ادا کرنے کے لیے کمرِہمّت باندھیں گے۔ اپنے اولوالعزم اسلاف کی طرح لگاتار محنت مسلسل جدوجہد کو اپنا شعار بنائیں گے۔ اس طرح صرف وُہ خود ہی شہرت کے آسمان پر مہر و ماہ بن کر نہیں چمکیں گے بلکہ اپنی ملّت کا نام بھی روشن کردیں گے۔ اور انسانیت کی قیادت ایک بار پھر ان ہاتھوں میں آجائے گی جنھیں کنتم خیر امۃ کا اعزاز بخشا گیا ہے۔

۱۳۱؎ ان مشرکین کی حماقت کی کوئی حد ہے کہ اُنھوں نے جنوں کو جو اُن جیسی مخلوق ہیں خدا کا شریک بنایا ہوا ہے۔ مزید برآں اس کے لیے بیٹے اور بیٹیاں گھڑلی ہیں۔ یہ ایسی خرافات تھیں جن میں اہلِ عرب کے علاوہ اور قومیں بھی مبتلا تھیں۔ عیسائی حضرت عیسٰی علیہ السّلام کو اور بعض یہود حضرت عزیر علیہ السّلام کو خدا کا بیٹا اور مشرکینِ عرب فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں یقین کرتے تھے۔ نعوذ باللہ۔

۱۳۲؎ بدیع اُس پیدا کرنے والے کو کہا جاتا ہے جس نے کوئی نمونہ سامنے رکھے بغیر کسی چیز کو پیدا کیا ہو۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کی صفت ہے کیونکہ اسی نے آسمان اور زمین کو بغیر کسی سابقہ مثال اور نمونہ کے تخلیق فرمایا۔ وُہ ہر چیز کا خالق ہے اور ہر چیز اس کی مخلوق ہے۔ خالق اور مخلوق کے درمیان صرف عبُودیّت اور بندگی کا ہی رشتہ ہے۔ فرزندی یا قرابت کا کوئی رشتہ نہیں۔ کیوں کہ جس نے محض اپنی قدرت سے زمین اور آسمان کو پیدا کردیا اسے اب بیٹوں اور دُوسرے رشتہ داروں اور سہاروں کی

يَكُونُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ

ہو سکتا ہے اس کا کوئی لڑکا حالانکہ نہیں ہے اس کی کوئی بیوی ۔ اور پیدا فرمایا ہے اس نے ہر چیز کو اور وہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۲﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ

ہر چیز کو اچھی طرح جاننے والا ہے یہ اللہ ہے (جو) تمہارا پروردگار ہے نہیں کوئی خدا سوائے اس کے ۔ پیدا کرنے والا ہے ہر

شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۳﴾ لَا تُدْرِكُهُ

چیز کا پس عبادت کرو اس کی اور وہ ہر چیز پر نگہبان ہے نہیں گھیر سکتیں اسے ۱۳۳

ضرورت نہیں ۔ اور اگر تم اپنے اُجڈ پنے سے اُس کی اولاد بنانے پر مُصر ہو تو پہلے یہ بتاؤ کہ اس کی بیوی کون ہے جس کے بطن سے اس کی یہ اولاد ہوئی ۔ اور جب اس کی بیوی ہی نہیں تو اولاد کہاں سے آگئی ۔

۱۳۳ ادراک کا معنی ہے کسی چیز کو گھیر لینا اس کا احاطہ کر لینا ۔ الادراك بمعنى الاحاطة والتحديد (قرطبی) اور یہ ظاہر ہے کہ احاطہ صرف اس چیز کا کیا جا سکتا ہے جو محدود ہو اور کسی خاص سمت میں پائی جاتی ہو ۔ اور اللہ تعالیٰ کی ذات نہ تو محدود ہے اور نہ کسی خاص جہت میں موجود ۔ اس لیے اس کا احاطہ کرنا ناممکن ہے ۔ ہاں دنیا کی اور ہر چیز کتنی بڑی سے بڑی کیوں نہ ہو اس کا کوئی گوشہ اللہ تعالیٰ کے علمِ محیط سے باہر نہیں ہو سکتا ۔ معتزلہ اور خوارج نے اس آیت سے یہ اخذ کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا دیدار اس دنیا میں اور آخرت میں ناممکن ہے ۔ لیکن ان کا یہ استنباط غلط ہے ۔ کیونکہ قرآن کی دوسری آیات صاف بتا رہی ہیں کہ قیامت کے دن مومنین کو دیدارِ الٰہی ہوگا ۔ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ (بعض چہرے اس روز شگفتہ ہوں گے اور اپنے ربّ کی طرف دیکھ رہے ہوں گے) اور اگر یہ محال عقلی ہو تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کبھی دیدار کا سوال نہ کرتے ۔ کیونکہ نبی کی شان سے یہ بعید ہے کہ ایسی بات کا سوال کرے جو محال ہو ۔ نیز احادیثِ صحیحہ اور جلیل القدر صحابہؓ اور علماء امت کے اقوال سے ثابت ہے کہ معراج کی رات اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے دیدار سے مشرف فرمایا ۔ مروان نے حضرت ابوہریرہؓ سے پوچھا هل رای محمد ربه ؟ کیا مصطفےٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا فقال نعم ۔ تو حضرت ابوہریرہؓ نے جواب دیا ہاں ۔ حضرت ابن عباسؓ کا بھی یہی قول ہے ۔ حضرت احمدؒ بن حنبل سے اس کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا ۔ انا اقول بحديث ابن عباس : بعينه راه راه حتى انقطع نفسه : میرا تو وہی قول ہے جو ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ آپ نے اپنی آنکھوں سے اپنے رب کو دیکھا اپنی آنکھوں سے دیکھا ۔ یہ لفظ امام احمدؒ نے اتنی بار دہرایا کہ آپ کا سانس ٹوٹ گیا ۔ وكان الحسن يحلف بالله الذى لا اله الا هو لقد راى محمد ربه : حضرت حسن بصریؒ فرمایا کرتے مجھے اس خدا کی قسم جس کے بغیر کوئی خدا نہیں حضور علیہ السلام نے اپنے ربّ

الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿١٠٤﴾ قَدْ

نظریں اور وُہ گھیرے ہُوئے ہے سب نظروں کو اور وُہ بڑا باریک بین (اور) پُوری طرح باخبر ہے بے شک

جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ

آئیں تمھارے پاس آنکھیں کھولنے والی دلیلیں اپنے رب کی طرف سے [١٣٤] تو جس نے آنکھوں سے دیکھا تو اُس نے اپنا فائدہ کیا اور جو اندھا بنا رہا

فَعَلَيْهَا ۗ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿١٠٥﴾ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَ

تو اُس نے اپنا نقصان کیا اور نہیں ہُوں میں تم پر نگہبان اور اسی طرح ہم طرح طرح سے بیان کرتے ہیں (توحید کی) دلیلوں کو

لِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿١٠٦﴾ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ

اور تاکہ بول اُٹھیں یہ لوگ کہ آپ نے خوب پڑھ سُنایا ہے [١٣٥] اور تاکہ ہم واضح کر دیں اس کو اُس قوم کیلیے جو علم رکھتی ہے پیروی کیجیے آپ اس کی جو وحی کی جاتی ہے

کا دیدار کیا ہے۔ اگر کوئی شخص مُصِر ہو کہ آیت میں ادراک کا معنی دیکھنا ہی ہے تو اس کا جواب بھی علماء کرام نے دیا ہے کہ عام نگاہیں اللہ تعالیٰ کو نہیں دیکھ سکتیں۔ ہاں جب اللہ تعالیٰ کسی کو اپنے شرفِ دیدار سے مشرّف کرنا چاہتا ہے تو اس میں ایسی قوت پیدا کر دیتا ہے جس سے وُہ دیدار کر سکتا ہے۔ جیسے حضور کریم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم المعنی لا تدركه الابصار المخلوقة فی الدنیا لکنه یخلق لمن یرید کرامته بصرا وادراکا یراه به کمحمد علیه السّلام (القرطبی)

؎ مُوسیٰؑ زہوش رفت زیک جلوۂ صفات
تو عین ذات می نگری در تبسّمی

[١٣٤] بصائر بصیرت کی جمع ہے جس طرح جسم کے لیے بصر (بینائی) ہے اسی طرح نفس و رُوح کے لیے بصیرت ہے۔ وھی للنفس کالبصر للبدن (بیضاوی) اور یہاں اس سے مُراد روشن دلیلیں ہیں یعنی بالبصیرة الحجة البینة الظاهرة (القرطبی) اس آیت کا مقصد یہ ہُوا کہ تمھاری ہدایت اور رہنمائی کے لیے روشن دلیلیں آگئی ہیں۔ اگر تم ان کی روشنی میں چلو گے تو اس میں تمھارا ذاتی فائدہ ہے کیوں کہ اس طرح دین اور دُنیا کی عزّتوں سے سرفراز کیے جاؤ گے۔ اور اگر آنکھیں بند رکھو گے تو خود ہی ہلاکت کے گڑھے میں گرو گے کسی کا کیا بگڑے گا۔

[١٣٥] درس ؎ دراسة سے مشتق ہے۔ اس کا معنی ہے کسی کو پڑھ کر سُنانا (القرآة علی الغیر) مقصد یہ ہے کہ اگر ہم اپنی توحید کی دلیلوں کو صرف ایک ہی بار بیان کرتے تو کوئی سُنتا کوئی نہ سُنتا، کوئی سمجھتا اور کوئی نہ سمجھتا۔ اور اگر ایک ہی آیت کا بار بار تکرار ہوتا تو شاید کوئی اُکتا جاتا۔ اس لیے ہم ان دلائل کو مختلف رنگوں اور متعدد اسلوبوں سے بیان کرتے ہیں تاکہ آپ کے مخاطب یہ اعتراف کرنے پر مجبور ہو جائیں کہ واقعی آپ نے پُوری طرح دلیلیں ہمیں پڑھ کر سُنائی ہیں اور سمجھانے کا حق ادا کر

إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ۖ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٠٧﴾ وَ

آپ کی طرف آپ کے رب کی طرف سے نہیں کوئی معبود بجز اس کے ۱۳۶ اور منہ پھیر لو مشرکوں کی طرف سے اور

لَوْ شَآءَ اللَّهُ مَآ أَشْرَكُوا ۗ وَمَا جَعَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۖ وَمَآ أَنتَ

اگر چاہتا اللہ تعالیٰ تو وہ شرک نہ کرتے اور نہیں بنایا ہم نے آپ کو ان پر نگہبان اور نہیں ہیں

عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ ﴿١٠٨﴾ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ

آپ ان کے ذمہ دار اور تم نہ بُرا بھلا کہو ۱۳۷ انھیں جن کی یہ پرستش کرتے ہیں اللہ کے سوا

اللَّهِ فَيَسُبُّوا اللَّهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ كَذَٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ أُمَّةٍ عَمَلَهُمْ

(ایسا نہ ہو) کہ وہ بھی بُرا بھلا کہنے لگیں اللہ کو زیادتی کرتے ہوتے جہالت سے۔ یونہی آراستہ کر دیا ہے ہم نے ہر امّت کے لیے ان کا عمل

ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِم مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٠٩﴾ وَ

پھر اپنے رب کی طرف ہی لوٹ کر آنا ہے اُنھوں نے پھر وہ اُنھیں بتائے گا جو وہ کیا کرتے تھے اور

دیا ہے۔ آیت کے اور مطالب بھی بیان کیے گئے ہیں لیکن یہ قول سب سے عمدہ ہے۔ قال النحاس قول حسن (قرطبی)

۱۳۶ آپ کفّار کی گمراہی پر ملول اور غمگین نہ ہوں۔ آپ نے فہمائش کا حق ادا کر دیا۔ آپ زیادہ توجہ احکامِ الٰہی کی بجا آوری کی طرف دیا کریں۔ ای لاتشغل قلبك وخاطرك بهم بل اشتغل بعبادة الله (قرطبی)

۱۳۷ مبلّغ اگر صحیح تربیت یافتہ نہ ہو تو اپنے نظریات اور عقائد کی تبلیغ و اشاعت کے جوش میں وہ حدِّ اعتدال سے تجاوز کر جاتا ہے اور معقولیّت کا دامن اس کے ہاتھ سے چھوٹ جاتا ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس کے نظریات اور عقائد کے متعلق اس کے سامعین کے دلوں میں نفرت اور تعصّب پیدا ہو جاتا ہے اور بسا اوقات نوبت گالی گلوچ تک پہنچ جاتی ہے۔ اس آیت سے مبلّغینِ اسلام کی تربیت مقصود ہے تاکہ وہ اسلام کی دعوت کو پوری شائستگی اور متانت سے پہنچانے کے لیے تیار ہو جائیں۔ اُنھیں حکم دیا کہ مشرکین کے باطل خداؤں کو بُرا بھلا نہ کہو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ مشتعل ہو کر تمھارے معبودِ برحق کی جناب میں گستاخی کرنے لگیں۔ اس انداز سے اُنھیں اسلام کا پیغام پہنچاؤ اور اُن کے عقائدِ باطلہ کی تردید کرو کہ اُنھیں تمھاری دعوت قبول کرنے کے بغیر کوئی چارہ کار ہی نہ رہے۔ عدوا ای جهلا واعتداء جہالت اور زیادتی سے۔ علماء اصول نے اس آیت سے سدِ ذرائع کا قاعدہ اخذ کیا ہے جس کا مختصراً مطلب یہ ہے کہ ہر مباح کام جب کسی معصیت کا سبب بن جائے تو اس کو ترک کر دیا جائے گا۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ

وُہ قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی ۱۳۸ پُوری کوشش سے کہ اگر آگئی ان کے پاس کوئی نشانی تو ضرور ایمان لائیں گے

بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ

اس کے ساتھ۔ آپ فرمائیے کہ نشانیاں تو صرف اللہ ہی کے پاس ہیں اور (اے مسلمانو!) تمھیں کیا خبر کہ جب یہ نشانی آجائے گی تو

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۱۰ وَنُقَلِّبُ اَفْئِدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ

(تب بھی) یہ ایمان نہیں لائیں گے۔ اور ہم پھیر دیں گے ۱۳۹ ان کے دلوں کو اور ان کی آنکھوں کو جس طرح وُہ نہیں

يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝۱۱۱ ع

ایمان لاتے تھے اس کے ساتھ پہلی مرتبہ اور ہم چھوڑ دیں گے انھیں کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں۔

۱۳۸ے کفار قریش نے ایک بار حضور نبی کریمؐ کی خدمت میں عرض کی کہ آپ ہمیں بتاتے ہیں کہ موسیٰؑ اپنا عصا مار کر پتھر سے پانی کے چشمے جاری کر دیا کرتے تھے۔ عیسیٰؑ مُردوں کو زندہ کر دیا کرتے تھے۔ اور ثمود کے پاس ایک اُونٹنی تھی۔ آپ بھی ہمیں کوئی نشانی دکھائیے تاکہ ہم آپ کی تصدیق کریں۔ حضورؐ نے فرمایا کون سی نشانی چاہتے ہو۔ کہنے لگے کہ اگر یہ صفا کی پہاڑی سونا بن جائے تو ہم ایمان لائیں گے۔ حضورؐ نے دُعا کی تو جبریلؑ حاضر ہوئے اور آکر کہا کہ اگر آپ چاہیں تو صفا کی پہاڑی ابھی سونا بن جائے۔ لیکن جس نے اس کے بعد بھی انکار کیا اُسے اللہ تعالیٰ ہلاک کر دے گا۔ یا آپ انھیں اپنے حال پر رہنے دیں تاکہ جس وقت کوئی چاہے تائب ہو جائے اور اسلام قبول کرے تو حضورؐ نے فرمایا بل يتوب تائبهم یعنی مجھے دُوسری صُورت پسند ہے۔

۱۳۹ے یعنی ان کا یہ کہنا درست نہیں کہ آج تک ہمیں کوئی نشانی اور معجزہ نہیں دکھایا گیا اس لیے ہم ایمان نہیں لاتے بلکہ پیش ازیں بھی اُنھوں نے قدرتِ خداوندی کی نشانیاں اور معجزات دیکھے لیکن محض ہٹ دھرمی اور عناد کی وجہ سے اُنھوں نے اسلام کو قبول نہیں کیا۔ اب بھی اگر کوئی معجزہ انھیں دکھایا جائے گا تو یہ اپنے سابقہ دستور کے مطابق قبولِ حق کے لیے آمادہ نہیں ہوں گے۔ اور ہم بطورِ سزا ان کے دِلوں کو حق کی طرف سے پھیر دیں گے اور ان کی آنکھوں سے دیکھنے کی قوّت چھین لی جائے گی۔ پھر وُہ گمراہی اور ضلالت کی تاریکیوں میں بھٹکتے پھریں گے۔

وَلَوْ أَنَّنَا نَزَّلْنَآ إِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا

اور اگر ہم ۱۴۰؎ اُتارتے اُن کی طرف فرشتے اور باتیں کرنے لگتے اُن سے مُردے (قبروں سے اُٹھ کر) اور ہم جمع کر دیتے

عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا إِلَّآ أَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ

ہر چیز کو ان کے رُوبرو تب بھی وُہ ایمان نہ لاتے مگر یہ کہ چاہتا اللہ تعالیٰ ۱۴۱؎

وَلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا

لیکن اکثر ان میں سے (بالکل) جاہل ہیں اور اسی طرح بنا دیئے ۱۴۲؎ ہم نے ہر نبی کے لیے دُشمن

۱۴۰؎ کفارنت نئے معجزہ کی فرمائش کرتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اگران سب کی فرمائشیں پُوری کر بھی دی جائیں فرشتے آسمان سے اُتر کر ان کے پاس آکھڑے ہوں ۔مُردے قبروں سے نکل کر ان سے باتیں کرنے لگیں۔ اور ہر چیز ان کے سامنے آموجود ہو تو پھر بھی یہ ایمان نہیں لائیں گے کیونکہ ان کے دِلوں میں تلاشِ حق کا جذبہ ہی نہیں ۔ہدایت کی طلب ہی نہیں ایسے لوگوں کا راہِ راست پر آنا ممکن نہیں۔

۱۴۱؎ ہاں ان کے ایمان لانے کی ایک صُورت ہے کہ اُن سے اختیار اور ارادہ کی قوّت سلب کر لی جائے اور انھیں مجبورِ محض بنا کر ایمان لانے کا حکم دیا جائے لیکن ایسا کرنا منظور نہیں کیونکہ حکمت الٰہی کا یہ منشا نہیں کہ انسان بھی دُوسرے حیوانوں کی طرح عقل و خرد، سوچ بچار، ارادہ و اختیار سے یکسر محروم ہو کر پابندِ احکام بن جائے لیکن اکثر لوگ اس حقیقت سے ناواقف ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ انھیں کوئی ایسا معجزہ دِکھایا جائے جس کو دیکھنے کے بعد وُہ بے اختیار ہو کر اسلام کو قبول کر لیں۔

۱۴۲؎ شیاطین سے مُراد ہر سرکش اور نافرمان خواہ انسان ہو یا جنّ ۔ والشیطان کل عات متمرد من الانس والجن وهذا قول ابن عبّاسؓ (کبیر) سرکش انسانوں اور جنّوں کی باہمی وسوسہ اندازی کو وحی کے لفظ سے اس لیے تعبیر کیا گیا ہے کیونکہ یہ سب باتیں بڑی رازداری سے ہوتی ہیں وسمی وحیا لانه انمایکون خفیة (قرطبی) زخرف القول کا معنی ہے ملمّع شدہ باتیں جن کی حقیقت کچھ نہ ہو۔ لیکن ظاہر اتنا دلکش اور نظر فریب ہو کہ انسان خود بخود اس کی طرف کھچا چلا جائے ۔عدوّ (واحد) اعداء (جمع) کے معنی میں ہے۔ اس کی متعدّد نظیریں قرآنِ کریم میں نیز فصحاء عرب کے کلام میں ملتی ہیں ۔قرآنِ کریم میں ہے۔ او الطفل الذین لم یظهروا علی عورات النساء یہاں طفل جمع کے معنی میں مستعمل ہوا ہے ۔اسی طرح ابن الانباری نے ایک شعر پڑھا ہے

اذا انا لم انفع صدیقی بوده فان عدوی لن یضرهموا بغضی (رازی)

شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَ الْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ

(یعنی) سرکش انسان اور جن جو چپکے چپکے سکھاتے تھے ایک دوسرے کو خوش نما باتیں

الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَ مَا

(لوگوں کو) دھوکہ دینے کے لیے اور اگر چاہتا آپ کا رب تو وہ یہ نہ کرتے سو چھوڑ دیجئے انھیں اور جو وہ بہتان

يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَلِتَصْغٰۤى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

باندھتے ہیں اور (چھوڑیئے) تاکہ مائل ہو جائیں اس کی طرف ان کے دل جو نہیں ایمان لاتے

بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اَفَغَيْرَ

آخرت پر ۱۴۳؎ اور تاکہ پسند کریں اسے اور کرتے رہیں جو گناہ وہ اب کر رہے ہیں (آپ ان سے پوچھئے) کیا

اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ

اللہ کے سوا ۱۴۴؎ میں تلاش کروں کوئی اور منصف حالانکہ وہی ہے جس نے اُتاری ہے تمھاری طرف کتاب مفصّل

یہاں عدو بمعنی اعداء استعمال ہوا ہے۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ عدوا شیاطین الانس والجن کی ترکیب کیا ہے بعض نے عدوا کو مبدل منہ بنایا ہے شیاطین الخ کو بدل۔ اور بعض علماء کے نزدیک شیاطین الخ جعلنا کا مفعول اوّل ہے اور عدوا مفعول ثانی ہے۔ آیت کریمہ کا مفہوم یہ ہے۔ اے حبیب! یہ نابکار جو آپ کو تنگ کرتے ہیں بات بات پر اعتراض۔ قدم قدم پر شرارت اور اسلام کو زک پہنچانے کے لیے ہر وقت آپس میں صلاح مشورے کرتے رہتے ہیں اور آپ کی مخالفت پر ایک دوسرے کو اُکساتے رہتے ہیں یہ کوئی انوکھی بات نہیں۔ قدیم سے یہی دستور چلا آتا ہے اس لیے آپ ان سازشوں کو خاطر میں نہ لایئے اور ان سازشیوں کے متعلق فکر نہ کیجئے۔

۱۴۳؎ یہ جملہ یُوحِی کے ساتھ متعلق ہے یعنی باطل کے سربراہ باطل نظریات کو جس دلفریب اور پُرکشش انداز میں پیش کرتے ہیں۔ اس سے مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ لوگ جنھیں قیامت پر ایمان نہیں وہ ان کے دامِ فریب میں پھنس جائیں اور وہ غلط راستہ جو اُنھوں نے اپنے لیے پسند کر لیا ہے اس پر دوڑتے چلے جائیں۔

۱۴۴؎ کفّار مطالبہ کرتے تھے کہ ہمیں ایسی نشانیاں دکھاؤ جس سے ہم فیصلہ کر سکیں کہ آپ سچے نبی ہیں۔ حضور کریم کو حکم ہوتا ہے کہ آپ ان سے پوچھئے کہ کیا اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر بھی کوئی سچا فیصلہ کرنے والا ہے جس کی طرف رجوع کیا جائے اور اگر

وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ

اور جن کو ہم نے دی ہے کتاب وُہ (اچھی طرح) جانتے ہیں کہ یہ (قرآن) اُتارا گیا ہے آپ کے رب کی طرف سے

بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا

حق کے ساتھ۔ تو (اے سننے والے) ہرگز نہ ہو جانا شک کرنے والوں سے اور مکمل ہو گئی آپ کے رب کی بات سچائی

وَّعَدْلًا ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۶﴾ وَاِنْ

اور عدل سے ۱۴۵؎ نہیں کوئی بدلنے والا اس کی باتوں کا اور وُہی ہے سب کچھ سننے والا جاننے والا اور (اے سننے والے) ۱۴۶؎ اگر

تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ

تو اطاعت کرے اکثر لوگوں کی جو زمین میں ہیں تو وُہ تجھے بہکا دیں گے اللہ کی راہ سے وُہ نہیں

يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ

پیروی کرتے سوائے گمان کے اور نہیں ہیں وُہ مگر محض تخمینے لگاتے ہیں بے شک آپ کا رب خوب

اللہ کا فیصلہ صحیح تسلیم کرتے ہو تو اُس نے تو قرآن جیسی معجز نما کتاب نازل کر کے میری صداقت کا فیصلہ فرما دیا ہے۔ مزید اطمینان کی ضرورت ہو تو یہود و نصاریٰ سے دریافت کر لو۔ ان کے پاس جو آسمانی کتابیں ہیں اُن میں جگہ جگہ میری نبوّت اور قرآن کے کلامِ الٰہی ہونے کی شہادتیں موجود ہیں حَکَم اور حاکم کا ایک ہی معنی ہے فیصلہ کرنے والا۔ لیکن فرق یہ ہے کہ حاکم ہر فیصلہ کرنے والے کو کہتے ہیں صحیح کرے یا غلط۔ لیکن حکم صرف صحیح فیصلہ کرنے والے کو کہتے ہیں۔

۱۴۵؎ کلمہ سے مُراد یہاں قرآنِ حکیم ہے۔ کیونکہ اہلِ لغت نے تصریح کی ہے کہ وُہ کلماتِ کثیرہ جو ایک مقصد سے متعلق ہوں ان کو بسا اوقات کلمہ (واحد) کہہ دیا جاتا ہے جس طرح زہیر کا قصیدہ جو کثیر اشعار کا مجموعہ ہے اسے کلمہ زہیر بھی کہہ دیتے ہیں۔ یہاں قرآنِ حکیم کی چند صفات بیان کی گئی ہیں وُہ تام یعنی مکمّل ہے۔ اپنے لانے والے کی نبوّت کی مکمّل دلیل ہے جو زندگی کا ضابطہ اس نے پیش کیا ہے اس کا کوئی پہلو نا تمام نہیں۔ دُوسری صفت یہ ہے کہ وُہ سراپا حق و صداقت ہے جو کچھ اس نے بتایا ہے وُہ سچ ہے۔ تیسری صفت یہ ہے کہ جو شرعی احکام اوامر و نواہی قرآن میں ہیں وُہ سر تا پا عدل و انصاف ہیں۔ اور آخری صفت یہ بیان فرمائی کہ اس میں ردّ و بدل نہیں ہو سکتا۔

۱۴۶؎ باطل نظریات کے علمبردار خود نورِ یقین سے محرُوم ہیں۔ ان کا سارا دار و مدار قیاس و گمان پر ہے۔ ان کے پاس

اَعۡلَمُ مَنۡ يَّضِلُّ عَنۡ سَبِيۡلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُهۡتَدِيۡنَ ﴿۱۱۸﴾ فَكُلُوۡا

جانتا ہے کہ کون بہکتا ہے اس کی راہ سے اور وُہ خوب جانتا ہے ہدایت پانے والوں کو۔ تو کھاؤ

مِمَّا ذُكِرَ اسۡمُ اللّٰهِ عَلَيۡهِ اِنۡ كُنۡتُمۡ بِاٰيٰتِهٖ مُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۱۹﴾ وَمَا

اس میں سے لیا گیا ہے نام خدا جس پر اگر تم اس کی آیتوں پر ایمان لانے والے ہو ۱۴۷ اور کیا ہوا

لَكُمۡ اَلَّا تَاۡكُلُوۡا مِمَّا ذُكِرَ اسۡمُ اللّٰهِ عَلَيۡهِ وَقَدۡ فَصَّلَ لَكُمۡ

تمھیں کہ نہیں کھاتے ہو تم اس جانور کو لیا گیا ہے اللہ کا نام جس پر ۱۴۸ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے مفصّل بیان کر دیا ہے

مَّا حَرَّمَ عَلَيۡكُمۡ اِلَّا مَا اضۡطُرِرۡتُمۡ اِلَيۡهِ ؕ وَاِنَّ كَثِيۡرًا لَّيُضِلُّوۡنَ

تمھارے لیے جو اس نے حرام کیا تم پر مگر وُہ چیز کہ تم مجبور ہو جاؤ اس کی طرف اور بے شک بہت سے لوگ گمراہ کرتے ہیں

بِاَهۡوَآئِهِمۡ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُعۡتَدِيۡنَ ﴿۱۲۰﴾

اپنی خواہشوں سے بے علمی کے باعث بے شک آپ کا رب خوب جانتا ہے حد سے بڑھنے والوں کو ۱۴۹

کوئی ٹھوس اور علمی دلیل نہیں۔ اگر تم ان کے بہکانے سے بہک گئے اور قرآن کی ان یقینی براہین و دلائل کو نظر انداز کر دیا تو تم گمراہ ہو جاؤ گے۔

۱۴۷ کفّار مسلمانوں پر اعتراض کیا کرتے تھے کہ یہ عجیب لوگ ہیں جس چیز کو اللہ مار دے اسے تو حرام سمجھتے ہیں اور جسے یہ خود ذبح کریں اُسے حلال جانتے ہیں اس کے متعلق فرمایا کہ یہ شیطانی وسوسے ہیں۔ ان کا یہ کہنا ہی سرے سے غلط ہے کہ جو چیز خود مرے اُس کو خدا نے مارا اور جس کو ذبح کیا جائے اس کو ذبح کرنے والے نے مارا۔ ہر چیز کا مارنے والا اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ اس طرح تو پھر کوئی چیز بھی حرام نہ ہونی چاہیئے۔ ایسا نہیں بلکہ حلال و حرام کے لیے اللہ تعالیٰ کے احکام کی پابندی لازمی ہے۔ اپنے ڈھکوسلوں اور قیاس آرائیوں سے کام لینا ایمان کے خلاف ہے۔ جس حلال جانور کو اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کیا جائے وُہ حلال ہے اُسے بلا تامّل کھاؤ۔

۱۴۸ جو چیزیں حرام تھیں ان کے متعلق اللہ تعالیٰ نے آگاہ کر دیا۔ اب یہ کتنی جہالت اور حماقت ہے کہ جس چیز کو اللہ تعالیٰ نے حرام نہیں کیا اسے حرام سمجھا جائے۔ اور جس جانور کو کلمہ گو اللہ تعالیٰ کے نام سے ذبح کرے اس کو نہ کھایا جائے۔

۱۴۹ اس آیت میں وُہ لوگ غور کریں جو اس جانور کو حرام کہتے ہیں جسے اللہ کا نام لے کر ذبح کیا جاتا ہے اور اس وقت

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ

اور ترک کردو ظاہری گناہ کو اور چھپے ہوئے کو ۱۵۰؎ بے شک وہ لوگ جو کماتے ہیں گناہ (تو) جلدی ہی

سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ

سزا دی جائے گی انہیں (اس گناہ کی) جس کا وہ ارتکاب کیا کرتے تھے ۱۵۱؎ اور مت کھاؤ اس جانور سے کہ نہیں لیا گیا

اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى

اللہ کا نام اس پر ۱۵۲؎ اور اس کا کھانا نافرمانی ہے اور بے شک شیطان ڈالتے ہیں اپنے

کسی غیر کا نام نہیں لیا جاتا اور اس سے مقصد محض کسی بزرگ کو ایصالِ ثواب ہوتا ہے وہ غور کریں کہ کہیں وہ تو اس آیت کا مصداق نہیں؟

۱۵۰؎ ہر قسم کے گناہوں سے باز آنے کا حکم دیا جارہا ہے خواہ اُن کا تعلق اعضاءِ جسمانی سے ہو یا دل سے، خواہ اُن کا ارتکاب مجمع عام میں کیا جائے یا لوگوں سے چھپ کر۔ کیونکہ گناہ اپنی ذات یا سوسائٹی کے حقوق کو پامال کرنے کا نام ہے۔ اور اسلام کسی صورت میں بھی نہ اس کی اجازت دے سکتا ہے اور نہ اسے برداشت کر سکتا ہے۔ ایک پاک معاشرہ تب ہی معرضِ وجود میں آسکتا ہے جب اس کے افراد کے ظاہری اعضاء بھی کسی پر زیادتی نہ کریں اور اُن کے دل بھی بُرے خیالات سے پاک ہوں۔ اُن کی جلوت اور خلوت دونوں یکساں طور پر پاکیزہ ہوں۔ زمانۂ جاہلیت کے عرب چھپ کر زنا کرنے کو حلال سمجھتے تھے۔ آج بھی یورپ کا جاہلی تمدن گناہ کی اس تفریق کا قانونی طور پر معترف ہے۔ اسلام جس معاشرہ کی تشکیل کے لیے کوشاں ہے وہاں گناہ کی کوئی گنجائش نہیں۔ جلوت وخلوت یکساں طاہر، ظاہر وباطن دونوں پاک۔

۱۵۱؎ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان جمادات کی طرح بے اختیار و بے ارادہ نہیں۔ بلکہ اس کے افعال اس کے اختیار و ارادہ سے صادر ہوتے ہیں۔ اسی لیے اس کے اعمال کے متعلق اس سے بازپرس ہوگی۔ لیکن اس کا یہ اختیار اور ارادہ اسے اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت سے باہر نہیں کر دیتا۔ یہ ارادہ اسی کا عطا فرمودہ ہے۔

۱۵۲؎ پہلی آیت میں یہ حکم دیا گیا کہ اللہ تعالیٰ کی حلال کی ہوئی چیزوں کو حرام مت کہو۔ اس آیت میں حکم دیا کہ اللہ تعالیٰ کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حلال مت سمجھو۔ وہ جانور جو خود مر گیا وہ بھی حرام ہے اور جسے ذبح کیا گیا لیکن دانستہ اس پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا یا اللہ کے نام کے ساتھ کسی اور کا نام بھی لے دیا گیا تو وہ بھی حرام ہے۔

اَوْلِيٰٓـئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

دوستوں کے دلوں میں (اعتراضات) تاکہ وُہ تم سے جھگڑیں۔ اور اگر تم نے ان کا کہنا مانا تو تم مشرک ہو جاؤ گے ۱۵۳

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي

کیا وُہ جو (پہلے) مُردہ تھا ۱۵۴ پھر زندہ کیا ہم نے اُسے اور بنا دیا اس کے لیے نور چلتا ہے جس کے اُجالے میں لوگوں

النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ۭ كَذٰلِكَ

کے درمیان وُہ اُس جیسا ہو سکتا ہے جو اندھیروں میں پڑا ہو نہیں نکلنے والا ان سے۔ یُونہی

زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ

آراستہ کر دیئے گئے کافروں کے لیے وُہ اعمال جو وُہ کیا کرتے تھے اور اسی طرح ہم نے بنایا ۱۵۵ ہر بستی

قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ۭ وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ

میں اس کے بڑے لوگوں کو وہاں کے مجرم تاکہ وُہ مکروفریب کیا کریں اس میں۔ اور نہیں فریب دیتے مگر اپنے آپ کو

۱۵۳ اس آیت سے معلوم ہوا کہ جو شخص اللہ کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حلال یقین کرتا ہے وُہ مشرک ہو جاتا ہے فدلت الاٰیۃ علیٰ ان من استحل شیئا مما حرم اللہ تعالیٰ صاربہ مشرکا (قرطبی) حضرت صدر الافاضل رقم طراز ہیں "کیونکہ دین الٰہی میں حکم الٰہی کو چھوڑنا اور دُوسرے کے حکم کو ماننا اور اللہ کے سوا دُوسرے کو حاکم قرار دینا شرک ہے۔" (خزائن العرفان)

۱۵۴ اس آیت میں موت سے مُراد کفر وجہالت ہے اور زندگی سے مُراد ہدایت اور علم ہے اور نور سے مُراد قرآن حکیم ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ وُہ انسان جو پہلے کفر وجہالت کی موت مر چکا ہو اسے اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل وکرم سے ہدایت اور علم کی زندگی مرحمت فرمائے اور دُنیا کے اس ظلمت کدہ میں اس کے پاس قرآن کی روشن شمع ہو جس کی روشنی میں وُہ اپنی منزل مقصود کی طرف بڑھا چلا جا رہا ہو۔ کیا اس خوش نصیب کے ساتھ وُہ بد نصیب برابری کا دعویٰ کر سکتا ہے جو گمراہی کی تہ در تہ ظلمتوں میں حیران وسرگرداں ہو اور ان سے باہر نکلنے کا کوئی راستہ اسے نہ مل رہا ہو۔

۱۵۵ مجرمیہا مفعول اوّل ہے جعلنا کا اور اکابر مفعول ثانی ہے۔ مکّہ کے رئیس اور سردار حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے خلاف نت نئی شرارت اُٹھاتے۔ کبھی کوئی الزام کبھی کوئی بہتان۔ مقصد یہ ہوتا کہ لوگ آپ سے متنفّر رہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے مُصطفٰے علیہ التحیۃ والثناء کو فرماتے ہیں کہ ہمیشہ سے ایسا ہی ہوتا چلا آیا ہے۔ شہر کے چودھری اور رئیس اپنے اثر ورسوخ کو

وَمَا يُشْعِرُونَ ﴿١٢٤﴾ وَإِذَا جَاءَتْهُمْ آيَةٌ قَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ حَتَّىٰ

اور وُہ (اس بات کو) نہیں سمجھتے اور جب آئے ان کے پاس ١٥٦ کوئی نشانی کہتے ہیں ہم ہرگز ایمان نہ لائیں گے جب تک

نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ ۘ اللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ

ہمیں بھی ویسا ہی نہ دیا جائے جیسے دیا گیا اللہ کے رسولوں کو ۔ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے (اس دِل کو) جہاں وُہ رکھتا ہے

رِسَالَتَهُ ۗ سَيُصِيبُ الَّذِينَ أَجْرَمُوا صَغَارٌ عِنْدَ اللَّهِ وَعَذَابٌ

اپنی رسالت کو عنقریب پہنچے گی جنھوں نے جُرم کیے ذِلّت ١٥٧ اللہ کے ہاں اور عذاب

شَدِيدٌ بِمَا كَانُوا يَمْكُرُونَ ﴿١٢٥﴾ فَمَنْ يُرِدِ اللَّهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ

سخت بوجہ ان مکروں کے جو وُہ کیا کرتے تھے اور جس (خوش نصیب) کے لیے ارادہ فرماتا ہے اللہ کہ ہدایت دے اسے تو کشادہ کر دیتا ہے

بحال رکھنے کے لیے پیغمبروں کے خلاف الزامات لگاتے چلے آتے ہیں اور لوگوں کو انبیا سے دُور رکھنے کے لیے سارے جتن کرتے رہے ہیں ۔ اور وہ اپنی نادانی کے باعث اس چیز کو نہ سمجھ سکے کہ وُہ اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہیں اور اپنے ہاتھوں اپنی عاقبت برباد کر رہے ہیں ۔

١٥٦ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے نبوّت کا دعویٰ فرمایا تو مکہ کا رئیس ولید بن مغیرہ کہنے لگا ۔ لَوْ كَانَتِ النُّبُوَّةُ حَقًّا لَكُنْتُ أَوْلَىٰ بِهَا مِنْكَ لِأَنِّي أَكْبَرُ مِنْكَ سِنًّا وَأَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا (قرطبی) یعنی اگر نبوّت کی کچھ حقیقت ہوتی تو میں آپ سے نبوّت کا زیادہ مستحق تھا ۔ میں عمر میں آپ سے بڑا ہوں اور مالدار بھی آپ سے زیادہ ہوں اور ابو جہل وغیرہ متکبّر کہتے کہ ہم سُنی سنائی بات پر ایمان لانے والے نہیں ہم تو تب مانیں گے کہ جس طرح ان پر وحی نازل ہوتی ہے اُسی طرح وحی ہم پر بھی نازل ہو ۔ اللہ تعالیٰ ان کے ردّ میں فرماتا ہے کہ میں ہی بہتر جانتا ہوں کہ کونسا دِل اس نورِ نبوّت کو برداشت کر سکتا ہے اور کس میں اس بارِ گراں کے اُٹھانے کی ہمّت ہے ۔ مال و دولت اور جاہ و منزلت اور کبر سنی نبی بننے کا کوئی معیار نہیں ۔

١٥٧ تاریخ شاہد ہے کہ جن مغروروں نے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی مخالفت سے توبہ نہ کی ان کی ساری عظمت خاک میں مل گئی اور وُہ ذلیل و خوار ہو گئے ۔ اور قیامت کے دن جو عذاب انھیں دیا جائے گا اس کا تو ابھی وُہ تصوّر بھی نہیں کر سکتے ۔

صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا

اس کا سینہ اسلام کے لیے ۱۵۸ اور جس (بدنصیب) کے لیے ارادہ فرماتا ہے کہ اسے گمراہ کر دے تو بنا دیتا ہے اس کے سینہ کو

حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِی السَّمَآءِ ؕ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ

تنگ بہت تنگ ۱۵۹ گویا وہ زبردستی چڑھ رہا ہے آسمان کی طرف اسی طرح ڈال دیتا ہے اللہ تعالیٰ ناپاکی

عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ قَدْ

ان پر جو ایمان نہیں لاتے ۱۶۰ اور یہ ہے راستہ آپ کے رب کا (بالکل) سیدھا ہم نے

۱۵۸ جب اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ کسی کو ہدایت عطا فرمادے تو اس کے سینہ کو قبول حق کے لیے کشادہ کر دیتا ہے وہ اپنے دل میں حق کی طرف رغبت اور آمادگی محسوس کرتا ہے۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے کسی نے دریافت کیا کیف الشرح یارسول اللہ! شرح صدر کی کیا کیفیت ہے۔ تو حضورؐ نے فرمایا اَلْاِنَابَةُ اِلٰی دَارِ الْخُلُوْدِ وَالتَّجَافِیْ عَنْ دَارِ الْغُرُوْرِ وَالْاِسْتِعْدَادُ لِلْمَوْتِ قَبْلَ لِقَاءِ الْمَوْتِ۔ انسان آخرت کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔ اس دنیا سے اس کا دل متنفر ہو جاتا ہے اور موت کے آنے سے پہلے وہ موت کے لیے مکمل تیاری کر لیتا ہے۔ (روح)

۱۵۹ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے لفظ "حرج" کی تحقیق کے لیے بنی کنانہ کے ایک شخص کو بلایا اور اس سے پوچھا اے جوان حَرَجَة کس کو کہتے ہیں۔ قَالَ اَلْحَرَجَةُ فِيْنَا الشَّجَرَةُ تَكُوْنُ بَيْنَ الْاَشْجَارِ الَّتِیْ لَا تَصِلُ اِلَيْهَا رَاعِيَةٌ وَّلَا وَحْشِيَّةٌ وَّلَا شَیْءٌ۔ اس نے کہا حرجة ہمارے ہاں اس درخت کو کہتے ہیں جو گھنے درختوں کے جھنڈ میں ہوتا ہے جہاں کوئی چیز نہیں پہنچ سکتی۔ یہ سن کر حضرت فاروقؓ نے فرمایا۔ كَذٰلِكَ قَلْبُ الْمُنَافِقِ لَا يَصِلُ اِلَيْهِ شَیْءٌ مِّنَ الْخَيْرِ۔ منافق کا دل بھی ایسا ہی ہوتا ہے وہاں کوئی بھلائی نہیں پہنچ سکتی (روح) "حَرَجًا" کا معنی ہے بہت تنگ قال الزجاج اضیق الضیق مقصد یہ ہے کہ جب کسی کی پیہم سرکشیوں کے باعث اللہ تعالیٰ کی نظر عنایت اس کی طرف سے پھر جاتی ہے تو قبول حق سے اس کا دل بہت تنگ ہو جاتا ہے۔ حق کو تسلیم کرنے کا تصور کرتے ہی اس کی حالت ایسی ناگفتہ بہ ہو جاتی ہے جیسے کسی انسان کو آسمان کی طرف چڑھنے پر مجبور کیا جائے۔ جس طرح اس کا سانس پھول جاتا ہے۔ اوسان خطا ہو جاتے ہیں اور ایک بے بسی کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے اسی طرح اس بدنصیب کا حال ہوتا ہے۔

۱۶۰ رجس۔ پلیدی اور ناپاکی۔ جو لوگ ایمان نہیں لاتے بطور سزا ان پر ناپاکی مسلط کر دی جاتی ہے۔

فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ

کھول کر بیان کر دی ہیں دلیلیں ان لوگوں کے لیے جو نصیحت قبول کرتے ہیں ان کے لیے سلامتی کا گھر ہے ان کے ربّ کے ہاں

وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢٨﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ

اور وہی ان کا دوست ہے بسبب ان نیک اعمال کے جو وہ کیا کرتے تھے۔ اور جس دن جمع کرے گا اللہ تعالیٰ ان سب کو (اور فرمائے گا)

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ

اے جنّوں کے گروہ! بہت گمراہ کیا تم نے انسانوں کو اور کہیں گے ان کے دوست

مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ

انسانوں میں سے اے ہمارے ربّ! ١٦١ فائدہ اُٹھایا ہم نے ایک دُوسرے سے اور پہنچ گئے ہم اپنی اس میعاد کو جو

اَجَّلْتَ لَنَا ۭ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ

تُو نے ہمارے لیے مقرر کی تھی اللہ فرمائے گا ١٦٢ آگ تمہارا ٹھکانا ہے ہمیشہ رہو گے اس میں مگر جسے اللہ تعالیٰ ١٦٣ (نجات دینا) چاہے

١٦١۔ جب مجرموں کو اپنے جرائم کے انکار کی مجال نہ رہے گی تو وُہ اعترافِ جرم کرتے ہُوئے کہیں گے کہ ہم (جن و انس) ایک دُوسرے سے خُوب لُطف اندوز ہُوئے اور ساری عمر غفلت و نافرمانی میں برباد کر کے اب تیری جناب میں حاضر ہُوتے ہیں۔ جنّوں نے تو انسانوں سے یہ لُطف اُٹھایا کہ یہ اُنھیں بہکاتے گئے اور انسان بہکتے گئے۔ وُہ دام بچھاتے گئے یہ اس میں پھنستے گئے۔ اور انسانوں نے جنّوں سے یہ لُطف اُٹھایا کہ زنا، شراب، قتل و غارت وغیرہ سب گھناؤنے گناہ ان کی نگاہ میں بہت دلکش بن گئے اور اُنھوں نے متاعِ عقل و خرد کو طاقِ نسیاں پر رکھ دیا۔ ہر پند و موعظت سے کان بہرے کر دیئے اور خُوب دادِ عیش دی۔

١٦٢۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ تم نے مُہلت کے قیمتی لمحے میری نافرمانی میں ضائع کر دیئے۔ اب دوزخ تمہارے لیے تیار ہے تمھیں اس میں ہمیشہ رہنا ہو گا۔

١٦٣۔ حضرت ابن عبّاس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ یہ اِستثناء اہلِ ایمان کے لیے ہے اور ما بمعنی مَن ہے وقال ابن عباس الاستثناء لاهل الایمان فما علی هذا بمعنیٰ "مَن"۔ (قرطبی)

إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ﴿١٢٩﴾ وَكَذَٰلِكَ نُوَلِّي بَعْضَ الظَّالِمِينَ

بے شک آپ کا رب بڑا دانا سب کچھ جاننے والا ہے اور یونہی ۱۶۴؎ ہم مسلط کرتے ہیں بعض ظالموں کو

بَعْضًا بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿١٣٠﴾ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ أَلَمْ

بعض پر بوجہ ان (کرتوتوں) کے جو وہ کرتے رہتے تھے اے گروہ جنوں اور انسانوں کے! کیا نہیں

يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِي وَيُنذِرُونَكُمْ

آئے تمہارے پاس رسول تم ہی میں سے سناتے تھے تمہیں ہماری آیتیں اور ڈراتے تھے تمہیں تمہاری

لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا ۚ قَالُوا شَهِدْنَا عَلَىٰ أَنفُسِنَا ۖ وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ

اس دن کی ملاقات سے ۱۶۵؎ کہیں گے ہم گواہی دیتے ہیں اپنے خلاف اور دھوکہ میں مبتلا کیا تھا انہیں دنیوی

۱۶۴؎ بعض نے "نُوَلِّی" کا یہ معنی کیا ہے کہ دوزخ میں ظالموں کو اپنے اپنے گناہوں کی مناسبت سے دوزخ کے ایک درجہ میں اکٹھا کر دیں گے۔ لیکن علامہ قرطبی نے "نولی" کا معنی "نسلّط" کیا ہے۔ یہاں دھمکی دی جارہی ہے کہ اگر ظالم تائب نہ ہوئے اور ظلم و تعدی سے باز نہ آئے تو ان پر اور ظالم مسلط کر دیئے جائیں گے جو ان کو ذلیل وخوار اور تباہ وبرباد کر دیں گے۔ نسلّط بعض الظلمة علی بعض فیھلکه ویذله۔ (قرطبی)

حضرت فضیل بن عیاض فرماتے ہیں کہ جب تو ایک ظالم کو دوسرے ظالم سے انتقام لیتا ہوا دیکھے تو پھر ٹھیر جا اور تعجب سے یہ تماشا دیکھ۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اِذَا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْ قَوْمٍ وَلّٰی اَمْرَھُمْ خِیَارَھُمْ وَاِذَا سَخِطَ اللّٰہُ عَلٰی قَوْمٍ وَلّٰی اَمْرَھُمْ شِرَارَھُمْ۔ جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر خوش ہوتا ہے تو نیک آدمیوں کو ان کا حاکم بنا دیتا ہے۔ اور جب کسی قوم پر ناراض ہوتا ہے تو برے لوگوں کو ان کا حاکم بنا دیتا ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جو ظالم کی اعانت کرے گا اللہ تعالیٰ اسی ظالم کو اس پر مسلط کردے گا۔ مَنْ اَعَانَ ظَالِمًا سَلَّطَ اللّٰہُ عَلَیْہِ۔

۱۶۵؎ قیامت کا دن بہت طویل ہوگا اور اس میں مختلف حالات پیش آئیں گے۔ جب کفار مومنین کے انعام واکرام اور عزت ومنزلت دیکھیں گے تو اپنے کفر وشرک سے منکر ہو جائیں گے۔ اور اس خیال سے کہ شاید مکر جانے سے کچھ کام بنے یہ کہیں گے واللہ ربنا ماکنا مشرکین یعنی خدا کی قسم ہم مشرک نہ تھے۔ اس وقت ان کے مونہوں پر مہریں لگا دی جائیں گی اور ان کے اعضاء ان کے کفر وشرک کی گواہی دیں گے۔ اسی کی نسبت اس آیت میں ارشاد ہوا وشھدوا علیٰ انفسھم انھم کانوا کافرین (خزائن العرفان)

الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿١٣١﴾ ذٰلِكَ

زندگی نے اور گواہی دیں گے اپنے خلاف کہ وہ کفر کرتے رہے تھے یہ اس لیے

اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿١٣٢﴾

کہ نہیں ہے آپ کا رب ہلاک کرنے والا بستیوں کو ظلم سے[١٦٦] اس حال میں کہ ان کے باشندے بے خبر ہوں

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٣﴾

اور ہر ایک کے لیے درجے ہیں اُن کے عمل کے مطابق اور نہیں ہے آپ کا رب بے خبر اس سے جو وہ کرتے ہیں

وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْ

اور آپ کا پروردگار غنی ہے رحمت والا ہے[١٦٧] اگر چاہے تو لے جائے (تباہ کردے) تمھیں اور تمھاری جگہ لے آئے

١٦٦؎ جب کوئی بستی گمراہ ہو جاتی ہے اور فسق و فجور میں منہمک ہو جاتی ہے تو اچانک اس پر عذاب نازل نہیں کیا جاتا بلکہ سُنّتِ الٰہی یہ ہے پہلے ان کی طرف اللہ تعالیٰ کا پیغام سُنانے والے بھیجے جاتے ہیں جو ان کو سمجھاتے ہیں۔ اور اس گمراہی اور بدکاری سے باز آجانے کی نصیحت کرتے ہیں۔ اگر پھر بھی وہ گمراہی اور کجروی پر بضد رہیں تو عذاب نازل ہوتا ہے جو اُنھیں نیست و نابود کر دیتا ہے۔

١٦٧؎ شاید کوئی کم فہم اس غلطی میں مُبتلا ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ جو ہمیں اپنی طرف اتنی کوشش سے بُلا رہا ہے رسُول بھیجے جا رہے ہیں۔ کتابیں نازل کی جا رہی ہیں معجزات کا سلسلہ جاری ہے تو شاید اس کی کبریائی کا دارومدار اور اس کی خُدائی اور بادشاہی کا انحصار ہم پر ہے۔ اگر ہم نے اسے اپنا رب تسلیم کر لیا تو اُس کی خدائی قائم رہے گی۔ اور اگر اس کو ماننے سے انکار کر دیا تو اس کی عظمت و کبریائی میں فرق آجائے گا چنانچہ اس کا ازالہ کر دیا کہ وہ غنی ہے۔ اسے کسی کی حاجت نہیں۔ ہر چیز اُس کی محتاج ہے۔ ہاں اُس کی رحمت بے پایاں اور اس کی شفقت بے نہایت ہے اس کا تقاضا ہے کہ تمھیں ہلاکت کے گڑھے سے بچایا جائے اور تم میں جو صلاحیتیں ہیں اُن کی نشو و نما کے لیے ایسی شریعت عطا کی جائے جس پر عمل پیرا ہونے سے انسان اپنا اصلی مقام پہچان سکے۔

بَعۡدِكُمۡ مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنۡشَاَكُمۡ مِّنۡ ذُرِّيَّةِ قَوۡمٍ اٰخَرِيۡنَ ﴿۱۳۴﴾ اِنَّ مَا

تمہارے بعد جسے چاہے ۱۶۸؎ جیسے پیدا کیا تمہیں دُوسری قوم کی اولاد سے بے شک جس کا

تُوۡعَدُوۡنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ ﴿۱۳۵﴾ قُلۡ يٰقَوۡمِ اعۡمَلُوۡا

تم سے وعدہ کیا گیا ہے ۱۶۹؎ ضرور آنے والا ہے اور نہیں ہو تم (اللہ کو) عاجز کرنے والے ۔ آپ فرمائیے اے میری قوم! تم عمل کیے جاؤ

عَلٰى مَكَانَتِكُمۡ اِنِّىۡ عَامِلٌ ۚ فَسَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ۙ مَنۡ تَكُوۡنُ لَهٗ

اپنی جگہ پر میں اپنا کام کرنے والا ہوں ۱۷۰؎ تو تم جان لوگے کہ کس کے لیے ہوتا ہے اچھا انجام اس

عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفۡلِحُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۱۳۶﴾ وَجَعَلُوۡا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ

دُنیا کے گھر کا بے شک فلاح نہیں پاتے ظلم کرنے والے اور انھوں نے بنا رکھا ہے ۱۷۱؎ اللہ کے لیے اس سے

۱۶۸؎ اور اگر وُہ چاہے تو تمھیں مٹا ڈالے اور تمہارا نام ونشان بھی باقی نہ رہے ۔ اور جس طرح تمہارے باپ دادا کے یہاں سے رُخصت ہونے کے بعد تمھیں ان کا قائم مقام کردیا اور دُنیا کے سارے کاروبار جُوں کے توُں چلتے رہے اسی طرح وُہ قادرِ مطلق تمہارا جانشین کسی اور قوم کو بنادے گا اور دُنیا کی رونق میں کوئی کمی نہیں آئے گی ۔

۱۶۹؎ یعنی قیامت آکر رہے گی ۔

۱۷۰؎ آپ فرمایئے اے کفّار! اگر تم دینِ اسلام قبول نہیں کرتے اور اپنے شرک وکفر سے چمٹے رہنے پر بضد ہو تو تمہاری مرضی ۔ تم اپنا کام کرتے رہو میں اپنا فرض ادا کرتا رہوں گا اور موت کے تلخ گھونٹ سے جب تمہارا یہ خمار اُترے گا تو تمھیں خود ہی معلوم ہوجائے گا کہ کس کی دُنیوی زندگی کا اچھا نتیجہ برآمد ہوا اور کس کا بُرا ۔ "عاقبۃ الدار" کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ زمخشری لکھتے ہیں کہ تقدیرِ کلام یوں ہے العاقبۃ الحسنی التی خلق اللہ تعالٰی ھذہ الدار لھا ۔ (کشاف) اور لفظ دار سے مُراد دارِ دُنیا ہے نہ دارِ آخرت ۔ والمراد بالدار الدنیا لا دار السلام ۔ (روح)

۱۷۱؎ یہاں مُشرکینِ عرب کی حماقت اور جہالت کا ایک اور بیّن ثبوت پیش کیا جارہا ہے کہ وُہ کھیت جن کو اللہ تعالٰی نے اُگایا ہے اور وُہ مویشی جن کو اللہ تعالٰی نے پیدا کیا ہے ان میں سے کچھ حصّہ اللہ کے نام پر نکالتے ۔ اور اسے غریبوں، مسکینوں اور مہمانوں کے لیے خرچ کرتے اور کچھ بُتوں کے نام کا حصّہ نکالتے تھے اور اسے ان کے پجاریوں پر صرف کرتے تھے ۔ یہ بھی کچھ کم حماقت نہ تھی کہ اللہ تعالٰی کے حصّہ کی طرح جو ہر چیز کا خالق ہے ان بے جان بُتوں کا بھی حصّہ نکالا جائے لیکن اس سے بھی بڑھ کر حماقت یہ تھی کہ اگر اللہ تعالٰی کے حصّہ کا پھل زیادہ ہوتا یا جانور موٹا تازہ ہوتا تو اُسے بُتوں

مِنَ الْحَرْثِ وَ الْاَنْعَامِ نَصِیْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَ

جو پیدا فرماتا ہے فصلوں اور مویشیوں سے مقررہ حصّہ اور کہتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہے ان کے خیال میں اور

هٰذَا لِشُرَكَآىِٕنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآىِٕهِمْ فَلَا یَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَ

یہ ہمارے شریکوں کے لیے۔ تو وُہ (حصّہ) جو ہو ان کے شریکوں کے لیے تو وُہ نہیں پہنچتا اللہ تعالیٰ کو اور

مَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ یَصِلُ اِلٰى شُرَكَآىِٕهِمْ ؕ سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾

جو (حصّہ) ہو اللہ تعالیٰ کے لیے تو وُہ پہنچ جاتا ہے ان کے شریکوں کو۔ کیا ہی بُرا فیصلہ کرتے ہیں

وَ كَذٰلِكَ زَیَّنَ لِكَثِیْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ

اور یونہی خوش نما بنا دیا ہے بہت سے مشرکوں کے لیے اپنی اولاد کے قتل کرنے کو ان کے شریکوں نے

لِیُرْدُوْهُمْ وَ لِیَلْبِسُوْا عَلَیْهِمْ دِیْنَهُمْ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا

تاکہ ہلاک کر دیں انھیں اور مشتبہ کر دیں اُن پر اُن کا دین ۱۷۲ اور اگر چاہتا اللہ تعالیٰ تو ایسا

کے نام منتقل کر دیتے۔ اور اگر بُتوں کا حصّہ اچھا ہوتا تو اُسے اللہ تعالیٰ کے نام منتقل نہ کرتے۔ ساء ما یحکمون سے یہ بتایا کہ ان کی جہالت اور حماقت کا کیا ٹھکانا کہ جو مالک اور خالق ہے اس کے حصّہ میں تو آئے ردّی چیز اور جن کا کوئی عمل دخل نہیں اُن کو ملے عمدہ اور بہترین چیز۔ کیا اس سے بڑھ کر بھی کوئی نادانی ہے۔

۱۷۲ یہاں شریکوں سے مُراد وُہ شیاطین (جنّ و انس) ہیں جن کی اطاعت کے شوق میں مشرکین اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور اس کی معصیت گوارا کرتے تھے اور ایسے قبیح افعال اور جاہلانہ اعمال کے مُرتکب ہوتے تھے جن کو عقلِ صحیح کبھی گوارا نہ کر سکے اور جن کی قباحت میں ادنیٰ درجہ کے آدمی کو بھی تردّد نہ ہو۔ بُت پرستی کی شامت سے وُہ ایسے فسادِ عقل میں مُبتلا ہُوئے کہ حیوانوں سے بدتر ہو گئے۔ اور اولاد جس کے ساتھ ہر جاندار کو فطرۃً محبّت ہوتی ہے۔ شیاطین کے اتباع میں اس کا بے گناہ خُون کرنا اُنھوں نے گوارا کیا اور اس کو اچھا سمجھنے لگے۔ (خزائن العرفان حضرت صدر الافاضل)

فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣٨﴾ وَقَالُوْا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ وَّ

نہ کرتے ۱۷۳ے تو چھوڑ دیجئے انھیں اور جو وہ بہتان باندھتے ہیں اور بولے ۱۷۴ے یہ مویشی اور

حَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَاَنْعَامٌ حُرِّمَتْ

کھیتی رُکی ہوئی ہے کوئی نہیں کھا سکتا انھیں سوائے اس کے جسے ہم چاہیں (یہ بات) اپنے گمان سے (کہتے ہیں) اور بعض مویشی

ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ؕ

ہیں، حرام ہیں جن کی پشتیں (سواری کے لیے) اور بعض مویشی ہیں کہ نہیں ذکر کرتے نام خدا ان (کی ذبح) پر (یہ سب محض) افترا ہے اللہ پر

سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣٩﴾ وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ

عنقریب سزا دے گا انھیں جو وہ بہتان باندھا کرتے تھے اور بولے ۱۷۵ے جو ان مویشیوں کے شکموں

الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ يَّكُنْ

میں ہے وہ نرا ہمارے مردوں کے لیے ہے اور حرام ہے ہماری بیویوں پر اور اگر وہ

۱۷۳ے اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو سب کو راہِ راست پر چلنے کے لیے مجبور کر دیتا۔ لیکن حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ انسان اپنے اختیار اور ارادہ سے حق کو قبول کرے یا اسے رد کرے۔ اسے مجبورِ محض بنا کر انسانیت کی مسندِ رفیع سے جمادات کی پستی میں پھینک نہ دیا جائے۔

۱۷۴ے مشرکین اپنی طرف سے باتیں گھڑتے اور پھر انھیں اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دیتے اور ان من گھڑت باتوں پر عمل اس طرح کرتے جیسے یہ کوئی بڑا کارِ ثواب ہو۔ مثلاً وہ کہتے کہ یہ حصہ جو بتوں کے لیے مخصوص ہے اس کا عام استعمال حرام ہے۔ اسے صرف وہی استعمال کر سکتا ہے جسے ہم اجازت دیں۔ مثلاً یہ کہ بت خانہ کے پجاری یا مرد ہی اسے کھا سکتے ہیں اوروں پر اس کا کھانا حرام ہے۔ اور جو جانور انھوں نے بتوں کے نام پر چھوڑ رکھے تھے ان پر سوار ہونے کو حرام سمجھتے۔ اور جن جانوروں کو وہ بتوں کے نام پر ذبح کرتے ان پر اللہ تعالیٰ کا نام لینا جائز نہ سمجھتے۔ اور ان من گھڑت خرافات کے متعلق دعویٰ یہ کرتے کہ اللہ تعالیٰ کا حکم اسی طرح ہے۔

۱۷۵ے کفار کی منجملہ جہالتوں میں سے ایک مروجہ جہالت یہ بھی تھی کہ بعض جانوروں (سائبہ اور بحیرہ) کے متعلق ان کا یہ عقیدہ تھا کہ ان کے پیٹ میں (دودھ یا بچہ) جو کچھ ہے اس کا استعمال مردوں کے لیے حلال ہے اور عورتوں کے لیے

مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ

مرا ہوا (پیدا) ہو تو پھر وہ سب (مرد و زن) اس میں حصہ دار ہیں۔ اللہ جلدی بدلہ دے گا انھیں ان کے اس بیان کا۔ بے شک وہ حکمت والا

عَلِيْمٌ ﴿۱۴۰﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ

علم والا ہے یقیناً نقصان اٹھایا جنھوں نے قتل کیا اپنی اولاد کو حماقت سے بغیر جانے ۱۷۶

وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا

اور حرام کر دیا جو رزق دیا تھا انھیں اللہ نے بہتان باندھ کر اللہ تعالیٰ پر بے شک وہ گمراہ ہو گئے اور نہ تھے وہ

مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ

ہدایت پانے والے اور وہ وہی ہے جس نے پیدا کیے ہیں ۱۷۷ باغات کچھ چھپروں پر چڑھائے ہوئے اور کچھ بغیر اس کے

وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا

اور کھجور اور کھیتی الگ الگ ہیں کھانے کی چیزیں ان کی اور زیتون اور انار (جو شکل میں) ایک جیسے

حرام اور اگر اسی جانور کے شکم سے مردہ بچہ پیدا ہو تو وہ مردوں اور عورتوں سب کے لیے حلال ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ عنقریب انھیں ان خرافات کی سزا دی جائے گی۔

۱۷۶ اس آیت سے صاف واضح ہو گیا کہ اپنے وہم و گمان سے قانون بنانا اور اللہ تعالیٰ کی حلال کی ہوئی چیزوں کو حرام سمجھنا انسان کے لیے تباہی و بربادی کا باعث ہے۔

۱۷۷ اللہ تعالیٰ کی حکمتِ بالغہ اور قدرتِ کاملہ کا اندازہ لگانا چاہو تو عالم نباتات میں ہی غور کرو۔ یہ مختلف قسم کے لذیذ پھل، یہ اونچے اونچے کھجور کے درخت، یہ لہلہاتے ہوئے کھیت جن کی اقسام کا شمار نہیں ہو سکتا جو کہیں رنگ اور شکل میں ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں تو بو اور ذائقہ میں الگ الگ ہیں۔ ایک انار کو لیجیے۔ غلاف کے اندر متعدد خانے ہیں جنھیں ابریشم سے بھی نرم پردوں سے الگ الگ کر دیا گیا ہے۔ ہر خانہ میں عقیق سے بھی زیادہ چمک دار دانے بڑی احتیاط سے لپیٹ کر رکھ دیئے گئے ہیں۔ ہر دانہ اپنے رنگ، ذائقہ میں ایک مکمل وحدت ہے۔ یہ سب کچھ غیر مبہم انداز میں بیان کر رہا ہے کہ ان کو رنگ و بو اور ذائقہ اور لذت عطا فرمانے والا بہت بڑا حکیم اور قادرِ مطلق ہے۔

وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوا مِنْ ثَمَرِهٖۤ اِذَاۤ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ

اور (ذائقہ میں) مختلف۔ کھاؤ اس کے پھل سے جب وُہ پھلدار ہو اور ادا کرو اس کا حق ۱۷۸؎ جس دن

حَصَادِهٖ ۖ وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۙ﴿۱۴۲﴾ وَمِنَ الْاَنْعَامِ

وُہ کٹے اور فضول خرچی نہ کرو ۱۷۹؎ بے شک اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا فضول خرچی کرنے والوں کو۔ اور (پیدا فرمائے بعض مویشی ۱۸۰؎

حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ

بوجھ اُٹھانے والے اور بعض زمین پر لٹا کر ذبح کرنے کے لیے۔ کھاؤ اس میں سے جو رزق دیا ہے تمھیں اللہ تعالیٰ نے اور نہ پیروی کرو

۱۷۸؎ بعض علماء کا خیال ہے کہ اس سے مُراد عشر ہے۔ یعنی جو کھیتی وغیرہ بارش سے سیراب ہو اس کا دسواں حصّہ اور جس کی نہر یا کنوئیں وغیرہ سے آبپاشی ہو اس کا بیسواں حصّہ (جس کی تفصیل کتب فقہ میں مذکور ہے) اور بعض نے یہ فرمایا کہ یہ آیت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس لیے اس آیت سے نفلی صدقہ مُراد ہے۔ ویرید به ما کان یتصدق به یوم الحصاد لا الزّکوٰۃ المقدرۃ لانها فرضت بالمدینه والایة مکیة وقبل الزکاۃ والایة مدنیة (بیضاوی)

۱۷۹؎ اسراف اور فضول خرچی ہر طرح کی ممنوع ہے۔ چنانچہ علماء کرام نے تصریح فرمائی ہے کہ فقراء اور مساکین کو دیتے وقت بھی میانہ روی کو ہاتھ سے نہ جانے دے اور ایسا نہ کرے کہ ہر چیز لٹا کر خود دوسروں کا دست نگر ہو جائے۔ تو جب اسلام نے کارِ خیر میں فضول خرچی سے منع کیا ہے تو دُوسرے کاموں میں فضول خرچی کو کب برداشت کیا جائے گا۔

۱۸۰؎ عالمِ نباتات میں اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کی آیاتِ بیّنات کا ملاحظہ کرانے کے بعد اب حق کے متلاشی کی توجہ مختلف حیوانات کی طرف مبذول کرائی جارہی ہے۔ حمولة سے مُراد وُہ بڑے بڑے جانور ہیں جو سواری اور بوجھ لادنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ ہاتھی، گھوڑے، اُونٹ وغیرہ اور فرش سے مُراد وُہ جانور ہیں جنھیں فرش پر لٹا کر ذبح کیا جاتا ہے اور ان کا گوشت کھایا جاتا ہے یا دُودھ دوہا جاتا ہے۔ وقال ابن زید الحمولة ما یرکب والفرش ما یؤکل لحمه ویحلب (قرطبی) ہر جانور کی شکل وصُورت، قدوقامت، خوراک اور عادات بالکل جُدا جُدا ہیں۔ اپنی بے پناہ قوت اور اُجڈپن کے باوجُود انھیں انسان کا مطیع بنا دیا گیا ہے تاکہ وُہ اس کا سامان اُٹھا کر دُور دراز کی مُسافتوں تک لے جائیں۔ اور اس کی ہر طرح کی خدمت بجا لائیں۔

الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٤٣﴾ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ

شیطان کے قدموں کی بےشک وُہ تمہارا کھلا دُشمن ہے (پیدا فرمائے) ۱۸۱ے آٹھ جوڑے بھیڑ سے

اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ ءٰۗالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ

دو (نر و مادہ) اور بکری سے دو (نر و مادہ) آپ پُوچھئے کیا دونوں نر ۱۸۲ے حرام کیے ہیں یا دونوں مادائیں

اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ

یا جسے لیے ہوتے ہیں (اپنے اندر) دو ماداؤں کے رِحم بتاؤ مجھے علم کے ساتھ اگر ہو تم

صٰدِقِيْنَ ﴿١٤٤﴾ وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ

سچے اور اُونٹ سے دو (نر و مادہ) اور گائے سے دو (نر و مادہ) آپ پُوچھئے

ءٰۗالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ

کیا دونوں نر حرام کیے ہیں یا دونوں مادہ یا جسے لیے ہُوئے ہیں (اپنے اندر) دو ماداؤں

۱۸۱ے یہ فعل مُضمر انشا کا مفعول ہے اور اخفش کے نزدیک یہ حمولۃ کا بدل ہے اور اِس لیے منصوب ہے اور بعض نے "کلوا" مُضمر کا اسے مفعول بنایا ہے (قرطبی) ضان بھیڑ کو کہتے ہیں جن پر اُون ہوتی ہے۔ ذوات الصوف من الغنم یہ جمع ہے اور اس کا واحد ضائن ہے اور مؤنث ضائنۃ ہے اور بعض کے نزدیک الضان ایسی جمع ہے جس کا کوئی واحد نہیں اور معز بکری وھی ذوات الاشعار من الغنم۔ یہ جمع ہے اور اس کا واحد ماعز ہے۔ اور اس کا مؤنث ماعزۃ ہے۔ (قرطبی)

۱۸۲ے جانوروں کی حِلّت وحُرمت کے متعلّق کفارِ عرب میں جو جاہلانہ طریقہ رائج تھا اس کا بطلان کیا جارہا ہے اور ان سے دریافت کیا جارہا ہے کہ جن جانوروں کو تم نے حرام سمجھ رکھا ہے ان میں حُرمت آئی کہاں سے؟ کیا اس لیے انھیں حرام سمجھتے ہو کہ وُہ نر ہیں یا اس لیے کہ وُہ مادہ ہیں۔ اگر یہ وجہ ہے تو پھر تمام نر یا تمام مادائیں حرام ہونی چاہئیں۔ بعض نروں کو حلال اور بعض کو حرام بعض ماداؤں کو حلال اور بعض کو حرام قرار دینا کہاں کی عقل مندی ہے اور یا ان کی حرمت کی وجہ یہ ہے کہ وُہ ماؤں کے شکموں میں ہیں۔ اگر ایسا ہے تو پھر نر اور مادہ کی تخصیص بھی بیکار ہوئی۔ پھر تو ہر جانور حرام ہونا چاہیئے خواہ نر ہو یا مادہ۔ کیونکہ ان میں سے ہر ایک شکم مادر میں رہا ہے۔ اور اگر ان کو حرام کرنے کی کوئی دلیل تمہارے

الْاُنْثَيَيْنِ ؕ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ

کے رحم ۔ کیا تم تھے موجود جب وصیت کی تمہیں اللہ نے اس بات کی تو اس شخص سے زیادہ ظالم

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

کون ہے جو بہتان باندھے اللہ تعالیٰ پر جھوٹا تاکہ گمراہ کرے لوگوں کو اپنی جہالت سے بے شک اللہ تعالیٰ

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ؑ ﴿۱۴۵﴾ قُلْ لَّاۤ اَجِدُ فِىْ مَاۤ اُوْحِىَ اِلَىَّ

ہدایت نہیں دیتا اس قوم کو جو ظالم ہے آپ فرمائیے میں نہیں پاتا ۱۸۳ اس (کتاب) میں جو وحی کی گئی

مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا

ہے میری طرف کوئی چیز حرام کھانے والے پر جو کھاتا ہے اسے مگر یہ کہ مُردار ہو یا (رگوں کا) بہتا ہوا خون

ع ۱۷

پاس نہیں تو پھر یہ کتنا ظلم ہے کہ جن جانوروں کو اللہ تعالیٰ نے حلال بنایا ہے تم بغیر کسی دلیل کے ان کو حرام بناتے ہو۔

۱۸۳ اس آیت کا مضمون بارہا پہلے گزر چکا۔ اس لیے قارئین مزید وضاحت کے لیے سورۃ بقرہ کی آیت نمبر ۱۷۳ کے حاشیہ کی طرف رجوع کریں۔ البتہ یہاں ایک چیز وضاحت طلب ہے۔ وُہ یہ کہ ظاہر آیت سے پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے صرف ان چار چیزوں کو حرام فرمایا ہے۔ ان کے علاوہ اور کوئی چیز حرام نہیں۔ حالانکہ ان کے علاوہ کثیر التعداد ایسی چیزیں ہیں جو حرام ہیں مثلاً شراب، درندے وغیرہ۔ اس ضمن میں مفسّرین کرام نے بڑی طویل بحثیں کی ہیں۔ ان کا حاصل یہ ہے کہ یہ آیت جمہور کے نزدیک مکّی ہے اور دُوسری اشیاء کی حرمت مدینہ طیّبہ میں نازل ہُوئی۔ تو اس آیت کا مطلب یہ ہُوا کہ اس وقت تک جو وحی ہُوئی ہے اس میں صرف ان چار چیزوں کی حرمت کا حکم دیا گیا ہے اور اس کے بعد وحی کا سلسلہ جاری رہا اور مُناسب اوقات پر حکمِ الٰہی سے اور چیزیں حرام ہوتی رہیں۔ یہاں تک کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ہر داڑھ سے چیر کر کھانے والے جانور اور پنجوں سے نوچ کر کھانے والے پرندے کو حرام کر دیا۔ واکل کل ذی ناب من السباع حرام (حدیث) ونھی عن اکل کل ذی مخلب من الطیر۔ (مُسلم) چنانچہ علّامہ قرطبی اس آیت کی وضاحت کرتے ہُوئے منجملہ دُوسرے اقوال کے یہ بھی لکھتے ہیں:۔ ای لا اجد فی ما اوحی ای فی ھذہ الحال حال الوحی ووقت نزولہ ثم لا یمتنع حدوث وحی بعد ذلک بتحریم اشیاء اخر۔ (قرطبی)

أَوْ لَحْمَ خِنْزِيرٍ فَإِنَّهُ رِجْسٌ أَوْ فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ ۚ فَمَنِ

یا سؤر کا گوشت کیونکہ وُہ سخت گندہ ہے یا جو نافرمانی کا باعث ہو (یعنی) وُہ جانور جس پر ذبح کے وقت بلند کیا جائے غیر خدا کا نام ۱۸۴؎ پھر جو

اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٤٦﴾ وَعَلَى

شخص لاچار ہو جائے نہ نافرمانی کرنے والا ہو اور نہ تجاوز کرنے والا ہو (حدِ ضرورت سے) تو بے شک آپ کا رب بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے اور

الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ ۖ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ

ان لوگوں پر جو یہودی بنے تھے ہم نے حرام کر دیا ہر ناخن والا جانور اور گائے اور بکری سے ہم نے

حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا

حرام کی ان پر دونوں (گائے بکری) کی چربی مگر جو اُٹھا رکھی ہو اُن کی پشتوں یا آنتوں نے

أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۚ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُم بِبَغْيِهِمْ ۖ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ﴿١٤٧﴾

یا جو ملی ہوئی ہو ہڈی کے ساتھ یہ ہم نے سزا دی تھی انھیں بسبب ان کی سرکشی کے ۱۸۵؎ اور یقیناً ہم سچے ہیں

فَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل رَّبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَاسِعَةٍ ۖ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهُ

پھر اگر وُہ جھٹلائیں آپ کو ۱۸۶؎ تو آپ فرمائیے تمہارا پروردگار کشادہ رحمت والا ہے اور نہیں ٹالا جا سکتا اس کا عذاب

۱۸۴؎ آیت کے اس حصہ کی مکمل تشریح کے لیے ملاحظہ فرمائیے ضیاء القرآن سورہ النحل کی آیت ۱۱۵۔

۱۸۵؎ کسی چیز کو حرام کرنے کی دو وجہیں ہوتی ہیں۔ یا تو یہ کہ وُہ چیز جسمانی یا رُوحانی طور پر مُضر ہوتی ہے اور لوگوں کو اس کے اثراتِ بد سے بچانے کے لیے اس کا استعمال ممنوع قرار دے دیا جاتا ہے جس طرح وُہ چیزیں جن کا ذکر پہلی آیت میں گزرا یا بطور سزا کسی شخص یا قوم کو ایک چیز کے استعمال سے روک دیا جاتا ہے یہاں اسی قسم کی چیزوں کا ذکر ہو رہا ہے جو یہود پر بطور سزا حرام کر دی گئی تھیں۔ چنانچہ آیت کے یہ کلمات "ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ" صراحۃً بتا رہے ہیں۔

۱۸۶؎ جب نبی برحق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے ان کو اسلام کی دعوت دی اور متعدد معجزات اور آیاتِ بیّنات سے اپنی صداقت کو روزِ روشن کی طرح ان پر عیاں کر دیا۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ اس کے بعد جو شخص بھی اللہ تعالیٰ کے محبوب پر ایمان نہ لاتا اسے فوراً ہلاک کر دیا جاتا لیکن اللہ تعالیٰ کی رحمتِ بے پایاں کے طفیل یہ اب تک محفوظ چلے آتے ہیں اگر انھوں

عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ

اس قوم سے جو جرائم پیشہ ہو اب کہیں گے جنھوں نے شرک کیا اگر چاہتا اللہ تعالیٰ

مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَیْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ

تو نہ ہم شرک کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم حرام کرتے کسی چیز کو ۱۸۷ ایسا ہی جھٹلایا تھا

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ

اُنھوں نے جو اُن سے پہلے تھے یہاں تک کہ چکھا اُنھوں نے ہمارا عذاب۔ آپ فرمائیے کیا تمھارے پاس کوئی

نے ان مُہلت کے لمحوں سے بھی فائدہ نہ اُٹھایا اور کجروی سے باز نہ آئے تو انجام کار اللہ تعالیٰ کی گرفت ان کو ہلاک کرکے رکھ دے گی۔ اس وقت کوئی ان کو عذابِ خُداوندی سے بچا نہ سکے گا۔

۱۸۷ سابقہ آیات میں کفّار کے عقائدِ باطلہ کی تردید کی گئی۔ نیز اشیاء کی حِلّت وحُرمت کے متعلق ان کی جاہلانہ رسموں کی خرابیوں کو ظاہر فرمایا گیا۔ اَب اِن آیات میں ان کے ایک شبہ کا ازالہ کیا جارہا ہے۔ وُہ شبہ یہ تھا کہ ہم اور ہمارے آباؤ اجداد مدّت ہائے دراز سے شرک کرتے چلے آئے ہیں۔ اور جانوروں کی حِلّت وحُرمت کے متعلق اس قانون کے پابند رہے ہیں۔ اگر یہ باتیں اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہوتیں تو وُہ کبھی ایسا نہ کرسکتے۔ ان کا یُوں کرتے رہنا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ شرک وغیرہ اللہ تعالیٰ کو پسند ہے۔ چنانچہ دُوسری آیت میں ان کا یہ شبہ بڑی وضاحت سے بیان کیا گیا ہے واذا فعلوا فاحشۃ قالوا وجدنا علیہ اٰباءنا واللہ امرنا بھا قل ان اللہ لا یامر بالفحشاء تقولون علی اللہ مالا تعلمون (۷ : ۲۸) اللہ تعالیٰ شبہ کا ازالہ بُرہانِ فعلی سے کرتے ہیں کہ اگر تمھاری یہ بات درست ہوتی کہ تمھارے شرک اور تحلیل وتحریم کے اِس رواج کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کی سند حاصل ہے تو چاہیئے یہ تھا کہ ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا پیہم لطف وکرم ہوتا۔ حالانکہ تم سے پہلے جنھوں نے اس گمراہی کو اپنایا ان پر غضبِ الٰہی ہُوا اور صفحۂ ہستی سے ان کا نام ونشان مٹا دیا گیا۔ تم خود غور کرو۔ ایسی سنگین سزا مجرموں اور نافرمانوں کو دی جاتی ہے یا اطاعت شعاروں اور فرماں برداروں کو۔ بعض علماء نے کفّار کے اِس شبہ کی تقریر دُوسری طرح کی ہے یعنی کفّار کہیں گے کہ ہم تو بے اختیار اور مجبور تھے۔ اللہ کی مشیّت ہی یہی تھی کہ ہم کفر وشرک کے مرتکب ہوں۔ ہماری کیا مجال تھی کہ اس کی مشیّت کی خلاف ورزی کرتے۔ چنانچہ سُورہ النحل میں اُنھوں نے اپنے مجبورِ محض ہونے کا صراحۃً اعتراف بھی کیا ہے۔ وقال الذین اشرکوا لوشاء اللہ ماعبدنا من دونہ من شیئ (۱۶ : ۳۵) اور سورۃ الزخرف میں ہے وقالوا لوشاء الرحمٰن ماعبدناھم۔

عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا

علم ہے تو نکالو اسے ہمارے لیے ۱۸۸ تم نہیں پیروی کرتے مگر نرے گمان کی اور نہیں ہو تم مگر

تَخْرُصُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۵۰﴾

اٹکلیں مارتے ہو آپ فرمایئے اللہ ہی کے لیے کامل دلیل ہے ۱۸۹ سو اگر وہ چاہتا تو ہدایت فرماتا تم سب کو ۱۹۰

قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ

آپ فرمایئے لاؤ اپنے گواہ جو گواہی دیں ۱۹۱ کہ اللہ تعالیٰ نے حرام کیا اسے

۱۸۸ اے میرے رسول! آپ ان سے پوچھئے کہ تم جو کچھ کہہ رہے ہو اس کے متعلق اگر تمہارے پاس کوئی علمی دلیل یا قابلِ اعتماد سند ہے تو پیش کرو۔ باری تعالیٰ خود ہی فرماتے ہیں کہ ان کے پاس کوئی دلیل اور سند نہیں جو ان کے خرافات کی اساس ہو۔ ان کے عقائد کا یہ ڈھانچہ صرف وہم و گمان اور ظن و تخمین کی پیداوار ہے۔

۱۸۹ یعنی اللہ تعالیٰ تمہیں قبولِ حق کے لیے مجبور نہیں کرتا بلکہ دلیل و حجت سے تمہیں دعوت دیتا ہے کہ تم حق اور صداقت کو قبول کرو اور اس نے تمہیں اختیار دیا ہے کہ تم اپنی مرضی سے چاہے تو حق کو قبول کرو چاہے باطل کو اپنالو۔

۱۹۰ یعنی اس کی قدرت سے کیا بعید تھا کہ وہ تم میں برائی اور گمراہی کی استعداد ہی نہ رکھتا تم اپنی سرشت کے لحاظ سے فرشتوں کی طرح صرف عبادت اور اطاعت ہی کرتے۔ یا تم ارادہ اور شعور سے محروم پیدا کیے جاتے اور بلا ارادہ اور غیر شعوری طور پر تم سے نیکیاں سرزد ہوتیں لیکن حکمتِ الٰہی کا تقاضا یہ تھا کہ انسان شجر و حجر کی طرح مجبورِ محض بھی نہ ہو اور فرشتوں کی طرح فطری اعتبار سے فقط نیک اور پاکباز ہی نہ ہو بلکہ تمام سابقہ تخلیقات سے ایک انوکھی چیز ہو۔ استعداد اور صلاحیت کے لحاظ سے نیکی اور برائی دونوں اس سے سرزد ہو سکتی ہوں اور شعور و ارادہ کے اعتبار سے اسے مکمل آزادی ہو کہ جو راستہ چاہے اسے منتخب کرلے۔

۱۹۱ اے حبیب! انہیں فرماؤ کہ اگر تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کی حلال کی ہوئی چیزوں کو حرام کرنے کا کوئی گواہ ہے تو اسے میدان میں لے آؤ۔ جب تمہارے پاس کوئی گواہ ہی نہیں ہے تو پھر ان بے سروپا خرافات سے چمٹے رہنے پر کیوں بے جا ضد کر رہے ہو۔ ہلم کا لفظ اہلِ حجاز کے نزدیک واحد، جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ویستوی فیہ الواحد والجماعة والذکر والانثیٰ عند اھل الحجاز (قرطبی)

فَإِن شَهِدُوا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ الَّذِينَ كَذَّبُوا

پھر اگر وُہ (جھوٹی) گواہی دے بھی دیں ۱۹۲؎ تو آپ گواہی دیجیے ان کے ساتھ اور نہ تم پیروی کرنا اُن کی خواہشوں کی جنھوں نے جھٹلایا

بِآيَاتِنَا وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَهُم بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ ﴿١٥٠﴾

ہماری آیتوں کو اور جو نہیں ایمان لاتے آخرت پر اور وُہ اپنے رب کے ساتھ (دوسروں کو) برابر ٹھیراتے ہیں۔

قُلْ تَعَالَوْا أَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ ۖ أَلَّا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا ۖ وَ

آپ فرمائیے آؤ ۱۹۳؎ میں پڑھ سناؤں جو کچھ حرام کیا ہے تمھارے رب نے تم پر (وُہ یہ) کہ نہ شریک بناؤ اُس کے ساتھ کسی چیز کو اور

بِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا ۖ وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُم مِّنْ إِمْلَاقٍ ۖ نَّحْنُ

ماں باپ کے ساتھ احسان کرو اور نہ قتل کرو اپنی اولاد کو مفلسی (کے خوف) سے۔ ہم

نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ ۖ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا

رزق دیتے ہیں تمھیں بھی اور انھیں بھی اور مت نزدیک جاؤ بے حیائی کی باتوں کے ۱۹۴؎ جو ظاہر ہوں ان سے اور جو

۱۹۲؎ یعنی اُن سے شہادت اس لیے طلب نہیں کی جارہی کہ اگر وُہ شہادت دے دیں تو اُس کو تسلیم کر لیا جائے بلکہ مقصد یہ ہے کہ ان کے دانش مند اور دیانت دار طبقہ کو ان کی جاہلانہ رسموں کی بے ہُودگی پر آگاہ کیا جائے۔ کیونکہ جب ان سے ان رسوم کی صداقت کے لیے شہادت طلب کی جائے گی تو شہادت دینے سے پہلے احساسِ ذمّہ داری کا ثبوت دیتے ہُوئے وُہ ان اُمور میں بڑی سنجیدگی سے غور وفکر کریں گے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ان پر ان چیزوں کی بے ہُودگی آشکار ہو جائے گی اور وُہ ان سے خود بخود باز آجائیں گے۔ لیکن اگر انھوں نے شرافت و دیانت سے اپنا رشتہ توڑ ہی لیا ہے اور ایک غلط اور باطل چیز کی جان بوجھ کر شہادت دینے پر تُلے ہُوتے ہیں تو اُن کی شہادت آپ کے لیے حجّت نہیں۔

۱۹۳؎ ان آیات کے متعلق حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیات محکمات ہیں اور ان میں آسمانی ہدایت کے وُہ اصُول بیان کیے گئے ہیں جو تمام شریعتوں میں مشترک ہیں۔ تمام انبیاء نے ان احکام پر عمل پیرا ہونے کا اپنی اُمتوں کو حکم دیا۔ اس آیت میں مندرجہ ذیل اُمور کو حرام کیا گیا:۔ (۱) شرک (۲) ماں باپ سے بدسلوکی (۳) فقر و تنگدستی کی وجہ سے اولاد کو قتل کر دینا (۴) ہر قسم کی بے حیائی کے کام خواہ لوگوں کے سامنے کیے جائیں یا چُھپ کر (۵) کسی کو ناحق قتل کرنا۔

۱۹۴؎ فواحش اُن اعمال اور اقوال کو کہتے ہیں جو حد درجہ قبیح ہوں۔ الفاحشة ما عظم قبحه من الافعال والاقوال (مفردات)

بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ

پچھپی ہوئی ہوں اور نہ قتل کرو اس جان کو جسے حرام کر دیا ہے اللہ نے سوائے حق کے یہ ہیں وہ باتیں

وَصّٰكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا

حکم دیا ہے تمہیں ۱۹۵ اللہ نے جن کا۔ تاکہ تم (حقیقت کو) سمجھو۔ اور مت قریب جاؤ ۱۹۶ یتیم کے مال کے مگر

بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ

اس طریقہ سے جو بہت اچھا ہو۔ یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے اور پورا کرو ۱۹۷ ناپ اور تول

بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَ

انصاف کے ساتھ ہم نہیں تکلیف دیتے کسی کو مگر اس کی طاقت کے برابر۔ اور جب کبھی بات کہو تو انصاف کی کہو

یہاں کسی ایک برائی سے منع نہیں کیا گیا بلکہ فواحش جمع کا لفظ ذکر کر کے ہر قسم کی قولی اور فعلی برائیوں کے ارتکاب سے نہیں بلکہ ان کے قریب تک پھٹکنے سے منع کر دیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ تمام وہ چیزیں جو دل میں گناہوں کی تحریک پیدا کرتی ہیں مثلاً فحش گانے، ننگی تصویریں اور غلیظ لٹریچر سب سے دور رہنے کا حکم دیا جا رہا ہے اور ماظہر منہا و ما بطن کے کلمات سے اس حکم کو اور وسیع کر دیا کہ فواحش کا ارتکاب ظاہر اور باطن، جلوت اور خلوت میں ممنوع ہے۔

۱۹۵ مذکورہ بالا احکام کی اہمیت کو جتانے کے لیے فرمایا کہ یہ وہ مہتم بالشان قوانین ہیں جن پر عمل پیرا ہونے کا حکم ہمہ دان اور ہمہ بین رب نے تمہیں دیا ہے۔

۱۹۶ ابھی احکامات کا سلسلہ شروع ہے۔ اس آیت میں یتیموں کے مال خرد برد کرنے سے منع کیا اور حکم دیا کہ ان کو اس طرح کاروبار میں لگاؤ جس سے یتیم کو فائدہ ہو اور ان کا اس طرح نظم و نسق کرو کہ وہ ضائع نہ ہو جائیں۔ اور جب وہ صاحب عقل و فہم ہو جائیں تو ان کے اموال ان کے حوالہ کر دو۔ "اشد" سے مراد صرف بلوغ نہیں بلکہ بلوغ اور مال کو صحیح استعمال کرنے کی سوجھ بوجھ دونوں مراد ہیں۔ کیونکہ اگر بالغ ہوتے ہی اس کا مال اس کے حوالہ کر دیا تو وہ اپنی ناسمجھی اور ناتجربہ کاری کی وجہ سے اس کو برباد کر دے گا۔ فلو مكن اليتيم من ماله قبل حصول المعرفة وبعد حصول القوة لاذهبه في شهواته وبقي صعلوكا لا مال له (قرطبی) اور حضرت امام صاحب کے نزدیک اس کی حد پچیس سال ہے۔

۱۹۷ کاروبار میں انتہائی دیانت داری اور راست بازی کا حکم دیا جا رہا ہے۔

لَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ۭ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ

اگرچہ ہو (معاملہ) رشتہ دار کا ۱۹۸ اور اللہ سے کیے ہوئے وعدہ کو پورا کرو ۱۹۹ یہ ہیں وہ باتیں جن کا اللہ نے حکم دیا ہے تمھیں تاکہ

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا

تم نصیحت قبول کرو اور بے شک یہ ہے میرا راستہ سیدھا ۲۰۰ سو اس کی پیروی کرو اور نہ پیروی کرو

السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ

اور راستوں کی (ورنہ) وہ جدا کر دیں گے تمھیں اللہ کے راستہ سے ۔ یہ ہیں وہ باتیں حکم دیا ہے تمھیں جن کا تاکہ تم

تَتَّقُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ اَحْسَنَ

متقی بن جاؤ پھر ۲۰۱ عطا فرمائی ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب تاکہ پوری کر دیں نعمت ان پر جو نیک عمل کرتے ہیں

۱۹۸ عدل وانصاف کی تاکید بلیغ کی جا رہی ہے کہ خواہ تمہارے قریبی رشتہ داروں کا معاملہ ہی کیوں نہ ہو میزانِ عدل میں جھکاؤ رونما نہ ہو۔

۱۹۹ اسلام قبول کرتے وقت انسان جس کامل اطاعتِ خداوندی کا پختہ وعدہ کرتا ہے اس کو پوری طرح نباہنے کا ارشاد ہو رہا ہے۔ مذکورہ بالا دو آیتوں میں زندگی بسر کرنے کے جو لازوال اصول بیان ہوئے ہیں مسلمانوں نے جب تک ان اصولوں کو اپنی عملی زندگی میں اپنایا اور سچے دل سے اُن پر کاربند رہے تو ان کی سروری کا ڈنکہ چار دانگ عالم میں بجتا رہا۔ اور جب سے ہم نے ان حیات بخش اصولوں سے بے اعتنائی برتنی شروع کی اس وقت سے زوال و ادبار کا چکر شروع ہوا۔ خدا معلوم کب ہماری چشمِ ہوش کھلے گی۔ اور وہ روزِ سعید کب طلوع ہو گا جب ہم قرآنی ہدایت پر عمل پیرا ہو کر شاہراہِ ترقی پر گامزن ہوں گے۔

۲۰۰ حضور کریم کا راستہ ہی اللہ تعالیٰ کا راستہ ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضور نبی کریم کی فرماں برداری ہی وہ اساس محکم ہے جس پر اتحادِ ملت کا ایوان تعمیر ہو سکتا ہے اور جب بھی یہ اساس متزلزل ہو گئی۔ اس کے بعد ملت کے انتشار کو دور کرنے کی کوئی اُمید باقی نہیں رہے گی۔ ذرا غور فرمائیے ملت کے وہ بہی خواہ اور خیر اندیش جن کی ساری علمی قوتیں اور عملی کاوشیں سُنّتِ نبوی کو مٹانے پر صرف ہو رہی ہیں وہ دانستہ یا نادانستہ طور پر ملت کی کتنی بڑی بدخواہی کر رہے ہیں۔

۲۰۱ ثم عاطفہ ہے اور اس کا عطف وصاکم پر ہے کیونکہ ان امور کی وصیت ہر اُمت کو اس کے نبی کے ذریعہ کی گئی ہے اس لیے یہاں یہ سوال پیدا نہیں ہوتا کہ وصیت تو اب کی جا رہی ہے۔ اور تورات کو نازل ہوئے صدیاں گزر چکی ہیں۔ حالانکہ ثم تراخی کے لیے ہوتا ہے۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ اے اولادِ آدم! پہلے تمھیں ان ہدایات پر عمل پیرا ہونے

وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ

اور تاکہ تفصیل ہو جائے ہر چیز کی اور (یہ کتاب) باعثِ ہدایت و رحمت ہے تاکہ وہ اپنے رب سے ملاقات کرنے

يُؤْمِنُونَ ﴿١٥٥﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ

پر ایمان لائیں ٢٠٢ اور یہ (قرآن) کتاب ہے ٢٠٣ ہم نے اتارا ہے اسے، بابرکت ہے سو پیروی کرو اس کی اور ڈرو (اللہ سے) تاکہ

تُرْحَمُوْنَ ﴿١٥٦﴾ اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰى طَآىِٕفَتَيْنِ مِنْ

تم پر رحم کیا جائے (ہم نے اسے اتارا ہے) تاکہ یہ نہ کہو کہ اُتاری گئی تھی کتاب تو صرف دو گروہوں پر ہم سے

قَبْلِنَا ۠ وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿١٥٧﴾ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّا

پہلے ٢٠٤ اور ہم تو ان کے پڑھنے پڑھانے سے بالکل بے خبر تھے یا یہ نہ کہو ٢٠٥ کہ اگر

کی نصیحت کی گئی اور اس پر مزید کرم یہ فرمایا کہ تورات جیسی مفصّل کتاب نازل کی تاکہ جادۂ حق پر چلنے کا شوق رکھنے والوں پر اپنی نعمت کا اتمام کریں۔

٢٠٢ تورات نازل کرنے کا مقصدِ اعلیٰ یہ تھا کہ لوگوں کا یہ عقیدہ اور پختہ ہو جائے کہ ہمیں ایک روز اس سارے سازوسامان کو چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہونا ہے جہاں ہم سے ہمارے تمام اعمال کا محاسبہ کیا جائے گا۔

٢٠٣ اس سے مراد قرآن حکیم ہے۔

٢٠٤ یہاں خطاب مشرکین عرب سے ہے۔ انھیں فرمایا جا رہا ہے کہ تمھاری ہدایت کے لیے یہ بے نظیر کتاب نازل کی گئی ہے تاکہ قیامت کے روز تم اپنی گمراہی اور ضلالت کے لیے یہ عذر نہ پیش کرو کہ ہمارے لیے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی کتاب نازل ہی نہیں کی گئی تھی جسے پڑھ کر ہم شرک وکفر سے تائب ہوتے اور توحید کو قبول کرتے۔ اور یہود و نصاریٰ پر بے شک کتابیں نازل ہوئیں لیکن ہم ان کو پڑھنے سے قاصر تھے اس لیے اگر ہم ایمان نہیں لائے تو ہم معذور تھے۔ طائفتین سے مراد یہود و نصاریٰ ہیں۔

٢٠٥ اس کا عطف سابقہ جملہ پر ہے یعنی اگر قرآن حکیم تمھاری طرف نازل نہ کیا جاتا تو تم بڑی شیخی بگھارتے اور کہتے جس طرح یہود و نصاریٰ کو کتابیں دی گئیں اسی طرح اگر ہمیں بھی کوئی کتاب دی جاتی تو دنیا دیکھتی کہ ہم اس کو کس طرح سینہ سے لگاتے۔ کس طرح اس کی ہدایت کے مطابق عمل کرتے۔ لو اب وہ کتاب آگئی ہے جو روشن دلائل پر مشتمل ہے۔ جو سراپا ہدایت اور مجسّم رحمت ہے۔ اب اس پر عمل کر دکھاؤ۔

أُنزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ أَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ

اُتاری گئی ہوتی ہم پر کتاب تو ہوتے ہم زیادہ ہدایت پانے والے ان سے بے شک آگئی ہے تمہارے پاس روشن

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ

دلیل اپنے رب کی طرف سے اور سراسر ہدایت اور رحمت تو کون زیادہ ظالم ہے اس سے ۲۰۶ جس نے جھٹلایا اللہ تعالیٰ

اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ۗ سَنَجْزِي الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا

کی آیتوں کو اور منہ پھیرا ان سے عنقریب ہم سزا دیں گے انھیں جو منہ موڑتے ہیں ہماری آیتوں سے

سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿١٥٨﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ إِلَّآ أَنْ

بُرے عذاب سے اس وجہ سے کہ وہ منہ پھیرا کرتے تھے کس کی انتظار کر رہے ہیں ۲۰۷ بجز اس کے کہ

تَأْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ۗ يَوْمَ

آئیں ان کے پاس فرشتے یا خود آئے آپ کا رب یا آئے کوئی نشانی آپ کے رب کی (لیکن) جس روز

۲۰۶ تمہاری صرف یہی کوتاہی نہیں کہ تم خود اس کتاب پر ایمان نہیں لائے بلکہ اُلٹا تم دُوسروں کو بھی ایمان لانے سے روکتے ہو۔ تم خود ہی بتاؤ تم سے بڑا ظالم اور زیاں کار اور کون ہے؟

۲۰۷ ان کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کے لیے اور گمراہی کے ظلمت کدہ سے باہر نکالنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنا جلیل القدر رسُول صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث فرمایا۔ اس پر قرآن جیسی بے مثل کتاب نازل کی۔ طرح طرح کے معجزات سے اس کی صداقت کو آشکارا کیا۔ اس کے باوجود اگر وہ اسلام نہیں لاتے اور حق کو قبول نہیں کرتے تو کیا وہ اس انتظار میں ہیں کہ موت کا فرشتہ آئے اور ان کی رُوح قبض کرلے۔ یا قیامت قائم ہو جائے اور خود اللہ تعالیٰ کرسیِ عدالت پر تشریف فرما ہو یا کوئی ایسی نشانی ظاہر ہو جس کے بعد وہ ایمان لانے پر مجبور ہو جائیں۔ اگر واقعی ان چیزوں میں سے کسی کا انتظار کر رہے ہیں تو ان کا یہ انتظار لغو ہے۔ کیونکہ ان چیزوں کے ظہور کے بعد وہ ایمان لے بھی آئے تو وہ قابلِ قبول نہیں ہوگا۔ پھر اگر انھوں نے توبہ کی بھی تو وہ منظور نہ ہوگی۔ کیونکہ ایمان تو وہ مقبول ہے جو اللہ تعالیٰ کے رسُول صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر یقین کرتے ہوئے لایا جائے جب سب پردے اُٹھ جائیں گے اور غیب شہادت میں بدل جائے گا تو اُس وقت کا ایمان معتبر نہ ہوگا کیونکہ اُس نے اپنی آنکھ اور کان پر تو اعتماد کیا اور اللہ کے رسُول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نہ مانا۔

يَأْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ۗ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ

آئے گی کوئی نشانی آپ کے ربّ کی تو نہ نفع دے گا کسی کو اس کا ایمان لانا جو نہیں ایمان لا

اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ۭ قُلِ

چکا تھا اس سے پہلے یا نہ کی تھی اپنے ایمان کے ساتھ کوئی نیکی۔ آپ (انھیں)

انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَ

فرمائیے تم بھی انتظار کرو ہم بھی انتظار کر رہے ہیں بے شک وُہ جنھوں نے تفرقہ ڈالا اپنے دین میں ۲۰۸ اور

كَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ۭ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى

ہو گئے کئی گروہ (اے محبوب!) نہیں ہے آپ کا ان سے کوئی علاقہ۔ ان کا معاملہ صرف اللہ ہی کے

اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ

حوالے ہے پھر وُہ بتائے گا انھیں جو کچھ وُہ کیا کرتے تھے جو کوئی لائے گا ایک نیکی ۲۰۹

فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا

تو اس کے لیے دس ہوں گی اس کی مانند اور جو کوئی کرے گا ایک بُرائی تو نہ بدلہ ملے گا اسے مگر اس (ایک بُرائی)

۲۰۸ اس سے پہلے دین کے غیر متبدل اصولوں کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا کہ وان ھذا صراطی مستقیما فاتبعوہ کہ یہ ہے میرا سیدھا راستہ اس کی پیروی کرو۔ اور اپنی خواہشات کی پیروی نہ کرو۔ ورنہ تمھاری یکجہتی ختم ہو جائے گی تمھارا شیرازہ منتشر ہو جائے گا۔ اب اس آیت میں ان لوگوں کو تنبیہ کی جارہی ہے جو اپنی خود پسندی کے باعث دین کی وحدت کو پارہ پارہ کرنے میں کوشاں ہیں۔ انھیں صاف صاف بتا دیا کہ ان سے اللہ کا رسُول ﷺ بری ہے اور اس کا ان کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ اور جن کے ساتھ اللہ کے رسُول ﷺ کا کوئی تعلق نہ ہو ان کا اسلام سے کیا تعلق باقی رہے گا۔

۲۰۹ کیا شانِ بندہ پروری ہے!

مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰىنِیْ رَبِّیْٓ اِلٰی

کے برابر اور اُن پر ظلم نہ کیا جائے گا۔ آپ فرمایئے بے شک مجھے پہنچا دیا ہے میرے رب نے

صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۚ دِیْنًا قِیَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا ۚ وَ

سیدھی راہ تک ۲۱۰ یعنی دین مستحکم (جو) ملّتِ ابراہیم ہے جو باطل سے ہٹ کر صرف حق کی طرف مائل تھے

مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۶۲﴾ قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَ

اور نہیں تھے وُہ مشرکوں سے آپ فرمایئے بے شک میری نماز اور میری قربانیاں ۲۱۱ اور

مَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶۳﴾ لَا شَرِیْكَ لَهٗ ۚ وَ

میرا جینا اور میرا مرنا (سب) اللہ کے لیے ہے جو رب ہے سارے جہانوں کا۔ نہیں کوئی شریک اس کا اور

بِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۶۴﴾ قُلْ اَغَیْرَ اللّٰهِ

مجھے یہی حکم ہوا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں ۲۱۲ آپ فرمایئے کیا اللہ کے سوا

۲۱۰ اے عرب کے بُت پرستو! تم چاہو کسی کو اپنا معبود بناؤ۔ اللہ کی زمین میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑکاؤ اور فسق و فجور کا بازار گرم کرو۔ میرا تم سے کوئی سروکار نہیں۔ میں تو ثابت قدمی سے توحید اور پاکبازی کی اُسی راہ پر گامزن رہوں گا جو مجھے میرے مالک نے دِکھا دی ہے۔ اور یہ کوئی نئی راہ نہیں ہے بلکہ اسی موحّدِ اعظم حضرت خلیل علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی راہ ہے جس کی اولاد ہونے پر تم فخر کرتے ہو جس کے بنائے ہوئے کعبہ کی خدمت گذاری سے تمھاری ساری عظمتیں وابستہ ہیں۔ وُہ شرک سے بیزار اور توحید کے پرستار تھے۔ تو میں توحید کو چھوڑ کر شرک کیسے اختیار کر سکتا ہُوں۔

۲۱۱ حقیقت یہ ہے کہ اسلام کا حاصل اور توحید کا سب سے اُونچا مرتبہ یہ ہے جہاں انسان کھڑا ہو کر یہ اعلان کرتا ہے کہ میری سجدہ ریزیوں کا مقصد اور میری ہر طرح کی نیازمندیوں اور عبادتوں کا مدعا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ میری زندگی اور میری موت صرف اسی کی رضا جوئی کے لیے ہے۔ میں اس کے ہر حکم کے سامنے سرافگندہ ہوں اور اس کے ہر فیصلہ پر راضی۔ اس کا کوئی شریک نہیں نہ اس کی ذات میں اور نہ اس کی صفات میں۔ النسك فی هذه الآیة جمیع اعمال الطاعات (قرطبی) آیت میں لفظ نسك سے مراد ہر قسم کے نیک اعمال ہیں۔ قربانی بھی اس میں داخل ہے۔

۲۱۲ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کا سب سے پہلے مُسلم ہونے کا یا تو یہ مطلب ہے کہ اپنی اُمّت میں سب سے پہلے

اَبۡغِيۡ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيۡءٍ ؕ وَلَا تَكۡسِبُ كُلُّ نَفۡسٍ

میں تلاش کروں کوئی اور رب۔ حالانکہ وہ رب ہے ہر چیز کا ۲۱۳؎ اور نہیں کماتا کوئی شخص (کوئی چیز) مگر وہ اسی

اِلَّا عَلَيۡهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزۡرَ اُخۡرٰى ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمۡ

کے ذمہ ہوتی ہے اور نہ اُٹھائے گا کوئی بوجھ اُٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ پھر اپنے رب کی طرف ہی تمھیں

مَّرۡجِعُكُمۡ فَيُنَبِّئُكُمۡ بِمَا كُنۡتُمۡ فِيۡهِ تَخۡتَلِفُوۡنَ ۝۱۶۵ وَهُوَ

لوٹ کر جانا ہے تو وہ بتائے گا تمھیں جس میں تم اختلاف کیا کرتے تھے اور وُہی ہے

آپ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان لائے اور آپ کے بعد آپ کی اُمت آپ کی دعوت سے اس شرف سے مشرف ہوئی اور یا اوّلیت سے مُراد اوّلیتِ حقیقیہ ہے کہ سب مخلوقات سے پہلے اللہ تعالیٰ کی توحید کا عرفان اتم ہمارے آقا و مولا محمدؐ رسول اللہ کو ہوا۔ کیونکہ ہر چیز سے پہلے حضورؐ کے نُور کی تخلیق ہوئی اور سب سے پہلے حضورؐ نے ہی اپنے رب کی توحید کی شہادت دی۔ قال قتادہ: ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کنت اول الانبیاء فی الخلق وآخرھم فی البعث (قرطبی) یعنی قتادہ کہتے ہیں کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ میری تخلیق تمام انبیاء سے پہلے ہوئی اور بعثت سب کے بعد۔ انہ اول الخلق اجمع (قرطبی) یعنی حضورؐ کی پیدائش سب مخلوق سے پہلے ہوئی۔ اور مولانا عثمانی نے بھی اسی قول کو پسند فرمایا ہے۔ آپ لکھتے ہیں: "عموماً مفسرین وانا اول المسلمین کا مطلب یہ لیتے ہیں کہ اس اُمتِ محمدیہ کے اعتبار سے آپ اوّل المسلمین ہیں لیکن جب جامع ترمذی کی حدیث کنت نبیا وآدم بین الروح والجسد (میں اُس وقت بھی نبی تھا جب آدم ابھی رُوح وجسد کی درمیانی منزلیں طے کر رہے تھے) کے موافق آپ اوّل الانبیاء ہیں تو اوّل المسلمین ہونے میں کیا شبہ ہو سکتا ہے (حاشیہ)

۲۱۳؎ کفارِ مکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بارہا کہا کرتے تھے کہ آپ ہمارا دین قبول کر لیجئے اور ہمارے خداؤں کی پرستش شروع کر دیجئے۔ اور اگر دُنیا و آخرت میں آپ کو کوئی گزند پہنچے تو ہم اس کے ذمہ دار ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہیں کہ آپ ان احمقوں سے کہئے تم کتنے بے وقوف ہو۔ کیا میں اس پروردگار کو چھوڑ کر جو میرا بھی رب ہے اور کائنات کی ہر چیز کا بھی خالق و مالک ہے کسی اور کو اپنا رب بنا لوں۔ تمھارا یہ خیال کتنا احمقانہ ہے اور تمھارا یہ کہنا بھی لغو ہے کہ تم میرا بوجھ اُٹھا لو گے۔ کوئی کسی کا بوجھ نہیں اُٹھا سکتا۔ ہر ایک کو اپنا بوجھ خود اُٹھانا پڑے گا۔ کسی کے بدلے دُوسرا نہیں پکڑا جائے گا۔

الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ

جس نے ۲۱۴ بنایا تمھیں (اپنا) خلیفہ زمین میں اور بلند کیا ہے تم میں سے بعض کو بعض پر

دَرَجٰتٍ لِّیَبْلُوَكُمْ فِیْ مَآ اٰتٰىكُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ سَرِیْعُ الْعِقَابِ ۖ

درجوں میں تاکہ آزمائے تمھیں اس چیز میں جو اُس نے تمھیں عطا فرمائی ہے بے شک آپ کا رب بہت جلد سزا دینے والا ہے

وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۶۶﴾

اور بے شک وُہ بہت بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

۲۱۴ جس ربّ کے حضور میں سجدہ ریز ہُوں وُہی وُہ مولائے برحق ہے جس نے تمھیں گزری ہُوئی اُمّتوں کا قائم مقام بنایا۔ قوّت، علم، دولت اور دُوسری باتوں میں بعض کو بعض پر فوقیت دی۔ اور اِن ساری سرفرازیوں کا مقصد یہ ہے کہ تمھاری آزمائش کی جائے کہ تم اپنے منعمِ حقیقی کی کس طرح شکر گزاری کرتے ہو۔ اور جو قوت، عزّت، دولت اور صحت و جوانی اس نے تمھیں عطا فرمائی ہے اس کو کس طرح استعمال کرتے ہو۔ اگر وُہ چاہے تو چشم زدن میں تم کو عذاب میں گرفتار کر دے لیکن اس کی رحمت اور مغفرت بھی بے اندازہ ہے۔ اگر تم عُمر بھر نافرمانی اور سرکشی کرنے کے بعد پشیمان اور نادم ہو کر اس کے درِ رحمت پر حاضر ہو جاؤ تو وُہ تمھارے عُمر بھر کے قصور بخش دے گا اور اپنی رحمت سے تمھیں مالا مال کر دے گا۔

سرٹیفکیٹ

میں نے اس قرآن مجید کو حرفاً حرفاً نہایت غور اور امعان نظر سے پڑھا ہے اور
میں تصدیق کرتا ہوں کہ اس کے متن میں کوئی کمی بیشی اور کتابت کی کوئی غلطی نہیں ہے۔

ابوالفیض محمد عبدالکریم
خطیب جامع مسجد خانقاہ ڈوگراں
ضلع شیخوپورہ

ابوالفیض محمد عبدالکریم [illegible]
[illegible]

تحقیقاتِ لغویہ

کلمات	نمبر سورۃ	نمبر حاشیہ	کلمات	نمبر سورۃ	نمبر حاشیہ	کلمات	نمبر سورۃ	نمبر حاشیہ
الف			بوار	۱۴	۳۸	(ح)		
آلآءَ	۷	۹۱	بروج	۱۵	۱۵	حرج	۷	۱
اهلِ بیت	۱۱	۱۱۰	لیُبْلیَ	۸	۲۲	احبار	۹	۴۷
اواه	۱۱	۱۱۱	(ت)			حلیم	۱۱	۱۱۱
اولوبقیه	۱۱	۱۲۳	مُتَبَّرٌ	۷	۱۷۱	حرضا	۱۲	۱۱۸
یاسفی	۱۲	۱۱۶	ث	۸	۷۱	حمأ	۱۵	۲۸
الآصال	۱۳	۳۳	تثقفن	۸	۷۱	لاحتنكن	۱۷	۷۳
تاذن	۱۴	۱۰	یُثْخِن	۸	۸۷	حاصبا	۱۷	۸۲
ایکة	۱۵	۵۰	یثنون	۱۱	۱۰	(خ)		
امة	۱۶	۱۳۹	مثبورا	۱۷	۱۱۵	خلف	۷	۲۲۵
(ب)			(ج)			خالفین	۹	۱۲۵
مبوء صدق	۱۰	۱۲۶	اجمعوا	۱۰	۱۰۱	خرص	۱۰	۹۷
بادی الرای	۱۱	۴۱	یجتبیك	۱۲	۱۰	خلصوانجیا	۱۲	۱۱۰
بُعْدا	۱۱	۸۸	جفاء	۱۳	۳۹	تخوف	۱۶	۵۳
مبین	۱۲	۲	یجرعه	۱۴	۲۳	تستخفونها	۱۶	۹۶
یُبشری	۱۹	۳۵	جبار	۱۴	۲۴	(د)		
بَثّی	۱۲	۱۳۰	تجئرون	۱۶	۲۳	فدلّٰهما	۷	۲۹
بضاعة مزجاة	۱۲	۱۲۲	جاسوا	۱۷	۸	مدحورا	۷	۲۲

کلمات	نمبر سورة	نمبر حاشیہ	کلمات	نمبر سورة	نمبر حاشیہ	کلمات	نمبر سورة	نمبر حاشیہ
ادعوه	۷	۴۱	زاهدين	۱۲	۳۷	تشخص	۱۴	۵۵
نستدرجهم	۷	۲۴۲	زبد	۱۳	۳۹	شيئ	۱۵	۱۱
دعا	۷	۲۵۱	يزجي	۱۷	۷۹	شهاب	۱۵	۱۸
دُنيا	۸	۵۳	(س)			(ر)		
دابة	۱۱	۱۳	انسلخ	۷	۲۳۲	رايتهم	۱۲	۶
مدرارا	۱۱	۷۸	استق	۱۰	۷۸	يرتع	۱۲	۲۲
ادلى دلوه	۱۲	۳۵	يسيئ بهم	۱۱	۱۱۳	رابيا	۱۳	۳۹
دلوك	۱۷	۹۳	سجيل	۱۱	۱۲۱	ربما	۱۵	۳
(ذ)			مسومة	۱۱	۱۲۱	رواسي	۱۶	۲۴
ذكرى	۷	۲	سوّلت	۱۲	۳۲	رفات	۱۷	۶۱
مذءوم	۷	۲۲		۱۲	۴۶	اَرَاَيتَك	۱۷	۷۴
ذرية	۱۰	۱۱۳	سيارة	۱۲	۳۵	الروح	۱۷	۱۰۲
(ر)			سخر	۱۳	۴	راودت	۱۲	۴۶
ارذل	۷	۱۷۸	سارب	۱۳	۲۳	شاكلته	۱۷	۱۰۱
رهبان	۹	۴۷	مسنون	۱۵	۲۸	(ص)		
رزق	۱۱	۱۳	سموم	۱۵	۲۹	تصدية	۸	۴۳
اراذل	۱۱	۴۰	سبع المثانى	۱۵	۵۷	صنوان	۱۳	۱۳
مريب	۱۱	۹۳	(ش)			صديد	۱۴	۱۳
رهط	۱۱	~~۱۳۶~~	شس	۸	۲۷	مصرخى	۱۴	۳۰
الرفد المرفود	۱۱	۱۴۴	شرد	۸	۷۱	صلصال	۱۵	۲۸
لا تركنوا	۱۱	۱۶۰	شان	۱۰	۸۷	فاصدع	۱۵	۹۵
(ز)			شهيق	۱۱	۱۵۱	(ض)		
زحفا	۸	۱۸	شغف	۱۲	۵۵	ضاق بهم ذرعا	۱۱	۱۱۳
زوجين اثنين	۱۱	۶۱	شديد المحال	۱۳	۲۹	ضلال	۱۲	۱۶
زفير	۱۱	۱۵۱	شكرتم	۱۴	۱۰	اضغاث احلام	۱۲	۷۸

کلمات	نمبر سورۃ	نمبر حاشیہ	کلمات	نمبر سورۃ	نمبر حاشیہ	کلمات	نمبر سورۃ	نمبر حاشیہ
يطيروا	۷	۱۶۴	تفتأ	۱۲	۱۱۸	المواخر	۱۶	۲۲
طعنوا	۹	۱۷	تفندون	۱۲	۱۲۹	تميد	۱۶	۲۳
طوبى	۱۳	۵۱	(ق)			ميلة	۱۶	۱۳۲
(ظ)			قسط	۷	۴۰	(ن)		
ظالمين	۷	۲۴	اقيموا	۷	۴۰	انزلنا	۷	۳۲
ظن	۱۰		قصوى	۸	۵۳	نصحوا	۹	۱۳۱
ظهريا	۱۱	۱۳۷	قدم صدق	۱۰	۵	الندامة	۱۰	۷۸
(ع)			مستقر	۱۱	۱۳	ناصية	۱۱	
الاعراف	۷	۶۰	فانتقم	۱۱	۱۵۹	منيب	۱۱	۱۱۱
المعتدين	۱۰	۱۰۴	قصص	۱۲	۳	منضود	۱۱	۱۲۱
عنيد	۱۱	۸۷	مقنعي	۱۴	۵۵	(و)		
استعمر	۱۱	۹۰	قسطاس	۱۷	۳۸	وسوس	۷	۲۵
عصبة	۱۲	۱۵	مقاما محمودا	۱۷	۵۵	وجوهكم	۷	۴۱
عقبى	۱۳	۴۴	(ك)			موعظة	۱۰	۸۱
معايش	۱۵	۲۱	كافة	۹	۵۹	مستودع	۱۱	۱۳
عضين	۱۵	۹۳	كظيم	۱۲	۱۱۷	ولى	۱۰	۹۰
يستعتبون	۱۶	۱۰۳	كفور	۱۱	۲۰	توفيق	۱۱	۱۳۲
(غ)			الكبير المتعال	۱۳	۲۲	الورد المورود	۱۱	۱۴۳
اغويتنى	۷	۲۰	اكنان	۱۶	۹۷	واردهم	۱۲	۳۵
يغنوا	۷	۱۱۹	(ل)	۷	۲۴	موزون	۱۵	۲۰
غيبات الجب	۱۲	۲۰	يلحدون	۷	۲۳۰	متوسمين	۱۵	۴۸
غيب	۱۶	۹۱	لطيف	۱۲	۱۴۱	(ه)		
غسق	۱۷	۹۳	(م)			إنّا هدنا	۷	۲۰۳
(ف)			مكاء	۸	۴۳	اولم يهد	۷	۱۲۸
فرح فخور	۱۱	۲۱	مثلات	۱۳	۱۶	هذا الادنى	۷	۲۲۵

	نمبر سورة	نمبر حاشیہ		نمبر سورة	نمبر حاشیہ		نمبر سورة	نمبر حاشیہ
یهرعون	۱۱	۱۱۵	هواء	۱۴	۵۵	یوم	۱۱	۱۹
هیت	۱۲	۴۶	تهجد	۱۷	۹۵	یؤس	۱۱	۲۰
تهوی	۱۴	۵۰	(ی)			ایام اللّٰہ	۱۴	۹
مهطعین	۱۴	۵۵	ایام	۱۰	۱۳۵			

اَلتَّحقِیقَاتُ النَّحوِیَّة

	نمبر سورة	نمبر حاشیه
والوزن یومئذ الحق۔	۷	۱۰
ان رحمة الله قریب من المحسنین۔	۷	۷۵
اثنتی عشرة اسباطا امما۔	۷	۲۱۲
یسکن الیها۔	۷	۲۳۷
ولا یخلق شیئا وهم یخلقون۔	۷	۲۳۹
اَنّ اللّٰهَ بریٓءٌ من المشرکینۙ ورسوله۔	۹	۵
اجعلتم سقایة الحاج۔	۹	۲۷
فبذٰلك کی جگہ ذالکما ہونا چاہیے تھا۔	۱۰	۸۳
ما تتلوا منه میں قرآن کی ترکیب۔	۱۰	۸۷
ان کان کبر علیکم مقامی۔ الآیة کی ترکیب۔	۱۰	۱۰۱
من قومه کا مرجع کون ہے۔	۱۰	۱۱۳
بسم الله مجرها ومرسها کی ترکیب۔	۱۱	۶۳
ببعید ۃ کی جگہ ببعید کہنے کی وجہ۔	۱۱	۱۲۱
الورد المورود کی تحقیق وترکیب۔	۱۱	۱۴۳
الرفد المرفود کی تحقیق وترکیب۔	۱۱	۱۴۴
الا ما شاء ربك میں الّا کا حکم۔	۱۱	۱۵۳
انا انزلناه قرآنًا عربیًا کی ترکیب۔	۱۲	۳
همت به وهمّ بها لولا ان رای	۱۲	۴۸
برهان ربه کی ترکیب۔	"	"
عن الیمین والشمائل ایک واحد۔		
دوسری جمع کی وجہ۔	۱۶	۵۶
یتفیّؤا ظلاله الآیة کی ترکیب۔	۱۶	۵۶
نسقیکم مما فی بطونه کی ضمیر کا مرجع۔	۱۶	۶۶
لمن نرید کی ترکیب۔	۱۷	۲۶

	سورۃ نمبر	نمبر آیت
وہ تمھاری کسی بات سے غافل نہیں۔	۱۱	۱۲۳
علیم الٰہی۔	۱۳	۸ تا ۱۱
وہ ظالموں کے کرتوتوں سے غافل نہیں۔	۱۴	۴۲
وہ ظاہر و باطن کو جانتا ہے۔	۱۴	۳۸
" " "	۱۶	۱۹
وہ اگلوں پچھلوں کو جانتا ہے۔	۱۵	۲۴
	۱۵	۲۶
وہ خلاق علیم ہے۔	۱۵	۸۶
تمھارا رب تمھیں خوب جانتا ہے۔	۱۷	۵۴
" " " "		۵۵
" " " "		۹۶

(ب) خالق و مالک

	سورۃ نمبر	نمبر آیت
ہر چیز کا خالق و مالک ہے۔	۷	۱۱
خلق و امر کا وہ مالک ہے۔	۷	۵۴ مع حاشیہ
زمین و آسمان میں اس کی حکومت ہے	۹	۱۱۶
زمین و آسمان کی ہر چیز کا وہی مالک ہے۔	۱۰	۵۵
" " " "	۱۰	۶۶
" " " "	۱۰	۶۸
" " " "	۱۴	۲
اس نے زمین و آسمان کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے۔	۱۴	۱۹
وہ خلاق علیم ہے۔	۱۵	۸۶
وہی زندہ کرتا ہے، وہی مارتا ہے۔	۱۵	۲۳

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اس کے پاس ہر چیز کے خزانے ہیں۔	۱۵	۲۱
وہ ہر چیز اندازے سے اتارتا ہے۔	۱۵	۲۱

(ج) وہ قادر ہے

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
وہ ہر چیز پر قادر ہے	۷	۵۴
" " "	۸	۴۱
دلوں میں الفت وہی پیدا کرسکتا ہے	۸	۲۳
وہی زندہ کرتا ہے، وہی مارتا ہے۔	۱۰	۵۶
وہی نفع و نقصان پہنچانا چاہے تو کوئی روک نہیں سکتا	۱۰	۱۰۷
" " "	۱۱	۳۳
ہر چیز کی باگ ڈور اسی کے ہاتھ میں ہے۔	۱۱	۵۶
واللہ غالب علیٰ امرہ	۱۲	۲۱
جس کو چاہے گمراہ کردے اور جس کو ہدایت دیتا ہے۔	۱۳	۲۷
جسے گمراہ کردے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔	۱۴	۴
" " "	۱۶	۹۷
جو چاہتا ہے کرتا ہے۔	۱۴	۲۷
تمھاری ظاہری و باطنی نعمتیں اسی نے پیدا کی ہیں۔	۱۶	۷۸
جس کو ہم چاہتے ہیں کشادہ رزق دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں تنگ دست کر دیتے ہیں۔	۱۷	۳۰
کن فیکون۔	۱۶	۴۰
وہ ہر چیز پر قادر ہے۔	۱۶	۷۷

(۵) رحمتِ الٰہی

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اس کی رحمت محسنین کے قریب ہے۔	۷	۵۶ مع حاشیہ
اللہ کی رحمت پرہیزگاروں کے لیے ہے	۷	۱۵۶
〃 〃 〃 〃 〃	۷	۱۵۷
وہ صالحین کا ولی ہے۔	۷	۱۹۶
وہ صحابہ کے ساتھ رؤف رحیم ہے	۹	۱۱۷
وہ تو رب رحیم ہے۔	۹	۱۱۸
اللہ دارالسلام کی طرف بلاتا ہے۔	۱۰	۲۵
وہ حق کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔	۱۰	۳۵
وہ لوگوں پر بڑا فضل فرماتا ہے۔	۱۰	۶۰
میرا رب رحیم و ودود ہے۔	۱۱	۹۰ مع حاشیہ
جس کو ہم چاہتے ہیں اپنی رحمت سے سرفراز کرتے ہیں۔	۱۲	۹۶
وہ غفور رحیم ہے۔	۱۲	۹۸
〃 〃 〃 〃	۱۶	۱۱۹
آپ کا رب مغفرت فرمانے والا ہے۔	۱۳	۶
تم اس کی نعمتوں کو شمار نہیں کر سکتے۔	۱۴	۳۴
میرے بندوں کو بتا دو کہ میں غفور رحیم ہوں اور میرا عذاب شدید ہے۔	۱۵	۴۹
〃 〃 〃 〃	۱۵	۵۰
وہ رؤف رحیم ہے۔	۱۶	۷
وہ گناہوں پر فوراً گرفت نہیں کرتا	۱۶	۶۱
ہم یونہی عذاب نازل نہیں کرتے۔	۱۷	۱۵

(۶) محبتِ الٰہی

ہدایتِ ربانی

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اللہ تعالیٰ متقیوں سے محبت کرتا ہے۔	۹	۴
〃 〃 〃 〃	۹	۷
اللہ تعالیٰ مطہرین سے محبت کرتا ہے۔	۹	۱۰۸
وہ محسنین کے اجر کو ضائع نہیں کرتا۔	۱۱	۱۱۵
وہ مصلحین کو ہلاک نہیں کرتا۔	۱۱	۱۱۷
اللہ تعالیٰ متقیوں اور محسنوں کے ساتھ ہے	۱۶	۱۲۸
وہ منیبین کو ہدایت دیتا ہے۔	۱۳	۲۷
وہ کس کو ہدایت دیتا ہے۔ (سنتِ الٰہی)	۱۶	۳۶
〃 〃 〃	〃	〃
جس کو وہ ہدایت دے، وہی ہدایت یافتہ ہے۔	۱۷	۹۷

اللہ تعالیٰ کن سے محبت نہیں کرتا اور ہدایت نہیں دیتا۔

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
وہ مسرفین سے محبت نہیں کرتا۔	۷	۳۱
وہ حد سے بڑھنے والوں سے محبت نہیں کرتا۔	۷	۵۵
وہ خائنوں سے محبت نہیں کرتا۔	۸	۵۸
اللہ تعالیٰ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔	۹	۱۰۹
فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا۔	۹	۲۴
وہ فاسقوں سے راضی نہیں ہوتا۔	۹	۹۶

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
وہ ظالموں کو گمراہ کرتا ہے۔	۱۴	۲۷
گمراہ ہونے والوں کو ہدایت نہیں دیتا۔	۱۶	۳۷
وہ جس کو گمراہ کرتا ہے۔ (سنت الٰہی)	۱۶	۳۶
(ذ) ذکرِ الٰہی کے آداب		
ذکرِ الٰہی کے آداب۔	۷	۲۰۵
ذکر بالجہر کا حکم۔	۷	۲۰۵ کا حاشیہ
ذکر بالجہر	۷	۵۵
	۷	۵۶ مع حاشیہ
ذکرِ الٰہی	۷	۱۸۰
کثرتِ ذکر باعثِ فلاح ہے۔	۸	۴۵
ذکرِ الٰہی سے دل مطمئن ہوتا ہے۔	۱۳	۲۸
(خ) متفرق		
وہ بہترین حاکم ہے۔	۷	۸۷

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اللہ کے بہترین نام ہیں۔	۷	۱۸۰
اللہ تعالیٰ انسان اور اس کے دل میں حائل ہو جاتا ہے۔	۸	۲۴ مع حاشیہ
پلید کو پاک سے الگ کر دیتا ہے۔	۸	۳۷
اس قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جو اپنی حالت نہیں بدلتی۔	۸	۵۳
اللہ تعالیٰ دلوں کو جوڑتا ہے۔	۸	۶۳
اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔	۸	۴۶
اللہ کا نور کسی کے بجھانے سے نہ بجھے گا۔	۹	۳۲
ساری عزتیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔	۱۰	۶۵
وہ غنی ہے۔	۱۰	۶۸
ہر فضیلت والے کو اس کا صلہ دے گا۔	۱۱	۳
اللہ تعالیٰ کی سنت تبدیل نہیں ہو سکتی۔	۱۷	۷۷
اللہ تعالیٰ کے بڑے خوبصورت نام ہیں۔	۱۷	۱۱۰
اللہ تعالیٰ فحش باتوں کا حکم نہیں دیتا۔	۷	۲۸
اس نے فواحش کو حرام کر دیا ہے۔	۷	۳۳

سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
(ا) نبوت و رسالت		
نبی امی کی آمد سے بوجھ اتر گئے۔ زنجیریں کٹ گئیں۔	۷	۱۵۷
حضور ساری نوعِ انسانی کے رسول ہیں۔	۷	۱۵۸

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
نبی امی پر ایمان لانے کا حکم۔	۷	۱۵۸
آپ کو اللہ کافی ہے اور فرماں بردار مومن۔	۸	۶۴
میری مجال نہیں کہ قرآن حکیم میں ذرہ برابر ردو بدل کر سکوں۔	۱۰	۱۵
میرا کام وحی کی اطاعت کرنا ہے۔	۱۰	۱۵

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
میری گزشتہ زندگی میری سچائی کی روشن دلیل ہے۔	۱۰	۱۶
ہر اُمت کے لیے رسول مبعوث کیا جاتا ہے۔	۱۰	۴۷
میرا یہ راستہ ہے۔ میں علی وجہ البصیرت لوگوں کو دعوت حق دیتا ہوں۔	۱۲	۱۰۸
اذا استیأسوا کی تحقیق۔	۱۲	۱۱۰
ہر قوم کے لیے ہادی ہے۔	۱۳	۷
حضورؐ کی رسالت کا خود خدا گواہ ہے۔	۱۴	۱
کفار کے انکار سے کچھ نہیں ہوتا۔ یہ کتاب آپ پر نازل کی گئی تاکہ آپ لوگوں کو اندھیروں سے نور کی طرف لے آئیں۔	۱۴	۱
رسول کو اس کی قوم کی زبان میں بھیجا جاتا ہے۔	۱۴	۴
مردوں کو رسول بنایا گیا۔	۱۶	۴۳
ہم نے بعض انبیاء کو بعض پر فضیلت دی۔	۱۷	۵۵
(ب) رحمت وخلقِ عظیم		
مکارم اخلاق	۷	۱۹۹ مع حاشیہ
شیطان سے پناہ مانگنے کی تلقین۔	۷	۲۰۰
کفار کا کہنا کہ اگر یہ سچ ہے تو ہم پر پتھراؤ ہو۔ اس کا جواب۔	۸	۳۳ مع حاشیہ
بنی ہوازن کے اسیروں کی اسیں ادران پر رحمت عظیم	۹	۲۷ حاشیہ

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
ابوسفیان کا حاضر ہو کر بارش کے لیے دعا کرانا اور مینہ کا برسنا۔	۸	۳۳ مع حاشیہ
حضورؐ کی شانِ رحمت۔	۱۰	۴۹
دشمنوں کے ساتھ حسن سلوک۔	۱۲	۹۱ مع حاشیہ
بڑی خوبصورتی سے درگزر فرمانے کا حکم۔	۱۵	۸۵
میرے رب نے مجھے خوب ادب سکھایا۔	۱۵	۸۵ مع حاشیہ
(ج) شانِ مصطفوی		
دور سے صلوٰۃ وسلام عرض کرنا۔	۷	۴۴ مع حاشیہ
تورات میں حضورؐ کے کمالات کا ذکر۔	۷	۱۵۷ مع حاشیہ
میرا کارساز اللہ تعالیٰ ہے۔	۷	۱۹۶
وما رمیت اذ رمیت	۸	۱۷
حضورؐ کا حکم ماننے سے نماز نہیں ٹوٹتی۔	۸	۲۴ مع حاشیہ
ہمیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اور اس کا رسول دے گا۔	۹	۵۹
اللہ اور اس کے رسول سے محبت سب سے زیادہ ہونی چاہیے۔	۹	۲۴ مع حاشیہ
اللہ اور اس کے رسول کی رضا جوئی۔	۹	۶۲
اللہ اور اس کے رسول نے انھیں غنی کر دیا	۹	۷۴ مع حاشیہ
اگر لوگ آپ کی مدد نہ کریں تو اللہ تعالیٰ آپ کا مددگار ہے۔	۹	۴۰

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
واقعہ ہجرت	۹	۴۰
حضورؐ کی دعا لینے کے لیے صدقہ	۹	۹۹
آپ کی دعا سرمایۂ صد تسکین ہے۔	۹	۱۰۳
حضورؐ کے والدین	۹	۱۱۳ مع حاشیہ
عزیز علیہ ما عنتم (الآیۃ)	۹	۱۲۸
میں اپنے نفس کے لیے نفع و نقصان کا مالک نہیں مگر جتنا اللہ چاہے۔ (اختیاراتِ نبوت)	۹	۴۹ مع حاشیہ
حضورؐ کا ادنیٰ کام بھی اہم اور عظیم ہے۔	۱۰	۶۱ مع حاشیہ
حضورؐ کے مدارج کی ترقی غیر متناہی ہے۔	۱۰	۶۲ مع حاشیہ
ولو شاء ربک میں تخصیص اضافت۔	۱۰	۹۹
آپ حسبِ ارشادِ الٰہی ثابت قدم رہیے۔	۱۱	۱۲۲
ہم آپ کی تسکینِ قلب کے لیے پیغمبروں کے حالات بیان کرتے ہیں۔	۱۱	۱۲۰
حضورؐ علیہ السلام کا رخِ انور تجلیات کا آئینہ تھا۔ اگر یعقوبؑ بھی اسے دیکھ لیتے تو یوسفؑ کو فراموش کر دیتے۔	۱۲	۸۴ مع حاشیہ
یوسفؑ یعقوبؑ کے محبوب تھے اور حضورؐ ربِ یعقوبؑ کے محبوب تھے (حضرت مجددؒ)	۱۲	۸۴
آپ کوئی اجر نہیں مانگتے۔	۱۲	۱۰۴

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
حضورؐ کی حیاتِ پاک کی قسم۔	۱۵	۷۲
آپ کو ہم نے سبع مثانی اور قرآن عظیم عطا فرمایا۔	۱۵	۸۷
لا تمدن عینیک (الآیۃ)	۱۵	۸۸
اپنے غلاموں کے لیے اپنے پروں کو نیچا کیجیے۔	۱۵	۸۸
معراج شریف (مفصل بحث)	۱۷	۱
آپ کے پروردگار کی بخشش بند نہیں ہے۔	۱۷	۲۰ مع حاشیہ
میں اس پتھر کو جانتا ہوں جو بعثت سے پہلے سلام عرض کیا کرتا تھا۔	۱۷	۴۴، ۴۵ مع حاشیہ
استنِ حنانہ کی فریاد۔	۱۷	۴۵
یہ کفار کیسی مثالیں دیتے ہیں۔ گستاخی محرومی کا باعث ہے۔	۱۷	۴۸
حضورؐ کی وجہ سے بنی آدم کو فضیلت ملی۔	۱۷	۷۰
ان سازشوں میں ہم نے آپ کو ثابت قدم رکھا	۱۷	۷۳
" " " "	۱۷	۷۴
" " " "	۱۷	۷۵ مع حاشیہ
آپ صاحبِ مقامِ محمود ہیں۔	۱۷	۷۹
شفیع المذنبین ہیں۔	۱۷	۷۹ مع حاشیہ
آپ پر اللہ تعالیٰ کا فضل کبیر ہے	۱۷	۸۷
حضورؐ کی دست بوسی	۱۷	۱۰۱ مع حاشیہ
قدم بوسی	۱۷	۱۰۱

(د) نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا علم

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
سیدنا علی کے قاتل کے بارے میں ارشاد	۷	۷۷ مع حاشیہ
قیامت کا علم	۷	۱۸۷
غیب کا علم	۷	۱۸۸
حضور نے حضرت عباس کو فرمایا وہ مال کیا ہوا جو تم نے دفن کیا تھا۔	۸	۷۰ مع حاشیہ
منافقین کا علم	۹	۶۴ مع حاشیہ
منافقین کا علم	۹	۱۰۲ مع حاشیہ
عبداللہ ابن ابی کو قمیص دینے کی حکمت۔	۹	۸۴ مع حاشیہ
اللہ اور اس کا رسول تمہارے عمل کو دیکھے گا۔	۹	۱۰۵
حروفِ مقطعات کا علم۔	۱۰	۱
صحابہ کو جنت کی خوشخبری۔	۱۰	۶۴ مع حاشیہ
حضور اپنی امت کے ہر فرد کو اس کے چہرہ اور اعمال سے پہچانتے ہیں۔	۱۱	۱۸
یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم آپ کی طرف وحی کرتے ہیں۔	۱۲	۱۰۲
قرآن میں ہر چیز کی تفصیل ہے۔	۱۲	۱۱۱
ہم نے ہواؤں کو لواقح بنا کر بھیجا۔	۱۵	۲۲

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
(ایک شبہ کا ازالہ)	۱۵	۲۲
ہم آپ کو ان پر گواہ بنا کر لائیں گے۔	۱۶	۸۹
جو کتاب ہم نے آپ پر نازل کی وہ تبیانا لکل شیئ ہے۔	۱۶	۸۹
ہم نے ہر چیز کی تفصیل بیان کر دی ہے۔	۱۷	۱۲
روح کا علم	۱۷	۸۵ مع حاشیہ

(ہ) حضور کی اطاعت

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
نبی امی پر ایمان لاؤ اور ان کا اتباع کرو۔	۷	۱۵۸
حضور صرف وحی کا اتباع کرتے ہیں اور اپنی طرف سے گھڑ کر نئی چیز پیش نہیں کرتے۔	۷	۲۰۳
اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔	۸	۱
" " " "	۸	۲۰
" " " " " "	۸	۲۱
اطاعتِ رسول نہ کرنے والے بدترین چوپائے ہیں۔	۸	۲۲
ایسے لوگوں کو حق سنانے کا کوئی فائدہ نہیں	۸	۲۳
اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو، اور جھگڑو نہیں، ورنہ تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی۔	۸	۴۶ مع حاشیہ
جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتا ہے اس کے لیے عذابِ شدید ہے۔	۸	۱۳

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اللہ اور اس کا رسول جب تمہیں ایسی بات کی طرف بلائے جو تمہیں زندہ کرنے والی ہے تو فوراً لبیک کہو۔	۸	۲۴ مع حاشیہ
منکرین سنت کا خبر واحد پر اعتراض اور اس کا جواب	۱۰	۳۶
مجھے حکم دیا گیا ہے کہ مومن بنوں اور شرک نہ کروں۔	۱۰	۱۰۴
بیان قرآن کا منصب صرف حضورؐ کو تفویض ہوا۔	۱۶	۴۴ مع حاشیہ
آپ پر یہ کتاب نازل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ اسے کھول کر بیان کریں۔	۱۶	۶۴
(و) حضورؐ کی تعظیم و تکریم		
عزروہ و نصروہ	۷	۱۵۷
یہود کی اذیت رسانی اور اس کی سزا۔	۹	۶۱
جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتا ہے اس کے لیے عذاب شدید ہے۔	۸	۱۳
(ذ) اظہار عبودیت		
تبلیغ کے بارے میں آپ تنگدلی محسوس نہ کریں۔	۷	۲
اللہ تعالیٰ کی مرضی کے بغیر میں اپنے نفع نقصان کا مالک نہیں۔	۷	۱۸۸
میں خود بخود غیب نہیں جان سکتا۔	۷	۱۸۸
میرا مددگار اللہ تعالیٰ ہے۔	۷	۱۹۶
جنگی اسیروں سے فدیہ لینے پر عتاب	۸	۶۷
اگر لوگ آپ کی مدد نہ کریں تو اللہ مدد فرمانے والا ہے۔ (واقعہ ہجرت)	۹	۴۰
منافقین کی نماز جنازہ پڑھنے کی ممانعت۔	۹	۸۴ مع حاشیہ
کیا کفار کی تکذیب سے آپ بعض آیات کی تبلیغ ترک کر دیں گے یا آپ کا سینہ تنگ ہوگا۔	۱۱	۱۲
مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں مومنوں سے ہوں اور شرک نہ کروں۔	۱۳	۳۶
غیر خدا کی عبادت نہ کرو۔	۱۳	۳۶
کفار کی خواہشات کی پیروی سے سخت ممانعت۔	۱۳	۳۷
آپ سے پہلے رسولوں کی بیویاں بچے تھے۔	۱۳	۳۸
اللہ کے اذن کے بغیر کوئی نشانی نہیں دکھلائی جا سکتی۔	۱۳	۳۸
اپنے رب کی تسبیح و حمد کیجیے۔	۱۵	۹۸
تادم واپسیں اسی کی عبادت کرتے رہیے۔	۱۵	۹۹
اگر ہم چاہتے تو یہ وحی آپ سے واپس لے لیتے۔	۱۷	۸۶

انبیائے کرام علیہم السلام

آدم علیہ السلام

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
تخلیقِ آدم، فرشتوں کو سجدہ کا حکم، ابلیس کا انکار۔	۷	۱۱ تا ۲۵ مع حواشی
آپ کا جنت سے خروج اور اس کی حکمت۔ (سوز و گداز کی پرورش)	۷	۱۹
لغزش اور آپ کی استغفار۔	۷	۲۳
رسولوں کی بشریت۔	۱۴	۱۰
شیطان کا سجدۂ آدم سے انکار اور اس کی وجہ۔	۱۵	۳۱ تا ۳۵
شیطان کا مہلت طلب کرنا اور چیلنج۔	۱۵	۳۶ تا ۳۹
فرشتوں کو حکم کہ وہ آدم کو سجدہ کریں۔ سب نے حکم کی تعمیل کی سوائے ابلیس کے۔	۱۷	۶۱
اس کا عذر اور چیلنج کہ میں اس کی نسل کو گمراہ کروں گا۔	۱۷	۶۲
اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے اذنِ عام۔	۱۷	۶۳
" " " " "	۱۷	۶۴
میرے بندوں پر تیرا بس نہیں چلے گا۔	۱۷	۶۵

۲- ابراہیم علیہ السلام

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
کیا آپ کے والد مومن تھے۔	۹	۱۱۴
فرشتوں کی آمد اور اسحاق و یعقوب کی ولادت کی بشارت۔	۱۱	۶۹ ۷۰ ۷۱
مائی صاحبہ کا اظہارِ حیرت۔	۱۱	۷۲
فرشتوں کا جواب کہ اللہ سے کچھ بعید نہیں کہ وہ آپ کو پیرانہ سالی میں بچہ دے۔	۱۱	۷۳
اہل بیت کا معنی۔	۱۱	۷۳ مع حاشیہ
خانوادۂ خلیل کے لیے فرشتوں کی دعا۔	۱۱	۷۳
قوم لوط کے لیے آپ کا مجادلہ۔	۱۱	۷۴
صفاتِ ابراہیمی اواہ حلیم منیب	۱۱	۷۵
مکہ مشرفہ کے لیے آپ کی دعا۔	۱۴	۳۵
اپنی اولاد اور پیروکاروں کے لیے دعا۔	۱۴	۳۶ ۳۷
آپ کے والدین کا ایمان	۱۴	۴۱ مع حاشیہ
اپنی اولاد کو وادیٔ غیر ذی زرع میں آباد کرنے کی حکمت۔	۱۴	۳۷
ان کے لیے دعا کہ لوگوں کے دل ان کی طرف کھنچے چلے آئیں۔	۱۴	۳۷
حمدِ باری	۱۴	۳۹
اپنے لیے، اپنی اولاد کے لیے اور اپنے	۱۴	۴۰
والدین کے لیے دعا مغفرت۔	۱۴	۴۱
فرشتوں کی آمد اور بشارت۔	۱۵	۵۱ تا ۶۰
ابراہیم امۃ قانتا کہنے کی وجہ	۱۶	۱۲۰
آپ پر انعاماتِ ربانی۔	۱۶	۱۲۱ تا ۱۲۳

۳- داؤد علیہ السلام

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
آپ کو زبور دی گئی۔	۱۷	۵۵

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
۴۔ شعیب علیہ السلام		
آپ کی دعوت اور ردِّ عمل	۷	۸۵ تا ۹۹ مع حواشی
اہلِ مدین کا علاقہ	۷	۸۵ مع حاشیہ
آپ کی دعوت کہ شرک سے باز آؤ اور خیانت چھوڑ دو اور اخلاقی رذائل سے کنارہ کش ہو جاؤ۔ قوم کا ردِّ عمل اور اس کا انجام۔	۱۱	۸۴ تا ۹۵
دولت سے متعلق ان کا تصور۔	۱۱	۸۷
قوم کی دھمکی۔	۱۱	۹۱
آپ کا جواب۔	۱۱	۹۲
ان کا انجام۔	۱۱	۹۴
" " "	"	۹۵
اصحاب الایکہ۔	۱۵	۷۸
۵۔ صالح علیہ السلام		
آپ کی دعوت اور اس کا ردِّ عمل۔	۷	۷۳ تا ۷۹
نسب نامہ اور علاقہ	۷	۷۳ مع حاشیہ
اونٹنی بطور نشانی۔	۷	۷۳
سنگ تراشی اور فنِ تعمیر میں ان کی مہارت۔	۷	۷۴
انھوں نے ناقہ کو مار ڈالا اور اپنے پیغمبر کو چیلنج دے دیا۔	۷	۷۷

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
ان پر عذابِ الٰہی کا نزول، ان کی بربادی پر	۷	۷۸
حضرت صالح کا اظہارِ حسرت و افسوس	۷	۷۹
مفلس اہلِ ایمان کے ساتھ ان کا مکالمہ۔	۷	۷۵
	۷	۷۶
آپ کی دعوت، قوم کا ردِّ عمل۔	۱۱	۶۱ تا ۶۸
آپ کی استقامت، آپ کا معجزہ۔	۱۱	۶۴
ظالم قوموں پر عذابِ الٰہی کا نزول۔	۱۱	۶۷
سرسید کی عجیب و غریب تاویل۔	۱۱	۶۷ مع حاشیہ
سنگ تراشی میں ان کی مہارت	۱۵	۸۱ تا ۸۴
۶۔ لوط علیہ السلام		
آپ کی دعوت اور قوم کا ردِّ عمل۔	۷	۸۰ تا ۸۴
آپ کے حالات اور علاقہ	۷	۸۰ مع حاشیہ
آپ پر تورات کا جھوٹا الزام اور اس کا رد۔	۷	۸۰ مع حاشیہ
اسلام میں لواطت کی سزا۔	۷	۸۴ مع حاشیہ
لوط علیہ السلام کے پاس فرشتوں کی آمد اور آپ کا اضطراب۔	۱۵	۶۱ تا ۶۶
آپ کا ھٰؤلاء بناتی کہنے کا مقصد۔	۱۱	۷۸
آپ کی قوم کا اخلاقی انحطاط اور آپ کا اضطراب، قوم کا انجام۔	۱۵	۶۷ تا ۷۷

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
٧ - موسیٰ علیہ السلام		
٨ - ہارون علیہ السلام		
موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کی طرف جانے کا حکم ہوا۔	٧	١٠٣
یہ کون سا فرعون تھا۔	حاشیہ آیت مذکور	
فرعون کو آپ کی دعوت اور بنی اسرائیل کی آزادی کا مطالبہ۔	٧	١٠٥
فرعون کا معجزہ طلب کرنا اور آپ کا عصا	٧	١٠٦
اور ید بیضا دکھانا۔	٧	١٠٧
	٧	١٠٨ مع حواشی
آپ پر ساحر ہونے کا الزام۔	٧	١٠٩
ملک پر قبضہ کرنے کا الزام۔	٧	١١٠
جادوگروں کی آمد۔ ان کا آپ سے مقابلہ اور شکست۔	٧	١١١ تا ١١٩
حقیقت سحر	٧	١١٦ مع حاشیہ
کلیم کے ادب سے ساحروں کو ایمان نصیب ہوا۔	٧	١١٥ مع حاشیہ
(ساحروں کی حیرت انگیز استقامت) فرعون کا ظلم و تشدد پر آمادہ ہو جانا۔	٧	١٢٧
آپ کا اپنی قوم کو اللہ سے مدد مانگنے اور صبر کرنے کی تلقین فرمانا اور آزادی کا	٧	١٢٨
وعدہ۔	٧	١٢٩

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
قوم فرعون کا طرح طرح کے عذابوں میں مبتلا کیا جانا لیکن ہدایت پذیر نہ ہونا۔	٧	١٣٠ تا ١٣٥
بدفالی پکڑنا۔	٧	١٣١ مع حاشیہ
آخرکار وہ غرق کر دیے گئے۔	٧	١٣٦
کمزور بنی اسرائیل کو ان کا وارث بنا دیا گیا۔	٧	١٣٧
سمندر سے بخیریت گزرنے کے بعد بنی اسرائیل کا موسیٰ علیہ السلام سے بت بنانے کا مطالبہ۔	٧	١٣٨
آپ کی سرزنش	٧	١٣٨ تا ١٤١
آپ کا طور پر جانا اور چالیس رات ٹھہرنا۔	٧	١٤٢
صوفیاء کی چلہ کشی۔	٧	١٤٢ کا حاشیہ
شوق دید کا اظہار۔	٧	١٤٣ مع حاشیہ
چالیس رات کے بعد تورات کا ملنا	٧	١٤٥
جس میں نصیحت اور ہر قسم کی تفصیل تھی۔	٧	١٤٥
آپ کی غیر حاضری میں بنی اسرائیل کا بچھڑا بنانا اور اس کو پوجنا۔	٧	١٤٨
طور سے واپسی اور حضرت ہارون سے تلخ کلامی۔	٧	١٥٠
آپ کی امت میں اچھے لوگ بھی تھے۔	٧	١٥٨
تیہ کے صحرا میں بارہ چشموں کا جاری کرنا۔	٧	١٦٠

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اسیری	۱۲	۳۵
اسیری میں آپ کا حُسنِ عمل۔	۱۲	۳۶
دعوتِ توحید کا یوسفی انداز	۱۲	۳۷ تا ۴۰
بادشاہ کا خواب اور اس کی تعبیر	۱۲	۴۲
حضرت یوسف کی تواضع وما ابرئ نفسی	۱۲	۵۳
بادشاہ کی قدر دانی۔	۱۲	۵۴
آپ کا فرمانا کہ ملک کے خزانے میرے ماتحت کر دے۔	۱۲	۵۵
کیا کسی عہدہ کی طلب جائز ہے؟		حاشیہ
برادرانِ یوسف کی پہلی بار آمد اور آپ کا حُسنِ سلوک۔	۱۲	۵۸ تا ۶۵
آپ کے متعلق حضرت یعقوب کو علم تھا لیکن افشائے راز کی اجازت نہ تھی۔	۱۲	۶۸ مع حاشیہ
بھائیوں کی بنیامین کے ساتھ دوبارہ آمد۔	۱۲	۶۹
کذالک کدنا لیوسف کی حقیقت۔	۱۲	۷۶ مع حاشیہ
فراقِ یوسف میں حضرت یعقوب کے حزن وملال کی وجہ	۱۲	۸۴ مع حاشیہ
بیٹوں کو یوسف اور ان کے بھائی کی تلاش کا حکم۔	۱۲	۸۷
بھائیوں کا تیسری بار آنا اور راز کا افشا ہونا۔	۱۲	۸۸
	۱۲	۸۹
	۱۲	۹۰
آپ کی کریم النفسی	۱۲	۹۰

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
آپ کی کریم النفسی	۱۲	۹۱
" " "	۱۲	۹۲
" " " "	۱۲	۱۰۰
" " " "		مع حاشیہ
اپنے والدین کے استقبال کے لیے	۱۲	۹۹
آپ کا شہر سے باہر آنا۔	۱۲	مع حاشیہ
والدین اور بھائیوں کا سجدہ کرنا۔	۱۲	۱۰۰
یہ ہے میرے خواب کی تعبیر۔	۱۲	۱۰۰
حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا۔	۱۲	۱۰۱

۱۲۔ یعقوب علیہ السلام

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
انہ لذو علم لما علمناہ	۱۲	۶۸
آپ کو علم تھا کہ بادشاہِ مصر ان کا بیٹا ہے لیکن راز افشا کرنے کی اجازت نہ تھی۔	۱۲	۶۸ مع حاشیہ
مجھے خدا کی طرف سے اس کا علم دیا گیا ہے	۱۲	۸۶
" " "	۱۲	۹۶
آپ کی دعا کی برکت سے آپکے فرزندوں	۱۲	۹۷
کے گناہ معاف ہوگئے۔	۱۲	۹۸

۱۳۔ یونس علیہ السلام

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
آپ کی قوم کا گناہ معاف کر دیا گیا۔	۱۰	۹۸

اسلام

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
زینت وآرائش کے بارے میں ارشاد۔	۷	۳۱
آرائش ممنوع نہیں ہے۔	۷	۳۲

مضمون	نمبر سورۃ	نمبر آیت
نظافتِ بدن اور نفاستِ لباس۔	۷	۳۲ مع حاشیہ
ایمان اور تقویٰ کے باعث زمینی اور آسمانی برکات کا نزول۔	۷	۹۶
اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو صلح کی ترغیب دیتا ہے۔	۸	۶۱
خدا کا نور بجھائے نہیں بجھے گا، ہمیشہ فروزاں رہے گا۔	۹	۳۲
دینی بھائی کون ہیں۔	۹	۱۱
اللہ تعالیٰ پاک لوگوں سے محبت کرتا ہے۔	۹	۱۰۸
دین میں جبر نہیں۔	۱۱	۲۸
اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ خود نہ بدلیں۔	۱۳	۱۱
حق و باطل کی مثال۔	۱۳	۱۷
کشمکش حیات اور بقائے اصلح	۱۳	۱۷
صلہ رحمی کا حکم۔	۱۳	۲۱
اس کی حکمت، ارشاداتِ نبوی۔	۱۳	۲۱ مع حاشیہ
اسلام کی مثال شجرۂ طیبہ کی ہے۔	۱۴	۲۴
اللہ عدل و انصاف کا حکم دیتا ہے۔	۱۴	۲۵
اللہ عدل و احسان کا حکم دیتا ہے۔	۱۶	۹۰
اسلامی تمدن کے اصول	۱۶	۹۱
اپنی قسموں سے لوگوں کو دھوکہ نہ دو ورنہ تمہارے قدم پھسل جائیں گے۔	۱۶	۹۴
تمہاری یہ غلطی لوگوں کو اسلام سے متنفر کر دے گی۔	۱۶	۹۴
تبلیغ اسلام کے آداب۔	۱۶	۱۲۵ تا ۱۲۸
جس شخص کو دعوتِ اسلام نہیں پہنچی اس کا انجام۔	۱۷	۱۶ مع حاشیہ
حق آگیا، باطل بھاگ گیا۔	۱۷	۸۱

انسان اور اس کی عظمت کا قرآنی تصور

مضمون	نمبر سورۃ	نمبر آیت
تخلیقِ انسان	۷ ۱۷	۱۱ ۶۱
تخلیقِ انسان کے بارے میں اسلامی نظریہ اور ڈاروِن کے نظریے کا تفاوت	۷ ۷	۱۱ مع حاشیہ
انسان کو زمین پر تسلط بخشا اور اس کے لیے سامانِ حیات پیدا کیا۔	۷	۱۰
انسان کے لیے لباس پیدا فرمایا۔	۷	۲۶
بہترین لباس تقویٰ ہے۔	۷	۲۶ مع حاشیہ
روزِ ازل انسان سے اپنی ربوبیت کا اقرار۔	۷	۱۷۲ مع حاشیہ
اس میثاق کی وجہ۔	۷	۱۷۲ مع حاشیہ
آفرینش انسان کی غرض	۷	۱۷۹ مع حاشیہ
مزین و آراستہ ہونے کا ارشاد	۷	۳۱

بنی اسرائیل

(د) انعاماتِ خداوندی

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
ہم نے بنی اسرائیل کو بہترین مکان اور پاکیزہ رزق عطا فرمایا۔	۱۰	۹۳
ان پر انعامات۔ ظلمتوں سے نور کی طرف نکالا۔	۱۴	۵
فرعون کے عذاب سے نجات۔ وہ ان کے بچوں کو ذبح کرتا ہے اور عورتوں کو زندہ چھوڑتا ہے۔	۱۴	۶
شکر کروگے تو زیادہ نعمت ملے گی اگر کفر کروگے تو عذاب ہوگا۔	۱۴	۷
اگر تم ناشکری کروگے تو اللہ غنی حمید ہے۔	۱۴	۸
بنی اسرائیل نے خود اپنے اوپر ظلم کیا۔	۱۶	۱۱۸
یوم سبت کی حرمت کی وجہ	۱۶	۱۲۴
بنی اسرائیل کے لیے تورات کو ہدایت بنایا گیا۔	۱۷	۲
بنی اسرائیل کے متعلق پیشین گوئی کہ وہ زمین میں فساد برپا کریں گے۔ (اس کی تفصیل حاشیہ میں ہے)	۱۷	۴ حواشی
ان کے پہلے فساد فی الارض کی کہانی۔ بخت نصر کا حملہ۔ تباہی کے بعد بنی اسرائیل کا عروج۔ (مفصل حاشیہ)	۱۷	۶
سیرس دوم شاہ فارس کا بابل کو فتح کرنا، اور ہیکل کی دوبارہ تعمیر کا حکم (حاشیہ) ان کی دوسری سرکشی اور تباہی۔ تفصیل حاشیہ)	۱۷	۷
اینٹی اوکس یونانی بادشاہ نے زیئس ZEUS کی عبادت کا حکم جاری کیا۔ (حاشیہ)		
مکابی تحریک اور یہود کی نشاۃ ثانیہ (حاشیہ)		
حضرت مسیح کی آمد اور وعظ و نصیحت (حاشیہ)		
آپ کے خلاف یہود کی سازش (حاشیہ)		
ہیروڈ اینٹی پاس کی اخلاقی پستی (حاشیہ)		
حضرت یحییٰ کی شہادت (حاشیہ)		
ٹیٹس کی غارت گری اور تباہی۔		
مژدۂ رحمت اور وعید عذاب۔	۱۷	۸
موجودہ اسرائیلی ریاست (حاشیہ)		
بنی اسرائیل۔	۱۷	۱۰۴

ان کے علماء اور ان کا طریقۂ کار

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
علمائے یہود کا حضور علیہ السلام کی نبوت سے انکار۔ کیونکہ حضور بشر ہیں اور اس	۷	۱۱۲
کا رد۔	۷	۱۱۲
بنی اسرائیل کے ایک عالم کا ذکر جو حسد کے مارے گمراہ ہوگیا۔	۷	۱۷۵ مع حاشیہ
	"	۱۷۶
	"	۱۷۷
انھوں نے احبار و رہبان کو اپنا رب بنا لیا تھا۔	۹	۳۱

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اکثر احبار و رہبان باطل طریقوں سے مال ہڑپ کرتے ہیں۔	۹	۳۴
ان کی سزا۔	۹	۳۵ مع حاشیہ

ج) ان کا دفتر عمل

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
سبت کے احکام کی خلاف ورزی اور سزا۔	۷	۱۶۳
ٹکڑے ٹکڑے کر کے دنیا میں منتشر کر دیے گئے۔	۷	۱۶۸
ان کی ناخلف اولاد۔	۷	۱۶۹ مع حاشیہ
دولت جمع کرنے کی حرص۔	۷	۱۶۹
ان کی غلط فہمی۔	۷	۱۶۹
یہود و نصاریٰ کے مشرکانہ عقائد۔	۹	۳۰
بخت نصر کا ظلم و ستم۔	۹	۳۰ مع حاشیہ

جبر و قدر

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
بعض لوگوں پر گمراہی لازم کر دی گئی ہے	۷	۳۰ مع حاشیہ
جنھوں نے تکبر کیا۔ ہماری آیات کی تکذیب کی۔ ان کو آیات کے فہم سے محروم کر دیا گیا۔	۷	۱۴۶
اگر ہم چاہتے تو اسے ایمان کی برکت سے بلند کر دیتے۔	۷	۱۷۶
انھوں نے منہ موڑا۔ اللہ نے ان کا منہ موڑ دیا۔	۹	۱۲۷
کیا انسان صاحب اختیار ہے۔	۱۰	۴۹
اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو سب مومن ہوتے۔ کیا آپ لوگوں کو جبراً مومن بنانا چاہتے ہیں۔	۱۰	۱۰۰
جو ہدایت اختیار کرتا ہے وہ اپنا بھلا کرتا ہے۔	۱۰	۱۰۸
	۱۷	۱۵
اگر اللہ چاہتا تو سب لوگ ایک امت ہوتے۔	۱۰	۱۱۸
نوشتۂ تقدیر میں اللہ تعالیٰ ردو بدل کر سکتا ہے۔ ام الکتاب اسی کے پاس ہے۔	۱۳	۳۹
اگر اللہ چاہتا تو سب کو ایک امت بنا دیتا۔	۱۶	۹۳
اگر اللہ چاہتا تو ہم کسی غیر کی عبادت نہ کرتے۔	۱۶	۳۵
زبان پر کلمہ کفر اور دل میں ایمان۔	۱۶	۱۰۶
خداوند عالم نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی۔	۱۶	۱۰۸
کوئی کسی کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔	۱۷	۱۵

جہاد

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
جہاد سے فرار کی ممانعت۔	۸	۱۵
* * *	۸	۱۶
طارق فاتح اندلس کے اشعار۔	۸	۱۵ مع حاشیہ
جہاد کا حکم احسان ہے	۸	۱۷
فتنہ کے خاتمہ اور دین کے غلبہ تک جہاد جاری رکھیں	۸	۳۹

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
شماتت اعدائے پناہ کی دعا۔	۷	۱۵۰ مع حاشیہ
یاحی یاقیوم برحمتک الخ	۷	۱۵۵ مع حاشیہ
انت ولینا فاغفرلنا	۷	۱۵۵
* * *	۷	۱۵۶
شیطان کے شر سے بچنے کی دعا اور طریقہ۔	۷	۲۰۰
" " "	۷	۲۰۱
دل کو راہِ راست پر لانے کی دعا۔	۸	۲۴ مع حاشیہ
الٰہی ہمیں فتنہ نہ بنا۔	۱۰	۸۵
ہمیں کافروں کے شر سے نجات دے۔	۱۰	۸۶
کشتی میں سوار ہونے کی دعا۔	۱۱	۴۱ مع حاشیہ
نظرِ بد سے بچنے کی دعا۔	۱۲	۶۷ مع حاشیہ
حضرت یوسف کی دعا فاطر السموٰت الخ	۱۲	۱۰۱
بجلی گرنے سے بچنے کی دعا۔	۱۳	۱۳ مع حاشیہ
دعا سے تقدیر بدل جاتی ہے۔	۱۳	۳۹ مع حاشیہ
بندگانِ خدا کی دعا کا اثر۔ حضرت مجددؒ کی دعا کی برکت	۱۳	۳۹ مع حاشیہ
میت کے لیے دعا۔	۱۴	۲۷ مع حاشیہ
اپنے والدین کے لیے دعا۔	۱۷	۲۴
دشمن سے مستور رہنے کی دعا۔	۱۷	۴۵ مع حاشیہ
الٰہی مجھے سچائی کے ساتھ داخل فرما اور سچائی کے ساتھ نکال اور مجھے سلطاناً نصیراً عطا فرما۔	۱۷	۸۰

سیاست

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اسلام کی خارجہ پالیسی۔	۸	۷۲ مع حاشیہ
اگر کوئی معاہد قوم خیانت کرے، تو مسلمان کیا کرے۔	۸	۵۸ مع حواشی
عمرو بن عنبسہ نے حضرت امیر معاویہ کو روم پر لشکر کشی سے روکا۔	۸	۵۸ مع حاشیہ
اگر کفار صلح کے لیے ہاتھ بڑھائیں، تو تھام لو۔	۸	۶۱ مع حاشیہ
* * *	۸	۶۲
مشرکین کا مسلمانوں سے رویہ۔	۹	۸
لا یرقبوا فیکم الا ولا ذمۃ	۹ ۹ ۹	۸ ۱ ۱۰
اسیرانِ جنگ کے ساتھ برتاؤ۔	۸	۶۷ مع حاشیہ
جب تک کوئی قوم اپنے آپ کو نہ بدلے اس کی تقدیر نہیں بدلتی	۸	۵۳
اُمت کے مختلف گروہوں کے باہمی تعلقات، ان کے حقوق اور فرائض۔	۸	۷۲

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
حج کے موقع پر قطع تعلق کا اعلان۔	۹	۱ مع حاشیہ
جن کے ساتھ معاہدہ ہو چکا اس کو پورا کرنے کا حکم۔	۹	۴
اگر ذمی معاہدہ توڑ دیں یا دین میں طعن کریں تو ان کے حقوق ساقط ہیں۔	۹	۱۲ تا ۱۵ مع حواشی
جزیہ کیا ہے؟ کس پر لازم ہے۔	۹	۲۹
اگر کوئی غیر مسلم اسلام کو سمجھنے کے لیے اسلامی مملکت میں آنا چاہے تو اسے اجازت دی جائے۔ اس کی حفاظت کی ذمہ داری اسلامی حکومت پر ہوگی۔	۹	۶
قوت وطاقت کے باوجود دشمن سے نرمی۔	۹	۷ مع حاشیہ
حسن سیاست نبوت۔	۹	۷۴ مع حاشیہ
قوموں کے عروج و زوال کا راز۔	۱۰	۱۴
فرعونی سیاست۔	۱۰	۸۳ مع حاشیہ
اہل حق پر الزام کہ وہ اقتدار چاہتے ہیں	۱۰	۷۸
مذہبی استبداد۔	۱۰	۸۷ مع حاشیہ
کیا مسلمان کافر حکومت کا ملازم ہو سکتا ہے	۱۲	۵۵
کسی عہدہ کی خواہش کرنا کب جائز ہے۔	۱۲	۵۵ مع حاشیہ

شرک کا ابطال

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
مشرکین نجس ہیں۔ مسجد حرام کے نزدیک نہ جائیں۔	۹	۲۸
یہ بولا ہو میں طرح طرح کی گمراہیوں کا ابطال۔ اس کے اذن کے بغیر کوئی شفاعت نہیں کر سکتا۔	۱۰	۳
تمہارے معبود نہ آغاز آفرینش پر قادر نہ اعادہ پر۔	۱۰	۳۴
وہ حق کی طرف راہنمائی بھی نہیں کر سکتے۔	۱۰	۳۵
شرک کا ابطال۔	۱۶	۷۱
ان کے معبود کسی چیز کے مالک نہیں۔	۱۶	۷۳
" " " "	۱۶	۷۵
" " " "	۱۶	۷۶
کسی کو خدا نہ بناؤ۔	۱۷	۲۱
" " "	۱۷	۲۲
اگر کوئی دوسرا خدا ہوتا تو......	۱۷	۴۲
" " " "	۱۷	۴۳
بُت مصائب کو دور نہیں کر سکتے۔	۱۷	۵۶
بُت طوفان میں نہیں بچا سکتے۔	۱۷	۶۷
شرک کا ابطال۔	۱۷	۶۸
" " "	۱۷	۶۹

شریعت

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
شریعت کی پابندی افلاس کا باعث نہیں بلکہ خوشحالی کا سبب ہے۔	۱۱	۵۲
"	"	"

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
عبادات		
نماز		
نماز کے اوقات۔	۱۷	۷۸
نماز تہجد۔	۱۷	۷۹
حج		
مہینوں کی گنتی اللہ تعالیٰ کے نزدیک ۱۲ ہے۔ جن میں سے چار حرمت والے ہیں۔	۹	۳۶ مع حاشیہ
ایام حج کو آگے پیچھے کرنا کفر میں زیادتی ہے۔	۹	۳۷
زکوٰۃ وصدقات		
بعض اعرابی قرب الٰہی اور دعائے رسول کے لیے مال خرچ کرتے ہیں۔	۹	۹۹
زکوٰۃ کے مصارف۔	۹	۶۰
کیا مدارس اسلامیہ پر زکوٰۃ جائز ہے۔	حاشیہ آیت بالا	
کیا ہاشمی ہاشمی کو زکوٰۃ دے سکتا ہے۔	〃	〃
جرائم وعقوبات		
لواطت کی سزا۔	۷	۸۴
قتل بے گناہ کی ممانعت۔	۱۷	۳۳
قصاص کا حکم اور اس کی حکمت۔	۱۷	۳۳
زنا کے قریب بھی نہ جاؤ۔	۱۷	۳۲
عہد یوسفی میں مصری عورت کا کردار۔	۱۲	۲۹ تا ۳۵

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
عورت کی عصمت کی حفاظت کے احکام۔	۱۲	۲۹ تا ۳۵
حلال وحرام		
شطرنج کا حکم۔	۱۰	۳۲ مع حاشیہ
سماع کا حکم۔	۱۰	۳۲ مع حاشیہ
خود کسی چیز کو حلال وحرام قرار دینا اللہ تعالیٰ پر بہتان ہے۔	۱۰	۵۹
کونسی چیزیں حرام ہیں۔	۱۶	۱۱۵
ما اهل به لغير الله۔ (تفصیلی بحث)	۱۲	۱۱۵
نذر ونیاز اور فاتحہ کی مفصل بحث)	حاشیہ آیت مذکورہ بالا	
خود کسی چیز کو حلال وحرام نہ کہو۔	۱۶	۱۱۶
شیطان (ابلیس)		
سجدہ نہ کرنے کی وجہ سے شیطان کا پھٹکارا جانا اور اس کا مہلت طلب کرنا اور اس کا چیلنج۔	۷	۱۱ تا ۱۷
حقیقت انسان کے بارے میں شیطان کی غلط فہمی۔	۷	۱۲
شیطان اور اس کا گروہ تمہیں دیکھتا ہے۔ اور تم انہیں نہیں دیکھ سکتے۔ شیطان ان کا دوست ہے جو ایمان نہیں لاتے۔	۷	۲۷ مع حاشیہ
شیطان کی وسوسہ اندازی اور اس سے بچاؤ۔	۷	۲۰۰

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
شیطان اپنے دوستوں کو مزید گمراہی میں دھکیل دیتا ہے۔	۷	۲۰۲
شیطان کی فریب کاری۔	۷	۲۰
شیطان کا کفار کو یہ کہنا کہ تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا۔	۸	۴۸
پھر اس کا ان سے الگ ہونا۔	۸	۴۸
شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔	۱۲	۵
شیطان کس طرح فریب دیتا ہے۔	۱۲	۹ مع حاشیہ
شیطان کا اپنے پیروکاروں پر الزام کہ تم نرے بدھو ہو میں نے تمہیں گمراہی کی طرف بلایا اور تم دوڑتے چلے آئے۔	۱۴	۲۲ مع حاشیہ
شیطان کا سجدۂ آدم سے انکار اور اس کی وجہ۔	۱۵	۳۱ تا ۳۵
شیطان کا مہلت طلب کرنا اور چیلنج۔	۱۵	۳۶ تا ۳۹
شیطان گمراہوں کے اعمال کو آراستہ کرتا ہے۔	۱۶	۶۳
قیامت کے دن وہی ان کا دوست ہوگا	۱۶	۶۳
تلاوت قرآن کریم سے پہلے شیطان کے شر سے پناہ مانگو۔	۱۶	۹۸
شیطان کا غلبہ فقط اپنے یاروں پر ہے۔	۱۶	۱۰۰
شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔	۱۷	۵۳
سجدۂ آدم سے انکار اور اس کا راندہ جانا۔	۱۷	۶۱ تا ۶۵

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
شیطان کا مہلت طلب کرنا۔	۱۷	۶۱ تا ۶۵
شیطان باہمی تفرقہ ڈالتا ہے۔	۱۷	۵۳
شیطان کا چیلنج۔	۱۷	۶۱ تا ۶۵
" " " "	"	۶۵
شیطان کو اذن عام۔	۱۷	۶۴
" " " "	"	۶۵
شیطان صرف جھوٹے وعدے کرتا ہے۔	۱۷	۶۴

صحابۂ اہلِ بیت اور امتِ مسلمہ

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
شانِ صحابہ	۷	۱۵۷
حضورؐ سب کی طرف رسول بنا کر بھیجے گئے۔	۷	۱۵۸
پاکیزہ رزق اور دوسری نعمتیں مسلمانوں کا حصہ ہیں۔	۷	۳۲
عمدہ کھانے، مکانات، سواریاں۔	۷	۳۲ مع حاشیہ
سماع موتیٰ۔	۷	۷۹ مع حاشیہ
دعوتِ حق اور عادل امت۔	۷	۱۸۱
صحابہ کے بارے میں فرمایا یہی سچے مومن ہیں۔	۸	۷۴
اللہ کی رحمت ان مہاجرین و انصار پر جنہوں نے غزوۂ تبوک میں حضورؐ کی پیروی کی۔	۹	۱۱۷

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
قرآن کی فصاحت کا اعجاز جس نے مخالفین کو دم بخود کر دیا ہے۔	۱۱	۴۴ مع حاشیہ
قرآن نصیحت ہے اور مومنوں کے لیے یاد دہانی۔	۱۱	۱۲۰
قرآن سارے جہانوں کے لیے ذکر ہے۔	۱۲	۱۰۴
قرآن گھڑی ہوئی بات نہیں۔	۱۲	۱۱۱
اس میں ہر چیز کی تفصیل ہے۔	۱۲	۱۱۱
یہ مومنوں کے لیے سراپا ہدایت و رحمت	۱۲	۱۱۱
ہے۔	۱۶	۶۴
قرآن کریم حق ہے۔	۱۳	۱
ہم نے ہی اسے اتارا۔ ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔	۱۵	۹
اس میں ہر چیز کا بیان ہے۔ جو مسلمانوں کے لیے ہدایت رحمت اور	۱۶	۸۹
مژدہ ہے۔	۱۶	۱۰۲
قرآن کریم کے بارے میں کفار کا تاثر۔	۱۶	۹۰ مع حاشیہ
تلاوت قرآن کے آداب۔	۱۶	۹۰
یہ حق کے ساتھ نازل ہوا۔	۱۶	۱۰۲
کفار کا یہ الزام کہ کوئی شخص آپ کو قرآن سکھاتا ہے۔	۱۶	۱۰۳
یہ قرآن سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔	۱۷	۹
نصیحت ہے۔	۱۷	۳
قرآن میں سب بیماریوں کا علاج ہے۔	۱۷	۸۲

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اگر جن و انس بھی جمع ہو جائیں تو اس کی	۱۷	۸۸
مثل پیش نہیں کر سکتے۔	۱۷	۸۹
قرآن کو یکبارگی نازل نہ کرنے کی حکمت۔	۱۷	۱۰۶

دیگر آسمانی کتب

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
تورات۔ ہر چیز کی تفصیل اور اس کی ہدایت۔	۷	۵۲
اور موعظت ہے۔	۷	۱۴۵
اس کو مضبوطی سے پکڑنے اور اس پر عمل کرنے کا حکم۔	۷	۱۴۵
یہ ہدایت اور رحمت ہے۔	۷	۱۵۴
تورات امام اور رحمت ہے۔	۱۱	۱۷
موجودہ تورات میں تضاد کی مثال۔	۱۱	۴۰ مع حاشیہ
قصص الانبیاء جو بائیبل میں مذکور ہیں۔ ان کا تقابلی مطالعہ۔ (تعارف سورۂ یوسف)		
تورات بنی اسرائیل کے لیے ہدایت ہے۔	۱۷	۲

قیامت

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
قیامت کے روز اعمال تولے جائیں گے۔	۷	۸ مع حاشیہ
اعمال کے وزن کی حقیقت۔	۷	″
وقوعِ قیامت کی دلیل۔	۷	۵۷
وقوعِ قیامت کی حکمت۔	۱۰	۴
″ ″ ″ ″	۱۳	۵
″ ″ ″ ″	۱۶	۳۸
″ ″ ″ ″	۱۶	۳۹

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
متقیوں کے لیے دارِ آخرت بہتر ہے۔	۱۲	۱۰۹
روزِ قیامت مجرموں کی حالت۔	۱۴	۴۸ تا ۵۱
قیامت کے دن نہ خرید و فروخت ہوگی نہ دوستی ہی کام آئے گی۔	۱۴	۳۱
اس سے پہلے پہلے نماز اور صدقہ دے لو۔	۱۴	۳۱
روزِ قیامت زمین و آسمان بدل دیے جائیں گے۔	۱۴	۴۸
حکمِ الٰہی آپہنچا۔	۱۶	۱
قیامت کے دن نامۂ اعمال کھول کر سامنے رکھ دیا جائے گا اور حکم ملے گا	۱۷	۱۳
کہ اس نوشتہ کو خود پڑھ لو۔	۱۷	۱۴
وقوعِ قیامت پر کفار کا اعتراض اور اس کا رد۔	۱۷	۴۹
" " " "	۱۷	۵۰
" " " "	۱۷	۵۱
" " " "	۱۷	۹۸
" " " "	۱۷	۹۹

کفار و مشرکین

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
مشرک کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ کی مرضی نہ ہوتی تو ہم شرک نہ کرتے۔ کسی چیز کو حرام نہ کرتے	۱۶	۳۵
کفار عذابِ الٰہی سے کیوں نہیں ڈرتے۔	۱۶	۴۵
" " " "	۱۶	۴۶
" " " "	۱۶	۴۷
وہ سمجھتے ہیں کہ دونوں جہان کی بہتری ان کے لیے ہے۔	۱۶	۶۲
جو اس کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے	۱۶	۱۰۴
انھیں ہدایت نہیں ملتی۔	۱۶	۱۰۷
جو اللہ پر بہتان باندھتے ہیں وہ فلاح نہیں پاتے۔	۱۶	۱۱۶
ہم کسی بستی کو کیسے ہلاک کرتے ہیں۔ امرنا مترفیھا۔	۱۷	۱۶
نالائقو۔ کیا تمھیں تو اللہ تعالیٰ نے بیٹے دیے اور اپنے لیے بیٹیاں۔	۱۷	۴۰
ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال	۱۷	۴۵
دیے ہیں۔	۱۷	۴۶
ظالم کہتے ہیں کہ تم ایک مسحور کی پیروی کرتے ہو۔	۱۷	۴۷
وہ بے ادبی کے باعث گمراہ ہو گئے۔	۱۷	۴۸
کفار کے مطالبات اور ان کو پورا نہ کرنے کی حکمت۔	۱۷	۵۹ مع حاشیہ
جو اس دنیا میں اندھا وہ روزِ قیامت بھی اندھا۔	۱۷	۷۲
کفار کے کفرانہ مطالبات اور ان کا رد۔	۱۷	۹۰ تا ۹۳
کفار کا اعتراض کہ آپ بشر ہیں اور	۱۷	۹۴
اس کا رد۔	۱۷	۹۵
قبضِ روح کے وقت انھیں فرشتوں کی بشارتیں۔	۷	۳۷

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
وہ بتوں کو اللہ تعالیٰ کا مدمقابل (ند) سمجھتے ہیں۔	۱۴	۳۰
بارگاہ رسالت میں گستاخی۔ انک لمجنون	۱۵	۶

ج) اُن کے اطوار

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اللہ تعالیٰ پر افترا پردازی۔	۷	۳۷
بُرے کام کرتے ہیں پھر کہتے ہیں اللہ نے ہمیں ایسا حکم فرمایا ہے۔	۷	۲۸
دین ان کے نزدیک لہو ولعب کا نام ہے۔	۷	۵۱
تکلیف کے وقت ان کا نظریہ کہ ایسی تکلیفیں ان کے باپ دادا کو بھی آتی تھیں۔	۷	۹۵ مع حاشیہ
اگر وہ ایمان لاتے اور متقی بنتے تو رزق کے دروازے کھل جاتے۔	۷	۹۶ مع حاشیہ
دلائل کے باوجود وہ راہ حق سے بدکتے ہیں، اور غلط راہ پر دوڑ کرتے ہیں۔	۷	۱۴۶
یہ ڈنگروں سے بھی زیادہ گمراہ ہیں۔ نہ سمجھتے ہیں نہ دیکھتے ہیں نہ سنتے ہیں۔	۷	۱۷۹
	۸	۲۲
	۸	۲۳
یہ راہ حق سے روکتے ہیں، اور اس کو ٹیڑھا کرنا چاہتے ہیں۔	۷	۴۵
انھیں یقین ہے کہ غریب مسلمانوں کو رحمت الٰہی سے کچھ حصہ نہ ملے گا۔	۷	۴۹
اگر یہ دین حق ہے تو ہم پر پتھراؤ کیا جائے۔	۸	۳۲
ان کی نماز کی کیفیت۔	۸	۳۵
وہ راہ حق سے روکنے کے لیے مال خرچ کرتے ہیں۔	۸	۳۶
ان کا انجام حسرت ہے۔	۸	۳۶
کفار بدترین ڈنگر ہیں۔ یہ عہد شکن ہیں۔	۸	۵۵
قرآن میں حسب خواہش ردوبدل کی کوشش کرتے ہیں۔	۱۰	۱۵ مع حاشیہ
طوفان میں گھر جائیں تو خدا کو پکارتے ہیں۔	۱۰	۲۲
بچ جائیں تو پھر شرک کرنے لگ جاتے ہیں۔	۱۰	۲۲
وہ حق کو توڑ مروڑ کر پیش کرتے ہیں تاکہ اس میں رخنہ پیدا کریں۔	۱۱	۱۹
	۱۱	مع حاشیہ
یہ مومنوں کو حقیر سمجھتے ہیں۔	۱۱	۲۷
انبیاء کے ساتھ استہزاء	۱۳	۳۲
وہ آخرت سے زیادہ دنیوی زندگی کو پسند کرتے ہیں۔	۱۴	۳
وہ لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکتے ہیں۔	۱۴	۳
وہ قرآن میں کجی پیدا کرنا چاہتے ہیں۔	۱۴	۳
انھوں نے نعمت الٰہی کی ناشکری کی، اور اپنی قوم کو ہلاکت کے گڑھے میں دھکیل دیا۔	۱۴	۲۸
	۱۴	۲۹
رسولوں کا استہزاء ان کی گمراہی کا سبب۔	۱۵	۱۲
انھوں نے قرآن کو پارہ پارہ کر دیا۔	۱۵	۹۱
مشرکین کے طور طریقے۔	۱۶	۵۳ تا ۶۲
اگر صرف اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے، تو وہ روگردانی کرتے ہیں۔	۱۷	۴۵
	۱۷	۴۶

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
(د) ان کی نجات نہیں		
جو ہماری آیتوں کی تکذیب کرتے ہیں ان	۷	۴۰
کی ہرگز نجات نہیں۔	۷	۴۱
تکبر کرنے والوں کو آیات کے فہم سے محروم کردیا جاتا ہے۔	۷	۱۴۶
آیات کی تکذیب کرنے والوں کو سخت	۷	۱۸۲
عذاب!! استدراج۔	۷	۱۸۳
جنھیں خدا گمراہ کرے انھیں گمراہی میں بھٹکنے کے لیے چھوڑ دیا جاتا ہے۔	۷	۱۸۶
شیطان اپنے دوستوں کو مزید گمراہی میں دھکیل دیتا ہے۔	۷	۲۰۲
کفار پر اچانک عذاب۔	۷	۴
〃 〃 〃	۷	۵
کفار و مشرکین کے لیے استغفار کی ممانعت۔	۹	۱۱۳
ان کا ہولناک انجام		
ظالموں کی موت کی کیفیت۔	۷	۳۷
کفار ہلاکت کا انتظار کر رہے ہیں۔	۷	۵۳
کتنی بستیاں ہیں جن پر اچانک عذاب آیا۔	۷	۵
روزِ قیامت ایک دوسرے پر لعن طعن	۷	۳۸
کریں گے۔		تا ۳۹
دوزخ میں پیاس کی شدت سے تڑپیں گے۔	۷	۵۰

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اس عذاب کی وجہ۔	حاشیہ نمبر ۶۵	
برباد ہونے والی قوموں کے ذکر کے بعد	۷	۹۷ تا
موجودہ قوموں کا ذکر۔		۱۰۰
آیات کی تکذیب کرنے والوں کو سخت	۷	۱۸۲
عذاب۔	۷	۱۸۳
کفار کے معبود ان کی عبادت کا انکار کر دیں گے۔	۱۰	۲۸
دنیا بھر کا مال بطور فدیہ دیں گے قبول نہ ہوگا۔	۱۰	۵۴
وہ آتشِ جہنم میں پھینک دیئے جائیں گے۔	۱۱	۱۵
〃 〃 〃 〃	۱۱	۱۶
ظالموں پر اللہ کی لعنت۔	۱۱	۱۸
وہ ظالم کون ہیں۔	۱۱	۱۹ تا
		۲۲
فرعون اپنی قوم کو آگ میں لے جائیگا۔	۱۱	۹۸
کفار دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔	۱۱	۱۰۷
جو اللہ کی بات نہیں مانتے۔	۱۳	۱۹
جو اللہ تعالیٰ کے وعدہ کو توڑتے ہیں۔	۳	۲۵
زمین میں فساد برپا کرتے ہیں ان پر لعنت۔	۱۳	۲۵
ظالموں کا حالِ زار۔	۱۴	۴۳
〃 〃 〃	۱۴	۴۴
زنجیروں میں جکڑے ہوں گے۔ لباس	۱۴	۴۹
تارکول کا ہوگا۔	۱۴	۵۰
کفار کا اظہارِ حسرت۔	۱۵	۲
گمراہوں کے لیے جہنم جس کے سات دروازے ہیں۔	۱۵	۴۳
	۱۵	۴۴

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
فراستِ مومن	۱۵	۷۵ مع حاشیہ
پرہیزگاروں کی عزت افزائی۔	۱۶	۳۰
" " " " "	۱۶	۳۱
اُن کی وفات کا رُوح پرور منظر۔	۱۶	۳۲
شانِ اولیاء، وہ باذن اللہ تصرف کرسکتے ہیں۔	۱۶	۷۵ مع حاشیہ
ضرب اللہ مثلا الخ الآیۃ قطبیت، غوثیت سیدنا علی المرتضیٰ کے وسیلہ سے ملتی ہے۔	۱۶	۷۵
	۱۶	مع حاشیہ
پاکیزہ زندگی جو مومن کو عطا ہوتی ہے۔	۱۶	۹۶
" " " " "	۱۶	۹۷
ہجرت، جہاد اور صبر کرنے والوں کا درجہ۔	۱۶	۱۱۰
جو آخرت کا خواہاں ہو اور اس کے لیے کوشاں۔	۱۷	۱۹
اولیاء کرام کا ذکر۔ بعض حق ناشناسوں کا اعتراض اور اس کا جواب۔	۱۷	۵۶، مع حاشیہ
نیکوں کو وسیلہ بنانا۔	۱۷	۵۷ مع حاشیہ
اللہ تعالیٰ کا شیطان کو چیلنج کہ تو میرے	۱۷	۶۴
بندوں پر قابو نہیں پاسکتا۔	۱۷	۶۵
جنہیں دائیں ہاتھ میں نامۂ اعمال دیا جائیگا۔	۱۷	۷۱

معاشیات

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اسراف کی ممانعت۔	۷	۳۱
تمہارے اموال اور اولاد فتنہ ہیں۔	۸	۲۸ مع حاشیہ
اموالِ غنیمت۔	۸	۴۱
جزیہ اور اس کا حکم (تفصیلی بحث)	۹	۲۹
زکوٰۃ اور اس کے مصارف۔	۹	۶۰
سونا، چاندی جمع کرنے کی مذمت۔	۹	۳۵
نہ کم تولو، نہ کم ناپو۔	۱۱	۸۴
پورا تولو، پورا ناپو۔	۱۱	۸۵
ناجائز معاشی استحصال آخرکار فتنہ کا باعث بنتا ہے۔	۱۱	۸۵ مع حاشیہ
قناعت بہتر ہے۔	۱۱	۸۶ مع حاشیہ
دولت کے متعلق سرمایہ دارانہ نقطۂ نظر اور اس کے ضررات۔	۱۱	۸۷ مع حاشیہ
یوسف علیہ السلام نے کہا، ملک کے خزانے میرے سپرد کردو۔	۱۲	۵۵
راشن بندی کا حکم۔	۱۲	۵۵ مع حاشیہ
خاندانی کفالت کا اصول۔	۱۶	۹۰ مع حاشیہ
تمہارے خزانے ختم ہو جائیں گے اور اللہ تعالیٰ کے خزانے ہمیشہ بھرے رہیں گے۔	۱۶	۹۶ مع حاشیہ
پورا تولو، پورا ناپو۔	۱۷	۳۵
فضول خرچی کی ممانعت۔	۱۷	۲۶
" " " "	۱۷	۲۷

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
بخل اور اسراف مت کرو۔	۱۷	۲۹
میانہ روی اختیار کرو	۱۷	۲۹
رزق میں تنگی اور فراخی اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔	۱۷	۳۰
افلاس کے خوف سے اولاد کو مت قتل کرو۔	۱۷	۳۱
اللہ تعالیٰ کا فضل (رزق) تلاش کرو۔	۱۷	۶۶
کاروباری بددیانتی سے ملک میں فساد برپا مت کرو۔	۷	۸۵
معجزات		
موسیٰ علیہ السلام کا عصا اور ید بیضاء	۷	۱۰۷
" " " "	۷	۱۰۸
واقعہ معراج شریف۔ اس کے ضمن میں معجزہ پر مدلل بحث کی گئی ہے۔ معجزہ کسے کہتے ہیں۔ اس کے وقوع کے دلائل۔ اس پر جدید و قدیم اعتراضات کا رد۔ سرسید کی غلط تاویلیں۔ معجزہ پر ہیوم (HUME) کا اعتراض اور اس کا جواب۔	۱۷	۱
منافقین		
جنگ تبوک کے وقت منافقین کا ردعمل۔	۹	۴۲ تا ۵۹
" " " "	"	۹۴
" " " "	"	۹۵
" " " "	"	۹۶

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
یہ پہلے بھی فتنہ انگیزی کرتے تھے اور	۹	۴۸
اب بھی کر رہے ہیں۔	۹	۴۹
" " " "	۹	۵۰
ان کے چندے بھی نامنظور۔	۹	۵۳
" " " "	۹	۵۴
" " " "	۹	۵۵
منافقین کے احوال۔	۹	۵۶ تا ۵۹
منافقین انعام اور حالات کی اطلاع۔	۹	۶۴
" " " "		مع حاشیہ
" " " "		تا ۶۹
" " " "		۷۰
" " " "		۷۳ تا
" " " "		۸۷
عبداللہ بن ابی۔	۹	۸۰
منافقین سے جہاد کرنے کا حکم۔	۹	۷۳
منافق اعراب۔	۹	۹۰
ثعلبہ نے زکوٰۃ دینے سے انکار کیا۔	۹	۷۵ مع حاشیہ
منافقین کی نماز جنازہ کی ممانعت۔	۹	۸۴
ان کو جہاد میں شرکت سے محروم کر دیا گیا ہے۔	۹	۸۳
ان کے مال اور اولاد انکے لیے عذاب ہیں۔	۹	۸۵
منافقین کی جہاد سے معذرت۔	۹	۸۶
	۹	۸۷

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
جہاد سے معذرت کے باعث ان کے دلوں پر مہر لگ گئی اور سمجھ سلب ہوگئی۔	۹	۸۷
منافقین کی معذرت قبول نہ کرنے کا حکم۔	۹	۹۴
ان کی قسموں کا اعتبار نہ کرو۔ ان سے منہ پھیر لو۔ یہ ناپاک ہیں۔	۹	۹۵
یہ قسموں سے تمہیں خوش کرنا چاہتے ہیں۔	۹	۹۶
الاعراب کے کفر و نفاق کی شدت۔	۹	۹۷
اعراب اللہ کے لیے خرچ کرنے کو تاوان سمجھتے ہیں۔	۹	۹۸
مسجد ضرار اور اس کے بنانے والے۔	۹	۱۰۶
	۹	۱۰۷

نواہی

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
زمین میں فساد مت پھیلاؤ۔	۷	۵۶ مع حاشیہ
فال گیری کی ممانعت۔	۷	۱۳۱ مع حاشیہ
خدا اور رسول کے احکام کو چھوڑ کر کسی دوست کی پیروی مت کرو۔	۷	۳
وہ باتیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے۔	۷	۳۳
کاروباری بددیانتی سے ملک میں فساد برپا نہ کرو۔	۷	۸۵

	نمبر سورۃ	نمبر آیت
اللہ اور اس کے رسول سے خیانت نہ کرو۔	۸	۲۷
خیانت اور امانت کا مفہوم۔	۸	۲۷ مع حاشیہ
منکروں، ریاکاروں اور راہِ حق سے روکنے والوں کی طرح نہ ہو جاؤ۔	۸	۴۷
سرکشی مت کرو۔	۱۱	۱۱۲
ظالموں کی طرف مت مائل ہو۔	۱۱	۱۱۳
اللہ تعالیٰ بے حیائی، برائی اور سرکشی سے منع کرتا ہے۔	۱۶	۹۰
اس بڑھیا کی طرح نہ ہو جاؤ جس نے اپنا کاتا ہوا سوت پارہ پارہ کر دیا۔	۱۶	۹۲
قسموں کو باہمی دھوکہ دہی کا ذریعہ نہ بناؤ۔	۱۶	۹۲
اللہ تعالیٰ کے عہد کو کم قیمت پر مت بیچو۔	۱۶	۹۵
اسراف مت کرو۔	۱۷	۲۶
اولاد کو افلاس کے خوف سے قتل نہ کرو۔	۱۷	۳۱
زنا کے قریب مت جاؤ۔	۱۷	۳۲
یتیم کے مال کے نزدیک مت جاؤ۔	۱۷	۳۴
زمین میں غرور سے نہ چلو۔	۱۷	۳۷

مطبع ——— تخلیق مرکز پرنٹرز لاہور فون 7229416
کتابت ——— خوشنویس محمد ناصر، محمد صدیق، محمود اللہ صدیقی
متن ——— بشکریہ تاج کمپنی کراچی
تعداد ——— تین ہزار (۳۰۰۰)
تاریخ طباعت ——— جمادی الثانی ۱۴۰۲ھ
ناشر ——— ضیاء القرآن پبلی کیشنز۔ لاہور

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	سُورۃ الاعراف	۵
۲	سُورۃ الانفال	۱۲۳
۳	سُورۃ التوبہ	۱۷۳
۴	سُورۂ یُونس	۲۷۱
۵	سُورۂ ھُود	۳۳۷
۶	سُورۂ یُوسف	۴۰۱
۷	سُورۃ الرّعد	۴۶۷
۸	سُورۂ ابراھیم	۴۹۹
۹	سُورۃ الحجر	۵۲۷
۱۰	سُورۃ النحل	۵۵۳
۱۱	سُورۂ بنی اسرائیل	۶۲۱
۱۲	تحقیقاتِ لغویہ	۶۹۳
۱۳	التحقیقات النحویہ	۶۹۷
۱۴	فہرست مطالب	۶۹۸

فہرست نقشہ جات

نمبر شمار		صفحہ
۱	اقوامِ عاد۔ ثمود۔ لوط اور شعیب کے علاقے	۶۰
۲	قریش کی تجارتی شاہراہ	۱۲۴
۳	جنگِ بدر	۱۲۸
۴	عہدِ رسالت میں مشہور عرب قبائل کے مساکن	۱۷۴
۵	قومِ نوح کا علاقہ اور جبل جودی	۳۶۴
۶	سورۂ یوسف سے متعلقہ علاقے	۴۱۴
۷	حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے بعد فلسطین کی قبائلی تقسیم	۶۳۴
۸	حضرت داؤد اور سلیمان علیہما السّلام کی سلطنت	۶۳۶
۹	سلطنتِ اسرائیل اور یہوداہ	۶۳۷
۱۰	فلسطین بزمانہ دولتِ مکابیہ	۶۳۸
۱۱	ہیرود اعظم کی سلطنت	۶۳۹
۱۲	فلسطین حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے زمانہ میں	۶۴۰

تعارف سُورۃ الاعراف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اس سُورۃ پاک کا نام الاعراف ہے۔ یہ ۲۰۶ آیتوں اور چوبیس رکوعوں پر مشتمل ہے اور اس کے الفاظ کی تعداد ۳۳۲۵ ہے۔
یہ سُورۃ بھی مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اگرچہ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ اس کی پانچ یا آٹھ آیتیں مدنی ہیں (واسال اهل القرية الخ) لیکن محققین کا مختار قول یہ ہے کہ اس کی تمام آیتیں بلا استثناء مکی ہیں۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی بسندِ صحیح یہی مروی ہے۔
سُورہ الانعام اور الاعراف کا زمانۂ نزول قریب قریب ہے یعنی ہجرت سے پہلے مکی دَور کے آخری سالوں میں اس کا نزول ہوا۔

اس سُورۃ میں بھی خطاب اُنھیں لوگوں سے ہے جو سُورہ الانعام میں مخاطب تھے یعنی مُشرکینِ عرب۔ اس لیے اُنھیں کے عقائدِ باطلہ کی تردید، اُنھیں کے اوہامِ فاسدہ کا ابطال، اُنھیں کی غلط کاریوں کا ازالہ اور اُنھیں کی کج فہمیوں کی اصلاح پر سارا زور صرف کیا گیا ہے۔ فرق صرف اجمال اور تفصیل کا ہے۔ سابقہ سُورت میں جو مسائل اجمالاً مذکور ہوئے تھے یہاں اُنھیں تفصیلاً بیان کر دیا گیا ہے۔ پہلے بھی بتایا گیا تھا کہ انبیاء کرام نے جب اپنی اپنی قوموں کو توحید کی دعوت دی اور اس کے لیے ناقابلِ تردید دلائل پیش کیے تو ان میں غور و فکر کرنے کے بجائے ان کی قوموں نے ان کا مذاق اڑایا، ان کی تکذیب کی۔ اور اُنھیں اذیت پہنچانے میں کوئی کسر نہ اُٹھا رکھی۔ اس سُورۃ میں متعدد انبیاء کرام نُوح، ہُود، صالح، لُوط، شعیب علیہم السلام کا نام لے کر اُن کے احوال بیان فرمائے اور ان کی قوموں نے جو ناروا سلوک اور معاندانہ برتاؤ اپنے مخلص، پاکباز رہنماؤں کے ساتھ کیا اس کا ذکر کیا اور اس حقیقت کو بڑی فصاحت سے آشکارا کیا کہ جب مزاج بگڑ جاتا ہے اور فطرتِ سلیمہ مسخ ہو جاتی ہے تو اس وقت حق پذیری کی استعداد بے کار اور مفلوج ہو کر رہ جاتی ہے۔ صداقت کا آفتاب اپنی تمام تابناکیوں کے ساتھ جلوہ گر ہوتا ہے لیکن آنکھیں اس کے نُور کو نہیں دیکھ سکتیں۔ دلائل کی زبان اعلانِ حق کر رہی ہوتی ہے لیکن کان اسے سُن ہی نہیں سکتے۔ اور دل و دماغ حق سمجھنے کی توفیق سے محروم ہو جاتے ہیں۔ افہام و تفہیم، ترغیب و ترہیب کوئی چیز کارگر ثابت نہیں ہوتی۔

مختلف رسُولوں کے احوال بتانے کے بعد کئی رکوعوں میں حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کے واقعات تفصیلاً بیان فرمائے۔ آپ کو دو قسم کے لوگوں سے واسطہ پڑا تھا۔ ایک فرعون اور اس کے حواری اور دوسرے آپ کی اپنی قوم بنی اسرائیل پہلا طبقہ حکمران تھا جسے بے پناہ اختیارات اور مراعات حاصل تھیں۔ مُلک کی ساری دولت و ثروت ان کی ملکیت تھی۔ عیش و عشرت کے سب سامان انھیں میسّر تھے۔ وُہ کسی قیمت پر ان سے دست بردار ہونے کے لیے تیار نہ تھے حتیٰ کہ جب ان کے مقرر کیے ہُوئے معیار کے مطابق حق واضح ہو گیا۔ اور ان کے بُلائے ہُوئے جادُوگر معجزاتِ نبوّت کے سامنے اپنے نظر فریب سحر کی بے سروپائی کا اعتراف کر کے باطل سے تائب ہو گئے۔ اور حضرت کلیم پر صدقِ دل سے ایمان لے آئے۔ تب بھی فرعونی ذہنیت نے قبولِ حق سے گریز اختیار کیا۔ کیونکہ حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام پر ایمان لانے کا صاف مطلب یہ تھا کہ وُہ اپنے ناجائز اختیارات اور مراعات سے محرُوم ہو جائیں۔ ان کی لُوٹ کھسوٹ پر پابندیاں لگا دی جائیں۔ اور ان کی عیش و نشاط کی بساط اُلٹ دی جائے۔ اور وُہ اس کے لیے کسی طرح آمادہ نہ تھے۔

دُوسرا طبقہ جس سے آپ کو واسطہ پڑا تھا وُہ آپ کی اپنی قوم بنی اسرائیل تھی جو مدّت دراز سے غلامی کی زندگی گزار رہی تھی۔ ان کی ہمتیں پست اور ولولے سرد ہو چکے تھے۔ ذلّت کی پستیوں میں پڑے رہنے میں وُہ بڑی لذّت محسُوس کرتے تھے۔ ان کی تن آسانی کا یہ عالم تھا کہ عزّت کی بلندیوں تک پہنچنے کے لیے وُہ کسی جدوجہد کے لیے آمادہ نہ تھے وُہ چاہتے تھے کہ لڑے بغیر فتُوحات کے دروازے اُن پر کھول دیے جائیں۔ اور تو اور انھیں کھانے پینے کے لیے بھی ہاتھ پاؤں ہلانے نہ پڑیں۔ بلکہ آسمان سے پکا پکایا کھانا ان کے دستر خوانوں پر چُن دیا جائے۔ اُن کی تعمیری قوّتیں اتنی فرسُودہ اور افسُردہ ہو چکی تھیں کہ جدّتِ فکر اور نُدرتِ عمل کا ان کے ہاں تصوّر تک نہ تھا۔ دُوسروں کی تقلید اور پیروی کے لیے وُہ ہر لمحہ آمادہ تھے۔ چنانچہ جب حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کی برکت سے وُہ فرعون کی غلامی سے آزاد ہو کر وادیٔ سینا میں پہنچے اور وہاں کے بُت پرستوں کو دیکھا تو حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام سے اپنے لیے ایسا ہی بُت بنانے کی فرمائشیں شروع کر دیں اور آپ کی سرزنش پر بظاہر تو خاموش ہو گئے لیکن جب آپ چلّہ کشی کے لیے کوہِ طُور پر تشریف لے گئے تو خداوندِ حیّ و قیّوم کو چھوڑ کر فوراً سامری کے بنائے ہُوئے بچھڑے کی پرستش شروع کر دی۔

اِن تمام واقعات سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ احکامِ الٰہی سے دانستہ اور پیہم سرکشی۔ بے پناہ قوت و اختیار کا خمار اور ایسے ہی غلامانہ زندگی افراد و اقوام کے ذہنوں کو بگاڑ دیتی ہے۔ اور انبیاءِ کرام کی بعثت کا مقصد ہی یہ ہوتا ہے کہ ان بگڑی ہوئی ذہنیتوں کی اصلاح کی جائے تاکہ ایک ایسا معاشرہ معرضِ وجُود میں آ جائے جو طاقتور ہونے کے باوجُود انصاف پرست ہو۔ نظم و ضبط کا پابند ہونے کے باوجُود غلامانہ بے بسی کا شکار نہ ہو۔ اور اس میں حقوق اور فرائض کے ترازو کے دونوں پلڑے برابر ہوں۔ لیکن جو بدنصیب اللہ کے پیغمبروں کی مُشفقانہ پند و موعظت کو قبُول نہیں کرتا اور اپنی گمراہی پر بضد رہتا ہے تو مکافاتِ عمل کا قانون اُسے پیس کر رکھ دیتا ہے اور اُس کا نام و نشان تک صفحۂ ہستی سے مٹا دیا جاتا ہے۔

نوعِ انسانی کے عہدِ طفولیت میں ہر قوم کی طرف الگ الگ نبی مبعوث ہوئے جو وقتی اور مقامی ضروریات کے پیشِ نظر اصلاحِ احوال کے لیے کوشاں رہے لیکن آخر میں وہ نبی مکرّم اور رسولِ معظم تشریف لایا جس کی دعوت زمان و مکان کی حد بندیوں سے ناآشنا تھی۔ وہ تمام انسانوں کا قیامت تک کے لیے ہادی و مرشد بن کر جلوہ افروز ہوا تھا۔ اس لیے اس نے کھلے الفاظ میں یہ اعلان فرما دیا۔ یاایھا الناس انی رسول اللّٰہ الیکم جمیعا۔ اے لوگو! میں تم تمام کی طرف اللہ کا رسول بن کر آیا ہوں۔ اس مقام پر ان عظیم مقاصد کا ذکر بھی کر دیا گیا ہے جن کی تکمیل کے لیے اس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو مبعوث فرمایا گیا تھا۔

سُورَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَتَانِ وَسِتٌّ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتٌ وَاَرْبَعٌ وَعِشْرُوْنَ رُكُوْعًا

سورۃ الاعراف مکی ہے اس کی ۲۰۶ آیتیں اور ۲۴ رکوع ہیں — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

الٓمّٓصٓ ﴿١﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ

الف لام میم صاد۔ یہ کتاب نازل کی گئی ہے آپ کی طرف پس چاہیے کہ نہ ہو آپ کے سینہ میں کچھ تنگی [1]

مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢﴾ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ

اس (کی تبلیغ) سے (یہ نازل کی گئی ہے) تاکہ آپ ڈرائیں اس سے [2] اور یہ نصیحت ہے مومنوں کے لیے [3] اے لوگو پیروی کرو جو نازل کیا گیا

[1] یہ سورۃ ہجرت سے کچھ عرصہ پہلے نازل ہوئی۔ اس وقت کفار و مشرکین کی اسلام دشمنی حدِ کمال تک پہنچ چکی تھی آیاتِ الٰہی کی تکذیب، احکامِ شرعی کا مذاق، مسلمانوں پر جور و جفا اور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ظلم و ستم ان کا مقصدِ حیات بن کر رہ گیا تھا۔ انھیں راہِ راست پر لانے کی ساری کوششیں بظاہر بے اثر معلوم ہو رہی تھیں جس سے حضور علیہ السلام کے دلِ نازک کو سخت صدمہ پہنچا تھا۔ لیکن اس کے باوجود فرمانِ خداوندی یہ تھا کہ دعوتِ حق دیتے چلو۔ پیغامِ حق سناتے رہو۔ راہِ راست کی طرف بلاتے رہو۔ اس لیے اس سورت کے آغاز میں اپنے محبوبِ کریم کو ہدایت فرمائی جا رہی ہے کہ آپ ان کفار کے معاندانہ رویہ سے تنگ دل نہ ہوں بلکہ اپنا فرض ادا کرتے چلے جائیں۔ اور اس کتابِ مقدس کی تبلیغ میں سرگرم رہیں۔ لفظ حرج۔ حرجۃ سے ماخوذ ہے۔ اور حرجہ گھنے درختوں کے اس جھنڈ کو کہتے ہیں جن کی شاخیں آپس میں اتنی الجھی ہوئی ہوتی ہیں کہ ان میں سے کوئی گزر نہیں سکتا۔ اور گزرنے والا وہاں پہنچ کر حیران و ششدر ہو جاتا ہے حرج من الحرجة التی هی مجتمع الشجر المشتبك الملتف الذی لا یجد السالك فیه سبیلا واضحا ینفذ منه (المنار) اسی مناسبت سے تنگیٔ دل کو بھی حرج کہتے ہیں کیونکہ مخالفت کی آندھیوں میں انسان پریشان ہو کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ اس لیے مفسرین کرام نے اس کا معنی تنگیٔ دل سے کیا ہے۔ حرج ای ضیق ای لا یضیق صدرك بالابلاغ (قرطبی)

[2] آیت کے اس حصہ میں نزولِ قرآن کا مقصد بیان ہو رہا ہے کہ کفار اور منکرین کے لیے تو یہ انذار (ڈرانے) کا کام دیتا ہے اور انھیں بتا رہا ہے کہ اگر تم باز نہ آئے تو تمہارا انجام بڑا عبرتناک ہوگا۔ اور مسلمانوں کو خوابِ غفلت سے بیدار کرتا ہے اور انھیں ہر آن وہ عہد یاد دلاتا ہے جو انھوں نے اسلام قبول کرتے وقت اپنے رب سے باندھا تھا۔ ذکر کا معنی ہے صرف یاد کرانا۔ لیکن ذکری کا معنی بہت زیادہ اور بار بار یاد کرانا ہے۔ والذکری کثرة الذکر وهو ابلغ من الذکر۔ (مفرداتِ راغب)

[3] آیتِ سابقہ میں اپنے رسول کو حکم دیا کہ اس کتاب کی تبلیغ میں کسی قسم کی کوتاہی روا نہ رکھیں اب اپنے بندوں کو ارشاد

إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ ۗ قَلِيلًا مَّا

تمھاری طرف تمھارے رب کے پاس سے ۴؎ اور نہ پیروی کرو اللہ کو چھوڑ کر دوسرے دوستوں کی۔ بہت ہی کم تم نصیحت

تَذَكَّرُونَ ﴿۳﴾ وَكَم مِّن قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا فَجَاءَهَا بَأْسُنَا بَيَاتًا أَوْ

قبول کرتے ہو ۵؎ اور کتنی بستیاں تھیں ۶؎ برباد کر دیا ہم نے انھیں۔ پس آیا ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت یا

فرمایا جا رہا ہے کہ ہم نے اپنے رسولِ اکرم کے ذریعہ ان کی طرف جو شریعت، جو احکام نازل کیے ہیں اس کی تعمیل سے سرِمُو انحراف نہ کریں اور انھیں چھوڑ کر کسی اور نظامِ قانون کا اتباع نہ کرنے لگیں۔ علمائے محققین نے تصریح کی ہے کہ جس طرح احکامِ قرآنی منزل من اللہ ہیں اسی طرح وُہ احکام جن کو زبانِ رسالت نے بیان کیا ہے وُہ بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذاتی رائے نہیں بلکہ وحی الٰہی ہی ہیں یعنی الکتاب والسنۃ (القرطبی) دیعم القرآن والسنۃ لقولہ تعالیٰ وما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحی (بیضاوی) علامہ بیضاوی فرماتے ہیں کہ ان سے مراد کتاب و سنت دونوں ہیں کیونکہ سُنّتِ نبوی بھی منزل من اللہ ہے۔ ارشادِ الٰہی ہے کہ میرا محبوب اپنی ذاتی خواہش سے تو بولتا بھی نہیں۔ جو بذریعہ وحی اسے حکم ملتا ہے وُہی اس کی زبان پر آتا ہے۔

۴؎ اس سے واضح ہُوا کہ قرآن و سُنّت کی نصوصِ صریحہ کو چھوڑ کر منکرینِ حق اور مدعیانِ باطل کی آراء و افکار کی پیروی مسلمان کے لیے کسی طرح روا نہیں۔ آج ہماری بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ جہاں کہیں ہم احکامِ الٰہی اور ارشاداتِ نبوی کو اپنے مفاد اور آسائش سے مزاحم پاتے ہیں اس وقت مصلحتِ وقت کا بہانہ کر کے قرآن و سنت پر اپنی اھواء اور آراء کو ترجیح دے دیتے ہیں۔

۵؎ یعنی جب تمھیں نصیحت کی جاتی ہے تو تم کچھ دیر تو اسے یاد رکھتے ہو لیکن قلیل عرصہ کے بعد اسے پھر بالکل فراموش کر دیتے ہو۔ ما عملاً زائد ہے اور معنیٰ مفہومِ قلت کی تاکید کرتا ہے۔ ای تذکرون تذکرا قلیلا۔ (بیضاوی)

۶؎ بسا اوقات انسان اپنی معاشی خوشحالی اور دُنیاوی عزّ و جاہ کی وجہ سے یہ خیال کرنے لگتا ہے کہ زندگی کا جو راستہ اس نے اختیار کر رکھا ہے وُہی راہِ راست ہے اور اس کا آفتابِ اقبال اسی طرح ہمیشہ درخشاں رہے گا اس لیے وُہ کسی رہنما کی دعوت کو غور سے سُننا ہی گوارا نہیں کرتا۔ یہی حالت مکّہ کے سرداروں اور دولت مندوں کی تھی۔ وُہ اپنے جاہ و جلال اور عزت و وقار پر اتنے مطمئن تھے کہ وُہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے پیغام کی طرف متوجہ ہونا ہی غیر ضروری سمجھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان آیات میں ان کی چشمِ ہوش سے غفلت کا پردہ اُٹھانے کے لیے سابقہ قوموں کے عبرت ناک انجام کا ذکر فرماتے ہیں کہ تمھاری طرح وُہ بھی دُنیا کی فنا پذیر لذتوں میں محو تھے اور ہمارے انبیاء کی دعوت پر غور و فکر تک کرنا اپنے لیے کسرِ شان سمجھتے تھے لیکن جب انھوں نے ہدایت قبول کرنے سے پیہم انکار کیا تو ایسے لمحوں میں اللہ تعالیٰ کا عذاب ان پر نازل ہُوا۔

هُمْ قَآئِلُوْنَ ۝٤ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ

جب وُہ دوپہر کو سو رہے تھے پس نہ تھی ان کی (چیخ و) پکار جب آیا ان پر ہمارا عذاب بجز اس کے کہ

قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝٥ فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَ

انھوں نے کہا بے شک ہم ہی ظالم تھے ۷ سو ہم ضرور پوچھیں گے ان سے ۸ بھیجے گئے (رسُول) جن کی طرف اور

لَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٦ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا

ہم ضرور پوچھیں گے رسُولوں سے پھر ہم ضرور بیان کریں گے ۹ (ان کے حالات) ان پر اپنے علم سے اور نہ تھے ہم

جب کہ وُہ خواب راحت کے مزے لُوٹ رہے تھے۔ ان کو خبر تک نہ ہوئی اور ان کو نیست و نابُود کر دیا گیا۔ اس لیے اے اہل مکہ اس ڈھیل پر مت غرُور کرو۔ مہلت کی گھڑیوں کو غنیمت جانو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ تمھیں بھی ایسے ہولناک انجام سے دوچار ہونا پڑے۔ کم خبریہ ہے اور کثرت کے معنی پر دلالت کرتا ہے۔ فجاءھا میں "فا" ترتیب کے لیے نہیں بلکہ محض عطف کے لیے ہے۔ فقال الفراء الفاء بمعنی الواو فلا یلزم الترتیب (قرطبی) اور علامہ بیضاوی نے اھلکنا کا معنی کیا ہے اردنا اھلاك اھلھا یعنی جب ہم نے ان کے ہلاک کرنے کا ارادہ کیا تو ان پر عذاب بھیجا۔ اس حالت میں "فاء" اپنے معنی پر رہے گی اور بعض علماء نے اسے فاء تفصیلیہ بتایا ہے یعنی ہلاکت کی تفصیل کا بیان ہے کہ بعض قوموں پر رات کو عذاب نازل ہوا جیسے قوم لُوط اور بعض پر دوپہر کے وقت جب وُہ قیلولہ کر رہے تھے جیسے حضرت شعیب کی قوم پر۔ قیلولہ کہتے ہیں دوپہر کے وقت سونا یا صرف آرام کرنا۔ وھی نوم نصف النھار وقیل الاستراحة نصف النھار اذا اشتد الحرو ان لم یکن معھا نوم۔ (قرطبی)

۷ یعنی جب عذاب الٰہی نے انھیں آ پکڑا تو لگے چیخنے پکارنے اور اعترافِ جُرم کرنے۔ لیکن اس وقت ان کی یہ چیخ و پکار اور اظہارِ ندامت ان کے کسی کام نہ آیا اور وُہ تباہ و برباد کر دیئے گئے۔ آج بھی ہر قوم اور ہر فرد کے لیے ان آیات میں درس عبرت موجود ہے۔

۸ اُمتوں سے بھی بازپرس ہوگی اور انبیاء و رُسل سے بھی پُوچھا جائے گا۔

۹ اس آیت میں شبہ کا ازالہ کر دیا گیا جو شاید کسی کو ذہن کے دل میں پیدا ہو کہ کیا اللہ تعالیٰ کو ان باتوں کا علم نہ تھا کہ ان کے متعلق پُوچھنا شروع کر دیا۔ بتایا کہ ہمارے علم سے تو کوئی چیز مخفی نہیں اور ہمارا علم محیط ہر لمحہ ان کو اپنے احاطہ میں لیے ہُوئے تھا۔ اس پرسش میں حکمت یہ ہے کہ خود ان کی زبان سے ان باتوں کو منوا لیا جائے۔

غَآئِبِيْنَ ۝٧ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ ا۟لْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ

ان سے غائب ۔ اور (اعمال کا) تولنا اس دن برحق ہے نلے ۔ پس جن کے بھاری ہوئے ترازو

نلے اعمال کے وزن سے کیا مراد ہے؟ میزان کی شکل وصورت کیسی ہوگی؟ کس چیز کا وزن کیا جائے گا۔ اعمال کا یا ان صحائف کا جن میں اعمال مرقوم ہوں گے؟ ان سوالات کے متعلق کتب تفسیر میں لمبی چوڑی بحثیں کی گئی ہیں۔ فرقہ معتزلہ کی رائے یہ ہے کہ اعمال اعراض ہیں۔ ان کے مادی اور محسوس اجسام نہیں ہیں۔ اس لیے ان کا وزن کیا جانا ناممکن ہے۔ نیز جب اللہ تعالیٰ ہر شخص کے اچھے اور بُرے اعمال پر خوب آگاہ ہے تو پھر انہیں ترازو میں رکھ کر تولنا اور یہ دیکھنا کہ نیکی کا پلڑا جھکتا ہے یا برائی کا۔ یہ سب تکلف محض ہے۔ اس لیے وزن اعمال کا جہاں جہاں ذکر ہوا ہے معتزلہ کے نزدیک اس کا مطلب عدل وانصاف سے فیصلہ کرنا ہے لیکن علماء اہل السنّت والجماعت نے ان کی اس رائے کو غلط اور فاسد قرار دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ اگر اس طرح تاویلات کا دروازہ کھول دیا جائے تو پھر ہر چیز میں تاویل ہو سکتی ہے۔ شیاطین اور جنات سے مراد اخلاق مذمومہ، ملائکہ سے مراد صفات محمودہ اور صراط سے مراد دین حق لیا جاسکتا ہے۔ حالانکہ سلف صالحین، صحابہ کرام اور تابعین نے اس قسم کی تاویلات کو ہرگز اختیار نہیں کیا۔ نیز اعمال کے تولنے کی غرض وغایت یہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہو جائے کہ فلاں شخص کی نیکیاں اتنی ہیں اور برائیاں اتنی۔ جیسے معتزلہ نے سمجھا ہے۔ بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ وہ حقائق جو اللہ تعالیٰ کے علم میں پہلے سے موجود ہیں ان کو آشکارا کر دیا جائے۔ اور ہر خاص وعام کو اپنے اعمال کی حقیقت پر مطلع کر دیا جائے۔ ایسی پیچیدگیاں اور اُلجھنیں پیدا ہونے کی وجہ یہ ہے کہ عالم غیب کی جن حقیقتوں سے ہم کو آگاہ کیا گیا ہے اور تقریب فہم کے لیے ان کو بعض ایسے عنوانوں سے تعبیر کیا گیا ہے جن سے ہم مانوس ہیں۔ تو ہم اپنے ذہنوں کی تنگ دامانی کے پیش نظر عالم غیب کے ان حقائق کو بھی ان محسوس قالبوں میں ڈھالنے لگتے ہیں جن کے ہم عادی ہیں۔ اور اس طرح قسم قسم کی الجھنوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ان امور کو صحیح طور پر سمجھنے کا یہی محفوظ طریقہ ہے کہ جتنا کچھ اس مخبر صادق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں بتایا ہے صدق دل سے اس پر ایمان لے آئیں اور اس کی تفصیلات میں جانے کی کوشش نہ کریں۔ قرآن نے بتایا کہ اعمال کا وزن ہوگا اور اس کے لیے ترازو رکھا جائے گا۔ اور سنّت صحیحہ نے بتایا کہ اس میزان کے دو پلڑے ہوں گے۔ ہم اس پر بے چون وچرا ایمان لے آئیں۔ وہ ترازو کیسا ہوگا۔ اس کے پلڑوں کی نوعیت کیا ہوگی۔ اور اعمال جو مجردات ہیں ان کو کیونکر تولا جائے گا اس کے علم کو اللہ اور اس کے رسول مکرم کی طرف تفویض کر دیں اور ان کی تفصیلات متعین کرنے میں اپنا وقت ضائع اور ذہن پریشان نہ کریں۔ اگر انسانی عقل نے آج حرارت اور روشنی کے درجات کو ناپنے، ہوا اور پانی کے دباؤ کا اندازہ کرنے کے لیے مقیاس اور آلات ایجاد کر لیے ہیں تو اس قادر مطلق کی قدرت کاملہ سے کیا بعید ہے کہ وہ ایسا ترازو پیدا فرمادے جس میں اعمال نیک وبد کو تولا جاسکے۔ والوزن یومئذ الحق کی ترکیب میں علماء کے دو قول ہیں۔ الوزن موصوف الحق صفت مبتدا اور یومئذ خبر۔ یا الوزن مبتدا۔ اور الحق خبر۔ میں نے ترجمہ میں اس دوسرے قول کو ہی اختیار کیا ہے۔

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑧ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ

تو وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں اور جن کے ہلکے ہوئے ترازو تو یہی لوگ ہیں

الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ⑨ وَ

جنھوں نے نقصان پہنچایا اپنے آپ کو بوجہ اس کے کہ ہماری آیتوں کے ساتھ[11] بے انصافی کیا کرتے تھے اور

لَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيْلًا

یقیناً ہم نے ہی آباد کیا تمھیں زمین میں[12] اور مہیا کر دیئے تمھارے لیے اس میں زندہ رہنے کے اسباب بہت ہی کم

مَّا تَشْكُرُوْنَ ⑩ وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا

تم شکر ادا کرتے ہو اور بے شک ہم نے پیدا کیا تمھیں[13] پھر (خاص) شکل و صورت بنائی تمھاری پھر حکم دیا ہم نے

[11] آیاتِ الٰہی سے بے انصافی اور ظلم کرنے کا یہ مطلب ہے کہ وہ ان آیات میں غور و فکر نہ کرتے۔ ہدایت کی جو روشنی ان میں موجود تھی اس سے فائدہ نہ اٹھاتے۔ بلکہ ضد اور عناد کے باعث ان آیات سے منہ موڑے رہتے۔

[12] اپنے احسانات کا ذکر فرما کر اپنے بندوں کو شکر گزاری کی ترغیب دی جا رہی ہے۔ یعنی وہ ذات پاک جس نے تمھیں اس کرۂ ارضی پر آباد کیا۔ اور مزید برآں اس میں روئیدگی کی وہ صلاحیتیں ودیعت فرما دیں کہ ضرورت کی ساری چیزیں اس سے اُگتی ہیں۔ جا بجا پانی کے چشمے اُبل رہے ہیں۔ اس کے ان احساناتِ عظیمہ کے پیشِ نظر تو تم پر واجب تھا کہ تم اس کے احکام کی تعمیل میں ذرا سستی نہ کرتے لیکن یہ کتنی افسوس ناک بات ہے کہ تم پھر بھی ناشکری کرتے ہو۔

[13] پہلے اُن احسانات کا ذکر فرمایا جن سے ہماری زندگی وابستہ تھی۔ اب ہمیں اپنی تخلیق اور ان نوازشات کی طرف متوجہ کیا جن سے ہمیں اور ہمارے باپ ابو البشر آدم علیہ السلام کو سرفراز فرمایا گیا تھا۔ کلام میں ایک عقدہ حل طلب ہے۔ ارشاد ہے کہ ہم نے تمھیں پیدا فرمایا پھر تمھیں دلفریب صورت بخشی (ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ) پھر ہم نے فرشتوں کو سجدہ کا حکم دیا حالانکہ ہماری تخلیق اور تصویر سے پہلے آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے متعدد جوابات دیئے ہیں لیکن ان کے نزدیک بھی سب سے پسندیدہ جواب یہ ہے کہ وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ کا معنی ہے وَلَقَدْ خَلَقْنَا اَبَاكُمْ وَصَوَّرْنَا كُمْ اَيْ صَوَّرْنَا آدَمَ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ الخ یعنی ہم نے تمھارے باپ آدم کو پیدا کیا اور اس کی صورت بنائی اور پھر ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ اسے سجدہ کرو۔ اور یہ اسلوبِ بیان قرآن میں عام ہے کہ خطاب حاضرین کو ہوتا ہے لیکن اس سے مراد اُن کے اسلاف ہوتے ہیں جیسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم عصر یہودیوں کو فرمایا گیا وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِنْ

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ لَمْ يَكُنْ مِّنَ

فرشتوں کو کہ سجدہ کرو آدم کو[۱۴] تو انھوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے[۱۵] نہ تھا وہ سجدہ

السّٰجِدِيْنَ ۝١١ قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ قَالَ اَنَا خَيْرٌ

کرنے والوں میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کس چیز نے روکا[۱۶] تجھے اس سے کہ تو سجدہ کرے جب میں نے حکم دیا تجھے ابلیس نے کہا

مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝١٢ قَالَ فَاهْبِطْ

(کیونکہ) میں بہتر ہوں اس سے تو نے پیدا کیا مجھے آگ سے اور تو نے پیدا کیا اسے کیچڑ سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اُتر جاؤ

آلِ فرعون یا واذ قتلتم نفسا۔ حالانکہ نجات ان کے آباؤ اجداد کو دی گئی تھی اور قتل بھی اس زمانہ کے بنی اسرائیل نے کیا تھا۔

[۱۴] پیدائش انسان کا اسلامی نظریہ اس نظریہ سے بالکل مختلف ہے جسے ڈاروِن اور اس کے پیروکاروں نے پیش کیا ہے ان کے نزدیک انسان سلسلۂ ارتقاءِ حیات کی ایک آخری کڑی ہے۔ دُوسرے الفاظ میں انسان ایک ترقی یافتہ حیوان ہے اس میں کوئی ذاتی شرف نہیں۔ اپنے نظریہ کی حمایت میں دلائل کا انبار لگانے والے اس گرہ کو آج تک نہ کھول سکے کہ کس طرح حیوان انسان بن گیا۔ اس کے برعکس قرآن کے نزدیک انسان ایک عظیم المرتبت اور جلیل القدر مستقل بالذات مخلوق ہے اس کا ظہور نائب خداوندی کی حیثیت سے ہوا ہے۔ اس کے علم کا سمندر ساحل آشنا نہیں۔ اس کی تخلیقی قوتیں بے اندازہ ہیں یہ تسلیم کہ اس کا خمیر خاک کے ذرّوں سے اُٹھایا لیکن نفخت فیه من روحی (میں نے اپنی رُوح اس میں پھونک دی) کی آمیزش سے یہ ذرّے رشکِ مہر و ماہ بن گئے۔ یہاں تک کہ نوری کائنات کو از راہِ تعظیم ان کے سامنے سربسجود ہونا پڑا۔ وُہ انسان جو حیوان کی ایک ترقی یافتہ صُورت ہے اس انسان سے کتنا پست اور فروتر ہے جو سطحِ زمین پر اللہ کے نائب کی حیثیت سے جلوہ نما ہوا جس کے علوم کی وُسعت نے عالمِ بالا کے مکینوں کو سراسیمہ کر دیا۔ اب آپ خود ہی فیصلہ کر لیجئے کہ انسانی عظمت و شرافت کا علمبردار اسلام ہے یا ڈاروِن اور اس کے پرستار۔

[۱۵] اس کے متعلق تو ضیحی نوٹ سُورۂ بقرہ میں گذر چکے ہیں۔ ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اوّل آیت ۳۴، البقرہ

[۱۶] بسا اوقات کسی چیز کی قدر و قیمت کا اندازہ لگاتے وقت اس کی ظاہری شکل و صُورت کو ہی پیشِ نظر رکھا جاتا ہے اور اس کے جوہرِ ذاتی سے قطع نظر کر لی جاتی ہے۔ ابلیس کو فقط یہی یاد رہا کہ آدم کی تخلیق خاک سے اور اس کی آگ سے ہوئی ہے اور آگ افضل ہے خاک سے۔ اس لیے افضل کو یہ کب زیب دیتا ہے کہ وُہ اپنے سے کمتر کو سجدہ کرے۔ اس نادان کو یہ سمجھ نہ آئی کہ آدم کے سر پر تو خلافتِ ارضی کا تاج ہے۔ اس کا دل وُہ آئینہ ہے جس میں آفتابِ حقیقت کی کرنیں نور افشاں ہیں

مِنْهَا فَمَا يَكُونُ لَكَ أَنْ تَتَكَبَّرَ فِيهَا فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنَ

یہاں سے ۱۶؎ مناسب نہیں ہے تیرے لیے کہ تو غرور کرے یہاں رہتے ہوئے پس نکل جا۱۷؎ بے شک تو ذلیلوں میں

الصّٰغِرِينَ ﴿۱۳﴾ قَالَ أَنْظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿۱۴﴾ قَالَ إِنَّكَ

سے ہے ۱۸؎ بولا مہلت دے مجھے اس دن تک جب لوگ قبروں سے اٹھائے جائیں گے ۱۹؎ اللہ نے فرمایا بے شک تو

نفخت فیہ من روحی کا سِرِّ نہاں اُس سے اوجھل رہا۔ اُسے یہ بھی نہ سُوجھی کہ جب نُور سجدہ کُناں ہے تو نار کو سجدہ کرنے میں تامل کیوں ہو۔ بعض لوگ حضور رحمۃ للعالمین صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہ کی ظاہری بشریت میں یوں کھو کر رہ جاتے ہیں کہ حقیقتِ محمدیہ کی جلوہ سامانیوں کو ان کی آنکھ نہیں دیکھ سکتی ؎

دل بینا بھی کر خدا سے طلب! آنکھ کا نُور دِل کا نُور نہیں

اور یہ بھی اُس کی سراپا غلط فہمی تھی کہ آگ خاک سے افضل ہے۔ حالانکہ اپنی صفات و خاصیات کے اعتبار سے جو رفعت خاک کو حاصل ہے وُہ آگ کو نصیب نہیں۔ متانت و وقار، حلم و صبر خاک کے خواص ہیں۔ اس کے برعکس طیش و تیزی غرور اور ارتفاع آگ کے لوازم ہیں۔ اسی وجہ سے آدم سے لغزش ہوئی تو فوراً نادم ہو کر تائب ہوئے اور مقام قرب پر فائز ہوئے ثم اجتباہ ربہ فتاب علیہ وھدی۔ اور ابلیس سے نافرمانی ہوئی تو وُہ اس پر اڑ گیا اور ابدی شقاوت کا شکار ہو گیا۔

۱۷؎ نکل جاؤ: ہماری بارگاہِ قُرب و رحمت میں صرف ان کے لیے جگہ ہے جو ہمارے ہر حکم کے سامنے سرافگندہ ہوں اکڑی ہوئی گردن والوں کا یہاں کیا کام حضرت ابنِ مسعودؓ فرماتے ہیں کہ رسُول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ لا یدخل الجنۃ احد فی قلبہ مثقال ذرۃ من خردل من کبر (مسلم) یعنی جس کے دِل میں رائی کے دانہ جتنا غرور ہو گا اس پر جنّت کے دروازے بند ہوں گے۔

۱۸؎ صاغر اُس ذلیل و حقیر کو کہتے ہیں جو اپنی ذِلّت اور پستی پر خوش ہو۔ الصاغر الراضی بالمنزلۃ الدنیۃ (قاموس) اِس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کا نافرمان ذلیل و حقیر ہوتا ہے۔ شیطان کس مقامِ عزت پر فائز تھا۔ اور جب حکمِ الٰہی سے سرتابی کی تو ذلت و رُسوائی کی پستیوں میں پھینک دیا گیا۔

۱۹؎ حکمتِ الٰہی کا تقاضا یہی تھا کہ اسے مہلت دی جائے اور جب تک یہ دُنیا موجود ہے اس وقت تک حق و باطل کی آویزش جاری رہے۔ اِس لیے اس کی درخواست قبُول کر لی گئی۔

مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۱۵﴾ قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ

مُہلت دیئے ہوؤں میں سے ہے۔ کہنے لگا اس وجہ سے کہ تُو نے مجھے ۲۰؎ (اپنی رحمت سے) مایوس کر دیا ہے میں ضرور تاک میں بیٹھوں گا ان (کو گمراہ کرنے)

۲۰؎ کوئی ٹھوکر کھا کر سنبھل جائے تو اس کی خوش نصیبی، اور جو ٹھوکر کھا کر سنبھلنا تو درکنار جان بُوجھ کر ٹھوکر پر ٹھوکر کھاتے چلے جانا ہی اپنا شیوہ بنالے تو اُسے ہلاکت کے گڑھے میں گرنے سے کیوں بچایا جائے۔ شیطان نے ایک حکم عدولی کی۔ اس پر نادم اور تائب ہونے کے بجائے اور اکڑتا چلا گیا اور آدم کے حسد نے اسے یوں حواس باختہ اور گستاخ کر دیا کہ ربُّ العزّت کو چیلنج دے دیا کہ جس انسان کی تُو نے اتنی تکریم کی ہے اور جس کو سجدہ نہ کرنے کے جرم میں تو نے مجھے اپنی درگاہِ رحمت سے دھتکار دیا ہے۔ ان کو میں اپنے مکر و فریب کے شکنجہ میں یوں کسوں گا کہ وُہ تیرے نافرمان اور میرے فرماں بردار بن جائیں گے۔ لفظی تشریح: با سببیہ ہے۔ اغواء کا استعمال مختلف معنوں میں ہوتا ہے۔ کسی کو راہِ راست سے بھٹکا دینے کو بھی اغواء کہتے ہیں۔ کسی کو ایسا حکم دینا جس کی نافرمانی اس کی گمراہی کا باعث بن جائے اس کو بھی اغواء کہا جاتا ہے۔ نیز کسی کو اس کی گمراہی کی سزا دینے کو بھی اغواء کہتے ہیں۔ جیسے ان کان اللہ یرید ان یغویکم یعنی اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ تمھاری گمراہی کی تمھیں سزا دے۔ اس آیت میں آخری دو معنی مُراد ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے شیطان کو سجدہ نہ کرنے کا حکم نہیں دیا تھا بلکہ سجدہ کرنے کا حکم دیا تھا۔ لیکن کیونکہ اس حکم سے سرتابی شیطان کی گمراہی کا سبب بن گئی اس لیے اغویتنی کے لفظ سے تعبیر کیا جو لفظ اغواء کا دُوسرا معنی ہے۔ یا آدم کو سجدہ نہ کرنے کی سزا میں اسے جنّت سے نکال دیا گیا تھا اس لیے یہ لفظ استعمال کیا جو اس کا تیسرا معنی ہے۔ یہ شیطان کی دُوسری بے سمجھی تھی کہ وُہ اس بات پر پیچ و تاب کھا رہا تھا کہ اسے ایسا حکم ہی کیوں دیا گیا جس کی تعمیل کے لیے وُہ تیار نہ تھا۔ حالانکہ اس کا کام حکمِ الٰہی کے سامنے بے چُون و چرا سر جھکا دینا تھا نہ کہ اس بحث میں الجھنا کہ ایسا حکم کیوں دیا اور ایسا کیوں نہ دیا۔ واغواہ فھو غوی ومنہ قولہ تعالیٰ حکایۃ عن ابلیس فبما اغویتنی ای اضللتنی و قیل فبما دعوتنی الی شیئ غویت بہ واما قولہ تعالیٰ ان کان اللہ یرید ان یغویکم فقیل معناہ ان یعاقبکم علی الغی وقیل یحکم علیکم بغیکم (تاج العروس) علامہ قرطبیؒ نے اغواء کے دو مزید معنے مایُوس کرنا اور ہلاک کرنا بھی بیان کیے ہیں۔ وقیل خیبتنی من رحمتک وقیل المعنی فبما اھلکتنی بلعنک ایای والاغواء الاھلاک (قرطبی) ترجمہ میں مَیں نے علامہ قرطبیؒ کے بیان کردہ پہلے معنی کو ہی اختیار کیا ہے۔ ابلیس کی بے باکی اور گستاخی سے یہ بھی بعید نہیں کہ وُہ اپنی غلطی کا الزام اللہ تعالیٰ پر لگا رہا ہو کہ تُو نے مجھے گمراہ کیا جیسے شریر مجرموں کا دستور ہے۔

الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١٦﴾ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ

کے لیے تیرے سیدھے راستہ پر پھر میں ضرور آؤں گا ان کے پاس [٢١] (بہکانے کے لیے) ان کے آگے اور ان کے پیچھے سے

وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ۭ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ﴿١٧﴾

اور ان کے دائیں اور ان کے بائیں سے اور تو نہ پائے گا ان میں سے اکثر کو شکر گزار

قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۭ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ

فرمایا نکل جا یہاں سے ذلیل (اور) راندہ ہوا [٢٢] جس کسی نے پیروی کی تیری ان سے تو یقیناً میں بھر دوں گا

جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٨﴾ وَيٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ

جہنم کو تم سب سے اور اے آدم! رہو [٢٣] تم اور تمہاری بیوی جنت میں

[٢١] یعنی میں اولادِ آدم کو راہِ راست سے بھٹکانے کی ہر ممکن کوشش کروں گا۔ انھیں ہر سمت سے اپنے گھیرے میں لے لوں گا۔ شکوک و شبہات کے کانٹے چبھوؤں گا۔ ان کے سامنے نیکی کے راستہ میں سدِ سکندری بن کر کھڑا ہو جاؤں گا اور اگر یہ کوئی نیکی کر بیٹھیں گے تو اس میں ریاکی زہر گھولنے کی سعی کروں گا۔ غرضیکہ اپنی طرف سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کروں گا۔ ای لاصدنهم عن الحق وارغبهم في الدنيا واشككهم في الاخرة (قرطبی)

[٢٢] مذءوم اور مذموم دونوں ہم معنی ہیں۔ قال ابن زيد مذءوما ومذموما بمعنی سواء (قرطبی)

[٢٣] آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے کے جرم میں ابلیس جنت سے نکال دیا گیا۔ اور آدم و حوا کو نعیمِ جنت سے لطف اندوز ہونے کی اجازت دے دی گئی لیکن یہ گل و ریحان کی وادی جہاں لطف و سرور اور نکہت و نور کی نسیم محوِ خرام ناز تھی، ایک ایسے راہرو کی آخری منزل نہیں ہو سکتی جس کے ناصبور دل اور سیمابی فطرت کی قسمت میں کانٹوں کو پھول، ریگستانوں کو گلستان اور ظلمت کدوں کو بقعۂ نور بنانا لکھا جا چکا تھا۔ کوثر و سلسبیل کی نرم خیز موجیں اس دل کو نہ بہلا سکیں جس کو اس کے خالق نے طوفان خیز سمندروں کو زیرِ نگیں کرنے کی صلاحیت عطا فرمائی تھی۔ اب اس کو گوشۂ عافیت سے نکال کر عمل کے میدان میں لا کھڑا کرنے کی دو صورتیں تھیں۔ ایک تو یہ کہ تسبیح و تہلیل کرتے ہوئے فرشتوں کا ایک جلوس ہمراہ ہوتا اور آدم کی سواری جنت سے روانہ ہو کر اس خاکدانِ ارضی میں اترتی۔ دوسری صورت وہ تھی جو اختیار کی گئی۔ بظاہر پہلی صورت شانِ آدم کے زیادہ شایان معلوم ہوتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی حکمت اس کی مقتضی نہ ہوئی۔ اس طرح بے شک آپ نازِ نعمت اور عزت و جاہ کے مظہر بن کر تو ظاہر ہوتے لیکن سوزِ عشق، دردِ فراق، آتشِ شوق، نیاز مندی اور نالہ و زاری کے بلند لطیف

فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا

اور کھاؤ جہاں سے چاہو اور مت نزدیک جانا اس (خاص) درخت کے ورنہ تم دونوں ہو جاؤ گے

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا

اپنا نقصان کرنے والوں سے ۲۴ پھر وسوسہ ڈالا ۲۵ ان کے (دلوں) میں شیطان نے تاکہ بے پردہ کر دے ان کے لیے

اور پاکیزہ جذبات سے آپ کے دل کی دُنیا ناآشنا رہتی اور قُرب و رضا کا وُہ مقام جو محض عجز و انکساری، گریہ وزاری، دل کی بے چینی اور رُوح کی بے قراری کے عوض بخشا جاتا ہے وہاں تک آپ کی رسائی نہ ہوتی۔ اس لیے قصد و نیت کے بغیر اس شجر ممنوعہ کو چھو بیٹھے۔ غیرتِ الٰہی اتنا بھی برداشت نہ کر سکی زیرِ عتاب لاکر جنت سے نکال دیا۔ نگاہِ کرم کے برگشتہ ہونے سے غم و اندوہ کے بادل گھر آئے۔ شور و فغاں کی بجلیاں کڑکنے لگیں۔ آنکھوں سے آنسوؤں کی موسلا دھار بارش شروع ہو گئی جس نے شجرِ محبت کی آبیاری کی۔ ماہیِ بے آب کی طرح تڑپتے ہوئے دل کے سوز و گداز نے اُسے زندگی کی حرارت بخشی۔ یہاں تک کہ آپ کی وُہ ساری کی ساری صلاحیتیں بیدار ہو گئیں جن کا خلافتِ الٰہی کے تخت پر متمکن ہونے سے پہلے بیدار ہونا ضروری تھا۔ فظهر سر الخلافة والمحبة والمحنة والتحقق بمظاهر الجمال والجلال كالتواب والغفور والعفو والقهار والستار (روح البیان) ترجمہ: یُوں گریہ پیہم کی برکت سے خلافت کا راز آشکارا ہوا۔ محبت اور محنت کی حقیقت پر آگاہی حاصل ہوئی۔ اور جمال و جلالِ خداوندی کے آپ مظہر بنے۔ مختلف اسماء حُسنیٰ تواب، غفار، قہار اور ستار کی جلوہ نمائی ہوئی۔

۲۴ صاحب تاج العروس نے لفظ ظلم کی تحقیق کرتے ہُوئے لکھا ہے کہ ظلم کا لغوی معنی نقصان اور خسارہ ہے۔ اس تحقیق کے مُطابق اس آیت کا وُہ معنی ہو گا جو میں نے کیا ہے۔ نقل شيخنا عن بعض ائمة الاشتقاق ان الظلم في اصل اللغة النقص (تاج العروس) اور بطورِ استشہاد یہ آیت پیش کی ہے۔ وكلتا الجنتين آتت اكلها ولم تظلم منه شيئًا اي ولم تنقص۔ ویسے لفظ ظلم کا استعمال حق سے تجاوز کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے خواہ وُہ تجاوز زیادہ ہو یا تھوڑا۔ اسی وجہ سے کفر، شرک اور گناہِ کبیرہ پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اور گناہِ صغیرہ پر بھی۔ اسی لیے شیطان کو بھی ظالم کہا گیا ہے اور آدم علیہ السلام کو بھی۔ اگرچہ ان دونوں کے ظالم ہونے میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ والظلم يقال في مجاوزة الحق الذي يجري مجرى نقطة الدائرة ويقال فيما يكثر ويقل من التجاوز ولهذا يستعمل في الذنب الكبير وفي الذنب الصغير ولذلك قيل في آدم في تعديه ظالم وفي ابليس ظالم وان كان بين الظلمين بون بعيد (مفردات)

۲۵ علامہ ابو عبد اللہ القرطبی نے وسوسہ کے دو معنی لکھے ہیں۔ ۱۔ الصوت الخفي، دھیمی دھیمی آواز۔ (۲) حديث النفس

وُرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ

جو ڈھانپا گیا تھا ان کی شرم گاہوں سے ۲۶ اور (انھیں) کہا کہ نہیں منع کیا تھیں تمھارے رب نے اس

الشَّجَرَةِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَ

درخت سے مگر اس لیے کہ کہیں نہ بن جاؤ تم ۲۷ دونوں فرشتے یا کہیں نہ ہو جاؤ ہمیشہ زندہ رہنے والوں سے اور

دل کے خیالات شیطان نے کس طرح آدم علیہ السلام کے دل میں وسوسہ ڈالا؟ بعض نے تو یہ کہا ہے کہ آدم علیہ السلام جنت کے دروازے پر آئے اور شیطان نے چپکے سے ان کو یہ بات کہہ دی بعض کی رائے یہ ہے کہ وُہ سانپ کے مُنہ میں داخل ہو کر جنت میں گیا اور آدم کو بہکایا وغیرہ وغیرہ۔ لیکن زیادہ صحیح رائے حضرت حسن بصریؒ کی ہے کہ شیطان کو یہ قوت دی گئی تھی کہ وُہ زمین پر رہتے ہوئے آدم و حوا کے قلوب میں وسوسہ ڈال سکے۔ قال الحسن کان یوسوس من الارض الی السماء والی الجنة بالقوة الفوقیة التی جعله الله تعالٰی له (رازی) وقیل من خارج السلطنة التی جعلت له (قرطبی) صوفیا کرام کے نزدیک تو دور سے توجہ باطنی کا اثر مسلمات سے ہے لیکن حکما و فلاسفہ بھی اس کے منکر نہیں۔ قدیم فلاسفۂ اشراقیین دُور دراز سے محض اپنی قلبی توجہ سے اپنے شاگردوں کی اصلاح و تربیت کیا کرتے تھے۔ مسمریزم میں بھی عامل محض اپنی توجہ سے معمول کو بے ہوش کرتا ہے اور اس سے اپنی مرضی کے مطابق کام کراتا ہے۔

۲۶ لام عاقبت کے لیے ہے یعنی شیطان نے ان کے دلوں میں وسوسہ اندازی کی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ جنتی لباس اُتار دیا گیا اور وُہ اپنے آپ کو برہنہ دیکھنے لگے۔

۲۷ اس نے وسوسہ یہ ڈالا کہ یہ درخت جس کے قریب جانے سے ہی تمھیں روک دیا گیا ہے اس کی تاثیر یہ ہے کہ جو اس کا پھل کھائے گا اس میں فرشتوں کے سے خصائص پیدا ہو جائیں گے اور اُسے حیاتِ جاوید نصیب ہو جائے گی۔ یہاں یہ بات غور طلب ہے کہ جب آپ مسجودِ ملائک تھے تو پھر آپ کے دل میں اپنے سے فروتر مخلوق بننے کا شوق کیسے پیدا ہوا؟ اس کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ کیونکہ آپ کو علم تھا کہ فرشتے زندۂ جاوید ہیں اس لیے آپ کے دل میں بھی ہمیشہ زندہ رہنے کی آرزو پیدا ہوئی۔ طمع آدم فی الخلود لانه علم ان الملائکة لا یموتون الی یوم القیامة (القرطبی) بعض لوگوں نے اس آیت سے یہ استدلال کیا ہے کہ ملائکہ انبیاء سے افضل ہیں۔ اس کا جواب علامہ بیضاوی نے یہ دیا ہے کہ آدم علیہ السلام کا مقصد یہ نہ تھا کہ ان کی حقیقتِ بشری حقیقتِ ملکی سے بدل جائے کیونکہ ایسا ہونا تو ناممکن تھا۔ آپ کا مدعا صرف یہ تھا کہ فرشتوں کے فطری کمالات اور طبعی خصوصیات مثلاً کھانے پینے سے استغناء وغیرہ سے بھی آپ کو متصف کر دیا جائے۔ اس سے ملائکہ کی فضیلتِ مطلقہ ثابت نہیں ہوتی۔ وجوابه انه کان المعلوم ان الحقائق لا تنقلب وانما کانت

وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّىْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ۝٢١ فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا

قسم اٹھائی ان کے سامنے کہ میں تم دونوں کا خیر خواہ ہوں ۲۸؎ پس شیطان نے نیچے گرا دیا ان کو دھوکہ سے ۲۹؎ پھر جب

ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا

دونوں نے چکھ لیا درخت سے تو ظاہر ہو گئیں ان پر ان کی شرم گاہیں اور چپکانے لگ گئے اپنے (بدن) پر

مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۭ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا

جنت کے پتے اور ندا دی انہیں ان کے رب نے کیا نہیں منع کیا تھا میں نے تمہیں اس

الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝٢٢ قَالَا

درخت سے اور کیا نہ فرمایا تھا تمہیں کہ بلاشبہ شیطان تمہارا کھلا ہوا دشمن ہے دونوں نے

رغبتهما فی ان یحصل لهما ما للملائکة من الکمالات الفطریة والاستغناء عن الاطعمة والاشربة وذلك لا یدل علی فضلهم مطلقاً (بیضاوی)

۲۸؎ ابلیس نے اپنی بات کا یقین دلانے کے لیے اللہ کا نام لے لے کر قسمیں کھائیں۔ آدم علیہ السلام اب اس کو جھٹلا نہ سکے کیونکہ یہ بات آپ کے وہم و گمان میں بھی نہ آسکتی تھی کہ شیطان لاکھ نافرمان اور بے ایمان اور میرا دشمن سہی لیکن وہ جھوٹی قسم بھی کھا سکتا ہے۔ کریم الفطرت انسان کا اپنی پاک نفسی کے باعث کسی عیار کے مکر و فریب میں آجانا کوئی مشکل بات نہیں ہے

ان الکریم اذا تشاء خدعته

وتری اللئیم مجربا لا یخدع (ابن نفطویہ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب اپنے کسی غلام کو عبادت الٰہی میں ذوق و شوق سے سرگرم دیکھتے تو اسے آزاد کر دیتے۔ چنانچہ آپ کے اکثر غلام اپنے آپ کو آزاد کرانے کے لیے لمبی لمبی نمازیں پڑھا کرتے اور آپ حسب عادت انہیں آزاد کر دیتے۔ آپ کو عرض کی گئی کہ آپ کے غلاموں کی یہ عبادتیں اللہ کی رضا کے لیے نہیں بلکہ آپ کو فریب دینے کے لیے ہیں۔ تو آپ فرماتے۔ من خادعنا باللہ خدعنا: جو ہمیں اللہ کے نام سے دھوکہ دیتا ہے ہم اس کے دھوکہ میں آنے کے لیے تیار ہیں۔

۲۹؎ تدلیہ اور ادلاء دونوں کا معنی ہے کسی چیز کو اوپر سے نیچے لے جانا۔ فان التدلیه والادلاء ارسال الشیء من اعلی الی اسفل (بیضاوی) یعنی شیطان نے آپ کو دھوکہ اور فریب سے اپنے مرتبہ رفیعہ سے نیچے گرا دیا جنت کی بلندیوں

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

عرض کی اے ہمارے پروردگار! ۳۰ ہم نے ظلم کیا اپنی جانوں پر اور اگر نہ بخشش فرمائے تو ہمارے لیے اور نہ رحم فرمائے ہم پر تو یقیناً ہم نقصان

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي

اٹھانے والوں سے ہو جائیں گے اللہ تعالیٰ نے فرمایا نیچے اتر جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو گے اور تمہارے لیے زمین

الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۲۴﴾ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَ

میں ٹھکانا ہے اور نفع اٹھانا ہے ایک وقت تک (نیز) فرمایا اسی زمین میں تم زندہ رہو گے اور

فِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿۲۵﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ

اسی میں مرو گے اور اسی سے تم اٹھائے جاؤ گے ۳۱ اے اولادِ آدم ۳۲ بیشک اُتارا ہم نے تم پر

سے زمین کی پستیوں میں پہنچا دیا۔

۳۰ے اگرچہ یہ خطا سہواً اور بلا قصد سرزد ہوئی تھی لیکن آدم علیہ السلام سراپا ندامت بن کر توبہ کا دروازہ کھٹکھٹاتے ہیں۔ کاملین کا یہی شیوہ ہے کہ معمولی سی خطا پر بھی کانپ اٹھتے ہیں اور آنسوؤں کے دریا بہا دیتے ہیں۔ اور اپنی عمر بھر کی عبادتوں اور ریاضتوں کو پرکاہ کی اہمیت بھی نہیں دیتے۔ بلکہ اپنے رب کریم کے دامن رحمت میں ہی پناہ تلاش کرتے ہیں۔ علی عادة الاولياء والصالحين في استعظام هو الصغير من السيئات واستصغار هو العظيم من الحسنات (کشاف) امام ابی حیان اندلسیؒ نے یہاں خوب لکھا ہے کہ پانچ چیزیں آدم کی نجات کا باعث بنیں۔ (۱) اپنی غلطی کا اعتراف (۲) اس پر ندامت (۳) اپنے آپ کو اس پر ملامت کرنا (۴) توبہ (۵) اور رحمتِ الٰہی پر آس۔ اور پانچ چیزیں شیطان کی تباہی کا باعث بنیں (۱) اپنے جرم کو تسلیم نہ کرنا (۲) نادم نہ ہونا (۳) ارتکاب جرم پر اپنے آپ کو ملامت نہ کرنا بلکہ اس کے صادر ہونے کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کر دینا (فبما اغويتني) (۴) توبہ نہ کرنا (۵) اور رحمتِ الٰہی سے مایوس ہو جانا۔

۳۱ے یعنی تمہارا مسکن اصلی و معاد یہی زمین ہے اگر خرقِ عادت کے طور پر کوئی شخص کسی وقت ایک معین وقت کے لیے اس سے اوپر اٹھا لیا جائے مثلاً حضرت مسیح علیہ السلام تو وہ اس آیت کے منافی نہیں۔ کیا جو شخص چند روز یا چند گھنٹے کے لیے زمین سے جدا ہو کر ہوائی جہاز میں مقیم ہو یا فرض کیجئے وہیں مر جائے وہ فيها تحيون و فيها تموتون کے خلاف ہوگا؟ کیونکہ وہ اس وقت زمین پر نہیں ہے معلوم ہوا کہ اس قسم کے قضایا کلیہ کے رنگ میں استعمال نہیں ہوتے۔ (حاشیہ علامہ عثمانی)

۳۲ے عرب کے بعض مشرک قبیلے طوافِ کعبہ کے وقت اپنا لباس اتار دیتے۔ مرد اور عورتیں مادر زاد برہنہ ہو کر طواف کرتے۔ اور

لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ

لباس جو ڈھانپتا ہے تمھاری شرمگاہوں کو اور باعثِ زینت ہے۔ اور پرہیز گاری کا لباس وہ سب سے بہتر ہے ۳۳

ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ

یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے تاکہ وہ نصیحت قبول کریں ۳۴ اے اولادِ آدم! نہ فتنہ میں مبتلا کر دے تمھیں

اسے کمال تقویٰ خیال کیا جاتا۔ نہ صرف عرب بلکہ دُنیا کی اکثر قومیں اپنی مذہبی رسُوم وعبادات کی ادائیگی کے وقت شرم وحیا کی چادر اُتار پھینکتی ہیں۔ ہردوار اور بنارس میں اشنان کرنے والوں کے متعلق کسے معلوم نہیں کہ وہاں عریانی اور برہنگی کا کتنا شرمناک مظاہرہ کیا جاتا ہے۔ اور آج تو ثقافت وفن کی کسی محفل میں گرمی پیدا ہی نہیں ہوتی جب تک شرم وحیا کی ساری قدروں کو پاؤں تلے نہ روند ڈالا جائے۔ اس لیے یہاں خطاب کسی خاص قوم یا قبیلہ کو نہیں بلکہ لباس کی اہمیت بیان کرتے ہُوئے ساری اولادِ آدم کو خطاب فرمایا جارہا ہے۔ آیت میں لباس کے دو فائدے بیان کیے گئے ہیں۔ ایک تو یہ کہ وُہ سترعورت کا کام دیتا ہے۔ دُوسرا یہ کہ وُہ انسان کی آسائش اور زینت کا باعث ہے۔

لفظی تحقیق: انزلنا کا لغوی معنی تو اُوپر سے نیچے اُتارنا ہے۔ یہاں لباس کے لیے اس کا استعمال بطور مجاز ہے۔ یعنی بارش جو کپاس وغیرہ کی روئیدگی اور حیوانات (جن کی اُون سے گرم کپڑے بنتے ہیں) کی زندگی کا سبب ہے۔ وُہ کیونکہ اُوپر سے نازل ہوتی ہے تو گویا لباس بھی اُوپر سے ہی نازل ہوا۔ تسمیۃ المسبب باسم السبب۔ اور بعض علما نے کہا انزل بمعنی خلق ہے۔ اور یہ استعمال بھی عام ہے۔ جیسے وانزل لکم من الانعام ثمانیۃ ازواج۔ سوأۃ: جسم کا وُہ حصّہ جس کا ننگا کرنا قبیح ہو۔ شریعتِ اسلامیہ میں مرد کے لیے ناف سے لے کر گھٹنوں تک ڈھانپنا ضروری ہے اور عورت کے لیے نامحرم سے سارے بدن کا ڈھانپنا لازمی ہے۔ ریش: پرندوں کے پر و بال۔ وہ ان کے لیے زیب و زینت کا باعث بھی ہیں۔ اسی طرح لباس انسان کے لیے۔

۳۳ دُنیا کا کوئی قیمتی سے قیمتی لباس بھی اس کی خوبصورتی اور پائیداری کا مقابلہ نہیں کرسکتا ؎

اذا المرء لم یلبس ثیابا من التقی تقلب عریانا وان کان کاسیا

جب تک کوئی شخص تقویٰ کا لباس زیبِ تن نہ کرے گا تو وُہ ننگا ہے اگرچہ اُس نے کپڑے پہنے ہوئے ہوں۔

وخیر لباس المرء طاعۃ ربہ ولا خیر فیمن کان للہ عاصیا

اطاعتِ خداوندی سب سے بہتر لباس ہے اور جو اللہ کا نافرمان ہو اس میں نام کو بھلائی نہیں ہے

۳۴ لباس، اس کے لیے ایسے مواد کا مہیا کر دینا جس سے یہ تیار ہو سکے، اس کے علاوہ انسان میں لباس کی خواہشیں ودیعت کر دینا، پھر اسے لباس تیار کرنے کی سمجھ عطا فرما دینا یہ سب اللہ تعالیٰ کی قدرت، حکمت اور علم کی ناقابلِ انکار دلیلیں ہیں۔

الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا

شیطان ۳۵؎ جیسے نکالا اس نے تمھارے ماں باپ کو جنت سے (اور) اُتروا دیا ان سے ان کا لباس

لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ

تاکہ دکھلا دے انھیں ان کے پردہ کی جگہیں۔ بے شک دیکھتا ہے تمھیں وُہ اور اُس کا کنبہ جہاں سے تم نہیں دیکھتے ہو انھیں ۳۶؎

اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاِذَا فَعَلُوْا

بلاشبہ ہم نے بنا دیا ہے شیطانوں کو دوست ان کا جو ایمان نہیں لاتے ۳۷؎ اور جب کرتے ہیں کوئی

فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ

بے حیائی کا کام ۳۸؎ (تو) کہتے ہیں پایا ہم نے ایسا ہی کرتے ہوئے اپنے باپ دادا کو اور اللہ نے بھی ہمیں حکم دیا اس کا۔ آپ فرمائیے بے شک

۳۵؎ قصۂ آدم بیان کرنے کا مدعا اور مقصد بتا دیا کہ اے اولادِ آدم اس شیطان کے مکر و فریب سے بچنا جو تمھارا ازلی دشمن ہے ایسا نہ ہو کہ جیسے اس نے تمھارے باپ کو دھوکہ دیا تمھیں بھی وُہ راہِ حق سے منحرف کر دے اور تم بھی معتوب ہو جاؤ۔

۳۶؎ وُہ دشمن جو دین و ایمان کا دشمن ہو اور کھل کر سامنے نہ آئے بلکہ غیر مرئی طور پر رگ و ریشہ میں نفوذ کر جائے اور دوست اور خیر خواہ کا رُوپ بھر کر دل میں وسوسہ اندازی کرے اس کی طرف سے تغافل برتنا بہت بڑی غلطی ہے۔ اس لیے اس سے چوکنا رہنے کی ہدایت فرمائی جا رہی ہے۔ حضرت ذُوالنون مصری علیہ الرحمۃ نے کیا خوب فرمایا ہے کہ اگر تیرا دشمن ایسا ہے کہ وُہ تجھے دیکھتا ہے اور تو اس کو نہیں دیکھ سکتا۔ تو ایک ایسی ہستی (اللہ تعالیٰ) کی پناہ میں آجا جو تیرے دشمن کو دیکھتا ہے لیکن وُہ اسے نہیں دیکھ سکتا۔ قال ذوالنون ان کان هو یراك من حیث لا تراه فاستعن بمن یراه من حیث لا یراه وهو اللّٰه القهار الستار۔ (مظہری)

۳۷؎ کفار کو یہ اختیار دیا گیا تھا کہ چاہے وُہ اللہ اور اس کے رسُول کو اپنا دوست اور مددگار بنا لیں اور چاہے شیطان کے ساتھ اپنی دوستی کا رشتہ جوڑ لیں۔ جب انھوں نے شیطان کی دوستی کو ترجیح دی تو ہم نے ان کو روکا نہیں بلکہ جس کو انھوں نے دوست بنانا چاہا انھیں اس کو دوست بنانے دیا۔ انا جعلنا کا یہی مطلب ہے اور اس کی تائید بعد میں آنے والی آیت کر رہی ہے۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ شیطان اور کفار کے درمیان دوستی اور محبت کا رشتہ ہم نے مستحکم کیا اور ان کو اس کی دوستی پر مجبور کر دیا۔

۳۸؎ فاحشہ کہتے ہیں اس چیز کو جو حد درجہ قبیح اور معیوب ہو۔ فعلة متناهية فی القبح (بیضاوی) یہاں اس سے

اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾

اللہ تعالیٰ نہیں دیتا بے حیائیوں کا ۳۹ کیا ایسی بات لگاتے ہو اللہ پر جو تم نہیں جانتے

قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۛ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ

آپ فرمائیے حکم دیا ہے میرے رب نے ۴۰ عدل و انصاف کا اور سیدھا کرو اپنے چہرے (قبلہ کی طرف) ہر نماز کے وقت

وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۬ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿۲۹﴾ ؕ

اور عبادت کرو اس کی اس حال میں کہ تم خالص کرنے والے ہو اس کے لیے عبادت کو جس طرح اس نے پہلے پیدا کیا تھا تمھیں ویسے ہی تم لوٹو گے

فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا

ایک گروہ کو اللہ نے ہدایت دے دی اور ۴۱ ایک گروہ ہے کہ مقرر ہو گئی ان پر گمراہی انھوں نے بنا لیا

مُراد اُن کے سارے عقائدِ باطلہ اور اعمالِ قبیحہ ہیں۔ والظاهر انه يعم كل كبيرة (مظہری) یعنی جب کبھی انھیں ایسی بیہودگیوں سے روکا جاتا تو وہ کہنے لگتے کہ ہمارے باپ دادا کا یہی طریقہ تھا اور اللہ تعالیٰ نے بھی ہمیں یہی حکم دیا ہے۔

۳۹ ایسے قبیح اعمال اور باطل عقائد جن کو عقلِ سلیم قبول نہیں کر سکتی اللہ تعالیٰ ان کا حکم کیسے دے سکتا ہے۔

۴۰ بیانِ مفہوم سے پہلے چند الفاظ کی تحقیق ضروری ہے۔ (۱) القسط وهو الوسط من كل امر المتجافي عن طرفي الافراط والتفريط (بیضاوی) یعنی اعتقاد و عمل میں ہر طرح کی بے راہروی اور افراط و تفریط اور مبالغہ آمیزی سے دامن بچا کر درمیانہ روی اختیار کرنا۔ (۲) اقیموا: اقامة الشيئ اعطاء الشيئ حقه وتوفيته شروطه: یعنی کسی چیز کو کماحقہ اس کی تمام شرائط کو پورا کرتے ہوئے ادا کرنا۔ (۳) الوجه: المراد منه توجه القلب وصحة القصد (المنار) دلی توجہ اور نیتِ صحیحہ (۴) مسجد: ظرفِ زمان بھی ہے اور ظرفِ مکان بھی یعنی سجدہ کرنے کا وقت یا سجدہ کرنے کی جگہ۔ (۵) ادعوه اعبدوه۔ عبادت کرو (بیضاوی، ترجمہ شاہ ولی اللہ وغیرہا) آیتِ کریمہ کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان واہیات باتوں کا حکم نہیں دیا جیسے کفار کا دعویٰ ہے بلکہ اس کا فرمان تو یہ ہے کہ ہر بات میں میانہ روی اختیار کریں۔ افراط و تفریط سے دور رہیں نماز کے وقت خضوع و خشوع کے ساتھ دل کی ساری توجہ یادِ الٰہی میں مرکوز کر دیں اور اس کی عبادت میں کسی اور کو کسی طرح شریک نہ کریں۔

۴۱ یعنی وہ لوگ جنھوں نے اللہ کی دی ہوئی سمجھ سے صحیح کام لیا اور اس کے عطا فرمودہ اختیار اور آزادی کو اس کے حکم کا پابند بنا دیا انھیں راہِ ہدایت دکھا دی گئی اور اس پر چلنے کی توفیق مرحمت فرما دی گئی۔ اور جنھوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر

الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۰﴾

شیطانوں کو (اپنا) دوست اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اور وُہ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں۔

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا

اے آدم کی اولاد! پہن لیا کرو اپنا لباس ہر نماز کے وقت اور کھاؤ اور پیو

وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ

اور فضول خرچی نہ کرو بے شک اللہ نہیں پسند کرتا فضول خرچی کرنے والوں کو۔ آپ فرمائیے کس نے حرام کیا ۴۲ اللہ کی زینت کو

ع ۱۰

شریروں اور مُفسدوں سے دوستی و محبت کا رشتہ جوڑ لیا۔ ان کے مقدر میں گمراہی لکھ دی گئی اور وُہ بدنصیب اس غلط فہمی میں مُبتلا ہے کہ جو کچھ وُہ کر رہے ہیں عین صواب ہے۔ اور یہ صرف اس وقت کے باطل پرستوں کا خیال نہ تھا بلکہ آج بھی راہِ حق سے بھٹکے ہُوئے افراد اور قومیں بڑی شدومد اور وثوق سے اپنی گمراہی کو عین حق کہتی ہیں۔ ان پر گمراہی مسلط کرنے کی وجہ بیان فرما دی کہ انھوں نے خوُد شیطان کی رفاقت اختیار کی اور اللہ اور اس کے رسُول کا ساتھ چھوڑ دیا۔ اور خوُد کردہ را چہ علاج۔

۴۲ے جیسا پہلے بتایا جا چکا ہے کہ کفار کپڑے اُتار کر طواف کرنے کو کمال تقویٰ خیال کیا کرتے تھے۔ نیز حج کے دنوں میں گھی اور گوشت کا استعمال بھی ترک کر دیتے۔ جب انھوں نے دیکھا کہ مُسلمان صاف و سفید احرام کی چادریں زیب تن کرکے مصروفِ طواف ہیں اور گھی گوشت وغیرہ بلا تکلف استعمال کرتے ہیں تو یہ طریق کار انھیں اپنے زُہد و تقویٰ کے معیار سے بہت فروتر معلوم ہوا تو لگے مسلمانوں پر زبانِ طعن دراز کرنے اور اُن پر دُنیا پرستی اور لذت طلبی کا الزام لگانے۔ قرآن فرماتا ہے کہ زینت و آرائش کی جن چیزوں اور عُمدہ لذیذ کھانوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لیے حلال کیا ہے کسی کو کیا حق پہنچتا ہے کہ وُہ اپنی مرضی سے انھیں حرام اور ممنوع قرار دے دے۔ امام فخر الدین رازیؒ نے عُمدہ لباس کے علاوہ زیب و زینت کی تمام اشیاء کو اس آیت میں داخل کیا ہے۔ خواہ اُن کا تعلق لباس کی نفاست، جسم کی نظافت، گھر کی صفائی اور آرائش سے ہو یا لذیذ کھانوں اور بہترین سواری سے ہو بشرطیکہ شریعت نے اسے حرام نہ قرار دیا ہو اور اس میں فضول خرچی کا ارتکاب بھی نہ ہو۔ انه يتناول جميع انواع الزينة ويدخل تحتها تنظيف البدن من جميع الوجوه ويدخل تحتها المركوب الخ (کبیر)

اسی لیے مُسلمانوں کا یہ دستور تھا کہ جب کبھی اپنے احباب کی مُلاقات کے لیے جاتے تو عُمدہ لباس پہن کر جاتے۔ قال ابو العالية كان المسلمون اذا تزاوروا تجملوا (قرطبی) حضور اکرم واطہر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بھی احباب کی ملاقات اور عام اجتماعات کے موقع پر خصوصی اہتمام فرمایا کرتے۔ چنانچہ حضرت مکحول حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت

الَّتِیْۤ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَ الطَّیِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِیَ لِلَّذِیْنَ

جو پیدا کی اُس نے اپنے بندوں کے لیے [۴۲] اور کس نے حرام کیے لذیذ پاکیزہ [۴۳] کھانے آپ فرمائیے یہ چیزیں [۴۴]

اٰمَنُوْا فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا خَالِصَةً یَّوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

ایمان والوں کے لیے ہیں اس دنیوی زندگی میں بھی (اور) صرف انھیں کے لیے ہیں قیامت کے روز یونہی ہم مفصل بیان کرتے ہیں

الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ مَا

آیتوں کو ان لوگوں کے لیے جو (حقیقت کو) جانتے ہیں۔ آپ فرمائیے بے شک حرام کر دیا ہے [۴۵] میرے رب نے سب بے حیائیوں کو جو

ظَهَرَ مِنْهَا وَ مَا بَطَنَ وَ الْاِثْمَ وَ الْبَغْیَ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَ اَنْ تُشْرِكُوْا

ظاہر ہیں ان سے اور جو پوشیدہ ہیں اور (حرام کر دیا) گناہ کو اور سرکشی کو بغیر حق کے اور یہ کہ شریک ٹھہراؤ

کرتے ہیں کہ رحمتِ عالمیاں گھر تشریف فرما تھے اور باہر بعض لوگ منتظر کھڑے تھے۔ حضورؐ جب باہر تشریف لے جانے لگے تو اپنی ریش مبارک اور گیسوہائے عنبریں کو درست فرمایا اور عمامہ مبارکہ کو سنوارا۔ میں نے عرض کی اے اللہ کے رسولؐ! آپ بھی یوں اہتمام فرماتے ہیں؟ قال نعم اذا خرج الرجل الی اخوانہ فلیھیئ من نفسہ فان اللہ جمیل یحب الجمال تو حضورؐ نے فرمایا ہاں۔ جب کوئی اپنے بھائیوں کی ملاقات کے لیے جائے تو تیار ہو کر جائے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ خود بھی جمیل ہے اور جمال کو پسند بھی فرماتا ہے۔ (القرطبی)

[۴۳] طیبات سے مراد وُہ لذیذ طعام ہے جو حلال ذریعے سے حاصل کیا گیا ہو۔ الطیبات اسم عام لما طاب کسبا وطعما۔

[۴۴] یعنی دُنیا میں بھی اور آخرت میں بھی ان نعمتوں سے لطف اندوز ہونے کے حقدار اہلِ ایمان ہی ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ دُنیا میں اہلِ ایمان کے علاوہ اور لوگ بھی ان سے متمتع ہوتے رہیں گے لیکن آخرت میں یہ نعمتیں ان خوش نصیبوں کے لیے مخصوص کر دی جائیں گی جنھوں نے اپنے منعم کو پہچانا اور اس کی نعمتوں پر اس کا شکریہ ادا کیا۔ لیکن وُہ نادان جو عمر بھر اُس کی نعمتوں سے تو فائدہ اُٹھاتے رہے لیکن اس کریم کو نہ پہچانا اور نہ اس کا شکریہ ادا کیا انھیں اُس روز محروم کر دیا جائے گا۔

[۴۵] حلت و حرمت میں انسانی خواہش کو کوئی دخل نہیں۔ بلکہ حلال وُہ ہے جسے اللہ تعالیٰ حلال فرما دے اور حرام وُہ ہے جسے وُہ حرام قرار دے۔ پہلے کفار و مشرکین کی حرام کردہ اشیاء کے متعلق بتایا کہ یہ محض ان کی اپنی گھڑی ہُوئی باتیں ہیں حقیقت سے ان کا کوئی واسطہ نہیں۔ اس آیت میں ان اُمور کی تصریح فرمائی جن کو اس علیم و حکیم نے حرام قرار دیا ہے۔ یہاں حرام کے مختلف انواع کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ (۱) فواحش اس کا واحد فاحشہ ہے جس کا معنی انتہائی قبیح فعل ہے۔ لیکن عرفِ عام

بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا

اللہ کے ساتھ جس کے لیے نہیں اُتاری اللہ نے کوئی سند اور یہ کہ تم کہو اللہ پر ایسی بات جو

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ

تم نہیں جانتے ہو اور ہر اُمت کے لیے ایک وقت مقرر ہے سو جب آجائے ان کا مقررہ وقت تو نہ وُہ پیچھے ہٹ سکتے

سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

ہیں ایک لمحہ اور نہ وُہ آگے بڑھ سکتے ہیں اے اولادِ آدم! اگر آئیں تمھارے پاس رسول تم میں سے

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

جو بیان کریں تم پر میری آیتیں تو جس نے تقویٰ اختیار کیا اور اپنی اصلاح کرلی تو نہیں ہے ۳۶ کوئی خوف ان پر

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ

اور نہ وُہ غمگین ہوں گے اور جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو اور غرور کیا ان سے

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۳۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى

وُہ دوزخی ہیں وُہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں اور کون زیادہ ظالم ہے اس سے جس نے بہتان باندھا

ہیں اس کا معنی زنا ہے۔ قرآن نے بھی زنا کے متعلق یہی لفظ استعمال کیا ہے۔ انه كان فاحشة۔ مطلب یہ ہوا کہ ہر قسم کا زنا حرام ہے۔ چوری چھپے کیا جائے یا اعلانیہ۔ دُوسری قسم اثم ہے۔ اس کا لغوی معنی گناہ ہے لیکن شراب کے کثیر التعداد ناموں سے ایک یہ بھی ہے۔ حسن بصری نے یہاں اثم کا معنی شراب کیا ہے۔ قال الحسن الاثم الخمر قال الشاعر۔ شربت الاثم حتی ضل عقلی۔ کذلک الاثم تذهب بالعقول (القرطبی) یعنی شراب (اثم) پی یہاں تک کہ میں بے ہوش ہو گیا شراب اسی طرح عقل کو ضائع کر دیتی ہے۔

تیسری قسم البغی ہے۔ اس کا معنی ہے ظلم میں حد سے تجاوز کرنا۔ الظلم وتجاوز الحد فیه۔ (القرطبی)

چوتھی قسم شرک ہے۔ پانچویں قسم اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹی باتوں کا منسوب کرنا یعنی جو حکم اس نے نہ دیا ہو اس کے متعلق یہ کہنا کہ یہ اللہ کا حکم ہے۔ (رازی و قرطبی)

۳۶ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ قیامت کے دن ایمان داروں کو خوف و حزن نہیں ہوگا اور وُہ گھبراہٹ اور پریشانی سے

عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ

اللہ پر جھوٹا یا جھٹلایا اس کی آیتوں کو۔ انھیں مل جائے گا ۲۷؎ ان کا حصہ جو اُن کی

الْكِتٰبِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ

قسمت میں لکھا ہے یہاں تک کہ جب آئیں گے ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے جو قبض کریں گے ان کی رُوحوں کو تو ان سے کہیں گے

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَ شَهِدُوْا عَلٰٓى

کہاں ہیں وہ جن کی تم عبادت کیا کرتے تھے اللہ کے سوا ۲۸؎ کہیں گے وہ گم ہو گئے ہم سے اور گواہی دیں گے اپنے

اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ۝۳۷ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ

نفسوں پر کہ وہ کافر تھے اللہ تعالیٰ فرمائے گا داخل ہو جاؤ ۲۹؎ ان امتوں میں جو گزر چکی ہیں

دوچار نہ ہوں گے۔ دليل على ان المؤمنين يوم القيامة لا يخافون ولا يحزنون ولا يلحقهم رعب ولا فزع (قرطبی)

۲۷؎ یعنی جتنی عمران کے لیے مقرر ہے جو مال و دولت، بیوی اور اولاد ان کی قسمت میں لکھی جا چکی ہے وہ بہر حال ان کو مل کر رہے گی۔

۲۸؎ فرشتے قبض رُوح کے وقت بطور زجر و توبیخ انھیں کہیں گے کہ بلاؤ اُن اپنے بناوٹی خداؤں کو جن کی ساری عمر تم عبادت کرتے رہے تاکہ وہ تمھیں ہمارے قبضہ سے چھڑائیں۔ اس وقت غفلت کے پردے اُٹھ جائیں گے اور حقیقت منکشف ہو جائے گی۔ اور وہ جواب دیں گے کہ آج تو اُن کا ہمیں کوئی نام و نشان نہیں مل رہا۔ اور صد حیف! کہ ہم نے تو کفر میں اپنی زندگی برباد کر دی۔ ومعنى تدعون تعبدون (قرطبی) یعنی یہاں تدعون بمعنی تعبدون ہے۔ واين الألهة التي كنتم تعبدونها (بیضاوی) علامہ بیضاوی نے اس کا یہ مفہوم لکھا ہے کہ فرشتے انھیں کہیں گے کہ وہ خدا کہاں ہیں جن کی تم عبادت کیا کرتے تھے۔

۲۹؎ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ مجرم قوموں کو حکم دیں گے کہ چلو دوزخ میں داخل ہو جاؤ۔ مجرمین کی حالت اُس وقت ناگفتہ بہ ہو گی۔ دُنیا میں تو ایک فاسق دُوسرے فاسق کا سہارا بنا ہوا تھا۔ آپس میں محبت و اخلاص کے گہرے تعلقات قائم تھے۔ اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہ دوستی کبھی نہ ٹوٹے گی۔ لیکن جب جہنم کے لپکتے ہوئے شعلے اور دہکتے ہوئے انگارے نظر آئیں گے تو ساری دوستی کرکری ہو جائے گی۔ ایک دُوسرے کی ہمدردی کرنے کے بجائے ایک دُوسرے پر برسنے لگیں گے ہر ایک اپنی گمراہی اور ہلاکت کی ذمہ داری دُوسرے پر ڈالے گا۔ پیروکار اپنے گمراہ پیشواؤں کو کہیں گے کہ تم پر خدا کی مار تم نے اپنے

مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ فِي النَّارِ ۖ كُلَّمَا دَخَلَتْ أُمَّةٌ لَّعَنَتْ

تم سے پہلے جنوں اور انسانوں سے (ان کے پاس) دوزخ میں (داخل ہو جاؤ) جب بھی داخل ہوگی کوئی اُمت تو وہ

أُخْتَهَا ۖ حَتَّىٰ إِذَا ادَّارَكُوا فِيهَا جَمِيعًا قَالَتْ أُخْرَاهُمْ لِأُولَاهُمْ رَبَّنَا

لعنت بھیجے گی دُوسری اُمت پر یہاں تک جب جمع ہو جائیں گی اس میں سب اُمتیں تو کہے گی آخری اُمت پہلی اُمتوں کے متعلق اے

هَٰؤُلَاءِ أَضَلُّونَا فَآتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۖ قَالَ لِكُلٍّ

ہمارے رب! انھوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا پس دے ان کو دُگنا عذاب آگ سے اللہ تعالیٰ فرمائے گا ہر ایک کے لیے

ضِعْفٌ وَلَٰكِن لَّا تَعْلَمُونَ ﴿٣٨﴾ وَقَالَتْ أُولَاهُمْ لِأُخْرَاهُمْ فَمَا كَانَ

دُگنا عذاب ہے لیکن تم نہیں جانتے اور کہیں گی پہلی اُمتیں [نشہ] پچھلی اُمتوں سے کہ نہیں ہے تمھیں

لَكُمْ عَلَيْنَا مِن فَضْلٍ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْسِبُونَ ﴿٣٩﴾

ہم پر کوئی فضیلت پس چکھو عذاب بوجہ اس کے جو تم کیا کرتے تھے۔

إِنَّ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُوا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ أَبْوَابُ

بے شک جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو اور تکبر کیا ان سے نہ کھولے جائیں گے ان کے لیے آسمان

ساتھ ہمارا بیڑا بھی غرق کر دیا۔ اور اُن کے پیشوا کہیں گے کہ تم نے کیوں ہمارا اتباع کیا۔ کیا تم خود اندھے تھے۔ غرضیکہ مجرمین ایک دُوسرے پر خوب الزام لگائیں گے اور کوئی کسی کے کام نہیں آئے گا۔ قرآن حکیم نے فرمایا ہے الاخلاء یومئذ بعضھم لبعض عدو الا المتقین: اس روز سارے دوست ایک دُوسرے کے دشمن بن جائیں گے بجز پرہیزگاروں کے (یعنی اُن کی دوستی اُس وقت بھی قائم رہے گی)

[نشہ] پہلی اُمتیں پچھلی اُمتوں کو یا پیشوا اپنے پیروؤں کو کہیں گے کہ ہمارے اور تمھارے جُرم کی نوعیت میں فرق نہیں کیونکہ اگر ہم تمھیں گمراہی کی طرف بُلانے کے مجرم ہیں تو تم اس کو قبول کرنے کے مجرم ہو۔ تمھارے پاس عقل تھی۔ آسمانی کتاب تھی اس کو سمجھانے والے تھے۔ حق کی طرف دعوت دینے والے تھے۔ انھیں چھوڑ کر جو تم ہمارے ساتھ ہو لیے۔ سچی دعوت کو رد کر کے جو جھوٹی دعوت قبول کی۔ راہِ راست سے مُنہ موڑ کر غلط راستے پر جو تم چل نکلے تھے۔ کیا یہ تمھارا قصور نہ تھا؟

السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ؕ

کے دروازے اور نہ داخل ہوں گے جنت میں جب تک نہ داخل ہو اونٹ سوئی کے ناکے میں ۵۱

وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ

اور اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں جرم کرنے والوں کو ۵۲ ان کے لیے دوزخ کا ہی بچھونا ہوگا اور ان

فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

کے اوپر (اسی کا) اوڑھنا ۵۳ اور اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں ظالموں کو اور جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ ؗ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اور انھوں نے نیک عمل کیے (ہمارا قانون یہ ہے کہ) ہم تکلیف نہیں دیتے کسی کو مگر جتنی اس کی طاقت ہے ۔ وہ جنتی

الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ

ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں اور ہم نکال لیں گے جو کچھ ان کے سینوں میں کینہ ہے ۵۴

۵۱ ان بدنصیبوں پر نہ آسمانی خیرات وبرکات کا نزول ہوگا اور نہ ان کے اعمال نیک بندوں کی طرح آسمان کی طرف اٹھائے جائیں گے۔ اور جب یہ مریں گے اور فرشتے ان کی خبیث روح لے کر آسمان کی طرف جائیں گے تو رحمت وقبولیت کے دروازے ان کے لیے نہ کھولے جائیں گے۔ اور انھیں واپس سجین کی پستیوں کی طرف لوٹا دیا جائے گا۔ اور جس طرح سوئی کے باریک سوراخ سے ایک اونٹ کا گزرنا محال ہے اسی طرح ان کا جنت میں داخل ہونا بھی محال ہے۔

۵۲ یہاں مجرموں سے مراد کفار ہیں۔ اور انھیں کفار کی سزا کا یہاں ذکر ہو رہا ہے۔ کیونکہ آیات ربانی کی تکذیب اور پھر غرور وتکبر کفر نہیں تو اور کیا ہے۔

۵۳ المهاد: الفراش بچھونا اور الغواش جمع ہے الغاشية کی۔ اوپر اوڑھنے والی چیز یعنی اوپر اور نیچے ہر طرف عذاب الٰہی کی آگ بھڑک رہی ہوگی کسی پہلو چین اور قرار نصیب نہ ہوگا۔

۵۴ دنیا میں بعض غلط فہمیوں کی وجہ سے بسا اوقات متقی اور پارسا لوگوں کے تعلقات بھی کشیدہ ہو جاتے ہیں اور ایک دوسرے کے متعلق کدورت اور ملال پیدا ہو جاتا ہے۔ کیونکہ ان کی یہ مخالفت اور باہمی رنجش نیک نیتی پر مبنی ہوتی ہے اس لیے جب قیامت کے دن انھیں جنت میں داخل ہونے کا اذن ملے گا تو ان کے آئینہ قلب سے ان رنجشوں اور کدورتوں کا

غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

رواں ہوں گی ان کے نیچے سے نہریں اور کہیں گے ساری تعریفیں ۸۵ اللہ کے لیے ہیں جس نے

هَدٰىنَا لِهٰذَا ۖ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ

راہ دکھائی ہمیں اس بہشت کی اور ہم ہدایت یافتہ نہیں ہو سکتے تھے اگر نہ ہدایت دیتا ہمیں اللہ تعالیٰ۔ بے شک آئے ہمارے

رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۭ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا

رب کے رسول حق کے ساتھ اور ان (خوش نصیبوں) کو آواز دی جائے گی ۸۶ کہ یہی وہ جنت ہے وارث بنائے گئے ہو تم جس کے

غبار صاف کر دیا جائے گا اور وہ سابقہ مخالفتوں کا کوئی اثر محسوس نہیں کریں گے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ فرمایا کرتے کہ مجھے توقع ہے کہ میں عثمانؓ، طلحہؓ اور زبیرؓ انہیں لوگوں میں سے ہیں جن کے متعلق اس آیت میں ارشاد فرمایا گیا ہے۔ ویروی عن علی رضی اللہ عنہ انہ قال ارجوان اکون انا وعثمان وطلحة والزبیر من الذین قال اللہ تعالٰی فیہم ونزعنا الخ۔ اور بعض علما نے اس آیت کا یہ معنی بھی بتایا ہے کہ اہل جنت میں جو باہمی فرق مراتب ہوگا اس کی وجہ سے وہ آپس میں حسد نہیں کریں گے۔ ہر شخص اپنے حال پر مطمئن اور شاکر ہوگا۔

۸۵ جنت میں قرار پکڑنے کے بعد وہ اپنے رب مجید کی حمد و ثنا اور اعتراف نعمت و احسان میں محو ہو جائیں گے۔ امام رازیؒ فرماتے ہیں کہ اہل جنت اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد کریں گے کہ اس ذات پاک نے ہمیں قدرت بھی بخشی اور دین اسلام کو قبول کرنے کا قوی جذبہ بھی دل میں پیدا کر دیا کہ ہم دین اسلام کو قبول کر سکے۔ وقال اصحابنا معنی ھدانا اللہ انہ اعطی القدرة وضم الیہا الداعیة الجازمة وصیر مجموع القدرة وتلک الداعیة موجبا لحصول تلک الفضیلة۔ (کبیر)

۸۶ اہل جنت جب دخول جنت اور حصول مراتب کو محض اپنے رب کی دین اور عطا یقین کرتے ہوئے اس کی حمد و ثنا میں زمزمہ سنج ہوں گے تو بارگاہ الٰہی سے آواز آئے گی کہ مبارک ہو ہم نے تمہارے نیک اعمال کی وجہ سے تم پر اپنا یہ احسان فرمایا ہے۔ بندے کی شان بندگی کا تقاضا یہی ہے کہ جن انعامات و احسانات سے اسے نوازا جائے اُسے اپنے رب کا فضل و کرم یقین کرے۔ اور رب کریم کی شان بندہ نوازی یہ ہے کہ اپنے بندوں کے اعمال جو سراپا نقص ہی نقص ہیں اور اخلاص و نیاز کے کتنے ہی اونچے مقام پر کیوں نہ فائز ہوں اللہ تعالیٰ کی شان قدوسیت و سبوحیت کے شایاں نہیں ان کو وہ شرف قبول عطا فرما کر ان ابدی نعمتوں کا سبب بنا دے۔ حالانکہ انسان کی ساری عمر کی نیازمندیاں و عبادت گزاریاں کسی ایک نعمت کا بھی معاوضہ نہیں ہو سکتیں جن سے وہ اس دنیاوی زندگی میں لطف اندوز ہوتا رہا ہے۔ یہاں ایک شبہ

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٤٣﴾ وَنَادٰۤى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ

بوجہ ان عملوں کے جو تم کیا کرتے تھے۔ اور آواز دیں گے جنتی دوزخیوں کو ۵۴ کہ بے شک

وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ

ہم نے پا لیا جو وعدہ فرمایا تھا ہمارے ساتھ ہمارے رب نے سچا۔ تو کیا تم نے بھی پایا جو وعدہ کیا تھا تمہارے رب نے

حَقًّا ۭ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى

سچا وہ کہیں گے ہاں۔ تو پھر اعلان کرے گا ایک اعلان کرنے والا ان کے درمیان یہ کہ لعنت ہو اللہ کی

الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٤﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ

ظالموں پر ۵۵ جو روکتے ہیں اللہ کے راستے سے اور چاہتے ہیں اسے کہ ٹیڑھا ہو جائے

ہو سکتا ہے کہ آیت نے بتایا کہ جنت میں دخول کی وجہ بندوں کے نیک اعمال ہیں۔ اور حدیث پاک میں ہے کہ حضور نے فرمایا اعلموا ان احد کو لن یدخلہ عملہ الجنۃ۔ کہ خوب جان لو کسی کا عمل کسی کو جنت میں ہرگز داخل نہیں کر سکتا تو اس کا جواب یہ ہے کہ نیک اعمال دخول جنت کا سبب قریبی ہیں۔ اور رحمتِ الٰہی سبب حقیقی ہے۔ آیت میں سبب قریبی کی طرف اشارہ ہے اور حدیث میں سبب حقیقی کی طرف۔

۵۴ ظالموں اور مجرموں کو مزید شرم دلانے کے لیے یہ سوال کیا جائے گا۔ امام رازیؒ فرماتے ہیں کہ جنت اور دوزخ کے درمیان بے حد و قیاس دوری ہے۔ پھر اتنی دور سے جنتیوں کی آواز دوزخیوں تک کیونکر پہنچے گی۔ امام موصوف اس کا جواب لکھتے ہیں کہ صرف بُعدِ مسافت آواز کے سُنے جانے سے مانع نہیں۔ عندنا البعد الشدید والقرب الشدید لیس من موانع الادراک (کبیر) ریڈیو کی ایجاد نے اس کی تصدیق کر دی اور یہ بھی واضح ہو گیا کہ علمی طور پر ہمارے علماء کرام کے نزدیک بھی یہ بات ثابت شدہ تھی کہ بُعدِ مکانی آواز کی لہروں کی راہ میں کوئی رکاوٹ نہیں۔ ان طے شدہ علمی مسلمات کی روشنی میں اگر یہ اعتقاد رکھا جائے کہ حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنے محبت کیش غلاموں کا درود شریف سُنتے ہیں تو اسے شرک کہنا کیوں کر درست ہے۔

۵۵ جن پر پھٹکار ڈالی جائے گی اُن کی صفات بھی ساتھ ہی بیان کر دی گئیں۔ ایک تو یہ کہ وہ ظالم ہیں اور ظلم سے مُراد یہاں کفر و شرک ہے جیسا کہ سیاق کلام سے ظاہر ہے۔ دُوسری یہ کہ وہ خود بھی دینِ حق قبول نہیں کرتے اور دُوسروں کو بھی روکتے ہیں۔ تیسری یہ کہ دینِ حق کے دلائل میں شکوک و شبہات ڈال کر اسے ٹیڑھا اور غلط دکھانے کی سعی کرتے ہیں۔ چوتھی یہ کہ ان کا

وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ

اور وُہ آخرت کا اِنکار کرتے ہیں ۔ اور ان دونوں (جنت ودوزخ) کے درمیان پردہ ہے [۵۹] ۔ اور اعراف پر کچھ

رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا بِسِيْمٰىهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ

مرد ہوں گے [۶۰] جو پہچانتے ہوں گے سب کو ان کی علامت سے [۶۱] اور وُہ آواز دیں گے جنتیوں کو کہ

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۣ لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ

سلامتی ہو تم پر (اور ابھی) جنت میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے اور وُہ جنت میں داخل ہونے کے خواہش مند ہوں گے اور جب پھیری جائیں گی

آخرت پر ایمان نہیں۔ اور جو شخص ان چار گمراہیوں میں مُبتلا ہو وُہ اس بات کا مستحق ہے کہ اس پر پھٹکار ڈالی جائے۔

[۵۹] اسی حجاب کو سورۃ حدید میں سور یعنی دیوار سے تعبیر کیا گیا ہے۔ فضرب بینھم بسور۔ اس حجاب کی تفصیلی حقیقت نہ ہمیں بتائی گئی ہے اور نہ اس کے جاننے سے ہماری کوئی سعادت وابستہ ہے۔ اس لیے اس کی تفصیلات جاننے کے لیے سرگرداں رہنا تضیع وقت ہے۔ مدعا یہ ہے کہ اہلِ جنت اور اہلِ دوزخ میں ایک ایسا پردہ حائل ہے جو دوزخ کی آنچ کو جنت تک اور جنت کے رُوح پرور اثرات کو دوزخ تک نہیں پہنچنے دیتا۔

[۶۰] اعراف جمع ہے عُرْفٌ کی۔ اور عُرف کا لغوی معنی بلند جگہ ہے۔ والاعراف فی اللغۃ المکان المشرف جمع عرف (قرطبی) اس مناسبت سے گھوڑے کی گردن کے بالوں کو عرف الفرس اور مُرغے کی کلغی کو عرف الدیک کہتے ہیں۔ یہاں اس حجاب کا بالائی حصہ مُراد ہے۔ اور وُہ لوگ جو وہاں اعراف میں ہوں گے وُہ کون ہیں۔ اس کے متعلق مفسرین کرام نے پندرہ اقوال لکھے ہیں (رُوح البیان) حضرات عبد اللہ بن مسعود، حذیفہ بن الیمان، ابن عباس، ضحاک اور ابن جبیر رضی اللہ عنہم ورحمہم کا قول یہ ہے کہ یہ وُہ لوگ ہیں جن کی نیکیاں اور بُرائیاں مساوی ہوں گی۔ هم قوم استوت حسناتھم وسیئاتھم (قرطبی وغیرہ) اور دُوسرے متعدد اقوال کو علامہ بیضاوی نے اپنی اس عبارت میں ذکر کر دیا ہے وقیل قوم علت درجاتھم کالانبیاء والشھداء او خیار المؤمنین او علمائھم۔ یعنی بعض علماء کے نزدیک اعراف کی بلندیوں پر فائز ہونے والے انبیاء، شہداء، صلحاء اور عُلماء ہوں گے۔ اُن کی عزت افزائی کے لیے ان کو اس بلند مقام پر ٹھیرایا جائے گا تاکہ تمام اہلِ محشر ان کی عظمتِ شان اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ واللہ اعلم۔

[۶۱] اس بلند دیوار پر بیٹھے ہُوئے اہلِ اعراف جنتیوں کو بھی شاداں وفرحاں دیکھ رہے ہوں گے اور دوزخیوں کو بھی گریاں بریاں ملاحظہ کر رہے ہوں گے۔ جب ان کی نگاہ اہلِ جنت کی طرف اُٹھے گی تو انھیں اس فوزِ مبین پر مبارکباد پیش کرتے ہُوئے سلامتی کی دُعا دیں گے اور جب اہلِ جہنم کی طرف دیکھیں گے تو سراپا عجز وانکسار بن کر بارگاہِ الٰہی میں التماس

اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ

ان کی نگاہیں دوزخیوں کی طرف (تو) کہیں گے اے ہمارے رب! نہ کر تو ہمیں ظلم پیشہ

الظّٰلِمِیْنَ ﴿٤٧﴾ وَ نَادٰۤى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا یَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِیْمٰىهُمْ

لوگوں کے ساتھ اور پکاریں گے اعراف والے ٦١ ان لوگوں کو جنھیں وہ پہچانتے ہوں گے ان کی علامتوں سے

قَالُوْا مَاۤ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَ مَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ اَهٰۤؤُلَآءِ

(انھیں) کہیں گے نہ فائدہ پہنچایا تمھیں تمھارے جتھے نے اور (نہ) اس ساز و سامان نے جس کی وجہ سے تم غرور کیا کرتے تھے (اے

الَّذِیْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا یَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ

سرکشو!) کیا یہ (جنتی) وہی (نہیں) ہیں ٦٣ جن کے متعلق تم قسمیں اٹھایا کرتے تھے کہ نہیں عطا کرے گا انھیں اللہ اپنی رحمت سے

عَلَیْكُمْ وَ لَاۤ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَ نَادٰۤى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ

(دیکھو انھیں تو حکم مل گیا ہے کہ) داخل ہو جاؤ جنت میں نہیں کوئی خوف تم پر اور نہ تم غمگین ہو گے اور آوازیں دیں گے دوزخی جنتیوں

الْجَنَّةِ اَنْ اَفِیْضُوْا عَلَیْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْۤا

کو کہ انڈیلو ہم پر کچھ پانی یا جو کچھ دیا ہے تمھیں اللہ تعالیٰ نے جنتی کہیں گے

اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِیْنَ ﴿٥٠﴾ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا دِیْنَهُمْ لَهْوًا

کہ اللہ نے حرام کر دی ہیں یہ دونوں چیزیں کافروں پر جنھوں نے بنا لیا تھا اپنے دین کو کھیل

عذاب الیم سے بچنے کی دعائیں کریں گے۔ آیت میں یطمعون بمعنی یعلمون ہے۔ وذلك معروف فی اللغة ان یكون طمع بمعنی علم۔ (قرطبی)

٦٢ وہاں تو اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اس کے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت ہی کام آئے گی یہ دنیاوی ساز و سامان تو اس روز کھوٹے سکوں سے بھی ناکارہ ثابت ہوں گے۔

٦٣ ان کی شرمندگی اور شرمساری میں مزید اضافہ کرنے کے لیے اہل اعراف انھیں کہیں گے کہ یہ غریب و مسکین کلمہ گو

وَّلَعِبًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ

اور تماشہ اور فریب میں مبتلا کر دیا تھا انھیں دنیا کی زندگی نے۔ سو آج ہم فراموش کر دیں گے انھیں ۶۴ جیسے بھلا دیا تھا

يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ

انھوں نے اس دن کی ملاقات کو اور جس طرح وہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے اور بے شک لے آئے ۶۵ ہم ان

بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾

کے پاس ایک کتاب جسے ہم نے واضح کر دیا ہے اپنے علم (کامل) سے قرآن لیکہ وہ ہدایت اور رحمت ہے اس قوم کے لیے جو ایمان لاتے ہیں

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ

کافر کس چیز کے ۶۶ منتظر ہیں بجز یہ کہ قرآن کی دھمکی کا انجام کیا ہوتا ہے۔ جس روز ظاہر ہو گا اس کا انجام تو کہیں گے جو

جن کو تم خاطر میں ہی نہیں لاتے تھے اور از راہِ نخوت کہا کرتے تھے کہ ان کو رحمتِ خداوندی سے کیا واسطہ! اس کی رحمتیں تو ہمارے لیے ہی مخصوص ہیں۔ آج ان کی طرف دیکھو وہ تو جنت کی ابدی نعمتوں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ اور تمھارا یہ حال ہے۔

۶۴ نسیان (بھلا دینے) کا کیا معنی ہے؟ امام رازیؒ نے دو قول نقل کیے ہیں۔ (۱) نسی بمعنی ترک یعنی ہم انھیں چھوڑ دیں گے۔ اور ان کو نجات نہیں دیں گے۔ دوسرا معنی یہ ہے کہ ہم ان سے ایسا برتاؤ کریں گے جیسے ہم نے ان کو فراموش کر دیا ہے۔

۶۵ یہ مکالمہ اور گفتگو جو اہلِ اعراف اور اہلِ جہنم کے درمیان یا اہلِ جنت اور اہلِ جہنم کے درمیان ہو گی۔ اس کے بیان کرنے کی غرض و غایت بتائی جا رہی ہے یعنی اس کا مقصد قصہ گوئی اور داستان سرائی نہیں بلکہ مدعا یہ ہے کہ تم اس سے عبرت حاصل کرو۔ اور وہ لغزشیں اور قصور جن کی وجہ سے بڑے بڑے نامور لوگ آتشِ جہنم میں جھونک دیے جائیں گے ان سے اجتناب کرو تاکہ اس دردناک انجام سے تمھیں دوچار نہ ہونا پڑے۔ اور ان کی غلط کاریوں میں سے تین خطرناک غلط کاریاں ہیں جن کا ذکر اس سے پہلی آیت میں کیا گیا۔

۱۔ احکامِ الٰہی کو لہو و لعب سمجھنا یعنی سنجیدگی سے ان کو قبول نہ کرنا بلکہ ان کو مذاق اور کھیل بنائے رکھنا۔ جی چاہا تو مان لیا اور جی چاہا تو انکار کر دیا۔

۲۔ دنیا کی محبت میں ایسا غرق ہو جانا اور اس پر اتنا فریفتہ ہو جانا کہ حلال حرام کی تمیز ہی نہ رہے۔

۳۔ روزِ قیامت کا انکار۔

۶۶ علامہ قرطبی نے ینظرون کا معنی ینتظرون کیا ہے یعنی کیا وہ اس بات کا انتظار کر رہے ہیں النظر: الانتظار (قرطبی)

نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ

بھلائے ہوئے تھے اسے اس سے پہلے کہ بے شک لائے تھے ہمارے رب کے رسول حق (پیغام) تو کیا (آج) ہمارے کوئی

شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ

سفارشی ہیں تو وہ سفارش کریں ہمارے لیے یا ہمیں واپس بھیج دیا جائے تاکہ ہم عمل کریں اس کے برعکس جو ہم کیا کرتے تھے

قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ

بے شک انھوں نے نقصان پہنچایا اپنے آپ کو اور گم ہو گیا ان سے جو وہ بہتان باندھا کرتے تھے بلاشبہ

رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ

تمہارا رب اللہ ہے جس نے ٦۷ پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پھر

تاویل ما یؤل الیہ امرہ (بیضاوی) یعنی انجام کار۔ اس آیت میں کفار سے استفسار کیا جا رہا ہے کہ جب ہدایت کا آفتاب طلوع ہو چکا ہے۔ دلائل کی روشنی ہر سو پھیل چکی ہے تو وہ اب کیوں ایمان نہیں لاتے؟ کیا وہ اس دن کا انتظار کر رہے ہیں جب وہ وعدے جو اہل ایمان سے کیے گئے اور عذاب و ہلاکت کی پیشین گوئی جو اہل باطل کے لیے کی گئی وہ پوری ہو لے تو ایمان لائیں گے اگر ایسا ہے تو ان کی کم فہمی لائق صد افسوس ہے کیونکہ اس روز تو دفتر عمل تہہ کر دیا جائے گا اور جواب دہی کے لیے انھیں عدالت خداوندی کے کٹہرے میں کھڑا کر دیا جائے گا۔ اس وقت اگر وہ اپنے ایمان کا اعلان کر بھی دیں گے تو بے سود ہو گا۔ اس روز بصد حسرت و ہزار ندامت کہیں گے کہ کاش! آج ہمارا کوئی حمایت کرنے والا ہو یا ہمیں صرف ایک بار مہلت دی جائے کہ ہم دنیا میں لوٹ جائیں پھر ہم دکھا دیں کہ ہم کتنے فرماں بردار اور اطاعت گزار ہیں۔ اس وقت ان کی کوئی بات نہ سنی جائے گی۔ ع

ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

٦۷ قیامت کے دن پیش آنے والے عبرت انگیز اور سبق آموز واقعات بیان کرنے کے بعد اب پھر توحید باری کے روشن دلائل پیش فرمائے جا رہے ہیں۔ عام طور پر صبح سے لے کر شام تک کے وقت کو یوم (دن) کہا جاتا ہے لیکن یہاں اس وقت کا ذکر ہو رہا ہے جب کہ نہ سورج تھا اور نہ صبح و شام کا وجود تھا۔ اس لیے آیت کریمہ میں یوم سے مراد مطلق وقت ہے۔ اور لفظ یوم کا اطلاق اس معنی میں عموماً ہوتا رہتا ہے۔ چنانچہ علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں۔ الیوم یعبر بہ عن وقت طلوع الشمس الی غروبھا وقد یعبر عن مدۃ من الزمان ای مدۃ کانت (مفردات القرآن) اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ آیت میں یوم سے مراد وقت کی وہ مقدار ہے جو ہمارے ہزار سال کے برابر ہے۔ وعن ابن

اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ قف يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ

متمکن ہُوا عرش پر ۶۸ (جیسے اسے زیبا ہے) ڈھانکتا ہے رات سے دن کو ۶۹ درآں حالیکہ طلب کرتا ہے دن رات کو

وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ

تیزی سے اور (پیدا فرمایا) سُورج اور چاند اور ستاروں کو وُہ سب پابند ہیں اس کے حکم کے سُن لو اسی کے لیے خاص ہے پیدا کرنا اور

عباس ان هذه الايام ايام الاخرة كل يوم الف سنة (نیشا پوری) ويوم عن الستة الايام كالف سنة مما تعدون (ابن جرير وغيره من المفسرين) امام ابن جریر اور دیگر مفسرین نے یہی لکھا ہے کہ یہاں دن سے مُراد ایک ہزار سال کی مدت ہے یعنی کائناتِ ارضی و سماوی کی تخلیق چھ ہزار سال کے عرصہ میں آہستہ آہستہ مختلف مدارج حیات طے کرتے ہوئی۔ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو چشم زدن میں اس ساری کائنات کو پیدا فرما دیتا لیکن اس کی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کی جو جلوہ گری اس تدریج میں ہے وُہ اہلِ فکر و نظر سے پنہاں نہیں۔ اگر کوئی چیز دفعۃً معرضِ وجُود میں آجائے تو گمان ہو سکتا ہے کہ یہ محض اتفاقیہ امر تھا جو از خود ظہور پذیر ہو گیا لیکن اگر کوئی چیز مختلف مدارج طے کرتی ہُوئی ضعف سے قوت، خامی سے پختگی اور نقص سے کمال کی طرف تدریجاً بڑھتی چلی جائے تو یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ کوئی حکیم و علیم ذات ہے جس کی توجہ اور تدبیر سے یہ سب کچھ نمودار ہو رہا ہے۔

۶۸ سلف صالح کا مسلک تو یہ تھا کہ وُہ ایسی آیات کی حقانیت پر ایمان رکھتے لیکن ان میں قیل و قال سے گریز اختیار کرتے۔ جیسے حضرت امام مالکؒ سے مروی ہے کہ کسی شخص نے آکر اس آیت کا مطلب دریافت کیا کہ اللہ تعالیٰ نے عرش پر کس طرح استواء فرمایا تو آپ نے تھوڑے سے توقف کے بعد فرمایا۔ الاستواء معلوم والكيف غير معقول والايمان به واجب والسؤال عنه بدعة الخ یعنی ہمیں یہ معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عرش پر استواء فرمایا لیکن اس کی کیفیت کیا تھی وُہ ہمارے فہم سے بالاتر ہے لیکن اس پر ایمان واجب ہے اور اس کے متعلق گفتگو بدعت ہے۔ علماء متاخرین نے اس کے مفہوم کو واضح کرتے ہُوئے فرمایا کہ استویٰ کا یہ معنی نہیں کہ اللہ تعالیٰ عرش پر بیٹھ گیا کیونکہ وُہ مکان اور جلوس سے پاک ہے۔ بلکہ اس کا مدعا یہ ہے کہ کائناتِ ارضی و سماوی کی باگ ڈور اس نے اپنے دستِ قدرت میں تھام لی اور حکم و حکمرانی کو اپنے لیے مخصوص فرما لیا۔ استوى المراد منه كمال قدرته في تدبير الملك والملكوت۔

۶۹ اس آیت کریمہ میں توحیدِ الوہیت اور توحیدِ رُبوبیت کے روشن دلائل جمع کر دیئے گئے ہیں۔

۱۔ کائناتِ سماوی اور ارضی کی تدریجی تخلیق اور انھیں مختلف ادوار سے گزار کر مرتبۂ کمال تک پہنچانا۔

۲۔ تختِ حکومت و مسندِ تدبیر و جہانبانی پر متمکن ہو کر زمامِ اختیار اپنے دستِ قدرت میں رکھنا۔

۳۔ دن جو کاروبار کی ہنگامہ آرائیوں اور تلاشِ معاش کے لیے جد و جہد کے لیے ہے اور رات جو سکون و آرام کے لیے ہے

الْاَمْرُؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ

حکم دینا۔ بڑی برکت والا ہے اللہ تعالیٰ جو مرتبہ کمال تک پہنچانے والا ہے سارے جہانوں کو ‌ دُعا کرو اپنے رب سے گڑگڑاتے ہوئے اور

اُن کا باہم یوں تسلسل قائم کر دینا کہ یکے بعد دیگرے بلا توقف اُن کا وُرُود ہوتا رہے۔

۴۔ چھوٹے بڑے تمام اجرامِ فلکیہ سُورج، چاند، ستاروں وغیرہ کا اس کے حکم کا پابند ہونا۔

۵۔ خلق و امر کا یکتا مالک و مختار ہونا۔

یہ تمام ایسی باتیں ہیں جو اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس و اطہر سے مختص ہیں۔ اور کوئی دُوسرا ان میں سے کوئی چیز اپنے لیے ثابت نہیں کر سکتا۔ تو جب ہر چیز اس کی پیدا کردہ ہے اور اس کے حکم کے سامنے بے چون وچرا سرافگندہ ہے تو کوئی عقلمند یہ کیونکر گوارا کر سکتا ہے کہ ان چیزوں میں سے کسی کو اپنا خُدا اور معبود بنا لے۔ خواہ وُہ چیز کتنی ہی بڑی، پُرہیبت عظیمُ الشان اور مُفید ہو۔

ﻻ الخلق سے مُراد پیدا کرنا ہے اور الامر سے مُراد اُن کی تدبیر کرنا اور ان کے لیے تکوینی اور تشریعی احکام صادر کرنا۔ اس مختصر سے جملہ میں تخلیقِ کائنات کے متعلق تمام غلط نظریات کا ابطال کر دیا۔ بعض فلسفی سرے سے وجُودِ باری کے قائل نہیں۔ ان کا خیال ہے کہ ساری کائنات خود بخود عدم سے وجُود میں آگئی۔ بعض وجُودِ باری کے قائل تو ہیں لیکن مادہ کو قدیم مانتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے صرف اس کے اجزاء میں جوڑ توڑ سے مختلف اشیاء پیدا کر دیں۔ اور بعض کی رائے یہ ہے کہ ہر چیز کا خالق تو وُہ ہے لیکن ان کو پیدا کر دینے کے بعد اب اس کا اس کائنات سے کوئی سروکار نہیں رہا۔ وُہ گوشۂ عزلت میں ہر چیز سے بے خبر اور بے اختیار بیٹھا ہے۔ قرآن نے اعلان کیا کہ خالق بھی وُہی ہے اور حاکم بھی وُہی ہے۔ اُسی کے اِذن سے کوئی چیز نیست سے ہست ہوتی ہے اور اس کے حکم کے بغیر پتہ تک نہیں ہلتا۔ صُوفیاء کرام قدست اسرارہم کے نزدیک خلق سے مُراد عالمِ جسمانیات ہے یعنی عرش و کرسی، زمین و آسمان اور ان میں جو کچھ ہے اور الامر سے مُراد عالمِ مجردات یعنی قلب، رُوح، خفی اور اخفیٰ وغیرہ جو عرش سے بھی ماوراء ہیں انہیں عالمِ امر کہنے کی وجہ یہ ہے کہ انہیں مادہ کے بغیر محض امرِ کُن سے پیدا کیا گیا ہے۔ علامہ پانی پتی کی عبارت ملاحظہ ہو۔ قالت الصوفية المراد بالخلق عالم الخلق يعني الجسمانية العرش وما تحته من السموات والارض وبينهما وعالم الامر يعني المجردات من القلب والرّوح والسر والخفي والاخفى..... وسميت بعالم الامر لان الله تعالىٰ خلقها بلا مادة بامر كُنْ۔ (مظہری)

ﻻ اپنی تمام حاجات اور مشکلات میں بارگاہِ الٰہی کی طرف رجُوع کرنے کا حکم دیا جا رہا ہے اور ساتھ ہی دُعا کی قبولیت کے لیے جن شرائط کا پایا جانا ضروری ہے ان کا ذکر بھی فرما دیا کہ انسان نخوت و غرور کو دل سے نکال کر غفلت و کاہلی سے اپنے آپ کو پاک کر کے سراپا عجز و انکسار بن کر اپنے رب کے حضور میں دستِ دُعا دراز کرے۔ دُوسری یہ کہ چلا کر دُعا نہ مانگے کیونکہ آدابِ بارگاہِ ربانی کے خلاف ہے اور اس میں ریا اور دکھلاوا کا بھی بہت امکان ہے بلکہ آہستہ آہستہ خاموشی سے

خُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝۵۵ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ

آہستہ آہستہ بے شک اللہ نہیں دوست رکھتا حد سے بڑھنے والوں کو ۳؎ اور نہ فساد پھیلاؤ زمین میں

بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ

اس کی اصلاح کے بعد ۴؎ اور دعا مانگو اس سے ڈرتے ہوئے اور امید کرتے ہوئے ۵؎ بے شک اللہ کی رحمت

اپنے دل نیاز مند کی حکایت درد و آرزو پیش کرے۔ ذکرِ الٰہی میں اصل تو یہی ہے لیکن اس سے یہ سمجھنا کہ ذکر بالجہر ممنوع ہے درست نہیں۔ کیونکہ بعض مقامات پر اور بعض حالات اور حکمتوں کے پیشِ نظر ذکر بالجہر ذکرِ سری سے افضل ہو جاتا ہے سلسلۂ عالیہ چشتیہ میں ذکر بالجہر کا مقصد یہی ہے کہ طالبِ مولا غفلت و نسیان کی نیند سے بیدار ہو، دل میں حرارت پیدا ہو جس سے محبت و عشقِ الٰہی کے شعلے بھڑک اٹھیں۔ اور یہ تو بہرحال ضروری ہے کہ دل میں ریا اور نمود کا گزر نہ ہو۔ چنانچہ بیہقیِ وقت حضرت مولانا ثناء اللہ پانی پتی مجددی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تصریح فرمائی ہے۔ ولعل الصوفية الچشتية قدس الله تعالى اسرارهم اختاروا الجهر للمبتدئ لاقتضاء حكمة وهى طرد الشيطان ودفع الغفلة والنسيان وحرارة القلب واشتعال نائرة الحب بالرياضة يشترط لذالك الاحتراز عن الرياء والسمعة (مظہری)

۳؎ اعتداء کہتے ہیں حد سے تجاوز کرنے کو۔ یہاں اس دعا کرنے والے کو معتدی (حد سے تجاوز کرنے والا) کہا گیا ہے جو ایسے امور کے لیے دعا کرے جو عقلاً یا شرعاً ممنوع ہوں مثلاً نبوت کے مرتبہ تک رسائی کی دعا، کسی حرام چیز کے لیے دعا یا مسلمانوں کے حق میں بددعا یا آدابِ دعا کو جو نظر انداز کرے۔

۴؎ ہر قسم کی فساد انگیزی سے منع فرمایا جا رہا ہے چشموں کو بند کرنا۔ نہروں کو توڑ پھوڑ دینا، باغات کو اکھاڑ دینا، کھیتوں کو اجاڑ دینا، کارخانوں کو برباد کر دینا، تجارت و صنعت میں دھوکہ بازی کرنا، حکومتِ وقت کے خلاف بلاوجہ سازشیں کرنا غرضیکہ ہر قسم کی تخریبی کارروائی جس سے ملک کی معاشی اور اقتصادی خوشحالی متاثر ہو یا اس کے سیاسی استحکام کو نقصان پہنچے اسی طرح عقائدِ حقہ میں کجی، احکامِ شرعی میں اپنی اغراض کے لیے تحریف، غیر اسلامی عادات و اطوار کو اپنانا، اسلامی تہذیب و تمدن کو چھوڑ کر غیر اسلامی تہذیب اور ملحدانہ تمدن کو اختیار کرنا یہ سب ممنوع ہیں۔ اور یہ دونوں قسمیں قرآن کی اصطلاح میں فساد فی الارض کے عنوان کے نیچے مندرج ہیں۔

۵؎ دعا مانگنے میں عجز و نیاز مندی اور ریا و نمود سے اجتناب کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ دعا مانگنے والے پر خوف و رجا کی کیفیت طاری ہو۔ اگر ایک طرف اسے اپنی کوتاہیوں اور خطاؤں کا فکر ہر وقت دامن گیر ہو تو دوسری طرف اللہ تعالیٰ کی رحمتِ واسعہ سے اس کی آس و امید بندھی ہوئی ہو۔

قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿۵۶﴾ وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا

قریب ہے نیکوکاروں سے ۵۵ اور وہی خدا ہے جو بھیجتا ہے ۵۶ ہواؤں کو خوشخبری سناتے ہوئے

بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا أَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنَاهُ

اپنی رحمت (بارش) سے پہلے۔ یہاں تک کہ جب وہ اٹھا لاتی ہیں بھاری بادل تو ہم لے جاتے ہیں

لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَأَنزَلْنَا بِهِ الْمَاءَ فَأَخْرَجْنَا بِهِ مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ ۚ

اُسے کسی ویران شہر کی طرف پھر ہم اُتارتے ہیں اس سے پانی پھر پیدا کرتے ہیں اس کے ذریعہ ہر قسم کے پھل

۵۵ یہ فرما کر دستِ دُعا پھیلانے والے کو یقین دلا دیا کہ اگر تم اطاعت گزار اور فرماں بردار ہو تو تمھیں خالی ہاتھ واپس نہیں لوٹایا جائے گا بلکہ رحمتِ خداوندی اپنی بخشش و مغفرت اور قبولیت وعنایت سے تمھیں سرفراز فرمائے گی۔ یہاں ایک چیز غور طلب ہے۔ لفظ رحمۃ إنّ کا اسم ہے اور قریب اس کی خبر۔ اور نحو کا قاعدہ ہے کہ تذکیر و تانیث میں اسم و خبر میں موافقت ہونی چاہیے لیکن یہاں رحمۃ (اسم) مؤنث ہے اور قریب (خبر) مذکر ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ علامہ قرطبی رح نے اس کے متعدد جوابات دیے ہیں۔ اور ان میں سے مجھے فراء کا قول زیادہ پسند ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ قریب کبھی قرابتِ نسبی کے لیے استعمال ہوتا ہے اور کبھی قربِ مکانی کے لیے۔ پہلی صورت میں تذکیر و تانیث میں موافقت ضروری ہے جیسے هذه المرأة قريبتي لیکن دوسری صورت میں مذکر و مؤنث دونوں طرح استعمال جائز ہے۔ دارك منا قريب و فلانة منا قريب قال الفراء: اذا كان القريب فى معنى المسافة يذكر ويؤنث وان كان فى معنى النسب فيؤنث بلا اختلاف (قرطبی) آیت مذکورہ میں قریب سے مراد قرابتِ نسبی نہیں بلکہ قربِ مکانی مراد ہے اس لیے قریب درست ہے۔

۵۶ یہاں اپنی ربوبیت کی ایک اور شان دکھائی۔ یعنی جب خشک سالی کی وجہ سے کھیت اور باغات اپنی ساری شادابیاں اور بہاریں کھو چکے ہوتے ہیں۔ جب روئیدگی کی قوت فرطِ تشنگی سے دم توڑنے لگتی ہے تو اس وقت رحمتِ خداوندی مائل بکرم ہوتی ہے۔ ابرِ رحمت نامعلوم وادیوں سے نکل کر آسمان پر چھا جاتا ہے اور موسلا دھار بارش برسنے لگتی ہے اور اس کے حیات بخش قطروں کی وجہ سے کائنات کی ہر چیز میں زندگی انگڑائیاں لینے لگتی ہے۔ یہ احسانِ عظیم جتلانے کے بعد فوراً منکرینِ قیامت کو ان کے فکر کی کوتاہی پر متنبہ فرما دیا کہ تمھیں یہ بہت محال نظر آتا ہے کہ ہزار ہا ہزار سال کے بعد مدفون مُردے کیوں کر اپنی قبروں سے دامن جھاڑتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوں گے۔ فرمایا کہ تم ہر وقت ہماری قدرت کے کرشمے دیکھ رہے ہو۔ قادر و قیوم آن واحد میں ویران اور اُجڑے ہوئے علاقوں کو آباد اور شاداب کر دیتا ہے اس کے لیے کیا مشکل ہے کہ وہ مارنے کے بعد پھر زندہ کر دے۔

كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ

اسی طرح ہم نکالیں گے مُردوں کو تاکہ تم نصیحت قبول کرو اور جو سرزمین عمدہ زرخیز ہے ۵۶ نکلتی ہے

نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِیْ خَبُثَ لَا یَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ

نکلتی ہے اس کی پیداوار اپنے رب کے حکم سے اور جو خراب ہے نہیں نکلتی اس سے (پیداوار) مگر قلیل گھٹیا اسی طرح ہم

نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّشْكُرُوْنَ ﴿۵۸﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ

مختلف طریقوں سے بیان کرتے ہیں (اپنی) نشانیاں اس قوم کے لیے جو شکر گزار ہے۔ بے شک ہم نے بھیجا ۵۷ نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم ۵۸ کی طرف

۵۶ ان دو آیتوں کو اگر بنظرِ غور دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح جسم کی بقا اور نشوونما کے لیے قدرت نے ہزاروں سامان مہیا فرما دیے ہیں اسی طرح رُوحانی ترقی و اصلاح کو بھی عنایتِ الٰہی نے نظر انداز نہیں کیا۔ اگر وہاں ٹھنڈی ہوائیں، بادل اور بارش کا انتظام فرمایا ہے تو یہاں بھی اپنے برگزیدہ رسُولوں کو اپنی وحی اور ہدایت سے سرفراز فرما کر مبعوث فرمایا ہے۔ اور جس طرح بارش برسنے سے اچھی زمین رشکِ جناں بن جاتی ہے اور ردی اور شور زمین میں تھور اور سیم کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ اور خار و اور جھاڑیاں اُگ آتی ہیں اسی طرح نبوت کے فیضِ تربیت سے اچھی استعداد والے فائدہ اُٹھا کر صدیقیت و فاروقیت کے مناصبِ رفیعہ پر فائز ہو جاتے ہیں۔ اور بدطینت اور خبیث فطرت اس ابرِ کرم کی برکت سے محروم ہو جاتے ہیں اور ان کی شر پسندی و خبثِ باطن جو مصلحت اور فریب کے نقابوں میں مستور ہوتا ہے بے نقاب ہو جاتا ہے اور ان کی اخلاقی پستی اور گندی ذہنیت اُبھر کر سامنے آجاتی ہے۔ دانشورِ شیراز نے کیا خوب فرمایا ہے ؎

باراں کہ در لطافتِ طبعش کلام نیست در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس

گویا یہ آیتیں بعد میں آنے والے کئی رکوعوں کے لیے بطور تمہید ہیں۔

۵۷ اب چند جلیل القدر انبیاء جو مکہ اور عرب میں مشہور تھے کا تذکرہ اور ان کی قوموں نے اُن سے جو سلوک روا رکھا اُس کا بیان شروع ہو رہا ہے تاکہ یہ حقیقت واضح ہو جائے کہ رب کریم جس طرح انسان کی حیاتِ ظاہری کی بقا اور اس کی توانائیوں کی نشوونما کے لیے ہر ضرورت کے وقت بارش نازل فرماتا ہے اور اس سے ہر چیز اپنی استعداد کے مطابق استفادہ کرتی ہے اسی طرح انسان کی رُوحانی زندگی کے لیے بھی رسالت کا ابرِ رحمت بارہا اُمڈ کر آیا۔ اس سے ہدایتِ ربانی کی بارشیں برسیں اور نیک فطرت لوگ اس سے مستفید ہوئے اور بدفطرت لوگ انبیاء کی مخالفت اور عداوت پر اُتر آئے اور طرح طرح کی حجت بازیوں کے باعث اس نعمت سے اپنے آپ کو محروم کر دیا۔ نیز اس سے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی دلجوئی بھی فرما دی کہ اے حبیب! اہلِ مکہ کی ایذا رسانی اور بے التفاتی اور اعتراضات سے غمزدہ نہ ہو۔ تم سے

فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّیْۤ اَخَافُ

تو انھوں نے کہا اے میری قوم! ؎ عبادت کرو اللہ کی نہیں ہے تمھارا کوئی معبود اللہ کے سوا ؎ بے شک میں ڈرتا ہوں کہ

پہلے بھی ہمارے انبیاء کے ساتھ ان کی قوموں نے ایسا ہی سلوک کیا لیکن وہ ان کی ستم کیشیوں کے باوجود کلمۂ حق کہتے رہے۔ اسی طرح آپ بھی اپنی تبلیغی سرگرمیاں تیز سے تیز تر کر دیجئے۔

؎ تورات کے بیان کے مطابق آپ کے باپ کا نام لمک تھا جب ان کے باپ کی عمر ۱۸۲ برس تھی تو آپ کی ولادت ہوئی۔ (پیدائش ۵ : ۲۸) آپ آدم علیہ السلام کی دسویں پشت میں تھے۔ اسی کتاب کے چھٹے باب میں حضرت نوح کے متعلق مرقوم ہے:-

"نوح مرد راستباز اور اپنے زمانہ کے لوگوں میں بے عیب تھا۔" (پیدائش ۶ : ۹) لیکن اسی راستباز اور بے عیب ہستی کے متعلق تورات کی یہ آیتیں جب نظر سے گزرتی ہیں تو انسان حیران و پریشان ہو کر رہ جاتا ہے۔ طوفان سے بخیر و عافیت بچ نکلنے کے بعد نوح کاشتکاری کرنے لگا اور اس نے ایک انگور کا باغ لگایا اور اس نے اس کی مے (شراب) پی اور اسے نشہ آیا اور وہ اپنے ڈیرہ میں برہنہ ہو گیا۔" (پیدائش ۹ : ۲۰-۲۱)

کیا لوگوں کو پاکبازی اور تقویٰ کی راہ دکھانے والا، کیا نبوت کے شرف سے مشرف ہو کر آنے والا ایسی مذموم اور گھٹیا حرکت کا ارتکاب کر سکتا ہے؟ کیا اخلاقی لحاظ سے وہ اتنا پست ہو سکتا ہے کہ وہ شراب سے بدمست ہو کر اپنے ڈیرہ میں برہنہ ہو گیا ہو جہاں اس کی بہو بیٹیاں موجود ہوں گی؟ معاذ اللہ! چنانچہ انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا نے اس الزام کی صحت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ہے اور تصریح کی ہے کہ حیا سوز مے خواری کی یہ حکایت اس مقدس رہنما کی پاکیزہ سیرت سے کچھ مناسبت نہیں رکھتی۔ جلد ۱۶ صفحہ ۴۷۶۔

"NOR DOES THE SHAMELESS DRUNKENNESS OF NOAH ACCORD WELL WITH THE CHARACTER OF THE PIOUS HERO OF THE FLOOD STORY"

VOLUME 16 : 476

آپ آدم علیہ السلام کے بعد سب سے پہلے رسول تھے ونوح اول الرسل الی الارض بعد آدم علیھما السلام (قرطبی) آپ کے زمانہ کی صحیح تعیین تو مشکل ہے لیکن بعض اندازوں کے مطابق آپ کا زمانہ ۳۸۰۰ ق م تا ۲۸۵۰ ق م ہے۔ (ماجدی)

؎ اے میری قوم! کے محبت بھرے کلمات سے حضرت نوح اپنی قوم کو خطاب فرما رہے ہیں تاکہ ان میں یہ احساس بیدار کیا جائے کہ میں کوئی بیگانہ اور اجنبی نہیں ہوں بلکہ ہم سب ایک ہی قوم کے فرد ہیں۔ اور جب ہمارا نفع و نقصان، عزت و ذلت ایک ہے تو کیا تم یہ خیال کر سکتے ہو کہ میں صحیح راہ سے تمھیں ہٹا کر غلط راستے پر ڈال دوں گا۔

عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵۹﴾ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ

تم پر بڑے دن کا عذاب نہ آ جائے ۸۲ ان کی قوم کے سرداروں نے کہا ۸۳ (اے نوح) ہم تمھیں دیکھتے ہیں

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۰﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ

تمھیں کھلی گمراہی میں آپ نے کہا اے میری قوم! ۸۴ نہیں ہے مجھ میں ذرا گمراہی بلکہ میں تو رسول ہوں

۸۱ آپ نے سب سے پہلے انھیں شرک کی پستیوں سے نکل کر توحید کی رفعتوں کی طرف آنے کی دعوت دی اور انھیں بتایا کہ اس ذات پاک کے بغیر کوئی معبود نہیں۔ نوری و ناری، آبی و خاکی سب اس کی مخلوق ہیں اور اس کے حکم کے سامنے سرافگندہ ہیں۔ جب اس کے بغیر اور کوئی خدا نہیں تو اس کے علاوہ اور کسی کی عبادت کی جائے تو آخر کیوں؟

۸۲ پہلے تو عقل سلیم کو مخاطب فرمایا۔ اب ذرا دھمکی بھی دے دی کہ اگر تم شرک سے باز نہ آئے تو یہ نہ سمجھ لینا کہ یہ کوئی معمولی سی بات ہے اس کے متعلق کوئی بازپرس نہ ہوگی۔ بلکہ کان کھول کر سن لو عذاب شدید کی چکی میں پیس کر رکھ دیئے جاؤ گے۔ یوم عظیم سے مراد یا تو قیامت کا دن ہے یا اس تباہ کن سیلاب کے آنے کا دن ہے جس نے ان کو صفحۂ ہستی سے حرف غلط کی طرح مٹا کر رکھ دیا۔

۸۳ قوم کے رؤوسا اور سرداروں کو ملأ کہتے ہیں کیونکہ ان کا زرق برق لباس اور ظاہری آن بان اور شان و شوکت آنکھوں کو پُر کر دیتی ہے ھم الاشراف فانھم یملأون العیون رواء (بیضاوی) جب حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو توحید کی دعوت دی تو بجائے اس کے کہ آپ کی قوم کا سربرآوردہ طبقہ آپ کی دعوت میں سنجیدگی سے غور و فکر کر کے اُسے قبول کرتا۔ اُلٹا وہ بگڑ گیا۔ گویا نوح نے یہ کہہ کر ان کی سیادت کو چیلنج کر دیا ہے اور ان کے احساس نخوت کو ٹھیس لگا دی ہے۔ انھوں نے جھٹ حضرت نوح پر الزام لگا دیا کہ نوح بھٹک گیا ہے اور سیدھی راہ چھوڑ کر غلط راستہ پر چل نکلا ہے۔

۸۴ یہ بہتان عظیم سن کر بھی پیغمبر کے جذبہ خیر خواہی میں فرق نہ آیا اور بڑی فراخ دلی سے ان کی غلط فہمی دور کرنے کی کوشش کی۔ فرمایا اے بھلے مانسو! میں جو کچھ کہہ رہا ہوں اپنے دل سے گھڑ کر نہیں کہہ رہا بلکہ اللہ تعالیٰ نے جو حکم دیا ہے وہی پیغام جوں کا توں تمھیں پہنچا رہا ہوں۔ نیز اس دعوت کی تہ میں میری کوئی ذاتی غرض یا منفعت پنہاں نہیں محض تمھاری خیر خواہی مطلوب ہے۔ تمھارا علم ادھورا اور ناتمام ہے کیونکہ اس کا ماخذ اندھی تقلید اور نفس پرستی ہے اور میرا علم کامل اور یقینی ہے۔ کیونکہ میرے علم کا سرچشمہ ذات باری ہے۔ اب تم خود فیصلہ کر لو کہ راہ راست سے کون بھٹکا ہوا ہے۔ اپنے مقام بلند کو کتنی وضاحت سے پیش فرمایا اور اپنی خیر خواہی اور خیر اندیشی کا انھیں یقین دلانے کی کتنی دلسوز کوشش کی۔

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۱﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَ

سارے جہانوں کے پروردگار کی طرف سے پہنچاتا ہوں تمھیں پیغامات اپنے رب کے اور نصیحت کرتا ہوں تمھیں اور

اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ

میں جانتا ہوں اللہ کی طرف سے جو تم نہیں جانتے کیا تم تعجب کرتے ہو اس پر ۸۵ کہ آئی تمھارے پاس نصیحت تمھارے

رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۶۳﴾

رب کی طرف سے ایک آدمی کے ذریعہ جو تم میں سے ہے تاکہ وہ ڈرائے تمھیں (غضب الٰہی سے) اور تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ اور تاکہ تم پر رحم

فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ

کیا جائے پھر بھی انھوں نے جھٹلایا نوح کو تو ہم نے نجات دی ان کو اور جو ۸۶ آپ کے ساتھ کشتی میں تھے اور ہم نے غرق کر دیا ۸۷ ان (بدبختوں) کو

---

۸۵ یہاں اُن کے ایک اور شبہ کا ازالہ فرمایا۔ وُہ یہ نہیں سمجھ سکتے تھے کہ کوئی انسان بھی نبوت و رسالت کے مرتبہ پر فائز ہو سکتا ہے۔ اور ذاتِ ربانی سے براہِ راست فیض حاصل کر کے لوگوں تک پہنچا سکتا ہے۔ ان کا خیال تھا کہ یہ کام کوئی فرشتہ ہی کر سکتا ہے۔ اس لیے فرمایا کہ تمھاری یہ حیرت و پریشانی بے محل ہے۔ اللہ تعالیٰ اگر اپنے کسی کامل اور برگزیدہ بندے کو نعمتِ نبوت سے سرفراز کرنا چاہے تو اس میں کوئی استحالہ نہیں۔

۸۶ افہام و تفہیم اور وعظ و نصیحت کا یہ سلسلہ ایک دو روز میں ہی ختم نہیں ہوا بلکہ حضرت نوحؑ ساڑھے نو سو سال تک اپنی قوم کی مخالفت برداشت کرتے رہے اور ان کی ہدایت پذیری کے لیے جان توڑ کوشش کرتے رہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اللہ کے نبی کا ظرف ہی اتنا وسیع، حوصلہ اتنا بلند اور دل اتنا شفیق ہوتا ہے کہ وُہ تکذیب و انکار کے باوجود وعظ و نصیحت سے دست بردار نہیں ہوتا۔ آخر جب اتنا عرصہ دراز گزر گیا اور ان میں قبولِ ہدایت کی رغبت پیدا نہ ہُوئی تو عذابِ الٰہی طوفان کی شکل میں ظاہر ہوا اور آپ کے فرمانبرداروں کے سوا سب کو تباہ و برباد کر دیا۔

۸۷ یہ الفاظ خود اس بات پر دلالت کر رہے ہیں کہ طوفان صرف مکذبین و منکرین کے لیے بطورِ سزا کے آیا تھا۔ ساری دنیا سے اس کا تعلق نہ تھا۔ عراق کی سرزمین خصوصاً کوہ ارارات کی وادیوں میں اب تک ایک مہیب طوفان کے نشانات اہلِ فن کو ملتے رہتے ہیں۔ تورات میں اس طوفان کے سلسلہ میں یہ تصریحات ملتی ہیں :- "اور نوحؑ چھ سو برس کا تھا جب طوفان کا پانی زمین پر آیا" (پیدائش ۷ : ۶) "جب نوحؑ کی عمر چھ سو برس کی ہُوئی دُوسرے مہینہ کی سترھویں تاریخ کو اسی دن بڑے سمندر کے سب سوتے پھوٹ نکلے اور آسمان کی کھڑکیاں کھل گئیں اور چالیس دن اور چالیس رات زمین پر پانی کی جھڑی لگی رہی"

كَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ

جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو بے شک وہ لوگ دل کے اندھے تھے اور عاد کی طرف اُن کے بھائی

هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ

ہُود کو بھیجا ۸۸ آپ نے کہا اے میری قوم! عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی نہیں ہے تمھارا کوئی معبود اس کے سوا

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ

کیا تم نہیں ڈرتے کہنے لگے وہ سردار جو کافر تھے آپ کی قوم سے کہ (اے ہُود!) ہم تو خیال کرتے ہیں

فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٦٦﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ

کہ تم نرے نادان ہو ۸۹ اور ہم گمان کرتے ہیں کہ تم جھوٹوں میں سے ہو ہُود نے کہا اے میری قوم! نہیں

(پیدائش ۷ : ۱۱/۱۲) طوفانِ نوح کا تخمینی سال ۳۲۰۰ ق م ہے۔ فی الفلک کے لفظ سے یہ دھوکا نہ ہو کہ یہ کوئی چھوٹی موٹی ڈونگیا ناؤ تھی۔ محققین اثریات کا خیال ہے کہ یہ خاصہ بڑا جہاز اوپر نیچے تین درجوں کا تھا اور اس کی پیمائش توراۃ میں حسب ذیل دی جاتی ہے: اس کی لمبائی ۳۰۰ ہاتھ اور اس کی چوڑائی ۵۰ ہاتھ اور اس کی اونچائی ۳۰ ہاتھ کی۔ (پیدائش ۶: ۱۵) گویا اتنا بڑا مسافروں کا جہاز (LINER) جو برطانیہ اور امریکہ کے درمیان عموماً چلتے ہیں۔ حسب روایت توراۃ یہ جہاز ۱۵۰ دن (یا ۵ مہینے) چلتا رہا۔ (ماخوذ از تفسیر ماجدی) واللہ اعلم بالصواب۔

۸۸ قوم عاد عرب کی قدیم اقوام میں سے تھی۔ جن کی قوت و شوکت اور حکومت و فرماں روائی کے بڑے مبالغہ انگیز افسانے زباں زدِ عوام تھے۔ ان کا یہ نام ان کے ایک دادے کے نام پر پڑ گیا تھا جس کا شجرہ یہ بتایا جاتا ہے۔ وهو عاد بن عوص بن ارم بن شالح بن ارفخشد بن سام بن نوح علیہ السلام۔ حضرت ہُود اِسی قوم کی ایک معزز شاخ کے چشم و چراغ تھے۔ آپ کا نسب نامہ یہ ہے ہود بن عبد اللہ بن رباح بن الجلود بن عاد الخ (قرطبی) ان کا مسکن احقاف کا علاقہ تھا جو یمن کا ایک حصہ ہے اور ان کا پایہ تخت حضر موت تھا۔ یہ علاقہ اس وقت بہت سرسبز و شاداب تھا۔ یہ قوم اپنی قوت و وجاہت میں لاجواب تھی۔ دُور دراز تک اردگرد کا علاقہ ان کے زیرنگین تھا لیکن بدقسمتی سے یہ بھی شرک میں مبتلا تھے اور اپنے ہر کام کے لیے الگ الگ خدا بنا رکھے تھے۔ اُن کی ہدایت کے لیے اللہ تعالیٰ نے حضرت ہود علیہ السلام کو مبعوث فرمایا اور انھوں نے انھیں باطل معبُودوں سے قطع تعلق کرنے اور اپنے مولائے حقیقی سے رشتۂ عبودیت جوڑنے کی دعوت دی۔

۸۹ آپ کی شفقت بھری دعوت کا ردِ عمل یہ ہوا کہ آپ کی قوم کے سرداروں نے آپ کو بے وقوف اور جھوٹا تک کہنا شروع

بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٧﴾ اُبَلِّغُكُمْ

مجھ میں ذرا نادانی بلکہ میں تو رسول ہوں رب العالمین کی طرف سے پہنچاتا ہوں تمھیں

رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿٦٨﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ

پیغامات اپنے رب کے اور میں تو تمھارا ایسا خیر خواہ ہوں جو دیانتدار ہو کیا تم تعجب کرتے ہو کہ آئی تمھارے پاس

ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَاذْكُرُوْۤا

نصیحت تمھارے رب کی طرف سے ایک آدمی کے ذریعہ جو تم میں سے ہے تاکہ وہ ڈرائے تمھیں (عذاب الٰہی سے) اور یاد کرو

اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ

جب اس نے بنادیا تمھیں جانشین قوم نوح کے بعد اور بڑھا دیا تمھیں جسمانی لحاظ سے

بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْۤا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٦٩﴾ قَالُوْۤا

قدوقامت میں ۹۰ تو یاد کرو اللہ کی نعمتوں کو ۹۱ شاید تم کامیاب ہو جاؤ وہ کہنے لگے (اے ہود) ۹۲

اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ

کیا تم اس لیے آئے ہو ہمارے پاس کہ ہم عبادت کریں ایک اللہ کی اور چھوڑ دیں ان (معبودوں) کو جن کی عبادت کیا کرتے تھے ہمارے باپ دادا

کر دیا لیکن آپ کی جبین پر بل تک نہ آیا۔ اور نوح علیہ السلام کی طرح بڑی نرمی اور وضاحت سے اپنی سچائی اور اپنی دعوت کی صداقت کو واضح فرمایا۔ ہمیشہ ایسا ہی ہوتا آیا ہے کہ شفقت و خلوص کے مجسموں کو ان دل آزار الزامات سے متہم کیا جاتا ہے اور وہ بڑے حوصلے اور ہمت سے اپنا کام کرتے چلے جاتے ہیں۔

۹۰ قدوقامت، شکل و صورت اور قوت و طاقت میں۔

۹۱ آلاء کا واحد اِلیٰ، اَلْیٰ، اِلْوٌ، اَلْیٌ ہے۔ اس کا معنی ہے نعمت۔

۹۲ کسی چیز کو ماننے یا نہ ماننے کے لیے وہ اپنی عقل ناقص کے فتوی کے پابند تھے۔ ان کی سمجھ میں یہ بات نہ آسکتی تھی کہ اس کارخانۂ ہستی کے مختلف نوعیت کے بے حد و بے حساب کام ایک ذات کی مشیت و ارادہ سے وابستہ ہیں۔ انھوں نے تو ہر کام کے لیے الگ الگ معبود بنا رکھے تھے۔ اور اس باطل کو حق یقین کرنے کے لیے ان کے پاس ایک اور زبردست

فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ قَدْ وَقَعَ

سولے آؤ ہم پر وُہ (عذاب) جس سے تم ہمیں ڈراتے ہو اگر تم سچے ہو ہُود (علیہ السلام) نے کہا واجب ہو گیا

عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ؕ أَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ أَسْمَآءٍ

تم پر تمھارے رب کی طرف سے عذاب اور غضب ۹۳ کیا تم جھگڑا کرتے ہو مجھ سے ۹۴ ان ناموں کے بارے میں

سَمَّيْتُمُوْهَآ أَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ

جو رکھ لیے ہیں تم نے اور تمھارے باپ دادا نے حالانکہ نہیں اُتاری اللہ نے ان کے لیے کوئی سند

سہارا تھا وُہ یہ کہ اُن کے آباؤ اجداد کا یہی عقیدہ تھا اور وُہ کسی قیمت پر ان کی اندھی پیروی سے دستکش ہونے پر آمادہ نہ تھے۔ اس لیے انھوں نے اپنے نبی کی پند و نصیحت کو بڑی سرد مہری سے ٹھکرا دیا۔ اور انھیں صاف صاف کہہ دیا کہ جس عذاب کی تم ہمیں ہر وقت دھمکیاں دیتے رہتے ہو اُسے لے آؤ۔ ایسا برتاؤ کوئی اس قوم کی ہی خصوصیت نہیں جب کبھی حق و صداقت کے کسی علم بردار نے اپنی قوم کو ان کی غلط روی سے روکا تو انھوں نے کم و بیش ایسا ہی جواب دیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اگر آباؤ اجداد گمراہ ہوں تو آنکھیں بند کیے ہوئے اُن کے پیچھے دوڑتے چلے جانا کوئی عقلمندی نہیں۔ لیکن اگر آباؤ اجداد حق پر ہوں بلکہ حق کے علم بردار رہے ہوں اور ان کی زندگیاں، ان کا عمل اور ان کا وجود ہی اسلام کی حقانیت کی روشن دلیل ہو جیسے بفضل اللہ تعالیٰ اہلِ سُنّت و جماعت کے اسلاف کرام تھے تو ان کی اقتداء اور پیروی عین ہدایت اور سعادت ہے۔ حضرت غوث اعظم، حضرت خواجۂ اجمیر، حضرت داتا گنج بخش، حضرت غوث العلمین بہاؤ الحق والدین زکریا ملتانی۔ حضرت مجدد الف ثانی وغیرہم من الاولیاء الکاملین قدست اسرارھم وُہ روشن چراغ ہیں جن کی درخشانیوں اور تابانیوں کے باعث صراط مستقیم منوّر ہے۔

۹۳ وقع بمعنی وجب یا نزل ہے۔ رجس سے مُراد عذاب ہے لیکن بعض عُلماء نے فرمایا ہے کہ رجس کا معنی دل کی سیاہی ہے جو انکار حق سے آئینۂ دل پر تہ در تہ جمتی چلی جاتی ہے اور اس کی فطری نُورانیت اور صفائی کا ستیاناس کر دیتی ہے۔ وقیل عنی بالرجس الرین علی القلب بزیادۃ الکفر (قرطبی)

۹۴ اسماء سے مُراد وُہ بُت ہیں جن کی وُہ پرستش کیا کرتے تھے یعنی الاصنام التی عبدوھا (قرطبی) یعنی جن کو تم اپنا الٰہ اور معبود سمجھ رہے ہو اُن کی کوئی حقیقت نہیں۔ بلکہ یہ تمھاری اپنی من گھڑت باتیں ہیں جن کے لیے تمھارے پاس کوئی دلیل نہیں۔ صاحب تفسیر مظہری لکھتے ہیں کہ قوم عاد اللہ تعالیٰ کے وجُود کے قائل تو تھے اور یہ بھی مانتے تھے کہ وُہ زمین و آسمان کا خالق ہے۔ لیکن اپنے بتوں کو بھی اُلُوہیت اور خالقیت میں یا مستحق عبادت ہونے میں اللہ وحدہٗ لاشریک

فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝٧١ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ

سو تم بھی انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والا ہوں پھر ہم نے نجات دے دی ہُود کو اور جو اُن کے

مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا

ہمراہ تھے اپنی خاص رحمت سے اور ہم نے کاٹ کر رکھ دی جڑ اُن لوگوں کی جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو ۹۵ اور نہ تھے وہ

مُؤْمِنِيْنَ ۝٧٢ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

ایمان لانے والے اور قوم ثمود کی طرف اُن کے بھائی صالح (علیہ السلام) کو بھیجا ۹۶ آپ نے کہا اے میری قوم! عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی

کا ساجھی مانتے تھے (مظہری)، اسماء سے مراد مسمّی ہے اور سمیتموھا کا مفعول ثانی الھة محذوف ہے۔ فی اسماء ای اشیاء مسمیات سمیتموھا الھة (مظہری) ای فی اشیاء سمیتموھا الھة (بیضاوی)، ان کے بتوں کے نام تھے صمود، صداء اور ہباء وغیرہ۔

۹۵ دابر اصل اور جڑ کو کہتے ہیں۔ یعنی ہم نے اُن پر ایسا مہلک عذاب اُتارا جس نے ان سب سرکشوں کا خاتمہ کر کے رکھ دیا۔

۹۶ نوح اور ہُود علیہما السلام اور ان کی قوموں کے عبرت ناک تذکرہ کے بعد اب حضرت صالح اور ان کی قوم ثمود کا ذکر ہو رہا ہے۔ اس قوم کا مسکن جزیرہ عرب کے شمال مغربی جانب شام وحجاز کے درمیانی علاقہ میں تھا۔ جس کی حدود وادی القریٰ تک پھیلی ہوئی تھیں۔ ان کے پایہ تخت کا نام الحجر تھا۔ اس قبیلہ کا نام ان کے ایک دادے کی وجہ سے ثمود رکھا گیا تھا۔ جس کا سلسلہ نسب یوں بیان کیا گیا ہے۔ ثمود بن عامر بن ارم بن سام بن نوح۔ لیکن امام رازیؒ اور قرطبی نے ثمود بن عاد بن ارم بن سام بن نوح علیہ السلام لکھا ہے۔ یہ قوم عاد کی ایک شاخ تھی جو وہاں سے ترکِ وطن کر کے یہاں آکر سکونت پذیر ہو گئی تھی۔ ان کا علاقہ بڑا زرخیز تھا۔ سرسبز کھیت، شاداب باغات اپنی بہار دکھایا کرتے تھے۔ ان کی آبپاشی کے لیے نہروں کا جال بچھا ہوا تھا۔ لیکن دولت کی فراوانی نے ان کے اخلاق کی بنیادوں کو متزلزل کر دیا۔ اخلاقی بے راہ روی سے عقائد میں بگاڑ پیدا ہونے لگا۔ یہاں تک کہ وہ بھی شرک کی لعنت میں گرفتار ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی ہدایت کے لیے ان کے قومی اور وطنی بھائی حضرت صالح کو مبعوث فرمایا۔ جو اپنی خاندانی برتری اور شخصی کردار کے باعث بڑے محترم اور معزز تھے۔ آپ کا شجرہ نسب علماء تاریخ نے یہ تحریر کیا ہے۔ صالح بن عبید بن اسف بن ماشخ بن عبید بن حاذر بن ثمود۔ آپ کے زمانہ بعثت کا یقینی تعین تو بہت مشکل ہے لیکن اس میں شک نہیں کہ آپ کا زمانہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ سے پہلے تھا اور بعثتِ موسوی سے بہت عرصہ پہلے آپ کی قوم برباد ہو چکی تھی۔

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ

نہیں ہے تمھارا کوئی معبود اس کے سوا ۹۷ بے شک آچکی ہے تمھارے پاس روشن دلیل تمھارے رب کی طرف سے ۹۸ یہ اللہ

نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْۤ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا

کی اُونٹنی ہے تمھارے لیے نشانی ہے پس چھوڑ دو اس کو کھاتی پھرے اللہ کی زمین میں اور نہ ہاتھ لگاؤ اسے

بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ

بُرائی سے ورنہ پکڑ لے گا تمھیں عذاب دردناک اور یاد کرو جب اللہ تعالیٰ نے بنایا تمھیں ۹۹ جانشین

۹۷ وہی دعوتِ توحید جو ہر نبی کی تشریف آوری کی غایت اسمی ہوا کرتی ہے۔ آپ نے اپنی قوم کے سامنے اسی پیغمبرانہ اخلاص و شفقت کے ساتھ پیش کی۔

۹۸ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی دعوت کو جھٹلایا گیا ہوگا اور آپ کی صداقت کے لیے کسی معجزہ کا مطالبہ کیا گیا ہوگا۔ چنانچہ یہ اُونٹنی آپ کی صداقت کے لیے ظاہر کی گئی۔ اس اُونٹنی کا ذکر قرآن کریم میں کئی بار آیا ہے۔ اس میں وجہ اعجاز کیا تھی؟ مفسرین کے اس بارے میں متعدد اقوال ہیں۔ بعض نے یہ کہا ہے کہ کیونکہ اس کی تخلیق ظاہری اسباب کے بغیر ایک چٹان سے ہوئی تھی اس لیے یہ معجزہ تھی۔ بعض نے یہ کہا ہے کہ کیونکہ جو دن اس کے پانی پینے کا مقرر تھا اس دن اور کوئی جانور کنوئیں کے قریب نہیں آتا تھا۔ ان کے علاوہ اور کئی وجوہ اعجاز بیان کی گئی ہیں۔ لیکن اس بارے میں امام فخر الدین رازیؒ کی رائے نہایت پسندیدہ ہے۔ آپ لکھتے ہیں کہ اس میں کلام نہیں کہ اس اونٹنی میں کوئی ایسی خارق عادت خصوصیت تھی اس کا ذکر قرآن نے نہیں کیا۔ واعلم ان القرآن قد دل علی ان فیھا آیۃ فاما ذکر انھا کانت آیۃ من ای الوجوہ فھو غیر مذکور والعلم حاصل بانھا کانت معجزۃ من وجہ ما لامحالۃ واللہ اعلم (کبیر) اس لیے اس بحث میں اُلجھنا بے سُود ہے۔ البتہ بعض لوگوں کا یہ کہنا بھی درست نہیں کہ اس میں بجز اس کے کوئی وجہ اعجاز نہ تھی کہ قوم ثمود کو یہ بتا دیا گیا تھا کہ جس روز تم نے اسے گزند پہنچایا تمھیں برباد کر دیا جائے گا کیونکہ ایسی دلیل کا کیا فائدہ جس کی صداقت کا ظہور اس وقت ہو جب کہ اس سے راہ ہدایت پانے والے ہلاک و برباد ہو چکے ہوں۔

۹۹ حضرت صالح علیہ السلام کے وعظ کا سلسلہ ابھی جاری ہے۔ آپ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ان احسانات اور انعامات کو فراموش نہ کرو جن سے اس نے تم کو نوازا ہے۔ قومِ عاد کی ہلاکت کے بعد غلبہ و اقتدار تمھیں بخشا گیا۔ تم کو فنِ تعمیر میں وہ مہارت عنایت کی کہ میدانی علاقوں میں تم شاندار محلات تعمیر کرتے ہو اور پہاڑی علاقوں میں سنگین چٹانوں کو چیر پھاڑ کر مکان بناتے ہو۔ ان کی عمارات کے آثار آج بھی موجود ہیں جو ایک وسیع رقبہ میں پھیلے ہوئے ہیں جو فنِ تعمیر میں ان کی مہارت

مِنْ بَعْدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ فِی الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا

عاد کے بعد اور ٹھکانا دیا تمھیں زمین میں تم بناتے ہو اس کے میدانی علاقوں میں

قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُیُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْۤا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا

عالیشان محل اور تراشتے ہو پہاڑوں میں مکانات سو یاد کرو اللہ کی نعمتوں کو اور نہ پھرو

فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿٧٤﴾ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ

زمین میں فساد برپا کرتے ہوئے کہا ان سرداروں نے جو تکبر کیا کرتے تھے ان کی

قَوْمِهٖ لِلَّذِیْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ

قوم سے [illegible] ان لوگوں کو جنھیں وُہ کمزور و ذلیل سمجھتے تھے جو اُن میں سے ایمان لائے تھے کیا تم یقین رکھتے ہو

اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قَالُوْۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿٧٥﴾

کہ صالح رسول ہے اپنے رب کی طرف سے انھوں نے کہا بے شک ہم اُس پر جسے دے کر انھیں بھیجا گیا ہے ایمان لانے

قَالَ الَّذِیْنَ اسْتَكْبَرُوْۤا اِنَّا بِالَّذِیْۤ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿٧٦﴾

والے ہیں کہنے لگے وُہ لوگ جو تکبر کیا کرتے تھے کہ ہم تو اس چیز کے جس پر تم ایمان لاتے ہو منکر ہیں

کی گواہی دے رہے ہیں۔ اِس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ دُنیاوی علوم میں مہارت بھی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔ اور یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ جب کوئی قوم راہِ راست سے بھٹک جاتی ہے تو کوئی علمی ترقی اسے اس کے دردناک انجام سے نہیں بچا سکتی۔

[illegible] رؤسا قبیلہ کی شدید مخالفت کے باوجود چند خوش نصیب ایسے بھی تھے جو حضرت صالح پر ایمان لے آئے۔ ان کی مالی حالت کمزور تھی اور معاشرہ میں بھی اُنھیں عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا تھا۔ اس لیے بڑوں نے ازراہِ تعجب پوچھا کیا تم سچ مچ صالح پر ایمان لے آئے ہو۔ جب اُنھوں نے اعتراف کیا تو متکبر رئیس بولے ہم تو ہرگز ایمان نہیں لائیں گے۔

فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا

پس اُنھوں نے کونچیں کاٹ ڈالیں اس اُونٹنی کی اور [۱۰۱] انھوں نے سرکشی کی اپنے رب کے حکم سے اور کہا اے صالح! لے آ تو

بِمَا تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿۷۷﴾ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

ہم پر اس (عذاب) کو جس کا تم نے ہم سے وعدہ کیا تھا اگر تم اللہ کے رسولوں سے ہو پھر آلیا انھیں [۱۰۲] زلزلہ کے جھٹکوں نے تو

فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جٰثِمِينَ ﴿۷۸﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ

صبح کے وقت وُہ اپنے گھروں میں مُنہ کے بل گرے پڑے تھے تو (صالح نے) منہ پھیر لیا اُن کی طرف سے اور (بصد حسرت) کہا اے میری قوم [۱۰۳]

[۱۰۱] عقر کا لغوی معنی اُونٹ کے پاؤں کی کونچیں کاٹ دینا ہے لیکن ذبح کے معنی میں بھی عام مستعمل ہوتا ہے۔ قال الازھری العقر ھو قطع عرقوب البعیر ثم جعل النحر عقرا (مظہری) قوم ثمود میں حضرت صالح کے وعظ و نصیحت کا سلسلہ عرصہ دراز تک جاری رہا۔ اور آپ کے خلاف عداوت کا جذبہ بڑھتا رہا۔ یہاں تک کہ ساری قوم کے مشورہ اور رضامندی سے ایک بدبخت جس کا نام قدار بن سالف تھا (قرطبی) اس نے اکیلے یا اپنے چند ساتھیوں کی امداد سے اس اُونٹنی کو ہلاک کر دیا۔ اور حضرت صالح کے قتل کی بھی سازش کرنے لگے۔ اور ان کی بے باکی کی یہ حالت ہو گئی کہ اللہ کے نبی کو چیلنج دے دیا کہ اب وُہ عذاب لے آؤ جس سے تم ہر وقت ہمیں ڈرایا کرتے تھے۔ حضور کریمؐ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو فرمایا کہ پچھلے زمانہ کا بدبخت ترین آدمی وُہ تھا جس نے صالح کی اُونٹنی کو مار ڈالا اور آئندہ زمانہ کا بدبخت ترین آپ کا قاتل ہے۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعلی اشقی الاولین عاقر ناقۃ صالح واشقی الآخرین قاتلک (مظہری)

[۱۰۲] اگرچہ اُونٹنی کو ہلاک کرنے والا ایک شخص تھا لیکن اُس کو تائید ساری قوم کی حاصل تھی اور وُہ اس کی حرکت پر رضامند تھے اس لیے اس کی سزا بھی صرف ایک شخص کو نہیں بلکہ ساری قوم کو دی گئی۔ اس سے معلوم ہوا کہ اگر کسی سرکش اور نافرمان کو قوم کی تائید و حمایت حاصل ہو تو ساری قوم مجرم قرار دی جاتی ہے اور سبھی کو اس کی سزا بھگتنی پڑتی ہے۔

[۱۰۳] قوم کی بربادی کے بعد آپ وہاں سے روانہ ہوئے۔ بعض کے نزدیک شام کا قصد کیا۔ اور بعض کا خیال ہے کہ آپ مکہ کی طرف تشریف لے آئے۔ وہاں سے رخصت ہوتے وقت اس شفیق و مہربان نبی نے اپنے دلی قلق و حسرت کا اظہار کرتے ہوئے ان مرے ہوئے ثمودیوں کو یہ خطاب فرمایا۔ یہ بعینہٖ ایسا ہے جیسے جنگ بدر کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اُس گڑھے کے کنارے تشریف لے گئے جس میں کفار مکہ کے لاشے پڑے تھے۔ وہاں جا کر فرمایا۔ اے ابوجہل، اے اُمیہ، اے عتبہ، اے شیبہ! میرے رب نے فتح و نصرت کا جو وعدہ مجھ سے فرمایا تھا وُہ تو اس نے پورا کر دیا۔ تم کہو تمھارے ساتھ ذلت و عذاب کا جو وعدہ تھا وُہ بھی پورا ہوا؟ حضرت فاروق اعظمؓ نے عرض کی یا رسول اللہ آپ تین دن کے مُردوں کو خطاب فرما

لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ

بے شک پہنچا دیا میں نے تم کو پیغام اپنے رب کا اور میں نے خیر خواہی کی تمھاری لیکن تم تو پسند ہی نہیں کرتے

النّٰصِحِيْنَ ۝٧٩ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ

(اپنے) خیر خواہوں کو ۔ اور بھیجا ہم نے لُوط کو جب انھوں نے کہا تھا اپنی قوم سے کہ کیا تم کیا کرتے ہو ایسی بےحیائی (کا فعل) جو تم سے پہلے

سے ہیں؟ تو حضور نے فرمایا۔ ما انتم باسمع لما اقول منھم انھم الآن یسمعون ما اقول لھم غیر انھم لا یستطیعون ان یردوا علینا شیئا (بخاری و مسلم) میری گفتگو تم ان سے زیادہ نہیں سن رہے ہو البتہ وہ جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ کافر بھی قبر میں سنتا ہے۔ جب ایسا ہے تو مومن قبر میں کیوں نہیں سنتا؟

۱۰۲؎ یہاں ایک دُوسری قوم کا ذکر ہو رہا ہے جو دریائے اُردن کی ترائی میں شام کے جنوب میں آباد تھی ان کا پایۂ تخت سدوم تھا۔ یہ علاقہ بھی بڑا زرخیز اور شاداب تھا میلوں تک پھل دار باغات کا سلسلہ چلا جاتا تھا۔ لیکن یہاں بسنے والی قوم بڑی کمینہ خصلت اور بدکردار تھی۔ سرِ محفل بدکرداریاں کرتے اور بجائے شرمانے کے اس پر فخر کرتے۔ رہ چلتے مسافروں کو لُوٹ لینا، اپنے مہمانوں کی ہر چیز چھین لینا ان کا پسندیدہ شغل تھا۔ ایسی گری ہوئی اور رذیل قوم کو راہِ ہدایت پر لانے کے لیے حضرت لوط علیہ السلام کو مبعوث کیا گیا۔ آپ حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے سگے بھتیجے تھے۔ آپ کے والد کا نام حاران بن تارح تھا۔ آپ کافی عرصہ تک حضرت خلیل کی معیت میں رہے۔ بعد میں انھیں اہل سدوم کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا۔ اللہ تعالیٰ کے اس مقدس نبی کے متعلق موجودہ تورات میں جو شنیع الزامات عائد کیے گئے ہیں دل گوارا نہیں کرتا اور حیا اجازت نہیں دیتی کہ انھیں یہاں نقل کیا جائے لیکن میرا یہ بھی فرض ہے کہ قرآن کے دعووں کی تصدیق کے لیے جو ثبوت ملے اُسے ہدیۂ ناظرین کروں۔ قرآن نے بارہا اس حقیقت کو بیان کیا ہے کہ علماء یہود نے اپنے رسول پر نازل شدہ کتاب تورات میں جا بجا تحریف کر دی اور اس میں طرح طرح کا ردّ و بدل کیا۔ اس کی تصدیق کے لیے تورات کی مندرجہ آیات پڑھیے حقیقت خود بخود واضح ہو جائے گی کتاب پیدائش کے انیسویں باب کی آیات ۳۰ تا ۳۶ ملاحظہ ہوں۔

" اور لُوط ضغر سے نکل کر پہاڑ پر جا بسا اور اس کی دونوں بیٹیاں اس کے ساتھ تھیں کیونکہ اسے ضغر میں بستے ڈر لگا۔ اور وُہ اور اس کی دونوں بیٹیاں ایک غار میں رہنے لگے (۳۰) تب پہلوٹھی نے چھوٹی سے کہا کہ ہمارا باپ بڈھا ہے اور زمین پر کوئی مرد نہیں جو دُنیا کے دستور کے مطابق ہمارے پاس آئے (۳۱) آؤ ہم اپنے باپ کو مے پلائیں اور اس سے ہم آغوش ہوں تاکہ اپنے باپ سے نسل باقی رکھیں (۳۲) سو اُنھوں نے اُسی رات اپنے باپ کو مے پلائی اور پہلوٹھی اندر گئی اور اپنے باپ سے ہم آغوش ہوئی پر اس نے نہ جانا کہ وُہ کب لیٹی اور کب اُٹھ گئی (۳۳) اور دُوسرے روز یوں ہوا کہ پہلوٹھی نے چھوٹی سے کہا کہ دیکھ کل رات کو میں اپنے باپ سے ہم آغوش ہوئی آؤ آج رات بھی اس کو مے پلائیں

بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً

کسی نے نہیں کیا ساری دُنیا میں ۸۰ بے شک تم جاتے ہو مردوں کے پاس شہوت رانی کے لیے

مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿٨١﴾ وَمَا كَانَ جَوَابَ

عورتوں کو چھوڑ کر بلکہ تم لوگ تو حد سے گزرنے والے ہو اور نہ تھا ۸۱ کوئی جواب

اور تُو بھی جاکر اُس سے ہم آغوش ہو تاکہ ہم اپنے باپ سے نسل باقی رکھیں (۳۴) سو اُس رات بھی اُنھوں نے اپنے باپ کو مے پلائی اور چھوٹی گئی اور اُس سے ہم آغوش ہوئی۔ پر اُس نے نہ جانا کہ وُہ کب لیٹی اور کب اُٹھ گئی (۳۵) سو لُوط کی دونوں بیٹیاں اپنے باپ سے حاملہ ہوئیں (۳۶)"

نعوذ باللہ من ذالک۔ کہاں نبوت کا مقامِ رفیع اور کہاں یہ اخلاقی پستی جس کے ارتکاب کا خیال آج بھی گھٹیا سے گھٹیا آدمی نہیں کرسکتا۔ سچ ہے یہ قرآن اور صاحبِ قرآن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ہی کام تھا کہ انبیاء سابقین کے تقدس اور ان کی عصمت کو بیان کریں جن پر ان کے ماننے والوں نے یہ قبیح الزامات لگا رکھے تھے۔ ابھی ابھی نوح علیہ السلام پر میخواری کی جو تہمت تورات میں لگائی گئی ہے اُسے آپ پڑھ چکے ہیں۔ اس کے ضمن میں ہی میں نے انسائیکلوپیڈیا کا حوالہ بھی دیا ہے۔ آخر یورپ کے عیسائی محققین کو بھی عظمتِ انبیاء کو تسلیم کرنا پڑا جس کو قرآن کریم نے سب سے پہلے پیش کیا۔

ف۸۰ دیگر رذیل حرکتوں کے علاوہ وُہ ایک اور گندی عادت کا شکار تھے جو اُن سے پہلے کسی قوم میں موجود نہ تھی یعنی وُہ لڑکوں کے ساتھ بدمعاشی کیا کرتے تھے اور اس میں وُہ ذرا شرم محسوس نہ کرتے۔ حضرت لُوط علیہ السلام نے ان کو اس غیر طبعی فعل پر ٹوکا اور اُنھیں شرم دلائی کہ بے شرمو! ڈوب مرو۔ بدفعلی کرتے ہو۔ اور گناہ بھی ایسا جس کے مُوجد بھی تم ہو۔ خدا سے ڈرو کچھ تو حیا کرو۔

ف۸۱ حضرت لُوطؑ کے وعظ سے وُہ بھڑک اُٹھے اور کہنے لگے ذرا دیکھو تو اس لُوط کو اور اس کے چیلوں کو۔ بڑے پاکباز بنے پھرتے ہیں۔ ہم ایسے رجعت پسند لوگوں کا وجُود اپنے ترقی پسند معاشرہ میں برداشت کرنے کے لیے تیار نہیں۔ اُنھیں یک زبان کہہ دو کہ اپنے زُہد و تقدس سمیت یہاں سے تشریف لے جاویں اور ہماری محفل عیش و طرب کو اپنے ان وعظوں سے بے لطف نہ بنائیں۔ انسان پریشان ہو کر رہ جاتا ہے جب وُہ یہ پڑھتا ہے کہ اس ذلیل اور غلیظ فعل کو جس سے انسان کی عقلِ سلیم کو طبعی نفرت ہے صرف عہد قبل از تاریخ کے اہلِ سدوم نے ہی اپنے لیے پسند نہیں کیا بلکہ یُونان کے بڑے بڑے فلسفی اس کو ایک جائز اور پسندیدہ فعل شمار کیا کرتے تھے۔ اور تہذیب جدید کے مُوجد (یورپ) اور سرپرست (امریکہ) کے بڑے بڑے اہلِ قلم اس کو قانونی طور پر جائز قرار دینے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور صرف کر رہے ہیں۔ کئی ممالک نے اسے قانونی طور پر جائز کر دیا ہے جن میں جرمنی کو سبقت حاصل ہے۔

قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ

ان کی قوم کے پاس سوائے اس کے کہ وُہ بولے باہر نکال دو انھیں اپنی بستی سے یہ لوگ تو بڑے

يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۸۳﴾

پاکباز بنتے ہیں پس ہم نے نجات دے دی لُوط کو اور ان کے گھر والوں کو بجز ان کی بیوی کے، وُہ ہوگئی پیچھے رہ جانے والوں

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۖ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۸۴﴾

اور برسایا ہم نے ۱۰۷ اُن پر (پتھروں کا) مینہ تو دیکھو کیسا (عبرت ناک) انجام ہوا ۱۰۸ مجرموں کا

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۗ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

اور (ہم نے بھیجا) مدین کی طرف ۱۰۹ اُن کے بھائی شعیب کو اُنھوں نے کہا اے میری قوم! عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی نہیں ہے تمہارا

۱۰۷ جب حضرت لُوط علیہ السلام کی کوئی کوشش کارگر نہ ہوئی اور ان کی سرکشی اور نافرمانی بڑھتی ہی چلی گئی تو اُن پر آگ اور پتھروں کی ایسی تباہ کن بارش کی گئی کہ وُہ بالکل خاک سیاہ بنا کر رکھ دیے گئے۔ قرآن حکیم میں دُوسری جگہ ہے کہ ان کی بستیوں کو اُلٹ کر رکھ دیا گیا۔ آج بھی بحرِ مردار کو جو اُردن کے اسی علاقہ میں ہے بحرِ لُوط کہا جاتا ہے اور محققین کا خیال ہے کہ یہی وُہ جگہ ہے جہاں قوم لُوط پر عذاب نازل ہوا۔ اور آثارِ قدیمہ کے ماہرین کو اس بحیرہ کے گرد و نواح میں اس برباد شدہ قوم کے کچھ آثار بھی ملے ہیں۔ علاقہ سدوم کی تباہی کا زمانہ تازہ تخمینوں کے مطابق ۲۰۶۱ قبل مسیح ہے۔

۱۰۸ اسلامی معاشرہ کو اس اخلاقی پستی سے بچانے کے لیے حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس جرم کا ارتکاب کرنے والے کے لیے سخت سزا تجویز فرمائی ہے۔ ابُوداؤد، ابنِ ماجہ، ترمذی، نسائی اور دارقطنی میں حضور کا یہ فرمان مروی ہے: من وجدتموہ یعمل عمل قوم لوط فاقتلوا الفاعل والمفعول یعنی جس کو قومِ لُوط کا فعل کرتے ہُوئے دیکھو تو فاعل اور مفعول دونوں کو قتل کر دو۔ حضرت ابُوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ خلافت میں حضرت خالدؓ نے آپ کی خدمت میں ایسے مجرم کی سزا کے متعلق خط لکھا۔ آپ نے سب صحابہ کو مشورہ کے لیے طلب کیا اور مسئلہ پیش کیا۔ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ ایسے شخص کی سزا یہ ہے کہ مجرم کو تلوار سے قتل کر کے اس کی لاش جلا دی جائے۔ سب صحابہ نے آپ کی رائے کی تائید کی۔ چنانچہ خالد کو یہی لکھا گیا اور اُنھوں نے اسی کے مطابق عمل کیا۔ حضرت ابُوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ حاکمِ وقت کو اختیار ہے کہ مجرم کو ایسی عبرت ناک سزا دے تاکہ کسی اور کو اس کے ارتکاب کی جرأت نہ ہو۔

۱۰۹ اس رکوع میں حضرت شعیب علیہ السلام اور آپ کی قوم کا واقعہ بیان ہو رہا ہے۔ مدین ایک شہر کا نام تھا جو بحرِ احمر

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ

کوئی خدا اس کے بغیر بے شک آگئی تمھارے پاس روشن دلیل تمھارے رب کی طرف سے تو پورا کرو ناپ

وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ

اور تول کو اور نہ گھٹا کر دو لوگوں کو ان کی چیزیں اور نہ فساد برپا کرو زمین میں

بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۸۵ وَ

اُس کی اصلاح کے بعد یہ بہتر ہے تمھارے لیے اگر تم ایمان لانے والے ہو اور

کے کنارے کوہ طور کے جنوب مشرق کی طرف آباد تھا جہاں حضرت شعیبؑ کی قوم رہائش پذیر تھی۔ اصل میں مدین حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ایک صاحبزادے کا نام تھا جو آپ کی اہلیہ محترمہ قطورا کے بطن سے تھے۔ اور یہ قوم ان کی نسل سے تھی۔ اسی وجہ سے اُنھوں نے اپنی بستی کا نام اپنے جدِ امجد کے نام پر رکھا تھا۔ یہ قوم تجارت پیشہ تھی۔ اور ان کی بستیاں وہاں تھیں جہاں جزیرہ نمائے عرب کی دو مشہور تجارتی شاہراہیں (یعنی یمن سے شام اور عراق سے مصر جانے والی شاہراہیں) آکر ملتی تھیں۔ اس لیے ان کی حیثیت ایک مشہور تجارتی منڈی کی تھی جہاں آنے جانے والے تجارتی قافلے اپنا سامان بیچتے بھی تھے اور اپنی ضروریات کی چیزیں خریدتے بھی تھے۔ اس لیے اہلِ مدین معاشی لحاظ سے بڑے خوشحال تھے۔

حضرت شعیب علیہ السلام کو اُن کے حسنِ استدلال اور فصیحانہ اندازِ کلام کی وجہ سے خطیب الانبیاء کہا جاتا ہے۔ آپ کے تبلیغی خطبوں کا خلاصہ جو قرآن نے ہمیں بتایا ہے وُہ یہ ہے کہ آپ کی قوم دو خرابیوں میں مبتلا تھی اور آپ نے اُنھیں کی اصلاح کے لیے اپنی کوششیں وقف کر دیں۔ ایک تو یہ کہ اگرچہ آپ کی قوم کا سلسلۂ نسب موحدِ اعظم حضرت ابراہیم علیہ السلام سے جا ملتا تھا لیکن مرورِ وقت اور دُوسری مشرک قوموں سے میل جول کے باعث وُہ شرک میں مبتلا ہو گئے تھے اس لیے حضرت شعیبؑ نے سب سے پہلے اُنھیں یہ سمجھایا کہ خُدا ایک ہی ہے اس کے سوا اور کوئی خدا نہیں ہو سکتا۔ اس لیے اس کے بغیر کسی اور کی پرستش کرنا سخت نادانی ہے اور دُوسری خرابی جو اُن میں جڑ پکڑ چکی تھی یہ تھی کہ وُہ ایک تاجر پیشہ قوم ہونے کے باعث لین دین میں دھوکہ و فریب سے باز نہیں آتے تھے۔ اُن کی زندگی کا مقصد زیادہ دولت کماؤ' بن کر رہ گیا تھا۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے وُہ کسی بڑی سے بڑی بے ایمانی اور فریب کاری کو جائز سمجھتے تھے۔ کم تولنا، کم ناپنا نیز دُوسرے لوگوں سے کوئی چیز خریدتے وقت ان کی سادگی سے فائدہ اُٹھا کر اُس کی قیمت کم دینا ان کے نزدیک ہرگز معیوب نہ تھا۔ حضرت شعیبؑ نے اس سے بھی ان کو روکا۔

آخر میں اپنی قوم کو تنبیہ فرمائی کہ اگر تم نے توحید کی جگہ شرک اور ہدایت کی جگہ گمراہی اختیار کی یا تجارتی اصولوں کو

لَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ

مت بیٹھا کرو [١٢] راستوں پر کہ ڈراتے ہو تم (راہ گیروں کو) اور روکتے ہو تم اللہ کی راہ

اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا

سے جو ایمان لایا اللہ کے ساتھ اور تلاش کرتے ہو اس میں عیب۔ اور یاد کرو (وہ وقت) جب تم تھوڑے تھے

فَكَثَّرَكُمْ ۠ وَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَاِنْ كَانَ

پھر اس نے تمھیں بڑھا دیا اور دیکھو! کیا ہوا انجام فساد برپا کرنے والوں کا [١٣] اور اگر ایک

طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا

گروہ تم میں سے ایمان لا چکا ہے اس کے ساتھ جو دے کر میں بھیجا گیا ہوں اور ایک گروہ ایمان نہ لایا تو

فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٨٧﴾

(ذرا) صبر کرو یہاں تک کہ فیصلہ کردے اللہ ہمارے درمیان اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

اپنی ذاتی منفعت کے لیے پامال کیا تو امن و ہدایت کی پُرسکون فضا میں فتنہ و فساد کے شعلے بھڑک اُٹھیں گے۔

[١٢] وہ لوگ اُن راستوں پر بیٹھ جاتے جو حضرت شعیبؑ کی قیام گاہ کی طرف جاتے اور جب انھیں کوئی شخص اُدھر جاتا ہوا ملتا تو اس کے سامنے حضرت شعیبؑ کی مذمت کرتے اور آپ کے عقائد کو اس طرح پیش کرتے کہ یہ معلوم ہونے لگے کہ یہ عقائد سراسر باطل ہیں۔ اور اُن کے اس پروپیگنڈے کے باوجود بھی اگر کوئی اللہ کا بندہ حضرت شعیبؑ کے پاس جانے پر بضد ہوتا تو پھر ڈنڈے کے زور سے اُسے روکتے۔ اُن کے اس طرزِ عمل پر اُن کو سرزنش کی جارہی ہے کہ ایسا کرنا چھوڑ دو۔ اس کا انجام اچھا نہ ہوگا۔

[١٣] یعنی تمھارے گرد و پیش بے شمار ایسے کھنڈرات موجود ہیں جو ان قوموں کا مسکن تھے۔ جو اپنے زمانہ میں قوت و شوکت، علم و صنعت میں اپنا ثانی نہیں رکھتی تھیں۔ انھیں اپنے تمدن و طرزِ معاشرت پر ناز تھا۔ لیکن جب وہ نافرمانی کی راہ پر چل نکلیں تو پیس کر رکھ دی گئیں۔ تم ان کے دردناک انجام سے آنکھیں کیوں بند کیے ہوئے ہو۔

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ

کہنے لگے وُہ سردار جو غرور و تکبر کیا کرتے تھے ان (شعیبؑ) کی قوم سے ۱۴۳ یا تو ہم نکال کر رہیں گے تجھیں اے شعیب!

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ

اور جو ایمان لائے تمہارے ساتھ اپنی بستی سے یا تمہیں لوٹ آنا ہوگا ہماری ملت میں۔ شعیب نے کہا

اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ

اگرچہ ہم اس (ارتداد) کو ناپسند بھی کرتے ہوں ۱۴۵ پھر تو ہم نے ضرور بہتان باندھا اللہ تعالیٰ پر جھوٹا اگر ہم لوٹ آئیں تمہارے

مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ

دین میں اس کے بعد کہ جب نجات دے دی ہمیں اللہ نے اس سے اور نہیں کوئی وجہ ہمارے لیے کہ ہم لوٹ آئیں

۱۴۴ے حضرت شعیبؑ کا وعظ سراپا حقیقت تھا! اس میں صداقت کا نور چمک رہا تھا۔ ہر لفظ اخلاص و شفقت کا آئینہ تھا۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ آپ کا وعظ سننے کے بعد ان کے دل پسیج جاتے اور اُن کی آنکھوں سے غفلت کی پٹی دُور ہو جاتی۔ لیکن وہاں تو مسلسل سرتابیوں کی وجہ سے دل کا آئینہ زنگ آلود ہو چکا تھا۔ وُہ آپ کے ساتھ شائستہ انداز میں گفتگو کرنے کے لیے بھی تیار نہ تھے فوراً جبر و تشدد پر اتر آئے۔ اور باطل کا ہمیشہ سے یہی رویہ رہا ہے۔ دلیل و بُرہان کے میدان میں شکست کھانے کے بعد وُہ حق کو اپنی قوت سے کچلنے کی کوشش کرتا ہے۔ ان لوگوں نے بھی ادب و تہذیب کے سارے تقاضوں کو پس پُشت ڈال کر آپ کو دھمکی دینی شروع کر دی کہ اے شعیبؑ! اگر تم اور تمہارے چیلے ہمارے مذہب میں لوٹ نہ آئے تو تمہارا بوریا بستر اُٹھا کر شہر سے باہر پھینک دیا جائے گا اور تمہیں جلاوطن کر دیا جائے گا۔

۱۴۵ے آپ نے فرمایا اے قوم! اگر ہم خوشی سے ان فکری اور عملی پستیوں میں جہاں تم نے اپنے آپ کو پھینک دیا ہے گرنے پر آمادہ نہ ہوں تو کیا تم ہمیں پھر بھی مجبور کرو گے کہ ہم اپنے آپ کو ہدایت کے مقامِ بلند سے ضلالت کے گڑھے میں ڈال دیں۔ ہمیں اتنا بے وقوف مت سمجھو کہ توحید کی شرابِ طہور پی لینے کے بعد ہم پھر کفر و شرک کے گندے اور غلیظ جوہڑ کی طرف آئیں گے۔ اور انسانی شرف و فضیلت کی قدروں پر ایمان لانے کے بعد پھر کسی لالچ میں آکر اُن سے رُوگردانی اختیار کر لیں گے۔ ہم پر تو اللہ تعالیٰ کا یہ خاص احسان ہے کہ ہماری رسائی اسلام کے چشمۂ صافی تک ہو گئی ہے۔

فِيهَآ إِلَّآ أَن يَشَآءَ ٱللَّهُ رَبُّنَا ۚ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَىْءٍ عِلْمًا ۚ

اس میں مگر یہ کہ چاہے اللہ تعالیٰ جو پروردگار ہے ہمارا ۱۱۶ گھیرے ہوئے ہے ہمارا رب ہر چیز کو اپنے علم سے

عَلَى ٱللَّهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا ٱفْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِٱلْحَقِّ وَ

صرف اللہ پر ہم نے بھروسہ کیا ہے اے ہمارے رب فیصلہ فرمادے ہمارے درمیان اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ ۱۱۷ اور

أَنتَ خَيْرُ ٱلْفَٰتِحِينَ ﴿٨٩﴾ وَقَالَ ٱلْمَلَأُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ مِن قَوْمِهِۦ لَئِنِ

تو سب سے بہتر فیصلہ فرمانے والا ہے۔ اور کہا ان رئیسوں نے جو کافر تھے ان کی قوم سے کہ اگر تم

ٱتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا إِنَّكُمْ إِذًا لَّخَٰسِرُونَ ﴿٩٠﴾ فَأَخَذَتْهُمُ ٱلرَّجْفَةُ

پیروی کرنے لگو شعیبؑ کی تو یقیناً تم نقصان اٹھانے والے ہو جاؤ گے ۱۱۸ پھر پکڑ لیا انھیں زلزلہ نے

۱۱۶ پہلے اپنا پختہ ارادہ اور عزم بتایا کہ ہم راہِ راست کو کسی قیمت پر بھی چھوڑنے کے لیے تیار نہیں اور اس کے لیے بڑی سے بڑی قربانی پیش کرنے پر آمادہ ہیں لیکن اس میں خودی کی کچھ بُو آ رہی تھی اس لیے فوراً اپنے عزم و ارادہ کی بے بسی کا اعتراف کیا اور ہر چیز اپنے مولائے حقیقی کے حوالہ کر دی۔ یعنی ہمارا ہدایت پر ثابت قدم رہنا اُسی وقت تک ہے جب تک اُس کی نظرِ کرم اور توفیق ہمارے شاملِ حال ہے۔ ورنہ ہماری سمجھ، نیکی اور تقویٰ کسی کام نہیں آ سکتے۔ سُبحان اللہ! کیا مقام ہے پیغمبر کا۔ بارگاہِ ربانی میں اتنی عزت و توقیر کے باوجود دل ہر لمحہ اپنے مالک کی بے نیازی سے لرزاں و ترساں ہے۔ مومن کی کیفیت بھی ایسی ہی ہونی چاہیے کہ اپنی ہر نیکی کو اپنے رب کا فضل تصور کرے اور اپنے علم، عمل اور تقویٰ پر ذرا گھمنڈ نہ کرے اور ہر لغزش سے اُس کی پناہ مانگتا رہے۔

۱۱۷ یہاں افتح کا معنی ہے احکم یعنی ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان فیصلہ فرما دے کہ کون سچا ہے اور کون جھوٹا تاکہ حقیقت واضح ہو جائے۔ احکم بیننا و بینھم والفتاح القاضی والفتاحة الحکومة (بیضاوی)

۱۱۸ مدین کے رئیسوں نے جب حضرت شعیبؑ کی تبلیغ کو اثر انداز ہوتے ہوئے محسوس کیا تو اپنی قوم کو معاشی بدحالی سے خوفزدہ کرنا شروع کر دیا۔ انھیں بتایا کہ اگر تم نے شعیبؑ کی بات مان لی اور کم تولنا، کم ناپنا وغیرہ ہتھکنڈوں کو استعمال کرنا چھوڑ دیا تو بس لو یہ دولت و ثروت کی فراوانی، تجارت کی گہما گہمی اور معاشی فارغ البالی سب ختم ہو کر رہ جائیں گی پھر تم ہو گے اور تمھاری فاقہ مستیاں! اس رُوکھے پھیکے تقدس کو پھر بیٹھے چاٹتے رہنا۔ بیمار ذہن کچھ ایسا ہی سوچا کرتا ہے۔ اصولوں کی پابندی میں اسے اپنی ناکامی، راہِ راست پر چلنے میں اپنی ہلاکت کے خدشات اور دینِ حق پر ایمان لانے میں اسے مُہیب خطرات دکھائی دینے

فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ ﴿۹۱﴾ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا شُعَیْبًا كَاَنْ

تو صبح کے وقت وُہ اپنے گھروں میں مُنہ کے بل گرے پڑے تھے۔ جن (بدبختوں) نے جُھٹلایا شعیبؑ کو (وہ یُوں نابود کر دیے گئے)

لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا ۚۛ اَلَّذِیْنَ كَذَّبُوْا شُعَیْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۹۲﴾

گویا کبھی بستے ہی نہ تھے ان مکانوں میں ۱۱۹؎ جنھوں نے جُھٹلایا شعیبؑ کو ہو گئے وُہی نقصان اُٹھانے والے ۱۲۰؎

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَ قَالَ یٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَ نَصَحْتُ

تو مُنہ پھیر لیا اُن کی طرف سے اور کہا اے میری قوم! بے شک میں نے پہنچا دیے تھے تمھیں پیغامات اپنے ربّ کے اور میں نے نصیحت کی تھی

لگتے ہیں۔ حالانکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہوتی ہے۔ نبی ایسے ہی بیمار ذہنوں کے علاج کے لیے مبعوث کیا جاتا ہے۔

۱۱۹؎ لفظ غنی کی تحقیق کرتے ہُوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ غنیتُ بالمکان اذا اقمت به وغنی القوم فی دارهم ای طال مقامهم فیها والمغنی المنزل والجمع المغانی۔ خلاصہ عبارت یہ ہے کہ غنی کا معنی ہے کسی جگہ مدت دراز تک اقامت گزیں رہنا اور رہائش گاہ کو مغنی کہتے ہیں اور اس کی جمع مغانی ہے۔ آیت کا مفہوم یہ ہے کہ جب مسلسل نافرمانی اور سرکشی کے باعث ان پر عذابِ الٰہی آیا تو وُہ ہلاک و برباد ہو کر رہ گئے۔ اور اُن کے شاندار محلات اور کشادہ حویلیوں میں اُلّو بولنے لگے۔ جہاں زندگی اپنے تمام نخروں سمیت محوِ خرام تھی وہاں خاک اُڑنے لگی۔ اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا یہاں کبھی کوئی آباد ہوا ہی نہیں۔

۱۲۰؎ یعنی وُہ تو اس خوف کی وجہ سے شعیب علیہ السلام پر ایمان نہیں لاتے تھے کہ اگر انھوں نے ان کی شریعت پر عمل شروع کر دیا تو وُہ مفلوک الحال اور کنگال ہو جائیں گے اور ان کی معاشی بدحالی کا آغاز ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ تنبیہ فرماتے ہیں کہ ان کے یہ سب اندیشے غلط ثابت ہُوئے اور نتیجہ اس کے برعکس نکلا۔ وُہ لوگ جنھوں نے اللہ کے نبی کے دامن میں پناہ لی وُہ تو دین و دُنیا میں کامیاب ہو گئے اور جنھوں نے آپ کی نافرمانی کی اُن کی دُنیا بھی برباد اور آخرت بھی برباد ہو گئی۔ وُہ لوگ جو محض نام نہاد اور بے بُنیاد اقتصادی زبُوں حالی کے خوف سے شریعتِ اسلامیہ کے واضح احکام میں ردّ و بدل کرنے کے لیے بے تاب نظر آتے ہیں۔ انھیں چاہیے کہ وُہ اہلِ مدین کے حالات کا بغور مطالعہ کریں اُن پر یہ حقیقت روشن ہو جائے گی کہ اللہ تعالیٰ کے احکام کی تعمیل میں صرف عقبیٰ کی نجات ہی نہیں بلکہ دُنیا کی خوشحالی بھی مضمر ہے۔ اور ان سے سرتابی کرنے والے صرف اپنی قیامت ہی خراب نہیں کرتے بلکہ اپنے ہاتھوں اپنی اس زندگی کو بھی تمام حقیقی خوشیوں اور راحتوں سے محروم کر دیتے ہیں۔

لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿٩٣﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ

تمھیں۔ تو (اب) کیونکر غم کروں میں ۱۲۱ے کافر قوم (کے ہولناک انجام) پر۔ اور نہ بھیجا ہم نے کسی بستی میں ۱۲۲ے

مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ

کوئی نبی مگر یہ کہ (جب نبی جھٹلایا گیا) تو ہم نے مبتلا کر دیا وہاں کے باشندوں کو سختی اور تکلیف میں تاکہ وہ

يَضَّرَّعُوْنَ ﴿٩٤﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا

گڑگڑانے لگیں۔ پھر ہم نے بدل دی تکلیف کی جگہ راحت ۱۲۳ے حتیٰ کہ وہ پھلے پھولے اور کہنے لگے

۱۲۱ے یہ بیان جو متعدد رکوعوں میں پھیلا ہوا ہے اس سے مدعا صرف داستان سرائی اور قصہ گوئی نہیں بلکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت کو جھنجھوڑنا ہے۔ ان کے سامنے ان قوموں کا حال بیان کیا جن سے عرب کا بچہ بچہ واقف تھا جن کے کھنڈرات ان کے تجارتی کاروانوں کی گذرگاہوں کے اردگرد واقع تھے۔ جن کی خوشحالی، بالادستی، غلبہ و اقتدار کی بڑی شہرت تھی اور پھر انبیاء کرام علیہم السلام کی نافرمانی کے باعث ان کی تباہی و بربادی کے دلخراش واقعات سب کو معلوم تھے یہ بتا کر انھیں آگاہ کیا کہ میرا حبیب اور میرا مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء بھی انھیں تعلیمات کو کامل اور مکمل صورت میں تمھارے پاس لے آیا ہے جو پہلے نبیوں نے اپنی اپنی اُمتوں کو اپنے زمانہ میں ان کی عقلی بیداری کے مطابق اُنھیں دیں۔ اگر تم نے بھی انکار اور عناد کی روش اختیار کی تو یاد رکھو تمھارا بھی وُہی انجام ہوگا جو پہلے منکرین کا ہوتا آیا ہے۔ دونوں جہان کی سعادت اور سلامتی مطلوب ہے تو میرے پیارے رسُول کی اطاعت کرو اور اُس کا دامنِ رحمت مضبوطی سے تھام لو۔

۱۲۲ے یہاں من نبی کے بعد فکذبوہ مضمر ہے فیہ اضمار یعنی فکذبوہ (مظہری)۔ پہلے خاص خاص قوموں کے حالات بیان کیے اب ایک قاعدہ کلیہ بتایا جا رہا ہے جس کے ماتحت سب قوموں کے ساتھ برتاؤ کیا جاتا ہے یعنی جب کبھی کسی بستی میں نبی مبعوث کیا گیا اور وہاں کے رہنے والوں نے اس کی دعوت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا تو فوراً ہی انھیں تباہ و برباد نہیں کر دیا جاتا بلکہ اگر نبی کی تعلیم کی صداقت، اس کی دلکش سیرت اور دُوسرے روشن معجزات اس کی قوم کو ان کی ہٹ دھرمی سے باز نہیں رکھ سکتے تو پھر اُنھیں طرح طرح کی مُصیبتوں اور تکلیفوں میں مبتلا کر دیا جاتا ہے تاکہ غرور کا نشہ اُترے انھیں اپنے اور اپنے احباب کے مادی وسائل کی نارسائی کا یقین ہو جائے اور ان پر ان کی کمزوریاں عیاں ہو جائیں تاکہ وُہ باطل کے چنگل سے چھٹکارا حاصل کر کے حق کے ظلِ رحمت میں آجائیں۔ لعلھم یضرعون کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض تکلیفیں انسان کو خوابِ غفلت سے چونکا دینے کے لیے ہوتی ہیں۔

۱۲۳ے لیکن اگر یہ طریقہ بھی مؤثر ثابت نہ ہو تو پھر ان پر انعام و اکرام کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ اولاد، مال، عزت،

اقوام عاد۔ ثمود۔ لوط اور شعیب کے علاقے

قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ

بے شک (یونہی) پہنچا کرتی تھی ۱۴۲؎ ہمارے باپ دادا کو (کبھی) تکلیف اور (کبھی) راحت تو ہم نے پکڑ لیا انھیں اچانک اس حال میں

وقار اور ہر قسم کی آسائشیں اُنھیں مہیا کر دی جاتی ہیں تاکہ وُہ اپنے محسنِ حقیقی کو پہچان کر اس کی نافرمانی سے باز آجائیں اور اس کی اطاعت و فرماں برداری اختیار کر لیں لیکن اگر وُہ مصائب و آلام کے پہاڑ ٹوٹنے کے بعد بھی بیدار نہ ہُوئے اور نعمت و احسان کی فراوانی کے باوجود بھی اُن کے دلوں میں اپنے مہربان اور کریم پروردگار کے لیے شکر گزاری کا جذبہ پیدا نہیں ہوا تو پھر اُن کی اصلاح کی کوئی اُمید باقی نہیں رہی۔ وُہ جسم کے ایسے کِرم خوردہ عضو کی طرح ہیں جس کا کاٹ دینا باقی جسم کی عافیت کے لیے ازبس ضروری ہے۔ علامہ قرطبی لفظ عفو کی تحقیق کرتے ہُوئے لکھتے ہیں کہ یہ اضداد سے ہے۔ اس کا معنی بڑھنا اور زیادہ ہونا بھی ہے اور مٹ جانا بھی۔ یہاں پہلے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے عفوا کا معنی کثروا کیا ہے وعفا: من الاضداد۔ عفا: کثر وعفا: درس وقال ابن زید: کثرت اموالھم واولادھم (قرطبی)

۱۴۲؎ بجائے اس کے کہ وُہ ان مصائب اور تکالیف سے عبرت حاصل کرتے اور اپنی اصلاح کی طرف متوجہ ہوتے وہ یہ کہہ کر اپنے دلوں کو تسلی دے دیتے کہ یہ ژالہ باری جس نے ہمارے کھیتوں اور باغوں کا ستیاناس کر دیا ہے، یہ قحط جس نے زمین سے روئیدگی کی ساری قوت چھین لی ہے۔ یہ زلزلہ جس کے ہوش رُبا جھٹکوں نے ہماری بارونق اور آباد بستیوں کو زیروزبر اور فلک بوس عمارتوں کو پیوندِ زمین کر دیا ہے۔ یہ جنگ جس کی ہلاکت خیزیوں نے قیامت برپا کر دی ہے۔ یہ ہماری کسی اخلاقی کمزوری یا کاروباری بددیانتی اور غریبوں پر ظلم و تعدی کی سزا نہیں بلکہ پہلے بھی اکثر یُوں ہوتا رہا ہے۔ موسمی تغیرات یا سیاسی حالات کی وجہ سے یہ حادثات رُونما ہو گئے ہیں۔ اُن گزری ہُوئی قوموں کو ہم رہنے دیں۔ اپنے گریبان میں منہ ڈال کر ذرا اپنا محاسبہ کریں۔ پاکستان کے معرضِ وجُود میں آنے کے بعد کونسی ایسی مصیبت ہے جس سے ہم دوچار نہیں ہُوئے۔ سیلابوں کا سلسلہ شروع ہوتا ہے تو مشرقی اور مغربی پاکستان کے دریا اپنی قہر آلود موجوں سے ہزارہا گاؤں کو بہا لے جاتے ہیں۔ سینکڑوں بڑے بڑے شہروں کی بنیادیں لرز اُٹھتی ہیں۔ جان و مال کے نقصانات کا اندازہ کروڑوں روپیہ سے زیادہ ہوتا ہے لیکن کیا ہم اس سے کچھ عبرت حاصل کرتے ہیں؟ کسی اپنی اخلاقی کمزوری سے تائب ہوتے ہیں؟ کسی قومی غداری سے دست کش ہوتے ہیں؟ ہم بھی تو یہی کہتے ہیں کہ اس سال مون سون کی ہوائیں بڑے زور شور سے اُٹھیں اور پہاڑوں سے آکر ٹکرائیں اور متواتر کئی دنوں تک موسلا دھار بارش برستی رہی جس کی وجہ سے یہ طغیانی آگئی اور فلاں فلاں گاؤں اور شہر غرقاب ہو گئے۔ پھر سیلاب زدگان کی امداد کے لیے رقص و سرُود کی محفلیں ترتیب دی جاتی ہیں جہاں ننگے اور فحش گانے ہوتے ہیں اور ان ذلیل حرکات سے جو رقم اکٹھی ہوتی ہے وُہ بھی اکثر و بیشتر امدادی پروگرام کے منتظموں کی جیب سے یُوں چمٹ کر رہ جاتی ہے کہ باہر نکلنے کا نام نہیں لیتی۔ آج کی مادہ پرستانہ ذہنیت جس نگاہ سے ان حادثات کو دیکھتی ہے اور پھر اس کے لیے جو علاج تجویز کرتی ہے ان تباہ ہونے والی قوموں کا بھی یہی حال تھا۔ اسی

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٩٥﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ

خواب وخیال بھی نہ تھا۔ اور اگر بستیوں والے ۱۲۵ ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ضرور ہم کھول دیتے ان پر

بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا

برکتیں آسمان کی اور زمین کی لیکن انھوں نے جھٹلایا (ہمارے رسولوں کو) تو پکڑ لیا ہم نے انھیں بوجہ ان

يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٦﴾ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ

کرتوتوں کے جو وہ کیا کرتے تھے تو کیا بے خوف ہو گئے ہیں ان بستیوں والے اس سے کہ آجائے ان پر ہمارا عذاب راتوں رات اس حال میں کہ وہ

نَآئِمُوْنَ ﴿٩٧﴾ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ

سو رہے ہوں ۱۲۶ یا کیا بے خوف ہو گئے ہیں ان بستیوں والے اس سے کہ آجائے ان پر ہمارا عذاب چاشت کے وقت جب کہ وہ

کو قرآن نے اپنے معجزانہ انداز میں بیان کیا ہے۔ اور بیان کا مقصد یہ نہیں کہ ہم گزشتہ اقوام کی کج فہمیوں پر طنزیہ قہقہے لگا دیں یا رسمی طور پر اظہارِ افسوس کر دیں۔ بلکہ مقصد وحید یہ ہے کہ ہم اپنی اصلاح کی طرف متوجہ ہوں اور ان مہلت کی گھڑیوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے آپ کو اس دردناک انجام سے بچائیں جس سے سابقہ قوموں کو اپنی سرکشیوں کے باعث دوچار ہونا پڑا تھا۔

۱۲۵ یعنی ایمان اور تقویٰ کسی قوم کی ترقی کے راستہ میں حائل نہیں ہوتے جیسے عام طور پر سمجھا جاتا ہے بلکہ اس کے باعث تو رحمتِ الٰہی کا دریا جوش میں آجاتا ہے اور ہر جانب سے خیر و برکت کی فراوانی ہو جاتی ہے۔ زمین اپنے شکم میں پوشیدہ خزانوں کو اس کے قدموں میں ڈھیر کر دیتی ہے اور آسمان اپنی نعمتوں اور برکتوں کو بے دریغ نچھاور کر دیتا ہے ای لوسعنا علیھم الخیر من کل جانب ودداومناہ لھم وقیل برکات السماء المطر وبرکات الارض النبات والزرع (مظہری) ترجمہ: ہم ہر طرف سے ان پر خیر و برکت کی فراوانی کر دیتے اور جو نعمتیں انھیں بخشی ہیں وہ ہمیشہ برقرار رہتیں۔ برکات آسمان سے مراد بارش ہے۔ اور برکاتِ زمین سے مراد زراعت و نباتات ہے۔

۱۲۶ اے مکہ اور اس کے اردگرد بسنے والو! پہلے نبیوں کو جھٹلانے والی قوموں کا یہ انجام ہوا۔ اگر تم میرے رسول پر ایمان نہ لاتے اور اس کی مخالفت پر کمربستہ رہے تو کسی وقت بھی تم پر عذاب نازل کر دیا جائے گا اور تمھاری اینٹ سے اینٹ بجا کر رکھ دی جائے گی۔ والمراد بالقریٰ مکۃ وما حولھا (قرطبی)

يَلْعَبُوْنَ ﴿٩٨﴾ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ

کھیل کود رہے ہوں تو کیا یہ بے خوف ہو گئے ہیں اللہ کی خفیہ تدبیر سے ۱۲۷ پس نہیں بے خوف ہوتے اللہ کی خفیہ تدبیر سے ۱۲۸ سوائے اس

الْخٰسِرُوْنَ ﴿٩٩﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ

قوم کے جو نقصان اٹھانے والی ہوتی ہے۔ کیا یہ حقیقت واضح نہ ہوئی ان لوگوں پر جو وارث بنے زمین کے اس کے اصلی مالکوں

اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

(کی تباہی) کے بعد کہ اگر ہم چاہیں تو سزا دیں انھیں ان کے گناہوں کی وجہ سے اور مہر لگا دیں ان کے دلوں پر تاکہ

فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿١٠٠﴾ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ

وہ کچھ سن ہی نہ سکیں یہ بستیاں ہیں ہم بیان کرتے ہیں آپ سے ۱۲۹ ان کی کچھ خبریں۔

وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا

اور بے شک آئے ان کے پاس ان کے رسول روشن دلیلوں کے ساتھ۔ اور نہ ہوا یہ کہ ایمان لاتے اس پر جس کو جھٹلا چکے تھے

۱۲۷ ان کے مکروفریب کی انھیں جو سزا دی جانے والی تھی اُسے مکر اللہ کے لفظ سے تعبیر کیا گیا۔ اور یہ استعمال عام ہے جس کی وضاحت پہلے گزر چکی ہے۔ ای عذابہ وجزاؤہ علی مکرھم (قرطبی) اور علامہ بیضاوی فرماتے ہیں ومکر اللہ استعارۃ لاستدراج العبد واخذہ من حیث لا یحتسب (بیضاوی)

۱۲۸ ھدی یھدی کا صلہ جب لام آتا ہے تو اس کا معنی "ظاہر ہونا واضح ہونا" ہوتا ہے۔ یہاں یہ لفظ اسی معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ عدی الھدایۃ باللام لانہ بمعنی یبین (بیضاوی) یعنی مشرکین مکہ بڑے کم فہم ہیں۔ گزشتہ قوموں کی تاریخ سے یہ اتنی عبرت بھی حاصل نہیں کرتے کہ نافرمانی کے باعث ان کا کتنا برا انجام ہوا۔ اور جس مالک و قادر نے ان قوموں کو ان کے کرتوتوں پر سزا دی۔ اس کی قوت وطاقت سلب نہیں ہو گئی۔ وہ آج انھیں بھی سزا دینے پر قادر ہے۔

۱۲۹ ان گاؤں سے حضرت نوح، لوط، ہود، شعیب علیہم السلام کی قوموں کی بستیاں مراد ہیں۔

مِنْ قَبْلُ ۚ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٠١﴾ وَمَا وَجَدْنَا

اس سے پہلے ۱۳۰؎ اسی طرح مہر لگا دیتا ہے اللہ تعالیٰ کافروں کے دلوں پر ۱۳۱؎ اور نہ پایا ہم نے

لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿١٠٢﴾ ثُمَّ

ان کی اکثریت کو وعدہ کا پابند ۱۳۲؎ اور ضرور پایا اُن میں سے بہتوں کو حکم عدولی کرنے والا پھر

بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا

ہم نے بھیجا ۱۳۳؎ ان کے بعد مُوسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف تو انھوں نے انکار کر دیا

۱۳۰؎ وُہ لوگ اتنے ضدی اور ہٹ دھرم تھے کہ جب ایک مرتبہ اُن کی زبان سے نکل گیا کہ وُہ ایمان نہیں لائیں گے تو پھر اُس پر جم گئے۔ کوئی وعظ، نصیحت، کوئی دلیل، کوئی معجزہ اُن کو حق قبول کرنے پر آمادہ نہ کر سکا۔ یعنی معجزات کا مشاہدہ کرنے سے پہلے اُنھوں نے نبی کی دعوت ماننے سے جو انکار کیا تھا معجزات کا مشاہدہ کرنے کے بعد بھی اُسی انکار پر اڑے رہے۔

۱۳۱؎ یہ سُنّتِ الٰہی ہے کہ جو قوم جان بُوجھ کر کفر و شرک میں مُبتلا رہنا چاہتی ہے اور حق کو حق سمجھتے ہُوئے اُس کا انکار کرتی ہے اُس کی غور و فکر کی قوتیں بیکار کر دی جاتی ہیں۔ اور اس اختیاری کفر کے بعد ان پر ہدایت کے راستے بند کر دیئے جاتے ہیں کیونکہ کوئی چشمِ بینا رکھتے ہُوئے دِن کی روشنی میں اس سے کام نہ لے تو وُہ اگر گڑھے میں گرتا ہے تو بصد شوق گرے۔ اس کی منت نہیں کی جائے گی کہ از راہِ نوازش ہمارے حال پر رحم فرماتے ہُوئے گڑھے میں نہ گریئے۔

۱۳۲؎ عہد شکنی اُن کی فطرتِ ثانیہ ہے جو وعدہ بھی کرتے ہیں اُس کو توڑ دیتے ہیں۔ خواہ وُہ وعدہ اپنے خُدا سے کریں یا اس کے بندوں سے۔

۱۳۳؎ مذکورہ بالا انبیاء کے بعد فرعون جو اپنے آپ کو خُدا یا مظہرِ خُدا سمجھتا تھا کی طرف اور اس کے درباریوں کی طرف حضرت مُوسیٰ کلیم مبعوث کیے گئے۔ اور اُنھیں زبردست معجزے عطا کیے گئے تاکہ کسی کو آپ کی صداقت میں شک نہ رہے۔ ہر خاص و عام سمجھ لے کہ ایسے معجزے دکھانے والا صرف اللہ تعالیٰ کا رسُول ہی ہو سکتا ہے۔ یہاں ظلم معنی کفر ہے کیونکہ معجزات کے ساتھ ظلم یہی ہے کہ ان کو دیکھ کر دعوتِ حق قبول کرنے کے بجائے اس کا شد و مد سے انکار کر دیا جائے۔ اسی لیے فکفروا بہا کے بجائے فظلموا بہا فرمایا۔

بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿١٠٣﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ

ان کا۔ سو دیکھو کیسا انجام ہوا فساد برپا کرنے والوں کا اور کہا موسیٰ (علیہ السلام) نے اے فرعون! ١٣٤

اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٤﴾ حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى

بلاشبہ میں رسول ہوں پروردگار عالم کا واجب ہے مجھ پر ١٣٥ کہ میں نہ کہوں اللہ پر

اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ

سوائے سچی بات کے۔ میں آیا ہوں تمھارے پاس روشن دلیل لے کر تمھارے رب کی طرف سے پس بھیج دے میرے ساتھ ١٣٦

١٣٤ جیسے شاہان ایران کو کسریٰ اور شاہان رُوم کو قیصر کہا جاتا تھا اسی طرح مصر کے بادشاہوں کا لقب فرعون تھا۔ اس زمانہ میں مصر کے لوگ سُورج کو سب سے بڑا دیوتا یقین کرتے تھے۔ اور جب تک کوئی بادشاہ اپنی مصری رعایا کے دلوں میں یہ تأثر نہ پیدا کر دیتا کہ وُہ سُورج کا اوتار ہے اس کی حکومت کو استحکام نصیب نہ ہوتا۔ اِسی لیے انھوں نے اپنے لیے فرعون کا لقب تجویز کیا جو رَع سے ماخوذ ہے۔ اور سُورج کو مصری زبان میں رَع کہتے۔ حضرت مُوسیٰ علیہ السلام کو جس فرعون سے واسطہ پڑا تھا وُہ اس خاندان کا ایک ہی بادشاہ تھا یا دو بادشاہ تھے۔ بعض کا یہ خیال ہے کہ دو فرعون تھے جس فرعون کے عہد میں آپ کی ولادت ہُوئی اور جس کے محل میں آپ نے پرورش پائی اس کا نام رعمسیس دوم تھا۔ جس کا عہدِ حکومت ۱۲۹۲ سے ۱۲۲۵ قبل مسیح تک تھا۔ اور جس فرعون کے زمانہ میں آپ پیغمبر بن کر آئے اُس کا نام منفتہ یا منفتاح تھا جو اپنے باپ رعمسیس دوم کے بعد تخت نشین ہُوا۔

١٣٥ علیَّ بیاء مشدد اور علی دونوں قرأتیں ہیں۔ پہلی قرأت کے مُطابق حقیق کا معنی "واجب" ہو گا یعنی مجھ پر واجب ہے کہ سچی بات ہی کہوں۔ اور دُوسری قرأت کے مطابق حقیق بمعنی حریص ہو گا یعنی میں سچی بات کہنے پر بڑا حریص ہُوں اور اگر علی جارہ بمعنی با ہو تو پھر حقیق بمعنی واجب ہو گا۔ (قرطبی)

١٣٦ حضرت یُوسف علیہ السلام کے زمانہ میں بنی اسرائیل فلسطین سے ہجرت کر کے مصر آ گئے تھے لیکن مصریوں نے رفتہ رفتہ انھیں اپنا غلام بنا لیا۔ ان پر ہر قسم کے مظالم توڑے جاتے۔ اُن سے ہر طرح کی بیگار لی جاتی۔ یہ اپنے مصری آقاؤں کی زمینیں آباد کرتے، ان کے محلات تعمیر کرتے۔ ان کی حالت بہت ناگفتہ بہ تھی۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرعون سے مطالبہ کیا کہ وُہ ان کی قوم بنی اسرائیل کو آزاد کر دے اور انھیں اجازت دے کہ وُہ یہاں سے سکونت ترک کر کے اپنے آبائی وطن میں رہائش پذیر ہوں۔

بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۰۵﴾ قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ

بنی اسرائیل کو ۔ فرعون نے کہا اگر تم لائے ہو کوئی نشانی تو پیش کرو اسے اگر

كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾

تم (اپنے دعویٰ میں) سچے ہو تو ڈال دیا موسیٰؑ نے اپنا عصا تو فوراً وہ صاف اژدہا بن گیا ۱۳۷؎

وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ

اور نکالا اپنا ہاتھ (گریبان سے) تو فوراً وہ سفید (روشن) ہو گیا دیکھنے والوں کے لیے کہنے لگے قوم فرعون کے رئیس

۱۳۷؎ فرعون کے مطالبہ پر آپ نے دو معجزے پیش کیے۔ ایک تو آپ نے اپنا لکڑی کا عصا پھینکا تو وُہ اژدہا بن کر پھنکارنے لگا۔ دُوسرا آپ نے اپنا ہاتھ گریبان میں ڈالا اور جب نکالا تو وُہ جگمگا رہا تھا اور دیکھنے والوں کی نگاہوں کو اس کی چمک خیرہ کر رہی تھی۔ قرآن کریم میں جہاں کہیں معجزات کا ذکر آتا ہے تو بعض طبیعتوں پر بڑی وحشت طاری ہو جاتی ہے اور اس خوف سے کہ کہیں ان واقعات کو قوانین فطرت کے خلاف پا کر علماء طبیعین قرآن کی تکذیب نہ کرنے لگیں۔ وُہ ان واقعات کی ایسی رکیک تاویلیں کرتے ہیں جن کو قرآن کے الفاظ ہرگز قبول نہیں کرتے۔ حالانکہ یہاں ان کے پریشان اور وحشت زدہ ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔ بات بالکل سیدھی سی ہے کہ خالق کائنات کے متعلق آپ کا عقیدہ کیا ہے۔ کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ کائنات کو پیدا کرنے کے بعد وُہ اب ایک بے بس اور بے اختیار تماشائی بن کر رہ گیا ہے اور اس کو اس میں ردّ و بدل کا کوئی اختیار نہیں تو پھر آپ معذور ہیں۔ قرآن جس خُدا پر ایمان لانے کی دعوت دیتا ہے وُہ ایسا بے بس اور بے کس خُدا نہیں۔ لیکن اگر آپ اسے کائنات کا خالق تسلیم کرنے کے ساتھ ساتھ اس کو رب اور قدیر بھی یقین کرتے ہیں تو پھر آپ پریشان کیوں ہوں۔ وُہ مالک ہے اور اس پر قادر ہے کہ چاہے تو چھوٹے سے انڈے سے سانپ پیدا کر دے اور چاہے تو اس معمول سے ہٹ کر لکڑی کے ایک ڈنڈے کو سانپ بنا دے۔ اگر علماء طبیعین اس بات پر مُصر ہوں کہ جو قواعد اور سُنن اس مادی کائنات میں کارفرما ہیں وُہ اٹل ہیں ان میں ردّ و بدل ممکن نہیں تو ہم ان سے پوچھیں گے کہ کیا آپ کا علم فطرت کے تمام قوانین اور سُنن کو محیط ہے؟ ممکن ہے کہ یہ تخلیق کسی ایسے قاعدہ کے مطابق ہو۔ جہاں تک ابھی آپ کے علم کی رسائی نہ ہوئی ہو۔ نیوٹن اور بڑے بڑے سائنس دان اس کے معترف ہیں کہ ان کا علم ناتمام فطرت کے تمام قوانین و ضوابط کو محیط نہیں بلکہ وُہ ابھی تک صرف چند اسرار کی نقاب کُشائی کر سکے ہیں۔

فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ

واقعی یہ شخص بڑا ماہر جادوگر ہے ۱۳۸؎ چاہتا ہے کہ نکال دے تمھیں تمھارے

اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِى

ملک سے تو اب تم کیا مشورہ دیتے ہو ۱۳۹؎ بولے مہلت دو اسے ۱۴۰؎ اور اس کے بھائی کو اور بھیجو

الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾ وَجَآءَ السَّحَرَةُ

شہروں میں ہرکارے تاکہ وہ لے آئیں تمھارے پاس ہر ماہر جادوگر کو اور آگئے جادوگر

فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ نَعَمْ

فرعون کے پاس ۱۴۱؎ جادوگروں نے کہا یقیناً آج تو ہمیں بڑا انعام ملنا چاہیے اگر ہم (موسیٰ پر) غالب آجائیں فرعون نے کہا بے شک

۱۳۸؎ جب فرعون کے درباریوں نے کلیمی کے عصا کو مہیب اژدہا بنتے ہوئے دیکھا اور آپ کے ہاتھ کو آفتاب سے زیادہ چمکتا ہوا پایا تو وہ یہ نہ سمجھ سکے کہ یہ معجزہ ہے۔ اور فطرت اور قوانین فطرت کے خالق کی قدرت کا نمونہ ہے۔ وہ بے چارے یہی کہہ سکے کہ عام جادو کی طرح یہ بھی ایک نظر فریبی ہے لیکن اس سے بہرحال بہتر۔ اس لیے کہا کہ یہ تو بڑا ماہر جادوگر ہے۔

۱۳۹؎ یعنی موسیٰ اپنے محیر العقول کرتبوں سے لوگوں کو مرعوب کر کے انھیں اپنا عقیدت مند بنا لے گا۔ اور جب اسے قوت و اقتدار حاصل ہو گیا تو پھر ہماری حکومت کا تختہ الٹ کر خود بادشاہ بن بیٹھے گا۔ اور اس کے بعد قبطیوں کو ان کے آبائی وطن سے نکال دے گا۔ اس لیے اے قوم قبط کے امراء! آؤ مشورہ دو کہ اس فتنہ کا سدباب کرنے کے لیے ہمیں کیا تدبیر اختیار کرنی چاہیے۔ افسوس! کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کو اپنا سیاسی حریف سمجھ بیٹھے۔ اور ان کے ذہن میں یہ بات نہ آسکی کہ یہ اللہ تعالیٰ کا رسول ہے جو کسی ذاتی لالچ کے بغیر ان کی خیر خواہی میں کوشاں ہے اور ان کے پنجۂ استبداد سے اپنی مظلوم قوم کو رہائی دلانا چاہتا ہے۔

۱۴۰؎ مصر میں اس وقت فن جادوگری کو بڑا عروج حاصل تھا۔ درباریوں نے جب ان خدشات اور خطرات کے متعلق سنا تو بیک زبان پکار اٹھے کہ آپ کی قلمرو میں بڑے بڑے ماہر جادوگر موجود ہیں۔ آپ موسیٰ اور اس کے بھائی کو چند روز کی مہلت دیں اور اپنے خاص آدمی بھیج کر اپنی مملکت کے چند ساحر جمع کر لیں جو مجمع عام میں موسیٰ کے کرتبوں کی قلعی کھول دیں۔ اس تدبیر سے ہم اپنی حکومت اور اپنی قوم کی سروری کی حفاظت کر سکتے ہیں۔

۱۴۱؎ ملک کے گوشہ گوشہ سے بڑے بڑے ماہر اور تجربہ کار جادوگر آ جمع ہوتے۔ انھیں علم تھا کہ جس مقصد کے لیے انھیں طلب

وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ

اور اس کے علاوہ تم خاصانِ بارگاہ سے ہو جاؤ گے جادوگروں نے کہا اے موسیٰ! یا تو تم (پہلے) ڈالو ورنہ

اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ

ہم ہی (پہلے) ڈالنے والے ہیں ۱۴۲؎ آپ نے فرمایا ۱۴۳؎ تم ہی ڈالو پس جب انھوں نے ڈالا تو جادو کر دیا انھوں نے

النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى

لوگوں کی آنکھوں پر ۱۴۴؎ اور خوفزدہ کر دیا انھیں ۱۴۵؎ اور مظاہرہ کیا انھوں نے بڑے جادو کا اور ہم نے وحی کی

کیا گیا ہے وُہ بڑا اہم ہے۔ وُہ فرعون کی بادشاہت کے متزلزل تخت کو سہارا دینے کے لیے بلائے گئے تھے۔ اس لیے انھوں نے فرعون سے پہلے ہی منوا لیا کہ اگر انھوں نے موسیٰ کو شکست دے دی تو انھیں شاہانہ انعامات سے نوازا جائے گا اس مطالبہ میں اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ انھیں اپنی کامیابی کا کامل یقین تھا جبھی تو وُہ انعامات کا وعدہ لے رہے تھے۔ فرعون جو نبوت کی پہلی ہی عتاب آلود نگاہ سے لرزہ براندام تھا یہ تسلی آمیز الفاظ سُن کر خوشی سے اُچھل پڑا اور کہنے لگا یقیناً تم پر انعام و اکرام کی بارش کی جائے گی اور صرف یہی نہیں بلکہ تم کو اپنے دربار کے خاص مقربین میں داخل کر لیا جائے گا۔

۱۴۲؎ مقابلہ کی مقررہ تاریخ آگئی۔ مقام معین پر فریقین جمع ہوئے۔ ایک طرف ساحرانِ مصر کا جمِ غفیر تھا جس کی پشت پناہی فرعون کر رہا تھا اور دوسری طرف موسیٰ و ہارون ایک مظلوم اور غلام قوم کے نمائندے، جن کے پاس ظاہری ساز و سامان سے کوئی چیز نہ تھی۔ جادوگروں نے اپنی بہادری اور شجاعت کا اظہار کرتے ہوئے موسیٰ علیہ السلام سے پوچھا۔ کہیے پہل آپ کرنا چاہتے ہیں یا مقابلہ کا آغاز ہم کریں۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تم ہی آغاز کرو۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ جادوگروں نے ازراہِ ادب آپ سے یہ دریافت کیا۔ اور ان کی اتنی سی بات اللہ تعالیٰ کو پسند آگئی اور انھیں نعمتِ ایمان سے سرفراز فرما دیا۔ تادبوا مع موسٰی علیہ السّلام فکان ذٰلک سبب ایمانھم (قرطبی)

۱۴۳؎ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تم اپنا جتنا زور دکھانا چاہتے ہو دکھا لو میں بعد میں اپنی صداقت کا معجزہ پیش کروں گا۔ آپ کی اس اجازت کا مقصد یہ تھا کہ باطل اپنی تمام قوتوں کے ساتھ ظاہر ہو جائے تو اس پر بھرپور وار کر کے اس کی بے سروپائی کو عیاں کر دیا جائے تاکہ اس کے بعد کسی کے لیے شک و شبہ کی گنجائش نہ رہے۔ اور حق اپنی تمام تابانیوں کے ساتھ جلوہ نما ہو جائے۔

۱۴۴؎ اس سے سحر کی حقیقت کی طرف اشارہ ہے کہ سحر میں یہ طاقت نہیں ہوتی کہ وُہ کسی چیز کی ماہیت کو بدل دے مثلاً رسیوں کو حقیقتاً سانپ بنا دینا اس کے بس سے باہر ہے۔ اس کا اثر نظر بندی تک محدود ہوتا ہے۔ یعنی ایک چیز ہوتی کچھ ہے لیکن جادو کے اثر سے دیکھنے والے اُسے کوئی اور چیز سمجھنے لگتے ہیں۔ علامہ ابن حیان الاندلسی لکھتے ہیں۔ وفی قولہ

مُوسٰى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿١١٧﴾ فَوَقَعَ

موسیٰ کو کہ ڈالیے اپنا عصا ۱۴۶؎ تو فوراً وہ نگلنے لگا جو فریب انھوں نے بنا رکھا تھا تو ثابت ہو گیا

الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١١٨﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا

حق اور باطل ہو گیا جو (جادو) وہ کیا کرتے تھے یوں فرعونی مغلوب ہو گئے ۱۴۷؎ وہاں (بھرے مجمع میں) اور لوٹے

سحروا اعین الناس دلالة علی ان السحر لا یقلب عینا وانما هو من باب التخییل (بحر محیط) یعنی سحروا اعین الناس کے کلمات سے معلوم ہوا کہ جادو کسی چیز کی حقیقت کو نہیں بدل سکتا۔ لیکن اس کے اثر سے دیکھنے والے یہ خیال کرنے لگتے ہیں کہ چیز کی حقیقت بدل گئی ہے۔ دوسری جگہ (سورۃ طٰہٰ) اسی واقعہ کا ذکر ان الفاظ سے کیا گیا یخیل الیه من سحرهم انها تسعی۔ ان کے جادو سے موسیٰ علیہ السلام کو یہ خیال ہونے لگا کہ یہ رسیاں سانپ بن کر دوڑنے لگی ہیں۔ یہاں بھی تخییل کا ہی ذکر ہے۔ اگرچہ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ یہ جادو کی ایک قسم تھی۔ اس کے علاوہ جادو کی ایک قسم ایسی بھی ہے جس سے ماہیتِ شے بدل جا سکتی ہے لیکن قرآن کے الفاظ سے یہ چیز ثابت نہیں ہوتی۔

۱۴۵؎ یہاں استرهبوا بمعنی ارهبوا ہے یعنی انھوں نے لوگوں کو خوفزدہ کر دیا اور باب استفعال باب افعال کے معنی میں استعمال ہوتا رہتا ہے۔ وقال ابن عطیة واسترهبوا بمعنی ارهبوا واستفعل بمعنی افعل (بحر)

۱۴۶؎ جب وہ اپنے فنِ سحر کا مظاہرہ کر چکے اور اُن کی رسیاں سانپوں کی طرح بل کھا کر فضا میں لہرانے لگیں اور فرعون کو اپنی کامیابی کا یقین ہو گیا۔ اور اس کی قوم اپنے ساحروں کے کمال پر عش عش کر اٹھی تو اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ اے حق کے علم بردار! اٹھ اور باطل کے خوشی سے تمتماتے ہوئے چہرہ پر زناٹے کا وہ چپت رسید کر کہ اس کا خمار اُتر جائے۔ اور وہ اپنی غلطیوں کا اعتراف کرنے پر مجبور ہو جائے۔ موسیٰ کلیمؑ نے لکڑی کا ڈنڈا جس پر وہ ٹیک لگائے اب تک باطل کی ہرزہ سرائی کا مشاہدہ کرتے رہے تھے میدان میں ڈال دیا۔ اچانک وہ ایک مہیب اژدہا بن کر ان لہراتے ہوئے سانپوں کی طرف لپکا اور ان کو نگلنا شروع کر دیا۔ اور آنِ واحد میں فرعونیوں کا سارا بنا بنایا کھیل ختم ہو کر رہ گیا۔ مجمع عام میں حق کا بول بالا ہوا۔ اور باطل کو شرمناک شکست ہوئی۔ اور اُن کی جادوگری کی عظمت اور سطوت کا پردہ چاک ہو گیا۔

۱۴۷؎ فرعون اور اُس کی قوم نے جب یہ ہوش رُبا منظر دیکھا ہو گا تو اُن پر کیا گزری ہو گی، شکست اور اتنی رُسوا کن شکست اور وہ بھی مجمع عام میں۔ فرطِ ندامت سے پانی پانی ہو گئے ہوں گے۔ اب اُنھیں اِس بات میں کوئی شبہ نہ رہا تھا کہ موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے نبی ہیں۔ لیکن اپنی سیاسی اغراض اور مالی مصلحتوں کے پیشِ نظر وہ آپ پر ایمان لانے کے لیے تیار نہ تھے۔

صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَ اُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾

ذلیل وخوار ہو کر ۔ اور گر پڑے ۱۴۸؎ جادوگر سجدہ کرتے ہوئے (اور) کہنے لگے ہم تو ایمان لے آئے سارے جہانوں کے پروردگار پر

رَبِّ مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ

جو رب ہے موسیٰ اور ہارون کا ۔ فرعون نے کہا ۱۴۹؎ تم تو ایمان لائے ہوئے تھے اس پر اس سے پہلے

اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَاۤ

کہ میں (اس کے مقابلہ کی) تمھیں اجازت دیتا بے شک یہ ایک فریب ہے جو تم نے (مل کر) کیا ہے شہر میں تاکہ تم نکال دو یہاں سے

اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ

اس کے اصلی باشندوں کو ابھی (اس کا انجام) تمھیں معلوم ہو جائے گا۔ میں (پہلے) کٹوا دوں گا ۱۵۰؎ تمھارے ہاتھ اور تمھارے پاؤں

مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ قَالُوْۤا اِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا

مختلف طرفوں سے پھر تمھیں سُولی پر لٹکا دوں گا سب کے سب کو ۔ وہ بولے (پروا نہیں) ۱۵۱؎ ہم تو اپنے رب کی طرف

۱۴۸؎ مقابلہ میں جب انھوں نے اپنے جادو کی ناکامی اور اعجازِ موسوی کی کامیابی دیکھی تو وہ مجبور ہو کر سجدہ میں گر پڑے اور اس پروردگارِ عالم پر ایمان لانے کا اعلان کر دیا۔ جس کی الوہیت اور وحدانیت کا اعلان موسیٰ و ہارون علیہما السلام فرمایا کرتے تھے۔

۱۴۹؎ مقابلہ کے میدان میں شکست کیا کم تھی کہ جادوگروں نے مسلمان ہونے کا اعلان کر کے اس کی کمر توڑ دی لیکن تھا ذہین۔ حالات کی نزاکت کو فوراً بھانپ گیا۔ جادوگروں کو خطاب کرتے ہوئے فوراً بول اٹھا۔ اچھا! معلوم ہو گیا کہ تم بھی اسی باغی گروہ کے افراد ہو جن کا سرغنہ موسیٰ ہے۔ اور تم سب نے مل کر ہماری حکومت کا تختہ الٹنے اور قبطیوں کو ان کے وطن سے نکالنے کی سازش کر رکھی ہے۔ ذرا ٹھیرو! ابھی تمھیں اس مکر و فریب کا مزا چکھاتا ہوں۔

۱۵۰؎ کتنی دردناک سزا ہے جس کی وہ ان پاکبازوں کو دھمکی دے رہا ہے ایک طرف کا ہاتھ دوسری طرف کا پاؤں کاٹ کر زندہ سُولی پر لٹکا دینا تاکہ تڑپ تڑپ کر سسک سسک کر دم توڑ دیں عشق و محبت کے متوالوں کے علاوہ کون ہے جو اس سزا کو جھیلنے کے لیے بخوشی تیار ہو۔

۱۵۱؎ حق جب دل میں اتر جاتا ہے اور انسان کے رگ و پے میں سرایت کر جاتا ہے تو وہ انسان کو کیا سے کیا بنا دیتا ہے۔

مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ

جانے والے ہیں۔ اور تو کیا ناپسند کرتا ہے ہم سے ۱۵۲ بجز اس کے کہ ہم ایمان لائے اپنے رب کی آیتوں پر جب آئیں ہمارے

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ

پاس اے ہمارے رب! ۱۵۳ انڈیل دے ہم پر صبر اور وفات دے ہمیں اس حال میں کہ ہم مسلمان ہوں۔ اور کہا قوم فرعون کے سرداروں

قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَ

نے ۱۵۴ (اے فرعون!) کیا تو (یونہی) چھوڑے رکھے گا موسیٰ اور اس کی قوم کو تاکہ فساد برپا کرتے رہیں اس ملک میں اور

اسی واقعہ سے اس کا پتہ چل جاتا ہے۔ رذالت اور کمینگی کے گہرے کھڈ میں گرے ہوئے جادوگروں نے جب حق کو قبول کر لیا تو وہ چشم زدن میں انسانیت کے اس ارفع واعلیٰ مقام پر فائز ہو گئے جہاں نوری فرشتوں کی بھی رسائی نہیں غیرت عشق نے انھیں اپنے ایمان کو کسی تقیہ کے غلاف میں لپیٹنے کی اجازت نہ دی۔ ایسی ہوش ربا سزا سننے کے بعد بھی ان کے پاؤں نہیں ڈگمگائے بلکہ باطل کے چیلنج کو بخوشی قبول کر لیا۔ برملا مجمع عام میں فرعون کے منہ پر اس کی دھمکی کا بڑی بے پروائی اور بے نیازی سے جواب دے کر اس کو اور بے بس کر دیا۔ قربان جائیے انسان حق کی دلربائی اور رعنائی پر ؎

چوں بجاں در رفت جاں دیگر شود | جاں چوں دیگر شد جہاں دیگر شود

جب وہ لوگ ایمان لانے کے بعد اتنے جری اور نڈر ہو گئے تھے تو خاندان نبوت کا کیا کہنا، جن کے فیض نگاہ سے دنیا بھر کو ایمان، صداقت، شجاعت کی دولت ملی۔ کیا انھوں نے کسی کے ڈر سے، کسی مصلحت کے پیش نظر تقیہ کیا ہو گا۔ ہمارا تو یہ ایمان ہے ؎

آئین جواں مرداں حق گوئی و بے باکی | اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

۱۵۲؎ یہ کہہ کر انھوں نے فرعون کو ایک اور چرکہ لگایا یعنی ہم سے اگر کوئی غلطی یا گناہ سرزد ہوتا اور تو ہمیں سزا دیتا تو کوئی معقول بات بھی تھی۔ اب تو ہمیں یہ سزا اس لیے دے رہا ہے کہ ہم نے اللہ کو وحدہٗ لا شریک مان لیا ہے اور اس کی آیات دیکھ کر اس کے رسول کی تصدیق کی ہے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ اس سب سے بڑی اور روشن سچائی پر تو بھی ایمان لاتا اور ہمیں اس حق شناسی پر انعام دیتا لیکن الٹا تو ہمیں اس لیے سولی پر لٹکا رہا ہے یہ خود تیری نادانی اور بدنصیبی کی کھلی دلیل ہے۔

۱۵۳؎ فرعون کو کھری کھری سنانے کے بعد اب انتہائی خضوع وخشوع سے بارگاہِ الٰہی میں عرض کرتے ہیں اے مولا! امتحان کے ان مشکل ترین لمحوں میں ہمیں صبر عطا فرما اور جب ہماری روحیں اس پیکر خاکی سے نکلنے لگیں تو لبوں پر تیری توحید کی شہادت ہو۔

۱۵۴؎ قبطی سرداروں نے جب دیکھا کہ موسیٰ کا اثر ونفوذ دن بدن بڑھ رہا ہے۔ بنی اسرائیل کے علاوہ ان کی اپنی قوم کے کئی

يَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ

چھوڑے رہے موسیٰ تجھے اور تیرے خداؤں کو اس نے (برافروختہ ہوکر) کہا ۱۵۵ (ہرگز نہیں) بلکہ ہم تہ تیغ کر دیں گے ان کے لڑکوں کو

وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَ

اور زندہ چھوڑ دیں گے ان کی عورتوں کو اور ہم بے شک ان پر غالب ہیں فرمایا موسیٰ نے اپنی قوم کو (اے میری قوم) مدد طلب کرو اللہ سے ۱۵۶

اصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ۫ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَ

اور صبر و استقامت سے کام لو۔ بلاشبہ زمین اللہ ہی کی ہے وارث بناتا ہے اس کا جس کو چاہتا ہے اپنے بندوں سے۔ اور

افرادِ موسیٰ کی طرف مائل ہوتے جا رہے ہیں تو انہیں اپنے مستقبل کے متعلق شدید خطرات محسوس ہونے لگے اور فرعون کو یہ کہہ کر بھڑکانا شروع کر دیا کہ آپ کے ملک میں آپ کی خدائی اور آپ کے تجویز کیے ہوئے دوسرے خداؤں کی خدائی کے خلاف کھلم کھلا پرچار ہو رہا ہے اور آپ ہیں کہ اس بات کی پرواہ نہیں کرتے۔ اگر یہی لیل و نہار رہے تو یاد رکھیے فتنہ و فساد کی آگ بھڑک اٹھے گی اور آپ کی خدائی کا تختہ الٹ کر رکھ دیا جائے گا۔ آلِهَتَكَ (تیرے خدا) سے مراد کیا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ فرعون لوگوں سے تو اپنی عبادت کروایا کرتا تھا لیکن اس کا اپنا بھی ایک معبود تھا گائے، ستارے، سورج، جس کی وہ پرستش کیا کرتا۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ خود تو وہ اپنے آپ کو بڑا خدا کہلواتا تھا اور اپنے علاوہ اس نے کئی اور معبود مقرر کر رکھے تھے اور اپنی قوم کو حکم دے رکھا تھا کہ اس کی عبادت کے ساتھ ساتھ وہ ان کی پوجا بھی کیا کرے۔ ایک قرأت آلِهَتَكَ میں الاهتك بھی ہے جس کا معنی ہے عبادت۔ قیل کان یعبد الکواکب وقیل صنع لقومہ اصناما وامرھم ان یعبدوھا تقربا الیہ ولذالک قال انا ربکم الاعلی وقرئ الاھتک ای عبادتک (بیضاوی) وہ باطل پرست جو حق کو حق سمجھنے کے باوجود اسے قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتے جب وہ حق کی روشنی پھیلتے ہوئے دیکھتے ہیں تو لوگوں کی آنکھوں میں دھول ڈالنے کے لیے یہ پروپیگنڈا شروع کر دیتے ہیں کہ یہ لوگ ملک کے امن اور سلامتی کے لیے خطرہ ہیں۔ یہ بغاوت کی آگ بھڑکا رہے ہیں اور فتنہ و فساد پھیلا کر ملکی ترقی کی راہ میں روڑے اٹکا رہے ہیں۔

۱۵۵ ان کی چال کامیاب رہی۔ فرعون بھڑک اٹھا اور انہیں یقین دلایا کہ وہ بنی اسرائیل کے ساتھ وہی ظالمانہ برتاؤ کرے گا جو پہلے ان کے ساتھ کیا جا چکا ہے۔ جب ان کے لڑکے قتل کر دیے جائیں گے تو ان کی لڑکیاں دوسری قوم میں جذب ہو کر رہ جائیں گی اور رفتہ رفتہ اس قوم کا خاتمہ ہو جائے گا۔

۱۵۶ موسیٰ کو جب اس خونی منصوبہ کا علم ہوا تو آپ نے اپنی قوم کو صبر و استقامت کی تلقین فرمائی۔ اور انہیں بتایا کہ زمین کا حقیقی مالک اللہ تعالیٰ ہے اور یہ اسی کے اختیار میں ہے کہ جس قوم کو چاہے اس زمین کا مالک بنا دے۔ اگر عارضی طور پر

الْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ ﴿۱۲۸﴾ قَالُوا أُوذِينَا مِن قَبْلِ أَن تَأْتِيَنَا وَمِن

اچھا انجام پرہیزگاروں کے لیے (مخصوص) ہے۔ قوم موسیٰ ۱۵۷ نے کہا ہم تو ستائے گئے اس سے پہلے بھی کہ آپ آئے ہمارے

بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ۚ قَالَ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن يُهْلِكَ عَدُوَّكُمْ

پاس اور اس کے بعد بھی کہ آپ آئے ہمارے پاس آپ نے کہا عنقریب تمھارا رب ہلاک کر دے گا تمھارے دشمن کو ۱۵۸

وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ ﴿۱۲۹﴾ وَلَقَدْ

اور (ان کا) جانشین بنا دے گا تمھیں زمین میں پھر وہ دیکھے گا کہ تم کیسے عمل کرتے ہو ۱۵۹ اور بے شک

أَخَذْنَا آلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِينَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ

ہم نے پکڑ لیا فرعونیوں کو ۱۶۰ قحط سالی اور پھلوں کی پیداوار میں کمی سے تاکہ وہ

فرعون کو مصر کی حکومت ملی ہے تو کیا ہوا اس کا انجام بڑا ہولناک ہوگا۔ اور آخر کار کامیابی اور کامرانی کا سہرا اُن کے سر باندھا جائے گا جو متقی و پرہیزگار ہیں۔

۱۵۷ فرعون کی یہ دھمکی سن کر بنی اسرائیل گھبرا گئے۔ اور کہنے لگے اے موسیٰ! آپ کے آنے سے پہلے بھی ہم فرعون کے ظلم و ستم کا تختہ مشق بنے رہے۔ ہمارے معصوم بچوں کو بے دردی سے قتل کیا جاتا رہا اور ہماری خواتین کو انھوں نے لونڈیاں بنائے رکھا۔ خیال تھا کہ آپ کی آمد سے ہماری مصیبتوں کی کالی رات ختم ہوگی اور ہمیں آرام کا سانس نصیب ہوگا لیکن کچھ نہ ہوا وہی مصیبتیں ہیں اور وہی ہم ہیں۔ اب ہم کریں تو کیا کریں۔ جائیں تو کہاں جائیں؟

۱۵۸ موسیٰ نے انھیں تسلی دیتے ہوئے کہا کہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ اللہ تعالیٰ تمھارے دشمن کو ہلاک کر دے گا اور حکومت و اقتدار تمھیں بخش دیا جائے گا۔

۱۵۹ بڑا ہی غور طلب جملہ ہے یعنی تمھیں حکومت و اقتدار عطا فرمانے کے بعد وہ دیکھے گا کہ تم کہاں تک اس کی اطاعت و فرماں برداری کرتے ہو اور عدل و انصاف کے تقاضوں کو کہاں تک پورا کرتے ہو۔ اللہ تعالیٰ ہر قوم کو موقع دیتا ہے کہ وہ قوت و اختیار کی مسند پر بیٹھ کر یہ ثابت کرے کہ کیا وہ اس کی اہل ہے یا نہیں۔

۱۶۰ جیسے اس پارہ کی ابتدا میں بتایا گیا کہ کسی قوم پر فیصلہ کن عذاب فوراً ہی نہیں بھیج دیا جاتا بلکہ پہلے اسے مختلف قسم کی سختیوں سے دوچار کر دیا جاتا ہے تاکہ اس کا سخت دل نرم ہو جائے اور وہ اس تنبیہ سے اپنی سابقہ کج روی کی تلافی کرے اور کبھی اس پر نعمتوں کی بارش کی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے منعم حقیقی کو پہچان کر اور اس کی پیہم نوازشات سے متاثر ہو کر نافرمانی سے باز آجائے۔

يَذَّكَّرُونَ ﴿١٣٠﴾ فَإِذَا جَاءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوا لَنَا هَٰذِهِ ۖ وَإِن

نصیحت قبول کریں — تو جب آتا — ان پر خوشحالی (کا دور) ۱۶۰ (تو) کہتے ہم مستحق ہیں اس کے — اور اگر

تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَطَّيَّرُوا بِمُوسَىٰ وَمَن مَّعَهُ ۗ أَلَا إِنَّمَا طَائِرُهُمْ

پہنچتی انھیں کوئی تکلیف (تو) بدفالی پکڑتے موسیٰ سے اور آپ کے ساتھیوں سے ۱۶۱ سن لو! ان کی بدفالی تو (مکافات

عِندَ اللَّهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿١٣١﴾ وَقَالُوا مَهْمَا تَأْتِنَا

عمل کے قانون کے مطابق) اللہ کے پاس ہے لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے — اور انھوں نے کہا کیسی ہی تو لے آئے

اور جب بچانے کے یہ سارے طریقے بھی بے اثر ثابت ہو جاتے ہیں تو پھر اُن پر ایسا عذاب نازل کیا جاتا ہے جو ان کا نام و نشان تک مٹا دیتا ہے۔ اسی سُنّتِ الٰہی کے مطابق آخری عذاب سے پہلے فرعونیوں کو کبھی مصائب و تکالیف سے اور کبھی انعامات اور نوازشات سے ہوشیار کیا جاتا رہا۔ اور اسی سلسلہ کا یہاں ذکر ہو رہا ہے۔ سنین جمع ہے سنۃ کی۔ یہاں اس کا معنی قحط سالی ہے یعنی الجدوب وھذا معروف فی اللغۃ یقال اصابتھم سنۃ ای جدب (قرطبی)

۱۶۱ بجائے اس کے کہ وہ کچھ عبرت حاصل کرتے اُلٹا انھیں موسیٰ علیہ السلام کو ستانے کا ایک اور بہانہ ہاتھ آ گیا۔ اگر انھیں راحت و آرام ہوتا تو کہتے کہ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہم راہِ راست پر ہیں۔ اور اگر تکلیف کا سامنا ہوتا تو کہتے کہ یہ موسیٰ اور اس کے ساتھیوں کی شامتِ اعمال ہے اور اُن کی نحوست کا نتیجہ ہے۔

۱۶۲ بدفالی اور بدشگونی کو عربی میں تطیر کہتے ہیں۔ کیوں کہ اہلِ عرب اکثر پرندوں کی آوازوں سے بدفالی پکڑتے اس لیے یہ لفظ طیر سے مشتق ہوا۔ مشرک قوموں میں فال گیری کی رسم بہت قدیم سے ہے۔ ان کے اوہام پرست مزاج ہر چیز سے اثر قبول کرتے ہیں۔ کسی کام کو نکلے، راستے میں کوئی جانور سامنے سے گزر گیا کسی پرندہ کی آواز کان میں پڑ گئی فوراً گھر واپس لوٹ آئے۔ اسلام نے جہاں اور مشرکانہ رسموں کی ممانعت کی وہاں اس نے تطیر (بدفالی) کا خاتمہ کر دیا۔ چنانچہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے من رجعت الطیرۃ عن حاجتہ فقد اشرک۔ جو کسی چیز سے بدفالی پکڑ کر اپنے مقصد سے لوٹ آیا اُس نے شرک کیا۔ عرض کی گئی یا رسول اللہ! ایسا شخص کیا کفارہ دے تاکہ اس کی توبہ قبول ہو۔ فرمایا یہ کہے اَللّٰھُمَّ لَا طَیْرَ اِلَّا طَیْرُکَ وَلَا خَیْرَ اِلَّا خَیْرُکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ ثم یمضی لحاجتہ (قرطبی) اے اللہ تیری فال کے بغیر اور کوئی فال نہیں۔ تیری بھلائی کے بغیر اور کوئی بھلائی نہیں۔ اور تیرے سوا اور کوئی معبود نہیں یہ الفاظ کہہ کر اپنے کام کو چلا جائے تو اس کی توبہ قبول ہو گی۔

بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾

ہمارے پاس نشانی (معجزہ) تاکہ تو جادو کرے ہم پر اس سے ہرگز نہیں ہم تم پر ایمان لانے والے ۱۶۳؎

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ

پھر بھیجا ہم نے اُن پر طوفان اور ٹڈی اور جُوئیں اور مینڈک ۱۶۴؎

وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۫ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

اور خُون (یہ سب) واضح نشانیاں تھیں پھر بھی وُہ تکبر کرتے رہے اور وُہ لوگ (پیشہ ور) مجرم تھے۔

وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا

اور جب آجاتا ان پر کوئی عذاب تو کہتے اے مُوسیٰ! دُعا کر ہمارے لیے اپنے رب سے اس

۱۶۳؎ مُوسیٰ علیہ السلام کافی عرصہ تک اس مقابلہ کے بعد بھی مصر میں مقیم رہے اور اپنے معجزات دکھا دکھا کر اُنھیں دعوتِ حق دیتے رہے لیکن وُہ اپنی ضد اور عناد پر اَڑے رہے اور آخر صاف صاف کہہ دیا کہ آپ جو چاہیں جادُو کے کرتب دکھاتے رہیں ہم ہرگز آپ پر ایمان نہیں لائیں گے۔ اُن کے ایمان نہ لانے کی وجہ یہ تو تھی نہیں کہ انھیں موسیٰؑ کی صداقت میں شک تھا آپ کی صداقت تو اُن کے سامنے روزِ روشن کی طرح عیاں تھی لیکن اُس کو تسلیم کرنا ان کے لیے ٹیڑھی کھیر تھی۔ کیونکہ اس کا صاف مطلب یہ تھا کہ وُہ اپنے ناجائز اختیارات اور مراعات سے محرُوم ہو جائیں۔ ان کی لُوٹ کھسوٹ پر پابندی لگا دی جائے اور اُن کی عیش و عشرت کی محفلیں درہم برہم کر دی جائیں وُہ اس کے لیے آمادہ نہ تھے۔ یہی روکاوٹیں ہیں جو ہر زمانہ میں حق قبول کرنے کے راستے میں پہاڑ بن کر کھڑی ہو جایا کرتی ہیں۔ مھما کے متعلق خلیل نحوی نے کہا ہے کہ اصل میں یہ ماما تھا۔ پہلا ما شرطیہ ہے اور دُوسرا جزا کی تاکید کا فائدہ دیتا ہے۔ پھر پہلے ما کے الف کو ھ سے بدل دیا تاکہ تکرار نہ ہو۔ قال الخلیل: الاصل ماما الاولی للشرط والثانیة زائدة توکیدا للجزاء کما تزاد فی سائر الحروف مثل اما و حیثما و اینما (قرطبی)

۱۶۴؎ یہاں عذاب کی مختلف صُورتوں کا بیان ہو رہا ہے جن میں وقتاً فوقتاً فرعونیوں کو مبتلا کیا گیا۔ طُوفان سے مُراد کثرتِ بارش سے سیلاب کا آجانا ہے۔ اور مجاہد اور عطاء سے طوفان بمعنی موت منقول ہے قال مجاھد وعطاء الطوفان الموت۔ نحاس کہتے ہیں کہ لغت میں ہر مہلک چیز کو طُوفان کہا جاتا ہے۔ کچھ تباہی تو سیلاب سے آئی۔ باقی ماندہ فصلوں کا صفایا ٹڈی دل نے کر دیا۔ قمل کے متعدد معنی ہیں۔ ابن عباس نے فرمایا کہ قمل وُہ گھن ہے جو گندم کو لگ جاتا ہے۔ ابن زید کہتے ہیں

عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ

عہد کے سبب جو اس کا تمھارے ساتھ ہے ۱۶۵؎ اگر تم ہٹا دو گے ہم سے یہ عذاب تو ہم ضرور ایمان لائیں گے تم پر اور ضرور روانہ

مَعَكَ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ﴿۱۳۴﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَىٰٓ

کردیں گے تیرے ساتھ بنی اسرائیل کو پھر جب ہم نے دُور کردیا اُن سے عذاب ایک مقررہ

أَجَلٍ هُمْ بَالِغُوهُ إِذَا هُمْ يَنْكُثُونَ ﴿۱۳۵﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنٰهُمْ

میعاد تک جس کو وُہ پہنچنے والے تھے تو فوراً انھوں نے (توبہ کا عہد) توڑ دیا پھر ہم نے بدلہ لیا اُن سے ۱۶۶؎ اور غرق کردیا انھیں

فِي الْيَمِّ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾

سمندر میں کیونکہ انھوں نے جھٹلایا تھا ہماری آیتوں کو اور وُہ اس (آنے والے) عذاب سے بالکل غافل تھے۔

کہ اس سے مُراد پِسُّو ہیں۔ اس کا ایک معنی جُوئیں بھی ہے یعنی پسّوؤں اور جُوؤں نے اُنھیں جسمانی اذیت پہنچا کر ناک میں دم کردیا۔ اور اُن کے غلّے کے انباروں میں گھن اور سُسری کثرت سے پیدا ہوگئی جس نے ان کو خاک کرکے رکھ دیا مینڈک اس کثرت سے نمودار ہوگئے کہ گلی کُوچے، گھر کے در و دیوار اور کھانے کے برتن تک ان سے بھر گئے۔ پینے کا پانی گھڑوں میں بھر کر رکھتے تو وُہ خُون بن جاتا۔

۱۶۵؎ یعنی ان مذکورہ عذابوں میں سے جب بھی کوئی عذاب اُن پر نازل ہوتا اور اس سے نجات کی جب کوئی صُورت انھیں دِکھائی نہ دیتی تو بے بس ہو کر مُوسیٰ علیہ السلام کے پاس حاضر ہوتے اور عرض کرتے اَے مُوسیٰ! اپنے رب سے دُعا مانگو کہ یہ عذاب ٹل جائے تو پھر ہم آپ پر ایمان لے آئیں گے اور بنی اسرائیل کو آپ کے ساتھ روانہ کردیں گے۔ اور جب مُوسیٰ کی دُعا اور برکت سے وہ عذاب ٹال دیا جاتا تو وُہ ایمان لانے کا وعدہ توڑ ڈالتے اور بنی اسرائیل کو آزاد کرنے سے انکار کردیتے۔ ہر بار وُہ وعدہ کرتے۔ اور جب مشکل آسان ہوجاتی تو پھر اس وعدہ کو توڑ دیتے۔

۱۶۶؎ جب وُہ کسی طرح ایمان لانے پر تیار نہ ہُوئے تو انجام کار ان کو بحرِ قلزم میں غرق کردیا گیا۔ بانھم سے اس عذاب کی وجہ بیان کی جارہی ہے کہ ان کو یہ سزا بلا وجہ نہیں دی گئی بلکہ ان کی مسلسل تکذیب اور پیہم غفلت کی وجہ سے ان کو یہ روزِ بد دیکھنا پڑا۔

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ

اور ہم نے وارث بنادیا اس قوم کو جسے ذلیل وحقیر سمجھا جاتا تھا ۱۶۷ (انھیں وارث بنایا) اس زمین کے شرق و

وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى

غرب کا جس میں ہم نے برکت رکھ دی تھی اور پورا ہو گیا آپ کے پروردگار کا اچھا وعدہ ۱۶۸

عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ بِمَا صَبَرُوْا ؕ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ

بنی اسرائیل کے متعلق بوجہ اس کے کہ انھوں نے صبر کیا تھا اور ہم نے برباد کر دیا جو کیا کرتا تھا

فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ۝ وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

فرعون اور اس کی قوم اور (برباد کر دیے) جو بلند مکان ۱۶۹ وہ تعمیر کیا کرتے تھے اور ہم نے پار اُتارا بنی اسرائیل کو

الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا

سمندر سے ۱۷۰ تو گزرے وہ ایک ایسی قوم پر جو مگن بیٹھے تھے اپنے بتوں کی عبادت میں بنی اسرائیل نے کہا

۱۶۷ اپنی شانِ ذرہ نوازی کا اظہار فرمایا جا رہا ہے کہ فرعون کو تو اس کے لاؤ لشکر سمیت ڈبو کر ہلاک کر دیا اور بنی اسرائیل جیسی ذلیل اور کمزور قوم کو اُن کا جانشین اور اُن کی وسیع مملکت کا وارث بنا دیا۔ ارض سے مُراد یہاں مصر و شام کے دونوں ملک ہیں۔ والارض ھی ارض الشام و مصر (قرطبی) یہ سرزمین ظاہری اور باطنی برکات سے مالامال تھی۔ زمین کی زرخیزی، باغات کی کثرت اور پانی کی فراوانی کے باعث یہاں کے باشندے فارغ البال تھے اور باطنی برکت یہ تھی کہ شام کا علاقہ کثیر التعداد انبیاء کی قبور سے مزین تھا اور مصر میں حضرت یُوسف صدیق علیہ السلام کا مزار پُرانوار تھا۔

۱۶۸ فرعون کی ساری تدبیریں اکارت گئیں اور اُس کے سارے حربے ناکام ثابت ہُوئے اور اللہ عزّ وجل نے بنی اسرائیل سے حکومت و اقتدار کا جو وعدہ کیا تھا وُہ پُورا ہو کر رہا۔

۱۶۹ عرش یعرش اذا بنی۔ قال ابن عباس ومجاھد ای ما کانوا یبنون من القصور وغیرھا (القرطبی) محل تعمیر کرنا

۱۷۰ فرعون اور اُس کی قوم نے جو ناروا سلوک حضرت کلیمؑ سے کیا اُس کی رُوئیداد تو آپ اب پڑھ چکے لیکن آپ کی اپنی قوم کا رویہ بھی آپ کے ساتھ بڑا ناشائستہ اور غیر مہذبانہ تھا۔ مُوسٰی علیہ السلام نے اپنا عصا مارا سمندر میں ایک شگاف پیدا ہو گیا جس میں سے گزرتے ہُوئے وُہ دُوسرے کنارے پر پہنچ گئے اور فرعون اور اُس کا لشکر اُن کی آنکھوں کے سامنے غرق ہو گیا

يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ

اے موسیٰ! بنا دو ہمارے لیے بھی ایک (ایسا) خدا جیسے اُن کے خدا ہیں موسیٰ نے فرمایا یقیناً تم جاہل (اور بے سمجھ)

تَجْهَلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾

لوگ ہو بے شک یہ لوگ جس کام میں لگے ہیں تباہ ہو کر رہیں گے [۱۷۱] اور باطل ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیں

قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾

موسیٰ نے کہا کیا بغیر اللہ کے میں تلاش کروں تمھارے لیے کوئی اور خدا [۱۷۲] حالانکہ اُسی نے فضیلت دی ہے تمھیں سارے جہانوں پر [۱۷۳]

یہ قافلہ اب جزیرہ نمائے سینا کے جنوب کی طرف ساحل کے کنارے کنارے روانہ ہوا۔ راستے میں اُن کا گزر مفقہ کے مقام پر ہوا۔ جہاں مصریوں کا ایک بہت بڑا بُت خانہ تھا۔ جس کے آثار اب بھی جزیرہ نما کے جنوب مغربی علاقہ میں پائے جاتے ہیں۔ اس کے قریب ایک اور مقام بھی تھا جہاں قدیم زمانہ سے سامی قوموں کی چاند دیوی کا بُت تھا۔ غالباً انھیں مقامات میں سے کسی کے پاس سے گزرتے ہُوئے بنی اسرائیل کو ایک مصنوعی خُدا کی ضرورت محسوس ہوئی ہوگی۔ (تفہیم القرآن)

لیکن قرطبی نے قتادہ سے یہ قول نقل کیا ہے کہ وُہ قوم جن پر اُن کا گزر ہوا وہ لخم تھی جو رقہ شہر میں سکونت پذیر تھی۔ اور گائے کی پرستش کیا کرتی تھی۔ قال قتادة كان اولئك القوم من لخم و كانوا نزولا بالرقة وقيل كانت اصنامهم تماثيل البقر (قرطبی) اور علامہ بیضاوی اور دُوسرے مفسرین نے اس قول کے علاوہ یہ احتمال بھی ظاہر کیا ہے کہ وُہ قوم عمالقہ کی تھی۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اپنے نبی کی صداقت کی آیات بینات دیکھنے کے باوجود بنی اسرائیل کا فوری طور پر شرک صریح کی طرف مائل ہو جانا اس بات کو بالکل واضح کر دیتا ہے کہ طبع انسانی ماحول سے کتنی جلدی متاثر ہوتی ہے اور غلامانہ زندگی فطرت سلیمہ کو کس طرح مسخ کر کے رکھ دیتی ہے۔

[۱۷۱] آپ نے فرمایا اے بے وقوفو! ایسے لوگوں کی تقلید کرنے کے لیے بے قرار ہو جو عنقریب ہلاک و برباد ہونے والے ہیں اور وُہ باطل جو انھوں نے اختیار کر رکھا ہے اس کی بے سروپائی بھی ظاہر ہونے والی ہے۔ التبار۔ الهلاك ۔ مُتَبَّرٌ مهلك۔ ہر ٹوٹے ہوئے برتن کو بھی متبر کہتے ہیں۔

[۱۷۲] اپنے مسلک کی بڑی زوردار دلیل پیش فرمائی کہ میں اپنے خالق حقیقی کے سوا کسی غیر کی عبادت نہیں کرتا۔ فرمایا کہ انسان اشرف المخلوقات ہے اور جو فضیلت اور شرف اس کو بخشا گیا ہے وُہ کائنات کی کسی بڑی سے بڑی چیز کو بھی نہیں دیا گیا تو پھر اس سے بڑھ کر اور نادانی کیا ہو سکتی ہے کہ انسان اشرف المخلوقات ہوتے ہُوئے اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک کو چھوڑ کر کسی اور شے کو اپنا معبود بنا لے جو مرتبہ میں اس سے کہیں حقیر اور کمتر ہے۔

وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ

اور وہ وقت یاد کرو جب ہم نے نجات دی تمھیں فرعونیوں سے جو چکھاتے تھے تمھیں سخت عذاب

يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ

مار ڈالتے تھے تمھارے فرزندوں کو اور زندہ چھوڑتے تھے تمھاری عورتوں کو اور اس میں تمھارے رب کی طرف سے

رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۱۴۱﴾ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا

بڑی آزمائش تھی اور ہم نے وعدہ کیا موسیٰ سے تیس رات کا اور مکمل کیا اسے

بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ

دس مزید راتوں سے ۱۷۴ سو پوری ہو گئی اس کے رب کی میعاد چالیس راتیں اور (طور پر جاتے وقت) کہا موسیٰ نے اپنے بھائی

هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴۲﴾

ہارون سے کہ میرا نائب رہنا میری قوم میں اور اصلاح کرتے رہنا اور مت چلنا مفسدوں کے راستہ پر ۱۷۵

۱۷۳؎ اس پر حاشیہ سورۃ بقرہ میں گزر چکا ہے۔ ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اول ۲ : ۴۹

۱۷۴؎ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قیادت میں بنی اسرائیل فرعون کی غلامی سے چھٹکارا پانے کے بعد وادی سینا میں آکر آباد ہوئے۔ جہاں انھیں ہر طرح کی آزادی حاصل تھی مصر میں ہی آپ نے اپنی قوم کو بتا دیا تھا کہ جب وہ آزادی کی نعمت سے سرفراز کیے جائیں گے تو اللہ تعالیٰ انھیں ایک جامع کتاب دے گا جس میں زندگی کے ہر شعبے کے لیے واضح ہدایات ہوں گی۔ اب وہ کتاب عنایت کرنے کے لیے آپ کو کوہ طور پر طلب کیا گیا۔ اور انھیں حکم دیا گیا کہ یہ مدت (جو پہلے تیس اور پھر چالیس روز کر دی گئی) تمام مشاغل سے الگ تھلگ ہو کر یاد الٰہی میں بسر کریں تاکہ ذکر و فکر سے روح و قلب کو وہ قوت و توانائی حاصل ہو جائے جس سے وہ اس بارِ گراں کو اٹھا سکیں۔ اولیاء کرام کی چالیس روزہ چلّہ کشیوں کی یہی اصل ہے۔ ان للاربعین خصوصیة فی اختصاص الکلام للانبیاء کما ان لہا اختصاصا فی ظہور ینابیع الحکمۃ من قلوب الاولیاء کقولہ علیہ السلام من اخلص للہ اربعین صباحا ظہرت ینابیع الحکمۃ من قلبہ علی لسانہ (روح البیان)

۱۷۵؎ حضرت موسیٰ علیہ السلام جب جبل طور پر روانہ ہونے لگے تو اپنے بھائی ہارون کو اپنا خلیفہ مقرر کیا اور انھیں ضروری ہدایات دیں۔ آپ کو اپنی قوم کے مزاج کا علم تھا۔ اس لیے آپ نے حضرت ہارون کو یہ خصوصی حکم دیا کہ اگر ان کی غیر حاضری

وَلَمَّا جَآءَ مُوسٰى لِمِيقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ

اور جب آئے موسیٰ ہمارے مقرر کیے ہوئے وقت پر اور گفتگو کی اُن سے اُن کے رب نے (تو اُس وقت) عرض کی اے میرے

اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ

رب! مجھے دیکھنے کی قوت دے تاکہ میں تیری طرف دیکھ سکوں ۱۶۹ اللہ نے فرمایا تم ہرگز نہیں دیکھ سکتے مجھے ۱۷۰ البتہ دیکھو اس پہاڑ کی طرف اگر

مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا

یہ ٹھہرا رہا اپنی جگہ پر تو تم بھی دیکھ سکو گے مجھے ۱۷۱ پھر جب تجلی ڈالی ان کے رب نے پہاڑ پر تو کر دیا اسے پاش پاش

میں یہ کوئی فتنہ و فساد برپا کریں تو آپ اُن کا ساتھ نہ دیں۔ حضرت ہارون علیہ السلام اگرچہ عمر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تین سال بڑے تھے لیکن منصب رسالت میں وہ آپ کے تابع تھے۔ اس لیے آپ کے حکم کے پابند تھے۔

۱۶۹ جب چالیس روزہ مدت پوری ہو گئی اور ذکرِ الٰہی سے قلب و رُوح میں کلامِ الٰہی سننے کی توانائی پیدا ہو گئی تو اللہ تعالیٰ نے گفتگو فرمائی۔ جب کلام کی لذت رگ و پے میں سرایت کر گئی تو دل میں متکلم کے شوقِ دید کا طوفان اُمڈ آیا اور عرض کی کہ اے سراپا دلبری و رعنائی! چشمِ شوق اب ان حجابوں کو برداشت نہیں کر سکتی۔ از راہِ لطف و کرم انھیں اُلٹ دے اور مجھے اپنا آپ دکھا۔ علامہ بیضاوی نے اَرِنِیْ کے دو معنی بیان کیے ہیں:۔

۱۔ ارنی نفسک بان تمکننی من رؤیتک یعنی مجھے اپنے دیکھنے کی قدرت عطا فرما تاکہ میں تجھے دیکھ سکوں۔

۲۔ او تتجلی لی فانظر الیک یعنی خود حجاباتِ عظمت کو سرکا تاکہ چشمِ شوق لطفِ دید حاصل کر سکے۔

۱۷۰ یہ نہیں فرمایا لَنْ اُرٰی: میں دیکھا نہیں جا سکتا۔ تاکہ یہ سمجھا جائے کہ رویتِ باری ممتنع ہے۔ جیسے معتزلہ کا مذہب ہے۔ بلکہ فرمایا لَنْ تَرٰىنِیْ، اے موسیٰ آپ مجھے نہیں دیکھ سکتے۔ مجھے دیکھنے کی تاب فقط اس نگاہ میں ہے جو مازاغ کے سُرمہ سے سُرمگین ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ دیدارِ الٰہی ناممکن نہیں اور یہی اہل السنۃ والجماعت کا مسلک ہے۔ عند اھل السنۃ والجماعۃ الرویۃ جائزۃ۔ (قرطبی) اگر توفیقِ الٰہی شاملِ حال رہی تو سُورۃ النجم میں اس بحث کو ذرا تفصیلاً لکھا جائے گا۔

۱۷۱ حضرت کلیم کی عرضداشت کا جواب تو لن ترانی سے دے دیا گیا لیکن مزید کرم کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم اپنی ایک تجلی اس پہاڑ پر ڈالتے ہیں۔ اگر وُہ اس کو برداشت کر سکا تو پھر ممکن ہے کہ آپ بھی برداشت کر سکیں لیکن اگر اس کی سنگین چٹانیں اور فلک بوس چوٹیاں چُور چُور ہو جائیں تو پھر آپ کو خود بخود پتہ چل جائے گا کہ آپ کو بھی اس کا یارا نہیں تھا چنانچہ جب نورِ الٰہی کی ایک کرن کوہِ طور پر جلوہ طراز ہوئی تو وُہ ریزہ ریزہ ہو گیا اور موسیٰ علیہ السلام اس منظر کی ہیبت و جلال سے

وَخَرَّ مُوسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ

اور گر پڑے موسیٰ بے ہوش ہو کر — پھر جب آپ کو ہوش آیا تو ۱۷۹؎ عرض کی پاک ہے تو ہر نقص سے میں توبہ کرتا ہوں

وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى

تیری جناب میں اور میں ۱۸۰؎ سب سے پہلا ایمان لانے والا ہوں — اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے موسیٰ میں نے ۱۸۱؎ سرفراز کیا ہے تجھے تمام

النَّاسِ بِرِسٰلٰتِىْ وَبِكَلَامِىْ ۖ فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ

لوگوں پر اپنی پیغامبری سے اور اپنے کلام سے — اور لے لو جو میں نے دیا ہے تمھیں اور ہو جاؤ شکر گزار

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَىْءٍ مَّوْعِظَةً

بندوں سے — اور ہم نے لکھ دی موسیٰ کے لیے ۱۸۲؎ تختیوں میں ہر چیز نصیحت پذیری کے لیے

بے ہوش ہو کر گر پڑے۔

۱۷۹؎ جب کچھ وقت گزرنے کے بعد اُنھیں ہوش آیا تو اللہ کی پاکیزگی بیان کرتے ہوئے اپنے اس سوال پر معذرت پیش کی کیونکہ واصلانِ بارگاہِ الٰہی کے لیے اللہ تعالیٰ کے اذن کے بغیر کوئی سوال کرنا بھی بہت بڑی بات ہے۔ اسی لیے توبہ کر رہے ہیں ؎ رضائے خاطر محبوب شرطِ دیدار است — بحکمِ شوق ملاحظہ مکن کہ بے ادبی ست

۱۸۰؎ یعنی اپنی اُمت کے مومنوں میں سے سب سے پہلے ایمان لانے والا میں ہوں۔

۱۸۱؎ یعنی میں نے اپنا پیغامِ ہدایت پہنچانے کے لیے آپ کے ہمعصروں میں سے آپ کو چن لیا ہے۔ اور آپ کو بلا واسطہ کلام کرنے کی عزت سے ممتاز فرمایا ہے۔ جو نعمت دی جا رہی ہے اسے بصد شوق و مسرت قبول کرو اور اسی پر اس کا شکریہ ادا کرتے رہو۔ اور ان باتوں کے متعلق سوال نہ کرو جو آپ کی طاقت سے باہر ہیں۔ الناس سے مراد صرف وہ لوگ ہیں جن کی طرف آپ رسول بنا کر بھیجے گئے تھے۔ فالمراد عن الناس المرسل الیهم (قرطبی)

۱۸۲؎ جس مقصد کے لیے موسیٰ علیہ السلام کو بلایا تھا اب اُس کی تکمیل فرمائی جا رہی ہے۔ یعنی وہ نسخۂ ہدایت و رحمت جس میں ہر طرح کی نصیحتیں اور احکامِ شرعیہ لکھے ہوئے تھے آپ کو دیا گیا۔ یہی تورات تھی جو پتھر کی سلوں پر لکھی لکھائی بیک وقت آپ کو دے دی گئی۔ من کل شئی مما یحتاج الیه فی دینه من الاحکام و تبیین الحلال والحرام۔ (قرطبی)

وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَأْمُرْ قَوْمَكَ يَأْخُذُوا

اور (لکھ دی) تفصیل ہر چیز کی پھر (فرمایا) پکڑ لو اسے مضبوطی سے ۱۸۳ اور حکم دو اپنی قوم کو کہ پکڑ لیں ۱۸۴

بِأَحْسَنِهَا ۚ سَأُورِيكُمْ دَارَ الْفَاسِقِينَ ﴿١٤٥﴾ سَأَصْرِفُ عَنْ آيَاتِيَ

اس کی اچھی باتیں عنقریب میں دکھاؤں گا تمھیں نافرمانوں کا (برباد شدہ) گھر میں پھیر دوں گا اپنی نشانیوں سے

الَّذِينَ يَتَكَبَّرُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَإِن يَرَوْا كُلَّ

ان لوگوں (کی توجہ) کو جو غرور کرتے پھرتے ہیں زمین میں ناحق ۱۸۵ اور اگر دیکھ لیں تمام

۱۸۳ قوت اور مضبوطی سے پکڑنے کا مطلب یہ ہے کہ بڑی کوشش، یکجہتی، ہوشیاری اور شوق سے اس پر عمل کرنے کا عزم کرکے اس کو ہاتھ میں لو۔ ای بجد ونشاط (قرطبی) ای بجد وعزیمة (بیضاوی)

۱۸۴ یعنی یہ کتاب اس لیے آپ کو عطا نہیں کی جارہی کہ آپ خود اس پر عمل کرکے سمجھ لیں کہ آپ نے اس کا حق ادا کردیا بلکہ خود عمل پیرا ہونے کے ساتھ اپنی قوم کو بھی حکم دیں کہ وہ اس کے احکام جو سراپا خیر وبرکت ہیں پر عمل کریں اور اس کے اوامر ونواہی کی پابندی کریں۔ اور اُن پر یہ بات بھی واضح کردی جائے کہ اگر انھوں نے ہماری شریعت کے احکام سے سرتابی کی تو انھیں بھی وُہ گھر دیکھنا پڑے گا جو سرکشوں اور نافرمانوں کا ٹھکانا ہے یعنی جہنم اور بعض علماء نے دار الفاسقین سے مصر وشام کے ممالک مُراد لیے ہیں جہاں فرعون اور عمالقہ کی نافرمان قوموں کو نیست ونابود کردیا گیا تھا اور جن کے کھنڈرات اپنے بنانے والوں کی عظمت وشوکت کی گواہی دے رہے ہیں۔

۱۸۵ یہاں ایک قاعدہ بیان کیا جارہا ہے کہ جو لوگ غرور وتکبر کی روش اختیار کرتے ہیں اور اپنی بڑائی کے گھمنڈ میں مست رہتے ہیں۔ اور انبیاء کی اطاعت کرنے میں اپنی ہتک محسوس کرتے ہیں۔ بطور سزا ایسے لوگوں کو کتاب الٰہی کے سمجھنے کی توفیق سے محروم کردیا جاتا ہے۔ اور وُہ اس چشمہ حیات سے کسی طرح مستفید نہیں ہوسکتے۔ قال قتادہ سامنعھم فھم کتابی وقیل ساصرفھم عن نفعھا وذلك مجازاۃ علی تکبرھم (قرطبی) بغیر الحق کے الفاظ سے یہ بتادیا کہ اُن کا یہ تکبر اور غرور بے وجہ ہے۔ اُنھیں ہرگز یہ حق نہیں پہنچتا تھا کہ وُہ اپنے آپ کو اتنا اونچا اور بڑا سمجھنے لگیں کہ اللہ تعالیٰ کے رسُولوں کی اطاعت سے اُنھیں عار ہو۔

اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوْهُ

نشانیوں کو (تو بھی) ۱۸۶؎ نہ ایمان لے آئیں اُن پر۔ اور دیکھ بھی لیں راہ رُشد و ہدایت تب بھی نہ بنائیں اسے (اپنا)

سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۭ ذٰلِكَ

راستہ۔ اور اگر دیکھیں گمراہی کے راستہ کو (تو جھٹ) بنالیں اسے (اپنی) راہ یہ ساری غلط روی

بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ۞ وَالَّذِيْنَ

اس لیے ہے کہ انھوں نے ۱۸۷؎ جھٹلایا ہماری آیتوں کو اور ہمیشہ رہے ان سے غفلت برتنے والے اور جنھوں نے جھٹلایا

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَاۗءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ

ہماری ۱۸۸؎ آیتوں کو اور آخرت کی ملاقات کو ضائع ہو گئے ان کے سارے اعمال کیا انھیں جزا دی جائے گی

۱۸۶؎ اُن کے دل کی آنکھ کے بے نور ہونے کی کیفیت بیان کی جارہی ہے کہ ہزار دلیلیں سُنتے ہیں بے شمار معجزے دیکھتے ہیں لیکن ایمان نہیں لاتے۔ نیکی اور ہدایت کا راستہ جو نورانی قندیلوں سے جگمگا رہا ہے۔ اس پر چلنے کے لیے انھیں کہا جائے تو اُن کا دل ڈوب ڈوب جاتا ہے اور اندھیروں اور تاریکیوں سے گھری ہوئی ضلالت کی راہ پر چلنے کے لیے بڑے ہی بے تاب نظر آتے ہیں۔

۱۸۷؎ اس حقیقت کو پھر ایک بار واضح کر دیا کہ آیاتِ الٰہی کی جان بُوجھ کر تکذیب اور اُن کی طرف سے دانستہ غفلت و بے پرواہی اِنسان کی ابدی شقاوت کا باعث بن جاتی ہے۔ یہاں بنی اسرائیل کو تنبیہ کی جارہی ہے کہ کان کھول کر ہمارا اٹل قانون سُن لو۔ تم سے پہلے جو قومیں تباہ و برباد کر دی گئیں اس کی وجہ یہ تھی کہ انھوں نے غرور و نخوت کے نشہ میں مخمور ہو کر ہمارے پیغمبروں کو جھٹلایا۔ ہماری آیات کی طرف بے اِلتفاتی کی تو ہم نے ہدایت قبول کرنے کی صلاحیت اُن سے چھین لی۔ اگر تم نے بھی انھیں کی سی روش اختیار کی اور تورات کے مندرجہ احکام کو بسر و چشم قبول نہ کیا تو تمھارا انجام بھی وُہی ہوگا۔ بنی اسرائیل کے علاوہ اُمتِ محمدیہ علی صاحبہا افضل الثناء والتحیۃ کو بھی اپنے اس قانون سے جس میں کوئی استثنا نہیں آگاہ کر دیا تاکہ وہ بھی گوش ہوش سے ہمارے نبی کی باتیں سُنیں اور چشم دل سے اس کے اسوہ حسنہ کا مشاہدہ کریں تاکہ وہ اس نعمت عظمیٰ سے کما حقہٗ فائدہ اُٹھا سکیں ایسا نہ ہو کہ اپنے علم و دانش پر اِترا کر میرے رسُول کی سُنّت کو نظر انداز کر دیں اگر انھوں نے بھی ایسا کیا تو اُن کو بھی وُہی سزا دی جائے گی جو اُن سے پہلے نافرمان قوموں کو دی گئی۔

۱۸۸؎ نیک اعمال کا اجر قیامت کے دن صرف اُن لوگوں کو ہی عطا فرمایا جائے گا جو اللہ تعالیٰ، اُس کے رسُولوں اور روزِ جزا

إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٤٧﴾ وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوسَىٰ مِن بَعْدِهِ مِنْ

سوائے اس کے جو وُہ کیا کرتے تھے ۔ (ہرگز نہیں) اور بنا لیا قومِ موسیٰ نے ۱۸۹؎ ان کے (طور پر جانے کے) بعد

حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهُ خُوَارٌ ۚ أَلَمْ يَرَوْا أَنَّهُ لَا يُكَلِّمُهُمْ

اپنے زیورات سے ایک بچھڑا جو محض ڈھانچہ تھا اس سے گائے کی آواز آتی تھی ۔ کیا نہ دیکھا انھوں نے کہ وُہ نہ بات کر سکتا ہے

وَلَا يَهْدِيهِمْ سَبِيلًا ۘ اتَّخَذُوهُ وَكَانُوا ظَالِمِينَ ﴿١٤٨﴾ وَلَمَّا

اُن سے اور نہ انھیں ہدایت کی راہ بتا سکتا ہے انھوں نے (خدا) بنا لیا اُسے اور وُہ (پہلے سے) ظالم تھے ۔ اور جب وُہ

پر ایمان لائے کیونکہ انھیں کے اعمال کی غرض و غایت رضاء خداوندی اور نعیم جنت کا حصول تھا ۔ لیکن وُہ لوگ جو نہ خدا پر ایمان اور نہ روزِ جزا پر یقین رکھتے ہیں قیامت کے دن اُن کے اعمال کا کوئی معاوضہ اُنھیں نہیں ملے گا ۔ کیونکہ یہ اعمال کرتے وقت ان کے ذہن میں اس اجر کا کوئی تصور نہ تھا ۔ کیا آپ دیکھتے نہیں کہ اگر ایک مسلمان بھی لوگوں کے دکھاوے کے لیے کوئی نیک عمل کرتا ہے ۔ یا کوئی زاہدِ شب زندہ دار بھی اپنی اس شبانہ روز زہد و ریاضت سے لوگوں کے دلوں پر اپنی ولایت کا سکہ جمانا چاہتا ہے تو اس کے سارے اعمال رائیگاں ہو جاتے ہیں ۔ تو ایک کافر کے اعمال کو قیامت کے روز کیوں مستحق اجر سمجھا جائے ۔ ہاں دُنیا میں اُن کو ان اعمال کا معاوضہ کاروبار میں ترقی ، سیاسی قوت و اقتدار وغیرہ کی شکل میں دے دیا جاتا ہے ۔

۱۸۹؎ حضرت موسیٰ علیہ السلام تو کوہِ طور پر تشریف لے گئے تاکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک کامل ضابطہ حیات لا کر اپنی قوم کو دیں تاکہ ان کی زندگی اطاعتِ الٰہی کا ایک مکمل نمونہ بن جائے لیکن ان بھلے مانسوں نے آپ کی غیر حاضری کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی توحید سے ہی منہ موڑ لیا ۔ وُہ اللہ جس نے فرعون کی غلامی سے ان کو آزاد کیا جس کی قدرت سے سمندر کی موجوں نے سمٹ کر ان کے لیے ایک شاہراہ بنا دی ۔ اور جب اُن کا دشمن فرعون اپنے لشکرِ جرار سمیت ان کی زد میں آ گیا تو وُہ اس پر اُمڈ آئیں اور تنکوں کی طرح اُسے بہا لے گئیں ۔ اس وحدہٗ لاشریک کو بھول گئے ۔ اس محسنِ حقیقی سے اپنی بندگی کا رشتہ توڑ لیا اور ایک بچھڑے کی مورتی کی پرستش شروع کر دی ۔ ان کی عقلیں اتنی اوندھی تھیں کہ خدا بنانے کے لیے ان کی نظرِ انتخاب جس چیز پر پڑی وُہ دھات کی بنی ہوئی بچھڑے کی مورتی تھی جو نہ بول سکتی تھی اور نہ کچھ سن سکتی تھی ۔ آپ اس کے سامنے شور و غل مچائیں اس کی طرف سے ایک بے معنی صدا کے بغیر کچھ سنائی نہ دیتا ۔ اس قوم نے جس نے ہر قدم پر آیاتِ الٰہی کا مشاہدہ کیا تھا کیسے باور کر لیا کہ یہ ہمارا خدا ہے جس کا ڈھانچہ ان کے سامنے سامری نے تیار کیا تھا ؟ ۔ اس کی توجیہ بجز اس کے اور کیا کی جا سکتی ہے کہ غلامانہ زندگی کا طویل عرصہ جو انھوں نے سرزمینِ مصر میں بسر کیا تھا ۔ وہاں

سُقِطَ فِیۡۤ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ رَاَوۡا اَنَّہُمۡ قَدۡ ضَلُّوۡا ۙ قَالُوۡا لَئِنۡ لَّمۡ

سخت پشیمان ہوئے ۱۹۰؎ اور اُنھیں نظر آگیا کہ وُہ (راہ راست سے) بھٹک گئے (تو) کہنے لگے اگر نہ رحم فرماتا

یَرۡحَمۡنَا رَبُّنَا وَ یَغۡفِرۡ لَنَا لَنَکُوۡنَنَّ مِنَ الۡخٰسِرِیۡنَ ﴿۱۴۹﴾ وَ لَمَّا رَجَعَ

ہم پر ہمارا رب اور نہ بخش دیتا ہمیں تو ہم ضرور ہوجاتے نقصان اُٹھانے والوں سے اور جب واپس آئے ۱۹۱؎

وُہ اپنے قبطی آقاؤں کو گائے کی پُوجا کرتے ہُوئے اور اُن کی مُورتیوں کو سجدہ کرتے ہُوئے دیکھا کرتے۔ اس چیز نے گائے کے تقدس کا ایسا نقش اُن کی لوحِ ذہن پر کندہ کر دیا تھا کہ جہاں گائے یا بچھڑے کی کوئی مُورتی نظر آئی وہاں وُہ بے ساختہ اُس کے سامنے بچھتے چلے گئے۔ اور عقل وفہم کے تمام تقاضوں کو نظر انداز کرتے ہُوئے اس کی الوہیت کو تسلیم کر لیا۔ موجودہ تورات میں بچھڑا بنانے کا الزام حضرت ہارُون پر لگایا گیا ہے لیکن قرآن جو تمام سابقہ انبیاء کی صداقت اور اُن کی عظمت وپاکیزگی کا نقیب ہے۔ اُس نے ہمیں صراحت سے بتا دیا کہ حضرت ہارُون علیہ السّلام کا دامن اس الزام سے بالکل پاک ہے بلکہ یہ کارستانی سامری کی تھی جس نے بنی اسرائیل سے سونے کے زیور جمع کیے اُنھیں گلایا اور اس سے بچھڑے کا ڈھانچہ تیار کر لیا اور اپنی فنی مہارت سے اس میں یہ بات پیدا کر دی کہ جب اس میں ہوا کا گزر ہوتا تو ایک بے معنی سی بیں بیں کی آواز نکلتی۔ اور یہ کوئی مشکل نہیں۔ آج ہم بیسیوں کھلونے ایسے دیکھتے ہیں جو بے جان ہوتے ہُوئے طرح طرح کی حرکتیں کرتے ہیں اور مختلف نوعیت کی آوازیں نکالتے ہیں۔

۱۹۰؎ یہ محاورہ ہے اور شدتِ ندامت اور پشیمانی پر دلالت کرتا ہے۔ یقال للنادم المتحیر: قد سقط فی یدہ (قرطبی) کیونکہ انسان انتہائی ندامت کے وقت اپنے ہاتھ کاٹتا ہے تو گویا وُہ ہاتھ اس سے کٹ کر الگ ہوجاتا ہے اس لیے اس حالت کو بھی ان الفاظ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ کنایۃ عن اشتد ادندمھم کان النادم المتحسر یعض یدہ غما فتصیر یدہ مسقوطا فیھا (بیضاوی) موسیٰ علیہ السّلام جب تورات لے کر واپس تشریف لائے اور قوم کی آنکھوں سے غفلت کا پردہ اُٹھا تو اُنھیں احساس ہوا کہ اُنھوں نے بڑی ہی زبردست حماقت کی ہے تو پچھتائے اور افسوس کرنے لگے اور اعتراف کیا کہ اگر ہم پر ہمارا رب مہربانی نہ کرتا تو ہم ہلاک ہو گئے تھے۔

۱۹۱؎ اللہ تعالیٰ نے وہاں ہی موسیٰ علیہ السّلام کو ان کی قوم کی کارستانی کی اطلاع دے دی تھی۔ آپ بڑے غضبناک ہوکر واپس لوٹے اور بنی اسرائیل کو غم وغصہ سے لبریز لہجہ میں زبردست ملامت اور تنبیہ کی۔ اسف انتہائی غصہ کی حالت کو اَسَف کہتے ہیں۔ قال ابوالدرداء الاسف منزلۃ وراء الغضب اشد من ذلک اس کا دُوسرا معنی جو عام مشہور ہے وُہ حزن وملال ہے۔ (قرطبی)

مُوْسٰى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِىْ

موسیٰ اپنی قوم کی طرف خشمناک (اور) غمگین ہو کر (تو) بولے (اے قوم!) بہت بُری جانشینی کی ہے تم نے

مِنْۢ بَعْدِىْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ

میری میرے بعد کیا تم نے جلد بازی کی اپنے رب کے فرمان سے اور (غصہ سے) پھینک دیں تختیاں ۱۹۲ اور پکڑ لیا

بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗۤ اِلَيْهِ ۭ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِىْ

سر اپنے بھائی کا (اور) کھینچا اُسے اپنی طرف ہارون نے کہا ۱۹۳ اے میری ماں جائے اس قوم نے کمزور و بے بس

وَكَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِىْ ۡ ۖ فَلَا تُشْمِتْ بِىَ الْاَعْدَاۗءَ وَلَا تَجْعَلْنِىْ مَعَ

بنا دیا مجھے اور قریب تھا کہ قتل کر دیں مجھے سو نہ ہنساؤ مجھ پر دشمنوں کو اور نہ شمار کرو مجھے اس

۱۹۲؎ شدتِ غضب میں ان پتھر کی تختیوں کو جن پر تورات لکھی ہوئی تھی ایک طرف رکھ دیا اور یہ خیال کرتے ہوئے کہ اس میں حضرت ہارون علیہ السلام کی غفلت اور فرض ناشناسی کا بھی دخل ہے۔ آپ کو سر کے بالوں سے پکڑ کر اپنی طرف زور سے کھینچا۔ کہتے ہیں کہ سات تختیاں تھیں جب آپ نے اُنھیں غصہ سے رکھا تو وہ ٹوٹ گئیں۔ چھ تختیاں جن میں ہر چیز کی تفصیل تھی وہ واپس اُٹھالی گئیں اور ایک تختی جس میں موعظت و ہدایت تھی وہ باقی رہ گئی۔ روی ان التوراۃ کانت سبعۃ اسباع فی سبعۃ الواح فلما القاھا انکسرت فرفع ستۃ اسباعھا وکان فیھا التفصیل کل شیئ وبقی سبع کان فیہ المواعظ والاحکام (قرطبی و بیضاوی)

۱۹۳؎ اگرچہ حضرت موسیٰ حضرت ہارون کے ماں باپ دونوں کی طرف سے سگے بھائی تھے لیکن ان کے جذبۂ شفقت محبت کو برانگیختہ کرنے کے لیے میری ماں کے بیٹے کے الفاظ سے اپنی معذرت کا آغاز کیا۔ اور کہا کہ میں نے اپنے فرض کی ادائیگی میں کوتاہی نہیں کی۔ میں تن تنہا تھا اور یہ ساری قوم ایک ہو گئی۔ اُنھوں نے مجھے بے بس اور کمزور سمجھتے ہوئے میرے سمجھانے کی ذرا پرواہ نہیں کی۔ اُلٹا مجھے مار ڈالنے کے درپے ہو گئے۔ آپ اگر میرے ساتھ اس طرح سختی کریں گے تو دشمن بغلیں بجائیں گے اور کہیں گے کہ ذرا دیکھو دونوں بھائی ایک دوسرے سے دست بگریباں ہیں۔ شماتۃ کہتے ہیں کسی کی تکلیف سے مسرور اور خوش ہونا اور یہ چیز سخت معیوب ہے۔ حضور رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے۔ اپنے بھائی کی مصیبت پر مت خوش ہو۔ ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو اس مصیبت سے نجات دے دے اور تجھ کو اس میں مبتلا کر دے۔ لاتظھر الشماتۃ باخیک فیعافیہ

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ

ظالم قوم کے ساتھ موسیٰ نے التجا کی اے میرے رب! ۱۹۴؎ بخش دے مجھے اور میرے بھائی کو اور داخل کر ہم کو

رَحْمَتِكَ ۖ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ

اپنی رحمت میں اور تو زیادہ رحم کرنے والا ہے تمام رحم کرنے والوں سے۔ بے شک جنھوں نے بنا لیا بچھڑے کو معبود

سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَكَذٰلِكَ

جلدی ہی پہنچے گا انھیں غضب ان کے رب کی طرف سے اور رسوائی دنیا کی زندگی میں ۱۹۵؎ اور اسی طرح ہم

نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْ

سزا دیتے ہیں بہتان باندھنے والوں کو اور جنھوں نے کیے برے کام ۱۹۶؎ پھر توبہ کی اس کے

بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ۡ اِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵۳﴾ وَلَمَّا

بعد اور ایمان لائے بے شک آپ کا رب اس کے بعد بہت بخشنے والا بہت رحم کرنے والا ہے اور جب

اللہ ویبتیک۔ اور حضور کریم یہ دعا فرمایا کرتے تھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ سُوْءِ الْقَضَاءِ وَدَرْكِ الشَّقَاءِ وَ شَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ (بخاری) ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بری تقدیر سے، بدبختی سے اور ایسی بات سے جس سے دشمن خوش ہوں۔

۱۹۴؎ یعنی غصہ کی حالت میں اپنے بھائی پر جو میں نے سختی کی ہے وہ بھی معاف فرما دے۔ اور اگر میرے بھائی سے ادائے فرض میں کوئی تقصیر ہو گئی ہے تو وہ بھی بخش دے اور ہم دونوں کو اپنی رحمت سے مالا مال فرما دے۔

۱۹۵؎ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور اس کی نگاہ کرم سے محرومی سے بڑھ کر اور کونسی سنگین سزا ہے۔ اس کے علاوہ ایسے نابکار مجرموں کو دنیا میں بھی ذلیل و خوار کر دیا جاتا ہے تاکہ انھیں معلوم ہو جائے کہ اپنے رب کی نافرمانی کر کے وہ دنیا میں بھی چین کا سانس نہیں لے سکتے۔

۱۹۶؎ اس کی رحمت بے پایاں اور اس کی بخشش بیکراں پر قربان! کوئی کتنا ہی قصوروار اور خطاکار ہو اس کے درِ کرم پر حاضر ہو جائے تو اسے بھی محروم لوٹا نہیں دیا جاتا۔ اس آیت میں اس مقام پر ان ربك (اے مصطفےٰ! تیرا پروردگار) کے الفاظ کتنے پیارے اور کتنے معنی خیز ہیں۔

سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۚ وَ فِیْ نُسْخَتِهَا

فرو ہو گیا موسیٰ (علیہ السلام) کا غصہ تو اُٹھا لیا ان تختیوں کو ۱۹۷ اور ان کی تحریر میں

هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّلَّذِیْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ یَرْهَبُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَ اخْتَارَ مُوْسٰى

ہدایت اور رحمت تھی ان لوگوں کے لیے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور چن لیے موسیٰ نے

قَوْمَهٗ سَبْعِیْنَ رَجُلًا لِّمِیْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّاۤ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ

اپنی قوم سے ستر آدمی ہمارے وعدہ ملاقات کے لیے ۱۹۸ پھر جب پکڑ لیا انھیں زلزلہ (کے جھٹکوں) نے تو موسیٰ نے کہا

۱۹۷ حضرت ہارونؑ کا معقول عذر سُن کر اور قوم کو اپنی غلطی پر نادم و پشیمان دیکھ کر آپ کا غصہ فرو ہو گیا اور وہ تختیاں جو آپ طُور سے لائے تھے اور جنھیں فرطِ جلال میں پھینک دیا تھا اب ان کی طرف متوجہ ہوئے اور انھیں اُٹھا لیا اور اپنی قوم کو بتایا کہ یہ وہ نسخہ رُشد و ہدایت ہے جس کا وعدہ میں نے تم سے کیا تھا۔ جس کے دل میں خوفِ خدا ہو گا اس کے لیے اس میں ہدایت بھی ہے اور رحمت بھی۔ لیکن وہ لوگ جن کے دل پتھر ہو چکے ہیں اور خوفِ الٰہی سے خالی ہیں ان کے لیے اس میں حسرت و نامُرادی کے سوا اور کچھ نہیں۔

۱۹۸ بنی اسرائیل بچھڑے کی پرستش کا جرمِ عظیم کرنے کے بعد سخت پشیمان ہوئے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے عرض کی کہ ہماری مغفرت کے لیے بارگاہِ الٰہی میں عرض کیجیے۔ حکم ہوا ان میں سے ستر آدمی منتخب کر کے اپنے ہمراہ لاؤ تاکہ وہ یہاں آکر ساری قوم کے نمائندوں کی حیثیت سے توبہ کریں۔ چنانچہ آپ اپنی قوم کے ستر نمائندوں کی معیت میں طُور کی طرف روانہ ہوئے۔ وہاں پہنچے تو ایک بادل نمودار ہوا جس نے سارے پہاڑ کو گھیر لیا۔ وہاں پہنچ کر سجدہ میں گر گئے۔ موسیٰ علیہ السلام نے اپنے مولا کریم سے گفتگو کی جو انھوں نے سُنی۔ جب بادل چھٹ گیا اور سلسلۂ کلام بھی منقطع ہو گیا تو کہنے لگے موسیٰ! ہم نے گفتگو تو سُنی ہے لیکن جب تک ہم اپنی آنکھوں سے متکلم کو نہ دیکھ لیں ہم کیسے یقین کر لیں کہ وہ خداوند تعالیٰ تھا۔ ممکن ہے کوئی اور ہو۔ اس پر زلزلہ کے شدید جھٹکے آنے لگے اور بجلی کڑکنے لگی۔ اس وحشت ناک منظر کی تاب نہ لا کر وہ بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ بعض کہتے ہیں کہ ہول منظر سے موت واقع ہو گئی۔ اور وہب کی رائے ہے کہ مرے نہیں تھے بلکہ بے ہوشی کی وہ کیفیت طاری ہو گئی تھی کہ قریب المرگ ہو گئے تھے۔ (بیضاوی - قرطبی)

رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّايَ ؕ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ

اے میرے رب! ۱۹۹؎ اگر تو چاہتا تو ہلاک کر دیتا انھیں اس سے پہلے اور مجھے بھی۔ کیا تو ہلاک کرتا ہے ہمیں بوجہ اس

السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ؕ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَ

(غلطی) کے جو کی (چند) احمقوں نے ہم سے نہیں ہے یہ مگر تیری آزمائش ۲۰۰؎ تو گمراہ کرتا ہے اس سے جس کو چاہتا ہے اور

تَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ ؕ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ

ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے ۲۰۱؎ تو ہی ہمارا کارفرما ہے ۲۰۲؎ بخش دے ہم کو اور رحم فرما ہم پر اور تو سب سے بہتر

۱۹۹؎ موسیٰ علیہ السلام نے جب ان کی یہ حالت دیکھی تو آپ کو اپنی قوم کے برہم ہو جانے کا اندیشہ ہوا۔ وہ لوگ جو بات بات پر بگڑ جانے کے عادی ہیں جب دیکھیں گے کہ ان کے ستر سرکردہ آدمی لقمۂ اجل ہو گئے ہیں تو نہ معلوم کیا اودھم مچائیں گے اس لیے آپ نے عرض کی اے مالک! اگر تیری مشیت یہی تھی کہ انھیں ہلاک کر دیا جائے تو انھیں پہلے ہی ہلاک کر دیا ہوتا۔ اب جب یہ میرے ہمراہ آئے ہیں تو تو نے انھیں ہلاک کر دیا میری قوم مجھے بدنام کرے گی اور مجھے ملزم ٹھیرائے گی۔ سفہاء سے مراد یا تو بچھڑے کے پجاری ہیں یا دیدارِ خداوندی کا مطالبہ کرنے والے۔

۲۰۰؎ فتنہ کہتے ہیں آزمائش اور امتحان کو۔ اى ماهذه الا اختبارك وامتحانك (قرطبی)

۲۰۱؎ اگر توفیق الٰہی انسان کی دستگیری کرے تو امتحان و آزمائش کے میدان میں وہ کامیاب ہو سکتا ہے۔ اور اگر اس کی تائید اور توفیق شامل حال نہ ہو تو معمولی سی آزمائش بھی انسان کی لغزش کا سبب بن جاتی ہے۔ اور زہد و تقدس کے سارے جبے تار تار ہو جاتے ہیں۔ اس لیے انسان کو چاہیے کہ اپنی عقل کی نارسائی اور اپنی بے بسی کو ہر وقت پیش نظر رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے دامن رحمت میں پناہ ڈھونڈھے۔ حضور رحمتِ عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہ دعائیہ کلمات کتنے دلکش اور کتنے حقیقت افروز ہیں۔ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ لَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَاَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ: اے زندہ جاوید! اے ہر چیز کو زندہ رکھنے والے! میں تیری رحمت سے فریاد کرتا ہوں آنکھ جھپکنے کی قدر بھی مجھے (اپنی توفیق سے محروم کر کے) میرے نفس کے سپرد نہ کر۔ اور میرے تمام حالات کی خود ہی اصلاح فرما۔

۲۰۲؎ اللہ تعالیٰ کے قادرِ مطلق اور مختارِ کل ہونے کا اعتراف کرنے کے بعد اب اپنا دامنِ طلب پھیلایا جا رہا ہے۔ ولینا: ہمارے دین و دنیا کے تمام کاموں کا تو ہی محافظ و نگہبان ہے۔ ہم جب تک اس دنیا میں ہیں ہمیں صحت و عافیت اور توفیق ہدایت اور شوقِ عبادت عطا فرما اور جب یہاں سے رختِ سفر باندھ کر دار البقاء کی طرف کوچ

الْغَافِرِينَ ﴿١٥٥﴾ وَاكْتُبْ لَنَا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ

بخشنے والا ہے۔ اور لکھ دے ہمارے لیے اس دنیا میں خیر و برکت اور آخرت میں بھی

إِنَّا هُدْنَا إِلَيْكَ ۚ قَالَ عَذَابِي أُصِيبُ بِهِ مَنْ أَشَاءُ ۖ وَرَحْمَتِي

بے شک ہم نے رجوع کیا ہے تیری طرف ۲۰۳ اللہ نے فرمایا میرا عذاب پہنچاتا ہوں میں اسے جسے چاہتا ہوں اور میری رحمت

وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۚ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ

کشادہ ہے ہر چیز پر ۲۰۴ سو میں لکھوں گا اس کو ان لوگوں کے لیے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں اور ادا کرتے ہیں زکوٰۃ

وَالَّذِينَ هُمْ بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٥٦﴾ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ

اور وہ جو ہماری نشانیوں پر ایمان لاتے ہیں (یہ وہ ہیں) جو پیروی کرتے ہیں اس رسول کی

النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ

جو نبی امی ہے ۲۰۵ جس (کے ذکر) کو وہ پاتے ہیں لکھا ہوا اپنے پاس تورات

کریں تو وہاں ہمارے گناہوں کو معاف فرما اور اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عنایت فرما۔

۲۰۳ھُدْنَا هاد یهود سے ہے جس کا معنی رجوع کرنا ہے۔ من هاد یهود اذا رجع (بیضاوی) یعنی گناہ و قصور کرنے کے بعد ہم پھر تیری بارگاہِ رحمت میں حاضر ہو گئے ہیں۔

۲۰۴ یعنی میرے اختیارات تو غیر محدود ہیں۔ جو چاہوں جیسے چاہوں کروں کسی کو اعتراض نہیں میری رحمت کے خزانے خرچ کرنے سے ختم نہیں ہوتے۔ میری رحمت کا دامن بہت وسیع ہے۔ لیکن اس کے حقدار صرف وہی لوگ ہیں جن میں یہ صفات پائی جاتی ہیں۔

۲۰۵ اس آیت میں سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اوصافِ جمیلہ اور حضور کی بعثت کے مقاصدِ جلیلہ کو بڑی وضاحت اور تفصیل سے بیان فرما دیا۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجے ہوئے ہونے کی وجہ سے حضور کو رسول اور مخلوق کی طرف مبعوث ہونے کے باعث نبی فرمایا گیا۔ حضور کو الامی کہنے کی متعدد توجیہات علماء کرام نے بیان کی ہیں:-
(۱) منسوب الی الام یعنی هو علی ما ولدته امه لم یکتب ولم یقرء: ام (ماں) کی طرف منسوب کرتے ہوئے امی کہا یعنی جیسے نوزائیدہ بچہ پڑھنا لکھنا نہیں جانتا اسی طرح حضور نے بھی کسی استاد سے لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا۔ اور اس کے باوجود

وَالْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ

اور انجیل میں ۲۰۶ وُہ نبی حکم دیتا ہے اُنھیں نیکی کا اور روکتا ہے انھیں بُرائی سے اور

يُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ

حلال کرتا ہے ان کے لیے پاک چیزیں اور حرام کرتا ہے ان پر ناپاک چیزیں اور اُتارتا ہے ان سے

علوم ظاہری و باطنی سے سینۂ مبارک کا لبریز ہونا حضورؐ کا روشن معجزہ ہے۔ وصفه الله به تنبيها على ان كمال علمه مع حاله احد معجزاته (مظہری) بعض نے کہا ہے کہ ام القریٰ (مکہ) کی طرف نسبت کی وجہ سے امّی کہا گیا۔ اور بعض کی رائے ہے کہ امّی اُمت کی طرف منسوب ہے یعنی حضور علیہ السلام صاحب اُمت ہیں اور اُمت کی ت نسبت کے وقت حذف کر دی گئی۔ جیسے مکہ سے مکی اور مدینہ سے مدنی میں ت محذوف ہے۔

۲۰۶ ۔ اس مقام پر حضرت صدر الافاضل قبلہ مولٰنا محمد نعیم الدین قدس سرہٗ کا حاشیہ بڑا مفصل ہے۔ اسی کا ایک اقتباس نقل کرنا کافی سمجھتا ہُوں "کتبِ الٰہیہ حضور سیّدِ عالم کی نعت وصفت سے بھری ہُوئی تھیں۔ اہلِ کتاب ہر قرن میں اپنی کتابوں میں تراش خراش کرتے رہے۔ اور ان کی بڑی کوشش رہی کہ حضورؐ کا ذکر اپنی کتابوں میں نام کو نہ چھوڑیں۔ لیکن ہزاروں تبدیلیاں کرنے کے بعد بھی موجودہ زمانے کی بائبل میں حضورؐ کی بشارت کا نشان کچھ نہ کچھ باقی رہ ہی گیا۔ چنانچہ برٹش اینڈ فارن بائبل سوسائٹی لاہور ۱۹۳۱ء کی چھپی ہُوئی بائبل میں یوحنا کی انجیل کے باب چودہ کی سولھویں آیت میں ہے "اور میں باپ سے درخواست کروں گا تو وُہ تمھیں دُوسرا مددگار بخشے گا کہ ابد تک تمھارے ساتھ رہے"۔ لفظ مددگار پر حاشیہ ہے۔ اس پر اس کے معنی وکیل یا شفیع لکھے ہیں۔ تو اب حضرت عیسٰیؑ کے بعد جو شفیع ہُوا اور ابد تک رہے یعنی اس کا دین کبھی منسوخ نہ ہو بجز سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے کون ہے؟ پھر اُنتیسویں تیسویں آیت میں ہے "اور اب میں نے تم سے اس کے ہونے سے پہلے کہہ دیا ہے تاکہ جب ہو جائے تو تم یقین کرو اس کے بعد میں تم سے بہت سی باتیں نہ کروں گا۔ کیونکہ دُنیا کا سردار آتا ہے اور مجھ میں اس کا کچھ نہیں" کیسی صاف بشارت ہے اور مسیح نے اپنی اُمت کو حضورؐ کی ولادت کا کیسا منتظر بنایا اور شوق دلایا ہے۔ اور دُنیا کا سردار خاص سیّدِ عالم کا ترجمہ ہے۔ پھر اسی کتاب کے باب سولہ کی ساتویں آیت ہے "لیکن میں تم سے سچ کہتا ہُوں کہ میرا جانا تمھارے لیے فائدہ مند ہے کیونکہ اگر میں نہ جاؤں گا تو وُہ مددگار تمھارے پاس نہ آئے گا۔ لیکن اگر جاؤں گا تو اُسے تمھارے پاس بھیج دُوں گا" اس کی تیرھویں آیت ہے "لیکن جب وُہ یعنی سچائی کا رُوح آئے گا تو تم کو تمام سچائی کی راہ دکھائے گا اس لیے کہ وُہ اپنی طرف سے نہ کہے گا لیکن جو کچھ سُنے گا وُہی کہے گا اور تمھیں آئندہ کی خبریں دے گا"۔ اس آیت میں بتایا گیا کہ سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کی آمد پر دین کی تکمیل ہو جائے گی اور آپ سچائی کی راہ یعنی دینِ حق کو مکمل کر دیں گے۔ (خزائن العرفان)

إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَٰلَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۚ فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ

ان کا بوجھ ۲۰۷ اور کاٹتا ہے وہ زنجیریں ۲۰۸ جو جکڑے ہوئے تھیں انہیں پس جو لوگ ایمان لائے اس (نبی امی) پر اور

وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنزِلَ مَعَهُ ۙ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿١٥٧﴾

تعظیم کی آپ کی اور امداد کی آپ کی اور پیروی کی اس نور کی جو اتارا گیا آپ کے ساتھ ۲۰۹ وہی (خوش نصیب) کامیاب و کامران ہیں

ع ۱۹ | ۹

۲۰۷ لفظ "اصر" دو معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ اصر بمعنی ثقل: بوجھ اور اصر بمعنی عہد۔ یہاں دونوں معنی ملحوظ ہیں یعنی اعمالِ شدیدہ کا جو عہد بنی اسرائیل سے لیا گیا تھا حضور کی تشریف آوری سے وہ اس سے آزاد کر دیئے گئے۔ فوضع عنھم بمحمد صلی اللہ علیہ وسلم ذلك العھد وثقل تلك الاعمال۔ ان کی شریعت کے چند احکام یہ تھے کہ اگر کسی کپڑے پر پیشاب وغیرہ گر جائے تو اس حصہ کو کاٹ دینا پڑتا تھا۔ ایامِ حیض میں عورت کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا، کھانا پینا تک ممنوع تھا۔ مالِ غنیمت کا استعمال جائز نہ تھا بلکہ اس کو ایک جگہ جمع کر کے نذرِ آتش کر دیا جاتا تھا۔

۲۰۸ اغلال جمع ہے اور اس کا واحد غل ہے اس کا معنی ہے زنجیر۔ اس سے مراد بھی شریعتِ موسوی کے شدید اور سخت احکام ہیں۔ مثلاً یوم سبت کو ہر دنیاوی کام کی ممانعت تھی۔ اگر کوئی کسی کو قتل کر دیتا تو دیت کی گنجائش نہ تھی بلکہ قاتل کو بطور قصاص قتل کر دینا ضروری تھا۔ اسی طرح کئی دیگر احکام تھے لیکن رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی آمد سے ان تمام میں تخفیف اور نرمی کر دی گئی۔ اگر کپڑا پلید ہو جائے تو اس کو پاک کرنے کے لیے دھونا ہی کافی ہے۔ حائضہ عورت سے صرف ہم بستری ممنوع قرار دی گئی۔ دوسری پابندیاں ہٹا دی گئیں۔ قاتل سے دیت بھی قبول کرنے کی اجازت دی گئی۔ مالِ غنیمت کا استعمال حلال کر دیا گیا۔ کتنی آسانیاں اور نرمیاں کر دی گئیں۔ ہزار با ہزار صلاۃ وسلام اس طلعتِ زیبا پر جس کی آمد سے گلشنِ عالم میں بہار آ گئی۔ جس کے ظاہر ہونے سے کائنات میں اجالا ہو گیا۔ توہمات کے قفس ٹوٹ گئے۔ غلامی کی زنجیریں کٹ گئیں اور انسان کو شرفِ انسانیت سے آشنا کر دیا گیا۔ اغلال جمع ہے اور اس کا عطف اصر پر ہے جو واحد ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اصر مصدر ہے اگرچہ یہ لفظ واحد ہے لیکن اس میں کثرت کے معنی پائے جاتے ہیں۔ فالجواب ان الاصر مصدر یقع علی الکثرۃ لانہ مصدر یقع علی القلیل والکثیر من جنسہ مع افراد لفظہ (قرطبی)

۲۰۹ آخر میں بڑے اختصار اور جامعیت کے ساتھ بتا دیا کہ فلاح وسعادت سے صرف وہی سرفراز ہو گا جو میرے مصطفےٰ پر سچے دل سے ایمان لایا اور اس کی تعظیم وتکریم میں کوئی کوتاہی نہ کی۔ اس کے دین کی نصرت اور اس کی شریعت کی تائید کے لیے ہر قربانی دینے پر مستعد ہوا۔ اور اس کے نورِ تاباں (قرآن حکیم) کے ارشادات پر عمل کرنے کے لیے دل وجان سے آمادہ ہوا۔ یہ آیت شانِ رحمۃ للعالمین کی آسمانی تفسیر ہے۔ ایمان کے بعد حضور کی تعظیم وتکریم سب سے اہم ہے۔ بلکہ نصرت اور اتباعِ قرآن کا حق ادا ہی تب ہو سکتا ہے جب دل میں حضور کا ادب احترام ہو۔ ع ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں

قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ِۨالَّذِيْ لَهٗ

آپ فرمایئے اے لوگو! بے شک میں اللہ کا رسول ہوں تم سب کی طرف ۲۱۰ وہ اللہ جس کے لیے

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ۪ فَاٰمِنُوْا

بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین کی نہیں کوئی معبود سوائے اس کے وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے پس ایمان لاؤ

بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ كَلِمٰتِهٖ

اللہ پر اور اس کے رسول پر جو نبی امی ہے جو خود ایمان لایا ہے اللہ پر اور اس کے کلام پر

وَ اتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰۤى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ

اور تم پیروی کرو اس کی تاکہ تم ہدایت یافتہ ہو جاؤ اور موسیٰ کی قوم سے ایک گروہ ہے جو راہ بتاتا ہے

بِالْحَقِّ وَ بِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ وَ قَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَ

حق کے ساتھ اور اسی حق کے ساتھ عدل کرتا ہے ۲۱۱ اور ہم نے بانٹ دیا انھیں بارہ قبیلوں میں جو الگ الگ قومیں ہیں ۲۱۲ اور

۲۱۰ اس سے پہلے جتنے رسولوں کا ذکر ہوا وہ خاص خاص علاقوں اور مخصوص قوموں کے ایک مقررہ وقت تک مرشد و رہبر بن کر آتے تھے لیکن اب جس مرشد اولین و آخرین، جس رہبر اعظم کا ذکر خیر ہو رہا ہے اس کی شان رہبری نہ کسی قوم سے مخصوص ہے اور نہ کسی زمانہ سے محدود جس طرح اس کے بھیجنے والے کی حکومت و سروری عالم گیر ہے اسی طرح اس کے رسول کی رسالت بھی جہاں گیر ہے۔ ہر خاص و عام، ہر فقیر و امیر، ہر عربی و عجمی، ہر رومی و حبشی کے لیے وہ مرشد بن کر آیا۔ اسی لیے اس بات کا اعلان اس کی زبان حقیقت ترجمان سے کرایا کہ اے اولاد آدم! میں تم سب کے لیے اپنے زمین و آسمان کے خالق و مالک کی طرف سے رشد و ہدایت کا پیغام لے کر آیا ہوں۔ اب تمھارے لیے ہدایت اور فلاح کا راستہ یہی ہے کہ اس کتاب کی پیروی کرو جو میں لے کر تمھارے پاس آیا ہوں اور میرے نقوش پا کو اپنے لیے خضر راہ بناؤ میری سنت سے انحراف نہ کرو۔

۲۱۱ اگرچہ بنی اسرائیل کی بڑی اکثریت کا طرز عمل حوصلہ شکن تھا۔ ذرا ذرا سی بات پر بگڑ جانا، اناڑی بچوں کی طرح اپنی بات خواہ کتنی نامعقول ہو منوانے پر بضد ہونا معمولی سے معمولی شبہ پر راہ حق سے روگردان ہو جانا ان کا معمول تھا لیکن اس کے باوجود ان میں ایک گروہ ایسا بھی تھا جو سچے مومن تھے۔ شریعت موسویہ کے پورے پورے پابند تھے۔ تورات کے احکام کی بجا آوری میں تندہی سے کوشاں تھے مفسرین کرام سے بہت سے اقوال مروی ہیں کہ اس گروہ سے کونسا گروہ مراد ہے اور وہ کس زمانہ

وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ إِذِ اسْتَسْقَاهُ قَوْمُهُ أَنِ اضْرِب بِّعَصَاكَ

ہم نے وحی بھیجی موسیٰ کی طرف جب پانی طلب کیا آپ سے آپ کی قوم نے (ہم نے وحی کی) کہ مارو اپنے عصا سے اس

الْحَجَرَ ۖ فَانبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۖ قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ

پتھر کو[۲۱۳] تو پھوٹ نکلے اس سے بارہ چشمے جان لیا ہر ایک گروہ نے

میں تھا۔ لیکن اگر اس آیت کو اپنے عموم پر رہنے دیا جائے تو کسی قسم کا اشکال پیدا ہی نہیں ہوتا یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی موجودگی میں بھی ایک فرماں بردار جماعت تھی۔ جب دوسری قوم نے بچھڑے کی پرستش شروع کی تو یہ اپنے مسلک توحید پر ثابت قدم رہی۔ آپ کے انتقال کے بعد بھی وہ احکام الٰہی پر صدق دل سے عمل پیرا رہی۔ اور عہد مصطفوی میں بھی ایسا گروہ موجود تھا جو تورات پر کاربند تھا۔ جب انھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار کیا اور حضورؐ کی سیرت کا بغور مطالعہ کیا اور ان نشانات کو جو نبی آخر الزمان کے متعلق تورات میں مذکور تھے اس ذات اقدس میں موجود پایا تو فوراً ایمان لے آئے۔ اور دوسرے یہودیوں کی طرح اپنی چودھراہٹ کی خاطر قبول حق سے انکار نہیں کیا۔

۲۱۲؎ بنی اسرائیل حضرت یعقوب علیہ السلام کے دس بیٹوں اور حضرت یوسف علیہ السلام کے دو فرزندوں کی اولاد تھے موسیٰ علیہ السلام جب انھیں لے کر وادیٔ سینا میں پہنچے تو ان کی تعداد کئی لاکھ تھی۔ اتنی کثیر تعداد کا داخلی نظم و نسق، ان کی دینی تربیت اور ان کی ہر طرح کی نگرانی کے لیے بحکم الٰہی آپ نے یہ انتظام فرمایا کہ ان کو بارہ گروہوں میں تقسیم کر دیا اور ہر گروہ کے لیے ایک ایک نگران مقرر کر دیا تاکہ ان کے باہمی جھگڑوں کا تصفیہ کرے۔ اور ان میں اگر سرتابی کا رجحان پیدا ہو تو اس کا سدباب کرے۔ اسباط جمع ہے سبط کی۔ اس کا معنی ہے پوتا (ولد الولد) یہ ترکیب میں اثنی عشرہ کی تمیز نہیں ہے۔ کیونکہ اس صورت میں اسے سبطا (واحد) ہونا چاہیے تھا۔ بلکہ بدل ہے اور امما صفت ہے۔ اور اسباط موصوف ہے۔ (بیضاوی، مظہری)

۲۱۳؎ تیہ کے لق و دق صحرا میں پانی بالکل نایاب تھا۔ نہ کوئی نہر نہ دریا۔ نہ کوئی چشمہ نہ کنواں۔ آپ کی قوم نے شدت پیاس سے بے قابو ہو کر آپ سے پانی کا مطالبہ شروع کر دیا۔ آپ نے بارگاہ الٰہی میں عرض کی۔ حکم ہوا کہ اس پتھر کو اپنے عصا سے مارو۔ عصا مارنے کی دیر تھی کہ اس سے بارہ چشمے پھوٹ پڑے۔ اور آپ نے ایک ایک چشمہ ایک ایک قبیلہ کے لیے مختص کر دیا تاکہ باہمی جھگڑے کی نوبت نہ آئے۔

مَّشْرَبَهُمْ ۗ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَ

اپنا اپنا گھاٹ اور ہم نے سایہ کر دیا ان پر بادل کا ۲۱۴ اور ہم نے اُتارا ان پر من و

السَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا

سلویٰ (اور فرمایا) کھاؤ ان پاک چیزوں کو جو ہم نے دی ہیں تمھیں اور نہیں ظلم کیا انھوں نے ہم پر بلکہ وہ اپنی

اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا

جانوں پر ظلم کرتے رہتے تھے اور جب کہا گیا انھیں کہ آباد ہو جاؤ اس شہر میں ۲۱۵ اور کھاؤ

مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ

اس سے جہاں سے چاہو اور کہو (اے کریم) بخش دے ہمیں اور داخل ہو دروازہ سے جھکتے ہوئے ہم بخش دیں گے

لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ؕ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ

تمھاری خطائیں (اور) زیادہ دیں گے احسان کرنے والوں کو تو بدل ڈالی جنھوں نے ظلم کیا تھا ان سے

قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ

بات خلاف اس کے جو کہی گئی تھی انھیں تب ہم نے بھیج دیا ان پر عذاب آسمان سے

۲۱۴ اُس ریگستان میں جہاں پانی کی ایک بُوند تک نایاب تھی وہاں سایہ دار درختوں کا وجود کہاں ؟ لیکن بغیر سایہ کے اس تپتے ہوئے ریگستان، چلچلاتی دھوپ میں گزر ہو تو کیسے ؟ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اُن پر یہ کرم فرمایا کہ جتنے علاقہ میں وُہ فروکش تھے اُن پر بادل کا سائبان تان دیا۔ نیز ریت کے ان ڈھیروں میں جہاں آبپاشی کا بھی کوئی انتظام نہ تھا وہاں کھیتی باڑی کیسے ہو سکتی تھی۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت خاص سے مَن و سلویٰ اُتار کر ان کو فکرِ معاش سے بھی آزاد کر دیا۔ (ان تمام اُمور پر حواشی سُورۃ البقرہ میں گزر چکے ہیں) ۲: ۵۷، ۵۸، ۵۹

۲۱۵ اس سے مُراد بیت المقدس کا شہر ہے۔ اس پر حواشی سُورہ البقرہ میں گزر چکے ہیں۔

بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ

اس وجہ سے کہ وہ ظلم کیا کرتے تھے۔ اور پوچھو ان سے ۲۱۶ حال اس بستی کا ۲۱۷ جو آباد تھی ساحل

الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ

سمندر پر جب کہ وہ حد سے بڑھنے لگے ہفتہ (کے حکم) کے بارے میں جب آیا کرتیں ان کے پاس ان کی مچھلیاں ان کے ہفتہ

شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۚۛ كَذٰلِكَ ۚۛ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا

کے دن پانی پر تیرتی ہوئیں ۲۱۸ اور جو دن ہفتہ کا نہ ہوتا تو وہ نہ آتیں ان کے پاس۔ اس طرح ہم نے آزمائش میں ڈالا انھیں بسبب

يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا ۙ اللّٰهُ

اس کے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھے۔ اور جب کہا ایک گروہ نے ان میں سے کہ تم کیوں نصیحت کرتے ہو اس قوم کو اللہ جنھیں ہلاک کرنے والا ہے

مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ

یا انھیں عذاب دینے والا ہے سخت عذاب؟ ۲۱۹ انھوں نے کہا تاکہ معذرت پیش کر سکیں تمہارے رب کے دربار میں (کہ ہم نے اپنا فرض ادا کر دیا)

۲۱۶ بنی اسرائیل کے لیے سبت (ہفتہ) کا دن عبادت کے لیے مخصوص تھا اور ہر طرح کے دوسرے کام کرنے کی انھیں اس دن ممانعت تھی۔ احکام الٰہی میں حیلہ و فریب کرنے میں بنی اسرائیل کو جو شہرت حاصل ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ یہاں ان کی تاریخ کا ایک واقعہ بیان کیا جا رہا ہے۔

۲۱۷ علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ وہ بستی کون سی تھی؟ امام زہری نے اس کا نام طبریہ بتایا ہے۔ قتادہ کے نزدیک اس کا نام مقناۃ ہے۔ لیکن زیادہ صحیح قول وہ ہے جو حضرت ابن عباس عکرمہ اور سدی سے مروی ہے کہ یہ ایلہ کا شہر تھا جو اب عقبہ کے نام سے مشہور ہے۔ یہ شہر بحر قلزم کی اس آبنائے کے سرے پر واقع ہے جو دور تک خشکی میں چلی گئی ہے جسے خلیج عقبہ کہتے ہیں۔

۲۱۸ شُرَّعًا جمع ہے اور اس کا واحد شارع ہے جو شرع بمعنی اشرف و دنی سے ماخوذ ہے یعنی یہ مچھلیاں سنیچر کے دن سر اٹھائے بے جھجک سطح آب پر تیرتی اچھلتی کودتی کثیر تعداد میں چلی آتی تھیں۔ (حواشی سورہ البقرہ میں ملاحظہ ہوں۔ آیت ۶۵)

۲۱۹ سنیچر کے روز مچھلیوں کے شکار کرنے نہ کرنے کے متعلق ایلہ کی آبادی تین مختلف الخیال گروہوں میں بٹی ہوئی تھی۔ ایک گروہ تو وہ تھا۔ جو اس کھلی ہوئی نافرمانی کا ارتکاب کیا کرتا تھا۔ دوسرا گروہ وہ تھا جو خود تو شکار نہیں کرتا تھا لیکن شکار کرنے والوں کو اس حکم عدولی سے روکتا بھی نہ تھا۔ تیسرا گروہ وہ تھا جو فریضۂ تبلیغ ادا کرنے میں ہمہ تن مشغول تھا۔ دوسرے گروہ نے اس تیسرے

وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝١٦٤ فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِٓ أَنجَيْنَا الَّذِينَ يَنْهَوْنَ

اور شاید وہ ڈرنے لگیں ۔ پھر جب انھوں نے فراموش کر دی جو اُنھیں نصیحت کی گئی تھی (تو) ہم نے نجات دے دی

عَنِ السُّوٓءِ وَأَخَذْنَا الَّذِينَ ظَلَمُوا بِعَذَابٍ بَـِٔيسٍۭ بِمَا كَانُوا

اُنھیں جو روکتے تھے بُرائی سے اور پکڑ لیا ہم نے اُن کو جنھوں نے ظلم کیا بُرے عذاب سے بوجہ اس کے کہ وہ نافرمانی کیا

يَفْسُقُونَ ۝١٦٥ فَلَمَّا عَتَوْا عَن مَّا نُهُوا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً

کرتے تھے ۲۲۰ پھر جب انھوں نے سرکشی کی جس سے وہ روکے گئے تھے ہم نے حکم دیا انھیں کہ بن جاؤ بندر

خَاسِـِٔينَ ۝١٦٦ وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَـٰمَةِ

راندے ہوئے ۲۲۱ اور یاد کرو جب اعلان کر دیا آپ کے رب نے کہ ضرور بھیجتا رہے گا ان پر روزِ قیامت تک

مَن يَسُومُهُمْ سُوٓءَ الْعَذَابِ ۗ إِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيعُ الْعِقَابِ ۖ وَ

ایسے (جابر) جو چکھاتے رہیں گے اُنھیں بُرا عذاب ۲۲۲ بے شک آپ کا رب جلدی عذاب دینے والا ہے اور

گروہ کو کہا کہ تم خواہ مخواہ کیوں اپنا سر کھپاتے ہو۔ ان کی ہلاکت مقدر ہو چکی ہے اُنھیں سمجھانے سے کیا حاصل۔ اس فرض شناس گروہ نے انھیں جواب دیا کہ اس تبلیغ کے دو فائدے ہیں۔ ایک تو یہ کہ اگر قیامت کے روز ہم سے باز پُرس کی گئی تو ہم عرض کریں گے کہ اے خداوند ہم نے تو ان نابکاروں کو سمجھانے کی ہر ممکن کوشش کی لیکن انھوں نے ہماری ایک نہ سُنی۔ دُوسرا فائدہ یہ ہے کہ ممکن ہے کہ ہمارے وعظ و نصیحت کرنے سے کسی کا دل پسیج جائے اور وہ راہِ حق اختیار کر لے۔

۲۲۰ نسیان جان بوجھ کر کسی چیز کو چھوڑ دینے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے اور یہاں اسی معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ والنسیان یطلق علی الساھی والعامد: التارك ای ترکوہ عن قصد (قرطبی)۔ بئیس بمعنی شدید ہے۔ جب ان کی نافرمانی اور عصیاں شعاری حد سے تجاوز کر گئی اور ان کے ہدایت پانے کی کوئی اُمید نہ رہی تو ان پر عذابِ الٰہی آیا جس نے ان کو ہلاک برباد کر دیا۔ اور ان تین گروہوں میں سے صرف وہی گروہ نجات پا سکا جو اُن کو وعظ و نصیحت کیا کرتا تھا۔

۲۲۱ ملاحظہ ہو حاشیہ متعلقہ آیت ۶۵ البقرہ ضیاء القرآن جلد اوّل

۲۲۲ آگاہ اور خبردار کر دینے اور کسی فیصلہ کا اعلان کرنے کو تاذن کہتے ہیں۔ یہ لوگ کون تھے جن کے متعلق اعلان کیا گیا۔ بعض علماء کا یہ خیال ہے کہ یہ وہی لوگ ہیں جنھوں نے یوم سبت کے متعلق احکامِ الٰہی کو پسِ پشت ڈال دیا۔ بعض کی رائے ہے کہ ان

إِنَّهُۥ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٦٧﴾ وَقَطَّعْنَٰهُمْ فِى ٱلْأَرْضِ أُمَمًا ۖ مِّنْهُمُ

بے شک وُہ غفور رحیم (بھی) ہے اور ہم نے بانٹ دیا انھیں زمین میں کئی گروہوں میں ۲۲۳ ان میں سے

ٱلصَّٰلِحُونَ وَمِنْهُمْ دُونَ ذَٰلِكَ ۖ وَبَلَوْنَٰهُم بِٱلْحَسَنَٰتِ وَٱلسَّيِّـَٔاتِ

کچھ نیک ہیں اور کچھ اور طرح ہیں اور ہم نے آزمایا انھیں نعمتوں اور تکلیفوں کے ساتھ

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿١٦٨﴾ فَخَلَفَ مِنۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَرِثُوا۟ ٱلْكِتَٰبَ

تاکہ وُہ (اللہ تعالیٰ) کی طرف رجوع کریں پھر جانشین بنے ۲۲۴ ان کے بعد وُہ ناخلف جو وارث ہوئے کتاب کے

يَأْخُذُونَ عَرَضَ هَٰذَا ٱلْأَدْنَىٰ وَيَقُولُونَ سَيُغْفَرُ لَنَا وَإِن

وُہ لیتے ہیں مال اِس دُنیا کا اور (باایں ہمہ) کہتے ہیں کہ ضرور بخش دیا جائے گا ہمیں اور اگر

سے مُراد ساری یہودی اُمّت ہے اور بعض کے نزدیک حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ہمعصر یہودی ہیں۔

۲۲۳ یعنی ہم نے ان کی جمعیت کو منتشر کر دیا۔ ان کا شیرازہ بکھیر دیا گیا۔ وُہ دُنیا کے مختلف ممالک میں ایک بے بس اقلیت بن کر رہ گئے۔ ان میں سے بعض نیکوکار بھی ہیں اور بعض بدکار بھی۔ ان کو راہِ راست پر لانے کے لیے ان کے ساتھ لُطف و عنایت کا رویہ بھی اختیار کیا گیا اور ان سے شدّت و سختی کا سلوک بھی کیا گیا۔

۲۲۴ یہود کی قومی سیرت کا ایک اور داغدار پہلو نمایاں کیا جا رہا ہے۔ یعنی وُہ مال و دولت جمع کرنے میں اتنے حریص تھے کہ وُہ رشوت لے کر اللہ تعالیٰ کے صریح اور واضح احکام میں ردّ و بدل کر دیتے اور تورات کی آیات میں کُھلم کُھلا تحریف کر دیتے۔ اُن کا مرض اَب لاعلاج ہو چکا تھا۔ کیونکہ اس سے باز آنے کی ایک ہی صُورت ہو سکتی تھی کہ ان کے دل میں عذابِ الٰہی کا خوف پیدا ہو اور اپنے ہولناک انجام سے ڈر کر وُہ توبہ کریں۔ لیکن وہاں تو اس کی اب کوئی گنجائش نہ رہی تھی کیونکہ اُنھوں نے اپنے آپ کو ایک شدید مغالطہ میں مُبتلا کر رکھا تھا۔ وُہ کہتے تھے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے لاڈلے اور پیارے ہیں ہمیں دوزخ کی آگ نہیں جلا سکتی۔ نیز ہم تورات کے عالم ہیں۔ ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کی جناب میں ایسی خصوصی رعائتیں ہیں جن کی وجہ سے اس قسم کی بے راہ روی ہمیں کوئی گزند نہیں پہنچا سکتی۔ ہماری بخشش کا ہم سے پختہ وعدہ کر دیا گیا ہے۔ جب کسی قوم کے ذمہ دار اور تعلیم یافتہ طبقہ کی اخلاقی پستی اور دُنیا پرستی کا یہ حال ہو تو عوام کا کیا حال ہو گا۔ اُمّتِ محمدیہ کے مشائخ و علماء کو اپنی اولاد کی تعلیم اور دینی تربیت کی طرف خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ مبادا ان کی اولاد بھی ان بیماریوں میں مبتلا ہو جائے جن میں بنی اسرائیل کے علماء کی اولاد گرفتار ہو گئی تھی۔

يَأْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَأْخُذُوْهُ ؕ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ

آجائے ان کے پاس اور مال اُس جیسا تو لے لیں اسے بھی کیا نہیں لیا گیا تھا ۲۲۵ ان سے پختہ وعدہ

الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ وَ

کتاب میں کہ نہ منسوب کریں اللہ کی طرف کوئی بات سوائے حق کے اور پڑھ لیا انھوں نے جو کتاب میں تھا اور

الدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَالَّذِيْنَ

دارِ آخرت بہتر ہے ان کے لیے جو متقی ہیں تو کیا تم (اتنا) بھی نہیں سمجھتے اور جنھوں نے

يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ

مضبوطی سے پکڑا ہوا ہے کتاب کو اور قائم کیا نماز کو بے شک ہم ضائع نہیں کریں گے اجر

۲۲۵ قرآن حکیم نے نہایت واضح الفاظ میں ان کا یہ مغالطہ دُور کر دیا کہ وُہ یہ کہنے کی کیسے جرأت کرتے ہیں۔ حالانکہ ان سے تو اس بارے میں سخت ترین وعدہ لیا گیا تھا کہ وُہ ایسی کوئی بات اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب نہیں کریں گے جو اس نے نہ فرمائی ہو۔ اتنے پختہ وعدہ کے بعد انھیں کب حق پہنچتا ہے کہ وُہ اس خود فریبی کا شکار رہیں۔ یہ دُنیا کی چند روزہ زندگی اور اس کا فنا پذیر ساز و سامان کیا وقعت رکھتا ہے کہ انسان اس پر جنت کی ابدی زندگی اور اس کے آرام و راحت کو قربان کر دے۔

لفظی تحقیق:- (۱) خَلَفٌ اگر لام متحرک ہو تو اس کا معنی نیک اولاد ہے اور اگر خَلْفٌ لام ساکن ہو تو اس کا معنی بُری اولاد ہے۔ فَخَلْفٌ فی الذم بالاسکان وخَلَفٌ بالفتح فی المدح (قرطبی) (۲) عرض لغت میں ایسی چیز کو کہتے ہیں جو جلدی فنا پذیر ہو جائے۔ اسی وجہ سے دُنیاوی مال و متاع کو بھی عرض کہتے ہیں کیونکہ اس کو بھی بقا نہیں العرض مالایکون له ثبات ومنه قیل الدنیا عرض حاضر یعنی مالاثبات لها (۳) هذا الادنی یہ جہان جو قریب ہے ای هذا العالم الادنی (مظہری)

یہ آیت جہاں یہود کے اس طریق کار اور اخلاقی پستی کی مذمت کر رہی ہے وہاں مسلمان مشائخ اور علماء کے لیے بھی اس میں درس عبرت ہے۔ وُہ چیز جو علماء و مشائخ بنی اسرائیل کے لیے شرمناک تھی کیا وُہ اللہ تعالیٰ کے محبوب ترین اور کامل ترین بندے اور سید الانبیاء والمرسلین کی اُمت جسے خیر الامم کے لقب سے نوازا گیا ہے کے علماء و مشائخ کے لیے قابل برداشت ہو سکتی ہے۔ اگر آخری نبی کی آخری شریعت اور آخری کتاب کے امین اپنی ذمہ داریوں کو ادا نہیں کریں گے اور شریعت کے احکام بھی دولت کمانے کا ذریعہ بنا کر رہ جائیں گے تو پھر اس چشمہ صافی سے دُنیا کے پیاسے کیونکر سیراب ہو سکیں گے۔

الْمُصْلِحِينَ ﴿١٧٠﴾ وَإِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ وَظَنُّوا

اصلاح کرنے والوں کا ۲۲۶ اور جب ہم نے اٹھایا پہاڑ ۲۲۷ ان کے اوپر اس طرح گویا وہ سائبان ہے اور خیال کرنے لگے

أَنَّهُ وَاقِعٌ بِهِمْ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ

کہ وہ ضرور گر پڑے گا ان پر (ہم نے کہا) پکڑو جو ہم نے دیا ہے تمھیں (پوری) قوت سے اور یاد رکھو جو اس میں ہے تاکہ تم

تَتَّقُونَ ﴿١٧١﴾ وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِي آدَمَ مِنْ ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ

ع ۲۱ ۹ ۱۱

پرہیزگار بن جاؤ اور (اے محبوب) یاد کرو جب نکالا آپ کے رب نے ۲۲۸ بنی آدم کی پشتوں سے ان کی اولاد کو

۲۲۶ اگر کوئی شخص احکامِ الٰہی پر کاربند ہے تو اس کے آباو اجداد کے اعمالِ بد کی وجہ سے اس کے اعمال رد نہیں کر دیئے جائیں گے بلکہ اس کو ان کا اجرِ جزیل عطا فرمایا جائے گا۔

۲۲۷ لسان العرب میں ہے النتق: الزعزعة والهزّ والجذب والنفض: یعنی نتق کا معنی جھٹکا دینا، زور سے ہلانا، کھینچنا اور جھاڑنا ہے۔ جب پہاڑ میں زلزلہ آتا ہے تو اسی قسم کی کیفیت رُونما ہوتی ہے۔ اور جو لوگ پہاڑ کے دامن میں کھڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ انھیں یوں معلوم ہوتا ہے کہ پہاڑ ان پر ابھی گرا چاہتا ہے۔ اسی قسم کی صورتِ حال سے بنی اسرائیل کو دوچار کر دیا گیا۔ تورات سے اسی کی تائید ہوتی ہے۔ کتاب خروج باب ۱۹ کی آیات ۱۶ تا ۱۹ ملاحظہ ہوں:-

جب تیسرا دن آیا تو صبح ہوتے ہی بادل گرجنے اور بجلی چمکنے لگی اور پہاڑ پر کالی گھٹا چھا گئی اور قرنا کی آواز بہت بلند ہوئی اور سب لوگ ڈیروں میں کانپ گئے۔ اور موسیٰ لوگوں کو خیمہ گاہ سے باہر لایا کہ خدا سے ملائے اور وہ پہاڑ سے نیچے آکھڑے ہوئے اور کوہِ سینا اوپر سے نیچے تک دھوئیں سے بھر گیا کیونکہ خداوند شعلے میں ہو کر اس پر اُترا اور دھواں تنور کے دھوئیں کی طرح اوپر کو اُٹھ رہا تھا اور وہ پہاڑ زور سے ہل رہا تھا۔

اس کے علاوہ نتق کا معنی اقتلع بھی ہے۔ یعنی کسی چیز کو جڑ سے اکھیڑ لینا۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے ذرا بعید نہیں کہ وہ اس پہاڑ کو اکھیڑ کر ان کے سروں پر آویزاں کر دے۔ تالمود میں جو روایت ہے وہ اسی معنی کی تصدیق کرتی ہے۔

۲۲۸ علامہ قرطبی نے اس آیت کو قرآن کی مشکل آیات سے شمار کیا ہے۔ اس لیے اس کے مفہوم کو سمجھنے کے لیے ذرا تفصیل کی ضرورت ہے۔ معتزلہ کی رائے یہ ہے کہ جس سوال و جواب کا یہاں ذکر ہے وہ خارج میں وقوع پذیر نہیں ہوا کہ کہیں آدم کی ساری اولاد کو جمع کر کے ان سے یہ سوال پوچھا گیا ہو اور انھوں نے بیک زبان بلیٰ کہہ کر جواب دیا ہو بلکہ یہ کلام بطور تمثیل ذکر کیا گیا ہے۔ اور توحید باری کی آیاتِ بیّنات جو بڑی دریادلی سے انسان کے ظاہر و باطن میں بکھیر دی گئی ہیں۔ وہ بزبانِ حال اس کی توحید کا اعتراف کرتے ہوئے بلیٰ بلیٰ کے نعرے لگا رہی ہے۔ علامہ بیضاوی کا میلان بھی اسی طرف معلوم ہوتا ہے چنانچہ اس

وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى ۛۚ شَهِدْنَا ۛۚ

اور گواہ بنا دیا خود اُن کو اُن کے نفسوں پر (اور پوچھا) کیا میں نہیں ہوں تمہارا رب؟ سب نے کہا بے شک تو ہی ہمارا رب ہے

اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾

ہم نے گواہی دی (یہ اس لئے ہوا) کہیں تم یہ نہ کہو روزِ حشر کہ ہم تو اس سے بے خبر تھے ۲۲۹

آیت کے ضمن میں وُہ لکھتے ہیں ای نصب لهم دلائل ربوبیته ورکب فی عقولهم مایدعوهم الی الاقرار بها حتی صاروا بمنزلة من قیل لهم الست بربکم قالوا بلیٰ فنزل تمکینهم من العلم بها وتمکنهم منه منزلة الاشهاد والاعتراف علی طریق التمثیل یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنی ربوبیت کی روشن دلیلیں ان کے لیے قائم کر دی ہیں۔ اور ان کو اتنی سمجھ مرحمت فرما دی ہے کہ وُہ ان دلائل کے پیشِ نظر اس کی الوہیت کا اعتراف کریں۔ گویا اُن سے پوچھا جا رہا ہے کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں۔ اور وُہ اعتراف کر رہے ہیں۔ یہ کلام بطور تمثیل ہے۔ لیکن سلف صالحین کا مسلک یہ ہے کہ اس آیت کی صحیح تفسیر وُہ ہے جو احادیثِ نبویہ سے ثابت ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک دفعہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم سے اس آیت کا مطلب دریافت کیا تو حضورؐ نے فرمایا کہ جب آدم علیہ السلام کی تخلیق ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے اُن کی پشت پر اپنا دستِ قدرت پھیرا جس کی وجہ سے آپ کی ہونے والی ساری اولاد ظاہر ہو گئی۔ اور ان سے یہ سوال کیا گیا اور انہوں نے بلیٰ سے اس کا جواب دیا۔ اس حدیث سے اور اس کے علاوہ متعدد احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سوال وجواب حقیقت میں ہوا تھا۔ یہ محض تمثیل ہی نہیں جیسے معتزلہ کا خیال ہے۔ ان احادیثِ صحیحہ کی موجودگی میں ہمیں کوئی حق نہیں پہنچتا کہ ہم اس بات کو تسلیم کرنے میں تامل کریں جو قادرِ مطلق اپنی قدرتِ کاملہ سے قیامت کے دن سب اولادِ آدم کو میدانِ حشر میں جمع فرما سکتا ہے۔ اس کی قدرت سے کیا بعید ہے کہ وُہ پشتِ آدمؑ سے ان کی ساری اولاد نکال کر اپنی بارگاہ میں پیش کر دے۔ علامہ قطب الدین شیرازیؒ نے ان مختلف آرا میں بڑی عمدہ تطبیق کی ہے جس کو فضلاء اُمّت نے بہت پسند کیا ہے۔ وُہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اولادِ آدم سے دو میثاق لیے ہیں ایک حالی اور دُوسرا مقالی۔ حالی میثاق تو یہ ہے کہ اس کی فطرت میں عقیدۂ توحید کی طرف جو میلان رکھ دیا اور اس کے باطن میں دلائل کے جو چراغ روشن کر دیے ہیں وُہ اپنی زبانِ حال سے بلیٰ کہہ رہے ہیں۔ اور دُوسرا میثاق وُہ تھا جس کا ذکر حدیث پاک میں ہے جو روزِ میثاق کو لیا گیا تھا۔ (روح المعانی)

۲۲۹ یہاں یہ شبہ دل میں کھٹکنے لگتا ہے کہ وُہ عہد جس کا یہاں ذکر کیا جا رہا ہے اور جس کی خلاف ورزی کو جرم قرار دیا جا رہا ہے وُہ آج کسے یاد ہے؟ کیا ایسی چیز جو بالکل فراموش ہو چکی ہو وُہ بھی حجت قرار دی جا سکتی ہے۔ تو اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اس میثاق کی یاد اگرچہ ذہن اور شعور سے محو ہو چکی ہے لیکن تحت الشعور میں اب بھی موجود ہے اور انسانی فطرت میں اس کی ایسی تخم ریزی کر دی گئی ہے کہ جب بھی اسے صحیح رہنمائی، صحیح تربیت اور مناسب ماحول نصیب ہوتا ہے تو فوراً یہ بیج اُگتا ہے اور تخم زدن میں

أَوْ تَقُولُوٓا إِنَّمَآ أَشْرَكَ ءَابَآؤُنَا مِن قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنۢ

یا یہ نہ کہو کہ شرک تو صرف ہمارے باپ دادا نے کیا تھا (ہم سے) پہلے اور ہم تو تھے ان کی اولاد

بَعْدِهِمْ ۖ أَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ ٱلْمُبْطِلُونَ ﴿١٧٣﴾ وَكَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ

ان کے بعد تو کیا تو ہمیں ہلاک کرتا ہے اس شرک کی وجہ سے جو کیا تھا باطل پرستوں نے۔ اور اسی طرح ہم مفصل بیان کرتے

ٱلْـَٔايَٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿١٧٤﴾ وَٱتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ٱلَّذِىٓ ءَاتَيْنَٰهُ

ہیں نشانیاں تاکہ وہ (ان میں غور کریں) اور کفر سے باز آجائیں ۲۳۰ اور پڑھ کر سنائیے انھیں حال اس کا جسے ۲۳۱ دیا ہم نے (علم)

توحید کا شجرِ طیب اپنی آفاقی وسعتوں کے ساتھ ظہور پذیر ہوجاتا ہے۔ اگر توحید کو قبول کرنے کی صلاحیت انسان کی فطرت میں ودیعت نہ کی گئی ہوتی تو کوئی تعلیم، کوئی رہنمائی، کوئی ماحول اس کو توحید کا سبق نہ ازبر کرا سکتا۔ کیونکہ یہ ساری چیزیں فقط انھیں صلاحیتوں کو بروئے کار لا سکتی ہیں جو پہلے سے انسانی تحت الشعور میں موجود ہوتی ہیں۔ ایک آدمی تیر بھی نہیں سکتا اور ہوا میں اڑ بھی نہیں سکتا۔ لیکن آپ اس کی مناسب تربیت کرکے اسے ایک بہترین تیراک تو بنا سکتے ہیں لیکن آپ ہزار جتن کریں اس کو ہوا میں اڑنا نہیں سکھا سکتے۔ اس کی وجہ یہی تو ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان میں تیرنے کی استعداد رکھی ہے لیکن اڑنے کی صلاحیت نہیں رکھی۔ تو معلوم ہوا کہ یوم میثاق کو جو بلیٰ ہم نے کہی تھی وہ ہمیں بھول جائے تو بھول جائے لیکن وہ ہمارے رگ وپے میں سمائی ہوئی ہے فقط کسی ماہر کے چھیڑنے کی منتظر ہے۔ ؎ تو ذرا چھیڑ تو دے تشنۂ مضراب ہے ساز۔ وہ لوگ جو اس ابھرتی ہوئی فطری آواز کو دباتے رہتے ہیں۔ جو روح کی اس تشنگی کو سیراب کرنے سے دانستہ غفلت برتتے ہیں۔ قیامت کے دن ان کا کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

۲۳۰ یہ جملہ معطوف ہے اور اس کا معطوف علیہ مقدر ہے۔ تقدیرِ عبارت یوں ہے۔ لعلھم یتدبرون ویتدبرون مافیہا ولعلھم یرجعون من الکفر (مظہری)، ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔

۲۳۱ وہ کون تھا جس کا قصہ ان آیات میں بیان کیا جارہا ہے؟ بعض علماء کی رائے ہے کہ وہ بنی اسرائیل کا ایک زاہد اور عالم تھا۔ جس کا نام بلعام بن باعوراء تھا۔ اپنے زمانہ میں علم وفضل میں اپنی نظیر نہیں رکھتا تھا۔ ہزاروں کی تعداد میں طلبہ اس کی علمی مجلسوں میں حاضر ہوتے اور اس کے خطبات کو قلمبند کرتے۔ لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام سے حسد کرنے کے باعث اپنے علم وفضل کے باوجود راہِ حق سے منحرف ہوگیا۔ بعض کا خیال ہے یہ شخص امیہ ابن ابی الصلت الثقفی تھا جس نے قدیم آسمانی کتابوں کا مطالعہ کیا تھا۔ اور اسے معلوم تھا کہ اس زمانہ میں ایک رسول مبعوث ہونے والا ہے۔ اس کی خواہش تھی کہ یہ عہدہ اسے دیا جائے۔ لیکن جب تاجِ نبوت رحمتِ عالمیان کے سرِ مبارک پر رکھا گیا۔ تو حسد کے مارے جل بھن گیا اور کفر اختیار کیا۔ سعید بن مسیبؓ نے ابو عامر بن صیفی کا

اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾

اپنی آیتوں کا تو وُہ کترا کر نکل گیا ان سے [۲۳۲] تب پیچھے لگ گیا اس کے شیطان [۲۳۳] تو ہو گیا وُہ گمراہوں میں

وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗۤ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ

اور اگر ہم چاہتے تو بلند کر دیتے اُس کا رُتبہ ان آیتوں کے باعث [۲۳۴] لیکن وُہ تو جھک گیا پستی کی طرف اور پیروی کرنے لگا

نام لیا ہے زمانہ جاہلیت میں وُہ زہد و ریاضت کی زندگی بسر کرتا تھا اور اُون کے بنے ہوئے کپڑے پہنا کرتا تھا۔ وُہ بھی نبوت کا اُمیدوار تھا۔ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مبعوث ہوئے تو اس نے بھی کفر اختیار کیا۔ لیکن محفوظ راستہ یہ ہے کہ جب قرآن حکیم نے اس کا نام نہیں لیا تو ہم بھی اس کی تعیین کے درپے نہ ہوں اور جو وقت اور کوشش اس کی شخصیت کا سراغ لگانے میں صرف کرنا ہے۔ وُہ اس قصّہ کو سمجھنے اور اس سے عبرت حاصل کرنے میں صرف کریں۔

۲۳۲؎ سانپ کے اپنی پرانی کینچلی کو اُتار دینے کو عربی میں انسلخت الحية من جلدها کہتے ہیں مقصد یہ ہے کہ جس طرح سانپ اپنی پہلی کینچلی کو اُتار پھینکتا ہے اسی طرح اس شخص نے بھی ان آیات و ہدایات کو اُتار کر پھینک دیا اور اس کی جگہ گمراہی اور ضلالت کا لباس اوڑھ لیا۔

۲۳۳؎ اتبع کا معنی ہے کسی کے پیچھے لگنا۔ ای لحق به يقال اتبعت القوم ای لحقتهم (قرطبی) جب انسان دانستہ آیات ربانی کا انکار کرتا ہے اور اُنھیں پس پشت ڈال دیتا ہے تو شیطان اُس پر مسلط ہو جاتا ہے اور ہر لمحہ اس کے دل میں وسوسہ اندازی کرنے لگتا ہے۔

۲۳۴؎ حقائق کا جو علم اسے عطا کیا گیا تھا اگر وُہ اس پر عمل پیرا ہوتا تو مقربین بارگاہِ الٰہی میں شمار ہوتا۔ اور مناصب رفیعہ اور مراتب عالیہ پر فائز ہوتا۔ لیکن اس بدنصیب نے تو اس سے ایسی آنکھیں بند کر لیں۔ اور نفسانی خواہشات کا ایسا پرستار بن گیا۔ اور حرص و لالچ کا اس پر ایسا غلبہ ہو گیا کہ یُوں دکھائی دینے لگا کہ اس نے ذلت کی پستیوں سے چمٹے رہنے کا عزم مصمم کر لیا ہے اور وُہ کسی طرح بھی انھیں چھوڑ کر ہدایت کی بلندی کی طرف ایک قدم بھی اُٹھانے کے لیے آمادہ نہیں۔ و لو شئنا یعنی اگر ہم چاہتے تو اسے اپنی من مانی نہ کرنے دیتے اور اسے مجبور کرتے کہ وُہ ان دلائل کی روشنی میں راہِ حق پر طوعاً او کرہاً قدم بڑھاتا چلا جائے۔ لیکن ایسی جبری مداخلت ہماری حکمت کے منافی ہے۔ جو شخص جان بوجھ کر ہلاکت کے گڑھے میں چھلانگ لگانے پر بضد ہوتا ہے اُسے اُس کا شوق پورا کرنے دیا جاتا ہے۔ اخلد کا صلہ جب الی ہو تو اس کا معنی ہوتا ہے اس چیز کی طرف مائل ہونا اخلد اليه مال و رکن (منجد)

هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ

اپنی خواہش کی تو اس کی مثال کتے جیسی ہے ٢٣٥ اگر تو حملہ کرے اس پر تب بھی ہانپے اور اگر تو اسے

تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ

چھوڑ دے تب بھی ہانپے یہ حال ہے اُن لوگوں کا جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو ٢٣٦

فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ سَآءَ مَثَلَا ۨ الْقَوْمُ

آپ سُنائیں (انھیں) یہ قصّہ شاید وُہ غور و فکر کرنے لگیں۔ بہت بُری کہاوت ہے اس قوم کی

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ مَنْ يَّهْدِ

جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو اور (وُہ) اپنی ہی جانوں پر ظلم کیا کرتے تھے جسے ہدایت بخشے

اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾

اللہ تعالیٰ سو وُہی ہدایت یافتہ ہے اور جنھیں گمراہ کردے تو وُہی نقصان اُٹھانے والے ہیں

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ

اور بے شک ہم نے پیدا کیے ٢٣٧ جہنّم کے لیے بہت سے جنّ اور انسان ان کے دل (تو) ہیں

٢٣٥ کتے کی فطرت میں حرص و طمع کُوٹ کُوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ جب دیکھو گلی سڑی چیزوں اور غلیظ ہڈیوں کی تلاش میں منہ لٹکائے کوچہ بکوچہ پھر رہا ہے۔ اس شخص کی مثال بھی ایسی ہے۔ حصُول دولت کے لیے کُتّے کی طرح ہر حال میں ہانپتا پھرتا ہے۔

٢٣٦ یعنی یہ خستہ حالی، پریشانی اور ہر وقت کا اضطراب کسی ایک منکرِ حق کے ساتھ مخصُوص نہیں۔ بلکہ جو بھی حق کو حق پہچانتے ہُوئے اس سے رُوگردانی کرتا ہے اس کا یہی حال ہوتا ہے۔ اس چیز کے بیان کرنے کا مقصد یہ ہے تاکہ غفلت کے مارے ہوش میں آئیں اور عبرت حاصل کریں۔

٢٣٧ بظاہر اس آیت میں اور وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون میں تضاد معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ جنوں اور انسانوں کی اکثریت کی تخلیق اس لیے کی گئی ہے کہ وُہ جہنم کا ایندھن بنیں۔ اور دُوسری آیت میں

لَا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ

لیکن وہ سمجھتے نہیں ان سے ٢٣٨ اور اُن کی آنکھیں تو ہیں لیکن وہ دیکھتے نہیں ان سے اور ان کے کان تو ہیں

لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ

لیکن وہ سنتے نہیں ان سے وہ حیوانوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ یہی لوگ تو

جن وانس کی تخلیق کی غایت یہ بیان کی گئی ہے کہ وہ عبادت کریں۔ امام رازیؒ کا پسندیدہ جواب یہ ہے کہ اس آیت میں لجھنم پر جو لام ہے وہ لام عاقبت ہے یعنی ان کی تخلیق کا انجام یہ ہوا کہ انھوں نے کفر و نافرمانی سے اپنے آپ کو جہنم کا ایندھن بنا دیا اور ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون میں لام غایت کا ہے۔ یعنی ان کی پیدائش کی حقیقی غرض و غایت یہ تھی کہ یہ عبادت کریں اور رضاء خداوندی حاصل کریں اور نعیم ابدی سے متمتع ہوں۔ اس لیے آیات میں تعارض نہ رہا۔ اور لام کا استعمال عاقبت کے لیے قرآن حکیم اور فصحاء عرب میں کثیر ہے۔ ارشادِ باری ہے فالتقطہ آل فرعون لیکون لھم عدوا۔ یعنی موسیٰؑ کو فرعون کے گھر والوں نے اٹھا لیا تاکہ وہ بڑا ہو کر ان کا دشمن بنے۔ یہاں بھی لام عاقبت کے لیے ہے غایت کے لیے نہیں کیونکہ اٹھانے والوں کا مقصد یہ نہ تھا کہ موسیٰ علیہ السلام بڑے ہو کر ان کی ہلاکت و بربادی کا باعث بنیں۔ بلکہ اُن کا مقصد تو یہ تھا کہ جب یہ بڑا ہو جائے گا تو ہمارے کام آئے گا۔ لیکن اُن کے اٹھانے کا نتیجہ یہ نکلا کہ موسیٰ علیہ السلام نے بڑے ہو کر فرعون کو تباہ و برباد کر دیا۔ اسی طرح عربی کا ایک شعر ہے ؎

وللموت تغذو الوالدات سخالها کما لخراب الدھر تبنی المساکن

یہاں بھی لام غایت کا نہیں بلکہ عاقبت کا ہے۔ کیونکہ مائیں بچے اس لیے تو نہیں جنتیں کہ وہ لقمۂ اجل بنیں۔ اور محلات اور حویلیاں اس لیے تو تعمیر نہیں کی جاتیں کہ وہ ویران ہو جائیں لیکن ہوتا ایسا ہی ہے۔ جو پیدا ہوتا ہے اُسے موت کا پیالہ پینا ہی پڑتا ہے اور جو عمارت کھڑی کی جاتی ہے وہ ایک نہ ایک دن پیوند خاک ہو کر رہتی ہے۔

٢٣٨ یہاں ان کے ہولناک انجام کی وجہ بیان کی جا رہی ہے کہ وہ جہنم کا ایندھن اس لیے بنائے گئے کہ دعوتِ حق کو سمجھنے پیغامِ ہدایت کو سننے اور اس کے روشن شواہد کو دیکھنے کی جو صلاحیتیں انھیں عطا فرمائی گئی تھیں انھوں نے انھیں بیکار بنا کر چھوڑ دیا۔ اور بے عقل چارپایوں کی طرح ہو کر رہ گئے جس طرح ان ڈنگروں کی ساری قوتیں اور اعضاء کھانے پینے اور خواہشاتِ نفسانی کی تکمیل کے لیے وقف ہیں اسی طرح ان انسان نما حیوانوں کا مقصدِ وحید یہی ہے کہ اچھا کھائیں۔ اور دوسری لذتوں سے لطف اندوز ہوں۔ زندگی کا کوئی اعلیٰ مقصد پیشِ نظر نہیں بلکہ بعض حالات میں تو یہ حیوانوں سے بھی بدتر ہیں کیونکہ وہ بے عقل و بے سمجھ ہونے کے باوجود اپنے مالک کی خدمت گزاری سے منہ نہیں موڑتے اور اس کے بلانے پر بھاگے چلے آتے ہیں۔ مگر انھیں تو یاد تک نہیں کہ ہمارا بھی کوئی خالق و مالک ہے اس لحاظ سے تو یہ حیوانوں سے بھی بدرجہا بدتر ہیں۔

الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۪ وَذَرُوا

غافل (وبے خبر) ہیں اور اللہ ہی کے لیے ہیں نام اچھے اچھے ۲۳۹ سو پکارو اسے انہیں ناموں سے اور چھوڑ دو

الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآىٕهٖ ؕ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

انہیں جو کجروی کرتے ہیں اس کے ناموں میں ۲۴۰ انہیں سزا دی جائے گی جو کچھ وہ کیا کرتے تھے

وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالَّذِيْنَ

اور ان میں سے جنہیں ہم نے پیدا فرمایا ۲۴۱ ایک امت ہے جو راہ دکھاتی ہے حق کے ساتھ اور حق کے ساتھ ہی عدل و انصاف کرتی ہے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۲﴾ وَاُمْلِيْ

اور جنہوں نے تکذیب کی ہماری آیتوں کی تو ہم آہستہ آہستہ پستی میں گرا دیں گے انہیں ۲۴۲ اس طرح کہ انہیں علم تک نہ ہوگا اور میں مہلت دیتا ہوں

۲۳۹ اب ذکر الٰہی کی ترغیب اور اس کا طریقہ بتایا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی شان قدوسیت اور سبوحیت پر دلالت کرنے والے بڑے پیارے پیارے اور معنی خیز نام ہیں۔ جب تم اللہ تعالیٰ کو یاد کرو تو ان پیارے پیارے ناموں سے یاد کرو۔ اپنی طرف سے اس کے لیے نئے نئے نام نہ گھڑو۔ کیونکہ تم اس کی رفعت شان کو نہیں پہچان سکتے۔ مبادا تمہاری زبان سے کوئی ایسا کلمہ نکل جائے جو اس کی شان خداوندی کے شایان نہ ہو۔ اور پھر تمہیں اس کے لینے کے دینے پڑ جائیں۔

۲۴۰ لغت میں الحاد کا معنی ہے سیدھی راہ سے منہ موڑنا معنی الالحاد فی اللغة المیل عن القصد قال ابن السکیت الملحد: العادل عن الحق المدخل فیه ما لیس منه (کبیر) اور اللہ تعالیٰ کے ناموں میں کجروی اختیار کرنے کا مطلب ہے کہ ان کا اطلاق اللہ تعالیٰ کے سوا کسی غیر پر کیا جائے جیسے مسیلمہ کذاب کے پیروکار اس کو رحمٰن یمامة کہا کرتے تھے۔ یا بت پرستوں نے اپنے بتوں کے نام اللہ تعالیٰ کے اسماء سے مشتق کر کے رکھے ہوئے تھے۔ جیسے اللہ سے لات، عزیز سے عزیٰ اور منان سے منات وغیرہا یا اللہ تعالیٰ کے لیے ایسے اسماء تجویز کرنا جو اس کی شان عالی کے لائق نہیں یا اسماء الٰہیہ کو سحر وغیرہ کے لیے استعمال کرنا۔ یہ سب طریقے الحاد کے ہیں۔

۲۴۱ اس سے مراد نبی کریم محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی امت ہے۔

۲۴۲ بسا اوقات انسان گمراہی اختیار کرتا ہے۔ اور اپنے مالک حقیقی کی نافرمانی میں رات دن سرگرم رہتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود اس کے مال و دولت میں دن بدن اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ اس کی قوت، اقتدار اور اختیار کی سرحدیں پھیلتی ہی چلی جاتی ہیں۔ اور وہ اس غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ یہی صحیح طریق کار ہے جو اس نے اختیار کر رکھا ہے۔ یہاں تک کہ وہ گمراہی کے

لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۫ مَا بِصَاحِبِهِمْ

انھیں۔ بے شک میری خفیہ تدبیر بہت پختہ ہے۔ کیا اب تک نہیں غور و فکر کیا انھوں نے ۲۴۳ؔ ان کے صاحب پر

مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸۴﴾ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ

تو جنون کا ذرا اثر نہیں ۲۴۴ؔ نہیں ہے وہ مگر کھلا ڈرانے والا۔ کیا انھوں نے غور سے نہیں دیکھا آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى

زمین کی وسیع مملکت میں اور (اس میں) جو چیز پیدا فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے اور اس میں کہ شاید

اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۵﴾

نزدیک آ گئی ہو ان کی مقررہ میعاد تو کس بات پر وہ اس (قرآن) کے بعد ایمان لے آئیں گے۔

آخری کناروں تک جا پہنچتا ہے۔ یا بعض گمراہ مرتاضوں سے ایسے ایسے خرقِ عادت امور ظاہر ہوتے ہیں جو عام طور پر خاصانِ بارگاہِ خداوندی سے مخصوص ہیں جن پر وہ پھسلتا ہی چلا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ ہلاکت و بربادی کی اتھاہ گہرائیوں میں جا گرتا ہے۔ اسی چیز کو استدراج کہتے ہیں۔ اس کا معنی ہے آہستہ آہستہ کسی کو ہلاکت کے قریب کر دینا۔ یعنی سنقربھم الی الھلاك قليلا قليلا (مظہری) الاستدراج ھو الاخذ بالتدريج منزلة بعد منزلة۔ (قرطبی)

۲۴۳ؔ کفار کیوں اسلام قبول نہیں کرتے؟ ان کی طرف جو نبی مکرم مبعوث فرمایا گیا ہے اس کے فضل و کمال، صدق مقال کا انھیں اعتراف ہے۔ اس کی قبل از نبوت چالیس سالہ زندگی کے سارے روز و شب ان کے سامنے ہیں۔ اور یہ کائنات کی کتاب جو کھول کر ان کے سامنے رکھ دی گئی ہے۔ اور جس کے ہر صفحہ پر اللہ تعالیٰ کی توحید کے روشن دلائل ثبت ہیں ان میں کیوں تامل نہیں کرتے؟ کیا وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ایمان لانے کی ابھی آئی کیا جلدی ہے۔ ابھی تو بڑا وقت پڑا ہے۔ ایمان لانا اگر ضروری بھی ہوا تو بڑھاپے میں لے آئیں گے۔ لیکن وہ کتنے نادان ہیں۔ انھیں کیا پتہ کہ موت کا پیغام ابھی آ جائے اور انھیں یہاں سے عین عنفوانِ شباب میں کوچ کرنا پڑے۔ پھر وہ کیا کریں گے؟ اگر قرآن جیسی پاکیزہ اور موثر کتاب پر وہ ایمان نہیں لاتے تو پھر اور کونسی ایسی کتاب آئے گی جس کو پڑھ کر وہ ایمان لے آئیں گے؟ انھیں بار بار جھنجھوڑا جا رہا ہے۔ ان کے سارے شبہات کو دور کیا جا رہا ہے۔ ان کے سارے بہانوں کا جواب دیا جا رہا ہے تاکہ کسی کو مجالِ معذرت نہ رہے۔

۲۴۴ؔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جس وارفتگی سے انھیں اسلام کی دعوت دے رہے تھے۔ ان کے انکار کے باوجود جس خلوص سے انھیں گمراہی سے بچانا چاہتے تھے اسے دیکھ کر کفار یہ گمان کرنے لگے۔ کہ ان کا دماغ درست نہیں۔ انہیں جنون کا عارضہ

مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ۭ وَيَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ

جسے گمراہ کر دے اللہ تعالیٰ تو نہیں کوئی ہدایت دینے والا اُسے۔ وُہ رہنے دیتا ہے انھیں کہ اپنی گمراہی میں

يَعْمَهُوْنَ ۝۱۸۶ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا

بھٹکتے رہیں۔ وُہ دریافت کرتے ہیں آپ سے قیامت کے متعلق کہ کب ہوگا اس کا وقوع آپ کہیے کہ اس کا

عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ۘ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ

علم تو میرے رب ہی کے پاس ہے نہیں ظاہر کرے گا اُسے اپنے وقت پر مگر وُہی یہ (حادثہ) بہت گراں ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ ۭ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ۭ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ۭ

اور زمین میں نہ آئے گی تم پر مگر اچانک وُہ پوچھتے ہیں آپ سے گویا آپ خوب تحقیق کر چکے ہیں اس کے

قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۸۷ قُلْ

متعلق آپ فرمائیے اس کا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ۲۴۳ آپ کہیے

لاحق ہوگیا ہے۔ ورنہ اس سرد مہری اور بیگانگی کے بدلے اس سرگرمی اور خلوص و محبت کا کیا معنی؟ ان کی اس غلط فہمی کو دُور کیا جا رہا ہے کہ وُہ نذیر مبین ہے۔ اسے ایسا ہی کرنا چاہیے۔

۲۴۳ روزِ قیامت پر ایمان اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ہے۔ قرآن کریم نے انتہائی کوشش کی ہے کہ اپنے ماننے والوں کے دلوں میں یہ یقین راسخ کر دے کہ اس زندگی کے بعد انھیں ایک دن بارگاہِ رب العزت میں پیش ہونا ہے جب کہ ان کے اعمال کا محاسبہ ہوگا۔ اور ہر ایک سے ان اعمال کے مطابق سلوک کیا جائے گا جو وُہ اس دُنیوی زندگی میں بجا لا رہا ہے لیکن جس طرح موت کا وقت لوگوں سے مخفی رکھنے میں حکمتیں ہیں اسی طرح قیامت کے دن کو بھی ظاہر نہیں کیا گیا بلکہ اس کو انتہائی طور پر پوشیدہ رکھا گیا ہے۔ قرآن حکیم میں یہاں بھی اور اس کے علاوہ متعدد مقامات پر قیامت کے وقوع کے علم کو علم الٰہی کی طرف تفویض کیا گیا ہے۔ اس آیت میں ایک مرتبہ فرمایا انما علمها عند ربی۔ اس کا علم تو صرف میرے رب کے پاس ہے اور دوسری مرتبہ فرمایا۔ انما علمها عند الله۔ اس کا علم تو صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے انھیں آیات طیبہ کے پیش نظر اکثر مفسرین نے علم وقوع قیامت کے متعلق تصریح فرمائی ہے۔ ان الله تعالیٰ قد استأثر بعلمها (کشاف وغیرہ) یعنی قیامت کا علم اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے چنانچہ علامہ بیضاوی نے اسے ان متشابہات سے شمار کیا ہے جن کا علم ذات الٰہی سے مختص ہے وُہ سورۃ آل عمران کی آٹھویں آیت

وما یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم الخ کی تفسیر کرتے ہوئے رقم طراز ہیں کہ اس آیت میں جن علماء نے الا اللہ پر وقف کیا ہے اُنھوں نے متشابہات سے وُہ اشیاء مُراد لی ہیں جن کا علم اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کے لیے مخصوص فرمایا ہے۔ ومن وقف علی الا اللہ فسر المتشابہ بما استاثر اللہ بعلمہ کمدۃ بقاء الدنیا و وقت قیام الساعۃ وخواص الاعداد کعدد الزبانیۃ او بما دل القاطع علی ان ظاھرہ غیر مراد ولعریدل علی ماھو المراد (بیضاوی) ترجمہ: جن علماء نے اس آیت میں الا اللہ پر وقف کیا ہے اُنھوں نے متشابہ کی تفسیر ان اُمور سے کی ہے جن کے علم کو اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات پاک کے ساتھ مخصوص کیا ہے۔ جیسے اِس دُنیا کے بقاء کی مدت، قیامت برپا ہونے کا وقت، زبانیہ کی تعداد نیز وُہ آیات جن کا ظاہری معنی دلائلِ قطعیہ کے باعث مُراد نہیں ہو سکتا۔" لیکن ان عبارات سے یہ وہم پیدا ہو سکتا تھا کہ شاید ان امور کے متعلق دُوسرے عام لوگوں کی طرح حضورِ نبی کریم بھی محض ناواقف اور بے خبر ہوں۔ اِس وہم کا ازالہ حضرت علامہ محمود آلوسیؒ نے فرما دیا۔ اِسی سابقہ آیت کی تفسیر کرتے ہوئے آپ تحریر فرماتے ہیں۔ ولعل القائل بکون المتشابہ مما استأثر اللہ تعالیٰ بعلمہ لا یمنع تعلیمہ للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم بواسطۃ الوحی مثلاً ولا القاءہ فی روع الولی الکامل مفصلاً لکن لا یصل الی درجۃ الاحاطۃ کعلم اللہ تعالیٰ وان لم یکن مفصلاً فلا اقل من ان یکون مجملاً ومنع ھذا وذلک مما لا یکاد یقول بہ من یعرف رتبۃ النبیؐ ورتبۃ اولیاء امتہ الکاملین (رُوح المعانی جلد ۳ صفحہ ۸۷)

ترجمہ: یعنی جنھوں نے متشابہ کی یہ تعریف کی ہے کہ وُہ اُمور جن کا علم اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کے لیے مختص فرما لیا ہے وُہ بھی اِس کا اِنکار نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو بذریعہ وحی یہ امور مفصلاً سکھا دیے ہوں یا ولی کامل کے دل میں القاء فرما دیا ہو لیکن یہ تفصیل بھی اللہ تعالیٰ کے علمِ محیط کے درجہ تک نہیں پہنچ سکتی۔ یا تفصیلاً نہیں تو اجمالاً۔ جس شخص کو بھی سید المرسلین کی شانِ رفیع کا علم ہے اور حضورِ پُرنور کی اُمت کے اولیاء کاملین کے رُتبہ کو جانتا ہے وُہ یہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتا۔ ۱۲۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے حبیبِ مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان پہچاننے والی چشمِ بینا عطا فرما دے۔ آمین۔

البتہ یہ شُبہ پیدا ہو سکتا ہے کہ جب اِن اُمور کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم بھی جانتے ہیں تو پھر ان اُمور کے علم کو ذاتِ خُداوندی سے مخصوص کرنا اور کلماتِ حصر کا ذِکر کرنا چہ معنی دارد؟ اِس شبہ کا ازالہ بھی فاضل آلوسی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرما دیا۔ لکھتے ہیں:۔

انما المنع من الاحاطۃ ومن معرفتہ علی سبیل النظر والفکر (رُوح المعانی جلد ۳ صفحہ ۸۷)

یعنی یہ جو فرمایا گیا ہے کہ اسے کوئی نہیں جانتا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی کا علم محیط نہیں یعنی اس کی تفصیلات اور پیش آنے والے واقعات کا احاطہ کیے ہوئے نہیں۔ اور کوئی نظر و فکر اور سوچ بچار سے نہیں جان سکتا۔ اسی مفسرِ عظیم نے دُوسرے مقام پر تصریح کی ہے

ویجوز ان یکون اللہ تعالیٰ قد اطلع حبیبہ علیہ الصلوٰۃ والسلام علی وقت قیامھا علی وجہ کامل

لَآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ

نہیں مالک ہُوں میں اپنے آپ کے لیے نفع کا اور نہ ضرر کا مگر جو چاہے اللہ تعالیٰ ۲۴۵؎ اور اگر میں (تعلیم الٰہی کے بغیر)

لکن لاعلی وجه یحاکی علمه تعالی به الا انه سبحانه اوجب علیه صلی اللّٰه تعالی علیه وسلم کتمه لحکمة ویکون ذلك من خواصه علیه الصلوٰة والسلام (روح المعانی جلد ۲ صفحہ ۱۳۳)

یہ بھی جائز ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو قیامت کے وقت سے کامل طور پر آگاہ فرما دیا ہو لیکن وُہ کمال علم ایسا نہیں جو اللہ تعالیٰ کے علم محیط و مکمل سے مساوی ہو سکتا ہو۔ اور پھر اپنے رسُول کو کسی حکمت بالغہ کے پیشِ نظر مخفی رکھنے کا حکم دے دیا ہو۔ ۱۲

بعض علمائے کرام کے کلام میں جب یہ تصریح نظر سے گزرے کہ اس کا علم کسی نبی اور کسی مقرب فرشتہ کو بھی نہیں دیا گیا تو خیال رہے کہ اس سے مراد علم محیط و مکمل ہے جو ذاتِ باری کے شایانِ شان ہے۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مطلق علم بھی نہیں عطا فرمایا۔ (واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم)

۲۴۵؎ اس آیت کریمہ میں حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنی ذاتِ مقدسہ سے الوُہیت کی نفی فرما رہے ہیں کہ میں خُدا نہیں۔ کیونکہ خدا وُہ ہے جس کی قدرت کامل اور اختیار مستقل ہے جو چاہے کر سکتا ہے۔ نہ کسی کام سے اُسے کوئی روک سکتا ہے اور نہ اُسے کسی کام پر مجبور کر سکتا ہے۔ اور مجھ میں یہ اختیارِ کامل اور قدرتِ مستقلہ نہیں پائی جاتی۔ میرے پاس جو کچھ ہے میرے رب کا عطیہ ہے اور میرا سارا اختیار اسی کا عنایت فرمُودہ ہے۔ لا املك کے کلمات سے اپنے اختیارِ کامل کی نفی فرمائی اور الا ماشاء اللہ سے اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا کہ کوئی نادان یہ نہ سمجھے کہ حضور کو نفع و ضرر کا کچھ اختیار ہی نہیں۔ فرمایا مجھے اختیار ہے اور یہ اختیار اُتنا ہی ہے جتنا میرے رب کریم نے مجھے عطا فرمایا ہے۔ اب رہی یہ بات کہ کتنا عطا فرمایا ہے تو انسانی عقل کا کوئی پیمانہ اور کوئی اندازہ اس کا احاطہ نہیں کر سکتا۔ کوئی بناوٹی حد مقرر نہیں کی جا سکتی۔ اس ایک آیت کریمہ میں ہی غور فرمائیے ولسوف یعطیك ربك فترضٰی (اے حبیب!) تیرا رب تجھے اتنا دے گا کہ تو راضی ہو جائے گا۔ کیا لطف ہے حضورؐ نے اپنی ساری توانائیوں اور قوتوں سے برأت کرتے ہُوئے ہر بات اپنے خالق و مالک کی مرضی اور مشیّت کے سپرد کر دی اور اس بندہ نواز نے اپنی مشیّت کو اپنے محبُوب بندے کی رضا و خوشنودی پر منحصر کر دیا۔ بتا دیا۔ تجھے دینے والا میں ہُوں۔ خود تمہیں دُوں گا اور اتنا دُوں گا جتنا تو چاہے گا۔ اب اُس عالی ظرف آقا کی وسعتِ ظرف کو ملاحظہ فرمائیے جب ولسوف یعطیك ربك فترضٰی کا مژدہ پہنچا تو عرض کی اے کریم! میں تو اس وقت تک راضی نہیں ہُوں گا جب تک میری اُمّت کا آخری فرد بھی جنت میں نہ پہنچ جائے۔ انصاف کرو کیا آتشِ جہنم سے بچا لینا دفعِ ضرر باذن اللہ نہیں۔ کیا جنت میں پہنچا دینا نفع رسانی باذن اللہ نہیں؟ ہے اور یقیناً ہے۔

اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚۖ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۚۛ

جان لیتا غیب کو تو خود ہی بہت جمع کر لیتا خیر سے اور نہ پہنچتی مجھے کوئی تکلیف ۲۴۶

۲۴۶ آیت کے پہلے حصہ کی طرح یہاں بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنی ذاتِ مقدسہ سے اُلوہیت کی نفی فرما رہے ہیں۔ کیونکہ خدا وہ ہے جس کا علم ذاتی اور محیط ہو۔ اور میرا علم ایسا نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا ہے۔ اس مقام کی توضیح کرتے ہوئے علامہ خازن لکھتے ہیں کہ امورِ غیبیہ کی خبر دینا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اعظم معجزات سے ہے تو یہاں اس کی نفی کیوں کی جا رہی ہے۔ خود ہی جواب دیتے ہیں کہ حضور کا فرمانا بر سبیل تواضع اور انکسار اور ادب تھا۔ اس صورت میں آیت کا مفہوم یہ ہو گا کہ جب تک اللہ تعالیٰ مجھے مطلع نہ کرے میں غیب نہیں جان سکتا۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حضور کا ارشاد اس وقت ہو جب غیب پر آگاہی نہیں بخشی گئی تھی اور جب آگاہ فرما دیا تو ارشاد فرمایا فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ الخ

اگر آیت کے الفاظ میں غور کیا جائے تو علامہ خازن کی یہ تحقیق بالکل درست معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ یہاں حرفِ شرط لَو سے مستعمل ہوا ہے اور علامہ جمال الدین ابن ہشام نے اپنی گراں قدر تالیف المغنی میں لو پر طویل بحث کرنے کے بعد لکھا ہے۔ يتلخص على هذا ان يقال ان تدل لو على ثلاثة امور عقد السببية والمسببية وكونهما فى الماضى وامتناع السبب (المغنی جلد اوّل صفحہ ۲۰۶) یعنی اس طویل بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ لو تین امور پر دلالت کرتا ہے۔

(۱) شرط کو سبب اور جزاء کو مسبب بناتا ہے۔ (۲) دونوں کا تحقق زمانۂ ماضی میں ہوتا ہے (۳) سبب ممتنع ہوتا ہے۔

اس تحقیق کو ذہن نشین کر لینے کے بعد آیت میں غور کیجئے۔ کہ اگر یہاں علمِ غیب سے مراد علمِ ذاتی جو قدرتِ ذاتی کو مستلزم ہے نہ لیا جائے تو یہ سبب نہیں بن سکتا کیونکہ صرف علم، خیرِ کثیر جمع کر لینے اور دفعِ ضرر کو دُور کرنے کا سبب نہیں ہوا کرتا۔ کیونکہ کسی تکلیف کے وقوع کا علم قبل از وقت ہو جاتا ہے۔ لیکن انسان اس سے بچ نہیں سکتا۔ موٹی سی بات ہے۔ کسی شخص کو عدالتِ عالیہ سے اگر پھانسی کا حکم ہو جائے تو وہ یہ جانتے ہوئے کہ مجھے پھانسی دے دی جائے گی اپنے آپ کو نہیں بچا سکتا۔ اس لیے حصولِ خیر اور دفعِ ضرر کا سبب علمِ ذاتی ہی ہو سکتا ہے جو قدرتِ ذاتی کو مستلزم ہے۔ تب ہی لو شرط اور جزا میں سببیت کا علاقہ پیدا کر سکتا ہے جو اس کا پہلا خاصہ ہے۔ اس کا دُوسرا خاصہ کلام کو زمانۂ ماضی کے ساتھ مخصوص کرنا ہے اور زمانۂ ماضی میں کسی چیز کی نفی اس امر کو مستلزم نہیں کہ آئندہ بھی یہ نہ پایا جائے۔ لو کا تیسرا خاصہ یہ ہے کہ وہ سبب کے ممتنع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اور علمِ غیب جس کا حصول ممتنع ہے وہ علمِ غیب ذاتی ہی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے بتانے سے کسی غیب کو جان لینا کسی کے نزدیک بھی ممتنع نہیں بلکہ سب اس کے قائل ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سکھلا دینے سے علمِ غیب حاصل ہو جاتا ہے۔ اب لو سے جس علمِ غیب کی نفی کی جا رہی ہے وہ وُہ ہے جس کا حصول ممتنع ہے وُہ علمِ غیب ذاتی ہے۔ اس لیے اس آیتِ کریمہ سے علمِ غیب عطائی کی نفی نہیں ہوتی اور ہم یہی اعتقاد رکھتے ہیں کہ حضور نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو باعلامِ اللہ تعالیٰ غیب کا علم حاصل تھا۔

إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿۱۸۸﴾ هُوَ الَّذِي

نہیں ہُوں میں مگر ڈرانے والا (نافرمانوں کو) اور خوشخبری سُنانے والا اُس قوم کو جو ایمان لائی ہے ۔ وُہ (خدا ہے) جس نے

خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ

پیدا فرمایا ۲۴۷ے تمھیں ایک نفس سے اور بنایا اس سے اس کا جوڑا تاکہ اطمینان حاصل

إِلَيْهَا ۖ فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيفًا فَمَرَّتْ بِهِ ۖ فَلَمَّا

کرے اس (جوڑے) سے پھر جب مرد ڈھانپ لیتا ہے عورت کو تو حاملہ ہو جاتی ہے ہلکے سے حمل سے پھر چلتی پھرتی رہتی ہے

أَثْقَلَت دَّعَوَا اللَّهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ آتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُونَنَّ مِنَ

اس کے ساتھ ۔ پھر جب وُہ بوجھل ہو جاتی ہے تو دُعا مانگتے ہیں (میاں بیوی) اللہ سے جو اُن کا رب ہے کہ اگر تو عنایت فرمائے ہمیں تندرست لڑکا تو ہم ضرور ہو جائیں گے

۲۴۷ے توحید کا بیان تب ہی مکمل ہو سکتا ہے جب اس کے ساتھ شرک کا رد بھی کیا جائے ۔ چنانچہ اس آیت میں شرک کی تردید کرکے مسئلۂ توحید کو پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا ۔ اس آیت میں ارشاد فرمایا کہ خدا اور معبود تو وُہ ذات ہے جس نے تمھیں پیدا فرمایا اور تمھاری تسکینِ قلب اور راحت و آرام کے لیے تمھاری جنس سے صنفِ نازک کی تخلیق فرمائی اور تمھارے درمیان میاں بیوی کا رشتہ اُستوار کر دیا ۔ اب چاہیے تو یہ تھا کہ تم ہمیشہ اپنے مولائے کریم کے حضور میں سرِ نیاز خم کیے رہتے اور اس کی عبادت اور یاد میں سرشار رہتے ۔ لیکن تمھاری حالت یہ ہے کہ جب تمھیں اُمید لگتی ہے تو تم دونوں میاں بیوی التجائیں کرتے ہو کہ اے ہمارے رب! اگر تُو نے ہمیں صحیح اور تندرست فرزند عطا کیا تو ہم عمر بھر تیرے شکرگزار رہیں گے لیکن جب وُہ کرم فرماتا ہے اور تمھاری شاخِ آرزو پر اُمید کا پھول کھلتا ہے اور تمھاری گود اس گود ایک خوبصورت بچے سے آباد ہو جاتی ہے تو تم جھٹ اس دینے والے کو بھول جاتے ہو اور کہتے ہو کہ یہ تو عملِ مباشرت کا طبعی نتیجہ ہے ۔ یا یہ فلاں ستارے کی تاثیر ہے یا یہ ہمیں فلاں بُت نے بخشا ہے ۔ یہ کتنی احسان فراموشی اور حق ناشناسی ہے ۔ محققین علماء کرام کے نزدیک یہ روایت مردود ہے کہ حضرت آدم و حوّا نے شیطان کے بہکانے سے اپنے ایک بیٹے کا نام عبد الحارث رکھا تھا (حارث شیطان کا نام تھا جس سے وُہ فرشتوں میں پکارا جاتا تھا) امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی سخت تردید کی ہے ۔ آیت کا مفہوم مختصر اً ذہن نشین کر لینے کے بعد اب آیت کی لفظی تشریحات ملاحظہ فرمائیے ۔ لیسکن میں ھو ضمیر کا مرجع نفس ہے جو مؤنث سماعی ہے ۔ چاہیے تو یہ تھا کہ لتسکن ہوتا ۔ لیکن کیونکہ نفس سے مُراد یہاں مرد ہے اس لیے معنی کا لحاظ کرتے ہُوئے صیغہ مذکر (لیسکن) استعمال کیا ۔ اگر یہاں لفظ کی رعایت کی جاتی تو کلام میں غلط ہو جاتا اور یہ پتہ نہ چلتا کہ اس سے مُراد خاوند ہے یا بیوی ۔ کیونکہ یہاں دونوں مذکور

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ

(تیرے) شکر گزار بندے۔ پس جب اللہ عطا کرتا ہے ۲۴۸ انھیں تندرست لڑکا تو دونوں بناتے ہیں اللہ کے ساتھ شریک اس میں

فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾ اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ

جو اس نے انھیں دیا تو بلند و برتر ہے اللہ ان سے جنھیں وہ شریک بناتے ہیں۔ کیا وہ ۲۴۹ شریک بناتے ہیں اسے جس نے پیدا نہیں کی

يُخْلَقُوْنَ ۟ۖ ﴿۱۹۱﴾ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ

کوئی چیز اور وہ خود پیدا کیے گئے ہیں۔ اور وہ نہیں طاقت رکھتے ۲۵۰ ان کو مدد پہنچانے کی اور نہ اپنی آپ

ہیں۔ اس لیے معنی اور مفہوم میں التباس کو رفع کرنے کے لیے نفس کے مدلول (خاوند) کو پیش نظر رکھتے ہوئے صیغہ مذکر استعمال کیا (فلما تغشّٰها) کنایہ ہے صحبت سے۔ مرت به ای استمرت به والمراد بقيت به كما كانت قبل حيث قامت وقعدت واخذت وتركت (قرطبی)

۲۴۸ یعنی دونوں میاں بیوی اس لڑکے کو بتوں کی طرف منسوب کرنے لگتے ہیں۔ اور اُن کے نام عبدالعزیٰ، عبداللات رکھنے شروع کر دیتے ہیں۔ شركاء من الاصنام والاوثان ...... فان المشركين ينسبون ذلك الى آلهتهم (قرطبی)

۲۴۹ لا یخلق وھم یخلقون میں دونوں ضمیروں کا مرجع ما موصولہ ہے۔ لیکن یخلق میں ھو ضمیر واحد ہے اور یخلقون میں ھم ضمیر جمع۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ علماء فرماتے ہیں کہ ما موصولہ کی دو حیثیتیں ہیں۔ لفظی اعتبار سے وہ واحد ہے اور لا یخلق میں اس کی اسی حیثیت کو معتبر رکھا گیا ہے اور معنوی لحاظ سے جمع ہے اور لا یخلقون میں اسی معنوی حیثیت کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ دُوسری بات جو یہاں غور طلب ہے وہ یہ ہے کہ شرکاء سے مُراد بُت ہیں اور وہ بے جان تھے۔ قاعدہ کے مطابق تو ان کے لیے ضمیر مؤنث ہونی چاہیے تھی۔ یہاں جمع مذکر کا صیغہ کیوں استعمال ہوا؟ تو اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ کیونکہ کفار و مشرکین کا عقیدہ ان کے متعلق یہ تھا کہ یہ بُت عقل و حیات رکھتے ہیں اس لیے ان کے عقیدہ کے مطابق ان کا ذکر کیا گیا وھو ضمير الاصنام جيئ به على تسميتهم اياها آلهة (بیضاوی، مظہری)

۲۵۰ یعنی یہ بے جان اور بے بس بُت کب خُدا ہو سکتے ہیں جب کہ ان کی اپنی حالت یہ ہے کہ نہ کسی کا کچھ سنوار سکتے ہیں اور نہ کسی کا کچھ بگاڑ سکتے ہیں۔ المقصود من هذه الآية اقامة الحجة على ان الاوثان لا تصلح للالوهية (کبیر)

يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾ وَ اِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ

مدد کر سکتے ہیں اور اگر تو بلائے انھیں ۲۵۱؎ ہدایت کی طرف تو نہ پیروی کریں تمھاری۔

سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

یکساں ہے تمھارے لیے خواہ تم بلاؤ انھیں یا تم خاموش رہو (اے کفار) بے شک وہ جنھیں

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا

تم پوجتے ہو ۲۵۲؎ اللہ کے سوا بندے ہیں تمھاری طرح ۲۵۳؎ تو پکارو انھیں پس چاہیے کہ قبول کریں

۲۵۱؎ کیونکہ وہ نہ سن سکتے ہیں نہ سمجھ سکتے ہیں۔

۲۵۲؎ قرآن کریم کی وہ آیات جہاں دعا، یدعو کے فاعل مشرک ہیں اور مفعول ان کے معبودانِ باطل ہیں۔ وہاں تمام متقدین علماء تفسیر نے دعا، یدعو کا معنی عبد یعبد (عبادت کرنا) کیا ہے۔ تدعون ای تعبدون وقیل تدعونها الهة (قرطبی)، ای تعبدونهم آلهة (بیضاوی، مظہری)، ان الذین تدعون ایها المشرکون الهة من دون الله وتعبدونها (ابن جریر) اس سے پہلے بھی جتنی آیات گزری ہیں جن میں یدعون، تدعون وغیرہ الفاظ ہیں وہاں بھی ان کا معنی یعبدون، تعبدون معتبر مفسرین کے حوالے سے نقل ہوتا آیا ہے۔ کیونکہ آج کل یہ چیز عام موضوعِ سخن بنی ہوئی ہے۔ اور بعض غیر ذمہ دار لوگ ان کلمات کے مفہوم کو صحیح نہ سمجھ سکنے کے باعث جمہور اہلِ اسلام کی تکفیر اور ان کو مشرک ثابت کرنے میں اپنی زبان و قلم کا سارا زور صرف کر رہے ہیں۔ اس لیے اگر اس کی مزید وضاحت ہو جائے تو بفضلہ تعالیٰ شاید تلخی کم ہو اور اس غیر صحت مند فضا میں کوئی خوش آئند تبدیلی رونما ہو جائے۔ علامہ ابن قیم نے لفظ دعا کی تحقیق کرتے ہوئے خوب لکھا ہے۔ فرماتے ہیں۔ الدعاء نوعان دعاء عبادة ودعاء مسألة والعابد داع والسائل داع (جلاء الافہام) یعنی دعا کی دو قسمیں ہیں۔ ایک دعا بمعنی عبادت ہے اور ایک دعا بمعنی سوال ہے۔ عبادت کرنے والے کو بھی داعی کہتے ہیں اور سائل کو بھی داعی کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے بغیر کسی کی عبادت کرنا شرک ہے لیکن کسی سے مانگنا یا سوال کرنا شرک نہیں۔ جن لوگوں نے قرآن حکیم میں کبھی غور و فکر کیا ہے ان پر مخفی نہیں کہ کفار و مشرکین کا اپنے بتوں کے متعلق کیا عقیدہ تھا؟ وہ ان کو الٰہ مانتے تھے اور ان کی عبادت کیا کرتے تھے۔ انهم كانوا اذا قيل لهم لا اله الا الله يستكبرون ائنا لتاركوا الهتنا لشاعر مجنون (صٰفٰت) جب انھیں کہا جاتا کہ کہو لا الٰہ الا اللہ تو وہ غرور کرتے ہوئے کہتے ہیں کیا ہم ایک شاعر مجنون کے کہنے پر اپنے آلھة (خداؤں) کو چھوڑ دیں۔ اگر آج بھی کوئی کسی کو الٰہ مانے اور اس کی عبادت کرے خواہ جس کو وہ الٰہ مان رہا ہے اور عبادت کرتا ہے۔ انسان ہو یا غیرِ انسان، زندہ ہو یا مردہ اس کو پکارنا خواہ دور سے ہو

لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ

تمھاری پکار کو اگر تم سچے ہو کیا ان کے پاؤں ہیں چلتے ہیں وہ جن کے ساتھ یا کیا

یا نزدیک سے شرک ہے۔ لیکن کسی کو محض ندا کرنا جب کہ منادی کے متعلق ندا کرنے والے کا یہ عقیدہ نہ ہو شرک نہیں۔ اور اس کو بھی شرک قرار دینا بہت بڑی جسارت اور زیادتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جو دُعا (پکارنا) شرک ہے وہ ہر حال میں شرک ہے اور جو شرک نہیں وہ کسی حال میں بھی شرک نہیں۔ انسان اور غیر انسان، زندہ اور فوت شدہ، نزدیک اور دُور کی قیود سب من گھڑت ہیں۔ آپ غور فرمائیے اگر دُور سے پکارنا ہی شرک ہو تو کیا کسی بُت کے پاس بیٹھ کر اسے پکارنا شرک نہیں ہوگا۔ اگر آپ کہیں کہ کیونکہ یہ بیجان ہیں اس لیے ان کو نزدیک سے پکارنا بھی شرک ہے تو آپ کا ان لوگوں کے بارے میں کیا ارشاد ہے جو زندہ فرعون کی اس کے سامنے کھڑے ہو کر پرستش اور عبادت کیا کرتے تھے اور اس کے رُوبرُو اس سے فریاد کیا کرتے تھے۔ یقیناً وہ بھی مُشرک تھے اگرچہ وہ دُور سے پکار نہیں رہے تھے۔ اگرچہ وہ بے جان کو پکار نہیں رہے تھے تو جو چیز مابہ الامتیاز ہے وہ یہ ہے کہ پکارنے والا جس کو پکار رہا ہے اس کے متعلق اس کا عقیدہ کیا ہے۔ اگر وہ اس کو الٰہ معبود اور خدا یقین کرتا ہے تو یہ شرک ہے۔ خواہ دُور سے ہو یا نزدیک سے۔ وہ زندہ ہو یا مُردہ۔ قرآن کریم نے بارہا اس کی تصریح کی ہے۔ لا تدع مع اللّٰہ الٰہا آخر۔ کسی کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ خُدا سمجھ کر مت پکارو۔ اس لیے بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم میں عرض حال کرنا یا صلوٰۃ وسلام پیش کرنا شرک نہیں جیسے بعض غلو پسند لوگوں کا خیال ہے جنھوں نے مُسلمانوں کو مُشرک بنانا اپنے فنِ خطابت کا کمال سمجھا ہوا ہے۔ کوئی کلمہ گو حضورؐ رحمۃ للعالمین کو الٰہ نہیں سمجھتا اور نہ حضورؐ کی عبادت کرتا ہے۔ بلکہ ہر نماز میں کئی بار وہ یہ اعلان کرتا ہے کہ اشھد ان محمدًا عبدہ ورسولہ میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد مصطفےٰ اللہ تعالیٰ کے بندے اور رسُول ہیں۔ وہ آیات جو مُشرکینِ عرب کے حق میں نازل ہوئیں اُن کو اہلِ اسلام پر چسپاں کرنا تو خارجیوں کا شیوہ تھا۔ معلوم نہیں اپنے آپ کو اہلِ سُنّت کہلانے والے خوارج کے پیروکار کب سے بن گئے ہیں۔

۲۵۳ؔ فخر المفسرین امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں بڑی نفیس بحث کی ہے۔ فرماتے ہیں کہ مُشرکینِ مکّہ تو بُتوں کے پرستار تھے۔ اور بُت پتھر اور لکڑی کے بے جان مجسّمے ہوا کرتے تھے ان کو عباد امثالکم (تمھارے جیسے بندے) کیوں کہا گیا؟ امام نے اس کے متعدد جواب دیئے ہیں۔ (۱) کیونکہ مشرکین کا یہ عقیدہ تھا کہ یہ زندہ ہیں اور سُنتے سمجھتے ہیں اس لیے ان کے اعتقاد کے مطابق اُن سے بات کی گئی۔ اور ان ساری آیتوں میں یہی اسلوب اختیار کیا گیا۔ وردت ھذہ الالفاظ علی وفق معتقدھم ولذلک قال فادعوھم فلیستجیبوا لکم ولم یقل فلیستجبن لکم وقال ان الذین ولم یقل ان التی۔ (۲) یہ الفاظ بطور استہزاء استعمال کیے گئے ہیں۔ یعنی اے عقل کے دُشمنو! اگر تمھاری بات ایک منٹ کے لیے مان بھی لی جائے کہ یہ زندہ ہیں اور سُنتے سمجھتے ہیں تو پھر بھی یہ زیادہ سے زیادہ تمھاری طرح انسان ہی ہوں گے۔ یہ آخر خُدا کیونکر بن گئے۔ اور اپنے جیسے انسان کی بندگی کا پٹہ گلے میں ڈالنا کہاں کی دانشمندی ہے۔ اوردہ فی معرض الاستھزاء

لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ

ان کے ہاتھ ہیں پکڑتے ہیں وہ جن کے ساتھ یا کیا اُن کی آنکھیں ہیں دیکھتے ہیں جن سے ۲۵۴

اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا قُلِ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ

یا کیا ان کے کان ہیں وہ سُنتے ہیں جن کے ساتھ آپ کہیے پکارو اپنے شریکوں کو ۲۵۵ پھر سازش کرو میرے خلاف

فَلَا تُنْظِرُوْنِ ۝ اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ

اور مت مہلت دو مجھے یقیناً میرا حمایتی اللہ ہے جس نے اُتاری یہ کتاب ۲۵۶ اور وہ

بھوای قصاری امرھوان یکونوا احیاء عقلاء فان ثبت ذلك فهم عباد امثالكم ولا فضل لهم عليكم فلم جعلتم انفسكم عبيداً وجعلتموها الهة وارباباً کبیر۔ علامہ قرطبی نے بتوں کو عباد کہنے کی یہ وجہ بیان کی ہے کہ وہ بھی تمھاری طرح اس کے مملوک ہیں۔ اور تمھاری طرح اس کے پیدا کردہ ہیں۔ وسميت الاوثان عبادا لانها مملوكة لله مسخرة۔ الحسن: المعنى ان الاصنام مخلوقة امثالكم (قرطبی)

۲۵۴ ان کی جہالت اور حماقت کو مزید آشکارا کیا جا رہا ہے کہ تم صاحب عقل و ہوش ہوتے ہوئے لکڑی اور پتھر کے بنائے ہوئے بے جان مجسموں کی پوجا کرتے ہو جن کی بے بسی کا یہ عالم ہے کہ نہ تو ان کے پاؤں ہیں کہ ان سے چل سکیں۔ نہ ہاتھ ہیں کہ ان سے کچھ پکڑ سکیں۔ نہ آنکھیں ہیں کہ کچھ دیکھ سکیں۔

۲۵۵ کفار مکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دھمکیاں دیا کرتے تھے کہ آپ ہمارے خداؤں کی توہین کرتے ہیں۔ اور ان کی خدائی کو تسلیم نہیں کرتے۔ یاد رکھو اگر ہمارے بت برہم ہو گئے تو پھر خیر نہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ وازکی الثنا کو حکم فرماتا ہے کہ اے حبیب! انھیں فرما دو کہ جو کچھ تمھارے بت میرا بگاڑ سکتے ہیں بگاڑ لیں اور میرا ذرا لحاظ نہ کریں میں اپنے مالک حقیقی کے بغیر کسی کو اپنا معبود اور الٰہ نہیں بنا سکتا۔

۲۵۶ میرا حامی و ناصر وہ حی و قیوم ہے جس کی حمایت و نصرت ہمیشہ اپنے نیک اور فرمانبردار بندوں کے شامل حال رہا کرتی ہے۔ مجھے اس پر بھروسہ ہے۔ دُنیا کی کوئی طاقت میرا بال بیکا نہیں کر سکتی۔ سچ یہ ہے کہ اہل حق کے پاس یہی ایک قوت ہے جس کے بل بوتے پر وہ بڑی بے باکی سے ہر طاغوتی طاقت سے ٹکرا جاتے ہیں۔ ولی الشیء: الذی یحفظه ویمنع عنه الضرر (قرطبی) جو شخص کسی کی حفاظت کرے اور ہر قسم کے ضرر سے اسے بچائے اُس کو اُس کا ولی کہتے ہیں۔

يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٩٦﴾ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

حمایت کیا کرتا ہے نیک بندوں کی اور جن کی تم عبادت کرتے ہو ٢٥٧ اللہ کے سوا وہ طاقت نہیں رکھتے

نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿١٩٧﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى

تمھاری امداد کی اور نہ اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں اور اگر تم بلاؤ انھیں ہدایت کی طرف

لَا يَسْمَعُوْا ۭ وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿١٩٨﴾

تو وہ نہ سنیں گے اور تو دیکھے گا انھیں کہ دیکھ ٢٥٨ رہے ہیں تیری طرف حالانکہ انھیں کچھ نظر نہیں آتا

خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿١٩٩﴾ وَاِمَّا

قبول کیجیے معذرت (خطاکاروں سے) اور حکم دیجیے ٢٥٩ نیک کاموں کا اور رخ (انور) پھیر لیجیے نادانوں کی طرف سے اور اگر

٢٥٧ میرا حامی و ناصر تو وہ ہے جس کی یہ شان ہے۔ اور تمھارے باطل اور جھوٹے معبودوں کی بے بسی کا یہ عالم ہے۔ اب تم ہی فیصلہ کرو کامیاب و کامران کون ہوگا۔ اس مضمون کو دوبارہ بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ بات اچھی طرح ان کے ذہن نشین کرا دی جائے کہ ان کے معبود نہ اپنے پجاریوں کو کوئی فائدہ پہنچا سکتے ہیں اور نہ اپنے مخالفین کا کچھ بگاڑ سکتے ہیں۔

٢٥٨ ان کی مصنوعی آنکھیں تمھاری طرف کھلی ہوئی تو ہیں لیکن ہیں بے نور۔ انھیں دکھائی کچھ نہیں دیتا۔

٢٥٩ اس آیت میں تین امور کے متعلق ہدایت فرمائی گئی ہے۔ (١) جو قصور وار معذرت طلب کرتا ہوا آپ کے پاس آئے اسے کمال فراخ دلی اور شفقت سے معاف کر دیجیے اور بدلہ و انتقام لینے پر اصرار نہ کیجیے۔ ای خذ العفو عن المذنبین والمراد اعف عنھم (روح المعانی)۔ (٢) یہ کہ اچھی اور مفید چیزوں کے کرنے کا آپ لوگوں کو حکم دیجیے۔ العرف: المعروف المستحسن من الافعال (بیضاوی)۔ (٣) جاہل اور ناسمجھ لوگ اگر آپ کو برا بھلا کہیں تو ان سے الجھیے نہیں۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ قرآن میں اخلاق حسنہ کے متعلق یہ جامع ترین آیت ہے۔ ولیس فی القرآن اجمع لمکارم الاخلاق من ھذہ الآیۃ (قرطبی) ہر مومن کو ان صفات حسنہ سے متصف ہونا چاہیے اور خصوصاً اس طبقہ کو جن کے ذمہ اشاعت دین اور تبلیغ اسلام کا فریضہ ہے انھیں تو خصوصی طور پر ان خصائل حمیدہ سے اپنے آپ کو مزین کرنا چاہیے۔ اسی مضمون کو زیادہ تفصیل کے ساتھ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اس ارشاد میں بیان فرمایا ہے۔ امرنی ربی بتسع الاخلاص فی السر والعلانیۃ والعدل فی الرضا والغضب والقصد فی الغنی والفقر وان اعفو عمن ظلمنی واصل من قطعنی واعطی من حرمنی وان یکون نطقی ذکرا وصمتی فکرا

يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ

پہنچے آپ کو ۲۶۰ شیطان کی طرف سے ذرا سا وسوسہ تو فوراً پناہ مانگیے اللہ سے بے شک وہ سب کچھ سننے والا ۲۶۱

عَلِيْمٌ ۝۲۰۰ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰۗىِٕفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ

جاننے والا ہے بے شک وہ لوگ جو تقویٰ اختیار کیے ہیں ۲۶۲ جب چھوتا ہے انھیں کوئی خیال شیطان کی طرف سے

ونظری عبرة (قرطبی)

ترجمہ: مجھے میرے پروردگار نے نو باتوں کا حکم دیا ہے :-

۱۔ ظاہر و باطن میں اخلاص کو اپنا شعار بناؤں۔
۲۔ خوشنودی اور ناراضگی میں عدل کروں۔
۳۔ خوشحالی اور تنگدستی میں میانہ روی اختیار کروں۔
۴۔ جو مجھ پر ظلم کرے اس کو معاف کر دوں۔
۵۔ جو قطع تعلق کرے اُس سے صلہ رحمی کروں۔
۶۔ اُس کو دُوں جو مجھے محروم رکھے۔
۷۔ میری زبان گویا ہو تو ذکرِ الٰہی سے۔
۸۔ خاموشی کی حالت میں اُس کی آیتوں میں غور و فکر کروں۔
۹۔ اور میرے دیکھنے میں عبرت پذیری ہو۔

۲۶۰ اما اصل میں ان شرطیہ اور ما زائدہ سے مرکب ہے۔ نزغ کا معنی ہے انگلیوں کے پوروں سے کسی کو گدگدانا۔ اس کا مطلب ہے کسی بُرائی پر اُکسانا اور کسی گناہ پر آمادہ کرنا۔ والنزغ النخس وھو الضرب برؤس الاصابع والمراد ھھنا التحریک الی الشر والاغواء والوسوسة (مظہری) سابقہ آیت میں محاسنِ اخلاق کی تعلیم دینے کے بعد فرمایا کہ اگر شیطان انسان کی طبعی کمزوریوں سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے اس کو کسی ایسے کام پر اُکسائے جو کہ آدابِ قرآنی کے خلاف ہے۔ اور دل میں وسوسہ اندازی کرنے لگے تو انسان کو چاہیے کہ فوراً اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو کر شیطان کی اس فریب کاری اور وسوسہ اندازی سے پناہ مانگے۔ وُہی ذاتِ پاک اس کے ڈگمگاتے ہوئے پاؤں کو پھر ثبات بخشے گی۔ حضرت عبدالرحمٰن بن زید سے مروی ہے کہ جب پہلی آیت نازل ہوئی تو حضورؐ نے عرض کی کیف یارب والغضب؟ اے رب غصہ کا کیا علاج؟ تو یہ آیت نازل ہوئی۔

۲۶۱ یعنی اللہ تعالیٰ تیری ہر بات بھی سُنتا ہے اور تیری التجا کو بھی جانتا ہے وُہ یقیناً تمھیں شیطان کے شر سے بچائے گا۔ یا تیرے دُشمنوں کے اقوال کو بھی سُنتا ہے اور ان کے اعمال کو بھی جانتا ہے وُہ خود اپنی قدرت سے تمھیں ان کے مکر و فریب سے محفوظ رکھے گا۔ تمھیں پریشان ہونے کی کیا ضرورت۔

۲۶۲ نیک نہاد اور پرہیزگاروں کو اگر کوئی شیطانی وسوسہ راہِ حق سے بھٹکانے لگتا ہے اور اپنے دامِ فریب میں گرفتار کرنے لگتا ہے تو فوراً ان کا ضمیر بیدار ہو جاتا ہے اور وُہ ذکرِ الٰہی میں مشغول ہو جاتے ہیں اور توبہ و استغفار شروع کر دیتے ہیں جس

تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾ وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي

تو وہ (خدا کو) یاد کرنے لگتے ہیں تو فوراً ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔ اور جو شیطانوں کے بھائی ہیں شیطان کھینچ لے جاتے ہیں انھیں

الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾ وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا

گمراہی میں پھر (انھیں گمراہ کرنے میں) وہ کوتاہی نہیں کرتے۔ اور (اے محبوب!) جب آپ نہیں لاتے ۲۶۳؎ ان کے پاس کوئی آیت تو

اجْتَبَيْتَهَا ۚ قُلْ اِنَّمَا اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ

کہتے ہیں کیوں نہ بنا لیا تم نے خود اسے فرمائیے میں تو اسی کی پیروی کرتا ہوں جو وحی کی جاتی ہے میری طرف میرے رب سے یہ روشن دلیلیں ہیں تمھارے

مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَاِذَا

رب کی طرف سے اور ہدایت اور رحمت ہیں اس قوم کے لیے جو ایمان لاتی ہے اور جب ۲۶۴؎

کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ شکوک و شبہات کی گرد چھٹ جاتی ہے۔ غفلت کی تاریکی کافور ہو جاتی ہے اور شیطان کا دامِ ہمرنگِ زمین صاف دکھائی دینے لگتا ہے اور وہ خطرے کے اس مقام سے بخیریت گزر جاتے ہیں۔

۲۶۳؎ ویسے تو اجتبٰی کا معنی چن لینا ہے لیکن یہاں اس کا معنی اپنی طرف سے گھڑ لینا ہے۔ یقال اجتبیت الکلام ای ارتجلته واختلقته واخترعته اذ اجئت به من عند نفسك (قرطبی)۔ کفار فضول مطالبات اور لایعنی فرمائشیں کیا کرتے۔ اور جب ان کی توقع کے خلاف ان کے نزول میں تاخیر ہوتی تو کہنے لگتے آپ اپنی طرف سے آیتیں بنا کر کیوں پیش نہیں کر دیتے ان ناسمجھوں کو مقامِ نبوت کی نزاکتوں کا کیا احساس؟ یہاں تو دل میں کسی غیر کا خیال آجانا بھی برداشت نہیں کیا جاسکتا چہ جائیکہ نبی اپنی طرف سے کوئی آیت وضع کر کے اسے اپنے اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دے۔

۲۶۴؎ جب حضور نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم قرآن کریم کی تلاوت فرماتے تو کفار شور و غل مچاتے۔ نہ خود سنتے نہ اوروں کو سننے دیتے۔ اگر کسی آیت کے متعلق وہ فرمائش کرتے اور وہ پوری نہ کی جاتی تو ازراہِ طعن حضور کو کہتے کہ جیسے خود بخود نبی بنے بیٹھے ہو اسی طرح ایک آیت بھی اپنی طرف سے بنا کر پیش کر دو۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے کفار! جب قرآن پڑھا جا رہا ہو۔ تو اسے غور سے سنو۔ اس کو سننے سے کچھ بعید نہیں کہ رحمتِ الٰہی کے دروازے تم پر کھل جائیں۔ اور تم اس دعوتِ حق کو قبول کرنے کے لیے اپنے سینہ کو منشرح پاؤ۔ اور بہت ممکن ہے کہ اس کے ظاہری جمال اور معنوی حسن سے متاثر ہو کر تمھیں یقین ہو جائے کہ یہ کسی انسان کا نہیں بلکہ رب ذوالجلال کا کلامِ بلاغت نظام ہے۔ علماء کرام نے فرمایا ہے کہ ہر شخص پر واجب ہے کہ جب قرآن پڑھا جا رہا ہو تو وہ مؤدب ہو کر خاموشی سے بیٹھ جائے اور بڑے غور سے اس کی آیاتِ طیبات کو سنے تاکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت

قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَ اَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾

پڑھا جائے قرآن (مجید) تو کان لگا کر سنو اسے اور چپ ہو جاؤ تاکہ تم پر رحمت کی جائے

وَ اذْكُرْ رَّبَّكَ فِیْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّ خِیْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ

اور یاد کرو اپنے رب کو ۲۶۵ اپنے دل میں عاجزی کرتے ہوئے اور ڈرتے ڈرتے اور زبان سے بھی چلائے بغیر

الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ وَ لَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِیْنَ ﴿۲۰۵﴾ اِنَّ

(یوں یاد کرو) صبح کے وقت بھی اور شام کے وقت بھی اور نہ ہو جاؤ (یاد الٰہی سے) غافل رہنے والوں سے۔ بے شک

کا مستحق بن جائے۔ وظاهر اللفظ يقتضي وجوبهما حيث يقرء القران مطلقا وعامة العلماء على استحبابهما خارج الصلوٰة (بیضاوی) یعنی آیت کے الفاظ سے تو بظاہر یہی پتہ چلتا ہے کہ جب قرآن پڑھا جائے تو خاموشی سے سننا واجب ہے لیکن عام علماء کا قول ہے کہ یہ مستحب ہے۔

۲۶۵ دل کے آئینہ سے غفلت کا غبار اور روح کے رخ تاباں سے نافرمانی کے داغ دھونے کا طریقہ یہ ہے کہ انسان اپنی زندگی کی صبحیں اور شامیں یادِ الٰہی میں بسر کرے۔ ذکر تب اپنا پورا اثر دکھاتا ہے جب اس میں مذکورہ شرائط موجود ہوں۔ (۱) ذکر کرتے وقت انسان عاجزی اور انکساری کا مجسمہ بنا ہوا ہو۔ کبر و غرور اور غفلت و کاہلی سے کوسوں دور ہو۔ (۲) اسے اس بات کا ہر وقت شدید احساس ہو کہ اس کے اعمال اور اس کا ذکر اس بارگاہ رفعت و جلال کے شایانِ شان نہیں۔ (۳) ذکر گلا پھاڑ پھاڑ کر نہ کرے جس میں بے ادبی کا شائبہ ہو بلکہ درمیانہ آواز سے کیا جائے جس میں ادب اور سنجیدگی ہو۔ ایک رات حضور رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے گھر کے پاس سے گزرے تو دیکھا کہ وہ چپکے چپکے ذکر میں مشغول ہیں۔ اور حضرت فاروق رضی اللہ عنہ کے گھر کے پاس سے گزرے تو ملاحظہ فرمایا کہ بلند آواز سے محو ذکر ہیں۔ صبح ہوئی تو دونوں کو بلایا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ہدایت فرمائی کہ ذرا بلند آواز سے ذکر کیا کریں۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ ذرا آہستہ ذکر کیا کرو۔ رضی اللہ عنہما وصلی وسلم علی ہادیہما ومرشدہما۔ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے مختلف احادیث میں تطبیق دیتے ہوئے خوب فرمایا ہے کہ اگر ذاکر کو ریاء کا اندیشہ ہو یا نمازیوں اور آرام کرنے والوں کو تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو تو پھر آہستہ ذکر کرنا مستحب ہے۔ بصورتِ دیگر ذکر بالجہر افضل ہے۔ وقد جمع النووي بين الاحاديث الواردة في استحباب الجهر بالذكر والواردة في استحباب الاسرار به بان الاخفاء افضل حيث خاف الرياء او تاذى المصلون او النائمون والجهر افضل في غيره لك ـــ ان الشيخ المرشد قد يامر المبتدى برفع الصوت لتنقلع من قلبه الخواطر الراسخة فيه (روح البیان) تشریح لفظی: خیفۃ اصل میں خوفۃ تھا۔ واؤ ی سے بدل گئی۔ الغدو جمع غدوۃ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ

جو ٢٦٦ مقرب ہیں تیرے رب کے وُہ تکبّر نہیں کیا کرتے اس کی عبادت سے اور پاکی بیان کرتے رہتے ہیں

وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۩ ﴿٢٠٦﴾

اُس کی اور اُسی کو سجدہ کرتے ہیں

قال الجوهري الاصيل الوقت بعد العصر الى المغرب وجمعه أُصُل وآصال واصائل ۔ (قرطبی)

٢٦٦ الذين سے مُراد ملائکہ ہیں ۔ اس سُورۃ کا اِختتام فرشتوں کے ذکرِ خیر سے کیا جارہا ہے ۔ اور بتایا جارہا ہے کہ جب یہ نُورانی اور پاک مخلوق ہر وقت اپنے پروردگار کے ہر حکم کے سامنے سرِتسلیم خم کیے ہُوئے ہے ۔ ان کی زبانیں اپنے ربِّ قدیر کی حمد وثنا اور تسبیح وتمجید میں زمزمہ سنج ہیں ۔ اور ان کے دِل اُس کی یاد میں محو ہیں اور اُن کی پیشانیاں اس کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہیں ۔ تو انسان جو مسجُودِ ملائکہ ہے اور اللہ تعالیٰ کا خلیفہ ہے اُس کا بھی فرض ہے کہ وُہ اپنے مولائے کریم کی عبادت اور اطاعت میں صبح وشام کوشاں رہے ۔ ہر دم اس کی یاد ، اُس کے ذِکر اور اُس کی محبت میں سرشار رہے ۔ اللهم اجعلنا من عبادك القانتين المخلصين الذاكرين بجاه رحمة للعلمين عليه وعلى آله افضل الصلوات واطيب التسليمات ۔

یہ آیت سجدہ ہے اور اس طرح کی بقول اصح چودہ آیتیں ہیں ۔ جن کو جب انسان پڑھے یا سُنے تو سجدہ کرے ۔ اسے سجدۂ تلاوت کہتے ہیں ۔ اس کے ادا کرنے کی بھی وُہی شرطیں ہیں جو سجدۂ نماز کی ہیں ۔ یعنی باوضو ہو ، پاک جگہ ہو تفصیلی احکام کُتبِ فقہ میں مذکور ہیں ۔

تعارف سُورۃ الانفال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام: اس سُورۃ پاک کا نام الانفال ہے کیونکہ اس کا آغاز انفال (اموالِ غنیمت) کے احکام بیان کرنے سے کیا گیا ہے۔ اس کی آیتوں کی تعداد پچھتر اور کلمات کی تعداد ایک ہزار پچھتر ہے۔ اگرچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک روایت یہ بھی ہے کہ اس کی سات آیتیں اذ یمکربک الذین... الآ مکی ہیں لیکن صحیح قول یہی ہے کہ یہ سُورۃ تمام مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی۔

زمانۂ نزول: سُورۃ کے مضامین میں غور کرنے سے واضح ہو جاتا ہے کہ اس کا نزول ۲ھ غزوۂ بدر کے فوراً بعد ہُوا۔ کیونکہ اس سُورۃ کا بیشتر حصّہ غزوۂ بدر سے متعلق ہے اس لیے اس کو پُوری طرح سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ اس غزوہ کے محرکات واسباب اور اس سے پیدا ہونے والے نتائج کا بنظرِ غائر جائزہ لیا جائے۔

غزوۂ بدر: اللہ تعالیٰ کا پیارا حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اور اس کے جاں نثار غلام بارہ تیرہ سال تک کفارِ مکہ کے ظلم وستم کو صبر وسکون سے برداشت کرتے رہے۔ اور ان کے دل کی دُنیا میں نُورِ حق سے اُجالا کرنے میں کوشاں رہے۔ لیکن اسلام کا پودا ان کے دلوں کی سنگلاخ سرزمین میں جڑ نہ پکڑ سکا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ سے مکہ سے اڑھائی تین سو میل دور یثرب نامی ایک بستی کے رہنے والوں کو اسلام کی طرف مائل کر دیا۔ حج کے ایام میں وہاں کے کچھ لوگ حاضر ہوتے اور مشرف باسلام ہوئے۔ نبوت کے بارھویں سال قبیلہ خزرج کا ایک قافلہ جو پچھتر افراد پر مشتمل تھا، مکہ آیا اور حضور کے دستِ حق پرست پر بیعت کی اور یہ بھی درخواست کی کہ حضور مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ میں رونق افروز ہوں۔ انہیں ان خطرات اور مشکلات کا پورا احساس تھا جن سے انہیں دوچار ہونا تھا لیکن وہ ان کا سامنا کرنے کے لیے بخوشی تیار تھے۔ ہجرت کے بعد صورتِ حال بالکل بدل گئی۔ مکہ کے مظلوم وستم رسیدہ مسلمان مدینہ طیبہ میں جمع ہو گئے۔ وہاں کے دو بڑے قبیلوں اوس وخزرج میں اسلام کی روشنی بڑی تیزی سے پھیلنے لگی قلیل مدت میں مسلمانوں کی ایک مضبوط جمعیت معرضِ وجود میں آگئی۔ اور اسلام کی اشاعت کا کام جو تیرہ سالہ مکی زندگی میں نہ ہو سکا وہ یہاں آکر چند ماہ میں ہو گیا۔

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے مدینہ منورہ پہنچتے ہی مہاجرین وانصار کو اخوت کے رشتہ میں پرو دیا ہر مہاجر کا کسی انصاری کے ساتھ بھائی چارہ قائم کر کے اسلامی سوسائٹی کو نہایت استوار بنیادوں پر کھڑا کر دیا پھر یہودی قبائل جو مدینہ اور اس کے گرد و نواح میں اقامت پذیر تھے ان کے ساتھ دوستی کے معاہدے کیے جس میں ہر ایک کو مکمل مذہبی آزادی دیتے

کے ساتھ یہ بھی طے پایا کہ اگر کسی طرف سے مدینہ پر حملہ کیا جائے تو سب مل کر اس حملہ آور کا مقابلہ کریں گے۔

اہل مکہ ان حالات سے بے خبر نہ تھے۔ اسلام کی روز افزوں ترقی اور آس پاس بسنے والے قبائل سے مسلمانوں کے دوستانہ معاہدے ان کے لیے بڑی بے چینی اور اضطراب کا سبب تھے۔ وہ خوب جانتے تھے کہ اسلام کا عروج ان کے مشرکانہ عقائد اور جاہلانہ نظام حیات کے لیے موت کا پیغام ہے۔ اس لیے انھوں نے مدینہ کی فضا کو بھی اسلام اور اہل اسلام کے لیے ناساز گار بنانے کی تگ و دو شروع کر دی۔ مدینہ میں دو عنصر ایسے تھے جنھیں وہ بڑی آسانی سے اسلام کے خلاف استعمال کر سکتے تھے۔ عبداللہ بن ابی اور یہود۔ حضور کی تشریف آوری سے پہلے عبداللہ بن ابی کیلیے حالات اتنے سازگار ہو گئے تھے کہ اس کی بادشاہت کا اعلان کیا جانے والا تھا۔ اور ایک زرگر کے پاس اس کے لیے تاج شاہی تیار ہو رہا تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قدم رنجہ فرمانے کے بعد اس کی امیدیں خاک میں مل گئیں اس لیے اس کے دل میں اسلام کے خلاف بغض و عناد کا ایک اَنمٹ جذبہ پیدا ہو گیا۔ اب اسے اور اس کے حواریوں کو اہل مکہ بڑی آسانی سے اپنا آلۂ کار بنا سکتے تھے۔ اس کے علاوہ یہود کے دلوں میں بھی حسد کی آگ بھڑکنے لگی تھی۔ ان بیچاروں نے تو اس خیال سے حضور کے استقبال میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا اور اس مقصد کے لیے مسلمانوں سے یارانہ گانٹھا تھا کہ وہ دل میں یہ سمجھے ہوئے تھے کہ یہ مصیبت زدہ جلاوطن لوگ جن کی مالی حالت بھی سخت ناگفتہ بہ ہے ان کو یہ آسانی سے اپنا حلقہ بگوش بنا لیں گے اور انہیں اپنے اغراض و مقاصد کے لیے استعمال کریں گے۔ لیکن جب پیغمبر اسلام اور اس کے فداکاروں کی مضبوط اٹک شخصیت اور اسلام سے ان کی بے پناہ عقیدت و محبت کا تجربہ ہوا اور ان کی توقعات بر آتی دکھائی نہ دیں تو ان کے تیور بھی بدل گئے اور وہ بھی ایسے موقع کی تاک میں رہنے لگے جب وہ مسلمانوں کی جمعیت کو پراگندہ کر کے پھر اپنی برتری کا سکہ شہری کسانوں کے دلوں پر جما سکیں۔ چنانچہ اہل مکہ نے ان لوگوں سے اسلام کے خلاف ساز باز شروع کر دی اور مسلمانوں کو اپنی قوت سے مرعوب کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً جتھے بھیجنے شروع کر دیئے جو مدینہ کی چراگاہوں سے مسلمانوں کے مویشی ہانک کے لے جاتے۔ اور اگر اکا دکا کوئی مسلمان ہاتھ آ جاتا تو اس پر حملہ کرنے سے بھی باز نہ آتے۔

ان حالات میں کیا مسلمان ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھے رہتے۔ اور اپنی آنکھوں سے دیکھا کرتے کہ کس طرح مخالفت کی تند آندھیاں اٹھتی ہیں اور شمع اسلام کو گل کر کے چلی جاتی ہیں۔ کس طرح طوفان امنڈ کر آتے ہیں اور ان کے نخل آرزو کو شجروں سے اکھیڑ کر پھینک دیتے ہیں۔ مسلمان اس جمعیت کے لوگ نہ تھے۔ انہیں زندہ رہنا تھا صرف اپنے لیے نہیں بلکہ ساری گم کردہ راہ اولاد آدم کے لیے تاکہ دنیا کا گوشہ گوشہ نور محمدی سے منور ہو جائے۔ اس لیے اس صورت حال سے نمٹنے کے لیے حضور کریم رحمۃ للعالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ضروری اقدامات فرمائے۔

کفار مکہ کو ان کے معاندانہ رویہ سے باز رکھنے انہیں اسلام اور اہل اسلام کے خلاف سازشوں اور ریشہ دوانیوں سے روکنے کا آسان طریقہ یہ تھا کہ ان کی تجارتی شاہ راہ پر اپنی گرفت مضبوط کی جائے جو بحر احمر کے کنارے کنارے یمن سے شام کی طرف جاتی تھی اور جس پر اہل مکہ، طائف اور دوسرے قبائل کے تجارتی کاروان اپنا بیش قیمت سامان لے کر جاتے تھے۔ سامان سے لدے ہوئے دو دو ہزار اونٹوں کے قافلے بیک وقت چلتے تھے۔ مشہور مستشرق سپر نجر کے اندازہ کے مطابق اڑھائی لاکھ

قریشِ مکہ کی تجارتی شاہراہ

شمال

بحر ابیض

شام

خلیج فارس

خیبر

مدینہ

ذوالعشیرہ

بدر

ابواء

طائف

مکہ

بحر احمر

بحیرۂ عرب

عدن

خلیج عدن

پاؤنڈ کی تجارت تو صرف اہلِ مکہ کی تھی۔ اور ان کی تمام تر معیشت کا انحصار اسی پر تھا۔ چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے جہینہ، بنی ضمرہ، بنی مدلج وغیرہ قبائل سے معاہدے کیے جو اس شاہراہ کے اردگرد سکونت پذیر تھے۔ ان قبائل کو اپنے ساتھ ملانے کے بعد کفارِ مکہ کو مرعوب کرنے اور ان کو اپنی بالادستی کا احساس دلانے کے لیے گاہے گاہے چھوٹے چھوٹے دستے بھیجنے شروع کر دیئے۔

ہجرت کا دوسرا سال تھا، اور شعبان کا مہینہ تھا (فروری یا مارچ ۶۲۴ء) جب ابوسفیان کی قیادت میں اہلِ مکہ کا ایک تجارتی کاروان جس میں پچاس ہزار پونڈ کی مالیت کا سامان تھا، شام سے مکہ کی طرف لوٹ رہا تھا۔ اس کے ساتھ محافظ دستہ کی تعداد بہت کم تھی۔ اس خوف سے کہ کہیں مسلمان اس کاروان کی اطلاع پا کر اس پر حملہ نہ کر دیں، ابوسفیان نے ضمضم بن عمرو الغفاری کو اُجرت دی اور اسے دوڑایا کہ جا کر اہلِ مکہ کو اطلاع دے کہ وہ اس قافلہ کو مسلمانوں کی دست بُرد سے بچانے کے لیے نکلیں۔ جب وہ مکہ پہنچا تو اس نے (حسبِ دستورِ جاہلیت) اپنے اُونٹ کے کان کاٹ ڈالے۔ اس کی ناک چیر دی اپنے پالان کو اُلٹا ڈال دیا۔ اپنی قمیص کو آگے پیچھے سے پھاڑ ڈالا اور زور زور سے چلانا شروع کر دیا۔ یامعشر قریش! اللطیمة! اموالکم مع ابی سفیان قد عرض لہا محمد فی اصحابہ لا اری ان تدرکوھا الغوث! الغوث! اے گروہِ قریش! تمھارا مال و اسباب تمھارا ساز و سامان، تمھارے اموال جو ابوسفیان کے قافلے میں تھے ان پر محمد (علیہ السلام) نے اپنے یاروں سمیت حملہ کر دیا ہے۔ میں نہیں خیال کرتا کہ تم اس کی حفاظت کر سکو گے، فریاد کو پہنچو۔ فریاد کو پہنچو۔

یہ سُنتے ہی ابوجہل نے لوگوں کو جنگ پر اُبھارنا شروع کر دیا۔ تقریباً مکہ کا ہر گھر اس تجارت میں حصہ دار تھا اس لیے اس مہم میں ہر شخص کا ذاتی مفاد بھی تھا۔ تھوڑی دیر میں ایک ہزار آزمودہ کار سپاہیوں کا لشکرِ جرار تیار ہو گیا جس میں ۶۰۰ زرہ پوش تھے اور سو سواروں کا دستہ بھی تھا۔ بڑے کرّوفر سے یہ لشکر اپنے قافلہ کی حفاظت کے لیے نکلا۔ راستہ میں انھیں اطلاع ملی کہ قافلہ صحیح سلامت مسلمانوں کی زد سے بچ کر نکل آیا ہے۔ اس پر کئی لوگوں نے یہ رائے دی کہ ہماری اس مہم کا مقصد پورا ہو گیا ہے اس لیے اب ہمیں واپس لوٹ جانا چاہیے لیکن ابوجہل اور لشکر کی بھاری اکثریت اس پر رضامند نہ ہوئی کیونکہ ان کا ارادہ یہ تھا کہ مسلمانوں کی اس مختصر جمعیت کو آج ہی ٹھکانے لگا دیا جائے تاکہ ان کا مذہب اور ان کی تجارتی شاہراہ جو ان کی رگِ حیات ہے اس مہیب خطرہ سے ہمیشہ کے لیے محفوظ ہو جائے اور اس کے اردگرد بسنے والے قبائل بھی اتنے ہراساں اور خوفزدہ ہو جائیں کہ وہ ان کی طرف آنکھ اُٹھانے کی جرأت بھی نہ کر سکیں۔

حضور نبی کریم تین سو تیرہ مسلمانوں کی معیت میں مدینہ سے نکلے جن میں ۸۳ مہاجر، ۶۱ قبیلہ اوس اور باقی ۱۷۰ کے قریب قبیلہ خزرج کے انصار تھے۔ حضور جب وادیٔ ذفران میں پہنچے تو اطلاع ملی کہ ابوجہل ایک لشکرِ جرار لے کر مکہ سے مدینہ کی طرف بڑھا چلا آ رہا ہے۔ اب مسلمانوں کا مدِ مقابل وہ تجارتی قافلہ نہ تھا جس کے محافظوں کی تعداد تیس چالیس کے لگ بھگ تھی بلکہ جنگجو اور تجربہ کار بہادروں کا ایک لشکرِ عظیم تھا جس کی قیادت مکہ کا مشہور سردار ابوجہل کر رہا تھا جو تعداد میں مسلمانوں کی اس مختصر جماعت سے تین گنا تھا اور ساز و سامان اور اسلحہ میں مسلمانوں کو ان سے کوئی نسبت ہی نہ تھی۔ حضور رحمتِ عالم بھی

حالات کا گہری نظر سے مطالعہ فرما رہے تھے۔ حضور کو یہ معلوم تھا کہ اگر آج کمزوری دکھائی گئی تو صرف یہی نہیں کہ کفار مکہ کے حوصلے بڑھ جائیں گے اور وہ مسلمانوں کے خلاف اپنی مساعی کو تیز تر کر دیں گے بلکہ خود مدینہ میں مسلمانوں کے لیے زندہ رہنا مشکل ہو جائے گا۔ یہودی اور منافق جو ابھی تک سہمے سہمے رہتے ہیں وہ بھی دلیر ہو جائیں گے۔ اور داخلی امن بھی خطرہ کی نذر ہو جائے گا۔ اس لیے اب موقع تھا کہ جرأت وہمت سے کام لے کر سرفروشانہ طور پر کفار کی طاقت سے ٹکر لی جائے۔

لیکن کوئی قدم اٹھانے سے پہلے ایک مجلس مشاورت منعقد کی گئی جس میں مہاجرین اور انصار نے شرکت کی۔ ان کے سامنے حضور نے ساری صورت حال پیش فرما دی۔ حضرت صدیق اور فاروق نے اپنے جذبۂ جانفروشی کا اظہار کیا۔ حضرت مقداد بن عمرو کھڑے ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ! امض لما اراك الله فنحن معك والله لا نقول لك كما قال بنو اسرائيل لموسى اذهب انت وربك فقاتلا انا ههنا قاعدون ولكن اذهب انت وربك فقاتلا انا معكما مقاتلون: یا رسول اللہ! جیسے اللہ کا حکم ہے تشریف لے چلیے ہم حضور کے ساتھ ہیں۔ بخدا ہم حضور کی خدمت میں وہ بات نہیں عرض کریں گے جو بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ سے کہی تھی کہ تم اور تمہارا خدا جا کر لڑو ہم تو یہاں بیٹھے ہیں بلکہ ہم تو یہ عرض کریں گے کہ آپ اور آپ کا رب کریم دشمن سے نبرد آزما ہوں، ہم سب آپکے ساتھ ہیں۔ پھر حضور نے فرمایا۔ اشیروا علی ایها الناس! اے لوگو بتاؤ تمہاری کیا رائے ہے۔ اب انصار کو خیال گزرا کہ شاید روئے سخن ہماری طرف ہے تو انصار کے علمبردار سعد بن معاذ اٹھے اور عرض کی کانك تريدنا يا رسول الله؟ قال اجل۔ قال سعد: لقد آمنا بك وصدقناك وشهدنا ان ما جئت به هو الحق واعطيناك على ذالك عهودنا ومواثيقنا على السمع والطاعة فامض لما اردت فنحن معك فوالذي بعثك لو استعرضت بنا هذا البحر فخضته لخضناه معك وما تخلف منا رجل واحد ..... لعل الله يريك منا ما تقر به عينك فسر بنا على بركة الله۔

اے اللہ کے رسول! آپ ہماری رائے پوچھ رہے ہیں۔ حضور نے فرمایا ہاں۔ تو سعد نے عرض کی۔ ہم آپ پر ایمان لائے آپ کی تصدیق کی اور اس بات کی گواہی دی کہ جو کچھ آپ لائے ہیں وہ حق ہے۔ اور آپ کی کامل اطاعت کا پختہ وعدہ کیا۔ جدھر کا قصد ہے تشریف لے چلیے ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ اللہ کی قسم جس نے آپ کو نبی برحق بنا کر مبعوث فرمایا اگر آپ سمندر میں کودنے کا حکم دیں تو سب آپ کے ساتھ اس میں چھلانگ لگا دیں اور کوئی ایک بھی پیچھے نہ رہے۔ میدان جہاد میں ہماری جانفروشیوں سے اللہ تعالیٰ آپ کی آنکھوں کو ٹھنڈا کرے گا۔ اللہ کی برکت پر چلیے ہم سب بستگان فتراک نیاز حضور کے ہمرکاب ہیں۔

اس طرح سرفروشوں کا یہ گروہ اپنے رب کے نام کو بلند کرنے کا عزم صمیم کر کے آگے بڑھا اور بدر کے مقام پر خیمہ زن ہوا۔ وہاں ایک طرف حضور کے ٹھہرنے کے لیے ایک چھپر (عریش) بنا دیا گیا۔ جنگ سے ایک روز پیشتر حضور اپنے صحابہ کی معیت میں میدان جنگ کے نشیب وفراز کا جائزہ لینے کے لیے نکلے۔ سارے میدان کا چکر لگایا۔ اور اسی اثنا میں ان مقامات کی نشاندہی بھی فرماتے گئے جہاں کل ہونے والی جنگ میں مکہ کے سرداروں کی لاشیں گرنے والی تھیں هذا مصرع فلان، یہ فلاں کے گرنے کی جگہ ہے، هذا مصرع فلان: یہ فلاں کے گرنے کی جگہ ہے۔

رات کو سب لوگ محو خواب تھے لیکن چشم مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء بیدار تھی۔ ساری رات اسلام کی نصرت اور

مسلمانوں کی فتحمندی کے لیے دعائیں فرماتے رہے۔ صبح ہوئی مسلمانوں کی صفوں کو درست کیا۔ سامنے کفار کا لشکر جنگ کی تیاری میں مصروف تھا۔ ان کی سہ گنا قوت کو دیکھا اور مسلمانوں کی بے بسی کو ملاحظہ فرمایا۔ اپنے عرش میں واپس تشریف لائے اور بارگاہ خداوندی میں انتہائی عجز و نیاز سے عرض کی۔ اللّٰھم ھذہ قریش قد اتت بخیلائھا تحاول ان تکذب رسولک اللّٰھم فنصرک الذی وعدتنی اللّٰھم ان تھلک ھذہ العصابۃ الیوم لا تعبد۔" اے اللہ! یہ سامنے قریش ہیں جو نخوت و غرور کے سب سامان سے لیس ہو کر آئے ہیں تاکہ تیرے رسول کو جھٹلائیں۔ اے اللہ! اب آجائے تیری وہ مدد جس کا تو نے وعدہ فرمایا ہے۔ اے اللہ! اگر ان مٹھی بھر مسلمانوں کو تو نے ہلاک ہونے دیا تو پھر تیری کبھی عبادت نہیں کی جائے گی۔

رمضان کی سترہ تاریخ تھی اور جمعہ کا دن تھا۔ جب چشم آفتاب نے اور وادی بدر کے سنگریزوں نے اس انوکھی جنگ کا مشاہدہ کیا جس میں باطل اپنی پوری قوت و جبروت سے مسلح ہو کر حق کو کچلنے کے لیے نکلا تھا اور حق نے اپنی بے سر وسامانی کے باوجود باطل کو پاش پاش کر کے رکھ دیا۔ اگر اس روز اللہ تعالیٰ کی تائید اور مسلمانوں کی جانفروشی کے باعث حق کا بول بالا نہ ہوتا تو آج آفتاب صداقت کی یہ جلوہ سامانیاں نہ ہوتیں بلکہ یہ کائنات کفر و شرک کی اتھاہ گہرائیوں میں ڈوبی ہوئی ہوتی اسی لیے قرآن حکیم نے اس روز سعید کو یوم الفرقان فرمایا ہے۔ یعنی وہ دن جس نے حق و باطل کو الگ الگ کر دیا۔

یہ ہے اس جنگ بدر کا سیاسی اور تاریخی پس منظر جس کے متعلق اس سورۃ میں گفتگو فرمائی گئی ہے۔ نیز اس میں مسلمانوں کو انکی اپنی کوتاہیوں پر بھی آگاہ کر دیا تاکہ وہ اپنی پہلی فرصت میں ان کی اصلاح کی طرف متوجہ ہوں۔ یہ بھی واضح کر دیا کہ یہ فتح و کامرانی محض اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت کا نتیجہ ہے اس لیے اس کی اور اس کے رسول کریم کی اطاعت میں کوشاں رہو تاکہ تائید غیبی ہمیشہ تمہارے شامل حال رہے ایسا نہ ہو کہ تم اپنی بہادری اور شجاعت پر مغرور ہو کر احکام الٰہی اور ارشادات مصطفوی ؐ سے سرتابی کرنے لگو۔

مال غنیمت کی تقسیم کا طریقہ بھی واضح طور پر بیان کر دیا تاکہ اس کے متعلق کبھی کسی قسم کا تنازع پیدا نہ ہو۔ اس کے ضمن میں صلح و جنگ کے متعلق معاہدوں کی پابندی کا حکم بھی فرمایا تاکہ یہ امت جس کے نبی کی بعثت کی ایک بڑی غرض مکارم اخلاق کی تکمیل ہے وہ صلح و جنگ ہر حالت میں ان مکارم اخلاق کی علمبردار ہو۔

سورۃ کے آخری حصہ میں حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے صحابہ کرام کی شان بھی بیان فرما دی جن کی سرفروشیوں قربانیوں۔ جانبازیوں پیہم جد و جہد اور مسلسل سعی و عمل سے دین اسلام کو کامیابی اور عروج نصیب ہوا۔ تاکہ آئندہ آنے والی نسلیں ان کے اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہو کر اسی اخلاص، اسی للّٰہیت، اسی ایثار اور اسی جانفروشی سے پرچم اسلام کو بلند سے بلند تر کرنے کے لیے ہمہ تن مصروف جہاد رہیں۔ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا (یہی لوگ سچے ایماندار ہیں) کے کلمات سے ان حضرات قدسی صفات کے سچے اور کامل ایماندار ہونے کی خود خداوند علیم و خبیر نے شہادت دے دی اور پہلے ہی ان تمام شکوک و شبہات کا ازالہ کر دیا جو یاران مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ واجمل الثناء کے متعلق اسلام کے ظاہری اور باطنی دشمن قیامت تک اٹھانے والے تھے۔ تاکہ کوئی جان بوجھ کر ان شکوک و شبہات

کا شکار بننا چاہتا ہے تو بڑے شوق سے لیکن بے علمی اور بے خبری کی وجہ سے کوئی ان میں مبتلا نہ ہو۔

بدر کا میدانِ جنگ

۱۔ جدید قلعہ
۲۔ قصبہ
۳۔ نخلستان
۴۔ عریش
۵۔ جھونپڑے
۶۔ عام قبرستان
۷۔ گنج شہیدانِ بدر
۸۔ العدوۃ القصویٰ
۹۔ العدوۃ الدنیا
۱۰۔ جبل اسفل

سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَعَشْرُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ الانفال مدنی ہے اور اس کی ۷۵ آیات اور ۱۰ رکوعات ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا

دریافت کرتے ہیں آپ سے غنیمتوں کے متعلق [1] آپ فرمائیے غنیمتوں کے مالک اللہ اور رسول ہیں۔ پس ڈرتے رہو

[1] اسلام سے پہلے اہل عرب کسی قانون اور ضابطہ کے پابند نہ تھے۔ ان کی زندگی کی ساری سرگرمیاں ان کے لاابالی مزاجوں سے وابستہ تھیں۔ صلح و جنگ کے رسم و رواج میں عدل و انصاف کے بجائے قوت اور دھاندلی کا دور دورہ تھا۔ اسلام نے یکلخت ان کی اس بے راہ روی کو قانون کا پابند نہیں کر دیا بلکہ آہستہ آہستہ حسبِ ضرورت احکام نافذ کیے۔ اس طرح وہ قوم جو ابھی چند سال پہلے انانیت اور سرکشی میں ضرب المثل تھی نظم و ضبط کی علمبردار بن گئی۔ بدر کی جنگ کفر و اسلام کی پہلی جنگ تھی۔ نئے مسائل جن سے مسلمان پہلے آشنا نہ تھے، کا وقوع پذیر ہونا ایک قدرتی بات تھی۔ اس سورۃ کا آغاز ایک ایسی ہی الجھن اور اس کے حل سے کیا گیا۔ بات یوں ہوئی کہ جب نصرتِ ربانی سے مٹھی بھر نہتے مسلمانوں نے کفار کی عظمت و نخوت کو خاک میں ملا دیا اور ان کا لشکر جرار اپنے ستر سورماؤں کے لاشے اور ستر اسیر اور بہت سا سامان میدان میں چھوڑ کر بھاگا تو کچھ مسلمان دور تک ان کے تعاقب میں چلے گئے اور بعض مسلمانوں نے آگے بڑھ کر اس سامان پر قبضہ کر لیا۔ اب سوال یہ پیدا ہوا کہ اسے تقسیم کیسے کیا جائے کیا عرب کے پرانے رسم و رواج کے مطابق کہ جو چیز جس کے ہاتھ لگے وہ لے کر چلتا بنے اور دوسرے منہ تکتے رہ جائیں یا اسلام اس کے متعلق بھی کوئی واضح ہدایت دے کر ہمیشہ کے لیے اس گڑبڑ کو ختم کر دینا چاہتا ہے۔ قرآن حکیم نے قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ فرما کر اس ساری آوارگی کو ہی ختم کر دیا کہ میدانِ جنگ میں ہاتھ آنے والا اسلحہ و سامان افراد کی ملکیت ہی نہیں تاکہ وہ اس کی بنا پر ایک دوسرے سے جھگڑنا شروع کریں بلکہ اس کا مالک تو اللہ تعالیٰ اور اس کا رسولِ مقبول ہے۔ اس لیے اللہ کا رسول اپنے مالک کے حکم سے جس طرح چاہے تقسیم فرما دے کسی کو اعتراض کا حق ہی نہیں۔ حضرت ابی امامۃ الباہلی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ یہ آیت انفال کب نازل ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ یہ ہم بدریوں کے حق میں نازل ہوئی جب ہم نے مالِ غنیمت کے بارے میں جھگڑنا شروع کیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے ہمارے اختیار سے نکال کر اپنے رسول کے حوالہ کر دیا اور حضور نے اسے برابر طور پر سب میں تقسیم فرما دیا۔ فقال عبادۃ فینا معشر اصحاب بدر نزلت حین اختلفنا فی النفل وساءت فیہ اخلاقنا فنزعہ اللہ من ایدینا وجعلہ الی الرسول فقسمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من بواء یقول علی السواء (قرطبی)

اللہَ وَاَصۡلِحُوۡا ذَاتَ بَیۡنِکُمۡ ۪ وَاَطِیۡعُوا اللہَ وَرَسُوۡلَہٗۤ اِنۡ کُنۡتُمۡ

اللہ تعالیٰ سے اور اصلاح کرو اپنے باہمی معاملات کی ۲ے اور اطاعت کرو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اگر تم

مُّؤۡمِنِیۡنَ ﴿۱﴾ اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ الَّذِیۡنَ اِذَا ذُکِرَ اللہُ وَجِلَتۡ

ایماندار ہو۔ صرف وہی سچے ایماندار ہیں کہ ۳ے جب ذکر کیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ کا تو کانپ اٹھتے ہیں

قُلُوۡبُہُمۡ وَاِذَا تُلِیَتۡ عَلَیۡہِمۡ اٰیٰتُہٗ زَادَتۡہُمۡ اِیۡمَانًا وَّعَلٰی رَبِّہِمۡ

ان کے دل اور جب پڑھی جاتی ہیں ان پر اللہ کی آیتیں تو یہ بڑھا دیتی ہیں ان کے ایمان کو اور صرف اپنے

یَتَوَکَّلُوۡنَ ﴿۲﴾ۚۖ الَّذِیۡنَ یُقِیۡمُوۡنَ الصَّلٰوۃَ وَمِمَّا رَزَقۡنٰہُمۡ یُنۡفِقُوۡنَ ﴿۳﴾ؕ

رب پر وہ بھروسہ رکھتے ہیں (اور) جو صحیح صحیح ادا کرتے ہیں نماز کو، نیز اس سے جو ہم نے انھیں دیا ہے خرچ کرتے رہتے ہیں

اُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ حَقًّا ؕ لَہُمۡ دَرَجٰتٌ عِنۡدَ رَبِّہِمۡ وَ

یہی لوگ سچے مومن ہیں ۴ے انھی کے لیے درجے ہیں ان کے رب کے پاس ۵ے، اور

انفال جمع ہے نفل کی۔ اس کا معنی ہے مالِ غنیمت۔ کیونکہ یہ بھی محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی عطا ہے۔ الانفال یعنی الغنائم والنفل الغنم لانہا من فضل اللہ وعطائہ (مظہری)

۲ے آیت کے اس حصہ میں سابقہ حکم کی حکمت کی طرف اشارہ فرمایا کہ مومن کی جنگ محض کلمۂ حق کو سربلند کرنے کے لیے ہونی چاہیے۔ دولت کے لالچ کا یہاں کیا دخل۔ اگر اموالِ غنیمت کی تقسیم افراد کی تحویل میں دے دی جاتی تو اس سے دو خطرے تھے۔ ایک تو یہ کہ اس طرح حسد و عناد کی ایک ایسی راہ کھل جاتی جس سے مسلمانوں کی جمعیت پارہ پارہ ہو جاتی۔ دوسرا یہ کہ اخلاصِ نیت جو مسلمان کے اعمال کی روحِ رواں ہے ختم ہو کر رہ جاتا۔

۳ے کمالِ ایمان کا وہ درجہ جس تک پہنچنے کی ہر مومن کے دل میں آرزو ہونی چاہیے اور اس کے لیے اسے ہر ممکن جدوجہد کرنی چاہیے اس پر وہی خوش نصیب فائز ہو سکتے ہیں جو ان صفات سے مزین ہوں جن کا ذکر ان آیات میں کیا گیا ہے۔

۴ے انھیں سچے مسلمان کا لقب اس لیے عطا فرمایا گیا کہ ان کے دل اگر خشیتِ الٰہی، اخلاص اور توکل کی صفاتِ عالیہ سے متصف ہیں تو ان کے ظاہری اعضاء رکوع و سجود اور عطاء صدقات میں مصروف ہیں۔ ان کا ظاہر بھی مطلعِ انوار ہے اور ان کا باطن بھی بقعۂ نور۔

مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيمٌ ۚ ﴿٤﴾ كَمَآ أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنۢ بَيْتِكَ بِٱلْحَقِّ

بخشش ہے ۵ اور باعزت روزی - جس طرح نکال لایا آپ کو آپ کا رب آپ کے گھر سے

وَإِنَّ فَرِيقًا مِّنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ لَكَٰرِهُونَ ﴿٥﴾ يُجَٰدِلُونَكَ فِى ٱلْحَقِّ

حق کے ساتھ ۷ اور بیشک اہل ایمان کا ایک گروہ (اس کو) ناپسند کرنیوالا تھا۔ جھگڑ رہے تھے آپ سے ۸ سچی بات میں

بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى ٱلْمَوْتِ وَهُمْ يَنظُرُونَ ﴿٦﴾

اس کے بعد کہ وہ واضح ہو چکی تھی گویا وہ ہانکے جا رہے تھے موت کی طرف درآنحال کہ وہ (موت کو) دیکھ رہے ہیں۔

وَإِذْ يَعِدُكُمُ ٱللَّهُ إِحْدَى ٱلطَّآئِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّونَ

اور یاد کرو جب وعدہ فرمایا تم سے اللہ نے ایک کا ان دو گروہوں سے کہ وہ تمہارے لیے ہے ۹ اور تم پسند کرتے تھے

۵ دنیا میں بھی ان کی قدر و منزلت بلند کر دی جاتی ہے اور جنت میں بھی ان کو مقاماتِ رفیعہ پر فائز کیا جائے گا۔

۶ اس لفظ سے اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ اگر کسی کامل سے بشری تقاضوں کے باعث کوئی خطا یا قصور سرزد ہو جائے تو اُسے فوراً ٹھکرا نہیں دیا جاتا بلکہ اللہ کریم اسے اپنے دامنِ کرم میں پناہ دیتا ہے اور اس کی لغزش معاف فرما دی جاتی ہے۔

۷ مالِ غنیمت کے متعلق یہ طریقِ کار کیونکہ اہلِ عرب کے سابقہ رسم و رواج سے یکسر مختلف تھا اس لیے بعض طبیعتوں پر اس کی تعمیل بہت شاق گزری۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے حبیب! ان کی پسند و ناپسند کا خیال مت کرو بلکہ جو ہمارا حکم ہے اس پر کاربند ہو جاؤ۔ ان کی یہ ناپسندیدگی ایسی ہی ہے جیسے لشکرِ کفار کے ساتھ جنگ کرنے کا فیصلہ بعض لوگوں کو ناگوار گزرا تھا لیکن آپ نے ان کے انقباضِ طبع کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے فرمانِ الٰہی کی تعمیل کر دی تو اس کا کتنا خوشگوار نتیجہ نکلا۔ اسی طرح اموالِ غنیمت کے بارے میں بھی وہی بات تم سب کے لیے موجبِ خیر و برکت ہے جس کا تمہیں حکم دیا جا رہا ہے۔

۸ جیسے اس سورہ کے تعارف میں تفصیلاً بیان ہو چکا ہے کہ مدینہ سے حضور علیہ السلام کی تشریف آوری کی ظاہری غرض اہلِ مکہ کا تجارتی قافلہ تھا۔ اب باہر نکلے تو ابوجہل کی سرکردگی میں لشکرِ کفار کے آنے کی اطلاع ملی تو صورتِ حال بالکل بدل گئی۔ مسلمان نہ جنگ کی نیت سے مدینہ سے روانہ ہوئے تھے اور نہ جنگی ساز و سامان سے مسلح تھے۔ اتنے بڑے منظم اور مسلح لشکر سے ٹکرانا بعض لوگوں کو خلافِ مصلحت دکھائی دے رہا تھا۔ وہ یہ سمجھ رہے تھے کہ وہ جان بوجھ کر اپنے آپ کو موت کے منہ میں پھینک رہے ہیں۔ لیکن حضور کریم نے جو مجلسِ مشاورت وادی ذفران میں منعقد کی اس میں شمعِ مصطفوی کے پروانوں نے جس جرأت اور جانفروشی کا اظہار کیا اس سے تمام لشکرِ اسلام کے حوصلے بلند ہو گئے اور کسی کو موت کا اندیشہ نہ رہا۔

أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ وَيُرِيدُ اللَّهُ أَن يُحِقَّ الْحَقَّ

کہ نہتہ گروہ تمہارے حصہ میں آئے اور اللہ چاہتا تھا کہ حق کو حق کر دے اپنے

بِكَلِمَٰتِهِۦ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكَٰفِرِينَ ۝٧ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ

ارشادات سے سلہ اور کاٹ دے کافروں کی جڑ۔ تاکہ ثابت کر دے حق کو اور مٹا دے باطل کو

الْبَٰطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ ۝٨ إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ

اگرچہ ناپسند کریں (اس کو) عادی مجرم۔ یاد کرو جب تم فریاد کر رہے تھے سلہ اپنے رب سے تو سن لی

لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُم بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلَٰٓئِكَةِ مُرْدِفِينَ ۝٩ وَمَا جَعَلَهُ

اس نے تمہاری فریاد (اور فرمایا) یقیناً میں مدد کرنے والا ہوں تمہاری ایک ہزار فرشتوں کے ساتھ جو پے درپے آنے والے ہیں سلہ اور

۹ ان دو طاقتوں سے مراد ایک تو اہل مکہ کا تجارتی قافلہ ہے جو پچاس ہزار پونڈ کی مالیت کا سامان لیے شام سے مکہ کی طرف واپس لوٹ رہا تھا اور جس کے حفاظتی دستہ کی تعداد تیس چالیس سے زیادہ نہ تھی۔ اور دوسرا وہ مسلح و منظم لشکر جو اپنی قوت و طاقت کے نشہ میں چور مسلمانوں کو ملیں ڈالنے کے لیے مدینہ کی طرف بڑھا چلا آرہا تھا۔ مسلمانوں سے اللہ تعالیٰ کا وعدہ یہ تھا کہ ان دونوں میں سے ایک پر تمہیں غلبہ دیا جائے گا۔ یہ طبعی امر تھا کہ بعض صحابہ کی یہی آرزو ہوگی کہ تجارتی قافلہ ہاتھ لگے تاکہ کسی مزاحمت کے بغیر اتنی دولت فراواں مل جائے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی مرضی یہ تھی کہ اسلام کی سربلندی اور مسلمانوں کی فتح مندی کے جو وعدے کیے گئے تھے ان کو پورا کیا جائے تاکہ مشرکین کا سرِ غرور خم ہو۔ حق کا بول بالا ہو۔ اور باطل کی رسوائی آشکارا ہو جائے۔ شوک کانٹے کو کہتے ہیں۔ یہاں شوکۃ سے مراد تیز دھار والے ہتھیار ہیں اسی لیے مسلح آدمی کو، جل شاك السلاح اور قلب کے بعد رجل شاكی السلاح کہتے ہیں۔

سلہ یحق الحق کا معنی ہے یظھر الحق یعنی حق کو ظاہر کر دے۔ کیونکہ حق بذاتِ خود حق ہوتا ہے وہ کسی کے حق بنانے سے حق نہیں بنتا۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ شکوک و شبہات اور بغض و عناد کے جو پردے حق کو ڈھانپے ہوتے ہیں جن کے باعث سادہ لوح انسانوں کو اس کی پہچان نہیں ہوتی وہ اُٹھا دیے جائیں اور حق اپنی تمام رعنائیوں اور دلربائیوں کے ساتھ آشکارا ہو جائے تاکہ اس کو پہچاننے میں کسی کو دقت نہ ہو۔ ای ان یظھر الاسلام: والحق حق ابدا لکن اظھاره تحقیق له من الله اذا لم یظھر اشبه الباطل (قرطبی)

سلہ استغاثہ کا معنی ہے فریاد کرنا اور مدد طلب کرنا۔ الاستغاثة: طلب الغوث والنصر (قرطبی)۔ ابن

اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَىِٕنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ

نہیں بنایا فرشتوں کے نزول کو اللہ نے مگر ایک خوشخبری اور تاکہ مطمئن ہو جائیں اس سے تمھارے دل ۱۳ اور نہیں ہے مدد مگر

عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝١٠ اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً

اللہ کی طرف سے، بیشک اللہ بہت غالب ہے حکمت والا ہے۔ یاد کرو جب اللہ نے ڈھانپ دیا تمھیں غنودگی سے ۱۴ تاکہ

مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَ

باعثِ تسکین ہو اس کی طرف سے اور اتارا تم پر آسمان سے پانی تاکہ پاک کر دے تمھیں اس سے اور

مراد حضور رحمۃ للعالمین کی وہ عاجزانہ دعا اور نیاز مندانہ فریاد ہے جو بدر کے میدان میں ایک چھپر کے نیچے کھڑے ہو کر کی جس کا ذکر سورۃ کے تعارف میں گزر چکا ہے۔

۱۲ یعنی یکے بعد دیگرے قطار اندر قطار۔ فرشتوں کی جنگ میں شرکت کا منظر بیان کیا جا رہا ہے کہ وہ غیر منظم انبوہ کی طرح جنگ میں شامل نہیں ہوتے تھے بلکہ مرتب دستوں کی صورت میں یکے بعد دیگرے میدان میں اترتے تھے جس سے مسلمانوں کے ہراساں دلوں کو اطمینان وتسکین نصیب ہوتی تھی اور کفار کے بڑے بڑے حوصلے ٹوٹ گئے تھے اور ہمتیں پست ہو گئی تھیں۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اس دعا کے بعد حضور نے اپنا سر مبارک جھکایا اور پھر اٹھا کر فرمایا ابشر یا ابابکر هذا جبريل متعجرا بعمامة صفراء آخذ بعنان فرسه بين السماء والارض۔ (مظہری عن البیہقی)۔ اے ابوبکر تمھیں خوشخبری ہو یہ جبریل ہیں زرد دستار باندھے زمین آسمان کے درمیان اپنے گھوڑے کی باگیں پکڑے کھڑے ہیں۔

۱۳ فرشتوں کا نزول محض تمھاری تسکین واطمینان کے لیے اور تمھیں فتح کا مژدہ سنانے کے لیے تھا ورنہ نصرت وکامرانی مرحمت فرمانے والا تو خود رب تعالیٰ تھا جس کی قدرت بے انداز اور حکمت بے نظیر ہے۔

۱۴ کفار میدانِ بدر میں پہلے پہنچ گئے تھے۔ انھوں نے موزوں جگہ پر اپنے خیمے نصب کر لیے اور پانی پر بھی قبضہ کر لیا۔ مسلمان پہنچے تو بجز ریت کے ٹیلوں کے اور کوئی ایسی جگہ نہ تھی جہاں پڑاؤ ڈالیں۔ چار و ناچار وہیں خیمے گاڑ دیے۔ پانی کی بھی سخت قلت تھی چلتے ہیں تو پاؤں ریت میں دھنستے چلے جاتے ہیں۔ نماز کا وقت آتا ہے تو وضو وغسل کے لیے پانی ندارد پیاس لگتی ہے تو پینے کے لیے پانی نایاب۔ اس عجیب وغریب صورتِ حال سے مسلمانوں کو سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ ادھر شیطان رہ رہ کر دل میں وسوسہ ڈالنے لگا کہ تم اپنے آپ کو خدا کا مقرب سمجھے ہوئے تھے۔ اب آنکھوں سے دیکھ لو کیا مقربینِ خدا کا یہی حشر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے ان دونوں تکلیفوں کا ازالہ فرما دیا جس صبح کو جنگ ہونے والی تھی اس رات کو بادل گھر کر آ گئے اور اتنا موسلا دھار مینہ برسا کہ وادیاں لبریز ہو کر بہنے لگیں۔ مسلمانوں نے حوض بنا کر پانی جمع کر لیا اس طرح پانی

يُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ

دُور کر دے تم سے شیطان کی نجاست اور مضبوط کر دے تمھارے دلوں کو اور جما دے اس سے

بِهِ الْاَقْدَامَ ﴿۱۱﴾ اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا

تمھارے قدموں کو۔ یاد کرو جب وحی فرمائی آپ کے رب نے فرشتوں کی طرف کہ میں تمھارے ساتھ ہوں پس تم

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ

ثابت قدم رکھو ایمان والوں کو میں ڈال دوں گا کافروں کے دلوں میں (تمھارا) رعب

فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴿۱۲﴾ ؕ

سو تم مارو (ان کی) گردنوں کے اوپر ۱۵ اور چرکے لگاؤ ان کے ہر بند پر ۱۶

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَ

یہ حکم اس لیے ہے کہ انھوں نے ۱۷ مخالفت کی اللہ کی اور اس کے رسول کی اور جو مخالفت کرتا ہے اللہ کی

کی قلت دُور ہو گئی۔ دوسرا فائدہ یہ ہوا کہ بارش کے پانی سے ریت جم گئی اور مسلمانوں کو چلنے پھرنے میں آسانی ہو گئی اور کفار کی قیامگاہوں میں کیچڑ ہی کیچڑ ہو گیا اور ان کے لیے نقل و حرکت دوبھر ہو گئی۔ دوسری نوازش جو مولائے کریم نے لشکر اسلام پر فرمائی وہ یہ تھی کہ ان پر نیند مسلط کر دی گئی۔ رات بھر خوب سوئے۔ صبح اُٹھے تو بالکل ہشاش بشاش اور تازہ دم تھے۔ تھکن اور افسردگی کا نام و نشان تک نہ تھا۔ کفار کا رعب اور ہیبت دلوں سے دُور ہو چکی تھی۔ آیت کریمہ میں امنۃ منہ کے الفاظ غور طلب ہیں یعنی یہ نیند اتفاقیہ نہ تھی بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص حکمت اور رحمت سے اسے مسلمانوں پر مسلط کیا تھا۔ رجز الشیطٰن سے مراد اس کی وہ وسوسہ اندازی ہے جو پانی کی نایابی اور حالات کی ناسازگاری کی بدولت وہ مسلمانوں کے قلوب میں ڈالنا چاہتا تھا۔

۱۵ اس آیت سے بظاہر یہی ثابت ہوتا ہے کہ فرشتوں نے بالفعل لڑائی میں حصہ لیا۔ لیکن جن حضرات نے اسے مستبعد جانا ہے ان کا خیال ہے کہ فاضربوا میں خطاب مومنین سے ہے اور انھیں مارنے کا حکم دیا جا رہا ہے لیکن آیت کے الفاظ اس کی تائید نہیں کرتے۔

۱۶ بنان ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کے پوروں کو بھی کہتے ہیں اور بدن کے جوڑوں کو بھی۔ علماء کرام نے دونوں معنی مُراد

رَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۳﴾ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ

اور اس کے رسول کی تو بیشک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے (اے حق کے دشمنو!) یہ سزا ہے پس چکھو اسے نیز

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ

(یاد رکھو) کافروں کے لیے آتش (جہنم) کا عذاب بھی ہے۔ اے ایمان والو! جب تم مقابلہ کرو ۳۱؎

لیے ہیں۔ قیل المراد بالبنان ھنا اطراف الاصابع من الیدین والرجلین وقال الضحاک البنان کل مفصل (قرطبی)

۳۱؎ میدان بدر میں جس ذلت و رسوائی کا کفار کو سامنا کرنا پڑا اور جس شکست فاش سے سابقہ پیش آیا یہ بلا وجہ نہ تھی بلکہ ان کی مسلسل چودہ پندرہ سالہ اسلام دشمنی کا نتیجہ تھا۔

۳۱؎ یہاں مجاہدین اسلام کو حکم دیا جا رہا ہے کہ جب تم دین حق کے دشمنوں سے نبرد آزما ہو تو دادِ شجاعت دو اور پامردی اور بہادری سے ان کے سامنے ڈٹے رہو۔ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت تمہارے ہمرکاب ہوگی تمہیں اس بات کی ہرگز اجازت نہیں کہ حق کے علمبردار ہو کر باطل کے پرستاروں کے سامنے نامردی اور بزدلی کا مظاہرہ کرو اور میدان جہاد سے بھاگ کھڑے ہو۔ چنانچہ میدان جنگ سے فرار کو حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اکبر الکبائر بڑے گناہوں سے بھی بڑا گناہ فرمایا ہے۔ والفرار کبیرۃ موبقۃ بظاھر القران و اجماع الاکثر من الائمۃ (قرطبی) الفرار من الزحف کبیرۃ من الکبائر علی ھذا اکثر اھل العلم وبہ قال الائمۃ الاربعۃ من الفقہاء (مظہری)۔ لیکن یہ گناہ کبیرہ اس وقت تک ہے جبکہ دشمنوں کی تعداد دوگنا سے زائد نہ ہو۔ اگر اس سے زیادہ ہو تو پھر بھی ثابت قدم رہنا اور صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہنا ہی افضل ہے۔ جیسے جنگ موتہ میں اہل اسلام کی تعداد صرف تین ہزار تھی اور ان کے مقابل قیصر کی فوج دو لاکھ تھی لیکن غلامان مصطفے نے پرچم اسلام کو سرنگوں نہ ہونے دیا۔ فاتح اندلس طارق نے صرف سترہ سو جانبازوں کے ساتھ لذریک شاہِ اندلس کے ستر ہزار شہسواروں سے ٹکرایا اور ان کو کچل کر رکھ دیا۔ طارق کے یہ شعر ان کی اور ان کے سپاہیوں کی اسلامی ذہنیت کے کتنے روشن آئینے ہیں ؎

رَكِبْنَا سَفِيْنًا بِالْمَجَازِ مُعَبَّرًا ‌ ‌ ‌ ‌ عَسٰی اَنْ يَّكُوْنَ اللّٰهُ مِنَّا قَدِ اشْتَرٰی

ہم سمندر عبور کرنے کے لیے کشتیوں میں سوار ہوئے۔ یہ تمنا لیے ہوئے کہ شاید اللہ تعالیٰ از راہِ احسان ہم سے خرید لے

نُفُوْسًا وَّاَمْوَالًا وَّاَهْلًا بِجَنَّةٍ ‌ ‌ ‌ ‌ اِذَا مَا اشْتَهَيْنَا الشَّيْءَ فِيْهَا تَيَسَّرَا

ہماری جانوں، ہمارے اموال اور اہل و عیال کو جنت کے بدلے جہاں ہم جو چاہیں ہمیں بآسانی میسر آ جائے

وَلَسْنَا نُبَالِيْ كَيْفَ سَالَتْ نُفُوْسُنَا ‌ ‌ ‌ ‌ اِذَا نَحْنُ اَدْرَكْنَا الَّذِيْ كَانَ اَجْدَرَا

اگر ہم اپنی منزل مقصود کو حاصل کر لیں تو پھر ہمیں اس بات کی قطعاً پروا نہیں کہ ہمارے خون کے دریا کیسے بہے۔

آیت میں زحفا کا لفظ تحقیق طلب ہے۔ اس کا معنی کیا ہے؟ اور ترکیب میں کیا واقع ہوا ہے؟ زحف کا لغوی معنی ہے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ﴿١٥﴾ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ

کافروں کے لشکر جرار سے تو مت پھیرنا ان کی طرف (اپنی) پیٹھیں۔ اور جو پھیرے گا ان کی طرف

يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗٓ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ

اس روز اپنی پیٹھ بجز اس صورت کے کہ پینترا بدلنے والا ہو ۱۹ لڑائی کے لیے یا پلٹ کر آنیوالا ہو اپنی جماعت کی طرف

بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٦﴾

تو وہ مستحق ہو گا اللہ کے غضب کا اور اس کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت بُری لوٹنے کی جگہ ہے۔ پس

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۠ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ

تم نے نہیں قتل کیا ۲۰ انھیں بلکہ اللہ نے قتل کیا انھیں اور (اے محبوب!) نہیں پھینکی آپ نے (وہ مشت خاک) جب ۲۱

بچے کا زمین پر گھسٹ گھسٹ کر چلنا۔ اسی وجہ سے آہستہ چلنے کو بھی زحف کہتے ہیں۔ الزحف الدنو قلیلا قلیلا واصلہ الاندفاع علی الالیۃ (قرطبی)۔ اس لفظ کا اطلاق لشکرِ عظیم پر بھی ہوتا ہے کیونکہ وہ بھی کثرتِ تعداد کی وجہ سے آہستہ آہستہ ہی چل سکتا ہے۔ وفی القاموس الزحف الجیش یزحفون الی العدو۔ اپنے دونوں معنوں (مصدری اور اسمی) کے اعتبار سے یہ الذین کفروا جو لقیتم کا مفعول ہے، کا حال ہے یا لقیتم کے فاعل (لقیتم کی ضمیر) اور مفعول (الذین کفروا) دونوں کا حال ہے (مظہری)۔ میں نے ترجمہ میں زحف کا معنی اسی ملحوظ رکھتے ہوئے الذین کا حال بنایا ہے کیونکہ یہی مفہوم حقیقت سے قریب تر ہے کیونکہ کافر لشکرِ عظیم لے کر مسلمانوں پر حملہ آور ہوتے تھے مسلمانوں کی تو کمزور اور قلیل جمعیت محض اپنے بچاؤ کے لیے میدان میں اکھٹی ہوتی تھی

۱۹ اس آیت میں ان مخصوص حالات کے پیشِ نظر دشمن کے سامنے سے ہٹنے کی اجازت دی جا رہی ہے جن میں جنگی مصلحتوں کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ لشکر اپنی موجودہ پوزیشن بدل کر نئی پوزیشن اختیار کرے تاکہ زیادہ قوت سے دشمن پر حملہ کیا جا سکے۔ یا اسلامی فوج کے کچھ سپاہی اگر کٹ کر الگ ہو گئے ہوں تو ان کو بھی اجازت ہے کہ وہ ہٹ کر اپنی فوج میں شامل ہو جائیں اور اس کے ساتھ مل کر جہاد کریں۔

۲۰ نہتے مسلمانوں کا اپنے سے تین گنا مسلح اور طاقتور لشکر کو یوں تہس نہس کر دینا اور اس کے بڑے بڑے بہادر رئیسوں کو کاٹ کر رکھ دینا محض نصرتِ خداوندی کا کرشمہ تھا۔ اس لیے صاف صاف بتا دیا کہ تم اپنی قوت و شجاعت پر نازاں نہ ہو بلکہ اپنے ربِ قدیر کا احسان سمجھو اور اس کے شکر گزار بنے رہو۔

۲۱ ان کلمات میں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ایک خاص معجزہ کی طرف اشارہ ہے جس کا مشاہدہ دوست و دشمن

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ اِنَّ

آپ نے پھینکی بلکہ اللہ تعالیٰ نے پھینکی تاکہ احسان فرمائے مومنوں پر ۳۲؎ اپنی جناب سے بہترین احسان ۔ بے شک

اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۸﴾

اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ یہ تو ہوا اور بلا شبہ اللہ کمزور کرنے والا ہے کفار کے مکر و فریب کو۔

اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ

(اے کفار!) اگر تم فیصلہ کے طلبگار تھے ۳۳؎ تو (لو) آگیا تمھارے پاس فیصلہ اور اگر تم (اب بھی) باز آجاؤ تو وہ

نے بدر کے میدان میں کیا۔ حضورؐ نے کنکریوں کی ایک مٹھی بھری اور کفار کے لشکر کی طرف پھینک دی۔ وہ لشکر جو ایک وسیع رقبہ میں پھیلا ہوا تھا۔ کوئی کھڑا تھا کوئی بیٹھا ہوا تھا۔ کسی کا منہ ادھر تھا تو کسی کی پشت ادھر تھی۔ لیکن ایک کافر بھی تو ایسا نہ رہا تھا جس کی آنکھوں کو ریت کے ذرات نے بھر نہ دیا ہو۔ سب کی آنکھیں دیکھنے سے معذور ہو گئیں۔ اور وہ کچھ ایسے دہشت زدہ اور حواس باختہ ہوئے کہ اپنے مقتولوں کے لاشے بھی پیچھے چھوڑ کر سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے محبوب! جب تم کنکریاں پھینک رہے تھے تو پھینکنے والا ہاتھ گو تمھارا تھا لیکن قوت و قدرت ہماری تھی جو اس میں کارفرما تھی کتنا ہی پیارا انداز بیان ہے۔

۳۲؎ علامہ زمخشری نے یبلی کا معنی یُعطی اور بلاء کا معنی عطاء کیا ہے۔ اور صاحب تفسیر مظہری نے یبلی کا معنی ینعم اور بلاء کا معنی نعمت فرمایا ہے۔ اگرچہ ابتلاء کا لغوی معنی اختبار یعنی آزمانا ہے لیکن آزمائش جس طرح تکلیف و مصیبت سے کی جاتی ہے اسی طرح عطاء و احسان سے بھی کی جاتی ہے۔ اس لیے آیت کے مفہوم کے پیش نظر یہاں لفظ ابلاء کی یہ توضیح بالکل صحیح ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو مسلمانوں کے لڑے بغیر ہی کفار کو نیست و نابود کر دیتا۔ ہزاروں فرشتوں کے اتارنے کے تکلف کی کیا ضرورت تھی۔ ایک ہی فرشتہ سب کا خاتمہ کرنے کے لیے کافی تھا لیکن مسلمانوں کے ذریعہ اپنے دین کی حفاظت اس لیے کرائی گئی تاکہ انھیں دین کے پاسبان ہونے کا شرف حاصل ہو جائے۔ شہادت اور جہاد کی فضیلت سے انھیں سرفراز کیا جائے۔ کیا شان بندہ پروری ہے! کیا رحمت ذرہ نواز ہے۔ یہاں اسی شرف پاسبانی اور فضیلت شہادت کو یبلی کے کلمات طیبات سے تعبیر کیا جا رہا ہے۔

۳۳؎ اب روئے سخن کفار کی طرف ہے۔ کفار جب مکہ سے روانہ ہوئے تھے تو غلاف کعبہ کو پکڑ کر انھوں نے دعا مانگی تھی اللھم انصر اقرانا للضیف واوصلنا للرحم وافکنا للعانی وان کان محمد علی حق فانصرہ وان کنا علی حق فانصرنا (کشاف) اے اللہ ہم دونوں فریقوں میں سے جو زیادہ مہمان نواز ہے، جو زیادہ صلہ رحم ہے، جو قیدیوں

وَاِنۡ تَعُوۡدُوۡا نَعُدۡ ۚ وَلَنۡ تُغۡنِیَ عَنۡكُمۡ فِئَتُكُمۡ شَیۡئًا وَّلَوۡ كَثُرَتۡ

بہتر ہے تمہارے لیے اور اگر تم پھر شرارت کرو گے تو ہم پھر سزا دینگے اور نہ فائدہ پہنچائے گی تمہیں تمہاری جماعت کچھ بھی چاہے

وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۱۹﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِیۡعُوا اللّٰهَ

اس کی تعداد بہت زیادہ ہو اور یقیناً اللہ تعالیٰ اہل ایمان کے ساتھ ہے ۲۴ اے ایمان والو! اطاعت کرو اللہ کی اور

وَرَسُوۡلَهٗ وَلَا تَوَلَّوۡا عَنۡهُ وَاَنۡتُمۡ تَسۡمَعُوۡنَ ﴿۲۰﴾ وَلَا تَكُوۡنُوۡا

اس کے رسول کی اور نہ رُوگردانی کرو اس سے حالانکہ تم سن رہے ہو ۲۵ اور نہ بن جانا اُن لوگوں کی

کو زیادہ آزاد کرنے والا ہے۔ اس کی مدد فرما۔ اگر محمد (علیہ الصلوٰۃ والسلام) حق پر ہے تو اسے فتح دے اور اگر ہم حق پر ہیں تو ہمیں غلبہ بخش۔ کفار سے کہا جا رہا ہے کہ وہ دُعا جو تم نے مانگی تھی وہ قبول ہوئی۔ جو حق پر تھا وہ غالب ہوا اور جو باطل سے چمٹے ہوئے تھے وہ مغلوب۔ اب باز آجاؤ۔ تمہارے معیار کے مطابق حق واضح ہو گیا اب تو کسی قسم کی غلط فہمی نہیں رہی۔ اگر پھر بھی تم نے حق کو قبول نہ کیا اور اس کی مخالفت سے باز نہ آئے تو یاد رکھو تمہیں آئندہ بھی ایسی ہی اندوہناک شکستوں سے دوچار ہونا پڑے گا فتح کا معنی فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔

۲۴ اے کفار! جب تم تائید خداوندی سے محروم ہو اور مسلمان اس نعمت سے مشرف ہیں تو پھر خود ہی سوچ کیا تمہاری کامیابی کا کوئی امکان ہے چلو مان لیا تم بڑے نڈر اور بہادر ہو اور تمہاری تعداد بہت زیادہ ہے لیکن خود ہی بتاؤ کیا تم اللہ تعالیٰ کی طاقت سے ٹکر لے سکتے ہو۔

۲۵ اطاعت خدا اور اطاعت رسول عقائدِ اسلامیہ اور شریعتِ بیضاء کا سنگِ بنیاد ہے۔ اس کے بغیر نہ اسلامی عقائد کا پتہ چل سکتا ہے اور نہ شریعت کا۔ وَاَنۡتُمۡ تَسۡمَعُوۡنَ کے کلمات کتنے معنی خیز ہیں یعنی اتنا غافل کہ قرآنی آیات سننے کے باوجود بھی اطاعتِ خدا و رسول میں کوتاہی۔ تعجب ہوتا ہے ان لوگوں پر جو تعلیماتِ قرآنیہ کے علمبردار ہونے کا دعویٰ کرتے ہوئے اطاعتِ رسول کے منکر ہیں بلکہ اتباعِ قرآن کو ترکِ اطاعتِ رسول کی دلیل بناتے ہیں۔ وہ اپنی روش پر خود ہی نظرثانی کریں کیا وہ قرآن سے اس کے نازل کرنے والے کی منشا کے خلاف تو استنباط نہیں کر رہے؟ کیا وہ اتنا بھی غور نہیں کرتے کہ اتباعِ قرآن تب ہی ہو سکتا ہے جب اس کے ہر حکم کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دیا جائے اور اطاعتِ رسول کا حکم بھی قرآن کا ہی حکم ہے جو ایک بار نہیں سینکڑوں بار دیا گیا ہے۔ کیا وہ قرآن کے اس صریح حکم کی نافرمانی کر کے اپنے آپ کو قرآن کا متبع کہہ سکتے ہیں ؎

آپ ہی اپنے ذرا طرزِ عمل کو دیکھیں ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی

كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِنَّ شَرَّ

طرح جنھوں نے کہا ہم نے سن لیا حالانکہ وہ نہیں سنتے ۲۶ بیشک سب جانوروں سے

الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَ

بدتر اللہ کے نزدیک وہ بہرے گونگے (انسان) ہیں جو کچھ نہیں سمجھتے ۲۷ اور اگر

لَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا

جانتا اللہ تعالیٰ ان میں ۲۸ کوئی خوبی تو انھیں ضرور سنا دیتا۔ اور اگر سنا دیتا انھیں (قبول حق کی استعداد کے بغیر)

وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَ

تو وہ پیٹھ پھیر دیتے رُوگردانی کرتے ہوئے۔ اے ایمان والو! لبیک کہو اللہ اور (اس کے) رسول کی پکار پر جب

۲۶ اہل ایمان کو یہود و منافقین کے طریق کار کو اپنانے سے روکا جا رہا ہے کہ وہ زبان سے تو کہتے ہیں کہ ہم نے کتاب الٰہی کو سن لیا لیکن جب عمل کی باری آتی ہے تو انھیں سانپ سونگھ جاتا ہے۔ جو انھوں نے سنا ہے اگر وہ اس پر عمل پیرا نہیں ہوتے تو گویا انھوں نے کچھ سنا ہی نہیں۔ سننا تو وہ ہے جو انسان کو عمل کرنے پر آمادہ کر دے۔

۲۷ شر اصل میں اشر تھا۔ کثرتِ استعمال کی وجہ سے ہمزہ ساقط ہو گیا۔ اسی طرح خیر بھی اصل میں اخیر تھا۔ و الاصل اشر حذفت الهمزة لكثرة الاستعمال وكذا خير الاصل اخير (قرطبی)۔

جو لوگ سننے اور بولنے کی قوتوں سے صحیح کام نہیں لیتے۔ حق کو سمجھنے کے لیے اور حق کی تبلیغ کے لیے ان سے استفادہ نہیں کرتے ان کا شمار انسانوں میں نہیں کیا جا سکتا۔ ان کی شکلیں اور صورتیں گو انسانوں کی سی ہیں لیکن درحقیقت وہ گونگے اور بہرے ڈنگر ہیں بلکہ ان سے بھی گئے گزرے کیونکہ ڈنگروں کو یہ قوتیں بخشی ہی نہیں گئیں۔ وہ معذور ہیں لیکن ان لوگوں کو ان گراں بہا صلاحیتوں سے بہرہ ور کیا گیا اور انھوں نے ان سے فائدہ نہ اٹھایا۔

اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ ان خداداد صلاحیتوں سے پوری طرح فائدہ اٹھا کر ہی ہم انسانی عظمت کی بلندیوں پر فائز ہو سکتے ہیں۔ ورنہ ہماری حالت بے شعور مویشیوں سے بھی بدتر ہے۔

۲۸ اگر ان میں قبولِ حق کی استعداد ہوتی تو انھیں کلامِ الٰہی کو سمجھنے اور قبول کرنے کی توفیق دی جاتی لیکن کیونکہ انھوں نے پیہم سرکشی اور دانستہ کفر و عناد سے اپنی اس استعداد کا گلا گھونٹ دیا ہے اس لیے اب کوئی فائدہ نہیں۔ ایسی صورت میں اگر وہ قرآن کی آیات سن بھی لیں اور سمجھ بھی لیں تب بھی وہ ان کو قبول نہیں کریں گے بلکہ ازراہِ عناد اور تعصب

لِلرَّسُوۡلِ اِذَا دَعَاكُمۡ لِمَا یُحۡیِیۡكُمۡ ۚ وَ اعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰہَ یَحُوۡلُ

وہ رسول بلاتے تمھیں ۴۹؎ اس امر کی طرف جو زندہ کرتا ہے تمھیں اور خوب جان لو کہ اللہ کا حکم حائل ہو جاتا

انھیں حق جانتے اور پہچانتے ہوئے ان کا انکار کردیں گے۔ بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ اس آیت کی شانِ نزول یہ ہے کہ اہلِ مکہ حضورؐ سے فرمائش کیا کرتے تھے کہ آپ ہمارے جدِ امجد قصیٰ کو زندہ کریں اگر اس نے آپ کی نبوت کی شہادت دی تو ہم بھی آپ پہ ایمان لے آئیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اگر ان کے ایمان لانے کی توقع ہوتی تو قصیٰ کو زندہ کرنا کچھ دشوار نہ تھا۔ لیکن ان کی ہٹ دھرمی اور اسلام دشمنی اس حد تک پہنچ چکی تھی کہ اگر قصی کو زندہ کر بھی دیا جائے اور وہ حضورؐ کی نبوت کی تصدیق بھی کر دے اور وہ اس کو آنکھوں سے دیکھ لیں اور اس کی شہادت کو اپنے کانوں سے سُن بھی لیں تو پھر بھی پیٹھ پھیر دیں اور اپنے کفر و شرک سے ہی چمٹے رہیں۔

۴۹؎ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُول کی اطاعت کا مکرر حکم دینے کے بعد اس کی حکمت بھی بیان فرما دی کہ اللہ تعالیٰ کا محبوب رسُول جس چیز کی طرف تمھیں دعوت دے رہا ہے وہ تمہارے مُردہ دلوں کو زندہ کرنے والی اور تمھاری جاں بلب رُوحوں کو تازگی و نشاط عطا فرمانے والی ہے۔ اذا دعاکم کا فاعل حضورؐ کی ذات ہے۔ لما میں لام بمعنی الیٰ ہے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کی روشن اور سچی کتاب تو ہمیں یہ بتاتی ہے کہ سنتِ نبوی ہی تمھاری زندگی کا سرچشمہ ہے۔ اسی کی پیروی میں تمھاری بقاء و دوام کا راز مضمر ہے۔ لیکن ملت کے چند بہی خواہ ہمیں یہ کہہ کر سُنتِ رسولِ کریم سے برگشتہ کر رہے ہیں کہ اطاعتِ رسُول ہی وہ زنجیر ہے جس نے اُمت کے ہاتھ پاؤں کو مقید کر رکھا ہے یہی وہ افیون ہے جس نے اس کے قوائے فکر کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے اور یہی وہ اغلال و سلاسل ہیں جن کے توڑنے کا ہمیں حکم ملا تھا لیکن بھی سازشیوں (یعنی محدثین کرام) کے فریب میں آ کر ان کے ٹوٹے ہوئے حلقوں کو ہم نے فرطِ عقیدت سے چن چن کر پھر اپنے گلے میں ڈال لیا ہے۔ آپ خود فیصلہ فرمائیے کہ سنتِ نبوی کے متعلق اللہ تعالیٰ کا اور قرآن کا فرمان قابلِ تسلیم ہے۔ یا ان بہی خواہانِ اُمت کا جو اپنے عہد کے بدترین اور کامل ترین حاکم پرست ہونے کے باوجود ان مردانِ احرار کو حکومتِ وقت کے نمک خوار کہتے ہوئے نہیں شرماتے جن کے نعرہ ہائے حق سے بارہا ظلم و استبداد کے ایوانوں کی بنیادیں لرز اٹھی تھیں۔ صاحب تفسیر مظہری رقمطراز ہیں۔ فان طاعة الرسول فی کل امر یحیی القلب ومعصیانه یمیته کہ ہر بات میں سُنتِ نبوی کی اطاعت سے دل زندہ ہوتا ہے۔ اور اس کی نافرمانی سے دل مُردہ ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق بخشے کہ ہم اس طوفان خیز دور میں اپنے چراغِ ایمان کو روشن رکھ سکیں اور اطاعتِ حبیبِ خدا سے اپنے مُردہ دلوں کو زندہ کر سکیں۔ آمین ثم آمین۔ امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں روایت کی ہے کہ حضرت ابی سعید بن المعلی فرماتے ہیں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا کہ رسولِ کریمؐ نے مجھے یاد فرمایا۔ نماز ختم کرنے کے بعد میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ اے حبیب اللہ! جب حضورؐ نے اس غلام کو یاد فرمایا میں نماز پڑھ رہا تھا۔ اب فارغ ہو کر حاضرِ بارگاہ ہو گیا ہوں۔ حضورؐ نے فرمایا اے ابا سعید! کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا یہ حکم نہیں پڑھا استجیبوا للہ وللرسول اذا دعاکم لما یحییکم جس وقت تمھیں اللہ اور اس کا رسُول بلائے فوراً حاضر

بَیْنَ الْمَرْءِ وَ قَلْبِهٖ وَ اَنَّهٗۤ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَ اتَّقُوْا فِتْنَةً

ہے انسان اور اس کے دل (کے ارادوں) کے درمیان ؁ بیشک اسی کی طرف تم اٹھائے جاؤ گے۔ اور ڈرتے رہو اس فتنہ سے

لَّا تُصِیْبَنَّ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ

؁ (جو اگر برپا ہو گیا تو) نہ پہنچیگا صرف انہیں کو جنہوں نے ظلم کیا تم میں سے ۔ اور خوب جان لو کہ اللہ تعالیٰ سخت

ہو جاؤ۔ فقہاء کرام نے اس سے یہ مسئلہ مستنبط کیا ہے کہ اگر کوئی نماز پڑھ رہا ہو اور حضور اسے بلائیں تو وہ حاضر خدمت ہو جائے اس کی نماز نہیں ٹوٹے گی۔ اجابۃ الرّسول لایقطع الصلوٰۃ (مظہری)

یہاں ایک نکتہ اور بھی غور طلب ہے۔ قاعدہ کے مطابق یہاں تثنیہ کا صیغہ دَعَوَا ہونا چاہیے تھا کیونکہ ضمیر فاعل کا مرجع اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول دونوں ہیں اور دو کے لیے تثنیہ کا صیغہ ہوتا ہے۔ یہاں واحد کا صیغہ دَعَا کا ذکر کر کے اس حقیقت کی طرف اشارہ کر دیا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی دعوت الگ الگ دعوتیں نہیں بلکہ ایک ہی دعوت ہے اس لیے یہاں تثنیہ کی ضرورت نہیں واحد کا صیغہ ہی کافی بلکہ مناسب ہے۔

؁ انسان کتنا ہی دانشمند اور طاقتور کیوں نہ ہو اگر اللہ تعالیٰ کا حکم اس کے ارادے میں حائل ہو جائے تو وہ کچھ نہیں کر سکتا۔ دل کی قلمرو میں اسی کی حکمرانی ہے۔ وہ چاہے تو نورِ عرفان سے اسے درخشاں کر دے اور چاہے تو ہدایت کے سب چراغ بجھ جائیں اور گھپ اندھیرا ہو جائے۔ اسی لیے حضور نبی کریم اکثر دعا فرمایا کرتے یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ اے دلوں کو پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ۔ اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِكَ: اے دلوں کے پھیرنے والے میرے خدا! ہمارے دلوں کو اپنی فرمانبرداری کی طرف پھیر دے۔

؁ وہ فتنہ کونسا ہے جس کی آگ جب بھڑک اٹھتی ہے تو سب خشک و تر کو راکھ کا ڈھیر بنا دیتی ہے؟ جس کا عذاب چند افراد تک محدود نہیں رہتا بلکہ ساری قوم کو بھگتنا پڑتا ہے۔ علماء کرام نے اس ضمن میں تین امور کا ذکر خصوصیت سے کیا ہے۔

۱۔ نیکی کا حکم کرنے اور برائی سے منع کرنے سے رک جانا۔ جس قوم میں فسق و فجور کا بازار گرم ہو اور علی الاعلان احکام شریعت کی خلاف ورزی کی جاتی ہو وہاں اہل علم اور اربابِ اثر و اقتدار کا خاموشی اختیار کر لینا اور بدکاروں اور نافرمانوں کو ان کی بداعمالیوں سے نہ روکنا ایک ایسا فتنہ ہے جس کا وبال ساری قوم کو اٹھانا پڑتا ہے۔ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے مروی ہے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایھا الناس! مروا بالمعروف وانھوا عن المنکر قبل ان تدعوا اللہ فلا یستجیب لکم وقبل ان تستغفروا فلا یغفر لکم الخ (مظہری) اے لوگو! نیکی کا حکم کیا کرو اور برائی سے روکا کرو ایسا نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ ناراض ہو جائے۔ پھر تم دعائیں مانگو اور وہ قبول ہی نہ فرمائے۔ تم استغفار کرو اور وہ تمہیں بخشے ہی نہیں۔

۲۔ ترکِ جہاد: جب کوئی قوم جہاد چھوڑ دیتی ہے اور اللہ کی راہ میں جان دینے سے اسے زندگی زیادہ عزیز معلوم ہوتی

شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٢٥﴾ وَاذْكُرُوٓا إِذْ أَنتُمْ قَلِيلٌ مُّسْتَضْعَفُونَ

عذاب دینے والا ہے۔ اور یاد کرو جب تم تھوڑے تھے ۴۲ کمزور اور بے بس سمجھے جاتے تھے

فِى الْأَرْضِ تَخَافُونَ أَن يَتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَـَٔاوَىٰكُمْ وَ

ملک میں (ہر وقت) ڈرتے رہتے تھے کہ کہیں اُچک نہ لے جائیں تمھیں لوگ، پھر اللہ نے پناہ دی تمھیں اور

أَيَّدَكُم بِنَصْرِهِۦ وَرَزَقَكُم مِّنَ الطَّيِّبَـٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٢٦﴾

طاقت بخشی تمھیں اپنی نصرت سے اور عطا کیں تمھیں پاکیزہ چیزیں تاکہ تم شکر گزار ہو جاؤ۔

يَـٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا لَا تَخُونُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ وَتَخُونُوٓا

اے ایمان والو! نہ خیانت کرو اللہ اور رسول سے اور نہ خیانت کرو ۴۳

تو ساری قوم کو ذلّت و غلامی کی بیڑیاں پہنا دی جاتی ہیں۔

۴۔ میدانِ جہاد سے فرار علماء کرام نے ان تین اُمور کو بطورِ مثال ذکر فرمایا ہے۔ حصر مقصود نہیں۔

۴۲۔ ہجرت سے پہلے بے بسی اور بیکسی کی جو حالت تھی وہ مسلمانوں کو یاد دلائی جا رہی ہے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے انعامات کو یاد رکھتے ہوئے اس کی شکر گزاری میں مصروف رہیں۔ آیت میں ارض سے مُراد سرزمینِ مکّہ ہے۔ ماویٰ (جائے پناہ) مدینہ طیبہ ہے۔ تائید سے مُراد بدر کی فتحمندی ہے۔ رزق سے مُراد اموالِ غنیمت ہیں جو پہلی اُمتوں پر حرام تھے اور ملّتِ اسلامیہ کے لیے حلال کر دیئے گئے۔

۴۳۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُول سے خیانت کا مطلب حضرت ابن عباسؓ نے ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے لاتخونوا اللہ بترك فرائضه والرسول بترك سنته یعنی فرائض کو ترک کر کے اللہ تعالیٰ کے ساتھ خیانت نہ کرو اور سُنّت سے تراجع کر کے اس کے رسُول سے خیانت نہ کرو۔ اور قتادہ فرماتے ہیں اعلموا ان دین اللہ امانۃ فادوا الی اللہ ما ائتمنکم علیہ من فرائضہ وحدودہ: خوب سمجھ لو اللہ کا دین امانت ہے۔ اس کے فرائض کی ادائیگی اور حدود کی پابندی کا تمھیں امین بنایا گیا ہے پس امانت میں خیانت نہ کرو۔ (مظہری) اسی طرح مسلمانوں کے راز دشمن تک پہنچانا، حکومت کے سربراہوں اعلیٰ افسروں اور ملازموں کا اپنے فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی کرنا، ملک کے صنعت کاروں اور تجار کا ملکی صنعت اور کاروبار میں دیانتداری کو نظر انداز کر دینا حقیقت میں اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ خیانت کرنے میں داخل ہے۔

غور فرمایئے کتنے پُرجلال انداز میں فرائض کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی جا رہی ہے اور اربابِ اقتدار کو متنبہ کیا جا رہا ہے

أَمَٰنَٰتِكُمْ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿۲۷﴾ وَاعْلَمُوٓا۟ أَنَّمَآ أَمْوَٰلُكُمْ وَ

اپنی امانتوں میں اس حال میں کہ تم جانتے ہو ۔ اور خوب جان لو کہ تمھارے مال اور

أَوْلَٰدُكُمْ فِتْنَةٌ وَأَنَّ ٱللَّهَ عِندَهُۥٓ أَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿۲۸﴾ يَٰٓأَيُّهَا

تمھاری اولاد (سب) آزمائش ہے اور بیشک اللہ اسی کے پاس اجر عظیم ہے ۴۸ اے ایمان

ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِن تَتَّقُوا۟ ٱللَّهَ يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَانًا وَيُكَفِّرْ عَنكُمْ

والو ! اگر تم ڈرتے رہو گے اللہ سے تو وہ پیدا کر دے گا تم میں حق و باطل میں تمیز کی قوت اور ڈھانپ دیگا

سَيِّـَٔاتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَٱللَّهُ ذُو ٱلْفَضْلِ ٱلْعَظِيمِ ﴿۲۹﴾ وَ

تم سے تمھارے گناہ اور بخش دیگا تمھیں ۴۹ اور اللہ بڑے فضل (وکرم) والا ہے ۵۰ اور

یعنی فرائض منصبی کی ادائیگی میں کوتاہی اور امانتوں میں خیانت کوئی معمولی بات نہیں جسے نظر انداز کر دیا جائے ۔ بلکہ یہ اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ خیانت ہے ۔ خیانت کا یہ جرم بھی از حد سنگین ہے ۔ اس پر مرتب ہونے والے نتائج بھی ملک اور قوم کے لیے تباہ کن ہیں اس لیے اس پر جو سزا ملے گی اس کی شدت اور سختی کا تم خود اندازہ کر لو ۔

۴۸ مال اور اولاد سے بڑھ کر سخت آزمائش اور کونسی ہے ۔ محبت مال و اولاد انسان کو بزدل بھی بنا دیتی ہے اور بخیل بھی ۔ حضور کے پاس ایک بچہ لایا گیا ۔ حضور نے اسے بوسہ دیا اور فرمایا اما انهم مبخلة مجبنة وانهم من ريحان الله (البغوی) یہ اولاد انسان کو بخیل بھی بنا دیتی ہے اور بزدل بھی ۔ اور یہ اللہ کے پھول ہیں ۔ اب جو اس طبعی محبت کے باوجود احکام الٰہی کی تعمیل میں کوتاہی نہیں کرتا یقیناً وہ کامیاب ترین انسان ہے ۔ ایک دوسرے لحاظ سے بھی اولاد بڑی آزمائش ہے ۔ بچوں کی صحیح تربیت ، ان کو صحیح مسلمان اور کامل انسان بنانا ان کی لوح دل پر اقدار عالیہ کے نقوش ثبت کرنا والدین کے لیے ایک کٹھن آزمائش ہے ۔ اور یہی اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کا صحیح شکر ہے ۔ جو کم نظر اپنی اولاد کے لیے دولت ہی اکٹھی کرتے رہتے ہیں اور انھیں اسی لکشمی دیوی کی پرستش کا ڈھنگ سکھا کر ہی اپنے حقوق پدری کی تکمیل جانتے ہیں ۔ انھوں نے اس نعمت عظمیٰ پر اپنے منعم حقیقی کا ہرگز شکر ادا نہیں کیا ۔ اور نہ وہ اس آزمائش میں کامیاب ہوئے ۔

۴۹ اللہ تعالیٰ اپنے پرہیزگار بندوں کو جن انعامات سے سرفراز فرماتا ہے اس آیت میں ان کا بیان ہے ۔

۱۔ نعمت فرقان ـــــ ۲۔ ستر عیوب ـــــ ۳۔ آمرزش گناہ ۔

فرقان مصدر ہے اور حق و باطل میں تمیز کرنے والی قوت کو فرقان کہتے ہیں ۔ ای بصیرۃ فی قلوبکم تفرقون بین الحق والباطل

وَ اِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ

یاد کرو جب خفیہ تدبیریں کر رہے تھے آپکے بارے میں وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا تھا ۳۷ تاکہ آپ کو قید کردیں یا آپکو شہید کردیں یا

وَ يَمْكُرُوْنَ وَ يَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَ اللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝۳۰ وَ اِذَا تُتْلٰى

آپکو جلا وطن کردیں۔ وہ بھی خفیہ تدبیریں کر رہے تھے اور اللہ بھی خفیہ تدبیر فرما رہا تھا اور اللہ سب سے بہتر خفیہ تدبیر کرنیوالا ہے اور جب پڑھی جاتی ہیں

(مظہری) عارفین کاملین کا ارشاد ہے کہ ذکر الٰہی سے ایک نور پیدا ہوتا ہے جس سے حقائق اشیاء منکشف ہو جاتی ہیں۔ اور غلط وصحیح میں بین فرق محسوس ہونے لگتا ہے۔ وسمی هذا فی اصطلاح الصوفیة بالکشف (مظہری) صوفیائے کرام کی اصطلاح میں اسے کشف کہتے ہیں۔ اور حضور علیہ افضل الصلوات واجمل التسلیمات کے اس ارشاد گرامی میں اسی حقیقت کی طرف اشارہ ہے اتقوا فراسة المؤمن فانه ينظر بنور الله۔ مومن کی فراست سے ڈرا کرو وہ تو اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔

پرہیزگاروں پر دوسرا انعام یہ کیا جائے گا کہ ان کے گناہوں کو چھپا دیا جائے گا تاکہ کسی کی نگاہ ان پر نہ پڑ سکے۔ علامہ ابن منظور تکفیر کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں واصل التکفیر تغطیة الشیء تغطیة تستهلکه یعنی کفر کا اصلی مفہوم یہ ہے کہ کسی چیز کو اس طرح ڈھانپ دینا کہ اس کا نام ونشان بھی محو ہو جائے۔

علامہ موصوف آگے چل کر لکھتے ہیں۔ والتکفیر فی المعاصی کالاحباط فی الثواب۔ اگر ثواب ملیامیٹ ہو جائے تو اس کے لیے احباط کا لفظ استعمال کرتے ہیں اور اگر گناہوں کا نام ونشان مٹا دیا جائے تو وہاں تکفیر کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ (لسان العرب)۔ اللہ تعالیٰ کا پرہیزگاروں پر یہ کتنا کرم ہے کہ عالم غفلت میں ان سے جو گناہ سرزد ہوئے ان کو وہ اپنے کرم کی چادر سے ڈھانپ دے اور کسی کو ان گناہوں کی اطلاع تک نہ ہو۔ ان نیک بختوں پر جو تیسرا احسان فرمایا جائے گا وہ یہ ہے کہ اگر بشری تقاضوں کے باعث ان سے کوئی غلطی سرزد ہو جائے، کسی جرم کا وہ ارتکاب کر بیٹھیں تو اس پر قلم عفو پھیر دیا جائے گا اور اسے بخش دیا جائے گا۔

بیشک تقویٰ کے تقاضے بڑے گراں ہیں لیکن ان پر جن انعامات کی بارش کی جاتی ہے۔ ان کے باعث ان کی تلخی: ان کی گرانی کا تصور تک محو ہو جاتا ہے۔

۳۶ یعنی اپنے پرہیزگار بندوں پر اس کی یہ بخششیں بے اندازہ محض اس کا فضل وکرم ہے۔ کسی کا اس پر کوئی حق نہیں جس کا ادا کرنا اللہ تعالیٰ پر واجب ہو۔ راہ تقویٰ پر گامزن ہونا بھی تو محض اس کی توفیق ودستگیری کا ہی مرہون منت ہے۔

۳۷ اہل یثرب میں اسلام کی روشنی پھیلنے سے کفار مکہ کو یہ فکر دامنگیر ہو گئی تھی کہ کہیں حضور بھی ہجرت کر کے انھیں کے پاس نہ چلے جائیں۔ اگر ایسا ہوا تو پھر اسلام کے خطرہ کا سدباب ان کے اختیار سے باہر ہو جائے گا۔ چنانچہ کوئی فیصلہ کن قدم اٹھانے سے پہلے انھوں نے اپنی قومی پارلیمنٹ (دار الندوہ) میں قوم کے مفکرین اور دانشوروں کا اجلاس طلب کیا۔

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ

ان کے سامنے ہماری آیتیں تو کہتے ہیں راہی سنجے ہم نے سن لیا ہم نے اگر ہم چاہیں تو کہہ لیں ایسی آیتیں۔ نہیں ہیں

اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣١﴾ وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ

یہ مگر کہانیاں اگلے لوگوں کی۔ اور جب انھوں نے کہا اے اللہ! اگر ہو

بعض کی رائے یہ تھی کہ آپ کو ایک تنگ و تاریک حجرے میں ہمیشہ کے لیے قید کر دیا جائے بعض نے کہا کہ آپ کو یہاں سے جلاوطن کر دیا جائے لیکن آخری فیصلہ ابوجہل کی رائے کے مطابق ہوا کہ مکہ میں جتنے قبائل آباد ہیں ان میں سے ایک ایک بہادر منتخب کیا جائے۔ سارے قبائل سے چنا ہوا بہادروں کا یہ دستہ رات کے وقت آپ کے گھر کا محاصرہ کرلے۔ سحری کے وقت جب حضور باہر نکلیں تو یکبارگی آپ پر تلواروں کا مینہ برسا کر آپ کا چراغ حیات گل کر دیا جائے۔ اس کی حکمت یہ بیان کی گئی کہ اس طرح مکہ کے سارے قبائل اس قتل میں شریک ہوں گے اور بنی ہاشم کس کس سے انتقام لے سکیں گے۔ آخر کار وہ دیت لینے پر رضامند ہو جائیں گے اور ہم سب مل کر آسانی کے ساتھ دیت ادا کر دیں گے۔ سب نے اسے پسند کیا خصوصاً ابلیس جو شیخ نجدی بن کر شریک اجلاس ہوا تھا وہ تو خوشی سے لوٹ پوٹ ہو گیا اور کہنے لگا ھذا الرأی لارأی غیرہ۔ ادھر لات و ہبل کے پرستار محبوب خدا کو قتل کرنے کی سازشیں کر رہے تھے اور ادھر رب محمد اپنے محبوب کا بال بھی بیکا نہ ہونے کا ارادہ فرما رہا تھا۔ جبریل امین حاضر ہوئے اور اللہ کا حکم پہنچایا کہ آج کی رات ہجرت کی رات ہے۔ حضورؐ نے امانتیں حضرت علیؓ کے سپرد کیں۔ سورۃ یٰسین کی تلاوت فرماتے ہوئے اپنے کاشانۂ اقدس سے قدم مبارک باہر رکھا وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ الخ کی آیت تک پڑھ کر ان شمشیر بکف سورماؤں پر پھونکا جو محاصرہ کیے ہوئے کھڑے تھے۔ ان کی بینائی سلب ہو گئی۔ نیند سے اونگھنے لگے اور اللہ کا حبیب اپنے اللہ کی حفاظت میں بخیر و عافیت وہاں سے نکل کر اپنے یار وفا شعار حضرت ابوبکرؓ کے گھر آیا اور ان کو ہمراہ لے کر غار ثور کی طرف روانہ ہو گیا۔ حضرت امام حسن عسکریؓ نے اپنی تفسیر میں تصریح فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو حکم فرمایا کہ وہ اس پرخطر سفر میں حضرت صدیق کو ہمراہ لے جائیں۔ و امرك ان تستصحب ابابکر آپ کو حکم دیا ہے کہ آپ ابوبکرؓ کو ساتھ لے جائیں۔ یہ روایت بالتفصیل سورۂ توبہ کی آیت ۴۰ کے حاشیہ میں ملاحظہ فرمائی جائے۔

آیت میں لِيُثْبِتُوكَ کا کلمہ ہے۔ اس کا معنی ہے لیحبسوک۔ یسجنوک: تاکہ آپ کو محبوس کر دیں۔ قید کر دیں۔ (قرطبی)۔

۴۵ نضر بن حارث مکہ کا ایک متمول تاجر تجارت کی غرض سے حیرہ گیا۔ وہاں سے کہانیوں کی مشہور کتاب کلیلہ دمنہ اور قیصر و کسریٰ کے قصوں کی دوسری کتابیں خرید لایا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم پہلی اُمتوں کے عبرت آموز حالات بیان کرتے تو وہ بڑے غرور سے کہتا کہ ایسی باتیں اور حکایتیں تو میں بھی سنا سکتا ہوں (قرطبی)۔ وہ انتہائی ڈھٹائی سے دعویٰ تو کرتے

هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ

یہی (قرآن) سچ تیری طرف سے تو برسا ہم پر پتھر آسمان سے ۴۹

أَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٣٢﴾ وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ

اور لے آ ہم پر دردناک عذاب ۔ اور نہیں ہے اللہ تعالیٰ کہ عذاب دے انھیں حالانکہ آپ

فِيهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللَّهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُونَ ﴿٣٣﴾ وَمَا لَهُمْ

تشریف فرما ہیں ان میں۔ اور نہیں ہے اللہ تعالیٰ عذاب دینے والا انھیں ۵۰ حالانکہ وہ مغفرت طلب کر رہے ہوں ۵۱ اور کیا ہے

أَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللَّهُ وَهُمْ يَصُدُّونَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

(آپ کی ہجرت کے بعد) اب کیا وجہ ہے ان کے لیے کہ نہ عذاب دے انھیں اللہ ۵۲ حالانکہ وہ روکتے ہیں (مسلمانوں کو) ۵۳ مسجد حرام سے

کہ اگر ہم چاہیں تو ایسی کتاب بنا سکتے ہیں لیکن بار بار کے اصرار کے باوجود وہ اس جیسی ایک سورۃ تو کیا ایک آیت بھی پیش نہ کر سکے۔

۴۹ یہ دُعا مانگنے والا کون تھا؟ نضر بن حارث اور ابوجہل کے نام روایات میں آتے ہیں ممکن ہے دونوں ہوں اور ممکن ہے کہ سب کفار ہوں لیکن ایک کی زبان نے ان کے دلی ارادے کی ترجمانی کی ہو۔

۵۰ یہاں قدرتاً سوال پیدا ہوتا ہے کہ کفار سالہا سال تک اسلام کو مٹانے اور پیغمبرِ اسلام کو اذیت پہنچانے میں اپنی ساری کوششیں صرف کر رہے تھے۔ اب تو انھوں نے چیلنج بھی دے دیا تھا کہ اے خدا! اگر یہ دین اور رسول حق ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا کر ہمیں ہلاک کر دے۔ اتنی باتوں کے باوجود غضبِ الٰہی کو کیوں حرکت نہ ہوئی۔ اور ان پر کیوں ایسا عذاب نہ اتارا گیا جو انھیں نیست ونابود کر کے رکھ دیتا تاکہ دوسرے لوگوں کو عبرت حاصل ہوتی۔ اس آیت میں اسی سوال کا جواب دیا جا رہا ہے کہ یہ درست ہے کہ ان کے اعمال، ان کے کرتوت اور ان کا دانستہ کفر پر اصرار اس امر کے مقتضی تھے کہ ان کی خواہش کے مطابق ان پر تباہ کن عذاب نازل کیا جاتا، لیکن اے میرے حبیب! جب تک تیرا وجود سراپا رحمت ان میں موجود ہے ان پر عذاب نہیں اترے گا۔ میں نے تیرے سر پر رحمۃ للعالمین کا تاج رکھا ہوا ہے۔ تیرے سایۂ رحمت میں کفار اور عصیاں شعار سب کے لیے پناہ ہے لانک الرحمۃ للعٰلمین (روح المعانی)۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ ان میں تیرے ایسے غلام موجود ہیں جو ہر وقت میری بارگاہِ اقدس میں سرِ نیاز خم کر کے طلب مغفرت کر رہے ہیں کیا شان ہے اللہ کے محبوب کی اور کیا عزت ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کے نیکوکار بندوں کی کہ ان کی برکت سے کافر اور نافرمان بھی عذاب سے بچے ہوئے ہیں۔ مجاہد کی رائے ہے کہ وھم یستغفرون سے مراد وہ سعید روحیں ہیں جو ان کفار کی پشتوں میں تھیں اور ابھی تک عالم اجسام میں ظہور پذیر نہیں ہوئی تھیں

وَمَا كَانُوٓا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

اور نہیں ہیں وہ اس کے متولی۔ اس کے متولی تو صرف پرہیزگار لوگ ہیں، لیکن ان کی اکثریت اس حقیقت کو

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّ

نہیں جانتی۔ اور نہیں تھی ان کی نماز ۳۳ خانہ کعبہ کے پاس بجز سیٹی اور تالی

تَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ

بجانے کے۔ سو چکھو اب عذاب بوجہ اس کے کہ تم کفر کیا کرتے تھے۔ بے شک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

کافر خرچ کرتے ہیں اپنے مال تاکہ روکیں (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے ۳۴

۳۱ جب حضورؐ اور حضورؐ کے نام لیوا ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لے گئے تو اب وہ رہ گئے اور ان کے کرتوت! تو ان پر عذاب الٰہی نازل ہوا جس نے ان کی نخوت وغرور کو پامال کر کے رکھ دیا۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ پہلی آیت میں جس عذاب کی نفی کی گئی ہے وہ عذاب استیصال ہے جو ساری کی ساری قوم کو برباد کر کے رکھ دیتا ہے اور اس آیت میں اس عذاب کا اثبات ہے جو محض تنبیہ اور سرزنش کے لیے کسی کو خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لیے اتارا جاتا ہے۔

۳۲ ان پر عذاب الٰہی کے اترنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے رسول مقبول اور اسکے سچے پیروکاروں کو اللہ کے گھر میں اللہ کی عبادت کرنے سے روک رہے ہیں اور اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ کعبہ کے وہ متولی ہیں اور انھیں حق پہنچتا ہے کہ بیت اللہ میں تین سو ساٹھ بتوں کی عبادت کی تو ہر ایک کو اجازت ہو لیکن مولائے برحق کے سچے پرستاروں کو اسکی عبادت کرنے کی اجازت نہ دیں حالانکہ اس خانۂ خدا کے متولی تو وہی لوگ ہوسکتے ہیں جو متقی اور پرہیزگار ہوں۔ اور ان لوگوں کا اس گھر کی تولیت سے کوئی واسطہ نہیں جن کی پیشانیاں باطل معبودوں کے سامنے سجدہ ریزی سے داغدار ہو چکی ہیں۔

۳۳ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ کفار طواف کعبہ بالکل ننگے ہو کر کیا کرتے۔ سیٹیاں اور تالیاں بجانا ان کی نماز تھی۔ جس میں بے معنی شور وشغب اور لایعنی لہو ولعب کے سوا کچھ نہ تھا۔ نہ تو ان میں ذکر الٰہی تھا اور نہ ان کو عجز ونیاز جو روح عبادت ہے، سے کوئی واسطہ تھا۔ کانت قریش تطوف بالبیت عراۃ یصفقون ویصفرون فکان ذٰلک عبادۃ فی ظنھم (قرطبی) والمکاء ضرب الاید ی باتھ پر ہاتھ مارنا والتصدیۃ الصیاح۔ شور وغل، سیٹی بجانا۔ منجد میں ہے مکا یمکو مکا۔ صفر بفیہ وصدّی بیدیہ: صفق: تالی بجانا۔

۳۴ عبادت تین قسم کی ہوتی ہے۔ قولی، فعلی اور مالی۔ ان کی قولی وفعلی عبادت کی جو کیفیت تھی وہ تو پہلے مذکور

فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ۬ۙ

اور یہ آئندہ بھی (اسی طرح) خرچ کرینگے پھر ہو جائے گا یہ (خرچ کرنا) ان کے لیے باعث حسرت و افسوس پھر وہ مغلوب کر دیے جائینگے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ۟ۙ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ

اور جنھوں نے کفر اختیار کیا وہ دوزخ کی طرف اکٹھے کیے جائیں گے۔ تاکہ الگ کر دے اللہ تعالیٰ ناپاک کو

مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ

پاک سے اور رکھ دے سب ناپاکوں کو ایک دوسرے کے اوپر۔ پھر اکٹھا کر دے ان سب

جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۟ قُلْ

کو۔ پھر ڈال دے اس مجموعہ کو جہنم میں۔ یہی لوگ ہیں جو نقصان اٹھانے والے ہیں۔ فرما دیجیے

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ

کافروں کو کہ اگر وہ (اب بھی) باز آ جائیں تو بخش دیا جائے گا انھیں جو ہو چکا۔

ہوتی۔ اب ان کی عبادت مالی کا ذکر ہو رہا ہے کہ یہ مال خرچ کرتے تو ہیں لیکن اللہ کا نام بلند کرنے کے لیے نہیں بلکہ اس کی یاد اور ذکر سے لوگوں کو روکنے کے لیے۔ اور انھوں نے دیکھ لیا کہ اس کا انجام بجز حسرت وندامت کے کچھ نہ ہوا آئندہ بھی اگر انھوں نے ایسا کیا تو اس کا انجام بھی ایسا ہی حسرتناک ہوگا۔

لِيَمِيْزَ کا تعلق يُحْشَرُوْنَ کے ساتھ ہے یعنی قیامت کے روز ناپاک اور پاک بالکل الگ الگ ہو جائیں گے۔ کافر اور مومن کے درمیان خلط ملط باقی نہیں رہیگا۔ سب کفار کو ایک جگہ جمع کر کے انھیں جہنم میں جھونک دیا جائے گا اس وقت انھیں پتہ چلے گا کہ اللہ تعالیٰ کے دین کو مٹانے کے لیے انھوں نے اپنی مال و دولت کے جو انبار لٹاتے تھے وہ سب رائیگاں گئے انھوں نے جو کاوشیں اور قربانیاں باطل کو کامیاب کرنے کے لیے دی تھیں ان کا کوئی نتیجہ نہ نکلا۔ دنیا میں بھی قدم قدم پر انہیں ہزیمت اٹھانی پڑی اور قیامت کے روز بھی انھیں آتش جہنم کا ایندھن بننا پڑا۔ ان سے بڑھکر خائب و خاسر اور کون ہو سکتا ہے۔ يَرْكُمَ کی تشریح بایں الفاظ کی گئی ہے: جَمَعَهٗ وَ جَعَلَ بَعْضَهٗ فَوْقَ بَعْضٍ حَتّٰى يَصِيْرَ رُكَامًا مَرْكُوْمًا كَرُكَامِ الرَّمْلِ (المنجد) یعنی ایک دوسرے پر ڈالتے جانا یہاں تک کہ ایک ڈھیر کی شکل پیدا ہو جائے جس طرح ریت کا ڈھیر ہوا کرتا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ کفار کے نیم جان لاشے ایک دوسرے پر ڈھیر کر دیے جائیں گے اور پھر

وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ

اور اگر وہ پہلے کرتوت دُہرائیں تو گزر چکا ہے ۴۶ جو ہمارا طریقہ پہلے نافرمانوں کے ساتھ اور اے مسلمانو! لڑتے رہو ان سے

حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ

یہاں تک کہ باقی نہ رہے کوئی فساد ۴۷ اور ہو جائے دین پورے کا پورا اللہ کے لیے ۴۸ ۔ تو پھر اگر وہ باز آ

انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا

جائیں تو یقیناً اللہ تعالیٰ جو کچھ وہ کرتے ہیں اسے خوب دیکھنے والا ہے ۔ اور اگر وہ رُوگردانی کریں تو

فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ۭ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۴۰﴾

جان لو کہ اللہ تعالیٰ تمہارا کارساز ہے ۔ وہ کیا ہی بہترین کارساز ہے اور کتنا بہترین مددگار ہے ۔

انھیں جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

ایک قول یہ بھی ہے کہ لیمیز کا تعلق یغلبون کے ساتھ ہے۔

۴۶ یعنی پہلی اُمتوں کے حالات یہ بار بار سُن چکے ہیں۔ انھیں اچھی طرح معلوم ہے کہ جب ان اُمتوں نے اپنے نبیوں کی نافرمانی کی تو عذابِ الٰہی آیا جس نے ان کو نیست و نابود کر دیا۔ ان لوگوں کی روش بھی اگر ایسی رہی تو ان پر بھی مکافاتِ عمل کے قانون کی وہی دفعہ لاگو ہوگی جس کو یہ خود اچھی طرح جانتے ہیں۔

۴۷ فتنہ کا معنی فساد کیا گیا ہے۔ ای فساد فی الارض (مظہری)

۴۸ صاحب قاموس نے لفظ دین کے معانی بیان کرتے ہوئے لکھا ہے: الدین القھر والغلبۃ والاستعلاء والسلطان (قاموس) یعنی دین کا معنی غلبہ، بالادستی اور قوت و اقتدار ہے۔ صاحب تفسیر مظہری نے یہاں دین کے انہی معانی کو ترجیح دی ہے یعنی تم جنگ جاری رکھو تاکہ حکومت و فرمانروائی اللہ تعالیٰ کی ہو جائے۔ عدل و انصاف اور حریت و مساوات کا دور دورہ ہو۔ اور کسی پر بے جا تشدد اور زیادتی کر کے اس کو اس کے عقائد سے روکا نہ جا سکے۔

لیس الدین ملۃ الاسلام وما یتعبد بہ والا یلزم التعارض بین ھذہ الآیۃ وبین قولہ تعالیٰ حتی یعطوا الجزیۃ عن ید وھم صاغرون بل المراد منہ القھر والغلبۃ والاستعلاء والسلطان والملک والحکم (مظہری)

ترجمہ: اس آیت میں الدین سے ملت اسلام یا اس کا نظام عبادت مراد نہیں ورنہ اس آیت میں اور دوسری آیت حتی یعطوا الجزیۃ الآیہ میں تعارض لازم آئے گا۔ کیونکہ اس آیت کا معنی یہ ہوگا کہ جب تک وہ دین اسلام کو قبول نہ کر لیں

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ

اور جان لو کہ جو کوئی چیز تم غنیمت میں حاصل کرو [۴۹] تو اللہ کے لیے ہے اس کا پانچواں حصہ اور رسول کے لیے اور

وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ اِنْ

رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے [۵۰] اگر

اس وقت تک ان سے جنگ جاری رکھو اور دوسری آیت کا مفہوم یہ ہے کہ جب وہ سر تسلیم خم کر دیں اور جزیہ ادا کرنے پر آمادہ ہو جائیں تو جنگ بند کر دو۔ اس لیے یہاں "الدین" کا مفہوم غلبہ، بالادستی، قوت اور اقتدار ہے۔ یعنی جب ملتِ اسلامیہ کو غلبہ اور اقتدار حاصل ہو جائے گا تو پھر اس کے ظلِ ہمایوں کے نیچے اپنوں اور بیگانوں سب کو پناہ مل جائے گی۔ کسی پر جبر و استبداد نہ ہو گا۔ اسلام کو قبول کرنے والے اور اس کو قبول نہ کرنے والے سب عزت اور آزادی کی زندگی بسر کر سکیں گے۔

[۴۹] وہ مال جسے کوئی فرد یا جماعت کوشش اور سعی سے حاصل کرے اسے لغت میں غنیمت کہتے ہیں۔ الغنيمة في اللغة ما يناله الرجل او الجماعة بسعي (قرطبی)۔ لیکن عرفِ شرع میں صرف اس مال کو غنیمت کہتے ہیں جو کفار سے قوت و غلبہ اور لشکر کشی سے حاصل کیا جائے۔ مال الكفار اذ ظفر به المسلمون على وجه الغلبة والقهر (قرطبی)۔ لیکن کفار کا وہ مال جو بغیر لڑے ہاتھ آ جائے اسے اصطلاحِ شریعت میں فَیْ کہتے ہیں۔ والفيء هو كل مال دخل على المسلمين من غير حرب ولا ايجاف (قرطبی)۔ غنیمت کا مفہوم سمجھ لینے کے بعد اب اس کے متعلق جو ارشادِ ربانی ہے اسے سمجھیے۔ مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ الگ کر لیا جائے گا اور بقیہ چار حصے غازیوں میں تقسیم کر دیے جائیں گے۔ سُنّتِ نبوی نے ہمیں بتایا کہ پیادہ مجاہد کو ایک حصہ ملے گا اور سوار کو تین حصے ملیں گے۔ حضرات فاروق، شیرِ خدا، عمر بن عبد العزیز اور فقہاء میں سے امام مالک، شافعی، احمد، ابو یوسف و محمد رحمہم اللہ تعالیٰ کا یہی مسلک ہے۔ حضرت امام صاحب کا مسلک یہ ہے کہ پیادہ کو ایک حصہ اور سوار کو دو۔ (مظہری)

[۵۰] باقی رہا مال کا پانچواں حصہ خمس تو اس کے مصارف اس آیت میں وضاحت سے بیان فرما دیے۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ کا نام محض تبرک کے لیے لیا گیا ہے۔ یہ کوئی مستقل مصرف نہیں بلکہ اللہ اور اس کے رسول کا ایک حصہ ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ یہ الگ مصرف ہے اور اس حصہ کا مال کعبہ شریفہ پر خرچ کیا جائے گا۔ ۲۔ دوسرا حصہ حضور رحمتِ عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ہے۔ حضور اسے اپنی ضروریات اور اہل و عیال پر خرچ کر سکتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی رحلت کے بعد یہ مصرف ختم ہو گیا۔ ۳۔ ذی القربیٰ سے مراد حضور کریم کے قریبی رشتہ دار ہیں اور وہ بنی ہاشم اور بنی مطلب کے افراد۔ اور بعض کے نزدیک صرف بنی ہاشم ہیں۔ کیونکہ ان پر صدقات حرام ہیں اس لیے ان کی کفالت کا انتظام اس مد سے کر دیا گیا۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں تصریح کی ہے کہ حضور کے رشتہ داروں کا حصہ قیامت تک بحال

كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ

تم ایمان رکھتے ہو اللہ پر اور اس پر جسے ہم نے اتارا اپنے (محبوب) بندہ پر ۳۱ فیصلہ کے دن

رہے گا۔ وسهم ذوی القربٰی فی بنی هاشم وبنی المطلب الفقیر منهم والغنی والذکر والانثیٰ وعندی انه مخیر الامام فی تعیین المقادیر وکان عمر رضی الله عنه یزید فی فرض آل النبی صلی الله علیه وسلم ویعین المدین منهم والناکح وذالحاجة۔ (حجة اللّٰہ البالغہ): رشتہ داروں کا حصہ بنی ہاشم اور بنی مطلب کو ملے گا۔ ان کے امیر اور فقیر، مرد اور عورت سب حقدار ہیں۔ اور امام وقت حسب ضرورت حصہ میں کمی بیشی بھی کر سکتا ہے۔ حضرت فاروق اعظم اہل بیت کرام کو دوسروں سے زیادہ حصہ دیتے اور ان میں سے اگر کوئی زیادہ ضرورتمند ہوتا مثلاً مقروض، شادی کرنے والا، تنگدست تو اس کی زیادہ امداد فرماتے۔ اسی طرح صاحب تفسیر مظہری نے بڑے شرح و بسط سے اس موضوع پر بحث کرنے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا ہے۔ وبهذا یثبت ان سهم ذوی القربٰی لم یسقط ویعون دفعه الیهم غنیهم وفقیرهم (مظهری)۔ اس بحث سے ثابت ہو گیا کہ حضورؐ کے رشتہ داروں کا حصہ ساقط نہیں ہوا۔ ان کے اغنیاء اور فقراء سب کو ملے گا۔ علامہ ابن حیان اندلسی لکھتے ہیں۔ والظاهر بقاء هذا السهم لذوی القربٰی وانه لغنیهم وفقیرهم (بحر) ظاہر یہ ہے کہ یہ حصہ بدستور باقی ہے اور غنی اور فقیر دونوں کو دیا جائے گا۔ ۳۔ یتامیٰ۔ ۵۔ مساکین۔ ۶۔ مسافر۔ مال غنیمت کے خمس کے یہ مصرف ہیں۔

۳۱ یعنی مال غنیمت کے متعلق یہ احکام جو تمہیں دیئے جا رہے ہیں اگر تمہارے دلوں میں نورِ ایمان ہے تو ان پر عمل کرنا ہوگا۔ اور اس مسئلہ میں اپنی من مانی کرنے والے یہ سمجھ لیں کہ ان کو ایمان کامل کی لذت سے ابھی آشنا نہیں کیا گیا۔ اور فیضانِ نبوت سے فیضیاب ہونے والوں کے متعلق دنیا کو اچھی طرح علم ہے کہ انھوں نے تعمیل حکم کا حق ادا کر دیا۔ انھیں ان کے معلم و مرشد نے یہ حکم دیا کہ فادوا الخیط والمخیط واکبر من ذالك واصغر ولا تغلوا فان الغلول عار ونار (حدیث) کہ جو چیز غنیمت میں ملے اسے امام وقت کی خدمت میں پیش کر دو۔ خواہ وہ سوئی تاگہ ہو یا اس سے بڑی یا چھوٹی چیز۔ اور غنیمت میں خیانت نہ کرو کیونکہ یہ دنیا میں باعثِ رسوائی ہے اور عقبیٰ میں موجب عذاب۔ جب ان صحرا نشینوں کے لیے کسریٰ کے قصر ابیض نے اپنے دروازے کھول دیئے اور اپنے قیمتی نوادرات اور تاریخی عجائبات کو ان کے قدموں میں ڈھیر کر دیا۔ مؤرخ کی نگاہ ان کا تعاقب کر رہی تھی۔ ہر چیز دل لبھانے والی، آنکھوں کو خیرہ کرنے والی، بڑی بڑی خشک طبیعتوں کو للچا دینے والی۔ لیکن کیا مجال کہ غلامان مصطفےٰ علیہ اطیب التحیة واجمل الثناء کے دلوں میں خیانت کا خیال تک آیا ہو۔ ہر ایک چیز احتیاط سے اٹھائی گئی۔ وہاں سے بارگاہِ خلافت میں لائی گئی اور اس بے شمار قیمتی سامان میں ایک پائی کی بد دیانتی بھی تو نہ ہوئی۔ یہ قرآن کی تعلیم کا اثر تھا۔ یہ تربیتِ مصطفوی کی برکت تھی۔ یہی وہ اخلاق کی بلندی اور سیرت کی پختگی اور دیانت و ذمہ داری کا قومی احساس تھا جس نے عرب کے ان اَن پڑھ بدوؤں کو دنیا کا امام بنا دیا۔ کاش! فرزندِ خلیل اور دخترِ بتول اپنے مقام بلند سے آگاہ ہو جائیں۔ کاش! یہ وارفتۂ حسنِ فرنگ اپنی دلآویزیوں اور رعنائیوں کا مشاہدہ کرنے لگے ؎

يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ اَنْتُمْ

جس روز آمنے سامنے ہوئے تھے دونوں لشکر ۵۲ اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ۔ جب تم

بِالْعُدْوَةِ الدُّنْیَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ

وادی کے نزدیک والے کنارے پر تھے اور وہ (لشکر کفار) دور والے کنارہ پر تھا۔ اور (تجارتی) قافلہ نیچے کی طرف تھا

مِنْكُمْ ؕ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِی الْمِیْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّیَقْضِیَ

تم سے ۵۳ اور اگر تم (لڑائی کے لیے) وقت مقرر کرتے تو پیچھے رہ جاتے وقت مقررہ سے لیکن (یہ بلا ارادہ جنگ اس لیے ہوئی) تاکہ

اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ۬ لِّیَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَیِّنَةٍ وَّ

کر دکھائے اللہ تعالیٰ وہ کام جو ہو کر رہنا تھا تاکہ ہلاک ہو جسے ہلاک ہونا ہے دلیل سے اور زندہ

یَحْیٰى مَنْ حَیَّ عَنْۢ بَیِّنَةٍ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۴۲﴾ اِذْ

رہے جسے زندہ رہنا ہے دلیل سے ۵۴ اور بے شک اللہ تعالیٰ خوب سننے والا ، جاننے والا ہے۔ یاد کرو

اے تماشا گاہِ عالم روئے تو
تو کجا بہر تماشا مے روی

۵۲ فرقان کہتے ہیں حق و باطل کے درمیان تمیز کرنے والا۔ یوم فرقان سے مراد بدر کا دن ہے جس روز شکوک و شبہات کے سب بادل چھٹ گئے تھے اور حق اپنی پوری تابانیوں کے ساتھ جلوہ گر ہو گیا تھا۔

۵۳ وہ احسان یاد دلایا جا رہا ہے جو بدر کی جنگ کے دوران میں مسلمانوں پر کیا گیا تھا۔ اس آیت کے چند کلمات تحقیق طلب ہیں۔ عُدوۃ: جانب الوادی۔ وادی کی ایک طرف کو عدوہ کہتے ہیں۔ بکسر عین (عِدوۃ) بھی پڑھا گیا ہے۔ پہلی صورت میں اس کی جمع عُدیٰ اور دوسری صورت میں عِدیٰ ہوگی۔ الدُّنیا ادنیٰ کی مؤنث ہے جو دنیٰ یدنو (قریب ہونا) سے ماخوذ ہے۔ اس سے مراد وادی بدر کی وہ سمت ہے جو مدینہ طیبہ سے قریب تر تھی۔ قُصویٰ اقصیٰ کی مؤنث ہے۔ قصا یقصو (دور ہونا) سے ماخوذ ہے۔ اس سے مراد وادی بدر کی دوسری سمت ہے۔ رکب: اونٹوں کا قافلہ۔ اس سے مراد اہل مکہ کا تجارتی کارواں ہے جو شام سے مکہ واپس آ رہا تھا۔

۵۴ جیسے پہلے بیان ہو چکا کہ مسلمان کفار سے جنگ کرنے پر مجبور ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اگر تم تیاری کر کے نکلتے تو ان کی کثرت اور اپنی قلت کو ملاحظہ کر کے ہمت ہار بیٹھتے۔ اور میدان جنگ سے کترا کر نکل جاتے۔ لیکن چونکہ مشیت

يُرِيكَهُمُ اللّٰهُ فِي مَنَامِكَ قَلِيلًا ۖ وَلَوْ أَرَاكَهُمْ كَثِيرًا لَّفَشِلْتُمْ وَ

جب دکھایا اللہ نے آپ کو لشکرِ کفار ۵۵ خواب میں قلیل اور اگر دکھایا ہوتا آپکو لشکرِ کفار کثیر تعداد میں تو ضرور تم

لَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ وَلَٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ۗ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ

لوگ ہمت ہار دیتے اور آپس میں جھگڑنے لگتے اس معاملہ میں لیکن اللہ نے (تمھیں) بچا لیا بیشک وہ خوب جاننے والا ہے

الصُّدُورِ ﴿٤٣﴾ وَإِذْ يُرِيكُمُوهُمْ إِذِ الْتَقَيْتُمْ فِي أَعْيُنِكُمْ قَلِيلًا

جو کچھ سینوں میں ہے اور یاد کرو جب اللہ نے دکھایا تمھیں لشکرِ کفار جب تمھارا مقابلہ ہوا تمھاری نگاہوں میں قلیل

وَيُقَلِّلُكُمْ فِي أَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا ۗ وَ

اور قلیل کر دیا تمھیں ان کی نظروں میں تاکہ کر دکھائے اللہ تعالیٰ وہ کام جو ہو کر رہنا تھا ۵۶ اور اللہ تعالیٰ

إِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٤٤﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً

کی طرف ہی لوٹائے جاتے ہیں سارے معاملات۔ اے ایمان والو جب جنگ آزما ہو کسی لشکر سے تو

ربانی یہ تھی کہ حق کا بول بالا اور باطل کا منہ کالا ہو اس لیے حالات ایسے پیدا کر دیئے گئے کہ جنگ کے بغیر کوئی چارۂ کار ہی نہ رہا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ کی مرضی پوری ہو کر رہی۔ اس جنگ میں کفار کی رسواکن شکست سے حقیقت اتنی واضح اور روشن ہو گئی کہ شک وشبہ کی گنجائش باقی نہ رہی۔ اب اگر کوئی اسلام قبول کر کے حیاتِ جاودانی قبول کرتا ہے تو دلیل سے اور اگر کوئی کفر سے چمٹا رہتا ہے تو جان بوجھ کر اپنی مرضی سے۔ کیا عجیب اور حسین تعبیر ہے۔

۵۵ یہاں یہ خلجان پیدا ہوتا ہے کہ نبی کا خواب حق ہوا کرتا ہے کیونکہ یہ وحی کی ہی ایک قسم ہے پھر اس کے برعکس واقع ہونے کا تو احتمال ہی نہیں۔ اگر خواب میں قلیل دیکھا تھا اور واقع میں ان کا کثیر ہونا خواب کی تکذیب نہیں تو اور کیا ہے؟ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ خواب میں قلیل دکھانے کا مطلب یہ تھا کہ ان کی تعداد خواہ کچھ ہو لیکن وہ قلیل تعداد کی طرح ضعیف و کمزور ہونگے۔ اور خواب کا یہی مطلب صحابۂ کرام نے سمجھا تھا۔

۵۶ حکمتِ خداوندی کی کرشمہ سازی یہ تھی کہ مسلمانوں کو کافر تھوڑے نظر آ رہے تھے جس کا مقصد یہ تھا کہ مسلمان ثابت قدم رہیں اور گھبرائیں نہیں اور کافروں کو مسلمان قلیل التعداد دکھائی دے رہے تھے تاکہ وہ خوفزدہ ہو کر لڑے بغیر بھاگ کھڑے نہ ہوں اور جانیں بچا کر نکل نہ جائیں۔ اس طرح دونوں فریق اپنی کامیابی کا یقین کرتے ہوئے میدانِ جنگ

فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

ثابت قدم رہو اور ذکر کرو اللہ تعالیٰ کا کثرت سے تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ ۵۷ اور اطاعت کرو اللہ تعالیٰ

وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا

کی اور اس کے رسول کی ۵۸ اور آپس میں نہ جھگڑو ورنہ تم کم ہمت ہو جاؤ گے اور اکھڑ جائے گی تمہاری ہوا اور (ہر

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ

مصیبت میں) صبر کرو بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ۵۹ اور (دیکھو!) نہ بن جانا ان لوگوں کی طرح جو نکلے تھے

دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور (محض) لوگوں کے دکھلاوے کے لیے اور روکتے تھے اللہ کی راہ سے ۶۰ اور

میں کود پڑے۔ جس کا انجام یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی نصرت سے ان نہتے مسلمانوں کے ہاتھوں ان کے ستر گبر موت کے گھاٹ اتار دیئے گئے۔ اور کفر کا زور توڑ کر رکھ دیا گیا۔

۵۷ گھبراتے ہوئے دلوں کو تسکین دینے والا اور اکھڑے ہوئے قدموں کو جمانے والا اللہ تعالیٰ کا ذکر پاک ہی تو ہے۔ اہل فکر و نظر سے مخفی نہیں کہ فتح و کامیابی کے حقیقی اسباب یہی ہیں جو اس آیت میں مذکور ہیں۔ کامیابی کا سہرا اسی کے سر باندھا گیا جو ناموافق حالات میں ثابت قدم رہا۔ اور اس کے ساتھ بارگاہِ الٰہی میں دعا و فریاد تو سونے پر سہاگہ ہے۔

۵۸ قرآن حکیم تو واضح طور پر ارشاد فرما رہا ہے کہ اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارا رعب دشمن کے دل پر چھایا رہے۔ تمہاری ہوا بندھی رہے۔ اور تمہارے اتحاد و اتفاق کی بنیاد متزلزل نہ ہو تو اطاعت رسول کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہو یہی ایک سپر ہے جس پر تم اہواء و اغراض کے تیروں کو سہار سکتے ہو۔ اور ہمارے عصر حاضر کے ماہرین قرآن ہمیں یہ بتلاتے ہیں کہ انتشار و افتراق کی یہ وبا جو اسلامی کیمپ میں قیامت ڈھا رہی ہے یہ سنتِ رسول سے سرتابی کا نتیجہ نہیں جس میں عملی طور پر امت کا اکثر حصہ مبتلا ہے بلکہ اتباعِ سنت کی شامت ہے۔ اب خدا کے یہ سادہ دل بندے کیا کریں۔ قرآن کی صاف اور کھلی ہوئی بات مانیں یا معارفِ قرآنی کے ان شارحین کی نکتہ آفرینیوں کو تسلیم کریں؟

۵۹ اس آیت میں جو ارشادات فرمائے گئے ہیں ان پر کاربند ہونا آسان کام نہیں۔ قدم قدم پر شیطان نے جال بچھا رکھے ہیں۔ صبر کے بغیر اس پر خار وادی کو طے کرنا ناممکن ہے اس لیے صبر و استقامت کی تلقین کی جا رہی ہے۔ آخر میں بتایا کہ اللہ تعالیٰ کی معیت اور نصرت فقط انہی کے شاملِ حال ہوتی ہے جو مشکلات اور مصائب کا بڑی مردانگی سے مقابلہ

وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿٤٧﴾ وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ

اللہ تعالیٰ جو کچھ وہ کرتے ہیں اسے (اپنے علم اور قدرت سے) گھیرے ہوئے ہے اور یاد کرو جب آراستہ کر دیئے انکے لیے شیطان نے

اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ

ان کے اعمال اور (انہیں) کہا کہ کوئی غالب نہیں آسکتا تم پر آج ان لوگوں میں سے اور میں نگہبان ہوں

جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ

تمہارا ۶۱ سو جب آمنے سامنے ہوئیں دونوں فوجیں تو وہ اُلٹے پاؤں بھاگا، اور بولا

کر رہے ہوتے ہیں۔

۶۰ جہاد میں ثابت قدم رہنے اور بارگاہِ الٰہی میں دامن دعا و دست التجا پھیلانے کا حکم دینے کے بعد اخلاص نیت کی تعلیم فرمائی جارہی ہے۔ کیونکہ تمام اسلامی اعمال کی روح رواں حسن نیت ہے۔ کفار کا لشکر جب مکہ سے بدر کی طرف روانہ ہوا تو ان کے ہمراہ ایسی دوشیزائیں بھی تھیں جو گانے بجانے اور ناچنے میں اپنا جواب نہ رکھتی تھیں۔ انکے علاوہ شراب ناب کے بھرے ہوئے مٹکے بھی ساتھ تھے۔ جگہ جگہ پر ان کی بزم عیش و طرب منعقد ہوتی جس میں بادۂ گلفام کے ساغر گردش میں آتے اور ناچ اور گانا ہوتا۔ ابوجہل کو جنگ کا ارادہ ترک کرنے کے لیے جب کہا گیا تو اس نے جواب دیا واللہ لا نرجع حتی نرد بدرا فنشرب فیہا الخمور وتعزف علینا القیان . . . . حتی تسمع العرب بمخرجنا فتہابنا آخر الابد (قرطبی) بخدا ہم محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے لڑے بغیر ہرگز واپس نہیں جائیں گے۔ یہاں تک کہ ہم میدان بدر میں پہنچیں۔ وہاں شراب کا دور چلے گا۔ رقص و سرود ہوگا۔ سارا عرب سنے گا اور اُن کے دلوں پر ہمارا رُعب قیامت تک کے لیے جم جائے گا۔ آج بھی کفر کا لشکر جدھر رُخ کرتا ہے فسق و فجور کا ایک طوفان بدتمیزی اُمڈ کر آجاتا ہے۔ جو عصمت و ناموس، انسانی شرف، بلند اخلاقی قدروں کو تنکوں کی طرح بہا کرلے جاتا ہے۔ آپ حیران ہوں گے جاہلیت قدیم و جدید کے مزاج کی یکسانی پر دو ہزار سال پہلے اس کی جو خصوصیات تھیں علم و ہنر کی بے انداز ترقی کے باوجود ان میں سر مو فرق نہیں آیا۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران جو امریکی افواج اپنے دوست ملک برطانیہ میں اقامت گزیں رہیں ان کی عیش کوشی کی وجہ سے خود امریکی اخباروں کے اندازہ کے مطابق ستر ہزار حرامی بچے پیدا ہوئے (بحوالہ العصری ص ۲۸)۔ اب آپ خود اندازہ لگائیے کہ ایسی فوج ظفر موج اپنے سبز قدم جس سرزمین (خصوصاً دشمن ممالک) میں رکھے گی وہاں کیا حشر بپا ہوتا ہوگا۔

۶۱ علامہ بیضاوی نے لکھا ہے کہ شیطان کا یہ قول الفاظ کا جامہ پہنے ہوئے نہ تھا بلکہ وسوسہ اندازی کی صورت میں تھا۔ اس نے ان کے دلوں میں یہ وسوسہ ڈال دیا تھا کہ ان کی کامیابی یقینی ہے ان کا یہ لشکر جرار مسلمانوں کے مٹھی بھر

إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكُمْ إِنِّي أَرَىٰ مَا لَا تَرَوْنَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ ۚ

میں بری الذمہ ہوں تم سے ۔ میں دیکھ رہا ہوں وہ جو تم نہیں دیکھ رہے ہو ۔ میں تو ڈرتا ہوں اللہ سے ٦٢

وَاللَّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٤٨﴾ إِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ

اور اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے ۔ یاد کرو جب کہہ رہے تھے منافق اور وہ جن کے

فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ غَرَّ هَٰؤُلَاءِ دِينُهُمْ ۗ وَمَن يَتَوَكَّلْ

دلوں میں (شک کا) روگ تھا کہ مغرور کر دیا ہے انہیں ان کے دین نے ٦٣ اور جو شخص بھروسہ کرتا ہے

غیر مسلح سپاہیوں کا چشم زدن میں صفایا کر کے رکھ دے گا۔ اسی خمار میں لشکر کفار قدم قدم پر سبو انڈیلتا، ڈینگیں مارتا، شیخی بگھارتا بڑھتا چلا گیا اور جب حق کی تندر اور بیباک قوت سے مقابلہ ہوا تو سارا نشہ ہرن ہو گیا۔ مقالۃ نفسانیۃ والمعنی انہ القی فی روعھم وخیل الیھم انھم لا یغلبون ولا یطاقون لکثرۃ عددھم وقلۃ عدوھم (بیضاوی)

امام رازیؒ نے اس قول کو حضرت حسن بصری اور اصم کی طرف منسوب کیا ہے وھو قول الحسن والاصم (کبیر) علامہ ابو حیان الاندلسی نے یہ توجیہ بھی کی ہے کہ ممکن ہے کہ کسی مغرور کافر نے اپنے فوجیوں کی پیٹھ ٹھونکتے ہوئے یہ الفاظ کہے بھی ہوں لیکن چونکہ اس کا یہ قول محض شیطان کے اغواء سے ہی ہوا اس لیے بطور مجاز اسے شیطان کی طرف ہی منسوب کر دیا لیکن جمہور کی رائے یہ ہے کہ جب یہ لشکر مکہ سے روانہ ہونے لگا تو انھیں یہ فکر دامنگیر ہوئی کہ کہیں موقع پا کر بنی بکر اور کنانہ جن کا انھوں نے ایک آدمی قتل کیا ہوا تھا بدلہ نہ لے لیں تو شیطان سراقہ بن مالک کی شکل میں ان کے پاس آیا اور انھیں اپنی قوم (کنانہ) کی طرف سے تسلی دی اور یہ الفاظ بھی کہے۔

٦٢ شیطان نے پہلے تو انہیں خوب بھڑکایا اور بڑی یقین دہانی کرائی کہ آج تم پر کوئی غلبہ نہیں پا سکتا تمھارے لشکر جرار کے ساتھ ٹکر لینے کی کسی میں ہمت نہیں اور ساتھ ہی وعدہ کیا کہ میں تمہارا نگہبان ہوں اگر تمہیں کسی کمک کی ضرورت پڑی تو میں مہیا کروں گا لیکن جب اسلام کے شیروں نے کفر کی لومڑیوں پر حملہ بولا اور ان کی ایک ہی گرج سے کفار کے کلیجے شق ہونے لگے اور ادھر آسمان سے ملائکہ کی فوج نازل ہونے لگی تو شیطان نے یہ منظر دیکھ کر راہ فرار اختیار کی اور بلند آواز سے پکارا کہ اے مشرکین مکہ! میں تم سے اپنی برأت کا اظہار کرتا ہوں ۔ اس آڑے وقت میں میں تمہاری کچھ امداد نہیں کر سکتا مجھے وہ چیزیں نظر آ رہی ہیں جن کو دیکھنے سے تمہاری آنکھیں قاصر ہیں۔ یہ کہہ کر شیطان ان کو حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ کر دم دبا کر بھاگ گیا۔

شیطان کا رویہ اپنے پرستاروں کے ساتھ ہمیشہ اسی طرح کا رہا ہے پہلے وہ ان کو خوب اکساتا ہے۔ ان سے جھوٹے وعدے کرتا ہے، انہیں سنہری سپنے دکھاتا ہے اور جب وہ اس کے پھیلائے ہوئے دام میں پھنس جاتے ہیں اور اپنے

عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٤٩﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ

اللہ پر تو بیشک اللہ تعالیٰ زبردست ہے حکمت والا ہے ۶۴ اور (اے مخاطب!) اگر تو دیکھے جب جان نکالتے

كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا

ہیں کافروں کی فرشتے (اور) مارتے ہیں ان کے چہروں اور پشتوں پر اور (کہتے ہیں اب) چکھو آگ

عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿٥٠﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ

کا عذاب۔ یہ بدلہ ہے اس کا جو آگے بھیجا ہے تمہارے ہاتھوں نے ۶۵ اور اللہ تعالیٰ ہرگز

بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿٥١﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

ظلم کرنے والا نہیں ہے (اپنے) بندوں پر۔ جیسے دستور تھا فرعونیوں کا ۶۶ اور جو (زبردست) لوگ ان سے پہلے

گناہوں کی دلدل میں دھنسنے لگتے ہیں تو انھیں بے یار و مددگار چھوڑ کر خود رفوچکر ہو جاتا ہے جو بدنصیب اس کے دام فریب میں پھنس جاتا ہے اس کا یہی حشر ہوا کرتا ہے۔ نعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔

۶۳ وہ لوگ جن کے دلوں میں یقین کا نور نہیں تھا۔ جو زندگی اور موت، فتح و شکست، عزت و ذلت کے اسلامی معیار سے ابھی واقف نہ تھے۔ انھوں نے جب دیکھا کہ یہ ۳۱۳ نہتے سپاہی اتنی بڑی فوج سے ٹکر لینے جا رہے ہیں تو انھوں نے کہا کہ ان کو تو ان کے دین نے پاگل بنا دیا ہے۔ اپنے نفع و نقصان کی بھی تمیز نہیں رہی۔ موت کے منہ میں چھلانگ لگانے جا رہے ہیں اور کس خوشی سے اور کس شوق سے۔ اہل محبت کو ایسے دانا ناصحین سے ہمیشہ واسطہ پڑتا رہتا ہے۔

یالائمی کف الملام عن الذی اضناہ طول سقامہ وشقائہ

یعنی اے مجھے ملامت کرنے والے! مجھ پر طعن و ملامت کے تیر نہ برسا۔ مجھے تو درد محبت اور دیرینہ علالت نے پہلے ہی نحیف و نزار کر دیا ہے۔

۶۴ قرآن کریم بتاتا ہے کہ ان کی خود فراموشی کی وجہ یہ ہے کہ انھوں نے اس قادر و توانا ذات پر تکیہ کر لیا ہے کہ جس پر جس نے تکیہ کیا وہ کامیاب و کامران ہو گیا۔

۶۵ اس سے بھی صاف معلوم ہوا کہ جزاء و سزا انسان کے اپنے عقائد باطلہ اور اعمال فاسدہ کا نتیجہ ہے۔ کسی کو بلاوجہ کوئی سزا نہیں دی جاتی۔

۶۶ یعنی جس طرح قوم فرعون اور متعدد دوسری قوموں پر ان کی مسلسل نافرمانی اور پیہم ایذا رسانی کے باعث عذاب

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ

تھے۔ انھوں نے کفر کیا آیاتِ الٰہی کے ساتھ تو پکڑ لیا انھیں اللہ نے انکے گناہوں کے باعث۔ بیشک اللہ قوت والا

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۵۲ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً

سخت عذاب دینے والا ہے ۶۷ یہ اس لیے کہ اللہ ۶۸ نہیں بدلنے والا کسی نعمت کو جس کا انعام اس نے فرمایا

اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ

ہو کسی قوم پر یہاں تک کہ بدل ڈالیں وہی اپنے آپ کو۔ اور بیشک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا

عَلِيْمٌ ۝۵۳ ۙ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا

جاننے والا ہے۔ (کفار مکہ کا طرزِ عمل بھی) فرعونیوں اور ان (سرکشوں) کا سا ہے جو پہلے گزر چکے انھوں نے جھٹلایا

بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ

اپنے رب کی آیتوں کو ۶۹ پس ہم نے ہلاک کر دیا انھیں بوجہ ان کے گناہوں کے اور ہم نے غرق کر دیا فرعونیوں کو

آیا اسی طرح ان کا بھی انجام ہونے والا ہے۔

۶۷ پہلی آیت میں تو یہ بتایا کہ ظلم و ستم سے ذاتِ الٰہی پاک اور بالاتر ہے۔ اس آیت میں اس امر کی طرف اشارہ فرمایا کہ وہ بے بس اور کمزور بھی نہیں کہ کوئی اس کی نافرمانی کرتا رہے اس کے رسولوں کو ستاتا رہے تو وہ کچھ نہ کر سکے۔ بلکہ اگر اس کی رحمت کسی کو ڈھیل دیے رکھے تو اس کی مہربانی اور اگر وہ ناراض ہو کر پکڑ لے تو پھر کوئی فرعون ہو یا نمرود، جمشید ہو یا فریدوں وہ چھٹکارا نہیں پا سکتا۔ اور جب وہ پکڑ کر جھنجھوڑتا ہے تو پھر پاؤں تھاما تو کیا کہنا رستم و سہراب کا زہرہ آب ہو جاتا ہے۔

۶۸ یہ آیت کریمہ اتنی واضح اور روشن ہے کہ کسی مزید تشریح کی گنجائش نہیں۔ گزری ہوئی اور موجودہ قوموں کے عروج و زوال کے لیے یہی اٹل قانون ہے۔ جو چاہے اس کو گوشِ ہوش سے سُنے اور اس کے مطابق عمل کرنے کی کوشش کرے۔

۶۹ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں ایک عمدہ نکتہ پیدا کیا ہے۔ فرماتے ہیں پہلی آیت میں ہے کفروا بایٰت اللہ (اللہ تعالیٰ کی آیتوں سے انکار کیا)۔ دوسری آیت میں ہے کذبوا بایٰت ربھم (انھوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کو جھٹلایا) پہلی آیت میں اشارہ ہے۔ دلائل توحید و الوہیت کے انکار کی طرف اور دوسری میں تربیت و پرورش کی آیات کی طرف اور دونوں کا طبعی نتیجہ الگ الگ بیان کر دیا۔

وَكُلٌّ كَانُوا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ

اور وہ سب کے سب ظالم تھے۔ بلاشبہ بدترین جانور نشہ اللہ کے نزدیک وہ انسان ہیں جنھوں نے

كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۵﴾ اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ

کفر کیا پس وہ کسی طرح ایمان نہیں لاتے ۔ وہ جن سے (کئی بار) آپ نے معاہدہ کیا۔ پھر وہ توڑتے رہے

عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ

اپنا عہد ہر بار اور وہ (عہد شکنی سے) ذرا نہیں پرہیز کرتے ۔پس اگر آپ پائیں لشہ انھیں

فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾

(میدان) جنگ میں تو (دانھیں عبرتناک سزا دے کر) منتشر کر دو انھیں جو انکے پیچھے ہیں ۔شاید وہ سمجھ جائیں ۔ اور

وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى

اگر آپ اندیشہ کریں کسی قوم سے خیانت کا تو پھینک دو ان کی طرف (ان کا معاہدہ) واضح

نشہ ان سے مُراد بنی قُریظہ اور بنی نضیر کے یہودی قبائل ہیں جن سے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے صُلح کا معاہدہ فرمایا تو انھوں نے کفّار کو اسلحہ دیا کے عہد شکنی کی۔ پھر تائب ہُوئے اور دوبارہ معاہدہ کیا لیکن جب غزوۂ خندق میں سارا عرب مدینہ پر حملہ آور ہُوا تو کفّار کا پلّہ بھاری دیکھ کر پھر یہ یہودی ان کی طرف جُھک گئے اور عین حالتِ جنگ میں مسلمانوں سے دغا کی۔ والمعنى بهم قريظة والنضير نقضوا العهد فاعانوا مشركي مكة بالسلاح ثم اعتذروا فقالوا انسينا فعاهدهم عليه السلام ثانية فنقضوا العهد يوم الخندق (قرطبی)۔

لشہ لغت میں تشرید کا معنی ہے ہلاک اور پراگندہ کرنا۔ التشريد في اللغة التبديد والتفريق (قرطبی) لیکن اس کا عام استعمال اس مفہوم میں ہوتا ہے کہ کسی کو ایسی سزا دینا جسے دیکھ کر دوسرے لوگ ان کی راہ اختیار کرنے سے رک جائیں۔ الزجاج : افعل بهم فعلا من القتل تفرق به من خلفهم؛ امام لغت ونحو زجاج کہتے ہیں کہ ان بار بار عہد شکنی کرنے والوں کو وہ عبرتناک سزا دو جو دوسروں کو خوفزدہ کر دے تاکہ کوئی قبیلہ عہد شکنی کی جرأت نہ کر سکے۔ ترجمہ میں مَیں نے اسی مفہوم کو ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ ثَقِفَ کا معنی ہے پانا۔ يقال ثقفته اثقفه ثقفا اي وجدته (قرطبی)۔

سَوَآءٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ

طور پر ۱۱۵ بیشک اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا خیانت کرنے والوں کو ۱۱۶ اور ہرگز نہ خیال کریں

كَفَرُوْا سَبَقُوْا ۭ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ

کافر کہ وہ بچ کر نکل گئے یقیناً وہ (اللہ تعالیٰ کو) عاجز نہیں کر سکتے۔ اور تیار رکھو ان کے لیے ۱۱۷ جتنی استطاعت رکھتے

۱۱۵ یہاں سواء کا معنی ہے علیٰ طریق مستو قصد (بحر محیط)۔ یعنی اگر تمہارا کسی قوم سے معاہدہ ہو اور تمہیں ایسے آثار دکھائی دینے لگیں جن سے یہ اندیشہ ہو کہ وہ عہد شکنی پر آمادہ ہیں اور دشمن سے ساز باز کر رہے ہیں تو اچانک ان پر حملہ نہ کرو بلکہ پہلے ان کو اطلاع دے دو کہ تمہاری شرارتوں اور تمہارے مشکوک رویّے کے پیش نظر ہم اس معاہدہ سے دست بردار ہیں تاکہ معاہدہ کے کالعدم ہونے کا تمہیں اور انہیں مساوی طور پر علم ہو۔ علامہ قرطبی نے وضاحت کی ہے کہ جب معاہد قوم سے ایسے آثار نمایاں ہوں جن سے ان کی غداری اور خیانت کا پتہ چلتا ہو تو پہلے ان کا معاہدہ ان کے منہ پر دے مارو تب ان کے خلاف کوئی کارروائی کرو۔ لیکن اگر کھلم کھلا انھوں نے عہد شکنی کر دی تو پھر کسی تکلف کی ضرورت نہیں تم مناسب قدم اٹھا سکتے ہو (قرطبی)

۱۱۶ خیانت کوئی بھی کرے اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں۔ مسلمانوں کی طرف سے ہو تو اور بھی معیوب ہے کیونکہ وہ تو بلند اخلاقی قدروں کے محافظ اور نقیب بن کر آتے ہیں۔ تاریخ اسلامی کا یہ واقعہ کتنا رُوح پرور ہے جسے امام ترمذی اور امام ابوداؤد نے نقل کیا ہے کہ حضرت امیر معاویہؓ اور رُومیوں کے درمیان ایک عارضی صلح کا معاہدہ ہُوا۔ جب اس معاہدہ کے اختتام کا وقت قریب آنے لگا تو امیر معاویہ اپنا لشکر لے کر رُوم کی سرحد کی طرف روانہ ہوتے تاکہ جس روز معاہدہ ختم ہو دشمن کو مزید مہلت دیئے بغیر اس پر حملہ کر دیا جائے۔ جب لشکر روانہ ہونے لگا تو صفوں کو چیرتا ہُوا ایک سوار آگے بڑھا وہ کہہ رہا تھا اللہ اکبر اللہ اکبر وفاء لا غدر (اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے وعدہ پُورا کیا جائے دھوکہ اور خیانت نہ کی جائے) لوگوں نے پہچانا تو وہ عمرو بن عبسہ تھے۔ حضرت امیر معاویہؓ نے انہیں پاس بلا کر وجہ پوچھی تو بولے سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من کان بینہ و بین قوم عہد فلا یشد عقدۃ ولا یحلہا حتی ینقضی امدھا او ینبذ الیہم علی سواء فرجع معاویۃ بالناس (قرطبی)۔ کہ میں نے اپنے مُرشد و ہادی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سُنا ہے کہ جس کا کسی قوم سے معاہدہ ہو تو اس وقت تک نہ کوئی گرہ باندھے اور نہ کھولے جب تک وقتِ مقررہ نہ آ جائے یا ان سے معاہدہ فسوخ نہ کر دیا جائے۔ اپنے رسولِ مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ گرامی سُننے کے بعد امیر معاویہ نے سرِ اطاعت خم کر دیا اور اپنے لشکر سمیت اپنی فرودگاہ میں واپس چلے گئے۔ یہ نہیں کہا کہ بدلے ہوئے حالات میں ہم رسُول کی سُنّت فرسودہ کو کہاں گلے لگائے پھریں۔ وقت کے تقاضے اس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ ہم اب اس فرمان پر عمل پیرا ہوں۔ جب تک مومن اپنے رسُولِ کریم کے فرمان کو واجب التسلیم یقین کرتا رہا اس کی جبین کے شکن دیکھ کر وقت کے تقاضے

مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ

ہو قوت وطاقت اور بندھے ہوئے گھوڑے ۞ تاکہ تم خوفزدہ کرو اپنی جنگی تیاریوں سے اللہ کے دشمن کو اور اپنے دشمن

وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۗ وَمَا

کو اور دوسرے لوگوں کو ۞ ان کھلے دشمنوں کے علاوہ تم نہیں جانتے ہو انھیں (البتہ) اللہ جانتا ہے انھیں۔ اور جو چیز

اپنے آپ کو بدل دیا کرتے تھے۔ اور جب سے سنتِ نبوی سے روگردانی کا رجحان ترقی کرنے لگا ہے وقت کے تقاضے نت نئے لباس میں، ان کا عشوہ و نازنت نئے انداز میں ہم سے ہماری اپنی ذات اور اس کی مخصوص روایات کی نفی کرا رہا ہے۔ جو قومیں اپنے تمدن و ثقافت، اپنے عقائد و نظریات، اپنے اطوار و عادات سے بے تعلق ہو کر دوسری قوموں کی پیروی اور تقلید کرنے لگتی ہیں۔ وہ یاد رکھیں وہ خود اپنے ہاتھوں سے اپنی قبر کھود رہی ہیں۔ حسن و جمال اپنی ذات کی جلوہ نمائی میں ہے کسی کا بہروپ بدلنے میں نہیں۔ کوئی اچھا بہروپیا بہرحال بہروپیا ہی ہے۔

۞ ہر موقع پر مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ پر توکل کی تعلیم دینے والا قرآن مسلمانوں کو ہر طرح کے سامان جنگ سے لیس ہونے کی تاکید کر رہا ہے تاکہ کوئی کوتاہ اندیش توکل کو بے عملی کا مترادف نہ سمجھ لے۔ اسباب بھی اسی نے بنائے ہیں۔ ان میں حیرت زا تاثیرات اسی کی حکمت نے رکھ دی ہیں اور ان سے کام لینے کا اسی نے حکم فرمایا ہے۔ قوۃ سے یہاں کسی خاص ہتھیار کی تخصیص مقصود نہیں بلکہ ہر وہ چیز جس سے جنگ میں طاقت حاصل ہو۔ کل ما یتقوی بہ فی الحروب (بیضاوی) امام ابوبکر جصاص اپنی تفسیر میں رقمطراز ہیں: عموم اللفظ شامل لجمیع ما یستعان بہ علی العدو من سائر انواع السلاح والات الحرب (احکام القرآن) یعنی لفظ کا عموم بتا رہا ہے کہ اس سے مراد ہر وہ اسلحہ ہے (جدید ہو یا قدیم) جس سے جنگ میں قوت وطاقت میسر ہو سکے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے لفظ قوت کی تفسیر ان الفاظ میں منقول ہے۔ الا ان القوۃ الرمی الا ان القوۃ الرمی الا ان القوۃ الرمی۔ خبردار! قوت رمی ہے (تین بار)۔ کلامِ رسالت کی گیرائی ملاحظہ ہو۔ سہم اور قوس (تیر و کمان) نہیں فرمایا بلکہ رمی کا عام لفظ استعمال فرمایا تاکہ دور سے نشانہ پر پھینکے جانے والے تمام ہتھیار جو اس وقت موجود تھے اور جو قیامت تک ایجاد ہونے والے تھے سب کو شامل ہو۔

۞ رباط مصدر ہے اور اسم مفعول مربوط کے معنی میں ہے۔ یعنی وہ گھوڑے جو جہاد کی نیت سے بندھے ہوئے ہوں تاکہ جب ضرورت پڑے ان پر سوار ہو کر غازی میدان جنگ کی راہ لیں۔ حضور رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو عمدہ گھوڑوں سے بہت انس تھا۔ حضرت جریر بن عبد اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک روز حضور کو دیکھا کہ گھوڑے کی پیشانی پر اپنی انگشت مبارک پھیر رہے ہیں اور زبانِ پاک سے فرما رہے ہیں۔ الخیل معقود فی نواصیہا الخیر الی یوم القیامۃ الاجر والغنیمۃ (رواہ مسلم)۔ گھوڑوں کی پیشانیوں میں تا قیامت خیر و برکت رکھ دی گئی ہے اجر بھی اور غنیمت بھی۔

تُنفِقُوا مِن شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنتُمْ

خرچ کرو گے راہِ خدا میں اس کا اجر پورا پورا دیا جائے گا تمہیں ۶۰ اور (کسی طرح) تم پر

لَا تُظْلَمُونَ ﴿٦٠﴾ وَإِن جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى

ظلم نہیں کیا جائے گا اور اگر کفار مائل ہوں صلح کی طرف تو آپ بھی مائل ہو جائیے اس کی طرف ۶۱ اور بھروسہ کیجیے اللہ

اللَّهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦١﴾ وَإِن يُرِيدُوا أَن يَخْدَعُوكَ

تعالیٰ پر بیشک وہی سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ اور اگر وہ ارادہ کریں کہ آپ کو دھوکہ دیں (تو آپ

فَإِنَّ حَسْبَكَ اللَّهُ ۚ هُوَ الَّذِي أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِينَ ﴿٦٢﴾

فکرمند کیوں ہوں) بیشک کافی ہے آپ کو اللہ تعالیٰ ۶۲ وہی ہے جس نے آپ کی تائید کی اپنی نصرت اور مومنوں (کی جماعت) سے

۵۹ اسلام کے بعض دشمن تو وہ تھے جن کی دشمنی عیاں تھی۔ اور مسلمانوں کو ان کا علم تھا لیکن ان کے علاوہ اور بھی کئی بدباطن تھے جو مسلمانوں کی نگاہوں سے پنہاں سہی لیکن اللہ عزوجل کے علم سے تو پوشیدہ نہ تھے۔ یہ کون لوگ ہیں؟ بعض نے روم و ایران کا نام لیا ہے۔ بعض نے یہود اور منافقین کا۔ لیکن اس تعیین کی کیا ضرورت؟ قیامت تک اس شمعِ حق کو بجھانے کی کوشش کرنے والی خدا معلوم کتنی قومیں کس کس علاقہ سے اٹھیں گی۔ سب کی سازشوں کو ناکام بنانا، سب کے منصوبوں کو خاک میں ملانا امتِ مسلمہ کا فرضِ اولین ہے۔

۶۰ جان و مال، وقت اور کوشش کی جو قربانی تم دو گے وہ رائیگاں نہیں جائے گی بلکہ دین و دنیا میں تمہیں اس کا وہ معاوضہ دیا جائے گا جو اس مولائے کریم کی شانِ جود و کرم کے شایاں ہے۔ حضرت ابن ابی مسعود انصاری فرماتے ہیں ایک آدمی ایک اونٹنی کو نکیل ڈالے ہوئے بارگاہِ رسالت پناہ میں حاضر ہوا اور عرض کی هذه في سبيل الله کہ یہ اللہ کی راہ میں میں نے دی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا لك بها يوم القيامة سبع مائة ناقة كلها مخطومة (مسلم) یعنی اس کے بدل قیامت کے دن تمہیں سات سو اونٹنیاں ملیں گی۔ ہر ایک کی ناک میں نکیل پڑی ہوگی۔

۶۱ اگر کفار جنگ کی بجائے صلح پر آمادہ ہوں تو تمہیں بھی چاہیے کہ خونریزی سے ہاتھ اٹھا لو اور صلح کر لو۔ فاجنح کا امر وجوب کے لیے نہیں بلکہ اباحت کے لیے ہے یعنی امامِ وقت کو اجازت ہے کہ اگر وہ صلح میں مصلحت سمجھے تو صلح کر لے۔ الامر للاباحة والصلح جائز مشروع ان رای الامام فيه مصلحة (مظہری)۔ لفظ سلم مذکر اور مؤنث دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے اسی لیے لھا ضمیر مؤنث اس کی طرف راجع ہے۔ يذكر ويؤنث (تاج العروس)

وَ اَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا

اور اسی نے الفت پیدا کر دی ان کے دلوں میں [illegible] اگر آپ خرچ کرتے جو کچھ زمین میں ہے سب کا سب تو

مَّاۤ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ

نہ الفت پیدا کر سکتے ان کے دلوں میں۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے الفت پیدا کر دی ان کے درمیان [illegible] بلاشبہ وہ

حَكِیْمٌ ﴿۶۳﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَ مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۶۴﴾

زبردست ہے حکمت والا ﴿۶۳﴾ اے نبی (مکرم) کافی ہے آپ کو اللہ تعالیٰ اور جو آپ کے فرمانبردار ہیں مومنوں سے [illegible] ﴿۶۴﴾

[illegible] اگر وہ بظاہر صلح پر آمادہ ہوں اور اندر ہی اندر تمہیں زک پہنچانے کی تیاریاں کر رہے ہوں تب بھی تم صلح کے لیے بڑھنے والے ہاتھ کو جھٹک نہ دو بلکہ اسے گرم جوشی سے تھام لو۔ اللہ تعالیٰ جس نے پہلے بھی ہر مشکل میں تمہاری اعانت کی ہے وہ اب بھی قادر ہے کہ تمہارے دشمنوں کے منصوبوں کو خاک میں ملا دے اور تمہیں کامیاب کر دے۔

ان دو آیتوں پر غور فرمایئے آپ کو پتہ چل جائے گا کہ اسلام صلح و امن اور سلامتی کا دین ہے اور وہ اپنے ماننے والوں کو فقط اس وقت جنگ کی اجازت دیتا ہے جب اس کے بغیر کوئی چارۂ کار نہ ہو۔ اور یہ اندیشہ ہو کہ اگر اب جنگ سے گریز کیا گیا تو باطل کا بے رحم ہاتھ حق کے شجر ثمر بار کو جڑ سے اکھیڑ کر پھینک دے گا۔ ان حالات میں جہاد سے فرار صلح پسندی کی علامت نہیں بلکہ بزدلی اور نامردی ہے جسے اسلام اپنے فرزندوں کے لیے ہرگز گوارا نہیں کرتا۔

[illegible] عرب کے سارے جزیرہ میں ہر طرف نفرت اور عداوت کی آگ بھڑک رہی تھی۔ مزاج اتنے آوارہ اور جذبات اتنے مشتعل تھے کہ ذرا ذرا سی بات پر لڑائی ٹھن جاتی اور صدیوں قتل و غارت کا بازار گرم رہتا۔ خصوصاً اوس و خزرج کی دشمنی نے تو اتنی شدت اختیار کر لی تھی کہ ان کی مصالحت کا امکان تک نہ تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مدینہ میں آمد سے دو سال پہلے ان کے درمیان خونریز معرکہ ہوا تھا۔ دونوں فریق ایک دوسرے کو بالکل نیست و نابود کرنے کا عزم کر کے میدان میں نکلے تھے۔ تاریخ میں یہ جنگ بعاث کے نام سے مشہور ہے۔ اس طرح ہر طرف نفرت و عداوت کے شعلے بھڑک رہے تھے اور ہر سمت بغض و کینہ کے انگارے دہک رہے تھے۔ جب صلح و محبت کا پیامبر تشریف لایا تھوڑے عرصہ میں ہی دلوں کی دنیا میں انقلاب آ گیا۔ بغض و عناد کی جگہ محبت و اخلاص نے لے لی۔ مولانا عثمانی نے کیا خوب لکھا ہے: "خدا نے حقیقی بھائیوں سے زیادہ ایک کی الفت دوسرے کے دل میں ڈال دی اور پھر سب کی الفتوں کا اجتماعی مرکز حضور انور کی ذات منبع البرکات کو بنا دیا۔"

[illegible] وہ دل جو نفرت سے بھرے ہوئے تھے ان میں الفت پیدا کر دینا اور ایک دوسرے کا جاں نثار بنا دینا کوئی

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ

اے نبی! برانگیختہ کیجیے مومنوں کو جہاد پر ٨٣ اگر ہوں تم سے

عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ

بیس آدمی صبر کرنے والے تو وہ غالب آئیں گے دو سو پر اور اگر ہوئے تم میں سے

مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْۤا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾

سو آدمی (صبر کرنیوالے) تو غالب آئیں گے ہزار کافروں پر کیونکہ یہ کافر وہ لوگ ہیں ٨٤ جو کچھ نہیں سمجھتے (اے مسلمانو!)

اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ

اب تخفیف کر دی ہے ٨٥ اللہ تعالیٰ نے تم پر اور وہ جانتا ہے کہ تم میں کمزوری ہے۔ تو اگر ہوئے تم میں سے

آسان کام نہ تھا۔ دنیا بھر کے خزانے بھی اگر اس مقصد کے حصول کے لیے خرچ کر دیئے جاتے تب بھی یہ چاک رفو نہیں ہو سکتے تھے یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ اس نے عداوت کے بھڑکتے ہوئے شعلوں کو بجھا دیا، ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑ دیا۔

٨٢ ومن اتبعك کا عطف اللہ پر بھی ہو سکتا ہے اور حسبك کے کاف خطاب پر بھی۔ علماء کرام نے دونوں وجہیں جائز رکھی ہیں۔ تفسیر قرطبی کے محشی نے ایک تیسری وجہ بھی لکھی ہے جسے احسن الوجوہ کہا ہے کہ یہاں کلام میں اضمار ہے اور تقدیر کلام یوں ہے حسبك الله وحسبك من اتبعك من المؤمنين۔ معنی کے لحاظ سے اس میں اور پہلی وجہ میں کوئی فرق نہیں یعنی اے حبیب! آپکی نصرت و اعانت کیلیے اللہ اور آپکے مومن غلام کافی ہیں۔ آپکو کسی غیر کے سہارے کی قطعاً ضرورت نہیں۔

٨٣ یعنی اگر مسلمان صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہیں گے تو اپنے سے دس گنا لشکرِ کفار پر غالب آئیں گے۔ یہ جملہ اگرچہ خبریہ ہے لیکن معنوی لحاظ سے امر ہے کہ مسلمان دس گنا طاقت کے سامنے ڈٹ جائیں۔ اور قدم پیچھے نہ ہٹائیں۔ کفار اپنی تعداد کی کثرت کے بل بوتے پر مسلمانوں کو مغلوب نہیں کر سکیں گے۔

٨٤ اس کی وجہ یہ ہے کہ مسلمان ایسے بلند مقصد کے لیے جنگ کر رہے ہیں جو انھیں اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز ہے۔ وہ یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ دین الٰہی کے نفاذ سے مظلوم انسانیت کی دادرسی ہوگی۔ باطل خداؤں کی عظمت کا تختہ الٹ دینے سے حریت و مساوات کا پرچم لہرائے گا۔ اپنے مقصد کی عظمت پر یقین اور اس کے لیے ہر قربانی پر آمادہ ہونے کا ایمان ان کے دلوں کو تقویت اور ان کے قدموں کو ثبات بخشے گا اور وہ بڑی بے جگری سے ان کا مقابلہ کریں گے۔ لیکن کفار کی یہ ترک تازی اور یہ جنگ آزمائی کسی بلند اور عظیم مقصد کے لیے نہیں بلکہ محض تعصب و عناد کا نتیجہ ہے اس لیے وہ معنوی قوت ان میں مفقود ہے جو کامیابی

مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ

سو آدمی صبر کرنے والے تو وہ غالب آئیں گے دو سو پر۔ اور اگر ہوں گے تم میں سے

اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۶۶﴾

ایک ہزار (صابر) تو وہ غالب آئیں گے دو ہزار پر اللہ کے حکم سے اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ۶۶

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ۭ

نہیں مناسب نبی کے لیے کہ ہوں اس کے پاس جنگی قیدی ۶۷ یہاں تک کہ غلبہ حاصل کرلے زمین

کے لیے شرط اوّل ہے۔

۶۵ سابقہ حکم کے کچھ عرصہ بعد دوسرا حکم نازل ہوا۔ اور پہلے حکم میں تخفیف کر دی گئی اور صرف اپنے سے دگنی تعداد کے سامنے سینہ سپر ہونے کا حکم دیا گیا۔

۶۶ بہر حال یہ امر پیش نظر ہے کہ یہ وعدہ تام نہاد مسلمانوں سے نہیں جو مصیبت اور آزمائش کے لمحات میں ہمت ہار کر بیٹھ جاتے ہیں بلکہ ان سچے اہل ایمان سے ہے جو راہ حق میں پیش آنے والی ہر تکلیف کو خوشی سے برداشت کرتے ہیں۔ حالات کی سنگینیوں میں ان کا جوش ایمانی بڑھ جاتا ہے اور دشمن کی قوت و تعداد کو دیکھ کر وہ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑ لیتے ہیں اور فولادی چٹان بن کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔

۶۷ علامہ قرطبی اس آیت کی توضیح کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ آیت بدر کے روز نازل ہوئی۔ اس میں صحابہ کرام پر اللہ تعالیٰ نے عتاب فرمایا ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جب میدان بدر میں کفار کے قدم اکھڑے اور وہ وہاں سے بھاگ نکلے تو بجائے اس کے کہ مسلمان اسی جوش و خروش سے ان کا تعاقب کرتے اور کفر و شرک کے ان سرغنوں کو موت کے گھاٹ اتار دیتے تاکہ کفر کی کمر ٹوٹ جاتی اور اس کے پرستاروں کی قوت و نخوت بالکل دم توڑ دیتی۔ وہ مال غنیمت اکٹھا کرنے اور قیدیوں کو جکڑ بند کرنے میں مشغول ہو گئے۔ اور مسلمانوں کے اس طرز عمل سے بڑے بڑے کافر جان بچا کر نکل جانے میں کامیاب ہو گئے۔ اور سالہا سال تک مسلمانوں کے لیے تکلیف کا باعث بنتے رہے۔ اگر اس روز مال غنیمت جمع کرنے کے بجائے ان کفار کا قلع قمع کر دیا جاتا تو کفر کی طاقت کا اسی روز خاتمہ ہو جاتا۔ جب حضرات سعد بن معاذ، عمر بن خطاب اور عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم نے مسلمانوں کو غنیمت سمیٹتے ہوئے دیکھا تو ان بزرگواروں کو سخت ناگوار گزرا۔ علامہ قرطبی کی عبارت نقل کرنے میں اگرچہ طوالت ہے لیکن اس کے بغیر چارہ بھی نہیں، فرماتے ہیں: وهذه الآية نزلت يوم بدر، عتابا من الله لاصحاب نبيه صلى الله عليه وسلم والمعنى ما كان ينبغي لكم ان تفعلوا هذا الفعل الذي اوجب ان يكون للنبي صلى الله عليه وسلم اسرى قبل الاثخان ولهم

تُرِيدُونَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَاللَّهُ يُرِيدُ الْآخِرَةَ ۗ وَاللَّهُ

ﷺ تم چاہتے ہو دنیا کا سامان   اور اللہ تعالیٰ چاہتا ہے (تمہارے لیے) آخرت اور اللہ تعالیٰ

ھذا الاخبار بقوله تریدون عرض الدنیا و النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم یامر باستبقاء الرجال وقت الحرب. ولا اراد قط عرض الدنیا و انما فعله جمهور مباشری الحرب فالتوبیخ و العتاب انما کان متوجها بسبب من اشار علی النبی باخذ الفدیة ھذا قول اکثر المفسرین وھو الذی لا یصح غیرہ۔

ترجمہ: یہ آیت بدر کے روز نازل ہوئی۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے صحابہ پر عتاب فرمایا جارہا ہے۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے لیے یہ ہرگز مناسب نہ تھا کہ تم کفار کی قوت کو پوری طرح کچل دینے سے پہلے انھیں قیدی بناتے اور ان سے فدیہ وصول کرتے۔ تم دنیا کے سامان کا ارادہ رکھتے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ کفار کو قید کرنے کا حکم دیا اور نہ متاع دُنیا کو کبھی لائق اعتنا سمجھا۔ یہ غلطی عام مجاہدین سے سرزد ہوئی پس یہ عتاب انہیں لوگوں پر ہے جنھوں نے فدیہ لینے کا مشورہ دیا۔ علامہ قرطبی آخر میں فرماتے ہیں: اکثر مفسرین کا یہی قول ہے۔ اور اس کے بغیر اس آیت کی کوئی توجیہ درست نہیں۔

توضیح مرام کے لیے مولانا مودودی کی یہ عبارت بہت مفید ہے۔ اسی آیت کے ضمن میں لکھتے ہیں: "میرے نزدیک اس مقام کی صحیح تفسیر یہ ہے کہ جنگ بدر سے پہلے سورۂ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) میں جنگ کے متعلق جو ابتدائی ہدایات دی گئی تھیں ان میں یہ اشارہ ہوا تھا کہ فاذا لقیتم الذین کفروا فضرب الرقاب حتی اذا اثخنتموھم فشدوا الوثاق فاما منا بعد و اما فداء حتی تضع الحرب اوزارھا۔ اس ارشاد میں جنگی قیدیوں سے فدیہ وصول کرنے کی اجازت تو دے دی گئی تھی لیکن اس کے ساتھ شرط یہ لگائی گئی تھی کہ پہلے دشمن کی طاقت کو اچھی طرح کچل دیا جائے پھر قیدی پکڑنے کی فکر کی جائے۔ اس فرمان کی رُو سے مسلمانوں نے بدر میں جو قیدی گرفتار کیے اور اس کے بعد ان سے جو فدیہ وصول کیا وہ تھا تو اجازت کے مطابق مگر غلطی یہ ہوئی کہ دشمن کی طاقت کو کچل دینے کی جو شرط مقدم رکھی گئی تھی اسے پورا کرنے میں کوتاہی کی گئی۔ جنگ میں جب قریش کی فوج بھاگ نکلی تو مسلمانوں کا ایک بڑا گروہ غنیمت لوٹنے اور کفار کے آدمیوں کو پکڑ پکڑ کر باندھنے میں لگ گیا اور بہت کم آدمیوں نے دشمن کا کچھ دور تک تعاقب کیا حالانکہ اگر مسلمان پوری طاقت سے ان کا تعاقب کرتے تو قریش کی طاقت کا اسی روز خاتمہ ہو گیا ہوتا۔ اسی پر اللہ تعالیٰ عتاب فرما رہا ہے۔ اور یہ عتاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نہیں بلکہ مسلمانوں پر ہے" (تفہیم القرآن جلد دوم)۔

ﷺ اثخان کا لغوی معنی ہے کسی چیز کا گاڑھا ہو جانا تاکہ وہ بہ نہ سکے۔ یقال ثخن الشیء فھو ثخین اذا غلظ ولم یسل (مفردات)۔ ویسے اس کا استعمال کثرت قتل اور غلبہ اور تسلط جو کثرت قتل کا نتیجہ ہے کے معانی میں بھی ہوتا ہے۔ والاثخان کثرۃ القتل وقیل حتی یثخن: یتمکن وقیل الاثخان القوۃ و الشدۃ (قرطبی) اور صاحب تاج العروس اس لفظ کی مزید

عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٦٧﴾ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَآ

بڑا غالب (اور) دانا ہے۔ اگر نہ ہوتا حکم الٰہی پہلے سے (کہ خطاءِ اجتہادی معاف ہے) تو ضرور پہنچتی تمہیں

اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٦٨﴾ فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ

بوجہ اس کے جو تم نے لیا ہے بڑی سزا۔ سو کھاؤ جو تم نے غنیمت حاصل کی ہے حلال (اور) پاکیزہ۔

وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ

اور ڈرتے رہو اللہ تعالیٰ سے یقیناً اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اے نبی (کریم) آپ فرمائیے ۸۹

تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: و اثخن فی العدو و بالغ فی الجراحۃ فیھم۔ و اثخن فلانا اوھنہ و فی الصحاح اثخنتہ الجراحۃ اوھنتہ و قولہ تعالیٰ حتی اذا اثخنتموھم ای غلبتموھم و کثر فیھم الجراح (تاج العروس)۔

ترجمہ: جب دشمن کو سخت زخمی کیا جائے تو کہتے ہیں اثخن فی العدو اور اس کا معنی کمزور کرنا بھی ہے۔ صحاح میں ہے اثخنتہ الجراحۃ اسے زخموں نے کمزور کر دیا۔ قرآن کریم کی اس آیت کا بھی یہی معنی ہے کہ وہ زخموں سے چور چور ہو گئے اور تم ان پر غالب آ گئے۔

۸۹ اہل مکہ نے اپنے قیدیوں کی رہائی کے لیے زرِ فدیہ روانہ کیا چچا عباس نے عرض کی یا رسول اللہ آپ جانتے ہیں کہ میں مسلمان ہوں۔ حضورؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تیرے اسلام کو جانتا ہے اگر تمہارا دعویٰ اسلام درست ہے تو اس فدیہ کا تمہیں اچھا بدلہ مل جائے گا لیکن کیونکہ تم بظاہر کفار کے ساتھ بدر میں آئے ہو اس لیے فدیہ ادا کرنا پڑے گا۔ عباس نے عرض کی کہ میرے پاس تو کچھ نہیں میں کہاں سے لاؤں؟ نبی مرسلؐ نے فرمایا فاین المال الذی دفنتہ انت و ام الفضل فقلت لھا ان اصبت فی سفری ھذا فھذا المال لبنی فضل و عبد اللہ و قثم۔ وہ مال کہاں گیا جو تم نے اور تمہاری بیوی ام الفضل نے فلاں جگہ دفن کیا تھا اور تم نے کہا تھا اگر میں اس سفر میں مارا جاؤں تو یہ مال میرے بچوں فضل، عبد اللہ اور قثم کو دے دینا۔ عباسؓ سراپا تصویرِ حیرت بن کر رہ گئے اور گویا ہوئے یا رسول اللہ! انی لاعلم انک رسول اللہ ان ھذا شئی ما علمہ غیری و غیر ام الفضل: میں مان گیا کہ آپ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں کیونکہ جس چیز کی خبر آپ نے دی اس کا علم تو بجز میرے اور ام الفضل کے اور کسی کو نہ تھا۔ چنانچہ جہاں دوسرے قیدیوں سے بیس اوقیہ فدیہ لیا گیا وہاں آپ سے سو اوقیہ سونا لیا گیا۔ اس کے علاوہ اپنے دونوں بھتیجوں عقیل اور نوفل اور اپنے حلیف عتبہ کا زرِ فدیہ بھی انھیں ہی ادا کرنا پڑا۔ آپ کے اور آپ کے مثل دوسرے اسیروں کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی۔

(قرطبیؒ و دیگر تفاسیر)

لِّمَنۡ فِیۡۤ اَیۡدِیۡکُمۡ مِّنَ الۡاَسۡرٰۤی ۙ اِنۡ یَّعۡلَمِ اللّٰہُ فِیۡ قُلُوۡبِکُمۡ

ان قیدیوں سے جو تمھارے قبضہ میں ہیں۔ اگر جان لی اللہ تعالیٰ نے تمھارے دلوں میں

خَیۡرًا یُّؤۡتِکُمۡ خَیۡرًا مِّمَّاۤ اُخِذَ مِنۡکُمۡ وَ یَغۡفِرۡ لَکُمۡ ؕ وَ اللّٰہُ

کوئی خوبی تو عطا فرمائے گا تمھیں بہتر اس سے جو لیا گیا ہے تم سے اور بخشے گا تمھارے (قصور) اور اللہ تعالیٰ

غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۷۰﴾ وَ اِنۡ یُّرِیۡدُوۡا خِیَانَتَکَ فَقَدۡ خَانُوا اللّٰہَ

غفور رحیم ہے۔ اور اگر وہ ارادہ کریں آپ سے دھوکہ بازی کا (تو حیرت کیوں ہو) انھوں نے تو دھوکہ کیا

مِنۡ قَبۡلُ فَاَمۡکَنَ مِنۡہُمۡ ؕ وَ اللّٰہُ عَلِیۡمٌ حَکِیۡمٌ ﴿۷۱﴾ اِنَّ الَّذِیۡنَ

ہے اللہ سے پہلے بھی (اسی لیے) تو اللہ تعالیٰ نے قابو دے دیا (تمھیں) ان پر اور اللہ تعالیٰ علیم (و) حکیم ہے یقیناً جو لوگ

اٰمَنُوۡا وَ ہَاجَرُوۡا وَ جٰہَدُوۡا بِاَمۡوَالِہِمۡ وَ اَنۡفُسِہِمۡ فِیۡ سَبِیۡلِ

ایمان لائے، ہجرت کی، اور جہاد کیا اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے راہ خدا میں

اللّٰہِ وَ الَّذِیۡنَ اٰوَوۡا وَّ نَصَرُوۡۤا اُولٰٓئِکَ بَعۡضُہُمۡ اَوۡلِیَآءُ بَعۡضٍ ؕ

اور وہ جنھوں نے پناہ دی (مہاجرین کو) اور (ان کی) مدد کی یہی لوگ ایک دوسرے کے دوست ہیں ۹۰ٖ

۹۰ٖ اس آیت میں ملتِ اسلامیہ کے مختلف گروہوں کا ان کی اپنی الگ نوعیت کے لحاظ سے ذکر کیا گیا ہے اور ساتھ ہی ان کے باہمی دینی، سیاسی تعلقات اور حقوق و فرائض کی نوعیت بیان کی گئی ہے۔ اس لحاظ سے یہ آیت اسلام کی عادلانہ خارجہ پالیسی کا ستون قرار دی گئی ہے۔ وھذا الحکم من ارکان سیاسۃ الاسلام الخارجیۃ العادلۃ (المنار)
اس وقت اسلامی معاشرہ مختلف عناصر پر مشتمل تھا (۱) مہاجرین (۲) انصار (۳) وہ لوگ جو اسلام تو قبول کر چکے تھے لیکن دارِ کفر میں رہائش پر رضامند تھے۔ ان کی بھی دو قسمیں تھیں۔ ایک تو وہ مسلمان جو ایسی کافر حکومت کی رعایا ہوں جس کے درمیان اور حکومتِ اسلامیہ کے درمیان دوستی اور صلح کا کوئی معاہدہ نہ ہو۔ دوسرے وہ مسلمان جو ایسی کافر حکومت کی رعایا ہو جس کا اسلامی حکومت کے ساتھ دوستی کا معاہدہ ہو چکا ہو۔ اب ان مختلف عناصر کے درمیان تعلقات کی نوعیت کیا ہو گی اس کا بھی تفصیلاً ذکر کر دیا کہ مہاجرین اور انصار میں تو کامل موالات ہو گی۔ ایک دوسرے کی ہر طرح اعانت اور ہر خطرہ سے ایک

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ

اور جو لوگ ایمان تو لے آئے لیکن ہجرت نہیں کی۔ نہیں تمہارے لیے ان کی وراثت سے کوئی چیز

شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ

یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں۔ اور اگر وہ مدد طلب کریں تم سے دین کے معاملہ میں تو فرض ہے تم پر

النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا

ان کی امداد مگر اس قوم کے خلاف نہیں کہ تمہارے اور انکے درمیان (صلح کا) معاہدہ ہو چکا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ جو کچھ

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٧٢﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۭ

تم کرتے ہو خوب دیکھ رہا ہے۔ اور وہ لوگ جنھوں نے کفر اختیار کیا وہ ایک دوسرے کے حمایتی ہیں [۹۱]

دوسرے کی حفاظت لازمی ہوگی۔ اولئك بعضهم اولياء بعض۔ لیکن وہ مسلمان جو کافر حکومت کی رعایا ہیں ان کے درمیان اور دارالاسلام کے اہل اسلام کے درمیان اسلامی اور دینی اخوت تو ہوگی لیکن سیاسی بھائی چارہ نہ ہوگا۔ ان کی حفاظت اور اعانت کی کوئی ذمہ داری خلیفۂ وقت پر نہ ہوگی کیونکہ انھوں نے دار حرب کو اپنا وطن بنا کر یہ حق بخوشی ضائع کر دیا ہے۔ ما لكم من ولايتهم من شيء۔ لیکن اگر دینی لحاظ سے انھیں کوئی تکلیف پہنچے مثلاً انھیں ترک اسلام پر یا شعائر اسلام کی توہین پر مجبور کیا جائے تو پھر اگر اس کافر حکومت کا اسلامی حکومت سے کوئی معاہدہ نہیں تو مسلمانوں کا فرض ہے کہ اپنے مظلوم بھائیوں کی امداد کریں۔ وان استنصروكم في الدين فعليكم النصر۔ لیکن اگر اس کافر حکومت سے دوستی کا معاہدہ ہو چکا ہے تو پھر اس معاہدہ کا احترام ضروری ہے۔ لیکن مسلمان قیدی یا کمزور اور ضعیف لوگ جو دار کفر میں مجبوراً اقامت گزین ہیں ان کی رہائی بالاتفاق تمام اہل اسلام پر فرض ہے۔ قال ابن العربي الا ان يكونوا اسراء مستضعفين فان الولاية معهم قائمة والنصرة لهم واجبة حتى لا تبقى منا عين تطرف الخ (قرطبی)۔ ترجمہ: امام ابن عربی فرماتے ہیں اگر مسلمان دار کفر میں غلامی کی زندگی بسر کر رہے ہوں، کمزور اور ضعیف ہوں، اپنا بچاؤ کرنے سے عاجز ہوں تو پھر موالاۃ باقی رہے گی۔ اور جب تک ہم میں سے ایک آنکھ بھی جھپک رہی ہو ان کی اعانت اور نصرت ہم پر فرض ہوگی۔

[۹۱] قرآن کریم نے انسانی معاشرہ کو نسل، زبان، دولت اور منصب کی بنیادوں پر تقسیم نہیں کیا۔ یہاں معاشرہ کی تقسیم کا دارومدار ایمان اور کفر پر ہے۔ مومنین بلا امتیاز نسل، زبان، ملک ایک طبقہ ہیں اور کفار اسی طرح ایک الگ طبقہ ہیں۔ یہی انسانی معاشرہ کی صحیح تقسیم ہے جسے عقل سلیم تسلیم کرتی ہے۔ اسی حقیقت کو یہاں وضاحت سے بیان فرما دیا۔

إِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُن فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ ﴿٧٣﴾ وَ

اگر تم (ان حکموں پر) عمل نہیں کرو گے تو برپا ہو جائیگا فتنہ ملک میں اور (پھیل جائے گا) بڑا فساد ۹۳ اور جو

الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ

ایمان لائے اور ہجرت کی اور جہاد کیا راہ خدا میں اور جنھوں نے

آوَوا وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۚ لَّهُم مَّغْفِرَةٌ وَ

پناہ دی اور ان کی امداد کی وہی (خوش نصیب) لوگ سچے ایماندار ہیں ۹۴ انھیں کے لیے بخشش ہے اور

رِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٧٤﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا مِن بَعْدُ وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا

باعزت روزی ۹۵ اور جو لوگ ایمان لائے بعد میں اور ہجرت بھی کی اور جہاد بھی کیا

۹۳ اس جملہ سے مذکورہ احکام الٰہیہ کی حکمت بیان فرمادی کہ اگر تم امن وسلامتی کی آرزو رکھتے ہو تو ان ارشاداتِ ربانی پر شرح صدر سے عمل کرو۔ ورنہ فتنہ وفساد کی آگ بھڑک اٹھے گی اور تمہاری ترقی اور خوشحالی کے سارے منصوبوں کو جلا کر خاکستر کر دے گی۔ تمہارا ذہنی سکون بھی تم سے چھن جائے گا اور مسرت وشادمانی کے بھار پروگرام بھی تلپٹ ہو جائیں گے۔ ان احکام کی بجا آوری سے تم اپنے خداوند کریم کو بھی راضی کر لوگے اور اپنی دنیوی زندگی کو بھی ہر قسم کی کامیابیوں سے ہمکنار کر لوگے۔

۹۴ حبیب کبریا علیہ وعلی آلہ وصحبہ افضل التحیۃ واجمل الثناء کے صحابۂ کرام کو بارگاہِ الٰہی سے اولئک ھم المؤمنون حقاً کا جو لقب عطا کیا جارہا ہے یہ ان کی عمر بھر کی قربانیوں، دلسوزیوں اور نیازمندیوں کا بہترین صلہ ہے۔ جب اللہ تعالیٰ ان کے مومن برحق ہونے پر شاہد ہے تو پھر کیا انھیں کسی دوسرے گواہ کی گواہی کی بھی حاجت ہے؟ وہ اس لیے تو ایمان لائے ہی نہ تھے کہ چودھویں صدی کا بے عمل خود فراموش اور خدا فریب مسلمان انھیں ایمان کا سرٹیفکیٹ مرحمت فرمادے۔ اے شمع توحید کے پروانو! اے محبوبِ خدا کے عاشقانِ دلفگار! اور اے ناموسِ اسلام کے جوانمرد پاسبانو! مبارک بصد مبارک! اللہ تعالیٰ ہمیں بھی تم جیسا دل اور تم جیسی نگاہ بخشے اور تمہارے نقوشِ پا کو خضرِ راہ بنانے کی سمجھ عطا فرمائے آمین بجاہ حبیبہ الامین صلی اللہ علیہ وسلم۔

۹۵ مغفرت اور رزق کریم کا وعدہ فرما کر انھیں دونوں جہانوں کی سعادتوں سے بہرہ مند فرما دیا۔ یعنی اے میرے حبیب کے جانباز صحابہ اور سرفروش ساتھیو! قیصر وکسریٰ کے خزانے تمہارے قدموں میں ڈھیر کر دیئے جائیں گے اور

مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ؕ وَ اُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ

تمہارے ساتھ مل کر تو وہ بھی تمہیں میں سے ہیں ۹۵ اور رشتہ دار (ورثہ میں) ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں

فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿٧٥﴾

حکم الٰہی کے مطابق ۹۶ یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔

اگر کوئی غلطی تم سے سرزد ہو گئی تو اسے بخش دیا جائے گا۔ اب ہم خود غور کریں جن کی لغزشوں کی بخشش کا رب کریم نے وعدہ فرما دیا ہے تو ہم میں سے کسی کو ان پر انگشت نمائی کا حق پہنچتا ہے؟

۹۵ یعنی صلح حدیبیہ سے پہلے ہجرت کرنے والوں اور نصرت دین کے لیے سربکف میدان میں آنے والوں کا مقام بیشک بہت بلند ہے لیکن اس کے بعد بھی ہجرت کرکے آیا اور اسلام کی سربلندی کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دیا وہ بھی احکام شرعیہ اور دیگر تمام سیاسی حقوق میں یکساں ہیں۔ ضرورت کے وقت ایک دوسرے کی نصرت بھی ضروری ہوگی اور ایک دوسرے کے وارث بھی ہوں گے۔

۹۶ ہجرت کے بعد حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار اور مہاجرین میں جو بھائی چارہ اور مؤاخاۃ قائم کی تھی اس کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کے وارث بھی ہوتے تھے۔ اس آیت میں توارث کا یہ طریقہ منسوخ قرار دیا گیا اور صرف قریبی رشتہ داروں میں وراثت محدود کر دی گئی۔

سُورَةُ التَّوْبَة

اس سُورۃ پاک کے متعدد نام منقول ہیں لیکن ان میں سے دو زیادہ مشہور ہیں۔ التوبۃ اور البراءۃ۔ کیونکہ اس میں چند مخلص اہلِ ایمان کی توبہ قبول ہونے کا ذکر ہے اس لیے اسے توبہ کہا گیا۔ اور کیونکہ اس میں مشرکین عرب کے ساتھ جتنے سابقہ معاہدے تھے ان کو منسوخ کرنے کا اعلان کر دیا گیا اس لیے اسے براءت کہا گیا۔ یہ سورۃ سولہ رکوعوں، ایک سو انتیس آیتوں اور چار ہزار اٹھتر کلمات پر مشتمل ہے۔

نُزُول باتفاق علماء یہ سورۃ مدنی ہے۔ اس میں مذکورہ واقعات کو بنظر غائر دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سورۃ ۹ھ میں نازل ہوئی کیونکہ غزوۃ تبوک جس کا ذکر یہاں بڑی شرح و بسط سے کیا گیا ہے وہ ماہ رجب ۹ھ میں ہوا اور مشرکین سے عام بیزاری اور قطع تعلقات کا اعلان بھی اس حج کے موقع پر کیا گیا جو ذی الحجہ ۹ھ میں ادا کیا گیا۔ اگرچہ غزوۃ تبوک سے متعلقہ آیات کا نزول اعلانِ براءۃ والی آیات سے پہلے ہوا لیکن مؤخر الذکر کی اہمیت کے پیشِ نظر ترتیب قرآنی میں اسے مقدم رکھا گیا۔ قال القشیری ھٰذہ السورۃ نزلت فی غزوۃ تبوک ونزلت بعدھا (قرطبی)

اس سُورۃ کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس سے پہلے بسم اللہ شریف نہیں لکھی جاتی۔ اس کی صحیح وجہ یہ ہے کہ کیونکہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس کے آغاز میں بسم اللہ لکھنے کا حکم نہیں دیا اس لیے نہیں لکھی گئی۔ والصحیح ان البسملۃ لم تکتب لان جبریل علیہ السلام ما نزل بہا فی ھٰذہ السورۃ (قرطبی)

مضامینِ سُورۃ مکہ جو اب تک کفر و شرک کا ایک ناقابلِ تسخیر قلعہ بنا ہوا تھا ۸ھ میں فتح ہوا۔ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت سے بے خانماں مہاجروں اور انصار نے پھر حرم خلیل میں توحید کا پرچم لہرا دیا۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ عرب کے بیشتر قبائل خود بخود آ کر مشرف باسلام ہونے لگے۔ رفتہ رفتہ اسلام کا اثر و نفوذ جزیرہ عرب کی سرحدوں کو عبور کر کے دوسرے ہمسایہ ممالک میں بھی محسوس ہونے لگا۔ عرب خصوصاً حجاز کا بے آب و گیاہ خطہ کسی فاتح کے لیے اپنے اندر کوئی دلکشی نہیں رکھتا تھا۔ اسی لیے دائیں بائیں دو جابر سلطنتیں ہونے کے باوجود کسی نے اس کو زیرنگین کرنے کی خواہش ہی نہیں کی۔ اسی وجہ سے یہاں کے داخلی حالات سے بھی انھیں کوئی دلچسپی نہ تھی۔ حضور رحمت عالمیان صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت سے جو انقلاب رونما پذیر ہو رہا تھا اس کی اطلاعیں وقتاً فوقتاً قیصر روم تک پہنچتی رہتی تھیں لیکن اس نے کوئی توجہ نہ دی کیونکہ اسے یقین تھا کہ یہ ایک داخلی معاملہ ہے اور اس میں اتنی تاب نہیں کہ کسی دن اس کے لیے بھی خطرے کا باعث بن سکے۔ لیکن اسی اثناء میں

چند واقعات ایسے رُونما ہوئے جنھوں نے اسے اس نئی طاقت کی اہمیت کا احساس دلادیا۔

دوسرے بادشاہوں کی طرح حضور علیہ السلام نے بُصریٰ کے حاکم شرحبیل کی طرف بھی دعوتِ اسلام دینے کے لیے اپنا مکتوب اپنے قاصد کے ہاتھ روانہ کیا۔ لیکن شرحبیل نے اُسے قتل کر دیا۔ ذات اطلح کے باشندے مدینہ طیبہ سے پندرہ مسلمانوں کو اپنے ہمراہ اس غرض سے لے آئے کہ وہ انھیں دین اسلام سکھائیں گے لیکن انھوں نے بھی غدر کیا اور ان مسلمانوں کو سوائے ایک کے شہید کر دیا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان شہداء کا انتقام لینے کے لیے تین ہزار کی جمعیت حضرت زید بن حارثہ کی قیادت میں روانہ فرمائی۔ شرحبیل ایک لاکھ فوج لے کر مقابلہ کے لیے بڑھا۔ اور ہرقل کا بھائی تھیوڈور بھی ایک لاکھ کا لشکرِ جرار لے کر اس کی امداد کو آپہنچا۔ تین ہزار مجاہدین کے سامنے اب دو لاکھ فوج صف بستہ تھی۔ مسلمان بھی کب ٹلنے والے تھے۔ جنگ شروع ہوئی یکے بعد دیگرے تین مسلمان جرنیلوں زید بن ثابت، جعفر بن ابی طالب اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے جامِ شہادت نوش کیا۔ ان کے بعد حضرت خالدؓ نے آگے بڑھ کر اسلام کا جھنڈا تھاما اور اس بے جگری اور جانبازی سے اپنے سے چھیاسٹھ گنا فوج کا مقابلہ کیا کہ ان کے دانت کھٹے کر دیئے۔ اب ہرقل کی آنکھیں کھلیں کہ عرب کے جن صحرا نوردوں کو وہ خاطر میں نہیں لایا کرتا تھا ان کے بازو اتنے مضبوط اور ان کی تلواریں اتنی تیز ہیں کہ اس کی دو لاکھ فوج بھی انھیں شکست نہ دے سکی۔ انھی دنوں میں یہ واقعہ بھی ظہور پذیر ہوا کہ ہرقل کی عرب فوج کا ایک اعلیٰ افسر فروہ بن عمرو جذامی مشرف باسلام ہو گیا۔ ہرقل نے اسے اپنے دربار میں طلب کیا اور اسے کہا کہ یا تو اس نئے دین سے تائب ہو کر اپنا سابقہ مذہب (عیسائیت) اختیار کر لو ورنہ تمہارا سر قلم کر دیا جائے گا۔ اس نے بڑی خوشی سے جان دے دی لیکن اپنے ایمان سے دستکش ہونا گوارا نہ کیا۔ ان واقعات نے ہرقل کو چوکنا کر دیا اور اس نے فیصلہ کر لیا کہ وہ آج ہی مسلمانوں کی ہر لحظہ بڑھتی ہوئی قوت کو کچل دے گا۔ چنانچہ اس نے زور و شور سے جنگ کی تیاری شروع کر دی اور خود بڑھ کر مدینہ پر حملہ کرنے کے لیے پر تولنے لگا۔

رسولِ عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی نگاہ دُور بین دُور افق پر نمودار ہونے والے فتنہ و فساد کے بادلوں کو کیسے نظر انداز کر سکتی تھی۔ چنانچہ حضورؐ نے بھی شام پر چڑھائی کا عزم فرمالیا۔ حالات بڑے ناساز گار تھے۔ ملک میں عام قحط سالی کا دور دورہ تھا۔ گرمی کا موسم تھا چلچلاتی دھوپ اور جھلس دینے والی لُو غضب ڈھارہی تھی۔ ریتلی زمین تانبے کی طرح تپ رہی تھی۔ صحابہؓ فرماتے ہیں جب جہاد پر جانے کا حکم ہوا تو شدت کی گرمی تھی۔ باغات میں کھجوریں پک رہی تھیں۔ کھجوریں کھانے ٹھنڈا پانی پینے، گھنے سایہ میں بیٹھنے اور آرام کرنے کے دن تھے۔

جب جنگ کی تیاری کا حکم ہوا تو مردانِ وفاکیش تو بلا تامل تعمیل حکم کے لیے حاضر ہو گئے۔ اور ہر ایک نے ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر مالی امداد بھی کی۔ عورتوں نے اپنے کانوں کی بالیاں اور گلے کے ہار تک اتار کر پیش کر دیئے۔ حضرت عثمانؓ اور حضرت عبدالرحمن بن عوف نے ہزارہا اشرفیاں لاکر قدموں میں ڈھیر کر دیں۔ حضرت صدیقؓ نے اپنی عمر بھر کا اندوختہ اٹھا کر بارگاہ نبوت میں حاضر کر دیا۔ لیکن ان سرفروشوں اور جاں نثاروں کے علاوہ کئی اور عناصر بھی تھے۔ ایک عنصر منافقین کا تھا وہ بھلا

کب ان زحمتوں اور صعوبتوں کو گوارا کرنے والے تھے۔ طرح طرح کے جھوٹے اور بے سروپا بہانے پیش کرتے اور حضور ان سے صرف نظر کر لیتے۔ یہ لوگ اور دوسرے مشرک دل ہی دل میں بڑے خوش تھے۔ انھیں یقین تھا کہ مسلمان اب بچ کر واپس نہیں آئیں گے بلکہ قیصر کی افواج قاہرہ انھیں کاٹ کر رکھ دیں گی اور اس طرح اسلام کا چراغ بجھ جائے گا۔ ان کی ساری امیدیں اب اس جنگ پر مرکوز ہو کر رہ گئی تھیں۔

آخر تیس ہزار کا یہ لشکر اللہ تعالیٰ کے محبوب رسول کی قیادت میں اپنے مولائے کریم کا نام بلند کرنے کے لیے اور اسلام کی عظمت کا جھنڈا گاڑنے کے لیے موسم کی اس ناسازگاری کے باوجود، سامان خورد و نوش کی قلت اور سواریوں کی کمیابی کے باوجود دنیا کی ایک عظیم ترین طاقت سے ٹکر لینے کے لیے روانہ ہوا۔ عشاق باصفا کا یہ کاروان تپتے ہوئے ریگستانوں کو پرنیاں و حریر سمجھتا ہوا، نوک خار مغیلاں سے اپنی آبلہ پائی کا درماں کرتا ہوا، باد سموم کو نسیم لطف و عنایت تصور کرتا ہوا بڑھتا چلا گیا۔ اور تبوک کے مقام پر جا کر خیمہ زن ہوا۔

قیصر کو جب اطلاع ملی کہ جن کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کے لیے وہ حملہ کی تیاریاں کر رہا تھا وہ جوانمرد اپنے فقر و درویشی سے مسلح ہو کر اس کی طاقت و سطوت کو اس کے اپنے ملک میں اور اس کے اپنے گھر میں للکارنے آ گئے ہیں تو اس نے مصلحت اسی میں دیکھی کہ اپنی فوجوں کو سرحد سے ہٹا لے اور اپنے شہروں میں قلعہ بند ہو جائے۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بیس روز تک وہاں قیام فرمایا اور اس عرصہ میں اردگرد کی چھوٹی چھوٹی ریاستوں کو اپنا باجگزار بنایا۔ چنانچہ جرباء، اذرح اور عمان کے لوگوں نے جزیہ دینے پر صلح کی۔ ایلہ کا عیسائی حکمران یوحنا دربار رسالت میں آ کر صلح کا خواہاں ہوا اور تین سو دینار سالانہ ادا کرنے پر مصالحت کی۔ دومۃ الجندل کے عیسائی حاکم اکیدر پر حملہ کرنے کے لیے حضرت خالد کو روانہ کیا۔ چنانچہ وہ اس کو قید کر کے اور بہت سا مال غنیمت لے کر واپس آئے۔ اگرچہ روم کے ساتھ جنگ نہیں ہوئی لیکن اس مہم سے اسلام کی ترقی میں بڑی مدد ملی۔ سلطنت روم کی سرحد کے ساتھ ساتھ جتنے عرب قبائل تھے یا تو وہ مسلمان ہو گئے یا باج گزار۔ اس طرح عرب کی یہ سرحد دشمن کی یلغار سے محفوظ ہو گئی۔ نیز قیصر اور اس کے اعوان و انصار کی یہ غلط فہمی بھی دور ہو گئی کہ مسلمان ایک تر نوالہ ہیں جب ان کی مرضی ہوگی وہ انھیں نگل جائیں گے۔ اس کے علاوہ تمام عرب قبائل پر مسلمانوں کی ہیبت چھا گئی اور بیچارے منافقین اور اسلام کے تمام بدخواہوں کی آرزوؤں پر تو پانی پھر گیا۔ اور بڑی مدت کے بعد امید کی جو کرن انھیں افق پر نظر آئی تھی وہ بھی مایوسی کے گھپ اندھیروں میں گم ہو کر رہ گئی۔ غزوۂ تبوک کا ایک فائدہ یہ بھی ہوا جو اپنی اہمیت میں کسی سے کم نہیں کہ منافقین بے نقاب ہو گئے اور جو مراعات ان کے ساتھ پہلے روا رکھی جاتی تھیں ان سے وہ محروم کر دیئے گئے۔

دوسرا اہم واقعہ جس کا ذکر اس سورۃ میں کیا گیا ہے وہ مشرکین اور کفار کے ساتھ کیے گئے معاہدوں کی تنسیخ ہے۔ حضور رحمت عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیشہ کوشش فرمائی کہ تمام غیر مسلم قوموں کے ساتھ صلح و سلامتی سے رہیں۔ اسی مقصد کے لیے ان کے ساتھ صلح کے معاہدے کیے گئے۔ لیکن فریق ثانی نے ان کو پورا کرنے کی کوشش نہیں کی۔ اور جب کبھی موقع ملا

عہد شکنی کر دی۔ اسی سال ماہ ذی قعدہ میں مسلمانوں کا ایک قافلہ حج کے لیے روانہ ہوا۔ امیرالحج حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ اس قافلہ کی روانگی کے بعد اس سورۃ کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئیں۔ کیونکہ مجمع عام میں ان کا اعلان کرنا ضروری تھا اور حج کے موقع پر عرب کے اطراف و اکناف سے لوگ جمع ہونے والے تھے اس لیے حضور نے حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کو پیچھے روانہ فرمایا تاکہ حج کے روز یہ اعلان عام کر دیا جائے۔ لیکن یہ یاد رہے کہ تمام کفار سے کیے گئے معاہدوں کی تنسیخ نہیں کی جا رہی بلکہ ان قوموں کے معاہدوں کی تنسیخ کا اعلان کیا جا رہا ہے جنھوں نے پہلے عہد شکنی کی تھی۔ چنانچہ آیت ۴ میں اس کی تصریح موجود ہے۔

اب جب کہ عرب کے طول و عرض میں اسلام کا پرچم لہرا رہا تھا تو ضروری تھا کہ کعبۂ مقدسہ سے کفار کی تولیت ختم کر دی جائے اور اہل ایمان کو اس کا متولی بنایا جائے۔ چنانچہ یہ حکم بھی فرمایا کہ آج کے بعد مسلمان ہی کعبہ اور مسجد حرام کی خدمت انجام دیا کیا کریں گے۔

ابھی تک مشرکین حرم کعبہ میں آ کر اپنی سابقہ مشرکانہ رسوم ادا کیا کرتے تھے۔ اب یہ کیونکر مناسب تھا کہ اسلام کے برسر اقتدار آ جانے کے بعد بھی اس حریم قدس میں مشرکانہ رسوم ادا ہوں جسے اس کے تعمیر کرنے والے نے محض اس لیے تعمیر کیا تھا کہ اس میں خدائے واحد کی عبادت کی جائے۔ اس لیے اس سال سے اس کی بھی ممانعت کر دی گئی۔ انہی امور کے متعلق ضمنی بحثیں اور بھی ہیں۔ اپنے اپنے مقام پر ان کی وضاحت کی جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّتِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّسِتَّةَ عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۂ توبہ مدنی ہے۔ اس کی ۱۲۹ آیتیں ہیں اور ۱۶ رکوعات ہیں۔

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱

یہ قطع تعلق (کا اعلان) ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان لوگوں کو جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا مشرکوں میں سے[1]

[1] جیسے پہلے کئی بار مذکور ہوا کہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عرب کے تمام قبائل کے ساتھ امن اور دوستی کے معاہدے کیے لیکن مسلمانوں کی ظاہری کمزوری کے پیش نظر وہ ان معاہدوں کا احترام شاذونادر ہی ملحوظ رکھا کرتے اور جب کبھی انھیں موقع ملتا مسلمانوں کو زک پہنچانے سے گریز نہ کرتے۔ اب جبکہ حضور تبوک کے سفر پر روانہ ہوئے جو مدینہ طیبہ سے سینکڑوں میل دُور تھا اور قیصر کی فوج سے نبرد آزما ہونے کا ارادہ تھا تو شرک وکفر کے پرستاروں کے ہاں گھی کے چراغ جلنے لگے۔ انھیں یقین تھا کہ قیصر مسلمانوں کو پیس کر رکھ دے گا اور اب مسلمان ان کی عہد شکنی کے متعلق ان سے باز پرس نہیں کر سکیں گے۔ اس لیے طرح طرح کی جھوٹی افواہیں پھیلانے لگے اور ہر ممکن ذریعہ سے عہد شکنی کرنے لگے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ حضور اپنے غلاموں کے ہمراہ مظفر ومنصور واپس تشریف لائے۔ اب فیصلہ طلب امر یہ تھا کہ کیا ان مارہائے آستین کو کھلی چھٹی ملی رہے کہ جس وقت موقع دیکھیں اسلامی دین اور اسلامی ریاست کو ڈستے رہیں۔ جب کبھی مسلمان کسی بیرونی دشمن کی طرف متوجہ ہوں تو پیٹھ میں خنجر پیوست کر دیں۔ اس لیے تبوک سے واپسی کے بعد جب ذیقعد ۹ھ میں مسلمانوں کا قافلہ سفر حج پر روانہ ہو چکا تو یہ آیات نازل ہوئیں جن میں صاف صاف حکم دیا گیا تھا کہ اب کفر کے ساتھ سابقہ معاہدے منسوخ ہیں۔ دوستی کے لباس میں اسلامی انقلاب کو زک پہنچانے کی انھیں اجازت نہیں دی جائے گی۔ حضور کریم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو روانہ فرمایا کہ حج کے دن یہ اعلان عام کر دیں۔ حضرت صدیقؓ اپنے قافلہ سمیت مکہ کی طرف جا رہے تھے کہ اونٹنی کے بلبلانے کی آواز کان میں آئی۔ فوراً پہچان گئے اور فرمانے لگے ھذا رغاء ناقۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ تو میرے رسول مکرم کی اونٹنی کی آواز ہے۔ جب حضرت علیؓ قریب پہنچے تو پوچھا امیر او مامور؟ کیا آپ کو امیر بنا کر بھیجا گیا ہے یا مامور بنا کر۔ حضرت علیؓ نے بتایا امیر الحج آپ ہی ہیں میں تو مامور بن کر آیا ہوں اور یہ اعلان کرنے کے لیے بھیجا گیا ہوں۔ چنانچہ آپ حضرت صدیقؓ کی اقتداء میں ہی نمازیں ادا کرتے، آپ کی ہدایت کے مطابق ارکان حج ادا کرتے مکہ پہنچے۔ اور دسویں ذی الحجہ کو جمرۃ العقبہ کے پاس کھڑے ہو کر فرمایا اے لوگو! میں اللہ کے رسول کا پیغامبر بن کے آیا ہوں اور اس سورۃ کی ابتدائی تیس (یا چالیس) آیتیں تلاوت فرمائیں۔ اور اس کے بعد کہا کہ مجھے یہ بھی فرمایا گیا ہے کہ تمھیں یہ حکم بھی سنا دوں:

۱۔ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج کعبہ کو نہ آئے۔

فَسِيحُوا فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ غَيْرُ

(اے مشرکو!) پس چل پھر لو ملک میں چار ماہ ۲؎ اور جان لو کہ تم نہیں عاجز کرنے والے

مُعْجِزِي اللَّهِ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ مُخْزِي الْكَافِرِينَ ﴿٢﴾ وَأَذَانٌ مِّنَ اللَّهِ

اللہ تعالیٰ کو ۳؎ اور یقیناً اللہ تعالیٰ رسوا کرنے والا ہے کافروں کو ۴؎ اور اعلان عام ہے اللہ

۲- کوئی برہنہ ہو کر طواف نہ کرے۔

۳- اہل ایمان کے بغیر کوئی شخص جنت میں داخل نہ ہوگا۔

۴- اور جس کے ساتھ کوئی معاہدہ ہے اگر اس نے عہد شکنی میں پہل نہ کی تو اس کا عہد پورا کیا جائے گا اور جس کے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں اسے چار ماہ کی مہلت ہے۔ اس اعلان پر مخالفین کی طرف سے جو ردِ عمل ہوا وہ اس بات کا شاہد عادل ہے کہ یہ قطع تعلقات مناسب بلکہ ضروری تھا اور اس میں ذرا سا تساہل اپنے آپ کو فریب دینا تھا۔ فقالوا عند ذالک یا علی (ابلغ ابن عمک انا قد نبذنا العهد وراء ظهورنا وانه ليس بيننا وبينه عهد الا طعن بالرماح وضرب بالسيوف (رازی)) انھوں نے کہا اے علی! اپنے چچا کے بیٹے (یعنی رسول مکرم) کو بتا دینا کہ ہم نے معاہدوں کو پس پشت پھینک دیا ہے اور ہمارے اور ان کے درمیان ایک دوسرے کو نیزوں اور تلواروں سے گھائل کرنے کے سوا کوئی دوسرا معاہدہ نہیں۔ براءة کا معنی ہے انقطاع العصمة یہ خبر ہے اور اس کا مبتدا ھذہ محذوف ہے۔ ترجمہ میں میں نے اسی ترکیب کو ملحوظ رکھا ہے۔

۲؎ فَسِيحُوا امر کا صیغہ ہے جو سیاحت سے ماخوذ ہے۔ سیاحت کا معنی ہے ملک کے اطراف و اکناف میں چلنا پھرنا۔ اصل السياحة الضرب في الارض والاتساع في السير۔ یہاں مدعا یہ ہے کہ تمہیں چار ماہ تک ہر طرح کی مکمل آزادی ہے جہاں چاہو جاؤ جس سے چاہو ملو تم پر کسی قسم کی پابندی نہیں۔ علامہ قرطبی کلبی کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ یہ چار ماہ کی مدت ان لوگوں کے لیے تھی جن کے معاہدہ کی میعاد چار ماہ سے کم تھی یا میعاد مقرر ہی نہ تھی لیکن جن کے ساتھ چار ماہ سے زیادہ عرصہ کے لیے معاہدہ کیا گیا تھا ان کے متعلق حکم ہوا کہ اس کو مقررہ وقت تک نبھاؤ۔ فاتموا اليهم عهدهم الى مدتهم۔

۳؎ کفار کی اس غلط فہمی کا ازالہ کیا جا رہا ہے کہ یہ میعاد کسی کمزوری یا ضعف کی وجہ سے نہیں بلکہ اس میں تمہاری مصلحت ملحوظ ہے تاکہ تم اپنے مستقبل کے متعلق ٹھنڈے دل سے خوب سوچ لو مخالفین کے ساتھ یہ نرمی اور رواداری اس وقت برتی جا رہی ہے جب کہ مکہ فتح ہو چکا تھا اور ارد گرد کے قبائل یا اسلام لا چکے تھے یا اطاعت قبول کر چکے تھے۔ کفر کی چند پراگندہ جماعتوں کے علاوہ کوئی قابلِ ذکر جمعیت نہ تھی جس سے اسلام کو اب جزیرہ عرب میں اندیشہ ہو عین قوت و سطوت کے وقت اپنے دشمنوں سے نرمی کا یہ سلوک اسلام کے دینِ رحمت ہونے کا بیّن ثبوت ہے۔

۴؎ دنیا میں قتل و ذلت اور آخرت میں عذاب۔ اِخزاء کا معنی ہے رسوا کن ذلت۔ الاذلال مع اظهار الفضيحة (رازی)

وَرَسُولُهٗ ۚ إِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ أَنَّ اللّٰهَ بَرِيٓءٌ

اور اس کے رسول کی طرف سے سب لوگوں کے لیے بڑے حج کے دن کہ اللہ تعالیٰ بری ہے

مِّنَ الْمُشْرِكِينَ ۙ وَرَسُولُهٗ ۚ فَإِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَإِنْ

مشرکوں سے - اور اس کا رسول بھی [۵] اب بھی اگر تم تائب ہو جاؤ تو یہ بہتر ہے تمہارے لیے [۶] اور اگر

تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوٓا أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۗ وَبَشِّرِ الَّذِينَ

تم منہ پھیرے رہو تو خوب جان لو کہ تم نہیں عاجز کرنے والے اللہ تعالیٰ کو [۷] اور خوش خبری سنا دو

كَفَرُوا بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿۳﴾ إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدْتُمْ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ

کافروں کو دردناک عذاب کی - بجز اُن مشرکوں کے جن سے تم نے معاہدہ کیا [۸]

[۵] ورسولہٗ معطوف ہے اس کا معطوف علیہ اللہ کا کلمہ ہے جو اَنَّ کا اسم ہے اور منصوب ہے۔ نحو کا قاعدہ یہ ہے کہ معطوف اور معطوف علیہ کا اعراب ایک جیسا ہوا کرتا ہے۔ اس قاعدہ کی رو سے رسُولَہٗ (منصوب) ہونا چاہیے تھا لیکن یہاں رَسُوْلُہٗ (مرفوع) ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ اس کا مختصر جواب یہ ہے کہ بیشک ورسولہٗ معطوف ہے لیکن یہ مفرد معطوف نہیں بلکہ یہ مبتدا ہے اس کی خبر بَرِیْٓءٌ محذوف ہے۔ رسولہٗ اپنی خبر سمیت بصورت جملہ معطوف ہے اور اَنَّ اللّٰہَ بَرِیْٓءٌ بصورت جملہ معطوف علیہ ہے۔ اس لیے یہاں یہ اشکال وارد نہیں ہوتا۔

[۶] توبہ کا دروازہ اب بھی کھلا ہے۔ اپنی کارستانیوں پر اگر تم نادم ہو کر حاضر ہو جاؤ گے تو تمہیں دھتکارا نہیں جائیگا بلکہ آغوش لطف وکرم کو تم اپنے لیے کشادہ پاؤ گے۔ تمہاری گزشتہ نافرمانیوں کو معاف کر دیا جائے گا۔

[۷] لیکن اگر اب بھی تم شرارتوں سے باز نہ آئے اور بدستور مخالفت پر کمربستہ رہے تو کان کھول کر سن لو تمہاری کوئی تدبیر، کوئی کوشش، کوئی سازش اللہ تعالیٰ کے فیصلوں کو ناکام نہیں بنا سکتی۔ تمہارا انجام دنیا میں بھی بہت ذلت آمیز ہوگا اور آخرت کے دردناک عذاب کا تو تم تصور تک نہیں کر سکتے۔

[۸] اس آیت نے سابقہ حکم کی وضاحت کر دی کہ صرف ان قبائل کے معاہدوں کو منسوخ کیا جا رہا ہے جنہوں نے معاہدوں کی خود پہلے خلاف ورزی کی اور ان کا احترام نہ کیا لیکن جو اپنے معاہدوں کے پابند ہیں۔ نہ کھلے طور پر اسلام کا مقابلہ کرتے ہیں اور نہ پوشیدہ طور پر مسلمانوں کے دشمنوں کی امداد کرتے ہیں۔ ان کے ساتھ جو معاہدے ہو چکے ہیں ان کی پابندی لازمی ہے۔

ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوكُمْ شَيْـًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوا عَلَيْكُمْ أَحَدًا فَأَتِمُّوٓا

پھر انھوں نے نہ کمی کی تمہارے ساتھ ذرہ بھر اور نہ انھوں نے مدد کی تمہارے خلاف کسی کی ۔ تو پورا کرو

إِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ إِلَىٰ مُدَّتِهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ﴿٤﴾

ان سے ان کا معاہدہ ان کی مدت (مقررہ) تک ۔ بیشک اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے پرہیزگاروں کو۔ ۹

فَإِذَا انْسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ

پھر جب گزر جائیں حرمت والے مہینے ۱۰ تو قتل کرو مشرکین کو جہاں بھی تم پاؤ انھیں اور

وَخُذُوهُمْ وَاحْصُرُوهُمْ وَاقْعُدُوا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَإِنْ

گرفتار کرو انھیں اور گھیرے میں لے لو انھیں اور بیٹھو ان کی تاک میں ہر گھات کی جگہ ۔ پھر اگر یہ

تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ ۚ إِنَّ

توبہ کرلیں اور قائم کریں نماز اور ادا کریں زکوٰۃ تو چھوڑ دو ان کا راستہ ۔ بے شک

۹ گویا عہد کو پورا کرنا بھی تقویٰ کے لوازمات سے ہے اور متقین کا شعار ہے۔ آیت کے اس تتمہ نے اللہ تعالیٰ کے نزدیک معاہدوں کی پابندی کی اہمیت کو بالکل واضح کر دیا۔ تعلیل وتنبیہ علی ان اتمام عہدھم من باب التقوی (مظہری)۔

۱۰ سلخ کا معنی ہے کسی ایسی چیز کو اتار پھینکنا جو جسم کے ساتھ چمٹی ہوتی ہو، بھیڑ بکری کی کھال ادھیڑنے کو بھی سلخ الشاۃ کہا جاتا ہے اور یہاں مراد ہے ان مہینوں کا ختم ہو جانا۔ مرصد: رصدگاہ جہاں کسی چیز کی تاک میں بیٹھا جائے۔ اشہر حُرُم سے مراد یہاں وہ چار ماہ ہیں جو کفار و مشرکین کو بطور مہلت دیئے گئے تھے۔ کیونکہ مسلمانوں کو منع کر دیا گیا تھا کہ وہ چار ماہ تک کفار کے ساتھ تعرض نہ کریں۔ اس لیے انھیں بھی حُرمت والے کہا گیا۔ مشرکین سے مراد صرف عہد شکنی کرنے والے مشرک ہیں۔ آیت کا مدعا یہ ہے کہ یہ مشرکین جن کو تم نے چار ماہ کی مہلت دے رکھی ہے جب یہ مہینے گزر جائیں تو پھر ان عہد شکن مشرکوں پر ٹوٹ پڑو۔ آمادہ جنگ ہوں تو انھیں تہ تیغ کر دو۔ اگر کسی قلعہ یا محفوظ جگہ میں قیام پذیر ہوں تو ان کو گھیرے میں لے لو۔ اگر قابو میں آجائیں تو گرفتار کر لو غرضیکہ اب یہ کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ ہاں اگر عمر بھر کی سرکشی کے بعد بھی سچے دل سے توبہ کرلیں اور اپنی توبہ کی سچائی کا عملی ثبوت بھی مہیا کر دیں تو پھر اللہ تعالیٰ کی رحمت ان کو مایوس نہ کرے گی۔

اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝٥ وَإِنْ أَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ اسْتَجَارَكَ

اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے ۔ اور اگر کوئی شخص مشرکوں میں سے پناہ طلب کرے آپ سے

فَأَجِرْهُ حَتَّىٰ يَسْمَعَ كَلَامَ اللّٰهِ ثُمَّ أَبْلِغْهُ مَأْمَنَهُ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ

تو پناہ دیجیے اسے تاکہ وہ سنے اللہ کا کلام پھر پہنچا دیجیے اسے اس کی امن کی جگہ میں [11] یہ حکم اس لیے ہے

قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُونَ ۝٦ كَيْفَ يَكُونُ لِلْمُشْرِكِينَ عَهْدٌ عِندَ

کہ وہ ایسی قوم ہیں جو (قرآن کو) نہیں جانتے ۔ کیونکر ہو سکتا ہے [12] (ان عہد شکن) مشرکوں کے لیے کوئی معاہدہ اللہ کے

اللّٰهِ وَعِندَ رَسُولِهِ إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدتُّمْ عِندَ الْمَسْجِدِ

نزدیک اور اس کے رسول کے نزدیک سوائے ان لوگوں کے جن سے تم نے معاہدہ کیا ہے مسجد حرام کے پاس

[11] ان مشرکین میں سے جن کے ساتھ جنگ کرنے کا آپ کو حکم دیا جا رہا ہے اگر کوئی مشرک قرآن کے پیغام کو سمجھنے، اپنی غلط فہمیاں اور شبہات دُور کرنے کے لیے ان چار ماہ کے گزرنے کے بعد بھی آنا چاہے تو آپ اسے موقع دیں کہ وہ آئے اور سمجھے اور اس عرصہ میں اس سے کسی قسم کا تعرض نہ کیا جائے ۔ اس کے بعد اگر حق کی روشنی اس کے دل کے افق پر نمودار ہو جائے تو عین مطلوب ورنہ اسے بڑی حفاظت سے اس کے مسکن اور قیام گاہ تک پہنچا دیں ۔ آیت میں المشرکین کی وضاحت ان الفاظ سے کی گئی ہے: الذین امرتک بقتالھم (قرطبی ۔ مظہری) ۔ امام ابوبکر جصاص نے اِس آیت سے کئی احکام مستنبط کیے ہیں جن کا ذکر فائدہ سے خالی نہ ہوگا :-

(۱) اِس آیت سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی کافر اسلام کی صداقت معلوم کرنا چاہے تو ہم پر فرض ہے کہ ہم اسے یہ موقع دیں اور پوری کوشش کریں تاکہ اس کے شکوک و شبہات کا ازالہ ہو جائے ۔

(۲) اس عرصہ میں اس کی حفاظت کی ذمہ داری حکومتِ اسلامیہ پر ہوگی ۔

(۳) وہ آدمی مقررہ وقت تک ہی سلطنتِ اسلامیہ میں رہ سکتا ہے اسے غیر معیّن وقت تک یہاں رہنے کی اجازت نہیں ہوگی ۔

(۴) اگر وہ زیادہ عرصہ رہنا چاہے گا تو اسے اس مملکت کی شہریت قبول کرنا پڑے گی ۔

[12] یہاں بھی انھیں مشرکین کا ذکر ہے جنھوں نے معاہدہ کر کے توڑنا اپنا شیوہ بنا رکھا تھا ۔ کیف یہاں استفہام کے لیے نہیں بلکہ اظہارِ حیرت و تعجب کے لیے ہے اور یہاں کلام میں اضمار ہے تقدیرِ کلام یوں ہے کیف یکون للمشرکین عھد

الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوا لَكُمْ فَاسْتَقِيمُوا لَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ

تو جب تک وہ قائم رہیں تمہارے معاہدہ پر تم بھی قائم رہو ان کے لیے ۱۳؎ بیشک اللہ تعالیٰ محبت کرتا

الْمُتَّقِينَ ﴿٧﴾ كَيْفَ وَإِنْ يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوا فِيكُمْ

ہے پرہیزگاروں سے۔ کیونکر (ان کے معاہدہ کا لحاظ رکھا جائے) حالانکہ اگر وہ غالب آجائیں تم پر تو نہ لحاظ کریں تمہارے بارے

إِلًّا وَلَا ذِمَّةً ۚ يُرْضُونَكُمْ بِأَفْوَاهِهِمْ وَتَأْبَىٰ قُلُوبُهُمْ وَ

میں کسی رشتہ داری کا اور نہ کسی عہد کا ۱۴؎ راضی کرنا چاہتے ہیں تمہیں (صرف) اپنے مُنہ کی باتوں سے اور انکار کر رہے ہیں

أَكْثَرُهُمْ فَاسِقُونَ ﴿٨﴾ اشْتَرَوْا بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا فَصَدُّوا

ان کے دل اور اکثر ان میں سے فاسق ہیں۔ انھوں نے بیچ دیں اللہ کی آیتیں تھوڑی سی قیمت پر (مزید برآں) روکا انھوں نے

عَنْ سَبِيلِهِ ۚ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٩﴾ لَا يَرْقُبُونَ

(لوگوں کو) اللہ کی راہ سے ۱۵؎ بیشک وہ بہت بُرا تھا جو وہ کیا کرتے تھے۔ نہیں لحاظ کرتے

مع اضمار العذر (یعنی ان کے دل میں تو دھوکہ اور غدر کے جذبات ہیں پھر ایسے لوگوں کے معاہدوں پر کیسے اعتماد کیا جاسکتا ہے۔

۱۳؎ مصلحت کے تقاضے کیسے ہی کیوں نہ ہوں۔ حالات کتنے ہی اشتعال انگیز ہوں، عہد شکنی کا آغاز فرزندانِ توحید سے ہرگز نہیں ہونا چاہیے۔ جبتک کفار اپنے عہد پر قائم رہیں تمہیں بھی قائم رہنا چاہیے۔ اگر وہ عہد شکنی کی ابتدا کریں تو پھر تم کو بھی اجازت ہے۔

۱۴؎ کیف یہاں بھی اظہار حیرت و تعجب کے لیے ہے۔ اِلّ یہاں قرابت اور رشتہ داری کے معنی میں مستعمل ہُوا ہے (قال ابن عباس) اور ذمّہ سے مُراد معاہدہ ہے مطلب یہ ہے کہ ایسے لوگوں کے معاہدوں کا کیا اعتبار جو اگر غالب آجائیں تو خون کے دریا بہا دیں اور تمہارے ساتھ ان کے جو خونی رشتے ہیں انھیں بھی بھلا دیں۔ اور جو امن اور صلح کے عہد و پیمان کرچکے ہیں وہ بھی فراموش کردیں۔ ان کی یہ سب چکنی چپڑی باتیں ظاہرداری کے لیے ہیں ورنہ ان کے دلوں میں تو تمہارے خلاف دشمنی کا لاوا اُبل رہا ہے۔

۱۵؎ مروی ہے کہ جب اہل مکہ کی قوت کمزور ہوتی نظر آنے لگی تو اہل طائف نے انھیں مالی امداد کا یقین دلایا اور اسلام کے ساتھ جنگ کرنے پر انھیں پھر اکسانا شروع کردیا۔ مفسرین نے یہ بھی لکھا ہے کہ کفار مسلمانوں سے مصروف جنگ

فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ ⑩ فَاِنْ

کسی مومن کے حق میں کسی رشتہ داری کا اور نہ کسی وعدہ کا۔ اور یہی لوگ حد سے بڑھنے والے ہیں۔ پس اگر یہ

تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ؕ

توبہ کریں اور قائم کریں نماز اور ادا کریں زکوٰۃ تو تمہارے بھائی ہیں ۱۶؎ دین میں۔

وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ⑪ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

اور ہم کھول کر بیان کرتے ہیں اپنی آیتیں اس قوم کیلیے جو علم رکھتی ہے۔ اور اگر یہ لوگ توڑ دیں اپنی قسمیں ۱۷؎

رہ کر اپنے عمل سے یہ ثابت کر رہے تھے کہ اس دنیا کی چند روزہ زندگی اور اس کی فناپذیر عیش و عشرت کے وہ اتنے دلدادہ ہیں کہ انھوں نے آخرت کی ابدی زندگی اور اس کی لازوال نعمتوں کو نظرانداز ہی کر رکھا ہے۔ اس حقیقت کو قرآن نے لفظ اشترا (خریدنے) سے تعبیر فرمایا، کیونکہ مشتری (خریدار) بھی قیمت سے خرید کردہ چیز کو زیادہ پسند کرتا ہے۔

۱۶؎ عمر بھر کی ایذارسانی اور خون آشامی کے بعد بھی اگر وہ دعوت اسلام قبول کریں تو انھیں اسلامی برادری میں شامل کر لیا جائے گا۔ ان کے ساتھ کسی قسم کا ناروا سلوک نہیں کیا جائے گا۔ پہلے مسلمانوں کی طرح اللہ تعالیٰ کی رحمت و مغفرت اور اس کی رضا کے یہ بھی مستحق ہو جائیں گے۔ معاشرتی، قانونی اور تمدنی حیثیت سے ان کے وہی حقوق ہوں گے جو دوسرے مسلمانوں کے ہیں۔ انھیں پھلنے پھولنے کے تمام مواقع فراہم کیے جائیں گے۔

۱۷؎ جن کفار و مشرکین نے اسلام قبول کر کے اس کے احکام بجالانے کا وعدہ کر لیا یا اسلامی مملکت کی پرامن رعایا بن کر رہنا منظور کر لیا، پھر اگر وہ یہ عہد توڑ دیں یا اسلام کے عقاید و نظریات پر زبان طعن دراز کرنے لگیں تو انھیں مملکت اسلامیہ کا باغی تصور کیا جائے گا۔ اسی آیت سے فقہاء کرام نے یہ مسئلہ مستنبط کیا ہے کہ ذمی نے اگر حکومت اسلامیہ کے احکام کی خلاف ورزی شروع کر دی یا اسلام کے عقاید پر اعتراضات کرنے شروع کر دیئے تو اس کا وہ معاہدہ کالعدم ہو جائے گا۔ وفيه دلالة على ان اهل العهد متى خالفوا شيئا مما عوهدوا عليه وطعنوا في ديننا فقد نقضوا العهد (احکام القرآن للجصاص)۔ طعن کا لغوی معنی ہے نیزہ کا وار کرنا۔ اسی طرح ہر وہ بات جو دل کو دکھ پہنچانے والی ہو اس کو بھی طعن کہتے ہیں۔ بعض علماء لغت نے یہ فرق کیا ہے کہ طعن کا معنی جب نیزہ زنی ہو تو یہ نَصَرَ يَنْصُرُ کے باب پر ہوگا۔ اور جب طعن بالقول ہو تو فَتَحَ يَفْتَحُ کے باب پر ہوگا (قرطبی)۔ اور دین پر طعن کرنے کا یہ مطلب ہے کہ دین کی طرف ایسی غلط بات منسوب کی جائے جو اس کی شان کے لائق نہیں یا دین کے وہ عقائد اور احکام جو دلائل قطعیہ سے ثابت ہیں ان کا مذاق اڑایا جائے۔ والطعن ان ينسب اليه ما لا يليق به او يعترض بالاستخفاف على ما هو من الدين لما ثبت

مِّنۡۢ بَعۡدِ عَهۡدِهِمۡ وَطَعَنُوۡا فِىۡ دِيۡنِكُمۡ فَقَاتِلُوۡۤا اَٮِٕمَّةَ الۡـكُفۡرِ‌ۙ

اپنے معاہدہ کے بعد اور طعن کریں تمہارے دین پر تو جنگ کرو کفر کے پیشواؤں سے ۱۸

اِنَّهُمۡ لَاۤ اَيۡمَانَ لَهُمۡ لَعَلَّهُمۡ يَنۡتَهُوۡنَ ﴿۱۲﴾ اَلَا تُقَاتِلُوۡنَ قَوۡمًا

بیشک ان لوگوں کی کوئی قسمیں نہیں ہیں (ایسوں سے جنگ کرو) تاکہ یہ لوگ (عہد شکنی سے) باز آجائیں کیا نہیں جنگ کرو گے تم

نَّكَثُوۡۤا اَيۡمَانَهُمۡ وَهَمُّوۡا بِاِخۡرَاجِ الرَّسُوۡلِ وَهُمۡ بَدَءُوۡكُمۡ اَوَّلَ

اس قوم کے ساتھ جنھوں نے توڑ ڈالا اپنی قسموں کو اور ارادہ کیا انھوں نے رسول کو نکال دینے کا ۱۹ اور انہی نے آغاز کیا تھا تم پر

مَرَّةٍ‌ ؕ اَتَخۡشَوۡنَهُمۡ‌ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنۡ تَخۡشَوۡهُ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۳﴾

زیادتی کا پہلی مرتبہ۔ کیا تم ڈرتے ہو ان سے ۲۰ (سنو) اللہ تعالیٰ زیادہ حقدار ہے کہ تم اس سے ڈرو اگر ہو تم (سچے) ایماندار۔

من الدليل القطعي على صحة اصوله و استقامة فروعه (قرطبی۔ ابن العربی)۔

۱۸ ان لوگوں کو کفر کے پیشوا اور سرغنے کہا جا رہا ہے جو قبولِ اسلام کے بعد مرتد ہو گئے۔ جو اسلام کے سایہ میں امن و راحت کی زندگی بسر کرنے کے باوجود اتنے طوطا چشم ہیں کہ اس پر زبانِ طعن دراز کرتے ہیں۔ ان کی قسموں پر اعتماد کرنا یا ان کی چکنی چپڑی باتوں میں آجانا بڑی سادہ لوحی ہے جو ایمانی فراست سے کوئی مناسبت نہیں رکھتی۔ ان کی کھوپڑی پر جب تمہارا آہنی گرز پڑے گا تو ان کو ہوش آئے گا اور وہ حقیقت شناسی کی طرف مائل ہونگے۔ کفار کی ذہنیت کا کتنا صحیح تجزیہ ہے۔

۱۹ صاحب تفسیر مظہری نے لکھا ہے کہ یہ آیت یہود، منافقین اور کفارِ مدینہ کے بارے میں نازل ہوئی کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام غزوۂ تبوک پر روانہ ہوتے تو انھوں نے حضور کو مدینہ سے نکال دینے کا ارادہ کر لیا۔ اور مشرکین عرب کو اپنی اعانت کا یقین دلا کر انھیں ایک بار پھر بغاوت پر آمادہ کیا تھا۔ وہ لکھتے ہیں کہ یہی قول راجح ہے کیونکہ یہ سورۃ غزوۂ تبوک کے زمانہ میں نازل ہوئی۔ وهذا اظهر لان السورة نزلت بعد غزوة التبوك (مظہری)

مولانا مودودی لکھتے ہیں کہ "ان زوردار الفاظ سے مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دلانے کی وجہ یہ ہے کہ حج کے موقع پر اسلام کی جس نئی پالیسی کا جو اعلان کیا گیا تھا اس سے اندیشہ تھا کہ کہیں کفر کی بچی کھچی جماعت اپنی بقاء و سلامتی کے لیے اپنی ساری قوتوں اور وسائل کو داؤ پر لگا کر عرب کے اطراف و اکناف میں عام بغاوت کی آگ نہ بھڑکا دے۔ ان سے تمام معاہدوں کی منسوخی کا اعلان، کعبہ کی تولیت سے محرومی، حج کعبہ کی ممانعت وغیرہ ایسے احکام تھے جن سے ان کا بھڑک اٹھنا کوئی مستبعد نہ تھا۔ اس لیے مسلمانوں کو ان ہنگامی حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے ہوشیار اور مستعد رہنے کا حکم جاری کر دیا۔ اور

قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَ

جنگ کرو ان سے ۲۰ عذاب دیگا انھیں اللہ تعالیٰ تمھارے ہاتھوں سے اور رسوا کریگا انھیں اور مدد کریگا تمھاری انکے

يَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴﴾ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ

مقابلے میں اور (یوں) ٹھنڈے کر دیگا اس جماعت کے سینوں کو جو اہل ایمان ہے ۲۲ اور (یوں) دور فرما دیگا غصہ انکے دلوں کا

وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۵﴾ اَمْ

اور اپنی رحمت سے توجہ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ جس پر چاہتا ہے ۲۳ اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا بڑا دانا ہے کیا تم

حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ

یہ خیال کر رہے ہو ۲۴ کہ تمھیں (یونہی) چھوڑ دیا جائیگا حالانکہ ابھی تک پہچان نہیں کرائی اللہ نے ان کی جو جہاد کرینگے تم میں سے

پھر ایسے انقلابی فرامین پر کسی قسم کے احتجاج کے ظہور پذیر نہ ہونے کی یہی وجہ تھی کہ انھیں ہر طرف مسلمان شمشیر بکف اور مستعد کھڑے دکھائی دے رہے تھے (واللہ اعلم بالصواب)

۲۰ یعنی کفار کے ساتھ جنگ کرنے سے تم اس لیے پہلوتہی کرنا چاہتے ہو کہ تمھیں اندیشہ ہے کہ وہ تم پر غالب آجائیں۔ اس وسوسہ کو دل سے نکال دو۔ ڈرنا ہے تو اللہ تعالیٰ سے ڈرو جو سب سے زیادہ قوی اور سب سے زیادہ توانا ہے جس کو تم نے اپنا رب اور معبود یقین کیا ہوا ہے اور ایمان صادق کا یہی تقاضا ہے۔

۲۱ کفن بردوش میدانِ کارزار میں تم قدم رکھو گے تو اللہ کی مدد تمھاری پشت پناہی فرمائے گی۔ اس نے کفار کو ذلیل و رسوا کرنے کا جو اٹل فیصلہ فرما دیا ہے اس کا ظہور تمھارے ہاتھوں سے ہوگا۔ تمھیں کمزور اور بے بس سمجھنے والے تمھارے قدموں کی ٹھوکروں میں ہونگے۔

۲۲ کفار کے ساتھ جنگ کا حکم دے کر انھیں بتایا جا رہا ہے کہ برسوں سے وہ تمھیں ستا رہے ہیں اور تمھارے دل ان کی ایذا رسانیوں سے داغ داغ ہیں۔ اب وقت ہے کہ تم کفر و فسق کے ان علمبرداروں پر ضرب کاری لگا کر ان کی نخوت کو خاک میں ملا دو۔ اسلام کی فتح اور کفر کی ذلت دیکھ کر تمھارے دل باغ باغ ہو جائیں گے اور تمھارا بوجھ ہلکا ہو جائے گا اور انتقام کے جو شعلے بھڑک رہے ہیں وہ سرد پڑ جائیں گے۔

۲۳ اب تک جو کفر سے چمٹے ہوئے ہیں ان میں سے بعض ایسے ہیں کہ جن پر رحمتِ خداوندی جب توجہ فرمائیگی تو ان کے دلوں کے قفل بھی کھل جائیں گے اور وہ مستقبل میں اسلام کے جانباز سپاہی ثابت ہوں گے۔

وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ

اور جنہوں نے نہیں بنایا بغیر اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کے (کسی کو اپنا)

وَلِيْجَةً ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ

محرم راز۔ اور اللہ تعالیٰ خبردار ہے جو تم کرتے ہو۔ نہیں ہے روا مشرکوں کے لیے

اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ

کہ وہ آباد کریں اللہ کی مسجدوں کو ۳۵ حالانکہ خود گواہی دے رہے ہیں اپنے نفسوں پر کفر کی۔

اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚۖ وَفِى النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّمَا

یہ وہ (بدنصیب) ہیں ضائع ہو گئے جن کے تمام اعمال۔ اور دوزخ کی آگ میں ہی یہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ صرف وہی

يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ

آباد کر سکتا ہے اللہ کی مسجدوں کو جو ایمان لایا ہو اللہ پر اور روزِ قیامت پر اور قائم کیا

۳۴ جہاد کو گراں سمجھنے والوں اور اس سے جی چرانے والوں کو بطور زجر و توبیخ فرمایا جا رہا ہے کہ کیا تم یہ گمان کر رہے ہو کہ تمہارا زبان سے کلمہ پڑھ لینا ہی کافی ہوگا اور کسی آزمائش سے تمہارے اس دعویٰ ایمان کو پرکھا نہیں جائے گا۔ اگر تمہارا یہ خیال ہے تو تم خود فریبی میں مبتلا ہو۔ خوب کان کھول کر سن لو عمل کی کسوٹی پر تمہارے ظاہر اور باطن کو پرکھا جائے گا۔ جب جہاد کے نقارہ پر چوٹ پڑے گی تو تمہیں سربکف میدان میں حاضر ہونا ہوگا۔ اسلام کے مفاد کے لیے اپنے سابقہ تعلقات اور دوستانہ مراسم کو قربان کرنا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اور اہل اسلام کے ساتھ اپنے دلی تعلقات کو استوار کرنا ہوگا۔ علم کا معنی یہاں جاننا نہیں بلکہ جتانا اور پہچان کروانا ہے۔ اس کی تحقیق کئی مقامات پر پہلے گزر چکی ہے۔ ولیجہ اس شخص کو کہتے ہیں جس سے انسان اپنے دلی راز کہہ سکے۔ واحد اور جمع دونوں کے لیے یہی لفظ مستعمل ہوتا ہے۔ فوليجة الرجل من يختص بدخلة امره دون الناس والواحد والجمع فيه سواء (قرطبی)۔

۳۵ مسجدیں محض اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لیے تعمیر کی جاتی ہیں خصوصاً مسجد حرام جس میں کعبہ مقدسہ ہے۔ اس لیے یہ ہرگز مناسب نہیں کہ ان کی تعمیر، ان کی مرمت، ان کی آبادی اور ان کے دوسرے انتظام کا متولی کفار اور مشرکین کو بنایا جائے۔ اس آیت کریمہ نے اس امر کو وضاحت کے ساتھ بیان کر دیا اور اس حکم سے حرم کعبہ جو سالہا سال کفار و مشرکین کی تولیت میں تھا

الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ

نماز کو اور ادا کیا زکوٰۃ کو اور نہ ڈرتا ہو اللہ کے سوا کسی سے پس امید ہے کہ یہ لوگ

اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿١٨﴾ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ

ہو جائیں ہدایت پانے والوں سے ۲۶ کیا تم نے ٹھیرا لیا ہے ۲۷ حاجیوں کو پانی پلانے والے کو

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ

اور مسجد حرام کے آباد کرنے والے، کو اس شخص کی مانند جو ایمان لے آیا اللہ پر اور روزِ قیامت پر اور جہاد کیا

مسلمانوں کو اس کا متولی بنا دیا گیا۔ فاقتضت الآیۃ منع الکفار من دخول المسجد ومن بنائھا وتولی مصالحھا والقیام بھا (جصاص)۔ آیت سے پتہ چلتا ہے کہ کافر مسجد میں داخل ہو سکتے ہیں نہ اس کو تعمیر کر سکتے ہیں نہ اس کے متولی بن سکتے ہیں۔

۲۶ مساجد کے متولی اور منتظم وہی لوگ بن سکتے ہیں جو اللہ تعالیٰ اور روزِ قیامت پر یقینِ محکم رکھتے ہوں اور عملی اعتبار سے وہ نماز اور زکوٰۃ کے پورے پورے پابند ہوں اور ان کے کردار کی بلندی کا یہ عالم ہو کہ دین کے معاملہ میں وہ کسی سے خوفزدہ نہ ہوں اور رضاءِ الٰہی پر کسی کی خوشنودی کو ترجیح نہ دیں۔ عمارتِ مسجد میں اداءِ نماز، ذکرِ الٰہی اور تعلیمِ قرآن کے علاوہ اس کی تعمیر، اس کی مرمت، اس کی صفائی اور روشنی سب داخل ہیں۔ وعمارتھا تزیینھا بالفرش وتنویرھا بالسرج وادامۃ العبادۃ والذکر ودرس العلم فیھا وصیانتھا عما لم تبن لہ (بیضاوی)۔

۲۷ میدانِ بدر میں جب حضرت عباس اسیر ہوئے تو کسی نے ان کو اسلام قبول نہ کرنے پر ملامت کی۔ انھوں نے کہا اگر تمھیں اسلام لانے اور جہاد کرنے کا فخر ہے تو ہم بھی تم سے کم نہیں۔ مسجد حرام کی آبادی، کعبہ کی خدمت گزاری اور حجاج کو پانی پلانے کی عزت تو ہمیں ہی حاصل ہے۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی کہ شرک کی موجودگی میں تمھاری یہ باتیں ان لوگوں کے اعمال کا مقابلہ نہیں کر سکتیں جو سچے دل سے ایمان لاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے نام کی عظمت کا سکہ جمانے کے لیے سربکف میدانِ جہاد میں آموجود ہوتے ہیں۔ الفاظِ آیت سقایۃ اور عمارۃ مصدر ہیں۔ اگر یہ اسم فاعل کے معنی میں یہاں مستعمل ہوں تو کلام میں کسی لفظ کو مقدر ماننے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی۔ معنی ہوگا کہ حاجیوں کو پانی پلانے والا اور مسجد کو آباد کرنے والا اس شخص کی طرح نہیں ہو سکتا جو اللہ اور قیامت پر ایمان لائے اور جہاد کرے۔ اور اگر مصدر اپنے مصدری معنی میں ہی مستعمل ہو تو پھر کلام میں حذف ماننا پڑے گا اور اس کی دو صورتیں ہیں۔ یا تو مشبّہ میں محذوف مانیں تو اس وقت تقدیرِ کلام ہوگی اجعلتم اھل سقایۃ الحاج وعمارۃ المسجد الحرام اور یا مشبّہ بہ میں محذوف مانیں تو اس وقت تقدیرِ کلام ہوگی اجعلتم سقایۃ الحاج وعمارۃ المسجد الحرام کایمان من اٰمن باللہ وجہاد من جاھد۔ (مظہری۔ قرطبی۔ بیضاوی)۔

فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى

اس نے اللہ کی راہ میں وہ نہیں یکساں اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور اللہ تعالیٰ نہیں ہدایت دیتا

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِىْ

ان لوگوں کو جو ظالم ہیں۔ جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اور جہاد کیا راہِ خدا

سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ

میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے بہت بڑا ہے (ان کا) درجہ اللہ تعالیٰ کے

اللّٰهِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ

نزدیک ۳۸؎ اور یہی ہیں جو کامیاب ہونے والے ہیں ۳۹؎ خوشخبری دیتا ہے انھیں ان کا رب اپنی رحمت

۳۸؎ کعبہ کی مجاوری اور حاجیوں کی خدمتگزاری اور مسافروں کی مہمان نوازی کو اسلام سے روگردانی کرنے کی صورت میں اپنی نجات کے لیے کافی سمجھنے والے کان کھول کر سُن لیں کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایمان کے بغیر اس کی کوئی قدرومنزلت نہیں۔ اس کی بارگاہِ عالی میں تو انہی کے لیے اعزاز واکرام کے رتبے ہیں جو ایمان، ہجرت اور جہاد کی صفات سے متصف ہیں۔

۳۹؎ کتنے خوش نصیب ہیں وہ لوگ جنھیں رحمتِ الٰہی اور رضاءِ خداوندی کی نوید جانفزا سنائی جارہی ہے۔ حق تو یہ ہے کہ اس کے بعد اور رہ ہی کیا جاتا ہے جس کے حصول کی تمنا دل میں پیدا ہو۔ اللھم اجعلنا منھم بجاہ حبیبک المکرم سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم۔ ان صفات سے پوری طرح متصف حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام تھے جنھوں نے کفار کی سفاکیوں اور سنگدلانہ جور وستم کا بڑی مردانگی سے مقابلہ کیا جنھوں نے محض اپنے دین کی خاطر اپنے شاد آباد گھروں کو چھوڑ کر غریب الوطنی کی سختیوں اور پریشانیوں کو خوش آمدید کہا جنھوں نے میدانِ جہاد میں عدیم المثال سرفروشی اور جانبازی کا ایسا مظاہرہ کیا کہ کفر کے علم سرنگوں ہوگئے۔ کفار کے چھکے چھوٹ گئے اور اسلام کا آفتابِ اقبال ہر سو ضیاء پاشیاں کرنے لگ گیا۔ ایسے ہی نفوسِ قدسیہ کے بارے میں قرآن کریم گواہی دے رہا ہے کہ بارگاہِ ربّ العزت میں ان کے درجات بڑے بلند ہیں۔ اپنے رب کی راہ میں اپنے گھر، اپنے سر اور اپنا مال ومتاع قربان کرنے والے دیوانگانِ عشق کے سروں پر فوز وکامرانی کا زرنگار تاج سجایا جارہا ہے۔ اللہ تعالیٰ جو ظاہر وباطن کو جاننے والا ہے۔ جس سے کسی کے دل کا راز بھی پوشیدہ نہیں، جس کے سامنے ہر شخص کا ماضی، حال اور مستقبل آشکارا ہے۔ جن لوگوں کے بارے میں اس کی زبانِ قدرت شہادت دے رہی ہے وَاُولٰئِكَ هُمُ الْفَائِزُوْنَ الخ ان کے بارے میں چہ میگوئیاں، ان کے ایمان پر اعتراض کسی ایسے شخص کو تو ہرگز

مِّنْهُ وَ رِضْوَانٍ وَّ جَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿۲۱﴾ خٰلِدِيْنَ

اور اپنی خوشنودی کی اور (لیے) باغات کی کہ ان کے لیے ان میں دائمی نعمت ہوگی۔ ہمیشہ رہنے والے ہیں

فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۲﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

وہ اس میں تا ابد۔ بیشک اللہ تعالیٰ کے پاس ہی اجرِ عظیم ہے ۔ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْۤا اٰبَآءَكُمْ وَ اِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا

نہ بنا لو اپنے باپوں اور اپنے بھائیوں کو دلی دوست اگر وہ پسند کریں

الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ وَ مَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

کفر کو ایمان پر [illegible] اور جو دوست بناتا ہے انھیں تم میں سے تو وہی لوگ ظلم

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَ اَبْنَآؤُكُمْ وَ اِخْوَانُكُمْ وَ

کرنے والے ہیں۔ (اے حبیب!) آپ فرمائیے اگر ہیں تمھارے باپ اور تمھارے بیٹے اور تمھارے بھائی اور

اَزْوَاجُكُمْ وَ عَشِيْرَتُكُمْ وَ اَمْوَالُ ۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَ تِجَارَةٌ

تمھاری بیویاں اور تمھارا کنبہ اور وہ مال جو تم نے کمائے ہیں اور وہ کاروبار

تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَ مَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَاۤ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

اندیشہ کرتے ہو جس کے مندے کا اور وہ مکانات جن کو تم پسند کرتے ہو [illegible] زیادہ پیارے ہیں تمھیں اللہ تعالیٰ سے

زیب نہیں دیتے جو قرآن کو اللہ کا کلام مانتا ہے اور اللہ کو علیم و خبیر یقین کرتا ہے۔

[illegible] دار کفر کو چھوڑ کر دار اسلام کی طرف ہجرت کرنے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ یہی رشتہ داریاں ہی تو تھیں جن کی محبت اور خاطر داری کی وجہ سے انسان اس فریضہ کی ادائیگی سے محروم رہ جاتا تھا۔ اس لیے فرمایا کہ کسی سے خواہ وہ تمھارے باپ اور بھائی ہی کیوں نہ ہوں ایسی دلی دوستی قائم نہ کرو جو کسی وقت حکم الٰہی کی بجا آوری میں حائل ہو۔

[illegible] اس آیت کریمہ میں ہر طرح کے بندھنوں کا ذکر فرمایا جا رہا ہے جن میں انسان اپنے آپ کو اپنی فطرت اور ضرورت

وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ

اور اس کے رسول سے اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے تو انتظار کرو یہاں تک کہ لے آئے اللہ تعالیٰ اپنا حکم

کے باعث بندھا ہُوا پاتا ہے۔ ماں باپ کی محبت اپنی اولاد سے اور اولاد کی اپنے ماں باپ سے، بھائی بہنوں کی باہمی اُلفت میاں بیوی کا گہرا تعلق یہ سب انسانی فطرت کے تقاضے ہیں۔ مال، کاروبار اور مکانات وغیرہ سے انسان کا لگاؤ اس لیے ہے کہ وہ زندگی بسر کرنے اور اسے عزت و آرام سے گزارنے میں ان کا محتاج ہے۔ دین اسلام کیونکہ دینِ فطرت ہے وہ انسان کے طبعی تقاضوں اور اس کی ضروریات کا مناسب خیال رکھتا ہے اس لیے اس نے یہ حکم نہیں دیا کہ سرے سے یہ محبت کے رشتے توڑ دیے جائیں اور ان چیزوں کی طرف سے بالکل توجہ ہی ہٹالی جائے۔ لیکن کیونکہ انسانی زندگی کی غرض و غایت صرف انہی چیزوں تک محدود نہیں بلکہ ان سے بہت آگے اور بہت بلند ہے اس لیے انسان کو انہی تعلقات اور انہی اشیاء میں کھو جانے سے روکا ہے اور حکم دیا کہ بےشک ان اشیاء سے محبت و پیار کرو لیکن صرف اس حد تک جبکہ یہ چیزیں تمہاری روحانی ترقی میں حائل نہ ہوں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُولِ مکرّم کی محبت اور عشق سے نہ ٹکرائیں۔ ایثار و شہادت کے میدان میں جانے سے تمہارا راستہ نہ روکیں۔ اگر کبھی ایسی صورتِ حال پیدا ہو جائے تو پھر ان تعلقات کو اور ان چیزوں کو پائے حقارت سے ٹھکراتے ہوئے آگے نکل جاؤ۔ تب تم اپنے آپ کو اپنا نام کہلانے کے حقدار ہو۔ بعض علماء نے یہاں محبت طبعی اور اختیاری کا فرق بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جہاں تک انسان کا اختیار ہے وہ اللہ اور رسول سے زیادہ محبت کرے اور اگر بلا اختیار وہ کسی اور سے زیادہ محبت کرے تو حرج نہیں۔ لیکن حضرت علامہ ثناء اللہ پانی پتی فرماتے ہیں کہ وہ مسلمان ہی کیا ہے جس کی طبیعت شریعت اسلامی کی پابند نہ ہو۔ قلت وكمال الايمان ان يكون الطبيعة تابعة للشريعة فلا يقتضي الطبع الا ما يامره الشريعة۔ چنانچہ حدیثِ پاک میں بھی صراحۃً موجود ہے کہ جب تک اللہ کا رسُول ماں باپ، اولاد اور ہر چیز سے زیادہ پیارا اور محبوب نہ ہو اس وقت تک انسان مومن نہیں ہو سکتا۔ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يؤمن احدكم حتى اكون احب اليه من والده وولده والناس اجمعين۔ اس کے بعد علامہ پانی پتی لکھتے ہیں کہ یہ نعمت بجز اولیاء کاملین کی صحبت کے نصیب نہیں ہو سکتی۔ وذالك كمال الايمان لا يكتسب ذلك الا من مصاحبة ارباب القلوب الصافية والنفوس الزاكية وهذه الاية وما ذكرنا من الاحاديث يوجب افتراض اكتساب التصوف من خدمة المشائخ رضي الله عنهم اجمعين (مظہری)۔ سچ تو یہ ہے کہ ایمان کا لطف ہی تب آتا ہے جب دل میں اللہ اور اس کے رسُول کا عشق شعلہ زن ہو۔ اس وقت یہ ساری زنجیریں خود بخود پگھل جاتی ہیں اور سارے حجاب تار تار ہو جاتے ہیں۔ ماں باپ اپنے بچوں کے تڑپتے ہوئے لاشے دیکھ کر مسکرا دیتے ہیں۔ عورتیں اپنے شوہروں کے سربریدہ جسم دیکھ کر سجدۂ شکر ادا کرتی ہیں اور یہی دعائیں مانگتی ہیں کہ اے الٰہ العٰلمین ہمارے ماں جائے کو شہادت نصیب فرما۔ اس وقت نہ رات کو نیند ستاتی ہے اور نہ دن کو تھکن محسوس ہوتی ہے۔ حضرت رابعہ بصریہ کے یہ شعر پڑھیے اور اہلِ عشق و محبت کی بیتابیاں

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٤﴾ لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ

اور اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا اس قوم کو جو نافرمان ہے۔ بیشک مدد فرمائی تمہاری اللہ نے بہت سے

مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ

جنگی میدانوں میں ۳۳ اور حنین کے روز بھی ۳۴ جبکہ گھمنڈ میں ڈال دیا تھا تمہیں تمہاری کثرت نے پس نہ

ملاحظہ فرمائیے: ؎

احبك حبين حب الهوى	وحباً لانك اهل لذاكا
فاما الذى هو حب الهوى	فشئ شغلت به عن سواكا
واما الذى انت اهل له	فكشفك لى الحجب حتى اراكا (المنار)

ترجمہ: (۱) اے مولا! میں تجھ سے دو طرح محبت کرتی ہوں۔ ایک تو یہ کہ تو میرا محبوب ہے۔ دوسری یہ کہ تو اس قابل ہے کہ تجھ سے محبت کی جائے۔ (۲) پہلی محبت نے تو مجھے ماسوا سے بے خبر کر دیا ہے۔ (۳) دوسری محبت کا تقاضا یہ ہے کہ حجاب سرک جائیں اور چشم شوق لذت دید حاصل کرے۔

۳۲ یعنی اگر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اور راہِ حق میں جہاد کرنے سے زیادہ تمہیں کوئی چیز عزیز اور پیاری ہے تو پھر عذاب الٰہی کا انتظار کرو۔ اب تم رحمت و عنایت کے مستحق نہیں رہے بلکہ ناراضگی اور عتاب کے سزاوار ہو گئے ہو۔

۳۳ سورۂ براءۃ کے اعلان سے جو حالات پیدا ہو گئے تھے اور اندیشہ تھا کہ کفار پھر ایک بار سب مل کر جان کی بازی لگا دیں گے۔ مسلمانوں کے دلوں سے ایسے وسوسے دُور کرنے کے لیے یہ آیت نازل فرمائی کہ جس خدا نے اس سے پہلے بے شمار موقعوں پر تمہاری دستگیری فرمائی ہے اور تمہاری قلیل تعداد کو دشمن کی کثرت پر فتح دی ہے اس کی نصرت آج بھی تمہارے ساتھ ہے۔ کل ہی کی بات یاد کرو حنین میں کس طرح تمہاری اپ پائی کو اس کی نصرت اور اعانت نے فتح مبین میں تبدیل کر دیا آج بھی اسی پر توکل کرو اور دشمن کی کسی سازش سے مت گھبراؤ۔

۳۴ مکہ مکرمہ فتح ہوتا ہے اور کفر و شرک کا محکم حصار پیوند خاک کر دیا جاتا ہے۔ پندرہ دن تک مسلمان امن و سکون سے مکہ میں ٹھیرے رہتے ہیں اور طواف کعبہ کی حسرتوں کو پورا کرتے ہیں۔ اسی اثناء میں اطلاع ملی کہ ہوازن اور ثقیف کے قبیلے جنگ کی تیاری کر رہے ہیں۔ رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنے لشکر جرار کے ساتھ ادھر کا رخ کرتے ہیں۔ لشکر کی تعداد بارہ ہزار تھی۔ دس ہزار انصار و مہاجر تھے اور دو ہزار مکہ کے نومسلم بعض مشرک بھی شریک ہو گئے تھے۔ مسلمانوں نے جب بارہ ہزار کا لشکر جرار دیکھا تو بعض نے دل ہی دل میں خیال کیا کہ آج کوئی طاقت ہمیں مغلوب نہیں کر سکتی۔ جب یہ لشکر حُنین کی وادی میں پہنچا جو مکہ کے جنوب مشرق کی طرف صرف تین میل دُور ہے تو مالک بن عوف کی قیادت میں ہوازن و ثقیف

تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ

فائدہ دیا تمھیں (اس کثرت نے) کچھ بھی اور تنگ ہو گئی تم پر زمین باوجود اپنی وسعت کے۔ پھر تم

وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ

مڑے پیٹھ پھیرتے ہوئے۔ پھر نازل فرمائی اللہ نے اپنی (خاص) تسکین اپنے رسول پر اور

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۚ وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ

اہل ایمان پر اور اتارے وہ لشکر جنھیں تم نہ دیکھ سکے اور عذاب دیا کافروں

كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ

کو۔ اور یہی سزا ہے کافروں کی ۳۵؎ پھر رحمت سے توجہ فرمائے گا اللہ تعالیٰ اس کے بعد

کے ماہر تیر انداز تنگ وادی کی کمین گاہوں میں چھپ کر بیٹھ رہے جب مسلمان ٹھیک ان کی زد میں آگئے تو مالک نے تیر برسانے کا حکم دیا۔ تیروں کی بے پناہ اور غیر متوقع بارش سے مسلمانوں کے پاؤں اکھڑ گئے اور انھوں نے بے تحاشا بھاگنا شروع کر دیا حضور کریم کی معیت میں صرف۔ ابوبکرؓ، عمرؓ، عباسؓ، علیؓ، ابوسفیان بن الحارث اور چند اور جاں نثار رہ گئے۔ اس نازک حالت میں حضورؐ کی شجاعت کا یہ عالم تھا کہ پلتے ثبات میں جنبش نہ ہوئی۔ سفید خچر پر سوار تھے۔ اسے ایڑی لگائی اور دشمن کی صفوں کی طرف بڑھایا۔ حضرت عباسؓ نے باگ تھام رکھی تھی اور ابوسفیان بن الحارث نے رکاب پکڑی ہوئی تھی۔ حضورؐ فرما رہے تھے انا النبی لا کذب۔ انا ابن عبد المطلب۔ اسی حالت میں حضورؐ نے کنکریوں کی ایک مٹھی بھر کر ان کی طرف پھینکی۔ کوئی کافر ایسا نہ تھا جس کی آنکھوں میں نہ پڑی ہو۔ آسمان سے فرشتوں کا غیر مرئی لشکر بھی اتر آیا۔ دشمنوں کے پاؤں اکھڑ گئے۔ حضورؐ کے حکم سے حضرت عباسؓ نے بلند آواز میں مہاجرین اور انصار کو پکارا: یا معشر الانصار الذین آووا ونصروا یا معشر المہاجرین الذین بایعوا تحت الشجرۃ ان محمدا حیّ فہلموا۔ ترجمہ: اے گروہ انصار! جنھوں نے غریب الدیار مہاجرین کو پناہ دی اور نازک اوقات میں اسلام کی امداد کی۔ اے گروہ مہاجرین، جنہوں نے درخت کے نیچے بیعت کی، محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) زندہ ہیں سب ان کے پاس جمع ہو جاؤ:

آواز سنتے ہی صحابہ پروانہ وار دوڑے چلے آئے اور حضورؐ کے ارد گرد جمع ہو گئے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ کی نصرت سے اہل اسلام کو شاندار کامیابی نصیب ہوئی۔

۳۵؎ یعنی کفار کی یقینی فتح رسواکن شکست میں بدل گئی۔ ستر آدمی قتل ہوئے۔ ہزاروں کی تعداد میں قید ہو گئے۔

ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

جس پر چاہے گا ۳۶؎ اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ اے ایمان والو!

اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ

مشرکین تو نرے ناپاک ہیں ۳۷؎ سو وہ قریب نہ ہونے پائیں مسجد حرام سے اس

فقط عورتوں کی تعداد چھ ہزار تھی۔ بے اندازہ مال غنیمت ہاتھ آیا۔ ۲۴ ہزار اونٹ، تیس ہزار بھیڑیں اور بکریاں۔ چار ہزار اوقیہ چاندی ذالك کے لفظ نے یہ بتا دیا کہ کفار کا طبعی انجام یہی ہے کہ ان کو ہر میدان میں شکست کا سامنا کرنا پڑے اور قیامت کے ابدی عذاب سے پہلے دنیا میں ہی وہ اپنے کیے کی سزا بھگت لیں۔

۳۶؎ حنین کی فتح کے بعد طائف کا محاصرہ کیا گیا جو اٹھارہ روز تک جاری رہا اس کے بعد حضور کریم جعرانہ کے مقام پر واپس تشریف لائے جہاں سارا مال غنیمت اکٹھا کیا گیا تھا اور اس کو حکم خداوندی کے مطابق تقسیم فرمایا۔ اس کے بعد ہوازن کا ایک وفد جو مشرف باسلام ہو چکا تھا حاضر خدمت ہوا اور رحمت و شفقت کا خواستگار ہوا حضورؐ نے فرمایا میں نے اتنے روز اس مال کی تقسیم میں تاخیر کی لیکن تم نہ آئے۔ اب مال تقسیم ہو چکا ہے۔ اب دو چیزوں میں سے ایک پسند کر لو۔ اہل و عیال یا مال و اسباب۔ انھوں نے عرض کی ہم مال و اسباب کے طلبگار نہیں۔ ہمارے اہل و عیال واپس فرما دیجیے۔ چنانچہ حضورؐ نے خطبہ دیا اور ارشاد فرمایا کہ یہ لوگ مسلمان ہو کر ہمارے پاس آئے ہیں ہم نے انھیں اختیار دیا ہے کہ چاہے مال و اسباب لے لیں چاہے اہل و عیال آزاد کرالیں۔ انھوں نے اہل و عیال کو آزاد کرانا پسند کیا ہے اس لیے ان کے جو اسیر میرے حصہ میں اور عبدالمطلب اور ہاشم کی اولاد کے حصہ میں آئے ہیں میں انھیں آزاد کرتا ہوں۔ اپنے آقا و مرشد کا ارشاد سن کر سب انصار و مہاجر بیک زبان عرض پرداز ہوئے اما ما کان لنا فھو لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ یا رسول اللہ جو قیدی ہمارے حصہ میں آئے ہیں سب حضورؐ کی نذر ہیں۔ چنانچہ اس طرح ان دشمنوں کے اہل و عیال کو عزت و احترام سے آزاد فرما دیا۔ اس فیاضانہ سلوک کا نتیجہ یہ نکلا کہ اسلام سے عداوت اور عناد کے بھڑکتے ہوئے شعلے سرد پڑ گئے اور حضور کریم کی دریا دلی کو دیکھ کر اسلام کے قدیم دشمن بھی اسلام کے گرویدہ ہو گئے۔ اس آیت میں اسی امر کی طرف اشارہ ہے۔

۳۷؎ فتح مکہ کے بعد بھی مشرکین عرب حرم کعبہ میں داخل ہوتے اور اپنے جاہلانہ رواج کے مطابق طواف کرتے اور ارکان حج بجا لاتے۔ اس آیت نے آئندہ کے لیے ممانعت کر دی کہ کعبہ مقدسہ جو محض اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کے لیے تعمیر کیا گیا ہے وہاں اب مزید کسی مشرکانہ پوجا پاٹ کی اجازت نہیں ہوگی سیٹیاں اور تالیاں بجا بجا کر برہنہ طواف کرنا اور اس قسم کی دوسری لغو رسمیں قطعاً بند ہیں۔ مشرکین کے نجس ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے عقائد اور باطل نظریات کی وجہ سے ناپاک ہیں۔ ائمہ مجتہدین کا اس امر میں اختلاف ہے کہ اس حکم کی نوعیت کیا ہے۔ امام مالکؒ کے نزدیک

عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَإِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللّٰهُ مِنْ

سال کے بعد اور اگر تم اندیشہ کرو تنگدستی کا ۳۸؎ تو غنی کر دے گا تمہیں اللہ تعالیٰ اپنے

فَضْلِهٖٓ إِنْ شَآءَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٢٨﴾ قَاتِلُوا الَّذِينَ

فضل و کرم سے اگر چاہے گا۔ بیشک اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا بڑا دانا ہے۔ جنگ کرو ۳۹؎ ان لوگوں سے جو نہیں

لَا يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ

ایمان لاتے اللہ پر ۴۰؎ اور نہ روزِ قیامت پر اور نہیں حرام سمجھتے جسے حرام کیا ہے

کوئی مشرک کسی اشد ضرورت کے بغیر کسی مسجد میں داخل نہیں ہو سکتا۔ امام شافعیؒ کے نزدیک کوئی کافر مسجد حرام میں داخل نہیں ہو سکتا، دوسری مساجد میں داخلہ ممنوع نہیں۔ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ہر مسجد میں کافر داخل ہو سکتا ہے اور اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ حج کرنے اور اپنی مشرکانہ رسوم ادا کرنے کے لیے داخلہ بند ہے۔ (جصاص)

۳۸؎ جب کفار سے قطع تعلق کا اعلان کر دیا گیا تو بعض لوگوں کے دلوں میں یہ خیال گزرا کہ اس طرح تو تجارتی کاروبار بھی بند ہو جائے گا ضرورت کی چیزیں نایاب ہو جائیں گی اور کھانے پینے کی اشیاء کی بھی تنگی ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ رزق کی بست و کشاد میرے دستِ قدرت میں ہے یہ خوف دلوں سے نکال دو۔ حضرت صدر الافاضل فرماتے ہیں (اگر چاہے) فرمانے میں تعلیم ہے کہ بندے کو چاہیے کہ طلب خیر اور دفع آفات کے لیے ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رہے اور تمام اُمور کو اسی کی مشیت سے متعلق جانے (خزائن العرفان)۔

۳۹؎ جب جزیرہ عرب کے بیشتر حصہ پر اسلام کا پرچم لہرانے لگا اور مشرکین کی طاقت ختم کر دی گئی تو ارد گرد کی حکومتوں کو بھی اسلام کی روز افزوں قوت سے خدشہ پیدا ہونے لگا اور انھوں نے اسلام کو کچل دینے کی تیاریاں شروع کر دیں۔ اس سے "تاریخ اسلام کے نئے باب کا آغاز ہوتا ہے۔ اب مسلمانوں کے مقابلہ میں مشرکین عرب کے بجائے عیسائیوں کی فوجیں صف بستہ ہونے والی تھیں۔ اس لیے اس آیت میں اہل کتاب کے ساتھ جنگ کرنے کے قواعد و ضوابط بیان کیے جا رہے ہیں۔

۴۰؎ اہل کتاب کے ساتھ جنگ کی اجازت کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ ان میں چار بنیادی خرابیاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات پر ان کا ایمان نہیں کیونکہ انھوں نے اس کے بیٹے مان رکھے ہیں۔ روزِ قیامت جو روزِ حساب ہے اس کے متعلق بھی انھوں نے من گھڑت تصورات قائم کر رکھے ہیں۔ ان کی آسمانی کتابوں میں جو احکام الٰہی ہیں ان کو انھوں نے اپنی خواہشات نفسانی کی نذر کر دیا ہے جس حکم کو چاہا مان لیا اور جس کو چاہا نظر انداز کر دیا اور دینِ حق (اسلام) جب ان کے سامنے پیش کیا گیا تو اس کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ ایسے لوگ اگر تسلط و اقتدار کے مالک بن گئے تو ظلم و تشدد کا دروازہ کھل جائے گا۔ اس

اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

اللہ نے اور اس کے رسول نے اور نہ قبول کرتے ہیں سچے دین کو ان لوگوں میں سے جنھیں کتاب دی گئی ہے

الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿٢٩﴾ ع

یہاں تک کہ دیں وہ جزیہ ۷۱ اپنے ہاتھ سے اس حال میں کہ وہ مغلوب ہوں ۲۲ ہ

لیے اگر ان کی طرف سے حملہ یا نقض امن کا خطرہ ہو تو ان سے جنگ کرنے کے لیے تیار ہو جاؤ۔

۷۱ ۔ اگر وہ اسلام کی بالادستی کو تسلیم کرتے ہوئے مملکتِ اسلامیہ کا پُرامن شہری بن کر رہنا چاہیں تو وہ جزیہ ادا کر کے ایسا کر سکتے ہیں۔ جزیہ وہ ٹیکس ہے جو کسی مملکت کے شہریوں پر عائد کیا جاتا ہے اور کتبِ تاریخ کا مطالعہ کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا آغاز اسلام سے پہلے نوشیرواں نے کیا تھا اور عرب کے وہ صوبے جو ایرانیوں کی عملداری میں تھے اس سے خوب واقف تھے۔ اسی لیے جب یمن کے عیسائی (اہلِ نجران) بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے تو انھوں نے اسلام قبول کرنے سے معذرت پیش کی لیکن ساتھ ہی جزیہ ادا کرنے پر آپ سے صلح کر لی۔ چنانچہ تاریخِ اسلام میں یہ پہلا جزیہ ہے جو وصول کیا گیا۔ جزیہ کے عائد کرنے کی مختلف وجوہات جو علماء نے بیان کی ہیں صاحب المنار نے انھیں یکجا بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ ان کے قتل نہ کیے جانے کا بدل ہے یا ان کی حفاظت اور ان کو فوجی خدمات سے مستثنیٰ کرنے کا معاوضہ ہے یا وہ مساویانہ حقوق جو انھیں مملکتِ اسلامیہ کا شہری ہونے کی وجہ سے حاصل ہیں اور انھیں مذہبی اور معاشی آزادی جو دی گئی ہے یا ان کے مال و جان و آبرو کی حفاظت کی جو ذمہ داری لی گئی یہ اس کا معاوضہ ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی سیرت کا مطالعہ کیا جائے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ فوجی خدمات سے انھیں مستثنیٰ کرنے اور ان کے مال و جان اور آبرو کی حفاظت کی ذمہ داری لینے کا معاوضہ ہے۔ حضرت خالد بن ولید نے صلوبا بن نسطونا اور اس کی قوم سے جو معاہدہ کیا تھا اس کے الفاظ درج ذیل ہیں:۔

"هذا كتاب من خالد بن وليد لصلوبا بن نسطونا وقومه انى عاهدتكم على الجزية والمنعة فلك الذمة والمنعة وما منعناكم فلنا الجزية والا فلا. كتب سنة اثنتى عشرة فى صفر"

ترجمہ:۔ یہ عہد نامہ ہے جو خالد بن ولید نے صلوبا بن نسطونا اور اس کی قوم سے کیا۔ میں تم سے اس بات کا معاہدہ کرتا ہوں کہ تم جزیہ ادا کرو اور ہم تمھاری حفاظت کریں۔ جب تک ہم تمھاری حفاظت کریں گے ہم جزیہ وصول کرنے کے حقدار ہیں ورنہ نہیں۔ (ماہ صفر سنہ ۱۲ ھ)

اس روایت سے اور اس کی ہم معنی متعدد روایات سے پتہ چلتا ہے کہ یہ جزیہ اس ذمہ داری کا معاوضہ تھا جو مسلمان ان کی حفاظت اپنے ذمہ لیا کرتے تھے اور ایسا بھی ہوا کہ جب کبھی مسلمانوں نے محسوس کیا کہ وہ اس ذمہ داری کو پورا کرنے

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ

اور کہا یہود نے کہ عزیر اللہ کا بیٹا ہے [۴۲] اور کہا نصرانیوں نے کہ مسیح

سے قاصر ہیں تو انھوں نے جزیہ کی وصول شدہ رقم واپس کر دی۔ چنانچہ جنگِ یرموک سے پہلے جب مسلمانوں نے جنگی مصلحت کے پیشِ نظر حمص وغیرہ کو خالی کرنا ضروری سمجھا تو افواجِ اسلامیہ کے سپہ سالارِ عام حضرت ابو عبیدہ نے اپنے تمام ماتحت جرنیلوں کو حکم بھیجا کہ اپنے اپنے علاقہ سے جو جزیہ اور خراج انھوں نے وصول کیا ہے وہ لوگوں کو واپس کر دیں اور انہیں بتائیں کہ تمھاری حفاظت کی ذمہ داری ہم نے قبول کی تھی جس کے عوض تم نے ہمیں یہ رقوم دی تھیں سردست ہم اس کو نبھانے سے قاصر ہیں اس لیے ہم یہ واپس کر رہے ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ نے ہمیں دشمن پر کامیابی بخشی تو جو معاہدہ ہمارے اور تمھارے درمیان ہو چکا ہے وہ بحال رہے گا۔ اگر تم نے اسے نہ توڑا تو ہم اس کی پابندی کریں گے جب وہاں کے باشندوں نے مسلمانوں کا یہ رویہ دیکھا تو ان کی آنکھوں میں آنسو چھلکنے لگے اور وہ دعائیں مانگنے لگے کہ اللہ تعالیٰ تمھیں پھر واپس لائے اور دشمن پر غلبہ نصیب کرے ردکم اللہ علینا ونصرکم علیہم فلو کانوا ھم لم یردوا علینا شیئا "اللہ تعالیٰ تمھیں ہمارے پاس واپس لائے اور تمھاری مدد فرمائے۔ اگر وہ (رومی) ہوتے تو ہمیں پھوٹی کوڑی بھی واپس نہ کرتے" یہی وہ بے مثل کردار تھا جس نے انھیں اسلام کا گرویدہ بنا دیا۔ عہدِ فاروقی میں ہمیں ایسے متعدد واقعات دکھائی دیتے ہیں جن میں یہ تصریح ہے کہ جب جزیہ ادا کرنے والوں نے جنگ میں شرکت کی تو ان کا جزیہ معاف کر دیا گیا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ کس کس سے جزیہ لے کر صلح کی جا سکتی ہے امام ابو بکر جصاص لکھتے ہیں کہ اہلِ کتاب سے جزیہ پر صلح کرنے کا حکم قرآن کریم میں ہے اور مجوس جو اہلِ کتاب نہ تھے ان سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جزیہ قبول فرمایا۔ اس سے ثابت ہوا کہ تمام کفار سے خواہ وہ اہلِ کتاب نہ ہوں جزیہ لیکر صلح کر لینا شرعاً جائز ہے بجز عرب کے بت پرستوں کے کہ ان کے سامنے دو ہی راستے ہیں، اسلام یا تلوار۔ مولانا آزاد نے یہاں خوب لکھا ہے: "باقی رہے مشرکینِ عرب، تو ان کا سوال عملاً پیدا ہی نہیں ہوا کیونکہ سورۃ براءۃ کے نزول کے بعد تمام مشرکینِ عرب مسلمان ہو چکے تھے اور حکمتِ الٰہی کا فیصلہ یہی تھا کہ جاہلیتِ عرب کا شرک پھر یہاں سر نہ اٹھاتے" لیکن جو قبیلے یا اہلِ ملک جزیہ ادا کرنے پر صلح کرتے ہیں اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس کے تمام افراد پر بلا استثناء جزیہ کی ادائیگی لازم ہو جاتی ہے بلکہ عورتیں، بچے، بوڑھے، لنگڑے، اپاہج وغیرہ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔ ولذلک قال اصحابنا ان من لم یکن من اھل القتال فلا جزیۃ علیہ فقالوا من کان اعمی او زمنا او مفلوجا او شیخا کبیرا فانیا وھو موسر فلا جزیۃ علیہ (جصاص)

[۴۲] امام شافعی اپنی احکام القرآن میں اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں سمعت رجالا من اھل العلم یقولون الصغار ان یجری علیہم حکم الاسلام (احکام القرآن للشافعی) یعنی اہلِ علم نے اس کا معنی یہ کیا ہے کہ اسلام کے احکام ان پر نافذ کیے جائیں۔

[۴۳] جب یہود کی نافرمانیاں حد سے بڑھ گئیں، انبیاء کو بیدریغ قتل کرنا، تورات کے احکام میں من مانی تاویلات کرنا ان کی عادت بن گئی تو خدا کا عذاب بخت نصر (متوفی ۵۶۱ ق م) کی صورت میں نمودار ہوا۔ جس نے بیت المقدس کی

ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ

اللہ کا بیٹا ہے ۳۳ یہ ان کی (بے سروپا) بات ہے انکے مونہوں سے نکلی ہوئی ۳۴ نقل اتار رہے ہیں ان لوگوں کے

كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِتَّخَذُوْٓا

قول کی جنھوں نے کفر کیا پہلے ۳۶ ہلاک کرے انھیں اللہ تعالیٰ، کدھر بہکے چلے جارہے ہیں۔ انھوں نے بنا لیا

اینٹ سے اینٹ بجادی۔ یہود کو ہزاروں کی تعداد میں بے رحمی سے قتل کیا گیا اور تورات کے موجودہ نسخے بھی اس ہڑبونگ میں ضائع ہوگئے تو اس وقت حضرت عزیر جنھیں عبرانی میں عزرا (EZRA) (متوفی ۴۵۸ ق م تقریباً) کہتے ہیں نے اپنی یاد سے یہود کو تورات عہد نامہ قدیم کی املا کرادی اور کچھ مدت کے بعد جب تورات کا ایک قدیم نسخہ دستیاب ہوا تو وہ بعینہٖ اسی طرح پایا گیا جس طرح حضرت عزیر نے تحریر کرایا تھا۔ اس سے آپ کی قدرومنزلت یہود کے دلوں میں بہت بڑھ گئی اور آپ کو مجدد دین موسوی کا خطاب دیا گیا۔ اور ان میں سے بعض نے تو اتنا غلو کیا کہ انھیں ابن اللہ کہنا شروع کردیا۔ عام یہودیوں کا تو یہ عقیدہ نہ تھا صرف یہودیوں کا ایک گروہ اس کا قائل تھا جن کے نام بروایت ابن عباس یہ ہیں۔ سلام بن مشکم نعمان بن اوفی، وشاس بن قیس ومالک بن الصیف (بحر) اور اب اس عقیدہ کے لوگ ختم ہوچکے ہیں قال النقاش لمریبق یهود ی یقولها بل انقرض (بحر وغیرہ)۔ اور جب قوم کے بعض ذمہ دار افراد کسی بات کے قائل ہوں تو وہ بات ان کی ساری قوم کی طرف منسوب کی جاسکتی ہے اگرچہ ساری قوم نے وہ بات نہ بھی کہی ہو۔

۳۳ ابن اور ولد دو عربی لفظ ہیں۔ ولد تو صُلبی اولاد کو ہی کہا جاتا ہے۔ ابن کا اگرچہ حقیقی معنی یہی ہے لیکن بطور مجاز محبوب اور لاڈلے کو بھی ابن کہہ دیتے ہیں جیسے نحن ابناء اللّٰه و احباؤه میں ہے۔ حضرت مسیح علیہ السلام کے متعلق عیسائیوں کی اکثریت کا عقیدہ تو یہی ہے کہ ابن کا معنی (SON OF GOD) ہے لیکن بعض اس سے اس کا مجازی معنی مُراد لینے لگے ہیں۔ علامہ ابن حیان فرماتے ہیں کہ جب نبوت محمدی کا نور ظہور ہوا اور ابنیت کے عقیدہ کے بُطلان پر اٹل دلائل قائم کردیے گئے اور مناظروں میں بھی عیسائیوں کو لاجواب ہونا پڑا تو لاچار ہو کر انھوں نے ابن اللہ کا یہ مجازی مفہوم (یعنی محبوب) بیان کرنا شروع کردیا ویقال ان بعضهم يعتقدها بنوة حنو و رحمة وهذا القول لم يظهر الا بعد النبوة المحمدية و ظهور دلائل صدقها و بعد ان خالطوا المسلمين و ناظروهم فرجعوا عما كانوا يعتقدون فى عيسى (بحر المحيط)

۳۴ علماء معانی نے یہاں یہ نکتہ بیان کیا ہے کہ قرآن میں جہاں کہیں قول کے ساتھ فم (منہ) یا لسان (زبان) مذکور ہے وہاں اس کا معنی غلط اور بے سروپا بات ہے یعنی ان کے پاس اس عقیدہ کی کوئی دلیل نہیں یونہی تک بازی اور زبانی باتیں ہیں۔

۳۵ یضاهئون کا معنی ہے یشابهون۔ اسی وجہ سے اس عورت کو بھی ضہیاء کہتے ہیں جس میں انوثت کی علامات

اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ

اپنے پادریوں اور اپنے راہبوں کو (اپنے) پروردگار اللہ کو چھوڑ کر ٥٣ اور مسیح فرزند

مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ

مریم کو بھی۔ حالانکہ نہیں حکم دیا گیا تھا انھیں بجز اس کے کہ وہ عبادت کریں (صرف) ایک خدا کی۔ نہیں کوئی خدا بغیر اس کے

سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۱﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔـوْا نُوْرَ اللّٰهِ

وہ پاک ہے اس سے جسے وہ اس کا شریک بناتے ہیں ٥٤ یہ لوگ چاہتے ہیں کہ بجھا دیں اللہ کے نور کو ٥٥

نہ پائی جاتی ہوں اور وہ اپنے چہرہ مہرہ سے مردوں کی ہمشکل دکھائی دے۔ آیت کے ان الفاظ سے اس امر کی طرف اشارہ فرمایا کہ یہودی اور عیسائی جو حقیقت میں توحید کے علمبردار تھے ان میں مشرکانہ نظریات سرایت کرنے کی وجہ یہ ہے کہ ان کے ارد گرد جو مشرک قومیں آباد تھیں وہ خدا کو مجسم چیز مانتی تھیں۔ اور دوسری اشیاء میں اس کے حلول کی قائل تھیں مثلاً یونان کے فلسفی۔ ان سے یہ لوگ متاثر ہوئے اور ان کے مشرکانہ نظریات کو بڑی فراخدلی سے اپنے دین توحید میں داخل کر لیا۔ یہودی اور عیسائی مذہب کس طرح یونانی، رومی اور مصری فلسفیانہ نظریات سے متاثر ہوا، یہ اب کوئی راز نہیں رہا بلکہ یورپ کے محققین نے اس پر سیر حاصل کتابیں لکھ کر قرآن حکیم کے اس ارشاد کی تائید کر دی ہے۔

٥٣ احبار جمع ہے حبر کی۔ اہل تفسیر اسے حَبر (بالفتح) اور اہل لغت اسے حِبر (بالجر) پڑھتے ہیں۔ لیکن فراء نے کہا ہے کہ دونوں طرح صحیح ہے۔ الکسر والفتح لغتان۔ اس کا معنی ہے جید عالم جو بڑی عمدگی اور سلیقہ سے بات کرسکے وھو الذی یحسن القول وینظمه ویتقنه بحسن البیان عنه (قرطبی)۔ رہبان راہب کی جمع ہے جو رھبة بمعنی خوف سے ماخوذ ہے یعنی وہ لوگ جو اللہ کے خوف سے اپنی ساری زندگی اس کی عبادت کے لیے وقف کر دیتے ہیں۔

٥٤ حضرت عدی بن حاتم پہلے عیسائی تھے۔ اب انھوں نے اسلام قبول کیا تھا۔ انھوں نے بارگاہ رسالت میں عرض کی یا رسول اللہ! ہم تو انھیں رب نہیں مانتے۔ قرآن کی اس آیت کا کیا مطلب ہے۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر وہ حلال چیزوں کو حرام اور حرام چیزوں کو حلال کر دیتے تو کیا تم ان کی ان باتوں کو نہیں مانتے تھے۔ عدی نے عرض کی کہ ایسا تو ہم کرتے تھے۔ حضور نے فرمایا یہی ان کو رب ٹھیرانا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی حلال کی ہوئی چیزوں کو اگر کوئی حرام کر دے یا ان کی حرام کردہ چیزوں کو حلال قرار دے تو اس نے گویا تشریع وقانون سازی جو صرف اللہ تعالیٰ کا حق ہے اس کو اپنے ہاتھ میں لے لیا اور جن لوگوں نے اس کی ان باتوں کو مان لیا۔ گویا انھوں نے اس کی خدائی کو تسلیم کر لیا۔

٥٥ ابتدائے اسلام سے لے کر آج تک اسلام کے اس روشن چراغ کو بجھانے کی کتنی کوششیں کی گئیں۔ یہودیت، عیسائیت

بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٣٢﴾

اپنی پھونکوں سے اور انکار فرماتا ہے اللہ مگر یہ کہ کمال تک پہنچا دے اپنے نور کو اگرچہ ناپسند کریں (اس کو) کافر۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ

وہی (قادر مطلق) ہے جس نے بھیجا اپنے رسول کو (کتاب) ہدایت اور دین حق دے کر تاکہ غالب کر دے اسے

عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

تمام دینوں پر ٦٠ اگرچہ ناگوار گزرے (یہ غلبہ) مشرکوں کو۔ اے ایمان والو!

اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ

بیشک اکثر پادری اور راہب کھاتے ہیں لوگوں کے مال

بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ

ناجائز طریقہ سے ٦١ اور روکتے ہیں (لوگوں کو) راہ خدا سے ٦٢ اور جو لوگ جوڑ کر رکھتے ہیں ٦٣

اور شرک و کفر نے سر جوڑ جوڑ کر علانیہ مقابلے بھی کیے اور سازشوں کے خطرناک جال بھی بچھائے لیکن اسلام کا نور درخشاں ہی رہا اور رہے گا۔ اس کے ماننے والوں کی تعداد بڑھتی ہی رہی اور بڑھتی ہی رہے گی۔ خداوند عالم کا یہ وعدہ ہے کہ دنیا کی کوئی طاقت نبوت مصطفوی کے آفتاب جہانتاب کو گرہن نہیں لگا سکتی۔

٦٠ جہاں تک دلیل و برہان کا تعلق ہے اسلام کا غلبہ تمام دوسرے مذاہب پر ہر جگہ اور ہر زمانہ میں مسلّم رہا ہے اور جب کبھی ملت اسلامیہ نے احکام الٰہی کو صدق دل سے اپنایا تو سیاسی اقتدار بھی انہی کی کنیز بنا رہا اور جب کبھی انھوں نے احکام الٰہی پر عمل کرنے میں غفلت اور کوتاہی برتی تو ان کا سیاسی زوال بھی شروع ہو گیا۔ اور اسلام کے غلبہ کی یہ بھی ایک روشن دلیل ہے۔

٦١ قانون سازی کے اختیارات اپنے ہاتھ میں لے کر بنی اسرائیل کے عالموں اور راہبوں نے طرح طرح کے حیلوں بہانوں سے لوگوں کا مال لوٹنا شروع کر دیا۔ عیسائی مذہبی رہنماؤں کو قرون وسطیٰ میں جو تسلط اور اقتدار حاصل رہا اس سے انھوں نے کس طرح ناجائز فائدہ اٹھایا اور کس بے دردی سے اپنے عقیدت مندوں کی دولت کو ہتھیایا اس کی روداد بڑی دلچسپ اور بڑی المناک ہے۔ کیتھولک فرقہ کا پوپ جنت کے ٹکٹ قیمتاً فروخت کیا کرتا تھا۔ اس کے نائب بھی

الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ

سونا اور چاندی ۵۲ اور نہیں خرچ کرتے اسے اللہ کی راہ میں تو انھیں خوشخبری سنا دیجیے

بخشش گناہ کے پروانے لکھ کر دیا کرتے تھے اور خریدار اپنی مالی استطاعت کے مطابق اس کی قیمت ادا کیا کرتا تھا۔ بادشاہوں، شہزادوں، اُمراء، وزراء اور قوم کے دولتمند طبقہ کی خاطر حلال کو حرام اور حرام کو حلال کر دیا کرتے اور اس طرح ان سے منہ مانگے نذرانے وصول کرتے۔ رشوت لے کر مقدمات کا فیصلہ کرتے اس کے علاوہ اور متعدد طریقے تھے جن سے وہ دولت کے پجاری دولت جمع کرنے میں شب و روز مصروف رہا کرتے لیکن یہ چیز کبھی ذہن سے نہ اترے کہ یہی بدکاریاں اگر اسلام کے عالم اور پیر کریں گے تو وہ بھی اسی طرح مجرم قرار دیے جائیں گے بلکہ ان کا جرم اور زیادہ سنگین ہوگا کیونکہ وہ سید المرسلین خاتم النبیین کی آخری شریعت کے امین اور نگہبان ہیں۔

۵۲ صرف اتنا ہی نہیں کہ وہ اپنی حرص کی تکمیل کے لیے یہ نازیبا حرکتیں کرتے ہیں بلکہ وہ طرح طرح کے شکوک و شبہات پیدا کر کے لوگوں کو حق قبول کرنے سے بھی متنفر کرتے ہیں۔ وہ خوب جانتے ہیں کہ یہ دھاندلی اسی وقت تک رہے گی جب تک لوگ ان کے دامِ فریب میں گرفتار ہیں اور اگر اس کے پرزے اڑ گئے تو پھر یہ سادہ لوح ان کے قابو میں آنے کے نہیں۔

۵۳ اگرچہ بعض علماء نے اس آیت کو بھی اہل کتاب سے مخصوص کیا ہے لیکن صحیح قول یہ ہے کہ اس میں اہل کتاب اور مسلمان سب داخل ہیں جس میں یہ خرابی ہوگی وہ اس سزا کا مستحق ہوگا۔ وقال ابوذر وغیرہ المراد بہا اہل الکتاب وغیرہم من المسلمین وهو الصحيح (قرطبی) کیونکہ اگر صرف اہل کتاب مراد ہوتے تو پھر الّذین کے اضافہ کی ضرورت نہ تھی۔

۵۴ کنز لغت میں اس مال کو کہتے ہیں جسے اکٹھا کر کے جمع کر دیا جائے۔ الکنز اصلہ فی اللغۃ الضم والجمع۔
اس آیت کے متعلق صحابہ کا آپس میں اختلاف ہے۔ حضرت ابوذرؓ کی رائے ہے کہ وہ مال جو ضرورت سے زیادہ ہو اس کو جمع کر کے رکھنے کی یہی سزا ہے جو اس آیت میں مذکور ہے۔ لیکن جمہور صحابہ جن میں خلفاء راشدین بھی ہیں کا مذہب یہ ہے کہ ہر وہ مال جس کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے وہ اس وعید میں داخل نہیں۔ ان الکنز اسم لما لم یؤد زکاتہ المفروضۃ (جصاص) حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ جس مال کی زکوٰۃ ادا کر دی گئی ہو وہ کنز نہیں اگرچہ وہ سات زمینوں کے نیچے مدفون ہو اور جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی جائے وہ کنز ہے خواہ وہ ظاہر ہی کیوں نہ ہو۔ ما أدی زکاتہ فلیس بکنز وان کان تحت سبع ارضین وما لم تؤد زکاتہ فهو کنز وان کان ظاهرا (المنار) حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے عہدِ ہمایوں میں بھی مالدار صحابہؓ (حضرت عثمانؓ و عبد الرحمٰنؓ) موجود تھے اور حضورؐ نے انھیں کبھی حکم نہیں دیا کہ تم سارا مال صدقہ کر دو بلکہ حضرت سعد بن ابی وقاص نے جب اپنا سارا مال راہِ خدا میں دینے کا ارادہ ظاہر کیا تو حضورؐ نے منع فرمایا۔ ہاں اگر صورتِ حال نازک ہو جائے، عام قحط سالی کا دور دورہ ہو، لوگ فاقوں مر رہے ہوں، بیت المال خالی ہو چکا ہو، اس وقت صرف زکوٰۃ کی ادائیگی پر اکتفا نہیں کیا جائیگا بلکہ حاکمِ وقت ضرورت کے مطابق زکوٰۃ سے زیادہ بھی وصول کر سکتا ہے۔ ان حالات میں دولت کا جمع رکھنا بھی جائز

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۴﴾ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى

دردناک عذاب کی - جس دن تپایا جائیگا ۵۸ (یہ سونا چاندی) جہنم کی آگ میں پھر داغی جائیں گی

بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ

اس سے اُن کی پیشانیاں اور اُن کے پہلو اور ان کی پشتیں (اور انھیں بتایا جائیگا) کہ یہ ہے جو تم نے جمع کر رکھا تھا

فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا

اپنے لیے تو (اب) چکھو (سزا اس کی) جو تم جمع کیا کرتے تھے - بیشک مہینوں کی تعداد اللہ تعالیٰ کے نزدیک بارہ

عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ

ماہ ہے کتاب الٰہی میں جس روز سے اس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو ان میں سے

اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ

چار عزت والے ہیں - یہی دین قیّم ہے ۵۹ پس نہ ظلم کرو ان مہینوں میں

نہ ہوگا ولا یجوز انخار لذھب و الفضۃ فی مثل ذلک الوقت (قرطبی) -

۵۸ اس کی وضاحت کے لیے یہ حدیث ہی کافی ہے جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے: ما من صاحب ذھب وفضۃ لا یؤدی منہا حقہا الا اذا کان یوم القیامۃ صفحت لہ صفائح من نار فاحمی علیہا فی نار جہنم فیکوی بہا جنبہ وجبینہ وظہرہ کلما بردت اعیدت لہ: جس شخص کے پاس سونا اور چاندی ہو لیکن وہ اس کا حق ادا نہیں کرتا تو قیامت کے دن اس کی تختیاں بنائی جائیں گی اور انھیں آتش جہنم میں گرم کر کے اس شخص کے پہلو، پیشانی اور پشت پر داغ لگائے جائیں گے جب بھی وہ ٹھنڈی ہو جائیں گی انھیں پھر گرم کر دیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل ہمیں دردناک انجام سے بچنے کی توفیق ارزانی فرمائے، آمین

۵۹ بارہ قمری مہینوں میں سال کی یہ تقسیم کسی انسان کا فعل نہیں تاکہ اس میں ردوبدل کی گنجائش ہو بلکہ خالق ارض و سما نے یہ محکم نظام روز ازل سے قائم فرمایا ہے - اس میں کوئی اپنی خواہش اور مصلحت کے پیش نظر تبدیلی نہیں کر سکتا۔ ان بارہ مہینوں سے چار ماہ رجب، ذوالقعدہ، ذی الحجہ اور محرم حرمت والے مہینے ہیں - ان میں ہر طرح کا فتنہ و فساد اور جنگ و قتال قطعاً ممنوع ہے - زمانہ جاہلیت میں بھی اہل عرب ان مہینوں کا بڑا احترام کیا کرتے تھے اور اگر اپنے باپ کا قاتل

أَنفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ كَافَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَافَّةً

اپنے آپ پر۔ اور جنگ کرو تمام مشرکوں سے ۵۹ جس طرح وہ سب تم سے جنگ کرتے ہیں اور

وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ۝ إِنَّمَا النَّسِيءُ زِيَادَةٌ فِي

خوب جان لو کہ اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ (حرمت والے مہینوں کو) ہٹا دینا ۲۰ تو اور اضافہ کرتا ہے

بھی انھیں مل جاتا تو اسے بھی کچھ نہ کہتے۔ کتاب اللہ سے مراد یا تو لوح محفوظ ہے یا قرآن حکیم۔

۵۷ یہی محکم شریعت ہے یا سال کی تقسیم کا یہی صحیح حساب ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ شرعی احکام کی بجا آوری میں انھیں قمری مہینوں کا اعتبار ہوگا۔ قیّم اصل میں قیوم تھا پھر سید کی طرح اس میں بھی تعلیل ہوئی۔

۵۸ احکام الٰہی سے سرتابی ہر وقت بُری ہے۔ لیکن ان حرمت والے مہینوں میں نافرمانی بہت ہی قبیح ہے اس لیے خصوصی طور پر ان مہینوں میں نافرمانی سے باز رہنے کی تاکید فرمائی۔ نیز جس طرح مقدس مقامات اور مبارک اوقات میں نیکی کا ثواب زیادہ ملتا ہے اور اس کی برکات کا نزول دل پر زیادہ ہوتا ہے۔ اسی طرح ان مقامات اور اوقات میں نافرمانی کی سزا بھی زیادہ ہوتی ہے اور طبیعت انسانی پر اس کی نحوست کا اثر بھی زیادہ ہوتا ہے۔ ان وقوع الطاعة فی ھذہ الاوقات اکثر تاثیرا فی طہارۃ النفس و وقوع المعاصی فیھا اقوی تاثیرا فی خبث النفس (کبیر)

۵۹ اگر مشرک ان مہینوں کے احترام کو پس پشت ڈال دیں اور تم سے جنگ کرنے پر آمادہ ہو جائیں تو تم بھی متفق اور متحد ہو کر ان کے سامنے سد سکندر بن جاؤ۔ کافۃ کف کا مصدر ہے اور یہاں حال واقع ہوا ہے۔ واحد، تثنیہ، جمع مذکر و مؤنث سب کے لیے یہی آتا ہے۔

۶۰ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے عہد سے سال کے یہ چار مہینے حرمت اور عزت والے شمار ہوتے تھے اور ان میں لڑائی کرنے کی سخت ممانعت کر دی گئی تھی۔ نیز فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے ماہ ذوالحجہ کی تاریخیں مقرر تھیں کچھ عرصہ بعد اہل عرب پر اس حکم کی پابندی گراں گزرنے لگی۔ ان کا پیشہ قزاقی، رہزنی اور بار دھاڑ بن کر رہ گیا تھا۔ تین ماہ تک متواتر (ذی قعدہ، ذی الحجہ، محرم) ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھے رہنا ان کے لیے ناقابل برداشت تھا اس لیے انھوں نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ ان مہینوں میں سے جس کو چاہا حلال کر لیا اور اس میں جی بھر کر قتل و غارت کی اور اس کی جگہ سال کے کسی دوسرے مہینہ کو حرام کر دیا حرمت والے مہینوں کی تعداد بھی چار رہی اور ان کا کام بھی بن گیا۔ نیز حج علاوہ ایک عبادت کے ان کے لیے ایک بہت بڑا تجارتی میلہ بھی تھا۔ دور دراز سے تجارتی قافلے آتے جس سے انھیں بہت نفع ہوتا لیکن حج کا فریضہ کیونکہ قمری سال کے ذی الحجہ کے مہینہ میں ادا کیا جاتا تھا اس لیے یہ ایسے موسم میں بھی آ جاتا جب کہ سخت سردی یا گرمی ہوتی اور موسم کی اس ناسازگاری کی وجہ سے ان کا کاروبار ماند پڑ جاتا اور انھیں دلخواہ نفع نہ ہوتا۔ اس مشکل کا حل انھوں نے یہ تجویز کیا کہ حج ہمیشہ معتدل موسم میں ادا

الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّ يُحَرِّمُوْنَهٗ

کفر میں گمراہ کیے جاتے ہیں اس سے وہ لوگ جو کافر ہیں حلال کر دیتے ہیں ایک ماہ کو ایک سال اور حرام کر دیتے ہیں

عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ زُيِّنَ

اسی کو دوسرے سال تاکہ پوری کریں گنتی ان مہینوں کی جنھیں حرام کیا ہے اللہ نے تاکہ اس حیلہ سے حلال کریں جسے حرام کیا

لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِی الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾

ہے اللہ نے [۱۱] آراستہ کر دیئے گئے ہیں انکے لیے انکے بُرے اعمال اور اللہ ہدایت نہیں دیتا اس قوم کو جو کفر اختیار کیے ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اے ایمان والو! کیا ہو گیا ہے تمھیں کہ جب کہا جاتا ہے تمھیں کہ نکلو راہِ خدا میں [۱۲]

کیا جاتے اس کے لیے انھوں نے حج کی مقررہ تاریخوں کو بدل دیا اور قمری سال کے بارہ مہینوں میں کبیسہ کا ایک مہینہ بڑھا دیا اس طرح تینتیس سال کے بعد صرف ایک بار حج اپنی صحیح تاریخوں ۹، ۱۰ ذی الحجہ کو ادا کیا جاتا۔ ان دونوں صورتوں میں چونکہ صرف اپنی ذاتی سہولتوں اور مالی منفعتوں کے لیے وہ اللہ تعالیٰ کے اٹل اور محکم احکام میں ردوبدل کر لیا کرتے تھے اس لیے ان کے اس فعل کو زیادۃ فی الکفر کے لفظ سے تعبیر فرمایا۔ سنہ ۱۰ھ میں جب رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم حجۃ الوداع کے لیے مکہ تشریف لے گئے تو اس سال ان کے دستور کے مطابق بھی حج ۹، ۱۰ ذی الحجہ کو ادا ہونا قرار پایا تھا اس لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والثناء نے فرمایا ان الزمان قد استدار کھیئتہ یوم خلق اللہ السموات والارض یعنی اس سال بھی حج انہی تاریخوں میں ادا کیا گیا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے علم ازلی میں اس کے لیے مقرر فرمائی تھیں۔ اس میں مسلمانوں کے لیے بھی درسِ عبرت ہے کہ وہ اپنی ذاتی مصلحتوں اور دوسرے وجوہ کے لیے احکامِ الٰہی میں ردوبدل نہ کریں۔ نسا کا لغوی معنی ہے کسی چیز کو اپنے وقت سے مؤخر کر دینا۔ قال الجوهري النسیٔ فعیل بمعنی مفعول من قولك نسأت الشیٔ فهو منسوء اذا اخرته (قرطبی)۔

[۱۱] یہی سب سے بڑی بدبختی ہے کہ انسان گناہوں کو ثواب اور مضر چیزوں کو نفع رساں سمجھ کر اختیار کر لیتا ہے اور یہ شیطان کا وہ دامِ فریب ہے جس سے توفیقِ الٰہی کی یاوری کے بغیر کوئی بچ نہیں سکتا۔ یاحی یاقیوم برحمتك استغیث لاتکلنی الی نفسی طرفۃ عین واصلح لی شانی کلہ۔

[۱۲] جب غزوۂ طائف وحنین سے فارغ ہو کر مسلمان مدینہ طیبہ پہنچے تو شام سے اطلاعیں آنے لگیں کہ قیصرِ روم

اَثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ

تو بوجھل ہو کر زمین کی طرف جھک جاتے ہو۔ کیا تم نے پسند کر لی ہے دُنیا کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں۔

فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿٣٨﴾ اِلَّا تَنْفِرُوْا

سو نہیں ہے سروسامان دنیوی زندگی کا آخرت میں مگر قلیل۔ اگر تم نہیں نکلو گے ۳۳

اپنے لشکر جرار کے ساتھ مدینہ پر چڑھائی کا ارادہ کر رہا ہے اور غسان کا بادشاہ جو نسلاً عرب اور مذہباً عیسائی تھا وہ بھی اس کے ہمراہ ہے۔ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا یہاں انتظار کرنے کے بجائے خود اس کے ملک پر چڑھائی کا عزم فرمایا اور مسلمانوں کو جہاد میں شرکت کی دعوت دی۔ سخت گرمی کا موسم تھا۔ پکی ہوئی کھجوروں کے نظر فریب خوشے لٹک رہے تھے۔ ٹھنڈا پانی پینے، گھنے سایہ میں بیٹھنے اور آرام کرنے کے دن تھے۔ ان حالات میں اتنی طویل مسافت طے کر کے جانا اور ایک منظم اور مسلح لشکر سے نبرد آزما ہونا کوئی کھیل تماشا نہ تھا۔ منافق تو سب کے سب جھوٹے بہانے بنا کر الگ ہو گئے۔ بعض مسلمانوں کو بھی ابتداء میں یہ سفر بہت مشکل نظر آیا۔ اس وقت ربِّ ذوالجلال نے اس پُر جلال انداز میں جہاد کی دعوت دی جس سے اہل ایمان کی آنکھیں کھل گئیں سستی اور کاہلی کافور ہو گئی اور سب کے سب (باستثناء تین) سر بکف اپنے محبوب رسُول کی قیادت میں قیصر کی افواج قاہرہ کو للکارنے کے لیے روانہ ہو گئے۔ انفروا کا معنی ہے ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف بڑی تیزی اور سُرعت کے ساتھ منتقل ہونا النفرھو الننقل بسرعة من مکان الی مکان لامر یحدث۔ اور اثاقلتم کا معنی ہے بوجھل ہو جانا اس میں بھی زجر و توبیخ ہے کہ کیا وجہ ہے کہ راہِ جہاد میں تمہارے قدم نہیں اُٹھ رہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تم بوجھ تلے لدے ہو اور زمین پر گرا چاہتے ہو۔

۳۳ دعوتِ جہاد قبول نہ کرنے پر جو آثار مرتب ہوتے ہیں ان کا ذکر فرمایا جا رہا ہے یعنی اگر تم جذبہ سرفروشی سے سرشار ہو کر میدانِ جہاد میں نہ نکلے تو تمہیں دنیا و آخرت کے دردناک عذاب میں مبتلا کر دیا جائے گا۔ دُنیا میں تمہاری عزت و دبدبہ خاک میں مل جائے گا اور آخرت میں دوزخ کا ایندھن بنا دیئے جاؤ گے یہی سزا کچھ کم نہ تھی لیکن اس کے بعد جس چیز کا ذکر ہو رہا ہے وہ تو اس سے بھی سنگین ہے۔ ارشاد ہے کہ ہم نے جو تمہیں اپنے دینِ متین کی خدمت کی سعادت اور اپنے محبوب رسُول کی غلامی کا شرف عطا فرمایا ہے اس سے محروم کر دیئے جاؤ گے اور کسی اور قوم کو یہ خدمت تفویض کر دی جائے گی۔ اللہ اکبر! اے غفلت کی نیند سونے والے مسلمان! اے دعوئے ایمان کے باوجود اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں احکامِ خداوندی کے خلاف علمِ بغاوت بلند کرنے والی اُمت! سُن رہے ہو اس ربِ ذوالجلال کا ارشاد، اس کی محکم کتاب کا اٹل فیصلہ اگر اس نے اپنی بارگاہِ رضا و قرب سے نکال دیا، اگر اس نے اسلام کی زرتار قبا اُتار لی، اگر فراق کی منحوس رات نے اپنا دامن پھیلا دیا تو پھر کیا کرو گے ؎ ہجر کی رات کاٹنے والو کیا کرو گے اگر سحر نہ ہوئی؟

يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوهُ

تو اللہ عذاب دیگا تمہیں دردناک عذاب۔ اور بدل کر لے آئیگا کوئی دوسری قوم تمہارے علاوہ اور تم نہ بگاڑ سکو گے اس کا

شَيْئًا ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٣٩﴾ إِلَّا تَنصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ

کچھ ۶۵؎ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ اگر تم مدد نہ کروگے رسول کریم کی ۶۶؎ تو (کیا ہوا) اُن کی

اے اہلِ سنت وجماعت کے رہنماؤ! ہماری صفوں کا انتشار کب تک بڑھتا رہے گا۔ شمع توحید و رسالت کے پروانے کب تک مختلف جتھوں میں بٹے رہیں گے؟ اپنے متوسلین اور معتقدین کے اعتماد کی قوت جو تمہیں میسر ہے وہ کب تک بیکار پڑی رہے گی؟ دلوں کے اُداس اور سنسان ویرانوں میں کب آرزوؤں کے چراغ روشن کروگے؟ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے مصطفیٰ کریم کی خوشنودی کے لیے اسلام کی سربلندی کے لیے سب ایک ہو جاؤ۔ اپنی ذات، اپنے وقار کو ملت کی صفوں میں انتشار کا سبب نہ بننے دو۔ اپنوں کو بیگانہ بنانے کے طریقے چھوڑ دو، بیگانوں کو اپنا بنانے کا سلیقہ اختیار کرو جو آپ کے خواجگانِ طریقت علیہم الرضوان کا اُسوہ تھا۔

۶۵؎ دینِ اسلام کی خدمتگذاری تمہیں پر موقوف نہیں، اسلام کا نور تو ہمیشہ فروزاں رہے گا اور اس کا پرچم تا ابد لہراتا رہے گا۔ یہ کام اگر تم نے نہ کیا تو کوئی دوسرا یہ سعادت حاصل کرے گا اور تمہیں محروم کر دینے سے خدا کی خدائی میں کوئی فرق نہیں پڑ جائے گا۔

۶۶؎ اس آیت پاک میں ہجرت کا واقعہ ذکر کر کے بتایا کہ اگر تم اس کے ہمراہ جہاد پر نہ گئے تو جس پروردگار نے اس نازک وقت میں اپنے حبیب کی اعانت فرمائی تھی وہ اب بھی اس کا ناصر اور معین ہے۔ ہجرت کا مختصر واقعہ یوں ہے کہ کفار نے اپنی مجلس شوریٰ میں طے کر لیا کہ آج رات تمام قبیلوں کا ایک ایک جوان حضور کریم کے گھر کا محاصرہ کرے اور جب آپ باہر نکلیں تو سب یک بارگی حملہ کر کے حضور کو شہید کر دیں۔ اسی رات کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ اے حبیب! صدیق کو ساتھ لو اور آج مکے سے ہجرت کر کے مدینہ کو سدھارو۔ وامرك ان تستصحب ابابكر (تفسیر حسن عسکری) حضور نے حضرت علی کو اپنے بستر پر سونے کا حکم دیا اور ارشاد فرمایا کہ کوئی تمہارا بال بھی بیکا نہ کر سکے گا۔ صبح لوگوں کی امانتیں جو ہمارے پاس ہیں ان کو پہنچا دینا اور پھر تم بھی مدینہ کا قصد کرنا۔ حضور باہر نکلے تو کفار محاصرہ کیے ہوئے تھے۔ سورۂ یٰسین کی ابتدائی آیتیں وجعلنا من بين ايديهم سدا الخ تک پڑھ کر ان پر دم کیا ان پر غنودگی کی کیفیت طاری ہو گئی اور حضور بخیر و عافیت ان کے نرغے سے نکل کر صدیق کے گھر کی طرف روانہ ہو گئے۔ ان کو ہمراہ لے کر مکہ سے نکلے اور کوہ ثور کے ایک غار میں آکر قیام فرمایا۔ اس کا منہ بہت تنگ تھا۔ صرف لیٹ کر ہی انسان اندر داخل ہو سکتا تھا۔ حضرت صدیق پہلے خود اندر گئے۔ غار کو تمام خس و خاشاک سے صاف کیا۔ جتنے سوراخ تھے ان کو بند کیا ایک سوراخ باقی رہ گیا اس میں اپنے پاؤں کی ایڑی رکھ دی اور عرض کی

اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ

مدد فرمائی ہے خود اللہ نے جب نکالا تھا ان کو کفار نے۔ آپ دوسرے تھے دو سے جب وہ دونوں غار (ثور) میں تھے

اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ

جب وہ فرما رہے تھے اپنے رفیق کو کہ مت غمگین ہو یقیناً اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے۔ پھر نازل کی اللہ نے

کہ حضور اندر قدم رنجہ فرمائیں۔ حضورؐ تشریف لائے۔ صدیقؓ کے زانو پر سرِ مبارک رکھا اور استراحت فرما ہو گئے۔ صدیقؓ کے بخت کی یاوری کا کیا کہنا بیتاب نگاہیں اور بیقرار دل اپنے محبوب کے رُوئے زیبا کے مشاہدہ میں مستغرق ہے نہ دل سیر ہوتا ہے اور نہ آنکھیں۔ وہ حُسنِ سرمدی وہ جمالِ حقیقی جس کی دل آویزیوں نے چشمِ فطرت کو تصویرِ حیرت بنا دیا تھا آج صدیقؓ کے آغوش میں جلوہ فرما ہے۔ اے بختِ صدیقؓ کی رفعتو! تم پر یہ خاک پریشان قربان اور یہ قلبِ حزیں نثار! اسی اثنا میں حضرت صدیقؓ کی ایڑی میں سانپ نے ڈس دیا۔ زہر سارے جسم میں سرایت کر گیا لیکن کیا مجال کہ پاؤں میں جنبش تک ہوتی ہو۔ حضور بیدار ہو گئے۔ اپنے یارِ غار کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر وجہ دریافت فرمائی۔ پھر جہاں سانپ نے ڈسا تھا وہاں اپنا لعابِ دہن لگایا جس سے درد اور تکلیف کافور ہو گئی۔ اہلِ مکہ تلاش میں اِدھر اُدھر مارے مارے پھر رہے تھے۔ ایک ماہر کھوجی کے ہمراہ پاؤں کے نشان دیکھتے دیکھتے اس غار کے دہانے تک پہنچ گئے۔ جب قدموں کی آہٹ سنائی دی تو حضرت ابوبکرؓ نے جھانک کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ کفار کی ایک جماعت غار کے مُنہ پر کھڑی ہے۔ اپنے محبوب کو یوں خطرہ میں گھرا دیکھ کر بے چین ہو گئے۔ اور عرض کی یا رسول اللہ! اگر انھوں نے جھانک کر دیکھا تو ہمیں پا لیں گے۔ حضور رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یا ابابکر ما ظنك باثنين الله ثالثهما۔ اے ابوبکر! ان دو کی نسبت تمہارا کیا خیال ہے جن کا تیسرا اللہ تعالیٰ ہو۔ نبی کی قوتِ یقین ملاحظہ ہو۔ یہ ہے توکل علی اللہ کا وہ مقام جو شانِ رسالت کے شایاں ہے اس وقت اللہ تعالیٰ نے اطمینان و تسکین کی ایک مخصوص کیفیت اپنے حبیبِ مکرم پر نازل فرمائی اور حضورؐ کے صدقے حضرت ابوبکرؓ پر بھی اس کا ورود ہوا جس سے ان کی ہر طرح کی پریشانی دُور ہو گئی۔ حضورؐ تین دن تک وہاں قیام فرما رہے۔ حضرت اسماءؓ حضرت صدیقؓ کی بڑی صاحبزادی آ کر کھانا پہنچا جاتیں۔ آپ کے صاحبزادے ہر روز کی نئی خبریں دے جاتے اور آپ کا چرواہا عامر بن فہیرہ رات کو ریوڑ لے آتا اور تازہ دودھ پیش کرتا۔ حضرت صدیقؓ کے کنبہ کا ہر فرد بلکہ غلام تک اتنے مخلص اور قابلِ اعتماد تھے کہ کسی نے راز کو افشا نہ کیا اور گراں قدر انعام کا لالچ ان کے غلام کے دل کو بھی نہ للچا سکا۔ کفارِ مکہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو شہید کرنے کی جو سازش کی تھی اس طرح ناکام ہوتی اور اللہ کی بات جو ہمیشہ بلند رہتی ہے اس موقع پر بھی بلند ہو گئی۔

سطورِ بالا کے مطالعہ کے بعد اس آیت کی تشریح کے لیے مزید کسی وضاحت کی ضرورت نہیں۔ ایک طالبِ حق کے لیے

اس آیت کا ہر کلمہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت و رفعت کا آئینہ دار ہے اور حضورؐ کے یارِ غار کے لازوال صدق اور مثالی وفا کا شاہد عادل ہے لیکن ستیاناس ہو تعصب اور ہٹ دھرمی کا کہ یہ دل سے خلوص، عقل سے فہم زبان سے اعتراف حق اور قلم سے اظہارِ صداقت کی جرأت سلب کر لیتی ہے اور انسان علم و دانش کے بلند بانگ دعووں کے باوجود ایسی بہکی بہکی باتیں کرنے لگتا ہے کہ سننے والے مارے شرم کے پانی پانی ہو جاتے ہیں۔ اس آیت کی تفسیر بلکہ تحریف کرتے ہوئے بعض شیعہ علماء نے جو کچھ لکھا ہے وہ اس کی ایک دردناک مثال ہے مناسب تو یہ تھا کہ ضیاء القرآن کے صفحات ایسے بے معنی مباحث سے پاک رہتے لیکن محبت اہل بیت کی آڑ میں قصرِ اسلام کو منہدم کرنے کی جو ناپاک کوششیں ہو رہی ہیں ان کا تقاضا ہے کہ ان باتوں کو بھی زیرِ بحث لایا جائے تاکہ سادہ لوح عوام کسی غلط فہمی کا شکار ہو کر متاعِ ایمان کو گم نہ کر بیٹھیں۔ واللہ ولی التوفیق۔

بعض شیعہ مصنفین نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شخصیت کو داغدار کرنے کے جنون میں آیتِ طیبہ پر اس طرح طبع آزمائی کی ہے کہ دل لرز اٹھتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت صدیقؓ کی فضیلت کو ثابت کرنے کے لیے تم اس آیتِ طیبہ کو پیش کرتے ہو اور کہتے ہو کہ آپ کو سفرِ ہجرت میں رفاقت کی سعادت حاصل ہوئی لیکن تمہارا یہ قول بے بنیاد ہے اگر اللہ تعالیٰ کے حکم سے ابوبکرؓ نے رفاقت کی ہوتی تو اسے وجہِ شرف کہا جا سکتا لیکن یہ تو از خود ساتھ ہو لیے تھے اور حضورؐ نے اس لیے ان کو ساتھ چلنے سے نہیں روکا کہ مبادا وہ کفار کو مطلع کریں اور اس طرح گرفتار کرا دیں۔

جب اللہ تعالیٰ کی توفیق ساتھ چھوڑ دیتی ہے تو انسان ایسی ہی بے سروپا باتیں کرنے لگتا ہے مکہ مکرمہ سے ہجرت کا پروگرام بڑی رازداری سے طے پایا جب کفارِ قبائل کے نوجوان حضورؐ کے کاشانۂ اقدس کا محاصرہ کیے ہوئے تھے تو حضورؐ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ان کی آنکھوں میں خاک ڈالتے ہوئے تشریف لے گئے۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس راز سے حضرت ابوبکرؓ کو کس نے آگاہ کیا یا حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آگاہ کیا ہوگا اور یا علی مرتضیٰؓ نے اگر حضورؐ نے آگاہ فرمایا تو اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ حضورؐ کو حضرت صدیقؓ پر کامل اعتماد تھا ورنہ اپنے دشمن کو ایسے رازوں سے آگاہ کرنا قطعاً قرینِ دانشمندی نہیں۔ اور اگر حضرت علیؓ نے آگاہ کیا تو ماننا پڑیگا کہ آپ کو بھی حضرت صدیقؓ کے صدق و وفا پر پورا بھروسا تھا اس لیے آگاہ کیا اور اگر ان کو منافق سمجھتے ہوئے (العیاذ باللہ) آگاہ کیا تو پھر حضرت علیؓ کی وفاداری بھی مشکوک ہو جاتی ہے یعنی آپ نے اس راز کو افشا کر کے حضورؐ کو مشکلات میں مبتلا کرنے کا آغاز کر دیا اور اس لایعنی بات کو کوئی ایماندار قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔ اس سے ثابت ہوا کہ صدیقؓ کا ایمان وہ ایمان ہے جس پر خدا کو، رسولِ خدا کو اور شیرِ خدا کو مکمل اعتماد ہے۔ اسی لیے ان کو اس راز سے آگاہ بھی کیا گیا اور شریکِ سفر ہونے کی سعادت بھی ارزانی فرمائی گئی۔ جب حضرت صدیقؓ کے ایمان کی گواہی علیم بذات الصدور خدا نے دی اور نبی کریمؐ نے دی اور علی مرتضیٰؓ نے تصدیق کی، اگر آج کا بے عمل مسلمان صدیقؓ اکبر پر زبانِ طعن دراز کرنے کی جرأت کرتا ہے تو وہ اپنا ہی کچھ بگاڑتا ہے، صدیق اکبرؓ کی شان میں کمی نہیں ہو سکتی۔ خود اس فرقہ کے علماء نے اُن کے اس زعمِ باطل کی تردید کی ہے۔ چند حوالے ملاحظہ فرمائیے:

علامہ فتح اللہ کاشانی اپنی تفسیر منہج الصادقین میں اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:۔

پس پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم شب پنجشنبہ در شہر مکہ امیر المومنین را برجائے خود میخوابانید، وخود از خانہ ابوبکر در رفاقت او بیرون آمدہ بداں غار توجہ نمود۔

ترجمہ :۔ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پنجشنبہ کی رات کو مکہ مکرمہ میں امیر المومنین کو اپنی جگہ پر سونے کا حکم دیا اور خود ابوبکر کے گھر تشریف لے گئے اور انہیں ہمراہ لے کر باہر آئے اور اس غار کا قصد فرمایا۔"

مصنف حملہ حیدری، علامہ باذل نے واقعہ ہجرت کے بارے میں جو لکھا ہے وہ درج ذیل ہے۔ شاید ان دوستوں کے لیے سرمہ چشم بصیرت کا کام دے۔

چنیں گفت راوی کہ سالار دیں چوں سالم بحفظ جہاں آفریں
زنزدیک آں قوم پرمکر رفت بسوئے سرائے ابوبکر رفت

راوی کہتا ہے کہ دین کے سالار اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں اس مکار قوم کے محاصرے سے باہر نکلے اور حضرت ابوبکرؓ کے گھر کی طرف تشریف لے گئے۔

پئے ہجرت او نیز آمادہ بود کہ سابق رسولش خبر دادہ بود

حضورؐ نے انہیں سفر ہجرت کی خبر دے دی تھی اس لیے وہ سازوسامان کے ساتھ تیار بیٹھے تھے۔

نبی بر در خانہ اش چوں رسید بگوشش ندائے سفر در کشید

نبی کریمؐ جب ان کے گھر پہنچے تو انہوں نے سفر کرنے کی ندا سنی۔

چوں بوبکر ازاں حال آگاہ شد زخانہ بروں رفت وہمراہ شد

حضرت ابوبکرؓ جب اس حال سے خبردار ہوئے تو اپنے گھر سے روانہ ہو کر حضورؐ کے ہمراہ ہو گئے۔

ان دونوں حوالوں سے یہ واضح ہو گیا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود حضرت صدیقؓ کو اپنے ہجرت کے ارادہ سے آگاہ کر دیا تھا اور انہیں بھی حکم دیا ہوا تھا کہ وہ بھی اس سفر میں ہمرکاب ہونے کے لیے تیار رہیں۔ حضورؐ کفار کے محاصرہ سے بخیریت نکل کر سیدھے حضرت صدیقؓ کے گھر آئے اور انہیں ہمراہ لے کر مکہ سے مدینہ طیبہ کی طرف روانہ ہوئے۔

آخر میں حضرت امام حسن عسکری کی روایت پیش خدمت ہے امید ہے آپ کے اس ارشاد سے اس تاویل باطل کا طلسم ٹوٹ کر رہ جائے گا۔

تفسیر حسن عسکری میں مروی ہے کہ جب کفار نے حضورؐ کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تو جبرئیل حاضر خدمت ہوئے اللہ تعالیٰ کا سلام پہنچایا، کفار کی ریشہ دوانیوں کی اطلاع دی اور یہ پیغام الٰہی بھی گوش گزار کیا وَ اٰمُرُکَ اَنْ تَسْتَصْحِبَ اَبَابَکْرٍ۔ "اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا ہے کہ اس پرخطر سفر میں ابوبکرؓ کو اپنے ہمراہ لے جائیں۔"

کیا اب بھی آپ قاضی نور اللہ شوستری کی بات مانیں گے یا گیارھویں امام حضرت امام حسن عسکری کے ارشاد کو تسلیم کریں گے

(۲) معترضین کی کج ادائی کے کرشمے اسی پر ختم نہیں ہوتے بلکہ ایک قدم آگے بڑھ جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مان لیا ابوبکرؓ کو حضورؐ

ساتھ لے گئے تھے اور انہوں نے راستے کی صعوبتیں بھی برداشت کیں لیکن ہمارے پاس کوئی ایسی دلیل نہیں جس سے یہ ثابت ہو کہ ان کی نیت بھی خالص تھی اور جب تک خلوص نیت نہ ہو کوئی بڑے سے بڑا عمل بھی مقبول نہیں ہوتا اس لیے حضرت ابوبکرؓ کا سفر ہجرت میں ہمرکاب ہونا ان کے لیے ہرگز باعث فضیلت نہیں۔

یا سُبحان اللہ! اس ندرت فکر کی بلائیں لینے کو جی چاہتا ہے۔

دوپہر کے وقت اگر کوئی شخص طلوع آفتاب کی دلیل طلب کرے تو اس میں اتنا اچنبھا نہیں جتنا ہمارے ان دوستوں کے اس ارشاد میں ہے۔ وہ شخص جو ایک کامیاب تاجر ہے جس کے پاس مال و ثروت کی فراوانی ہے جسے ہر قسم کی عزت و آسائش میسر ہے، بیٹے ہیں، بچیاں ہیں، وہ ان سب چیزوں کو ٹھکرا کر ایک ایسی ہستی کا ساتھ دیتا ہے جس کو شہید کرنے کے منصوبے بن چکے ہیں عرب کا بچہ بچہ اس کے خون کا پیاسا ہے، خطرات کے مہیب بادل ہر طرف سے بڑھتے چلے آرہے ہیں جو شخص ان سنگین حالات میں جان ہتھیلی پر رکھ کر اللہ تعالیٰ کے محبوب کی سنگت اختیار کرتا ہے اس کے خلوص نیت پر شک کرنے سے انسان کو شرم آنی چاہیے

مزید برآں غار میں تین چار روز قیام رہتا ہے اس عرصہ میں حضرت ابوبکرؓ کا بیٹا عبداللہ ہر روز سر شام حاضر ہوتا ہے اور اہل مکہ کے ارادوں سے آگاہ کرتا ہے ان کی صاحبزادی اسماء ہر روز کھانا لے کر آتی ہیں ان کا غلام عامر بن فہیرہ دن بھر ریوڑ چراتا ہے شام کے وقت اسے ہانکتا ہوا غار کے قریب آکر ڈیرا جماتا ہے۔ دودھ دوہتا ہے اسے گرم کرتا ہے اور خدمت اقدس میں پیش کرتا ہے ابوبکر کا سارا خانوادہ اس جاں نثاری اور خدمتگزاری کا مظاہرہ اس وقت کر رہا ہے جب مکہ والوں نے حضورؐ کو زندہ پکڑ کر لانے یا شہید کر دینے کے لیے ایک سو سرخ اونٹوں کے انعام کا اعلان کر دیا ہے۔ عرب کے کئی طالع آزما شہسوار اس انعام کے لالچ میں اپنے سبک رفتار گھوڑوں پر سوار ہو کر حضورؐ کی تلاش میں اس علاقہ کے چپہ چپہ کو چھان رہے ہیں ادھر یہ خاندان ہے جس کا صرف ایک فرد نہیں بلکہ تمام افراد بچے، بچیاں، حتیٰ کہ زرخرید غلام سب کے دل میں ایک ہی سودا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا حبیب اور ان کا محبوب بخیر و عافیت منزل مقصود پر پہنچ جائے۔ انسانیت اور اس کی اخلاقی قدروں پر اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے کہ ایسے شخص کی حسن نیت پر شک کیا جائے اور شک کرنے والے ایسے لوگ ہوں جنہیں راہ حق میں کبھی کانٹا تک چبھنے کی سعادت بھی نصیب نہ ہوئی ہو۔

پھر کہتے ہیں کہ لغت عرب میں صاحب کا معنی ہے ساتھی، رفیق، ہمنشین۔ اس لفظ میں شرف و فضیلت کی کوئی وجہ نہیں۔ ایک کافر ایک مومن کا، ایک فاسق ایک پارسا کا ساتھی اور ہمنشین ہو سکتا ہے جیسے اس آیت میں ہے:

وَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ۔ (۱۸ : ۳۸)

یعنی "جب اس نے اپنے صاحب (ساتھی) کو کہا جب وہ اس سے گفتگو کر رہا تھا کیا تم اس خدا کا انکار کرتے ہو جس نے تجھے مٹی سے پیدا کیا"

اس آیت میں صاحب کا لفظ ہے اور اس سے مراد کافر ہے۔

سورۂ یوسف میں يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ "اے قید خانہ کے دو ساتھیو" (۱۲ : ۴۲)

اور وہ دونوں بھی کافر تھے بلکہ اہل عرب تو حیوان کو بھی انسان کا صاحب (ساتھی) کہہ دیا کرتے۔

ان الحمار مع الحمار مطیة

و اذا خلوت بہ فبئس الصاحب

اگر ان دوستوں کی یہ بات تسلیم کر لی جاتے تو پھر صرف "صاحب" کا لفظ ہی نہیں بلکہ بہت سے الفاظ اپنی عظمت و شرف سے محروم ہو جائیں گے۔ ایمان کے لفظ کو ہی لیجیے اس کا معنی تصدیق کرنا ہے یہ تصدیق اللہ تعالیٰ کی توحید کی بھی ہو سکتی ہے اور طاغوت و جبت کی بھی آیت ملاحظہ ہو۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ (۴ : ۵۱)

ترجمہ: کیا نہیں دیکھا تم نے ان لوگوں کی طرف جنہیں دیا گیا حصہ کتاب سے (وہ اب) ایمان لاتے ہیں جبت و طاغوت پر۔

اسی طرح ہجرت کا لغوی معنی ہے کسی شہر کو چھوڑ کر دوسرے شہر میں چلے جانا یہ ترک وطن اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب کی رضا کے لیے بھی ہو سکتا ہے اور کسی دنیوی منفعت کے لیے کسی عورت سے شادی رچانے کے لیے بھی ہو سکتا ہے۔ اسی طرح عبادت اللہ تعالیٰ کی بھی ہو سکتی ہے اور معبودان باطل کی بھی۔ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ "وہ اللہ کو چھوڑ کر ایسے معبودوں کی پوجا کرتے ہیں جو نہ ضرر پہنچا سکتے ہیں اور نہ نفع۔

اگر وہ صاحب، اپنے لغوی معنی کے اعتبار سے باعث شرف نہیں تو پھر ایمان، ہجرت، عبادت اور دیگر اسلامی مصطلحات بھی شرف و فضیلت سے بے بہرہ ہوں گے اور کسی کو مومن، مہاجر، عابد کہنے سے اس کی قطعاً عزت افزائی نہیں ہو گی درحقیقت ان الفاظ میں عزت و شرف ان کے لغوی معنوں کے اعتبار سے نہیں بلکہ ان کے متعلقات سے ہے۔ ایمان جب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ہوگا، ہجرت جب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے لیے ہو گی۔ عبادت جب اللہ تعالیٰ کی ہو گی تو یہ کلمات معزز و ذیشان ہوں گے اسی طرح صاحب کے لفظ میں فضیلت نہیں بلکہ جس کا وہ صاحب ہے یعنی سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ذات ستودہ صفات اسی نسبت نے اس لفظ کو بھی چار چاند لگا دیے ہیں اور جو صاحب کے لفظ کا مصداق ہے یعنی صدیق اکبرؓ اس کو بھی وہ رفعتیں اور سرفرازیاں بخشی ہیں جن کے سامنے فلک الافلاک کی بلندیاں بھی ادب سے سر جھکائے ہوتے ہیں۔

از راہ انصاف آپ ہی بتلایئے کہ کیا اللہ تعالیٰ کے محبوب کی صحبت و معیت اور ایک کافر و فاسق کی صحبت و معیت یکساں ہے، کوئی صاحب ایمان ایسا کہنے کی جرات نہیں کر سکتا نیز حضرت صدیقؓ کی اس سنگت اور رفاقت کو جس انداز سے بیان کیا گیا ہے وہ بھی اپنے اندر ایک خصوصی شان رکھتی ہے۔

ثانی اثنین کے دو لفظوں میں غور فرمایئے۔ اس قسم کے عدد کا ذکر لغت عرب میں دو طرح سے کیا جاتا ہے۔ کہتے ہیں ثانی اثنین، ثالث ثلاثۃ، رابع اربعۃ وغیرہ یعنی دو میں سے دوسرا، تین میں سے تیسرا، چار میں سے چوتھا۔ اس صورت میں پہلا عدد

دوسرے عدد کا جزو اور حصّہ ہوتا ہے اور اس میں داخل ہوتا ہے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ ثالث اثنین، رابع ثلاثہ، خامس اربعہ یعنی دو کو تین بنانے والا، تین کو چار اور چار کو پانچ بنانے والا۔ اس صورت میں یہ عدد پہلے عدد میں داخل نہیں ہوتا۔ اب اسے اس میں داخل کیا جا رہا ہے پہلے صرف دو تھے۔ اس عدد کے اضافہ سے اب وہ تین ہو گئے، پہلے صرف تین تھے۔ بعد میں اضافہ ہُوا، اب وہ تین چار بن گئے۔ اللہ تعالیٰ نے یہاں ثانی اثنین فرمایا یعنی پہلے جو دو موجود تھے ان دونوں میں سے دُوسرا۔ یہ یگانگت، یہ رفاقت، یہ صحبت خدا شاہد ہے حضرت صدیق اکبرؓ کا ہی حصّہ ہے۔ ان کلمات کے مفہوم کو خود زبانِ رسالت نے یُوں بیان فرمایا ہے۔ اور اس کے بعد شاید کسی قسم کی ہرزہ سرائی کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔

اسی فرقہ کے ایک فاضل علامہ فتح اللہ کاشانی اپنی تفسیر منہج الصادقین میں اس آیت کے ضمن میں لکھتے ہیں:۔

"چوں ابوبکر در غار کفار را بدید، مضطرب شد و بسیار خائف گشت و گفت یا رسول اللہ! اگر کسے از مُشرکان در زیر قدم خود نگہ کند، ہر آئینہ مارا ببیند۔ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرمود و ما ظنک باثنین اللہ ثالثہما"

ترجمہ: "جب ابوبکرؓ نے غار میں سے کفار کو دیکھا تو انہیں بڑا اضطراب لاحق ہُوا اور اندیشہ پیدا ہُوا عرض کی یا رسول اللہ! اگر مشرکین میں سے کسی نے اپنے پاؤں کی جگہ دیکھا تو وہ ہمیں دیکھ لے گا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اے ابوبکر! ان دو کے بارے میں تیرا کیا خیال ہے جن کے ساتھ تیسرا اللہ تعالیٰ ہو"

اس سے بڑی عزت افزائی کا تصور تک نہیں کیا جا سکتا۔

ع یہ نصیب اللہ اکبر لُوٹنے کی جائے ہے

ہمارے یہ کرم فرما لاتحزن کے لفظ سے حضرت صدیقؓ پر الزامات و مطاعن کی بوچھاڑ شروع کر دیتے ہیں آپ بھی سُنیئے اور اُن کی روشِ بیداد کی داد دیجیے۔

کہتے ہیں کہ "یہ حزن جس سے حضرت ابوبکرؓ کو منع کیا جا رہا ہے یہ طاعت تھا یا معصیت، طاعت تو ہو نہیں سکتا۔ ورنہ اس سے منع نہ کیا جاتا۔ اللہ اور اُس کا رسُول نیک کاموں سے نہیں روکا کرتے۔ لامحالہ یہ حزن معصیت ہو گا۔ اس آیت سے ابوبکرؓ کا عاصی اور گنہگار ہونا ثابت ہے نہ کہ آپ کی فضیلت۔

جواباً عرض ہے کہ قرآن کریم میں متعدد مقامات پر اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء و رُسل کو حزن اور خوف سے روکا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کو فرمایا ــــ لا تخف انک انت الاعلیٰ ــــ اے مُوسیٰ خوف نہ کرو تم ہی سربلند ہو گے۔ (۲۰ : ۶۹)

حضرت لُوط کو فرشتوں نے کہا:۔ لا تحزن انا منجوک واھلک۔

"اے لُوط! حزن نہ کرو ہم تمہیں اور تمہارے اہل و عیال کو نجات دینے والے ہیں"

خود سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا: لا یحزنک قولھم۔

"اے حبیب! کفار کی باتیں آپ کو حزین و غمگین نہ کریں"

دوسری جگہ ارشاد ہے: قد نعلم انہ لیحزنک الذین یقولون .... الآیۃ

"اے حبیب! ہم خوب جانتے ہیں کہ آپ کو کفار کی باتیں غمزدہ کر دیتی ہیں"۔

کیا ہم ان محققین سے یہ دریافت کر سکتے ہیں کہ ان آیات کی روشنی میں انبیاء کرام بلکہ سید الانبیاء والرسل علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں ان کا فتویٰ کیا ہے۔ یہ خوف اور حزن جس سے انبیاء کو روکا جا رہا ہے طاعت تھا یا معصیت۔ طاعت تو ہو نہیں سکتا کیونکہ اللہ تعالیٰ نیکی سے نہیں روکتا اور یہاں خوف وحزن سے روکا جا رہا ہے لازماً معصیت ہو گا۔ اب فرمائیے انبیاء کرام کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ حزن اور خوف اُمور طبعیہ میں سے ہیں۔ بڑے سے بڑا آدمی بھی ان سے دوچار ہوتا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کی دلجوئی لاتخف اور لاتحزن کہہ کر فرماتا ہے۔ نیز حضرت صدیقؓ کو حزن وملال اپنی ذات کے لیے ہرگز نہ تھا۔ اگر انہیں اپنی جان پیاری ہوتی اور اپنا آرام عزیز ہوتا تو وہ اس پُرخطر سفر میں شرکت ہی نہ کرتے انہیں اگر کوئی غم تھا یا اگر کوئی حزن تھا۔ اگر کوئی اندیشہ تھا تو فقط یہ کہ ان کے ہادی ومرشد محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مبادا کوئی گزند پہنچے ورنہ یہ بزم عالم درہم برہم ہو جائے گی گلشن ہستی میں خاک اُڑنے لگے گی، عروس گیتی کا سہاگ لٹ جائیگا ارض وسما کی یہ رونقیں، یہ روشنیاں، یہ بہاریں ہمیشہ کے لیے ناپید ہو جائیں گی۔ اپنے محبوب کو خطرے میں گھرا دیکھ کر صدیق کے حزن وملال کی حد نہ رہی۔ حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں تسلی دیتے ہوئے فرمایا اے میرے یارِ باوفا! غم نہ کر بیشک اللہ تعالیٰ ہم دونوں کے ساتھ ہے جب ہمارے ساتھ ہمارا خدا ہے تو یہ کفار ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔

"معنا" کا لفظ بھی غور طلب ہے۔ معیتِ الٰہی کی کئی قسمیں ہیں۔ ایک معیت علم ہے یعنی اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جانتا ہے اور اپنے علم کے ذریعہ ہر چیز کے ساتھ ہے، جیسے اس آیت میں ہے:

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَىٰ ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَا أَدْنَىٰ مِن ذَٰلِكَ وَلَا أَكْثَرَ إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا (۵۸:۷)

ترجمہ: "کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ کوئی تین آدمی مشورہ کرنے والے نہیں ہوتے جبکہ وہ ان کا چوتھا نہ ہو اور نہ پانچ مشورہ کرنے والے ہوتے ہیں جبکہ وہ ان کا چھٹا نہ ہو اور نہ اس تعداد سے کم ہوتے ہیں نہ زیادہ، وہ ہر صورت میں اُن کے ساتھ ہوتا ہے خواہ وہ کہیں بھی مشورہ کر رہے ہوں"۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ ہر شخص کے ساتھ ہوتا ہے ایسی معیت میں کوئی فضیلت نہیں بلکہ اس میں تہدید اور سرزنش ہے خبردار اگر تم نے نافرمانی کی تو ہماری گرفت سے تم بچ نہیں سکتے معیت الٰہی کی دوسری قسم وہ ہے جو متقین اور محسنین کو حاصل ہوتی ہے ارشاد باری ہے:

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوا وَّالَّذِينَ هُم مُّحْسِنُونَ

"بیشک اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے ساتھ ہے جو متقی ہیں اور ان کے ساتھ ہے جو نیکوکار ہیں"۔

اس معیت کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی توفیق سے ان کی دستگیری کرتا رہتا ہے اور اپنے لطف سے ان کو نوازتا رہتا ہے۔

معیتِ الٰہی کی تیسری قسم وہ ہے جو انبیاء و رُسل کو میسر ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر دشمن کے مقابلہ میں اُن کی تائید و نصرت فرماتا ہے۔ ہر میدان میں وہ کامیاب و سرفراز ہوتے ہیں اور کفر و باطل کے سرغنے ذلیل و رُسوا ہوتے ہیں اور اُن تمام اقسام سے اعلیٰ و ارفع معیتِ الٰہی کی وہ قسم ہے جو سید الانبیاء و الرسل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے مخصوص ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے یارِ وفادار کو اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فرما کر اس خصوصی معیت میں شرکت کی سعادت ارزانی فرمائی۔

فداك ابی و امی یا رسول اللہ ما اکرمك وما اجودك وجزاك اللہ عنا وعن سائر المومنین یا ابا بکر ما اوفاك وما اسعد حظك۔

ایک روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شاعرِ دربارِ نبوت حضرت حسان سے پوچھا کہ اے حسان! کیا تم نے شانِ صدیق میں بھی کچھ اشعار کہے ہیں؟ انہوں نے عرض کی ہاں یا رسول اللہ! میں نے آپ کے یارِ غار کی مدحت سرائی بھی کی ہے۔ فرمایا سناؤ میں سننا چاہتا ہوں۔ حسان نے عرض کیا۔

وثانی اثنین فی الغار المنیف وقد

طاف العدو به اذ صعد الجبلا

"آپ دو میں سے دوسرے تھے اس بابرکت غار میں اور دشمن نے اس کے ارد گرد چکر لگایا جب وہ پہاڑ پر چڑھا۔"

وکان حِبَّ رسول اللہ قد علموا

من البریۃ لم یعدل به الرجلا

"ابوبکر اللہ تعالیٰ کے رسول کے محبوب تھے اور لوگوں کو اس بات کا علم تھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ساری مخلوق میں سے کسی کو آپ کا ہم پلہ نہیں سمجھتے۔"

حسان کے یہ شعر سن کر حضور ہنس پڑے۔ فرمایا اے حسان تم نے سچ کہا ہے۔ ابوبکر ایسے ہی ہیں۔

(ابن عساکر، ابن زہری عن انس)

اللہ تعالیٰ راہِ حق پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور شمع جمالِ مصطفوی کے پروانوں کی عزت و احترام اور پیروی کی سعادت سے بہرہ اندوز کرے۔ آمین بجاہ طٰہٰ و یٰسٓ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم۔

سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ وَأَيَّدَهُ بِجُنُودٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ

اپنی تسکین ان پر اور مدد فرمائی ان کی ایسے لشکروں سے جنھیں تم نے نہ دیکھا اور کر دیا کافروں کی

الَّذِينَ كَفَرُوا السُّفْلَىٰ ۗ وَكَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ

بات کو سرنگوں اور اللہ کی بات ہی ہمیشہ سر بلند ہے۔ اور اللہ تعالیٰ غالب ہے

حَكِيمٌ ﴿٤٠﴾ انفِرُوا خِفَافًا وَثِقَالًا وَجَاهِدُوا بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ

حکمت والا ہے (جہاد کے لیے) نکلو (ہر حال میں) ہلکے ہو یا بوجھل ۶۶ اور جہاد کرو اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے

فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٤١﴾ لَوْ كَانَ

اللہ کی راہ میں۔ یہ بہتر ہے تمھارے لیے اگر تم (اپنا نفع نقصان) جانتے ہو۔ اگر ہوتا

عَرَضًا قَرِيبًا وَسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوكَ وَلَٰكِن بَعُدَتْ

وہ مال نزدیک یا سفر آسان تو ضرور پیچھے چلتے آپ کے۔ لیکن دور معلوم ہوتی ہے

عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ۚ وَسَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا

انھیں مسافت ۶۷ اور ابھی قسم کھائیں گے اللہ کی (اور کہیں گے) کہ اگر ہم میں طاقت ہوتی تو ہم ضرور نکلتے

۶۶ خفاف کا واحد خفیف اور ثقال کا واحد ثقیل ہے۔ ترکیب میں یہ حال ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ خواہ تم کسی حال میں ہو جب جہاد کا اعلان عام ہو جائے پھر دُنیا کا کوئی بندھن، کوئی مجبوری اور کوئی عذر تمھیں میدانِ جہاد کا رُخ کرنے سے باز نہ رکھے۔ ای حال کونکم شبانا وشیوخا او فقراء او اغنیاء او رکبانا ومشاتا او اصحاء ومرضی او عزابا ومتاھلین (روح البیان)۔ ترجمہ: خواہ تم جوان ہو یا بوڑھے، فقیر ہو یا امیر، سوار ہو یا پیادے، تندرست ہو یا بیمار، تنہا ہو یا عیالدار، ہر حالت میں دعوتِ جہاد پر لبیک کہتے ہوئے رزم گاہِ حق و باطل میں شریک ہو جاؤ۔" اگر دشمن عام حملہ کر دے اور خلیفہ وقت جہادِ عام کا اعلان کر دے تو پھر ہر مسلمان پر فرض ہے کہ جہاد میں شریک ہو اور اگر دشمن ملک کے کسی ایک حصہ پر چڑھائی کرے تو وہاں کے لوگوں کا فرض ہے کہ خلیفہ کے حکم کی تعمیل میں جہاد کے لیے تیار ہو جائیں ورنہ گنہگار ہوں گے۔

۶۷ غزوہ تبوک کا ذکر ہو رہا ہے کہ جب انھیں جہاد کا حکم دیا گیا تھا تو کیونکہ مسافت بڑی طویل تھی اور دشمن بڑا

مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۴۲﴾

تمہارے ساتھ۔ ہلاک کر رہے ہیں اپنے آپ کو۔ اور اللہ جانتا ہے کہ وہ قطعاً جھوٹے ہیں۔

عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ

درگزر فرمایا ہے اللہ نے آپ سے شتہ (لیکن) کیوں آپ نے اجازت دے دی تھی انھیں یہاں تک کہ ظاہر ہو جاتے آپ پر

صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

وہ لوگ جنھوں نے سچ کہا اور آپ جان لیتے جھوٹوں کو۔ نہ اجازت مانگیں گے آپ سے جو ایمان لاتے ہیں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۗ

اللہ پر اور روز قیامت پر کہ (نہ) جہاد کریں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے شتہ

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۴﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے پرہیزگاروں کو۔ صرف وہی اجازت مانگتے ہیں آپ سے جو نہیں ایمان رکھتے

توی تھا اس لیے منافقین اپنی معذوری بیان کر کے اور قسمیں اٹھا اٹھا کر معذرت خواہی کرنے لگے۔ کان کا اسم محذوف ہے۔ تقدیر کلام یوں ہے لوکان المدعو الیہ عرضا قریبا یعنی جس چیز کی طرف انھیں بلایا گیا وہ مکان قریب ہوتا یا سفر آسان ہوتا تو پھر یہ ضرور شریک ہوتے۔

شتہ منافقین بارگاہ رسالت میں حاضر ہوتے اور جہاد میں شرکت نہ کرنے کے لیے عذر بیان کرتے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنی کریم النفسی کے باعث انھیں پیچھے رہنے کی اجازت فرما دیتے حالانکہ حقیقت یہ تھی کہ اگر انھیں رخصت نہ دی جاتی تو بھی وہ اس مہم میں شرکت سے انکار کر دیتے۔ بہتر یہی تھا کہ ان کی معذرتوں کو ٹھکرا دیا جاتا تاکہ جب وہ پیچھے رہ جاتے تو ان کے نفاق کا حال سب کو معلوم ہو جاتا۔ یہ دریافت کرنے سے پیشتر کہ اے محبوب! تو نے انھیں پیچھے رہنے کی اجازت کیوں دی یعنی ان کو ننگا کیوں نہ ہونے دیا۔ اتنا فرمانے سے پہلے عفا اللہ عنک کے الفاظ ارشاد فرماتے۔ یہاں یہ کلمات کسی گناہ کی معافی کا ذکر کرنے کے لیے نہیں بلکہ اظہار تعظیم و تکریم کے لیے ہیں۔ اہل عرب کا یہ دستور تھا کہ جب کسی کی عزت و توقیر کا اظہار مقصود ہوتا تو اس کے ساتھ گفتگو کا آغاز ایسے ہی کلمات سے کیا کرتے۔ امام رازی فرماتے ہیں: ان ذالك يدل على مبالغة الله فى تعظيمه وتوقيره: یعنی ان کلمات سے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی تعظیم و توقیر میں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ

اللہ تعالیٰ پر اور روزِ قیامت پر اور شک میں مبتلا ہیں ان کے دل تو وہ اپنے شک میں

يَتَرَدَّدُوْنَ ۝٤٥ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ

ڈانواں ڈول ہیں ۱۰۰ اور اگر انھوں نے ارادہ کیا ہوتا (جہاد پر) نکلنے کا تو انھوں نے تیار کیا ہوتا اس کے لیے کچھ

كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ۝٤٦

سامان ۱۰۱ لیکن ناپسند کیا اللہ تعالیٰ نے ان کے کھڑے ہونے کو اس لیے پست ہمت کر دیا انھیں ۱۰۲ اور کہہ دیا گیا تم بیٹھے رہو بیٹھے رہنے والوں

لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاَاوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ

کے ساتھ۔ اگر نکلتے تمہارے لشکر میں ۱۰۳ تو نہ زیادہ کرتے تم میں بجز فساد کے اور دوڑ دھوپ کرتے تمہارے درمیان

بڑے مبالغہ کا اظہار فرمایا ہے۔

۹۹ اہلِ ایمان تو اشارہ پاتے ہی ہتھیار سجا کر حاضرِ خدمت ہو جاتے ہیں صرف وہ لوگ حیلے بہانے کر کے جہاد سے روگردانی کر رہے ہیں جن کے دلوں میں نفاق ہے۔

۱۰۰ منافقین کی حالت کا بیان ہے کہ نہ تو سچے دل سے مومن ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُول کے ارشاد کی تعمیل میں ہمہ تن مستعد ہوں اور نہ ہی اپنے کفر کو ظاہر کرنا چاہتے ہیں۔ ادھر ایمان کے تقاضے پُورے کرنے سے قاصر ہیں ادھر اپنے آپ کو آشکارا کرنے کی جرأت مفقود ہے۔ بے چارے عجیب کشمکش میں گرفتار ہیں۔

۱۰۱ ان میں سے بعض کہنے لگے حضور ہم تو جہاد کے لیے بالکل تیار تھے لیکن عین وقت پر کچھ ایسی مجبوریاں رونما ہو گئیں کہ با دلِ ناخواستہ ہمیں رکنا پڑا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ظالم سفید جھوٹ بول رہے ہیں۔ اگر ان کا قول درست تھا تو انھوں نے کچھ تیاری کی ہوتی۔ کچھ ساز و سامان جمع کیا ہوتا تو پتہ چلتا کہ ان کا ارادہ تو تھا لیکن مجبوریاں سدِ راہ بن گئیں۔ انھوں نے تو اپنی تلواروں سے گرد تک صاف نہ کی اور نہ اپنے ترکش میں تیروں کا جائزہ لیا۔ بھلا یہ کیونکر کہہ سکتے ہیں کہ ہم جہاد کے لیے بالکل تیار تھے۔

۱۰۲ سچ تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو پسند ہی نہ تھا کہ وہ شریکِ جہاد ہوتے اس لیے ان کے حوصلے پست کر دیئے گئے اور انھیں توفیق ہی نہ بخشی کہ وہ شریکِ جہاد ہو سکیں۔

۱۰۳ اللہ تعالیٰ نے کیوں پسند نہ فرمایا اس کی وجہ اس آیت میں بیان فرما دی۔

يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

فتنہ پردازی کرتے ۔ اور تم میں ان کے جاسوس (اب بھی) موجود ہیں ۔ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے

بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ

ظالموں کو ۔ (اے حبیب!) وہ کوشاں رہے فتنہ انگیزی میں پہلے بھی ۷۴ اور الٹ پلٹ کرتے تھے آپکے لیے تجویزیں ۷۵

حَتّٰى جَاۗءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَمِنْهُمْ

یہاں تک کہ آگیا حق اور غالب ہوا اللہ کا حکم اور وہ ناخوش تھے ۔ اور ان میں سے بعض

مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ۭ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ۭ وَ

کہتے ہیں اجازت دیجیے مجھے (کہ گھر ٹھہرا رہوں) اور مجھے فتنہ میں نہ ڈالیے ۷۶ خبردار فتنہ میں تو وہ گر چکے ۷۷ اور

۷۴ یہاں ان کی سابقہ شرانگیزی کی طرف اشارہ فرمایا کہ قبل ازیں جنگ اُحد کے موقعہ پر پہلے یہ لوگ لشکر اسلام میں شریک ہوئے لیکن راستہ میں ان کی تین سو کی نفری مسلمانوں سے الگ ہوگئی اور عین اس وقت ان کا علیحدگی اختیار کرنے کا مقصد یہ تھا کہ مسلمانوں کے حوصلے پست ہو جائیں اور یہ خوفزدہ اور ہراساں ہو کر کفر کے مقابلہ میں نامردی اور بزدلی کا اظہار کریں۔

۷۵ یعنی آپ کی دعوت کو ناکام بنانے کے لیے طرح طرح کی تدبیریں اور تجویزیں کرتے ہیں۔ تقلیب الامر تصریفه من وجه الی وجه وترديده لاجل التدبير والاجتهاد في المكر والخديعة (روح البیان)۔ لیکن آخر کار حق ظاہر ہوا اور اس کی تابانیوں نے ان کی ساری سازشوں کو بے نقاب کر دیا۔

۷۶ حیلہ تراشی میں بھی بڑے جدت طراز تھے بعض ان میں سے کہتے کہ میرے خانگی حالات کچھ اس قسم کے ہیں کہ میں کسی طرح جہاد میں شریک نہیں ہو سکتا۔ اب اگر آپ مجھے حکم دیں گے تو میں مجبوراً اس کی تعمیل سے قاصر رہوں گا اس لیے آپ مجھے جہاد پر جانے کا حکم ہی نہ دیجیے تاکہ میں نافرمانی کے فتنہ سے بچ جاؤں۔ کتنے حیلہ ساز تھے۔ اسلام وکفر کی کشمکش فیصلہ کن مرحلہ میں ہے اور یہ جنادلی پاکباز چاہتے ہیں کہ انھیں جہاد کی دعوت ہی نہ دی جائے تاکہ ان کا دامن تقدس نافرمانی کے داغ سے داغدار نہ ہو۔ انھیں یہ سمجھ نہ آئی کہ اس موقع پر ان کا جہاد سے پہلو تہی کرنا ہی ایک جرم عظیم ہے جس کا وہ ارتکاب کر رہے ہیں بعض مفسرین نے یہ بھی لکھا ہے کہ یہ بات کہنے والا جد بن قیس منافق تھا۔ اس نے آکر عرض کی کہ حضور روم کی عورتیں اپنے حسن وجمال میں بہت مشہور ہیں اور عورتوں کے بارے میں میں بہت کمزور واقع ہوا ہوں۔ ایسا نہ ہو کہ انھیں دیکھ کر میری نیت فاسد ہو جائے اور میں فتنہ کا شکار ہو جاؤں اس لیے بہتر ہے کہ آپ مجھے یہیں چھوڑ جائیں۔

إِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكٰفِرِينَ ﴿۴۹﴾ إِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ

بیشک جہنم گھیرے ہوئے ہے کافروں کو۔ اگر پہنچے آپ کو کچھ بھلائی تو بری لگتی ہے

وَإِنْ تُصِبْكَ مُصِيبَةٌ يَقُولُوا قَدْ أَخَذْنَا أَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ

انھیں ف اور اگر پہنچے آپ کو کوئی مصیبت تو کہیں کہ ہم نے درست کر لیا تھا اپنا کام پہلے ہی اور

وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُونَ ﴿۵۰﴾ قُلْ لَنْ يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ

لوٹتے ہیں خوشیاں مناتے ہوئے۔ آپ فرمائیے ہرگز نہیں پہنچے گی ہمیں کوئی تکلیف بجز اس کے جو لکھ دی

لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿۵۱﴾ قُلْ هَلْ

ہے اللہ نے ہمارے لیے۔ وہی ہمارا حامی و ناصر ہے اور اللہ پر ہی توکل کرنا چاہیے مومنوں کو ف فرمائیے کیا تم

تَرَبَّصُونَ بِنَا إِلَّا إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۖ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ

منتظر ہو ہمارے متعلق ف (کہ ہم مارے جائیں۔ یہ مرنا نہیں) مگر ایک بھلائی ان دو بھلائیوں سے (یعنی فتح یا شہادت) اور ہم انتظار

ف جس فتنہ سے بچنے کے لیے وہ حیلے تراش رہے ہیں اس سے بڑے فتنہ میں وہ پہلے ہی گرفتار ہو چکے ہیں۔

ف اگر مسلمان کسی جنگ میں مظفر و منصور واپس لوٹتے ہیں تو ان کے ہاں صف ماتم بچھ جاتی ہے اور اگر کہیں مسلمانوں کو زک پہنچتی ہے یا وہ شہید ہو جاتے ہیں تو پھر ان کے گھروں میں گھی کے چراغ روشن کیے جاتے ہیں اور یہ لوگ اپنی دور اندیشی اور عقلمندی کے دعوے کرنے لگتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں تو پہلے ہی معلوم تھا کہ یہ حشر ہونے والا ہے اسی لیے تو ہم ان لوگوں کے ہمراہ نہیں گئے۔ قد اخذنا امرنا کا معنی ہے کہ ہم نے پہلے ہی سے احتیاطی تدبیریں اختیار کر لی تھیں۔

ف جب دنیا والے اسباب پر بھروسہ کرتے ہیں تو ایمان والے اللہ کی نصرت و اعانت پر نظر جمائے ہوتے ہیں۔

جب دُنیا والے مادی منفعتوں اور ظاہری کامیابیوں کو اپنی کامیابی کا معراج تصور کرتے ہیں اور ان کی وجہ سے پھولے نہیں سماتے تو ایمان والے ہر حال میں رضائے الٰہی کے متلاشی ہوتے ہیں۔ اگر انھیں یہ سعادت خون بہا کر، سر کٹا کر بھی میسر آئے تو ان کے چہرے خوشی سے چمک جاتے ہیں اور اگر رضائے الٰہی حاصل نہ ہو تو ان کے نزدیک ایسی فتح بھی ہزار ناکامی سے زیادہ المناک ہے۔ وہ ہر حال میں اس کی خوشنودی کے جویاں اور اسی کی امداد اور اعانت پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

ف جب حضور کریم اپنے غلاموں کے ہمراہ تبوک کی طرف روانہ ہوئے تو منافقین غیر جانبدار رہ کر اس جنگ کے انجام کا

اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۖ فَتَرَبَّصُوْٓا

کرتے ہیں تمہارے لیے کہ پہنچائے تمہیں اللہ عذاب اپنے پاس سے یا ہمارے ہاتھوں سے۔ پس تم بھی انتظار کرو

اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿۵۲﴾ قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ

ہم بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والے ہیں۔ فرمائیے خرچ کرو خوشی سے یا ناخوشی سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا

مِنْكُمْ ۭ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ

تم سے ۱۰۴ بیشک تم ایک نافرمان قوم تھے۔ اور نہیں منع کیا ہے انہیں کہ قبول کیے جائیں

مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ

ان سے ان کے اخراجات سوائے اس کے کہ انہوں نے کفر کیا اللہ کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ اور نہیں آتے

الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۵۴﴾

نماز ادا کرنے کے لیے مگر سست سست اور نہیں خرچ کرتے مگر اس حال میں کہ وہ ناخوش ہیں ۱۰۵

انتظار کرنے لگے اور وہ اسی کو اپنی دانشوری کا کمال تصور کیے ہوئے تھے اور جب تک مسلمانوں کی کامیابی یا ناکامی کا فیصلہ نہ ہوجاتا وہ اپنی قسمت ان کے ساتھ وابستہ کردینے کو قرین عقلمندی نہ سمجھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتا ہے کہ ان بزدلوں سے دریافت فرماؤ کہ تم کس بات کا انتظار کر رہے ہو۔ ہم اگر راہ خدا میں مارے جائیں تو بھی ہم کامیاب ہیں اور اگر جنگ جیت لیں تب بھی کامیاب۔ تم اپنا خیال کرو تمہارا انجام کیا ہونے والا ہے اور اگر اب تک تمہیں سمجھ نہیں آئی تو تھوڑی دیر اور انتظار کرو جبکہ اللہ تعالیٰ کی آتش غضب تمہیں خاک سیاہ بنا کر رکھ دیگی یا ہمارے ہاتھوں تمہیں ذلیل و رسوا کیا جائے گا۔

۱۰۴ بعض منافق اس جہاد میں مسلمانوں کا ساتھ دینے کے لیے تو تیار نہ تھے لیکن وہ بالکل بے تعلق رہ کر اپنے آپ کو بے نقاب کرنا بھی مصلحت کے خلاف سمجھتے تھے۔ اس لیے بارگاہ رسالت میں مالی امداد کی پیش کش کی۔ جد بن قیس جس کا ذکر پہلے گزرا ہے وہ بھی چندہ لے کر حاضر ہوا لیکن اللہ کے حبیب نے اس کو قبول نہ فرمایا۔ کیونکہ مالی امداد بھی اسی کی قبول کی جاتی ہے جس کے دل میں ایمان صادق اور یقین محکم ہو۔

۱۰۵ اس آیت میں ان کی مالی امداد کو نامنظور کردینے کی وجہ تفصیل سے بیان فرما دی۔

فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ

سو نہ تعجب میں ڈال دیں تمہیں ان کے مال اور نہ ان کی اولاد ۸۳؎ یہی چاہتا ہے اللہ تعالیٰ کہ

لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ

عذاب دے انہیں ان چیزوں سے دنیوی زندگی میں اور نکلے ان کا سانس اس حال میں کہ وہ

كٰفِرُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ

کافر ہوں۔ اور قسمیں اٹھاتے ہیں اللہ کی کہ وہ تم میں سے ہیں ۸۴؎ حالانکہ وہ تم میں سے نہیں۔

وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ

لیکن وہ ایسی قوم ہیں جو ڈرتے رہتے ہیں۔ اگر مل جائے انہیں کوئی پناہ گاہ یا کوئی غار

۸۳؎ اللہ تعالیٰ کے دین کی پیہم مخالفت کے باوجود ان کے پاس دولت کی فراوانی تھی اور اولاد کی کثرت کی وجہ سے گھروں میں بڑی چہل پہل رہتی تھی۔ ممکن تھا کوئی سادہ لوح ان کی ظاہری آن بان کو ان کے راہ راست پر ہونے کی نشانی خیال کرے۔ اس لیے واضح فرمایا کہ یہ دنیاوی ٹھاٹھ باٹھ ان کی بربادی کا باعث بنے گی۔ کیونکہ وہ اس کی محبت میں یوں مدہوش رہیں گے کہ عمر بھر انہیں حق قبول کرنے کی فرصت ہی نہ ملے گی اور اسی کفر پر ان کا دم نکلے گا۔ کیا ان سے بھی بڑھ کر کوئی بدنصیب ہو سکتا ہے۔ حق تو یہ ہے کہ ہر وہ نعمت جو یادِ الٰہی سے غافل کر دے اور اس کے محبوب کی محبت کے ولولے کو سرد کر دے بہت بڑا عذاب ہے اور ہر وہ تکلیف جو کسی غافل کو ہشیار کر دے اور یادِ الٰہی کی طرف راغب کر دے بہت بڑی نعمت ہے۔

۸۴؎ ایمان اور یقین ہی وہ قوت ہے جو شرفِ انسانی کی نگہبان ہے اور اسے ایک مسلک پر ثابت قدم رکھتی ہے اور جہاں یہ مفقود ہو وہاں انسان مصلحت اندیشی کے ہاتھ میں کھلونا بن کر رہ جاتا ہے۔ جدھر ہوا کا رخ دیکھا ادھر ہو لیا۔ جس میں اپنی وقتی سلامتی نظر آئی وہی چولا بدل لیا۔ ایسی حالت میں انسان وہ مستحکم چٹان نہیں رہتا جو حوادثات کے طوفانوں سے ٹکرا کر بھی اپنی جگہ سے نہیں سرکتی بلکہ اس بے بس تنکے کی طرح ہو کر رہ جاتا ہے جسے پانی کی تند موجیں جدھر چاہتی ہیں بہالے جاتی ہیں۔ منافقین کی بھی یہی حالت تھی۔ دلوں میں تو اسلام کی دشمنی تھی لیکن اسلامی حکومت کے علاوہ ان کے لیے کوئی اور پناہ گاہ بھی نہ تھی اس لیے وہ کھل کر اسلام کی مخالفت بھی نہیں کرنا چاہتے تھے۔ اس لیے ایک بے ضمیر آدمی کی طرح قسمیں اٹھا اٹھا کر اپنے آپ کو ملتِ اسلامیہ کا ایک فرد ثابت کرنے کی کوشش کرتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں یہ سب مکر و فریب ہے۔ ان کا تم سے کوئی واسطہ نہیں۔ یہ محض مجبوری کی وجہ سے ایسا کرتے ہیں۔ اگر انہیں کوئی سر چھپانے کی جگہ مل جائے

اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَیْهِ وَهُمْ یَجْمَحُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ

یا کوئی گھس بیٹھنے کی جگہ تو (دیکھیے گا) وہ منہ پھیر لیں گے اس طرف منہ زوری کرتے ہوئے۔ اور بعض ان میں سے

یَّلْمِزُكَ فِی الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ

طعن کرتے ہیں آپ پر صدقات (کی تقسیم) کے بارے میں ۵۸ سو اگر انھیں دیا جائے اُن سے تو خوش ہو جاتے ہیں اور اگر

یُعْطَوْا مِنْهَاۤ اِذَا هُمْ یَسْخَطُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَاۤ اٰتٰىهُمُ

انھیں نہ دیا جائے ان سے تو اس وقت وہ ناراض ہو جاتے ہیں۔ اور (کیا اچھا ہوتا) اگر وہ خوش ہو جاتے اس سے جو دیا تھا

اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَیُؤْتِیْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

انھیں اللہ اور اس کے رسول نے ۵۹ اور کہتے کافی ہے ہمیں اللہ تعالیٰ عطا فرمائے گا ہمیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے

تو فوراً تم سے سارے تعلقات توڑ دیں اور وہاں چلے جائیں۔

بعض الفاظ کی تشریح: ملجأ: پناہ گاہ۔ مغارات: مغارۃ کی جمع ہے۔ اس کا معنی ہے چھپ کر بیٹھنے کی جگہ۔ ھی الموضع التی یستتر فیھا۔ مدخلا: وہ جگہ جس میں تکلیف سے داخل ہوا جاسکے۔ یجمحون: جب گھوڑا سرکشی کرتا ہے اور باگ کی پروا نہیں کرتا تو کہتے ہیں جمع الفرس۔ مطلب یہ ہے کہ وہ بھی منہ زور گھوڑے کی طرح کسی لگام کی پروا نہ کرتے ہوئے بھاگے چلے جاتے ہیں۔

۵۸ بارگاہِ رسالت میں جب زکوٰۃ وعشر کا مال آتا اور حضور اپنے رب قدیر کے حکم کے مطابق اسے خرچ کرتے منافقین جو دولت کے لالچ میں از خود رفتہ ہو چکے تھے ان کا رویہ عجیب تھا۔ اگر انھیں کچھ مل جاتا تو خوش ہو جاتے اور اگر نہ ملتا یا توقع سے کم ملتا تو پھر حضور کی ذاتِ اقدس و اطہر پر زبانِ طعن دراز کرنے لگتے۔

۵۹ لو کا جواب محذوف ہے۔ تقدیر کلام یوں ہے ولو انھم رضوا ۔ ۔ ۔ ۔ لکان خیراً لھم۔ مومن کا شیوہ تو یہی ہونا چاہیے کہ بارگاہِ الٰہی اور جناب رسالت پناہی سے جو نعمت عطا فرمائی جائے اس پر شکریہ ادا کرے اور اللہ تعالیٰ پر کامل اعتماد کرتے ہوئے اس کے مزید فضل و کرم اور اس کے محبوب رسول کی بیش از بیش جود و عطا کا امیدوار رہے۔ مولانا عثمانی تحریر فرماتے ہیں: "اور جو ظاہری اور باطنی دولت خدا اور رسول کی سرکار سے ملے اسی پر مسرور و مطمئن ہو۔

وَرَسُوْلُهٗۤ اِنَّاۤ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ

اور اس کا رسول ۵۹ ہم تو اللہ کی طرف ہی رغبت کرنے والے ہیں۔ زکوٰۃ تو صرف ان کے لیے ہے ۶۰ جو فقیر،

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِى الرِّقَابِ

مسکین ۶۱ اور زکوٰۃ کے کام پر جانے والے ہیں ۶۲ اور جن کی دلداری مقصود ہے ۶۳ نیز گردنوں کو آزاد کرانے ۶۴

۵۹ اہل ایمان کے لیے یہی زیبا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر اعتماد کریں اور یہ یقین رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و احسان سے ان کو مالا مال کر دے گا اور اس کے پیارے رسول کا سحاب کرم جب برسے گا اور اس کا دست جود و عطا جب حرکت میں آئے گا تو فقر و افلاس کا نام و نشان تک بھی باقی نہ رہے گا۔ نیز اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اللہ کے نام نامی کے ساتھ اس کے حبیب کا اسم گرامی ملا دینے سے انسان مشرک نہیں ہو جاتا جس طرح آج کل بعض صاحبان کہتے سنائی دیتے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو قرآن کریم میں یہ آیت ہرگز شامل نہ ہوتی۔

۶۰ نبی رؤف و رحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم جب صدقات تقسیم فرماتے تو بیمار دل لوگ طرح طرح کے اعتراضات کرتے۔ اللہ تعالیٰ نے صدقات کے مستحقوں کا ذکر فرما کر معترضین کو ہمیشہ کے لیے خاموش کر دیا۔ نیز ان مصارف کو تفصیل سے بیان کر دینے میں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ مبادا کسی وقت کوئی مسلمان فرمانروا اس مد کی آمدنی کو بےجا صرف کرنے لگے۔ نیز زکوٰۃ کیونکہ شریعت اسلامیہ کا ایک اہم ترین رکن ہے اس لیے بھی اس کو وضاحت سے بیان کرنا ضروری تھا۔ زکوٰۃ کے یہ آٹھ مصرف ہیں جو اس آیت کریمہ میں بیان کر دیئے گئے ہیں۔ ۱۔ فقراء ۲۔ مساکین ۳۔ زکوٰۃ وصول کرنے والے۔ ۴۔ جن کی تالیف قلب مطلوب ہو۔ ۵۔ غلاموں کو آزاد کرانے کے لیے۔ ۶۔ مقروض ۷۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اور ۸۔ مسافر۔ اب تفصیل سے ان کا الگ الگ ذکر کیا جاتا ہے۔

۶۱ فقیر اور مسکین میں کیا فرق ہے؟ اس کے متعلق علماء کے متعدد اقوال ہیں۔ (۱) فقیر وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ کچھ ہو۔ اور مسکین وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ امام صاحبؒ کے نزدیک یہ قول پسندیدہ ہے۔ لیکن بعض علماء لغت نے فقیر اسے بتایا ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو اور مسکین وہ ہے جس کے پاس کچھ ہو۔ یہ اختلاف پتہ دیتا ہے کہ حقیقت میں یہ دونوں لفظ قریب المعنیٰ ہیں۔ ناداری، افلاس اور احتیاج ان کے درمیان قدر مشترک ہے۔ اسی وجہ سے فصحاء کے کلام میں یہ دونوں ایک دوسرے کے معنی میں مستعمل ہوتے رہتے ہیں۔ اس لیے اسلم یہ ہے کہ اس بحث میں نہ الجھیں بلکہ نفسیات انسانی کے رازدار حبیب کردگار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے مسکین کی جو تعریف کی ہے اسی کو قول فیصل کیا حضورؐ نے مسکین کی تعریف کرتے ہوئے ارشاد فرمایا المسکین الذی لا یجد غنی یغنیہ ولا یفطن فیتصدق علیہ ولا یقوم فیسأل الناس۔ مسکین وہ ہے جس کے پاس اتنا سرمایہ نہ ہو جو اسے غنی کر دے۔ نہ اس کی ظاہری حالت اس کی تنگدستی کا

پتہ دیتی ہو تاکہ لوگ اس کو غریب سمجھ کر صدقہ دیں اور نہ وہ کسی کے سامنے دستِ سوال دراز کرتا ہو۔ حضرت امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ جس کے پاس بیس دینار یا دو سو درہم ہوں (یعنی نصاب زکوٰۃ) تو اس کے لیے زکوٰۃ لینا جائز نہیں۔ اور امام شافعیؒ کا مسلک یہ ہے کہ اگر کوئی شخص صحت مند ہو اور روزی کمانے کی قدرت رکھتا ہو تو اس کے لیے صدقہ لینا حرام ہے اور انھوں نے اس کے لیے یہ حدیث بطور دلیل پیش کی ہے۔ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا تحل الصدقة لغنی ولا لذی مرة سوی اخرجه ابو داؤد والترمذی والدار قطنی۔ لیکن حضورؐ کے اہل بیت بلکہ سارے خاندان ہاشم کے فقراء اور مساکین پر زکوٰۃ لینا حرام ہے۔ کیونکہ حضور کریمؐ کا ارشاد ہے ان الصدقة لا تحل لآل محمد انما ھی اوساخ الناس: صدقہ آل محمد (علیہ التحیۃ والثناء) پر حلال نہیں کیونکہ یہ لوگوں کا میل کچیل ہے۔ لیکن امام ابو یوسفؒ کا یہ قول ہے کہ خاندان بنی ہاشم کے اغنیاء اپنے خاندان کے فقراء کو اپنی زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ عن ابی یوسف ان الزکاة من بنی ھاشم تحل لبنی ھاشم (جصاص۔ احکام القرآن)۔

؎۹۰ وہ لوگ جو امام وقت کی طرف سے زکوٰۃ اور صدقات وصول کرنے کے لیے مقرر کیے جاتے ہیں ان کی تنخواہیں بھی اسی مد سے دی جاسکتی ہیں۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ زکوٰۃ کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ حکومت کا فرض ہے کہ وہ منظم طور پر اسے وصول کرے اور پھر پورے اہتمام کے ساتھ اس کو اس کے مستحقین میں تقسیم کرے۔ خلافت عباسیہ کے اختتام تک یہی طریقہ رہا۔ اگرچہ بعض خلفاء اس میں ناجائز تصرف بھی کیا کرتے لیکن زکوٰۃ پھر بھی انہی کو ادا کی جاتی تاکہ یہ نظام باقی رہے۔ چنانچہ جب خلافت بنی امیہ میں منتقل ہو گئی اور مال زکوٰۃ میں انھوں نے بے اعتدالیاں شروع کر دیں تو کسی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ اب زکوٰۃ کسے دینی چاہیے۔ فرمایا کہ وقت کے حاکموں کو۔ اس نے کہا۔ اذ یتخذون بھا ثیابا وطیبا: وہ تو زکوٰۃ کا روپیہ اپنے لباس فاخرہ اور عطروں پر خرچ کر ڈالتے ہیں۔ فرمایا: وان (اگرچہ وہ ایسا کرتے ہوں) (ابن ابی شیبہ از آزاد) امام صاحبؒ نے فرمایا کہ اگر عامل بنی ہاشم میں سے کوئی ہو تو زکوٰۃ کی مد سے اسے تنخواہ نہیں دی جائے گی کرامة وتنزیھا لقرابة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من غسالة الناس (قرطبی)۔ لیکن امام مالکؒ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ وہ اس مد سے زکوٰۃ لے سکتا ہے لانه اجیر علی عمل مباح فوجب ان یستوی فیه الھاشمی وغیرہ (قرطبی)۔

؎۹۱ یعنی لوگوں کے دلوں کو اسلام کی طرف مائل کرنے کے لیے بھی زکوٰۃ دینا درست ہے۔ اس کی تین صورتیں ہیں: (۱) کفار کے رئیسوں کو اس غرض سے دینا کہ وہ غریب مسلمانوں کو خود بھی اذیت نہ پہنچائیں اور دوسروں کو بھی اذیت پہنچانے سے روکیں (۲) کفار کو اسلام قبول کرنے کی رغبت دلانے کے لیے مالی امداد دینا (۳) نو مسلموں کی خاطر داری کے لیے ان کی اعانت کرنا تاکہ وہ پھر کفر کی طرف مائل نہ ہو جائیں۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان تین قسم کے لوگوں کی تالیف قلوب کے لیے بڑی فیاضی سے دیا کرتے تھے۔ جمہور علماء کے نزدیک اب یہ شق منسوخ ہو چکی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کو عزت عطا فرمائی اور اب ان لوگوں کی تالیف کی ضرورت نہیں لیکن علماء کی ایک جماعت کا یہ خیال ہے کہ یہ منسوخ نہیں بلکہ اگر کسی وقت اس طرح خرچ کرنے کی ضرورت پڑے تو خلیفۂ وقت کو اجازت ہے۔ وقال جماعة من

وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ

اور مقروضوں کے لیے ف۹۳ اور اللہ کی راہ میں ف۹۴ اور مسافروں کے لیے ف۹۵ یہ سب فرض ہے

العلماء هم باقون لان الامام ربما احتاج ان يتألف على الاسلام وانما قطعهم عمر لما رأى من اعزاز الدين …… وقال ابن العربي الذي عندي انه ان قوى الاسلام زالوا وان احتيج اليهم في بعض الاوقات اعطوا سهمهم كما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعطيهم فان في الصحيح بدء الاسلام غريبا وسيعود كما بدأ (قرطبی) ترجمہ: علامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں کہ علماء کی ایک جماعت کی رائے یہ ہے کہ یہ مصرف اب بھی باقی ہے کیونکہ خلیفہ کو کبھی ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ وہ ان لوگوں کی تالیفِ قلوب کرے۔ حضرت عمرؓ نے جب اسلام کا غلبہ دیکھا تو اسے متروک قرار دے دیا۔ ابن عربی فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک حق یہ ہے کہ اگر اسلام قوی اور غالب ہو تو یہ مصرف باقی نہیں رہے گا۔ اور اگر ان کی تالیفِ قلوب کی ضرورت پڑ جائے تو انھیں زکوٰۃ سے حصہ دیا جائے گا جس طرح حضور عطا فرمایا کرتے تھے۔

ف۹۲ اسلام نے غلامی کے انسداد کے لیے جہاں اور کوششیں کیں وہاں یہ کوشش بھی کی کہ زکوٰۃ کی آمدنی سے ایک حصہ غلاموں کو آزاد کرانے کے لیے متعین کر دیا۔ اسی طرح مسلمان جنگی قیدیوں کو رہا کرانے کے لیے بھی یہ رقم خرچ کی جا سکتی ہے۔ لانه اذا كان فك المسلم عن رق المسلم عبادة وجائزا من الصدقة فاحرى واولى ان يكون ذلك في فك المسلم عن رق الكافر وذله (قرطبیؒ) یعنی جب ایک مسلمان غلام کو اس کے مسلمان آقا کی غلامی سے آزاد کرانا عبادت ہے اور اس کے لیے زکوٰۃ جائز ہے تو ایک مسلمان کو کافر کی غلامی سے رہائی دلانے کے لیے زکوٰۃ سے خرچ کرنا تو اور زیادہ ضروری اور مناسب ہوگا۔

ف۹۳ وہ مقروض جن کے پاس قرض ادا کرنے کے لیے کچھ نہیں۔ ان کی امداد بھی زکوٰۃ کے فنڈ سے کی جا سکتی ہے۔ اس طبقہ کی حالت زار پر بھی اسلام نے ہی ترس کھایا لیکن اس کے نزدیک شرط یہ ہے کہ یہ قرض اس نے کسی بُرے کام کے لیے نہ لیا ہو اور نہ ہی فضول خرچی کی وجہ سے وہ مقروض ہُوا ہو۔

ف۹۴ اس سے مراد وہ حج کرنے والے اور جہاد کرنے والے ہیں جن کے پاس زادِ راہ نہ ہو اور اپنے افلاس کی وجہ سے وہ جنگی سازوسامان مہیا نہ کر سکتے ہوں ان کی اعانت بھی مال زکوٰۃ سے کی جا سکتی ہے لیکن محققین کی رائے یہ ہے کہ سبیل اللہ سے مُراد صرف یہ دو قسم کے لوگ نہیں بلکہ ہر وہ کام جس میں عامۃ المسلمین کا فائدہ ہو وہ سبیل اللہ میں داخل ہے۔ چنانچہ دینی مدرسے جن میں قرآن و سنّت کی تعلیم دی جاتی ہو اور دین کے مبلغ اور محقق تیار کیے جاتے ہوں بدرجۂ اولیٰ اس میں داخل ہیں۔ شیخ رشید رضا نے اپنی تفسیر المنار میں اس کے متعلق بڑی وضاحت سے لکھا ہے: وقال الآلوسي في تفسير الكلمة عند الحنفية اريد بذالك عند ابي يوسف منقطعو الغزاة والحجيج وقيل المراد طلبة العلم واقتصر عليه في الفتاوى الظهيرية وفسره في البدائع بجميع القرب فيدخل فيه كل سعى في طاعة الله: علامہ آلوسی نے اس لفظ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک اس سے مُراد وہ غازی اور حاجی ہیں جو اپنے وطن

اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶۰ وَ مِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَ

اللہ کی طرف سے۔ اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا دانا ہے۔ اور کچھ ان میں سے ایسے ہیں جو ۹۶ (اپنی بدزبانی سے) اذیت

سے دُور ہوں اور ان کے پاس اپنے اخراجات پُورے کرنے کا کوئی ذریعہ نہ ہو۔ اور بعض نے اس سے مُراد طلبہ لیے ہیں۔ اور صاحب فتاویٰ ظہیریہ نے تو اس سے مراد فقط طالب علم ہی لیے ہیں۔ اور صاحب بدائع کے نزدیک ہر وہ نیک کام سبیل اللہ میں داخل ہے جس سے قربِ الٰہی حاصل ہو سکے۔ اس کے بعد صاحب المنار رقم طراز ہیں والتحقیق ان سبیل اللہ ھنا مصالح المسلمین عامۃ التی بھا قوام امر الدین والدولۃ دون الافراد (ج ۱۰۔ ص ۵۸۵)۔ ترجمہ تحقیق یہ ہے کہ سبیل اللہ سے مُراد وہ مصالح اور مفید کام ہیں جن سے مخصوص افراد نہیں بلکہ عام مسلمانوں کو فائدہ پہنچے۔ جن سے دین اور دولت دونوں کو تقویت حاصل ہو۔ ومن اھم ما ینفق فی سبیل اللہ فی زماننا ھذا اعداد الدعاۃ الی الاسلام وارسالھم الی بلاد الکفار من قبل جمعیات منظمۃ تمدھم بالمال الکافی کما یفعلہ الکفار فی نشر دینھم (ج ۱۰۔ ۵۸۷)۔ ترجمہ: ہمارے زمانہ میں سب سے اہم کام جس میں اس مد کا روپیہ خرچ کیا جائے وہ مبلغین اسلام کو تیار کرنا ہے اور انھیں منظم انجمنوں کی نگرانی میں کفار کے ممالک میں تبلیغ دین کے لیے بھیجنا ہے اور ان کی مالی ضروریات کو پُورا کرنا ہے۔ یدخل فیہ النفقۃ علی المدارس للعلوم الشرعیۃ وغیرھا مما تقوم بہ المصلحۃ العامۃ (ج ۱۰۔ ص ۵۸۸)۔ ترجمہ: اس میں مدارس اسلامیہ داخل ہیں جن میں علومِ دینیہ کی تعلیم دی جاتی ہے۔ ان کے علاوہ وہ کام جن میں مصلحت عامہ ہے۔

۹۵ وہ مسافر جس کی زادِ راہ ختم ہو چکی ہو اگرچہ وہ دولت مند ہی کیوں نہ ہو زکوٰۃ سے اس کی امداد کی جا سکتی ہے بشرطیکہ وہ سفر کسی گناہ کی نیت سے نہ ہو۔

۹۶ جوہری (امام لغۃ) کہتے ہیں کہ جو شخص ہر ایک کی بات سُن لے اسے رجل اُذُن کہتے ہیں اور ابن عباسؓ فرماتے ہیں جو ہر ایک کی بات سنے بھی اور اسے مان بھی لے اسے رجل اذن کہا جاتا ہے (قرطبی)۔ منافقین کا یہ شیوہ تھا کہ اپنی نجی محفلوں میں اسلام اور پیغمبرِ اسلام کی جناب پاک میں جو جی میں آتا بک دیتے۔ اگر کوئی انھیں کہتا کہ تمھاری باتوں کا علم اگر حضور علیہ السلام کو ہو گیا تو بڑی فضیحت ہوگی تو وہ نابکار کہتے ابھی اس کا فکر نہ کرو۔ وہ کانوں کے بڑے کچے ہیں۔ اگر کسی نے ہماری کوئی بات ان سے کہہ بھی دی تو کیا ہوگا ہم جا کر حلفیہ بیان دے دیں گے کہ ہم نے یہ بات ہرگز نہیں کہی تو وہ فوراً ہماری بات مان جائیں گے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرے محبوب کا تمھاری بات سُن لینا اور تم سے اعراض کرنا تمھارے لیے ہی اچھا ہے۔ ورنہ اگر حقیقت آشکارا کر دی جاتی تو تمھارا نفاق ظاہر ہو جاتا اور تم روسیاہوں کو منہ چھپانے کے لیے جگہ نہ ملتی۔ وہ تو محض از راہِ شفقت و پردہ پوشی تم سے اعراض کرتے ہیں۔ یہ مت سمجھو کہ وہ تمھاری بات کو سچ سمجھتے ہیں اور تمھارا جھوٹ ان سے پوشیدہ رہتا ہے۔ وہ تو صرف اللہ تعالیٰ کی بات کا یقین رکھتے ہیں۔ اور مخلص اہلِ ایمان کی باتوں پر اعتبار کرتے ہیں۔

يَقُولُونَ هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ

دیتے ہیں نبی (کریم) کو اور کہتے ہیں یہ کانوں کا کچا ہے۔ فرمائیے وہ سنتا ہے جس میں بھلا ہے تمہارا یقین رکھتا ہے اللہ پر اور یقین کرتا ہے

لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ

مومنوں (کی بات) پر اور سراپا رحمت ہے ان کے لیے ٩٧ جو ایمان لائے تم میں سے اور جو لوگ دکھ پہنچاتے ہیں ٩٨ اللہ کے

رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦١﴾ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ

رسول کو۔ ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ (منافق) قسمیں اٹھاتے ہیں ٩٩ اللہ کی تمہارے سامنے

٩٧ جو بیگانوں کی پردہ پوشی کرتا ہے اور دشمنوں کو رسوا نہیں کرتا۔ اس کی شفقت، اس کی رأفت، اس کی رحمت اپنوں پر کس طرح نوازشات فرماتی ہے وہ کسی سے مخفی نہیں۔ اسی لیے سابقہ جملہ کے ساتھ یہ بھی فرما دیا کہ وہ اہلِ ایمان کے لیے سراپا رحمت ہی رحمت ہے۔

٩٨ قیامت تک آنے والے لوگوں کو بتا دیا کہ کوئی ہو جس نے میرے حبیب کے دلِ رحیم کو ایذا پہنچائی وہ دردناک عذاب میں مبتلا کر دیا جائے گا۔ اب وہ لوگ جو حضورؐ کے کمالاتِ علمی کا انکار کرتے ہیں اور اس بُرے ارادے سے قرآن و حدیث کا مطالعہ کرتے ہیں کہ انھیں کوئی ایسی چیز ہاتھ آ جائے جس سے وہ اپنے ناقص اور غلط خیال کے مطابق اللہ کے پیغمبر کی جہالت ثابت کر سکیں یا کمالاتِ مصطفوی کا انکار کر سکیں اور اس رفعت و تقدس مآب کی جناب میں بازاری الفاظ بڑی بے حیائی اور بے باکی سے اپنی تقریروں اور تحریروں میں استعمال کرتے ہیں وہ خود سوچیں کہ ان کا حشر کیا ہو گا ؎

ادب گاہیست زیرِ آسماں از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا

٩٩ بتایا جا رہا ہے کہ منافقین کتنے نادان ہیں کہ لوگوں کو خوش کرنے کے لیے جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں اور اپنی پاک باطنی اور نیک نیتی کو ثابت کرنے کے لیے آسمان و زمین کے قلابے ملاتے ہیں لیکن ایسی باتوں سے اللہ اور اس کا رسول تو خوش نہیں ہو سکتا اور حق تو یہ تھا کہ یہ لوگ محض اللہ اور اس کے رسول کی رضا جوئی کے لیے کوشاں رہتے۔ واللہ ورسولہ احق کی ترکیب سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کے رسول کا ذکر کر دیا جائے تو ہر جگہ شرک نہیں ہو جاتا جیسے بعض متشدد لوگ سمجھتے ہیں بلکہ یہ تو اہلِ ایمان کی نشانی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی اور اس کے حبیب رسول کی خوشنودی ہر عمل میں پیشِ نظر رکھیں۔ نحوی قاعدہ کے مطابق یرضوھما ہونا چاہیے تھا کیونکہ مرجع اللہ اور رسول دو ہیں اس لیے ضمیر بھی تثنیہ کی ہونی چاہیے تھی۔ واحد کی ضمیر ذکر کرنے میں یہ حکمت ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کی رضا دو الگ الگ نہیں بلکہ

لِيُرْضُوكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُولُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوهُ اِنْ كَانُوا

تاکہ خوش کریں تمہیں۔ حالانکہ اللہ اور اس کا رسول زیادہ مستحق ہے کہ اسے راضی کریں اگر وہ

مُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُولَهٗ فَاَنَّ

ایماندار ہیں۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ جو کوئی مخالفت کرتا ہے [63] اللہ اور اس کے رسول کی تو

لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۳﴾ يَحْذَرُ

اس کے لیے آتش جہنم ہے ہمیشہ رہے گا اس میں۔ یہ بہت بڑی رسوائی ہے۔ ڈرتے رہتے ہیں

الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ

منافق کہ کہیں نازل (نہ) کی جائے اہل ایمان پر کوئی سورۃ جو آگاہ کردے انھیں جو کچھ منافقوں

قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿۶۴﴾

کے دلوں میں ہے۔ آپ (انھیں) فرمائیے کہ مذاق کرتے رہو۔ یقیناً اللہ ظاہر کرنے والا ہے جس سے تم خوفزدہ ہو [64]

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ

اور اگر آپ دریافت فرمائیں ان سے تو کہیں گے بس ہم تو صرف دل لگی اور خوش طبعی کر رہے تھے۔ آپ فرمائیے

ایک ہی ہے جس پر اللہ راضی اس پر اس کا رسول بھی خوش اور جس پر اس کا رسول راضی اسے اللہ تعالیٰ کی رضامندی بھی میسر ہے۔

[63] محادّہ کہتے ہیں کسی کے مقابلہ میں اپنا الگ محاذ قائم کرلینا والمحادۃ وقوع ھذا فی حد وذاک فی حد (قرطبی) مقصد یہ ہے کہ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت پر کربستہ ہو جاتے ہیں ان کا ابدی ٹھکانا دوزخ ہے۔

[64] یعنی ان کو ہمیشہ اس بات کا کھٹکا لگا رہتا تھا کہ کہیں ان کے نفاق کو ظاہر نہ کر دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ بے شک جس چیز کا تمہیں اندیشہ تھا وہ ہو کر رہا اور ہم نے اپنے مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ وازکی الثناء کو تمہارے ناموں اور تمہارے کاموں پر مطلع کر دیا۔ قرطبی لکھتے ہیں کہ ان کو ظاہر کر دینے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو ان کے احوال اور ان کے اسماء کا علم عطا فرما دیا۔ الاخراج الله انه عرف نبيه عليه السلام احوالهم واسماءهم لا انها نزلت في القرآن ولقد قال الله تعالى ولتعرفنهم في لحن القول وهو نوع الهام۔ ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم علیہ السلام کو ان کے

اَبِاللّٰهِ وَ اٰيٰتِهٖ وَ رَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۶۵﴾ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ

(گستاخو!) کیا اللہ سے اور اس کی آیتوں سے اور اس کے رسول سے تم مذاق کیا کرتے تھے؟ ۱۰۲ (اب) بہانے مت بناؤ

كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ

تم کافر ہو چکے (اظہار) ایمان کے بعد اگر ہم معاف بھی کر دیں ایک گروہ کو تم میں سے تو عذاب دیں گے

نُعَذِّبْ طَآئِفَةً ۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۶۶﴾ اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَ

دوسرے گروہ کو کیونکہ وہی (اصلی) مجرم تھے۔ منافق مرد اور

الْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَ

منافق عورتیں سب ایک جیسے ہیں ۱۰۳ حکم دیتے ہیں برائی کا اور

حالات اور ان کے ناموں پر آگاہ کر دیا۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ ان کے نام اور احوال تفصیل سے قرآن کریم میں ذکر کر دیئے بلکہ بذریعہ الہام ان کا علم دے دیا۔ قرآن کریم میں ہے ولتعرفنهم فی لحن القول، اے حبیب! تم ان کی گفتگو کے لہجے سے انہیں ضرور پہچان لوگے۔ یہ پہچان بھی الہام کی ایک قسم ہے۔

۱۰۲ مسلمانوں کا تمسخر اڑانا منافقین کا ایک پسندیدہ مشغلہ تھا۔ کوئی موقع بھی تو ہاتھ سے جانے نہ دیتے خصوصاً جب مسلمان اپنی بے سروسامانی کے باوجود قیصر سے جنگ کرنے کی تیاریاں کرنے لگے تو ان بدباطنوں کو پھبتیاں اڑانے کا زریں موقع مل گیا۔ کوئی کہتا یہ دیکھو! چشم بد دور اب شہنشاہ روم سے جنگ لڑنے چلے ہیں۔ کوئی کہتا ان کے وہاں پہنچنے کی دیر ہے رومی فوجیں ان کی وہ درگت بنائیں گی کہ چھٹی کا دودھ یاد آجائے گا۔ دوسرا کہتا یار مزا تو جب ہے کہ ان کے ہاتھ پاؤں میں بیڑیاں ہوں اور اوپر سے کوڑے برس رہے ہوں۔ غرضیکہ جب ان کی نامعقول باتوں کا چرچا ہوتا تو بڑے مسکین کی طرح حاضر ہوتے اور کہتے یا حضرت! ہم تو صرف دل لگی کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کم بختو! کیا اللہ اور اس کے رسول کے سوا اور کوئی نہیں رہا جس کے ساتھ تم دل لگی کر سکو۔

۱۰۳ منافق مرد ہوں یا عورتیں سب کا مزاج یکساں ہے۔ ہر برے نظریہ اور ہر برے فعل کی ترویج و اشاعت میں بڑے چست ہیں اور اگر کہیں سے نیکی کی کرن پھوٹے تو تلملا جاتے ہیں اور ہر طرح سے کوشش کرتے ہیں کہ یہ نیکی پھلنے پھولنے نہ پائے اور اس کے علمبردار کہیں ترقی اور اقتدار حاصل نہ کر لیں۔ اگر نیک کام میں ان سے مالی اعانت کا مطالبہ کیا جائے تو خواہ ان کے ہاں روپیہ کی فراوانی ہو ان کی مٹھیاں بھنچ جاتی ہیں اور انہیں توفیق ہی نہیں ہوتی کہ اس کے لیے ایک

يَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوفِ وَيَقْبِضُونَ أَيْدِيَهُمْ ۚ نَسُوا اللَّهَ

روکتے ہیں نیکی سے اور بند رکھتے ہیں اپنے ہاتھ (حقیقت یہ ہے کہ) انھوں نے بھلا دیا ہے

فَنَسِيَهُمْ ۗ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴿٦٧﴾ وَعَدَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ

اللہ کو تو اس نے بھی فراموش کر دیا ہے انھیں ۱۳۴ بے شک منافق ہی نافرمان ہیں۔ وعدہ کیا ہے اللہ نے منافق مردوں اور

وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ

منافق عورتوں اور کفار سے دوزخ کی آگ کا۔ ہمیشہ رہیں گے وہ اس میں یہی کافی ہے انھیں

وَلَعَنَهُمُ اللَّهُ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُقِيمٌ ﴿٦٨﴾ كَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ

نیز لعنت کی ہے ان پر اللہ نے اور انہی کے لیے ہے دائمی عذاب ۱۳۵ (اے منافقو!) تمھاری حالت بھی ایسی ہے جیسے اُن

كَانُوا أَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَأَكْثَرَ أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا فَاسْتَمْتَعُوا

لوگوں کی جو تم سے پہلے گزرے وہ زیادہ تھے تم سے قوت میں اور مال اور اولاد کی کثرت میں ۱۳۶ سو لطف اٹھایا انھوں نے

پائی بھی خرچ کریں۔

۱۳۴ انھوں نے اپنے طرزِ عمل سے ثابت کر دیا ہے کہ انھیں اپنا خدا یاد نہیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مولائے کریم نے بھی ان بدنصیبوں کو اپنی رحمت وعنایت سے فراموش کر دیا جہاں دوسروں کے لیے اس کے فضل وکرم کے دروازے کھلے ہوتے ہیں وہاں ان کی طرف کھلنے والا دروازہ بند کر دیا گیا ہے گویا باہر کوئی سائل ہے ہی نہیں جس کی طرف دستِ جود وسخا دراز کرنا مطلوب ہو۔ خدا فراموشی انسان کو خود فراموش بنا دیتی ہے۔ یہ جرم جتنا بڑا ہے اس کی سزا بھی اتنی ہی سنگین ہے۔

۱۳۵ رحمت وعنایت کے مستحقین کی فہرست سے توان کا نام خارج کر دیا گیا ہے کیونکہ انھیں اس کی خواہش ہی نہ تھی البتہ دوزخ کے دہکتے ہوئے انگارے ان کی راہ دیکھ رہے ہیں۔ اسی کے لیے وہ عمر بھر کوشاں رہے۔ اسی کی آرزو میں وہ رات دن بیقرار رہے۔ سو اب ان کی یہ خواہش پوری کرنے کے لیے ان سے پختہ وعدہ کیا جا رہا ہے کہ انھیں جہنم میں ابدی قرارگاہ دے دی جائے گی جہاں سے انھیں نکالا نہیں جائے گا۔

۱۳۶ اے اہلِ نفاق! اس محفلِ ہستی میں تمہارا وجود کوئی اچنبہ نہیں۔ تم سے پہلے بھی ایسے لوگ گزر چکے ہیں جو قوت وطاقت میں اور مال و دولت میں تم سے کہیں زیادہ تھے۔ انھیں بھی سمجھانے والوں نے بہتیرا سمجھایا لیکن زندگی کے اعلیٰ

بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ

اپنے (دنیوی) حصہ سے اور تم نے بھی لطف اٹھایا اپنے (دنیوی) حصہ سے اسی طرح جیسے لطف اٹھایا انھوں نے جو

مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا ۭ اُولٰۗىِٕكَ

تم سے پہلے ہو گزرے اپنے (دنیوی) حصہ سے اور (لذتوں میں) تم بھی ڈوبے رہے جیسے وہ ڈوبے رہتے تھے یہی

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ

وہ لوگ ہیں ضائع ہو گئے جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں ۔ اور یہی لوگ نقصان

الْخٰسِرُوْنَ ۝ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ

اٹھانے والے ہیں ۔ کیا نہ آئی ان کے پاس خبر ؀ ان لوگوں کی جو ان سے پہلے گزرے (یعنی) قوم نوح

وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ڏ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ

اور عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم اور اہل مدین اور

وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ۭ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ

وہ بستیاں جنھیں الٹ دیا گیا تھا ۔ آئے تھے ان سب کے پاس انکے رسول روشن دلیلیں لیکر اور نہ تھا اللہ (کا یہ دستور)

اور پاکیزہ مقصد کو سمجھنے سے ان کی تمام عقلیں قاصر رہیں اور وہ جسمانی لذتوں اور شہوانی خواہشوں میں ہی کھو کر رہ گئے ۔ اور زندگی کی قیمتی گھڑیاں یونہی برباد کر کے اس دنیا سے چلے گئے ۔ اور ان کا انجام بہت حسرتناک اور دردناک ہوا ۔ وہی روش تم نے اختیار کر رکھی ہے ۔ سو تمہارا بھی وہی عبرتناک انجام ہونے والا ہے ۔ کالذین من قبلکم خبر ہے ۔ اور اس کی مبتدا انتم محذوف ہے ۔ تقدیر کلام یوں ہے انتم کالذین من قبلکم (قرطبی) ۔

؀ اب صراحۃً ان قوموں کے نام لے کر انھیں تنبیہ کی جارہی ہے جن کی عظمت و سطوت کی داستانیں اور پھر ان کی تباہی و بربادی کے قصے خود ان کے ہاں بچے بچے کی زبان پر تھے ۔ اصحاب مدین سے مراد قوم شعیب علیہ السلام ہے ۔ مؤتفکات : ائتفاک کا معنی ہے زمین کو زیر و زبر کر دینا ۔ اس سے مراد لوط علیہ السلام کی قوم ہے کہ جب ان پر عذاب آیا تو ان کی بستیوں کو الٹ دیا گیا ۔

لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

کہ ظلم کرتا ان پر بلکہ وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے رہتے تھے ۱۴۸ نیز مومن مرد

وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے مددگار ہیں ۱۴۹ حکم کرتے ہیں نیکی کا

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ

اور روکتے ہیں برائی سے اور صحیح صحیح ادا کرتے ہیں نماز اور دیتے ہیں

الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ

زکوٰۃ اور اطاعت کرتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کی۔ یہی لوگ ہیں جن پر ضرور رحم فرمائے گا اللہ

۱۴۸ مذکورۂ بالا قوموں کے ساتھ جو سلوک کیا گیا وہ ان پر ظلم اور زیادتی نہیں تھی بلکہ ان کو صحیح راستہ بتا دیا گیا۔ وقتاً فوقتاً ان کو ان کی غلط روی پر متنبہ کرنے کے لیے انبیاء بھیجے گئے۔ آسمانی ہدایت کی روشنی ان کے سامنے حق و باطل کو نمایاں کرتی رہی لیکن بایں ہمہ جب وہ اسی راہ پر چلنے پر مصر ہوتے جو ہلاکت کے گہرے غار میں لے جانے والی تھی تو انجام کار وہ اس غار میں جا گرے۔ اب تم خود فیصلہ کر لو کہ قصوروار کون ہے اور کیا خداوند عالم نے ان کے ساتھ بے انصافی کی یا وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے رہے۔

۱۴۹ وہ قوم جس نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت کو قبول نہیں کیا ان کی خصوصیتوں کا بیان تو گزر چکا کہ انھیں نیکی سے طبعی ضد ہے اور برائی سے طبعی مناسبت۔ اللہ کی راہ میں کچھ خرچ کرنے سے ان کے دل ڈوب ڈوب جاتے ہیں۔ اللہ کی یاد تو انھیں نصیب نہیں لیکن جنھوں نے اس دعوت کو قبول کیا اور اسلام کو اپنا دین اور نبی پاک کو اپنا ہادی اور مرشد تسلیم کیا۔ کیا انھوں نے صرف اپنا لیبل ہی بدلا ہے یا ان میں اور ان میں حقیقی فرق بھی ہے۔ اس آیت میں اسی حقیقی فرق اور عظیم انقلاب کی کیفیت بیان کی جا رہی ہے جو لا الٰہ الا اللہ کہنے سے انسان میں رونما پذیر ہوتا ہے فرمایا جو خوش نصیب مرد اور عورتیں میرے حبیب کی دعوت کو قبول کرتی ہیں ان میں ایک ایسا انقلاب رونما ہوتا ہے جو ان کے ظاہر و باطن کو بدل کر رکھ دیتا ہے۔ وہ نیکی کو فروغ دینے کے لیے اپنے سارے وسائل وقف کر دیتے ہیں۔ اپنی راحت و آرام کو قربان کر دیتے ہیں اور ضرورت پڑے تو نیکی کا پرچم بلند رکھنے کے لیے وہ اپنی جان بھی خوشی خوشی نثار کر دیتے ہیں اور ان کا وجود باطل کے لیے تو ایک چیلنج ہوتا ہے۔ وہ باطل اور برائی کی سروری قبول کرنے سے صاف

إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٧١﴾ وَعَدَ اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

١١٠ بیشک اللہ تعالیٰ غالب ہے حکمت والا ہے۔ وعدہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے

جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَمَسَاكِنَ

باغات کا۔ رواں ہیں جن کے نیچے ندیاں۔ یہ ہمیشہ رہیں گے ان میں۔ نیز (وعدہ کیا ہے) پاکیزہ

طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ وَرِضْوَانٌ مِنَ اللَّهِ أَكْبَرُ ۚ ذَٰلِكَ

مکانات کا سدا بہار باغوں میں ١١١ اور رضائے خداوندی ان سب نعمتوں سے بڑی ہے ١١٢ یہی تو

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٧٢﴾ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ

بڑی کامیابی ہے ١١٣ اے نبی کریم! جہاد کیجیے کافروں اور

ع ٩ ١٥

انکار کر دیتے ہیں اور جہاں تک ان کا بس چلتا ہے وہ اس کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں دریغ نہیں کرتے۔ یہ لوگ نماز ادا کرتے ہیں۔ زکوٰۃ دیتے ہیں۔ صرف اسی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ اللہ اور اس کے رسول کریم کے ہر حکم کی اطاعت کے لیے ہر وقت مستعد رہتے ہیں۔

١١٠ یہاں سین تاکید اور مبالغہ کے لیے ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ ان پر ضرور اپنی رحمت فرمائے گا۔ وحرف السين في قوله سيرحمهم الله للتوكيد والمبالغة (رازی)

١١١ جب کوئی چیز کسی جگہ ہمیشہ کے لیے اقامت گزیں ہو جائے تو عربی میں کہتے ہیں عدن بمكان كذا۔ اسی لیے کان کو بھی معدن کہتے ہیں کیونکہ یہ جگہ اسی دھات کی قرارگاہ ہوتی ہے۔ ویسے جنت کے اعلیٰ درجہ کا نام بھی عدن ہے۔ جو وسط میں ہے اور دوسرے جنت اس کے اردگرد ہیں۔ اسی میں تسنیم کا چشمہ ہے۔ انبیاء کرام، شہداء، صدیقین کے لیے مخصوص ہے۔ وقال مقاتل والكلبي عدن اعلى درجة في الجنة وفيها عين تسنيم والجنان حولها (قرطبی)

١١٢ بیشک اہل عشق و محبت تو فقط اسی کے متلاشی رہتے ہیں۔ محبوب حقیقی کی خوشنودی سے کم وہ کسی چیز پر مطمئن نہیں ہوتے۔ ان کی شب بیداریاں، ان کی ریاضتیں اور ان کی آہ و زاریاں اسی لیے تو ہوتی ہیں کہ ان کا محبوب ان پر راضی ہو جائے۔ وہ کہتے ہیں ؎

اذا كنت مني يا مني القلب راضيا ارى كل من في الكون لي يتبسم

اے میرے مطلوبِ دل! اگر تو مجھ پر راضی ہو جائے تو مجھے کائنات کی ہر چیز مسکراتی ہوئی نظر آتی ہے۔

وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ

منافقوں کے ساتھ اور سختی کیجیے ان پر ١٢٣ اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت برا

الْمَصِيْرُ ﴿٧٣﴾ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۚ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ

ٹھکانا ہے ۔ قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی کہ انھوں نے یہ نہیں کہا ١٢٥ حالانکہ یقیناً انھوں نے کہی تھی کفر کی

کتنا بلند اور پاکیزہ ہے یہ مقصد اور کتنے خوش نصیب اور سعادتمند ہیں وہ لوگ جن کے دلوں میں اس مقصد کی لگن ہوتی ہے۔ اللّٰھم اجعلنا منھم و معھم و انت ارحم الراحمین بجاہ حبیبك الامین صلی اللہ علیہ وسلم۔

١٢٣ ع یزداں بکمند آور اے ہمتِ مردانہ

١٢٣ اس آیت میں غور کرنے سے ان لوگوں کے تمام شکوک و شبہات کا قلع قمع ہو جانا چاہیے جو حضور رحمت عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام خصوصاً خلفاء راشدین کی شان میں گستاخیاں کرتے ہیں اور ان کے مقام رفیع کے انکار پر ہی اکتفا نہیں کرتے بلکہ ان کے ایمان میں بھی شک کرتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو حکم دے رہا ہے کہ آپ کفار اور مشرکین کے ساتھ اب نرمی اور عفو و درگزر کا سلوک نہ کیجیے بلکہ ان کے ساتھ جنگ کیجیے اور سختی سے برتاؤ کیجیے ۔ یہ سورۃ اس وقت نازل ہوئی جب مکہ فتح ہو چکا تھا اور سارے جزیرۂ عرب میں اسلام کی عظمت کا جھنڈا لہرا رہا تھا اور مسلمانوں کو کسی کا اندیشہ نہ تھا تاکہ یہ کہا جا سکے کہ حضور اسلام کی ظاہری کمزوری کے باعث منافقوں سے سختی نہ کر سکے ۔ جب ہم دیکھتے ہیں کہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا سلوک اپنے تمام صحابہ خصوصاً خلفاء راشدین کے ساتھ نہایت ہی مشفقانہ ، کریمانہ اور فیاضانہ تھا ۔ محبت و عنایت کا بادل ہر وقت ان پر برستا رہا ۔ یہ دیکھ کر ہمیں یقین ہو جاتا ہے کہ یہ نفوس قدسیہ ایمان و یقین کے مجسمے تھے حضور کی تئیس سال کی شبانہ روز محنت و تربیت کے شیریں ثمر تھے ۔ اگر ان کو کوئی نادان منافق کہتا ہے تو وہ ان کو نہیں ان کے آقا و مولیٰ پر گویا یہ الزام لگاتا ہے کہ اس نے ان سے یہ محبت بھرا سلوک کر کے اپنے رب کی حکم عدولی کی ۔ العیاذ باللہ ۔ سبحانك ھٰذا بھتان عظیم ۔

١٢٥ منافقین جو دل سے ایمان نہیں لائے تھے بلکہ محض دنیاوی مفاد اور سیاسی مصلحتوں کے پیش نظر مسلمانوں کے ساتھ ملے ہوئے تھے جب وہ الگ بیٹھتے تو اسلام اور رسول اسلام کے خلاف گستاخیاں کرتے اور جب بھی ان کا راز فاش ہوتا تو اپنی براءۃ ثابت کرنے کے لیے جھوٹی قسموں کے پل باندھ دیتے کہ واللہ باللہ ہم نے ہرگز یہ بات نہیں کہی اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ان جھوٹی قسموں سے تم خدا کو دھوکہ دینا چاہتے ہو جو سب رازوں کا جاننے والا ہے ۔ تم نے یہ باتیں کہیں اور اظہار اسلام کے بعد پھر کفر اختیار کر لیا ۔ اس ضمن میں یہ واقعہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ حضور جب تبوک سے واپس تشریف لا رہے تھے تو بارہ تیرہ منافقوں نے تہیہ کر لیا کہ جب رات کو حضور سفر کر رہے ہوں اور کسی گھاٹی

الْكُفْرِ وَكَفَرُوا بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوا بِمَا لَمْ يَنَالُوا ۚ

بات اور انھوں نے کفر اختیار کیا اسلام لانے کے بعد اور انھوں نے ارادہ بھی کیا ایسی چیز کا جسے وہ نہ پا سکے

وَمَا نَقَمُوا إِلَّا أَنْ أَغْنٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ مِنْ فَضْلِهِ ۚ

اور نہیں خشمناک ہوئے وہ مگر اس پر کہ غنی کر دیا انھیں اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسول نے اپنے فضل و کرم سے ۱۱۶

فَإِنْ يَتُوبُوا يَكُ خَيْرًا لَهُمْ ۚ وَإِنْ يَتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ

سو اگر وہ توبہ کر لیں تو یہ بہتر ہوگا ان کے لیے اور اگر وہ رُوگردانی کریں تو عذاب دیگا انھیں اللہ تعالیٰ

کے دہانے پر پہنچیں تو دھکا دے کر گرا دیا جائے۔ چنانچہ حضورؐ تشریف لیے جا رہے تھے۔ حذیفہؓ بن یمان اونٹنی کی نکیل پکڑے آگے آگے تھے اور عمارؓ پیچھے پیچھے۔ جب اونٹنی ایک گھاٹی کے کنارے پر پہنچی تو بارہ آدمی جنھوں نے اپنے چہرے ڈھانپے ہوئے تھے راستہ روک کر کھڑے ہو گئے۔ حضورؐ نے عتاب آلود آواز سے جب انھیں للکارا تو بھاگ کھڑے ہوئے۔ حضورؐ نے حذیفہ و عمار سے دریافت فرمایا کہ کیا تم نے انھیں پہچانا؟ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! انھوں نے منہ چھپائے ہوئے تھے۔ ہم تو انھیں پہچان نہ سکے۔ حضورؐ نے فرمایا ھٰؤلاء المنافقون الی یوم القیامۃ۔ یہ ازلی بدبخت ہیں قیامت تک یہ منافق ہی رہیں گے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ یہ اس مقصد کے لیے آئے تھے کہ مجھے گھاٹی میں گرا دیں۔ انھوں نے عرض کی یا رسول اللہ! آپ ان کے قتل کا حکم کیوں صادر نہیں فرما دیتے۔ حکیم نبی نے جواب دیا: لاأکرہ ان یتحدث العرب بینھا ان محمدا قاتل بقوم حتی اذا اظھرہ اللہ بھم اقبل علیھم یقتلھم ثم قال اللھم ارمھم بالدبیلۃ قلنا یا رسول اللہ! ما الدبیلۃ؟ قال شھاب من نار یقع علی نیاط قلب احدھم فیھلک (ابن کثیر) ترجمہ: نہیں، میں اس بات کو ناپسند کرتا ہوں کہ عرب یہ کہیں کہ محمد (علیہ السلام) ایک قوم کو ساتھ لے کر لوگوں سے لڑتا رہا اب جب غالب آ گیا تو اسی قوم کو قتل کرنا شروع کر دیا۔ پھر عرض کیا اے اللہ! انہیں دبیلہ کا تیر مار۔ ہم نے پوچھا یا رسول اللہ! دبیلہ کیا ہے فرمایا یہ آگ کا شعلہ ہے جو ان کی رگِ دل پر پڑے گا اور انھیں ہلاک کر دے گا۔

۱۱۶ یعنی ان احسان فراموشوں کو دیکھو کہ قرضوں کے بوجھ تلے دبے جا رہے تھے کھانے تک کو میسر نہ تھا میرا رسول مدینہ میں تشریف فرما ہوا تو اس کی برکت سے کاروبار میں برکت ہوئی کھیتوں میں اناج پیدا ہونے لگا۔ مال غنیمت میں ان کو بھی حصہ ملتا رہا۔ اب جب مالی حالت اچھی ہو گئی تو بجائے اس کے کہ اللہ اور اس کے رسول نے انھیں جن نوازشات سے مالامال فرمایا۔ اس کا شکریہ ادا کرتے الٹے مخالفت پر آمادہ ہیں۔ یہ بعینہٖ اس طرح ہے جس طرح ہم اردو میں کہتے ہیں کہ میرا اس کے سوا اور کیا قصور ہے کہ میں نے اسے مصیبت سے نجات دلائی۔

عَذَابًا اَلِيۡمًا فِي الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمۡ فِي الۡاَرۡضِ

عذاب الیم۔ دُنیا اور آخرت میں اور نہیں ہوگا ان کا رُوئے زمین

مِنۡ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيۡرٍ ﴿۷۴﴾ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنۡ

میں کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔ اور کچھ ان میں سے وہ ہیں ؎ جنھوں نے وعدہ کیا اللہ کے

؎ ثعلبہ بن حاطب بارگاہِ رسالت میں حاضر ہُوا اور عرض کی یا رسُول اللہ! دعا فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے مالدار کر دے۔ حضورؐ نے فرمایا اے ثعلبہ کیا تمھیں یہ بات پسند نہیں کہ تم میری طرح ہو۔ اگر میں چاہتا تو یہ پہاڑ سونے کے بن جاتے اور میرے ساتھ ساتھ چلتے۔ اس نے پھر یہی عرض کی کہ حضور دُعا فرما دیں کہ میں مالدار ہو جاؤں اور مجھے خدا کی قسم جس نے آپ کو نبی برحق مبعوث فرمایا اگر مجھے دولت مل گئی تو میں ہر حقدار کا حق ادا کروں گا۔ حضورؐ نے پھر فرمایا اے ثعلبہ! قلیل تعلیق شکرہ خیر من کثیر لا تطیقہ: اے ثعلبہ تھوڑا مال جس کا تم شکر ادا کر سکو اس زیادہ مال سے بہتر ہے جس کا تم شکر ادا کرنے سے قاصر رہو۔ لیکن اس نے پھر اپنی عرض دُہرائی۔ حضورؐ نے دُعا فرمائی اللّٰھم ارزقہ مالاً۔ اے اللہ اس کو مال عطا فرما۔ اب کیا تھا لبِ مصطفوی دُعا کے لیے کھلے تو ادھر رزق کے دروازے کھل گئے۔ اس نے چند بکریاں خریدیں اور ان میں اتنی برکت ہوئی کہ مدینہ میں کوئی حویلی ایسی نہ تھی جہاں وہ سما سکیں۔ باہر دور جنگل میں ڈیرہ بنایا۔ پہلے تو یہ حالت تھی کہ صبح وشام مسجد میں بسر ہوتی اور اسی وجہ سے اسے حمامۃ المسجد (مسجد کی کبوتری) کہا جاتا تھا۔ اب پہلے دن کو غیر حاضری ہوتی۔ پھر رات کو بھی غیر حاضری ہونے لگی۔ ہفتہ میں صرف جمعہ کی نماز مسجد نبوی میں نصیب ہوتی۔ لیکن ریوڑ کی غیر متوقع افزائش کے باعث مصروفیات اتنی بڑھیں کہ جمعہ تو کیا عید کے دن بھی حاضری نصیب نہ ہوتی۔ اسی اثناء میں زکوٰۃ کا حکم نازل ہُوا۔ حضورؐ نے اپنے دو عامل اس کے پاس روانہ فرمائے۔ اس نے کہا یہ تو بہت زیادتی ہے۔ تم ذرا آگے سے ہو آؤ میں اتنے میں سوچ رکھوں گا۔ وہ دونوں اس کے ہاں سے سلیمی کے پاس گئے۔ اس نے ثعلبہ کی بات سُن لی تھی۔ اس نے بہترین جانور زکوٰۃ کے لیے بخوشی پیش کر دیے۔ جب واپسی پر ان عاملوں کا اس کے پاس سے گزر ہُوا تو کہنے لگا ذرا وہ خط دکھاؤ دیکھوں اس میں کیا لکھا ہے۔ پڑھنے کے بعد کہنے لگا یہ تو جزیہ ہے تم جاؤ میں ذرا سوچ لوں۔ جب وہ عامل بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے تو اس سے پیشتر کہ وہ کچھ عرض کریں حضورؐ نے فرمایا: ویح ثعلبہ بن حاطب ثعلبہ ہلاک ہو گیا اور سلیمی کے لیے حضورؐ نے دُعا فرمائی۔ چنانچہ ثعلبہ کے بارے میں یہ آیت نازل ہُوئی۔ اس کے رشتہ داروں نے اسے بتایا کہ تیرے حق میں یہ آیت اُتری ہے تو زکوٰۃ لے کر حاضر ہُوا۔ حضورؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تیرا صدقہ قبول کرنے سے مجھے منع فرمایا ہے۔ چنانچہ وہ رونے لگا اور سر پر خاک ڈالنے لگا۔ پھر حضرت صدیق اکبرؓ کے عہدِ خلافت میں بھی وہ زکوٰۃ لے کر حاضر ہُوا تو آپ نے فرمایا تیری زکوٰۃ اللہ کے رسُول نے منظور نہیں فرمائی تو میں کیسے منظور کر سکتا ہوں۔ پھر عہدِ فاروقی میں حاضر ہُوا اور زکوٰۃ

اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾

ساتھ کہ اگر اس نے دیا ہمیں اپنے فضل سے تو ہم دل کھول کر خیرات دیں گے اور ضرور ہو جائیں گے نیکو کاروں میں ۔

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ

پس جب اس نے عطا فرمایا انہیں اپنے فضل سے تو کنجوسی کرنے لگے اس کے ساتھ اور روگردانی کر لی اور وہ

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ

منہ پھیرنے والے ہیں ۔ پس اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اللہ نے نفاق جما دیا ان کے دلوں میں ۱۱۸ اس دن تک جب ملیں گے

بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿۷۷﴾ اَلَمْ

اس کو اس وجہ سے کہ انہوں نے خلاف ورزی کی اللہ سے جو وعدہ انہوں نے کیا تھا اور اس وجہ سے کہ وہ جھوٹ بولا کرتے تھے ۔

يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ

کیا وہ نہیں جانتے کہ بیشک اللہ تعالیٰ جانتا ہے ان کے راز کو اور ان کی سرگوشی کو اور یقیناً اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا

الْغُيُوْبِ ﴿۷۸﴾ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

ہے سارے غیبوں کو ۔ جو لوگ (ریاکاری کا) الزام لگاتے ہیں خوشی خوشی خیرات کرنے والوں پر مومنوں سے ۱۱۹

پیش کی حضرت فاروق ؓ نے بھی یہ کہہ کر رد فرما دی کہ جب تیری زکوٰۃ رسول کریم ؐ نے اور صدیق اکبر ؓ نے قبول نہ کی تو میں کیونکر قبول کر سکتا ہوں ۔ چنانچہ اسی حالت میں وہ عہد عثمانی میں مر گیا ۔

۱۱۸ یعنی نفاق کی بیماری جو پہلے ان میں تھی اس پیہم بدعملی ، وعدہ خلافی اور بدکاری سے اور زیادہ بڑھ گئی اور اس کی جڑیں ان کے دل میں اس مضبوطی سے گڑ گئیں کہ موت سے پہلے ان کے اکھڑنے کا امکان ہی نہ رہا جیسے معمولی نزلہ علاج میں غفلت اور بدپرہیزی کی وجہ سے تپ دق میں بدل جاتا ہے اور مہلک اور جان لیوا ثابت ہوتا ہے ۔

۱۱۹ ایک دفعہ حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے راہِ خدا میں مال پیش کرنے کی ترغیب دی ۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف چار ہزار درہم لے کر حاضر ہوئے ۔ عدی بن حاتم نے ستر وسق کھجوریں پیش کیں ۔ مسلمانوں کو اتنا مال کثیر راہِ خدا میں پیش کرتے دیکھ کر منافقین کہنے لگے یہ خدا کی راہ میں دینے کے لیے کب لاتے ہیں یہ تو محض ریاکاری ہے تاکہ لوگوں کے دلوں پہ

فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ

اور جو نادار نہیں پاتے بجز اپنی محنت و مشقت کی مزدوری کے تو یہ ان کا بھی مذاق اڑاتے

مِنْهُمْ ۭ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٩﴾ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ

ہیں۔ اللہ تعالیٰ سزا دے گا انہیں اس مذاق کی اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ آپ بخشش طلب کریں ان

اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ۭ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ

کے لیے یا نہ کریں ۱۲۰؎ اگر آپ بخشش طلب کریں ان کے لیے ستر بار جب بھی۔

يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ

نہ بخشے گا اللہ تعالیٰ انھیں۔ یہ محض اس لیے کہ انھوں نے انکار کیا اللہ کا اور اس کے رسول مکرم کا۔ اور

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٨٠﴾ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ

اللہ تعالیٰ نہیں ہدایت دیتا نافرمان قوم کو۔ خوش ہو گئے پیچھے چھوڑے جانے والے اپنے گھر بیٹھے رہنے پر

اپنی سخاوت کا سکہ جمائیں۔ اتنے میں ایک غریب صحابی ابو عقیل سیر بھر کھجوریں لے کر حاضر ہوا تو ان نالائقوں نے مذاق اڑانا شروع کر دیا۔ اور کہنے لگے کہ اس ایک سیر سے کس لشکر کی ضیافت کا سامان ہو گا۔ غرضیکہ ان کا نفس امارہ نہ تو متمول مسلمانوں کی فیاضانہ پیش کشوں سے متاثر ہوتا نہ ان نادار جانبازوں کے ایثار سے جو ساری ساری رات کنوئیں سے پانی نکالتے رہتے اور جو کچھ مزدوری ملتی اسے وہ اپنے دین کی سربلندی کے لیے اپنے رسول کی خدمت میں حاضر کر دیتے۔

۱۲۰؎ امام فخر الدین رازیؒ لکھتے ہیں کہ عبداللہ بن اُبی رئیس المنافقین کا یہ طریقہ تھا کہ جب حضور خطبہ ارشاد فرماتے تو وہ کھڑا ہو جاتا اور خوشامد کرتے ہوئے کہتا هذا رسول الله اکرمه الله و اعزه و نصره۔ یہ اللہ کے سچے رسول ہیں اللہ تعالیٰ انھیں عزت و نصرت عطا فرماتے۔ جب اُحد کے بعد اس کا نفاق واضح ہو گیا تو پھر اس نے کسی موقع پر کھڑے ہو کر یہی الفاظ دہرائے۔ حضرت فاروقؓ سے نہ رہا گیا۔ آپ نے فرمایا بیٹھ جاؤ اللہ کے دشمن! تیرا کفر اب چھپائے نہیں چھپ سکتا۔ دوسرے حاضرین نے بھی اسے ملامت کی۔ چنانچہ نماز پڑھے بغیر غصے سے بل کھاتا ہوا وہ مسجد سے نکل کر چلا گیا۔ راستے میں کسی نے اسے کہا کہ کدھر بھاگے جا رہے ہو۔ حضورؐ کی خدمت میں جاؤ اور ان کا دامن کرم پکڑ لو اور اپنی بخشش اور مغفرت کے لیے عرض کرو۔ اس بدبخت نے کہا ما ابالی استغفرلی او لم یستغفر۔ وہ میرے لیے مغفرت کی دعا مانگیں

خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ

اللہ کے رسول کی (جہاد پر) روانگی کے بعد[۱۲۱] اور ناگوار تھا انہیں کہ جہاد کریں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ۭ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ

راہ خدا میں[۱۲۲] اور (دوسروں کو بھی) کہتے مت نکلو اس سخت گرمی میں[۱۲۳] فرمائیے دوزخ کی آگ

اَشَدُّ حَرًّا ۭ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا

اس سے بھی زیادہ گرم ہے۔ کاش! وہ کچھ سمجھتے۔ تو انہیں چاہیے کہ ہنسیں تھوڑا اور روئیں

كَثِيْرًا ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى

زیادہ[۱۲۴] یہ سزا ہے جو وہ کمایا کرتے تھے۔ (اے حبیب!) پھر اگر لے جائے آپ کو اللہ تعالیٰ

یا نہ مانگیں مجھے ذرا پروا نہیں یعنی مجھے ان کی مغفرت کی دعا کی ضرورت نہیں تو یہ آیت نازل ہوئی۔ اس کے متعلق تفصیلی بحث آگے آ رہی ہے۔

[۱۲۱] منافق جہاد میں شریک نہ ہوتے اور حضور کریم کی ہمرکابی کی سعادت انہیں حاصل نہ ہوتی۔ لیکن بجائے اس کے کہ وہ اس محرومی پر غمزدہ ہوتے اور اپنے بخت برگشتہ پر افسوس کرتے اُلٹے وہ خوشی سے پھولے نہیں سما رہے تھے کہ چلو بچ گئے۔

[۱۲۲] جب ان کے دلوں میں ایمان ہی نہ تھا تو انہیں وہ ذوق اور لطف کیسے میسر ہو سکتا تھا جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ کرنے اور اس کی رضا کے لیے اپنی جان قربان کرنے سے اہل ایمان کو حاصل ہوتا ہے۔ ان کے لیے تو یہ سب کچھ ایک مصیبت تھی جس سے خلاصی حاصل کرنے کے لیے وہ بہانوں کی تلاش میں رہا کرتے تھے۔

[۱۲۳] خود تو وہ جہاد میں شریک نہیں ہوئے لیکن اسی پر وہ اکتفا کرنے والے کب تھے۔ وہ دوسرے اہل ایمان کو بھی گرمی کی شدت سے ڈراتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جہنم کی آگ اس سے بھی زیادہ گرم ہے۔ اس گرمی سے بچ گئے تو کیا ہوا اس بھون کر رکھ دینے والی آگ سے کیونکر نجات حاصل کرو گے۔ لیکن ان چیزوں کو تو صرف دانا آدمی سمجھ سکتا ہے۔ ان نادانوں کو کیا سمجھ۔

[۱۲۴] یہ جملہ صورۃً امر ہے اور معنیً خبر۔ مطلب یہ ہوا کہ اس فانی زندگی کے چند روز وہ ہنسی خوشی گزار دیں گے لیکن آئندہ آنے والی ابدی زندگی میں انہیں رونا ہی رونا ہے۔ ھو امر بمعنی الخبر انھم سیضحکون قلیلا۔

طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَأْذَنُوكَ لِلْخُرُوجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوا

ان کے کسی گروہ کے پاس پھر وہ اجازت طلب کریں آپ سے جہاد پر نکلنے کی تو آپ فرمائیے نہیں نکلو گے تم میرے

مَعِيَ أَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوا مَعِيَ عَدُوًّا ۖ إِنَّكُمْ رَضِيتُمْ

ہمراہ کبھی اور ہرگز جنگ نہیں کرو گے میری معیت میں کسی دشمن سے ۔ تم نے تو (خود) پسند کیا تھا (گھر) بیٹھے رہنا

بِالْقُعُودِ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوا مَعَ الْخَالِفِينَ ﴿٨٣﴾ وَلَا تُصَلِّ عَلَىٰٓ

پہلی مرتبہ تو اب بیٹھے رہو پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ ۱۲۵ ؎ اور نہ پڑھیے نماز جنازہ کسی

أَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ أَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلَىٰ قَبْرِهِ ۖ إِنَّهُمْ كَفَرُوا

پر ان میں سے جو مر جائے کبھی اور نہ کھڑے ہوں اس کی قبر پر ۱۲۶ ؎ بیشک انھوں نے کفر کیا

یکون کثیرا ۔ (قرطبی)

۱۲۵ ؎ خالف کا ایک معنی تو یہ ہے پیچھے رہ جانے والا لیکن علامہ قرطبیؒ نے فرمایا ہے کہ خلف بمعنی فسد کے ہے جس طرح کہتے ہیں خلف اللبن ودودھ خراب ہو گیا۔ یا عرب کہتے ہیں کہ فلان خالفۃ اھل بیتہ ۔ فلاں شخص اپنے سارے کنبہ سے فسادی ہے ۔ اسی سے خلوف فم الصائم ہے جبکہ منہ کی بو روزہ رکھنے سے خراب ہو جاتی ہے ۔ اب آیت کا معنی یہ ہو گا فاقعدوا مع الفاسدین یعنی فساد برپا کرنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو۔ آیت کا مدعا یہ ہے کہ پہلے تم نے جان بوجھ کر میرے رسول کی دعوت کو قبول نہیں کیا۔ اب بطورِ سزا تمھیں جہاد کی توفیق سے محروم کر دیا گیا ہے بلکہ اب اگر لشکرِ اسلام کہیں جہاد پر روانہ ہوا اور تم جہاد کرنے کے لیے نکلنا بھی چاہو گے تو تمھیں ساتھ لے جانے سے انکار کر دیا جائے گا۔ وھذا یدل علی ان استصحاب المخذول فی الغزوات لا یجوز (قرطبی)۔ ترجمہ: یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ کسی مردود و رانده درگاه کو جہاد میں ہمراہ لے جانا جائز نہیں۔

۱۲۶ ؎ منافقین نے جنگِ تبوک میں شرکت نہ کر کے جب اپنے آپ کو آشکارا کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو حکم دیا کہ اب آپ بھی ان سے پہلی سی نرمی اور رأفت کا برتاؤ نہ کیا کریں بلکہ ان کو ننگا ہونے دیں تاکہ دوسروں کے لیے موجب عبرت ہوں۔ اس لیے اب آئندہ ان کو جہاد میں شرکت سے روک دیا اور اسی سلسلہ میں ہی یہ حکم فرمایا کہ اب ان کی نماز جنازہ نہ پڑھا کیجیے اور نہ ان کی قبر پر تشریف لے جائیے۔ ان کی کفر و گمراہی نے انھیں اس قابل ہی نہیں چھوڑا کہ رحمتِ الٰہی ان کی طرف مائل ہو۔ حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ جب عبداللہ بن ابی مرض موت میں مبتلا ہوا تو حضور اس کی عیادت کے

لیے تشریف لے گئے۔ اس نے التماس کی کہ جب وہ مرجائے تو حضور اس کی نماز جنازہ پڑھیں اور اس کی قبر پر بھی تشریف فرما ہوں۔ پھر اس نے ایک آدمی بھیجا اور عرض کی کہ کفن کے لیے اسے قمیص مرحمت فرمائی جائے۔ حضورؐ نے اوپر والی قمیص بھیجی۔ اس نے پھر گزارش کی کہ مجھے وہ قمیص چاہیے جو آپ کے جسد اطہر کو چھو رہی ہے۔ حضرت عمرؓ پاس بیٹھے تھے۔ عرض کرنے لگے یا رسول اللہ! آپ اس ناپاک اور گندے کو اپنی پاک قمیص کیوں مرحمت فرماتے ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حقیقت سے نقاب اٹھایا اور فرمایا اے عمر! ان قمیصی لا یغنی عنہ من اللہ شیئًا فلعل اللہ ان یدخل بہ الفاً فی الاسلام (کبیر) اے عمر! اس کافر اور منافق کو میری قمیص کچھ نفع نہیں پہنچائے گی۔ بلکہ اس کے دینے میں حکمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے ہزار آدمیوں کو مشرف باسلام کرے گا۔ منافقوں کا ایک انبوہ کثیر ہر وقت عبداللہ کے پاس رہتا تھا جب انھوں نے یہ دیکھا کہ یہ نابکار ساری عمر مخالفت کرنے کے بعد اپنی بخشش اور نجات کے لیے آپ کی قمیص کا سہارا لے رہا ہے تو ان کی آنکھوں سے غفلت کے پردے اٹھ گئے اور یہ حقیقت عیاں ہوگئی کہ اس رحمتِ عالمیان کی بارگاہِ بیکس پناہ کے بغیر اللہ تعالیٰ کے ہاں منظوری ناممکن ہے تو بجائے اس کے کہ حالت یاس میں اس کا دامن پکڑنے کی ناکام کوشش کریں اب ہی کیوں نہ اس پر ایمان لے آئیں اور سچے دل سے اپنی گزشتہ خطاؤں کی معافی مانگ لیں اور اس کی شفاعت کے مستحق ہو جائیں۔ چنانچہ اسی دن ایک ہزار منافق اس قمیص کی برکت اور قمیص والے کے حسنِ خلق سے مشرف باسلام ہوا۔ اسلم منھم یومئذ الف (کبیر) جو ڈوب چکا تھا وہ تو ڈوب چکا تھا لیکن ہزاروں ڈوبتے ہوؤں کو تو بچا لیا۔ جب وہ مر گیا تو اس کا بیٹا جو مخلص مسلمان تھا حاضر ہوا اور اپنے باپ کی موت کی اطلاع دی۔ حضورؐ نے فرمایا جاؤ اور اس کا جنازہ پڑھ کر اسے دفن کر آؤ۔ اس نے عرض کی حضور خود کرم فرما دیں۔ اس پیکرِ عفو وعنایت نے نہ نہ کی۔ اٹھے اور اس کی نماز جنازہ پڑھنے کے لیے روانہ ہونے لگے۔ حضرت عمرؓ نے پھر گزارش کی یا رسول اللہ، اللہ اور رسول کے اس دشمن کی نماز جنازہ نہ پڑھیے۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی اور جبریلؑ نے حضورؐ کا دامن پکڑ لیا اور اللہ تعالیٰ کا یہ حکم سنایا ولا تصل علی احد الخ۔ اب یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضورؐ نے قمیص کیوں عطا فرمائی۔ مفسرین نے اس کی کئی ایک وجہیں بیان فرمائی ہیں۔ ایک تو یہ کہ جب جنگ بدر میں حضرت عباسؓ جو ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے تھے گرفتار کیے گئے تو ان کی اپنی قمیص پھٹ گئی تھی حضورؐ نے انھیں قمیص پہنانا چاہی کیونکہ عباس دراز قامت تھے۔ عبداللہ بن اُبی کا قد بھی بڑا لمبا تھا اس لیے اس کی قمیص کے سوا اور کوئی قمیص انھیں پوری نہ آئی۔ اللہ کے رسول نے چاہا کہ اس کا یہ احسان دنیا میں ہی اتار دیا جائے۔ نیز اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو یہ تعلیم دی کہ اما السائل فلا تنھر کہ کسی سائل کو نہ جھڑکیے۔ اس لیے حضورؐ نے اس کے سوال کو رد نہ کیا۔ اور سب سے بڑی وجہ وہی تھی جو حضورؐ نے خود بیان فرمائی کہ اس قمیص کی وجہ سے اللہ ایک ہزار منافقوں کو دولت ایمان سے مالا مال فرمائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اس سے اور بڑی برکت کیا ہو سکتی ہے۔ یہاں ایک چیز خوب ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ وہ بدنصیب جس کا خاتمہ کفر پر ہوتا ہے اس کے لیے اللہ تعالیٰ کا اٹل فیصلہ ہے کہ اس کی بخشش نہیں ہوگی اور اس کے لیے کسی کی شفاعت قبول نہیں کی جائے گی لیکن صاحب ایمان کتنا ہی گنہگار کیوں نہ ہو اس کے لیے اگر اللہ کے محبوب کے ہاتھ

بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ مَاتُوْا وَ هُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَ لَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ

اللہ کے ساتھ اور اس کے رسول مکرم کے ساتھ۔ اور وہ مرے اس حالت میں کہ وہ نافرمان تھے اور نہ تعجب میں ڈالیں آپ کو انکے مال

وَ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ اَنْ یُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِی الدُّنْیَا

اور ان کی اولاد۔ یہی چاہتا ہے اللہ تعالیٰ کہ عذاب دے انھیں ان سے دنیا میں

وَ تَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَ اِذَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ

اور نکلے ان کا سانس اس حال میں کہ وہ کافر ہوں۔ اور جب نازل کی جاتی ہے کوئی سورۃ (جس میں حکم ہوتا ہے) کہ

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ جَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ

ایمان لاؤ اللہ پر اور جہاد کرو اللہ کے رسول کے ہمراہ تو اجازت طلب کرنے لگتے ہیں آپ سے جو طاقت والے

مِنْهُمْ وَ قَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِیْنَ ﴿۸۶﴾ رَضُوْا بِاَنْ یَّكُوْنُوْا

ہیں ان میں سے اور کہتے ہیں رہنے دیجیے ہمیں تاکہ ہو جائیں ہم پیچھے بیٹھنے والوں کے ساتھ۔ انھوں نے یہ پسند کیا کہ ہو جائیں

مَعَ الْخَوَالِفِ وَ طُبِعَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا یَفْقَهُوْنَ ﴿۸۷﴾

پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ اور مہر لگا دی گئی ان کے دلوں پر ۱۲۲ تو وہ کچھ نہیں سمجھتے۔

دعا کے لیے اٹھ جائیں تو مغفرت یقینی ہے۔ ارشاد الٰہی ہے ولو انهم اذ ظلموا انفسهم جاؤك فاستغفروا الله و استغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحيما۔ اللہ تعالیٰ ہمیں نعمت ایمان نصیب فرماوے اور اس دنیا میں بھی اور روز حشر بھی حضور کی شفاعت کی سعادت سے بہرہ اندوز فرمائے آمین ثم آمین۔ بجاہ شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۱۲۲ یہ ان کی کم فہمی اور نادانی ہے کہ جب انھیں اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے، اپنے گناہ بخشوانے اور اپنے ایمان کو جلا دینے کا موقع دیا گیا تو انھوں نے اس سے فائدہ نہ اٹھایا۔ ابر رحمت آیا برسا، اور سوکھے کھیتوں کو شاداب کر کے چلا گیا۔ لیکن ان کی کشت ایمان میں یونہی خاک اڑتی رہی جیسے پہلے اڑ رہی تھی۔ اللہ کریم ہر انسان کو اس کی زندگی میں موقع دیتا ہے تاکہ وہ اپنی سابقہ غفلتوں اور کوتاہیوں کی تلافی کر سکے لیکن بعض بدنصیب اس سنہری فرصت کو بھی ضائع کر دیتے ہیں

لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ

لیکن رسُول اور جو ایمان لاتے اس کے ساتھ انھوں نے جہاد کیا اپنے مالوں

وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸۸﴾

اور اپنی جانوں سے اور انہی کے لیے ساری بھلائیاں ہیں ١٢٨؎ اور وہی لوگ کامیاب ہیں۔

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

تیار کر رکھے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے باغات۔ بہتی ہیں ان کے نیچے ندیاں ہمیشہ رہنے والے ہیں

فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۸۹﴾ وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ

ان میں۔ یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔ اور آئے بہانہ بنانے والے بدو ١٢٩؎

لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ

تاکہ اجازت مل جاتے انھیں اور بیٹھ رہے وہ جنھوں نے جھوٹ بولا تھا اللہ اور اس کے رسُول سے عنقریب پہنچیگا

ع ١١ ‏ ١٧

١٢٨؎ منافقین کا رویّہ تو یہ ہے کہ ہر سرفروشی کے موقع پر ان کے قدم لڑکھڑا جاتے ہیں لیکن ان کے برعکس رسولِ پاک اور اس کے صحابہؓ کا رویّہ یہ ہے کہ وہ اپنی جان اور اپنا مال اللہ کی رضاء کے لیے قربان کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے بلکہ دُعا مانگتے ہیں کہ یہ سعادت انھیں نصیب ہو۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ایسے نیک بختوں کے لیے دین اور دُنیا کی راحتیں اور عزتیں ہیں اور وہی دُنیا و آخرت میں فلاح و کامیابی حاصل کرنے والے ہیں۔ خیرات سے مُراد دونوں جہانوں کی بھلائیاں ہیں۔ فالمعنی لهم منافع الدارین۔

١٢٩؎ پہلے مدینہ میں بسنے والے مخلصین اور منافقین کا ذکر کیا گیا۔ اب اردگرد کے دیہاتیوں کے حالات بیان کیے جا رہے ہیں۔ ان میں کچھ تو سچے ایماندار ہیں ان کا ذکر تو اس رکوع کے آخر میں آئے گا۔ ومن الاعراب من یؤمن الخ اور ان کے علاوہ منافق ہیں۔ ان کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک تو وہ ہیں کہ جب انھیں جہاد کی دعوت دی گئی تو جھوٹے بہانے بنا کر گھر بیٹھ رہنے کی اجازت طلب کرنے لگے اور دوسری قسم ان منافقوں کی ہے کہ جنھوں نے جہاد کا حکم سنا تو اکڑ کر گھروں میں بیٹھ رہے اور یہ بھی مناسب نہ سمجھا کہ چلو محض ظاہرداری کے لیے ہی کوئی عذر لنگ پیش کر دیں ایسے لوگوں کے متعلق فرمایا کہ اگر ان کے کفر و عناد کی یہی حالت آخر دم تک رہی تو انھیں دردناک ابدی عذاب میں مبتلا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۰﴾ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ

جنھوں نے کفر کیا ان میں سے عذاب دردناک - نہیں ہے کمزوروں پر۱۳۰

وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ

اور نہ بیماروں پر اور نہ ان پر جو نہیں پاتے وہ مال جسے خرچ کریں

حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ

(اگر یہ پیچھے رہ جائیں) کوئی حرج جبکہ وہ مخلص ہوں اللہ کے لیے اور اس کے رسول کے لیے ۱۳۱ نہیں ہے نیکوکاروں

سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۱﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ

پر الزام کی کوئی وجہ اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے - اور نہ اُن پر کوئی الزام ہے جو جب حاضر ہوتے آپ کے پاس

کردیا جائے گا۔ اس صورت میں معذّرون باب تفعیل سے ہوگا اور معذّر وہ شخص ہے جس کے پاس کوئی حقیقی عذر نہ ہو اور پھر بھی وہ عذر پیش کرے۔ وھو الذی یعتذر ولا عذر لہ لیکن اخفش اور فراء وغیرہما علماء لغت ونحو نے کہا ہے کہ معذرون اصل میں معتذرون تھا۔ ت افتعال کو ذال سے بدلا اور ذال کو ذال میں مدغم کردیا اور معذّرون ہوگیا اب اس کا معنی ہوگا صحیح عذر والے (قرطبی)۔ اور ان سے مراد عامر بن طفیل کا قبیلہ ہے جس نے حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ اگر ہم حضورؐ کے ہمراہ جہاد پر جاتیں گے تو بنی طے کے بدو ہماری بیویوں، بچوں اور مویشیوں پر حملہ کرکے لوٹ لیں گے حضورؐ نے ان کی اس صحیح معذرت کو قبول فرمایا۔

۱۳۰ یعنی جو لوگ حقیقۃً معذور ہیں وہ اگر جہاد میں شریک نہ ہوسکیں تو کوئی حرج نہیں۔

۱۳۱ نصیحت کا معنی ہے اخلاص۔ اسی وجہ سے خالص اور سچی توبہ کو توبۃ النصوح کہتے ہیں۔ اور جب بات خلوص نیت سے کہی جائے تو کہتے ہیں نصح لہ القول۔ حضرت تمیم الداری سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تین بار فرمایا۔ الدین النصیحۃ قلنا لمن؟ قال للّٰہ ولکتابہ ولرسولہ ولائمۃ المسلمین وعامتھم (رواہ مسلم)۔ دین نصیحت کو کہتے ہیں۔ ہم نے عرض کی کس کے لیے؟ تو فرمایا اللہ کے لیے، اس کی کتاب کے لیے، اس کے رسول کے لیے، مسلمانوں کے اُمراء کے لیے اور عام لوگوں کے لیے۔ اور یہاں بھی نصیحت کا معنی اخلاص ہے۔ علماء کرام نے اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اللہ کے لیے نصیحت کا یہ مطلب ہے کہ اس کی توحید اور اس کی صفات کمالیہ پر خالص اعتقاد ہو اور اس کو نقص اور عیب سے پاک جانے۔ اور رسول کے لیے نصیحت کا یہ معنی ہے کہ اس کی رسالت کو

لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ

تاکہ آپ سوار کریں انھیں تو فرمایا آپ نے میں نہیں پاتا جس پر میں تمھیں سوار کروں وہ لوٹتے ہیں اس حال میں کہ ان کی آنکھیں

تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿٩٢﴾ اِنَّمَا

بہا رہی ہوتی ہیں آنسو اس غم میں کہ افسوس نہیں ان کے پاس جو وہ خرچ کریں ١٣٢ الزام تو

السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ

بس ان لوگوں پر ہے جو اجازت مانگتے ہیں آپ سے حالانکہ وہ مالدار ہیں۔ وہ راضی ہو گئے اس

يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٩٣﴾

پر کہ ہو جائیں پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ اور مہر لگا دی اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر پس وہ (کچھ) نہیں جانتے۔

سچے دل سے مانے، اس کی فرماں برداری کرے، اس کی عزت و تکریم کرے، اور اس سے اور اس کے اہل بیت سے محبت کرے۔ اور مسلمانوں کے اُمراء کے لیے نصیحت سے یہ غرض ہے کہ ان کے خلاف بغاوت نہ کرے۔ ان کو صحیح مشورہ دے اور اگر ان سے غفلت سرزد ہو تو انھیں متنبہ کر دے۔ اور عوام کو نصیحت کرنے کا مدعا یہ ہے کہ ان کی صحیح رہنمائی کرے، سب کے لیے دعائے خیر مانگا کرے اور سب کی خیر خواہی میں کوشاں رہے (قرطبی)۔

١٣٢ جب غزوۂ تبوک کی تیاری شروع ہو گئی تو وہ غریب و نادار مسلمان جن کے دلوں میں راہِ حق میں جان دینے کے ہزاروں ارمان مچل رہے تھے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوتے اور عرض کی یا رسول اللہ! ہم دل و جان سے جہاد کے لیے تیار ہیں لیکن ہم نادار ہیں، اتنی طاقت نہیں کہ سواری کا انتظام کر سکیں، از راہِ کرم سواری کا انتظام فرما دیجیے تاکہ ہم یہ سعادت حاصل کر سکیں۔ حضورؐ نے جب انھیں یہ بتایا کہ بیت المال میں اتنی گنجائش نہیں کہ تمھاری سواری کا بندوبست کیا جا سکے تو انھیں اتنا صدمہ پہنچا کہ ان کی آنکھوں سے آنسو ٹپکنے لگ گئے۔ اور انھیں اپنی ناداری کا جتنا غم آج ہوا شاید ہی کبھی اتنا ہوا ہو۔ بجائے اس کے کہ وہ دل ہی دل میں خوش ہوتے کہ آج افلاس کام آیا۔ اس گرم موسم میں دُور دراز کی مسافت سے جان چھوٹی، اُلٹا وہ مغموم، دلگیر اور اشکبار ہیں۔ اس حقیقت کو کچھ وہی خوش نصیب سمجھ سکتے ہیں جن کو عشق و محبت کی مینا سے ایک دو جام ملے ہوں۔

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا

وہ بہانے پیش کریں گے تمھارے پاس جب تم لوٹ کر جاؤ گے ان کی طرف ۱۳۳ فرمائیے بہانے مت بناؤ

لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ وَسَيَرَى اللّٰهُ

ہم نہیں اعتبار کریں گے تم پر، آگاہ کر دیا ہے ہمیں اللہ تعالیٰ نے تمھاری خبروں پر اور دیکھے گا اللہ تعالیٰ

عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

تمھارا عمل اور اس کا رسول ۱۳۴ پھر لوٹائے جاؤ گے اس کی طرف جو جاننے والا ہے ہر پوشیدہ اور ظاہر کو

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۴﴾ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا

پھر وہ آگاہ کرے گا تمھیں جو کچھ تم کیا کرتے تھے۔ قسمیں کھائیں گے اللہ کی تمھارے سامنے جب تم

انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ

لوٹو گے ان کی طرف تاکہ تم معاف کر دو انھیں سو منہ پھیر لو ان سے یقیناً وہ

رِجْسٌ ۫ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۵﴾ يَحْلِفُوْنَ

ناپاک ہیں ۱۳۵ اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، بدلہ اس کا جو وہ کمایا کرتے تھے۔ وہ قسمیں کھاتے ہیں

۱۳۳ جب مسلمان غزوۂ تبوک سے مظفر و منصور ہو کر مدینہ طیبہ واپس آنے لگے تو اللہ نے انھیں آگاہ کر دیا کہ جب تم مدینہ پہنچو گے تو منافقین تمھارے پاس آئیں گے اور جہاد میں شرکت نہ کرنے کی کئی تاویلیں پیش کریں گے اور اس طرح تمھیں اپنے ایمان اور اپنے اخلاص کا یقین دلائیں گے لیکن تم انھیں صاف صاف کہہ دینا کہ اس مکر و فریب کو اب رہنے دو۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں تمھارے نفاق اور خبث باطن پر مطلع کر دیا ہے اب ہم تمھاری باتوں میں آنے والے نہیں۔

۱۳۴ اب تک جو تم نے کیا اس کی حقیقت کا تو ہمیں علم ہو گیا۔ اب بھی تمھیں اجازت ہے کہ تم اپنی اصلاح کر لو۔ اللہ اور اس کا رسول تمھارے عملوں کو دیکھے گا۔ اگر تمھارے اعمال نے تمھارے ایماندار اور مخلص ہونے کی تصدیق کر دی تو ہم بھی تسلیم کر لیں گے۔ خوب جان لو اس چند روزہ زندگی کے بعد تمھیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر کیا جائے گا اور وہ سب کچھ جاننے والا تمھیں تمھارے سب کرتوتوں پر آگاہ کر دے گا۔

لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى

تمہارے لیے تاکہ تم خوش ہو جاؤ ان سے۔ سو (یاد رکھو) اگر تم خوش ہو بھی گئے ان سے تو پھر بھی اللہ تعالیٰ راضی نہیں

عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۹۶﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ

ہو گا نافرمانوں کی قوم سے۔ اعرابی زیادہ سخت ہیں کفر اور نفاق میں ۱۳۶ اور حقدار ہیں

اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

کہ نہ جانیں وہ احکام جو نازل کیے ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا

حَكِيْمٌ ﴿۹۷﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ

بڑا دانا ہے۔ اور بعض بدو ایسے ہیں جو ۱۳۷ یہ سمجھتے ہیں کہ جو وہ (راہِ خدا میں) خرچ کرتے ہیں وہ تاوان ہے اور

بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ۗ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۹۸﴾

منتظر ہیں تمہارے لیے زمانہ کی گردشوں کے (حقیقت میں) انہی پر ہے بُری گردش ۱۳۸ اور اللہ تعالیٰ سمیع (و) علیم ہے۔

۱۳۵ اعراض کا مادہ آیت میں دو بار استعمال ہوا ہے۔ اور یہ دو مختلف معنوں میں مستعمل ہوتا ہے (۱) عفو و درگزر۔ اور (۲) قطع تعلق۔ لتعرضوا میں پہلا معنی مطلوب ہے اور فاعرضوا عنہم میں دوسرا معنی مقصود ہے یعنی منافق قسمیں اٹھائیں گے اور منت التماس کریں گے کہ ان کی غلطی معاف کر دی جائے۔ لیکن تمہیں یہی حکم دیا جاتا ہے کہ تم ان سے قطع تعلق کرو چنانچہ حضور جب مدینہ منورہ تشریف فرما ہوئے تو یہ حکم دے دیا کہ لا تجالسوھم ولا تکلموھم: نہ ان کے ساتھ بیٹھو اور نہ ان سے بات چیت کرو۔ اور قطع تعلق کی وجہ بھی بیان فرما دی کہ انھم رجس یہ ناپاک ہیں۔

۱۳۶ منافقینِ مدینہ کے حالات کا ذکر کرنے کے بعد اب پھر دیہات میں بسنے والے بدوؤں کا ذکر ہو رہا ہے کہ اپنی صحرائی زندگی، درشت عادات اور مرکزِ اسلام سے دور رہنے کے باعث ان کا کفر اور نفاق بہت سخت اور کرخت قسم کا ہے۔ بالکل نیم چڑھے کریلے ہیں۔

۱۳۷ کیونکہ ان کے دلوں میں نفاق تھا اس لیے راہِ خدا میں جو پیسہ وہ خرچ کیا کرتے تھے بادلِ ناخواستہ خرچ کیا کرتے تھے۔ انھیں ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے وہ کوئی جرمانہ یا تاوان ادا کر رہے ہیں اور ہونا بھی ایسا ہی چاہیے تھا کیونکہ اسلام کی ترقی کے ساتھ انھیں کوئی دلچسپی نہ تھی بلکہ اُلٹا چڑ تھی۔ رضائے الٰہی کا مفہوم انھیں معلوم ہی نہ تھا۔ ڈر کے مارے

وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا

اور کچھ دیہاتیوں میں سے وہ ہیں جو ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور روزِ قیامت پر اور سمجھتے ہیں جو وہ

يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَاۤ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ

خرچ کرتے ہیں قربِ الٰہی اور رسول (پاک) کی دعائیں لینے کا ذریعہ ہے ۱۳۹؎ ہاں ہاں وہ ان کے لیے باعثِ قرب ہے۔

سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۹﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ

ضرور داخل فرمائے گا انہیں اللہ تعالیٰ اپنی رحمت میں ۱۴۰؎ بیشک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ اور سب سے آگے

الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ

آگے سب سے پہلے پہلے ایمان لانیوالے مہاجرین اور انصار سے اور جنھوں نے پیروی کی ان کی عمدگی سے

اور مسلم سوسائٹی سے چمٹے رہنے کی وہ قیمت ادا کیا کرتے تھے۔ ان کے لیے یہ چندہ ایک جُرمانہ اور تاوان ہی تھا۔ مغرماً معناہ غرماً و اصلہ لزوم الشیٔ ومنہ ان عذابہا کان غراماً ای لازماً (قرطبی)۔

۱۳۸؎ دوائر جمع ہے دائرہ کی۔ اس کا معنی ہے اچھی حالت کا بُری حالت سے بدل جانا جسے ہم گردشِ زمانہ سے تعبیر کیا کرتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اب تو وہ دل پر جبر کرکے کچھ نہ کچھ مالی امداد کر دیا کرتے ہیں لیکن دل ہی دل میں وہ اس بات کے خواہاں ہیں کہ کہیں گردشِ زمانہ مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی قوت کو ختم کرکے رکھ دے اور ہم یہ چندہ دینے سے صاف انکار کر دیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ گردشِ روزگار تو تمھیں ہی پیس کر رکھ دے گی۔ اسلام اور مسلمان تو دن بدن ترقی کرتے جائیں گے۔

۱۳۹؎ اب ان اعرابیوں کا ذکر ہو رہا ہے جو دل وجان سے اسلام قبول کر چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور یوم قیامت پر ایمان رکھتے ہیں اور راہِ خدا میں جو مال خرچ کرتے ہیں اسے تاوان خیال نہیں کرتے بلکہ اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی دعاء کا سبب سمجھتے ہیں یعنی جب وہ خرچ کرتے ہیں تو اس یقین سے خرچ کرتے ہیں کہ اس سے ہمیں اللہ تعالیٰ کا قرب نصیب ہوگا اور حضور رحمتِ عالم ہمارے لیے خیر وبرکت کی دعا فرمائیں گے اور حضورؐ کی دعا کی برکت سے انھیں اللہ تعالیٰ کے قرب ورضا کی نعمت حاصل ہوگی۔ صاحب روح المعانی لکھتے ہیں لانہا الغایۃ القصوی وصلوات الرسول علیہ الصلوٰۃ والسلام من ذرائعہا۔ اللہ تعالیٰ کی رضا سب سے بلند ترین مقصد ہے اور حضور کی دعائیں اس کے حصول کا ذریعہ ہیں۔ حضرت صدر الافاضل مراد آبادی قدس سرہ لکھتے ہیں

رَّضِيَ اللّٰهُ عَنۡهُمۡ وَرَضُوۡا عَنۡهُ وَاَعَدَّ لَهُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ

راضی ہو گیا اللہ تعالیٰ ان سے اور راضی ہو گئے وہ اس سے اور اس نے تیار کر رکھے ہیں ان کے لیے باغات

تَحۡتَهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡهَاۤ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِیۡمُ ﴿۱۰۰﴾ وَ

بہتی ہیں ان کے نیچے ندیاں ہمیشہ رہیں گے ان میں ابد تک یہی بہت بڑی کامیابی ہے ۲۴۱ اور

"یہی فاتحہ کی اصل ہے کہ صدقہ کے ساتھ دعائے مغفرت کی جاتی ہے۔ لہٰذا فاتحہ کو بدعت و ناروا بتانا قرآن و حدیث کے خلاف ہے۔" (خزائن العرفان)۔

۲۴۰ سین تحقیق و تاکید کے لیے ہے۔

۲۴۱ یہاں ان پاک ہستیوں (مہاجرین و انصار) کا ذکر فرمایا جا رہا ہے جنھوں نے اللہ تعالیٰ کے مکرم نبی کی دعوت اس وقت قبول کی جب کہ اس کو قبول کرنا ہزاروں مصیبتوں اور تکلیفوں کو دعوت دینا تھا۔ اس وقت اسلام کی اعانت کے لیے اپنے آپ کو پیش کیا جب اسلام بڑی بےکسی کی حالت میں تھا۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے ان مخلص، جانباز اور پاکباز بندوں پر ناز ہے بلکہ ساری انسانیت کو ان پر فخر ہے جنھوں نے حق کو محض حق کے لیے قبول کیا۔ اور اس کو فروغ دینے اور مرتبۂ کمال تک پہنچانے کے لیے اپنے وطن چھوڑے، اپنے خونی رشتے توڑے، اپنے سر کٹائے۔ قرآن بتاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے ان مخلص، جانباز اور پاکباز بندوں پر راضی ہو گیا اور اس کے ان بندوں نے جب دیکھا کہ ان کے رب کریم نے ان کی ان قربانیوں کو شرفِ قبول عطا فرمایا ہے تو وہ اس کی شانِ بندہ پروری اور ذرہ نوازی کو دیکھ کر راضی ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے جنت کی ابدی نعمتوں سے بھی انھیں سرفراز فرمایا اور صرف یہی نہیں کہ وہ خود ہی اس دولت سے خوشنود ہوئے بلکہ قیامت تک جو بھی خلوص و دیانت سے ان کی پیروی کرے گا وہ بھی عنایاتِ ربانی کا مستحق ہو گا۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے صحابہ کی شان ظاہر و باطن کے جاننے والے خدا نے خود اپنی کتابِ مقدس میں بیان فرما دی۔ آپ ذرا سوچیں کہ جن کی توصیف وہ خود کرے جن کے ایمان کا وہ خود گواہ ہو، جن کے جنت میں جانے کا وہ خود مژدہ سناتے ایسے پاک لوگوں کی شان میں ہمارا کچھ کہنا شیطان کا کتنا خطرناک دھوکا ہے۔ صحابہ کرام اس لیے تو شمعِ توحید پر پروانہ وار نثار نہیں ہوتے تھے کہ چودھویں صدی کا بےعمل مسلمان ان کی مدح و ستائش کرے۔ ان کے پیشِ نظر تو صرف اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کے رسول کی خوشنودی تھی اور وہ انھیں حاصل ہو گئی۔ اگر اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہونے کے بعد ساری دنیا بھی ان کی جناب میں گستاخیاں کرتی رہے تو اس سے ان کا کیا بگڑتا ہے۔ البتہ ان لوگوں کی حرماں نصیبی قابلِ افسوس ہے جو صحابہ کرام کے نقشِ قدم پر چل کر اللہ تعالیٰ کی رحمت کے مستحق بن سکتے تھے لیکن انھوں نے ادھر سے منہ موڑ کر بلکہ ان لوگوں سے دشمنی کر کے اپنے آپ کو محروم کر دیا۔

مِّمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ؕ وَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ ؔ

تمہارے آس پاس بسنے والے دیہاتیوں سے کچھ منافق ہیں اور کچھ مدینہ کے رہنے والے

مَرَدُوْا عَلَی النِّفَاقِ ۫ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ سَنُعَذِّبُهُمْ

پکے ہو گئے ہیں نفاق میں ۱۴۳ تم نہیں جانتے ان کو۔ ہم جانتے ہیں انھیں ۱۴۴ ہم عذاب دیں گے انہیں

مَّرَّتَیْنِ ثُمَّ یُرَدُّوْنَ اِلٰی عَذَابٍ عَظِیْمٍ ۚ﴿۱۰۱﴾ وَ اٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا

دو بار ۱۴۵ پھر وہ لوٹائے جائیں گے بڑے عذاب کی طرف ۱۴۶ کچھ اور لوگ ہیں جنہوں نے اعتراف

بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّ اٰخَرَ سَیِّئًا ؕ عَسَی اللّٰهُ اَنْ

کر لیا ہے اپنے گناہوں کا۔ انھوں نے ملا جلا دیئے ہیں کچھ اچھے اور کچھ برے عمل ۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ

۱۴۲ اللہ تعالیٰ اپنے دستِ کرم سے حقیقی کامیابی کا تاج اپنے محبوب رسول کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے سروں کی زینت بنا رہا ہے۔

۱۴۳ مرد کا معنی ہے پختہ ہو جانا۔ اصل المرد الملاسة ومنه صرح ممرد والامرد الذی لاشعر علی وجهه والمرداء الرملة التی لاتنبت شیئا۔ (قرطبی) یعنی نفاق کی جڑیں ان کے دلوں میں گہری چلی گئی ہیں اور ان کے تائب ہونے کی اب کوئی توقع نہیں۔

۱۴۴ یعنی وہ اتنے ماہر منافق ہیں کہ اپنی بدباطنی اور دلی خباثت کو کسی طرح ظاہر نہیں ہونے دیتے۔ کوئی بڑے سے بڑا زیرک بھی اس پر مطلع نہیں ہو پاتا۔ اور تو اور آپ بھی اپنے نفس کی صفائی اور فراست کی تیزی کے باوجود اللہ تعالیٰ کے بتائے بغیر انھیں نہیں پہچان سکتے۔ ہاں اللہ تعالیٰ سے ان کی فریب کاریاں پوشیدہ نہیں۔

۱۴۵ انھیں دو عذاب دیئے جائیں گے۔ پہلا عذاب تو یہ دیا گیا کہ انھیں رسوا کیا گیا۔ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ قام رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یوم الجمعة خطیبا فقال قم یا فلان فاخرج فانك منافق اخرج یا فلان فانك منافق فاخرجهم باسمائهم ففضحهم۔ فهذا العذاب الاول والعذاب الثانی عذاب القبر (روح المعانی وغیرہ من کتب التفسیر) یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جمعہ کے روز خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے اور فرمایا اے فلاں اٹھو یہاں سے نکل جاؤ تم منافق ہو۔ اے فلاں نکل جاؤ تم منافق ہو چنانچہ ان کے نام لے لے کر انھیں نکال دیا اور ان کو رسوا کیا۔ یہ پہلا عذاب تھا۔ دوسرا عذاب قبر میں ہو گا۔ اس حدیث سے واضح ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم کو ان

يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٠٢﴾ خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً

قبول فرمالے ان کی توبہ ۱۴۷ بیشک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے اے حبیب! وصول کیجیے ان

تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِم بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۖ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ

کے مالوں سے صدقہ ۱۴۸ تاکہ آپ پاک کریں انھیں اور بابرکت فرمائیں انھیں اس ذریعہ سے نیز دعا مانگیے ان کے لیے بیشک آپ کی دعا

منافقین کا علم دے دیا تھا۔ اسی لیے تو حضورؐ نے جمعہ کے دن بھرے مجمع میں ان کے نام لے لے کر نکل جانے کا حکم فرمایا۔ اور لا تعلمھم میں جو علم کی نفی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ حضور اللہ تعالیٰ کے بتائے بغیر خود بخود انھیں نہیں جانتے اور ہمارا بھی عقیدہ یہ ہے کہ حضورؐ کے پاس جو علم ہے وہ اللہ تعالیٰ کا سکھایا ہوا ہے۔

۱۴۶ یعنی ان دونوں عذابوں کے بعد قیامت کا ابدی عذاب۔

۱۴۷ منافق جو غزوۂ تبوک میں شریک نہ ہوئے تھے ان کا طرز عمل تو یہ تھا کہ جھوٹی قسمیں کھا کر غلط بہانے بنا کر پیش کرتے لیکن بعض ایسے لوگ بھی شریک نہ ہو سکے تھے جو سچے مومن تھے۔ انھوں نے اپنی غلطی کو تسلیم کر لیا اور عفو و مغفرت کے لیے درخواست کی۔ ان کا ذکر اس آیت میں کیا گیا۔ روایات میں ہے کہ وہ دس آدمی تھے۔ جب حضورؐ بخیریت واپس تشریف لاتے تو انھوں نے اپنے قصور کا اعتراف کیا اور اپنے آپ کو مسجد کے ستونوں کے ساتھ باندھ دیا۔ حضور جب مسجد میں تشریف لے گئے تو ان کے متعلق دریافت فرمایا۔ عرض کی گئی اے اللہ کے رسول! انھوں نے قسم اٹھائی ہے کہ جب تک آپ اپنے دستِ مبارک سے انھیں نہیں کھولیں گے وہ یونہی بندھے رہیں گے۔ حضورؐ نے فرمایا بخدا میں بھی انھیں اس وقت تک نہ کھولوں گا جب تک اللہ تعالیٰ مجھے انھیں کھولنے کا حکم نہیں دیگا۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کو اپنے مبارک ہاتھوں سے کھولا۔

۱۴۸ جب انھیں کھول دیا گیا تو یہ سارا ساز و سامان اٹھا کر لے آئے اور عرض کی اے نبی مکرم! اسی مال و متاع کی محبت کی وجہ سے ہم جہاد میں شریک نہیں ہو سکے اس لیے حضور اسے راہ خدا میں تقسیم کر دیجیے۔ ہم اسے اپنے پاس نہیں رکھنا چاہتے۔ حضورؐ نے فرمایا مجھے تمھارا مال قبول کرنے کا حکم نہیں ملا۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی۔ اور حضورؐ نے دو حصے انھیں واپس کر دیے اور تیسرا حصہ خیرات کر دیا۔ علماء نے فرمایا ہے کہ اس سے مراد مالِ زکوٰۃ نہیں بلکہ وہ صدقہ ہے جو گناہ کے سرزد ہونے کے بعد انھوں نے دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبؐ کو ارشاد فرمایا کہ آپ ان کے صدقہ کو قبول فرمائیے اور اس طرح ان کو گناہ کی نحوست سے پاک کیجیے اور ان کے دل کے آئینہ پر گناہ کا جو گرد و غبار ابھی باقی ہے اسے دور فرما کر اسے صاف شفاف کر دیجیے۔ تطھر اور تزکی میں ضمیر خطاب کا مرجع حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات پاک ہے۔ والاجود ان تکون المخاطبۃ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فانک تطھرھم وتزکیھم بھا۔ (قرطبی)

لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿١٠٣﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ

(وجہ) ٹھنڈک اور تسکین کا باعث ہے اُنکے لیے ۱۴۹ اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ ہی توبہ قبول فرماتا ہے

عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾

اپنے بندوں کی اور لیتا ہے صدقات کو۔ اور بیشک اللہ ہی بہت توبہ قبول کرنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَ

اور فرمائیے عمل کرتے رہو پس دیکھے گا اللہ تعالیٰ تمہارے عملوں کو اور (دیکھے گا) اس کا رسول اور مومن ۱۵۰ اور

سَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٠٥﴾

لوٹائے جاؤ گے اس کی طرف جو جاننے والا ہے ہر پوشیدہ اور ظاہر چیز کا پس وہ خبردار کریگا تمہیں اس سے جو تم

وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ

کیا کرتے تھے۔ اور دوسرے لوگ ہیں (جن کا معاملہ) ۱۵۱ ملتوی کر دیا گیا ہے اللہ کا حکم (آنے) تک۔ چاہے وہ عذاب

۱۴۹ صلوٰۃ سے مراد دعا ہے۔ الصلوٰۃ فی کلام العرب الدعاء یعنی اے حبیب! ان کے لیے دعا بھی فرما دیجیے۔ آپ کی دعا سے ان کے بیقرار دلوں کو تسکین اور بے چین اور مضطرب روحوں کو آرام نصیب ہو جاتا ہے۔ ہم شکستہ دلوں، غفلت و کاہلی کے اسیروں، نفس و شیطان کے دام فریب میں پھنسے ہوؤں کے لیے اگر امید کی کوئی کرن ہے تو یہی کہ اے چشم مصطفےٰ! تو ہم پر مائل بکرم ہوگی اے لب حبیب! تو ہماری آمرزش کے لیے وا ہوگا اور اے دست رحمت! تو چارہ سازی فرمائے گا صلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ وصفیہ محمد صاحب المقام المحمود شفیع المذنبین وعلی آلہ وصحبہ واولیاء امتہ الی یوم الدین۔

۱۵۰ علامہ اسمٰعیل حقی نے اپنی تفسیر روح البیان میں اس کی توضیح اس طرح فرمائی ہے: قال فی التاویلات النجمیة ان لعمل المحسن وخلوصه نورا يصعد الى السموٰت بقدر قوة صدقه واخلاصه فالله تعالىٰ يراه بنور الوهيته و روح الرسول عليه السلام يراه بنور نبوته وارواح المؤمنين يرونه بنور ايمانهم: نیک بندوں کے مخلصانہ عمل کا ایک نور ہوتا ہے جو آسمان کی طرف اپنے صدق واخلاص کے اندازے کے مطابق بلند ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنے نور الوہیت سے، رسول اسے اپنے نور نبوت سے اور مومنین کاملین اسے اپنے نور ایمان سے دیکھتے ہیں۔

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٠٦﴾ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا

دے انھیں اور چاہے تو بہ قبول فرمائے انکی۔ اور اللہ سب کچھ جاننے والا ہے۔ اور وہ لوگ جنھوں نے بنائی ہے مسجد نقصان پہنچانے کے لیے ۱۵۱ کفر کرنے کے لیے

۱۵۰ ان سے مراد کعب بن مالک، ہلال بن اُمیہ اور مرارہ بن ربیع ہیں۔ کسی شرعی عذر کے بغیر یہ غزوۂ تبوک میں شریک نہ ہوئے تھے۔ حضورؐ نے حکم فرما دیا کہ ان کے ساتھ نہ کوئی گفتگو کرے اور نہ انھیں کوئی سلام کا جواب دے۔ آخر پچاس دن کے صبر آزما انتظار کے بعد ان کی توبہ قبول ہوئی۔

۱۵۱ بنی خزرج کے ایک آدمی ابو عامر نے حضورؐ کے مدینہ تشریف لانے سے پہلے عیسائی مذہب قبول کر لیا تھا اور ترک دنیا کر کے راہب بن گیا تھا۔ اس کی پارسائی کی بڑی شہرت ہوئی اور یثرب کے اکثر باشندے اس کے معتقد ہو گئے جب حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لائے تو اسے محسوس ہوا کہ اب لوگوں کی توجہ اس کی طرف سے ہٹتی جا رہی ہے اور اس کے ارادتمند اب اسے چھوڑ کر شمع رسالت کے پروانے بنتے جا رہے ہیں اپنی پیری کا چراغ بجھتا دیکھ کر وہ سیخ پا ہو گیا۔ حضورؐ نے اسے بھی دعوتِ اسلام دی۔ اس نے پوچھا آپ کونسا دین لے کر آتے ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا دینِ ابراہیمی۔

وہ کہنے لگا کہ آپ نے اس میں بہت سی چیزیں اپنی طرف سے بڑھا دی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکی غلط فہمی دُور کرنے کی کوشش فرمائی لیکن وہ اپنی ضد پر اڑا رہا۔ جوش میں آکر اس کی زبان سے نکلا ہم میں سے جو جھوٹا ہو خدا اسے اپنے وطن سے دُور غربت اور تنہائی میں ہلاک کرے۔ حضورؐ نے فرمایا آمین۔ غزوۂ بدر میں جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسُول کو فتح عظیم عطا فرمائی تو یہ بیتاب ہو گیا اور مکہ میں پہنچ کر اہلِ مکہ کو انتقام لینے کے لیے خوب اکسایا۔ اور جب ان کا لشکر مدینہ کی طرف روانہ ہوا تو یہ ان کے ساتھ ساتھ تھا۔ میدانِ اُحد میں پہنچا تو اس خیال سے کہ جب وہ اپنے پُرانے عقیدت مندوں کے سامنے ہو گا تو وہ اس کی طرف دوڑ کر چلے آئیں گے۔ وہ صفوں سے آگے بڑھ کر انصار کے قریب آکھڑا ہوا اور انھیں اپنے ساتھ آملنے کی دعوت دی۔ نورِ مصطفےٰ علیہ افضل التحیۃ واجمل الثناء دیکھنے کے بعد اب انصار اس منحوس کی شکل دیکھنا بھی بھلا کب گوارا کرتے تھے۔ انھوں نے اسے راہب کی بجائے فاسق کے لقب سے بلایا۔ اور اس کی امیدوں پر پانی پھیر دیا۔ وہ جھلا کر بولا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اب جو قوم تیرے ساتھ جنگ کرے گی میں اس کے ساتھ ہوں گا۔ چنانچہ غزوۂ حنین تک کفر و اسلام کی جتنی جنگیں ہوئیں یہ کفر کے ساتھ رہا اور ان کا سرغنہ بنا رہا جب ہوازن و ثقیف کے مشہور تیر انداز بھی شکست کھا گئے تو اسے یقین ہو گیا کہ اب جزیرۂ عرب میں کوئی ایسی قوت نہیں جو اسلام سے ٹکر لے سکے۔ قیصر کے ساتھ اس کے دوستانہ تعلقات تھے اس خیال سے وہ شام کی طرف روانہ ہوا کہ وہ قیصر کو مسلمانوں کے خلاف اکسائے گا اور اسے ساتھ لے کر مسلمانوں پر ایک زبردست حملہ کر کے ان کی قوت کو ختم کر کے رکھ دے گا۔ یہ کہہ کر اس نے منافقین کے حوصلے بلند کیے۔ اسی کی انگیخت پر قیصر نے مدینہ طیبہ پر چڑھائی

وَّتَفْرِيْقًاۢ بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

اور پھوٹ ڈالنے کے لیے مومنوں کے درمیان اور (اسے) کمین گاہ بنایا ہے اس کے لیے جو لڑتا رہا ہے اللہ سے اور

مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَاۤ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ

اس کے رسول سے اب تک اور وہ ضرور قسمیں کھائیں گے کہ نہیں ارادہ کیا ہم نے مگر بھلائی کا اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ صاف

لَكٰذِبُوْنَ ۝۱۰۷ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ

جھوٹے ہیں ۱۵۴ آپ نہ کھڑے ہوں اس میں کبھی البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے پہلے دن سے

کا ارادہ کیا جس کی وجہ سے تبوک کا سفر پیش آیا شام سے اس نے منافقین کو لکھا کہ وہ ایک مکان مسجد کے نام سے تعمیر کریں جہاں وہ تنہائی میں اسلام کے خلاف آزادی سے سازشیں کر سکیں اور نیز اس طرح مسلمانوں کی جماعت میں انتشار پیدا ہو جائے گا اور جب وہ قیصر کے ہمراہ مدینہ آئے گا تو اس جگہ کو اپنی قیام گاہ بنائے گا چنانچہ قبا کی بستی میں جو مسجد حضور نے تعمیر فرمائی تھی اس کے قریب ہی انھوں نے یہ مسجد بنا دی۔ اور حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی نیک نیتی کا یقین دلانے کے لیے عرض کی یا رسول اللہ! قبا کی بستی میں ایک ہی مسجد تھی۔ رات کے اندھیرے میں اور برسات کے موسم میں بوڑھوں بیماروں اور کمزوروں کو وہاں جانے میں بڑی دقت ہوتی تھی اس لیے ہم نے ایک مسجد بنائی ہے آپ ازراہِ مہربانی ایک مرتبہ اس میں نماز ادا فرما دیں تاکہ وہ بابرکت ہو جائے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اب تو تبوک کا سفر درپیش ہے واپسی پر اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو دیکھا جائے گا۔ جب حضورؐ بخیر و عافیت تبوک سے واپس تشریف لائے اور مدینہ کے قریب پہنچ گئے تو پھر منافقین کا ایک وفد اپنی وہی عرضداشت لے کر حاضر ہوا۔ اسی وقت اللہ تعالیٰ نے جبریل کو حکم دیا کہ جاؤ اور میرے رسول کو میرا یہ پیغام پہنچا دو۔ چنانچہ جب یہ آیتیں نازل ہوئیں تو حضورؐ نے چند مسلمانوں کو حکم دیا کہ اس مسجد کو جا کر پیوندِ خاک کر دیں اور اسے آگ لگا دیں چنانچہ فرمانِ نبوی کی تعمیل کی گئی۔

۱۵۳ یہ سارے کلمات مفعول لاجلہ ہیں یعنی اس مسجد کی تعمیر کا مقصد رضائے خداوندی نہیں بلکہ اس کا مقصد تو صرف یہ ہے کہ مسلمانوں کو نقصان پہنچایا جائے۔ اس میں بیٹھ کر کفر کو فروغ دینے کی تجویزیں سوچی جائیں اور مسلمانوں کی جمعیت کو منتشر کیا جائے نیز اس کی ایک ناپاک غرض یہ بھی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا دشمن ابو عامر آئے تو اسے اپنی قیام گاہ کے طور پر استعمال کرے۔ ایسی عمارت کو ظاہر داری کی وجہ سے گو مسجد کہا جائے حقیقت میں تو یہ وہ ناپاک اور منحوس مکان ہے جس کی اینٹ سے اینٹ بجا دینی چاہیے تاکہ اس کا نشان تک بھی باقی نہ رہے۔

۱۵۴ اے حبیب! ان خبیثوں کی قسموں پر اعتبار نہ کرنا۔ خدا گواہ یہ بالکل جھوٹے ہیں۔

اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ

وہ زیادہ مستحق ہے کہ آپ کھڑے ہوں اس میں ۔ اس میں ایسے لوگ ہیں جو پسند کرتے ہیں صاف

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى

ستھرا رہنے کو ١٥٥ اور اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے پاک صاف لوگوں سے ۔ تو کیا وہ شخص جس نے بنیاد رکھی اپنی عمارت کی اللہ کے تقویٰ

مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا

پر اور (اس کی) رضا جوئی پر بہتر ہے یا وہ جس نے بنیاد رکھی اپنی عمارت کی وادی کے کھوکھلے ڈھلوانی کے

جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

کنارے پر جو گرنے والا ہے پس وہ گر پڑا اسے لیکر دوزخ کی آگ میں ١٥٦ اور اللہ تعالیٰ راہِ حق پر نہیں چلاتا ظالم

١٥٥ حضور سرورِ عالم نے اہل قبا سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری نظافت اور پاکیزگی کی تعریف کی ہے تم میں کونسی خصوصیت ہے؟ انھوں نے عرض کی کہ ہم قضاء حاجت کے بعد پانی سے استنجا کرتے ہیں۔ یہ ان کی نظافت طبعی کی دلیل ہے جب وہ اس معاملہ میں اتنے محتاط ہیں تو ان کے بدن اور لباس کی صفائی کے بارے میں آپ خود ہی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص جسمانی صفائی اور نظافت کا خیال رکھتا ہے وہ بھی اللہ تعالیٰ کے نزدیک قابلِ تعریف ہے۔ اثنی اللہ سبحانہ وتعالیٰ فی هذه الآیة علی من احب الطهارة و آثر النظافة وهی مروءة آدمیة ووظیفة شرعیة (قرطبی) یعنی ظاہری نظافت انسانی مروت کا تقاضا بھی ہے اور شریعت کا حکم بھی۔ اور جو شخص صاف ستھرا رہتا ہے وہ اللہ کے نزدیک قابلِ تعریف ہے۔ معلوم نہیں ہم مسلمانوں نے گندا رہنے کو کیوں اختیار کر رکھا ہے۔ ہمارے منہ سے بدبو، ہمارا جسم میلا کچیلا، ہمارا لباس غلیظ، ہماری بستیاں محلے، گلی کوچے بلکہ گھر کے صحن اور سونے کے کمرے بھی بدبودار اور عفونت کا گڑھ۔ کیا ہم وہ لوگ ہیں جن کے آباء واجداد کی یحبون ان یتطھروا کے شاندار الفاظ سے تحسین وآفرین کی گئی ہے۔

١٥٦ یہاں دو مسجدوں کا فرق بیان کیا جا رہا ہے کہ پہلی مسجد کی جن لوگوں نے بنیاد رکھی وہ متقی اور پرہیزگار تھے اور محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے طلبگار تھے۔ ان کے پیشِ نظر مسجد کی تعمیر سے یہ مقصد تھا کہ یہ اسلام کا مرکز بنے اور مسلمان اپنے مولائے کریم کے سامنے سربسجود ہونے کے لیے اس میں جمع ہوں اس لیے اس کی دیواریں ایسی مستحکم بنیادوں پر استوار کی گئی ہیں جو کبھی گر نہیں سکتیں لیکن اس کے برعکس دوسرا مکان جو مسجد کے نام سے تعمیر کیا گیا ہے اس کا مقصد کیونکہ اسلام کی مخالفت اور مسلمانوں میں تفرقہ اندازی ہے اس لیے اس کی بنیادیں بہت کمزور ہیں اور ان میں اتنی تاب نہیں کہ

الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ

قوم کو۔ ہمیشہ اُن کی یہ عمارت ۱۵۸ جو انھوں نے بنائی بے کھٹکتی رہے گی ان کے دلوں میں

اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١١٠﴾ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى

مگر یہ کہ پارہ پارہ ہو جائیں ان کے دل اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے۔ یقیناً اللہ نے خرید لی ہیں

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۭ

ایمانداروں سے ان کی جانیں ۱۶۰ اور اُن کے مال اس عوض میں کہ ان کے لیے جنت ہے

وہ چند روز بھی کھڑی رہ سکیں۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی عمارت وادی کے اس دہانے کے کنارے پر بنائی جائے جس کو سیلاب نے کھوکھلا کر دیا ہو۔ تشریح الفاظ: شفا۔ کنارہ۔ جرف، وہ دہانہ جس کو پانی کی موجوں نے اندر ہی اندر سے کھوکھلا کر دیا ہو۔ یقال للمکان الذی یاکلہ السیل فیجرفہ ای یذھب بہ جرف (مفردات راغب)۔

علامہ قرطبیؒ نے خوب لکھا ہے کہ بقائے دوام صرف اس عمل کو میسر ہوتی ہے جو رضاء الٰہی کے لیے کیا جائے اور جو کام ریاکاری کے لیے کیا جائے وہ جلدی نیست و نابود ہو جاتا ہے۔ فی ھذہ الآیۃ دلیل علی ان کل شیء ابتدئ بنیۃ تقوی اللہ تعالیٰ والقصد بوجھہ الکریم فھو الذی یبقی ویسعد بہ صاحبہ (قرطبی)۔

۱۵۹ یعنی جب تک موت کی ضرب کاری ان کے دلوں کو پارہ پارہ نہیں کر دیتی اس وقت تک اس سازش کے ناکام ہونے۔ اس مکان کے منہدم کرنے اور جلا دیئے جانے کی حسرت کا کانٹا ہمیشہ ان کے دلوں میں چبھتا رہے گا۔ قال ابن عباس وقتادۃ ریبۃ ای شکا فی قلوبھم ونفاقا وقال الکلبی حسرۃ وندامۃ وقال السدی والمبرد حزازۃ وغیظا (قرطبی)۔

۱۶۰ ہماری جانیں اسی نے پیدا فرمائیں۔ ہمارے پاس جو کچھ ہے سب اسی کا دیا ہوا ہے۔ گویا ہماری جانوں اور اموال کا مالکِ حقیقی وہ خود ہی ہے۔ اس لیے وہ اگر ہر چیز یونہی لے لے تو کسی کو دم مارنے کی کیا مجال لیکن اس کی شانِ بندہ پروری ملاحظہ ہو کہ اپنی چیزوں کا ہمیں مالک قرار دیا اور پھر اس فانی زندگی اور ناپائیدار متاعِ دنیا کا خود خریدار بنا اور قیمت اتنی گراں عطا فرمائی جس کا انسان تصور ہی نہیں کر سکتا یعنی جنت۔ جب ستر انصار مکہ میں آئے اور رات کو تنہائی میں حضور کریم کے دستِ مبارک پر وہ تاریخی بیعت کی جسے بیعتِ عقبہ ثانیہ کہا جاتا ہے تو اس وقت حضرت عبد اللہ بن رواحہؓ نے عرض کی اے اللہ کے نبی! جو شرط آپ اپنے رب کے لیے اور اپنی ذات کے لیے ہم سے منوانا چاہتے ہیں منوا لیجیے۔ حضورؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے لیے تو یہ شرط ہے ان تعبدوہ ولا تشرکوا بہ شیئا کہ تم صرف اسی کی

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۫ وَعْدًا عَلَيْهِ

لڑتے ہیں اللہ کی راہ میں پس قتل کرتے ہیں ۱۵۹ اور قتل کیے جاتے ہیں۔ وعدہ کیا ہے اللہ نے

حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ

اس پر پختہ وعدہ ۱۶۰ تورات اور انجیل اور قرآن (تینوں کتابوں) میں اور کون زیادہ پورا کرنے والا ہے

عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ۔ اور اپنے لیے یہ شرط ہے ان تمنعونی مما تمنعون منہ انفسکم واموالکم کہ جس چیز سے تم اپنے جان و مال کی حفاظت کرتے ہو اس سے میری حفاظت کرو۔ انصار نے عرض کی کہ اگر یہ شرطیں ہم نے پوری کر دیں تو ہمیں کیا ملے گا۔ فرمایا جنت۔ اس وقت خوشی سے ان کے دل باغ باغ ہو گئے اور کہنے لگے ربح البیع لانقیل ولانستقیل۔ یہ سودا تو بڑا نفع مند ہے۔ اب ہم اس سودے کو نہ خود توڑیں گے اور نہ اس کو توڑنے کی آپ سے خواہش کریں گے۔ اس وقت یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

۱۵۹ اس خرید و فروخت کا یہ مطلب نہیں کہ ابھی سے تمہاری جانیں قبض کر لی جائیں اور تمہارے مال و اسباب کو بھی اپنے قبضہ میں لے لیا جائے جیسے عام طور پر خریدار خرید کردہ چیز کو اپنے قبضہ میں لے لیتا ہے بلکہ اس کا مدعا یہ ہے کہ جب مالی قربانی کا موقع آئے تو تم بلا تامل اپنی عمر بھر کا اندوختہ پیش کر دو۔ جب میدان جہاد میں نکلنے کی باری آئے تو سربکف حاضر ہو جاؤ۔ تمہاری طرف سے یہ پختہ عزم ہونا چاہیے۔ اس کے بعد خواہ تم صحیح و سلامت جہاد سے واپس آجاؤ تمہاری طرف سے سودا پورا ہو گیا اور تم اس معاوضہ کے حقدار بن گئے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے کیا خوب فرمایا ہے:

اُثَامِنُ بِالنَّفْسِ النَّفِيْسَةِ رَبَّهَا !	میں اس نفس نفیس کا سودا اس کے رب سے کرتا ہوں۔
وَلَيْسَ لَهَا فِي الْخَلْقِ كُلِّهِمْ ثَمَنٌ	ساری کائنات میں اس کا اور کوئی معاوضہ نہیں ہو سکتا۔
بِهَا تُشْتَرٰى الْجَنَّاتُ اِنْ اَنَا بِعْتُهَا	یہ اتنی قیمتی چیز ہے کہ اس سے جنت خریدے جا سکتے ہیں۔
بِشَيْءٍ سِوَاهَا اِنَّ ذَالِكُمْ غَبَنٌ	اگر میں اس سے کم تر پر بیچوں تو بہت بڑا خسارہ ہے۔
لَئِنْ ذَهَبَتْ نَفْسِيْ بِدُنْيَا اَصَبْتُهَا	اگر میں نے اپنی جان دنیا کے حصول میں ضائع کر دی۔
لَقَدْ ذَهَبَتْ نَفْسِيْ وَقَدْ ذَهَبَ الثَّمَنُ	تو میں نے اپنے نفس کو بھی برباد کر دیا اور قیمت بھی ضائع کر دی۔

۱۶۰ یہ ایسا وعدہ نہیں جس کے پورے نہ کیے جانے کا اندیشہ ہو۔ بلکہ یہ پختہ وعدہ ہے اور اس کا ذکر صرف قرآن میں ہی نہیں بلکہ سابقہ کتب سماویہ، تورات، انجیل میں بھی صراحۃً موجود ہے۔ آیت کے اس حصہ پر عیسائی عالموں نے سخت اعتراض کیے ہیں چنانچہ وہری (WHERRY) برنک مین (BRINK - MAN) کا حوالہ دیتے ہوئے

اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

اپنے وعدہ کو اللہ تعالیٰ سے (اے ایمان والو!) پس خوشیاں مناؤ اپنے اس سودے پر جو کیا ہے تم نے اللہ سے اور یہی تو

الْعَظِيْمُ ﴿١١١﴾ اَلتَّاۗىِٕبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّاۗىِٕحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ

ہے بڑی فیروز مندی ہے۔ توبہ کرنیوالے، (اللہ کی) عبادت کرنیوالے، حمد و ثنا کرنیوالے (اللہ) روزہ رکھنے والے، رکوع کرنیوالے

السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ

سجدہ کرنے والے، نیکی کا حکم دینے والے اور برائی سے روکنے والے اور

الْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٢﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَ

نگہبانی کرنیوالے اللہ کی (مقررہ) حدوں کی (اے میرے رسول!) خوشخبری سنا دیجیے ان (کامل) مومنوں کو۔ درست نہیں ہے نبی کو

کہتا ہے کہ قرآن کی اس آیت کا حق وصداقت سے دُور کا بھی واسطہ نہیں اور اس نے اس کا بڑی شد و مد سے انکار کیا ہے کہ اس قسم کے وعدے کا ذکر تورات و انجیل میں آیا ہو۔ باوجود اس بات کے کہ تورات و انجیل اپنی اصل صورت میں محفوظ نہیں رہیں اور زمانہ سے ان میں طرح طرح کی تحریفیں رُونما ہو گئی ہیں اس لیے موجودہ بائیبل میں اگر اس معاہدہ کا ذکر نہ ملے تو بھی محل اعتراض نہیں لیکن خدا کی قدرت ملاحظہ ہو کہ اس محرّف انجیل میں بھی متعدد ایسی آیات آج بھی موجود ہیں جو کہ اس آیت کے مضمون کی تصدیق کرتی ہیں۔

"اپنا مال اسباب بیچ کر خیرات کر دو اور اپنے لیے ایسے بٹوے بناؤ جو پرانے نہیں ہوتے یعنی آسمان پر ایسا خزانہ جو خالی نہیں ہوتا جہاں چور نزدیک نہیں جاتا اور کیڑا خراب نہیں کرتا کیونکہ جہاں تمہارا خزانہ ہے وہیں تمہارا دل بھی لگا رہے گا" (لوقا ١٢ : ٣٣، ٣٤)۔

نیز متی کی انجیل میں مرقوم ہے۔

اور جس کسی نے گھروں یا بھائیوں .... یا بہنوں یا باپ یا ماں یا بچوں یا کھیتوں کو میرے نام کی خاطر چھوڑ دیا ہے اس کو سو گنا ملے گا اور ہمیشہ کی زندگی کا وارث ہو گا (متی ١٩ : ٢٩)۔

(١٦) مومنین کاملین کی صفات کا بیان ہو رہا ہے۔ التائبون سے لیکر الآمرون تک متعدد صفات کا ذکر آیا ہے لیکن ان میں حرف عطف نہیں استعمال ہوا لیکن والناھون سے پہلے حرف عطف لانے کی کیا وجہ ہے۔ مفسرین نے اس کے متعدد جواب دیئے ہیں (١) ایسے مواقع پر حرف عطف کا ذکر کرنا اور نہ کرنا دونوں صحیح ہیں اس لیے یہاں مزید کسی

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى

لیے اور نہ ایمان والوں کے لیے کہ مغفرت طلب کریں مشرکوں کے واسطے اگرچہ وہ مشرک ان کے قریبی رشتہ دار ہی

مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ

ہوں جب کہ واضح ہو گیا ان پر کہ یہ دوزخی ہیں ۱۶۲ اور نہ تھی استغفار ابراہیم کی اپنے

اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ

باپ کے لیے مگر ایک وعدہ (کو پورا کرنے) کی وجہ سے جو انھوں نے اس سے کیا تھا۔ اور جب ظاہر ہو

اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ۭ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا كَانَ

گئی آپ پر یہ بات کہ وہ اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے تو آپ بیزار ہو گئے اس سے ۱۶۳ بیشک ابراہیم بڑے ہی نرم دل اور بردبار تھے

توجیہ کی ضرورت نہیں (۲) الناھون کا الاٰمرون پر عطف کیا کیونکہ یہ دونوں مل کر ایک مکمل صفت بنتے ہیں (۳) اور علامہ قرطبی نے یہ بھی لکھا ہے کہ قریش کی لغت یہ ہے کہ سات کے عدد تک حرفِ عطف ذکر نہیں کرتے اور جب آٹھواں ذکر کرتے ہیں تو پھر حرفِ عطف کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ الناھون کیونکہ آٹھویں وصف ہے اس لیے واؤ کا اضافہ کر دیا۔ ومتی جاء فی کلامھم امر ثمانیۃ ادخلوا الواو وقلت ھی لغۃ قریش (قرطبی)۔

۱۶۲ جب انسان فوت ہو جاتے تو زندوں پر اس کا یہ حق ہوتا ہے کہ وہ اس کے لیے طلبِ مغفرت کرتے رہیں تاکہ ان کے استغفار سے پروردگارِ عالم اس میت کو بخش دے لیکن یہاں واضح طور پر بیان کر دیا کہ مغفرت صرف ان کے لیے ہے جن کا خاتمہ ایمان پر ہوا ہو اور جو کفر و شرک کی حالت میں مرے ہوں ان کے لیے مغفرت کا دروازہ بند کر دیا جاتا ہے۔ اس لیے اس آیت میں حکم دیا کہ جن کے متعلق تمھیں علم ہو کہ وہ حالتِ کفر میں مرے ہیں ان کے لیے کسی کو دعائے مغفرت نہ کرنی چاہیے۔ وہ تمام روایات جن میں یہ مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت سے اپنے رسول کو منع فرمایا ہے کہ وہ اپنے والدین کے حق میں دعائے مغفرت کریں کیونکہ ان کا خاتمہ ایمان پر نہیں ہوا تھا۔ ان پر محققِ زماں حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے خوب سیر حاصل تبصرہ کیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ اس قسم کی تمام روایات ضعیف اور معلول ہیں اس لیے قابلِ سند نہیں۔ وما یدل علی ان الاٰیۃ نزلت فی آمنۃ ام النبی صلی اللہ علیہ وسلم وعبد اللہ ابیہ لا یصلح منھا شیء۔ علامہ پانی پتی نے حافظ ابن حجر شارح صحیح بخاری کا یہ قول بھی نقل کیا ہے وقد تاملتھا (الطرق) فوجدتھا کلھا معلولۃ (مظہری) میں نے ان روایات کے سارے طریقوں میں غور کیا ہے اور سب کو معلول (قابلِ اعتراض) پایا ہے۔

اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ

اور نہیں ہے ١٦٤ اللہ تعالیٰ کا دستور کہ گمراہ کردے ١٦٥ کسی قوم کو اسے ہدایت دینے کے بعد یہاں تک کہ بیان کردے

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

ان کے لیے وہ چیزیں جن سے انہیں بچنا چاہیے بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے ساری بادشاہی آسمانوں

علماء کرام نے لکھا ہے کہ قرآن میں ماکان کا استعمال دو معنوں میں آیا ہے بمعنی نفی جیسے وما کان لنفس ان تموت الا باذن اللہ اور بمعنی نہی جیسے یہ آیت (قرطبی)۔

١٦٣ آیت سابقہ میں مرے ہوئے کافروں کے لیے دعائے مغفرت سے منع کر دیا گیا۔ یہاں اس وسوسہ کا ازالہ کیا جارہا ہے کہ اگر حکم یہ ہے تو پھر حضرت خلیل نے آزر کے لیے مغفرت کی دعائیں کیوں کی۔ فرمایا اس کی وجہ یہ تھی کہ انھوں نے آزر سے وعدہ کیا تھا کہ وہ اس کے لیے استغفار کریں گے اور اس وقت آپ کا یہی خیال تھا کہ شاید اسے ایمان لانے کی توفیق عنایت ہو جائے لیکن جب وہ کفر پر ہی مر گیا تو آپ اس سے بری الذمہ ہو گئے۔ لابیہ سے مراد آزر ہے جو آپ کا چچا تھا۔ آپ کے والد کا نام تارخ تھا اور حضور کے آباؤ اجداد میں کوئی کافر نہ تھا۔ لابیہ یعنی آزر وکان عمًّا لابراھیم علیہ السلام وکان ابراھیم ابن تارخ وقد صح عن النبی انہ قال بعثت من خیر قرون بنی آدم قرنا فقرنا حتی بعثت فی القرن الذی کنت فیہ رواہ البخاری فلا یمکن ان یکون کافر فی سلسلۃ آبائہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ترجمہ: ابیہ سے مراد آزر ہے جو حضرت ابراہیم کا چچا تھا۔ آپ کے والد کا نام تارخ تھا۔ نیز حضور سے بسند صحیح مروی ہے کہ حضور نے فرمایا مجھے بنی آدم کے بہترین زمانہ میں مبعوث فرمایا گیا اس لیے ناممکن ہے کہ حضور کے آباؤ اجداد میں کوئی کافر گزرا ہو (تفسیر مظہری)۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے بھی اسی توجیہ کو پسند کیا ہے۔ لکھتے ہیں "یہاں باپ سے مقصود ان کا حقیقی باپ ہے یا چچا جس نے بطور باپ کے پرورش کیا تھا تو زیادہ قوی بات یہی معلوم ہوتی ہے کہ آزر ان کا چچا تھا اور یہ معاملہ اسی کے ساتھ پیش آیا۔ (ترجمان القرآن، جلد ۲۔ ۱۱۶۔ از آزاد)۔

١٦٤ سابقہ آیات کے نزول سے پہلے مسلمان اپنے مشرک والدین اور رشتہ داروں کے لیے دعائے مغفرت کیا کرتے تھے۔ جب یہ حکم نازل ہوا تو اندیشہ ہوا کہ آج تک جو ہم ان مشرکوں کے لیے استغفار کرتے رہے ہیں اس کی وجہ سے خدا کی ناراضگی کا شکار نہ ہو جائیں۔ ان کے اس اندیشہ کو دور کرنے کے لیے یہ آیت نازل فرمائی کہ کوئی کام اس وقت گناہ ہوتا ہے جب یہ علم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے کرنے سے منع فرما دیا ہے اور جب تک یہ پتہ نہ چلے اس وقت تک یہ عمل گناہ نہیں ہوتا۔

١٦٥ باب افعال ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ کوئی راہ راست پر چل رہا ہو اور اللہ تعالیٰ اسے سیدھی راہ سے ہٹا کر

يُحْيِ وَيُمِيتُ ۚ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ﴿١١٦﴾

اور زمین کی وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے اور نہیں ہے تمہارے لیے اللہ کے سوا کوئی حامی اور نہ کوئی مددگار۔

لَّقَد تَّابَ اللَّهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنصَارِ الَّذِينَ

یقیناً رحمت سے توجہ فرمائی اللہ تعالیٰ نے (اپنے) نبی پر نیز مہاجرین اور انصار پر جنھوں نے

اتَّبَعُوهُ فِي سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِن بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ فَرِيقٍ

پیروی کی تھی نبی کی مشکل گھڑی میں اس کے بعد کہ قریب تھا کہ ٹیڑھے ہو جائیں دل ایک گروہ کے

مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّهُ بِهِمْ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١١٧﴾ وَعَلَى الثَّلَاثَةِ

ان میں سے پھر رحمت سے توجہ فرمائی ان پر بیشک وہ ان سے بہت شفقت کرنے والا رحم فرمانے والا ہے[۱۶۷] اور ان تینوں پر بھی

غلط راہ پر چلا دے بلکہ یہاں اضلال بمعنی ان یحکم علیہم بالضلال یعنی ان پر یہ حکم لگا دیا جائے کہ اپنی نافرمانی کی وجہ سے یہ گمراہ ہو چکے ہیں۔ اس آیت سے یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ حکم عدولی اور نافرمانی کی وجہ سے انسان رفتہ رفتہ گمراہی کی عمیق غار میں جا گرتا ہے۔ ففی هذا ادلّ دلیل علی ان المعاصی اذا ارتکب و انتهک حجابها کانت سببا الی الضلالة والردی و سلما الی ترك الرشاد والهدی (قرطبی)۔

[۱۶۷] عُسرة کہتے ہیں تنگی اور شدت کو۔ ساعۃ عُسرۃ سے مراد غزوہ تبوک کا زمانہ ہے جبکہ مسلمان طرح طرح کی مشکلات میں گھرے ہوئے تھے سخت گرمی کا موسم تھا سفر بڑا طویل اور کٹھن تھا قیصر روم کے لشکر جرار سے مقابلہ تھا سواریوں کی ازحد قلت تھی۔ یہاں تک کہ دس آدمیوں کے لیے ایک اونٹ تھا جس پر باری باری وہ سوار ہوتے تھے۔ راشن بھی کم تھا۔ ایسا وقت بھی آیا جب دو آدمیوں کو صرف ایک کھجور پر رات دن بسر کرنا پڑا۔ پانی اتنا کمیاب تھا کہ سواری کے اونٹ ذبح کر کے ان کے پیٹ میں جو پانی ہوتا اس سے اپنی پیاس کو بہلایا کرتے۔ ایسے مشکل وقت میں منافقین کو تو جھوٹے بہانے بنا کر گھر بیٹھ رہنا ہی تھا، حالات کی سنگینی کی وجہ سے بعض مخلص مسلمانوں کے دلوں میں بھی خیال پیدا ہوا کہ وہ بھی شریکِ سفر نہ ہوں۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے ڈگمگاتے ہوئے قدموں کو مضبوط کر دیا اور ان کے دلوں سے اس شیطانی وسوسہ کو نکال دیا۔ اور محض توفیق الٰہی کی یاوری سے وہ جہاد میں شریک ہوئے۔ انھیں میں سے ایک ابو خیثمہ تھے یہ بھی مخلص مومن ہونے کے باوجود حضورؐ کے ہمرکاب جہاد پر روانہ نہ ہوتے۔ ایک روز جب دوپہر کے وقت گھر آئے اور دیکھا کہ ان کی دونوں بیویوں نے اپنے اپنے چھپر کے نیچے چھڑکاؤ کیا ہوا ہے اور ٹھنڈے پانی کی صراحیاں رکھی ہوئی

الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓي اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ

(نظرِ رحمت فرمائی) جن کا فیصلہ ملتوی کر دیا گیا تھا یہاں تک کہ جب تنگ ہو گئی ان پر زمین ۱۶۷ باوجود کشادگی

ہیں اور لذیذ کھانا تیار ہے تو کچھ سوچ کر دہلیز پر ہی رک گئے اور اپنے دل سے کہنے لگے صد حیف! اللہ تعالیٰ کا محبوب تو چلچلاتی دھوپ اور گرم لو میں سفر کی تکلیفیں برداشت کر رہا ہو اور ابوخیثمہ کے لیے ٹھنڈی چھاؤں میں پلنگ بچھا ہوا ہو۔ اس کے پینے کے لیے ٹھنڈا پانی اور کھانے کے لیے لذیذ کھانا موجود ہو۔ اور دو خوبرو بیویاں اس کی خدمت گزاری میں مصروف ہوں ؟ بخدا یہ انصاف نہیں۔ پھر انھوں نے اپنی بیویوں کو فرمایا کہ ابوخیثمہ جب تک اپنے حبیب کے ساتھ جا کر نہ ملے وہ اب ٹھنڈے سایہ میں نہیں بیٹھے گا۔ چنانچہ اونٹنی پر سوار ہوئے اور تبوک کی راہ لی۔ جب وہ کچھ نزدیک پہنچے تو صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ! یہ سوار تو ہماری طرف آتا معلوم ہوتا ہے۔ حضورؐ نے فرمایا کن اباخیثمہ۔ یہ ابوخیثمہ ہوگا۔ جب وہ قریب ہوئے اور صحابہ نے پہچانا تو عرض کی واللہ ھو ابوخیثمہ۔ بخدا یہ تو ابوخیثمہ ہی ہے۔ انھوں نے حاضر خدمت ہو کر اپنا قصہ عرض کیا۔ حضور بہت خوش ہوئے اور ان کے لیے دعائے خیر فرمائی۔

۱۶۷ غزوۂ تبوک میں شریک نہ ہونے والے جن تین صحابہ کا ذکر ہو رہا ہے ان کے اسماء یہ ہیں: کعب بن مالکؓ مرارہ بن ربیع اور ہلال بن امیہ۔ صحیح بخاری اور مسلم میں جو روایت مندرج ہے جس کے راوی خود حضرت کعب ہیں اس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

جن دنوں غزوۂ تبوک کے لیے تیاری ہو رہی تھی میری صحت اور میری مالی حالت بہت اچھی تھی میرے پاس سواری کے لیے دو اونٹنیاں تھیں۔ اس سے پیشتر کبھی میرے پاس سواری کے لیے دو جانور جمع نہیں ہوئے تھے جمعرات کے دن حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنے تیس ہزار جاں نثاروں کے ہمراہ تبوک کی طرف روانہ ہوئے۔ میں نے دل میں سوچا کہ چند ضروری کاموں سے جلدی جلدی فارغ ہو کر میں لشکر کے ساتھ جا ملوں گا۔ ایک دن بھی گزر گیا لیکن مجھے ان کاموں سے فراغت نہ ہوئی۔ دوسرا تیسرا دن بھی اسی طرح گزر گیا لیکن میں فارغ نہ ہوا جب کئی دن گزر گئے تو میں نے خیال کیا کہ اب تو لشکر بہت دور چلا گیا ہوگا اور اب میرا جانا بے سود ہے۔ چنانچہ میں نے پیچھے جانے کا ارادہ ترک کر دیا۔ جب میں بازار جاتا تو مجھے ان لوگوں کے سوا جو نفاق کی تہمت سے متہم تھے یا جو معذور تھے اور جنگ میں شرکت کے قابل نہ تھے اور کوئی مسلمان دکھائی نہ دیتا۔ مجھے اس حرماں نصیبی پر بہت دکھ ہوتا۔ ایک بار خیال آیا بھی کہ اگرچہ تاخیر ہو گئی ہے لیکن پھر بھی چلا جاتا ہوں۔ کاش! میں ایسا کرتا لیکن ایسا نہ کر سکا۔ وقت گزرتا گیا۔ یہاں تک کہ حضورؐ کے بخیر و عافیت مراجعت فرمانے کی اطلاعیں آنے لگیں۔ مجھے رنج و غم نے آلیا۔ میں سوچنے لگا کہ بارگاہِ رسالت میں اپنی اس غیر حاضری کے لیے کیا عذر پیش کروں۔ خود بھی غور و فکر کیا کرتا اور دانشوروں سے بھی مشورہ لیا کرتا۔ حضورؐ جب مدینہ طیبہ پہنچ گئے تو یکایک تذبذب کی کیفیت جاتی رہی اور دل میں ٹھان لی کہ سچ سچ عرض کر دوں گا۔ اور اس بارگاہ میں اگر پناہ مل سکتی ہے تو سچ سے ہی مل سکتی ہے۔

جھوٹ بول کر تو اپنے آپ کو رسوا ہی کرنا ہے۔ حضور کریمؐ کی سنت مبارکہ تھی کہ جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو سب سے پہلے مسجد میں جا کر دو نفل پڑھا کرتے اس کے بعد حضرت خاتون جنت کے ہاں قدم رنجہ فرماتے اور اس کے بعد ازواج مطہرات کے حجروں کو زینت بخشتے۔ جب نبی رحمت مسجد میں تشریف لے آئے اور نفلوں سے فارغ ہو کر بیٹھے تو منافقین گروہ در گروہ حاضر ہو کر جھوٹے بہانے پیش کرنے لگے اور نبی کریمؐ ان کے باطن کو اللہ تعالیٰ کو تفویض کر کے ان کی ظاہر عذر داریوں کو قبول فرمالیتے۔ مجھے بھی بعض لوگوں نے ایسا کرنے کا مشورہ دیا لیکن میں نے خدمت اقدس میں حاضر ہو کر اپنی حرماں نصیبی کی سچی سچی داستان عرض کر دی۔ حضورؐ نے میری عرضداشت سن کر فرمایا اما ھذا فقد صدق فقم حتی یقضی اللہ فیك بما یشاء: اس نے جو کچھ کہا ہے سچ کہا ہے۔ جاؤ اٹھو تمہارا فیصلہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ کئی لوگوں نے مجھے بڑی سرزنش کی کہ تم نے صاف گوئی سے کام لے کر اپنے آپ کو مصیبت میں گرفتار کرا دیا۔ میں نے خیال کیا کہ واپس جا کر کوئی عذر پیش کروں لیکن پھر معاً خیال آیا کہ ایک گناہ تو یہ کیا کہ جہاد میں شریک نہیں ہوا اور دوسرا گناہ یہ کروں کہ بارگاہ نبوت میں جھوٹ بولوں میں یہ جرأت ہرگز نہیں کروں گا۔ میں نے پوچھا کہ کسی اور کو بھی اس قسم کا حکم ملا ہے۔ مجھے بتایا گیا کہ ہلال بن امیہ اور مرارہ بن ربیع کو بھی یہی فرمایا گیا ہے۔ حضورؐ نے لوگوں کو ہمارے ساتھ بات چیت کرنے سے بھی منع فرمایا۔ اب ہمارے ساتھ نہ کوئی ہمکلام ہوتا تھا اور نہ ہمارے سلام کا کوئی جواب دیتا تھا۔ ہمیں یوں محسوس ہونے لگا کہ یہ وہ لوگ ہی نہیں جو پہلے تھے اور جن کو ہم جانتے تھے۔

یہ وہ دیس ہی نہیں ہے جس میں ہم نے عمر گزاری بلکہ یہ کوئی نیا دیس ہے جس کے کوچہ و بازار اور در و دیوار ہمارے لیے بالکل غیر مانوس ہیں۔ مجھے یہ اندیشہ کھائے جا رہا تھا کہ اگر اسی حالت میں موت آگئی اور نبی کریمؐ نے نماز جنازہ نہ پڑھائی تو کیا بنے گا۔ میرے دو دوسرے ساتھی تو رات دن گریہ زاری میں گزار دیتے۔ انھیں دنیا و مافیہا کی خبر نہ تھی۔ انھوں نے تو باہر نکلنا ہی بند کر دیا تھا۔ میں کبھی کبھی بازار آتا لیکن نہ کوئی مجھے سلام کہتا اور نہ کوئی میرے سلام کا جواب دیتا۔ ایک دن میں لوگوں کی سرد مہری سے مایوس ہو کر اپنے چچازاد بھائی ابی قتادہ کے پاس چلا گیا جو اس وقت اپنے باغ میں تھا مجھے اس سے بڑی محبت تھی۔ میں نے سلام دیا اس نے جواب تک نہ دیا۔ میں نے کہا اے بھائی کیا تمھیں علم نہیں کہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہوں۔ وہ چپ رہا۔ میں نے تین مرتبہ یہ جملہ دہرایا وہ بولا تک نہیں۔ آخر چوتھی بار جب میں نے اُسے یہی بات کہی تو اس نے صرف اتنا کہا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے۔ اس وقت بے اختیار میرے آنسو بہ نکلے اور میں وہاں سے شکستہ دل ہو کر چلا آیا۔ میں بازار سے گزر رہا تھا تو ایک نبطی مجھے تلاش کر رہا تھا۔ لوگوں نے اشارہ سے اسے میری طرف متوجہ کیا کہ یہ کعب ہے جسے تم تلاش کر رہے تھے۔ وہ میرے قریب آیا اور مجھے ایک خط دیا یہ خط غسان کے بادشاہ نے میری طرف بھیجا تھا۔ اس نے لکھا کہ ہم نے سنا ہے کہ تیرے صاحب نے تجھ پر بہت جفا کی ہے اور تیرے ساتھ ناروا سلوک کیا جا رہا ہے۔ تو ایسا نہیں کہ تیری توہین کی جائے۔ تو میرے پاس آجا، دیکھ میں کس طرح تیری قدر دانی کرتا ہوں۔ یہ پڑھ کر میں آگ بگولا ہو گیا اور میں نے اس خط کو نذر آتش کر دیا اور اسے کہا کہ اپنے بادشاہ کو کہنا اس خط کا میرے پاس یہی جواب تھا۔ میں نے دل میں کہا میری بدبختی ملاحظہ ہو کہ اب ایک کافر کو یہ جرأت ہو رہی ہے

وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنفُسُهُمْ وَظَنُّوا أَن لَّا مَلْجَأَ مِنَ اللَّهِ إِلَّا

کے اور بوجھ بن گئیں ان پر ان کی جانیں اور جان لیا انھوں نے کہ نہیں کوئی جائے پناہ اللہ تعالیٰ سے مگر اسی کی

إِلَيْهِ ۚ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوبُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١١٨﴾

ذات تب اللہ تعالیٰ ان پر مائل بکرم ہوا تاکہ وہ بھی رجوع کریں۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی بہت توبہ قبول فرمانے والا اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ ﴿١١٩﴾ مَا كَانَ

اے ایمان والو! ۱۶۹؎ ڈرتے رہا کرو اللہ سے اور ہو جاؤ سچے لوگوں کے ساتھ۔ نہیں مناسب

کہ میرے ایمان پر ڈاکہ ڈالے۔ اس رنج و غم میں چالیس دن گزر گئے۔ چالیسویں دن حکم ہوا کہ ہم اپنی بیویوں سے الگ رہیں چنانچہ میں نے اپنی بیوی کو اس کے میکے بھیج دیا۔ میں نماز پڑھنے کے لیے مسجد نبوی میں جایا کرتا تھا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کو سلام عرض کیا کرتا۔ اور پھر یہ دیکھا کرتا کہ کیا لب مبارک کو جنبش ہوتی ہے۔ جب میں نماز میں مشغول ہوتا تو بیکس نواز آقا اپنی نگاہ لطف کو میری طرف مبذول فرماتے اور جب میں فارغ ہوتا تو اعراض فرما لیتے۔ یہ لمحے میرے لیے بڑے صبر آزما تھے۔ پچاسویں رات کو ہماری توبہ کی قبولیت کی آیت نازل ہوئی۔ صبح کی نماز کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم نے اعلان فرمایا۔ صحابہ دوڑے ہوئے مبارک دینے آئے۔ سب سے پہلے جس نے مجھے یہ مژدہ جانفزا سنایا وہ حمزہ الاسلمی تھے۔ میں نے فرط مسرت میں اپنے دونوں کپڑے اتار کر دے دیئے۔ پھر میں بارگاہ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء میں حاضر ہوا۔ احباب جوق در جوق مبارک دینے کے لیے آ رہے تھے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کا چہرۂ انور خوشی سے چمک رہا تھا۔ مجھے دیکھا تو فرمایا جب سے تیری ماں نے تجھے جنا ہے یہ تیری زندگی کا بہترین دن ہے مبارک ہو۔

۱۶۹؎ ان تین پاکبازوں کے ذکر کے بعد جنھوں نے منافقوں کی طرح اللہ کے رسول کی جناب میں جھوٹ بولنے کی گستاخی نہیں کی اور آخر کار اللہ تعالیٰ کی نگاہ لطف و کرم ان کی طرف مائل ہوئی اور اس کا ابر رحمت ان پر برسا اور ان کی کشت ایمان کو شاداب کر گیا۔ اب عام مسلمانوں کو انھیں کے نقش قدم پر چلنے کی ہدایت کی جا رہی ہے کیونکہ حقیقی کامیابی یہی ہے کہ انسان سے خطا ہو جائے تو اعتراف جرم اور اظہار ندامت کے بعد عفو و درگزر کی التجا کرے۔ نیز اللہ تعالیٰ کے سچے اور نیک بندوں کی صحبت اختیار کرنے کی بھی اس آیت میں ترغیب دی گئی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کی یہ حدیث پاک بھی یقیناً مفید ہوگی اس لیے اسے بھی تحریر کیے دیتا ہوں۔ فرمایا: عليكم بالصدق فان الصدق يهدى الى البر وان البر يهدى الى الجنة وما يزال رجل يصدق ويتحرى الصدق حتى يكتب عند الله صديقا۔ ہمیشہ سچ بولا کرو۔ سچ بولنا نیکی کی طرف رہنمائی کرتا ہے اور نیکی جنت کا راستہ دکھاتی ہے۔ اور انسان جب سچ بولتا رہتا ہے اور

لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِنَ الْأَعْرَابِ أَنْ يَتَخَلَّفُوا

تھا مدینہ والوں کے لیے ۱۶۹ اور جو ان کے ارد گرد دیہاتی لوگ ہیں کہ پیچھے بیٹھ رہتے اللہ کے

عَنْ رَسُولِ اللَّهِ وَلَا يَرْغَبُوا بِأَنْفُسِهِمْ عَنْ نَفْسِهِ ۚ ذَٰلِكَ

رسول پاک سے اور نہ یہ کہ متوجہ ہوتے اپنے نفسوں کی طرف ان سے بے فکر ہو کر۔ یہ اس لیے کہ

بِأَنَّهُمْ لَا يُصِيبُهُمْ ظَمَأٌ وَلَا نَصَبٌ وَلَا مَخْمَصَةٌ فِي سَبِيلِ

نہیں پہنچتی انھیں کوئی پیاس اور نہ کوئی تکلیف ۱۷۰ اور نہ بھوک راہ خدا میں

اللَّهِ وَلَا يَطَئُونَ مَوْطِئًا يَغِيظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُونَ مِنْ عَدُوٍّ

اور نہ وہ چلتے ہیں کسی چلنے کی جگہ جس سے کافروں کو غصہ آتے اور نہیں حاصل کرتے وہ دشمن سے

نَيْلًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ

کچھ مگر یہ کہ لکھا جاتا ہے ان کے لیے ان (تمام تکلیفوں) کے عوض نیک عمل بیشک اللہ تعالیٰ ضائع نہیں کرتا

الْمُحْسِنِينَ ﴿١٢٠﴾ وَلَا يُنْفِقُونَ نَفَقَةً صَغِيرَةً وَلَا كَبِيرَةً

نیکوں کا اجر۔ اور وہ (مجاہدین) نہیں خرچ کرتے تھوڑا اور نہ زیادہ

سچ بولنے کی پوری کوشش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی جناب میں اس کو صدیق کا لقب عطا فرمایا جاتا ہے۔

۱۶۹ یعنی اہل ایمان کے لیے یہ ہرگز زیبا نہیں کہ وہ تو آرام سے اپنے گھروں میں بیٹھے رہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا رسول سفر کی صعوبتوں کو برداشت کرتا، موسم کی ناسازیوں کا مقابلہ کرتا جہاد کی طرف پیش قدمی کرتا چلا جا رہا ہو۔ یہ حکم قیامت تک ہے جب بھی خلیفۂ وقت جہادِ عام کا حکم فرما دے تو سب مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ اس کی دعوت کو قبول کرتے ہوئے جہاد کے لیے نکلیں۔ یہاں بھی ماکان نہی کے معنی میں مستعمل ہوا ہے جس طرح پہلے گزرا۔

۱۷۰ اس آیت سے بھی جہاد میں شرکت کرنے کی مزید رغبت دلائی جا رہی ہے کہ جب وہ جہاد میں نکلیں گے تو چھوٹی بڑی جو تکلیف انھیں پہنچے گی اللہ تعالیٰ ان کو اس کا اجرِ عظیم دے گا تو پھر خدا کی رحمت میں حصہ دار بننے کے لیے وہ اس جسمانی تکلیف کو برداشت کرنے میں بزدلی کا مظاہرہ کیوں کریں۔

وَلَا يَقْطَعُونَ وَادِيًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا

اور نہ طے کرتے ہیں کسی وادی کو مگر یہ کہ لکھ لیا جاتا ہے ان کے لیے تاکہ صلہ دے انہیں اللہ تعالیٰ بہترین، ان

كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٢١﴾ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً ۚ فَلَوْلَا

کاموں کا جو وہ کیا کرتے تھے۔ اور یہ تو ہو نہیں سکتا کہ مومن نکل کھڑے ہوں سارے کے سارے ۱۷۱؎ تو کیوں نہ

نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَ

نکلے ہر قبیلہ سے چند آدمی تاکہ تفقہ حاصل کریں دین میں اور

لِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ﴿١٢٢﴾ يٰٓأَيُّهَا

ڈرائیں اپنی قوم کو جب لوٹ کر آئیں ان کی طرف تاکہ وہ نافرمانیوں سے بچیں ۱۷۱؎ اے

۱۷۱؎ جس دین کا مقصد دل کی دنیا بدلنا ہو اور انسان کی زندگی کے کارواں کے لیے ایک بلند منزل متعین کرنا اور اس تک پہنچنے کی تڑپ پیدا کرنا ہو اس کے لیے ضروری ہے کہ اس کے ماننے والوں میں ایسے لوگوں کی کافی تعداد موجود ہو جو اس دین کے اسرار و رموز سے پوری طرح واقف ہوں جو اس کے اغراض و مقاصد کو اچھی طرح سمجھتے ہوں اور دوسروں کو سمجھانے اور ان کے دل نشین کرنے کی استعداد رکھتے ہوں۔ اس چیز کی اہمیت کے پیش نظر ان آیات کے درمیان جن میں جہاد کی ترغیب اور جہاد سے پیچھے رہنے والوں کی مذمت کی جا رہی ہے ایک ایسی آیت بیان فرمائی جس میں دین کے اس مقصد اعلیٰ کی طرف توجہ مبذول کرائی کہ مسلم آبادی کے وہ علاقے جو دینی اور علمی مرکزوں سے دور ہیں وہاں سے چند طالبانِ علم ان مرکزوں میں آئیں اور عالمانِ دین کی خدمت میں کچھ عرصہ رہ کر دین کی صحیح سمجھ پیدا کریں اور جب فیضِ صحبت سے ان کے دلوں میں نورِ بصیرت پیدا ہو جائے تو پھر اپنے اپنے دور افتادہ وطنوں کی طرف لوٹ آئیں اور وہاں کے بسنے والوں میں احکامِ اسلام کی تبلیغ کریں تاکہ امتِ مسلمہ کا ہر فرد اپنے دین کی روح سے واقف ہو اور اس کے احکام سے باخبر ہو تاکہ بے علمی کی وجہ سے ان کا رابطہ اسلام کے ساتھ کمزور نہ ہو جائے اور جہالت کے باعث مسلم سوسائٹی میں اخلاقی اور اعتقادی بے اعتدالیاں رونما ہونے لگیں۔ من کل فرقۃ منھم طائفۃ (کہ ہر جماعت میں سے چند افراد) کے الفاظ نے یہ بھی واضح کر دیا کہ یہ ضروری نہیں کہ ملتِ اسلامیہ کا ہر فرد اپنا گھر بار چھوڑ کر طلبِ علم میں مصروف ہو جائے کیونکہ اس طرح تو نظامِ اجتماعی درہم برہم ہو جائے گا۔ تجارت، زراعت، صنعت وغیرہ سب میں خلل واقع ہو جائے گا بلکہ اتنا ہی کافی ہے کہ ہر بستی سے چند افراد حصولِ علمِ دین اور تبلیغ و اشاعت کے کام کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دیں۔

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ

ایمان والو! جنگ کرو ان کافروں سے جو آس پاس ہیں تمہارے ۱۷۳ اور چاہیے کہ وہ پائیں تم

غِلْظَةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ

میں سختی ۱۷۴ اور خوب جان لو کہ اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے ۱۷۵ اور جب کبھی نازل ہوتی ہے کوئی سورۃ

۱۷۲ ان لوگوں کے حصول علم کا مدعا صرف یہ ہونا چاہیے کہ وہ واپس آکر اپنے علم و عرفان کی شمع سے ہر گھر میں اُجالا کر دیں۔ جہاں کہیں اعتقادی اور عملی تاریکی کا سراغ پائیں اپنے نور کا رُخ ادھر کر دیں۔ اسلام نے علم اور اس کی ترویج کے لیے جتنا اہتمام فرمایا ہے قرآن کے صفحات اور احادیث کے دفاتر اس سے لبریز ہیں۔ اور انہی ارشادات کی برکت تھی کہ عرب کے گنوار اور جاہل دیکھتے دیکھتے اقوام عالم کے امام بن گئے جہاں ان کی عظمت کا جھنڈا گڑا وہاں سے علم و حکمت کے چشمے پھوٹ نکلے۔ کوہ و دمن میں جہاں کہیں وہ خیمہ زن ہوئے مسجد و مدرسہ کے بلند مینار معرفت کی تجلیاں بکھیرنے لگے۔ صاحب قرطبی لکھتے ہیں ھٰذہ الآیۃ اصل فی وجوب طلب العلم۔ یہ آیت طلب علم کی فرضیت کی دلیل ہے۔ حضور کریم علیہ وعلیٰ آلہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کا ارشاد ہے من سلک طریقا یلتمس فیہ علما سلک اللہ بہ طریقاً الی الجنۃ وان الملائکۃ لتضع اجنحتہا رضاً لطالب العلم۔ الخ (ترمذی)۔ جو شخص حصول علم کے لیے کسی راستہ پر چلتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو جنت کے راستہ پر چلاتا ہے اور طالب علم کی خوشنودی کے لیے فرشتے اس کے پاؤں تلے اپنے پر بچھاتے ہیں۔ حضرت ابوسعید الخدری سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا۔ فضل العالم علی العابد کفضلی علی امتی۔ جس طرح مجھے میری امت پر فضیلت حاصل ہے اسی طرح عالم کو عابد (جو عالم نہ ہو) پر فضیلت حاصل ہے۔

۱۷۳ یعنی سب سے پہلے ان کفار سے جہاد کرو جو تمہارے قریب بستے ہیں اس کے بعد جو ان کے قریب بستے ہیں۔ اسی طرح الاقرب فالاقرب کے اصول پر جہاد کا سلسلہ جاری رہے۔ کیونکہ اسلامی جہاد کا مدعا قتل و غارت تو ہوتا نہیں بلکہ یہ ناصحانہ تنبیہ اور سرزنش کے مترادف ہے اس لیے اس شفقت کے حقدار قریبی لوگ ہیں نیز اپنے پڑوس میں فتنہ و فساد کی آگ کو بھڑکتا ہوا چھوڑ کر دور دراز کے علاقوں کی طرف متوجہ ہو جانا کوئی آئین دانشمندی نہیں۔ یہ آستین کے سانپ کسی وقت بھی ڈس کر ساری فتوحات کو شکست میں بدل سکتے ہیں۔

۱۷۴ یعنی جب میدان جہاد میں نکلو تو اپنی قوت و سطوت کا پورا اظہار کرتے ہوئے جاؤ۔ اور جب تمہاری تلواریں بے نیام ہوں تو دشمن پر یوں بھرپور وار کرو کہ ان کے فولادی خودوں اور زرہوں کو کاٹتی ہوئی نکل جائیں تاکہ دوبارہ انہیں للکارنے کی ہمت نہ ہو۔ غلظۃ کا معنی ہے سختی، قوت اور جوش و خروش۔ ای شدۃ وقوۃ وحمیۃ (قرطبی)۔

قرآن حکیم نے جابجا مومن کی یہ شان بیان کی ہے کہ وہ اپنے اسلامی بھائیوں کے ساتھ بڑا نرم خو اور حلیم الطبع ہوتا ہے

فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

تو بعض ان میں سے وہ ہیں جو (شرارتاً) کہتے ہیں کہ کس کا تم میں سے زیادہ کر دیا ہے اس سورۃ نے ایمان تو وہ (سن لیں) جو

اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

ایمان والوں کے ایمان میں اس سورۃ نے اضافہ کر دیا ہے اور وہ خوشیاں منا رہے ہیں ۱۶۵ اور جن کے دلوں میں

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا

(نفاق کا) روگ ہے تو بڑھا دی اس سورۃ نے ان میں اور پلیدی ان کی (سابقہ) پلیدی پر اور وہ مر گئے اس

وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً

حال میں کہ وہ کافر تھے۔ کیا وہ نہیں دیکھتے ۱۶۶ کہ وہ آزمائش میں ڈالے جاتے ہیں ہر سال ایک بار

لیکن اسلام کے دشمنوں کے سامنے وہ بپھرا ہوا شیر ہے جس کی گرج سے سینوں میں دل پانی پانی ہو جاتے ہیں۔ اشدآء علی الکفار رحمآء بینہم ؎

جس سے جگرِ لالہ میں ٹھنڈک ہو وہ شبنم !

دریاؤں کے دل جس سے دہل جائیں وہ طوفاں

۱۶۴ جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی نصرت ان کے شامل حال ہوتی ہے اور جس کے شامل حال اللہ تعالیٰ کی نصرت ہو اسے دنیا کی کوئی طاقت نیچا نہیں دکھا سکتی۔ اس لیے کفر و باطل کے سامنے تم ٹھونک کر کھڑے ہو جاؤ۔ کیونکہ تم میرے احکام کی بجا آوری میں سستی نہیں کرتے اس لیے میں تمہارے ساتھ ہوں۔ کامیابی کا سہرا تمہارے سر ہی باندھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی تقویٰ کی راہ پر چلائے اور اپنی اعانت اور نصرت سے ہماری چارہ سازی فرمائے آمین ثم آمین

۱۶۵ کیونکہ منافقین کے پتھر کی طرح سخت دلوں پر آیاتِ قرآنی کا کوئی اثر نہیں ہوتا تھا اس لیے وہ نزول قرآن کے سلسلہ کو بے سود سمجھتے تھے جب کبھی کوئی نئی آیت یا سورۃ نازل ہوتی تو وہ ازراہِ مذاق اپنے دوستوں سے پوچھتے کہ سناؤ جی یہ جو نئی سورۃ اتری ہے اس سے تمہارے ایمان میں کتنی ترقی ہوئی؟ ان کے اس مذاق کا جواب دیا جا رہا ہے کہ اے مردہ دلو تمہیں اس حیات بخش پیغام کی کیا قدر؟ اے کور چشمو! تمہیں اس نورِ حق کی تابانیوں کی کیا خبر؟ اس کی تاثیر پوچھنی ہو تو اہل ایمان سے پوچھیے جن کی روح زندہ ہے اور چشمِ بصیرت بینا ہے۔ وہ تمہیں بتائیں گے کہ اس ابرِ رحمت نے ان کی کشتِ ایمان کو کس طرح شاداب کر دیا ہے۔ ان کے دل آج خوشی سے لبریز ہیں اور ان کے چہرے فرطِ مسرت سے چمک رہے ہیں

۱۶۶ منافقین جو غفلت اور عناد کا شکار تھے ان کو راہِ ہدایت پر لانے کے لیے سال میں متعدد بار انہیں ایسے

اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٢٦﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ

یا دو بار پھر بھی وہ توبہ نہیں کرتے اور نہ وہ نصیحت قبول کرتے ہیں۔ اور جب کوئی سورۃ نازل ہوتی

سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ؕ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ

ہے تو دیکھنے لگتے ہیں ایک دوسرے کی طرف ۱۷۸؎ کیا دیکھ تو نہیں رہا تمہیں کوئی۔ پھر چل

انْصَرَفُوْا ؕ صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿١٢٧﴾

دیتے ہیں۔ پھیر دیئے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کے دل کیونکہ یہ لوگ کچھ نہیں سمجھتے ۱۷۹؎

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ

بیشک تشریف لایا ہے تمہارے پاس ایک برگزیدہ رسول ۱۸۰؎ تم میں سے گراں گزرتا ہے اس پر تمہارا مشقت میں پڑنا

حالات سے دوچار کر دیا جاتا جو ان کو خواب غفلت سے بیدار کر دیتے۔ اسلام کے خلاف ان کی سازشیں ناکامی سے ہمکنار ہوتیں۔ بے سروسامانی کے باوجود مسلمان ہر میدان میں اپنے طاقتور دشمنوں کو شکست پر شکست دیتے چلے جاتے حضور کی ذات پاک سے ایسے ایسے معجزات رونما ہوتے جن کے دیکھنے کے بعد حضور کی صداقت کا یقین ہو جاتا اس کے علاوہ انھیں طرح طرح کی تکالیف اور مالی خساروں میں مبتلا کیا جاتا تاکہ یہ غفلت کی نیند سے بیدار ہوں لیکن انھیں توبہ کی توفیق نصیب نہ ہوتی۔

۱۷۸؎ جب حضور سرورِ عالم پر وحی نازل ہوتی اور یہ منافق اس مجلس میں ہوتے تو ان کا جی چاہتا کہ کسی بہانے یہاں سے بھاگ نکلیں۔ ایک تو انھیں قرآن سے کوئی دلچسپی نہ تھی دوسرا انھیں یہ اندیشہ ہوتا کہ کہیں ایسی آیتیں نہ اتریں جن میں ان کو رسوا کیا گیا ہو۔ اگر یونہی اٹھ کر چلتے ہیں تو اپنے نفاق کا راز فاش ہونے کا خطرہ ہے۔ اس لیے ایک دوسرے کو آنکھوں سے اشارے کرتے ہیں اور جب دیکھتے ہیں کہ صحابہ اللہ تعالیٰ کا کلام سننے میں یوں مستغرق ہیں کہ انھیں دنیا و مافیہا کی خبر نہیں تو اس وقت وہ خاموشی سے کھسکنا شروع کر دیتے ہیں تاکہ کسی کو کانوں کان ان کے چلے جانے کی خبر بھی نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب انہوں نے میرے محبوب رسول کی بارگاہ سے منہ موڑا تو ہم نے ان کے دلوں کو حق قبول کرنے سے موڑ دیا ثم انصرفوا صرف اللہ قلوبهم کے الفاظ بڑے غور کے مستحق ہیں۔

۱۷۹؎ ان کی کم عقلی اور نادانی کا اس سے بڑا اور ثبوت کیا ہو سکتا تھا کہ نبی رحمت تشریف لایا اور اس نے اپنا دامنِ کرم پھیلا دیا اور وہ کم نصیب اس سے دور ہی دور بھاگتے رہے۔ جاں بلب مریض کی بالیں پر مسیحا امرت کا جام ہاتھ میں

حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَإِنْ تَوَلَّوْا

بہت ہی خواہشمند ہے تمہاری بھلائی کا مومنوں کے ساتھ بڑی مہربانی فرمانے والا بہت رحم فرمانیوالا ہے ۱۸۱؎ وہ لے حبیب! پھر

فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ

اگر منہ موڑیں تو آپ فرمادیں ۱۸۲؎ کافی ہے مجھے اللہ نہیں کوئی معبود بجز اس کے اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور وہی

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

عرش عظیم کا مالک ہے۔

لیے اکڑا جاتا ہے اور منتیں کرتا ہے کہ ایک گھونٹ حلق سے نیچے اتار لو صحتیاب ہو جاؤ گے لیکن وہ بضد ہے کہ مرنا منظور ہے لیکن یہ دوا نہیں پیے گا۔ وہ دین آیا جو ان کو دنیا بھر کا امام بنانا چاہتا ہے اور وہ حجر و شجر کی بندگی پر قناعت کیے بیٹھے ہیں۔ ان کو کتاب مقدس دی گئی جس کی ہر سطر سے علم و عرفان کا آفتاب جہاں تاب طلوع ہو رہا ہے اور وہ جہالت کے اندھیروں سے چمٹے رہنے پر بضد ہیں۔ ان کی انہیں احسان ناشناسیوں کی سزا انھیں یہ دی گئی کہ ان کے دل کی آنکھ بے نور کر دی گئی۔ فہم و فراست کا جوہر ان سے چھین لیا گیا اور ہلاکت و بربادی کی جس پستی میں وہ گرنا چاہتے تھے اس میں انھیں گرنے دیا گیا۔

۱۸۱؎ کُمْ کی ضمیر کا مرجع بعض نے اہل العرب کو قرار دیا ہے لیکن صحیح قول یہی ہے جو علامہ قرطبیؒ نے زجاج سے نقل کیا ہے۔ ھی مخاطبة لجمیع العالم۔ سارے جہاں کو خطاب ہے کیونکہ حضور سب انسانوں کے رسول بن کر تشریف لائے ہیں۔ رسول میں تنوین تعظیم کی ہے عنت کہتے ہیں مشقت و شدت کو یہاں مَا یا تو مصدریہ ہے یا موصولہ یعنی ہر وہ چیز جس سے اے اولاد آدم تمہیں تکلیف پہنچتی ہو وہ حضورؐ کے قلب رحیم پر بھی گراں گزرتی ہے اور ہر وہ چیز جس سے تمہارا بھلا ہو اس کے حضور بہت خواہشمند ہیں امت کے ساتھ اپنے آقا کا جو رشتہ محبت و الفت ہے اس کا بیان ان پاکیزہ الفاظ سے زیادہ بلیغ پیرایہ میں ادا کرنا ممکن نہیں۔ عزیز علیہ ان تدخلوا النار و حریص علیکم ان تدخلوا الجنة۔ ۱۸۱؎ جب سارے نوع انسانی کے ساتھ اس نبی اکرم کا یہ رشتہ ہے تو اپنے ان غلاموں پر آپ کا سحاب جود و کرم کس طرح برستا ہو گا اس کا اظہار ان کلمات سے فرمایا رؤف مبالغہ کا صیغہ ہے اس کا معنی ہے المبالغ فی الرافة والشفقة وقال الحسین بن فضل لم یجمع الله لاحد من الانبیاء اسمین من اسمائه الا للنبی محمد صلی الله علیه وسلم قال عبد العزیز بن یحیی عزیز علیه ما عنتم ای لا یهمه الا شانکم۔ رؤف کا معنی ہے بے حد مہربانی اور شفقت فرمانیوالا حسین بن فضل نے کہا اللہ تعالیٰ نے اپنے دو نام کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی نبی میں جمع نہیں فرمایا۔ عبد العزیز بن یحییٰ فرماتے ہیں عزیز علیہ الخ کا مفہوم یہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک تمہاری فلاح و بہبود کے سوا کوئی چیز اہمیت نہیں رکھتی ۱۸۲؎ اگر یہ بجائے اس رسول کی تعظیم و تسلیم نہ کریں اور ان کی اطاعت کو فرض نہ جانیں تو اے محبوب تمہیں کیا پرواہ تمہارا نگہبان تو اللہ ہے جو عرش عظیم کا مالک

سُورۃ یُونس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اس سورۃ کو حضرت یونس علیہ السلام کے نام سے معنون کیا گیا ہے کیونکہ اس کے ایک رکوع میں آپ کی قوم کی نجات کا ذکر ہوا ہے یہ گیارہ رکوعوں پر مشتمل ہے اور اس کی آیات کی تعداد ایک سو نو (۱۰۹) ہے۔ اس میں ۱۸۳۲ کلمے اور نو ہزار ننانوے حروف ہیں۔

زمانہ نزول: حضرت حسن، عکرمہ، عطا اور جابر ائمہ تفسیر کے نزدیک اس ساری سورۃ کا نزول مکہ مکرمہ میں ہوا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ یہ سورۃ مکی ہے بجز ان تین آیتوں کے فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ الخ کہ ان کا نزول مدینہ طیبہ میں ہوا (قرطبی) لیکن پہلا قول ارجح ہے۔

اگرچہ اس کا سال نزول تو متعین نہیں ہو سکا لیکن مضامین میں غور کرنے سے یہ نتیجہ نکالنا مشکل نہیں کہ یہ سورۃ اس وقت نازل ہوئی جب حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تبلیغ کا حق ادا کر دیا۔ طرح طرح کے دلائل و بینات سے ان کے اعتراضات کا رد فرما دیا لیکن وہ اپنی ضد اور ہٹ دھرمی کی روش سے باز نہ آئے اور ان کے معاندانہ رویہ میں مزید تندی اور سختی پیدا ہو گئی۔ اسی لیے اس سورۃ میں ان قوموں کا ذکر فرما دیا گیا جنھوں نے اپنے انبیاء کی دعوت کو ماننے سے جب انکار کر دیا اور ان کی ہدایت کی توقع نہ رہی تو ان پر عذاب الٰہی آیا اور اس نے انھیں ختم کر کے رکھ دیا۔

کیونکہ یہ سورۃ مکہ میں نازل ہوئی اس لیے اس کے مخاطب بھی وہی لوگ تھے وہی ان کی بیماریاں تھیں وہی ان کے شبہات تھے اور وہی ان کا رویہ تھا جن کا ذکر گزشتہ مکی سورتوں میں گزر چکا ہے۔ اس لیے اس سورۃ میں بھی انہی لوگوں کی اصلاح کی مشفقانہ کوششیں کی جا رہی ہیں اور بڑے پیار بھرے انداز سے ان کے اعتراضات کا جواب دیا جا رہا ہے۔

پہلا شبہ: ان کی سب سے مہلک بیماری جس میں وہ مبتلا تھے شرک کی بیماری تھی۔ انھیں یہ بات سمجھ ہی نہیں آتی تھی کہ اس عالم ہست و بود کی تخلیق و تدبیر ایک ذات سے عہدہ برآ ہو سکتی ہے۔ وہ تمام شئون حیات کے لیے الگ الگ خداؤں کے قائل تھے۔ ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ یہ بت جن کو تم نے خدا بنا رکھا ہے آخر ان کے خدا ہونے کی تمہارے پاس کوئی دلیل بھی ہے۔ بھلا یہ بتاؤ اس عالم میں اَن گنت چیزیں ہیں بڑی بھی اور چھوٹی بھی، گراں بھی ارزاں بھی، مفید بھی مضر بھی، خوبصورت بھی بدصورت بھی، تم ہی کہو ان میں سے کوئی ایک چیز بھی ایسی ہے جس کو تمہارے ان خداؤں نے پیدا کیا ہو۔ چلو یہ نہ سہی ہم تم سے یہ پوچھتے ہیں کہ تمہاری بقا اور سلامتی کے لیے سینکڑوں اشیاء موجود ہیں۔ پانی، ہوا، روشنی، اناج، پھل، کھانے اور سواری کے حیوانات تم یہ بتاؤ کیا ان میں سے بھی کوئی ایسی چیز ہے جس کو تمہارے ان دیوتاؤں نے پیدا کیا ہو۔ اگر یہ بھی ان کی تخلیق نہیں تو یہ کہو تمہیں جو دیکھنے کو آنکھیں، سننے کو کان، بولنے کو زبان، سمجھنے کو عقل اور دیگر کئی قوتیں دی گئی ہیں۔ کیا ان میں بھی کوئی قوت ان کی عطا کردہ ہے۔ چلو اسے بھی رہنے دو تم اپنی زندگی عزت، آرام اور امن و عافیت سے بسر کرنے کے لیے کسی راہنما کی رہنمائی کے محتاج ہو جو اشیاء کے حسن و قبح سے تمہیں آگاہ کرے۔ تمہیں تمہارے نفع و نقصان سے خبردار کرے۔ تمہارے لیے ایسے قانون بنائے جو عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا کر سکیں۔ تمہارے ان گونگے اور بہرے خداؤں نے کبھی اس معاملہ میں بھی تمہاری

راہنمائی کی ہے۔ اگر ان تمام سوالات کا جواب تمہارے نزدیک بھی نفی میں ہے تو عقل و خرد کے عویدارو! پھر تم ان کی خدائی پر کیوں ایمان لاتے ہو۔ کتنا موثر اور دلنشین انداز بیان ہے کہ دل کی گہرائیوں میں اترتا چلا جاتا ہے۔

ان کے معبودان باطل کی خدائی پر ضرب کاری لگانے کے بعد ان کے اس تذبذب کو دور کیا جا رہا ہے کہ اگر یہ خدا نہیں تو کون خدا ہے؟ اس کے متعلق فرمایا کہ اس کو جاننے اور پہچاننے کے لیے زیادہ عرصہ پریشان اور سرگرداں رہنے کی ضرورت نہیں چشم ہوش کھولو تمہیں اس جہان کی وسعتوں میں سینکڑوں نشان ملیں گے تمہارا وہی سچا خدا ہے جس نے زمین آسمان کو پیدا کیا جس نے آفتاب و مہتاب کی قندیلیں فروزاں کر کے شب ہستی کو منور کر دیا جس کے حکم سے گردش لیل و نہار کا سلسلہ جاری ہے۔ جس کی قدرت و حکمت جس کی ہمہ دانی اور ہمہ بینی کے آثار تمہیں اپنے گردوپیش نظر آ رہے ہیں۔

اگر اب بھی اس کو نہیں پہچان سکے تو سچ بتاؤ کبھی تمہیں کسی بحری سفر پر جانے کا اتفاق ہوا تمہاری کشتی سطح آب پر آہستہ آہستہ چلی جا رہی ہو، اچانک مطلع مکدر ہو گیا ہو۔ بادل امڈ آئے ہوں۔ تیز آندھی چلنے لگی ہو اور سمندر کی خونخوار موجیں منہ کھولے ہوئے تمہیں اور تمہاری کشتی کو نگلنے کے لیے بار بار آگے بڑھ رہی ہوں تمہارے بچ نکلنے کی ساری امیدیں ختم ہو چکی ہوں تم نے اپنے ان معبودوں کو بار بار پکارا ہو اور کوئی بھی تمہاری خبر لینے نہ آیا ہو جب ہر طرف موت ہی موت دکھائی دینے لگی ہو سچ بتاؤ کیا اس وقت کسی کا تمہیں خیال آیا تھا کسی کی چوکھٹ پر بیساختہ تمہاری جبین نیاز جھکی تھی! ان کربناک لمحوں میں تم نے کسی کے ساتھ صدق و وفا کا پیمان باندھا تھا! وہ پھر کسی کی رحمت نے آگے بڑھ کر تمہاری ڈوبتی ہوئی کشتی کو سہارا دے کر بچا لیا تھا! وہ کون تھا؟ معلوم ہے تمہیں۔ وہی تمہارا خداوند وہی تمہارا معبود برحق تھا جس کو مان کر پھر تم اس سے روگردانی کرنے لگے۔

دوسرا شبہ: تمہیں حیرت ہے کہ ایک بشر کو منصب رسالت پر کیوں فائز کیا گیا ہے۔ کیا تمہاری یہ خواہش ہے کہ تمہیں راہ راست دکھانے کے لئے تمہیں پیغام حق سنانے کے لیے کوئی جن یا کوئی فرشتہ بھیجا جاتا جس کو نہ تم دیکھ سکتے اور نہ اس کی گفتگو کو سمجھ سکتے اور اگر وہ تمہیں اپنا آپ دکھاتا تو تم اس کی ہیبت و جلال سے اپنا ہوش و حواس کھو بیٹھتے اور لینے کے دینے پڑ جاتے۔ تم ہی فیصلہ کرو کیا اس قسم کے نبی کی بعثت تمہارے لیے موجب رحمت ہوتی یا باعث زحمت۔ اللہ تعالیٰ کی حکمت اور رحمت کا تقاضا یہی ہے کہ تم میں سے کسی کو شرف نبوت سے مشرف کر کے مبعوث فرمائے تاکہ تم اس سے فیض حاصل کر سکو۔

تیسرا شبہ: انہیں قرآن کریم کے کلام الٰہی ہونے پر بھی اعتراض تھا۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ یہ بھی کسی انسان کا بنایا ہوا کلام ہے۔ ان کے اس شبہ کو دور کرنے کے لیے انہیں چیلنج دیا گیا کہ تم ایسا کرو سب مل کر بیٹھو۔ تمہارے ملک میں جتنے زبان آور شاعر نغز بیان خطیب اور قادر الکلام ادیب ہیں سب کو بلاؤ اور اپنی اجتماعی فصاحت و بلاغت کو بروئے کار لاتے ہوئے زیادہ نہیں ایک چھوٹی سی سورۃ ہی اس جیسی بنا دو۔ اس طرح خود بخود اسلام کا چراغ بجھ جائے گا۔ اور تمہاری یہ بے چینی دور ہو جائے گی جس نے تمہارے دن کا چین اور رات کی نیند حرام کر رکھی ہے اور اگر تم سب مل کر بھی ایک چھوٹی سی سورۃ نہیں بنا سکتے تو پھر بے جا ضد اچھی نہیں مان لو کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ یہ کتاب جو تمہارے لیے نازل کی گئی ہے جانتے ہو یہ کن خیرات و برکات کی حامل ہے۔ آؤ سنو:-

قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ :- یہ تمہارے لیے تمہارے رب کی طرف سے نصیحت ہے۔

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ : اس میں تمہارے سینوں کی ساری بیماریوں اور جملہ روگوں کے لیے نسخہ شفا ہے۔
وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ : اور جو اس کو دل و جان سے مان لیتے ہیں ان کے لیے یہ سراپا ہدایت اور رحمت ہے۔

تم یہ تجویز پیش کرتے ہو کہ اس میں سے فلاں چیز کاٹ دی جائے اور فلاں چیز کا اضافہ کر دیا جائے۔ بھلا میری کیا مجال کہ اس میں رد و بدل کر سکوں۔ میں تو امین ہوں اگر میں اس میں خیانت کروں تو کیا تم میں ہمت ہے کہ تم مجھے میرے رب کے عتاب سے بچا سکو۔

چوتھا شبہ : تمہیں اس پر بھی اعتراض ہے کہ میں مرنے کے بعد تمہیں ایک دوسری زندگی کی خبر دے رہا ہوں۔ تمہارے نزدیک یہ ناممکن اور خلاف عقل ہے۔ اگر میں تم سے پوچھوں کہ کیوں ؟ تو تم کیا جواب دو گے کیا خدائے قدیر نے عدم محض سے ہر چیز کو پیدا نہیں کیا کیا اس کے لیے یہ کوئی مشکل بات ہے کہ وہ موجودات کے منتشر ذروں کو جوڑ دے۔

غرضیکہ مشرکین کے دل میں کھٹکنے والے جتنے شکوک و شبہات تھے ان کا حکیمانہ اور مشفقانہ جواب دیا تاکہ اگر کوئی پھر بھی حق کا انکار کرے تو اس کی مرضی اور اس کی قسمت۔ کم از کم یہ تو کوئی نہ کہے کہ ہمیں سمجھایا نہیں گیا تھا۔

آخر میں دو اہم چیزوں کو بیان فرما کر سورۃ کو ختم کیا۔ اپنے برگزیدہ رسول اور محبوب بندے کو ارشاد فرمایا اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا۔ یعنی دشمنوں کی خوش آرائیوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے ان کی ستم کیشیوں کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے ہر طرف سے توجہ ہٹا کر آپ اس دین حق کی طرف اپنا رخ موڑ لیں اور اس کا دامن مضبوطی سے پکڑ لیں۔

نیز اس امر کی بھی وضاحت فرما دی کہ نفع و ضرر کا کلی اور حقیقی اختیار اللہ جل مجدہ وعز سلطانہ کے دست قدرت میں ہے وہ جس کو چاہے کسی مصیبت میں مبتلا کر دے اور جس کو چاہے اپنے انعامات اور احسانات سے مالا مال کر دے۔ اس کے غضب سے کوئی چھوڑا نہیں سکتا اور اس کے دست جود و سخا اور فضل و عطا کو کوئی روک نہیں سکتا۔ اگر اس نے یتیم مکہ کو ختم نبوت کے تاج سے سرفراز فرمایا ہے تو کسی کو کیا اعتراض اگر اس نے اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو رحمۃ للعالمین کی خلعت فاخرہ سے نوازا ہے تو کسی کے پیٹ میں مل کیوں پڑے۔ اس کی تو یہ شان ہے۔ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۔ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔

ان اساسی مضامین کے علاوہ علم و حکمت کے کئی دمکتے ہوئے موتی ہیں جو اس سورۃ کی روائے نور میں جڑے ہوئے ہیں۔ جب آپ اس کا مطالعہ کریں گے تو ان کا حسن لازوال خود ہی آپ کے دامن توجہ کو اپنی طرف کھینچ لے گا۔

سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَتِسْعُ اٰيَاتٍ وَاِحْدٰى عَشَرَ رُكُوْعًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ یونس مکی ہے اس کی — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے — آیتیں ۱۰۹ - اور گیارہ رکوع

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝١ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ

الف - لام - را[1] یہ آیتیں ہیں کتاب حکیم کی[2] کیا (یہ بات) لوگوں کے لیے باعث تعجب ہے[3] کہ ہم نے

[1] اس قسم کے حروف جو بعض سورتوں کی ابتدا میں آتے ہیں انھیں حروف مقطعات کہا جاتا ہے۔ ان کا مفہوم کیا ہے؟ علمائے تفسیر نے اس کی کئی توجیہیں کی ہیں۔ بعض کی رائے ہے کہ یہ حروف ان سورتوں کے نام ہیں جن کی ابتدا میں ان کا ذکر ہوا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ایک قول یہ ہے کہ یہ حروف اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کے لیے بطور رمز استعمال کیے گئے ہیں۔ مثلاً الف اللہ کی طرف، لام لطیف اور را رحمن کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَنَّ كُلَّ حَرْفٍ مِنْهَا مَاْخُوْذٌ مِنْ اِسْمٍ مِنْ اَسْمَائِهٖ سُبْحَانَهٗ (البرهان في علوم القرآن) حضرت ابن عباس سے یہ بھی مروی ہے کہ الر مخفف ہے اَنَا اللّٰهُ اَرٰى کا (میں اللہ ہوں سب کچھ دیکھ رہا ہوں)۔ یہ توجیہات اپنا اپنا وزن رکھتی ہیں لیکن سب سے زیادہ اطمینان بخش اور یقین افروز علامہ محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے جو سورۂ بقرہ کے آغاز میں حروف مقطعات کی تحقیق کرتے ہوئے انھوں نے لکھا ہے۔ فَلَا يَعْرِفُهٗ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَّا الْاَوْلِيَاءُ الْوَرَثَةُ فَهُمْ يَعْرِفُوْنَهٗ مِنْ تِلْكَ الْحَضْرَةِ وَقَدْ تَنْطِقُ لَهُمُ الْحُرُوْفُ كَمَا كَانَتْ تَنْطِقُ لِمَنْ سَبَّحَ فِيْ كَفِّهِ الْحَصٰى۔

یعنی ان حروف کا صحیح مفہوم نبی کریم جانتے ہیں اور اولیائے کاملین۔ ان کو یہ علم بارگاہِ رسالت سے عطا ہوتا ہے۔ بعض اوقات یہ حروف خود اپنے اسرار کو اولیائے کرام سے بیان کر دیتے ہیں جیسے یہ حروف اس ذات پاک سے گویا ہوتے تھے جس کی ہتھیلی میں کنکریوں نے اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کی تھی۔"

علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ الر پر بحث کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔ فَعِلْمُ هٰذِهِ الْحُرُوْفِ بِلَوَازِمِهَا وَحَقَائِقِهَا مُفَوَّضٌ فِي الْحَقِيْقَةِ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَى الرَّسُوْلِ وَكُمَّلِ الْوَرَثَةِ۔ ان حروف کا علم ان کے لوازمات اور حقائق کے ساتھ درحقیقت اللہ تعالیٰ اس کے محبوب رسول اور اولیائے کاملین کو تفویض کیا گیا ہے۔

[2] کفار و مشرکین قرآن کریم پر طرح طرح کے اعتراضات کیا کرتے تھے اور اپنے فہم کی نارسائی کے باعث اس کی تعلیمات کے بارے میں گوناگوں غلط فہمیوں کا شکار تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ کی ابتدا میں ہی اس غلط فہمی کا ازالہ فرما دیا کہ یہ کتاب جس کی تعلیمات پر تم اعتراض کرتے ہو جس کے بتائے ہوئے اصولوں کو ماننے سے تم انکار کرتے ہو یہ تو پُر از حکمت کتاب ہے۔ اس کے بیان کردہ عقائد، اس کے بتائے ہوئے معاشی اخلاقی اصول اس میں مذکورہ واقعات و قصص اور مستقبل کے متعلق اس کی ساری پیشین گوئیاں سب ہی تو اپنی اپنی جگہ مستحکم و استوار ہیں اور ہر شک و شبہ بالاتر ہیں۔ عظمت شان کی طرف اشارہ کرنے کے لئے (تِلْكَ) اسم اشارہ بعید استعمال فرمایا۔

[3] قرآن کریم کے متعلق ان کی غلط فہمی دور کرنے کے بعد صاحب قرآن کے بارے میں ان کے شبہ کا ازالہ کیا جا رہا ہے۔ انھیں یہ بات سمجھ نہ آتی تھی کہ ایک انسان کس طرح اللہ تعالیٰ کے اتنا قریب ہو سکتا ہے کہ وہ اسے وحی سے سرفراز فرما کر دوسرے انسانوں کی رہبری کے لیے متعین فرمائے جس انسان سے وہ متعارف تھے اور جس انسانیت کے وہ خود اعلیٰ نمائندہ تھے وہ تو اس سرفرازی کا قطعاً مستحق

اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَ بَشِّرِ الَّذِيْنَ

وحی بھیجی ایک مرد (کامل) پر جو ان میں سے ہے کہ ڈراؤ لوگوں کو سے اور خوشخبری دو انہیں

اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ

جو ایمان لائے کہ ان کے لیے مرتبہ بلند ہے ۵ ان کے رب کے ہاں۔ کفار نے کہا

نہیں تھا، لیکن انہیں معلوم نہ تھا کہ یہ انسان خالق کائنات کی تخلیق کا شاہکار ہے۔ اس میں جو صلاحیتیں ودیعت کی گئی ہیں اگر ان کو بروئے کار لایا جائے اور تقویٰ و اخلاص سے ان کی آبیاری کی جائے تو بارگاہِ عزت میں جس مقامِ قرب کا یہ مستحق قرار پا سکتا ہے وہاں روح الامین کو بھی دم مارنے کی ہمت نہیں ہوتی۔ دوسری بات جس نے انہیں تصویرِ حیرت بنا رکھا تھا یہ تھی کہ نبوت کے بارِ گراں کو اٹھانے کے لیے عبد المطلب کے یتیم پوتے کو منتخب کیا گیا تھا آخر کیوں؟ اگر کسی انسان کو ہی بنانا تھا تو وہ ایسا تو ہوتا جس کی دھاک تمام قوم کے دلوں پر بیٹھی ہوتی اور جس کے منہ سے جو بات نکلتی اس کے سامنے ہر ایک جھکتا اور جاہ و حشم کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنا پڑتا۔ وہ کہتے لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ۔ یہ قرآن مکہ اور طائف کے کسی رئیسِ اعظم پر کیوں نہ اتارا گیا؟ ان کے انہیں شبہات کا یہاں جواب دیا جا رہا ہے کہ اگر ان میں سے کسی انسان کو نبوت اور نزولِ وحی کے لیے منتخب کیا گیا ہے تو اس میں حیرت و تعجب کی کیا بات ہے بلکہ یہ تو عینِ حکمت ہے کیونکہ افادہ و استفادہ کے لیے جانبین میں باہمی مناسبت کا پایا جانا ضروری ہے۔ ایک انسان انسان سے ہی فائدہ حاصل کر سکتا ہے جن و ملک سے نہیں۔ دوسری جگہ ارشاد فرمایا کہ اگر یہاں بسنے والے فرشتے ہوتے تو ان کی طرف رسول بھی کسی فرشتہ کو بنا کر بھیجا جاتا۔ جب یہاں بسنے والے انسان ہیں تو ان کی رہنمائی اور ہدایت کے لیے کسی انسان کو ہی مقرر کرنا چاہیے تھا۔ باقی رہا تمہارا یہ خیال کہ صاحبِ رسالت کے پاس مال و دولت اور جاہ و منصب کا ہونا ضروری ہے تو یہ بھی درست نہیں۔ رب قدوس کے ہاں ان چیزوں کی کوئی قدر و قیمت نہیں۔ یہاں تو بلند اخلاق، پاکیزہ کردار اور اخلاص و ایثار کو شرفِ پذیرائی عطا کیا جاتا ہے اور یہ تمام صفات ذاتِ پاک مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ واجمل الثناء میں بوجہ اتم پائی جاتی ہیں۔ اس لیے حضور کی نبوت پر تمہارا اظہارِ تعجب بالکل بے معنی ہے۔

سے یہاں نبی پاک کی دعوت کا خلاصہ بیان کیا جا رہا ہے کہ اس کا کام یہ ہے کہ عام لوگوں کو ان کی غفلت شعاریوں، مجرموں کو ان کی بد اعمالیوں اور مشرکین کفار کو ان کے عقائدِ باطلہ کے ہولناک انجام سے ڈرائے تاکہ وہ بروقت اپنی اصلاح کی طرف متوجہ ہوں اور اہلِ ایمان کو یہ بشارت سنائے کہ تمہاری محنت ٹھکانے لگی اور تمہاری نیکیاں بار آور ہوئیں اور تمہیں اللہ تعالیٰ کے حضور میں بڑے بلند مقام پر فائز کیا جائے گا۔

۵ زجاج نے قدم صدق کا معنی درجۃ عالیۃ (یعنی بلند مقام) کیا ہے۔ حضرت ابن عباس نے اس کا معنی اچھی جزا بتایا ہے جو انہیں ان کے اعمالِ حسنہ پر ملے گی (مظہری)۔ حضرت زید بن اسلم فرماتے ہیں کہ اس سے مراد حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت ہے۔

امام حسن بصری اور قتادہ کا قول ہے هو محمد صلى الله عليه وسلم فانه شفيع مطاع يتقدمهم كما قال انا فرطكم على الحوض (قرطبی) یعنی (قرطبی، بحر) یعنی قدم صدق سے مراد حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس ہے کیونکہ حضور ہی ایسے شفیع ہیں جن کی شفاعت یقیناً

إِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِينٌ ﴿٢﴾ إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

بلاشبہ یہ جادوگر ہے کھلا ہوا [ت] بیشک تمہارا رب اللہ تعالیٰ ہے جس نے پیدا فرمایا آسمانوں

وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ

اور زمین کو [ث] چھ دنوں میں، پھر متمکن ہوا عرش پر (جیسے اس کی شان کے لائق ہے) ہر کام کی تدبیر فرماتا

قبول کی جائے گی اور حضور اپنی امت سے پہلے حوضِ کوثر پر تشریف فرما ہوں گے تاکہ اپنی پیاسی امت کو سیراب فرما سکیں۔ امام بخاری نے یہی قول حضرت زید بن اسلم سے نقل کیا ہے۔ قال البخاری قال زید بن اسلم ان لهم قدم صدق محمد صلی اللہ علیہ وسلم

(مظہری، قرطبی وغیرہما من التفاسیر)

ت جب کفار کے پاس کوئی دلیل نہ رہی جس سے وہ قرآن کے کلام الٰہی ہونے کا انکار کر سکیں اور حضور کی نبوت و رسالت کی تردید کر سکیں، تو ناچار اپنی شکست پر پردہ ڈالنے کے لیے یہ افترا باندھ دیا کہ یہ عقل و دل و نگاہ کو خیرہ کر دینے والی روشنی یہ روح کو سرشار کر دینے والا کلام جادو ہے اور اس کو سنانے والی یہ دلنواز ہستی نبی نہیں جادوگر ہے۔ فرعون نے بھی تو اعجازِ موسوی کے سامنے اپنی بے بسی پر یہی کہہ کر پردہ ڈالا تھا۔ شاید کفر کے پاس یہی اوچھا ہتھیار ہے جو وہ اہلِ حق کے خلاف ہمیشہ استعمال کرتا ہے۔ مشرکین نے حضور کو جادوگر تو کہہ دیا لیکن انھوں نے یہ نہ سوچا کہ ان کا یہ الزام کتنا بے سروپا ہے۔ کیا وہ یہ بتا سکتے ہیں کہ فلاں جادوگر سے حضور نے جادو سیکھا۔ کیا وہ یہ بتا سکتے ہیں کہ جادوگروں کی پست اور ذلیل ذہنیت اور ان کے رذیل اعمال کی کوئی ادنیٰ سی علامت بھی یہاں موجود ہے۔ جادوگروں کے سامنے ان کے ذاتی حقیر مفادات ہوتے ہیں اور انھیں کی تکمیل کے لیے وہ یہ سارے پاپڑ بیلتے ہیں لیکن اس پاک ہستی کی کتابِ زندگی میں خود غرضی اور جاہ طلبی کا کوئی ادنیٰ سا ثبوت بھی تو نہیں ملتا۔ فکر و عمل کے اتنے بین تفاوت کے باوجود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو جادوگر کہنا افترا محض اور بہتان صریح نہیں تو اور کیا ہے۔

ث اس آیت کے پہلے حصہ پر مفصل بحث سورۃ الاعراف کی آیت نمبر ۵۴ کے ضمن میں گزر چکی ہے۔ وہاں ملاحظہ فرمائی جائے۔ یہاں ایک خاص چیز کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ بعض لوگ کائنات کی تخلیق کی تفصیلات قرآن سے تلاش کرنا چاہتے ہیں، اور اپنے زمانہ کے مفکرین و فلاسفہ کے نظریات جو مقبولِ عام ہوتے ہیں ان کے رنگ میں قرآن کو بھی رنگنا چاہتے ہیں لیکن ان کا یہ اسلوب فکر قرآن کریم کے متعلق قطعاً دانشمندانہ نہیں کیونکہ ہر زمانہ کے اہلِ فکر اپنی ذہنی کاوشوں سے اپنے نظریات وضع کرتے ہیں اور لوگ ان کے زوردار دلائل سے مرعوب ہو کر ان کو حق تسلیم کر لیتے ہیں اور اس باب میں ان کو حرفِ آخر قرار دے دیتے ہیں۔ لیکن کچھ عرصہ بعد انھیں مفکرین کے پیروکار اور شاگرد اپنے عظیم رہنما اساتذہ کے نظریات کو غلط ثابت کر دیتے ہیں اور پہلے دلائل سے بھی زیادہ وزنی دلیلوں پر اپنے نئے نظریات کی پر شکوہ عمارت کھڑی کرتے ہیں اور ان کے نظریات کا حشر بھی دیر یا بدیر وہی ہوا کرتا ہے۔ اس لیے آیاتِ قرآنی کو کسی قدیم یا جدید نظریہ کا پابند کرنا قرآن کے مزاج کے خلاف ہے۔ کچھ وقت کے لیے کسی نظریہ سے ہم آہنگ کر کے لوگوں کو بتایا جا سکتا ہے کہ قرآن کے ارشادات بھی وہی ہیں جن کو

الْاَمْرَ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْ بَعْدِ اِذْنِهٖ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ

ہے ٹ کوئی نہیں شفاعت کرنے والا مگر اس کی اجازت کے بعد ۹ یہ ہے اللہ تعالیٰ جو تمہارا پروردگار ہے ۱۰

فلاں فلسفی یا فلاں سائنسدان نے پیش کیا ہے لیکن آپ خود غور فرمائیے اگر کچھ عرصہ بعد ان نظریات کا بطلان ہو گیا تو کیا اس کی زد آیاتِ قرآنی پر نہیں پڑے گی ؟ یہ بات بھی ذہن نشین رہے کہ قرآن کریم تخلیقِ کائنات کی تفصیل بیان کرنے والی کتاب نہیں بلکہ یہ رشد و ہدایت کا صحیفہ ہے اس میں جہاں کہیں انفسی اور آفاقی آیات کا ذکر کیا گیا ہے اس کا مدعا فقط اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی اور علم و حکمت کو ظاہر کرنا ہے۔

ٹ یعنی جس ذاتِ پاک نے آسمانوں اور زمین کو چھ دوروں میں پیدا فرمایا ہے تو ان کو پیدا کرکے ان سے لاتعلق نہیں ہو گیا بلکہ اس کارخانۂ ہستی کی زمامِ حکومت اسی کے دستِ قدرت میں ہے ہر چھوٹے سے چھوٹا اور بڑے سے بڑا کام اسی کے حکم اور اسی کے اذن سے انجام پاتا ہے۔ وہ خالق بھی ہے اور مالک و حاکم بھی ہے۔ ہر چیز جس کو اس نے پیدا فرمایا ہے وہ ایک آئینہ ہے جس میں اس کے خالق کے علم کامل اور حکمتِ بالغہ کے ان گنت جلوے جھلک رہے ہیں۔ تدبیر کا لغوی معنی ہے النظر فی ادبار الامور حتی یاتی محمودۃ العاقبۃ یعنی تمام کاموں کو اس طرح کرنا کہ ان سے بہترین نتائج ظاہر ہوں اور یہاں مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کائنات کی ہر چھوٹی بڑی چیز کو اس طرح اپنے اپنے مقام پر مناسب صفات سے متصف کر کے رکھتا ہے کہ کسی کو انگشت نمائی کی جرأت نہیں ہو سکتی یعنی یقدر امر الکائنات علی ما تقتضیہ الحکمۃ (مظہری)

اگر آپ اس آیت میں مکرر غور فرمائیں گے تو آپ کو اس میں طرح طرح کی گمراہیوں کا رد ملے گا جس میں صرف جاہل اور بے عقل ہی نہیں بلکہ اپنے آپ کو اقلیم عقل و خرد کا فرمانروا کہلانے والے بھی گرفتار تھے چنانچہ ایسے فلسفی بھی گزرے ہیں اور اب بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے وجود کے ہی قائل نہیں بعض اس کے وجود کو تو تسلیم کرتے ہیں لیکن مادہ کو قدیم مانتے ہیں اور بعض کا یہ خیال ہے کہ ہر چیز کا خالق تو وہی ہے زمین و آسمان مادہ و مادیات کی تخلیق تو اس نے فرمائی لیکن پیدا کرنے کے بعد اب اس کا اپنی پیدا کی ہوئی کائنات سے کوئی سروکار نہیں اس آیت میں سب کا رد فرما دیا۔

۹ مشرکین یہ سمجھتے تھے کہ مٹی اور پتھر کے یہ بت جن کو وہ پوجتے ہیں۔ قیامت کے روز ان کی شفاعت کریں گے اور انہیں بخشوا لیں گے ان کا رد فرما دیا کہ یہ اندھے بہرے بے بس بے اختیار بت ان کی شفاعت نہیں کریں گے کیونکہ شفاعت تو وہ کرے گا جسے اذنِ شفاعت ملیگا اور انہیں شفاعت کی کوئی اجازت نہیں دی گئی۔ یہ کیونکر شفاعت کر سکیں گے۔ اس آیت سے مشرکین کے نظریہ کے بطلان کے ساتھ ساتھ ان لوگوں کی غلط فہمی بھی دور کر دی جو سرے سے شفاعت کے منکر ہیں فیہ اشارۃ الی ثبوت الشفاعۃ لمن اذن لہ (مظہری) وفیہ اثبات الشفاعۃ لمن اذن لہ (بیضاوی) یعنی اس آیت سے ثابت ہوا کہ وہ پاک بندے شفاعت کریں گے جنہیں شفاعت کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی جائے گی۔

۱۰ یعنی ان قدرتوں اور حکمتوں کا مالک، ہر چھوٹے سے چھوٹے اور بڑے سے بڑے کام کو اپنے اختیار اور مرضی سے سرانجام دینے والا جس کے حضور میں بلا اجازت کوئی لب کشائی کی جرأت بھی نہیں کر سکتا وہ ہے تمہارا پروردگار اور تمہارا معبود جب اور ایسا کوئی نہیں تو اسے چھوڑ کر کسی کی عبادت کیوں کی جائے۔ اب تک اگر بعض غلط فہمیوں کے باعث حقیقتِ حال سے بے خبر رہے ہو اور اپنے معبود

فَاعْبُدُوْهُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ

سو عبادت کرو اس کی۔ تو کیا تم غور و فکر نہیں کرتے؟ اسی کی طرف لوٹنا ہے تم سب نے [لہ] یہ اللہ تعالیٰ کا سچا

حَقًّا ؕ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

وعدہ ہے بیشک وہی ابتدا کرتا ہے پیدائش کی پھر وہی دہرائے گا اسے تاکہ جزا دے انھیں جو ایمان لائے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ؕ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ

نیک عمل کیے [۱۲] انصاف کے ساتھ۔ اور جنھوں نے کفر کیا ان کے لیے پینے کو کھولتا ہوا

حَمِيْمٍ وَّ عَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ

پانی اور دردناک عذاب ہوگا بوجہ اس کے کہ وہ کفر کرتے رہتے تھے وہی ہے جس نے بنایا [۱۳]

رب حق کے ساتھ عبودیت و بندگی کا رشتہ استوار نہیں کر سکے تو اب جبکہ حقیقت عیاں ہو چکی ہے اور شک و شبہ کا غبار چھٹ گیا ہے۔ اب ہوش میں آؤ اور اپنی عمر کا بقیہ حصہ تو اس کی یاد میں گزار دو۔

[لہ] مشرکین مکہ کے لیے جس طرح وحی کا نزول کسی انسان کا شرفِ نبوت سے مشرف ہونا محلِ تعجب تھا اسی طرح قیامت کے وقوع پذیر ہونے کی بات بھی ان کے فہم سے بالاتر تھی۔ یہاں انھیں اس بات کی طرف متوجہ کیا جا رہا ہے کہ لامحالہ تمھیں قیامت کے روز بارگاہِ رب العزت میں حاضر ہونا ہوگا۔ ساتھ ہی انھیں یہ بھی بتا دیا کہ قیامت کے دن تمھیں دوبارہ زندہ کر کے جوابدہی کے لیے حاضر کرنے والی وہی ذات ہے جس نے تمھیں پہلے خلعتِ وجود سے نوازا۔ جب تم کچھ نہیں تھے اور اس نے تمھیں پیدا فرما دیا اس کے لیے کیا مشکل ہے کہ مرنے کے بعد تمھیں دوبارہ زندہ کر دے۔

[۱۲] یہاں وقوعِ قیامت کی حکمت بیان کی جا رہی ہے تاکہ نیکوں کو ان کی نیکیوں کا اجر اور بروں کو ان کی برائیوں کی سزا ملے۔ یہ دنیا دار العمل ہے دار الجزا نہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اہلِ خیر و صلاح کو ان کے اعمالِ حسنہ کا بدلہ اس دنیا میں نہیں ملتا۔ ان کی زندگیاں آلام و مصائب سے گھری ہوتی ہیں اور کئی فاسق و فاجر عیش و عشرت سے زندگی بسر کرتے ہیں۔ اور ان کے اعمالِ بد پر انھیں سزا نہیں ملتی۔ اگر اس دنیا کے بعد دارِ آخرت نہ ہو تو تسلیم کرنا پڑے گا کہ عدل و انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوئے اور یہ بات اللہ تعالیٰ کی ذات کو زیبا نہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ اس دارِ فنا کے بعد دارِ بقا ہو جہاں ہر شخص کو اس کے اعمال نیک و بد کا بدلہ ملے۔ قیامت پر ایمان انسان میں اعمالِ بد سے نفرت پیدا کرنے اور اعمالِ حسنہ کی ترغیب دلانے میں بہت ہی مؤثر ہے۔

[۱۳] قرآن حکیم نے اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی صفات کمال کے اثبات کے لیے جو طرزِ استدلال اختیار کیا ہے وہ دنیا بھر کے فلسفیوں اور

الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ

سورج کو درخشاں اور چاند کو نور ١٤ اور مقرر کیں اس کے لیے منزلیں ١٥ تاکہ تم جان لو گنتی

اہلِ علم کے طرزِ استدلال سے جدا ہے۔ قوت و تاثیر میں بھی اور وضاحتِ بیان میں بھی۔ یہاں نہ منطق اور پیچیدہ فنی اصطلاحات کا نشان نہیں ملتا۔ یہاں دل میں اتر جانے والی صاف صاف باتیں ہوتی ہیں جن سے عالم بھی اور ان پڑھ بھی اپنی اپنی استعداد کے مطابق یکساں طور پر مستفید ہو سکتا ہے۔ یہاں بھی قدرتِ الٰہی کی چند نشانیاں بیان کر کے ان میں غور و فکر کی دعوت دی جا رہی ہے۔ کونسی آنکھ ہے جو صبح کے وقت مشرق کے افق سے سورج کو ابھرتے ہوئے نہیں دیکھتی۔ جو ابھرتا ہے تو سارا جہان جگمگا اٹھتا ہے۔ زندگی کی حرارت ہر شے کے رگ و پے میں سرایت کر جاتی ہے پھر وہ اپنی مقررہ راہ سے گزرتے ہوئے شام کے وقت مغربی افق میں ڈوب جاتا ہے۔ کونسی آنکھ ہے جس نے رات کے وقت چاند کو اپنی روپہلی کرنیں بکھیرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ سورج اور چاند دونوں عرصہ دراز سے مصروفِ گردش ہیں اور کبھی بھی ایسا نہیں ہوا کہ وہ اپنے وقت پر طلوع و غروب نہ ہوتے ہوں۔ یا انھوں نے اپنے مقررہ راستے سے سرمو انحراف کیا ہو۔ کیا ان کا پیدا کرنے والا علیم و حکیم اور سمیع و بصیر نہیں؟ یقیناً ہے۔

١٤ اس آیت میں اس کی تدبیر کی چند شانیں بیان کی جا رہی ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کا مشاہدہ کرنا ہو تو آفتاب جہاں تاب کی طرف دیکھو اور مہتاب عالم افروز کا ملاحظہ کرو۔ سورج کو ضیا اس نے بخشی ہے اور چاند کو روشنی اسی نے مرحمت فرمائی ہے۔ سورج کی کرنوں کی اپنی تاثیر ہے اور چاند کی روشنی کی اپنی تاثیر جو اہلِ علم سے مخفی نہیں۔ پھر ان کو پیدا کر کے اور روشن کر کے آوارہ نہیں چھوڑ دیا بلکہ ان کا راستہ متعین کر دیا اور ان کے لیے منزلیں مقرر کر دی ہیں۔ یہاں ایک امر غور طلب ہے کہ سورج کی روشنی کے لیے ضیا کا لفظ اور چاند کی روشنی کے لیے نور کا لفظ استعمال فرمایا۔ اس کی حکمت یہ ہے کہ ضیا اس روشنی کو کہتے ہیں جو ذاتی ہو اور نور اس کو کہتے ہیں جو ذاتی نہ ہو بلکہ کسی دوسری چیز سے حاصل ہو کیونکہ سورج کی روشنی ذاتی ہے اس لیے اس کے لیے ضیا کا لفظ استعمال کیا اور قمر کی روشنی سورج سے مستفاد ہے اس لیے اس کے لیے نور کا لفظ مستعمل ہوا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

١٥ چاند زمین کے گرد گردش کرتا ہے اور اپنی گردش کے فلک کو ستائیس دن، سات گھنٹوں اور تینتالیس منٹوں میں طے کرتا ہے لیکن اسے اس جگہ پر پہنچنے کے لیے جہاں وہ سورج سے نور حاصل کر سکے مزید ۱،۲ دن لگتے ہیں۔ اس لیے نیا چاند ۳۰، ۲۹ دن کے بعد دکھائی دیتا ہے۔ علمائے فلک نے چاند کے لیے اٹھائیس منزلیں مقرر کی ہیں اور ہر منزل کو اس کے ستارے یا ستاروں کے مجموعے سے موسوم کیا ہے جہاں وہ ہر رات پہنچ جاتا ہے۔ چنانچہ علمائے عرب نے اس کی منازل کے مندرجہ ذیل نام مقرر کیے ہیں:۔

الشرطان۔ البطین۔ الثریا۔ الدبران۔ الہقعہ۔ الہنعہ۔ الذراع۔ النثرۃ۔ الطرف۔ الجبہۃ۔ الزبرۃ۔ الصرفۃ۔ العواء۔ السماک۔ الاعزل۔ الغفرۃ۔ الزبانی۔ الاکلیل۔ القلب۔ الشولۃ۔ النعائم۔ البلدۃ۔ سعد الذابح۔ سعد بلع۔ سعد السعود۔ سعد الاخبیۃ۔ فرغ الدلو المقدم۔ الفرغ المؤخر۔ بطن الحوت۔
پھر انھیں بارہ مشہور برجوں میں تقسیم کیا گیا ہے جن کے نام یہ ہیں:۔ حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو اور حوت اس طرح ہر برج ۳،۳ منزلوں پر مشتمل ہوگا۔ جب تک چاند ان منزلوں میں ہوتا ہے وہ آنکھوں سے دکھائی دیتا ہے۔ پھر اگر مہینہ انتیس

السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ

برسوں کی اور حساب ۱۶ نہیں پیدا فرمایا اللہ تعالیٰ نے اسے مگر حق کے ساتھ ۱۷ تفصیل سے بیان

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا

کرتا ہے (اپنی قدرت کی) نشانیاں ان لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں بیشک ۱۸ گردش لیل و نہار میں اور جو کچھ

خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ۝ اِنَّ

پیدا فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین میں (ان میں) اس کی نشانیاں ہیں اس قوم کے لیے جو متقی ہے ۱۹ بیشک

کا ہو تو ایک رات اور اگر تیس کا ہو تو دو رات نگاہوں سے اوجھل رہتا ہے اور پھر از سرِ نو منزل اوّل سے گردش شروع کر دیتا ہے۔

۱۶ ان کے لیے منزلیں متعین کرنے کی حکمت بتائی جا رہی ہے کہ تم سالوں کی گنتی کر سکو، اپنی کھیتی باڑی، کاروبار کے لیے مہینے اور دن مقرر کر سکو۔ دن رات کا تعین سورج کی یومی گردش سے ہوتا ہے۔ اور مہینے اور سال کی پہچان چاند سے ہوتی ہے۔ اسلام نے اپنے بیشتر احکام کی بنیاد قمری سال پر رکھی ہے۔ کیونکہ اس کا جاننا ہر ایک کے لیے یکساں طور پر آسان ہے۔ ہلال طلوع ہوتا ہے تو سب کو پتہ چل جاتا ہے کہ نیا مہینہ شروع ہو گیا۔

۱۷ سورۃ انعام کی آیت نمبر ۷۳، کا حاشیہ ملاحظہ فرمائیے۔

۱۸ رات اور دن کا منقطع نہ ہونے والا تسلسل بہر مناسب مقدار سے ان کا گھٹنا اور بڑھنا، دن میں کسبِ معاش اور دیگر مشاغل کی ہنگامہ آرائیاں اور رات میں خوابِ راحت کی خاموشیاں سبھی تو اس کی توحید اور کبریائی کے گیت گا رہی ہیں۔

۱۹ یہ الفاظ قابلِ غور ہیں یعنی عام لوگ کائنات کے حسن و جمال کو دیکھتے ہیں اور دنگ ہو جاتے ہیں مختلف اشیا کے حیران کن اثرات پر آگاہ ہوتے ہیں اور فرطِ مسرت سے جھوم اٹھتے ہیں۔ اس جہان کی وسعتیں اور فراخیاں بلندیاں اور پستیاں ان کی چشمِ ہوش کو خیرہ کر دیتی ہیں لیکن ان کی رسائی اس حسن و جمال کے خالق اور ان اثرات کے پیدا کرنے والے تک نہیں ہوتی۔ ان کی نگاہیں ان حجابات میں اٹک کر رہ جاتی ہیں معرفتِ الٰہی کی سعادت سے صرف ان باہمت اور بلند حوصلہ لوگوں کو سرفراز کیا جاتا ہے جو متقی اور پرہیزگار ہوتے ہیں۔ جو ان حجابات کو تار تار کرتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں اور جمالِ حقیقی کی دید سے معرفت کے اپنے دیدۂ عقل و دل کو روشن کرتے ہیں۔ ہمارے سائنسدانوں اور علومِ جدیدہ کے طلبہ کو مظاہرِ فطرت کا مطالعہ کرتے ہوئے اس بات کو کبھی فراموش نہ کرنا چاہیے کہ اس عالم میں جو رعنائی و زیبائی جو قوت و تاثیر اور جو خوبی و کمال جہاں کہیں جس روپ میں انہیں دکھائی دیتا ہے وہ کسی اتفاقی حادثہ سے معرضِ وجود میں نہیں آیا بلکہ قادر و توانا علیم و حکیم اور مالکِ عالم پروردگار نے اسے پیدا فرمایا ہے یہی وہ بنیادی فرق ہے جو مسلمان سائنسدان کو دنیا بھر کے دوسرے سائنسدانوں سے جدا کرتا ہے۔ اس طرح ان کا ہر قدم منزل کی طرف اٹھے گا ان کی کامیابی ادھوری اور ناتمام نہیں بلکہ مکمل ہوگی۔ ان کی ترقی انسانیت کے لیے تباہ کن نہیں بلکہ فلاحِ انسانی کی ضامن ہوگی۔

اَلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا

وہ لوگ جو امید نہیں رکھتے ہم سے ملنے کی اور خوش و خرم ہیں دنیوی زندگی سے اور مطمئن ہو گئے ہیں

بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۝٧ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ

اس (کے سازو سامان) سے اور وہ لوگ جو ہماری آیتوں سے غفلت برتتے ہیں ۲۰؎ یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانا دوزخ ہے

بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝٨ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

بسبب ان عملوں کے جو وہ کماتے رہے یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے ۲۱؎ پہنچائیگا

يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ

انھیں ان کا رب (منزل مقصود تک) ان کے ایمان کے باعث۔ رواں ہوں گی انکے نیچے نہریں نعمت

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝٩ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ

(و سرور) کے باغوں میں (بہار جنت کو دیکھ کر) ان کی صدا وہاں یہ ہوگی پاک ہے تو اے اللہ ۲۲؎ اور ان کی دعا یہ ہوگی

اور آج دنیا کو ایسے باکمال اور باہمت علما کی ضرورت ہے جو انسان کو سلامتی کا راستہ دکھا سکیں۔

۲۰؎ وہ پست ہمت اور کوتاہ نظر لوگ جن کے دلوں میں محبت الٰہی اور شوق وصل کی کوئی چنگاری دہک نہیں رہی اور وہ کوتاہ نظر جو دنیوی زندگی اور اس کی زیب و زینت پر فریفتہ اور اس کے آرام و آسائش پر شاداں و فرحاں ہیں جو اللہ تعالیٰ کی عظمت کی دلیلوں کی طرف توجہ ہی نہیں کرتے ان کا ٹھکانہ آتش جہنم کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے۔

۲۱؎ دنیا پرستوں کے مقابلہ میں حق پرستوں کا ذکر ہو رہا ہے جو دولت ایمان سے مالا مال ہیں اور اپنی زندگی کے دامن کو اعمال صالحہ کے رنگین اور مہکتے ہوئے پھولوں سے بھر رہے ہیں یھدیھم ربھم بایمانھم کے کلمات طیبات پر مکرر غور فرمائیے۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ ایمان (یقین محکم) کا چراغ روشن کر کے کوئی مسافر اپنی منزل کی طرف رواں ہو جائے تو توفیق ربانی ضرور اس کی دستگیری فرمائیگی اور اسے منزل تک پہنچا دے گی کتنی ہی آندھیاں چلیں کتنے ہی طوفان اٹھیں اس کے چراغ ایمان کو بجھنے نہیں دیا جائے گا۔

۲۲؎ منزل مقصود پر پہنچنے سے جو بے پایاں مسرت اور روحانی خوشی انھیں ہوگی اس کے اظہار کے لیے اس سے بلیغ تر اسلوب کہاں سے لائے گا۔

فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾

کہ "سلامتی ہو" اور اُن کی آخری پکار یہ ہوگی کہ سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو مرتبۂ کمال تک پہنچانے والا ہے

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ

سارے جہانوں کو۔ اور اگر جلد بازی کرتا اللہ تعالیٰ لوگوں کو شر پہنچانے میں جیسے وہ جلد بازی کرتے ہیں بھلائی کیلیے ۲۳؎ تو پوری کر دی گئی ہوتی

اَجَلُهُمْ ۭ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاۗءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱﴾

ان کی میعاد۔ (لیکن یوں نہیں) بلکہ ہم چھوڑے رکھتے ہیں انھیں جو توقع نہیں رکھتے ہماری ملاقات کی تاکہ وہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں ۲۴؎

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَاۗىِٕمًا ۚ

اور جب پہنچتی ہے انسان کو کوئی تکلیف (تو اس وقت) پکارتا ہے ہمیں لیٹا ہوا ہو یا بیٹھا ہوا ہو یا کھڑا ہوا ہو ۲۵؎

۲۳؎ انسان کی ایک کمزوری کی اصلاح نہایت حکیمانہ انداز میں فرمائی جارہی ہے۔ اُسے بتایا جارہا ہے کہ ایک طرف تمہارے کرتوت ہیں جو فوری گرفت اور مواخذہ کے مستحق ہیں اور دوسری طرف تمہارے مطالبات ہیں جو دنیا بھر کی آسائشوں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہیں۔ اگر تمہارے مطالبات کے پورا ہونے میں کچھ تاخیر ہو جائے تو تم بڑے بے چین ہو جاتے ہو اور اپنے رب کریم کے شکوے کرنے لگتے ہو۔ تم نے یہ نہ سوچا کہ اگر اللہ تعالیٰ تمہیں تمہارے کرتوتوں پر پکڑ لیتا تو تمہاری کیا درگت بنتی۔ معلوم ہوا کہ تمہارے پروردگار کا سلوک تمہارے ساتھ منتقمانہ نہیں بلکہ رحیمانہ اور کریمانہ ہے۔ اس لیے اگر تمہارے مطالبات اور تمہاری خواہشات کی تکمیل میں دیر ہو گئی ہے تو یقین کرو اس میں بھی تمہاری خیرخواہی مطلوب ہے۔ اس لیے گھبرانے اور مایوس ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔ ہمت و حوصلہ سے کام لیتے ہوئے مردانہ وار آگے بڑھتے چلے جاؤ۔ اس کی نگاہِ کرم چارہ سازی فرمائے گی اور کامیابی تمہارے قدم چومے گی اور گوہرِ مقصود تمہارے دامنِ طلب کی زینت بنیگا۔

۲۴؎ گنہگاروں پر فوراً عذاب نازل نہ کرنے اور انھیں مہلت اور ڈھیل دینے میں کبھی تو یہ حکمت ہوتی ہے کہ شاید وہ سنبھل جائیں اور اپنی اصلاح کرلیں اور کبھی مقصد یہ ہوتا ہے کہ ان کی گندی فطرت خوب آشکارا ہو جائے اور وہ جی بھر کر اپنی کمینہ خصلتوں کا مظاہرہ کرلیں تاکہ جب انھیں عذاب کی چکی میں پیسا جائے تو وہ کوئی عذر پیش نہ کرسکیں۔ یہاں موخرالذکر لوگوں کو مہلت اور ڈھیل دینے کی وجہ بیان فرمائی جارہی ہے۔

۲۵؎ انسان کی ایک اور کمزوری پر اسے متنبہ کیا جارہا ہے کہ جب اسے کوئی تکلیف گھیر لیتی ہے اور مصیبتوں کے منحوس سائے اس پر چھا جاتے ہیں تو اس وقت وہ سراپا نیاز بن کر گڑگڑانے لگتا ہے۔ اُٹھتے بیٹھتے لیٹتے پھرتے کسی حالت میں ہو التجائیں کرتا ہے دعائیں مانگتا ہے اور پختہ وعدے کرتا ہے کہ میرے رب! میری یہ مشکل آسان فرما مجھے اس ہلاکت و بربادی کے چنگل سے بچالے میں عمر بھر تیرا شکرگزار بندہ بنا رہوں گا کبھی تیری نافرمانی کا خیال تک بھی دل میں نہیں لاؤں گا۔ لیکن ادھر مصیبت کا بادل چھٹا اور آرام و راحت کی روشنی زندگی کے افق پر طلوع ہوئی

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَاۤ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ

پھر جب ہم دور کر دیتے ہیں اس سے اس کی تکلیف تو چل دیتا ہے جیسے اس نے ہمیں (کبھی) پکارا ہی نہیں تھا کسی تکلیف میں جو اسے پہنچی تھی

زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ

اسی طرح آراستہ کر دیے گئے حد سے بڑھنے والوں کے لیے وہ کرتوت جو وہ کیا کرتے تھے[۲۶] اور بیشک ہم نے ہلاک کر دیا[۲۷] کئی قوموں کو جو تم سے

قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا

پہلے تھیں جب انھوں نے زیادتیاں کرنے لگے اور آئے ان کے پاس ان کے رسول روشن دلیلیں لے کر اور وہ (ایسے) نہیں تھے کہ

لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِى الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ

ایمان لاتے۔ اسی طرح ہم سزا دیتے ہیں مجرم قوم کو پھر ہم نے بنایا تمھیں[۲۸]

ادھر حضرت انسان نے سب وعدے فراموش کر دیئے اور نافرمانی اور سرکشی کو اپنا شعار بنا لیا۔

۲۶؎ لیکن یہ شیوہ ہر انسان کا نہیں بلکہ فقط وہی لوگ اس طرح کیا کرتے ہیں جو اسراف اور بے اعتدالی کے عادی ہوں۔ ان کی بگڑی ہوئی فطرت اور مسخ شدہ ذہنیت ان گناہوں میں تو حسن اور جاذبیت محسوس کرتی ہے۔ جس کرتوت کے باعث وہ گرداب ہلاکت میں پھنسا تھا جس گناہ نے اس کی زندگی کے امن و سکون کو تہ و بالا کر کے چھوڑا تھا۔ اب پھر وہ ادھر کھچا چلا جا رہا ہے۔

۲۷؎ اہل مکہ کو بتایا جا رہا ہے کہ جو روش تم نے اختیار کر رکھی ہے وہ کسی عقلمند اور عاقبت اندیش انسان کی روش نہیں۔ اپنے گناہوں پر تمھیں کچھ ندامت نہیں۔ ہر بھلائی اور آرام کو حاصل کرنے کے لیے تم بہت بے چین ہو جب تمھیں کوئی مصیبت گھیر لیتی ہے تو اس وقت تم اپنے پروردگار کو پکارتے ہو اور بڑی عاجزی سے دعائیں مانگتے ہو جب وہ تم پر رحم فرماتا ہے تو تم تنے طوطا چشم ہو کہ اسی وقت ادھر سے آنکھیں پھیر لیتے ہو احسانمندی اور شکرگزاری کا کوئی اثر تمھارے قول و فعل میں نظر نہیں آتا۔ یاد رکھو! تم سے پہلے بھی اس قماش کے لوگ گزرے ہیں ہم نے ان کو بھی سمجھنے اور سنبھلنے کے لیے کافی مہلت دی انھیں راہ ہدایت دکھانے کے لیے رسول بھیجے۔ لیکن جب وہ سرکشی سے باز نہ آئے تو انھیں عذاب کی چکی میں پیس دیا گیا اور ان کا نام و نشان تک بھی باقی نہ رہا۔ اہل مکہ! آنکھیں کھولو اور نزول عذاب سے پہلے اپنی نجات کا سامان کرو۔

۲۸؎ قدرت کے قانون اٹل اور یکساں ہیں جب تک کوئی قوم اپنی افادیت اور نفع رسانی کا ثبوت بہم پہنچاتی رہتی ہے وہ زندہ و سلامت رہتی ہے اور اس کا آفتاب اقبال درخشاں و تاباں رہتا ہے لیکن جب وہ اپنے اقتدار اور طاقت کو لذت کوشی اور عیش طلبی کے لیے وقف کر دیتی ہے اور اپنی ذمہ داریوں کو بجا لانے میں غفلت برتتی ہے تو سمجھو کہ اس کی موت کی گھڑی آپہنچی۔ اسے راہ سے ہٹا دیا جاتا ہے۔

خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۝١٤ وَاِذَا

جانشین — زمین میں — ان کے بعد — تاکہ ہم دیکھیں کہ تم کیسے عمل کرتے ہو — اور جب

تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ

پڑھی جاتی ہیں — ان پر ہماری روشن آیتیں ۲۹ — (تو) کہنے لگتے ہیں وہ جو توقع نہیں رکھتے ہم سے ملنے کی کہ لے آئیے

ہے اور دوسری قوم کو آگے بڑھایا جاتا ہے تاکہ وہ اپنی نوخیز قوتوں اور جوان صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر علم و فن اور حکمت و دانش کے کارواں کی قیادت سنبھال لے۔ اے مخاطبین! تم بھی ان گزری ہوئی اور بسری ہوئی قوموں کے جانشین ہو۔ قدرت کی نگاہ ہر وقت تمہاری کڑی نگرانی کر رہی ہے۔ اگر تم نے راست بازی و عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا کیا۔ نیکی کو فروغ دینے اور بدی کا قلع قمع کرنے میں مقدور بھر سعی کی، اپنے مالک و خالق کے سامنے اپنی جبین نیاز کو جھکائے رکھا اور نوع انسانی کی خدمت میں اپنے وسائل اور اپنی قوتوں کو استعمال کرتے رہے تو تم پر کوئی آنچ نہیں آئے گی اور اگر تم نے بھی اپنے مقصد سے کوتاہی برتی تو یاد رکھو تمہیں بھی ٹھکرا دیا جائے گا۔ اس نیم براعظم پاک و ہند میں اپنے عروج و زوال کی تاریخ پر نظر ڈالو۔ قدم قدم پر آپ کو اس ارشاد ربانی کی تصدیق کرنے والے شواہد ملیں گے۔ غلامی کی طویل رات کے بعد ہمیں صبح آزادی سے ہمکنار کیا گیا۔ کیا ہم اپنی نفع رسانی اور افادیت کا ثبوت بہم پہنچانے میں کسی کوتاہی کا مظاہرہ تو نہیں کر رہے۔ کیا ہماری قوتیں نیکی کو مٹانے اور بدی کو فروغ دینے میں تو صرف نہیں ہو رہیں۔ کیا ہم خدا پرستی کی بجائے نفس پرستی کا شکار تو نہیں ہو رہے؟ ان سوالات کا جواب ہمیں بڑی حقیقت پسندی سے دینا ہوگا۔ قدرت کے قانونِ احتساب کے حرکت میں آنے سے پہلے ہمیں خود اپنا محاسبہ کرنا چاہیے۔ اسی میں ہماری نجات ہے اور اسی میں ہماری فلاح ہے۔

۲۹ے کفار بھی اتنی کھوپڑی کے لوگ تھے۔ جب حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں دعوت حق دیتے اور آیاتِ ربانی پڑھ کر سناتے تو کہتے کہ ٹھیک ہے ہم آپ کا ساتھ دینے کے لیے تیار ہیں بشرطیکہ آپ اپنی لائی ہوئی کتاب میں ہماری خاطر چند تبدیلیاں کر دیں۔ ایک تو ہمارے بتوں کی جہاں جہاں مذمت کی گئی ہے وہ کتاب سے نکال دیں۔ دوسرا شریعت کے وہ احکام جو ہمارے رسم و رواج کے خلاف ہیں یا ہماری معاشی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہیں ان کو حذف کر دیں۔ بس آپ اتنا کر دیں، ہم سب کے سب آپ کے جھنڈے کے نیچے جمع ہو جائیں گے۔ وہ نادان نبوت کی عظمت اور شانِ امانت کو کیا جانیں۔ وہ رسالت کی ان نازک ذمہ داریوں سے بے خبر تھے جن میں بال برابر رد و بدل بھی ناقابلِ برداشت ہے۔ وہ سمجھتے تھے کہ انسانی کلام کی طرح یہاں بھی ترمیم ممکن ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہیں کہ ان عقل کے دشمنوں کو صاف صاف بتا دو کہ تمہاری اس خواہش کو پورا کرنا میرے حیطۂ امکان سے خارج ہے۔ قدرت نے مجھے اپنے کلام کا امین بنایا ہے۔ میں اس میں خیانت کا تصور تک نہیں کر سکتا۔ میرا فرض تو بس اتنا ہے کہ جو کچھ میرا رب حکم فرمائے بلاکم و کاست آگے پہنچا دوں۔ تم سرکشی اور نافرمانی کی جرأت کر سکتے ہو مجھ سے تو یہ ہو نہیں سکتا۔ اس کے قہر و غضب کی جو بجلیاں کوند رہی ہیں تمہاری آنکھیں تو نہ دیکھ سکتی ہوں گی لیکن میں تو ان سے چشم پوشی نہیں کر سکتا۔ اگر میں تمہیں خوش کرنے کے لیے کلام الٰہی میں ذرہ بھر کمی بیشی کروں تو کیا

بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ

(دوسرا قرآن اس (قرآن) کے علاوہ یا رد و بدل کر دیجیے اس میں۔ فرمائیے مجھے اختیار نہیں کہ رد و بدل کر دوں اس میں

تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ

اپنی مرضی سے میں نہیں پیروی کرتا (کسی چیز کی) بجز اس کے جو وحی کی جاتی ہے میری طرف میں ڈرتا ہوں اگر میں

عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥﴾ قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ

اپنے رب کی نافرمانی کروں، بڑے دن کے عذاب سے۔ آپ فرما دیجیے اگر چاہتا اللہ تعالیٰ تو میں نہ پڑھتا اسے

عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ

تم پر اور نہ ہی وہ آگاہ کرتا تمہیں اس سے۔ میں تو گزار چکا ہوں تمہارے درمیان عمر (کا ایک حصہ) اس سے پہلے۔

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٦﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ

کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے۔ پس کون زیادہ ظالم ہے اس سے جو افترا باندھے اللہ تعالیٰ پر جھوٹا یا جھٹلائے

تم میں اتنی ہمت ہے کہ روز حشر خداوند ذوالجلال کے عذاب الیم سے مجھے چھڑا سکو؟

۳۲؎ اے میرے محبوب انہیں صاف صاف بتا دو کہ یہ کلام میرا نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا ہے۔ اور اگر اللہ تعالیٰ مجھے وحی سے مشرف نہ فرماتا تو میں امی ہوتے ہوئے ایسا کلام معجز نظام کیونکر پیش کر سکتا۔ ذرا سوچو تو میں چالیس سال کا عرصہ دراز تمہارے درمیان گزار چکا ہوں کیا میں نے پہلے بھی کبھی ایسی بات کہی تھی۔ جب میری صداقت میری سچائی، میری دیانت و امانت تمہارے نزدیک بھی ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے تو میری بات کو مان لو کہ یہ کلام الٰہی ہے۔ اس میں کسی قسم کا رد و بدل کرنا میرے بس کی بات نہیں۔

۳۳؎ گناہ طرح طرح کے ہیں۔ کوئی چھوٹا کوئی بڑا لیکن اس سے بڑا اور کوئی گناہ نہیں کہ کذب بیانی سے کام لیتے ہوئے کوئی شخص کسی کلام کو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دے۔ تم میرے دامن کی پاکی اور اخلاق کی بلندی اور سیرت کی پختگی کے عینی شاہد ہو۔ کیا تم باور کر سکتے ہو کہ جو شخص اتنا عرصہ چھوٹے چھوٹے گناہ سے بھی اپنا دامن بچاتا رہا ہو وہ اچانک ایسے گناہ کے ارتکاب کی جرأت کرے جس سے بڑا اور کوئی گناہ نہیں۔ نیز یہ بھی یاد رکھو کہ جس طرح کسی بات کو ناحق اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرنا ظلم عظیم ہے اسی طرح اس کے نازل فرمائے ہوئے قرآن کا انکار بھی ظلم عظیم ہے۔

كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ

اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو۔ بیشک مجرم فلاح نہیں پاتے۔ ۳۱ اور (یہ مشرک) عبادت کرتے ہیں ۳۲ اللہ تعالیٰ کے

اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا

سوا ایسی چیزوں کی جو نہ انھیں نقصان پہنچا سکتی ہیں اور نہ نفع پہنچا سکتی ہیں اور وہ کہتے ہیں یہ (معبود) ہمارے سفارشی ہیں

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي

اللہ تعالیٰ کے ہاں ۳۳ آپ فرمائیے کیا تم آگاہ کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو اس بات سے جو وہ نہیں جانتا نہ آسمانوں میں اور نہ

۳۱ اگر میں اللہ تعالیٰ کی طرف غلط بات منسوب کروں تو میں مجرم اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی بات کا انکار کرو تو تم مجرم۔ درحقیقت ہے کہ کوئی مجرم کامگار و کامران نہیں ہو سکتا۔ اب خود دیکھو کہ فلاح و کامیابی کا تاج کس کے سر پر ہے اور ناکامی و نامرادی کی ذلت کس کے منہ پر۔ تمہیں راستباز اور مجرم کے پہچاننے میں کوئی دقت نہیں ہوگی۔

۳۲ قرآن کریم میں ترمیم و اصلاح کا مشورہ دینے والے دانشوروں کی دانشمندی کی قلعی کھول جا رہی ہے کہ ایسے بدھو ہیں کہ مٹی اور پتھر کے بے جان مجسموں کو اپنا معبود و مسجود بنائے ہوئے ہیں اور اتنا بھی نہیں سمجھتے کہ پتھر کا روڑا جو کل تک زمین پر پڑا ہوا تھا وہ کسی صنم تراش کے ہتھوڑے کی چند ضربوں سے کیونکر خدائی کی مسند پر براجمان ہو کر ان کا حاجت روا بن گیا۔ یہ بت جو کسی نفع و نقصان کی قدرت نہیں رکھتے ان کی عبادت کرنا کیا شرف انسانی کی توہین نہیں۔ علامہ رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ عبادت تو تعظیم و تکریم کا سب سے بلند مقام ہے اور یہ اسی کے لئے زیبا ہے جس کا احسان و انعام تمام احسانات و انعامات سے اعلیٰ و برتر ہو جیسے زندگی عقل و قدرت اور دنیوی اور اُخروی منافع و فوائد یہ سب چیزیں تو اللہ وحدہٗ لاشریک کی عطا فرمودہ ہیں۔ اس لیے اس کے بغیر اور کون ہے جسے خدا بنایا جائے ان العبادۃ من اعظم انواع التعظیم فھی لا تلیق الا لمن صدر عنہ اعظم انواع الانعام وذالک لیس الا الحیاۃ والعقل والقدرۃ ومصالح المعاش والمعاد واذا کانت المنافع والمضار کلھا من اللہ سبحانہ وتعالیٰ وجب ان لا تلیق العبادۃ الا للہ تعالیٰ (تفسیر کبیر)

۳۳ ان بتوں کے متعلق ان کا عقیدہ تھا کہ وہ ان کی شفاعت کریں گے اور انھیں عذاب الٰہی سے بچا لیں گے۔ یہ بھی ان کی نادانی تھی شفیع تو وہ ہوگا جسے بارگاہ رب العزت سے شفاعت کرنے کی اجازت مرحمت ہوگی۔ ان کو تو شفیع بنایا ہی نہیں گیا۔ ان کی کیا مجال کہ اس بارگاہ عزت و جلال میں زبان تک بھی ہلا سکیں۔

الْأَرْضِ ۚ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿١٨﴾ وَمَا كَانَ النَّاسُ

زمین میں ۳۵ پاک ہے وہ اور بلند و بالا ہے اس شرک سے جو وہ کرتے ہیں ۳۶ اور نہیں تھے لوگ (ابتدا میں)

اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

مگر ایک ہی امت ۳۷ پھر (اپنی گمراہی سے) باہم اختلاف کرنے لگے اور اگر ایک بات پہلے سے طے نہ ہو چکی ہوتی آپکے رب کی

لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٩﴾ وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ

طرف سے تو فیصلہ کر دیا جاتا انکے درمیان ان امور میں جن میں وہ اختلاف کیا کرتے ہیں اور کہتے ہیں ۳۸ کیوں نہ نازل کی گئی ان پر

عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ

کوئی آیت ان کے رب کی طرف سے ؟ سو آپ فرمائیے غیب تو صرف اللہ کے لیے ہے پس انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ

مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ

انتظار کرنے والا ہوں اور جب ہم لطف اندوز کرتے ہیں لوگوں کو (اپنی) رحمت سے اس تکلیف کے بعد جو

۳۵ بتوں کے متعلق ان کے دونوں عقیدے بیہودہ اور لغو ہیں۔ جب ان کا سرے سے کوئی وجود ہی نہیں تو ان پر غور کرنے کی ہی ضرورت نہ ہوگی۔ اگر ان کا کوئی وجود ہوتا تو ہو سکتا تھا کہ عام لوگوں کو اس کا علم نہ ہو لیکن کوئی چیز جو موجود ہو خواہ وہ کتنی مخفی اور پوشیدہ ہو وہ ہمہ بین اور ہمہ دان خدا سے تو پوشیدہ نہیں ہو سکتی تو جب اسے بھی اس کی خبر نہیں تو پھر ان کا سرے سے وجود ہی نہ ہوگا۔ بتوں کی خدائی اور ان کی شفاعت کا رد کس بلیغ پیرائے میں کیا گیا ہے۔

۳۶ ان کی ساری یاوہ گوئیوں اور بیہودہ سرائیوں کا رد فرما دیا۔

۳۷ چاہیے تو یہ تھا کہ جب انھوں نے حق کو قبول کرنے سے دانستہ انکار کیا اور انسانی وحدت کو کفر و الحاد کے فساد انگیز نظریات و عقاید سے پارہ پارہ کر دیا تو فوراً انھیں صفحۂ ہستی سے حرفِ غلط کی طرح مٹا دیا جاتا لیکن قدرت اتنی زود گیر اور تنگ مزاج نہیں وہ انسان کو سوچنے سمجھنے اور سنبھلنے کے لیے کافی مہلت دیتی ہے اور طرح طرح سے اسے خوابِ غفلت سے جھنجھوڑتی ہے۔

۳۸ وہ نزولِ عذاب کے لیے بڑی بے چینی کا اظہار کر رہے ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ارشاد فرماتا ہے کہ انھیں آگاہ کر دیں کہ ان امور کا تعلق مشیتِ الٰہی سے ہے جب اس کی حکمت کا تقاضا ہوگا تو ان پر عذاب نازل کر دیا جائے گا۔ اگر تم نے گمراہی کے اندھیروں میں ہی بھٹکتے رہنے کا ارادہ کر لیا ہے اور حق کو قبول نہ کرنے کا عزم کر لیا ہے تو پھر وہ وقت ضرور آئے گا۔ تم بھی انتظار

مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيٓ اٰيَاتِنَا ۭ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ۭ اِنَّ

انھیں پہنچی تھی تو فوراً وہ مکر و فریب کرنے لگتے ہیں ہماری آیتوں میں فرمائیے اللہ زیادہ تیز ہے اس فریب کی سزا دینے میں بے شک

رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ

ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) قلمبند کر رہے ہیں جو فریب تم کر رہے ہو وہی ہے جو سیر کراتا ہے تمھیں خشکی میں اور سمندر میں

کرو میں بھی تمھارے ساتھ مل کر انتظار کرنے والا ہوں۔

۳۹؎ یہاں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی صداقت اور بارگاہِ الٰہی میں حضور کی قدر و منزلت کی ایک روشن دلیل کی طرف اشارہ کر کے کفار و مشرکین کے عناد و تعصب کو بیان کیا جا رہا ہے کہ اتنی روشن اور واضح دلیل کے بعد بھی وہ اپنی کج بحثی اور ہٹ دھرمی سے باز نہیں آتے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں یہ روایت لکھی ہے کہ جب کفار کا عناد اور ایذا رسانیاں بڑھتی چلی گئیں تو حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے بارگاہِ خداوندی میں التجا کی اللّٰھم اعنی علیھم بسبع کسبع یوسف، اے اللہ ان پر یوسف علیہ السلام کے زمانہ کا سات سالہ قحط مسلط فرما کر میری مدد فرما۔ چنانچہ وہ دعا قبول ہوئی اور قحط سالی نے اتنی شدت اختیار کی کہ ہر طرف خاک اڑنے لگی۔ غلہ اور دیگر اشیاء نایاب ہو گئیں۔ یہاں تک کہ وہ اسے چمڑے اور مردار کھا کھا کر اپنی شکم پُری کرنے پر مجبور ہو گئے جب سخت مجبور ہو گئے اور نجات کی کوئی راہ نظر نہ آئی تو ابوسفیان بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور آ کر عرض کرنے لگا یا محمد انک تامر بطاعة الله وصلة الرحم وان قومک قد هلكوا فادع الله لهم ان يكشف عنهم فدعا (مظہری عن بخاری) اے محمد، آپ اطاعتِ الٰہی اور صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں اور آپ کی قوم قحط سالی کے باعث ہلاک و برباد ہو چکی ہے۔ اپنے رب سے التجا کرو کہ وہ ہماری اس تکلیف کو دور فرما دے تو حضور نے بارگاہِ رب العزت میں دستِ دعا دراز فرمایا۔ پھر کیا تھا موسلا دھار بارش برسی ہر طرف جل تھل ہو گیا مردہ زمین میں زندگی اور شادابی لوٹ آئی اور شدید خشک سالی خوشحالی میں بدل گئی! انھوں نے دیکھا کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی برکت سے ان پر رحم و کرم کے دروازے کھول دیئے ہیں۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ وہ حضور کے دامن رحمت کو مضبوطی سے تھام لیتے اور جس دینِ برحق کی طرف حضور بلا رہے تھے اس کو فوراً بصد خوشی قبول کر لیتے۔ لیکن ان کی اسلام دشمنی اور مسلم آزاری میں کوئی فرق نہ آیا۔ بلکہ ان ظالموں نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ یہ ہمارے بتوں کی کرپا ہے یا فلاں ستارے کے طلوع ہونے سے بارش برسی ہے۔ ان کے اس رویّہ کو اذا لهم مكر فی آیتنا کے کلمات سے تعبیر کیا گیا ہے۔

۴۰؎ اسلام اور پیغمبرِ اسلام کے خلاف بڑی مہارت اور چابک دستی سے مکر و فریب کے جو جال وہ بن رہے تھے اللہ تعالیٰ نے انھیں پارہ پارہ کر دیا چند سال ہی نہ گزرنے پائے تھے کہ ان کے مشرکانہ عقائد کا نام و نشان تک باقی نہ رہا۔ ان کے بڑے بڑے بتوں کو ان کے اپنے پجاریوں نے ہی ریزہ ریزہ کر دیا۔ وہی جو اسلام کے چراغ کو بجھانے کے لیے سارے جتن کر رہے تھے۔ وہی چراغِ حق کے پروانے بن گئے۔ لفظ مکر کی تحقیق کے لیے ملاحظہ ہو سورۂ آل عمران کی آیت نمبر ۵۴ کا حاشیہ ضیاء القرآن)

حَتّٰىٓ إِذَا كُنتُمْ فِى ٱلْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِم بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَفَرِحُوا۟ بِهَا

یہاں تک کہ جب تم سوار ہوتے ہو کشتیوں میں ۴۳؎ اور وہ چلنے لگتی ہیں مسافروں کو لیکر موافق ہوا کی وجہ سے اور وہ مسرور ہوتے ہیں

جَآءَتْهَا رِيحٌ عَاصِفٌ وَجَآءَهُمُ ٱلْمَوْجُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّوٓا۟

اس سے (تو اچانک) آلیتی ہے انھیں تند تیز ہوا اور آلیتی ہیں انھیں موجیں ہر جگہ (طرف) سے اور وہ خیال کرنے

۴۱؎ یعنی تم بڑی رازداری سے اسلام کے خلاف سازشیں کرتے ہو رات کی تاریکی میں سنسان گوشوں میں بیٹھ کر میرے محبوب کو اذیت پہنچانے کی سعی مذموم کرتے ہو اور دل ہی دل میں یہ سمجھتے ہو کہ تمھاری یہ کارروائی ایک سرِّ مکتوم ہے جس کو کوئی نہیں جانتا۔ نالائقو! کس سے چھپا رہے ہو! اللہ تعالیٰ سے۔ اس کے تو مقرر کیے ہوئے فرشتے تمھارے دائیں بائیں بیٹھے تمھاری زبان پر آنے والی ہر بات اور تم سے سرزد ہونے والی ہر حرکت کو تمھارے نامۂ عمل میں لکھ رہے ہیں۔ جب وہ دفتر روزِ محشر کھولا جائے گا تو اس وقت کہاں منہ چھپاؤ گے ؟

۴۲؎ یہاں اپنی قدرت اور رحمت کی ایک اور نشانی اور اپنے ایک خاص انعام کا ذکر فرمایا جا رہا ہے کہ دیکھو! اس نے اپنے فضل و کرم سے تمھارے لیے سواریوں کا انتظام فرما دیا ہے جن کے ذریعہ تم لمبی مسافتوں کو آسانی سے طے کر سکتے ہو۔ اگر یہ تیز رفتار سواریاں نہ ہوتیں تو تم بحر و بر کی ان وسعتوں میں ہی کھو کر رہ جاتے۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ تک پہنچنے میں عمریں صرف ہو جاتیں۔ بھلا تم سمندر کے گہرے اور بیکراں پانی کو عبور کر سکتے تھے؟ یہ سب اس کی عنایت اور اس کا کرم ہے کہ اس نے ایسی سواریوں کا بندوبست فرما دیا جو تمھیں اپنے کندھوں پر اٹھائے بڑی برق رفتاری سے کھلے میدانوں، دشوار پہاڑی رستوں، گھنے جنگلوں، ریگستانوں، دریاؤں اور فضاؤں میں دوڑی پھرتی ہیں۔ غور کرو اگر آمد و رفت کی یہ سہولتیں نہ ہوتیں تو علم و فن کی یہ ترقی، تجارت و صنعت کی یہ گہما گہمی اور تہذیب و تمدن کی یہ بہار معرضِ وجود میں آسکتی؟ ہرگز نہیں۔ پھر تم اس کا شکر کیوں نہیں بجا لاتے ؟

۴۳؎ جب مصیبتوں کے مہیب بادل گھر کر آجاتے ہیں، جب غم و اندوہ کا اندھیرا پھیل جاتا ہے، جب سارے مصنوعی سہارے ٹوٹ جاتے ہیں، جب تمام دوست ساتھ چھوڑ دیتے ہیں، جب دل کی کشتی مایوسی اور ناامیدی کے طوفان میں ڈولنے لگتی ہے اس وقت انسان کی آنکھیں کھلتی ہیں اور ایک ایسی ہستی کا یقین آنے لگتا ہے جس کو ماننے سے آج تک وہ انکار کرتا رہا تھا۔ اس کے دامنِ رحمت میں سر چھپانے کے بغیر کوئی چارہ نظر نہیں آتا جس کی وہ اب تک نافرمانی کرتا رہا تھا۔ اس وقت انسان تمام معبودانِ باطل سے منہ موڑ کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اس سے گڑگڑا کر اپنی فلاح و نجات کے لیے سوال کرتا ہے اور پختہ وعدہ کرتا ہے کہ اگر ایک دفعہ تو نے مجھے اس گرداب ہلاکت سے بچا لیا تو عمر بھر تیری چوکھٹ سے سر نہیں اٹھاؤں گا۔ اگر ایک مرتبہ تو نے میری بیچارگی پر ترس کھایا تو دمِ واپسیں تک تیری حمد و ثنا کے گیت گاتا رہوں گا۔ لیکن جب اللہ تعالیٰ اپنے فضلِ خاص سے اس کو نوازتا ہے اس کی امیدوں کے ڈوبتے ہوئے سفینے کو ساحلِ مراد تک پہنچا دیتا ہے تو وہ پھر کفر و شرک کرنے لگتا ہے۔ اسے یاد ہی نہیں رہتا کہ اس نے کس کریم کو اس نازک وقت میں پکارا تھا۔ مصیبت کی ان گھڑیوں میں اس سے کیا وعدہ کیا تھا۔

اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا

سمجھتے ہیں کہ انھیں گھیر لیا گیا (تو اس وقت) پکارتے ہیں اللہ تعالیٰ کو خالص اسی کی عبادت کرتے ہوئے ۳۳ کہتے ہیں اے کریم! اگر تو نے

مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۲۲﴾ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ

بچا لیا ہمیں اس (طوفان) سے تو ہم یقیناً ہو جائیں گے تیرے شکر گزار (بندوں) سے۔ پھر جب بچا لیتا ہے انھیں تو وہ سرکشی کرنے لگتے ہیں

فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ

زمین میں ناحق اے لوگو! تمہاری سرکشی کا وبال تمہیں پر پڑے گا ۳۴ لطف اٹھا لو

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۳﴾

دنیوی زندگی سے پھر ہماری طرف ہی لوٹ کر آنا ہے تمہیں پھر ہم آگاہ کریں گے تمہیں جو کچھ تم کیا کرتے تھے

۳۳ علامہ رازیؒ نے حضرت امام جعفر صادق ؓ سے ایک عجیب واقعہ نقل کیا ہے کہ کسی نے آپ سے اللہ تعالیٰ کے موجود ہونے پر دلیل طلب کی آپ نے دریافت فرمایا کہ تم کیا کرتے ہو۔ اس نے عرض کی میرا پیشہ سمندری تجارت ہے۔ آپ نے اس سے اپنے بحری سفر کا کوئی واقعہ سنانے کی فرمائش کی۔ اس نے بیان کیا کہ ایک دفعہ میں سمندر میں سفر کر رہا تھا کہ طوفان آیا اور میری کشتی ٹوٹ گئی۔ مجھے ایک تختہ مل گیا میں اس کے سہارے سمندر میں تیرنے لگا۔ اچانک تیز آندھی چلنے لگی۔ آپ نے جھٹ اس سے پوچھا بتاؤ جب تمہاری کشتی ٹوٹ چکی تھی اور تمہارا تختہ بپھری ہوئی موجوں کے رحم و کرم پر تھا کیا اس وقت تمہارے دل میں کسی برتر ہستی کے حضور میں عجز و نیاز کے جذبات پیدا ہوئے تھے۔ اس نے جواب دیا جی ہاں۔ آپ نے فرمایا فالٰھک ھو الذی تضرعت الیہ فی ذلک الوقت : وہ ہے تیرا معبود اور خدا جس کے لیے مصیبت کی گھڑی میں تمہارے دل میں نیازمندی اور عاجزی کے جذبات پیدا ہوئے تھے (رازی) علامہ قرطبی نے یہاں بڑے نکتہ کی بات رقم فرمائی ہے کہ نفسیاتِ انسانی کے اس تجزیے سے معلوم ہوا کہ یہ چیز انسانی فطرت میں رکھ دی گئی ہے کہ جب تکالیف کے مہیب سائے اُسے گھیر لیتے ہیں تو اُس کے دل میں اُس وقت صرف اپنے رب حقیقی کا ہی خیال پیدا ہوتا ہے اور اُسی کے دامنِ رحمت میں پناہ کی امید بندھتی ہے اور اللہ تعالیٰ ہر مضطر اور پریشان حال کی التجا قبول فرماتا ہے خواہ وہ کافر ہی ہو۔ کیونکہ اُس وقت جھوٹے سہارے ختم ہو چکتے ہیں اور صرف اسی (اللہ تعالیٰ) کی رحمت کا سہارا باقی رہ جاتا ہے وفی هذا دلیل علی ان الخلق جبلوا علی الرجوع الی اللہ فی الشدائد وان المضطر یجاب دعاءہ وان کان کافرا لانقطاع الاسباب ورجوعه الی الواحد رب الارباب (قرطبی)

۳۴ ان کی اس الوطنشی اور وعدہ شکنی سے اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی میں کوئی فرق نہیں آئے گا اور اسلام کی ترقی میں کوئی رکاوٹ

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ أَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ

(حیات دنیوی (کے عروج وزوال) کی مثال ایسی ہے جیسے ہم نے پانی اتارا آسمان سے ۳۲ پس گھنی ہو کر اُگی

نَبَاتُ الْأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ ۖ حَتّٰٓى إِذَآ أَخَذَتِ

پانی کے باعث سرسبزی زمین کی جس سے انسان بھی کھاتے ہیں اور حیوان بھی۔ یہاں تک کہ جب لے لیا

الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَآ أَنَّهُمْ قٰدِرُونَ عَلَيْهَآ ۙ

زمین نے اپنا سنگار اور وہ خوب آراستہ ہو گئی اور یقین کر لیا اس کے مالکوں نے کہ (اب) انھوں نے قابو پا لیا ہے اس پر

أَتٰىهَآ أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيدًا كَأَنْ لَّمْ تَغْنَ

(تو اچانک) آپڑا اس پر ہمارا حکم (عذاب) رات یا دن کے وقت پس ہم نے کاٹ کر رکھ دیا اسے گویا کل وہ یہاں تھی ہی نہیں

پیدا نہ ہوگی۔ البتہ اس کی نحوست ان کے لیے وبال جان ثابت ہوگی اور ان کو نیست و نابود کر دے گی۔

۳۲۔ اللہ تعالیٰ انسانی زندگی کے عروج و زوال اور بہار و خزاں کی ایک اور اثر انگیز اور دلنشیں مثال ذکر فرماتے ہیں جو حقیقت سے اتنی قریب ہے کہ وضاحت کی حاجت نہیں اور اتنی کثرت سے وقوع پذیر ہے کہ اس میں کسی کو تردد نہیں۔ میرے خیال میں زمین کو جو آراستگی اور زیبائش آج نصیب ہے شاید ہی کبھی نصیب ہوئی ہو۔ عمارتیں ہیں جو اپنی بلندی میں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں ان کے برقی طاقتور قمقمے اپنی چمک دمک میں ستاروں کو شرما رہے ہیں۔ دریاؤں کے سرکش پانیوں کو ڈیموں میں بند کر دیا گیا ہے۔ بنجر زمینیں سونا اگل رہی ہیں۔ چٹیل میدانوں میں سرسبز و شاداب کھیت لہلہا رہے ہیں۔ صحرا رشک ارم بنتے جا رہے ہیں بازاروں میں دنیا بھر کی عجیب و غریب مصنوعات کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔ انسان کے علم کی حدیں پھیلتی جا رہی ہیں۔ اس کی جستجو اور تجسس کا دائرہ وسیع ہوتا جا رہا ہے۔ سمندر کی اتھاہ گہرائیاں پایاب ہوتی جا رہی ہیں۔ فضا کی وسعتیں سکڑ گئی ہیں۔ کاش! انسان تسخیر کائنات کے خواب دیکھنے کے ساتھ ساتھ اس حقیقت کو بھی سمجھ لے کہ اس عالم رنگ و بو کا ایک خالق و مالک بھی ہے جس نے اس جہان کو ساری رعنائیاں بخشی ہیں۔ جس نے خود اس انسان کو بھی پیدا فرمایا ہے اور اس کو عقل و فکر اور قلب و نظر کی دولت سے مالا مال کیا ہے جن کے بل بوتے پر اس نے اتنی ترقی کی ہے۔ اس کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ اپنے کریم خالق کو پہچانے اور اس کے احکام بجا لائے اور اس کے ارشادات کی صدق دل سے اطاعت کرے۔ ایسا نہ ہو کہ انما بغیکم علی انفسکم کا روح فرسا منظر دیکھنا پڑے اور ایٹمی دھماکوں سے یہ دنیا جہنم زار بن جائے جو سارے نوع انسانی کو ہی ختم کر کے رکھ دے۔ اور اگر کہیں دور دراز گوشوں میں کچھ لوگ بچ بھی جائیں تو انھیں خبر ہی نہ ہو کہ آج جہاں خاک کے تودے نظر آ رہے ہیں وہاں کبھی فلک بوس عمارتیں تھیں۔ جہاں آج ویرانی اور بربادی نے پنجے گاڑے ہوئے ہیں

بِالْأَمْسِ ۚ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ﴿۲۴﴾ وَاللَّهُ يَدْعُوا

یونہی ہم وضاحت سے بیان کرتے ہیں ۴۳ (اپنی قدرت کی) نشانیوں کو اس قوم کیلئے جو غور و فکر کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ بلاتا ہے

إِلَىٰ دَارِ السَّلَامِ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿۲۵﴾ لِلَّذِينَ

(ہمیں) سلامتی کے گھر کی طرف ۴۴ اور ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے سیدھے راستہ کی طرف۔ ان کے لیے جنھوں

أَحْسَنُوا الْحُسْنَىٰ وَزِيَادَةٌ ۖ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَلَا ذِلَّةٌ ۚ

نے نیک عمل کیے نیک جزا ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ ۴۵ اور نہ چھائے گا ان کے چہروں پر (رسوائی کا) غبار اور نہ ذلت (کا اثر ہوگا)

أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿۲۶﴾ وَالَّذِينَ كَسَبُوا السَّيِّئَاتِ

یہی لوگ جنتی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور جنھوں نے بُرے کام کیے ۴۶

وہاں کبھی نور و نکہت کے سمندر موجزن تھے۔ جہاں آج وحشت و دہشت کا عفریت پھنکار رہا ہے وہاں کبھی بہاریں اٹھکیلیاں کیا کرتی تھیں۔

۴۳ یعنی عروج و زوال کے ان گزشتہ واقعات کو بیان کرنے کا مقصد داستان سرائی نہیں بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ اہل علم و دانشوران اسباب کا سراغ لگائیں جن کی وجہ سے یہ آباد شہر اور پر رونق بستیاں اور خوشحال قومیں برباد ہو گئیں تاکہ وہ ان غلطیوں کا ارتکاب کرنے سے بچیں۔

۴۴ اللہ تعالیٰ تمہیں فانی دنیا اور اس کی فنا پذیر لذتوں میں کھو جانے سے اس لیے روکتا ہے کہ تم کہیں ہوا و ہوس کی زنجیروں میں مقید ہو کر نہ رہ جاؤ، نفس و شیطان کے فریب میں پھنس کر اپنے حقیقی مقام سے بے خبر ہو جاؤ۔ اللہ تعالیٰ تمہیں ایسی راہ پر چلنے کی دعوت دیتا ہے جس پر چل کر تم اپنی منزل پا لوگے تمہاری روح سدا شادمان ہوگی اور تم قرب الٰہی کی سعادت سے بہرہ اندوز کیے جاؤ گے۔

۴۵ اس آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ اطاعت گزار اور فرمانبردار بندوں کے ساتھ یہ معاملہ نہیں ہوگا کہ جتنی انھوں نے نیکیاں کی ہیں ناپ تول کر ان کے برابر ان کو اجر دے دیا جائے گا اور بس بلکہ اجر کے علاوہ انھیں مزید انعامات اور احسانات سے بھی نوازا جائیگا۔ جن کا اندازہ آج کسی پیمانے سے نہیں لگایا جا سکتا۔

۴۶ لیکن بدکاروں کو سزا اُن کے جرم سے زیادہ نہیں دی جائے گی۔ جتنا جرم ہے اتنی ہی سزا۔ نیک بندوں کے ساتھ معاملہ کرنے میں جود و عطا کو ملحوظ رکھا جائے گا اور بدکاروں کے ساتھ معاملہ کرنے میں عدل و انصاف کو پیش نظر رکھا جائیگا

جَزَآءُ سَيِّئَةٍۭ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۗ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ

تو برائی کی سزا اس جیسی ہوگی۔ اور چھا رہی ہوگی ان پر ذلّت۔ نہیں ہوگا ان کے لیے اللہ (کے عذاب) سے

عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ؕ

کوئی بچانے والا۔ گویا ڈھانپ دیئے گئے ہیں ان کے چہرے کالی رات کے کسی ٹکڑے سے

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ

وہی دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور (ان کی پشیمانی کا تصور کرو) جس روز ہم جمع کریں گے

نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ

ان سب کو (میدانِ حشر میں) پھر ہم حکم دیں گے مشرکوں کو (کہ) اپنی اپنی جگہ پر ٹھہر جاؤ تم اور تمہارے جھوٹے معبود۔ پھر ہم منقطع کر دیں گے ان کے باہمی تعلقات

وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۸﴾ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ

اور کہیں گے ان کے معبود (اے مشرکو!) تم ہماری تو عبادت نہیں کیا کرتے تھے پس کافی ہے اللہ تعالیٰ گواہ ہمارے درمیان

بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ هُنَالِكَ تَبْلُوْا

اور تمہارے درمیان کہ ہم تمہاری پرستش سے بالکل بے خبر تھے وہاں آزمائے گا

لہٰ ان آیات میں کفار و مشرکین کو میدانِ حشر میں پیش آنے والے واقعات سنا کر انہیں غور و فکر کی دعوت دی جا رہی ہے کہ آج تمہیں ہمارا رسول دلائل پیش کر کے اور معجزات دکھا کر دعوتِ توحید دے رہا ہے لیکن تم پرواہ نہیں کرتے اور اپنے ان مٹی اور پتھر کے بتوں کو پوجتے چلے جا رہے ہو۔ یاد رکھو قیامت کا دن آنے والا ہے۔ اس روز تمہارے یہ معبود تمہارے کسی کام نہیں آئیں گے۔ بلکہ وہ تم سے اپنی لاتعلقی کا اظہار کریں گے اس وقت تم فرطِ ندامت سے ہونٹ کاٹو گے لیکن بے سود۔ کل کی پشیمانی اور رسوائی سے بچنا چاہتے ہو تو آج میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت قبول کر لو۔ ان کا دامنِ کرم تھام لو اور ان کی پیروی کو اپنا شعار بناؤ۔

كُلُّ نَفْسٍ مَّآ أَسْلَفَتْ وَرُدُّوٓا۟ إِلَى ٱللَّهِ مَوْلَىٰهُمُ ٱلْحَقِّ ۖ وَضَلَّ عَنْهُم

ہر شخص جو اس نے آگے بھیجا تھا اور انھیں لوٹا دیا جائیگا اللہ تعالیٰ کی طرف جو ان کا مالک حقیقی ہے اور گم ہوجائیگا ان سے

مَّا كَانُوا۟ يَفْتَرُونَ ﴿٣٠﴾ قُلْ مَن يَرْزُقُكُم مِّنَ ٱلسَّمَآءِ وَٱلْأَرْضِ أَمَّن

جو وہ افترا باندھا کرتے تھے آپ پوچھیے کون رزق دیتا ہے تمھیں ٢٣ؕ آسمان اور زمین سے یا کون

يَمْلِكُ ٱلسَّمْعَ وَٱلْأَبْصَـٰرَ وَمَن يُخْرِجُ ٱلْحَىَّ مِنَ ٱلْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ

مالک ہے کان اور آنکھوں کا اور کون نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے اور (کون) نکالتا ہے

ٱلْمَيِّتَ مِنَ ٱلْحَىِّ وَمَن يُدَبِّرُ ٱلْأَمْرَ ۚ فَسَيَقُولُونَ ٱللَّهُ ۚ فَقُلْ

مردہ کو زندہ سے اور کون ہے جو انتظام فرماتا ہے ہر کام کا ؟ تو وہ (جواباً) کہیں گے اللہ! پس آپ کہیے

٢٣ؕ مشرکین کی ذہنی پستی اور فکری انحطاط اور گراوٹ کا ذکر کرنے کے بعد ان کے جھوٹے خداؤں کی خدائی پر ایسی کاری ضرب لگائی جا رہی ہے جن کا جواب اُن کے پرستاروں کے پاس بھی نہیں۔ ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ بتوں کو اپنا خدا ماننے والو! ذرا یہ بتاؤ یہ قسم قسم کے اناج، رنگ برنگ پھل اور طرح طرح کی سبزیاں کس نے پیدا کی ہیں۔ یہ سینکڑوں قسم کے جانور جن کا تم گوشت کھاتے ہو کس کی پیداوار ہیں۔ تم تو زمین میں ہل چلا کر بیج ہی ڈال آتے ہو۔ اس کے بعد جو ابرِ رحمت برس کر انھیں سیراب کرتا ہے۔ چاند کی ٹھنڈی ٹھنڈی روپہلی کرنیں اور سورج کی گرم گرم سنہری شعاعیں جو اس ننھے سے بیج سے ایک درخت نکالتی ہیں، اس کو رنگ و بو سے نوازتی ہیں، اس میں ذائقہ کی رس گھولتی ہیں۔ یہ ہوائیں جو نر مادہ کے شگوفوں میں عمل تلقیح (POLLINATION) انجام دیتی ہیں۔ ذرا انصاف سے بتاؤ آفرینش اور نشوونما کے اس عمل (PROCESS) کی طویل زنجیر میں کوئی ایک بھی ایسی کڑی ہے جس کی نسبت تمھارے ان بتوں کی طرف کی جا سکتی ہو؟ پھر دیکھو! تمھیں آنکھ اور کان کس نے بخشے ہیں، ان میں دیکھنے اور سننے کی قوت کس نے رکھی ہے۔ تم اس نازک اور پیچیدہ مشینری کو دیکھو کس حکمت اور مہارت سے بنائی گئی ہے۔ ذرا سوچ کر بتاؤ کہ یہ کارنامہ تمھارے معبودوں نے سر انجام دیا ہے؟ اور سوچو زندگی اور موت دو متضاد قوتیں ہیں لیکن چشمِ حقیقت آشنا کھول کر دیکھو اور بتاؤ کس کی قدرت ایک مردہ چیز (نطفہ انڈہ وغیرہ) سے زندگی کے چشمے جاری کرتی ہے اور کس طرح زندگی کے شکم سے مردہ اشیا پیدا کرتی ہے۔ کیا اس میں تمھارے بتوں کا کوئی دخل ہے؟ آخر میں یہ بلا مصرفہ فرما کر بتا دیا کہ یہ چند چیزیں تو بطورِ مثال ذکر کی گئی ہیں ورنہ اس کارخانۂ ہستی کی جس چیز کی طرف تم دیکھو گے وہاں اسی کی قدرت، حکمت اور علم کامل کے جلوے تمھیں نظر آئیں گے۔ غرضیکہ سبب اور مسبب، علت اور معلول، موثر اور اثر کے باہمی تعلق کا جو نظام محکم قائم ہے وہ سوچنے والے انسان کو محوِ حیرت کر دیتا ہے۔ اب بتاؤ کہ آسمان کی بلندیاں اور زمین کی پستیاں

أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٣١﴾ فَذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۖ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلَّا

(جب حقیقت یہ ہے) تو تم (شرک سے) کیوں نہیں بچتے۔ یہ ہے اللہ تعالیٰ جو تمہارا حقیقی پروردگار ہے[۵۳] پس حق کے بعد کیا ہے بجز

الضَّلَالُ ۖ فَأَنَّىٰ تُصْرَفُونَ ﴿٣٢﴾ كَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى

گمراہی کے[۵۴] پھر تمہیں (حق سے) کدھر موڑا جارہا ہے۔ یونہی ثابت ہو چکی ہے آپکے رب کی بات[۵۵] ان پر جو

مہر و ماہ کی تابانیاں اور ستاروں کی تنک تابیاں، انسانی اور دیگر حیوانی افزائش نسل کے قواعد، یہ گھنگھور گھٹائیں اور لہلہاتے ہوئے کھیت کس نے پیدا فرمائے ہیں۔ کیا تم میں یہ کہنے کی ہمت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی اور ان کا خالق ہے؟ ہرگز نہیں جب یہ ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے تو پھر تم اس کے سوا کسی غیر کو الٰہ اور معبود کیوں مانتے ہو۔ اس کے بغیر کسی اور کو اپنا مسجود کیوں بناتے ہو۔ کیا تمہیں اپنے ہولناک انجام کا کوئی ڈر نہیں۔

۵۳ جو ذات ان صفات کمال سے متصف ہے جو ان خوبیوں کی مالک ہے وہی تو خدائے برحق ہے۔ اس کے علاوہ اگر کسی کو اپنا خدا اور معبود بناؤ گے تو گمراہ ہو جاؤ گے۔ ذرا غور تو کرو کہاں ظن وتخمین کے ریگزاروں اور وہم و گمان کے ویرانوں میں مارے مارے پھر رہے ہو۔

۵۴ اس آیت کے ضمن میں علماء کرام نے شطرنج وغیرہ کے بارے میں تحریر کیا ہے اور ابوبکر ابن العربی الاندلسی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر احکام القرآن میں غناء کے متعلق بڑی محققانہ بحث کی ہے۔ انھیں کی عبارت نقل کرکے اس کا ترجمہ ہدیۂ ناظرین ہے۔

واما الغناء فانه من اللهو المهيج للقلوب عند اكثر العلماء منهم مالك بن انس وليس فى القرآن ولا فى السنة دليل على تحريمه اما فى الحديث الصحيح اباحته وهو الحديث ان ابا بكر دخل على عائشة وعندها جاريتان من جواريات الانصار تغنيان بما تقاولت الانصار به يوم بعاث فقال ابوبكر امزمار الشيطان فى بيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال رسول الله دعهما يا ابا بكر فانه يوم عيد. فلو كان الغناء حراما ما كان فى بيت رسول الله وقد انكره ابوبكر بظاهر الحال فاقره النبى صلى الله عليه وسلم بفعل الرخصة والرفق بالخليقة فى اجمام القلوب اذ ليس جميعها يحمل الجد دائما وتعليل النبى صلى الله عليه وسلم بانه يوم عيد يدل على كراهية دوامه ورخصته فى الاسباب كالعيد والعرس وقدوم الغائب ونحو ذلك من المجتمعات التى تؤلف بين المفترقين والمفترقات عادة وكل حديث يروى فى التحريم وآية تتلى فيه فانه باطل سندا باطل معتمدا خبرا وتاويلا۔

(احکام القرآن جزء اول، لابی بکر ابن العربی)

ترجمہ:۔ اکثر علماء کے نزدیک جن میں حضرت امام مالکؒ بھی ہیں، غناء ایک ایسا لہو ہے جو دلوں میں ہیجان پیدا کرتا ہے۔ اور قرآن وسنت میں اس کی حرمت پر کوئی دلیل نہیں۔ بلکہ اس صحیح حدیث سے اس کا مباح ہونا ثابت ہوتا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ ایک روز حضرت عائشہؓ کے ہاں تشریف لے گئے ان کے پاس انصار کی دو لڑکیاں وہ اشعار گا رہی تھیں جو انصار نے جنگ

الَّذِينَ فَسَقُوٓا أَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۳۳﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ

فسق و فجور کرتے ہیں کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے ۵۵ (اے حبیب) آپ پوچھیے کیا تمھارے معبودوں میں کوئی ہے

مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهٗ ۚ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهٗ

جو آغاز آفرینش بھی کرے پھر (فنا کے بعد) اسے لوٹا بھی دے ۵۶ آپ ہی فرمایئے اللہ ہی آفرینش کی ابتدا بھی کرتا ہے اور (فنا کے بعد)

بعاث کے بارے میں کہے تھے حضرت صدیق نے (غصہ سے) فرمایا حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا کاشانۂ اقدس اور اس میں شیطان کے آلات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ سنا تو فرمایا۔ اے ابوبکر! انھیں گانے دو۔ کیونکہ آج عید کا دن ہے۔ اگر غنا حرام ہوتا تو اس کا گزر حضور کے گھر کیونکر ہوتا۔ حضرت ابوبکرؓ نے تو اسے بند کرنا چاہا۔ لیکن نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے رخصت دی اور لوگوں سے نرمی فرمائی تاکہ وہ اس سے اپنے دلوں کو بہلا سکیں۔ کیونکہ ہر شخص ہر وقت ایسے زہد اور ایسی پابندی کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ حضور کے اس ارشاد سے کہ آج عید کا دن ہے انھیں گانے سے نہ روکو' یہ ثابت ہوتا ہے کہ ہر وقت غنا سننا مکروہ ہے بلکہ خاص خاص تقریبات مثلاً عید، شادی، کسی مسافر کی واپسی وغیرہ مواقع پر اس کی رخصت ہے اور غناء کی حرمت پر جو دلائل پیش کیے جاتے ہیں وہ سند کے اعتبار سے یا معنی کے اعتبار سے قابل التفات نہیں ہیں"۔

۵۵ تم سے پہلے جن کوتاہ اندیشوں اور بدنصیبوں نے حق کو چھوڑ کر باطل کا ساتھ دیا اور فرمانبرداری اور تقویٰ کے بجائے فسق و فجور کو اپنا شعار بنایا۔ ہم نے ان سے ہدایت قبول کرنے کی صلاحیت سلب کرلی اور ان کی آنکھوں کو نور حق دیکھنے کی قوت سے محروم کردیا۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ تمھاری ان مسلسل نافرمانیوں اور پیہم گستاخیوں کے باعث تم سے بھی حق کو سمجھنے اور اسے قبول کرنے کی استعداد چھین لی جائے اور تم باطل کے گھپ اندھیروں میں ہی ٹکریں مارتے مارتے دم توڑ دو۔

۵۶ بتوں اور باطل خداؤں کے پجاریوں سے ایک اور سوال پوچھا جارہا ہے کہ یہ بتاؤ اس عالم ہست و بود کو پیدا کس نے کیا اور قیامت کے روز کون انھیں دوبارہ زندہ کرکے میدان حشر میں لا کھڑا کرے گا؟ کیا تمھارے یہ معبود ان میں سے کسی بات پر قادر ہیں؟ کیا آسمان کا سائبان انھوں نے تانا ہے؟ چمکتے ہوئے دمکتے ہوئے ان گنت تارے انھوں نے اس کی بساط پر ٹانکے ہیں۔ یہ سب کچھ تو ان بتوں کے گھڑے جانے سے لاکھوں سال پہلے موجود تھا۔ پھر یہ ان کی پیداوار کیسے ہوئے۔ کیا پیدا کرنے والا پیدا کی جانے والی چیز سے خود بعد میں پیدا ہوتا ہے۔ کیا یہ زمین کا فرش انھوں نے بچھایا ہے۔ کیا اس پر فلک بوس پہاڑ انھوں نے کھڑے کیے ہیں۔ کیا پانی اور خشکی کی آفرینش میں ان کا کوئی حصہ ہے۔ ہرگز نہیں۔ تو پھر یہ بت کائنات کے خالق کیونکر ہوگئے۔ تو جب اس ہیبت اور پُرعظمت جہان کو پیدا کرنے پر وہ قادر ہے تو اسے دوبارہ زندہ کرنے کی بھی وہ قدرت رکھتا ہے اور تمھارے یہ معبود جن کو تم خدا مانتے ہو اور خدا مان کر ان کی پوجا کرتے ہو یہ جب خلق و بعث دونوں میں سے کسی پر قادر نہیں تو پھر خالق حقیقی اور خدائے برحق کے سوا کسی کو خدا کیوں مانا جائے اور اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت کیوں کی جائے؟ کیونکہ سوال قیامت سے بھی ہو رہا

فَأَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٣٤﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ؕ

ایسے لوٹانا بھی ہے۔ پس (ہوش کرو) تم کدھر پھیرے جاتے ہو۔ آپ پوچھیے کیا تمھارے معبودوں میں سے کوئی حق کی طرف رہنمائی کر سکتا ہے ؟[53]

قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ

(خود ہی جواب) فرمایئے اللہ ہی حق کی طرف رہنمائی فرماتا ہے تو کیا جو راہ دکھائے حق کی وہ زیادہ مستحق ہے کہ اس کی پیروی کی جائے

اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٥﴾

یا وہ جو خود ہی راہ نہ پائے مگر یہ کہ اس کی رہنمائی کی جائے۔ (اے مشرکین!) تمھیں کیا ہو گیا؟ تم کیسے غلط فیصلے کرتے ہو۔

وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ

اور نہیں پیروی کرتے ان میں سے اکثر مگر محض وہم و گمان کی بلاشبہ وہم و گمان بے نیاز نہیں کر سکتا حق سے ذرہ بھر۔[54]

ہے اور قیامت کے وہ قائل نہ تھے اس لیے جواب دینے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرمایا۔ قُلِ اللّٰهُ۔

[53] چلو یہ تو تم نے بھی مان لیا کہ تمھارے ان معبودوں کا تخلیقِ کائنات اور احوالِ کائنات میں کوئی عمل دخل نہیں بھلا یہ بتاؤ کہ کیا ان کے پاس کوئی پیغامِ ہدایت ہے جس کی روشنی تمھاری زندگی کی شاہراہ کو جگمگا دے اور تم ٹھوکریں کھانے سے بچ جاؤ کیا ان کے پاس کوئی ایسا منشور ہے جو تمھاری انفرادی اور اجتماعی ترقی کا ضامن ہو۔ کیا ان کے پاس کوئی ایسا ضابطۂ اخلاق ہے جو تمھارے اعمال میں اخلاص اور نکھار پیدا کر دے اور تمھاری تمدنی اور معاشرتی سرگرمیوں کو عدل و انصاف کا آئینہ دار بنا دے۔ جب اس معاملہ میں بھی وہ صفر ہیں تو پھر ان کو خدا سمجھنا اور ان کی عبادت کرنا کتنی بڑی حماقت ہے۔ خدا کی ذات تو وہ ہے جو رشد و ہدایت کا منبع ہے۔ ہدایت کا نور جس رنگ اور جس صورت میں بھی جلوہ طراز ہے وہ اس کی عنایت ہے وہی حق و صداقت کی طرف رہنمائی کرتا ہے وہی حق و باطل میں تمیز کرنے والی فہم و دانش دیتا ہے۔ وہی اپنے جلیل القدر انبیا مبعوث فرما کر دعوتِ حق دیتا ہے اور روشن معجزات سے حق کو واضح کرتا ہے اور وہی حق کو قبول کرنے کی توفیق مرحمت فرماتا ہے اس لیے وہی سب کا خدا اور وہی سب کا معبود ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی چیز ایسی نہیں جسے خدا بنایا جا سکے۔ قل اللہ یھدی للحق : ای بنصب الدلائل وارسال الرسل و التوفیق الی النظر الصحیح وخلق الهدایة۔

[54] لفظ ظن عربی زبان میں مختلف معانی میں استعمال ہوتا ہے۔ صاحب تاج العروس نے لفظ ظن کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے : وفی البصائر وقد ورد الظن فی القرآن مجملا علی اربعة اوجه بمعنی الیقین وبمعنی الشک وبمعنی التهمة وبمعنی الحسبان۔

إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۞ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ

بیشک اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں ۵۹ اور نہیں ہے یہ قرآن کہ

ترجمہ:۔ بصائر (لغت کی ایک معتبر کتاب) میں ہے کہ قرآن کریم میں لفظ ظن چار معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ اور وہ معانی یہ ہیں:۔ یقین، شک، تہمت اور وہم و گمان۔

اس آیت میں ظن کا لفظ اپنے آخری معنی حسبان (یعنی وہم و گمان) میں مستعمل ہوا ہے۔ امام زمخشری نے لکھا ہے الظن، الوہم والخیال یعنی یہاں ظن کا معنی وہم و گمان ہے۔ منکرین حدیث نے اس لفظ سے بڑا غلط فائدہ اٹھانے کی کوشش کی ہے۔ وہ بڑی شد و مد سے کہتے ہیں کہ علماء اصول نے تصریح کی ہے کہ خبر واحد (حدیث کی ایک قسم) سے ظن حاصل ہوتا ہے اور ظن کے اتباع سے قرآن نے سختی سے منع کیا ہے اور اسے کفار و مشرکین کا شیوہ بتایا ہے کہ وہ ظن کی پیروی کرتے ہیں تو قرآن کی ان تصریحات سے صاف صاف معلوم ہوا کہ ظن کا اتباع جائز نہیں اور خبر واحد کیونکہ ظن کا فائدہ دیتی ہے اس لیے اس کا اتباع کرنا منشاء خداوندی کے خلاف ہے۔ اس لیے وہ احادیث جو خبر واحد ہیں اور بیشتر وہ احادیث جن سے احکام مستنبط ہوتے ہیں وہ خبر واحد ہیں اس لیے وہ ساقط الاعتبار ہوں گی اور واجب العمل نہ ہوں گی۔

اس لیے جاننا چاہیے کہ علماء اصول نے ظن کو ایک مخصوص معنی میں استعمال کیا ہے اور قرآن نے جس ظن کے اتباع سے روکا ہے وہ ظن کا چوتھا معنی ہے۔ اس لیے ہم جس ظن کی پیروی کرتے ہیں وہ اور ہے۔ ہر جگہ ظن کا ایک معنی مراد لینا قرآن کریم کے ساتھ بے انصافی اور عربی لغت کے ساتھ ظلم عظیم ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے حال زار پر رحم فرمائے اور ایسی غلط فہمیوں سے بچائے جو شریعت کی بنیادوں کو متزلزل کرنے کا باعث ہوں (اس کی مزید تفصیل کے لیے احقر کی تالیف سنت خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صفحات ۱۸۶ تا ۲۰۰ ملاحظہ ہوں)

۵۹؎ یہاں انہیں سرزنش کی جارہی ہے کہ یہ مت سمجھو کہ تمہاری کارستانیوں کی کسی کو خبر نہیں۔ اور تم جو کچھ کرتے ہو اس پر کوئی محاسبہ نہ ہوگا۔ خوب کان کھول کر سن لو کہ تمہاری ہر حرکت پر علیم و خبیر خدا آگاہ ہے اور وہ تمہیں تمہارے کرتوتوں کی پوری پوری سزا دے گا۔ وعيد على الاعراض عن الحجج العقلية والنقلية اتباعا للظن والتقليد۔ (مظہری)

۶۰؎ عقیدۂ توحید کے بعد جس چیز پر انہیں زیادہ اعتراض تھا وہ یہ تھی کہ قرآن مجید جو حضور نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم انہیں پڑھ کر سناتے ہیں وہ کسی انسان کا کلام نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے' وہ اس بات کو تسلیم کرنے کے لیے ہرگز تیار نہ تھے۔ یہ ان کے فہم و ادراک سے بالاتر تھی کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی بندے پر کوئی کلام نازل ہوتا ہے۔ اس ہٹ دھرمی کے باوجود قرآن کریم کی فصاحت و بلاغت سے انہیں انکار نہ تھا۔ بلکہ دل ہی دل میں وہ اس سے حد درجہ متاثر اور مرعوب تھے۔ قرآن کی اس حیرت انگیز تاثیر کی کیا وجہ ہے؟ اس کا ان کے پاس کوئی جواب نہ تھا کبھی وہ اسے جادو کہتے، کبھی حضور پر الزام لگاتے کہ انہوں نے خود گھڑا ہے اور ناحق اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کر دی ہے تاکہ لوگ ان کے معتقد بن جائیں۔ کبھی کہتے

يُفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ

گھڑ لیا گیا ہو اللہ تعالیٰ (کی وحی) کے بغیر، بلکہ یہ تو تصدیق کرنے والا ہے اس (وحی) کی جو اس سے پہلے نازل ہو چکی ہے

وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٧﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

اور الکتاب کی تفصیل ہے ذرہ شک نہیں اس میں کہ یہ رب العٰلمین کی طرف سے (اتری) ہے کیا یہ کافر کہتے ہیں کہ اس

افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ

نے خود گھڑ لیا ہے اسے۔ آپ فرمائیے پھر تم بھی لے آؤ ایک سورت اس جیسی اور (امداد کیلئے) بلا لو جن کو تم بلا سکتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٨﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا

اللہ تعالیٰ کے علاوہ ٦٥ اگر تم (اپنے الزام میں) سچے ہو بلکہ انھوں نے جھٹلایا اس چیز کو ٦٦ جسے وہ پوری طرح نہ

کہ نہیں خود تو نہیں گھڑا کیونکہ اُمّی ہیں لیکن فلاں آدمی ان کو سکھاتا ہے۔ ایک مجرم کی طرح اپنے جرم پر پردہ ڈالنے کے لیے ہر قسم کی بہتان تراشیاں اور حیلہ سازیاں کرتے لیکن قرآن کا دل ہلا دینے والا اسلوب انھیں کسی موقف پر جمنے نہ دیتا۔ اس لیے انھیں بار بار اپنا پینترا بدلنا پڑتا۔ یہاں بھی ان کے ایک الزام کا جواب دیا جا رہا ہے وہ کہتے ہیں کہ اس کو انسان نے گھڑا ہے اور ناحق اس کی نسبت ذاتِ خداوندی کی طرف کر دی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ذرا سوچو اور انصاف سے بتاؤ کہ قرآن حکیم کے ان پاکیزہ اور پیارے پیارے کلمات کے نازک آبگینوں میں حقائق و معارف کی جو شرابِ طہور چھلک رہی ہے۔ اس کی آیات میں رشد و ہدایت کا جو نور چمک رہا ہے کیا یہ کسی انسان کا کارنامہ ہو سکتا ہے۔ یہ کتاب تو پہلی آسمانی کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے اور ان علوم کا آئینہ ہے جو لوحِ محفوظ میں مرقوم ہیں۔ کیا عقل اجازت دیتی ہے کہ ایسی کتاب کو افترا و بہتان کہا جائے۔

٦٥ یہاں ان کو چیلنج دیا جا رہا ہے کہ اگر تمہارا یہ کہنا درست ہے کہ یہ کسی انسان کا کلام ہے اور ناحق اس کی نسبت خداوند تعالیٰ کی طرف کر دی گئی ہے تم بھی بڑے زبان آور، لغز بیان، قادر الکلام شعرا اور خطبا ہو۔ اس قسم کی ایک سورۃ تو بنا کر پیش کرو۔ اور اگر تم اکیلے اکیلے ایک سورۃ نہیں بنا سکتے تو اذنِ عام ہے جس کو چاہو بلا لو۔ سر جوڑ کر بیٹھو، پورے غور و فکر اور باہمی صلاح مشورے سے ایک سورۃ اس جیسی بنا دو۔ لیکن انھیں سانپ سونگھ گیا اور انھیں ہمت نہ ہوئی کہ کوئی جواب دے سکیں۔ قرآن کریم کا یہ چیلنج آج بھی موجود ہے اور دشمنانِ اسلام کو للکار للکار کر کہہ رہا ہے کہ اگر یہ کلام الٰہی نہیں بلکہ کسی انسان کا کلام ہے تو تم اس کے مقابلہ میں زیادہ نہیں تو ایک سورۃ ہی پیش کرو۔

٦٦ یعنی قرآن کریم کے متعلق ان کا یہ معاندانہ رویہ اور اس کو کلام الٰہی ماننے سے انکار کسی تحقیق و تفحص اور غور و فکر کا نتیجہ نہیں کہ انھوں

بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

جان سکے اور نہیں آیا ان کے پاس اس کا انجام ۶۲ اسی طرح (بے علمی سے) جھٹلایا انھوں نے جو ان سے پہلے تھے

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ

پھر دیکھ لو کیسا انجام ہوا ظالموں کا ۶۳ اور ان میں سے کچھ ایمان لائیں گے اس پر

وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَاِنْ

اور ان میں سے کچھ ایمان نہیں لائیں گے اس پر اور آپ کا رب خوب جانتا ہے مفسدوں کو اور اگر وہ

ع ۱۰

نے قرآن کو پڑھا ہو اس میں غور و فکر کیا ہو اس کو عقل سلیم کے میزان میں تولا ہو اور پھر وہ اس نتیجہ پر پہنچے ہوں کہ اس میں فلاں فلاں عیوب اور خامیاں موجود ہیں اس لیے یہ کلام الٰہی نہیں ہو سکتا۔ بلکہ ان کے انکار کی وجہ یہ ہے کہ انھوں نے قرآنی معارف پر آگاہی ہی حاصل نہیں کی۔ انھوں نے علم و دانش کے اس بحر بیکراں میں غوطہ ہی نہیں لگایا۔ اور اس میں غور و فکر کرنے کی زحمت ہی نہیں اٹھائی اگر وہ اس میں غور و فکر کرتے اور اگر وہ قرآن کے آئینہ میں منعکس ہونے والے حسن حقیقی کا ایک جلوہ ہی دیکھ لیتے تو ہزار جان سے اس پر قربان ہو جاتے۔

۶۲ اس انکار کی دوسری وجہ یہ ہے کہ قرآن نے نیکوں کے لیے جس اجر و ثواب کا وعدہ کیا ہے اور نافرمانوں کو جس عذاب الیم کی دھمکی دی اور مستقبل میں وقوع پذیر ہونے والے جن واقعات کی خبر دی ہے وہ ابھی تک پردۂ غیب میں مستور ہیں۔ ابھی ان کا وقوع نہیں ہوا۔ وہ ان وعدوں، وعیدوں اور پیشین گوئیوں کو خالی دھمکیاں ہی تصور کر رہے ہیں۔ وہ یہ نہیں سمجھتے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کے ظہور کے لیے ایک وقت مقرر کیا ہوا ہے۔ اس سے پہلے انھیں سوچنے اور حق کو قبول کرنے کی مہلت دی گئی ہے۔ عقلمندی کا تقاضا تو یہ ہے کہ وہ اسے تذبذب میں ضائع نہ کریں بلکہ اپنی اصلاح کی طرف متوجہ ہوں۔ جب فیصلہ کن عذاب کی گھڑی آپہنچے گی تو اس وقت ان کا آہ و فغاں کرنا بے سود ہوگا۔

۶۳ یعنی فرصت کے ان لمحوں کو پہلی قوموں نے بھی ضائع کر دیا۔ انھوں نے بھی اپنے انبیاء کی دعوت کو قبول نہ کیا۔ ان کے روشن معجزات کو دیکھا اور دیکھ کر آنکھیں بند کر لیں۔ وہ نادانی سے تباہ کن عذاب کے نزول کو ہی نبی کی صداقت کی کسوٹی سمجھتے رہے۔ اور فرصت کے لمحوں کو برباد کر دیا اور جب وہ عذاب آیا اور اس نے انھیں پیس کر رکھ دیا اس وقت ان کا اشک ندامت بہانا اور فریاد کرنا ان کے کسی کام نہ آسکا۔ اے مشرکین عرب! تم بھی نزول عذاب سے پہلے توبہ کر لو اور میرے محبوب کے دامن رحمت کو تھام لو، ورنہ تمھارا بھی وہی عبرتناک انجام ہوگا۔ جو پہلی نادان قوموں کا ہوا۔ اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین۔ آمین۔

كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ

آپ کو جھٹلائیں تو فرما دیجئے میرے لیے میرا عمل ۶۵ اور تمھارے لیے تمھارا عمل ۶۵ تم بری الذمہ ہو اس سے جو میں کرتا ہوں

وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ

اور میں بری الذمہ ہوں اس سے جو تم کرتے ہو اور ان میں سے کچھ (بظاہر) کان لگاتے ہیں آپ کی طرف ۶۶ تو کیا آپ

تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ۭ

سناتے ہیں بہروں کو خواہ وہ کچھ نہ سمجھتے ہوں اور ان میں سے کچھ (بظاہر) دیکھتے ہیں آپ کی طرف ۶۷

اَفَاَنْتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ

تو کیا آپ راہ دکھاتے ہیں اندھوں کو خواہ وہ کچھ نہ دیکھتے ہوں یقیناً اللہ تعالیٰ ظلم نہیں کرتا

النَّاسَ شَيْـًٔا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ

لوگوں پر ذرہ برابر ۶۸ لیکن لوگ ہی اپنے نفسوں پر ظلم کرتے ہیں۔ اور جس روز اللہ تعالیٰ جمع کریگا

۶۵ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے محبوب! تو نے اپنا فرض پوری طرح ادا کر دیا۔ اگر ان روشن معجزات اور واضح دلائل کے باوجود وہ حق کو قبول نہیں کرتے تو ان کی قسمت! آپ انھیں بتا دیجئے کہ میں اپنے اعمال کے لیے جوابدہ ہوں اور تم سے تمھارے اعمال کے بارے میں پرسش کی جائے گی۔ کسی کا بوجھ کسی پر نہیں لادا جائے گا۔

۶۶ حضور کریم جب قرآن حکیم کی تلاوت فرماتے یا کچھ وعظ و نصیحت کرتے تو کفار خوب کان لگا کر سنتے لیکن کیونکہ انھوں نے دل کے کانوں میں تعصب اور نفرت کی روئی ٹھونس رکھی تھی اس لیے وہ صدائے حق کو سننے سے قاصر تھے۔ ان کی مثال ایسے شخص کی سی تھی جو کانوں سے بہرا اور عقل سے کورا ہو۔ نہ وہ کچھ سن سکتا ہو اور نہ اشارات و قرائن سے مطلب پا سکتا ہو۔

۶۷ اسی طرح کفار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف بڑی ٹکٹکی لگا کر دیکھا کرتے لیکن نورِ حق انھیں دکھائی نہیں دیتا تھا کیونکہ ان کے دل کی آنکھیں اندھی اور بے نور تھیں! اور نورِ حق کو دیکھنا ان ظاہری آنکھوں کا کام نہیں بلکہ دیدۂ دل سے ہی اس کے جلوے دیکھے جا سکتے ہیں۔

۶۸ اگر کوئی ساری عمر بادیۂ ضلالت میں سرگرداں رہتا ہے تو اس محرومی کا باعث وہ خود ہے۔ ورنہ اللہ تعالیٰ نے تو اس کی ہدایت کے لیے سارے سامان مہیا فرما دیئے ہیں۔ انبیاء کرام کو مبعوث فرمایا۔ کتابیں نازل فرمائیں۔ اپنی قدرت کے انفسی اور آفاقی دلائل

كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ؕ قَدْ

انھیں (وہ خیال کرینگے) گویا وہ (دنیا میں) نہیں ٹھہرے مگر ایک گھڑی دن کی وہ پہچانیں گے ایک دوسرے کو (تب حقیقت کھلے گی کہ)

خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَاِمَّا

گھاٹے میں رہے وہ لوگ جنھوں نے جھٹلایا اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو اور وہ ہدایت یافتہ نہیں تھے اور خواہ ہم

نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

دکھا دیں آپ کو کچھ (عذاب) جس کا ہم نے وعدہ کیا ہے ان سے یا پہلے ہی ہم اٹھا لیں آپ کو ہر حالت میں ہماری طرف

ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا

ہی انھیں لوٹنا ہے پھر اللہ تعالیٰ گواہ ہے اس پر جو وہ کرتے ہیں اور ہر قوم کے لیے ایک رسول ہے پس جب آیا

جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَ

ان کا رسول (اور انھوں نے اس کو جھٹلایا تو) فیصلہ کر دیا گیا ان کے درمیان انصاف کے ساتھ اور ان پر ظلم نہیں کیا جاتا اور

بازارِ ہستی کے کونہ کونہ میں سجا دیئے پھر بھی جو شخص اتباعِ حق کی بجائے اپنے نفسِ امارہ کی اطاعت کرتا ہے اسے اپنی محرومیوں پر اپنے آپ کو ہی ملامت کرنا چاہیے۔

یعنی آج جس دنیوی زندگی پر یہ فریفتہ ہیں اور جس کی لذتوں میں اتنے مگن ہیں کہ وہ اس کی بے ثباتی کی طرف توجہ ہی نہیں کرتے۔ جب قیامت کا دن آئیگا اس وقت ان کی آنکھ کھلے گی۔ اس وقت انھیں معلوم ہوگا کہ چند روزہ عیش و عشرت کے لیے انھوں نے اپنی ابدی زندگی کو آلام کی آماجگاہ بنا دیا ہے۔ ہائے وہ زندگی کتنی ناپائدار تھی جس کی عشوہ طرازیوں پر وہ فریفتہ تھے۔

اس دن وہ ایک دوسرے کو پہچانیں گے لیکن بجائے خوش ہونے کے ہر ایک اپنی گمراہی کا الزام دوسرے پر تھوپ رہا ہوگا۔

اس سے معلوم ہوا کہ کرۂ ارضی پر جہاں کہیں نسلِ آدم آباد تھی وہاں وحی کا نور اور ہدایت کی روشنی دے کر اللہ تعالیٰ نے کسی نہ کسی نبی یا رسول کو ضرور مبعوث فرمایا۔

اللہ تعالیٰ کی توحید اور حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت پر بے شمار دلیلیں ان کے سامنے پیش کی گئیں لیکن ان کی بگڑی ہوئی طبیعتیں اور مسخ شدہ ذہنیتیں ان سے متاثر نہ ہوئیں۔ انھوں نے ایک ہی رٹ لگا رکھی تھی کہ جس عذاب کی آپ

يَقُولُونَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ لَّآ أَمْلِكُ

وہ کہتے ہیں کب پورا ہوگا یہ (عذاب کا) وعدہ اگر تم سچے ہو۔ آپ کہیے نہیں مالک ہوں

لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا إِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ إِذَا جَآءَ

میں اپنے آپ کے لیے ضرر کا اور نہ نفع کا۔ مگر جتنا چاہے اللہ تعالیٰ [۵۳] ہر قوم کے لیے میعاد مقرر ہے جب آئے گی اُن کی

ہمیں دھمکیاں دیا کرتے ہیں وہ کیوں نہیں اُترتا۔ گویا انھوں نے قسم اٹھا رکھی تھی کہ جب تک قہر الٰہی کی بجلی ان کی زندگی کے خرمن کو جلا کر خاکستر نہ کردے وہ دعوتِ حق کو قبول نہیں کریں گے۔ اس انسان کی بدبختی کا آپ کیا اندازہ لگا سکتے ہیں جو ساری عمر فسق و فجور میں مبتلا رہا۔ اس کو اس کے ہولناک انجام سے بار بار آگاہ کیا گیا لیکن اس کی چشم ہوش فقط اس وقت کھلی جب موت کے فرشتے نے اس کی رگِ حیات کاٹ ڈالی اور رجعت کا دروازہ اس کے لیے بند کردیا گیا۔

[۵۳] کفار بار بار حضور سے پوچھتے کہ وہ عذاب کب آئے گا؟ آپ اسے جلدی کیوں نہیں منگا لیتے۔ ہم تو آپ کو ستانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رہے۔ اگر آپ کچھ کر سکتے ہیں تو ہمیں تہس نہس کردیجیے۔ انھیں کیا خبر تھی کہ جس ذات پاک کے ساتھ وہ الجھ رہے ہیں اس نے تو اپنی مشیت اور اپنی مرضی کو اپنے خالق و مالک کی مشیت کے تابع کیا ہوا ہے۔ یہاں تو اذنِ الٰہی کے بغیر نہ قدم اٹھتا ہے اور نہ زبان کھلتی ہے۔ جہاں تسلیم و رضا کا یہ عالم ہو وہاں تمہارے طعن و تشنیع کے ان تیروں کا کیا اثر ہو سکتا ہے۔ کفار کی ایسی بیہودہ سرائی کا مسکت جواب دینے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ فرمانے کا حکم دیا قل لا املک الخ یعنی آپ اعلان فرما دیجیے کہ میں تو اپنی ذات کے لیے بھی نفع و نقصان پہنچانے کا کوئی اختیار نہیں رکھتا۔ بجز اس کے جو اختیار اور جو قدرت میرے رب نے مجھے عطا فرمائی ہے تو میں اس کی مرضی کے بغیر تم پر عذاب کیسے اتار سکتا ہوں۔ چنانچہ امام ابن جریر طبریؒ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: لا املک لنفسي ایها القوم لا اقدر لها علی ضر ولا نفع في دنیا ولا دین الا ما شاء اللّٰه ان املکه فاجلبه الیها باذنه۔

کیا انسان کو کچھ قدرت اور اختیار دیا گیا ہے یا نہیں۔ اس کے متعلق علامہ سید محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ (صاحب روح المعانی) مختلف فرقوں کی آرا پیش کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ جبریہ کا یہ مذہب ہے کہ انسان مجبورِ محض اور بالکل بے اختیار ہے۔ اس میں کوئی قدرت نہیں۔ معتزلہ کہتے ہیں کہ انسان مؤثر قدرت کا مالک ہے۔ اللہ تعالیٰ چاہے یا نہ چاہے انسان اپنی مرضی اور اختیار سے کر سکتا ہے۔ اور اشاعرہ کا خیال ہے کہ انسان کو قدرت و اختیار حاصل ہے لیکن وہ مؤثر نہیں یعنی کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے میں اس کی قدرت کو کوئی دخل نہیں اور اہلِ حق کا مسلک یہ ہے کہ انسان کے پاس اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا اختیار اور بخشی ہوئی قدرت ہے اور یہی عطا فرمودہ قدرت و اختیار کسی کام کے ہونے اور نہ ہونے میں مؤثر ہے۔ نعم استدل بها بعض من یری رای السلف من ان للعبد قدرة موثرة باذن اللّٰه تعالٰی لا انه لیس له قدرة اصلا کما یقوله الجبریة ولا ان له قدرة لکنها غیر موثرة کما هو المشهور عن الاشاعرة ولا ان له قدرة موثرة ان شاء اللّٰه تعالٰی وان لم یشاء کما هو رای المعتزلة۔
(روح المعانی)

تحقیق لکھنے کے بعد فرماتے ہیں: المعنی لا اقدر علی شیئ من الضر والنفع الا ما شاء اللہ تعالیٰ ان اقدر علیہ منہما فانی اقدر علیہ بمشیتہ سبحانہ۔ (روح المعانی)

یعنی اس آیت کا معنی یہ ہے کہ میں کسی قسم کا ضرر اور نقصان نہیں پہنچا سکتا مگر جتنی قدرت اور اختیار میرے رب نے مجھے عطا فرمایا ہے اتنا ہی میں کسی کو ضرر اور نفع پہنچا سکتا ہوں۔

آیت کا مقصد تو تھا کفار کی یاوہ گوئیوں کو ختم کرنا اور یار لوگوں نے اس آیت کی آڑ لے کر حضور رحمۃ للعلمین شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے فضائل وکمالات کا انکار کرنا شروع کر دیا اور ایسی اناپ شناپ باتیں کرنے لگے جن سے دین ودانش دونوں شرمندگی محسوس کرتے ہیں۔ کہ حضور کچھ نہیں دیتے۔ حضور کچھ نہیں کر سکتے۔ بارگاہِ رسالت میں اپنے دکھوں دردوں کی فریاد کرنا شرک ہے وغیرہ وغیرہ والعیاذ باللہ۔ لا املک لنفسی ضرا ولا نفعا تو پڑھا لیکن اپنی کم نظری سے الا ما شاء اللہ کو لائق توجہ نہ سمجھا۔ یہاں نفی بھی ہے اور اثبات بھی۔ نفی ہے ذاتی طور پر با اختیار ہونے کی اور اثبات ہے اللہ تعالیٰ کے اذن اور عطا سے با اختیار ہونے کا۔ اگر کوئی یہ سمجھے کہ اللہ تعالیٰ نہ چاہے تب بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نفع یا نقصان پہنچا سکتے ہیں تو یہ شرک اور کفر ہے اور جو یہ کہے کہ اللہ تعالیٰ کے عطا فرمودہ اختیار سے بھی کچھ نہیں دے سکتے تو یہ صرف واقعہ کے خلاف ہی نہیں بلکہ شانِ مصطفوی کا بھی انکار ہے اور اللہ تعالیٰ کی صفت جود وعطا کا بھی انکار ہے۔ خدارا غور فرمائیے جب اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو رحمۃ للعالمین کا تاج بخشا تو کیا اس کی کوئی حقیقت بھی تھی یا محض شاعرانہ مبالغہ آرائی اور تصنع وتکلف کا مظاہرہ تھا؟ استغفر اللہ! نہیں نہیں یہ ارشاد مبنی بر حقیقت تھا ایسی روشن حقیقت جس پر کوئی ہزار پردہ ڈالنا چاہے وہ چھپ نہیں سکتی۔ اللہ تعالیٰ نے خود جا بجا ان فیوض وبرکات کا ذکر فرمایا جن کا سرچشمہ ذات پاک مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ واجمل الثنا کو بنایا گیا ہے۔ چند ایک آپ بھی ملاحظہ فرمائیے اور اپنے قلب ودماغ کو نورِ ایمان سے منور کیجیے۔ ارشاد خداوندی ہے: وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ۔

میرا محبوب مسلمانوں کو کتاب وحکمت سکھاتا ہے اور ان کے دلوں کو ہر گرد وغبار سے پاک کرتا ہے۔

دوسری جگہ فرمانِ الٰہی ہے:۔

الٓرٰ كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِ رَبِّهِمْ۔

(اے محبوب!) یہ کتاب ہم نے آپ کی طرف اس لیے نازل کی ہے کہ آپ لوگوں کو ہر قسم کے اندھیروں سے نکال کر ہدایت تک پہنچائیں ان کے پروردگار کے اذن سے۔

سورۂ توبہ کے اختتام پر اپنے محبوب کی شان رفیع اور شفقت عمیم کا ذکر ان پیارے کلمات میں فرمایا۔

عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ۔

یعنی میرے محبوب رسول پر ہر وہ چیز جو تمہیں مشقت میں ڈالے بڑی گراں گزرتی ہے۔ وہ تمہاری بھلائی پر بڑے حریص ہیں۔ مسلمانوں پر بڑے مشفق اور رحم فرمانے والے ہیں۔

اگر یہ آیات طیبات ان لوگوں کے نزدیک کوئی معنی اپنے اندر رکھتی ہیں تو وہ انہیں بار بار پڑھیں عظمت مصطفوی کے

اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ قُلْ

مقرر میعاد تو نہ وہ پیچھے رہ سکیں گے ایک لمحہ اور نہ آگے بڑھ سکیں گے ۴۳ آپ فرمایئے

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ

(اے منکرو!) ذرا غور تو کرو اگر آجائے تم پر اس کا عذاب راتوں رات یا دن دہاڑے (تو تم کیا کرلو گے) کس چیز کا جلدی مطالبہ کر رہے

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۰﴾ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْئٰنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ

ہیں اس سے مجرم۔ کیا جب عذاب نازل ہو جائیگا تب ایمان لاؤ گے اس پر ۴۵ (فرشتے انھیں کہیں گے) اب (آنکھیں کھلیں) (حالانکہ) تم تو

متعلق ان کے شبہات دور ہو جائیں گے اور ان کے دل کی دنیا کو یقین کا آفتاب منور کر دے گا اور اگر ان کے نزدیک (نعوذ باللہ) یہ ایسی آیات ہیں جن کا کوئی مفہوم نہیں ہے تو پھر وہ اپنی بدبختی پر جتنا ماتم کریں کم ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت و جلالت کا ظہور تو قیامت کے دن ہی ہوگا۔ روئے رحمۃ للعالمینی کی وسعت کا صحیح اندازہ اس وقت ہی لگایا جا سکے گا۔ سب انسان در در کی ٹھوکریں کھانے کے بعد جب درِ ختم المرسلین پر حاضر ہو کر شفاعت کے لیے التجا کریں گے تو حضور دوسرے انبیاء کرام کی طرح نفسی نفسی نہیں فرمائیں گے۔ بلکہ ارشاد ہوگا اَنَا لَهَا، اَنَا لَهَا (ہاں میں شفاعت کے لیے آمادہ ہوں، میں شفاعت کے لیے آمادہ ہوں) پھر عرشِ الٰہی کے سامنے حاضر ہو کر سجود ہو جائیں گے اور تسبیح و تہلیل میں مشغول ہونگے اس وقت عرشِ عزت و جلال پر نزول اجلال فرمانے والے خداوند ذوالجلال کی طرف سے آواز آئے گی یا مُحَمَّدُ اِرْفَعْ رَأْسَكَ اِشْفَعْ تُشَفَّعْ اِسْأَلْ تُعْطَ ، اے سراپا حمد و ستائش! سرِ مبارک اٹھاؤ۔ آپ شفاعت کرتے جائیں میں شفاعت قبول کرتا جاؤں گا آپ مانگتے جائیں میں اپنی رحمت و مغفرت کے خزانے لٹاتا جاؤں گا۔ (بخاری و مسلم)

اسلام تو یہ ہے کہ انسان عقیدۂ توحید پر بھی غبار نہ آنے دے اور شانِ رسالت سے بھی آنکھیں بند نہ کرے۔ توحید کے گیت گاتا ہوا عظمتِ حبیبِ کبریا کا پرچم لہراتا ہوا ذوق و شوق کی وادی کو طے کرتا ہوا آگے بڑھتا چلا جائے۔ اگر توحید میں فرق آگیا تو مشرک ہو گیا اور اگر دانستہ بدبختی سے حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خداداد شان کا انکار کیا تو گمراہ ہو گیا۔ الٰہی اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی چشم مازاغ کے طفیل اور مقام دنی فتدلی کے صدقے ہمیں راہِ ہدایت پر ثابت قدم رکھ۔ فاطر السموات والارض انت ولی فی الدنیا والاٰخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین آمین یا رب العالمین۔

(سورۃ الاعراف کی آیت نمبر ۱۸۸ کا حاشیہ بھی ملاحظہ فرمائیں)

۴۳ تمہاری جلد بازی سے اللہ تعالیٰ اپنے فیصلے نہیں بدلتا جب وہ وقت آئے گا جو تم پر عذاب نازل کرنے کے لیے مقرر کیا گیا ہے تو اس کو کوئی روک نہیں سکے گا۔

تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ

اس عذاب کے لیے بڑی جلدی مچا رہے تھے پھر کہا جائیگا ظالموں سے کہ چکھو (اب) دائمی عذاب (کا مزہ)

هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَنْۢبِئُوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ

کیا تمھیں بدلہ دیا جائے گا بجز اس کے جو تم کمایا کرتے تھے اور وہ دریافت کرتے ہیں آپ سے کیا واقعی سچ ہے؟

قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ۭ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَلَوْ اَنَّ

آپ فرمائیے ہاں! بخدا یہ سچ ہے ۵۲ اور تم (اللہ تعالیٰ کو) عاجز کرنے والے نہیں ہو اور اگر

لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ۭ وَاَسَرُّوا

ہر ظالم شخص کے لیے روئے زمین کی دولت ہو تو بھی ۵۳ وہ ساری دولت بطور فدیہ دیدے۔ اور وہ ظالم دل ہی

النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ

دل میں چھپانے لگے جب دیکھا انھوں نے عذاب کو ۵۴ اور فیصلہ کر دیا گیا ان کے درمیان انصاف سے اور ان پر

۵۱ اس وقت اگر تم ایمان لے بھی آؤ گے تو وہ ایمان مقبول نہیں ہوگا۔

۵۲ عذاب کے بارے میں بار بار پوچھتے ہیں کہ کیا واقعی آئے گا یا یہ محض خالی دھمکیاں ہیں جن کی کوئی حقیقت نہیں۔ آپ فرمائیے کہ میں خدا کی قسم کھا کر تمھیں بتاتا ہوں کہ یہ دھمکیاں نہیں بلکہ حقیقت ہے جس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔

۵۳ یعنی کفار آج تو مال و دولت پر پروانہ وار نثار ہو رہے ہیں اپنی عزت، اپنی سلامتی اور اپنے عیش و آرام کو اسی سے وابستہ سمجھ رہے ہیں لیکن کل جب بہ بارگاہ خداوند ذوالجلال میں حاضر کیے جائیں گے اور ان کے گناہوں کا بوجھ ان کی گردن پر لاد دیا جائے گا دوزخ کے شعلے ان کی طرف لپک رہے ہوں گے اس وقت ان کی یہ خواہش ہوگی کہ کاش ان سے یہ سب کچھ لے لیا جائے اور ان کی جان بخشی کر دی جائے لیکن اس وقت ان کی خواہش پوری نہیں کی جائے گی۔ تو کیا یہ بہتر نہیں کہ آج جب کہ در رحمت باز ہے اور تھوڑی سی کوشش سے اللہ تعالیٰ کو راضی کیا جا سکتا ہے تو کیوں نہ اس موقع کو غنیمت سمجھا جائے اور اپنے رب کریم کو راضی کر لیا جائے۔ دنیا کی متاع قلیل کی خاطر جو ضرورت اور مشکل کے وقت کھوٹا سکہ ثابت ہوگی اپنے مولائے کریم کو ناراض کر لینا آخر کہاں کی دانشمندی ہے۔

۵۴ ندامت کہتے ہیں اس حسرت کو جو کسی چیز کے وقوع پذیر ہونے یا نہ ہونے سے دل میں پیدا ہوتی ہے الندامۃ: الحسرۃ

لَا يُظْلَمُوْنَ ۝٥٤ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِنَّ

ظلم نہیں کیا جائے گا ۝ سن لو! بیشک اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ۝ سن لو! یقیناً

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٥٥ هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ

اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے۔ وہی زندگی بخشتا ہے اور وہی مارتا ہے

وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝٥٦ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ

اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے اے لوگو! آگئی ہے تمہارے پاس نصیحت ۝ تمہارے پروردگار کی طرف سے

رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝٥٧

اور (آگئی ہے) شفا ان (روگوں) کے لیے جو سینوں میں ہیں اور (آگئی ہے) ہدایت اور رحمت اہل ایمان کے لیے۔

(وقوع شیئی او فوت شیئی) (القرطبی) بتایا جا رہا ہے کہ روز محشر جب خوفناک حقیقت سے پردہ اٹھے گا تو ان کے دل کانپ اٹھیں گے لیکن ابتدا میں ظاہرداری سے کام لیتے ہوئے وہ ضبط و تحمل سے کام لیں گے اور کوشش کریں گے کہ ان کا حزن و ملال ظاہر نہ ہونے پائے لیکن جب انہیں بھڑکتے ہوئے شعلوں میں پھینک دیا جائے گا تو اس وقت یارائے صبر نہ رہے گا اور چیخنے اور چلانے لگیں گے۔ ابوعبیدہ نے کہا ہے اَسَرَّ کا معنی اَظْهَرَ ہے۔ اور یہ اضداد سے ہے یعنی وہ برملا اظہار ندامت کریں گے کیونکہ قیامت کا دن تکلف و تصنع کا دن نہیں ہوگا۔

۝ کفار و فجار کی ساری نافرمانیوں کے باوجود ان پر زیادتی نہیں کی جائے گی بلکہ ان کے بارے میں جو فیصلہ ہوگا وہ عدل و انصاف پر مبنی ہوگا۔

۝ آغاز کلام میں اَلَا تنبیہ کی غرض سے ذکر کیا جاتا ہے تاکہ مخاطب کے دل و دماغ کو جھنجوڑا جائے تاکہ وہ پورے غور سے متکلم کی بات کو سنے۔

بتانا یہ ہے کہ جب زمین و آسمان کی ہر چیز اس کی ہے تو اس نے انعامات و احسانات کے جو وعدے اپنے نیک اور فرماں بردار بندوں کے لیے کیے ہیں وہ ان کو پورا کرے گا اور بدکاروں اور نابکاروں کو عذاب کی جو وعید دی ہے وہ ضرور ہو کر رہے گی۔ کوئی ایسا وعدہ نہیں جس کا پورا کرنا اس کے بس میں نہ ہو۔ اور کوئی ایسی طاقت نہیں جو اسے عذاب دینے سے روک دے۔

۝ اس آیت طیبہ میں قرآن کریم کے فیوض و برکات کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ موعظت: بڑے اخلاص سے نہایت اثرانگیز پیرایہ میں کسی کو نیکی اور بھلائی کی یاد دہانی کو موعظت کہتے ہیں وقال الخلیل هو التذکیر بالخیر فیما یرق له القلب (مفردات) اس مفہوم کو پیش نظر

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا

(اے حبیب!) آپ فرمائیے یہ کتاب محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی رحمت سے نازل ہوئی ہے[٩٢] پس چاہیے کہ اسی پر خوشی منائیں[٩٣] یہ بہتر

يَجْمَعُوْنَ ﴿٥٨﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ

ہے ان تمام چیزوں سے جن کو وہ جمع کرتے ہیں[٩٤] آپ فرمائیے بھلا بتاؤ تو جو رزق اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے اتارا اسے[٩٥] بنا لیا تم نے

رکھتے ہوئے قرآن حکیم کی اس صفت کا جائزہ لیجیے۔ خیر خواہی اور خیر اندیشی کا بے لوث جذبہ ہر آیت میں آپ کو نظر آئے گا۔ جس کی اثر انگیزی کا یہ عالم ہے کہ اس نے صدیوں سے آغوشِ غفلت میں مدہوش ہونے والی قوم کو بیدار کر دیا۔ قرآن کی دوسری صفت یہ ہے کہ وہ سینوں کی لاعلاج اور پرانی بیماریوں کا کامیاب علاج ہے بغض و عناد، شک اور نفاق، حسد اور کینہ غرضیکہ ہر قسم کی مذموم صفات سے روح کو پاک کرتا ہے۔ تیسری صفت یہ ہے کہ یہ سراپا ہدایت ہے۔ حق و باطل کو نکھار کر پیش کرتا ہے کسی قسم کا التباس نہیں رہتا اور حق کا متلاشی راہِ ہدایت کو اپنے سامنے منور اور ہموار پاتا ہے۔ چوتھی صفت یہ ہے کہ وہ پیکرِ رحمت ہے۔ جس کتاب مقدس کا لانے والا رحمۃ للعٰلمین ہو اس کتاب کے رحمتِ مجسم ہونے میں کسے شبہ ہو سکتا ہے۔

[٩٢] حضرت ابو سعید خدری اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے منقول ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے مراد قرآن اور اس کی رحمت سے مراد دینِ اسلام ہے۔ دوسری روایت میں ہے کہ فضل سے مراد قرآن اور رحمت سے مراد یہ ہے کہ اس نے ہمیں صاحبِ قرآن بنایا۔ قال ابو سعید الخدری و ابن عباس فضل الله القرآن و رحمته الاسلام و عنهما فضل الله القرآن و رحمته ان جعلكم من اهله (قرطبی)

[٩٣] ذلک کا مشار الیہ فضل اور رحمت دو ہیں چاہیے تو یہ تھا کہ ذلکما ہوتا لیکن علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ اہلِ عرب ذلک (اسم) کو واحد تثنیہ جمع سب کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ العرب تاتی بذلک للواحد والاثنین والجمع۔

[٩٤] لوگ دنیوی جاہ و جلال اور مال و منال کے حصول کے بڑے خواہاں ہوتے ہیں اور شب و روز اسی ادھیڑ بن میں رہتے ہیں کہ زیادہ دولت کیسے کمائی جائے۔ بتایا جا رہا ہے کہ جو نعمت انھیں قرآن کی شکل میں بخشی جا رہی ہے وہ ان تمام چیزوں سے بدرجہا بہتر ہے جن کو جمع کرنے کے لیے وہ سرگرداں رہتے ہیں حصولِ نعمت پر اظہارِ مسرت حکمِ الٰہی ہے۔ بہرحال کی دولت نعمتِ عظمیٰ ہے۔ اس پر جتنی خوشی کی جائے کم ہے۔

[٩٥] عہدِ جاہلیت میں اہلِ عرب کی معاشی، معاشرتی، اخلاقی، مذہبی اور سیاسی زندگی ان رسوم و رواج کی پابند تھی جو انھوں نے خود یا ان کے بڑوں نے وضع کیے تھے لیکن اس کے باوجود وہ انھیں احکامِ خداوندی کہا کرتے تھے اور بڑی سختی سے ان کی پابندی کرتے اور جو شخص ان سے سرِمو انحراف کرتا اس کے خلاف ایک طوفان برپا کر دیتے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان کے لغو اور ضرر رساں رسم و رواج کی اصلاح کے لیے جب آواز بلند کی تو وہ برافروختہ ہو گئے۔ انھیں ان کی غلط روش پر سرزنش کی جا رہی ہے کہ تم اپنے خود ساختہ رسوم و قوانین کو اللہ کی طرف کیوں منسوب کر رہے ہو۔ کیا تمھیں شرم نہیں آتی جس چیز کو چاہتے ہو

مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَ

اس سے بعض کو حرام اور بعض کو حلال۔ آپ پوچھیے کیا اللہ تعالیٰ نے (ایسا کرنے کی) تمھیں اجازت دی ہے یا تم اللہ پر جھوٹ باندھ رہے ہو

مَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ

اور کیا گمان ہے ان لوگوں کا جو افترا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ پر جھوٹا کہ قیامت کے دن ان کا کیا حال ہوگا۔ بیشک

اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَمَا

اللہ تعالیٰ فضل و کرم فرماتا ہے لوگوں پر ؎ لیکن اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے۔ اور نہیں

تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ

ہوتے آپ کسی حال میں ؎ اور نہ آپ تلاوت کرتے ہیں اس حال میں کچھ قرآن اور (اے لوگو!) نہ تم کچھ عمل کرتے ہو ؎

حلال بنا دیتے ہو اور جس کو چاہتے ہو حرام جس بات کو چاہتے ہو جائز کر دیتے ہو اور جس کو چاہتے ہو ناجائز۔ یہ حق آخر تمھیں کس نے دیا ہے۔ ہر چیز کا مالک تو اللہ تعالیٰ ہے اور تم اس کے بندے ہو۔ پھر یہ بات تمھیں زیب دیتی ہے کہ اس کے بندے ہو کر اس کی چیزوں میں اس کی اجازت کے بغیر تصرف کرتے رہو۔ ہرگز نہیں۔

؎ اللہ تعالیٰ نے تو اپنے بندوں پر انعامات و احسانات کے دروازے کھولے ہوئے ہیں۔ ان کی آفرینش ان کی بقا اور ان کی نشو و نما کے لیے تمام ضروری چیزوں کو فراہم کرنا۔ پھر نور عقل و نور وحی اور بعثت رسل و انبیاء سے ہدایت کی راہ کو روشن کرنا یہ سب اس کی عنایات ہی تو ہیں۔ ہم سے خطا ہوتی ہے وہ بخش دیتا ہے۔ ہم نافرمانی کرتے ہیں تو وہ توبہ قبول فرماتا ہے۔ ہم اس کی نعمتوں کا صحیح طور پر شکریہ ادا نہیں کرتے پھر بھی اس کی نعمتوں کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ اس کی نعمتوں کا کوئی شمار نہیں لیکن اس کریم و رحیم مولا کی مہربانیوں کا شکر یہ ادا کرنے کی طرف بہت کم لوگ متوجہ ہوتے ہیں۔

؎ اللہ تعالیٰ کے علم کے بارے میں طرح طرح کی غلط فہمیاں پھیلی ہوئی تھیں جن میں صرف عوام کالانعام ہی مبتلا نہ تھے۔ بلکہ وہ لوگ جو اپنے آپ کو دانشور اور اہل نظر کہلاتے تھے وہ بھی ان کا شکار تھے۔ ارسطو جیسے اقلیم علم و فلسفہ کا تاجور کہا جاتا ہے اس نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ اللہ تعالیٰ کو صرف اپنی ذات کا علم ہے کائنات کی کسی چیز کے متعلق وہ کچھ نہیں جانتا اور دلیل بھی خوب پیش کی کہا کیونکہ اس کی ذات اعلیٰ و اکمل ہے اور کائنات کی ہر چیز اس کے مقابلہ میں ناقص اور ادنیٰ ہے اس لیے ادنیٰ اور ناقص اشیاء کا جاننا اس کے شایان شان نہیں۔ اس نے اتنا بھی نہ سوچا کہ اگر اس کا یہ قاعدہ تسلیم کر لیا جائے تو پھر انسان کو بھی اپنے سے فروتر اشیاء حیوانات، اشجار وغیرہ کا علم نہیں ہونا چاہیے۔ کیونکہ یہ سب اشیاء بلا شبہ انسان سے فروتر ہیں۔ اسی طرح ابن سینا نے یہ کہہ دیا کہ اللہ تعالیٰ کو بطریقہ کلیہ تمام اشیاء کا علم ہے۔

عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا يَعْزُبُ

مگر ہر حال میں ہم تم پر گواہ ہوتے ہیں جب بھی تم شروع ہوتے ہو کسی کام میں اور نہیں چھپا ہوتا

عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَلَآ

آپ کے رب سے ذرہ برابر بھی زمین میں اور نہ آسمان میں اور نہیں

تفصیلات جزئیہ کے متعلق ذات باری کو کچھ پتہ نہیں بعض کا خیال ہے کہ اس کا علم قدیم ہے یعنی تخلیق کائنات سے پہلے اس نے ہر چیز کو جان لیا بعض کہتے ہیں کہ اسے پہلے ہر چیز کا تفصیلی علم نہیں تھا بلکہ جیسے جیسے کوئی چیز معرض وجود میں آتی جاتی ہے تو اس وقت وہ اسے جانتا ہے۔ ان تمام شبہات کا اس آیت میں رد کر دیا کہ ہر فعل جو کسی سے صادر ہوتا ہے وہ اس کو دیکھ رہا ہوتا ہے۔ زمین و آسمان کی وسعتیں، بلندیاں اور پستیوں میں بڑی سے بڑی، چھوٹی سے چھوٹی جو چیز بھی ہے اللہ تعالیٰ سے مخفی نہیں۔ وہ سب کو اپنے اپنے مقام پر اپنے اپنے حال اور مآل کے اعتبار سے پہلے بھی جانتا تھا اور اب بھی جان رہا ہے۔ تخلیق کائنات سے پہلے ہی وہ ہر چیز کو جانتا تھا اور کتاب مبین (لوح محفوظ) میں اسے درج کر دیا گیا تھا۔

تحقیق لغوی: شان ہر فعل کو نہیں کہا جاتا بلکہ اس کا اطلاق صرف اہم اور عظیم کاموں پر ہوتا ہے یہ اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ اے محبوب! تم سے جو فعل بھی صادر ہو رہا ہے خواہ اس کا تعلق عبادت و تبلیغ سے ہو یا عام نجی مشاغل سے وہ اپنے اندر جمال و کمال رکھتا ہے کیونکہ اس کی نسبت تیری ذات ستودہ صفات سے ہے اس لیے وہ عظیم و اہم ہے اور سب کے لیے اسوۂ حسنہ ہے۔ ماتتلوا منه من قرآن میں دو مِنْ مذکور ہیں۔ پہلے مِنْ سے متصل ضمیر کا مرجع شان ہے ابوالبقاء نے اس مِنْ کو اجلیہ کہا ہے۔ اب مطلب یہ ہوگا کہ جو عظیم و اہم کام آپ کر رہے ہیں اور اس کے ثبوت اور تقویت کے لیے جو آیات قرآنی آپ پڑھتے ہیں انھیں ہم خوب جانتے ہیں۔ دوسرا مِنْ زائدہ ہے اور قرآن مفعول بہ ہے۔

۵۸ پہلے روئے سخن فخر نوع انسان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف تھا اور انھیں بتایا گیا کہ تبلیغ حق کے لیے جو جدوجہد آپ کر رہے ہیں۔ اس کے لیے جو تکالیف آپ برداشت کر رہے ہیں۔ اپنے پرسوز اور اثر انگیز لہجہ میں آپ جس طرح آیات قرآنی انھیں پڑھ کر سناتے اور سمجھاتے ہیں، یہ سب ہماری نظروں میں ہے۔

ولا تعملون سے خطاب تمام انسانوں کو ہے کہ تمہارا کوئی عمل اور کوئی کام ہم سے پنہاں نہیں۔ اسلام اور داعی اسلام کے خلاف تمہاری ریشہ دوانیاں اور سازشیں جو تم بڑی رازداری سے اپنی مخصوص محفلوں میں کرتے ہو وہ بھی ہم پر عیاں ہیں۔ والخطاب اولاً خاص برأس النوع الانسانی وسید المخاطبین صلی اللہ علیہ وسلم وهذا عام ویشمل سائر العباد (روح المعانی)

۵۹ صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ زمین سے مراد پستی اور آسمان سے مراد بلندی ہے یعنی ان دونوں سمتوں میں جو کچھ ہے اللہ تعالیٰ سب کو جانتا ہے۔ یا اس سے مراد دائرہ امکان و وجود ہے۔ کیونکہ عرف عام میں دائرہ امکان و وجود میں پائی جانے والی ہر چیز کو فی الارض

اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۱﴾ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ

کوئی چھوٹی چیز اس ذرہ سے اور نہ بڑی مگر وہ روشن کتاب (لوح محفوظ) میں ہے سنو! بے شک اولیاء

اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا

اللہ کو نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے ۹ے یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور (عمر بھر)

والسماء کے الفاظ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ای فی جھتی السفل والعلو او فی دائرتی الوجود والامکان لان العامة لا تعرف سواھما ممکنا لیس فیھما ولا متعلق بھما۔ (روح المعانی)

کتاب مبین : لوح محفوظ

ف۹ یوں تو تمام مفسرین نے اپنے اپنے ذوق اور استعداد کے مطابق اس آیت کی تفسیر کی ہے لیکن حق یہ ہے کہ عارف باللہ علامہ مولانا ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کے بیان میں جتنی دلکشی، شیرینی اور جامعیت ہے اس کا جواب نہیں اس لیے میں انہی کی خوشہ چینی کرتے ہوئے چند حقائق ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں۔ ولی کی لغوی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں :۔

قاموس میں ہے الوَلْيُ القرب والدنو۔ یعنی وَلْيٌ کا معنی قرب اور نزدیکی ہے۔ وَلِيٌّ اس سے اسم ہے۔ اس کا معنی ہے قریب، محب، صدیق اور مددگار۔ وفی القاموس الوَلْيُ القرب والدنو الوَلِيُّ اسم منه بمعنی القریب والمحب والصدیق والنصیر۔ پھر فرماتے ہیں کہ قرب کی دو قسمیں ہیں ایک وہ قرب جو ہر انسان بلکہ کائنات کے ذرہ ذرہ کو اپنے خالق سے ہے اور اگر یہ قرب نہ ہو تو کوئی چیز موجود نہ ہو سکے۔ نحن اقرب الیه من حبل الورید (ہم شہ رگ سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں) میں اسی قرب کی طرف اشارہ ہے۔ دوسرا قرب وہ ہے جو صرف خاص بندوں کو میسر ہے۔ اسے قرب محبت کہتے ہیں۔ قرب کی ان دو قسموں میں نام کے اشتراک کے سوا کوئی وجہ اشتراک نہیں۔ قرب محبت کے بے شمار درجے ہیں ایک سے ایک بلند ایک سے ایک اعلیٰ۔ ایمان شرط اول ہے۔ دولت ایمان سے مشرف ہونے کے بعد اہل عزم وہمت ترقی کے مختلف درجات طے کرتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں یہاں تک کہ اس بلند مقام پر فائز ہو جاتے ہیں جس کی وضاحت حضور رحمت عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یوں بیان فرمائی۔ لا یزال العبد یتقرب الی بالنوافل حتی احببته فاذا احببته کنت سمعه الذی یسمع به وبصره الذی یبصر به رواہ البخاری عن ابی ھریرۃ۔

ترجمہ : اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ بندہ نفلی عبادات سے میرے قریب ہوتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں اور جب میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں تو میں ہی اس کے کان ہو جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے اور میں ہی اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔ (رواہ البخاری)

اور اس قرب محبت کا سب سے بلند اور ارفع مقام وہ ہے جہاں محبوب رب العلمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فائز ہیں حضور کا طائر ہمت

جہاں محوِ پرواز ہے ان رفعتوں کو کوئی بیان نہیں کر سکتا بجز اس ذات بے ہمتا کے جس نے اپنے محبوب بندے کو یہ ہمتیں اور حوصلے ارزانی فرمائے۔ واعلی درجاتہ نصیب الانبیاء ونصیب سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ولہ صلی اللہ علیہ وسلم ترقیات لاتتناھی الی ابد آلابدین۔ (مظہری)

صوفیائے کرام کی اصطلاح میں "ولی" اس کو کہتے ہیں جس کا دل ذکرِ الٰہی میں مستغرق رہے۔ شب و روز وہ تسبیح و تہلیل میں مصروف ہو۔ اس کا دل محبتِ الٰہی سے لبریز ہو اور کسی غیر کی وہاں گنجائش تک نہ ہو۔ وہ اگر کسی سے محبت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے لیے، اگر کسی سے نفرت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے لیے۔ یہی وہ مقام ہے جسے "فنافی اللہ" کا مقام کہتے ہیں۔ الولی فی اصطلاح الصوفیہ من کان قلبہ مستغرقا فی ذکر اللہ یسبحون اللیل والنہار لایفترون ممتلیا بحب اللہ تعالیٰ لایسع فیہ غیرہ ولو کانوا آباءھم او ابناءھم او اخوانھم او عشیرتھم فلا یحب احدا الا للہ ولا یبغض الا للہ الخ (مظہری)

مرتبۂ ولایت پر فائز ہونے کے اسباب کا ذکر کرتے ہوئے علامہ موصوف فرماتے ہیں کہ مرتبۂ ولایت کے حصول کی یہی صورت ہے کہ بالواسطہ یا بلاواسطہ آئینۂ دل پر آفتابِ رسالت کے انوار کا انعکاس ہونے لگے۔ اور پرتوِ جمالِ محمدی علی صاحبہ اجمل الصلوات واطیب التسلیمات قلب و روح کو منور کر دے اور یہ نعمت انھیں کو بخشی جاتی ہے جو بارگاہِ رسالت میں یا حضور کے نائبین یعنی اولیاءِ امت کی صحبت میں بکثرت حاضر رہیں۔

مسنون طریقہ سے کثرتِ ذکر اس نسبت کو قوی کرتی ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشادِ گرامی ہے۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل شیئ صقالۃ القلب ذکر اللہ۔ (رواہ البیہقی) ہر چیز کے زنگ کو دور کرنے کے لیے کوئی نہ کوئی چیز ہوتی ہے۔ دل کا زنگ ذکر اللہ سے دور ہوتا ہے۔

انھیں نفوسِ قدسیہ کی صحبت و ہم نشینی کے متعلق احادیثِ طیبہ میں بار بار ترغیب اور شوق دلایا گیا ہے چنانچہ ائمہ حدیث حضرات مالک، احمد، طبرانی وغیرہم نے حضرت معاذ بن جبل سے روایت کی ہے قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول قال اللہ تعالیٰ وجبت محبتی للمتحابین فی والمتجالسین فی والمتزاورین فی والمتباذلین فی یعنی میں نے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ان لوگوں سے میں ضرور محبت کرتا ہوں جو آپس میں میری وجہ سے پیار و محبت کرتے ہیں میری رضاجوئی کے لیے ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں اور میری خوشنودی کے لیے خرچ کرتے ہیں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی یارسول اللہ کیف تقول فی رجل احب قوما ولم یلحق بھم قال المرء مع من احب (متفق علیہ) اے اللہ کے پیارے رسول! اس شخص کے بارے میں حضور کیا ارشاد فرماتے ہیں جو ایک قوم سے محبت کرتا ہے لیکن عمل و تقویٰ میں ان کے برابر نہیں، فرمایا ہر شخص کی سنگت اس کے ساتھ ہوگی جس سے وہ محبت کرتا ہے۔

علامہ موصوف فرماتے ہیں، پھر اولیاء اللہ کی دو قسمیں ہیں ایک وہ ہیں جو طالب اور مرید ہیں۔ دوسرے وہ ہیں جو مطلوب اور مراد ہیں ایسے وہ ہیں جو محب ہیں، ایک وہ ہیں جنھیں محبوبیت کی خلعتِ فاخرہ سے سرفراز کیا گیا ہے سابقہ احادیث میں جن اولیا کا ذکر ہوا وہ طالب

اور مریدین اور جو طالب و مراد ہیں جو مقصود و محبوب ہیں ان کے احوال کا بیان اس حدیث میں ہے جو امام مسلم نے اپنی صحیح میں اور دیگر علماء حدیث نے اپنی اپنی کتب احادیث میں روایت کی ہے۔

عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ اذا احب عبدا دعا جبرئیل فقال انی احب فلانا فاحبہ قال فیحبہ جبریل ثم ینادی فی السماء فیقول ان اللہ یحب فلانا فاحبوہ فیحبہ اھل السماء ثم یوضع لہ القبول فی الارض واذا ابغض عبدا دعا جبرئیل فیقول انی ابغض فلانا فابغضہ قال فیبغضہ جبرئیل ثم ینادی فی اھل السماء ان اللہ یبغض فلانا فابغضوہ قال فیبغضونہ ثم یوضع لہ البغضاء فی الارض۔

یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو جبریل کو بلاتا ہے اور فرماتا ہے اے جبرئیل! میں اپنے فلاں بندے سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر پس جبرئیل بھی اس سے محبت کرنے لگتا ہے۔ پھر وہ آسمان میں منادی کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فلاں بندے سے محبت کرتا ہے تم بھی اس سے محبت کرو پھر سب اہل آسمان اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر زمین میں اس کی مقبولیت کا چرچا ہو جاتا ہے (اور لوگ اس کے گرویدہ ہو جاتے ہیں) اسی طرح جس کو اللہ تعالیٰ ناپسند فرماتا ہے تو جبرئیل کو بھی اسے ناپسند کرنے کا حکم ملتا ہے پھر جبرئیل آسمان میں اس کے مبغوض اور ناپسند ہونے کی منادی کرتے ہیں۔ آسمان والے اس سے بغض کرنے لگتے ہیں۔ پھر زمین میں اس کے متعلق نفرت و بغض کا جذبہ بڑھنے لگتا ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ آلہ وسلم نے ان علامات اور خصوصیات کا ذکر بھی فرمایا جن سے ان مخزن خیرات و برکات ہستیوں کو پہچانا جا سکتا ہے۔ چنانچہ علامہ موصوف نے چند احادیث ذکر کی ہیں جو ہدیۂ ناظرین ہیں:۔

۱۔ حضور علیہ الصلوٰۃ سے پوچھا گیا من اولیاء اللہ اولیاء اللہ کون ہیں۔ فرمایا الذین اذا رءوا ذکر اللہ عز وجل وہ لوگ جن کے دیدار سے خدا یاد آجائے۔

۲۔ حضرت اسماء بنت یزید نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یوں گوہر افشانی کرتے ہوئے سنا اے حاضرین! کیا میں تمہیں ان لوگوں پر آگاہ نہ کروں جو تم سب سے بہتر ہیں۔ سب نے عرض کی بلی یا رسول اللہ! اے اللہ کے رسول ضرور بتائیے تو حضور نے فرمایا اذا رءوا ذکر اللہ جب ان کی زیارت کی جائے تو اللہ یاد آجائے۔ کیونکہ ان کا دل وہ آئینہ ہے جس میں تجلیات الٰہیہ کا عکس پڑ رہا ہے اور جب کوئی چیز ایسے آئینہ کے مقابلہ میں رکھی جاتی ہے جس پر سورج کی کرنیں پڑ رہی ہوں تو وہ چیز بھی روشن ہو جاتی ہے بلکہ اگر آئینہ کا عکس روئی پر ڈالا جائے تو وہ جلنے لگتی ہے حالانکہ سورج کی کرنیں اگر بلا واسطہ پڑیں تو وہ نہیں جلتی اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ سورج سے دور ہے اور آئینے سے قریب۔

نیز اولیاء کرام میں دو قسم کی قوتیں ہوتی ہیں۔ اثر قبول کرنے کی اور اثر کرنے کی۔ پہلی قوت کی وجہ سے وہ بارگاہ الٰہی سے فیض و تجلی کو قبول کرتے ہیں اور دوسری قوت سے وہ ان ارواح و قلوب کو فیض پہنچاتے ہیں جن کا ان سے روحانی لگاؤ اور قلبی مناسبت ہوتی ہے اس لیے اگر کوئی شخص انکار اور تعصب سے پاک ہو کر ان کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے، تو وہ ان کے فیوض و برکات سے ضرور بہرہ مند ہوتا ہے۔

يَتَّقُوْنَ ؕ﴿۶۳﴾ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ؕ لَا

پرہیزگاری کرتے رہے انھیں کے لیے بشارت ہے دنیوی زندگی میں اور آخرت میں ۹۵ نہیں

یعنی جن کا ایمان اللہ تعالیٰ کی توحید حضور کریم کی رسالت قرآن کی حقانیت پر اتنا مستحکم ہوتا ہے کہ کوئی ابلیسی وسوسہ اندازی اور کوئی مصیبت اسے متزلزل نہیں کرسکتی اور ان کا ظاہر و باطن تقویٰ کے نور سے جگمگا رہا ہوتا ہے۔ ان تمام اعمال اور اخلاق سے ان کا دامن یکسر مبرا ہوتا ہے جو ان کے خالق کو ناپسند ہیں۔ شرک جلی، شرک خفی، اخفیٰ، حسد، کینہ، غرور، تکبر اور ریا و ہوس غرضیکہ تمام اخلاق ذمیمہ سے وہ پاک ہوتے ہیں۔ یہی تقویٰ کا وہ بلند مقام ہے جہاں جب انسان پہنچتا ہے تو اسے خلعت ولایت سے مشرف کیا جاتا ہے اور اس پیکر عجز و نیاز کو وہ سربلندی عطا کی جاتی ہے جسے نیاز رشک بھری نظروں سے دیکھتی ہے حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ قال رسول اللہ ان من عباد اللہ لاناسا ما ھم بانبیاء ولا شھداء یغبطھم الانبیاء والشھداء یوم القیامۃ بمکانھم من اللہ قالوا یا رسول اللہ اخبرنا من ھم۔ وما اعمالھم فلعلنا نحبھم قال ھم قوم تحابوا فی اللہ علی غیر ارحام بینھم ولا اموال یتعاطون بھا فواللہ ان وجوھھم لنور وانھم علی منابر من نور لا یخافون اذا خاف الناس ولا یحزنون اذا حزن الناس ثم قرأ الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون (قرطبی)

ترجمہ:۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ کے بندوں میں سے ایسے لوگ بھی ہیں جو نہ نبی ہیں اور نہ شہید لیکن قیامت کے دن قرب الٰہی کی وجہ سے انبیاء اور شہداء ان پر رشک کریں گے صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ہمیں بتائیے وہ کون ہیں۔ ان کے اعمال کیا ہیں تاکہ ہم ان لوگوں سے محبت کریں۔ فرمایا وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے لیے آپس میں محبت کرتے ہیں۔ نہ ان میں کوئی رشتہ ہے اور نہ مالی منفعت بخدا ان کے چہرے سراپا نور ہوں گے اور نور کے منبروں پر انھیں بٹھایا جائے گا۔ دوسرے لوگ خوفزدہ ہوں گے اور انھیں کوئی خوف نہ ہوگا۔ لوگ حزن و ملال میں مبتلا ہوں گے لیکن انھیں کوئی حزن و ملال نہ ہوگا۔ پھر حضور نے یہ آیت پڑھی۔

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون۔

عارف روم نے کیا خوب فرمایا ہے:۔

مگسل از پیغمبر ایام خویش ‏ تکیہ کم کن بر فن و بر گام خویش

اپنا تعلق رسول کریم سے مت توڑو اپنے علم و فن اور اپنے زور پر زیادہ بھروسہ نہ کرو۔

گرچہ شیری چوں روی رہ بے دلیل ‏ ہمچو روباہ در ضلال و ذلیل

تو شیر ہی کیوں نہ ہو اگر تو اس راہ پر رہنما کے بغیر چلے گا تو لومڑی کی طرح گمراہ اور ذلیل ہو جائے گا۔

ہیں مپر الا کہ با پرہائے شیخ ‏ تا ببینی عون و لشکرہائے شیخ

اپنے پیر و مرشد کے پروں کے بغیر اڑنے کی کوشش نہ کرو۔ تب تجھے اپنے مرشد کی مدد اور لشکر کا پتہ چلے گا۔

۹۵؎ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عہد مبارک میں یہ مژدہ حضور اپنی زبان حق ترجمان سے دیا کرتے تھے جس طرح متعدد صحابہ کرام کو حضور نے صراحۃً

تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٤﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ

بدلتیں اللہ تعالیٰ کی باتیں۔ ۹۲؎ یہی بڑی کامیابی ہے ۹۳؎ اور نہ غمزدہ کریں آپ کو

قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦٥﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ

ان کی باتیں ۹۴؎ یقیناً ساری عزت اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ وہ سب کچھ سننے والا ہر چیز جاننے والا ہے۔ خبردار بیشک اللہ کے

جنتی ہونے کی خوشخبری دی چنانچہ فرمایا۔ ابوبکر فی الجنۃ وعمر فی الجنۃ وعثمان فی الجنۃ وعلی فی الجنۃ والزبیر فی الجنۃ وعبدالرحمٰن بن عوف فی الجنۃ وسعد بن ابی وقاص فی الجنۃ وسعید بن زید فی الجنۃ وابوعبیدۃ بن الجراح فی الجنۃ (ترمذی) یعنی ان دس حضرات کے نام لےکر فرمایا کہ یہ جنتی ہیں یا حضرت صدیق اکبر کو خصوصی طور پر مژدہ سنایا اما انک یا ابابکر اول من یدخل الجنۃ من امتی (ابوداؤد) اے ابوبکر تم میری امت میں سے سب سے پہلے جنت میں داخل ہوگے یا حضرات حسنین کریمین کے متعلق فرمایا سیدا شباب اھل الجنۃ یہ دونوں جنتی جوانوں کے سردار ہیں۔ بیشمار صحیح احادیث ہیں جن میں حضور نے کثیر التعداد صحابہ کے نام لے لےکر خوشخبریاں دیں اور حضور نبی کریم کے بعد یہ خوشخبری کبھی عالم بیداری میں بذریعہ کشف اور حالتِ خواب میں بذریعہ رؤیا صالحہ دی جاتی ہے چنانچہ حضرت عبادۃ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔ سالت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم عن قولہ تعالیٰ لھم البشری قال ھی الرویا الصالحۃ یراھا المرء او تری لہ۔ میں نے اس آیت کے متعلق حضور سے دریافت کیا تو حضور نے فرمایا یہ سچا خواب ہے جو کوئی شخص خود دیکھتا ہے یا اس کے متعلق کسی اور کو دکھایا جاتا ہے۔ یا فرشتے آتے ہیں اور بالمشافہ ان کو ان بشارتوں سے شاد کام کرتے ہیں چنانچہ ارشاد خداوندی ہے۔ تتنزل علیھم الملئکۃ ان لا تخافوا ولا تحزنوا وابشروا بالجنۃ التی کنتم توعدون ۴۱: ۳۰

اب غور طلب امر یہ ہے کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ادنیٰ غلاموں کو ان کے نیک انجام اور مراتب عالیہ پر فائز ہونے کی خوشخبریوں سے خورسند کیا جاتا ہے اور انھیں اپنے مستقبل کے بارے میں مطمئن کرکے ہر خوف وحزن سے پاک کر دیا جاتا ہے تو یہ کتنی بڑی جسارت بلکہ گستاخی ہے کہ حضور پرنور شافع یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو نعوذ باللہ اپنے انجام کی خبر نہ تھی۔ اللہ تعالیٰ نور ایمان سے محروم نہ کرے ورنہ حضرتِ انسان بایں جبہ ودستار برسر منبر لوگوں کے سامنے اس قسم کی ہرزہ سرائی کرتے ہوئے دکھائی دیتا ہے۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

۹۲؎ یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے مقبول ولیوں کے ساتھ جن انعامات کے وعدے کیے ہیں اور جن بے پایاں عنایات اور نوازشات کی بشارتیں دی ہیں وہ قطعی ہیں۔ ان میں ردوبدل نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ ضرور اپنے مقبول بندوں کو ان نوازشات سے سرفراز فرمائے گا۔

۹۳؎ اس خوش نصیب کے طالع ارجمند کا کیا کہنا جس کا سفینۂ حیات جب ساحلِ موت پر لنگر انداز ہو تو خداوند ذوالجلال کے فرشتے مرحبا صد مرحبا کہتے ہوئے اس کا استقبال کریں۔ اور رضائے الٰہی کا تاجِ زرنگار اس کے سرِ نیاز پر رکھ دیں۔ مادی لذتوں میں مگن رہنے والوں اور فانی کامیابیوں کو اپنی زندگی کا منتہائے مقصود سمجھنے والوں کو کیا خبر کہ اس کامیابی میں کیا سرور ہے اور یہ کامیابی کتنی بڑی کامیابی ہے۔

مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ۗ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

ملک میں ہے جو کوئی آسمانوں میں ہے اور جو کوئی زمین میں ہے ۹۴ اور کس کی پیروی کر رہے ہیں جو لوگ پکار رہے ہیں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ۗ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا

اللہ تعالیٰ کے سوا (دوسرے) شریکوں کو ۹۵ نہیں پیروی کر رہے مگر وہم و گمان کی اور نہیں وہ مگر

يَخْرُصُوْنَ ﴿۶۶﴾ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ

اٹکلیں دوڑا رہے ہیں ۹۶ وہی ہے جس نے بنائی تمھارے لیے رات ۹۷ تاکہ تم آرام کرو اس میں اور روشن

مُبْصِرًا ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ

دن بنایا بیشک اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو (غور سے) سنتے ہیں انھوں نے کہا بنا لیا ہے اللہ تعالیٰ نے

۹۳ کفار کی ایذا رسانیوں میں آئے دن اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ کفر اپنی ساری طاقتوں کو یکجا کر کے اسلام پر بھرپور وار کرنے کے لیے پر تول رہا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مخلصانہ مساعی پر پھبتیاں کسی جا رہی ہیں۔ ظاہر بین نگاہیں سمجھنے لگی ہیں کہ عداوت و عناد کے ان بھڑکتے ہوئے شعلوں میں شجر اسلام کا برگ و بار لانا ممکن ہے۔ ان حالات میں اللہ تعالیٰ اپنے محبوب رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ان تسلی آمیز کلمات سے خطاب فرماتا ہے کہ اے حبیب! آپ رنجیدہ خاطر نہ ہوں اور کفار کی دلآزار گفتگو سے پریشان نہ ہوں۔ میں جو سب عزتوں اور سرفرازیوں کا واحد مالک ہوں تیرا مددگار ہوں۔

۹۴ یعنی جب زمین و آسمان کی ہر چیز اسی کی پیدا کی ہوئی ہے اور اسی کے قبضہ قدرت میں ہے تو کسی کو کیا مجال کہ الوہیت میں اس کی ہمسری کا اور ربوبیت میں شریک ہونے کا دعویٰ کر سکے۔

۹۵ اس 'ما' کے متعلق علمائے نحو کے تین اقوال ہیں:۔ (۱) ما نافیہ ہے (۲) ما استفہامیہ ہے (۳) ما موصولہ ہے۔ میں نے دوسرا قول پسند کیا ہے اور اسی کے مطابق آیت کا ترجمہ کیا ہے کیونکہ اکثر مفسرین نے اسی قول کو ترجیح دی ہے۔

۹۶ اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں: کل قول مقول عن ظن وتخمين يقال خرص سواء كان مطابقا للشيء او مخالفا له من حيث ان صاحبه لم يقله عن علم ولا غلبة ظن۔ ہر وہ قول جو محض ظن و تخمین سے کہا جائے اسے خرص کہتے ہیں خواہ وہ واقع کے مطابق ہو یا نہ ہو۔ اس کے بعد لکھتے ہیں کہ ایسے قول کے قائل کو کاذب بھی کہا جاتا ہے (مفردات) مقصد یہ ہے کہ ان کا بتوں کو اپنا معبود بنانا کسی عقلی دلیل پر مبنی نہیں اور نہ کسی رسول نے انھیں یہ تعلیم دی ہے۔ خدائے برحق کو چھوڑ کر ان کا بتوں کی پوجا میں لگ جانا محض ان کے وہم و گمان کی پیداوار ہے۔

۹۷ اللہ تعالیٰ کی ربوبیت اور اس کے علیم و حکیم اور سمیع و بصیر ہونے کی ناقابل تردید دلیل پیش کی جا رہی ہے۔

وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ الْغَنِيُّ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنْ

کسی کو بیٹا۔ وہ پاک ہے۹۹ وہ تو بے نیاز ہے۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ نہیں

عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۭ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾

تمہارے پاس کوئی دلیل اس (بے ہودہ بات) کی۔ کیا بہتان باندھتے ہو اللہ تعالیٰ پر جس کا تمہیں علم ہی نہیں۔

قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾ ؕ

آپ فرمائیے جو لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں وہ کامیاب نہیں ہو سکتے۔

مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ

(چند روزہ) لطف اندوزی ہے دنیا میں پھر ہماری طرف ہی انھیں لوٹنا ہے پھر ہم چکھائیں گے انھیں سخت عذاب

الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ ۧ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ

بوجہ اس کے کہ وہ کفر کیا کرتے تھے اور آپ پڑھ کر سنائیے انھیں نوح (علیہ السلام) کی خبر۔ جب انھوں نے

۹۹ کفار عرب کا یہ عقیدہ تھا کہ فرشتے (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں۔ اس کے رد کے لیے دو دلیلیں پیش فرمائی جا رہی ہیں۔ پہلی دلیل یہ ہے کہ وہ غنی ہے۔ یعنی وہ کسی کا محتاج نہیں اور کائنات کا ذرہ ذرہ اپنے وجود، اپنی نشو ونما اور اپنی بقا میں اس کا محتاج ہے۔ اولاد کی ضرورت تو اس لیے محسوس کی جاتی ہے کہ انسان خود کمزور ہے وہ چاہتا ہے کہ اس کی اولاد ہو تاکہ وہ طاقتور ہو جائے اور اپنے دشمنوں کو مغلوب کر سکے یا وہ فقیر و کنگال ہے وہ چاہتا ہے کہ اس کی اولاد ہو جو کسب رزق میں اس کی معاون ثابت ہو۔ یا انسان جب سوچتا ہو کہ ایک دن اسے یہاں سے رخت سفر باندھنا ہے تو اس کے دل میں اولاد کی خواہش پیدا ہوتی ہے جو مرنے کے بعد اس کے نام کو اور اس کی یاد کو زندہ رکھ سکے۔ اور جو ذات ہر قسم کے احتیاج اور ضرورت سے پاک ہے اس کو اولاد کی خواہش کیونکر ہو۔ دوسری دلیل لہ ما فی السمٰوٰت الخ سے دی کہ جب عالم ہست و بود کی ہر چھوٹی بڑی چیز اس کی پیدا کردہ ہے اور اس کی مملوک ہے تو وہ اس کی اولاد کیسے بن سکتی ہے۔

۱۰۰ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم عرصہ دراز سے اہل مکہ کو اسلام کی دعوت دے رہے تھے لیکن وہ اپنے کفر و شرک کے ساتھ ایسے چمٹے ہوئے تھے کہ حق کے اجالا کو دیکھنا ہی گوارا نہ تھا۔ پہلے انھیں عقلی اور وجدانی دلائل سے سمجھانے کی کوشش کی کہ اس ہٹ دھرمی کا انجام اچھا نہ ہوگا۔ مہلت کے یہ لمحے اگر تم نے ضائع کر دیئے تو غضب الٰہی کی آگ تمہیں جلا کر راکھ کا ڈھیر کر دے گی۔ اب انھیں انسانی تاریخ کے چند واقعات سنائے جا رہے ہیں تاکہ ان کا دل پسیجے اور وہ قبول حق کی طرف راغب ہوں۔ نیز اس میں اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو بھی

لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ

اپنی قوم سے کہا اے میری قوم! اگر گراں ہے تم پر میرا قیام [1] اور میرا پند و نصیحت کرنا اللہ تعالیٰ کی آیتوں

تسلی دی کہ آپ رنجیدہ خاطر نہ ہوں۔ آپکا رب آپ کے ساتھ ہے اور آپ ہی کامیاب و کامران ہوں گے۔

[1] حضرت نوح علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کی اس للکار میں جو تمکنت اور جلال ہے وہ بتا رہا ہے کہ اس مرد حق آگاہ کا سینہ نور یقین سے لبریز ہے۔ اسے اپنے رب کریم کی تائید و نصرت پر مکمل اعتماد ہے۔ اور اپنی کامیابی کے متعلق اسے ذرا سا بھی تردّد نہیں۔ کفار کی تعداد کثیر سہی ان کی قوت بے پناہ سہی اور ان کی عقل فتنہ اندیش کے بھڑکائے ہوئے الاؤ تند و تیز سہی لیکن پیغمبر کی نگاہ میں ان کی کوئی وقعت نہیں۔ چنانچہ آپ نے صاف صاف کہہ دیا کہ میری دعوت توحید اگر تمہیں ناپسند ہے تو ہوا کرے میں تو اس سے باز نہیں آؤں گا جب تک دم میں دم ہے اپنے مالک و خالق کی عظمت و کبریائی کے گیت گاتا ہی رہوں گا۔ اور حق و صداقت کا پرچم لہراتا ہی رہوں گا۔ تم ایسا کرو کہ سب اکٹھے ہو جاؤ اپنے شکاروں کو بھی بلا لو سب سر جوڑ کر بیٹھو۔ سوچو اور خوب سوچو خوب سوچ بچار کے بعد میرے خلاف کارروائی کرنے کا عزم مصمم کر لو تمہاری سکیم کا کوئی گوشہ ایسا نہ رہے جس پر تم نے اچھی طرح غور و فکر نہ کر لیا ہو اور اس کی کامیابی کے بارے میں پوری طرح مطمئن نہ ہو گئے ہو۔ جلدی کی ضرورت نہیں میں کہیں بھاگ کر چلا نہ جاؤں گا پھر سوچ لو۔ سب مل کر خوب غور و فکر سے جو سکیم تم میرے مٹانے کی بناؤ تو اب اس کو بروئے کار لانے میں میرا قطعاً کوئی لحاظ نہ کرو۔ پوری بربریت اور وحشت کے ساتھ یکبارگی مجھ پر ٹوٹ پڑو۔ پھر دیکھو انجام کیا ہوتا ہے۔ کیا ایک مرد حق آگاہ کی نگاہ خشمگیں کو برداشت کرنے کی تم میں تاب ہے؟ اس کا ایک نعرہ اللہ تمہارے مکر و فریب سارے قلعوں کو پیوند خاک کر دے گا اور تم اس کا بال بھی بیکا نہیں کر سکو گے۔ ذرا سوچو! اس بے سر و سامان کے پاس کونسی قوت تھی جس نے تمہاری طاقت و جبروت کو سرنگوں کر دیا؟ وہ تائید ربانی اور نصرت الٰہی تھی۔ تو جس انسان کو اپنے رب کی تائید و نصرت حاصل ہو اس کی اطاعت و فرمانبرداری کرنے میں ہی انسان کی فلاح و نجات ہے۔ جو اس سے ٹکرائیگا پاش پاش ہو جائیگا۔ سچ تو یہ ہے جب تک کسی داعی کو اپنی دعوت کی صداقت پر محکم یقین، اپنے رب کی تائید و نصرت پر مکمل اعتماد نہ ہو وہ کفر و باطل کی بپھری ہوئی اندھی قوت سے نبرد آزما نہیں ہو سکتا۔ ایک مبلغ کی قوت اور کامیابی کا راز اسی یقین اور اعتماد میں مضمر ہے اس آیت کو ایک مرتبہ پھر پڑھیے ان کان کبر الخ شرط ہے اور اکثر علماء کے نزدیک اس کی جزا فاجمعوا امرکم ہے اور فعلی اللہ توکلت جملہ معترضہ ہے وقال الآخرون الجواب فعلی اللہ توکلت جملۃ اعتراض بین الشرط والجزاء (بحر محیط) شرکاء کم کو منصوب پڑھا گیا ہے اگر فَاَجْمِعُوْا باب افعال سے امر ہو تو نحاس لغت و نحو کے مشہور امام نے شرکاءکم کو منصوب پڑھنے کی تین وجہیں لکھی ہیں:۔ (۱) مفعول ہے فعل محذوف کا یعنی وادعوا شرکاءکم (۲) معطوف علی المعنی ہے۔ (۳) مفعول معہ ہے اور "واؤ" "مع" کے معنی میں مستعمل ہے اور اگر فاجمعوا کو جمع سے امر بنایا جائے تو پھر شرکاءکم کو منصوب پڑھنے کی وجہ یہ ہے اس کا عطف امرکم پر ہے فاجمعوا امرکم واجمعوا شرکاءکم یہاں بھی اسے مفعول معہ بنایا جا سکتا ہے (قرطبی) لغوی تحقیق:۔ اجمعوا کا معنی ہے عزم مصمم کر لینا چنانچہ جب انسان کسی کام کا ارادہ کرتا ہے اور اس کو کرنے کا عزم مصمم کرتا ہے تو عرب کہتے ہیں اجمع الرجل الشیء، عزم علیہ ونواہ (بحر محیط)

اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ

سے پس (سن لو) میں نے اللہ تعالیٰ پر توکل کر لیا سو تم بھی کوئی متفقہ فیصلہ کر لو اپنے شریکوں سے مل کر۔ پھر نہ ہو تمہارا

اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿٧١﴾ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ

یہ فیصلہ تم پر مخفی پھر کر گزرو میرے ساتھ (جو جی میں آئے) اور مجھے مہلت نہ دو۔ بایں ہمہ اگر تم منہ موڑے

فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ

رہو تو نہیں طلب کیا میں نے تم سے کچھ اجر ۱۰۲ نہیں میرا اجر مگر اللہ کے ذمہ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ

اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي

میں ہو جاؤں مسلمانوں سے تو آپ کی قوم نے آپ کو جھٹلایا ۱۰۳ پس ہم نے نجات دی انھیں اور جو ان کے ساتھ

الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ

کشتی میں تھے اور ہم نے بنا دیا انھیں ان کا جانشین اور ہم نے غرق کر دیا جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا۔

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِهٖ

ذرا دیکھو کیسا انجام ہوا ان کا جنھیں ڈرایا گیا تھا۔ پھر ہم نے بھیجے نوح (علیہ السلام) کے بعد

۱۰۲۔ اگر تم میری دعوت کو قبول نہیں کرو گے تو اپنا ہی زیاں کرو گے میرا تو کچھ نہیں بگڑے گا۔ میں تم سے کسی چیز کا طلبگار نہیں۔ مجھے اجر دینے والا میرا رب ہے۔ اس کے خزانے بھرے ہوئے ہیں۔ اس کے در کا سائل اتنا غیور رہتا ہے کہ وہ کسی کے سامنے ہاتھ پھیلانا گوارا ہی نہیں کرتا۔

۱۰۳۔ یعنی اے کفارِ مکہ حضرت نوح نے اپنی قوم کو بہتیرا سمجھایا لیکن وہ باز نہ آئے۔ ان کا انجام یہ ہوا کہ طوفان آیا اور ان غرور و نخوت کے پیکروں کو خس و خاشاک کی طرح بہا لے گیا اور ان کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا۔ ہوش کرو! کہیں اس مسلسل نافرمانی اور انکارِ حق کی پاداش میں تمھیں بھی تباہ و برباد نہ کر دیا جائے۔

رُسُلًا اِلٰی قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِیُؤْمِنُوْا بِمَا

اور رسول ان کی قوموں کی طرف[74] پس وہ لائے ان کے پاس روشن دلیلیں تو وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے اس پر جسے وہ

كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰی قُلُوْبِ الْمُعْتَدِیْنَ ﴿۷۴﴾

جھٹلا چکے تھے پہلے۔ یونہی ہم مہر لگا دیتے ہیں سرکشوں کے دلوں پر۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰی وَ هٰرُوْنَ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۠ئِهٖ

پھر ہم نے بھیجا ان رسولوں کے بعد موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کو[75] فرعون اور اسکے درباریوں کی طرف

بِاٰیٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَ كَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِیْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ

اپنی نشانیوں کے ساتھ۔ تو فرعونیوں نے غرور و تکبر کیا[76] اور وہ مجرم لوگ تھے پھر جب آیا ان کے پاس حق

[74] حضرت نوح علیہ السلام کے بعد بھی حضرات انبیاء کرام کی آمد کا سلسلہ جاری رہا انھوں نے اپنی اپنی قوم کو پیغام حق سنایا اور اپنے پیغام کی صداقت کو دلائل و معجزات سے ثابت کیا۔ لیکن قوم نے ایک مرتبہ جس بات کو ماننے سے انکار کیا پھر اس کو ماننے سے انکار ہی کرتی رہی۔ کوئی قوی سے قوی دلیل بھی انھیں اپنی روش بدلنے پر آمادہ نہ کر سکی۔ ان کی اس پیہم سرکشی کے باعث حق پذیری کی جو صلاحیت ان میں رکھی گئی تھی وہ ضائع ہو گئی اور ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی۔ دوسرے لوگوں کی طرح ان میں بھی نور حق کو دیکھنے، آواز حق کو سننے اور دعوت حق کو سمجھنے اور قبول کرنے کی صلاحیتیں تھیں لیکن انھوں نے اپنی بداعمالیوں سے خود ہی انھیں ضائع کر دیا۔ معتدی اسے کہتے ہیں جو اپنے نفس کی خواہش کی تعمیل کرتے ہوئے حق و انصاف کی حدود سے تجاوز کر جائے۔ الاعتداء: معناه تجاوز حدود الحق والعدل اتباعا لهوى النفس وشهواتها۔ (المنار)

[75] رسولوں کی بعثت کا سلسلہ جاری رہا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا ایک جلیل المرتبت رسول حضرت موسیٰ اور ان کے بھائی حضرت ہارون علیہما السلام مبعوث ہوئے جن کے ذمہ دو اہم کام تھے۔ اپنی قوم بنی اسرائیل کو جو صدیوں سے مصر میں غلامانہ زندگی بسر کر رہی تھی آزاد کرانا اور فرعون کو جس نے اپنے خدا ہونے کا دعویٰ کر رکھا تھا اور اپنی رعایا کو اپنی پرستش کرنے کا حکم دے رکھا تھا اس کو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور یکتائی کا پیغام پہنچانا۔ یہ دونوں کام جتنے اہم تھے اتنے ہی مشکل اور دشوار بھی تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں عظیم معجزات سے نوازا تاکہ ان کی قوت سے ہر باطل کو سرنگوں کر سکیں اور ان کی روشنی سے شک و شبہ کے سارے اندھیروں کو دور کر سکیں جب آپ نے وہ معجزات دکھائے تو ان کو جادوگر کہا گیا۔ اس کا مفصل بیان سورۃ الاعراف کی آیات ۱۰۳ تا ۱۱۸ کے حواشی میں ملاحظہ فرمائیے۔

[76] یعنی دلائل و براہین کی روشنی نے حق کی حقانیت تو ان پر واضح کر دی تھی لیکن ازراہ نخوت وہ اسے قبول کرنے پر آمادہ نہ ہوئے۔ وہ

مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۶﴾ قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ

ہماری طرف سے تو انھوں نے کہہ دیا کہ یقیناً یہ کھلا جادو ہے ۱۰۷ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا (عقل کے اندھو) کیا

لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْٓا

تم کہتے ہو (ایسی بات) حق کے متعلق جب وہ تمہارے پاس آیا ۱۰۸ (سوچو!) کیا یہ جادو ہے؟ اور نہیں کامیاب ہوتے جادوگر کہنے لگے کیا تم

اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ

اس لیے آئے ہو ہمارے پاس تاکہ ہٹا دو ہمیں اس (دین) سے جس پر ہم نے پایا اپنے باپ دادا کو ۱۰۹ اور ہو جائے صرف تم دونوں کے لیے بڑائی

فِى الْاَرْضِ ؕ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِىْ

سرزمین (مصر) میں۔ اور ہم لوگ تو تم کو نہیں مانیں گے ۱۱۰ اور فرعون نے حکم دیا (فوراً) لے آؤ میرے پاس

عادی مجرم تھے جرم و گناہ کی محبت میں وہ گم تھے۔ سچائی اور نیکی سے انھیں خدا واسطے کا بیر تھا۔

۱۰۷ وہ کلیم اللہ کے معجزات کو بھی ساحرانہ شعبدہ بازی ہی سمجھتے اور اس فن میں تو انھیں کمال حاصل تھا! اس لیے وہ کسی ساحر کی غلامی پر کسی طرح رضامند ہونے کے لیے تیار نہ تھے۔

۱۰۸ جب فرعون اور اس کے درباریوں نے آپ کے معجزات کو جادو کہا تو آپ جلال میں آگئے! اور فرمانے لگے عقل کے اندھو! کیا یہ جادو ہے؟ کیا یہ تابانی اور یہ رعنائی کبھی جادو میں بھی تم نے دیکھی ہے۔ کیا تم اتنے کور دل ہو کہ کھرے اور کھوٹے میں بھی فرق نہیں کر سکتے۔ کیا ہر چمکنے والی چیز سونا ہوتی ہے۔ پھر دیکھو جادوگر کے مقدر میں بجز ذلت و رسوائی کے کچھ نہیں فلاح و کامرانی سے اسے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ اگر میں بھی جادوگر ہوتا تو دوسرے جادوگروں کی طرح میں بھی خائب و خاسر ہوں گا اور اگر میں اور میرے نقش قدم پر چلنے والے حقیقی فوز و فلاح کی منزل پر پہنچ گئے تو پھر تو مان گے کہ میں اللہ تعالیٰ کا سچا رسول تھا۔

۱۰۹ آپ کے معجزات آپ کے دلائل اور آپ کی بے خطر صاف گوئی کے باعث ان پر سکتہ کا عالم طاری ہو گیا جب کوئی معقول جواب نہ بن پڑا تو الزام تراشی پر اتر آئے کہ تم چاہتے ہو کہ ہم اپنے آباؤ اجداد کے عقائد سے برگشتہ ہو جائیں۔ ہم اس کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ دوسرا یہ کہ تم ذہب کی آڑ میں سیاسی انقلاب برپا کرنا چاہتے ہو۔ تمہارے پیش نظر عقائد کی اصلاح اور اخلاق کی تربیت ہرگز نہیں تم محض اقتدار کے بھوکے ہو تم چاہتے ہو کہ مصر میں تمہاری حکومت قائم ہو جائے ہم اس انقلاب کو ہرگز برداشت نہیں کر سکتے کہ بنی اسرائیل جو صدہا سال سے ہمارے غلام ہیں ہمارے حکمران بن جائیں۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ کلمہ حق بلند کرنے والوں پر حکمران طبقہ کی طرف سے یہی الزام لگایا جاتا ہے۔ ان کے اخلاص و للہیت کو اسی قسم کی بہتان تراشیوں سے داغدار کرنے کی سعی کی جاتی ہے۔

۱۱۰ ان کلمات سے جو تعصب اور ہٹ دھرمی نمایاں ہو رہی ہے وہ محتاج بیان نہیں۔

بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۷۹﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا

ہر ماہر جادوگر پھر جب آ گئے جادوگر تو کہا انہیں موسیٰ (علیہ السلام) نے ڈالو

مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ

(میدان میں) جو تم ڈالنے والے ہو۔ پھر جب ڈال دیا انھوں نے تو موسیٰ نے فرمایا یہ جو تم لائے ہو یہ

السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾

جادو ہے [۱۱] یقیناً اللہ تعالیٰ ملیامیٹ کر دیگا اسے بیشک اللہ تعالیٰ نہیں سنوارتا شریروں کے کام کو۔

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى

اور اللہ تعالیٰ حق کو حق کر دکھاتا ہے اپنے ارشادات سے اور خواہ ناپسند ہی کریں (اسے) مجرم [۱۲] پس نہ ایمان لائے موسیٰ پر

اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۠ئِهِمْ

بجز ان کی قوم کی اولاد کے [۱۳] (وہ بھی) ڈرتے ہوئے فرعون سے اور اپنے سرداروں سے

[۱۱] جب وہ اپنے جادو کے کمال کا مظاہرہ کر چکے تو موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تم میری آیات بیّنات کو سحر کہتے تھے وہ سحر نہیں سحر تو شعبدہ بازیاں ہیں جن کا مظاہرہ تم کر رہے ہو۔ ابھی تمہیں میرے اس قول کی صداقت کا علم ہوا چاہتا ہے۔ سحر باطل ہے اور باطل کا کام مٹ جانا ہے اور حق ہمیشہ زندہ و پائندہ ہوتا ہے۔ اب دیکھتے ہیں کہ اس مقابلہ میں کون جیتتا ہے اور کون ہارتا ہے۔ جب حضرت کلیم نے اپنا عصا پھینکا تو وہ چشم زدن میں ان تمام کو نگل گیا۔ حق کا بول بالا ہوا اور باطل کے پرستاروں کو شرمناک ہزیمت اٹھانا پڑی۔

[۱۲] کفار ناک بھوں چڑھاتے رہیں۔ جرائم پیشہ لوگوں کی پیشانیوں پر بل پڑتے رہیں اللہ تعالیٰ کو ان کی پرواہ نہیں۔ وہ تو اپنے ارشادات طیبات سے حق کو سربلند کر کے چھوڑتا ہے۔

[۱۳] فرعون مصر کا مطلق العنان بادشاہ تھا لیکن اس نے صرف بادشاہ کہلانے پر ہی قناعت نہ کی بلکہ اس نے اپنے رب اعلیٰ ہونے کا بھی اعلان کر دیا اور اپنی رعایا کو حکم دیا کہ وہ اس کی پرستش کیا کرے۔ بادشاہ کے خلاف بغاوت کی جا سکتی ہے لیکن کوئی پجاری اپنے خدا کے خلاف بغاوت کا تصور تک کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا۔ اس نے چاہا کہ وہ اپنی حکمرانی کا محل اپنے بادشاہ اور خدا ہونے کی بنیادوں پر تعمیر کرے تاکہ کسی کو سرکشی کی ہمت ہی نہ ہو سکے۔ موسیٰ علیہ السلام نے بھرے دربار میں جب لا الٰہ الا اللہ کا نعرہ لگایا تو اس کی زد فقط فرعون کے رب اعلیٰ ہونے کے ڈھکوسلے پر ہی نہیں پڑی تھی بلکہ اس سے تو اس کی حکومت و فرمانروائی کے قصر کی بنیادیں لرز اٹھی تھیں۔ فرعون ایسے جبار

اَنۡ یَّفۡتِنَہُمۡ ؕ وَ اِنَّ فِرۡعَوۡنَ لَعَالٍ فِی الۡاَرۡضِ ۚ وَ اِنَّہٗ لَمِنَ

کہیں وہ انھیں بہکا نہ دے۔ اور واقعی فرعون بڑا سرکش (بادشاہ) تھا ملک میں [۱۴۳] اور واقعی وہ حد سے

الۡمُسۡرِفِیۡنَ ﴿۸۳﴾ وَ قَالَ مُوۡسٰی یٰقَوۡمِ اِنۡ کُنۡتُمۡ اٰمَنۡتُمۡ بِاللّٰہِ

بڑھنے والوں میں سے تھا۔ اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا اے میری قوم! اگر تم ایمان لائے ہو اللہ تعالیٰ پر

کب برداشت کرسکتا تھا اس نے صاف اعلان کردیا قال فرعون ذرونی اقتل موسی ولیدع ربہ۔ انی اخاف ان یبدل دینکم او یظھر فی الارض الفساد۔ (۴۰: ۲۶) یعنی مجھے چھوڑ دو کہ میں موسیٰ کا سر قلم کردوں۔ بیشک وہ اپنے رب کو بلا لائے۔ مجھے یہ خطرہ ہے کہ اگر اس کو فوراً قتل نہ کردیا گیا تو وہ تمہارا دین بگاڑ دے گا یا زمین میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دے گا۔" ان حالات میں موسیٰ علیہ السلام کا ساتھ دینا کوئی آسان کام نہ تھا۔ حکومت کی قہر آلود نگاہوں کو برداشت کرلینا ہر کس و ناکس کے بس کی بات نہیں ہوا کرتی۔ وہ لوگ جو حکومت کے وظائف پر زندہ تھے۔ جن کی ساری عظمتیں صرف اس وابستگی کی مرہونِ منت تھیں جنہیں اس حکومت کے سایہ میں ہر طرح کی جائز و ناجائز مراعات حاصل تھیں انھیں کیا پڑی تھی کہ وہ خواہ مخواہ اپنے مستقبل کو تاریک کردیں! وہ اپنے ہاتھوں اپنی بساطِ عیش و نشاط کو الٹ دیں اس لیے قبطیوں کے لیے دعوتِ موسوی میں کوئی جاذبیت نہ تھی۔ رہے بنی اسرائیل تو ان کی تو قوتوں کو طویل عرصہ کی غلامی نے کھوکھلا کردیا تھا ان کے حوصلے پست ہوچکے تھے۔ مدتیں گزریں ان کے سینوں میں کسی ایسی امنگ نے انگڑائی ہی نہیں لی تھی جو ان کی خفیہ صلاحیتوں کو گرما دے۔ ان کی زندگی کا مقصد صرف شکم پروری اور زیادہ دنوں تک جیتے رہنا ہو گیا تھا! ان میں اتنی ہمت کہاں کہ وہ فرعون جیسے جابر حاکم کے خلاف علم بغاوت بلند کرنے والے کے دوش بدوش کھڑے ہوسکیں۔ اس لیے آپ کی قوم کے بڑے بوڑھوں نے اس معرکۂ حق و باطل میں آپ کا ساتھ دینے سے صاف انکار کردیا۔ البتہ بنی اسرائیل کے چند نوجوان ان مہیب خطرات اور جاں گسل مشکلات کو جانتے ہوئے جن سے انھیں بلاشبہ دوچار ہونا تھا آگے بڑھے اور حضرت کلیم اللہ کی اطاعت کا اعلان کردیا۔

[۱۴۳] ان جانبازوں کو فرعون کے متعلق کوئی غلط فہمی نہ تھی۔ انھیں خوب علم تھا کہ وہ ایک سرکش اور مطلق العنان حکمران ہے۔ اس کا ظلم و استبداد کسی قانون اور ضابطہ کا پابند نہیں۔ وہ ان پر ایسے ستم توڑے گا کہ پہاڑوں کے دل بھی کانپ اٹھیں گے لیکن وہ مے توحید سے سرشار اپنے معبودِ برحق کی وحدانیت کا پرچم لہرانے کا عزم بالجزم کرچکے تھے انھوں نے نتائج سے بے پروا ہو کر اپنی قسمت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ وابستہ کردی تھی۔

یہاں چند امور توجہ طلب ہیں۔ (۱) ذریۃ یکسر بچوں کو لغت میں ذریت کہتے ہیں لیکن عرف میں اس کا استعمال چھوٹوں بڑوں سب پر ہوتا ہے۔ الذریۃ اصلھا الصغار من الاولاد وان کان قد یقع علی الصغار والکبار معًا فی التعارف ویستعمل للواحد والجمع واصلہ الجمع۔ (مفردات راغب) علامہ سید محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے تصریح کی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے جب اپنی قوم کے بڑوں بوڑھوں کو دعوت دی تو انھوں نے فرعون کے خوف سے اس دعوت کو قبول کرنے سے انکار کردیا! اور اپنے نوجوان بچوں کو بھی سمجھایا کہ وہ ان کے قریب نہ جائیں لیکن

فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوٓا إِن كُنتُم مُّسْلِمِينَ ﴿٨٤﴾ فَقَالُوا عَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْنَا

تو اسی پر بھروسہ کرو ۱۱۴ اگر تم سچے مسلمان ہو۔ انھوں نے عرض کی اللہ تعالیٰ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے ۱۱۵

ان نوجوانوں نے تمام خطرات کو پس پشت ڈالتے ہوئے اس کو قبول کیا اس لیے یہاں ذریۃ سے مراد کمسن بچے نہیں بلکہ نوجوانان قوم ہیں حیث دعا علیہ السلام الآباء فلم یجیبوہ خوفا من فرعون واجابتہ طائفۃ من شبانھم فالمراد من ذریۃ الشبان لا الاطفال (روح المعانی)
(۲) قومہٖ کی ضمیر کا مرجع کون ہے۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ اس کا مرجع فرعون ہے۔ کیونکہ اس کا مرجع اگر موسیٰ کو بنایا جائے تو لازم آئیگا کہ قوم موسیٰ کی اکثریت بھی کافر تھی اور ان میں صرف چند لوگ ایمان لائے تھے حالانکہ یہ واقع کے خلاف ہے کیونکہ آپ کی ساری قوم آپ پر ایمان لا چکی تھی۔ یہاں اگر اس کا مرجع فرعون ہو تو پھر کوئی التباس نہیں کیونکہ قوم فرعون میں سے تو گنتی کے چند آدمی ایمان لائے تھے۔ مثلاً حضرت آسیہ، مومن آل فرعون، فرعون کا خزانچی اور اس کی بیوی لیکن اگر آپ قرآن کریم کے الفاظ میں غور کریں تو یہ شبہ خود بخود دور ہو جاتا ہے۔ علماء ادب و نحو کی تحقیق کے مطابق اگر آمن کا صلہ با ہو تو اس کا معنی کسی پر ایمان لانا اور اس کی تصدیق کرنا ہوتا ہے اور اگر اس کا صلہ لام ہو تو پھر اس کا معنی اطاعت و پیروی کرنا ہوتا ہے آمن بہٖ صدقہ وثق بہ وآمن لہ خضع وانقاد (المنجد) یہاں آمن بموسیٰ نہیں تاکہ بنی اسرائیل کی اکثریت کا کفر ثابت ہو بلکہ آمن لموسیٰ کے الفاظ ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اگرچہ موسیٰ کی رسالت کو مانتے تھے لیکن اس معرکہ حق و باطل میں وہ آپ کا ساتھ دینے کے لیے تیار نہ تھے۔

۱۱۴ یہاں موسیٰ علیہ السلام اپنے وفاکیش ساتھیوں کی تربیت فرما رہے ہیں۔ کہ اگر تم اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کا دعویٰ کرتے ہو تو پھر تمہیں حالات کی تمام ناسازگاریوں کے باوجود گھبرانا نہیں ہوگا۔ بلکہ ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت پر کامل بھروسہ کرنا ہوگا۔ راہ حق کے مسافر کے لیے توکل علی اللہ سے بہتر اور کوئی زاد راہ نہیں ہے۔

۱۱۵ ان جانبازوں نے اپنے مرشد کے اس سبق کو ہمیشہ یاد رکھنے اور اس پر عمل پیرا رہنے کا وعدہ کیا اس کے بعد اپنے مولا کریم کی بارگاہ عزت و جلال میں دامن طلب پھیلا کر دو التجائیں کیں ایک یہ کہ ہمیں اس ظالم قوم کے لیے فتنہ نہ بنا۔ دوسری یہ کہ ہمیں ان کے پنجہ استبداد سے رہائی بخش۔ فتنہ بننے کے دو مطلب بیان کیے گئے ہیں یعنی ہمیں ان کے ظلم و ستم کا ہدف نہ بنا مبادا ہماری قوت برداشت جواب دے جائے اور ہمارے پاؤں ڈگمگا جائیں اور صبر و استقامت کا دامن ہمارے ہاتھ سے چھوٹ جائے۔ دوسرا معنی جو زیادہ پسندیدہ ہے وہ یہ ہے کہ اگر ان کے ظلم و تشدد کے مقابلہ میں ہماری بے بسی کا یہی عالم رہا تو کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ اپنی برتری کے باعث اپنے برحق ہونے کی غلط فہمی میں مبتلا ہو جائیں وہ جب دیکھیں گے کہ انھوں نے تو ہم پر ظلم کی انتہا کر دی ہے اور مار مار کر ہمیں لہولہان کر دیا ہے اور ان میں سے تو کسی کی نکسیر تک نہیں پھوٹی تو وہ یقین کر لیں گے کہ ہمارا کوئی خدا نہیں ورنہ اس کی غیرت اپنے بندوں کی اس رسوائی کو برداشت نہ کر سکتی ای لاتسلطھم علینا فیقول قوم فرعون لو کان ھؤلاء علی الحق ما عذبوا وظنوا انھم خیر منا۔ ایک اور مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے۔ یعنی ہمیں ایسی لغزش سے بچا جس سے اہل باطل کو دعوت حق پر زبان طعن دراز کرنے کا موقع مل جائے یا اس کو رد کرنے کا بہانہ مل جائے۔ عام لوگ حق کو اس کے پرستاروں کی زندگی کے آئینہ میں ہی دیکھا کرتے ہیں۔ ان کی سیرت اور کردار میں ذرا سی خامی دیکھی جھٹ اس کا الزام ان پر نہیں بلکہ ان کی دعوت پر لگا دیا اس لیے وہ نوجوان عرض کر رہے ہیں کہ

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَ نَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ

اے ہمارے رب! نہ بنا ہمیں فتنہ (کا موجب) ظالم قوم کے لیے اور نجات دے ہمیں اپنی رحمت سے

مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰى وَ اَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ

کافروں (کے ظلم و ستم) سے اور ہم نے وحی بھیجی موسیٰ اور ان کے بھائی کی طرف کہ مہیا کرو

لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّ اجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ

اپنی قوم کے لیے مصر میں چند گھر[۱۱۷] اور بناؤ اپنے ان گھروں کو قبلہ رخ اور قائم کرو نماز

وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَ قَالَ مُوْسٰى رَبَّنَاۤ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَ

اور (اے موسیٰ!) خوشخبری دو مومنوں کو[۱۱۸] اور عرض کی موسیٰ نے اے ہمارے پروردگار! تو نے بخشا ہے[۱۱۹] فرعون اور

آزمائش کی گھڑیوں میں ہمیں جس حوصلہ اولوالعزمی اور استقامت کی ضرورت ہے وہ ہمیں عطا فرما کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم سے کسی بشری کمزوری کا ظہور ہو جائے اور ظاہر بین لوگوں کو حق پر آوازہ کسنے کا موقع مل جائے۔ داعی داعیان حق کی ذمہ داریاں بڑی نازک ہوتی ہیں۔ ان کی ادنیٰ سی لغزش لوگوں کے لیے حجاب بن جاتی ہے۔ اس لیے انھیں چاہیے کہ بارگاہ الٰہی میں اس نازک ذمہ داری کے سنگین تقاضوں کو پورا کرنے کی توفیق طلب کرتے رہیں۔

۱۱۷؎ مصر میں بنی اسرائیل نے اپنی عبادت گاہیں تعمیر کی ہوئی تھیں جن میں وہ اکٹھے ہو کر عبادت کیا کرتے تھے۔ لیکن حضرت کلیم کی آمد کے بعد فرعون کے حکم سے ان عبادت گاہوں کو مسمار کر دیا گیا اور ان کے دینی اجتماعات پر بھی طرح طرح کی پابندیاں عاید کر دی گئیں اہل استبداد کا آج بھی یہی دستور ہے۔ ان حالات میں جبکہ ان کی عبادت کے مرکز کھنڈر بنا دیئے گئے تھے انھیں حکم دیا جا رہا ہے کہ وہ اپنے گھروں میں ہی عبادت کر لیا کریں۔ قِبْلَةً سے مراد یا تو مصلّٰی ہے یعنی اپنے گھروں کو ہی عبادت گاہ بنا لیں یا اس سے مراد یہ ہے کہ ایسے مکان تعمیر کریں جو قبلہ رخ ہوں تاکہ وہاں عبادت کرنے میں انھیں آسانی ہو اور سمت متعین کرنے میں انھیں تردد نہ ہو۔

۱۱۸؎ بگڑے ہوئے حالات میں قوم کے حوصلوں کو بلند رکھنا از حد ضروری ہوتا ہے۔ ورنہ ان کی قوت مدافعت جواب دے دیتی ہے۔ حق و باطل کی یہ کشمکش بڑی طویل اور صبر آزما تھی۔ فرعون کی خدائی کا ڈنکا بج رہا تھا اور بظاہر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی کامیابی کا کوئی امکان نہ تھا اگر قدم قدم پر ان مجاہدوں کی حوصلہ افزائی نہ کی جاتی تو وہ کسی وقت بھی حوصلہ ہار سکتے تھے اس لیے خصوصی طور پر فرمایا کہ اے کلیم! انھیں اپنے رب کریم کی نصرت کا یقین دلاتے رہو انھیں بتاؤ کہ کامیابی کا سہرا یقیناً تمھارے سر بندھے گا اور فرعون بایں ہمہ جاہ و جلال تباہ کر دیا جائے گا۔

۱۱۹؎ موسیٰ علیہ السلام عرصہ دراز تک فرعون اور اس کی قوم کو رشد و ہدایت کی دعوت دیتے رہے۔ لیکن بے سود۔ آئے دن ان کے فسق و فجور میں اضافہ ہی ہوتا اور ان کی سرکشی بڑھتی ہی جاتی۔ موسیٰ علیہ السلام نے از راہ تعجب بارگاہ ربوبیت میں عرض کی اے ہمارے پروردگار! یہ آزمائش

مَلَأَهٗ زِيْنَةً وَّ اَمْوَالًا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ

اس کے سرداروں کو سامانِ آرائش اور مال و دولت دنیوی زندگی میں اے ہمارے مولا! کیا اس لیے کہ وہ گمراہ کرتے

سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

پھریں (لوگوں کو) تیری راہ سے اے ہمارے رب! برباد کردے ان کے مالوں کو اور سخت کردے ان کے دلوں کو

فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٨٨﴾ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ

تاکہ وہ نہ ایمان لے آئیں جب تک نہ دیکھ لیں دردناک عذاب کو اللہ تعالیٰ نے فرمایا قبول کرلی گئی

دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾

تمہاری دعا [۱۲۱] پس تم ثابت قدم رہو اور ہرگز نہ چلنا اس طریقہ پر جو جاہلوں کا (طریقہ) ہے

دہل کے ان گنت سامان یہ دولت و ثروت کی ریل پیل کیا انھیں اس لیے دی گئی کہ یہ رنگ رلیاں مناتے رہیں اور داد عیش دیتے رہیں۔ نہ تجھے یاد کریں اور نہ تیرے انعامات پر تیرا شکر بجا لائیں۔ ان کے عشرتکدوں کے سایہ میں مجبور و مقہور انسانیت سسکتی رہے کراہتی رہے اور انھیں کبھی ان کا خیال ہی نہ آئے۔ یہ نشہ دولت میں اتنے سرمست رہیں اور ان تاریک جھونپڑوں کی طرف نگاہ اٹھا کر بھی نہ دیکھیں جہاں غربت اور فاقہ کشی نے اپنے ظالم پنجے گاڑ رکھے ہیں۔ اب تو ان بے رحم ہاتھوں سے ظلم کی تلوار چھین لے۔ اے منتقم حقیقی! یہ زر و سیم کے انبار جنھوں نے انھیں بدماغ بنا دیا ہے اب ان کو بھسم کردے۔ ان پر اپنا دَرِ رحمت ہمیشہ کے لیے بند کردے۔ اب یہ اس لائق ہی کہاں ہیں کہ انھیں تیرے دامنِ کرم میں جگہ دی جائے۔ اکثر مفسرین نے لیضلوا کے لام کو لام عاقبت کہا ہے یعنی تو نے ان کو سامانِ آرائش بخشا اور انھیں دولت فراواں عطا کی لیکن اس کا انجام یہ ہوا کہ انھوں نے راہِ ہدایت کو چھوڑ کر اپنے لیے گمراہی کا راستہ منتخب کیا۔ لیکن میں نے ترجمہ کرتے ہوئے امام رازی کے اس قول کو اختیار کیا ہے کہ یہاں ہمزہ استفہام مقدر ہے اور آپ ازراہ حیرت و استعجاب دریافت کر رہے ہیں۔ ان یکون موسٰی علیہ السلام ذکر ذلک علی سبیل التعجب المقرون بالانکار ... ثم حذف حرف الاستفہام۔ (کبیر)

اگرچہ پیغمبر کا کام پیغامِ حق سنانا ہوتا ہے بددعا کرنا نہیں ہوتا لیکن جب کسی قوم کی ہدایت کا امکان ہی باقی نہ رہے تو باذنِ الٰہی وہ بددعا کرتا ہے۔

[۱۲۱] ارشاد ہوا کہ تمہاری دعا قبول ہوئی۔ ان پر عذاب آئے گا جو ان کی اینٹ سے اینٹ بجا دے گا لیکن اس کے لیے ایک وقت مقرر کر دیا گیا ہے تم ناواقف لوگوں کی طرح جلد بازی نہ کرنا۔

وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ

اور ہم پار لے گئے بنی اسرائیل کو سمندر سے[۱۲۱] پھر پیچھا کیا اُن کا فرعون اور اس کے لشکر نے

بَغْیًا وَّعَدْوًا ؕ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ

سرکشی اور ظلم کرتے ہوئے حتی کہ جب وہ ڈوبنے لگا تو (بصد یاس) کہنے لگا[۱۲۲] میں ایمان لایا کہ کوئی سچا خدا نہیں

اِلَّا الَّذِیْۤ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْۤا اِسْرَآءِیْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝۹۰

بجز اس کے جس پر ایمان لائے تھے بنی اسرائیل اور میں اعلان کرتا ہوں کہ میں مسلمانوں میں سے ہوں۔

آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ۝۹۱ فَالْیَوْمَ

کیا اب ہوش آیا[۱۲۳] اور تو نافرمانی کرتا رہا اس سے پہلے اور تو فتنہ و فساد برپا کرنے والوں سے تھا۔ سو آج ہم[۱۲۴] بچالے

۱۲۱؎ سورۃ البقرہ اور اعراف میں بنی اسرائیل کے صحیح سلامت پار اترنے اور فرعون کے غرق ہونے کا ذکر گزر چکا ہے وہاں ملاحظہ فرمایا جائے۔

۱۲۲؎ جب سمندر کی تند موجوں نے اسے اپنے نرغہ میں لے لیا اور اسے اپنی ہلاکت کے بارے میں کوئی شبہ نہ رہا تو خدائی کا نشہ ہرن ہو گیا اور اپنے ایمان لانے کا اعلان کر دیا جس دعوت کو وہ اب تک بڑی حقارت سے ٹھکراتا رہا تھا اب ایک ہی سانس میں تین مرتبہ اس کی صداقت کا اعتراف کرنے لگا۔ آمنت انه، لا اله الا الذی۔ . . . انا من المسلمین۔

۱۲۳؎ عذاب کا فرشتہ جب شہ رگ کو آکر دبوچ لے۔ پردۂ غیب میں مستور حقائق جب بے حجاب دکھائی دینے لگیں تو اس وقت ایمان لانا شریعت میں معتبر نہیں۔ اس لیے حالتِ اضطرار میں جب فرعون نے ایمان لانے کا اعلان کیا تو اسے اس کے منہ پر پٹخ دیا گیا۔ اگرچہ بائیبل میں فرعون کے ایمان لانے کا تذکرہ نہیں لیکن تلمود میں صراحۃً مذکور ہے کہ اس وقت فرعون نے کہا۔ میں تجھ پر ایمان لاتا ہوں۔ اے خداوند تیرے سوا کوئی خدا نہیں۔ (تفہیم القرآن)

۱۲۴؎ ہو سکتا تھا کہ سمندر کی بے رحم موجیں اس کی نعش کو کہیں دور بہا لے جاتیں اور سمندر کا کھارا پانی تھوڑی دیر میں اس کے گوشت پوست کو گلا کر رکھ دیتا یا بحری جانور اسے نگل جاتے اور اس کا کوئی نشان تک باقی نہ رہتا لیکن قدرت کو یہ منظور نہ تھا کہ دنیا خدائی کے جھوٹے مدعی کے ہولناک انجام کو فراموش کر دے چنانچہ موجوں کو حکم ملا اور انہوں نے اس کے بے روح جسم کو اٹھا کر ایک ٹیلے پر پھینک دیا۔ یہ جگہ آج بھی جبل فرعون کے نام سے مشہور ہے اور وہاں کے لوگ بتاتے ہیں کہ یہی وہ جگہ ہے جہاں فرعون کی لاش کو سمندر نے پھینکا تھا اس کی لاش کو دیکھ کر بنی اسرائیل کو بھی اس کے ڈوب جانے کا یقین ہو گیا۔ نیز باقی لوگوں کے لیے بھی اس میں درسِ عبرت ہے مصر میں ایسے مسالے ایجاد ہو چکے تھے جن کے استعمال سے لاش کو گلنے سڑنے سے بچایا جا سکتا تھا اور اس زمانہ میں بادشاہوں اور امراء کی لاشوں کو ممی کر دیا

نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ آيَةً ۚ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ

بچالیں گے تیرے جسم کو (سمندر کی تندموجوں سے) تاکہ تو ہو جائے اپنے پچھلوں کے لیے (عبرت کی) نشانی اور حقیقت یہ ہے کہ

النَّاسِ عَنْ آيَاتِنَا لَغَافِلُونَ ﴿٩٢﴾ وَلَقَدْ بَوَّأْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ مُبَوَّأَ

اکثر لوگ ہماری نشانیوں سے غفلت برتنے والے ہیں ۱۲۵ اور ہم نے عطا فرمایا بنی اسرائیل کو بہترین

صِدْقٍ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ فَمَا اخْتَلَفُوا حَتَّىٰ جَاءَهُمُ

ٹھکانا ۱۲۶ اور ہم نے انھیں پاکیزہ رزق بخشا پس انھوں نے اختلاف کیا حتیٰ کہ آگیا ان کے پاس حقیقت کا

الْعِلْمُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا

علم۔ (اے حبیب!) بیشک آپ کا رب فیصلہ فرمائے گا اُن کے درمیان روزِ قیامت جن باتوں میں وہ

فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٩٣﴾ فَإِن كُنتَ فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ فَاسْأَلِ

جھگڑا کیا کرتے تھے اور (اے سننے والے!) اگر تجھے کچھ شک ہو اس میں جو ہم نے (اپنے نبی کے ذریعہ) تیری طرف اتارا

جاتا تھا۔ چنانچہ ماہرین آثارِ قدیمہ نے مصر کے شاہی قبرستانوں سے متعدد ممی شدہ لاشیں نکالی ہیں جو محفوظ ہیں۔ مصر کے عجائب گھر (دارالآثار) میں ایک لاش موجود ہے جس کے متعلق ماہرین اثریات کا خیال ہے کہ یہ فرعونِ موسیٰ (رعمسیس ثانی) کی لاش ہے ۱۹۰۷ء میں سر گرافٹن ایلیٹ سمتھ نے اس کی ممی پر سے جب پٹیاں کھولی تھیں تو اس کی لاش پر نمک کی ایک تہہ جمی ہوئی پائی گئی تھی جو کھاری پانی میں اس کی غرقابی کی ایک کھلی علامت تھی۔" (تفہیم القرآن)

۱۲۵؎ کاش لوگ گزرے ہوئے نافرمانوں کے انجام سے عبرت حاصل کرتے اور اس راہ پر نہ چلتے جس پر چل کر ان کے کئی پیشرو بربادی و نامرادی کے گڑھوں میں گر کر ہلاک ہو چکے ہیں لیکن افسوس کہ ایسا نہیں اگرچہ قدم قدم پر عبرت کی نشانیاں اپنی زبانِ حال سے انھیں متنبہ کر رہی ہیں لیکن غافل انسانوں کے غفلت کے نشہ میں جو انھیں راہوں پر سرپٹ دوڑے چلے جا رہے ہیں۔

۱۲۶؎ یعنی فرعون کے غرقاب ہونے کے بعد ہم نے بنی اسرائیل کو غلامی کی زنجیروں سے آزاد کیا اور انھیں بسنے کے لیے ایک زرخیز اور شاداب خطۂ زمین (فلسطین اور اردن) مرحمت فرمایا اور انھیں کھانے کے لیے پاکیزہ اور لذیذ چیزیں فراہم کیں۔

مُبَوَّأ:۔ ٹھیرنے کی جگہ، مسکن۔ صدق کا معنی عمدہ، پسندیدہ ای منزلاً صالحا مرضیا (بحر)

مبوأ کو صدق سے موصوف کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اہلِ عرب کی یہ عادت ہے کہ جب وہ کسی چیز کی توصیف کرتے ہیں تو اسے

الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ

تو دریافت کر ان لوگوں سے جو پڑھتے ہیں کتاب تجھ سے پہلے۔ بیشک آیا ہے تیرے پاس حق تیرے

رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۙ﴿۹۴﴾ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ

رب کی طرف سے پس ہرگز نہ ہو جانا شک کرنے والوں سے اور ہرگز نہ ہونا ان لوگوں سے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ

جنھوں نے جھٹلایا اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو ورنہ تو ہو جائے گا نقصان اٹھانے والوں سے۔ بیشک وہ لوگ ثابت ہو چکی ہے

عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۹۶﴾ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ

جن پر آپ کے رب کی بات وہ ایمان نہیں لائیں گے ١٢٨ اگرچہ آجائیں ان کے پاس ساری نشانیاں

حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۹۷﴾ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ

جب تک کہ وہ نہ دیکھ لیں دردناک عذاب ١٢٩ پس کیوں ایسا نہ ہوا کہ ١٣٠ کوئی بستی ایمان لاتی تو

صدق کی طرف مضاف کر دیتے ہیں یعنی یہ چیز اتنی عمدہ ہے کہ اس سے بھلائی کی جو توقع کی جائے گی وہ چیز اس پر پوری اترے گی اور توقع کرنے والے کی تصدیق کرے گی۔ انما وصف المبوأ بکونه صدقا لان عادة العرب انها اذا مدحت شيئًا اضافته الى الصدق تقول رجل صدق، قدم صدق الخ (رازی)

١٢٧ ان دو آیتوں میں بھی خطاب عام انسان کو ہے۔

١٢٨ اللہ تعالیٰ کے فیصلہ کو بدلا نہیں جا سکتا۔ اس کے علم ازل میں جو دولت ایمان سے محروم ہیں انھیں ہزار معجزے دکھائے جائیں ہزار دلیلیں سنائی جائیں وہ حق قبول نہیں کریں گے۔

١٢٩ یہاں تک کہ انھیں عذاب الٰہی گھیرے اس وقت انھیں ہوش آئے گا اور وہ کفِ افسوس ملیں گے لیکن کیا حاصل۔

١٣٠ لولا بمعنی ھلا سرزنش اور توبیخ کے لیے استعمال ہوا ہے یعنی وہ لوگ کیوں ایمان نہ لائے تاکہ عذاب الٰہی سے بچ جاتے۔ ابن عطیہ نے کہا ہے کہ لفظی اعتبار سے یہ استثناء منقطع ہے لیکن معنوی لحاظ سے متصل ہے کیونکہ تقدیر عبارت یوں ہے ما آمن من اهل قرية الا قوم يونس۔ بعض علماء کا خیال یہ ہے کہ عذاب ان پر آیا لیکن ان کی گریہ زاری اور نالہ و بکا کی وجہ سے ٹال دیا گیا اور یہی قوم کی خصوصیت ہے کہ نزول عذاب کے بعد ان کی توبہ قبول ہوئی لیکن زجاج کا قول ہے کہ عذاب ابھی نازل نہیں ہوا تھا بلکہ صرف

فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ؕ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ

نفع دیتا اسے اس کا ایمان (کسی سے ایسا نہ ہوا) بجز قوم یونس کے۔ جب وہ ایمان لے آئے تو ہم نے دور کردیا ان سے

عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۹۸﴾

رسوائی کا عذاب دنیوی زندگی میں اور ہم نے لطف اندوز ہونے دیا انھیں ایک مدت تک۔

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ

اور اگر چاہتا آپ کا رب تو ایمان لے آتے جتنے لوگ زمین میں ہیں سب کے سب [۱۳۱] کیا آپ

اس کی علامتیں اور آثار نمودار ہوئے تھے کہ انھوں نے صدق دل سے توبہ کرلی یا یہ کہ عذاب نے ابھی ان کو اپنے نرغہ میں نہیں لے لیا تھا جس طرح فرعون کو موجوں نے گھیر لیا تھا بلکہ جب انھوں نے دور سے کالے بادل منڈلاتے دیکھے تو سجدوں میں گر پڑے اور رو رو کر معافی مانگنے لگے ان کی مثال ایسے بیمار کی تھی جس پر بیماری کا حملہ اگرچہ شدید ہے لیکن بچ جانے کے امکانات بھی ابھی موجود ہوں۔ علماء نے زجاج کے اس قول کو بڑا پسند کیا ہے قال الزجاج: انهم لم يقع بهم العذاب وانما رأوا العلامة التي تدل على العذاب ولو رأوا عين العذاب لما نفعهم الايمان۔ (قرطبی) قلت قول الزجاج حسن۔ (قرطبی)

وقال الزجاج: هؤلاء دنا منهم العذاب ولم يباشرهم كما باشر فرعون فكانوا كالمريض الذي يخاف الموت ويرجو العافية فيه فاما الذي يباشره العذاب فلا توبة له۔ (بحر محیط)

[۱۳۱] بظاہر تو یہ چیز بڑی خوش آئند معلوم ہوتی ہے کہ زمین کا گوشہ گوشہ نور حق سے منور ہو۔ ہر طرف سے الا اللہ کی دلنواز صدائیں بلند ہو رہی ہوں۔ محبت و پیار کا زمزمہ بہہ رہا ہو احسان و مروت کی کارفرمائی ہو۔ کوئی بھی حق کا منکر نہ ہو لیکن اللہ تعالیٰ کی تکوینی مصلحتیں اس کی متقضی نہیں۔ ذکر و فکر کی محفلیں تو فرشتوں کے دم سے پہلے ہی آباد تھیں آسمان کی وسعتوں میں کوئی چپہ ایسا نہ تھا جہاں ملائکہ اپنی نورانی پیشانیوں سے سجدہ ریز نہ ہوں۔ باینہمہ محفل کائنات اداس تھی کسی خلیل نے آتشکدۂ نمرود میں ابھی چھلانگ نہیں لگائی تھی حسن و شباب کی ساری حشر سامانیوں اور شعلہ انگیزیوں اور طبعی تقاضوں کو کسی یوسف نے بے نیازی سے حقارت سے ٹھکرایا نہیں تھا۔ ید بیضا نے عصا کلیمی کو جنبش دے کر کسی فرعون کا غرور خاک میں ملایا نہیں تھا۔ ابھی تک حدود حرم کے سنگریزے عشاق باوفا کے خون ناب سے رنگین قبا نہیں ہوئے تھے اور سچ تو یہ ہے کہ بزم ہستی ان مناظر کے بغیر ناتمام معلوم ہو رہی تھی۔ یہ کمی تب ہی پوری ہو سکتی تھی کہ افراد انسانی کو متنوع صلاحیتوں سے بہرہ ور کیا جاتا اور ان کو بروئے کار لانے کے لیے انھیں آزاد چھوڑ دیا جاتا۔ ان کی نشوونما کے لیے ایسا ماحول مہیا کیا جاتا جہاں نیکی اور بدی دونوں پنپ سکیں جہاں حق و باطل دونوں کے لیے زندہ رہنے کی گنجائش ہو۔ اس لیے خالق کائنات نے انسان کو پیدا کیا۔ اس میں مختلف طرح کی صلاحیتیں رکھیں۔ اسے ہدایت و ضلالت کی راہوں سے آگاہ کر دیا اور پھر اسے عمل کی آزادی مرحمت فرمائی

تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٩﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ

مجبور کرنا چاہتے ہیں لوگوں کو یہاں تک کہ وہ مومن بن جائیں اور کوئی بھی ایسا شخص نہیں کہ وہ

تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ

ایمان لا سکے بغیر حکم الٰہی کے۔ ١٣٢ اور (سنت الٰہی یہ ہے کہ) وہ ڈالتا ہے (گمراہی کی) آلودگی ان لوگوں پر جو

لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿١٠٠﴾ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا

بے سمجھ ہیں فرمائیے غور سے دیکھو! کیا کیا (عجائبات) ہیں آسمانوں اور زمین میں ١٣٣ اور فائدہ

تُغْنِى الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠١﴾ فَهَلْ

نہیں پہنچاتیں آیتیں اور ڈرانے والے اس قوم کو جو ایمان نہیں لانا چاہتے۔ ١٣٤ پس

اور انہیں بتا دیا کہ یہ دار العمل ہے جو بوؤ گے وہی کاٹنا پڑے گا۔ اے محبوب! اگر تیرا رب چاہتا تو سب کو مومن بنا دیتا لیکن اس کی حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ راہ حق اختیار کرنے پر کسی کو مجبور نہ کیا جائے۔ ولو شاء ربک کے الفاظ میں بکر رغور کرو۔ کیا لطف ہے۔ رب تو وہ ساری کائنات کا ہے لیکن ربوبیت کا جو خصوصی تعلق اے قیم کملہ تیری ذات سے ہے وہ کسی سے نہیں۔ نہ عرش سے نہ کرسی سے الوحید؟ یتیما فداؤی کا شرف صرف تیری ذات کو ہی حاصل ہے علیک الصلوٰۃ یا احب خلق اللہ وعلیک السلام یا عروس مملکۃ اللہ۔

١٣٢ یعنی شرف ایمان سے فقط وہی مشرف ہو سکتا ہے جس کی یاوری توفیق الٰہی کرے اور بلا وجہ لوگوں کو نعمت ایمان سے محروم نہیں کر دیا جاتا اور بلا سبب ان پر کفر و خذلان کی ذلت تھوپ نہیں دی جاتی۔ فقط انھیں لوگوں کو توفیق سے محروم کیا جاتا ہے جو فہم و عقل کی خداداد قوتوں کو ناکارہ بنا دیتے ہیں اور حق و باطل میں تمیز کرنے کے لیے انھیں استعمال نہیں کرتے۔

١٣٣ آپ انھیں فرمائیے کہ صحیفہ کائنات کو ذرا غور سے دیکھیں انھیں قدم قدم پر اللہ تعالیٰ کی الوہیت کے انفسی اور آفاقی دلائل نظر آئیں گے ہر جگہ انھیں ہدایت کے چراغ جگمگاتے ہوئے دکھائی دیں گے لیکن اگر وہ آنکھیں بند رکھنے پر ہی مصر ہوں تو ان کی قسمت! عین دوپہر کے وقت وہ اندھوں کی طرح گھپ اندھیروں میں گھرے ہوئے ہیں۔

١٣٤ نُذُر : نذیر کی جمع ہے یعنی ان آیات اور شواہد سے فقط وہی لوگ مستفید ہو سکتے ہیں جن کے دلوں میں طلب حق کا جذبہ ہو لیکن جو حق کو حق سمجھتے ہوئے اس سے روگردانی کیے ہوئے ہوں اور واضح دلائل کے باوجود ایمان لانے کے لیے تیار نہ ہوں ان کے لیے نہ کوئی معجزہ مفید ہو سکتا ہے اور نہ کوئی ڈرانے والا ان کو ہلاکت کے گڑھے میں گرنے سے باز رکھ سکتا ہے۔

يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ قُلْ

وہ انتظار نہیں کر رہے مگر ان لوگوں جیسے حالات کا جو گزر چکے ہیں ان سے پہلے ١٣٥ آپ فرمائیے

فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾ ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا

اچھا انتظار کرو۔ بیشک میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں سے ہوں۔ (جب عذاب آجائیگا) پھر ہم بچا لیں گے اپنے رسولوں کو ١٣٦

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا

اور انہیں جو ایمان لائے۔ بلاشبہ ایسا ہی ہوگا۔ یہ ہمارے ذمہ ہے کہ ہم بچا لیں گے اہل ایمان کو ١٣٧ فرمائیے اے

النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ

لوگو اگر تمہیں کچھ شک ہو میرے دین کے بارے میں تو (سن لو) میں عبادت نہیں کرتا ان (بتوں)

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ

کی جن کی تم پوجا کیا کرتے ہو اللہ تعالیٰ کے سوا لیکن میں تو عبادت کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کی جو مارتا ہے تمہیں

١٣٥ حجت پوری ہو چکی۔ حق واضح ہو چکا۔ اب بھی وہ ایمان نہیں لا رہے۔ شاید وہ اس عذاب کے منتظر ہیں جو ان سے پہلے گمراہ قوموں پر نازل ہوا تھا اور انہیں ملیامیٹ کر گیا تھا۔ اگر ان کی یہی منشا ہے تو ان کی یہ حسرت بھی پوری کر دی جائے گی۔ انہیں کہیے کہ چندے انتظار کریں یہاں تک کہ وہ گھڑی آجائے جو اللہ تعالیٰ نے ان کی ہلاکت و بربادی کے لیے مقرر کر رکھی ہے اور فرمائیے میں بھی تمہارے ساتھ اس وقت کا منتظر ہوں۔ ایام سے مراد یہاں دن نہیں بلکہ وہ واقعات اور حالات ہیں جن سے ان کے پیش روؤں کو سابقہ پڑا تھا۔ الايام ههنا بمعنى الوقائع يقال فلان عالم بايام العرب اي بوقائعهم [illegible] عربی میں ایام کا لفظ عذاب و نعمت دونوں معنوں میں مستعمل ہوتا رہتا ہے جس طرح ارشاد باری ہے۔ وذكرهم بايام الله ان کو اللہ تعالیٰ کی نعمتیں یاد دلاؤ۔ والعرب تسمى العذاب اياما والنعم اياما لقوله تعالى وذكرهم بايام الله۔ (قرطبی)

١٣٦ یعنی کافروں پر جو تباہ کن عذاب نازل ہوگا اس سے اہل حق کو کوئی گزند نہیں پہنچے گی۔ بحر احمر کی اچھلتی ہوئی موجیں جو فرعون اور اس کے لاؤ لشکر کو تنکوں کی طرح بہا لے جائیں گی وہ موسیٰ اور اس کے ساتھیوں کے لیے خدمتگاروں کی طرح راستہ بناتی جائیں گی۔ آندھی کے زوردار جھکڑ جو قوم عاد کی بستی کو زیر و زبر کر کے رکھ دیں گے جب ان کا گزر حضرت ہود اور ان کے گھرانے کے پاس سے ہوگا تو ان کی تندی نرمی سے بدل جائے گی اور ایسے معلوم ہوگا کہ نسیم صبح کے جھونکے ہیں جو خفتہ غنچوں کو بیدار کرنے کے لیے مست خرام رواں ہیں۔

١٣٧ اپنے بندوں سے ہمارا یہ وعدہ ہے کہ ہم ان پر آنچ نہیں آنے دیں گے اور ہمارا وعدہ پورا ہو کر رہتا ہے اس میں خلف نہیں ان الله لا

وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ

اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں ہو جاؤں اہل ایمان سے ۱۳۸ نیز مجھے حکم دیا گیا ہے کہ (اپنا رُخ سیدھا کر لے

لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ وَلَا تَدْعُ مِنْ

اِس دین کی طرف ہر کجی سے بچتے ہوئے ۱۳۹ اور ہرگز نہ ہو جانا شرک کرنے والوں سے ۱۴۰ اور نہ عبادت کر

یخلف المیعاد۔

۱۳۸ کفار مکہ کو صاف صاف بتایا جا رہا ہے کہ دلائل و براہین کی روشنی پھیل چکی ہے اور کوہ و دمن جگمگا رہے ہیں اور تم ابھی تک شک اور تردد کا شکار ہو تو ہو مجھے تو تمہارے مذہب کے جھوٹا ہونے اور تمہارے عقائد کے باطل ہونے میں ذرا تامل نہیں۔ اس لیے میں تو کسی قیمت پر تمہارے ان پتھر کے گھڑے ہوئے خداؤں کی عبادت نہیں کروں گا۔ میرا سر نیاز تو صرف اس قادر و قیوم کی بارگاہِ صمدیت میں جھک سکتا ہے جس کے قبضہ میں تمہاری زندگی اور موت دونوں ہیں۔ میں تو یہ نادانی نہیں کر سکتا کہ اسے چھوڑ کر کسی اور کو اپنا معبود بنا لوں مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ ان لوگوں کے زمرہ میں شامل ہو جاؤں جو سچے دل سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان لے آئے ہیں۔ اس حکم سے سرتابی کی مجھ میں تو ہمت ہے نہیں تم دنیا بھر کی دولت لا کر میرے قدموں میں ڈھیر کر دو یا مجھ پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑ دو میں جادۂ حق سے سر مو انحراف نہیں کروں گا۔

۱۳۹ نیز مجھے یہ حکم بھی دیا گیا ہے کہ اس دین برحق کی طرف اپنا رُخ سیدھا کر لو۔ اور قاعدہ ہے کہ جب کسی چیز کی طرف رُخ کیا جاتا ہے تو اس کے علاوہ تمام دوسری چیزوں سے منہ مڑ جاتا ہے۔ اگرچہ اقم وجھك کے حکم میں جو جلال ہے وہ کسی مزید توضیح کا محتاج نہیں لیکن اس مضمون کی اہمیت کے پیش نظر حنیفا کا اضافہ فرمایا۔ یہ اقم کی ضمیر خطاب سے حال ہے اور اس کا معنی ہے ہر باطل سے منہ موڑ کر ہمہ تن حق کی طرف متوجہ ہو جانا یعنی اے ہادیِ عالم! ہر باطل سے خواہ وہ کسی رنگ میں ہو کسی روپ میں ہو اپنا منہ موڑ لو اور کمال یکسوئی کے ساتھ صرف اس دین حق کی طرف رُخ کر لو۔ سچ تو یہ ہے کہ دین اسلام قبول کر لینے کے بعد کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ اپنی انفرادی یا اجتماعی، معاشی یا سیاسی رہنمائی کے لیے کسی اور نظام حیات کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھے۔ جب تک کتاب و سنت کا دامن ہم نے مضبوطی سے پکڑے رکھا۔ ہمارے منہ سے نکلی ہوئی بات وزن رکھتی تھی۔ ہماری سیرت پرکشش تھی اور ہمارے کردار میں ایک رعب تھا۔ ؎

تیری نگاہ سے دل سینوں میں کانپتے تھے ٭ کھویا گیا ہے تیرا جذب قلندرانہ

۱۴۰ صرف یہی تو شرک نہیں کہ غیر خدا کو خدا مان لیا جائے بلکہ اگر کوئی مدعی اسلام قرآن کے واضح احکام کو نظر انداز کر کے اپنی معاشی حالت کو سدھارنے کے لیے کسی غیر اسلامی نظام کی قیادت قبول کرنے کے لیے بیتاب نظر آتا ہے یا اپنے سیاسی نظام کو کسی دوسرے سانچہ میں ڈھالنا چاہتا ہے یا اسے اسلام کا لایا ہوا تمدنی لپسند نہیں اور وہ اجنبی طرز تمدن پر فریفتہ ہو چکا ہے تو آپ اسے شرک کا مرتکب نہیں کہیں گے تو کیا مومن کہیں گے وہ ارباب اختیار جنہیں قوم کی رہنمائی کی ذمہ داری سونپی گئی ہے انہیں قرآن مجید کے اس پُرجلال ارشاد کو ایک لمحہ کے لیے بھی فراموش نہیں کرنا چاہیے۔

دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ

اللہ تعالیٰ کے سوا اس کی جو نہ نفع پہنچا سکتا ہے تجھے اور نہ ضرر پہنچا سکتا ہے تجھے ۱۴۱؎ اور اگر تو ایسا کرے گا تو پھر تیرا شمار

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ

ظالموں میں ہوگا اور اگر پہنچائے تجھے اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف تو نہیں کوئی دور کرنے والا اسے بجز اس کے ۱۴۲؎ اور اگر

يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۗ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۗ

ارادہ فرمائے تیرے لیے کسی بھلائی کا تو کوئی رد کرنے والا نہیں اس کے فضل کو۔ سرفراز فرماتا ہے اپنے فضل وکرم سے جس کو چاہتا ہے اپنے

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ

بندوں سے۔ اور وہی بہت مغفرت فرمانے والا ہمیشہ رحم کرنے والا ہے۔ (اے حبیب!) فرمائیے اے لوگو بیشک آگیا ہے تمہارے پاس حق تمہارے رب کی طرف

رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ

۱۴۳؎ تو جو ہدایت قبول کرتا ہے تو وہ ہدایت قبول کرتا ہے اپنے بھلے کے لیے اور جو گمراہ ہوتا ہے

۱۴۱؎ جب نفع وضرر کا کل اختیار اسی کے دست قدرت میں ہے تو پھر اس کو چھوڑ کر کسی غیر کی عبادت کرنا کتنی بڑی نادانی ہے لاتدع، لاتعبد (قرطبی وغیرہ)

۱۴۲؎ اللہ جل مجدہٗ کی قدرت کاملہ کا ذکر کس دلنشیں پیرایہ میں کیا جا رہا ہے۔

۱۴۳؎ اے مکہ کے باشندو بلکہ عرب کے رہنے والو! بلکہ اے آدم کی ساری اولاد! کان کھول کر سن لو مطلع ہدایت پر آفتاب محمدی طلوع ہو چکا۔ نیکی کی شاہراہ جگمگا اٹھی۔ شک وشبہ کی دھند دور ہو گئی۔ تبلیغ حق کا حق ادا کر دیا گیا۔ اب تمہاری مرضی دعوت حق کو قبول کر و یا گمراہی کے گڑھے میں پڑے رہو۔ تم کوئی سا طرز عمل اختیار کرو تم آزاد ہو لیکن ایک بات یاد رہے کہ اگر رشد وہدایت کا راستہ اختیار کرو گے تو تمہارا اپنا بھلا ہوگا! اور غلط روی سے باز نہ آئے تو اس کا نقصان بھی صرف تمہیں برداشت کرنا پڑے گا۔

فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۝١٠٨ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى

تو وہ گمراہ ہوتا ہے اپنی تباہی کے لیے اور میں تم پر نگران نہیں ہوں ٹگ اور (اے حبیب!) آپ پیروی کرتے

اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝١٠٩

رہیں جو وحی کیجاتی ہے آپکی طرف ۱۴۵ اور (ظلم کفار پر) صبر کیجیے یہاں تک کہ فیصلہ فرمائے اللہ اور وہ سب سے بہتر فیصلہ فرمانے والا ہے۔

۱۴۴ ؎ میں نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ اب میں تمہارے کاموں کا ذمہ دار نہیں۔ تم جانو اور تمہارا کام جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

۱۴۵ ؎ آخر میں اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم علیہ وعلی آلہ افضل الصلوٰۃ واجمل التسلیم کو ارشاد فرماتے ہیں کہ اے حبیب! آپ ان لوگوں کی پرواہ نہ کریں۔ جو وحی آپ کی طرف بھیجی جاتی ہے بے خوف وخطر اس پر عمل پیرا رہیں۔ ان کی اذیت رسانیوں اور دلآزاریوں پر صبر فرماتے رہیں۔ فیصلہ کی گھڑی آ رہی ہے۔ فیصلہ کرنے والا خود رب العٰلمین ہوگا اور وہی سب سے بہتر اور صحیح فیصلہ فرمانے والا ہے۔ الحمد للہ رب العٰلمین الذی بتوفیقہ تتم الصالحات والصلاۃ والسلام علی حبیبہ الذی بجاھہ تقبل الحسنات ویحفظ السالک عن العثرات وعلی آلہ واصحابہ منابع الخیرات ومصادر البرکات۔

۳۔ ربیع الثانی   یوم الخمیس ۱۳۸۷ ھ

سُورَۃ ھُود

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس سورۃ میں حضرت ھود علیہ السلام کا تذکرہ ہے اس مناسبت سے اسے آپ کے نام سے موسوم کیا گیا۔ یہ ایک سو تئیس ۱۲۳ آیات پر مشتمل ہے۔ اس کے کلمات کی تعداد ایک ہزار چھ سو اور حروف کی تعداد (۹۵۶۷) ہے۔

نزول: ہجرت سے کچھ عرصہ پہلے اس کا نزول مکہ مکرمہ میں ہوا۔ قرائن اس بات پر شاہد ہیں کہ سورۂ یونس کے فوراً بعد یہ سورۃ نازل ہوئی۔ اسلامی دعوت کا یہ وہ نازک دور ہے جب سنگین مزاحمتوں کے باوجود اسلام کا نور کفر و شرک کے پختہ مورچوں کو سر کرتا ہوا آگے بڑھ رہا ہے جس کے باعث کفار و مشرکین آتش زیر پا ہو گئے ہیں۔ اپنے ترکش جور و جفا کا ہر تیر آزمانے پر تلے ہوئے ہیں۔ اسلام اور حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف ان کی ہرزہ سرائی اور بہتان طرازی خست و کمینگی کی حد تک پہنچ چکی ہے۔ نادار و بے بس مسلمانوں پر انہوں نے ظلم کی انتہا کر دی ہے۔ ان حالات میں اس سورۃ کا نزول ہوتا ہے۔

مضامین: پہلے دو رکوعوں میں سیاق بڑے موثر پیرایہ میں کفار کے سامنے اسلام کے بنیادی عقائد توحید، وحی، رسالت اور قیامت پیش کئے گئے ہیں۔ انہیں بتایا گیا ہے کہ وہ ذات جس کا علم اتنا وسیع اور محیط ہے کہ کائنات کی ہر چیز کو وہ جانتا ہے۔ جس سے آغاز ہی اسے خبر ہے اور اس کے انجام پر بھی وہ آگاہ ہے۔ جس کے جود و سخا کا یہ عالم ہے کہ وہ ہر چھوٹے بڑے جاندار کو جس کی منہ میں خوراک طلب غذا میں مناسب اوقات پر فراہم کرتا ہے۔ وہ جس کی قدرت و حکمت کی یہ کیفیت ہے کہ بلندیوں (سماوات) اور پستیوں (ارض) کو اور ان میں جو کچھ ہے اس نے پیدا فرمایا۔ خود غور کرو جس کا علم اتنا محیط، جس کا دستر خوان کرم اتنا وسیع، جس کی قدرت اتنی بے پایاں اور جس کی حکمت اتنی حیران کن ہو کیا اس کی الوہیت میں شک کی کوئی گنجائش ہے اور اس کے سوا کوئی اور ایسا ہے جس میں ان کمالات کا شائبہ تک بھی پایا جاتا ہو تاکہ خدائی اور الوہیت میں وہ اس کے شریک ہونے کا مدعی بن سکے اور کیا ایسی قادر و توانا ہستی کے لیے تمہیں مارنے کے بعد زندہ کرنا کوئی مشکل کام ہے۔ ہرگز نہیں۔

پھر انہیں فرمایا کہ اگر تم اپنے دعویٰ میں سچے ہو کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام نہیں بلکہ کسی انسان کا بنایا ہوا ہے تو پھر تم سب مل کر اس کی مثل کیوں پیش نہیں کر دیتے۔ زیادہ نہیں تو دس سورتیں ہی اس جیسی بنا لاؤ۔ اگر ملک سخنوری کے تاجدار ہونے کے باوجود تم دس سورتیں بھی پیش کرنے سے قاصر ہو تو پھر بے جا ضد نہ کرو اور مان لو کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور اس کا لانے والا اس کا سچا رسول ہے۔

حضور رحمت عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم روز اول سے ہی ان لوگوں کو اسلام کے ان بنیادی عقائد کی دعوت بڑی دلسوزی اور خلوص سے دے رہے تھے لیکن ان کی ہٹ دھرمی اور تعصب میں آئے دن اضافہ ہی ہوتا جا رہا تھا اور ان کا رویہ اسلام کے خلاف سخت سے سخت ہو رہا تھا۔ کوئی دلیل ان پر کارگر ثابت نہیں ہو رہی تھی۔ کسی معجزہ سے ان کی چشم خرد کو بینائی نصیب نہیں ہو رہی تھی۔ اس لیے اس

سورۂ ہود میں بڑی وضاحت کے ساتھ ان پہلی قوموں کے حالات بیان کیے گئے جنہوں نے اپنے انبیاء کے ساتھ ان جیسا سلوک کیا اور پھر جس ہولناک انجام سے وہ دوچار ہوئے اس پر بھی ان کو آگاہ کیا۔ کفار عرب کو بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کے نبی کی دعوت کو جو حقارت سے ٹھکراتے ہیں ان کی مخلصانہ مساعی کا جو بدبخت مذاق اڑاتے ہیں انبیاء کے پیروکاروں کی غربت افلاس کے باعث ان کی محفل میں بیٹھنا اور ان سے ہمکلام ہونا جو لوگ اپنے لیے کسر شان سمجھتے ہیں ان کی مہلت کی گھڑیاں جب ختم ہو جاتی ہیں اور غور و فکر کرنے کے لیے جو فرصت انہیں دی جاتی ہے وہ انتہا کو پہنچ جاتی ہے تو پھر ان پر قہر خداوندی کی بجلی کڑکتی ہے اور ان کی ساری عظمتوں اور نخوتوں کو خاک میں ملا کر رکھ دیتی ہے۔ اے کفار عرب! اگر تم اس انجام بد سے بچنا چاہتے ہو تو آج آنکھیں کھولو اور دین حق کا دامن مضبوطی سے تھام لو۔

ایک بات توجہ طلب ہے۔ ہر قوم، ہر معاشرہ اپنے مخصوص سیاسی، معاشی اور معاشرتی حالات کے زیر اثر مختلف قسم کی غلط کاریوں کا شکار ہوتا ہے اور ان کی اصلاح کے لیے جب کوئی مصلح میدان میں نکلتا ہے تو اس کی قوم کا ردعمل بھی خاص نوعیت کا ہوتا ہے کہیں قوم نوح کی طرح جہالت کی تاریکی اور تقلید کا جمود اپنے پنجے گاڑے ہوتا ہے اور کہیں قوم لوط کی طرح عیش و عشرت اور نفس کی ہوسناکیوں نے اخلاق باختگی اور آوارگی پیدا کر دی ہوتی ہے کہیں قوم شعیب کی مانند تجارت کی ہماہمی نے کاروباری بددیانتی کا بازار گرم کر دیا ہوتا ہے۔ اور کہیں قوم ثمود کی طرح صنعت و حرفت میں ترقی کے باعث ذہن بگڑ چکے ہوتے ہیں اور دل مسخ ہو جاتے ہیں اور کہیں فرعونی استبداد نے قوم سے آزادی فکر و عمل کی صلاحیتیں سلب کر لی ہوتی ہیں اور جب کوئی مصلح اصلاح احوال کے لیے کوشاں ہوتا ہے تو اسے مختلف قسم کے ردعمل سے واسطہ پڑتا ہے۔

انبیاء سابقین کی بعثت کیونکہ صرف ایک مخصوص حلقہ کے لیے اور ایک محدود وقت تک تھی اس لیے ان کی تعلیمات بھی انہیں مقامی اور وقتی ضروریات کے مطابق تھیں لیکن مرشد اعظم اور ہادی اکمل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جو تمام اقوام کے لیے اور قیامت تک کے لیے تشریف فرما ہوا اس نے ہر معاشرہ کی اصلاح کرنا تھی اور ہر قسم کے حالات سے دوچار ہونا تھا۔ اس کے مخاطب صحراؤں اور جنگلوں کے ناخواندہ عوام بھی تھے۔ اور شہروں اور آبادیوں کے متمدن باشندے بھی۔ ملوکیت کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے غلام بھی تھے۔ اور صنعت و حرفت میں اوج کمال تک پہنچے ہوئے لوگ بھی۔ دولت و ثروت کے خمار سے مخمور بھی اور مفلس و خستہ حال بھی حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان مختلف طبقوں میں پیدا ہونے والی متنوع غلط کاریوں کی اصلاح کرنا تھی اس لیے اللہ تعالیٰ نے سابقہ اقوام کی سیرتوں اور اپنے انبیاء پر ان کے اعتراضات اور دعوت حق کے مقابلہ میں ان کا ردعمل ایک ایک کر کے بیان فرما دیا تاکہ حضور کریم کو ان تمام احوال سے آگاہ کر دیا جائے جن سے حضور کو دوچار ہونا تھا تاکہ کوئی بات خلاف توقع نہ ہو اور کوئی ردعمل باعث حیرت و استعجاب نہ بنے۔

ان تمام امور کو اس سورۂ مبارکہ میں بڑے دلنشین اسلوب میں بیان کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ اپنے محبوب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیتے ہیں۔ فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ: آپ اور آپ کے ساتھی حکم الٰہی کو بجا لانے کے لیے حالات کی سنگینی اور ماحول کی ناسازگاری کی پرواہ نہ کرتے ہوئے مستعد اور ثابت قدم رہیں۔ اور پھر یہ بھی فرما دیا کہ انبیاء علیہم السلام کے واقعات بیان کرنے کا مقصد صرف یہی ہے کہ نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ آپ کے دل کو ثبات و قرار نصیب ہو۔

آپ عبادت الٰہی میں سرگرم رہیں اور اس کی تائید و نصرت پر بھروسہ رکھیں۔ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت کے سامنے دشمنان اسلام کا کوئی منصوبہ کامیاب نہیں ہو گا اور فتح و نصرت آپ کے قدم چومے گی۔

سُورَةُ هُوْدٍ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَّثَلٰثٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّعَشْرُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ ہود مکی ہے۔ اس کی آیتیں ۱۲۳ اس کے رکوع ۱۰
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

الٓرٰ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ﴿١﴾

الف لام را۔[1] یہ کتاب[2] ہے محکم و مستحکم بنادی گئی ہیں جس کی آیتیں[3] پھر ان کی وضاحت کر دی گئی ہے بڑے دانا اور ہر چیز سے باخبر (خدا) کی طرف سے

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ وَّبَشِیْرٌ ﴿٢﴾ وَّاَنِ

کہ تم عبادت کرو مگر صرف اللہ کی[4] بیشک میں تمھیں اس کی طرف سے ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں[5] اور یہ کہ

اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَیْهِ یُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا

مغفرت طلب کرو اپنے رب سے[6] پھر (صدق دل سے) متوجہ ہو جاؤ اس کی طرف وہ لطف اندوز کریگا تمھیں زندگی کی راحتوں سے

---

[1] حروف مقطعات پر بحث سورۂ بقرہ اور سورۂ یونس کی ابتدا میں گزر چکی ہے اس لیے یہاں اعادہ کی ضرورت نہیں۔

[2] اگر الٓرٰ سورہ کا نام ہو تو وہ مبتدا ہوگی اور کتاب خبر یا یہ مبتدا محذوف "ہذا" کی خبر ہوگی اور احکمت الخ جملہ کتاب کی صفت واقع ہوگی۔

[3] احکمت احکام سے ہے جس کا معنی ہے کسی چیز کو یوں پختہ اور استوار کرنا کہ اس میں کسی خلل اور نقص کا گمان تک نہ رہے اور فُصِّلَتْ تفصیل سے ہے یعنی مدعا اتنا واضح کر دیا گیا ہے کہ اس میں کسی التباس کی گنجائش نہیں۔ مقصد یہ ہے کہ یہ کتاب الفاظ اور عبارت کے لحاظ سے پختہ ہے اس میں کوئی جھول نہیں اور معنی کے اعتبار سے یہ ہر شک و التباس سے بالاتر ہے یعنی صورۃً اور معنیً درجۂ کمال پر فائز ہے۔ ای هی محکمة فی لفظها مفصلة فی معناها فهو کامل صورة ومعنى (ابن کثیر) اور اس میں یہ استحکام اور تفصیل کہاں سے آئی؟ بتادیا کہ یہ اس ذات کا کلام ہے جو اپنے اقوال و افعال کے لحاظ سے حکیم ہے اور اپنے علم کے لحاظ سے ہر کام کے انجام سے اچھی طرح واقف ہے۔ ای من عند الله الحکیم فی اقواله واحکامه خبیر بعواقب الامور (ابن کثیر)

[4] اور اس کو اس شان و عظمت سے نازل کرنے کا مدعا کیا ہے؟ صرف یہ کہ تم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو کسی کو اپنا معبود نہ بناؤ۔ تمھاری جبین نیاز صرف اسی کی بارگاہ صمدیت میں زمین بوس ہو۔

[5] اور میری بعثت کی غرض و غایت یہ ہے کہ میں تمھیں اس کی نافرمانی کے انجام بد سے ڈراؤں اور اس کی اطاعت و بندگی پر حسن خاتمہ کی بشارت دوں۔

[6] میں تمھیں نصیحت بھی کرتا ہوں کہ اس سے پیشتر نادانی کی حالت میں یا شیطان کی انگیخت پر تم لغزشیں کرتے رہے ہو تو اب

إِلَىٰٓ أَجَلٍ مُّسَمًّى وَيُؤْتِ كُلَّ ذِى فَضْلٍ فَضْلَهُۥ ۖ وَإِن

اچھی طرح مقرر میعاد تک ؂ اور عطا کرے گا ہر زیادہ نیکی کرنے والے کو اس کی زیادہ نیکی (کا ثواب) ؂ اور اگر

تَوَلَّوْا۟ فَإِنِّىٓ أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيرٍ ﴿٣﴾ إِلَى ٱللَّهِ

تم (اب بھی) روگردانی کرتے رہے تو میں اندیشہ کرتا ہوں تم پر بڑے دن کے عذاب سے ؂ اللہ تعالیٰ کی طرف ہی

مَرْجِعُكُمْ ۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ ﴿٤﴾ أَلَآ إِنَّهُمْ يَثْنُونَ

تمہیں لوٹ کر جانا ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ سنو! وہ دُہرا کر رہے ہیں ؂

ہی چشم پوشی کرو اور کانپتے ہوئے دل، اشکبار آنکھوں سے سراپا عجز بن کر ان گناہوں کی مغفرت کے لیے التجا کرو۔ اور آئندہ کے لیے اپنی تمام کوششوں، سوچوں اور اعمال کا قبلہ اس کی ذات کو بنا لو۔ دل وجان سے اس کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔ ثم توبوا الیہ ای ارجعوا بالطاعة الیہ (مظہری) ای ارجعوا الیہ بالطاعة والعبادة۔

؂ عام لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرنے کا مطلب یہ ہے کہ انسان ہر قسم کی لذتوں سے کنارہ کش ہو جائے۔ چہرہ پر محرومی کا غازہ لگا لے۔ اور غربت و ناداری کے قفس میں پھڑپھڑاتے رہنے کے لیے تیار ہو جائے۔ یہاں بتایا جا رہا ہے کہ اگر تم نے اللہ تعالیٰ کی توحید کا اعتراف کر لیا۔ اپنے گناہوں پر استغفار کر لی اور بقیہ زندگی میں اس کے ہو رہے تو تم کو ہر طرح کی لذت، راحت، عزت، آرام اور فوز و فلاح سے سرفراز کر دیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کا بن جانے کا یہ مقصد تو نہیں کہ انسان ہر قسم کی محرومیوں کا شکار ہو جائے بلکہ جو سچے دل سے اس کا ہو جاتا ہے اس کے لیے رحمت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ سچی خوشیوں اور حقیقی کامرانیوں سے اسے بہرہ ور کیا جاتا ہے۔ هذه ثمرة الاستغفار (قرطبی)

؂ یعنی ہر نیک انسان کو اس کے اعمال حسنہ کی جزا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے عطا فرماتا ہے۔ نیکیوں میں جتنا کوئی بڑھتا جائے گا اسی انداز سے اللہ تعالیٰ اس کو اپنے خزانۂ عامرہ سے مالا مال کرتا جائے گا۔ فضلہ کی ضمیر کا مرجع ذات باری ہے۔ ان یؤت کل ذی عمل من الاعمال الصالحات جزاء عملہ۔ (قرطبی)

؂ اور اگر تم اپنی غلط روی سے باز نہ آؤ اور اپنے گزشتہ گناہوں پر سچے دل سے نادم نہ ہو تو پھر مجھے تمہارا انجام اچھا معلوم نہیں ہوتا ایسا نہ ہو کہ کسی بڑے دن کے عذاب میں مبتلا کر دیے جاؤ۔ یوم کبیر سے یا تو روز قیامت مراد ہے یا عذاب کا کوئی دن۔

؂ لغت میں "یثنون" کسی چیز کو لپیٹنے، دوہرا کرنے اور تہ در تہ کرنے کو کہتے ہیں ثنی یثنی ثنیا الشیء: عطفه، طواه، رد بعضه علی بعض جب کپڑے کو تہ در تہ لپیٹا جاتا ہے تو عرب کہتے ہیں ثنی الثوب۔ کپڑے کی ایک تہ کو ثِنْی ج أثناء کہا جاتا ہے اثناء الثوب: اطوائه ومطاویه اور ثنی کا صلہ جب عن ہو تو اس کا معنی مڑنا، پھرنا ہوتا ہے ثناه عنه: لواه وحوله اور

صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ

اپنے سینوں کو تاکہ چھپالیں اللہ تعالیٰ سے (اپنے دلوں کا بغض) سنتے ہو! جس وقت وہ خوب اوڑھ لیتے ہیں اپنے کپڑے ؂

يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

تو اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں ؂ بلاشبہ وہ خوب جاننے والا ہے جو کچھ سینوں میں (پوشیدہ) ہے۔

جب اس کا صلہ علی ہو تو اس کا معنی ہوتا ہے کسی چیز کو کسی چیز پر لپیٹ دینا تاکہ وہ اس میں چھپ جائے۔ ثناہ علیہ، اطبقہ وطواہ لیخفیہ۔ اس لغوی تحقیق کو پیش نظر رکھتے ہوئے آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ جب حضور رحمت عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم قرآن کریم کی تلاوت کرتے یا وعظ فرماتے تو جو منافق اور کافر اس مجلس میں موجود ہوتے وہ اپنے سر جھکا لیتے اور اپنے سینوں کو دوہرا کر کے اپنی رانوں سے ملا لیتے تاکہ وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہوں سے چھپ جائیں مبادا حضور ان کی طرف متوجہ ہو کر براہ راست ان سے خطاب فرمائیں اور انھیں ان کی کور باطنی پر سرزنش کریں۔ یستخفوا منہ میں منہ کی ضمیر کا مرجع ذات پاک مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء ہوگی۔

علامہ نیشاپوری نے لکھا ہے کہ یثنون صدورھم کا معنی اعراض اور روگردانی کرنا ہے۔ یعنی کفار و منافقین کی عادت یہ تھی کہ حضور فخر دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب انھیں دعوت اسلام دیتے اور کفر و نفاق سے باز آنے کی انھیں تلقین کرتے تو بجائے اس کے کہ وہ اس ناصح مشفق کی نصیحت کو بطیب خاطر قبول کرتے وہ الٹا بے رخی اور سرد مہری کا مظاہرہ کرتے۔

صاحب تاج العروس نے اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے۔ ثنی صدرہ ثنیا اسر فیہ العداوۃ او طوی ما فیہ استخفاء (تاج العروس) یعنی اس کا معنی ہے کسی کے متعلق سینے میں بغض و عداوت کے جذبات کو چھپانا۔ اس تحقیق کی رو سے آیت کا مدعا یہ ہوگا کہ کفار و منافقین اسلام اور داعی اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اپنی دشمنی اور عداوت کو اپنے سینوں میں چھپائے ہوئے ہیں تاکہ وہ اس کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ظاہر نہ ہونے دیں اور پس پردہ حضور کو اذیت پہنچانے اور اسلام کی ترقی میں رخنے ڈالنے کے منصوبے بناتے رہیں اور سازشیں کرتے رہیں۔

؂ الا (حرف تنبیہ) کو مکرر ذکر فرما کر ان کی غلط فہمی دور کر دی کہ وہ ان تمام کوششوں اور کاوشوں کے باوجود اپنے عزائم کو اللہ تعالیٰ سے نہیں چھپا سکتے۔ اس کے محبوب کریم کے متعلق بغض و عناد کے جو گھناؤنے جذبات انھوں نے اپنے دلوں کے نہاں خانوں میں بڑی مہارت سے چھپائے ہوئے ہیں وہ ان سے اچھی طرح آگاہ ہے بلکہ جب رات کے وقت وہ بستر پر دراز ہوتے ہیں۔ ہر طرف گھپ اندھیرا چھایا ہوتا ہے اور ہو کا عالم ہوتا ہے۔ اور وہ اپنے آپ کو کسی لحاف یا چادر میں لپیٹ لیتے ہیں اس وقت بھی وہ علیم و خبیر اور سمیع و بصیر ان کی ہر حرکت کو جان رہا ہوتا ہے۔ تو ایسے ہمہ دان اور ہمہ بین خدائے ذوالجلال سے اپنے آپ کو چھپانے کی کوشش کرنا محض نفس فریبی ہے۔

؂ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نادانو! تم کس سے چھپ رہے ہو اور کس سے اپنے دلوں کے نفاق اور اسلام دشمنی کو چھپا رہے ہو۔ اس ذات پاک سے اس ہمہ دان اور ہمہ بین سے جو تمہارے ظاہر کو بھی جانتا ہے اور تمہارے باطن کو بھی۔ جو تمہارے ان اعمال کو بھی دیکھ رہا ہے جو تم چھپا کر

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ

اور نہیں کوئی جاندار زمین میں ۱۳ مگر اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے اس کا رزق وہ جانتا ہے

مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ۚ كُلٌّ فِي كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٦﴾ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ

اس کے ٹھیرنے کی جگہ کو اور اس کے امانت رکھے جانے کی جگہ کو، ہر چیز روشن کتاب میں (لکھی ہوئی) ہے اور وہی (خدا) ہے جس نے پیدا فرمایا

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَآءِ

آسمانوں اور زمین کو ۱۴ چھ دنوں میں اور (اس سے پہلے) اس کا عرش پانی پر تھا ۱۵ (زمین اور آسمان پیدا کیے)

کرتے ہو اور ان کو بھی جن کا تم برملا ارتکاب کرتے ہو۔ وہ تو وہ ذات ہے جس سے تمہارے سینوں میں چھپا ہوا کوئی راز بھی مخفی نہیں اس لیے اس ناکام کوشش میں اپنا وقت ضائع نہ کرو۔

۱۳ سابقہ آیت میں ظاہر و باطن پر مطلع ہونے کے متعلق ارشاد فرمایا تھا۔ یہاں یہ بتایا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ صرف تمہارے احوال سے ہی باخبر نہیں بلکہ وہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔ ہر ذی روح حیوان پر دابۃ کا لفظ بولا جاتا ہے اطلق علی کل حیوان ذی روح (کبیر وغیرہ)

رزق ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو کسی جاندار کی غذا بنے اور اس میں اس کی روح کی بقا اور جسم کی نشو و نما ہو۔ الرزق حقیقته ما یتغذی به الحی ویکون فیه بقاء روحه ونماء جسمه (قرطبی)

مستقر: اسم ظرف، قرار پکڑنے کی جگہ۔ مستودع بھی ظرف ہے، ودیعت رکھے جانے کی جگہ۔ مستقر سے مراد اس دنیا میں اس کے ٹھیرنے کی جگہ ہے، مستودع سے مراد اس کی قبر ہے۔ بعض علماء نے فرمایا کہ اس کے دن کی جولان گاہ کو مستقر اور اس کی رات کی آرام گاہ کو مستودع کہا گیا ہے۔ کتاب مبین سے مراد لوح محفوظ ہے۔ ان الفاظ کا مفہوم سمجھنے کے بعد اب آیت میں غور فرمائیے۔ بتایا جا رہا ہے کہ تم جانتے ہو کہ دنیا میں ان گنت قسم کے جانور ہیں اور ہر قسم کے اتنے افراد ہیں کہ ان کا شمار کرنا کسی کے بس میں نہیں۔ تو کون ہے جو چیونٹی سے لیکر ہاتھی تک، ممولے سے لیکر شہباز تک، مینڈک اور جھینگے سے لیکر مگرمچھ تک ہر جاندار کو اس کی مخصوص خوراک مطلوبہ مقدار میں بلا ناغہ بہم پہنچا رہا ہے۔ کس کی مجال ہے کہ وہ یہ ذمہ داری اٹھا سکے، صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے جس کا لنگر خانہ کھلا ہوا ہے جس کا دستر خوان کرم بچھا ہوا ہے۔ ہر چیز کو بر وقت اس کی خوراک مہیا کر دی جاتی ہے۔ یہاں اس نے اپنے ذمہ کرم پر لیا ہوا ہے کہ وہ ہر چیز کی ضرورت کا انتظام خود فرمائے گا۔ اگر خداوند کریم کو ہر چیز کا ٹھکانا معلوم نہ ہو تو اسے خوراک کیسے پہنچائے گا۔ اب جب ہر چیز کو اس کی غذا مہیا کی جا رہی ہے تو معلوم ہوا کہ وہ ہر چیز کو جانتا ہے۔ اور مرنے کے بعد بھی جہاں جہاں کوئی مدفون ہوگا اس کا بھی اسے علم ہے۔ اے کفار! وہ خدا جس سے کسی چٹان میں چھپا ہوا کیڑا بھی مخفی نہیں جو رات کے اندھیروں میں تاریک غار میں رینگنے والی چیونٹی کو بھی دیکھ رہا ہے، تم ہزار اس سے چھپنے کی کوشش کرو اس سے چھپ نہیں سکتے۔

۱۴ اللہ تعالیٰ کے علم محیط کے بیان کے بعد اب اس کی قدرت کاملہ کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ قرآن مجید میں کائنات کی تخلیق کی مدت ستۃ ایام (چھ دن)

کے لفظوں سے تعبیر کیا گیا ہے جیسے پہلے کئی مقامات پر بتایا جا چکا ہے کہ یوم کا لفظ جس طرح طلوع آفتاب سے لیکر غروب آفتاب تک کی مدت کے لیے استعمال ہوتا ہے اسی طرح اہلِ زبان مطلق وقت کے معنی میں بھی اسے استعمال کرتے رہتے ہیں کیونکہ یوم بمعنی دن کا آغاز تو سورج کی تخلیق کے بعد ہوا اور جس زمانہ کا ذکر ہے اس وقت نہ سورج تھا اور نہ اس کا طلوع و غروب، نہ دن تھا اور نہ رات تھی۔ اس لیے یہاں اس کا یہ معنی تو ہرگز نہیں لیا جا سکتا۔ بلکہ مطلق وقت کے معنی میں ہی یہ مستعمل ہوا ہے یعنی آسمان و زمین کی تخلیق چھ دوروں میں پایۂ تکمیل تک پہنچی۔ ہر دور کی مقدار کتنی تھی۔ اس کے متعلق ہم کچھ نہیں کہہ سکتے۔ کیونکہ اس کی وضاحت نہ قرآن کریم نے کی ہے اور نہ سنتِ نبوی میں اس کا ذکر ہے اور نہ ہی تخلیق کائنات کی تفصیل اس کے دوروں کا تعین۔ ہر دور میں رو پذیر ہونے والے تغیرات کا بیان قرآن کے اغراض و مقاصد میں داخل ہے۔

آج اس آیت کی وضاحت کے سلسلہ میں جہاں ورق گردانی کی وہاں دورِ غلامی کے ابتدائی ایام کی ایک معتقدر اور مشہور شخصیت کی نگارشات کے مطالعہ کا موقعہ بھی ملا۔ ان کا یہ مضمون سو سے زیادہ صفحات پر پھیلا ہوا ہے لیکن افسوس کہ تسکینِ قلب کا سامان نہ مل سکا۔ بلکہ ان کی ذہنی مرعوبیت پر دل بری طرح تلملاتا رہا۔ ان کے اس طویل مضمون کا خلاصہ یہ ہے کہ قرآن میں جو کئی مقامات پر مذکور ہے کہ آسمان و زمین کی تخلیق چھ دن میں ہوئی۔ یہ بات مبنی بر حقیقت نہیں بلکہ یہود کے مزعومات باطلہ کے پیشِ نظر کہی گئی ہے۔ انھیں کا ایک فقرہ سنئے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ان آیات میں "دنیا و مافیہا کا چھ دن میں بننا بطور بیانِ حقیقتِ واقع نہیں بلکہ الزاماً علی اعتقاد الیہود کہا گیا"۔ گویا قرآن کو اظہارِ حقیقت اور بیانِ صداقت سے کوئی سروکار نہیں بلکہ اسے تو فقط خصم پر الزامی حجت قائم کرنا ہے۔ چلو اس وقت تو حجت قائم ہو گئی اور کام چل گیا۔ لیکن جب کہ سائنسی تحقیقات نے یہودی مفروضات کو غلط ثابت کر دیا تو اب فرمائیے عصرِ حاضر کے طالبانِ ہدایت کے لیے قرآن میں کونسی جاذبیت پائی گئی۔ آج اسے کون اللہ تعالیٰ کا کلام مانے گا اس کے دوسرے دلائل پر کون اعتماد کرے گا۔

"ستۃ ایام" (چھ یوموں) کی جو تحقیق میں نے پیش کی ہے اور جسے جمہیر مفسرین نے پسند فرمایا ہے اس کو غلط ثابت کرنے کے لیے انھوں نے ایڑی چوٹی کا زور صرف کر دیا اور صفحوں پر صفحے لکھتے چلے گئے صرف یہ بات ثابت کرنے کے لیے کہ ان دنوں سے مراد یہی ہمارے بارہ چودہ گھنٹے کے دن ہیں۔ چنانچہ داد تحقیق دیتے ہوئے رقمطراز ہیں: "علماء اسلام نے بھی جہاں جہاں قرآن مجید میں دنیا و مافیہا کے چھ یوم میں پیدا کرنے کا ذکر آیا ہے یوم کی مدت بڑھانے کی کوشش کی ہے۔ کسی نے تو ایام سے ایام آخرت مراد لیے ہیں جس کے ہر ایک دن کی مقدار ہزار برس کے برابر خیال کی ہے اور کسی نے ستۃ ایام سے ستۃ احوال مراد لیے ہیں۔ اور کسی نے ستۃ اطوار اور کسی نے مجرد الحین و الوقت مگر جب ہمارا یقین یہ ہے کہ اس باب میں جو کچھ قرآن مجید میں بیان ہوا ہے وہ الزاماً علی اعتقاد الیہود ہے نہ بطور بیانِ حقیقت واقعہ کے تو ہم کو اس بحث میں پڑنے کی ضرورت نہیں"۔ صفحہ ۹۵ مقالات سرسید حصہ چہارم۔ اب آپ خود ہی فیصلہ فرما دیں کہ اس قسم کا اندازِ تفسیر کہاں تک پسندیدہ ہو سکتا ہے۔

ف اس سے یہ بتایا گیا کہ ارض و سما سے پہلے پانی کی تخلیق ہو چکی تھی اور یہی اصل کائنات ہے اور یہی منبعِ حیات ہے۔ دوسری جگہ ارشاد ہے وجعلنا من الماء کل شیئٍ حی۔ یعنی ہم نے پانی کے ذریعہ ہر چیز کی زندگی کا سامان فراہم کیا۔ اس پانی کی حقیقت کیا تھی۔ کیا وہ یہی پانی تھا یا کوئی مائع رہنے والی چیز تھی جسے سیال ہونے کی مناسبت سے پانی فرمایا گیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا ۗ وَلَئِنْ قُلْتَ إِنَّكُمْ مَبْعُوثُونَ مِنْ

تاکہ آزمائے تمھیں کہ تم میں سے کون اچھا ہے عمل کے لحاظ سے ۱۲ اور اگر آپ (انھیں) کہیں کہ یقیناً تم اٹھائے جاؤ گے موت

بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُولَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ ﴿٧﴾

کے بعد ۱۳ تو ضرور کہیں گے وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا کہ نہیں ہے یہ مگر جادو کھلا ہوا

وَلَئِنْ أَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِلَىٰ أُمَّةٍ مَعْدُودَةٍ لَيَقُولُنَّ مَا

اور اگر ہم ملتوی کردیں ان سے عذاب ۱۴ کچھ عرصہ تک تو (ازراہ مذاق) کہیں گے کہ کس چیز نے روک دیا

يَحْبِسُهُ ۗ أَلَا يَوْمَ يَأْتِيهِمْ لَيْسَ مَصْرُوفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ

ہے اس عذاب کو۔ وہ کان کھول کر سن لیں جس دن عذاب آجائیگا ان پر تو نہیں پھیرا جاسکے گا ان سے اور گھیر لے گا انھیں (وہ عذاب)

۱۲ تخلیق انسان کا مقصد بتایا کہ یہ دیکھنا ہے کہ انسان کو عقل و عمل کی جو گرانقدر قوتیں بخشی گئی ہیں انھیں وہ کس طرح استعمال کرتا ہے۔ کیا اس کے علم و عمل سے گلشن ہستی میں بہار آتی ہے یا تباہی اور بربادی کی خاک اڑنے لگتی ہے۔ کیا وہ اپنی زبان اور اپنے قلم کو انسانیت کے چاک گریباں کو رفو کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے یا وہ انسان کی قبائے شرف کو تار تار کر دیتا ہے۔ کیا اس نے اپنی ساری صلاحیتیں نفس پرستی، عیش کوشی اور فتنہ پردازی میں ہی صرف کر دیں یا اپنے خالق و مالک کی معرفت حاصل کرنے کے لیے انھیں استعمال کیا۔ اس آزمائش کے لیے حضرت انسان کو پیدا فرمایا گیا۔ یہ دنیا کھیل کود کا میدان نہیں ہے بلکہ امتحان گاہ ہے۔ ہر قدم اٹھانے سے پہلے خوب غور و فکر کر لینا چاہیے کہ یہ کہیں کدھر لے جائے گا۔

۱۳ خود تو وہ اس حقیقت کو سمجھتے نہیں اور اگر انھیں سمجھانے کی کوشش کی جاتی ہے کہ اس عمر عزیز کو یونہی ضائع نہ کرو۔ ان قوتوں سے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے لیے بال جان نہ بنو تمھیں مرنے کے بعد زندہ کیا جائے گا۔ بارگاہ خداوندی میں تمھاری پیشی ہوگی اور تم سے ان اعمال پر محاسبہ کیا جائے گا تو اس کا الزام لگانے لگتے ہیں کہ جس کتاب کی آیتیں پڑھ کر تم ہمیں سناتے ہو یہ تو کوئی جادو منتر کی کتاب ہے اللہ تعالیٰ کا یہ کلام نہیں۔

۱۴ یعنی ان منکرین حق کا انداز یہ ہے کہ جب ان کے سامنے حق پیش کیا جاتا ہے تو اسے رد کر دیتے ہیں جب ان کے اس بلا وجہ انکار پر عذاب الٰہی سے ڈرایا جاتا ہے تو بڑی شوخی اور بے باکی سے کہتے ہیں لے آؤ اس عذاب کو دیکھیں تو وہ کیسا ہوتا ہے۔ اور اگر اللہ تعالیٰ کسی حکمت اور مصلحت کے باعث نزول عذاب میں تاخیر فرماتا ہے تو اسے اس کا احسان خیال نہیں کرتے اور ان مہلت کی گھڑیوں سے فائدہ اٹھانے کے بجائے الٹا طعنے دینے لگتے ہیں کہ کہاں گیا وہ عذاب جس سے تم ہمیں ڈرایا کرتے تھے۔

مَا كَانُوا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۸ وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ

جس کا وہ تمسخر اڑایا کرتے تھے ف۱ اور اگر ہم چکھائیں کسی انسان کو اپنی طرف سے رحمت (کا مزہ) پھر

نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ ۝۹ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ

ہم چھین لیں اس رحمت کو اس سے تو وہ بڑا مایوس اور ناشکرا بن جاتا ہے اور اگر ہم چکھاتے ہیں اسے کوئی نعمت اس تکلیف کے بعد جو اسے پہنچی تو وہ

ف۱ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ جب مقررہ گھڑی آ پہنچے گی تو عذاب الٰہی تم پر نازل ہوگا اس وقت تم چلاؤ گے شور مچاؤ گے بھاگنے کی کوشش کرو گے سب بے سود۔ وہ عذاب تمھیں نیست و نابود کر دے گا اس لیے ان مہلت کی گھڑیوں کو ضائع نہ کرو۔ رحمت کا دروازہ کھلا ہے آؤ توبہ کرو معافی مانگ لو بخش دیئے جاؤ گے۔

ف۲ انسان کو اس زندگی میں مختلف قسم کے حالات سے واسطہ پڑتا ہے۔ کبھی اس کے مطلع حیات پر خوشی کے ستارے جگمگاتے ہیں اور کبھی اسے ایسی شکست سے دوچار ہونا پڑتا ہے جس کا اسے تصور تک بھی نہیں ہوتا۔ کبھی وہ تندرست و توانا ہوتا ہے اور کبھی بیمار و رنجور۔ ان مختلف حالات میں دو قسم کے انسانوں (کافر اور مومن) کا جو طریق کار اور رد عمل ہوتا ہے اس کو ان آیات میں بڑے مؤثر پیرایہ میں ذکر کیا گیا ہے تاکہ انسان اپنی بھلائی اور اپنے وقار کی خاطر بہتر راستہ اختیار کرسکے۔ انسانی نفسیات کا یہ ایسا حقیقت پسندانہ تجزیہ ہے جس میں شک و شبہ کی ذرا گنجائش نہیں۔

آیت کے چند تشریح طلب الفاظ: الانسان سے جنس انسان مراد ہے کسی خاص شخص یا قوم کی تخصیص نہیں۔ رحمۃ سے مراد صحت، امن و عافیت، اقبال مندی، خوشحالی غرضیکہ ہر قسم کی نعمتوں کو شامل ہے۔ یئوس: مبالغہ کا صیغہ ہے یعنی بالکل مایوس ہو جانیوالا جسے حالات کے بہتر ہونے کی کوئی توقع ہی نہ رہے۔ کفور: یہ بھی مبالغہ کا صیغہ ہے یعنی بہت ناشکری کرنیوالا پہلے جب اسے گوناں گوں نعمتوں سے نوازا گیا تھا تو اس نے کبھی اپنے مالک کا شکر یہ ادا نہ کیا۔ اور اب بھی اگرچہ اس کی زندگی کا ایک گوشہ تاریک ہے لیکن کئی گوشے ایسے بھی تو ہیں جہاں سکون و طمانیت کی روشنی پھیلی ہوئی ہے۔ تھوڑی سی تکلیف پر اس کا دوسری نعمتوں سے بھی آنکھیں بند کر لینا کیا یہ ناشکری نہیں؟

ف۳ اگر ہجوم مصائب سے اسے نجات مل جاتی ہے تو وہ یہ نہیں سمجھتا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر کرم کیا اور میری بے کسی پر رحم فرمایا ہے بلکہ مصائب کے ٹل جانے کو حادثات روزگار سے منسوب کرتا ہے لا ینسب ذھاب السیئات الی اللہ تعالٰی ولا یشکرہ بل ینسبہ الی عادۃ الدھر (مظہری)۔ فرح: فرح کہتے ہیں اس لذت کو جو مطلوب کے حاصل ہونے پر دل میں پیدا ہوتی ہے۔ فخور: مبالغہ کا صیغہ ہے یعنی اس پر وہ اترانے لگتا ہے اور سمجھتا ہے کہ یہ عزتیں، یہ اقبال مندیاں، یہ مال و دولت کی فراوانی ایسی چیزیں ہیں جن کا وہ اپنی ذاتی اہلیت کی وجہ سے مستحق تھا۔

اب آپ غور فرمایئے کہ جس انسان کی یہ حالت ہو کہ ناکامی اور نامرادی کے وقت وہ حوصلہ ہار کر اور پاؤں توڑ کر بیٹھ جائے اور اپنے مستقبل کے بارے میں بالکل مایوس ہو جائے اور اگر اس پر فارغ البالی اور آسائش کا دور آئے تو کبر و غرور سے زمین پر اٹھلا اٹھلا کر چلنے لگے اس سے کسی اچھے کام کی توقع کی جاسکتی ہے۔ اگر اس کے رنج و محن کا دور اس کی ذات کے لیے تباہ کن ہوتا ہے تو اس کے عروج کا زمانہ خلق خدا

مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۙ﴿۱۰﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ

کا اضطراب ہے کہ دُور ہوگئیں سب تکلیفیں مجھ سے۔ بیشک وہ بڑا خوش ہونیوالا اترانے والا ہے۔ مگر وہ لوگ جو

صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿۱۱﴾

صبر کرتے ہیں ۲۲ اور نیک کام کرتے ہیں (وہ ایسے کم ظرف نہیں ہوتے) وہی ہیں جن کے لیے بخشش بھی ہے اور بڑا اجر بھی ہے ۲۳

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ

(تو کیا یہ ہو سکتا ہے کہ آپ چھوڑ دیں کچھ حصہ اس کا جو وحی کی جاتی آپ کی طرف ۲۴ اور تنگ ہو جائے اس کے ساتھ آپ کا سینہ (اس اندیشہ

کے لیے مصیبت اور بدبختی کا زمانہ ہوتا ہے۔ ایسے شخص کی زندگی کبھی مثالی زندگی نہیں بن سکتی۔

۲۲ عام لوگوں کے طرز عمل کو ذکر کرنے کے بعد یہ بتایا جا رہا ہے کہ جو لوگ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑ لیتے ہیں اور اچھے عمل کیا کرتے ہیں وہ یوں نہیں ہوا کرتے۔ وہ مصائب و آلام کے تاریک لمحوں میں بھی نہیں گھبراتے بلکہ چٹان کی طرح ڈٹے رہتے ہیں۔ اور خوشی کے دنوں میں بھی وہ کسی کم ظرفی کا اظہار نہیں کرتے بلکہ اپنے رب کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اور اپنے وسائل کو اس کی مخلوق کی خدمت کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عجبا لامر المؤمن ان امرہ کلہ لہ خیر ولیس ذالک لاحد الا للمؤمن ان اصابتہ سراء شکر فکان خیرا لہ وان اصابتہ ضراء صبر فکان خیرا لہ۔ (مسلم)

یعنی مومن کی بھی عجیب شان ہے کہ اس کی ہر حالت اس کے لیے بہتر ہے۔ اور یہ صرف مومن کی ہی خصوصیت ہے۔ اگر اسے آرام و راحت پہنچے اور وہ اس پر شکر ادا کرے تو یہ آرام و راحت اس کے لیے خیر و برکت کا باعث ہے۔ اور اگر اسے تکلیف پہنچے اور وہ اس پر صبر کرے تو یہ تکلیف بھی اس کے لیے خیر و برکت کا موجب ہے۔

۲۳ واقعی اس قسم کے لوگ اس سرفرازی کے مستحق ہیں۔

۲۴ کفار نے آخر کہا کہ یہ قرآن جو آپ ہمیں پڑھ کر سناتے ہیں اس میں تو ہمارے خداؤں کو بہت برا بھلا کہا گیا ہے اس لیے ہم اس قرآن کو ماننے کے لیے تیار نہیں۔ ہاں اگر آپ ایسا قرآن لے آئیں جس میں ہمارے بتوں سے کسی قسم کا تعرض نہ کیا گیا ہو تو ہم آپ پر ایمان لا سکتے ہیں۔ دوسرا اعتراض انہوں نے یہ کیا کہ اگر آپ سچے نبی ہوتے تو آپ کے پاس سونے چاندی، لعل و جواہرات کے خزانے ہوتے جنہیں آپ لوگوں میں تقسیم کرتے اور لوگ آپ کی بات مانتے یا آپ کے ہمراہ کوئی فرشتہ ہوتا جو لوگوں کو آپ کی صداقت کا یقین دلاتا اور جو ماننے سے انکار کرتا اس کی گردن مروڑ کر رکھ دیتا۔ دو چار کے ساتھ ایسا کیا جاتا تو کسی کو آپ کی دعوت رد کرنے کی جرأت ہی نہ ہوتی۔ اور آپ کا حال یہ ہے کہ خود نان جویں میسر نہیں تو کسی کو کیا دیں گے۔ اور ہم آپ پر آوازے کستے ہیں، پتھر مارتے ہیں، غلاظت پھینکتے ہیں۔ راستہ میں کانٹے بچھاتے ہیں۔ اور ہمیں تو کبھی سر درد بھی نہیں ہوا۔ آپ خود سوچیے کہ آپ جیسے نبی کا اتباع کرنے کی کسی کو کیا ضرورت ہے۔ یقیناً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

يَقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ

کہ کافر کہیں گے کہ کیوں نہ اتارا گیا اس پر خزانہ یا کیوں نہ آیا اس کے ساتھ کوئی فرشتہ آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں ۲۵

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ وَّكِيْلٌ ۞۱۲ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا

اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کا نگہبان ہے۔ کیا کفار کہتے ہیں کہ اس نے یہ (قرآن خود) گھڑ لیا ہے ۲۶ آپ فرمائیے

بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ

(اگر ایسا ہے) تو تم بھی لے آؤ دس سورتیں اس جیسی گھڑی ہوئی اور بلا لو (اپنی مدد کے لیے) جس کو بلا سکتے ہو اللہ تعالیٰ کے

اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۞۱۳ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ

سوا اگر تم (اس الزام تراشی میں) سچے ہو۔ پس اگر وہ نہ قبول کر سکیں تمہاری دعوت تو پھر جان لو کہ یہ قرآن محض

اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۞۱۴

علم الٰہی سے اتارا گیا ہے ۲۷ اور (یہ بھی) جان لو کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ تعالیٰ کے۔ پس کیا (اب) تم اسلام لے آؤ گے۔

کران کی اس قسم کی ہرزہ سرائیوں پر دکھ ہوتا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے محبوب! یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ ان کی رضاجوئی کے لیے کتاب میں رد و بدل کر دیں یا دولت کی کمی اور کسی فرشتہ کے ہمراہ نہ ہونے کی وجہ سے کچھ دل گرفتگی محسوس کریں۔ نہیں ہرگز نہیں۔

وقيل معنى الكلام النفي مع استبعاد اي لا يكون منك ذلك بل تبلغهم كل ما انزل اليك (قرطبی)

یعنی یہ بات آپ سے بعید ہے آپ ایسا ہرگز نہیں کریں گے بلکہ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا ہے اسے جوں کا توں پہنچا دیں گے۔ کوئی مانے یا نہ مانے۔

۲۵ آپ کا فرض انہیں عذاب الٰہی سے آگاہ کر دینا ہے۔ اللہ تعالیٰ خود ان سے نپٹ لے گا۔

۲۶ قرآن کریم کے بارے میں بار بار دہرائے جانے والے اعتراض کا کہ یہ کلام الٰہی نہیں ہے یہی دندان شکن جواب دیا جا رہا ہے جو سورۂ یونس میں ابھی ابھی گزرا ہے کہ تم بھی ملک سخن کے بادشاہ ہو۔ اقلیم فصاحت و بلاغت میں تمہارا ابھی سکہ رواں ہے۔ سب مل کر بیٹھو اور اس قسم کا کلام بنا کر دکھاؤ۔ یہاں دس سورتیں اس جیسی پیش کرنے کا چیلنج دیا۔ جب نہ لا سکے تو یونس میں (جو ہود کے بعد نازل ہوئی) انہیں کہا گیا کہ دس نہیں بنا سکتے تو ایک سورۃ ہی بنا کر پیش کر دو۔

۲۷ اس کا ایک مفہوم تو یہ بیان کیا گیا ہے اے مسلمانو! اگر وہ اس چیلنج کا جواب نہ دے سکیں تو تم جان لو کہ یہ کلام الٰہی ہے (اس صورت میں لکم اور فاعلموا میں جو ضمیر ہے دونوں کا مرجع مسلمان ہوں گے لیکن آیت کا سیاق اس کی تائید نہیں کرتا۔ مسلمان تو پہلے ہی قرآن کو منزل من اللہ سمجھتے

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ

جو طلب گار ہیں دنیوی زندگی اور اس کی زیب و زینت ۲۳ کے تو ہم پورا بدلہ دیتے ہیں انھیں ان کے اعمال کا

تھے اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر انھیں یقین محکم تھا انھیں فاعلموا اور ھل انتم مسلمون سے خطاب کی کیا ضرورت تھی اس لیے مناسب یہ ہے کہ ان کلمات کا مرجع مشرکین ہوں اور خطاب بھی انھیں سے ہو یعنی اے مشرکو! اگر تم قرآن کا مثل بنانے کے لیے اپنے بڑے بڑے فصیح و بلیغ شاعروں اور خطیبوں کو دعوت دو اور وہ اس دعوت کو قبول کرنے کی جرأت نہ کر سکیں تو پھر تم بھی جان لو کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور یہ بھی یقین کر لو کہ اس کی ذات کے سوا کوئی معبود نہیں دیکھو اب تو حقیقت روشن ہو گئی۔ حق واضح ہو گیا۔ کیا اب بھی اسلام لانے میں پس و پیش کرو گے؟ وقیل الضمیر فی لکم وفی فاعلموا للمشرکین والمعنی فان لم یستجب لکم من تدعونه الی المعاونة ولا تھیأت لکم المعارضة فاعلموا انما انزل بعلم الله ای بإذنه او بعلمه۔

۲۳ے جو شخص کوئی بھلائی کا کام کرتا ہے کسی یتیم کی پرورش، کسی خستہ حال بیوہ کی سرپرستی، غرباء کی امداد، رفاہ عامہ کے کام ہسپتال، سرائیں، سکول وغیرہ اور ان اعمال سے اس کے پیش نظر اللہ تعالیٰ کی رضا نہیں ہوتی بلکہ وہ دنیا میں ناموری، کاروبار میں ترقی اور اقتدار و دوام کی خواہش وغیرہ مقاصد کے لیے یہ کام کرتا ہے۔ تو بھی اس کے اچھے اور مفید اعمال رنگ لائیں گے۔ لوگ اس کی سخاوت اور رحمدلی کے گیت گائیں گے۔ رفاہ عامہ کے کاموں کو دیکھ کر لوگ اس کی راہ میں آنکھیں بچھائیں گے۔ اس کے کاروبار کو بھی بڑی ترقی ہو گی اور مورخین اس کے ان کارناموں کو تاریخ کے صفحات پر ثبت بھی کر دیں گے لیکن کیونکہ اس نے یہ سارے کام اللہ تعالیٰ کی رضاجوئی اور خوشنودی کے لیے نہیں کیے تھے اس لیے اللہ کی ابدی نعمتوں میں سے اسے کوئی حصہ نہیں ملے گا ولانھم لم یریدوا بھا وجه الله تعالیٰ حتی یکون اجرھم علی الله۔ (مظہری) کیونکہ وہ نعمتیں تو صرف ان خوش نصیبوں کو مرحمت کی جاتی ہیں جو شاہراہ حیات پر قدم اٹھانے سے پہلے اپنے مولا کی رضا کو پیش نظر رکھتے ہیں۔

بعض علما کے نزدیک یہ آیت کفار کے حق میں نازل ہوئی ہے قیل نزلت فی الکفار قاله الضحاک واختاره النحاس یعنی کافر جو اچھے کام کریں گے انھیں ان کا بدلہ صحت، ثروت، عزت اور ناموری کی شکل میں پورا پورا دے دیا جائے گا۔ اور بعض علما کا خیال ہے کہ ریاکاروں کے حق میں نازل ہوئی۔ حدیث شریف میں ہے کہ قیامت کے دن ریاکاروں کو کہا جائے گا۔

صمتم وصلیتم وتصدقتم وجاھدتم وقرأتم لیقال ذالک فقد قیل ذالک۔

اے ریاکارو! تم نے روزے رکھے، تم نے نمازیں پڑھیں، صدقے دیئے، جہاد کیا اور قرآن کی تلاوت کی محض اس مقصد کے لیے کہ تمھیں نمازی وغیرہ کہا جائے اور وہ تمھیں کہہ دیا گیا آج تمھارے لیے کچھ نہیں۔ پھر انھیں لوگوں سے سب سے پہلے دوزخ کی آگ بھڑکائی جائے گی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ روایت بیان کی اور پھر زار و قطار رونے لگے۔ (قرطبی)

مگر جو لوگ دنیا کے حصول کو اپنا مطمح نظر نہیں بناتے بلکہ طالب مولیٰ ہوتے ہیں انھیں دنیا بھی ملے گی اور آخرت کی نعمتوں سے بھی انھیں سرفراز کیا جائے گا۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا من کانت نیته طلب الآخرة جعل الله غناه فی قلبه وجمع الله شمله واتته الدنیا وھی راغمة ومن کانت نیته طلب الدنیا جعل الله الفقر بین عینیه و

فِيهَا وَهُمْ فِيهَا لَا يُبْخَسُونَ ﴿۱۵﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَيْسَ لَهُمْ فِي

اس زندگی میں اور انھیں اس میں نقصان نہیں اٹھانا پڑیگا۔ یہ وہ لوگ ہیں نہیں ہے جن کے لیے

الْآخِرَةِ إِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوا فِيهَا وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۶﴾

آخرت میں مگر آگ۔ اور اکارت گیا جو کچھ انھوں نے دنیا میں کیا اور (درحقیقت) سراسر باطل تھا جو وہ کیا کرتے تھے۔

أَفَمَن كَانَ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِن

توکیا وہ شخص (انکار کرسکتا ہے) جس کے پاس روشن دلیل ہو اپنے رب کی طرف سے اور اس کے پیچھے ایک سچا گواہ بھی آگیا ہو اللہ کی طرف سے ۲۹ اور

تشتت علیه امرہ ولا یاتیه منها الا ما کتب له۔ رواہ الترمذی و رواہ احمد والدارمی عن ابان عن زید بن ثابت۔ (مظہری)

ترجمہ: جو شخص طلب آخرت کے لیے کوئی نیک کام کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کو غنی کر دیتا ہے۔ اس کے پراگندہ حال کو درست فرمادیتا ہے اور دنیا اس کے قدموں میں ذلیل ہوکر حاضر ہوتی ہے اور جس شخص کے پیش نظر دنیا کا حصول ہوتا ہے تو اس کی غربت اس کی آنکھوں کے سامنے کردی جاتی ہے۔ اس کے حالات کو پراگندہ کردیا جاتا ہے۔ اور اس خستہ حالی کے باوجود دنیا سے اتنی ہی ملتی ہے جتنی اس کے مقدر میں لکھی جاچکی ہے۔ اللہ ہمیں بھی عطا فرمائے۔ اور فانی کی طلب میں ہی ہلکان نہ ہوتے رہیں۔ بلکہ باقی کے طالب بنیں۔ اور جب باقی مل گیا تو پیچھے پھر رہی کیا گیا۔

۲۹ دنیا کے طلب گار اسلام کو قبول نہ کرنے کے بہانے تلاش کرتے رہیں لیکن وہ شخص جس کے پاس اسلام کی حقانیت کی روشن دلیل بھی ہو اور اس کے ساتھ ایک سچا گواہ گواہی بھی دے رہا ہو۔ تورات جیسی سراپا ہدایت کتاب بھی اس کی صداقت کا بار بار اعلان کر رہی ہو تو وہ تو کسی قیمت پر اسلام سے منہ موڑنے کے لیے تیار نہ ہوگا۔ اور نہ کسی مصیبت سے ڈر کر راہ راست کو چھوڑے گا۔ اور جو بد قسمت ان دلائل و شواہد کے ہوتے ہوئے دین مبین کا انکار کرتا رہے گا تو اس کا ٹھکانا آتش جہنم کے سوا اور کیا ہوسکتا ہے۔ آپ خود ہی فیصلہ کیجئے کہ جو شخص حق کو حق سمجھتے ہوئے اس کا انکار کرے اور اس انکار پر مصر بھی رہے تو اگر اس پر آگ کے انگارے نہیں تو کیا جنت کے پھول نچھاور کیے جائیں گے؟

یہاں دو چیزیں تحقیق طلب ہیں۔ بینة سے کیا مراد ہے اور شاھد کون ہے۔ علماء تفسیر نے متعدد اقوال ذکر کیے ہیں۔ بینہ سے مراد عقلی دلیل، قرآن مجید اور حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ شاہد سے مراد یا جبریل ہے یا حضور رحمت دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی زبان فیض ترجمان ہے اور بعض نے یہ بھی فرمایا ہے کہ شاہد سے مراد حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں لیکن آپ کے صاحبزادے حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے قلت لابی انت الشاھد؟ میں نے اپنے پدر بزرگوار سے پوچھا، حضور! کیا شاہد آپ ہیں تو آپ نے فرمایا وددت ان اکون انا ھو لکنه لسان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم میری تو بہت چاہ تھی کہ شاہد میں ہی ہوں لیکن شاہد حضور فخر عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک ہے۔

قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰۤى اِمَامًا وَّ رَحْمَةً ؕ اُولٰٓىٕكَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَ

اس سے قبل کتاب موسیٰ بھی آ چکی ہو جو امام اور سراپا رحمت ہے ؟ (قطعاً نہیں بلکہ) یہ لوگ تو ایمان لائیں گے اس پر۔ اور

مَنْ یَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِیْ مِرْیَةٍ

جو کفر کرے اس کے ساتھ مختلف گروہوں سے تو آتش (جہنم) ہی اس کے وعدہ کی جگہ ہے۔ پس اے سننے والے (!) نہ پڑ جا

مِّنْهُ ۗ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿١٧﴾

شک میں اس کے متعلق [۳۰] بےشبہ یہ حق ہے تیرے رب کی طرف سے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔

وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓىٕكَ یُعْرَضُوْنَ

اور کون زیادہ ظالم ہے اس شخص سے جو بہتان لگاتا ہے اللہ تعالیٰ پر جھوٹا [۳۱] یہ لوگ پیش کیے جائیں گے

عَلٰى رَبِّهِمْ وَ یَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰۤؤُلَآءِ الَّذِیْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ

اپنے رب کے سامنے [۳۲] اور کہیں گے گواہ یہی وہ (گستاخ) ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا تھا

[۳۰] اس میں خطاب عام قاری یا سننے والے کو ہے۔ جس کی تحقیق ابھی سورۃ یونس میں گزری ہے۔

[۳۱] اللہ تعالیٰ پر افترا باندھنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹی اور من گھڑت باتیں منسوب کیا کرتے تھے۔ مثلاً یہ کہ اس کا کوئی بیٹا ہے۔ یا فلاں اس کا شریک ہے یا جو اس کا کلام ہو اس کے متعلق کہا کہ یہ اس کا کلام نہیں اور جو اس کا کلام نہ ہو اسے اس کا کلام کہنا شروع کیا یا کسی چیز کو حلال یا حرام تو خود کیا اور دعویٰ یہ کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے حلال اور اسے حرام کیا ہے۔

[۳۲] قیامت کے روز انہیں بارگاہ رب العزت میں پیش کیا جائے گا۔ ان پر فرد جرم لگایا جائے گا۔ کراماً کاتبین کے نوشتے تحریری طور پر پیش کیے جائیں گے۔ ان کے علاوہ عینی گواہ گواہی دیں گے جب ان کا جرم اچھی طرح ثابت ہو جائے گا تو انہیں در رحمت سے دھکیل دیا جائے گا۔ گواہ کون ہونگے ؟ بعض نے کہا ہے کہ فرشتے۔ اور حضرت عباس سے مروی ہے کہ انبیاء و رسل گواہی دیں گے عن ابن عباس انھم الانبیاء والرسل وھو قول الضحاک۔ قرآن کریم کی اس آیت سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے فکیف اذا جئنا من کل امة بشھید وجئنا بک علی ھؤلاء شھیدا یعنی ہم ہر امت سے اس پر گواہ لائیں گے اور ان سب پر آپ کو گواہ بنا کر لائیں گے حضرت عبد اللہ بن مبارک نے سید التابعین حضرت سعید بن المسیب سے نقل کیا ہے: قال لیس من یوم الا وتعرض علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم امته غدوة وعشیة فیعرفھم بسیماھم واعمالھم فلذالک یشھد علیھم (مظہری)

اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ

خبردار! اللہ کی پھٹکار ہو ظالموں پر۔ جو بدنصیب روکتے ہیں اللہ تعالیٰ کی راہ

اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰٓئِكَ لَمْ

سے اور چاہتے ہیں کہ اس راہ (راست) کو ٹیڑھا بنا دیں ۳۳ اور وہی آخرت کے منکر ہیں۔ یہ لوگ (اللہ تعالیٰ کو)

يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ

عاجز کرنے والے نہیں تھے زمین میں ۳۴ اور نہ ہی ان کے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی

یعنی ہر روز حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر حضور کی امت صبح وشام پیش کی جاتی ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ان کے چہروں اور اُن کے اعمال کی وجہ سے انھیں پہچانتے ہیں اس لیے قیامت کے دن ان پر گواہی دیں گے۔ خدا نہ کرے کہ ہم مجرموں اور نافرمانوں کی حیثیت سے بارگاہ رسالت میں پیش کیے جائیں۔ کتنے رنج والم کا مقام ہے کہ ہم اپنی بداعمالی کی وجہ سے اس ذات پاک کو اذیت پہنچائیں۔ جس کی آنکھیں ہماری مغفرت کے لیے اشکبار ہیں اور جس کے مبارک ہاتھ ہمارے لیے طلب رحمت وبخشش کے لیے پھیلے ہوئے ہیں۔ شاید حضرت بہاؤالدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کا ہی واقعہ ہے کہ جب آپ حج کے لیے حاضر ہوئے تو کعبہ کی دہلیز پکڑ کر پھوٹ پھوٹ کر روتے اور اپنی مغفرت کے لیے التجائیں کیں۔ آخر میں عرض کی اے مولا! اگر تیری مرضی یہ ہو کہ مجھے بخشا نہ جائے تو میری یہ التجا ضرور منظور فرما کہ مجھے قیامت کے روز نابینا کر کے اٹھا تاکہ میں تیرے محبوب کی جناب میں شرمسار نہ ہوں۔

۳۳؎ دوسرے لوگوں کو حق سے متنفر کرنے کے لیے انھوں نے یہ طریقہ اختیار کر رکھا ہے کہ وہ حق کو اس طرح توڑ مروڑ کر پیش کرتے ہیں کہ سننے والا اس سے نفرت کرنے لگتا ہے اور اس کو باطل سمجھنے لگتا ہے۔ آج بھی باطل پرستوں کا یہی شیوہ ہے کہ وہ خود ہی حق کے ترجمان بن بیٹھتے ہیں اور اس کو ایسا جامہ پہناتے ہیں کہ انسان اس سے دور بھاگنے میں ہی اپنی عافیت سمجھتا ہے وہ حق کو صحیح طور پر پیش کرنے کے بعد اس پر اعتراض کیوں نہیں کرتے۔ وہ یہ اوچھے ہتھیار کیوں استعمال کرتے ہیں۔ اس لیے کہ وہ اپنے نہاں خانۂ دل میں اچھی طرح جانتے ہیں کہ اگر دامن حق کو ان تہمتوں سے ملوث نہ کیا گیا اور اس کے حقیقی حسن کی ایک جھلک بھی کسی نے دیکھ لی تو پروانہ وار اس پر نثار ہونے لگے گا۔ پھر ہم ہزار جتن کریں اس کو حق سے برگشتہ نہیں کر سکیں گے اس لیے وہ اپنا سارا زور حق کو اپنے رنگ میں پیش کرنے کے لیے صرف کرتے ہیں۔

۳۴؎ یعنی ہماری نافرمانی اور دین حنیف سے کھلی دشمنی کے باوجود اس چند روزہ زندگی میں جو ان کا طوطی بولتا رہتا ہے اور ان کی عظمت و سطوت کا نقارہ بجتا رہتا ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ ہم سے زبردست اور طاقتور تھے اس لیے اپنی من مانی کرتے رہے ایسا نہیں اگر ہم چاہتے تو ان کے بگڑے ہوئے ناخنوں کو فرد کی طرح ایک مچھر سے درست کرا دیتے اور ان کو کوئی ایسا مددگار بھی نہ ملتا جو ان کو زبردستی

أَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ۚ مَا كَانُوا يَسْتَطِيعُونَ السَّمْعَ وَ

مددگار تھا۔ دوگنا کردیا جائے گا ان کے لیے عذاب۔ نہ وہ (آوازِ حق) سن سکتے تھے اور

مَا كَانُوا يُبْصِرُونَ ﴿۲۰﴾ أُولٰٓئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوٓا أَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ

نہ وہ (نورِ حق) دیکھ سکتے تھے۔ یہی وہ (بدقسمت) ہیں جنھوں نے نقصان پہنچایا اپنے آپ کو اور گم ہوگئیں

عَنْهُمْ مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ أَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ

ان سے وہ باتیں جو وہ تراشا کرتے تھے۔ ۳۵ یقیناً یہی لوگ ہیں جو آخرت میں سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے

الْأَخْسَرُونَ ﴿۲۲﴾ إِنَّ الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَأَخْبَتُوٓا

ہوں گے۔ بیشک جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے ۳۶ اور عجز و نیاز سے جھک گئے اپنے

إِلٰى رَبِّهِمْ ۙ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ﴿۲۳﴾ مَثَلُ

پروردگار کی طرف۔ یہی لوگ جنتی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ ان دونوں

الْفَرِيقَيْنِ كَالْأَعْمٰى وَالْأَصَمِّ وَالْبَصِيرِ وَالسَّمِيعِ ۚ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ

فریقوں کی مثال ایسی ہے جیسے ایک اندھا اور بہرا ہو اور دوسرا دیکھنے والا اور سننے والا ہو۔ کیا یکساں ہے ان دونوں

ہمارے عذاب سے چھوٹ گیا، بلکہ یہ ڈھیل ہم نے خود انھیں دے رکھی تھی تاکہ وہ جی بھر کر نافرمانیاں کرلیں اور انھیں سخت سے سخت عذاب میں گرفتار کردیا جائے۔ ان بدبختوں کے وہ کان ہی بہرے ہوگئے تھے جو آوازِ حق کو سنتے ہیں وہ آنکھیں ہی اندھی ہوگئی تھیں جو نورِ حق کو دیکھ سکتی ہیں۔

۳۵ ان کے سارے منصوبے دھرے کے دھرے رہ گئے۔ اپنے معبودانِ باطل سے بخشش اور نجات کی جو حسین توقعات انھوں نے وابستہ کر رکھی تھیں وہ سب خاک میں مل گئیں۔ وہ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھتے رہے لیکن ان کے خداؤں کا تو کہیں نام و نشان تک نہ تھا۔

۳۶ ان ازلی بدبختوں کے باطل معتقدات، طرزِ حیات اور دور از حقیقت تصورات اور ان پر ان کے طبعی نتائج کے ذکر کے بعد اب سعادت مندوں کے گروہ کا ذکر کیا جارہا ہے کہ پہلے گروہ کے مقابلہ میں ان کے اعتقادات کیا ہیں، ان کا دستورِ زندگی کیا ہے، ان کے دل کی کیفیت کیا ہے۔ اس کے بعد ان کے انجام سے آگاہ کیا گیا تاکہ سننے والے کو پتہ چل جائے کہ انھوں نے اپنے حسنِ عمل، پاکیِ قلب اور قوتِ ایمان کی وجہ سے

مَثَلًا ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ ۡ اِنِّىْ لَكُمْ

کا حال ۳۷؎ کیا تم (اس مثال میں) غور وفکر نہیں کرتے ۳۸؎ اور بیشک ہم نے بھیجا نوح کو ان کی قوم کی طرف۔ ۳۹؎ (انھوں نے کہا)

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۵﴾ ۙ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ

اے قوم!) میں تمھیں کھلا کھلا ڈرانے والا ہوں۔ کہ تم نہ عبادت کرو کسی کی سوائے اللہ کے بیشک میں ڈرتا ہوں کہ تم پر عذاب کا دردناک دن

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۶﴾ فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا

نہ آجائے۔ تو کہنے لگے ان کی قوم کے سردار جنھوں نے کفر اختیار کیا تھا (اے نوح!) ہم نہیں دیکھتے تمھیں مگر

رحمت الٰہی کو اپنی طرف ملتفت کر لیا ہے۔ ان کے دل کے یقین، اعمال کے حسن اور ان کے عجز و نیاز اور سوز و گداز نے عنایاتِ ربانی کو ان کی طرف متوجہ کر دیا ہے۔ اللّٰھم اجعلنا منھم بجاہ حبیبك الكريم عليه افضل الصلوٰۃ والتسليم۔

۳۷؎ کتنی پیاری، دلنشین اور حقیقت افروز مثال ہے۔

۳۸؎ گزشتہ آیات میں راہِ حق پر ثابت قدمی سے بڑھتے چلے جانے والوں اور راہِ راست سے دانستہ بھٹک جانے والوں کا تذکرہ ہوا۔ دونوں کے عقائد ان کے اعمال اور ان کے انجام کی تفصیل بیان ہوئی۔ اب اللہ تعالیٰ انبیاء سابقین کی تبلیغی سرگرمیوں اور ان کی امتوں کی سرکشیوں کا ذکر فرماتے ہیں تاکہ صراطِ مستقیم پر چلنے والے ان روح فرسا حالات سے گھبرا نہ جائیں جو انھیں پیش آنے والے ہیں۔ نیز اپنے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو بھی ارشاد فرمایا کہ جس طرح پہلے علمبرداران حق نے منکرین کی شورشوں اور غوغا آرائیوں کے باوجود صبر و استقامت کا مظاہرہ کیا آپ بھی کریں اور جس طرح انجام کار وہ کامیاب ہوئے اور ان کے دشمن مٹا دیئے گئے اسی طرح آپ کے دشمن بھی مٹ جائیں گے اور آپ کی عظمت و رفعت کا پرچم تا ابد لہراتا رہے گا۔

۳۹؎ آپ کا نسب نامہ، آپ کی قوم کا وطن اور آپ کا زمانہ سورۂ اعراف کے حواشی میں تفصیلاً بیان کیا جا چکا ہے۔ وہاں ملاحظہ فرما دیں۔ سر سید احمد خاں نے لکھا ہے کہ ایک روایت کے مطابق آپ کی پیدائش آدم علیہ السلام سے ۱۰۶۵ سال بعد ہوئی اور دوسری روایت جو اس سے زیادہ قابلِ اعتماد ہے ۲۲۹۲ سال بعد ہوئی (واللہ اعلم) یہ دونوں روایتیں علماء توریت کی ہیں۔ اس طویل عرصہ میں ان میں ہر طرح کی خرابیاں پیدا ہو گئی تھیں۔ بدکاری، اخلاقی پستی، ظلم و سرکشی، روزِ قیامت کا انکار، ان کے علاوہ دامنِ توحید بھی ان کے ہاتھوں سے چھوٹ چکا تھا۔ خدائے واحد و یکتا کی عبادت کو چھوڑ کر انھوں نے ود، سواع، یعوق اور نسر کی پرستش شروع کر رکھی تھی۔ آخرت کی زندگی کا کوئی تصور ان کے ذہن میں باقی نہ تھا اس لیے انھیں آخرت کی زندگی سے کوئی دلچسپی نہ تھی وہ اسی زندگی کو ہی سب کچھ سمجھتے تھے۔ اور اس میں ہی زیادہ سے زیادہ دولت، طاقت، عزت اور ناموری حاصل کرنے کے لیے انھوں نے اپنے سارے وسائل داؤ پر لگا دیئے تھے۔ یہ وہ بیماریاں تھیں جن میں وہ بری طرح مبتلا تھے۔ حضرت نوح علیہ السلام کی بعثت کا مقصد ان کی انھیں خرابیوں کی اصلاح تھا۔ اب آپ غور فرمائیے وہ عقیدے جس کی جڑیں دور تک ان کے دل و دماغ میں چلی گئی تھیں وہ بری عادتیں جو مرورِ وقت سے ان کی فطرتِ ثانیہ بن چکی تھیں۔ ان تمام کے خلاف

بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِيَ

انسان اپنے جیسا ۴۰ اور ہم نہیں دیکھتے تمہیں کہ پیروی کرتے ہوں تمہاری بجز ان لوگوں کے جو ہم میں حقیر و ذلیل (اور) ظاہر بین

الرَّاْيِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍۭ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿٢٧﴾

ہیں ۴۱ اور ہم نہیں دیکھتے تمہیں ہم پر کوئی فضیلت ہے ۴۲ بلکہ ہم تو تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ

آپ نے فرمایا اے میری قوم! بھلا یہ بتاؤ ۴۳ اگر میرے پاس روشن دلیل ہو اپنے رب کی طرف سے اور اس نے عطا فرمائی ہو مجھے

۴۰ حضرت نوح کا علم بغاوت بلند کر دینا کوئی معمولی سانحہ نہ تھا۔ یکایک ایک کہرام برپا ہو گیا اور آپ پر طرح طرح کے اعتراضات کی بوچھاڑ ہونے لگی۔ آپ نے جب اپنی قوم کو توحید کا پیغام سنایا چند سلیم الطبع لوگ فوراً لبیک لبیک کہتے ہوئے حاضر خدمت ہو گئے۔ گویا ان کی پیاسی روحیں مدت سے ابر رحمت کی منتظر تھیں۔ لیکن برسر اقتدار طبقہ کو آپ کی دعوت پسند نہ آئی اس لیے انھوں نے ایک ساتھ حضرت نوح پر بھی اعتراضات شروع کر دیئے اور آپ کے ماننے والوں پر طعن و تشنیع کے تیر برسانے شروع کر دیئے۔ آپ کے بارے میں تو انھوں نے یہ کہا آپ کون ہیں نبوت کا دعویٰ کرنے والے۔ آپ تو ہماری طرح ایک بشر ہیں اور جس قسم کے بشر سے وہ واقف تھے اور جس قسم کی انسانیت سے وہ متعارف تھے وہ تو واقعی اس قابل نہ تھا کہ اسے منصب نبوت و رسالت پر فائز کیا جاتا اور آپ کے پیروکاروں کو انھوں نے کمینہ و رذیل سمجھنے کا طعنہ دیا۔ ان کی نگاہیں ان کے پھٹے پرانے کپڑوں کے حجاب میں ہی اٹک کر رہ گئیں وہ ان چیتھڑوں میں ملبوس ان کی عظیم روحوں اور حقیقت شناس فراست کا اندازہ نہ لگا سکیں۔ اراذل جمع ہے اَرْذَل کی اور اَرْذَل کا واحد رَذْل ہے یعنی کمزور اور مفلوک الحال لوگ۔

۴۱ صاحب قاموس لکھتے ہیں کہ رای کا معنی ہے آنکھ اور دل سے دیکھنا۔ اعتقاد کو بھی رائے کہا جاتا ہے۔ بادی کا مادہ یا بدأ ہو گا یا بدو۔ پہلی صورت میں اس کا معنی ہو گا کسی چیز کو دیکھتے ہی اس میں غور و فکر کیے بغیر جو پہلی رائے قائم کر لی جاتی ہے اور دوسری صورت میں اس کا معنی ہو گا ظاہر بینی سے رائے قائم کرنے والے معناہ ظاهر النظر من غیر تعمق او الرأی من البدء۔ کفار کا مقصد یہ تھا کہ چند بے عقل اور نا سمجھ قسم کے لوگ آپ کے پیروکار بن گئے ہیں جو کسی بات کی تہ تک پہنچ نہیں سکتے اور جو نہی چیز سنی اس کو قبول کر لیا۔

۴۲ یعنی جب تم بھی ہماری طرح بشر ہو اور یہ لوگ جو تمہارے معتقد بنے ہوئے ہیں وہ بھی خستہ حال اور سادہ لوح قسم کے لوگ ہیں ہمیں تو تم میں کوئی وجہ امتیاز دکھائی نہیں دیتی جس کے باعث ہم تمہارا ساتھ دیں۔ ہمارے نزدیک تو تم اس دعویٰ میں جھوٹے ہو اور جھوٹوں کی بات کون سنتا ہے۔

۴۳ آپ کی دعوت کو بھی جھٹلایا اور آپ پر ذاتی حملے بھی کیے۔ اس کے باوجود آپ کی جبین پر بل نہیں پڑتا اور یٰقوم (اے میری قوم) کے پیارے اور محبت بھرے الفاظ سے ان کی اصلاح کی کوشش فرماتے ہیں۔ ان کی غلط فہمیوں کا ازالہ کرتے ہیں۔ فرمایا تم کہتے ہو: میں

رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا

خاص رحمت اپنی جناب سے — پھر پوشیدہ کر دی گئی ہو تم پر (اس کی حقیقت) — تو کیا ہم جبراً مسلط کریں تم پر یہ دعوت درآنحالیکہ

كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَيٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ؕ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلَى

تم اسے ناپسند کرتے ہو[۴۴] اور اے میری قوم! میں نہیں طلب کرتا تم سے اس (تبلیغ) پر کوئی مال[۴۵] نہیں میرا اجر مگر اللہ تعالیٰ کے

اللّٰهِ وَمَاۤ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّىْۤ

ذمہ اور میں (انھیں خوش کرنے کے لیے) ان کو نکالنے والا نہیں جو ایمان لے آئے ہیں[۴۶] بیشک وہ اپنے رب سے ملاقات کرنے

تمھاری مثل (بشر) ہوں کیونکہ میں بظاہر تمھاری طرح کھاتا پیتا اور زندگی بسر کرتا ہوں لیکن تم میں اور مجھ میں ایک واضح فرق ہے۔ مجھے روشن دلیل (بینۃ) دی گئی ہے اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی خصوصی رحمت سے سرفراز فرمایا ہے جس کی تمھیں ہوا تک بھی نہیں لگی تو ذرا سوچو تم میری مثل کیسے ہو گئے لیکن صد افسوس! تمھاری نگاہوں کو اندھا بنا دیا گیا اور وہ اس مقام رفیع کو نہیں دیکھ سکتیں جس پر اللہ تعالیٰ اپنے کسی نبی کو فائز کرتا ہے۔

[۴۴] اگر تم میری دعوت کو ناپسند کرتے ہو تو مجھے کیا پڑی کہ میں خواہ مخواہ تمھیں اس کے قبول کرنے پر مجبور کروں میرا کام اظہار حق تھا وہ کر دیا گیا اب تم جانو اور تمھارا کام۔ اگر کسی مرید کے دل میں اپنے مرشد کے متعلق حسن عقیدت نہ ہو تو مرشد کو کیا پڑی ہے کہ اسے زبردستی روحانی فیضان سے مستفیض کرے۔

[۴۵] تم میرا مذاق اڑاتے ہو مجھے برا بھلا کہتے ہو میرے رفیقوں کی تذلیل و تحقیر کرتے ہو اور میں پھر بھی تمھیں دعوت حق دیتے چلا جا رہا ہوں۔ کیا میں اس طرح تم سے مال بٹورنا چاہتا ہوں۔ ہرگز نہیں میں تم سے کچھ نہیں مانگوں گا میرا معاملہ تو اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے۔ اسی کا حکم مان رہا ہوں میرے اجر کا بھی وہ خود ذمہ دار ہے۔

[۴۶] انھوں نے نوح علیہ السلام سے کہا ہوگا کہ ہر وقت آپ کے ارد گرد خستہ حال لوگ حلقہ باندھے بیٹھے ہوتے ہیں۔ ہمارا تو جی نہیں چاہتا کہ ایسی جگہ جائیں جہاں اس قسم کے گندے غلیظ اور کمینے لوگوں کا جمگھٹا ہو۔ آپ ان کو اپنے ہاں سے نکل جانے کا حکم دیں تب ہم آپ کے پاس آئیں گے۔ اسی قسم کا مطالبہ آپ کو یاد ہوگا کفار نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بھی کیا تھا۔ حضرت نوح نے صاف جواب دیا۔ یہ ناممکن ہے کہ میں ان حق پرستوں کو تمھاری خاطر اپنے ہاں سے نکل جانے کا حکم دوں۔ تم اپنی جگہ بڑے لوگ ہو گے لیکن میری نظر میں جو قدر و منزلت شمع نور کے ان دل سوختہ پروانوں کی ہے وہ ان گدھوں کی نہیں ہو سکتی جو دنیا کی متعفن لاش پر ٹوٹ پڑتے ہیں۔ یہاں قدر و منزلت کا معیار اخلاص اور تقویٰ ہے دولت و ثروت نہیں۔

أَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ

والے ہیں البتہ میں تمہیں دیکھتا ہوں کہ تم ایسی قوم ہو جو (حقیقت سے) ناواقف ہے ۴۷ اور اے میری قوم کون مدد کر سکتا ہے میری اللہ کے مقابلہ ۴۸ میں اگر میں

طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ

نکال دوں اہل ایمان کو۔ کیا تم اتنا بھی نہیں سوچتے اور میں نہیں کہتا تم سے کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کے خزانے

اللّٰهِ وَلَاۤ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَاۤ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ وَّلَاۤ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ

ہیں ۴۹ اور نہ یہ کہ میں خود بخود جان لیتا ہوں غیب کو، اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ اور نہ ہی یہ کہتا ہوں کہ جن لوگوں کو

تَزْدَرِيْۤ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْۤ

تمہاری نگاہیں حقیر جانتی ہیں ۵۰ کہ ہرگز نہیں دیگا انھیں اللہ تعالیٰ کچھ بھلائی۔ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے جو ان کے

اَنْفُسِهِمْ ۚۖ اِنِّيْۤ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا

دلوں میں ہے۔ (اگر میں ایسا کروں) تو میں بھی ہو جاؤں گا ظالموں سے۔ وہ (برافروختہ ہو کر) بولے اے نوح! تم نے ہم سے جھگڑا کیا

---

۴۷ ابھی نوح علیہ السلام کا سلسلہ جواب شروع ہے فرمایا تمہیں تو اپنی عقل و دانش پر بڑا ناز ہوگا لیکن میرے نزدیک تو تم نادان اور ناواقف لوگ ہو جنہیں اب تک یہ بھی معلوم نہیں کہ شرف انسانیت کا راز کثرت مال میں مضمر نہیں بلکہ دل کی پاکی، کردار کی بلندی اور اخلاق کی پختگی میں ہے۔

۴۸ پھر فرمایا اے میری قوم! یہ مے توحید کے متوالے جو تمہیں حقیر نظر آرہے ہیں ان کی شان اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بڑی اونچی ہے۔ اگر میں تمہاری خاطر ان کی دل آزاری کروں اور ان کو اپنے پاس سے نکال دوں تو اللہ تعالیٰ مجھ پر ناراض ہو جائے گا اور میں اس کی ناراضگی برداشت نہیں کر سکتا۔

۴۹ اس جملہ کی وضاحت کے لیے سورۃ الانعام کی آیت نمبر ۵۰ کا حاشیہ ملاحظہ فرمائیے۔

۵۰ تم تو یہ کہتے ہو کہ یہ رذیل اور خستہ حال لوگ اس قابل نہیں کہ ان پر اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہو۔ میں تو ایسا نہیں کہہ سکتا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ظاہر کو نہیں دیکھتا بلکہ دل کو دیکھتا ہے اگر ان کا باطن درست ہوا، ان کا سینہ نور توحید سے منور ہوا تو ان کی ظاہری خستہ حالی کے باوجود وہ انھیں اپنی خیرات و برکات سے مالا مال کر دیگا۔

فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۲﴾

اور اس جھگڑے کو بہت طول دیا (اس مباحثہ کو بس ختم کرو) اور لے آؤ ہمارے پاس جس (عذاب) کی تم ہمیں دھمکی دیتے رہتے ہو اگر تم سچے ہو۔

قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَ

آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ ہی لے آئیگا اسے تمھارے پاس اگر چاہے گا اور نہیں ہو تم عاجز کرنے والے۔ اور

لَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ

نہیں فائدہ پہنچائیگی تمھیں میری خیر خواہی اگرچہ میرا ارادہ ہو کہ میں تمھاری خیر خواہی کروں اگر اللہ تعالیٰ کی مرضی

يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ۭ هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾ ۭ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

یہ ہو کہ وہ تمھیں گمراہ کردے وہ پروردگار ہے تمھارا۔ اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے

افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا

خود گھڑ لیا ہے اسے۔ آپ فرمائیے اگر میں نے خود گھڑا اسے تو مجھ پر ہوگا وبال میرے جرم کا اور میں بری الذمہ ہوں ان گناہوں سے

۴۱ دلائل کے میدان میں لاجواب تو ہو گئے لیکن حق کو قبول کرنے کی توفیق نہ ہوئی۔ کہنے لگے آپ نے جھگڑا لو ہیں ہم اتنی طویل بحث سے باز آئے آپ جس عذاب کی ہمیں صبح و شام دھمکی دیتے رہتے ہیں وہ لے آئیے۔ اکثرت جد النا ای اطلته (مظہری)

۴۲ آپ نے جواب دیا یہ میرے مولا کے اختیار میں ہے جب وہ مناسب سمجھے گا عذاب نازل کردے گا اور پھر تمھیں بچ نکلنے کی کوئی راہ نہیں ملے گی۔

۴۳ میں نے تو مقدور بھر تمھیں راہ راست پر لانے کی کوشش کی لیکن تمھیں اس سے کوئی فائدہ نہ ہوا کسی کو ہدایت دینا یا ہدایت نہ دینا اللہ تعالیٰ کے دستِ قدرت میں ہے اگر وہ کسی کو ہدایت نہ دینا چاہے تو دنیا بھر کے مبلغ اسے گمراہی سے نہیں بچا سکتے اس لیے انسان کو کبھی اپنے علم سمجھ اور نیکی پر گھمنڈ نہ کرنا چاہیے کسی وقت بھی قدم پھسل سکتا ہے اور انسان منہ کے بل گر پڑتا ہے اسی کی جناب میں بصد نیاز دست بدعا رہنا چاہیے کہ یہ سفینۂ حیات خیر و سلامتی سے کنارے پر جا لگے۔ یاحی یا قیوم برحمتک استغیث لاتکلنی الی نفسی طرفة عین واصلح لی شانی کله۔

۴۴ یہاں خطاب نوح کو ہے یا فخرِ دو جہاں محمد مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ واجمل الثنا سے مقصد یہ ہے کہ اگر یہ کلام اور یہ پیغام خدا کی طرف سے نہیں بلکہ میں نے خود گھڑ کر اسے اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دیا ہے تو یہ جرم میرا ہے۔ اس کی سزا تمھیں نہیں

تُجۡرِمُوۡنَ ﴿٣٥﴾ وَاُوۡحِيَ اِلٰى نُوۡحٍ اَنَّهٗ لَنۡ يُّؤۡمِنَ مِنۡ قَوۡمِكَ

جرم کرتے ہو۔ اور وحی کی گئی نوح (علیہ السلام) کی طرف کہ نہیں ایمان لائیں گے آپ کی قوم سے

اِلَّا مَنۡ قَدۡ اٰمَنَ فَلَا تَبۡتَئِسۡ بِمَا كَانُوۡا يَفۡعَلُوۡنَ ﴿٣٦﴾ وَاصۡنَعِ

بجز ان کے جو ایمان لاچکے [٥٥] اس لیے آپ غمگین نہ ہوں اس سے جو وہ کیا کرتے ہیں۔ اور بنائیے

الۡفُلۡكَ بِاَعۡيُنِنَا وَوَحۡيِنَا وَلَا تُخَاطِبۡنِىۡ فِى الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا ۚ

ایک کشتی ہماری آنکھوں کے سامنے [٥٦] اور ہمارے حکم سے اور نہ بات کیجئے مجھ سے ان لوگوں کے بارے میں جنھوں نے ظلم کیا

دی جائیگی لیکن سن لو اللہ تعالیٰ کے کلام کا انکار کر کے جو جرم تم کر رہے ہو وہ نہ معاف کیا جائے گا اور نہ اُسے فراموش کیا جائے گا۔ اس کی سزا تمھیں بھگتنی ہوگی، تیار ہو جاؤ۔

[٥٥] جب ان کو درس توحید دیتے دیتے مدتیں گزر گئیں اور ان پر کوئی اثر نہ ہوا بلکہ ان کی مخالفت اور دشمنی میں اضافہ ہی ہوتا گیا جس سے حضرت نوح کو یقیناً رنج و ملال ہوتا ہوگا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کے اطمینان کے لیے ان کی طرف وحی فرمائی کہ جن کی قسمت میں دولت ایمان رقم تھی وہ ایمان لاچکے۔ ان کے علاوہ اور کوئی ایمان نہیں لائے گا۔ اس لیے آپ ان کے لیے غمزدہ نہ ہوں۔ اب مہلت کی گھڑیاں ختم ہونے والی ہیں اور ان کی تباہی کا مقررہ وقت آپہنچا ہے۔ تورات میں اس چیز کا جس طرح اور جن الفاظ میں ذکر کیا گیا ہے وہ پڑھیے آپ کو خود بخود قرآن اور موجودہ تورات کا فرق سمجھ آجائے گا۔ کتاب پیدائش کی آیتیں ملاحظہ ہوں:۔

اور خداوند نے دیکھا کہ زمین پر انسان کی بدی بہت بڑھ گئی اور اس کے دل کے تصور اور خیال سدا بُرے ہی ہوتے ہیں ٥ تب خداوند زمین پر انسان کو پیدا کرنے سے ملول ہوا۔ اور دل میں غم کیا ٥ اور خداوند نے کہا کہ میں انسان کو جسے میں نے پیدا کیا روئے زمین پر سے مٹا ڈالوں گا۔ انسان سے لے کر حیوان اور رینگنے والے جاندار اور ہوا کے پرندوں تک کیونکہ میں ان کے بنانے سے ملول ہوں ٥ (باب ٦، آیات ٥، ٦، ٧)

گویا پہلے اللہ تعالیٰ کو انسان کے اعمال کا علم نہ تھا اس لیے اس کو پیدا کیا اب جب اس کے کرتوت نے نیا ابھر گئی تو پتہ چلا کہ یہ کتنی خطرناک مخلوق تھی۔ اسے تو پیدا نہیں کرنا چاہیے تھا۔ اب کف افسوس ملنے لگا۔ خود سوچیے کیا یہ اسلوب بیان شانِ الٰہی کے شایاں ہے۔

[٥٦] کیونکہ علم الٰہی میں انھیں ایک عظیم سیلاب سے ہلاک کرنا مقدر ہو چکا تھا اس لیے پہلے ہی اپنے نبی کو کشتی بنانے کا حکم دیا تاکہ اس دن وہ اسے استعمال کر سکیں۔ باعیننا یعنی ہماری آنکھوں کے سامنے عن ابن عباس بمرأی منّا یا ہماری نگرانی اور حفاظت میں قیل بحفظنا اور ووحینا کا مطلب ہے ہماری ہدایات کے مطابق یعنی جس کشتی کے بنانے کا حکم دیا جا رہا ہے اس کے متعلق بتایا کہ کشتی بنا کے تم نہیں بناؤ گے ہم۔ اور ہمارے مجوزہ نقشہ کے عین مطابق۔ اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کے اعمال کی یوں خصوصی حفاظت

إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ ﴿٣٧﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّنْ

وہ ضرور غرق کر دیے جائیں گے ۵۸ اور نوح کشتی بنانے لگے ۵۹ اور جب بھی گزرتے ان کے پاس سے ان کی قوم کے

قَوْمِهِ سَخِرُوا مِنْهُ ۚ قَالَ إِن تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنكُمْ

سردار (تو) آپ کا مذاق اڑاتے۔ آپ کہتے اگر تم مذاق اڑاتے ہو ہمارا تو (ایک دن) ہم بھی تمہارا مذاق اڑائیں گے

كَمَا تَسْخَرُونَ ﴿٣٨﴾ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ

جس طرح تم مذاق اڑاتے ہو۔ سو تم جان لوگے کہ کس پر آتا ہے عذاب جو رسوا کرے گا اسے

نگرانی کرتا ہے اور لحہ بلحہ رہنمائی فرماتا ہے۔

۵۸ یعنی مجرموں کے غرق کیے جانے کا حتمی فیصلہ ہو چکا اب اس میں کسی ردو بدل کی گنجائش نہیں اس لیے آپ کسی مغضوب کے لیے سفارش نہ کریں۔

۵۹ حکم الٰہی ملا۔ فوراً تعمیل کے لیے کربستہ ہو گئے۔ لکڑی لائی جا رہی ہے اسے چیرا جا رہا ہے۔ تختے نکالے جا رہے ہیں۔ دیگر ضروری چیزیں فراہم کی جا رہی ہیں۔ آپ کل تک تو وعظ و تذکیر میں مصروف تھے اب تیشہ اور آری ہاتھ میں لیے دنیا و مافیہا سے بے خبر کشتی بنائے جا رہے ہیں۔ آپ کے ہم وطنوں کو مذاق اور تمسخر کرنے کا ایک انوکھا بہانہ مل گیا۔ طرح طرح کے آوازے کسے جانے لگے۔ حضرت! کیا نبوت چھوڑ کر اب بڑھئی بن گئے۔ صاحب! کیا یہ کشتی خشکی میں چلے گی۔ یہاں تو کوئی دریا یا سمندر نہیں۔ غرضیکہ جتنے منہ اتنی باتیں لیکن اللہ تعالیٰ کا بندہ تعمیل حکم میں محو ہے۔ آپ نے پہلے ان کے اعتراضات کو کب کبھی اہمیت دی تھی کہ آج توجہ کرتے۔ اتنا فرما دیا۔ آج جی بھر کے ہمارے ساتھ مذاق کر لو۔ کل ہماری باری بھی آنے والی ہے۔

غرضیکہ کچھ عرصہ کے بعد کشتی تیار ہو گئی۔

قرآن کریم نے یہ تو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے نوح نے کشتی تیار کر دی لیکن اس کا طول و عرض کیا تھا اس کی بلندی کتنی تھی۔ اس میں دروازے اور کھڑکیاں کتنی تھیں۔ یہ ایک منزلہ تھی یا سہ منزلہ۔ یہ کس لکڑی سے بنائی گئی تھی۔ ان تمام تفصیلات کو یکسر نظر انداز کر دیا گیا کیونکہ ان امور کا عبرت پذیری سے کوئی واسطہ نہ تھا۔ بعض علماء تفسیر نے اسرائیلی روایات اور مصادر کی روشنی میں ان امور کی تفصیل بیان کی ہے لیکن امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔ فرماتے ہیں:۔ واعلم ان امثال ہذہ المباحث لا تعجبنی لانہا امور لاحاجۃ الی معرفتہا البتۃ ولا یتعلق بمعرفتہا فائدۃ اصلا یعنی مجھے اس قسم کے مباحث بالکل پسند نہیں جس کے بعد لکھتے ہیں۔ ہمارے لیے اتنا جاننا ہی کافی ہے کہ وہ اتنی وسیع تھی کہ اس میں حضرت نوح، آپ کا کنبہ اور آپ کے پیروکار اور جانوروں کا جوڑا جوڑا سما سکتا تھا۔ (کبیر)

وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ﴿۳۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ

اور (کون ہے جس) پر اترتا ہے جس پر عذاب ہمیشہ رہنے والا۔ یہاں تک کہ جب آ گیا ہمارا حکم ۹؎ اور ابل پڑا

التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ

تنور تو ہم نے (نوح کو) فرمایا سوار کر لو کشتی میں ۱۰؎ ہر جنس سے نر و مادہ دو ۱۱؎ اور اپنے گھر والوں کو

۹؎ یہاں تک کہ عذاب کا مقررہ وقت آگیا! اور سب سے پہلے تنور سے پانی ابل پڑا۔ تنور کا کیا معنی ہے؟ علامہ بغوی ؒ نے عکرمہ اور زہری سے روایت کی ہے۔ ھو وجہ الارض یعنی سطح زمین تھا وہ کہا ہے کہ تنور سے مراد اعلی الارض واشرفہا یعنی زمین کے بلند ٹیلے۔ اور حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ تنور ایک چشمہ ہے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے فار التنور کا معنی صبح کا طلوع ہونا منقول ہے۔ بعض نے اس سے روٹی پکانے والا تنور مراد لیا ہے۔ گویا آپ کے لیے بطور علامت یہ مقرر کیا گیا تھا کہ جب آپ تنور سے پانی کا فوارہ پھوٹ نکلے تو سمجھ لینا کہ طوفان کا وقت آگیا اس وقت کشتی میں سوار ہو جانا۔

۱۰؎ جب طوفان آگیا تو نوح علیہ السلام کو حکم دیا گیا کہ ہر قسم کے جانوروں کا ایک ایک جوڑا اپنے ساتھ کشتی میں چڑھا لیں تاکہ ان کی نسل ضائع نہ ہو جائے۔ یہاں تورات میں عجیب قسم کا تضاد پایا جاتا ہے کہیں دو دو جانوروں کو کشتی میں رکھنے کا حکم ہے اور کہیں سات سات۔ کتاب پیدائش کے باب ششم کی آیت انیس بیس میں ہے۔

اور جانوروں کی ہر قسم میں سے دو دو اپنے ساتھ کشتی میں لے لینا کہ وہ تیرے ساتھ جیتے بچیں۔ وہ نر و مادہ ہوں۔ اور پرندوں کی ہر قسم میں اور چرندوں کی ہر قسم میں سے اور زمین پر رینگنے والوں کی ہر قسم میں سے دو دو تیرے پاس آئیں تاکہ وہ جیتے بچیں۔

اور اسی کتاب پیدائش کے ساتویں باب کی دوسری آیت میں ہے۔

کل پاک جانوروں میں سے سات سات نر اور ان کی مادہ اور ان میں سے جو پاک نہیں دو دو نر اور ان کی مادہ اپنے ساتھ لے لینا اور ہوا کے پرندوں میں سے بھی سات سات نر اور مادہ لینا تاکہ زمین پر ان کی نسل باقی رہے۔

اور اسی باب ہفتم کی آیت ۹ میں ہے:

دو دو نر اور مادہ کشتی میں نوح کے پاس گئے جیسا خدا نے نوح کو حکم دیا تھا۔

اب آپ بتائیے کہ اوپر دو حکم ہیں۔ نوح نے کیوں ایک حکم مانا اور دوسرا ترک کر دیا۔

۱۱؎ اس سے بظاہر یہی سمجھ آتا ہے کہ ہر قسم کے دو دو جوڑے یعنی چار جانور رکھنے کا حکم ہو رہا ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں اس لیے ان الفاظ کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے۔ زوج جوڑے کے ہر فرد کو بھی کہتے ہیں جس طرح عورت کو بھی زوج کہا جاتا ہے اور مرد کو بھی زوج۔ قرآن کریم میں ہے وخلق منها زوجها اس سے اس کا زوج پیدا کیا۔ اس لیے زوجین جب تثنیہ ہوگا تو اس سے جوڑے کے دونوں فرد نر اور مادہ مراد ہوں گے قرآن مجید میں ہے وانہ خلق الزوجین الذکر والانثی اس نے زوجین یعنی نر اور مادہ پیدا کیے۔

إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ؕ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ

سوائے ان کے جن پر پہلے ہو چکا ہے حکم اور (سوار کرو) جو ایمان لا چکے ہیں۔ اور نہیں ایمان لائے تھے آپ کے ساتھ

إِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۴۰﴾ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ

مگر تھوڑے لوگ۔ اور نوح نے کہا سوار ہو جاؤ اس (کشتی) میں[۶۳] اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ ہی اس کا چلنا اور اس کا لنگر انداز ہونا ہے[۶۴]

[۶۳] یہ چیز غور طلب ہے کہ کیا یہ طوفان روئے زمین پر آیا تھا اور کیا آپ نے دنیا بھر کے حیوانات کا ایک ایک جوڑا اپنے ساتھ لے لیا تھا۔ محققین کا قول یہ ہے کہ طوفان صرف اس علاقہ میں آیا جہاں نوح علیہ السلام اور آپ کی قوم آباد تھی۔ اگرچہ ایسی تصریحات بھی کتب میں موجود ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ یہ طوفان عالمگیر تھا لیکن یہ اسرائیلی روایات ہیں یا ان سے اخذ کیے ہوئے علماء کے اقوال۔ کتاب سنت سے کوئی ایسی نص پیش نہیں کی جا سکتی جس سے صراحۃً اس طوفان کا عالمگیر ہونا ثابت ہو۔ بعض نے اس آیت سے استدلال کیا ہے رب لا تذر علی الارض من الکافرین دیارا۔ (اے رب زمین پر کسی کافر کو زندہ نہ چھوڑ) لیکن ہو سکتا ہے الارض جو معرف باللام ہے اس سے مراد آپ کی قوم کی سرزمین ہو جس طرح فرعون کے متعلق ہے وان فرعون لعال فی الارض۔ یہاں بھی الارض سے مراد ساری روئے زمین نہیں بلکہ ملک مصر مراد ہے نیز من الکافرین بھی معرف باللام ہے یعنی وہ مخصوص کافر جو آپ کی قوم سے تھے۔ قرآن کریم میں ہمیں یہ بھی تصریح ملتی ہے کہ آپ کی بعثت صرف آپ کی قوم کے لیے تھی ولقد ارسلنا نوحا الی قومہ۔ ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تھا۔ البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ اس وقت تک نسل انسانی زیادہ پھیلی نہ ہو بلکہ اسی علاقہ میں ہی بس رہی ہو۔ اس اعتبار سے تمام انسانی افراد اس طوفان کی زد میں تھے اور اس وجہ سے اس کو عالمگیر کہہ دیا گیا ہو۔ یہ بات قابل فہم ہے لیکن اگر یہ اندازہ درست ہو کہ آپ کی پیدائش آدم علیہ السلام سے تقریباً سو سال بعد ہوئی تو اتنے عرصہ دراز تک اولاد آدم کا ایک تنگ سے رقبہ میں محدود رہنا دل میں کھٹک پیدا کرتا ہے۔ انھیں امور کے پیش نظر علامہ سید آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے بڑے محتاط پیرایہ میں لکھا ہے:۔

والذی یمیل القلب الیہ ان الطوفان لم یکن عاما (روح المعانی) یعنی دل اس طرف مائل ہے کہ طوفان عام نہیں تھا۔

اگر اس قول کو راجح قرار دیا جائے تو پھر نوح علیہ السلام کو دنیا بھر کے حیوانات کشتی میں لے جانے کی ضرورت نہ تھی بلکہ وہ جانور اپنے ہمراہ لیے ہوں گے جن کی فوری ضرورت تھی اور جن کو دور دراز کے علاقوں سے جو طوفان کی زد سے محفوظ تھے لے آنا مشقت اور تکالیف کا موجب تھا۔ بل امر بحمل ما یحتاج الیہ اذا نجا ومن معہ من الغرق لئلا یغتموا لفقدہ ویتکلفوا مشقۃ جلبہ من الاصقاع النائیۃ التی لم یصلھا الغرق (روح المعانی)

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی سورۃ المومنون کی آیت فاسلک فیھا من کل زوجین اثنین کی تفسیر کرتے ہوئے یہی فرمایا ہے:۔ ای کل زوجین من الحیوان الذی یحضرہ فی الوقت اثنین الذکر والانثی لکی لا ینقطع نسل ذالک الحیوان واللہ تعالیٰ اعلم (کبیر)

إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٤١﴾ وَهِيَ تَجْرِي بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ

بیشک میرا پروردگار غفور رحیم ہے اور وہ چلنے لگی انہیں لے کر ایسی موجوں میں جو پہاڑوں کی مانند تھیں

وَنَادَىٰ نُوحٌ ابْنَهُ وَكَانَ فِي مَعْزِلٍ يَا بُنَيَّ ارْكَب مَّعَنَا

اور پکارا نوح (علیہ السلام) نے اپنے بیٹے کو، اور وہ (ان سے) الگ تھا۔ بیٹا سوار ہو جاؤ ہمارے ساتھ

۴۳ے جن جانوروں گھر والوں اور اہل ایمان کو کشتی میں سوار کرنے کی اجازت ملی تھی ان کو آپ نے سوار ہونے کا حکم دیا اور کہا بسم اللہ مجریھا و مرسٰھا الخ یعنی اس بلاخیز سیلاب سے جس کے سامنے بلندیاں اور پستیاں سب یکساں ہو گئی ہیں۔ ہم اپنی نجات اور سلامتی کے لیے اعتماد اس کشتی پر نہیں کرتے بلکہ ہمارا بھروسہ تو اس رب العلمین پر ہے جس کی مغفرت کا دامن بڑا کشادہ ہے اور جس کی رحمت کا ابر نیساں ہر وقت ہی برستا رہتا ہے۔ ہمارے بیڑے کے چلنے کا آغاز اسی کے نام نامی سے ہو رہا ہے۔ اور اس بیڑے کا لنگر انداز ہونا بھی اسی کے اسم پاک سے ہوگا۔ ہمارے سفر کی ابتدا بھی اسی کے کرم کے سہارے ہو رہی ہے اور اس کی انتہا بھی اسی کے فضل سے ہوگی حضرت سیدنا امام حسین علیہ السلام سے مروی ہے کہ حضور رحمت عالم و عالمیان صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میری امت جب کشتی میں سوار ہو اور یہ پڑھے تو اسے غرق ہونے سے امان مل جائے گی۔

"بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَا قَدَرُوا اللهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔ بِسْمِ اللهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (قرطبی)

آخر میں مجریٰ اور مرسیٰ کی ترکیب اور صیغہ کے متعلق کچھ سن لیجئے:۔

ارکبوا میں جو ضمیر فاعل ہے وہ ذو الحال ہے۔ اور بسم اللہ الخ حال ہے یعنی کشتی میں یہ کہتے ہوئے سوار ہو بسم اللہ الخ مجریٰ و مرسیٰ ظرف زمان اور ظرف مکان دونوں ہو سکتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کا نام لیتا ہوں کشتی چلنے کے وقت اور اس کے ساحل پر لنگر انداز ہونے کے وقت۔ یا اس جگہ اللہ تعالیٰ کا نام لیتا ہوں جہاں وہ چلتی ہے اور جہاں وہ رکتی ہے یا یہ دونوں مصدر میمی ہیں یہاں پھر مضاف (وقت) محذوف ماننا پڑے گا۔ ای وقت جریھا ووقت ارسائھا۔ مجریٰ جری یجری مجرد سے ہے اور مرسیٰ، ارسیٰ، یرسی باب افعال مزید فیہ سے ہے۔

۴۴ے طوفان کی شدت کا بیان ہو رہا ہے یعنی یہی نہیں کہ سیلاب آگیا اور وادیاں اور بستیاں، پہاڑ اور اونچے ٹیلے غرقاب ہو گئے اور اس کی پرسکون سطح پر کشتی آہستہ آہستہ چلی جا رہی تھی۔ نہیں بلکہ اس میں خوفناک قسم کی تند و تیز موجیں اٹھ رہی تھیں۔ ایسا معلوم ہوتا کہ پانی کا پہاڑ بڑھا چلا آ رہا ہے۔ اس دل ہلا دینے والی خوفناک طغیانی میں ایک کشتی اللہ تعالیٰ کے پیارے بندوں کو لیے ان دھاڑتی ہوئی موجوں کو چیرتی ہوئی سلامتی سے چلی جا رہی تھی۔

۴۵ے اس حال میں آپ کو اپنا بیٹا کنعان نظر آیا جو آپ کی رفاقت اور سنگت کو چھوڑ کر الگ ہو گیا تھا آپ نے فرمایا کافروں کا ساتھ چھوڑ دے

قوم نوح کا علاقہ اور جبلِ جودی

اردن
شام
ترکی
بحرِ اسود
عراق
ایران
سعودی عرب
بحیرۂ خزر
آذربائیجان
ارارات
١٦٩٤٦
جزیرہ ابن عمر
جبلِ جودی
موصل
نینویٰ
دریائے دجلہ
بغداد
کربلا
قوم نوح کا علاقہ
دریائے فرات
بصرہ
کویت
شمال

جودی ایک پہاڑ کا نام ہے جو اقلیم موصل میں دریائے دجلہ کے مشرقی جانب واقع ہے (معجم البلدان یاقوت حموی)۔ جزیرہ ابن عمر سے [illegible] ہے اس کی بلندی [illegible] کے قریب ہے سفینۂ نوح اسی پر آ کر ٹھہرا تھا۔ یہاں سے جو سلسلہ کوہ شروع ہوتا ہے اسے کوہ ارارط کہتے ہیں۔ ارارط اس پہاڑ کی ایک چوٹی کا نام بھی ہے جس کی بلندی سولہ ہزار نو سو چھیالیس فٹ ہے۔ بعض ہوا بازوں نے اپنی پرواز کے دوران کشتی نما کوئی چیز برف میں دھنسی ہوئی دیکھی ہے اور اسے کشتی نوح کا ڈھانچہ خیال کیا ہے۔ صحیح قول یہی ہے کہ آپ کی کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری ہے۔

وَلَا تَكُن مَّعَ الْكٰفِرِينَ ﴿٤٢﴾ قَالَ سَاٰوِي إِلَىٰ جَبَلٍ يَعْصِمُنِي

اور نہ ہو کافروں کے ساتھ۔ بیٹے نے کہا (مجھے کشتی کی ضرورت نہیں) میں پناہ لے لوں گا کسی پہاڑ کی وہ بچا

مِنَ الْمَاءِ ۚ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ إِلَّا مَن رَّحِمَ ۚ

لے گا مجھے پانی سے۔ آپ نے کہا (بیٹا!) آج کوئی بچانے والا نہیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے ٦٦ مگر جس پر وہ رحم کرے۔

وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِينَ ﴿٤٣﴾ وَقِيلَ يٰٓأَرْضُ

اور (اسی اثناء میں) حائل ہوگئی انکے درمیان موج ٦٧ پس ہوگیا وہ ڈوبنے والوں سے اور حکم دیا گیا اے زمین! ٦٨

اب بھی سچے دل سے تائب ہوجا اب بھی ہمارے ساتھ کشتی میں سوار ہوجا۔ بچ جائے گا لیکن جو ازلی بدبخت ہو اس میں نصیحت کب اثر کرتی ہے وہ اکڑ گیا۔ بڑی بے پرواہی اور گستاخانہ انداز میں کہنے لگا۔ مجھے آپ کی کشتی میں پناہ لینے کی ضرورت نہیں۔ یہ سامنے کتنے اونچے پہاڑ ہیں ان میں سے کسی پر چڑھ جاؤں گا۔ یہ پانی میرا کیا بگاڑ سکے گا۔

٦٦ آپ نے فرمایا کمبخت! پہاڑوں کی کیا مجال کہ تمھیں خدا کی گرفت اور اس کے عذابوں سے بچا سکیں۔ بچنے کا ایک ہی ذریعہ تھا کہ تم سچے دل سے توبہ کرتے پیغمبر کے دامن میں پناہ لیتے اور کشتی میں اس کے ساتھ سوار ہوجاتے۔ بعض علماء رب اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں کی بے بسی ثابت کرنے کے لیے بطور دلیل اکثر یہ آیت پڑھتے ہیں انھوں نے کبھی اتنا سوچنے کی زحمت گوارا نہیں کی کہ یہ عجز کس کی طرف ہے اگر کنعان منت سماجت کرتا کہ ابا جان مجھے بچا لیجئے اور آپ فرماتے کہ نہیں میں تمھیں نہیں بچا سکتا تو ان حضرات کا استدلال قابل التفات ہوتا۔ یہاں تو معاملہ برعکس ہے۔ آپ تو بار بار فرما رہے ہیں آجا کشتی میں سوار ہوجا۔ بچ جائے گا لیکن وہ اپنی بدبختی کے باعث انکار کر رہا ہے کہ میں کشتی میں نہیں چڑھوں گا۔ وہ غرق ہوگیا اس کے غرق ہوجانے کی وجہ یہ نہ تھی کہ پیغمبر کا دامن شفقت تنگ تھا اس نے چاہا بھی، لیکن اسے جگہ نہ مل سکی بلکہ اس کی وجہ یہ تھی کہ کنعان پناہ لینے پر آمادہ نہ ہوا۔

٦٧ پانی کا ایک ریلا آیا اور اس مغرور اور متمرد کو تنکے کی طرح بہا کر لے گیا اور اس کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا۔

٦٨ سیلاب کے اترنے کے متعلق تورات میں ہے:۔

> سمندر کے سوتے اور آسمان کے دریچے بند کیے گئے اور آسمان سے جو بارش ہو رہی تھی تھم گئی۔ اور پانی زمین پر سے گھٹتے گھٹتے ایک سو پچاس دن کے بعد کم ہوا اور ساتویں مہینے کی سترھویں تاریخ کو کشتی اراراط کے پہاڑوں پر ٹک گئی اور پانی دسویں مہینے تک برابر گھٹتا رہا اور دسویں مہینے کی پہلی تاریخ کو پہاڑوں کی چوٹیاں نظر آئیں۔
>
> (پیدائش باب ٨ آیت ٢ تا ٥)

لیکن قرآن کریم کے بیان میں جو جلال و تمکنت ہے اس کی نظیر دنیا بھر کے صحائف میں کہاں مل سکتی ہے۔ صاحب روح المعانی

ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ

نگل لے اپنے پانی کو اور اے آسمان تھم جا اور اتر گیا پانی اور حکم الٰہی نافذ ہو گیا۔

وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَ

اور ٹھیر گئی کشتی جودی (پہاڑ) پر ۴۹ اور کہا گیا ہلاکت (بربادی) ہو ظالم قوم کے لیے۔ اور

نَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ

پکارا نوح نے اپنے رب کو اور عرض کی میرے پروردگار! میرا بیٹا بھی تو میری اہل سے ہے ۵۰ اور یقیناً تیرا وعدہ

وجدآفریں لہجے میں رقمطراز ہیں:۔ واعلم ان ھذہ الآیۃ قد بلغت من مراتب الاعجاز اقاصیھا واستذلت مصاقع العرب فسفعت بنواصیھا وجمعت من المحاسن مایضیق عنہ نطاق البیان۔ اسکے اعجاز کی بلندیوں کے سامنے بلغاء عرب کی گردنیں جھک گئیں۔

اس کے بعد لکھتے ہیں کہ ایک دفعہ عرب کے فصحاء و بلغاء نے قرآن کی مثل پیش کرنے کا عزم کر لیا چالیس روز تک کباب شراب سے اپنی فصاحت و بلاغت کی قوتوں کو تیز بلکہ برافروختہ کرتے رہے اچانک یہ آیت ان کے کان میں پڑی تو ہتھیار ڈال دیئے اور کہنے لگے ھذا الکلام لایشبہ کلام المخلوقین ابن مقفع ایک ملحد جو عہد عباسی کا ایک نامور عالم و ادیب تھا۔ اس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے زمانہ میں فصاحت و بلاغت میں کوئی اس کا ہم پلہ نہ تھا اس نے بڑی دماغ سوزی' دیدہ ریزی اور جگر کاوی سے ایک سورۃ بنائی تاکہ اسے قرآن کے مقابلہ میں پیش کرے۔ ایک روز اس کا گزر ایک مکتب کے پاس سے ہوا جہاں بچے قرآن حفظ کر رہے تھے۔ کوئی بچہ یہ آیت پڑھ رہا تھا اسے سن کر وہ مبہوت ہو گیا۔ اُلٹے پاؤں واپس گھر پہنچا اور اپنی تحریر کو دھو ڈالا اور کہا کہ اس کلام کا مقابلہ ممکن نہیں۔ (روح المعانی)

۴۹ ایک پہاڑ کا نام ہے جو موصل کے قریب ہے اور جبل ارارا طکی ایک شاخ ہے۔ کہتے ہیں محرم کی دس تاریخ تھی اور جمعہ کا دن تھا جب آپ کی کشتی کوہ جودی پر آکر رکی۔

۵۰ حضرت نوح علیہ السلام نے یہ التجا کنعان کے غرق ہونے سے پہلے کی تھی یا غرق ہونے کے بعد؟ علماء سے دونوں قول مروی ہیں۔ اگر پہلے ہو تو اس کی ایک وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ کنعان کھلم کھلا کفر نہیں کیا کرتا تھا لیکن اس کے دل میں نفاق تھا حضرت نوح نے اس کے ظاہری اسلام کے پیش نظر یہ گزارش کی کہ بار الٰہا! یہ میرا بچہ ہے اور ڈوب رہا ہے اور تو نے میرے ساتھ وعدہ فرمایا ہے کہ میں تیرے اہل و عیال کو بچا لوں گا جواب دیا گیا کہ یہ تیرا بیٹا نہیں اس کے دل میں کفر و نفاق ہے اس کے اعمال اچھے نہیں۔ اس لیے اس کے متعلق مت سفارش کرو بعض نے لکھا ہے کہ وہ کھلا کافر تھا لیکن غلبہ محبت کی وجہ سے خیال نہ رہا اور یہ عرض کر بیٹھے جس پر تنبیہ کی گئی۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ آپ کی یہ ندا کنعان کے ڈوب جانے کے بعد تھی (اور یہی نزدیک یہی ارجح ہے کیونکہ اس ندا کا ذکر وکان من المغرقین کے بعد ہوا ہے) تو پھر اس کا مقصد یہ تھا کہ الٰہی! کنعان کے غرق کیے جانے کی وجہ کیا ہے حالانکہ وہ

الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٤٥﴾ قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ

سچا ہے اور تو سب حاکموں سے بہتر حکم کرنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نوح! وہ تیرے گھر والوں سے نہیں

اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ

(کیونکہ) اس کے عمل اچھے نہیں پس نہ سوال کیا کرو مجھ سے جس کا تجھے علم نہ ہو

اِنِّىْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٤٦﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُ بِكَ

میں تجھے نصیحت کرتا ہوں کہ نہ ہو جانا نادانوں سے عرض کرنے لگے میرے پروردگار! میں پناہ مانگتا ہوں تجھ

میرا بیٹا تھا اس استفسار کے جواب میں پہلے تو فرمایا انہ لیس من اھلک وہ تیرے اہل وعیال سے ہے ہی نہیں۔ بعد میں اس کی وجہ بتائی انہ عمل غیر صالح وہ بدعمل اور بدکردار تھا اور ایسے شخص کو نبوت کے پاک خاندان کا فرد شمار نہیں کیا جا سکتا۔ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقبولیت کا سبب صرف کسی نیک اور بزرگ کی اولاد ہونا نہیں بلکہ ایمان اور عمل صالح ہے۔ اگر کوئی نعمت ایمان سے محروم ہے تو اسے کسی بزرگ باپ کا بیٹا ہونا کوئی فائدہ نہ دے گا خواہ وہ باپ نوح جیسا عظیم المرتبت نبی ہو۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک نجات اور ترقی درجات کا دارومدار ایمان اور صالح عمل پر ہے۔ جس کی موت کفر پر ہوئی ہو اس کے لیے بخشش نہیں اور نہ اس کے لیے کسی کی شفاعت قبول ہوگی لیکن جو ایماندار ہو مگر شومئے قسمت سے گناہوں کا ارتکاب کرتا رہا ہو اس کے لیے شفاعت اور بخشش کا دروازہ کھلا ہے۔ جو لوگ اس واقعہ سے انبیاء وصلحاء کی شفاعت کا انکار کرتے ہیں وہ بھی حق وانصاف سے دور ہیں اور جو اس گھمنڈ میں احکام الٰہی کی نافرمانی کرتے ہیں کہ وہ فلاں بزرگ کی اولاد سے ہیں، ان کی سیاہ بختی بھی دیدۂ عبرت نگاہ کو خون کے آنسو رلاتی ہے۔ کیا انہیں یہ خیال کبھی نہیں آتا کہ جس رب ذوالجلال کے ہر حکم کی بجا آوری ان کے بزرگ آباؤ اجداد کی زندگی کا واحد نصب العین تھا جنہوں نے ایک قدم بھی تقویٰ کی راہ سے ادھر ادھر نہیں رکھا۔ ان کی اولاد ہو کر اس پروردگار عالم کی نافرمانی کر رہے ہیں جس کریم نے ان کے بزرگوں کی شب بیداریوں، اشکباریوں، نیازمندیوں اور دل گدازیوں پر رحم فرما کر انہیں عزت و ناموری کے اتنے بلند مقام تک پہنچایا۔ کیا ان کے فرزندوں کو یہ بات زیب دیتی ہے کہ وہ اپنے مولا کریم کی اطاعت و بندگی کو چھوڑ کر اس کی نافرمانی کو اپنا شعار بنائیں۔ اس غلط نظریہ نے ان شریف خاندانوں کو جتنا نقصان پہنچایا ہے شاید ہی کسی اور حادثہ نے پہنچایا ہو۔ کاش! ان خاندانوں کے چشم و چراغ اپنی ذمہ داریوں کو پہچانیں اور خداداد صلاحیتوں کو خدمت دین اور خدمت خلق کے لیے استعمال کریں تو وہ دیکھیں گے کہ اللہ تعالیٰ ان پر کتنی بخششیں فرماتا ہے اور ان کی وجہ سے کتنی خلق خدا کو ہدایت ہوتی ہے۔ وہ ذرا سوچیں اگر وہ بخش بھی دیئے گئے تو اپنی غفلت اور بدعملی کی وجہ سے ان کے مقامات میں جو تنزل اور ان کے درجات میں جو انحطاط ہوا ہے کیا وہ کچھ کم افسوسناک ہے۔ کیا انہوں نے دانائے شیراز کا یہ شعر بھی نہیں سنا۔ ؎

خفا کہ با عقوبت دوزخ برابر است ✻ رفتن بپائے مردئ ہمسایہ در بہشت

أَنْ أَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِي بِهِۦ عِلْمٌ ۖ وَإِلَّا تَغْفِرْ لِي وَتَرْحَمْنِيٓ أَكُن مِّنَ

کہ میں سوال کروں تجھ سے ایسی چیز کا جس کا مجھے علم نہیں اور اگر تو مجھے نہ بخشے اور مجھ پر رحم نہ کرے تو میں ہو جاؤں گا زیاں

ٱلْخَٰسِرِينَ ﴿٤٧﴾ قِيلَ يَٰنُوحُ ٱهْبِطْ بِسَلَٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكَٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلَىٰٓ أُمَمٍ

کاروں سے۔ ارشاد ہوا اے نوح! (کشتی سے) اتر جیئے امن و سلامتی کے ساتھ ہماری طرف سے اور برکتوں کے ساتھ جو آپ پر ہیں

مِّمَّن مَّعَكَ ۚ وَأُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُم مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٤٨﴾ تِلْكَ

اور ان قوموں پر جو آپ کے ہمراہ ہیں اور (آئندہ) کچھ قومیں ہوں گی ہم لطف اندوز کریں گے انھیں پھر پہنچیگا انھیں ہماری طرف سے دردناک عذاب یہ قصہ

مِنْ أَنۢبَآءِ ٱلْغَيْبِ نُوحِيهَآ إِلَيْكَ ۖ مَا كُنتَ تَعْلَمُهَآ أَنتَ وَلَا قَوْمُكَ

غیب کی خبروں سے ہے جنھیں ہم وحی کر رہے ہیں آپ کی طرف۔ نہ آپ جانتے تھے اسے اور نہ ہی آپ کی قوم

مِن قَبْلِ هَٰذَا ۖ فَٱصْبِرْ ۖ إِنَّ ٱلْعَٰقِبَةَ لِلْمُتَّقِينَ ﴿٤٩﴾ وَإِلَىٰ عَادٍ أَخَاهُمْ

اس سے پہلے پس آپ صبر کریں یقیناً نیک انجام پرہیزگاروں کے لیے ہے۔ اور عاد کی طرف (ہم نے) انکے بھائی

بارگاہ الٰہی سے فوراً تنبیہ ہوئی۔ فوراً سراپا عجز و نیاز بن گئے اور معافی مانگنی شروع کی۔ مردان خدا کا یہی دستور ہوا کرتا ہے۔

جب طوفان تھم گیا، پانی اتر گیا، کشتی جودی پہاڑ پر آکر رک گئی۔ اللہ تعالیٰ نے دعاؤں اور برکات و خیرات کی خوشخبری کے ساتھ زمین پر اترنے کا حکم دیا۔ فرمایا اس خاکدان ارضی میں امن و سلامتی کے ساتھ اتریئے۔ ہماری برکتیں آپ پر نازل ہوتی رہیں گی۔ تمہارے مال میں تمہارے کاروبار میں تمہاری کھیتی باڑی میں اور تمہاری نسلوں میں زیادتی ہوگی اور آپکے ہمراہی بھی ان نعمتوں سے سرفراز کیے جائیں گے۔

اگرچہ نوح علیہ السلام کے نام سے لوگ آگاہ تھے اور ان کے احوال کی بھی کچھ کچھ انھیں خبر تھی، لیکن وہ سب ظن و گمان کے تراشیدہ افسانے تھے حقیقت حال سے کوئی واقف نہ تھا۔ اے میرے نبی! تمھیں بھی ان کے صحیح حالات کا علم نہ تھا اور تیری قوم بھی جاہل اور ان پڑھ تھی۔ اس غیب کو ہم نے آپ پر بذریعہ وحی منکشف فرمایا۔

اس واقعہ کے ذکر کا مقصد محض تاریخ بیان کرنا یا دل بہلانا نہیں بلکہ آپ کو حضرت نوح کے صبر و استقامت پر آگاہ کرنا ہے تاکہ آپ بھی کفار و مشرکین کی دل آزاریوں کے مقابلہ میں صبر سے کام لیں۔ یقین کیجئے ان کی نخوت و سرکشی خاک میں مل جائے گی اور کامیابی آپکے قدم چومے گی۔

وَإِلَىٰ عَادٍ أَخَاهُمْ هُودًا ۚ قَالَ يَٰقَوْمِ ٱعْبُدُوا۟ ٱللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُۥٓ ۖ إِنْ أَنتُمْ

ہود کو بھیجا انھوں نے کہا اے میری قوم! عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی نہیں ہے تمھارا کوئی معبود اس کے سوا نہیں ہو تم

إِلَّا مُفْتَرُونَ ﴿٥٠﴾ يَٰقَوْمِ لَآ أَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا ۖ إِنْ أَجْرِىَ إِلَّا عَلَى

مگر افترا پرداز۔ اے میری قوم! نہیں مانگتا میں تم سے اس (تبلیغ) پر کوئی اجرت نہیں ہے میری اجرت مگر اس (ذات) کے ذمہ

ٱلَّذِى فَطَرَنِىٓ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٥١﴾ وَيَٰقَوْمِ ٱسْتَغْفِرُوا۟ رَبَّكُمْ ثُمَّ

کے ذمہ جس نے مجھے پیدا فرمایا۔ کیا تم (اس حقیقت کو) نہیں سمجھتے۔ اے میری قوم! مغفرت طلب کرو اپنے رب سے پھر (دل و جان سے)

حضرت ہود علیہ السلام کی قوم کا نام عاد تھا جو اپنے کسی دادا کے نام سے موسوم ہوئی تھی۔ ان کا وطن حضر موت اور یمن کا علاقہ تھا۔ اس کی تفصیل سورۃ الاعراف کے حواشی میں ملاحظہ فرمائیے۔

آپ کے اس ارشاد سے پتہ چلتا ہے کہ دوسری طرح طرح کی خرابیوں کے علاوہ وہ شرک کی گمراہی میں مبتلا تھے۔ انھوں نے مختلف کاموں کے لیے الگ الگ دیوتا مقرر کر رکھے تھے۔ اور انھیں کی وہ پوجا کیا کرتے تھے۔ اپنے خالق سے ان کا رشتہ منقطع ہو چکا تھا۔ اس کی یاد کا دیا بجھ چکا تھا اور اس کی عبادت کا انھیں خیال بھی نہیں آتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کا نبی آتا ہے۔ انھیں دعوت حق بھی دیتا ہے۔ اپنی صداقت کی ایک عقلی دلیل بھی پیش کرتا ہے اور اس گمراہی کے اثرات بد سے بچنے کا طریقہ بھی بتاتا ہے۔ حضرت ہود اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی توحید کا سبق دیتے ہیں اور جھوٹے خداؤں سے قطع تعلق کی تلقین فرماتے ہیں۔ فرمایا ما لکم من الٰہ غیرہ اس کے علاوہ اور کوئی نہیں۔ یہ مٹی پتھر کے بت بھی کبھی خدا بن سکتے ہیں۔ یہ تمھاری من گھڑت باتیں ہیں۔ جو ہرگز توجہ کے لائق نہیں۔

اپنی صداقت کی دلیل پیش کی کہ نہ تو میں تم سے کچھ مانگتا ہوں اور نہ تم سے کسی اجر کی تمنا کرتا ہوں۔ تو پھر مجھے جھوٹ بولنے کی کیا ضرورت ہے۔ ان اجری سے فرمایا کہ آخر میں تم سے کیوں مانگوں جبکہ میرا پیدا کرنے والا موجود ہے جو میری ساری ضروریات کا ذمہ دار ہے۔ وہ غنی بھی ہے اور کریم بھی۔ اسے چھوڑ کر میں تمھارے سامنے کیوں ہاتھ پھیلاؤں۔ ذرا سوچو تو۔

اگر تم گزشتہ گناہوں کی مغفرت طلب کرو گے اور آئندہ کے لیے اپنی عبادت، اطاعت اور توجہ کا قبلہ اللہ تعالیٰ کی ذات کو بناؤ گے تو عقبیٰ کی سرخروئی کے ساتھ ساتھ تمھیں اس دنیا میں خوشحال کر دیا جائے گا۔ بارشیں برسیں گی تمھاری بنجر زمین ان سے سیراب ہو کر سونا اگلنے لگے گی ہر طرف سرسبز کھیت لہلہانے لگیں گے۔ معاشی خوشحالی کا ایک زریں دور شروع ہو جائے گا جب تمھاری مالی حالت سدھر گئی تو اولاد بھی صحت مند، خوبرو اور بکثرت پیدا ہوگی۔ دولت کی فراوانی اور قبیلہ کے افراد کی کثرت سے تمھاری قوت میں بے پناہ اضافہ ہو جائے گا۔ یہ خیال اپنے دل سے نکال دو کہ اگر تم نے اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اس کی شریعت کی پابندی شروع کر دی تو تم مفلس اور قلاش ہو جاؤ گے۔ سوچیے کیا اسی قسم کے غلط تصورات کے باعث ہی ہم دین اسلام سے کھچے کھچے نہیں رہتے۔ شریعت اسلامیہ کی پیروی کا تصور

تُوبُوٓا إِلَيۡهِ يُرۡسِلِ ٱلسَّمَآءَ عَلَيۡكُم مِّدۡرَارٗا وَيَزِدۡكُمۡ قُوَّةً إِلَىٰ

رجوع کرو اس کی طرف۔ وہ اتاریگا آسمان سے تم پر موسلا دھار بارش اور بڑھادیگا تمھیں قوت میں تمھاری پہلی

قُوَّتِكُمۡ وَلَا تَتَوَلَّوۡاْ مُجۡرِمِينَ ۝٥٢ قَالُواْ يَٰهُودُ مَا جِئۡتَنَا بِبَيِّنَةٖ وَمَا

قوت سے اور نہ منہ موڑو (اللہ تعالیٰ سے) جرم کرتے ہوئے۔ انھوں نے کہا اے ہود! نہیں لے آیا تو ہمارے پاس کوئی دلیل اور نہیں ہیں

نَحۡنُ بِتَارِكِيٓ ءَالِهَتِنَا عَن قَوۡلِكَ وَمَا نَحۡنُ لَكَ بِمُؤۡمِنِينَ ۝٥٣

ہم چھوڑنے والے اپنے خداؤں کو تمھارے کہنے سے ۹ے اور نہیں ہیں ہم تجھ پر ایمان لانے والے۔

إِن نَّقُولُ إِلَّا ٱعۡتَرَىٰكَ بَعۡضُ ءَالِهَتِنَا بِسُوٓءٖۗ قَالَ إِنِّيٓ أُشۡهِدُ

ہم تو یہی کہیں گے کہ مبتلا کر دیا ہے تجھے ہمارے کسی خدا نے دماغی خلل میں۔ نشے ہود نے کہا میں گواہ بناتا ہوں

ٱللَّهَ وَٱشۡهَدُوٓاْ أَنِّي بَرِيٓءٞ مِّمَّا تُشۡرِكُونَ ۝٥٤ مِن دُونِهِۦۖ فَكِيدُونِي

اللہ تعالیٰ کو اور تم بھی گواہ رہنا کہ میں بیزار ہوں ان بتوں سے جنھیں تم شریک ٹھیراتے ہو۔ اس کے سوا پس سازش کرو میرے خلاف

کرتے ہی غربت و افلاس کے خوفناک سائے ہماری آنکھوں کے سامنے پھیلنے لگتے ہیں۔ اس حقیقت کا ذکر اس سورۃ کی ابتدائی آیت میں بھی ہو چکا ہے وان استغفروا ربكم ثم توبوا اليه يمتعكم متاعا حسنا۔ مدرار، درّ یدرّ سے مبالغہ کا صیغہ ہے اس کا معنی ہے کثرت سے بہنا۔ المدرار غزیر السیلان یعنی موسلا دھار بارش۔

ھے اہل کفر کا رویہ ہمیشہ معاندانہ اور متعصبانہ ہوتا ہے۔ صاف کہہ دیا کہ آپ نے ہمارے سامنے کوئی ایسی دلیل پیش نہیں کی جس سے ہمیں آپ کی صداقت کا یقین آجائے۔ ہم نہ اپنے خداؤں کو چھوڑیں گے اور نہ آپ کی دعوت قبول کریں گے۔ خواہ مخواہ آپ اپنا دماغ کھپا رہے ہیں۔ اور ہمارا بھی وقت ضائع کر رہے ہیں اور اپنا بھی۔

نشے یہ جو آپ بہکی بہکی (نعوذ باللہ) باتیں کر رہے ہیں، جانتے ہو اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارا کوئی خدا تم سے ناراض ہو گیا ہے۔ اس نے تم سے عقل سلب کر لی ہے اور اب تم دیوانوں کی طرح باتیں کر رہے ہو۔ اپنی سلامتی مطلوب ہے تو ہمارے خداؤں کے قدموں میں گر پڑو اور اپنی گستاخی کی معافی مانگ۔ ويقال عراه الامر واعتراه اذا المّ به (قرطبی)

لے ان کی لا یعنی و لغویات سے آپ جلال میں آ گئے۔ فرمایا تم میری سچائی کی گواہی مت دو۔ اللہ تعالیٰ کی گواہی میری صداقت کے لیے کافی ہے۔ ہاں تمھیں اس بات کا گواہ بناتا ہوں کہ میں نے علی الاعلان یہ کہا کہ میرا ان بتوں اور تمھارے ان جھوٹے خداؤں کے ساتھ کوئی

جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ

سب مل کر پھر مجھے مہلت نہ دو ۸۲؎ بلاشبہ میں نے بھروسہ کر لیا ہے اللہ تعالیٰ پر جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے ۸۳؎

مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾

کوئی جاندار بھی ایسا نہیں ہے مگر اللہ تعالیٰ نے پکڑا ہوا ہے اسے پیشانی کے بالوں سے۔ بیشک میرا رب سیدھی راہ پر ہے۔ ۸۴؎

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّاۤ اُرْسِلْتُ بِهٖۤ اِلَيْكُمْ ؕ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ

پھر اگر تم روگردانی کرو تو میں نے تو پہنچا دیا ہے تمہیں وہ پیغام جسے دے کر مجھے بھیجا گیا ہے تمہاری طرف اور جانشین بنائے گا میرا رب

قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۵۷﴾

کسی اور قوم کو تمہارے علاوہ ۸۵؎ اور تم اس کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکو گے۔ بے شک میرا رب ہر چیز کا نگہبان

تعلق نہیں۔

۸۲؎ اور میرا ایک اور اعلان بھی سن لو تم سب مل کر تم بھی اور تمہارے خدا بھی میرے خلاف جو سازش کرنا چاہتے ہو کر لو۔ میں تم سے کسی قسم کی التجا نہیں کروں گا۔ تم سے مہلت نہیں مانگوں گا۔ لیکن سن لو تم میرا بال بھی بیکا نہ کر سکو گے۔

۸۳؎ اس غیر متزلزل یقین اور ناقابل شکست اعتماد کی وجہ بیان فرمادی کہ میرا جس پر بھروسہ ہے وہ بڑی طاقت اور قوت کا مالک ہے۔ وہ جو میرا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی بلکہ دنیا میں ان گنت انواع واقسام کے جو کروڑوں چرند پرند وغیرہ تمہیں نظر آ رہے ہیں وہ سب اس کے حکم کے سامنے سرافگندہ ہیں اور دم مارنے کی کسی میں مجال نہیں۔ خود سوچو جس کی تائید و نصرت کرنے والا اتنی طاقت کا مالک ہو اسے تم اور تمہارے بے بس خدا کیا گزند پہنچا سکتے ہیں۔ ناصیہ پیشانی کے اوپر آگے جھکے بال۔ الناصیۃ قصاص الشعر فی مقدم الرأس (قرطبی)۔ پیشانی کے بالوں کو پکڑنے کا مطلب ہے کسی کو مقہور و مغلوب کرنا۔ الاخذ بالناصیۃ تمثیل لقھر القاھر علی المقھور و ذل المغلوب بین یدیہ یتصرف فیہ کیف شاء (قرطبی)

۸۴؎ تقدیر و تدبیر، جزاء و سزا، عطاء و حرمان، غرضیکہ اس کے تمام افعال عدل و انصاف پر مبنی ہیں اور اس کی حکمت بالغہ اور رحمت واسعہ کے آئینہ دار ہیں۔ قیل معناہ لاخلل فی تدبیرہ ولا تفاوت فی خلقہ سبحانہ (قرطبی)

۸۵؎ تمہیں اگر تمہاری پیہم سرکشیوں کی وجہ سے نیست و نابود کر دیا گیا تو گلشن ہستی کی رونق میں کچھ فرق نہ پڑے گا۔ تم سے بہتر کسی قوم کو تمہارا جانشین بنا دیا جائے گا جو زندگی کے گلستان میں اعمال صالحہ کے پھول کھلائے گی۔ جو اپنی محنت و کاوش سے علم و حکمت کے چشمے جاری کرے گی۔ ان کے دم قدم سے بزم کائنات میں نئی چہل پہل دکھائی دینے لگے گی۔ دنیا کی تقریباً ہر طاقتور قوم یہی سمجھتی ہے کہ عالم کی آبادی اس کے دم قدم سے ہے اگر اس پر کوئی افتاد پڑی تو ہر طرف بربادی اور ویرانی کا دور دورہ ہوگا۔ روشنی کے سارے دیئے

حَفِيظٌ ﴿٥٧﴾ وَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُودًا وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ

اور جب آگیا ہمارا حکم تو ہم نے نجات دیدی ہود کو اور جو ایمان لائے تھے ان کے ساتھ بوجہ

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَنَجَّيْنَاهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ عَادٌ جَحَدُوا

اپنی رحمت کے ۹۹ اور ہم نے بچا لیا انہیں سخت عذاب سے ۔ اور یہ قوم عاد (کی داستان) ہے انھوں نے انکار

بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهُ وَاتَّبَعُوا أَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ﴿٥٩﴾

کیا اپنے رب کی آیتوں کا اور نافرمانی کی اس کے رسولوں کی اور پیروی کرتے رہے ہر جابر متکبر منکر حق کے حکم کی ۔ ۱۰۰

وَأُتْبِعُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ أَلَا إِنَّ عَادًا

اور ان کے پیچھے لگا دی گئی اس دنیا میں بھی لعنت اور قیامت کے دن بھی ۔ سنو! عاد نے

كَفَرُوا رَبَّهُمْ ۗ أَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُودٍ ﴿٦٠﴾ وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ

انکار کیا اپنے رب کا ۔ سنو! ہلاکت و بربادی ہو عاد کے لیے جو ہود کی قوم تھی ۱۰۱ اور قوم ثمود کی طرف (ہم نے) ان کے بھائی

بجھ جائیں گے۔ جہالت و وحشت کا گھپ اندھیرا چھا جائے گا۔ لیکن ہزاروں قومیں آئیں اپنا مقررہ وقت پورا کر کے چلتی بنیں لیکن خدا کی دنیا آباد ہی رہی اور جب تک اس کی مرضی ہوگی آباد ہی رہے گی۔

۹۹ اس سے مراد ایمان ہے جس کی اللہ تعالیٰ نے ان کو توفیق مرحمت فرمائی۔ او الایمان الذی انعمنا علیھم۔

۱۰۰ جبار۔ متکبر اور سرکش۔ عنید جو جان بوجھ کر حق کا انکار کرے۔ العنید الطاغی الذی لا یقبل الحق ولا یذعن لہ (قرطبی) اذا ابی ان یقبل الشیئ وان عرفہ (مظھری)

یعنی قوم عاد کی بربادی کی وجہ یہ ہوئی کہ اس کا برسر اقتدار طبقہ تو ویسے سرکش اور متکبر تھا۔ حق کو قبول کرنا ہی اپنی شان کے خلاف سمجھتا تھا لیکن اس قوم کے عوام نے بھی عقل و خرد سے کام لینا چھوڑ دیا تھا انھوں نے بھی حضرت ہود کی دعوت پر سنجیدگی سے غور و فکر نہیں کیا تھا۔ وہ بھی لکیر کے فقیر تھے اور اپنے رئیسوں کی چاپلوسی کرتے اور ان کی ہاں میں ہاں ملا دیتے۔ دونوں گروہوں خواص و عام کو غور و فکر کی طویل مہلت دی گئی لیکن انھوں نے اس سے فائدہ نہ اٹھایا۔ آخر تباہ کر دیئے گئے۔

۱۰۱ بُعْد کے معنی دور ہونا اور بعد کا معنی ہلاک ہونا بھی ہے۔ یہاں دونوں معنی مراد ہو سکتے ہیں۔ یعنی ان کو اپنی رحمت سے دور کر دیا گیا یا انھیں ہلاک کر دیا گیا۔

صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ هُوَ اَنْشَاَكُمْ

صالح کو بھیجا۔ آپ نے کہا اے میری قوم! عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی نہیں ہے تمہارا کوئی معبود اس کے سوا اس نے پیدا فرمایا تمہیں

مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ

زمین سے اور بسا دیا تمہیں اس میں۔ پس مغفرت طلب کرو اس سے پھر (دل و جان سے) رجوع کرو اس

اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ

کی طرف بیشک میرا رب قریب ہے (اور التجائیں) قبول فرمانے والا ہے۔ انھوں نے کہا اے صالح! تم تھے ہم میں ایک شخص (جس سے بڑی) امیدیں (وابستہ تھیں)

۹۰ حضرت ہود اور ان کی قوم کے حالات بیان کرنے کے بعد حضرت صالح علیہ السلام اور ان کی قوم کا تذکرہ کیا جا رہا ہے۔ ثمود کا مسکن حجاز اور شام کا درمیانی خطہ ہے۔ یہ بھی عاد کے قبیلہ کی ایک شاخ ہے جو حضرت ہود پر ایمان لانے کی وجہ سے عذاب سے بچ گئے تھے اور وہاں سے نقل مکانی کر کے یہاں آکر آباد ہو گئے۔ یہاں آکر وہ خوب پھلے پھولے ان کے آنے سے یہ خطہ لہلہاتے ہوئے کھیتوں اور سرسبز و شاداب باغات کے باعث رشک ارم بن گیا۔ فن تعمیر میں انھوں نے خصوصی مہارت حاصل کی۔ ان کا مفصل ذکر سورۃ الاعراف میں گزر چکا ہے۔ علوم و فنون میں ترقی اور زراعت و باغبانی کی مہارت کی وجہ سے ان کی معاشی حالت بہت عمدہ ہو گئی لیکن دولت کی فراوانی اپنے جلو میں جن خرابیوں کو لاتی ہے وہ بھی پوری قوت سے ان میں نشو و نما پانے لگیں۔ اپنے مالک حقیقی سے رشتہ ٹوٹ گیا۔ باطل خداؤں کی چوکھٹ پر جبیں سائی کرنے لگے عقیدہ کی گمراہی کے ساتھ ساتھ اخلاق کی گراوٹ طبعی چیز تھی اللہ تعالیٰ نے ان کی ہدایت کے لیے حضرت صالح علیہ السلام کو مبعوث فرمایا۔ جو انھی کی قوم کے ایک فرد تھے۔

۹۰ حضرت صالح نے بھی اپنی تبلیغ کا آغاز درس توحید سے کیا انھیں بتایا کہ تمہارا معبود وہ ہے جس نے تم کو زمین سے پیدا کیا اور پھر تم کو اس میں آباد کرنے کا اہتمام فرمایا اور وہ تمام اسباب فراہم کر دیئے جو تمہاری بقا کے لیے ضروری تھے۔ لیکن جن کو تم نے اپنا معبود بنا رکھا ہے وہ نہ تمہارے خالق ہیں اور نہ رازق انھوں نے تمہیں کچھ بھی نہیں دیا۔ وہ بیچارے دے بھی کیا سکتے ہیں جو اپنے وجود اور اپنی تراش خراش میں تمہارے فن سنگتراشی اور مجسمہ سازی کے مرہون منت ہیں۔ یہ بات کتنی احمقانہ ہے۔ استعمرکم قال قتادۃ اسکنکم فیھا یعنی اس کا معنی قتادہ کے نزدیک یہ ہے کہ اس نے تمہیں زمین میں آباد کر دیا ہے۔ ایک دوسرا معنی بھی کیا گیا ہے ای طلب العمارۃ یعنی اس نے زمین کو آباد کرنے کا تمہیں حکم دیا ہے۔

۹۱ اگرچہ تمہاری زندگی کا اکثر حصہ کفر و شرک میں برباد ہو چکا ہے لیکن ابھی توبہ کا دروازہ کھلا ہے اس کی رحمت تمہاری منتظر ہے۔ اب بھی اگر سچے دل سے آ جاؤ گے تو قبول کر لیے جاؤ گے تمہاری عمر بھر کی خطاؤں اور گناہوں کو بخش دیا جائے گا۔

۹۲ جس رب کو تم دور بہت دور سمجھے بیٹھے ہو بلکہ اپنے ذہن و تصور سے بھی جس کی یاد کے نقش مٹا چکے ہو وہ تو تمہارے بالکل قریب ہے۔ رگ جاں سے بھی زیادہ قریب۔ اور مہربان اتنا ہے کہ جو مانگو گے وہی ملیگا اس کے درکرم سے کسی سائل کو محروم واپس لوٹایا ہی نہیں جاتا۔ ان اندھے بہرے خداؤں پر فریفتہ ہو رہے ہو جو نہ تمہیں دیکھتے ہیں اور نہ تمہاری فریاد سنتے ہیں اور اس رب کریم سے منہ موڑ رہے ہو جو تمہارے دل کی دھڑکنوں

هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ

وابستہ تھیں اس سے پہلے ۹۳۔ کیا تم روکتے ہو ہمیں اس سے کہ ہم عبادت کریں ان (بتوں) کی جن کی عبادت کرتے تھے ہمارے باپ دادا اور بےشک ہم

اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۶۲﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ

اس امر کے بارے میں جس کی طرف تو ہمیں بلاتا ہے ایک بےچین کر دینے والے شک میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ آپ نے کہا اے میری قوم! بھلا یہ تو بتاؤ اگر میں روشن

کو بھی سنتا ہے۔ جو رحیم و کریم بھی ہے اور قادر و توانا بھی جسے تمہارے حال پر ترس بھی آتا ہے اور جو تمہاری مشکلوں اور پریشانیوں کو دور کرنے کی قدرت بھی رکھتا ہے۔

۹۳۔ حضرت صالح بچپن سے ہی شرافت و متانت کے پتلے تھے۔ ان کی ہر بات سے امانت اور دانائی ظاہر ہوتی تھی۔ ان کا دامن حیات ہر قسم کی آلودگیوں اور کمزوریوں سے پاک تھا۔ ان کو دیکھ کر ان کی قوم کے افراد ان کے شاندار مستقبل کے متعلق طرح طرح کی قیاس آرائیاں کیا کرتے تھے۔ وہ یہ سمجھنے لگے تھے کہ یہ لڑکا بڑا ہو کر ہماری قومی عظمت کو چار چاند لگا دے گا۔ اس کی حکیمانہ قیادت میں ہم خوب ترقی کریں گے لیکن جب آپ نے انھیں ان کے بتوں کی عبادت سے روکنا شروع کیا جن کی عبادت وہ صدہا سال سے کرتے چلے آ رہے تھے، اور اللہ رب العزت کی وحدانیت پر ایمان لانے کا حکم دیا تو وہ ٹھٹک کر رہ گئے۔ وہ صالح کی زبان سے یہ کیا سن رہے ہیں۔ ان کو اپنے کانوں پر اعتبار ہی نہ آ رہا تھا۔ وہ اس سوچ میں پڑ گئے کہ یہ کیا ہو گیا۔ جسے ہم قومی عروج و اقبال کا ضامن سمجھے ہوئے تھے وہ تو قوم کے بنیادی عقیدہ پر کلہاڑا چلا رہا ہے۔ یہ تو قوم کا شیرازہ بکھیر کر رکھ دے گا۔ بڑے حیرت زدہ انداز میں کہنے لگے صالح! ہم نے تو تم سے بڑی بڑی امیدیں وابستہ کر رکھی تھیں۔ اور تم یہ کیا کر رہے ہو۔ غور تو کرو کیا ہم ان خداؤں کی پوجا چھوڑ دیں۔ جن کی پوجا آج تک ہم اور ہمارے باپ دادا کرتے چلے آئے ہیں۔ ہمیں تو تمہاری اس عجیب و غریب دعوت پر یقین نہیں آ رہا۔ تم نے تو ہمیں ایک ایسے تذبذب سے دوچار کر دیا ہے جس نے ہمارا چین ختم کر دیا ہے اور ہمارے اطمینان و یقین کی دنیا میں ہلچل پیدا کر دی ہے۔ مریب شک کی صفت ہے۔ باب افعال سے اسم فاعل ہے اس کا معنی ہے ریبہ میں ڈال دینا۔ کہتے ہیں ارابہ اذا اوقعہ فی الریبۃ نفس کے قلق اور اطمینان و سکون کے اٹھ جانے کو عربی میں ریبہ کہتے ہیں ھی قلق النفس وانتفاء الطمانیۃ (مظہری) الریبۃ اسم من الریب قال ہنوا ریبۃ فی قلوبھم ای تدل علی دخل وقلۃ یقین (مفردات) وہ کس قسم کا قلق و اضطراب تھا جس کی آگ حضرت صالح نے ان کے دل میں لگا دی تھی۔ وہی قلق جو ہمیشہ صدائے حق بلند ہونے کے بعد اہل باطل کے دلوں میں پیدا ہوا کرتا ہے۔ پہلے وہ جس غلط عقیدہ کو قبول کیے ہوتے ہیں اس کے سچا ہونے کے بارے میں انھیں کامل یقین ہوتا ہے۔ ان کے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہیں آتی کہ وہ ایک سراسر باطل نظریہ کو اپنائے ہوئے ہیں لیکن جب حق کا منادی کرنے والا آتا ہے اور اپنی دلنشین آواز، قوی براہین سے ان کی غلطی کو آشکارا کرتا ہے تو وہ قبول کریں یا نہ کریں ان کے دل کی دنیا میں ایک تہلکہ ضرور برپا ہو جاتا ہے۔ اور وہ سکون و اطمینان کافور ہو جاتا ہے جو سالہا سال سے ان کے دل میں خیمہ زن تھا۔ بچارے اسی سکون و طمانیت کے لٹ جانے پر حرفِ شکایت زبان پر لا رہے ہیں۔

رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ

دلیل پر ہوں اپنے رب کی طرف سے اور اس نے عطا کی ہو مجھے اپنی جناب سے خاص رحمت تو کون ہے جو بچا سکیگا مجھے اللہ کے عذاب سے ۹۵

فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً

اگر میں اس کی نافرمانی کروں تم تو نہیں زیادہ کرنا چاہتے میرے لیے سوا نقصان کے ۹۶ اور اے میری قوم! یہ اللہ کی اونٹنی ہے ۹۷ تمہارے لیے نشانی ہے

۹۴ یوں معلوم ہوتا ہے کہ قوم کے لوگوں نے پہلے بڑی منت سماجت کی ہوگی۔ اپنی توقعات اور امیدوں کا واسطہ دیا ہوگا کہ آپ اس اونچی دعوت سے باز آجائیں۔ پھر ذرا دھمکا کر آپ کو رام کرنے کی کوشش کی ہوگی۔ انھیں کی ترغیب و ترہیب کے جواب میں آپ نے فرمایا ہوگا کہ اے قوم! مانا کہ تمھیں نور ہدایت نظر نہیں آرہا لیکن میں تو دیکھ رہا ہوں کہ آفتاب صداقت ضو فشاں ہے۔ میری چشم بصیرت کو میرے پروردگار کی وحدانیت اور کبریائی کے جلوے قدم قدم پر نظر آرہے ہیں۔ میں کس طرح ان تابندہ حقائق کا انکار کر سکتا ہوں۔ مجھے اس نے جن بے پایاں رحمتوں سے نوازا ہے میں ان کی ناشکری کی کیسے جرأت کر سکتا ہوں۔

۹۵ اگر ان حقائق کو یوں بے نقاب دیکھ لینے کے بعد میں تمھاری خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ان کا انکار کر دوں تو اگر میرے رب نے مجھے پکڑ لیا تو کیا تم میں سے کسی میں اتنا دم خم ہے کہ وہ مجھے چھڑالے۔ اگر تم میری دعوت قبول کر کے اپنے آپ کو عذاب الٰہی سے بچانا نہیں چاہتے تو میرے حال پر ترس کھاؤ اور مجھے اپنے ساتھ غرق ہونے پر مجبور نہ کرو۔

۹۶ تم میرے خیر خواہ بن کر مجھے سمجھا رہے ہو لیکن میں تمھاری بات نہیں مان سکتا کیونکہ میرا اس میں سراسر نقصان ہے۔ مجھے ایسے نادان دوستوں کی نصیحتوں کی ضرورت نہیں جو اپنی بے سمجھی سے مجھے بھی راہ حق سے برگشتہ کرنے کی سر توڑ کوشش کر رہے ہیں۔

۹۷ آپ کی اس استقامت کو دیکھ کر انھوں نے مطالبہ کیا کہ اگر آپ سچے ہیں تو کوئی معجزہ دکھائیے جس طرح سورۃ الشعراء میں مذکور ہے فات بآية ان كنت من الصادقين اگر تم سچے ہو تو کوئی معجزہ دکھاؤ۔ ان کے اس مطالبے کے جواب میں آپ نے ایک اونٹنی اپنے دعوٰی کی صداقت کے لیے بطور معجزہ اور دلیل پیش کی۔ امام فخر الدین رازیؒ لکھتے ہیں کہ مروی ہے کہ عید کے موقع پر قوم نے آپ سے مطالبہ کیا کہ ہم تب ایمان لائیں گے کہ وہ سامنے جو چٹان نظر آرہی ہے اس سے ایک اونٹنی پیدا ہو جائے۔ آپ نے دعا مانگی۔ قدرت الٰہی کے سامنے کونسی چیز مشکل ہے دعا قبول ہوئی۔ دیکھتے ہی دیکھتے ان کی مطلوبہ اونٹنی نمودار ہو گئی! امام مذکور اس کے بعد لکھتے ہیں کہ اس میں اعجاز کی کئی وجوہ تھیں۔ (۱) اس کا یوں چٹان سے نکل آنا۔ (۲) اس کا حاملہ پیدا ہونا۔ (۳) اس کا ایک دن میں سارا پانی پی جانا وغیرہ۔ یہ ساری باتیں اپنی اپنی جگہ پر قوی معجزے ہیں۔ لیکن کیا قرآن حکیم نے بھی اس کے متعلق کوئی تصریح کی ہے تو فرماتے ہیں ولیس فی القرآن الا ان تلك الناقة كانت آية ومعجزة فاما بيان انها كانت معجزة من اى الوجوه فليس فيه بيانه (کبیر) یعنی قرآن میں تو اتنا مذکور ہے کہ یہ اونٹنی معجزہ تھی۔ لیکن اس میں وجہ اعجاز کیا تھی اس میں معجزہ کا کونسا پہلو تھا تو یہ قرآن میں مذکور نہیں اس لیے ہمیں اتنا ہی یقین کرنا کافی ہے کہ آپ نے بطور معجزہ ایک اونٹنی پیش کی۔ جب کتاب اور سنت صحیحہ میں اس کے معجزہ ہونے کی کیفیت بیان نہیں ہوئی پھر اس کی تفصیل کے

فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْۤ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ

پس چھوڑ دو اسے کھاتی پھرے اللہ تعالیٰ کی زمین میں اور نہ ہاتھ لگاؤ اسے برائی سے ۹۷ ورنہ پکڑ لے گا تمھیں

عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿۶۴﴾ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ

عذاب بہت جلد پس انھوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔ تو صالح نے فرمایا لطف اٹھالو اپنے گھروں میں تین

اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿۶۵﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا

دن تک ۹۸ یہ (اللہ کا) وعدہ ہے جسے جھٹلایا نہیں جا سکتا۔ ۹۹ پھر جب آگیا ہمارا حکم ۱۰۰ تو ہم نے بچالیا صالح کو

وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ؕ اِنَّ

اور انھیں جو ایمان لائے تھے ان کے ساتھ اپنی رحمت سے نیز (بچالیا) اس دن کی رسوائی سے۔ بیشک

رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۶۶﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا

اے محبوب! تیرا رب ہی بہت قوت والا بہت عزت والا ہے اور پکڑ لیا ظالموں کو ایک خوفناک کڑک نے ۱۰۱ اور صبح کی انھوں نے

دیتے ہو اوقت ضائع کرتا ہے۔ سورہ الاعراف کی آیت نمبر ۷۳ کا حاشیہ بھی ملاحظہ ہو۔

۹۸ ملاحظہ ہو سورۃ الاعراف کی آیت نمبر ۷۸ کا حاشیہ۔

۹۹ جب انھوں نے اس اونٹنی کو ہلاک کر دیا تو آپ نے انھیں بتایا کہ تین دن کے بعد تم پر اللہ تعالیٰ کا عذاب یقیناً آئے گا اب جی بھر کر رنگ رلیاں منالو۔

۱۰۰ مدت مقررہ کے بعد عذاب نازل ہوا جس نے کفار کو موت کی نیند سلا دیا لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی اور اس کے ساتھیوں کو اس تباہ کن عذاب سے بھی محفوظ رکھا کہ ان کو خراش تک بھی نہ آئی دوسرا ان کو شرمساری سے بھی بچالیا۔ کیونکہ اگر آپ کے کہنے کے مطابق عذاب نہ آتا تو آپ کو کتنی خفت اٹھانی پڑتی۔ کافر تالیاں بجاتے آوازے کستے اور ان کی اذیت رسانیوں میں کئی گنا اضافہ ہو جاتا اور بعض علماء نے ومن خزی یومئذ میں واؤ کو زائد کہا ہے۔

۱۰۱ یعنی ایسی خوفناک کڑک پیدا ہوئی کہ ان کے دل سینوں میں پھٹ گئے۔ سورۃ الاعراف میں ہے فاخذتھم الرجفة کہ انھیں زلزلے نے آلیا۔ یہاں کڑک کا ذکر ہے وہاں زلزلہ کا۔ یہ اختلاف کیوں ہے؟ کوئی اختلاف نہیں۔ جب گرجدار آواز پیدا ہوتی ہے تو زمین تھرا اٹھتی ہے۔ جب توپ کا گولہ چھٹتا ہے تو کیا مکان لرزنے نہیں لگتے اور زمین کانپتی ہوئی معلوم نہیں ہوتی۔ اگر توپ کے ایک گولے کے

فِیْ دِیَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ ﴿۶۷﴾ كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا ؕ اَلَاۤ اِنَّ ثَمُوْدَاۡ

اس حال میں کہ وہ اپنے گھروں میں گھٹنوں کے بل اوندھے گرے پڑے تھے۔ (انھیں یوں نابود کر دیا گیا) گویا وہ یہاں کبھی آباد ہی

پھٹنے سے حالت ہوتی ہے تو معلوم نہیں اس خشتناک کڑک سے کیا محشر بپا ہوا ہوگا۔

اسلام کے کئی خیرخواہوں نے اسلام پر بڑی زیادتیاں کی ہیں۔ ان کی فہرست بڑی طویل ہے۔ یہاں جس خیرخواہانہ زیادتی کا ذکر مقصود ہے وہ ہے جو بعض کرم فرماؤں نے مستشرقین کے اعتراض سے ڈر کر قرآنی مطالب کے بیان کرنے میں کی ہے۔ قرآن کریم میں بیسیوں مقامات پر اس امر کی صراحت کی گئی ہے کہ جب کوئی قوم اپنے نبی کی دعوت کو ٹھکرا دیتی ہے اعتقاد و عمل کی گمراہیوں میں مبتلا ہو جاتی ہے ان کے فسق و فجور سے طہارت و تقوی کا دامن تار تار ہو جاتا ہے۔ ان کا غرور اور تمرد جب عدل و انصاف کے تقاضوں کو روند ڈالتا ہے جب مظلوم کو فریاد کرنے پر سزائیں دی جاتی ہیں تو ایسی قوم پر اللہ تعالیٰ ان کی بداعمالیوں کے باعث ایسا عذاب مسلط کرتا ہے کہ اس کا نام و نشان تک باقی نہیں رہتا۔ اس حقیقت کو واضح کرنے کے لیے متعدد انبیا اور ان کی قوموں کے احوال بیان کیے گئے ہیں اور ان عذابوں کا بار بار ذکر کیا گیا ہے۔ جو طوفانوں، زلزلوں، تند و تیز آندھیوں اور بجلی کی کڑک وغیرہ کی شکل میں ان قوموں پر نازل ہوئے اور ان کے غرور کو مٹی میں ملا دیا۔ ان واقعات کو بیان کرنے کے بعد ہر بار اس قسم کے جملے فرمائے کہ یہ قصص اور حالات عبرت پذیری کے لیے ذکر کیے گئے ہیں۔ قصہ گوئی اور داستان سرائی مطلوب نہیں لیکن اسلام کے کئی کرم فرماؤں کو اس بات پر اصرار ہے کہ ایسا نہیں یہ عذاب کسی جرم کی سزا نہیں ہے بلکہ ان حادثات کے طبعی اسباب مہیا ہو گئے تو وہ رونما پذیر ہو گئے۔ ان کے واقعہ ہونے کو قطعاً کسی کی نیکی اور بدی کے ساتھ ہلکا سا بھی رابطہ نہ تھا۔ ایک اقتباس پیش خدمت ہے:۔

"آندھی اور طوفان پہاڑوں کی آتش فشانی، ان سے ملکوں کا اور قوموں کا برباد ہونا، زمین کا دھنس جانا، قحط کا پڑنا، کسی قسم کے حشرات کا زمین میں پانی میں، ہوا میں پیدا ہو جانا، کسی قسم کی وباؤں کا آنا اور قوموں کا ہلاک ہونا سب امور طبعی ہیں۔ جو ان کے اسباب جمع ہو جانے پر موافق قانون قدرت کے واقع ہوتے رہتے ہیں انسانوں کے گنہگار ہونے یا نہ ہونے سے فی الواقع اس کو کچھ تعلق نہیں ہے اگرچہ توراۃ میں اور دیگر صحف انبیا میں اس قسم کے ارضی و سماوی واقعات کا سبب انسانوں کے گناہ قرار دیئے ہیں مثل ایک پوشیدہ بھید کے سمجھ سے خارج ہے۔ اس سے ہم کو اس مقام پر بحث نہیں ہے مگر قرآن پاک میں بھی ایسے واقعات کو انسانوں کے گناہوں سے منسوب کرنا بلاشبہ تعجب سے خالی نہیں ہے" (مقالات سرسید صفحہ ۱۲۰ حصہ چہاردہم)

اس تعجب کو دور کرنے کے لیے دوسرے صفحہ پر یوں رقم طراز ہیں:۔

پس قرآن پاک کے اس قسم کے بیانات کو جن میں حوادث ارضی و سماوی کو انسان کے گناہوں سے منسوب کیا ہے یہ سمجھنا کہ وہ ایک حقیقت اشیاء "علی ماھی علیہ" کا بیان ہے ان سمجھنے والوں کی غلطی ہے نہ قرآن پاک کی۔ (مقالات سرسید صفحہ ۱۲۰ حصہ چہاردہم)

اس طویل اقتباس پر معذرت خواہی کے بعد گزارش ہے کہ اگر صاحب موصوف نے یہ کہہ کر کسی شبہ کا ازالہ کیا ہے تو انھوں نے دوسری طرف ساتھ ہی سینکڑوں اعتراضات جو ان سے بھی زیادہ سخت ہیں کے لیے زمین ہموار کر دی ہے۔ ایک تو اللہ تعالیٰ کے رسولوں پر یہ الزام لگایا کہ ان کے

كَفَرُوا رَبَّهُمْ ۗ أَلَا بُعْدًا لِّثَمُودَ ﴿٦٨﴾ وَلَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُنَا إِبْرَاهِيمَ

نہ ہوئے تھے۔ سنو! ثمود نے انکار کیا اپنے رب کا۔ سنو! بربادی ہو ثمود کے لیے۔ اور بلاشبہ آئے ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) ابراہیم کے

بِالْبُشْرَىٰ قَالُوا سَلَامًا ۖ قَالَ سَلَامٌ ۖ فَمَا لَبِثَ أَن جَاءَ بِعِجْلٍ

پاس خوشخبری لے کر تو انھوں نے کہا اے خلیل! آپ پر سلام ہو۔ آپ نے فرمایا تم پر بھی سلام ہو۔ پھر آپ جلدی لے آئے واسطے ضیافت

لوط کا حقیقت سے کوئی سروکار نہیں ہوتا وہ تو اپنی مطلب براری کیلیے ہر مفید مطلب بات کو اپنا لیتے ہیں خواہ وہ صداقت سے کوسوں دور ہو جب کسی نبی کے متعلق یہ گھٹیا تصور آپکے ذہن میں جاگزیں ہو جائے۔ تو ایک نبی اور ایک سیاسی شعبدہ باز میں آپ کیونکر تمیز کر سکیں گے۔

پھر قرآن جس کو ہم سب کلام الٰہی یقین کرتے ہیں اس کے بیان کردہ حقائق پر آپکا اعتقاد کیونکر باقی رہیگا۔ حضرت صالح اپنی قوم کو فرماتے ہیں کہ تین دن کے بعد یقیناً تم پر عذاب آئیگا۔ اس میں شک شبہ کی قطعاً گنجائش نہیں اور ایسا ہی ہوا تو

کیا ان تین دنوں میں وہ سب طبعی اسباب فراہم ہو گئے جن کی وجہ سے کڑک اور زلزلہ رونما ہوا پھر اس کی کیا وجہ ہے کہ ان میں ہر ایک کی زد صرف کفار پر پڑی اور اہل حق کو خراش تک نہ آئی۔ کون سی چیز تھی جس نے ان عذابوں میں نیک و بد میں تمیز کرنے کی قوت پیدا کر دی۔ قرآن کریم کی ان آیات پر مکرر غور فرمائیے۔

واغرقنا الذین کذبوا بایاتنا ہم نے ان کو غرق کیا جنھوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا تھا۔ الا ان عادا کفروا ربھم الا بعدا لعاد قوم ھود عاد نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا تھا اور ان کو ہلاک کر دیا گیا۔ الآن وقد عصیت قبل وکنت من المفسدین اے فرعون! عمر بھر نافرمانی کرتا رہا، فساد برپا کرتا رہا، اب ایمان لاتے ہو۔ واخذ الذین ظلموا الصیحۃ اس کڑک نے ان لوگوں کو برباد کیا جو ظلم کرتے تھے۔ فانظر کیف کان عاقبۃ الظالمین، المفسدین، المجرمین طبعی اسباب کا انکار نہیں لیکن طبعی اسباب کو یکجا کر کے ایک خاص وقت پر ایک مخصوص قوم کے لیے عذاب کی صورت میں ظاہر کرنا یہ اللہ تعالیٰ کا کام ہے اور اسی کی قرآن پاک نے بار بار وضاحت فرمائی ہے۔

۱۰۲ حضرت لوط علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چچازاد بھائی تھے۔ دونوں حضرات اس علاقہ میں ہجرت کر کے آئے تھے۔ آپ نے کنعان کے علاقہ میں رہائش اختیار کی اور حضرت لوط دریائے اردن کی ترائی میں فروکش ہوئے۔ یہ علاقہ اپنی زرخیزی اور شادابی میں بے مثل تھا۔ یہاں سدوم، عمورا، اوماد، زبوئیم کی بستیاں آباد تھیں۔ حضرت لوط کی قوم جن اخلاقی بیماریوں میں مبتلا تھی ان کا ذکر آگے آ رہا ہے۔ ان کی بستیوں کو زیر و زبر کرنے کے لیے جن فرشتوں کو بھیجا گیا انھیں یہ بھی حکم دیا گیا کہ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے مل کر ان کی اہلیہ سارہ کو بیٹے اسحاق اور پوتے یعقوب کی پیدائش کی خوشخبری سناتے جائیں۔ چنانچہ جب وہ حضرت خلیل کے پاس پہنچے تو آپ جلدی سے اٹھے اور ان کی ضیافت کا اہتمام فرمانے لگے۔ اپنی اہلیہ کو آٹا گوندھنے کا حکم دیا۔ خود اپنے مویشیوں کے گلہ سے ایک موٹا تازہ بچھڑا پکڑ کر لائے۔ اور ایک خادم کو تیار کرنے کی فرمائش کی۔ جلدی جلدی کھانا تیار کر کے لے آئے اور اپنے مہمانوں کے سامنے دسترخوان پر چن دیا۔ لیکن مہمانوں نے ہاتھ آگے نہ بڑھایا

حَنِيذٍ ﴿٦٩﴾ فَلَمَّا رَآ أَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ إِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَأَوْجَسَ

کے لیے ایک بچھڑا بھنا ہوا پھر جب دیکھا کہ ان کے ہاتھ نہیں بڑھ رہے کھانے کی طرف تو اجنبی خیال کیا انھیں اور دل ہی دل میں

مِنْهُمْ خِيفَةً ۚ قَالُوا لَا تَخَفْ إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمِ لُوطٍ ﴿٧٠﴾ وَامْرَأَتُهُ

ان سے اندیشہ کرنے لگے ۳؎ فرشتوں نے کہا ڈریئے نہیں۔ ہمیں تو بھیجا گیا ہے قوم لوط کی طرف۔ اور آپ کی اہلیہ (سارہ) پاس

آپ حیران ہوئے کہ یہ کیا ماجرا ہے۔ اس زمانہ کے دستور کے مطابق اگر نووارد اپنے میزبان کے پیش کردہ کھانے کی طرف ہاتھ نہیں بڑھاتا تھا تو سمجھ لیا جاتا تھا کہ اس کی نیت بخیر نہیں۔ آپ سہم گئے اور دل ہی دل میں اندیشہ کرنے لگے۔ فرشتوں نے آپ کی تشویش کو یہ کہہ کر ختم کر دیا آپ کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوں۔ ہم فرشتے ہیں اور ہمیں قوم لوط کی طرف بھیجا گیا ہے۔

اس آیت سے ایک تو یہ معلوم ہوا کہ آنے والے کو سلام کہنا چاہیے۔ اور جنھیں سلام کہا جائے ان پر لازم ہے کہ بڑی خوش اسلوبی سے اس سلام کا جواب دیں قالوا سلاماً میں سلام منصوب ہے اور قال سلامٌ میں مرفوع ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ پہلا سلام فعل محذوف کا مفعول ہے۔ عبارت یوں ہے نسلم علیك سلاماً اور دوسرا سلام مبتدا مؤخر ہے اور اس کی خبر علیکم محذوف ہے اصل عبارت یوں ہے:۔ علیکم سلامٌ آپ نے ان کے سلام کے جواب میں جملہ اسمیہ استعمال فرمایا جو دوام اور استمرار پر دلالت کرتا ہے اور یہ چیز جملہ فعلیہ میں نہیں جو ملائکہ نے استعمال کیا تھا نیز اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مہمان نوازی سنت ابراہیمی ہے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی مہمان نوازی کی بڑی ترغیب دی ہے اور اسے ایمان کی علامت قرار دیا ہے۔ ارشاد نبوی ہے من کان یومن باللہ والیوم الاخر فلیکرم جارہ ومن کان یومن باللہ والیوم الاخر فلیکرم ضیفہ جو شخص اللہ تعالیٰ اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہے اسے اپنے ہمسایہ کی عزت کرنی چاہیے۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہے اسے اپنے مہمان کی عزت تکریم کرنی چاہیے۔ سیرت کی کتابوں سے پتہ چلتا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے مہمانوں کی تعظیم و تکریم اور ان کے آرام و آسائش کا از حد اہتمام فرمایا کرتے تھے۔

علماء اسلام نے تصریح کی ہے کہ دیہات جہاں باہر سے آنے والے مسافروں کے لیے قیام و طعام کا کوئی انتظام نہیں ہوتا وہاں کے لوگوں پر لازمی ہے کہ وہ مہمان کے قیام و طعام کا بندوبست کریں اور بڑے شہر جہاں آرام دہ ہوٹل ہیں وہاں مہمان کی ضیافت مکارم اخلاق سے ہے لیکن ضروری نہیں۔

انها واجبة فی القری حیث لا طعام ولا مأوی بخلاف الحواضر فانها مشحونة بالمأوات والاقوات ولا شك ان الضيف كريم والضيافة كرامة (قرطبی)

۳؎ بعض صاحبان اپنی عادت سے مجبور ہو کر اس آیت سے حضرت ابراہیم کی بے علمی پر استدلال کرنے لگتے ہیں کہ دیکھو انھیں پتہ نہ چلا کہ یہ فرشتے ہیں۔ ان کے اس شبہ کے ازالہ کے لیے میں خود تو کچھ عرض نہیں کرتا البتہ مولانا تھانوی کا ایک جملہ نقل کرنے کی جسارت کرتا ہوں شاید ان لوگوں کو اپنی جلد بازی پر تنبیہ ہو جائے حضرت تھانوی نے فرمایا کہ آپ کا ان کو فرشتہ یقین کر لینا صرف ان کے دعویٰ پر نہ تھا بلکہ قوت مدرکہ قدسیہ کے

قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾

کھڑی تھیں ۱۰۳ وہ ہنس پڑیں ۱۰۵ تو ہم نے خوشخبری دی سارہ کو اسحاق کی ۱۰۶ اور اسحاق کے بعد یعقوب کی۔

قَالَتْ يٰوَيْلَتٰۤى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا

سارہ نے کہا ہائے حیرانی ۱۰۷ کیا میں بچہ جنوں گی حالانکہ میں بوڑھی ہوں اور یہ میرے میاں ہیں یہ بھی بوڑھے ہیں۔ بلاشبہ یہ تو

لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْۤا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَ

عجیب غریب بات ہے ۱۰۸ فرشتے کہنے لگے کیا تم تعجب کرتی ہو اللہ کے حکم پر ۱۰۹ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور

ذریعے سے متوجہ ہو کر یقین کیا جس سے اولاً توجہ نہ فرمائی تھی جیسا بعض اوقات محسوسات میں بھی یہ قصہ پیش آتا ہے۔" (نقل از تفسیر ماجدی)
کسی چیز کی طرف توجہ کا نہ ہونا اور چیز ہے اور اس کا علم نہ ہونا اور چیز ہے۔ یہاں توجہ کی نفی ہے علم کی نفی نہیں فلیتدبر۔

۱۰۴ آپ کی اہلیہ محترمہ حضرت سارہ بنت ہاران بن ناحور جو آپکے چچا کی بیٹی تھیں پاس کھڑی تھیں یا تو جب مہمان آئے اور حضرت ابراہیم ان سے گفتگو کرنے لگے تو یہ خیمہ میں کھڑی ہو کر سننے لگیں یا آپ نے انھیں مہمان کی خدمت گزاری کے لیے مقرر فرمایا اور وہ کھڑی ہو کر یہ خدمت بجا لا رہی تھیں۔

۱۰۵ آپکے ہنسنے کی کیا وجہ تھی؟ یا تو آپ نے جب محسوس کیا کہ حضرت ابراہیم کی تشویش دور ہو گئی ہے اور آپ مطمئن ہو گئے ہیں تو خوشی سے ہنس پڑیں یا عبارت میں تقدیم و تاخیر ہے فبشرناھا باسحاق فضحکت کہ ہم نے جب انھیں اسحاق کی بشارت دی تو وہ فرط مسرت سے ہنس پڑیں۔ (قرطبی کبیر) دونوں توجیہیں معقول ہیں۔

۱۰۶ فرشتے آئے تو حضرت خلیل اللہ کے پاس تھے انھوں نے حضرت اسحاق کی بشارت حضرت سارہ کو کیوں دی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس سے پہلے حضرت ہاجرہ کے شکم سے اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم کو اسمٰعیل جیسا چندے آفتاب چندے مہتاب فرزند عطا فرمایا ہوا تھا۔ حضرت سارہ تھیں جن کی شاخ امید ابھی پھل سے محروم تھی اس لیے انھیں بھی یہ خوشخبری سنائی گئی۔ نیز بچہ کی پیدائش کی خوشی قدرتاً باپ سے زیادہ ماں کو ہوتی ہے۔

۱۰۷ ویلتی اصل میں ویلتی تھا تخفیف کے لیے ی کو الف سے بدل دیا۔ "ویل" کا لغوی معنی ہلاکت ہے۔ یہاں اس سے مراد اپنے لیے بددعا کرنا نہیں محض اظہار حیرت و تعجب مقصود ہے اور عورتیں عام طور پر اظہار تعجب کے لیے ایسے الفاظ ہی استعمال کرتی ہیں ولعتر والدعاء علی نفسھا ولکنھا کلمۃ تخف علی افواہ النساء اذا طرأ علیھن مایعجبن منہ (قرطبی)

۱۰۸ یعنی جب بیوی کی عمر ۹۰ سال کے لگ بھگ ہو اور میاں سَو سے تجاوز کر چکے ہوں ان حالات میں کسی بچے کا پیدا ہونا خرق عادت نہ سہی تعجب خیز ضرور ہے اور ان کا حیرت زدہ ہو کر رہ جانا بالکل قدرتی بات تھی۔

بَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝۷۳ فَلَمَّا ذَهَبَ

اور اس کی برکتیں ہوں تم پر اے ابراہیم کے گھرانے والو۔ ؂ بیشک وہی ہر طرح تعریف کیا ہوا بڑی شان والا ہے۔ پھر جب دُور ہو گیا

عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ

ابراہیم (علیہ السلام) سے خوف ؂ اور مل گیا انہیں مژدہ تو وہ ہم سے جھگڑنے لگے قوم لوط کے بارے

لُوْطٍ ؕ ۝۷۴ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ۝۷۵ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ

میں۔ بیشک ابراہیم بڑے بردبار، رحم دل (اور) ہر حال میں ہماری طرف رجوع کرنے والے تھے۔ اے ابراہیم! اس بات کو

عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ

رہنے دیجئے۔ بیشک آگیا تیرے رب کا حکم۔ اور ان پر آکر رہے گا عذاب

؂ قدرتِ خداوندی اتنی بے پایاں اور وسیع ہے کہ اس کے سامنے سارے تعجب اور ساری حیرتیں ختم ہو کر رہ جاتی ہیں حضرت سارہؓ کی توجہ جب قدرتِ الٰہی کی طرف مبذول کرائی گئی تو ان کا استعجاب یقین اور فکر مسرت میں بدل گیا۔

؂ اہلِ بیت پر رحمتِ الٰہی کے نزول اور اس کی بے حساب برکتوں کے ورود کی خوشخبری دی جا رہی ہے یا دعا کی جا رہی ہے ان میں کون شامل ہے؟ حضرت سارہؓ حضرت خلیل کی زوجہ محترمہ تو جب حضرت خلیل کے اہلِ بیت میں آپ کی زوجہ محترمہ داخل ہیں تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہلِ بیت سے ازواجِ مطہرات کو خارج کرنا کتنی نادانی ہے اور قرآن پر زیادتی ہے یقیناً انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا۔ کی بشارت میں اولاً اور اصالۃً حضور کی ازواجِ مطہرات داخل ہیں اور ثانیاً دوسرے حضرات قدسی صفات رضوان اللہ علیھن وعلیھم اجمعین۔

؂ جب آپ کی پریشانی دُور ہو گئی اور بیٹے اور پوتے کی بشارت سے دل خورسند ہو گیا تو لگے قوم لوط کے لیے سفارش کرنے یجادلنا (ہم سے جھگڑنے لگا) کا لفظ جس محبت، قرب اور گہرے تعلق پر دلالت کرتا ہے وہ اہلِ نیاز سے مخفی نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میرا بندہ میرا خلیل مجھ سے ان کے بارے میں جھگڑنے لگا جب اپنے سے کسی اعلیٰ و برتر ہستی کے ساتھ قریبی تعلق ہوتا ہے اور دونوں طرف سے انتہائی محبت و پیار پایا جاتا ہے تب ہی کسی بات پر ضد اور اصرار کیا جا سکتا ہے ورنہ پہلے تو خود ہی اس قسم کی حرکت کی جرأت نہیں ہوتی اور اگر کسی غلط فہمی کے باعث کوئی ایسی بات زبان پر لاتا ہے تو ایاز قدر خود بشناس کا جواب ملتا ہے۔ قہر و عتاب کی بجلی کوندتی ہے اور کانوں سے پکڑ کر اسے باہر نکال دیا جاتا ہے لیکن یہاں بڑی محبت سے حضرت خلیل کے اس انداز کا ذکر فرمایا اور اس کے بعد حلیم اواہ منیب کے القاب عالیہ سے ممتاز فرمایا۔ حلیم کہتے ہیں بردبار کو جو بدی کرنے والے سے انتقام لینے میں جلدی نہ کرے۔ اواہ کہتے ہیں جو دوسرے لوگوں کی غمخواری میں آہ و طلب کرے۔ منیب کہتے ہیں جو ہر وقت دل و جان سے اپنے رب کی طرف راغب رہے۔ (مظہری)

غَيْرُ مَرْدُودٍ ﴿٧٦﴾ وَلَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيءَ بِهِمْ وَضَاقَ

جو پھیرا نہیں جا سکتا ۱۲۲ اور جب آئے ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) لوط (علیہ السلام) کے پاس ۱۲۳ تو وہ فکرمند ہوئے ان کے آنے سے اور

بِهِمْ ذَرْعًا وَقَالَ هَٰذَا يَوْمٌ عَصِيبٌ ﴿٧٧﴾ وَجَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُونَ

تنگ پریشان ہوئے ۱۲۴ ان کی وجہ سے۔ اور بولے آج کا دن تو بڑی مصیبت کا دن ہے۔ اور (مہمانوں کی خبر سنتے ہی) آئے ان کے پاس

إِلَيْهِ وَمِن قَبْلُ كَانُوا يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ ۚ قَالَ يَا قَوْمِ هَٰؤُلَاءِ

ان کی قوم کے لوگ دوڑتے ہوئے ۱۲۵ اور اس سے پہلے ہی وہ کیا کرتے تھے برے کام ۱۲۶ لوط نے کہا اے میری قوم! دیکھو! یہ میری قوم کی

۱۲۲ جواب ملا اس جھگڑے کو رہنے دو۔ ان بدبختوں کو مدتوں سمجھایا گیا لیکن وہ اپنے کفر و شرک سے باز نہ آئے۔ ان کے لیے عذاب مقدر ہو چکا ہے۔ اب یہ فیصلہ بدلا نہیں جا سکتا کیونکہ مشرکین کے لیے بخشش نہیں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے خلیل کو ان کے حق میں سفارش کرنے سے روک دیا۔

۱۲۳ ملائکہ وہاں سے رخصت ہو کر حضرت لوط کے پاس پہنچے۔ ان باجمال اور بے حد حسین مہمانوں کو دیکھ کر آپ گھبرا گئے۔ آپ کو اپنی قوم کی اخلاقی پستی کا اچھی طرح علم تھا۔ آپ کو خطرہ تھا کہ اگر انھیں خبر ہو گئی تو وہ میرے ان مہمانوں کی بے حرمتی سے باز نہیں آئیں گے۔ قرآن پاک نے آپ کے اس اضطراب اور بے چینی کو سیئ بھم اور ضاق بھم ذرعا اور ھذا یوم عصیب کے بلیغ جملوں سے ظاہر فرمایا ہے۔

۱۲۴ سیئ بھم کا معنی کیا گیا ہے ساء مجیئھم لوطا ان کی آمد نے لوط کو پریشان کیا۔ ساء لازمی اور متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ ساء یسوء فھو لازم وساءہ فھو متعد (قرطبی)

ضاق بھم ذرعا ذرع کہتے ہیں کہنی تک ہاتھ کو۔ ہاتھ ذکر کر کے قوت مراد لینا عام ہے یعنی یہ ہوا کہ انھیں ان کی وجہ سے اپنے آپ کو کمزور اور بے دست و پا محسوس کیا اور قوم کے شر سے بچنے کی کوئی راہ نظر نہ آئی قلت والذرع فی الاصل الید لی المرفق والساعد ویطلق علی القوۃ کالید والمعنی ھھنا ضاقت ای ضعفت بھم طاقتہ ولم یجد من المکروہ مخلصا (کذا فی القاموس) علامہ بیضاوی اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں ھو کنایۃ عن شدۃ الانقباض للعجز عن مدافعۃ المکروہ یعنی یہ الفاظ اس دل گرفتگی اور انقباض کے بیان کے لیے بطور کنایہ ذکر کیے جاتے ہیں، جو انسان اس وقت محسوس کرتا ہے جب وہ کسی تکلیف کو دور کرنے سے بالکل عاجز ہو جائے۔ یوم عصیب شدید سخت۔ ان کے مزید حالات کے لیے سورۃ الاعراف کے حواشی ملاحظہ ہوں۔

۱۲۵ قوم کو جب پتہ چلا کہ اس طرح کے خوبرو نوجوان لوط کے مہمان بنے ہیں تو بھاگتے چلے آئے۔ کہتے ہیں ان کی آمد کی اطلاع حضرت لوط کی بیوی نے انھیں دی تھی یھرعون۔ الاھراع سے مشتق ہے کہتے ہیں اھرع الرجل اھراعا ای اسرع فی رعدۃ من برد او غضب او حمی یعنی شدت جوش و غضب سے کانپتے ہوئے بھاگتے چلے آئے۔ یہ لفظ عام طور پر مجہول ہی استعمال ہوتا ہے۔

۱۲۶ جس فاسد اور گندی نیت سے وہ بھاگتے چلے آرہے تھے اس کی طرف اشارہ کیا کہ وہ لواطت کا فعل بد چھپ کر نہیں کیا کرتے تھے

بَنَاتِىْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِىْ ضَيْفِىْ

بیٹیاں ہیں ۱۱ وہ پاک اور حلال ہیں تمہارے لیے تم خدا کا خوف کرو اور مجھے رسوا نہ کرو میرے مہمانوں کے معاملہ میں۔

اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ۝۷۸ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِىْ

کیا تم میں ایک بھی سمجھدار آدمی نہیں ؟ کہنے لگے تم خوب جانتے ہو نہیں تمہاری (قوم کی)

بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ۝۷۹ قَالَ لَوْ اَنَّ لِىْ بِكُمْ

بیٹیوں سے کوئی سروکار نہیں ۱۲ اور تم یہ بھی اچھی طرح جانتے ہو کہ ہم کیا چاہتے ہیں۔ لوط نے (بصد حسرت) کہا اے کاش! مجھے تمہارے

کسی کو خبر تھی اور کوئی بے خبر تھا بلکہ اس کا ارتکاب ببانگِ دہل کیا کرتے سب کو ان کی خباثت کا علم تھا اس لیے ان کے یوں دندناتے چلے آنے کا مقصد کسی سے مخفی نہ تھا۔

۱۱ حضرت لوط کو جو خطرہ تھا وہ سامنے آ گیا۔ یہ لوگ ان کے محترم مہمانوں کی آبرو پر ہاتھ ڈالنے کا تہیہ کر چکے تھے آپکے ساتھ کوئی ایسی جمعیت نہ تھی جو ان وحشیوں کو ڈانٹ کر بھگا دیتی۔ بڑے یاس کے عالم میں فرمایا ھٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِىْ یہ میری لڑکیاں ہیں۔ یہ طریقہ بڑا پاکیزہ اور ستھرا ہے۔ ھٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِىْ سے مراد میری لڑکیاں نہیں، بلکہ آپکی قوم کی بچیاں ہیں۔ کیونکہ نبی اپنی امت کے لیے بمنزلہ باپ کے ہوتا ہے مقصد یہ ہے کہ یہ میری قوم کی بیٹیاں جن کو تم نے اپنے نکاح کی زنجیر میں جکڑ رکھا ہے لیکن ان کے قریب تک نہیں جاتے ہو ان کی طرف متوجہ ہو۔ تمہاری خواہش نفس بھی احسن طریقہ پر پوری ہوگی اور ان کے حقوق زوجیت بھی ادا ہو جائیں گے یہی توجیہہ صحیح ہے۔ اس کے علاوہ ایک دوسری وجہ بھی بیان کی گئی ہے کہ ان کی قوم کے رئیسوں نے آپکے آپ کی بیٹیوں کا رشتہ طلب کیا تھا لیکن آپ نے ان کے فسق و فجور اور انکی ذلیل حرکتوں کے باعث رشتہ دینے سے انکار کر دیا تھا اب جب انھوں نے آپکے مہمانوں کی بے حرمتی کرنا چاہی تو آپ اس بات پر بھی آمادہ ہو گئے کہ اپنی لڑکیوں کا رشتہ ان خواہشمند رئیسوں کو دے دیں تاکہ اس تعلق کی وجہ سے وہ اپنی قوم کے اوباشوں کو اس ذلیل حرکت سے باز رکھیں لیکن تورات کی روایت کو اگر معتبر مانا جائے تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کی بیٹیاں شادی شدہ تھیں۔ اس لیے ان کے بیاہنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کتاب پیدائش باب ۱۹ کی آیت ۱۲ میں ہے۔ تب ان مردوں نے لوط سے کہا کیا یہاں تیرا اور کوئی ہے؟ داماد اور اپنے بیٹوں اور بیٹیوں اور جو کوئی تیرا اس شہر میں ہو سب کو اس مقام سے باہر نکال لے جا۔ آیت ۱۴ میں ہے۔ تب لوط نے باہر جا کر اپنے دامادوں سے جنھوں نے اس کی بیٹیاں بیاہی تھیں باتیں کیں اور کہا کہ اٹھو اور اس مقام سے نکلو کیونکہ خداوند اس شہر کو نیست کریگا۔ اس لیے پہلی توجیہہ ہی درست ہے اور حضرت لوط کے مقام رسالت کے مناسب ہے۔

۱۲ حق سے مراد یہاں حاجت ہے یعنی ہمیں ان عورتوں کی ضرورت اور حاجت نہیں ہم جس مقصد کے لیے آئے ہیں تم اچھی طرح جانتے ہو اس لیے ہماری مزاحمت نہ کرو اور بیچ سے ہٹ جاؤ۔

قُوَّةً اَوْ اٰوِیْۤ اِلٰی رُكْنٍ شَدِیْدٍ ﴿۸۰﴾ قَالُوْا یٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ

تم سے مقابلہ کی قوت ہوتی یا میں پناہ ہی لے سکتا کسی مضبوط سہارے کی [۱۱۹] فرشتوں نے کہا اے لوط! ہم آپ کے رب کے بھیجے ہوئے ہیں [۱۲۰]

لَنْ یَّصِلُوْۤا اِلَیْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّیْلِ وَلَا یَلْتَفِتْ مِنْكُمْ

یہ لوگ آپ کو کوئی گزند نہ پہنچا سکیں گے پس آپ لیکر نکل جائیے اپنے اہل و عیال کو جب رات کا کچھ حصہ گزر جائے اور پیچھے مڑ کر تم میں سے کوئی

اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ مُصِیْبُهَا مَاۤ اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ

نہ دیکھے۔ مگر اپنی بیوی کو ساتھ نہ لے جائیے بیشک وہی (عذاب) اسے بھی پہنچنے کا جو ان (دوسرے مجرموں) کو پہنچا۔ ان پر عذاب آنے کا مقررہ وقت

الصُّبْحُ ؕ اَلَیْسَ الصُّبْحُ بِقَرِیْبٍ ﴿۸۱﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِیَهَا

صبح کا وقت ہے۔ کیا نہیں ہے صبح (بالکل) قریب؟ پھر جب آپہنچا ہمارا حکم [۱۲۱] تو ہم نے کر دیا اس کی

[۱۱۹] جب آپ نے دیکھا کہ منت سماجت بھی بے اثر ہے اور افہام و تفہیم کا بھی کوئی فائدہ نہیں ہو رہا ہے تو آپ پر گویا کوہِ الم ٹوٹ پڑا اور نہایت ہی حسرت آمیز لہجہ میں یہ فرمایا۔

[۱۲۰] فرشتے اب تک یہ منظر خاموشی سے دیکھ رہے تھے جب ان اوباشوں کی گستاخی اور حضرت لوط کی پریشانی اور بے بسی کی انتہا ہو گئی تو فرشتے گویا ہوئے اے لوط! گھبراؤ نہیں دروازہ کھول دو اور ان مسخروں کو آگے آنے دو ہم انہیں تھوڑے ہی کہ یہ آگے بڑھ کر ہم کو دبوچ لیں گے۔ ہم اللہ تعالیٰ کے فرشتے ہیں۔ اور ہمیں اس لیے بھیجا گیا ہے کہ ہم ان کی بستیوں کو تہ و بالا کر کے رکھ دیں۔ آپ ایسا کریں کہ رات کا جب کچھ حصہ گزر جائے تو اپنے گھر والوں کو ہمراہ لے کر یہاں سے چلے جائیں لیکن آپ کی بیوی آپ کے ساتھ نہیں جا سکتی اس کا انجام وہی ہو گا جو دوسرے مجرموں کا۔ اب ان ظالموں کی مہلت کی گھڑیاں ختم ہو گئیں۔ فقط صبح ہونے کی دیر ہے اور صبح کے طلوع ہونے میں اب زیادہ وقت نہیں۔

[۱۲۱] جب عذاب آیا تو ان کی بستیوں کو زیر و زبر کر کے رکھ دیا گیا ان کی فلک بوس عمارتیں زمین پر اوندھی گرا دی گئیں ان پر سخت پتھروں کی ایسی موسلا دھار بارش کی گئی کہ وہ سب خاک سیاہ بن کے رہ گئے۔ سدوم، عمورہ، ادما اور زبوئیم ان کی چاروں بستیاں اس جگہ آباد تھیں، جہاں آجکل بحر مردار یا بحر لوط ہے۔ اب بھی بحر لوط سے دھوئیں کے بادل اٹھتے رہتے ہیں۔ اور کثرت سے زلزلے آتے رہتے ہیں۔

چند تشریح طلب الفاظ: سِجِّیل کا معنی نحاس اور ابو عبیدہ نے بہت سخت اور کثیر کیا ہے السجیل الشدید الکثیر۔ منضود۔ ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے یعنی جب وہ پتھر برسنے لگے تو بلا توقف برستے چلے گئے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ کسی دھاگے میں پروئے ہوئے ہیں اور یکے بعد دیگرے گرتے چلے جاتے ہیں مسومۃ: نشان زدہ گویا ان پر قدرت کے اسلحہ سازی کے کارخانہ کی مہر لگی ہوئی تھی مسومۃ

سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ مَّنضُودٍ ﴿۸۲﴾ مُّسَوَّمَةً

بلندی کو اس کی پستی اور ہم نے برسائے اُن پر پتھر آگ میں پکے ہوئے پے در پے۔ جو نشان زدہ تھے

عِندَ رَبِّكَ ۖ وَمَا هِيَ مِنَ الظَّالِمِينَ بِبَعِيدٍ ﴿۸۳﴾ وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ

آپکے رب کی جانب سے۔ اور نہیں (لوط کی بستی مکہ کے) ظالموں سے کچھ دُور۔ اور اہل مدین کی طرف (ہم نے) انکے بھائی

شُعَيْبًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ وَلَا تَنقُصُوا

شعیب کو بھیجا۔ آپ نے کہا اے میری قوم! عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی نہیں ہے تمہارا کوئی خدا اس کے بغیر۔ اور نہ کمی کیا کرو ۱۲۳

معلمۃ من السماء وھی العلامۃ اور مسومۃ کا یہ معنی بھی بتایا گیا ہے کہ ہر پتھر پر اس فاسق کا نام لکھا ہوا تھا جسے اس نے فنا کرنا تھا
وما ھی الخ یعنی قوم لوط کی اُجڑی اور الٹی ہوئی بستیاں مکہ کے ظالم کافروں سے دُور نہیں ہیں وہ خود وہاں جا کر اپنی آنکھوں سے دیکھ کر اس واقعہ کی تصدیق کر سکتے ہیں ہم انہیں کسی ایسی قوم کا حال نہیں سنا رہے کہ جن کے ویران علاقہ تک ان کی رسائی نہیں ہو سکتی۔ اس صورت میں ببعیدۃ ہونا چاہیے تھا لیکن ھی میں مکان کا معنی ملحوظ رکھ کر بعید مذکر ذکر کیا گیا قیل المعنی ماھذہ القری من الظالمین ببعید بین الشام والمدینۃ وجاء ببعید مذکرا علی معنی بمکان بعید۔ (قرطبی)

۱۲۲ حضرت لوط کی قوم کے عبرتناک انجام کے بعد اب حضرت شعیب علیہما السلام اور ان کی قوم کا تذکرہ کیا جا رہا ہے۔ آپ کی قوم مدین اور اس کے نواحی علاقہ میں آباد تھی۔ یہ شہر بحر احمر کے اس مقام پر آباد تھا جہاں جزیرہ نمائے عرب کی دو تجارتی شاہراہیں آکر ملتی تھیں یمن و شام اور عراق و مصر کے قافلے یہیں سے گزرتے تھے آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ مدین کتنی بڑی تجارتی منڈی ہوگی۔ وہاں کاروبار کا کیا عالم اور وہاں کے باشندے کتنے آسودہ حال ہونگے اس کا تفصیلی بیان سورۃ الاعراف میں گزر چکا ہے۔ ہر پیغمبر کا مقصد اولین یہی ہوتا ہے کہ بندے کا رشتہ اس کے رب کے ساتھ استوار کرے اور معبود حقیقی کی صحیح معرفت سے اسے بہرہ ور کرے اس کے بعد قوم جن اخلاقی کمزوریوں کا شکار ہو چکی ہو انہیں ان سے نجات پانے کا راستہ بتائے حضرت شعیب جس قوم کی طرف مبعوث کیے گئے تھے وہ اپنے رب کو بھول چکی تھی۔ ان کا تعلق اس معبود برحق سے بالکل کٹ چکا تھا جس کی الوہیت کے زمزمے ان کے جد امجد حضرت خلیل علیہ السلام عمر بھر گاتے رہے تھے انھوں نے بھی مشرک قوموں سے متاثر ہو کر طرح طرح کے بت بنا لیے تھے جن کی وہ پوجا کیا کرتے تھے حضرت شعیب نے سب سے پہلے انھیں یہی دعوت دی کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے علاوہ تمہارا اور کوئی خدا نہیں۔

۱۲۳ ہر قوم اپنے مخصوص حالات اور ماحول کی وجہ سے مخصوص اخلاقی کمزوریوں میں مبتلا ہوتی ہے۔ اہل مدین کیونکہ ایک بین الاقوامی تجارتی منڈی میں آباد تھے اور کاروبار میں بڑی مہارت رکھتے تھے اس لیے ان میں وہی کمزوریاں پوری شدت سے رونما ہوئیں جو عام طور پر اس ماحول کی پیداوار ہوتی ہیں ناپ اور تول میں خیانت، لیتے وقت زیادہ ناپنا اور زیادہ تولنا اور دیتے وقت کم ناپنا اور کم تولنا۔ آپ نے اسی حرکت سے

الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ إِنِّيْ أَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّإِنِّيْ أَخَافُ عَلَيْكُمْ

ناپ اور تول میں میں دیکھتا ہوں تمھیں کہ تم خوشحال ہو اور میں ڈرتا ہوں کہ کہیں تم پر

عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿۸۴﴾ وَيٰقَوْمِ أَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ

اُس دن کا عذاب آجائے جو ہر چیز کو گھیرنے والا ہے۔ اور اے میری قوم! پورا کیا کرو ناپ اور تول کو انصاف کے ساتھ

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۸۵﴾

اور نہ گھٹا کر دیا کرو لوگوں کو ان کی چیزیں اور نہ پھرو زمین میں فساد برپا کرتے ہوئے۔

انھیں باز رہنے کی تلقین فرمائی حضرت شعیب کو حسنِ خطابت کی وجہ سے خطیب الانبیاء کہا جاتا ہے۔ آپ کا یہ خطبہ جو ان آیات میں مذکور ہے کتنا حکیمانہ اور مدلل ہے۔ پہلے فرمایا کہ ناپ تول میں کمی نہ کیا کرو کیونکہ یہ گھٹیا حرکت تو وہ کرتے ہیں جو غریب اور نادار ہوں لیکن انی ارٰکم بخیر تمھاری مالی حالت بہت بہتر ہے تم آسودہ حال ہو، کاروبار بڑے عروج پر ہے اتنے متمول ہونے کے باوجود تمھارا ان ذلیل ہتھکنڈوں کو استعمال کرنا تمھاری شان کے شایان نہیں کس عمدہ طریق سے انھیں شرم دلائی جا رہی ہے اور اس فعل سے انھیں روکا جا رہا ہے۔ غیرت وحمیت کو مہمیز لگانے کے ساتھ ہی یہ بھی تنبیہ کر دی کہ تم یہ سمجھتے ہو کہ تم اس چابکدستی سے ڈنڈی مارتے ہو کہ تم لوگوں کی سادہ لوحی اور ناتجربہ کاری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے زیادہ سے زیادہ نفع کما لو اور تھوڑی سی مدت میں امیر کبیر بن جاؤ۔ اور تمھارا خیال ہے کہ اگر تم نے بہت دولت اکٹھی کر لی تو امن سلامتی اور راحت شادمانی کا دور دورہ ہوگا لیکن تمھارا یہ خیال درست نہیں ناجائز معاشی استحصال کا نتیجہ ہمیشہ برا ہوتا ہے۔ اس سے آخر کار فتنہ وفساد کی آگ بھڑک اٹھتی ہے وہی لوگ جو آج تمھیں کمزور اور بے زبان نظر آتے ہیں اور جن کے متعلق تمھارا یہ نظریہ ہے کہ ان کے جسم سے جتنا بھی خون نکال لیا جائے یہ اُف تک نہیں کریں گے۔ ان میں تو احتجاج کی سکت تک بھی نہیں لیکن جب ظلم وتشدد کی انتہا ہو جائے گی تو ان کے ہاتھ سے صبر کا دامن چھوٹ جائے گا۔ اور پھر خاموشی ٹوٹ جائے گی ان کی بے نور آنکھوں سے غیظ وغضب کے انگارے چھوٹیں گے۔ ان کی زبان شعلہ نوا بنے گی اور تمھارے عشرت کدوں اور تمھارے سامانِ تعیش کو جلا کر راکھ کا ڈھیر بنا دیگی۔ تم انھیں باغی کہو گے، فسادی اور فتنہ باز کہو گے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس فتنہ وفساد کے باعث تم ہو۔ سارا ایندھن تم نے فراہم کیا انھوں نے تو صرف آگ لگا دی۔ یہ ہلاکت خیز بم تم نے تیار کیا انھوں نے تو جوشِ انتقام میں صرف اس کا بٹن دبا دیا۔

معاشی میدان میں ناجائز وسائل سے نفع اندوزی کرنے والوں کو فساد برپا کرنے والا کہنا ایک تلخ لیکن ناقابلِ انکار حقیقت سے پردہ اٹھایا۔ آج ہر ملک میں بے چینی اور بے اطمینانی کا سیلاب امڈا چلا آ رہا ہے۔ معاشی زبوں حالی کی وجہ سے کتنے ملک سرخ انقلاب کی آماجگاہ بنے۔ کتنے شاہی خاندانوں کو ان کی نادار اور کمزور رعایا نے بھیڑ بکریوں کی طرح ذبح کر ڈالا۔ کیا یہ چیزیں ہمیں بیدار کرنے کے لیے کافی نہیں۔ اللہ نے اس حقیقت کو صدہا سال پہلے کتنی وضاحت سے بیان فرما دیا۔ اب اس سے نصیحت حاصل کرنا تو ہمارا فرض ہے۔

بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ

جو بچ رہے اللہ تعالیٰ کے دینے سے وہی بہتر ہے[۱۲۴] تمھارے لیے اگر تم ایمان دار ہو[۱۲۵] اور نہیں ہوں میں تم پر

بِحَفِيْظٍ ۝٨٦ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ

نگہبان[۱۲۶] قوم نے کہا اے شعیب! کیا تمھاری نماز تمھیں حکم دیتی ہے کہ ہم چھوڑ دیں انھیں جن کی عبادت

اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ۭ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ

کیا کرتے تھے ہمارے باپ دادا[۱۲۷] یا یہ کہ تصرف کریں اپنے مالوں میں جیسے ہم چاہیں[۱۲۸] (ازراہ تمسخر بولے) بس تم ہی ایک دانا اور نیک چلن

الرَّشِيْدُ ۝٨٧ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ

رہ گئے ہو۔ آپ نے کہا اے میری قوم! بھلا یہ تو بتاؤ اگر میں روشن دلیل پر ہوں اپنے رب کی طرف سے

۱۲۴؎ دولت کی ہوس بڑی شدید ہوتی ہے۔ اس کا طالب کبھی سیر نہیں ہوتا وہ چاہتا ہے کہ دولت کے انبار پر انبار لگاتا ہی چلا جائے۔ یہی ہوس اسے ہر قانون شکنی اور اخلاقی ضابطوں کی پامالی پر اکساتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا نبی قناعت کا درس دیتا ہے کہ حلال ذریعہ سے جو دولت مل جائے اسی پر قناعت کرو یہی تمھارے لیے بہتر ہے۔ زیادہ دولت کا کمانا قطعاً وجہ شرف نہیں۔

۱۲۵؎ یہ فرما کر ان کی غیرت ایمانی کو جھنجوڑا نیز بتایا کہ مومن کا یہی شعار ہونا چاہیے تم اپنے آپ کو مومن کہلا کر بھی اگر کافرانہ حرص و ہوس کے اسیر ہو تو پھر یہ بڑی شرم کی بات ہے۔

۱۲۶؎ یعنی میرا کام تو تمھیں سمجھانا ہے اور اس میں میں کوتاہی نہیں کر رہا تمھاری ہر حرکت پر نگرانی کرنا اور تمھیں جبراً ان حرکات سے باز رکھنا میرے فرائض میں داخل نہیں۔

۱۲۷؎ حضرت شعیب کے خطبہ میں دو چیزیں تھیں پہلی یہ کہ اپنے خدا کی عبادت کرو اور ان من گھڑت خداؤں کی پوجا سے باز آجاؤ۔ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس کے جواب میں تو انھوں نے وہی جملہ کہہ دیا جو سارے مشرک کہا کرتے تھے کہ ہم ان خداؤں کو چھوڑنے کے لیے ہرگز تیار نہیں جن کی عبادت صدیوں سے ہمارے باپ دادا کرتے چلے آئے ہیں لیکن انھوں نے یہ بات کہنے کے ساتھ ساتھ آپ پر ایک چوٹ بھی کر دی یعنی یہ جو تم بڑے صوفی بنے بیٹھے ہو اور اپنے مصلیٰ پر اوپر نیچے ہوتے رہتے ہو کیا اس چیز نے تمھیں ایسی اَن ہونی اور ناقابل اعتبار بات کہنے کی جرأت دلائی ہے۔

۱۲۸؎ دوسری بات جو آپ نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمائی تھی کہ کاروبار میں بددیانتی چھوڑ دو۔ پورا تولو پورا ناپو۔ اسی میں تمھارا بھلا ہے ورنہ فتنہ و فساد کی آگ بھڑک اٹھے گی اور تم پر قہر خداوندی نازل ہوگا اس کے جواب میں جو بات انھوں نے کہی آج تک ملت کے پجاری

وَرَزَقَنِي مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أُخَالِفَكُمْ إِلَىٰ مَا

اور اس نے عطا بھی کی ہو مجھے اپنی جناب سے عمدہ روزی ۱۲۹ اور میں یہ بھی نہیں چاہتا کہ خود تمھارے خلاف کرنے لگوں اس امر میں

أَنْهَاكُمْ عَنْهُ ۚ إِنْ أُرِيدُ إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۚ وَمَا تَوْفِيقِي

جس سے میں تمھیں روکتا ہوں ۱۳۰ نہیں چاہتا ہوں مگر (تمھاری) اصلاح (اور درستی) جہاں تک میرا بس ہے ۱۳۱ اور نہیں میرا راہ پانا۔

إِلَّا بِاللَّهِ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ﴿٨٨﴾ وَيَا قَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ

مگر اللہ تعالیٰ کی امداد سے ۱۳۲ اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ اور اے میری قوم! ہرگز نہ اکسائے تمھیں میری عداوت

اور سرمایہ دارانہ نظام کے علمبردار یہی کہتے سنائی دیتے ہیں کہ یہ مال ہمارا ہے۔ ہم اس کے مالک ہیں اس لیے ہمیں مکمل اختیار ہے کہ جس طرح ہم چاہیں انھیں استعمال کریں۔ ہم اپنی اس آزادی پر کسی قسم کی پابندی برداشت کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ اے شعیب! آپ خواہ مخواہ ہماری آزادی عمل میں مخل نہ ہوں اور ہماری اقتصادی ترقی میں روڑے نہ اٹکائیں۔ اس سلسلہ میں ہم آپ کی کوئی بات سننے کے بھی روادار نہیں۔ آخر میں پھر ایک طنز پر جملہ چست کر دیا انک لانت الحلیم الرشید کہ بس ایک آپ ہی حلیم و رشید اس علاقہ میں رہ گئے ہیں باقی تو سب نادان اور گمراہ ہی ہیں۔

حضرت شعیب نے ان کی سرمہری اور دلآزاری کے باوجود انھیں فرمایا کہ تم مجھ سے بلاوجہ ناراض ہو رہے ہو تمھیں شاید یہ غلط فہمی ہو گئی ہے کہ میں تمھاری آسودگی پر حسد کرتا ہوں اور مجھے تمھاری یہ ترقی ایک آنکھ نہیں بھاتی۔ تمھارا یہ خیال درست نہیں ہے بلکہ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ تمھاری یہ آسودگی عارضی نہ ہو پائیدار ہو۔ تمھاری یہ ترقی کھوکھلی نہ ہو حقیقی ہو۔ اور مجھے جو نور بصیرت اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا ہے اس سے مجھے صاف نظر آ رہا ہے کہ تم ہلاکت کی طرف دوڑے چلے جا رہے ہو۔ میں یہ کیسے برداشت کر سکتا ہوں کہ میری قوم جس کے ساتھ میرا خونی رشتہ ہے وہ برباد ہو رہی ہو اور میں خاموش بیٹھا رہوں۔ میں تو تمھیں آگاہ کرتا ہی رہوں گا۔ میں تو تمھیں باز آ، باز آ، کی ندائیں دیتا ہی رہوں گا۔ اگر تم نے میری دعوت کو مسترد کر دیا اور گرداب ہلاکت میں چھلانگ لگا دی تو کم از کم میرا ضمیر تو مطمئن ہو گا کہ میں نے تمھاری خیر اندیشی میں کوئی کوتاہی نہیں کی۔

۱۲۹ اور مجھے تم سے حسد کرنے کی آخر ضرورت ہی کیا ہے۔ میں کوئی مفلس و نادار تو نہیں ہوں کہ تمھاری دولت کو دیکھ کر جل رہا ہوں۔ مجھے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے رحمت کے خزانوں سے حلال اور وسیع رزق عطا فرمایا ہے کان شعیب کثیر المال قال بہ ابن عباس۔

۱۳۰ میرا عمل تو دیکھو کیا تم یہ بتا سکتے ہو کہ دولت جمع کرنے کے جن ناجائز ذرائع سے میں تمھیں روکتا ہوں کبھی میں نے انھیں خود استعمال کیا ہو یا جس بات کے کرنے کا تمھیں حکم دیا ہو خود اس کی خلاف ورزی کی ہو جب میرا عمل میرے ہر قول کی تصدیق کر رہا ہے۔ تو پھر تمھیں میری خیر خواہی پر شک نہیں کرنا چاہیے۔

شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ

(اللہ کی) نافرمانی پر ۱۳۳ کہ پہنچے تمھیں بھی ایسا عذاب جو پہنچا تھا قوم نوح یا قوم ہود

اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ۝ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ

یا قوم صالح کو۔ اور قوم لوط تو تم سے کچھ دور نہیں اور مغفرت طلب کرو اپنے رب سے

ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ۝ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ

پھر (دل و جان سے) رجوع کرو اسی کی طرف ۱۳۴ بیشک میرا رب بڑا مہربان (اور) پیار کرنے والا ہے۔ وہ بولے اے شعیب ہم نہیں سمجھ سکتے

۱۳۱؎ میری ان ساری کاوشوں کا ایک ہی مقصد ہے کہ تمھارا عقیدہ بھی درست ہو جائے اور تمھارے اعمال بھی پاکیزہ ہو جائیں۔ تمھاری ساری مخالفتوں کے باوجود میں حتی المقدور یہ کوشش جاری رکھوں گا۔

۱۳۲؎ پہلے جملہ میں اصلاح کی نسبت اپنی طرف کی گئی تھی جس سے بظاہر ادعا کی بو آرہی تھی اس لیے فوراً کہہ دیا۔ جو کچھ ہو رہا ہے وہ محض میرے اللہ تعالیٰ کی توفیق اور دستگیری سے ہو رہا ہے توفیق کا معنی ہے اچھے مقصد کے حصول کے لیے تمام اسباب کا مہیا کر دینا۔ جعل الاسباب موافقة للمطلوب الخير۔

۱۳۳؎ بعض لوگ کسی کی عداوت اور مخالفت میں اتنے اندھے ہو جاتے ہیں کہ انھیں اپنے نفع و نقصان کا بھی خیال نہیں رہتا۔ وہ اس کی ہر بات کو ٹھکرا دیتے ہیں خواہ اس کے اتباع میں ان کا ذاتی فائدہ بھی ہو۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں سچی سچی باتیں تمھیں سنا رہا ہوں کھلی کھلی حقیقتیں بتا رہا ہوں اور تم ان سے دور بھاگتے ہو۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تم محض میری وجہ سے ان حقائق کو پس پشت ڈالنے پر مصر ہو۔ عقلمند لوگ تو ایسا نہیں کیا کرتے۔ وہ کسی کی عداوت میں اندھے ہو کر اپنے آپ کو تو برباد نہیں کرتے۔ تم بڑے جہاندیدہ لوگ ہو تم میری مخالفت میں اتنے دور تو نہ چلے جاؤ کہ نجات کے سارے راستے مسدود ہو جائیں۔

۱۳۴؎ اپنے بار گناہ کو دیکھ کر اس کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ یہ خیال نہ کرو کہ عمر بھر تو اس کی سرکشی کرتے رہے اب آخر میں کیا خاک مسلمان ہوں گے؟ یہاں مایوسی کی کوئی گنجائش نہیں۔ اگر تم اپنے گناہوں پر اظہار ندامت کرتے ہوئے مغفرت طلب کرو گے اور آئندہ کے لیے اس کے ساتھ اطاعت و انقیاد کا پیمان وفا باندھو گے تو تمھیں اللہ تعالیٰ اپنے دامن رحمت میں جگہ عطا فرمائے گا۔ اس کی مغفرت کا ایک چھینٹا تمھاری عمر بھر کی غلطیوں اور نادانیوں کے لیے کافی ہو گا۔ کیونکہ میرا رب جس کی رحمت واسعہ کی میں تم کو خوشخبری دے رہا ہوں جس کی بارگاہ عزت میں حاضر ہونے کی میں تمھیں ترغیب دے رہا ہوں جس کے ابر کرم میں سر چھپانے کی میں تمھیں دعوت دے رہا ہوں اس کی رحمت بے پایاں ہے۔ اس کا بحر کرم بیکراں ہے۔ اس کی عنایات کا بادل جب برستا ہے تو ہر چیز کو سیراب کر دیتا ہے اور نہ صرف یہ کہ اس کی رحمت بے پایاں ہے بلکہ زمین و آسمان کا واحد مالک ہونے کے باوجود وہ اپنے بندوں سے نفرت نہیں کرتا اور انھیں نظر حقارت سے نہیں دیکھتا بلکہ محبت فرماتا ہے اور جب کوئی رو سیاہ شکستہ دل

كَثِيرًا مِّمَّا تَقُولُ وَإِنَّا لَنَرٰىكَ فِينَا ضَعِيفًا ۖ وَلَوْلَا رَهْطُكَ

بہت سی باتیں جو تو کہتا ہے[۱۳۵] اور بلاشبہ ہم دیکھتے ہیں تجھے کہ تو ہم میں بہت کمزور ہے[۱۳۶] اور اگر تمھارے کنبہ کا لحاظ نہ ہوتا تو

لَرَجَمْنٰكَ ۖ وَمَا أَنتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ ﴿٩١﴾ قَالَ يٰقَوْمِ أَرَهْطِي أَعَزُّ عَلَيْكُم

ہم نے تمھیں سنگسار کردیا ہوتا اور نہیں ہو تم ہم پر غالب ۔ آپ نے فرمایا اے میری قوم! کیا میرا کنبہ زیادہ معزز ہے[۱۳۷] تمھارے نزدیک

ہو کر اس کے حضور میں حاضر ہوتا ہے تو اسے بے پایاں مسرت ہوتی ہے۔ میں تمھیں ایسے رحیم اور ودود کے دربار میں باریابی بخشنے کے لیے اتنا بے چین و بے قرار ہوں۔

ودود مبالغہ کا صیغہ ہے بہت محبت فرمانے والا۔

[۱۳۵] اللہ کا نبی اپنے اخلاص اپنی بے غرضی اور خیراندیشی کا یقین دلانے کی کوشش فرماتا ہے اور انھیں متنبہ کرتا ہے کہ تم میری عداوت کے جوش میں اس حق کو چھوڑ دینے کی غلطی نہ کرو لیکن اس ساری دلسوزی کا صلہ قوم کی طرف سے بجز نفرت و حقارت کے اور کچھ نہیں ملتا بلکہ وہ ازراہ طنز اور استہزا کہتے ہیں کہ جناب! آپ ایسی باتیں کرتے ہیں جو ہمارے فہم سے ہی بالاتر ہیں۔ آپ خواہ مخواہ ہمیں کیوں دق کرتے ہیں۔ کسی ایسی قوم کے پاس تشریف لے جائیے جو آپ کی ان عالمانہ باتوں کی قدر کرسکے اور ان فاضلانہ نکات کی داد دے سکے۔ قالوا ذلک اعراضا عن سماعہ احتقاراً لکلامہ (قرطبی)

[۱۳۶] یعنی بہتر یہ ہے کہ آپ ہماری سمع خراشی سے باز آجائیں۔ جب ہمیں آپ کی باتیں سمجھ ہی نہیں آتیں تو آپ خواہ مخواہ کیوں اپنے آپ کو بھی ہلکان کررہے ہیں اور ہمیں بھی پریشان کررہے ہیں اور اگر ہماری اس تہدید آمیز تنبیہ کے باوجود آپ نے اپنے وعظوں کا سلسلہ بند نہ کیا تو پھر ہمیں دوسرا حربہ استعمال کرنا پڑے گا۔ اے شعیب! ہمیں تو تمھارے کنبہ والوں کا لحاظ ہے اس لیے ہم خاموش ہیں ورنہ تم میں اتنی طاقت کہاں کہ ہمارے مقابلہ میں ٹھہر سکو۔ رھط خاندان کے ان افراد کو کہتے ہیں جو کسی شخص کی تقویت کا باعث ہوں اور دکھ سکھ میں اس کے شریک ہوں۔ رھط الرجل عشیرتہ الذی یستند علیھم ویتقوی بھم (قرطبی)

[۱۳۷] حضرت شعیب کو ان کا یہ قول از حد ناگوار گزرا اور اپنی اس ناگواری اور ناپسندیدگی کا برملا اظہار فرمادیا کہ تمھیں میرے خاندان کا پاس تو ہے جس کی وجہ سے تم مجھے کچھ نہیں کہتے ہو لیکن کیا تمھیں میرے رب کا لحاظ نہیں جس نے مجھے تمھاری ہدایت کے لیے رسول بنا کر مبعوث فرمایا ہے۔ یہ سچی باتیں جو بے خوف ہو کر تمھیں سنا رہا ہوں اس کی وجہ یہ نہیں کہ میرا خاندان میری پشت پناہی کررہا ہے بلکہ میری اس دلیری اور بیباکی کا راز اپنے رب پر توکل کرنے میں ہے۔ اسی کی تائید و نصرت کے بھروسہ پر میں اتنا دلیر بنا ہوا ہوں کہ تم تمام بستیوں کی مخالفت کو خاطر میں نہیں لا رہا۔ مجھے تمھارے اس بیہودہ قول سے سخت صدمہ پہنچا ہے کہ تمھارے دلوں میں میری قوم کا لحاظ اور وقار تو ہے لیکن میری طاقت کے اصلی سرچشمے میرے رب کو تم نے یوں بھلادیا ہے جیسے کوئی چیز پس پشت ڈال دی جاتی ہے۔ تف ہے تمھاری اس نادانی اور کم فہمی پر یعنی ترکتم قتلی لاجل رھطی ولا تحفظونی باللہ (تنتہون من اللہ برسالتہ (ظھریا) الظھری منسوب الی الظھر والکسر من تغییر النسب۔

مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَ اتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِیْطٌ ﴿۹۲﴾

اللہ تعالیٰ سے۔ اور تم نے ڈال دیا ہے اسے پس پشت۔ بیشک میرا رب جو عمل تم کرتے ہو (انکو اپنے علم سے) احاطہ کیے ہوئے ہے

وَ یٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰی مَكَانَتِكُمْ اِنِّیْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ

اور اے میری قوم! تم عمل کیے جاؤ اپنی جگہ پر (اور) میں (اپنے طور پر) عمل پیرا ہوں۔ تمھیں پتہ چل جائے گا کہ کس پر

یَّاْتِیْهِ عَذَابٌ یُّخْزِیْهِ وَ مَنْ هُوَ كَاذِبٌ ؕ وَ ارْتَقِبُوْۤا اِنِّیْ مَعَكُمْ

آتا ہے عذاب جو اسے رسوا کر دے گا [۱۳۸] اور کون جھوٹا ہے۔ اور تم بھی انتظار کرو میں بھی تمھارے ساتھ انتظار

رَقِیْبٌ ﴿۹۳﴾ وَ لَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا شُعَیْبًا وَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ

کرنے والا ہوں۔ اور جب آ پہنچا ہمارا حکم (یعنی عذاب) تو ہم نے بچا لیا شعیب کو اور انھیں جو ایمان لائے تھے آپ کے ساتھ

مِّنَّا وَ اَخَذَتِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوا الصَّیْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دِیَارِهِمْ

اپنی خاص رحمت سے اور آ لیا ظالموں کو خوفناک کڑک نے تو صبح کی انھوں نے اپنے گھروں میں اس حال میں

جٰثِمِیْنَ ﴿۹۴﴾ كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْیَنَ كَمَا بَعِدَتْ

کہ وہ گھٹنوں کے بل گرے پڑے تھے۔ گویا کبھی وہ ان میں بسے ہی نہ تھے [۱۳۹] سنو! ہلاکت ہو مدین کے لیے جیسے ہلاک ہو چکے تھے

[۱۳۸] جب ان کو سمجھاتے سمجھاتے سالہا سال گزر گئے اور وہ دعوت حق کو قبول کرنے کے لیے کسی طرح آمادہ نہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ کے رسول نے انھیں آگاہ فرما دیا کہ اب وہ عذاب آنے والا ہے اور کھرے اور کھوٹے اور سچے اور جھوٹے میں خود بخود امتیاز ہو جائے گا۔

[۱۳۹] وہ عذاب ایک خوفناک کڑک کی صورت میں آیا۔ سارے ظالم موت کی نیند سو گئے! اور ان کی برباد بستیوں کو دیکھ کر یہ خیال ہونے لگا کہ گویا یہاں کبھی کوئی آدمی بسا ہی نہیں تھا لیکن ہم نے اس عذاب سے شعیب علیہ السلام اور ان کے ساتھ ایمان لانے والوں کو بچا لیا برحمۃ منا کے الفاظ سے یہ بتایا کہ ان کا نجات پا جانا محض ہماری رحمت کی وجہ سے تھا۔

ثَمُوْدُ ﴿٩٥﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٩٦﴾ اِلٰى

ثمود۔ اور بیشک ہم نے بھیجا موسیٰ کو اپنی نشانیوں اور صریح غلبہ کے ساتھ۔ ۱۴۰

فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ

فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف تو انھوں نے پیروی کی فرعون کے حکم کی۔ اور فرعون کا حکم بالکل غلط تھا ۱۴۱

بِرَشِيْدٍ ﴿٩٧﴾ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۗ وَبِئْسَ

وہ اپنی قوم کے آگے آگے ہوگا روز قیامت ۱۴۲ اور لا ڈالیگا انھیں آتش جہنم میں۔ بہت بری داخل

۱۴۰ متعدد انبیاء اور ان کی نافرمان قوموں کے عبرت آموز حالات سنانے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کے ذکر سے اس بات کا اہتمام ہو رہا ہے۔ آیات سے مراد تورات کی آیتیں نہیں کیونکہ تورات کا نزول تو غرق فرعون کے بعد ہوا بلکہ آپکے وہ نو معجزات مراد ہیں جن کا ذکر سورۃ الاسراء میں بالتفصیل انشاء اللہ آئے گا اور سلطان مبین سے مراد یا تو وہ قوی دلائل و براہین ہیں جو فرعون سے مناظرہ کے وقت آپنے پیش کیے اور اسے خاموش ہونا پڑا یا اس سے مراد عصا ہے جس نے ساحران فرعون کی ساری شعبدہ بازی کا طلسم چشم زدن میں توڑ کر رکھ دیا اور حق کو اتنا عیاں کر دیا کہ وہ سب کے سب آپ پر ایمان لائے۔

عصا اگرچہ ان نو نشانیوں میں سے ایک ہے لیکن اس کی اہمیت کی وجہ سے اسے علیحدہ بھی ذکر کیا۔

۱۴۱ رشید غویٌ کی ضد ہے۔ رشید کا لفظ ہر اس کام کے لیے استعمال ہوتا ہے جو قابل تحسین اور پسندیدہ ہو اور غوایت ہر اس کام کو کہتے ہیں جو قابل مذمت اور ناپسندیدہ ہو الرشید لیستعمل فی کل ما یحمد و یرتضی ضد الغی فانہ یستعمل فی کل ما یذم (مظہری) یعنی فرعون کی ساری باتیں رشد و ہدایت سے بیگانہ تھیں۔ اس کے دعویٰ خدائی سے لے کر بنی اسرائیل کو غلام بنانے تک کوئی چیز بھی تو ایسی نہ تھی جسے بنظر استحسان دیکھا جا سکتا ہو یا عقل و دانش کے معیار پر پوری اترتی ہو اور اس سے بھی زیادہ قابل تاسف اس کی قوم کا طرز عمل تھا جس نے کسی دعویٰ کو عقل سلیم کی کسوٹی پر پرکھنا ضروری نہ سمجھا اور جس ظلم و تشدد اور جن احمقانہ حرکات کا وہ عمر بھر ارتکاب کرتا رہا اس کے متعلق اس سے باز پرس تو کجا اس کے حسن و قبیح پر غور کرنے کی حاجت بھی محسوس نہ کی۔

۱۴۲ جس طرح دنیا میں وہ آنکھیں بند کیے فرعون کے پیچھے چلتے رہے جب قیامت کا دن ہوگا تو اس روز بھی ان کا حشر اپنے اس لیڈر کے ساتھ ہوگا جس کی غلط قیادت نے انھیں دنیا میں برباد کیا تھا۔ آج بھی جو منزل اس کی ہوگی وہی ٹھکانہ ان کا ہوگا۔ یہ بتا دیا کہ آنکھیں بند کرکے پیچھے چلنے والے یہ فرض نہ کرلیں کہ اگر ان کے لیڈر اپنی غوایت و گمراہی کی وجہ سے گرفتار عذاب ہوئے تو انھیں اس لیے معاف کر دیا جائے گا کہ ان بے چاروں نے خود تو برائی کا راستہ اختیار نہیں کیا تھا۔ یہ تو غلط قیادت کی وجہ سے گمراہ ہو گئے اس لیے سارا مواخذہ ان کے لیڈروں سے ہی ہونا چاہیے۔ فرمایا ایسا نہیں ہوگا بلکہ گمراہ لیڈر کو بھی سزا ملے گی اور ان کے پیروکاروں پر بھی عذاب آئے گا۔ ان کو

الْوِرْدُ الْمَوْرُودُ ﴿۹۸﴾ وَأُتْبِعُوا فِي هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ بِئْسَ

ہونے کی جگہ ہے ۱۴۳ جہاں انھیں داخل کیا جائیگا اور ان پر بھیجی جاتی ہے اس دنیا میں لعنت اور قیامت کے دن بھی بہت برا

الرِّفْدُ الْمَرْفُودُ ﴿۹۹﴾ ذٰلِكَ مِنْ أَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا

عطیہ ہے جو انھیں دیا جائیگا ۱۴۴ یہ ان بستیوں کی بعض خبریں ہیں جو ہم بیان کر رہے ہیں آپ سے ان میں سے کچھ

غور و فکر کی جو صلاحیتیں دی گئی تھیں ان سے کام لیکر انھوں نے حق و باطل میں کیوں امتیاز نہ کیا۔ ان کو دیدۂ بینا بخشا گیا تھا وہ دانستہ کیوں اندھے بنے رہے۔ کیا یہ کوئی کم جرم ہے؟ قیامت کے دن بھی ان کا لیڈر آگے آگے ہوگا۔ اور یہ مردہ ضمیر کار اپنی قسمت کو روتے ہوئے اپنے لیڈر کو کوستے ہوئے کشاں کشاں افتاں و خیزاں اس کے پیچھے جا رہے ہونگے۔ ہر گمراہ لیڈر اور اس کے ماننے والے اسی طرح میدان حشر میں حاضر کیے جائیں گے اور انھیں جہنم میں پھینکا جائے گا۔ علامہ ابن کثیر نے مسند امام احمد سے یہ حدیث نقل کی ہے عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم امرؤ القيس حامل لواء شعراء الجاهلية في النار کہ زمانہ جاہلیت کے شاعروں کا جھنڈا امرؤالقیس کے ہاتھ میں ہوگا۔ اور وہ ان سب کو لے کر جہنم میں جائے گا۔

۱۴۳ یہ الفاظ تحقیق طلب ہیں۔ وِرْدٌ اسم ہے اس کا مصدر وُرُودٌ ہے جس کا معنی ہے پانی کی تلاش میں جانا اور الورد اس پانی کو کہتے ہیں جس کا قصد کیا گیا ہو الورود اصله قصد الماء يقال وردت الماء فانا وارد الماء، وهو وُرُودٌ والوِرْدُ الماء المرشح للورود، استعمل في النار على سبيل الفظاعة (مفردات)

صاحب روح المعانی اس کی وضاحت میں لکھتے ہیں فالورد على هذا بمعنى نصيب من الماء والمورود صفته والمخصوص بالذم محذوف وهو النار: وِرْد کا معنی ہے پانی کا حصہ۔ یہ موصوف ہے اور المورود اس کی صفت ہے۔ دونوں مل کر بئس کے فاعل ہیں اور مخصوص بالذم النار ہے۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ فرعون اپنے پیروکاروں کے آگے اس طرح جا رہا ہوگا جس طرح قافلہ کی ضروریات کے لیے پانی تلاش کرنے والا قافلہ کے آگے چلتا ہے۔ لیکن ان بدنصیبوں کی بدنصیبی کا کیا کہنا کہ جس گھاٹ پر فرعون انھیں لیے جا رہا ہے وہاں میٹھا اور ٹھنڈا پانی نہ ہوگا جو ان کی تشنگی کو دور کرے گا اور ان کے گھبرائے ہوئے دلوں کی تسکین کا باعث ہوگا۔ بلکہ ابلتا ہوا کھولتا ہوا پانی ہوگا۔ اگر وہ پئیں گے تو ان کے منہ اور گلے جل جائیں گے اور ان کی آنتیں پھٹ جائیں گی اور اگر نہیں پئیں گے تو شدتِ پیاس سے ویسے جان نکلے گی۔

۱۴۴ رِفْدٌ لغت میں اس چیز کو کہتے ہیں جو کسی چیز کو سہارا دینے کے لیے اس کے ساتھ رکھی جاتی ہے ما يضاف الى غيره ليعمده ويدعمه اور اس کا معنی مدد کرنا اور بخشش بھی آیا ہے الرفد المعونة والعطاء (المنجد) یعنی جو مدد انھیں دی گئی جو بخشش ان پر کی گئی وہ بہت بری تھی یعنی دنیا میں بھی سب لوگ ان نابکاروں اور ناہنجاروں پر لعنت بھیجتے رہے اور قیامت کے دن بھی اگر ان کی کچھ امداد کی گئی یا انھیں کوئی چیز بخشی گئی تو وہ یہی تھی کہ انھیں مزید لعنت اور پھٹکار کا مستوجب قرار دیا گیا بئس الرفد المرفود

قَآئِمٌ وَّحَصِيْدٌ ﴿١٠٠﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ

ہیں اور کچھ کٹ گئی ہیں ۱۴۵ اور نہیں ظلم کیا ہم نے ان پر بلکہ انھوں نے خود زیادتی کی تھی اپنی جانوں پر۔ پس

اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ

نہ فائدہ پہنچایا انھیں ان کے (جھوٹے) خداؤں نے جن کی وہ عبادت کیا کرتے تھے اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ بھی

شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۭ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿١٠١﴾ وَكَذٰلِكَ

جب آگیا حکم آپ کے رب کا۔ ان خداؤں نے تو فقط ان کی بربادی میں ہی اضافہ کیا ۱۴۶ اور یونہی

اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِىَ ظَالِمَةٌ ۭ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ

گرفت ہوتی ہے آپکے رب کی جب وہ پکڑتا ہے بستیوں کو درآنحالیکہ وہ ظالم ہوتی ہیں بیشک اس کی پکڑ بڑی دردناک (اور)

شَدِيْدٌ ﴿١٠٢﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ۭ ذٰلِكَ

سخت ہوتی ہے۔ بیشک ان واقعات میں (عبرت کی) نشانی ہے اس کے لیے جو ڈرتا ہے عذاب آخرت سے ۱۴۷ یہ وہ

کا معنی ہوگا وہ مدد جو ان کی کی گئی تھی یا وہ عطا جو ان کو بخشی گئی تھی وہ بہت بُری تھی۔

۱۴۵ یہ واقعات جو تمہارے سامنے پیش کیے گئے ہیں ان بستیوں کے حالات ہیں جن میں سے بعض کے کچھ کھنڈرات باقی ہیں اور اپنے پاس سے گزرنے والوں کو زبان حال سے اپنی آبادی اور بربادی کی ہوشربا داستان سنا رہے ہیں۔ اور بعض بستیاں ایسی بھی ہیں جن کا نام و نشان ہی صفحۂ ہستی سے مٹا دیا گیا۔ ان کی عظمت پر نوحہ کرنے کے لیے کوئی شکستہ دیوار بھی موجود نہیں۔ قائم جس کا کوئی نہ کوئی نشان باقی ہو۔ حصید وہ کھیتی جسے کاٹ دیا گیا ہو۔ یہاں وہ قوم مراد ہے جس کا کوئی نشان باقی نہ رہا ہو۔

۱۴۶ یعنی جب اللہ تعالیٰ کا عذاب آیا تو جن جھوٹے سہاروں پر انھوں نے تکیہ کیا ہوا تھا وہ ایک ایک کر کے گرتے اور نا پید ہوتے چلے گئے اور اس آڑے وقت میں وہ ان کے کسی کام نہ آئے بلکہ ان جھوٹے سہاروں پر اعتماد ہی ان کی بربادی کا باعث بنا۔ وہ ان کو بڑا قوی اور مضبوط سمجھتے رہے اور ان کی بے بسی اور بے دست و پائی کا یقین تب انھیں ہوا جب وقت ہاتھ سے گزر چکا تھا۔

۱۴۷ ان واقعات کے بیان کرنے کا مقصد وحید تو صرف یہ ہے کہ گمراہ لوگ اپنی اصلاح کریں لیکن ایسا نہیں ہوتا جو عیش و عشرت میں کھوئے ہوئے ہیں وہ ان باتوں کی طرف دھیان نہیں دیتے ان کے لیے یہ جی بہلانے کا اور کھنڈرات تفریح کا سامان ہوتے ہیں۔ ان کے اُستاد انھیں یہ بتلاتے ہیں کہ ان بربادیوں کا تعلق ان کی سرکشیوں سے نہ تھا بلکہ طبعی اسباب ایسے پیدا ہوگئے کہ زلزلہ آگیا اور اس آباد نگری کی فلک بوس عمارتیں پیوند خاک

يَوْمٌ مَّجْمُوعٌ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُودٌ ﴿١٠٣﴾ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا

دن ہے جس دن اکٹھے کیے جائیں گے سب لوگ اور یہ وہ دن ہے جب سب کو حاضر کیا جائیگا ۱۴۸ اور ہم نے نہیں مؤخر کیا ہے اسے مگر

لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿١٠٤﴾ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ

ایک مقررہ مدت تک کیلئے جو گنی ہوئی ہے۔ جب وہ دن آئیگا تو اس کی ہیبت سے کوئی شخص نہیں بول سکے گا بجز اس کی اجازت کے ۱۴۹ پس بعض ان میں سے

شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿١٠٥﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ

بدنصیب ہونگے اور بعض خوش نصیب ۱۵۰ سو وہ جو بدنصیب ہیں وہ آگ میں ہوں گے ان کے (مقدر میں) وہاں چیخنا

وَّشَهِيْقٌ ﴿١٠٦﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا

اور چلانا ہوگا ۱۵۱ وہ دوزخ میں رہیں گے جب تک آسمان اور زمین قائم ہیں ۱۵۲ مگر

ہو گئیں بارشیں کثرت سے ہوئیں۔ دریاؤں میں باڑھ آگیا اور طغیانی آگئی جس نے ان تمام آباد علاقوں کو ویران کر دیا۔ بادل آگے جس طرح آتے رہتے ہیں بجلی کڑکی جیسے کڑکتی رہتی ہے اور اتفاقیہ اس محل یا قلعہ پر آگری اور اس کی بنیادوں کو بھی اکھیڑ کر رکھ گئی۔ اس بگڑی ہوئی اور بڑی کوشش سے بگاڑی ہوئی ذہنیت سے جب ان بستیوں کو دیکھا جاتا تو کبھی اپنے اعمال کے محاسبہ کا خیال تک پیدا نہیں ہوتا۔ آج آثار قدیمہ میں غور و فکر کرنے والے عبرت پذیری کے اس جذبہ سے بالکل بے بہرہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ خوش نصیبی ان کے حصہ میں آتی ہے جو واقعات کو درس عبرت سمجھتا ہے اور ان خاموش در و دیوار کی زبان حال سے عبرت کی کہانی سن کر اپنی اصلاح کی طرف مائل ہوتا ہے جو قیامت پر ایمان رکھتا ہو اور اسے یقین ہو کہ وہ دن آنے والا ہے جبکہ سب لوگ بارگاہ رب العزت میں پیش کیے جائیں گے اور ان کے اعمال پر محاسبہ ہوگا اور اسے بھی وہاں جواب دہی کے لیے ضرور حاضر ہونا ہوگا۔

۱۴۸ یعنی نیک و بد سب حاضر ہوں گے۔

۱۴۹ آج تو ان خدا فراموشوں اور خود فریبوں کی چرب زبانی کا یہ عالم ہے کہ بولتے ہوئے تھکنے کا نام نہیں لیتے لیکن اس روز سب سہمے ہوئے کھڑے ہونگے کسی کو بات کرنے کی ہمت نہ ہوگی ایسے معلوم ہوگا کہ گویا کسی نے ان کی زبانوں پر تالے ڈال دیئے ہیں اور ان کے لبوں کو سی دیا گیا ہے۔ اس دن وہی لب کشائی کر سکیگا جسے بولنے کی اجازت ملیگی اور کون نہیں جانتا کہ وہ حامل لواء الحمد اور صاحب مقام محمود صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر کوئی نہیں ہو سکتا۔

۱۵۰ آج بھی دنیا بٹی ہوئی ہے لیکن یہ تقسیم امیر غریب، گورے اور کالے، عربی اور عجمی کی بنیادوں پر قائم ہے قیامت کے روز یہ مصنوعی امتیازات ختم کر دیئے جائینگے اور نوع انسانی فقط دو گروہوں میں بٹ جائیگی ایک گروہ کو سعید کہا جائیگا اور دوسرے کو شقی۔ جنھوں نے اپنی دنیوی زندگی میں اپنے رب کو پہچانا اور اس کی بندگی میں اپنی عمر بسر کی انھیں نیک بخت کہا جائیگا اور ان پر سعادت کا پرچم لہرائیگا اور جو عمر بھر اپنے مالک کو بھلائے رہے اور اپنی نفس پرستی میں مگن رہے ان پر بدبختی اور بدنصیبی کی پھٹکار پڑتی ہوگی۔

۱۵۱ جب گدھا ہینکتا ہے تو اس کی ابتدائی آواز کو زفیر کہتے ہیں جو بلند ہوتی ہے اور اس کی آخری آواز کو شہیق کہتے ہیں جو نسبتاً آہستہ ہوتی ہے

مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ ﴿۱۰۷﴾ وَ اَمَّا الَّذِیْنَ سُعِدُوْا

جتنا چاہے آپ کا پروردگار ۱۵۲ بیشک آپ کو مرتبہ کمال تک پہنچانے والا کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ اور وہ جو خوش نصیب ہیں تو وہ

فَفِی الْجَنَّةِ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ اِلَّا

(نعیم) جنت میں ہونگے ہمیشہ رہیں گے اس میں جب تک آسمان اور زمین قائم ہیں مگر

مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَیْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾ فَلَا تَكُ فِیْ مِرْیَةٍ مِّمَّا یَعْبُدُ

جتنا چاہے آپ کا رب۔ یہ وہ عطا ہے جو ختم نہیں ہوگی ۱۵۳ تو اے سننے والے! نہ ہو جا تو شک میں ۱۵۵ ان کے متعلق جنکی یہ پوجا

هٰۤؤُلَآءِ ؕ مَا یَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا یَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَ اِنَّا

کرتے ہیں۔ وہ نہیں پوجتے مگر ایسے ہی جیسے پوجتے تھے ان کے باپ دادا اس سے پہلے۔ اور ہم یقیناً

اور سینے سے نکلتی ہوئی محسوس ہوتی ہے اس لیے بلند آواز سے چلانے کو زفیر اور آہستہ آہستہ نالہ و فریاد کرنے کو شہیق سے تعبیر کیا گیا۔

۱۵۲ یعنی دوزخی ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ آیت میں آسمان اور زمین سے موجودہ آسمان زمین مراد نہیں کیونکہ یہ تو اس وقت فنا کر دیئے جائیں گے بلکہ عالم آخرت کے آسمان و زمین مراد ہیں جو ابدی ہونگے اور اگر آیت میں یہی زمین و آسمان مراد ہوں تو پھر کفار کے ابدی عذاب کو ان الفاظ سے تعبیر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اہل عرب جب کسی چیز کی ابدیت اور دوام کو ظاہر کرنا چاہتے ہیں تو انہی الفاظ سے اس کو تعبیر کرتے ہیں ان العرب یعبرون عن الدوام والابد بقولهم ما دامت السموات والارض۔

۱۵۳ ابن قتیبہ، ابن الانباری و فرا جو لغت و نحو کے امام ہیں انھوں نے کہا ہے کہ یہ وہ استثنا ہے جسے عمل جامہ نہیں پہنایا جائیگا محض اظہار قدرت و اختیار کے لیے ذکر کیا گیا جیسے سنقرئك فلا تنسى الا ما شاء الله میں ہے اور دوسرے علما نے کہا ہے کہ یہاں الا استثنا کے لیے نہیں بلکہ سوا کے معنی میں ہے یعنی وہ اتنی مدت دوزخ میں رہیں گے جتنی مدت آسمان و زمین کو بقا نصیب ہے اور اس کے سوا اور بھی اور وہ اتنا جتنا اللہ چاہے کہ جس کو نہ تم سمجھ سکتے ہو اور نہ اس کا اندازہ ہی کر سکتے ہو۔ اگرچہ بعض لوگ اس طرف گئے ہیں کہ کفار کے لیے بھی جہنم کا عذاب کبھی نہ کبھی منقطع ہو جائے گا لیکن جمہور کا یہی عقیدہ ہے کہ وہ ختم نہیں ہوگا اور احادیث صحیحہ سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

۱۵۴ یعنی اہل جنت کو جن انعامات سے سرفراز کیا جائے گا وہ ایسے نہیں ہیں جن کا سلسلہ کچھ مدت کے بعد منقطع ہو جائے، بلکہ ان خوش نصیبوں پر ان کے خداوند کریم کے فضل و کرم اور جود و عطا کی بارش ہمیشہ ہمیشہ برستی رہے گی۔

۱۵۵ یہاں بھی خطاب عام قاری کو ہے کیونکہ حضور کے متعلق تو یہ تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کہ اس صدر منشرح اور قلب منور میں اس قسم کے شبہ کی پرچھائیں تک بھی پڑ سکتی ہو۔ اس سے پہلے کئی مقامات پر اس مسئلہ کو شرح و بسط سے بیان کیا گیا ہے۔

لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿١٠٩﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

پورا پورا دینے والے ہیں انھیں ان کا حصہ جس میں ذرا کمی نہیں ہوگی۔ اور بیشک ہم نے عطا فرمائی موسیٰ کو کتاب

فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ

پھر اختلاف کیا جانے لگا اس میں ۱۵۶ اور اگر ایک بات پہلے نہ طے کر دی گئی ہوتی آپ کے پروردگار کی جانب سے ۱۵۷ تو فیصلہ کر دیا گیا ہوتا ان کے

وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿١١٠﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ

درمیان اور بیشک وہ ایسے شبہ میں ہیں اس کے متعلق جو بے چین کر دینے والا ہے۔ اور یقیناً ان سب (اختلاف کرنے والوں) کو پورا پورا بدلہ دیگا انھیں

اَعْمَالَهُمْ ۭ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿١١١﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ

آپ کا رب ان کے کرتوتوں کا ۱۵۸ بیشک اللہ تعالیٰ جو کام وہ کرتے ہیں ان سے خوب آگاہ ہے۔ پس آپ ثابت قدم رہیے جیسے حکم دیا گیا ہے آپ کو اور وہ بھی ۱۵۹ جنہوں نے

۱۵۶ یعنی جس طرح اہل مکہ قرآن کے متعلق دو گروہوں میں تقسیم ہو گئے ہیں بعض لوگ اس کی صداقت پر ایمان لے آئے ہیں اور ان کی ایک بھاری اکثریت اس کو کلام الٰہی ماننے سے بھی انکار کر رہی ہے۔ اے محبوب ان کے طرز عمل پر آپ پریشان و حزین نہ ہوں ایسا ہوتا ہی آیا ہے۔ حضرت موسیٰ پر جو کتاب اتاری گئی تھی اس پر بھی تو سب لوگ ایمان نہیں لائے تھے فیہ تسلیۃ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

۱۵۷ چاہیے تو یہ تھا کہ منکرین پر فوراً عذاب آتا۔ تاکہ وہ دوسرے لوگوں کے لیے باعث عبرت ہوتا لیکن آپ کا رب ان کے بارے میں ایک فیصلہ فرما چکا ہے اس لیے اس کے پیش نظر فوراً عذاب نہیں اترے گا۔

۱۵۸ اس آیت میں لمّا کا لفظ تحقیق طلب ہے۔ عاصم ابن عامر اور حمزہ قراء نے لمّا مشدد پڑھا ہے

باقی قراء نے اسے لما مخفف پڑھا ہے اگر یہ مخفف ہو تو لام قسم کا ہوگا اور ما تاکید کے لیے اور مزید ہوگا۔ یا ما بمعنی من ہوگا ما کو مزید مانا جائے تو آیت کا معنی ہوگا واللہ لیوفینھم اور اگر ما کو بمعنی من کہا جائے تو معنی ہوگا واللہ لمن لیوفینھم اور اگر لمّا مشدد پڑھا جائے تو پھر اس کی دو صورتیں ہیں ایک صورت میں اس کا اصل لَمِنْ مَا تھا۔ نون کو میم سے بدلا گیا لمّما ہوا تین میم جمع ہو گئے۔ پہلے کو حذف کیا یہاں بھی ما مزید ہوگا معنی ہوگا لمن لیوفینھم یا یہ لمّ سے مصدر ہے۔ تنوین کے عوض تخفیف کے لیے الف آ گیا لمّا ہو گیا اس وقت معنی ہوگا ان کلا جمیعا (طبری) آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ قرآن پر ایمان لانے والوں اور اس کا انکار کرنے والوں کا کوئی عمل ہم سے مخفی نہیں۔ ہم سب کو ان کے اعمال کے مطابق جزاء و سزا دیں گے۔

۱۵۹ افراط و تفریط سے بچتے ہوئے عقائد اعمال اور اخلاق میں اسلام کے احکام پر پابندی سے چلنے اور چلتے رہنے کو استقامت کہتے ہیں حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے استقامت کے مفہوم کی وضاحت بڑے اچھے انداز میں بیان فرمائی ہے قال عمر بن الخطاب الاستقامۃ ان تستقیم

وَلَا تَطْغَوْا ۚ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿١١٢﴾ وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ

ثابت قدم رہیں) اور تجاوز نہ کرو (حد سے) بیشک جو کچھ تم کرتے ہو وہ اسے خوب دیکھ رہا ہے۔ اور مت جھکو ۱۶۰ ان کی طرف جنھوں نے ظلم کیا ورنہ

ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ

چھوئے گی تمھیں بھی آگ۔ اور (اس وقت) نہیں ہوگا تمھارے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی مددگار

ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ ﴿١١٣﴾ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ

پھر تمھاری مدد بھی کی جائے گی۔ اور قائم کیجیے نماز دن کے دونوں سروں پر ۱۶۱ اور کچھ رات کے

علی الامر والنہی ولا تزیغ نزوغ الثعلب یعنی استقامت کا یہ معنی ہے کہ تو اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی پر ثابت قدمی سے عمل پیرا رہے اور لومڑی کی طرح ہیر پھیر نہ کرتا رہے۔ ع علم دشوار است تا او شود

واقعی استقامت کا مقام بڑا کٹھن ہے اسی لیے صوفیائے کرام نے فرمایا الاستقامة فوق الکرامة کہ استقامت کا درجہ کرامت سے بہت بلند ہے۔

۱۶۰ رکون کا معنی ہے محبت اور دلی میلان الرکون المحبة والمیل بالقلب یہاں مقصد یہ ہے کہ ظالموں کی مداہنت (خوشامد) مت کرو قال السدی لا تداھنوا الظلمة اور عکرمہ نے کہا ہے کہ ان کی اطاعت نہ کرو وقال عکرمة لا تطیعوھم علامہ بیضاوی نے فرمایا لا تمیلوا الیھم ادنی میل یعنی ان کی طرف تھوڑا سا قلبی میلان بھی مت کرو۔ علامہ قرطبی نے اس لفظ کی تشریح اس طرح لکھی ہے۔ الرکون حقیقة الاستناد والاعتماد والسکون الی الشیء والرضا به رکون کا معنی ہے کسی پر اعتماد اور بھروسہ کرنا اور اس کی طرف سے مطمئن اور راضی ہو جانا۔ ابو العالیہ نے کہا ہے لا ترضوا اعمالھم (قرطبی)

ان کے اعمال کو پسند نہ کرو۔ اس آیت سے صراحۃً معلوم ہوا کہ ان بدمذہبوں کے پاس بیٹھنا اور ان کی مجلسوں میں شرکت کرنا عذاب الٰہی کا باعث ہے۔ ہم اپنی نادانی سے ان کی صحبت کو بے ضرر خیال کرتے ہیں اور اپنی سادہ لوحی سے بے دھڑک ان کے پاس آمد و رفت رکھتے ہیں لیکن ہم یہ نہیں سمجھتے کہ وہ ہر وقت اس موقع کی تاک میں رہتے ہیں جب کہ وہ پھونک مار کر تمھارے ایمان کی شمع کو گل کر دیں اس لیے اہل اسلام کا یہ فرض ہے کہ وہ ان بدعقیدہ لوگوں کی صحبت سے احتراز کریں اور اپنے ایمان کی حفاظت کریں۔ نیز اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ان لوگوں کی سنگت کرنا اور ان کی تقویت کا باعث بننا جو لوگوں کے حقوق تلف کرتے ہیں یہ بھی شرعاً ناجائز ہے۔ تمھاری تائید اور اعانت صرف ان لوگوں کے لیے ہونی چاہیے جو صحیح عقیدہ کے علمبردار ہیں اور اپنی عملی زندگی میں عدل و انصاف کی قدروں کو سربلند دیکھنے کے لیے کوشاں ہیں۔ مذاہب باطلہ کی فرقہ بازیاں سیاسی جتھہ بندیاں اور قبائلی تعصب ملت کے لیے تباہ کن ہیں اور اس کے شیرازہ کو بکھیرنے کا موجب ہیں۔

۱۶۱ دن کا ایک کنارہ صبح اور دوسرا شام ہے۔ اس آیت میں صبح، مغرب اور عشاء کی نمازوں کا حکم ہے اگرچہ یہ سورت (واقعہ معراج) سے پہلے نازل ہوئی

الَّيۡلِؕ اِنَّ الۡحَسَنٰتِ يُذۡهِبۡنَ السَّيِّاٰتِؕ ذٰلِكَ ذِكۡرٰى لِلذّٰكِرِيۡنَ ﴿۱۱۴﴾

حصوں میں۔ بیشک نیکیاں مٹا دیتی ہیں برائیوں کو۔ ۱۶۲؎ یہ نصیحت ہے نصیحت قبول کرنیوالوں کے لیے۔

وَاصۡبِرۡ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿۱۱۵﴾ فَلَوۡلَا كَانَ

اور آپ صبر کیجئے بلاشبہ اللہ تعالیٰ ضائع نہیں کرتا نیکوں کے اجر کو۔ توکیوں ایسا نہ ہوا کہ

مِنَ الۡقُرُوۡنِ مِنۡ قَبۡلِكُمۡ اُولُوۡا بَقِيَّةٍ يَّنۡهَوۡنَ عَنِ الۡفَسَادِ

ان امتوں میں جو تم سے پہلے گزری ہیں ایسے زیرک لوگ ہوتے ۱۶۳؎ جو روکتے زمین میں فتنہ و فساد برپا کرنے سے

فِى الۡاَرۡضِ اِلَّا قَلِيۡلًا مِّمَّنۡ اَنۡجَيۡنَا مِنۡهُمۡ‌ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا

مگر وہ قلیل تھے ۱۶۴؎ جنھیں ہم نے نجات دی تھی ان سے۔ اور پیچھے پڑے رہے ظالم اس

ہو تو پھر اس آیت سے نماز پنجگانہ کا ثبوت تلاش کرنا قبل از وقت ہوگا کیونکہ صلوٰۃ خمسہ کی فرضیت تو شب معراج میں ہوئی۔

۱۶۲؎ نیکیوں کا دوگنا اثر ہوتا ہے ایک یہ کہ وہ بذات خود نیکی ہے اور اس پر اچھے نتائج مرتب ہونگے دوسرا وہ برائیوں کے ان اثرات کے ازالہ کے لیے بھی اکسیر کا کام دیتی ہے جو انسان سے وقتاً فوقتاً صادر ہو ہی جاتی ہیں۔ چنانچہ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی وضاحت کرنے کے لیے صحابہ سے دریافت فرمایا کہ اے صحابہ! اگر کسی آدمی کے گھر کے سامنے سے نہر گزرتی ہو وہ ہر روز اس میں پانچ مرتبہ غسل کرے تو کیا اس پر کوئی میل کچیل باقی رہے گی۔ صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ وہ تو بالکل پاک ہو جائے گا اس کے جسم پر میل کا نشان تک باقی نہیں رہیگا تو حضور نے فرمایا اسی طرح جو آدمی دن میں پانچ دفعہ نماز پڑھتا ہے تو اس کے گناہ بالکل باقی نہیں رہتے۔

۱۶۳؎ بقیۃ سے مراد عقل و دانش ہے اور اسے بقیہ اس لیے کہا جاتا ہے کہ انسان وہی چیز محفوظ رکھتا ہے جو نہایت ہی عمدہ ہو۔ عرب جب یہ بتاتے ہیں کہ فلاں آدمی زیرک اور عقلمند ہے تو کہتے ہیں فلان ذو بقیۃ یقال فلان من بقیۃ القوم من خیارھم (قرطبی) آیت کا مقصد یہ ہے کہ ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب شوریدہ سر اور بدماغ لوگوں نے شریعت کے احکام کی خلاف ورزی شروع کی تو قوم کا ایک سنجیدہ اور سمجھدار طبقہ آگے بڑھتا اور ان لوگوں کو سمجھاتا کہ تم اس سرکشی کی راہ کو اختیار نہ کرو کیونکہ یہ انھیں بربادی کے گڑھے میں جا کر پھینکے گی۔ وہ لوگ جو سمجھ بوجھ کے مالک تھے وہ گوشۂ عافیت میں دبکے بیٹھے رہے ان کے سامنے ان کی قوم گل کھلاتی رہی لیکن وہ اس خوف سے ان کے مزاحم نہ ہوئے کہ مبادا انھیں بھی ہدف تنقید بننا پڑے۔ اس مجرمانہ خاموشی کا نتیجہ یہ ہوا کہ قوم بھی غرق ہوئی اور یہ بھی اس کے ساتھ غرق کر دیئے گئے۔

۱۶۴؎ بہت کم ایسے لوگ تھے جنھوں نے انبیاء کے دوش بدوش کھڑے ہو کر تبلیغ حق کا دشوار فریضہ ادا کیا اور ہم نے ان کو اپنے عذاب سے نجات دی۔

مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى

عیش و طرب جس میں وہ تھے ۱۶۵ اور وہ مجرم تھے ۔ اور آپ کا رب ایسا نہیں کہ برباد کر دے بستیوں کو

بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ

ظلم سے حالانکہ ان میں بسنے والے نیکوکار ہوں ۔ اور اگر چاہتا آپ کا رب تو بنا دیتا سب لوگوں کو

اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ

ایک ہی امت ۱۶۶ (لیکن حکمت کا یہ تقاضا نہیں اس لیے) وہ ہمیشہ آپس میں اختلاف کرتے رہیں گے مگر وہ جن پر آپ کے رب نے رحم فرمایا (وہ اس فتنہ

وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ

سے محفوظ رہیں گے) اور اسی (رحمت) کے لیے انھیں پیدا فرمایا ہے ۱۶۷ اور پوری ہو گئی آپ کے رب کی (یہ) بات کہ میں ضرور بھر دوں گا جہنم کو

۱۶۵ یعنی عیش و عشرت کے جو اسباب انھیں میسر تھے انھیں میں وہ مگن رہے انھیں کبھی یہ خیال نہ آیا کہ انھیں ایک دن اس بزم طرب کو الوداع کہنا ہو گا۔ وہ ان فانی اور ناپائیدار مسرتوں میں ایسے کھوئے رہے اور اس فرحت و سرور کے سلسلہ کو دراز کرنے میں اتنے منہمک رہے کہ انھیں اپنی موت کا دن کبھی یاد نہ آیا۔

۱۶۶ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو انسان کی فطرت میں نافرمانی کی قوت پیدا ہی نہ کرتا یا ان کو غلط راستے پر چلنے کا اختیار ہی نہ دیتا یا اپنے خوف کا وہ ڈنڈا آنکھوں پہر ان کے سر پر آویزاں کر دیتا کہ وہ گناہ کے ارتکاب کی طاقت و اختیار کے باوجود اس کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھتے لیکن اللہ تعالیٰ کا منشا یہ نہ تھا اور انسانی شرافت و عظمت بھی اس کی متحمل نہ تھی اس لیے سب کو حق و باطل کی راہیں بتلا دی گئیں اور انھیں ان دونوں راہوں میں سے کوئی ایک اختیار کرنے کی آزادی دے دی گئی۔

۱۶۷ اس جملہ کا تعلق آیت کے کس حصے کے ساتھ ہے؟ بعض نے یہ لکھا ہے کہ اس کا تعلق الا من رحم ربك کے ساتھ ہے۔ یعنی انسان کی آفرینش کی غایت یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے بہرہ ور ہوتا رہے اور ہمیشہ ہدایت کی شاہراہ پر گامزن رہے۔ فقال ابن عباس ومجاهد وقتادة وضحاك وللرحمة خلقهم اور بعض نے کہا ہے کہ اس کا تعلق اختلاف سے ہے یعنی انسان کو اس لیے پیدا کیا گیا ہے کہ وہ اپنے اختیار سے کوئی راہ اختیار کرے۔ اسے کسی ایک راہ پر چلنے کے لیے مجبور نہیں کیا جائے گا اس طرح جو اختلاف رونما ہو گا اس کے پیش نظر بعض کو جنت میں اور بعض کو دوزخ میں بھیجا جائے گا۔ قال الحسن ومقاتل وعطاء يمان الاشارة للاختلاف اي وللاختلاف خلقهم اور ایک قول یہ بھی ہے کہ ذلك کا مشار الیہ اختلاف اور رحمة دونوں ہیں اور واحد اسم اشارہ کا مشار الیہ دو متضاد چیزیں ہوتی رہتی ہیں جیسے قل بفضل الله وبرحمته فبذلك فليفرحوا یہاں بھی ذلك کا مشار الیہ فضل اور رحمۃ

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿١١٩﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ

جن و انسان (دونوں) سے۔ اور یہ سب جو ہم بیان کرتے ہیں آپ سے پیغمبروں کی سرگزشتیں یہ اس لیے

الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ ۚ وَجَاءَكَ فِي هَٰذِهِ الْحَقُّ وَ

ہیں کہ پختہ کردیں ان سے آپ کے قلب (مبارک) کو۔ ۱۶۸ اور آیا ہے آپ کے پاس اس سورۃ میں حق اور

مَوْعِظَةٌ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿١٢٠﴾ وَقُل لِّلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ اعْمَلُوا

نصیحت اور یاد دہانی ہے اہل ایمان کے لیے۔ اور آپ فرما دیجیے انھیں جو ایمان نہیں لاتے کہ تم عمل کرتے رہو

عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنَّا عَامِلُونَ ﴿١٢١﴾ وَانتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ ﴿١٢٢﴾ وَلِلَّهِ

اپنی جگہ پر اور ہم (اپنے طور پر) عمل پیرا ہیں۔ اور تم بھی انتظار کرو۔ ہم بھی منتظر ہیں اور اللہ ہی کے

غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَيْهِ يُرْجَعُ الْأَمْرُ كُلُّهُ فَاعْبُدْهُ

لیے ہیں چھپی ہوئی چیزیں آسمانوں کی اور زمین کی۔ اور اسی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں سارے کام۔ تو آپ بھی اسی کی عبادت کیجیے

وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿١٢٣﴾

اور اسی پر بھروسہ رکھیے۔ اور نہیں ہے آپ کا رب بے خبر اس سے جو تم لوگ کرتے ہو۔ ۱۶۹

دونوں میں یعنی اب آیت کا معنی یہ ہوگا کہ اہل اختلاف کو اختلاف کے لیے پیدا کیا اور اہل رحمت کو رحمت کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔ علامہ قرطبی کہتے ہیں ھذا احسن الاقوال انشاء اللہ یہ توجیہ سب سے بہتر ہے۔

۱۶۸ جن ایام میں اس سورت کا نزول ہوا وہ اسلام اور بانی اسلام علیہ السلام کے لیے بڑے صبر آزما دن تھے۔ کفار کا غیظ و غضب شباب پر تھا۔ اسلام کی ترقی نے انھیں آتش زیر پا کر دیا تھا۔ وہ اس شمع حق کو بجھانے کے لیے اپنی ہر امکانی کوشش میں مصروف تھے۔ غریب مسلمانوں پر مصائب و آلام کے پہاڑ توڑے جا رہے تھے۔ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دل آزاری اور حوصلہ شکنی کے لیے ہر ہتھکنڈا استعمال میں لایا جا رہا تھا۔ ظاہر بین نگاہوں کو یاس و قنوط کے اندھیرے ہر سمت چھائے ہوئے دکھائی دیتے تھے۔ امید کی کوئی کرن بھی تو افق پر نظر آتی تھی۔ ان حالات میں اور ان دنوں میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اولوالعزم انبیاء اور رسل کے واقعات سنائے۔ اس آیت میں اس حقیقت کو بیان فرمایا۔ یہ سب کچھ اس لیے کیا گیا تاکہ اے میرے محبوب! آپ کا قلب مبارک محکم و مضبوط رہے اور آپ کے غلاموں کو بھی تسکین و اطمینان کی دولت نصیب

۱۲۹ے آخر میں ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس کی عبادت میں سرگرم رہو اور اس پر بھروسا اور اعتماد قوی سے قوی تر ہوتا چلا جائے آپ کا رب آپ کے ماننے والوں اور آپ کے مخالفین کے تمام اعمال پر بخوبی آگاہ ہے۔ وہ ان کے ان اعمال کا بدلہ ضرور دے گا آپ پریشان نہ ہوں۔ کامیابی اور کامرانی آپ کے قدم چومے گی اور دنیا کی مخالفت اور کوئی آندھی اس چراغ اسلام کو نہ بجھا سکے گی۔

تعارف سُورَۃ یُوسف

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اس سورۂ پاک میں کیونکہ حضرت یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر خیر شرح و بسط سے کیا گیا ہے اس لیے اس سورت کو آپ ہی کے نام نامی سے موسوم کیا گیا۔ اس کی آیتوں کی تعداد ایک سو گیارہ ہے۔ اس میں ۱۶۰۰ کلمے اور ۷۱۶۶ حروف ہیں اور بارہ رکوع ہیں۔

صحیح قول کے مطابق یہ ساری سورۃ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس سورۃ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو یہ بتا کر تسلی دی کہ جس طرح برادران یوسف کے ناپاک منصوبے ناکام ہوئے اور سب کو چار و ناچار حضرت یوسف علیہ السلام کی عظمت کو تسلیم کرنا پڑا اسی طرح ایک دن وہ بھی آنے والا ہے جب قریش آپ کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دیں گے اور آپ کے دامنِ رحمت سے وابستہ ہونے میں ہی اپنی نجات کا یقین کریں گے۔

یوں تو قرآن حکیم میں سابقہ انبیاء کرام کی پرنور اور درخشاں زندگیوں کے بیسیوں قصے مذکور ہیں۔ جن کا ہر پہلو رشد و ہدایت کے انوار برسا رہا ہے۔ لیکن "احسن القصص" کے لقب سے صرف یوسف صدیق علیہ الصلوٰۃ والسلام کی داستانِ حیات کو ہی نوازا گیا ہے۔ اس کی وجہ؟ اس کی وجہ ظاہر ہے۔ تکمیل انسانیت کی منزل رفیع کی طرف جو راستہ جاتا ہے اس کے سارے پیچ و خم، نشیب و فراز، پیش آنے والی دشواریاں، منزل سے دل برداشتہ کر دینے والے سنگین مرحلے، منزل سے غافل کر دینے والے حسین و جمیل مناظر اور دل موہ لینے والی دلچسپیوں کو اتنی وضاحت سے بیان کر دیا گیا ہے کہ کسی ابہام و التباس کی گنجائش تک نہیں رہتی۔ پھر اس جانگداز کٹھن اور طویل راہ کو طے کرنے کے لیے مسافر کو جس صبر، عزم، توکل، تقویٰ، عالی حوصلگی اور چیرہ چشمی کی ضرورت ہوتی ہے اس کا ذکر بھی اتنے دلنشیں اور موثر پیرائے میں کیا گیا ہے کہ اگر انسان فطرتِ سعید اور قلبِ سلیم کی نعمت سے محروم نہ ہو تو وہ اس منزل تک رسائی حاصل کرنے کے لیے بے تاب ہو جاتا ہے وہ طوفانوں سے کھیلتا، بپھری ہوئی لہروں سے آنکھ مچولی کرتا، ہلاکت انگیز گردابوں کا منہ چڑاتا، چٹانوں سے کبھی ٹکراتا، کبھی دامن بچاتا ہوا ساحل مراد کی طرف بڑھتا چلا جاتا ہے آپ خود انصاف فرمایئے جس ذاتِ اقدس و اطہر کی داستانِ حیات کا دامن ایسے انمول حقائق سے لبریز ہو اگر اسے احسن القصص نہ کہا جائے تو کیا کہا جائے اور اگر قرآن اسے احسن القصص نہ کہے تو اور کون کہے؟

حضرت اسحاق کے فرزند حضرت یعقوب علیہما السلام کا خانوادہ کنعان کے علاقہ میں فروکش ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کو کثیر تعداد میں بیٹے عطا کیے ہیں جو خوبرو، دراز قامت، تنومند اور بڑے جفاکش ہیں آخری عمر میں حضرت یعقوب کے ہاں ایک فرزند تولد ہوتا ہے جو حسن و رعنائی کا ایسا حسین و جمیل پیکر ہے جس سے حسین تر پیکر چشم فلک نے اس وقت تک دیکھا ہی نہیں جمال صوری کو حسن معنوی نے چار چاند لگا دیئے ہیں حضرت یعقوب اس مرقع دلبری و زیبائی کو دیکھ دیکھ کر پھولے نہیں سماتے یہ طفل جلیل جیسے جیسے زندگی کے مرحلے طے کرتا جا رہا ہے ہونہاری

اولوالعزمی کے آثار ظاہر ہوتے چلے جارہے ہیں۔ نجابت و شرافت کا رنگ دن بدن نکھرتا جارہا ہے بڑے بھائیوں کے دل میں حسد کی چنگاریاں سلگنے لگی ہیں۔ دس بارہ سال کا سن ہے کہ ایک رات یوسف نے ایک خواب دیکھا۔ آپ دیکھتے ہیں کہ گیارہ ستارے سورج اور چاند انہیں سجدہ کر رہے ہیں صبح اس کا ذکر اپنے پدر بزرگوار سے کر دیتے ہیں۔ آپ اس خواب کے آئینہ میں اپنے نور نظر کے درخشاں اور تابندہ مستقبل کا مشاہدہ فرماتے ہیں۔

گویا اس خواب نے حضرت یوسف کی منزل کا تعین کر دیا ہے پہلے ہی بتا دیا گیا کہ گلشن خلیل کا یہ لالۂ رنگین قبا شرف انسانیت کی جاوداں اور ہر دم جواں عظمتوں کو اپنے دامن میں سمیٹنے والا ہے۔

لیکن کیا ان جاودانی عظمتوں کو پالینے کا راستہ ہموار اور خوشگوار ہے۔ کیا اس پر گلاب کی نرم و نازک پتیاں بچھی ہوئی ہیں جن پر خراماں خراماں گزرتے جانا ہے۔ یا وہ راستہ تیز کانٹوں اور کھردری چٹانوں سے اٹا پڑا ہے اور اس پر چلنے والے کا فرض ہے کہ وہ اپنے خون ناب سے ان کانٹوں اور چٹانوں کو لالے کی سرخی اور گلاب کی مہک بخشے اپنی جواں ہمتی اور اولوالعزمی سے ویرانوں کو فردوس بداماں بناتا ہوا آگے بڑھے۔

قدرت الٰہی کے سامنے تو کچھ مشکل نہیں کہ آن واحد میں گمنامی کی پستیوں سے نکال کر سچی عزت اور حقیقی ناموری کی بلندیوں تک پہنچا دے اور کسی کی پیشانی پر پسینہ کا قطرہ بھی نمودار نہ ہو لیکن سنت الٰہی یوں نہیں۔ نوامیس فطرت کے تقاضے اس کے برعکس ہیں۔ ؎

برہنہ سر ہے تو عزم بلند پیدا کر یہاں فقط سر شاہیں کے واسطے ہے کلاہ

مقام یوسفی کی بلندیوں پر للچائی ہوئی نگاہ ڈالنے والے یاد رکھیں کہ اس راہ کا پہلا مرحلہ ہی صبر آزما اور حوصلہ شکن ہے۔ کنواں ہے تنگ، تاریک اور گہرا کنواں۔ بھائیوں کے ہاتھ گلے میں رسہ ڈال رہے ہیں پھر اسی کنوئیں میں لٹکا رہے ہیں جب کنوئیں کی گہرائی نصف رہ جاتی ہے تو اوپر سے رسہ کاٹ دیا جاتا ہے۔ انجام سے بے نیاز ہونے کی ہمت اور حوصلہ ہے تو آگے بڑھو اور جرأت کرو۔ یقین رکھو رحمت خداوندی ضائع نہیں ہونے دے گی جب تم گرو گے تو جبرائیل کے نورانی پر تمہیں تھام لینے کے لیے بچھے ہوں گے لیکن وہاں تک پہنچنے کے لیے تم کہاں تک صبر و ثبات کا مظاہرہ کرتے ہو یہ ضرور دیکھا جائے گا۔

پھر مصر کا بازار ہے اور خاندان رسالت کا یہ گل سرسبد غلام کی حیثیت سے وہاں بیچنے کے لیے لایا جاتا ہے۔ خریدار بولیاں دینے لگے ہیں یوسف جو کل تک اپنے ماں باپ کی آنکھوں کا تارا بنا ہوا تھا اپنی اس تذلیل و رسوائی کو دیکھ رہا ہے اور خاموش ہے کسی کو اس راز سے آگاہ نہیں کرتا کہ وہ کون ہے لبوں پر مہر خاموشی ہے۔ آنکھ قدرت الٰہی کے کرشمے دیکھنے میں محو ہے اور دل ہے کہ صبر کا دامن مضبوطی سے تھامے ہوئے ہے اور زبان اپنے رب کے فیصلہ پر شکوہ سنج کہاں شکر گزار ہے آخر کار بادشاہ کا مدار المہام عزیز مصر سب سے زیادہ بولی دیتا ہے اور یہ نیلامی اس کے حق میں ختم ہوتی ہے۔

اب نہ تاریک کنواں ہے نہ بھائیوں کی سرد مہری اور سرزنشیں ہیں نہ کارواں والوں کی درشتی ہے اور نہ بازار کی رسوائی۔ اب آزمائش ایک نیا روپ اختیار کرتی ہے مصر کے رئیس اعظم اور سلطنت کے مدار المہام کا عظیم الشان قصر ہے جہاں ہر سمت زندگی اپنی ساری رنگینیوں کے ساتھ محو خرام ہے۔ آرام و آسائش اور خورد و نوش کا شاہانہ اہتمام ہے کئی سال عیش و طرب میں ڈوبے ہوئے اس ماحول میں بسر ہوتے ہیں۔ اب کمسن یوسف جوان ہو گیا ہے حسن کی جلوہ سامانیاں محشر بپا کرنے لگی ہیں محل کی جس روش پر چل نکلتے ہیں دل

قدموں میں بچھے چلے جاتے ہیں۔ خود عزیز مصر کی بیوی ہزار جان سے نثار ہے لیکن آنکھیں ہیں کہ بارحیا سے اٹھتی ہی نہیں، ہونٹ ہیں کہ ہلتے ہی نہیں آخر کار اس امتحان کی سنگینی اپنی انتہا کو پہنچ گئی جب عزیز مصر کی بیوی انہیں اپنے خلوت کدہ میں لے گئی اور سارے دروازے بند کر دیئے اور ھیت لک (جلدی کرو اب کیا دیر ہے) کی اشتعال انگیز دعوت دی لیکن یوسف معصوم نے معاذ اللہ (خدا کی پناہ) کہہ کر اس کی اس پیش کش کو پائے استحقار سے ٹھکرا کر رکھدیا اور بتادیا کہ مقام یوسفی پر پہنچنے کا خواب دیکھنے والو! اس راہ میں ایسے پرخطر اور ہوش ربا لمحے بھی آتے ہیں اور مردان پاک یوں دامن بچا کر نکل جاتے ہیں۔

اس گناہ کی پاداش میں کہ تم نے عفت وعصمت کے دامن کو داغدار ہونے سے کیوں بچایا آپ کو جیل کی کوٹھری میں قید کر دیا جاتا ہے۔ تو نو دس سال اسی اسیری میں گزر جاتے ہیں لیکن نہ دل میں شکوہ ہے اور نہ زبان پر شکایت۔ دل اپنے رب کریم کی محبت سے سرشار ہے۔ اور زبان اس کی توحید وکبریائی کے گیت گا رہی ہے اور کئی بھٹکے ہوؤں کو راہ ہدایت دکھا رہی ہے یہاں تک کہ بادشاہ مصر ایک بھیانک خواب دیکھ کر بے چین ہو جاتا ہے اس کی تعبیر معلوم کرنے کے لیے اپنے وزیروں۔ دربار کے دانشوروں اور کاہنوں کو طلب کرتا ہے سب بے بس ہیں اور اسے خواب پریشان کہنے پر مصر ہیں آخر وہ شخص جس نے قید خانے میں آپ سے اپنے خواب کی تعبیر پوچھی تھی اور اسے صحیح پایا تھا بادشاہ سے اجازت لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے اور بادشاہ کا خواب بیان کر کے تعبیر بتانے کی درخواست کرتا ہے یہاں حضرت یوسف صدیق کی عالی ظرفی اور بلند حوصلگی کا ایک پہلو بے نقاب ہوتا ہے نہ تو آپ نے اس شخص کو وعدہ فراموشی کا طعنہ دیا نہ تعبیر بتانے کے لیے اپنی رہائی کا مطالبہ کیا بلکہ خواب کی تعبیر بھی بتادی اور ان سنگین حالات سے عہدہ برآ ہونے کی تدبیر بھی بیان فرمادی گویا آپ نے ثابت کر دیا کہ آپ آفتاب ہیں۔ آفتاب بن مانگے نور برساتا ہے اور ہر چشم بینا کو روشن کرتا ہے۔

بادشاہ جب آپ کی عظمت کا معترف ہو کر از خود آپ کو رہا کرنے کا حکم صادر کرتا ہے تو فقیر غیور اس حکم کو ماننے سے انکار کر دیتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ پہلے اس الزام کی تحقیق کرو جس کی پاداش میں مجھے اتنا عرصہ پابند سلاسل رکھا گیا اس کے بعد تمہارے اس حکم کو ماننے یا رد کرنے پر غور ہوگا۔ بادشاہ نے زنان مصر سے تحقیق احوال کے لیے جب باز پرس کی نہ صرف زنان مصر نے یک زبان ہو کر آپ کی پاک دامنی کی شہادت دی بلکہ عزیز مصر کی بیگم نے جو بہتان تراشنے اور قید کرانے میں پیش پیش تھی برملا کہہ دیا "الآن حصحص الحق آج حق عیاں ہو گیا قصور وار میں تھی میں اپنے جرم کا اعتراف کرتی ہوں وہ معصوم ہے اس کی چشم باحیا کی قسم! اس کا دامن عصمت ہر داغ سے پاک ہے۔

یوں وہ نبی جس نے اپنے رب کریم کو راضی کرنے کے لیے مصر کے کوچہ و بازار میں اپنے آپ کو بدنام کرنے کا جرأت مندانہ اقدام کیا تھا آج جب زندان مصر سے قدم باہر رکھتا ہے تو دوست و دشمن اس کی سیرت کی پاکی اس کے اخلاق کی بلندی، اور اس کے کردار کی پختگی کو دل وجان سے تسلیم کر رہے ہیں۔ اگرچہ آپ کی عظمت شان اس طرح بھی آشکارا ہو رہی ہے لیکن اس سے بھی کہیں زیادہ آپ حضرت یوسف کی جلالت مرتبت کا اندازہ لگانا چاہیں تو وہ جملہ غور سے سنئے جو اس وقت ان کے دل کی گہرائیوں سے نکل کر آہستہ آہستہ زبان پر آرہا ہے آپ کہہ رہے ہیں وما ابری نفسی ان النفس لامارۃ بالسوء الا ما رحم ربی ان ربی غفور رحیم (مجھے اپنی پاکدامنی کا دعویٰ نہیں نفس کا کام ہی برائی کا حکم دینا ہے مگر جس پر میرا رب رحم فرمائے بیشک میرا پروردگار غفور رحیم ہے) سبحان اللہ کیا

شان ہے۔ اس تواضع کی اور تمکنت اور وقار ہے اس انکسار میں!

مورخین کے بیان کے مطابق مصر پر اس وقت پندرھویں خاندان کی حکومت تھی جو تاریخ میں چرواہے بادشاہوں (SHEPHERD KINGS OR HYKSOS KINGS) کے نام سے مشہور ہیں اور حضرت یوسف کے زمانہ میں جو بادشاہ تھا اس کا نام اپوفس (APOPHIS) بتایا جاتا ہے۔ اسی کے عہد میں مصر اپنی تاریخ کے طویل اور بدترین قحط سے دوچار ہوا بادشاہ نے ان بگڑتے ہوئے حالات سے نبرد آزما ہونے کے لیے حضرت یوسف کو کل اختیارات دے دیئے اور آپ نے کسی ہچکچاہٹ اور تذبذب کے بغیر اس سنگین ذمہ داری کو قبول فرمایا۔ "قال اجعلنی علی خزائن الارض انی حفیظ علیم"

جب قحط پڑا تو آپ نے اپنے غذائی ذخیروں کے منہ کھول دیئے صرف اہل مصر ہی آپ کی حسن تدبیر سے قحط کی ہلاکت انگیزیوں سے محفوظ نہیں رہے بلکہ گردو نواح کے ضرورت مند بھی جب حاضر ہوتے تو انھیں محروم واپس نہ لوٹایا جاتا یہاں تک کہ آپ کے جود وسخا کا چرچا کنعان تک جا پہنچا اور فرزندان یعقوب علیہ السلام طلب خوراک کے لیے حاضر ہوئے آپ نے انھیں پہچان لیا لیکن جتایا تک نہیں۔ ان کے اونٹوں کو بھی لاد دیا اور جو قیمت انھوں نے ادا کی وہ بھی چپکے سے ان کی خرجیوں میں رکھ دی اور فرمائش کی کہ دوبارہ آئیں تو اپنے چھوٹے بھائی کو بھی لیتے آئیں۔ وہ دوبارہ آئے پھر انھیں اپنی داد و دہش سے مالا مال کر دیا لیکن راز سے پردہ نہ اٹھایا۔ تیسری مرتبہ جب آئے تو اب وہ گھڑی آپہنچی تھی کہ آپ اپنا تعارف کرائیں جس انداز سے آپ نے اپنا تعارف کرایا وہ صرف آپ کو ہی زیبا ہے اور یہی باتیں آپ کی شان یوسفی کو چار چاند لگانے کا باعث بنتی ہیں۔ فرمایا هل علمتم ما فعلتم بیوسف واخیه کیا تمھیں یاد ہے جو سلوک تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا مبادا وہ حقیقت سے پردہ اٹھنے کے باعث شرمندگی محسوس کریں اس لیے فوراً فرما دیا اذ انتم جاهلون۔ یعنی اس وقت تم ناواقف اور بے خبر تھے۔ ساتھ ہی ان کے اس ظالمانہ رویہ کی خود ہی معذرت پیش کر دی اور انھیں یقین بھی دلا دیا کہ وہ مطمئن رہیں ان سے کوئی بازپرس نہیں کی جائے گی بھائی حیرت سے منہ تک رہے ہیں اس وقت بھی آپ کے دل میں نخوت کا کوئی جذبہ پیدا نہیں ہوا بلکہ فرما دیا قد من اللہ علینا بیشک ہم پر اللہ تعالیٰ نے یہ لطف و احسان فرمایا ہے کہاں سے اٹھایا اور کہاں پہنچا دیا لیکن اپنے پیغمبرانہ تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے اس حقیقت کو بھی عیاں کر دیا کہ ایسے لطف و احسان سے بہرہ ور ہونے کا طریقہ یہ ہے فرمایا انه من یتق ویصبر فان اللہ لا یضیع اجر المحسنین (بیشک جو شخص تقویٰ اختیار کرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایسے نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا) کیا بات ہے قدم قدم پر حقائق کے موتی لٹاتے ہوئے معارف کے گلستان اگاتے ہوئے منزل مقصود کی طرف بڑھ رہے ہیں یہ نہیں فرمایا کہ میں نے تقویٰ اور صبر اختیار کیا اس لیے ان احسانات کا مستحق قرار پایا کیونکہ اس میں غرور و ادعا کی آمیزش بھی ہو سکتی ہے اور یہ غلط فہمی بھی پیدا ہو سکتی تھی کہ یہ صرف آپ کی ذات والا صفات کے ساتھ مخصوص ہے بلکہ فرمایا من یتق ویصبر جو بھی تقویٰ کا لباس پہن کر صبر کی قندیل روشن کر کے آگے بڑھے گا رحمت خداوندی اس کی مخلصانہ جدوجہد پر اپنی قبولیت کے پھول نثار کرتی جائے گی۔ آئے جس میں ہمت ہے خود تجربہ کر کے دیکھ لے۔

صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کیلئے

ہجر و فراق کی طویل رات سحر آشنا ہو رہی ہے وہ روز سعید طلوع ہو رہا ہے جب بچھڑے ہوئے والدین اپنے نور نظر سے ملنے کے

لیے مصر پہنچ رہے ہیں حضرت یوسف ان کی پیشوائی کے لیے بڑے کروفر سے آگے جاتے ہیں۔ بڑی عزت و تکریم سے ان کا استقبال کرتے ہیں اور انھیں تخت پر بٹھاتے ہیں اس وقت گیارہ بھائی اور والدین حضرت یوسف کے سامنے سربسجود ہو جاتے ہیں حضرت کی زبان سے نکلتا ہے یابت ھذا تاویل رؤیای من قبل اے پدر مکرم یہ ہے میرے خواب کی تعبیر جو میں نے بچپن میں دیکھا تھا اس تعبیر کو بروئے کار لانے میں میرا کوئی کمال نہیں محض میرے پروردگار کی بندہ نوازی ہے۔ یہاں ان مشکلات کا مختصر ذکر بھی کر دیا تاکہ لطف و لذت میں اضافہ ہو۔ آخر میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ صمدیت میں دامن طلب پھیلا دیتے ہیں اور وہ چیز مانگتے ہیں جس کے مانگنے کے بعد دل کی ساری حسرتیں اور سارے ارمان پورے ہو جاتے ہیں اور آپ کا عقاب ہمت جو اب تک بلندیوں کی طرف پر کشا رہا ہے اپنی منزل تک پہنچ جاتا ہے عرض کی۔

فاطر السموات والارض انت ولیّ فی الدنیا والآخرة توفنی مسلما والحقنی بالصالحین گویا شمع ایمان کو فروزاں کر کے اس دار فنا سے دار بقا کی طرف کوچ کرنا اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی سنگت میں شامل ہو جانا ہی منزل یوسفی ہے۔

جو خواب آپ نے بچپن میں دیکھا وہ سچا خواب تھا اسے ضرور پورا ہونا تھا اور وہ پورا ہوا لیکن خواب دیکھنے والے کو تکمیل کی منزل تک پہنچنے کے لیے جن مرحلوں سے گزرنا پڑا وہ آپ کی اقتدا کرنے والوں کی نگاہ سے اوجھل نہیں ہونے چاہئیں ہمت، صبر، توکل اور رحمت خداوندی کی دستگیری سے ہی انسان اس رفیع منزل تک پہنچ سکتا ہے۔

قرآن کریم پر مستشرقین کا ایک بے بنیاد الزام یورپ کے مستشرقین قرآن کریم پر جہاں دوسرے بے سروپا اعتراضات کرتے ہیں وہاں بڑی شدومد سے یہ الزام بھی لگاتے ہیں کہ قرآن حکیم میں انبیاء سابقین کے جو واقعات مذکور ہیں وہ وحی ربانی نہیں بلکہ پیغمبر اسلام نے علماء اہل کتاب سے انھیں سنا اور پھر قرآن میں درج کر دیا اس الزام کی لغویت ثابت کرنے کے لیے ہمیں کسی خارجی دلیل کی ضرورت نہیں اگر آپ تورات و انجیل میں بیان کردہ قصص کا موازنہ قرآن کریم میں مذکورہ واقعات سے کریں گے تو حقیقت خود بخود اظہر من الشمس ہو جائے گی یوسف علیہ السلام کا واقعہ ہی لیجئے قرآن کریم نے اس واقعہ کو جس انداز سے بیان فرمایا ہے وہ کس قدر سبق آموز، بصیرت افروز اور عبرت انگیز ہے۔ ہر آیت روشنی کا ایک بلند مینار ہے جس کی تابانی سے تکمیل انسانیت کا راستہ جگمگا رہا ہے۔ قدم قدم پر حضرت یعقوب اور حضرت یوسف کی جلالت شان کے آثار دکھائی دیتے ہیں اسے پڑھ کر کامیاب و کامران زندگی گزارنے کا شوق دل میں انگڑائیاں لینے لگتا ہے لیکن یہی قصہ جب ہم تورات میں پڑھتے ہیں تو ہمیں ایک عام آدمی کی روکھی پھیکی داستان حیات معلوم ہوتی ہے جو ہر قسم کی جاذبیت اور کشش سے یکسر خالی ہے۔

اختصار کو مدنظر رکھتے ہوئے تورات کی کتاب پیدائش کے چند حوالے پیش کرتا ہوں۔ ان کا مقابلہ آپ آیات قرآنی سے کیجیے آپ یقیناً اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ اس واقعہ کا ماخذ تورات نہیں بلکہ وحی الٰہی ہے اسی لیے اس کا ہر جملہ حکمت و دانش کا وہ آئینہ ہے جس میں زندگی کی حقیقتیں بے نقاب نظر آ رہی ہیں۔

حضرت یوسف کا تعارف یوں کرایا جا رہا ہے:۔

یہ لڑکا اپنے باپ کی بیویوں بلہاہ اور زلفہ کے بیٹوں کے ساتھ رہتا تھا اور وہ ان کے برے کاموں کی خبر باپ تک پہنچا دیتا تھا۔

(کتاب پیدائش : باب ۳۷ - آیت ۲) یعنی یوسف کا کام چغلی کھانا تھا۔

آپ نے جب اپنا خواب اپنے والد محترم کو بتایا تو انھوں نے سن کر جو جواب دیا وہ ملاحظہ ہو:۔

"تب اس کے باپ نے اسے ڈانٹا اور کہا کہ یہ خواب کیا ہے جو تو نے دیکھا ہے۔ کیا میں اور تیری ماں اور تیرے بھائی سچ مچ تیرے آگے زمین پر جھک کر تجھے سجدہ کریں گے" (باب ۳۷ : آیت ۱۱)

اس کے بعد سورۃ یوسف کی آیات ۴ ، ۵ ، ۶ بھی تلاوت فرمائیے۔

یوسف کے بھائی آپ کو ٹھکانے لگا کر جب بکرے کے خون سے آپ کی قبا کو آلودہ کر کے لے آئے تو حضرت یعقوب کا ردِ عمل کیا تھا۔

"پھر انھوں نے یوسف کی قبا لے کر اور ایک بکرا ذبح کر کے اسے اس کے خون میں تر کیا...... سو وہ اسے ان کے باپ کے پاس لے آئے اور کہا کہ ہم کو یہ چیز پڑی ملی اب تو پہچان کہ یہ تیرے بیٹے کی قبا ہے یا نہیں اور اس نے اسے پہچان لیا اور کہا کہ یہ تو میرے بیٹے کی قبا ہے۔ کوئی بڑا درندہ اسے کھا گیا ہے۔ یوسف بیشک پھاڑا گیا تب یعقوب نے اپنا پیراہن چاک کیا اور ٹاٹ اپنی کمر سے لپیٹا اور بہت دنوں تک اپنے بیٹے کے لیے ماتم کرتا رہا" (باب ۳۷ - آیات ۳۲ ، ۳۳ ، ۳۴)

اس کے بعد سورۃ یوسف کی آیات ۱۶ ، ۱۷ ، ۱۸ ملاحظہ فرمائیے۔

جب یوسف علیہ السلام عزیز مصر کی بیوی سے دامن چھڑا کر بھاگے اور راستہ میں عزیز مصر سے مڈبھیڑ ہوئی تو زلیخا نے جو الزام لگایا اور اسی کے خاندان کے ایک گواہ نے جس طرح آپ کی برأت ثابت کی یہاں تک کہ عزیز کو بھی اپنی بیوی سے یہ کہنا پڑا "انک کنت من الخاطئین (بلاشبہ تو ہی خطاکار ہے) اس کا مطالعہ آپ سورہ یوسف میں کر چکے ہیں اب اسی واقعہ کو تورات کی زبان سے سنیئے۔

"جب اس کے آقا نے اپنی بیوی کی وہ باتیں جو اس نے اس سے کہیں سن لیں کہ تیرے غلام نے مجھ سے ایسا ایسا کیا تو اس کا غضب بھڑکا۔

اور یوسف کے آقا نے اس کو لے کر قید خانہ میں جہاں بادشاہ کے قیدی بند تھے ڈال دیا سو وہ وہاں قید خانہ میں رہا۔"

(باب ۳۹ : آیات ۱۹ ، ۲۰)

قید خانہ میں آپ کے نظربند کیے جانے اور بادشاہ کے ساقی اور باورچی کے خواب بیان کرنے کا تو ذکر ہے لیکن اس دعوت توحید کی طرف اشارہ تک بھی نہیں جس سے زندان مصر کی تاریک فضا نور توحید سے جگمگا اٹھی تھی۔

جب بادشاہ مصر نے وہ عجیب و غریب خواب دیکھا جس کی تعبیر کاہن اور دانشور نہ بتا سکے تو اس نے اپنے ساقی کو قید خانہ میں یوسف علیہ السلام کے پاس بھیجا اس وقت آپ نے جس سیر چشمی اور غیرت کا مظاہرہ کیا اس کی تفصیل آپ سورہ مذکورہ کی آیات ۴۵ تا ۵۲ میں ملاحظہ فرما چکے ہونگے اب یہاں بھی پڑھیے۔ فرق خود ہی واضح ہو جائے گا۔

"تب فرعون نے یوسف کو بلا بھیجا۔ سو انھوں نے جلد اسے قید خانہ سے باہر نکالا اور اس نے حجامت بنوائی اور کپڑے بدل کر فرعون کے سامنے آیا۔" (باب ۴۱ - آیت ۱۴)

بھائی جب پہلی بار آپ کے پاس آئے تو ان کی آمد کو ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے۔

"سو یوسف کے بھائی آئے اور اپنے سرزمین پر ٹیک کر اس کے حضور آداب بجالائے۔" (باب ۴۲ - آیت ۶)

پھر آپ اُن پر جاسوسی کا غلط الزام لگاتے ہیں۔

"یوسف نے تو اپنے بھائیوں کو پہچان لیا تھا پر انھوں نے اُسے نہ پہچانا اور یوسف ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ان سے کہنے لگا کہ تم جاسوس ہو کہ آئے ہو کہ اس ملک کی بری حالت دریافت کرو۔" (باب ۴۲ - آیت ۹، ۱۰)

بھائی اس الزام سے اپنی برأت ثابت کرتے ہیں لیکن آپ پھر انھیں کہتے ہیں۔

"تب یوسف نے ان سے کہا میں تو تم سے کہہ چکا کہ تم جاسوس ہو سو تمھاری آزمائش اس طرح کی جائے گی کہ فرعون کی حیات کی قسم تم یہاں سے جانے نہ پاؤ گے جب تک تمھارا سب سے چھوٹا بھائی یہاں نہ آجائے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ورنہ فرعون کی حیات کی قسم، تم ضرور ہی جاسوس ہو! اور اس نے ان سب کو تین دن تک اکٹھے نظر بند رکھا۔" (باب ۴۲ - آیت ۱۴، ۱۵، ۱۶، ۱۷)

حضرت یوسف کے پیراہن بھیجنے حضرت یعقوب کے یوسف کی خوشبو سونگھنے کا تورات میں ذکر تک بھی نہیں۔

جب مصر قحط میں مبتلا ہو گیا، زرخیز زمینیں بنجر بن گئیں۔ جہاں کبھی سرسبز و شاداب کھیت لہلہایا کرتے تھے وہاں خاک اڑنے لگی اور مصری قحط کی وجہ سے بھوکوں مرنے لگے تو تورات کے بیان کے مطابق حضرت یوسف نے جو سلوک اپنی رعایا سے کیا وہ منصب نبوت تو کجا کسی رحم دل حاکم کے شایان شان بھی نہیں بلکہ وہ ایک سنگدل اور بے رحم بنیے کا سلوک ہے۔ چنانچہ پہلے سال ہی غلہ اتنی گراں قیمت پر فروخت کیا گیا کہ قوم کی ساری پونجی ختم ہو گئی۔ دوسرے سال جب وہ غلہ کا مطالبہ کرنے کے لیے آئے تو ان کے سارے مویشی لے لیے گئے۔ تیسرے سال جب فاقہ کشیوں سے مجبور ہو کر یوسف کے پاس آتے ہیں تو یوسف اس شرط پر انھیں غلہ دینے پر رضامند ہوتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو اور اپنی ساری زمینوں کو فرعون کے نام پر فروخت کر دیں۔ تورات کا بیان ملاحظہ ہو۔

"اور اس سارے ملک میں کھانے کو کچھ نہ رہا کیونکہ کال ایسا سخت تھا کہ ملک مصر اور ملک کنعان دونوں کال کے سبب سے تباہ ہو گئے تھے اور جتنا روپیہ ملک مصر اور ملک کنعان میں تھا وہ سب یوسف نے اس غلہ کے بدلے جسے لوگ خریدتے تھے لے لیکر جمع کر لیا اور سب روپے کو اس نے فرعون کے محل میں پہنچا دیا۔" (باب ۴۷ - آیت ۱۳، ۱۴)

دوسرے سال جب غلہ لینے آئے تو انھوں نے کہا۔

"تو مصری یوسف کے پاس آکر کہنے لگے ہم کو اناج دے کیونکہ روپیہ تو ہمارے پاس رہا نہیں۔ ہم تیرے جیتے جی کیوں مریں۔ یوسف نے کہا اگر روپیہ نہیں ہے تو اپنے چوپائے دو اور میں تمھارے چوپایوں کے بدلے تم کو اناج دونگا۔" (آیت ۱۵، ۱۶)

چنانچہ انھوں نے سارے مویشی یوسف کو دے کر غلہ لیا! اور سال گزارا تیسرے سال وہ پھر غلہ کی طلب میں حاضر ہوئے تو اُن کی بے بسی اور خستہ حالی کا یہ عالم تھا کہ انھوں نے غلہ لینے کے معاوضہ میں اپنے آپ کو اور اپنی زرعی زمینوں کو فروخت کرنے کی پیش کش کر دی اور یوسف کو ذرا رحم نہ آیا بلکہ اس نے بڑی خوشی سے ان کی پیش کش کو قبول کیا اور فرعون کے نام پر انھیں بھی اور ان کی زمینوں کو بھی خرید لیا۔ تورات میں ہے:-

"سو تو ہم کو اور ہماری زمین کو اناج کے بدلے خرید لے کہ ہم فرعون کے غلام بن جائیں اور ہماری زمین کا مالک بھی وہی ہو جائے

اور ہم کو بیج دے تاکہ ہم ہلاک نہ ہوں بلکہ زندہ رہیں اور ملک بھی ویران نہ ہو اور یوسف نے مصر کی ساری زمین فرعون کے نام پر خرید لی۔ کیونکہ کال سے تنگ آکر مصریوں میں سے ہر شخص نے اپنا کھیت بیچ ڈالا سو ساری زمین فرعون کی ہو گئی۔"

(باب ۴۷۔ آیت ۱۹، ۲۰)

"تب یوسف نے وہاں کے لوگوں سے کہا کہ دیکھو میں نے آج کے دن تم کو اور تمہاری زمین کو فرعون کے نام پر خرید لیا ہے سو تم اپنے لیے یہاں سے بیج لو اور کھیت بو ڈالو۔" (باب ۴۷۔ آیت ۲۳)

یہ ہے سیرت یوسفی کا وہ خاکہ جو تورات میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کا موازنہ قرآن کریم سے کیجیے۔ آپ اگر انصاف اور حق طلبی کے جذبہ سے یکسر محروم نہیں کر دیے گئے تو مستشرقین کے اس اعتراض کی لغویت اور بیہودگی آپ کے سامنے عیاں ہو جائے گی اور آپ یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائیں گے کہ ہادی برحق پیغمبر اسلام علیہ اطیب التحیۃ واذکی السلام نے ان واقعات کو اہل کتاب سے سن کر بیان نہیں کیا، بلکہ براہ راست اللہ رب العالمین سے سنا اور لوگوں کو سنایا والحمد للہ رب العالمین۔

سُورَةُ يُوسُفَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَّإِحْدَى عَشْرَةَ آيَةً وَّاثْنَا عَشَرَ رُكُوعًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ یوسف مکی ہے اس کی آیتیں ۱۱۱ اور رکوع ۱۲ — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿١﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

الف لام۔ را[1] یہ آیتیں ہیں روشن کتاب کی۔[2] بیشک ہم نے اتارا اسے یعنی قرآن عربی کو تاکہ تم (اسے)

تَعْقِلُوْنَ ﴿٢﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ

خوب سمجھ سکو[3] ہم بیان کرتے ہیں آپ سے ایک بہترین قصہ[4] اس قرآن کے ذریعہ جو

---

[1] حروفِ مقطعات میں ان پر بحث پہلے گزر چکی ہے۔

[2] تلك جملہ ہے آیات الکتاب المبین خبر ہے مبین اسم فاعل ہے۔ آبان سے یہ لفظ بَانَ اور بَيّن کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ پہلی صورت میں یہ لازمی ہوگا اور اس کا معنی ہوگا ظَهَرَ یعنی اس کتاب کا کلام الٰہی ہونا ایک ایسی صداقت ہے جو اظہر من الشمس ہے کسی دلیل کی محتاج نہیں۔

دوسری صورت میں یہ متعدی ہوگا اور اظہر کے معنی میں مستعمل ہوگا۔ اس وقت اس کا مفہوم یہ ہوگا کہ یہ کتاب حق و باطل کو ظاہر کر دینے والی ہے۔

[3] انزلنٰہ کی ضمیر کا مرجع کتاب ہے یا قصہ یوسف۔ پہلی صورت میں اس کا معنی ہوگا کہ ہم نے اس کتاب کو عربی میں نازل کیا تاکہ تم اس کو بکثرت تلاوت کرو اور آسانی سے سمجھو۔ دوسری صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ قصہ یوسف جس کے متعلق اہل کتاب نے دریافت کیا ہے اسے ہم نے عربی زبان میں نازل کیا تاکہ اے اہل عرب! تم اسے سمجھو اور اس سے نصیحت حاصل کرو۔ قرآنًا عربیًّا کے منصوب ہونے کی وجہ بیان کرتے ہوئے علامہ ابن حیان لکھتے ہیں وانتصب قرآنا قيل على البدل من الضمير وقيل على الحال الموطئة (بحر محیط) یعنی قرآنًا بدل ہوگا انزلناہ کی ضمیر کا۔ میں نے یہی ترکیب ملحوظ رکھی ہے اور یا عربیًّا ضمیر کا حال ہوگا۔ اور قرآنًا بطور تمہید و تاکید حال ہوگا جیسے مررت بزيد رجلا صالحا۔ (قرطبی)

[4] القصص۔ قصّ سے مصدر ہے اس کا معنی ہے کسی چیز کا تتبع کرنا۔ چنانچہ حضرت موسیٰ کی والدہ نے جب آپ کو ایک تابوت میں رکھ کر دریا میں ڈال دیا تو انھوں نے حضرت موسیٰ کی بہن سے کہا وقالت لاخته قصيه کہ اس تابوت کے پیچھے جاؤ، دیکھو کدھر جاتا ہے کیونکہ قصہ گو واقعہ کو ایک ترتیب سے بیان کرتا ہے اس لیے اس کو قاص (تتبع کرنیوالا) کہتے ہیں۔ اس صورت میں معنی یہ ہوگا کہ ہم اس واقعہ کو بڑے احسن پیرایہ میں بیان کرتے ہیں۔ بعض علما کا خیال ہے کہ قصص قصہ کا ہم معنی ہے جو اسم ہے یعنی آپ کو ایک بہترین قصہ بیان کرتے ہیں۔ اس کو احسن القصص کہنے کی وجہ ظاہر ہے کیونکہ انسانی زندگی کے تمام کرداروں کو یہاں اس خوبی سے پیش کیا گیا ہے کہ ہر ایک کی حقیقت نکھر کر سامنے آگئی ہے اور اسی کے ضمن میں زندگی کے ان مسائل کو بیان کیا گیا ہے جن کا انسانی معاشرہ کے ساتھ گہرا تعلق ہے۔ اس میں توحید کے دلائل

اِلَیۡکَ هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ ٭ۖ وَ اِنۡ كُنۡتَ مِنۡ قَبۡلِهٖ لَمِنَ الۡغٰفِلِیۡنَ ③

ہم نے آپ کی طرف وحی کیا ہے۔ اگرچہ آپ اس سے پہلے غافلوں میں سے تھے۔ ؁

اِذۡ قَالَ یُوۡسُفُ لِاَبِیۡهِ یٰۤاَبَتِ اِنِّیۡ رَاَیۡتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوۡكَبًا وَّ

(یاد کرو) جب کہا یوسف نے اپنے والد سے کہ اے میرے محترم (باپ) میں نے (خواب میں) دیکھا ہے گیارہ ستاروں کو اور

الشَّمۡسَ وَ الۡقَمَرَ رَاَیۡتُهُمۡ لِیۡ سٰجِدِیۡنَ ④ قَالَ یٰبُنَیَّ لَا تَقۡصُصۡ

سورج اور چاند کو میں نے انہیں دیکھا کہ وہ مجھے سجدہ کر رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا اے میرے بچے ؁ نہ بیان کرنا

خوابوں کی تعبیر، سیاسی مسائل، معاشرہ کی پیچیدگیاں، معاشی اصلاح کی تدابیر، غرضیکہ تمام وہ امور جو دین و دنیا کی اصلاح میں موثر ثابت ہو سکتے ہیں بڑی عمدگی سے بیان کر دیئے گئے۔ فیھا ذکر التوحید والفقه والسیر وتعبیر الرؤیا والسیاسة والمعاشرة وتدبیر المعاش وجل الفوائد التی تصلح للدین والدنیا۔ (قرطبی)

؁ یعنی وحی الٰہی سے پہلے دوسرے لوگوں کی طرح اس واقعہ کا صحیح علم آپ کو بھی نہ تھا۔

؁ حضرت یوسفؑ کی عمر ابھی چھوٹی ہی تھی بعض روایات کے مطابق تیرہ سال اور بعض کے مطابق اس سے بھی کم کہ آپ نے یہ خواب دیکھا اور اپنے والد بزرگوار سے بیان کیا۔ آپ نے آیت میں ملاحظہ کیا کہ رَاَیۡتُ کا لفظ دو دفعہ مذکور ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پہلے آپ نے گیارہ چمکتے ہوئے ستاروں اور شمس و قمر کو دیکھا اور پھر دیکھا کہ وہ سجدہ کر رہے ہیں۔ یہ دونوں مشاہدے کیونکہ مستقل اہمیت کے حامل تھے اس لیے ان کو علیحدہ علیحدہ ذکر فرمایا۔ رایتھم کی ضمیر کا مرجع ستارے اور شمس و قمر ہیں۔ قاعدہ کے مطابق رأیتھا ہونا چاہیے تھا کیونکہ یہ غیر ذوی العقول ہیں لیکن ان سے طاعت و انقیاد کا جو فعل صادر ہوا ہے وہ ذوی العقول کا فعل ہے اس لیے ان کے لیے مذکر کی جمع استعمال کی۔ سجدہ کا لغوی معنی بھی یہاں مراد لیا جا سکتا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ انھوں نے آپ کے سامنے اپنی پیشانی زمین پر رکھ دی ہو۔ سجدہ تعظیمی کی بحث آگے آئے گی۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

؁ حضرت یعقوب علیہ السلام اپنے تمام فرزندوں سے زیادہ حضرت یوسفؑ سے محبت کیا کرتے تھے۔ تورات میں ہے اور اسرائیل یوسف کو اپنے تمام بیٹوں سے زیادہ پیار کرتا تھا کیونکہ وہ اس کے بڑھاپے کا بیٹا تھا اور اس نے اسے ایک بوقلمون قبا بھی بنا دی تھی۔ (پیدائش ۳:۳۷) میرے نزدیک محبت کی یہ وجہ درست نہیں ورنہ چاہیے یہ تھا کہ بنیامین سے سب سے زیادہ پیار کیا جاتا۔ کیونکہ وہ حضرت یوسف سے بھی زیادہ بڑھاپے کا بیٹا تھا۔ اس محبت کی حقیقی وجہ یہ تھی کہ ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات کی کہاوت کے مطابق حضرت یوسف کی سلیم الطبعی، شرافت اور مدارج عالیہ پر فائز کرنے والی صلاحیتوں کے آثار و انوار آپ کے چہرہ پر نمایاں تھے۔ اسی لیے حضرت یعقوب ان کو دل سے چاہتے تھے۔ بُنَیَّ ابن کی تصغیر ہے جو انتہائی محبت کی غمازی کر رہی ہے۔

رُءْيَاكَ عَلَىٰٓ إِخْوَتِكَ فَيَكِيدُوا لَكَ كَيْدًا ۖ إِنَّ الشَّيْطَٰنَ لِلْإِنسَٰنِ

اپنا خواب اپنے بھائیوں سے ۵۸ ورنہ وہ سازش کرینگے تیرے خلاف۔ بیشک شیطان انسان کا

عَدُوٌّ مُّبِينٌ ۝ وَكَذَٰلِكَ يَجْتَبِيكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِن تَأْوِيلِ

کھلا دشمن ہے ۵۹ اور اسی طرح چن لے گا تجھے تیرا رب ۶۰ اور سکھاوے گا تجھے باتوں کا انجام ۶۱

۵۸ جب معصوم یوسف نے یہ خواب اپنے والد بزرگوار سے بیان کیا تو آپ نے اس کی تعبیر بتانے سے پہلے یوسف کو ہدایت کرنا ضروری سمجھا کہ وہ اس عظیم خواب کا ذکر اپنے بھائیوں سے نہ کرے مبادا وہ درپے آزار ہوں۔ کیونکہ آپ کو معلوم تھا کہ بھائی ان سے حسد کرتے ہیں۔

۵۹ شیطان کا تو کام ہی لوگوں کو بہکاتے رہنا ہے۔ وہ برے کاموں اور سنگین جرموں کو بھی اتنا حسین اور دلکش بنا کر پیش کرتا ہے کہ اچھا بھلا عقلمند انسان بھی دھوکا کھا جاتا ہے۔ یہی شیطان تھا جس نے قابیل کے سامنے اپنے نیک نفس بھائی ہابیل کا قتل عین مصلحت بنا کر پیش کیا تھا اس لیے شیطان کی مکاریوں سے کوئی بعید نہیں کہ وہ تیرے بھائیوں کو تیرے خلاف اکسائے اور تجھے اذیت پہنچانے کے لیے ان کو برانگیختہ کرے اس لیے تم اپنے خواب کا ذکر اپنے بھائیوں کے سامنے نہ کرنا۔

۶۰ اجتبیٰ کی تحقیق کرتے ہوئے زجاج لکھتے ہیں کہ جَبَيْتُ الشَّيْءَ سے مشتق ہے۔ اس کا معنی ہے کسی چیز کو اپنے لیے مخصوص کر لینا قال الزجاج الاجتباء مشتق من جبيت الشيء اذا خلصته لنفسك (کبیر) علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں اجتباء الله العبد تخصيصه اياه بفيض الٰهي يتحصل له منه انواع من النعم بلا سعي من العبد وذلك للانبياء وبعض من يقاربهم من الصديقين والشهداء (مفردات)

یعنی اللہ تعالیٰ کا کسی بندے کو چن لینے کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بندے کو اپنے مخصوص فیض سے بہرہ یاب فرماتا ہے جس کی برکت سے اسے طرح طرح کی نعمتیں بغیر اس کی ذاتی کوشش کے حاصل ہوتی ہیں۔ اور یہ شرف انبیاء کو اور صدیقین اور شہداء کو بخشا جاتا ہے۔

۶۱ حضرت یعقوب اپنے فرزند ارجمند کو مزید خوشخبری سنا رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اسے خوابوں کی تعبیر کا ملکہ عطا فرمائے گا۔ امام رازی نے تاویل الاحادیث کا ایک اور مفہوم بھی بیان فرمایا ہے یعنی روحانی اور جسمانی مخلوقات سے اللہ تعالیٰ کی قدرت، حکمت اور اس کی جلالت شان پر استدلال کرنا۔ المراد من تاويل الاحاديث كيفية الاستدلال باصناف المخلوقات الروحانية والجسمانية على قدرة الله وحكمته وجلالته (کبیر)

الْاَحَادِیْثِ وَیُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكَ وَعَلٰۤى اٰلِ یَعْقُوْبَ كَمَاۤ اَتَمَّهَا

یعنی خوابوں کی تعبیر اور پورا فرمائے گا اپنا انعام تجھ پر [۱۲] اور یعقوب کے گھرانے پر جیسے اس نے پورا

عَلٰۤى اَبَوَیْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ۝۶

فرمایا اپنا انعام اس سے پہلے تیرے دو باپوں ابراہیم اور اسحٰق پر۔ یقیناً تیرا پروردگار سب کچھ جاننے والا بہت دانا ہے [۱۳]

لَقَدْ كَانَ فِیْ یُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖۤ اٰیٰتٌ لِّلسَّآىٕلِیْنَ ۝۷ اِذْ قَالُوْا

بے شک یوسف اور اس کے بھائیوں (کے قصہ) میں (عبرت کی) کئی نشانیاں ہیں دریافت کرنے والوں کے لیے [۱۴] جب بھائیوں نے

لَیُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰۤى اَبِیْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا

(آپس میں) کہا کہ یوسف اور اس کا بھائی زیادہ پیارا ہے ہمارے باپ کو ہم سے [۱۵] حالانکہ ہم ایک مضبوط جتھہ ہیں۔ یقیناً ہمارے والد

[۱۲] اس نعمت سے مراد دنیوی اور اخروی سعادتیں ہیں اور نعمت نبوت تمام نعمتوں سے افضل و برتر ہے۔

[۱۳] یعنی وہ خوب جانتا ہے کہ کونسی نعمت کسے دی جائے اس کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہیں۔

[۱۴] بھائیوں کا آپ سے حسد اور اس کا انجام حضرت یوسف کا انتہائی اشتعال انگیز حالات میں دامن عفت پر داغ نہ آنے دینا غربت اور غلامی کی رسوائیوں اور قید و بند کی سختیوں کو خوشی سے برداشت کرنا با اقتدار ہونے کے بعد اپنے ظالم بھائیوں کو معاف کر دینا حضرت یعقوب کا حزن و ملال اور پھر طویل فراق کے بعد وصال یہ ساری ایسی باتیں ہیں جن میں جتنا زیادہ غور کیا جائے گا اتنا ہی فطرت انسانی کے دقائق کھلتے چلے جائیں گے۔ نیکی، صبر، عفو و درگزر اور دیگر اخلاق حسنہ کی بالادستی پر یقین اتنا ہی پختہ ہوتا جائے گا اس لیے فرمایا کہ اسکے بھائیوں کے قصہ میں قوانین فطرت اور سنن الٰہیہ کے متعلق استفسار کرنے والوں کے لیے کھلی نشانیاں ہیں۔

حضرت یعقوب علیہ السلام کے بارہ بیٹے تھے۔ حضرت یوسف اور بنیامین ایک شادی کے شکم سے تھے۔ ان کا نام راحیل تھا اور تورات میں راحل ہے۔ یہ آپ کے ماموں کی لڑکی تھی۔ روبیل، شمعون، لاوی، یہودا، ریان اور شجر چھ بیٹے اور ایک بیٹی دینہ لیا کے بطن سے تھے جو راحیل کی بہن تھیں اور چار بیٹے دان، نفتالی، جاد اور آشر کنیزوں کی اولاد تھے۔ (مظہری)

[۱۵] حضرت یعقوب کی یوسف سے خصوصی محبت کے باعث بھائیوں کے دلوں میں حسد کا جذبہ پہلے ہی سلگ رہا تھا۔ اب اس خواب کے متعلق سنا تو وہ جذبہ بھڑک اٹھا۔ انھوں نے اپنے راستہ میں چبھنے والے کانٹے کو نکال پھینکنے کا فیصلہ کر لیا۔ باہمی مشورہ کے لیے اکٹھے ہوئے کہ ہم دس جوان بھائی ہیں۔ سارے کنبہ کا بوجھ ہم اٹھائے ہوئے ہیں کاروبار کی ساری ذمہ داری ہمارے کندھوں پر ہے۔ مویشی ہم چراتے ہیں۔ ان کی حفاظت ہم کرتے ہیں۔ اور یہ ہمارے والد ہیں کہ جب دیکھو یوسف کو گود میں اٹھائے ہوئے پچکار رہے ہوتے ہیں۔

لَفِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِۣ ۚۖ ۝٨ اِۨقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ

(ایسا کرنے میں) کھلی غلطی کا شکار ہیں ١٦ قتل کر ڈالو یوسف کو ١٧ یا دُور پھینک آؤ اسے کسی علاقہ میں (یوں) تنہا ہو جائے گا

وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝٩ قَالَ قَآئِلٌ

تمہاری طرف تمہارے باپ کا رخ اور ہو جانا اس کے بعد (توبہ کر کے) نیک قوم ١٨ (یہ سن کر) کہا ان میں سے ایک ١٩

اولاد کے بارے میں ان کا یہ رویہ قطعاً درست نہیں عصبة دس سے لے کر چالیس تک کے جتھہ کو کہتے ہیں العصبة من الرجال والخیل والطیر ما بین العشرة والاربعین کالعصابة (قاموس)

١٦ ضلال سے مراد یہاں عقیدہ کی گمراہی نہیں بلکہ ان دنیوی معاملات میں راہ اعتدال سے انحراف ہے۔ ان کا خیال تھا کہ ترجیحی سلوک عدل و انصاف کے منافی ہے لمراد منه الضلال عن رعاية المصالح فی الدنیا لا البعد عن طریق الرشد والصواب (کبیر) انھیں یہ بات سمجھ نہ آتی تھی کہ جوان توانا بیٹوں کو نظر انداز کر کے چھوٹے اور ضعیف بچوں سے اتنا پیار کہاں کی مصلحت اندیشی اور دانشمندی ہے۔ آج بھی جب کہ تمدن میں کئی انقلاب برپا ہو چکا ہے۔ ازمنہ قدیمہ کی طرح اولاد کی کثرت انسان میں قوت و شوکت کا شعور پیدا کر دیتی ہے وہ زمانہ جب کہ قبائل صحراؤں اور کھلے میدانوں میں بدویانہ زندگی بسر کرتے تھے اس وقت قبیلہ کی عزت و شوکت کا انحصار صرف قوت بازو پر تھا معاشی خوشحالی کے لیے کنبہ کا کثیر افراد پر مشتمل ہونا ضروری تھا آپ خیال کریں کہ اس سوسائٹی میں جوان بیٹوں کی کتنی اہمیت ہو گی۔ لیکن انھیں کیا معلوم کہ یعقوب کی حقیقت شناس نگاہیں یوسف کی طلعت زیبا میں سعادت، نجابت، شرافت اور نبوت کے وہ جلوے دیکھ رہی تھیں جن کا ان میں نام و نشان تک نہ تھا۔

١٧ تجویز پیش ہوئی کہ یا تو یوسف کو قتل کر دیا جائے یا اسے کسی دُور دراز علاقہ میں پہنچا دیا جائے جب یہ باپ کی آنکھوں سے نہاں ہو جائے گا تو اس کی ساری توجہ اور محبت کا مرکز ہم ہو جائیں گے۔

١٨ یہ پیغمبرزادے تھے بارہا یہ سنا تھا کہ کسی کو بلاوجہ قتل کرنا یا اسے اذیت پہنچانا جرم عظیم ہے اور اس پر اللہ تعالیٰ کی جانب سے سخت گرفت ہوتی ہے اس لیے کچھ گھبراہٹ محسوس کی ہو گی لیکن ان کے نفس حیلہ ساز نے انھیں سہارا دیا کہ گھبرانے کی کوئی بات نہیں۔ یوسف کو ٹھکانے لگانے کے بعد توبہ کر لیں گے اور نیک ہو جائیں گے۔ گناہ معاف ہو جائے گا اور عذاب بھی ٹال جائے گا۔ مجرم ذہنیتیں کچھ اسی طرح ہی سوچا کرتی ہیں۔ لیکن ایسے مجرموں کے دلوں کو وہ سوز و گداز وہ احساس ندامت، وہ اشکبار آنکھیں نصیب ہی کب ہوتی ہیں جو رحمت الٰہی کو اپنی طرف مائل کر سکتی ہوں۔ یہ بھی شیطان کا فریب اور نفس کا عظیم دھوکہ ہے۔ اس کا دوسرا مفہوم یہ بھی بتایا گیا ہے کہ یوسف کو قتل کرنے کے بعد تمہاری ساری دشواریاں دور ہو جائیں گی اور تمہارے معاملات درست ہو جائیں گے لیس المقصود ههنا صلاح الدين بل المعنى يصلح شانكم عند ابيكم ويصير ابوكم محبا لكم (كبير)

١٩ ایک بھائی (شمعون) نے کہا کہ یہ تجویز بڑی سنگدلانہ ہے۔ ایک معصوم بچے کو یوں بلاوجہ موت کے گھاٹ اتار دینا سخت معیوب بات ہے

مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ

کہنے والے نے کہا کہ نہ قتل کرو یوسف کو بلکہ پھینک دو اسے کسی گہرے کنوئیں کی تاریک تہ میں نکال لیں گے اسے کوئی

السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى

راہ چلتے مسافر۔ اگر تم نے کچھ کرنا ہی ہے (یہ طے کرنے کے بعد) انھوں نے (آکر) کہا اے ہمارے باپ! کیا ہوا آپ کو کہ آپ اعتبار ہی

يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ﴿۱۱﴾ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ

نہیں کرتے ہم پر یوسف کے بارے میں حالانکہ ہم تو اس کے سچے خیرخواہ ہیں[۲۱]۔ آپ بھیجیے اسے ہمارے ساتھ کل تاکہ خوب کھائے پئے اور کھیلے کودے[۲۲]

وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۱۲﴾ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ

اور کوئی فکر نہ کیجیے ہم اس کے نگہبان ہیں[۲۳]۔ آپ نے فرمایا بیشک مجھے غمزدہ بناتی ہے یہ بات کہ تم اسے لے جاؤ اور میں ڈرتا ہوں کہ

اگر تم یوسف کو سامنے سے ہٹانے کا فیصلہ کر ہی چکے ہو تو اسے کسی سنسان جنگل کے ویران تاریک کنوئیں میں پھینک دو۔ کوئی قافلہ گزرے گا تو اس کی آواز سن کر وہ اسے نکال لے گا اور اپنے ساتھ لے کر اپنے ملک میں چلا جائے گا۔ اس طرح ہمارا مقصد بھی پورا ہو جائیگا اور ایک بے گناہ کے خون ناحق سے ہمارا دامن بھی آلودہ نہ ہوگا۔ چنانچہ یہ تجویز بالاتفاق منظور ہوئی۔

۲۰۔ غیابہ اس چیز کو کہتے ہیں جو کسی چیز کو تیری آنکھوں سے چھپا دے۔ کنوئیں کی تہ کو بھی غیابہ کہا جاتا ہے کیونکہ وہ زیادہ گہرائی کی وجہ سے تاریک ہوتی ہے اور جو چیز اس میں گرے وہ کسی کو نظر نہیں آتی اور جُبّ: اس کنوئیں کو کہتے ہیں جو بہت گہرا ہو اور اس میں پانی زیادہ ہو۔ فی القاموس الجُبّ البئر الکثیرة الماء البعیدة القعر۔

۲۱۔ اب مشکل یہ درپیش تھی کہ اس تجویز کو عملی جامہ پہنائیں تو کیونکر حضرت یعقوب تو یوسف کو ایک لمحہ کے لیے بھی اپنی آنکھوں سے اوجھل نہیں ہونے دیتے تھے۔ چنانچہ آتے ہی آتے ہی آپ سے یہ شکایت کی کہ آپ ہم پر یوسف کے بارے میں اعتماد نہیں کرتے۔ آخر اس بے اعتباری کا باعث کیا ہے۔ ہم اس کے دشمن تو نہیں وہ ہمارا بھائی ہے ہمیں تو اس کی ہر طرح کی خیر خواہی مطلوب ہے۔ آپ کا ہمارے متعلق یہ خیال کرنا بہت بڑی زیادتی ہے النصح القیام بالمصلحة وارادة الخیر (مظہری)

۲۲۔ یہ کہنے کے بعد کہ ہم تو دل وجان سے یوسف کے خیر خواہ ہیں اور آپ ناحق ہم پر شک کرتے ہیں اب کہا کہ اگر آپ ہم پر اعتماد کرتے ہیں تو اسے کل سیر و تفریح کے لیے ہمارے ساتھ روانہ کیجیے۔ رتع کہتے ہیں جی بھر کر کھانا پینا رتع الانسان والابل اذا اکلا کیف شاءا کھیلنے سے مراد دوڑ، شکار کرنا، تیر اندازی وغیرہ جو شریعت میں مباح ہیں۔ ونتسع فی اکل الفواکه نلعب بالسباق والصید والرمی مما یباح اتیانه۔ (مظہری)

سورۂ یوسف سے متعلق علاقے

دوتن : جہاں برادرانِ یوسف نے حضرت یوسفؑ کو کنویں میں پھینکا
سکم : جہاں حضرت یعقوبؑ کی آبائی اراضی اور رہائش تھی جو اب نابلس کے نام سے مشہور ہے۔
حبرون : اسے مدینۃ الخلیل بھی کہتے ہیں۔ یہ حضرت یعقوبؑ کا مسکن تھا۔
ممفس : مصر کا قدیم دارالسلطنت جسے اب منف [illegible]
جوشن : حضرت یوسفؑ نے اس علاقہ میں بنی اسرائیل کو آباد کیا۔

دوتن
سکم
حبرون
جلعاد
دریائے اردن
بحر لوط
بیر شبع
وہ راستہ جس سے حضرت یوسف مصر گئے
وہ راستہ جس سے برادران و والدین یوسف مصر گئے
جوشن
ہیلیو پولیس
منف
مصر
دریائے نیل
جزیرہ نمائے سینا
خلیج سویز
خلیج عقبہ
بحر احمر

أَنْ يَأْكُلَهُ الذِّئْبُ وَأَنْتُمْ عَنْهُ غَٰفِلُونَ ﴿١٣﴾ قَالُوا لَئِنْ أَكَلَهُ

کہیں کھا نہ جائے اس کو بھیڑیا ۲۳ اور تم (سیر و تفریح کے باعث) اس سے بے خبر ہو۔ کہنے لگے اگر کھا جائے اسے

الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ إِنَّا إِذًا لَّخَٰسِرُونَ ﴿١٤﴾ فَلَمَّا ذَهَبُوا بِهِ وَ

بھیڑیا حالانکہ ہم ایک مضبوط جتھہ ہیں بلاشبہ ہم تو تب زیاں کار ہوئے ۲۵ پھر جب (بصد اصرار) اسے لے گئے ۲۶ اور

أَجْمَعُوا أَنْ يَجْعَلُوهُ فِي غَيَٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُم

سب نے یہی طے کر لیا کہ ڈال دیں اسے کسی گہرے کنوئیں کی تاریکیوں میں اور (عین اس وقت) ہم نے اس کی طرف وحی کی (گھبراؤ نہیں ۲۷) تم

۲۳؎ یعنی اس کی ہر طرح سے نگرانی کریجئے۔ اس طرح آپ کو ہمارے خلوص اور نیک نیتی کا پتہ چل جائیگا اور یہ بے اعتمادی ختم ہو جائے گی۔

۲۴؎ آپ نے اپنے دلی خدشات کا اظہار فرما دیا۔ اور ممکن ہے کہ ان کے بہانہ کی طرف اشارہ کر دیا ہو۔ امام فخر الدین رازی لکھتے ہیں کہ آپ کو معلوم تھا کہ بھیڑیا آپ کو نہیں کھا سکتا۔ لیکن آپ نے انھیں تنبیہ کی کہ وہ ان کی حفاظت میں تساہل نہ برتیں۔ ولعاف ان یاکلہ الذئب الزجر عن التهاون فی حفظه وان کان یعلم ان الذئب لا یصل الیه۔

۲۵؎ وہ اپنی طرف سے ان خدشات کا ازالہ کر رہے ہیں کہ ایسا نہیں ہو سکتا۔ ہم دس گرانڈیل جوان ساتھ ہوں تو بے چارے بھیڑیے کی کیا مجال کہ یوسف کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھے۔ اگر ہماری موجودگی میں یوسف کو گزند پہنچے تو پھر ہمیں مارے شرم کے ڈوب مرنا چاہیے۔

۲۶؎ حضرت یعقوب نے بادل نخواستہ اجازت دے دی۔ اس پر انھوں نے بڑی مسرت کا اظہار کیا اور یوسف کو بڑی محبت سے اپنے ساتھ لے چلے جب حضرت یعقوب کی نگاہوں سے اوجھل ہو گئے تو زد و کوب شروع کی۔ حضرت یوسف رحم طلب نگاہوں سے ایک ایک بھائی کے منہ کو دیکھتے لیکن بے سود۔ ہر ایک یہی طعنہ دیتا کہ بلاؤ ان گیارہ ستاروں کو اور چاند اور سورج کو جنھوں نے تجھے سجدہ کیا۔ چنانچہ اپنے منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے کے لیے وہ ایک مجوزہ کنوئیں پر پہنچے اور انھیں ڈول میں ڈال کر یا گلے میں رسی ڈال کر کنوئیں میں لٹکا دیا جب وہ درمیان میں پہنچے تو اوپر سے رسی کاٹ دی۔ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرئیل کو حکم دیا ادرك عبدی جاؤ میرے بندے کو جا کر سنبھالو۔ اس سے پیشتر کہ وہ سطح آب پر پہنچے جبرئیل نے آ کر آپکے نیچے پر بچھا دیئے اور ان کو سنبھال لیا۔

۲۷؎ ان روح فرسا لمحوں میں حضرت یوسف کے معصوم دل پر جو گزری ہوگی اس کا آپ آسانی سے تصور کر سکتے ہیں۔ اس دل شکستگی اور رنج و الم کی ان روح فرسا گھڑیوں میں حضرت یوسف کو یہ مژدہ سنایا جاتا ہے۔ یوسف گھبراؤ مت ایک درخشاں مستقبل تیرے لیے چشم براہ ہے۔ تجھے ہم آنا سرفراز کریں گے کہ تو یہ سب غم بھول جائے گا۔ تیرے یہ بھائی ایک دن تیرے دربار میں سائل کی حیثیت سے آئیں گے اور تو انھیں اس قصہ سے آگاہ کرے گا۔ ان کی آنکھیں ان رفعتوں کو دیکھنے سے قاصر ہیں جو ہم نے تیرے لیے مقدر فرما دی ہیں۔ انھیں معلوم ہی نہیں کہ تو ایک گوہر نایاب ہے جس کی قدر و قیمت کا یہ اندازہ بھی نہیں لگا سکتے۔ یہاں اوحینا بمعنی الهمنا ہے یعنی ہم نے یوسف کو بذریعہ الہام

بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٥﴾ وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ﴿١٦﴾

ضرور انھیں آگاہ کرو گے ان کے اس فعل پر اور وہ (تیرے رتبۂ عالی کو) نہیں سمجھتے اور آئے اپنے باپ کے پاس عشاء کے وقت گریہ زاری

قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا

کرتے ہوئے ۲۸ (آکر) کہا اباجی! ہم ذرا گئے کہ دوڑ لگائیں اور ہم چھوڑ گئے یوسف کو اپنے سامان کے پاس (ہائے افسوس!)

فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ﴿١٧﴾

کھا گیا اس کو بھیڑیا۔ اور آپ نہیں مانیں گے ہماری بات ۳۰ اگرچہ ہم سچے ہیں۔

وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ۭ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ

اور لے آئے اس کی قمیص پر جھوٹا خون لگا کر ۳۱ آپ نے فرمایا (غلط کہتے ہو یوں نہیں) ۳۲ بلکہ آراستہ کر دکھایا ہے تمہارے

یہ امور بتا دیئے ہیں بعض علماء کی یہ رائے بھی ہے کہ آپ کو اسی وقت شرف نبوت سے سرفراز کر دیا گیا تھا۔

۲۸؎ اس ناپاک منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے کے بعد دن بھر خوب سیر و تفریح کرتے رہے۔ عشاء کے وقت چیختے چلاتے اور شور مچاتے گھر لوٹے۔

۲۹؎ حضرت یعقوب تو پہلے ہی اتنی تاخیر پر مضطرب ہوں گے جب انھوں نے یہ شور و فغاں سنا ہو گا تو بے چین ہو گئے ہوں گے۔ پوچھا ہو گا کیا ہوا۔ کیوں رو رہے ہو۔ مجھے یوسف نظر نہیں آرہا وہ کہاں ہے؟ تو انھوں نے انتہائی فریب کاری سے یہ جواب دیا۔

۳۰؎ ہمیں یقین ہے کہ آپ ہماری اس بات کو مانیں گے نہیں، کیونکہ پہلے ہی آپ کا دل ہماری طرف سے صاف نہیں۔ لیکن آپ مانیں یا نہ مانیں جو قصہ ہم آپ سے بیان کر رہے ہیں یہ صوفی صد سچا ہے اس میں شک شبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔

۳۱؎ اس کے ساتھ انھوں نے ایک اور فریب کیا۔ ایک دنبہ یا ہرن ذبح کیا اور یوسف کی قمیص کو اس کے خون میں لت پت کر کے لے آئے اور اسے اپنے دعویٰ کی تصدیق کے لیے بطور ثبوت پیش کر دیا۔

۳۲؎ آپ نے یہ سن کر فرمایا یہ محض تمہارے نفسوں کی فریب کاری ہے اور تمہارے اس دعویٰ میں صداقت کا نام و نشان تک نہیں۔ یہ قمیص جو تم کسی کے خون میں لت پت کر کے لائے ہو یہ بھی صاف صاف بتا رہی ہے کہ تم غلط بیانی سے کام لے رہے ہو۔ اگر بھیڑیئے نے یوسف کو کھایا ہوتا تو کیا یہ قمیص جگہ جگہ سے پھٹ نہ گئی ہوتی۔ ایسا عقلمند بھیڑیا تو آج تک دیکھنے سننے میں نہیں آیا کہ اس نے آدمی کو تو کھا لیا ہو اور قمیص پر خراش تک نہ آنے دی ہو۔ سَوَّلَ کا معنی ہے مزین اور آراستہ کرنا سولت ای زینت۔ التسویل تزیین النفس لما تحرص علیه وتصویر القبیح بصورۃ الحسن۔ (مظہری)

أَنفُسُكُمْ أَمْرًا ۖ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ ﴿١٨﴾

تمھارے نفسوں نے اس سنگین جرم) کو سو اس جانکاہ حادثہ پر) صبرِ جمیل کرونگا ۳۳ اور اللہ تعالیٰ سے مدد مانگوں گا اس پر جو تم بیان کرتے ہو۔ ۳۴

وَجَاءَتْ سَيَّارَةٌ فَأَرْسَلُوا وَارِدَهُمْ فَأَدْلَىٰ دَلْوَهُ ۖ قَالَ يَا بُشْرَىٰ

اور (تھوڑی دیر بعد) ایک قافلہ آیا ۳۵ تو انہوں نے (پانی لانے کے لیے) اپنا آدمی بھیجا اس نے لٹکایا اپنا ڈول۔ وہ پکار اٹھا مژدہ باد! یہ

هَٰذَا غُلَامٌ ۚ وَأَسَرُّوهُ بِضَاعَةً ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ﴿١٩﴾ وَ

تو لڑکا ہے (کتنا حسین و رعنا) بچہ ہے! اور انہوں نے چھپا دیا اسے متاع (گراں بہا) سمجھتے ہوئے! اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے جو وہ کر رہے تھے۔ اور

۳۳ آپ نے فرمایا میں تو اس جانکاہ حادثہ پر صبرِ جمیل کرونگا۔ صبرِ جمیل اس صبر کو کہتے ہیں جہاں نہ شکوہ و شکایت ہو اور نہ جزع و فزع کا گزر ہو والصبر الجمیل ھو الذی لا جزع فیہ ولا شکوی۔ (قرطبی)

حضرت یعقوب علیہ السلام کی جلالت شان اور مقامِ نبوی کو یہی زیبا تھا کہ وہ دامن صبر کو مضبوطی سے تھام لیں اور کسی ایسی حرکت کا ارتکاب نہ کریں جو عام لوگوں سے ایسے موقعوں پر سرزد ہوتی ہے۔ لیکن تورات کا بیان اس کے برعکس ہے۔ "اور اس نے اسے پہچان لیا اور کہا کہ یہ تو میرے بیٹے کی قبا ہے۔ کوئی بُرا درندہ اسے کھا گیا ہے۔ یوسف بے شک پھاڑا گیا۔ تب یعقوب نے اپنا پیراہن چاک کیا اور ٹاٹ اپنی کمر سے لپیٹا اور بہت دنوں تک اپنے بیٹے کا ماتم کرتا رہا اور اس کے سب بیٹے بیٹیاں اسے تسلی دینے جاتے تھے پر اسے تسلی نہ ہوتی تھی۔ وہ یہی کہتا رہا کہ میں تو ماتم ہی کرتا ہوا قبر میں اپنے بیٹے سے جا ملوں گا۔ سو اس کا باپ اس کے لیے روتا رہا۔" (پیدائش ۳۷: ۳۳، ۳۴، ۳۵) قرآن کریم کی عظمت اور صداقت کا آپ اس ایک واقعہ سے ہی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

۳۴ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں ایک نفیس بحث لکھی ہے۔ فرماتے ہیں کہ جب حضرت یعقوب کو ان کی غلط بیانی کا یقین ہو گیا تھا تو وہ کیوں نہ یوسف کی جستجو میں نکلے اور کیوں آتشِ فراق میں برسوں جلتے رہے۔ اس کا جواب دیتے ہیں کہ اس امر کا تو واقعی یقین تھا کہ یوسف زندہ ہیں لیکن اس کے باوجود آپ کے خاموش ہو کر بیٹھے رہنے کی وجہ یہی ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو تلاش کرنے سے منع فرما دیا ہو تاکہ ان کے صبر و استقامت کا اچھی طرح امتحان ہو جائے۔ اور یا اس لیے کہ آپ کو یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ یوسف کی خود حفاظت کرے گا وہ خود ہی اس کا نگران ہے اور جس شاندار مستقبل کے متعلق پہلے ہی بتا دیا گیا ہے وہ ظاہر ہو کر رہیگا۔ لا جواب عنہ الا ان یقال انہ سبحانہ وتعالیٰ منعہ عن الطلب تشدیدا للمحنۃ علیہ وتغلیظا للامر علیہ۔۔۔۔۔ وایضا لعلہ علیہ السلام علم ان اللہ تعالیٰ یصون یوسف عن البلاء والمحنۃ وان امرہ سیعظم بالآخرۃ ثم لم یرد ھتک استار سرائر اولادہ۔۔۔۔۔ فلما وقع یعقوب علیہ السلام فی ھذہ البلیۃ رای ان الاصوب الصبر والسکوت وتفویض الامر الی اللہ تعالیٰ بالکلیۃ۔ (کبیر)

۳۵ ایک قافلہ شام سے مصر جا رہا تھا۔ ان کا گزر اس کنوئیں کے قریب سے ہوا اور یہ اتفاق پیش آیا۔ سیارۃ سیار کی مؤنث ہے۔ اس کا معنی قافلہ ہے یعنی وہ قوم جو سفر کر رہی ہو۔

شَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ﴿۲۰﴾

انھوں نے بیچ ڈالا یوسف کو حقیر سی قیمت پر چند درہموں کے عوض ۳۶ اور وہ (پہلے ہی) اس میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتے تھے ۳۷

وَقَالَ الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى

اور کہا اس شخص نے جس نے یوسف کو خریدا تھا ۳۸ اہل مصر سے اپنی بیوی کو عزت و اکرام سے اسے ٹھہراؤ ۳۹ شاید یہ

ادلی: ادلاء کا معنی ڈول کو کنوئیں سے نکالنا اور دلی کا معنی ڈول کا کنوئیں میں لٹکانا۔

وارد: اس شخص کو کہا جاتا ہے جو کنوئیں یا چشمہ وغیرہ پر جا کر قافلے کے لیے پانی کا انتظام کرے۔

یٰبُشْرٰی: یہ لفظ غایت تعجب و سرور کو ظاہر کرتا ہے جب اس آدمی نے ڈول باہر نکالا اور اس میں ایک چاند کو شرما دینے والا حسین بچہ دیکھا تو وہ فرط مسرت سے بے قابو ہو گیا اور پکار اٹھا یٰبُشْرٰی اے خوشخبری۔

۳۶ جب تیسرے دن یوسف کے بھائی خبر لینے کے لیے آئے تو ان کو کنوئیں میں نہ پایا لیکن وہاں ایک قافلہ کے فروکش ہونے کے نشانات موجود تھے۔ وہ اس قافلہ کے تعاقب میں نکلے جلد ہی وہ قافلہ انھیں مل گیا۔ اس میں یوسف کو پکڑ لیا اور بتایا کہ یہ ہمارا غلام ہے چند دن سے بھاگ آیا ہے۔ چنانچہ تھوڑی سی قیمت پر اس گوہر شہوار کو ان کے ہاتھ فروخت کر دیا۔

۳۷ یعنی ان کو یوسف سے کوئی دلچسپی نہ تھی نہ وہ اسے فروخت کر کے زیادہ روپیہ کمانے کے آرزو مند تھے۔ ان کے پیش نظر تو صرف یہ بات تھی کہ کسی طرح وہ باپ کی نظروں سے دور ہو جائے لانہ لم یکن قصدھم تحصیل الثمن انما کان قصدھم تبعید یوسف عن ابیہ (مظہری) علامہ راغب اصفہانی لفظ زاہد کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں الزھید الشیء القلیل لزاھد فی الشیء الراغب عنہ (مفردات) تھوڑی چیز کو زہید کہتے ہیں اور جو شخص کسی چیز سے بیزار ہو اس میں کوئی دلچسپی نہ لیتا ہو اس کو الزاھد فی الشیء کہا جاتا ہے۔

۳۸ جب وہ قافلہ مصر کے پایہ تخت منف (ممفس) میں پہنچا تو قافلہ والوں نے دوسرے سامان تجارت کے ساتھ آپ کو بھی فروختگی کے لیے پیش کیا۔ گلشن خلیل کا مہکتا ہوا پھول جب بازار مصر میں لایا گیا ہو گا تو ساری فضا معطر ہو گئی ہو گی۔ حسن و جمال کا ایسا مرقع نہ آنکھوں نے آج تک دیکھا اور نہ کانوں نے سنا۔ ایسے غلام کی آمد کی خبر آن واحد میں شاہی ایوانوں میں گھومنے لگی ہو گی اور دیکھتے ہی دیکھتے خریداروں کے ٹھٹ کے ٹھٹ لگ گئے ہوں گے۔ لوگوں نے بڑھ چڑھ کر قیمت پیش کرنے میں بخل سے کام نہ لیا ہو گا۔ آخر مصر کے ایک امیر کبیر شاہی دربار کے ایک اعلیٰ افسر نے خرید لیا اور آپ کے خریدار کا نام فوطی فار ہے چنانچہ بائیبل میں ہے "اور مدیانیوں نے اسے مصر میں فوطی فار کے ہاتھ جو فرعون کا ایک حاکم اور جلوداروں کا سردار تھا بیچا" (پیدائش ۳۷: ۳۶) قرآن حکیم نے اسے عزیز مصر کے لقب سے یاد فرمایا ہے۔

۳۹ عزیز مصر نے آپ کی لوح جبیں پر سعادت و نجابت کے نقوش دیکھ لیے تھے۔ بڑی محبت سے گھر لایا اور اپنی بیوی سے کہا کہ بڑا پیارا بچہ مل گیا ہے اس کے آرام و آسائش کا ہر وقت خیال رکھنا اس کی کسی طرح دل آزاری نہ ہو اس کی شکل و صورت کسی شاندار مستقبل کی غمازی کر رہی ہے۔ ہو سکتا ہے کسی دن ہمارے لیے یہ مفید ثابت ہو یا ہم اسے اپنا بیٹا ہی بنا لیں۔ اس عورت کا نام ایک روایت میں راعیل ہے

اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ

ہمیں نفع پہنچائے یا بنا لیں ہم اسے اپنا فرزند اور یوں (اپنی حکمت کاملہ سے) ہم نے قرار بخشا یوسف کو (مصر کی) سرزمین میں

وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ

اور تاکہ ہم سکھا دیں اسے خوابوں کی تعبیر ۔ ۴۱ اور اللہ تعالیٰ غالب ہے اپنے ہر کام پر ۴۲

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۲۱ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا

لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے ۴۳ اور جب وہ پہنچے اپنے پورے جوبن کو تو ہم نے عطا فرمائی انہیں

اور تلمود میں اس کا نام زلیخا ہے۔ شاید اسی روایت سے ہماری کتابوں میں وہ زلیخا کے نام سے مشہور ہوئی اصلها الیل وقیل زلیخا مثوی اسم ظرف ہے ٹھیرنے کی جگہ۔

۴۰ ایسے ملک میں جہاں کسی کو یوسف کے عظیم خانوادے کا علم تک نہ تھا جسے غلامی کی زنجیروں میں جکڑ کر مصر لایا گیا تھا جسے بیچنے والے بھی ایک جھگڑالو غلام تصور کرتے تھے۔ پھر وہ عام غلاموں کی طرح منڈی میں لایا گیا اور فروخت ہوا اس کے لیے اتنی عزت و آسائش کے سامان مہیا فرما دینا مصری مملکت کے ایک عظیم رئیس کے دل میں اس کے لیے پدرانہ شفقت بلکہ فدویانہ جذبہ پیدا کر دینا یہ اللہ تعالیٰ ہی کا کام ہو سکتا ہے۔

۴۱ یعنی جس طرح ہم نے اس پر یہ مہربانی فرمائی اسی طرح حضرت یعقوب کی بتائی ہوئی تعبیر کو بھی پورا کیا جائے گا اور اسے تاویل الاحادیث کا علم مرحمت فرمایا جائے گا۔

۴۲ اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہ ہو کر رہتا ہے۔ مشکلات کا ہجوم مخالفتوں کے طوفان اسباب و وسائل کا فقدان اس کے حکم کے وقوع پذیر ہونے میں رکاوٹ نہیں بن سکتے۔ بھائیوں کی ساری سازشوں کے باوجود اللہ تعالیٰ نے یوسف کو جہاں پہنچانے کا ارادہ فرمایا وہ ہو کر رہا۔

۴۳ عام لوگ ظاہری حالات پر نظر رکھتے ہیں اور یہ سمجھ لیتے ہیں کہ یہ کام ناممکن ہے۔ ان کی نگاہیں اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی حکمت سے ناواقف ہوتی ہیں۔ اس لیے وہ شک میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ورنہ قدرت خداوندی کے سامنے کوئی چیز مشکل نہیں۔

۴۴ عمر کا وہ حصہ جس میں انسان کی جسمانی اور عقلی قوتیں پوری طرح نشوونما پا لیتی ہیں اسے اشد کہتے ہیں حکماء کے نزدیک یہ تیس اور چالیس سال کے درمیانی عرصہ کا نام ہے یعنی جب آپ کی فطری صلاحیتیں پوری طرح رونما ہو چکیں تو اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی خصوصی نوازشات سے سرفراز فرمایا اور انہیں حکم اور علم عطا فرمایا۔ حکم سے مراد حکمت اور نبوت ہے اور علم سے مراد احکام شرعی کا علم یا خوابوں کی تعبیر کا علم۔ اور عظمت شان کے اظہار کے لیے دونوں کو نکرہ ذکر کیا۔ عن ابن عباس ان الحكم النبوة والعلم الشريعة وتنكيرهما للتفخيم (روح المعانی)

علامہ نظام الدین نیشاپوری حکم کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ آپ کے نفس مطمئنہ کو نفس امارہ پر حاکم بنا دیا کیونکہ عالم قدس سے جوہر نفس

وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِىْ هُوَ فِىْ

نبوت اور علم۔ اور یونہی ہم نیک جزا دیتے ہیں اچھے کام کرنے والوں کو ۴۵ اور بہلانے پھسلانے لگی انہیں ۴۶ وہ عورت جس کے گھر

بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ

میں آپ رہتے تھے کہ ان سے طلب برائی کرے اور (ایک دن) اُس نے تمام دروازے بند کر دیئے اور (بصد ناز) کہنے لگی بس آ بھی جا۔

مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّىْٓ اَحْسَنَ مَثْوَاىَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾

یوسف (پاکباز) نے فرمایا خدا کی پناہ! (یوں نہیں ہو سکتا) وہ (تیرا خاوند) میرا محسن ہے اس نے مجھے بڑی عزت سے ٹھہرایا ہے بیشک ظالم فلاح

انوارِ الٰہیہ و ربانی تجلیات کا فیضان فقط اسی وقت ہوتا ہے فحینئذٍ تفیض الانوار القدسیة والاضواء الالٰهیة من عالم القدس علی جوهر النفس (تفسیر ضیاء الوسی) یہاں علامہ مذکور نے بڑی نفیس بحث لکھی ہے جو مطالعہ کے قابل ہے۔

۴۵ یعنی ہمارے یہ احسانات صرف حضرت یوسف تک محدود نہیں بلکہ جو بھی صبر، استقامت عصمت و طہارت اور دیگر خصائلِ حمیدہ سے اپنے آپ کو متصف کریگا ہم اسے بھی ان نوازشات سے بہرہ ور فرمائیں گے۔

۴۶ کچھ ہی عرصہ گزرا کہ عزیز کی بیوی آپ کے حسن و جمال پر فریفتہ ہو گئی لیکن اس کے لیے یوسف جیسے پاکباز جوان سے یکبارگی اظہارِ مدعا کرنا آسان نہ تھا اس نے نسوانی فطرت کے مطابق انہیں اپنا صید زبوں بنانے کے لیے سینکڑوں جتن کیے ہوں گے اور آپ سے بے تکلف ہونے کی ہر ممکن کوشش کی ہوگی۔ رَاوَدَتْ: کا لفظ اسی امر کی طرف اشارہ کر رہا ہے المراودة المطالبة برفق من رادَ یرودُ اذا ذهب وجاء یعنی مراودہ تو کہتے ہیں بڑی نرمی اور لطائف الحیل سے کسی چیز کی طلب کرنا اس کا اصل راد یرود ہے اس کا مفہوم آنا جانا آمد و رفت رکھنا ہے۔ لیکن جب اس جوان صالح کی بے نیازیوں نے اس کے تمام حیلوں کو ناکام بنا دیا تو اس نے آخری قدم اٹھایا۔ یوسف کو اپنے پاس بلایا اور اپنے خلوت خانہ کے تمام دروازے بند کر دیئے اور جب بالکل تنہائی ہو گئی تو شرم و حیا کے تمام آداب کو پس پشت پھینکتے ہوئے کہنے لگی "هَيْتَ لَكَ" هیت کی حرکات و سکنات کے متعلق بڑی طویل بحثیں کی گئی ہیں۔ لیکن حضرت ابن مسعود کی اس روایت کے بعد کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے هَيْتَ لَكَ پڑھایا ہے (ھا اور تا دونوں پر فتح) مزید قیل و قال کی کوئی گنجائش ہی نہیں رہتی۔ علماء نے اس بارے میں بھی اختلاف کیا ہے کہ یہ لفظ عربی ہے یا عجمی۔ کسی نے اسے حورانی کسی نے عبرانی اور سریانی اور ایک صاحب نے اسے قبطی بھی کہا ہے لیکن صحیح قول وہ ہے جو مجاہد سے منقول ہے کہ یہ لفظ عجمی نہیں بلکہ عربی ہے کسی چیز پر برانگیختہ کرنے اور اس کی طرف توجہ دلانے کے لیے استعمال ہوتا ہے قال مجاهد وغیرہ هی لغة عربیة وهی کلمة حث واقبال علی شیء (مظہری وغیرہ)

علامہ ابو حیان نے لکھا ہے هیت اسم فعل بمعنی اسرع (یعنی) یہ اسم فعل ہے اور جلدی کرو کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا ۚ لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ۚ كَذٰلِكَ

نہیں پاتے اور اس عورت نے تو قصد کر لیا تھا ان کا اور وہ بھی قصد کرتے اس کا اگر نہ دیکھ لیتے اپنے رب کی (روشن) دلیل۔ یوں ہوا

۵۲ آپ خیال فرمائیے عزیز مصر کے محل کی ایک خلوت گاہ ہے۔ اس کے سارے دروازے بڑے اہتمام سے مقفل کر دیئے گئے ہیں۔ مکمل تنہائی ہے۔ اس عالم میں آپ زلیخا کی اس اشتعال انگیز درخواست بلکہ تقاضا کو ٹھکرا دیتے ہیں۔ آپ کے جواب کے ہر لفظ سے پیغمبرانہ جلالت متانت اور بخت ظاہر ہو رہی ہے۔ پہلے فرمایا معاذ اللہ یعنی میرا معبود برحق اس فعل قبیح کو ناپسند کرتا ہے۔ میں ایسے جرم سے اس کی پناہ مانگتا ہوں۔ پھر فرمایا انّہٗ ربی تو عزیز مصر کی آبرو ہے۔ جس نے مجھ پر اس غریب الوطنی میں اتنا احسان اور مروت کی ہے۔ بھلا میں ایسے محسن کی آبرو کو کیسے داغدار کر سکتا ہوں۔ آخر میں جملہ الٰہیہ میں سے مکافاۃ عمل کے اٹل قانون کی طرف بھی اشارہ کر دیا کہ جو شخص اپنے محسن کے ساتھ برائی کرتا ہے وہ ظالم ہے اور ظلم کرنے والا کبھی کامران نہیں ہو سکتا۔ کتنے حکیمانہ اور باوقار انداز میں زلیخا کو بتا دیا کہ یہ سودا بڑا مہنگا ہے۔ یوسف اس کے لیے ہرگز تیار نہیں۔

معاذ اللہ ان مصادر میں سے ہے جن کے فعل کا محذوف ہو جانا واجب ہے جیسے سبحان اللہ۔

ربّی کے متعلق اکثر علماء کا یہی خیال ہے کہ اس سے مراد عزیز مصر ہے کیونکہ رب بمعنی سید اور مربّی (پرورش کرنے والا) عام مستعمل ہے اور بعض علماء کی یہ رائے ہے کہ ربّی سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکات ہے۔

۵۳ یہ آیت بڑی معرکۃ الآرا ہے۔ اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ اس کے متعلق تفصیل سے لکھا جائے تاکہ حقیقت منکشف ہو اور کسی قسم کا شبہ دل میں خلجان پیدا نہ کرے۔ اس آیت میں ھمّ کا لفظ دو دفعہ مذکور ہے لیکن دونوں کے فاعل جدا جدا ہیں۔ ھمّت کا فاعل عزیز کی بیوی ہے اور دوسرے ھمّ کا فاعل حضرت یوسف ہیں۔ اب جس چیز کو دیکھنا یہ ہے کہ کیا یہ دونوں فعل ایک ہی معنی میں مستعمل ہوئے ہیں یا ھمّت فعل کا معنی اور ہے اور ھمّ کا اور ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ھمّ بہا مستقل جملہ ہے اور لولا ان راٰ برھان ربہ شرط ہے اور اس کی جزا محذوف ہے۔ اس جملہ شرطیہ کا پہلے کلام سے کوئی تعلق نہیں۔ اس رائے کے حاملین پھر اس بات میں باہم مختلف ہیں کہ کیا ان دونوں فعلوں کا ایک ہی معنی ہے یا الگ الگ۔ ان میں سے ایک جماعت کا خیال ہے کہ ھمّت کا معنی ہے کسی چیز کا عزم اور قصد کرنا اور ھمّ بہا میں عزم و قصد کا معنی نہیں بلکہ محض میلان طبع مراد ہے۔ ان کے خیال کے مطابق آیت کا معنی یہ ہوگا کہ زلیخا نے تو اس حرکت کے ارتکاب کا عزم مصمم کیا لیکن حضرت یوسف کے دل میں محض میلان طبع کا ظہور ہوا۔ لیکن یہ معنی بیان کرنے میں لغت سے زیادہ عقیدت کو دخل ہے۔ جو شخص حضرت یوسف کی نبوت کا قائل نہیں یا نبی کا معصوم ہونا ضروری نہیں سمجھتا۔ اس کو آپ کیسے مطمئن کریں گے۔ اگر وہ یہ اصرار کرے کہ پہلا فعل جس کا اسناد زلیخا کی طرف ہے۔ اس کا معنی محض میلان طبع ہے اور دوسرے فعل کا معنی عزم و قصد ہے تو ہم اسے کیونکر قائل کر سکیں گے۔ دوسری جماعت کا خیال ہے کہ دونوں کا معنی ایک ہے یعنی کسی کام کے کرنے کا عزم اور قصد کرنا۔ وہ کہتے ہیں زلیخا نے بھی اس فعل کا قصد و عزم کیا اور آپ بھی (نعوذ باللہ) بالکل تیار ہو گئے۔ لیکن اس سے ملوث نہیں ہوئے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی دلیل نمودار ہو گئی تھی۔ امام فخر الدین رازی اور دیگر محققین نے ان لوگوں پر سخت تنقید کی ہے اور ان کے

اس قول پر انتہائی ناگواری اور ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔ اور اسے حضرت یوسف کے دامن عصمت پر ایک بدنما بہتان قرار دیا ہے۔
چونکہ حضرت امام رازی نے اس مسئلہ کو بڑی شرح وبسط سے لکھا ہے اس لیے انہیں سے استفادہ کرتے ہوئے اس گتھی کو سلجھانے کی بتوفیق اللہ کوشش کروں گا۔ وہ فرماتے ہیں لولا ان رآ برھان ربہ شرط مؤخر ہے اور ھم بھا جزا مقدم ہے اس صورت میں آیت کا معنی یہ ہوگا کہ زلیخا نے تو اس فعل کا عزم مصمم کیا اور اگر یوسف برہان الٰہی کو نہ دیکھتے تو وہ بھی ان انتہائی اشتعال انگیز حالات میں اس فعل کا عزم اور قصد کر تے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ آپ نے کیونکہ برہان الٰہی کا مشاہدہ فرمایا اس لیے ان سے اس فعل کا عزم وقصد وقوع پذیر نہیں ہوا۔ علامہ موصوف نے اپنے موقف کو ثابت کرنے کے لیے متعدد زوردار دلائل پیش کیے ہیں۔ میں ان میں سے صرف ایک کے ذکر کرنے پر اکتفا کروں گا۔ آپ فرماتے ہیں کہ آؤ ان سے پوچھیں جن کا اس واقعہ کے ساتھ براہ راست تعلق تھا کہ کیا حضرت یوسف نے عزم وقصد کیا تھا یا نہیں۔ جو فیصلہ وہ دیں اس کو تسلیم کرنے میں تو کسی کو تذبذب نہیں ہونا چاہیے۔ فرماتے ہیں کہ جن کا اس واقعہ سے براہ راست تعلق تھا وہ یہ ہیں:۔

خود حضرت یوسف۔ زلیخا۔ اس کا خاوند۔ زنانِ مصر۔ گواہ خود رب العالمین۔

یوسف علیہ السلام کا اپنا بیان یہ ہے ھی راودتنی عن نفسی کہ اس عورت نے مجھے طرح طرح سے پھسلانا چاہا۔ پھر آپ کا یہ دعا فرمانا رب السجن احب الی مما یدعوننی الیہ اے اللہ جس بری حرکت کی طرف مجھے وہ بلاتی ہیں اس سے تو قید خانہ زیادہ پسند ہے۔ عزیز کی بیوی نے دوبار آپ کے دامن کی پاکی کا اعتراف کیا۔ پہلی مرتبہ اس نے زنانِ مصر کے سامنے کہا ولقد راودتہ عن نفسہ فاستعصم اور دوبارہ جب بادشاہ مصر نے یوسف علیہ السلام کو قید خانہ سے رہا کر کے اپنے دربار میں لے آنے کا حکم دیا تو حضرت یوسف نے اس کی اس دعوت کو قبول نہ کیا بلکہ فرمایا کہ جب تک مجھ پر لگائے ہوئے بہتان کی تحقیق نہ ہو جائے میں جیل سے نکلنے کے لیے تیار نہیں۔ اس وقت زلیخا نے پھر برملا کہا الآن حصحص الحق انا راودتہ عن نفسہ وانہ لمن الصادقین اور عزیز مصر نے تو اسی وقت ہی کہہ دیا تھا انہ من کیدکن ان کیدکن عظیم یہ سب تمہارا مکر ہے۔ یوسف بے گناہ ہے۔ اور اس گواہ نے بھی گواہی دی کہ اگر اس کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی ہے تو یہ سچا ہے اور سب سے سچا گواہ اللہ جل مجدہ ہے۔ اس نے بھی آپ کی پاکدامنی کی شہادت دی اسی آیت میں فرمایا لنصرف عنہ السوء والفحشاء انہ من عبادنا المخلصین یعنی یوسف تو ہمارے چنے ہوئے بندوں میں سے ہے اس سے تو ہم نے ہر قسم کی برائی اور فحشا کو دور کر دیا ہے۔ اس کے بعد امام فرماتے ہیں کہ اور تو اور خود ابلیس نے کہہ دیا کہ یوسف کا دامن اس داغ سے پاک ہے فبعزتک لاغوینھم اجمعین الا عبادک منھم المخلصین یعنی مجھے تیری عزت کی قسم میں ان سب کو راہ راست سے بھٹکا دوں گا لیکن تیرے مخلص بندوں پر میرا داؤ نہیں چل سکتا اور یوسف بارشاد الٰہی مخلصین میں سے ہیں اس لیے شیطان کے فریب میں نہیں آ سکتے۔

ابھی ایک چیز حل طلب باقی ہے اہل لغت میں سے زجاج نے ھم بھا کو جزا مقدم بنانے سے انکار کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ جزا کی تقدیم شاذ ہے اور کلام فصیح میں موجود نہیں ان تقدیم جواب لولا شاذ وغیر موجود فی الکلام الفصیح اس کا امام نے یہ جواب دیا ہے کہ بیشک احسن یہی ہے کہ جزا شرط سے مقدم نہ ہو لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اگر کسی معنوی اہمیت کے پیش نظر اس کو مقدم

لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ۭ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۲۴﴾

تاکہ ہم دور کردیں یوسف سے برائی اور بے حیائی کو۔ بیشک وہ ہمارے ان بندوں میں سے تھا جو چن لیے گئے ہیں ۳۹

کردیا جائے تو یہ غلط ہے بلکہ علامہ ابی حیان نے تصریح کی ہے کہ جزاء کو شرط پر مقدم نہ کرنے کا قاعدہ نحویوں کے نزدیک متفقہ نہیں ہے۔ کوفیوں نے تو اس تقدیم کو بالکل جائز قرار دیا ہے۔ اور بصریوں میں سے ابوزید انصاری اور مبرد جیسے بلند پایہ عالم اس کے جواز کے قائل ہیں۔ (بحر)

زجاج نے دوسرا اعتراض یہ کیا ہے کہ لولا کی جزاء پر لام آنا ضروری ہے اگر هم بها جزائے مقدم ہوتی تو اس پہ لام ضرور داخل ہوتا۔ لام کا نہ ہونا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ اس کا لولا کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ امام رازی نے اس کا یہ جواب دیا کہ لام کا جزاء پہ لے آنا جائز ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ لام کے بغیر جزاء آ ہی نہیں سکتی۔ پھر انھوں نے یہ آیت بطور استشہاد پیش کر کے زجاج کے دونوں اعتراضوں کو رد کردیا۔ ان کانت لتبدی به لولا ان ربطنا علی قلبها یہاں تو بالاتفاق ان کانت لولا کی جزاء ہے۔ یہ مقدم بھی ہے اور اس پر لام بھی نہیں اور اگر اس پر کوئی بضد ہی ہو کہ لولا کی جزاء مقدم نہیں ہوسکتی تو ہم کہیں گے کہ چلو ہم مان لیتے ہیں کہ هم بها جزاء نہیں ہے کیونکہ یہ مقدم ہے اور تمھارے خیال میں اگر اس مقدم کو جزاء مان لیا گیا تو آسمان گر پڑے گا لیکن وہ کیا جزاء ہے جس کو تم مقدر مانتے ہو۔ قاعدے کے مطابق اسی چیز کو مقدر مانا جاسکتا ہے جس پر کلام سابق دلالت کرے اس لیے جو جزاء مقدر مانی جائے گی وہ یہی هم بها ہی ہوگی جس پر کلام سابق دلالت کر رہا ہے اس صورت میں بھی معنی وہی رہیگا جو ہم نے بیان کیا ہے۔

اس سلسلہ میں بعض اسلاف کے اقوال سے استدلال کیا جاتا ہے کہ فلاں فلاں نے یہ کہا کہ حضرت یوسف نے عزم و ارادہ کیا تھا۔ امام رازی اور ابوحیان اور دیگر محققین نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ یہ اقوال آپس میں اتنے متضاد ہیں اور ایک دوسرے کی تکذیب کر رہے ہیں کہ انھیں صحیح تسلیم نہیں کیا جاسکتا نیز کسی مستند روایت سے ان اسلاف سے ثابت بھی نہیں جن کی طرف انھیں منسوب کیا جاتا ہے علامہ ابوحیان رقم طراز ہیں:

واما اقوال السلف فنعتقد انه لا یصح عن احد منهم شیئ من ذالك لانها اقوال متكاذبة يناقض بعضها بعضاً اس کے بعد وہ لکھتے ہیں۔ قد طهرنا كتابنا هذا عن نقل ما في كتب التفسير مما لا يليق ذكره واقتصرنا على ما دل عليه لسان العرب (بحر)

یعنی ہم نے اپنی کتاب کے صفحات کو ایسی روایات کے نقل کرنے سے پاک رکھا ہے اور آیت کی توضیح کرتے ہوئے لغت عرب کے قواعد پر اعتماد کیا ہے۔ برهان ربه برہان سے مراد حرمت زنا کی وہ قطعی دلیل جو آپ کو معلوم تھی یا آپ کی جبلی طہارت اور فطری عصمت جو نفوس انبیاء کا خاصہ لازمہ ہے۔ حضرت ابن عباس سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ نے حضرت یعقوب علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ دانتوں میں انگلی دبائے کھڑے ہیں لنصرف عنه السوء۔ سوء سے مراد گناہ صغیرہ اور فحشاء سے مراد گناہ کبیرہ ہیں۔

۳۹؎ مُخلِصین اور مُخلَصین: پہلی قرأت کے مطابق اس سے مراد وہ لوگ ہوں گے جنھوں نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے لیے اپنے آپ کو خالص کرلیا۔ الذین اخلصوا الطاعة لله اور دوسری قرأت کے مطابق وہ مراد ہوں گے جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی رسالت کے لیے

وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيصَهُ مِنْ دُبُرٍ وَّأَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا

اور دونوں دوڑ پڑے دروازہ کی طرف۵۰ اور اس عورت نے پھاڑ ڈالا اس کا کرتہ پیچھے سے اور (اتفاق ایسا ہوا کہ) ان دونوں نے کھڑا پایا اس کے

الْبَابِ ۚ قَالَتْ مَا جَزَاءُ مَنْ أَرَادَ بِأَهْلِكَ سُوءًا إِلَّا أَنْ يُسْجَنَ أَوْ

خاوند کو دروازے کے پاس۵۱ جھٹ بول اٹھی (اپنے سرتاج سے) کیا سزا ہے اس کی جو ارادہ کرے تیری بیوی کے ساتھ برائی کا بجز اس کے

عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢٥﴾ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِي عَنْ نَفْسِي وَشَهِدَ شَاهِدٌ

کہ اسے قید کر دیا جائے یا اسے دردناک عذاب دیا جائے۔ آپ نے (جواباً) فرمایا (میں نے نہیں بلکہ) اس نے پھسلانا چاہا ہے مجھے کہ مطلب براری کرے

مِّنْ أَهْلِهَا ۚ إِنْ كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ

اور گواہی دی ایک گواہ نے جو اس عورت کے خاندان سے تھا (کہ دیکھو) اگر یوسف کی قمیص آگے سے پھٹی ہوئی ہے تو اس نے سچ کہا اور وہ

چُن لیا ہے "الذین اخلصہم اللہ برسالتہ" اور حضرت یوسف ان دونوں وصفوں سے موصوف تھے۔

۵۰؎ آپ کے انکار کے باوجود جب اس کا اصرار بڑھتا ہی گیا تو آپ نے وہاں سے بھاگ نکلنے میں ہی عافیت سمجھی لیکن دروازے تو سب بند تھے اور انھیں قفل لگا کر کنجیاں زلیخا نے اپنے پاس رکھی ہوئی تھیں (وغلقت الابواب) اب یہاں سے نکلیں تو کیونکر۔ دل ہی دل میں عرض کی مولا! بھاگنا میرا کام ہے اور دروازے کھولنا تیرا کام۔ جب بھاگے تو تالے ٹوٹتے گئے اور دروازے خود بخود کھلتے گئے۔ آخری دروازے پر پہنچے جو محل کے صحن میں کھلتا تھا تو پیچھے سے زلیخا نے آ لیا اور آپ کا پیراہن پکڑ لیا۔ یہاں تک کہ وہ پھٹ گیا۔ آپ اس کشمکش کی شدت کا باسانی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ یونہی ہاتھ لگانے سے تو کپڑا پھٹ نہیں جاتا اور حضرت یوسف کا لباس تو بڑا عمدہ اور نیا ہوگا اس کے پھاڑنے میں تو زلیخا کو بھی کافی زحمت ہوئی ہوگی جس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ حضرت یوسف پوری قوت سے دروازے کی طرف دوڑے جا رہے تھے پیچھے سے زلیخا بڑی تیزی سے لپکی اور پوری طاقت سے آپ کی قمیص کو کھینچ کر آپ کو روکنا چاہا۔ آپ اسی سرعت کے ساتھ آگے بڑھے۔ اس طرح پیراہن پیچھے سے پھٹ گیا۔

۵۱؎ باہر نکلے تو دیکھا کہ عزیز مصر کھڑا ہے۔ زلیخا اپنے خاوند کو دیکھ کر سہم گئی لیکن فوراً سنبھلی اور حضرت یوسف پر دست درازی کا الزام لگا دیا تاکہ اپنے آپ کو بے گناہ ثابت کر سکے۔ جب عزیز مصر نے اپنی بیوی سے یہ بات سنی ہوگی تو اس کے دل میں فوراً یہ خیال پیدا ہوا ہوگا کہ کتنا ناشکر گزار اور احسان فراموش ہے یوسف۔ میں نے اس کے ساتھ اتنی مروت کی اور اس نے اس کا صلہ مجھے کیا دیا۔ اس لیے آپ نے فوراً اس الزام کی تردید کرنا ضروری سمجھا فرمایا یہ غلط کہتی ہے اس نے مجھے ورغلانا چاہا۔ میں تو اس سے بھاگ کر آیا ہوں۔

مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٦﴾ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ

جھوٹوں میں سے ہے۔ ۵۲؎ اور اگر اس کی قمیص پھٹی ہوئی ہو پیچھے سے تو جھوٹ بولا اس نے

وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٢٧﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ

اور یوسف سچوں میں سے ہے۔ پس جب عزیز نے دیکھا پیراہن یوسف کو کہ پھٹا ہوا ہے پیچھے سے تو بول اٹھا یہ سب تم

مِنْ كَيْدِكُنَّ ۭ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ﴿٢٨﴾ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا

عورتوں کا فریب ہے۔ بیشک تم عورتوں کا فریب بڑا (خطرناک) ہوتا ہے ۵۳؎ اے یوسف (پاکباز) اس بات کو جانے دو ۵۴؎

وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ښ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿٢٩﴾ وَقَالَ نِسْوَةٌ

اور (اے عورت) اپنے گناہ کی معافی مانگ بیشک تو ہی قصورواروں میں سے ہے۔ اور کہنے لگیں عورتیں

ع ٣ / ١٣

۵۲؎ عزیز مصر اب حیران تھا کہ وہ کس کو سچا کہے اور کس کو جھوٹا لیکن ایک عقلمند شخص نے کہا کہ دیکھو اگر قمیص آگے سے پھٹی ہوئی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یوسف نے دست درازی کی اور زلیخا نے مدافعت کی اس کشمکش میں قمیص آگے سے پھٹ گئی اور اگر قمیص پیچھے سے دریدہ ہے تو یوسف کی صداقت میں کوئی شک کی گنجائش نہیں۔ علامہ قرطبی کہتے ہیں کہ یہاں شهد شاهدٌ، حكمَ حاكمٌ کے معنی میں ہے کہ ایک فیصلہ کرنے والے نے فیصلہ کر دیا کیونکہ شہادت کے لیے شاہد کا موقع پر حاضر ہونا ضروری ہے اور جس نے یہ بات کہی وہ موقع پر موجود نہ تھا یہ شخص کون تھا اس کے متعلق حضرات حسن، عکرمہ، قتادہ، ضحاک، مجاہد اور سدی کا قول یہ ہے کہ وہ زلیخا کے رشتہ داروں میں ایک عقلمند آدمی تھا جس سے عزیز اکثر مشورہ لیا کرتا تھا انه رجل حكيم ذو عقل كان الوزير يستشيره في اموره وكان من جملة اهل المرأة وروي عن ابن عباسٍ وهو الصحيح في الباب والله اعلم (قرطبی) بعض حضرات نے یہ بھی کہا ہے کہ ایک شیر خوار بچہ تھا جس نے حضرت یوسف کی پاکدامنی کی گواہی دی اور قدرت الٰہی سے یہ امر کوئی بعید نہیں کہ جس نے حضرت مریم کی برأت کے لیے حضرت عیسیٰ کو گویا کر دیا تھا اس نے حضرت یوسف کی برأت کے لیے ایک شیر خوار بچہ کو بولنے کی قدرت بخش دی ہو لیکن اکثر علماء نے پہلے قول کو ترجیح دی ہے۔

۵۳؎ عجیب بات یہ ہے کہ اپنی بیوی کی اتنی بڑی خیانت پر مطلع ہو کر اس کا خون نہیں کھولا اسے غصہ نہیں آیا اس نے اس کو سزا دینا تو کجا کرخت لہجہ میں جھڑکنا بھی مناسب نہ سمجھا بلکہ بڑے نرم انداز میں جس میں بےغیرتی، بےحمیتی اور بےچارگی کی بو آ رہی ہے۔ اتنا کہنا ہی کافی سمجھا کہ یہ تمہارا مکر ہے اور تمہارا مکر بڑا ہوتا ہے۔ ان الفاظ میں بھی غور فرمائیے اس بیچارے نے تو اِن کیدکِ (کہ زلیخا یہ تیرا فریب ہے) کہنے کی بھی جرأت نہیں کی بلکہ کُنَّ جمع مؤنث کی ضمیر ذکر کر کے ساری عورتوں کی طرف کید کو منسوب کر دیا۔

۵۴؎ حضرت یوسف کی دلجوئی کرتے ہوئے انہیں بھی یہی مشورہ دیا کہ آپ اس بات کو زیادہ اہمیت نہ دیں اور اس پر خاک ڈالیں۔ جو ہونا تھا ہو

فِی الْمَدِیْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ قَدْ شَغَفَهَا

شہر میں کہ عزیز کی بیوی بہلاتی ہے اپنے (نوجوان) غلام کو تاکہ اس سے مطلب براری کرے ۵۵

حُبًّا اِنَّا لَنَرٰىهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۳۰﴾ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ

اس کے دل میں گھر کر گئی ہے اس کی محبت ہم تو دیکھ رہی ہیں اسے کہ وہ کھلی گمراہی میں ہے۔ پس جب زلیخا نے سنا ان کی مکارانہ باتوں کو تو اس نے انھیں

اِلَیْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّیْنًا

بلا بھیجا ۵۶ اور تیار رکھیں ان کے لیے مسندیں اور (جب وہ آگئیں تو) دے دی ہر ایک کو ان میں سے ایک ایک چھری

وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَیْهِنَّ فَلَمَّا رَاَیْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ

اور یوسف کو کہا کہ (ذرا) نکل (کر) آؤ ان کے سامنے پس جب (یوسف آگئے اور) انھوں نے اس کو دیکھا تو اس کی عظمت (حسن) کی قائل

ہو گیا اس سے اس وقت کے مصری معاشرہ پر بھی روشنی پڑتی ہے اور امراء کی عورتیں کس طرح من مانی کیا کرتی تھیں۔ اور ان کے شوہر ان کی ان برملا خیانتوں کے باوجود کتنے بے بس تھے یا ان میں جذبۂ غیرت کس حد تک مفقود ہو چکا تھا۔

۵۵ زلیخا کی اس وارفتگی کا چرچا عام ہونے لگا۔ بڑے بڑے رؤسا کی بیگمات جب کبھی ایک جگہ اکٹھی ہوتیں تو ان کا موضوع سخن زلیخا کی داستان محبت ہی ہوتی۔ کہتیں کہ زلیخا اپنے زرخرید غلام پر ڈورے ڈالنے لگی ہے۔ اس کی محبت نے تو اس کو بالکل دیوانہ بنا دیا ہے۔ اسے اپنے مقام کا بھی پاس نہیں۔ مصر کے ایک رئیس اعظم کی بیوی ہو کر اپنے غلام پر یوں فریفتہ ہو جانا کتنی بڑی نادانی ہے۔ شغف: اس پردے کو کہتے ہیں جس میں دل چھپا رہتا ہے۔ اس صورت میں قد شغفها حبا کا معنی یہ ہوگا کہ اس کی محبت نے زلیخا کے دل کو ہر طرف سے گھیر لیا ہے اور زجاج نے کہا ہے کہ شغف اس سیاہ نکتہ کو کہتے ہیں جو دل کے وسط میں ہوتا ہے۔ یعنی یوسف کی محبت زلیخا کے دل کی گہرائیوں تک پہنچ گئی ہے۔ ضلال سے مراد عقل و فہم سے بیگانگی ہے۔ نسوۃ چونکہ جمع کا اسم ہے اس لیے اس کا فعل مذکر لانا جائز ہے۔

۵۶ زلیخا کو جب پتہ چلا کہ اس کا راز عشق افشا ہو گیا ہے اور مصر کی امیرزادیاں اسے نادانی اور بیہودگی کے طعنے دینے لگی ہیں تو اس نے اپنے ماہ کنعان کی جلوہ نمائی کے لیے ایک پرتکلف شاہانہ دعوت کا انتظام کیا جس میں چالیس کے قریب معزز خواتین کو دعوت دی۔ ان کے بیٹھنے کے لیے قیمتی قالین بچھائے گئے اور گاؤ تکیے رکھے گئے۔ دستر خوان پر کھانا چن دیا گیا۔ تازہ اور خوشبودار پھلوں کو طشتریوں میں سجا کر سامنے رکھ دیا گیا اور پھل کاٹنے کے لیے ایک ایک تیز چھری ان کے ہاتھ میں دے دی۔ ہو سکتا ہے اس وقت بھی کھانے میں چھری کا استعمال کیا جاتا ہو۔ جب پھل کاٹنے میں مشغول ہو گئیں تو زلیخا نے حضرت یوسف کو سامنے آنے کا حکم دیا۔ ان عورتوں نے جب اس حسن معصوم کو دیکھا تو ان کے ہاتھ زخمی ہو گئے لیکن انھیں خبر تک نہ ہوئی۔ یہ حسن کی دل آویزی، اس پر تقدس نبوت کی ہیبت، یہ پیکر رعنا اور اس پر طہارت کی خلعت

وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ۭ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾ قَالَتْ

ہوگئیں اور وارفتگی کے عالم میں) کاٹ بیٹھیں اپنے ہاتھوں کو اور کہنے لگیں سبحان اللہ! یہ انسان نہیں بلکہ یہ تو کوئی معزز فرشتہ ہے ۔ زلیخا (فاتحانہ

فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ۭ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ

انداز میں) بولی یہ ہے وہ (پیکر رعنائی) جس کے بارے تم مجھے ملامت کیا کرتی تھیں [۸] بخدا میں نے اسے بہت بہلایا پھسلایا [۸]

فَاسْتَعْصَمَ ۭ وَلَىِٕنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ

لیکن وہ بچا ہی رہا [۹] اور اگر وہ نہ بجالایا جو میں اس کو حکم دیتی ہوں تو اسے قید کر دیا جائے گا اور وہ ہو جائیگا ان لوگوں سے جو

فاخرہ، جمال و جلال کے ایسے حسین امتزاج کا انھوں نے تو کبھی تصور تک نہیں کیا تھا۔ بیساختہ زبان سے نکلا سبحان اللہ! سبحان اللہ! پاک ہے وہ اللہ جس نے اے یوسف! تجھے پیدا فرمایا۔ زلیخا! یہ انسان تو نہیں یہ تو کوئی نوری فرشتہ ہے۔ آیت کریمہ کا معنی ہے کہ وہ حسن یوسفی کو دیکھ کر سُدھ بُدھ کھو بیٹھیں اور عرب کہتے ہیں عن ابن عباس اعظمنہ و ھبنہ (قرطبی) قطعن ایدیھن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہاتھ کٹ کر الگ جا گرے بلکہ خراش آجانا اور زخمی ہو جانا ۔ انما ھو خدش وحز (قرطبی) حاش کلمۃ تفید معنی التنزیہ والمعنی ھھنا تنزہ اللہ تعالیٰ من العجز حیث قدر علی خلق جمیل مثلہ

[۸] زلیخا نے جب انھیں یوں بے خود پایا تو فاتحانہ انداز میں کہنے لگی۔ یہی وہ یوسف ہے جس کے عشق کے طعنے تم مجھے دیا کرتی ہو۔ تم تو اس کے حسن کی ایک جھلک کی تاب بھی نہ لا سکی ہو۔ کیا اب بھی مجھ پر زبان طعن دراز کروگی۔ کیا اب بھی مجھے نادان اور بے وقوف کہوگی۔

[۸] یہ الفاظ غور طلب ہیں۔ ایک بھری محفل میں وہ کس بے حیائی کے ساتھ یوسف کو ورغلانے اور اس کو اپنے دام فریب میں پھنسا کر اپنی مقصد برآری کی ناپاک کوششوں کا ذکر کر رہی ہے۔ اسے یہ خیال بھی نہ آیا کہ وہ کیا کہہ رہی ہے اور کن کے سامنے کہہ رہی ہے اور ان معزز خواتین میں سے بھی کوئی اس بے حیائی پر اسے نہیں ٹوکتی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مصری معاشرہ میں اس وقت یہ چیزیں معیوب نہیں خیال کی جاتی تھیں۔ جس طرح یورپ زدہ معاشرہ میں اپنے عشق و معاشقہ کی داستانیں بڑے فخر سے بیان کی جاتی ہیں۔ یہی اُن کی حالت تھی۔ زلیخا کی داستان کی شہرت کی وجہ یہ نہیں تھی کہ وہ ایک وزیر کی بیگم ہو کر اپنے ایک غلام کے دام محبت میں اسیر ہے بلکہ یوسف کا اس کی خواہشات کو ٹھکرا دینا اور اس کی منت و سماجت کے باوجود اس کی طرف نگاہ التفات نہ کرنا اس داستان کی شہرت کا باعث بنا۔ جب کسی قوم میں غیرت و حمیت کے جذبات فنا ہو جاتے ہیں اور شرم و حیا کے تقاضے پس پشت ڈال دیے جاتے ہیں تو وہاں یہ چیزیں تہذیب و شائستگی کی علامت سمجھی جاتی ہیں اور اس قسم کے اذکار پر شرمانے کے بجائے فخر کیا جاتا ہے۔

[۹] یہاں زلیخا حضرت یوسف کی پاکدامنی کا ذکر آپ کی سیرت کی بلندی کو ظاہر کرنے کے لیے نہیں کر رہی بلکہ یوسف پر یہ الزام لگانے کے لیے اپنی سہیلیوں کو بتا رہی ہے کہ اس شخص نے غضب کر دیا ہے۔ میرے حسن و شباب کی توہین کی ہے اور میرے جذبات کو مجروح کیا ہے۔ میں نے اب تک اس کی مجرمانہ بے اعتنائی کو برداشت کیا۔ لیکن اب میں اس سے زیادہ اپنی توہین برداشت نہیں کر سکتی۔ اگر اس نے حسب سابق میرا مطالبہ نہ مانا تو میں اسے ذلیل و رسوا کر کے جیل بھجوا دوں گی۔

الصّٰغِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ

بے آبرو ہیں۔ یوسف نے عرض کی اے میرے پروردگار! قیدخانہ (کی صعوبتیں) مجھے زیادہ پسند ہیں [اُس (گناہ) سے جس

وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۳﴾

کی طرف یہ مجھے بلاتی ہیں اور اگر تو (اپنی عنایت سے) نہ دُور کرے مجھ سے ان کے مکر کو تو میں مائل ہو جاؤں گا ان کی طرف اور جا ملوں گا نادانوں سے[۶۱]

فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

پس قبول فرمالی اس کی دعا اس کے رب نے[۶۲] اور دُور کر دیا اس سے ان عورتوں کے مکر و فریب کو۔ بیشک وہی (اپنے بندوں کی فریادیں) سننے والا

الْعَلِيْمُ ﴿۳۴﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى

اور (ان کے حالات) خوب جاننے والا ہے۔ پھر مناسب معلوم ہوا انھیں باوجود (یوسف کی پاکبازی کی) نشانیاں دیکھ چکنے کے کہ

[۶۰] جب آپ نے زلیخا کی یہ دھمکی سنی اور ان عورتوں نے بھی انھیں سمجھایا کہ یوسف نادان نہ بنو اپنی جوانی اور حسن پر رحم کرو تم کتنے خوش قسمت ہو کہ مصر کی ایک امیر ترین اور حسین ترین عورت تجھے دل سے چاہتی ہے تم کیوں بضد ہو تم درخواست کو ضرور قبول کرو ہم تجھے ازراہ خیرخواہی یہ مشورہ دے رہی ہیں۔ یوسف علیہ السلام نے جب دیکھا کہ مجھے ہر طرف سے گھیرا جا رہا ہے آپ نے اس وقت دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور عرض کی اے میرے مالک! بیشک مجھے یہاں ہر آرام ہے اور ہر شخص میرا دل سے احترام کرتا ہے لیکن اگر اس آرام اور احترام کی مجھے یہ قیمت ادا کرنا پڑے کہ میں تیری نافرمانی کروں تو اے کریم مجھ سے یہ نہیں ہو سکتا۔ قید خانہ کی صعوبتیں اور سختیاں جو مجھے اس گناہ سے بچائیں وہ مجھے اس آرام و احترام سے بہت عزیز ہیں۔

[۶۱] حضرت یوسف اب تک متعدد سخت ترین آزمائشوں سے گزرے تھے اور انھوں نے کبھی اپنے دامن عفت پر داغ نہ آنے دیا تھا۔ زلیخا کے ابتدائی فریبوں میں بھی نہ پھنسے۔ اس کی خلوت گاہ میں اس کے حسن و شباب کے صبر آزما تقاضوں کو روندتے ہوئے باہر نکل آئے۔ اس ضیافت میں جہاں مصر کا سارا حسن بن سنور کر اور بے نقاب ہو کر آ گیا تھا وہاں بھی اس پیکر حسن و عفت کو پیش کیا گیا تو ان کی نگاہیں جھکی ہی رہیں اور ان کے شرم و حیا نے کسی کی طرف دیکھنا بھی گوارا نہ کیا۔ ان تمام نازک مراحل سے کامیابی سے گزر نے اور شیطان کے ہر دام فریب کو تار تار کر دینے کے باوجود آپ کے دل میں اپنے متعلق کوئی غلط فہمی پیدا نہ ہوئی اور کبھی اس کو اپنا کمال تصور نہ کیا بلکہ اپنے رب کے سامنے اپنی بے بسی اور ناتوانی کا بار بار اعتراف کرتے رہے اور اسی کی اعانت اور توفیق کی بھیک ہی مانگتے رہے۔ یہاں بھی یہی التجا کر رہے ہیں۔ کہ اے میرے خداوند ذوالجلال اگر تو مجھے ان کے مکر و فریب سے نہ بچائے اور میری دستگیری نہ کرے تو میں اکیلا کبھی ان کی عیاریوں کا مقابلہ نہیں کر سکتا میرے قدم تو پھسل جائیں گے اور مجھ سے ایسا قصور سرزد ہو جائے گا کہ میرا شمار پھر صادقین اور مخلصین میں نہ ہو گا بلکہ جاہلوں میں ہونے لگے گا۔

[۶۲] اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے بندے یوسف کی عاجزانہ التجا کو شرف قبول بخشا اور ہر مرحلہ پر وہ ثبات اور پختگی عطا فرمائی کہ حسن عریاں کی

حِیْنٍ ﴿۳۵﴾ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَیٰنِ ۭ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّیْٓ اَرٰىنِیْٓ

وہ اسے قید کر دیں کچھ عرصہ تک [۶۳] اور داخل ہوئے آپ کے ساتھ ہی قید خانہ میں دو نوجوان ان میں سے ایک نے (ایک دن) کہا کہ میں نے

اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّیْٓ اَرٰىنِیْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِیْ خُبْزًا

(خواب میں) اپنے آپ کو دیکھا ہے کہ میں شراب نچوڑ رہا ہوں۔ اور دوسرے نے کہا میں نے (خواب میں) اپنے آپ کو دیکھا کہ میں اٹھائے ہوئے ہوں اپنے سر پر

تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۭ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۶﴾

کچھ روٹیاں، پرندے کھا رہے ہیں اس سے۔ آپ بتا دیجیے ہمیں اس کی تعبیر بےشک ہم دیکھ رہے ہیں آپ کو نیکوکاروں سے۔ [۶۵]

قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ

آپ نے فرمایا نہیں آئے گا تمہارے پاس کھانا جو تمہیں کھلایا جاتا ہے مگر میں تمہیں بتا دوں گا اس کی تعبیر اس سے پیشتر کہ کھانا تمہارے پاس

کوئی پرورش آپ کو متزلزل نہ کر سکی۔

۶۳ اس ضیافت کے بعد حسن یوسف کے چرچے گھر گھر ہونے لگے۔ نہ صرف زلیخا بلکہ سارے متمول گھرانوں کی رنگین ادایاں آپ کی محبت کا دم بھرنے لگیں تو حکومت کے ارباب بسط وکشاد نے باوجود اس کے بے گناہ یوسف کو قید کرنے میں ہی مصلحت سمجھی من بعد ما رأوا کے الفاظ صاف بتا رہے ہیں کہ وہ یوسف کو قطعاً بے گناہ سمجھتے تھے۔ بجائے اس کے کہ وہ ان گناہ گار نگاہوں کو سرزنش کرتے اور انہیں معتوب گردانتے انہوں نے حضرت یوسف کو ہی قید کرنا آسان سمجھا اور ایک روایت میں ہے کہ زلیخا نے اپنے شوہر سے شکایت کی کہ اس کنعانی غلام نے مجھے بہت رسوا کر دیا جہاں جاتا ہے میرے متعلق توہین آمیز باتیں بتاتا ہے اگر تمہیں اپنی عزت و ناموس کا کچھ پاس ہے تو اسے قید کر دو۔ اس نے جانتے ہوئے کہ یوسف بے گناہ ہے اور سارا قصور اس کی بیوی کا ہے اس نے اپنی مجرم اور خائن بیوی کی پاسداری کے لیے ایک بے گناہ اور معصوم کو جیل میں بھیجنا گوارا کر لیا۔

۶۴ لغت میں حین وقت کے ایک غیر معین عرصہ کو کہتے ہیں اس کا اطلاق مختصر اور طویل عرصہ پر یکساں ہوتا ہے۔ اگرچہ اس مدت کو متعین کرنے کے لیے کئی اقوال موجود ہیں لیکن صحیح یہ ہے کہ اسے مقرر نہ کیا جائے۔ فالصحیح ان هذه المقادیر غیر معلومة وانما القدر المعلوم انه بقی محبوسا مدة طویلة۔

۶۵ اتفاق سے اسی زمانہ میں شاہ مصر اپنے دو ملازموں سے ناراض ہو گیا اور انہیں جیل بھجوا دیا۔ ان میں سے ایک اس کے مطبخ کا ناظم تھا۔ اور دوسرا اس کی محفل عیش و طرب کا نگران اعلیٰ تھا۔ ان دونوں پر یہ الزام عاید کیا گیا کہ انہوں نے بادشاہ کو زہر دینے کی سازش کی ہے۔ وہ اپنی قید کاٹ رہے تھے کہ ایک رات دونوں نے خواب دیکھا۔ وہ بڑے پریشان تھے کہ اس خواب کی تعبیر کس سے پوچھیں۔ حضرت یوسف بھی عرصہ سے

يَأْتِيَكُمَا ۚ ذَٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِي رَبِّي ۚ إِنِّي تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ

آئے تمہارے پاس یہ ان علموں میں سے ہے جو سکھایا ہے مجھے میرے رب نے۔ میں نے چھوڑ دیا ہے دین اس قوم کا

لَّا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ ﴿٣٧﴾ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ

جو نہیں ایمان لاتے اللہ تعالیٰ پر نیز وہ آخرت کا انکار کرنے والے ہیں۔ اور میں تو پیرو بن گیا اپنے

آبَائِي إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ مَا كَانَ لَنَا أَن نُّشْرِكَ

باپ دادا ابراہیم اسحاق اور یعقوب کے دین کا نہیں روا ہمارے لیے کہ ہم شریک ٹھہرائیں

اسی زنداں میں اسیر تھے۔ اور اپنے اخلاق عالیہ، نیک نفسی اور عالی ظرفی کے باعث تمام قیدیوں کی نظروں میں بڑے محبوب اور محترم تھے۔ آپ کا یہ دستور تھا کہ ہر غمزدہ کی دلداری کرتے۔ ہر مریض کی عیادت کے لیے تشریف لیجاتے۔ اگر کوئی زخمی ہوتا تو اس کی مرہم پٹی کرتے۔ ساری رات اپنے رب کے حضور دست بستہ کھڑے رہتے اور اتنا روتے کہ جیل خانہ کے درودیوار بھی آہ وفغاں کرتے ہوئے معلوم ہوتے (قرطبی اور کبیر) چنانچہ اپنے خواب کی تعبیر پوچھنے کے لیے وہ بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ بھی بتا دیا کہ ہم اس لیے آپ کے پاس آئے ہیں کہ ہم آپ کو محسن سمجھتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت یوسف جیل میں بھی ایسی پاکیزہ زندگی بسر کر رہے تھے کہ آپ کے پاس رہنے والے قیدی آپ کو محسن کے لقب سے یاد کیا کرتے تھے۔

۵۵ آپ نے فرمایا اس سے پہلے کہ تمہارا کھانا آئے میں تمہیں تمہارے خوابوں کی تعبیر بتا دوں گا۔ اب یہاں سے آپ کی پیغمبرانہ شان کا ظہور شروع ہوتا ہے۔ فرمایا خوابوں کی جو تعبیر میں بتایا کرتا ہوں یہ ظن وتخمین اور کہانت وقیافہ شناسی کا نتیجہ نہیں بلکہ یہ وہ علم ہے جو میرے رب نے مجھے تعلیم کیا ہے۔

۵۶ یہاں سے آپ کے اس عظیم و مدلل خطبہ کا آغاز ہو رہا ہے جو آپ نے توحید کے موضوع پر مصر کے مشرکانہ ماحول میں سب سے پہلے دیا۔ اس خطبہ کی ابتدا اور اس کے بعد توحید کی صداقت کے دلائل پھر انہیں شرک کو ترک کر کے توحید قبول کرنے کی ترغیب اور آخر کار ذٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ کا اعلان کتنا دل افروز، بصیرت افروز اور موثر ہے۔ ان کے جذبات عقیدت کو ٹھیس لگائے بغیر کس طرح اپنے مدعا کو پر اثر اور دلکش انداز میں بیان فرمایا۔ کہ خود ہی اس عقیدے سے دست بردار ہونے کے لیے بیتاب ہو گئے جب تک کسی داعی حق میں یہ حکیمانہ فراست اور یہ عالی حوصلگی نہ ہو وہ اپنی دعوت کے لیے کوئی مفید خدمت انجام نہیں دے سکتا۔ حق کو کسی پر زبردستی ٹھونسنا حق کی توہین کرنا ہے۔ اسے یوں پیش کرنا چاہیے کہ ذہن وقلب اسے قبول کرنے پر مجبور ہو جائیں اور وہ انسان کی رگ رگ میں سرایت کر جائے۔ علامہ بیضاوی فرماتے ہیں کہ یہ دعوت میں تدریج کی عمدہ مثال ہے۔ اب آپ مختلف آیات کا سلسلہ وار مطالعہ فرماتے جائیے۔ یہ نہیں فرمایا کہ تم مشرک ہو تم بتوں کی پوجا کرتے ہو بلکہ اپنا عقیدہ بیان فرمایا کہ میں اس ملت سے بیزار ہوں جو اللہ پر ایمان نہیں لاتی اور روز قیامت کی منکر ہے۔

۵۷ پھر انہیں بتایا کہ میرا عقیدہ کوئی ایسا عقیدہ نہیں ہے جسے پہلی دفعہ میں ہی اختیار کیے ہوئے ہوں بلکہ میرے جلیل القدر آباؤ اجداد جن کے

بِاللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَیْنَا وَعَلَى النَّاسِ

اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو۔ یہ (توحید پر ایمان) تو اللہ تعالیٰ کا خاص احسان ہے ہم پر اور لوگوں پر ف۳۱

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۸﴾ یٰصَاحِبَیِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ

لیکن بہت سے لوگ اس احسان پر شکر ہی بجا نہیں لاتے۔ اے قید خانہ کے میرے دو رفیقو! (یہ تو بتاؤ) کیا

مُّتَفَرِّقُوْنَ خَیْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۳۹﴾ؕ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ

بہت سے جدا جدا رب بہتر ہیں یا ایک اللہ جو سب پر غالب ہے ف۳۲ تم نہیں پوجتے ف۳۳ اس کے

نام سے زیادہ واقف ہے۔ ان کا بھی یہی عقیدہ تھا۔ آپ حیران ہوں گے کہ آج تک یوسف علیہ السلام کو مختلف مشکلات سے واسطہ پڑا لیکن انھوں نے کسی کو یہ نہیں بتایا کہ میں کس خاندان کا چشم و چراغ ہوں۔ سب سے پہلے ہم یہاں دیکھ رہے ہیں کہ آپ نے اپنے بزرگوں کا نام ذکر کیا ہے۔ فرمایا میں بھی توحید کا قائل ہوں اور میرے آباؤ اجداد حضرت ابراہیم، یعقوب، اسحاق بھی اسی عقیدہ توحید کے پرستار تھے۔

ف۳۱ اللہ تعالیٰ کی توحید کی معرفت اس کا بہت بڑا احسان ہے اس نے اپنی معرفت توحید کے لیے ان گنت دلائل قائم فرما دیے ہیں لیکن اکثر لوگ ان کی طرف توجہ کرنے کی زحمت گوارا نہیں کرتے اور اس شرف معرفت سے محروم رہتے ہیں۔ اور عقل و فہم کی خداداد صلاحیتوں کا شکریہ ادا نہیں کرتے جو اس نے ہمیں عطا فرمائی ہیں۔

ف۳۲ آپ کی اس تقریر کا مقصد تو ان دو ساتھیوں کے دلوں کو نور ایمان سے منور کرنا ہے۔ ذرا اس حکیمانہ انداز دعوت کو ملاحظہ فرمایئے کس طرح قدم بقدم ان کو منزل ہدایت کی طرف لے جا رہے ہیں۔ فرمایا میرا مسلک تو وہ ہے جو میں نے تم سے بیان کر دیا اور وہ صرف میرا ہی مسلک نہیں بلکہ جلیل القدر ہستیاں جن کے نام سے تم خوب واقف ہو ان کا بھی یہی مسلک تھا۔ اس کے بعد یہ نہیں فرماتے کہ تم بھی میرا وہی اختیار کرو بلکہ ان سے ایک سوال پوچھتے ہیں کہ تم ہی بتاؤ کہ بہت سے خداؤں کی بندگی بہتر ہے یا ایک اللہ کی جو ہر چیز پر غالب اور ہر چیز پر قادر ہے جو بارش بھی برساتا ہے، رزق بھی دیتا ہے۔ بچے بھی عطا کرتا ہے شفا بھی بخشتا ہے۔ کیا یہ بہتر ہے کہ ایسے خدا کی بندگی کا اعتراف کر لیا جائے جو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے یا ایسے متعدد خداؤں کو مانا جائے جو تمہارے عقیدہ کے مطابق بھی صرف محدود اختیار کے مالک ہیں۔ کوئی صرف بارش برسا سکتا ہے لیکن اولاد کا دینا اس کے بس کی بات نہیں۔ کوئی دولت تو بخش سکتا ہے لیکن کسی بیمار کو صحت دینا اس کے قبضہ قدرت میں نہیں۔ تم ہی بتاؤ کہ در در کی ٹھوکریں کھانے سے تو ایک قادر و قیوم کا ہو رہنا ہی ہزار سعادت ہے، دوسرا اتنے خداؤں کو راضی رکھنا بھی کوئی آسان بات نہیں۔ ممکن ہے کہ دولت کی دیوی کی پوجا کرتے کرتے تم کوئی ایسی حرکت کر بیٹھو کہ زندگی کا دیوتا برہم ہو جائے۔ مینہ تو برسا لیکن اسی لمحہ دوسرے نے غضبناک ہو کر زندگی کا دیا بجھا دیا۔ کیا عقل سلیم اس قسم کے خرافات قبول کر سکتی ہے۔

ف۳۳ پہلے ان کے اعتقاد کے مطابق خدائے واحد کی بندگی کی معقولیت کو واضح کیا۔ اب صاف صاف انھیں بتا دیا کہ یہ مختلف قسم کے دیوی دیوتا۔

دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اَسْمَآءً سَمَّیْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ

علاوہ مگر چند ناموں کو جو رکھ لیے ہیں تم نے اور تمہارے باپ دادا نے۔ نہیں اتاری

اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا

اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے کوئی دلیل۔ نہیں ہے حکم (کا اختیار) کسی کو سوائے اللہ تعالیٰ کے اسی نے یہ حکم دیا ہے کہ کسی کی عبادت نہ کرو

اِلَّاۤ اِیَّاهُؕ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

بجز اس کے ۲۳؎ یہی دین قیم ہے ۲۴؎ لیکن بہت سے لوگ (اس حقیقت کو)

لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۴۰﴾ یٰصَاحِبَیِ السِّجْنِ اَمَّاۤ اَحَدُكُمَا فَیَسْقِیْ رَبَّهٗ

نہیں جانتے ۲۵؎ اے قید خانہ کے میرے دو ساتھیو! (اب خوابوں کی تعبیر سنو) تم میں سے ایک (یعنی پہلا) تو پلایا کرے گا

خَمْرًاۚ وَ اَمَّا الْاٰخَرُ فَیُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّیْرُ مِنْ رَّاْسِهٖؕ

اپنے مالک کو شراب۔ لیکن دوسرا سولی دیا جائے گا اور (نوچ) کھائیں گے پرندے اس کے سر سے۔

قُضِیَ الْاَمْرُ الَّذِیْ فِیْهِ تَسْتَفْتِیٰنِؕ ﴿۴۱﴾ وَ قَالَ لِلَّذِیْ ظَنَّ اَنَّهٗ

(اٹل) فیصلہ ہو چکا اس بات کا جس کے متعلق تم دریافت کرتے ہو ۲۶؎ اور کہا (یوسف علیہ السلام) نے اسے جس کے بارے میں آپ کو

جو تم نے بنا رکھے ہیں اور ان کو مختلف قسم کے اختیارات تفویض کر رکھے ہیں۔ یہ سب تمہاری خود ساختہ باتیں ہیں جن کا حقیقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔

۲۳؎ کائنات کی ہر چیز اللہ وحدہٗ لاشریک کے زیر نگین ہے۔ بلندیوں اور پستیوں میں اسی کا حکم نافذ ہے۔ اسی واحد قہار کا یہ حکم ہے کہ اسی کی عبادت کی جائے اور اسی کو معبود برحق اور مالک حقیقی تسلیم کیا جائے۔

۲۴؎ یعنی وہ دین جس کی صداقت اور حقانیت روشن دلائل سے ثابت ہے۔ ای ثابت الذی دلت علیه البراهین۔

۲۵؎ لیکن اکثر لوگ اپنے رب کی دی ہوئی غور و فکر کی صلاحیتوں سے کام ہی نہیں لیتے۔ دین حق سے ان کی محرومی ان کی ناشکری کا نتیجہ ہے۔ یہ ہے حضرت یوسف صدیق کا پہلا خطبہ جو آپ نے زندانِ مصر میں ارشاد فرمایا۔

۲۶؎ اپنے فریضہ نبوت کو ادا کرنے کے بعد ان کو خوابوں کی تعبیروں سے آگاہ کیا اور ایسا ہی ہوا جیسا آپ نے فرمایا تھا۔

نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۫ فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ

یقین تھا کہ وہ نجات پا جائیگا ان دونوں سے کہ میرا تذکرہ کرنا اپنے آقا کے پاس۔ لیکن فراموش کرا دیا اُسے شیطان نے کہ وہ ذکر کرے

فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّيْٓ اَرٰى سَبْعَ

اپنے بادشاہ کے پاس۔ پس آپ ٹھیرے رہے قید خانہ میں کئی سال۔ اور (کچھ عرصہ بعد ایک دن) بادشاہ نے کہا کہ میں (خواب میں کیا)

بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ

دیکھتا ہوں کہ سات گائیں ہیں موٹی تازی کھا رہی ہیں انھیں سات دُبلی گائیں اور سات سبز خوشے ہیں اور

وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۭ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ

دوسرے سات خشک سوکھے ہوئے۔ اے درباریو! بتاؤ مجھے میرے خواب کی تعبیر اگر تم خوابوں کی

لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ﴿٤٣﴾ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ

تعبیر بتایا کرتے ہو۔ درباریوں نے کہا (اے بادشاہ) یہ خواب پریشان ہیں اور ہم پریشان خوابوں کی تعبیر

ظن کا فاعل اگر یوسف ہوں تو اس کا معنی یقین کرنا کیونکہ آپ کو اس تعبیر کے وقوع میں ذرا شک نہ تھا۔ اس لیے آپ نے فرمایا قُضِيَ الْاَمْرُ اس امر کا قطعی فیصلہ ہو چکا ہے نیز نبی کا علم ظنی نہیں یقینی ہوتا ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ ظنّ کا فاعل وہ ساقی ہے اور هو کی ضمیر الذی کی طرف راجع ہو۔

اگرچہ بعض علماء نے فانساہ کی ضمیر کا مرجع حضرت یوسف کو قرار دیا ہے لیکن یہ درست نہیں۔ حضرت یوسف جن کے شب و روز ذکر الٰہی میں بسر ہوتے تھے بلکہ دوسروں کو بھی یادِ الٰہی کی تلقین کرنے میں مصروف رہتے تھے وہ اپنے رب کو کیسے فراموش کر سکتے ہیں۔ صحیح یہی ہے کہ اس کا مرجع وہ ساقی ہے جس کو آپ نے رہا ہونے اور اپنے منصب پر دوبارہ فائز ہونے کی خوشخبری دی تھی۔ حضرت امام رازی کا خیال ہے کہ آپ کا اپنی رہائی کے لیے کسی کو ذریعہ بنانا بھی آپ کی شانِ رفیع کے شایاں نہ تھا حسنات الابرار سیئات المقربین کے مطابق غیر کی طرف یہی التفات نسیانِ الٰہی شمار ہوا۔

اللہ تعالیٰ نے جب حضرت یوسف کو جیل سے رہائی دلانا چاہی تو اس کے لیے ظاہری اسباب پیدا کر دیئے۔ ایک رات بادشاہ مصر کو یہ خواب آیا جو آیات میں مذکور ہے۔ اس نے مشہور کاہنوں، نامور نجومیوں اور زیرک لوگوں کو جمع کیا اور ان سے اپنا خواب بیان کرنے کے بعد اس کی تعبیر دریافت کی۔ وہ کہنے لگے کہ خوابوں کی تعبیر بیان کرنے کے فن میں بلاشبہ ہم مہارت رکھتے ہیں لیکن جو کچھ آپ نے دیکھا ہے

الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِیْنَ ﴿۴۴﴾ وَ قَالَ الَّذِیْ نَجَا مِنْهُمَا وَ ادَّكَرَ بَعْدَ

جاننے والے نہیں۔ اور (اس وقت) بولا وہ شخص جو بچ گیا تھا ان دو (قیدیوں) سے اور (اب) اسے یوسف

اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِیْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾ یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ

کی یاد آئی ایک عرصہ بعد میں بتاتا ہوں تمہیں اس خواب کی تعبیر۔ مجھے (قیدخانہ تک) جانے دیجیے۔ اے یوسف! اے صدیق!

اَفْتِنَا فِیْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّ سَبْعِ

بتائیے ہمیں (اس خواب کی تعبیر) کہ سات موٹی تازہ گائیں ہیں۔ کھا رہی ہیں انہیں سات لاغر گائیں اور سات

سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّ اُخَرَ یٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّیْۤ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ

خوشے ہیں سرسبز اور دوسرے (سات خوشے) خشک تاکہ میں (آپ کا جواب لیکر) واپس جاؤں لوگوں کی طرف

لَعَلَّهُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِیْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا

شاید وہ (آپ کے علم و فضل کو) جان لیں۔ آپ نے فرمایا کہ تم کاشت کرو گے سات سال تک حسب دستور۔ تو جو

حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِیْ سُنْۢبُلِهٖۤ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ

تم کاٹو گے اسے رہنے دو خوشوں میں مگر تھوڑا سا (ضرورت کے لیے نکال لو) جسے تم کھا لو۔ پھر

وہ خوابیں نہیں بلکہ افکار پریشاں ہیں۔ ان کی تعبیر ہم نہیں بتا سکتے بلکہ یہ اس قابل ہی نہیں کہ اس کی تعبیر دریافت کرنے کے لیے فکر کیا جائے۔

اضغاث: (م) ضغث قبضة ریحان او حشیش او قضبان پھولوں کا گلدستہ یا گھاس اور لکڑیوں کا گٹھا۔

احلام: ان افکار پریشاں کو کہتے ہیں جو انسان نیند کی حالت میں دیکھتا ہے جن کی حقیقت کا کوئی سراغ نہیں ملتا۔ شبه الاحلام المختلطة التی لا یتبین حقائقها قالوا اضغاث احلام حزم اخلاط من الاحلام۔ (المفردات)

۹؎ اب اس ساقی کو عرصہ دراز کے بعد حضرت یوسف کا خیال آیا اور بادشاہ سے کہنے لگا کہ میں ایک ایسے آدمی کو جانتا ہوں جو ایسے مشکل خوابوں کی تعبیر بتا سکتا ہے اگر اس خانہ زاد کو اجازت ہو تو اس سے خواب کی تعبیر دریافت کرے چنانچہ وہ حضرت یوسف کے پاس آیا اور بادشاہ کا خواب ذکر کیا اس نے یہ بھی ضرور بتایا ہوگا کہ بادشاہ اس سے بڑا پریشان ہے اس نے اپنے دربار کے ماہر کاہنوں، نجومیوں اور معبروں کو بلا کر اس کی تعبیر پوچھی لیکن کوئی بھی اس کی تعبیر بیان نہ کر سکا۔ یہاں عجز شان یوسفی پوری آب و تاب سے نمایاں ہوتی ہے۔ آپ نے

يَأْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ

آئیں گے اس (خوشحالی) کے بعد سات (سال) بہت سخت کھا جائیں گے جو ذخیرہ تم نے پہلے جمع کر رکھا ہوگا۔

لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ۝۴۸ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

ان کے لیے مگر تھوڑا سا جو تم محفوظ کر لوگے۔ پھر آئے گا اس عرصہ کے بعد ایک سال

عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ۝۴۹ وَقَالَ الْمَلِكُ

جس میں مینہ برسایا جائے گا لوگوں کے لیے اور اس سال وہ (پھلوں کا) رس نکالیں گے۔ (تعبیر سنتے ہی) بادشاہ نے کہا

ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ

(فوراً) لے آؤ انھیں میرے پاس۔[1] پس جب (فرمان شاہی لیکر) انکے پاس قاصد آیا (تو) آپ نے فرمایا لوٹ جاؤ اپنے بادشاہ کے

فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ؕ اِنَّ

پاس[2] اور اس سے پوچھو کہ حقیقت حال کیا تھی ان عورتوں کی جنھوں نے کاٹ ڈالے تھے اپنے ہاتھ بے شک میرا

رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ۝۵۰ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ

پروردگار توان کے مکر و فریب سے خوب آگاہ ہے۔ بادشاہ نے (ان عورتوں کو بلا کر) پوچھا[3] کیا معاملہ ہوا تھا جب تم نے یوسف کو بہلایا

اس شخص کو ملامت تو کجا اس سے اس کی طویل فراموشی کا ذکر تک بھی نہ کیا۔ اور اس خواب کی تعبیر کے لیے یہ شرط بھی پیش نہیں کی کہ مجھے پہلے رہا کرو تو میں اس کی تعبیر بتاؤں گا۔ بلکہ خواب سن کر اس کی تعبیر بھی بتا دی۔ نہ صرف تعبیر بلکہ اس مشکل کا حکیمانہ حل بھی پیش کر دیا۔

[1] بادشاہ نے آپ کی بتائی ہوئی تعبیر اور آپ کی حکیمانہ تجویز سنی تو فوراً حکم دیا کہ ایسے دانا کو قید میں رکھنا بڑا ظلم ہے ابھی اسے رہا کر کے میرے پاس لے آؤ۔

[2] فلما جاءه الرسول، تقریباً نو سال کا عرصہ قید و بند کی تکلیفیں جھیلتے گزر گیا تھا اور وہ بھی بغیر قصور کے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ جب آپ کو رہائی کا مژدہ سنایا گیا تو خوشی سے پھولے نہ سماتے اور اسی وقت جیل سے باہر تشریف لاتے لیکن آپ کی بلند ہمتی اور عالی ظرفی نے اس بات کو گوارا نہ کیا کہ آپ مشکوک حالت میں باہر آئیں۔ قاصد کو فرمایا میں اس وقت تک جیل سے نکلنے کے لیے تیار نہیں ہوں جب تک اس الزام کی تحقیق نہ کر لی جائے جو مجھ پر عاید کیا گیا تھا۔ ایسی اولو العزمی صرف بندگان خدا کو ہی زیب دیتی ہے۔

[3] بادشاہ نے ان خواتین کو بلایا اور ان سے حقیقت حال دریافت کی۔ سب سے بڑھ کر زلیخا نے جو یوسف کو ملزم گرداننے میں پیش پیش تھی

عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَیْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ

تھا اپنی مطلب براری کیلیے ۔ (یکبار زبان) بولیں حاشا للہ! ہمیں معلوم نہیں ہوئی اس میں ذرا برائی ۔

قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ؗ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ

عزیز کی بیوی (گویا اسے ضبط نہ رہا) کہنے لگی اب تو آشکارا ہو گیا حق ۔ (ہاں) میں نے ہی اسے پھسلانا چاہا

عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۵۱﴾ ذٰلِكَ لِیَعْلَمَ اَنِّیْ

تھا اپنی مطلب براری کیلیے بخدا وہ تو سچا ہے ۔ (یوسف نے کہا) یہ میں نے اس لیے کہا تھا تاکہ عزیز جان لے

لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَیْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ كَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ ﴿۵۲﴾

کہ میں نے اس کی غیر حاضری میں خیانت نہیں کی ۵۳ اور یقیناً اللہ تعالیٰ کامیاب نہیں ہونے دیتا دغا بازوں کی فریب کاری کو ۔

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ

اور میں اپنے نفس کی برأت (کا دعویٰ) نہیں کرتا ۔ بیشک نفس تو حکم دیتا ہے برائی کا مگر وہی (بچتا ہے) جس پر میرا

رَبِّیْ ؕ اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۵۳﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖۤ اَسْتَخْلِصْهُ

رب رحم فرماوے یقیناً میرا رب غفور رحیم ہے ۵۴ اور بادشاہ نے حکم دیا کہ لے آؤ اسے میرے پاس ۔ میں چن لونگا اسے

اور انہیں کی انگیخت سے انہیں قید کیا گیا تھا اس انکشاف نے زمین آپ کی برأت اور پاکدامنی کا اعتراف کیا کہ شک و شبہ کا ادنیٰ سا احتمال بھی باقی نہ رہا۔

۵۳ آپ نے فرمایا میں نے اس لیے اس الزام کی تحقیق کرانا ضروری سمجھا کہ عزیز مصر کو پوری طرح اطمینان ہو جائے کہ میں احسان فراموش نہیں ہوں میں نے کسی خیانت کا ارتکاب نہیں کیا اور اس کی بیوی نے جو ناپاک الزام لگایا تھا اس میں رائی برابر بھی صداقت نہ تھی۔ تورات میں بھی یہ واقعہ مذکور ہے لیکن مقام رسالت کی جن رفعتوں کا پتہ قرآن حکیم کے بیان سے چلتا ہے ان کا وہاں نام و نشان تک نہیں دیکھیے (کتاب پیدائش باب نمبر ۳۹-۴۰)

۵۴ پہلی آیت میں حضرت یوسف کے ان الفاظ میں لم اخنہ کہ میں نے خیانت نہیں کی اپنی پاکدامنی کا ادعا پایا جاتا تھا اور اللہ تعالیٰ کے مقبول بندے تو اپنے کسی کمال کو اپنی طرف منسوب کرنا گوارا نہیں کرتے بلکہ ہر خوبی اور کمال کو اپنے خداوند ذوالجلال کا محض احسان یقین کرتے ہیں اس لیے "لم اخنہ" کے الفاظ زبان سے نکالنے کے بعد فرماتے ہیں کہ اس میں میری کوئی خوبی نہیں بلکہ یہ میرے رب کریم کا فضل و کرم ہے کہ اس نے میری دستگیری فرمائی اور میں زنان مصر کے دام تزویر میں پھنسنے سے بچ گیا اگر اس کی نگاہ کرم میری چارہ سازی نہ فرماتی اور مجھے میرے نفس کے حوالے کر دیا جاتا تو

لِنَفْسِي ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهُ قَالَ إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ ﴿٥٤﴾ قَالَ

اپنی ذات کے لیے۔ پھر جب اس نے آپ سے گفتگو کی (اور مطمئن ہو گیا) تو کہا آپ آج سے ہمارے ہاں بڑے محترم اور قابل اعتماد ہیں

اجْعَلْنِي عَلَىٰ خَزَائِنِ الْأَرْضِ ۖ إِنِّي حَفِيظٌ عَلِيمٌ ﴿٥٥﴾ وَكَذَٰلِكَ

ہیں ٨٥۔ آپ نے فرمایا مجھے مقرر کر دے زمین کے خزانوں پر ٨٦ بیشک میں (ان کی) حفاظت کرنے والا (اور معاشی مسائل کا) ماہر ہوں۔ اور یوں ہم

میں کیونکہ جذبات کو بے قابو کر دینے والے ان حالات میں ثابت قدم رہتا۔ نفس امارہ کی تو عادت ہے کہ وہ گناہ کے خارزاروں میں انسان کو اس بے رحمی سے گھسیٹتا ہے کہ قبائے شرافت تار تار ہو جاتی ہے۔ نفس سرکش کی شر انگیزیوں سے وہی بچ سکتا ہے جس پر میرا رب مہربانی فرمائے۔ اگر میں ان صبر آزما اور جاں گسل آزمائشوں سے کامیابی کے ساتھ گزر آیا ہوں تو سب سن لو کہ یہ میرا کمال نہیں بلکہ میرے رب کا کرم ہے۔ بیشک اس کا دامن مغفرت بڑا وسیع ہے اور اس کا بحر رحمت بے پایاں ہے۔

٨٥ بادشاہ تو اپنے خواب کی تعبیر سن کر ہی آپ کے علم و فہم کا معتقد ہو گیا تھا لیکن جب اس نے آپ کی عالی ظرفی کا مشاہدہ کیا اور دیکھا کہ جو زبانیں کل تک اس پر بہتان تراشنے میں تیز تھیں وہ آج سب اس کی پاکدامنی کے گیت گا رہی ہیں۔ وہ اپنے آپ کو خائن اور آپ کو راستباز، اپنے آپ کو جھوٹا اور آپ کو سچا کہہ رہی ہیں تو اس کے دل میں آپ کی قدر و منزلت بہت بڑھ گئی۔ خواب کی تعبیر سن کر اس نے صرف اتنا کہا تھا کہ ایتونی بہ کہ انہیں فوراً میرے پاس لے آؤ لیکن آج آپ کی امانت، عصمت اور عالی ظرفی کو دیکھ کر بول اٹھا ائْتُونِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي کہ فوراً جیل سے آزاد کر کے میرے پاس لے آؤ تاکہ میں اس کو اپنا معتمد علیہ بناؤں۔ جب آپ کو لایا گیا تو اس نے بڑی عزت و تکریم کی۔ اپنے ساتھ تخت پر بٹھایا اس کے بعد مصروف گفتگو ہوا۔ یقیناً وہ گفتگو سیاسی حالات، ملکی مسائل اور آنے والے معاشی بحران کے متعلق ہوئی ہوگی۔ جب اسے آپ کی دانائی اور معاملہ فہمی کے متعلق اطمینان ہو گیا تو إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ کے الفاظ سے آپ کو اپنے دربار کے معزز ترین امرا میں شامل کر لیا۔ کیا ایک مسلمان کے لیے جائز ہے کہ وہ کسی فاسق فاجر حکمران یا ایک غیر مسلم حکومت میں کوئی عہدہ قبول کرے۔ اس کے متعلق علماء اسلام نے بڑی وضاحت سے لکھا ہے کہ اگر اس کو یہ اندیشہ ہو کہ یہ ظالم و کافر اسے آلہ کار ہی بنائے گا اور اس کی ساری قوتیں اس کے ظالمانہ اور کافرانہ عزائم کی تکمیل میں ہی صرف ہوں گی تو اس صورت میں اس کا کوئی عہدہ قبول کرنا ناجائز ہے۔ لیکن اگر اسے ظن غالب ہے کہ وہ عدل و انصاف قائم کرنے میں ممد ثابت ہوگا اور اس کی خدمات ملک کی معاشی خوشحالی اور سیاسی استحکام کے لیے مفید ثابت ہوں گی تو ایسے حالات میں اسے فاسقانہ اور کافرانہ حکومتوں میں عہدہ قبول کرنے کی اجازت ہے۔ حضرت یوسف نے اس کافر بادشاہ کی مملکت میں وزارت مال اور وزارت خزانہ کا چارج اسی بنا پر لیا تھا کہ شاہ مصر نے آپ کو ہر قسم کے اختیارات تفویض کر دیئے تھے اور آپ آزادی سے اپنے فرائض انجام دینے کی قدرت رکھتے تھے۔ یتبوأ منها حیث یشاء یدل علی انه صار فی الملك بحیث لا یدافعه احد و لا ینازعه منازع بل صار مستقلا بکل ما شاء و اراد۔ (کبیر)

٨٦ آپ نے فرمایا کہ میں مالی امور میں بڑی مہارت رکھتا ہوں۔ مجھے معلوم ہے کہ دولت کو کس طرح مفید اور نفع بخش مقاصد کے لیے استعمال

مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ ۚ يَتَبَوَّأُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَاءُ ۚ نُصِيبُ

نے تسلط (اور اقتدار) بخشا یوسف کو سرزمین مصر میں ۱۵۵ تاکہ رہے اس میں جہاں چاہے ہم سرفراز کرتے ہیں

بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَشَاءُ ۖ وَلَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٥٦﴾ وَلَأَجْرُ

اپنی رحمت سے جسے چاہتے ہیں اور ہم ضائع نہیں کرتے اجر عمدہ کام کرنے والوں کا ۱۵۶ اور آخرت کا اجر

کیا جاسکتا ہے اور کس طرح ناجائز اور بے مقصد مصارف سے بچایا جا سکتا ہے۔ اس لیے بہتر ہے کہ تو مجھے مال و خزانہ کا وزیر مقرر کر دے انی حفیظ للغزائن بما لایستحقها علیم بوجوہ مصالحها (مظہری) یعنی میں ناجائز اخراجات سے خزانے کی حفاظت کر سکتا ہوں اور مفید اور نفع بخش مقامات پر خرچ کرنے کے اصولوں سے اچھی طرح واقف ہوں۔ یہاں ایک چیز غور طلب ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انا لا نستعمل علی عملنا من اراده۔ کہ اگر کسی عہدہ کی کوئی شخص خواہش رکھتا ہے تو ہم ایسے شخص کو وہ عہدہ نہیں سونپتے۔ دوسری حدیث میں ہے کہ حضور نے حضرت عبدالرحمن بن سمرہ سے ارشاد فرمایا:۔

یا عبدالرحمان لا تسئل الامارة فانك ان اعطیتها عن مسئلة وکلت الیها وان اعطیتها عن غیر مسئلة اعنت علیها۔

اے عبدالرحمن کوئی عہدہ مت مانگو۔ کیونکہ اگر تمہاری طلب پر تمہیں کوئی عہدہ دیا جائے گا تو اس کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کا تمہیں ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا۔ اور اگر طلب کے بغیر تمہیں کوئی عہدہ ملا تو اس کی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہونے کے لیے تمہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد پہنچے گی۔ ان احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ کسی عہدہ کا خود مطالبہ کرنا درست نہیں تو پھر حضرت یوسف کا یہ فرمانا اجعلنی علی خزائن الارض کیونکر جائز ہوگا۔ اس کے متعلق علماء کرام نے وضاحت کی ہے کہ جب کوئی شخص یہ جانتا ہو کہ اس کے بغیر کوئی ایسا آدمی نہیں جو ان ملکی ذمہ داریوں کو صحیح طور پر انجام دے سکے تو اس پر یہ لازم ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو پیش کرے اور اس ذمہ داری کو اٹھائے لیکن اس کے علاوہ اگر اور لوگ موجود ہوں تو اس وقت اسے کسی عہدہ کی خواہش کرنے کی اجازت نہیں۔ حضرت یوسف جانتے تھے کہ آنے والے حالات میں ان کے علاوہ کوئی بھی اس ذمہ داری کو اٹھانے کی قدرت نہیں رکھتا۔ اس لیے آپ نے اپنے آپ کو پیش کیا۔

ان یوسف انما طلب الولایة لانه علم انه لا احد یقوم مقامه فی العدل والاصلاح وتوصیل الفقراء الی حقوقهم فرأى ان ذلك فرضا متعینا علیه وکذا الحکم الیوم۔ (قرطبی)

۱۵۵ اللہ تعالیٰ اس واقعہ کے سننے والوں کی توجہ اپنی شان کریمی اور بندہ نوازی کی طرف مبذول کرا رہا ہے کہ دیکھو کس طرح ہم نے یوسف کو سرفراز فرمایا۔ کہاں سے اٹھایا اور کہاں پہنچایا۔ کنعان کے جنگل کے ایک غیر آباد کنوئیں کی تاریکی سے نکالا اور مصر جیسے متمدن اور ترقی یافتہ ملک کے سارے خزانوں کا مالک بنا دیا۔ ذروں کو اٹھانا اور ان کو رشک خورشید بنا دینا میرا ہی کام ہے۔

۱۵۶ ان کلمات طیبات سے ہر نیکوکار کی حوصلہ افزائی فرما دی کہ ہماری رحمت و عنایت کا دروازہ ہر اس شخص کے لیے اب بھی کھلا ہے

وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَجَآءَ اِخْوَةُ

(اس سے) یقیناً بہتر ہے ان کے لیے جو ایمان لے آئے اور تقویٰ اختیار کیے رہے۔ اور (ایک روز) آنکلے برادران

يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا

یوسف (علیہ السلام) اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے سو آپ نے تو انھیں پہچان لیا لیکن وہ آپ کو نہ پہچان سکے۔ سو جب مہیا

جو یوسف کی طرح بے داغ سیرت کا مالک ہو جو دیانت اور امانت کی بہترین خوبیوں سے متصف ہو جسے کوئی بیرونی انگیخت اپنی منزل سے غافل نہ کر سکے ہم کسی نیکوکار کے اعمال کو ضائع نہیں کرتے۔ ہر اس شخص کے لیے صلائے عام ہے جس میں اولوالعزمی کا جوہر ہے نیکی کی صلاحیتیں ہیں جسے راضی کرنے کے لیے ہر قسم کی تکلیفوں اور بدنامیوں کو برداشت کرنے کا حوصلہ رکھتا ہے کہ وہ بے جھجک آگے چلا آئے اس کے برہنہ سر کو عزت و کرامت کے تاج سے ضرور سرفراز فرمایا جائے گا اور دنیا میں جاہ و جلال بخشنے کے علاوہ ہم قیامت کے دن بھی اسے اپنی ابدی رحمتوں سے مالا مال فرما دیں گے۔

۵۹؎ بادشاہ مصر نے مملکت کا سارا نظم و نسق آپ کے سپرد کر دیا آپ نے خوشحالی کے سات سالوں میں زراعت کی طرف خاص توجہ مبذول کی۔ کاشتکاروں کو زیادہ سے زیادہ غلہ پیدا کرنے کی سہولتیں دیں۔ غیر آباد زمینوں کو آباد کیا گیا۔ پیداوار کی حفاظت کے لیے بھی خاص اہتمام کیا گیا۔ بڑے بڑے وسیع و عریض گودام تعمیر کیے گئے اور جو غلہ فوری ضرورت سے زائد ہوتا اسے خوشوں میں رہنے دیا گیا تاکہ کیڑے کوڑے سے محفوظ رہے۔ اس عرصہ میں نئے اور پرانے تمام گودام غلہ سے لبالب بھر گئے۔ آخر وہ وقت آیا جب کہ ہر طرف قحط اور خشک سالی کے آثار نمودار ہونے لگے۔ مینہ برسنا بند ہو گیا۔ دریائے نیل کے پانی کی سطح بہت نیچی ہو گئی۔ سرسبز و شاداب علاقوں میں خاک اڑنے لگی۔ زرخیز زمینیں بنجر ہو گئیں۔ آپ کے حسن تدبیر سے جو غلہ محفوظ رکھا گیا تھا اب وہ لوگوں میں تقسیم کیا جانے لگا۔ اس طرح مصر کے لوگ قحط کی ہلاکت آفرینیوں سے محفوظ رہے۔ ارد گرد کا علاقہ بھی قحط زدہ علاقہ تھا وہاں قحط کی تباہ کاریاں قیامت ڈھا رہی تھیں۔ مصر میں پبلک کے لیے حکومت کی طرف سے غلہ کی فراہمی کا چرچا عام تھا۔ ان لوگوں نے بھی غلہ حاصل کرنے کے لیے مصر کا رخ کیا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت یوسف نے بیرون ملک سے آنے والوں کے لیے بھی غلہ مہیا کرنے کا انتظام کر رکھا تھا لیکن ان سے غلہ کی مناسب قیمت وصول کی جاتی تھی۔ اور ہر ایک کے لیے غلہ کی مخصوص مقدار سے زیادہ غلہ حاصل کرنا ممنوع تھا۔ ان ہنگامی حالات میں اگر یہ دونوں طریقے نہ اپنائے جاتے تو آپ اس ذمہ داری سے عہدہ برآ نہ ہو سکتے۔ اگر حکومت مصر مفت غلہ بانٹتی تو خود مصر کی معاشی حالت بگڑ جاتی اور اگر راشن بندی کا طریقہ جاری نہ کیا جاتا تو کتنے ہی ذخائر کیوں نہ ہوتے چند دنوں میں ختم ہو جاتے۔ اسی حسن انتظام اور حقیقت شناسی کے باعث حضرت یوسف علیہ السلام سات سالہ قحط کے طویل عرصہ میں ملکی معیشت کو برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ دوسرے لوگوں کی ضروریات کی کفالت بھی کرتے رہے۔ علمائے اسلام نے آپ کے اسی طریقہ کار سے حکومت وقت کو اس بات کی اجازت دی ہے کہ وہ ہنگامی حالات میں راشن سسٹم جاری کرے۔ چنانچہ علامہ ابوبکر جصاص لکھتے ہیں وفیما قص اللہ تعالیٰ علینا من قصۃ یوسف وحفظہ للاطعمۃ

جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُونِي بِأَخٍ لَّكُم مِّنْ أَبِيكُمْ ۚ أَلَا

کر دیا ان کے لیے ان (کی رسد خوراک) کا سامان تو فرمایا دوبارہ آؤ تو لے آنا میرے پاس اپنے پدری بھائی کو کیا تم نہیں دیکھتے

تَرَوْنَ أَنِّي أُوفِي الْكَيْلَ وَأَنَا خَيْرُ الْمُنزِلِينَ ﴿٥٩﴾ فَإِن لَّمْ تَأْتُونِي

کہ میں کس طرح پیمانہ پورا بھر کر دیتا ہوں اور میں کتنا بہتر مہمان نواز ہوں۔ اور اگر تم اسے نہ لے آئے میرے پاس

بِهِ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِندِي وَلَا تَقْرَبُونِ ﴿٦٠﴾ قَالُوا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ

تو (سن لو) کوئی پیمانہ تمھارے لیے میرے پاس نہیں ہوگا اور نہ تم میرے قریب آسکو گے۔ وہ بولے ہم ضرور مطالبہ کریں گے اس کے بھیجنے

أَبَاهُ وَإِنَّا لَفَاعِلُونَ ﴿٦١﴾ وَقَالَ لِفِتْيَانِهِ اجْعَلُوا بِضَاعَتَهُمْ فِي

کے متعلق اس کے باپ سے اور ہم ضرور ایسا کریں گے اور آپ نے فرمایا اپنے غلاموں کو کہ (چپکے سے) رکھ دو ان کا سامان (جس کے عوض انھوں نے غلہ خریدا)

فی سنی الجدب وقسمتہ علی الناس بقدر الحاجۃ ودلالۃ علی ان الائمۃ فی کل عصر ان یفعلوا مثل ذلک اذا خافوا ھلاک الناس من القحط (احکام القرآن)

کنعان کا علاقہ بھی اس قحط کی زد میں تھا۔ اور لوگوں کی طرح حضرت یعقوب کے فرزندوں نے بھی بار برداری کے مویشی لیے اور مصر کا رخ کیا کیونکہ غلہ کی تقسیم کا سب کام حضرت یوسف کی ذاتی نگرانی میں ہو رہا تھا اس لیے وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنی مجبوریوں کا اظہار کر کے غلہ کے لیے درخواست کی حضرت یوسف سے اُن کی ملاقات اگرچہ عرصہ دراز کے بعد ہوئی تھی لیکن آپ نے دیکھتے ہی اپنے بھائیوں کو پہچان لیا مگر وہ آپ کو نہ پہچان سکے اور بے چارے پہچانتے بھی تو آخر کیونکر ان کے وہم و گمان میں بھی یہ نہیں آسکتا تھا کہ شاہانہ لباس میں ملبوس زرنگار کرسی پر بیٹھا ہوا جس کے حکم کی تعمیل کے لیے سینکڑوں ہزاروں ملازم دست بستہ کھڑے ہیں یہ وہ ننھا یوسف ہے جسکو عرصہ ہوا انھوں نے ایک تاریک کنوئیں میں پھینکا تھا اور پھر صرف بیس روپے میں قافلہ والوں کے ہاتھ فروخت کر دیا تھا۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے جذبات کو بے قابو نہ ہونے دیا۔ ایک اجنبی کی حیثیت سے ان کے گھر کے حالات دریافت کیے ان کی زبانی یہ بھی پتہ چل گیا کہ اُن کا ایک اور بھائی بھی ہے جسے وہ گھر چھوڑ آئے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ انھوں نے اپنا حصہ لینے کے بعد اپنے والد اور اپنے بھائی کے لیے بھی راشن کا مطالبہ کیا ہو اور حضرت یوسف کے دریافت کرنے پر بتایا ہو کہ ہمارے باپ بوڑھے ہیں اور اس بچے کو ہم ان کی خدمت کے لیے چھوڑ آئے ہیں۔ اس طرح ان کی زبان سے ہی بنیامین کا ذکر آگیا ہو۔ امام رازیؒ نے یہی بیان کیا ہے کہ آخر میں آپ نے انھیں رخصت کرتے ہوئے فرمایا کہ اس دفعہ میں تمھارے چھوٹے بھائی کا راشن دے رہا ہوں لیکن آئندہ اُسے ہمراہ لانا ہوگا۔ دیکھو میں تم سے کتنی مہربانی اور فراخدلی سے پیش آرہا ہوں۔ آخر میں یہ دھمکی بھی دے دی کہ اگر اس کو نہ لائے تو پھر تمھیں بھی غلہ نہیں ملے گا۔

رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُونَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ

ان کی خورجیوں میں[۹۰] تاکہ وہ اسے پہچان لیں جب وہ واپس لوٹیں اپنے گھر والوں کے پاس شاید وہ لوٹ کر آئیں

يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۲﴾ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ

پھر جب واپس لوٹے اپنے باپ کے پاس تو عرض کرنے لگے اے ہمارے پدر بزرگوار روک دیا گیا ہے ہم سے

فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۶۳﴾ قَالَ هَلْ

غلہ سو ازراہ نوازش بھیجیے ہمارے ساتھ ہمارے بھائی (ابن یامین) کو تاکہ ہم غلہ لاسکیں اور ہم یقیناً اس کی نگہبانی کریں گے[۹۱] آپ نے (جواباً) فرمایا

اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ

کیا میں اعتماد کروں تم پر اس کے بارے میں بجز اس کے جیسے میں نے اعتماد کیا تھا تم پر اس کے بھائی کے بارے میں اس سے قبل پس

خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ

اللہ تعالیٰ ہی بہتر حفاظت کرنے والا ہے[۹۲] اور وہ زیادہ مہربان ہے تمام مہربانی کرنے والوں سے۔ اور جب انھوں نے کھولا اپنا سامان[۹۳] تو

۹۰ جب اپنے بھائیوں کی زبانی آپ کو اپنے خاندان کی تکلیفوں کا علم ہوا تو آپ نے یہ گوارا نہ کیا کہ اپنے کنبہ والوں سے اس غلہ کی قیمت وصول کریں اس لیے آپ نے غلہ تولنے والوں کو کہا کہ ان کا روپیہ ان کی بوریوں میں اس طرح رکھ دو کہ انھیں پتہ نہ چلے۔

۹۱ جب اپنے وطن پہنچے تو عزیز مصر کی عنایات خسروانہ فیاضی محبت بھری گفتگو کا سارا تذکرہ حضرت یعقوب سے کیا اور ساتھ ہی یہ بھی گزارش کردی کہ اس کریم النفس حاکم نے ہمیں بڑی تاکید کی ہے کہ آئندہ بنیامین کو اپنے ہمراہ لے آئیں۔ حضرت یعقوب کو یقین دلانے لگے کہ آپ ہرگز فکر نہ کریں ہم اس کی خوب دیکھ بھال کریں گے اور اس کی حفاظت میں ذرا سستی نہ کریں گے۔

۹۲ آپ نے فرمایا میں تمھیں خوب جانتا ہوں اور تمھارے وعدوں کی حقیقت بھی مجھے معلوم ہے۔ میں تم پر اعتماد نہیں کرسکتا میرا بھروسہ تو اپنے رب پر ہے اور اسی کی حفاظت مجھے کافی ہے۔

۹۳ اس ابتدائی ملاقات سے فارغ ہوئے تو بوریوں کو کھولنے لگے تاکہ غلہ نکال کر حفاظت سے رکھیں۔ ان کی حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی جب انھوں نے دیکھا کہ ان کی ساری رقم ان کی بوریوں میں رکھ کر واپس کردی گئی ہے۔ خوشی سے بے قابو ہوگئے دوڑتے ہوئے پھر حضرت یعقوب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انھیں بنیامین کو ان کے ہمراہ مصر بھیجنے پر آمادہ کرنے لگے۔

نمیر: مار اهله یمیرہ میرا اذا حمل الیھم الطعام من بلد اخر۔ یعنی دوسرے علاقے سے سامان خورد و نوش کو اپنے اہل و

وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ۗ قَالُوْا يٰۤاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ۗ هٰذِهٖ

انھوں نے دیکھا کہ ان کا مال انھیں واپس لوٹا دیا گیا ہے (ترغیب دینے کے لیے) کہنے لگے اے ہمارے پدر (محترم) ہم اور کیا چاہتے ہیں یہ (دیکھیے)

بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ

ہمارا مال بھی لوٹا دیا گیا ہے ہماری طرف اور (اگر بن یامین ہمارے ساتھ گیا تو) ہم رسد لائینگے اپنے اہل خانہ کیلیے اور حفاظت کرینگے اپنے بھائی کی اور ہم زیادہ لینگے

بَعِيْرٍ ۗ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿۶۵﴾ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ

ایک شتر کا بوجھ۔ یہ غلہ بہت تھوڑا ہے ۹۳ آپ نے کہا میں ہرگز نہیں بھیجوں گا اسے تمہارے ساتھ یہاں تک کہ دو تم میرے ساتھ

مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّاۤ اٰتَوْهُ

وعدہ جو پختہ کیا گیا ہو اللہ کی قسم سے ۹۴ کہ تم ضرور لے آؤ گے میرے پاس اسے مگر یہ کہ تمہیں بے بس کر دیا جائے ۹۵ پس جب وہ لے آئے

مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۶۶﴾ وَقَالَ يٰبَنِيَّ

آپ کے پاس اپنا پختہ وعدہ ۹۶ تو آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جو ہم گفتگو کر رہے ہیں اس پر گواہ ہے اور آپ نے کہا اے میرے بچو!

لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ۗ

(شہر میں) نہ داخل ہونا ایک دروازہ سے بلکہ داخل ہونا مختلف دروازوں سے ۹۷

عیال کے لیے لے آنا۔

۹۴ آپ نے انکار فرما دیا کہ میں ایک بار شتر کے لیے اپنے بیٹے کو تمہارے ساتھ بھیجنے کو تیار نہیں ہوں۔ ہاں اگر تم پختہ قسم اٹھاؤ اور مجھے اللہ تعالیٰ کا نام لے کر یقین دلاؤ کہ تم اسے بحفاظت واپس لے آؤ گے تو پھر میں اس کو بھیج سکتا ہوں۔

۹۵ مگر یہ کہ تم سب کو دشمن گھیر لیں اور تمہیں ہلاک کر دیں۔ اِلَّا اَنْ تَھْلِکُوْا جَمِیْعًا اور قتادہ نے کہا ہے اِلَّا اَنْ تُغْلَبُوْا حَتّٰی لَا تُطِیْقُوْا ذٰلِکَ یعنی یہاں تک کہ تم کو بالکل مغلوب اور بے بس بنا دیا جائے۔

۹۶ انھوں نے حضرت یعقوب کو مطمئن کرنے کے لیے پختہ قسمیں اٹھائیں۔ یہاں تک کہ اس طرح کی قسم اٹھائی کہ اس اللہ تعالیٰ کی قسم جو محمد مصطفیٰ کا رب ہے ہم اس کی حفاظت کریں گے (مظہری) تو آپ مجبور ہو گئے اور بن یامین کو بھیجنے پر آمادگی ظاہر کی۔

وَمَآ اُغۡنِیۡ عَنۡکُمۡ مِّنَ اللّٰہِ مِنۡ شَیۡءٍ ؕ اِنِ الۡحُکۡمُ اِلَّا لِلّٰہِ ؕ عَلَیۡہِ

اور نہیں فائدہ پہنچا سکتا میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے کچھ بھی۔ نہیں ہے حکم مگر اللہ تعالیٰ کے لیے۔ اسی پر

تَوَکَّلۡتُ ۚ وَعَلَیۡہِ فَلۡیَتَوَکَّلِ الۡمُتَوَکِّلُوۡنَ ﴿۶۷﴾ وَلَمَّا دَخَلُوۡا مِنۡ حَیۡثُ

میں نے توکل کیا ہے اور اسی پر توکل کرنا چاہیے توکل کرنیوالوں کو ۹۸ اور جب وہ (مصر میں) داخل ہوئے جس طرح

اَمَرَہُمۡ اَبُوۡہُمۡ ؕ مَا کَانَ یُغۡنِیۡ عَنۡہُمۡ مِّنَ اللّٰہِ مِنۡ شَیۡءٍ اِلَّا حَاجَۃً

حکم دیا تھا انھیں اُن کے باپ نے۔ وہ نہیں فائدہ پہنچا سکتا تھا انھیں اللہ کی تقدیر سے کچھ بھی مگر (یہ تو) ایک خیال تھا

فِیۡ نَفۡسِ یَعۡقُوۡبَ قَضٰہَا ؕ وَاِنَّہٗ لَذُوۡ عِلۡمٍ لِّمَا عَلَّمۡنٰہُ وَلٰکِنَّ

نفسِ یعقوب میں جسے انھوں نے پورا کیا اور بیشک وہ صاحبِ علم تھے بوجہ اسکے جو ہم نے سکھایا تھا انھیں لیکن

۹۷ جب غلہ کا پہلا ذخیرہ ختم ہوگیا اور مزید غلہ لانے کے لیے مصر جانے کی تیاریاں مکمل ہوگئیں تو حضرت یعقوب نے اپنے فرزندوں کو بلاکر یہ ارشاد فرمایا کہ جب شہر میں داخل ہونے لگو تو ایک جتھے کی صورت میں داخل نہ ہونا بلکہ دو دو تین تین ہوکر مختلف دروازوں میں سے داخل ہونا۔ آپکے اس ارشاد کی کیا وجہ تھی؟ علماء کرام نے اس کی دو وجہیں بیان کی ہیں یا تو آپ کو یہ خیال آیا کہ جب یہ گیارہ دلیل، تندرست و توانا، حسین و جمیل نوجوان ایک ساتھ شہر میں داخل ہوں تو ممکن ہے لوگ ان کے ساتھ حسد کریں اور بادشاہ کے پاس جاکر ان کی کوئی شکایت کردیں اور بادشاہ کہیں انھیں قید کردے۔ امام رازی فرماتے ہیں واعلم ان ھذا لوجہ محتمل لا انکار فیہ کہ یہ وجہ بھی ہو سکتی ہے لیکن اکثر علماء کا خیال یہ ہے کہ آپ نے انھیں نظرِ بد سے بچانے کے لیے یہ حکم دیا تھا اور حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے ثابت ہوتا ہے کہ نظر حق ہے۔ ایک روایت میں حضور سے مروی ہے ان العین لتدخل الرجل القبر والجمل القدر یعنی نظرِ بد انسان کو قبر میں اور اونٹ کو ہانڈی میں پہنچا دیتی ہے۔ نیز حضور ان کلماتِ طیبات سے حسنین کریمین کو دم فرمایا کرتے تھے اعوذ بکلمات اللہ التامۃ من کل شیطٰن وھامۃ ومن کل عین لامۃ۔ جس شخص کو اپنے متعلق یہ خیال ہو کہ اس کی نظر لگتی ہے تو اسے چاہیے کہ جب کسی چیز کو دیکھے اور وہ اسے پسند آئے تو کہے تبارک اللہ احسن الخالقین اللّٰھم بارک فیہ اور جس کو نظر کی وجہ سے تکلیف پہنچے تو جس کی نظر سے تکلیف ہوئی ہو اس کو غسل کرنے کا حکم دیا جائے۔

۹۸ امر مکروہ سے بچنے کی ایک تدبیر بتادی لیکن ساتھ ہی یہ تنبیہ بھی فرمادی کہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے سامنے کسی کو دم مارنے کی مجال نہیں یہ تدبیریں اسی وقت تک کارگر ثابت ہو سکتی ہیں جب اذنِ الٰہی ہو اسی کا فرمان اٹل ہے۔ اور ہم سب کو اسی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ

اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے ۹۹ — اور جب پہنچے یوسف کے پاس تو یوسف نے جگہ دی اپنے پاس اپنے بھائی کو (نیز)

اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْۤ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا

اُسے فرمایا میں تمہارا بھائی ہوں — سو تم رنجیدہ نہ ہو (ان حرکتوں پر) جو یہ کیا کرتے تھے ۱۰۰ — پھر جب

جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ

فراہم کردیا انھیں ان کا سامان (خوراک) تو رکھ دیا (اپنا) پیالہ — اپنے بھائی کی خورجی میں — پھر پکارا ایک

مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا

پکارنے والا — اے قافلہ والو! — بلاشبہ تم چور ہو — انہوں نے (حیرت زدہ ہوکر) وہ بولے درآنحالیکہ وہ انکی طرف متوجہ تھے

۹۹ امام رازی فرماتے ہیں کہ آپ کو اس لیے صاحب علم کہا گیا ہے کہ آپ کو اس بات کا یقین محکم تھا کہ اذن الٰہی کے بغیر کوئی تدبیر کارگر ثابت نہیں ہوسکتی۔ امام فرماتے ہیں کہ اگرچہ اپنے مقصد کے حصول کے لیے اسباب کا مہیا کرنا ہر شخص پر فرض ہے لیکن اسے یہ یقین ہونا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی کے بغیر اس کی کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوسکتی اور اس کی کوئی احتیاط اسے تقدیر کے فیصلے سے نہیں بچا سکتی۔ آپ فرماتے ہیں فاعلم ان الانسان مامور بان یراعی الاسباب المعتبرۃ فی ھذا العالم وما مور ایضا بان یعتقد ویجزم بانہ لا یصل الیہ الا ما قدرہ اللہ تعالیٰ وان الحذر لا یغنی من القدر۔ نیز امام مذکور نے ایک قول یہ بھی نقل کیا ہے کہ آپ کو علم تھا کہ مصر کا حکمران آپ کا لخت جگر یوسف ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی طرف سے ابھی اس راز کے افشا کرنے کی اجازت نہ تھی۔ انہ علیہ السلام کان عالما بان ملک مصر ھو ولدہ یوسف الا ان اللہ تعالیٰ ما اذن لہ فی اظہارہ ذلک۔ (کبیر)

۱۰۰ حضرت یعقوب علیہ السلام کے فرزند اپنے چھوٹے بھائی بنیامین کو ساتھ لیکر روانہ ہوگئے۔ جب مصر کے پایۂ تخت میں پہنچے تو حسب ہدایت مختلف دروازوں سے شہر میں داخل ہوئے۔ آپ کو ان کی آمد کی اطلاع ہوئی تو بڑی عزت وتکریم سے خوش آمدید کہا۔ اور شاہی مہمان خانہ کے نگران کو حکم دیا کہ دو دو بھائیوں کو ایک ایک کمرہ میں ٹھہرانے کا بندوبست کیا جائے۔ بنیامین کو اپنی تنہائی کا خیال گزرا تو افسردہ ہوگئے۔ ان کو غمزدہ دیکھ کر حضرت یوسف نے انھیں بلایا اور اس افسردگی کی وجہ پوچھی تو آپ نے کہا مجھے آج اپنا بھائی یاد آرہا ہے۔ کاش وہ ہوتا تو میں بھی اس کے ساتھ ٹھہرایا جاتا۔ آپ نے بظاہر ان کی دلداری کے لیے ان کو اپنے پاس ٹھہرانے کا حکم دیا۔ تنہائی میں جب ملاقات ہوئی تو آپ نے اپنی حقیقت سے آگاہ کردیا کہ بنیامین گھبراؤ نہیں جس بھائی کی یاد تمہیں ہر وقت غمگین رکھا کرتی تھی میں ہی تمہارا بھائی یوسف ہوں۔ دونوں بھائیوں نے چھوٹی بڑی ساری باتیں ایک دوسرے کو بتائی ہونگی۔ اس ضمن میں بھائیوں کی زیادتیوں کا تذکرہ بھی بنیامین نے کیا ہوگا۔ ان کی دلجوئی کے لیے آپ نے کہا:۔

فلا تبتئس بما کانوا یعملون۔

تَفْقِدُوْنَ ﴿٧١﴾ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ

کونسی چیز تم نے گم کی ہے؟ انھوں نے کہا ہم نے گم کیا ہے بادشاہ کا پیالہ اور وہ شخص جو ڈھونڈ لائیگا اسے (بطور انعام) بار شتر (غلہ)

وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿٧٢﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ

دیا جائیگا اور میں[٦٠] اس کا ضامن ہوں۔ کہنے لگے خدا کی قسم! تم خوب جانتے ہو کہ ہم (یہاں) اسلئے نہیں آئے کہ فساد برپا کریں زمین میں

وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿٧٣﴾ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿٧٤﴾ قَالُوْا

اور نہ ہی ہم چوری پیشہ ہیں[٦١] خدام (یوسف) نے کہا پھر اس کی کیا سزا ہے اگر تم جھوٹے ثابت[٦٢] ہو جاؤ۔ انھوں نے کہا کہ

٦٠ ایک مدت دراز کے بعد بنیامین اپنے بچھڑے ہوئے بھائی سے ملے تھے۔ اور ایسے حالات میں جب کہ مصر ان کے زیر نگیں ہے اور مملکت کے سیاہ و سفید کے وہ مالک ہیں تو بچھڑنے کو دل نہ چاہا۔ اور کہا کہ میں تو ان ظالموں کے ساتھ واپس نہیں جاؤں گا۔ آپ نے فرمایا بنیامین میں تمھیں کس طرح روک سکتا ہوں ملک کا قانون اجازت نہیں دیتا کہ کسی اجنبی کو ملک جانے سے روک دیا جائے۔ اور اگر صاف صاف بات کی جائے تو قبل از وقت پردہ فاش ہوتا ہے اور اس کی ابھی اجازت نہیں۔ آخر یہ طے پایا کہ آپ کے سامان میں شاہی قیمتی پیالہ رکھ دیا جائے تمھاری روانگی کے بعد لازمی طور پر جب اہلکار اس پیالہ کو نہ پائیں گے تو تمھارے سامان کی تلاشی لیں گے اور پیالہ جب تمھارے سامان سے برآمد کر لیا جائیگا تو پھر تمھیں روکنے کی صورت نکل آئیگی۔ لیکن اس طرح تم پر چوری کا الزام لگے گا کیا تم اسکے لیئے تیار ہو۔ انھوں نے بخوشی اجازت دیدی آپ نے خود یا کسی خادم خاص کے ذریعہ وہ پیالہ انکے سامان میں رکھ دیا۔ جب وہ روانہ ہو گئے اور غلہ کے گودام کے اہلکاروں نے وہ پیالہ مفقود پایا تو انھیں سخت فکر لاحق ہوئی سوچنے لگے ابھی تو پیالہ یہیں تھا اور ان کنعانیوں کے بغیر اور کوئی یہاں آیا بھی نہیں۔ انکے دل میں یہ بات راسخ ہو گئی کہ ہو نہ ہو پیالہ وہی اڑا لے گئے ہیں۔ فوراً انکے تعاقب میں ایک افسر چند ملازمین کے ساتھ بھیجا گیا۔ جب وہ اس قافلہ کے نزدیک پہنچا تو اس نے بلند آواز سے کہا اے قافلہ والو ٹھہر جاؤ۔ تم ہمارے چور ہو۔

٦١ وہ یہ سنگین الزام سن کر دہشت زدہ ہو گئے اور پیچھے مڑ کر پوچھنے لگے کیا چیز گم ہو گئی ہے انھوں نے بتایا کہ شاہی پیالہ نہیں مل رہا اور تمھارے بغیر وہاں کوئی آیا بھی نہیں یقیناً پیالہ تمھارے ہی پاس ہے۔ اور تم میں سے جو پیالہ تلاش کر دے گا اسے غلہ کا لدا ہوا ایک اونٹ بطور انعام دیا جائیگا۔

٦٢ وہ قسمیں اٹھا اٹھا کر اپنی صفائی پیش کرنے لگے۔

٦٣ اہلکاروں کو اپنی جگہ پر یقین تھا کہ ان کے سوا کوئی اور چور نہیں ہے ادھر وہ قسمیں اٹھا اٹھا کر اپنی برأت کر رہے تھے عام طور پر ایسے موقع پر یہی ہوتا ہے کہ ملزم سے ہی پوچھا جاتا ہے کہ تم جو اپنی صفائی پیش کرتے کرتے نہیں تھکتے تم خود ہی بتاؤ کہ اگر تم پر یہ الزام ثابت ہو جائے تو تمھیں کیا سزا دی جائے۔ یہی بات ان ملازمین شاہی نے بھی کہی۔ انھیں برأت کا پختہ یقین تھا اس لیئے انھوں نے کہدیا کہ اگر ہم میں سے کوئی چور ثابت ہو تو ہم اسے سخت سزا دیں گے جو ہماری شریعت میں ہے کہ چور کو ہم آپ کے سپرد کر دیں گے۔ وہ عمر بھر غلام رہے گا۔

جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي

اس کی سزا یہ ہے کہ جس کے سامان میں یہ پیالہ دستیاب ہو تو وہ خود ہی اس کا بدلہ ہے اسی طرح ہم سزا دیا کرتے ہیں

الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا

ظالموں کو۔ پس تلاشی لینی شروع کی ان کے سامانوں کی یوسف کے بھائی کے سامان کی تلاشی سے پہلے ف۶۵ آخر کار نکال

مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ

لیا وہ پیالہ اس کے بھائی کی خورجی سے۔ یوں تدبیر کی ہم نے ف۶۶ یوسف کے لیے نہیں رکھ سکتے تھے یوسف اپنے بھائی کو

ف۶۵ اب ان کے سامان کی تلاشی شروع ہوئی۔ یہ قدرتی بات ہے کہ ابتدا سب بڑے کے سامان سے ہوئی ہوگی۔ اور آخر میں سب چھوٹے کی باری آئی ہوگی۔ سب کے سامان کھول کر تلاشی لی گئی لیکن پیالہ برآمد نہ ہوا۔ آخر میں بنیامین کا سامان کھولا گیا تو پیالہ مل گیا۔ ان کی تجویز کردہ سزا کے مطابق بنیامین کو پکڑ لیا گیا اور اسے حضرت یوسف کی خدمت میں پیش کر دیا گیا اس طرح حضرت یوسف اپنے راز کو افشا کیے بغیر اپنے بھائی کو اپنے پاس رکھنے میں کامیاب ہو گئے۔

معتبر تفاسیر کے مطالعہ سے صورتِ حالات کو جس طرح میں سمجھا ہوں وہ میں نے پیشِ خدمت کر دی۔ اس کے بعد ان شبہات کا احتمال ہی باقی نہیں رہتا جو یہاں صورتِ حال کو صحیح طور پر نہ سمجھنے کے باعث کیے جاتے ہیں۔

ف۶۶ یہاں دو امر تحقیق طلب ہیں (ایک) کدنا کا معنی کیا ہے اور کیا اس کی نسبت ذاتِ خداوندی کی طرف جائز ہے۔ عام طور پر کید کا معنی حیلہ سازی اور فریب ہی کیا جاتا ہے لیکن لغت عرب میں اس کے علاوہ کئی دوسرے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے کسی کام کو کرنے۔ کوئی تدبیر سوچنے اور ارادہ کرنے کے معنی میں بھی اس کا استعمال عام ہے چنانچہ علامہ ابو عبداللہ قرطبی لکھتے ہیں۔ قوله تعالٰی کدنا معناه صنعنا عن ابن عباس، القتبي: دبرنا ابن الانباري: اردنا (قرطبی)

یعنی حضرت ابن عباس نے کدنا کا معنی کیا ہے صنعنا یعنی ہم نے یوں کیا اور قتبی نے اس کا معنی دبرنا کیا ہے کہ ہم نے یوں تدبیر کی۔ ابن الانباری نے اس کا معنی اردنا کیا ہے کہ ہم نے اس طرح ارادہ کیا اور بطور استشہاد کسی شاعر کا یہ شعر بھی ذکر کیا ہے۔

کادت وکدت وتلك خیر ارادة ✻ لو عاد من عهد الصبا ما قد مضٰی۔

یعنی اس نے بھی ارادہ کیا اور میں نے بھی ارادہ کیا اور یہ ارادہ بڑا بابرکت تھا بشرطیکہ بچپن کا گزرا ہوا زمانہ لوٹ آئے یہاں کاد بمعنی اراد ہے اور اگر پہلا معنی ہی مراد ہو تو اسے اس کے انجام کے پیشِ نظر ذاتِ باری کی طرف منسوب کیا جا سکتا ہے جس طرح امام رازی نے لکھا ہے۔ فالکید السعی فی الحیلة والخدیعة ونهایته القاء الانسان من حیث لا یشعر فی امر مکروه ولا سبیل له الی دفعه فالکید فی حق الله محمول علی هذا المعنی (کبیر)

دوسرا امر جو غور طلب ہے وہ یہ ہے کہ ان واقعات میں سے کس کو اللہ تعالٰی نے اپنی خصوصی تدبیر فرمایا ہے اس کے متعلق گزارش ہے کہ اگر ذرا

فِیْ دِیْنِ الْمَلِكِ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَ

بادشاہِ مصر کے قانون میں مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ چاہے۔ ہم بلند کر دیتے ہیں درجے جن کے چاہتے ہیں ۷۱ اور

فَوْقَ كُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ ۝۷۶ قَالُوْۤا اِنْ یَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ

ہر صاحبِ علم سے برتر دوسرا صاحبِ علم ہوتا ہے۔ بھائی بولے اگر اس نے چوری کی ہے (تو کیا تعجب ہے) بیشک چوری کی تھی

لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا یُوْسُفُ فِیْ نَفْسِهٖ وَ لَمْ یُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ

اسکے بھائی نے بھی اس سے پہلے تو ۷۲ چھپا لیا اس بات کو یوسف نے اپنے جی میں اور نہ ظاہر کیا اسے ان پر۔ (دل میں) کہا تم بہت

اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ۝۷۷ قَالُوْا یٰۤاَیُّهَا الْعَزِیْزُ اِنَّ

بری جگہ ہو۔ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو تم بیان کر رہے ہو۔ وہ کہنے لگے اے عزیز! اس کا باپ

غور کیا جائے تو حقیقت عیاں ہو جاتی ہے۔ ہو سکتا تھا کہ اس قافلہ کی روانگی کے بعد فوراً انکو پیالہ کی گمشدگی کا پتہ نہ چلتا کچھ دن گزرنے کے بعد انھیں معلوم ہوتا کہ پیالہ گم ہو چکا ہے اتنے میں وہ مصر کی سرحد عبور کر کے چلے جاتے یا پہلے اپنے میں سے کسی کو چوری سے متہم کرتے اور ان کی طرف ان کا خیال ہی نہ جاتا یا یہ نوبت ہی پیش نہ آتی کہ چور کی سزا کے متعلق ان سے ہی دریافت کیا جاتا اور اگر ان سے پوچھا بھی گیا تھا تو وہ یہ بھی کہہ سکتے تھے کہ جو بادشاہ کی مرضی ہو اس چور کو سزا دے۔ یہ سب ایسے احتمالات تھے جو غالب الوقوع تھے۔ اس لیے انکو پیالہ کی گمشدگی کا فوراً علم ہو جانا پھر ذہن کا فوراً ان کی طرف منتقل ہونا پھر مجرم کی سزا کے متعلق ان سے پوچھنا اور پھر ان کا یہ سزا تجویز کرنا یہ سب تدبیر الٰہی اور ارادہ ربانی کی کرشمہ سازی تھی۔ اور اگر ان واقعات میں سے ایک آدھ واقعہ بھی گم ہو جاتا تو پھر بنیامین کو رکھنے کی کوئی وجہ جواز آپ کو نہ مل سکتی۔ اللہ تعالیٰ کی تائید اگر تدبیر یوسفی کو حاصل نہ ہوتی تو حضرت یوسف کے لیے اپنے ملکی قانون کے مطابق بھائی کو رکھ لینا ممکن نہ تھا۔ علامہ بدرالدین الزرکشی نے البرھان فی علوم القرآن میں لفظ کاد کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے یعنی کاد بمعنی اراد ومنه کذالك کدنا لیوسف۔ یعنی کاد ارادہ کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے اس آیت میں مستعمل ہے (البرہان جلد ۴ صفحہ ۱۳۹)

۷۱ ایسی تدبیر جس میں کسی کی حق تلفی نہیں کسی پر بے جا الزام نہیں کوئی قانون شکنی نہیں فہم یوسفی میں ایسی تدبیر کے آجانے کو اللہ تعالیٰ رفع درجات سے تعبیر فرما رہے ہیں۔

۷۲ وہ اپنی برأت ثابت کرنے کیلیے کہنے لگے کہ اے عزیز! آپ ہمارے متعلق بدگمانی کو دل میں جگہ نہ دیں۔ یہ لڑکا جس نے یہ حرکت کی ہے یہ ہمارا سگا بھائی نہیں یہ دوسری ماں سے ہے اس کا ایک اور بھائی تھا وہ بھی چور تھا۔ ہم دوسری ماں کے بیٹے ہیں۔ ہمارا کردار بے داغ ہے ہم اس قسم کی ذلیل حرکتیں نہیں کیا کرتے۔ حضرت یوسف نے بڑی خاموشی اور تحمل سے انکی دل آزار گفتگو سنی لیکن کسی ناگواری کا مظاہرہ نہ کیا اور ان کو سارے ساز و سامان کے ساتھ بڑی عزت و تکریم سے وطن جانے کی اجازت دیدی۔ یہی وہ عالی ظرفی ہے جس نے آپ کو ان مراتب عالیہ اور مناصب رفیعہ پر

لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۷۸﴾

بہت بوڑھا ہے (اس کی جدائی برداشت نہ کرسکے گا) پس ہم میں سے کسی کو اس کی جگہ پکڑ لیجئے بیشک ہم تجھے نیکوکاروں سے

قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ

دیکھتے ہیں۔ آپ نے کہا ہم خدا کی پناہ مانگتے ہیں اس سے کہ پکڑیں ہم مگر اس کو جس کے پاس ہم نے اپنا سامان پایا ہے۔ ورنہ

اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ۭ قَالَ كَبِيْرُهُمْ

ہم ظالم ہوں گے۔ پھر جب مایوس ہو گئے یوسف سے تو الگ جا کر سرگوشی کرنے لگے ۱۱۰ ان کے بڑے بھائی نے کہا

اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ

کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے باپ نے لیا تھا تم سے وعدہ جو پختہ کیا گیا تھا اللہ کے نام سے اور اس سے

قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْٓ

پہلے جو زیادتی یوسف کے حق میں تم کر چکے ہو (وہ بھی تمہیں یاد ہے) سو میں تو نہیں چھوڑوں گا اس زمین کو جب تک کہ اجازت نہ دیں مجھے میرے

فائز کیا اخلاق کی انہیں بلندیوں کی طرف ہمیں راغب کرنے کے لیے یہ واقعہ سنایا بھی جا رہا ہے۔

۱۰۹ انھوں نے اپنے باپ کی پیرانہ سالی کا واسطہ دیکر بنیامین کی واپسی کی التجا کی لیکن آپ نے مسترد کر دی۔ فرمایا ہم تمہاری تجویز کردہ سزا اس کو دیں گے جس کے سامان سے ہمارا پیالہ برآمد ہوا اس کی جگہ کسی اور کو روک لینا سراسر ظلم ہے۔

۱۱۰ اگرچہ یہ باب استفعال ہے لیکن یئسوا کے معنی میں ہے جس طرح استسخر بمعنی سخر اور استعجب بمعنی عجب ہے نیز اس کا مصدر ایاس (ہمزہ الفاء) نہیں بلکہ یئس (ہمزہ العین) ہے نجیاً نصب علی الحال من المضمر فی خلصوا وھو واحد یؤدی عن جمع (قرطبی)

جب حضرت یوسف نے ان کی درخواست مسترد کر دی تو بڑے پیشان ہوئے اور الگ بیٹھ کر مشورہ کرنے لگے کہ اب حضرت یعقوب کو جا کر کیا منہ دکھائیں گے۔ ہماری پیشانی سے پہلا کلنک کا ٹیکہ ابھی دور نہیں ہوا ان میں سے روبیل جو سب سے بڑا تھا اس نے تو گھر واپس جانے سے صاف انکار کر دیا کہ جب تک حضرت یعقوب خود مجھے واپسی کا حکم نہ دیں یا خدا کا کوئی حکم نہ ہو میں واپس نہیں جاؤں گا اور دوسرے بھائیوں کو کہا کہ تم یہ غلہ بھی لے جاؤ اور خود بھی جاؤ حضرت یعقوب سے سارا ماجرا بیان کر دو کہ تمہارے لاڈلے بیٹے نے یہ گل کھلایا ہے اس میں ہمارا کوئی قصور نہیں ہم نے تو اسے نہیں کہا کہ تم چوری کرو اور اگر وہ ہمارے سامنے پیالہ چراتا تو ہم یقیناً اسے ٹوکتے اس نے تو اتنی چابکدستی سے ہم سب کی آنکھوں میں خاک ڈال کر پیالہ چرایا کہ ہمیں پتہ چلا اور نہ کسی اہلکار کو اس معاملہ میں ہم بالکل بے قصور ہیں حقیقت پسندی کا تقاضا یہ ہے کہ آپ ہم سے ناراض نہ ہوں۔

أَبِيٓ أَوْ يَحْكُمَ ٱللَّهُ لِي ۖ وَهُوَ خَيْرُ ٱلْحَٰكِمِينَ ﴿٨٠﴾ ٱرْجِعُوٓا۟ إِلَىٰٓ أَبِيكُمْ

باپ یا فیصلہ فرمائے اللہ تعالیٰ میرے لیے۔ اور وہ تمام فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہے۔ تم لوٹ جاؤ اپنے باپ کی طرف پھر انھیں یوں

فَقُولُوا۟ يَٰٓأَبَانَآ إِنَّ ٱبْنَكَ سَرَقَ وَمَا شَهِدْنَآ إِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا

عرض کرو: اے ہمارے محترم باپ! بلاشبہ آپ کے بیٹے نے چوری کی (اس لیے وہ گرفتار کر لیا گیا) اور ہم نے (آپ سے) وہی کچھ بیان کیا جس کا ہمیں علم تھا اور ہم

كُنَّا لِلْغَيْبِ حَٰفِظِينَ ﴿٨١﴾ وَسْـَٔلِ ٱلْقَرْيَةَ ٱلَّتِي كُنَّا فِيهَا وَٱلْعِيرَ

نہیں تھے غیب کی نگہبانی کرنے والے۔ اور (اگر آپ کو اعتبار نہ آئے تو) دریافت کیجئے بستی والوں سے جس میں ہم رہے [۱۱] اور

ٱلَّتِيٓ أَقْبَلْنَا فِيهَا ۖ وَإِنَّا لَصَٰدِقُونَ ﴿٨٢﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ

(پوچھیے) اس قافلہ سے جس میں ہم آئے اور یقیناً ہم سچ عرض کر رہے ہیں۔ آپ نے (یہ سن کر) کہا بلکہ آراستہ کر دی ہے تمھارے لیے تمھارے نفسوں نے

أَنفُسُكُمْ أَمْرًا ۖ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ عَسَى ٱللَّهُ أَن يَأْتِيَنِي بِهِمْ

یہ بات (میرے بیٹو) اب صبر ہی زیبا ہے [۱۲] قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ لے آئیگا میرے پاس ان سب کو [۱۳]

[۱۱] اور اگر انھیں تمھاری بات پر یقین نہ آئے تو کہنا کہ آپ بے شک مصر کوئی اپنا آدمی بھیج کر تحقیق کر لیں یا اس قافلہ میں دوسرے لوگ جو ہمارے ساتھ تھے۔ اُن سے تسلی کر لیں قریہ سے مراد مصر ہے۔

[۱۲] دو بھائی اونٹوں پر غلہ لادے ہوئے گھر پہنچے لیکن بنیامین ساتھ نہیں تھا حضرت یعقوب نے پوچھا تو سارا ماجرا کہہ سنایا اور کہا ان ابنك سرق اے ہمارے باپ تیرے بیٹے نے چوری کی اور پکڑا گیا اس کے متعلق آپ نے فرمایا بل سولت لکم یعنی میرے بیٹے پر چوری کا الزام لگانا غلط ہے اس نے ہرگز چوری نہیں کی اس میں ایک راز الٰہی ہے جسے تم نہیں جانتے میں اس نئے جانکاہ صدمہ پر بھی صبر جمیل کروں گا ان ابنی سرق وما سرق وانما ذلك لامر يريده الله۔ (قرطبی)

[۱۳] اگرچہ برسوں گزر گئے اور بظاہر یوسف کی کوئی خبر نہ ملی اندھی کا درد جدائی کیا کم تھا کہ اس پیرانہ سالی میں بنیامین بھی غلام بنا لیا گیا اور اس سے ملنے کی بھی کوئی امید نہ رہی تھی لیکن اللہ تعالیٰ کا نبی ان ظاہری مایوسیوں سے کب دل برداشتہ ہوتا ہے امید کرم کا جو چراغ وہ روشن کرتا ہے غم کی یہ آندھیاں اسے بجھا نہیں سکتیں۔ آپ نے فرمایا میں صبر کروں گا اور صبر کرنا ہی میرے لیے پسندیدہ ہے اور مجھے اپنے رب سے قوی امید ہے کہ شب فراق طویل سہی لیکن یہ صبح وصال میں بدل کر رہیگی اللہ تعالیٰ میرے بچھڑے ہوئے تمام بچوں کو ضرور مجھ سے ملا دیگا ہم تفسیر کبیر سے علما کا یہ قول پہلے نقل کر آئے ہیں کہ آپ کو یوسف علیہ السلام کے مصر میں موجود ہونے کا علم تھا ایک بات اور غور طلب ہے۔ باوجودیکہ حضرت یعقوب کو علم نہ تھا لیکن حضرت یوسف

جَمِيعًا ۚ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ﴿٨٣﴾ وَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَقَالَ يَا أَسَفَىٰ

بیشک وہ سب کچھ جاننے والا بڑا دانا ہے ۱۱۳ اور منہ پھیر لیا آپ نے ان کی طرف سے ۱۱۵ اور کہا ہائے افسوس! ۱۱۶

عَلَىٰ يُوسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيمٌ ﴿٨٤﴾

یوسف کی جدائی پر اور سفید ہو گئیں ان کی دونوں آنکھیں غم کے باعث اور وہ اپنے غم کو ضبط کیے ہوئے تھے ۱۱۷

کو پہلے ہی بھائیوں کی آمد کے بعد تو اپنے اللہ بزرگوار کے حزن وملال کا پتہ چل گیا اور وہ مصر کے حکمران تھے انھوں نے آدمی بھیج کر آپ کو کیوں نہ بلا لیا۔ یا کم از کم اطلاع ہی کیوں نہ بھیجی کہ آپ غم نہ کریں میں زندہ ہوں۔ آپ کا یوں خاموش رہنا بظاہر تو دانستہ اذیت رسانی کے مترادف تھا۔ اس کا جواب عارف باللہ حضرت ثناء اللہ پانی پتی نے دیا ہے کہ یہ خاموشی بامر اللہ تھی۔ فان قیل قال البغوی کیف استجاز یوسف ان یعمل مثل هذا بابیه ولم یخبره بمکانه وحبس اخاه مع علمه بشدة وجد ابیه ففیه معنی العقوق وقطیعة الرحم وقلة الشفقة قلنا اکثر الناس فیه والصحیح انه عمل ذلك بامر الله تعالى۔ (مظہری)

۱۱۳ اے پیارے سب احوال کا علم ہے۔ اس کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں۔ میں اس کے حکم کے سامنے تسلیم خم کرتا ہوں اور اس کے فضل وکرم کی آس لگائے بیٹھا ہوں۔

۱۱۵ جب یہ دوسری چوٹ لگی تو دل اچاٹ ہو گیا اور تمام گھر والوں سے اور علائق دنیوی سے منہ موڑ لیا اور اپنے رب کے ذکر میں مشغول رہنے لگے۔

۱۱۶ اسف شدت غم کو کہتے ہیں اصل میں عبارت یوں ہے یا اسفی تعال فهذا اوانك اے میرے درد وغم آجا اب تیرے آنے کا وقت ہے۔ شدت غم واندوہ کے وقت یہ لفظ بولا جاتا ہے۔ کثرت گریہ سے آپ کی آنکھیں سفید ہو گئیں اور بینائی جاتی رہی۔

۱۱۷ ای کظوم: مملوء من الحزن ممسك علیه لایبثه یعنی جو شخص غم واندوہ سے لبریز ہو چکا ہو اور اس نے لبوں پر مہر خاموشی لگا رکھی ہو اور کسی کے سامنے اس کا اظہار نہ کرتا ہو۔

بظاہر حضرت یعقوب علیہ السلام جیسے جلیل القدر پیغمبر کا اپنے فرزند کی محبت میں یوں وارفتہ ہو جانا اور اس کے ہجر وفراق میں رو رو کر آنکھیں سفید کر لینا آپ کے شایان شان معلوم نہیں ہوتا۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ اہل معرفت نے اس خلش کو یہ کہہ کر دور کیا ہے کہ حسن یوسف کو آپ کے لیے جمال الٰہی کا آئینہ بنا دیا گیا تھا۔ وہ اس طلعت زیبا کے آئینہ میں تجلیات الٰہیہ کا مشاہدہ فرمایا کرتے تھے جب حضرت یوسف آپ کی نگاہوں سے اوجھل ہو گئے تو انوار خداوندی کی لذت دید سے محروم ہو جانے کے باعث آپ بے چین اور بے قرار ہو گئے وانما ربعض العارفین ان ذلك الاسف والبکاء لیسا الا لفوات ما تکشف له علیه السلام من تجلی الله تعالى فی مرآة وجه یوسف علیه السلام (روح المعانی) اس کے بعد علامہ موصوف تحریر فرماتے ہیں:۔

ولعمری انه لو کان شاهد تجلیه تعالى فی اول التعینات فی عین اعیان الموجودات صلى الله علیه وسلم لنسی ما رای ونسی ما اعتراه ما اعتراه۔ (روح المعانی)

یعنی مجھے اپنی زندگی کی قسم! اگر حضرت یعقوب اللہ تعالیٰ کی اس تجلی کا مشاہدہ کرتے جو فخر موجودات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن وجمال میں درخشاں ہے تو انھیں حسن یوسف یاد ہی نہ رہتا اور ان کے ہجر وفراق میں آپ کا یہ حال نہ ہوتا۔

حضرت مولانا ثناء اللہ پانی پتی نے یہ شبہ وارد کر کے اس کا جواب بڑی شرح وبسط کے ساتھ لکھا ہے اور بڑے عارفانہ انداز میں اس حقیقت کو

قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ

بیٹوں نے عرض کی بخدا! آپ ہر وقت یاد کرتے رہتے ہیں یوسف کو کہیں بگڑ نہ جائے آپ کی صحت ۱۱۸ یا

بیان کیا ہے کہ حضرت یوسف کا حسن انوار الٰہیہ کی جلوہ گاہ تھا اس کے بعد حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کا ایک طویل اقتباس نقل کیا ہے جس میں حضرت مجدد فرماتے ہیں کہ خاتم الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والثناء کی ذات اقدس کی تربیت اور مربی اللہ تعالیٰ کی صفت علم ہے جو تمام صفات سے قریب اور محبوب ہے اور علم کا حسن و جمال اتنا لطیف اور بلند رتبہ ہے کہ اسے نگاہیں پا نہیں سکتیں اسی لیے حضور نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے کمال حسن کو ہماری نظریں کما حقہ طور پر نہیں دیکھ سکتیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا حسن و جمال قیامت کو بے نقاب ہو گا۔ اس دن دنیا کو پتہ چلے گا کہ حسن حسن محمدی ہی ہے اور جمال جمال احمدی ہی ہے۔ ولعل حسن جمال لا کیفیۃ له فلاجل کمال لطافته وعلو رتبته تجلی فی سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم من الحسن والجمال ما لا تدرکه الابصار وسیظهر حسنه وجماله فی الآخرۃ فیوسف علیہ السلام ان سلوله فی الدنیا ثلثی الحسن لکن فی الآخرۃ الحسن حسن محمدی والجمال جماله۔

اس کے بعد حضرت مجدد الف ثانی رقمطراز ہیں کہ یوسف علیہ السلام کے حسن پر تو صرف حضرت یعقوب اور دوسرے لوگ فریفتہ تھے لیکن حضور نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حسن و جمال سے خالق کائنات محبت فرماتا تھا۔ کان حسن یوسف علیہ السلام بحیث احبه یعقوب والخلائق وکان حسن محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بحیث احبه رب یعقوب والخلائق جل جلاله۔

حضرت مجدد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تصرف کی خصوصی زبان میں اس مسئلہ پر گفتگو کی ہے جو عام لوگوں کے علم و فہم سے بالاتر ہے۔ میں نے عام فہم انداز میں آپ کا مدعا اور خلاصہ کلام پیش کیا ہے تاکہ عوام بھی لطف اندوز ہو سکیں۔ اہل علم سے میری استدعا ہے کہ وہ خود تفسیر مظہری کا اس مقام پر مطالعہ کریں اور محظوظ ہوں انہیں اعتراف کرنا پڑے گا کہ فیلسوف اسلام شاعر مشرق نے جب یہ فرمایا تھا تو بجا فرمایا تھا۔ ؎

دل بینا بھی کر خدا سے طلب ٭ آنکھ کا نور دل کا نور نہیں

۱۱۸۔ بیٹوں نے جب دیکھا کہ حضرت یعقوب ہر لحظہ یوسف کے فراق میں ماہی بے آب کی طرح تڑپتے رہتے ہیں اور انہیں یاد کر کے آنسوؤں کے دریا بہاتے رہتے ہیں تو انہیں اس سے باز رکھنے کے لیے کہا کہ اگر یہی لیل و نہار رہے تو آپ کی صحت بگڑ جائے گی اور موت کے منہ میں جانے کا قوی اندیشہ ہے۔

تفتؤا۔ خلیل اور سیبویہ نے کہا ہے کہ قسم میں یہاں لا کو حذف کر دیا جاتا ہے کیونکہ اس وقت کوئی التباس نہیں ہوتا اور بعض نحویوں کے نزدیک مافتئ اور فتأ دونوں لغتوں میں معنی ایک ہی ہے۔

زعم الخلیل وسیبویه ان "لا" تضمر فی القسم لانه لیس فیه اشکال وقیل مافتئ وفتأ فهما لغتان ولا یستعملان الا مع الجحد (قرطبی)

حارضاً حرض سے ہے اور اس کا اصلی معنی ہے فرط غم، غلبہ عشق اور بڑھاپے کی وجہ سے جسمانی اور عقلی قوتوں کا مضمحل ہو جانا۔ نحاس نے کہا ہے کہ جب کسی کو رنج و اندوہ بیمار کر دے تو کہتے ہیں احرضه الهم۔

تَكُونَ مِنَ الْهَالِكِينَ ﴿٨٥﴾ قَالَ إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي

آپ ہلاک نہ ہو جائیں ۔ آپ نے فرمایا میں تو شکوہ کر رہا ہوں ۔ اپنی مصیبت اور اپنے دکھوں کا

إِلَى اللَّهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٨٦﴾ يَا بَنِيَّ اذْهَبُوا فَتَحَسَّسُوا

خدا کی بارگاہ میں ۱۱۹ اور میں جانتا ہوں اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو تم نہیں جانتے۔ ۱۲۰ اے میرے بیٹو! جاؤ اور سراغ لگاؤ

مِنْ يُوسُفَ وَأَخِيهِ وَلَا تَيْأَسُوا مِنْ رَوْحِ اللَّهِ ۖ إِنَّهُ لَا يَيْأَسُ

یوسف کا اور اس کے بھائی کا اور مایوس نہ ہو جاؤ رحمت الٰہی سے ۱۲۱ بلاشبہ مایوس نہیں ہوتے

مِنْ رَوْحِ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْكَافِرُونَ ﴿٨٧﴾ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَيْهِ قَالُوا

رحمت الٰہی سے مگر کافر لوگ۔ پھر جب وہ گئے (یوسف علیہ السلام) کے پاس ۱۲۲ تو انھوں نے

۱۱۹ آپ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ مجھے تم کچھ نہ کہو میں تو اپنی حکایت درد و غم صرف اپنے خداوند ذوالجلال کی بارگاہ بے کس پناہ میں بیان کر رہا ہوں۔ مجھے اس سے مت روکو۔

۱۲۰ اس قصہ میں جو حکمتیں مستور ہیں اور جو راز پوشیدہ ہیں انھیں میں ہی جانتا ہوں تم ایک خاموش تماشائی کی طرح دیکھتے رہو کہ اس کا انجام کیا ہوتا ہے۔

بثّ: انتہائی حزن و ملال وہ غم جس کو انسان ہزار کوشش کے باوجود چھپا نہ سکے۔ حقيقة البث في اللغة ما يرد على الانسان من الاشياء المهلكة التي لا يتهيأ له ان يخفيها وقيل اشد الحزن۔

۱۲۱ ایک دن آپ نے اپنے بیٹوں کو یاد فرمایا اور حکم دیا کہ جاؤ یوسف اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور خدا کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ آپ اس آیت میں غور فرمائیں حضرت یعقوب نے یوسف کو تلاش کرنے کا حکم دیا صاف بتا رہا ہے کہ آپ کو یقین ہے کہ یوسف زندہ ہے پھر یوسف کے ساتھ ان کے بھائی کا ذکر کرنا اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ یوسف وہی ہے جس کے پاس تم بھائی چھوڑ آئے ہو وہیں جا کر تلاش کرو اور آخر میں مزید تاکید فرمائی کہ مایوس نہ ہو کیونکہ اہل ایمان اپنے رب کی رحمت بے پایاں سے مایوس نہیں ہوا کرتے۔ معلوم ہوتا ہے کہ خاموش رہنے کی حکمت پوری ہو چکی اب پردہ اٹھنے والا ہے اور اذن لب کشائی ملنے والا ہے۔

۱۲۲ اپنے پدر بزرگوار کی ہدایت کے مطابق تلاش یوسف میں مصر روانہ ہو گئے۔ وہاں پہنچے تو عزیز مصر کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی ان مشکلات کا ذکر کیا جن سے قحط سالی کی وجہ سے ان کا سارا خاندان دوچار تھا۔ یہاں تک کہ فاقہ کشی کی نوبت بھی آجاتی ہے۔ ساتھ ہی یہ بھی عرض کر دی کہ اس سے پیشتر تو ہم جب غلہ لینے کے لیے حاضر ہوتے تھے تو ہم اس کی قیمت ساتھ لاتے تھے لیکن اس دفعہ تو تنگدستی کا یہ عالم ہے کہ پوری قیمت بھی میسر نہیں ہو سکی تھوڑے سے ورد ی سے جو درہم مل سکے ہیں وہ تو لے آئے ہیں۔ اے عزیز آپ کا رحیمانہ سلوک ہمارے ساتھ رہا کرتا ہے اس لیے روپیہ کی کمی کی

يَاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ

عرض کی اے عزیز! پہنچی ہے ہمیں اور ہمارے اہل خانہ کو مصیبت اور (اس مرتبہ) ہم لے آئے ہیں حقیر سی پونجی۔

فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿۸۸﴾

پس پورا ناپ کر دیں ہمیں پیمانہ اور (اس کے علاوہ) ہم پر خیرات بھی کریں۔ بیشک اللہ تعالیٰ نیک بدلہ دیتا ہے خیرات کرنے والوں کو۔

قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾

آپ نے پوچھا کیا تمہیں علم ہے جو سلوک تم نے کیا یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ جب[۱۲۳] تم نادان تھے

وجہ سے ہمارے غلہ کی مقررہ مقدار میں کمی نہ فرمایئے بلکہ پہلے سے بھی زیادہ ہمارے ساتھ مروت فرمایئے ہم بڑی طویل مسافت طے کر کے آئے ہیں اور ہماری معاشی حالت انتہائی قابل رحم ہے۔ آپ جو عنایت خسروانہ ہم پر کرینگے اگرچہ ہم درہم و دینار سے اس کا معاوضہ ادا کرنے کے قابل نہیں لیکن اللہ تعالیٰ اس عنایت و شفقت کا اجر آپ کو ضرور عطا فرمائیگا۔ بضاعة: مال کا حصہ، قیمت۔ مزجاة: ازجاءٌ سے ہے، کسی چیز کو دور پھینک دینا۔ ستو کر دینا کیونکہ کاندار کو اگر کم قیمت دی جائے یا کھوٹا سکہ دیا جائے تو وہ غصہ میں اسے پھینک دیا کرتا ہے۔ اسی مناسبت سے کم قیمت یا کھوٹے سکوں کو بضاعة مزجاةٌ کہا گیا ہے۔ تصدق علینا کا معنی یہاں تفضل علینا کرنا زیادہ مناسب ہے۔

۱۲۳ جب آپ کو کنوئیں میں لٹکا کر اوپر سے رسی کاٹ دی گئی تھی اس وقت اللہ تعالیٰ نے یوسف کو کہا تھا کہ غم نہ کھا تیرا بال بھی بیکا نہیں ہوگا اور ایک وقت وہ آئیگا جب تو ان کو اس کارستانی پر آگاہ کرے گا۔ آج اس وعدہ کے پورا ہونے کا وقت آپہنچا لیکن کس آن بان سے۔ اس کا اس وقت نہ یوسف کو پتہ تھا اور نہ بھائیوں کو خبر تھی۔ بھائی جنہیں اپنی طاقت و جوانی پر بڑا گھمنڈ تھا سائل کی صورت میں غلہ مانگنے کے لیے حاضر ہیں۔ سراپا ادب و احترام بن کر اپنے فقر و فاقہ کی کہانی بیان کر رہے ہیں۔ بڑے خوشامدانہ لہجہ میں اس سے مزید غلہ دینے کی درخواست کر رہے ہیں۔ انہیں معلوم ہی نہیں کہ یہ شاہی جاہ و جلال سے سنہری تخت پر جو سامنے بیٹھا ہے وہ یوسف ہے۔ اچانک آپ نے ان سے پوچھا یہ تو بتاؤ جو کچھ تم نے لاعلمی کی حالت میں یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ سلوک کیا تھا وہ بھی یاد ہے۔ ان کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں دہشت اور حیرت سے پوچھنے لگے کہیں آپ یوسف تو نہیں فرمایا ہاں میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے ساتھ ہی یہ بھی بتا دیا کہ یہ شان و شوکت جو تم دیکھ رہے ہو اس میں میرا کوئی کمال نہیں۔ یہ سب میرے رب کریم کا احسان ہے جو اس نے اپنے مسکین بندوں پر فرمایا ہے۔ اس فضل ربانی کی جو اصل وجہ تھی وہ بھی بتا دی لیکن اس حکیمانہ انداز میں کہ حقیقت بھی بیان ہو گئی اور کسی قسم کی خود ستائی بھی نہیں پائی گئی۔ فرمایا جو تقویٰ کو اپنا شعار بنا لیتا ہے اور جو مشکلات و مصائب میں صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی نیکیوں اور خوبیوں کو ضائع نہیں کرتا اور ان کے نتائج سے شاد کام کرتا ہے جو اس نے تقرر کر رکھے ہیں۔ حضرت یوسف کی شان کریمی آپ کے ہر ارشاد سے نمایاں ہو رہی ہے۔ بھائیوں سے جب پوچھا کہ تم نے یوسف کے ساتھ جو نازیبا سلوک کیا وہ یاد ہے۔ یہ سنتے ہی انہیں اپنی ساری کارستانیاں ایک ایک کر کے یاد آگئی ہونگی اور ندامت کے بارگراں کے نیچے ڈوبے چلے جا رہے ہونگے لیکن پیشتر اس کے کہ وہ معذرت خواہی کریں حضرت یوسف خود ہی ان کی طرف سے معذرت

قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ۭ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ۡ قَدْ

(سراپا حیرت بن کر) کہنے لگے کیا (سچ مچ) آپ ہی یوسف ہیں فرمایا (ہاں) میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے۔ بڑا کرم فرمایا ہے

مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ۭ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

اللہ تعالیٰ نے ہم پر۔ یقیناً جو شخص تقویٰ اختیار کرتا ہے اور صبر کرتا ہے (وہ آخر کار کامیاب ہو جاتا ہے) بلاشبہ اللہ تعالیٰ نیکوکاروں کا

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا

اجر ضائع نہیں کرتا۔ بھائیوں نے کہا خدا کی قسم! بزرگی دی ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہم پر اور بیشک ہم ہی

لَخٰطِـــِٕيْنَ ۝ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۭ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۡ وَهُوَ

خطاکار تھے ١٢٤ آپ نے فرمایا نہیں کوئی گرفت تم پر آج کے دن ١٢٥ معاف فرمائے اللہ تعالیٰ تمہارے (قصوروں) کو

پیش کرتے ہیں کہ یہ غلطی تم نے بے علمی کی وجہ سے کی تھی کیونکہ حقیقت حال کا علم نہ تھا۔ اہل کرم کا یہی شیوہ ہے کہ اپنے مجرم کو بھی پریشان نہیں دیکھ سکتے۔ اپنا رنج و غم انہیں بھول جاتا ہے اور اس کے احساس ندامت کی تلخی کو کم کرنے کی فکر دامن گیر ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد آپ نے جب اللہ تعالیٰ کے احسان کی وجہ بیان کی تو یہ نہیں کہا کہ کیونکہ میں بڑا متقی اور پرہیزگار تھا اور ہر حلہ پر صابر رہا اس لیے مجھ پر یہ کرم ہوا بلکہ قاعدہ کلیہ ذکر کر دیا اس میں ان کی حوصلہ افزائی بھی فرما دی کہ اگر تم بھی تقویٰ اور صبر کو اپنا شعار بنا لو گے تو تم بھی اس کے انعام و اکرام کے مستحق بن جاؤ گے۔

١٢٤ بھائیوں کو آپ کی فضیلت شان کا آخر اعتراف کرنا ہی پڑا خطأ خطأ اذا تعمد بالذنب واخطأ اذا کان غیر متعمد۔

١٢٥ جب آپ نے بھائیوں کو اعتراف جرم کے ساتھ اظہار ندامت کرتے ہوئے سنا تو طبع کریم میں پھر جوش آیا اور فرمایا بے فکر ہو جاؤ میری طرف سے تم پر کوئی گرفت نہیں کی جائے گی بلکہ تمہیں ان کارستانیوں کی یاد دلا کر شرمندہ بھی نہیں کیا جائے گا التثریب التعییر والتوبیخ حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس روز مکہ مکرمہ فتح کیا اور کفر و شرک کی اس اجڑی بستی میں توحید کا پرچم لہرایا تو خانہ کعبہ کے دروازہ کو پکڑ کر فرمایا الحمد للہ الذی صدق وعدہ ونصر عبدہ وھزم الاحزاب وحدہ اس اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا اور اپنے بندے کی امداد فرمائی اور تمام کافروں کے لشکروں کو اکیلے شکست دی۔ پھر ان مکہ کے سرکشوں کی طرف متوجہ ہوئے جو آج تک اسلام کو مٹانے کے لیے سرتوڑ کوششیں کرتے رہے تھے اور غریب مسلمانوں پر ظلم و ستم کرتے ہوئے کبھی ان کے ہاتھ نہیں کانپتے تھے۔ جن کے جرائم کی فہرست بڑی طویل اور سنگین تھی ان کو مخاطب ہو کر فرمایا ما تظنون یا معشر قریش اے قریش کے گروہ تم کیا خیال کرتے ہو تمہارے ساتھ کیسا سلوک کیا جائے قالوا خیرا اخ کریم وابن اخ کریم وقد قدرت انھوں نے بیک زبان جواب دیا کہ ہمیں آپ سے بھلائی کی توقع ہے۔ آپ کریم النفس بھائی ہیں اور شریف الطبع بھائی کے بیٹے ہیں اور آپ کو اللہ تعالیٰ نے قدرت و اختیار بھی دیا ہے اور جب کوئی کریم النفس شخص صاحب اختیار ہوتا ہے تو وہ دوسروں کے ساتھ فیاضانہ سلوک کیا کرتا ہے۔

اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ

اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے ۱۲۶ لے جاؤ میرا یہ پیراہن ۱۲۷ پس ڈالو اسے میرے باپ کے چہرہ پر

اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا فَصَلَتِ

وہ بینا ہو جائیں گے۔ اور (عاکم) لے آؤ میرے پاس اپنے سب اہل و عیال کو ۱۲۸ اور جب قافلہ (مصر سے) روانہ

الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾

ہوا (تو ادھر کنعان میں) ان کے باپ نے فرمایا کہ میں تو یوسف کی خوشبو سونگھ رہا ہوں ۱۲۹ اگر تم مجھے بیوقوف خیال نہ کرو۔

قال انا اقول کما قال اخی یوسف لا تثریب علیکم الیوم۔ حضور نے فرمایا میں آج تمہارے حق میں وہی فیصلہ صادر کرتا ہوں جو میرے بھائی یوسف نے اپنے بھائیوں کے لیے صادر کیا تھا۔ تم پر آج کوئی گرفت نہیں۔ جاؤ تم سب آزاد ہو۔ صلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ و نبیہ و بارک وسلم۔

۱۲۶ اپنے حقوق معاف کرنے کے بعد اب بارگاہ الٰہی میں ان کے قصوروں کی مغفرت کے لیے خود ہی التجا کرتے ہیں۔ یہی وہ شان کریمی ہے یہی وہ حسن خلق ہے۔ یہی وہ عالی ظرفی ہے جس کا نام یوسف ہے۔ انہی خصائل حمیدہ کے باعث بازار مصر میں بکنے والے کنعانی نوجوان کو قدموں میں مصر جیسی عظیم مملکت کا تخت بچھایا جاتا ہے۔ اس واقعہ کو اتنی شرح و بسط کے ساتھ بیان کرنے کا صرف یہی مقصد ہے کہ قرآن کو اللہ تعالیٰ کا کلام ماننے والی قوم اپنی آنکھوں سے اس چیز کا مشاہدہ کرے کہ صبر و تحمل، علم و بردباری، عفت و پاکدامنی، عفو و درگزر اور خوف الٰہی کی صفات حمیدہ سے متصف ہونے والا آخر کار کن عزتوں اور کامرانیوں اور حقیقی مسرتوں سے بہرہ ور کیا جاتا ہے اور باطل کی نام و نمود اور غلط طریقوں سے حاصل کی ہوئی کامیابی کتنی عارضی اور سرعت سے فنا پذیر ہوتی ہے۔ ساتھ ہی یہ بھی واضح کر دیا کہ منزل رضا کے راستہ پر پھول بچھے ہوئے نہیں کہ آپ خراماں خراماں چلے جائیں گے بلکہ اس راستہ میں گمنامی کے کنوئیں، بازار مصر کی رسوائی، محلاتی زندگی کی راہزنی اور طویل قید و بند کی سختیاں ہیں اگر ان مرحلوں سے ثابت قدمی سے گزرنے کی ہمت ہے تو آؤ بسم اللہ۔

۱۲۷ جو قمیص اس وقت آپ نے زیب تن فرمائی ہوئی تھی وہ اتار کر دی اور فرمایا کہ یہ لے جاؤ اور حضرت یعقوب کی آنکھوں پر جا کر رکھو۔ ان کی بینائی لوٹ آئے گی بعض علماء نے کہا ہے کہ آپ نے وہ قمیص بھیجی تھی جسے زلیخا نے پیچھے سے کھینچ کر پھاڑ ڈالا تھا لیکن پہلا قول ہی زیادہ صحیح ہے ھو القمیص الذی کان علیہ حینئذ کما ھو الظاھر (روح المعانی)

۱۲۸ واپس جا کر اپنے سارے خاندان کو یہاں میرے پاس لے آؤ تاکہ وہ آرام و آسائش سے زندگی بسر کریں۔

۱۲۹ اس وقت جب یہ قافلہ مصر سے روانہ ہوا تو حضرت یعقوب نے بھی باذن الٰہی مہر خاموشی توڑ دی اور فرمانے لگے کہ اگر تم مجھے نادان، اور مخبوط الحواس نہ کہو تو میں تمہیں بتاؤں کہ آج مجھے اپنے بیٹے یوسف کی خوشبو آ رہی ہے۔ تفنید کہتے ہیں کسی کو نادانی اور بیوقوفی کی طرف منسوب کرنا ای لولا تنسبونی الی الفند وھو نقصان عقل یحدث من الھرم (مظہری) حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ ابھی قافلہ آٹھ دن کی

قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ

گھر والوں نے کہا بخدا! (بابا جی!) آپ اپنی اس پرانی محبت میں مبتلا ہیں۔ ۱۳۰ پس جب آ پہنچا خوشخبری سنانے والا (اور)

اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ

اس نے ڈالا وہ پیراہن آپ کے چہرہ پر تو وہ فوراً بینا ہو گئے ۱۳۱ آپ نے (فرط مسرت سے) کہا (دیکھو) کیا میں نہیں کہا کرتا تھا تمہیں

اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ

کہ میں جانتا ہوں اللہ تعالیٰ (کے بتانے) سے جو تم نہیں جانتے۔ ۱۳۲ بیٹوں نے عرض کی اے ہمارے پدر (محترم) مغفرت مانگیے ہمارے لیے ہمارے گناہوں

مسافت پر تھا کہ آپ کو حضرت یوسف کی خوشبو آنے لگی۔

۱۳۰ آپ کے سارے بیٹے تو مصر گئے ہوئے تھے۔ گھر میں جو بہو بیٹیاں یا پوتے پوتیاں تھیں انھوں نے کہا بابا جی پہلے بھی وہ آپ کو تو ہر وقت یوسف کے خواب ہی آتے رہتے ہیں جس خوشبو کا آپ ذکر کر رہے ہیں اس کی کوئی حقیقت نہیں یہ تو اس محبت اور وارفتگی کی فسوں کاری ہے۔

۱۳۱ جب قافلہ قریب پہنچا تو ایک قاصد بھیجنے کی تجویز ہوئی تاکہ آپ کو جلد از جلد خوشخبری سنائی جائے چنانچہ یہودا نے کہا کہ اس روز یوسف کی قمیص خون سے لت پت کر کے میں ہی لے گیا تھا اب یہ قمیص بھی مجھے دو کہ میں پہلے جا کر آپ کو یہ مژدہ جانفزا سناؤں۔ شاید میری پہلی غلطی کی کچھ تلافی ہو جائے۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ قمیص لیجانے والا آٹھواں تھا۔ الغرض ان میں سے ایک بھائی قمیص لیکر پہلے پہنچ گیا اور حضرت یوسف کے مل جانے کی خوشخبری سنائی اور ساتھ ہی حضرت یوسف کے ارشاد کے مطابق ان کی قمیص آپ کی آنکھوں پر رکھ دی قمیص کے رکھنے کی دیر تھی کہ اس کی برکت سے آپ کی کھوئی ہوئی بینائی واپس آ گئی فعاد بصیراً بعد ما کان عمی (مظہری) بعض ظاہر پرستوں کو یہاں بڑی پریشانی لاحق ہو جاتی ہے کہ کپڑے کی قمیص کو آخر بینائی کے ساتھ کیا تعلق۔ اگر یہ بات کسی روایت یا حدیث میں ہوتی تو بیک جنبش قلم اس حدیث کو غلط ضعیف موضوع وغیرہ کہہ کر جان چھڑا لیتے لیکن یہ بات تو قرآن نے خود بیان کی ہے اس کو غلط کہیں تو کیونکر اس لیے یہاں تاویلوں کا سہارا لیا جاتا ہے فرماتے ہیں کہ آپ نابینا نہیں ہو گئے تھے بلکہ محض ضعف بصر کا عارضہ لاحق ہو گیا تھا جب فرزند دلبند کی بازیابی کی خوشخبری سنی تو فرط مسرت سے خون میں جوش پیدا ہوا اور بینائی قوی ہو گئی لیکن وہ حضرات فارتد بصیراً (آپ پھر بینا ہو گئے) کے قرآنی کلمات کا ترجمہ کیا کریں گے۔ سیدھی بات ہے کہ قمیص اگرچہ دوسری قمیصوں کی طرح کپڑے کی بنی ہوئی تھی لیکن اسے اللہ تعالیٰ کے ایک مقبول بندے یوسف کے جسم کے ساتھ چھونے کا شرف حاصل ہو گیا تھا جس خدا نے مختلف ادویہ میں حیرت انگیز تاثیرات رکھ دی ہیں اس قادر مطلق کی قدرت سے کیا بعید ہے کہ اس نے اپنے بندے کی عزت افزائی کے لیے اس کی قمیص کو حضرت یعقوب کے بینا ہونے کا سبب بنا دیا ہو۔ فالظاهر ان عوده عليه السلام بصيراً بالقاء القميص على وجهه ليس الا من باب خرق العادة وليس الخارق بدعًا في هذه القصة۔ (روح المعانی) یعنی ظاہر قرآن سے یہی پتہ چلتا ہے کہ حضرت یعقوب کا بینا ہونا بطور خرق عادت تھا۔

اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ

کہ بیشک ہم ہی قصور وار تھے۔ ۱۳۴ فرمایا عنقریب مغفرت طلب کروں گا تمہارے لیے اپنے رب سے۔ بیشک وہی غفور

الرَّحِیْمُ ﴿۹۸﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى یُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَیْهِ اَبَوَیْهِ وَ قَالَ

رحیم ہے ۱۳۴ پھر جب وہ سب یوسف کے روبرو ہوئے ۱۳۵ آپ نے جگہ دی اپنے پاس اپنے والدین کو ۱۳۶ اور (انہیں) کہا

ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِیْنَ ﴿۹۹﴾ ؕ وَ رَفَعَ اَبَوَیْهِ عَلَى

داخل ہو جاؤ مصر میں۔ اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو تم خیر و عافیت سے رہو گے۔ اور جب شاہی دربار میں پہنچے تو آپ نے اونچا

۱۳۲ جب سب آگئے تو آپ نے فرمایا دیکھا میرے رب نے مجھ پر کتنا کرم فرمایا۔ میں تم سے کہا نہیں کرتا تھا کہ اللہ تعالیٰ مجھے بچھڑا ہوا یوسف ضرور ملائے گا۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے بتا دیا تھا کہ یوسف زندہ ہے اور ہم پھر اکٹھے ہوں گے من حیا یوسف ان اللہ یجمع بیننا (مظہری) یوسف گم گشتہ کی بازیابی کی خبر سن کر آپ نے بعینہٖ وہی لفظ کہے جو ہجر و فراق کے انتہائی دردناک لمحوں میں کہے تھے واعلم من اللہ مالا تعلمون یہاں فرمایا انی اعلم من اللہ مالا تعلمون یہ آیات صاف بتا رہی ہیں کہ حضرت یعقوب کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے علم دیا گیا تھا صرف قبل از وقت افشاء راز کی اجازت نہ تھی۔

۱۳۳ سب فرزندوں نے مؤدبانہ التجا کی اے ہمارے پدر بزرگوار ہم سے قصور ہو گیا ہم نے بڑی غلطی کی اب ہم اس کا اعتراف بھی کرتے ہیں اور سخت نادم بھی ہیں۔ آپ از راہ کرم بارگاہ رب العزت میں ہمارے گناہوں کی بخشش کے لیے دعا فرمائیے۔

۱۳۴ آپ نے وعدہ فرمایا کہ میں تمہارے لیے اپنے رب کے حضور میں مغفرت کی التجا کروں گا۔ بعض روایات میں ہے کہ آپ نے سحری کے وقت اور بعض میں ہے کہ شب جمعہ کو دعا مانگی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے مقبول بندے کی اس دعا کو شرف قبولیت بخشا اور ان کے قصوروں کو معاف فرما دیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں سے التماس دعا کرنا اور پھر ان کی برکت سے دعا کا مستجاب ہو جانا اور بڑے بڑے گناہوں کا بخش دیا جانا قرآن کی ان آیات سے ثابت ہے۔

۱۳۵ حضرت یوسف کی خواہش کے مطابق حضرت یعقوب اپنے سارے کنبہ کو لے کر مصر روانہ ہوئے۔ حضرت یوسف کو آپ کی آمد کی اطلاع ملی تو ایک لشکر جرار کے ساتھ استقبال کے لیے آگے بڑھے۔ بادشاہ مصر وزراء اور امراء بھی آپ کے ساتھ تھے حضرت یعقوب نے جب یہ جاہ و حشمت دیکھی تو پوچھا۔ کیا یہ شاہ مصر کی سواری آ رہی ہے۔ بتایا گیا نہیں بلکہ آپ کا نور نظر یوسف ہے جو آپ کی تعظیم و تکریم کے لیے استقبال کرنے کو آ رہا ہے۔

۱۳۶ جب قریب پہنچے تو حضرت یوسف اپنے بچھڑے ہوئے ماں باپ سے بغلگیر ہو کر ملے اس ملاقات کی لذت کو ان کے دل ہی جانتے ہوں گے یا کوئی فرقت کا مارا جسے عرصہ دراز کے بعد اپنے محبوب کا وصال نصیب ہوا ہو۔ بعض مفسرین نے یہ لکھا ہے کہ آپ کی والدہ کا انتقال بچپن میں ہو

الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يَا أَبَتِ هَٰذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ

بٹھایا اپنے والدین کو تخت پر[137] اور وہ سب گر پڑے آپ کے لیے سجدہ کرتے ہوئے[138] اور (یہ منظر دیکھ کر) یوسف نے کہا اے میرے پدر بزرگوار! یہ تعبیر ہے میرے خواب

مِن قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي حَقًّا ۖ وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي

کی جو پہلے (عرصہ ہوا) میں نے دیکھا تھا میرے پروردگار نے اسے سچا کر دکھایا ہے[139] اور اس نے بڑا کرم فرمایا مجھ پر جب اس نے نکالا مجھے

گیا تھا اس کے بعد حضرت یعقوب نے آپ کی خالہ سے نکاح کیا تھا اور وہی اس وقت ساتھ تھیں لیکن مجھے علامہ ابن کثیر کی تحقیق زیادہ درست معلوم ہوتی ہے کہ آپ کی والدہ ماجدہ زندہ تھیں۔ اور ان کی وفات پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ قرآن کریم کا ظاہر بھی ان کے زندہ ہونے پر دلالت کرتا ہے اور جو چیز قرآن ثابت کرے وہی درست ہے۔ محمد ابن اسحاق اور امام ابن جریر کی یہی رائے ہے قال محمد بن اسحاق وابن جرير كان ابوه وامه يعيشان قال ابن جرير ولم يقم دليل على موت امه وظاهر القرآن يدل على حياتها (تفسیر ابن کثیر)

[137] حضرت یوسف نے عرض کی اب آپ شہر میں قدم رنجہ فرمائیے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ کو ہر طرح کا آرام میسر ہوگا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت یوسف نے شہر سے باہر نکل کر آپ کا استقبال کیا تھا و رفع ابويه على العرش جب اپنے دربار میں پہنچے جہاں ان کا زرنگار تخت بمع تمام شاہانہ تکلفات کے بچھا ہوا تھا تو بصد احترام اپنے والدین سے اس تخت پر قدم رنجہ فرمانے کی التجا کی اور ان دونوں نے تخت پر جلوس فرمایا۔

[138] یعنی والدین نے اور سب بھائیوں نے آپ کو سجدہ کیا۔ یہاں سجدہ سے کیا مراد ہے اور سجدہ کس کو کیا گیا تھا اس میں علما کے متعدد اقوال ہیں۔ بعض کی رائے ہے کہ سجدہ سے مراد صرف جھکنا ہے یعنی اظہار تعظیم کے لیے وہ آپ کے سامنے جھکے۔ اور بعض علما کی یہ رائے ہے کہ سجدہ سے مراد زمین پر پیشانی رکھنا ہے کیونکہ خروا کا لفظ اسی معنی کی تائید کرتا ہے خر کا معنی ہے سقط من علو الی سفل اوپر سے نیچے گرنا اور یہ اسی وقت درست ہو سکتا ہے جبکہ سجدہ سے مراد زمین پر پیشانی رکھنا ہو۔ اب اس صورت میں علما کا پھر اختلاف ہے بعض کی رائے یہ ہے کہ سجدہ حقیقت میں اللہ تعالیٰ کے لیے تھا اور یوسف بحیثیت قبلہ کے تھے۔ یہاں "له" بمعنی الیہ ہے یعنی آپ مسجود الیہ تھے۔ مسجود لہ اللہ تعالیٰ تھا اور بعض نے کہا تھا کہ یہ لِ اجلیہ ہے خروا له سجدا۔ خروا لاجله سجدا یعنی انھوں نے سجدہ تو اللہ تعالیٰ کو کیا تھا لیکن اس کی وجہ حضرت یوسف تھے یعنی اتنی طویل جدائی کے بعد ان سے وصال کا جو موقع دیا گیا تھا اس احسان کا شکریہ ادا کرنے کے لیے انھوں نے اللہ تعالیٰ کو سجدہ کیا۔ لیکن اکثر علما کا یہ خیال ہے کہ یہ سجدہ یوسف کو ہی کیا گیا اور اس سے مراد بھی وہی زمین پر پیشانی رکھنا ہے لیکن یہ سجدہ عبادت کا نہیں تھا بلکہ سجدہ تعظیمی تھا جو پہلی تمام شریعتوں میں جائز تھا اور حضور کی تشریف آوری سے اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کے لیے سجدہ کرنے کی ممانعت کر دی گئی۔ علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں سجد ابواه واخوته الباقون... وقد كان هذا سائغا في شرائعهم اذا سلموا على الكبير يسجدون له ولم يزل جائزا من لدن آدم الى شريعة عيسى فحرم هذا في هذه الملة وجعل السجود مختصا بجناب الرب سبحانه وتعالى

[139] اس وقت حضرت یوسف نے عرض کی اے پدر بزرگوار یہ میرے اس خواب کی تعبیر ہے جو میں نے بچپن میں دیکھا تھا۔ حضرت سلمان

مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ

قید خانہ سے ١٤٠ اور لے آیا تمہیں صحرا سے اس کے بعد کہ ناچاقی ڈال دی تھی شیطان نے

بَيْنِىْ وَبَيْنَ اِخْوَتِىْ ؕ اِنَّ رَبِّىْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

میرے درمیان اور میرے بھائیوں کے درمیان ١٤١ بیشک میرا رب لطف و کرم فرمانے والا ہے جس کیلئے چاہتا ہے ١٤٢ یقیناً وہی سب کچھ جاننے

الْحَكِيْمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِىْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِىْ مِنْ تَاْوِيْلِ

والا بڑا دانا ہے ١٤٣ لے میرے رب! عطا فرمایا تو نے مجھے یہ ملک نیز تو نے سکھایا مجھے باتوں کے انجام کا علم

فارسی کا قول ہے کہ خواب دیکھنے اور اس کی تعبیر میں چالیس سال کا عرصہ گزرا تھا واخرج جماعۃ عن سلمان الفارسی انہا اربعون سنۃ وھو قول الاکثرین۔

١٤٠ اس کے بعد آپ کے سامنے حضرت یوسف اللہ تعالیٰ کے احسانات کا اعتراف کر کے اس کا شکر بجا لاتے ہیں جو اس جدائی کے عرصہ میں آپ پر فرمائے گئے۔ ان احسانات کی ابتدا قید خانہ سے رہائی پانے سے کی لیکن کنوئیں سے نکلنے کا ذکر نہ کیا تاکہ ان کے بھائی شرمسار نہ ہوں اور شائع صوفیا کا یہ قول ہے ذکر الجفا فی وقت الصفا جفا کہ صلح و صفائی کے وقت گزشتہ جور و ستم کا تذکرہ ظلم ہے۔

١٤١ یہاں بھی بھائیوں کے فعل کو ان کی طرف منسوب نہیں کیا بلکہ اس کا ذمہ دار شیطان کو ٹھہرایا۔ یہ بھی آپ کی کریم النفسی تھی واحال ذنبھم علی الشیطان تکرماً منہ۔ (قرطبی)

١٤٢ ان احسانات کا ذکر کرنے کے بعد پھر اپنے رب کریم کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے بندوں کے ساتھ لطیف ہے۔ اور لطیف اس کو کہتے ہیں جو اپنے احسانات کو بڑی نرمی سے دوسروں تک پہنچائے وحقیقۃ اللطیف الذی یوصل الاحسان الی غیرہ برفق نیز علامہ قرطبی نے لطیف کا یہ معنی کیا ہے۔ جو اپنے بندوں کے ساتھ اس طرح لطف و کرم کرے اور ان کی ضروریات کو اس طرح فراہم کرے کہ انہیں خبر تک نہ ہو اللطیف ھو البر بعبادہ الذی یلطف بھم من حیث لا یعلمون ویسبب لھم مصالحھم من حیث لا یحتسبون۔

١٤٣ اللہ تعالیٰ کی صفات علم و حکمت کی جو خصوصی جلوہ نمائی اس قصہ سے ہو رہی ہے وہ کسی غور و فکر کرنے والے پر مخفی نہیں۔ اس کی قدرت کا تو یہ عالم ہے کہ جو چاہے آن واحد میں ظہور پذیر ہو جائے۔ اگر وہ چاہتا تو حضرت یوسف کو ان آزمائشوں میں مبتلا کیے بغیر ان مدارج عالیہ پر فائز کر دیتا اس کی قدرت کے سامنے یہ کچھ بعید نہ تھا لیکن اس کی حکمت ہے حکمت کے تقاضے کچھ اور ہیں۔ ان بلند مراتب تک پہنچنے کے لیے ان تمام مراحل سے گزرنا پڑتا ہے جن سے حضرت یوسف گزرے۔ انسان کی صلاحیتیں بیدار ہی تب ہوتی ہیں جب انہیں بے رحم طوفانوں سے دوچار کیا جاتا ہے صحیح تربیت کے لیے زندگی کے سارے نشیب و فراز سے گزرنا ضروری ہے۔ حضرت یوسف کی ذات کو ایک مثالی کردار کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ اور رضائے الٰہی کی منزل کے مسافر کو جس قسم کے لوگوں، جس قسم کے حالات اور جس قسم کی رکاوٹوں سے واسطہ پڑتا

الْاَحَادِیْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۟ قف اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا

اے بنانے والے آسمانوں اور زمین کے ! ۱۴۳ تو ہی میرا کارساز ہے دنیا میں

ہے ان کو بڑے دلنشین انداز میں بیان کر دیا گیا ہے۔ قدم قدم پر یہ تنبیہ سنائی دیتی ہے اے سالک راہ حق تیری منزل بڑی دور ہے اس کی راہ بڑی کٹھن ہے اس میں حائل ہونے والی رکاوٹیں بڑی حوصلہ شکن ہیں۔ گہرے اور خوفناک غار منہ کھولے تیرا انتظار کر رہے ہیں۔ ان کے علاوہ تجھے منزل سے غافل کرنے کے لیے فردوس بداماں وادیاں ہیں جن کے درختوں کے سائے بڑے گھنے اور ٹھنڈے ہیں۔ جن میں کھلنے والے پھول بڑے خوبصورت اور خوشبودار ہیں۔ اس کا ہر منظر بڑا دلکش اور دلربا ہے۔ بھلا دیکھیں تیری ہمت کو کہ تو کس طرح کانٹوں سے الجھتا ہوا چٹانوں کو روندتا ہوا پہاڑوں کو پھلانگتا ہوا اور ان جنت نظیر وادیوں کے دلکش مناظر سے آنکھ بچاتا ہوا اپنی منزل کی طرف بڑھا چلا جاتا ہے۔ اگر کسی راحت نے تجھے اپنی منزل سے غافل کر دیا یا کسی ہوشربا حادثہ کی وجہ سے تو دل برداشتہ ہو گیا تو تیرا نام اس منزل کے مسافروں کی فہرست سے خارج کر دیا جائیگا۔ یہاں تو ایک لحہ کی غفلت بھی قیامت برپا کر دیتی ہے۔ ؎

رفتم کہ خار از پا کشم محمل نہاں شد از نظر ✻ یک لحظہ غافل بودم و صد سالہ منزل دور شد

اپنے مقبول بندوں کو سرفراز کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی یہی سنت ہے۔ جس میں ان گنت حکمتیں ہیں۔ اس منزل کا عزم کرنے سے پہلے طلب صادق کے ساتھ صبر وشکیب کی زاد اور امید کا نہ بجھنے والا چراغ ہاتھ میں لینا شرط اول ہے۔ یہی اس کی سنت ہے اور اسی میں اس کی حکمت کی جلوہ آرائی ہے۔

۱۴۳۔ حضرت سیدنا یوسف صدیق علیہ السلام کی عالی ظرفی اور کریم النفسی کا نظارہ آپ کئی مقامات پر کر چکے ہیں لیکن آپ کی اولوالعزمی، سیر چشمی اور خدا طلبی کا جو ظہور یہاں ہو رہا ہے اس کی مثال نہیں۔ یہاں آپ کی ایک دعا کا ذکر ہے۔ جن نعمتوں سے آپ کو اب تک سرفراز کیا گیا ان میں سے کوئی ایسی نعمت نہیں جو آپ نے اپنے رب سے طلب کی ہو۔ وہ سب انعامات و احسانات بے طلب اور بن مانگے عطا فرمائے گئے تھے۔ قرآن میں کہیں یہ ذکر نہیں کہ آپ نے مصر کے تاج و تخت کے لیے التجائیں کی ہوں یا ان مراتب عالیہ کے لیے تمنائی ہوں کہ ان کے ماں باپ اور بھائی ان کو آکر سجدہ کریں۔ لیکن یہاں وہ پیکر تسلیم و رضا اپنا دامن طلب پھیلا رہا ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ جو آج تک بے طلب عنایات سے شاد کام ہوتا رہا ہے وہ آج کس نعمت کے لیے زبان سوال کھول رہا ہے۔ اس سے پہلے ایک اور امر توجہ طلب ہے کہ وہ مانگ کس شان سے رہا ہے۔ اس کے سوال کرنے کا انداز کیا ہے۔ آئیے آپ بھی سیکھیے کہ انسان اپنے خداوند کریم سے مانگے تو کیا مانگے اور مانگے تو کیسے مانگے۔ رب قد آتیتنی سے دعا کا آغاز ہے۔ آپ ان احسانات اور انعامات کا اعتراف کر رہے ہیں جن سے آپ کو اب تک بہرہ ور کیا گیا ہے۔ فاطر السموات سے اس کی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کا بیان ہے۔ انت ولی سے اپنی بے بسی کا اظہار کیا کہ دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی تو ہی میرا کارساز ہے تیرے سوا میرا کوئی نہیں۔ ایسی حمد و ثنا، ایسی تمجید و تحمید اور ایسے اظہار بے بسی کے بعد مانگا تو کیا مانگا۔

توفنی مسلما والحقنی بالصالحین میرے مولا اس دنیا سے جب میری روانگی کا وقت آئے تو میں اس حال میں یہاں سے روانہ ہوں کہ زبان تیری توحید کا اعتراف کر رہی ہو، دل تیری عظمت و کبریائی کے گیت گا رہا ہو اور سر تیرے حضور میں جھکا ہوا ہو، تیری نافرمانی کا کوئی داغ میرے دامن حیات کو بدنما نہ کر رہا ہو۔ اس طرح یہاں سے میری روانگی ہو اور اس کے بعد اپنے صالح

وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكَ مِنْ

اور آخرت میں۔ مجھے وفات دے درآنحالیکہ میں مسلمان ہوں اور ملا دے مجھے نیک بندوں کے ساتھ (اے حبیب!) یہ قصہ غیب کی

اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا

خبروں میں سے ہے جو ہم وحی کرتے ہیں آپ کی طرف ۔ اور آپ ان کے پاس نہیں تھے جب وہ متفق ہو گئے تھے

اَمْرَهُمْ وَهُمْ یَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ

اس بات پر درآنحالیکہ وہ مکر کر رہے تھے ۔ اور نہیں ہیں اکثر لوگ ، خواہ آپ کتنا ہی چاہیں ،

بِمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

ایمان لانے والے ۱۳۵ اور نہیں طلب کرتے آپ ان سے اس (درس ہدایت) پر کچھ معاوضہ ۔ نہیں ہے یہ مگر نصیحت

لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَكَاَیِّنْ مِّنْ اٰیَةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَمُرُّوْنَ

سب جہانوں کے لیے ۔ اور کتنی ہی (بیشمار) نشانیاں ہیں ۔ جو آسمانوں اور زمین (کے ہر گوشہ) میں (بکھری ہوئی) ہیں جن پر (صبح و شام)

ع ۱۱

بندوں کے ساتھ مجھے ملا دے ۔ مجھے ان کی سنگت اور رفاقت نصیب فرما۔

یہ ہے مرد حق اندیش کی منزل اس کے لیے وہ ساری عمر مصروف عمل رہتا ہے ۔ اس کا سوز و ساز اس کا پیچ و تاب اسی کے لیے ہوتا ہے۔ اسی کی دھن میں وہ دن کو بے قرار اور رات کو بے چین رہتا ہے ۔ اسی کی لگن میں وہ سب روشمار رہتا ہے ۔ اسی منزل کا پتہ بتانے کے لیے قرآن آیا۔ اسی منزل کی لگن پیدا کرنا اسلام کا مقصد وحید ہے ۔ اور اسی منزل کی طرف لے جانے کے لیے رحمۃ للعالمین کی تشریف آوری ہوئی۔ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

اللھم خذ بید عبدك الضعیف المسكین الذی لاحول له ولا قوة الا بك وتوفه مسلما والحقه بسید الصالحین وقائد الشھداء قدوة الصدیقین امام النبیین والمرسلین سیدی وحبیبی وشفیعی محمد المبعوث رحمة للعالمین اللھم صل علیه من الصلوات اطیبھا والتسلیمات اطھرھا والتحیات ازكاھا وعلی اله واصحابه واولیاء امته الی یوم الدین۔

۱۳۵؎ یہودیوں کے اکسانے پر مشرکین مکہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یوسف علیہ السلام کا قصہ سنانے کی درخواست کی جب ان کی یہ خواہش پوری کر دی گئی تو انصاف کا تقاضا یہی تھا کہ وہ اس پر ایمان لے آتے لیکن وہ اپنے کفر پر بضد رہے ۔ حضور کریم کے قلب نازک کو تکلیف پہنچی ، تو اللہ تعالیٰ نے تسلی دینے کے لیے یہ آیت نازل فرمائی۔

عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ ﴿۱۰۵﴾ وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُمْ بِاللَّهِ

گزرتے ہیں اور وہ ان سے روگردانی کیے ہوتے ہیں [۱۳۹] اور نہیں ایمان لاتے ان میں سے اکثر اللہ کے ساتھ

إِلَّا وَهُمْ مُشْرِكُونَ ﴿۱۰۶﴾ أَفَأَمِنُوا أَنْ تَأْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِنْ

مگر اس حالت میں کہ وہ شرک کر رہے ہوتے ہیں [۱۴۰] کیا وہ بے غم ہو گئے ہیں اس بات سے کہ آئے ان پر چھا جانے والا

عَذَابِ اللَّهِ أَوْ تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿۱۰۷﴾

اللہ تعالیٰ کا عذاب یا آجائے ان پر قیامت اچانک اور انھیں اس کی آمد کا شعور تک نہ ہو [۱۴۱]

[۱۳۹] کاین من آیۃ یعنی ان کفار کا اپنے کفر پر اڑے رہنا اس لیے نہیں کہ ان کے سامنے توحید کی کوئی روشن دلیل پیش نہیں کی گئی۔ اللہ تعالیٰ کی توحید اور کبریائی کی روشن دلیلیں تو زمین و آسمانوں میں بکھری پڑی ہیں اور یہ ان دلیلوں کو دیکھتے بھی ہیں لیکن دانستہ ان سے اعراض کرتے ہیں۔ اس لیے ان کو ہدایت نصیب نہیں ہوتی۔ کاین: اصل میں ای تھا۔ کاف تشبیہ کا داخل ہوا تو تنوین کو ظاہر کیا گیا تو کاین ہو گیا۔ یہ یہاں کم کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

[۱۴۰] یعنی ان کفار و مشرکین کی بھی عجیب حالت ہے اگر ان سے پوچھا جائے کہ زمین و آسمان کو کس نے پیدا کیا تو کہتے ہیں اللہ نے۔ تمہارا خالق کون ہے کہتے ہیں اللہ۔ بارش کون برساتا ہے اور غلہ کون اگاتا ہے تو کہتے ہیں اللہ لیکن اس کے باوجود بتوں کو بھی الٰہ مانتے ہیں اور ان کی عبادت کرتے ہیں۔ بتوں کے متعلق مشرکین کا جو عقیدہ تھا وہ متعدد مقامات پر بیان کیا گیا ہے وہ کہتے ویقولون أئنا لتارکوا آلھتنا لشاعر مجنون۔ ۳۷: ۳۶ وہ کہتے ہیں کیا ایک شاعر اور دیوانے کے کہنے سے ہم اپنے خداؤں کو چھوڑ دیں۔ نیز حج کے موقعہ پر جو تلبیہ وہ کہا کرتے تھے اس سے بھی ان کے عقیدہ کا پتہ چلتا ہے۔ وہ کہا کرتے لبیک اللھم لبیک لبیک لا شریک لک الا شریکا ھولک تملکہ وما ملک ہم حاضر ہیں اے اللہ ہم حاضر ہیں ہم حاضر ہیں تیرا کوئی شریک نہیں مگر وہ تیرا شریک ہے جس کو تو نے اپنا شریک بنایا ہے تو اس کا مالک ہے اور جس کا وہ مالک ہے اس کا بھی تو مالک ہے۔

یا اس آیت میں مشرکین کی اس حالت کی طرف اشارہ ہے کہ جب وہ مصائب میں گھر جاتے تھے تو اللہ تعالیٰ کے آگے ہاتھ پھیلاتے تھے اور جب بپتیں ٹل جاتی تھیں تو پھر اس کا انکار کرتے تھے یا اس سے مراد ریاکار ہیں جو عبادت تو اللہ تعالیٰ کی کرتے ہیں لیکن دل میں خیال ہوتا ہے کہ فلاں مجھے اچھا سمجھے۔ یہ بھی ایمان اور شرک کو یکجا کرنے کی ایک صورت ہے اور اہل حق نے تو یہاں تک فرمایا کہ اگر اسباب ظاہری کی طرف مائل ہوا اور سبب حقیقی کی طرف سے نگاہ ہٹ گئی تو یہ بھی شرک ہے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں: بل النظر الی الاسباب مع الغفلۃ عن المسبب ینافی التوحید فالموحدون ھم الصوفیہ (مظہری) یعنی سچے موحد تو صوفیائے کرام ہیں کہ ان کی نظر کسی حالت میں بھی اسباب میں نہیں الجھتی بلکہ ہر وقت مسبب الاسباب پر ہی رہتی ہے۔

[۱۴۱] یعنی ان کا عذاب الٰہی سے یوں بے خوف ہو کر کفر و شرک اور فسق و فجور میں مشغول رہنا بڑے تعجب اور افسوس کی بات ہے اگر اس بے خبری

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ

آپ فرما دیجیے یہ میرا راستہ ہے میں تو بلاتا ہوں صرف اللہ تعالیٰ کی طرف واضح دلیل پر ہوں میں اور (وہ بھی)

اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ وَمَآ

جو میری پیروی کرتے ہیں اور ہر عیب سے پاک ہے اللہ تعالیٰ اور نہیں ہوں میں مشرکوں سے۔ اور ہم نے

اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ

رسول بنا کر نہیں بھیجے آپ سے پہلے مگر مرد [۱۵۰] جن کی طرف ہم نے وحی بھیجی بستی والوں سے

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ

کیا یہ (منکر) لوگ سیر و سیاحت نہیں کرتے زمین میں تاکہ وہ دیکھیں کہ کیا ہوا تھا انجام [۱۵۱] ان (منکرین) کا جو

کے عالم میں ان پر عذاب الٰہی آگیا یا قیامت قائم ہوگئی تو پھر ان کا کیا بنے گا۔ یہ کہاں سر چھپائیں گے۔

[۱۴۹] اللہ تعالیٰ اپنے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم فرما رہا ہے کہ آپ ان لوگوں کو بتا دیجیے کہ اللہ تعالیٰ کی توحید اور قیامت پر ایمان لانے کی دعوت دیتے رہنا ہی میرا مقصد حیات ہے۔ میں تمہیں یہ دعوت علی وجہ البصیرت دے رہا ہوں۔ میرے پاس اس کی صداقت کے روشن دلائل ہیں اور مجھے اس کی حقانیت پر محکم یقین ہے اور یہی حال ان لوگوں کے ایمان و یقین کا ہے جنھوں نے سچے دل سے میری پیروی اور اطاعت اختیار کی ہے۔ ھٰذہ کا اشارہ الیہ توحید اور قیامت پر ایمان لانے کی دعوت سبیلی سے مراد سنتی و منہاجی اور بصیرت سے مراد وہ واضح دلائل اور قوی براہین ہیں جن کے بعد کوئی اندھیرا نہیں رہتا۔ من اتبعنی۔ میں قیامت تک اطاعت و فرمانبرداری کرنے والے لوگ ہیں اور صحابہ کرام کا مقام ان سب میں اعلیٰ و برتر ہے۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ من اتبعنی سے مراد صحابہ کرام ہیں یعنی اصحاب محمد کانوا علی احسن طریقۃ واقصد ھدایۃ معدن العلم وکنز الایمان وجند الرحمٰن یعنی اس سے مراد حضور کریم کے صحابہ کرام ہیں۔ انہی کا طریقہ سب سے بہتر اور انہی کی ہدایت سب سے عمدہ تھی۔ وہ علم کی کان، ایمان کا خزانہ اور رحمان کا لشکر تھے۔

[۱۵۰] کفار اپنی اس غلط فہمی کا بار بار اظہار کر چکے تھے کہ انسان اس قابل نہیں کہ وہ مرتبہ نبوت پر فائز ہو سکے اس کے لیے تو کوئی فرشتہ ہونا چاہیے جو بشری کمزوریوں سے مبرا ہو۔ ان کے اس وسوسہ کا پھر رد فرما دیا کہ ہماری سنت یہی ہے کہ ہم انسانوں کی طرف انسان ہی نبی بنا کر بھیجتے ہیں تاکہ افادہ اور استفادہ صحیح طور پر ہو سکے۔

[۱۵۱] اس آیت میں انہیں ان برباد شدہ بستیوں پر نگاہ عبرت ڈالنے کی تلقین کی جا رہی ہے جن کے پاس سے ان کا گزر اکثر و بیشتر ہوتا رہتا ہے۔

مِنْ قَبْلِهِمْ ۗ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۗ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾

ان سے پہلے (ہوگزرے) تھے۔ اور دار آخرت یقیناً بہتر ہے ان کے لیے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں (اے سننے والو!) کیا تم نہیں سمجھتے۔

حَتّٰۤى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا

جب (نصیحت کرتے کرتے) مایوس ہو گئے رسول [۱۵۴] اور وہ منکرین گمان کرنے لگے کہ ان سے جھوٹ بولا گیا ہے

جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّىَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ

اس وقت آگئی ان کے پاس ہماری مدد۔ پس بچا لیا گیا (عذاب سے) جس کو ہم نے چاہا۔ اور نہیں ٹالا جا سکتا ہمارا عذاب اس قوم سے جو

[۱۵۴] آیت کا یہ حصہ بڑا غور طلب ہے رسولوں کے مایوس ہونے کا مطلب کیا ہے؟ ظنوا کا فاعل کون ہیں؟ انھم کا مرجع کون ہے؟ قد کذبوا کا نائب فاعل کون ہے؟ پہلی بات کا جواب تو یہ ہے کہ جب انبیاء کرام نے اپنی اپنی قوموں کو توحید کی دعوت دی اس کی صداقت پر دلائل و براہین پیش کیے ہر طرح طرح کے معجزات بھی دکھلائے اور دعوت و ارشاد کا یہ سلسلہ سال دو سال تک نہیں بلکہ عرصہ دراز تک جاری رہا تب بھی ان کے دل میں ایمان کی شمع فروزاں نہ ہوئی تو انبیاء کرام ان کے ایمان لانے سے مایوس ہو گئے۔ ظنوا کا فاعل بعض لوگوں نے انبیاء کو بنایا ہے اور اس کا ترجمہ یہ کیا ہے کہ انبیاء نے یہ ظن کیا کہ ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے ان کی نصرت اور کفار پر عذاب نازل کرنے کا جو وعدہ کیا تھا وہ ایفا نہیں کیا گیا لیکن اس طرح کا ظن انبیاء کی طرف منسوب کرنا درست نہ تھا اس لیے انھوں نے ظن کے معنی میں تاویل کی اور کہا کہ اس سے مراد محض وہم خیال ہے جس پر کوئی مواخذہ نہیں ہوتا۔ اور کبھی یہ کہا کہ اس ظن کی وجہ ان کا اجتہاد تھا لیکن صاف بات یہ ہے کہ ظنوا کا فاعل کفار ہیں۔ کفار نے یہ گمان کیا کہ یہ رسول جو ہمیں ہر روز عذاب کے نزول سے ڈراتے تھے وہ عذاب کہاں ہے ہم نے تو ان کی دعوت کو ٹھکرانے میں اور انھیں اذیت پہنچانے میں کوئی کمی نہیں کی اور اگر وہ عذاب آنا ہوتا تو اب تک آگیا ہوتا۔ عذاب کا نہ آنا اس بات کی دلیل ہے کہ انھوں نے ہم سے غلط بیانی سے کام لیا ہے یا جس نے ان سے وعدہ کیا کہ میں ان پر عذاب اتاروں گا اس نے وعدہ خلافی کی ہے (مظہری) علامہ آلوسی نے طویل بحث کے بعد آخر کار اسی قول کو ترجیح دی ہے فرماتے ہیں وانت تعلم ان الاوفق بتعظيم الرسل عليهم السلام بل ابعد عن الحوم حول حمى ما لا يليق بهم القول بنسبة الظن الى غيرهم کہ انبیاء کی تعظیم اور احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ ظن کی نسبت انبیاء کی طرف نہ کی جائے بلکہ غیروں کی طرف کی جائے۔ اب اگر معنی یہ کیا جائے کہ کفار نے یہ خیال کیا کہ ان سے غلط بیانی کی گئی ہے تو اس صورت میں ھم کا مرجع اور کذبوا کا فاعل کفار ہی ہوں گے اور اگر یہ معنی کیا جائے کہ کفار نے یہ گمان کیا کہ انبیاء سے نزول عذاب کا جو وعدہ کیا گیا ہے اس کی خلاف ورزی کی گئی ہے یعنی وہ پورا نہیں کیا گیا تو اس وقت ھم کا مرجع اور کذبوا کا نائب فاعل انبیاء ہوں گے۔

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ؕ

جرائم پیشہ ہے۔ بلاشبہ پہلی قوموں (کے عروج و زوال) کی داستانوں میں (درس) عبرت ہے سمجھ داروں کے لیے [۱۵۳]

مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ

نہیں ہے یہ قرآن ایسی بات جو (یونہی) گھڑلی گئی ہو بلکہ یہ تصدیق کرتی ہے ان کتابوں کی جو اس سے پہلے نازل ہوئی ہیں

وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

اور یہ (قرآن) ہر چیز کی تفصیل ہے اور سراپا ہدایت و رحمت ہے اس قوم کیلیے جو ایمان لاتے ہیں۔ [۱۵۴]

[۱۵۳] یعنی حضرت یوسف ان کے بھائیوں ان کے والدین اہل مصر اور دیگر لوگ جن کا ذکر اس سورت میں آیا ہے ان کے واقعات میں ارباب عقل و دانش کے لیے بڑی نصیحتیں ہیں۔

[۱۵۴] اس قصہ کے بیان کے بعد کفار کے اس قول کی تردید کردی کہ یہ کلام حضور خود گھڑ کر پیش کرتے ہیں فرمایا کہ تم خود سوچو ایک امی جو لکھنا نہیں پڑھنا نہیں کسی صاحب علم کے پاس اس کی نشست و برخاست نہیں ہے۔ وہ اس واقعہ کو اللہ تعالیٰ کی وحی کے بغیر کیونکر اس عمدگی سے پیش کرسکتا ہے۔ یقیناً یہ ناممکن ہے۔ اس لیے اس قرآن کے منزل من اللہ ہونے میں کوئی شک نہیں۔ اس کتاب سے قران آسمانی صحیفوں کی تصدیق ہوتی ہے جو پہلے انبیاء پر نازل کیے گئے تھے نیز ان کتب میں طرح طرح کے تغیر و تبدل، اور تحریف کے پائے جانے سے ان واقعات میں جو الجھنیں اور جو خفا پیدا ہو گئے تھے ان کو یہ کھول کر بیان کرتی ہے۔ نیز یہ سراپا ہدایت اور رحمت ہے اس قوم کے لیے جو اس کو اللہ تعالیٰ کا کلام مانے۔

تعارف سُورہ الرَّعْد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِس سورۃ مبارکہ کا نام "الرعد" ہے کیونکہ اس کی ایک آیت میں یہ کلمہ مستعمل ہے یسبح الرعد بحمدہ۔
اس کی آیات کی تعداد تینتالیس ہے۔ یہ ۸۵۵ کلمات اور ۳۵۰۶ حروف پر مشتمل ہے۔ اس کے چھ رکوع ہیں۔

نزول: اس کا نزول مکہ مکرمہ میں ہوا یا مدینہ طیبہ میں؟ اس بارے میں علما کی آرا مختلف ہیں۔ خود حضرت ابن عباس سے دونوں قول مروی ہیں۔ آیات کا مضمون مکی سورتوں سے بڑی مناسبت رکھتا ہے۔ علامہ آلوسی نے یہ کہہ کر اس اختلاف کو ختم کیا ہے کہ یہ سورت مکی ہے لیکن اس میں کئی آیتیں ایسی بھی ہیں جو مدنی ہیں والذی یجمع بہ بین الاختلاف انہا مکیۃ الا آیات منہا۔
(روح المعانی)

مضامین: سورۃ کا آغاز اس بیان سے ہوا کہ قرآن حکیم کلام الٰہی ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، اس کی عظمت و کبریائی، اس کی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کو ایسی روشن اور ناقابل انکار تکوینی آیات سے ثابت کیا گیا ہے جن کا انکار فقط وہی بدنصیب کر سکتا ہے جس نے عقل و فہم کا چراغ بجھا دیا ہو۔ سر پر آسمان ہے جس کی رفعت اور وسعت کا اندازہ لگایا ہی نہیں جا سکتا۔ پھر اس میں آفتاب و مہتاب اپنے انوار سے ہر طرف اجالا کر رہے ہیں۔ نیچے زمین کا فرش بچھا ہے۔ اس میں کہیں چشمے ابل رہے ہیں، کہیں میٹھے اور ٹھنڈے پانی کے دریا بہ رہے ہیں، کہیں پہاڑ ہیں جن کی برف پوش چوٹیاں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اور جن کی وادیاں قدرت کی رنگینیوں کی جلوہ گاہ ہیں، کہیں شاداب کھیت لہلہا رہے ہیں، کہیں باغات اپنے گوناگوں اشجار و اثمار کی بہار دکھا رہے ہیں۔ زمین ایک، پانی ایک، لیکن اس ایک زمین سے جو پھل پھول اگتے ہیں وہ اپنے رنگ و بو میں، اپنے ذائقہ اور تاثیر میں ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہیں۔ یہ بوقلمونی اور تنوع کہاں سے آ گیا۔ کیا کوئی قلب سلیم اس ذات پاک کا انکار کر سکتا ہے جس کی قدرت کی جلوہ طرازیاں چاروں طرف محو خرام ناز ہیں۔

اس قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کے ساتھ ساتھ ذرا اس کے علم محیط کا بھی اندازہ لگائیے۔ ظاہر و باطن میں کوئی چیز بھی تو ایسی نہیں جس کی اسے خبر نہ ہو۔ شکم مادر میں ایک قطرہ آب کو انسان بننے تک جن مرحلوں سے گزرنا پڑتا ہے، جن تبدیلیوں سے دوچار ہونا پڑتا ہے، جو نازک اور لطیف تغیرات وہاں رونما ہوتے ہیں ان میں سے کوئی بھی تو ایسی بات نہیں جو اس کے علم اور اس کے اذن کے بغیر رونما ہو رہی ہو۔

جس ذات اقدس کی قدرت اتنی کامل، جس کی حکمت اتنی محکم اور جس کا علم اتنا محیط ہو بلا شبہ وہی اور صرف وہی معبود برحق ہے۔

ان براہین ساطعہ کے باوجود منکرین حق کی ہٹ دھرمی کچھ کم حیرت انگیز نہیں۔ وہ باطل کے اندھیروں سے اتنے مانوس ہو چکے ہیں کہ حق کا اجالا اپنی ساری دل آویزیوں کے باوجود ان کے لیے ناقابل برداشت ہے۔ وہ دکھائی دیتے ہیں تو یہ عرض نہیں کرتے کہ انہیں نور حق کو پہچاننے اور راہ حق پر چلنے

کی سعادت نصیب ہو بلکہ عرض کرتے ہیں کہ اگر یہ سچ ہے تو ان پر عذاب کیوں نہیں آجاتا لیکن رحمتِ خداوندی ان کی اس طفلانہ ضد پر فوراً مواخذہ نہیں کرتی بلکہ انھیں مزید سوچنے سمجھنے اور حق قبول کرنے کی مہلت دی جاتی ہے وان ربک لذو مغفرۃ علی ظلمھم اے محبوب تیرا رب لوگوں کی ظلم کیشیوں کے باوصف ان سے درگزر ہی فرماتا رہتا ہے۔

اسلام اپنے ماننے والوں میں جو ذہنی، روحانی اور عملی انقلاب برپا کرتا ہے۔ اس کا ذکر بھی آیات انیس ۱۹ تا چوبیس ۲۴ میں فرما دیا اور اسلام سے بے بہرہ ہوتے ہوئے انسان کا دامن فکر و عمل جن آلودگیوں سے ملوث ہوتا ہے۔ انھیں بھی آیت ۲۵ میں جامع طور پر بیان کر دیا تاکہ اسلام کے انقلاب آفریں اثرات کا صحیح اندازہ لگایا جا سکے۔

اگرچہ دوسری سورتوں کی طرح اس سورت کی ہر آیت بھی رشد و ہدایت کا مینار ہے لیکن میں قارئین کی خصوصی توجہ آیات ۱۱، ۱۷، ۲۸ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ آیت ۱۱ میں اللہ تعالیٰ نے فرد و قوم کے عروج و زوال کا ایک اٹل قانون بیان فرما دیا ہے۔ ہر وہ شخص یا قوم جو اپنی موجودہ پستی اور ذلت پر نالاں ہے اور عروج و بلندی کی خواہاں ہے وہ اس آیت کو بار بار پڑھے۔

قرآن سے ناواقف لوگ عام طور پر یہ کہتے سنے جاتے ہیں کہ تنازع للبقاء STRUGGLE FOR EXISTENCE اور بقائے اصلح SURVIVAL OF THE FITTEST کا نظریہ سب سے پہلے ڈارون نے پیش کیا لیکن اگر آپ آیت ۱۷ کا بغور مطالعہ فرمائیں گے تو آپ تسلیم کریں گے کہ حکمت کی انگوٹھی کا یہ قیمتی نگینہ بھی قرآن کے بحرِ حکمت کا ہی ایک چمکتا ہوا موتی ہے۔

انسان اپنی مادی اور سائنسی ترقی کے باوجود آج بے چین اور مضطرب ہے۔ اس کے فکر کے افق پر خوفناک اندیشوں اور کربناک تصورات کے بادل چھائے رہتے ہیں۔ نرم و گداز صوفوں پر بیٹھ کر بھی اسے اطمینان نصیب نہیں۔ ٹیلیویژن کی سکرین پر حسن عریاں کی عشوہ طرازیاں اور نغموں کی پھوار بھی اس کی پیاس کو بجھا نہیں سکتی۔ دولت کے انبار بھی اس کو تسکین نہیں دے سکتے۔ اطمینانِ قلب ہی وہ جنسِ نایاب ہے جس کی انسان کو آج سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ قرآن کریم نے اپنے سادہ، دلنشین اور پر زور انداز میں یہ بتا کر "الا بذکر اللہ تطمئن القلوب" (آیت ۲۸) انسان کو اس متاعِ عزیز کا سراغ بتا دیا۔

آخر میں یہ فرما کر بات ختم کر دی کہ اے محبوب میں نے تجھے رسالت کا منصب بخشا ہے اور صحیفہ رشد و ہدایت عطا فرمایا ہے تاکہ تو اندھیروں میں بھٹکتی ہوئی انسانیت کو شاہراہِ ہدایت پر گامزن کر دے۔ زبان تیری ہے لیکن بات میری ہے۔ قدم تو اٹھاتا ہے توفیق میں بخشتا ہوں۔ کاوشوں دشواریوں کو نظر انداز کرتے ہوئے منکرین کے شور و غوغا کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے آپ اپنے فرضِ رسالت کی ادائیگی میں سرگرم رہیں۔ اگر یہ کور باطن تیری نبوت کا انکار بھی کریں تو پرواہ نہیں۔ تیری رسالت تیری صداقت کا میں خود گواہ ہوں! اور وہ لوگ بھی گواہ ہیں جن کے دل نورِ وحی سے منور ہیں۔

سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ رعد مدنی ہے اس کی آیتیں ۴۳ ہیں اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ، اور رکوع چھ ہیں

الٓمّٓرٰ ۟ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ۭ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ

الف لام میم را۔ لہ یہ آیتیں ہیں کتاب (الٰہی) کی۔ لہ اور جو نازل کیا گیا ہے آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے وہ حق ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱ اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ

لیکن اکثر لوگ (اپنی کج فہمی کے باعث) ایمان نہیں لاتے۔ اللہ وہ (قدرت و حکمت والا) ہے جس نے بلند کیا آسمانوں کو

لہ حروف مقطعات ہیں۔ ان کے متعلق تفصیلی بحث گزر چکی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا ایک قول عطا سے یہ مروی ہے کہ یہ مخفف ہے انا اللہ الملک الرحمٰن کا۔

لہ یہ اس کتاب کی آیات ہیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ پر نازل فرمائی۔ اور جس کتاب کو اللہ تعالیٰ نازل فرمائے اس کے حق ہونے میں کسی کو کیا شبہ ہو سکتا ہے لیکن پھر بھی بہت سے لوگ ایسے ہیں جو اس سچی کتاب پر ایمان لانے کے لیے تیار نہیں۔ قرآن کریم کی فصاحت و بلاغت اور اس کے اعجاز بیان کے سامنے تو انھیں دم مارنے کی ہمت نہ تھی لیکن قرآنی دعوت کے تین بنیادی اصولوں سے انھیں اتنا شدید اختلاف تھا کہ وہ کسی قیمت پر ان کو ماننے کے لیے تیار نہ تھے۔ (۱) توحید باری (۲) روز قیامت (۳) وحی۔ یہ بات ان کی سمجھ میں ہی نہیں آتی تھی کہ ایک خدا اس وسیع و عریض کائنات کے ان گنت مسائل سے کیسے عہدہ برآ ہو سکتا ہے اجعل الالھۃ الٰھا واحدا ان ھذا لشیء عجاب نیز قرآن کا یہ کہنا کہ مرنے کے بعد تمھیں پھر زندہ کیا جائے گا اور قیامت کے دن تمھیں اپنے اعمال کی جواب دہی کے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور میں پیش ہونا ہوگا تو اس کو بھی عقل و دانش کے خلاف یقین کرتے ہوئے اس کا انکار کرتے تھے۔ وہ یہ ماننے کے لیے بھی تیار نہ تھے کہ کوئی انسان ایسا بھی ہو سکتا ہے جس پر وحی نازل ہو۔ یہ تین شبہات ان کے دل میں ایسے جڑ پکڑ چکے تھے کہ ان کی موجودگی میں آفتاب سے روشن دلائل کے سامنے بھی وہ سر جھکانے کو تیار نہ تھے۔ چنانچہ اس سورت میں انہی تین شبہات کو عمدہ طریقہ سے دور کیا گیا ہے۔ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی توحید کے دلائل بیان کیے جا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کی حقیقت کا فہم تو انسان کے بس میں نہیں لیکن اس کی صفات کے آئینوں میں اس کی عظمت و کبریائی کے جلوے دیکھے جا سکتے ہیں۔ ذرا آسمان کی طرف نظر اٹھا کر تو دیکھو۔ کیا تم اس کی بلندی کا اندازہ لگا سکتے ہو۔ کیا اس کی وسعت و فراخی کا تمھاری نظریں احاطہ کر سکتی ہیں۔ کیا اس کو اتنی بلندی پر تھامنے کے لیے کوئی ستون تمھیں دکھائی دے رہا ہے۔ تم تو ایک چھوٹے سے کمرے کی چھت ڈالنا چاہو تو پہلے دیواریں بناتے ہو پھر شہتیر رکھتے ہو ان پر دھنیوں کڑیاں بچھاتے ہو تب جا کر ایک چھت بنتی ہے اور وہ بھی ایسی کہ کچھ مدت کے بعد اس میں شگاف پڑنے شروع ہو جاتے ہیں اس پر بھی تمھیں اپنے فن اور ذہانت پر ناز ہے۔ ذرا اس کی قدرت کو دیکھو جس نے آسمانوں کو ستونوں اور سہاروں کے بغیر کھڑا کر دیا ہے۔ پھر اس کی پختگی کا یہ عالم ہے کہ اسے بنے ہوئے لاکھوں کروڑوں سال گزر گئے اور اس میں بال تک پیدا

بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ

بغیر ستونوں کے (جیسے) تم نہیں دیکھ رہے ہو پھر وہ متمکن ہوا عرش پر سے اور پابند حکم بنا دیا سورج

وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ

اور چاند کو ہر ایک رواں ہے مقررہ میعاد تک۔ اللہ تعالیٰ تدبیر فرماتا ہے ہر کام کی ۵ کھول کر بیان کرتا ہے

الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ

اپنی نشانیوں کو۔ شاید تم اپنے رب سے ملاقات کا یقین کر و لے اور وہ وہی ہے جس نے پھیلا دیا زمین کو ے

نہیں ہوتی۔ ترونها کی ضمیر کا مرجع سمٰوٰت بھی ہو سکتے ہیں اور عمد بھی۔ پہلی صورت میں آیت کا ترجمہ وہ ہو گا جو درج ہے۔ دوسری صورت میں معنی یہ ہو گا کہ جس نے بلند کیا آسمانوں کو ان ستونوں کے بغیر جنھیں تم دیکھ سکو یعنی آسمانوں کو ستونوں پر تو قائم کیا گیا ہے لیکن ایسے نہیں جو تمھیں نظر آسکیں۔ ای لها عمد فی الحقیقة الا ان تلك العمد هی قدرة الله وابقاءه ایاها فی الجو العالی (کبیر) یعنی حقیقت میں اس کے ستون ہیں اور وہ قدرت ربانی اور امر الٰہی ہے جس کی وجہ سے وہ اتنی بلندی میں قائم ہیں۔

سے یعنی کائنات کی تخلیق کے بعد اس کی بقا اور اس کی نشو و نما اور اس کی حکمرانی کی زمام اس کے دست قدرت میں ہے۔ اس پر حواشی پہلے گزر چکے ہیں۔

سے اگر اب بھی اطمینان نہیں ہوا تو آؤ تمھیں اس کی قدرت کا ایک اور روشن ثبوت دکھائیں۔ سورج اور چاند کو دیکھو کس طرح اپنی معینہ مداروں میں گردش کر رہے ہیں۔ مقررہ وقت پر طلوع ہوتے ہیں۔ مقررہ راستے سے گزرتے ہوئے غروب ہوتے ہیں۔ انقیاد و اطاعت کا یہ عالم ہے کہ ایک دن بھی انھوں نے چڑھنے ڈوبنے میں تاخیر یا عجلت نہیں کی۔ کیا مجال کہ اپنے مقررہ راستے سے بال برابر دائیں بائیں سرک سکیں۔ کوئی مشرق سے مغرب کی طرف۔ کوئی مغرب سے مشرق کی طرف۔ کوئی مائل بجنوب اور کوئی مائل بشمال ہے۔ کسی کی رفتار تیز ہے اور کسی کی رفتار سست لیکن نہ آپس میں ٹکراتے ہیں نہ راستہ بدلتے ہیں نہ مقررہ وقت سے پہلے اپنا دورہ مکمل کرتے ہیں اور نہ پیچھے۔ خود ہی بتاؤ جس کے حکم سے یہ سب کچھ رونپذیر ہو رہا ہے اس کے علم اس کی قدرت میں شک کرنے کی کوئی گنجائش ہے۔ وہ لوگ جو شمس و قمر اور دیگر اجرام فلکی کی پوجا کیا کرتے ہیں انھیں بھی بتا دیا کہ وہ خدا نہیں، وہ معبود نہیں بلکہ وہ ایک فرمانبردار غلام کی طرح اپنے مالک کے فرمان کے سامنے سرافگندہ ہیں۔ علامہ راغب سخر کا معنی لکھتے ہیں التسخير سياقة الى الغرض مختص قهرا۔ کسی چیز کو قہراً و جبراً کسی مخصوص غرض کی طرف لے جانا۔ (مفردات)

ھے یعنی اس جہان رنگ و بو اور عالم ہست و بود کو پیدا کرنے کے بعد وہ بے تعلق ہو کر بیٹھ نہیں رہا بلکہ وجود و عدم، حیات و موت، فقر و غنا اور دیگر شئون کائنات اسی کی تدبیر سے انجام پا رہے ہیں۔ اس پر بھی حواشی گزر چکے ہیں۔

لے اپنی قدرت و حکمت کی آیات بینات کے ذکر کے بعد ان کے دوسرے شبہ کی طرف توجہ فرمائی اور انھیں بتایا کہ جس کی قدرت کا یہ عالم ہے کہ

وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْهَارًا ۖ وَمِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ جَعَلَ

اور بنا دیئے اس میں پہاڑ ؏ اور دریا ؏ اور ہر قسم کے پھلوں میں سے دو دو

فِيهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ ۖ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ

جوڑے بنا دیئے ؏ وہ ڈھانپ دیتا ہے رات سے دن کو ؏ بیشک ان تمام چیزوں میں (اس کی قدرت کی)

آسمان اور شمس و قمر اور تمام اجرامِ فلکی اس کے فرمان کے غلام ہیں۔ اس کے لیے یہ کیا مشکل ہے کہ وہ مُردوں کو قبروں سے دوبارہ زندہ کر کے اپنے حضور میں پیش کرے۔ بیان کا حسن اور اسلوب کی دلکشی غور طلب ہے۔

؏ عالمِ علوی میں اپنی قدرت کے نشانات کا مشاہدہ کرانے کے بعد اب عالمِ سفلی میں اپنی قدرت کے شاہکاروں کی طرف توجہ مبذول کرائی جا رہی ہے۔ اس آیت میں پانچ دلیلیں ذکر ہوئی ہیں۔ (۱) دیکھو، سوچو، انصاف کرو اور بتاؤ زمین کا یہ وسیع و عریض فرش کس نے بچھایا ہے۔ کیا تمہارے ان بتوں نے جنہیں گھڑے ہوئے ابھی صرف چند سال ہی بیتے ہیں اور انہیں گھڑا بھی گیا تو کس پتھر سے جو اس وسیع زمین کے کسی گوشہ میں پایا گیا۔ اس آیت سے زمین کے چپٹے ہونے پر استدلال درست نہیں۔ امام رازی فرماتے ہیں کہ زمین کی کرویت دلائل سے ثابت ہو چکی ہے۔ اس کی مخالفت کرنا ہٹ دھرمی ہے انه ثبت بالدلائل ان الارض كرة وكيف يمكن المكابرة فيه (کبیر) کیونکہ کرۂ ارضی بڑا وسیع ہے اس کو اپنی شکل میں ہم اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتے ان الارض جسم عظيم والكرة اذا كان فى غاية الكبر كان كل قطعة منها تشاهد كالسطح یاد رہے کہ امام رازی نے یہ سطور ۶۰۶ھ میں لکھی تھیں۔ علمائے اسلام کے نزدیک زمین کی کرویت اس وقت سے ہی محقق ہو چکی تھی۔

؏ دوسری دلیل: جگہ جگہ پہاڑوں کا قائم کر دینا بھی اس کی قدرتِ کاملہ کی روشن دلیل ہے کس طرح ان کو بلند کیا اور ایک جگہ پر انہیں مستحکم کر دیا جن میں ان گنت معدنیات کے خزانے پیدا کر دیئے کہیں سے کوئلہ نکل رہا ہے کہیں سے لوہا کہیں سے سونا برآمد ہو رہا ہے کہیں سے تانبا کہیں سے کچھ اور کہیں سے کچھ۔

؏ تیسری دلیل: پہاڑوں کے سخت پتھروں اور سنگین چٹانوں سے ہزارہا فٹ کی بلندی پر پانی کے ایسے چشمے جاری کر دینا جن سے بڑے بڑے دریا نکلیں اور میدانی علاقوں میں جا کر لاکھوں مربع میل زمین کو سیراب کریں۔ یقیناً یہ اس کی کبریائی کی روشن نشانی ہے۔

؏ چوتھی دلیل: پھلوں کے اقسام کا شمار آسان نہیں۔ ان میں رنگ، بُو، ذائقہ اور تاثیر کا جو بے پناہ فرق ہے وہ بھی کچھ کم حیرت انگیز نہیں۔ اگر آپ بیک وقت قدرت کی ان تمام نیرنگیوں کا احاطہ کرنے سے قاصر ہیں تو ایک قسم کے پھل کو ہی لیجیے ایک ہی زمین ہے ایک ہی موسم ہے اور ایک ہی چشمہ کے پانی سے آبپاشی ہوتی رہی ہے لیکن پھر بھی ان میں یکسانیت نہیں۔ کوئی انتہائی شیریں ہے کوئی بیحد ترش۔ کسی کا رنگ سبز ہے کسی کا زرد۔ کوئی عمدہ ہے اور کوئی ردی۔ سوچو ان میں رنگ، بُو، ذائقہ و تاثیر کا یہ تفاوت کہاں سے آیا۔ طبعی اسباب تو یکساں تھے معلوم ہوا کہ ان تمام طبعی عوامل کے پیچھے کوئی اور قوت کارفرما ہے جس کا حکم سب پر غالب ہے۔ اسباب میں اثر بھی اسی نے رکھا

لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ

نشانیاں ہیں اس قوم کیلیے جو غور و فکر کرتے رہتے ہیں ۱۱ اور زمین میں مختلف قسم کے ٹکڑے ہیں جو قریب قریب ہیں اور باغات ہیں انگوروں کے

ہے۔ اثر کا ظہور بھی اسی کے اذن سے ہوتا ہے۔ اس کا اندازہ بھی وہی مقرر فرماتا ہے۔

زوجین سے مراد نر، مادہ بھی ہو سکتے ہیں جیسے جدید تحقیقات سے واضح ہو چکا ہے کہ جتنی جڑی بوٹیاں، فصلیں، پھل دار درخت اور بیلیں ہیں سب میں کوئی نر ہے اور کوئی مادہ۔ اور اللہ تعالیٰ نے ایسی ہوائیں مقرر کر دی ہیں جو نر پودوں سے مادۂ تولید لے کر مادہ پودوں پر ڈالتی رہتی ہیں تاکہ عمل تلقیح انجام پذیر ہوتا رہے۔ وجعلنا الریاح لواقح میں اسی حقیقت کو بیان کیا گیا ہے۔

۱۱ پانچویں دلیل: دن کے اجالے کے بعد رات کی تاریکی کا پھیل جانا۔ یہ بھی اس کی قدرت کی دلیل ہے۔ آپ خود غور فرمائیے کہ اگر لیل و نہار کا یہ سلسلہ نہ ہوتا تو یہ دنیا یا تو سائبیریا سے بھی زیادہ سنسان برفستان ہوتی یا ایک چٹیل لق و دق صحرا اور دونوں زندگی کی رنگینیوں سے بالکل محروم ہوتے۔

۱۲ ان دلائل سے واضح ہوتا ہے کہ اس کائنات کا کوئی خالق ہے اور وہ ہے بھی ایک۔ اگر کائنات کسی حادثہ سے معرضِ وجود میں آئی ہوتی تو اس کے جمال میں یہ رعنائی اور اس کے کمال میں یہ نکھار نہ ہوتا۔ اگر کائنات کے کئی خالق ہوتے تو کائنات کی ہر چھوٹی اور بڑی چیز میں جو حیرت انگیز ہم آہنگی موجود ہے وہ مفقود ہوتی۔ آسمان سے لیکر زمین تک، سورج سے لیکر ذرہ تک، دریاؤں سے لیکر ایک معمولی جڑی بوٹی تک ایسا نظم و نسق قائم ہے گویا کسی ماہر کاریگر نے کائنات کی بظاہر ان مختلف، متضاد اور بکھری ہوئی چیزوں کو ایسی لڑی میں پرو دیا ہے کہ ایک کو چھوڑ کر دوسری کا تصور تک نہیں کیا جا سکتا۔ اگر پہاڑوں کو بنانے والا کوئی دوسرا خدا ہوتا اور میدانوں کو بنانے والا اور، تو وہ کبھی پہاڑوں سے ایسے دریا جاری نہ کرتا جن کا پانی وہاں سے بہہ کر میدانوں کو جا کر سیراب کرے۔ اگر اجرام فلکی اور زمین کے خالق الگ الگ ہوتے تو انہیں کیا پڑی تھی کہ سورج چاند اور دوسرے کواکب کو اتنی مسافت پر رکھتے کہ ان سے پیدا ہونے والی حرارت اور روشنی کی صرف اتنی مقدار زمین پر پہنچے جس سے زندگی نشوونما پا سکے۔ کائنات کے تنوع میں جو وحدت، اختلاف میں یکسانیت، اور ہر چیز کا دوسری چیز سے جو گہرا ربط ہے وہ اس بات کا ناقابلِ تردید ثبوت ہے کہ ایک قادرِ مطلق حکیم اور ہمہ دان خدا ہی اس کا خالق ہے جس کا کوئی شریک نہیں۔ لیکن یہ روشن دلائل اس قوم کے دلوں کو ہی نورِ یقین سے منور کر سکتے ہیں جو ان آیاتِ بینات میں غور و فکر کیا کرتی ہے۔ کاش ہمارے نوجوان قرآن کی ان آیات کا صدقِ دل سے مطالعہ کریں۔ اور ان کے تقاضوں کو دیانتداری اور دلسوزی سے پورا کریں تو بخدا نہ صرف یہ کہ ان کا آفتابِ اقبال نصف النہار پر چمکنے لگے بلکہ انسانوں کا منزل گم کردہ قافلہ جو وہم و گمان کے گھپ اندھیروں میں بھٹک رہا ہے اس کی آوارگی کے دن بھی ختم ہو جائیں۔ انہیں بھی وہ منزل مل جائے جو انسان کی حقیقی منزل ہے۔ یہ آیتیں ان نوجوانوں کو اور ان کی خفتہ صلاحیتوں کو سختی سے جھنجھوڑ رہی ہیں۔ کیا انہیں اب یاد ہی نہیں کہ وہ اس ملت کے فرد ہیں جسے قدرت نے خیر الامم فرمایا ہے۔ اور جس کے فرائض میں اہم ترین فریضہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہے۔ اس غارت گرِ متاعِ حیات کو کون بتائے کہ اسے پچھلی رات تک رقص گاہوں اور سینماؤں میں داد عیش دینے والے تو کب لوٹے گا، تیرا گھر تو لٹ گیا۔ تیری ناموس تو خاک میں ملا دی گئی۔ اقوام عالم کے قافلے ترقی کی دوڑ میں اتنے آگے نکل گئے کہ اب ان کی آواز جرس بھی سنائی نہیں دے رہی۔

أَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُسْقَىٰ بِمَاءٍ

اور کھیتیاں ہیں اور کھجوریں کچھ ایک تنے سے پھوٹی ہیں اور کچھ الگ الگ تنوں سے سیراب کیا جاتا ہے ایک ہی

وَاحِدٍ قف وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلَىٰ بَعْضٍ فِي الْأُكُلِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ

پانی سے (اس کے باوجود) ہم فضیلت دیتے ہیں بعض (درختوں) کو بعض پر ذائقہ اور بو میں ۳۱ بیشک ان میں اللہ تعالیٰ

لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝ وَإِن تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ أَإِذَا

کی عظمت و کبریائی کی نشانیاں ہیں اس قوم کیلئے جو عقلمند ہو۔ اے سننے والے! اگر تو (ان کے تعصب پہ) حیران ہوتا ہے تو حیرت انگیز ان کا یہ قول بھی

كُنَّا تُرَابًا أَإِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ ۗ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ

ہے کہ کیا جب ہم (مر کر) مٹی ہو جائیں گے تو کیا ہمیں نئے سرے سے (دوبارہ) پیدا کیا جائے گا ۳۲ یہی (منکرین قیامت) وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے پروردگار

۳۱ اپنی قدرت کی نیرنگیوں کی طرف پھر متوجہ کیا جارہا ہے۔ چشم خرد کھولو اور دیکھو گوش ہوش وا کرو اور سنو کہ یہ تمہاری زمین ہے اس کو مختلف ٹکڑوں میں تم نے تقسیم کیا ہوا ہے۔ کسی میں انگوروں کے باغات لگاتے ہو کسی میں اناج اگاتے ہو کہیں کھجوروں کے نخلستان کھڑے ہیں۔ ایک ہی پانی سے ان کھیتوں اور باغات کو تم سیراب کرتے ہو۔ زمین بھی ایک پانی بھی ایک موسم بھی ایک لیکن دیکھو ہر جگہ ہماری قدرت کے نرالے گل کھلے ہیں۔ کوئی اعلیٰ، کوئی ادنیٰ، کوئی ردی۔ کسی کی اوسط پیداوار کچھ، کسی کی کچھ۔ کیا یہ ہمارے قادر مطلق ہونے کے ناقابل تردید دلائل نہیں۔ اگر ہماری قدرت کا دخل نہ ہوتا تو طبعی اسباب کی یکرنگی کے باعث نتائج میں بھی اسی قسم کی یکسانیت ہوتی۔ اگر عقل و خرد سے کام لو تو تمہیں معلوم ہو جائے کہ یہ سب ہماری قدرت کی منہ بولتی براہین ہیں۔ وهذا اول دليل على بطلان القول بالطبع اذ لو كان ذالك بالماء والتراب والفاعل له الطبيعة لما وقع الاختلاف. قوت فکر و نعمت عقل کو قرآن جو اہمیت دیتا ہے اور اس کو کام میں لانے اور اس سے صحیح صحیح فائدہ اٹھانے کا جو جیتا جاگتا احساس دلاتا ہے وہ ان آیات سے عیاں ہے۔ تحقیق لغوی: صنوان کا واحد صنو ہے۔ اس کا معنی مثل ہے جیسے حدیث شریف میں ہے عم الرجل صنو ابيه یعنی چچا باپ کی مثل ہوتا ہے۔ صنوان کھجوروں کے ان متعدد درختوں کو کہتے ہیں جو ایک اصل سے پھوٹے ہوں۔ هي النخلات والنخلتان يجمعهن اصل واحد وتتشعب منه رؤوس فتصير نخيلا (قرطبی)

غیر صنوان: المتفرق کھجوروں کے الگ الگ درخت۔

۳۲ یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرت و حکمت کے ان روشن دلائل کے بعد روز قیامت پر ایمان نہ لانا انتہائی تعجب انگیز ہے۔ جب انھیں سمجھا دیا گیا کہ یہ جہان بالا و پست اس کی صفات کمال کی جلوہ گاہ ہے۔ چشم بینا کو ہر ذرہ میں اس کی قدرت، حکمت اور علم کے حسین جلوے نظر آرہے ہیں، تو جس کی قدرت و حکمت کی یہ شان ہو کیا اس سے یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ اس نے اس کارگاہ عمل کے بعد کوئی دار الجزاء نہ بنائی ہو۔ ایک ذی

وَأُولَٰٓئِكَ الْأَغْلَٰلُ فِىٓ أَعْنَاقِهِمْ ۖ وَأُولَٰٓئِكَ أَصْحَٰبُ النَّارِ ۖ هُمْ

کا انکار کیا! اور انھیں (بدنصیبوں) کی گردنوں میں طوق ہوں گے۔ اور یہی لوگ جہنمی ہیں وہ اس (آگ) میں

فِيهَا خَٰلِدُونَ ﴿٥﴾ وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ

ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اور یہ تیزی سے مطالبہ کرتے ہیں آپ سے برائی (عذاب) کا بھلائی (یعنی بخشش) سے پہلے۔ اور ان

خَلَتْ مِن قَبْلِهِمُ الْمَثُلَٰتُ ۗ وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ

نادانوں کو یاد نہیں کہ گزر چکے ہیں ان سے پہلے نزول عذاب کے کئی واقعات [۱۱] اور اے محبوب! بلاشبہ آپ کا رب بہت بخشنے والا بھی ہے لوگوں کیلیے

حق کا علم ہاتھ میں اٹھائے اور ساری دنیا کی آفتیں اس پر ٹوٹ پڑیں اور اس گناہ کی پاداش میں کہ وہ حق کو حق کیوں کہتا ہے اسے گھر سے نکال دیا جائے۔ اسے مال و متاع سے محروم کر دیا جائے اسے تختہ دار پر کھینچ دیا جائے تو اس کے بعد کوئی ایسا دن نہ آئے جب اس کو اس کی حق کیشی جرأت مندی اور ثابت قدمی کا صلہ دیا جائے۔ جو سرکش شخص قہر و ظلم کی بجلی بن کر تباہی مچاتا ہے حقوق تلف کرتا ہے داد عیش دیتا ہے اور یہ باغی جب یہاں سے جائے تو کیا اس کو فراموش کر دیا جائے۔ اور اس کی عمر بھر کی بدکاریوں اور دل آزاریوں کی اسے کوئی سزا نہ دی جائے۔ ایسا ہونا اس کی حکمت کے خلاف ہے عقل سلیم اس کو گوارا کرنے کے لیے تیار نہیں۔ دنیا میں کئی تعجب انگیز باتیں ہیں لیکن اس کھلی حقیقت کا اس بے حیائی سے انکار ایک ایسا تعجب خیز امر ہے کہ اس سے بڑھ کر اور کوئی چیز حیرت انگیز اور مضحکہ خیز نہیں ہو سکتی۔

[۱۰] یعنی ان منکرین حق کی یہ دیرینہ عادت ہے کہ اسلام کی حقانیت کے جو روشن دلائل ان کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں ان میں تو غور و فکر کی زحمت گوارا نہیں کرتے البتہ منکروں کے لیے اللہ تعالیٰ نے جو عذاب مقدر کیا ہے اس کے جلد آنے کے لیے بڑا شور مچاتے ہیں انھوں نے اسلام کی حقانیت کی صرف ایک دلیل اپنے ذہن میں جمائی ہوئی ہے کہ اگر وہ عذاب اتر آیا تو یہ نبی بھی سچا اور اس کا دین بھی برحق اور اگر ان کی فرمائش کے مطابق نہ اترا اور انھیں سوچنے کی مزید مہلت دے دی گئی تو بس یہ فیصلہ دے دیتے ہیں کہ یہ سب کچھ من گھڑت اور کھوکھلی دھمکیاں ہیں۔ وہ نادان یہ بھی نہیں سوچتے کہ اگر وہ عذاب ان پر نازل کر دیا جائے اور اس وقت اسلام اور داعی اسلام کی صداقت کا یقین انھیں آ بھی جائے تو اس سے آخر انھیں کیا فائدہ ہوگا وہ تو تباہ و برباد کر دیئے گئے۔ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ نادان بچوں کی طرح یہ ضد چھوڑ دو۔ ان مہلت کی گھڑیوں سے فائدہ اٹھاؤ۔ ان دلائل و شواہد میں غور کرو اور نور ایمان سے اپنے سینوں کو روشن کرو۔

[۱۱] یعنی ان سے پہلے بھی تو کئی قومیں گزر چکی ہیں جنھوں نے اس قسم کی حماقت کی اور عذاب الٰہی کے نزول کا مطالبہ کیا اور اسی نزول عذاب کو نبی کی صداقت کا معیار قرار دیا۔ ہم نے ان پر ان کی بیتاب خواہش اور بے حد اصرار کے باعث جب عذاب بھیجا تو کیا وہ تباہ و برباد ہو کر نہ رہ گئے۔ یہ لوگ ان کے خوفناک انجام سے عبرت کیوں نہیں حاصل کرتے۔ کیا یہ بھی بے چین ہیں کہ پہلے تباہ ہونے والوں کی روش اختیار کر کے اپنے آپ کو بھی بالکل تباہ و برباد کر کے دم لیں گے۔

عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۶﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ

ان کے ظلم (زیادتی) کے باوجود ؎۱۷ اور بیشک آپ کا رب سخت عذاب دینے والا بھی ہے ؎۱۸ اور کافر کہتے ہیں۔

كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّ

کہ کیوں نہ اتاری گئی ان کی طرف کوئی نشانی ان کے رب کی طرف سے ؎۱۹ آپ تو (مجبوری کے انجام بد سے) ڈرانیوالے ہیں

لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ﴿۷﴾ ۧ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ

اور ہر قوم کے لیے آپ ہادی ہیں ؎۲۰ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو (شکم میں) اٹھائے ہوتی ہے کوئی مادہ اور (جانتا ہے) جو کم کرتے ہیں

المثلات۔ العقوبات اس کا واحد مُثُلَةٌ ہے یعنی عذاب۔ علامہ راغب لکھتے ہیں المُثْلَةُ: نقمة تنزل بالانسان فيجعل مثالا يرتدع به غيره وذلك كالنكال جمعه مُثُلَاتٌ ومَثُلَاتٌ۔ (مفردات)

؎۱۷ اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم تیرا پروردگار تو اپنے بندوں پر عذاب نازل کرنے میں عجلت سے کام نہیں لیتا اس کی مغفرت کا دامن بڑا وسیع ہے۔ بندے نافرمانی کرتے ہیں قصور کرتے ہیں۔ کفر و شرک پر اڑے رہتے ہیں۔ فسق و فجور کی انتہا کرتے ہیں۔ لیکن وہ عفو و درگزر ہی کرتا رہتا ہے اس کا شیوہ ہی کرم کرنا اور پیہم کرم کرنا ہے۔ کفار مکہ نے بھی غلاف کعبہ کو پکڑ کر دعائیں مانگیں تھیں اللّٰهم ان كان هذا هو الحق من عندك فامطر علينا حجارة من السماء۔ اے اللہ اگر یہ کتاب سچی ہے اور تیری طرف سے ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا اور اللہ تعالیٰ نے ان کے اس اصرار کے باوجود ان پر عذاب نہ اتارا بلکہ یہ فرمایا: ماكان الله ليعذبهم وانت فيهم۔ اے محبوب تم ان کے درمیان تشریف فرما ہو ان پر عذاب کیونکر اتارا جائے۔

؎۱۸ لیکن جب انکار و عناد کی حد ہو جاتی ہے اور مہلت کا عرصہ ختم ہو جاتا ہے تو پھر ان پر اتنا شدید عذاب آتا ہے کہ وہ نیست و نابود کر کے رکھ دیئے جاتے ہیں۔

؎۱۹ سینکڑوں معجزات دیکھنے کے باوجود پھر وہ یہی کہتے ہیں کہ کوئی اور معجزہ دکھایا جاتا۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کو فرماتے ہیں کہ ان کو بتا دیجیے کہ میرا کام تمہیں اس کے عذاب سے ڈرانا تھا وہ میں نے پوری طرح کر دیا۔ میرے رب نے مجھے اس لیے نہیں بھیجا کہ تم معجزات کے لیے فرمائشیں کرتے رہو اور میں ان کو پورا کرتا رہوں۔

؎۲۰ عکرمہ اور ابو ضحاک نے کہا کہ ھاد سے مراد حضور کی ذات ہے کہ حضور منذر بھی ہیں اور قیامت تک آنیوالی سب اقوام عالم کے لیے راہ نما بھی ہیں عن عكرمة وابي الضحاك (لكل قوم هاد) قالا هو محمد صلى الله عليه وسلم۔ (ابن کثیر) اور اس کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ دنیا میں جتنی قومیں گزری ہیں یا اب موجود ہیں سب کی ہدایت کے لیے اللہ تعالیٰ نے انبیاء اور ان کے نائبین کو مقرر کیا کہ انہیں پیغام حق پہنچائیں اور شاہراہ ہدایت پر چلنے کی دعوت دیں۔

الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۖ وَكُلُّ شَيْءٍ عِندَهُ بِمِقْدَارٍ ۝٨ عَالِمُ

رحم اور جو زیادہ کرتے ہیں ۲۱ اور ہر چیز اس کے نزدیک ایک خاص اندازہ سے ہے۔ وہ جاننے والا ہے

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ ۝٩ سَوَاءٌ مِّنكُم مَّنْ أَسَرَّ

ہر پوشیدہ چیز کو اور ہر ظاہر چیز کو سب سے بڑا عالی مرتبہ ہے ۲۲ (اس کے علم میں) سب یکساں ہیں تم میں سے وہ بھی جو آہستہ بات

الْقَوْلَ وَمَن جَهَرَ بِهِ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ بِاللَّيْلِ وَسَارِبٌ

کرتا ہے اور جو بلند آواز سے بات کرتا ہے ۲۳ اور وہ بھی جو چھپا رہتا ہے رات کے وقت اور جو چلتا پھرتا رہتا ہے

بِالنَّهَارِ ۝١٠ لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِّن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ

دن کے وقت۔ انسان کے لیے یکے بعد دیگرے آنے والے فرشتے ہیں اس کے آگے بھی اور اس کے پیچھے بھی ۲۴ وہ نگہبانی کرتے ہیں اس کی

۲۱ اللہ تعالیٰ کی صفت علم کو بیان کیا جا رہا ہے کہ شکم مادر میں قرار پانے والے نطفہ کو اور مدت حمل میں جو چھوٹے بڑے اہم اور غیر اہم تغیرات اس میں رونما ہوتے ہیں وہ ان سب کو جانتا ہے۔ ہر چیز کے لیے اس نے ایک اندازہ مقرر کر رکھا ہے۔ ہر چیز اسی کے عین مطابق معرض وجود میں آتی ہے جو ذات تمھیں اس وقت کے جانتی ہے جبکہ تم ایک قطرہ آب سے زیادہ کچھ نہ تھے تو کیا اب تمہارا کوئی قول اور تمہارا کوئی ارادہ اس سے چھپا رہ سکتا ہے؟ یا اگر تم قبروں میں پڑے پڑے خاک ہو جاؤ اور تمہارے ذروں کو ہوا اڑا لے جائے تو وہ بھی اس کے علم میں ہے اور قیامت کے دن وہ ان سب منتشر ذروں کو اکٹھا کر کے زندہ کرے گا اور تم سے بازپرس ہوگی۔

۲۲ یہاں بھی اللہ تعالیٰ کے علم محیط اور قدرت کاملہ کا ذکر فرمایا الکبیر الذی کل شیء دونہ المتعال المستعلی علی کل شیء بقدرتہ و قہرہ (قرطبی) یعنی کبیر وہ ہے جو سب سے بڑا ہو اور ہر چیز اس کے نیچے ہو اور متعال کا مفہوم ہے کہ جو اپنی قدرت اور طاقت کے باعث ہر چیز پر غالب ہو۔

۲۳ یہاں پر بھی اللہ تعالیٰ کے علم محیط کا بیان ہے یعنی وہ تمہاری سب باتوں کو جانتا ہے خواہ تم بڑی رازداری سے سرگوشیاں کرو یا بلند آواز سے اظہار خیال کرو، خواہ رات کی تاریکی کے پردہ میں تم چھپے ہوئے ہو یا دن کے اجالے میں ظاہر دکھائی دے رہے ہو، وہ تمہاری ہر بات سنتا ہے اور تمہیں ہر حال میں دیکھتا ہے۔ سارب: ظاہر۔ اس کے علاوہ اس کا معنی المتواری یعنی سرنگوں میں چھپنے والا۔ السارب المتواری ای داخل سربا (قرطبی)

۲۴ یعنی شکم مادر میں قطرہ آب سے لے کر انسان کامل بننے تک جتنے تغیرات ہوئے وہ ہمارے مقرر کیے ہوئے اندازے کے مطابق ہوئے۔ وہ سب ہمارے علم میں ہیں۔ اسی طرح جب انسان اس دنیا میں قدم رکھتا ہے تو ہمارے خدائی پہرہ دار اس کے اعمال نیک و بد کی نگرانی پر مقرر کر دیے جاتے ہیں۔

مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا

اللہ تعالیٰ کے حکم سے۔ بیشک اللہ تعالیٰ نہیں بدلتا کسی قوم کی اچھی یا بُری حالت کو جب تک وہ لوگ اپنے آپ میں تبدیلی

بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَ اِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَ مَا لَهُمْ

پیدا نہیں کرتے ۲۵ اور جب ارادہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ کسی قوم کو تکلیف پہنچانے کا تو کوئی ٹال نہیں سکتا اسے ۲۶ اور نہیں ان کے لیے

اور اس کا ہر قول و فعل ریکارڈ کر لیا جاتا ہے اور قیامت کے دن اگر وہ اپنے جرائم کو تسلیم کرنے سے انکار کرے گا تو یہ نوشتہ اس کے سامنے رکھ دیا جائے گا اور پھر اس کو مجال انکار نہیں رہے گی۔

اس کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کی حفاظت کے لیے فرشتے مقرر کر دیے ہیں جو اس کے آگے پیچھے رہتے ہیں اور طرح طرح کے مصائب سے اسے بچاتے ہیں۔ ایک روز ایک آدمی حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کے پاس آیا اور آکر عرض کی کہ قبیلہ مراد کے چند آدمی آپ کو قتل کرنے کی سازش کر رہے ہیں اس لیے اپنی حفاظت کا اہتمام فرمائیے۔ اقلیم یقین کے فرمانروا نے فرمایا ہر شخص کے ساتھ دو فرشتے ہوتے ہیں جو اس کی حفاظت پر مامور ہوتے ہیں جب تک وہ مقررہ گھڑی نہ آجائے اور جب وہ ساعت آجاتی ہے تو وہ فرشتے تقدیر الٰہی کے سامنے سے ہٹ جاتے ہیں اور موت کا مقررہ وقت ایک ایسا مضبوط قلعہ ہے جس میں وقت سے پہلے کوئی داخل نہیں ہو سکتا وان الاجل حصن حصینۃ اور بعض علماء کا ارشاد ہے کہ لہ کا مرجع حضور فخر کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پاک ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی حفاظت کے لیے فرشتے مقرر کر رکھے ہیں جو کفار کی دست اندازیوں اور ان کے مکر و فریب سے حضور کی حفاظت کرتے ہیں معقبات لوٹ کر آنے والے التعقب العود بعد البدأ من امر اللہ میں من بمعنی با بمعنی بامر اللہ ان کی وہ حفاظت اللہ تعالیٰ کے اذن اور حکم سے ہوتی ہے۔

۲۵ عروج و ترقی عزت و خوشحالی اور امن و عافیت کی جن نعمتوں سے کوئی قوم بہرہ ور ہوتی ہے۔ ان سے اسے بلاوجہ محروم نہیں کر دیا جاتا بلکہ جب وہ خود اپنے اچھے اعمال کو بُرے اعمال سے اپسندیدہ خصائل کو ناپسندیدہ اطوار سے فرض شناسی محنت اور جفاکشی کی صفات کو فرض ناشناسی سہل انگاری اور دوں ہمتی سے بدل دیتی ہے اس وقت قدرت کا اٹل قانون اسے عزت کی بلندیوں سے ذلت و نامرادی کی پستیوں میں دھکیل دیتا ہے۔

ان اللہ لا یغیر ما بقوم (من العافیۃ والنعمۃ) حتی یغیروا (ای القوم) ما بانفسهم (من الاحوال الجمیلۃ بالاحوال القبیحۃ) (مظہری)

اسی طرح کسی خستہ حال قوم یا فرد کو بلاوجہ خوشحال نہیں بنا دیا جاتا، بلکہ پہلے اسے اپنی مذموم خصلتیں چھوڑنی پڑتی ہیں اور خصائل حمیدہ سے اپنے آپ کو متصف کرنا پڑتا ہے، تب اس کی حالت بدل جاتی ہے۔

۲۶ جب کوئی قوم بار بار کی نصیحتوں، ان کے بعد پیہم تنبیہوں اور سرزنشوں کے باوجود اپنی اصلاح نہیں کرتی اور اپنی اصلاح کے لیے جو مہلت اسے دی جاتی ہے وہ بھی غفلت میں گزار دیتی ہے اور اللہ تعالیٰ اس کو اپنے اعمال کے بدلے میں کوئی سزا دینے کا فیصلہ کر لیتا ہے تو پھر کوئی طاقت اس کو اپنے اعمال کے نتائج سے بچا نہیں سکتی۔ یہ وہ قانون قدرت ہے جس میں کوئی استثنا نہیں یہ حقیقت ہے جو ناقابل تردید

مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ﴿۱۱﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ

اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں کوئی مدد کرنے والا ہوتا ہے۔ وہی ہے جو تمہیں دکھاتا ہے بجلی (کبھی) ڈرانے کے لیے اور (کبھی)

طَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ﴿۱۲﴾ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ

امید دلانے کیلئے ۲۷ اور اٹھاتا ہے (دوش ہوا پر) بھاری بادل اور رعد اس کی پاکی بیان کرتا ہے اس کی حمد کے ساتھ ۲۸

وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا

اور فرشتے بھی اس کے خوف سے (اس کی تسبیح کرتے ہیں) اور اللہ تعالیٰ کڑکتی بجلیاں بھیجتا ہے ۲۹ پھر گراتا ہے انھیں

ہے کیا امت مسلمہ کو اپنے اعمال و اطوار کی اصلاح کی طرف متوجہ کرنے کے لیے اس روشن آیت کے بعد بھی کسی سمجھانے والے کی ضرورت باقی رہتی ہے۔

۲۷ے اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ پر اور شواہد پیش کیے جا رہے ہیں کہ بادلوں میں جو بجلی کوندتی ہے۔ جس کی خیرہ کن چمک دیکھ کر تمہارے دلوں میں بیم و رجا کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے تم دل ہی دل میں ڈر بھی رہے ہوتے ہو کہ کہیں تم پر گر کر تمہیں ہلاک نہ کر دے اور خوش بھی ہو رہے ہوتے ہو کہ بارش ہو گی کھیت اور باغات سیراب ہو جائیں گے اور تم نہال ہو جاؤ گے۔ یہ بجلی اور یہ بھاری بھرکم بادل جو ادھر ادھر منڈلاتے پھر رہے ہیں تمہیں معلوم ہے یہ کس نے پیدا کیے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکات ہے جس کی تخلیق کا یہ کرشمہ ہے۔ خوفاً اور طمعاً کے منصوب ہونے کی یہ وجہ بھی ہو سکتی ہے کہ یہ حال ہیں اور یہ بھی کہ یہ مفعول لہ ہیں قال ابو البقاء خوفاً وطمعاً مفعول من اجلہ (بحر) سحاب: اسم جنس ہے مذکر، مونث، مفرد، جمع سب پر یہ استعمال ہوتا ہے۔

۲۸ے یہ بجلی کی کڑک جسے سن کر تم دہل جاتے ہو اور تمہارے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں وہ بھی اپنی زبان حال سے یہ گواہی دے رہی ہے کہ اس کا پیدا کرنے والا ہر عیب اور ہر ناتوانی سے پاک ہے۔ ہر خوبی اور ہر کمال سے متصف ہے اور فرشتے بھی اسی کی پاکی اور حمد کے ترانے گا رہے ہیں، سب اس کے خوف سے لرزاں و ترساں رہتے ہیں۔ کوئی بڑی سے بڑی قوت اور مقرب سے مقرب فرشتہ اس کے سامنے دم نہیں مار سکتا۔ رعد اس کڑک کو کہتے ہیں جو بادلوں کے آپس میں ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہے اور اس فرشتہ کا نام بھی ہے جس کے ذمہ بادلوں کی تدبیر اور انتظام ہے۔ قال ابن عباس الرعد مَلَكٌ اَنَّهٗ مُوَكَّلٌ بالسحاب یصرفہٗ حیث یؤمر (بحر)

حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بادل گرجے اور بجلی کڑکے تو جو شخص یہ کلمات پڑھے اگر اس کو بجلی سے نقصان پہنچے تو اس کی دیت کا میں ذمہ دار ہوں۔ سبحان من یسبح الرعد بحمدہ والملٰئکۃ من خیفتہ وھو علٰی کل شیءٍ قدیر۔

۲۹ے اسی کے حکم سے بجلی گرتی ہے اور اسی پر جا گرتی ہے جس پر گرانا چاہتا ہے۔ لوگ بڑی بے فکری سے اللہ تعالیٰ کی ذات کو موضوع سخن بنائے ہوتے ہیں، اپنے علم و فہم پر اتنے نازاں ہوتے ہیں کہ ادب و احترام کا دامن بھی ان کے ہاتھ سے چھوٹ جاتا ہے اور جو جی میں آئے وہ زبان پر لے آتے ہیں اور ان کی بے باکی پر جب اللہ تعالیٰ کے غضب کی بجلی گرتی ہے تو ان کو خاک سیاہ بنا کے رکھ دیتی ہے حضرت سیدنا

مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ﴿۱۳﴾ لَهٗ

جس پر چاہتا ہے۔ اس حال میں کہ لوگ اللہ تعالیٰ کے بارے میں جھگڑ رہے ہوتے ہیں اور اس کی پکڑ بہت سخت ہے۔ اسی کو

دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ

پکارنا سچ ہے[۲۵] اور وہ لوگ جو پکارتے ہیں اللہ تعالیٰ کے سوا[۲۶] وہ نہیں جواب دے سکتے انھیں کچھ بھی

علی کرم اللہ وجہہ نے شدید المحال کا معنی کیا ہے۔ بڑی سخت گرفت کرنے والا شدید الاخذ قالہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ۔ اس آیت کی شانِ نزول میں علماء کرام نے متعدد اقوال لکھے ہیں۔ میں حضرت صدر الافاضل مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے حاشیہ خزائن العرفان سے اس کی شانِ نزول نقل کر رہا ہوں۔

"حسن رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرب کے ایک نہایت سرکش کافر کو اسلام کی دعوت دینے کے لیے اپنے اصحاب کی ایک جماعت بھیجی انھوں نے اس کو دعوت دی۔ کہنے لگا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا رب کون ہے جس کی تم مجھے دعوت دیتے ہو کیا وہ سونے کا ہے یا چاندی کا یا لوہے کا یا تانبے کا۔ مسلمانوں کو یہ بات بہت گراں گزری اور انھوں نے واپس جا کر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ایسا اکفر سیاہ دل سرکش دیکھنے میں نہیں آیا۔ حضور نے فرمایا اس کے پاس پھر جاؤ۔ اس نے پھر وہی گفتگو کی اور اتنا اور کہا کہ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت قبول کر کے ایسے رب کو مان لوں جسے نہ میں نے دیکھا نہ پہچانا۔ یہ حضرات پھر واپس آئے اور انھوں نے عرض کیا کہ حضور اس کا خبث تو اور ترقی پر ہے۔ فرمایا پھر جاؤ۔ بتعمیلِ ارشاد پھر گئے جس وقت اس سے گفتگو کر رہے تھے اور وہ ایسی ہی سیاہ دلی کی باتیں بک رہا تھا ایک ابر آیا اس سے بجلی چمکی اور کڑک پیدا ہوئی اور بجلی گری اور اس کافر کو جلا دیا۔ یہ حضرات اس کے پاس بیٹھے رہے جب وہاں سے واپس ہوئے تو راہ میں انھیں اصحابِ کرام کی ایک اور جماعت ملی۔ وہ کہنے لگے۔ کہیے وہ شخص جل گیا۔ ان حضرات نے کہا کہ آپ صاحبوں کو کیسے معلوم ہو گیا! انھوں نے فرمایا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وحی آئی ہے ویرسل الصواعق الآیۃ۔

(خزائن العرفان)

[۲۵] آیت کا یہ حصہ غور طلب ہے۔ علامہ زمخشری نے تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے کہ الحق کا کلمہ یا تو سچ جو باطل کی نقیض ہے کے معنی میں ہو گا یا اللہ تعالیٰ کا اسم ہو گا۔ اگر حق سچ کے معنی میں ہو تو پھر دعوۃ کی یہ صفت ہو گی لیکن مرکب توصیفی کی جگہ مرکب اضافی ذکر ہوا اور لغتِ عرب میں موصوف کو صفت کی طرف مضاف کر دیا جاتا ہے جیسے کلمۃ الحق یا مسجد الجامع۔ میں ہے یعنی وہ دعا جو حق کا درست ہے جس پر قبولیت مرتب آتا ہے اور جو قبول ہوتی ہے تو وہی دعا ہے جو اللہ تعالیٰ کی ذات پاک سے کی جائے۔ والمعنی ان اللہ سبحانہ یدعیٰ فیستجیب الدعوۃ والداعی سئولہ اور اگر حق اسماء الٰہی میں سے ہو تو اس وقت معنی ہو گا دعوۃ المدعو الحق الذی یسمع فیجیب۔ علامہ ابو حیان نے بحرِ محیط میں پہلی ترکیب کو صحیح قرار دیا ہے اور یہی واضح بھی ہے۔

[۲۶] جو بے جان بتوں کے پجاری ہیں اور ان کی پوجا کرتے ہیں اور ان سے دعائیں مانگتے ہیں ان کی محرومی اور نامرادی کو ایک بڑی دلنشین

بِشَیْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَ

مگر اس شخص کی طرح جو پھیلائے ہوئے اپنی دونوں ہتھیلیوں کو پانی کی طرف تاکہ اس کے منہ تک پانی پہنچ جائے اور (یوں تو)

مَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

پانی اس کے منہ تک نہیں پہنچ سکتا اور نہیں کافروں کی دعا مگر یہی کہ وہ بھٹکتی پھرتی ہے اور اللہ تعالیٰ کیلئے سجدہ کر رہی ہے ہر چیز جو آسمانوں میں ہے

مثال دے کر واضح کیا گیا ہے۔ فرمایا کہ ان کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی پیاسا ایسے کنوئیں کے دہانے پر بیٹھا ہو جس کی تہ میں پانی کھڑا ہے۔ وہ اس کی طرف ہاتھ بڑھاتا ہے تاکہ پانی اوپر آجائے لیکن اس بے جان اور بے شعور پانی کو کیا خبر کہ ایک پیاسا کنوئیں کے کنارے پر بیٹھا ہوا بڑی بے تابی سے اس کی طرف ہاتھ بڑھا رہا ہے تاکہ پانی اوپر ہو جائے اور اس کے منہ میں داخل ہو کر اس کی پیاس کو دور کر دے۔ وہ پانی نہ تو اس کی آواز سنتا ہے، نہ اسے دیکھتا ہے، نہ اس کی شدتِ تشنگی سے باخبر ہے اور نہ ہی اس میں اتنی قوت ہے کہ خود بخود نیچے سے اوپر چلا جائے۔ اور اپنے طالب کی پیاس کو بجھائے۔ بس یہی حال ان مشرکوں کا ہے جو بتوں کے سامنے ہاتھ پھیلا پھیلا کر دعائیں کرتے ہیں لیکن وہ بے جان مجسمے نہ سنتے ہیں نہ دیکھتے ہیں اور نہ ان کی مصیبت کا انہیں کچھ احساس ہوتا ہے نہ وہ انہیں نفع پہنچانے کی طاقت رکھتے ہیں اس لیے ان کا ان سے دعائیں مانگنا اور فریادیں کرنا بے محل اور بے معنی ہے۔ وکذا ما یدعونہ جماد لا یحس بدعائھم ولا یستطیع اجابتھم ولا یقدر علی نفعھم (بحر) امام لغت و نحو ابو عبیدہ نے لکھا ہے کہ عرب اس شخص کے لیے جو بے فائدہ کوشش کرتا ہے القابض علی الماء بطور ضرب المثل پیش کرتے ہیں۔ انھوں نے بطور استشہاد یہ شعر لکھا ہے۔ ؎

وانی وایاکم وشوقاً الیکم ✻ کقابض ماء لم یسعہ الانامل

۳۲؎ اس لیے کافروں کی یہ چیخ و پکار سب ضائع اور بے فائدہ ہے۔ کیونکہ جو دینے پر قادر ہے اس سے وہ مانگتے نہیں اور جن سے وہ مانگتے ہیں وہ بے بس بے جان پتھروں کے وہ مجسمے ہیں جو کچھ نہیں دے سکتے۔ ان کی دعا منظور ہو تو کیسے!

اس سے کسی کو یہ غلط فہمی پیدا نہ ہو کہ اگر لکڑی یا پتھر سے گھڑی ہوئی کسی مورتی سے یہ معاملہ کیا جائے تو کفر اور شرک ہے لیکن اگر کسی انسان سے جو زندہ ہے جس کی آنکھیں ہیں وہ ان سے دیکھتا ہے جس کے کان ہیں وہ ان سے خوب سنتا ہے اس سے یہ معاملہ کیا جائے تو شرک نہ ہوگا بلاشبہ وہ بھی شرک ہوگا۔ جس طرح مشرکین ان مجسموں کو اپنا الٰہ اور معبود سمجھا کرتے تھے اگر کسی انسان کے متعلق بھی کسی کا یہ عقیدہ ہو تو وہ قطعاً مشرک ہوگا۔ جس طرح یہ خیال کر لینا بدبختی ہے اسی طرح یہ تصور کر لینا بھی حقیقت ناشناسی ہے کہ اگر کسی اللہ تعالیٰ کے مقرب بندے سے دعا کی درخواست کی جائے یا بارگاہِ رسالت میں استغاثہ کیا جائے تو یہ بھی شرک ہو جاتا ہے۔ حضور کی برکت سے توحید کا سبق ہر مومن کی لوحِ قلب پر یوں نقش ہو چکا ہے کہ وہ کسی غیر خدا کو اپنا معبود یا اللہ سمجھنے کا تصور تک بھی نہیں کر سکتا۔ حتیٰ کہ اس مجمع ہر خوبی و زیبائی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بھی ہر مسلمان ہر نماز میں کئی کئی بار پورے یقین اور شرحِ صدر سے یہ شہادت دیتا ہے کہ اشھد ان محمداً عبدہ ورسولہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میرا آقا و مولیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم باایں ہمہ کمالات اللہ کا بندہ ہے اور اس کا رسول ہے۔ جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق یہ عقیدہ ہے کہ وہ خدا نہیں، خدا کے بیٹے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں تو کسی اور کے متعلق اس کے دل میں شرک کا خیال کیسے آسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ امت میں

السجدۃ

وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾ قُلْ

اور زمین میں ہے ۳۳ بعض خوشی سے اور بعض مجبوراً۔ اور ان کے سائے بھی (سجدہ ریز ہیں) صبح کے وقت بھی اور شام کے وقت بھی۔ آپ (ان سے)

مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ

پوچھیے کون ہے پروردگار آسمانوں اور زمین کا؟ (خود ہی) فرمائیے اللہ ۳۴ (انھیں) کہیے کیا تم نے بنا لیے ہیں اللہ کے

دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ

سوا ایسے حمایتی جو اختیار نہیں رکھتے اپنے لیے بھی کسی نفع کا اور نہ کسی نقصان کا۔ (ان سے) پوچھیے

يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ

کیا برابر ہوتا ہے اندھا اور بینا یا کیا یکساں ہوتے ہیں اندھیرے اور نور ۳۵

انتشار پیدا کرنے والا افراط و تفریط سے بچائے اور راہِ ہدایت پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے آمین بجاہ طٰہٰ و یٰسٓ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۳۳؎ یعنی زمین و آسمان کی ہر چیز اپنے مالک کے حکم کے آگے سرافگندہ ہے۔ کوئی تو وہ خوش نصیب ہیں جن کا ظاہر اور باطن جن کا دل اور دماغ جن کی روح اور جن کا بدن اس کی عظمت و کبریائی کو دل و جان سے تسلیم کرتے ہوئے اس کے سامنے سربسجود ہوتے ہیں اور جن کی آنکھوں پر پردے پڑے ہوئے ہیں وہ بھی اس کے سامنے دم نہیں مار سکتے۔ اسی کے حکم سے اور اسی کے مقرر کیے ہوئے وقت پر یہ پیدا ہوتے اور جب اس کا حکم آئے گا انھیں اس دنیا سے اسی وقت بلا توقف جانا پڑے گا کوئی چاہے یا نہ چاہے۔ اللہ تعالیٰ کی عبودیت کا طوق اس کے گلے میں آویزاں ہے کسی کی مرضی ہو یا نہ ہو اس کے حکم کے سامنے ہر ایک کو گردن جھکانی پڑتی ہے۔ ان المؤمن یسجد بدنہ طوعاً وکل مخلوق من المؤمن والکافر یسجد من حیث انہ مخلوق یسجد دلالۃ وحاجۃ الی الصانع۔ (قرطبی) الآصال جمع اصیل۔ عصر اور مغرب کا درمیانی وقت۔

۳۴؎ بے شمار دلائل اور ان گنت شواہد کے باوجود وہ بتوں کو خدا کا شریک اور اپنا معبود بنانے سے باز نہیں آتے۔ اے میرے رسول ان سے پوچھیے آسمان و زمین کا خالق و پروردگار کون ہے اگر وہ اس کا جواب دینے میں پس و پیش کریں تو آپ خود ہی فرما دیجیے "اللہ"۔ امام بغوی نے لکھا ہے کہ حضور نے جب یہ سوال ان سے پوچھا تو خاموش ہو گئے۔ پھر کہنے لگے اجب انت آپ بتائیے۔ تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو حکم دیا قل اللہ۔ اب ان سے پوچھو کہ جب تم بھی یہ مانتے ہو کہ زمین و آسمان کی ہر چیز کا خالق اور مالک وہی ہے تو پھر تم ان بے بس اور بے اختیار معبودوں کو اس کا شریک کیوں ٹھہراتے ہو؟ جو اپنے آپ کو نفع نہیں پہنچا سکتے اور اپنے آپ کو ضرر سے نہیں بچا سکتے وہ تمہارے کس کام آئیں گے۔

۳۵؎ پھر ان سے پوچھیے بتاؤ کیا اندھا اور بینا یکساں ہیں کیا گمراہی کی ظلمتیں اور رشد و ہدایت کا نور ایک جیسا ہے تم تو بڑے زیرک ہو ذرا عقل سے تو کام لو۔

أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ خَلَقُوا كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ۚ

کیا انھوں نے بنائے ہیں اللہ کے لیے ایسے شریک جنھوں نے کچھ پیدا کیا ہو جیسے اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے ۳۵ پس یوں تخلیق ان پر مشتبہ ہو گئی ہو

قُلِ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿١٦﴾ أَنْزَلَ مِنَ

فرمائیے اللہ تعالیٰ پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کو ۳۶ اور وہ ایک ہے سب پر غالب ہے۔ اس نے اتارا

السَّمَاءِ مَاءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا

آسمان سے پانی ۳۷ پس بہنے لگیں وادیاں اپنے اپنے اندازے کے مطابق۔ تو اٹھا لیا سیلاب کی رو نے ابھرا ہوا

رَابِيًا ۚ وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ

جھاگ۔ اور جن چیزوں کو آگ کے اندر تپاتے ہیں زیور بنانے کے لیے یا دیگر سامان بنانے کے لیے

۳۵۔ اگر کائنات کی چھوٹی بڑی خوبصورت بدصورت چیزوں میں سے چند چیزیں بھی ان کے بتوں نے پیدا کی ہوتیں تو پھر ان کو خدا ماننے اور ان کی عبادت کرنے کے متعلق شک ہو سکتا تھا لیکن ہر چیز کا جب یہی خالق ہے تو پھر اس کے سوا کسی اور کو معبود بنانے کا تو یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

۳۶۔ اے پیکر رسول کرم! آپ پھر اعلان کر دیجیے تاکہ کسی کو شبہ نہ رہے کہ ہر چیز کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ اور تخلیق کائنات میں کسی کو کوئی دخل نہیں۔ وہ واحد یکتا ہے رب ہونے میں بھی اور معبود ہونے میں بھی بلکہ نگاہ حقیقت آگاہ سے دیکھا جائے تو موجود حقیقی بھی وہی ایک ہے۔ باقی سب موجودات اس کے وجود کے ظلال ہیں۔ ای المتوحد بالربوبیة واستحقاق العبادة بل المتوحد بالوجود المتاصل لا موجود غیره الا بوجود هو ظل وجوده (مظہری)۔ القہار سب پر غالب ہے کوئی چیز اس کا مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں رکھتی الغالب علی کل شیء لا بقاء معه شیء (مظہری)

۳۷۔ حق و باطل کا فرق ایک مثال دے کر سمجھایا جا رہا ہے اور اس کے ساتھ حق کے دوام و بقا اور باطل کے زوال و فنا کی وجہ بھی بیان کی جا رہی ہے۔ فرمایا تم نے بارہا مشاہدہ کیا ہو گا کہ جب موسلا دھار مینہ برستا ہے تو وادیاں پانی سے لبریز ہو جاتی ہیں۔ بڑی اور وسیع وادیوں میں پانی کی مقدار زیادہ اور چھوٹی اور تنگ وادیوں میں پانی کی مقدار تھوڑی ہوتی ہے جب پانی تیزی سے بہتا ہے تو تم نے دیکھا ہو گا کہ سطح آب پر جھاگ نمودار ہو جاتا ہے۔ اسی طرح جب زیور بنانے کے لیے تم سونا چاندی پگھلاتے ہو یا دیگر چیزیں بنانے کے لیے تم دوسری دھاتوں کو گلاتے ہو تو اسی قسم کا جھاگ ان پر بھی ظاہر ہو جاتا ہے۔ اس ابھرے ہوئے جھاگ کے نیچے جو نتھرا ہوا پانی یا صاف پگھلی ہوئی دھاتیں ہیں۔ یوں سمجھو کہ وہ حق ہے اور ان پر ابھرا ہوا جھاگ یوں سمجھو کہ وہ باطل ہے۔ بظاہر تو وہ جھاگ اوپر ہے اور پانی اس کے نیچے چھپا ہوا ہے لیکن تھوڑی دیر بعد پانی کی کوئی لہر اسے اٹھا کر کنارہ پر پھینک دے گی اور کوئی کاریگر اس میل کچیل کو نکال باہر کرے گا اور اس جھاگ اور میل کچیل کا نام و نشان

زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۬ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ

اس میں بھی ویسا ہی جھاگ اٹھتا ہے یوں اللہ تعالیٰ مثال بیان فرماتا ہے حق اور باطل کی۔ پس (دیکھو) جھاگ تو

فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ؕ

رائیگاں چلا جاتا ہے اور جو چیز نفع بخش ہے لوگوں کے لیے تو وہ باقی رہے گی زمین میں ۳۹

كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ؕ ﴿۱۷﴾ لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؕ

یونہی اللہ تعالیٰ مثالیں بیان فرماتا ہے۔ ان لوگوں کے لیے جنہوں نے اپنے رب کا حکم مان لیا بھلائی (ہی بھلائی)

وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّ

ہے اور جنہوں نے نہیں مانا اس کا حکم تو اگر ان کے ملک میں ہو جو کچھ زمین میں ہے سب کا سب اور

باقی نہیں رہیگا۔ اسی طرح باطل ظاہری کروفر کے باوجود مٹنے والا ہے۔ حادثات کی کوئی ایک ٹھوکر بھی اس کی مغرور گردن کو مروڑ کر رکھ دیتی ہے اور حق نتھرے ہوئے پانی کی طرح رواں دواں آگے بڑھتا ہے۔ باغوں اور کھیتوں کو سیراب کر کے انہیں نیا جوبن بخشتا ہے اور لاکھوں پیاسوں کی پیاس بجھاتا ہے۔ ۳۹ اب اس راز سے پردہ اٹھایا جاتا ہے کہ حق کو بقائے دوام کیوں بخشا گیا اور باطل کے مقدر میں فنا و زوال کیوں رقم ہوا۔ بتایا جا رہا ہے کہ ہمارا یہ اصول ہے کہ جو چیز نفع رساں ہوگی جس سے ہماری مخلوق کو فائدہ پہنچے گا جو بزم ہستی کی رونق میں افزائش کا باعث ہوگی وہ باقی رہے گی اور جو چیز افادیت اور نفع رسانی کی صفت سے محروم ہوگی وہ فنا ہو جائے گی۔ قرآن حکیم نے چودہ صدیاں پہلے تنازع للبقا (STRUGGLE FOR EXISTENCE) میں بقاء اصلح کا قانون (SURVIVAL OF THE FITTEST) واضح طور پر بتا دیا تھا کہ اس دنیا میں وہی چیز باقی رہیگی جو مفید اور نفع بخش ہوگی اور جب بھی کوئی چیز اپنی افادیت کھو بیٹھے وہ کسی وقت کتنی عزیز اور گراں قدر کیوں نہ ہو اس کو اٹھا کر باہر پھینک دیا جاتا ہے۔ آپ صبح سویرے اپنے باغیچہ سے خوبصورت رنگین اور پیارے پیارے پھول چن کر ان کا گلدستہ بناتے ہیں اور کس شوق سے اسے کسی گلدان میں سجاتے ہیں۔ دن بھر انہیں دیکھ دیکھ کر کتنی تازگی اور فرحت محسوس کرتے ہیں لیکن جب وہ دوسرے دن کملا جاتے ہیں۔ ان کی مہک ختم اور ان کی رنگت پھیکی پڑ جاتی ہے تو اس گلدستہ کو اپنے انہیں ہاتھوں سے اٹھا کر باہر پھینک دیتے ہیں۔ یہی حال نظریات کا بھی ہے۔ زندگی کے وہ کسی شعبہ سے متعلق ہوں جب تک وہ مفید نتائج پیدا کرتے رہتے ہیں وہ زندہ و سلامت رہتے ہیں اور جب وہ افادیت سے محروم ہو جاتے ہیں تو انہیں بھلا دیا جاتا ہے۔ قوموں اور افراد کے لیے بھی عروج و زوال کا یہی معیار ہے جب تک کوئی فرد یا کوئی قوم اپنی تعمیری صلاحیتوں، پسندیدہ اخلاق اور منفعت بخش اعمال سے متصف رہتی ہے اس کی عظمت کا پرچم بلند فضاؤں میں لہراتا رہتا ہے اور ہر حادثہ اس کو نئی طاقت بخشتا ہے ہر آزمائش اس کی قوتوں کو جلا بخشتی ہے لیکن جس وقت اس کی ذہنی قوتیں بانجھ ہو جاتی ہیں۔ ان کے اخلاق بگڑ جاتے ہیں اور ان کا طرز عمل کار روائیات

سے جھٹک جاتا ہے تو عزت و کرامت کا وہ تاج جو صدیوں سے ان کے سر پر جگمگا رہا تھا وہ پیچھے سے اُتار لیا جاتا ہے۔ وہ زرنگار مرصع تخت جس پر وہ بیٹھا کرتا تھا اس کے نیچے سے از خود کھسک جاتا ہے۔ آپ قوموں کی ترقی و ادبار کا مطالعہ کریں۔ آپ افراد کے عروج و زوال کا جائزہ لیں ایک ہی اصول ہر جگہ آپ کو جاری و ساری نظر آئیگا۔ ہر قوم کو زندہ رہنے کے لیے قیمت ادا کرنا پڑتی ہے۔ ہر قوم کو عزت و ناموری کے حصول کیلئے قربانی دینا پڑتی ہے اور پھر اس حاصل کردہ عزت و ناموری کو برقرار رکھنے کے لیے شدید محنت سے کام کرنا پڑتا ہے اور یہی حال افراد کا ہے۔ ہم عروج حاصل کرنے کے لیے بڑے بڑے منصوبے بناتے ہیں ہم بلند مناصب تک پہنچنے کے لیے بڑے خواب دیکھا کرتے ہیں لیکن صد حیف! وہ راستہ اختیار نہیں کرتے جو قدرت نے اس منزل تک پہنچنے کے لیے مقرر کیا ہے۔ اور اس طرح عمر بھر ٹھوکریں کھاتے چلے جاتے ہیں۔ تھک کر چور ہو جاتے ہیں اور منزل ہے کہ دور ہی دور ہٹتی چلی جاتی ہے۔ ترقی کا خواب دیکھنے والوں بام عروج پر پہنچنے کی تڑپ رکھنے والوں کو چاہیے کہ وہ اپنے وجود کو نفع بخش بنائیں۔ دکھی لوگوں کا سکون بنیں تاکہ اشکبار آنکھیں انکو دیکھ کر مسکرانے لگیں۔ اپنے دامن شفقت کو حتی الامکان کشادہ کریں تاکہ مصیبت زدوں کو اس کے سایہ میں پناہ مل سکے۔ منزل چل کر خود ان کے قدموں میں آئیگی اور اقتدار کی کرسی بصد منت ان کی خدمت میں پیش کی جائیگی۔ جب تک بنی اسرائیل رشد و ہدایت کا چراغ روشن کیے رہے انی فضلتکم علی العالمین کا شرف انھیں نصیب رہا۔ جب ملت اسلامیہ نے اس ذمہ داری کو سنبھالا تو خیر الامم کا تاج انکے سر پر رکھ دیا گیا۔ اپنے عہد عروج میں جہاں جہاں بھی مسلمان گئے جہالت کے اندھیرے دور ہوئے علم و عرفان کے چراغ روشن کرتے رہے۔ لق و دق صحرا مرغزاروں اور لالہ زاروں میں بدل گئے۔ انکے اٹھارہ سالہ بچے مشرق و مغرب کے مظلوموں اور ستم زدوں کی امداد کے لیے پہنچے اور انھیں ظلم و استبداد کی زنجیروں سے آزاد کرایا۔ ان کے عالم تحقیق و اجتہاد سے علم و حکمت کے گلستانوں میں تازہ پھول کھلاتے رہے۔ قرآن کا ایک ایک لفظ شاہکار اور ایک ایک باغبان بھی اپنے ذوق تجدید کی تسکین کیلئے پھلوں پھولوں اور اناجوں میں حسن سے حسین تر قسمیں پیدا کر رہا تھا۔ ان کا طبیب اگر امراض جسمانی کی تشخیص میں مسیحا کے لقب سے ملقب کیا گیا تھا تو ان کا صوفی روحانی امراض کی چارہ گری میں اپنا جواب نہیں رکھتا تھا۔ جب تک اس قوم کا وجود خیر و برکت کا سرچشمہ بنا رہا اس کی پیش قدمی کو روکنے کی ہر کوشش ناکام ثابت ہوئی اور جب اس کی صلاحیتیں سہل انگاری کا شکار ہو گئیں جب اس کا شوق تحقیق کند ہو گیا اور جذبہ اجتہاد ٹھنڈا پڑ گیا جب اس کے حوصلے پست اور ولولے سرد ہو گئے جب اس کے نوجوانوں کو شمشیر و سناں سے نفرت اور طاؤس و رباب سے پیار ہو گیا تو پھر فاما الزبد فیذھب جفاء کے اصول کے مطابق انھیں تخت و تاج سے دستبردار ہونا پڑا۔ الحمراء کی دیواروں کے سایوں میں انکے بوڑھوں اور بچوں کو بیدردی سے ذبح کر دیا گیا۔ شاہی محلات میں شہزادیوں کی عصمتیں لوٹی گئیں اور انھیں اندلس کی سرزمین سے جہاں انھوں نے آٹھ سو سال تک حکومت کی تھی نکلنا پڑا۔ یہی حال ہندوستان اور دوسری جگہوں پر ہوا۔ عزت و کرامت کی وہ قبائیں جو انکے آباؤ اجداد نے بڑی محنت و مشقت سے حاصل کی تھیں وہ انھیں اپنے ہاتھوں سے اتار کر دوسروں کو دینی پڑیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا قانون ہے اس میں کسی قوم یا فرد کا لحاظ نہیں کیا جاتا۔ اگر ہم اپنی موجودہ حالت پر خوش نہیں ہیں تو منہ بسورنے یا سرد آہیں بھرنے سے کچھ نہیں بنے گا۔ اپنے آپکو بدلیے زمانہ خود بخود بدل جائیگا یہی سبق ابھی ابھی قرآن نے آپ کو پڑھایا ہے ان اللہ لا یغیر ما بقوم الآیۃ اور یہی اب آپ کو بتا دیا گیا کہ قوم ہو یا فرد بقا و دوام اس کیلئے ہے عزت کی بلندیاں اسکے لیے ہیں جس سے خلق خدا کو فائدہ ہو۔ آپ اپنے آپ کو اس کی مخلوق کے لیے نفع رساں بنائیں آپ اپنی صلاحیتوں کی برتری اپنی سیرت کی پاکیزگی اپنے عزائم کی پختگی اور حق کے لیے جینے اور حق کے لیے مرنے کا ثبوت بہم پہنچائیں دنیا خود ہی آپ کو اپنی آنکھوں پر بٹھائیگی۔ اس آیت میں چند مشکل الفاظ ہیں۔ انکو بھی سمجھ لیجئے۔ اودیۃ جمع ہے اسکی واحد وادی ہے۔ زبد جھاگ۔ رابیا ربا سے بلند ہونا یعنی وہ جھاگ جو سطح آب پر تیر رہا ہوتا ہے جفاء ای ما اجفاہ الوادی ای رمی بہ یعنی جس کو وادی نے باہر پھینک دیا جب

مِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَاْوٰىهُمْ

اتنا ہی اور اس کے ساتھ۔ تو وہ (عذاب سے بچنے کے لیے) اسے بطور فدیہ دے دیں۔ یہی وہ (بدنصیب) ہیں جن کے لیے سخت باز پرس ہوگی اور ان کا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ

جہنم ہے۔ اور وہ بہت بری قرارگاہ ہے۔ تو کیا جو شخص جانتا ہے کہ جو نازل کیا گیا ہے آپ کی طرف آپ کے

رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۹﴾ الَّذِيْنَ

رب کی جانب سے وہ حق ہے وہ اس جیسا ہوگا جو اندھا ہے؟ نصیحت صرف وہی قبول کرتے ہیں جو عقلمند ہوں۔ وہ جو

يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ﴿۲۰﴾ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ

پورا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ساتھ کیے ہوئے وعدہ کو اور نہیں توڑتے پختہ وعدہ کو۔ اور جو لوگ جوڑتے ہیں جن کے جوڑنے

ہانڈی میں ابال آنے اور جھاگ کو باہر پھینک دینے کو کہتے ہیں اجفأت القدر اذا غلت حتی ینصب زبدها۔ ابتغاء حلیة: کی نصب حال ہونے کی وجہ سے ہے یا مفعول لہٗ ہونے کی وجہ سے۔ ذٰلك مثله، مبتدا موخر ہے اور علیہ خبر مقدم۔

۴۰ یعنی قرآن کو اللہ تعالیٰ کی کتاب ماننے والا اور اس کا انکار کرنے والا یکساں نہیں ہو سکتے۔

۴۱ جن اولوا الالباب کا ذکر اس سے پہلی آیت پاک میں ہوا ان کی صفات کا بیان ہو رہا ہے۔ عهد الله سے مراد وہ تمام ذمہ داریاں ہیں جن کو نبھانے کا اسلام قبول کرتے وقت اس نے وعدہ کیا تھا خواہ ان کا تعلق عقاید سے ہو یا اعمال سے، انفرادی حیثیت کی حامل ہوں یا ملی حیثیت کی، ان کا تعلق عبادات سے ہو یا معاملات سے۔ میثاق پختہ وعدہ خواہ وہ خدا سے ہو یا خلق خدا سے۔

۴۲ یہ آیت اپنے عموم کے اعتبار سے تمام ان امور پر حاوی ہے جن کے جوڑنے کا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کریم نے حکم دیا ہے۔ تمام آسمانی کتب اور تمام انبیاء کرام پر ایمان، اخوت اسلامیہ کے ساتھ ہمدردی اور اس کے لیے ایثار اور اپنے رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک سب اس میں مندرج ہیں لیکن اکثر علماء کی یہ رائے ہے کہ یہ آیت قریبی رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی، حسن معاملہ اور ان کی ایذا رسانی کے باوجود ان سے محبت و پیار پر خصوصی دلالت کرتی ہے اور اس کی اہمیت سے کوئی ہوشمند انکار نہیں کر سکتا۔ اگر کسی خاندان کے افراد میں باہمی محبت ہوگی ایک دوسرے کے ساتھ ہمدردی اور قربانی کے جذبات پائے جائیں گے تو اس کے افراد رنج و غم کی گھڑیوں میں ایک دوسرے کے مونس و غمخوار ہوں گے اور فرحت و مسرت کے لمحوں میں شریک ہو کر خاندان کی خوشیوں کو دوبالا کرنے کا موجب ہوں گے لیکن جس خاندان میں محبت کی جگہ عداوت لے لے جب ایک عزیز اپنے عزیز کا، ایک بھائی اپنے بھائی کا بدخواہ بن جائے تو دماغ سازشی ہو جاتا ہے اس کی ذہانت کوئی مفید کام کرنے کی بجائے تخریبی منصوبے بناتی ہے۔ اس خاندان کے وسائل اس کا سرمایہ اور اس کی قوتیں اسی خاندان کی بنیادوں کو اکھیڑنے میں صرف ہو جاتی ہیں۔

مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ

متعلق حکم دیا ہے اللہ تعالیٰ نے کہ جوڑا جائے اور ڈرتے رہتے ہیں اپنے رب سے اور خائف رہتے ہیں سخت

الْحِسَابِ ﴿۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ

حساب سے۔ اور جو لوگ (مصائب و آلام میں) صبر کرتے رہے اپنے رب کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اور صحیح صحیح ادا کرتے رہے نماز کو۔

وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ

اور خرچ کرتے رہے اس مال سے جو ہم نے ان کو دیا پوشیدہ طور پر اور اعلانیہ طور پر اور مدافعت کرتے رہتے ہیں ۳۲ نیکی سے

بھائی بھائی کو سہارا دینے کی بجائے ایسی فرصت کی تاڑ میں رہتا ہے کہ وہ اسے ایسا دھکا دے کہ پھر وہ سنبھل نہ سکے۔ بیدریغ روپیہ بڑی عزیز عمریں اور بڑی نادر صلاحیتیں اسی دھینگا مشتی میں برباد ہو جاتی ہیں۔ ہادی مشفق و مرشد کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رشتہ داروں سے اچھا سلوک کرنے اور ان کی زیادتیوں سے بھی اغماض کرنے کی بار بار تاکید فرمائی۔ چند ارشادات گرامی ملاحظہ فرمایئے عن عبد اللہ بن عمرو قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لیس الواصل المکافی ولکن الواصل اذا ان قطعت رحمہ وصلھا۔ (رواہ البخاری)

۱۔ حضرت عبد اللہ بن عمرو نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ صلہ رحمی کرنے والا وہ نہیں ہے جو صلہ رحمی کے بدلہ میں ایسا کرے بلکہ صلہ رحمی کرنے والا تو وہ ہے کہ اگر اس سے قطع تعلق کی جائے تو پھر بھی وہ اس کو جوڑتا ہے۔

۲۔ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رجل یا رسول اللہ من احق بحسن صحابتی قال امک قال ثم من قال امک قال ثم من قال امک قال ثم من قال ابوک۔ حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے بہترین سلوک کا کون زیادہ مستحق ہے؟ فرمایا تیری ماں۔ عرض کی اس کے بعد۔ فرمایا تیری ماں۔ پھر پوچھا اس کے بعد۔ فرمایا تیری ماں۔ پھر سوال کیا اس کے بعد؟ (چوتھی مرتبہ) حضور نے ارشاد فرمایا تیرا باپ۔

۳۔ وعن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من ابر البر صلۃ الرجل اھل ود ابیہ بعد ان یولی۔ (رواہ مسلم) یعنی حضور نے فرمایا کہ کسی آدمی کا اپنے باپ کے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک کرنا سب سے بڑی نیکی ہے۔

۴۔ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ تعلموا من انسابکم ما تصلون بہ ارحامکم۔ فان صلۃ الرحم محبۃ فی الاھل مثراۃ فی المال منساۃ فی العمر (ترمذی) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنا شجرۂ نسب سیکھا کرو تاکہ تم اپنے رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کر سکو۔ صلہ رحمی کی وجہ سے خاندان میں محبت، مال میں زیادتی اور عمر میں طوالت اور ڈھیل ہے۔

۳۲ یعنی برائی کرنے کے بعد نیکی کرتے ہیں یا گناہ کے بعد توبہ کرتے ہیں یا یہ کہ اگر ان کے ساتھ کوئی زیادتی کرتا ہے تو وہ اس کے بدلہ میں زیادتی نہیں کرتے بلکہ عفو و درگزر سے کام لیتے ہیں قال الحسن اذا حرموا اعطوا و اذا ظلموا عفوا و اذا قطعوا وصلوا یعنی اگر انھیں محروم کیا جاتا ہے تو وہ عطا کرتے

السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۲﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا

برائی کی انہیں لوگوں کے لیے دار آخرت کی راحتیں ہیں (یعنی) سدا بہار باغات جن میں وہ داخل ہوں گے

وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

اور جو صالح ہوں گے ان کے باپ دادوں، ان کی بیویوں اور ان کی اولاد سے وہ بھی (داخل ہوں گے) اور فرشتے

يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ

(یہ کہتے ہوئے) داخل ہوں گے ان پر ہر دروازہ سے سلامتی ہو تم پر بوجہ اسکے جو تم نے صبر کیا

ہیں اور جب ان پر ظلم کیا جاتا ہے تو وہ درگزر کرتے ہیں۔ اگر ان کے ساتھ قطع رحمی کی جائے تو وہ صلہ رحمی کرتے ہیں۔

۳۴؎ کسی فعل پر جو جزا دی جاتی ہے اس کو عقبیٰ کہتے ہیں۔ اس کا لغوی معنی پیچھے آنا ہے۔ اور کیونکہ ہر فعل کی جزا اس کے پیچھے آتی ہے اس لیے اسے عقبیٰ کہتے ہیں۔ العقبۃ کا معنی ہے جازاہ۔ اگر جزا اچھی ہو تو اس کے لیے العقبۃ العقبیٰ العاقبۃ کے الفاظ مستعمل ہوتے ہیں۔ اور اگر جزا بری ہو تو اس کے لیے العقوبۃ المعاقبۃ اور العقاب کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔ عاقبۃ کا لفظ اگر مضاف ہو تو پھر یہ عذاب کا معنی بھی دیتا ہے۔

۳۵؎ ومن صلح حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں بڑی نفیس بحث لکھی ہے۔ اس کا ذکر کرنا ناظرین کے لیے فائدے سے خالی نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کے والدین، ان کی بیویوں اور ان کی اولاد کو بشرطیکہ وہ ایمان کی صفت سے متصف ہوں، ان کاملین کے درجات اور مقامات پر فائز فرمائیں گے اگرچہ وہ اپنے اعمال کے لحاظ سے ان درجات و مقامات کے اہل نہ ہوں۔ اور یہ عنایت محض اپنے مقبول بندوں کے دل کو خوش کرنے کے لیے فرمائی جائے گی۔ فہذہ الآیۃ تدل علی ان اللہ تعالیٰ یعطی درجات الکاملین من لم یبلغ درجتہم ولم یعمل مثل اعمالہم من آبائہم وازواجہم وذریاتہم تطییبا لقلوبہم وتعظیما لشانہم بشرط ایمانہم (مظہری) کیونکہ ایمان کے بغیر کوئی نسب اور تعلق کام نہیں دیتا۔ اس کے بعد فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کل سبب ونسب منقطع یوم القیامۃ الا سببی ونسبی (رواہ الطبرانی والحاکم والبیہقی عن عمر بسند صحیح۔

ابن عساکر نے حضرت ابن عمر سے بسند صحیح یہ روایت نقل کی ہے کل نسب وصہر ینقطع الا نسبی وصہری۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے سبب اور نسب کے بغیر قیامت کے دن تمام اسباب اور انساب منقطع ہو جائیں گے اور اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اور انساب کا بھی یہی حال ہوگا۔ علامہ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک اس کا جواب یہ ہے کہ کفار کی قرابتیں اور ان کی دوستیاں منقطع ہو جائیں گی لیکن اہل ایمان کی قرابتیں اور دوستیاں باقی رہیں گی کیونکہ یہ رشتہ داریاں اور دوستیاں حضور کے سبب ہوئی ہیں اور سارے مومن حضور کے روحانی فرزند ہیں۔ فکان المراد ان قرابات الکفار وموالاتہم تنقطع دون قرابات المومنین وموالاتہم (مظہری مختصراً)

۳۶؎ وہ کون خوش نصیب ہیں جن کی خدمت میں فرشتے حاضر ہو کر تسلیمات و تحیات عرض کریں گے؟ وہ لوگ جو ساری عمر نفس کو گناہوں سے بچانے

فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٤﴾ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ

پس کیا عمدہ ہے یہ آخرت کا گھر۔ اور وہ لوگ جو توڑتے ہیں اللہ (سے کیے ہوئے) وعدہ کو

بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَ

اسے پختہ کرنے کے بعد اور کاٹتے ہیں ان رشتوں کو جن کے متعلق حکم دیا ہے اللہ تعالیٰ نے کہ انھیں جوڑا جائے اور

يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿٢٥﴾

(مفسدو) فساد برپا کرتے ہیں زمین میں یہی لوگ ہیں جن پر لعنت ہے اور ان کے لیے برا گھر ہے۔

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اللہ تعالیٰ کشادہ روزی دیتا ہے جسے چاہتا ہے ؎ اور تنگ روزی کرتا ہے (جسے چاہتا ہے) اور کفار بڑے مسرور ہیں دنیوی زندگی (کی آسو...)

اور نیکی اور اطاعت پر مداومت کرنے میں کوشاں رہے۔ جو دنیا کی لذتوں اور عیش و طرب سے زندگی بھر کنارہ کش رہے۔ حضرت سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ روز حشر اعلان کیا جائیگا کہ اہل صبر و استقامت حاضر ہوں کچھ لوگ حاضر ہونگے انھیں حکم ملے گا جاؤ جنت میں چلے جاؤ۔ راستہ میں ان سے فرشتے پوچھیں گے کہاں جارہے ہو۔ وہ کہیں گے جنت کی طرف۔ فرشتے کہیں گے کیا حساب سے بھی پہلے۔ وہ جواب دیں گے جی ہاں! پوچھا جائے گا تم کون ہو۔ وہ بتائیں گے ہم اہل صبر ہیں۔ فرشتے استفسار کریں گے کہ تمہارے صبر کی حقیقت کیا تھی تو وہ فرمائیں گے صبرنا انفسنا علی طاعۃ اللہ وصبرناھا عن معاصی اللہ وصبرناھا علی البلاء والمحن فی الدنیا۔ قال علی بن الامام حسین فتقول لھم الملئکۃ ادخلوا الجنۃ فنعم اجر العاملین ہم نے اپنے نفسوں کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر قائم رکھا اور اس کی نافرمانی سے ان کو بچایا اور دنیا کے مصائب و آلام پر صبر سے کام لیا تو فرشتے کہیں گے تم جنت میں داخل ہوجاؤ۔ نیک عمل کرنے والوں کا اجر بہت اچھا ہوتا ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معمول تھا کہ غزوہ احد کے بعد ہر سال کی ابتداء میں شہداء احد کے مزارات پر تشریف لے جاتے اور جب اس وادی کے دہانہ پر پہنچتے تو فرماتے السلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار۔ اے پیکران صبر و وفا اس صبر کے سبب سے جس کا مظاہرہ تم نے احد کے میدان میں کیا، تم پر اللہ تعالیٰ کے سلام ہوں۔ کتنا اچھا بدلہ ہے جو تمھیں عطا فرمایا گیا۔ ثم کان ابوبکر بعد النبی یفعلہ وکان عمر بعد ابی بکر یفعلہ وکان عثمان بعد عمر یفعلہ۔ (قرطبی) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بعد حضرت ابوبکر ہر سال جایا کرتے۔ ان کے بعد حضرت عمر، ان کے بعد حضرت عثمان جایا کرتے۔ اولیاء کرام کے اعراس اور مزارات پر حاضری کی یہ روشن دلیل ہے۔

؎ رزق کی زیادتی اور تنگی حق و باطل کا کوئی معیار نہیں۔ اس دارالامتحان میں ایک کافر کے پاس بھی زر و سیم کے خزانے ہو سکتے ہیں اور مرد مومن تنگ دست ہو سکتے ہیں۔

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿۲۶﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

حالانکہ (حقیقت یہ ہے کہ) نہیں ہے دنیوی زندگی آخرت کے مقابلہ میں مگر متاعِ حقیر۔ اور کفار کہتے ہیں (کہ اگر یہ سچے نبی ہیں) تو

لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ

کیوں نہ اتاری گئی ان پر کوئی نشانی ان کے رب کی طرف سے ۴۸؎ آپ فرمائیے (نشانیاں تو بہت ہیں) بیشک اللہ تعالیٰ گمراہ کرتا ہے

يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ﴿۲۷﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ

جسے چاہتا ہے اور رہنمائی فرماتا ہے اپنی (بارگاہِ قرب) کی طرف جو صدقِ دل سے رجوع کرتا ہے ۴۹؎ (یعنی) جو لوگ ایمان لائے اور مطمئن ہوتے

قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾ اَلَّذِيْنَ

ہیں جن کے دل ذکرِ الٰہی سے خوب دھیان سے سنو! اللہ تعالیٰ کی یاد سے ہی دل مطمئن ہوتے ہیں ۵۰؎ وہ لوگ جو

۴۸؎ کفار کا یہی وطیرہ تھا ہر بار نئے معجزوں کی فرمائش کرتے اور اتنی سنجیدگی سے کہ گویا یہ پہلی بار معجزہ کا مطالبہ کر رہے ہیں اس سے پہلے نہ انھوں نے کسی معجزہ کا مطالبہ کیا اور نہ انھیں کوئی دکھایا گیا۔

۴۹؎ اس سے پیشتر تمھیں کئی معجزات دکھائے گئے لیکن ہدایت تمھارے مقدر میں نہ تھی۔ کیونکہ یہ کوئی ایسی حقیر و ارزاں چیز تو ہے نہیں کہ تم منہ اٹھائے ادھر ادھر بھاگتے رہو اور تمھاری منتیں کی جائیں کہ ازراہِ نوازش یہ ہدایت لے کر اپنی جھولی میں ڈال لو بلکہ یہ تو وہ گوہرِ نایاب ہے کہ صرف انھیں کو عطا کیا جاتا ہے جن کے دلوں میں اس کی سچی طلب ہو۔ تم اس قابل ہی نہیں کہ یہ گلِ رعنا تمھاری دستار کی زینت بنایا جائے۔

۵۰؎ جب تک دل میں شک کا کانٹا چبھتا رہتا ہے انسان کو کسی پہلو قرار نہیں آتا اور جب یقین کا اجالا ہوتا ہے تو سارا اضطراب ختم اور ساری بے چینیاں دور ہو جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ذکرِ الٰہی سے ہی دل میں اطمینان اور سکون پیدا ہوتا ہے۔ یہی وہ نور ہے جس سے شبہات کے اندھیرے بھاگ جاتے ہیں۔ یہی وہ غذا ہے جس سے روح کو تقویت ملتی ہے اور انسان میں نیکی کی عمدہ صلاحیتیں نشوونما پاتی ہیں اور جوان ہوتی ہیں۔ اسی سے انسان میں وہ جلال اور وہ قوت نمودار ہوتی ہے جس سے شیطان پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے اور اس کے مکر و فریب خاک میں مل جاتے ہیں۔ دنیا کی ساری نعمتوں میں سے اطمینانِ قلب سب سے عظیم نعمت ہے۔ دولت، عزت، صحت اور کثرتِ اولاد کے باوجود بھی روح کو سکون اور دل کو چین نصیب نہیں ہوتا۔ صرف اللہ تعالیٰ کا ذکر ہی وہ آبِ حیات ہے کہ جس کا ایک گھونٹ پینے والا پھر کبھی تشنگی کی شکایت اور کوئی گھبراہٹ محسوس نہیں کرتا۔ وہ تختہ دار پر بھی، وہ آتش کدۂ نمرود میں بھی مسکراتا ہے۔ والمعنی ان القلوب الصافیۃ للمؤمنین اذا اشتغلوا بذکر اللہ فاذا ذکروا اللہ تطمئن قلوبھم انسا بہ تعالیٰ کاطمینان السمک فی الماء۔ (مظہری) اس کے بعد فرماتے ہیں کہ یہ حالت صوفیائے کرام کے نزدیک وجدانیات میں سے ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس قول سے مراد صوفیائے کرام ہی ہیں۔

وھذہ الحالۃ بدیھیۃ من الوجدانیات لخدام الصوفیۃ العلیۃ فالمراد بقولہ الذین امنوا ھم الصوفیاء۔

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰی لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ كَذٰلِكَ

ایمان بھی لائے اور عمل (بھی) نیک کیے مژدہ ہو ان کیلئے ۵۱ اور انہی کے لیے اچھا انجام ہے۔ اسی طرح ہم نے آپ کو

اَرْسَلْنٰكَ فِیْٓ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا۟ عَلَیْهِمُ

رسول بنا کر بھیجا ایک قوم میں جس سے پہلے گزر چکی ہیں کئی قومیں تاکہ آپ پڑھ کر سنائیں انہیں وہ کلام

الَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ وَهُمْ یَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ؕ قُلْ هُوَ رَبِّیْ

جو ہم نے آپ کی طرف وحی کیا اور یہ کفار انکار کر رہے ہیں رحمٰن کا ۵۲ فرمائیے وہی میرا پروردگار ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَیْهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا

نہیں کوئی معبود بجز اس کے۔ اسی پر میں نے بھروسہ کر رکھا ہے اور اسی کی جناب میں رجوع کیے ہوں۔ اور اگر کوئی ایسا قرآن آ جاتا ۵۳ جس کے

سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰی ؕ بَلْ

ذریعے سے پہاڑ چلنے لگتے یا اس کے اثر سے پھٹ جاتی زمین یا مُردوں سے اس کے ذریعہ بات کی جا سکتی

---

۵۱ طوبیٰ مصدر ہے بُشریٰ اور زُلفیٰ کے وزن پر یہ طاب یطیب سے ہے حضرت ابن عباس نے اس کا معنی فرمایا ہے فرح لهم وقرة عين دل کی خوشی اور آنکھوں کی ٹھنڈک۔ حدیث شریف میں ہے کہ جنت کے ایک درخت کا نام بھی طوبیٰ ہے۔

۵۲ ابوجہل نے ایک دن سُنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے قریب کھڑے ہوئے دعا مانگ رہے ہیں اور یہ کہہ رہے ہیں یا اللہ یا رحمٰن وہ بھاگا ہوا مشرکین کے پاس گیا اور کہنے لگا آؤ تمہیں ایک عجیب بات سناؤں کہ اب محمد نے بھی دو خداؤں (اللہ، رحمٰن) کی عبادت شروع کر دی تو یہ آیت نازل ہوئی حضرت ابن عباس سے روی ہے کہ جب حضور نے کفار کو فرمایا اسجدوا للرحمٰن کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو وہ کہنے لگے وما الرحمٰن رحمٰن کون ہے۔

۵۳ ایک دن ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ نے حضور کی خدمت میں چند مطالبات پیش کیے کہ اگر مکہ کے پہاڑ دور ہٹ جائیں اور ہماری کھیتی باڑی کے لیے زمین فراخ ہو جائے نیز اس میں چشمے اور نہریں جاری ہو جائیں اور قصی (ہمارا جد اعلیٰ) قبر سے زندہ ہو جائے اور ہم بھی دوش ہوا پر سوار ہو کر شام و یمن میں تجارت کے لیے آیا جایا کریں تو پھر ہم آپ پر ایمان لائیں گے۔ اس کے جواب میں فرمایا جا رہا ہے اگر ایسا کر بھی دیا جائے تو یہ ہٹ دھرم پھر بھی ایمان نہیں لائیں گے اور یہی کہیں گے بڑا زبردست جادوگر ہے۔ اس شرط کی جزا محذوف ہے۔ لما آمنوا۔ اور دوسری آیت سے بھی یہی مفہوم ثابت ہے۔

ولو اننا نزلنا الیھم الملٰئکۃ وکلمھم الموتٰی وحشرنا علیھم کل شیء قبلا ما کانوا لیؤمنوا - ۶ : ۱۱۱

لِلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ

(یہ قدرت سے بعید تھا بلکہ سب کام اسی کے اختیار میں ہیں۔ اسی طرح ایمان لانا بھی) کیا نہیں جانتے ایمان والے کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو

لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ

سب لوگوں کو ہدایت دے دیتا۔ ۵۵ اور کفار اسی حالت میں رہیں گے کہ پہنچتا رہے گا انھیں (آئے دن) اپنے

بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ

کرتوتوں کی وجہ سے کوئی نہ کوئی صدمہ ۵۶ یا اترتی رہے گی کوئی نہ کوئی مصیبت ان کے گھروں کے گردو نواح میں یہاں تک کہ آجائے

وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ

اللہ کے وعدہ (کے ظہور) کا دن۔ بے شک اللہ تعالیٰ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ اور بے شک تمسخر اڑایا گیا رسولوں کا

مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ

جو آپ سے پہلے گزرے پس میں نے ڈھیل دی کافروں کو (کچھ عرصہ تک) پھر میں نے پکڑ لیا انھیں۔ تو (دیکھو) کیسا (بھیانک) تھا

كَانَ عِقَابِ ﴿۳۲﴾ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ۚ

میرا عذاب۔ کیا وہ خدا جو نگہبانی فرما رہا ہے ہر نفس کی اس کے اعمال (نیک و بد) کے ساتھ ۵۷

۵۴ یعنی یہ امر اللہ تعالیٰ کی قدرت سے کوئی بعید نہیں اگر وہ چاہے تو آن واحد میں یہ سب کچھ ظہور پذیر ہو جائے لیکن جب ایمان لانا ان کے مقدر میں ہی نہیں تو پھر ان کے مطالبات پورا کرنے کا کیا فائدہ؟

۵۵ افلم یایئس الذین۔ بعض مسلمانوں کے دل میں یہ خیال گزرا کہ کیا اچھا ہوتا کہ اگر ان کے یہ مطالبات بھی پورے کر دیئے جاتے تو وہ اسلام قبول کر لیتے۔ انھیں اس خیال سے باز رہنے کی ہدایت کی جا رہی ہے کہ تم اب ان سے یہ توقع نہ رکھو۔ عام علماء نے تو یایئس کا ترجمہ مایوس ہونا کیا ہے یعنی کیا مسلمان ان معاندین کے ایمان لانے سے مایوس نہیں ہوئے لیکن حضرت ابن عباس، مجاہد اور حسن سے اس کا ترجمہ افلم یعلموا "کیا انھوں نے نہیں جانا" مروی ہے۔ علامہ قرطبی نے اس پر کئی اشعار سے استشہاد کیا ہے۔ ان میں سے رباح بن عدی کا یہ شعر ہے:-

الم ییئس الاقوام انی انا ابنه ※ وان کنت عن ارض العشیرة نائیا

یعنی کیا انھیں معلوم نہیں کہ میں اس کا بیٹا ہوں اگرچہ میں قبیلہ کی سرزمین سے دور ہوں۔ فراء نے کلبی سے ییئس بمعنی یعلم نقل کیا ہے اور وہ بنو نخع

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ۭ قُلْ سَمُّوْهُمْ ۭ اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي

اور ان مشرکوں نے بنا لیے ہیں اللہ تعالیٰ کے شریک۔ فرمائیے ذرا نام تو لو ان کا۔ (نادانو!) کیا تم آگاہ کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو اس چیز سے جسے وہ (ہرگز نہیں) جانتا

الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ۭ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کو ایسی بات سے جسے وہ (ہمہ دان) ساری زمین میں نہیں جانتا یا یونہی یا وہ کوئی گپ ہے۔ بلکہ آراستہ کر دیا گیا ہے کافروں کے لیے ان کا

مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

مکر و فریب اور روک دیے گئے ہیں راہ راست سے اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ ہونے دے تو اس کو کوئی ہدایت دینے والا

مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ

نہیں۔ ان (بدبختوں) کے لیے عذاب ہے دنیوی زندگی میں اور آخرت کا عذاب تو بڑا

اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ

سخت ہوگا۔ اور نہیں ان کے لیے اللہ تعالیٰ کی گرفت سے کوئی بچانے والا۔ اس جنت کی کیفیت جس کا وعدہ پرہیزگاروں

صحاح میں یہی لکھا ہے قال الفرا قال الکلبی ییئس بمعنی یعلم ..... وقال الجوهری فی الصحاح۔ (قرطبی)

ف۵ یعنی انہیں وقتاً فوقتاً طرح طرح کے مصائب و آفات سے دوچار کیا جائیگا اگر پھر بھی وہ باز نہ آئے تو اللہ تعالیٰ کا وعدہ پورا ہو کر رہیگا۔

ف۶ یہاں قائم کا معنی کھڑا ہونے والا نہیں بلکہ اس کا معنی نگران اور نگہبان ہے۔ رقیب علیہ (مظہری) اس کا دوسرا معنی عالم بھی کیا گیا ہے جیسے اس شعر میں قائم بمعنی عالم ہے۔ ؎ فلولا رجال من قریش اعزۃ ، سرقتم ثیاب البیت واللہ قائم اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ اگر قریش کے سرداروں کا تمہیں خوف نہ ہوتا تو تم بیت اللہ شریف کا غلاف بھی چرا لیتے۔ اس کا جواب محذوف ہے اور جملہ کا مفہوم یہ ہے افمن هو حافظ لا یغفل کمن یغفل یعنی کیا وہ جو ہر چیز کا نگران ہے اسے آپ اس جیسا سمجھتے ہیں جو بالکل بےخبر ہے۔ ظاهر من القول ، معناه باطل من القول (قرطبی مظہری) یعنی بیہودہ بات۔

آیت کا مقصد یہ ہے کہ وہ ذات جو کائنات کی ہر چیز کی نگہبان ہے کیا تمہارے بت جو محض بےخبر اور بےبس ہیں اس کی طرح ہو سکتے ہیں ہرگز نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ذرا ان کا نام تو بتاؤ جن کو تم نے میرا شریک بنایا ہوا ہے۔ یہی لات منات کا نام پیش کرو گے تو یہ تو بندے ہیں جو کبھی خدا ہو سکتے ہیں۔ کچھ تو عقل سے کام لو اگر اللہ کا کوئی شریک ہوتا تو آخر اسے بھی تو اس کی خبر ہوتی۔ اس ہمہ دان اور ہمہ بین کو تو معلوم ہی نہیں کہ اس کا کوئی شریک ہے تم نے یہ شریک کہاں سے ڈھونڈ لیے۔

ف۷ اسلام کے خلاف ان کی سازشوں اور شمع توحید کو بجھانے کے لیے ان کی کوششوں کو شیطان نے آراستہ و مزین کر کے ان کے سامنے پیش کیا۔

الْمُتَّقُونَ ۖ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ أُكُلُهَا دَائِمٌ وَظِلُّهَا ۚ تِلْكَ

سے کیا گیا ہے ایسی ہے کہ رواں ہیں اس کے نیچے ندیاں۔ اس کا پھل ہمیشہ رہتا ہے ۵۹ اور اس کا سایہ بھی نہیں ڈھلتا

عُقْبَى الَّذِينَ اتَّقَوا ۖ وَّعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ ﴿٣٥﴾ وَالَّذِينَ

یہ انجام ہے اُن کا جو اپنے رب سے ڈرتے رہے اور کفار کا انجام آگ ہے۔ اور جنہیں ہم نے

آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَفْرَحُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ ۖ وَمِنَ الْأَحْزَابِ

کتاب عطا فرمائی وہ خوش ہو رہے ہیں اس کتاب پر جو نازل کی گئی آپ کی طرف اور ان گروہوں میں سے ایسے بھی ہیں جو بعض

مَن يُنكِرُ بَعْضَهُ ۚ قُلْ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ وَلَا أُشْرِكَ

قرآن کا انکار کرتے ہیں۔ ۶۰ فرما دیجئے (مجھے تمہاری مخالفت کی پرواہ نہیں) مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کروں

بِهِ ۚ إِلَيْهِ أَدْعُو وَإِلَيْهِ مَآبِ ﴿٣٦﴾ وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَاهُ حُكْمًا

اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤں اسی کی طرف دعوت دیتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے لوٹنا ہے اور اسی طرح ہم نے اتارا ہے اسے فیصلہ عربی زبان

عَرَبِيًّا ۚ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُم بَعْدَمَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ

میں۔ اور اگر تم پیروی کرو ان کی خواہشات کی اس کے بعد کہ آچکا تمہارے پاس صحیح علم تو

مَا لَكَ مِنَ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا وَاقٍ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا

نہیں ہوگا تمہارے لیے اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں کوئی مددگار اور نہ کوئی محافظ۔ اور بیشک ہم نے بھیجے کئی رسول

وہ یہ بھول رہے ہیں کہ شمع توحید کو گل کرنے کی جو کوشش کر رہے ہیں اس سے وہ اپنی، اپنے خاندان، قوم اور تمام نوع انسانی کی بڑی خدمت انجام دے رہے ہیں، اور نتائج کے لحاظ سے اپنی یہ کاوشیں بڑی فائدہ مند ہونگی حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ اس طرح وہ اپنے لیے بھی اور دوسروں کے لیے بھی تباہی اور گمراہی کا سامان تیار کر رہے ہیں۔ اور ان کی شومیٔ اعمال کی وجہ سے ہدایت کا راستہ ہی ان پر بند ہو گیا ہے جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کر دے اسے کوئی راہ نہیں دکھا سکتا۔

۵۹ وہاں کی نعمتیں ابدی ہیں انہیں زوال نہیں۔

۶۰ یعنی قرآن کریم کے جو احکام ان کی مرضی کے مطابق نہیں جنہیں وہ اپنی مصلحتوں کے خلاف سمجھتے ہیں یا اُن پر عمل کرنے میں انہیں جسمانی مشقت اور مالی نقصان

مِنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ

آپ سے پہلے ۴۱ اور بنائیں ان کے لیے بیویاں اور اولاد۔ اور نہیں ممکن کسی رسول کے لیے

اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ

کہ وہ لے آئے کوئی نشانی اللہ تعالیٰ کے اذن کے بغیر ۴۲ ہر میعاد کے لیے ایک نوشتہ ہے۔ مٹاتا ہے اللہ تعالیٰ

مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۖۚ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ

جو چاہتا ہے۔ اور باقی رکھتا ہے (جو چاہتا ہے) ۴۳ اور اسی کے پاس ہے اصل کتاب ۴۴ اور اگر ہم دکھا دیں آپ کو کچھ (عذاب)

بد بخت لگا بیٹھتا ہے وہ ایسے احکام کو قبول نہیں کرتے خواہ وہ سراپا حق ہوں۔ وھو ما یخالف اھوائھم (مظہری)

۴۱ کفار اور اہل کتاب یہ اعتراض کیا کرتے تھے کہ ان کی بیویاں ہیں ان کا بال بچہ ہے۔ یہ چیزیں کسی نبی کو زیب نہیں دیتیں۔ یہ تو ہم دنیا داروں کے کام ہیں جو نبی ہو اس کو ان جھنجھٹوں سے کیا واسطہ۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میرے محبوب سے پہلے بھی نبی آئے جن کو تم بھی نبی تسلیم کرتے ہو کیا ان کی بیویاں نہ تھیں کیا ان کی اولاد نہ تھی جب ان کو اس کے باوجود تم نبی مانتے ہو تو انھیں نبی تسلیم کرنے سے تمھیں کیونکر انکار ہو سکتا ہے۔

۴۲ رسول اپنی مرضی سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم اور اذن سے معجزہ دکھاتے ہیں۔ ہر چیز کے لیے ایک وقت مقرر ہے جس میں تقدیم و تاخیر نہیں۔

۴۳ قرآن کریم کے کلام الٰہی ہونے پر مخالفین کی طرف سے یہ اعتراض بھی کیا جاتا تھا کہ اس میں کئی احکام ان احکام کے خلاف ہیں جو پہلی آسمانی کتابوں میں موجود ہیں۔ اگر یہ قرآن منزل من اللہ ہوتا تو اس میں ایسا کوئی حکم نہ ہوتا جو کسی سابقہ حکم کو منسوخ کرتا۔ اس کے جواب میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی بھلائی اور نفع کو بہتر جانتا ہے جب تک پہلے احکام لوگوں کی فلاح و ترقی کے ضامن تھے انھیں باقی رکھا گیا اور جب حالات بدلنے سے ان کی افادیت ختم ہو گئی تو ان کی جگہ ایسے احکام نازل فرمائے جو موجودہ حالات میں انسانی معاشرہ کے لیے باعث خیر و برکت ہو سکتے تھے۔ یہ حکیمانہ رد و بدل قابل اعتراض نہیں۔ قابل اعتراض تو یہ بات ہوتی کہ اگر ان احکام کو بجنسہٖ باقی رہنے دیا جاتا جن کی افادیت اب ختم ہو چکی تھی اور اب وہ انسانیت کی ترقی میں حائل بن رہے تھے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت کی یہ تفسیر منقول ہے کہ لوح محفوظ میں جو لکھا گیا ہے اس میں سے جس چیز کو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے محو کر دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے باقی رکھتا ہے قال ابن عباس رضی اللہ عنہما یمحوا اللہ ما یشاء و یثبت یعنی ما کان فی اللوح (مظہری) وغیرہ اس کی وضاحت کرتے ہوئے صاحب تفسیر مظہری رقمطراز ہیں کہ تقدیر کی دو قسمیں ہیں: (۱) معلق (۲) مبرم۔ تقدیر معلق اسے کہتے ہیں جس کے وقوع پذیر ہونے کو کسی دوسری چیز کے ساتھ وابستہ کر دیا گیا ہو کہ اگر یہ شرط پائی گئی تو یہ چیز پائی جائے گی، اور اگر نہ پائی گئی تو نہ پائی جائے گی کبھی اس تعلیق کا ذکر لوح میں درج ہوتا ہے اور کبھی صرف علم الٰہی میں۔ لوح محفوظ میں اس کا ذکر نہیں ہوتا۔ اور تقدیر مبرم وہ ہے جس کے متعلق اٹل فیصلہ ہو چکا ہوتا ہے اس میں رد و بدل کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی۔ وذالک القضاء لا یبدل۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے حضور فخر موجودات صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کا مفہوم دریافت کیا تو حضور نے ارشاد فرمایا لاقرن عینک بتفسیرھا ولاقرن عین امتی بعدی

بتفسیرها الصدقة علی وجهها وبر الوالدین واصطناع المعروف یحول الشقاء سعادة ویزید فی العمر ویقی مصارع السوء (روح المعانی) یعنی اس آیت کی تفسیر والے عمل تیری آنکھوں میں ٹھنڈک کروں گا اور اپنی امت کی آنکھوں میں ٹھنڈک کروں گا۔ صدقہ کو صحیح مصرف پر خرچ کرنا، ماں باپ کے ساتھ مہربانی کرنا اور بھلائی کرنا ایسے اعمال ہیں جو بدبختی کو نیک بختی سے بدل دیتے ہیں، عمر میں اضافہ کا باعث بنتے ہیں اور برے انجاموں سے بچاتے ہیں۔ اور صحیحین میں حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول من سرہ ان یبسط له فی رزقه وینسأ له فی اثرہ فلیصل رحمه۔ کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ جو یہ پسند کرتا ہے کہ اس کا رزق اس کے لیے کشادہ کیا جائے یا اس کی موت کو مؤخر کیا جائے تو اسے چاہیے کہ صلہ رحمی کرے۔ علامہ ابن کثیر نے مسند امام احمد سے یہ حدیث نقل کی ہے عن ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الرجل لیحرم الرزق بالذنب یصیبه، ولا یرد القدر الا الدعاء، ولا یزید فی العمر الا البر۔ حضرت ثوبان نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ انسان کو اس کے گناہ کی وجہ سے رزق سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ اور تقدیر کو دعا بدل دیتی ہے اور نیکی سے عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کعبہ کا طواف کر رہے تھے اور زار و قطار رو رو کر یہ التجا کر رہے تھے اللھم ان کنت کتبتنی فی اھل السعادة فاثبتنی فیھا وان کنت کتبت علی الشقاوة فامحنی واثبتنی فی اھل السعادة والمغفرة فانك تمحو ما تشاء وتثبت وعندك ام الکتاب (ابن کثیر)

اے اللہ! اگر تو نے مجھے سعادت مندوں کے زمرہ میں لکھا ہے تو مجھے اسی زمرہ میں رہنے دے اور اگر تو نے مجھ پر شقاوت لکھی ہے تو اسے مجھ سے مٹا دے اور اہل سعادت و مغفرت کی فہرست میں میرا نام ثبت کر دے کہ تو مٹاتا ہے جو چاہتا ہے اور ثبت کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ ام الکتاب تیرے پاس ہے۔ حضرت مولانا ثناء اللہ پانی پتی ؒ نے تفسیر مظہری میں اس آیت کی وضاحت کرتے ہوئے ایک واقعہ لکھا ہے اس کا خلاصہ عرض خدمت ہے۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے نگاہ کشف سے دیکھا کہ آپ کے دونوں صاحبزادوں حضرت محمد سعید اور حضرت محمد معصوم کے استاد ملا طاہر لاہوری کی پیشانی پر شقی (بدبخت) لکھا ہوا ہے۔ آپ نے اس کا تذکرہ اپنے دونوں بچوں سے کیا۔ ان دونوں نے گزارش کی کہ آپ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے استاد کی شقاوت کو سعادت سے بدل دے۔ حضرت مجدد نے فرمایا کہ میں نے لوح محفوظ میں دیکھا کہ یہ قضائے مبرم ہے اس کو بدلا نہیں جا سکتا۔ بچوں نے پھر بھی دعا کے لیے اصرار کیا۔ آپ کو یاد آیا کہ حضرت غوث الثقلین محی الدین عبد القادر جیلانی قدس اللہ سرہ نے فرمایا: ان القضاء المبرم ایضا یرد بدعائی کہ قضائے مبرم بھی میری دعا سے بدل جاتی ہے تو میں نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی۔ اللھم رحمتك واسعة وفضلك غیر مقتصر علی احد رجیك واسئلك من فضلك العمیم ان تجیب دعوتی فی محو کتاب الشقاوة من ناصیة ملا طاھر واثبات السعادة مقامه کما اجبت دعوة سید المسند رضی اللہ عنه۔ اے اللہ! تیری رحمت بڑی وسیع ہے تیرا فضل کسی ایک پر بند نہیں۔ میں امیدوار ہوں اور سوال کرتا ہوں کہ اپنے فضل عمیم سے میری اس التجا کو قبول فرما۔ ملا طاہر کی پیشانی سے شقی کا لفظ مٹا کر سعید کا لفظ ثبت فرما جس طرح تو نے حضرت غوث الاعظم کی دعا قبول فرمائی تھی۔ حضرت مجدد فرماتے ہیں کہ اس کے بعد میں نے دیکھا کہ ان کی پیشانی سے شقی کا لفظ مٹا دیا گیا اور سعید کا لفظ لکھا گیا۔

حضرت علامہ پانی پتی لکھتے ہیں کہ قضائے مبرم سے یہاں وہ قضا مراد ہے جو لوح محفوظ میں کسی امر سے معلق نہ تھی بلکہ شکل مبرم تھی لیکن علم الٰہی میں وہ قضائے معلق تھی رحمۃ اللہ علیہ وعلی امثاله وانفعنا ـــــ علینا من برکاتھم وفیضھم۔

بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ

جس کی ہم نے کفار کو دھمکی دی ہے ٦٤ (تو ہماری مرضی) یا ہم (پہلے ہی) اٹھا لیں آپ کو (تو ہماری مرضی) سو آپ پر صرف تبلیغ فرض

وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿٤٠﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا

ہے اور ہمارے ذمہ ہے کہ (ان سے) حساب لیں۔ کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ ہم (انکے مقبوضہ) علاقہ کو ہر طرف سے (رفتہ رفتہ)

مِنْ اَطْرَافِهَا ۭ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ۭ وَهُوَ سَرِيْعُ

کم کر رہے ہیں ٦٥ اور اللہ تعالیٰ حکم فرماتا ہے۔ کوئی نہیں رد و بدل کر سکتا اسکے حکم میں۔ اور وہ بہت جلد حساب

الْحِسَابِ ﴿٤١﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ۭ

لینے والا ہے۔ اور مکاریاں کرتے رہے وہ لوگ جو ان سے پہلے تھے۔ سو اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے ان سب کو مکر کی

يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۭ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى

سزا دینا ٦٦ وہ جانتا ہے جو کماتا ہے ہر شخص اور عنقریب کفار بھی جان لیں گے کہ دار آخرت (کی ابدی مسرتیں) کس

٦٣ ام الکتاب سے مراد علم الٰہی ہے جس میں کوئی تغیر ممکن نہیں۔ کوئی رد و بدل نہیں ہو سکتا۔

٦٤ اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کفر کو شکست فاش ہو گی۔ کفار کی ساری کوششیں رائیگاں جائیں گی۔ حق کا بول بالا ہو گا۔ ہر طرف توحید کا نور پھیلے گا۔ کوہ و دمن بحر و بر آبادیوں اور صحراؤں پر اسلام کا پرچم لہرائے گا۔ یہ ہمارا وعدہ ہے جو ضرور پورا ہو گا۔ ان میں سے کچھ آپ کی اس حیات ظاہری میں وقوع پذیر ہو گا اور کچھ بعد میں رونما ہو گا۔ آپ ان کفار و مشرکین کی ایذا رسانیوں اور بد زبانیوں سے پریشان نہ ہوا کریں۔ حق کا پیغام پہنچا دینا آپ کے ذمہ ہے اور ان سے باز پرس کرنا ہمارا کام ہے۔

٦٥ یعنی یہ وسیع و عریض زمین جہاں آج کفر و شرک کا اندھیرا چھایا ہوا ہے۔ یہاں اسلام کا آفتاب ضوفشانی کرے گا اور کفر کا اندھیرا سکڑتا اور سمٹتا جائیگا۔ مسلمانوں کی فتوحات کا سلسلہ شروع ہو گا تو باطل کی طاغوتی قوتوں کے قبضہ سے ان کے ملک نکل جائیں گے۔ اکثر المفسرین علی ان المراد منہ فتح دیار الشرک (مظہری) وقال مجاہد ایضاً وقتادہ والحسن ہو ما یغلب علیہ المسلمون مما فی ایدی المشرکین (قرطبی)

٦٦ اس سے پہلے بھی کفر و باطل مکر و فریب کا سہارا لیتے رہے حق کو نیچا دکھانے کے لیے کوشاں رہا اور ہم نے اپنی قدرت کاملہ سے اس کی ہر سازش کو ناکام بنایا اور ان کے منصوبوں کو خاک میں ملا دیا۔ فللہ المکر جمیعا کا معنی یہی ہے کہ ان کی چالوں کو ناکام بنانا اور اسلام دشمنی پر ان کو سزا دینا ای عند اللہ جزاء مکرھم (مظہری) ای یجازیھم بہ (قرطبی)

الدَّارِ ﴿۴۲﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ۭ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ

کے لیے ہیں۔ اور کفار کہتے ہیں کہ آپ رسول نہیں ہیں۔ فرمائیے (میری رسالت پر) اللہ تعالیٰ بطور

شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿۴۳﴾

گواہ کافی ہے میرے اور تمہارے درمیان ۵۱ اور وہ لوگ (بطور گواہ کافی ہیں) جن کے پاس کتاب کا علم ہے۔

۵۱ دشمنان حق کے انکار سے کیا ہوتا ہے اگر وہ آپ کی رسالت کو تسلیم نہیں کرتے تو یہ ان کی بدبختی ہے۔ آپ کو ان کی گواہی کی حاجت نہیں آپ فرمائیے میری رسالت اور صداقت کی گواہی دینے والا خود اللہ تعالیٰ ہے۔ اور وہ لوگ بھی میری سچائی اور میرے نبی برحق ہونے کی شہادت دے رہے ہیں۔ جن کو اس کتاب مقدس کا علم عطا فرمایا گیا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ من عندہٗ سے مراد جبرئیل ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ اس سے مراد مومن ہیں۔ ہر مومن کو کتاب کے معانی و اسرار پر جتنی آگاہی ہوگی اس کی گواہی اتنی زیادہ قابل اعتبار ہوگی۔ ان مومنین میں سر فہرست حضرت ابوبکر صدیق حضرت فاروق اعظم اور حضرت عثمان ذوالنورین اور باب مدینۃ العلم سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہم ہیں۔

ع ۱۲

تعارف سورۃ ابراہیم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام : اس سورۃ کے چھٹے رکوع میں سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا ذکر مبارک ہے اس لیے اس نام کو اس سورۃ مبارکہ کا عنوان مقرر کیا گیا۔ اس سورۃ میں سات رکوع ، باون آیتیں ، آٹھ سو اکسٹھ کلمات ، تین ہزار چار سو چونتیس حروف ہیں۔

زمانۂ نزول : یہ سورۃ مبارکہ مکہ میں نازل ہوئی۔ اس کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ مکی دور کے اس سال میں نازل ہوئی جب کفار نے ہر قسم کے تعلقات کو نظر انداز کر دیا تھا اور بڑی شدومد سے کھل کر اسلام کی مخالفت شروع کر دی تھی انھوں نے حضور علیہ السلام کو صاف صاف بتا دیا تھا کہ وہ اس دعوت کو ہرگز قبول نہیں کریں گے اور برملا دھمکیاں دینے لگے تھے کہ اگر تم باز نہ آئے تو آپ کو اور آپ کے ساتھیوں کو مکہ سے جبراً نکال دیا جائے گا۔ اپنے اس مرکزی شہر میں ہم آپ لوگوں کی موجودگی زیادہ دیر تک برداشت نہیں کر سکتے۔ یہ صرف کھلی دھمکیاں ہی نہ تھیں بلکہ انھوں نے ایسے منصوبے بنانے شروع کر دیے تھے تاکہ ان دھمکیوں کو عملی جامہ پہنا سکیں۔ ان حالات کو پیش نظر رکھا جائے تو یہ نتیجہ اخذ کرنا مشکل نہیں کہ مکی زندگی کے آخری دنوں کی یہ بات ہے اور انھی حالات میں یہ سورۃ نازل ہوئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مضامین : اس سورۃ کا آغاز اس حقیقت کے بیان سے ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ صحیفہ رشد و ہدایت دے کر اس لیے مبعوث کیا گیا ہے کہ آپ لوگوں کو گھمبیر اندھیروں سے نکال کر ہدایت کی روشنی کی طرف لے آئیں تاکہ لوگ عزیز و حمید پروردگار کی راہ پر پورے یقین کے ساتھ گامزن ہو سکیں۔

اس کے معاً بعد یہ بتا دیا کہ منکرین حق گوناگوں بیماریوں کا شکار ہیں۔ انھوں نے آخرت کی ابدی زندگی اور اس کی دائمی نعمتوں کو پس پشت ڈال دیا ہے اور اس فانی زندگی کی آسائشوں اور آرائشوں پر وارفتہ ہو گئے ہیں نیز خود بھی بادیۂ ضلالت میں سرگرداں ہیں اور دوسرے لوگوں کو بھی حق کو قبول کرنے سے روکتے ہیں مزید برآں اس دین حق کو اس غلط رنگ میں پیش کرتے ہیں کہ لوگوں کے دلوں میں اس کی رغبت ہی ختم ہو جائے۔

موسیٰ علیہ السلام کا اختصار سے ذکر کر دیا کہ وہ تورات کو لے کر آئے تاکہ لوگوں کو شاہراہ ہدایت پر گامزن کریں۔ آپ نے

اپنی احسان فراموش قوم کو اپنے رب کریم کے بے پایاں انعامات کی یاد دلائی اور شکریہ ادا کرنے کی ترغیب دی۔

کفار مکہ کو تنبیہ کی کہ جو رویہ تم نے اختیار کر رکھا ہے، جو سلوک تم میرے رسول کے ساتھ کر رہے ہو اسی قسم کا سلوک تم سے پہلے کفار نے بھی اپنے اپنے انبیاء کے ساتھ کیا تھا انہوں نے بڑی بے باکی اور ڈھٹائی سے اپنے رسولوں کو کہا تھا کہ بے شک تم دلائل کے انبار لگا دو جس قسم کے معجزات چاہو ہمیں دکھاؤ ہم کسی قیمت پر ایمان نہیں لائیں گے بلکہ ہم تمہیں یہاں سے جلاوطن کر دیں گے۔ انھوں نے بڑے گستاخانہ لہجے میں یہ بھی کہا کہ تم ہماری طرح بشر ہی تو ہو تم پر کون سے سرخاب کے پر لگے ہیں کہ ہم تمھاری اطاعت و فرمانبرداری کا پٹہ اپنے گلے میں ڈال لیں، اپنے آباء و اجداد کے نظریات و عقاید کو چھوڑ کر تمھارے بتائے ہوئے عقاید کو مان لیں۔ انبیاء کرام نے انھیں بتایا کہ ہمیں اپنے بشر ہونے کا اعتراف ہے لیکن جن خصوصی نعمتوں سے خداوند کریم نے ہمیں سرفراز فرمایا ہے، تمہاری آنکھیں انھیں نہیں دیکھ سکتیں۔ کفار نے اپنے نبیوں کی دعوت کو ناکام بنانے اور اپنے نبیوں کو زبردستی ملک بدر کرنے کے منصوبوں پر سنجیدگی سے غور کرنا شروع کر دیا لیکن اللہ تعالیٰ کے غضب نے انھیں مزید مہلت نہ دی۔ وہ تمام کے تمام ہلاک و برباد کر دیے گئے۔ ان کے شاندار مکانات، حویلیاں۔ ان اللہ تعالیٰ کے بندوں سے آباد ہو گئیں جنھیں وہ حقیر اور کمزور سمجھا کرتے تھے۔

جس طرح کفار کے انداز گفتگو میں بے باکی کا عنصر غالب ہے اسی طرح ان کی سرزنش میں قرآن کا لہجہ بھی بہت سخت ہے۔ محشر کو پیش آنے والے واقعات کا نقشہ اس تفصیل اور اثر انگیز انداز میں بیان کیا گیا ہے کہ اگر کسی میں حق پذیری کی ادنیٰ سی صلاحیت بھی ہو تو وہ غور کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ روز حشر منکرین کی جو حالت ہوگی وہ حواس باختہ پریشاں حال سر اٹھائے ہوئے ادھر ادھر بھاگ رہے ہوں گے۔ پیپ کا پانی انھیں پینے کے لیے ملے گا۔ ہر طرف سے موت انھیں اپنے نرغہ میں لیتے ہوئے محسوس ہوگی لیکن وہ مریں گے نہیں۔ اس روز قوم کے رؤسا اور ان کے فرمانبرداروں میں جو کڑوا کسیلا مکالمہ ہوگا اس کو بھی بیان کر دیا "تاکہ لوگ ابھی سے اپنا محاسبہ کر لیں اور کسی ایسے شخص کی فرمانبرداری اور اطاعت گزاری شروع نہ کر دیں، جو روز قیامت ان کے لیے حسرت و ندامت کا باعث ہو۔

اس کے ساتھ ہی شیطان جس کی ساری عمر وہ فرمانبرداری کرتے رہے اور وہ انھیں طرح طرح کے لالچ دیتا رہا۔ اس روز جب تمام اسرار آشکار ہوں گے تو شیطان ان لوگوں کو جو عمر بھر اس کے اشارہ ابرو پر اپنی متاع ہوش و خرد کو نثار کرتے رہے، جو حوصلہ شکن جواب دے گا وہ بھی اپنے اندر ہزاروں عبرتوں کے سامان رکھتا ہے وہ صاف صاف انھیں کہہ دیگا کہ جو وعدے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے ساتھ کیے وہ اس نے پورے کر دیے لیکن جو وعدے میں نے تمھارے ساتھ کیا میں اس کو پورا نہیں کر سکتا۔ مجھے ملامت کرنے کا تمھیں کوئی حق نہیں۔ میں نے تو تمھیں گمراہ کرنا تھا گمراہ کر لیا۔ یہ تمھارا کام تھا کہ اپنی عقل و خرد سے کام لیتے، اللہ تعالیٰ کے نبی کے بتائے ہوئے راستے پر گامزن رہتے۔ اب اپنی نادانی کی سزا بھگتو اور اپنے آپ کو کوسو۔

اس کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حالات کا تذکرہ ہے۔ ان کی پیاری پیاری دعائیں ہیں جو انھوں نے

بڑے خلوص اور نیاز سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ عظمت میں پیش کیں۔ کعبہ کے شہر کے لیے اس شہر کے مکینوں کے لیے اپنی اولاد کی ہدایت اور رزق حلال کے لیے التجائیں کیں۔ ساتھ ہی عرض کیا کہ الٰہی! اس لق ودق صحرا اور اس بے آب وگیاہ بیابان میں تیرے گھر کے پڑوس میں میں نے اپنی اولاد کو اس لیے بسایا ہے کہ وہ تیری عبادت کرتے رہیں۔ الٰہی! لوگوں کے دلوں میں ان کی محبت اور لگن پیدا کر دے تاکہ وہ ان کے پاس کھچے کھچے چلے آئیں۔ یہ وادی جہاں سرسبزی و شادابی کا دور دور تک نشان نہیں۔ اس وادی میں رہنے والوں کو کھانے کے لیے تازہ پھل عطا فرما۔

حضرت خلیل کی ساری دعائیں قبول ہوئیں اور اگر کسی کو اس کا عینی مشاہدہ کرنا ہو تو وہ آج بھی مکہ مکرمہ میں جاکر مشاہدہ کرسکتا ہے۔

آخر میں قیامت کے روز کفار کی حالت زار کا نقشہ کھینچ کر لوگوں کو تنبیہ کر دی گئی اگر تم اس روز اس عذاب سے بچنا چاہتے ہو تو میرے نبی کریم کے دامن کو مضبوطی سے پکڑ لو۔ تمہارا مکر اگرچہ اتنا زبردست ہو کہ پہاڑوں کو بھی اپنی جگہ سے ہلا ڈالے لیکن تم اپنے بُرے مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ میں حق کا محافظ ہوں تمہارے سارے منصوبے اور سازشیں دھری کی دھری رہ جائیں گی۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنا عرفان اور صراط مستقیم پر ثابت قدمی سے آگے بڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اثْنَتَانِ وَخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ ابراہیم مکی ہے اس کی ۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ ۵۲ آیتیں اور ۷ رکوع ہیں

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى

الف، لام، را۔[1] یہ (عظیم الشان) کتاب ہے[2] ہم نے اتارا ہے اسے آپ کی طرف تاکہ آپ نکالیں لوگوں کو (ہر قسم کی) تاریکیوں سے نور (ہدایت و عرفان)

النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ ① اللّٰهِ الَّذِيْ

کی طرف۔ ان کے رب کے اذن سے[3] (یعنی) عزیز و حمید کے راستہ کی طرف۔[4] وہی اللہ جس کے ملک

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ

میں ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور بربادی ہے کفار کے لیے

عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ ② الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ

سخت عذاب کے باعث جو پسند کرتے ہیں دنیوی زندگی کو آخرت (کی ابدی زندگی) پر

---

۱ حروف مقطعات ہیں۔

۲ کتاب خبر ہے اس کا مبتدا ہٰذا محذوف ہے۔ انزلناہ الخ اس کی صفت ہے۔ فرمایا کہ ہم نے اس کتاب کو اس لیے آپ کے قلب منیر پر نازل فرمایا کہ کفر و شرک، بدعت و رسوم، فسق و فجور کے اندھیروں میں انسانیت کا کارواں صدہا سال سے آوارہ و سرگرداں ہے۔ عقل کا چراغ بجھ چکا ہے سابقہ انبیاء کی تعلیمات صندالحق ہیں۔ ہدایت پذیری کے تمام وسائل مفقود ہو گئے ہیں۔ اے میرے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو ہدایت کا وہ نیّر تاباں عطا فرمایا جا رہا ہے جس کے مقدر میں غروب ہونا نہیں۔ آپ انہیں صدیوں سے بھٹکنے والے انسانوں کو راہ ہدایت کی طرف لے جائیں۔

۳ اور آپ کا لوگوں کی راہنمائی کرنا اور چاہ ضلالت سے نکال کر ہدایت کی شاہراہ پر گامزن کرنا اللہ تعالیٰ کے اذن سے ہے۔ معلوم ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اجازت ہے کہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی معرفت اور قرب کا شرف بخشیں۔

۴ یہ الی النور سے بدل ہے یعنی وہ نور کیا ہے جس کی طرف آپ راہنمائی کرتے ہیں۔ وہ راستہ ہے عزیز و حمید کا جو سب پر غالب ہے اور جو ہر ستائش کے لائق ہے کیونکہ گمراہی کی سینکڑوں صورتیں ہیں اس لیے ظلمات جمع استعمال کیا گیا اور ہدایت ایک ہی ہے اس لیے واحد کا لفظ استعمال کیا گیا۔

وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا ۚ أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ ﴿٣﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ رَسُولٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهِ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ۖ فَيُضِلُّ اللَّهُ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۚ

اور دوسروں کو بھی روکتے ہیں راہِ خدا سے اور وہ چاہتے ہیں کہ اس راہِ راست کو ٹیڑھا بنا دیں ۵ یہ لوگ بڑی دُور کی گمراہی میں ہیں۔ اور ہم نے نہیں بھیجا کسی رسول کو مگر اس قوم کی زبان کے ساتھ ۶ تاکہ وہ کھول کر بیان کرے ان کے لیے (احکامِ الٰہی کو) پس گمراہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اور ہدایت بخشتا ہے جسے چاہتا ہے ۷

۵ یعنی کوئی سلیم الطبع انسان اس پیغامِ ہدایت کو قبول کرنے سے انکار نہیں کر سکتا۔ صرف یہی لوگ اس کا انکار کر رہے ہیں جو دنیوی زندگی پر فریفتہ ہیں۔ اسی کو زیادہ سے زیادہ آرام دہ بنانا، اسی میں زیادہ سے زیادہ ناموری حاصل کرنا ان کا مقصدِ وحید ہے۔ آخرت کی ابدی زندگی کو خوشگوار بنانے اور اس میں سرخرو اور آبرومند ہونے کا انھیں کبھی خیال ہی نہیں آیا۔ خود بھی راہِ حق سے گریزاں ہیں اور انھیں یہ بھی گوارا نہیں کہ کوئی دوسرا اس شاہراہِ ہدایت پر گامزن ہو۔ لوگوں کو اسلام سے بدظن کرنے کے لیے اسلامی تعلیمات کو اس رنگ میں پیش کرتے ہیں کہ سننے والا اس سے دُور رہنے میں ہی اپنی عافیت یقین کرنے لگتا ہے۔

۶ جب بھی کوئی رسول کسی قوم کی طرف مبعوث ہوا تو اسی قوم کی زبان میں اس پر وحی نازل کی گئی تاکہ سمجھنے اور سمجھانے میں آسانی رہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پیشتر جو انبیاء مبعوث ہوئے وہ کسی مخصوص قوم یا کسی مخصوص علاقہ کے لیے مبعوث ہوئے لیکن حضور کو سارے عالم کا ہادی اور مرشد بنا کر بھیجا گیا۔ وما ارسلناک الا کافۃ للناس بشیرا ونذیرا اور حضور کا ارشادِ گرامی ہے ارسل کل نبی الی امتہ بلسانہا وارسلنی اللہ الی کل احمر واسود من خلقہ یعنی مجھے سب کی طرف بھیجا گیا۔ حکم ہوا کہ آپ اس عالمی دعوت کا آغاز اپنے خاندان سے کریں وانذر عشیرتک الاقربین اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرایئے۔ پھر آپ کو اپنی تبلیغ کے دائرہ کو اپنے شہر اور گردو نواح کے علاقہ میں وسیع کرنے کا فرمان ملا۔ لتنذر ام القری ومن حولہا اور جب یہ لوگ اس دعوت کو دل و جان سے قبول کر لیں تو پھر اس کو دنیا کے گوشہ گوشہ میں پہنچا دیا جائے اور یہی طریقہ قابلِ عمل تھا اس لیے ضروری ہوا کہ قرآن کریم اس زبان میں نازل ہو جو اس دعوت کے اوّلین مخاطب لوگوں کی ہے۔

۷ جنھوں نے اس دعوت میں غور و فکر کیا اور اس کے دلائلِ صداقت کو عقلِ سلیم کی کسوٹی پر پرکھا ان کے لیے اللہ تعالیٰ نے ہدایت کی راہ کشادہ کر دی لیکن جن بدبختوں نے تعصب اور ہٹ دھرمی کے باعث اس دعوت میں غور و فکر کرنا ہی مناسب نہ سمجھا انھوں نے حق کی تابانیوں کو دیکھنے سے ہی اپنی آنکھیں بند رکھیں ان سے ہدایت پذیری کی صلاحیتیں چھین لی گئیں اور انھیں گمراہی کے اندھیروں میں بھٹکنے کے لیے چھوڑ دیا گیا۔

وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٤﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا أَنْ

اور وہی سب پر غالب بہت دانا ہے۔ اور بیشک ہم نے بھیجا موسیٰ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ

أَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَذَكِّرْهُمْ بِأَيَّامِ

(اور انھیں حکم دیا) کہ نکالو اپنی قوم کو (گمراہی کے) اندھیروں سے نور (ہدایت) کی طرف ۵ اور یاد دلاؤ انھیں اللہ تعالیٰ کے

اللَّهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ﴿٥﴾ وَإِذْ قَالَ

دن ۶ یقیناً اس میں نشانیاں ہیں ہر بہت صبر کرنے والے شکر گزار کے لیے اور جب فرمایا

مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ أَنْجَاكُمْ مِنْ

موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم کو کہ یاد کرو اللہ تعالیٰ کی نعمت (واحسان) کو جو تم پر ہوا جب اس نے نجات دی تمھیں

آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُونَ أَبْنَاءَكُمْ

فرعونیوں سے جو پہنچاتے تھے تمھیں سخت عذاب اور ذبح کرتے تھے تمھارے فرزندوں کو

وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ ۚ وَفِي ذَٰلِكُمْ بَلَاءٌ مِنْ رَبِّكُمْ عَظِيمٌ ﴿٦﴾

اور زندہ چھوڑ دیتے تھے تمھاری عورتوں (بیٹیوں) کو اور اس میں بڑی بھاری آزمائش تھی تمھارے رب کی طرف سے۔

۵ اے حبیب جس طرح آپ کو لوگوں کی راہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا گیا ہے اسی طرح ہم نے موسیٰ کو بھی رسول بنا کر بھیجا تاکہ اپنی قوم کو گمراہیوں سے نکال کر ہدایت کی طرف لے جائیں۔

۶ عربی میں نعمتوں کو بھی ایام کہا جاتا ہے اور گزشتہ واقعات کو بھی۔ یہاں دونوں معنی مراد لیے جا سکتے ہیں۔ یعنی ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ وہ اپنی قوم کو وہ نعمتیں یاد دلائیں جو ہم نے ان پر فرمائیں۔ کس طرح انھیں فرعون کے ظلم و استبداد سے رہائی دی۔ کس طرح سمندر سے انھیں سلامتی سے گزارا اور کس طرح ان کی آنکھوں کے سامنے فرعون کو غرق کیا یا انھیں گزری ہوئی قوموں کے واقعات و حالات سنائیں تاکہ نصیحت قبول کریں۔ ان واقعات میں ہر اس شخص کو جو صبر اور شکر کی صفات سے متصف ہے، ہماری قدرت کی نشانیاں نظر آئیں گی۔

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَىِٕنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَىِٕنْ كَفَرْتُمْ

اور یاد کرو جب (انھیں) مطلع فرمایا تمہارے رب نے [١٠] (اس حقیقت سے) کہ اگر تم پہلے احسانات پر شکر ادا کرو تو میں مزید اضافہ کروں گا اور اگر تم نے ناشکری کی

اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝٧ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ

(تو جان لو) یقیناً میرا عذاب شدید ہے [١١] نیز (یہ بھی) فرمایا موسیٰ نے اگر تم ناشکری کرنے لگو (فقط تم ہی نہیں بلکہ) جو بھی

فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝٨ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا

سطح زمین پر ہے (ناشکری کرے) تو بیشک اللہ تعالیٰ غنی (اور) سب تعریفوں کا مستحق ہے [١٢] کیا نہیں پہنچی تمہیں اطلاع ان

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ڛ وَالَّذِيْنَ مِنْ

(قوموں) کی جو پہلے گزر چکی ہیں یعنی قوم نوح اور عاد اور ثمود اور جو لوگ ان کے بعد

بَعْدِهِمْ ړ لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ۭ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

گزرے۔ [١٣] نہیں جانتا انھیں مگر اللہ تعالیٰ۔ لے آئے تھے ان کے پاس ان کے رسول روشن دلیلیں

---

[١٠] تاذّن واذّن دونوں کا معنی اَعْلَمَ ہے یعنی خبردار کیا، آگاہ کیا۔ شکر کی حقیقت یہ ہے کہ تو اپنے منعم کے انعام کا اعتراف کرے اور پھر اس انعام کو اپنے منعم کی نافرمانی میں صرف نہ کرے۔ عارفوں کا قول ہے کہ شکر سابقہ انعامات کی زنجیر ہے اور مزید انعامات کا صیاد ہے۔ الشکر قید للموجود وصید للمفقود۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے عرض کی الٰہی رب کیف اشکرک وشکری لک نعمۃ جدیدۃ منک علیّ یا اللہ! میں تیرا شکر کیسے ادا کر سکتا ہوں، کیونکہ توفیقِ شکر بھی تیری ایک نئی نعمت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے جواب میں فرمایا یا داؤد الآن شکرتنی اے داؤد علیہ السلام جب تو نے اس حقیقت کو پا لیا تو اب تو نے میرا شکر ادا کیا۔

[١١] جس طرح شکر مزید انعام واکرام کا باعث ہے اسی طرح ناشکری اور کفرانِ نعمت محرومی کا سبب ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی دولت، عزت، علم وغیرہا کو اس کی نافرمانی میں خرچ کرنا سب سے بڑی ناشکری ہے۔

[١٢] حضرت موسیٰ نے اپنی قوم کو بتایا کہ شکر گزار بننے میں تمہارا ہی فائدہ ہے اور کفرانِ نعمت کرو گے تو خود ہی نقصان اٹھاؤ گے۔ اللہ تعالیٰ کو نہ تمہاری احسان مندیوں کی ضرورت ہے اور نہ تمہاری ناشکریوں کا خوف۔

[١٣] گزشتہ قوموں کے حالات سے عبرت حاصل کرنے کی تلقین کی جا رہی ہے۔

فَرَدُّوٓا اَيْدِيَهُمْ فِىٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ

پس انھوں نے (ازراہِ تمسخر) ڈال لیے اپنے ہاتھ اپنے مونہوں میں ۱۴؎ اور (بڑی بیباکی سے) کہا ہم نے انکار کیا اس دین کا جس کے ساتھ

بِهٖ وَاِنَّا لَفِىْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۹﴾ قَالَتْ رُسُلُهُمْ

تم بھیجے گئے ہو اور جس کی تم ہمیں دعوت دیتے ہو اس کی (صداقت کے بارے میں) ہم شک میں ہیں جو ہمیں بے چین کرنے والا ہے ان کے پیغمبروں نے پوچھا

اَفِى اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ

کیا (تمھیں) اللہ تعالیٰ کے متعلق شک ہے ۱۵؎ جو پیدا فرمانے والا ہے آسمانوں اور زمین کا جو (از راہِ کرم) بلاتا ہے تمھیں تاکہ بخش دے تمھارے

مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ

گناہ اور (وہ ایسا مہربان ہے کہ پیمانۂ نافرمانی کے لبریز ہونے کے باوجود) تمھیں مہلت دیتا ہے ایک مقررہ میعاد تک ان (نادانوں) نے جواب دیا نہیں ہو تم

اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۭ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ

مگر بشر ہماری طرح ۱۶؎ تم یہ چاہتے ہو کہ روک دو ہمیں ان (بتوں) سے جن کی پوجا ہمارے

اٰبَاۗؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۰﴾ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ

باپ دادا کیا کرتے تھے۔ پس لے آؤ ہمارے پاس کوئی روشن دلیل۔ کہا انھیں ان کے رسولوں نے کہ ہم

۱۴؎ جب ان کے انبیاء انھیں شرک سے منع کرتے اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان لانے کی دعوت دیتے تو وہ اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر انھیں خاموش ہونے کا اشارہ کرتے یا اظہارِ حیرت کے لیے اپنے منہ پر ہاتھ رکھ لیتے۔ ان دونوں صورتوں میں افواھھم کی ضمیر کا مرجع کفار ہوں گے۔ اور اگر اس کا مرجع رسولوں کو بنایا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جب وہ انھیں وعظ کرنے لگتے تو یہ بے ادب آگے بڑھ کر ان کے منہ پر ہاتھ رکھ دیتے اور انھیں بولنے کی بھی اجازت نہ دیتے۔ بعد والا جملہ ان کے اس جاہلانہ طرزِ عمل کی تائید کرتا ہے۔

۱۵؎ ان کو رسولوں نے فرمایا کہ اگر تم کسی مشکل اور پیچیدہ مسئلہ کو نہ سمجھ سکتے تو تم معذور تھے لیکن اتنی بڑی کھلی اور روشن حقیقت کا انکار سخت نادانی ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ کی توحید میں تمھیں شک ہے جو سب کا خالق ہے! اور جس کا درِ کرم تمھاری مسلسل سرتابیوں کے باوجود کھلا ہوا ہے۔

۱۶؎ وہی پرانا اعتراض کہ تم ہماری طرح بشر ہو۔ ہم تمھارے کہنے پر اپنے آباؤ اجداد کا مسلک چھوڑنے کے لیے تیار نہیں۔

نَحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ

تمہاری طرح انسان ہی ہیں ١٦ لیکن اللہ تعالیٰ احسان فرماتا ہے جس پر چاہتا ہے اپنے

عِبَادِهٖ ؕ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

بندوں سے۔ اور ہمیں یہ طاقت نہیں کہ ہم لے آئیں تمہارے پاس کوئی دلیل بجز اذنِ خداوندی ١٧

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١١﴾ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى

اور مومنوں کو فقط اللہ تعالیٰ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے اور ہم کیوں نہ بھروسہ کریں اللہ تعالیٰ پر

١٦ اللہ تعالیٰ کے رسولوں نے فرمایا کہ ہم کب انکار کرتے ہیں کہ ہم بشر نہیں ہیں اور ہم نے کب دعویٰ کیا ہے کہ ہم فرشتے ہیں، ہم بھی تمہاری طرح بشر ہیں لیکن جو فضائل و کمالات اور جو قوتیں اور استعدادیں اللہ تعالیٰ نے ہمیں مرحمت فرمائی ہیں ان سے تم بے بہرہ ہو ومانحن من الملئکة بل نحن بشر مثلکم فی الصورة او فی الدخول تحت الجنس ولکن اللہ تعالیٰ یمن علی من یشاء بالفضائل والکمالات والاستعدادات التی یدور علیہا فلک الاصطفاء للرسالة (روح المعانی) کفار انبیاء کرام کی ظاہری بشریت سے فریب کھا گئے اور ان کی نگاہیں شانِ نبوت کو پہچاننے سے قاصر رہیں۔ مولانا روم علیہ الرحمۃ نے ان لوگوں کے شکوک و شبہات کو بیان کر کے اپنے حکیمانہ انداز میں ان کا ازالہ فرمایا ہے۔ ؎

گفت اینک ما بشر ایشاں بشر ما و ایشاں بستۂ خوابیم و خور

یعنی کفار نے کہا ہم بھی انسان ہیں اور انبیاء بھی انسان ہیں، ہم بھی سوتے ہیں اور کھاتے ہیں اور وہ بھی اسی طرح۔ ؎

ایں ندانستند ایشاں از عمیٰ ہست فرقے درمیاں بے انتہا

ان اندھوں نے یہ نہ جانا کہ ان کے درمیان اور انبیاء کے درمیان تو بے انتہا فرق ہے۔ ؎

ہر دو یک گل خورد زنبور و نحل زاں یکے شد نیش زاں دیگر عسل

ویسے تو زنبور اور شہد کی مکھی ایک پھول سے ہی خوراک حاصل کرتی ہیں لیکن وہاں ڈنک نمودار ہوتا ہے اور یہاں شہد۔ ؎

ہر دو گوں آہو گیاہ خوردند و آب زیں یکے سرگیں شد و زاں مشک ناب

دونوں قسم کے ہرن ایک ہی گھاس کھاتے ہیں اور پانی پیتے ہیں لیکن ایک سے صرف لید نکلتی ہے اور دوسرے سے خالص کستوری۔ ؎

ایں خورد گردد پلیدی زیں جدا واں خورد گردد ہمہ نورِ خدا

کافر کھاتا ہے تو اس سے نجاست نکلتی ہے اور نبی کھاتا ہے تو وہ نورِ خدا بنتا ہے۔

١٧ یعنی معجزات کا ظہور اللہ تعالیٰ کے اذن سے ہوتا ہے۔ ہم اپنی مرضی سے تمہیں کوئی معجزہ نہیں دکھا سکتے۔

اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ۭ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ۭ وَ

حالانکہ اس نے دکھائی ہیں ہمیں ہماری (کامیابی کی) راہیں اور ہم ضرور صبر کرینگے تمھاری اذیت رسانیوں پر ۱۹

عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝۱۲ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

پس اللہ تعالیٰ پر ہی توکل کرنا چاہیے توکل کرنے والوں کو۔ اور کہا کفار نے اپنے

لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ۭ

رسولوں کو کہ ہم ضرور باہر نکال دیں گے تمھیں اپنے ملک سے یا تمھیں لوٹ آنا ہوگا ہماری ملت میں۔

فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۳ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ

پس وحی بھیجی ان کی طرف اُن کے پروردگار نے کہ (مت گھبراؤ) ہم تباہ کردینگے ان ظالموں کو ۲۰ نیز ہم یقیناً آباد کرینگے تمھیں (ان کے

الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ

ملک میں انھیں (برباد کرنے) کے بعد۔ یہ (وعدۂ نصرت) ہر اس شخص کے لیے ہے جو ڈرتا ہے میرے حضور کھڑا ہونے سے اور خائف ہے

وَعِيْدِ ۝۱۴ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۝۱۵ مِّنْ وَّرَاۗىِٕهٖ

میری دھمکی سے ۲۱ اور رسولوں نے حق کی فتح کے لیے التجا کی ۲۲ (جو قبول ہوئی) اور نامراد ہوگیا ہر سرکش، منکرِ حق۔ اس نامرادی کے بعد

۱۹ تم جی بھر کر ہمیں اذیت پہنچاؤ، مقدور بھر ہم پر ظلم و ستم کرو ہم بڑی استقامت سے ان تمام مصائب کو برداشت کریں گے اور صبر کا دامن ہمارے ہاتھ سے چھوٹنے نہیں پائیگا کیونکہ ہم اپنے رب پر بھروسہ کیے ہوئے ہیں اور جن کا بھروسہ قادر و توانا پروردگار پر ہوتا ہے انھیں گھبراہٹ اور بے صبری سے کیا واسطہ۔

۲۰ کفار اللہ تعالیٰ کے رسولوں کو دھمکیاں دے رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کو اپنی تائید و نصرت کی یقین دہانی کرا رہا ہے۔

۲۱ یہ کامرانی کا مژدہ ان تمام لوگوں کے لیے ہے جن کے دل روزِ محشر میرے روبرو حاضر ہونے سے ہر لحظہ خائف و ترساں رہتے ہیں اور یہ مراقبہ انھیں میری نافرمانی سے روکتا ہے اور میری اطاعت پر انھیں ثابت قدم رکھتا ہے یہی کامیاب و کامران ہونگے اور انہی کے دشمنوں کے لیے ناکامی و نامرادی ہے۔

۲۲ استفتحوا کا فاعل انبیاء بھی ہو سکتے ہیں اور کفار بھی۔ پہلی صورت میں مطلب ہوگا کہ انبیاء نے ان سے مایوس ہو کر بارگاہِ الٰہی میں فتح کی دعا کی اور یہ لفظ اس معنی میں مستعمل ہوتا ہے جس طرح حدیث پاک میں ہے۔ ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کان یستفتح بصعالیک المهاجرین۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقراء مہاجرین کے وسیلہ سے فتح کی دعا کیا کرتے تھے۔ دوسری صورت میں آیت کا یہ معنی ہوگا کہ کافروں نے دعا مانگی کہ اگر یہ لوگ سچے ہیں تو ہم پر عذاب

جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ

جہنم ہے آگے اور پلایا جائے گا اُسے خون اور پیپ کا پانی ۔ وہ بمشکل ایک ایک گھونٹ بھریگا اور حلق سے نیچے نہ اتار سکیگا

وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ

اور آئے گی اس کے پاس موت ہر سمت سے ۲۴؎ اور وہ (بایں ہمہ) مرے گا نہیں ۔ (علاوہ ازیں) اس کے پیچھے

عَذَابٌ غَلِيْظٌ ﴿۱۷﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ

ایک اور سخت عذاب ہوگا۔ ان لوگوں کی مثال جنھوں نے اپنے رب کا انکار کیا ایسی ہے کہ انکے اعمال راکھ کا ڈھیر ہیں ۲۵؎

نازل کر چنانچہ عذاب آیا جس نے ہر سرکش کو نابود کر کے رکھ دیا۔

۲۳؎ دنیا میں ان کو ذلت و رسوائی سے دوچار کرنے کے بعد انھیں فراموش نہیں کر دیا جائیگا۔ بلکہ ہمارے انبیاء و رسل کی انھوں نے جو توہین کی تھی۔ ان کے سامنے جو گستاخیاں کی تھیں اور قبولِ حق سے جو انکار کیا تھا اس کے بدلے میں انھیں جہنم میں پھینکا جائے گا۔

یتجرعه ؛ باب تفعّل کا مضارع ہے تکلف پر دلالت کرتا ہے یعنی پیاس کی شدت کے باعث وہ پینے پر مجبور بھی ہوگا لیکن اس بدبودار بدذائقہ اور کھولتی ہوئی پیپ کو پینے تو کیونکر۔ حلق سے نیچے اترے تو کیسے ایک آدھ گھونٹ اندر وہ بھی بڑی مشکل سے۔

۲۴؎ ہر طرف سے موت برستی ہوئی محسوس کی اور وہاں ناقابلِ برداشت آلام سے بچنے کیلیے مرنے پر بھی بعد خوشی آمادہ ہوگا لیکن موت آئیگی نہیں تاکہ وہ انکے لیے مستاہی رہیگا۔ جبّار ؛ وہ متکبر جو اپنے اوپر کسی کا حق نہیں سمجھتا عنید ؛ راہِ راست سے منہ موڑنے والا الجائرعن القصد هو العنود والعنيد والعاند۔ وراء ؛ پیچھے اور آگے دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے صدید ؛ اس پیپ کو کہتے ہیں جس میں خون ملا ہوا ہو۔ اساغ ؛ خوشگوار سمجھنا۔

۲۵؎ اللہ کے اچھے اعمال کے متعلق بتایا جارہا ہے کہ کفر و شرک کی موجودگی میں انکی مثال ایسی ہے جیسے راکھ کا ڈھیر ہو اور تند آندھی چلے اور اس کو اڑا کر لے جائے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان اعمال کی کوئی قدر و منزلت نہیں اور انصاف کا تقاضا بھی یہی ہے کہ انھیں ان اعمال پر قیامت کے دن کوئی اجر نہ ملے انھوں نے جو کام کیے تھے تو ان کا مقصد یہ تھا کہ لوگ انھیں اچھا کہیں۔ ان کی رحم دلی اور سخاوت کا چرچا ہو۔ انکو الیکشن جیتنے میں آسانی ہو۔ انکی تجارت چمکے۔ ان کے کاروبار میں ترقی ہو جس مقصد کے لیے انھوں نے یہ سب کچھ کیا وہ مقصد انھیں حاصل ہو گیا جب خدا کی رضا انھیں مطلوب ہی نہ تھی تو اسکے حاصل ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ جب قیامت کی سرخروئی کا انکے دل میں تصور ہی نہ تھا۔ تو انھیں روزِ قیامت سرخرو کیا جائے تو آخر کیوں؟ اور جن لوگوں نے اپنے بتوں کی خوشنودی کے لیے کچھ کیا تو وہ جائیں اپنے بتوں کے پاس اور ان سے مانگیں۔ بہرحال وہ ان اعمال پر قطعاً اس بات کے حقدار نہیں کہ بارگاہِ الٰہی سے انھیں اس کی جزا دی جائے اور قیامت کے دن ان اعمال کے باعث انھیں جنت میں بھیجا جائے اگر کوئی شخص اپنے اعمال اور اپنے کاموں کا یہ انجام پسند نہیں کرتا تو اسے چاہیے کہ وہ کفر و شرک سے توبہ کرے۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے اور جو کام کرے اللہ تعالیٰ کی رضا اس کے پیشِ نظر ہو

اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيحُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ ۖ لَا يَقْدِرُونَ مِمَّا كَسَبُوا

جسے تُند ہوا تیزی سے اڑا لے گئی سخت آندھی کے دن۔ نہ حاصل کریں گے ان عمال سے جو انھوں نے کمائے

عَلَىٰ شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ ﴿١٨﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ خَلَقَ

تھے کوئی فائدہ۔ یہ (اعمال کا اکارت جانا ہی) بہت بڑی گمراہی ہے۔ کیا تم نے ملاحظہ نہیں کیا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے ہی

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ

پیدا کیا ہے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ [۴۶] اگر وہ چاہے تو تم سب کو ہلاک کر دے اور لے آئے کوئی نئی مخلوق [۴۷]

جَدِيدٍ ﴿١٩﴾ وَمَا ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ بِعَزِيزٍ ﴿٢٠﴾ وَبَرَزُوا لِلَّهِ جَمِيعًا

اور یہ اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی مشکل نہیں۔ اور (روزِ حشر) اللہ تعالیٰ کے سامنے [۴۸] سب چھوٹے بڑے)

[۴۶] سورۃ الانعام کی آیت نمبر ۷۳ کا حاشیہ ملاحظہ ہو۔

[۴۷] یعنی یہ سراسر تمھاری غلط فہمی ہے کہ اگر تم نہیں ہو گے تو خدا کی دنیا اجڑ جائے گی۔ اس کی رونق ختم ہو جائے گی۔ وہ چاہے تو تمھیں صفحۂ ہستی سے حرفِ غلط کی طرح مٹا دے اور کسی اور قوم کو تمھارا جانشین کر دے جو اپنی نیک نفسی، اپنی قابلیت، دیانت اور اپنی مخلصانہ جدوجہد سے اس گلشنِ ہستی کو نئی بہاروں سے آشنا کر دے۔

[۴۸] جب قیامت کا دن آئے گا تو وہ سب اپنی قبروں سے نکل کر بارگاہِ رب العزت میں حاضر ہوں گے۔ اپنی نافرمانیاں، اپنا کفر و شرک، اپنا فسق و فجور اور انبیاء کرام کو جس طرح انھوں نے دکھ پہنچائے تھے اور ان کی بے ادبیاں کی تھیں ایک ایک کر کے آنکھوں کے سامنے آ جائیں گی۔ ادھر جہنم کے بھڑکتے ہوئے شعلے دکھائی دیں گے۔ اس وقت گمراہ سرداروں کے پیروکار انھیں کہیں گے کہ زندگی بھر ہم تمھارے پیچھے آنکھیں بند کر کے چلتے رہے۔ تم نے ہمیں کہا کہ اس نبی کی بات مت سنو۔ ہم نے کانوں میں روئی ٹھونس لی۔ تم نے کہا کہ ان پر پتھر برساؤ۔ ہم نے ان نورانی پیکروں پر بے دریغ پتھراؤ کیا اور انھیں لہولہان کر کے چھوڑا۔ آج بتاؤ کچھ تم ہمارے لیے کر سکتے ہو۔ وہ سردار اپنی مکمل بے بسی کا اعتراف کریں گے اور بڑی حسرت و ندامت سے کہیں گے کہ ہم تو خود گمراہ رہے ہم تمھاری کیا امداد کر سکتے ہیں؟ گمراہوں کا ایک یہ گروہ بھی ہے جو اپنے رئیسوں اور سرداروں کی اندھی تقلید میں یوں مگن رہتا ہے کہ وہ حق کو سمجھنے اور اس میں غور و فکر کرنے کی عمر بھر ضرورت ہی محسوس نہیں کرتا۔ ان کو خوابِ غفلت سے چونکانے کے لیے قیامت کے دن پیش آنے والے واقعات کو دلکش انداز میں بیان کیا تاکہ وہ اگر چاہیں تو اپنی اس نازیبا حرکت سے باز آ جائیں۔

فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِیْنَ اسْتَكْبَرُوْۤا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ

حاضر ہوں گے تو کہیں گے کمزور (پیروکار) ان (سرداروں) سے جو متکبر تھے (اے سردارو!) ہم تو (ساری عمر) تمہارے فرمانبردار رہے پس کیا (آج)

اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍؕ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا

تم نہیں بچا سکتے ہو عذاب الٰہی سے وہ کہیں گے اگر اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ لَهَدَیْنٰكُمْؕ سَوَآءٌ عَلَیْنَاۤ اَجَزِعْنَاۤ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ

ہمیں ہدایت دیتا تو ہم بھی تمہاری رہنمائی کرتے۔ یکساں ہے ہمارے لیے خواہ ہم گھبرائیں یا صبر کریں۔ ہمارے لیے (آج) کوئی

مَّحِیْصٍ ﴿۲۱﴾ وَ قَالَ الشَّیْطٰنُ لَمَّا قُضِیَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ

راہِ فرار نہیں ہے۔ اور شیطان کہے گا جب (سب کی قسمت کا) فیصلہ ہو چکے گا کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ تم سے کیا تھا

وَعْدَ الْحَقِّ وَ وَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْؕ وَ مَا كَانَ لِیَ عَلَیْكُمْ مِّنْ

وہ وعدہ سچا تھا۔ اور میں نے بھی تم سے وعدہ کیا تھا پس میں نے تم سے وعدہ خلافی کی۔ اور نہیں تھا میرا تم پر کچھ

سُلْطٰنٍ اِلَّاۤ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِیْۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِیْ وَ لُوْمُوْۤا

زور ۲۹ مگر یہ کہ میں نے تم کو (کفر کی) دعوت دی اور تم نے (فوراً) قبول کر لی میری دعوت۔ سو تم مجھے ملامت نہ کرو بلکہ اپنے آپ کو ملامت

۲۹؎ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ اولین و آخرین کو میدان حشر میں جمع کریگا اور انکے درمیان فیصلہ فرما دیگا تو اہل ایمان کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے بارے میں فیصلہ صادر فرما دیا! اب اللہ تعالیٰ کی جناب میں کون ہماری شفاعت کرے گا۔ پہلے آدم علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ معذرت کریں گے۔ چلتے چلتے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں پہنچیں گے فیقول عیسیٰ علیہ السلام ادلکم علی النبی الامی فیاتونی فیاذن اللہ لی ان اقوم فیثور مجلسی من اطیب ریح شمہا احد حتی آتی ربی فیشفعنی ویجعل لی نوراً من شعر راسی الی ظفر قدمی ثم یقول الکافرون قد وجد المؤمنون من یشفع لھم فمن یشفع لنا فیقولون ما ھو غیر ابلیس ھو الذی اضلنا فیاتونہ فیقولون قد وجد المؤمنون من یشفع لھم فاشفع لنا فانک انت اضللتنا فیثور مجلسہ من انتن ریح شمہا احد ثم یعظم نحیبھم ویقول عند ذلک ان اللہ وعدکم وعد الحق الآیۃ (قرطبی) ترجمہ۔ عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے نبی اُمّی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ۔ سب لوگ میرے پاس آئیں گے۔ اللہ تعالیٰ مجھے اذن فرمائیگا اور میں کھڑا ہونگا اور میری مجلس سے ایسی خوشبو پھیلے گی جسے آجتک کسی نے نہ سونگھا ہو تو میں اپنے رب کے حضور میں آ کر اپنی امت

أَنْفُسَكُمْ ۖ مَا أَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَا أَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ۖ إِنِّي كَفَرْتُ

کرو ۳۱؎ نہ میں (آج) تمھاری فریاد رسی کرسکتا ہوں اور نہ تم میری فریاد رسی کرسکتے ہو ۳۲؎ میں انکار کرتا ہوں

بِمَا أَشْرَكْتُمُونِ مِنْ قَبْلُ ۗ إِنَّ الظَّالِمِينَ لَهُمْ عَذَابٌ

اس امر سے کہ تم نے مجھے شریک بنایا اس سے پہلے ۳۳؎ بیشک ظالموں کے لیے دردناک عذاب ہے۔

کی شفاعت کروں گا اور اللہ تعالیٰ میری شفاعت قبول فرمائے گا اور میرے گیسوئے عنبریں سے لے کر میرے قدموں کے ناخنوں تک نور ہی نور ہوگا۔ یہ منظر دیکھ کر کافر کہیں گے کہ مومنوں کو تو شفیع المذنبین مل گیا اب ہماری کون شفاعت کریگا۔ پھر کہیں گے کہ شیطان کے پاس چلو۔ اسی نے ہم کو گمراہ کیا تھا وہی ہماری شفاعت کریگا سب اس کے پاس آئینگے اور کہیں گے کہ اہل ایمان کو تو ان کا شفیع مل گیا اب تو ہماری شفاعت کر کیونکہ تو نے ہی ہمیں گمراہ کیا تھا اس کی مجلس سے ناقابل برداشت بدبو اٹھے گی۔ وہ رونے چلانے لگیں گے تو شیطان انھیں یہ جواب دے گا:۔ ان اللہ وعدکم وعد الحق ووعدتکم فاخلفتکم یعنی اس وقت شیطان کہے گا کہ تم سے اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا تھا کہ قیامت آئے گی تمھیں قبروں سے اٹھایا جائے گا تم سے تمھارے اعمال کی باز پرس ہوگی نیکوں کو جنت میں اور بدکاروں کو دوزخ میں بھیجا جائے گا اور میں نے بھی تم سے وعدہ کیا تھا کہ قیامت نہیں آئیگی۔ قبروں سے پھر جی اٹھنے کی بات محض غلط ہے۔ کوئی حساب کتاب نہیں ہوگا میں تمھارا ساتھی اور مددگار ہوں بیشک تم پیغمبروں کی بے ادبیاں کرتے رہو ان کی دعوت کو ٹھکراتے رہو۔ حلال حرام کا فرق بالکل من گھڑت ہے جس طرح دولت کما سکتے ہو کماؤ اور داد عیش دو سو اللہ تعالیٰ نے جو سچے وعدے تم سے کیے تھے وہ سب اس نے پورے فرما دیئے اور میں نے تم سے سب جھوٹے وعدے کیے تھے اور میں نے سب کی خلاف ورزی کی۔

۳۱؎ یہ بات سن کر شیطان کے پرستار آگ بگولہ ہو جائیں گے اور کہیں گے کہ تیرا ستیاناس ہو تو نے اس وقت ہمیں شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین کے دامن میں پناہ لینے سے روکا اور آج ہمیں تو یوں صاف جواب دے رہا ہے شیطان کہیگا مجھ پر ناحق ناراض ہو رہے ہو میں نے تمھیں کب مجبور کیا تھا: کہ میرے پیچھے ضرور چلو اور میرا کہنا ضرور مانو۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب رسول سے رشتہ توڑ کر مجھ سے تعلق جوڑو۔ میں نے صرف تمھیں گمراہی کی طرف بلایا اور تم اتنے بیوقوف اور احمق نکلے کہ مکھیوں کی طرح بھنبھناتے چلے آئے۔ اپنے رحمٰن و رحیم خدا کو چھوڑا۔ اپنے رؤف و رحیم رسول کو چھوڑا اور میں جو تمھارا ازلی دشمن اور بدخواہ تھا اس کی دعوت کو قبول کیا اب مجھے کیوں کوستے ہو اپنی بدبختی اور حماقت پر ماتم کرو اور خوب ماتم کرو سب تمھارا اپنا قصور ہے۔ میں تمھارا قطعاً ذمہ دار نہیں ہوں۔

۳۲؎ نہ میں تمھاری کچھ مدد کرسکتا ہوں اور نہ تم میری مدد کر سکتے ہو تمھیں اپنے گناہوں کی سزا بھگتنی ہوگی اور مجھے اپنی سرکشیوں کا عذاب جھیلنا ہوگا۔ الصارخ والمستصرخ ھو الذی یطلب النصرۃ والمعاونۃ والمصرخ ھو المغیث۔ صارخ اور مستصرخ اس کو کہتے ہیں جو مدد اور اعانت کا طلب گار ہو اور مصرخ مددگار اور فریادرس کو کہتے ہیں۔

۳۳؎ تم مجھے دنیا میں خدا کا شریک سمجھتے تھے میں اس کا انکار کرتا ہوں اور تمھیں صاف صاف بتائے دیتا ہوں کہ میں خدا کا شریک نہیں ہوں تم

أَلِيمٌ ﴿٢٢﴾ وَأُدْخِلَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي

اور داخل کیا جائیگا ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کیے ۳۳ باغات میں رواں ہونگی

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ ۖ تَحِيَّتُهُمْ فِيهَا

جن کے نیچے ندیاں وہاں میں ہمیشہ رہیں گے اپنے رب کے حکم سے انکی دعا وہاں ایک دوسرے کو یہ ہوگی کہ

سَلَامٌ ﴿٢٣﴾ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ

تم سلامت رہو۔ کیا آپ نے ملاحظہ نہیں کیا کہ کیسی عمدہ مثال بیان کی ہے اللہ تعالیٰ نے کہ کلمہ طیبہ ۳۴ ایک پاکیزہ درخت کی مانند ہے

محض اپنی حماقت کی وجہ سے اپنا سمجھتے رہے ہو۔ یہ وہ کمال ہے جو قیامت کے روز ہوگا شیطان کے پیروکار اس جواب سے ندامت اور شرمندگی سے دوچار ہونگے وہ کتنی روح فرسا ہوگی۔ ہر ہوشمند کو چاہیے کہ اس شرمساری اور رسوائی سے بچنے کے لیے آج ہی آمادۂ اصلاح ہو۔

لیکن اگر بنظر غائر دیکھا جائے تو شیطان کا رویہ اپنے پرستاروں کے ساتھ آج بھی وہی ہے جب وہ کسی کو نقب زنی پر اکساتا ہے اپنے سگے بھائی کو قتل کرنے کے لیے برانگیختہ کرتا ہے جب کسی کی ناموس کو ملوث کرنے کی تحریک اس میں پیدا کرتا ہے تو اس وقت دولت اور عزت، لذت اور عیش کی زندگی کا جو نقشہ وہ پیش کرتا ہے کتنا دلفریب ہوتا ہے لیکن جب انسان اس کے دام تزویر میں پھنس جاتا ہے تو شیطان اس سے آنکھیں پھیر لیتا ہے جب چور پر ڈنڈے برستے ہیں تو وہ اس کی پٹائی پر بغلیں بجاتا ہے جب اسے تختہ دار پر کھڑا کر کے موت کا پھندا اس کے گلے میں ڈالا جاتا ہے تو شیطان کی خوشی کی حد نہیں ہوتی جب بدکاری کی وجہ سے وہ موذی بیماریوں (سوزاک، وغیرہ) کے چنگل میں گرفتار ہو کر سسکتا ہے تو وہ آگے بڑھ کر اس کے زخموں پر مرہم رکھنے کے بجائے نمک چھڑکتا ہے۔ جب جعفر اور صادق نے اپنی ملت اور اپنے دین سے غداری کرنے کا ارادہ کیا تھا انھیں اپنا مستقبل کتنا درخشاں نظر آیا ہوگا لیکن اس غداری کے بعد بجز لعنت اور ذلت کے ان کے ہاتھ کچھ نہ آیا۔ بدر کے میدان میں کفارِ مکہ کے ساتھ بھی یہی واقعہ پیش آیا تھا شیطان نے پہلے انھیں اکسایا اور یقین دلایا لا غالب لکم الیوم من الناس آج تم پر کوئی بھی غالب نہیں آسکتا! اور پختہ وعدہ کیا وانی جار لکم میں تمہارا پشت پناہ ہوں اور جب حضرت حمزہؓ اور حضرت علیؓ کی خارہ گداز شمشیریں بے نیام ہو کر ان کی صفوں میں تباہی مچانے لگیں تو شیطان نے فوراً کہہ دیا انی بریٔ منکم میرا تم سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ جو میں دیکھ رہا ہوں وہ تمھیں نظر نہیں آرہا۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

۳۳ اب ان کا ذکر ہو رہا ہے جن کو صاحبِ مقامِ محمود رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی۔

۳۴ کلمہ طیبہ سے مراد ایمان ہے اور کلمہ خبیثہ سے مراد کفر ہے۔ ایمان اور کفر کی حقیقت کو ایک نہایت بلیغ مثال سے واضح کیا کہ ایمان ایک پاکیزہ درخت کی مانند ہے اور پاکیزہ اور عمدہ درخت کی یہ صفات ہوتی ہیں کہ جڑیں کافی گہری ہوتی ہیں۔ کوئی تند و تیز آندھی بھی اسے اکھیڑ نہیں سکتی۔ اس کی شاخیں خوب پھیلی ہوئی اور اونچی ہوتی ہیں اس طرح اس کا سایہ بھی خوب گھنا ہوتا ہے۔ اور اس پر پھل بھی بکثرت لگتا ہے وہ پھل اور بھی

طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّ فَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ﴿٢٤﴾ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ

جس کی جڑیں بڑی مضبوط ہیں اور شاخیں آسمان تک پہنچی ہوئی ہیں۔ وہ دے رہا ہے اپنا پھل

حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

ہر وقت اپنے رب کے حکم سے۔ اور بیان فرماتا ہے اللہ تعالیٰ مثالیں لوگوں کے لیے تاکہ وہ (انھیں)

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٥﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِۨ اجْتُثَّتْ

خوب ذہن نشین کر لیں۔ اور مثال ناپاک کلمہ کی ایسی ہے جیسے ناپاک درخت ہو ۳۵ جسے اکھاڑ لیا جائے

مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿٢٦﴾ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

زمین کے اوپر سے (اور) اسے کچھ بھی قرار نہ ہو۔ ثابت قدم رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اہل ایمان کو

ہوتا ہے اور اس کا پھل مقدار میں زیادہ اور ذائقہ میں لذیذ ہوتا ہے۔ فرمایا ایمان بھی ان تمام صفات اور خوبیوں سے متصف ہے جو ایک پاکیزہ درخت کے خواص ہیں۔ اس کی جڑیں دل کی گہرائیوں میں پیوست ہوتی ہیں۔ مصائب و آلام کا کوئی طوفان اس کو ہلا نہیں سکتا۔ اسلام سے پہلے حضرت عمرؓ نے اپنی ہمشیرہ فاطمہ کو مار مار کر لہولہان کر دیا تھا کیا اس ظلم و تشدد سے ان کا شجر ایمان اکھڑ سکا تھا۔ اس کی شاخیں اتنی بلند ہیں کہ آسمان کی بلندیوں کو چھو رہی ہیں اور اس میں کیا شک ہے مومن کے کردار اس کے خلق عظیم اور اس کے جذبہ للہیت کی رفعتوں کا کوئی کیا اندازہ لگا سکتا ہے اور اس درخت کا جو پھل ہے اس کی شان ہی نرالی ہے۔ دوسرے درختوں پر سال میں ایک بار پھل لگتا ہے اور وہ بھی کبھی زیادہ کبھی کم کبھی پکتا ہے اور کبھی کچا ہی گر جاتا ہے لیکن شجر ایمان کا کیا کہنا۔ ہر سال بارہ مہینے اس کی شاداب شاخیں میٹھے اور لذیذ پھلوں سے لدی ہوئی جھکی رہتی ہیں۔ ایک لمحہ بھی تو ایسا نہیں آتا کہ اس کی شاخیں ثمر سے خالی ہوں۔ ؎

یہ نغمہ فصل گل و لالہ کا نہیں پابند — بہار ہو کہ خزاں لا الٰہ الا اللّٰہ

رات ڈھلتی ہے تو اللہ تعالیٰ کے بندے اشتیاق سحر گاہی سے وضو کر کے دست بستہ کھڑے ہو جاتے ہیں۔ صبح ہوتی ہے تو مسجدیں سجدہ کرنے والوں سے بھر جاتی ہیں۔ ہر سانس کے ساتھ اللّٰہ ھو کی صدائیں بلند ہوتی ہیں۔ کبھی ذکر کا غلغلہ ہے اور کبھی فکر کی خاموشی۔ کبھی تسبیح اور کبھی حمد۔ کبھی ترتیل قرآن ہو رہی ہے اور کبھی صاحب قرآن پر صلوٰۃ وسلام۔ اور جب ایسی بابرکت اور بامقصد زندگی گزار کر مومن قبر کی سنسان وادی میں خیمہ زن ہوتا ہے تو نزول رحمت کا سلسلہ یہاں بھی ٹوٹنے نہیں پاتا۔ اللہ تعالیٰ کے ہزاروں بندے تلاوت قرآن، صدقات و خیرات سے اس کی روح کو ایصال ثواب کر رہے ہوتے ہیں۔ تُؤْتِیْ اُکُلَھَا کُلَّ حِیْنٍ کا منظر دیکھنا ہو تو مقبولان بارگاہ خداوندی کے مزارات پر انوار پر حاضر ہو کر اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر لو۔

۳۵ کفر ایک خبیث درخت کی مانند ہے جس کی جڑیں ہی نہیں ہوتیں۔ ہوا کا ایک جھونکا آیا اور اسے اکھاڑ کر زمین پر پھینک دیا۔ ایسے درخت کی شاخیں

بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ

اس پختہ قول (کی برکت) سے دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی ۳۶ اور بھٹکا دیتا ہے اللہ تعالیٰ

الظّٰلِمِيْنَ ۙ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ ۲۷ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ

زیادتی کرنے والوں کو ۳۷ اور کرتا ہے اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا ان لوگوں کی طرف جنھوں نے بدل دیا اللہ تعالیٰ کی

ع ۱۶

کہاں ہوگی اور اس کا پھل کہاں لگے گا۔

۳۶ یعنی جو لوگ اخلاص و یقین سے کلمہ شہادت پڑھتے ہیں اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ انھیں ہر مقام پر ثبات و استقامت بخشتا ہے۔ دنیا میں انکو دولت ایمان سے محروم کرنے کیلیے ہزاروں فتنے برپا کیے جاتے ہیں، بڑی بڑی آزمائشوں سے انھیں گزرنا پڑتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی تائید و توفیق سے انکے پائے استقلال میں لغزش نہیں آتی۔ اسی طرح قبر و حشر میں جو مشکل مرحلے پیش آئینگے، توفیق الٰہی اس وقت بھی انکی دستگیری کریگی اور وہ ہر میدان میں کامیاب و سرخرو ہونگے۔ سوال قبر کے متعلق وہ حدیث جو صحاح ستہ میں مذکور ہے ملاحظہ فرمایئے۔ حضرت براء بن عازب سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا المسلم اذا سئل فی القبر یشھد ان لا الٰہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ فذلک قول اللہ تعالیٰ یثبت اللہ الذین امنوا الآیۃ یعنی قبر میں جب ایک مسلمان سے اسکے رب اور اسکے رسول اور اسکے دین کے متعلق سوال کیا جائیگا تو وہ جواب میں کہیگا اشھد ان لا الٰہ الا اللہ و ان محمدا رسول اللہ اور یہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں فرمایا یثبت اللہ الذین امنوا الآیۃ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا فرغ من دفن المیت وقف علیہ فقال استغفروا لاخیکم وسلوا لہ التثبیت فانہ الآن یسأل یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ معمول تھا کہ جب میت کو دفن کرنے سے فارغ ہوتے تو اس کے قریب کھڑے ہو جاتے اور سب کو فرماتے اپنے بھائی کے لیے استغفار کرو اور اس کے لیے ثابت قدمی کی دعا مانگو کیونکہ اب اس سے پوچھا جا رہا ہے۔ حضرت سہل بن عمار فرماتے ہیں کہ میں نے یزید بن ہارون کو ان کی وفات کے بعد خواب میں دیکھا، میں نے پوچھا سنایئے اللہ تعالیٰ نے آپکے ساتھ کیا سلوک کیا ہے۔ انھوں نے کہا قبر میں میرے پاس دو بڑے خوفناک اور سخت فرشتے آئے اور مجھ سے دریافت کیا ما دینک من ربک من نبیک تیرا دین کیا ہے، تیرا رب کون ہے اور تیرا نبی کون ہے؟ فاخذت بلحیتی البیضاء وقلت المثلی یقال ھذا وقد علمت الناس جوابکما ثمانین سنۃ میں نے اپنی سفید داڑھی کو پکڑ کر کہا کیا میرے جیسے شخص سے تم اس قسم کے سوالات پوچھتے ہو، میں اسّی سال تک لوگوں کو تمہارے انھیں سوالات کے جوابات پڑھاتا رہا ہوں۔ یہ بات ختم ہوئی تو انھوں نے ایک سوال پوچھا تم نے جریر بن عثمان سے کوئی حدیث لکھی ہے۔ میں نے کہا ہاں فقال اللہ کان یبغض علیا فابغضہ اللہ ان دونوں فرشتوں نے کہا کہ وہ علی کرم اللہ وجہہ سے بغض رکھتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے مردود بنا دیا۔ (قرطبی)

علامہ ابن کثیر اور دیگر مفسرین کرام نے اس مقام پر متعدد صحیح احادیث سے ثابت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے لیے قبر ایک آرام گاہ ہے۔ اور بدکاروں کے لیے اس میں شدید عذاب ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب مکرم کے طفیل عذاب قبر سے بچائے۔ آمین ثم آمین۔

۳۷ یعنی ظالموں کو قبر میں ان سوالات کا جواب بھول جائے گا۔

اللّٰہِ کُفْرًا وَّ اَحَلُّوْا قَوْمَھُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿۲۸﴾ جَھَنَّمَ یَصْلَوْنَھَا وَبِئْسَ

نعمتوں کو ناشکری سے اور اتارا اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر میں (یعنی) دوزخ میں ۳۸ جھونکے جائیں گے اس میں اور وہ بہت بُرا

الْقَرَارُ ﴿۲۹﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰہِ اَنْدَادًا لِّیُضِلُّوْا عَنْ سَبِیْلِہٖ قُلْ تَمَتَّعُوْا

ٹھکانا ہے۔ اور بنا لیے انھوں نے اللہ تعالیٰ کے لیے مدمقابل تاکہ بھٹکا دیں (لوگوں کو) اس کی راہ سے آپ (انھیں) فرمائیے (کچھ وقت)

فَاِنَّ مَصِیْرَکُمْ اِلَی النَّارِ ﴿۳۰﴾ قُلْ لِّعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُقِیْمُوا

لطف اٹھالو۔ پھر یقیناً تمھارا انجام آگ کی طرف ہے۔ آپ فرمائیے میرے بندوں کو ۳۹ جو ایمان لائے ہیں کہ وہ صحیح صحیح ادا کیا کریں

الصَّلٰوۃَ وَیُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰھُمْ سِرًّا وَّعَلَانِیَۃً مِّنْ قَبْلِ اَنْ

نماز اور خرچ کیا کریں اس سے جو ہم نے انھیں رزق دیا ہے پوشیدہ طور پر اور اعلانیہ اس سے پیشتر کہ

یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا بَیْعٌ فِیْہِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾ اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

آجائے وہ دن جس میں نہ کوئی خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی۔ ۴۰ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے پیدا فرمایا آسمانوں کو

وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِہٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّکُمْ

اور زمین کو اور اتارا بلندی سے پانی پھر پیدا کیے اس پانی سے پھل تمھارے کھانے کے لیے ۴۱

۳۷ قریش مکہ پر اللہ تعالیٰ نے گوناگوں احسانات فرمائے تھے۔ اپنے گھر کی خدمت اور ہمسائیگی کا شرف انھیں بخشا تھا۔ سارے عرب کے دلوں میں ان کی عزت اور تکریم کا جذبہ پیدا کر دیا۔ اور پھر انھیں میں سے خاتم النبیین کو مبعوث فرمایا۔ ان کا تو یہ فرض تھا کہ ہر دم شکر الٰہی بجا لاتے اور اس کے کسی حکم سے سرِمو انحراف نہ کرتے لیکن انھوں نے ان نعمتوں کی قدر نہ کی خود بھی برباد ہوئے اور اپنی قوم کو بھی ہلاکت و بربادی کی پستیوں میں دھکیل دیا البوار الھلاک۔

۳۸ یعنی ہلاکت و تباہی جہنم دار البوار کا عطف بیان ہے۔

۳۹ اپنے بندوں کو اعمالِ حسنہ کی بجا آوری کی ترغیب دی جا رہی ہے۔

۴۰ یعنی اس دن سے پہلے نیک اعمال کا ذخیرہ جمع کر لو جو تمھیں قیامت کے دن کام آئیگا ورنہ کفِ افسوس ملتے رہ جاؤ گے۔ اس دن کوئی خرید و فروخت نہیں ہوگی کہ آپ دوڑ کر جائیں اور جس عمل کی آپ کو ضرورت پڑے کسی دکان سے خرید لائیں۔ اس دن دنیا کے بھائی چارے اور دوستیاں بھی کام نہیں آئینگی۔

۴۱ ان دو آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ کے نادر کرشموں میں غور و فکر کرنے کی دعوت دی ہے ان کے ذکر کے ساتھ ساتھ مناسب اور

وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْأَنْهَارَ ﴿٣٢﴾ وَ

اور اس نے مسخر کر دیا تمہارے لیے کشتی کو تاکہ وہ چلے سمندر میں اس کے حکم سے اور تابع فرمان کر دیا تمہارے لیے دریاؤں کو۔ اور

سَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَائِبَيْنِ ۖ وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ﴿٣٣﴾

مسخر کر دیا تمہارے لیے آفتاب و مہتاب کو جو برابر چل رہے ہیں اور مسخر کر دیا تمہارے لیے رات اور دن کو۔

وَآتَاكُمْ مِنْ كُلِّ مَا سَأَلْتُمُوهُ ۚ وَإِنْ تَعُدُّوا نِعْمَتَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا ۗ

اور عطا فرمایا تمہیں ہر اس چیز سے جس کا تم نے اس سے سوال کیا[۴۲] اور اگر تم گننا چاہو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو تو تم ان کا شمار نہیں کر سکتے۔

إِنَّ الْإِنْسَانَ لَظَلُومٌ كَفَّارٌ ﴿٣٤﴾ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَٰذَا

بیشک انسان بہت زیادتی کرنیوالا (اور) بڑا ناشکرا ہے[۴۳] اور (اے حبیب!) یاد کرو جب عرض کی ابراہیم نے کہ اے میرے رب! بنا دے

موزوں موقع پر لکم (تمہارے لیے) کا تکرار کتنا معنی خیز ہے گویا بتایا جا رہا ہے کہ تم ہی مقصود کائنات ہو۔ باقی سب کچھ تمہاری بقا اور نشو و نما کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تخلیق ہوا ہے۔ آسمان اور زمین، چاند اور سورج، دریا اور سمندر اور گردش لیل و نہار سب تمہارے خدمت گزار ہیں۔ اے انسان! تو کبھی اپنے دل سے یہ پوچھ! تجھے کیوں پیدا کیا گیا۔ کیا اس لیے کہ تو سورج دیوتا کو پوجتا رہے۔ جو تیری چاکری میں مصروف ہے تو دریاؤں کے سامنے جھکتا پھرے جو تیری خدمت کے لیے رواں دواں ہیں۔ یا تو مال و دولت کو فراہم کرنا ہی اپنا مقصد حیات بنا لے۔ نہیں ایسا نہیں۔ تیری شان بڑی بلند ہے۔ تیرا مقام بڑا رفیع ہے۔ سب کچھ تیرے لیے ہے۔ اور تو اپنے خالق و مالک کے لیے ہے۔ اسی کی بارگاہ صمدیت میں سر بسجود ہونا تجھے زیب دیتا ہے۔ اب تیری احسان شناسی اور شکر گزاری کا تقاضا یہ ہے کہ تو اسی کا ہو رہے۔

[۴۲] یہ وہ عظیم انعامات ہیں جو تمہارے عالم وجود میں قدم رکھنے سے پہلے ہی تمہارے لیے مہیا کر دیئے گئے۔ لیکن ان کے علاوہ ہم تمہاری ان تمام ضروریات کو بھی پورا کرتے ہیں جن کے متعلق تم ہم سے التجائیں کرتے ہو اور دعائیں مانگتے ہو۔ اس کے انعامات و احسانات اتنے کثیر ہیں کہ تم اگر ان کا شمار کرنا چاہو تو دفتر کے دفتر تمہارے ختم ہو جائیں۔ تمہاری زبانیں گنتے گنتے تھک جائیں لیکن تم ان کو گن نہ سکو۔ انسان اگر اپنے گرد و پیش سے آنکھیں بند کر کے صرف اپنے وجود میں ہی غور کرے تو اسے معلوم ہو جائے گا کہ اس پر اس کے پروردگار کی نوازشات بے حد و بے حساب ہیں۔ ذرا سوچو اگر مرد کے منہ پر بال ہی نہ اگیں اور عورت کے چہرہ پر بال اگ آئیں تو پھر؟ اگر ہاتھوں میں ہتھیلیاں ہی نہ ہوں یا انگلیوں کے سروں پر ناخن ہی نہ ابھر پائیں تو آپ کے بازو کی ساری قوت بیکار ہو جائے۔ اگر منہ میں لعاب دہن (تھوک) ہی نہ پیدا ہو تو کیا آپ کی زبان لکڑی کی طرح خشک ہو کر نہ رہ جائے گی۔ اگر آنکھوں پر پپوٹے نہ ہوں یا پپوٹوں کے ساتھ پلکیں نہ ہوں تو آپ آنکھوں کی حفاظت کیسے کر سکیں گے۔ یہ بظاہر معمولی چیزیں ہیں جن کی افادیت کے متعلق شاذ و نادر ہی ہم غور کیا کرتے ہیں۔ جب ان کی اہمیت کا یہ حال ہے تو بڑی بڑی نعمتوں کی اہمیت کا آپ خود ہی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿٣٥﴾ رَبِّ اِنَّهُنَّ

اس شہر کو امن والا ۴۵ اور بچائے مجھے اور میرے بچوں کو کہ ہم پوجا کرنے لگیں بتوں کی ۴۶ اے میرے پروردگار! ان بتوں نے تو

اَضْلَلْنَ كَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ ۚ وَمَنْ

گمراہ کر دیا بہت سے لوگوں کو ۴۷ پس جو کوئی میرے پیچھے چلا تو وہ میرا ہو گا ۴۸ اور جس نے

۴۳ چاہیے تو یہ تھا کہ ہماری پیشانیاں اپنے اس رحیم پروردگار کے حضور میں سربسجود جھکی رہتیں، دل اس کی عظمت و کبریائی کے احساس سے لبریز رہتے اور زبانیں اس کی حمد و ثنا کے گیت گاتی ہی رہتیں لیکن یہ تو وہ خاک ہے جس کی عزت افزائی کے لیے اتنے سامان کیے گئے۔ یہ ظلوم اور کفار ہے۔ یہ دونوں مبالغے کے صیغے ہیں یعنی بڑا ہی ظالم، سخت ناشکرا۔ تم خود ہی انصاف سے بتاؤ کہ ایسے محسن اور کریم رب کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا یا اس کی نافرمانی کرنا ظلم عظیم نہیں اور اس کی گرانبہا نعمتوں سے لطف اندوز ہونے کے باوجود اس کی ناشکری کرنا کیا کفران نعمت کی حد نہیں؟

۴۴ عام انسانوں کا تو یہ حال ہے کہ وہ ظلوم و کفار ہیں۔ اب اس بندے کا ذکر ہو رہا ہے جو صبار اور شکور ہے تاکہ دنیا کے طلبگاروں کو ایک ایسے مرد حق آگاہ سے روشناس کر دیا جائے جس نے سب تعلقات توڑ کر اپنی عبودیت، اپنی دوستی اور اپنی محبت کا رشتہ ایک رب قدوس سے استوار کیا تھا تاکہ لذت و عیش کے متوالے ان لوگوں کے کیف و سرور کی بھی ایک جھلک دیکھ سکیں جو شراب محبت سے مخمور ہو کر سارے جہان کی نعمتوں آسائشوں کو پائے حقارت سے ٹھکراتے ہوئے سارے بندھنوں کو توڑتے ہوئے شاداں و فرحاں اپنے محبوب حقیقی کی طرف بڑھے چلے جاتے ہیں۔ ان لوگوں کے دلوں میں بھی آرزو پیدا ہوتی ہے۔ وہ بھی دست سوال دراز کیا کرتے ہیں۔ دنیا کے کباڑ خانے میں مگن رہنے والے آئیں اور ذرا دیکھیں کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں کے عقاب ہمت کی بلند پروازی کا کیا عالم ہے۔ وہ جب مانگتے ہیں تو کیا مانگتے ہیں، وہ دامن طلب پھیلاتے ہیں تو کس مقصد کے لیے؟

۴۵ جس شہر کی آبادی اور پرامن ہونے کی التجا کی جا رہی ہے وہ حضرت ابراہیم کا آبائی وطن نہیں ہے۔ ان کی اپنی رہائش یہاں نہیں۔ ان کا مال اور ان کی جائداد وہاں موجود نہیں بلکہ اس شہر کیلئے یہ التجا کی جا رہی ہے جہاں ان کے محبوب حقیقی کا گھر ہے یعنی اے خدا وہ جگہ جو تیرے انوار کی تجلی گاہ ہے وہ وادی جاناں ہے جلووں کا ہجوم ہے۔ وہ مقام جہاں تیرا حسن ازل آشکارا ہے اس سلامتی ہو وہاں امن ہو۔ یہاں کے بسنے والے تیری یاد اور تیری عبادت میں کھوئے رہیں کسی تکلیف کا کانٹا ان کے دامن احساس میں نہ چبھے۔

۴۶ یہ عرض نہیں کی جا رہی کہ ہمیں بتوں کی عبادت سے بچا۔ التجا یہ ہے کہ ہمیں ان سے بہت دور رکھ۔ ہمارے خیال میں بھی ان کا تصور نہ آنے پائے۔

۴۷ بتوں کی طرف گمراہ کرنے کی نسبت مجازاً ہے کیونکہ وہ گمراہی کا سبب ہیں اور کبھی فعل کا اسناد اس کے حقیقی فاعل کی بجائے اس کے سبب کی طرف بھی مجازاً کیا جاتا ہے۔

۴۸ کیا پیاری بات ہے جو خلیل کو ہی زیب دیتی ہے کہ جو تیرے فرمانبردار ہوں گے وہ تو میرے گروہ میں شامل ہی رہیں گے لیکن جنہوں نے میری نافرمانی کی تو ان کے لیے یہ نہیں کہا کہ تو انکو غرق کر دے بلکہ کہا تو یہ کہا کہ تو غفور رحیم ہے تیرا کام ہی مغفرت کرنا اور رحم کرنا ہے۔ مقصد بھی پورا ہو گیا اور بارگاہ صمدیت کے آداب کا بھی پوری طرح پاس رہا نیز ارشاد ہوا ومن عصاك (جس نے تیری نافرمانی کی) نہیں کہا بلکہ من عصانی (جس نے میری نافرمانی کی)

عَصَانِىْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣٦﴾ رَبَّنَآ اِنِّىْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِىْ

میری نافرمانی کی (تو اس کا معاملہ تیرے سپرد ہے) بیشک تو غفور رحیم ہے۔ اے ہمارے رب! میں نے بسا دیا ہے اپنی کچھ اولاد کو اس

بِوَادٍ غَيْرِ ذِىْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

وادی میں جس میں کوئی کھیتی باڑی نہیں تیرے حرمت والے گھر کے پڑوس میں ۴۹ اے ہمارے رب! اس لیے تاکہ وہ قائم کریں نماز

کہا ہے عصیاں سے مراد اگر گناہ ہوں تو بات واضح ہے اور اگر کفر و شرک مراد ہو تو پھر اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ان کو ہدایت کی توفیق مرحمت فرما۔ ان کی توبہ قبول کر۔ کیونکہ جس کی موت کفر پر ہو اس کے لیے نہ مغفرت ہے، اور نہ اس کے لیے طلبِ مغفرت کی اجازت ہے۔

۴۹ امام بخاری نے حضرت ابن عباس رضی سے ایک طویل حدیث روایت کی ہے جس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ننانوے سال کی عمر میں حضرت ابراہیم کو حضرت ہاجرہ کے بطن سے ایک فرزند عطا فرمایا جس کا نام نامی اسمٰعیل رکھا گیا۔ حضرت ابراہیم بحکم الٰہی اپنے شیر خوار بچے اور اس کی والدہ کو لیکر اس مقام پر آئے جہاں اب مکہ آباد ہے وہاں پانی بالکل نایاب تھا۔ آپ نے اسمٰعیل اور ان کی والدہ کو وہاں ٹھہرایا اور کھجوروں کا ایک تھیلا اور پانی کا ایک مشکیزہ ان کے پاس رکھ کر وہاں سے روانہ ہوئے۔ حضرت ہاجرہ پیچھے دوڑیں اور عرض کی اے ابراہیم آپ ہمیں اس اُجاڑ وادی میں چھوڑ کر خود کہاں جا رہے ہیں۔ انھوں نے کئی بار یہ بات دہرائی لیکن حضرت ابراہیم نے مڑ کر دیکھنا بھی گوارا نہ کیا۔ حضرت ہاجرہ نے پوچھا اَاللّٰہُ اَمَرَكَ بِھٰذَا کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایسا کرنے کا حکم دیا ہے۔ آپ نے فرمایا ہاں۔ حضرت ہاجرہ بڑے اطمینان سے کہا اذا لا یضیعنا تب وہ ہمیں ضائع نہیں ہونے دیگا۔ پھر وہ لوٹ کر اپنے نورِ نظر کے پاس آگئیں۔ جب ابراہیم پہاڑ کی ایک چوٹی پر پہنچے جہاں سے حضرت ہاجرہ آپ کو نہیں دیکھ سکتی تھیں تو آپ قبلہ رو ہو کر کھڑے ہو گئے اور یہ دعا مانگی جس کا ذکر ان آیات میں ہے۔ حضرت ہاجرہ حضرت اسمٰعیل کو دودھ پلاتی رہیں۔ یہاں تک کہ مشکیزہ کا پانی اور کھجوریں ختم ہو گئیں۔ خود بھی پیاسی تھیں اور ننھا بچہ شدتِ تشنگی سے اپنے خشک ہونٹوں پر جب زبان پھیرتا تو یہ منظر ان سے دیکھا نہ جاتا۔ پاس ہی صفا کی پہاڑی تھی اس خیال سے اسکے اوپر چڑھیں شاید کوئی آدمی نظر آئے لیکن کوئی نظر نہ آیا۔ بچے کی فکر دامنگیر ہوئی نیچے اتریں پھر مروہ کی پہاڑی پر گئیں شاید کوئی آدمی نظر آجائے اور اسکے پاس سے چند گھونٹ دستیاب ہو جائیں۔ اسی تجسس میں سات مرتبہ وہ ان دونوں پہاڑیوں پر چڑھیں اور اتریں۔ حضرت ابن عباس رضی نے فرمایا کہ حضور نے فرمایا فذالك سعى الناس بينهما اسی وجہ سے لوگ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرتے ہیں۔ جب آخری مرتبہ مروہ پر پہنچیں تو آپ کو ایک آواز سنائی دی۔ آپ اس کے لیے ہمہ تن گوش بن گئیں۔ ایک فرشتہ نے اپنا پر مارا اور زمین سے پانی ابل پڑا فوراً وہاں پہنچیں اور اسکے ارد گرد ایک حد بنادی۔ پھر اپنے مشکیزے کو اس پانی سے بھر لیا لیکن وہ پانی ابلتا ہی رہا۔ حضرت ابن عباس رضی فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یرحم اللّٰہ ام اسماعیل لو ترکت زمزم۔ او قال لو لم تغرف من الماء لکانت زمزم عینا معینا اللہ تعالیٰ ام اسمٰعیل پر رحم کرے اگر وہ زمزم کو یونہی چھوڑ دیتی تو زمزم ایک چشمہ جاری ہوتا۔ چنانچہ آپ نے چشمہ سے پانی پیا۔ اور اپنے بچہ کو دودھ پلایا۔ فرشتہ نے انھیں کہا لا تخافی الضیعة فان ھھنا بیت اللّٰہ یبنیه ھذا الغلام وابوہ وان اللّٰہ لا یضیع اھلہ اے ہاجرہ مت ڈرو یہاں بیت اللہ ہے تیرا یہ بیٹا اور اس کا باپ اس کی تعمیر کرینگے۔ اور اللہ تعالیٰ اس کے اہل کو کبھی ضائع نہیں ہونے دیگا۔

فَاجْعَلْ اَفْـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِیْۤ اِلَیْهِمْ وَ ارْزُقْهُمْ مِّنَ

پس کردے لوگوں کے دلوں کو کہ وہ شوق و محبت سے ان کی طرف مائل ہوں اور انھیں رزق دے

الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۷﴾ رَبَّنَاۤ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِیْ وَ مَا نُعْلِنُ ؕ

پھلوں سے تاکہ وہ (تیرا) شکر ادا کریں۔ ٥٠ اے ہمارے رب! یقیناً تو جانتا ہے جو ہم (دل میں) چھپائے ہوئے ہیں اور جو ہم

وَ مَا یَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ ﴿۳۸﴾

ظاہر کرتے ہیں ٥١ اور کوئی چیز مخفی نہیں ہے اللہ تعالیٰ پر نہ زمین میں اور نہ آسمان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ ؕ اِنَّ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے عطا فرمائے مجھے بڑھاپے میں اسمٰعیل اور اسحٰق (جیسے فرزند) ٥٢ بلاشبہ

٥٠ حضرت ابراہیم کی دعا کا سلسلہ جاری ہے۔ آپ نے عرض کی۔ یہ تیرا مقدس گھر جس وادی میں واقع ہے وہاں کی زمین قابلِ زراعت نہیں نہ پانی دستیاب ہے اور نہ زمین موزوں ہے۔ ان کے رزق کا بھی خود انتظام فرما۔ اپنے بندوں کے دلوں میں یہاں کے رہنے والوں کی محبت پیدا فرما، تاکہ وہ کشاں کشاں یہاں چلے آئیں اور ان کی ضروریاتِ زندگی کا سامان زائرین کے ذریعہ سے مہیا ہوتا رہے۔ جہاں سبز گھاس کا ایک تنکا نظر نہیں آتا تھا وہاں کے بسنے والوں کیلئے دعا مانگی جا رہی ہے کہ اے مالک انھیں ہر قسم کے تازہ اور شیریں پھل مرحمت فرما۔ وہ قدرتِ الٰہی کی بخششوں سے خوب آشنا تھے انھیں علم تھا کہ وہ جو چاہے کر سکتا ہے۔ جسے حضرت خلیل کی دعا کی مقبولیت کا مشاہدہ کرنا ہو وہ وہاں جا کر اپنی آنکھوں سے دیکھے کہ مکہ مکرمہ کے بازاروں میں ہر قسم کے پھل موجود ہیں بلکہ دنیا بھر کی مصنوعات کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جو فراواں بھی ہیں اور ارزاں بھی۔ اور قیامت تک یہی کیفیت رہیگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ افئدۃ: اس کا واحد فؤاد ہے دل۔ تھوی اگر یہ بابِ عَلِمَ یَعْلَمُ سے ہو تو اس کا معنی ہوتا ہے محبت کرنا اور اگر یہ باب ضَرَبَ یَضْرِبُ سے ہو جس طرح یہاں ہے تو اس کا معنی ہوتا ہے سقط من علو الی سفل بسرعۃ بڑی تیزی سے اوپر سے نیچے گرنا۔

٥١ اے مولا اگرچہ ہماری ضرورتوں اور ہمارے مصالح کو تو خوب جانتا ہے اور ہمیں عرض کرنے کی بھی چنداں ضرورت نہیں لیکن یہ سوال اظہار افتقار اور اعتراف بندگی کے لیے کیا جا رہا ہے تاکہ ہر دیکھنے والے کو پتہ چل جائے کہ ہم تیرے بندے ہیں۔ اور تیری نظرِ کرم کے ہر وقت محتاج ہیں تجھی سے سب کچھ مانگتے ہیں اور تو ہی ہمیں سب کچھ دیتا ہے فلا حاجۃ لنا الی الطلب ندعوک اظہاراً لعبودیتک افتقاراً لرحمتک (مظہری)

٥٢ اب تک طلب مزید کے لیے دامن پھیلائے رہے۔ اب سابقہ عنایات کا شکریہ ادا کرنے لگے کہ پہلے بھی ہم تیرے دستِ جود و سخا کے پروردہ ہیں۔ آج تک تیری ہی چشمِ لطف و کرم نے ہماری حاجت روائیاں کی ہیں۔ جب میں بوڑھا ہو گیا۔ میری بیوی بانجھ ہو گئی اور عام طور پر اولاد پیدا ہونے کا وقت گزر گیا۔ اس بڑھاپے اور پیرانہ سالی میں تو نے مجھے اسمٰعیل و اسحاق جیسے دو ارجمند فرزند مرحمت فرمائے، مجھے یقین ہے کہ تو اس خوگرِ لطف و عطا کو

رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ

میرا رب بہت سننے والا ہے دعاؤں کا۔ میرے رب! بنا دے مجھے نماز کو قائم کرنے والا[۵۳] اور میری اولاد کو بھی۔

رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ

اے ہمارے رب! میری یہ التجا ضرور قبول فرما۔ اے ہمارے رب! بخش دے مجھے اور میرے ماں باپ کو[۵۴] اور سب مومنوں کو جس دن

الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا یَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۬ؕ اِنَّمَا

حساب قائم ہوگا۔ اور تم یہ مت خیال کرو کہ اللہ تعالیٰ بے خبر ہے ان کرتوتوں سے جو یہ ظالم کر رہے ہیں[۵۵] وہ تو انہیں صرف

پھر بھی اپنے الطاف خسروانہ سے نوازتا ہی رہیگا۔ معلوم ہوا کہ نیک بخت اور سعادتمند اولاد بھی اللہ تعالیٰ کا فضل عظیم ہے۔ جس کے لیے حضرت خلیل جیسے جلیل المرتبہ نبی سراپا شکر و امتنان بنے ہوئے ہیں۔

۵۳؎ اقامت نماز کی دعا کی جارہی ہے۔ اس کا معنی یہ ہے کہ نماز کو اس کے ظاہری اور باطنی آداب کو بجا لاتے ہوئے پابندی سے ادا کرتے رہنا معدلًا لھا بارکانھا وآدابھا محافظا ومواظبا علیھا (مظہری)

۵۴؎ حضرت علامہ ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں کہ اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کے والدین مسلمان تھے۔ آپکے والد کا نام تارخ تھا اور آزر آپکا چچا تھا۔ "اَب" کا لفظ چچا پر بھی مجازاً بولا جاتا ہے لیکن والد کا لفظ حقیقی باپ کے لیے مخصوص ہے۔ اس لیے یہاں ابیّ کا لفظ ذکر نہیں کیا بلکہ والدیّ کا لفظ ذکر کیا تاکہ معلوم ہوجائے کہ یہاں حقیقی ماں باپ مراد ہیں۔ اور مجازی باپ (چچا) مقصود نہیں۔ اور وہ اس بات کا مستحق نہ تھا کہ اس کے لیے طلب مغفرت کی جاتی۔ اور دوسرے حضرات جو آزر کو آپ کا حقیقی والد ہی مانتے ہیں ان کے نزدیک والدیّ سے مراد حضرت آدم و حوا ہوں گے۔ (مظہری) ھذہ الآیۃ تدل علی ان والدیہ علیہ السلام کانا مسلمین وانما کان آزر عمالہ وکان اسم ابی ابراھیم تارخ ولاجل دفع توھم آزر قال والدی یعنی من ولدانی حقیقۃ ولم یقل ابوی فان الاب یطلق علی العم مجازا۔ (مظہری)

۵۵؎ ہر مظلوم و ستم رسیدہ کو اطمینان دلایا جا رہا ہے کہ گھبراؤ نہیں تمہاری داد رسی کی جائیگی۔ یہ خیال مت کرو کہ اللہ تعالیٰ کفار کی ستم کیشیوں اور ظلم آرائیوں سے بے خبر ہے۔ اس کو تیری خبر نہیں کہ اس کے بندوں پر کیسے کیسے ظلم اور زیادتیاں کی جارہی ہیں۔ فرمایا ہم انکی ساری کارستانیوں کو خوب جانتے ہیں۔ تمہیں ان کے آہنی چنگل سے ضرور رہائی دلائی جائیگی۔ یہ جو ڈھیل ان کو دی جارہی ہے اس میں بھی حکمت ہے۔ شخص البصر نگاہ کا ٹکٹکی لگ جانا مھطعین، فی القاموس ھطع ھطوعًا اسرع مقبلًا خائفا ترساں اور لرزاں بڑی تیزی سے آگے بڑھتے جانا۔ المقنع الذی یرفع رأسہ جو آدمی اپنا سر اٹھائے ہوئے ہو۔ الھواء: الخلاء۔ بزدل کے دل کو کہا جاتا ہے جو ہر قوت و طاقت سے بالکل خالی ہوتا ہے۔ یعنی جو آج نشۂ پندار سے مدہوش ہیں جنہیں آج خدا کا خوف ہے نہ اس کے رسول کی حیا۔ غرور و نخوت کے ان پیکروں کا قیامت کے دن یہ حال ہوگا۔

يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ﴿٤٢﴾ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ

ڈھیل دے رہا ہے اس دن کیلئے جب کہ (مارے خوف کے) کھلی کی کھلی رہ جائیں گی آنکھیں۔ بحالیکہ بھاگے جا رہے ہونگے اپنے سر

رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَ اَفْـِٕدَتُهُمْ هَوَآءٌ ﴿٤٣﴾ وَ اَنْذِرِ

اٹھائے ہوئے ان کی پلکیں نہیں جھپکتی ہوں گی اور انکے دل (دہشت سے) اڑے جا رہے ہونگے (اے حبیب!) ڈرائیے

النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَاۤ اَخِّرْنَاۤ

لوگوں کو اس دن سے جب آئے گا ان پر عذاب تو بول اٹھیں گے ظالم (۵۱) اے ہمارے رب! ہمیں مہلت دے

اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَ نَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَ لَمْ تَكُوْنُوْۤا

تھوڑی دیر کے لیے (۵۲) ہم تیری دعوت پر لبیک کہیں گے اور ہم رسولوں کی پیروی کرینگے۔ (آگے فرمایا) کیا تم قسمیں

اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿٤٤﴾ وَّ سَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ

نہیں اٹھایا کرتے تھے اس سے پہلے کہ تمہیں یہاں سے کہیں جانا نہیں ہے۔ اور تم آباد تھے ان لوگوں کے (متروکہ) مکانوں

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَ تَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَ ضَرَبْنَا

میں جنہوں نے ظلم کیے تھے اپنے آپ پر (۵۳) اور یہ بات تم پر خوب واضح ہو چکی تھی کہ کیسا برتاؤ کیا تھا ہم نے انکے ساتھ اور ہم نے بیان بھی

(۵۱) قیامت کے دن کفار کو جس پشیمانی کا سامنا ہوگا اس کی یاد اور اس کا احساس دلا کر آج ہی انہیں تائب ہونے کی ترغیب دی جا رہی ہے توبہ کا دروازہ ابھی کھلا ہے۔ توبہ کرو گے تو قبول ہوگی جب توبہ کا دروازہ بند ہو گیا اس وقت بہت پچھتاؤ گے لیکن بے سود۔

(۵۲) کفار اس دن سراپا التجا بنکر عرض کریں گے ہمیں تھوڑی سی مہلت بخشی جائے ہم اپنی گزشتہ غلطیوں کی تلافی کر لیں لیکن انکی یہ التجا مسترد کر دی جائیگی اور انہیں انکی وہ جاہلانہ اور متکبرانہ باتیں یاد دلا کر مزید رسوا اور شرمندہ کیا جائیگا کہ تم تو بڑی قسمیں اٹھا اٹھا کر کہتے تھے کہ قیامت کا دن کبھی نہیں آئیگا ہم سے کوئی باز پرس نہیں کی جائیگی اب بتاؤ کہاں گئیں تمہاری قسمیں اور کدھر ہیں وہ تمہاری شیخیاں۔

(۵۳) تم ان بستیوں میں سکونت پذیر رہے جن کے پہلے باشندے اپنے گناہوں کی پاداش میں تباہ کر دیئے گئے تھے ان بستیوں کے در و دیوار ظالموں کی عبرتناک داستانیں تمہیں سنایا کرتے تھے اور ہم نے بھی تمہیں مثالیں دے دیکر حق کی طرف بلایا اور تم بہرہ گوش ہی رہے۔ آج چیخنے چلانے کا کوئی فائدہ نہیں آج معذرت خواہی بعد از وقت ہے اب تو تمہیں لامحالہ اپنے کرتوتوں کی سزا بھگتنی ہوگی۔

لَكُمُ الْأَمْثَالَ ﴿٤٥﴾ وَقَدْ مَكَرُوا مَكْرَهُمْ وَعِندَ اللَّهِ مَكْرُهُمْ وَإِن

بیان کی تھیں تمہارے لیے (طرح طرح کی) مثالیں۔ اور انھوں نے اپنی طرف سے بڑی فریب کاریاں کیں ۵۹ اور اللہ تعالیٰ کے پاس ان کے مکر کا توڑ تھا۔ ۶۰ اگرچہ

كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُولَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿٤٦﴾ فَلَا تَحْسَبَنَّ اللَّهَ مُخْلِفَ وَعْدِهِ

انکی چالیں اتنی زبردست تھیں کہ ان سے پہاڑ اکھڑ جاتے تھے۔ تم یہ مت خیال کرو کہ اللہ تعالیٰ وعدہ خلافی کرنے والا ہے

رُسُلَهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ ذُو انتِقَامٍ ﴿٤٧﴾ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ

اپنے رسولوں سے ۶۱ یقیناً اللہ تعالیٰ بڑا زبردست ہے (اور) بدلہ لینے والا ہے۔ یاد کرو اس دن کو جبکہ بدل دی جائیگی یہ زمین دوسری (قسم کی) زمین سے ۶۲

وَالسَّمَاوَاتُ ۖ وَبَرَزُوا لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿٤٨﴾ وَتَرَى الْمُجْرِمِينَ

اور آسمان بھی (بدل دیے جائینگے) اور سب لوگ حاضر ہو جائینگے اللہ کے حضور میں (وہ اللہ) جو ایک ہے (اور) سب پر غالب ہے ۶۳ اور تم دیکھو گے مجرموں کو

۵۹ ان کی مزاحمتوں کے باوجود اسلام دن بدن ترقی کر رہا تھا۔ حق کی روشنی آئے دن ان میں سے کسی کے دل میں چمکتی اور وہ ان سے کٹ کر اسلام کے پرچم کے نیچے آجاتا۔ یہ صورت حال کفر کے سرغنوں کے لیے ناقابل برداشت تھی۔ انھوں نے اسلام کو مٹانے کے لیے اور حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چراغ زیست گل کرنے کے لیے اپنی تمام قوتیں اور زور لگا دیں۔ شب و روز وہ اسلام کے خلاف سازشیں کرنے اور منصوبے بنانے میں مصروف رہتے۔ ان کی وہ تدبیریں اور سازشیں حقیقت میں بڑی خطرناک تھیں لیکن اللہ تعالیٰ کی تدبیر نے ان کی تمام چالوں اور تجویزوں کو ناکام بنا دیا۔

۶۰ یعنی ان کی سازشوں کا توڑ اللہ تعالیٰ کے پاس تھا یا ان کی اس اسلام دشمنی کا بدلہ اللہ تعالیٰ نے دیا۔ عنده جزاء مكرهم وابطاله۔ (مظہری) وعند الله جزاء مكرهم۔ (روح المعانی)۔

۶۱ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مزید تسکین و طمانیت کے لیے ارشاد فرمایا ہے۔

۶۲ اس روز زمین و آسمان تو ہوں گے لیکن وہ زمین ایسی نہیں ہوگی جس سے ہم واقف ہیں۔ وہ آسمان ایسا نہ ہوگا جس سے ہم روشناس ہیں۔ نہ وہاں ستارے جگمگا رہے ہوں گے نہ چاند اپنی روپہلی اور خنک کرنوں سے دلوں کو تازگی اور روح کو نشاط بخش رہا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے اور اس کے حبیب مکرم کو ہی معلوم ہے کہ وہ زمین کیسی ہوگی اور وہ آسمان کیا ہوگا۔ یہ تبدیلی صرف اوصاف میں ہوگی یا ذات ہی بدل جائے گی۔

۶۳ سب خرد و کلاں پیر و جواں اس خدا کے حضور میں جمع ہونگے جو یکتا ہے اور جس کی یکتائی کا انکار کرنے کی اس روز کسی کو جرأت نہ ہوگی۔ وہ جو قہار ہے جس کے سامنے سارے مغرور و سرکش سر جھکائے کھڑے ہونگے۔

يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ ﴿٤٩﴾ سَرَابِيلُهُم مِّن قَطِرَانٍ وَتَغْشَىٰ

اس روز کہ جکڑے ہوئے ہونگے زنجیروں میں ۔ ان کا لباس تارکول کا ہوگا ۶۳ اور ڈھانپ رہی

وُجُوهَهُمُ النَّارُ ﴿٥٠﴾ لِيَجْزِيَ اللَّهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ

ہوگی انکے چہروں کو آگ ۔ یہ اس لیے تاکہ بدلہ دے اللہ تعالیٰ ہر شخص کو جو اس نے کمایا تھا ۶۵ بیشک اللہ تعالیٰ بہت جلد

الْحِسَابِ ﴿٥١﴾ هَٰذَا بَلَاغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنذَرُوا بِهِ وَلِيَعْلَمُوا أَنَّمَا

حساب لینے والا ہے ۔ یہ (قرآن) ایک پیغام ہے سب لوگوں کے لیے (اسے اتارا گیا ہے) تاکہ انھیں ڈرایا جائے اس کے ذریعہ اور تاکہ وہ اس حقیقت کو

هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَلِيَذَّكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿٥٢﴾

خوب جان لیں کہ صرف وہی ایک خدا ہے اور تاکہ اچھی طرح ذہن نشین کرلیں (اس حقیقت کو) دانشمند لوگ ۶۶

ع ۷ / ۱۱ / ۱۹

۶۳ اس روز مجرموں کو اس حال میں پیش کیا جائیگا کہ وہ زنجیر و سلاسل میں ایک دوسرے کے ساتھ جکڑے ہوئے ہوں گے اور تارکول کا سیاہ اور بدبودار لباس انھوں نے پہنا ہوا ہوگا۔ مقرنین: ھشدود بعضھم ببعض بندھے ہوئے جکڑے ہوئے۔ الاصفاد: الاغلال والقیود طوق اور بیڑیاں یعنی ہر وہ چیز جس کے ساتھ کسی کو باندھا جائے۔ سرابیل جمع سربال قمیص۔ قطران وہ سیال جو خارش زدہ اونٹ پر ملا جاتا ہے تارکول۔

۶۵ اس کا تعلق برزوا کے ساتھ ہے میدان حشر میں سب کو حاضر کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ہر ایک کو اس کے اعمال کا بدلہ دیا جائے۔

۶۶ امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ انسان میں دو قوتیں ہیں۔ قوت نظری اور قوت عملی اور انھیں کی تکمیل میں انسان کی ترقی اور کمال کا راز پنہاں ہے۔ قوت نظری کا کام حقائق موجودات کو جاننا ہے اور اس کا کمال یہ ہے کہ سب سے اعلیٰ اور ارفع حقیقت یعنی اللہ تعالیٰ کی توحید کا عرفان اسے حاصل ہو جائے اور قوت عملی کا کام یہ ہے کہ انسان اخلاق فاضلہ سے متصف ہو جائے اور تمام اخلاق فاضلہ سے افضل اور احسن خلق یہ ہے کہ انسان اپنے خداوند ذوالجلال کی اطاعت کو اپنا شعار بنالے اور یہ دونوں کمال قرآن کریم میں غور و فکر کرنے سے حاصل ہوتے ہیں جب کوئی شخص ہدایت طلبی کے جذبہ سے سرشار ہو کر قرآنی دلائل و براہین کا مطالعہ کرتا ہے تو وہ بے ساختہ یہ کہہ اٹھتا ہے:

لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ۔ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیءٍ قدیر۔

اور جب یقین کا یہ چراغ روشن ہو جاتا ہے تو عمل کی شاہراہ جگمگانے لگتی ہے اور وہ مستانہ وار یہ کہتا ہوا اس پر گامزن ہو جاتا ہے

اسلمت لرب العلمین میں نے اپنا سر اطاعت و انقیاد رب العالمین کے ہر حکم کے سامنے جھکا دیا ہے۔

تعارف سورہ الحجر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام : اس سورۂ پاک کا نام الحجر ہے۔ یہ لفظ آیت نمبر ۸۰ میں مذکور ہے۔ یہ چھ رکوعوں اور ننانوے آیتوں پر مشتمل ہے۔ اس کے کلمات کی تعداد ۶۵۴ اور حروف کی تعداد دو ہزار سات سو ساٹھ ہے۔

زمانۂ نزول : یہ سورۃ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس کے مضامین میں غور کرنے سے یہ نتیجہ اخذ کرنا مشکل نہیں کہ اس کا تعلق اس زمانہ سے ہے جبکہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دلائلِ قاہرہ اور براہینِ قاطعہ سے اسلام کی حقانیت کو ثابت کر دیا۔ کفار کے شکوک و شبہات کا مسکت جواب دے کر انھیں مبہوت کر دیا۔ اب علم اور تحقیق کے میدان میں ان کے لیے قیل و قال کی مجال تک نہ رہی۔ اور ہٹ دھرمی اور تعصب کے سوا دشمنانِ اسلام کے پاس اپنے باطل سے چمٹے رہنے کا کوئی جواز نہ رہا اور انھوں نے یہاں تک کہہ دیا کہ اگر آپ ہمیں آسمان پر بھی چڑھا کر لے جائیں تو پھر بھی ہم آپ کی نبوت پر ایمان لانے کے لیے تیار نہیں۔

مضامین : اس سورۃ میں ان لوگوں کو واضح طور پر بتایا کہ تمھارا انجام وہی ہوگا جو تم سے پہلے تمھاری طرح ہٹ دھرمی اور تعصب کرنے والوں کا ہوتا رہا ہے۔ مہلت کی گھڑیاں اب ختم ہونے والی ہیں۔ اس لیے تیار ہو جاؤ کہ قومِ لوط اور اصحاب الحجر کی طرح تمھارا نام و نشان مٹا دیا جائے۔

اس دھمکی کے ساتھ ساتھ انھیں غور و فکر کی بھی دعوت دی گئی اور ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کی توحید حضور کی رسالت اور قرآن کے کلامِ الٰہی ہونے پر دلائل پیش کر دیئے۔ اسی ضمن میں انسان کی پیدائش کے متعلق اسلامی نظریہ وضاحت سے بیان فرما دیا گیا۔ سورۃ کی ابتدائی آیتوں میں ان کے طریقۂ کار اور طرزِ عمل کا نفسیاتی تجزیہ بھی کر دیا گیا۔ بتایا کہ اسلام کی صداقت پر روشن دلائل کے باوجود وہ کیوں حق کو قبول نہیں کرتے اور یہ سمجھ لینے کے بعد کہ ان کے عقاید اور نظریات بالکل باطل اور بیہودہ ہیں۔ وہ ان سے کیوں دست کش نہیں ہوتے۔ فرمایا اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ عیش و طرب اور فسق و فجور کے اس قدر دلدادہ ہیں کہ وہ کسی قیمت پر ان سے باز نہیں آ سکتے۔ نیز شیطان نے ان کے سامنے حسین اور دلکش توقعات کا ایک ایسا خوبصورت محل تعمیر کر دیا ہے جس کے بعد وہ کسی اور طرف توجہ کرنے کی ضرورت بھی محسوس نہیں کرتے اور یہ حقیقت ہے کہ جب انسان ان گوناگوں امراض کا شکار ہو جاتا ہے تو پھر کوئی نصیحت اس پر کارگر ثابت نہیں ہو سکتی۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو فرمایا ذرھم یاکلوا ویتمتعوا ویلھھم الامل فسوف یعلمون۔ (آیت نمبر ۳)

سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ حجر مکی ہے اس کی ۹۹ آیات اور ۶ رکوع ہیں

(اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے)

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ①

الف۔لام۔را۔ یہ آیتیں ہیں کتاب (الٰہی) کی [1] اور روشن قرآن کی۔ [2]

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ② ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا

(عذاب میں گرفتار ہونے کے بعد) بہت آرزو کریں گے کفار [3] کہ کاش وہ مسلمان ہوتے۔ انھیں رہنے دیجئے وہ کھائیں (پئیں)

[1] یعنی یہ اس کتاب کی آیات ہیں جو اپنی افادیت و جامعیت کے اعتبار سے صحیح معنوں میں کتاب کہلانے کی مستحق ہے جس طرح کسی نوع کے فرد کامل کا ذکر کرنا ہو تو اس کا نام لینے کی بجائے اس نوع کو ہی ذکر کر دیتے ہیں جس سے اس امر کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہوتا ہے کہ اس نوع کا صحیح فرد جو اس کی تمام صفات اور خاصیات سے متصف ہے یہی ایک فرد ہے۔ باقی افراد تبعاً اور ضمناً اس میں شمار کیے جاتے ہیں۔

[2] جو حق و باطل میں تمیز کرتا ہے جو حلال و حرام کو واضح کرتا ہے اور جس کی روشنی انسانی زندگی کے تمام شعبوں کو منور کر رہی ہے۔

[3] آج تو کفار اسلام کا نام سننا بھی گوارا نہیں کرتے۔ اور اگر اس کی طرف بلایا جائے تو بڑی نفرت و حقارت کا اظہار کرتے ہیں وہ وقت آنے والا ہے جب یہ صدق دل سے اس بات کی آرزو کریں گے کہ کاش! وہ اس دین کے پیروکار ہوتے کاش! انھوں نے اس دعوت کو قبول کیا ہوتا۔

یہ اظہار حسرت وہ کب کریں گے؟ طبرانی نے حضرت جابر سے ایک حدیث نقل کی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کے کئی گنہگار دوزخ میں جائیں گے۔ کچھ عرصہ بعد کافر انھیں طعنہ دیں گے کہ تم تو اپنے آپ کو مسلمان کہا کرتے تھے۔ تمہارا انجام بھی ہم سے مختلف نہیں۔ تمہارے ایمان نے تمہیں کوئی نفع نہ دیا فلا یبقی موحد الا اخرجہ اللہ من النار ثم قرأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ربما یود الذین الآیۃ یعنی اس وقت اللہ تعالیٰ ہر موحد کو آگ سے نکال لیگا۔ پھر حضور نے یہ آیت پڑھی رُبَمَا یَوَدُّ الَّذِیْنَ الخ تو اس سے معلوم ہوا کہ وہ کافر اس وقت اظہار حسرت و ندامت کریں گے لیکن علامہ ابو حیان اندلسی نے لکھا ہے کہ یہ اظہار حسرت اس وقت بھی ہوگا لیکن یہ صرف اسی وقت نہیں ہوگا بلکہ اور کئی مواقع جبکہ کفار کو ذلیل و رسوا کیا جائے گا اور مسلمانوں کو سربلند کیا جائیگا خواہ وہ دنیا میں اسلام کی فتح اور کفار کی شکست کا وقت ہو خواہ موت کا وقت ہو خواہ حشر میں۔ تمام ایسے مواقع پر کفار اظہار حسرت کریں گے قیل عند کل حالۃ یعذب فیھا الکافر ویسلم المومن۔ ذکرہ ابن الانباری۔ (بحر)

رُبَّ حرف جار ہے اور یہ اسم پر داخل ہوتا ہے۔ جب اسے فعل پر داخل کرنا ہو تو اس کے ساتھ ما کافہ لگاتے ہیں۔ ربما ہو گیا اس کے بعد یہ فعل پر بھی داخل ہو سکتا ہے رُبَّ قلت کے معنی پر دلالت کرنے کے لیے وضع کیا گیا ہے۔ یا کثرت پر دلالت کرنے کیلیے علماء نحو کا اس مسئلہ میں کافی اختلاف ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ اس کی اصل وضع بمعنی قلت کے لیے ہے لیکن کبھی کبھی یہ کثرت کے معنی پر بھی

وَيَتَمَتَّعُوا وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ۝٣ وَمَا أَهْلَكْنَا

اور عیش کریں گے اور غافل رکھے انھیں (جھوٹی) امید۔ کچھ عرصہ بعد وہ (حقیقت کو خود بخود) جان لیں گے۔ اور نہیں ہلاک کیا ہم نے

مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُومٌ ۝٤ مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ

کسی بستی کو مگر یہ کہ اس کی (ہلاکت کا وقت) لکھا ہوا تھا جو معلوم تھا۔[۵] نہ آگے بڑھ سکتی ہے کوئی قوم اپنے

أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ۝٥ وَقَالُوا يَا أَيُّهَا الَّذِي نُزِّلَ عَلَيْهِ

مقررہ وقت سے اور نہ پیچھے رہ سکتی ہے۔[۶] اور وہ کہنے لگے اے وہ شخص اتارا گیا ہے جس پر

الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ ۝٦ لَّوْ مَا تَأْتِينَا بِالْمَلَائِكَةِ إِن كُنتَ مِنَ

قرآن[۷] بیشک تو مجنون ہے۔ تو کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس فرشتوں کو اگر تو

دلالت کرتا ہے جیسے یہاں واصلها ان تستعمل فی قلیل وقد تستعمل فی الکثیر (قرطبی) علامہ ابوحیان کا پسندیدہ مذہب یہ ہے کہ رُبّ محض اثبات شے پر دلالت کرتا ہے۔ قلت و کثرت کا مفہوم سیاق کلام سے معلوم ہوتا ہے۔ رُبّ اگرچہ ماضی پر ہی بکثرت داخل ہوتا ہے لیکن یہ سمجھ لینا کہ یہ مضارع پر داخل نہیں ہوسکتا غلط ہے۔ مضارع پر بھی داخل ہوتا ہے لیکن بہت کم مواقع پر۔ وقد تدخل علی المستقبل لکنه قلیل بالنسبة الی دخولها علی الماضی (بحر) [۳] اللہ تعالیٰ اظہارِ غضب کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اے میرے محبوب ان احمقوں کو اسی حالت میں رہنے دیجئے اور ان کو سمجھانے کی مزید زحمت گوارا کیجئے۔ یہ ہدایت کے طلبگار ہی نہیں۔ ان کی صرف ایک ہی خواہش ہے کہ یہ خوب کھائیں پئیں اور عیش و عشرت کریں۔ انھیں اسی میں مگن رہنے دیجئے۔ یہ لمبی آسیں لگائے بیٹھے ہیں جب موت کا وقت آئیگا انھیں خود بخود معلوم ہو جائیگا کہ انہوں نے اپنے اوپر کتنا ظلم کیا۔ حضرت انس سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا۔ بدبختی کی چار نشانیاں ہیں: آنکھوں میں آنسوؤں کا نہ آنا۔ دل کا سخت ہونا۔ طولِ امل اور حرصِ دُنیا (مسند بزاز، قرطبی) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد گرامی ہے انما اخشی علیکم اثنتین طول الامل واتباع الهوی فان طول الامل ینسی الآخرة واتباع الهوی یصد عن الحق (روح المعانی) یعنی مجھے تمھارے بارے میں دو چیزوں کا اندیشہ ہے۔ لمبی آس لگانا اور خواہش نفس کی پیروی کرنا۔ کیونکہ لمبی آس آخرت کو فراموش کرا دیتی ہے اور خواہش نفس کی پیروی حق سے روک دیتی ہے۔ حضرت حسن بصری نے فرمایا ما اطال عبد الامل الا اساء العمل یعنی جو شخص لمبی آس لگاتا ہے وہ بُرے اعمال کی طرف راغب ہو جاتا ہے۔ دانا وہی ہے جو ہر وقت موت کو قریب سمجھے اور فرصت کے لمحے جو اسے دیئے جا رہے ہیں ان سے پوری طرح فائدہ اٹھائے۔

[۵] ای اجل مؤقت: ایک مقررہ میعاد جو لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہے۔ [۶] اس میں تقدیم و تاخیر نہیں ہو سکتی۔

[۷] کفار ازرہِ استہزاء اور مزاح کہتے کہ یہ کتاب جس کے متعلق آپ کا یہ دعویٰ ہے کہ یہ آسمان سے اتری ہے اس میں ایسی ایسی انہونی باتیں

الصّٰدِقِيْنَ ۝۷ مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا

سچا ہے ۶ ہم نہیں اتارا کرتے فرشتوں کو مگر حق کے ساتھ اور انھیں اسکے بعد مزید مہلت

مُّنْظَرِيْنَ ۝۸ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۹ وَ

نہیں دی جاتی ۹ بیشک ہم ہی نے اتارا ہے اس ذکر (قرآن مجید) کو اور یقیناً ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔ ۱۰ اور

ہیں جن کو کوئی سمجھدار آدمی درست تسلیم نہیں کر سکتا آپ کا خلافِ عقل باتیں کرنا اور پھر انھیں اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرنا اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ آپ کا دماغ درست نہیں۔

۶ ہم بیسیوں مرتبہ مطالبہ کر چکے ہیں کہ اپنے رب سے کہو کہ وہ کوئی فرشتہ اتارے جو آکر آپ کی تصدیق کرے۔ اگر آپ کے اس قول میں کہ میں نبی ہوں کوئی صداقت ہوتی تو کیا آپ کا خدا ایک فرشتہ بھی نہ بھیجتا۔ معلوم ہوا کہ آپ کے اس دعویٰ نبوت میں صداقت کی کوئی رمق نہیں ہے۔

۹ اللہ تعالیٰ ان کے اس احمقانہ اصرار پر فرماتے ہیں کہ اگر تمہاری خواہش کے مطابق فرشتہ اتار دیا جاتا اور پھر بھی تم ایمان نہ لاتے جیسے کہ تمہاری ضد اور تعصب سے عیاں ہے تو پھر تمھیں اسی وقت تہس نہس کر دیا جاتا۔ یہ تو ہمارا کرم ہے کہ ہم تمھیں مہلت دیئے ہوئے ہیں تاکہ تم غور و فکر کرو شاید تمھیں ہدایت نصیب ہو جائے۔

۱۰ بڑے زوردار الفاظ میں کفار کے اس اعتراض کا بطلان کیا جا رہا ہے کہ قرآن کلام الٰہی نہیں۔ فرمایا بلاشبہ ہم ہی نے اتارا ہے اسے تین مرتبہ ضمیر متکلم کا بیک وقت تکرار (انا۔ نحن۔ نزلنا) جس تاکید بالائے تاکید پر دلالت کر رہا ہے۔ وہ اہل علم سے مخفی نہیں اور ضمیریں بھی جمع متکلم کی استعمال ہوئیں جو نازل کرنے والے کی عظمت کبریائی کا اظہار کر رہی ہیں یعنی ہم جو سارے جہانوں کے خالق و مالک ہیں ہم جن کی فرمانروائی کا ڈنکا زمین و فلک فرش و عرش پر بج رہا ہے ہم نے اس کو اتارا ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔ اس میں کسی قسم کی تحریف یا کمی بیشی کا کوئی امکان نہیں۔ ای من التحریف والزیادۃ والنقصان ولا یتطرق الیہ الخلل ابداً آج چودہ صدیاں قریب الاختتام ہیں اور دشمنانِ اسلام کی خواہشوں، کوششوں اور سازشوں کے باوجود ایک آیت میں بھی رد و بدل نہیں ہو سکا۔ ایک نقطہ کی کمی بیشی اور زیر و زبر کا فرق بھی تو نہیں ہوا۔ آج بھی لاکھوں انسان اسے اپنے سینوں میں محفوظ کیے ہوئے ہیں۔ اگر خدانخواستہ سارے لکھے ہوئے قرآنی نسخے نایاب ہو جائیں تو پھر بھی یہ جوں کا توں محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی جابر سے جابر حکمران اور کوئی بڑے سے بڑا عالم اسے پڑھتے ہوئے زیر کو زبر میں بدل دے تو سات آٹھ سال کا بچہ اسے ٹوک دے گا۔ آج دنیا میں کوئی ایسی کتاب نہیں جس کا مصنف یا جس کے ماننے والے اس کے متعلق یہ دعویٰ کر سکتے ہوں۔ مذہبی صحائف جو دنیا کی مختلف قوموں کی عقیدت کا مرکز ہیں۔ ان کے ماننے والوں کا بھی یہ دعویٰ نہیں کہ ان کے مذہبی صحیفے ہر قسم کے رد و بدل سے پاک ہیں۔ صرف قرآن کریم کا یہ دعوےٰ ہے لا یاتیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ کہ باطل اس میں کسی جانب سے داخل نہیں ہو سکتا۔ اور ان چودہ صدیوں کے طویل عرصہ میں اسلام کا کوئی بدترین بدخواہ بھی یہ ثابت نہیں کر سکا کہ اس میں کوئی تحریف ہوئی ہو۔ یورپ کے مستشرقین جنھوں نے اپنے وسیع علم، بے عدیل ذہانت اور طویل عزیز عمریں قرآن کے اس دعویٰ

لَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِیْ شِیَعِ الْاَوَّلِیْنَ ﴿١٠﴾ وَمَا یَاْتِیْهِمْ

بیشک ہم نے بھیجے (پیغمبر) آپ سے پہلے اگلی امتوں میں ١١ اور نہیں آتا تھا انکے پاس

مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿١١﴾ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِیْ

کوئی رسول مگر وہ اس کے ساتھ مذاق کیا کرتے تھے۔ اسی طرح ہم داخل کرتے ہیں گمراہی کو

قُلُوْبِ الْمُجْرِمِیْنَ ﴿١٢﴾ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿١٣﴾

مجرموں کے دلوں میں۔ ١٢ وہ نہیں ایمان لائیں گے اس پر اور گزر چکی ہے پہلوں کی یہی روش۔

وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَیْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِیْهِ یَعْرُجُوْنَ ﴿١٤﴾

اور اگر ہم کھول بھی دیتے ان پر دروازہ آسمان سے ١٣ اور وہ سارا دن اس میں سے اوپر چڑھتے رہتے۔

کو غلط ثابت کرنے کے لیے صرف کیں، وہ بھی آخر کار یہ ماننے پر مجبور ہو گئے کہ یہ کتاب ہر قسم کی تحریف اور تغیر سے پاک ہے۔ میور (MUIR) سے زیادہ دشمنِ اسلام کون ہوگا اسلام اور بانیٔ اسلام کے خلاف اس کی زہر افشانیاں رسوائے عالم ہیں۔ اسے بھی یہ لکھنا پڑا (THERE IS PROBABLY IN THE WORLD NO OTHER BOOK WHICH HAS REMAINED TWELVE CENTURIES WITH SO PURE TEXT. یعنی غالباً دنیا میں قرآن کے علاوہ کوئی ایسی اور کتاب نہیں جس کا متن بارہ صدیوں تک ہر قسم کی تحریف سے یوں پاک رہا ہو۔

١١ یعنی جس طرح یہ حقیقت ناشناس اور عقل کے اندھے آج بے باکیاں اور گستاخیاں کرتے ہیں۔ یہی دستور ان کے پیشروؤں کا بھی تھا۔ ان کے پاس بھی جب اللہ تعالیٰ کا کوئی نبی تشریف لے آتا تو وہ بھی اس پر آوازے کستے اور پھبتیاں اڑاتے۔ شِیَعٌ، شیعة اس کا معنی ہے ایک فرقہ، ایک گروہ جو کسی بات پر متفق ہو اس کا اصل شیاعٌ ہے وھو الحطب الصغار توقد بہ الکبار۔ وہ چھوٹی لکڑیاں جن کے ذریعے بڑی لکڑیوں کو آگ لگائی جاتی ہے اشیاع ما تضرم بہ النار (المنجد)

١٢ سلک پرونا، دھاگہ سوئی میں ڈالا جائے تو کہتے ہیں سلکت الخیط فی الابرة یعنی جس طرح انھوں نے انکار اور استہزاء کو اپنا شعار بنایا ہم نے بھی بطور سزا ان کو فہم ہدایت سے محروم کر دیا اور اخلاقی طور پر نہایت ناپسندیدہ اور نامرغوب بات (یعنی بڑوں اور بزرگوں کے ساتھ ہنسی مذاق کرنا) ان کا محبوب مشغلہ بن گیا۔ نسلکہٗ کی ضمیر کا مرجع الاستہزاء ہے جو یستہزءون کا مصدر ہے اور لا یؤمنون بہٖ کی ضمیر کا مرجع کیونکہ یہ نہیں ہو سکتا اس لیے اس کا مرجع الذکر ہے۔ (کبیر)

١٣ یہاں ان کی ہٹ دھرمی کا ذکر ہو رہا ہے کہ کفران کے دلوں میں یوں جڑ پکڑ چکا ہے کہ اگر ان کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیے جائیں اور یہ سیڑھی لگا کر دن بھر اوپر بھی چڑھ جائیں اور ہماری قدرت کے روشن دلائل اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں پھر بھی یہ حق کو قبول کرنے کے

لَقَالُوْۤا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ﴿۱۵﴾

پھر بھی وہ یہی کہتے کہ ہماری تو نظریں بند کر دی گئی ہیں [۱۳] بلکہ ہم ایسی قوم ہیں جن پر جادو کر دیا گیا ہے۔

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِی السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَیَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِیْنَ ﴿۱۶﴾ وَحَفِظْنٰهَا

اور بیشک ہم نے آسمان میں برج بنائے ہیں [۱۵] اور ہم نے آراستہ کر دیا ہے آسمان کو دیکھنے والوں کیلئے [۱۶] اور ہم نے محفوظ کر دیا ہے

لیے آمادہ نہیں ہونگے اور بڑی بے حیائی اور ڈھٹائی سے کہدیں گے کہ یہ جو کچھ ہمیں نظر آرہا ہے حقیقت نہ تھی بلکہ کچھ منتر پڑھ کر ہماری نظر بندی کر دی گئی ہے تھا کچھ بھی نہیں۔ اور ہمیں یوں نظر آیا کہ ہم آسمان پر چڑھے، وہاں فرشتوں کو دیکھا اور قدرت کی اعجاز آفرینیوں کا مشاہدہ کیا۔ یہ مشاہدات محض نظر بندی کا کرشمہ تھے حقیقت سے اس کا کوئی واسطہ نہ تھا ہم پر جادو کر دیا گیا تھا۔

[۱۳] علامہ قرطبی نے کلمہ سُکّرت کی تحقیق کرتے ہوئے علماء لغت کے متعدد اقوال نقل کیے ہیں سدت بالسحر، اغشیت ابصارنا، غطیت، جست۔ پھر لکھا ہے کہ ان سب کا مفہوم ایک ہی ہے یعنی منعت۔ قلت وھذہ اقوال متقاربۃ یجمعھا قولک منعت۔ ترجمہ اس کے مطابق کیا گیا ہے۔

[۱۵] کفار و منکرین کے سامنے اللہ تعالیٰ کی قدرت اور عظمت کے مزید تکوینی دلائل پیش کیے جا رہے ہیں تا کہ وہ ان میں غور کریں اور اللہ تعالیٰ کی الوہیت اور وحدانیت کو تسلیم کرکے نورِ ہدایت سے اپنے قلوب کو روشن کریں۔ پہلے ان آیاتِ کونیہ کا ذکر فرمایا جو بلندی میں پائی جاتی ہیں بروج کا واحد برج ہے۔ اس کا ایک لغوی معنی ہے جس میں اہلِ زبان اس کو استعمال کرتے ہیں۔ اور ایک اس کا اصطلاحی معنی ہے جس میں یونان کے علماء ہیئت نے اسے استعمال کیا۔ دونوں معنے آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ برج کا لغوی معنی ہے ظاہر ہونا۔ جب عورت پردہ سے نکل آئے اور اپنی نمائش کرنے لگے تو کہتے ہیں تبرجت المرأۃ واصل البروج الظھور ومنھا تبرجت المرأۃ باظھار زینتھا۔ (قرطبی)
اس لغوی معنی کی مناسبت سے اس کا اطلاق ان چیزوں پر ہونے لگا جو دور سے نمایاں ہوتی ہیں مثلاً قلعہ، محل، شاہراہ وغیرہ والبروج جمع برج وھو لغۃ القصر والحصن (روح المعانی) اسی وجہ سے وہ بڑے ستارے جو دور سے نمایاں ہوتے ہیں انھیں بھی اہلِ عرب برج کے لفظ سے تعبیر کرتے ہیں المراد بالبروج الکواکب العظام (روح المعانی، قرطبی) اور ابو صالح نے کہا ہے کہ بروج سے مراد سبع سیارات ہیں۔ (قرطبی) علماء ہیئت نے جب یہ مشاہدہ کیا کہ سورج تین ماہ تک شمال کی طرف مائل ہوتا ہے پھر تین ماہ تک ہشتار رہتا ہے اس کے بعد وہ تین ماہ تک جنوب کی طرف مائل ہوتا ہے اور پھر تین ماہ تک ہشتار رہتا ہے تو انھوں نے سورج کے مدارِ حرکت کو بارہ حصوں میں بانٹا اور ہر حصہ کو برج کہا اور مدار کے ہر حصہ میں جو بڑے بڑے ستارے پائے جاتے ہیں ان کی ایک خیالی شکل اپنے ذہن میں مرتسم کر لی اور اس شکل سے اس برج کا نام رکھ دیا گیا۔ ان برجوں کے نام یہ ہیں: حمل۔ ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ اسد۔ سنبلہ۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو اور حوت۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ آیت میں بروج سے کیا مراد ہے۔ اس میں تو شک نہیں کہ مدارِ آفتاب کی یہ تقسیم یونانی علماء ہیئت نے کی تھی۔ اگر یہ بات ثابت ہو جائے کہ نزولِ قرآن سے پہلے عرب اس تقسیم کو جانتے تھے اور اس کو اپنی زبان میں استعمال کرتے تھے تو پھر ان برجوں سے وہی بارہ

مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۱۷﴾ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ

آسمان کو ہر شیطان سے جو راندہ ہوا ہے ۲۲؎ بجز اس کے جو چوری چھپے سن لے تو (اس صورت میں) تعاقب کرتا ہے اس کا

شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ

ایک روشن شعلہ ۲۳؎ اور زمین کو ہم نے پھیلا دیا ۲۴؎ اور گاڑ دیے اس میں محکم پہاڑ

برج مراد ہونگے جن کے نام ابھی اوپر لکھے گئے ہیں اور اگر اس کا قابل اعتماد ثبوت بہم نہ پہنچے تو بھی آیت کا مفہوم سمجھنے میں کوئی دقت نہیں کیونکہ اس وقت برج سے مراد وہ سات سیارے یا دیگر بڑے بڑے چمکدار ستارے ہونگے جو کروڑوں چمکتے ہوئے ستاروں میں بھی خوب نمایاں نظر آتے ہیں۔

۲۱؎ یعنی یہ نہیں کہ چمکدار ستارے بنا دیئے اور انہیں غیر منظم طور پر بکھیر دیا کہ ان سے روشنی حاصل ہوتی رہے اور ان کی کرنیں اپنی اپنی تاثیرات سے متعلقہ اشیاء کو متاثر کرتی رہیں اور بس۔ بلکہ ان کو ایسے موزوں طور پر سجایا ہے کہ دیکھنے والی آنکھ ان کے حسن ترتیب کو دیکھ کر دنگ رہ جاتی ہے الغرض یہ کوئی حسن مستور نہیں جس کی طرف توجہ دلانے کی ضرورت ہو۔ تاروں بھری اندھیری رات ہو یا چودھویں کا چاند اس خاکدان ارضی پر اپنے انوار کی بارش کر رہا ہو۔ حجلۂ عروسی سے نکلنے والی دلہن کی طرح حیاء کی سرخی گالوں پر لیے صبح کے وقت سورج جلوہ نمائی کر رہا ہو یا شام کے وقت مغربی افق کو اپنی حسرتوں کے خون سے سرخ کر کے وہ رات کی تاریکی میں گم ہونے کی تیاری کر رہا ہو۔ کون سا ایسا منظر ہے جس سے ہر شخص اپنے اپنے ذوق کے مطابق لطف اندوز نہیں ہوتا۔ خالق کائنات نے ہر چیز کو جس طرح مفید اور مستحکم بنایا ہے اتنا ہی اسے حسن و جمال بھی بخشا ہے۔

۲۲؎ اتنے مفید، حسین اور محیر العقول نظام کو قائم کر کے اس کی حفاظت کا بندوبست نہ کرنا حکمت ربانی کے خلاف تھا اس لیے فرمایا کہ ہر شیطان مردود کی دخل اندازی، اس کی تخریبی سرگرمی اور فساد انگیزی سے اس نظام کو اس طرح محفوظ کر دیا گیا ہے کہ کسی کی مجال نہیں کہ اس میں کوئی گڑبڑ پیدا کر سکے۔ یہ نظام شمسی جس طرح مرتب کیا گیا ہے اس کے ثوابت کے لیے جو جو مقامات متعین کیے گئے ہیں اور اس کے سیارات کے لیے حرکت کرنے کی جو راہیں مقرر کی گئی ہیں۔ کوئی تخریبی قوت بال برابر بھی اس میں فساد برپا نہیں کر سکتی۔ اگر کوئی شیطان مردود قدرت کی طرف سے مقرر حد بندیوں کو توڑ کر آگے جانا چاہتا ہے تو شہاب ثاقب سے اس کی تواضع کی جاتی ہے۔

۲۳؎ شہاب کے بھی دو معنی ہیں۔ ایک لغوی اور ایک اصطلاحی۔ لغت میں شہاب چمکنے والی آگ کو کہتے ہیں الشهاب في اللغة النار الساطعة اس کے ساتھ یہاں مبین کی صفت مذکور ہے یعنی ظاہر اور بعض دیگر مقامات پر اس کو ثاقب کی صفت سے موصوف کیا گیا ہے جس کا معنی ہے چھیدنے والا یعنی ایسی تیز آگ جو ہر چیز میں سے سوراخ کر کے گزر جاتی ہے اور اصطلاح میں اس روشنی کو کہتے ہیں جو فضا میں شام کے بعد لمبی لکیر کی طرح نمودار ہوتی ہے اور پھر آناً فاناً غائب ہو جاتی ہے۔ اس شہاب کی حقیقت کیا ہے۔ جدید علم فلکیات کے ماہرین خود بھی وثوق سے اس کے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتے۔ وہ کہتے ہیں آج تک ہم اپنی تحقیق سے جس نتیجہ پر پہنچے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ نظام شمسی کا کوئی چھوٹا سا تارا ٹوٹتا ہے جس کے اجزاء جب ہوا کے کرہ میں داخل ہوتے ہیں تو رگڑ سے بھڑک اٹھتے ہیں انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا میں ہے کہ ہم شہاب ثاقب کی ماہیت کے متعلق آج جو بہترین توجیہہ بیان کر سکتے ہیں وہ یہ ہے کہ نظام شمسی کا کوئی چھوٹا سا تارا ٹوٹتا ہے۔ اس ٹوٹنے والے

تارے کا بیشتر حصہ ہماری فضا میں پہنچنے سے پہلے یا تو گر دبن جاتا ہے یا بخارات میں تبدیل ہو کر اڑ جاتا ہے اور اقل قلیل ہماری فضا میں پہنچ کر دکھائی دیتا ہے اور اس کے کئی ٹکڑے زمین پر بھی گر پڑتے ہیں۔ شہاب ثاقب کے ٹکڑے مختلف عجائب خانوں میں موجود ہیں۔ سب سے بڑے ٹکڑے کا وزن چالیس ٹن تقریباً ۱۰۰۰ من ہے اور یہ ٹکڑا جنوب مغربی افریقہ میں ہے۔ اس سے کم وزن کا ایک ٹکڑا جو گرین لینڈ میں گرا تھا اس کا وزن ½ ۳۶ ٹن ہے۔ اسے کمانڈر پیری وہاں سے اٹھوا کر نیو یارک لے آئے (انسائیکلو پیڈیا گرولیر) (ENCY. GROLIER)

اٹھارھویں صدی میں پیرس کی سائنس اکیڈیمی نے شہاب ثاقب کا انکار کر دیا تھا اور وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ یہ سارے نمونے جو مختلف عجائب گھروں میں ہیں سب فرضی ہیں اور جن لوگوں نے ان کے گرنے کی چشم دید شہادتیں دی ہیں انھوں نے جھوٹ بولا ہے۔

لیکن اٹھارہ سو تین میں پیرس کے قریب ہی تین ہزار شہاب ثاقب کا مینہ برسا۔ اس طرح قدرت نے ان سائنسدانوں کے غرور کو توڑا اور ان کی کم علمی کا پردہ فاش کر دیا۔ انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا جلد ۱۵ صفحہ ۳۴۱۔

اسی ضمن میں حجرِ اسود کے متعلق بھی تسلیم کرتے ہیں کہ وہ زمینی پتھر نہیں ہے بلکہ کوئی آسمان سے اتری ہوئی چیز ہے۔ انھوں نے اپنی کم علمی کے باعث اسے بھی ایک شہاب ثاقب تصور کیا ہے لیکن یہ ان کی کم علمی ہے۔ بہر حال اس بات کا تو انھیں اعتراف کرنا پڑا کہ یہ یہاں کا پتھر نہیں ہے۔

THE BLACK STONE OF THE KABA, THE HOLIEST OF HOLIES OF THE MUHAMMADANS, IS NO DOUBT A STONE METEORITE WITH ITS STRANGE BLACK CRUST 341 ENC. BRI. 15

جب تک یونانی علم ہیئت کے زیر اثر ہم یہ سمجھتے رہے کہ زمین سے خشک بخارات اٹھتے ہیں اور جب وہ کرہ ناری کے قریب پہنچتے ہیں تو جل اٹھتے ہیں۔ انہی جلنے والے بخارات کو شہاب ثاقب کہا جاتا ہے تو ہمیں قرآن کریم کی ان آیات کا مفہوم بیان کرنے کے لیے بڑی دقت کا سامنا کرنا پڑتا تھا لیکن جدید تحقیقات سے جب یہ ثابت ہو گیا کہ شہاب ثاقب نظام شمسی کے کسی ٹوٹنے والے تارے کا جدا شدہ ٹکڑا ہے تو اب معاملہ بہت حد تک واضح ہو گیا ہے۔

رہا یہ مسئلہ کہ ان شہابوں سے شیطانوں کے روکنے کا کام کیونکر لیا جاتا ہے۔ اگر آپ موجودہ تحقیقات کی روشنی میں اس کی کوئی علمی توجیہ پیش کرنے سے قاصر ہیں تو جلد بازی میں اس کا انکار نہ کیجیے۔ اس پر یقین رکھیے کہ یہ سچ ہے۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے اور اس کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا واضح ارشاد ہے۔ اسے بھی سر دست انھیں مسائل میں سے شمار کیجیے جس کو عقل انسانی ابھی تک نہیں سمجھ سکی اور انتظار کیجیے۔ حتیٰ کہ مستقبل کئی دوسری پیچیدہ گرہوں کی طرح اس عقدہ کی بھی گرہ کشائی کر دے اور اگر آپ فزکس کے طالب علم ہیں۔ اور مسلمان ہیں تو آپ ان مسائل کو سلجھانے کی ہرگز کوشش نہ کریں۔ کہیں آپ کے ذہن رسا کو نظر نہ لگ جائے۔ کسی کالج میں لیکچرار بن جائیے پھر بھی مزید مطالعہ یا تحقیق کی طرف راغب ہو کر اپنی آرام دہ زندگی کو بے آرام نہ بنائیے۔ اور اگر کچھ کرنے کے لیے دل مجبور ہی کرے تو کتابوں کے نوٹ اور خلاصے لکھ کر رکھ لیجیے تاکہ آپ کے شاگردوں کو بھی اس علم میں صرف اتنی ہی دسترس حاصل ہو جس سے وہ امتحان میں پاس ہو جائیں۔ مبادا آپ کی کاوش اور تحقیق سے کوئی قرآنی مسئلہ حل ہو جائے۔

بجھی عشق کی آگ اندھیر ہے ۔۔۔ مسلماں نہیں راکھ کا ڈھیر ہے

وَ اَنۢبَتۡنَا فِيۡهَا مِنۡ كُلِّ شَىۡءٍ مَّوۡزُوۡنٍ ﴿۱۹﴾ وَجَعَلۡنَا لَكُمۡ فِيۡهَا

اور ہم نے اگادی اس میں ہر چیز اندازے کے مطابق ۔ ۲۰؎ اور ہم نے بنادیے تمہارے لیے بھی اس میں

الٰہی! ہمارے جوانوں کی خفتہ صلاحیتوں کو بیدار فرما۔ ان کے دلوں کو حقیقت سے آشنا کردے۔ انھیں اپنی دینی اور قومی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی لگن بخشدے ان کی آسانوں کو سوز آرزو سے تڑپا دے۔

خرد کو غلامی سے آزاد کر — جوانوں کو پیروں کا استاد کر
جگر سے وہی تیر پھر پار کر — تمنا کو سینوں میں بیدار کر
تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے — دل مرتضیٰ سوز صدیق دے

آمین بجاہ طٰہٰ ویٰسین صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

۱۹؎ عالم بالا میں اپنی قدرت کے کمالات کا ذکر کرنے کے بعد اب حضرت انسان کو کرۂ ارض میں غور و فکر کی دعوت دی جارہی ہے۔ جہاں وہ اپنی زندگی کی مدت پوری کرتا ہے۔ فرمایا اس زمین کو دیکھو ہم نے اسے کتنا کشادہ کردیا۔ اربوں کی تعداد میں تو صرف انسان یہاں بستے ہیں۔ پھر اسی پران کے رہنے کے مکان ہیں۔ یہیں ان کی وسیع سیرگاہیں ہیں۔ اس کے مزروعہ رقبہ کا شمار بھی کوئی آسان بات نہیں انسان کے علاوہ ان گنت قسم کے پرند وچرند کے لاتعداد افراد کا بھی یہ مسکن ہے۔ اس کی کشادگی کا اندازہ کرنا ہو تو ذرا ان صحراؤں کو دیکھو جو ہزاروں میل کے رقبہ میں پھیلے ہوئے ہیں۔ پھر یہ بلند و بالا پہاڑ جو اپنی جگہ پر کیل کی طرح گڑے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ یہ سب چیزیں اسی کی پیدا کی ہوئی زمین میں سمائی ہوئی ہیں اور پھر بھی زمین کا بیشتر حصہ غیر آباد ہے تو جس قادر مطلق نے اتنی وسیع زمین بنائی ہے اور اس میں تمہاری آسائش کے لیے ہر ضروری سامان مہیا کردیا ہے اس کی الوہیت اور وحدانیت کا انکار کرنا کہاں کی عقلمندی ہے۔

۲۰؎ علامہ زمخشری نے اس کا معنی یہ کیا ہے کہ ہر چیز کو حکمت کے میزان پر تولا گیا ہے اور ہر چیز کو اتنی ہی مقدار بخشی گئی ہے جو اس کے لیے مناسب ہے۔ اس میں نہ زیادتی کی گنجائش ہے اور نہ کمی کا احتمال قال زمخشری وزن بمیزان الحکمۃ وقدر بمقدار یقتضیہ لا یصلح فیہ زیادۃ ولا نقصان۔ (بحر)

اب اگر آپ کسی چیز پر سرسری نظر ہی ڈالیں گے تو آپ کو اس میزان حکمت کا احساس ہوجائے گا۔ ہر چیز کے لیے خواہ وہ جاندار ہو یا بے جان۔ نباتات ہو یا جمادات معین مقدار اور مخصوص خاصیتیں رکھ دی ہیں۔ جن میں کہیں رد و بدل آپ کو دکھائی نہیں دے گا۔ گندم کے پودے پر انار کے دانے نہیں لگ سکتے۔ چڑیا کی جو شکل اور حجم مقرر ہے۔ اس میں تبدیلی نہیں ہوسکتی۔ شیر جیسے قوی جانور کے لیے بھی قد و قامت کا ایک خاص پیمانہ مقرر ہے۔ جس سے وہ آگے تجاوز نہیں کرسکتا۔ شیر بڑھ کر ہاتھی کا حجم اختیار نہیں کرسکتا اور ہاتھی اپنے حجم کو گھٹا کر بلی کی شکل اختیار نہیں کرسکتا۔ ہر چیز کے لیے ایسے مضبوط قوانین اور ایسے معین پیمانے مقرر ہیں جن میں تبدیلی نہیں ہوسکتی۔

مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا

رزق کے سامان[۲۱] اور ان کے لیے بھی جنھیں تم روزی دینے والے نہیں ہو[۲۲] اور نہیں کوئی چیز مگر

عِنْدَنَا خَزَآىِٕنُهٗ ۟ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾ وَاَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ

ہمارے پاس اس کے خزانے (بھرے پڑے) ہیں[۲۳] اور ہم نہیں اتارتے اسے مگر ایک معلوم اندازے کے مطابق۔ پس ہم بھیجتے ہیں ہوائیں کو

لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَاۤ اَنْتُمْ لَهٗ

باردار بنا کر[۲۴] پھر ہم اتارتے ہیں آسمان سے پانی پھر ہم پلاتے ہیں تمھیں وہی پانی۔ اور تم اس کا ذخیرہ کرنے والے

[۲۱] معایش کا واحد معیشۃ ہے۔ اس سے مراد وسائل معاش ہیں یعنی کھانے پینے کی چیزیں۔ اور ماوردی نے کہا ہے کہ اس سے عمر بھر اسباب رزق میں تصرف کرنا مراد ہے۔ وقیل انها التصرف فی اسباب الرزق مدة الحیاة قال الماوردی: وهو الظاهر (قرطبی)

[۲۲] تم اس غلط فہمی کا شکار ہو کر تم اپنے رزق کے خود کفیل ہو اور اس کا اہتمام تم خود کرتے ہو۔ یہ بات خلاف واقع ہے۔ یہ پانی جو تم پیتے ہو۔ یہ روٹی جو تم کھاتے ہو۔ یہ گوشت سبزیاں پھل وغیرہ جو تم استعمال کرتے ہو ان کے فراہم کرنے والے تو ہم ہیں۔ تم نے تو صرف ان کو پکا کر کھا لیا اور پکانے اور ان چیزوں کو کام میں لانے کی سمجھ بھی ہماری دی ہوئی ہے۔ اور اس کے علاوہ ادھر دیکھو یہ ان گنت پرندے، یہ جنگلی جانور اور درندے، یہ کیڑے مکوڑے، یہ سمندر میں بسنے والی بے اندازہ جاندار مخلوق کیا ان کا کھانا تمھارے مطبخ سے پک کر جاتا ہے۔ انھیں بھی ہم دیتے ہیں اور تمھیں بھی ہم کھلاتے ہیں۔

[۲۳] ہر چیز کے ہمارے پاس بھرے ہوئے خزانے ہیں کسی چیز کی کمی نہیں۔ انہی سے ساری مخلوق کے رزق کا انتظام ہو رہا ہے اور انکی ضروریات کی کفالت کی جا رہی ہے اور تم تو اندازہ ہی نہیں لگا سکتے کہ یہ سلسلہ کب سے شروع ہوا ہے اور تمھیں یہ بھی معلوم نہیں کہ کب تک جاری رہیگا نا معلوم زمانہ سے لے کر ان کی خوراک کا انتظام انھیں قدرتی خزانوں سے ہو رہا ہے اور وہاں کوئی کمی نہیں ہوئی۔ اسی طرح ہوتا رہے گا اور یہ خزانے بھرے کے بھرے رہیں گے لیکن ان معمور اور بھرے ہوئے خزانوں کو بانٹنے پر کوئی اندھی فطرت مقرر نہیں جو بلا تمیز لوں ہی لٹاتی رہے بلکہ اس کی تقسیم کا اختیار اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے جو علیم بھی ہے اور حکیم بھی۔ وہ اپنی حکمت کے مطابق جتنا چاہتا ہے جس وقت چاہتا ہے اور جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔

[۲۴] یہ آیت غور طلب ہے۔ جب نر مادہ کے ساتھ جفتی کرتا ہے اور مادہ تر لیا اس میں ڈالتا ہے تو عرب کہتے ہیں القحها الفحل ای القی الیها الماء۔ علماء تفسیر نے ہواؤں کو لواقح کہنے کی متعدد وجوہ ذکر کی ہیں۔ یا تو اس لیے ہواؤں کو لواقح کہا جاتا ہے کہ یہ بارش کے پانی بادلوں کے مشکیزوں میں اٹھائے ہوئے آتی ہیں یا اس لیے کہ بادلوں میں یہ اس رطوبت کو ملاتی ہیں جس سے ان سے بارش برسنے لگتی ہے وقیل الریح الملاقح التی تحمل الندی فتمجه فی السحاب فاذا اجتمع فیه صار مطراً یا اس لیے انھیں لواقح کہا گیا کہ یہ درختوں کو باردار کرتی ہیں

بِخٰزِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ

نہیں ہو۔ ۲۵ اور بیشک ہم ہی زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہم ہی (ان سب کے) وارث ہیں۔ اور یقیناً

یعنی نر درختوں کے گابھوں کو لے کر مادہ درختوں کے گابھوں میں جا کر ڈالتی ہیں ثم یبعث اللواقح فتلقح الشجر پھر اللہ تعالےٰ لواقح ہواؤں کو بھیجتا ہے جو درختوں کو باردار کرتی ہیں۔ (قرطبی)

قرآن پاک نے اس راز سے پہلے ہی پردہ اٹھا دیا تھا کہ نر مادہ کا وجود صرف جاندار مخلوق میں ہی نہیں ہے بلکہ ہر قسم کی نباتات کی افزائش نسل کے لیے یہی طریقہ مقرر کیا ہوا ہے۔ سبحان الذی خلق الازواج کلھا مما تنبت الارض ومن انفسھم ومما لا یعلمون (۳۶ : ۳۶) یعنی پاک ہے وہ ذات جس نے سب جوڑے بنائے ان چیزوں سے بھی جنھیں زمین اگاتی ہے۔ اور خود ان سے بھی اور ان چیزوں سے بھی جنھیں (ابھی) وہ نہیں جانتے اگر درختوں، پودوں، جڑی بوٹیوں کے شگوفے ان کی مادہ تک نہ پہنچیں تو کیونکر؟ انسان سارے کام چھوڑ کر اگر یہی ایک کام کرنے لگے تو پھر بھی وہ اس کا لاکھواں حصہ انجام نہیں دے سکتا۔ یہ چیز انسان کی طاقت سے ماورا تھی اس لیے قدرت نے اپنی کرم گستری سے اس کا خود ہی اہتمام فرما دیا۔ حضرت انسان کو خبر تک ہی نہیں ہوتی اور اس کے باغوں میں، کھیتوں میں، چراگاہوں میں اور جنگلوں میں اور نہ معلوم اور کہاں کہاں ہوائیں چپکے سے عمل تلقیح کو انجام دے رہی ہوتی ہیں جن کے طفیل درختوں کی ٹہنیاں رنگ برنگ خوشنما ذائقہ پھلوں سے لدگئی ہیں اور جھوم جھوم کر اپنے خالق کے حضور آداب بندگی بجا لا رہی ہیں۔ کھیتوں کے پودوں پر خوشوں کے تاج سجائے جا رہے ہیں۔ اور ان کو دانوں کے موتیوں سے آراستہ کیا جا رہا ہے اور وہ جھک جھک کر اپنے خالق کی ربوبیت اور کبریائی کے گیت گا رہے ہیں۔ چراگاہوں میں آپ نے کبھی دیکھا ہوگا کہ گھاس کس طرح زمین پر بچھی چلی جا رہی ہے۔ وہ بھی اسی کی بارگاہ عظمت میں سجدے کر رہی ہے۔ جس نے اس کی بقا اور بالیدگی کا حکیمانہ انتظام فرما دیا۔ ایک حضرت انسان جس کے لیے کارخانہ ہستی کی ہر چھوٹی اور بڑی چیز مصروف خدمت ہے وہ بے شعور پڑا ہے۔ الا ما شاء اللہ۔ یہی حقیقت تھی جس کے پیش نظر حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کو تأبیر نخل نہ کرنے کا مشورہ دیا تھا کیونکہ جب دوسرے تمام درختوں پر ہم عمل تلقیح نہیں کرتے بلکہ ہوائیں از خود اس کام کو انجام دے رہی ہیں تو آخر کھجور کے درخت نے کیا قصور کیا ہے کہ ہواؤں کی عملداری سے اسے خارج کر دیا گیا ہو اور اسکے لیے انسان کو زحمت گوارا کرنی پڑے لیکن جب صحابہ کرام نے دوسرے سال کم پھل آنے کی شکایت کی جسکی وجہ یہ تھی کہ وہ درخت اس عمل تأبیر کے برسوں کے عادی تھے اور ان کو اپنی طبعی حالت پر آنے کے لیے کچھ وقت چاہیے تھا، تو حضور نے فرمایا انتم اعلم بامور دنیاکم یہ دنیوی کام ہیں جنہیں تم بہتر سمجھتے ہو۔ کیونکہ اس چیز کا تعلق احکام شرعی سے نہ تھا اس لیے اس پر عمل کرنا اور نہ کرنا انہی کی مرضی پر چھوڑ دیا گیا تاکہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق عمل کریں۔ نیز اس قسم کے مسائل کا بتلانا نبی کے فرائض میں داخل نہیں ہوتا بلکہ ان عقدوں کو حل کرنے کے لیے انسان کو اپنے تجربہ، مشاہدہ اور غور و فکر سے کام لینا چاہیے اس لیے یہاں صحابہ کو مجبور کرنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ حضور کا یہ ارشاد فرمانا نہ جاننے کی دلیل نہیں جیسے بعض لوگوں کو غلط فہمی ہوئی بلکہ حضور کے علم کی وسعت کا ناقابل تردید ثبوت ہے کہ جن مسائل کو سلجھانے کے لیے انسان کو ابھی صدیوں غور و فکر کرنا تھا ان کو حضور آج ہی سمجھتے ہیں۔

۲۵ تمہارے کنوئیں تمہارے تالاب تمہاری ٹینکیاں اور تمہارے ڈیم جن میں تم پانی کا ذخیرہ جمع کرتے ہو یہ بھی تو ہمارے خزانوں کی کرم گستریاں کی

عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِنَّ

ہم جانتے ہیں ان کو بھی جو گزر چکے ہیں تم میں سے اور یقیناً ہم جانتے ہیں بعد میں آنے والوں کو۔ ۲۴ اور بیشک

رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

آپکا پروردگار ہی انھیں (روز قیامت) جمع کریگا۔ بیشک وہ بڑا دانا سب کچھ جاننے والا ہے ۲۵ اور بلاشبہ ہم نے پیدا کیا انسان کو ۲۶

وجہ سے سرسبز ہیں۔ اگر ان خزانوں کے منہ بند کر دیئے جائیں تو حقیقت معلوم ہو جائے۔

۲۴ کمال قدرت کے ذکر کے بعد کمال علم کا بیان ہے یعنی جس طرح وہ ہر چیز پر قادر ہے اسی طرح ہر چیز کو وہ جانتا بھی ہے۔

۲۵ یعنی اللہ تعالیٰ کی حکمت کا تقاضا بھی یہی ہے کہ انسان کو قیامت کے دن پھر زندہ کرے اور ان کو ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے اور وہ ہر شخص کو خواہ اس کو مرے ہوئے ہزارہا سال بھی کیوں نہ گزر چکے ہوں اور خواہ اس کے ذرے اڑ کر کہیں سے کہیں کیوں نہ چلے گئے ہوں وہ ان سب کو جانتا بھی ہے اور ان کو یکجا کرنے پر قادر بھی ہے۔ جب حکمت اس بات کی مقتضی ہو اور کوئی چیز علم سے باہر بھی نہ ہو اور وہ ہر چیز پر قادر بھی ہو تو پھر قیامت کے انکار کی کوئی جرأت نہیں کر سکتا بجز اس بدنصیب کے جسے اللہ تعالیٰ کے علم محیط، قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ پر ایمان نہ ہو۔

۲۶ قد و قامت میں انسان کو کائنات کی دوسری بڑی چیزوں سے کوئی نسبت ہی نہیں لیکن خالق کائنات نے بتایا کہ اس گرد و پیش اور بالا و پست میں جو کچھ تمہیں نظر آ رہا ہے یہ اسی پیکر خاکی کے لیے ہے جسے انسان کہا جاتا ہے۔ لازمی طور پر دل میں خیال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت انسان کو اتنی اہمیت کیوں بخشی گئی۔ آخر اس میں کونسا ایسا جوہر ہے کہ زمین و آسمان، مہر و ماہ، بحر و بر، بادل اور ہوائیں سب اس کی خدمت گزاری میں سرگرم عمل ہیں۔ اس لیے یہاں انسان کی حقیقت کو بیان کر کے اس کی اس خصوصیت کا ذکر کیا جا رہا ہے جس کے باعث اسے یہ بلند مقام نصیب ہوا۔ لیکن اس چیز کو سمجھنے سے پہلے اس بات کو ضرور ذہن نشین کر لیجئے کہ قرآن کریم خداوند علیم کا کلام ہے۔ یہ حق و صداقت کا منذر ترجمان ہے۔ اسے اپنی سچائی کے ثبوت کے لیے کسی فلسفی، کسی سائنسدان قدیم ہو یا جدید کی تائید کی ضرورت نہیں۔ نہ قرآن اس بات کا محتاج ہے کہ ان کی تحقیقات اور جستجو کے نتائج اس کے بیان سے ہم آہنگ ہوں تاکہ جب ہم سنیں کہ فلاں سائنسدان کی تحقیق قرآن کے کسی بیان کے خلاف ہے تو ہم قرآن پاک کو اس کے موافق کرنے کے جنون میں اس کی آیات کو زبردستی وہ معنی پہنانے کی کوشش کریں جن کو قبول کرنے کے لیے وہ ہرگز تیار نہیں اور پھر ہم یہ سمجھیں کہ ہم نے قرآن پر بڑا احسان کیا ہے۔ ایسا سمجھنا انتہائی نادانی ہے اور یہ حرکت از حد بھونڈی ہے۔ قرآن کریم قائد ہے پیرو نہیں۔ راہنما ہے مقلد نہیں۔ انسان کی پیدائش کے متعلق کئی نظریے پیش کیے گئے۔ اور اپنی موت آپ مر گئے۔ ڈاروِن کا نظریہ کہ انسان بندر کی ترقی یافتہ صورت ہے بڑے جوش و خروش سے اٹھا اور عقائد کی قدیم دنیا میں ایک زلزلہ برپا ہو گیا لیکن قرآن نہ پہلے نظریوں سے خائف تھا اور نہ اس سے وہ ہراساں ہے۔ جن نظریات کی بنیاد ہی ظن و تخمین اور ناقص استقراء پر ہو یا استقراء بھی ایسا عالم ہو کہ اس کا سرا ابھی معلوم نہیں۔ درمیان کی کئی کڑیاں بھی گم ہیں۔ چند بکھری ہوئی کڑیاں ملیں ان کو زبردستی جوڑ کر ایک زنجیر کا نام دے دینا اور اس کو استقراء تام تسلیم کر کے اس سے کوئی نظریہ اخذ کرنا کہاں کی دانشمندی ہے۔ قرآن کریم نے صاف الفاظ میں

مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ

کھنکھناتی ہوئی مٹی سے جو پہلے سیاہ بدبودار گارا تھی۔ اور جان کو ہم نے پیدا فرمایا اس سے پہلے

مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا

ایسی آگ سے جس میں دھواں نہیں ۲۹؎ اور (اے محبوب!) یاد فرماؤ جب آپ کے رب نے کہا فرشتوں کو میں پیدا کرنے والا ہوں بشر کو

مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾ فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِیْهِ

کھنکھناتی مٹی سے جو پہلے سیاہ بدبودار کیچڑ تھی۔ تو جب میں اسے درست فرما دوں اور پھونک دوں

مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِیْنَ ﴿۲۹﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۳۰﴾

اس میں خاص روح اپنی طرف سے ۳۰؎ تو گر جانا اس کے سامنے سجدہ کرتے ہوئے ۳۱؎ پس سربسجود ہو گئے فرشتے سارے کے سارے۔

فرمایا کہ انسان (ابوالبشر آدم) کی تخلیق ایسی بجنے والی مٹی سے ہوئی جو پہلے بدبودار سیاہی مائل کیچڑ تھا۔ اس سے اس کا کالبد تیار ہوا پھر اس میں اللہ تعالیٰ نے خاص روح پھونکی۔ اسی روح کی وجہ سے اس کے سر پر خلافت ارضی کا تاج رکھا گیا اسی وجہ سے انسان مسجود ملائک بنا۔ انسانی تخلیق کے بارے میں قرآن کا یہی نظریہ ہے۔ اسی پر ہمارا ایمان ہے اور یہی حق ہے۔ اگر آج نہیں تو کل یقیناً انسانی تحقیقات اسی منزل پر پہنچ جائیں گی۔ یہاں چند الفاظ تحقیق طلب ہیں۔

صلصال : اُس خشک شدہ کیچڑ کو کہتے ہیں جسے اگر انگلی سے ٹکرایا جائے تو وہ بجنے لگے۔

حمأ : اُس مٹی کو کہتے ہیں جو کافی دیر پانی میں رہنے کی وجہ سے سیاہ ہو گئی ہو۔

مسنون : اس کا معنی بدبودار بھی ہے اور قالب میں ڈھلا ہوا بھی۔ یہاں دونوں معنی مراد لیے جا سکتے ہیں۔

علماء لغت نے لکھا ہے کہ مختلف حالتوں میں مٹی کے مختلف نام ہیں۔ پانی میں بھگونے سے پہلے اسے تراب کہتے ہیں۔ پانی میں بھیگ جائے تو اسے طین (کیچڑ) کہتے ہیں اور جب کافی عرصہ پانی میں بھیگی رہے یہاں تک کہ اس کی رنگت سیاہ ہو جائے تو اسے حمأ کہتے ہیں اور جب اس میں بو پیدا ہو جائے یا اسے کوئی صورت دی جائے تو اسے مسنون کہتے ہیں اور جب وہ خشک ہو جائے تو اسے صلصال کہتے ہیں اور جب اسے آگ میں پکا لیا جائے تو اسے فخار کہتے ہیں۔

۲۹؎ انسان سے پہلے ایک اور نوع کو پیدا کیا گیا تھا جس کا نام جان ہے۔ اس کی تخلیق نار السموم سے ہوئی۔ سموم اس آگ کو کہتے ہیں جو سخت تیز گرم ہو اور جس سے دھواں نہ اٹھے۔ قال ابن عباس السموم الریح الحارۃ التی تقتل وعنہ انہا نار لا دخان فیہا۔

۳۰؎ اس آیت کے متعلق حضرت علامہ ثناء اللہ پانی پتی نے بڑی مفید اور جامع بحث کی ہے اس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

إِلَّآ إِبْلِيسَ ۖ أَبَىٰٓ أَن يَكُونَ مَعَ ٱلسَّٰجِدِينَ ﴿٣١﴾ قَالَ يَٰٓإِبْلِيسُ

سوائے ابلیس کے۔ اس نے انکار کردیا کہ وہ سجدہ کرنے والوں کے ساتھ ہو۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے ابلیس!

مَا لَكَ أَلَّا تَكُونَ مَعَ ٱلسَّٰجِدِينَ ﴿٣٢﴾ قَالَ لَمْ أَكُن لِّأَسْجُدَ لِبَشَرٍ

کیا وجہ ہے کہ تو نے سجدہ کرنے والوں کا ساتھ نہیں دیا۔ وہ گستاخ کہنے لگا کہ میں گوارا نہیں کرتا کہ سجدہ کروں اس بشر کو

خَلَقْتَهُۥ مِن صَلْصَٰلٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ ﴿٣٣﴾ قَالَ فَٱخْرُجْ مِنْهَا

جسے تو نے پیدا کیا ہے بجنے والی مٹی سے جو پہلے سیاہ بدبودار تھی [۳۲] اللہ تعالیٰ نے حکم دیا (اے بے ادب) نکل جا

فَإِنَّكَ رَجِيمٌ ﴿٣٤﴾ وَإِنَّ عَلَيْكَ ٱللَّعْنَةَ إِلَىٰ يَوْمِ ٱلدِّينِ ﴿٣٥﴾ قَالَ

یہاں سے تو مردود ہے۔ اور بلاشبہ تجھ پر لعنت ہے روزِ جزا تک۔ کہنے لگا

وہ فرماتے ہیں روح کی دو قسمیں ہیں۔ علوی اور سفلی۔ روح علوی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے لیکن مادی نہیں بلکہ مجرد ہے اور نظرِ کشف سے اس کا مقام عرش کے اوپر پتہ چلتا ہے۔ امام غزالی کا بھی یہی مسلک ہے کہ روح مجرد ہے لیکن جمہور متکلمین کی رائے یہ ہے کہ یہ جسم لطیف ہے اپنی ماہیت اور صفت کے لحاظ سے دوسرے اجسام سے مختلف ہے اور جسم میں اس طرح حلول کیے ہوئے ہے جیسے زیتون کے دانہ میں تیل۔ یا کوئلہ میں آگ۔

(۲) اور روح سفلی اس بخار لطیف کا نام ہے جو عناصرِ اربعہ سے پیدا ہوتا ہے اور اسی کو نفس بھی کہتے ہیں اور یہی سفلی روح، علوی روح کا آئینہ ہے جس میں وہ ظاہر ہوتی ہے۔ روح انسانی کو اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف مضاف فرمایا ہے (نفخت فیہ من روحی)۔ یہ اضافت بعضیت کی نہیں بلکہ تشریفاً اور عزت افزائی کے لیے ہے جس طرح بیت اللہ۔ ناقۃ اللہ اور شہر اللہ کہا جاتا ہے۔ اس کی اضافت کی وجہ یہ ہے کہ تجلیات رحمانیہ کے قبول کرنے کی صلاحیت صرف اس میں پائی جاتی ہے تشریفاً لکونہ مخلوقاً بامرہ من غیر مادۃ ولاستعدادہ قبول التجلیات الرحمانیۃ مالا یستعد لہ روح غیر الانسان کیونکہ یہ روح عالم خلق اور عالم امر دونوں کی خصوصیات کی جامع ہے۔ اسی لیے اسے خلافت کا مستحق قرار دیا گیا اور نورِ معرفت اور آتش عشق کا اہل قرار پایا۔ نیز ذاتی، صفاتی اور ظلالی تجلیات کا مہبط بنا۔ وصار مستحقاً للخلافۃ اھلاً لنور المعرفۃ ونار العشق۔ ومھبطاً للتجلیات الذاتیۃ والصفاتیۃ والظلالیۃ۔ (مظہری)

[۳۱] انہی صفات کی وجہ سے فرشتوں کو حکم ملا کہ اس کے آگے سجدہ میں گر پڑو۔ اگر آدم علیہ السلام مسجود لہ ہوں یعنی سجدہ انہی کو کیا گیا ہو تو پھر یہ سجدہ تعظیمی ہوگا اور اگر آدم علیہ السلام مسجود الیہ ہوں تو پھر آدم علیہ السلام کعبہ کی مانند ہوں گے اور سجدہ اللہ تعالیٰ کو ہوگا۔

[۳۲] اس بدنصیب کی نظر صرف حمأ مسنون کو دیکھ سکی لیکن ونفخت فیہ من روحی کے راز کو نہ سمجھ سکی اور ایسی ٹھوکر کھائی کہ عمر

رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْۤ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝٣٦ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝٣٧

اے میرے رب! پھر مہلت دے مجھے اس دن تک جب مردے (قبروں) سے اٹھائے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا بیشک تو مہلت دیئے ہوئے گروہ میں سے ہے۔

اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ۝٣٨ قَالَ رَبِّ بِمَاۤ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ

(جنھیں) وقت مقررہ کے دن تک مہلت دی گئی ہے۔ وہ بولا اے رب! اس وجہ سے کہ تو نے مجھے بھٹکا دیا میں (ان کے گناہ)

لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝٣٩ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ

ضرور خوشنما بنا دوں گا ان کے لیے زمین میں[۳۳] اور میں ضرور گمراہ کروں گا ان سب کو۔ سوائے تیرے ان بندوں کے جنھیں ان میں سے

الْمُخْلَصِيْنَ ۝٤٠ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ۝٤١ اِنَّ

چن لیا گیا ہے[۳۴] اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ سیدھا راستہ ہے جو میری طرف آتا ہے۔[۳۵] بیشک

بھر کی نیکیاں مسترد کر دی گئیں، اور ہمیشہ کے لیے در رحمت سے دھتکار دیا گیا۔ آج بھی کئی لوگ جمالِ مصطفوی کی رعنائیوں کو نہیں دیکھتے اور اپنے جیسا بشر کہنے کی جسارت کرتے ہیں انھیں شیطان کے انجام سے عبرت حاصل کرنی چاہیے۔

۳۳۔ شیطان کا گستاخانہ لہجہ ملاحظہ ہو۔ اغویتنی کی تحقیق کے لیے سورۃ الاعراف کی آیت نمبر ۱۶ کا حاشیہ دیکھیے۔

۳۴۔ یعنی وہ بندے جن کو تو نے اپنی عبادت و طاعت کے لیے چن لیا اور شکوک و شبہات کی آلودگیوں سے پاک و صاف رکھا۔ ان پر میرا بس نہیں چلتا۔ یہ وہ پاک لوگ ہیں جن کے عزم و استقامت کے سامنے شیطان جیسا مُنہ زور بھی ہار ماننے پر مجبور ہے۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ان ابلیس قال یارب وعزتک وجلالک لا ازال اغوی بنی آدم مادامت ارواحھم فی اجسامھم وقال الرب وعزتی وجلالی لا ازال اغفر لھم ما استغفرونی یعنی شیطان نے کہا اے رب مجھے تیری عزت و جلال کی قسم جب تک ان کی روحیں ان کے جسم میں رہیں گی میں ان کو گمراہ کرتا رہوں گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا، مجھے بھی اپنی عزت و جلال کی قسم، جب تک یہ مجھ سے مغفرت طلب کرتے رہیں گے میں ان کو معاف کرتا رہوں گا۔ (قرطبی)

۳۵۔ ھٰذا کا اشارہ اخلاص ہے یعنی جس نے بناوٹ اور ریا، تکلف اور تصنع سے کلیۃً اجتناب کرتے ہوئے اخلاص کو اپنا شعار بنا لیا وہی اس راہ پر گامزن ہوا جو سیدھا ہمارے پاس لے آئیگا۔ ھذا ای الاخلاص صراط علیّ ای طریق فی الوصول الیّ من غیر ضلال مستقیم لا اعوجاج فیہ اصلا (مظہری)

عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ

میرے بندوں پر تیرا کوئی بس نہیں چلتا ۳۶ مگر وہ جو تیری پیروی کرتے ہیں

الْغٰوِیْنَ ﴿۴۲﴾ وَ اِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۴۳﴾ لَهَا سَبْعَةُ

گمراہوں میں سے۔ اور بیشک جہنم وعدہ کی جگہ ہے ان سب کے لیے۔ اس کے سات

اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ

دروازے ہیں ۳۷ ہر دروازے کے لیے ان میں سے ایک حصہ مخصوص ہے یقیناً پرہیزگار اس دن باغوں اور

جَنّٰتٍ وَّ عُیُوْنٍ ﴿۴۵﴾ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِیْنَ ﴿۴۶﴾ وَ نَزَعْنَا مَا فِیْ

چشموں میں (آباد) ہوں گے ۳۸ (انہیں حکم ملے گا) داخل ہو جاؤ ان جنتوں میں خیر و عافیت کے ساتھ بےخوف ہو کر۔ اور ہم نکال دیں گے جو کچھ ان کے

صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ﴿۴۷﴾ لَا یَمَسُّهُمْ

سینوں میں کینہ (وغیرہ) تھا ۳۹ وہ بھائی بھائی بن جائیں گے اور تختوں پر آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔ نہیں پہنچے گی انہیں

۳۶؎ اللہ تعالیٰ نے بھی یہ فرما دیا کہ واقعی جو میرے بندے ہیں وہ شیطان کے دام فریب میں نہیں آ سکتے۔ ان کو گمراہ کرنے کے لیے وہ سارے جتن کر کے دیکھ لے اسے کبھی کامیابی نہ ہوگی۔ الا من تبعک میں استثنا منقطع ہے کیونکہ عبادی سے مراد عبادی المخلصون ہیں۔

۳۷؎ دوزخ کے سات طبقے ہیں۔ ہر طبقہ کا الگ الگ دروازہ ہے۔ ان سات طبقوں کے نام یہ ہیں۔ جھنم۔ لظی۔ الحطمه۔ السعیر۔ السقر۔ الجحیم۔ الھاویه ہر طبقہ میں تدریجاً عذاب زیادہ ہوتا جائے گا اور مختلف گناہوں والے اپنے اپنے گناہوں کی سنگینی کے مطابق الگ الگ حصوں میں ڈالے جائیں گے۔

۳۸؎ مغضوبین کے احوال بیان کرنے کے بعد اب محبوبین کی عزت افزائیوں کا ذکر ہو رہا ہے۔

۳۹؎ دنیا میں دو نیک آدمی بھی بعض غلط فہمیوں کی وجہ سے ایک دوسرے سے کھچے کھچے رہ سکتے ہیں۔ دل میں ایک دوسرے کے متعلق حسد اور منافرت بھی پیدا ہو جاتی ہے جس کے باعث شکر رنجی بلکہ جنگ و جدال تک بھی نوبت پہنچ جاتی ہے۔ قیامت کے دن جنت میں داخل ہونے کا جب حکم ملے گا تو دلوں کو حسد و بغض کی آلائشوں سے پاک کر دیا جائے گا اور سب نیک بندے باہم شیر و شکر ہو جائیں گے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا ارجوان اکون انا وعثمان وطلحه وزبیر منهم میں امید کرتا ہوں کہ میں، عثمان، طلحہ، زبیر انہی لوگوں میں سے ہوں گے۔

فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ

اس میں کوئی تکلیف اور نہ انھیں اس سے نکالا جائے گا بتادو میرے بندوں کو کہ میں بلاشبہ

اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾

بہت بخشنے والا از حد رحم کرنے والا ہوں۔ اور (یہ بھی بتادو کہ) میرا عذاب بھی بہت دردناک عذاب ہے۔

وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ

وقف لازم

اور بتا دیجئے انھیں ابراہیم علیہ السلام کے مہمانوں کا قصہ[۴۰] جب وہ آپ کے پاس آئے تو انھوں نے کہا آپ پر سلام ہو[۴۱]

قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ

آپ نے کہا (اے اجنبیو!) ہم تو تم سے خائف ہیں۔ مہمانوں نے کہا مت ڈریئے ہم آپ کو مژدہ سنانے آئے ہیں ایک صاحب علم

عَلِيْمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓي اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ

بچے کی پیدائش کا۔ آپ نے کہا کیا تم مجھے اس وقت خوشخبری دینے آئے ہو جبکہ مجھے بڑھاپا لاحق ہوچکا ہے پس یہ

تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿۵۵﴾

کیسی خوشخبری ہے وہ بولے ہم نے تو آپ کو سچی خوشخبری دی پس نہ ہو جائیے آپ مایوس ہونے والوں سے۔

قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّاۗلُّوْنَ ﴿۵۶﴾ قَالَ فَمَا

آپ نے فرمایا کون ناامید ہوتا ہے اپنے رب کی رحمت سے بجز گمراہوں کے۔[۴۲] آپ نے کہا

[۴۰] سورہ ہود آیات ۶۹ تا ۷۰، کے حواشی میں اس کی تفصیل گزر چکی ہے۔

[۴۱] یہ نُسَلِّمُ یا سَلَّمْنَا کا مفعول ہے اس لیے منصوب ہے۔

وجلون جمع ہے۔ اس کا واحد وَجِلٌ اس کا معنی خائف ہے کیونکہ وہ بغیر اذن ایسے وقت میں آگئے تھے جو عام ملاقات کا وقت نہ تھا۔

[۴۲] حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ میں اپنے رب کی رحمت سے ناامید نہیں ہوں۔ میں تو ہر لحظہ اس کے فضل و کرم پر چشم امید لگائے بیٹھا ہوں اس کی رحمت سے مایوس تو صرف وہ لوگ ہوتے ہیں جو سیدھی راہ سے بھٹک گئے ہوں۔

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٧﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿٥٨﴾

اے فرستادو! کس اہم کام کے لیے تم آئے ہو۔ انھوں نے کہا ہم بھیجے گئے ہیں ایک مجرم قوم کی طرف۔

اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٥٩﴾ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ ۙ

مگر لوط کے گھرانے والے۔ ہم ان سب کو بچا لیں گے بجز اس کی بیوی کے ہم نے (بامر الٰہی) یہ طے

اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِۨ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٦١﴾ قَالَ

کیا ہے کہ وہ پیچھے رہ جانیوالوں میں سے ہوگی۔ پس جب آئے خاندان لوط کے پاس یہ فرستادے۔ آپ نے (انھیں دیکھ کر) کہا

اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿٦٢﴾ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿٦٣﴾

تم تو اجنبی لوگ معلوم ہوتے ہو۔ [٣٣] فرشتوں نے کہا ہم (اجنبی نہیں) بلکہ ہم لے آئے ہیں تمہارے پاس وہ چیز جس میں وہ شک کیا کرتے تھے [٣٤]

وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٦٤﴾ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ

اور ہم لے آئے ہیں آپکے پاس حق (عذاب) اور ہم بلاشبہ سچ کہہ رہے ہیں تو چلے جائیے اپنے اہل خانہ کے ساتھ رات کے کسی

الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ

حصہ میں اور خود انکے پیچھے پیچھے چلیے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھے تم میں سے کوئی، اور چلے جائیے جہاں (جانے کا)

تُؤْمَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ

تمھیں حکم دیا گیا ہے۔ اور ہم نے (بذریعہ وحی) لوط کو آگاہ کر دیا اس حکم سے کہ یقیناً ان کی جڑ کاٹ دی جائے گی جب وہ

[٣٣] میں تو تمھیں دیکھ کر پہچان بھی نہیں سکا کہ تم کون ہو تم یہاں کے رہنے والے بھی نہیں، ورنہ تم میرے واقف ہوتے، اور تم مسافر بھی نظر نہیں آتے، کیونکہ تم پر سفر کا کوئی نشان نہیں ہے۔

[٣٤] یعنی ہم وہ چیز لے کر آج تمھارے پاس آئے ہیں جس کے متعلق تم اپنی قوم کو بتلاتے تھے تو وہ اسے تسلیم نہیں کرتے تھے۔ تم ان کو اس سے ڈراتے تھے تو وہ مذاق کیا کرتے تھے۔ اب وہ وقت آگیا ہے جب اُن پر عذابِ الٰہی نازل ہوگا اور انھیں تباہ و برباد کر دیا جائے گا۔

مُّصْبِحِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿٦٧﴾ قَالَ اِنَّ

صبح کر رہے ہونگے۔ اور (اتنے میں) آ گئے شہر والے خوشیاں مناتے ہوئے۔ آپ نے (انھیں) کہا

هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿٦٨﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿٦٩﴾

(ظالمو) یہ تو میرے مہمان ہیں انکے بارے میں تو مجھے شرمسار نہ کرو۔ اور ڈرو اللہ (کے غضب) سے اور مجھے رسوا نہ کرو۔

قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ

وہ بولے کیا ہم نے تمھیں منع نہیں کیا تھا کہ دوسروں کے معاملہ میں دخل نہ دیا کرو۔ آپ نے کہا یہ میری (قوم کی) بچیاں ہیں اگر تم کچھ کرنا چاہتے ہو

كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿٧١﴾ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿٧٢﴾ فَاَخَذَتْهُمُ

(توان سے نکاح کرو) ۴۵ (اے محبوب!) آپ کی زندگی کی قسم ۴۶ (اپنی طاقت کے) نشہ میں مست ہیں (اور) بہکے پھر رہے ہیں۔ پس آلیا انکو

الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿٧٣﴾ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ

ایک سخت کڑاک نے جب سورج نکل رہا تھا ۴۷ پس ہم نے اُن کی بستی کو زیر و زبر کر دیا اور ہم نے برسائے ان پر

۴۵ اس کی وضاحت سورۂ ھود کی آیات ۷۷ تا ۸۳ کے حواشی میں ملاحظہ فرمائیے۔

۴۶ علماء تفسیر کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہاں اللہ تعالیٰ نے مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ واجمل الثناء کی حیات پاک کی قسم اٹھائی ہے اور یہ حضور کی عظمت شان اور شرف رفیع کی قوی دلیل ہے۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا۔ ماخلق اللّٰہ نفسا اکرم علیہ من محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم وما اقسم بحیاۃ احد الا بحیاتہ

یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی چیز کو معزز اور مکرم پیدا نہیں کیا اور حضور کے بغیر کسی کی زندگی کی قسم نہیں کھائی۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ ھذا نھایۃ التعظیم وغایۃ البر والتشریف کہ اللہ تعالیٰ کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کی قسم اٹھانا تعظیم و تکریم کی انتہا ہے۔ اصل میں یہ لفظ عُمر (یعنی ع پر ضمہ) تھا لیکن یہ کثرت استعمال کے لیے مفتوح کر دیا گیا ہے۔

۴۷ رات کی تاریکی میں حضرت لوط اپنے کنبہ کو لیکر بستی سے چلے گئے۔ اب یہ بستی اس پاک نفس بندۂ خدا سے بھی خالی ہو گئی۔ یہاں صرف ایسے لوگ باقی رہ گئے تھے جو شکل وصورت میں تو انسان تھے لیکن اپنے عادات و اطوار کے لحاظ سے ان میں انسانیت کی بو تک نہ تھی۔ اخلاقی لحاظ سے وہ اتنے گرے ہوئے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے نبی کے گھر میں بھی دخل اندازی کرتے اور انکے مہمانوں پر دست درازی کرنے سے بھی انھیں شرم نہیں آتی تھی۔ اور ایسا فعل جس کے ذکر سے بھی عقل سلیم کو نفرت ہے وہ اس کا ارتکاب چوری چھپے نہیں بلکہ ڈنکے کی چوٹ سے کیا کرتے تھے۔ اکیلے بھی نہیں بلکہ مجمع عام میں۔ آپ اندازہ فرمائیے اس قوم کے اخلاقی انحطاط کا جو ذلیل گناہوں کے ارتکاب میں اتنی دیدہ دلیر ہو اور جس میں شرم و حیا کی بو تک بھی نہ ہو لقینا وہ اس قابل تھی کہ اسکو اس پر سے تختۂ ہستی سے اٹھا دیا جاتا۔

حِجَارَةً مِّنۡ سِجِّيۡلٍ ﴿۷۴﴾ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلۡمُتَوَسِّمِيۡنَ ﴿۷۵﴾

کھنگر کے پتھر ۔ بیشک اس واقعہ میں (عبرت کی) نشانیاں ہیں غور و فکر کرنے والوں کے لیے ۴۸

وَاِنَّهَا لَبِسَبِيۡلٍ مُّقِيۡمٍ ﴿۷۶﴾ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۷۷﴾

اور بیشک یہ بستی ایک آباد راستہ پر واقع ہے ۴۹ یقیناً اس میں نشانی ہے اہل ایمان کے لیے ۔

وَاِنۡ كَانَ اَصۡحٰبُ الۡاَيۡكَةِ لَظٰلِمِيۡنَ ﴿۷۸﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنۡهُمۡ ۘ وَ

اور بے شک ایکہ کے باشندے بھی بڑے ظالم تھے ۵۰ پس ہم نے ان سے بھی انتقام لیا اور

اِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيۡنٍ ﴿۷۹﴾ وَلَقَدۡ كَذَّبَ اَصۡحٰبُ الۡحِجۡرِ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿۸۰﴾

یہ دونوں بستیاں کھلی شاہراہ پر واقع ہیں ۵۱ اور بیشک جھٹلایا اہل حجر نے (اللہ تعالیٰ کے) رسولوں کو ۵۲

۴۸ متوسم کے کئی معنی بیان کیے گئے ہیں مقاتل اور ابن زید سے اس کا معنی متفکرین یعنی غور و فکر کرنے والے منقول ہے حضرت ابوسعید خدری نے فرمایا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال للمتفرسین یعنی نور فراست رکھنے والے انہی ابوسعید سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا اتقوا فراسۃ المومن فانہ ینظر بنور اللہ ثم قرأ ان فی ذالک لاٰیٰت للمتوسمین مومن کی فراست سے ڈرا کرو وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے۔ پھر حضور نے یہی آیت پڑھی۔ ایک دفعہ حضرت انس حضرت عثمان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ راستہ میں کسی عورت پر نظر پڑ گئی تھی حضرت عثمان نے انھیں دیکھ کر فرمایا یدخل احدکم علی وفی عینیہ اثر الزنا۔ بعض آدمی میرے پاس آتے ہیں اور انکی آنکھوں میں زنا کا اثر ہوتا ہے۔ حضرت انس بول اٹھے اَوَحْیٌ بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا حضور کے بعد پھر وحی اترنی شروع ہو گئی ہے فقال لا ولکن برھانٌ وفراسۃٌ وصدق حضرت عثمان نے فرمایا نہیں لیکن یہ تو دلیل و فراست اور صداقت کا نتیجہ ہے اس قسم کے متعدد واقعات صحابہ اور تابعین سے منقول ہیں رضی اللہ عنہم ۔ (قرطبی)

۴۹ یعنی قوم لوط کی بستیاں اس راستہ کے قریب ہیں جو اب بھی آباد ہے اور اس پر کارواں چلتے ہیں۔ یہ وہ راستہ ہے جو حجاز سے شام کو جاتا ہے۔ اسی علاقہ میں وہ قوم آباد تھی اور اس کی بربادیوں کے نشان آج بھی پائے جاتے ہیں مقیم کا معنی آباد دیا واضح ہے۔

۵۰ حضرت شعیب کی بستی کا نام ہے۔ ایکہ لغت میں گھنے درختوں کی جگہ کو کہتے ہیں۔ مدین کا علاقہ بڑا زرخیز اور گنجان آباد تھا۔ ہر طرف باغات اور شاداب درخت دعوتِ نظارہ دے رہے تھے۔

۵۱ امام واضح راستہ کو کہتے ہیں۔

۵۲ حجر سے مراد قوم ثمود کا علاقہ ہے جو حجاز اور شام کی درمیانی زمین کا نام ہے۔ یہیں حضرت صالح مبعوث ہوئے۔

وَاٰتَیْنٰهُمْ اٰیٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ ﴿٨١﴾ وَكَانُوْا یَنْحِتُوْنَ

اور ہم نے عطا کیں انھیں اپنی نشانیاں ۵۳ مگر وہ اُن سے رُوگردانی ہی کرتے رہے۔ اور وہ کھود کر بنایا کرتے تھے

مِنَ الْجِبَالِ بُیُوْتًا اٰمِنِیْنَ ﴿٨٢﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّیْحَةُ مُصْبِحِیْنَ ﴿٨٣﴾

پہاڑوں کو اپنے گھر (اور) وہ بے خوف و خطر رہا کرتے تھے۔ پس پکڑ لیا انھیں ایک خوفناک چنگھاڑ نے جب وہ صبح اٹھ رہے تھے۔

فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ

پس نہ فائدہ پہنچایا انھیں اس (مال) نے جو وہ کمایا کرتے تھے ۵۴ اور نہیں پیدا فرمایا ہم نے آسمانوں

وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَاۤ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِیَةٌ فَاصْفَحِ

اور زمین کو نیز جو کچھ ان کے درمیان ہے، مگر حق کے ساتھ ۵۵ اور بیشک قیامت آنے ہی والی ہے پس (اے حبیب!) آپ درگزر

حضرت ابن عمر سے مروی ہے کہ غزوہ تبوک کے سفر میں ہمارا گزر حجر کے علاقہ سے ہوا جہاں ثمود آباد تھے۔ وہاں کے کنوؤں سے لوگوں نے پانی بھرا اور اسی کے ساتھ آٹا گوندھا تو حضور نے حکم دیا کہ اس پانی کو انڈیل دو جو آٹا اس پانی کے ساتھ گوندھا ہے اسے اونٹوں کے سامنے ڈال دو اور حکم دیا کہ اس کنوئیں سے پانی لو جہاں سے حضرت صالح کی اونٹنی پانی پیا کرتی تھی۔ حضرت ابن عمر فرماتے ہیں کہ حضور نے ہمیں یہ بھی ارشاد فرمایا کہ ان لوگوں کے مکانوں میں جب تم داخل ہو جنھوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا تھا تو روتے ہوئے داخل ہو ایسا نہ ہو کہ وہی عذاب تم پر بھی نازل ہو۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ حضور کے اس ارشاد سے جہاں یہ پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نافرمانوں کے آثار و دیار کو ناپسند کرنا چاہیئے تو اس میں انبیاء اور صالحین کے آثار سے تبرک حاصل کرنے کی بھی دلیل ہے۔ دلیل علی التبرک باثار الانبیاء والصالحین وان تقادمت اعصارھم وخفیت آثارھم (قرطبی)

۵۳ ناقہ صالح اس کی تفصیل سورہ ہود میں گزر چکی ہے۔ ملاحظہ ہوں آیات ۶۱ تا ۶۸۔

۵۴ یعنی پہاڑ کھود کر انھوں نے اپنے لیے جو مضبوط آرام گاہیں اور پناہ گاہیں تعمیر کی تھیں، جب اللہ تعالیٰ کی گرفت آگئی تو انھیں کہیں پناہ نہ مل سکی۔

۵۵ یعنی زمین آسمان اور اس میں جتنی بھی چیزیں موجود ہیں ان کو اپنی اپنی جگہ پر یوں مرتب کر دیا گیا ہے کہ ہزاروں صدیاں گزرنے کے باوجود کائنات کے اس کارخانہ میں کوئی نقص پیدا نہیں ہوا نیز اس کا یہ معنی بھی بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کارخانۂ قدرت کو اس طرز پر بنایا ہے کہ یہاں باطل دوام پذیر نہیں ہو سکتا۔ یہ فضا حق کے لیے ہی سازگار ہے باطل کے لیے سازگار نہیں۔ والمعنی متلبسا بالحق لا یلائم استمرار الفساد ودوام الشر فاقتضت الحکمة اھلاک امثال ئلک وازالة فسادھم من الارض۔

۵۶ حضور کریم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے حسن ادب اور حسن خلق کی تعلیم دینے والا اللہ تعالیٰ ہے اور اس نے مجھے ادب و خلق کی خوب تعلیم دی۔

الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ۝۸۵ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝۸۶ وَلَقَدْ

فرمایا کیجئے ان سے عمدگی کے ساتھ۔ یقیناً آپ کا رب ہی سب کا خالق (اور) سب کچھ جاننے والا ہے۔ اور بیشک ہم نے عطا فرمائی

اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ۝۸۷ لَا تَمُدَّنَّ

ہیں آپ کو سات آیتیں جو بار بار پڑھی جاتی ہیں ۸۶ اور قرآن عظیم بھی (اپنی آنکھ اٹھا کر بھی)

عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ

نہ دیکھئے ان (اموال) کی طرف جن سے ہم نے لطف اندوز کیا ہے انکے مختلف طبقوں کو ۸۷ اور رنجیدہ خاطر بھی نہ ہوں ان (کی گمراہی) پر ۸۸

ادبنی ربی فاحسن تادیبی اس ادب آموزی کی ایک حسین جھلک یہاں بھی ملاحظہ ہو:۔

ارشاد ہو رہا ہے کہ اگر وہ ستانے سے باز نہیں آتے اگر اسلام کے خلاف ان کی سرگرمیاں تیز سے تیز تر ہو رہی ہیں اے صاحب خلق عظیم آپ پھر بھی ان سے درگزر ہی فرماتے رہیے اور درگزر بھی ایسی شان سے جو آپکے خلق عظیم کو زیبا ہو۔ وہ راستہ میں کانٹے بچھائیں آپ ان کے لیے مغفرت طلب کیجئے۔ وہ پتھر برسائیں اور آپ رحمت کے پھول نچھاور کیجئے۔

۸۶۔ سبع مثانی حضرات سیدنا عمر، سیدنا علی۔ ابن مسعود کے نزدیک سبع مثانی سے مراد سورۂ فاتحہ ہے اور یہی قول حضرات قتادہ عطا، حسن، سعید بن جبیر سے منقول ہے امام ترمذی نے حضرت ابوہریرہ کی یہ روایت نقل کی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحمد للہ ام القرآن وام الکتاب وسبع المثانی۔ قال ھذا حدیث حسن صحیح۔ نیز امام بخاری نے بھی حضور کا یہ ارشاد نقل کیا ہے ام القرآن ھی السبع المثانی والقرآن العظیم۔ حضرت ابن عباس نے اس کی وجہ تسمیہ یہ بتائی ہے لانھا تثنی فی الصلاۃ فیقرأ فی کل رکعۃ (مظہری) کہ اسے نماز میں بار بار پڑھا جاتا ہے اور ہر رکعت میں پڑھا جاتا ہے اور اس کی وجہ یہ بھی مذکور ہے کہ یہ دو بار نازل ہوئی۔ ایک دفعہ مکہ مکرمہ میں اور دوسری مرتبہ مدینہ طیبہ میں۔ مثانی جمع ہے اس کا واحد مثناۃ ہے جو اسم ظرف ہے یا مثنیۃ ہے جو اسم فاعل ہے آیت کا مطلب یہ ہے کہ اے حبیب کرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہم نے آپ کو جو نعمت لازوال بخشی ہے اس کی عظمت کا یہ نادان کیا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ ہم نے تو آپ کو سورہ فاتحہ بخشی اور قرآن عظیم جیسی بابرکت کتاب مرحمت فرمائی۔

۸۷۔ اس نعمت عظمیٰ کے سامنے اس گنج شائیگاں کی موجودگی میں یہ دولت دنیا اس قابل ہی کب ہے کہ آپ اس کی طرف نظر التفات کریں جس کے پاس کوہ نور کا ہیرا ہو وہ بھی کبھی کوڑیوں کی طرف دیکھتا ہے خواہ ان کوڑیوں کے ڈھیر ہی کیوں نہ لگے ہوں حضرت عبداللہ بن عمر نے کیا ہی خوب فرمایا ہے من اوتی القرآن فرای احدا اوتی من الدنیا افضل مما اوتی فقد صغر عظیما وعظم صغیرا جس شخص کو دولت قرآن بخشی گئی اور اس نے کسی دنیا دار کو دیکھا اور اس کے سیم وزر کو نعمت قرآن سے افضل خیال کیا تو اس نے بڑی بے انصافی کی۔ اس نے عظیم المرتبت چیز کو حقیر جانا اور ایک حقیر چیز کو بڑا خیال کیا۔

وَاخۡفِضۡ جَنَاحَكَ لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿٨٨﴾ وَقُلۡ اِنِّیۡۤ اَنَا النَّذِيۡرُ

اور نیچے کیجیے اپنے پروں کو مومنوں کے لیے ٦٠ اور فرمایئے کہ میں تو بلاشبہ (ایسے عذاب سے) کھلا ڈرانے والا

الۡمُبِيۡنُ ﴿٨٩﴾ كَمَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَى الۡمُقۡتَسِمِيۡنَ ﴿٩٠﴾ الَّذِيۡنَ جَعَلُوا الۡقُرۡاٰنَ

ہوں-٦١ جیسے ہم نے اُتارا ان بانٹنے والوں پر ٦٢ جنھوں نے کر دیا تھا قرآن کو

عام انسانوں کی راہنمائی کے لیے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی کتنا مفید اور طمانیت بخش ہے عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم انظروا الی من هو اسفل منكم ولا تنظروا الی من هو فوقكم فهو اجدر ان لا تزدروا نعمة الله عليكم (مظہری)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی طرف دیکھو جو تم سے کمتر ہے۔ اپنے سے برتر کی طرف نہ دیکھو اس طرح جو نعمت اللہ تعالیٰ نے تم پر فرمائی تم اسے حقیر جاننے کی غلطی سے محفوظ رہو گے۔ آیت میں ازواجا منهم کا لفظ غور طلب ہے۔ صاحب لسان العرب نے لفظ زوج کے دیگر معانی بیان کرنے کے ساتھ اس کا یہ معنی بھی تحریر کیا ہے الزوج: الصنف من کل شیئٍ۔ ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔

۵۹ اے محبوب آپ ان نادانوں کی گمراہی پر رنجیدہ خاطر نہ ہوا کریں۔ یہ اس قابل ہی نہیں کہ آپ ان کے لیے غمزدہ ہوں انھوں نے دانستہ اپنے لیے گمراہی کو پسند کر لیا ہے۔

٦٠ کافروں سے اعراض کرنے کا حکم دینے کے بعد مومنوں کی طرف خصوصی توجہ فرمانے کا ارشاد ہو رہا ہے کہ اہل ایمان کے لیے اپنے پروں کو نیچا کریں۔ وہ پر جن کے لیے عرش کی بلندیاں بھی سمٹ آتی ہیں اور لامکان کی رفعتیں بھی سرنگوں ہو جاتی ہیں۔ ان پروں کو نیچا کیجیے تاکہ آپ کے غلام بھی آپ سے زیادہ سے زیادہ فیضیاب ہو سکیں۔ آیت کے اس حصے میں جو مٹھاس اور معنویت ہے اسے اہل دل ہی سمجھ سکتے ہیں۔

٦١ نذیر کا مفعول عذاب ہے جو محذوف ہے۔ کما انزلنا اس مفعول محذوف کی صفت ہے۔

٦٢ یہ کون لوگ تھے۔ ان کے بارے میں متعدد اقوال ہیں۔ مقاتل اور فراء نے کہا ہے کہ یہ سولہ آدمی تھے جنھیں ولید بن مغیرہ نے حج کے دنوں میں مکہ کے مختلف راستوں اور گھاٹیوں پر مقرر کر دیا کرتا تھا۔ جن کا کام یہ تھا کہ ہر آنے والے کو وہ حضور کے متعلق بدظن کرتے اور انھیں کہتے کہ خبردار اس شخص کے قریب ہی نہ آنا جس نے ہم میں سے نبوت کا دعوے کیا ہے۔ کبھی کہتے وہ تو مجنوں ہے کبھی کہتے وہ تو بڑا جادوگر ہے کبھی شاعر اور کاہن بتلاتے۔ لوگوں کو کہتے کہ اگر ہماری بات پر اعتبار نہ ہو تو ولید بن مغیرہ سے پوچھ لینا جو مکہ کا سردار ہے۔ ولید خود مسجد حرام کے دروازے پر بیٹھ جاتا۔ وہ لوگ جب اس سے ان باتوں کے متعلق دریافت کرتے تو وہ طے شدہ منصوبے کے مطابق ان کی زوردار تائید کرتا۔ اللہ تعالیٰ نے ان سب کو بڑی رسوا کُن موت سے دوچار کیا۔ انھیں مقتسمین اس لیے کہا تھا کہ انھوں نے راستے آپس میں بانٹ لیے تھے۔ ہر شخص اپنے مقررہ راستہ پر بیٹھ کر حضور کے خلاف زہر افشانی کرتا۔ اور بعض نے کہا ہے کہ مقتسمین یہ لوگ ہیں۔ عاص بن وائل عتبہ، شیبہ، ابوجہل، ابوالبختری، النضر بن حارث، امیہ بن خلف اور منبہ بن الحجاج۔ (قرطبی)

عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ الربع

پارہ پارہ ٦٣ پس آپ کے رب کی قسم! ہم پوچھیں گے ان سب سے ان اعمال کے متعلق جو وہ کیا کرتے تھے ٦٤

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾ اِنَّا كَفَيْنٰكَ

سو آپ اعلان کر دیجیے اس کا جس کا آپ کو حکم دیا گیا اور منہ پھیر لیجیے مشرکوں سے۔ ٦٥ ہم کافی ہیں آپکو مذاق اڑانے

الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَسَوْفَ

والوں کے شر سے بچانے کے لیے۔ ٦٦ جو بناتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور خدا ٦٧ سو یہ (حقیقت حال کو) ابھی

٦٣ یہ آیت مقتسمین کی صفت ہے۔ عضین جمع ہے اس کا واحد عضة ہے جس کا معنی ہے ٹکڑا۔ عرب کہتے ہیں عضیت الشیٔ تعضیة ای فرقتہ وکل فرقة عضة جب کسی شے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا جائے تو ہر ٹکڑے کو عضة کہتے ہیں۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ اس آیت پر ایمان لاتے ہیں جو انکی مرضی کے مطابق ہو اور جو ان کی منشاء کے خلاف ہو اس کا انکار کر دیتے ہیں ای امنوا بما منہ وکفروا بالباقی اس طرح بعض آیات کا انکار ان کے اس ایمان کو بھی ملیامیٹ کر دیتا ہے جو وہ بعض آیات پر لائے تھے۔

٦٤ اے محبوب! تیرے رب کی قسم ہم ان سب لوگوں سے ان کے کرتوتوں کے متعلق باز پرس کریں گے۔

٦٥ اے میرے رسول صلی اللہ علیہ وسلم جو حکم آپ کو دیا جا رہا ہے اُس کو برملا لوگوں کے سامنے بیان کیجیے اور کسی کی مخالفت کی پروا نہ کیجیے فاصدع کا معنی ظاہر کرنا۔ الصدع الشق ۔ صدع کا معنی چیرنا ہے۔ اس سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پوشیدہ تبلیغ کیا کرتے تھے۔ اس آیت کے نزول کے بعد حضورؐ نے برسرِ عام اسلام کی تبلیغ شروع کر دی۔

٦٦ آپ کسی کافر سے خائف نہ ہوں۔ آپ پر جو زبان طعن دراز کرے گا۔ جو گستاخی کی جرأت کرے گا اور جو مذاق کریگا ہم خود ان کو سنبھال لیں گے۔ ان کا شر آپ تک نہیں پہنچے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ حضورؐ کے خلاف بہتان اور افترا۔ کا طوفان برپا کرنیوالے اسلام کو ختم کرنے کے لیے اپنی پوری کوشش و ادپر لگانے والے یا تو حلقہ بگوش اسلام ہو کر پروانہ وار اس پر نثار ہونے لگے یا انھیں ایسی رسوائی اور ذلت سے دوچار کر دیا گیا کہ آج ان کا نام لینے والا بھی کوئی نہیں بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد مکہ کے یہ پانچ رئیس ہیں جو اسلام کی مخالفت اور حضورؐ کی دلآزاری میں سب سے پیش پیش تھے۔ ولید بن مغیرہ۔ عاص بن وائل۔ ابو ضمع اسود بن عبد یغوث اور حارث ان تمام کو اللہ تعالیٰ نے ذلت کی موت سے ہلاک کیا۔

٦٧ مستھزءین کی صفت ہے یا مبتدا ہے اور فسوف یعلمون اس کی خبر ہے یعنی یہ مذاق کرنے والے وہ بدبخت اور بدنصیب لوگ تھے جو اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک لہٗ کے علاوہ اپنے بتوں کو بھی الٰہ سمجھتے تھے اور ان کی عبادت کیا کرتے تھے۔ اس آیت میں فرما دیا کہ انھیں اپنی گمراہی کی پوری پوری سزا ملے گی۔

يَعْلَمُونَ ﴿٩٦﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ ﴿٩٧﴾

جان لیں گے۔ اور ہم خوب جانتے ہیں کہ آپ کا دل تنگ ہوتا ہے ان باتوں سے جو وہ کیا کرتے ہیں۔

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُن مِّنَ السَّاجِدِينَ ﴿٩٨﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ

سو آپ پاکی بیان کیجئے اپنے رب کی تعریف کے ساتھ اور ہوجائیے سجدہ کرنے والوں سے ۷۸ اور عبادت کیجئے اپنے رب کی

حَتَّىٰ يَأْتِيَكَ الْيَقِينُ ﴿٩٩﴾

یہاں تک کہ آجائے آپ کے پاس الیقین۔ ۷۹

۷۸ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قلب خلقِ خدا کے لیے ہمدردی اور خیر خواہی کے جذبات سے لبریز تھا۔ حضور جب اپنی قوم کی گمراہی اور اس پر ان کے اصرار کو دیکھتے تو دل درد سے بھر جاتا اور شدید قسم کی گھٹن محسوس ہونے لگتی۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کو اس غم و اندوہ سے نجات حاصل کرنے کا طریقہ تلقین فرما رہے ہیں کہ جب ان کی نافرمانی اور کجروی کے باعث آپ غمگین ہوجائیں تو اسی وقت اپنے رب قدوس کی تسبیح اور اس کی حمد میں مشغول ہوجایا کریں اور اپنا سرِ نیاز اس کی بارگاہِ صمدیت میں جھکا دیا کریں۔ غم واندوہ کے بادل خود بخود چھٹ جائیں گے دل کی فسردگی اور گھٹن دور ہوجائے گی۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب بھی کوئی تکلیف پہنچتی تو حضور فوراً نماز میں مصروف ہوجاتے۔ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا حزبہ امر فزع الی الصلوٰۃ (رواہ احمد فی مسندہ) ہم غلاموں کے لیے بھی رنج و غم سے نجات پانے کا یہی مؤثر ذریعہ ہے۔

۷۹ یقین سے مراد یہاں موت ہے یعنی اے محبوبِ مکرم! عبادت کا یہ سلسلہ پورے ذوق شوق کے ساتھ اس وقت تک جاری رہے، جب تک اس دارِ فنا سے رحلت کا پیغام نہ آجائے۔ جب تک آنکھ جھپک رہی ہے۔ نبض چل رہی ہے میری یاد ہوتی رہے۔ میرے ذکر اور عبادت کا چراغ روشن رہے۔ اور بندگی کا حق بھی یہی ہے کہ تا دمِ واپسیں دل اپنے معبودِ برحق کے ذکر سے سرشار رہے۔ اللّٰھم اعنّا علی ذکرک وشکرک وحسن عبادتک حتی یأتینا الیقین بجاہ طٰہٰ ویٰس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم۔

تعارف سُورۃُ النَّحَل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نام : اس سورۃ کی آیت نمبر ۶۸ (واوحیٰ ربک الی النحل الاٰیۃ) میں النحل کا لفظ مستعمل ہوا ہے اس لیے اس سورۃ کا نام بھی النحل رکھا گیا۔ اس کی آیات کی تعداد ایک سو اٹھائیس کلمات کی تعداد دو ہزار آٹھ سو چالیس اور حروف کی تعداد سات ہزار سات سو سات ہے۔

زمانہ نزول : یہ بھی ان سورتوں میں سے ہے جو حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مکی زندگی کے آخری دور میں نازل ہوئیں۔

مضامین : جبل ابی قبیس کے دامن میں مکہ کا شہر ہے۔ یہاں کے بازار نوادراتِ عالم سے بھرے پڑے ہیں۔ اس کی منڈیوں میں مختلف اجناس کے ڈھیر لگے رہتے ہیں۔ جزیرۂ عرب کا ہر آدمی یہاں کے بسنے والوں کا احترام کرتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ قبائل جن کا پیشہ ہی راہزنی اور قزاقی ہے وہ بھی ان کی دل سے عزت و تکریم کرتے ہیں اور ان کے قافلوں پر حملہ کرنے کی جرأت نہیں کرتے۔

یہ شہر اتنا بارونق کیوں ہے ؟ اس کے باشندوں کا اتنا احترام کیوں کیا جاتا ہے ؟ اس لیے کہ اس کی خشتِ اول حضرت خلیل کے پاک ہاتھوں نے رکھی۔ اور یہاں کے بسنے والوں کی اکثریت آپ ہی کی نسل سے ہے لیکن وہ دین جس کی اشاعت کا یہ شہر مرکز بنایا گیا تھا، وہ عقیدہ جو حضرت خلیل نے اپنی اولاد کو سکھایا تھا وہ ناپید ہو چکا ہے۔ کعبہ جسے خداوندِ وحدہٗ لاشریک کی عبادت کے لیے تعمیر کیا گیا تھا وہاں اب تین سو ساٹھ بتوں کی پوجا پاٹ بڑی دھوم دھام سے ہو رہی ہے۔ نسل ابراہیم باقی ہے لیکن دینِ ابراہیم کا نام و نشان تک نہیں رہا۔

اڑھائی تین ہزار سال کے بعد اللہ تعالیٰ کا محبوب بندہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لاتا ہے اور فاران کی چوٹی پر کھڑے ہو کر اعلان فرماتا ہے۔

قولوا لا الٰہ الا اللہ تفلحوا

اے لوگو! لا الٰہ الا اللہ کہو نجات پا جاؤ گے

مکہ کے خاموش ماحول میں ایک ہنگامہ برپا ہو جاتا ہے۔ توحید کا نعرہ بلند ہونے پر اہل مکہ کا ردِ عمل حیرت، نفرت اور عداوت کے مرحلوں کو طے کرتا ہوا اب سنگدلانہ تشدد کی شکل اختیار کرتا ہے۔ وہ اپنے آبائی عقاید، نظریات اور رسوم کے تحفظ میں ہی اپنی بقا کا راز

مضمر سمجھتے ہیں انھیں یہ اندیشہ ہے کہ اگر ان کے عقاید و نظریات پر کوئی آنچ آئی تو ان کا وجود تک مٹ جائے گا اور اپنا وجود کسے عزیز نہیں۔ اس لیے وہ ہر قیمت پر اپنے فرسودہ نظامِ حیات کو بچانا چاہتے ہیں لیکن اسلام کی سادگی، سچائی اور معنویت کے سامنے ان کی کوئی کوشش کامیاب نہیں ہو رہی۔ دلائل کے میدان میں ان کے قدم اکھڑ چکے ہیں۔ انھیں اپنی فصاحت اور بلاغت پر بڑا ناز تھا لیکن قرآن کے حسنِ بیان اور دل موہ لینے والے اسلوب نے انھیں مبہوت اور ششدر کر دیا ہے۔ ان کے لرزہ خیز مظالم کے سامنے اہلِ ایمان کی ثابت قدمی اور استقامت نے ان کی شمشیرِ ستم کو کند کر دیا ہے۔ ان کے لیے سب سے زیادہ پریشان کن بات یہ ہے کہ ان کی فہم و دانش کی قوتیں خود ان کے خلاف علمِ بغاوت بلند کرنے کی تیاری کر رہی ہیں۔ اس قلبی اور ذہنی کشمکش نے ان کو کھوکھلا کر دیا ہے لیکن حق قبول کرنے کے لیے وہ کسی قیمت پر آمادہ نہیں۔ انھوں نے آنکھوں پر تعصب کی پٹی خوب کس کر باندھ لی ہے۔ طعن و تشنیع، تمسخر و استہزا، بہتان تراشی اور نامعقول اعتراضات کے تیروں کے سوا ان کے ترکش میں کچھ بھی نہیں رہا اور وہ انھیں بڑی مہارت سے استعمال کر رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا نبی مکرم اس کی مخلوق کی سچی خیر خواہی میں سرگرمِ عمل ہے۔ وہ بہتان تراشی اور نامعقول اعتراضات کا طوفان برپا کر کے فضا کو تاریک کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا حبیب انھیں قرآن کریم کی شیریں اور نورِ صداقت سے درخشاں آیتیں پڑھ کر سناتا ہے۔ وہ عداوت کا اظہار کرتے ہیں اور یہ محبت اور پیار کا دامن پھیلاتا ہے۔ وہ ناروا پھبتیاں کستے ہیں اور یہ اپنے دلنواز تبسم سے انھیں ٹال دیتا ہے۔

یہ سورۂ مبارکہ انھی حالات میں نازل ہوئی۔ اس کی آیاتِ طیبات میں ہدایت پذیری کا وہ سارا مواد موجود ہے جس کی اس وقت ضرورت تھی۔ اسلام کے جن نظریات کو کفار عقل اور مشاہدات کے خلاف قرار دیتے تھے ان کو انفسی اور آفاقی دلائل سے ثابت کر دیا گیا ہے۔

ان تمام چیزوں کے باوجود انھیں یہ بھی صاف صاف بتا دیا کہ اگر اب بھی تم نے ضد نہ چھوڑی اور عقل و فہم کی خداداد صلاحیتوں کی توہین سے باز نہ آئے تو دردناک عذاب کے لیے تیار ہو جاؤ۔

آخر میں ان صفات کو بیان کیا جن کا کسی مبلغِ اسلام میں موجود ہونا ازبس ضروری ہے۔

سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ ثَمَانٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّسِتَّةَ عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۃ النحل مکی ہے اس کی ۱۲۸ (اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے) آیتیں اور ۱۶ رکوع ہیں

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ①

قریب آگیا ہے حکم الٰہی[1] پس اس کے لیے عجلت نہ کرو۔[2] پاک ہے اللہ تعالیٰ اور برتر ہے اس شرک سے جو وہ کر رہے ہیں[3]

[1] حضور نبی کریم سے کفار بار بار مطالبہ کیا کرتے تھے کہ ہم آپ کو نبی برحق تسلیم نہیں کرتے۔ آپ جس عذاب کی دھمکیاں ہمیں دیا کرتے ہیں وہ لے آئیے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تو ہر کام حکمت سے اور اپنے اپنے وقت پر ہوتا ہے۔ ان کی اس قسم کی طفلانہ حرکتوں سے اللہ تعالیٰ کے فیصلے بدل نہیں جایا کرتے۔ چنانچہ ہجرت سے پہلے جو بارہ تیرہ سال مکہ میں گزرے ان میں اگرچہ کفار کی طرف سے دل آزاریوں اور ستم رانیوں کی انتہا ہوتی رہی لیکن اللہ تعالیٰ کا حلم انھیں برداشت کرتا رہا اور اپنے محبوب مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صبر کرنے اور انتظار کرنے کی تلقین کی جاتی رہی۔ مکہ مکرمہ کو چھوڑنے کی ساعت آپہنچی چند ماہ بعد اللہ تعالیٰ کا رسول یہاں سے کوچ کرنے والا ہے۔ اس وقت ارشاد ہوتا ہے کہ اے میرے رسول آج ان متکبروں اور سرکشوں کو تباہ و برباد کرنے کے عذاب کی گھڑی اب آن پہنچی ہے۔ تمھارے غرور اور نخوت کو خاک و خون میں ملانے کے لیے اسکی شمشیر انتقام بے نیام ہونے والی ہے۔ چنانچہ ہجرت کے بعد ابھی دو سال بھی نہ گزرے تھے کہ وہ خود بدر کے میدان میں آئے اور کیفر کردار کو پہنچے۔ اس کے بعد ہر آنے والی ساعت ان کے لیے ہلاکت و بربادی کا پیغام بن کر ہی آتی رہی۔ آیت میں الامر سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نصرت اور کفار پر غالب آنا ہے۔ بعض کی رائے میں الامر سے مراد قیامت ہے یعنی قیامت کے برپا ہونے کا وقت قریب آپہنچا ہے۔ اتی کا عام معنی "آگیا" ہے لیکن اہل زبان اسے دنا اور قرب کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں یعنی جب کوئی چیز جلد ظہور پذیر ہونے والی ہو تو اس کے لیے بھی اتی کا لفظ استعمال ہوتا ہے قال ابن عرفہ یقول العرب اتاک الامر وھو متوقع بعد۔ علامہ آلوسیؒ نے اپنے عارفانہ رنگ میں لفظ اتی کے ذکر کی بڑی لطیف وجہ بیان کی ہے جس سے صرف اہل نظر ہی پوری طرح لطف اندوز ہو سکتے ہیں انھیں کے ذوق کی تسکین کے لیے ان کی عبارت نقل کر رہا ہوں۔ (اتی امر اللہ) وھو القیامۃ الکبریٰ التی یرتفع فیھا حجب التعینات وینحل السوی ولما رای صلی اللہ علیہ وسلم مشاھدا لذالک فی عین الجمع قال (اتی) ولما کان ظھورھا علی التفصیل بحیث تظھر لکل احد لا بعینہ قال فلا تستعجلوہ (روح المعانی)

[2] استعجال کا معنی کسی چیز کو اس کے وقت مقررہ سے پہلے طلب کرنا ہے الاستعجال طلب الشیٔ قبل اوانہ (مظہری) کفار کو نزول عذاب کے لیے جلدی کا مطالبہ نہیں کرنا چاہیے۔ جلدی تو کسی ایسے کام کے لیے کی جاتی ہے جس میں خیر و برکت ہو۔ تباہی و بربادی کے لیے تو لپکنے کی آرزو کی جاتی ہے۔ وہ بڑا ہی نادان ہوگا جو اپنی بربادی کے لیے سخت بے چین ہو۔

[3] یعنی اللہ تعالیٰ ہر نقص اور عیب سے پاک ہے وہاں کمال ہی کمال ہے کسی کمی یا کمزوری کا کوئی احتمال ہی نہیں باقی ہر چیز خواہ کتنی بڑی کتنی مفید اور کتنی پائیدار ہو وہ عیب سے خالی نہیں۔ اگر اس کا کوئی دوسرا عیب کسی کو نظر نہ آئے تو یہ عیب تو کسی سے مخفی نہیں کہ وہ اپنے موجود ہونے میں اپنے بنانے والے اور پیدا کرنے والے کی محتاج ہے اور جہاں افتقار اور احتیاج ہو وہ خدا کا شریک کیسے

يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ

اُتارتا ہے فرشتوں کو روح (یعنی وحی) کے ساتھ[4] اپنے حکم سے جس پر چاہتا ہے[5] اپنے بندوں میں سے کہ

اَنْ اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۝ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

خبردار کر دو لوگوں کو[6] کہ نہیں کوئی معبود سوائے میرے پس مجھ سے ہی ڈرا کرو۔ اس نے پیدا فرمایا آسمانوں کو[7]

ہو سکتا ہے۔

[4] روح سے مراد وحی ہے۔ جس طرح روح سے ہر چیز کی زندگی ہے اسی طرح بلکہ اس سے کہیں زیادہ وحی الٰہی حیات بخش ہے۔ زندہ ہونے کو تو لوگ نزول قرآن سے پہلے بھی زندہ تھے لیکن اس روح پاک کے نزول کے بعد حجاز کے صحراؤں میں جس حسین وجمیل زندگی کے چمنستان آباد ہوئے اس سے تو دنیا کی نگاہیں آشنا نہ تھیں۔

[5] کفار کا ایک اعتراض یہ بھی تھا کہ اگر اللہ تعالیٰ نے کسی کو نبی بنا کر بھیجنا ہی تھا تو عبد المطلب کے یتیم پوتے کے علاوہ اور کوئی نظر نہ آیا؟ کسی رئیس اعظم کو نبی بنایا جاتا تو لوگ اس کی باتیں دھیان سے سنتے اور اس کا کہنا مانتے۔ ان کے اعتراض کو مسترد کرنے کے لیے فرمایا' کہ نبی کے انتخاب کے لیے تمہارا مقرر کیا ہوا معیار غلط ہے۔ نبی تو وہ بنتا ہے جس کو اللہ تعالیٰ خود نبی بنانا چاہتا ہے۔ جسے وہ ان قوتوں اور استعدادوں سے مالا مال کر کے پیدا کرتا ہے جو بار نبوت کو اٹھانے کے لیے ضروری ہیں۔

[6] نبی آکر اپنے لیے جاگیریں نہیں بناتا جیسے جھوٹے نبیوں کا شیوہ ہے۔ وہ اپنے لیے ناحق برتری کے دعوے نہیں کرتا۔ اس کی بعثت کی ایک ہی غرض ہوا کرتی ہے کہ وہ لوگوں کو اس حقیقت سے خبردار کرے کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر اور کوئی خدا نہیں۔ وہی ایک خدا ہے اور انسان کو اسی کی نافرمانی اور حکم عدولی سے ڈرنا چاہیے۔

[7] یہاں سے اللہ تعالیٰ کی الوہیت اور اس کی وحدانیت اور اس کی ربوبیت کے ان دلائل کا سلسلہ شروع ہو رہا ہے جو اتنے واضح اور یقین آفریں ہیں کہ اگر کوئی معمولی عقل و فہم رکھنے والا بھی غور کریگا تو اللہ تعالیٰ کی توحید کا اسے اعتراف کرنا ہی پڑیگا۔ ذرا غور تو کیجیے زمین و آسمان کا یہ کارخانہ کتنا وسیع ہے اور کتنے بے شمار پرزوں سے مرکب ہے۔ ہر پرزہ چھوٹا ہو یا بڑا اپنی اپنی جگہ پر اس خوبی سے فٹ ہے کہ نہ کوئی پیچ ڈھیلا ہوتا ہے نہ کوئی گراری ٹوٹتی ہے اور نہ انجن کی رفتار میں فرق پڑتا ہے۔ ہر چیز اپنا اپنا فریضہ انجام دے رہی ہے۔ جس کے ذمے چلنا ہے وہ چل ہی رہی ہے نہ اپنی سمت بدلتی ہے نہ اپنے مقررہ راستے سے بال برابر ادھر ادھر ہوتی ہے اور نہ اس کی چال میں فرق پڑتا ہے جس کے ذمے دوڑنا ہے وہ دوڑتی ہی چلی جا رہی ہے جنہیں ٹھہرنے کا حکم ملا ہے وہ دم بخود چپ چاپ کھڑی ہیں۔ انسان اس محیر العقول کارخانہ کی پیچیدگیوں میں غور کرے تو سر چکرا جاتا ہے اور اگر حقیقت شناس نگاہ سے وہ یہ منظر دیکھے کہ ہر چیز ایک حلقہ بگوش غلام کی طرح تعمیل حکم میں مصروف ہے تو بے ساختہ اس کی زبان سے یہ نکلتا ہے:۔ تبارک اللہ احسن الخالقین۔

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ③ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ

اور زمین کو حق کے ساتھ وہ برتر ہے اس شرک سے جو وہ کر رہے ہیں۔ اس نے پیدا فرمایا انسان کو

نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ④ وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ

نطفہ سے [۸] پس اب وہ برملا جھگڑالو بن گیا ہے۔ نیز اس نے چارپایوں کو پیدا کیا [۹] تمھارے لیے ان میں

فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ⑤ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ

گرم لباس بھی ہے اور دیگر فائدے ہیں اور انھیں (کا گوشت) تم کھاتے ہو [۱۰] اور تمھارے لیے ان میں زیب و زینت بھی ہے [۱۱]

[۸] یہ حضرت انسان جس کے حسن و کمال کے سامنے چاند اور پھول نذرانہ عقیدت پیش کرتے ہیں، جس کی ہیبت سے جنگل کے شیر لرزہ براندام ہیں، جس کی تسخیری قوتیں اب ستاروں پر کمندیں ڈال رہی ہیں۔ اس کا اصل کیا ہے؟ پانی کی ایک بوند۔ یہ رعنائی و دلبری، یہ زور و تنومندی، یہ قلب اور یہ دماغ کیا اس ایک قطرہ میں سوئے ہوئے تھے۔ جس ہستی نے ان حیرت انگیز گوناگوں صلاحیتوں کو یوں سمیٹا اور پھر جس طرح ان کو پھیلایا اور ان کی نشوونما کی، اسکے آستانۂ عظمت پر سر نہ جھکایا جائے تو کہاں جھکایا جائے لیکن یہ انسان نہ اپنے اصل میں غور کرتا ہے اور نہ اس مربی کریم کے لطف و کرم کا اعتراف کرتا ہے بلکہ اس سے اور اسکے فرستادوں سے بات بات پر الجھتا ہے اور جھگڑتا ہے۔ ایک دن اُبی بن خلف ایک بوسیدہ ہڈی لے کر بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا کیا آپ اس ہڈی کے متعلق یہی کہتے ہیں کہ اسے پھر زندہ کیا جائے گا یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ یہ کیونکر ممکن ہے تو یہ آیت نازل ہوئی۔ (مظہری)

[۹] انسان کی زندگی کی بقا کے لیے اور اس کو آرام دہ اور دلکش بنانے کے لیے جو چیزیں پیدا فرمائیں اب ان کا ذکر ہے خلقها لکم میں لام اجلیہ ہے یعنی تمھاری خدمت گزاری اور تمھارے فائدہ کے لیے انھیں پیدا فرمایا۔

[۱۰] الدِّفْءُ السخانة وهو ما استدفئ به من اصوافها واوبارها واشعارها (قرطبی) یعنی وہ حرارت جو ان کی اون وغیرہ سے بُنے ہوئے ملبوسات سے تم حاصل کرتے ہو اسکے علاوہ متعدد منفعتیں حاصل کرتے ہو۔ ان کا دودھ پیتے ہو۔ ان کی ہڈیوں کو طرح طرح سے استعمال کرتے ہو۔ اور تو اور ان کے گوبر اور پیشاب کو بطور کھاد استعمال کر کے اپنی زراعت کو چار چاند لگاتے ہو اور ان کا گوشت کھاتے ہو۔

[۱۱] اس کے علاوہ جب وہ صبح سویرے چرنے کے لیے بستیوں سے باہر نکلتے ہیں اور دن بھر چرنے کے بعد کلیلیں کرتے ہوئے شام کے وقت واپس آتے ہیں تو کتنا دلکش منظر ہوتا ہے۔ وہ راستے بھی آباد دکھائی دیتے ہیں۔ جہاں سے وہ گزر رہے ہوتے ہیں۔ اپنے مویشیوں کو جب یوں بکمال مرغزاروں کو جاتے ہوئے یا وہاں سے آتے ہوئے تم دیکھتے ہو تو جو فرحت اور طمانیت تمھارے دل محسوس کرتے ہیں ذرا اس کا ہی اندازہ لگاؤ۔ تم اللہ تعالیٰ کے کس کس احسان کو بھلاؤ گے اور کہاں تک ناشکری کرو گے۔

تُرِيحُونَ وَحِينَ تَسْرَحُونَ ﴿٦﴾ وَتَحْمِلُ أَثْقَالَكُمْ إِلَىٰ بَلَدٍ لَّمْ

جب تم شام کو (چرا کر) انھیں گھر لاتے ہو اور جب تم صبح انکو چرانے لیجاتے ہو۔ اور (یہ جانور) اٹھائے جاتے ہیں تمھارے بوجھ ان شہروں تک جہاں

تَكُونُوا بَالِغِيهِ إِلَّا بِشِقِّ الْأَنفُسِ ۚ إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿٧﴾

تم نہیں پہنچ سکتے مگر سخت مشقت سے ١٢ بیشک تمھارا رب بہت مہربان (اور) ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً ۚ وَيَخْلُقُ مَا

اور اس نے پیدا کیے گھوڑے اور خچر اور گدھے ١٣ تاکہ تم اُن پر سواری کرو اور (تمھارے لیے ان میں) زینت ہے اور پیدا فرمائے گا ایسی

لَا تَعْلَمُونَ ﴿٨﴾ وَعَلَى اللَّهِ قَصْدُ السَّبِيلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ ۚ وَلَوْ شَاءَ

سواریاں جو تم نہیں جانتے ١٤ اور اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے راہِ راست کو دلائل سے واضح کرنا اور ان میں غلط راہیں بھی ہیں ١٥ اور اگر اللہ تعالیٰ (چاہتا)

١٢ میدانی علاقہ ہو یا ریت کے ٹیلے ہوں۔ پہاڑوں کی بلندیاں ہوں یا وادیوں کا نشیب ہو۔ راستہ ہموار ہو یا قدم قدم پر گڑھے ہوں، یہ جانور تمھارے بھاری بھرکم سامان کو اپنی پشتوں پر لادے ہوئے کس طرح خاموشی سے چلے جا رہے ہیں۔ ذرا غور تو کرو۔ اگر تمھیں یہ سامان خود اٹھا کر لے جانا پڑتا تو تمھیں کس دِقت کا سامنا ہوتا۔ ایسے جانوروں کا بہم پہنچانا تمھارے پروردگار کی ازحد شفقت اور بے پایاں رحمت کا کتنا بڑا ثبوت ہے۔

١٣ اس کی ذرہ نوازیوں نے صرف باربرداری کے جانور ہی پیدا نہیں کیے بلکہ تمھاری سواری کا انتظام بھی فرما دیا۔ جب تم اُن پر سوار ہوتے ہو تو وہ اپنی سبک رفتاری سے ہوا سے باتیں کرنے لگتے ہیں اور قلیل عرصہ میں تمھیں منزلِ مقصود تک پہنچا دیتے ہیں۔ قطع مسافت میں سہولت کے ساتھ ساتھ اس میں زینت کا پہلو بھی قابلِ لحاظ ہے۔ ایک خوبصورت نقرے گھوڑے پر انسان سوار ہو تو وہ کتنا سجیلا معلوم ہوتا ہے اور اپنے آپ کو اس وقت برتری کے جس جذبہ سے سرشار پاتا ہے وہ تو بیان سے ہی باہر ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے احسانات کے کن کن پہلوؤں کو آشکارا فرماتا ہے۔ یہ بات توجہ کے قابل ہے۔

١٤ تمھاری بقا اور تمھارے آرام و آسائش کے لیے اللہ تعالیٰ نے بیشمار چیزیں پیدا کی ہیں۔ ان میں سے بعض تو ایسی ہیں جن کو تم جانتے ہو اور بعض ایسی بھی ہیں جن کی تمھیں خبر تک نہیں تم ان کا نام بھی نہیں جانتے۔ اور بفرمانِ ایزدی وہ شب و روز تمھاری خدمت میں مصروف ہیں واخبرنا بان لہ من الخلائق مالا علم لنا بہ (بحر) اس آیت سے نقل و حرکت کے وہ ذرائع بھی مراد لیے جا سکتے ہیں جو نزولِ قرآن کے وقت موجود نہ تھے لیکن بعد میں ایجاد ہوئے یا جو قیامت تک ایجاد ہوتے رہینگے۔ یہ سب اللہ تعالیٰ ہی کی تخلیق ہے۔ یہ موٹریں، یہ دخانی بحری جہاز، یہ طیارے، یہ راکٹ اور خدا معلوم ابھی اور کیا کیا بننے والا ہے۔ یہ سب اسی کی صفت رأفت و رحمت کے مظاہر ہیں۔

لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۹ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ

چاہتا تو تم سب کو ہدایت دے دیتا۔ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے اُتارا آسمان سے پانی تمہارے لیے اس میں سے

شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ۝۱۰ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ

کچھ پینے کے کام آتا ہے اور اس سے سبزہ اگتا ہے جس میں تم (مویشی) چراتے ہو[۱۶] اگاتا ہے تمہارے لیے اسکے ذریعہ (طرح طرح کے) کھیت

وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ اِنَّ فِيْ

اور زیتون اور کھجور اور انگور اور (انکے علاوہ) ہر قسم کے پھل۔ یقیناً ان تمام

ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۱۱ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ

چیزوں میں (قدرت الٰہی کی) نشانی ہے[۱۷] اس قوم کیلئے جو غور و فکر کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ نے مسخر فرما دیا تمہارے لیے رات، دن

[۱۵] آیت کا مطلب یہ ہے کہ راہ راست کو دلائل و براہین سے واضح کر دینا اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمۂ کرم پر لیا ہوا ہے۔ یہ سب اسکی مہربانی ہے اور راستے دو قسم کے ہیں۔ ایک سیدھا راستہ جو انسان کو اپنی منزل مقصود تک پہنچاتا ہے۔ دوسرے وہ راستے جو انسان کو غلط سمت کی طرف لیجاتے ہیں۔ اس لیے ہر پگڈنڈی جو سامنے آتے اس پر نہیں چل پڑنا چاہیے بلکہ پہلے اچھی طرح یہ معلوم کرنا چاہیے کہ کونسا ایسا راستہ ہے جو آپ کو اپنی منزل تک پہنچانے والا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ آپ یونہی کسی راستہ پر گامزن ہو جائیں پھر آپ برسوں اس پر چلتے رہیں لیکن آپ کی منزل قریب آنے کی بجائے دور ہی ہوتی چلی جائے۔

[۱۶] اس سے پہلے انسان اور اس کی بقا کے لیے جن اشیا کی ضرورت تھی اُن کی تخلیق کا ذکر فرمایا۔ ان آیات میں شانِ ربوبیت کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ جس قادر مطلق نے ایک قطرۂ آب سے انسان جیسی دلکش اور دلچسپ مخلوق پیدا فرمائی۔ اُس نے پیدا کرنے کے بعد اسے فراموش نہیں کر دیا بلکہ اس کی نشوونما کے تمام تقاضوں کو باحسن وجوہ پورا فرمایا۔ سب سے پہلے پانی کا ذکر کیا۔ کیونکہ انسانی حیوانی اور نباتاتی زندگی کا دار و مدار اسی پر ہے۔ انسان اسے پیتا ہے اور اپنی چراگاہوں کھیتوں اور باغات کو سیراب بھی کرتا ہے۔ اسی سے چراگاہوں میں سبز گھاس اور کھیتوں میں شاداب چارہ لہلہانے لگتا ہے جو جانوروں کی خوراک بنتا ہے۔ اگر پانی ہی نایاب ہو جائے تو زندگی کی ساری رنگینیاں خاک میں مل جائیں۔ یہاں شجر سے مراد ہر وہ چیز ہے جو زمین سے اُگتی ہے الشجر ھھنا کل ما تنبتہ الارض قالہ الزجاج اور ابن قتیبہ نے کہا ہے کہ شجر سے مراد یہاں گھاس ہے۔

[۱۷] ان چیزوں کے پیدا کرنے سے صرف تمہاری غذائی ضرورتوں کی تکمیل ہی مطلوب نہیں، ورنہ کوئی ایک جنس ہی پیدا کر دی جاتی اور اس سے تمہاری شکم پُری ہوتی رہتی۔ طرح طرح کے اناج اور گوناگوں پھل پیدا فرما کر جہاں اپنی قدرت کی نیرنگیوں کی نقاب کشائی کی ہے وہاں تمہارے

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ

سورج اور چاند کو اور تمام ستارے بھی اس کے حکم کے پابند ہیں بیشک ان تمام چیزوں میں

لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِی الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا

(قدرت الٰہی کی) نشانیاں ہیں اس قوم کیلیے جو دانشمند ہے ٹ اور (علاوہ ازیں) جو پیدا فرمایا تمہارے لیے زمین میں (اسے بھی مسخر کر دیا) الگ الگ ہے

اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الَّذِیْ

ان کا رنگ روپ یقیناً اس میں (قدرت الٰہی کی) نشانی ہے۔ ان لوگوں کیلیے جو نصیحت قبول کرتے ہیں ۱۹ اور وہی ہے جس نے پابند حکم

رزق لطیف کی بھی ناز برداریاں کی گئی ہیں۔ گندم کی روٹی نہیں کھانا چاہتے تو چاول حاضر ہیں۔ پلاؤ پکا لیجئے۔ یہ بھی نہیں تو آج باجرے کا پراٹھا پکا کر تناول فرمائیے۔ کھجوریں کھائیے اور اگر ان سے جی بھر گیا ہے تو انگور کے خوشوں سے زمرد یں موتی توڑ کر اپنی نگاہوں اور اپنے ذائقے کی تسکین کیجئے۔ ہر اناج ہر پھل میں غذائیت کی مقدار اور ان کے دیگر مخصوص اثرات کا آپ جتنی گہری نظر سے مطالعہ کریں گے اتنا ہی اس کی قدرت کے ستور جلوے اپنا گھونگھٹ اٹھاتے چلے جائیں گے اور تمھیں کہنا پڑے گا کہ رنگ میں، بو میں، ذائقہ میں اور اثر میں یہ تنوع پیدا کرنا اندھی فطرت کے بس کا روگ نہیں۔ یہ کسی علیم و خبیر ہستی کی کرشمہ کاری ہے۔ اسی لیے تو فرمایا اہل فکر کے لیے ان میں ہماری قدرت کی بیشمار نشانیاں ہیں۔

ٹ تمہاری ظاہر پسند نظریں تو اتنا ہی سمجھ سکتی ہیں کہ اب رات ہو گئی سونے کا وقت آ گیا۔ اب دن چڑھ رہا ہے اب ہمیں جاگنا چاہیے۔ سورج دن کو روشنی پہنچاتا ہے۔ چاند کا کام رات کو منور کرنا ہے۔ آسمان کی نیلی چادر پر ستاروں کو اس لیے ٹانکا گیا ہے کہ وہ خوبصورت بن جائے۔ تم نے کبھی شب و روز کی گردش شمس و قمر کے اثرات اور ستاروں کے مقصد کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی۔ ان میں سے ہر چیز ہزاروں فوائد کی حامل ہے۔ لیکن ان فوائد سے وہی حضرات آگاہ ہو سکتے ہیں جو اپنی عقل و خرد کی قوتوں کو استعمال کرنا جانتے ہوں۔ ایسے باہمت لوگوں کو مظاہر فطرت کے ان آئینوں میں اللہ تعالیٰ کی عظمت کے دلائل ضیا پاشیاں کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔

۱۹ اس کا عطف سخر لکم کے نیچے ہے۔ ذرا کا معنی خلق (پیدا کیا ہے) اس ارشاد ربانی کا مقصد یہ ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے سورج چاند اور ستاروں کو تمہاری خدمت کے لیے مسخر کر دیا ہے اسی طرح اس سطح زمین پر جن چیزوں کو پیدا فرمایا حیوانات، نباتات، معدنیات انہیں بھی تمہارے لیے مسخر فرما دیا لیکن ان سے فائدہ صرف وہی لوگ اٹھا سکتے ہیں جو عقل و فہم سے کام لینا جانتے ہوں۔ بے علموں اور بے فکروں کے لیے تو یہ انمول خزانے بے مصرف ہیں۔ پانی میں بجلی کی حیرت انگیز قوت پہلے دن سے موجود تھی، کرۂ ہوائی کی موجیں تیری آواز کو آناً فاناً دنیا کے گوشہ گوشہ میں پہنچانے کی اہلیت رکھتی تھیں۔ تیرے ریگستانوں کے نیچے پٹرول کے سمندر موجزن تھے لیکن ان سے فائدہ اٹھانا تیرا کام تھا۔ اغیار نے اپنی انتھک کوششوں اور جانفشانیوں سے ان پنہاں قوتوں

سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَأْكُلُوا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوا مِنْهُ حِلْيَةً

کر دیا ہے سمندر کو[۱۲] تاکہ تم کھاؤ اس سے تازہ گوشت اور نکالو اس سے زیور جسے تم

تَلْبَسُونَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَ

پہنتے ہو[۱۳] اور تو دیکھتا ہے کشتیوں کو کہ موجوں کو چیر کر جا رہی ہوتی ہیں[۱۴] سمندر میں تاکہ (انکے ذریعہ) تم تلاش کرو اللہ تعالیٰ

کا سراغ لگایا اور ان سے خوب خوب منفعت لی لیکن اے حامل قرآن تیری سہل انگاری نے تجھے مہلت نہ دی کہ تو اپنی اس کتاب کا مطالعہ کرے جس نے سب سے پہلے ان قوتوں کی تسخیر کی دعوت دی۔ تیرے فقیر حال مست اور تیرے امیر مال مست رہے۔ تیرے بلند ہمت اسلاف نے علم و حکمت کی جو چمن بندی کی تھی اس میں بہار آنے کا وقت آیا تو تو اس سے غافل ہو گیا اور اس پر اغیار نے تسلط جما لیا۔ اہل ہمت ستاروں پر کمندیں ڈال رہے ہیں اور تجھے پتنگ بازی سے فرصت نہیں۔ کمر ہمت باندھ، مستقل مزاجی سے محنت اور جفاکشی کو اپنا شعار بنا اور آگے بڑھ کر علم و دانش اور فن و حکمت کے کاروانوں کی قیادت سنبھال۔ موجودہ بے دین قیادت انسانیت کو اپنے رب سے دور کر رہی ہے اور اسے ہلاکت کی طرف لیے جا رہی ہے۔ تیری مومنانہ قیادت جہاں انسانیت کے لیے امن و عافیت کی ضامن ہو گی وہاں بندے کا رشتہ اپنے رب سے استوار کرنے کا بھی باعث بنے گی۔

۱۲؎ اس خاکدان ارضی میں اپنی عنایات کا جو بازار سجایا تھا اس سے متعارف کرنے کے بعد اپنی نوازشات کی ایک دوسری جلوہ گاہ کی طرف انسان کو متوجہ کیا جا رہا ہے۔ ان نیلگوں سمندروں کو دیکھو جن کا کوئی کنارہ نہیں۔ ان میں اٹھتی ہوئی لہروں کی بلندی کا اندازہ کرو، اس میں اٹھنے والے طوفان کتنے تند و تیز ہیں لیکن سب کو پابند حکم کر دیا گیا ہے۔ اور اسی میں تمہاری خوراک کے لیے تازہ گوشت کا اہتمام کر دیا گیا ہے اور ہماری قدرت کے اس اعجاز میں بھی تو غور کرو کہ مچھلی جس پانی میں جنم لیتی ہے جس میں پرورش پاتی ہے اور جو اس کی خوراک ہے وہ تو اتنا کھاری اور کڑوا ہے کہ ہونٹوں پر بھی نہیں لگایا جا سکتا لیکن کیا مچھلی کے گوشت میں اس کا ذائقہ اور اس کی بدبو تم محسوس کرتے ہو ہرگز نہیں۔

۱۳؎ اس کے علاوہ ہم نے تمہاری زینت کے لیے اس میں خوبصورت موتی پیدا کر دیے ہیں کہ ان کی دمک سے چاند بھی شرماتا ہے۔ ذرا دیکھو سمندر کی تہ میں آغوش صدف میں ایک چمکدار اور قیمتی موتی تمہارے حوصلوں کو دعوت دے رہا ہے۔ ہمت ہے تو آگے بڑھ کر اٹھا لو۔

۱۴؎ سمندر بیکراں سہی ان کی گہرائی بے پایاں سہی ان میں اٹھنے والے طوفان تند سہی اور اس کے جنور ہیبت ناک سہی لیکن ان تمام قہرمانیوں کے باوجود ہم نے ان کو حکم دیدیا ہے کہ تمہاری کشتیوں اور تمہارے جہازوں کو اپنے دوش پر اٹھائے اور تمہیں تمہاری منزل مقصود تک پہنچائے۔ اب تم دیکھتے ہو کس طرح تمہاری کشتیاں اور جہاز تمہیں اٹھائے ہوئے موجوں کو چیرتے خراماں خراماں چلے جا رہے ہیں۔ اگر سمندر کو مسخر نہ کیا جاتا تو تم اور تمہاری تجارت اور تمہاری مصنوعات اور ایجادات ملک میں ہی محصور ہو کر رہ جاتیں۔ ہم نے سمندروں کو تمہاری کشتیوں کے اٹھانے کا حکم اس لیے دیا ہے کہ تمہارے کاروبار میں ترقی ہو۔ تمہاری مصنوعات اور ایجادات سے دوسرے لوگ بھی مستفید ہوں۔ مسلمانوں نے اپنے دور عروج میں بحر پیمائی میں جو کمال حاصل کیا ان کے تجارتی جہاز طویل سمندری سفر طے کر کے ایک ملک کا سامان جس طرح دوسرے

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿١٤﴾ وَأَلْقَىٰ فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَن تَمِيدَ بِكُمْ

کے فضل (رزق) کو نیز تاکہ تم اس کا شکر ادا کرتے رہو ٢٣ اور اللہ تعالیٰ نے گاڑ دیئے ہیں زمین میں اونچے اونچے پہاڑ ٢٤ تاکہ زمین لرزتی نہ رہے تمہارے ساتھ

وَأَنْهَارًا وَسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٥﴾ وَعَلَامَاتٍ ۚ وَبِالنَّجْمِ هُمْ

اور نہریں جاری کر دیں اور راستے بنا دیئے تاکہ تم (اپنی منزل کی) راہ پا سکو۔ اور (راستوں پر) علامتیں بنا دی ہیں اور ستاروں کے ذریعے

يَهْتَدُونَ ﴿١٦﴾ أَفَمَن يَخْلُقُ كَمَن لَّا يَخْلُقُ ۗ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿١٧﴾

وہ راہ یاب ہوتے ہیں ٢٥ کیا وہ ذات جس نے سب کچھ پیدا فرمایا اس کی مانند ہو سکتی ہے جس نے کچھ بھی نہیں بنایا کیا تم اتنا بھی غور نہیں کرتے ٢٦

ملک میں لیجایا کرتے تھے تو تاریخ کے طالب علم کے لیے کوئی مخفی راز نہیں۔ اب تو یہ بات بھی پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ کولمبس کے جہاز کا ملاح بھی احمد نامی ایک مسلمان تھا۔ آیت میں یہ چیز بھی ملحوظ ہے کہ رزق کو اللہ تعالیٰ نے فضلہ یعنی اپنا فضل فرمایا ہے۔ مواخر جمع ماخرۃ جو المخر سے مشتق ہے اور اس کا معنی ہے شق الماء عن یمین و شمال پانی کو چیرتے ہوئے دائیں بائیں پھینکتے چلے جانا اور جب کشتی پانی کو چیرتی ہوئی آواز پیدا کرتی ہے تو کہتے ہیں مخرت السفینۃ (القرطبی)

٢٣ بحر و بر میں، خشکی اور تری میں، میدانوں اور پہاڑوں میں، جنگلوں اور صحراؤں میں ہر جگہ ہم نے اپنی قدرت و حکمت اور اپنے انعامات کا بازار سجا رکھا ہے تاکہ تم اپنے منعم حقیقی کو پہچانو اور اس کا شکر ادا کرو۔

٢٤ جب کوئی چیز ایک جگہ جم کر کھڑی ہو جاتی ہے تو کہتے ہیں رسا، ثبت و رسخ۔ اس لیے بندرگاہ کو بھی مرسیٰ کہتے ہیں کیونکہ جہاز اور کشتیاں وہاں آ کر ٹھہرتی ہیں۔ پہاڑ بھی کیونکہ ایک جگہ جم کر کھڑے رہتے ہیں اور حرکت نہیں کرتے اس لیے ان کو بھی رواسی کہا جاتا ہے۔ تمید، میدٌ سے ہے اس کا معنی ہے دائیں بائیں ڈولتے رہنا الاضطراب یمیناً و شمالاً ٹہنیاں جب ہوا کے جھونکوں سے اوپر نیچے ہوتی ہیں تو کہا جاتا ہے مادت الاغصان۔ آیت کا مدعا یہ ہے کہ زمین کو جب پیدا کیا گیا تو وہ اضطراری طور پر کبھی دائیں اور کبھی بائیں ڈولتی رہتی۔ اس پر پہاڑ گاڑ کر اس کا توازن برقرار کر دیا۔ اگر براہین قطعیہ سے کرۂ زمین کی حرکت ثابت ہو جائے تو آیت اس کے منافی نہیں۔ مولانا دریاآبادی لکھتے ہیں ان تمید بکم سے جس حرکت ارض کی نفی مقصود ہے وہ زمین کی ڈولابی یا اضطرابی حرکت ہے جیسے ہلکا جسم ہوا سے تیرنے لگتا ہے۔ مطلق حرکت ارض کے مسئلہ کو جو تمام تر ایک سائنسی بحث ہے قرآن مجید کی کم از کم اس آیت سے نفیاً و اثباتاً کوئی تعلق نہیں۔ (تفسیر ماجدی)

٢٥ دن میں سفر کرتے ہوئے تم مختلف مقامات اور نشانیوں سے اپنا صحیح راستہ معلوم کرتے ہو اور جب رات کی تاریکی پھیل جاتی ہے اور کوئی علامت نظر نہیں آتی تو پھر آسمان کے ستارے تمہاری رہنمائی کرتے ہیں اور تمہیں اپنی منزل کا پتہ دیتے ہیں۔ ستاروں سے کس طرح رہنمائی ملتی ہے اس کے لیے آپ ان لوگوں سے دریافت کریں جو لق و دق صحراؤں میں بے آب و گیاہ جنگلوں میں سفر کرتے ہیں یا جنھیں سمندری سفر پر جانے کا کبھی اتفاق ہوا ہو۔

وَإِن تَعُدُّوا نِعْمَةَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا ۗ إِنَّ اللَّهَ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۱۸﴾

اور اگر تم شمار کرنا چاہو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو تو تم انھیں گن نہیں سکو گے[۲۷] یقیناً اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے

وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ﴿۱۹﴾ وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِن

اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔ اور جو لوگ پوجتے ہیں

دُونِ اللَّهِ لَا يَخْلُقُونَ شَيْئًا وَهُمْ يُخْلَقُونَ ﴿۲۰﴾ أَمْوَاتٌ غَيْرُ

اللہ کے سوا (غیروں) کو، وہ نہیں پیدا کر سکتے کوئی چیز[۲۸] بلکہ وہ خود پیدا کیے گئے ہیں۔ وہ مردہ ہیں وہ

أَحْيَاءٍ ۖ وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ ﴿۲۱﴾ إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ

زندہ نہیں۔ اور وہ نہیں سمجھتے کہ کب انھیں اٹھایا جائے گا۔ تمہارا خدا (بس) ایک خدا ہے واحد ہے[۲۹]

۲۶ یہ سب نوادرات جن کا ذکر ہو چکا اور ان کے علاوہ بے شمار عجائبات جن کو احاطۂ بیان میں لانا بھی مشکل ہے ان سب کو تو میرے مالک اور میرے رب نے پیدا کیا ہے۔ اے کافرو! اب تم بتاؤ کہ تمہارے ان بتوں نے بھی آخر کوئی چیز تخلیق کی ہے کہ تم نے ان کو اپنا خدا بنا رکھا ہے۔ اور ان کی عبادت میں مگن رہتے ہو جب انھوں نے آج تک ایک مکھی بھی نہیں بنائی اور نہ یہ بنا سکتے ہیں تو پھر خود فیصلہ کرو کہ معبود ہونے کے لائق کون ہے۔ میرا قادرِ مطلق خدا یا تمہارے بے بس اور بے نوا بت۔ آخر کچھ تو سوچو۔ تمہیں تو اپنی عقل و دانش پر بڑا گھمنڈ ہے۔

۲۷ اللہ تعالیٰ کے انعامات بے حد و بے حساب ہیں۔ اگر تم کوشش بھی کرو تب بھی ان کا شمار نہیں کر سکتے۔ تمہارا فرض تو یہ ہے کہ تم اپنے منعم حقیقی کو پہچانو اور اس کی بندہ نوازیوں کا شکریہ ادا کرتے رہو لیکن شکر ادا کرنا تو کجا تم نے اس کی وحدانیت کا انکار کر دیا اور ان بے جان مورتیوں کو اس کا شریک بنا دیا۔

۲۸ ان اصنام کی بے بسی کو مزید بے نقاب کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جن بتوں کی پرستش میں یہ لگے ہوئے ہیں وہ بیچارے کوئی چیز پیدا کیا کریں گے وہ تو خود کسی خالق اور صانع کے محتاج ہیں۔ وہ تو بے جان مجسمے ہیں جن میں زندگی کا نشان تک نہیں۔ نہ وہ کچھ سنتے ہیں اور نہ دیکھتے ہیں۔ انھیں تو اپنے انجام کی بھی خبر نہیں یعنی الاصنام لا ارواح فیھا لا تسمع ولا تبصر ای ھی جمادات فکیف تعبد وفیھا وانتم افضل منھا بالحیاۃ (قرطبی)

۲۹ ان تمام دلائل کے ذکر کرنے کے بعد اصل مقصد کا اعلان فرما دیا کہ اللہ وحدہ لا شریک ہی تمہارا خدا اور معبود ہے۔ جس کی قدرت جس کی ربوبیت جس کی ہمہ دانی اور ہمہ بینی کے متعدد شواہد تم دیکھ چکے ہو اس کے علاوہ زمین و آسمان میں کوئی ایسی چیز نہیں جو تمہاری معبود بن سکے۔ اے مسجودِ ملائک! اے مخدومِ مہر و ماہ! تجھے کیا ہو گیا کہ تو اپنے محسن و منعم حقیقی کا بندہ بننے کے بجائے اپنے ادنیٰ خادموں کی چاکری بلکہ بندگی پر ناز

فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ

پس جو لوگ ایمان نہیں لاتے آخرت پر ان کے دل منکر ہیں اور وہ

مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٢٢﴾ لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ

مغرور ہیں ۳۰ یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿٢٣﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ

بیشک وہ پسند نہیں کرتا غرور و تکبر کرنے والوں کو۔ اور جب ان سے پوچھا جاتا ہے کہ کیا نازل فرمایا ہے

رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٤﴾ لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ

تمہارے رب نے ۳۱ کہتے ہیں (کچھ نہیں) یہ تو پہلے لوگوں کے من گھڑت قصے ہیں۔ تاکہ (اس ہرزہ سرائی کے باعث) وہ اٹھائیں اپنے (گناہوں کے) پورے بوجھ

الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اَلَا سَآءَ مَا

قیامت کے دن اور ان لوگوں کے بوجھ بھی اٹھائیں جنہیں وہ گمراہ کرتے رہتے ہیں ۳۲ جہالت سے۔ کتنا برا اور گراں ہے یہ بوجھ جسے وہ اپنے اوپر

کرنے لگا۔ اے خود فراموش! فطرت کے آئینہ میں اپنے جمال جہاں افروز کو تو دیکھ۔

۳۰ وہ حق کو سمجھتے تو ہیں لیکن ان کا غرور ان کو اجازت نہیں دیتا کہ اللہ تعالیٰ کے رسول کے حلقہ بگوش بن جائیں۔ فرمایا اگر وہ مغرور و متکبر ہیں تو اللہ تعالیٰ مغروروں اور متکبروں کی پروا نہیں کرتا۔ انہیں اس غرور کے نشہ میں ہی بدمست چھوڑ دیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ موت کا وقت آئے اور وہ ناشاد و نامراد ابدی عذابوں میں دھکیل دیئے جائیں۔

۳۱ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا چرچا بدو قبائل میں ہونے لگا۔ وہ اس امر کی تصدیق کے لیے ایام حج میں اپنے قاصد مکہ روانہ کیا کرتے جب وہ مکہ آتے اور کسی کافر سے ان کی ملاقات ہوتی اور وہ اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق دریافت کرتے تو وہ کہتا حاشا و کلا قطعاً وہ خدا کا کلام نہیں ہے بلکہ گزشتہ قوموں کی کہانیاں ہیں جو اس نے خود گھڑی ہیں اور اب لوگوں کو سنا کر اپنے دام تزویر میں پھنسا رہا ہے۔ اس طرح لوگوں کو چشمہ ہدایت تک پہنچنے سے پہلے وہ بدظن کر کے واپس کر دیتا۔ اساطیر جمع ہے اسطر اور سطور کی جس کا واحد سطر ہے اس کا معنی ہے ایک صف یا لائن کتاب کی ہو یا درختوں کی ہو یا لوگوں کی۔

۳۲ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص لوگوں کو ہدایت کی طرف بلاتا ہے تو اس کی دعوت پر جتنے لوگ ہدایت قبول کرتے ہیں ان سب کا ثواب اسے ملتا ہے۔ اور ان کے ثواب میں کوئی کمی نہیں کی جاتی اور جو شخص گمراہی کی طرف بلاتا ہے اور جو لوگ اس کی پیروی کرتے ہیں ان سب کا گناہ بھی اس پر لادا جاتا

يَزِرُوْنَ ﴿٢٥﴾ قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ

لاد رہے ہیں (دعوت حق کے خلاف)، مکر و فریب کیا کرتے تھے وہ لوگ جو ان منکرین سے پہلے گزرے ۳۳ پس اللہ تعالیٰ نے ان کے (فریب) کی

الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ

عمارت جڑوں سے اکھیڑ کر رکھ دی پس گر پڑی ان پر چھت ان کے اوپر سے اور آگیا ان پر عذاب

مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ

جہاں سے انھیں خیال و گمان بھی نہ تھا۔ اس کے بعد روزِ قیامت اللہ تعالیٰ انھیں ذلیل و رسوا کرے گا ۳۴

اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

اور ان سے پوچھیگا کہاں ہیں وہ میرے شریک جن کے بارے میں تم جھگڑا کیا کرتے تھے۔ کہیں گے وہ لوگ جنھیں

الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْۗءَ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٧﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ

علم دیا گیا ہے کہ بلاشبہ آج ہر قسم کی رسوائی اور بربادی کافروں کے لیے ہے۔ وہ کافر ۳۵ جن کی جانیں فرشتے

ہے اور ان کے گناہ میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔

۳۳ ان سے پہلے جو کافر تھے انھوں نے بھی ہمارے انبیاء (ع) کو ناکام کرنے کے لیے مکر و فریب کی انتہا کر دی لیکن وہ خود ہی اپنے مکر و فریب کا شکار ہو گئے۔ یہی انجام ان کا بھی ہونے والا ہے۔

۳۴ اس دنیاوی بربادی کے علاوہ قیامت کے دن بھی انکو ذلیل و رسوا ہونا پڑیگا۔ سارے انبیاء اور ان کی امتیں جمع ہونگی۔ یہ غریب نادار مسلمان جن کو آج یہ بڑی حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں وہ عزت و کرامت کی خلعتیں پہنے کھڑے ہونگے۔ ان سب کے سامنے ان سرکشوں کو شرمسار کیا جائے گا۔

۳۵ یہ لوگ جو آج نخوت و غرور کے پہاڑ بنے بیٹھے ہیں اور دوسرے لوگوں کو بھی اسلام سے برگشتہ کرنے کے لیے پوری طرح کوشاں ہیں۔ انکی بساط تو اتنی ہی ہے کہ جب ملک الموت اپنی جماعت کے ساتھ جان نکالنے کیلئے آئیگا تو سارا نشہ ہرن ہو جائیگا۔ سروں کو جھکا دینگے اور کہینگے حضور! ہم پہ اتنی سختی نہ کرو اور غصہ سے اس طرح گھور گھور کر ہماری طرف نہ دیکھو ہم ان خشمناک نگاہوں کی تاب نہیں لا سکتے ہم تو ساری عمر خدا کے فرمانبردار رہے ہیں ہماری کیا مجال تھی کہ ہم نافرمانی کرتے۔ فرشتے جواب میں کہینگے اب مکرنے سے کیا فائدہ ہے۔ تمہاری نافرمانیاں محتاج بیان نہیں۔ اللہ تعالیٰ تمہارا تمام کرتوت خوب جانتا ہے۔ القوا السلم ای فاستسلموا وانقادوا۔ تسلیم خم کرینگے غرور و نخوت سے اکڑی ہوئی گردن جھک جائے گی۔

الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِیْٓ اَنْفُسِهِمْ ۪ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ

قبض کرتے ہیں درآنحالیکہ وہ اپنے آپ پر ظلم کر رہے ہیں۔ تب وہ سر تسلیم خم کرتے ہوئے کہتے ہیں ہم تو کوئی برا کام نہیں کیا

سُوْٓءٍ ؕ بَلٰۤی اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ فَادْخُلُوْۤا اَبْوَابَ

کرتے تھے (اہل علم جواب دیں گے) نہیں نہیں (تم بڑے بدکار تھے) بیشک اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو (برے کام) تم کیا کرتے تھے (اے کفار) پس داخل ہو جاؤ

جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ فَلَبِئْسَ مَثْوَی الْمُتَكَبِّرِیْنَ ﴿۲۹﴾ وَ قِیْلَ

جہنم کے دروازوں سے تمھیں ہمیشہ رہنا ہوگا وہاں بیشک برا ٹھکانا ہے غرور و تکبر کرنے والوں کے لیے ۳۷ اور (یونہی) پوچھا

لِلَّذِیْنَ اتَّقَوْا مَاذَاۤ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوْا خَیْرًا ؕ لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا

گیا ان سے جو متقی تھے کہ وہ کیا ہے جو اتارا تمھارے رب نے؟ انھوں نے کہا (سراپا) خیر! ۳۸ جنھوں نے اچھے کام کیے ۳۹ ان کے

فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا حَسَنَةٌ ؕ وَ لَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَیْرٌ ؕ وَ لَنِعْمَ دَارُ

اس دنیا میں بھی ان کے لیے بھلائی ہے اور آخرت کا گھر بھی (ان کے لیے) بہتر ہے اور بہت ہی عمدہ ہے

۳۷ جان نکلتے وقت ہی انھیں آگاہ کر دیا جائیگا کہ تمھاری قبر جہنم کا گڑھا ہے جاؤ اس میں داخل ہو جاؤ۔

۳۸ گرد و نواح سے مختلف نمائندے جو مکہ میں تحقیق احوال کے لیے آیا کرتے ان کی ملاقات اگر کسی کافر سے ہوتی تو وہ جو جواب دیتا اس کا ذکر سابقہ آیات میں گزر چکا ہے اور اگر خوش قسمتی سے ان کی ملاقات کسی مومن سے ہو جاتی اور وہ اس سے اس کتاب کے متعلق دریافت کرتے تو وہ فوراً جواب دیتا خیرا یعنی جو کلام ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا ہے وہ تو سراپا خیر و برکت ہے اس میں دنیا و آخرت دونوں کی بھلائی ہے۔

۳۹ یا تو خیرا پر اس مومن کا جواب ختم ہو گیا اور للذین احسنوا سے نیا کلام شروع ہوا یا یہ بھی جواب کا حصہ ہے یعنی یہ کتاب جو اس نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی ہے اس نے ہمیں یہ سمجھایا ہے کہ جو لوگ اپنے عقائد اور اعمال کی اصلاح کرلیں گے ان کے لیے اس دنیوی زندگی میں بھی بہتری ہے۔ فتح و نصرت ان کے قدم چومے گی۔ سب نیک فطرت لوگ دل سے ان کی عزت و تکریم کرینگے اور جب وہ اطاعت الٰہی کو اپنا شعار بنالیں گے تو ان پر مکاشفات، مشاہدات اور الطاف کے دروازے کھول دیئے جائیں گے فتح اللہ علیهم ابواب المکاشفات والمشاهدات والالطاف (کبیر) اور قیامت کے دن ان کی جو عزت افزائی کی جائیگی اس کا تو آج تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

الْمُتَّقِيْنَ ۝۳۰ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

پرہیزگاروں کا گھر۔ انکے لیے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے رواں ہوں گی ان کے نیچے نہریں

لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ۭ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ۝۳۱ الَّذِيْنَ

ان کے لیے وہاں ہر وہ چیز ہوگی جسکی وہ خواہش کرینگے۔ یوں بدلہ دیتا ہے اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کو۔ وہ متقی جن کی

تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا

روحیں فرشتے قبض کرتے ہیں اس حال میں کہ وہ خوش بختے ہیں۔ (اس وقت) فرشتے کہتے ہیں (آپکی خدمت میں) سلامتی ہو تم پر داخل ہو جاؤ

الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۳۲ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ

جنت میں ان (نیک) اعمال کے باعث جو تم کیا کرتے تھے۔ یہ کفار کس کے منتظر ہیں بجز اسکے کہ آجائیں انکے پاس (عذاب کے)

الْمَلٰۗىِٕكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ ۭ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ

فرشتے یا آجائے آپ کے رب کا (نازل) حکم۔ یونہی ان لوگوں نے بھی کیا تھا جو ان کے پیشرو تھے۔

ف۴۹ پہلے کفار اور منکرین کی وحشتناک موت کا ذکر کیا گیا تھا اب اہل ایمان وتقویٰ کی موت کا ذکر ہو رہا ہے یعنی جب فرشتے ان کی روح قبض کریں گے تو انھیں ذرا گھبراہٹ نہیں ہوگی بلکہ شاداں وفرحاں اس دنیا سے روانہ ہوں گے ان کے لیے موت آج وصال یار کا مژدہ لے کر آئی ہے جس جمال جاں افروز کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے وہ بے تاب رہا کرتے تھے آج وہ جلوہ نمائی کرنے والا ہے طیبة نفوسهم بالرجوع الی اللہ۔

ف۵۰ فرشتے اس وقت انھیں سلام کہیں گے جب ملک الموت ان کے پاس آتا ہے تو کہتا ہے السلام علیك ولی اللہ اللہ یقرأ علیك السلام اے اللہ کے ولی! تم پر سلامتی ہو اللہ تعالیٰ بھی تمھیں سلام فرماتا ہے کتنا خوش بخت ہے وہ انسان جو یہاں سے جب رخت سفر باندھ رہا ہو تو رحمت کے فرشتے اس کے استقبال کے لیے کھڑے ہوتے ہوں اور اس پر رحمت کے پھول نثار کر رہے ہوں۔

ف۵۱ یعنی روشن دلائل نے شک وشبہ کی ساری تاریکیوں کا خاتمہ کر دیا۔ آفتاب ہدایت جگمگا رہا ہے یہ لوگ پھر کیوں ایمان نہیں لا رہے کیا یہ اس بات کے منتظر ہیں کہ موت کا فرشتہ آئے اور ان کی روح نکال کر لے جائے یا عذاب الٰہی اترے اور ان کو خاک سیاہ بنا کے رکھ دے۔ کتنے نادان ہیں یہ لوگ جواب بھی ہدایت کو قبول نہیں کرتے۔

وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٣٣﴾

اور نہیں زیادتی کی تھی ان پر اللہ تعالیٰ نے بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر زیادتی کیا کرتے تھے۔

فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

پس آلگیں انھیں سزا اُن کے بُرے اعمال کی اور گھیر لیا انھیں اس عذاب نے جس کا وہ

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا

مذاق اڑایا کرتے تھے اور کہنے لگے وہ لوگ جنھوں نے شرک کیا کہ اگر چاہتا اللہ تعالیٰ تو ہم عبادت نہ کرتے

مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ

اس کے سوا کسی اور چیز کی ⁽٤٢⁾ نہ ہم اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم حرام کرتے اس کے حکم کے بغیر

مِنْ شَيْءٍ ۭ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَي

کسی چیز کو ایسی ہی (بے سروپا) باتیں کیا کرتے تھے ان کے پیشرو (اے سننے والے!) کیا

[٤٢] جب کفار توحید کے روشن دلائل کے سامنے لاجواب ہو گئے اور ان بتوں کو خدا ماننے کی کوئی توجیہ پیش نہ کر سکے تو آخر کار انھوں نے اس شبہ کا سہارا لیا کہ تم جو کہتے ہو کہ میرا خدا قادر مطلق ہے وہ جو چاہتا ہے وہ چشم زدن میں ہو جاتا ہے اور تم یہ بھی کہتے ہو کہ شرک کرنے سے وہ ناراض ہو جاتا ہے۔ اس کی حلال چیزوں کو حرام بنا لیا جائے تو وہ اس کو ناپسند کرتا ہے تو پھر وہ ہمیں شرک سے باز کیوں نہیں رکھتا۔ آج تک ہم بھی اور ہمارے آباؤ اجداد بھی شرک کرتے رہے تو اس نے ہم کو شرک کرنے کی طاقت سے محروم کیوں نہ کر دیا اور کیوں ہمیں مجبور کر دیا کہ ہم اس کی توحید کا اعتراف کریں۔ اس کا جواب دیا کہ یہ بیہودہ بات تمہاری ایجاد کردہ نہیں بلکہ تمہارے پیشرو بھی جب توحید کے دلائل کے سامنے لاجواب ہو جاتے تو وہ بھی اسی شبہ کی آڑ لیا کرتے انھوں نے بھی رضا اور مشیت کو لازم و ملزوم سمجھ کر ٹھوکر کھائی تھی اور تم بھی اسی غلطی کا ارتکاب کر رہے ہو۔ ومبنی الشبھتین ان الرضا یلازم المشیة ولیس کذالک (مظہری) بیشک اگر وہ چاہتا تو تمہیں مجبور کر دیتا کہ تم اس کی توحید کو قبول کرو لیکن اس طرح ایک گدھے میں اور ایک انسان میں کوئی امتیاز باقی نہ رہتا۔ انسان کو دوسری مخلوق پر جو شرف بخشا گیا ہے اس کی وجہ یہی تو ہے کہ وہ اپنی راہ منتخب کرنے میں آزاد ہے۔ اسے حق و باطل سمجھا دیا جاتا ہے۔ اسے ہدایت و گمراہی کی راہیں بتا دی جاتی ہیں اور پھر اسے کہہ دیا جاتا ہے کہ ان دو راہوں میں سے جس راہ کو چاہے اختیار کرے۔ انبیاء کرام کی بعثت کا یہی مقصد ہوتا ہے کہ حق و باطل کو ایک دوسرے سے ممتاز کر دیں کسی کو راہ ہدایت پر چلنے کے لیے مجبور کرنا یہ ان کی ذمہ داری نہیں ہے۔

الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿٣٥﴾ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا

رسولوں کے ذمہ اس کے علاوہ اور بھی کچھ ہے کہ وہ صاف طور پر (حکم الٰہی) پہنچا دیں۔ اور ہم نے بھیجا ہر امت میں ایک رسول (ﷺ) (جو انھیں یہ تعلیم دے)

اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى

کہ عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی اور دُور رہو طاغوت سے سو ان میں سے کچھ وہ لوگ تھے جنھیں اللہ تعالیٰ نے

اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ۚ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

ہدایت دی ﷺ اور ان میں سے کچھ ایسے بھی تھے جس پر گمراہی مسلط ہو گئی۔ پس سیر و سیاحت کرو زمین میں

۳۳؎ اے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کا نبی بن کر آنا کوئی اچنبا نہیں ہے آپ سے پہلے بھی انبیاء تشریف لائے اور انھوں نے آکر لوگوں کو یہی دعوت دی کہ صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور گمراہی و ضلالت کے سرغنوں سے دور رہو اسی میں تمہاری سلامتی ہے اور یہی فلاح کی راہ ہے۔ طاغوت طغیان سے ہے جس کا معنی سرکشی ہے۔ اب اس کا اطلاق گمراہی و ضلالت کے ہر سرغنہ پر ہوتا ہے کل راس فی الضلالۃ (قرطبی) شیطان، کاہن، بت سبھی کو طاغوت کہا جاتا ہے۔

۳۴؎ انبیاء کی آمد کا نتیجہ یہ نکلا کہ بعض لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت عطا فرما دی اور بعض کے مقدر میں گمراہی لکھ دی۔ یہ امتیازی سلوک کیوں روا رکھا گیا۔ بعض کو ہدایت کیوں دی گئی اور بعض کو گمراہ کیوں کر دیا گیا۔ اس کے متعلق بنیادی چیز یہ ہے کہ ہدایت دینا یا گمراہ کرنا محض اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ لیکن اس نے ہدایت دینے یا گمراہ کرنے کیلئے ایک اصول مقرر فرمایا ہے جب انبیاء اپنی قوم کو پیغام ہدایت سناتے ہیں اور انھیں ان کی غلط روی پر ٹوکتے ہیں تو ساری قوم کا ردِ عمل یکساں نہیں ہوتا بعض ان میں سے ایسے ہوتے ہیں جو اپنے نبی کی دعوت پر غور کرتے ہیں اور اپنے عقائد و اعمال کو عقل سلیم کی کسوٹی پر پرکھتے ہیں اور جب ان کا بطلان آشکارا ہو جاتا ہے تو وہ ان سے دست کش ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نورِ ہدایت سے منور کر دیتا ہے۔ قرآن کریم میں کئی مرتبہ اس حقیقت کو بیان کیا گیا ہے ارشاد ہے یھدی الیہ من اناب (رعد: ۲۷) اللہ تعالیٰ اپنی طرف اس شخص کی رہنمائی کرتا ہے جو دل سے رجوع کرے دوسری جگہ ہے ویھدی الیہ من ینیب (شوریٰ) اور بعض دوسرے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو انبیاء کی دعوت کو لائق اعتناء ہی نہیں سمجھتے ان کے اخلاص و ایثار کا مذاق اڑاتے ہیں حق کی روشن دلیلیں دیکھ کر آنکھیں بند کر لیتے ہیں ایسے لوگوں کے مقدر میں گمراہی لکھ دی جاتی ہے اس حقیقت کو بھی قرآن پاک نے بارہا وضاحت سے بیان کیا ہے۔ ارشاد ہے ویضل اللہ الظالمین جو ظلم کی روش اختیار کرتے ہیں اللہ تعالیٰ انھیں گمراہ کر دیتا ہے۔ گویا اللہ تعالیٰ کا یہ اصول ہے کہ جس کے دل میں ہدایت کی طلب پیدا ہوتی ہے اُسے ہدایت کا انعام بخشا جاتا ہے اور جو دانستہ حق کا انکار کرے اور پیغام ہدایت کو سمجھنے کے بعد بھی قبول کرنے کے لیے تیار نہ ہو اسے گمراہ کر دیا جاتا ہے۔

فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿۳۶﴾ إِنْ تَحْرِصْ عَلَىٰ

اور (اپنی آنکھوں سے) دیکھو کس قدر عبرتناک تھا انجام (رسولوں کو) جھٹلانے والوں کا ۳۵ (اے حبیب!) آپ خواہ کتنے ہی حریص ہوں انکے

هُدَاهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ يُضِلُّ ۖ وَمَا لَهُمْ مِنْ

ہدایت یافتہ ہونے پر تو اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا جنہیں وہ (پیہم سرکشی کے باعث) گمراہ کر دیتا ہے اور نہیں انکے لیے

نَاصِرِينَ ﴿۳۷﴾ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللَّهُ مَنْ

کوئی مدد کرنے والا۔ اور بڑی شد و مد سے اللہ تعالیٰ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ دوبارہ زندہ نہیں کریگا اللہ تعالیٰ جو (ایکبار)

يَمُوتُ ۚ بَلَىٰ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۳۸﴾

مر جاتا ہے۔ ہاں ضرور زندہ کریگا یہ اس کا وعدہ ہے اس پر لازم ہے اسکو پورا کرنا لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے (وہ انہیں دوبارہ

لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي يَخْتَلِفُونَ فِيهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا

زندہ کریگا) تاکہ واضح کر دے ان پر وہ بات جس میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے اور تاکہ خوب جان لیں کافر

۳۵ فرمایا مکذبین یعنی جو لوگ ہمارے رسولوں کی تکذیب کرتے رہے ہمارے کلام کو جھٹلاتے رہے اور معجزات کو سحر و نظر بندی کہتے رہے ان کو آخر کار تباہی سے دوچار ہونا پڑا۔ تم مختلف ملکوں کی سیر و سیاحت کرو ان کے اجڑے ہوئے شہروں اور ویران کھنڈروں سے ان کی بربادی کی داستان سن لو۔

۳۶ اے محبوب! آپ کی انتہائی دلی خواہش کے باوجود وہ لوگ اب ہدایت قبول نہیں کر سکتے۔ جن کی پیہم سرکشیوں کی وجہ سے نورِ حق دیکھنے والی آنکھ ہی اندھی ہو گئی ہے۔

۳۷ کفار بڑے وثوق سے کہتے قیامت ہرگز نہیں آئے گی اور اس پر اللہ تعالیٰ کی قسمیں بھی اٹھاتے۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ یہ سراسر تمہاری غلط فہمی ہے۔ قیامت ضرور آئے گی اور تمہیں تمہاری قبروں سے ضرور اٹھا کر اللہ تعالیٰ کے روبرو پیش کیا جائے گا۔ یہاں اس کی کئی دلیلیں ذکر کی گئیں۔ پہلی دلیل تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے کہ قیامت آئے گی اور اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہمیشہ سچا ہوتا ہے نیز حکمت الٰہی کا تقاضا بھی یہی ہے کہ قیامت برپا ہو اس دنیا میں تو ہر فرقہ اور ہر شخص اس بات کا مدعی ہے کہ حق پر صرف وہی ہے یہاں تک وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کو مانتے ہی نہیں یا سینکڑوں من گھڑت بتوں کو اسکا شریک ٹھہراتے ہیں وہ بھی یہی سمجھتے ہیں کہ حق کے اجارہ دار صرف وہی ہیں دنیا میں تو اس کا تصفیہ ہو نہیں سکتا اس لیے کوئی ایسا دن ضرور آنا چاہیے جب کہ حق و باطل میں کمل امتیاز ہو جائے یہاں تک کہ باطل کے علمبردار بھی تسلیم کر لیں کہ حق وہ ہے جو نبی پاک صاحب لولاک صلی اللہ علیہ وسلم اور آپکے غلاموں نے اختیار کیا۔ ولیعلم سے تیسری دلیل بیان فرما دی کہ کافروں کو بھی یقین ہو جائے کہ وہ جھوٹے تھے اور جس نظام

أَنَّهُمْ كَانُوا كٰذِبِينَ ﴿۳۹﴾ إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنٰهُ أَنْ نَّقُولَ

کہ بلاشبہ وہی جھوٹے تھے۔ ہمارا فرمان کسی چیز کے لیے جب ہم ارادہ کرتے ہیں اس (کے پیدا کرنے کا) صرف اتنا ہے کہ

لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ﴿۴۰﴾ وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا

ہم اسے حکم دیتے ہیں کہ ہو جا بس وہ ہو جاتی ہے [۳۲] اور جنھوں نے راہِ خدا میں ہجرت کی اس کے بعد کہ ان پر (طرح طرح کے)

ظُلِمُوا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۘ

ظلم توڑے گئے تو ہم ضرور ان کو دنیا میں بھی بہتر ٹھکانا دیں گے [۳۳] اور آخرت کا اجر تو بہت بڑا

لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿۴۱﴾ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿۴۲﴾

ہے کاش! یہ جان لیتے جنھوں نے (مصائب میں) صبر کیا اور (مشکلات میں اب بھی) اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔

حیات کو وہ اپنائے رہے وہ سراسر باطل تھا۔

[۳۲] کفار وقوعِ قیامت کے اس لیے منکر تھے کہ ان کے نزدیک ایسا ہونا ناممکن ہے انھیں بتا دیا گیا کہ قیامت برپا کرنے والا ان جیسا کوئی انسان نہیں ہے جس کا علم بھی ادھورا ہو اور قدرت بھی ناقص ہو بلکہ قیامت کا وقوع اس خداوند ذوالجلال کے حکم سے ہوگا جو ہر چیز پر قادر ہے اس کے کن کہنے کی دیر ہوتی ہے کہ ہر چیز موجود ہو جاتی ہے۔ آیت میں شیئی سے مراد وہ چیز ہے جس کا موجود ہونا علمِ الٰہی میں مقدر ہو چکا ہے ورنہ ابھی تک ظاہراً موجود نہیں قال ابن الانباری اوقع لفظ الشیٔ علی المعلوم عند اللہ قبل الخلق (قرطبی)

[۳۳] منکرینِ قیامت کے ذکر کے بعد اب فرزندانِ اسلام کا ذکر ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ وہ لوگ جو ہم پر ایمان لانے کے جرم کی پاداش میں قوم کے ظلم و ستم کا نشانہ بنے یہاں تک کہ انھیں ان کے گھروں سے بھی نکال دیا گیا۔ ہم ان کی اس قربانی اور ایثار کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ بلکہ اس دنیا میں بھی انھیں بہترین رہائش گاہ ملے گی۔ مدینہ طیبہ جیسی پاک بستی ان کا مسکن ہوگا۔ فتح و نصرت ان پر سایہ فگن ہوگی۔ یہی ظالم مغلوب و مقہور ہو کر ان کے سامنے پیش ہوں گے۔ رہتی دنیا تک ان کی للہیت و ایثار اور جانفروشی کے تذکرے ہوتے رہیں گے۔ حلال و پاکیزہ رزق انھیں عطا فرمایا جائے گا۔ اس کے علاوہ دارِ آخرت میں ان کی جو عزت افزائیاں اور پذیرائیاں ہوں گی ان کا تو یہاں تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ جب کسی مہاجر کو اس کا سالانہ وظیفہ دیتے تو فرماتے خذ بارك الله فيه هذا ما وعدك الله فی الدنيا وما ذخر لك فی الآخرة افضل ثم تلا هذه الآية یعنی یہ لو اللہ تعالیٰ اسے بابرکت کرے۔ یہ تو وہ ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے تجھ سے دنیا میں دینے کا وعدہ کیا ہے اور جو چیز تمھیں آخرت میں دی جائے گی وہ تو اس سے بہت افضل ہے پھر آپ یہ آیت پڑھتے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ

اور ہم نے نہیں بھیجا آپ سے پہلے (رسول بنا کر) مگر مردوں کو ۴۱؎ ہم وحی بھیجتے ہیں انکی طرف پس دریافت کرلو اہل

الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ؕ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ

علم سے اگر تم خود نہیں جانتے (پہلے رسولوں کو بھی ہم نے) روشن نشانیاں اور کتابیں دیکر بھیجا ۴۲؎ اور اسی طرح ہم نے نازل کیا آپ پر

الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۴﴾

یہ ذکر تاکہ آپ کھول کر بیان کریں لوگوں کے لیے (اس ذکر کو) جو نازل کیا گیا ہے ان کی طرف تاکہ وہ غور و فکر کریں۔ ۴۳؎

اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ

کیا بے خوف (اور نڈر) ہو گئے وہ لوگ جنھوں نے برے مکر کیے کہ مبادا گاڑ دے اللہ تعالیٰ انھیں زمین میں

۴۱؎ کفار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی تسلیم نہیں کرتے تھے اور دلیل یہ پیش کیا کرتے کہ اللہ تعالیٰ کی شان اس سے بڑی بلند ہے کہ وہ کسی بشر کو اپنا رسول بنا کر بھیجے۔ اگر اسے کوئی رسول بھیجنا ہی تھا تو اس کے پاس فرشتوں کی کیا کمی تھی۔ کسی فرشتہ کو ہی رسول بنا کر بھیج دیتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ ہمارا تو یہی دستور ہے کہ جب ہم انسانوں کی طرف کوئی نبی بھیجتے ہیں تو انھیں میں سے کسی مرد کو اس خدمت پر مامور فرماتے ہیں۔ آپ کوئی پہلے نبی تو نہیں۔ آپ سے پہلے بھی ہمارے انبیاء تشریف لائے اور وہ سب کے سب نوع انسانی کے فرد تھے۔ اے کفار اگر تم اس مسئلہ کی مزید تحقیق کرنا چاہو تو کسی صاحب علم سے پوچھ لو وہ تمھیں بتائے گا کہ نبی کی بعثت کا مقصد افہام و تفہیم ہے اور یہ مقصد تب ہی پورا ہو سکتا ہے جب کہ نبی بھی انسان ہو۔ ایک فرشتہ پیغام عذاب لے کر آ سکتا ہے لیکن نبی کے فرائض کو انجام دینا اسکے بس میں نہیں۔ اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ انسان کو اگر کسی چیز کا علم نہ ہو تو وہ اہل علم کی طرف رجوع کرے۔

۴۲؎ یہ ارسلنا کے ساتھ متعلق ہے کہ جو انبیاء بھیجے گئے انھیں دلائل سے بھی مؤید کیا گیا اور انھیں کتاب بھی دی گئی۔ زُبُر کا واحد زبور ہے اس کا معنی کتاب ہے۔

۴۳؎ اس آیت طیبہ سے واضح ہوا کہ ہمارے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کے اتباع کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم کا صحیح علم اپنے رسول کو عطا فرمایا اور اس کے معانی و مطالب کے بیان، اس کے اجمال کی تفصیل، اور اوامر و نواہی کی وضاحت کا منصب فقط اپنے محبوب مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تفویض کیا اس لیے قرآن کریم کی جو تفسیر و تشریح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائی وہی قابل اعتماد ہے۔ کسی دوسرے کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اپنے فہم و خرد پر بھروسہ کر کے کسی آیت کی ایسی تاویل کرے جو ارشاد رسالتمآب کے خلاف ہو۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ فالرسول صلی اللہ علیہ وسلم مبین عن

أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ﴿۴۵﴾ أَوْ يَأْخُذَهُمْ

یا آجائے اُن پر عذاب اس طرح کہ (ان کو اس کی آمد کا) شعور ہی نہ ہو ۵۳ یا پکڑ لے انھیں جب وہ

فِي تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِينَ ﴿۴۶﴾ أَوْ يَأْخُذَهُمْ عَلَىٰ تَخَوُّفٍ

(اپنے کاروبار میں) دوڑ دھوپ کر رہے ہوں پس نہیں وہ (اللہ تعالیٰ کو) عاجز کرنے والے یا پکڑ لے انھیں جبکہ وہ خوف زدہ ہو چکے ہوں ۵۴

اللہ عزوجل مرادہ ومنہا اجملہ فی کتابہ من احکام الصلوٰۃ والزکوٰۃ وغیر ذلک مما لم یفصلہ۔

۵۳ یہ کفار جو اسلام اور داعیٔ اسلام کے خلاف سازشیں کرنے میں اتنے مصروف ہیں کہ انھیں اپنے تن بدن کا ہوش نہیں۔ یہ اتنے مطمئن اور غافل کیوں ہیں کیا انھیں یہ خیال کبھی نہیں آیا کہ اگر ان کی سرکشیوں اور بداعمالیوں کے باعث غضب الٰہی جوش میں آگیا تو انھیں تباہ و برباد کر دیا جائے گا۔ ہو سکتا ہے کہ زمین شق ہو اور یہ اس میں غرق کر دیئے جائیں۔ یا جب وہ بڑے اطمینان سے داد عیش دے رہے ہوں اور رنگ رلیاں منا رہے ہوں۔ تو انھیں تہس نہس کر دیا جائے۔ کیا وہ اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ اگر عذاب الٰہی آیا تو وہ کوئی ایسا گوشۂ عافیت تلاش کر لیں گے جہاں وہ محفوظ ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بچ نکلنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ یہ سراسر ان کی نادانی ہے۔ انھیں خدا کے عذاب سے اتنا بے پرواہ اور غافل نہیں ہونا چاہیے۔

۵۴ تخوّف کا ایک معنی تو یہ ہے کہ پہلے عذاب کی نشانیاں نمودار ہوں جس سے وہ خوف زدہ ہو جائیں اور پھر ان پر عذاب آئے جو ان کو تباہ و برباد کر کے رکھ دے۔ اس کے علاوہ اس کا دوسرا مفہوم یہ بیان کیا گیا ہے کہ تخوّف کا معنی تنقّص ہے یعنی پہلے انھیں کاروبار میں نقصان ہوتا ہے کھیتی باڑی سے برکت اٹھ جاتی ہے۔ پیداوار گھٹنی شروع ہو جاتی ہے۔ صحت بگڑنے لگتی ہے۔ تندرست و توانا جسم گھل کر لاغر و نحیف ہو جاتا ہے۔ اس طرح جب ان کی معیشت اور زندگی کا تنا کھوکھلا ہو جاتا ہے تو اچانک عذاب الٰہی کا طوفان آتا ہے اور اسے جڑ سے اکھیڑ کر پھینک دیتا ہے۔ حضرت سعید بن مسیب سے مروی ہے کہ ایک روز حضرت فاروق اعظم منبر پر تشریف فرما تھے۔ آپ نے پوچھا اے لوگو! اویأخذھم علی تخوّف کا کیا مطلب ہے۔ سب خاموش ہو گئے۔ بنی ہذیل کا ایک بوڑھا اٹھا اور اس نے عرض کی اے امیر المومنین! یہ ہماری لغت ہے یہاں التخوّف کا معنی التنقّص ہے یعنی آہستہ آہستہ کسی چیز کا گھٹتے چلے جانا۔ آپ نے پوچھا کیا یہ لفظ اس معنی میں عرب کے شعراء نے بھی استعمال کیا ہے۔ وہ بولا جی ہاں ہمارا شاعر ابو کبیر ہذلی اپنی اونٹنی کے متعلق کہتا ہے جس کی اونچی کوہان کو سفر کی طوالت نے لاغر کر دیا تھا ؎

تخوّف الرحل منہا تامکاً قرداً ❊ کما تخوّف عود النبعۃ السفن

کہ کجاوے نے میری اونٹنی کی موٹی تازہ اونچی کوہان کو گھسا کر کم کر دیا ہے۔ جس طرح نبعہ درخت کی لکڑی کو گھسانے والا آلہ گھسا کر چھوٹا کر دیتا ہے۔ یہ شعر سن کر حضرت عمرؓ نے فرمایا۔ لوگو جاہلیت کے اشعار یاد کیا کرو۔ اس میں تمھاری کتاب کی تفسیر اور تمھارے کلام کے معانی ہیں۔ (قرطبی)

فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۴۷﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ

پس بیشک تمہارا رب بہت مہربان ہمیشہ رحم فرمانیوالا ہے ف۵۶ کیا انھوں نے نہیں دیکھا ان اشیاء کی طرف جنھیں اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے ف۵۷

شَیْءٍ یَّتَفَیَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْیَمِیْنِ وَ الشَّمَآىِٕلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَ هُمْ

کہ بدلتے رہتے ہیں ان کے سائے دائیں سے (بائیں طرف) اور بائیں سے (دائیں طرف) سجدہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کو اس حال میں

دٰخِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَ لِلّٰهِ یَسْجُدُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ

کہ وہ اظہار عجز کر رہے ہیں ف۵۸ اور اللہ تعالیٰ کے لیے سجدہ کر رہی ہے ہر چیز جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے ف۵۹

ف۵۶ یعنی تمہیں اتنی ڈھیل جو دی جا رہی ہے اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ تم جو کچھ کر رہے ہو وہ درست ہے یا تمہارا کوئی کچھ بگاڑ نہیں سکتا بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑا مہربان اور رحیم ہے۔ وہ تمہیں مہلت دے رہا ہے۔ شاید تم باز آجاؤ۔ شاید تم سمجھ جاؤ۔

ف۵۷ یعنی تمام وہ چیزیں جن کو تم بے جان اور بے شعور سمجھتے ہو وہ تو اپنے رب کے حضور میں سجدہ ریز ہیں۔ حیرت ہے تم پر کہ زیرک اور باشعور ہوتے ہوئے تم اپنے رب کی نافرمانی میں مست ہو۔ یہاں چند الفاظ غور طلب ہیں۔ یمین کو واحد اور شمائل کو جمع کیوں ذکر کیا گیا؟ دونوں واحد ہوتے یا دونوں جمع ہوتے نیز ظلالہ کی ضمیر کا مرجع "ما" ہے اور یہاں ضمیر واحد ہے اور سُجَّدًا اسی "ما" کا حال ہے۔ لیکن وہ جمع ہے اور ھم ضمیر کا مرجع بھی "ما" ہے اور وہ بھی جمع ہے۔ آخر اس اختلاف کی کیا وجہ؟ اس کا جواب یہ ہے کہ "ما" کی دو حیثیتیں ہیں۔ ایک اس کا لفظ ہے دوسرا اس کا معنی اور مدلول ہے۔ لفظ کے اعتبار سے یہ واحد ہے اور معنی اور مدلول کے اعتبار سے یہ جمع ہے۔ ظلالہ کی ضمیر کا مرجع "ما" کا لفظ ہے اس لیے ضمیر واحد ذکر ہوئی اور سُجَّدًا کا ذوالحال اور ھم کا مرجع اس کا لفظ نہیں بلکہ اس کا معنی اور مدلول ہے اور وہ جمع ہے اس لیے یہاں حال بھی جمع اور ضمیر بھی جمع کی استعمال ہوئی۔ اسی طرح یمین کو واحد کرتے وقت "ما" کے لفظ کا لحاظ کیا اور شمائل کے وقت اسکے معنی کو پیش نظر رکھ کر جمع کا لفظ استعمال کیا اور علامہ قرطبی نے یہ لکھا ہے کہ عن الایمان والشمائل (جب دونوں جمع) عن الیمین والشمائل (پہلا واحد اور دوسرا جمع) عن الیمین والشمال (دونوں واحد) الایمان والشمال (پہلا جمع دوسرا واحد) یہ ساری ترکیبیں درست ہیں اور اہل زبان انکو اس طرح استعمال کرتے ہیں۔ (قرطبی)

ف۵۸ الدخر الصغار والذل عاجزی اور درماندگی۔

ف۵۹ یعنی بے شعور اور بے جان سائے ہی اسکے سامنے سجدہ ریز نہیں بلکہ آسمان اور زمین کی ہر چیز بلا استثناء اس کی بندگی کا حلقہ کانوں میں لٹکائے اور اس کی عبودیت کا طوق اپنے گلے میں ڈالے اس کی بارگاہ صمدیت میں سربسجود ہے اور ملائکہ کی اطاعت کا تو یہ عالم ہے کہ وہاں تکبر و سرکشی کا شائبہ تک نہیں۔

مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓىِٕكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ يَخَافُوْنَ

یعنی ہر قسم کے جاندار اور فرشتے اور وہ غرور و تکبر نہیں کرتے۔ ڈرتے ہیں اپنے

رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَقَالَ

رب کی قدرت سے ۴۹ؔ اور کرتے ہیں جو انھیں حکم دیا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ

نے فرمایا نہ بناؤ دو خدا ۵۰ؔ وہ تو صرف ایک ہی خدا ہے (اس نے فرمایا)

فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ

پس فقط مجھ سے ہی ڈرا کرو اور اسی کے ملک میں ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے ۵۱ؔ اور اسی کی تابعداری اور اطاعت

وَاصِبًا ۭ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ

لازمی ہے ۵۲ؔ تو کیا اللہ تعالیٰ کے سوا غیروں سے ڈرتے ہو۔ اور تمھارے پاس جتنی نعمتیں ہیں وہ تو اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ہیں

۴۹ؔ علامہ قرطبی اس آیت کا مفہوم ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں۔ یخافون قدرۃ ربھم التی ھی فوق قدرتھم ففی الکلام حذف۔ یعنی وہ اپنے رب کی قدرت سے خائف ہیں جو ان کی قوت سے بالا اور ارفع ہے۔ اس کلام میں یہ الفاظ محذوف ہیں اس کا دوسرا مطلب انھوں نے یہ لکھا ہے کہ یخافون عقاب ربھم وعذابہ یعنی وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب و عتاب سے ڈرتے ہیں جو اوپر سے نازل ہوتا ہے۔

۵۰ؔ دو خداؤں کی نفی سے تعدد کی نفی مطلوب ہے۔ یعنی وہ ایک ہی ہے دو نہیں اور جب دو نہیں جو کثرت اور تعداد کا ادنیٰ درجہ ہے تو اس سے زیادہ کیسے ہو سکتے ہیں توحید الٰہی کے روشن دلائل سن لینے کے بعد کسی دوسرے کو خدا سمجھنا انتہائی حماقت ہے چہ جائیکہ سینکڑوں معبود گھڑ لیے جائیں اور ان کی پوجا کی جائے۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرو واقعی اس کی پکڑ بہت سخت ہے۔

۵۱ؔ ہر چیز اسی کی مخلوق ہے اور اسی کی مملوک ہے اس کا شریک تو وہ ہو جس کو اس نے پیدا نہ کیا ہو اس کی پیدا کی ہوئی کسی چیز کو اس کا شریک ٹھیرانا اور اس کا مدِ مقابل ماننا یہ تو الٹی گنگا بہانے کے مترادف ہے۔

۵۲ؔ دین سے مراد اطاعت و اخلاص ہے و اصبًا کا معنی ہمیشہ ہے جب کوئی شخص کسی کام کو ہمیشہ پابندی سے کرے تو کہتے ہیں وصب الرجل علی الامر اذا واظب علیہ (قرطبی) معنی یہ ہے کہ اسی کی اطاعت و فرمانبرداری ہر شخص پر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے لازم ہے۔

ثُمَّ إِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَإِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ﴿٥٣﴾ ثُمَّ إِذَا كَشَفَ الضُّرَّ

پھر جب تمھیں تکلیف پہنچتی ہے تو اسی کی جناب میں گڑگڑاتے ہو ۶۳؎ پھر جب اللہ تعالیٰ دور فرما دیتا ہے تکلیف کو

عَنْكُمْ إِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٤﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ

تم سے تو فوراً ایک گروہ تم میں سے اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتا ہے ۶۴؎ اس طرح وہ ناشکری کرتے ہیں

اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ

ان نعمتوں کی جو ہم نے انھیں عطا کی ہیں۔ پس (اے ناشکرو) لطف اٹھا لو چند روز ۶۵؎ تمھیں (اپنا انجام) معلوم ہو جائیگا اور مقرر کرتے ہیں انکے لیے

نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ۭ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿٥٦﴾

جنکو جانتے ہی نہیں حصہ اس مال سے جو ہم نے انکو دیا ۶۶؎ اللہ کی قسم! تم سے ضرور باز پرس ہوگی اسکے متعلق جو تم بہتان باندھا کرتے ہو۔

۶۳؎ عجیب بات ہے کہ جن نعمتوں سے تم لطف اندوز ہو رہے ہو اور فائدہ اٹھا رہے ہو وہ تو ساری کی ساری اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی ہیں۔ چاہیے تو یہ تھا کہ تم ہر دم اس کا شکریہ ادا کرتے رہتے لیکن تم اکڑ جاتے ہو اور نافرمان بن جاتے ہو تمھیں وہ کریم یاد ہی نہیں رہتا لیکن جب چاروں طرف سے مصیبتیں گھیرا تنگ کر لیتی ہیں تو ہر طرف سے مایوس ہو کر پھر اسی کے حضور گڑگڑانا شروع کر دیتے ہو بات تو تب تھی کہ اب بھی اکڑے رہتے اور اس کی بارگاہ میں حاضر نہ ہوتے تجـٔرون جأر جؤارا ای صاح یعنی چیخنا چلانا جـٔر الرجل الی اللہ ای تضرع بالدعاء تجـٔرون کا معنی رونا اور گڑگڑانا۔

۶۴؎ جب وہ تمھاری فریاد کو قبول کرتا ہے اور تمھارے گڑگڑانے پر رحم فرما کر تمھاری مصیبتوں کو دور کر دیتا ہے تو پھر اس سے منہ موڑ لیتے ہو اور شرک کرنے لگتے ہو۔

۶۵؎ انھیں دھمکی دی جا رہی ہے اور کلام میں زور پیدا کرنے کے لیے غائب کی جگہ اب خطاب کا صیغہ استعمال فرمایا جا رہا ہے کہ ناہنجارو! احسان فراموشو! چند روز مزے اڑا لو۔ ابھی تمھیں اپنی خیریت معلوم ہو جائیگی ہم سے بھاگ کر کہاں جاؤ گے۔

۶۶؎ لا یعلمون کا فاعل بت بھی بن سکتے ہیں اور کفار بھی پہلی صورت میں معنی یہ ہوگا کہ کفار اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے رزق سے ان بتوں کے لیے حصہ مقرر کرتے ہیں جو کچھ نہیں جانتے نہ انھیں اس حصہ کی خبر ہوتی ہے اور نہ حصہ دینے والوں کا علم ہوتا ہے۔ دوسری صورت میں آیت کا معنی ہوگا کہ کفار ان بتوں کے لیے حصہ مقرر کرتے ہیں جن کی حقیقت کا انھیں علم نہیں۔ یہ انھیں اپنا معبود اور الٰہ یقین کرتے ہیں حالانکہ وہ بے بس اور بے جان مجسمے ہیں نیز وہ ان کو اپنا نافع خیال کرتے ہیں حالانکہ وہ اپنے نفع و نقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتے چہ جائیکہ کسی غیر کو کوئی نفع یا نقصان پہنچا سکیں۔ اس آیت کا مفصل مضمون سورہ الانعام میں گزر چکا ہے (الانعام آیت ۱۳۷) ملاحظہ ہو۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذَا

اور تجویز کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے لیے بیٹیاں سبحان اللہ! اور انکے لیے تو وہ (بیٹے) ہیں جنھیں وہ پسند کرتے ہیں اور جب

بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۵۸﴾

اطلاع دی جاتی ہے ان میں سے کسی کو بیٹی (کی پیدائش) کی تو (غم سے) اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے ۵۸ اور وہ (رنج و اندوہ سے) بھر جاتا ہے۔

يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى

چھپتا پھرتا ہے لوگوں (کی نظروں) سے اس بری خبر کے باعث جو دی گئی ہے اسے (اب یہ سوچتا ہے کہ) کیا وہ اس

۵۷ خزاعہ اور کنانہ کے قبیلوں کا یہ اعتقاد تھا کہ فرشتے (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں۔ سبحانہ سے اس کی تردید کر دی گئی کہ وہ اولاد سے پاک ہے۔ اسے نہ بیٹے کی ضرورت ہے اور نہ بیٹی کی۔ لیکن ان کے اس عقیدہ کی قباحت کو ایک اور طرح سے بھی واضح کر دیا کہ بھلے مانسو! اپنے لیے تو تم ایک بیٹی بھی پسند نہیں کرتے خود تو چاہتے ہو کہ تمہارے بیٹے ہی بیٹے ہوں لیکن اللہ تعالیٰ کے حصہ میں تم نے سب بیٹیاں ہی ڈال دی ہیں۔ کیا حماقت ہے کتنی کم فہمی ہے۔

۵۸ کفار کی یہی حالت تھی جب ان کے ہاں بچی پیدا ہوتی تو گھر میں صف ماتم بچھ جاتی۔ باپ کا چہرہ فرط غم سے سیاہ پڑ جاتا۔ عار اور شرم کے مارے وہ لوگوں کی نظروں سے چھپا چھپا رہتا۔ مضر، خزاعہ اور تمیم کے قبائل تو اپنی بچیوں کو زندہ درگور کر دیتے تاکہ کوئی ایسا آدمی انکا رشتہ طلب نہ کرے جو ان کی کفو سے نہ ہو یا وہ فقر و افلاس سے خستہ حال نہ ہوں۔ ان کا یہ دستور تھا کہ جب بچی کی عمر چھ سال ہو جاتی تو باپ جنگل میں جا کر اس کے لیے ایک گہرا گڑھا کھودوا آتا۔ پھر بچی کی ماں کو حکم دیتا کہ اسے غسل کراؤ اور خوبصورت جوڑا پہناؤ۔ پھر وہ اسے لے کر جنگل کی طرف چل پڑتا۔ اس گڑھے کے کنارے پر اپنے لخت جگر کو کھڑا کر کے کہتا۔ دیکھو نیچے کیا ہے۔ جب وہ جھکتی تو اسے دھکا دے کر اس میں گرا دیتا وہ معصوم ابا ابا کہہ کر چلاتی رہتی اور وہ سنگدل منوں مٹی اس پر ڈال کر دفن کر دیتا۔ اس طرح صنف نازک کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کیا جاتا معصوم بچیوں کا گلا گھونٹ دیا جاتا اور کوئی ان کی ولدوز چیخوں پر توجہ نہ دیتا۔ یہ تو اسلام کی برکت تھی اور حضور کی پاکیزہ تعلیم تھی جس نے عورت کو بلند مقام پر فائز کیا اور بچیوں کے لیے والدین کے دل میں محبت، شفقت اور فدائیت کے جذبات کی تخم ریزی کی۔ حضور کے چند ارشادات ملاحظہ ہوں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ قال النبی من ابتلی من البنات بشیء فاحسن الیھن کن لہ سترا من النار۔ یعنی جس آدمی کے ہاں بچیاں پیدا ہوئیں اور اس نے ان کے ساتھ احسان کا برتاؤ کیا تو وہ اس کے لیے عذاب جہنم سے آڑ بن جائیں گی۔ حضرت انس بن مالک سے مروی ہے قال رسول اللہ من عال جاریتین حتی تبلغا جاء یوم القیامۃ انا و ھو و ضم اصابعہ یعنی جس نے دو بچیوں کی پرورش کی یہاں تک کہ وہ بالغ ہو گئیں وہ قیامت کے دن آئیگا اور میں اور وہ اس طرح ہوں گے۔ یہ فرماتے ہوئے حضور نے اپنی انگلیوں کو ملایا۔ اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔ حضرت عبد اللہ سے مروی ہے قال رسول اللہ من کان لہ بنت فادبھا فاحسن

هُونٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾

بھی کر اپنے پاس رکھے ذلت کے ساتھ یا گاڑ دے اسے مٹی میں آہ! کتنا برا ہے وہ فیصلہ جو وہ کرتے ہیں ۔ ۹ے

لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ

ان لوگوں کے لیے جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے بری صفتیں ہیں نشہ اور اللہ تعالیٰ اعلیٰ صفات کا

الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۶۰﴾ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ

مالک ہے لئے اور وہی سب پر غالب بڑا دانا ہے۔ اور اگر (فوراً) پکڑ لیا کرتا اللہ تعالیٰ لوگوں کو انکے ظلم کے باعث

مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ

تو نہ چھوڑتا زمین پر کسی جاندار کو ۲ے لیکن وہ مہلت دیتا ہے انھیں ایک مقررہ میعاد تک۔

فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۶۱﴾

پس جب آجاتی ہے انکی (مقررہ) میعاد تو نہ وہ ایک لمحہ پیچھے ہو سکتے ہیں اور نہ آگے ہو سکتے ہیں۔

ادبها فاحسن تعليمها واسبغ عليها من نعم الله التي اسبغ عليه كانت له سترا وحجابا من النار یعنی جس کی ایک بچی ہوئی اور اس نے اسکی تربیت کی اور بڑے اہتمام سے اسے علم کے زیور سے آراستہ کیا اور جو مہربانیاں اللہ تعالیٰ نے اس پر کی ہیں وہ اس نے اپنی بیٹی پر بھی کیں تو وہ بچی آتش جہنم سے اسکے لیے پردہ ہوگی۔ (قرطبی)

۹ے یعنی لفارکی یہ من گھڑت تقسیمیں کتنی بھونڈی اور نارو ا ہیں۔

نشہ اس کا معنی صفۃ السوء یعنی بری صفت مقصد یہ ہے کہ افلاس و غربت کے اندیشے سے اپنی معصوم بچیوں کو اس بیدردی سے گڑھے میں پھینک دینا کتنی بڑی سنگدلی اور حماقت ہے۔ کیا انھیں خبر نہیں کہ رازق اللہ تعالیٰ ہے تمھیں بھی اور تمھارے بچوں کو بھی اسی کے دستر خوان کرم سے غذا ملتی ہے تمھاری بچیوں کا بھی وہی رزق داتا ہے۔ ظالمو! حیوانات بھی اپنی اولاد پر جان چھڑکتے ہیں اور تم انسان ہو کر اتنی سنگدلی کا مظاہرہ کر رہے ہو۔

لئے اللہ تعالیٰ کی تمام صفات اعلیٰ اور عمدہ ہیں۔ نہ وہ تمھاری طرح اولاد کا محتاج ہے اور نہ وہ تمھاری طرح بے رحم اور سنگدل ہے۔ وجوب ذاتی، استغنا مطلق اور جملہ صفات کمال۔ علم، قدرت، حکمت وغیرہا۔

۲ے لوگ جس طرح اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں عجلت سے کام لیتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ بھی اتنی جلد بازی سے کام لے کر ان کو ان کے گناہوں کی سزا دیتا تو زندگی کا نام و نشان ہی کہیں باقی نہ ہوتا۔ یہ ساری دنیا اجاڑ اور ویران ہوتی لیکن وہ تو بڑا کریم ہے وہ ہمیشہ عفو و درگزر سے ہی کام لیتا ہے تم گناہ کرتے ہو وہ چشم پوشی فرماتا ہے تم غلطیاں کرتے ہو اور وہ معاف فرماتا ہے اور اس کی عفو و درگزر کا سلسلہ اس وقت تک جاری رہتا ہے۔

وَيَجْعَلُونَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُونَ وَتَصِفُ أَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ أَنَّ

اور تجویز کرتے ہیں ؎۶۳ اللہ تعالیٰ کے لیے (بیٹیاں) جنھیں وہ (اپنے لیے) ناپسند کرتے ہیں اور بیان کرتی ہیں انکی زبانیں جھوٹ (جب) کہ

لَهُمُ الْحُسْنٰى ۖ لَا جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَأَنَّهُمْ مُفْرَطُونَ ﴿۶۲﴾ تَاللّٰهِ

انہی کے لیے ہے ؎۶۴ بھلائی۔ بےشک یقیناً ان کے لیے تو آتش (جہنم) ہے اور انھیں کو (دوزخ میں) پہلے بھیجا جائیگا بخدا ہم

لَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلٰى أُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ أَعْمَالَهُمْ

نے بھیجا ہے (رسولوں کو) مختلف قوموں کی طرف آپ سے پہلے پس آراستہ کر دیا انکے لیے شیطان نے انکے (برے) اعمال کو

فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۶۳﴾ وَمَا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ

پس وہی ان کا دوست ہے آج بھی ؎۶۵ اور ان کے لیے عذاب الیم ہے۔ اور نہیں اتاری ہم نے آپ پر

الْكِتٰبَ إِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً

یہ کتاب مگر اس لیے کہ آپ صاف صاف بیان کر دیں انکے لیے وہ بات جسمیں وہ اختلاف کرتے ہیں اور (یہ کتاب) سراپا ہدایت اور

جب تک وہ مقررہ وقت آ جاتے اس کے بعد پھر کسی تقدیم و تاخیر کی گنجائش نہیں رہتی۔

؎۶۳ یعنی ان مشرکین کے ڈھنگ بھی نرالے ہیں جب یہ بزعم خود بٹائی کرتے ہیں تو جو ردی اور خسیس چیز ہوتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کا حصہ ہوتا ہے اور جو اچھی اور عمدہ چیز ہو لے وہ اپنے لیے چن لیتے ہیں بیٹیاں اللہ تعالیٰ کے لیے بیٹے ان کے لیے۔ کمزور اور لاغر جانور اللہ تعالیٰ کے نام کا اور موٹا تازہ ان کا اپنا۔ غرضیکہ اس قسم کی بیسیوں حماقتیں ہیں جو ان سے آئے دن سرزد ہوتی رہتی ہیں۔

؎۶۴ وہ کہتے ہیں اگر بفرض محال اس نبی کی بات سچی بھی ہوئی اور قیامت آ بھی گئی تو جنت ہمارے ہی حصہ میں آئے گی اور اس دن بھی دوزخ کے شعلے اور محرومیاں انہیں بےنواؤں کے لیے مخصوص کی جائیں گی۔ جو آج اپنے آپ کو جنت کی نعمتوں کا واحد حقدار خیال کرتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کم بخت جھوٹ بول رہے ہیں ان کے لیے تو جہنم کی دہکتی ہوئی آگ ہے اس میں قیامت کے دن انھیں پھینک دیا جائیگا ان بدبختوں کو جنت اور نعیم جنت سے کیا واسطہ۔ مفرطون کے متعدد معانی بیان کیے گئے ہیں لیکن مجھے قتادہ کا قول زیادہ پسند ہے ای معجلون الی النار اور اسی کے مطابق میں نے ترجمہ کیا ہے۔

؎۶۵ دنیا میں وہ شیطان کے چیلے بنے رہے نہ انہوں نے اپنے خدا کو پہچانا اور نہ اس کے رسول کریم سے تعلق جوڑا۔ آج قیامت کے دن وہ جائیں اور ان کا پیشوا ابلیس لے ہی جا کر کہیں وہ انھیں عذاب الٰہی سے چھڑائے۔

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ

رحمت ہے اس قوم کے لیے جو ایماندار ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے اتارا آسمان سے پانی پھر زندہ کیا اس سے

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿۶۵﴾ ع

زمین کو اس کے بنجر بن جانے کے بعد۔ بیشک اس میں (کھلی) نشانی ہے ان لوگوں کے لیے جو (حق کی آواز) سنتے ہیں۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ

اور بیشک تمہارے لیے مویشیوں میں ایک عبرت ہے ۶ دیکھو ہم تمہیں پلاتے ہیں جو ان کے شکموں میں،

بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَاۗىِٕغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَمِنْ

گوبر اور خون ہے ان کے درمیان سے نکال کر خالص دودھ جو بہت خوش ذائقہ ہے پینے والوں کے لیے اور ہم پلاتے ہیں

۶ؔ اللہ تعالیٰ اپنی ایک اور نعمت جلیلہ یاد دلا کر اس میں غور کرنے کا ارشاد فرماتے ہیں۔ ایک جنس جو خوراک کھاتی ہے وہ سب اس کے حلق سے اتر کر اس کے معدہ میں چلی جاتی ہے بعدہٗ ایک اور وہ عوامل بھی یکساں ہیں جو خوراک کو ہضم کے مختلف مرحلوں سے گزارتے ہیں لیکن اس کا کچھ حصہ گوبر بن جاتا ہے اور کچھ حصہ خون بن کر جسم کے تمام اعضاء میں پہنچ جاتا ہے اور اس تقسیم میں بھی یہ حکمت ملحوظ ہے کہ ہر عضو کو خون کی اتنی مقدار ہی بہم پہنچائی جاتی ہے جتنی اس کو ضرورت ہوتی ہے لیکن خون اور گوبر کے علاوہ وہیں ایک اور چیز بھی اس خوراک سے بنتی ہے۔ رنگ بو اور ذائقہ میں وہ ان دونوں چیزوں سے مختلف ہوتی ہے وہ ہے سفید دودھ اب کوشش سے سونگھو کیا اس میں گوبر کی بو کا شائبہ بھی ہے غور سے دیکھو کیا اس میں خون کی ہلکی سی سرخی بھی دکھائی دیتی ہے۔ وہ کون ہے جو اس طرح کی چیزوں میں سے ایسی پاک اور صاف چیز کشید کرتا ہے اور وہ اتنی لذیذ اور خوش ذائقہ ہے کہ خود بخود حلق سے نیچے اترتی چلی جاتی ہے ہر چیز اپنے خالق کی حمد و ثنا میں مصروف ہے لیکن اے انسان تو ہی اتنا ناشکرا ہے کہ اپنے کریم پروردگار کو نہیں پہچانتا اور سرکشی پر ہر وقت آمادہ رہتا ہے۔ آیت میں الانعام سے مراد دودھ دینے والے مویشی ہیں بطونہ کی ضمیر کا مرجع الانعام ہیں۔ قاعدے کے لحاظ سے تو یہ چاہیے تھا کہ فی بطونھا ہوتا کیونکہ الانعام جمع ہے لیکن علمائے نحو نے کہا ہے کہ لفظ انعام مفرد ہے سیبویہ نے اسے ان مفردات میں شمار کیا ہے جو افعال کے وزن پر آتے ہیں اگرچہ قوم، رھط کی طرح اس کا مدلول بھی جمع ہے اس لیے کبھی لفظ کا لحاظ رکھتے ہوئے ضمیر واحد کی اس کے لیے استعمال ہوتی ہے جیسے یہاں کبھی معنی کا لحاظ رکھتے ہوئے مونث کی ضمیر استعمال ہوتی ہے جیسی سورۂ مومنون میں ہے۔ فی بطونھا

فالوجه ان لفظ الانعام لفظ مفرد وضع لافادة الجمع كالرهط والقوم فهو بحسب اللفظ لفظ مفرد فيكون ضميره ضمير الواحد وبحسب المعنى جمع فيكون ضميره ضمير الجمع وهو التانيث فلهذا السبب قال فى سورة المومنين فى بطونها۔ (رازی)

زجاج نے اس کی یہ توجیہ کی ہے کہ انعام اسم جنس ہے اس کی طرف مونث و مذکر دونوں ضمیریں لوٹ سکتی ہیں۔ (قرطبی)

ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا

تمہیں) کھجور اور انگور کے پھلوں سے جنکو تم بناتے ہو اس سے میٹھا رس ۸ اور پاک رزق

حَسَنًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝۶۷ وَاَوْحٰى رَبُّكَ

بلاشبہ اس میں بھی (ہماری قدرت کی) نشانی ہے ان لوگوں کے لیے جو سمجھدار ہیں۔ اور ڈال دی آپکے رب نے شہد کی

اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَ

مکھی کے دل میں یہ بات کہ بنا یا کر ۹ ؎ پہاڑوں میں (اپنے) چھتے اور درختوں (کی شاخوں) میں اور

ـــــــــــ

۷ ؎ ہمیں جو نعمتیں حیوانات سے حاصل ہوتی تھیں ان میں سے چند ایک کا ذکر کرنے کے بعد اب بعض ان فوائد کا بیان فرمایا جارہا ہے جو ہم نباتات سے اٹھاتے ہیں۔ فرمایا ہم اپنی حکمت سے تمہیں دودھ بھی پلاتے ہیں اور پھلوں کا رس بھی۔ اس صورت میں یہ نسقیکم سے متعلق ہوگا بعض نے تتخذون سے بھی اسے متعلق کہا ہے۔ اس وقت منہ کا تکرار تاکید کے لیے ہوگا۔

۸ ؎ "سکر" لغت میں شراب کو کہتے ہیں السکر فی اللغۃ الخمر (البحر) حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ یہ آیت شراب کی حرمت سے پہلے نازل ہوئی تھی جبکہ مسلمان بھی اسے استعمال کیا کرتے تھے۔ اس لیے اس کو یہاں ذکر کیا گیا بعد میں حرمت خمر کا حکم نازل ہوا تو یہ آیت منسوخ ہوگئی لیکن دوسرے علماء نے کہا ہے کہ یہاں اللہ تعالیٰ اپنے احسانات کا ذکر فرمارہا ہے۔ ایسے مقام پر کسی پلید اور نجس چیز کا ذکر کرنا مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ ان کی رائے میں سکر سے مراد کھجور اور انگور کا میٹھا رس ہے جو حلال ہوتا ہے قیل السکر العصیر الحلو الحلال (بحر، قرطبی) اس طرح نسخ کرنے کی بھی ضرورت نہ رہے گی اور وہ شبہ بھی دور ہوجائیگا۔ ترجمہ اسی قول کے مطابق کیا گیا ہے۔

۹ ؎ کائنات کی بڑی بڑی چیزیں اپنے جمال وجلال اور اپنی نفع رسانی کی وجہ سے لوگوں کی توجہ کا مرکز بنی رہتی ہیں لیکن عام طور پر چھوٹی چیزوں کو حقیر سمجھ کر لائق التفات خیال نہیں کیا جاتا۔ اور پھر مکھی جیسی چھوٹی سی چیز کے لیے کس کو فرصت ہے کہ اس میں سوچ بچار کرنے بیٹھے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میری حکمت و قدرت کے جلوے صرف پہاڑوں سمندروں سورج چاند تاروں اور بلند و بالا درختوں میں ہی نظر نہیں آتے بلکہ ایک چھوٹی سی شہد کی مکھی بھی میری حکمتوں کی تجلی گاہ ہے۔ اسکے مختصر سے چھتے میں بھی میرے کرشموں کا مینا بازار لگا ہوا ہے۔ ذرا اس چھتے کو دیکھو کس مہارت سے اسکو مسدس خانوں میں تقسیم کردیا گیا ہے جن کے تمام اضلاع اور سارے زاویے مساوی ہیں بھلا کوئی ماہر انجنیئر بھی مسطر اور پرکار کے بغیر ایسے مسدس خانے نہ بنا سکے پھر اسکے مختلف حصوں پر نظر ڈالو کہیں نوزائیدہ بچوں کی قیام گاہ ہے کہیں شہد کا ذخیرہ کیا جارہا ہے کہیں موم تیار ہورہا ہے کہیں خوراک کا گودام ہے پھر اس حیران کن نظم و نسق کو دیکھو جسکے ماتحت یہ کثیر التعداد مکھیاں یہاں آباد ہیں کسی متمدن ملک کی بہترین تربیت یافتہ فوج بھی ان کا مقابلہ نہیں کرسکتی ان میں ایک مکھی سب کی سردار ہے دوسری مکھیاں اسکی فرمانبردار ہیں۔ اور اسکے حکم

مِمَّا يَعْرِشُونَ ﴿۶۸﴾ ثُمَّ كُلِي مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِي سُبُلَ

ان چھپروں میں جو لوگ بناتے ہیں۔ پھر رس چوسا کر ہر قسم کے پھلوں سے پس چلتی رہا کر (ف) اپنے رب کی آسان

بجالانے میں ذرا کوتاہی نہیں کرتیں بعض خوراک لانے کیلئے متعین ہیں بعض پہریدار ہیں۔ کیا مجال کہ کوئی اجنبی اندر قدم بھی رکھ سکے جو خوراک لانے پر مقرر ہیں وہ اپنے چھتے سے دور دراز مقامات پر اڑ کر جاتی ہیں وہاں سے مختلف پھولوں کلیوں کونپلوں اور پتوں کا رس دن بھر چوستی رہتی ہیں اور پھر طویل مسافت طے کر کے اپنے چھتے میں واپس آجاتی ہیں نہ وہ راستہ بھولتی ہیں نہ لیٹ ہوتی ہیں اور نہ اپنے فرض کو انجام دینے میں کسی کاہلی کی روادار ہیں پھر جس حکمت و خوبی سے پھلوں کے چوسے ہوئے اس رس کو شہد بنانے کا عمل تکمیل پاتا ہے وہ تو اتنا حیرت انگیز ہے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ انسان اتنے علمی کمال اور صنعتی ترقی کے باوجود کوئی ایسی مشینری تیار نہیں کر سکا جسکے ذریعہ وہ پھلوں وغیرہ کے رس سے شہد جیسا جوہر کشید کر سکے۔ غور طلب یہ امر ہے کہ اس چھوٹی سی مکھی کو یہ مہارت اور یہ کمال کس نے سکھایا۔ یہ باقاعدگی نظم و نسق کی پابندی، اپنے فرائض کی ادائیگی، اپنے امیر کی اطاعت، یہ فنی نزاکتیں اور اس پیچیدہ کام کو انجام دینے میں اتنی نفاستیں یہ سب چیزیں اس حیوان کو کس نے تعلیم کیں۔ قرآن کریم بتاتا ہے کہ اے محبوب کائنات صلی اللہ علیہ وسلم یہ تیرے رب کی تعلیم ہے۔ اسی نے یہ سارے گر یہ سارے قاعدے اور یہ طریق کار اس مکھی کو سکھایا ہے۔ اور اسکی دی ہوئی سمجھ سے وہ شہد جیسی نعمت بنا کر انسان کی خدمت میں پیش کرتی ہے۔ اس آیت میں وحی سے مراد الہام ہے یعنی وہ سمجھ جو اللہ تعالیٰ حیوانات وغیرہ کو عطا کرتا ہے جس سے وہ اپنے نفع و نقصان کو سمجھ سکتے ہیں اور اپنے طبعی فرائض خوش اسلوبی سے ادا کر سکتے ہیں الوحی ههنا بمعنى الالهام ومن ذلك الهامهم وما يخلق الله سبحانه فيها من درك منافعها و اجتناب مضارها وتدبير معاشها (قرطبی) وحی کے مفہوم کی مزید تحقیق کے لیے ملاحظہ ہو سورۃ النساء کی آیت ۱۶۳ کا حاشیہ۔

ف ان راستوں سے مراد یا تو وہ راستے ہیں جہاں سے اڑ کر یہ مختلف باغات اور کھیتوں میں تلاش غذا کے لیے جاتی ہے اور پھر واپس آتی ہے یا ان راستوں سے مراد شہد تیار کرنے کے وہ تمام اصول اور مرحلے ہیں جن پر عمل کرنے سے مکھی شہد تیار کرتی ہے۔ ذللا حال ہے اسکے ذوالحال کے متعلق دو قول ہیں یا اس کا ذوالحال سبل ہے یا نحل پہلی صورت میں معنی یہ ہوگا کہ وہ راستے اللہ تعالیٰ نے اس مکھی کی پرواز کے لیے ہموار اور آسان بنا دیئے ہیں اور آسانی سے جاتی ہے اور آسانی سے واپس آتی ہے۔ دوسری صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ مکھی سراپا اطاعت و انقیاد بن کر ان تمام کاموں کو سرانجام دیتی ہے۔ اپنے خالق کے بتائے ہوئے طریقوں سے سر مو ادھر ادھر نہیں ہوتی (السبل مسالكها في الطيران وقيل الطرق التي الهمك وافهمك في عمل العسل۔ (البحر)

فیہ کی ضمیر کا مرجع شہد ہے یعنی اس شہد میں تمہارے لیے شفا ہے کسی حاذق طبیب یا ڈاکٹر سے پوچھیے وہ تمہیں بتائے گا کہ یہ ذرا سی مکھی جو لعاب تیار کرتی ہے وہ مختلف پھولوں سے جو جوہر کشید کرتی ہے وہ کتنی لاعلاج بیماریوں کے لیے زود اثر تریاق ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے مختلف چیزوں میں مختلف صحت بخش اثرات رکھ دیئے ہیں اور علاج کے طور پر کسی چیز کو استعمال کرنا جائز ہے اور اسکے استعمال سے باذن الٰہی شفا بھی ہوتی ہے۔ حضرت جابر سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا لكل داء دواء فاذا يصيب دواء الداء برأ باذن الله اور جمہور علماء کا قول بھی یہی ہے کہ علاج کرنا اور دم کرانا مباح ہے وعلى اباحة التداوي والاسترقاء جمهور العلماء۔ (قرطبی)

رَبِّكِ ذُلُلًا ۚ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ

کی ہموار راہوں پر (یوں) نکلتا ہے ان کے شکموں سے ایک شربت مختلف رنگوں والا اس میں

شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَاللّٰهُ

شفا ہے لوگوں کے لیے۔ بیشک اس میں (قدرت الٰہی کی) نشانی ہے ان لوگوں کے لیے جو غور و فکر کرتے ہیں ۶۹ اور اللہ تعالیٰ

خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۙ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ

نے پیدا فرمایا ہے تمھیں پھر جان قبض کریگا تمھاری ۷۰ اور تم میں سے بعض ایسے ہیں جنھیں لوٹا دیا جاتا ہے ناکارہ عمر کی طرف تاکہ

لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۷۰﴾ وَاللّٰهُ

وہ کچھ نہ جانے جان لینے کے بعد بیشک اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا ہر چیز پر قادر ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے

فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا

برتری بخشی ہے تم میں سے بعض کو بعض پر ۷۱ دولت کے لحاظ سے۔ پس (اب بتاؤ) کیا وہ لوگ جنھیں برتری بخشی

۶۹ یعنی مکھی کے اس طریقہ کار میں اور شہد کی اس صحت بخش تاثیر میں جتنا تم غور کرو گے اتنے ہی اللہ کی قدرت کے نشانات تمھیں نظر آئینگے۔

۷۰ جس نے ان گوناگوں نفع رساں چیزوں کو پیدا کیا ہے اے انسان تیرا بھی وہی خالق ہے۔ اگر مظاہر فطرت میں غور کرنے کی فرصت نہیں تو کم از کم اپنے آئینہ میں تو اس کی قدرت کی کرشمہ کاریوں کا مشاہدہ کر جب تو پیدا ہوا تھا تیرا کیا حال تھا تیری جسمانی اور ذہنی قوتوں میں کس طرح آہستہ آہستہ ترقی ہوتی گئی۔ یہاں تک کہ تم نے شباب کی منزل میں قدم رکھا پھر آہستہ آہستہ تمھاری قوتوں میں انحطاط شروع ہوا یہاں تک کہ تم پیر فرتوت بن گئے اور سنجیدگی رخصت ہوئی۔ عقل و خرد نے ساتھ چھوڑ دیا۔ قوت طاقت کی جولانیاں بھولی بسری کہانیاں بن گئیں۔ آنکھوں کے چراغ دھندلا گئے۔ کانوں کی سماعت میں فرق آگیا۔ ایک ایک کرکے سارے دوست اور سفر زیست کے ساتھی رخصت ہو گئے۔ چلنے پھرنے کی طاقت بھی سلب ہو گئی اور کروٹ بدلنے کے لیے بھی کسی کے سہارے کی ضرورت محسوس ہونے لگی جس نے تمھیں بچپن کی ناتوانی سے جوانی کی شیر افگن قوتوں تک پہنچایا اور وہاں سے اتار کر بڑھاپے کے بستر پر لٹا دیا کیا وہ ہر چیز پر قادر نہیں۔

۷۱ کفار اپنے معبودوں کو خدا کا شریک بنا لیتے تھے وہ انھیں الٰہ بھی کہتے اور انھیں کی عبادت بھی کیا کرتے تھے۔ ان کے اس عقیدہ فاسدہ کی تردید ان کے اپنے حال سے دلیل قائم کرکے کی جارہی ہے انھیں بتایا کہ یہ حقیقت تو ہر شک شبہ سے بالاتر ہے کہ سارے انسان مال و دولت میں یکساں نہیں کئی دولتمند اور مالدار ہیں کئی مفلس اور نادار۔ کیا دولت مند لوگ یہ گوارا کرتے ہیں کہ وہ مال جو انھوں نے کمایا ہے۔ ان سے لیکر انکے مفلس نوکروں اور

بِرَآدِّیْ رِزْقِهِمْ عَلٰی مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُمْ فَهُمْ فِیْهِ سَوَآءٌ ؕ

گئی ہے وہ لوٹانے والے ہیں اپنی دولت کو ان لوگوں پر جو ان کے مملوک ہیں تاکہ وہ سب اس میں برابر ہوجائیں (ہرگز نہیں) تو کیا

اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ یَجْحَدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ

وہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار کرتے ہیں۔ ۶۳ اور اللہ تعالیٰ ہی نے پیدا فرمائیں تمھارے لیے تمھاری جنس سے

اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِیْنَ وَحَفَدَةً وَّ

عورتیں ۶۴ اور پیدا فرمائے تمھارے لیے تمھاری بیویوں سے بیٹے اور پوتے اور

نادار غلاموں میں بانٹ دیا جائے اور وہ سب مساوی طور پر اس کے مالک بن جائیں۔ جب وہ اس بات کو پسند نہیں کرتے تو یہ کتنی نادانی اور بے انصافی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت و اختیار کو اپنے میں تقسیم کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ اس کو خدا ماننے کے ساتھ بتوں کو بھی خدا مانتے ہیں اس کی عبادت کے ساتھ وہ بتوں کی بھی عبادت کرتے ہیں۔ ذرا وہ غور کریں کہ جو بات وہ اپنے لیے پسند نہیں کرتے اللہ تعالیٰ کے لیے آخر کیوں پسند کرتے ہیں۔ اگر انھیں نجات اور فلاح مطلوب ہے تو ان فضول اور لایعنی عقیدوں کو چھوڑیں اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان لائیں اس کی ذات اور اس کی صفات کمال میں کسی کو شریک نہ بنائیں قولوا لا الٰہ الا اللہ تفلحوا۔ یعنی کہو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی خدا نہیں ہے نجات پا جاؤ گے۔

۶۳ یہ قوت و صحت یہ عقل و دانش اور یہ دولت و ثروت سب اس کی بخشی ہوئی نعمتیں ہیں۔ تم اس کی نعمتوں کا انکار نہ کرو بلکہ اس کا شکر یہ ادا کرو۔ قول سے بھی اور عمل سے بھی۔ زبان سے بھی اور دل سے بھی شکر ادا کرو گے تو وہ اپنی مزید نوازشات کے دروازے تم پر کھول دیگا اور اگر ناشکری کرتے رہو گے تو اگلی نعمتوں سے بھی محروم کر دیے جاؤ گے۔

۶۴ اپنے مزید احسانات کی یاد دہانی کرائی جارہی ہے یعنی ہم نے تمھیں تنہا پیدا نہیں کیا ایسی تنہائی جس میں غم کے لمحے بڑے بھیانک ہوتے ہیں اور خوشی کی ساعتیں بڑی اداس بلکہ ہم نے تمھیں اس زندگی کا راستہ طے کرنے کے لیے ایک ساتھی بھی دیا (رفیقۂ حیات) اور مزید کرم یہ فرمایا کہ وہ تمھاری ہی جنس سے ہے تاکہ تمھاری آرزوئیں اور تمنائیں تمھارے جذبات اور خواہشات سب یکساں ہوں تاکہ تم ایک دوسرے کے لیے باعث مسرت اور موجب اطمینان بنو اس پر مزید کرم یہ کیا کہ تمھیں اولاد کی نعمت سے بہرہ ور کیا اور تمھیں پوتے اور پوتیاں بخشیں۔ اس طرح تمھارے دلوں کو مسرت اور تمھاری آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچائی مزید براں تمھیں کھانے کے لیے عمدہ سے عمدہ چیزیں مہیا فرمائیں۔ ان لوگوں کو بے شمار احسانات کے باوجود اگر تم شرک سے باز نہ آؤ تو تم سے بڑھ کر اور کون ناشکرا اور احسان فراموش ہوگا۔ اس آیت میں حفدۃ کا معنی اولاد الاولاد یعنی پوتے پوتیاں نواسے نواسیاں ہیں۔ بعض علماء نے اس کا معنی خدام بھی کیا ہے۔ آیت کے آخر میں دو لفظ ہیں:۔ الباطل اور نعمة اللہ مختلف علماء نے ان کا مدلول الگ الگ کیا ہے۔ مقاتل نے کہا کہ باطل سے مراد شیطان ہے اور

رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ

رزق عطا فرمایا تمھیں پاکیزہ تو کیا (یہ لوگ) باطل پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی مہربانیوں

هُمْ يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ

کی ناشکری کرتے ہیں اور یہ لوگ عبادت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے سوا ان معبودوں کی جو

لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۷۳﴾

انھیں آسمانوں اور زمین سے رزق دینے کا کچھ اختیار نہیں رکھتے اور نہ وہ کچھ کر سکتے ہیں[۷۳]

فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

پس (اے جاہلو!) نہ بیان کیا کرو اللہ تعالیٰ کے لیے مثالیں[۷۴] بیشک اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور تم

نعمۃ اللہ سے مراد حضور فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات ستودہ صفات ہے۔ کلبی نے کہا ہے کہ باطل سے مراد حلت اور حرمت کے احکام میں شیطان کی اطاعت کرنا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ ان کا اپنے بتوں سے شفاعت کی توقع رکھنا اور ان کی برکت پر یقین رکھنا باطل ہے۔ وقیل ما یرجی من شفاعۃ الاصنام و برکتھا اور نعمۃ اللہ سے مراد ما احل اللہ لھم جو چیزیں اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے حلال کی تھیں۔

[۷۳] کفار اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جن معبودوں کی پوجا کیا کرتے تھے ان کے متعلق بتایا جا رہا ہے کہ اس پوجا کی آخر کوئی وجہ بھی تو ہو۔ نہ تو ان معبودوں نے انھیں پیدا کیا ہے کیونکہ یہ تو ان کے اپنے گھڑے ہوئے ہیں اور نہ وہ ان کو رزق دینے پر قادر ہیں۔ کیونکہ زمین و آسمان میں کوئی چیز بھی تو ایسی نہیں جس کے وہ مالک ہوں۔ جب ان کا ہے ہی کچھ نہیں تو وہ بیچارے کسی کو دیں گے کیا۔

[۷۴] ضرب المثل کا معنی ہے ایک حال کو دوسرے حال سے تشبیہ دینا۔ ضرب المثل تشبیہ حال بحال۔ یہاں منع کیا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کسی کے ساتھ تشبیہ نہ دی جائے۔ کیونکہ نہ اس کی کوئی مثل ہے نہ کوئی شبیہ۔ ساری مخلوقات اس کی عبید ہیں۔ اس لیے خالق کو مخلوق سے تشبیہ دینا کہاں کی عقلمندی ہے۔ نیز نہ تمھیں اللہ تعالیٰ کی ذات کا پتہ ہے اور نہ اس کی صفات کا تمھیں علم ہے اور نہ تمھیں یہ خبر ہے کہ وہ کن کمالات سے موصوف ہے۔ اور نہ ان عیوب سے تم آگاہ ہو جن سے وہ پاک ہے۔ جب اس کی ذات و صفات کے بارے میں تمھاری لاعلمی کا یہ عالم ہے تو تمھیں کیا حق پہنچتا ہے کہ اس کے لیے مثالیں دیتے رہو۔

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى

نہیں جانتے۔ بیان فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے ایک مثال ۱۳۶ (وہ یہ کہ) ایک بندہ ہے جو مملوک ہے اور کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا

شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا

اور (اسکے مقابلہ میں) ایک بندہ ہے جسے ہم نے رزق دیا اپنی جناب پاک سے رزق حسن۔ پس وہ خرچ کرتا رہتا ہے اس سے

وَّجَهْرًا ۭ هَلْ يَسْتَوٗنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾

پوشیدہ طور پر اور اعلانیہ طور پر۔ (اے اہل مکہ) تم ہی بتاؤ کیا یہ برابر ہیں ۱۳۷ الحمد للہ! (حقیقت حال واضح ہو گئی) بلکہ ان میں سے اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے۔

۱۳۶ ان کافروں کو ان کی نادانی پر آگاہ کرنے کے لیے ایک مثال دیکر سمجھایا جا رہا ہے۔ کہ تم یہ بتاؤ کہ ایک شخص کسی کا زرخرید غلام ہے۔ اسکو کسی چیز پر قدرت نہیں۔ وہ کسی بھوکے کو باسی روٹی کا ایک ٹکڑا بھی نہیں دے سکتا۔ سردی میں ٹھٹھرتے ہوئے کسی ننگے کو ایک پھٹا پرانا کپڑا بھی دینے کا اختیار نہیں رکھتا۔ نہ اسے کسی کو خریدنے کی اجازت ہے نہ بیچنے کی۔ اسکے علاوہ ایک اور شخص ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے خزانۂ رحمت سے کثیر رزق عطا کیا ہے وہ اسے اپنی مرضی سے خرچ کرنے پر بھی قادر ہے۔ وہ لوگوں کی نگاہوں سے چھپ کر غریبوں اور محتاجوں کی ضرورتیں بھی پوری کرتا ہے اور مجمع عام میں بھی۔ اس کی جود و سخا سے ہر سائل اپنا دامن طلب بھر کر لیے جا رہا ہے۔ اب بتاؤ یہ دونوں شخص اگرچہ انسان ہیں لیکن کیا تم ان کو ایک جیسا کہنے کی جرأت کر سکتے ہو۔ ہرگز نہیں۔ تو پھر غور کرو تم جو اپنے معبودوں کو خدا مانتے ہو اور انکی عبادت کرتے ہو اور انھیں حق تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہو کیا یہ کھلی نادانی نہیں۔ جب وہ دو آدمی انسان ہوتے ہوئے ایک جیسے نہیں ہو سکتے تو پھر یہ تمہارے بے بس اور بیجان بت جو اس زرخرید مقہور اور مجبور غلام سے بھی ہزار درجہ فروتر ہیں۔ وہ رب العرش العظیم کے ہم پلہ اور ہم پایہ کیسے ہو سکتے ہیں کہ تم ان کو اللہ بھی مانو اور ان کی عبادت بھی کرو۔ کچھ تو غور کرو۔

حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا یہاں بتوں کی اور اللہ تعالیٰ کی مثال بیان نہیں کی جا رہی بلکہ کافر اور مومن کی مثال دی جا رہی ہے۔ کہ کافر ایسا ہے جیسے کسی کا کوئی حلقہ بگوش غلام ہو اور اس کے مالک نے اس کے ہر قسم کے اختیارات سلب کر لیے ہیں اور مومن وہ ہے جس پر اس کے خالق و مالک کے بڑے بڑے انعامات و احسانات ہیں اور اس نے اُسے ان کو استعمال کرنے اور خرچ کرنے کی اجازت بھی دے دی ہے ھذا عطاؤنا فامنن او امسک کا مژدہ بھی اسے سنا دیا گیا ہے۔ وہ اسے جس طرح چاہتا ہے خرچ کرتا ہے جب بھی کوئی سائل دامن طلب پھیلائے ہوئے اس کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے تو وہ اسے خالی واپس نہیں کرتا۔ انصاف سے بتاؤ کیا یہ دونوں ایک جیسے ہیں؟ ہرگز نہیں۔

۱۳۷ اس آیت سے یہ حقیقت بھی روز روشن کی طرح واضح ہو گئی کہ اللہ تعالیٰ کے سب بندے ایک ہی حیثیت کے نہیں۔ بعض وہ ہیں جو زرخرید غلام کی طرح بے بس، بے اختیار، مفلس، نادار اور بے فیض ہیں۔ نہ ان کے پاس کچھ ہے اور نہ وہ کسی کو کچھ دے سکتے ہیں لیکن بعض مقبول

محبوب بندے بھی ہیں جو من رزقناہ منا رزقاً حسناً کی عنایت سے بہرہ ور ہیں اور فھو ینفق منہ سراً وجھراً کی شان رفیع کے حامل ہیں یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے رحمت کے خزانوں سے انھیں مالا مال فرما دیا ہے۔ ظاہری اور باطنی نعمتوں سے ان کا دامن بھر دیا ہے۔ علمی اور روحانی فتوحات کی ان پر موسلادھار بارش کی ہے۔ "منا" (یعنی جناب خاص سے) اور "رزقاً حسناً" کے الفاظ میں آپ جتنا غور کریں گے ان مواہب ربانی اور عطیات خداوندی کی نفاست عمدگی اور کثرت فراوانی کی حقیقت کھلتی جائیگی۔ جن محبوبوں کو ان لامحدود عنایات سے سرفراز فرمایا گیا ہے انھیں انکو خرچ کرنے کی بھی اجازت مرحمت فرما دی ہے چنانچہ وہ اللہ تعالیٰ کے بخشے ہوئے خزانوں اور نعمتوں کو بڑی فیاضی اور دریا دلی سے محتاجوں فقیروں اور سائلوں میں بانٹ رہے ہیں۔ نہ وہ خزانے ختم ہوتے ہیں اور نہ کریموں کے ہاتھ تھکتے ہیں۔ ان کے در پہ مانگنے والوں کی بھیڑ لگی ہے۔ ہر کوئی اپنی ہمت حوصلہ اور سمجھ کے مطابق مانگ رہا ہے اور اپنے ظرف کے مطابق لے رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم حبیب معظم سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا دیا۔ اس کی حقیقت کسی غیر سے نہ پوچھیے کوئی کیا جانے خود اس رب کریم سے پوچھیے کہ اے غنی جس کے قبضہ اختیار میں زمین و آسمان کے سارے خزانے ہیں اے کریم جس کی جود و سخا کی ایک جھلک یرزق من یشاء بغیر حساب میں نظر آتی ہے جس کی صفت کمال صرف وہب (عطا فرمانے والا) نہیں بلکہ انک انت الوھاب (بے اندازہ عطا فرمانے والا ہے) اے اکرم الاکرمین تو خود بتا کہ تو نے اپنے پیارے بندے محمد عربی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کیا دیا اور کتنا دیا تو جواب ملتا ہے انا اعطینک الکوثر اے حبیب ہم نے آپ کو جو دیا بے اندازہ دیا۔ پھر ندا آتی ہے علمک مالم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیک عظیما یعنی اللہ تعالیٰ کا آپ پر فضل عظیم ہے۔

یا اس سے پوچھو جس کو دیا ہے کہ اے عبداللہ! تیرے پروردگار نے جو غنی بھی ہے اور سخی بھی۔ تجھے کیا عطا فرمایا تو اس کی زبان حق ترجمان سے کبھی یہ صدا فردوس گوش بنے گی أعطیت مفاتیح خزائن الارض مجھے میرے رب نے زمین کے سارے خزانوں کی کنجیاں عطا فرما دی ہیں اور کبھی وہ ان الفاظ میں اپنے کریم خدا کی کرم گستریوں کو بیان فرمائے گا فوضع یدہ بین کتفی فوجدت بردھا بین ثدی فعلمت ما فی السموات والارض یعنی میرے رب کریم نے اپنا دست فیض رساں میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھا۔ میں نے اس کی ٹھنڈک اپنے سینے میں محسوس کی۔ پھر کیا تھا آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کو میں نے جان لیا۔ اور اپنے محبوب کے طفیل جو نوازشات اپنے محبوب کے غلاموں پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ان کا صحیح اندازہ لگانا بھی ہمارے علم ناتمام اور فکر نارسا کے لیے مشکل ہے قرآن ہی سے سنیے وہ بتاتا ہے الا ان اولیاء اللہ لاخوف علیھم ولاھم یحزنون یعنی کان کھول کر سن لو کہ اللہ تعالیٰ کے دوستوں کو نہ کسی مکروہ چیز کا اندیشہ ہوگا اور نہ کسی محبوب چیز کے ضائع ہونے کا خوف و ملال ہوگا۔ دوسری جگہ ارشاد ہے ولکم فیھا ما تشتھی انفسکم ولکم فیھا ما تدعون نزلاً من غفور رحیم میزبان غفور و رحیم اور مہمان اسکے مقبول بندے ہیں۔ انکی انواع نعمتوں والطاف رحمتوں کا وسیع دسترخوان بچھا ہوا ہے جس سے وہ لطف اندوز ہو رہے ہیں کون ہے جو اس خوان کرم کی شیرینی اور رنگینی کا انکار کرسکے۔

شاید اسی قسم کے ارشادات ربانی کو دیکھ کر شاہ اسمٰعیل صاحب دہلوی جیسے آدمی کو بھی اپنی تقویۃ الایمان میں یہاں تک لکھنے کی جرأت ہوئی کہ "جس کا نام محمد اور علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں" اپنی دوسری کتاب صراط مستقیم میں اپنے ہی ہاتھ سے سیدنا امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم کے متعلق لکھنا پڑا۔

قطبیت و غوثیت و ابدالیت وغیرہا ہمہ از عہد کرامت مہد حضرت مرتضیٰ تا انقراض دنیا ہمہ بواسطہ ایشاں است و در سلطنت سلاطین و امارت امراء

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى

اور بیان فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے ایک اور مثال (کہ) دو آدمی ہیں ان میں سے ایک تو گونگا ہے کسی چیز کی قدرت نہیں

شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ

رکھتا اور وہ بوجھ ہے اپنے آقا پر جہاں کہیں وہ اس (نکمے) کو بھیجتا ہے تو وہ واپس نہیں آتا کسی بھلائی

هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ

کے ساتھ۔ کیا برابر ہوسکتا ہے یہ (نکما) اور وہ شخص جو حکم دیتا ہے عدل کے ساتھ اور وہ راہِ راست پر

ہم ہمت ایشاں را دخل است کہ بریشاں عالم ملکوت مخفی نیست۔ (صراط مستقیم صفحہ ۵۰ فخر المطابع)

ترجمہ :۔ کہ حضرت مرتضیٰ کے مبارک زمانہ سے لیکر دنیا کے ختم ہونے تک قطبیت غوثیت ابدالیت اور دیگر مدارج ولایت سب آپ کے واسطہ سے عطا ہوتے ہیں۔ نیز بادشاہوں کی سلطنت اور امراء کی امارت میں بھی آپ کی ہمت کو بڑا دخل ہے اور حقیقت عالم ملکوت کے سیاحوں پر مخفی نہیں۔

دوسری جگہ اولیائے کاملین کے متعلق لکھتے ہیں: وہم چنیں اصحاب ایں مراتب عالیہ ارباب ایں مناصب رفیعہ ماذون مطلق در تصرف عالم مثال وشہادت می باشند۔ (صراط مستقیم صفحہ ۱۰۱ فخر المطابع) یعنی اسی طرح ان عالی مرتبت اولیاء کرام کو عالم مثال وشہادت میں تصرف کرنے کا مطلق اذن مرحمت ہوچکا ہے۔ الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ شفیع المذنبین واولیاء ملتہ الکاملین الی یوم الدین ربنا الحقنا معھم انک اکرم الاکرمین۔ آمین۔

نے مشرکین جو خدائی اور عبادت میں اپنے بتوں کو بھی اللہ جل مجدہ کا مثیل سمجھتے تھے ان کی حماقت کو واضح کرنے کے لیے ایک اور مثال ذکر فرمائی۔ فرمایا ایک شخص ہے جو پیدائشی طور پر گونگا بھی ہے اور بہرہ بھی۔ اسے کسی چیز پر کوئی اختیار بھی حاصل نہیں۔ وہ اپنے رفقاء پر صرف بوجھ ہے اور قدم بھی ایسے سبز ہیں کہ جس کام کے لیے بھیجا جاتا ہے وہ نامراد لوٹتا ہے۔ اس کے مقابلہ میں ایک اور شخص ہے جو عدل وانصاف قائم کرنے کے لیے سرگرم عمل رہتا ہے۔ اس کا کوئی قدم راہ ہدایت سے ادھر ادھر نہیں اٹھتا۔ اے مشرکو! تم ہی بتاؤ کیا یہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ اگر یہ دونوں انسان ہوتے ہوئے ایک جیسے نہیں تو تمہارے اصنام اوثان جو اس منحوس غلام سے بھی گئے گزرے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے ہم پلہ کیسے ہوسکتے ہیں کہ تم انہیں الٰہ بھی مانو اور ان کی عبادت بھی کرو جو صرف اللہ کا حق ہے۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا۔ یہاں بھی کافر اور مومن کی مثال بیان کی گئی ہے۔ وقیل ھذا تمثیل للمومن والکافر فالابکم ھو الکافر ومن یامر بالعدل ھو المومن رُوِیَ ذلک عن ابن عباسؓ۔

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٧٦﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَآ اَمْرُ

گامزن ہے اور اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے آسمانوں اور زمین کی مخفی باتوں کو ۹۱ اور نہیں قیامت برپا

السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى

ہونے کا معاملہ مگر جیسے آنکھ تیزی سے جھپکتی ہے یا اس سے بھی جلد ۹۲ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٧٧﴾ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

پوری قدرت رکھتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے تمھیں نکالا ہے تمھاری ماؤں کے شکموں سے ۹۳

لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـــًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ

اس حال میں کہ تم کچھ بھی نہیں جانتے تھے اور بنائے تمھارے لیے کان اور آنکھیں اور دل تاکہ تم (ان میں ہما نعتوں کا)

۹۱؎ سابقہ آیات میں بتوں کی بے بسی اور اللہ تعالیٰ کی عظمت کمال کو بڑے دلنشین پیرایہ میں مثالیں دے کر سمجھایا گیا تھا اب اللہ تعالیٰ کے علم اور قدرت کی دلیل پیش کی جارہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی وہ ذات ہے کہ آسمانوں اور زمینوں کے تمام غیبوں کو جاننا اسی کے ساتھ مخصوص ہے۔ کوئی انسان اپنے حواس کے ذریعہ یا اپنی عقل کے زور سے ان کو نہیں جان سکتا۔ غیب اسے کہتے ہیں جس کا ادراک نہ حواس سے ہو سکے اور نہ عقل سے ما لا یدرک بالحس ولا یفھم بالعقل (بحر) غیب پر مطلع ہونے کا ایک ہی ذریعہ ہے کہ اللہ تعالیٰ خود کسی کو غیب پر مطلع کر دے یعنی لا یعلم الغیب احد منہ تعالٰی الا بتعلیمہ (مظہری) یعنی اللہ تعالیٰ کی تعلیم کے سوا کوئی بھی غیب نہیں جان سکتا۔ علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں:۔ واختصاصہ بعلم الغیب فلا اطلاع لاحد علی ذلک الا ان یطلعہ تعالٰی علی ما یشاء۔ علم غیب اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختص ہے۔ کوئی بھی اس پر آگاہ نہیں ہو سکتا بجز اسکے کہ اللہ تعالیٰ خود آگاہ فرما دے۔

۹۲؎ اور اس کی قدرت کا یہ عالم ہے کہ جب وہ قیامت برپا کرنا چاہے گا تو اس زمین و آسمان شمس و قمر پہاڑوں اور سمندروں کو درہم برہم کرنے کے لیے صدیاں یا سال یا مہینے درکار نہیں ہونگے بلکہ کم سے کم مدت جس کا تم تصور کر سکتے ہو وہ لمح البصر ہے (تیزی سے دیکھنا) اتنا وقت بلکہ اس سے بھی کم وقت میں یہ سب کچھ زیر و زبر ہو جائیگا جس کے علم کا یہ حال ہے اور جس کی قدرت کا یہ عالم ہے وہی خدائے برحق اور معبود برحق ہے۔

۹۳؎ اسی علیم و قدیر کی نوازش ہے کہ اس نے تم کو انسان کی شکل میں پیدا فرمایا اور جب تم پیدا ہوئے تھے تو تمھاری نادانی کا یہ حال تھا کہ تم اپنی ماں کو بھی نہیں پہچان سکتے تھے جس کے شکم میں تم ایک عرصہ گذار کر آئے تھے اسی خالق نے تمھیں ظاہری حواس کان آنکھیں وغیرہ بھی بخشیں اور اسی نے تمھیں سوچنے اور سمجھنے کی استعداد بھی مرحمت فرمائی تاکہ تم اپنے خالق و مالک کی عنایات بے پایاں کا اعتراف کرو اور اس کا

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿۷۸﴾ أَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرَاتٍ فِي جَوِّ

شکر ادا کرو۔ کیا انھوں نے کبھی نہیں دیکھا پرندوں کی طرف ۹۴ کہ وہ مطیع اور فرمانبردار بن کر اڑ رہے ہیں

السَّمَاءِ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا اللَّهُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ

فضاء آسمانی میں۔ کوئی چیز انھیں تھامے ہوئے نہیں بجز اللہ تعالیٰ کے۔ بیشک اس میں (کھلی) نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے

يُؤْمِنُونَ ﴿۷۹﴾ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ بُيُوتِكُمْ سَكَنًا وَجَعَلَ

جو ایمان لائے ہیں ۹۵ اور اللہ تعالیٰ نے ہی (اپنے فضل و کرم سے) بنا دیا ہے تمھارے لیے تمھارے گھروں کو آرام و سکون کی جگہ۔ اور بنائے ہیں

لَكُمْ مِنْ جُلُودِ الْأَنْعَامِ بُيُوتًا تَسْتَخِفُّونَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ

تمھارے لیے جانوروں کے چمڑوں سے گھر (یعنی خیمے) جنھیں تم ہلکا پھلکا پاتے ہو ۹۶ سفر کے دن

تاکہ تم شکر ادا کرو۔ افئدۃ جمع ہے فؤاد کی جیسے غراب کی جمع اغربۃ ہے۔ امّھات۔ ام کی جمع ہے چاہیے تو یہ کہ اس کی جمع امات ہوتی لیکن تاکید کے لیے ہا بڑھا دی فزیدت الہاء تاکیداً کما زادوھا فی اھرقت الماء (قرطبی)

۹۴ اپنی قدرت کی ایک اور نشانی کی طرف توجہ دلائی کہ تم بلندی کی طرف کوئی چیز کتنے ہی زور سے پھینکو۔ وہ تھوڑی دور اوپر جا کر نیچے گر پڑے گی کیونکہ ہر ثقیل چیز مرکز زمین کی طرف لوٹتی ہے لیکن فضائے آسمانی میں محو پرواز پرندوں کو دیکھو یہ نیچے کیوں نہیں گر پڑتے۔ زمین کی کشش ثقل انکو اپنی طرف کیوں نہیں کھینچ لاتی۔ وہ کون ہے جس نے پرندوں کو ایسے بازو لیے پر اور ایسے دم بخشے ہیں کہ وہ ہوا کی وسعتوں میں گھنٹوں پر کشا رہتے ہیں۔ کیونکہ پرندوں کے جسم کی مخصوص ساخت انکے بازو اور پر سب اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے ہیں۔ اس لیے ان کو ہوا میں معلق رکھنے کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی گئی۔

۹۵ جن ایمان والوں کے لیے پرندوں کی ہیئت ترکیبی میں آیات و علامات تھیں۔ وہ تو تنگ اڑا کر ہی خوش ہوتے رہے اور دوسری قوموں نے اس رہنمائی سے فائدہ اٹھا کر طیارے اور معلوم نہیں کیا کیا بنا کر فضا کو مسخر کیا اور وہاں اپنے جھنڈے گاڑ دیے۔

۹۶ اب ان انعامات کا ذکر فرمایا جن سے ہر شخص ہر وقت مستفید ہوتا ہے لیکن کثرت استعمال کی وجہ سے انکی اہمیت کا احساس بہت کم ہوتا ہے در حقیقت یہ ہے کہ آسانیاں اور سہولتیں جن کو ہم خاطر ہی میں نہیں لاتے اگر ہم سے چھین لی جائیں تو زندگی گزارنا دوبھر ہو جائے۔ اس آیت میں انھیں نعمتوں کی طرف توجہ دلائی جن سے ہم ہر وقت لطف اندوز ہوتے ہیں کہ دیکھو یہ کس کی کرم گستریاں ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی بتلا دیا کہ ان سے دل نہ لگا بیٹھنا انھیں ایک دن چھوڑنا ہوگا مبادا اس وابستگی کی وجہ سے چھوڑنے کے وقت تمھیں تکلیف ہو۔ تستخفونھا: تجدونھا خفیفۃ یعنی تم انکو ہلکا پھلکا پاتے ہو اور چمڑے وغیرہ کے بنے ہوئے خیمے بڑی آسانی سے سفر میں اپنے ہمراہ لے جا سکتے ہو۔ اثاث: متاع البیت گھریلو استعمال کا سامان

وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ

اور اقامت کے دن۔ اور اسی نے بنائے ہیں بھیڑوں کی صوف اور اونٹوں کی اون اور بکریوں کے بالوں سے

اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ۝۸۰ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا

مختلف گھریلو سامان اور استعمال کی چیزیں ایک وقت مقرر تک۔ اور اللہ تعالیٰ نے ہی بنائے ہیں تمھارے آرام کیلئے ان چیزوں کے سائے جن کو

وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ

اس نے پیدا فرمایا[۹۶] اور اسی نے بنائی ہیں تمھارے لیے پہاڑوں میں پناہ گاہیں اور اسی نے بنائے ہیں تمھارے لیے ایسے لباس جو بچاتے ہیں

تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ

تمھیں گرمی سے[۹۷] اور (کچھ ایسے آہنی) لباس جو بچاتے ہیں تمھیں لڑائی کے وقت۔ اسی طرح وہ پورا فرماتا ہے اپنا احسان

عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ۝۸۱ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ

تم پر تاکہ تم سر اطاعت خم کرو[۹۸] پس اے محبوب! اگر (ان روشن دلائل کے باوجود) وہ منہ پھیر لیں تو فکرمند نہ ہوں آپ کے

بستر، چادریں، لباس وغیرہ۔

[۹۶] اس آیت میں بھی انھیں انعامات کا تذکرہ فرمایا جو روزمرہ کے استعمال میں آنے والے ہیں۔ گرمی کا موسم ہو چلچلاتی دھوپ ہو سخت گرم لُو چل رہی ہو آپ کسی گھنے درخت کے ٹھنڈے سایہ میں سستانے کے لیے رکیے۔ آپ کو پتہ چلے کہ سایہ کتنی بڑی نعمت ہے۔ دیواروں کے سائے مکانوں کے سائے ہر چیز کا ظل بنا کر تم پر احسان فرمایا پھر پہاڑوں کو بھی ایسا نہیں بنایا کہ سپاٹ چٹانیں ہوں اور وہاں سفر کرتے کرتے اگر مینہ برسنے لگے برف کا طوفان آ جائے تو تمھیں کہیں سر چھپانے کو جگہ نہ ملے۔ بلکہ جگہ جگہ غاریں بنا دی ہیں جہاں تم آرام کر سکو۔ یا رات گزار سکو۔ اس نعمت کی قدر و قیمت آپ ان لوگوں سے پوچھیے جن کا بسیرا کوہستانی علاقوں میں ہے یا جنھیں کبھی پہاڑی سفر کا اتفاق ہوا ہو۔ اکنان جمع کن۔ وھو الحافظ من المطر والریح وغیرہ لہٰذا یعنی وہ غاریں جہاں انسان بارش اور ہوا وغیرہ سے بچ سکے۔

[۹۷] پھر مزید کرم یہ کیا کہ طرح طرح کے لباس بنائے۔ کوئی گرمیوں میں پہننے کا کوئی سردیوں میں استعمال کرنے کا اور کوئی ایسا لباس (فولادی زرہیں وغیرہ) جو زیب تن کر کے میدان جنگ میں جاتے ہو اور وہ تمھیں دشمن کے واروں سے بچاتا ہے۔

[۹۸] وہ کریم جو ہر حال میں تم پر اپنی نعمتوں کا مینہ برسا رہا ہے جسے تمھاری ہر چھوٹی اور بڑی ضرورت کا خیال ہے جب کہ جاؤ اس کے حضور میں اور اس کے احکام کی اطاعت کو اپنا شعور بناؤ احسان شناسی کا یہی تقاضا ہے اور تمھیں یہی بات زیب دیتی ہے۔

الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ

(تم تو صرف) صاف صاف پیغام پہنچانے والے ہو۔ پہچانتے ہیں اللہ تعالیٰ کی نعمت کو (اس کے باوجود) وہ انکار کرتے ہیں اس کا اور ان میں سے اکثر لوگ

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا

کافر ہیں ۱۰۰ اور قیامت کے دن ہم اٹھائیں گے ہر امت سے ایک گواہ ۱۰۱ تب ان لوگوں

يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ

کو اجازت نہیں ہوگی جنھوں نے کفر کیا اور نہ ان سے توبہ کا مطالبہ کیا جائے گا ۱۰۲ اور جب دیکھ لیں گے وہ لوگ جنھوں نے

ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۵﴾

ظلم کیا عذاب (آخرت) کو تو اس وقت وہ عذاب ان سے ہلکا نہیں کیا جائیگا اور نہ انھیں (مزید) مہلت دی جائے گی۔

وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا

اور جب دیکھیں گے مشرک اپنے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں کو تو بول اٹھیں گے اے ہمارے رب! یہی ہیں ہمارے بنائے ہوئے شریک

۱۰۰ اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ گوناگوں انعامات اور پیہم نوازشات کے باوجود وہ دین حق کو قبول نہیں کرتے اور اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان نہیں لاتے تو آپ پریشان کیوں ہوتے ہیں آپکا جو فرض تھا وہ آپنے باحسن وجوہ ادا فرما دیا۔

۱۰۱ ان کے اس انکار کی وجہ یہ نہیں کہ آپ نے انھیں صحیح طور پر سمجھایا نہیں یا وہ اپنے رب کے احسانات سے بے خبر ہیں۔ آپنے خوب سمجھایا اور انھوں نے اچھی طرح سمجھ بھی لیا لیکن وہ دانستہ کفر و شرک سے چمٹے ہوئے ہیں۔

۱۰۲ آج تو کفار اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا دانستہ انکار کر رہے ہیں۔ قیامت کے روز ان کا کیا حال ہوگا جب انکے انبیاء ان پر گواہی دیں گے کہ اے اللہ العالمین! ہم نے ان کو تیرا پیغام پہنچایا۔ تیری توحید کو قبول کرنے کی دعوت دی۔ تیرے احسانات کی یاد دہانی کرائی۔ لیکن انھوں نے ہماری ایک بھی نہ سنی۔ اس دن وہ معذرت خواہی کی اجازت چاہیں گے یا دنیا میں واپس لوٹنے کی خواہش کرینگے تو ان کی کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔

۱۰۳ اس روز وہ بڑی کوشش کریں گے کہ اللہ تعالیٰ کو راضی کر لیں لیکن اس کوشش کو ٹھکرا دیا جائے گا۔ یستعتبون اس کا اصل عتبٌ ہے جس کا معنی (موجدۃ) ناراضگی ہے اور جب کوئی شخص کسی پر ناراض ہو تو کہتے ہیں عتب علیہ یعتب اذا وجد علیہ۔ اور جب کوئی شخص اپنی ناراضگی کا اظہار کرے تو کہتے ہیں عاتبہ اور جب کوئی شخص اس امر سے باز آجائے جو باعث ناراضگی ہے

الَّذِينَ كُنَّا نَدْعُوا مِنْ دُونِكَ ۚ فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ إِنَّكُمْ

جنھیں ہم پوجا کرتے تھے تجھے چھوڑ کر ۱۰۴ تو وہ شریک انھیں جواب دیں گے یقیناً تم

لَكَاذِبُونَ ﴿۸۶﴾ وَأَلْقَوْا إِلَى اللَّهِ يَوْمَئِذٍ السَّلَمَ ۖ وَضَلَّ عَنْهُمْ

جھوٹ بول رہے ہو وہ پیش کریں گے بارگاہِ الٰہی میں اُس دن اپنی عاجزی اور فراموش ہو جائیں گے

مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿۸۷﴾ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ

انھیں وہ بہتان جو وہ باندھا کرتے تھے جن لوگوں نے کفر کیا اور (دوسروں کو) روکا اللہ تعالیٰ کی راہ

اللَّهِ زِدْنَاهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يُفْسِدُونَ ﴿۸۸﴾

سے ہم نے بڑھا دیا اور عذاب ان کے پہلے عذاب پر ۱۰۵ اس وجہ سے کہ وہ فتنہ و فساد برپا کیا کرتے تھے

تو کہتے ہیں اعتب۔ عتبیٰ اسم ہے اس کا معنی ہے رضا (قرطبی) اگر کوئی کسی کی رضامندی کا طالب ہو تو کہتے ہیں استعتبہ، طلب منہ العتبیٰ ای استرضاہ اور جب کوئی کسی کی خوشنودی کو طلب کرے اور وہ اس سے خوش ہو جائے تو کہتے ہیں استعتبہ فاعتبنی ای استرضیتہ فارضانی (المنجد)

۱۰۴؎ روزِ محشر مشرکین اپنے آپ کو بری الذمہ اور بے گناہ ثابت کرنے کیلئے سارا الزام اپنے معبودوں پر لگائیں گے کہ اے الٰہ العالمین یہ وہ ہیں جن کو ہم تیرا شریک بناتے تھے۔ تجھے چھوڑ کر انہی کی پوجا کیا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان بتوں کو قوتِ گویائی عطا کرے گا اور وہ ان کی تردید کریں گے کہ انھوں نے خود ہی ہمیں گھڑا اور خود ہی ہمیں تیرا شریک بنایا خود ہی ہماری عبادت میں لگ گئے۔ ہم نے انھیں کب کہا تھا کہ وہ تیری عبادت چھوڑ کر ہماری پوجا شروع کر دیں فینطق اللہ الاصنام حتی تظھر عند ذلک فضیحۃ الکفار (قرطبی)

یعنی اللہ تعالیٰ ان بے زبان اور بے جان بتوں کو قوتِ گویائی دے گا تاکہ کفار کی رسوائی ظاہر ہو۔ اس آیت میں غور کرنے سے یہ حقیقت بھی واضح ہو جاتی ہے کہ کفار کا اپنے بتوں کے متعلق کیا عقیدہ تھا ان کا یہ کہنا ھؤلاء شرکاؤنا یہ وہ شریک ہیں جن کو ہم تیرا شریک ٹھہرایا کرتے تھے اور ان کی عبادت کیا کرتے تھے تو کفار اپنے بتوں کو خدا بھی کہتے تھے اور معبود سمجھ کر ان کی عبادت بھی کیا کرتے تھے والشرکاء الذین کنا ندعوھم الٰھۃ من دونک قال اللہ تعالیٰ ذکرہ فالقوا یعنی شرکاءھم الذین کانوا یعبدونھم من دون اللہ علامہ پانی پتی فرماتے ہیں اربابا نعبدھم علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ ای اصنامھم و اوثانھم التی عبدوھا۔

۱۰۵؎ انھیں دوہرا عذاب ملے گا اپنی گمراہی کا بھی اور جن کو انھوں نے ہدایت قبول کرنے سے روکا۔ اُن کے گناہوں کا وبال بھی انھیں پر ہوگا۔

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا عَلَيْهِم مِّنْ أَنفُسِهِمْ

اور وہ دن (بڑا ہولناک ہوگا) جب ہم اٹھائیں گے ہر امت سے ایک گواہ ان پر انھیں میں سے

وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ ۚ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ

اور ہم لے آئیں گے آپ کو بطور گواہ ان سب پر ۱۰۶ اور ہم نے اتاری ہے آپ پر یہ کتاب ۱۰۷

۱۰۶ ھؤلاء کا اشارہ الیہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے یعنی حضور اپنی امت پر گواہی دیں گے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ حضور نے فرمایا حیاتی خیر لکم تحدثون ویحدث لکم ومماتی خیر لکم تعرض علی اعمالکم فما رایت من خیر حمدت اللہ علیہ تعالیٰ وما رایت من شر استغفرت اللہ لکم یعنی میری زندگی بھی تمہارے لیے بہتر ہے اور میرا یہاں سے انتقال کر جانا بھی تمہارے لیے بہتر ہے۔ تمہارے اعمال میرے سامنے پیش کیے جاتے ہیں اگر تمہاری کسی نیکی کو دیکھتا ہوں تو اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہوں اور جب تمہارے کسی گناہ کو دیکھتا ہوں تو تمہارے لیے استغفار کرتا ہوں۔ سورہ بقرہ آیت ۱۴۳۔ یکون الرسول علیکم شہیدا کی جو تفسیر حضرت شاہ عبد العزیز نے فرمائی ہے وہ پیش نظر رہے۔ آپ لکھتے ہیں: باشد رسول شما بر شما گواہ زیرا کہ او مطلع است بنور نبوت بر رتبہ ہر متدین بدین خود کہ در کدام درجہ در دین من رسیدہ و حقیقت ایمان او چیست و حجاب کہ بداں از ترقی محجوب ماندہ است کدام است پس او می شناسد گناہان شمارا و درجات ایمان شمارا و اعمال نیک و بد شمارا و اخلاص و نفاق شمارا۔ (تفسیر عزیزی)

ترجمہ:۔ تمہارا رسول تم پر گواہی دے گا کیونکہ وہ جانتے ہیں اپنی نبوت کے نور سے اپنے دین کے ہر ماننے والے کے رتبہ کو کہ میرے دین میں اس کا کیا درجہ ہے۔ اور اس کے ایمان کی حقیقت کیا ہے اور وہ کون سا پردہ ہے جس سے اس کی ترقی رکی ہوئی ہے۔ پس وہ تمہارے گناہوں کو پہچانتے ہیں۔ تمہارے ایمان کے درجوں کو، تمہارے نیک اور بد سارے اعمال کو اور تمہارے اخلاص اور ایمان کو بھی خوب پہچانتے ہیں۔ مزید وضاحت کے لیے سورۃ النساء کی آیت ۴۱ کا حاشیہ ملاحظہ ہو۔

۱۰۷ ہماری زندگی کے تمام گوشوں کے متعلق واضح ارشادات قرآن مجید میں موجود ہیں۔ قانون، سیاست، معاشیات، معاشرہ، اخلاق، بین الاقوامی تعلقات، غرضیکہ ہر وہ چیز جس کا تعلق مومن کی زندگی کے ساتھ ہے۔ ان سب کو قرآن پاک نے بیان کر دیا ہے۔ لیکن اس سے استفادہ کرنا ہر ایک کی اپنی استعداد پر موقوف ہے۔ حضرت ابن عباس سے تو یہاں تک منقول ہے کہ آپ نے فرمایا:۔ لو ضاع منی عقال بعیر لوجدته فی کتاب اللہ یعنی میرے اونٹ کا عقال (وہ رسی جس سے پاؤں باندھے جاتے ہیں) گم ہو جائے تو میں اسے بھی کتاب اللہ میں پاتا ہوں۔ علامہ ابن کثیر نے حضرت عبد اللہ بن مسعود کا یہ قول نقل کیا ہے قد بین لنا فی ھذا القرآن کل علم و کل شیء ہمارے لیے سارے علوم اور ساری چیزیں اس قرآن میں بیان کر دی گئی ہیں۔ وقال مجاھد کل حلال وحرام مجاہد نے کہا کہ ہر حلال اور ہر حرام قرآن میں بتا دیا گیا۔ اس کے بعد علامہ ابن کثیر اپنی رائے لکھتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود کا قول زیادہ جامع ہے کیونکہ قرآن تمام علوم نافعہ کو اپنے اندر لیے ہوئے ہے۔ اس میں گزرے ہوئے لوگوں کی خبریں بھی ہیں۔ اور آنے والے واقعات کا بھی علم ہے۔ ہر حلال

تِبۡيَانًا لِّكُلِّ شَيۡءٍ وَّهُدًى وَّرَحۡمَةً وَّبُشۡرٰى لِلۡمُسۡلِمِيۡنَ ﴿۸۹﴾

اس میں تفصیلی بیان ہے ہر چیز کا اور یہ سراپا ہدایت و رحمت ہے اور یہ مژدہ ہے مسلمانوں کے لیے۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاۡمُرُ بِالۡعَدۡلِ وَالۡاِحۡسَانِ وَاِيۡتَآئِ ذِى الۡقُرۡبٰى

بیشک اللہ تعالیٰ حکم دیتا ہے کہ[۱۰۸] ہر معاملہ میں انصاف کرو اور (ہر ایک کے ساتھ) بھلائی کرو اور اچھا سلوک کرو رشتہ داروں کے ساتھ

اور حرام اور تمام وہ امور جن کی طرف لوگ اپنی دنیا اور اپنے دین اپنی معاش اور اپنی معاد میں محتاج ہیں سب مذکور ہیں وقول ابن مسعود اعم واشمل فان القرآن اشتمل علی کل علم نافع من خبر ما سبق وعلم ما سیاتی وکل حلال وحرام وما الناس الیه محتاجون فی امر دنیاهم ودینهم ومعاشهم ومعادهم (تفسیر ابن کثیر) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یہ شعر بھی اس قول کی تائید کرتا ہے۔

جمیع العلم فی القرآن لکن — تقاصر عنه افهام الرجال

کہ قرآن پاک میں تو تمام علوم ہیں لیکن لوگوں کے ذہن ان کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔

[۱۰۸] یہ آیت جب نازل ہوئی تو اسلام کے بڑے بڑے دشمن اس کے اعجاز اور جامعیت کو دیکھ کر دنگ رہ گئے۔ عکرمہ کہتے ہیں کہ حضور نے یہ آیت ولید بن مغیرہ کو پڑھ کر سنائی تو اس نے کہا یا ابن اخی اعد میرے بھتیجے ایک بار پھر پڑھو حضور نے اسے پھر پڑھا تو وہ دشمن اسلام اور منکر قرآن یہ کہنے پر مجبور ہو گیا واللہ ان له لحلاوة وان علیه لطلاوة وان اسفله لمعذق واعلاه لمثمر وما هو بقول بشر۔ بخدا یہ تو بڑی شیریں ہے اس کا ظاہر بڑا رنگین ہے اس کا تنا پتوں والا ہے اور اس کی شاخیں پھلوں سے لدی ہیں۔ بخدا یہ کسی بشر کا کلام نہیں۔ حضرت ابن مسعود نے فرمایا هذه اجمع آية فی القرآن لخیر یمتثل ولشر یجتنب یہ قرآن کی جامع ترین آیت ہے اس میں ہر وہ اچھی چیز جس پر عمل کرنا ضروری ہے مذکور ہے اسی طرح ہر وہ بری چیز جس سے اجتناب ضروری ہے موجود ہے۔ ایسی کتاب مقدس کی ایک آیت ہے جس کے متعلق اس کے نازل فرمانے والے نے فرمایا تبیانا لکل شیء ہے اس لیے اس میں ہمیں بھی زیادہ سے زیادہ غور کرنا چاہیے تاکہ اس گنج شائیگاں سے بیش از بیش مستفیض ہو سکیں۔ اس آیت میں تین چیزوں کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور تین چیزوں سے روکا گیا ہے۔ وہ تین چیزیں جن کو کرنے کا حکم دیا گیا ہے (۱) عدل (۲) احسان (۳) اور ایتاء ذی القربیٰ اور دوسری تین چیزیں الفحشاء المنکر اور البغی ہیں۔ ان امور میں سے ہر ایک کے متعلق مختصر تشریح پیش خدمت ہے۔ حضرت سفیان ابن عیینہ نے فرمایا العدل ههنا استواء السریرة والاحسان ان تکون السریرة افضل من العلانیة کہ یہاں عدل کا معنی یہ ہے کہ ظاہر اور باطن دونوں یکساں ہوں احسان کا مطلب یہ ہے کہ باطن ظاہر سے بھی زیادہ پاکیزہ ہو۔ حضرت سیدنا علی کا ارشاد ہے العدل الانصاف والاحسان التفضل یعنی عدل انصاف کرنا اور احسان فضل و کرم ہے اور حقیقت یہ ہے کہ کسی معاشرہ کا صحت مند بنیادوں پر قائم ہونا انہی دو چیزوں پر موقوف ہے کہ کسی کی حق تلفی نہ ہو۔ ہر ایک کو اس کا پورا حق ملے اور قانون کے سامنے شاہ و گدا سب برابر ہوں۔ لیکن اتنا ہی کافی نہیں بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ ہر فرد اپنے

وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ

اور منع فرماتا ہے بے حیائی سے، بُرے کاموں سے اور سرکشی سے۔ اللہ تعالیٰ نصیحت کرتا ہے تمہیں تاکہ تم

دوسرے ساتھی کے ساتھ برتاؤ کرنے میں احسان کو بھی پیش نظر رکھے یعنی اس کو حق سے زیادہ بھی دے اور اگر اس سے کوئی کوتاہی سرزد ہو جائے تو اس کے لیے ہر وقت سزا دینے پر ہی مصر نہ ہو بلکہ عفو و درگزر سے بھی کام لے اسی طرح اس معاشرہ میں صرف یہ نہیں کہ حسد و عناد کے شعلے بجھ کر رہ جائیں گے بلکہ انس و محبت کی نسیم بھی ایسے غنچہائے دل کو متبسم آشنا کرتی رہے گی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے احسان کی یہ تعریف منقول ہے ان تعبد اللہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک یعنی تو اپنے رب کی اس طرح عبادت کر گویا تو اسے دیکھ رہا ہے۔ اور اگر مراقبہ کی یہ کیفیت نہ پیدا ہو سکے تو کم از کم یہ تو یقین کر کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ ارباب قلوب میں سے اعلیٰ درجے کے لوگ عبادت کرتے وقت کانک تراہ کے مقام پر فائز ہوتے ہیں اور بعض کی رسائی اس مقام تک نہیں ہوتی لیکن فانہ یراک کی لذتوں سے وہ بھی محظوظ ہوتے ہیں۔ تیسرا حکم یہ ہے کہ اپنے رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی سے پیش آؤ ایسا نہ ہو کہ تم عیش و عشرت کرتے رہو اور تمہارا کوئی رشتہ دار نان شبینہ کا محتاج ہو۔ اسلام نے خاندانی کفالت کا جو قاعدہ مقرر کیا ہے اس پر صحیح طور پر عمل کیا جائے تو ہمارے معاشرے کی کئی مشکلات دور ہو سکتی ہیں۔ شریعت کی طرف سے ہر باپ پر اپنے اہل خانہ کی ذمہ داری عاید ہے اسی طرح اولاد پر اپنے والدین کی کفالت بھی فرض ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ قرابت کا یہ سلسلہ جہاں تک پھیلتا چلا جائیگا ذمہ داریاں ساتھ ساتھ بڑھتی جائیں گی۔ اسلام کا نظام میراث اسی خاندانی کفالت کی ایک عملی صورت ہے۔ مرنے والے کا ورثہ صرف اس کی اولاد میں بٹ کر نہیں رہ جاتا بلکہ متعدد دیگر رشتہ داروں کو بھی اس میں سے مناسب حصہ ملتا ہے۔ اگر کوئی انسان نادار ہے اور اس کا کوئی رشتہ دار بھی زندہ نہیں ہے تو اس کے دور کے رشتہ دار پر اس کی کفالت کی ذمہ داری عاید کی جائے گی۔ اس سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی متعدد احادیث پاک ذکر کر کے رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کی اہمیت کو واضح کیا گیا ہے۔

وہ تین چیزیں جن سے باز رہنے کا حکم دیا گیا ہے ان میں سے پہلی چیز "الفحشاء" ہے اس کا معنی ہے کل قبیح من قول وفعل ہر وہ بات اور ہر وہ کام جو قبیح ہو اسے فحشاء کہتے ہیں۔ اس وضاحت سے معلوم ہوا کہ اس کا مفہوم کتنا وسیع ہے ہر وہ چیز جس سے افراد یا قوم کے اخلاق بگڑنے کا اندیشہ ہو وہ الفحشاء کی تعریف میں داخل ہوگی۔ "منکر" کا مفہوم ہے ما انکرہ الشرع بالنھی عنہ جس چیز کو شریعت نے ناپسند بھی کیا ہو اور اس سے روکا بھی ہو "بغی" سے مراد حد سے تجاوز کرنا، اس میں تکبر، ظلم، حسد اور زیادتی سب آ گئیں بعض علماء نے عدل کا یہ مفہوم لکھا ہے کہ عدل کا معنی ہر معاملہ میں درمیانہ روی ہے عقاید ہوں یا عبادات ہوں، اخلاق ہوں یا معاملات ہر چیز میں افراط و تفریط سے دامن بچاتے ہوئے میانہ روی اور اعتدال کے راستے پر گامزن رہنا عدل ہے اور احسان یہ ہے کہ اگر کوئی تجھ پر زیادتی کرے تو تو بدلہ لینے پر مصر نہ ہو بلکہ عفو و درگزر سے کام لے۔ علامہ بیضاوی لکھتے ہیں کہ قوت شہوانیہ کی متابعت میں افراط کو فحشاء کہتے ہیں۔ اور قوت غضبیہ کے مشتعل ہونے کے وقت جو کام کیا جائے اسے منکر کہتے ہیں۔ بغی کا مفہوم لوگوں پر جبر و تشدد کرنا اور ان پر بالادستی قائم کرنا ہے اور یہ قوت وہمیہ کا نتیجہ ہے۔

تَذَكَّرُوْنَ ۞ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا

نصیحت قبول کرو۔ اور پورا کرو اللہ تعالیٰ کے عہد کو جب تم نے اس سے عہد کر لیا ہے [۹۰] اور نہ توڑو (اپنی)

الْاَیْمَانَ بَعْدَ تَوْكِیْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَیْكُمْ كَفِیْلًا ؕ

قسموں کو انھیں پختہ کرنے کے بعد حالانکہ تم نے کر دیا ہے اللہ تعالیٰ کو اپنے اوپر گواہ۔

اِنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ۞ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِیْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا

بیشک اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اور نہ ہو جاؤ اس عورت کی مانند جس نے توڑ ڈالا اپنے سُوت کو [۱۱] مضبوط

[۹۰] اس آیت میں دو چیزوں پر پابندی سے عمل کرنے کا حکم دیا جا رہا ہے۔ اسلام لاتے وقت جو عہد و پیمان بندہ اپنے رب سے کرتا ہے اس کو نبھائے اور باہمی معاملات میں جو قسمیں کھائی جاتی ہیں ان کو بھی پورا کرے۔ اور اس کی وجہ یہ بتائی کہ تم نے اس وقت اللہ تعالیٰ کو اپنے عہد و پیمان یا قسموں کا گواہ بنایا تھا تو یہ کتنی رذالت ہے کہ ایک چیز پر تم اللہ تعالیٰ کو گواہ بناؤ اور پھر اس کو پایۂ تکمیل تک نہ پہنچاؤ۔ کفیل کا معنی گواہ ہے کفیلا ای شاھدًا (مظہری) کفیلا ای شھیدًا ویقال حافظًا ویقال ضامنًا (قرطبی) یعنی کفیل کا معنی گواہ ہے اور بعض نے اس کا معنی نگہبان اور بعض نے ضامن بھی کیا ہے۔

[۱۱] اسلام سے پہلے عرب کے مشرک قبائل کا یہ دستور تھا کہ وہ ایک قبیلہ سے دوستی کا معاہدہ کرتے اس کے بعد اگر انھیں موقع ملتا تو کسی دوسرے قبیلے سے جو قوت اور دولت میں پہلے قبیلے سے فزوں تر ہوتا اس کے ساتھ معاہدہ کر لیتے خواہ یہ ان کا نیا دوست قبیلہ ان کے پہلے معاہد قبیلہ کا دشمن ہی کیوں نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ فرزندانِ اسلام کو اس اخلاقی گراوٹ اور عہد شکنی سے مجتنب رہنے کی ہدایت فرما رہے ہیں کہ تم یہ روش ہرگز اختیار نہ کرو۔ تم نے جو معاہدہ کیا ہے اس کو نبھاؤ اور جو پیمان باندھا ہے اس کو پورا کرو۔ اس خیال سے کہ یہ نیا قبیلہ قوت اور دولت میں پہلے دوست قبیلہ سے زیادہ ہے اس لیے مصلحت کا تقاضا یہ ہے کہ سابقہ معاہدہ کو بلاوجہ توڑ دیا جائے اور نیا معاہدہ اس قبیلہ سے کیا جائے ایسا کرنا تمہارے مقام سے بہت فروتر ہے۔ تم تو مکارمِ اخلاق کے داعی بنا کر بھیجے گئے ہو۔ اگر تم نے ایسی اخلاقی پستی کا ثبوت دیا تو لوگ مکارمِ اخلاق کا درس کس سے جا کر لیں گے۔ سیرت کی پختگی اور اطوار کی پاکیزگی کا نمونہ انھیں کہاں دستیاب ہو گا۔ اور اس عہد شکنی کو اپنی سیاسی فراست وغیرہ کے الفاظ سے تعبیر کر کے اپنے آپ کو دھوکہ نہ دو۔ اگر تم نے ایسا کیا تو تمہاری مثال اس احمق عورت کی سی ہو گی جو دن بھر سُوت کاتتی رہتی ہے اور شام ہوتی ہے تو اس کو پارہ پارہ کر دیتی ہے۔ عہد شکنی کا ارتکاب کر کے جس حماقت کا تم ثبوت دو گے وہ اس عورت کی بے وقوفی سے کم ہرگز نہیں ہو گا۔ دخل: مایدخل فی الشیء ولم یکن منہ کسی چیز میں ایسی چیز ملانا جو اس سے نہ ہو۔ اس کا معنی دغابازی اور فریب کاری ہے۔ اربی۔ ربا سے ہے اس کا معنی ہے زیادہ ہونا یعنی اکثر عددًا و فرھلاً۔

مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ؕ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ

کاتنے کے بعد (اور اسے) پارہ پارہ کر ڈالا ۔ تم بناتے ہو اپنی قسموں کو ایک دوسرے کو فریب دینے کا ذریعہ تاکہ

تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ؕ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ وَلَيُبَيِّنَنَّ

اس طرح ہو جائے ایک گروہ زیادہ فائدہ اٹھانے والا دوسرے گروہ سے صرف آزماتا ہے تمہیں اللہ تعالیٰ ان قسموں سے[111] اور واضح

لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝٩٢ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

فرمادیگا تمہارے لیے قیامت کے روز ان باتوں کو جن میں تم اختلاف کیا کرتے تھے ۔ اور اگر چاہتا اللہ تعالیٰ

لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ

تو بنا دیتا تمہیں ایک اُمّت لیکن وہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہتا ہے اور ہدایت دیتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٩٣ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا

جسے چاہتا ہے[112] اور ضرور تم سے باز پرس کی جائیگی ان اعمال سے جو تم کیا کرتے تھے اور نہ بناؤ اپنی قسموں کو[113] آپس میں

[111] وعدوں کو پابندی سے نبھانا ایک بڑی آزمائش ہے ایفاء عہد کا حکم دے کر اللہ تعالیٰ تمہیں آزمانا چاہتا ہے اور دیکھنا چاہتا ہے کہ اسلام قبول کرنے کے بعد تم اسلام کے تقاضوں کو کس حد تک پورا کرنے کی ہمت اور جرأت کا ثبوت بہم پہنچاتے ہو۔

[112] جن کو اللہ تعالیٰ نظر انداز کر دیتا ہے وہ راہ راست سے بھٹک جاتے ہیں اور اس کی توفیق جس شخص کی دستگیری فرماتی ہے وہی ثابت قدمی سے صراط مستقیم پر گامزن رہتا ہے۔

[113] یہاں ایک بار پھر عہد شکنی اور دوستوں سے غدر اور دھوکہ بازی سے روکا جا رہا ہے نیز عہد شکنی وغیرہ پر جو برے اثرات مرتب ہوتے ہیں ان کی طرف بھی ملت اسلامیہ کی توجہ مبذول کرائی جا رہی ہے کہ اگر تم نے عہد شکنی کی تو اس طرح دوسرے لوگوں کو بھی عہد شکنی کا بہانہ مل جائیگا۔ نیز جب تمہاری عہد شکنی کا چرچا ہوگا تو تمہاری اس حرکت کو دیکھ کر لوگ اسلام سے بدظن ہو جائیں گے اور ان کا یہ کہنا بجا ہوگا کہ جب اس دین کے ماننے والے ایسی حرکتیں کرتے ہیں تو ایسے دین کو دور سے ہی سو سلام۔ اس کے علاوہ دنیا میں تمہارا بھرم کھل جائیگا اور تمہارے قول و قرار پر کسی کو اعتماد نہیں رہیگا جس طرح تم اپنے معاملات اور معاہدات میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کرتے ہو تمہارے دوست بھی تمہارے ساتھ مخلصانہ برتاؤ نہیں کرینگے۔ یہ ساری خرابیاں جو تمہاری عہد شکنی پر مرتب ہونگی انکے تم ذمہ دار ہوگے اور تمہیں اس کی سزا بھگتنی ہوگی۔ قرآن حکیم کی تعلیمات کتنی واضح ہیں وہ اپنے ماننے والوں کو معاہدہ کی حرمت پر پابندی کا کتنا

اَيْمَانَكُمْ دَخَلًاۢ بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا

فریب دینے کا ذریعہ۔ ورنہ (جادۂ حق سے) پھسل جائے گا لوگوں کا قدم (اس پر) جم جانے کے بعد اور تمہیں چکھنا پڑیگا (اس کا)

السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾

برا نتیجہ کہ تم نے (اپنی عہد شکنی اور فریب کاری) کے باعث لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی راہ سے روک دیا ۱۲۳ اور تمہارے لیے بڑا دردناک عذاب ہوگا۔

وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ

اور مت خریدو اللہ تعالیٰ کے عہدوں کو تھوڑی سی قیمت کے عوض ۱۲۴ بیشک جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہی بہتر ہے

خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا

تمہارے لیے اگر تم (حقیقت کو) جانتے ہو۔ جو (مال و زر) تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائیگا اور جو

صاف حکم دے رہا ہے۔ کتنی خوبی سے ان بُرے نتائج کی نشاندہی فرمائی جو ایک مسلمان کی عہد شکنی پر مرتب ہوتے ہیں۔

۱۲۳ اگر ہم حقیقت پسندی کو گوارا کریں اور حالات کا صحیح جائزہ لینے کی ہمت بھی رکھتے ہوں تو ہمیں تسلیم کرنا پڑیگا کہ تبلیغ اسلام کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہماری اپنی بداعمالیاں ہیں۔ ورنہ اس دور میں جبکہ آمدورفت کے ذرائع آسان ہو گئے ہیں اور تبلیغ و اشاعت کے وسائل سہل بھی ہیں اور ارزاں بھی۔ نورِ اسلام سے وسیع علاقوں کے محروم رہنے کی اور کوئی وجہ نہیں ہو سکتی۔ عقل نے وحی سے رشتہ منقطع کر کے منزلِ مقصود تک پہنچنے کی بڑی کوششیں کیں لیکن اس کی ہر ایسی کوشش کا نتیجہ بڑا خطرناک نکلا۔ انسان ہر قسم کے خود ساختہ "ازموں" کو آزماتے آزماتے دل برداشتہ ہو گیا ہے۔ اب وہ محسوس کرنے لگا ہے کہ عقل کی آنکھ وحی الٰہی کے بغیر بینا نہیں ہو سکتی۔ تشنہ لب قوموں کو اسلام کے چشمۂ شیریں سے اپنی پیاس بجھانے کی دعوت دینے کا اب بہترین وقت تھا۔ لیکن ہم نے اپنی بدکرداریوں کے خس و خاشاک سے اس چشمہ کو اتنا گدلا اور مکدر کر دیا ہے کہ کوئی اس طرف رُخ کرنے کی خواہش ہی نہیں کرتا۔ قرآن کریم نے ان الفاظ میں واضح طور پر بتا دیا کہ اگر تم نے فریب دہی، عہد شکنی اور دیگر رذائل سے اپنی سیرت کا دامن آلودہ کر لیا تو یاد رکھو اشاعتِ دین کی راہ میں روڑے اٹکانے والے تم ہو گے۔ اور اس سنگین جرم کے نتائج سے تمہیں دو چار ہونا پڑیگا۔ تذوقوا السوء کے کلمات کتنے معنی خیز ہیں۔ اب ہم اس کوتاہی کا خمیازہ بھگت رہے ہیں۔ یذوق السوء فی الدنیا ھو ما یحل بھم من المکروہ۔ (قرطبی)

۱۲۴ جن فوائد اور منافع کے پیش نظر تم عہد شکنی کر رہے ہو، وہ تمہاری نظر میں بڑے اہم کیوں نہ ہوں اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ فوائد اور منافع تمہارے قول و قرار کی بہت ہی گھٹیا قیمت ہیں اور اتنی سستی قیمت پر مومن کو اپنا قول و قرار بیچتے ہوئے شرم آنی چاہیے۔ اس آیت میں ان حکام اور عدالت کی کرسی پر بیٹھنے والوں کو تنبیہ کی کہ تم نے یہ منصب سنبھالتے ہوئے عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کا عہد

عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ وَ لَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْۤا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا

(رحمت کے خزانے) ۱۱۶ اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں وہ باقی رہیں گے اور ہم ضرور عطا کریں گے انھیں جنھوں نے (مصیبت میں) صبر کیا ان کا اجر ان کے اچھے (اور مفید)

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۹۶ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَ هُوَ مُؤْمِنٌ

کاموں کے عوض جو وہ کیا کرتے تھے۔ جو بھی نیک کام کرے ۱۱۷ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ مومن ہو

کیا تھا اور اللہ کی قسم اٹھائی تھی اب تم اس کو سرے سے پس پشت ڈال کر من مانیاں کر رہے ہو کیا تمھیں یہ سودا منظور ہے۔

۱۱۶ عہد شکنی رشوت ستانی چور بازاری اور دیگر ناجائز وسائل سے تم کتنا مال کیوں نہ فراہم کر لو وہ ختم ہونے والا اور فنا ہونے والا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی رحمت کے خزانے بے پایاں ہیں وہ ختم نہیں ہوتے تم باقی کے بدلے فانی کو کیوں پسند کر رہے ہو تم دنیا کے لالچ کے باعث نبی کریم کو ناراض کرنے کی غلطی نہ کرو۔ وہ تمھیں اپنے خزانہ غیب سے ایسی برکتیں مرحمت فرمائے گا جو تمھاری ساری ضروریات کی کفیل بن جائیں گی۔

۱۱۷ مغرب کی مادی تہذیب کے علمبرداروں کے ذہن میں عقبیٰ کی زندگی یا وہاں کا کوئی تصور ہی نہیں۔ ان کی ساری کوششیں اسی دنیوی زندگی کو زیادہ سے زیادہ خوشگوار آرام دہ اور پر جلال بنانے پر مرکوز ہیں۔ وہ جو کام کرتے ہیں ان کے پیش نظر فقط مادی منفعت ہوتی ہے حتیٰ کہ جو ضابطہ اخلاق انھوں نے اپنا رکھا ہے جسے دیکھ کر ظاہر بین لوگ ان کی اخلاقی برتری کے قصیدہ خوانی کرتے ہیں اس کی تہ میں بھی کاروبار کی ترقی معاشی خوشحالی یا سیاسی وقار اور اقتدار کی ہوس ہی پنہاں ہوتی ہے لیکن صد افسوس وہ قوم جس کا بنیادی عقیدہ ہی دار آخرت پر ایمان تھا وہ بھی مادی تہذیب کی ظاہری ترقی سے مرعوب ہو رہی ہے۔ دن بدن ان کے ذہن میں بھی عقیدہ آخرت کی اہمیت گھٹتی جا رہی ہے۔ وہ بھی تیزی سے اس غلط فہمی کا شکار ہو رہے ہیں کہ قرآن کی تعلیم کا مقصد فقط آخرت کی زندگی کو خوشگوار بنانا ہے۔ ہماری اس دنیوی زندگی کو خوشیوں سے ہمکنار کرنا نہ اس کے مقاصد میں داخل ہے اور نہ اس کی دسترس میں ہے بلکہ یہ حضرات احکام شریعت کو اپنی دنیاوی ترقی میں ایک رکاوٹ تصور کرنے لگے ہیں اگرچہ ہم بظاہر اس کا اعتراف کرنے سے ہچکچاتے ہیں لیکن اپنے معاملات میں جب بھی کوئی شرعی حکم ہمارے مفاد سے ٹکراتا ہے تو ہم بڑی آسانی سے اسے نظر انداز کر کے آگے بڑھ جاتے ہیں۔ ایسے اقدام پر ہمارے ضمیر کے جو پرزور صدائے احتجاج پہلے بلند ہوا کرتی تھی اس کا جوش و خروش بھی مدھم پڑ رہا ہے اس کا اس کے سوا اور کوئی سبب نہیں کہ ہم یہ سمجھنے لگے ہیں کہ اسلام کی پابندی سے ہمارے کاروبار کی ترقی رک جائے گی اور ہمارا معیار زندگی بلند نہیں ہو سکے گا۔ قرآن کریم کی اس آیت طیبہ میں اسی غلط فہمی کو دور کیا گیا ہے۔ اور بتایا گیا ہے کہ جو لوگ ایمان کی دولت سے مشرف ہو کر اسلام کے پیش کیے ہوئے ضابطہ حیات کو اپناتے ہیں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت مشرقی ہوں یا مغربی ان کے دونوں جہان سنور جاتے ہیں۔ ایمان اور اعمال صالحہ کا جو اجر ان کو اس دنیا میں ملے گا اس کو قرآن پاک نے حیاۃ طیبہ کے جامع الفاظ سے تعبیر فرمایا ہے حیاۃ طیبہ کا لفظی معنی پاکیزہ زندگی ہے لیکن اس کا مفہوم اتنا وسیع ہے کہ ساری پائیدار مسرتیں اور حقیقی کامیابیاں اس میں سمٹی ہوئی ہیں۔ دولت

فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا

تو ہم اسے عطا کریں گے ایک پاکیزہ زندگی اور ہم ضرور دیں گے انھیں ان کا اجر ان کے اچھے (اور مفید) کاموں کے عوض

يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ

جو وہ کیا کرتے تھے۔ سو جب تم قرآن کی تلاوت کرنے لگو تو پناہ مانگو اللہ تعالیٰ سے اس شیطان (کی وسوسہ اندازیوں)

کی فراوانی اور سامانِ تعیش کی بہم رسانی کے باوجود دل کو قرار اور اطمینان نصیب نہیں ہوتا اور جب تک دل میں اطمینان کی شمع روشن نہ ہو کبھی خوشی اور حقیقی کامیابی نصیب نہیں ہو سکتی۔ اگر آپ کا دل نورِ ایمان سے اور آپ کی شاہراہِ حیات اعمالِ حسنہ کے چراغوں سے جگمگا رہی ہے تو آپ کی طرح ایک کٹیا میں بیٹھے ہوئے بوسیدہ لباس پہن کر بھی مسرور اور شاداں ہو سکتی ہے۔ لیکن دل کے نگر میں اگر کفر کے اندھیرے خیمہ زن ہوں، شک شبہ کے عفریت چنگھاڑ رہے ہوں تو وہاں مسرت کا گزر کیسے ہو سکے! آپ مغربی ممالک کی ظاہری ترقی پر ہی فریفتہ نہ ہو جائیں ان کے معاشرہ کی گہرائیوں میں اتر کر دیکھیں۔ مسرت، اطمینان، اعتماد نام کی کوئی چیز آپ کو وہاں شاذ و نادر ہی دستیاب ہو گی۔ ہمارے اپنے معاشرہ میں جہاں جہاں اس خدا فراموش اور تصورِ آخرت سے بے بہرہ تہذیب کے قدم جمتے جا رہے ہیں وہاں خاندانوں کی بنیادیں لرز گئی ہیں۔ اس ضرب المثل اعتماد اور باہمی ایثار کی جگہ خود غرضی اور بے اعتمادی نمودار ہو رہی ہے۔ بچے اپنے والدین کے نافرمان بنتے جا رہے ہیں۔ دولت کے حصول کا وہ بھوت ہم پر مسلط ہو چکا ہے کہ چھوٹے سے چھوٹا اور بڑے سے بڑا آدمی دولت سمیٹنے میں ہمہ تن مصروف ہے۔ الا ماشاء اللہ حلال و حرام کی تمیز اٹھ گئی ہے۔ ہماری زیاں کاری کا یہ عالم ہے کہ ہم دولت فراہم کرنے کے لیے اپنے ملک اور اپنی قوم سے غداری کرنے میں بھی کوئی قباحت محسوس نہیں کرتے۔ سڑکوں اور پلوں کی تعمیر میں بددیانتی سے باز نہیں آتے جن کا براہِ راست ہمارے دفاع سے تعلق ہے۔ ہسپتالوں اور درسگاہوں کے ٹھیکے دینے اور ٹھیکے لینے میں کون سی ایسی قباحت ہے جس کا چرچا خاص و عام کی زبان پر نہیں۔ کیا یہ دولت جو ہم اس طرح اکٹھی کرتے ہیں ہمیں اطمینان اور خوشی کی نعمت سے مالا مال کر سکتی ہے۔ قومی مفاد کے ساتھ غداری کر کے کیا ہم اپنے آپ کو محبِ وطن یا قابلِ فخر شہری کہلانے کا حق رکھتے ہیں۔ حیاۃ طیبہ کے دامن میں عزتِ نفس ہے بلند نظری ہے۔ اولوالعزمیاں ہیں ایثار و خلوص ہے قناعت ہے اور ان تمام چیزوں کے علاوہ زندگی کی بازی جیتنے پر ایک بہار آفرین تبسم ہے۔ یہ حیاۃ طیبہ ساری دولتوں سے بڑی دولت ہے۔ ساری عزتوں سے بڑی عزت ہے اور ساری راحتوں سے بڑی راحت ہے اور وہ اسی کو ملتی ہے جس کے دل میں ایمان کا نور ضوفشاں ہوتا ہے جس سے اس کا ظاہر اور اس کا باطن اس کا قول اور اس کا عمل جگمگا رہا ہوتا ہے۔ یہ وہ اجر ہے جو ایک بندہ مومن کو اس دنیا میں بخشا جاتا ہے لیکن یہ زندگی بہرحال فانی ہے اسے ایک دن یقیناً ختم ہونا ہے لیکن ایمان کا درخت اس دنیا سے رختِ سفر باندھنے کے بعد بھی ثمربار رہتا ہے اور اس کی برکت سے آئندہ زندگی جو ابدی ہے جو جاوداں ہے وہ بھی راحتوں اور مسرتوں کا گہوارہ بن جاتی ہے۔

۹۸ قرآن کریم کی تلاوت کے آداب بتائے جا رہے ہیں کہ پڑھنے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے شیطان کی وسوسہ اندازیوں سے پناہ مانگو تاکہ فہم

الرَّجِيْمِ ﴿٩٨﴾ إِنَّهُ لَيْسَ لَهُ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى

سے جو مردود ہے۔ یقیناً اس کا زور نہیں چلتا ان لوگوں پر جو (سچے دل سے) ایمان لائے ہیں اور

رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٩٩﴾ إِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ

اپنے رب پر کامل بھروسہ رکھتے ہیں ۱۱۹ اس کا زور تو صرف ان پر چلتا ہے جو یارانہ گانٹھتے ہیں اس سے اور جو

هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿١٠٠﴾ وَإِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ أَعْلَمُ

اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتے ہیں۔ ۱۲۰ اور جب ہم بدلتے ہیں ایک آیت کو دوسری آیت کی جگہ ۱۲۱ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے

قرآن میں شیطان کی فتنہ انگیزیوں سے تم محفوظ رہ سکو۔

۱۱۹ شیطان ان نفوس قدسیہ پر غالب نہیں آسکتا جو صدق دل سے ایمان لائے ہیں اور عملی دنیا میں اللہ تعالیٰ پر توکل کیے مصائب و آلام کے طوفانوں کو للکارتے اپنی منزل مقصود کی طرف بڑھتے چلے جاتے ہیں۔

۱۲۰ شیطان تو صرف ان بدنصیبوں کو ہی اپنے شکنجہ میں کس کر ان کا بھومر نکالتا ہے انہی کو اپنے دام فریب میں پھنسا کر ذلیل و رسوا کرتا ہے جو اس کی دوستی کا دم بھرتے ہیں اور اس کے اشارے پر رقص کرتے ہیں۔ وہ اگر وہ انہیں اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک کے ساتھ کسی کو شریک بنانے کا اشارہ کرتا ہے تو بے چون و چرا اس کے اس حکم کی بھی اطاعت کرتے ہیں۔

۱۲۱ یہ درست ہے کہ شریعت کے بیشتر احکام کا نزول مدینہ طیبہ میں ہوا لیکن اس سے یہ سمجھنا کہ مکہ مکرمہ میں ہجرت سے پہلے کوئی شرعی حکم ہی نازل نہیں ہوا، قابل فہم نہیں۔ آخر یہ کیسے باور کر لیا جائے کہ ملت اسلامیہ نے بارہ تیرہ سال کا یہ طویل عرصہ کسی نظام کے بغیر گزارا ہو یقیناً یہاں بھی احکام کا نزول ہوا۔ حالات کے مطابق ان میں ردوبدل کیا گیا جس پر کفار مکہ کو یہ الزام لگانے کا موقع ملا۔ یہ کہنا کہ کفار نے اس امر پر اعتراض کیا کہ ایک واقعہ کو متعدد بار مختلف اسلوبوں سے کبھی تفصیلاً کبھی اجمالاً کیوں بیان کیا گیا ہے۔ ایک چیز کو ثابت کرنے کے لیے مختلف مقامات پر نئے دلائل پیش کرنا ہرگز قابل اعتراض نہیں۔ جن واقعات کو مختلف مقامات پر مختلف انداز میں کبھی تفصیلاً اور کبھی اجمالاً ذکر کیا گیا ہے وہ کلام کے سیاق و سباق میں اس موزونیت سے سجے ہوئے ہیں کہ اگر مقام تفصیل کی جگہ اجمال یا مقام اجمال کی جگہ تفصیل کی جاتی تو قطعاً موزوں نہ ہوتا۔

ایک صاحب نے اس آیت کا مفہوم یہ بتایا ہے کہ کفار کو یہ اعتراض تھا کہ سابقہ کتب کی جگہ نئی کتاب کیوں نازل کی جا رہی ہے لیکن یہاں ذکر آیت سے آیت کو بدلنے کا ہے نہ کہ کتاب کو کتاب سے بدلنے کا۔ اور ان دونوں میں جو فرق ہے وہ محتاج بیان نہیں۔

بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾

جو وہ نازل کرتا ہے تو یہ لوگ کہتے ہیں تم صرف افترا پرداز ہو۔ بلکہ ان میں سے اکثر (آیت بدلنے کی حکمت کو) نہیں جانتے ۱۲۲ے

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ

فرمایئے نازل کیا ہے اسے روح القدس نے آپ کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ ۱۲۳ے تاکہ ثابت قدم رکھے انھیں جو

اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ

ایمان لائے ہیں اور یہ ہدایت اور خوش خبری ہے مسلمانوں کے لیے ۱۲۴ے اور ہم خوب جانتے ہیں کہ وہ

يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ

کہتے ہیں کہ انھیں تو یہ قرآن ایک انسان سکھاتا ہے ۱۲۵ے حالانکہ اس شخص کی زبان جس کی طرف یہ تعلیم قرآن کی نسبت کرتے ہیں

۱۲۲ے یعنی احکام کی تبدیلی میں جو حکمتیں ہیں ان میں تو یہ لوگ غور کرتے نہیں اور اعتراض کرنا شروع کر دیتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ کفار کا مقصد تحقیق حق تو تھا ہی نہیں تاکہ وہ اپنے قول کی معقولیت اور عدم معقولیت کے متعلق سوچنے کی زحمت گوارا کرتے بلکہ ان کے پیش نظر اعتراض برائے اعتراض تھا۔

۱۲۳ے جس بے باکی سے انھوں نے زبان درازی کی اسی قوت سے ان کا رد کیا جا رہا ہے۔ فرمایا اسے لیکر روح القدس اترا ہے اور آپ کے پروردگار کے پاس سے لیکر آیا ہے اور حق کے ساتھ لایا ہے جو کلام سراپا حق ہو جس میں باطل کی ذرا آمیزش نہ ہو اور اس کو بھیجنے والا خود آپ کا رب ہو اور لانے والا ایک مقدس فرشتہ ہو جو ہر قسم کی انسانی کمزوریوں سے یکسر پاک ہو نہ وہ نسیان کا مریض ہو کہ بھولنے کا امکان ہو نہ اس کی کوئی ذاتی غرض ہو جس کی وجہ سے وہ اس میں رد و بدل کا خواہاں ہو اور نہ وہ بد دیانت اور خائن ہو تو پھر اسکے لاتے ہوئے کلام کو ماننے میں تامل کرنا اور اسے افترا کہنا ایک نادان کا کام ہی ہو سکتا ہے۔

۱۲۴ے برمحل اور برموقع احکام کی تبدیلی میں جو حکمتیں اور مصلحتیں ہوتی ہیں انھیں دیکھ کر اہل ایمان کا ایمان تازہ ہو جاتا ہے اور انھیں یقین ہو جاتا ہے کہ یہ کلام کسی علیم حکیم ہستی کا ہے جو ہر قسم کی ضرورتوں اور مصلحتوں سے آگاہ ہے۔ یہ کتاب سراپا ہدایت ہے اور جو اس کو قبول کرتے ہیں اور اس پر عمل پیرا ہوتے ہیں ان کے لیے تو یہ فلاح دارین اور فوز عظیم کا مژدہ ہے۔

۱۲۵ے جب انسان بوکھلا جاتا ہے تو معقولیت کا دامن اس کے ہاتھ سے چھوٹ جاتا ہے جب قرآن کریم کے متعلق انکے تمام شبہات کا جواب دے دیا گیا اور ان کو اس جیسی کتاب نہیں تو اس کی چھوٹی سی سورت کی مانند سورت بنانے کے چیلنج نے جب ان کے لبوں پر مہر خاموشی ثبت کر دی تو کہنے لگے انکو کوئی سکھاتا ہے اور یہ سیکھ کر بیان کرتے ہیں۔ رہی یہ بات کہ سیکھتے ہیں تو کس سے۔ انکے لیے کوئی

أَعْجَمِيٌّ وَهَٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِينٌ ﴿١٠٣﴾ إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ

عجمی ہے۔ اور یہ قرآن فصیح و بلیغ عربی زبان میں ہے۔ بیشک جو لوگ ایمان نہیں لاتے

بِآيَاتِ اللَّهِ لَا يَهْدِيهِمُ اللَّهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٠٤﴾ إِنَّمَا

اللہ تعالیٰ کی آیتوں پر اللہ تعالیٰ انھیں ہدایت نہیں دیتا ۱۲۶؎ اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ وہی لوگ

يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ۖ وَأُولَٰئِكَ

تراشا کرتے ہیں جھوٹ ۱۲۷؎ جو ایمان نہیں لاتے اللہ تعالیٰ کی آیات پر اور یہی لوگ

جواب ہوتا تو دو دیتے۔ جتنے منہ اتنی باتیں۔ کوئی کہتا بلعام لوہار سے کوئی بنی مغیرہ کے ایک غلام یعیش کا نام لیتا۔ کوئی عیش اور جبر کو استاد ظاہر کرتا۔ حسن اتفاق ملاحظہ ہو کہ ان میں سے کوئی بھی ایسا نہ تھا جس کی مادری زبان عربی ہو۔ سارے عجمی تھے اور سارے غلام تھے اور ان میں سے اکثر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حلقہ بگوش ہو چکے تھے۔ انکے کافر آقا ان پر سخت ظلم کرتے لیکن ان کے پاؤں نہ ڈگمگاتے۔ اگر یہ علیم ہوتے، اگر یہ قرآن سکھانے والے ہوتے تو انھیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لاکر اپنے آپ کو سنگدل آقاؤں کے ظلم و ستم کا ہدف بننے کی کیا ضرورت تھی۔ نیز اگر کسی سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیکھتے تھے تو وہ کوئی ایک ہی ہوگا۔ کفار کا مختلف لوگوں کے نام لینا انکے جھوٹے ہونے کی صریح نشانی تھی۔ اور سب سے بڑی دلیل انکے جھوٹے ہونے کی یہ تھی جسے قرآن حکیم نے ذکر فرمادیا ہے کہ تم جو لغت عربی کے امام ہو اور فصاحت و بلاغت کے عویدار ہو تم تو آج تک اس جیسی ایک چھوٹی سی سورت بھی بنا نہ سکے۔ یہ عجمی غلام جنھیں صبح سے لیکر شام تک اپنے دھندے سے فرصت نہیں ملتی وہ اتنے ماہر کہاں سے آگئے کہ ایسا فصیح و بلیغ کلام سکھا سکیں جس کے ہر جملہ میں علم و حکمت کے سمندر موجزن ہیں۔ مبین کا معنی علامہ قرطبی نے کیا ہے ای افصح مایکون من العربیۃ یعنی فصاحت و بلاغت کا اعلیٰ ترین نمونہ۔

۱۲۶؎ یہاں پھر اس حقیقت کو واضح کر دیا کہ اللہ تعالیٰ کن لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ فرمایا ان لوگوں کو ہدایت نہیں ملتی جو قرآن پر دانستہ ایمان نہیں لاتے۔ ناقابل تردید دلائل کے باوجود اپنی ضد سے باز نہیں آتے۔ یہی وہ بدنصیب ہیں جن کے مقدر میں گمراہی لکھ دی جاتی ہے۔

۱۲۷؎ کفار نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مفتری ہونے کا الزام لگانے کی گستاخی کی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا افترا بازی کرنا تو تمہارا شیوہ ہے جھوٹ بولنا تو تمہاری عادت ہے میرے محبوب کا مقام تو بڑا بلند ہے۔ اس کے غلام بھی جھوٹ اور غلط بیانی سے اپنی زبان آلودہ نہیں کرتے چنانچہ امام بیہقی نے شعب الایمان میں یہ حدیث نقل کی ہے۔

قیل لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایکون المومن جبانا قال نعم فقیل لہ ایکون المومن بخیلا قال نعم فقیل لہ ایکون المومن کذابا قال لا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی گئی۔ کیا مومن بزدل ہوتا ہے فرمایا ہاں۔ کیا مومن بخیل ہوتا ہے فرمایا ہاں۔ کیا مومن جھوٹا ہوتا ہے فرمایا نہیں۔

هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ

جھوٹے ہیں ۔ جس نے کفر کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایمان لانے کے بعد بجز اس شخص کے جسے مجبور

اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ

کیا گیا اور اس کا دل مطمئن ہے ایمان کے ساتھ (تو اس سے مواخذہ نہ ہوگا)۱۳۵ لیکن وہ (بدنصیب) کھل جائے کفر کے ساتھ

۱۳۵ یہ آیت حضرت عمار کے حق میں نازل ہوئی۔ ایک دفعہ کفار نے آپ کو آپ کے والد یاسر کو اور آپ کی والدہ سمیہ کو پکڑ لیا۔ انھیں طرح طرح کی اذیتیں پہنچائیں تاکہ وہ اسلام سے دستبردار ہوجائیں لیکن بے سود۔ آخر انھوں نے حضرت سمیہ کی ایک ٹانگ ایک اونٹ سے اور دوسری ٹانگ دوسرے اونٹ سے باندھ دی اور ابوجہل نے اُن کے مقام نہانی میں نیزہ مارا اور دونوں اونٹوں کو مختلف سمتوں میں دوڑا دیا۔ یہاں تک کہ چر کر آپ کے بدن کے دو حصے ہوگئے۔ یہ پہلی شہیدہ ہیں جنھوں نے اپنی جان راہِ خدا میں دی۔ پھر حضرت یاسر کو پکڑا اور ان کو بھی بڑی بیدردی سے قتل کر دیا۔ یہ تاریخ اسلام کے دوسرے شہید ہیں جن کے خونِ پاک سے زمین لالہ گوں ہوئی۔ اس کے بعد ان ظالموں نے حضرت عمار کو پکڑا اور انھیں مجبور کیا کہ اسلام کو چھوڑ دیں۔ آپ کی والدہ اور والد کے لاشے سامنے تڑپ رہے تھے انھوں نے بادلِ نخواستہ زبان سے کلماتِ کفر کہہ دیئے۔ بارگاہِ رسالت میں عرض کی گئی کہ عمار تو کافر ہوگیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کلا! ان عمارا ملئ ایمانا من قرنہ الی قدمہ واختلط الایمان بلحمہ ودمہ ہرگز نہیں عمار تو سر سے لیکر قدم تک ایمان سے لبریز ہے ایمان اس کے گوشت اور خون میں سرایت کیے ہوئے ہے۔ حضرت عمار وہاں سے چھٹکارا پاکر روتے ہوئے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے اور سارا ماجرا عرض کیا۔ حضور نے پوچھا کیف وجدت قلبک اے عمار اس وقت تیرے دل کی کیا کیفیت تھی عرض کی مطمئنا بالایمان وہ تو ایمان سے مطمئن تھا۔ اس بندہ پرور آقا نے اپنے غلام کی اشکبار آنکھوں کو اپنے دستِ کرم سے پونچھا اور فرمایا ان عادوا لک فعد لھم بما قلت (مظہری) اس سے معلوم ہوا کہ اپنی جان بچانے کے لیے اگر کوئی شخص کفریہ کلمہ زبان پر لائے بشرطیکہ اس کے دل میں یقین اور ایمان موجود ہو تو اس کی اجازت ہے لیکن افضل اور عزیمت یہ ہے کہ جان دے دے لیکن کلمہ کفر سے اپنی زبان کو آلودہ نہ کرے والافضل والاولی ان یثبت علی دینہ ولو افضی الی قتلہ (ابن کثیر)

جس طرح بیشتر صحابہ کرام نے اپنی جان دے دی لیکن تختہ دار پر بھی اپنے اسلام کا اعلان کرتے رہے۔ علامہ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں حضرت عبداللہ بن حذافہؓ کا ایک ایمان افروز واقعہ لکھا ہے آپ بھی پڑھیے اور غلامانِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کی جان بازی اور سرفروشی کی داد دیجیے۔

حضرت عبداللہ بن حذافہؓ کو رومیوں نے قید کر لیا اور اپنے سردار کے پاس لے آئے۔ اس نے آپ کو کہا کہ عیسائی بنجاؤ۔ میں تمھیں اپنی حکومت میں بھی حصہ دونگا اور اپنی بیٹی کا رشتہ بھی دونگا۔ آپ نے فرمایا لو اعطیتنی جمیع ما تملک وجمیع ما تملکہ العرب علی ان ارجع عن دین محمد طرفۃ عین ما فعلت یعنی تو مجھے اپنی ساری دولت اور بادشاہ اور سارے اہلِ عرب کی دولت اس شرط پر دے کہ میں ایک لمحہ

صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٠٦﴾

(جس کا سینہ ۔ کھلے تو ان لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوگا اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

اس کی وجہ یہ ہے کہ انھوں نے پسند کرلیا دنیا کی (فانی) زندگی کو آخرت کی (ابدی) زندگی پر اور بیشک اللہ تعالیٰ

کے لیے بھی اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دین سے دست کش ہوجاؤں تو پھر بھی میں قبول نہیں کرونگا۔ اس نے دھمکی دی کہ میں تمھیں قتل کردونگا آپ نے فرمایا بصد خوشی۔ اس نے آپ کو سولی پر لٹکانے کا حکم دیا۔ اور تیر اندازوں کو کہا کہ انکے ہاتھوں اور پاؤں پر آہستہ آہستہ چوٹیں لگاؤ۔ انھوں نے ایسا کرنا شروع کیا۔ اور اس نے پھر عیسائیت قبول کرنے کی پیشکش کی۔ آپنے انکار کردیا۔ پھر اس نے سولی سے اتارنے کا حکم دیا۔ پھر ایک تانبے کی دیگ آگ پر تپایا گیا۔ اور ایک مسلمان قیدی کو حضرت عبداللہ کے سامنے اس میں پھینک دیا گیا اور اسی وہیں تڑپ کر جان دیدی۔ اس دھمکی کے بعد پھر اس نے کوشش کی کہ عیسائیت کو قبول کریں۔ آپ انکار کرتے رہے۔ آخر انھیں دیگ میں پھینکنے کا حکم دیا۔ جب جلاد انھیں اٹھا کر اس تپتی ہوئی دیگ کی طرف لیجا رہے تھے تو ثبات و استقامت کے اس پہاڑ میں اضطراب کی ہلکی سی جھلک نہ تھی۔ جب دیگ کے کنارے تک پہنچے تو آپ کی آنکھوں سے آنسو ٹپک پڑے۔ بادشاہ کو خیال آیا کہ شاید اب اسلام کو چھوڑ کر میرا مذہب قبول کرلیں گے اس لیے واپس لانے کا حکم دیا۔ رونے کی وجہ پوچھی۔ آپنے فرمایا کہ میں اس لیے رو پڑا تھا کہ میری ایک جان ہے جسے رضائے الٰہی کے لیے اس دیگ میں ڈالا جارہا ہے۔ کاش میرے پاس اتنی جانیں ہوتیں جتنے میرے جسم پر بال ہیں اور میں سب کو اپنے رب کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اس عذاب میں ڈال دیتا۔ بادشاہ نے آپ کو قید کردیا اور کھانا پینا بند کردیا۔ کافی دن بھوکا اور پیاسا رکھنے کے بعد کچھ شراب اور کچھ خنزیر کا گوشت ان کی طرف بھیجا لیکن آپنے ہاتھ تک نہ لگایا۔ بادشاہ نے پھر اپنے دربار میں طلب کیا اور نہ کھانے کی وجہ پوچھی۔ آپنے فرمایا حالتِ اضطرار میں اگرچہ اس کا استعمال حرام نہیں لیکن میں تجھے یہ موقع نہیں دینا چاہتا تھا کہ تو میرے ایمان کی کمزوری کے باعث اظہارِ خوشی کرے۔ بادشاہ نے کہا اس طرح کرو کہ میرے سر کو بوسہ دو اور میں تمھیں آزاد کردوں گا۔ آپ نے فرمایا کیا میرے ساتھ سارے مسلمان اسیروں کو آزاد کردوگے۔ اس نے کہا ہاں۔ چنانچہ آپنے اس کے سر کو چوما۔ اس نے آپ کو اور تمام مسلمان قیدیوں کو آزاد کردیا۔ جب یہ سب حضرت فاروق اعظم کے پاس پہنچے اور آپ کو یہ ماجرا سنایا تو آپ نے فرمایا حق علی کل مسلم ان یقبل راس عبد اللہ بن حذیفۃ وانا ابدأ فقام فقبل راسہ رضی اللہ عنہما۔ کہ ہر مسلمان پر فرض ہے کہ عبداللہ کا سر چومے اور ابتدا میں کرتا ہوں۔ چنانچہ آپ نے کھڑے ہوکر ان کے سر کو بوسہ دیا۔

۲۹ لیکن اگر کوئی شخص اسلام قبول کرنے کے بعد کفر کی طرف پھر لوٹ آئے اور اس سے خوشی محسوس کرے ایسے شخص کے لیے عذاب الیم کے ساتھ غضب خداوندی بھی ہے۔

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى

ہدایت نہیں دیتا اس قوم کو جو کافر ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں مہر لگا دی ہے اللہ تعالیٰ نے جن کے

قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾

دلوں، جن کے کانوں اور جن کی آنکھوں پر[۱۳۰] اور یہی لوگ (اپنے اعمال کے نتائج سے) غافل ہیں۔

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ

ضرور یہی لوگ آخرت میں نقصان اٹھانے والے ہیں۔ پھر بے شک آپ کے پروردگار کا معاملہ ان کے ساتھ

هَاجَرُوْا مِنْ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ

جنہوں نے ہجرت کی بڑی آزمائشوں سے گزرنے کے بعد پھر جہاد بھی کیا اور (مصائب میں) صبر[۱۳۱] کام لیا بے شک آپ کا رب

مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ

ان آزمائشوں کے بعد (ان کے لیے) بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے۔ اس دن کو یاد کرو جب آئے گا ہر نفس کہ جھگڑا کر رہا ہوگا

۱۳۰ جن لوگوں نے دین اسلام سے رشتہ جوڑ کر توڑ لیا جنہوں نے دنیوی زندگی کی آسائش اور آرام پر دار آخرت کو قربان کر دیا ایسے لوگوں کو ہدایت جیسی نایاب اور بیش قیمت نعمت سے نوازا نہیں جاتا بلکہ ان سے تو فہم و خرد کی قوت سلب کر لی جاتی ہے۔ دیدۂ حق بین بے نور ہو جاتا ہے اور کان آواز حق سننے سے بہرے ہو جاتے ہیں۔

۱۳۱ حضرت عمار رضی اللہ عنہ اور اس قسم کے دوسرے ارباب اخلاص کے متعلق فرمایا جا رہا ہے کہ جنہوں نے فتنہ میں مبتلا ہونے کے بعد اور حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں اپنے وطن کو چھوڑا۔ حق و باطل کی ہر جنگ میں حق کا پرچم بلند کرنے کے لیے سر دھڑ کی بازی لگا دی اور اس راہ میں جس مصیبت اور تکلیف سے انہیں واسطہ پڑا۔ بڑے صبر کے ساتھ اس کو برداشت کیا۔ تو اے محبوب انہیں بتا دو کہ آپ کا رب غفور رحیم ہے۔ ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے اپنی ربوبیت کی نسبت بار بار اپنے محبوب کی طرف کی ہے۔ اس کی مٹھاس اور اس کی لطافتوں سے وہی لطف اندوز ہو سکتے ہیں جنہیں مکتب عشق میں زانوئے ادب تہ کرنے کی سعادت نصیب ہوئی ہو۔

عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

(صرف) اپنے متعلق ۱۳۱ اور پورا پورا بدلہ دیا جائے گا ہر نفس کو جو اس نے کیا ہوگا اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائیگا ۱۳۳

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا

اور بیان فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے ایک مثال وہ یہ کہ ایک بستی تھی جو امن (اور) چین سے (آباد) تھی آتا تھا اسکے پاس

رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا

اس کا رزق بکثرت ہر طرف سے ۱۳۴ پس اس (کے باشندوں) نے ناشکری کی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی پس چکھایا

۱۳۱ اس روز ہر شخص کو اپنی فکر دامنگیر ہوگی۔ عذاب الٰہی سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے وہ سارے جتن کرے گا۔ اگر انکارِ جرم میں اپنی سلامتی محسوس کریگا تو بلا جھجک مکر جائیگا۔ اور کہے گا میں نے تو قطعاً کوئی جرم کیا ہی نہیں۔ میری ساری زندگی اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور فرمانبرداری میں بسر ہوئی۔ لیکن جب فرشتے اس کی زندگی کا مکمل ریکارڈ پیش کر دیں گے اور اسکے اپنے ہاتھ پاؤں اور دیگر اعضا اس کی غلط کاریوں پر گواہی دینگے تو پھر وہ اقبالِ جرم کر کے فوراً معذرت خواہی کرنے لگے گا اور طرح طرح کے حیلے بہانے پیش کریگا۔ لیکن اس روز کسی قسم کی حیلہ سازی کام نہیں آئے گی۔ ہر شخص کو اس کے نیک و بد اعمال کا بدلہ دیا جائیگا۔ نیکوں کی نیکیاں فراموش نہیں کی جائیں گی۔ بلکہ انھیں ان کا نیک بدلہ ملیگا اور بروں کی برائیاں اپنا رنگ لاکر رہیں گی! ور انھیں سزا بھگتنی پڑے گی۔

۱۳۳ ظلم یہ ہے کہ نیکوں کی نیکیاں فراموش کر دی جائیں اور بروں کو ان کی برائیوں سے زیادہ سزا دی جائے ایسا نہیں ہوگا اگر نیکوں کو ان کی نیکیوں کا اجر ان کے حق سے زیادہ دیا جائے یا بروں کی سزا میں تخفیف کر دی جائے تو یہ ظلم نہیں بلکہ ایسا عدل و انصاف ہے جو فضل و کرم کا آئینہ دار ہے اور اس کی شانِ کریمی کو یہی زیبا ہے۔

۱۳۴ بعض علماء کی رائے ہے کہ آیت میں قریہ سے مراد مکہ ہے۔ کعبۂ مقدسہ کی وجہ سے مکہ کو جو عزت و شرف حاصل تھا وہ محتاجِ بیان نہیں۔ یہاں ہر طرح کا امن و امان تھا۔ کوئی حملہ آور اس پر چڑھائی کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا تھا اس کے باشندے جہاں جاتے لوگ ان کی راہ میں آنکھیں بچھاتے۔ کوئی ڈاکو یا راہزن ان پر دست درازی نہ کرتا۔ کھانے پینے کی تمام چیزیں غلہ، سبزیاں، پھل بکثرت دستیاب ہوتے۔ یہاں تک کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوتے بجائے اس کے کہ اہلِ مکہ ایمان سے مشرف ہوکر مزید عنایاتِ الٰہیہ کے مستحق بنتے انھوں نے نافرمانی کی اور انعاماتِ ربانی کا شکر ادا کرنے کے بجائے کفرانِ نعمت کو اپنا شعار بنایا۔ چنانچہ اسلام کے ساتھ ان کی جنگوں کا طویل سلسلہ شروع ہوا جس کے باعث امن و امان درہم برہم ہوگیا۔ ہر گھر میں آئے دن صفِ ماتم بچھنے لگی۔ تجارت کی وہ گرم بازاری باقی نہ رہی۔ قحط و خشک سالی نے انکا ناطقہ بند کر دیا۔ اس آیت میں اسی امر کا ذکر کیا گیا ہے۔ اور بعض علماء نے فرمایا ہے کہ آیت میں قریہ سے مراد کوئی خاص گاؤں نہیں بلکہ کوئی گاؤں کوئی بستی جسکے باشندوں نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کر کے اپنے آپ کو طرح طرح کے مصائب سے دوچار کر دیا۔

اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَ الْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿١١٢﴾ وَ لَقَدْ

انھیں اللہ تعالیٰ نے ایسا عذاب پہنا دیا انھیں بھوک اور خوف کا لباس ان کارستانیوں کے باعث جو وہ کیا کرتے تھے۔ اور آیا

جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَ هُمْ

ان کے پاس رسول انھی میں سے پس انھوں نے اسے جھٹلایا پھر پکڑ لیا انھیں عذاب نے اس حال میں کہ وہ

ظٰلِمُوْنَ ﴿١١٣﴾ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّ اشْكُرُوْا نِعْمَتَ

ظلم و ستم کیا کرتے تھے۔ پس کھاؤ اس سے جو رزق دیا تمھیں اللہ تعالیٰ نے جو حلال (اور) طیب ہے۔ اور شکر کرو اللہ تعالیٰ کی نعمت کا

اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿١١٤﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَ

اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہو۔ اس نے تم پر حرام کیا ہے صرف مردار،

الدَّمَ وَ لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَ مَاۤ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ

خون، خنزیر کا گوشت اور وہ جس پر بلند کیا گیا ہو غیر اللہ کا نام ذبح کے وقت [١٢٥] پس جو مجبور ہو جائے (ان کے کھانے پر) بشرطیکہ

قال ابن عطیہ یتوجہ عندی انھا قصد بھا قریۃ غیر معینۃ جعلت مثلاً لمکۃ علی معنی التحذیر لاھلھا ولغیرھا من القری الی یوم القیامۃ۔ (قرطبی)

١٢٥۔ یہ آیت اس سے پہلے تین مرتبہ گزر چکی ہے۔ اب چوتھی اور آخری بار یہاں مذکور ہے۔ اس آیت کا یہ حصہ خصوصی توجہ کا مستحق ہے کیونکہ اسکو صحیح طور پر نہ سمجھنے کے باعث ملت اسلامیہ میں افتراق و انتشار کا دروازہ کھل گیا ہے اور ایک فریق دوسرے کو کافر و مرتد کہنے سے بھی گریز نہیں کرتا اور بڑی شد و مد سے ان تمام جانوروں کو حرام مردار کہتا ہے جنھیں کسی بزرگ کی روح کو ایصال ثواب کے لیے ذبح کیا گیا ہو خواہ اسے ذبح کرتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام ہی لیا گیا ہو۔ آئیے اس آیت کریمہ کو اپنی آرا اور اہوا کا اکھاڑہ نہ بنائیں۔ بلکہ اسے سنت نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام اور لغت عرب کی روشنی میں سمجھنے کی مخلصانہ کوشش کریں تاکہ حقیقت عیاں ہو جائے اور باہمی اختلافات و منافرت کے بڑھتے ہوئے سیلاب پر قابو پایا جا سکے۔ وباللہ التوفیق۔

آیت کا جو مفہوم سلف صالحین اور علماء متقدمین نے خود سمجھا ہے اور ہمیں سمجھایا ہے۔ وہ تو یہ ہے کہ اگر کسی جانور کو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کا نام لیکر ذبح کیا جائے تو وہ جانور حرام ہے جس طرح مشرکین باسم اللات والعزیٰ کہہ کر جانوروں کو ذبح کیا کرتے تھے۔ امام ابوبکر جصاص حنفی رحمۃ اللہ علیہ اپنی شہرہ آفاق تفسیر احکام القرآن میں اس آیت کی وضاحت کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:۔ ولاخلاف بین

المسلمين ان المراد به الذبيحة اذا اهل لغير الله عند الذبح - یعنی سب مسلمان اس بات پر متفق ہیں کہ اس سے مراد وہ ذبیحہ ہے جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا جائے۔ بیضاوی، قرطبی، رازی اور دیگر مفسرین اسلاف نے اس آیت کی یہی تفسیر بیان کی ہے۔

لیکن علماء متاخرین میں سے بعض لوگوں نے اسلاف اور قدماء مفسرین کی متفقہ رائے سے اختلاف کیا اور اس آیت سے ایک نیا مفہوم اخذ کیا جس سے تکفیر کا دروازہ کھل گیا۔ غیروں کو اپنا بنانے کی توفیق سے جو لوگ محروم تھے انھوں نے اپنوں کو بیگانہ بنانے کا شغل اختیار فرمایا اور اس فن میں وہ جدت طرازیاں اور موشگافیاں کیں کہ عقل دنگ رہ گئی اور دل لرز اٹھا۔ آئیے پہلے ان کے دلائل کو سنئیے تاکہ ان کی اس غلط فہمی کا ماخذ آپ کو معلوم ہو جائے۔ پھر ان میں غور فرمائیے۔ ان دلائل کی بے سروپائی آپ پر واضح ہو جائیگی۔

وہ اس آیت کا یہ معنی بیان کرتے ہیں کہ جس جانور پر غیر اللہ کا نام لے دیا جائے اور وہ اس غیر کے نام سے مشہور ہو جائے تو ایسے جانور کو اگر اللہ تعالیٰ کا نام لے کر بھی ذبح کیا جائے تو وہ حلال نہیں ہوگا بلکہ حرام ہوگا۔ جس طرح کتے اور خنزیر کو اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کیا جائے تو وہ ناپاک ہی رہتا ہے۔ وہ اپنے اس مفہوم کی تائید کے لیے کہتے ہیں کہ لغت عرب اور عرف میں اھل کا معنی ذبح کرنا نہیں ہے کوئی شعر کوئی عبارت ایسی پیش نہیں کی جا سکتی جس میں کسی فصیح و بلیغ نے اھل کو ذبح کرنے کے معنی میں استعمال کیا ہو بلکہ اہل لغت کے نزدیک اھل کا معنی آواز بلند کرنا ہے۔ اور کسی چیز کو شہرت دینا ہے۔ پھر وہ کہتے ہیں کہ اگر مان بھی لیا جائے کہ اھل کا معنی ذبح کرنا ہے تو بھی آیت کا یہ معنی ہوگا کہ وہ جانور جسے غیر اللہ کے لیے ذبح کیا جائے اور اس کا جو معنی تم نے کیا ہے کہ "وہ جانور جسے غیر اللہ کے نام سے ذبح کیا جائے" یہ تو کسی طرح مراد نہیں ہو سکتا۔ اس لیے آیت کا جو معنی تم نے کیا ہے وہ تو صراحۃً تحریف آیت ہے۔ یہ ان کا استدلال ہے جو آپ نے پڑھ لیا۔

اب ہم بصد ادب ان کی خدمت میں عرض کرتے ہیں کہ اھل کا معنی اگر وہ لیا جائے جو تم نے لیا یعنی آواز بلند کرنا یا شہرت دینا تو چاہیے یہ کہ تمام ایسے جانور جن پر غیر اللہ کا نام لے دیا جائے یا انھیں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کے لیے نامزد کر دیا جائے تو وہ ابدی حرام ہو جائیں اور اگر تکبیر پڑھ کے ان کے گلے پر چھری پھیری جائے تب بھی وہ حلال نہ ہوں۔ حالانکہ ایسا نہیں۔ کیونکہ بحیرہ، سائبۃ وغیرہ جانور وہ اپنے بتوں کے لئے نذر مانتے تھے۔ اور ان سے کسی طرح کا فائدہ اٹھانا اپنے اوپر حرام کر دیتے تھے حالانکہ اگر کوئی مسلمان ان کو اللہ کا نام لے کر ذبح کرے تو وہ حلال ہیں۔ ان جانوروں کو بتوں کے نام پر نامزد بھی کیا گیا۔ انھیں کے نام سے وہ مشہور ہوتے۔ حالانکہ انھیں اگر تکبیر پڑھ کر ذبح کیا جائے تو وہ اس کے باوجود حلال ہیں۔

فتاویٰ عالمگیری میں صراحۃً مرقوم ہے کہ اگر کسی مجوسی نے اپنے آتشکدہ کے لیے یا کسی مشرک نے اپنے باطل خداؤں کے لیے کسی جانور کو نامزد کیا اور کسی مسلمان نے اللہ تعالیٰ کا نام لے کر اُسے ذبح کر دیا تو اسے کھایا جائیگا۔ کیونکہ مسلمان نے اسے اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کیا ہے مسلم ذبح شاۃ المجوسی لبیت نارھم او الکافر لالھتھم تو کل لانہ سمی اللہ ویکرہ للمسلم (فتاویٰ عالمگیری: کتاب الذبائح) تو اس سے یہ امر واضح ہو گیا کہ کسی چیز پر محض غیر اللہ کا نام لے دینے سے وہ حرام نہیں ہو جاتی۔

نیز ان کا یہ دعویٰ کرنا کہ اھل کا لفظ ذبح کے معنی میں لغۃً اور عرفاً مستعمل نہیں ہوتا یہ بھی درست نہیں۔ کیونکہ فصاحت و بلاغت کے امام حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے اُھلّ کو ذبح کرنے کے معنی میں استعمال کیا ہے اور آپ کا قول بلا اختلاف حجت اور سند ہے۔ آپ ارشاد فرماتے ہیں:۔ اذا سمعتم الیھود والنصاریٰ یھلّون لغیر اللہ فلا تاکلوا واذا لم تسمعوھم فکلوا فان اللہ قد احل ذبائحھم وھو یعلم ما یقولون (فتح البیان، جلد اول صفحہ ۲۲۲)

یعنی جب تم سنو کہ یہود و نصاریٰ غیر خدا کا نام لے کر ذبح کرتے ہیں تو ان کا ذبیحہ نہ کھاؤ اور اگر نہ سنو تو کھالو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اُن کے ذبیحہ کو حلال کیا ہے اور وہ جانتا ہے جو کچھ وہ کہتے ہیں۔

آپ کے اس قول میں یھلون بمعنی یذبحون مستعمل ہے۔ اس لیے ان کا یہ کہنا کہ اھل کا لفظ ذبح کے معنی میں مستعمل نہیں ہوتا صحیح نہ ہوا۔ قدما مفسرین نے بھی اھلّ کے لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اھل کا لغوی معنی تو آواز بلند کرنا ہے لیکن اب عرفاً یہ ذبح کرنے کے معنی میں یا ذبح کے وقت آواز بلند کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے چنانچہ امام فخر الدین رازیؒ لغت کے امام اصمعی سے لفظ اھل کی تحقیق نقل کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:۔

قال الاصمعی الاھلال اصلہ رفع الصوت فکل رافع صوتہ فھو مھل ..... وھذا معنی الاھلال فی اللغۃ ثم قیل للمحرم مھل لرفعہ الصوت بالتلبیۃ عند الاحرام .... والذابح مھل لان العرب کانوا یسمون الاوثان عند الذبح ویرفعون اصواتھم بذکرھا۔ اصمعی نے کہا کہ اھلال اصل میں آواز بلند کرنے کو کہتے ہیں۔ تو ہر آواز بلند کرنے والا مُھِل کہلائے گا۔ یہ اھلال کا لغوی معنی ہے پھر محرم کو بھی مھل کہتے ہیں کیونکہ احرام باندھتے وقت وہ بلند آواز سے تلبیہ (لبیک اللھم لبیک الخ) کہتا ہے اور ذبح کرنے والے کو بھی مھل کہتے ہیں کیونکہ مشرکین عرب جانوروں کو ذبح کرتے وقت بلند آواز سے اپنے بتوں کا نام لیا کرتے تھے علامہ ابو الفضل جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور اپنی لغت کی شہرۂ آفاق کتاب لسان العرب میں اس لفظ کی تشریح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:۔ واصل الاھلال رفع الصوت وکل رافع صوتہ فھو مھل وکذلک قولہ عزوجل وما اھل لغیر اللہ بہ ھو ماذبح للآلھۃ وذلک لان الذابح کان یسمیھا عند الذبح فذلک ھو الاھلال۔

صاحب تفسیر خازن لکھتے ہیں:۔

اصل الاھلال رفع الصوت .... حتی قیل لکل ذابح مھلٌّ وان لم یجھر بالتسمیۃ: اھلال کا لغوی معنی آواز بلند کرنا ہے ...... یہاں تک ہر ذبح کرنے والے کو مُھِل کہا جانے لگا۔ اگرچہ وہ بلند آواز سے تکبیر نہ بھی کہے علامہ سیوطی نے حضرت ابن عباس سے اُھِلّ کا معنی ذُبح نقل کیا ہے اور امام تفسیر مجاہد نے ما اھل کا معنی ماذبح لغیر اللہ کیا ہے علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر مظہری میں اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:۔ قال الربیع بن انس یعنی ماذکر عند ذبحہ اسم غیر اللہ والاھلال ..... حتی قیل لکل ذابح مھل وان لم یجھر مھل۔

از راہِ اختصار ان چند حوالوں پر اکتفا کیا جا رہا ہے ورنہ بے شمار حوالے پیش کیے جاسکتے ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اھل بمعنی ذبح مستعمل ہوتا رہتا ہے۔ ان ان گنت اور واضح تصریحات کے باوجود یہ کہنا کہ اھل ذبح کے معنی میں نہ لغۃً

استعمال ہوتا ہے اور نہ عرفاً یہ حق و انصاف سے اعراض کرنا ہے۔

نیز ان صاحبان کا یہ کہنا کہ ماا ھل لغیر اللّٰہ بہ کا یہ معنی بیان کرنا کہ غیر اللہ کے نام سے کسی جانور کو ذبح کرنا تحریف ہے یہ بھی درست نہیں۔ کیونکہ علامہ نووی شارح مسلم نے حدیث شریف کے ان الفاظ لعن اللّٰہ من ذبح لغیر اللّٰہ کا یہ معنی کیا ہے اما الذبح لغیر اللّٰہ ان یذبح باسم غیر اللّٰہ یعنی جس کو اللہ کے نام کے سوا کسی نام سے ذبح کیا جائے حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنے فارسی ترجمہ قرآن میں اس آیت کا یہی معنی کیا ہے: "وآنچہ ذکر کردہ شد نام غیر خدا بروقت ذبح وے" یعنی ذبح کے وقت جس پر غیر خدا کا نام ذکر کیا جائے۔ کیا اس تحریف کا الزام یہ حضرات آپ پر بھی عاید کرنے کی جسارت کر سکتے ہیں۔

اس تفصیل سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ گئی کہ آیت کا معنی وہی ہے جو علامہ ابوبکر جصاص نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا ہے جو ابتداء بحث میں نقل ہو چکا ہے۔

نیز بخاری اور مسلم کی صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ حضرت سعد بن معاذ نے حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اپنی والدہ کے لیے جو کنواں کھدوایا تھا اس کا نام ہی بئر ام سعد رکھا گیا تھا یعنی سعد کی ماں کا کنواں۔ اگر کسی غیر کا صرف نام لے دینے سے کوئی چیز ناپاک ہو جاتی تو اس کنویں کا پانی بھی ناپاک ہو جاتا۔ اسے پینا، اس سے وضو یا غسل کرنا اور اس سے کپڑے دھونا سب ممنوع قرار پاتا۔ حضور رحمت عالمیان صلی اللہ علیہ وسلم ہر سال ایک دنبہ اپنی طرف سے قربانی دیا کرتے اور دوسرا دنبہ امت کی طرف سے۔

کئی لوگ کسی ولی کے نام کی نذر مانتے ہیں۔ کیا اس طرح وہ چیز حرام ہو جاتی ہے یا نہیں۔ تو اس کے متعلق مختصراً عرض ہے کہ نذر کے دو معنی ہیں۔ شرعی اور عرفی۔ نذر شرعی عبادت ہے اور عبادت کسی غیر اللہ کے لیے جائز نہیں۔ اس لیے شرعی معنی میں تو نذر اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے اور اس کے علاوہ کسی اور کی نذر ماننا شرک ہے۔ لیکن عرف عام میں نذر عبادت کے معنی میں استعمال نہیں ہوتی۔ بلکہ نیاز کے معنی میں استعمال ہوتی ہے اور یہ شرک نہیں۔ چنانچہ حضرت شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ اپنے والد بزرگوار حکیم الامت حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے اپنے فتاویٰ میں یہ عبارت نقل کرتے ہیں۔ وہی عبارت آپ کی خدمت میں بعینہٖ پیش کرنے کی جسارت کرتا ہوں۔ امید ہے یہ گتھی بھی سلجھ جائے گی۔

لیکن حقیقت ایں نذر آنست کہ اہداء ثواب طعام و انفاق و بذل مال بروح میت کہ امریست مسنون و از روئے احادیث صحیحہ ثابت است مثل ما ورد فی الصحیحین من حال ام سعد وغیرہ ایں نذر مستلزم مے شود پس حاصل ایں نذر آنست کہ اہداء ثواب ہذا القدر الی روح فلاں۔ و ذکر ولی برائے تعیین محل منذور است نہ برائے مصرف و مصرف ایں نذر نزد ایشاں متوسلان آں ولی مے باشند از اقارب و خدم و ہم طریقان و امثال ذالک۔ و ہمیں است مقصود نذر کنندگاں بلاشبہ و حکمہ انہ صحیح یجب الوفاء بہ لانہ قربۃ معتبرۃ فی الشرع (فتاویٰ عزیزی جلد اول صفحہ ۱۲۱ مطبوعہ دیوبند)

ترجمہ: اس نذر کی حقیقت یہ ہے کہ اس طعام وغیرہ کا ثواب میت کی روح کو پہنچایا جاتا ہے اور یہ امر مسنون ہے اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔ جیسے حضرت سعد کی والدہ کے کنویں کا ذکر صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں موجود ہے۔ اس نذر کا پورا کرنا ضروری ہوتا ہے پس اس نذر کا حاصل یہ ہے کہ اس طعام وغیرہ کا ثواب فلاں ولی کو پہنچے۔ نذر میں ولی کا ذکر اس لیے نہیں کیا جاتا کہ وہ اس نذر کا

مصرف ہے۔ اس کا مصرف تو اُس ولی کے قریبی رشتہ دار، خدام درگاہ اور ہم مشرب لوگ ہوتے ہیں۔ ولی کا نام مصرف اس عمل کو متعین کرنے کے لیے لیا جاتا ہے۔ نذر کرنے والوں کا بلاشبہ یہی مقصد ہوا کرتا ہے اور اس کا حکم یہ ہے کہ ایسی نذر صحیح ہے اور اس کو پورا کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ یہ ایسی طاعت ہے جو شرعاً معتبر ہے۔

حضرت حکیم الامت کی اس ایمان افروز وضاحت کے بعد کسی قسم کا شبہ باقی نہیں رہتا۔ اگرچہ مزید کسی تشریح کی ضرورت نہیں لیکن محض مزید اطمینان کے لیے ایک دو حوالے اور پیش خدمت ہیں۔

حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ اپنے فتاویٰ عزیزیہ میں فرماتے ہیں :۔

اگر مالیدہ و شیر برائے فاتحہ بزرگے بقصد ایصال ثواب بروح ایشاں پختہ بخورانند جائز است مضائقہ نیست۔

یعنی اگر مالیدہ اور دودھ کسی بزرگ کی فاتحہ کے لیے ان کی روح کو ثواب پہنچانے کے ارادے سے پکا کر کھلائیں تو کچھ مضائقہ نہیں جائز ہے۔ (فتاویٰ عزیزی جلد اوّل صفحہ ۵ مطبوعہ دیوبند)

اسی صفحہ پر حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں :۔

اگر فاتحہ بنام بزرگے دادہ شد پس اغنیاء را ہم خوردن جائز است واللہ اعلم۔

یعنی اگر کسی بزرگ کے نام فاتحہ دی گئی تو مالداروں کو بھی اس میں سے کھانا جائز ہے۔

حضرت شاہ صاحب دوسری جگہ لکھتے ہیں :۔

طعامیکہ ثواب آں نیاز حضرت امامین نمایند و برآں فاتحہ و قل و درود خوانند تبرک مے شود و خوردن بسیار خوب است۔ (فتاویٰ عزیزی جلد اوّل صفحہ ۷۰ مطبوعہ دیوبند)

یعنی وہ کھانا جس کا ثواب حسنین کریمین کو پہنچایا جائے اور اس پر فاتحہ، قل شریف اور درود شریف پڑھا جائے وہ تبرک ہو جاتا ہے اور اُس کا کھانا بہت اچھا ہے۔

شاہ اسمٰعیل دہلوی کی یہ عبارت بھی ملاحظہ فرمائیے :۔

پس در خوبی ایں قدر امر از امور مرسومہ فاتحہا و اعراس و نذر و نیاز اموات شک و شبہ نیست۔ (صراط مستقیم ص۵۵)

اب فاتحہ خوانی کا طریقہ بھی شاہ اسمٰعیل دہلوی کے الفاظ میں سن لیجیے :۔

اول طالب را باید کہ با وضو دو زانو بطور نماز نشیند و فاتحہ بنام اکابر ایں طریق یعنی حضرت خواجہ معین الدین سنجری و حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی وغیرہما خواندہ و التجا بجناب حضرت ایزد پاک بتوسط ایں بزرگان نماید و بنیاز تمام و زاری بسیار دعائے کشود کار خود کردہ ذکر دو ضربی شروع نماید۔ (صراط مستقیم ص۱۱۰ فخر المطابع)

یعنی پہلے طالب کو چاہیے کہ وضو کرے اور نماز کے طریقہ پر دو زانو ہو کر بیٹھے اور اس طریقہ کے اکابر یعنی حضرت خواجہ معین الدین سنجری اور حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی وغیرہما کے نام کی فاتحہ پڑھے اور پھر درگاہ الٰہی میں ان بزرگوں کے وسیلے سے التجا کرے اور انتہائی عجز و نیاز اور کمال تضرع و زاری کے ساتھ اپنے حل مشکل کی دعا کرکے دو ضربی ذکر شروع کرے

بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ

وہ لذت کا جویا نہ ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا ہو (تو کوئی حرج نہیں) بیشک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ اور نہ بولو جھوٹ جن کے بارے میں تمہاری

اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ

زبانیں بیان کرتی ہیں (یہ کہتے ہوئے) کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے ۱۳۶؎ اس طرح تم افترا باندھو گے اللہ تعالیٰ پر

البتہ اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے نام کے علاوہ کسی اور کا نام لیکر کسی جانور کو ذبح کرے تو وہ ذبیحہ حرام ہوگا۔ اور وہ ذبح کرنیوالا مشرک ہوگا۔ اسی طرح اگر کسی شخص کے ذہن میں ایصالِ ثواب کا تصور تک نہیں بلکہ کسی ولی یا نبی کے لیے محض اس جانور کا خون بہانے (اراقۃ الدم) کو ہی وہ وجہ قربت سمجھ کر ذبح کرتا ہے تب بھی وہ جانور حرام ہوگا۔ کیونکہ جان کا مالک وہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ ہے جس نے جان کو پیدا فرمایا۔ اس لیے اس کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ اللہ تعالیٰ کی چیز کو کسی کے لیے قربان کرے۔ چنانچہ حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے فتاویٰ میں متعدد بار اس مسئلہ کی تحقیق فرمائی اور ایسے جانور کی حلت و حرمت کا فیصلہ کرنے کے لیے یہی معیار مقرر فرمایا۔ آپ لکھتے ہیں:-

"فمتیٰ کان اراقۃ الدم للتقرب الی غیر اللہ حرمت الذبیحۃ ومتیٰ کان اراقۃ الدم للہ تعالیٰ والتقرب الی الغیر بالاکل والانتفاع حلت الذبیحۃ لان الذبح عبارۃ عن الاراقۃ لا عن المذبوح ای الذی یحصل بعد الذبح من اللحم والشحم وعلی ھذا قلنا لو اشتری لحماً من السوق او ذبح بقرۃ او شاۃ لاجل ان یطبخ مرقاً وطعاماً لیطعم الفقراء ویجعل ثوابہا لروح فلان حلت بلا شبھۃ" (فتاویٰ عزیزی جلد اول ص۵۴)

"یعنی اگر کسی جانور کا خون اس لیے بہایا جائے کہ اس خون بہانے سے غیر کا تقرب حاصل ہو تو وہ ذبیحہ حرام ہو جائیگا اور اگر خون اللہ تعالیٰ کے لیے بہائے اور اسکے کھانے اور اس سے نفع حاصل کرنے سے کسی غیر کا تقرب مقصود ہو تو ذبیحہ حلال ہوگا۔ کیونکہ ذبح کا معنی خون بہانا ہے نہ وہ جانور جسے ذبح کیا گیا۔ اسی لیے ہم نے کہا ہے کہ اگر کسی نے بازار سے گوشت خریدا یا گائے یا بکری ذبح کی تاکہ اسے پکا کر فقیروں کو کھلائے اور اس کا ثواب کسی کی روح کو پہنچائے تو یہ (گوشت، گائے، بکری) بلاشبہ حلال ہوگی۔"

میں علی وجہ البصیرت کہہ سکتا ہوں کہ مسلمان نہ اللہ تعالیٰ کے نام پاک کے سوا کسی کا نام لے کر ذبح کرتے ہیں اور نہ وہ محض اراقۃ الدم (خون بہانے) کو وجہ تقرب سمجھتے ہیں بلکہ انکے پیش نظر صرف ایصال ثواب ہوتا ہے۔ بفرض محال اگر کوئی شخص اپنی جہالت کی وجہ سے ایسا کرتا ہے تو اسے فوراً تائب ہونا چاہیے۔ مبادا اس گمراہی پر اس کی موت آجائے۔ نیز ان لوگوں کو بھی خدا کا خوف کرنا چاہیے جو ہر مسلمان پر بلا امتیاز شرک و کفر کا فتویٰ جڑ دیتے ہیں اور اس کو اپنی سستی شہرت کے حصول کا آسان اور موثر ذریعہ سمجھتے ہیں حسبنا اللہ و نعم الوکیل۔

۱۳۶؎ کفار نے حلت و حرمت کے خود ساختہ قوانین مقرر کر رکھے تھے۔ اپنی مرضی سے جسے چاہتے حلال کر لیتے اور جسے چاہتے حرام کر دیتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اشیاء کو حلال و حرام کرنے کا اختیار تمہیں کس نے تفویض کیا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں

الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۱۱۶﴾

جھوٹا۔ بیشک جو لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹے بہتان تراشتے ہیں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوتے۔

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۠ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا

(وہ) تھوڑا سا فائدہ اٹھالیں (انجام کار) ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ اور یہودیوں پر ہم نے

حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ

حرام کردیں وہ چیزیں جن کا ذکر ہم آپ سے پہلے کرچکے ہیں[۱۳۷] اور ہم نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ

كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْۗءَ

وہ خود ہی اپنے آپ پر ظلم کیا کرتے تھے۔ پھر بیشک آپ کا رب ان کے لیے جنھوں نے غلطی کی (لیکن)

بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ

نادانی سے پھر انھوں نے توبہ کرلی اس کے بعد اور اپنے آپ کو سنوار لیا بیشک آپ کا پروردگار اس کے

بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ

بعد (ان کے گناہوں کو) بہت بخشنے والا اور ان پر نہایت مہربان ہے[۱۳۸] بلاشبہ ابراہیم ایک کامل تھے[۱۳۹] اللہ تعالیٰ کے مطیع تھے،

حلال وحرام کرنے کا اختیار ہی نہیں دیا اور نہ خود انھیں حرام کیا ہے تو تمھارا ان چیزوں کی حلت وحرمت کو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرنا سراسر جھوٹ نہیں تو اور کیا ہے اس کذب بیانی سے باز آجاؤ ورنہ اس کا انجام بجز خسران ونامرادی کے اور کچھ نہ ہوگا۔ آیت میں الکذب لاتقولوا کا مفعول ہے اور ھذا حلال وھذا حرام بدل ہے اور الکذب مبدل منہ ہے اور لما میں ما مصدریہ ہے۔ میں نے ترجمہ اسی ترکیب کے مطابق کیا ہے۔

۱۳۷؎ سورۃ الانعام میں اسکا تفصیلی تذکرہ گزر چکا ہے۔ یہودیوں پر بعض ایسے جانور بھی حرام کردیے گئے تھے جو حقیقت میں پاک اور طیب تھے تاکہ ان کے اعمال سیئہ کی سزا دی جائے۔

۱۳۸؎ گناہگار دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک جو جان بوجھ کر نافرمانی کرتے ہیں۔ دوسرے گروہ جن سے بشری کمزوریوں اور نادانی کی وجہ سے لغزش ہوجاتی ہے دونوں کے ساتھ برتاؤ ایک جیسا نہیں ہوسکتا۔ یہاں اس برتاؤ کا ذکر کیا جارہا ہے جو موخر الذکر طائفہ سے روا رکھا جائے گا۔

۱۳۹؎ لغت عرب میں امت کا لفظ متعدد معانی میں استعمال ہوتا ہے۔ ان میں سے چند ایک معانی یہ ہیں:۔ (۱) وہ انسان جو تمام خوبیوں

حَنِيفًا ۖ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٢٠﴾ شَاكِرًا لِّأَنْعُمِهِ ۚ اجْتَبَاهُ وَ

یکسوئی سے حق کی طرف مائل تھے، اور وہ (بالکل) مشرکوں سے نہ تھے ۱۴۰ وہ (ہر لحہ) شکرگزار رہتے اللہ تعالیٰ کی (بے شمار) نعمتوں کے لیے ۱۴۱ اللہ نے

هَدَاهُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿١٢١﴾ وَآتَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَإِنَّهُ

انھیں چن لیا اور انھیں ہدایت فرمائی سیدھے راستہ کی طرف اور ہم نے مرحمت فرمائی انھیں دنیا میں بھی (ہر طرح کی) بھلائی اور وہ

فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ﴿١٢٢﴾ ثُمَّ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ

آخرت میں نیک لوگوں میں سے ہوں گے۔ پھر ہم نے وحی فرمائی (اے حبیب!) آپ کی طرف کہ پیروی کرو ملت

إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۖ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٢٣﴾ إِنَّمَا جُعِلَ

ابراہیم کی ۱۴۲ جو یکسوئی سے حق کی طرف مائل تھا اور وہ مشرکوں میں سے نہیں تھا۔ صرف ان لوگوں پر سنیچر کی پابندی

کا جامع ہو۔ (۲) امام اور پیشوا۔ (۳) علمبردار حق وصداقت۔ (۴) جو دنیا بھر سے الگ تھلگ ہو اور اس قوم کو بھی اُمت کہتے ہیں جس کی طرف کوئی رسول بھیجا گیا ہو قال فی القاموس الأمة بالضم الرجل الجامع للخير والامام وجماعة ارسل اليهم رسول ومن هو على دين الحق مخالف لسائر الاديان ان تمام معانی کے اعتبار سے حضرت خلیل اللہ علی نبینا وعلیہ افضل الصلوات والتسلیمات کو امۃ کہا جا سکتا ہے۔ کون سی ایسی خوبی اور کمال تھا جس سے آپ متصف نہ تھے۔ آپ کی امامت وپیشوائی کی گواہی خود قرآن نے دی ہے۔ قال انی جاعلك للناس اماما اگرچہ آپ فرد واحد تھے لیکن اپنے اوصاف وشمائل اپنے بے نظیر عزم وحوصلہ اور عظیم کارناموں کے لحاظ سے آپ کسی قوم سے کم نہ تھے جب ہر طرف کفر وشرک کا اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ توحید کی شمع آپ کے دم سے ہی روشن تھی تمام دنیا ایک طرف تھی اور یہ اللہ کا بندہ ایک طرف۔ غرضیکہ امت کے جتنے معانی یہاں ذکر کیے گئے ہیں وہ سب کے سب حضرت ابراہیم علیہ السلام پر صادق آتے ہیں۔

"قانتا" کا معنی اطاعت گزار فرمانبردار۔ حنیف کہتے ہیں۔ جو ہر باطل سے منہ موڑ کر حق کی طرف متوجہ ہو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اپنے خلیل کی جو توصیف ومدح وثنا فرمائی ہے اُسے پڑھ کر ہی عظمت خلیل کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

۱۴۰ کفار مکہ کو تنبیہ کی جا رہی ہے کہ تمہارا دعویٰ تو یہ ہے کہ ہم دین ابراہیمی کے پیروکار ہیں حالانکہ تم نے سینکڑوں بتوں کو خدا بنا رکھا ہے اور ان کی پوجا کرتے ہو۔ حضرت ابراہیم تو موحد تھے۔ ان کا کفر وشرک سے تو دور کا واسطہ بھی نہ تھا۔

۱۴۱ جن نعمتوں سے ہم نے ان کو سرفراز فرمایا انھوں نے اس کی شکرگزاری کا حق ادا کر دیا۔ ہم نے اپنے اس شکرگزار اور احسان شناس بندے پر مزید انعام واکرام فرمایا۔ جن کا ذکر ان آیتوں میں کیا گیا ہے۔

۱۴۲ لفظ "ملت" کی تحقیق کرتے ہوئے صاحب تاج العروس لکھتے ہیں:۔ وقال ابو اسحق الملة فی اللغة السنة والطريقة

السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ

حتی جنھوں نے اختلاف کیا تھا اس میں ۔ اور بلاشبہ آپ کا رب فیصلہ فرمائیگا انکے درمیان

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ

روزِ قیامت ان امور کے متعلق جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے ۔ (اے محبوب!) بلائیے (لوگوں کو) اپنے رب

رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَ جَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ

کی راہ کی طرف حکمت سے اور عمدہ نصیحت سے ؁۱۴۳ اور ان سے بحث (ومناظرہ) اس انداز سے کیجیے جو

دف الاساس ومن المجاز الملۃ الطرق المسلوکۃ ومنہ ملۃ ابراھیم علیہ السلام خیر الملل ۔

یعنی صحت عقائد، مکارمِ اخلاق، دعوت و ارشاد کا حکیمانہ انداز، دلائل کی پختگی، بیان کی دلنشینی اور منکرین کے جور و جفا کے مقابلہ میں حلم و بردباری یہ وہ سنتِ ابراہیمی ہے جس کی پیروی کا حکم اس آیت میں دیا جارہا ہے جو شخص تبلیغ و ارشاد کی ذمہ داری سنبھالتا ہے اُسے اسوۂ ابراہیمی پر کاربند ہونا پڑتا ہے۔

؁۱۴۳ ایک نادان اور غیر تربیت یافتہ مبلغ اپنی دعوت کے لیے اس دعوت کے دشمنوں سے بھی زیادہ ضرر رساں ہوسکتا ہے اگر اس کے پیش کیے ہوئے دلائل بودے اور کمزور ہونگے اگر اس کا اندازِ خطابت درشت اور معاندانہ ہوگا۔ اگر اس کی تبلیغ اخلاص و للّٰہیت کے نور سے محروم ہوگی تو وہ اپنے سامعین کو اپنی دعوت سے متنفر کردے گا۔ کیونکہ اسلام کی نشر و اشاعت کا انحصار تبلیغ اور فقط تبلیغ پر ہے۔ اس کو قبول کرنے کے لیے نہ کوئی رشوت پیش کی جاتی ہے اور نہ جبر و اکراہ سے کام لیا جاتا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ ایمان ایمان ہی نہیں جس کے پس پردہ کوئی دنیاوی لالچ یا خوف و ہراس ہو۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے خود اپنے محبوب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو دعوتِ اسلامی کے آداب کی تعلیم دی۔ اس آیت کا ایک ایک لفظ غور طلب ہے۔ دینِ اسلام کو سبیل ربک کے عنوان سے تعبیر کرکے اس امر کی طرف توجہ دلائی کہ یہ دعوت کسی سیاسی جتھہ بندی کے لیے، کسی معاشی گروہ سازی کے لیے نہیں دی جارہی بلکہ اس راستہ کی طرف بلایا جارہا ہے جو بندے کو اپنے مالکِ حقیقی کی طرف لے جاتا ہے جو دوری اور بیگانگی کے صحراؤں سے نکال کر قرب و لطف کی منزل تک پہنچانے والا ہے۔ اس جادۂ منزلِ حبیب سے دور بھاگنے والوں کو قریب لانے کے آداب بتائے جارہے ہیں۔ حکمت، موعظہ حسنہ اور پسندیدہ انداز سے مجادلہ۔ ان تین چیزوں کے التزام کا حکم فرمایا گیا۔ حکمت سے مراد وہ پختہ دلائل ہیں جو حق کو روزِ روشن کی طرح عیاں کردیں۔ اور شک و شبہ کی تاریکیوں کو نورِ یقین سے بدل دینے کی قوت رکھتے ہوں۔

ھو الدلیل الموضح للحق المزیح للشبہات موعظہ حسنہ اس پند و نصیحت کو کہتے ہیں جو خیر و فلاح کی یاد دہانی اس اسلوب سے

أَحْسَنُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ

بڑا پسندیدہ اور شائستہ ہو۔ بیشک آپکا رب خوب جانتا ہے اُسے جو بھٹک گیا اسکے راستے سے ۱۴۳ اور وہ خوب جانتا ہے

بِالْمُهْتَدِينَ ﴿۱۲۵﴾ وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِهِ ۖ

ہدایت پانے والوں کو۔ اور اگر تم (انھیں) سزا دینا چاہو تو انھیں سزا دو۔ لیکن اس قدر جتنی تمھیں تکلیف پہنچائی گئی ہے ۱۴۵

کرائے کہ پتھر دل بھی موم ہو جائیں قال الخلیل الوعظ ھو التذکیر بالخیر فیما یرق له القلب والعظة والموعظة الاسم (المفردات راغب اصفہانی) یعنی فلسفیوں کی طرح خشک دلائل کے انبار لگاتے نہ چلے جاؤ۔ بلکہ تمھارا اندازِ خطاب ایسا ہونا چاہیے جس کے لفظ لفظ سے اخلاص و محبت کے چشمے ابل رہے ہوں۔ آپ کی آواز کا زیر و بم شفقت و پیار کا آئینہ دار ہو۔ اور اگر بحث کا ہوارا ہی آمادہ پیکار ہو جائے اور بحث و مناظرہ تک نوبت جا پہنچے تو تم احسن اور عمدہ طریقہ سے مناظرہ کرو۔ اپنی علمی برتری کے گھمنڈ میں تہذیب اور شائستگی کا دامن مت چھوڑو۔ فریقِ مخالف کو ہر قیمت پر نیچا دکھانے کی کوشش نہ کرو۔ تمھارے پیشِ نظر فقط حق کی سربلندی ہو۔ جب تک کوئی مبلغ ان خوبیوں سے متصف نہ ہو لے اس میدان میں قدم نہ رکھنا چاہیے اس معیار پر پورا اترنے کے لیے علم و آگاہی کی وسعتوں کے علاوہ مکارمِ اخلاق اور محاسنِ خصائل سے مزین ہونا بھی ضروری ہے اور یہ نعمت کسی صاحبِ دل کی صحبت سے حاصل ہو سکتی ہے۔

۱۴۴ یہاں اس حقیقت کا اظہار فرمایا جا رہا ہے کہ ایک داعی اور مبلغ کی ذمہ داری صرف اس قدر ہے کہ وہ حکیمانہ انداز سے خلقِ خدا کی ہمدردی اور خیر خواہی کے جذبات سے سرشار ہو کر رضائے الٰہی کے لیے تبلیغ کرے۔ اگر کوئی قبول نہ کرے تو اس کے لیے اسے فکرمند ہونے کی ضرورت نہیں۔ یہ سب کچھ مشیتِ الٰہی پر موقوف ہے۔ وہ جس کو چاہتا ہے قبولِ حق کی توفیق ارزانی فرما دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے محروم و نامراد کر دیتا ہے۔

۱۴۵ یہاں مکارمِ اخلاق کا درس دیا جا رہا ہے کہ اس رزمگاہِ خیر و شر میں اگر تمھارا دشمن تم پر دست درازی کرے اور تمھیں اذیت پہنچائے تو اہلِ عزیمت کا شیوہ یہ ہے کہ دشمن سے انتقام نہ لیا جائے اور عفو و درگزر کا رویہ اختیار کیا جائے لیکن اگر تمھارا اخلاقی معیار ابھی اتنا بلند نہیں اور تم انتقام لینا ہی چاہتے ہو تو اس صورت میں جتنی زیادتی تم پر کی گئی ہے اس کا اتنا بدلہ لینے کی تو تمھیں اجازت ہے لیکن اس امر کی اجازت نہیں کہ تم جوشِ انتقام میں اس پر ظلم کرو۔ ورنہ پہلے وہ ظالم تھا اور معتوب اب تم ستم شعار اور موردِ عتاب تم بن جاؤ گے حضور رحمتِ عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشادِ گرامی کتنا ایمان افروز ہے۔ عن حذیفة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لا تکونوا امعة تقولون ان احسن الناس احسنا وان ظلموا ظلمنا ولکن وطنوا انفسکم ان احسن الناس ان تحسنوا وان اساءوا فلا تظلموا (ترمذی)

ترجمہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ حضور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا (اے اہلِ ایمان)

وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا

اور اگر تم (ان کی ستم رانیوں پر) صبر کرو تو یہ صبر ہی بہتر ہے صبر کرنیوالوں کے لیے۔ اور آپ صبر فرمائیے اور نہیں ہے آپ کا صبر مگر

بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ۱۴۹ اور رنجیدہ نہ ہوا کریں ان (کی ہٹ دھرمی) پر اور نہ غمزدہ ہوا کریں ان کی فریب کاریوں سے۔

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾

یقیناً اللہ تعالیٰ انکے ساتھ ہے جو (اس سے) ڈرتے ہیں اور جو نیک کاموں میں سرگرم رہتے ہیں ۱۵۰

بے سوچے سمجھے لوگوں کی پیروی کرنے والے نہ بنو۔ کہ تم یہ کہو جیسے عام کہا جاتا ہے کہ اگر ہمارے ساتھ لوگوں نے اچھا برتاؤ کیا تو ہم بھی اچھا برتاؤ کریں گے بلکہ اپنے آپ کو اس بات کا خوگر بناؤ کہ اگر لوگ تمہارے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئیں تو تم بھی حسن سلوک سے پیش آؤ اور اگر لوگ تمہارے ساتھ بُرا اور ناروا سلوک کریں تو تم پھر بھی ان پر ظلم و زیادتی نہ کرو۔ الامّعۃ: الذی یتابع کل احد علی رأیہ للینہ

۱۴۹ عام مسلمانوں کو تو انتقام لینے کی مشروط اجازت دی گئی لیکن اپنے محبوب مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرمایا کہ اے سراپا جود و کرم! آپ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ہر حالت میں صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہیں۔ آپ پر ظلم و ستم کی انتہا ہی کیوں نہ کر دی جائے آپ کا شعار عفو و درگزر ہی رہے۔ اسلام اور اہل اسلام کے خلاف ان کی سازشوں سے آپ دلگیر نہ ہوا کریں۔ اللہ تعالیٰ خود اسلام کی ترقی کا ضامن ہے۔ وہی کفار کے منصوبوں کو اپنی قدرت کاملہ سے خاک میں ملاتا رہے گا۔ ضَیْقٌ اور ضِیْقٌ۔ ضاق یضیق کے مصدر کی دونوں لغتیں ہیں۔ دونوں کا معنی غم و اندوہ ہے۔ والمراد انما ھو الغم فالصحیح ما قالوا انھما لغتان بمعنی (روح) قال الاخفش الضَّیق والضِّیق مصدر ضاق یضیق (قرطبی) بعض نے دونوں میں فرق بتایا ہے۔ ضَیق کا معنی دل کا غمگین ہونا اور ضِیق کا معنی مکان یا کپڑے وغیرہ کا تنگ ہونا۔ لیکن پہلا قول صحیح ہے کہ دونوں کا ایک ہی معنی ہے۔

۱۵۰ تبلیغ و اشاعت اسلام میں کامیابی کا انحصار فقط تائید الٰہی اور نصرت ربانی پر ہے۔ اس لیے مبلغ اسلام کو بتا دیا کہ یہ سعادت صرف ان پاکبازوں کو بخشی جاتی ہے۔ جو زیور تقویٰ سے آراستہ ہوں اور خلق خدا کے ساتھ احسان اور خیر خواہی کے جذبات سے ان کے دل معمور ہوں۔ دین کے داعی کو اپنی وسعت علمی، قوت بیان اور چرب زبانی پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیے۔ بلکہ اس کا کلی اعتماد معیت و تائید ایزدی اور نصرت ربانی پر ہونا چاہیے۔ اور اس معیت و نصرت کا مستحق وہی ہو سکتا ہے جو اس ضابطہ پر سختی سے کاربند ہیں جن کا ذکر وضاحت سے یہاں کیا گیا ہے۔ مسند ارشاد پر تشریف فرما ہونے والے کاش! ان واضح ہدایات کو ہمیشہ اپنے پیش نظر رکھیں۔

تعارف سورۂ بنی اسرائیل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام : یہ سورۂ بنی اسرائیل کے علاوہ اسریٰ اور سبحان کے ناموں سے بھی موسوم ہے۔ اس میں بارہ رکوع ۱۱۱ آیات ۱۵۳۳ کلمات اور ۶۶۴۰ حروف ہیں۔

نزول : اس سورۃ کی پہلی آیت ہی بتا رہی ہے کہ اس کا نزول سفرِ معراج کے بعد ہوا۔ اور معراج ہجرت سے ایک سال پہلے نبوت کے دسویں سال ہوئی۔

مضامین : وہی مکہ ہے وہی اہلِ مکہ کا تشدد، تعصب اور کج بحثی کی عادت ہے۔ عام مضامین کے لحاظ سے اس سورۃ کو ان سورتوں سے گہری مناسبت ہے جو مکی زندگی کے آخری دور میں نازل ہوئیں۔

لیکن وہ چیزیں یہاں ایسی موجود ہیں جو دیگر سورتوں میں نظر نہیں آتیں۔ ذکرِ اسراء کے فوراً بعد بنی اسرائیل کو خطاب فرمایا گیا ہے۔ ان کو ان کی گزشتہ زندگی سے عبرت حاصل کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔ ان کی تاریخ کے نشیب و فراز، ان کے عروج و زوال کی داستان کے اہم ابواب ان کے سامنے کھول کر رکھ دیئے گئے ہیں۔ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ جب بھی انھیں سیاسی برتری، معاشی خوشحالی بخشی گئی تو انھوں نے ہر بار سرکشی اور نافرمانی کی روش اختیار کی۔ اور جب بھی کوئی اللہ تعالیٰ کا رسول انھیں ان کی غلط روی پر متنبہ کرنے کے لیے تشریف لایا تو وہ بپھر گئے اور اسے اپنی عزتِ نفس کا سوال بنا کر اللہ تعالیٰ کے بندوں کی ایذا رسانی میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا۔

اے بنی اسرائیل! جب بھی تمھاری سرکشی انتہا کو پہنچی تو ہمارا عذاب بھی کبھی بخت نصر کی شکل میں نمودار ہوا اور کبھی انٹیوکس اور پومپی اور ٹیٹس رومی بادشاہوں کے روپ میں ظاہر ہوا۔ اور انھوں نے تمھاری اینٹ سے اینٹ بجا دی ہیکلِ سلیمانی کو برباد کر دیا اور تمھیں غلامی کی ذلت کی زنجیروں میں جکڑ دیا۔ اب پھر تمھیں پیغمبرِ اسلام کی بعثت سے اصلاحِ احوال کا زریں موقع دیا جا رہا ہے۔ اگر تم اپنے ماضی کی خونچکاں داستان کا اعادہ کرنا نہیں چاہتے تو اس نبی برحق پر ایمان لاؤ اور اس کا دین قبول کر لو۔ اگر تم اپنی نافرمانی کی عادت سے اب بھی باز نہ آئے تو ہمارا قانونِ مکافات پھر حرکت میں آ جائے گا۔

یہ آیات جو مکہ میں نازل ہوئیں جہاں بنی اسرائیل کا کوئی فرد اقامت پذیر نہ تھا ان میں بنی اسرائیل کو خطاب اور ان کو اصلاحِ احوال کی دعوت بتا رہی ہے کہ مستقبل قریب میں انھیں دعوتِ قرآن کا مخاطب بنایا جانے والا ہے۔

نیز اس کے رکوع نمبر ۲، ۳ میں اس نظامِ حیات کی تفصیلات بیان کر دی گئی ہیں جو اسلام اقوامِ عالم کے سامنے پیش

کرنا چاہتا ہے اور دنیائے انسانیت میں رائج کرنا چاہتا ہے اس سے بھی صاف معلوم ہو رہا ہے کہ مظلومیت کا دور ختم ہونے کے قریب ہے۔ شاندار مستقبل کا آغاز ہوا چاہتا ہے جبکہ اسلام ایک قوت حاکمہ کی حیثیت سے نمودار ہوگا۔ چنانچہ ایک سال بعد جب محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے ہجرت کی اور سرزمین یثرب کو مدینۃ الرسول ہونے کا شرف ارزانی فرمایا تو وہاں صرف اہل مکہ کے ہم عقیدہ مشرکین سے ہی واسطہ نہ پڑا۔ بلکہ یہود بھی قرآن کے مخاطب بنے اور انہیں سمجھانے کے لیے ان آیات نے بڑا موثر کردار انجام دیا۔ نیز وہاں اسلام کی پہلی حکومت قائم ہوئی جس میں قرآن کے لائے ہوئے لائحہ عمل اور نظام حیات پر عمل کیا گیا۔

ویسے تو قرآن کی ہر آیت کی طرح اس سورۃ کی ہر آیت بھی ایک شمع روشن ہے اور اس لیے ہر آیت خصوصی توجہ کی مستحق ہے، اور اپنے اپنے مقام پر میں نے متعدد جگہ ضیاء القرآن کے قاری کی توجہ مبذول کرانے کی سعی کی ہے۔ لیکن سورۃ کے اس مختصر تعارف میں میں قرآن کا مطالعہ کرنے والے کی توجہ آیات ۶۱ تا ۶۵ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

ان آیات میں انسان کو مسجود ملائکہ بنانے کے شرف سے مشرف فرمانے کے بعد شیطان کے ایک چیلنج کا ذکر ہے۔ ابلیس کہتا ہے کہ یہ آدم خاکی جس کے سر پر تو نے تاج کرامت رکھا ہے۔ اگر تو نے مجھے مہلت دی تو (لاحتنکن ذریتہ) میں اس کی اولاد سے یہ تاج کرامت چھین لونگا بلکہ اس کو ایسی پٹی پڑھاؤں گا کہ وہ شرف انسانیت کی خلعتِ فاخرہ کو خود اُتار پھینکے گا۔ جلال کبریائی اس لعین کے اس چیلنج کو قبول کرتا ہے اور اسے صاف صاف بتا دیا کہ واستفزز من استطعت الایۃ تجھے کھلی چھٹی ہے۔ ان کو گمراہ کرنے کا جو ذریعہ تو اختیار کرسکتا ہے اختیار کر۔ تجھے اجازت ہے۔ اپنے سارے جتن کر ڈال۔ اپنے سارے دام تزویر بچھا دے ترغیب و ترہیب کی کوئی صورت ایسی نہ رہنے دے جسے تو کام میں نہ لائے لیکن سن اور کان کھول کر سن۔ ان عبادی لیس لک علیھم سلطان "میرے بندوں پر تیرا قابو نہیں چل سکتا۔

اب ہمیں دیکھنا ہے کہ ہم کس زمرہ میں داخل ہیں۔ کیا ہم وہ خود فراموش ہیں جو ابلیس کی ادنیٰ سی انگیخت پر ڈگمگانے لگتے ہیں اور اس کی تھوڑی سی وسوسہ اندازی سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ یا ان عبادی کے زمرہ میں شامل ہیں اور اس کی شورش و طغیان کے طوفانوں میں فولادی چٹان کی طرح سینہ تان کر کھڑے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں راہ حق پر ثابت قدمی سے چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اس سورہ مبارکہ کا طرۂ امتیاز اس کی پہلی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب بندے اور برگزیدہ رسول کے معراج کا ذکر فرمایا ہے۔ اس واقعہ کے ذکر کے باعث اس سورہ کو دوسری سورتوں کے مقابلہ میں ایک خصوصی حیثیت حاصل ہو گئی ہے۔ اس کی تفصیل آپ آیت کی تشریح کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

سُوْرَۃُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ مِائَۃٌ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اِحْدٰی عَشْرَۃَ اٰیَۃً وَّفِیْھَا اثْنَا عَشَرَ رُکُوْعًا

سورۂ بنی اسرائیل مکی ہے اس کی ۱۱۱ (اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے) آیتیں اور ۱۲ رکوع ہیں

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

(ہر عیب سے) پاک ہے وہ ذات جس نے سیر کرائی اپنے بندے کو رات کے قلیل حصہ میں مسجدِ حرام سے

اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّہٗ

مسجدِ اقصیٰ تک لے بابرکت بنا دیا ہم نے جس کے گرد و نواح کو تاکہ ہم دکھائیں اپنے بندے کو اپنی قدرت کی نشانیاں ۲

لے اس آیت کریمہ میں حضور فخرِ موجودات سید کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ایک عظیم الشان معجزہ کو بیان کیا گیا ہے۔ اس کے متعلق عقلِ کوتاہ اندیش اور فہمِ حقیقت ناشناس نے پہلے بھی ردّ و قدح کی اور آج بھی واویلا مچا رکھا ہے اس لیے اس مقام کا اقتضا یہ ہے کہ تطویل لاطائل سے دامن بچاتے ہوئے ضروری امور کا تذکرہ کر دیا جائے تاکہ حق کی جستجو کرنے والوں کے لیے حق کی پہچان آسان ہو جائے اور شکوک و شبہات کا جو غبار رخِ حقیقت کو مستور کرنے کے لیے اٹھایا جا رہا ہے اس کا سدّباب ہو جائے۔

جس روز صفا کی چوٹی پر کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ کے محبوب بندے اور برگزیدہ رسول نے قریشِ مکہ کو دعوتِ توحید دی تھی اسی روز سے عداوت و عناد کے شعلے بھڑکنے لگے تھے۔ ہر طرف سے مصائب و آلام کا سیلاب امڈ کر آ گیا تھا۔ رنج و غم کا اندھیرا دن بدن گہرا ہوتا چلا جاتا تھا۔ لیکن اس تاریکی میں حضرت ابو طالب اور ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا وجودِ مسعود ہر نازک مرحلہ پر تسکین و طمانیت کا سبب بنا کرتا تھا۔ بعثتِ نبوی کے دسویں سال مہربان و شفیق چچا نے وفات پائی۔ اس جانکاہ صدمہ کا زخم ابھی مندمل نہ ہونے پایا تھا کہ مونس و ہمدم، دانش ور، عالی حوصلہ رفیقۂ حیات حضرت خدیجہ بھی داغِ مفارقت دے گئیں۔ کفارِ مکہ کو اب ان کی انسانیت سوز کارستانیوں سے روکنے والا اور ان کی سفاکانہ روش پر ملامت کرنے والا بھی کوئی نہ رہا جس کے باعث ان کی ایذا رسانیاں ناقابلِ برداشت حد تک بڑھ گئیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اہلِ مکہ سے مایوس ہو کر طائف تشریف لے گئے۔ شاید وہاں کے لوگ اس دعوتِ توحید کو قبول کرنے کے لیے آمادہ ہو جائیں لیکن وہاں جو ظالمانہ اور بہیمانہ برتاؤ کیا گیا اس نے سابقہ زخموں پر نمک پاشی کا کام کیا۔ ان حالات میں جب بظاہر ہر طرف مایوسی کا اندھیرا پھیل چکا تھا اور ظاہری سہارے ٹوٹ چکے تھے۔ رحمتِ الٰہی نے اپنی عظمت و کبریائی کی آیاتِ بینات کا مشاہدہ کرانے کے لیے اپنے محبوب کو عالمِ بالا کی سیاحت کے لیے بلایا تاکہ حضور کو اپنے رب کریم کی تائید و نصرت پر حق الیقین ہو جائے اور حالات کی ظاہری ناسازگاری خاطرِ عاطر کو کسی طرح پریشان نہ کر سکے۔ غور کیا جائے تو سفرِ اسریٰ کے لیے اس سے موزوں ترین اور کوئی وقت نہیں ہو سکتا تھا۔

اِس مقدس سفر کا تفصیلی تذکرہ تو کتب حدیث و سیرت میں ملیگا۔ یہاں اجمالی طور پر ان امور کا ذکر کر دیا گیا ہے جو مختلف احادیث صحیحہ میں مذکور ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات خانہ کعبہ کے پاس حطیم میں آرام فرما رہے تھے کہ جبریل امین حاضرِ خدمت ہوئے اور خواب سے بیدار کیا اور ارادۂ خداوندی سے آگاہی بخشی۔ حضورؐ اُٹھے چاہِ زمزم کے قریب لے گئے سینۂ مبارک کو چاک کیا گیا۔ قلبِ اطہر میں ایمان و حکمت سے بھرا ہوا طشت انڈیل دیا گیا! اور پھر سینۂ مبارک درست کر دیا گیا حرم سے باہر تشریف لائے تو سواری کے لیے ایک جانور پیش کیا گیا جو براق کے نام سے موسوم ہے۔ اُس کی تیز رفتاری کا یہ عالم تھا کہ جہاں نگاہ پڑتی تھی وہاں قدم رکھتا تھا حضورؐ اس پر سوار ہو کر بیت المقدس آئے اور جس حلقہ سے انبیاء کی سواریاں باندھی جاتی تھیں۔ براق کو بھی باندھ دیا گیا۔ حضورؐ مسجدِ اقصٰے میں تشریف لے گئے جہاں جملہ انبیاءِ سابقین حضورؐ کے لیے چشم براہ تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں سب نے نماز ادا کی۔ اس طرح لتؤمنن بہ کا جو عہد روزِ ازل ارواحِ انبیاء سے لیا گیا تھا (کہ تم میرے محبوب پر ضرور ایمان لانا) کی تکمیل ہوئی۔ ازاں بعد موکبِ ہمایوں بلندیوں کی طرف پرکشا ہوا۔ مختلف طبقاتِ آسمانی پر مختلف انبیاء سے ملاقاتیں ہوئیں۔ ساتویں آسمان پر اپنے جدِ کریم ابو الانبیاء حضرت خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ملاقات ہوئی حضرت خلیل نے "مرحبا بالنبی الصالح والابن الصالح" یعنی اے نبی صالح خوش آمدید اور اے فرزند نیک مرحبا کے محبت بھرے کلمات سے استقبال کیا۔ حضرت ابراہیمؑ بیت المعمور سے پشت لگائے بیٹھے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے اور سدرۃ المنتہٰی تک پہنچے جو انوارِ ربانی کی تجلی گاہ تھی۔ جس کی کیفیت الفاظ کے پیمانوں میں سما نہیں سکتی۔ عقابِ ہمت یہاں بھی آشیاں بند نہیں ہوا اور آگے بڑھے کہاں تک گئے؟ اسے ما و شما کیا سمجھیں۔ زبانِ قدرت نے مقامِ قرب کا ذکر اس طرح کیا ہے کہ ثم دنٰی فتدلّٰی فکان قاب قوسین او ادنٰی وہاں کیا ہوا یہ بھی میری اور آپ کی عقل کی رسائی سے بالاتر ہے۔ قرآن نے بتایا ہے کہ فاوحٰی الٰی عبدہٖ ما اوحٰی علامہ سید سلیمان ندوی کے الفاظ ملاحظہ ہوں۔

"پھر شاہدِ مستورِ ازل نے چہرہ سے پردہ اٹھایا اور خلوت گاہ راز میں ناز و نیاز کے وہ پیغام عطا ہوئے۔ جن کی لطافت و نزاکت بارِ الفاظ کی تحمل نہیں ہو سکتی فاوحٰی الٰی عبدہٖ ما اوحٰی (سیرت النبی جلد ۳)

اسی مقامِ قرب اور گوشۂ خلوت میں دیگر انعاماتِ نفیسہ کے علاوہ پچاس نمازیں ادا کرنے کا حکم ملا۔ حضرت موسٰی علیہ السلام کی عرضداشت پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی بار بارگاہِ رب العزت میں تخفیف کے لیے التجا کی۔ چنانچہ نماز کی تعداد پانچ کر دی گئی! اور ثواب پچاس کا ہی رہا۔ فرازِ عرش سے محبوبِ رب العالمین مراجعت فرمائے خاکدانِ ارضی ہوئے! ابھی یہاں رات کا سماں تھا۔ ہر سُو رات کی تاریکی پھیلی ہوئی تھی سپیدۂ سحر کا کہیں نام و نشان نہ تھا۔

واقعہ معراج کو انتہائی اختصار کے ساتھ آپ کے سامنے پیش کر دیا گیا۔ یہ مسافت بیشک بڑی طویل ہے۔ اس سفر میں پیش آنے والا ہر واقعہ بلا شبہ عجیب و غریب ہے اسی لیے وہ دل جو نورِ ایمان سے خالی تھے انھوں نے اسے اسلام اور داعیِ اسلام کے خلاف سب سے بڑا اعتراض قرار دیا۔ کئی ضعیف الایمان لوگوں کے پاؤں ڈگمگا گئے۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ جن کے دلوں میں یقین کا چراغ ضوفشاں تھا انھیں قطعاً کوئی پریشانی اور تذبذب نہیں ہوا اور نہ دشمنانِ اسلام کی ہرزہ سرائی اور غوغا آرائی سے

وہ متاثر ہوئے بلکہ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اس واقعہ کا ذکر کیا گیا تو آپ نے بلا جھجک جواب دیا کہ اگر میرے آقا و مولا نے ایسا فرمایا ہے تو یقیناً سچ ہے۔ اہل ایمان کے نزدیک کسی واقعہ کی صحت و عدم صحت کا انحصار اس پر نہیں تھا کہ ان کی عقل اس بارے میں کیا رائے رکھتی ہے بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت بے پایاں کے سامنے کسی چیز کو ناممکن خیال نہیں کرتے تھے۔ ان کا یہ یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ جو چاہے جس طرح چاہے کر سکتا ہے۔ ہمارے وضع کیے ہوئے قواعد و ضوابط اس کی قدرت کی بیکرانیوں کو محیط نہیں ہو سکتے اور جو اس واقعہ کی خبر دینے والا ہے وہ اتنا سچا ہے کہ اس کی صداقت کے متعلق شک و شبہ کیا ہی نہیں جا سکتا۔ جب اس نے بتا دیا جس کی صداقت ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے کہ اس قدرت والے نے ایسا کیا ہے جو عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ہے تو پھر وہ امکان و عدم امکان کے چکر میں کیوں پڑیں۔ اس لیے جب شب اسریٰ کی صبح کو حرم کعبہ میں نبی برحق نے کفار کے بھرے مجمع میں اس عنایت ربانی کا ذکر فرمایا تو لوگ دو حصوں میں بٹ گئے بعض نے صاف انکار کر دیا اور بعض نے بلا چون و چرا تسلیم کر لیا۔ یہ اس زمانہ کا ذکر ہے جب یہ واقعہ پیش آیا۔

لیکن آج صورت حال قدرے مختلف ہے۔ ایک گروہ تو وہی منکرین کا ہے۔ دوسرا گروہ وہی ماننے والوں کا ہے لیکن اب تیسرا گروہ بھی نمودار ہو گیا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے اذہان اس منکر گروہ کی علمی اور مادی برتری کے حلقہ بگوش ہیں اور ادھر اسلام سے بھی ان کا رشتہ ہے۔ نہ وہ اسلام سے رشتہ توڑنے پر رضامند ہیں اور نہ اپنے ذہنی مربیوں کے مزعومات و نظریات رد کرنے کی ہمت رکھتے ہیں۔

ناچار وہ اس واقعہ کی ایسی ایسی تاویلیں کرتے ہیں کہ واقعہ کا نام تو رہ جاتا ہے لیکن اس کے سارے حسن و جمال پر پانی پھر جاتا ہے اور اس کی معنویت کالعدم ہو جاتی ہے۔ یہ لوگ اپنے اس طریقہ کار پر بڑے مطمئن نظر آتے ہیں۔ وہ دل میں یہ سمجھتے ہیں کہ انھوں نے اسلام پر وارد ہونے والا ایک بہت بڑا اعتراض دور کر دیا۔ اس لیے ہمیں مختصراً تینوں گروہوں کو ایسے دلائل فراہم کرنا ہیں کہ اگر وہ تعصب کو بالائے طاق رکھ کر ان سے فائدہ اٹھانا چاہیں تو اٹھا سکیں۔

جو لوگ اللہ تعالیٰ کی قدرت و عظمت اور اس کی شان کبریائی پر ایمان رکھتے ہیں اور حضور فخر موجودات باعث تخلیق کائنات سیدنا و مولانا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کا سچا رسول مانتے ہیں ان کے لیے تو واقعہ معراج کی صداقت پر اس آیت کریمہ کے بعد مزید کسی دلیل کی ضرورت نہیں۔ اسی موقعہ پر اس آیت جلیلہ کی مختصر تشریح کی جاتی ہے۔ آیت کا آغاز "سبحان" کے کلمہ سے کیا گیا۔ یہ سبّح یسبّح تسبیحًا باب تفعیل کے مصدر کا علم ہے۔ اس کا معنی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر قسم کے عیوب و نقائص سے مبرا اور منزہ ہے۔ علامہ زمخشری لکھتے ہیں:۔ "علم للتسبیح کعثمان للرجل وانتصابہ بفعل مضمر ودلّ علی التنزیہ البلیغ من جمیع القبائح التی یضیف الیہ اعداء اللہ۔"

یعنی تسبیح مصدر کا علم ہے جس طرح عثمان (اس کا ہم وزن) کسی شخص کا علم ہوتا ہے اور یہاں فعل مضمر ہے جو اس کو نصب دیتا ہے اس کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام ان کمزوریوں، عیبوں اور کوتاہیوں سے بالکل پاک اور منزہ ہے جن سے کفار اللہ تعالیٰ کو متہم کرتے تھے۔ علامہ آلوسی نے حضرت طلحہ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جو ارشاد نقل کیا ہے وہ بھی اس معنی کی تائید کرتا ہے

"عن طلحة قال سألت رسول الله صلی الله علیه وسلم عن تفسیر سبحان الله فقال تنزیه الله عن کل سوء" سبحان کے کلمہ سے یہ دعویٰ کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ ہر عیب و نقص کمزوری اور بے بسی سے پاک ہے۔ اس کے لیے دلیل کی ضرورت تھی کیونکہ کوئی دعویٰ دلیل کے بغیر قابلِ قبول نہیں ہوا کرتا۔ بطور دلیل ارشاد فرمایا الذی اسریٰ بعبدہٖ کیونکہ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے اپنے محبوب بندے کو رات کے تھوڑے سے حصہ میں اتنا طویل سفر طے کرایا اور اپنی قدرت کی بڑی بڑی نشانیاں اور آیات بینات دکھائیں جو ذات اتنے طویل سفر کو اتنے قلیل وقت میں طے کرا سکتی ہے واقعی اس کی قدرت بے پایاں اس کی عظمت بیکراں ہے اور اس کی کبریائی کے دامن پر کسی کمزوری اور بے بسی کا کوئی داغ نہیں تو جس واقعہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنی سبحانیت کی دلیل کے طور پر ذکر فرمایا ہے وہ کوئی معمولی واقعہ نہیں ہو سکتا بلکہ کوئی بڑا اہم عظیم الشان اور محیر العقول واقعہ ہوگا۔ اس لیے معراج کا انکار کرنا گویا اللہ تعالیٰ کی قدرت اور سبوحیت کی ایک قرآنی دلیل کو منہدم کرنا ہے۔

اسریٰ: رات کو سیر کرانے کو کہتے ہیں۔ لیلاً پر تنوین تقلیل کی ہے کہ یہ سفر رات کے وقت ہوا لیکن اس سفر میں ساری رات ختم نہیں ہوئی بلکہ رات کے ایک قلیل حصہ میں بڑے اطمینان اور عافیت سے طے پایا۔ اسریٰ کا فاعل اللہ تعالیٰ ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر "بعبدہٖ" کے لفظ سے فرمایا گیا جس کی متعدد حکمتیں ہیں۔ ان میں سے ایک تو یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بے مثل رفعت شان اور علو مرتبت کو دیکھ کر امت اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو جائے جس میں عیسائی کمالات عیسوی کو دیکھ کر مبتلا ہو گئے تھے۔ اس کے علاوہ مفسرین نے لکھا ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم بارگاہ صمدیت میں مقام قاب قوسین او ادنیٰ پر فائز ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے دریافت فرمایا بم اشرفک یا محمد اے سراپا حمد و ستائش آج میں تجھے کس لقب سے سرفراز کروں تو حضور نے جواباً عرض کی بنسبتی الیک بالعبودیۃ مجھے اپنا بندہ کہنے کی نسبت سے مشرف فرما۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے ذکر معراج کے وقت اسی لقب کو ذکر فرمایا جو اس کے حبیب نے اپنے لیے خود پسند فرمایا تھا۔

لنریہ ان کلمات سے اس سفر کی غرض و غایت بیان فرمائی۔ کہ یہ سفر یوں نہیں کہ بھاگم بھاگ کرتے ہوئے حضور گئے ہوں اور اسی عجلت سے واپس آ گئے ہوں۔ نہ کچھ دیکھا نہ سنا بلکہ صحیفہ کائنات کے ہر ہر صفحہ پر گلشن ہستی کی ہر ہر پتی پر اللہ تعالیٰ کی قدرت، عظمت، علم اور حکمت کے جتنے کرشمے تھے۔ سب بے نقاب کر کے اپنے محبوب کو دکھا دیئے۔

اب آپ خود فرمائیے کہ جو معراج کو عالم خواب کا ایک واقعہ کہتے ہیں ان کے نزدیک یہ واقعہ اللہ تعالیٰ کی سبوحیت اور پاکی کی دلیل کیونکر بن سکتا ہے۔ قرآن کا یہ انداز بیان صاف بتا رہا ہے کہ یہ واقعہ خواب کا نہیں بلکہ عالم بیداری کا ہے۔ اس پر یہ شبہ کیا جا سکتا ہے کہ قرآن کریم کی دوسری آیت میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ یہ رویا تھا یعنی خواب تھا ارشاد باری ہے "ما جعلنا الرؤیا التی اریناک الا فتنۃ للناس" یہاں رؤیا کا لفظ ہے اس کا معنی خواب ہے۔ آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ ہم نے یہ خواب آپ کو صرف اس لیے دکھایا تاکہ لوگوں کی آزمائش کی جا سکے۔ جب خود قرآن پاک نے تصریح کر دی کہ یہ خواب تھا تو پھر اس کا انکار کیسے کیا جا سکتا ہے۔

جواباً عرض ہے کہ اکثر مفسرین کی یہ رائے ہے کہ اس آیت کا تعلق واقعہ معراج سے ہے ہی نہیں بلکہ کسی دوسرے خواب سے ہے

اور اگر اس پر ہی اصرار ہو کہ اس آیت میں معراج کا ہی ذکر ہے تو پھر حضرت ابن عباس کی تصریح کے بعد کوئی التباس نہیں رہتا۔ آپ نے فرمایا یہاں رؤیا سے مُراد عالم بیداری میں آنکھوں سے دیکھنا ہے قال ابن عباس ھی رویا عین اریھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علامہ ابن عربی اندلسی نے احکام القرآن میں حضرت ابن عباس کا یہ قول بھی نقل کیا ہے ولو کانت رؤیا منام ما افتتن بھا احدٌ ولا انکرھا فانہ لا یستبعد علی احد ان یری نفسہ یخترق السموٰت ویجلس علی الکرسی ویکلمہ الرب (احکام القرآن)

یعنی اگر معراج عالم خواب کا واقعہ ہوتا تو کوئی اس سے فتنہ میں مبتلا نہ ہوتا۔ اور کوئی اس کا انکار نہ کرتا۔ کیونکہ اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو دیکھے کہ وہ آسمان کو چیرتا ہوا اوپر جا رہا ہے۔ یہاں تک کہ وہ کرسی پر جا کر بیٹھ گیا اور اللہ تعالیٰ نے اس سے گفتگو فرمائی تو ایسے خواب کو کبھی مستبعد اور خلاف عقل قرار دے کر اس کا انکار نہیں کیا جاتا۔

یہ لوگ حضرت انس کی اس حدیث سے بھی استدلال کرتے ہیں۔ کہ واقعہ معراج بیان کرنے کے بعد حضور نے فرمایا ثم استیقظت وانا فی المسجد الحرام پھر میں نیند سے بیدار ہوا اور اپنے آپ کو مسجد حرام میں پایا۔ اس روایت کے متعلق فن حدیث کے ماہرین کی تصریح ملاحظہ فرمایئے خود بخود شبہ دور ہو جائے گا۔

علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ یہ الفاظ حضرت انس سے شریک نے نقل کیے ہیں اور شریک لیس بالحافظ عند اھل الحدیث (روح المعانی جلد نمبر ۱۵) کہ اہل حدیث کے نزدیک شریک حافظ حدیث نہیں ہے۔

دوسری روایت سنئیے: ان ھذا اللفظ رواہ شریک عن انس وکان قد تغیر باخرہ فیعول علی روایات الجمیع۔ احکام القرآن لابن عربی)

کہ یہ الفاظ حضرت انس سے صرف شریک نے روایت کیے ہیں اُن کا حافظہ آخر میں کمزور ہو گیا تھا۔ اس لیے ان کی روایت کی بجائے اُن روایات پر بھروسہ کیا جائے گا جو باقی تمام راویوں نے بیان کی ہیں عجیب بات یہ ہے کہ حضرت انس سے یہ حدیث شریک کے علاوہ دیگر ائمہ حدیث ابن شہاب، ثابت البنانی اور قتادہ نے بھی روایت کی ہے لیکن ان کی روایات میں یہ الفاظ نہیں وقد روی حدیث الاسراء عن انس جماعۃ من الحفاظ المتقنین والائمۃ المشھودین کابن شھاب وثابت البنانی وقتادہ فلم یات احدٌ منھم بما اتی بہ شریک (روح المعانی جلد نمبر ۱۵)

علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں: وقولہ فی حدیث شریک عن انس ثم استیقظت فاذا انا فی الحجر معدودٌ فی غلطات شریک یعنی ان الفاظ کا شمار شریک کی غلطیوں میں ہوتا ہے۔ اس حدیث کے علاوہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے قول سے بھی استشہاد کیا جاتا ہے کہ ان حضرات کا بھی یہی خیال تھا کہ یہ خواب کا واقعہ ہے۔ لیکن محدثین پہلے تو اس قول کی نسبت ان حضرات کی طرف کرنے کو ہی مشکوک سمجھتے ہیں۔ اور اگر روایت ثابت ہو بھی جائے تو ان کے قول پر جمہور صحابہ کے ارشادات کو ہی ترجیح دی جائے گی کیونکہ اس وقت حضرت صدیقہ تو بالکل کمسن بچی تھیں اور امیر معاویہ ابھی تک مشرف باسلام ہی نہ ہوئے تھے۔ نیز یہ ان صاحبان کی اپنی ذاتی رائے ہے حضور کا ارشاد نہیں۔ علامہ ابن حیان اس کے متعلق لکھتے ہیں:۔

وما روی عن عائشة ومعاویة انه کان مناما فلعله لا یصح ولو صح لم یکن فی ذلك حجة لانهما لم یشاهدا ذلك لصغر عائشة وکفر معاویة ولانهما لم یسندا ذلك الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا حدثا به عنه (بحر المحیط)

اسی سلسلہ میں مقالات سرسید کے مطالعہ کا بھی اتفاق ہوا۔ انھوں نے بھی بڑی شد و مد سے معراج کو خواب ثابت کیا ہے اور اس ضمن میں طول طویل بحث کی ہے۔ ان کا مقالہ پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مستشرقین اور عیسائی مورخین کے اعتراضات سے گھبرائے ہوئے ہیں اور ان کے زہر میں بجھے ہوئے طعن و تشنیع کے تیروں سے اسلام کو ہر قیمت پر بچانا چاہتے ہیں خواہ اس کوشش میں اسلام کا حلیہ ہی کیوں نہ بگڑ جائے اور عظمت مصطفوی کا عقیدہ ہی کیوں نہ متزلزل ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کے قادر مطلق ہونے کے دلائل و براہین کو ہی کیوں منہدم نہ کرنا پڑے۔ آپ اس جذبہ کے اخلاص کی تعریف کر سکتے ہیں لیکن عواقب و نتائج کے لحاظ سے آپ اس کی تحسین نہیں کر سکتے۔ کیا معراج کا انکار کر کے آپ نے کسی کو حلقہ بگوش اسلام بنا لیا ہے۔ کیا آپ کی معذرت خواہی کو انھوں نے قبول کر کے آپ کے پیش کردہ ماڈرن اسلام پر اظہار ناراضگی چھوڑ دیا ہے ہرگز نہیں تو پھر اس محنت کا کیا حاصل بجز اس کے کہ ان صحیح واقعات کا انکار کر کے اپنے تمام علمی ورثہ کو مشکوک اور مشتبہ کر دیا جائے۔ ہاں میں اس طویل مقالہ کا ذکر کر رہا تھا اس میں حضرت سید نے لکھا ہے کہ واقعہ معراج کے متعلق جو احادیث مروی ہیں "ایک دوسرے سے اس قدر متضاد اور متناقض ہیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ کہ صراحۃ ایک دوسرے کی تردید کرتی ہیں اور اپنی صحت و اعتبار کو کھو دیتی ہیں" مقالات سرسید صفحہ ۶۲۔

لیکن تناقض و تضاد کے جو نمونے انھوں نے ذکر کیے ہیں وہ حیرت انگیز ہیں۔ مثال دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضور اس وقت حطیم میں تھے۔ دوسری میں ہے کہ حجر میں تھے۔ تیسری میں ہے کہ مسجد حرام میں تھے۔ ذرا غور فرمائیے کیا ان روایات میں تضاد نام کی کوئی چیز ہے۔ حطیم اور حجر تو ایک جگہ کے دو نام ہیں۔ یعنی وہ جگہ جو اصل میں کعبہ شریف کا حصہ تھی، لیکن جب سیلاب کی وجہ سے خانہ کعبہ گر گیا اور قریش نے اسے دوبارہ تعمیر کرنا چاہا تو سرمایہ کی قلت کی وجہ سے اسے باہر چھوڑ دیا۔ یہ حصہ حطیم یا حجر مسجد حرام میں ہے تو ان روایات میں قطعاً کوئی تضاد نہیں۔

تضاد کی ایک دوسری مثال مختلف آسمانوں کے حالات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ چھٹے آسمان کے متعلق ایک حدیث میں ہے۔ ثم صعد بی الی السماء السادسة فاذا موسٰی ـــــ پھر مجھے چھٹے آسمان کی طرف لے جایا گیا تو وہاں موسیٰ علیہ السلام کو پایا۔ دوسری حدیث میں ثم عرج بنا الی السماء السادسة فاذا انا بموسٰی فرحب بی ودعا لی پھر ہمیں چھٹے آسمان کی طرف اوپر لایا گیا۔ وہاں میں نے موسیٰ کو پایا انھوں نے مجھے مرحبا کہا اور میرے لیے دعا کی تیسری حدیث میں ہے۔ لقلجاوزت فبکی جب میں آگے بڑھا تو موسیٰ علیہ السلام رو پڑے۔ آپ خود فرمائیے کہ احادیث کے ان کلمات میں کوئی تضاد ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ بعض روایات ایسی ہیں جن میں باہمی اختلاف پایا جاتا ہے لیکن اس کے متعلق خود علماء نے تصریح کی ہے اور جو حدیث زیادہ صحیح اور قوی تھی اس کو خود ترجیح دے دی ہے۔ جو تضاد ممتنع ہے۔ وہ تو یہ ہے کہ دونوں روایتیں ایک ہی پایہ کی ہوں۔ کسی کو کسی پر ترجیح بھی نہ دی جا سکتی ہو اور ان کو یکجا جمع بھی نہ کیا جا سکتا ہو۔ بہرحال یہاں لوگوں کے شکوک و شبہات کا مجمل تذکرہ ہے جو کسی نہ کسی طرح دلائل نقلیہ کا سہارا لے کر جسمانی معراج کا انکار کرتے ہیں۔

اور اگر اس پر بھی اصرار ہو کہ اس آیت میں معراج کا ہی ذکر ہے تو پھر حضرت ابن عباس کی تصریح کے بعد کوئی التباس نہیں رہتا۔ آپ نے فرمایا یہاں رؤیا سے مراد عالم بیداری میں آنکھوں سے دیکھنا ہے قال ابن عباس ھی رؤیا عین اریھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علامہ ابن عربی اندلسی نے احکام القرآن میں حضرت ابن عباس کا یہ قول بھی نقل کیا ہے ولو کانت رؤیا منام ما افتتن بھا احدٌ ولا انکرھا فانہ لا یستبعد علی احد ان یری نفسہ یخترق السموٰت ویجلس علی الکرسی ویکلمہ الرب (احکام القرآن)

یعنی اگر معراج عالم خواب کا واقعہ ہوتا تو کوئی اس سے فتنہ میں مبتلا نہ ہوتا اور کوئی اس کا انکار نہ کرتا۔ کیونکہ اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو دیکھے کہ وہ آسمان کو چیرتا ہوا اوپر جا رہا ہے۔ یہاں تک کہ وہ کرسی پر جا کر بیٹھ گیا اور اللہ تعالیٰ نے اس سے گفتگو فرمائی تو ایسے خواب کو کبھی مستبعد اور خلافِ عقل قرار دے کر اس کا انکار نہیں کیا جاتا۔

یہ لوگ حضرت انس کی اس حدیث سے بھی استدلال کرتے ہیں۔ کہ واقعہ معراج بیان کرنے کے بعد حضور نے فرمایا ثم استیقظت وانا فی المسجد الحرام پھر میں نیند سے بیدار ہوا اور اپنے آپ کو مسجد حرام میں پایا۔ اس روایت کے متعلق فنِ حدیث کے ماہرین کی تصریح ملاحظہ فرمایئے خود بخود شبہ دور ہو جائے گا۔

علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ یہ الفاظ حضرت انس سے شریک نے نقل کیے ہیں اور شریک لیس بالحافظ عند اھل الحدیث (روح المعانی جلد نمبر ۱۵) کہ اہلِ حدیث کے نزدیک شریک حافظِ حدیث نہیں ہے۔

دوسری روایت سنیے: ان ھذا اللفظ رواہ شریکٌ عن انس وکان قد تغیر باخرہ فیعول علی روایات الجمیع۔ (احکام القرآن لابن عربی)

کہ یہ الفاظ حضرت انس سے صرف شریک نے روایت کیے ہیں۔ اُن کا حافظہ آخر میں کمزور ہو گیا تھا۔ اس لیے ان کی روایت کی بجائے اُن روایات پر بھروسہ کیا جائے گا جو باقی تمام راویوں نے بیان کی ہیں عجیب بات یہ ہے کہ حضرت انس سے یہ حدیث شریک کے علاوہ دیگر ائمہ حدیث ابنِ شہاب، ثابت البنانی اور قتادہ نے بھی روایت کی ہے لیکن ان کی روایات میں یہ الفاظ نہیں وقد روی حدیث الاسراء من انس جماعۃ من الحفاظ المتقنین والائمۃ المشھورین کابن شھاب وثابت البنانی وقتادہ فلم یات احدٌ منھم بما اتی بہ شریک (روح المعانی جلد نمبر ۱۵)

علامہ ابنِ کثیر لکھتے ہیں: وقولہ فی حدیث شریک عن انس ثم استیقظت فاذا انا فی الحجر معدودٌ فی غلطات شریک یعنی ان الفاظ کا شمار شریک کی غلطیوں میں ہوتا ہے۔ اس حدیث کے علاوہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے قول سے بھی استشہاد کیا جاتا ہے کہ ان حضرات کا بھی یہی خیال تھا کہ یہ خواب کا واقعہ ہے۔ لیکن محدثین پہلے تو اس قول کی نسبت ان حضرات کی طرف کرنے کو ہی مشکوک سمجھتے ہیں۔ اور اگر روایت ثابت ہو بھی جائے تو ان کے قول پر جمہور صحابہ کے ارشادات کو ہی ترجیح دی جائے گی کیونکہ اس وقت حضرت صدیقہ تو بالکل کمسن بچی تھیں۔ اور امیر معاویہ ابھی تک مشرف بہ اسلام ہی نہ ہوئے تھے۔ نیز یہ ان صاحبان کی اپنی ذاتی رائے ہے حضور کا ارشاد نہیں۔ علامہ ابن حیان اس کے متعلق لکھتے ہیں:-

وما روی عن عائشۃ ومعاویۃ انہ کان مناما فلعلہ لا یصح ولو صح لم یکن فی ذلک حجۃ لانہما لم یشاہدا ذلک لصغر عائشۃ وکفر معاویۃ ولانہما لم یسندا ذلک الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولاحدثا بہ عنہ (بحر المحیط)

اسی سلسلہ میں مقالات سرسید کے مطالعہ کا بھی اتفاق ہوا انھوں نے بھی بڑی شدومد سے معراج کو خواب ثابت کیا ہے اور اس ضمن میں طول طویل بحث کی ہے۔ ان کا مقالہ پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مستشرقین اور عیسائی مورخین کے اعتراضات سے گھبرائے ہوئے ہیں اور ان کے زہر میں بجھے ہوئے طعن وتشنیع کے تیروں سے اسلام کو ہر قیمت پر بچانا چاہتے ہیں خواہ اس کوشش میں اسلام کا حلیہ ہی کیوں نہ بگڑ جائے اور عظمت مصطفوی کا عقیدہ ہی کیوں نہ متزلزل ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کے قادر مطلق ہونے کے دلائل و براہین کو ہی کیوں منہدم نہ کرنا پڑے۔ آپ اس جذبہ کے اخلاص کی تعریف کر سکتے ہیں لیکن عواقب و نتائج کے لحاظ سے آپ اس کی تحسین نہیں کر سکتے۔ کیا معراج کا انکار کر کے آپ نے کسی کو حلقہ بگوش اسلام بنا لیا ہے۔ کیا آپ کی معذرت خواہی کو انھوں نے قبول کر کے آپ کے پیش کردہ ماڈرن اسلام پر اظہار ناراضگی چھوڑ دیا ہے ہرگز نہیں تو پھر اس محنت کا کیا حاصل بجز اس کے کہ ان صحیح واقعات کا انکار کر کے اپنے تمام علمی ورثہ کو مشکوک اور مشتبہ کر دیا جائے۔ ہاں میں اس طویل مقالہ کا ذکر کر رہا تھا اس میں حضرت سید نے لکھا ہے کہ واقعہ معراج کے متعلق جو احادیث مروی ہیں "ایک دوسرے سے اس قدر متضاد اور متناقض ہیں . . . . . . کہ صراحۃً ایک دوسرے کی تردید کرتی ہیں اور اپنی صحت و اعتبار کو کھو دیتی ہیں"۔ مقالات سرسید صفحہ ٦٢۔

لیکن تناقض و تضاد کے جو نمونے انھوں نے ذکر کیے ہیں وہ حیرت انگیز ہیں۔ مثال دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضور اس وقت حطیم میں تھے۔ دوسری میں ہے کہ حجر میں تھے۔ تیسری میں ہے کہ مسجد حرام میں تھے۔ ذرا غور فرمایئے کیا ان روایات میں تضاد نام کی کوئی چیز ہے حطیم اور حجر تو ایک جگہ کے دو نام ہیں۔ یعنی وہ جگہ جو اصل میں کعبہ شریف کا حصہ تھی، لیکن جب سیلاب کی وجہ سے خانہ کعبہ گر گیا اور قریش نے اسے دوبارہ تعمیر کرنا چاہا تو سرمایہ کی قلت کی وجہ سے اسے باہر چھوڑ دیا۔ یہ حصہ (حطیم یا حجر) مسجد حرام میں ہے تو ان روایات میں قطعاً کوئی تضاد نہیں۔

تضاد کی ایک دوسری مثال مختلف آسمانوں کے حالات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ چھٹے آسمان کے متعلق ایک حدیث میں ہے۔ ثم صعد بی الی السماء السادسۃ فاذا موسٰی پھر مجھے چھٹے آسمان کی طرف لے جایا گیا تو وہاں موسیٰ علیہ السلام کو پایا۔ دوسری حدیث میں ثم عرج بنا الی السماء السادسۃ فاذا انا بموسٰی فرحب لی ودعا لی پھر ہمیں چھٹے آسمان کی طرف اوپر لایا گیا۔ وہاں میں نے موسیٰ کو پایا انھوں نے مجھے مرحبا کہا اور میرے لیے دعا کی تیسری حدیث میں ہے فلما جاوزت فبکی جب میں آگے بڑھا تو موسیٰ علیہ السلام رو پڑے۔ آپ خود فرمایئے کہ احادیث کے ان کلمات میں کوئی تضاد ہے۔

ہم مانتے ہیں کہ بعض روایات ایسی ہیں جن میں باہمی اختلاف پایا جاتا ہے لیکن اس کے متعلق خود علماء نے تصریح کی ہے اور جو حدیث زیادہ صحیح اور قوی تھی اس کو خود ترجیح دے دی ہے۔ جو تضاد ممتنع ہے۔ وہ تو یہ ہے کہ دونوں روایتیں ایک ہی پایہ کی ہوں کسی کو کسی پر ترجیح بھی نہ دی جا سکتی ہو اور ان کو یکجا جمع بھی نہ کیا جا سکتا ہو۔ بہرحال یہاں لوگوں کے شکوک و شبہات کا مجمل تذکرہ ہے جو کسی نہ کسی طرح دلائل نقلیہ کا سہارا لے کر جسمانی معراج کا انکار کرتے ہیں۔

اب ذرا ان حضرات کے ارشادات کی طرف توجہ فرمائیے جو معراج اور دیگر معجزات کا اس لیے انکار کرتے ہیں کہ یہ خلافِ عقل ہیں۔ ان لوگوں کا دعوٰی یہ ہے کہ کائنات کا یہ نظام اس میں یہ بے عدیل ارتباط اور موزونیت بے مثل ترتیب اور یکسانیت اس امر پر شاہد عادل ہے کہ یہ نظام چند قوانین اور ضوابط کے مطابق عمل پیرا ہے جنہیں قوانینِ فطرت (LAWS OF NATURE) کہا جاتا ہے اور فطرت کے قانون اٹل ہیں۔ ان میں ردو بدل ممکن نہیں۔ ورنہ کائنات کا سارا نظام درہم برہم ہو جائے۔ اس لیے عقل معجزات کو تسلیم نہیں کرتی۔ کیونکہ معراج بھی ایک معجزہ ہے۔ اس لیے یہ بھی عقلاً محال ہے۔ اس کے متعلق گزارش یہ ہے کہ علماء اسلام نے معجزہ کی جو تعریف کی ہے وہ یہ نہیں کہ معجزہ وہ ہوتا ہے جو قوانینِ فطرت کے خلاف ہو اور نوامیسِ قدرت سے برسرِ پیکار ہو بلکہ معجزہ کی تعریف یہ ہے کہ "الاتیان بامر خارق للعادۃ یقصد بہ بیان صدق من ادعی انہ رسول اللہ والمسامرۃ وغیرھا من کتب العقائد" یعنی مدعی رسالت کی سچائی ثابت کرنے کے لیے کسی ایسے امر کا ظہور پذیر ہونا جو عادت کے خلاف ہو اسے معجزہ کہتے ہیں۔ یہ تعریف نہیں کی گئی کہ معجزہ وہ ہے جو قانونِ فطرت اور نوامیسِ قدرت کے خلاف ہو۔ ان لوگوں کا اعتراض تو تب قابلِ التفات ہوتا جب معجزہ کو نوامیسِ قدرت کے خلاف مانا جاتا۔ ہو سکتا ہے کہ یہ معجزات قانونِ فطرت کے مطابق ہی رونما ہوئے ہوں لیکن ابھی تک وہ قانونِ فطرت ہمارے ادراک کی سرحد سے ماوراء ہو۔ یہ دعوٰی کرنا کہ فطرت کے تمام قوانین بے نقاب ہو چکے ہیں اور ذہنِ انسانی نے ان کا احاطہ کر لیا ہے انتہائی مضحکہ خیز اور غیر معقول ہے۔ آج تک کسی فلسفی یا سائنسدان نے اس بات کا دعوٰی نہیں کیا۔

نیز قوانینِ فطرت کے متعلق یہ خیال کرنا کہ وہ اٹل اور غیر متغیر ہیں' یہ بھی ناقابلِ تسلیم ہے۔ یہ خیال تب قابلِ تسلیم ہوتا جب ان قوانین کو ہر قسم کے نقص اور عیب سے مبرا سمجھ لیا جاتے اور ان کے بارے میں یہ عقیدہ اختیار کیا جاتے' کہ اس کائنات کی آرائش وزیبائش کے لیے یہی قوانین کفایت کرتے ہیں لیکن اہلِ خرد کے نزدیک یہ خیال محلِ نظر ہے۔ چنانچہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے مقالہ نگار نے معجزہ (MIRACLE) پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے۔

IT IS AN UNWARRANTED IDEALISM AND OPTIMISM WHICH FINDS THE COURSE OF NATURE SO WISE AND SO GOOD THAT ANY CHANGE IN IT MUST BE REGARDED AS INCREDIBLE ENCY BRI. V.15 P. 586

یعنی یہ ایک غیر معقول تصور اور خوش فہمی ہے جو یہ خیال کرتی ہے کہ فطرت کا طریق کار اتنا دانشمندانہ اور بہترین ہے کہ اس میں کسی قسم کی تبدیلی جائز نہیں۔ اس کے علاوہ یہ امر بھی غور طلب ہے کہ کیا آپ اللہ تعالٰی کے وجود کو مانتے ہیں یا نہیں اگر آپ منکر ہیں تو آپ سے معجزات کے متعلق بحث عبث اور قبل از وقت ہے پہلے آپ کو وجودِ خداوندی کا قائل کرنا پڑیگا۔ اس کے بعد معجزہ کے اثبات کا مناسب وقت آئے گا اور اگر آپ وجودِ خداوندی کے قائل تو ہیں لیکن آپ کا تصور یہ ہے کہ خدا اور فطرت (NATURE) ایک ہی چیز کے دو نام ہیں یا آپ خدا کو خالقِ کائنات تو مانتے ہیں لیکن یہ بھی سمجھتے ہیں کہ اس کا اب اپنی پیدا کردہ دنیا میں کوئی عمل دخل نہیں اور وہ اس میں کسی طرح کا تصرف نہیں کر سکتا بلکہ الگ تھلگ بیٹھ کر ایک بے بس تماشائی

کی طرح کائنات کے ہنگامہ ہائے خیر و شر کو خاموشی سے دیکھ رہا ہے اور کچھ کر نہیں سکتا تو پھر معجزہ کے انکار کی وجہ سمجھ آسکتی ہے لیکن اگر آپ ذاتِ خداوندی کے قائل ہیں اور اسے خالق ماننے کے ساتھ ساتھ قادرِ مطلق اور مدبر باختیار بھی تسلیم کرتے ہیں اور یہ بھی ایمان رکھتے ہیں کہ کوئی پتہ اس کے اذن کے بغیر جنبش تک نہیں کر سکتا تو پھر آپ کا نوامیسِ فطرت کو غیر متغیر یقین کرنا اور اس بنا پر معجزات کا انکار کرنا ہماری سمجھ میں نہیں آسکتا۔ زیادہ سے زیادہ آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا عام معمول یہ ہے کہ وہ علت و معلول اور سبب و مسبب کے تسلسل کو قائم رکھتا ہے اور ظہورِ معجزہ کے وقت اس نے اپنی قدرت اور حکمت کے پیشِ نظر خلافِ معمول اس تسلسل کو نظر انداز کر دیا ہے کیونکہ وہ ایک با اختیار ہستی ہے۔ وہ جب چاہے اپنے معمول کو بدل دے۔ ایک شخص کی سالہا سال کی عادت یہ ہے کہ وہ رات کو دس بجے روزانہ سوتا ہے اور صبح چار بجے بیدار ہوتا ہے۔ اگر کسی روز آپ اسے ساری رات جاگتے ہوئے دیکھیں تو آپ اس مشاہدہ کا انکار نہیں کر سکتے۔ زیادہ سے زیادہ آپ یہی کہہ سکتے ہیں کہ آج خلافِ معمول فلاں صاحب رات بھر جاگتے رہے۔ اسی طرح ان قوانینِ فطرت کو عادتِ خداوندی اور معمولِ ربانی سمجھنا چاہیے اور کسی چیز کا خلافِ معمول وقوع پذیر ہونا قطعاً اس کے ناممکن ہونے کی دلیل نہیں بن سکتا۔

THE LAWS OF NATURE MAY BE REGARDED AS HABITS OF THE DIVINE ACTIVITY, AND MIRACLES AS UNUSUAL ACTS WHICH, WHILE CONSISTENT WITH DIVINE CHARACTER, MARK A NEW STAGE IN THE FULFILMENT OF THE PURPOSE OF GOD. ENCY. BRI. V.15 P.596

یعنی قوانینِ فطرت کو ہم عادتِ خداوندی کہہ سکتے ہیں۔ معجزات کے بارے میں زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی حکمت کے پیشِ نظر خلافِ عادت ایسا کیا ہے اور یہ قطعاً ناروا نہیں

مغربی فلاسفہ میں سے ہیوم (DAVID HUME) نے معجزات پر بحث کی ہے اور بڑی شد و مد سے اس کا انکار کیا ہے اپنے موقف کو ثابت کرنے کے لیے جو طریقہ اس نے اختیار کیا ہے وہ توجہ طلب ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ہمارا تجربہ اور مشاہدہ یہ ہے کہ عالم ایک مخصوص نہج اور متعین انداز کے مطابق چل رہا ہے اور معجزات ہمارے تجربہ اور مشاہدہ کے خلاف رو پذیر ہوتے ہیں۔ اس لیے اگر معجزہ کو ثابت کرنے کے لیے ہمارے پاس جو دلائل ہیں وہ تجربہ اور مشاہدہ کے دلائل و براہین سے جب تک زیادہ قوی اور مضبوط نہ ہوں۔ اس وقت تک ہم معجزہ کو تسلیم نہیں کر سکتے کیونکہ ثبوتِ معجزہ کے لیے ایسے وزنی دلائل موجود نہیں اس لیے عقلاً معجزہ کا امکان تسلیم کرنے کے باوجود ہم ان کے وقوع کو تسلیم نہیں کر سکتے۔ انسائیکلوپیڈیا کا مقالہ نگار ہیوم کے اس نظریہ پر بحث کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ ہم تمہارا یہ قاعدہ ماننے کے لیے تیار نہیں کہ معجزات تجربہ اور مشاہدہ کے خلاف ہوتے ہیں۔ کیونکہ تجربات سے تمہاری مراد کیا ہے۔ کیا تم یہ کہتے ہو کہ معجزہ تمام تجربات کے خلاف ہوتا ہے تو آپ کا یہ قاعدہ کلیہ محتاجِ دلیل ہے پہلے آپ یہ تو ثابت کریں کہ آپ نے تمام تجربات کا احاطہ کر لیا ہے۔ پھر آپ کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ یہ معجزہ ان تمام تجربات کے خلاف ہے جب تک آپ اپنی دلیل کی حقیقت ثابت نہیں کر سکتے اس وقت تک آپ کی دلیل قابلِ قبول نہیں۔ اور اگر آپ یہ کہیں کہ تجربات سے مراد تجربات عامہ ہیں یعنی معجزہ تجرباتِ عامہ کے خلاف ہے تو پھر اس سے تو فقط اتنا ہی ثابت ہوا کہ معجزہ عام تجربات اور

معمولات کے خلاف ہے۔ تمام تجربات ومشاہدات کے مخالف ہوناتو لازم نہ آیا۔ ہوسکتا ہے کہ یہ معجزہ کسی تجربہ کے مطابق ہو لیکن وہ تجربہ آپکے فہم کی رسائی سے ابھی بلند ہو۔ (انسائیکلوپیڈیا جلد نمبر ۱۵ صفحہ ۵۸۶)

THIS PHRASE ITSELF (THAT MIRACLE IS CONTRARY TO EXPERIENCE) IS AS PALEY POINTED OUT: AMBIGUOUS IF IT MEANS ALL EXPERIENCE IT ASSUMES THE POINT TO BE PROVED, IF IT MEANS ONLY COMMON EXPERIENCE THEN IT SIMPLY ASSERTS THAT THE MIRACLE IS UNUSUAL A TRUISM (ENCY BRI. V.15 P. 586)

استاذ احمد امین مصری ہیوم کے فلسفہ پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ہیوم نے اپنے ایک مقالہ (OF MIRACLE) میں معجزات پر بحث کی ہے اور بڑی کوشش سے ان کا بطلان ثابت کیا ہے۔ اس میں اس نے لکھا ہے کہ کیونکہ معجزات ہمارے تجربہ کے خلاف ہیں۔ اس لیے ناقابلِ تسلیم ہیں۔ استاذ موصوف لکھتے ہیں کہ ہمیں یہ حق پہنچتا ہے کہ ہم ہیوم سے پوچھیں کہ ایک طرف تو تمہارا یہ دعویٰ کہ علت ومعلول اور سبب ومسبب کا حقیقت الامر سے کوئی تعلق نہیں۔ کیونکہ ہم بارہا مشاہدہ کرتے آتے ہیں کہ ایسا ہو تو یوں ہوجاتا ہے۔ اس لیے ہم نے ایک چیز کو دوسری چیز کی علت فرض کرلیا حالانکہ حقیقت میں اس کا علت ہونا ضروری نہیں اور دوسری طرف تم معجزہ کا انکار اس اساس پر کرتے ہو کہ یہ مشاہدہ اور تجربہ کے خلاف ہے جب تمہارے نزدیک علیت اور معلولیت کا کوئی قانون ہی نہیں، ہر چیز بغیر تحقیق علت وقوع پذیر ہورہی ہے اور کسی چیز کے ساتھ ربط نہیں تو پھر اگر معجزہ کا وقوع ہوا جس کی ہم تعلیل کرنے سے قاصر ہیں تو کونسی قباحت ہوگئی۔ پہلے بھی جتنی چیزیں معرضِ وجود میں آئیں وہ علتِ حقیقیہ کے بغیر موجود تھیں اور یہ امر بھی بغیر علت کے ظاہر ہوا پھر اس کی کیا وجہ ہے کہ ایک کو تو تم تسلیم کرتے ہو اور دوسرے کے انکار میں تم اتنا غلو کرتے ہو کہ تمہیں اپنے فلسفہ کی بنیاد بھی سرے سے فراموش ہوگئی ہے۔ (قصۃ الفلسفۃ الحدیثیہ جزو اول صفحہ ۲۴۵)

اور بعض صاحبان نے اپنے جذبۂ تجسس کو یہ تھپکی دے کر سُلادیا کہ ان واقعات کی کوئی حقیقت نہیں بلکہ یہ معجزات محض عقیدت مندوں کے جوشِ عقیدت کی کرشمہ سازیاں ہیں کہ انھوں نے معمولی اور عادی واقعات کو مبالغہ آمیزی سے اس طرح بیان کیا کہ انھیں خرقِ عادت بناکر رکھ دیا۔ جو لوگ تحقیق وجستجو کی خارزار وادیوں میں آبلہ پائی کی زحمت برداشت نہ کرنا چاہتے ہوں ان کے لیے محفوظ اور آسان ترین یہی طریقہ کار ہے لیکن کیا یہ کسی مشکل کا حل ہے۔ کیا اس سے کوئی عقدۂ لاینحل کھل سکتا ہے۔ یہ غور طلب ہے۔

آخر میں مَیں ایک اہم مقالہ کی طرف اشارہ کرنے کی اجازت طلب کرتا ہوں جو معجزات کے بارے میں جناب محترم سرسید احمد خاں نے ایک مفصل مقالہ لکھا ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ معجزہ اس وقت تک معجزہ نہیں ہوسکتا جب تک وہ قوانینِ قدرت کے خلاف نہ ہو کیونکہ اگر وہ کسی قانونِ قدرت کے مطابق ہوگا تو اس کا ظہور نبی کے علاوہ کسی اور شخص سے بھی ہوسکتا ہے۔ اس لیے معجزہ کا خلافِ قانون ہونا ضروری ہے۔ قوانینِ قدرت اٹل ہیں۔ ان میں کسی قسم کی تبدیلی یا ردوبدل کا رونما ہونا قطعاً باطل ہے۔ کیونکہ نصوصِ قرآنیہ میں بارہا یہ تصریح کی گئی ہے کہ قانونِ قدرت میں تغیر وتبدل نہیں ہوسکتا۔ اس لیے ثابت ہوا کہ معجزہ کا

هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ① وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى

بیشک وہی ہے سب کچھ سننے والا سب کچھ دیکھنے والا اور دی ہم نے موسیٰ کو کتاب اور بنایا ہم نے اس کتاب کو

وقوع باطل ہے۔

آپ نے سید محترم کا استدلال ملاحظہ فرمالیا۔ انھوں نے معجزہ کی من گھڑت تعریف کرکے معجزہ کا بطلان کیا ہے۔ حالانکہ ہم پہلے بتا آئے ہیں کہ علمائے اسلام نے معجزہ کی یہ تعریف نہیں کی کہ وہ قوانین فطرت کے خلاف ہو بلکہ معجزہ وہ ہے جو خارق عادت ہو۔ نیز معجزات کو قوانین فطرت کے خلاف کہنے کا دعویٰ تو تب درست ہوسکتا جب کہ پہلے تمام قوانین فطرت اور سنن الٰہیہ کا احاطہ کرنے کے دعوے کو کوئی ثابت کرے اور جب تک یہ ثابت نہ ہو اور جو یقیناً ثابت نہیں تو پھر معجزات کو سنن الٰہیہ کے خلاف ٹھیرانا سراسر لغو ہے۔

بہرحال جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہے۔ اس کے قادر مطلق ہونے کو تسلیم کرتا ہے اور یہ مانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بے بس تماشائی کی طرح اس ہنگامۂ خیر و شر کو دور سے بیٹھا ہوا دیکھ نہیں رہا بلکہ اس کے حکم اس کی حکیمانہ تدبیر اور اس کے اذن سے نبضِ ہستی محوِ خرام ہے اسے قطعاً ایسے معجزات کے بارے میں شک نہیں ہونا چاہیے جو صحیح اور قابل وثوق ذریعہ سے ثابت ہوچکے ہوں۔

قرآن کریم میں حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عظیم ترین معجزہ معراج کو جس مخصوص اسلوب سے بیان کیا گیا ہے اس میں غور کرنے کے بعد عقل سلیم کو بلاچوں وچرا ماننا پڑتا ہے کہ یہ واقعہ جس طرح آیاتِ قرآنی اور احادیث صحیحہ میں مذکور ہے، وہ سچ ہے۔ اس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔

٣ واقعہ معراج کی اہمیت صرف اسی قدر نہیں کہ اس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب بندے اور برگزیدہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو زمین و آسمان بلکہ ان سے بھی ماوراء اپنی قدرت و کبریائی کی آیات بینات کا مشاہدہ کرایا بلکہ اس میں تمہارے اہل اسلام کے لیے بھی ایک مژدہ ہے کہ شب غم اب سحر آشنا ہونے والی ہے۔ تمہارا آفتاب اقبال ابھی طلوع ہوا چاہتا ہے۔ مشرق و مغرب میں تمہاری سطوت کا ڈنکا بجے گا۔ لیکن مسندِ اقتدار پر متمکن ہونے کے بعد اپنے پروردگار کو فراموش نہ کرنا۔ اس کی یاد اور اس کے ذکر میں غفلت سے کام نہ لینا! اور اگر تم نے نشۂ حکومت سے بدمست ہوکر نافرمانی اور سرکشی کی راہ اختیار کی تو پھر ان کے ہولناک نتائج سے تمھیں دوچار ہونا پڑے گا۔ دیکھو تم سے پہلے بنی اسرائیل کو ہم نے فرعون کی غلامی اور ظلم و ستم سے نجات دی۔ بحراحمر کو ان کے لیے پایاب کیا۔ ان کی آنکھوں کے سامنے ان کے جابر دشمن کو سمندر کی موجیں خس و خاشاک کی طرح بہالے گئیں۔ لیکن جب انھیں عزت و وقار بخشا گیا تو وہ اپنے مالک حقیقی کے احکام سے سرتابی کرنے لگے اور اس کے انعامات کا شکر یاد کرنے کے بجائے انھوں نے نافرمانی اور ناشکر گزاری کو اپنا شعار بنالیا تو ہم نے ان پر ایسے سنگدل دشمن مسلط کردیے جنھوں نے ان کو تباہ و برباد کرکے رکھ دیا۔ اور ان کے مقدس شہر کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ اسی

لِبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِیْ وَكِیْلًا ۝۲ ذُرِّیَّةَ مَنْ

باعث ہدایت بنی اسرائیل کے لیے (اسمیں انھیں حکم دیا) کہ نہ بنانا میرے بغیر کسی کو (اپنا) کارساز - اے اُن لوگوں کی اولاد ! جنھیں

حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝۳ وَ قَضَیْنَاۤ اِلٰى بَنِیْۤ

جنھیں ہم نے (کشتی میں) سوار کرایا نوح کیساتھ - بیشک نوح ایک شکر گزار بندہ تھا۔ اور ہم نے آگاہ کر دیا تھا بنی

اِسْرَآءِیْلَ فِی الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِی الْاَرْضِ مَرَّتَیْنِ وَ لَتَعْلُنَّ

اسرائیل کو اس کتاب میں کہ تم ضرور فساد برپا کرو گے زمین میں دو مرتبہ اور تم (احکام الٰہی سے)

عبرت آموزی کے لیے واقعہ معراج کے بعد بنی اسرائیل کا ذکر فرمایا۔

ٹ کتاب سے مراد تورات ہے اس کے نازل کرنے کا مقصد یہ تھا کہ بنی اسرائیل اسکے احکام کی پابندی کریں اور اپنی زندگی کو اُس شریعت کے سانچے میں ڈھال دیں جس کا تفصیلی بیان اس کتاب مقدس میں کیا گیا ہے۔ اُن تمام احکام سے اہم ترین حکم یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر یقین محکم رکھیں اور ہر معاملہ میں اُسی کو اپنا کارساز حقیقی سمجھیں۔ وکیل اُس کارساز حقیقی کو کہتے ہیں جس کے سپرد اپنے تمام امور کر دیے جائیں۔ مجاہد نے اس کا معنی شریک کیا ہے "قال مجاهد الوكيل معناه فی هذا الموضع الشريك" (طبری ابن جریر) اس آیت میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تورات سارے جہان کیلیے صحیفہ ہدایت بنا کر نہیں نازل کی گئی تھی بلکہ صرف بنی اسرائیل کیلیے ایک محدود وقت تک اس میں سامان ہدایت تھا۔ عالمگیر ہدایت کا داعی ابھی تشریف لانے والا تھا۔

ٹ یہاں حرف ندا محذوف ہے۔ اصل میں ہے یا ذریة من حملنا یعنی اے اُن لوگوں کی اولاد جن کو ہم نے سفینہ نوح میں پناہ دی اور طوفان کی تباہ خیزیوں سے بچایا تم اس احسان عظیم کو فراموش نہ کرو تم اس مرد حق اندیش کی اولاد سے ہو جو ہر وقت اپنے مالک وخالق کا شکر یاد کرتا رہتا تھا اور جس کا ایک سانس بھی اپنے رب کی ناشکری میں نہیں گزرا۔ اس شکر گزار بندے کے فرزند ہو کر اگر تم اللہ تعالیٰ کی ناشکری کرو تو بڑی شرم کی بات ہے۔

ٹ حضرت نوح کو اس عظیم لقب سے سرفراز کرنے کی وجہ یہ ہے کہ آپ پانی کا ایک گھونٹ پیتے یا ایک لقمہ بھی منہ میں ڈالتے یا کوئی نیا کپڑا پہنتے تو دل اور زبان سے اپنے منعم حقیقی کا شکریہ ان الفاظ سے ادا کرتے الحمد لله الذی اطعمنی ولو شاء لاجاعنی الحمد لله الذی سقانی ولو شاء لاظمأنی الحمد لله الذی كسانی ولو شاء لاعراني یعنی سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے مجھے کھانا کھلایا اور اگر وہ چاہتا تو وہ مجھے بھوکا رکھتا۔ سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے مجھے پانی پلایا اور اگر وہ چاہتا تو وہ مجھے پیاسا رکھتا۔ سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے مجھے کپڑا پہنایا۔ اور اگر وہ چاہتا تو مجھے ننگا رکھتا۔

ٹہ علامہ قرطبی نے قضینا کا معنی اعلمنا و اخبرنا لکھا ہے یعنی ہم نے بنی اسرائیل کو پہلے ہی بتا دیا تھا کہ ان عنایات بے پایاں کے باوجود تم آمادۂ فتنہ و فساد ہو گے۔ دنیا تمہارے مظالم سے چیخ اٹھے گی اور تم عقیدۂ توحید سے بھی برگشتہ ہو جاؤ گے اس کی پاداش میں تمہیں دردناک عذاب میں مبتلا کر دیا جائے گا ولتعلن علوا کبیرا میں لتفسدن کی طرح لام قسم کے لیے ہے۔ تکبر، فتنہ و فساد، سرکشی اور بغاوت تمام معانی اس جملہ میں آ گئے اراد التکبر والبغی والطغیان والاستطالۃ والعدوان (قرطبی)

بائیبل میں اس قرآنی دعویٰ کے بیشمار شواہد موجود ہیں جن میں سے چند ایک پیشِ خدمت ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام احکام شریعت کی تبلیغ اور ان پر عمل پیرا ہونے کی تاکید کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ اگر تم نے سرکشی کی تو تم پر سخت عذاب آئے گا۔

"اور میں تمہاری پرستش کے بلند مقاموں کو ڈھا دوں گا اور تمہاری سورج کی مورتوں کو کاٹ ڈالوں گا اور تمہاری لاشیں تمہارے شکستہ بتوں پر ڈال دوں گا اور میری روح کو تم سے نفرت ہو جائے گی اور میں تمہارے شہروں کو ویران کر ڈالوں گا اور تمہارے مقدسوں کو اُجاڑ بنا دوں گا .... اور میں تمہیں غیر قوموں میں پراگندہ کر دوں گا۔" (احبار باب ۲۶، آیات ۳۰، ۳۱، ۳۳)

اسی کتاب احبار کی چھتیسویں آیت میں ہے۔

"اور جو تم سے بچ جائیں گے اور اپنے دشمنوں کے ملکوں میں ہوں گے۔ ان کے دل کے اندر میں بے ہمتی پیدا کر دوں گا۔ اور اڑتی ہوئی پتی کی آواز ان کو کھدیڑے گی" کتاب استثناء کے باب ۲۸ کی آیات ۴۹، ۵۰ ملاحظہ ہوں۔

"خداوند دور سے بلکہ زمین کے کنارے سے ایک قوم کو تجھ پر چڑھا لائے گا جیسے عقاب ٹوٹ کر آتا ہے۔ اس قوم کی زبان کو تو نہیں سمجھے گا۔ اس قوم کے لوگ ترش رو ہوں گے۔ جو نہ بڈھوں کا لحاظ کریں گے۔ نہ جوانوں پر ترس کھائیں گے۔" اسی کتاب کے باب ۳۱۔ آیت ۲۸ میں ان کے نافرمان بننے کی پیشین گوئی کی گئی ہے۔

"اس لیے کہ جب میں اُن کو اس ملک میں جس کی قسم میں نے ان کے باپ دادا سے کھائی اور جہاں دودھ اور شہد بہتا ہے پہنچا دوں گا اور وہ خوب کھا کھا کر موٹے ہو جائیں گے تب وہ اور معبودوں کی طرف پھر جائیں گے اور ان کی عبادت کریں گے اور مجھے حقیر جانیں گے اور میرے عہد کو توڑ ڈالیں گے۔" (کتاب استثناء باب ۳۱۔ آیت ۲۰)

موسیٰ علیہ السلام کے بعد جتنے انبیاء تشریف لائے انھوں نے بڑے اثر انگیز پیرایہ میں انھیں آنے والے عذاب سے ڈرایا۔ حضرت یسعیاہ کا صحیفہ اسی قسم کی ترہیبات سے لبریز ہے۔ حضرت یرمیاہ نبی کے لہجہ میں جو درد و سوز ہے، اپنی قوم پر آنے والی تباہی سے جس طرح وہ بے چین اور مضطرب ہیں اور آنسوؤں کا سیل رواں جس طرح اُن کی آنکھوں سے جاری ہے۔ وہ اس بات کی غمازی کر رہا ہے کہ اس خوفناک ہلاکت و بربادی کا وقت قریب آ پہنچا ہے۔ ان کی بار بار کی سرزنش کے باوجود جب قوم اسرائیل گمراہی سے باز نہ آئی تو بے اختیار آپ کی زبان سے یہ الفاظ نکلتے ہیں۔

"خداوند فرماتا ہے' پہاڑوں کی طرف اپنی آنکھیں اٹھا اور دیکھ کونسی جگہ ہے جہاں تو نے بدکاری نہیں کی۔ . . . . تو نے اپنی بدکاری اور شرارت سے زمین کو ناپاک کیا۔ . . . . . خداوند نے مجھ سے فرمایا کیا تو نے دیکھا برگشتہ اسرائیل نے کیا کیا ہے۔ وہ ہر ایک اونچے پہاڑ پر اور ہر ایک ہرے درخت کے نیچے گئی اور وہاں بدکاری کی اور اس کی بےوفا بہن یہوداہ نے یہ حال دیکھا۔ . . . . . وہ بھی نہ ڈری بلکہ اس نے بھی جا کر بدکاری کی اور ایسا ہوا کہ اس نے اپنی بدکاری کی برائی سے زمین کو ناپاک کیا اور پتھر اور لکڑی کے ساتھ زناکاری کی۔ (کتاب یرمیاہ باب ٣۔ آیت ٢، ٦، ٧، ٨، ٩)

اسی کتاب کا باب ۴' آیت ١٣ ملاحظہ ہو۔

"دیکھو وہ گھٹا کی طرح چڑھ آئے گا۔ اس کے رتھ گردباد کی مانند اور اس کے گھوڑے عقابوں سے تیز تر ہیں۔ ہم پر افسوس کہ ہائے ہم غارت ہو گئے۔"

باب ۵ کی مندرجہ ذیل آیات بھی مطالعہ فرمائیے۔

"میں تجھے کیونکر معاف کر دوں۔ تیرے فرزندوں نے مجھ کو چھوڑا اور ان کی قسم کھائی جو خدا نہیں ہیں جب میں نے ان کو سیر کیا تو انھوں نے بدکاری کی اور پرے باندھ کر قحبہ خانوں میں اکٹھے ہوئے۔ وہ پیٹ بھرے گھوڑوں کی مانند ہو گئے۔ ہر ایک صبح کے وقت اپنے پڑوسی کی بیوی پر ہنہنانے لگا۔ خداوند فرماتا ہے کہ کیا میں ان باتوں کے لیے سزا نہ دوں گا؟ اور کیا میری روح ایسی قوم سے انتقام نہ لے گی؟" (آیات ٧، ٨، ٩)

"اے اسرائیل کے گھرانے دیکھ میں ایک قوم کو دور سے تجھ پر چڑھا لاؤں گا۔ خداوند فرماتا ہے' وہ زبردست قوم ہے۔ وہ قدیم قوم ہے۔ وہ ایسی قوم ہے جس کی زبان تو نہیں جانتا اور ان کی بات کو تو نہیں سمجھتا۔ ان کے ترکش کھلی قبریں ہیں۔ وہ سب بہادر مرد ہیں۔" (آیات ١٥، ١٦، ١٧)

"کیونکہ رب الافواج یوں فرماتا ہے کہ درخت کاٹ ڈالو اور یروشلم کے مقابل دمدمہ باندھو۔ یہ شہر سزا کا سزاوار ہے۔ اس میں ظلم ہی ظلم ہے۔ جس طرح پانی چشمہ سے پھوٹ نکلتا ہے' اسی طرح شرارت اس سے جاری ہے۔ ظلم اور ستم کی صدا اس میں سنی جاتی ہے۔ ہر دم میرے سامنے دکھ' درد اور زخم ہیں۔ اے یروشلم تربیت پذیر ہو۔ تا نہ ہو کہ میرا دل تجھ سے ہٹ جائے۔ نہ ہو کہ میں تجھے ویران اور غیر آباد زمین بنا دوں۔" (باب ٦۔ آیات ٦، ٧، ٨)

"خداوند یوں فرماتا ہے کہ دیکھ شمالی ملک سے ایک گروہ آتا ہے اور انتہائے زمین سے ایک بڑی قوم برانگیختہ کی جائے گی۔ وہ تیرانداز' نیزہ باز ہیں۔ وہ سنگدل اور بےرحم ہیں۔ ان کے نعروں کی صدا سمندر کی سی ہے۔" (آیات ٢٢، ٢٣)

مندرجہ بالا اقتباسات سے معلوم ہوتا ہے کہ مرور وقت کے ساتھ بنی اسرائیل نے شریعت موسوی سے اپنا رشتہ بالکل منقطع کر لیا تھا۔ احکام الٰہی کی پابندی' اخلاق کی بلندی' معاملات میں دیانت و صداقت جس کی تعلیم حضرت کلیم نے انھیں دی تھی اور سب سے اہم عقیدۂ توحید جو حضرت موسیٰ کی بعثت کا مقصد اولین تھا۔ ان تمام امور کو انھوں نے یکسر فراموش کر دیا تھا۔ ایک توحید پرست قوم کا' ایک صاحب کتاب رسول کی امت کا اتنی بلندی سے اتنی پستی میں گرنے کا سبب معلوم

سلطنت اسرائیل اور یہودا

حماۃ
اردیدا
تدمر
سوبلاس
ارام
دمشق
بحر روم
عکہ
دور
یافا
سامریہ
اسرائیل
عمون
اشدود
عسقلان
غزہ
یروشلم
حبرون
بیرشبع
موآب
دولت یہودیہ
صحرائے عرب
ادوم
شمال

عُلُوًّا كَبِيرًا ۝٤ فَإِذَا جَآءَ وَعْدُ أُولَىٰهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ

بڑی سرکشی کرو گے۔ پس جب آ گیا پہلا وعدہ ان دونوں وعدوں سے تو ہم نے تمھاری سرکوبی کے لیے بھیجو بیئے اپنے چند بندے

أُو۟لِى بَأْسٍ شَدِيدٍ فَجَاسُوا۟ خِلَٰلَ ٱلدِّيَارِ ۚ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُولًا ۝٥

جو بڑے کرخت (اور) سخت تھے۔ پس وہ گھس گئے (تمھاری) آبادیوں میں اور جو وعدہ اللہ تعالیٰ نے کیا تھا وہ پورا ہو کر رہنا تھا

ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ ٱلْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنَٰكُم بِأَمْوَٰلٍ وَبَنِينَ وَ

پھر ہم نے پلٹا دیا تمھارے حق میں زمانہ کی گردش کو جو دشمن کے خلاف تھی اور ہم نے قوت دی تمھیں مال سے، بیٹوں سے اور

جَعَلْنَٰكُمْ أَكْثَرَ نَفِيرًا ۝٦ إِنْ أَحْسَنتُمْ أَحْسَنتُمْ لِأَنفُسِكُمْ ۖ

بنا دیا تمھیں کثیر التعداد ۹ اگر تم اچھے کام کرو گے تو ان کا فائدہ تمھیں ہی پہنچے گا۔

رعایا میں ان کو غلاموں کی حیثیت سے اس طرح تقسیم کر دیا گیا کہ کبھی یہ متحد ہونے کا خواب بھی نہ دیکھ سکیں۔ اس طرح پہلے فساد اور اس کی پاداش میں ان کی مکمل بربادی کی پیشگوئیاں جو ان کے انبیاء نے کی تھیں، پوری ہوئیں۔ اس آیت کریمہ میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

۸ جاس مجوسا طلب الشیء باستقصاء فجاسوا خلال الدیار ای توسطوها و ترددوا بینها (مفردات) یعنی وہ انکے شہروں میں گھس گئے اور وہاں خوب لوٹ مار کی۔

۹ بخت نصر کی موت کے بعد حالات نے پلٹا کھایا اور بابل کی سلطنت زوال پذیر ہوئی۔ سیرس دوم شاہ فارس (CYRUS II) جسے بائیبل میں خورس لکھا گیا ہے، نے میڈیا اور بابل پر ۵۳۹ ق م قبل مسیح حملہ کیا اور اس کو فتح کر لیا۔ سب سے پہلے اس نے یہودا کی سلطنت کو بحال کرنے اور یروشلم کے ہیکل کو دوبارہ تعمیر کرنے کا فرمان صادر کیا۔ بے شمار یہودی جو بابل میں جلاوطنی کی ذلیل زندگی بسر کر رہے تھے انھیں فلسطین واپس جانے کی اجازت دی۔ چنانچہ کتاب عزرا میں مرقوم ہے۔

"اور شاہ فارس خورس کی سلطنت کے پہلے سال میں اس لیے کہ خداوند کا کلام جو یرمیاہ کی زبانی آیا تھا پورا ہو۔ خداوند نے شاہ فارس خورس کا دل ابھارا۔ سو اس نے اپنی تمام مملکت میں منادی کرائی اور اس مضمون کا فرمان بھی لکھا کہ شاہ فارس خورس یوں فرماتا ہے کہ خداوند آسمان کے خدا نے زمین کی سب مملکتیں مجھے بخشی ہیں اور مجھے تاکید کی ہے کہ میں یروشلم میں جو یہوداہ میں ہے اس کے لیے ایک مسکن بناؤں۔ پس تمھارے درمیان جو کوئی اس کی ساری قوم میں سے ہو اس کا خدا اس کے ساتھ ہو اور وہ یروشلم کو جو یہوداہ میں ہے جائے اور خداوند اسرائیل کے خدا کا گھر جو یروشلم میں ہے بنائے۔" (باب ۱: آیت ۱، ۲، ۳)

وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِیَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ

اور اگر تم برائی کروگے تو اس کی سزا بھی تمھارے نفسوں کو ملے گی۔ پس جب آگیا دوسرا وعدہ (تو اور ظالم ان پر غالب کر دیئے) تاکہ غمناک بنادیں

وَلِیَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِیُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا

تمھارے چہروں کو اور تاکہ (پھر) داخل ہوجائیں مسجد میں جیسے داخل ہوئے تھے اس میں پہلی مرتبہ تاکہ فنا و برباد کرکے رکھ دیں ہر اس چیز کو جس پر

بنی اسرائیل کے قافلے جب طویل جلاوطنی کے بعد فلسطین واپس پہنچے اور انھوں نے ہیکل کی تعمیر شروع کی تو وہاں کی مقامی آبادی نے مزاحمت کی لیکن جب دارا اوّل (I DARIUS) فارس کا بادشاہ بنا تو اس نے حجی نبی اور زکریا نبی کے اصرار پر فرمان صادر کیا کہ منہدم شدہ ہیکل سلیمانی کے مقام پر فوراً دوسرا ہیکل تعمیر کیا جائے۔ چنانچہ ۵۱۵ء قبل مسیح میں اس ہیکل کی تعمیر کا کام ختم ہوا۔

اس کے باوجود ۴۳۵ء قبل مسیح تک وہاں کے حالات بنی اسرائیل کے لیے تشویشناک ہی بنے رہے۔ یہاں تک کہ کسی کی کوششوں سے ۴۳۵ء قبل مسیح میں شاہ فارس کے حکم سے ایک وفد یروشلم بھیجا گیا اور حضرت عزیر علیہ السلام کو دین موسوی کی ترویج اور تنفیذ کا کام سپرد کیا گیا۔ آپ نے یروشلم پہنچ کر اپنی مساعی جمیلہ سے سیاسی استحکام کے ساتھ ساتھ اصلاح عقائد اور تربیتِ اخلاق کی نعمت سے ایک بار پھر بنی اسرائیل کو بہرہ اندوز کیا۔ اس طرح غم والم کے ایک طویل دور کا خاتمہ ہوا۔ اور بنی اسرائیل کو چین کا سانس لینا نصیب ہوا۔ (انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا صفحات ۱۲۶، ۱۲۷، جلد ۱۷)

بائبل میں اس واقعہ کا ذکر ان الفاظ میں کیا گیا ہے کہ شاہ فارس ارتخششتا نے حضرت عزیر کو یروشلم روانہ کرتے وقت ان الفاظ سے الوداع کہی :

اے عزرا تو اپنے خدا کی اس دانش کے مطابق جو تجھ کو عنایت ہوئی، حاکموں اور قاضیوں کو مقرر کر۔ دریا پار کے سب لوگوں کا جو تیرے خدا کی شریعت کو جانتے ہیں انصاف کریں اور تم اس کو جو نہ جانتا ہو سکھاؤ اور جو کوئی تیرے خدا کی شریعت پر اور بادشاہ کے فرمان پر عمل نہ کرے اس کو بلا توقف قانونی سزا دی جائے خواہ موت یا جلاوطنی یا مال کی ضبطی یا قید کی۔

(عزرا باب ۷، آیت ۲۵، ۲۶)

اس آیت کریمہ میں بنی اسرائیل پر اسی عنایتِ ربانی کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

ف حضرت عزیر علیہ السلام کی کوششوں سے اصلاح عقاید و اخلاق کی جو نئی روح ان میں پھونکی گئی تھی وہ بھی زیادہ دیرپا ثابت نہ ہوئی۔ آپ کے بعد بہت جلد یہ پھر دنیا پرستی، لذت کوشی اور جاہ طلبی کی لعنت میں گرفتار ہوگئے۔ ایرانی سلطنت کے زوال کے ساتھ یونانیوں کا عروج شروع ہوا۔ چنانچہ سکندر اعظم نے مشرق اوسط کے دیگر ممالک کے ساتھ فلسطین پر اپنا قبضہ جمالیا۔ یونانی عقیدہ کے لحاظ سے بدترین قسم کے شرک میں مبتلا تھے اور اخلاقی لحاظ سے وہ اباحیت پسند تھے۔ انھوں نے اپنے زمانۂ اقتدار

فلسطین، بزمانہ دولتِ مکابیہ

صیدا
دمشق
فینقیہ
صور
گلیلی
دورا
بحر روم
دولت
مکابیہ
سامریہ
سامریہ
یافا
یروشلم
دریائے اردن
یہودیہ
عسقلان
غزہ
ادومیہ
نبطیہ
علاقہ
شمال

ہیرود اعظم کی سلطنت (بنی اسرائیل)

صیدا
صور
کوہ لبنان
دمشق
بحیرہ طبریہ
ہیرود اعظم
بحر روم
سامریہ
یافا
لُد
فلاڈلفیا
یروشلم
بیت لحم
یہودیہ
عسقلان
غزہ
حبرون
بحر لوط
ادومیہ
شمال

میں اپنی مادر پدر آزاد تہذیب اور تمدن کو یہاں فروغ دینے کی انتہائی کوشش شروع کی۔ فلسطین ایک الگ ریاست تھی۔ جس کا سردار یونانیوں کا مقرر کیا ہوا کوئی یہودی ہوا کرتا لیکن انتظامی لحاظ سے اس کا الحاق شام کے ساتھ کر دیا گیا تھا جہاں کا گورنر کوئی یونانی ہوتا۔ یونانی تہذیب کو مقبول بنانے کی کوششیں رنگ لائیں اور خود یہودیوں کا بااثر اور متمول طبقہ اس کا دلدادہ بن گیا۔ ۱۶۸ء قبل مسیح میں حالات کو سازگار محسوس کرتے ہوئے شام کے رومی فرمانروا انیٹی اوکس چہارم (ANTIOCHUS IV) نے یونانی رسم و رواج کو جبراً مسلط کرنے کا عزم مصمم کیا اور ہیکل میں سابقہ قربان گاہ کے اوپر جہاں حضرت موسیٰ کی شریعت کے مطابق سوختنی قربانیاں دی جاتی تھیں ایک اور قربان گاہ تیار کرائی اور اس پر زیس (ZEUS) کے لیے قربانی دی۔ (زیس یونانی دیومالا میں کوہ اولمپس کے دیوتاؤں کے سردار کا نام ہے) اور شاہی فرمان جاری کیا کہ فلسطین کے ہر شہر اور ہر قصبے میں ایسی قربان گاہیں تعمیر کی جائیں جہاں مشرکانہ دستور کے مطابق یونانی دیوی دیوتاؤں کے نام کی قربانیاں دی جائیں اور جو شخص ایسا کرنے سے انکار کرے اس سے نپٹنے کے لیے ہر مقام پر بااختیار افسر مقرر کیے۔ اس ظالمانہ حکم نے ایک انقلابی تحریک کو جنم دیا جو تاریخ میں مکابی تحریک (MACCABEES) کے نام سے مشہور ہوئی۔ موڈین (MODIN) کے قصبے میں جو یروشلم سے زیادہ دور نہیں، جب ایک بوڑھے یہودی مذہبی راہنما (MATTATHIAS) کو حکم دیا گیا کہ وہ ان کے ایک دیوتا کے لیے قربانی دے تو اسے یارائے صبر نہ رہا۔ اس نے صرف اس بیہودہ حکم کو بجالانے سے ہی انکار نہ کیا بلکہ اس یہودی کو بھی تہ تیغ کر دیا جو ایسی قربانی دینے کے لیے آگے بڑھ رہا تھا اور گرولیئر انسائیکلوپیڈیا (GROLLIER ENCY) نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ اس نے شاہی کمشنر کو بھی قتل کر دیا اور اپنے پانچ لڑکوں جان، سمن، یہوداہ، الیعزر اور جوناتھن سمیت وہاں سے نکل کر ایک پہاڑ میں خیمہ زن ہو گیا۔ یہودیوں کی ایک کثیر تعداد اس کے جھنڈے کے نیچے جمع ہو گئی اور انہی کوششوں سے ایک آزاد یہودی مملکت معرض وجود میں آئی۔ (انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا جلد ۱۳ صفحہ ۵۲۹)

لیکن مکابی کی یہ انقلابی تحریک بھی رفتہ رفتہ سرد پڑ گئی۔ ذاتی اقتدار کے لیے قومی مفاد کو نظر انداز کرنا ان کے لیے ایک معمولی کام بن گیا۔ چنانچہ انہی کے ایک شخص انٹی پیٹر (ANTIPATER) کی تحریک پر رومی بادشاہ پومپی (POMPEY) کے نمائندہ سکارس (M.A. SCAURUS) نے یروشلم پر حملہ کر کے یہودیوں کو پھر اپنا غلام بنا لیا۔ اس قومی غداری کے صلہ میں انٹی پیٹر کو رومی دربار میں بڑی اہمیت حاصل ہو گئی۔ لیکن قوم نے اس کی غداری کو معاف نہ کیا اور کسی پادری نے زہر دے کر اسے ہلاک کر دیا۔ اس کا لڑکا ہیروڈ (HEROD) جان بچا کر روم چلا گیا۔ انٹونی (ANTONY) شاہ روم نے ۴۰ء قبل مسیح میں اس کو یہوداہ کی سلطنت کا بادشاہ مقرر کر دیا۔ اس کے بعد اس کا لڑکا ہیروڈ انٹی پاس (HEROD ANTI-PAS) فرمانروا بنا۔ اس کا عہد حکومت ۴ء قبل مسیح تا ۳۹ء عیسوی ہے۔ اسی کے زمانہ حکومت میں حضرت مسیح علیہ السلام مبعوث ہوئے اور اپنے وعظ و ارشاد کا آغاز فرمایا۔ آپ کے خطبوں کا مطالعہ کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ بنی اسرائیل ایک بار پھر اخلاقی انحطاط کی انتہائی پستیوں میں گر گئے تھے۔ کتاب متی باب ۲۳ میں آپ کو ملیگا کہ آپ نے بنی اسرائیل کے مذہبی سرداروں کو بار بار ان تحقیر آمیز الفاظ سے زجر و توبیخ فرمائی۔ اے ریاکار فقیہو اور فریسیو! تم پر افسوس، اے اندھے راہ بتانے والو، اے

احمقو اور اندھو، اے سانپو، اے افعی کے بچو! اس بگڑے ہوئے ماحول میں حضرت مسیح علیہ السلام کی دعوتِ حق کو کیسے برداشت کیا جا سکتا۔ چنانچہ انھوں نے حضرت مسیح کے خلاف رومی گورنر پیلاطس کی عدالت میں دعویٰ دائر کیا اور ان پر کفر و الحاد کا الزام لگا کر اسے مجبور کیا کہ وہ انھیں صلیب پر چڑھائے ورنہ وہ علمِ بغاوت بلند کر دیں گے۔

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اول، سورۃ النساء آیت نمبر ۱۵۷ کا حاشیہ)

اس بادشاہ کی اخلاقی پستی کا اندازہ لگانے کے لیے مندرجہ ذیل واقعہ پڑھیے:۔

ایک دفعہ جب یہ روم گیا ہوا تھا تو اس کی ملاقات اپنے بھائی فلپ کی بیوی ہیرودیاس (HERODIAS) سے ہوئی۔ وہ اس پر فریفتہ ہو گیا اور اسے اپنے گھر ڈال لیا۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام نے اس پر شدید احتجاج کیا اور اس کو اس فعلِ قبیح سے باز آنے کی تلقین کی لیکن شاہی غرور و نخوت نے اجازت نہ دی کہ وہ اس نبی برحق کی نصیحت کو قبول کرتا۔ وہ الٹا آتش زیرپا ہو گیا اور اپنی داشتہ کے اکسانے پر حضرت یحییٰ علیہ السلام کا سر مجمع عام میں قلم کر دیا۔

(انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا صفحہ ۵۱۱ : جلد ۱۱)

اس کے بعد ہیرودو اگرپا دوم (HEROD AGRIPPA II) جو اس کا لڑکا تھا تخت نشین ہوا۔ اس کا حال یہ تھا کہ اپنی بہن (BERENICE) کے ساتھ اس کے ناجائز تعلقات تھے۔ یاد رہے کہ یہ خاندان صرف سیاسی حکمران ہی نہ تھا بلکہ یہودیوں کا روحانی سردار بھی تھا اور بڑے بڑے مذہبی پیشوا مقرر کرنے کا اختیار رکھتا تھا۔

(انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا ص ۵۱۲ ، جلد ۱۱)

جس قوم کے فرمانرواؤں اور روحانی پیشواؤں کی اخلاقی زبوں حالی کا یہ حال ہو اس کے عوام کا اندازہ آپ خود لگا سکتے ہیں انہی حالات میں حضرت مسیح نے ان کو واشگاف الفاظ میں ان کے ہولناک انجام سے آگاہ فرمایا۔

"اے یروشلم! اے یروشلم! تو جو نبیوں کو قتل کرتی اور جو تیرے پاس بھیجے گئے ان کو سنگسار کرتی ہے۔ کتنی بار میں نے چاہا کہ جس طرح مرغی اپنے بچوں کو پروں تلے جمع کر لیتی ہے اسی طرح میں بھی تیرے لڑکوں کو جمع کر لوں مگر تم نے نہ چاہا۔ دیکھو تمہارا گھر تمہارے لیے ویران چھوڑا جاتا ہے۔" (متی باب ۲۳ - آیت ۳۷، ۳۸)

اگرپا دوم ۴۴ء میں مرا اور اس کے بعد فلسطین کا علاقہ براہِ راست رومیوں کے قبضہ میں آ گیا جس سے بے اطمینانی کی لہر دوڑ گئی اور یہودیوں نے رومی حکومت کے خلاف علمِ بغاوت بلند کر دیا۔ ابتدا میں انھیں کچھ کامیابیاں بھی حاصل ہوئیں۔ شام کا رومی گورنر بھی ان سے شکست کھا کر بھاگ نکلا۔ آخر ۶۶ء میں ولی عہد حکومت ٹیٹس (TITUS) کی قیادت میں ۸۰ ہزار کا رومی لشکر فلسطین پر حملہ آور ہوا۔ اسی سال گلیلی فتح ہوا۔ اور ۷۰ء میں اس نے یروشلم پر قبضہ کیا اور ہیکل کے معبد کو تباہ و برباد کر دیا۔ ۱۰ لاکھ سے زیادہ یہودی مارے گئے اور ایک لاکھ کو غلاموں اور لونڈیوں کی حیثیت سے فروخت کر دیا گیا۔ اس فتح عظیم کی یادگار کے طور پر روم میں قوسِ ٹیٹس تعمیر کی گئی۔ (گرولیر انسائیکلو پیڈیا۔ جلد ۱۹۔ صفحہ ۱۵۶)

یہاں کی دوسری فساد انگیزی اور ان کی سزا تھی جس کا ذکر اس آیت کریمہ میں کیا گیا ہے۔ اس کے بعد یہودیوں کی

فلسطین ۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام کے زمانہ میں

صیدا
دمشق
صور
بحر روم
قیصاریہ
سامریہ
یافا
یروشلم
بیت لحم
یہودیہ
عسقلان
غزہ
حبرون
ادومیہ
شمال

تَتْبِيرًا ⑦ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا

تباہ برباد کر دیں قریب ہے کہ تمھارا رب تم پر رحم فرمائے گا لله اور اگر تم فسق و فجور کی طرف دوبارہ لوٹے تو ہم بھی لوٹیں گے۔

جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ⑧ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ

اور ہم نے بنا دیا جہنم کو کافروں کے لیے قید خانہ لله بلاشبہ یہ قرآن وہ راہ دکھاتا ہے جو سب راہوں سے

بربادی کا وہ طویل دور شروع ہوا جو ابھی تک ختم نہیں ہوا۔

لله ہادیِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے بنی اسرائیل کو ان کی فساد انگیزیوں کی وجہ سے جن خوفناک تباہیوں سے دوچار کیا گیا تھا انھوں نے بنی اسرائیل کو بالکل بے جان کر دیا تھا۔ ان کی جمعیت منتشر ہو چکی تھی۔ ان کا زور ٹوٹ چکا تھا۔ وہ مایوسی کے گھپ اندھیروں میں خانماں برباد افراد کی طرح اپنی زندگی کے دن گزار رہے تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے ان کے مطلعِ حیات پر امید کی ایک روشن کرن ظاہر ہوئی! ور زبانِ قدرت نے انھیں صلائے عام دی، کہ اے اجڑے ہوئے اسرائیلی قبیلو! اے نظرِ رحمت سے گرے ہوئے لوگو! جاگو! وہ دیکھو رحمتِ الٰہی کا نقیب تشریف لا رہا ہے اس کے بھیجنے والے نے اسے دنیا بھر کی برباد شدہ قوموں کو آباد کرنے کے لیے زخمی دلوں پر مرہم لگانے کے لیے بھیجا ہے۔ وہ رحمتِ عامہ کی خلعتِ زیبا پہن کر آ رہا ہے اٹھو! آگے بڑھو! اور اس کا دامنِ کرم تھام لو! تمھیں رحمتِ الٰہی کا مستحق قرار دے دیا جائے گا۔

لله لیکن اگر تم نے میرے محبوب رسول کے ساتھ بھی وہی سلوک کیا جو تم نے سابقہ انبیا کے ساتھ روا رکھا تھا تو جان لو کہ اللہ تعالیٰ کی شمشیرِ غضب کند نہیں ہو گئی۔ پھر تمھاری سرکوبی کر دی جائے گی اور تمھیں اپنے کرتوتوں کی سزا پہلے کی طرح بھگتنا ہو گی۔

آفتابِ اسلام کے طلوع سے لے کر آج تک کی یہودی قوم کی تاریخ کا طالب علم خوب جانتا ہے کہ یہ ساری مدت ان کی فساد انگیزیوں اور ان پر مرتب ہونے والی روح فرسا سزاؤں سے عبارت ہے۔ یہ ساری دنیا میں منتشر ہو کر ایک بے اثر اقلیت کی طرح زندگی بسر کرتے رہے۔ جہاں بھی ان کے سبز قدم پہنچے ادبار و زوال ان کے ہم رکاب رہا جب بھی عیسائیوں نے ان پر غلبہ پایا تو ان کو سخت اذیتیں دیں۔ اپنی شرارتوں کی وجہ سے سارے یورپ میں یہ بڑی حقارت کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ مشرقِ اوسط کی مسلمان ریاستوں نے جب اپنے مرکز (خلافتِ عثمانیہ) سے غداری کی اور پہلی جنگِ عظیم کے بعد انگریزی استعمار نے ان کے حصے بخرے کر کے انھیں کئی چھوٹی چھوٹی حکومتوں میں تقسیم کر دیا تو فلسطین میں انگریزی تسلط انتداب کی شکل میں قائم ہو گیا جب انگریزی جرنیل المین بی (ALLEN BE) یروشلم میں فاتحانہ حیثیت سے داخل ہوا تو اس نے کہا کہ آج صلیبی جنگ ختم ہوئی ہے۔ اس کے بعد فلسطین کو یہودی وطن بنانے کی تحریک شروع ہوئی

فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا

اور ہم نے مدھم کر دیا رات کی نشانی کو ٹلے اور بنا دیا دن کی نشانی کو روشن تاکہ (دن کے اجالے میں) تم تلاش کرو رزق

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ

اپنے رب سے اور تاکہ تم جان لو سالوں کی تعداد اور حساب کو اور ہر چیز کو ہم نے

فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ۝۱۲ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰۗىِٕرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ۭ

بڑی وضاحت سے بیان کر دیا ہے ٹلے اور ہر انسان کی (قسمت کا) نوشتہ اس کے گلے میں ہم نے لٹکا رکھا ہے ثلے

ٹلے المحو کا معنی کسی چیز کو مٹا دینا اور اس کے اثر کو زائل کرنا یہاں اس سے مراد مدھم کر دینا۔ دھندلا دینا اور اس داغ کو جو چاند میں نظر آتا ہے اس کو بھی اہل عرب محو کہتے ہیں۔ المحو السواد فی القمر کانہ اثر محو۔ چاند کے لیے محو کے لفظ کے استعمال کی وجہ یہ ہے کہ چاند کی روشنی آہستہ آہستہ گھٹتی جاتی ہے یہاں تک کہ مہینہ کی آخری تاریخوں میں وہ بالکل بے نور ہو جاتا ہے یا یہاں محو کا لفظ دھندلا اور دھیما کر دینے کے معنی میں استعمال ہوا ہے یعنی چاند اگرچہ روشن ہے لیکن اس کی روشنی دھندلی اور مدھم ہے اور اس سے ہر چیز دھندلائی ہوئی نظر آتی ہے اس کے برعکس سورج کی روشنی بڑی تیز ہے ہر چیز اپنے اصلی رنگ و روپ میں دکھائی دینے لگتی ہے کوئی التباس باقی نہیں رہتا۔ اس کا ایک اور مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے کہ رات سے مراد گمراہی کی تاریکی ہے اور دن سے مراد حق کا اجالا ہے۔ اس آیت میں گویا اس امر کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہے کہ کفر و شرک کی شب دیجور ختم ہونے والی ہے اور حق کا آفتاب طلوع ہونے والا ہے جس کی شوخ کرنیں باطل کے اندھیروں کو ختم کر کے رکھ دیں گی اور ہر طرف اُجالا ہی اجالا ہوگا۔

ٹلے یعنی ہر وہ چیز جس کی طرف تم دین و دنیا کی فلاح حاصل کرنے کے لیے محتاج ہو اس کو نہایت شرح و بسط سے اس کتاب میں بیان کر دیا گیا ہے۔ ای تحتاجون الیہ فی امر الدین والدنیا (مظہری)

ہر شخص اس تفصیل سے یکساں طور مستفیض نہیں ہوتا بلکہ جتنی کسی کو استعداد بخشی جائے گی۔ اسی کے مطابق وہ بہرہ مند ہوگا۔ اگر کسی کم نظر کو وہ حقائق نظر نہیں آتے جو اہل بصیرت کو بے حجاب دکھائی دیتے ہیں تو اسے اپنی کم نظری کا شکوہ کرنے کا تو حق پہنچتا ہے لیکن اسے ان حقائق سے انکار کرنے کا کوئی حق نہیں جو نفوس قدسیہ کے سامنے بے نقاب ہیں۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالٰی وجہہٗ نے بجا فرمایا ہے:- ؎ جمیع العلم فی القرآن لکن ٭ تقاصر عنہ افہام الرجال

سارے علوم قرآن میں موجود ہیں لیکن عام لوگوں کی عقلیں ان کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔

ثلے اہل عرب دیگر مشرک قوموں کی طرح فالوں اور شگونوں کے بڑے معتقد تھے۔ وہ خارجی عوامل کو اپنی کامیابی اور ناکامی میں بڑا مؤثر تسلیم کرتے تھے۔ کسی کام کو نکلے راستہ میں بلی وغیرہ کوئی جانور سامنے سے گزرا تو یقین کر لیا کہ یہ کام نہیں ہوگا اور راستہ

وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ

اور ہم نکالیں گے اسکے لیے روز قیامت ایک کتاب جسے وہ اپنے سامنے کھلا ہوا پائیگا (اسے حکم ملیگا) پڑھو اپنا دفتر عمل۔

كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا

تم خود ہی کافی ہو آج اپنی بازپرس کرنے کے لیے ۲۰ جو راہ ہدایت پر چلتا ہے تو وہ راہ ہدایت

يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۭ وَلَا تَزِرُ

پر چلتا ہے اپنے فائدے کے لیے۔ اور جو گمراہ ہوتا ہے تو اس کی گمراہی کا وبال اسی پر ہے اور نہیں اٹھائیگا کوئی

وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ ۲۱ اور ہم عذاب نازل نہیں کرتے جب تک ہم نہ بھیجیں کسی رسول کو ۲۲

ہی سے واپس لوٹ آئے۔ صبح سویرے کسی پرندے کی آواز کانوں میں پڑ گئی تو سارا دن طرح طرح کے اندیشوں کی نذر ہو جاتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ انسان کی فلاح و خسران کا انحصار طوطے کوے اور بلی چوہے پر نہیں بلکہ اس کے ان اعمال پر ہے جن کو وہ اپنے اختیار سے بجا لاتا ہے وہی اسے سرفراز کرتے ہیں اور وہی اس کی ذلت کا سبب بنتے ہیں وہ اپنے اعمال کے نتائج سے رستگاری حاصل نہیں کر سکتا وہ مکافات عمل کے قانون کو نہیں بدل سکتا اس کا اور اس کے اعمال کا رشتہ اتنا گہرا اور مضبوط ہے جیسے کوئی چیز گلے میں لٹک رہی ہو اور وہ اس سے جدا نہ ہو سکتی ہو طائر کے لفظی تحقیق کے لیے ضیاء القرآن جلد دوم سورۃ اعراف آیت ۱۳۱ کا حاشیہ ملاحظہ ہو۔

۱۹ آج تو وہ اپنی چرب زبانی سے اپنے اعمال کی گندگی پر پردہ ڈال سکتا ہے لیکن کل روز حشر اس کے اعمال کا صحیفہ کھول کر اس کے سامنے رکھ دیا جائے گا۔ اس لیے اگر تم نامرادی کی ذلت گوارا کرنے کے لیے آمادہ نہیں تو آج ندامت کے آنسو بہا کر ان کی سیاہی کو دھو ڈالو۔

۲۰ اس کے اعمال کا صحیفہ خود ہی اس پر حقیقت حال کو آشکارا کر دے گا اپنے متعلق کسی سے پوچھنے اور کسی کے بتانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

۲۱ اس آیت میں دو گروہوں کی غلط فہمیوں کا ازالہ کر دیا ہے ایک گروہ تو وہ تھا جس کی ترجمانی ولید بن مغیرہ کے اس قول سے ہوتی ہے کہ اس نے اہل مکہ کو کہا اتبعونی واکفروا بمحمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم وعلی اوزارکم: تم میری پیروی کرو اور محمد کا انکار کرو تمہارے سارے بوجھ میں اپنے سر پر اٹھاؤں گا۔ دوسرا گروہ عیسائیوں کا ہے جو عقیدہ کفارہ کے قائل ہیں ان کا عقیدہ ہے کہ ان کے گناہوں کے عوض اللہ تعالیٰ نے اپنے فرزند (العیاذ باللہ) مسیح کو سولی دے دیا اب ان سے ان کے گناہوں کے

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا

اور جب ہم ارادہ کرتے ہیں کہ ہلاک کر دیں کسی بستی کو (اسکے گناہوں کے باعث) تو (پہلے ہم (نبیوں کے ذریعہ) وہاں کے رئیسوں کو نیکی کا حکم

فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ

دیتے ہیں مگر وہ (الٹا) نافرمانی کرنے لگتے ہیں اس میں ۲۳ پس واجب ہو جاتا ہے ان پر (عذاب کا) فرمان۔ پھر ہم اس بستی کو جڑ سے اکھیڑ کر رکھ

بارے میں کوئی باز پرس نہ ہوگی۔ آپ خود غور فرمائیے کہ اگر ان دونوں نظریوں کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو انسان کس قعرِ مذلت میں جا گرتا ہے۔ پہلی صورت میں تو انسان اندھی تقلید کا خوگر ہو کر عقل و فہم اور غور و فکر کی خداداد صلاحیتوں سے محروم ہو جاتا ہے۔ دوسری صورت میں اس کے دل سے احساسِ ذمہ داری مٹ جاتا ہے اور اپنی نجات کو ہر حال میں یقینی تصور کرتے ہوئے وہ بڑے اطمینان سے ہر قسم کی غلط کاریوں کا ارتکاب کرتا ہے اور اس کا ضمیر بھی اسے ملامت نہیں کرتا بلاشبہ ایسا انسان اپنے بنی نوع کے لیے ایک خونخوار بھیڑیے سے بھی زیادہ اذیت رساں بن جاتا ہے۔ اسلام جو دینِ فطرت ہے وہ انسان کی تربیت میں اس قسم کی کسی لوچ کو برداشت نہیں کرتا چنانچہ اس آیت نے صاف صاف بتا دیا کہ جس نے راہِ ہدایت اختیار کی اس نے اپنی بہتری کا سامان مہیا کیا اور جس نے گمراہی کو پسند کیا اس کی سزا اسے ضرور بھگتنی پڑے گی۔ اس لیے حق و باطل کو پہچاننے کے لیے اپنی عقل و فہم کو استعمال کرو۔ ایسا نہ ہو کہ اندھی تقلید کے باعث کسی کی پیروی کرتے رہو۔ بہر حال نتائج کے ذمہ دار تم خود ہو گے۔ اور یہ بھی نہیں ہوگا کہ جہان بھر کے گناہ تم کرتے پھرو اور سارا بوجھ لاد دیا جائے ایک تنہا مسیح پر۔ عیسائیوں کے عقیدہ کفارہ کے متعلق کسی موزوں مقام پر شرح و بسط سے لکھا جائیگا انشاء اللہ تعالےٰ

۲۲ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ہماری سنت یہ ہے کہ ہم لوگوں میں اپنے رسول بھیجتے ہیں جو ان کو حق کی دعوت دیتے ہیں اور نجات کی راہ دکھاتے ہیں اور اپنی صداقت کو اٹل دلیلوں سے ثابت کرتے ہیں۔ اگر پھر بھی وہ گمراہی پر ڈٹے رہیں تو ان پر عذاب نازل کیا جاتا ہے ومن لم تبلغه الدعوة فهو غير مستحق للعذاب من جهة العقل والله اعلم (قرطبی)

۲۳ اس آیت میں "امرنا" کا لفظ تحقیق طلب ہے۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ یہاں آمَرْنَا بمعنی اَمَّرْنَا ہے یعنی ہم اس علاقہ کی حکومت سرکش اہلِ ثروت کے حوالے کر دیتے ہیں اور وہ دولت و اقتدار کے باعث فسق و فجور کا بازار گرم کرتے ہیں۔ ای سلّطنا اشرارها فعصوا فيها فاذا فعلوا ذلك اهلكناهم۔ اور بعض علماء نے کہا ہے کہ آمَرْنَا کا معنی اَكْثَرْنَا یعنی ہم ایسے لوگوں کی تعداد بڑھا دیتے ہیں جو اپنی ثروت اور دولت کے نشہ میں فتنہ و فساد برپا کرتے ہیں۔ لیکن علامہ بیضاوی نے لکھا ہے کہ امرنا کے بعد یہ عبارت مقدر ماننی پڑے گی۔ امرنا مترفيها بالطاعة على لسان الرسول یعنی ہم ان کو ان کے رسول کے ذریعہ اطاعت کا حکم دیتے ہیں لیکن وہ نافرمانی کرتے ہیں اور ان کا پھر وہی انجام ہوتا ہے جو ہر نافرمان کے مقدر میں ازل سے لکھا جا چکا ہے۔ صاحب روح المعانی نے بھی حضرت ابن عباس اور سعید بن جبیر سے یہی مفہوم روایت کیا ہے:۔

امرنا بالطاعة كما اخرجه ابن جرير وغيره عن ابن عباس سعيد بن جبير على لسان الرسول المبعوث اليهم (روح المعانی)

الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ

دیتے ہیں اور کتنی قومیں ہیں جنھیں ہم نے ہلاک کر دیا ہے نوح کے بعد [24] اور آپ کا پروردگار اپنے بندوں کے گناہوں سے اچھی طرح باخبر ہے (اور انھیں)

بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ

خوب دیکھنے والا ہے۔ جو لوگ طلبگار ہیں صرف دنیا کے [25] ہم جلدی دیدیتے ہیں اس دنیا میں جتنا چاہتے ہیں (انہیں سے) جسے چاہتے ہیں [26] لیے

لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا

پھر ہم مقرر کر دیتے ہیں اس کے لیے جہنم۔ تاپے گا وہ اسے اس حال میں کہ وہ مذمت کیا ہوا

اس آیت سے سابقہ آیت کے مضمون کی تصدیق فرمائی جارہی ہے کہ جب کوئی بستی گناہوں اور بدکاریوں کا اکھاڑا بن جاتی ہے تو اسی وقت اس کی اینٹ سے اینٹ نہیں بجادی جاتی بلکہ پہلے انھیں سمجھانے اور راہ راست پر لانے کے لیے انکے پاس رسول بھیجے جاتے ہیں جو انھیں احکام الٰہی پر کاربند ہونے کی تلقین کرتے ہیں خصوصاً وہاں کے با اقتدار طبقہ کو سمجھانے کی پوری کوشش کرتے ہیں۔ تاکہ ان کی اصلاح سے سارا گاؤں اصلاح یافتہ ہو جائے۔ لیکن وہ اس پند و نصیحت سے فائدہ نہیں اٹھاتے بلکہ اپنی کج فہمی کے باعث اسے ذاتی وقار کا مسئلہ بنا کر اللہ تعالیٰ کے رسولوں کی بڑھ چڑھ کر مخالفت کرنے لگتے ہیں۔ اس وقت عذاب کی بجلی کوندتی ہے اور ان کے خرمن حیات کو جلا کر راکھ کا ڈھیر بنا دیتی ہے۔ تدمیر کسی کو جڑ سے اکھیڑ دینا۔ دمرنا ای استاصلنا ھا بالھلاک۔ (قرطبی)

[24] اگر تم ہمارے اس قانون کا عملی ثبوت طلب کرتے ہو تو ان قوموں کے حالات پر نگاہ عبرت ڈالو جو حضرت نوح علیہ السلام کے بعد آئیں۔ انھیں کس طرح اُن کے بُرے اعمال کی پاداش میں ہلاک و برباد کر دیا گیا۔

[25] العاجلة صفت ہے اس کا موصوف الدار محذوف ہے۔ اور لغت عرب میں بکثرت ایسا ہوتا رہتا ہے کہ موصوف کو حذف کر دیا جاتا ہے اور صفت اس کے قائم مقام ہو جاتی ہے۔ اس سے مراد دار دنیا ہے یعنی جس کے دل میں اخروی زندگی سنوارنے کا کبھی خیال ہی پیدا نہیں ہوتا بلکہ اس کی ساری تگ و دو اسی زندگی کو باعزت اور آرام دہ بنانے پر مرکوز رہتی ہے۔ اسے ہم اسی دنیا میں اپنی مرضی کے مطابق اس کی جدوجہد کا معاوضہ دیدیں گے۔ لیکن قیامت کے دن اسکی محرومیاں دیدنی ہونگی۔ مذموم جس کی مذمت کی جائے اور مدحور جسے ٹھکرا دیا جائے اور بارگاہ خداوندی سے دھکے دے کر نکال دیا جائے۔

[26] آیت کی ترکیب سے اس کا صحیح مفہوم ذہن نشین ہوگا لمن نرید بدل البعض ہے۔ اس کا مبدل منہ لہ ہے جس کا مرجع "مَن" ہے جو ابتدا آیت میں ہے۔ من اور لہ صورۃً اگرچہ واحد ہیں لیکن معنیً جمع ہیں۔ چنانچہ علامہ آلوسی لکھتے ہیں:۔

وتقدیرہ لمن نرید تعجیلہ منھم والضمیر راجع الی مَن ھی موصولۃ او شرطیۃ وعلی التقدیرین ھی منبئۃ عن الکثرۃ فھو بدل بعض من کل۔

مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ

اور دھتکارا ہوا ہوگا۔ اور جو شخص طلبگار ہوتا ہے آخرت کا اور جد و جہد کرتا ہے اس کے لیے پوری طرح درآنحالیکہ وہ

مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ

مومن بھی ہے تو یہی وہ (خوش نصیب) ہیں جن کی کوشش مقبول ہوگی ہم ہر ایک کی ہم امداد کرتے ہیں ان کی بھی

علامہ ثناء اللہ رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں: فتلك وهل ضربيه بدل من له بدل البعض تيد به لأنه لا يجد كل متمن متمناه (مظہری) میں نے اسی ترکیب کے مطابق آیت کا ترجمہ کیا ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

شے طالبِ دنیا کا انجام بیان کرنے کے بعد اب طالبِ مولیٰ کا ذکر فرمایا جا رہا ہے یعنی اس کی کوئی نیکی فراموش نہیں کی جائے گی بلکہ راہِ حق میں جو قدم بھی اس نے اٹھایا ہوگا۔ جو عمل بھی اس نے کیا ہوگا اسے ضرور شرفِ قبول بخشا جائے گا۔ طالبِ مولیٰ کی پہچان کیا ہے؟ اس کے لیے تین علامتوں کا ذکر کیا ہے۔

(۱) من اراد الاٰخرۃ یعنی ہر عمل سے اس کا مقصد آخرت کی سرخروئی ہو۔ کوئی دنیوی مقصد اس کے اعمال کا محرک نہ ہو۔

(۲) وسعیٰ لھا سعیھا: اور اس کے لیے وہ پوری طرح اپنی امکانی کوشش بروئے کار لا رہا ہو۔ قربانی کا وقت آئے تو بصد مسرت دل و جان پیش کر دے اس راہ کے ہر کانٹے کو پھول سے زیادہ عزیز جانے مصائب و آلام کے طوفان اُمڈ کر آئیں، تو چٹان بن کر کھڑا ہو جائے۔ غرضیکہ اپنی جسمانی و ذہنی قوتوں اور دیگر وسائل کو حق کی سربلندی کے لیے وقف کر دے اور چاہیے بھی ایسا۔ یہ کتنی شرم کی بات ہے کہ دنیا کے طلبگار تو اپنی لیلائے مقصود کے لیے دوڑ دھوپ کی انتہا کر دیں اور طالبِ مولیٰ صرف باتیں بنانے اور آرزوئیں کرنے پر ہی اکتفا کرے۔ اس لیے راہِ حق میں قدم رکھنے والوں کے لیے ضروری ہے کہ سعیٰ لھا سعیھا کے کلماتِ طیبات کو ہر وقت اپنے پیشِ نظر رکھیں اور جب بھی ان کا راہوارِ شوق سست گام ہونے لگے تو سعیٰ لھا سعیھا کا مہمیز لگا کر اسے ہوشیار کریں۔ طالبِ مولیٰ کی تیسری علامت یہ ہے کہ دل نورِ ایمان سے چمک رہا ہو۔ کفر و شرک اور نفاق کا کوئی اندھیرا موجود نہ ہو۔ کیونکہ اعمال کی قبولیت کا انحصار صرف ایمان پر ہے۔ اگر ایمان نہ ہو تو عمر بھر کی ساری ریاضتیں بے سود ہیں۔

شے طالبِ دنیا کی مساعی کا معاوضہ دینے کے لیے وعدہ اس طرح فرمایا لمن نشاء لمن نريد "ہم جتنی مقدار چاہیں گے اور جسے چاہیں گے اسے دیں گے" لیکن طالبِ مولیٰ کو یوں سرفرازی بخشی "فاولئك كان سعيهم مشكورا" ان کی ساری کاوشیں قبول فرمائی جائیں گی۔ کوئی عمل اکارت نہ جائیگا۔ نیاز و اخلاص جتنا زیادہ ہوگا جزا میں اضافہ ہوتا جائے گا۔ ایک کے بدلے دس۔ ایک کے بدلے ہزار اور ایک کے بدلے بے حساب کا وعدہ بھی فرمایا گیا الحمد لله على منه واحسانه والصلوٰة والسلام على نبيه وحبيبه الذي بجاهه تغفر الذنوب وتقبل الطاعات وينال الرضوان ورضوان من الله اكبر۔

وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ؕ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿۲۰﴾

(جو طالب دنیا ہیں) اور ان کی بھی (جو طالب آخرت ہیں) آپ کے رب کی بخشش سے[۲۹] اور آپ کے رب کی بخشش کسی پر بند نہیں[۳۰]

اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ

دیکھو! کیسے بزرگی دی ہے ہم نے بعض کو بعض پر[۳۱] اور آخرت باعتبار درجوں کے سب سے بڑی

دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿۲۱﴾ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ

اور باعتبار فضل و کرم سب سے اعلیٰ ہے نہ ٹھہراؤ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور معبود[۳۲] ورنہ تم بیٹھے رہو گے

۲۹؎ یعنی دنیوی نعمتوں کا دروازہ مومن اور کافر، مطیع اور عاصی، سعید اور شقی سب کے لئے کھلا ہے۔ روزی سب کو دی جاتی ہے۔ زندگی اور اس میں نشو و نما کی سہولتیں سب کے لیے عام ہیں۔ جو چاہے آگے بڑھے اور اپنا حصہ لے۔ کُلًّا میں تنوین عوض کی ہے۔ اصل میں تھا کل الفریقین مضاف الیہ کو حذف کر دیا گیا اور اس کے عوض کل پر تنوین آگئی۔

۳۰؎ اے محبوب تیرے رب کی بخششیں عام ہیں۔ ان کا دروازہ سب کے لیے کھلا ہے۔ دیدۂ دل اگر بینا ہو تو اس آیت کے آئینہ میں جمالِ مصطفوی کا کوئی نظارہ کرے۔ "دیدۂ کور کو کیا آئے نظر کیا دیکھے"۔ معلوم ہوا کہ ربوبیت کا جو خصوصی تعلق اس یتیم مکہ کے ساتھ ہے وہ اور کسی کو بھی حاصل نہیں۔

۳۱؎ اس دنیا میں فرق مراتب کو اگر نگاہِ عبرت سے دیکھا جائے تو کتنے عقدے ہیں جو کھل جاتے ہیں اور کتنی غلط فہمیاں ہیں جو دور ہو جاتی ہیں لیکن حقیقی قدر و منزلت کا پتہ تو قیامت کے دن چلے گا کہ بارگاہِ الٰہی میں کس کو پذیرائی نصیب ہوئی اور صاحب لواء الحمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پرچم حمد کے نیچے کسے پناہ ملی۔ اس لیے اس فانی دنیا کے حسن پر ہی دل نثار نہ کرو بلکہ حقیقی کامیابی حاصل کرنے کے لیے مصروفِ عمل رہو۔

۳۲؎ یہاں مخاطب عام انسان ہے یا خطاب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ہے اور مراد حضور کی امت دعوت ہے یعنی دنیا و عقبیٰ کی سرخروئی اور رستگاری کے لیے اللہ تعالیٰ کی توحید پر کامل یقین ضروری ہے۔ اگر کسی اور کو اس کی ذات کی طرح قدیم اور واجب مان لیا۔ اگر کسی کے متعلق یہ تسلیم کیا کہ اس کی صفات بھی اللہ تعالیٰ کی صفات کمالیہ (علم، قدرت) وغیرہ کی طرح ذاتی اور قدیم ہیں تو وہ جان لے کہ اس نے اپنی بربادی کا سامان فراہم کر لیا کیونکہ ایسا شخص اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت سے محروم ہو جاتا ہے اور جو بدنصیب اس کی نگاہِ رحمت سے محروم ہو جائے۔ اس کی پھر کون دستگیری کر سکتا ہے۔ اسی لیے آیت میں صراحتاً ذکر کیا کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور کو خدا نہ بناؤ۔ ورنہ تم ذلیل و رسوا ہو جاؤ گے۔

مَذۡمُوۡمًا مَّخۡذُوۡلًا ﴿٢٢﴾ وَ قَضٰی رَبُّكَ اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّاۤ اِیَّاهُ وَ

اس حال میں کہ تمھاری مذمت کی جائے گی اور بے یار و مددگار ہو جائے گے اور حکم فرمایا آپکے ربنے کہ نہ عبادت کرو بجز اس کے اور

بِالۡوَالِدَیۡنِ اِحۡسَانًا ؕ اِمَّا یَبۡلُغَنَّ عِنۡدَكَ الۡكِبَرَ اَحَدُهُمَاۤ اَوۡ

ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو ٣٣ اگر بڑھاپے کو پہنچ جائے تیری زندگی میں ان دونوں میں سے کوئی ایک یا

٣٣ یہ چند آیات بڑی اہم اور توجہ طلب ہیں۔ ان میں اسلامی تمدن کے بنیادی اصول بیان کیے گئے ہیں جن کے طفیل اسلامی معاشرہ کو اقوامِ عالم میں ایک منفرد مقام حاصل ہو گیا ہے۔ ان آیات میں بڑے دلکش انداز میں بتایا جا رہا ہے کہ انسان کا تعلق اپنے کریم رحیم پروردگار سے کیسا ہونا چاہیے! اور اپنے ماں باپ، قریبی رشتہ دار اور معاشرہ کے دوسرے افراد کے ساتھ اس کا برتاؤ کیسا ہونا چاہیے۔ آج بھی جب مادی تہذیب کی چمک دمک آنکھوں کو خیرہ کر رہی ہے اور کئی سادہ لوح اس پر فریفتہ ہو چکے ہیں ان ہدایات کے پیشِ نظر ہم بڑے وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ ان تعلقات کو جس طرح قرآنِ حکیم نے صحیح انسانی بنیادوں پر استوار کیا ہے۔ ان کی برکت سے ہمارے باہمی تعلقات زیادہ اخلاص و محبت پر مبنی ہیں۔ اس لیے ان آیات کا مطالعہ کرتے ہوئے ہمیں بڑے تدبر سے کام لینا چاہیے۔ پہلی آیت کا آغاز 'وقضٰی' کے کلمہ سے ہوتا ہے۔ علامہ قرطبی نے اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے کہ قضٰی کا لفظ متعدد معانی میں استعمال ہوتا ہے:۔ (١) بمعنی امر (٢) قضٰی بمعنی خلق (پیدا کیا) جیسے فقضاهن سبع سمٰوٰت اس نے سات آسمان پیدا فرمائے۔ (٣) قضٰی بمعنی حکم جیسے فاقض ما انت قاض: تو فیصلہ کر جو تو کرنا چاہتا ہے (٤) بمعنی فرغ: فارغ ہونا۔ فاذا قضیتم مناسککم جب تم اپنی عبادات سے فارغ ہو جاؤ۔ (٥) بمعنی اراد۔ اذا قضٰی امرا۔ جب اللہ تعالیٰ کسی کام کا ارادہ فرماتا ہے (٦) بمعنی عهد: اذا قضینا الی موسی الامر۔ جب ہم نے موسیٰ سے اس امر کا عہد کر لیا۔ اس آیت میں قضٰی پہلے معنی (حکم کرنا) میں استعمال ہوا ہے یعنی احکم الحاکمین نے یہ حکم فرمایا ہے۔ اس لیے اس کا حکم بجا لانا ہر اس شخص پر لازم ہے جو اپنے آپ کو اس کا بندہ اور اسے اپنا مالک یقین کرتا ہے۔ آیت کا مدعا یہ ہوا کہ اے محبوب! آپ کے رب نے یہ احکام نافذ فرمائے ہیں جن میں سے پہلا حکم یہ ہے کہ اس وحدہٗ لاشریک کے سوا کسی کی عبادت نہ کی جائے۔ اس اہم اور عظیم الشان فرمان کے معاً بعد جو حکم دیا جا رہا ہے وہ ماں باپ کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آنے کے متعلق ہے۔ جب ماں باپ جوان ہوں اور اپنی ضروریات کے خود کفیل ہوں اس وقت تو بچے عموماً ان کے فرمانبردار ہوتے ہیں کیونکہ وہ ان کے دست نگر ہوتے ہیں لیکن جب بڑھاپا آجاتا ہے صحت بگڑنے لگتی ہے۔ وہ خود روزی کمانے سے قاصر ہو جاتے ہیں اور اولاد کے سہارے کے محتاج ہو جاتے ہیں اس وقت سعادت مند اولاد کا فرض ہے کہ ان کی خدمت گزاری اور دلجوئی کے لیے اپنی کوششیں وقف کر دے۔ اگر مرض طول پکڑ جائے اور ان کا مزاج چڑچڑا ہو جائے اور وہ بات بات پر خفا ہونے لگیں تو ان حالات میں بھی ان کی نازبرداری میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھے! اور خبردار! کہیں اکتا کر

كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا

دونوں تو انھیں اُف تک مت کہو اور انھیں مت جھڑکو اور جب ان سے بات کرو تو بڑی تعظیم

كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ

سے بات کرو۔ اور جھکا دو ان کے لیے تواضع و انکسار کے پر ۳۴ رحمت (و محبت) سے اور عرض کرو

یا ان کی خفگی سے آشفتہ خاطر ہو کر تیری زبان سے اُف نکلے۔ بلکہ اگر اللہ تعالیٰ نے اپنے بوڑھے والدین کی خدمت کا موقع دیا ہے تو اسے غنیمت سمجھ۔ ان کے علاج معالجہ میں، ان کو آسائش اور راحت پہنچانے میں ذرا سستی سے کام نہ لے۔ ان سے سخت کلامی مت کر۔ جب تو ان سے گفتگو کرے تو ایسے محبت بھرے انداز میں گفتگو کر کہ ان کے دل کا کنول کِھل جائے اور اپنے لختِ جگر کی اس احسان شناسی کو دیکھ کر ان کا دل مسرور اور آنکھیں روشن ہو جائیں! اور وہ بے ساختہ تجھے دُعائیں دینے لگیں۔

۳۴ یعنی انتہائی تواضع اور انکسار سے ان کے ساتھ پیش آ۔ ایسی تواضع جس میں رحمت و محبت کی خوشبو بسی ہوئی ہو۔ کیونکہ ایسی تواضع جس میں رحمت و شفقت کی مہک نہ ہو وہ کسی اور مقام پر مناسب ہو تو ہو۔ والدین کی بارگاہ میں وہ قطعاً پسندیدہ نہیں اور حقیقت تو یہ ہے کہ انسان یہ سب کچھ بھی اگر بجا لائے تب بھی ان احسانات کا بدلہ نہیں ہو سکتا۔ جو ماں باپ نے اپنی اولاد پر کیے ہوتے ہیں۔ ان سے عہدہ برآ ہونے اور ان کا حقِ سپاس ادا کرنے کی اگر کوئی صورت ہے تو یہ کہ تو بارگاہِ خداوندی میں عجز و نیاز سے ان کی مغفرت اور بخشش کے لیے دعائیں مانگتا رہے اور عرض کرتا رہے کہ اے مولائے کریم! انھوں نے مجھے پالا میری پرورش کی میرے لیے تکلیفیں برداشت کیں، میں ان کا صلہ دینے سے قاصر ہوں۔ تو ان پر اپنا درِ رحمت کشادہ فرما جس طرح انھوں نے میری بے بسی کی حالت میں مجھ پر اپنی شفقتوں اور محبتوں کی انتہا کر دی اسی طرح تو بھی ان پر اپنی عنایاتِ بے پایاں اور رحمتِ بے انداز کے پھول برسا۔ اِس لیے قل رب ارحمهما الخ سے ان کے لیے دعاءِ مغفرت کرنے کا حکم دیا۔

والدین کے حقوق اور ان سے حسنِ سلوک کی اہمیت کو جس طرح ان آیات میں بیان فرمایا گیا ہے اس کے بعد کون ایسا مسلمان ہے جو عملی زندگی میں ان سے انحراف کرے۔ اس موضوع کی اہمیت کے پیشِ نظر مناسب بلکہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ حضور نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چند ارشادات طیبات بھی ہدیۂ قارئین کیے جائیں :- (۱) فی الصحیح عن ابی بکرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا اخبرکم باکبر الکبائر؟ قلنا بلی یا رسول اللہ، قال الاشراک باللہ وعقوق الوالدین۔

ترجمہ : حضرت ابی بکرۃ روایت کرتے ہیں کہ رسولِ اکرم نے ارشاد فرمایا کہ اے صحابہ! کیا میں تمھیں بتاؤں کہ سب سے بڑا گناہ کونسا ہے؟ صحابہ نے عرض کی ہاں یا رسول اللہ! ضرور ارشاد فرمائیے۔ تو حضور نے فرمایا سب سے بڑا گناہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک بنانا اور اپنے والدین کی نافرمانی کرنا ہے۔ (صحیح بخاری)

رَّبِّ ارۡحَمۡهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيۡ صَغِيۡرًا ؕ﴿۲۴﴾ رَبُّكُمۡ اَعۡلَمُ بِمَا فِيۡ نُفُوۡسِكُمۡ ؕ

اے میرے پروردگار ان دونوں پر رحم فرما جس طرح انہوں نے (بڑی محبت و پیار سے) مجھے پالا تھا جب میں بچہ تھا تمہارا رب بہتر جانتا ہے جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے

۲۔ عن عبداللّٰہ بن عمرو قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان من اکبر الکبائر ان یلعن الرجل والدیہ قیل یارسول اللّٰہ! وکیف یلعن الرجل والدیہ قال یسب ابا الرجل فیسب اباہ وامہ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ انسان اپنے ماں باپ پر لعنت بھیجے۔ عرض کی گئی یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ تو حضور نے فرمایا کہ ایک شخص کسی کے باپ کو گالی دیتا ہے اور وہ شخص اس کے جواب میں گالی دینے والے کے باپ اور ماں کو گالیاں دیتا ہے (تو گویا اس نے خود اپنے والدین کو گالی دی)

۳۔ عن ابی ھریرۃ جاء رجل الی النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فقال من احق الناس بحسن صحابتی قال امك۔ قال ثم من؟ قال ثم امك قال ثم من؟ قال ثم امك۔ قال ثم من؟ قال ثم ابوك۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا کہ ایک شخص بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ! میرے حسن سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟ تو حضور نے فرمایا تیری ماں۔ پھر اس نے یہی عرض کی اور جواب ملا تیری ماں۔ پھر اس نے یہی سوال دہرایا تو ارشاد فرمایا تیری ماں۔ چوتھی بار اس نے عرض کی یا رسول اللہ! اس کے بعد؟ تو حضور نے ارشاد فرمایا تیرا باپ۔

۴۔ عن ابی ربیعۃ الساعدی قال بینما انا جالس عند رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم اذ جاءہ رجل من الانصار فقال یارسول اللّٰہ! ھل بقی علی من بر ابوی شیئ بعد موتھما ابرھما بہ۔ قال نعم خصال اربع الصلاۃ علیھما والاستغفار لھما وانجاز عھدھما واکرام صدیقھما وصلۃ الرحم التی لا رحم لك الا من قبلھما فھو الذی بقی علیك من برھما بعد موتھما۔

ترجمہ: حضرت ابی ربیعہ ساعدی فرماتے ہیں کہ میں بارگاہ رسالت میں حاضر تھا اسی اثنا میں ایک انصاری حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں آیا اور عرض کی یا رسول اللہ! میرے والدین کی وفات کے بعد بھی کیا مجھ پر ان سے حسن سلوک کرنا ضروری ہے؟ حضور نے فرمایا ہاں۔ چار باتیں تجھ پر ضروری ہیں۔ ان کی نماز جنازہ ادا کرنا، ان کے لیے مغفرت کی دعا کرتے رہنا، جو وعدہ انہوں نے کیا تھا اس کو پورا کرنا، اور ان کے دوستوں کا احترام کرنا اور ان رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنا جن سے ان کی وجہ سے رشتہ داری ہو۔ یہ نیکی ایسی ہے جو ان کی وفات کے بعد بھی تم پر لازمی ہے۔

ان واضح تعلیمات اور روشن ارشادات کے بعد آپ یورپ و امریکہ وغیرہ متمدن ممالک کے حالات کا جائزہ لیجئے وہاں آپ کو ایسی اولاد شاذ و نادر ہی ملے گی جو بوڑھے والدین کی خدمت کو اپنے لیے سرمایہ سعادت یقین کرتی ہو۔ شادی کے بعد لڑکا اپنے والدین سے الگ ہو جاتا ہے۔ اور اپنے والدین کی خدمت کے لیے اخلاقی یا قانونی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اسی لیے تو ان ممالک کی حکومتوں کو ایسی پناہ گاہیں بنانا پڑتی ہیں جہاں بوڑھے اور بیمار والدین کو رکھا جائے تاکہ وہ زندگی کے آخری ایام وہاں بسر کر سکیں۔

إِنْ تَكُونُوا صَالِحِينَ فَإِنَّهُ كَانَ لِلْأَوَّابِينَ غَفُورًا ﴿٢٥﴾ وَآتِ

اگر تم نیک کردار ہو گے تو بیشک اللہ تعالیٰ بکثرت توبہ کرنے والوں کے لیے بہت بخشنے والا ہے۔ ۳۵ اور دیا کرو

ذَا الْقُرْبَىٰ حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيرًا ﴿٢٦﴾

رشتہ دار کو اس کا حق ۳۶ اور مسکین اور مسافر کو بھی ۳۷ اور فضول خرچی نہ کیا کرو ۳۸

۳۵ یعنی تمہارے دلوں میں اپنے والدین کے لیے اطاعت و فرمانبرداری کے جو جذبات ہیں یا ان سے دل ہی دل میں جو نفرت، نحکاوٹ یا اکتاہٹ تم محسوس کرتے ہو تمہارا رب ان سے خوب واقف ہے۔ اگر شیطان نے تمہیں والدین کی شکر گزاری اور احسان شناسی کی راہ سے بہکا دیا ہے تو بہتر ہے اب ہی سنبھل جاؤ۔ آج ہی سچے دل اور شرح صدر سے ان کی خدمت میں لگ جاؤ اور اپنی سابقہ کوتاہیوں کی تلافی کر لو۔ جو سچے دل سے جھک جاتا ہے اور غلطی سے باز آجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو معاف فرما دے گا۔ کیونکہ وہ غفور رحیم ہے۔

۳۶ لیکن انسان کی محبت و مروت اور حسن سلوک کے مستحق صرف والدین ہی نہیں بلکہ دوسرے رشتہ دار بھی حسب مراتب اس کے حقدار ہیں۔ چنانچہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔

من احب ان یبسط له فی رزقه وینسأ له فی اجله فلیصل رحمه۔ یعنی جو شخص اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اسے رزق فراخ ملے اور اس کی عمر دراز ہو تو وہ صلہ رحمی کیا کرے اور حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعن آبائہ الکرام نے فرمایا کہ یہاں ذی القربیٰ سے مراد حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے رشتہ دار ہیں۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ اس قول کے مطابق خطاب اعیانِ حکومت کو ہوگا کہ وہ بیت المال سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے رشتہ داروں کی خدمت کریں اور ان کی ضروریات کو بہم پہنچائیں۔

وقال علی ابن حسین هم قرابة النبی صلی الله علیه وسلم امر صلی الله علیه وسلم باعطائهم حقوقهم من بیت المال . . . ویکون خطابا للولاة او من قام مقامهم (قرطبی)

الاحکام السلطانیہ: ابو یعلی اور الاحکام السلطانیہ ماوردی کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومتِ اسلامیہ میں ایک مستقل محکمہ 'ولایة النقابة علی ذوی الانساب' کے نام سے قائم تھا جس کے فرائض میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت اور دیگر رشتہ داروں کے متعلق تمام امور کی نگرانی کرنا تھا۔ ان کی اولاد کی صحیح تعلیم و تربیت ان کی ضروریات کی کفالت، ان کو ایسے پیشوں کے اختیار کرنے سے روکنا جو ان کے شایانِ شان نہیں، ان کے بچوں اور بچیوں کے نکاح کا انتظام کرنا، ان کو ایسے اعمال سے باز رکھنا جو ان کی خاندانی شرافت کے منافی ہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔

اس آیت سے بعض لوگوں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضور نبی کریم صلی اللہ

إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُوٓا إِخْوَانَ الشَّيٰطِينِ ۖ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ

بیشک فضول خرچی کرنیوالے شیطانوں کے بھائی ہیں ۳۹ اور شیطان اپنے

لِرَبِّهِ كَفُورًا ﴿٢٧﴾ وَإِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّن رَّبِّكَ

رب کا بڑا ناشکر گزار ہے۔ اور اگر (بوجہ تنگدستی) تجھے ان سے منہ پھیرنا پڑے اور تم اپنے رب کی رحمت (یعنی خوشحالی)

تَرْجُوهَا فَقُل لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُورًا ﴿٢٨﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً

کے متلاشی ہو جس کی تمہیں توقع ہے تو (اس اثنا میں) ان سے بات کرو تو بڑی نرمی سے کرو ۴۰ اور نہ بنا لو اپنے ہاتھ کو بندھا ہوا

تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی لختِ جگر فاطمۃ الزہرا کو بلا کر باغ فدک عطا فرمایا۔ لیکن اس قول کے بطلان کے لیے اتنا کہہ دینا ہی کافی ہے کہ یہ آیت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اور فدک اور خیبر ہجرت کے کئی سال بعد فتح ہوئے ان اللّٰہ عزوجل انزل علیہ فی سورۃ بنی اسرائیل بمکۃ۔ (اصول کافی ۳۰/۲)۔

۳۷ یعنی والدین اور قریبی رشتہ داروں سے محبت اور مروت کے علاوہ تمہاری ملت کے دوسرے ضرورتمند افراد جیسے نادار اور مسافر بھی تمہارے لطف و احسان سے بہرہ اندوز ہونے چاہئیں ؎

دور دستاں را باحساں یاد کردن ہمت است
ورنہ ہر نخلے بپائے خود ثمرے افگند

۳۸ ان تاکیدی احکام کے بعد ضروری معلوم ہوا کہ لوگوں کو اسراف اور فضول خرچی سے روکا جائے تاکہ وہ جادۂ اعتدال سے منحرف ہو کر اپنے آپ کو طرح طرح کی پریشانیوں میں مبتلا نہ کر دیں۔ ماں باپ کی خدمت، رشتہ داروں سے شفقت و محبت اور دیگر ضرورتمندوں سے لطف و احسان کا درس دینے کے ساتھ ساتھ بتا دیا کہ میانہ روی کو نہ چھوڑنا۔ یہی قرآن کی تعلیمات کا حکیمانہ انداز ہے جو اس کا طرۂ امتیاز ہے۔ افراط و تفریط دونوں سے دامن بچانے کی ترغیب میں کبھی تساہل روا نہیں رکھا۔

۳۹ فضول خرچی پر مرتب ہونے والے برے نتائج سے اُمتِ مسلمہ کو بچانے کے لیے فضول خرچی کی مذمت ان الفاظ سے فرما دی۔

۴۰ اگر انسان استطاعت کے باوجود اپنے والدین اور قریبی رشتہ داروں کی خدمتگذاری میں کوتاہی کرے تو یہ ہرگز قابل برداشت نہیں لیکن ایسا بھی تو ہو سکتا ہے کہ اولاد خود افلاس و تنگدستی میں گرفتار ہو وہ خود نانِ شبینہ کی محتاج ہو۔ اس مجبوری کے عالم میں وہ اپنے والدین کی خدمت کیونکر کرے گی۔ ایسے آدمی کو فرمایا کہ محبت بھرے نرم نرم لہجہ میں باتیں کرنے پر تو کوئی لاگت نہیں آتی۔ تو اگر اور کچھ نہیں کر سکتا تو اپنی میٹھی میٹھی باتوں سے تو ان کا دل لبھاتا رہ اور دل میں یہ عزم رکھ کہ جب مولا کریم نے مجھ پر رزق کا دروازہ کشادہ کیا تو میں اپنے والدین کی خدمت بجا لانے میں کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہیں کروں گا۔

اِلٰی عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾

اپنی گردن کے اِردگرد اور نہ ہی اسے بالکل کشادہ کردو ورنہ تم بیٹھ جاؤ گے ملامت کیے ہوئے درماندہ۔ ۴۱

اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ

بلاشبہ آپ کا رب کشادہ کرتا ہے روزی جس کے لیے چاہتا ہے ۴۲ اور تنگ کرتا ہے (جس کے لیے چاہتا ہے) یقیناً وہ اپنے

خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۚ نَحْنُ

بندوں (کے حالات) سے خوب آگاہ ہے اور (انھیں) دیکھنے والا ہے! اور نہ قتل کرو اپنی اولاد کو مفلسی کے اندیشہ سے ۴۳ ہم ہی

نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۚ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوا

رزق دیتے ہیں انھیں بھی اور تمھیں بھی۔ بلاشبہ اولاد کو قتل کرنا بہت بڑی غلطی ہے ۴۳ اور بدکاری کے قریب بھی نہ جاؤ۔

۴۱ یعنی اگر تم بخل کے عادی ہو جاؤ گے اور استطاعت کے باوجود کسی غریب کی امداد کے لیے ہاتھ آگے نہیں بڑھاؤ گے تو لوگ تم سے نفرت کرنے لگیں گے تمھیں حقارت کی نظر سے دیکھیں گے اور تمھیں طرح طرح سے ملامت کریں گے! اور اگر تم فضول خرچی کرو گے تو نتیجہ یہ ہوگا کہ تم مفلس و کنگال ہو جاؤ گے۔ اور دل گرفتہ اور نادم ہو کر زندگی کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے قابل نہیں رہو گے۔

۴۲ تم دیکھتے ہو کہیں دولت کی فراوانی ہے اور کہیں فقر و افلاس نے اپنے پنجے گاڑ رکھے ہیں۔ یہ قبض و بسط اللہ تعالیٰ کی حکمت کی جلوہ گری ہے۔ وہ اپنے بندوں کے نفع و ضرر کو خوب جانتا ہے۔ اس لیے حرام ذرائع سے روپیہ کما کر امیر بننے کی کوشش نہ کرو۔ مبادا! یہ ثروت تمھیں دین و دنیا میں رسوا کر دے۔ رزق کمانے کے حلال اور جائز ذرائع کو بیشک انتہائی عقلمندی اور سلیقہ شعاری سے استعمال کرو اور اگر تمھاری سنجیدہ کوشش کے باوجود تمھاری مالی پریشانی دُور نہ ہو تو پھر صبر کا دامن مضبوطی سے تھام لو اور رحمت خداوندی پر توکل کرو۔ وہ اپنے بندوں کے نفع و مصلحت کو خوب جانتا ہے اس کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں ہوتا۔

۴۳ سابقہ آیات میں اولاد کو اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک اور ان کی خدمت کا حکم دیا اب ان آیات میں والدین کو اپنی اولاد پر رحمت و شفقت کرنے کی تلقین فرمائی جا رہی ہے۔ جزیرہ عرب ایسا ملک تھا جہاں چار سُو ریگزار ہی ریگزار پھیلے ہوئے تھے جہاں کہیں کوئی چشمہ جاری ہوتا وہاں کھجوروں کے چند درخت اُگ آتے اور معمولی سی کھیتی باڑی ہو جاتی۔ بارش بھی بہت کم برستی۔ جہاں کہیں نشیبی علاقوں میں بارشی پانی رُک جاتا تو قافلوں کے قافلے ادھر کا رُخ کرتے اور جب تک پانی کا آخری قطرہ تک خشک نہ ہو جاتا وہیں پڑے رہتے۔ غرضیکہ مرفہ الحالی کا وہاں تصوّر تک نہ کیا جا سکتا تھا۔ ایسے میں جبکہ اپنا پیٹ بھرنا مشکل ہو وہاں اولاد کی خوراک کا بندوبست کرنا بڑا ہی دشوار ہوتا ہے اس لیے معاشی خستہ حالی کے باعث ان کے ہاں اولاد کو قتل کرنے کا عام رواج تھا لڑکیوں

الزِّنٰٓی اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِیْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ

بےشک یہ بڑی بے حیائی ہے اور بہت ہی برا راستہ ہے ۴۳ اور نہ قتل کرو اس نفس کو

کے متعلق تو انکا رویہ بہت سنگدلانہ تھا۔ ایک تو وہ انھیں بوجھ سمجھتے۔ کیونکہ رہزنی اور قزاقی جوان کے سب بڑے وسائل معاش تھے، اس میں لڑکے تو حصہ لیتے لیکن لڑکیاں بڑی ہو کر بھی اس میں ان کا ہاتھ نہیں بٹا سکتی تھیں۔ اس لیے وہ ان کے لیے ناقابل برداشت بوجھ تھیں نیز غلط قسم کی نخوت نے ان کے دل میں یہ بات ڈال دی تھی کہ اگر وہ کسی کو اپنی لڑکی کا رشتہ دیں گے تو ان کی ناک کٹ جائے گی ان تمام محرکات کے باعث ان میں لڑکیوں کا قتل ایک عام معمول ہو گیا تھا۔ یہ حالت صرف عرب کے بادیہ نشینوں کی ہی نہ تھی۔ بلکہ کئی دوسری قومیں بھی اپنی اولاد کو اپنے لیے ناقابل برداشت بار گراں تصور کرتی تھیں اور ان سے رہائی حاصل کرنے کیلیے ہر ممکن تدبیر عمل میں لاتی تھیں۔ آج بھی جب انسانی حقوق کی دھوم مچی ہوئی ہے اولاد کو کم کرنے کی کوششیں تیز تر ہوتی جارہی ہیں اور اس کام نے ایک تحریک کی صورت اختیار کرلی ہے۔ جس کی پشت پناہی کے لیے حکومتوں نے اپنے خزانوں کے دروازے کھول دیئے ہیں اور اس تحریک کا مرکزی نقطہ یہی ہے کہ وسائل معاش پر اتنا بوجھ نہیں ڈالنا چاہیے جس کو وہ متحمل نہ ہوں۔ نسل کشی کی اس تحریک کو ختم کرنے کے لیے فرمایا کہ فقر و افلاس کے اندیشہ سے اولاد کو قتل نہ کرو۔ اس کے بعد اس اندیشہ کا قلع قمع ان الفاظ سے فرما دیا کہ رزاق ہم ہیں۔ انھیں بھی اور تمھیں بھی رزق مہیا فرمانا ہم نے اپنے ذمہ کرم پر لیا ہوا ہے۔ تم خواہ مخواہ اپنے آپ کو پریشان اور ہلکان کیوں کر رہے ہو۔

املاق کا معنی ہے فقر و افلاس الاملاق: الفقر وعدم المال۔ لفظ 'خطأ' کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ قرطبی نے لکھا ہے:۔ قال الازهري يقال خَطِئَ يَخطَأُ خِطْأً اذا تعمد الخطاء واخطأ اذا لم يتعمد یعنی ازہری نے کہا ہے کہ جس غلطی کا ارتکاب جان بوجھ کر کیا جائے اسے 'خطأ' کہا جاتا ہے اور جب نادانستہ طور پر کوئی لغزش ہو جائے تو وہاں اخطاء (باب افعال) استعمال ہوتا ہے۔

قرآن کریم نے نسل کشی کو خِطْأً کبیرا (بہت بڑی غلطی) کہا ہے۔ اگر اس کا مشاہدہ کرنا ہو تو فرانس وغیرہ ممالک پر نظر ڈالیے جنھوں نے مصنوعی ذرائع سے ضبط تولید کر کے اپنی تعداد کو گھٹا دیا اور جب جرمن فوجیں ان پر حملہ آور ہوئیں تو ان کے پاس ایسے جوانوں کی شدید قلت تھی جو مادر وطن کی حفاظت کے لیے میدان جنگ میں سینہ سپر ہو سکیں۔ ایسا اقدام جس سے قوم اور وطن کی آزادی خطرہ میں پڑ جائے۔ اس کو اگر بڑی غلطی نہ کہا جائے تو کیا اسے دانشمندی کہا جائے۔

۴۳ ایک اور خرابی جس میں ساری قومیں بری طرح مبتلا تھیں اور اب بھی ہیں وہ بدکاری تھی اس کی قباحت و قباحت کو صرف دو مختصر فقروں میں بیان فرما دیا انہ کان فاحشۃ یعنی یہ بڑی بے حیائی کا فعل ہے وساء سبیلا یہ بہت ہی برا راستہ ہے۔ اس فعل کا فاحش ہونا کسی صاحب عقل سلیم پر مخفی نہیں۔ یہ حدیث پاک پڑھیے اگر ذرا بھی کسی کو خلش ہو گی تو دور ہو جائے گی ایک نوجوان بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ائذن لی بالزنی مجھے زنا کی اجازت دیجیے۔ حاضرین اس کی اس بےحیائی پر برافروختہ ہو گئے اور اسے جھڑکنا شروع کیا لیکن مرشد کامل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے

محبت سے اپنے قریب بلایا جب وہ قریب ہو گیا تو اسے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ۔ وہ بیٹھ گیا تو فرمایا اَتُحِبُّہٗ لِاُمِّكَ جس امر کی تم نے مجھ سے اجازت طلب کی ہے کیا تم اسے اپنی ماں کے لیے پسند کرتے ہو۔ اس نے جواب دیا بخدا ہرگز نہیں۔ میں آپ پر قربان جاؤں۔ حضور کریم نے فرمایا اسی طرح دوسرے لوگ بھی اپنی ماؤں کے لیے یہ پسند نہیں کرتے۔ پھر دریافت کیا کیا تم اپنی بیٹی کے لیے پسند کرتے ہو۔ بولا میں قربان جاؤں ہرگز نہیں بخدا ہرگز نہیں۔ فرمایا ایسے ہی دوسرے لوگ بھی اپنی بیٹیوں کے لیے پسند نہیں کرتے۔ پھر پوچھا کیا اپنی بہن کے لیے تم پسند کرتے ہو؟ عرض کی بخدا ہرگز نہیں۔ میں آپ پر قربان جاؤں۔ فرمایا اسی طرح دوسرے لوگ بھی اپنی بہنوں کے لیے پسند نہیں کرتے۔ اسی طرح پھوپھی خالہ کے متعلق اس سے استفسار فرمایا اور اس نے وہی جواب دیا۔ اس حکیمانہ اور شفقت بھرے انداز سے اس کے سامنے اس فعل کی قباحت کو بے نقاب کر کے رکھ دیا اور شاید ان سطور کو جو بھی پڑھے گا اس پر اس کی قباحت بالکل آشکارا ہو جائے گی اس کے بعد اپنا دست ہدایت بخش اس کے سر پر رکھا اور دعا فرمائی۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ ذَنْبَہٗ وَطَھِّرْ قَلْبَہٗ وَاَحْصِنْ فَرْجَہٗ: اے میرے خدا اس کا گناہ بخش دے۔ اس کا دل پاک کر دے اور اس کو بدکاری سے بچا اور اس کے بعد اس شخص نے پھر کبھی اس فعل کے ارتکاب کا تصور تک بھی نہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی بعثت کے مقاصد میں یہ بھی فرمایا وَیُزَکِّیْھِمْ کہ وہ ان کے دلوں کو پاک کرتا ہے۔ اس کی کتنی عمدہ مثال اس حدیث میں موجود ہے۔ یہ حدیث مسند امام احمد میں حضرت ابی امامہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

زنی کے دوررس برے نتائج پر اگر آپ نظر ڈالیں گے تو 'سَاءَ سَبِیْلًا' کا مفہوم بھی واضح ہو جائے گا اس سے انساب میں اختلاط ہوتا ہے مال کسی کا ہوتا ہے اور وارث کوئی بنتا ہے۔ موذی بیماریاں بڑی کثرت سے پھیلتی ہیں۔ عورت کی عظمت کا چاند گہنا جاتا ہے۔ عورت ماں کے تقدس اور بیٹی کی عظمت سے محروم ہو کر ایک بازاری جنس بن جاتی ہے۔ پھر اس فعل شنیع کے ارتکاب سے اس کی سیرت اور اس کی صحت بری طرح متاثر ہوتی ہے اور حرامی اولاد شفقت پدری سے محروم ہوتی ہے۔ سارے معاشرہ میں کبھی بھی عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھی جاتی اس کی وجہ سے فتنہ و فساد کی چنگاریاں اٹھتی ہیں اور خاندانوں کے خاندان اس میں بھسم ہو کر رہ جاتے ہیں۔ ان تمام چیزوں کو اگر غور سے دیکھا جائے تو سَاءَ سَبِیْلًا کی حقیقت کھل کر سامنے آ جاتی ہے۔ چند لمحوں کی لذت طلبی کے لیے اتنی گراں قیمت ادا کرنا کون پسند کرتا ہے۔ سَاءَ سَبِیْلًا کے متعلق اگر اب بھی کسی کو شک ہو تو وہ امریکی فوجیوں کے ان لاکھوں حرامی بچوں کی حالت زار کو دیکھے جو کوریا اور ویتنام وغیرہ ممالک کی گلیوں میں دھکے کھا رہے ہیں۔ اور کوئی ان کا پرسان حال نہیں۔ انھیں قباحتوں اور روح فرسا نتائج کی وجہ سے ہی قرآن کریم نے فرمایا کہ اس فعل شنیع کا ارتکاب تو بجائے خود اس کے قریب تک مت جاؤ یعنی تمام وہ امور جو اس فعل کے ارتکاب پر اکساتے ہیں ان سے باز رہنے کا تاکیدی حکم فرمایا۔ جذبات کو بھڑکانے والے تنگ اور چست لباس، بے پردگی، مرد و زن کا اختلاط جس میں مخلوط تعلیم پیش پیش ہے سب سے منع کر دیا ہے۔ کیونکہ یہ تمام چیزیں جذبات کو اتنا مشتعل کر دیتی ہیں کہ کوئی لاکھ بچنا چاہے بچ نہیں سکتا۔ اس لیے فرمایا لَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓی اس فعل شنیع کے قریب جانے کی کوشش مت کرو۔ کیا حکیمانہ انداز ہے اور حقیقت کی کتنی موثر تصویر کشی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں غور کرنے کی توفیق بخشے۔ آمین۔

فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ

زمین میں اکڑتے ہوئے (اس طرح) نہ تم چیر سکتے ہو زمین کو اور نہ پہنچ سکتے ہو پہاڑوں کے برابر

طُوْلًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ مِمَّآ

بلندی میں [۱] یہ سب (جن کا ذکر گزرا) ان میں سے ہر بری بات اللہ تعالیٰ کو (سخت) ناپسند ہے۔ یہ ہدایات جنہیں

اَوْحٰۤى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا

بذریعہ وحی آپ کی طرف آپ کے رب نے بھیجا ہے دانائی کی باتوں میں سے ہیں۔ اور اے سننے والے! نہ بنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ

اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِیْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۳۹﴾ اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ

کوئی اور معبود ورنہ تجھے پھینک دیا جائیگا جہنم میں اس حال میں کہ تجھیں ملامت کی جائیگی اور دھکے دیئے جائیں گے۔

اس کے خالق نے واشگاف الفاظ میں احساس ذمہ داری کا درس دیا۔ وہی قوم آج اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں انتہائی غیر ذمہ دارانہ رویہ اختیار کئے ہوئے ہے۔ کاش! ہم اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے سچے دل سے کوشش کریں تو جن تکالیف پر ہم شکوہ سنج رہتے ہیں اور جن مصائب میں گھرے ہوئے ہیں وہ خود ہی ختم ہو جائیں گے۔ یہ بات بھی ذہن نشین رہے کہ دوسروں کی بے راہ روی اور بے اعتدالی ہماری بے راہ روی اور بے اعتدالی کے لیے وجہ جواز نہیں بن سکتی۔ اگر آپ اپنے موجودہ معاشرہ سے مطمئن نہیں ہیں اگر آپ اصلاح احوال کے تہ دل سے خواہاں ہیں تو اس انتظار میں وقت ضائع نہ کیجیے کہ دوسرے لوگ ٹھیک ہو لیں تو میں بھی ٹھیک ہو جاؤں گا۔ اصلاح کا آغاز اپنی ذات سے فرمائیے۔ آپ کو دیکھ کر کتنی بگڑے ہوئے اصلاح پذیر ہو جائیں گے۔ زندگی کے کسی موڑ پر کل اولٰئك كان عنه مسئولا کے الفاظ کو فراموش نہ کیجیے۔

[۱] انسان کے غرور و تکبر کی بیہودگی اور لغویت کو کس عمدہ پیرایہ میں بیان فرمایا گیا۔ ایک عربی شاعر نے بھی خوب کہا ہے۔

ولا تمش فوق الارض الا تواضعا	فکم تحتها قوم ھم منك ارفع
وان كنت فی عز وحرز ومنعة	فكم مات من قوم ھم منك امنع

یعنی زمین پر چلتے ہوئے تواضع اور انکسار اختیار کر کتنے لوگ جو تم سے بھی زیادہ بلند مرتبہ تھے اب شکم زمین میں مدفون ہیں۔

اگر تو آج معزز و محترم اور جاہ و سطوت کا مالک ہے تو کیا ہوا۔

تم سے پہلے کثیر التعداد قومیں بڑی پرہیبت تھیں لیکن اب موت کی نیند سو رہی ہیں۔

بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ۭ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا

پس کیا چن لیا ہے تمھیں تمھارے رب نے بیٹوں کیلئے اور (اپنے لیے) بنا لیا ہے فرشتوں کو بیٹیاں (صد افسوس) بلاشبہ تم تو ایسی بات کہہ رہے

عَظِيْمًا ۝۴۰ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ۭ وَمَا يَزِيْدُهُمْ

ہو جو بہت سنگین ہے۔ اور بلاشبہ ہم نے مختلف انداز سے بار بار بیان کیا ہے (دلائل توحید کو) اس قرآن میں تاکہ وہ نصیحت قبول کریں۔

اِلَّا نُفُوْرًا ۝۴۱ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا

(بایں ہمہ) سوائے نفرت کے ان میں کسی چیز کا اضافہ نہ ہوا ۵۳۔ آپ فرمائیے اگر ہوتے اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور خدا جس طرح یہ کافر کہتے ہیں

اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ۝۴۲ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا

تو ان خداؤں نے (مل کر) تلاش کر لی ہوتی عرش کے مالک (پر غالب آنے) کی کوئی راہ ۵۴ وہ پاک ہے اور وہ بہت برتر و بالا ہے ان باتوں

كَبِيْرًا ۝۴۳ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ

سے جو یہ لوگ کیا کرتے ہیں۔ پاکی بیان کرتے ہیں اسی کی ساتوں آسمان اور زمین اور جو چیز ان میں موجود ہے۔

۵۲ عرب کے کئی مشرک قبائل فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں مانا کرتے تھے ان کی حماقت کا پردہ چاک کیا جا رہا ہے۔ ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ تم خود اپنے لیے تو لڑکے پسند کرتے ہو اور اگر کسی کے گھر بچی پیدا ہوتی ہے تو اس کے ہاں صفِ ماتم بچھ جاتی ہے۔ تمھیں شرم نہیں آتی کہ جس چیز کو تم اپنے لیے ناپسند کرتے ہو اسے اللہ جل مجدہ کے لیے ثابت کرتے ہو۔

۵۳ یعنی ہم نے قرآن کریم میں دلائل توحید کو مختلف اسلوبوں اور متعدد پیرایوں میں بیان کیا ہے تاکہ ہر طبیعت اپنے ذوق اور استعداد کے مطابق اس سے استفادہ کر سکے۔ کہیں رحمت کا وعدہ اور کہیں قہر و عذاب کی وعید، کہیں بشارتیں اور کہیں دھمکیاں، کہیں نیک لوگوں کی کامیاب زندگیوں کا تذکرہ اور کہیں نافرمان افراد اور سرکش اقوام کے ہولناک انجام کا بیان۔ لیکن اس کے باوجود جنھوں نے اپنی آنکھوں پر تعصب کی پٹی باندھ رکھی ہے وہ قریب آنے کی بجائے اور زیادہ دور بھاگے چلے جا رہے ہیں۔

۵۴ اگر اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اور خدا بھی ہوتے تو کبھی نہ کبھی ان کی رائے اللہ تعالیٰ کے ارادہ سے ٹکراتی اور وہ انتہائی کوشش کرتے کہ اپنی خدائی کی لاج رکھنے کے لیے آپس میں مل کر وہ ایک متحدہ محاذ بنا کر عرش کے مالک پر چڑھائی کر دیں اور اسے مغلوب کر دیں تاکہ وہ ان کی مخالفت نہ کر سکے۔ لیکن ایسا تو کبھی نہیں ہوا۔ تو پھر وہ تمھارے خدا کہاں چھپے بیٹھے ہیں۔ ان کی قوت و شوکت کا کوئی ایک مظاہرہ ہی ہمیں دکھا دو۔ اور اگر نہیں دکھا سکتے تو پھر ایسے بے بسوں کو اپنا خدا تسلیم کرنا کتنی نادانی اور لغویت ہے۔ کتنا عام فہم اور حقیقت افروز بیان ہے۔

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ

اور (اس کائنات میں) کوئی بھی ایسی چیز نہیں مگر وہ اس کی پاکی بیان کرتی ہے اس کی حمد کرتے ہوئے لیکن تم ان کی تسبیح کو سمجھ نہیں سکتے ۵۵

اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَكَ وَ

بیشک وہ بہت بردبار، بہت بخشنے والا ہے۔ اور (اے محبوب!) جب آپ پڑھتے ہیں قرآن کو تو ہم (حائل) کر دیتے ہیں آپ کے درمیان اور

بَیْنَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾ وَّجَعَلْنَا

ان کے درمیان جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ایک پوشیدہ پردہ جو آنکھوں سے نہاں ہوتا ہے ۵۶ اور ہم ڈال دیتے ہیں

۵۵ کائنات کی بلندیاں اور پستیاں اور ان میں بسنے والی ہر چیز، بلا استثناء اس کی تسبیح بھی کر رہی ہے اور اس کی حمد بھی بیان کر رہی ہے یعنی وہ ہر عیب اور نقص سے پاک ہے اور ہر صفت کمال سے متصف ہے۔ لیکن تم ان کی تسبیح تحمید کو سمجھنے سے قاصر ہو۔ بعض علماء کا خیال تو یہ ہے کہ ذی عقل اور جاندار چیزیں تو زبان قال سے اس کی حمد و ثنا کے گیت گا رہی ہیں اور بے زبان چیزیں زبان حال سے اپنے خالق کی حکمت وقدرت کی طرف اشارہ کر رہی ہیں لیکن احادیث پاک سے پتہ چلتا ہے کہ ہر چیز مصروف حمد و ثنا ہے۔ امام بخاری نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا لقد کنا نسمع تسبیح الطعام وھو یوکل۔ کہ کھانا جب کھایا جا رہا ہوتا تھا ہم اس کی تسبیح سنا کرتے تھے۔ امام مسلم نے حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لاعرف حجرا بمکۃ کان یسلم علی قبل ان ابعث انی لاعرفہ الان۔ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں مکے کے اس پتھر کو جانتا ہوں جو بعثت سے پہلے مجھے سلام کیا کرتا تھا۔ امام بخاری نے اپنی صحیح میں متعدد مقامات پر کھجور کے اس تنے کا ذکر کیا ہے جس سے حضور ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے۔ اور جب منبر بن گیا اور حضور نے اس کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ دینے کے بجائے منبر پر خطبہ دیا تو وہ دلفگار ہجر محبوب کی تاب نہ لا کر رو پڑا۔ ان احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جن اشیاء کو ہم بے عقل اور بے حس خیال کرتے ہیں وہ بھی ادراک اور حس رکھتی ہیں لیکن ہم ان کی ان قوتوں کا ادراک نہیں کر سکتے۔

۵۶ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب قرآن کریم کی تلاوت فرماتے تو مشرکین اذیت رسانی کی نیت سے نزدیک جانے کی کوشش کرتے لیکن اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کاملہ سے ان کے سامنے پردہ حائل کر دیتا اور وہ حضور کو نہ دیکھ سکتے۔ حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ جب سورۃ تبت نازل ہوئی اور ابولہب کی بیوی ام جمیل نے سنی تو غصہ سے بھری ہوئی حضور کی تلاش میں حرم کعبہ کی طرف آئی۔ حضرت صدیق نے دیکھا تو عرض کی حضور آقا! وہ گستاخ آ رہی ہے ایسا نہ ہو کہ بدزبانی کرے۔ حضور نے فرمایا لن ترانی۔ وہ مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکے گی اور یہ آیت پڑھی چنانچہ وہ آئی۔ حضور اسے نظر ہی نہ آئے اور حضرت صدیق سے گستاخانہ باتیں کر کے چلی گئی۔ حضرت کعب سے مروی ہے کہ حضور جب کفار کی نظروں سے اوجھل ہونا چاہتے تھے تو یہ تین آیتیں تلاوت فرماتے۔ انا جعلنا علی قلوبھم اکنۃ الآیۃ (الکہف) اولئک الذین طبع اللہ علی قلوبھم (النحل) افرایت من اتخذ الٰھہ ھواہ (جاثیہ) ہجرت کی رات جب کفار نے کاشانہ اقدس کا محاصرہ کر رکھا تھا تو حضور سورۃ

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِذَا

ان کے دلوں پر پردے ۸۵ تاکہ وہ اسے سمجھ نہ سکیں اور ان کے کانوں میں گرانی (پیدا کر دیتے ہیں) اور جب آپ

ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۝

ذکر کرتے ہیں صرف اپنے رب کا قرآن میں تو وہ پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے ہیں نفرت کرتے ہوئے ۸۶

یٰسین کی پہلی آیتیں فاغشینا ھم فھم لایبصرون تک پڑھتے ہوئے تشریف لائے اور انہیں خبر تک نہ ہوئی۔

بعض علمائے کرام نے حجاب مستور کا یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ ان سے قرآن کی سمجھ سلب کر لی گئی اور وہ اس میں علم و حکمت کے چمکتے ہوئے موتیوں کو نہ پا سکے۔

۸۵ ان کے پیہم انکار کی پاداش میں ان سے فہم و ادراک کی نعمت سلب کر لی گئی ہے۔ ان کے دل کی آنکھ اندھی اور کان بہرے ہو چکے ہیں۔ نہ انہیں نورِ حق نظر آتا ہے اور نہ انہیں صدائے حق سنائی دیتی ہے۔

۸۶ اے محبوب! ان حقیقت ناشناسوں کی طرف دیکھو! جب آپ قرآن کریم پڑھتے ہیں جس میں اللہ تعالیٰ کی توحید کو بار بار بڑے دلنشین انداز اور ناقابلِ تردید دلائل سے پیش کیا گیا ہے۔ جہاں معبودانِ باطل کی بے بسی اور بے کسی کا پردہ چاک کیا گیا ہے تو وہ اس کلامِ معجز نظام کو مزید توجہ سے سننے کے بجائے اظہارِ نفرت کرتے ہوئے الٹے پاؤں پیچھے بھاگ جاتے ہیں۔

اہلِ محبت جب بیانِ توحید کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کے مقرب رسولوں اور اس کے مقبول بندوں کے ان فضائل و کمالات کا ذکر کرتے ہیں جو ان کو ان کے رب کریم نے مرحمت فرمائے ہیں تو بعض لوگ ان پر یہ تہمت لگاتے ہیں کہ ان کا رویہ تو مشرکین مکہ جیسا ہے۔ وہ بھی خدا کی توحید کے پہلو بہ پہلو دوسروں کا تذکرہ کیا کرتے تھے اور یہ بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔ اور اگر ان دانشوروں سے دریافت کیا جاتا ہے کہ حضرات! مقبولانِ بارگاہِ حق کی توصیف سے آپ کی زبان کیوں گونگی ہو جاتی ہے تو فرماتے ہیں کہ تم نے ہم پر وہی اعتراض کیا ہے جو مکہ کے مشرک رسول خدا پر کیا کرتے تھے کہ وہ ایسا قرآن کیوں پڑھتے ہیں جس میں صرف خدا کا ہی ذکر ہوتا ہے۔ ان بزرجمہروں کی ایسی باتیں سن کر سر چکرانے لگتا ہے۔ کیا قرآن کریم بیانِ توحید کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کے جلیل القدر رسولوں کے ذکرِ خیر سے محروم ہیں۔ کیا اسی قرآن نے نہیں بتایا کہ ہوا کو حضرت سلیمان کا تابع فرمان بنا دیا گیا تھا اور وہ آپ کے اشارہ کے مطابق تیز یا آہستہ چلا کرتی تھی۔ کیا اسی قرآن میں نہیں کہ حضرت یوسف کا پیراہن حضرت یعقوب کی نابینا آنکھوں پر جب ڈالا گیا تو وہ بینا ہو گئیں۔ کیا اسی مصحف کے صفحات میں یہ موجود نہیں کہ حضرت عیسیٰ اپنے رب کے اذن سے مادر زاد اندھوں کو بینا کر دیتے کوڑھیوں کو صحت بخشتے اور مُردوں کو زندہ کر دیتے۔ کیا اسی کتاب الٰہی میں سلیمانی دربار کے ایک عالم زبور کے متعلق یہ مذکور نہیں کہ انہوں نے چشم زدن میں بلقیس کا تخت سبا سے اٹھا کر حضرت سلیمان کی خدمت میں پیش کر دیا تھا۔ اور ان کے علاوہ متعدد دیگر واقعات جن سے اپنے خاص بندوں پر اللہ تعالیٰ کی جود و سخا اور فضل و عطا کی شہادتیں ملتی ہیں موجود نہیں ہیں۔ اور یقیناً ہیں تو ان دانشوروں کو دوسروں پر زبانِ طعن دراز کرنے سے پہلے اپنے طریقہ کار پر

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَسْتَمِعُوْنَ بِهٖۤ اِذْ یَسْتَمِعُوْنَ اِلَیْكَ وَ اِذْ هُمْ

ہم خوب جانتے ہیں جس غرض کے لیے یہ سنتے ہیں اسے جب یہ کان لگاتے ہیں آپ کی طرف اور (ہم خوب جانتے ہیں)

نَجْوٰۤى اِذْ یَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿٤٧﴾

جب یہ سرگوشیاں کرتے ہیں، اس وقت یہ ظالم کہتے ہیں کہ تم نہیں پیروی کر رہے مگر ایک ایسے آدمی کی جس پر جادو کر دیا گیا ہے ۵۹

اُنْظُرْ كَیْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ

دیکھیے (یہ گستاخ) کس طرح آپ کے لیے مثالیں بیان کرتے ہیں پس (اس گستاخی کے باعث) وہ گمراہ ہو گئے اب وہ سیدھے راستہ پر

سَبِیْلًا ﴿٤٨﴾ وَ قَالُوْۤا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّ رُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا

چل نہیں سکتے ۶۰ اور انھوں نے (از راہِ انکار) کہا کہ جب ہم (مر کر) ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے ۶۱ تو کیا ہمیں اٹھایا جائے گا

نظر ڈالنی چاہیے کہ کہیں ان کی روش قرآن و سنت کی روش کے خلاف تو نہیں۔

حقیقت تو یہ تھی کہ کفار اللہ تعالیٰ کے ساتھ ساتھ دوسروں کی الوہیت کے بھی قائل تھے جب قرآن کریم میں توحید باری کا بیان ہوتا اور دوسروں کی الوہیت اور خدائی کی تردید کی جاتی تو یہ بات ان کو ناگوار گزرتی اور وہ تلملاتے ہوئے پیشانی پر سینکڑوں بل ڈالتے ہوئے محفلِ اقدس سے دور بھاگ جاتے۔ اگر کوئی اب بھی ایسا بدبخت ہو جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو خدا اور معبود سمجھتا ہو تو اس کا وہی حال ہے جو مشرکین مکہ کا تھا لیکن اگر کوئی شخص محبوبانِ بارگاہِ رب العزت کے ان کمالات کا ذکر سن کے جو کمالات مولا کریم نے انھیں مرحمت فرمائے ہیں جن کے بیان سے سارا قرآن لبریز ہے تو وہ قرآن اور صاحبِ قرآن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے کٹے تو یقیناً یہ گمراہی ہے۔ آدم کے کمالات کا انکار کر کے ابلیس کو بجز نامرادی اور دونوں جہان کی رسوائی کے کیا ملا تھا؟ طرح فخرِ بنی آدم باعثِ تخلیقِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے کمالات کا انکار کرنے والے کے حصہ میں بھی ناکامی و خسران کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے۔

۵۹ ایک دفعہ عتبہ نے سردارانِ قریش کی دعوت کی حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم بھی تشریف لے گئے اور قرآن کریم کی تلاوت شروع فرما دی۔ کفار لگے آپس میں سرگوشیاں کرنے اور آخر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے متعلق کہا کہ ان پر تو کسی نے جادو کر دیا ہے۔ اس لیے یہ الٹی الٹی باتیں کر رہے ہیں۔

۶۰ بارگاہِ رسالت میں ان کی گستاخی اور اس کی وجہ سے نعمتِ ایمان سے ان کی محرومی کا ذکر ہو رہا ہے۔

۶۱ وقوعِ قیامت کے متعلق کفار کے شکوک و شبہات کے بیان کے ساتھ ان کا رد بھی کیا جا رہا ہے۔ رُفات: ما تکسر و بلی من کل شیئ: ٹوٹی ہوئی بوسیدہ چیز کو رفات کہتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کا معنی غبار فرمایا ہے۔

قال ابن عباس: الرفات الغبار۔

جَدِيۡدًا ۝٤٩ قُلۡ كُوۡنُوۡا حِجَارَةً اَوۡ حَدِيۡدًا ۝٥٠ اَوۡ خَلۡقًا مِّمَّا يَكۡبُرُ

گا از سر نو پیدا کر کے۔ فرمائیے (یقیناً ایسا ہی ہوگا) خواہ تم پتھر بن جاؤ یا لوہا بن جاؤ یا کوئی ایسی مخلوق بن جاؤ جس کا از سر نو پیدا

فِىۡ صُدُوۡرِكُمۡ‌ۚ فَسَيَـقُوۡلُوۡنَ مَنۡ يُّعِيۡدُنَا‌ ؕ قُلِ الَّذِىۡ فَطَرَكُمۡ

کرنا تمہارے خیال میں بہت مشکل ہے وہ کہیں گے ہمیں دوبارہ کون (زندہ کر کے) اٹھائے گا؟ فرمائیے وہی جس نے پیدا فرمایا

اَوَّلَ مَرَّةٍ‌ ۚ فَسَيُنۡغِضُوۡنَ اِلَيۡكَ رُءُوۡسَهُمۡ وَيَقُوۡلُوۡنَ مَتٰى هُوَ‌ ؕ

تمہیں پہلی مرتبہ پس وہ حیرت سے آپ کی طرف (دیکھ کر) سروں کو جنبش دیں گے۔ اور پوچھیں گے ایسا کب ہوگا؟

قُلۡ عَسٰٓى اَنۡ يَّكُوۡنَ قَرِيۡبًا ۝٥١ يَوۡمَ يَدۡعُوۡكُمۡ فَتَسۡتَجِيۡبُوۡنَ بِحَمۡدِهٖ

آپ بتائیے شاید اس کا وقت قریب ہی ہو۔ اس دن کو یاد کرو جب تمہیں اللہ تعالیٰ بلائیگا۔ سو تم اس کی حمد کرتے ہوئے

وَتَظُنُّوۡنَ اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا قَلِيۡلًا ۝٥٢ وَقُلۡ لِّعِبَادِىۡ يَقُوۡلُوا الَّتِىۡ

جواب دوگے اور یہ گمان کر رہے ہوگے کہ تم نہیں ٹھہرے دنیا میں مگر تھوڑا عرصہ۔ اور آپ حکم دیجئے میرے بندوں کو کہ وہ ایسی باتیں کیا کریں

هِىَ اَحۡسَنُ‌ ؕ اِنَّ الشَّيۡطٰنَ يَنۡزَغُ بَيۡنَهُمۡ‌ ؕ اِنَّ الشَّيۡطٰنَ كَانَ

جو بہت عمدہ ہوں [62] بیشک شیطان فتنہ و فساد برپا کرنا چاہتا ہے ان کے درمیان [63] یقیناً شیطان

[62] اللہ تعالیٰ اپنے محبوب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دے رہے ہیں کہ میرے بندوں کو یہ بتا دو کہ باہمی گفتگو کرتے ہوئے ایک دوسرے کے ادب و احترام کا خیال رکھیں۔ کوئی ایسی بات زبان پر نہ آئے جس سے کسی کا دل مجروح ہو۔ کوئی ایسی حرکت صادر نہ ہو جس سے کسی کی دل شکنی ہو۔ تمہارے سامنے ایک عظیم مقصد ہے جس کی تمہیں تکمیل کرنا ہے۔ جب تک تم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح یکجان اور مضبوط نہ ہوگے اس وقت تک اس مقصد کی تکمیل نہ ہو سکے گی۔ اگر شیطان نے ذرا سی شکر رنجی کا بھی تم میں سراغ لگا لیا تو اسے تمہارے تعلقات کو کشیدہ کرنے کا ذریں موقع ہاتھ آجائیگا۔ اور وہ تمہیں ایک دوسرے کا دشمن بنا کر چھوڑے گا۔ اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا المسلم اخو المسلم لا یظلمہ ولا یخذلہ التقوی ھھنا۔ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے وہ نہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اسے ذلیل و رسوا کر سکتا ہے اور تقویٰ یہاں اس سینہ میں ہے۔

[63] نزغ کا معنی ہے دو آدمیوں کے درمیان فتنہ و فساد برپا کرنا یقال نزغ بیننا ای افسد (قرطبی) وقال غیرہ النزغ: الاغراء۔ بھڑکانا۔ برانگیختہ کرنا۔

لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿٥٣﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ

انسان کا کھلا دشمن ہے۔ تمھارا رب تمھیں خوب جانتا ہے ۔ اگر چاہے تو تم پر رحم (وکرم)

اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿٥٤﴾ وَرَبُّكَ

فرمادے اور اگر چاہے تو تمھیں سزا دے اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو ان کا ذمہ دار بنا کر (تاکہ ان کے کفر کے لیے آپ جوابدہ ہوں)

اَعْلَمُ بِمَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ

اور آپ کا رب خوب جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔ اور بیشک ہم نے بزرگی دی ہے بعض انبیاء کو

عَلٰى بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿٥٥﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ

بعض پر اور ہم نے عطا فرمائی ہے داود کو زبور ۔ (انھیں) کہیے اب بلاؤ ان کو جنھیں تم گمان کیا کرتے تھے۔

مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿٥٦﴾

(کہ یہ خدا ہیں) اللہ تعالیٰ کے سوا٦٥ وہ تو قدرت نہیں رکھتے کہ تکلیف دور کر سکیں تم سے اور نہ ہی وہ (اسے) بدل سکتے ہیں۔

٦٤ اے حبیب! آپ کا فرض دعوتِ حق پہنچا دینا ہے۔ آپ نے اپنا فرض باحسن طریق انجام دیدیا۔ اگر یہ لوگ اب بھی کفر و شرک سے باز نہیں آتے تو آپ دلگیر کیوں ہوتے ہیں۔ ان کے کفر و شرک کے لیے آپ جوابدہ نہیں ماجعلناک کفیلا لھم توخذبھم (قرطبی)

٦٥ علامہ قرطبی نے اس کا شانِ نزول بیان کرتے ہوئے لکھا ہے۔

جب قریش کو قحط میں مبتلا کر دیا گیا تو انھوں نے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر فریاد کی اور اپنی خستہ حالی کا تذکرہ کیا تو یہ آیت نازل ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو حکم دیا کہ ان سے دریافت کریں کہ جن معبودوں کی وہ پرستش اور عبادت کرتے ہیں اُن سے جا کر فریاد کیوں نہیں کرتے پھر خود ہی بتا دیا کہ وہ بیچارے خود بے بس ہیں اس مشکل وقت میں وہ تمھاری کوئی امداد نہیں کر سکتے اے مشرکین! تم خود سوچو کہ جو خدا مشکل میں کام نہ آئے اور جو معبود مصیبت کو دُور نہ کرے اس کو خدا بنانے اور اس کی پوجا کرنے سے کیا حاصل؟ یہاں زعمتم کا مفعول انھم الھۃ محذوف ہے یعنی جن کو تم خدا خیال کرتے ہو ای ادعوا الذین تعبدون من دون اللہ وزعمتم انھم الھۃ (قرطبی) زعمتم انھا الھۃ (بیضاوی) ای من الاصنام والانداد (ابن کثیر)۔

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يَدْعُونَ يَبْتَغُونَ إِلَىٰ رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ

وہ لوگ جنھیں یہ مشرک پکارا کرتے ہیں ؎۶۶ وہ خود ڈھونڈتے ہیں اپنے رب کی طرف وسیلہ کہ کونسا بندہ اللہ سے زیادہ قریب ہے

وَيَرْجُونَ رَحْمَتَهُ وَيَخَافُونَ عَذَابَهُ ۚ إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ

اور امید رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ کی رحمت کی اور ڈرتے رہتے ہیں اس کے عذاب سے ؎۶۷ بیشک آپکے رب کا عذاب ڈرنے کی

مَحْذُورًا ﴿۵۷﴾ وَإِن مِّن قَرْيَةٍ إِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

چیز ہے۔ اور کوئی ایسی بستی نہیں ہے مگر ہم اسے برباد کر دیں گے روزِ قیامت سے پہلے

أَوْ مُعَذِّبُوهَا عَذَابًا شَدِيدًا ۚ كَانَ ذَٰلِكَ فِي الْكِتَابِ مَسْطُورًا ﴿۵۸﴾

یا اسے سخت عذاب دیں گے یہ فیصلہ کتاب (تقدیر) میں لکھا ہوا ہے۔

؎۶۶ پہلے اگر آیت کی ترکیب ذہن نشین کر لی جائے تو آیت کا معنی واضح ہو جائے گا اولئك موصوف الذین یدعون صفت یدعون کے بعد ضمیر مفعول محذوف ہے۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا یبتغون الی ربھم۔ خبر۔ مطلب یہ ہے کہ مشرکین جن کو خدا بنائے ہوئے ہیں اور جن کو اپنی تکالیف و مصائب میں پکارتے ہیں یہ خدا نہیں بلکہ وہ تو خود ہر لحہ، ہر لحظہ اپنے رب کریم کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے مصروف عمل رہتے ہیں۔ اگر واقعی وہ خدا ہوتے جیسے مشرکین کا خیال ہے تو پھر انھیں کسی کی عبادت اور رضا جوئی کی کیا ضرورت تھی۔ مسئلہ: اس سے معلوم ہوا کہ مقرب بندوں کو بارگاہ والٰہی میں وسیلہ بنانا جائز ہے اور اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں کا طریقہ ہے۔ اس آیت میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی غیر کی عبادت کرنا ممنوع ہے لیکن مقبولانِ بارگاہِ ایزدی کا وسیلہ پکڑنا اور ان سے التماسِ دعا کرنا جائز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم کو ارشاد فرمایا وخذ من اموالھم صدقۃ تطھرھم وتزکیھم وتصل علیھم فان صلوتک سکن لھم آپ ان سے زکوٰۃ لیجیے انھیں پاک کیجیے اور ان کے لیے دعا فرمائیے آپ کی دعا ان کے لیے وجہ تسکین ہے صحابہ کرام کشود مشکلات کے لیے بارگاہِ رسالت میں عرض کیا کرتے تھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دستِ مبارک جب دعا کے لیے اٹھتا تھا تو اللہ تعالیٰ ان کی مشکلیں آسان فرمایا کرتا۔ ان کی بیماریاں دور ہو جاتیں ان کی تنگدستیاں خوشحالی میں بدل جاتیں۔

؎۶۷ یعنی اللہ تعالیٰ کے بندے اس کی رحمت سے مایوس بھی نہیں ہوتے اور اس کے عذاب سے بے خوف بھی نہیں ہوتے ان کی ایک آنکھ اگر اس کی رحمت و کرم پر ہوتی ہے تو ان کی دوسری آنکھ اپنے گناہوں پر گریاں اور اس کے عذاب سے ترساں رہتی ہے۔ بارگاہ والٰہی میں جنھیں شرفِ قبولیت بخشا جاتا ہے۔ ان کا یہی حال ہوتا ہے۔

وَمَا مَنَعَنَآ اَنۡ نُّرۡسِلَ بِالۡاٰيٰتِ اِلَّاۤ اَنۡ كَذَّبَ بِهَا الۡاَوَّلُوۡنَ‌ؕ

اور نہیں روکا ہمیں اس امر سے کہ ہم بھیجیں (کفار کی تجویز کردہ) نشانیاں مگر اس بات نے کہ جھٹلایا تھا ان نشانیوں کو پہلوں نے [68] (اور وہ فوراً تباہ کیے

وَاٰتَيۡنَا ثَمُوۡدَ النَّاقَةَ مُبۡصِرَةً فَظَلَمُوۡا بِهَا‌ ؕ وَمَا نُرۡسِلُ بِالۡاٰيٰتِ

گئے تھے) اور ہم نے دی تھی قوم ثمود کو ایک اونٹنی جو روشن نشانی تھی۔ پس انھوں نے زیادتی کی اس پر [69] اور ہم نہیں بھیجتے ایسی نشانیاں

اِلَّا تَخۡوِيۡفًا‏ ﴿۵۹﴾ وَاِذۡ قُلۡنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ‌ؕ وَمَا جَعَلۡنَا

مگر لوگوں کو (عذاب سے) خوفزدہ کرنے کے لیے۔ اور یاد کرو جب ہم نے کہا تھا آپ کو کہ بےشک آپ کے پروردگار نے گھیرے میں لے لیا ہے لوگوں [70]

الرُّءۡيَا الَّتِىۡۤ اَرَيۡنٰكَ اِلَّا فِتۡنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الۡمَلۡعُوۡنَةَ فِى

کو۔ اور نہیں بنایا ہم نے اس نظارہ کو جو ہم نے دکھایا تھا آپ کو [71] مگر آزمائش لوگوں کے لیے نیز (آزمائش بنایا) اس درخت کو [72] جس پر لعنت

[68] کفار مکہ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوتے اور کہا کہ اگر ہمارے یہ مطالبات پورے کر دیئے جائیں تو ہم آپ پر ایمان لے آئیں گے پہلا مطالبہ یہ ہے کہ صفا کا پہاڑ سونا بن جائے دوسرا یہ ہے کہ یہ بے آب و گیاہ پہاڑ یہاں سے ہٹا دیئے جائیں تاکہ میدان کشادہ ہو جائے اور ہم اس میں کاشتکاری کر کے اپنی زندگی کی ضروریات فراہم کر سکیں جبرائیل امین اسی وقت حاضر ہوئے اور آکر پیغام الٰہی پہنچایا کہ اگر آپ چاہیں تو ان کے مطالبات فوراً پورے کر دیئے جائیں لیکن اگر اس کے بعد بھی وہ ایمان نہ لائے تو ان کو نیست و نابود کر دیا جائے گا اور اگر آپ چاہیں تو انہیں غور و فکر کی مزید مہلت دی جائے۔ حضور نے عرض کی لا بل تستأنی بھم نہیں میرے کریم! انہیں مہلت مرحمت فرما۔

[69] قوم ثمود کو ان کے مطالبہ کے پیش نظر جب اونٹنی کا معجزہ دکھایا گیا اور وہ پھر بھی ایمان نہ لائے تو انہیں صفحۂ ہستی سے حرفِ غلط کی طرح مٹا دیا گیا۔ اسی طرح ان لوگوں کا انجام بھی ہوتا ہے جن کا مطالبہ پورا کیا جاتا ہے اور وہ پھر بھی ایمان نہیں لاتے۔

[70] یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت اور اپنے علم سے تمام لوگوں کو اپنے نرغہ میں لے رکھا ہے آپ بےدھڑک اسلام کی تبلیغ کا فریضہ ادا کرتے رہیں کسی کی مجال نہیں کہ آپ کو گزند پہنچا سکے۔

[71] اس آیت کی وضاحت اسی سورۃ کی پہلی آیت کے ضمن میں گزر چکی ہے وہاں بتایا گیا ہے کہ اس آیت میں رؤیا کا لفظ خواب کے معنی میں مستعمل نہیں بلکہ عالم بیداری میں دیکھنے کے لیے مستعمل ہے حضرت ابن عباس کا قول ہے ھی رؤیا عین یہاں رؤیا سے مراد عالم بیداری میں دیکھنا ہے۔ سعید بن جبیر، حسن، مسروق، قتادہ، مجاہد، عکرمہ، ابن جریر اور ان کے علاوہ کثیر التعداد علماء تفسیر کی یہی رائے ہے اور اہل عرب کہتے ہیں رأیت بعینی رؤیۃً و رؤیا (مظہری)۔

[72] اس سے مراد زقوم ہے۔ اس کو بھی لوگوں کے فتنہ کا باعث بنایا کیونکہ جب ایک آیت میں بتایا گیا کہ جہنم میں زقوم کا درخت بھی

الْقُرْاٰنِ ؕ وَ نُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ۝۶۰ وَ اِذْ قُلْنَا

بھیجی گئی ہے قرآن میں۔ اور ہم انہیں (نافرمانی کے انجام سے) ڈراتے رہتے ہیں۔ پس نہ بڑھایا اس ڈرانے نے انہیں مگر بڑی ہی زیادہ سرکشی کرنے

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ

لگے۔ اور یاد کرو جب ہم نے حکم دیا فرشتوں کو کہ سجدہ کرو آدم کو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے ۴۳ اس نے کہا کیا میں سجدہ کروں اس

خَلَقْتَ طِيْنًا ۝۶۱ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِیْ كَرَّمْتَ عَلَیَّ ؗ لَئِنْ

(آدم) کو جسکو تو نے کیچڑ سے پیدا کیا۔ اسنے کہا مجھے بتا یہ (آدم) جس کو تو نے مجھ پر فضیلت دی ہے۔ (اس کی وجہ کیا ہے)؟ ۴۴ اگر تو

اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۶۲ قَالَ

مجھے مہلت دے روزِ قیامت تک تو جڑ سے اکھیڑ پھینکوں گا اس کی اولاد کو سوائے چند افراد کے ۴۵ اللہ تعالیٰ نے فرمایا

ہو گا تو ابوجہل کو اسلام پر طعن کرنے کا ایک زریں موقع ہاتھ آیا کہنے لگا ادھر تو آپ ہمیں ایسی آگ سے ڈراتے ہیں جو پتھروں کو جلا کر خاک سیاہ بنا دے گی۔ دوسری طرف آپ یہ کہتے ہیں کہ جہنم میں زقوم کے درخت بھی ہوں گے یہ بات ہماری سمجھ میں تو نہیں آسکتی۔ ابوجہل کے اس اعتراض سے بھی کئی لوگ تذبذب کا شکار ہو گئے۔

۴۳ اس سے پہلے یہ بتایا کہ شیطان تمہارا دشمن ہے اس دشمنی کی ابتدا کب ہوئی اب اس کا ذکر فرمایا جاتا ہے۔

۴۴ اس آیت میں حذف ہے تقدیر کلام یوں ہے اخبرنی عن ھذا الذی فضلتہ علی لم فضلتہ (قرطبی) یعنی آدم کو تو نے مجھ پر فضیلت دی حالانکہ مجھے آگ سے اور اسے خاک سے پیدا کیا اس کی کیا وجہ ہے۔ چنانچہ علامہ زرکشی نے تصریح کی ہے کہ جب رأیت پر ہمزہ استفہام کا داخل ہو جائے تو پھر یہ لفظ دیکھنے کے معنی میں مستعمل نہیں ہوتا بلکہ اس کا معنی اخبرنی 'مجھے بتا' ہو جاتا ہے۔
واذا دخلت الھمزۃ علی رأیت امتنع ان تکون من رؤیۃ البصر والقلب وصارت بمعنی اخبرنی (البرہان فی علوم القرآن جلد ۴ صفحہ ۱۸۳)

۴۵ اگر تو مجھے مہلت دے تو میں اس آدم خاکی کی کمزوریوں کو آشکارا کر کے چھوڑوں گا۔ لاحتنکن کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ قرطبی اور دیگر علماء لکھتے ہیں کہ جب ٹڈی کسی کھیت کو کھا کر چٹ کر جائے تو عرب کہتے ہیں احتنک الجراد الزرع اذا ذھب بہ کلہ۔ یہاں بھی یہ لفظ اسی مفہوم کو ادا کرنے کے لیے استعمال ہوا ہے۔ شیطان کہہ رہا ہے کہ اگر مجھے تو نے مہلت دی تو میں ان سب کو راہ راست سے اکھاڑ کر پھینک دوں گا اور ان کے ایمان کا صفایا کر دوں گا۔ اور ان میں سے چند افراد کے بغیر کوئی ثابت قدم نہ رہے گا۔

اِذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿۶۳﴾

جا چلا جا (جو مرضی ہو کر) سو جو تیری پیروی کریگا ان سے تو بے شک جہنم ہی تم سب کی پوری پوری سزا ہے۔ ۵۵

وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ

اور گمراہ کرنے کی کوشش کر جن کو تو گمراہ کر سکتا ہے ۵۶ ان میں سے اپنی آواز (کے فسوں کاری) سے اور دھاوا بول دے ان پر

بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ

اپنے گھوڑ سواروں اور پیادہ دستوں کے ساتھ اور شریک ہو جا ان کے مالوں میں اور اولاد میں اور ان سے (جھوٹے)

۵۵ بارگاہِ خداوندی سے شیطان کو لوگوں کے بہکانے کا اذنِ عام دیا جا رہا ہے کہ جا! جو تجھ سے ہو سکے وہ کر گزر۔ تیرا اور تیرے پیروکاروں کا ٹھکانہ جہنم ہے جہاں تمہیں تمہاری سیاہ کاریوں کی پوری پوری سزا ملے گی جزاء موفورا مصدر ہونے کی وجہ سے منصوب ہے وهو نصب علی المصدر (قرطبی)

۵۶ اس آیت میں شیطان کو تمام ان وسائل کے اختیار کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے جو کسی کو راہِ حق سے برگشتہ کرنے کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ پہلا حربہ صوت (آواز) ہے یعنی اپنی آواز سے اپنے لیکچروں اور مباحثوں سے ان کی دولتِ ایمان کو غارت کرنے کے لیے جو کچھ تو کر سکتا ہے کر گزر۔ دوسرا حربہ اپنے ہر قسم کے حواریوں کو یکجا کر کے اہلِ حق پر یورش کرنا۔ تیسرا۔ ان کے مالوں یا ان کی اولاد میں شریک ہو جا یعنی محنتِ شاقہ سے مال وہ کمائیں اور خرچ تیری مرضی کے مطابق کریں۔ اولاد پیدا ہو ان کے ہاں لیکن ان کی تربیت اس طرح کی جائے کہ جب وہ جوان ہوں تو گناہوں اور بدکاریوں کے فروغ کا باعث ہوں۔ اور دیکھنے والے کو ایسا محسوس ہو کہ یہ مال ان کے نہیں تاکہ وہ اپنی مرضی سے انہیں وہاں خرچ کریں جہاں خرچ کرنے سے انہیں فلاحِ دارین نصیب ہو سکے بلکہ ان مالوں میں تو ان کا حصہ دار ہے اور تیری اجازت کے بغیر وہ ایک کوڑی بھی کہیں خرچ نہیں کر سکتے اسی طرح اولاد جس کو انہوں نے پالا وہ ان کی اولاد نہیں تاکہ والدین کے حقوق کی بجا آوری ان پر لازم ہو بلکہ تیرے ہر نازوا حکم کی تعمیل ان پر فرض ہے اور مال و اولاد میں شیطان کی شرکت کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ شیطان کی وسوسہ اندازی سے حلال و حرام کی تمیز بھی اٹھ جاتی ہے اور وہ ہر طرح سے مال کمانے میں منہمک ہو جاتے ہیں اس لیے حرام ذرائع سے جو مال وہ کمائیں گے اور ناجائز طریقے سے جو اولاد پیدا ہو گی اس میں تو ان کا برابر کا حصہ دار ہو گا۔ چوتھا حربہ جو شیطان کے پاس لوگوں کو گمراہ کرنے کا سب سے زیادہ خطرناک حربہ ہے۔ وہ جھوٹے وعدوں کا ہے وہ حقیقت کو آشکارا ہونے نہیں دیتا ایسے ایسے گمراہ کن اور نظر فریب اور دلکش لالچوں میں انسان کو مبتلا کر دیتا ہے کہ انسان عمر بھر ان کے پیچھے لگا رہتا ہے اور ساری زندگی گمراہی کی اسی دلدل میں پھنسا رہتا ہے۔

وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۶۴﴾ اِنَّ عِبَادِیْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ

وعدے کرتا رہ۔ اور وعدہ نہیں کرتا ان سے شیطان مگر مکر و فریب کا[۸۶] جو میرے بندے ہیں ان پر تیرا غلبہ نہیں ہو سکتا[۸۷]

سُلْطٰنٌ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿۶۵﴾ رَبُّكُمُ الَّذِیْ يُزْجِیْ لَكُمُ الْفُلْكَ

اور (اے محبوب!) کافی ہے تیرا رب اپنے بندوں کی کارسازی کیلئے۔ تمہارا رب وہ ہے جو چلاتا ہے تمہارے لیے کشتیوں کو

فِی الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۶۶﴾ وَاِذَا

سمندر میں تاکہ تم تلاش کرو (بحری سفر کے ذریعہ) اس کا فضل[۸۸] بیشک وہ تمہارے ساتھ ہمیشہ رحم فرمانیوالا ہے۔ اور جب پہنچتی

[۸۶] یہاں تنبیہ فرمادی کہ شیطان کے وعدے ہرگز قابل اعتماد نہیں وہ محض دھوکہ دینے کے لیے اور تمہیں ہدایت کی راہ سے بھٹکانے کے لیے ایسی چکنی چپڑی باتیں کرتا ہے اس قسم کے کھوکھلے وعدوں کے فریب میں آجانا کسی عقلمند کو زیبا نہیں۔

الغرور تزیین الباطل بما یظن انه حق: باطل کو اس طرح آراستہ و پیراستہ کر کے پیش کرنا کہ وہ سچ معلوم ہونے لگے اسے غرور کہتے ہیں۔

[۸۷] اے شیطان میرے بندوں پر تیرا کوئی افسوں کارگر نہیں ہو سکے گا وہ تیرے دام فریب میں ہرگز نہیں پھنسیں گے۔ تو جتنے جتن کر سکتا ہے کر دیکھ ان عبادی میں جو لطف ہے اس کی حقیقت کا ادراک وہی خوش نصیب کر سکتے ہیں جو ان عبادی کے زمرہ میں داخل ہیں۔

[۸۸] اللہ تعالیٰ کی شان رحمت و ربوبیت کا ایک اور کرشمہ بیان کیا جا رہا ہے کہ بیکراں سمندر کے گہرے پانیوں اور اس میں اٹھنے والی طوفانی موجوں کو تمہاری کشتیوں اور جہازوں کے لیے مسخر فرما دیا ہے ہزاروں من بلکہ لاکھوں ٹن وزن اٹھائے ہوئے تمہارے جہاز سطح آب پر اٹھلاتے پھرتے ہیں اور تمہاری عالمی تجارت کے لیے ایسی شاہراہیں ہموار کر دی ہیں جن کے ذریعہ تم آسانی سے اپنے تجارتی سامان کو ایک ملک سے دوسرے ملک کی طرف لے جاتے ہو اور نفع کماتے ہو کیا یہ اس کا احسان عظیم نہیں رزق حلال کمانے کے لیے اسلام نے ہمیشہ اپنے ماننے والوں کو برانگیختہ کیا ہے یہاں بھی رزق کو فضله (اپنا فضل) فرما کر مسلمانوں کو بحری تجارت کا شوق دلایا ہے الازجاء السوق: ازجاء الفلك سوقه بالريح اللينة۔ موافق اور آہستہ خرام ہوا سے کشتی چلانے کو ازجاء کہتے ہیں۔

مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ

پہنچتی ہے تمھیں تکلیف سمندر میں تو گم ہو جاتے ہیں وہ (معبود) جن کو تم پکارا کرتے ہو سوائے اللہ تعالیٰ کے [67] پس جب وہ خیریت

اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ﴿٦٧﴾ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ

عافیت سے تمھیں ساحل پر پہنچا دیتا ہے (تو تم اس سے) روگردانی کرنے لگتے ہو [68] اور انسان (واقعی) بڑا ناشکرا ہے۔ کیا تم بے خوف ہو گئے ہو اس سے کہ دھنسا

بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ

دے تمھارے ساتھ خشکی کے کنارہ کو یا بھیج دے تم پر اولے برسانے والا بادل [69] پھر اس وقت تم نہیں پاؤگے اپنے لیے

[67] چاہیے تو یہ کہ انسان اپنے رحیم وکریم مالک کے احسانات کا ہر وقت اعتراف کرتا رہے اور شکر ادا کرتا رہے لیکن انسان کی کم فہمی کا کیا کہنا کہ اس نے اللہ تعالیٰ کے سوا دوسروں کو بھی خدائی کے تخت پر بٹھا رکھا ہے اور ان کو بھی اللہ تعالیٰ کا شریک سمجھتا ہے۔ انسان کی اس حماقت کو واضح کرنے کے لیے ارشاد ہے کہ جب تم تجارتی سامان سے بھری ہوئی کشتیاں اور جہاز لے جا رہے ہوتے ہو یا ایک ملک سے دوسرے ملک جانے کے لیے بحری سفر کر رہے ہوتے ہو اس وقت جب خوفناک طوفان امڈ کر آتے ہیں اور گرداب ہلاکت قدم قدم پر منہ کھولے تمھیں ہڑپ کرنا چاہتے ہیں اس وقت تو تمھیں اپنے سارے دیوی دیوتا بھول جاتے ہیں اور صرف رب حقیقی کے حضور میں گڑگڑا کر اپنی نجات وسلامتی کے لیے دعائیں کرنے لگتے ہو۔ اگر تمھارے گھڑے ہوئے بتوں میں خدائی قدرت کا کچھ اثر بھی ہوتا تو ان خطرے کی گھڑیوں میں تمھارے دل ان کی طرف ہی مائل رہتے۔ ان مشکل لمحوں میں ان کی طرف سے تمھارا منہ موڑ لینا اور ایک رب قدیر کے حضور میں فریاد کرنا کیا یہ اس بات کی کھلی دلیل نہیں کہ انسانی فطرت میں عقیدۂ توحید کی تخم ریزی کی گئی ہے اور جب خارجی اور اجنبی آمیزش ختم ہوتی ہے تو عقیدۂ توحید خود بخود بے نقاب ہو جاتا ہے۔

[68] لیکن جب وہ اپنے فضل وکرم سے تمھاری سابقہ نافرمانیوں کو نظر انداز کرتے ہوئے تم پر کرم فرماتا ہے اور تمھیں سلامتی سے ساحل پر پہنچا دیتا ہے تو تم اس وقت پھر اس سے روگردانی کرتے ہو اور اس کے ساتھ اوروں کو شریک ٹھہراتے ہو۔ انسان کی ناشکری کی بھی آخر کوئی حد ہے۔

[69] یعنی اے مشرکین تمھاری حماقت کی بھی حد نہیں۔ سمندر میں تو تم عذاب الٰہی سے ڈر کر شرک سے تائب ہو جاتے ہو لیکن خشکی پر قدم رکھتے ہی پھر وہی تماشے شروع ہو جاتے ہیں گویا تم یہ سمجھتے ہو کہ خشکی پر شرک کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ یہاں کوئی عذاب نہیں آئیگا۔ بے وقوفو! اللہ تعالیٰ چاہے تو جس سطح زمین پر تم کھڑے ہو اسی کو تمھارے سمیت دھنسا دے یا اولے برسا کر تمھیں اور تمھارے کھیتوں کو تہس نہس کر دے۔ الحاصب یقال للسحابۃ التی ترمی بالبرد حاصب اس بادل کو کہتے ہیں جس سے اولے برستے ہیں۔ حاصب اس تیز ہوا کو بھی کہتے ہیں جو سنگریزوں کو الٹ پلٹ دیتی ہے۔

وَكِيْلًا ﴿۶۸﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ

کوئی کارساز۔ کیا تم اس سے بے خوف ہو گئے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمھیں لے جائے سمندر میں دوسری مرتبہ اور بھیجے تم پر

عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا

سخت آندھی جو کشتیوں کو توڑنے والی ہو ۸۳؎ پھر غرق کر دے تمھیں بوجہ کفر کے جو تم نے کیا پھر تم نہیں پاؤ گے

لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿۶۹﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْۤ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ

اپنے لیے ہم سے اس ڈبونے پر کوئی انتقام لینے والا اور بیشک ہم نے بڑی عزت بخشی اولادِ آدم کو ۸۴؎ اور ہم نے سوار کیا انھیں (مختلف سواریوں پر)

وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ

خشکی میں اور سمندر میں اور رزق دیا انھیں پاکیزہ چیزوں سے اور ہم نے فضیلت دی انھیں بہت سی چیزوں پر جن کو ہم نے

۸۳؎ ہو سکتا ہے کہ پھر تمھیں بحری سفر پیش آئے اور جب تم ساحل سے دور سمندر کے گہرے پانیوں میں پہنچ جاؤ تو اللہ تعالیٰ گرجتی ہوئی اور چنگھاڑتی ہوئی تند ہوا تم پر بھیج دے جو کشتیوں کو ریزہ ریزہ کر دے۔ اس وقت تم ہزار مرتبہ چلاؤ فریاد کرو شرک سے تائب ہونے کے وعدے کرو لیکن تمھاری کوئی التجا سنی نہ جائے پھر تم کیا کرو گے اس لیے خدا کے غضب سے ہر وقت ڈرتے رہو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہراؤ۔ مبادا اللہ تعالیٰ کی آتش انتقام بھڑک اٹھے اور تمھیں راکھ کا ڈھیر بنا کر رکھ دے۔ نعوذ باللہ من غضبہ بجاہ حبیبہ المکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم۔

۸۴؎ حضرت صدر الافاضل قدس سرہٗ نے تمام وجوہ تکریم کو ایک جامع فقرہ میں بیان فرما دیا ہے:-

"عقل و علم و گویائی پاکیزہ صورت معتدل قامت اور معاش و معاد کی تدابیر اور تمام چیزوں پر استیلاء و تسخیر عطا فرما کر اور اسکے علاوہ اور بہت سی فضیلتیں دیکر" (خزائن العرفان) علامہ آلوسی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے وجوہ تکریم میں محمد بن کعب کا یہ قول بھی ذکر کیا ہے عن محمد بن کعب بجعل محمد صلی اللہ علیہ وسلم منھم یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اولادِ آدم سے ہونا تمام نوع انسانی کے لیے وجہ صد افتخار ہے۔ کسی نے کیا خوب لکھا ہے:-

اے شرف دودہ آدم بتو ☆ روشنی دیدہ عالم بتو
کیست درین خانہ کہ خیلے تو نیست ☆ کیست برین خوان کہ طفیلِ تو نیست
از تو صلائے بالست آمدہ ☆ "نیست" بہ مہمانی "ہست" آمدہ

یعنی آدم کے سارے خاندان کا عزوشرف حضورؐ کی برکت سے ہے۔ سارے جہان کی آنکھ کا نور حضورؐ ہی ہیں عالم وجود میں کون ہے جو آپکا خادم نہیں اللہ تعالیٰ کے اس دستر خوان کرم پر آپ حقیقی مہمان ہیں باقی سب طفیلی ہیں۔ روز میثاق الست بربکم کے جواب میں حضورؐ نے ہی بلیٰ فرمایا تھا اور حضورؐ کے صدقہ نیست کو ہست کی مہمانی کا شرف حاصل ہوا۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ کے ان انعامات

خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ﴿٧٠﴾ يَوْمَ نَدْعُوا كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ فَمَنْ

پیدا فرمایا نمایاں فضیلت۔ ۸۵ وہ دن جب ہم بلائیں گے تمام انسانوں کو ان کے پیشوا کے ساتھ ۸۶ پس وہ شخص

أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ فَأُولَٰئِكَ يَقْرَءُونَ كِتَابَهُمْ وَلَا يُظْلَمُونَ

جس کو دیا گیا اس کا نامہ عمل اس کے دائیں ہاتھ میں تو یہ لوگ (خوشی خوشی) پڑھیں گے اپنا نامہ عمل اور ان پر ذرہ برابر ظلم نہیں کیا

فَتِيلًا ﴿٧١﴾ وَمَنْ كَانَ فِي هَٰذِهِ أَعْمَىٰ فَهُوَ فِي الْآخِرَةِ أَعْمَىٰ

جائے گا۔ اور جو شخص بنا رہا اس دنیا میں اندھا ۸۷ وہ آخرت میں بھی اندھا ہوگا

وَأَضَلُّ سَبِيلًا ﴿٧٢﴾ وَإِنْ كَادُوا لَيَفْتِنُونَكَ عَنِ الَّذِي أَوْحَيْنَا

اور بڑا گم کردہ راہ ہوگا۔ اور انھوں نے پختہ ارادہ کیا کہ وہ آپ کو برگشتہ کردیں ۸۸ اس (کتاب) سے جو ہم نے وحی کی

کا بھی ذکر فرمایا جو اس نے انسان پر فرمائے ہیں۔

۸۵ احناف اور جمہور اہل سنت کا یہ عقیدہ ہے کہ انسانوں میں جو رسول ہیں وہ سب مخلوقات سے افضل ہیں۔ ان کے بعد فرشتوں میں جو رسول ہیں ان کا درجہ ہے۔ پھر عام فرشتے عام انسانوں سے افضل ہیں۔

۸۶ دنیا میں انسان کو جن فضائل و مکارم سے مشرف فرمایا گیا ہے ان کے ذکر کے بعد اب ان واقعات کو بیان کیا جارہا ہے جو روز محشر انسان کو پیش آئیں گے۔ لغت میں امام اس شخص کو کہا جاتا ہے جس کی پیروی کی جائے خواہ وہ ہدایت پر ہو یا گمراہی پر۔ الامام فی اللغة کل من ائتم به قوم کانوا علیٰ هدی او ضلالة (کبیر) یعنی اہل حق کو ان کے انبیاء کے نام سے پکارا جائے گا۔ اے امت ابراہیم! اے امت موسیٰ! اور اہل باطل کو ان کے گمراہ پیشواؤں کے نام سے بلایا جائے گا۔ اے فرعونیو! اے نمرودیو! اے لعین کے پرستارو! وغیرہ۔ اہل حق کا صحیفۂ عمل ان کے دائیں ہاتھ میں پکڑایا جائیگا جو اس بات کی علامت ہوگی کہ یہ لوگ دارالعمل سے کامیاب و کامران ہو کر آئے ہیں۔ اور ان کو ان کے تمام چھوٹے بڑے اعمال صالحہ کا پورا پورا اجر دیا جائیگا۔

۸۷ جس نے اس دنیا میں حق کے نور کو نہ دیکھا آفتاب ہدایت طلوع ہوا اور انھوں نے اپنی آنکھوں پر تعصب اور ہٹ دھرمی کی پٹی باندھ لی انھیں جب حشر کے میدان میں لا کھڑا کیا جائے گا تو ان کے دل کی آنکھیں تو پہلے ہی نور بصیرت سے محروم تھیں اب بطور سزا ان کی ظاہری آنکھیں بھی اندھی کردی جائیں گی اور انھیں کچھ سجھائی نہ دے گا۔

۸۸ لفظ کاد کی تحقیق کرتے ہوئے صاحب تاج العروس تحریر فرماتے ہیں کہ کاد۔ همّ (پختہ ارادہ کرنا) کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے وکاد یفعل کذا قارب وهمّ۔ نیز علامہ بدر الدین زرکشی نے سید شریف رضی کی کتاب "الغرر" سے اس کے متعدد معانی بیان کرتے ہوئے لکھا ہے الثالث انها بمعنی اراد یعنی کاد کا معنی کسی کام کا ارادہ کرنا ہے۔ اس آیت میں کادوا کا یہی تیسرا معنی زیادہ مناسب ہے

إِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهُ ۖ وَإِذًا لَّاتَّخَذُوكَ خَلِيلًا ﴿٧٣﴾ وَلَوْلَا

طرف وحی کی ہے تاکہ آپ بہتان باندھ کر (منسوب کریں) ہماری طرف اس کے علاوہ۔ تو اس صورت میں وہ آپکو اپنا گہرا دوست بنالیتے۔ اور اگر ہم نے

أَن ثَبَّتْنَاكَ لَقَدْ كِدتَّ تَرْكَنُ إِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيلًا ﴿٧٤﴾ إِذًا لَّأَذَقْنَاكَ

آپکو ثابت قدم نہ رکھا ہوتا تو آپ ضرور مائل ہوجاتے ان کی طرف کچھ نہ کچھ[٨٩] بفرض محال اگر آپ ایسا کرتے تو اس

اس لیے میں نے اس کے مطابق ترجمہ کیا ہے۔ (البرہان جلد ۳ صفحہ ۱۳۰)

ان آیات کی جو تفسیر علامہ ابن کثیر نے کی ہے اس کا ترجمہ ملاحظہ فرمایئے:۔

" ان آیات میں اللہ تعالیٰ اس امر کی خبر دے رہے ہیں کہ وہ خود اپنے محبوب رسول کا مؤید و مددگار ہے۔ وہی راہ راست پر آپ کو ثبات بخشتا ہے۔ وہی ہر قسم کی غلطی سے آپ کو محفوظ رکھتا ہے۔ شریروں کی شر انگیزیوں اور بدکاروں کی بدکاریوں سے وہی حضور کو سلامت رکھتا ہے۔ حضور کے سارے کام اللہ تعالیٰ کے سپرد ہیں۔ وہی اپنے حبیب کا مددگار، نگہبان اور ناصر ہے۔ وہی آپ کو اپنے دشمنوں پر فتح و ظفر بخشنے والا اور آپکے دین کو مخالفین کی مخالفت کے باوجود غلبہ بخشنے والا ہے۔ مشرق و مغرب میں اسلام کا پرچم تائید الٰہی سے لہرا رہا ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تسلیما کثیرا الی یوم الدین (تفسیر ابن کثیر)

ان آیات میں مزید تدبر کرنے سے نبوت کی ذمہ داریوں کی نزاکت کا احساس ہوتا ہے یعنی کلام الٰہی میں کسی وجہ سے ذرہ برابر کمی بیشی ناقابل برداشت ہے۔ کفار مکہ نے بارہا کوشش کی۔ قدموں میں زر و سیم کا ڈھیر لگا دینے، تاج و تخت پیش کرنے اور حسین و جمیل عورت کا رشتہ دینے کی بارہا پیش کشیں کیں لیکن حبیب کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فرما کر ان پیشکشوں کو پائے حقارت سے ٹھکرا دیا کہ اگر تم سورج میرے دائیں ہاتھ پر رکھ دو اور چاند میرے بائیں ہاتھ پر تب بھی میں اللہ تعالیٰ کے کلام میں بال برابر ردو بدل کرنے کے لیے تیار نہیں۔ مجھے جس مقصد کے لیے مبعوث فرمایا گیا ہے اس کی تبلیغ میں سرگرم عمل ہونگا۔ یہاں تک کہ میں اپنے مقصد میں کامیاب ہوجاؤں یا میری زندگی ختم ہوجائے۔

[٨٩] علامہ زرکشی اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں فالمعنی علی النفی وانہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لم یرکن الیھم لاقلیلا ولا کثیرا من جھۃ ان لولا الامتناعیۃ تقتضی ذلک وانہ امتنع مقاربۃ الرکون القلیل لاجل وجود التثبیت بنتفی الکثیر من طریق الاولٰی۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے پاؤں کو مضبوطی سے راہ راست پر مستحکم کر دیا ہے۔ اس لیے کفار کی طرف ادنیٰ سا میلان بھی نہیں ہوسکتا۔ چہ جائیکہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم انکی طرف زیادہ مائل ہوں۔ 'لولا' امتناعیہ کا تقاضا یہی ہے کہ اس کا یہ مفہوم بیان کیا جائے۔ (البرہان، جلد ۴ صفحہ ۱۳۷)

کل ذلک تعظیما لشان النبی صلی اللہ علیہ وسلم وما جبلت علیہ نفسہ الزکیۃ من کونہ لا یکاد یرکن الیھم شیئا قلیلا للتثبیت مع ما جبلت علیہ یعنی نفس کی طہارت کیساتھ تثبیت خداوندی کی سعادت نے حضور کو اس مقام عالی اور شان رفیع پر فائز فرما دیا ہے۔ (الرازی)

ضِعْفَ الْحَیٰوةِ وَ ضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَیْنَا نَصِیْرًا ﴿۷۵﴾

وقت ہم آپ کو چکھاتے دو گنا عذاب دنیا میں اور دو گنا عذاب موت کے بعد ٹ پھر آپ نہ پاتے اپنے لیے ہمارے مقابلہ میں کوئی مددگار۔

وَ اِنْ كَادُوْا لَیَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِیُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَ اِذًا

اور انھوں نے ارادہ کر لیا ہے کہ پریشان و مضطر کر دیں آپ کو اس علاقہ سے تاکہ نکال دیں آپ کو یہاں سے لئے اور اگر انھوں نے

لَّا یَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۷۶﴾ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ

یہ حماقت کی تب وہ نہیں ٹھہر سکیں گے یہاں آپ کے بعد مگر تھوڑا عرصہ (یہی ہمارا دستور ہے ان کے بارے میں جنھیں ہم نے بھیجا آپ سے پہلے

ٹ اس سے حضور کی عظمت شان کا پتہ چلتا ہے۔ کیونکہ جتنا کوئی زیادہ عزیز ہوتا ہے اتنا ہی اس کی معمولی سے معمولی لغزش ناقابل برداشت ہوتی ہے

ع مرے در دیدہ بود کوہ عظیم

حضرت ابن عباس رض فرماتے ہیں کہ حضور تو معصوم تھے۔ یہ تنبیہ حضور کی امت کو کی جا رہی ہے کہ وہ کسی صورت میں دین حق اور احکام شریعت کو چھوڑ کر کفار کی خوشنودی حاصل کرنے کی طرف مائل نہ ہوں۔ وقال ابن عباس کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم معصوماً ولکن ھذا تعریف للامۃ لئلا یرکن احد منھم الی المشرکین فی شیٔ من احکام اللہ تعالیٰ وشرائعہ (قرطبی)

قتادہ سے مروی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضور نے بارگاہ الٰہی میں عرض کی اللھم لا تکلنی الی نفسی طرفۃ عین۔ اے اللہ! مجھے چشم زدن کے لیے بھی اپنے نفس کے سپرد نہ کرنا۔ ہر وہ شخص جو دعوت حق کا فریضہ ادا کر رہا ہو اسے ہر لمحہ ان آیات کو اپنے پیش نظر رکھنا چاہیے۔ مبادا اس سے کوئی ایسی فروگذاشت ہو جائے جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا باعث بن جائے۔ ہمارا علم ناتمام ہے۔ ہماری عقل خام ہے۔ ہم شیطان کی وسوسہ اندازیوں کا صحیح طور پر مقابلہ نہیں کر سکتے۔ ہمارے لیے بچنے کا راستہ صرف یہی ہے کہ صدق دل سے اور عجز و نیاز سے اپنی بے بسی کا پورا اعتراف کرتے ہوئے ہر قدم پر بارگاہ الٰہی میں یہی التجا کریں یاحی یا قیوم برحمتک استغیث لا تکلنی الی نفسی طرفۃ عین واصلح لی شانی کلہ۔

لئے کفار مکہ نے باہمی مشورہ سے یہ طے کیا کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جزیرہ عرب سے نکال دیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں یہ بھی کر دیکھو تمھیں اس کا انجام بھی معلوم ہو جائے گا۔ ہم تمھیں نیست و نابود کر کے رکھ دیں گے۔ یہ تو اسی محبوب کا لحاظ ہے کہ تمھاری غلط کاریوں کے باوجود تم کو عذاب سے نجات ملی ہوئی ہے۔ جب سرزمین عرب سے یہ سراپا یمن و برکت ہستی تشریف لے جائے گی تو تمھیں جلد ہی کیفر کردار کو پہنچا دیا جائے گا۔

مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ﴿٧٧﴾ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ

رسول بنا کر | اور آپ نہیں پائیں گے ہمارے اس دستور میں کوئی ردو بدل ۹۲ | نماز ادا کیا کریں | سورج ڈھلنے

الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ۭ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ

کے بعد ۹۳ سے | رات کے تاریک ہونے تک (نیز ادا کیجیے) | نماز | صبح | بلاشبہ | نماز صبح کا | مشاہدہ

مَشْهُوْدًا ﴿٧٨﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ

کیا جاتا ہے ۹۴ | اور رات کے بعض حصہ میں اٹھو اور نماز تہجد ۹۵ ادا کرو تلاوت قرآن کے ساتھ (یہ نماز) زائد ہے آپ کے لیے | یقیناً فائز فرمائیگا

۹۲ ہمارا یہی دستور ہے کہ جب کوئی قوم اپنے نبی کو اذیت پہنچاتی ہے اور اس کو اپنے وطن سے چلے جانے پر مجبور کرتی ہے اور وہ نبی ان کے مظالم سے تنگ آکر ہجرت کر جاتا ہے تو پھر عذاب الٰہی کے نزول میں کوئی دیر نہیں لگتی۔ یہ ہمارا ایسا دستور اور ایسی سنت ہے جس میں ردو بدل کی گنجائش نہیں۔

۹۳ حضور کریم کو راہ حق سے منحرف کرنے کے لیے مشرکین جو جتن کیا کرتے تھے اور حضورؐ کو تکلیف پہنچانے کے لیے جس طرح سرگرم رہا کرتے تھے۔ ان کے ذکر کے بعد اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو نماز کی ادائیگی کی طرف متوجہ فرما رہا ہے۔ تاکہ ان جاں گسل لمحوں میں تائید خداوندی کی طرف متوجہ ہو جائیں۔ نمازِ پنجگانہ سفرِ معراج میں فرض ہوئی تھی یہاں نمازوں کے اوقات بتائے جا رہے ہیں جن کی تفصیل حضرت جبرئیل علیہ السلام نے دو روز حاضر ہو کر اور جماعت کرا کے کر دی "دلوک" کا معنی اگرچہ غروب آفتاب بھی کیا گیا ہے لیکن یہاں اس کا معنی زوال ہے۔ اکثر صحابہ و تابعین کا یہی قول ہے۔ فی القاموس دلکت الشمس دلوکا غربت او اصفرت او مالت عن کبد السماء والمعنی علی الزوال اولیٰ۔ غسق پہلی رات کے اندھیرے کو کہتے ہیں الغسق ظلمۃ اول اللیل۔ زوالِ آفتاب سے غروبِ شفق تک چار نمازوں کے اوقات ہو گئے۔ فجر کی نماز کا وقت الگ قرآن الفجر سے بیان کیا۔

۹۴ یعنی دن اور رات کے فرشتے اس وقت یکجا ہوتے ہیں۔

۹۵ هجود اضداد سے ہے سونے اور بیدار ہونے دونوں معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ لغت کے امام الازہری نے اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے تهجد ترک هجود (یعنی نیند کو ترک کرنا) کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے تحرج اور تاثم حرج اور اثم کے ترک کو کہتے ہیں۔ (رازی)

پہلے نماز پنجگانہ کے اوقات بیان ہوئے جو ہر کس و ناکس پر فرض تھیں۔ اب اس مخصوص نماز کی ادائیگی کا ذکر ہو رہا ہے جو حبیب کبریا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بطور فرض یا زائد عبادت لازم ہے۔ یہ نماز تہجد ہے یعنی جب لوگ سو رہے ہوں ہر طرف سناٹا چھایا ہو۔ آغوشِ شب میں ہر چیز محو خواب ہو۔ اے حبیب اس وقت اٹھ! اور خلوت گاہ ناز میں شرف باریابی حاصل کر کے جبین نیاز کو

لذتِ سجود سے آشنا کر۔ تیری یہ بے خوابیاں، یہ قلق اور بے کلی، یہ اشکوں کا سیل رواں، یہ شانِ بندگی کا ظہور سب کو شرفِ قبول بخشا جائیگا۔ اور آپ کو مقامِ محمود پر فائز کیا جائیگا جس کی جلالتِ شان کو دیکھ کر دنیا بھر کی زبانیں تیری ثناگستری اور حمد و ستائش میں مصروف ہو جائیں گی۔ عسیٰ کی نسبت جب اللہ تعالیٰ کی طرف ہو اس وقت اس کا معنی یقین ہوتا ہے عسی ولعل من اللہ تعالی واجبتان (البرہان)

مقامِ محمود کی وضاحت فرماتے ہوئے خود نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ ھوالمقام الذی اشفع فیہ لامتی یہ وہ مقام ہے جہاں میں اپنی امت کی شفاعت کروں گا۔ امام مسلم نے حضرت ابن عمر سے نقل کیا ہے کہ ایک روز غمگسارِ عاصیاں اور چارہ سازِ بیکساں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت خلیل کے اس قول کو پڑھا۔ "رب انھن اضللن کثیرا من الناس فمن تبعنی فانہ منی ومن عصانی فانک غفور رحیم (اے رب ان بتوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کر دیا ہے جنھوں نے میری پیروی کی وہ میرے گروہ سے ہونگے۔ اور جنھوں نے میری نافرمانی کی تو تو غفور رحیم ہے۔ پھر حضرت عیسیٰ کے اس جملہ کو دہرایا ان تعذبھم فانھم عبادک وان تغفرلھم فانک انت العزیز الحکیم۔ (اگر تو ان کو عذاب دے تو وہ تیرے بندے ہیں اور اگر انھیں بخش دے تو تو ہی عزیز و حکیم ہے)

پھر حضورؐ نے اپنے مبارک ہاتھ اٹھائے اور عرض کی امتی امتی ثم بکی۔ اے میرے رب میری امت کو بخش دے۔ میری امت کو بخش دے۔ پھر حضورؐ زار و قطار رونے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یا جبرئیل اذھب الی محمد فقل لہ انا سنرضیک فی امتک ولا نسوءک۔ اے جبرئیل میرے محبوب کے پاس جاؤ اور جاکر میرا پیغام دو۔ اے حبیب ہم تجھے تیری امت کے بارے میں راضی کریں گے اور آپ کو تکلیف نہیں پہنچائیں گے

روزِ حشر جب ہر دل پر خوف و ہراس طاری ہوگا جلالِ خداوندی کے سامنے کسی کو دم مارنے کی مجال نہ ہوگی بڑے بڑے شجاع اور زور آور اور سرکش مارے خوف کے پانی پانی ہو رہے ہونگے۔ ساری خلقِ خدا آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت کلیم تک کا دروازہ کھٹکھٹائے گی لیکن کہیں شنوائی نہ ہوگی۔ آخر کار حضرت عیسیٰ کے پاس پہنچے گی اور ان سے شفاعت کی ملتجی ہوگی۔ آپ جواب دینگے کہ میں خود تو آج لب کشائی کی جسارت نہیں کر سکتا۔ ہاں تمھیں ایک کریم کا آستاں بتاتا ہوں جس پر حاضر ہونے والا کبھی نامراد واپس نہیں لوٹا۔ جاؤ! اللہ تعالیٰ کے محبوب محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس اور وہاں جاکر عرضِ حال کرو۔ چنانچہ سب بارگاہِ محبوبِ کبریا صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں حاضر ہونگے اور اپنی داستانِ غم پیش کرینگے۔ حضورؐ سنکر فرمائیں گے انا لھا۔ ہاں میں تمھاری دستگیری کے لیے تیار ہوں۔ حضورؐ عرشِ عظیم کے قریب پہنچکر سجدہ میں گر جائیں گے۔ اپنی پاک اور مطہر زبان سے سبوح و قدوس رب کی حمد و ثنا کرینگے! دھر سے آواز آئے گی یا محمد ارفع راسک قل تسمع اسئل تعط اشفع تشفع اے سراپا خوبی و زیبائی! اپنے سرِ مبارک کو اٹھاؤ۔ کہو تمھاری بات سنی جائے گی تم مانگتے جاؤ ہم دیتے جائیں گے تم شفاعت کرتے جاؤ ہم شفاعت قبول فرماتے جائینگے۔ اس طرح شفاعتِ حبیبؐ سے اللہ تعالیٰ کی رحمتِ بے پایاں کا دروازہ کھلے گا۔

علامہ قرطبی اور دیگر مفسرین نے قاضی ابوالفضل عیاض سے نقل کیا ہے کہ حضورؐ پُرنور سرورِ عالمیاں پانچ شفاعتیں فرمائینگے۔

۱۔ شفاعتِ عامہ جس سے مومن اور کافر اپنے بیگانے سب مستفیض ہوں گے۔

۲۔ بعض خوش نصیبوں کے لیے بغیر حساب کے جنت میں داخل کرنے کی شفاعت فرمائیں گے۔

۳۔ وہ موحد جو اپنے گناہوں کے باعث عذابِ دوزخ کے مستحق قرار پا جائیں گے۔ حضورؐ کی شفاعت سے بخش دیئے جائیں گے۔

۴۔ وہ گنہگار جنہیں دوزخ میں پھینک دیا جائیگا حضور شفاعت فرما کر ان کو وہاں سے نکالیں گے۔

۵۔ اہلِ جنت کے مدارج میں ترقی کے لیے سفارش فرمائیں گے۔

خود سوچیے جس کا دامنِ کرم سب کو ڈھانپے ہوگا۔ جس کی محبوبیت کا ڈنکہ ہر جگہ بج رہا ہوگا۔ جس کی جلالت شان اپنے بھی دیکھیں گے اور بیگانے بھی۔ ایسے میں کونسا دل ہوگا جو اس محبوب کی عظمت کا اعتراف نہ کرے گا اور کونسی زبان ہوگی جو اس کی تعریف و توصیف میں زمزمہ سنج نہ ہوگی۔

یہاں بتایا جا رہا ہے کہ اے مکہ کے باشندو! تم جس کی راہ میں کانٹے بچھانا اپنا مقدس فرض سمجھتے ہو جسے طرح طرح سے اذیت دے کر اپنی تفریح کا سامان کرتے ہو۔ طرح طرح کے شکوک و شبہات میں گرفتار ہو کر میرے برگزیدہ بندے کی جلالت شان کا انکار کرتے ہو۔ اس کی حقیقت سے پردہ تب اٹھے گا جب وہ اورمحشر عزت و جلال کے عرش پر متمکن ہو کر ہر چیز کو اپنے دربار میں گدائی کے لیے طلب فرمائے گا۔ چنانچہ حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا انا سید ولد آدم یوم القیامۃ ولا فخر وبیدی لواء الحمد ولا فخر وما من نبی یومئذ آدم ومن سواہ الا تحت لوائی۔ (ترمذی شریف)

یعنی قیامت کے دن ساری اولادِ آدم کا سردار میں ہونگا۔ حمد کا پرچم میرے ہاتھ میں ہوگا۔ سارے نبی میرے پرچم کے نیچے جمع ہونگے۔ یہ ساری باتیں اظہارِ حقیقت کے طور پر کہہ رہا ہوں۔ فخر و مباہات مقصود نہیں۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے ستائیس صحابہ سے حدیث شفاعت مروی ہونے کی تصدیق کی ہے۔ لیکن ان صریح احادیث صحیحہ کے باوجود معتزلہ اور خوارج نے شفاعت کا انکار کیا۔ علامہ سیوطی فرماتے ہیں۔ یہ حدیث متواتر ہے۔ پس بڑا بدبخت ہے وہ آدمی جو شفاعت کا منکر ہے۔ قال السیوطی ھذا حدیث متواتر فتعس من انکر الشفاعۃ۔ امام بخاری اور مسلم نے حضرت فاروقِ اعظم سے نقل کیا ہے کہ آپ نے ایک دن خطبہ میں فرمایا انہ سیکون فی ھذہ الامۃ قوم یکذبون بعذاب القبر ویکذبون بالشفاعۃ کہ اس امت میں ایک ایسا گروہ پیدا ہوگا جو عذاب قبر کی بھی تکذیب کریں گے اور شفاعت کا بھی انکار کریں گے۔ آج سے پہلے بھی اس کا انکار معتزلہ اور خارجیوں نے کیا اور آج بھی ایک طبقہ بڑی شد و مد سے اس کا منکر ہے اور جب دلائلِ صحیحہ کے باعث انکار نہیں کرسکتے تو شفاعت کا ایسا مفہوم بیان کرتے ہیں جس میں شانِ مصطفےٰ کا انکار پایا جاتا ہے۔ لیکن انھیں یہ جسارت کرتے ہوئے اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ جو آج شفاعت کا انکار کرے گا وہ کل اس سے محروم کر دیا جائے گا۔

رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ

آپ کو آپ کا رب مقامِ محمود پر۔ اور دعا مانگا کیجیے کہ اے میرے رب! جہاں کہیں تو مجھے لیجائے سچائی کے ساتھ لے جا اور

اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿۸۰﴾

جہاں کہیں سے مجھے لے آئے سچائی کے ساتھ لے آ اور عطا فرما مجھے اپنی جناب سے وہ قوت جو مدد کرنے والی ہو ۹۶

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾

اور آپ (اعلان) فرما دیجیے آگیا ہے حق اور مٹ گیا ہے باطل ۹۷ بیشک باطل تھا ہی مٹنے والا۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۙ وَلَا یَزِیْدُ

اور ہم نازل کرتے ہیں قرآن میں وہ چیزیں جو باعثِ شفا ہیں ۹۸ اور سراپا رحمت ہیں اہل ایمان کے لیے ۹۹ اور قرآن نہیں بڑھاتا

۹۶ حضور کو جب ہجرت کا حکم ملا تو یہ آیت نازل ہوئی جس میں ایک دعا کی تلقین کی گئی کہ اے رب کریم میرا مکہ سے ہجرت کرنا بھی سچائی کے ساتھ ہو اور مدینہ میں ورود بھی سچائی کے ساتھ ہو یعنی دونوں کا انجام نیک ہو۔ کہیں سے کوچ کروں یا کہیں اقامت کروں تیری تائید و نصرت میرے شامل حال ہو چنانچہ جو دعا اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم کو سکھائی تھی۔ دنیا نے دیکھا کہ اس کا ایک ایک حرف پورا ہوا۔ مدینہ مہبط انوار الٰہی بنا تو چشم عرش کا نور بن گیا! اور چند سال بعد جب مکہ کا یہ مسافر دس ہزار جانثاروں کے جھرمٹ میں مکہ میں داخل ہوا تو کفر و شرک کی تاریکی کافور ہو گئی اور مکہ بقعۂ نور بن گیا۔

۹۷ یہ اعلان جو بظاہر انتہائی ناسازگار حالات میں ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ میں کیا گیا تھا آخر پورا ہوا۔ مکہ فتح ہوا حضور فتح مبین کا پرچم لہراتے ہوئے مکہ میں داخل ہوئے۔ کعبہ جو ایک عرصہ دراز سے ایک بتکدہ بن چکا تھا جس میں سینکڑوں بتوں کی پرستش ہوتی تھی حضور اس جگہ تشریف لے گئے حضور کے دست مبارک میں ایک چھڑی تھی۔ اس سے بتوں کی طرف اشارہ فرماتے اور زبان پاک سے یہ آیت پڑھتے اور بت منہ کے بل زمین پر آ گرتے۔ اس طرح پھر حق کا بول بالا ہوا اور باطل پسپا اور رسوا ہوا۔

۹۸ یعنی انسان ذہنی قلبی روحانی جسمانی اور اخلاقی جن جن بیماریوں سے دوچار ہوتا ہے اس نسخہ کیمیا میں ان تمام روگوں کے لیے شفا ہے غفلت کی کدورت ہشک و ارتیاب کی تاریکی کفر و شرک کی نجاست اسکے فیض سے سب دھل جاتی ہیں ضرورت صرف اتنی ہے کہ اسکو دیانتداری سے اپنا خضر راہ بنایا جائے پھر اس کی رحمت کے چشمے علم و عمل کے کھیتوں کو سیراب کرتے ہیں اور رشک صد ارم بنا دیتے ہیں۔

۹۹ لیکن جو لوگ اس پر ایمان نہیں لاتے اور جو اس کو پہچانتے ہی نہیں اور اس کے پہچاننے کی کوشش بھی نہیں کرتے۔ ان کی بدبختی میں اضافہ ہوتا ہے اور ان کا مطلع حیات تیرہ و تار ہو جاتا ہے۔

الظّٰلِمِیۡنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾ وَ اِذَاۤ اَنۡعَمۡنَا عَلَی الۡاِنۡسَانِ اَعۡرَضَ وَ

ظالموں کے لیے مگر خسارہ کو اور جب ہم کوئی انعام فرماتے ہیں انسان پر تو وہ (بجائے شکر کے) منہ پھیر لیتا ہے اور

نَاٰ بِجَانِبِہٖ ۚ وَ اِذَا مَسَّہُ الشَّرُّ کَانَ یَـُٔوۡسًا ﴿۸۳﴾ قُلۡ کُلٌّ یَّعۡمَلُ عَلٰی

پہلو تہی کرنے لگتا ہے اور جب پہنچتی ہے اسے کوئی تکلیف تو وہ مایوس ہو جاتا ہے[۱۱۰] آپ فرمایئے کہ ہر شخص عمل پیرا ہے اپنی

شَاکِلَتِہٖ ؕ فَرَبُّکُمۡ اَعۡلَمُ بِمَنۡ ہُوَ اَہۡدٰی سَبِیۡلًا ﴿۸۴﴾ وَ یَسۡـَٔلُوۡنَکَ عَنِ

فطرت کے مطابق[۱۱۱] پس تمہارا رب ہی بہتر جانتا ہے کہ کون زیادہ سیدھی راہ پر گامزن ہے۔ یہ دریافت کرتے ہیں آپ سے[۱۱۲]

۱۱۰ یہ دنیا دارالمحن ہے۔ انسان کو اپنی زندگی میں مختلف قسم کے حالات سے واسطہ پڑتا ہے کبھی عزت و وقار کا آفتاب نصف النہار پر چمک رہا ہوتا ہے۔ راحت و مسرت کی چاندنی ہر طرف نور برسا رہی ہوتی ہے امیدوں کے غنچے کھل کھل کر پھول بن رہے ہوتے ہیں۔ جو قدم اٹھتا ہے کامیابی کی طرف اٹھتا ہے۔ ہر تدبیر ہم آہنگ تقدیر معلوم ہوتی ہے اور کبھی رنج و غم کا اندھیرا چھا جاتا ہے حزن و ملال کی اداسی ہر طرف دامن پھیلائے ہوتی ہے جدھر رخ کرتا ہے محرومی و نامرادی کا سامنا ہوتا ہے۔ ساری آرزوئیں حسرتیں بن کر رہ جاتی ہیں۔ ہر لحظہ بدلنے والے ان حالات میں ہر انسان کا ردعمل یکساں نہیں ہوتا۔ اس آیت میں الانسان سے مراد وہ انسان ہے جس نے قرآن کے نور سے اپنی شاہراہ حیات کو منور نہیں کیا ہوتا۔ بتایا جا رہا ہے کہ ایسا انسان دولت و اقتدار کے زمانہ میں سرکش اور نافرمان بن جاتا ہے۔ اور اپنے پروردگار حقیقی سے یکسر منہ موڑ لیتا ہے۔ اس کی دی ہوئی عزت، دولت صحت کو اس کی نافرمانی میں صرف کرتا ہے لیکن جب غم و اندوہ کے بادل گھر کر آتے ہیں تو سارا نشہ ہرن ہو جاتا ہے اور اس کی ساری نخوتیں ختم ہو جاتی ہیں اور وہ سطح زمین پر اکڑ اکڑ کر چلنے والا مایوسی و ناامیدی کے ایک ہی جھونکے سے خزاں زدہ زرد پتے کی طرح اڑنے لگتا ہے اور حالات کی ناسازگاری کے سامنے بڑی بے بسی سے ہتھیار ڈال دیتا ہے۔ آپ خود غور فرمائیے جو شخص قوت و اقتدار کے زمانہ میں آمادہ فتنہ و فساد ہو جائے اور حالات کی ذرہ سی تبدیلی پر دل ہار کر بیٹھ جائے وہ کسی طرح اپنی قوم، اپنے وطن اور اپنی ذات کے لیے مفید نہیں ہو سکتا لیکن وہ خوش نصیب افراد جو قرآن کے چشمہ فیض سے فیضیاب ہوتے ہیں وہ موافق حالات میں اپنے محسن حقیقی کا دل و جان سے شکر ادا کرتے ہیں اور ناموافق حالات میں مایوس ہو کر ہمت نہیں ہارتے بلکہ اپنے رب کریم کی تائید و نصرت پر یقین محکم رکھتے ہوئے اپنی جدوجہد کو پہلے سے بھی تیز تر کر دیتے ہیں۔ یہ ہے وہ کردار جو ہدایت قرآن سے محروم رہنے والے لوگوں کا زندگی کے مختلف مراحل میں ہوتا ہے اور یہ ہے وہ کردار جس کی تشکیل قرآن کرتا ہے۔

۱۱۱ لفظ شاکلۃ کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ قرطبی رقمطراز ہیں کہ مجاہد نے اس کا معنی طبیعت کیا ہے اور مقاتل نے اس کا معنی جبلت کیا ہے یعنی ہر شخص وہ کام کرتا ہے جو اس کی سرشت اور فطرت کے مطابق ہو۔ اس آیت میں کافروں کی مذمت ہے کہ ان کی

سرشت کیونکہ خبیث ہے اس لیے ان کے اعمال بھی خباثت سے آلودہ ہونگے اور اس میں مومن کی توصیف ہے۔ کیونکہ مومن کی سرشت پاکیزہ ہے اس لیے ان کے اعمال بھی پاکیزہ ہونگے۔ حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے فرمایا کہ میں نے قرآن کریم کو اول سے آخر تک پڑھا ہے اور مجھے اس آیت سے زیادہ امید افزا کوئی آیت نظر نہیں آئی۔ کیونکہ اس میں بتایا گیا ہے کہ ہر کوئی اپنی طبیعت کے مطابق کام کرتا ہے۔ بندے کا کام گناہ کرنا ہے اور رحمتِ خداوندی کا کام گناہوں کا بخشنا ہے۔ قال ابوبکر الصدیق قرأت القرآن من اولہ الی آخرہ فلم ارفیہ ایۃ ارجی واحسن من قولہ تعالیٰ قل کل یعمل علی شاکلتہ فانہ لایشاکل بالعبد الا العصیان ولایشاکل بالرب الا الغفران۔

۱۰۴؎ اس آیت کی شانِ نزول کیا ہے۔ اس کے متعلق دو روایتیں ہیں۔ پہلی یہ کہ یہود کی انگیخت پر مشرکین مکہ نے روح کی حقیقت کے بارے میں حضور رحمتِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سوال کیا۔ دوسری یہ کہ ہجرت کے بعد جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مدینہ طیبہ تشریف فرما ہوئے تو وہاں کے احبار یہود نے اس معمہ کا حل امتحاناً دریافت کرنا چاہا۔ بہر حال یہ ایک ایسا مسئلہ تھا جس کی خلش ہر غور و فکر کرنے والا اپنے دل و دماغ میں محسوس کرتا تھا۔ چنانچہ ہر زمانہ کے فلسفیوں نے اس معمہ کو حل کرنے کی انتہائی کوشش کی لیکن ہر کوشش نے اسے پیچیدہ سے پیچیدہ تر بنا دیا۔ یہی سوال جب بارگاہِ رسالت میں پیش کیا گیا تو زبانِ قدرت نے اس کا یہ مختصر لیکن جامع جواب دے کر تمام اوہام و شکوک کا دروازہ بند کر دیا الروح من امر ربی "یعنی روح میرے رب کا امر ہے" امام فخر الدین رازی اور ان کا تتبع کرتے ہوئے علامہ سید آلوسی صاحب روح المعانی ؒ نے اپنی اپنی تفاسیر میں علماءِ عقل و نقل کی آراء کو یکجا بیان کر دیا ہے۔ ان تفصیلات کا تذکرہ تطویل کا باعث ہوگا۔ اس لیے میں اس کے بیان سے صرف نظر کرتا ہوں لیکن ایک چیز کی طرف قاری کی توجہ مبذول کرنا ضروری سمجھتا ہوں یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولِ محترم کو روح کی حقیقت پر مطلع فرمایا تھا یا نہیں۔ اس کے متعلق امام رازیؒ نے جو لکھا ہے وہی پیشِ خدمت ہے۔ انہ تعالیٰ قال فی حقہ الرحمٰن علم القرآن و علمک مالم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیک عظیما وقال وقل رب زدنی علما وقال فی صفۃ القرآن ولا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین وکان علیہ الصلوٰۃ والسلام یقول ارنا الاشیاء کما ھی فمن کان ھذا حالہ وصفتہ کیف یلیق بہ ان یقول انا لا اعرف ھذہ المسئلۃ مع انہا من المسائل المشہورۃ المذکورۃ بین جمہور الخلق بل المختار عندنا انہم سألوہ عن الروح وانہ صلی اللہ علیہ وسلم اجاب عنہ علی احسن الوجوہ۔

ترجمہ :- اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی شان میں فرمایا ہے الرحمٰن علم القرآن رحمٰن نے قرآن سکھایا اور وعلمک الآیہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وہ کچھ سکھایا جو آپ نہیں جانتے تھے اور آپ پر اللہ تعالیٰ کا فضلِ عظیم ہے۔ پھر حکم دیا کہ دعا مانگو رب زدنی علما اے اللہ میرے علم کو زیادہ فرما! اور قرآن کی صفت بیان کرتے ہوئے فرمایا ولا رطب الآیہ کوئی تر اور خشک چیز ایسی نہیں جو کتاب مبین میں نہ ہو اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام دعا کرتے تھے۔ اے اللہ مجھے تمام چیزیں اس طرح دکھا جس طرح وہ حقیقت میں ہیں۔ تو جس ذات کی یہ شان اور صفت ہو اس کے لیے کب مناسب ہے کہ وہ یہ کہے کہ میں اس مسئلہ کو نہیں جانتا۔ حالانکہ یہ مسئلہ مشہور مذکور مسئلوں میں سے ہے۔ ہمارے نزدیک پسندیدہ بات یہ ہے کہ انھوں نے روح کے متعلق دریافت کیا اور حضور نے اس کا کما حقہ

جواب دیا۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ اس آیت کے ضمن میں بڑی تفصیلی بحث کے بعد لکھتے ہیں وھذہ الآیۃ لاتقتضی نفی العلم بالروح للنبی ولاصحاب البصائر من اتباعہ کہ اس آیت سے یہ لازم نہیں آتا کہ حضورؐ کو اور حضورؐ کے ارباب بصیرت اطاعت کیشوں کو روح کا علم نہ تھا۔ کیونکہ ان نفوسِ قدسیہ کا علم صرف حواس اور کسب و اکتساب سے ہی حاصل نہیں ہوتا بلکہ حواس اور کسب و اکتساب کے بغیر اشیاء کے حقائق کا علم انہیں اللہ تعالےٰ کی طرف سے الہام کیا جاتا ہے۔ ان کے دلوں کے کان ہیں جن سے وہ ایسی باتیں سنتے ہیں جو ظاہری کان نہیں سن سکتے۔ ان کے دلوں کی آنکھیں ہیں جن سے وہ ایسی چیزوں کو دیکھتے ہیں جنہیں یہ ظاہری آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں اس کے بعد علامہ موصوف نے یہ حدیث مشہور نقل کی ہے:۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللہ تعالیٰ لایزال العبد یتقرب الی بالنوافل حتی احببتُہٗ فاذا احببتہ کنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ والحدیث۔

حضورؐ نے فرمایا اللہ تعالےٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ بندہ نفلی عبادتوں کے ذریعہ میرے نزدیک ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں۔ اور جب میں اس سے محبت کرتا ہوں تو میں ہی اس کی قوتِ سمع بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے۔ اور قوتِ بینائی بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔ (تفسیر مظہری) تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو تفسیر مظہری)

حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے روح کے معنی پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اطباء کے نزدیک روح کی تعریف یہ ہے جسم لطیف منبعہ تجویف القلب الجسمانی فینتشر بواسطۃ العروق الضوارب الی سائر اجزاء البدن۔ کہ روح ایک جسمِ لطیف ہے جس کا منبع تجویفِ قلب ہے۔ جو بدن میں پھیلی ہوئی رگ و ریشہ کے ذریعہ جسم کی ہر جزء میں سرایت کرجاتا ہے اور علماء حقیقت کے نزدیک اس کا معنی یہ ہے ھو اللطیفۃ العالمۃ المدرکۃ من الانسان ھو الذی ارادہ اللہ تعالیٰ بقولہ قل الروح من امر ربی وھو امر عجیب ربانی تعجز اکثر العقول والافہام عن درک حقیقتہ۔

یعنی یہ ایک لطیفہ ہے جو علم اور ادراک کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اسی کے متعلق اس آیت میں اشارہ ہے قل الروح من امر ربی۔ اور یہ اللہ تعالےٰ کے رازوں میں سے ایک عجیب راز ہے جس کی حقیقت کو سمجھنے سے بیشتر عقلیں قاصر ہیں۔ علامہ بدرالدین عینی شارح صحیح بخاری ان لوگوں کا رد کرتے ہوئے جو یہ کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کو روح کا علم نہیں دیا گیا۔ لکھتے ہیں قلت وجل منصب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو حبیب اللہ و سید خلقہ ان یکون غیر عالم بالروح وکیف وقد من اللہ علیہ بقولہ وعلمک مالم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیک عظیما (عمدۃ القاری شرح البخاری جلد دوم صفحہ)

ترجمہ:۔ میں کہتا ہوں کہ نبی کریم جو اللہ تعالےٰ کے حبیب اور اس کی ساری خلق کے سردار ہیں۔ آپ کا منصب اس سے بہت بلند ہے کہ آپ کو روح کا علم نہ ہو۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ نے آپ پر احسان کرتے ہوئے فرمایا وعلمک مالم تکن تعلم الآیہ اللہ تعالےٰ نے آپ کو ہر وہ بات سکھا دی جو آپ نہیں جانتے تھے۔ اور (اے محبوب!) آپ کے رب کا آپ پر فضل عظیم ہے۔

الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ وَ مَآ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا

روح کی حقیقت کے متعلق، فرمائیے روح میرے رب کے حکم سے ہے اور نہیں دیا گیا ہے تمہیں علم مگر

قَلِیْلًا ﴿۸۵﴾ وَ لَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ

تھوڑا سا۔ اور اگر ہم چاہتے تو سلب کر لیتے وہ وحی جو ہم نے آپ کی طرف کی ہے پھر آپ کوئی ایسا

لَكَ بِهٖ عَلَیْنَا وَكِیْلًا ﴿۸۶﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ

وکیل نہ پاتے جو آپ کے لیے اس کے متعلق ہماری بارگاہ میں وکالت کرتا بجز اس کے اپنے رب کی رحمت کے اور وہ ہر وقت آپ کے شامل حال ہے یقیناً اس کا فضل و کرم آپ

عَلَیْكَ كَبِیْرًا ﴿۸۷﴾ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَ الْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ یَّاْتُوْا

پر بہت بڑا ہے (بطور چیلنج) کہہ دو کہ اگر اکٹھے ہو جائیں سارے انسان اور سارے جن اس بات پر کہ لے آئیں اس قرآن کی

بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَ لَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ

مثل ۵۸ تو ہرگز نہیں لا سکیں گے اس کی مثل اگرچہ وہ ہو جائیں ایک دوسرے کے

۵۶ اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے مولانا عثمانی لکھتے ہیں یعنی قرآن کا جو علم تم کو دیا ہے خدا چاہے تو ذرا سی دیر میں چھین لے پھر کوئی واپس نہ لاسکے لیکن اس کی مہربانی آپ پر بہت بڑی ہے اسی لیے یہ نعمت عظمیٰ عنایت فرمائی اور چھیننے کی کوئی وجہ نہیں صرف قدرت عظیم کا اظہار مقصود ہے اور یہ کہ کیسی ہی کامل روح ہو اس کے سب کمالات موہوب و مستعار ہیں ذاتی نہیں۔

۵۷ پہلے اپنی قدرت کاملہ مطلقہ کا ذکر فرمایا کہ میں جو چاہوں کر سکتا ہوں۔ حتیٰ کہ آپ سے نعمت وحی بھی اگر سلب کر لوں تو کوئی دم نہیں مار سکتا۔ بیان قدرت کے معاً بعد اپنی رحمت بے پایاں کا ذکر فرما دیا جس سے اس نے اپنے حبیب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو سرفراز فرمایا۔ آیئے اس جملہ میں تو اپنے جود و کرم اور فضل و عطا کی انتہا کر دی کہ اے محبوب ہم نے جو عنایات خصوصی آپ پر فرمائی ہیں وہ قلیل اور محدود نہیں بلکہ وہ بہت زیادہ ہیں۔ آپ خود سوچیے کہ جس فضل و کرم کو اللہ تعالیٰ اپنی زبان قدرت سے کبیر فرما رہا ہے اس کے حدود کا تعین کرنا عقل انسانی کے امکان سے خارج ہے حضور کا سید ولد آدم ہونا، مقام محمود پر فائز ہونا، لواء حمد، رحمۃ للعالمین کا خلعت فرمایا جانا، ختم نبوت کا تاج سر پر رکھا جانا یہ اس فضل کبیر کے چند جھلکیاں ہیں اسی سے شان مصطفوی کا کچھ نہ کچھ اندازہ لگایا جا سکتا ہے اللھم صل علی نبیک وحبیبک الذی شرفتہ بفضلک الکبیر وعطائک الجزیل والطفک الجمیل وعلی الہ وصحبہ وبارک وسلم اللھم لا تحرمنا من شفاعتہ ولا تبعدنا عنہ فی الدنیا والآخرۃ۔

۵۸ یہ چیلنج آج بھی منکرین قرآن و رسالت کو للکار رہا ہے لیکن کسی کی مجال نہیں کہ وہ اس کو قبول کر سکے۔

ظَهِيرًا ﴿٨٨﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِن كُلِّ مَثَلٍ

مددگار۔ اور بلاشبہ ہم نے طرح طرح سے (بار بار) بیان کی ہیں لوگوں کیلیے اس قرآن میں ہر قسم کی مثالیں ۱۰۵ (تاکہ وہ ہدایت

فَأَبَىٰ أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ﴿٨٩﴾ وَقَالُوا لَن نُّؤْمِنَ لَكَ حَتَّىٰ تَفْجُرَ

پائیں) پس انکار کر دیا اکثر لوگوں نے بجز اس کے کہ وہ ناشکری کریں۔ اور کفار نے کہا ۱۰۶ ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے آپ پر جب تک آپ رواں نہ کر دیں

لَنَا مِنَ الْأَرْضِ يَنبُوعًا ﴿٩٠﴾ أَوْ تَكُونَ لَكَ جَنَّةٌ مِّن نَّخِيلٍ وَ

ہمارے لیے زمین سے ایک چشمہ۔ یا لگ کر تیار ہو جائے آپ کے لیے ایک باغ کھجوروں اور

عِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْأَنْهَارَ خِلَالَهَا تَفْجِيرًا ﴿٩١﴾ أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا

انگوروں کا پھر آپ جاری کر دیں ندیاں جو اس باغ میں (ہر طرف) بہ رہی ہوں یا آپ گرا دیں آسمان کو، جیسے آپ کا

زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا أَوْ تَأْتِيَ بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا ﴿٩٢﴾ أَوْ يَكُونَ

خیال ہے، ہم پر ٹکڑے ٹکڑے کر کے یا آپ اللہ تعالیٰ کو اور فرشتوں کو بے نقاب کر کے ہمارے سامنے لے آئیں یا تعمیر ہو جائے

لَكَ بَيْتٌ مِّن زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَىٰ فِي السَّمَاءِ وَلَن نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ

آپکے لیے ایک گھر سونے کا یا آپ آسمان پر چڑھ جائیں ۱۰۷ بلکہ ہم تو اس پر بھی ایمان نہ لائیں گے کہ آپ

۱۰۵ ایک چیز کو بار بار مختلف اسلوبوں سے بیان کرنے کو تصریف الامر کہتے ہیں۔ ای بیّنا بوجوہ مختلفۃ فی التقریر والبیان (مظہری)

یعنی اس میں پند و موعظت بھی ہے اور احکام و حِکَم بھی، گزشتہ گم کردہ راہ اقوام کے دردناک انجام کا بھی ذکر ہے۔ اور مقبولانِ بارگاہِ صمدیت کی سرفرازیوں کا بیان بھی۔ غرضیکہ ہدایت پذیری کے لیے جس قسم کے سامان کی ضرورت ہے سب مہیا کر دیا گیا ہے۔ اب بھی اگر کوئی ہدایت قبول نہیں کرتا تو اس سے بڑھ کر بدنصیب اور کون ہوگا۔

۱۰۶ ان آیات میں کفار کے لغو مطالبات اور لایعنی فرمائشوں کا تذکرہ ہے۔

حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ۭ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا

آسمان پر چڑھ جائیں یہاں تک کہ آپ اتار لائیں ہم پر ایک کتاب جسے ہم پڑھیں۔ آپ (ان سب خرافات کے جواب میں) اتنا فرمادیں میرا رب (ہر عیب سے) پاک ہے

بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝ؑ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَاۗءَهُمُ الْهُدٰٓى

میں کون ہوں بجز ایک آدمی (اللہ کا) بھیجا ہوا۔ اور نہیں روکا لوگوں کو ایمان لانے سے جب آئی اُن کے پاس ہدایت

اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ

مگر اس چیز نے کہ انھوں نے کہا کہ کیا بھیجا ہے اللہ تعالیٰ نے ایک انسان کو رسول بنا کر! (ایسا نہیں ہوسکتا) فرمائیے اگر ہوتے زمین میں (انسانوں کی

مَلٰۗىِٕكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَىِٕنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ مَلَكًا

بجائے) فرشتے جو اس پر چلتے (اور اسمیں) سکونت اختیار کرتے تو ہم (انکی ہدایت کے لیے) ان پر اتارتے آسمان سے کوئی فرشتہ

رَّسُوْلًا ۝ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ

رسول بنا کر فلہ فرمائیے کافی ہے اللہ تعالیٰ گواہ میرے درمیان اور تمھارے درمیان۔ بیشک وہ اپنے بندوں (کے احوال)

خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ۝ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ

کو خوب جاننے والا اور ان کے اعمال کو خوب دیکھنے والا ہے اور جسے اللہ ہدایت دے وہی ہدایت یافتہ ہے اور جسے وہ گمراہ کردے تو آپ نہیں

شلہ ان سب خرافات کا ایک ہی جواب دینے کا حکم فرمایا کہ آپ انھیں کہیے کہ میری یہ مجال نہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کو اس کام پر مجبور کروں جو اس کی حکمت کے خلاف ہو۔ اور اپنی من مانی کراکر رہوں۔ وہ قادرِ مطلق ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

فلہ وہ آپ کے دامنِ سیرت میں بھی کوئی داغ نہیں دکھا سکتے۔ وہ آپ کی دعوت کی حقانیت پر کوئی شبہ نہیں کرسکتے۔ اس قرآن حکیم کا مثل پیش کرنے کی انھیں بار بار دعوت دی گئی لیکن وہ اس دعوت کو قبول نہ کرسکے۔ ان کے پاس آپ کی رسالت کو تسلیم نہ کرنے کی اگر کوئی دلیل ہے تو صرف یہ کہ آپ بشر ہیں۔ اور ان کے نزدیک بشر مقام رسالت پر فائز نہیں ہوسکتا۔ لیکن ان کا یہ اعتراض بھی لایعنی تھا کیونکہ رسول کی آمد کا مقصد تعلیم و ہدایت ہے۔ جب زمین پر بسنے والے انسان ہیں تو ان کی رہنمائی کا فریضہ ان کا ایک ہم جنس ہی احسن طریق پر ادا کرسکتا ہے۔ اگر یہاں فرشتے آباد ہوتے اور ان کی راہنمائی کے لیے کسی رسول کو مبعوث کیا جاتا تو ان میں کسی فرشتہ کو ہی یہ ذمہ داری سونپی جاتی۔

تَجِدَ لَهُمْ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِهِ ۖ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَىٰ

پائیں گے ان (گمراہوں) کے لیے کوئی مددگار اس کے سوا ۱۱۱ اور ہم اٹھائیں گے انھیں قیامت کے روز

وُجُوهِهِمْ عُمْيًا وَبُكْمًا وَصُمًّا ۖ مَّأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنَاهُمْ

منہ کے بل اس حال میں کہ وہ اندھے گونگے اور بہرے ہوں گے ان کا ٹھکانا جہنم ہے جب بھی سرد ہونے لگے گی (جہنم کی آگ)

سَعِيرًا ﴿٩٧﴾ ذَٰلِكَ جَزَاؤُهُم بِأَنَّهُمْ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا وَقَالُوا أَإِذَا كُنَّا

تو ہم ان کے لیے اسکی آنچ کو تیز کر دیں گے۔ یہ سزا ہے ان کی کیونکہ انھوں نے انکار کیا ہماری آیتوں کا اور انھوں نے کہا کیا جب ہم

عِظَامًا وَرُفَاتًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ خَلْقًا جَدِيدًا ﴿٩٨﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ

ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم اٹھائے جائیں گے از سرِ نو پیدا کر کے ۱۱۲ کیا انھوں نے نہیں دیکھا

اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ قَادِرٌ عَلَىٰ أَن يَخْلُقَ مِثْلَهُمْ

کہ اللہ تعالیٰ جس نے پیدا فرمایا ہے آسمانوں اور زمین کو وہ اس پر بھی قادر ہے کہ پیدا فرما دے ان کی مثل

وَجَعَلَ لَهُمْ أَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيهِ فَأَبَى الظَّالِمُونَ إِلَّا كُفُورًا ﴿٩٩﴾ قُل

اور اس نے مقرر فرما دی ہے ان کے لیے ایک میعاد جس میں ذرا شک نہیں پس انکار کر دیا ظالموں نے (اللہ کی قدرت کا) سوائے اسکے کہ وہ ناشکری کریں فرمائیے

۱۱۰ ہدایت دینے والا وہی ہے۔ نفس و شیطان کی وسوسہ اندازیوں سے انسان بچ نہیں سکتا جب تک اس کی توفیق دستگیری نہ کرے جس سے اس نے اپنی نظرِ عنایت پھیر لی اس کا راہ یاب ہونا ناممکن ہو جاتا ہے۔ عقل و فہم کے چراغ بجھ جاتے ہیں اور علم حجابِ اکبر بن جاتا ہے۔

۱۱۱ کیونکہ انھوں نے خداداد صلاحیتوں کو معرفتِ حق کے لیے استعمال نہ کیا۔ اس لیے قیامت کے دن جب وہ اپنی قبروں سے اٹھیں گے تو آنکھوں سے اندھے، کانوں سے بہرے اور زبان سے گونگے ہوں گے۔

۱۱۲ روزِ حشر ان کی ذلّت و رسوائی کی وجہ بیان کی جا رہی ہے۔

لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآىِٕنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ

اگر تم مالک ہوتے میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے تو اس وقت تم ضرور ہاتھ روک لیتے اس خوف سے کہ

الْاِنْفَاقِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ۝۱۰۰ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۢ

کہیں (سارے خزانے) خرچ ہی نہ ہو جائیں۔ واقعی انسان بڑا تنگدل ہے۔ اور ہم نے عطا فرمائی تھیں موسیٰ (علیہ السلام) کو نو روشن

بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَاۗءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ

نشانیاں[۱۳۱] آپ خود پوچھ لیں بنی اسرائیل سے جب موسیٰؑ آئے تھے انکے پاس۔ پس فرعون نے

[۱۳۱] حضرت ابن عباسؓ کی تفسیر کے مطابق تو ان آیات سے مراد آپکے نو معجزات ہیں عصا، یدِ بیضا، سمندر کا شق ہونا، طوفان، ٹڈی دل، جوئیں، مینڈکوں کی کثرت، برتنوں وغیرہ کا خون سے بھر جانا لیکن مندرجہ ذیل حدیث جس کو ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے اپنی جامع میں ذکر کرنے کے بعد اسے حسن صحیح کہا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آیات سے مراد یہاں وہ احکام عامہ ہیں جو ہر نبی کی شریعت کا اساس ہیں۔ حدیث یہ ہے:۔ عن صفوان بن عسال قال قال یہودی لصاحبہ اذھب بنا الی ھذا النبی فقال لہ صاحبہ لا تقل لہ نبی انہ لو سمعک لکان لہ اربع اعین فاتیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فسئلاہ عن تسع آیات بینات فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تشرکوا باللہ شیئا ولا تسرقوا ولا تزنوا ولا تقتلوا النفس التی حرم اللہ الا بالحق ولا تمشوا ببری الی ذی سلطان لیقتلہ ولا تسحروا ولا تاکلوا الربوا ولا تقذفوا محصنۃ ولا تولوا للفرار یوم الزحف وعلیکم خاصۃ الیھود ان لا تعتدوا فی السبت قال فقبلا یدیہ ورجلیہ وقال نشھد انک نبی۔ (الحدیث)

ترجمہ:۔ صفوان بن عسال نے کہا کہ ایک یہودی نے اپنے ایک دوست کو کہا چلو اس نبی کے پاس چلیں۔ اس کے دوست نے کہا کہ تم اپنی زبان سے اسے نبی نہ کہو۔ اگر اس نے یہ بات سن لی تو بڑا خوش ہوگا۔ پس وہ دونوں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انھوں نے موسیٰؑ کی نو آیات بینات کے متعلق سوال کیا تو حضورؐ نے جواب میں فرمایا (وہ نو آیتیں یہ ہیں):۔ (۱) اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ (۲) چوری نہ کرو۔ (۳) زنا نہ کرو۔ (۴) کسی کو بے گناہ قتل نہ کرو۔ (۵) کسی بے گناہ کو حاکم کے پاس نہ لے جاؤ تاکہ وہ اسے قتل کرے۔ (۶) جادو نہ کرو۔ (۷) سود نہ کھاؤ۔ (۸) کسی پاکدامن پر تہمت نہ لگاؤ۔ (۹) میدان جنگ کے دن بھاگو نہیں اور اے یہودیو! تمھارے لیے خاص حکم یہ ہے کہ تم ہفتہ کے دن نافرمانی سے باز رہو۔ صفوان کہتے ہیں کہ حضورؐ کا یہ جامع جواب سن کر انھوں نے حضورؐ کے دونوں مبارک ہاتھوں کو چوما اور دونوں مقدس پاؤں کو بوسہ دیا! اور کہا کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ نبی ہیں۔

إِنِّي لَأَظُنُّكَ يَا مُوسَىٰ مَسْحُورًا ﴿١٠١﴾ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا أَنْزَلَ هَٰؤُلَاءِ

اسے کہا اے موسیٰ! میں تمہارے متعلق خیال کرتا ہوں کہ تم پر جادو کر دیا گیا ہے۔ کلیم نے جواباً فرمایا (اے فرعون!) تو خوب جانتا ہے کہ نہیں اتارا

إِلَّا رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ بَصَائِرَ وَإِنِّي لَأَظُنُّكَ يَا فِرْعَوْنُ

ان نشانیوں کو مگر آسمانوں اور زمین کے رب نے یہ بصیرت افروز ہیں اور اے فرعون! میں تیرے متعلق یہ خیال کرتا ہوں کہ تو

مَثْبُورًا ﴿١٠٢﴾ فَأَرَادَ أَنْ يَسْتَفِزَّهُمْ مِنَ الْأَرْضِ فَأَغْرَقْنَاهُ وَمَنْ

ہلاک کر دیا جائے گا۔ پس اس نے ارادہ کر لیا کہ بنی اسرائیل کو ملک سے اکھاڑ کر پھینک دے سو ہم نے غرق کر دیا اسے اور اس کے

مَعَهُ جَمِيعًا ﴿١٠٣﴾ وَقُلْنَا مِنْ بَعْدِهِ لِبَنِي إِسْرَائِيلَ اسْكُنُوا

سارے ساتھیوں کو اور ہم نے حکم دیا فرعون کو غرق کرنے کے بعد بنی اسرائیل کو کہ تم آباد ہو جاؤ

الْأَرْضَ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيفًا ﴿١٠٤﴾ وَبِالْحَقِّ

اس سرزمین میں پس جب آئے گا آخرت کا وعدہ تو ہم لے آئیں گے تمہیں سمیٹ کر۔ اور حق کے ساتھ ہی

أَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ﴿١٠٥﴾

ہم نے اسے اتارا ہے اور حق کے ساتھ ہی وہ اترا ہے اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر (رحمت الٰہی کا) مژدہ سنانے والا اور (عذاب الٰہی سے) ڈرانے والا

وقف لازم

جب فرعون نے دیکھا کہ سارا ملک مصر صدق دل سے میری خدائی کو تسلیم کر رہا ہے کسی نے کبھی اس پر اعتراض تک نہیں کیا بلکہ کسی کے دل میں خلش تک پیدا نہیں ہوئی تو یہ موسیٰ جو ہمارے شاہی محل میں پل کر جوان ہوا اور پھر مدین کے جنگلوں میں کئی سال روپوش رہا اور گلہ بانی کرتے گزر اوقات کرتا رہا آج بڑی بیباکی سے میری خدائی کا انکار کر رہا ہے۔ ضرور اس کا دماغی توازن درست نہیں یقیناً کسی نے اس پر جادو کر دیا ہے جس کے اثر سے یہ ایسی بہکی بہکی باتیں کر رہا ہے۔

فرعون کے اس الزام کا جواب کلیم اللہ نے اس طرح دیا۔ مثبور کا معنی ہلاک شدہ۔ اور فراء نے کہا کہ مثبور اس شخص کو کہتے ہیں کہ جو بھلائی کی توفیق سے محروم ہو اور شر و فتنہ اس کی فطرت ہو۔ قال الفراء مصروفاً ممنوعاً عن الخیر مطبوعاً علی الشر۔

فرعون تو بیچارے کلیم اور اس کی قوم کو مصر سے جلا وطن کرنے کا ارادہ ہی کرتا رہا اور ہم نے اسے اس کے لاؤ لشکر سمیت بیک جنبش دو گوش پکڑا اور سمندر میں غرق کر دیا۔

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿۱۰۶﴾

اور قرآن کو ہم نے جدا جدا کر کے نازل کیا۔ تاکہ آپ لوگوں کے سامنے اسے ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں اور ہم نے اسے تھوڑا تھوڑا کر کے اتارا ہے ۱۱۹

قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖۤ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖۤ اِذَا

آپ (کفار کو) کہیے خواہ تم ایمان لاؤ اس پر یا نہ ایمان لاؤ ۱۲۰ بیشک وہ لوگ جنہیں دیا گیا ہے علم اس سے پہلے جب

يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۙ﴿۱۰۷﴾ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ

اسے پڑھا جاتا ہے ان کے سامنے تو وہ گر پڑتے ہیں ٹھوڑیوں کے بل سجدہ کرتے ہوئے اور کہتے ہیں ہر عیب اور نقص سے پاک ہے ہمارا رب

اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَ

بلاشبہ ہمارے رب کا وعدہ پورا ہو کر رہتا ہے ۱۲۱ اور گر پڑتے ہیں ٹھوڑیوں کے بل گریہ وزاری کرتے ہوئے اور

۱۱۷ یعنی یہ کتاب سراپا حق ہے۔ اس میں کسی طرح کی آمیزش نہیں ہوئی۔

۱۱۸ یعنی آپ کا کام پیغام حق سنا دینا ہے۔ اگر کوئی آپ کی دعوت پر لبیک کہتا ہے تو یہ اس کی اپنی سعادت ہے۔ اور اگر کوئی بنظر گوش ہو کر اسے نہیں سنتا تو اس کی قسمت!

۱۱۹ انبیاء سابقین پر جو صحائف اور کتب نازل ہوتی تھیں ان کا نزول یکبارگی ہوا کرتا تھا لیکن قرآن کریم کے نزول کے لیے یہ اسلوب بدل دیا گیا۔ آیت میں اس کی وجہ اور اس کی حکمت بیان کی جا رہی ہے۔

۱۲۰ اگر تم قرآن پر ایمان لاؤ گے تو اس میں تمہارا ہی فائدہ ہے۔ قرآن پر تمہارا کوئی احسان نہیں اور اگر ایمان نہیں لاؤ گے، تو تم قرآن کا کچھ بگاڑ نہ سکو گے اپنا ہی نقصان کرو گے۔ اگر تمہارے جیسے ہٹ دھرم قرآن کی عظمت کو تسلیم نہ بھی کریں تو اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔ جب کہ وہ لوگ جو تم سے علم وفضل اور فہم وذکا میں فوقیت رکھتے ہیں۔ وہ اس کے حسن معنوی پر سو جان سے فریفتہ ہیں اور جب کلام ربانی کی صدائے دلنواز وہ سنتے ہیں تو بے ساختہ سجدہ ریز ہو جاتے ہیں۔

۱۲۱ اور ان کی زبانوں سے اللہ تعالیٰ کی تسبیح اور تمجید کے کلمات بے ساختہ نکلنے لگتے ہیں اور وہ تسلیم کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جس کتاب کے نزول کا وعدہ سابقہ آسمانی کتابوں میں کیا تھا وہ پورا ہو گیا۔

يَزِيدُهُمْ خُشُوعًا ﴿١٠٩﴾ قُلِ ادْعُوا اللَّهَ أَوِ ادْعُوا الرَّحْمَٰنَ ۖ أَيًّا مَّا

یہ قرآن انکے خضوع و خشوع کو بڑھا دیتا ہے ۱۲۲؎ آپ فرمائیے یا اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس نام سے

تَدْعُوا فَلَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا

اسے پکارو اس کے سارے نام (ہی) اچھے ہیں ۱۲۳؎ اور نہ تو بلند آواز سے نماز پڑھو اور نہ

تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا ﴿١١٠﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي

بالکل آہستہ پڑھو اسے اور تلاش کرو ان دونوں کے درمیان (معتدل) راستہ۔ اور آپ فرمائیے سب تعریفیں اللہ کے لیے

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُن لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُن

ہیں جس نے نہیں بنایا (کسی کو اپنا) بیٹا اور نہیں ہے جس کا کوئی شریک حکومت و فرمانروائی میں ۱۲۴؎ اور نہیں ہے اس کا

لَّهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ ۖ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا ﴿١١١﴾

کوئی مددگار درماندگی میں اور اس کی بڑائی بیان کرو کمال درجہ کی بڑائی۔

۱۲۲؎ جب ان کے قلوب و ارواح پر برکات قرآنی کا نزول ہوتا ہے۔ جب رحمت کے انوار برستے ہیں تو ان پر وجد و کیف کا عالم طاری ہو جاتا ہے ولیں عجیب قسم کی حرارت اور روح میں گداز پیدا ہوتا ہے سر بارگاہ رب العزت میں بیساختہ جھک جاتا ہے اور آنکھوں سے آنسوؤں کا سیل رواں جاری ہو جاتا ہے اور جوں جوں یہ قرآن سنتے ہیں ان کے جذبات نیاز میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔

۱۲۳؎ ایک رات حضور فخر عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یاد الٰہی میں مصروف تھے۔ ورد یا اللہ یا رحمٰن کا ورد جاری تھا۔ ابوجہل نے سنا تو ٹھٹک کر رہ گیا اور کہنے لگا ادھر دیکھو! ہمیں تو ہمارے خداؤں کے نام لینے سے روکتا ہے اور آج خود دو خداؤں کو پکار رہا ہے۔ اس کے اسی شبہ کا ازالہ کیا جا رہا ہے کہ اللہ اور رحمٰن دو الگ الگ ذاتوں کے نام نہیں بلکہ جس ہستی کا علم ذاتی اللہ ہے اسی کا اسم صفاتی الرحمٰن ہے اور اللہ تعالیٰ کے کئی نام ہیں۔ ہر نام اللہ تعالیٰ کی کسی صفت کمال پر دلالت کرتا ہے۔ تو جب صفات اچھی ہیں اور جس ذات کی صفات ہیں وہ حمید و مجید ہے تو جو اسماء ان صفات کمال پر دلالت کریں گے ان کے اچھا ہونے میں کیا کلام ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ کے ان اسماء حسنیٰ میں سے جس اسم سے بھی اس کو پکارا جائے درست ہے۔

۱۲۴؎ بلاشبہ وہ ذات پاک جو تمام صفات کمال سے موصوف ہے اور تمام عیوب نقائص سے منزہ ہے۔ اسی کے لیے ہر طرح کی تعریف زیبا ہے۔ اس آیت میں ہر قسم کے مشرکانہ عقائد کی پرزور تردید کر دی۔

مطبع ________ تخلیق مرکز پرنٹرز لاہور فون 7229416
کتابت ________ محمود اللہ صدیقی۔ محمد صدیق۔ اقبال اختر
متن ________ بشکریہ تاج کمپنی کراچی
تعداد ________ تین ہزار (۳۰۰۰)
تاریخ طباعت ________ محرم الحرام ۱۳۹۹ھ
ناشر ________ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	سورہ کہف	۵
۲	سورہ مریم	۶۳
۳	سورہ طٰہٰ	۱۰۱
۴	سورہ انبیاء	۱۴۹
۵	سورہ حج	۱۹۵
۶	سورہ مومنون	۲۴۱
۷	سورہ نُور	۲۷۹
۸	سورہ فرقان	۳۴۷
۹	سورہ شعراء	۳۸۱
۱۰	سورہ نمل	۴۲۵
۱۱	سورہ قصص	۴۷۳
۱۲	سورہ عنکبوت	۵۱۵
۱۳	سورہ روم	۵۵۱
۱۴	سورہ لقمان	۵۹۵
۱۵	سورہ سجدہ	۶۲۳
۱۶	تحقیقاتِ لغویہ	۶۴۱
۱۷	التحقیقات النحویہ	۶۴۶
۱۸	فہرست مطالب	۶۴۷

فہرست نقشہ جات

نمبر شمار	نام نقشہ	صفحہ
۱	نقشہ بسلسلہ قصہ ذوالقرنین	۴۶
۲	نقشہ خانہ کعبہ	۲۱۰
۳	نقشہ غزوہ بنو مصطلق	۲۷۹

سرٹیفکیٹ

میں نے اِس قرآن مجید کو حرفاً حرفاً نہایت غور اَور امعانِ نظر سے پڑھا ہے اَور
میں تصدیق کرتا ہوں کہ اِس کے متن میں کوئی کمی بیشی اَور کتابت کی کوئی غلطی نہیں ہے۔

ابو الفیض محمد عبد الکریم
خطیب جامع مسجد خانقاہ ڈوگراں
ضلع شیخوپورہ

ابو الفیض محمد عبد الکریم [illegible]
ابو الفیض محمد عبد الکریم
[illegible]

التحقیقات اللغویہ

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
ا		
استبرق	۱۸	۵۳
ارائك	״	״
موئلا	۱۸	۸۳
إمرا	۱۸	۹۵
اثاثا	۱۹	۷۱
أزّ	۱۹	۷۸
إدّا	۱۹	۸۵
آنست	۲۰	۷
أذری	۲۰	۱۸
امتا	۲۰	۷۸
امة	۲۱	۷۲
ایکہ	۲۶	۹۱
یؤفکون	۲۹	۵۸
״	۳۰	״
اساطیر	۲۳	۵۲
افك	۲۴	۱۵
ایامیٰ	۲۴	۵۰
ب		
بخع	۱۸	۸
بغیاً	۱۹	۴۰

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
تبهتهم	۲۱	۳۴
لبلاغاً	۲۱	۸۸
اَلْبَادُ	۲۲	۲۶
بوّأنا	۲۲	۲۸
بُدُن	۲۲	۴۹
بیعٌ	۲۲	۵۶
بُورا	۲۵	۱۷
یُبلس	۳۰	۱۲
بدع	۳۰	۴
ت		
تترا	۲۳	۲۷
ث		
ثمر	۱۸	۵۵
ثریٰ	۲۰	۴
اثاروا	۳۰	۱۰
تثیر	۳۰	۵۳
ج		
اجاء	۱۹	۲۵
جنیا	۱۹	۲۷
جثیا	۱۹	۶۷
یجئرون	۲۳	۳۸

	سورت نمبر	حاشیہ نمبر
یجتبی	۲۸	۶۷
جُرز	۳۲	۳۲
ح ——		
حُسبان	۱۸	۶۳
اُحیط	۱۸	۶۳
حنانا	۱۹	۱۴
حفیّا	۱۹	۵۰
حصیدا	۲۱	۱۲
یستحسرون	۲۱	۱۶
فحَاق	۲۱	۳۵
حدب	۲۱	۸۱
حصب	۲۱	۸۲
احادیث	۲۳	۲۷
حاصب	۲۹	۳۹
یحبرون	۳۰	۱۶
محضرون	۳۰	۱۷
حکیم	۳۱	۲
حجرا محجورا	۲۵	۲۲
خ ——		
مخاض	۱۹	۲۵
اخفی	۲۰	۵
خامدین	۲۱	۱۲
مخبطین	۲۲	۴۸
لم یخرّوا	۲۵	۷۱
مختال	۳۱	۳۲

	سورت نمبر	حاشیہ نمبر
ختار	۳۱	۵۰
د ——		
لِیُدحضوا	۱۸	۸۲
فیدمغه	۲۱	۱۵
یدافع	۲۲	۵۲
ادّارک	۲۷	۸۰
یدعون	۳۱	۴۸
ر ——		
الرقیم	۱۸	۱۲
رشدا	۱۸	۱۳
مرفقا	۱۸	۲۱
ترهقنی	۱۸	۹۶
رُحما	۱۸	۱۰۲
رسول	۱۹	۵۴
رِئیا	۱۹	۷۱
رکزا	۱۹	۸۵
رکض	۲۱	۱۲
رتقا	۲۱	۲۳
رجالا	۲۲	۳۰
رکاما	۲۴	۴۴
رداً	۲۸	۳۷
ز ——		
زلقا	۱۸	۶۳
یُزجی	۲۴	۴۳
زفیرا	۲۵	۱۳

	سورت نمبر	حاشیہ نمبر
س		
سرادق	۱۸	۵۱
اساور	۱۸	۵۳
سندس	۱۸	۵۳
سمیّا	۱۹	۸
سریّا	۱۹	۲۶
سِرّ	۲۰	۵
فیسحت	۲۰	۴۴
یسطون	۲۲	۸۶
سامرا	۲۳	۴۱
سراب	۲۴	۶۹
سوای	۳۰	۱۱
سلالة	۳۲	۱۱
سوّی	۳۱	۱۲
سَخّر	۳۱	۲۴
ش		
یشوی	۱۸	۵۱
شِعر	۲۶	۱۶
شہاب	۲۷	۹
ص		
صعیدا	۱۸	۶۳
صدفین	۱۸	۱۱۵
صدیقا	۱۹	۴۳
صفصفا	۲۰	۷۸
صواف	۲۲	۴۹
صوامع	۲۲	۵۶
صلوات	۲۲	۵۶
صبغ	۲۳	۱۵
صافات	۲۴	۴۲
اصطفٰی	۲۷	۹
یصّدّعون	۳۰	۴۸
تصعّر	۳۱	۳۲
ض		
ضنکاً	۲۰	۹۱
الضامر	۲۲	۳۰
ضللنا	۳۲	۱۵
ط		
طرائق	۲۳	۱۱
ظ		
ظلل	۳۱	۵۰
ع		
عوج	۱۸	۲
عقبا	۱۸	۴۷
عتیّا	۱۹	۹
۔	۱۹	۶۸
العاکف	۲۳	۲۶
عمیق	۲۲	۳۰
معتر	۲۲	۴۹
عقیم	۲۲	۶۹
عزم	۳۱	۳۱

	سورت نمبر	حاشیہ نمبر
عاکفین	۲۶	۴۳
ع		
غفلة	۲۱	۱
غشاء	۲۳	۲۶
ف		
فتیة	۱۸	۱۳
فرط	۱۸	۴۹
فریّا	۱۸	۳۱
یفترون	۲۱	۱۶
فجاجا	۲۱	۲۶
ففتقنا	۲۱	۲۳
فارھین	۲۶	۸۳
الفتح	۳۲	۳۳
فخورٌ	۳۱	۳۲
ق		
قیّما	۱۸	۳
قبلا	۱۸	۸۰
قطر	۱۸	۱۱۵
قصیّا	۱۹	۲۵
قبس	۲۶ ۲۰	۹ ۵
قاعا	۲۰	۷۸
قصما	۲۱	۱۲
نقذف	۲۱	۱۵
نقدر	۲۱	۷۳
القانع	۲۲	۴۹

	سورت نمبر	حاشیہ نمبر
قیعة	۲۴	۶۹
قواعد	۲۴	۸۴
مقرنین	۲۵	۱۳
لم یقدروا	۲۵	۶۵
مقبوحین	۲۸	۴۳
اقم	۳۰	۳۱
قیّم	۳۰	۳۴
	۳۰	۴۷
مقتصد	۳۱	۵۰
ک		
کھف	۱۸	۱۲
کان	۱۹	۳۵
اکاد	۲۰	۱۴
الکرب	۲۱	۶۰
کالحوت	۲۳	۶۹
کبکبوا	۲۶	۵۶
کسفا	۳۰	۵۳
ل		
ملتحدا	۱۸	۴۵
لسان صدق	۱۹	۵۲
لُدّا	۱۹	۸۵
تلقف	۲۰	۵۴
لھوٌ	۲۱	۳
لُجّی	۲۴	۷۰
لعلّ	۳۲	۴

	سورت نمبر	حاشیہ نمبر
م		
مُہل	۱۸	۵۱
مرید	۲۲	۳
المثل الاعلیٰ	۳۰	۲۸
یجحدون	۳۰	۳۹
مرحا	۳۱	۳۲
مہین	۳۲	۱۱
ن		
منتصرا	۱۸	۶۶
نزلا	۱۸	۱۲۲
نبی	۱۹	۵۴
ندیا	۱۹	۷۰
نسف	۲۰	۷۸
نسی	۲۰	۸۵
ینسلون	۲۱	۸۱
منسکا	۲۲	۳۵
منکر	۲۲	۸۶
نادی	۲۹	۳۳
نبیناکم	۳۲	۲۲

	سورت نمبر	حاشیہ نمبر
و		
وصید	۱۸	۲۴
ولایۃ	۱۸	۶۷
موبقا	۱۸	۷۸
وفدا	۱۸	۸۰
وردا	۱۹	۸۱
اتوکأ	۲۰	۱۴
وجبت	۲۲	۳۹
الودک	۲۴	۷۴
	۳۰	۵۳
ہ		
ھدّا	۱۹	۸۵
ھدی	۲۰	۵
اھش	۲۰	۱۴
ھما	۲۰	۷۸
ھامدۃ	۲۲	۷
ھباءً	۲۵	۲۳
ھضین	۲۶	۸۲

التحقیقات النحویہ

	سورت نمبر	حاشیہ نمبر
کبُرت کلمۃ کی ترکیب	۱۸	۷
ای الحزبین احصٰی کی ترکیب	۱۸	۱۵
بئس الشراب	۱۸	۵۱
ساءت مرتفقا	۱۸	۵۱
لکنا ھو اللہ ربّی	۱۸	۵۹
لا تکلم النّاس ثلاث لیال سویّا	۱۹	۱۲
اشد علی الرّحمٰن عتیّا	۱۹	۶۸
آیاتنا بیّنات	۱۹	۷۰
اِن ھذان لساحران	۲۰	۴۷
وَالذی فطرنا	۲۰	۵۸
لکان لزاما و اجل مسمّی	۲۰	۹۶
ما متعنا بہ ازواجاً منھم	۲۰	۹۸
اسرّ النجوٰی الذین ظلموا	۲۱	۴
الموازین القسط	۲۱	۴۲
سامرا تھجرون	۲۳	۳۱
ینزّل من السماء من جبال فیھا من برد	۲۴	۷۵
ثم کان عاقبۃ الذین اساء وا السوٓئی	۳۰	۱۱
ھل لکم مما ملکت ایمانکم	۳۰	۲۹
فطرۃ اللہ	۳۰	۳۲
وعد اللہ	۳۰	۵
والبحر یمدہ	۳۱	۴۵
تنزیل الکتاب	۳۲	۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مطالب

اللہ جلّ مجدہٗ

۱۔ توحید

	سورت نمبر	آیت نمبر
وہی حمد کا مستحق ہے۔	۱۸	۱، ۲
ہر چیز اسی کی حمد و تسبیح کرتی ہے۔	۲۴	۳۹
اوّل و آخر حمد کا وہی مستحق ہے۔	۲۸	۷۰
صبح و شام اس کی تسبیح کیا کرو۔	۳۰	۱۷
آسمان و زمین میں اسی کی حمد ہو رہی ہے	۳۰	۱۸
رحمٰن عرش پر مستوی ہوا۔	۲۰	۵
" " " " "	۳۲	۴
" " " " " "	۲۵	۵۹
وہ وحدہٗ لاشریک ہے اسکے خوبصورت نام ہیں	۲۰	۸، ۱۴
وہی ایک خدا ہے	۲۱	۲۵-۱۰۸
" " " "	۲۲	۳۴
" " " "	۲۳	۱۱۶
مشرکین کا اقرار کہ زمین و آسمان کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا۔	۳۱	۲۵
ہر چیز طوعاً کرہاً اسی کو سجدہ کرتی ہے۔	۲۱	۲۵
ہم نے زمین و آسمان کو دل لگی کے لیے پیدا نہیں کیا۔	۲۱	۱۶، ۱۷
شمس و قمر، دشت و جبل سب اسی کو سجدہ کناں ہیں۔	۲۲	۱۸

	سورت نمبر	آیت نمبر
وہ بہترین رزق دینے والا ہے۔	۲۲	۵۸
اللّٰہ نور السمٰوٰت والارض	۲۴	۳۵ مع حاشیہ
اس کے نور کی مثال	۲۴	۳۵
خلق و امر اور تدبیر کا وہی مالک ہے۔		
زمین و آسمان کی تخلیق چھ دنوں میں	۲۵	۵۹
اس کی صحیح تشریح	"	"
سمندر سیاہی بن جائیں تب بھی اس کی تعریف کا حق ادا نہ ہو سکے گا۔	۳۱	۲۷
مشرکین کے تلبیہ سے اہل سنت پر اعتراض اور اس کا رد۔	۳۰	۲۸ حاشیہ
تخلیق، رزق، موت و حیات سب اسی کے قبضہ اختیار میں ہیں۔	۳۰	۴۰
تدبیر کائنات اسی کے دست قدرت میں ہے	۳۲	۵
بنجر زمین کو سرسبز کر دیتا ہے۔ تم اور تمہارے جانور اس سے خوراک حاصل کرتے ہو۔	۳۲	۲۷
زمین و آسمان کی ہر چیز کو تمہارے لیے مسخر کر دیا ظاہری اور باطنی نعمتوں کی حد کر دی۔	۳۱	۲۰
اس کا کوئی بیٹا نہیں۔	۱۹	۹۲، ۹۳
اسے زیبا نہیں کہ کسی کو بیٹا بنائے۔	۱۹	۳۵
فرشتے اس کے معزز بندے ہیں اولاد نہیں	۲۱	۲۶-۲۷

۲۔ دلائلِ توحید

	سورت نمبر	آیت نمبر
زمین کی زینتیں اسی نے پیدا فرمائی ہیں۔	۱۸	۷
اس نے زمین کو بچھونا بنایا اور اس میں راستے بنائے۔	۲۰	۵۳ تا ۵۵
اگر کوئی دوسرا خدا ہوتا تو نظامِ عالم درہم برہم ہوجاتا	۲۱	۲۲ مع حاشیہ
زمین وآسمان جڑے ہوئے تھے (کانتا رتقا)، پھر ہم نے ان کو الگ الگ کردیا اور دیگر دلائل	۲۱	۳۰ تا ۳۳
فلک اور سماء دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ اس کی تحقیق	۲۱	۳۳ مع حاشیہ
لیل و نہار، شمس و قمر کا وہی خالق ہے	۲۱	۳۳
آسمانوں کو بلند کرنا، شمس و قمر کی تسخیر، تدبیرِ امر، زمین کا بچھانا، انہار و اثمار، لیل و نہار	۲۲	۶۱ تا ۶۵
کفار کا اعتراف توحید۔	۲۳	۸۴ تا ۹۰
وہ پانی کو اندازے سے اتارتا ہے۔	۲۳	۱۸
کھجوروں اور انگوروں کے باغات	۲۳	۱۹
زیتون کا درخت	۲۳	۲۰
جانوروں میں قدرت کی نشانیاں	۲۳	۲۱، ۲۲
وہی زندہ کرنے والا وہی مارنے والا ہے	۲۳	۸۰
اختلاف لیل و نہار۔	″	″
دلائل تکوینی	۲۴	۴۳ تا ۴۴
سایہ کا پھیلنا وغیرہ، آیاتِ تکوینیہ	۲۵	۴۵ تا ۵۰
میٹھے کڑوے پانی کا یکجا ہونے کے باوجود آپس میں نہ ملنا۔	۲۵	۵۲
دلائلِ توحید	۲۸	۷۰ تا ۷۳

	سورت نمبر	آیت نمبر
توحید کے قرآنی دلائل	۲۰	۶۰ تا ۶۶
وجعل الارض قرارا کی تشریح	۲۷	۶۱ مع حاشیہ
آسمانوں اور زمین کی تخلیق زبانوں اور رنگوں میں اختلاف اہلِ علم کے لیے ان میں روشن نشانیاں ہیں۔	۳۰	۲۲
رات کی نیند، دن کی تگ و دو میں غور سے سننے والوں کے لیے آیات ہیں۔	۳۰	۲۳
بجلی کا چمکنا، بارش کا برسنا، پھر زمین کا زندہ ہونا اہلِ عقل کے لیے اس میں نشانیاں ہیں	۳۰	۲۴
آسمان وزمین اسکے حکم سے اپنی اپنی جگہ قائم ہیں	۳۰	۲۵
ایسی قدرت والا تمہیں قیامت کے دن زندہ کرے گا	۳۰	۲۵
جب تم اپنے اموال میں اپنے غلاموں کو برابر کا حصہ دار بنانا گوارا نہیں کرتے تو پھر خدا کی خدائی میں کون اس کا حصہ دار بن سکتا ہے۔	۳۰	۲۸
مشرکین کے تلبیہ سے اہلِ سنت پر اعتراض اور اس کا رد۔	۳۰	۲۸ حاشیہ
ہواؤں کا چلنا، پانی میں کشتیوں کا تیرنا اس کی قدرت کی نشانیاں ہیں۔	۳۰	۴۶
ہواؤں کا چلنا، بادلوں کا چھانا، بارش کا برسنا اس کی قدرت کی نشانیاں ہیں	۳۰	۴۸
آسمانوں اور زمین کی چھ دنوں میں تخلیق۔	۳۲	۴
آسمانوں کو بغیر ستونوں کے پیدا کیا اور زمین میں پہاڑ جمائے تاکہ وہ ڈولتی نہ رہے۔	۳۱	۱۰
زمین و آسمان کی ہر چیز کو تمہارے لیے مسخر کردیا ظاہری باطنی نعمتوں کی حد کردی۔	۳۱	۲۰

	سورت نمبر	آیت نمبر
رات کو دن میں، دن کو رات میں داخل کرتا ہے تسخیر شمس وقمر ہر چیز اپنے وقت مقررہ تک رواں دواں ہے۔	۳۱	۲۹
کشتی کے سطح آب پر چلنے میں صبار شکور کے لیے بڑی نشانیاں ہیں۔	۳۱	۳۱
انسان کی تخلیق کے مراحل۔	۲۲	۵
مٹی سے انسان کی تخلیق	۳۰	۲۰
سلسلہ ازدواج اور باہمی مودت ورحمت	۳۰	۲۱
کمزوری سے قوت اور قوت سے ضعف و بڑھاپا	۳۰	۵۵
جس چیز کو بنایا خوب بنایا۔	۳۲	۷
انسان کی تخلیق طین سے	۳۲	۷
اس کی نسل ماء مہین سے	۳۲	۸

۲۔ صفات الٰہی

(ا) علم الٰہی

	سورت نمبر	آیت نمبر
وہ رازوں اور پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے۔	۲۰	۷
وہ گزشتہ آئندہ سب حالات کو جانتا ہے۔	۲۰	۱۱۰
اسکی حقیقت کو کوئی نہیں سمجھ سکتا۔	۲۰	۱۱۰
وہ ہر بات کو جانتا ہے۔	۲۱	۱۱۰
وہ ہر چیز کو دیکھنے والا ہے۔	۲۲	۱۷
وہ لطیف خبیر ہے۔	۲۲	۶۳
	۳۱	۱۹
سمیع بصیر ہے۔	۲۲	۶۱
وہ العلی الکبیر ہے۔	۲۲	۶۲
وہ غنی حمید ہے۔	۲۲	۶۴
وہ زمین وآسمان کی ہر چیز کو جانتا ہے۔	۲۲	۷۰
وہ دلوں کے راز جاننے والا ہے۔	۲۸	۶۹،۶۸
〃	۲۷	۷۴
〃	۳۱	۲۳
وہ عالم الغیب ہے۔	۲۷	۶۵
علم غیب کی تفصیلی بحث۔ حاشیہ آیت مذکورہ		
زمین وآسمان کی ہر چیز کو جانتا ہے	۲۹	۵۲
وہ سمیع علیم ہے	۲۹	۶۰،۵
بکل شیٔ علیم	۲۹	۶۲
عالم الغیب والشہادۃ	۳۲	۶
رائی سے بھی چھوٹی چیز یا چٹان کے اندر جو چیز ہو اس کو جانتا ہے۔	۳۱	۱۶
سارے درخت قلمیں اور سارے سمندر سیاہی بن جائیں تب بھی اسکے علم کا بیان مکمل نہیں ہوتا	۳۱	۲۷
وہ سمیع بصیر ہے۔	۳۱	۲۸
بما تعملون خبیر۔	۳۱	۲۹

(ب) رحمت ومغفرت الٰہی

	سورت نمبر	آیت نمبر
آپ کا رب غفور اور رحمت والا ہے۔	۱۸	۵۸
وہ مجرم کو فوراً نہیں پکڑتا بلکہ مہلت دیتا ہے۔	۱۸	۵۸
اپنے بندے زکریا علیہ السلام پر خصوصی رحمت	۱۹	۲
انبیاء پر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور ان کیلئے ذکر خیر	۱۹	۵۰
اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والے کے لیے غفار ہے	۲۰	۸۲
وہ لوگوں کے لیے رؤف رحیم ہے	۲۲	۶۵
عفو غفور ہے	۲۲	۶۰
اس کی رحمت اور اس کا فضل نہ ہوتا تو تم میں سے کوئی بھی پاک نہ ہوتا۔	۲۴	۲۱

	سورت نمبر	آیت نمبر
وہ برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیتا ہے وہ غفور رحیم ہے۔	۲۵	۷۰
آپ کا رب لوگوں پر فضل و کرم فرمانے والا ہے	۲۷	۷۳
وہ کسی پر ظلم نہیں کرتا لوگ ہی اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں۔	۲۹	۴۰
جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جس پر چاہتا ہے رحمت فرماتا ہے۔	۲۹	۲۱
اس کے عذاب اور رحمت کی مختلف صورتیں	حاشیہ آیت بالا	
وہ عزیز رحیم ہے۔	۳۰ ۳۱	۵ ۶
وہ کسی پر ظلم نہیں کرتا، لوگ خود اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں۔	۳۰	۹
نجات اس کی رحمت سے ہی ہوگی	۳۰	۴۵
مومنوں کی نصرت اللہ تعالیٰ کے ذمۂ کرم پر ہے کان حقا علینا نصر المومنین	۳۰	۴۷
اللہ تعالیٰ کی مختلف قسم کی نعمتیں ان میں عرفان الٰہی اور آتش عشق سرفہرست ہے۔	۳۱	۲۰ حاشیہ
(ج) اللہ تعالیٰ ہر چیز کا خالق و مالک ہے		
زمین اور جو کچھ اس کے اوپر ہے اس کے ہم وارث ہیں۔	۱۹	۴۰
آسمانوں اور زمین کا وہ خالق ہے	۱۹	۶۵
آسمانوں زمین اور ما فیھا کا وہی مالک ہے	۲۴ ۲۰ ۲۲ ۲۱ ۲۵ ۳۱	۶۴ ۶ ۶۴ ۶۰،۱۹ ۲-۱ ۲۶
ہر چیز کو پیدا کیا اور اسے نور ہدایت بخشا۔ (اعطی کل شیئ خلقہ ثم ھدیٰ)	۲۰	۵۰

	سورت نمبر	آیت نمبر
تمہاری ظاہری اور باطنی قوتیں اسی نے پیدا کیں۔	۲۳	۷۸
اسی نے تمہیں زمین میں پھیلایا وہی تمہیں زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔	۲۳	۸۰،۷۹
ہر جانور کو پانی سے پیدا کیا اور جیسے چاہا۔	۲۴	۴۵
اس نے زمین و آسمان کو حق کیساتھ پیدا کیا۔	۲۹	۴۴
وہ غنی عن العالمین ہے۔	۲۹	۶
تخلیق کی ابتدا اور اس کا اعادہ اس کے لیے آسان ہے۔	۲۹	۲۰۔۱۹
زمین و آسمان کی ہر چیز اسی کی ہے اور اسی کی فرمانبردار ہے	۳۰	۲۶
تخلیق، رزق، موت و حیات، سب اسی کے قبضۂ اختیار میں ہیں۔	۳۰	۴۰
وہ غنی حمید ہے	۳۱	۲۶
(د) وہ ہر چیز پر قادر ہے		
جسے وہ گمراہ کردے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا	۱۸	۷
بڑھاپے میں بچہ دینا اس کے لیے آسان ہے۔	۱۹	۹
بغیر باپ بیٹا دینا اس پر آسان ہے۔	۱۹	۲۱
اس کے امر کُن سے ہر چیز ہو جاتی ہے۔	۱۹	۳۵
اس سے کوئی باز پرس نہیں کر سکتا۔	۲۱	۲۳
جو چاہتا ہے کرتا ہے۔	۲۲	۱۸-۱۴
وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے	۲۲	۶۶
جس کو وہ ذلیل کرے اسے کوئی عزت دینے والا نہیں۔	۲۲	۱۸
جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔	۲۴	۴۶،۴۴
ہر چیز پر قادر ہے۔	۲۹	۱۹ تا ۲۲

	سورت نمبر	آیت نمبر
تمہارا رازق اللہ تعالےٰ ہے بُت نہیں۔	۲۹	۱۷
آفرینش کا آغاز اُس نے کیا اور اعادہ	۳۰	۱۱-۲۷
اس پر مشکل نہیں۔	۲۹	۱۹-۲۰
وہ ہر چیز پر قادر ہے۔	۲۹	۲۰
جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور		
جس پر چاہتا ہے رحمت فرماتا ہے۔		
اسکے عذاب اور رحمت کی مختلف صُورتیں	۳۱	۲۱
جس کی چاہتا ہے مدد فرماتا ہے۔	۳۰	۵
زندہ کو مُردہ سے اور مُردہ کو زندہ سے وہی نکالتا ہے	۳۰	۱۹
جس کو چاہتا ہے وسیع رزق دیتا ہے اور	۳۰	۳۷
جس کو چاہتا ہے مفلس کر دیتا ہے۔		
اس کی اس تقسیم میں اسکی حکمت کی نشانیاں ہیں۔	〃	〃
وہ مُردوں کو زندہ کر سکتا ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے	۳۰	۵۰
وہ جسے چاہتا ہے پیدا کرتا ہے وہ علیم قدیر ہے	۳۰	۵۴
تم سب کو پیدا کرنا پھر مرجانے کے بعد زندہ	۳۱	۱۸
کرنا اُس کے لیے آسان ہے۔		
وہ علی کبیر ہے۔	۳۱	۳۰
(۵) اللہ تعالیٰ کسے ہدایت دیتا ہے۔		
جسے وہ ہدایت دے وہی ہدایت یافتہ ہے۔	۱۸	۱۷
جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔	۱۶	۲۲
ایمان والوں کو صراطِ مستقیم کی ہدایت دیتا ہے	۲۲	۵۴
جس کو چاہتا ہے اور راستی کی ہدایت دیتا ہے	۲۴	۴۶
تمہارا اور مجملہ حیوانات کا وہی رازق ہے	۲۹	۶
جسے چاہتا ہے فراخ روزی دیتا ہے جسے	۲۹	۶۲
چاہتا ہے مُفلس کر دیتا ہے۔		

	سورت نمبر	آیت نمبر
اللہ تعالیٰ محسنین کے ساتھ ہے	۲۹	۶۹
(و) کس کو ہدایت نہیں دیتا اور محبت نہیں کرتا		
وہ گمراہ کرنے والوں کا حامی نہیں۔	۱۸	۵۱
وہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔	۲۸	۵۰
وہ مفسدین کو پسند نہیں کرتا۔	۲۸	۷۷
اتباعِ اہواء کے باعث جسے خُدا گمراہ کر دے	۳۰	۲۹
اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔		
وہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا	۳۰	۴۵

متفرق

	سورت نمبر	آیت نمبر
اگر سارے سمندر سیاہی بن جائیں۔ الخ	۱۸	۱۰۹
ہم باطل پر حق سے چوٹ لگاتے ہیں اور	۲۱	۱۸
اسے پاش پاش کر دیتے ہیں۔		
جسے خدا ذلیل کرے اُسے کوئی عزت دینے والا نہیں	۲۲	۱۸
جو اللہ تعالےٰ کے دین کی مدد کرتا ہے اللہ تعالےٰ اسکی مدد کرتا ہے	۲۲	۴۰
جن پر زیادتی کی گئی اللہ تعالےٰ انکی مدد فرمائے گا۔	۲۲	۶۰
اللہ تعالےٰ ہی معبود برحق ہے باقی سب جھوٹے خدا ہیں	۲۲	۶۲
قیامت کے دن اللہ تعالےٰ تمہارے درمیان فیصلہ فرمائیگا	۲۲	۶۹
بیشک اللہ تعالیٰ قوی عزیز ہے۔	۲۲	۷۴
سمیع بصیر ہے۔	۲۲	۷۵
اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو ایک اندازے سے پیدا کیا ہے	۲۵	۱-۲
بیشک آپ کا رب عزیز رحیم ہے۔	۲۶	۹
(یہ آیت اس سورت میں کئی بار آئی ہے)		
اللہ تعالےٰ نے ہر چیز کو نہایت عمدہ طریقے سے بنایا ہے۔	۲۷	۸۸
مشرک صنعتکاروں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت	حاشیہ آیت بالا	
وہ غنی عن العالمین ہے۔	۲۹	۶
وہ وعدہ خلاف نہیں کرتا۔	۳۰	۶

سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

۱۔ نبوت و رسالت

	سورت نمبر	آیت نمبر
انبیاء کی میراث کی تحقیق	۱۹	۵-۴ حاشیہ
نبوت و رسالت کا مفہوم	۱۹	۵۱ حاشیہ
انبیاء پر اللہ تعالیٰ کے انعامات	۱۹	۵۸
انسانوں کی طرف انسان ہی نبی بن کر آئے افادہ و استفادہ اسکے بغیر ناممکن ہے۔	۲۱	۷
رسول ہمیشہ مرد ہی آئے ہیں	۲۱	۷
ہم نے انبیاء سے اپنا وعدہ پورا کیا وہ نجات پاگئے اور اُن کے دشمن ہلاک ہوگئے۔	۲۱	۹
میں تمہارے لیے نذیر مبین ہوں۔	۲۲	۴۹
ہر اُمت کے لیے ایک شریعت ہے۔	۲۲	۶۷
بیشک آپ ہدایت پر ہیں۔	۲۲	۶۷
اگر وہ آپ سے جھگڑیں تو آپ اللہ تعالیٰ کے سپرد کریں	۲۲	۶۸
حضورؐ سارے عالموں کے لیے نذیر ہیں۔	۲۵	۱
حضورؐ کی رسالت پر کفار کے اعتراضات اور ان کے جوابات	۲۵	۷ تا ۱۱
آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیں۔	۲۶	۲۱۴
رسول کے ذمہ بلاغ مبین ہے۔	۲۹	۱۸
حضورؐ کی ذات شک و شبہ سے بالاتر ہے	۲۹	۴۸

۲۔ رحمت و خلقِ عظیم

	سورت نمبر	آیت نمبر
کیا آپ ان کے غم میں جان دے دیں گے	۱۸	۶ حاشیہ
آپ انکی رفاقت پر صبر فرمائیں جو اہل ایمان ہیں	۱۸	۲۸
فقرائے اُمت پر آپ کی نگاہِ شفقت ہمیشہ رہے	۱۸	۲۸
ستر ہزار بے حساب ان میں سے ہر ایک کے ساتھ ستر ستر ہزار بخش دیے جائیں گے۔	۱۹	۸۵ حاشیہ
حضورؐ کی رحمۃ للعالمینی کے صدقے کفار پر فوراً عذاب نہیں ہوتا	۲۰	۱۲۸ حاشیہ
بریئا مما تعملون فرمایا بری منکم نہیں فرمایا۔ اس کی حکمت۔	۲۶	۲۱۶

۳۔ شانِ مصطفوی

	سورت نمبر	آیت نمبر
اللہ تعالیٰ نے اپنے برگزیدہ بندے پر کتاب نازل کی۔	۱۸	۱
حضورؐ کی بشریت کی حقیقت۔	۱۸	۱۱۰ حاشیہ
شانِ بندگی میں آپکا کوئی ہمسر نہیں	۱۸	۱
نورِ محمدی کی تخلیق۔	۱۸	۱۰۹ حاشیہ
ربک ' ربوبیت کی نسبت اپنی طرف (آپ کا رب)	۱۹	۲
شفاعت کا ضابطہ	۱۹	۸۷

	سورت نمبر	آیت نمبر
طٰہٰ (اے چودھویں کے چاند)	۲۰	۱
آپکا مبدا تعین محبوبیت ہے اور آپ سب محبوبوں کے سردار ہیں	۲۰	۳۹
آپ صبر فرمایئے صبح شام رات دن تحمید و تسبیح کرتے رہیے۔	۲۰	۱۳۰
ذکرِ الٰہی سے آپکو قلبی خوشی نصیب ہوگی۔	۲۰	۱۳۰
پہلے انبیاء بھی بشر ہی تھے	۲۱	۷
بارگاہِ رسالت میں بے ادبی بربادی کا باعث ہے	۲۱	۲۳ حاشیہ
حضرت انس کی عرض پر حضور کا ارشاد کہ قیامت کے روز مجھے تین جگہ تلاش کریں۔	۲۱	۴۷ حاشیہ
حضور رحمت للعالمین ہیں۔	۲۱	۱۰۷ حاشیہ
جو خیال کرتا ہے اللہ اپنے رسول کی مدد نہیں فرمائے گا وہ گلے میں رسی ڈال کر خودکشی کرلے۔	۲۲	۱۵
تلک الغرانیق العلیٰ کی روایت موضوع ہے	۲۲	۵۲ حاشیہ
حضور تم پر گواہ اور تم لوگوں پر گواہ	۲۲	۷۸
آپ ہدایت مستقیم پر ہیں۔	۲۲	۶۷
حضور کی رشتہ داری قیامت کو بھی نفع دیگی	۲۳	۱۰۱
حضرت سیدہ کی فضیلت	۲۳	۱۰۱ حاشیہ
بارگاہِ رسالت میں استغاثہ شرک نہیں	۲۳	۵۸ حاشیہ
حضرت مریم اور یوسف کی برات کا اعلان کسی اور حضرت عائشہ کی برات کا اعلان خود فرمایا	۲۴	۲۶ حاشیہ
مثل نورہ کا مرجع حضور کی ذات ہے	۲۴	۳۵ حاشیہ
حضور جس کو چاہیں اجازت دیں اور ان کے لیے مغفرت طلب کریں۔	۲۴	۶۲
حضور کو بلانے کے آداب	۲۴	۶۳

	سورت نمبر	آیت نمبر
آپکا رب آپکا ہادی اور مددگار ہے	۲۵	۳۱
آپ مبشر اور نذیر ہیں۔	۲۵	۵۶، ۵۷
حضور کی شان رفیع	۲۵	۹ حاشیہ
زمین کے خزانوں کی کنجیاں	۲۵	۱۰
حبیب و کلیم میں فرق	۲۶	۶۲
اپنے غلاموں کے لیے اپنے پروں کو بچھا دیجیے	۲۶	۲۱۵
اس پر توکل فرمایئے جو ہر وقت آپکو دیکھتا ہے		
حین تقوم و تقلبک فی الساجدین	۲۶	۲۱۸ تا ۲۱۹
حضور کے والدین کا ایمان	۲۶	۲۱۹ حاشیہ
اللہ پر توکل فرمایئے آپ حق مبین پر ہیں۔	۲۷	۷۹
حضرت عبیدہ بن حارث کا جان دیتے وقت چہرہ کو قدم مصطفےٰ پر رکھنا۔	حاشیہ آیت بالا	
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا شیخین کو ساتھ لے کر دعا کرنا اسلام کی مدد فرمانا۔	۳۰	۵۲ حاشیہ
سماعِ موتیٰ کی تفصیلی بحث	حاشیہ آیت بالا	
میری صداقت کے لیے اللہ کی گواہی کافی ہے	۲۹	۵۲
رومیوں کے غلبہ کی پیشگوئی	۳۰	۲ تا ۶
۴۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم		
ذوالقرنین کے بارے میں سوال اور اسکا جواب	۱۸	۸۳
ربِّ زدنی علمًا کی دعا	۲۰	۱۱۴
حضور کے علمِ لدنی کی کیفیت	۲۰	۱۱۴ حاشیہ
مافی الارحام کا علم	۲۲	۵
واقعہ افک سے حضور کے علم کا شبہ اور اس کا ازالہ	۲۴	۱۶ حاشیہ

	سورت نمبر	آیت نمبر
حضور کا علم خداداد تفصیلی بحث	۲۷	۶۵ حاشیہ
کسریٰ کی حکومت کی تباہی کی پیشگوئی بر [illegible]	تعارف سورہ روم	

۵۔ حضور کی اطاعت

	سورت نمبر	آیت نمبر
جو حضور کی اطاعت کرتے ہیں وہی کامیاب ہیں	۲۴	۵۱
〃 〃 〃 〃	۲۴	۵۲
〃 〃 〃 〃	۲۴	۵۴
حضورؐ کے نافرمان روزِ حشر ندامت سے ہاتھ کاٹیں گے۔	۲۵	۲۷
〃 〃 〃 〃	۲۵	۲۸

۶۔ اظہارِ عبودیت

	سورت نمبر	آیت نمبر
حضورؐ کے نافرمان روزِ حشر ندامت سے ہاتھ کاٹیں گے۔	۲۵	۲۹
قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ		
حضور کی بشریت کے بارے میں تفصیلی بحث	۱۸	۱۱۰
آپ مجرموں کی امداد نہ کیجیے۔	۲۸	۸۶
آپ مشرکوں میں سے نہ بنیے۔	۲۸	۸۸
آپ مُردہ دلوں کو نہیں سُنا سکتے۔	۳۰	۵۲
سماعِ موتیٰ کی تفصیلی بحث۔	۳۰	۵۳

اسلام

	سورت نمبر	آیت نمبر
مبلغِ اسلام کو نرم خُو اور خوش گفتار ہونا چاہیے	۲۰	۴۴
سب انبیاء دینِ توحید لے کر آئے تھے	۲۱	۹۲
اہلِ غرض نے اسے پارہ پارہ کردیا	۲۱	۹۳
〃 〃 〃 〃	۲۳	۵۲
ہر گروہ اپنے نظریات پر خوش ہے	۲۳	۵۳
اگر حق لوگوں کی نفسانی خواہشات کی پیروی کرے تو نظامِ عالم درہم برہم ہوجائے	۲۳	۷۱
〃	〃	〃
والدین سے حُسنِ سلوک کا حکم	۲۹	۸
اہلِ کتاب کو اسلام کی دعوت کیسے دی جائے۔	۲۹	۴۶
اسلام دینِ فطرت ہے، اس کی تشریح۔	۳۰	۳۰ مع حاشیہ
یہ دین قیم ہے۔ دین قیم کی توضیح،	۳۰	۳۰ حاشیہ
دینِ قیم کی پیروی کا حکم	۳۰	۴۳ حاشیہ

انبیاء علیہم السّلام

	سورت نمبر	آیت نمبر
سب انبیاء ایک دین لے کر آئے	۲۱	۹۲
خود غرضوں نے دین کو پارہ پارہ کر دیا	۲۱	۹۳
" " " " " " " "	۲۳	۵۳
انبیاء کے اخلاق، وہ نیکی کرنے میں	۲۱	۹۰
ایک دوسرے سے سبقت لے جاتے ہیں	"	"
اُمید و بیم سے ہمیں پکارتے ہیں۔	"	"
اور عاجزی اختیار کرتے ہیں۔	"	"
(ا) آدم علیہ السّلام		
فرشتوں کو سجدہ آدم کا حکم	۱۸	۵۰
سجدہ آدم کا حکم	۲۰	۱۱۶
اولادِ آدم کو نصیحت کہ شیطان تمہارا دشمن ہے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اسکو دوست نہ بناؤ۔	۱۸	۵۰
یہ تمہارا دشمن ہے تمہیں گمراہ نہ کر دے۔	۲۰	۱۱۷
آپ کی بھول، لیکن عزم نہیں تھا۔	۲۰	۱۱۵
شیطان کی فریب دہی۔	۲۰	۱۲۰
عصیٰ آدم ربہٗ فغویٰ کی تحقیق۔	۲۰	۱۲۱
آدم کو چن لیا۔	۲۰	۱۲۲
آپ کا جنّت سے زمین پر ہبوط اور اللہ تعالیٰ کی نصیحت۔	۲۰	۱۲۳
(ب) ابراہیم علیہ السلام		
آپ صدیقاً نبیاً تھے۔	۱۹	۴۱

	سورت نمبر	آیت نمبر
اپنے باپ کو دعوت توحید اور اس کا انداز	۱۹	۴۲ تا ۴۸
آپ کو اولاد صالح، رحمت خاص اور لسان صدق علیہ سے سرفراز کیا گیا۔	۱۹	۴۹، ۵۰
ابراہیم علیہ السلام اور بتوں کو توڑنے کا واقعہ آگ کا گلزار بننا۔	۲۱	۵۱ تا ۷۰ بمع حواشی
آپکا اپنی قوم کو دعوت توحید دینا۔ بتوں کی بے بسی کا بیان۔	۲۱	۶۶، ۶۷
کفار کا آگ میں جلانے کا منصوبہ اور	۲۱	۶۸ تا ۷۰
آپ کیلئے آگ کا گلزار ہونا۔	۲۹	۲۴
تعمیر بیت اللہ کی جگہ کا تعین، شرک سے بچنے کی تاکید اور کعبہ کو پاک صاف رکھنے کی تاکید۔	۲۲	۲۶
حج کے بارے میں اعلان عام کرنے کا حکم	۲۲	۲۷
حج کے لیے بعض ہدایات اور احکام	۲۲	۲۸، ۲۹
آپ کی دعوت توحید	۲۶	۶۹ تا ۸۲
اپنے لیے دُعا	۲۶	۸۳ تا ۸۵
اپنے باپ کے لیے دُعائے مغفرت	۲۶	۸۶، ۸۷
آذر چچا تھا	حاشیہ آیت بالا	
آپ کی دعوت توحید	۲۹	۱۶، ۱۷
آپ پر انعامات الٰہی اسحاق، یعقوب نبوت، کتاب	۲۹	۲۶، ۲۷
آپ کی شانِ بندگی اور ربِّ کریم کی	حاشیہ آیات بالا	

	سورت نمبر	آیت نمبر
شانِ بندہ نوازی۔		
(ج) ادریس علیہ السلام		
آپ صدیق نبی تھے۔	۱۹	۵۶
آپ صاحبِ مقام رفیع تھے	۱۹	۵۷
(د) اسحٰق علیہ السلام		
آپ صالح پیشوا اور ہدایت یافتہ تھے	۲۱	۷۳،۷۲
اسمٰعیل علیہ السلام		
آپ صادق الوعد اور رسول نبی تھے۔	۱۹	۵۴
آپ اپنے اہل کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتے۔	۱۹	۵۵
آپ اپنے ربّ کے پسندیدہ بندے تھے۔	۱۹	۵۵
ایوب علیہ السلام		
آپ کی آزمائش اور کامیابی	۲۱	۸۴،۸۳
بائبل میں قصۂ ایوب کا ذکر اور تقابلی مطالعہ۔	۲۱	۸۴ حاشیہ
داؤد علیہ السلام		
کھیتی کے جھگڑے کا فیصلہ	۲۱	۷۹،۷۸
آپ کے لیے پہاڑوں اور پرندوں کو مسخر کر دیا۔	۲۱	۸۰
زرہ سازی کا فن عطا ہوا	۲۱	۸۰
آپکو علم مرحمت ہوا اور دیگر عزت افزائیاں	۲۷	۱۵

	سورت نمبر	آیت نمبر
سلیمان علیہ السلام آپ کے وارث بنے	۲۷	۱۶
انبیاء کی وراثت کی تحقیق	حاشیہ آیت بالا	
ذوالقرنین		
اس کے متعلق تفصیلی بحث	۱۸	۸۳ تا ۹۸
یہ کون تھے؟ کیا یہ پیغمبر تھے یا نہیں۔ انکے مذکورہ سفروں کی تفصیل	حواشی آیات بالا	
زکریا علیہ السلام		
آپ کی دُعا، اندازِ دُعا، دُعا کی قبولیت، آپ کی نیازمندی، بیٹے کا مژدہ	۱۹	۲ تا ۱۱
حضرت زکریا اور یحیٰی کا کردار قرآن کے آئینے میں۔	۱۹	۱۲
بائبل انکے متعلق کیا کہتی ہے تقابلی مطالعہ	حاشیہ آیت بالا	
اولاد کے لیے دُعا۔	۲۱	۷۹
سلیمان علیہ السلام		
کھیتی کے جھگڑے کا تصفیہ	۲۱	۷۹،۷۸
آپکے لیے ہوا اور جنات کو مسخر کر دیا	۲۱	۸۲،۸۱
وادیٔ نمل پر آپ کا گزر اور عنایاتِ ربّانی پر اظہارِ تشکر۔	۲۷	۱۷
حضرت داؤد علیہ السلام کے کئی بیٹے تھے	۲۷	۱۶
ہُدہُد کا قصہ، ملکۂ سبا کا واقعہ اور دیگر ضمنی مباحث	۲۷	۲۰ تا ۴۴

	سورت نمبر	آیت نمبر
آپ کے اُمتی کی کرامت	۲۷	۴۰
کرامات اولیاء کا ثبوت	حاشیہ آیت بالا	
آپ کے مکتوب کا پُرجلال مضمون	۲۷	۳۰ تا ۳۲
بادشاہ جب کسی شہر میں داخل ہوتے ہیں تو اسے برباد کر دیتے ہیں۔	۲۷	۳۴

شعیب علیہ السلام

	سورت نمبر	آیت نمبر
اپنی قوم کو وعظ و نصیحت	۲۶	۱۷۷،۱۷۸
تقویٰ اور اطاعت کی دعوت	۲۶	۱۷۹
میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا	۲۶	۱۸۰
ناپ تول صحیح رکھو ورنہ فساد برپا ہو جائے گا۔	۲۶	۱۸۱ تا ۱۸۳
قوم کا ردِ عمل اور اس کا عبرتناک انجام	۲۶	۱۸۶ تا ۱۹۱
آپ کی دعوت، قوم کا ردِ عمل اور اس کا عبرتناک انجام۔	۲۹	۳۶، ۳۷

صالح علیہ السلام

	سورت نمبر	آیت نمبر
آپ کی دعوت	۲۶	۱۴۱ تا ۱۴۴
میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا۔	۲۶	۱۴۵
تم باغوں، چشموں، کھیتوں میں عیش کرنے کے لیے چھوڑ نہیں دیے جاؤ گے۔	۲۶	۱۴۶ تا ۱۴۸
سنگ تراشی کی مہارت	۲۶	۱۴۹
آپ کی دعوت	۲۶	۱۵۰ تا ۱۵۲
قوم کا ردِ عمل آپ ہماری طرح بشر ہیں،	۲۶	۱۵۳، ۱۵۴
آپ پر جادو کر دیا گیا ہے۔	۲۶	۱۵۳
اونٹنی بطور معجزہ۔	۲۶	۱۵۵، ۱۵۶
انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں اور برباد کر دیے گئے۔	۲۶	۱۵۷، ۱۵۸

عیسیٰ علیہ السلام

	سورت نمبر	آیت نمبر
آپ کے اُمتیوں اصحاب الکہف والرقیم کے تفصیلی حالات۔	۱۸	۹ مع حواشی
آپ کی ولادت کا تفصیلی بیان۔	۱۹	۱۶ تا ۳۵
حضرت مریم کے تفصیلی حالات	۱۹	۱۶ تا ۳۵
بن باپ ولادت پر طرح طرح کے شکوک اور ان کا ازالہ	حواشی آیات مذکورہ بالا	
آتانی الکتاب وجعلنی نبیاً کہنے کا وقت	۱۹	۳۰
حضرت مسیح کے بارے میں عیسائیوں کا اختلاف اور عقیدہ یہ کہ مسیح اللہ کے بندے ہیں۔	۱۹	۳۷
آپ اور آپ کی والدہ آیت ربانی ہیں۔	۲۱ ۲۳	۹۱ ۵۰

لُوط علیہ السلام

	سورت نمبر	آیت نمبر
آپ کی قوم کا اخلاقی انحطاط، آپ کا اضطراب، قوم کا انجام	۲۱	۷۱، ۷۴، ۷۵
آپ کی قوم کی بدکاری، آپ کی دعوت کا ردِ عمل اور انجام	۲۶	۱۶۰ تا ۱۷۴
آپ کی قوم کے جرائم کی فہرست	۲۹	۲۸، ۲۹
آپ کی سرزنش اور قوم کا ردِ عمل	۲۹	۲۹

	سورت نمبر	آیت نمبر
ان کے لیے آپ کی بددعا	۲۹	۳۰
عذاب کے فرشتوں کی حضرت خلیل سے گفتگو	۲۹	۳۲،۳۱
فرشتوں کی آمد سے آپکی پریشانی اور انکی تسلی	۲۹	۳۳
ان کی بدکاریوں کے باعث ان پر عذاب کا نزول	۲۹	۳۴
موسیٰ و ہارون علیہما السلام		
موسیٰ علیہ السلام اور خضر علیہ السلام کا واقعہ	۱۸	۶۰ تا ۸۲
حضرت خضر کی نبوت کی تحقیق۔	۱۸	۶۰ حاشیہ
آپ مخلص اور رسول نبی تھے۔	۱۹	۵۱
آپ کو ہارون جیسا بھائی بخشا گیا	۱۹	۵۳
طویٰ کی مقدس وادی میں آپکا [illegible]	۲۰	۱۰
جوتا اتارنے کا حکم	۲۰	۱۲
شرفِ ہمکلامی	۲۰	۱۳ تا ۴۴
میں نے تجھے چن لیا میری بات غور سے سنو	۲۰	۱۳
وحدانیت باری تعالیٰ	۲۰	۱۴
عبادت اور نماز کا حکم	۲۰	۱۴
منکرِ قیامت کا کہنا نہ مانو	۲۰	۱۶،۱۵
کلیم سے پیاری پیاری باتیں تیرے	۲۰	۱۷
ہاتھ میں کیا ہے ؟	۲۰	۱۷
عصا کا معجزہ	۲۰	۲۰
ید بیضا کا معجزہ	۲۰	۲۲
سرکش فرعون کی طرف جانے کا حکم	۲۰	۲۴
آپ کی دعا ربِّ اشرح لی صدری الآیہ اور دیگر دعائیں۔	۲۰	۲۵ تا ۳۵

	سورت نمبر	آیت نمبر
آپکی والدہ محترمہ کا بحکم الٰہی آپکو دریا میں پھینکنا	۲۰	۳۸
	۲۸	۷ تا ۱۳
آپ پر اپنی محبت کا پرتو ڈالا	۲۰	۳۹
والدہ کی طرف واپسی	۲۰	۴۰
قتل نفس سے نجات	۲۰	۴۰
فرعون کو دعوتِ حق پہنچانے کے لیے	۲۰	۴۲
جانے کا حکم	۲۸	۳۲
آدابِ تبلیغ	۲۰	۴۳
فرعون نے پوچھا آپ کا رب کون ہے،	۲۰	۴۹،
آپ کا جواب۔	〃	۵۰
دیگر سوالات و جوابات	۲۰	۵۲،۵۱
فرعون کا الزام کہ آپ حکومت چاہتے ہیں اور اپنے سحر سے تخت چھیننا چاہتے ہیں۔	۲۰	۵۷
آپ کے مقابلہ کی تیاری اور اسکا انجام	۲۰	۵۸ تا ۶۳
ساحرانِ مصر کو فرعون کی ترغیب اور لالچ	۲۰	۶۴
ساحروں کا پاسِ ادب	۲۰	۶۵
مقابلہ	۲۰	۶۶
ساحرانِ فرعون کی شعبدہ بازیاں	۲۰	۶۶
اللہ تعالیٰ کا فرمان اے موسیٰ ڈرو نہیں تم ہی غالب ہو۔	۲۰	۶۸،۶۷
آپ کو عصا ڈالنے کا حکم اور آپ کی کامیابی	۲۰	۶۹
ساحرانِ فرعون کا مشرف باسلام ہونا	۲۰	۷۰
فرعون کا ان پر الزام اور عذاب کی دھمکی	۲۰	۷۱
ان کا چیلنج فاقض ما انت قاض	۲۰	۷۲ تا ۷۶
مصر سے ہجرت کا حکم	۲۰	۷۷

	سورت نمبر	آیت نمبر
فرعون کا تعاقب اور اس کا انجام	۲۰	۷۸
موسیٰ کا طور پر آنا اور سامری کا فتنہ	۲۰	۸۳ تا ۹۸
بنی اسرائیل کے زیورات کے متعلق بائبل		
کی روایت بائبل کا الزام کہ بچھڑا ہارون نے بنایا	۲۰	۹۰
حضرت موسیٰ کی ہارون پر ناراضگی	۲۰	۹۲ تا ۹۴
سامری کا جواب	۲۰	۹۵
سامری کون تھا	۲۰	۹۵ حاشیہ
موسیٰ و ہارون	۲۳	۴۵ تا ۴۸
	۲۵	۳۵، ۳۶
جادوگر ہونے کا الزام	۲۶	۳۰ تا ۳۵
فرعون کے سامنے آپ کا خطبہ توحید	۲۶	۲۳ تا ۳۰
موسیٰ کو فرعون کے پاس جانے کا حکم	۲۶	۱۱
آپ کے اندیشے اور ہارون کو ساتھ بھیجنے کی التجا	۲۶	۱۲ تا ۱۷
فرعون کا احسان جتلانا، آپ کا جواب کہ تو نے	۲۶	۲۳ تا
بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے کیا اس بات کا	″	۲۹
تم احسان جتلاتے ہو، فرعون کے ساتھ سوال و جواب	″	″
فرعون نے معجزے کا مطالبہ کیا۔	۲۶	۳۰، ۳۱
آپ کا عصا اور ید بیضا دکھانا	۲۶	۳۲، ۳۳
آپ پر جادوگر ہونے کا الزام اور اپنی	۲۶	۳۴/۳۵
قوم سے مشورہ		
جادوگروں کا مقابلہ کے لیے جمع کرنا اور		
ان سے وعدہ کہ اگر تم کامیاب ہو گئے تو	۲۶	۳۶ تا ۴۲
تمہیں مقربین میں شمار کیا جائے گا۔		
مقابلہ اور ناکامی۔	۲۶	۴۳، ۴۴، ۴۵
ان کا مشرف باسلام ہونا	۲۶	۴۶، ۴۷

	سورت نمبر	آیت نمبر
فرعون کا ان پر الزام اور عذاب الیم کی دھمکی	۲۶	۴۹
ان کا استقلال	۲۶	۵۰، ۵۱
آپ کو ہجرت کرنے کا حکم	۲۶	۵۲
فرعون کا تعاقب کے لیے نکلنا	۲۶	۵۳ تا ۵۶
ان کی بربادی	۲۶	۵۷ تا ۶۰
دونوں جماعتوں کا ایک دوسرے کو دیکھنا	۲۶	۶۱
اور اصحاب موسیٰ کا اضطراب		
موسیٰ علیہ السلام کے ایمان کی پختگی	۲۶	۶۲
(ان معی ربی)		
سمندر کو عصا مارنے کا حکم آپ کی نجات اور	۲۶	۶۵ تا ۶۸
فرعونیوں کی غرقابی		
آپ کی مدین سے واپسی	۲۷	۷
نبوت و معجزات کا ملنا	۲۷	۸ تا ۱۳
قبطی کے قتل کا واقعہ	۲۸	۱۴ تا ۲۱
آپ کی مدین کو روانگی وہاں کے حالات	۲۸	۲۲ تا ۲۸
مدین سے واپسی طور سے انی انا اللہ کی صدا نبوت و معجزات	۲۸	۲۹، ۳۰
معجزات کا عطا ہونا	۲۸	۳۱، ۳۲
فرعون کا دعویٰ ما علمت لکم من الٰہ غیری	۲۸	۳۸ حاشیہ
کا مطلب۔		
فرعون کا انجام	۲۸	۳۹ تا ۴۲
آپ کی آمد فرعونیوں کی سرکشی اور تباہی۔	۲۹	۳۹، ۴۰

حضرت نوح علیہ السلام

	سورت نمبر	آیت نمبر
کرب عظیم سے نجات اور قوم کا غرق ہونا	۲۱	۷۶، ۷۷
آپ کی دعوت	۲۳	۲۳

	سورت نمبر	آیت نمبر
قوم کا ردِ عمل کہ یہ ہماری طرح بشر ہیں	۲۳	۲۴ تا ۲۵
نوح علیہ السلام کو کشتی بنانے کا حکم	۲۳	۲۷
طوفان کی آمد		
کشتی سے اُترتے وقت آپ کی دُعا	۲۳	۲۹
نوح علیہ السلام	۲۵	۳۷
آپ کی دعوت	۲۶	۱۰۵ تا ۱۱۰
آپ کی قوم کا ردِ عمل، تمہارے ماننے والے صرف کمینے لوگ ہیں۔	۲۶	۱۱۱
آپ کا جواب	۲۶	۱۱۲ تا ۱۱۵
قوم کی دھمکی تم باز نہ آئے تو سنگسار کر دیئے	۲۶	۱۱۶
آپ کی بد دُعا اور ان کی غرقابی	۲۶	۱۱۷ تا ۱۲۰
آپ کا ساڑھے نو سو سال تبلیغ کرنا قوم کا انجام	۲۹	۱۴، ۱۵
آپ کا زہد	۲۹	۱۴ حاشیہ
آپ کا نسب نامہ	۲۹	۱۴ حاشیہ
ہُود علیہ السلام		
آپ کی دعوت	۲۶	۱۲۵ تا ۱۲۷
آپ کی پند و موعظت	۲۶	۱۲۸ تا ۱۳۵
ان کا ردِ عمل	۲۶	۱۳۶ تا ۱۴۰
یحییٰ علیہ السلام		
آپ کی ولادت آپکے خصائل حمیدہ۔	۱۹	۱۲ تا ۱۵
آپ کا یوم ولادت، یوم وفات اور یوم حشر سب برکت والے ہیں۔	۱۹	۱۵
عُرس و میلاد کا ثبوت	حاشیہ آیت بالا	

	سورت نمبر	آیت نمبر
آپ کی حق گوئی اور شہادت۔	حاشیہ آیت بالا	
آپ کی سیرت بائبل کے آئینہ میں (تقابلی مطالعہ)	۱۹	۱۲ حاشیہ
خذ الکتاب بقوۃ کے حکم کی تعمیل	۱۹	۱۲ حاشیہ
یعقوب علیہ السلام		
انہیں نبی بنایا گیا۔	۱۹	۴۹
انہیں اپنی رحمت بخشی گئی اور لسان صدق علیا سے سرفراز کیا گیا۔	۱۹	۵۰
یونس علیہ السلام		
آپ کا ہجرت کرنا۔ مچھلی کا نگلنا۔		
آپ کی دُعا اور اس کی مقبولیت۔	۲۱	۸۷، ۸۸
بعض قومیں		
یاجوج ماجوج	۱۸	۹۴ تا ۹۸
۔ ۔ ۔	۲۱	۹۶
حضرت لقمان کون تھے آپ کے پند و مواعظ	۳۱	۱۲ تا ۱۹

انسان

اور اسکی عظمت کا قرآنی تصوّر

	سورت نمبر	آیت نمبر
ہم اپنے انعامات سے انسان کو آزماتے ہیں۔	١٨	٧
انسان کو سجدہ کرنے کا حکم، شیطان کا انکار اور اس کا راندہ جانا۔	١٨	٥٠
انسان بڑا جھگڑالو ہے۔	١٨	٥٤
اے اولادِ آدم تم اپنے دشمن کو اپنا دوست نہ بناؤ۔	١٨	٥٠
انسان کی تخلیق مٹی سے ہوئی، پھر اسی میں اسے لوٹایا جائیگا، پھر اسی سے دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔	٢٠	٥٥
اللہ تعالیٰ انسان کا رازق ہے۔	٢٠	١٣٢
فکرِ آخرت کرنے والا اور فکرِ دنیا کرنے والا دونوں کی حالت میں بڑا فرق ہے۔	٢٠	١٣٢ حاشیہ
انسان بڑا جلد باز ہے۔	٢١	٣٧
انسان فطرۃً سعید ہے	٢١	١٠ حاشیہ
تخلیق انسان کے مختلف مرحلے اور زندگی کے مختلف مدارج	٢٣	١٢ تا ١٤
رُوح پھونک کر انسان کو ایک نئی مخلوق بنا دیا	٢٣	١٤
ہم نے انسان کو بیکار پیدا نہیں کیا۔	٢٣	١١٥
ایمان بچانے کے لیے ترکِ وطن ناگزیر ہو جائے تو وہاں سے ہجرت کرو۔	٢٩	٥٦
ہر شخص نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے اور پھر	٢٩	٥٧
اللہ تعالیٰ کے پاس لوٹنا ہے۔	٢٩	٥٧
دُنیوی زندگی لہو و لعب ہے۔ آخرت کی زندگی ہی دائمی ہے۔	٢٩	٦٤
عبرت پذیری کے لیے زمین میں سیر و سیاحت کی دعوت۔	٣٠	٩، ٤٢
انسان پر رحمت کی جاتی ہے تو وہ پھولے نہیں سماتا، تکلیف آتی ہے تو مایوس ہو جاتا ہے۔	٣٠	٣٦
انسان کے کفر کا نقصان اور نیک اعمال کا فائدہ اسی کو ہوتا ہے۔	٣٠	٤٤، ٤٥
تخلیق انسان کا آغاز کیچڑ سے پھر اس کی نسل ماءِ مہین سے۔	٣١	٧، ٨
تخلیق انسانی کے بارے میں اسلامی نظریہ اور ڈارون کا نظریہ	٣١	٧، ٨ حاشیہ
اس ماءِ مہین میں محیر العقول تبدیلیاں	٣١	٩ حاشیہ
زمین و آسمان کی ہر چیز کو تمہارے لیے مسخر کر دیا۔	٣١	٢٠
ظاہری اور باطنی نعمتوں سے تمہیں نوازا	٣١	٢٠

اوامر

	سورت نمبر	آیت نمبر
جب کوئی کام کرنے کا ارادہ کرو تو انشاء اللہ کہو۔	١٨	٢٣، ٢٤
اپنے اہل کو نماز کا حکم دو اور خود بھی پابند رہو۔	٢٠	١٣٢
اے ایمان والو عبادت کرو اور نیک کام کرو۔	٢٢	٧٧
حلال روزی کھاؤ اور نیک عمل کرو۔	٢٣	٥١
برائی کا بدلہ نیکی سے دو۔	٢٣	٩٦

	سورت نمبر	آیت نمبر
لوگوں کو معاف کیا کرو تاکہ اللہ تعالیٰ تمہیں معاف کر دے۔	۲۴	۲۲
مساجد کو مزین کرنے صاف ستھرا رکھنے چراغاں کرنے کی ہدایت	۲۴	۳۶ حاشیہ
مسجد میں داخل ہونے کے آداب	۲۴	۳۶
غیر شادی شدہ مردوں اور عورتوں کی شادیاں کرانے کا حکم	۲۴	۳۲
والدین سے حسنِ سلوک کا حکم	۲۹	۸
اسی کی عبادت کرو اور اسی کا شکر ادا کرو	۲۹	۲۷
اپنے بندوں کو اپنی عبادت کا حکم	۲۹	۵۶
اس کا شکر کرو شکر میں تمہارا ہی بھلا ہے	۳۱	۱۲
ماں باپ کی خدمت کا حکم	۳۱	۱۴ حاشیہ
ماں کا حق سب سے زیادہ ہے	۳۱	۔ ۔
والدین کی فرمانبرداری کی حدود	۳۱	۱۵
اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ قیامت سے خوف کرو جب نہ باپ بیٹے کے کام آئے گا اور نہ بیٹا باپ کے۔	۳۱	۳۳
تمہیں دُنیوی زندگی اور دھوکہ باز شیطان فریب میں مبتلا نہ کر دے۔	۳۱	۱۳

بنی اسرائیل

	سورت نمبر	آیت نمبر
اصحاب الکہف والرقیم کے تفصیلی حالات	۱۸	۹
دقیانوس کا عہد جبر و تشدد		
اصحاب کہف کا وطن، ایڈورڈ گبن کی تصریحات و دیگر مباحث	حواشی آیت بالا	
بنی اسرائیل کو انعامات کی یاد دہانی	۲۰	۸۰
سرکشی نہ کرو ورنہ غضب الٰہی آئیگا۔	۲۰	۸۱
پادریوں کی سُود خوری کی انتہا۔	تعارف سورۂ روم	

جبر و قدر

	سورت نمبر	آیت نمبر
جنہوں نے آیات سے منہ موڑا ہم نے ان کے دل اور کان بیکار کر دیے۔	۱۸	۵۷
گمراہوں کو زیادہ گمراہ کر دیا جاتا ہے۔	۱۹	۷۵
راہ ہدایت پر چلنے والوں کے نورِ ہدایت میں اضافہ کر دیا جاتا ہے۔	۱۹	۷۵
آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ دل اندھے ہوتے ہیں۔	۲۲	۴۶
جو ہدایت اختیار کرتا ہے وہ اپنا بھلا کرتا ہے	۲۷	۹۲
اگر ہم چاہیں تو آسمان سے ایسی نشانیاں نازل کریں جو ان کو عاجز کر دیں۔	۲۶	۴

جہاد

	سورت نمبر	آیت نمبر
میدانِ بدر میں شجاعت و جاں نثاری کا منظر۔	۲۲	۱۹
مسلمانوں کو اذنِ جہاد کیوں دیا گیا جہاد کی	۲۲	۳۹
حکمت، اگر جہاد کی اجازت نہ ہوتی، تو کسی کا جان و مال اور دین محفوظ نہ رہتا۔	۲۲	۴۰
اللہ تعالیٰ کی راہ میں اس طرح جہاد کرو جس طرح جہاد کرنے کا حق ہے۔	۲۲	۷۸
جہاد کی لغوی تحقیق، اسلامی جہاد اور	حواشی آیت بالا	

	سورت نمبر	آیت نمبر
دوسری جنگوں میں فرق۔		
جو شخص جہاد کرتا ہے وہ اپنا بھلا کرتا ہے	۲۹	۶ حاشیہ

دُعائیں

	سورت نمبر	آیت نمبر
اصحاب کہف کی دُعا	۱۸	۱۰
شرک سے بچنے کی دُعا	۱۸	۱۰
نظر بد سے بچنے کی دُعا۔	۱۸	۳۹ حاشیہ
غم واندوہ سے بچنے کا طریقہ	۱۸	۴۶
دعائے حمد جس کے طفیل اللہ تعالےٰ بخشش فرماتا ہے۔	۱۹	۸۷
حضرت زکریا کی نیاز بھری دُعا	۱۹	۴ تا ۶
شرح صدر کی دُعا	۲۰	۲۵ تا ۲۸
اولاد کے لیے حضرت زکریا کی دُعا	۲۱	۸۹
حضرت ایوب کی دُعا	۲۱	۸۳
حضرت یونس کی دُعا (لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنت الخ)	۲۱	۸۷
دفع مشکلات کے لیے نوافل کی تلقین	۲۱	۸۷ حاشیہ
قربانی دیتے وقت جو دُعا پڑھی جاتی ہے۔	۲۲	۳۶ حاشیہ
کسی نئی جگہ اُترنے کی دُعا	۲۳	۲۹
دُعا کی قبولیت کی شرط۔	۲۳	۵۱ حاشیہ
شر شیطان سے بچنے کی دُعا	۲۳	۹۷، ۹۸
بے خوابی کے دفعیہ کی دُعا	۲۳	۹۸ حاشیہ
تعویذ باندھنے کا حکم	۲۳	۹۸ حاشیہ
مغفرت ورحمت کی دُعا	۲۳	۱۱۸
عباد الرحمٰن کی دُعا کہ ہمیں ایسی بیویاں اور بچے عطا فرما جو آنکھوں کی ٹھنڈک ہوں اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔	۲۵	۷۴
دُعاء ابراہیمی کہ مجھے نیکوں کی سنگت نصیب فرما۔	۲۶	۸۳ تا ۸۸
دُعاء سلیمانی، مجھے شکر کی توفیق عطا فرما۔ (رب اوزعنی)	۲۷	۱۹
حالت اضطرار کی دُعا۔	۲۷	۶۲ حاشیہ
دعاء موسوی	۲۸	۲۱

سیاسیات

	سورت نمبر	آیت نمبر
طاقت کا توازن	۲۲	۴۰
مُسلمان حکومت کی خصوصیات وفرائض۔ اقامت صلوٰۃ۔ ایتاء الزکوٰۃ۔ امر بالمعروف۔ نہی عن المنکر۔	۲۲	۴۱
اللہ تعالیٰ مظلوم کی مدد کرتا ہے۔	۲۲	۶۰
مُسلمان اور ذمی یا دونوں ذمیوں کے باہمی تنازعہ کا فیصلہ کون کرے۔	۲۴	۵۰ حاشیہ
فرعونی سیاست انبیاء پر تہمت کہ وہ اقتدار چاہتے ہیں۔	۲۶	۳۴، ۳۵
" " "	۲۶	۵۳، ۵۴
فرعونی سیاست تفرق وانتشار	۲۸	۴ حاشیہ
بنی اسرائیل کی ہجرت، فرعون کا تعاقب اور عبرتناک انجام۔	۲۶	۵۲ تا ۶۸
فتنہ وفساد برپا کرنے والوں کا حکم مت مانو۔	۲۶	۱۵۱، ۱۵۲
حاکم پر اپنی رعایا کی خبرگیری فرض ہے۔	۲۷	۲۰ حاشیہ
ملوکیت کا مزاج۔	۲۷	۳۴

	سورت نمبر	آیت نمبر
ظالموں کی خدمت اور اعانت حرام ہے۔	۲۸	۱۱۴ حاشیہ
اس اندیشہ سے شریعت کا انکار نہ کرو کہ بڑی حکومتیں تم سے قطع تعلق کرلیں گی۔	۲۸	۵۷ ″
لوگوں کی بداعمالیوں کے باعث بر و بحر میں فساد کا برپا ہونا۔	۳۰	۴۱

شرک کا ابطال

	سورت نمبر	آیت نمبر
مشرک اپنے معبودوں کو پکاریں گے لیکن وہ انہیں کوئی جواب نہ دیں گے۔	۱۸	۵۲
اصنام دوزخ کا ایندھن ہیں۔	۲۱	۹۸ تا ۱۰۰
شرک کی ممانعت	۲۲	۳۰
مشرک کی مثال	۲۲	۳۱
بت تو مکھی بھی پیدا نہیں کرسکتے۔	۲۲	۷۳
یہ مکھی سے بھی کمزور ہیں۔	۲۲	۷۳
اگر اس کا کوئی بیٹا یا شریک ہوتا تو نظام عالم درہم برہم ہوجاتا۔	۲۳	۹۱
اس کا نہ کوئی بیٹا ہے نہ شریک۔	۲۵	۲
ان کے معبود نہ نفع پہنچا سکتے ہیں نہ نقصان	۲۵	۵۵
نہ مار سکتے ہیں نہ زندہ کرسکتے ہیں۔	۲۵	۵۵
والدین بھی شرک کا حکم دیں تو نہ مانو۔	۲۹	۸
حضرت سعد اور ان کی ماں کا واقعہ	حاشیہ آیت بالا	
شرک کا ابطال: تم اپنے غلاموں کو اپنے اموال میں شریک نہیں مانتے۔ تو خدا کی خدائی میں کسی کو اس کا ہمسر ماننا بہت بڑا جرم ہے۔	۳۰	۲۸ حاشیہ
اللہ تعالیٰ تخلیق، رزق، موت، حیات پر قادر ہے۔	۳۰	۴۰
لیکن معبودان باطل کچھ بھی نہیں کرسکتے۔	۳۰	۴۰
یہ کائنات تو خدا تعالیٰ نے پیدا فرمائی تمہارے معبودوں نے کیا پیدا کیا۔	۳۱	۱۱
شرک ظلم عظیم ہے۔	۳۱	۱۳
جب طوفان میں گھر جاتے ہیں تو اسکو پکارتے ہیں جب ساحل پر اترتے ہیں تو شرک کرنے لگتے ہیں۔	۳۱	۳۲

شریعت

۱۔ شریعت اسلامیہ کی خصوصیات

	سورت نمبر	آیت نمبر
دین میں کوئی حرج نہیں۔	۲۲	۷۸
کسی ولی کے مزار کے قریب مسجد بنانے کا حکم	۱۸	۳۴
کوئی کام کرنے کا ارادہ کرو تو انشاء اللہ کہو۔	۱۸	۲۳
عرس و میلاد کا ثبوت	۱۹	۱۵
کافر کو سلام دینے کا حکم	۱۹	۴۷ حاشیہ
حرم مکہ میں سب مسلمان یکساں حقوق رکھتے ہیں۔	۲۲	۲۵

۲۔ نماز

	سورت نمبر	آیت نمبر
نماز فحشا اور منکر سے روکتی ہے	۲۹	۴۵
اس پر شبہ اور اس کا جواب	۲۹	۴۵ حاشیہ
اوقات نماز	۳۰	۱۷، ۱۸
جو اذان دے وہی اقامت کہے	۱۹	۲۸

	سورت نمبر	آیت نمبر
٣. حج		
تعمیر کعبہ	٢٢	٢٦ حاشیہ
تطہیر کعبہ	٢٢	” “
اعلانِ حج	٢٢	٢٧
احکامِ حج	٢٢	٢٧ تا ٢٩
حج کی دینی اور دُنیوی حکمتیں	حواشی آیاتِ بالا	
حرم مکہ میں سب مسلمانوں کے حقوق یکساں ہیں	٢٢	٢٥
حرم میں الحاد و زندقہ باعث عذابِ الیم ہیں۔	٢٢	٢٥
شعائر اللہ کی تعظیم تقویٰ کی علامت ہے	٢٢	٣٢
قربانی کی جگہ بیت عتیق کے قریب ہے۔	٢٢	٣٣
قربانی کے جانور ذبح کرنے کا طریقہ اور اس کی حکمت۔	٢٢	٣٦، ٣٧
٤۔ جرائم و عقوبات		
(ا) زنا		
متعہ کی حُرمت	٢٣	٥ حاشیہ
حُرمت زنا اور اس کی حکمت	٢٤	٢
اس کی سزا	٢٤	٢
اس پر تفصیلی بحث	حاشیہ آیت بالا	
سزا میں نرمی نہ کرو	٢٤	٢
سزا مجمع عام میں دی جائے۔	٢٤	٢
زانی اور زانیہ کے نکاح کا حکم	٢٤	٣
کنیزوں سے بدکاری کرانے کی ممانعت	٢٤	٣٣ حاشیہ
کفار کے طریق بد کا استیصال	٢٤	٣٣ حاشیہ

	سورت نمبر	آیت نمبر
قحبہ گری کا انسداد	٢٤	٣٣
غیر شادی شدہ مردوں، عورتوں کی شادیاں کرانے کا حکم	٢٤	٣٢
(ب) حد قذف		
قذف کیا ہے	٢٤	٤، ٥ حواشی
حد قذف کا حکم	٢٤	٤، ٥
قذف لگانے والے پر حد	٢٤	٤، ٥
(ج) لعان		
لعان کیا ہے؟ اس کا حکم، اس کا طریقہ۔	٢٤	٦ تا ٩
جھوٹے گواہ کی سزا	٢٥	٧٢ حاشیہ
(د) پردہ کے احکام		
مومن مرد بھی اپنی نگاہیں نیچی رکھیں	٢٤	٣٠
مومن عورتیں اپنی نگاہیں نیچی رکھیں	٢٤	٣١
اس کی حکمت	حواشی آیت بالا	
اسلامی پردہ کے تفصیلی احکام	٢٤	٣١ حاشیہ
گھر میں بچوں اور غلاموں کے داخلہ کا قانون	٢٤	٥٨
بوڑھی عورتوں کے پردہ کا حکم	٢٤	٦٠
کسی کے گھر میں بلا اجازت داخل نہ ہو۔	٢٤	٢٧
اس کی حکمت	٢٤	٢٧ حاشیہ
کسی کے گھر میں داخل ہو تو سلام کہو	٢٤	٦١
اپنے قریبی رشتہ داروں کے ہاں سے کھانے کا حکم۔	٢٤	٦١
شیطان		
شیطان جنات سے تھا	١٨	٥٠

	سورت نمبر	آیت نمبر
کیا تم اپنے دشمن کو دوست بناتے ہو	۱۸	۵۰
شیطان کفار کو گمراہی پر برانگیختہ کرتا ہے۔	۱۹	۸۳
شیطان اپنے ماننے والوں کو گمراہ کرتا ہے اور دوزخ کی طرف لے جاتا ہے۔	۲۲	۴۳
شیطان بے حیائی اور بُرائی کا حکم دیتا ہے۔	۲۴	۲۱
شیطان ہر افاک اثیم پر نازل ہوتا ہے۔	۲۶	۲۲۱ تا ۲۲۳
شیطان نے عاد و ثمود کے اعمالِ بد کو مزین و آراستہ کردیا	۲۹	۳۸

صحابہ کرام اور اُمتِ مُصطفیٰ علیہ التحیۃ والثنا

	سورت نمبر	آیت نمبر
حضرت سیدنا علیؓ نے فرمایا ان الذین سبقت لهم منا الحسنیٰ سے مُراد ابوبکر، عمر، عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔	۲۱	۱۰۱ تا ۱۰۳ مع حاشیہ
میدانِ بدر میں حمزہ، علی، عبیدہ رضی اللہ عنہم کی جاں نثاری	۲۲	۱۹ حاشیہ
جنہوں نے ہجرت کی اور شہادت پائی انہیں رزقِ حسن دیا جائے گا۔	۲۲	۵۸
انہیں پسندیدہ ٹھکانہ مرحمت ہوگا	۲۲	۵۹
حضور کی رشتہ داری قیامت کو بھی نفع دیگی	۲۳	۱۰۱
حضرت سیدۃ النساء کی فضیلت	۲۳	۱۰۱ حاشیہ
حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہؓ کی برات	۲۴	۱۱ تا ۲۰
واقعہ افک کا تفصیل بیان	حواشی آیات مذکورہ	
حضرت صدیقؓ کی فضیلت	۲۴	۲۲
اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام سے خلافت کا وعدہ فرمایا اور اسے پُورا کیا۔	۲۴	۵۵
خلفاء راشدین کی خلافت	حواشی آیت بالا	
حضرت ابوطالب کے ایمان کا مسئلہ اختلافی ہے۔	۲۸	۵۶ حاشیہ
رومیوں کی کامیابی کے لیے حضرت صدیق کا شرط لگانا، سو اُونٹ جیتنا، پھر حکم حبیب سب کو صدقہ کردینا۔	۳۰	۴ حاشیہ
حضرت امام باقر کی تفسیر آیات، اور حضرت فاروقؓ کی خلافت کی حقانیت	۳۰	۶ حاشیہ
فاتبع سبیل من اناب الی سے مراد حضرت صدیق اکبرؓ ہیں۔	۳۱	۱۵ حاشیہ

عملِ صالح

	سورت نمبر	آیت نمبر
باقی رہنے والی نیکیاں اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ اجر کی مستحق ہیں۔	۱۸	۴۶
〃 〃 〃	۱۹	۷۶
دُنیا کی بے ثباتی کی مثال	۱۸	۴۵
مال و اولاد دنیوی زندگی کی زینت ہیں	۱۸	۴۶
اپنے اعمال کو ریا سے بچاؤ	۱۸	۱۱۰
راہِ ہدایت پر چلنے والوں کو مزید نور مرحمت کیا جاتا ہے۔	۱۹	۷۶
اعمالِ صالحہ قبر پر آکر عامل کا استقبال کرینگے	۱۹	۸۵ حاشیہ
مومن کے اعمال اکارت نہیں جائیں گے۔	۲۱	۹۴

عورت

مضمون	سورت نمبر	آیت نمبر
متعہ کی حرمت۔	۲۳	۵ حاشیہ
عورت کی عصمت وناموس کی حفاظت کے احکام۔	۲۴	۲
کنیزوں سے بدکاری کرانے کی ممانعت۔	۲۴	۳۳
زمانہ جاہلیت میں بدکار عورتوں کے گھروں پر جھنڈے لہرایا کرتے تھے۔	۲۴	۳۳ حاشیہ
قحبہ گری کا انسداد۔	۲۴	"
مومن عورتیں اپنی نگاہیں نیچی رکھیں۔	۲۴	۳۱
اسلامی پردہ کے تفصیلی احکام	۲۴	۳۱ حاشیہ
بوڑھی عورتوں کے پردہ کے احکام	۲۴	۶۰
خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لیے پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے۔	۲۴	۲۶

قبلہ

مضمون	سورت نمبر	آیت نمبر
کعبہ کے صدقے تمہیں امن وامان نصیب ہے اس نعمت کی ناشکری نہ کرو۔	۲۹	۶۷

قرآن کریم

مضمون	سورت نمبر	آیت نمبر
قرآن کریم میں کوئی کجی نہیں ہر کجی کو درست کرنے والا ہے۔	۱۸	۲،۱
قرآن میں ہر طرح کے مضامین ہیں۔	۱۸	۵۴
یہ اہل ایمان کو بشارت دیتا ہے۔	۱۸	۳،۲
مشرکین کو بروقت متنبہ کرتا ہے۔	۱۸	۵،۴
ہم نے قرآن کو آسان کردیا ہے تاکہ آپ متقین کو بشارت دیں۔	۱۹	۹۷
قرآن آپ کو مشقت میں ڈالنے کے لیے نہیں اتارا گیا۔	۲۰	۲
یہ ڈرنے والوں کے لیے نصیحت ہے۔	۲۰	۳
اسے خالق ارض وسماء نے اتارا۔	۲۰	۴
قرآن وتورات کا تقابلی مطالعہ	۲۰	۳ حاشیہ
" " " " "	۲۰	۹۰
قرآن ذکر مبارک ہے	۲۱	۵۰
قرآن فلاح دارین کے لیے کافی ہے۔	۲۱	۱۰۶

نوٹ: قصص الانبیاء جہاں جہاں مذکور ہیں وہاں قرآن کریم اور موجودہ بائیبل کا تقابلی مطالعہ بھی کیا گیا ہے خصوصاً سورۂ یوسف کے تعارف میں یہ چیز بڑی وضاحت سے لکھی گئی ہے ان امور کا مطالعہ کرنے سے متعدد حقیقتیں بے نقاب ہو جاتی ہیں۔

۱۔ قرآن کے قصص بائیبل سے نقل نہیں کیے گئے جس طرح بعض مستشرقین کا خیال ہے۔

۲۔ قرآن کریم تمام انبیاء کے تقدس اور احترام کا داعی ہے اور ان کی عظمت وناموس کا محافظ ہے۔

۳۔ موجودہ بائیبل طرح طرح کی تحریفات سے آلودہ ہے۔

مضمون	سورت نمبر	آیت نمبر
قرآن پر تلک الغرانیق العلیٰ کے اعتراض کا دنداں شکن جواب۔	۲۲	۵۲ حاشیہ
کفار کا یہ الزام کہ کوئی شخص آپ کو قرآن سکھاتا ہے	۲۵	۴
قرآن کو یکبارگی نازل نہ کرنے کی حکمت۔	۲۵	۳۳،۳۲
یہ سب اہل جہان کے لیے ڈرانے والا ہے۔ (نذیر للعالمین)	۲۵	۱
کفار کے نظریہ کی تردید	۲۵	۶
یہ مومنوں کے لیے سراپا ہدایت ہے۔	۲۷	۷۷

	سورت نمبر	آیت نمبر
اس میں ہر چیز کا بیان ہے	۲۷	۱
یہ مسلمانوں کے لیے ہدایت و رحمت کا مژدہ ہے	۲۷	۲،۱
قرآن کریم قلب مبارک پر نازل ہوا	۲۶	۱۹۳ تا ۱۹۵
نزول قرآن کی کیفیت	۲۶	۱۹۴ حاشیہ
کیا صرف معانی کا نزول ہوا یا معانی اور الفاظ دونوں کا۔	۲۶	۱۹۴
شیطان قرآن کو لے کر نہیں اتر سکتے	۲۶	۲۱۰ تا ۲۱۲
آپ کو یہ قرآن علم و حکمت سکھاتا ہے۔	۲۷	۶
آسمان و زمین کی ہر چیز کتاب مبین میں ہے	۲۷	۷۵
تلاوت قرآن کا حکم اور اس کی برکات	۲۹	۴۵
قرآن کے کلام الٰہی ہونے کی دلیل۔	۲۹	۴۸
اس کا صرف ظالم ہی انکار کرسکتے ہیں۔	۲۹	۴۹
قرآن میں اہل ایمان کے لیے رحمت و نصیحت ہے	۲۹	۵۱
رومیوں کی فتح کی پیشگوئی۔	۳۰	۲ تا ۶
لوگوں کی ہدایت کے لیے قرآن میں ہر طرح کی مثالیں ذکر کی گئی ہیں۔	۳۰	۵۸
اسے رب العالمین نے نازل فرمایا اس لیے یہ تا قیامت رشد و ہدایت ہے۔	۳۲	۲
اس کا مقصد خواب غفلت سے بیدار کرنا ہے۔	۳۲	۳
یہ کتاب حکیم ہے	۳۱	۲
محسنین کے لیے ہدایت و رحمت ہے	۳۱	۳
تورات وانجیل		
تورات متقین کے لیے روشنی ہے	۲۱	۴۸
تورات لوگوں کے لیے ہدایت و رحمت ہے	۲۸	۴۳

	سورت نمبر	آیت نمبر
قیامت		
قیامت کے دن پہاڑوں اور دوسرے مظاہر فطرت کی حالت۔	۱۸	۴۷، ۴۸
سب لوگ صف بستہ پیش ہوں گے۔	۱۸	۴۷، ۴۸
اپنا نامۂ اعمال دیکھ کر کفار کہیں گے یہاں تو ہر چھوٹی بڑی چیز لکھ دی گئی ہے۔	۱۸	۴۹
منکرین قیامت کا اعتراض اور ان کا دردناک حشر	۱۹	۶۶ تا ۷۲
" " " "	۲۰	۱۰۰ تا ۱۰۴
اکاد اخفیھا	۲۰	۱۵
قیامت کا منظر	۲۰	۱۰۵ تا ۱۰۹
" " "		۱۱۱
قیامت کے دن آسمانوں کو لپیٹ دیا جائے گا۔	۲۱	۱۰۴
قیامت کا زلزلہ بہت سخت ہوگا۔	۲۲	۲،۱
قیامت کی دلیل۔	۲۲	۵
قیامت کی دوسری دلیل۔	۲۲	۵
قیامت کے دن تمام اہلِ مذاہب کے درمیان فیصلہ ہوگا۔	۲۲	۱۷
اس دن بادشاہی صرف اللہ تعالیٰ کی ہوگی	۲۲	۵۶، ۵۷
کفار کا قیام قیامت پر اعتراض۔	۲۳	۸۲، ۸۳
منکرین قیامت کا اعتراض اور ان کا دردناک حشر۔	۲۵	۲۵ تا ۲۸
اس دن بادشاہی صرف اللہ تعالیٰ کی ہوگی۔	۲۵	۲۵ تا ۲۸
انکار قیامت کی وجہ	۲۷	۶۸
اس کا رد	۲۷	۶۹
کفار پوچھتے ہیں قیامت کب آئے گی۔	۲۷، ۳۲	۷۱، ۷۲، ۲۸

	سورت نمبر	آیت نمبر
قیامت کی نشانی خروج دابۃ	۲۷	۸۲
جو مُردہ زمین کو زندہ کرتا ہے وہ مُردوں کو روزِ قیامت زندہ کرے گا۔	۳۰	۵۰
قیامت کا دن کتنا بڑا ہوگا	۳۲	۵ مع حاشیہ
قیامت کے بارے میں کفار کے شبہات	۳۲	۱۰
قیامت کے روز نیک و بد میں فیصلہ کردیا جائے گا۔	۳۲	۲۵

کفّار و مُشرکین

ان کا عقیدہ، انکے اطوار، عبرت ناک انجام

	سورت نمبر	آیت نمبر
کفار کے مادہ پرستانہ ذہن کی مثال (لاحدھما جنتین)	۱۸	۳۲،۳۳
اپنے مال پر فخر کرنا	۱۸	۳۴
اس کا خیال کہ اس کے باغات ہمیشہ سرسبز رہیں گے۔	۱۸	۳۵
اگر [illegible]ت قائم ہوئی تو بھی وہ اچھی حالت میں ہوں گے۔	۱۸	۳۶
مُسلمان ساتھی کا اس کے ساتھ مکالمہ	۱۸	۳۷ تا ۴۱
اسکے پھل کا برباد ہونا اور اسکا کفِ افسوس ملنا	۱۸	۴۲،۴۳
کفار باطل دلیلوں سے حق کو مٹانا چاہتے ہیں	۱۸	۵۶
انکی ساری کوششیں دُنیوی زندگی کے لیے وقف ہوگئی ہیں، وہ سب سے زیادہ خسارے میں ہیں۔ (ضل سعیھم)	۱۸	۱۰۳ تا ۱۰۵
کیا کفار عذاب کا انتظار کر رہے ہیں	۱۸	۵۵
وہ ہماری آیتوں کا مذاق اُڑاتے ہیں۔	۱۸	۵۶

	سورت نمبر	آیت نمبر
آیاتِ الٰہی سے اعراض بڑا ظلم ہے اور اس کا نتیجہ ہدایت سے محرومی ہے۔	۱۸	۵۷
کفار اپنی خوشحالی کو اپنے برحق ہونے کی دلیل سمجھتے ہیں۔	۱۹	۷۳،۷۴
وہ کہتے قیامت کے دن بھی وہی سرفراز ہونگے	۱۹	۷۷ تا ۸۰
ان کے شرک کی وجہ	۱۹	۸۱،۸۲
کسی کو خدا کا بیٹا بنانا بہت بری بات ہے	۱۹	۸۸ تا ۹۳
مجرموں کو روزِ قیامت جہنم کی طرف ہانکا جائیگا	۱۹	۸۶
انکارِ قیامت	۱۹	۶۶،۶۷
شیطان کو کفار پر مسلط کردیا گیا ہے، وہ انہیں ہمیشہ اکساتا رہتا ہے۔ (تؤزھم ازًا)	۱۹	۸۳
مجرم جہنم میں ہونگے نہ مریں گے نہ جئیں گے	۲۰	۷۴
ذکرِ الٰہی سے منہ موڑنے والوں کی سزائیں۔ (معیشۃ ضنکا)	۲۰	۱۲۴،۱۲۵، ۱۲۶
برباد شدہ قوموں سے یہ کفار عبرت کیوں نہیں پکڑتے۔	۲۰	۱۲۸
کفار کی ثروت و اولاد کی کثرت انکے برحق ہونے کی دلیل نہیں بلکہ انکی آزمائش ہے۔	۲۰	۱۳۱
آیاتِ قرآنی کے نزول پر کفار کا ردِّ عمل	۲۱	۱ تا ۵
ان کے معبود بالکل بے بس ہیں۔	۲۱	۴۳،۴۴
ان کے معبود دوزخ کا ایندھن ہیں	۲۱	۹۸
اللہ تعالیٰ کے بارے میں بغیر علم کے جھگڑا کرتے ہیں، ان کا انجام	۲۲	۸،۹
یہ لوگ کنارہ پر کھڑے کھڑے اسلام لائے (یعبد اللہ علی حرف)	۲۲	۱۱

	سورت نمبر	آیت نمبر
آگ اور کھولتا پانی	۱۸	۲۹
جو اندھے بہرے بنے رہے ان کے سامنے دوزخ ظاہر کر دیا جائیگا۔	۱۸	۱۰۰، ۱۰۱
مصری سورج دیوتا کے پرستار تھے	۲۱	۴۹ سے حاشیہ
طویل مہلت ملنے کی وجہ سے وہ غافل ہوئے۔	۲۱	۴۳، ۴۴
نزول عذاب کے وقت بھاگ دوڑ بے سود	۲۱	۱۲، ۱۳
ان کا اعترافِ گناہ اور بربادی	۲۱	۱۴، ۱۵
ظالم برباد ہوئے اور انکی جگہ دوسری قوم نے لے لی	۲۱	۱۱
کفار جن کی پوجا کرتے ہیں وہ نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان۔	۲۲	۱۲، ۱۳
کفار کو اذیت ناک عذاب	۲۲	۱۹، ۲۰
آگ کا لباس اور گُرزیں۔	۲۲	۱۹، ۲۱
بعض لوگ جہالت اور غرور کے باعث اللہ تعالےٰ کے بارے میں جھگڑتے ہیں۔	۲۲	۸، ۹، ۱۰
جو یہ خیال کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کی مدد نہیں کرے گا انہیں خودکشی کر لینی چاہیے۔	۲۲	۱۵
کفار آیاتِ قرآنی پڑھنے والوں کو نوچ ڈالنا چاہتے ہیں۔	۲۲	۷۲
کفار نے اللہ کی شان نہیں پہچانی	۲۲	۷۴
قوم نوح، عاد، ثمود نے اپنے نبیوں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں برباد کر دیا۔ ان کے کنویں، محلات اور شہر ویران پڑے ہیں۔	۲۲	۴۲ تا ۴۵
مصائب و آلام میں بھی ضد نہیں چھوڑتے۔	۲۳	۷۵ تا ۷۷
تعصب و ہٹ دھرمی	۲۳	۸۱ تا ۸۳

	سورت نمبر	آیت نمبر
اللہ تعالیٰ سے مانگنے والوں سے کفار کا استہزاء	۲۳	۱۰۹، ۱۱۰
کفار فلاح نہیں پا سکتے۔	۲۳	۱۱۷
ان کے نزدیک فقط یہ دنیوی زندگی ہی ہے	۲۳	۳۷
کفار کے اطوار گستاخیاں خوش گپیاں صحنِ حرم میں قصہ گوئی کی محفلیں۔	۲۳	۶۶، ۶۷
دلائلِ توحید سننے کے بعد ان کا ردِ عمل	۲۳	۸۱ تا ۸۳
کفار کا انجام	۲۳	۹۲ تا ۹۵
روزِ محشر کفار کی معذرت خواہی	۲۳	۱۰۳ تا ۱۰۸
کفار کا انکارِ قیامت	۲۳	۸۲، ۸۳
مشرکین کی کمینگی اپنی لونڈیوں سے پیشہ کراتے۔	۲۴	۳۳
کفار کے اعمال کی مثال	۲۴	۳۹، ۴۰
کفار اور منافقین کو جب خداوندی فیصلہ کی طرف بلایا جاتا ہے تو انکار کرتے ہیں۔	۲۴	۴۷ تا ۵۰
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے استہزاء اور تعصب۔	۲۵	۴۱، ۴۲
وہ اپنی ہوائے نفس کے پرستار ہیں۔	۲۵	۴۳
وہ حیوانوں سے بھی زیادہ گمراہ ہیں۔	۲۵	۴۴
طوق و سلاسل میں جکڑ کر دوزخ میں پھینکے جائیں گے۔	۲۵	۱۱ تا ۱۴
کفار کی سرکشی اور ان کا حالِ زار	۲۵	۲۱ تا ۲۳
" " " " " "	"	۲۵ تا ۲۹
گمراہ شعراء اور ان کی صفات ذمیمہ	۲۶	۲۲۴ تا ۲۲۶
کفار کے لیے ان کے بُرے اعمال مزین کر دیے گئے۔	۲۷	۴، ۵
روزِ حشر کفار و ابلیس کی نوک جھونک	۲۶	۹۲ تا ۱۰۲
کفار کا عذر کہ لوگ انہیں اُچک لیں گے۔	۲۸	۵۲

	سورت نمبر	آیت نمبر
ان کی خوشحالی تکبر کا باعث بنی۔	۲۸	۵۸
قرآن کا انکار کافر ہی کرسکتے ہیں۔	۲۹	۴۷
۔ ۔ ۔ ظالم ہی کرسکتے ہیں۔	۲۹	۴۹
وہ کہتے ہیں تم کفر اختیار کرو ہم تمہارے بوجھ اٹھائیں گے۔	۲۹	۱۳،۱۲
کفار نے بتوں کو باہمی محبت کا ذریعہ بنالیا ہے لیکن روزِ قیامت ایک دوسرے پر لعنت بھیجیں گے۔	۲۹	۲۵
جو لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کسی کو دوست بناتے ہیں اُن کی مثال عنکبوت کی سی ہے۔	۲۹	۴۱
ان کے معبود عنکبوت کی طرح کمزور ہیں۔	۲۹	۴۱
کیا بدکار خیال کرتے ہیں کہ وہ ہماری گرفت سے بچ جائیں گے۔	۲۹	۴
تم خدا سے بچ کر کہیں نہیں جاسکتے، نہ زمین میں نہ آسمان میں۔	۲۹	۲۲
خدا کے سوا تمہارا کوئی دوست نہیں۔	۲۹	۲۲
کفار خدا کی رحمت سے مایوس ہوگئے ہیں۔	۲۹	۲۳
اللہ تعالیٰ سے کفر کرنے والے گھاٹے میں ہیں۔	۲۹	۵۲
کفار کے مطالبے کے باوجود نزولِ عذاب میں تاخیر۔	۲۹	۵۳ تا ۵۵
دنیوی زندگی لہو و لعب ہے۔ آخرت ہی ابدی ہے۔	۲۹	۶۴
اللہ تعالیٰ پر بہتان باندھنے والے اور حق کو جھٹلانے والے سب سے زیادہ ظالم ہیں۔	۲۹	۶۸
جو قومیں قوت اور عمران میں ترقی یافتہ	۳۰	۹

	سورت نمبر	آیت نمبر
تھیں جب وہ گمراہ ہوئیں تو انہیں برباد کردیا گیا۔	۳۰	۹
جھٹلانے والوں اور مذاق کرنے والوں کا انجام بہت بُرا ہوگا۔	۳۰	۱۰
کفار کے معبود ان کی شفاعت نہیں کرینگے اس روز یہ ان کا انکار کردیں گے۔	۳۰	۱۳
رنج والم کے وقت موحد بن جاتے ہیں۔	۳۰	۳۴،۳۳
آرام و سرت کے وقت پھر شرک کرنے لگتے ہیں۔	۳۱	۳۲
رحمت کے وقت اترانے لگتا ہے اور تکلیف کے وقت مایوس ہوجاتا ہے	۳۰	۳۶
روزِ حشر کفار کہیں گے کہ وہ دُنیا میں صرف ایک پل ٹھہرے۔	۳۰	۵۵
ان کی تردید	۳۰	۵۶
اس دن ان کا کوئی عذر مقبول نہ ہوگا اور نہ توبہ کی اجازت ہوگی۔	۳۰	۵۷
ان کا کوئی ولی و شفیع نہیں۔	۳۱	۴
وقوعِ قیامت پر ان کا اعتراض	۳۱	۱۰
روزِ حشر کفار کی ندامت اور واپسی کی درخواست	۳۱	۱۲
تم نے ہمیں بھلا دیا ہم نے اپنی رحمت سے تمہیں فراموش کردیا۔	۳۱	۱۴
ذکرِ الٰہی سے رُوگردانی کرنے والا بڑا ظالم ہے۔	۳۱	۲۲
انہیں چاہیے کہ گزشتہ برباد شدہ قوموں سے عبرت حاصل کریں۔	۳۱	۲۶ حاشیہ

	سورت نمبر	آیت نمبر
منافقین		
منافقین کا حال	۲۹	۱۰، ۱۱
سانحہ افک اور رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کی فتنہ انگیزی اور حضرت صدیقہؓ کی برات و دیگر تفصیلات	۲۴	۱۱ تا ۲۰
منافقین کا حال، تکلیف میں اسلام کو چھوڑ دیتے ہیں۔	۲۹	۱۰، ۱۱
مومنین و متقین		
اہل ایمان کے لیے بشارت	۱۸	۲، ۳
مزارات اولیاء کے نزدیک برائے تبرک	۱۸	۲۱ حاشیہ
مسجد بنانے کا حکم	۱۸	-
مادہ پرست کے مقابلہ میں مومن کی سیرت اور ذہنیت۔	۱۸	۳۴
نیک بندے کی اولاد کو بھی اللہ تعالےٰ نوازتا ہے۔	۱۸	۸۲
اہل ایمان کے لیے جنت الفردوس ہے	۱۸	۱۰۷، ۱۰۸
پرہیزگاروں کی نااہل اولاد، انکا انجام اور توبہ	۱۹	۵۹ تا ۶۲
بارگاہ الٰہی میں پرہیزگاروں کی حاضری	۱۹	۸۵
اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈال دیتا ہے۔	۱۹	۹۶
پرہیزگاروں کے لیے جنت	۱۹	۶۱ تا ۶۳
راہ ہدایت پر چلنے والوں کو مزید نور ہدایت	۱۹	۷۶
بخشتا ہے۔	-	-

	سورت نمبر	آیت نمبر
من تقرب شبراً (الحدیث) جو ایک بالشت میرے نزدیک ہوتا ہے میں ایک گز اس کے نزدیک ہوتا ہوں۔	۱۹	۷۶ حاشیہ
عملِ صالح قبر پر سواری بن کر آئے گا۔	۱۹	۸۵ حاشیہ
اہلِ ایمان کا عہد ان کے رب کے نزدیک	۱۹	۸۶ ،
اہلِ ایمان کے لیے بلند درجات	۲۰	۶۹
مرشدِ کامل کی توجہ سے سلوک کی طویل مسافتیں چشم زدن میں طے ہو جاتی ہیں۔	۲۰	۲ حاشیہ
مرنے کے بعد مومن کی روح اس کے جسم میں لوٹائی جاتی ہے۔	۲۰	۵۵ حاشیہ
ساحرانِ فرعون کا ایمان اور نعرۂ حق فاقض ما انت قاض	۲۰	۷۰ تا ۷۶
صرف وہ لوگ شفاعت کریں گے جنہیں اذن شفاعت ہوگا۔	۲۰	۱۰۹
جو میری پیروی کرتا ہے وہ بدبخت نہیں ہوتا	۲۰	۱۲۳
انبیاء، اولیاء شفاعت کریں گے	۲۱	۲۸ حاشیہ
متقین کی صفات	۲۱	۴۹
- -	۲۳	۱۰-۱۱
قیامت کے دن صالحین کیساتھ حسن سلوک	۲۱	۱۰۱
انہیں کوئی گھبراہٹ نہ ہوگی	۲۱	۱۰۲، ۱۰۳
زمین کے وارث صالحین ہیں۔	۲۱	۱۰۵
اہل ایمان کی مساعی بارآور ہوں گی	۲۱	۹۴
اہل ایمان پر گوناگوں انعامات	۲۲	۲۳، ۲۴
متقین کی صفات	۲۲	۳۵
مومنین صالحین کو جنت میں داخل کیا جائیگا	۲۲	۱۴

	سورت نمبر	آیت نمبر
دیگر انعامات	۲۲	۲۴،۲۳
اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان کی طرف سے خود دفاع کرتا ہے	۲۲	۳۸
نیکوں کے لیے مغفرت اور رزق کریم	۲۲	۵۰
مخبتین کی تعریف جن کو مژدہ دیا گیا۔	۲۲	۳۵،۳۴
اعمالِ صالحہ کے باوجود ڈرتے رہتے ہیں۔	۲۳	۵۷ تا ۶۱
مومن اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو پسند کرتا ہے۔	۲۳	۹۹ حاشیہ
پاک مرد پاک عورتوں کے لیے اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لیے	۲۴	۲۶
مومن کو جب شرعی فیصلہ کی طرف بلایا جاتا ہے تو وہ سرِ تسلیم خم کر دیتا ہے	۲۴	۵۱
مومن کی روزِ حشر عزت افزائی	۲۵	۲۴
عباد الرحمٰن کی صفات اور انکی جزا	۲۵	۶۳ تا ۷۰
توبہ سے برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیا جاتا ہے	۲۵	۷۰
اہلِ ایمان شعراء	۲۶	۲۲۷
کراماتِ اولیاء	۲۷	۴۰
اولیاء اللہ روزِ قیامت گھبراہٹ سے محفوظ ہوں گے۔	۲۷	۸۹
اہلِ ایمان کی صفات	۲۸	۵۵،۵۴
توبہ، ایمان، عمل صالح موجب فلاح ہیں	۲۸	۶۷
دارِ آخرت کی نعمتیں انہیں ملیں گی جو دُنیا میں جاہ و حشمت کے طالب نہ تھے۔	۲۸	۸۳
اہلِ ایمان کو آزمانا سنت الٰہیہ ہے۔	۲۹	۳،۲
ایمان اور عمل صالح سے سابقہ برائیاں مٹ جاتی ہیں۔	۲۹	۹،۷

	سورت نمبر	آیت نمبر
اہلِ ایمان کے لیے ہی زمین و آسمان میں اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں۔	۲۹	۴۴ مع حاشیہ
اہلِ صبر اور توکل کو بہترین اجر	۲۹	۵۹،۵۸
اہلِ ایمان شاداں فرحاں ہوں گے۔	۳۰	۱۵
اے اہلِ ایمان دینِ فطرت کی طرف ہمہ تن متوجہ ہو جاؤ۔	۳۰	۳۱
ان مشرکوں میں سے نہ ہو جاؤ جنہوں نے دین کو پارہ پارہ کر دیا اور خود گروہوں میں بٹ گئے۔ کانوا شیعا۔	۳۰	۳۲
اہلِ ایمان کی مدد کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے۔	۳۰	۴۷
اہلِ ایمان قبروں میں سنتے ہیں، جواب دیتے ہیں، مدد فرماتے ہیں۔	۳۰	۵۲
سماعِ موتیٰ کی تفصیلی بحث	۳۰	۵۳ حواشی
اہلِ ایمان کو آزمائش کے وقت صبر کی تاکید اور فتح کا مژدہ۔	۳۰	۶۰
اہلِ ایمان کی صفات جب انہیں آیاتِ نصیحت کی جاتی ہے تو سجدہ میں گر پڑتے ہیں اپنے بستروں کو چھوڑ دیتے ہیں۔ بیم و رجا سے دُعائیں مانگتے ہیں۔ اس کے دیے سے خرچ کرتے ہیں۔	۳۲	۱۶
جو انعامات ان پر کیے جائیں گے انہیں کوئی نہیں جانتا۔ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی۔	۳۲	۱۷
مومن اور فاسق یکساں نہیں۔	۳۲	۱۸ تا ۲۰

	سورت نمبر	آیت نمبر
جو لوگ احکام الٰہی کی اطاعت کرتے تھے، ان میں سے بعض کو امام بنا دیا گیا	۳۲	۲۴
محسنین کی صفات	۳۱	۴،۵
مومنین کے لیے جنات نعیم کا پکا وعدہ	۳۱	۹
لقمان مرد دانا، ان کے مواعظ	۳۱	۱۲،۱۳،۱۹
جو اللہ تعالیٰ کے سامنے سر جھکا دیتا ہے، درآنحالیکہ وہ محسن ہے تو اس نے مضبوط رسی کو پکڑ لیا۔	۳۱	۲۲

معاشیات

	سورت نمبر	آیت نمبر
قرآن میں باغ لگانے کا طریقہ	۱۸	۳۳
قارون کا معاشی نظریہ	۲۸	۷۶
مالدار پر اپنے غریب رشتہ دار کا نفقہ واجب، حقہ کا لفظ غور طلب	۳۰	۳۸ حاشیہ
اقربا، فقراء اور مسافروں کا حصہ	۳۰	۳۸
وہ محض رضائے الٰہی کے لیے خرچ کرتے ہیں	۳۰	۳۸
سود سے مال میں برکت نہیں ہوتی	۳۰	۳۹
زکوٰۃ سے مال میں کئی گنا اضافہ ہوتا ہے	۳۰	۳۹
جہاز رانی بحری تجارت سے کسب معاش کو	۳۰	۴۵
اللہ تعالیٰ کا فضل کہا گیا ہے۔	۳۰	۴۵

نواہی

	سورت نمبر	آیت نمبر
معاشرہ میں بے حیائی پھیلانے کی ممانعت ایسا کرنے والوں کے لیے عذاب الیم۔	۲۴	۱۹
فلمیں، ہیجان خیز لٹریچر وغیرہ کی ممانعت	۲۴	۱۹ حاشیہ
شیطان کی پیروی نہ کرو، وہ برائی اور بے حیائی کا حکم دیتا ہے۔	۲۴	۲۱ حاشیہ
تہمت لگانے والوں پر لعنت	۲۴	۲۳
قحبہ گری کی ممانعت	۲۴	۳۳
الذین فرقوا دینھم وکانوا شیعاً میں سے نہ ہو جاؤ۔	۳۰	۳۲
من یشتری لھو الحدیث، لہو الحدیث کا بیوپار کرنیوالوں کے لیے عذاب مہین ہے۔	۳۱	۶
سماع کا حکم تفصیلی بحث	۳۱	۶ حاشیہ
لقمان نے بیٹے سے کہا شرک مت کرو، شرک ظلم عظیم ہے	۳۱	۱۳
تمہیں دنیوی زندگی اور مکار شیطان دھوکہ میں مبتلا نہ کرے۔	۳۱	۳۳

تعارف سُورۃ کہف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نام: کیونکہ اس سُورت میں اصحابِ کہف کا ذکر ہے۔ اِس مناسبت سے اس کا نام الکہف رکھا گیا۔

نزول: یہ سُورت باتفاق علماء مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ اس کا نزول حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے آٹھویں اور دسویں سال کی درمیانی مدت میں ہوا۔ واللہ تعالیٰ اعلم اس کی آیتوں کی تعداد ایک سو دس ہے یہ ایک ہزار پانچ سو ستتر کلمات اور چھ ہزار تین سو ساٹھ حروف پر مشتمل ہے۔

مضامین: اِس سورت کا آغاز حمدِ باری تعالیٰ سے کیا گیا۔ ساتھ ہی اس کی وجہ بھی بیان فرمادی کہ اللہ تعالیٰ وہ کریم اور رحیم ہے جس نے دنیائے انسانیت کو رشد وہدایت کا ایسا صحیفہ عنایت فرمایا جو خود بھی ہر قسم کی کجی اور خامی سے پاک ہے اور اس کے ساتھ انسانی زندگی کے کسی شعبہ میں سیاسی، معاشی، قانونی اور اخلاقی جہاں کوئی کجی یا خامی افراط وتفریط پائی جاسکتی ہے وہ اس کی اصلاح اور درستی کی پوری صلاحیت رکھتا ہے۔ مزید کرم یہ فرمایا کہ ایسی کتاب لانے کے لیے کوئی عام انسان مقرر نہیں کیا جس کی صورت وسیرت میں کوئی کشش نہ ہو جس کے قول وفعل میں کوئی جاذبیت نہ ہو۔ جو خاموشی سے آئے، کتاب پہنچائے اور چپکے سے چلا جائے۔ بلکہ ایک ایسے بندے کو دعوتِ حق کا پیغامبر بنا کر بھیجا جو اس کا محبوب ترین بندہ ہے جس کی آمد سے کفر وفسق کی تاریک اور طویل رات ختم ہوئی۔ اور حق وصداقت کی صبح طلوع ہوئی۔ لات وہبل کی جھوٹی خدائی کا تختہ اُلٹ دیا گیا خفتہ بخت انسان خوابِ غفلت سے جاگ اٹھا۔ سچ تو یہ ہے کہ اگر ایسے رحیم وکریم خدا کی حمد وثنا نہ کی جائے تو اور کون ہے جو اس کا مستحق ہو۔

ایک خدا فراموش اور دنیا پرست انسان کا جو نفسیاتی تجزیہ اس سورت میں کیا گیا ہے اسے پڑھ کر یہ یقین ہو جاتا ہے، کہ قرآن کسی انسان کا کلام نہیں بلکہ خالقِ انسان کا کلام ہے جو اس کے نظریات اور قلبی خطرات سے پوری طرح آگاہ ہے۔ آیات نمبر ۳۲ تا ۴۴ میں ایک دنیا پرست کی کم ظرفی، خود بینی اور خود فریبی کا تذکرہ کیا گیا۔ وہ ایک خدا پرست انسان سے جو دولت میں اس سے کم ہے۔ اثنائے گفتگو یہ کہنے میں کوئی شرم محسوس نہیں کرتا کہ اس کے پاس دولت بھی زیادہ ہے اور اس کے خادموں اور نوکروں کی تعداد بھی اس سے زیادہ ہے حالانکہ کسی غریب آدمی کے سامنے اپنی ثروت کی فراوانی بیان کرنا اور اسکو احساس غربت دلانا کم ظرفی اور خود بینی کی انتہا ہے۔ مزید برآں وہ قیامت کا منکر ہے اور اس غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ اگر قیامت آ بھی

گئی تو اس روز بھی اسی کو عزت و کرامت کی مسند پر بٹھایا جائے گا۔ اور اہلِ ایمان جو اس دنیا میں کسمپرسی کی حالت میں زندگی بسر کرتے رہے۔ اس روز بھی وہی ذلیل و خوار ہونگے۔ یہ اس کی خود فریبی کی انتہا ہے۔ آیات ۱۰۳ اور ۱۰۴ میں یہ بتایا کہ ایسے شخص کی ساری جدوجہد اور دوڑ دھوپ فقط دنیوی زندگی کو باعزت اور آرام دہ بنانے کے لیے وقف ہوجاتی ہے اسے کبھی اپنی عاقبت سنوارنے کا نہ خیال آتا ہے نہ فرصت ملتی ہے۔ آیت نمبر ۵۵ میں یہ بتایا گیا کہ اگر ایسے لوگوں کو اپنی گمراہیوں سے باز آنے اور بدکاریوں سے تائب ہونے کی دعوت دی جائے تو وہ اس سے بروقت فائدہ اٹھانے کی کوشش نہیں کرتے اور بدقسمتی سے انھوں نے اس دعوت کی صداقت کا ایک ہی معیار مقرر کر رکھا ہے کہ اگر ان پر عذاب آگیا تو دعوت سچی ورنہ جھوٹی۔ ان عقل کے اندھوں سے کوئی پوچھے کہ جب تمھاری گمراہیوں کی پاداش میں تم پر عذاب آگیا اور تمھیں دوزخ کا ایندھن بنا دیا گیا تو اب اگر تم نے اس دعوت کی صداقت کو تسلیم کر بھی لیا تو تمھیں اس سے کیا فائدہ پہنچے گا۔ ہر دنیا پرست کی ہر زمانہ میں پہلے بھی اور آج بھی یہی ذہنیت ہی ہے اور سوچ بچار کا یہی انداز رہا ہے۔ اس لیے ہر ایک کو ایک ہی انجام سے دوچار ہونا پڑا۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو بروقت متنبہ ہوکر اپنی اصلاح کر لیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے دوسرے مقامات کی طرح یہاں بھی اس حقیقت کو بے نقاب کیا ہے کہ یہ مال و دولت یہ جاہ و حشمت یہ فرزند و زن اس دنیا کی زینت ہیں۔ جس طرح یہ دنیا فانی ہے اس کی زیب و زینت کے سارے سامان بھی فانی ہیں یہ اس قابل نہیں کہ کوئی مومن اس کی محبت میں اتنا دل بستہ اور اس کی چاہت میں ایسے ہوش باختہ ہو جائے کہ اپنے خدا کو اور اپنے انجام کو بھی فراموش کر دے۔ دل لگانے کے قابل تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ طلب تو صرف اس کی رضا کی ہونی چاہیے اور زندگی کی اس محدود فرصت میں ایسے نیک، مفید اور نتیجہ خیز کام کرنے چاہئیں۔ جو کبھی فنا آشنا نہ ہوں۔ والباقیات الصالحات خیر عند ربک ثوابا وخیر املا۔ (آیت نمبر ۴۶) کے دلنشیں الفاظ سے اسی حقیقت کی طرف توجہ دلائی گئی۔

حکمت و دانش کے ان انمول جگمگاتے ہوئے موتیوں کے علاوہ جن سے اس سورۃ کا دامن مرصع ہے تین واقعات کا بیان شرح و بسط سے کیا گیا ہے اصحابِ کہف، حضرت موسیٰ کا سفر اور ذوالقرنین۔ ان کی تفصیل اپنے اپنے مقام پر آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔ یہاں مختصراً اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ اصحابِ کہف کا ذکر کر کے ان مظلوم اور ستم رسیدہ مسلمانوں کی حوصلہ افزائی فرمائی کہ تم سے پہلے بھی حق قبول کرنے والوں کو طرح طرح کی اذیتوں کا نشانہ بنایا گیا۔ انھوں نے محض اپنا ایمان بچانے کے لیے اپنے وطن کو چھوڑا اور ایک غار میں پناہ لی۔ اور تم تو غلامانِ حبیبِ کبریا علیہ الصلوٰۃ والثنا ہو تمھیں کفار کی ان اذیت رسانیوں کے باعث حوصلہ نہیں ہارنا چاہیے بلکہ بڑی ثابت قدمی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ تم دیکھو گے کہ اللہ تعالیٰ کس طرح تمھیں اوجِ کمال تک پہنچاتا ہے اور کس طرح تمھیں ابدی عزتوں سے سرفراز کرتا ہے اسی ضمن میں کفار کو یہ بھی بتا دیا کہ جو ذات اصحابِ کہف کو سینکڑوں سال کے بعد از سرِ نو زندگی عطا فرما سکتی ہے وہ تمھیں بھی روزِ حشر زندہ کر کے اٹھا سکتی ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سفر سے علم و حکمت کے حصول کی اہمیت کا درس دیا۔ اس کے ضمن میں چند واقعات بیان کر کے ایک پیچیدہ عقدہ کو بھی حل فرما دیا۔ اس دنیا میں اکثر ایسے واقعات رونما ہوتے رہتے ہیں جن کی ہم کوئی توجیہ نہیں کر سکتے

باہم انھیں عدل وحکمت کے تقاضوں کے سراسر منافی سمجھتے ہیں حقیقت میں یہ ہماری اپنی کم فہمی ہوتی ہے۔ اگر ان سے پردہ ہٹایا جائے تو ان کا عین عدل وحکمت ہونا اظہر من الشمس ہو جائے۔ جس طرح ان تین واقعات سے جب حضرت خضر علیہ السلام نے پردہ اٹھایا تو حضرت کلیم اللہ کی برہمی اور ناراضگی خود بخود دُور ہو گئی اور انھیں اپنے اعتراضات واپس لینے کے بغیر کوئی چارہ کار نہ رہا۔

ذوالقرنین کا واقعہ بیان کر کے ایک مومن حکمران کی خوبیوں کو ظاہر فرمایا کہ وہ باوجود قوت واقتدار کے اپنی رعایا کے لیے مہربان، عادل اور شفیق ہوتا ہے۔

آخری دو آیتوں میں اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی عظمت اور جلال کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ ارشاد ہے اگر سمندر سیاہی بن جائیں اور اس سے اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی آیات عظمت وجلال کو قلم بند کیا جائے تو سمندر خشک ہو جائیں۔ لیکن اس کی صفات کا بیان پھر بھی تشنۂ تکمیل رہے۔

حضور نبی اکرم کی زبان سے یہ اعلان کرایا کہ میں بشر ہوں۔ خدا نہیں۔ خدا وہی ہے جو وحدہٗ لاشریک ہے جس کا میں بھی بندہ ہوں اور ساری کائنات بھی اس کی مخلوق اور اس کے سامنے سرافگندہ ہے۔ اس آیت سے اس صداقت کو ثابت کیا کہ جب یہ مرقع حسن وکمال باایں ہمہ زیبائی ودلربائی خدا نہیں تو اور کون ہے جو خدائی کا دعوے کرے گا۔ جب زبانِ مصطفےٰ یہ اعلان کر رہی ہو لا الٰہ الا اللّٰہ تو کائنات کی ہر چیز کو طوعاً وکرہاً کہنا پڑے گا اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ بعض کم نظر لوگ اس آیت کریمہ سے شانِ حبیب کبریا کی تنقیص کرتے ہیں۔ لیکن حقیقت میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی سب سے بڑی دلیل ہے اور دلِ بینا کو وہ عظمتیں جو نام پاک محمد (تعریف کیا ہوا) صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم میں پنہاں ہیں پوری آب وتاب سے دکھائی دے رہی ہیں۔ ؎

دلِ بینا بھی کر خدا سے طلب — آنکھ کا نور دل کا نور نہیں

سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَعَشْرُ اٰيَاتٍ وَاثْنَا عَشَرَ رُكُوْعًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ کہف مکی ہے اس کی آیتیں (اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے) ١١٠ اور رکوع ١٢ ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّهٗ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جس نے نازل فرمائی اپنے (محبوب) بندے پر یہ کتاب اور نہیں پیدا ہونے دی اس میں ذرا

لے اس سے پہلی سورت کا اختتام بھی حمد سے ہوا اور اس سورت کا آغاز بھی حمد سے کیا جارہا ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ ہر خوبی و کمال جس کا ظہور اختیار اور ارادہ سے ہو۔ اس کی ستائش و ثنا کو عربی میں حمد کہتے ہیں۔ سابقہ سورت کی آخری آیتوں میں ان خوبیوں اور کمالات کا ذکر ہوا جن سے ذاتِ الٰہی متصف ہے۔ اس آیت میں اس کی صفت جود و کرم کا بیان ہے۔ جس نے ناقصوں کو کامل، گم کردہ راہوں کو خضرِ کارواں اور ایجد ناشناسوں کو نہاں خانۂ تقدیر کا رازداں بنا دیا۔ اس لیے فرمایا سب ستائشیں اسی ذات کے شایاں ہیں جس نے اپنے محبوب بندے پر یہ کتاب نازل فرما کر انسانیت کی شبِ دیجور کو صبحِ نور سے آشنا کیا ہے۔ عبدہٗ سے مراد صاحبِ قرآن اور الکتاب سے مراد قرآن کریم ہے۔ عبدہٗ میں کوئی التباس نہیں۔ کیونکہ مقامِ عبدیت کاملہ پر صرف یہی ذات بابرکات فائز ہے۔ اور قاعدہ ہے کہ جب کوئی چیز کسی صفت میں اوجِ کمال پر پہنچتی ہے تو جب اس صفت کو مطلقاً ذکر کیا جائے گا تو اس سے مراد وہی موصوف ہوگا۔ ع جملہ عالم بندگان و خواجہ اوست

جس کسی کو عبدیت کا جتنا کچھ عرفان نصیب ہوا اسی کے طفیل ہوا۔ ؎

وَكُلُّهُمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ مُلْتَمِسٌ ... غَرْفًا مِنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِنَ الدِّيَمِ

فَهُوَ الَّذِيْ تَمَّ مَعْنَاهُ وَصُوْرَتُهُ ... ثُمَّ اصْطَفَاهُ حَبِيْبًا بَارِئُ النَّسَمِ

ترجمہ:۔ تمام انبیاء حضور کے بحرِ کرم سے چلو بھر رہے ہیں اور حضور کے ابرِ رحمت سے ہونٹ تر کر رہے ہیں۔ یہی وہ ذاتِ اقدس ہے جس کا ظاہر و باطن مکمل ہے۔ پھر کائنات کے خالق نے اس سراپا حسن و خوبی کو اپنا حبیب منتخب فرمایا ہے۔

اسی طرح جب الکتاب کہا جائے گا تو فوراً ذہن اس صحیفۂ کاملہ اور نسخۂ کیمیا کی طرف منتقل ہوگا جو قرآن کے نام سے ہمارے پاس موجود ہے۔ جس طرح صاحبِ کتاب اپنی شانِ عبدیت اور مقامِ بندگی میں بے نظیر ہے۔ اسی طرح یہ کتاب بھی بے عدیل ہے۔

لے اسی کتاب کی ایک شان بیان فرمادی کہ اس کی عبارت اور اس کا معنی اس کا ظاہر اور اس کا باطن ہر قسم کی کجی سے مبرا ہے۔ عِوَجٌ یعنی اگر عین مکسور ہو تو اس سے مراد معنوی کجی ہوتا ہے اور اگر عَوَجٌ ہو یعنی عین مفتوح ہو تو اس سے مراد ظاہری ٹیڑھا پن ہوتا ہے عرب کہتے ہیں فی دینہ عِوَجٌ وفی عصاہ عَوَجٌ اور عِوَجًا کی تنوین تقلیل کی ہے یعنی اس میں ذرا سی بھی کجی نہیں ہے۔ علامہ راغب اصفہانی اس لفظ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ وہ ٹیڑھا پن جو آنکھ سے دیکھا جائے اسے عَوَج کہتے ہیں اور وہ کجی جو فکر اور بصیرت سے معلوم ہو اسے عِوَج کہتے ہیں العوج یقال فی مایدرک بالبصر سهلا كالخشب المنتصب ونحوه والعوج یقال فی مایدرک بالفکر والبصیرۃ کالدین والمعاش (مفردات)

عِوَجًا ﴿١﴾ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

کجی (اور معاش و معاد کو) درست کرنے والی ہے تاکہ ڈرائے سخت گرفت سے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوگی اور یہ مژدہ سنائے ان اہل ایمان کو

الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ﴿٢﴾ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ

جو کرتے ہیں نیک اعمال کہ بیشک ان کے لیے بہت عمدہ جزا ہے وہ ٹھہریں گے اس (جنت) میں

اَبَدًا ﴿٣﴾ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ﴿٤﴾ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ

تا ابد اور تاکہ ڈرائے ان (نادانوں) کو جو یہ کہتے ہیں کہ بنا لیا ہے اللہ تعالیٰ نے (فلاں کو) اپنا بیٹا نہیں ہے انہیں اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کا

١ اس کتاب کی ایک صفت تو یہ ہے کہ اس میں کوئی کجی کوئی خامی نہیں اور دوسری صفت یہ ہے کہ دوسروں کی کجیوں اور خامیوں کی اصلاح کرتی ہے اور انکی انفرادی اور اجتماعی زندگی کو ایسی بنیادوں پر استوار کرتی ہے کہ ان میں پھر خلل راہ نہیں پا سکتا۔

"قیما" ای ثابتا مقوما لامور معاشھم و معادھم۔

٢ اس جملہ میں ایسے عظیم المرتبت صحیفہ پر ایسی جلیل القدر کتاب کے نزول کا مقصد حقیقی بیان فرمایا جا رہا ہے کہ اس کا مقصد صرف یہی نہیں کہ اسے ریشمی غلافوں میں لپیٹ کر دفع بلیات و آفات کے لیے گھر کے کسی اونچے طاق پر رکھ دیا جائے یا طوطے کی طرح اس کی آیات کو گاہ گاہ بن سمجھے پڑھ لیا جائے۔ یہ تو کاروان انسانیت کا رخ موڑنے کے لیے اس کے بخت خفتہ کو بیدار کرنے کے لیے اس کے شولیدہ افکار کو نکھارنے کے لیے اتاری گئی ہے۔ یہ نابکاروں کو گم کردہ راہ مسافروں کو متنبہ کرتی ہے کہ وہ بروقت اصلاح احوال کی کوشش میں لگ جائیں ورنہ اپنے آپ کو اس عذاب کے لیے تیار کر لیں جس سے بچ نکلنے کی کوئی صورت نہ ہوگی۔

٣ اور جن لوگوں نے اس دعوت کو قبول کیا اور راہ حق پر چل پڑے اور اپنے نظریات کی صداقت پر اعمال حسنہ کی گواہی پیش کر دی انہیں یہ کتاب مژدہ سنائے کہ تکلیفوں سے مت گھبراؤ۔ ثابت قدمی سے آگے بڑھتے چلے جاؤ۔ رحمت خداوندی نے چمن فردوس کی بہاروں کو حکم دیا ہے کہ جادہ عشق و محبت کے آبلہ پا مسافروں پر نچھاور کرنے کیلئے پھول چن رکھیں جن کی مہک اور جن کی رنگت انکے بلند حوصلوں کی شایان شان ہو اور انہیں یہ بھی بتا دو کہ یہ بہار خزاں آشنا نہ ہوگی وہ ہمیشہ ہمیشہ اس سے لذت و سرور حاصل کرتے رہیں گے۔

٤ عرب میں بت پرستی اور شرک کی ان گنت شکلیں مروج تھیں۔ ان میں سے ایک شکل یہ تھی کہ بعض لوگ فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں (نعوذ باللہ) یقین کرتے تھے اور ان کی پوجا کیا کرتے تھے۔ یہ کتاب کفر و شرک کی ساری صورتوں کو محو کرنے کے لیے آئی ہے۔ خصوصاً یہ بیہودہ شرک جس کو عقل اپنی تمام کمزوریوں کے باوجود قبول کرنے کے لیے تیار نہیں جو محض جہالت، حماقت اور اندھی تقلید کا نتیجہ ہے۔ اس غلط اور احمقانہ عقیدہ کے خوفناک نتائج سے آگاہ کرنا بھی اس کتاب کے مقاصد سے ہے۔

عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ اِنْ

کچھ علم ہے اور نہ انکے باپ دادا کو کتنی بڑی ہے وہ بات جو نکلتی ہے ان کے مونہوں سے ؎ وہ نہیں

يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰۤى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ

کہتے ہیں مگر (سراسر) جھوٹ۔ تو کیا آپ (فرطِ غم سے) تلف کر دیں گے اپنی جان کو انکے پیچھے ؎ اگر وہ

يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً

ایمان نہ لائے اس قرآن کریم پر افسوس کرتے ہوئے ؎ بیشک ہم نے بنایا ان چیزوں کو جو زمین پر ہیں انکے لیے باعثِ زینت ؎

لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا

آرائش تاکہ ہم انھیں آزمائیں کہ ان میں سے کون عمل کے لحاظ سے بہتر ہے ؎ اور ہم ہی بنانے والے ہیں ان چیزوں کو جو زمین پر ہیں۔

؎ اس کا فاعل 'ھی' ضمیر ہے جو اس میں مستتر ہے۔ اور کلمۃ اس کی تمیز ہے اس لیے منصوب ہے اور یہ اسلوبِ کلام اظہارِ تعجب کے لیے اختیار کیا گیا ہے یعنی یہ نادان کتنی نازیبا کتنی نامعقول بات اپنی زبان پر لارہے ہیں اور کتنا سفید جھوٹ بول رہے ہیں۔

؎ اُدھر جور و جفا کا یہ حال ہے کہ کسی معقول بات پر بھی غور نہیں کرتے بلکہ اُلٹا مذاق اُڑاتے ہیں اور ادھر رأفت و رحمت کی یہ کیفیت ہے کہ ہر قیمت پر انھیں ہلاکت کے گرداب میں گرنے سے بچانے کا خیال ہر وقت بے چین رکھتا ہے۔ مسجد حرام کے صحن میں بازارِ مکہ کی ہنگامہ پرور فضاؤں میں، ان کی نشستگاہوں میں اور ان کے خلوت کدوں میں جاجا کر انھیں سمجھایا جا رہا ہے۔ وہ بار بار جھڑکتے ہیں۔ ناراض ہوتے ہیں، بپھرتے ہیں لیکن اخلاص و محبت کا یہ چشمہ رواں ہی رہتا ہے جب رات کی خاموشی چھا جاتی ہے۔ ساری آنکھیں محوِ خواب ہوتی ہیں۔ تو یہ اٹھتا ہے اپنا سرِ نیاز بارگاہِ بے نیاز میں جھکاتا ہے، اور اللہ تعالیٰ سے رو رو کر ان کی ہدایت کے لیے درد و سوز میں ڈوبی ہوئی التجائیں کرتا ہے۔ ایسے معلوم ہوتا ہے کہ اگر ان میں سے کوئی ایک بھی ہدایت کی روشنی سے محروم رہا تو اس کی جان پر بن آئے گی۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کی اس بے چینی اور اضطراب کو دیکھتا ہے جس میں کوئی ذاتی منفعت نہیں۔ وہ ان آہوں کے سوز سے واقف ہے۔ وہ ان آنسوؤں کو جانتا ہے جو اس کے محبوب کی چشمِ مازاغ کی پلکوں پر جھلملاتے ہیں اور پھر اس کے حضور اس کی رحمت کی بھیک مانگنے کے لیے گر پڑتے ہیں۔ یہ بے خوابیاں، یہ بے تابیاں کن کے لیے ہیں؟ ان کے لیے جو جان کے دشمن اور خون کے پیاسے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کو تسلی دیتے ہیں کہ اتنا غم نہ کیجیے۔ 'بخع' کا معنی ہے غم و اندوہ سے جان تلف کر دینا۔ البخع قتل النفس غما۔ (مفردات)

؎ یہ باغ و بہار، یہ مرغزار و کوہسار، یہ گل و عندلیب، یہ بہتے ہوئے دریا، یہ پھیلے ہوئے صحرا، یہ صبح کا اجالا اور مغرب کی شفق،

صَعِيدًا جُرُزًا ۝٨ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ

ویران کر کے چٹیل میدان غیر آباد [10] کیا آپ خیال کرتے ہیں کہ غار والے [11] اور رقیم والے [12]

كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝٩ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ

ہماری ان نشانیوں میں سے ہیں جو تعجب خیز ہیں۔ (یاد کرو) جب پناہ لی ان جوانوں نے غار میں پھر انھوں نے دعا مانگی اے ہمارے رب!

غرضیکہ حسن و جمال کی یہ نمائش جو ہر جگہ ہو رہی ہے اس لیے نہیں کہ لوگ اس میں کھو جائیں اور داد عیش دیتے دیتے زندگی گزار کر رخصت ہو جائیں بلکہ یہ سب آزمائشیں ہیں۔ ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ کون حسن مجازی اور جمال فانی کے ناز و ادا پر فریفتہ ہو کر رہ جاتا ہے اور کون وہ بلند نظر اور عالی ظرف ہے جو ان تمام دلکشیوں سے دامن دل بچاتا ہوا حریم محبوب کی طرف رواں دواں رہتا ہے۔ انسان کو چاہیے کہ وہ ظاہری حسن و زیبائی کی پرستش میں وقت برباد نہ کرے بلکہ اپنے خالق حقیقی کی معرفت اور قرب حاصل کرنے کے لیے اپنی ساری توانائیاں وقف کر دے۔

[10] یعنی زمین پر جتنی چیزیں بڑی حسین و جمیل اور پرکشش نظر آتی ہیں یہ سب فانی ہیں۔ ایک دن ان کا نام و نشان مٹا دیا جائے گا۔ اور ساری زمین چٹیل اور بنجر ہو جائے گی۔ اس لیے فانی چیزوں کے لیے اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنا قطعاً عقلمندی نہیں۔

[11] حضرت مسیح علیہ السلام کے مواعظ کے باعث یہودی علماء و امراء ان کے خون کے پیاسے ہو گئے اور انھیں ہر طرح کی اذیتیں دینے لگے۔ یہاں تک کہ آپ پر دین کی تحریف کا سنگین الزام لگا کر علاقہ کے رومی گورنر پیلاطس کے پاس دعوےٰ دائر کیا اور اسے دھمکی دی کہ اگر اس نے انھیں تختہ دار پر نہ چڑھایا تو وہ بغاوت کر دیں گے۔ چند حواریوں کے علاوہ ملک کی پوری آبادی یہود کی ہمنوا تھی اور وہ اس لمحہ کا بڑی بے تابی سے انتظار کر رہی تھی جب آپ کو صلیب پر لٹکا دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے مقبول بندے کی خود حفاظت فرمائی اور آسمان کی طرف اٹھا کر ان نابکاروں کے ہتھکنڈوں سے آپ کو بچا لیا۔

ان حالات میں دین مسیحی کے پھیلنے کا کوئی امکان نہ تھا لیکن اپنے ان چند حواریوں کے دل میں حق کا جو چراغ حضرت مسیح روشن کر گئے تھے وہ مصائب کی ان تند آندھیوں میں بھی نہ بجھ سکا۔ ان کی پرجوش تبلیغ سے لوگ آہستہ آہستہ عیسائیت قبول کرنے لگے اور علاقہ بھر میں ان کے حلقے قائم ہو گئے جو اللہ تعالیٰ کی توحید حضرت عیسیٰ کی رسالت اور قیامت پر یقین رکھتے تھے اگرچہ ملک کی اکثریت اپنے رومی حکمرانوں کی طرح بت پرست تھی۔

لیکن ۲۴۸ء کے اواخر میں جب دقیانوس (جسے رومی زبان میں ڈیسیس (DECIUS) کہتے ہیں) روما کے تخت پر متمکن ہوا تو ہوا کا رخ پھر بدل گیا۔ اس نے ایک قانون کے ذریعہ مسیحی دین پر پھر پابندی لگا دی۔ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے مقالہ نگار کے خیال کے مطابق یہ پہلا رومی فرمانروا تھا جس نے مسیحیت کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنے کا جامع منصوبہ بنایا اور اپنی ساری قلمرو میں عیسائیوں کے قتل و غارت کا بازار گرم کر دیا (انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا جلد ۷ صفحہ ۱۲۰)۔

ایشیائے کوچک اس وقت رومن ایمپائر کے زیرنگیں تھا وہاں کے مختلف شہروں میں بھی عیسائی آبادیاں تھیں دقیانوس کی اس دار و گیر کی زد ان پر بھی پڑی۔ انھیں واضح طور پر بتا دیا گیا کہ اگر زندگی کی ضرورت ہے تو عیسائیت چھوڑ دو۔ اور جن بتوں اور دیوی دیوتاؤں کی ہم پوجا کرتے ہیں۔ ان کی پوجا کرو۔ ڈیسیس جب عملی دورہ پر روانہ ہوتا تو وہ اس مقصد کو تمام دوسرے امور مملکت پر ترجیح دیتا۔ ایک دفعہ اس کا گزر ایشیائے کوچک کی بستی افیسس (EPHESUS) پر ہوا۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں آرٹمیس یا ڈائنا دیوی کا مندر تھا جس کی بڑی دھوم دھام سے پوجا ہوتی تھی اور اس مندر کی وجہ سے اس شہر کو ملک بھر میں خاص اہمیت حاصل تھی۔ یہاں جب دقیانوس نے عیسائیوں کی پکڑ دھکڑ شروع کی تو چند نوجوان اپنی دولتِ ایمان بچانے کے لیے یہاں سے چل نکلے۔ قریب ہی ایک پہاڑ تھا جس میں ایک وسیع غار تھا اس میں جا چھپے اور بارگاہِ الٰہی میں گڑگڑا کر التجائیں کرنے لگے کہ وہ انھیں اس ظالم اور سنگدل بادشاہ کے شر سے بچائے اور ان کو نعمتِ ایمان سے محروم نہ کرے۔ ایسا نہ ہو کہ کسی آزمائش میں ان کا قدم لڑکھڑا جائے اور دامنِ حق ان کے ہاتھ سے چھوٹ جائے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی فریاد سنی اور ان پر نیند مسلط کر دی گئی اس غار کا منہ شمال کی جانب تھا۔ اس لیے اس میں دھوپ تو داخل نہ ہوتی لیکن ہوا اور روشنی کا گزر اچھی طرح سے تھا اس لیے یہاں ان کے جسم اس طویل نیند کے باوجود محفوظ تھے۔ قدرت مناسب وقفہ کے بعد ان کے پہلو بھی بدل دیتی جیسے نیند کی حالت میں ہم سوتے سوتے پہلو بدل لیا کرتے ہیں۔ اسی طرح کا احساس ان میں بھی یقیناً ہوگا۔ دور سے دیکھنے والے انھیں بیدار خیال کرتے حالانکہ وہ محوِ خواب تھے۔ ان کے ساتھ ایک کتا بھی ہو لیا تھا۔ انھوں نے اسے بھگانے کے لیے بڑے جتن کیے لیکن اس نے ساتھ نہ چھوڑا۔ جب وہ غار میں جا کر آسودۂ خواب ہو گئے تو وہ بھی پاسبانی کی خاطر غار کے دہانے پر پاؤں پھیلا کر بیٹھ رہا۔

اس طرح ایک سو ستاسی برس کا عرصہ گزر گیا۔ ڈیسیس کیفرِ کردار کو پہنچا۔ مختلف بادشاہ آئے اور اپنی چند روزہ شاہی کا ڈنکا بجا کر چل دیے۔ پرانے شہر اجڑے نئی بستیاں آباد ہوئیں۔ افیسس کے شہر میں بھی اس دو سو سال کے زمانہ میں کیا شکست و ریخت نہ ہوئی ہوگی۔ جب حکمتِ الٰہی نے چاہا تو ان سونے والوں کو بیدار کر دیا۔ وہ آنکھیں ملتے ہوئے اٹھ بیٹھے۔ خیال انھیں بھی گزرا کہ وہ آج معمول سے کچھ زیادہ ہی سوئے ہیں۔ لیکن یہ بات ان کے سان و گمان میں بھی نہ تھی کہ ان کو یہاں بے سدھ پڑے دو صدیاں بیت گئی ہیں۔ اس لیے وہ ایک دوسرے سے پوچھنے لگے کہ وہ کتنی دیر سوئے ہیں۔

ان کی آنکھیں کیا کھلیں کہ بشری تقاضے بھی بیدار ہو گئے۔ انھیں بھوک نے ستانا شروع کر دیا۔ انھوں نے اپنے ایک ساتھی کو جس کا نام یملیخا بتایا جاتا ہے بستی کی طرف بھیجا کہ ان کے لیے کھانا خرید لائے۔ جب وہ غار سے نکل کر شہر کی طرف روانہ ہوا تو وادی و کوہسار وہی تھے لیکن ماحول میں اجنبیت کے آثار قدم قدم پر حیران کر رہے تھے۔ شہر میں گئے تو در و دیوار، گلی کوچے زبانِ حال سے کچھ اور ہی داستان سنا رہے تھے۔ یملیخا سوچ رہے تھے کہ یا رب خدا! ایک آٹھ پہر میں یہ کیا انقلاب آگیا۔ کل جب چھوڑ کر گئے تو اس شہر کا کیا حال تھا اور آج کیا ہے۔ ایک نانبائی کی دکان پر گئے اور اسے کھانا دینے کے لیے کہا۔ اس نے کھانا دیا۔ انھوں نے وہی پرانا سکہ جو یہاں سے جاتے ہوئے وہ اپنے ساتھ لے گئے تھے اس کی طرف

بڑھا دیا۔ دکاندار اس سکہ کو دیکھ کر ہکا بکا ہو گیا۔ معاملہ نے طول کھینچا۔ اردگرد کے دکاندار بھی اکٹھے ہو گئے۔ یملیخاہ پر الزام لگایا گیا کہ اسے کوئی پرانا شاہی خزانہ ہاتھ آیا۔ معاملہ حاکم شہر تک پہنچا۔ یہاں آکر حقیقت حال سے پردہ اٹھا۔ انھیں پتہ چلا کہ یہ ان نوجوانوں میں سے ایک ہے جو دقیانوس کے مظالم سے بھاگ کر ایک غار میں پناہ گزیں ہو گئے تھے۔ لوگوں کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ سب ان کی جھلک دیکھنے کے لیے غار تک گئے۔ وہاں دوسرے ساتھی یملیخاہ کا انتظار کرتے کرتے اکتا گئے اور ان کے دل میں طرح طرح کے وسوسے پیدا ہونے لگے تھے۔ جب انھوں نے ایک جم غفیر غار کی طرف آتے دیکھا تو انھیں یقین ہو گیا کہ ان کا ساتھی پکڑا گیا ہے اور اس کے بتلانے پر یہ ہجوم انھیں گرفتار کرنے کے لیے دوڑا چلا آرہا ہے۔ جب لوگ حاکم شہر کی قیادت میں وہاں پہنچے تب اصحاب کہف کو معلوم ہوا کہ انھیں یہاں ٹھہرے صدیاں گزر چکی ہیں اور اب حالات کا رُخ بدل گیا ہے اور عیسائیت کا ہر طرف چرچا ہے۔ صرف رعایا ہی نہیں بلکہ حکومت بھی اس دین کو قبول کر چکی ہے۔ مورخین کے بیان کے مطابق یہ واقعہ ۴۳۶ء میں پیش آیا جبکہ روما کے تخت پر تھیوڈوسیس (DHEOSIUS) متمکن تھا۔

مفسرین کرام اور مورخین نے اصحاب کہف کی جگہ، زمانہ اور ان کے مخصوص حالات کے متعلق متعدد اقوال نقل کیے۔ بعض اسے حضرت عیسیٰ کے زمانہ سے پہلے کا زمانہ بتاتے ہیں۔ بعض نے کہا ہے کہ یہ کہف خلیج عقبہ کے نواحی پہاڑوں میں واقع ہے۔ بعض نے شام کے کسی مقام کا تعین کیا ہے اور علامہ ابن حیان اندلسی صاحب البحر المحیط نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ یہ سارا واقعہ اندلس کے علاقہ میں ہوا۔ وہ لکھتے ہیں غرناطہ کے قریب ایک قصبہ ہے جسے "لوشہ" کہتے ہیں۔ اس میں ایک غار ہے جہاں کئی مُردوں کے ڈھانچے ہیں اور باہر ایک کتے کا ڈھانچہ بھی ہے۔ ابن عطیہ کہتے ہیں کہ ۵۰۴ھ سے انھیں اسی حالت میں دیکھ رہے ہیں۔ وہاں ایک مسجد بھی ہے اور ایک رومی طرز کی پرانی عمارت بھی ہے جسے "الرقیم" کہا جاتا ہے۔ ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے یہ کسی قدیم قصر کے کھنڈرات ہیں اور غرناطہ سے قبلہ کی جانب ایک پرانے شہر کے آثار بھی پائے جاتے ہیں جس کا نام مدینہ دقیوس بتایا جاتا ہے۔ ابن عطیہ کا یہ قول نقل کرنے کے بعد علامہ ابن حیان لکھتے ہیں کہ جب ہم اندلس گئے تھے تو لوگ اس غار کی زیارت کے لیے جایا کرتے تھے۔ (البحر المحیط)

کئی دیگر مقامات میں غاروں میں اس قسم کے ڈھانچے دکھائی دیتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ اہل حق پر جب بھی جبر و تشدد کا بازار گرم ہوا ہو تو ان میں سے چند لوگوں نے قریبی پہاڑوں کی غاروں میں پناہ لی ہو اور ان کے ڈھانچے اسی طرح محفوظ ہوں اور سپین کے جس غار کا ذکر علامہ ابن حیان نے کیا ہے وہ بھی اسی طرح کا ایک غار ہو۔

لیکن میں نے جو تفصیل لکھی ہے مجھے وہی حقیقت سے زیادہ قریب معلوم ہوتی ہے کیونکہ ہمارے مفسرین نے اسے یوں ہی بیان کیا ہے۔ ان کے علاوہ ایک مشہور انگریز مورخ ایڈورڈ گبن (EDWARD GIBBON) نے بھی اپنی معروف تاریخ کی کتاب (THE DECLINE AND FALL OF ROMAN EMPIRE) کی تیسری جلد صفحہ ۴۴۰ تا ۴۴۳ میں "سات سونے والوں" کے احوال لکھے ہیں جو بالکل اس واقعہ سے مطابقت رکھتے ہیں حتیٰ کہ عربی مصادر میں جو نام ہیں تقریباً وہی نام اس نے بھی درج کیے ہیں۔ مورخ مذکور نے اس کے حاشیہ میں اس

واقعہ کا ماخذ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ میں نے یہ واقعہ شام کے مشہور بشپ جیمس سروج (JAMES OF SARUJ) کے مجموعہ مواعظ جو ۲۳۰ مواعظ پر مشتمل ہے کے ایک وعظ سے لیا ہے۔ یہ بشپ ۴۵۲ء میں پیدا ہوا اور ۴۷۴ء میں اس نے یہ مواعظ لکھے۔ اسے ۵۱۹ء میں بشپ مقرر کیا گیا اور ۵۲۱ء میں اس نے وفات پائی۔ اور چھٹی صدی کے اختتام سے پہلے شامی زبان سے اس کا ترجمہ لاطینی زبان میں ہو گیا تھا۔ تاریخی لحاظ سے یہ کتاب اس واقعہ کے وقوع پذیر ہونے کے اقرب ترین زمانہ کی تحریر ہے۔ اس لیے اس میں حقیقت کی زیادہ سے زیادہ جھلک دکھائی دے سکتی ہے۔ یہ مواعظ کیونکہ تقریباً پچاس برس بعد لکھے گئے اس لیے ان کی ساری تفصیلات کو جوں کا توں تسلیم کر لینا قطعاً قرین دانش نہیں البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس مجموعہ کے بیان کردہ حالات دوسری روایات سے کہیں زیادہ صحیح صورتِ حال کے ترجمان ہو سکتے ہیں۔

قرآن کریم نے اصحاب کہف کے واقعہ کا وہ پہلو ذکر کیا جو ہمارے لیے ہدایت کا درس رکھتا ہے باقی اس کے زمان و مکان وغیرہ تفصیلات کو بالکل نظرانداز کر دیا گیا۔ ہر واقعہ کے بیان میں قرآن کریم کا اسلوب یہی ہے اور یہی ایک ایسی خصوصیت ہے جو قرآن حکیم کو تاریخ کی کتب سے ممتاز کرتی ہے۔ قرآن میں جو واقعات بیان ہوئے ہیں ان سے مقصود داستان سرائی نہیں۔ بلکہ عبرت آموزی اور بصیرت افروزی ہے۔ صحیح احادیث میں بھی اس واقعہ کی تفصیلات مذکور نہیں۔ غالباً ہمارے مؤرخین نے علماء اہل کتاب سے جو کچھ سنا وہ لکھ دیا کیونکہ گزشتہ واقعات کے متعلق انہیں علماء کے بیانات مستند تصور کیے جا سکتے تھے اور اہل کتاب کے ان علماء کے پاس واقعہ کے متعلق پہلی تحریری دستاویز بشپ جیمس کے یہی مواعظ ہیں اس لیے یہ خیال کرنے میں کوئی قباحت نہیں کہ واقعہ کی یہ تفصیلات حقیقت کے زیادہ قریب ہیں۔

یہاں ایک چیز ضرور قابل غور ہے۔ گبن نے بڑی گستاخی سے کام لیتے ہوئے لکھا ہے کہ حضور کریم نے یہ واقعہ اپنے شام کے تجارتی سفروں کے اثناء میں علماء اہل کتاب سے سنا اور اسے وحی الٰہی کہہ کر قرآن میں درج کر دیا کیونکہ قرآن کریم کی بیان کردہ تفصیلات جیمس کے مواعظ میں لکھی ہوئی تفصیلات سے کلی مطابقت نہیں رکھتیں۔ اس لیے اس گستاخ اور منہ پھٹ مؤرخ نے سپہر علم و حکمت کے نیر اعظم پر بے علمی اور جہالت کا الزام لگایا۔ اس طرح اس نے نہ صرف حقیقت کا منہ چڑایا ہے بلکہ مؤرخ کے بلند مقام کو بھی تعصب کی غلاظت سے آلودہ کر دیا ہے۔ جب وہ خود مانتا ہے کہ یہ مجموعہ ۴۷۴ء میں لکھا گیا۔ اور اسی کے قول کے مطابق یہ واقعہ ۴۳۷ء میں پیش آیا۔ ذرا انصاف فرمائیے ان پچاس سالوں میں اس میں کیا کچھ ردوبدل نہ ہو گیا ہو گا۔ کتنی ایسی چیزیں نظرانداز کر دی گئی ہوں گی جو انسان کے جذبہ عجوبہ پرستی کی تسکین کا باعث نہیں بنتیں اور کئی باتیں بڑھا دی گئی ہوں گی تاکہ اس واقعہ کو نمک مرچ لگا کر پیش کیا جا سکے۔ اس لیے جیمس کی تفصیلات کا سو فی صدی صحیح ہونا قطعاً یقینی نہیں جب اس کی صحت قطعی نہیں تو قرآن کی صداقت کا انحصار ان مواعظ سے مطابقت پر نہیں ہو سکتا۔ اور نہ ہی قرآن کو کسی گبن کے قول کی سند کی ضرورت ہے۔

اس واقعہ کا ایک مجمل خاکہ آپ کے سامنے پیش کر دیا گیا ہے۔ اب آیاتِ قرآنی کی روشنی میں اس واقعہ کو پڑھیے۔

۱۲۔ کہف: الغار الواسع۔ وسیع غار۔ الرقیم۔ کے متعلق متعدد اقوال مذکور ہیں۔ کعب نے کہا کہ یہ اس شہر کا نام ہے جہاں سے یہ لوگ گئے تھے۔ ابن عباس نے فرمایا۔ یہ اس وادی کا نام ہے جس میں غار تھا۔ لیکن عام علماء تفسیر کا میلان

اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ فَضَرَبْنَا عَلٰٓی

ہمیں رحمت فرما اپنی جناب سے رحمت اور مہیا فرما ہمارے لیے اس کام میں ہدایت ۱۳ پس ہم نے بند کر دیئے ان کے

اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَیُّ

کان (سننے سے) اس غار میں کئی سال تک جو گنے ہوئے تھے ۱۴ پھر ہم نے انھیں بیدار کر دیا تاکہ ہم دیکھیں کہ ان دو

الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿۱۲﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ

گروہوں میں سے کون صحیح شمار کر سکتا ہے اس مدت کا جو وہ (غار میں) ٹھہرے تھے ۱۵ اے حبیب! ہم بیان کرتے ہیں آپ سے ان کی خبر

ع ۱۲

اس طرف گئے ہیں کہ رقیم بمعنی مرقوم (لکھا ہوا) ہے یعنی تانبے کی وہ تختی جس پر اصحاب کہف کے نام اور ان کے حالات لکھ کر بطور یادگار ایک صندوق میں محفوظ کر دیئے گئے تھے۔ تاکہ بعد میں آنے والی نسلوں کو ان کے حالات کا صحیح علم ہو سکے اور جب یملیخا نے حاکم شہر کو بتایا کہ میں ان میں سے ایک ہوں جو ظالم بادشاہ کے جبر و تشدد سے اپنے ایمان کو بچانے کے لیے غار میں پناہ گزین ہو گئے تھے تو اس تختی نے اس بیان کی تصدیق کر دی۔ ام حسبت میں استفہام انکاری ہے کہ تم اصحاب کہف کے واقعہ کو عجائبات قدرت میں سے عجیب ترین امر سمجھتے ہو! نہیں بلکہ اس کی قدرت کی اعجاز آفرینی دیکھنی ہو تو اس نیلگوں آسمان کو دیکھو اور اس کشادہ زمین کو دیکھو تمھیں ہر جگہ اس کی قدرت و حکمت کے روشن جلوے نظر آئیں گے۔

۱۳ فتیۃ جمع ہے اس کا واحد فتیٰ ہے۔ جب نوجوانوں کا یہ گروہ غار میں جا چھپا تو انھوں نے بارگاہِ الٰہی میں دستِ دعا پھیلاتے ہوئے عرض کی۔ الٰہی! ہمیں اپنی رحمت کی چادر میں ڈھانپ لے۔ ہمارا ایمان بھی محفوظ رہے اور ہمارے گناہ بھی بخش دے۔ ہمیں رزق بھی بہم پہنچا اور ہمیں دشمن کے پنجہ استبداد سے بھی محفوظ رکھ۔ رَشَد کا معنی صاحب قاموس نے یہ کیا ہے استقامة على طريق الحق مع تصلب فيه (قاموس) یعنی جس مقصد کے لیے ہم اپنے عزیز و اقربا اور اپنے وطن کو چھوڑ کر یہاں آئے ہیں اس میں ہمیں استقامت اور ثبات نصیب فرما۔ ایسا نہ ہو کہ شیطان کی وسوسہ اندازی سے انجام کار ہم اس نعمت سے محروم کر دیئے جائیں

۱۴ اس کا مفہوم یہ ہے ہم نے ان پر حالتِ خواب طاری کر دی۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ یہ قرآن کے ان فصیح جملوں سے ہے جن کی نظیر لانے سے فصحاء عرب قاصر رہے۔ یعنی ہم نے ان کے کانوں کو بند کر دیا تاکہ کوئی آواز ان کی نیند میں خلل نہ پیدا کر سکے۔

۱۵ اس جملہ کی ترکیب ذہن نشین نہ ہو تو اس کا مفہوم سمجھنے میں دقت ہوتی ہے۔ اس لیے ترکیب درج ذیل ہے:-

ای الحزبین مبتدا احصٰی فعل ماضی امدًا اس کا مفعول لما لبثوا اس کا حال ہے معنی ہوگا ایهم ضبط امدًا کائنا لزمان لبثهم (مظہری)

بِالْحَقِّ ۚ إِنَّهُمْ فِتْيَةٌ آمَنُوا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنَاهُمْ هُدًى ﴿۱۳﴾ وَرَبَطْنَا

ٹھیک ٹھیک ۱۶ بیشک وہ چند نوجوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے اور ہم نے ان کے نورِ ہدایت میں اضافہ کر دیا ۱۷ اور ہم نے

عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ إِذْ قَامُوا فَقَالُوا رَبُّنَا رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

مضبوط کر دیا ان کے دلوں کو جب وہ (راہِ حق میں) کھڑے ہو گئے ۱۸ تو انھوں نے (برملا) کہہ دیا ہمارا پروردگار وہ ہے جو پروردگار ہے

لَن نَّدْعُوَ مِن دُونِهِ إِلَٰهًا ۖ لَّقَدْ قُلْنَا إِذًا شَطَطًا ﴿۱۴﴾ هَٰؤُلَاءِ قَوْمُنَا

آسمانوں اور زمین کا ہم ہرگز نہیں پکاریں گے اس کے سوا کسی معبود کو (اگر ہم ایسا کریں) تو گویا ہم نے ایسی بات کہی جو حق سے دور ہے ۱۹ یہ ہماری قوم ہے

اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ آلِهَةً ۖ لَّوْلَا يَأْتُونَ عَلَيْهِم بِسُلْطَانٍ بَيِّنٍ ۖ

جنھوں نے بنا لیا ہے اس کے سوا معبودوں کو (اپنے خدا) کیوں نہیں پیش کرتے ان (کی خدائی) پر کوئی ایسی دلیل جو روشن ہو

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ﴿۱۵﴾ وَإِذِ اعْتَزَلْتُمُوهُمْ

ورنہ پھر اس سے بڑا ظالم کون ہے جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھتا ہے ۲۰ اور جب تم الگ ہو گئے ہو ان (کفار) سے

۱۶ اب ذرا وضاحت سے ان کا حال بیان ہوتا ہے۔

۱۷ یعنی وہ ایمان لائے اور جب انھوں نے ایمان کے تقاضوں کو پورا کیا اور حکم خداوندی بجا لانے میں کسی کوتاہی کا ثبوت نہ دیا تو ہم نے ان کے دلوں کو نورِ ہدایت سے منور کر دیا اور ان کے سینہ کو ہدایت کا گنجینہ بنا دیا اسی مفہوم کو ایک دوسری آیت میں بھی بیان فرمایا گیا ہے۔ والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سُبُلَنَا۔

۱۸ جب وہ آمادہ ہو گئے اور انھوں نے عزم بالجزم کر لیا تو ہم نے اُن کے دلوں کو جذبۂ استقامت سے معمور کر دیا اور وہ بے خطر آزمائش کے اس خارزار میں آگے بڑھتے چلے گئے۔

۱۹ جب انھیں دقیانوس کے روبرو پیش کیا گیا اور اس نے ان سے ان کے عقیدہ کے متعلق دریافت کیا تو ایمان و عشق کسی مصلحت بینی کا روادار نہ ہوا بلکہ خون آشام تلواروں کی جھنکار میں بیدھڑک یہ اعلان کر دیا کہ ہمارا رب جس کی جناب میں ہم سجدہ ریز ہوتے ہیں جس کی شرابِ محبت سے ہماری روحیں سرشار ہیں جس کی حمد کی لذت سے ہماری زبانیں آشنا ہیں وہ ان کمالات کا مالک ہے۔ کیا وہ تمھارے آرٹمیس یا تمھاری ڈائنا دیوی میں پائے جاتے ہیں۔

۲۰ یعنی جو اس کے علاوہ کسی غیر کی بندگی کرتے ہیں وہ یاوہ گو ہیں مطلب یہ تھا کہ تم سب یاوہ گو ہو۔

وَمَا يَعْبُدُونَ إِلَّا اللَّهَ فَأْوُۥٓا إِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ

اور ان معبودوں سے جن کی یہ پوجا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے سوا۔ تو اب پناہ لو غار میں پھیلا دے گا تمہارے لیے تمہارا رب اپنی

رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ أَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾ وَتَرَى الشَّمْسَ إِذَا

رحمت (کا دامن) اور مہیا کر دے گا تمہارے لیے تمہارے اس کام میں آسانیاں [۲۱] اور تو دیکھے گا سورج کو جب وہ

طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَإِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ

ابھرتا ہے تو وہ ہٹ کر گزرتا ہے ان کی غار سے دائیں جانب [۲۲] اور جب وہ ڈوبتا ہے تو بائیں طرف

ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ۚ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۗ مَنْ

کتراتا ہوا ڈوبتا ہے اور وہ (سوئے ہوئے) ہیں ایک کشادہ جگہ غار میں۔ (سورج کا) یوں (طلوع و غروب) اللہ تعالیٰ کی نشانیوں

يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا

میں سے ہے (حقیقت یہ ہے) کہ جسے اللہ تعالیٰ ہدایت دے وہی ہدایت یافتہ ہے اور جسے وہ گمراہ کر دے تو تو نہیں پائیگا اسکے لیے کوئی

مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ

مددگار (اور) رہنما۔ اور اگر تو دیکھے تو تو انھیں بیدار خیال کریگا حالانکہ وہ سوئے ہوئے ہیں [۲۳] اور ہم انکی کروٹ بدلتے رہتے ہیں (کبھی)

الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ۚ

دائیں جانب اور (کبھی) بائیں جانب اور ان کا کتا پھیلائے بیٹھا ہے اپنے دونوں بازو ان کی دہلیز پر [۲۴]

[۲۱] اس کا معنی ہے ما یرتفق ای ینتفع بہ جس سے نفع اور فائدہ حاصل کیا جائے۔

[۲۲] اس کی صورت یہ تھی کہ غار کا دہانہ شمال کی جانب تھا۔ سورج طلوع ہوتا تو بھی، غروب ہوتا تو بھی۔ اس کی دھوپ اس کے دہانہ میں داخل ہوتی۔

[۲۳] ایقاظ کا واحد یقظ ہے۔ رقود کا واحد راقِدٌ۔

[۲۴] وصید غار کا صحن یا دروازہ کی چوکھٹ وصید فناء البیت او عتبۃ الباب۔

لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَیْهِمْ لَوَلَّیْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّ لَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿۱۸﴾

اگر تو جھانک کر انھیں دیکھے تو ان سے منہ پھیر کر بھاگ کھڑا ہو ۲۵ے اور تو بھر جائے ان کے منظر کو دیکھ کر ہیبت سے۔

وَ كَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِیَتَسَآءَلُوْا بَیْنَهُمْ ؕ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ

اور اسی طرح ہم نے انھیں بیدار کر دیا ۲۶ے تاکہ وہ ایک دوسرے سے آپس میں پوچھیں کہنے لگا ایک کہنے والا ان میں کہ تم یہاں کتنی

لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا لَبِثْنَا یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا

مدت ٹھیرے ہو ۲۷ے بعض نے کہا ہم ٹھیرے ہوں گے ایک دن یا دن کا کچھ حصہ۔ دوسروں نے کہا تمہارا رب بہتر جانتا ہے

لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْۤا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖۤ اِلَى الْمَدِیْنَةِ فَلْیَنْظُرْ

جتنی مدت تم ٹھیرے ۲۸ے پس بھیجو کسی کو اپنے ساتھیوں سے اپنے ایک سکے کے ساتھ شہر کی طرف ۲۹ے پس وہ دیکھے کہ

اَیُّهَاۤ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْیَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَ لْیَتَلَطَّفْ وَ لَا یُشْعِرَنَّ

کس کے ہاں عمدہ پاکیزہ کھانا ملتا ہے پس وہ لے آئے تمہارے پاس کھانا وہاں سے اسے چاہیے کہ خوش خلقی سے کام لے ۳۰ے اور کسی کو

۲۵ے ان کے رعب اور ہیبت کی وجہ کیا تھی۔ اس کی کئی وجہیں بیان کی گئی ہیں لیکن صحیح وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس سارے ماحول کو اتنا ڈراؤنا اور بھیانک بنا دیا تھا کہ وہاں پہنچتے ہی رونگٹے کھڑے ہو جاتے اور دل ڈوبنے لگتا اور کسی شخص کو اندر جانے کا حوصلہ نہ ہوتا۔ قیل ان اللہ تعالیٰ منعھم بالرعب لئلا یدخل علیھم احد وھو الصحیح المختار۔ (قرطبی)

۲۶ے جیسے ہم نے اپنی قدرت سے اتنے طویل عرصہ تک محو خواب رکھا اسی طرح ہم نے اپنی قدرت سے انھیں بیدار کر دیا۔

۲۷ے انھیں محسوس ہوا کہ خلاف معمول آج وہ زیادہ وقت ہی سوئے رہے ہیں اس لیے ایک دوسرے سے پوچھنے لگے۔

۲۸ے سونے کی مدت کے متعلق کسی نے کچھ کہا کسی نے کچھ۔ آخر طے یہ ہوا کہ اس فضول بحث میں وقت ضائع کرنے کی ضرورت نہیں اس کو خدا کے سپرد کر دو، وہی صحیح طور پر اس وقت کو جانتا ہے۔

۲۹ے جتنا عرصہ سوئے رہے بشری تقاضے معطل رہے اور جب جاگے تو خالی پیٹ نے کھانا طلب کرنا شروع کر دیا۔

۳۰ے بادشاہ سے بھاگ کر آئے تھے پکڑے جانے کا ہر وقت کھٹکا لگا ہوا تھا۔ جو شخص کھانا لانے کے لیے جانے لگا اسے خصوصیت سے اس امر کی تاکید کر دی گئی کہ کوئی زیادتی بھی کرے تو درگزر کرنا ایسا نہ ہو کہ درشت کلامی کرو اور پکڑے جاؤ اور لینے کے دینے پڑ جائیں اور یہ بھی اسے تنبیہ کی گئی کہ خیال رہے کہ کوئی تمھیں پہچاننے نہ پائے۔ پیچھے سے ایسے راستے سے جاؤ جہاں زیادہ

بِكُمْ اَحَدًا ﴿١٩﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ

تمہاری خبر ہونے دے۔ وہ لوگ اگر آگاہ ہو گئے۔ تم پر تو وہ تمھیں پتھر مار مار کر ہلاک کر دینگے ۳۱ یا تمھیں (جبراً)

فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿٢٠﴾ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ

لوٹا دینگے اپنے (جھوٹے) مذہب میں اور (اگر تم نے ایسا کیا) تو تم کبھی بھی فلاح نہیں پا سکو گے ۳۲ اور (بستی والوں کو) ہم نے اچانک

لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ

آگاہ کر دیا ان (اصحاب کہف) پر تاکہ وہ جان لیں کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور بلاشبہ قیامت کے آنے میں کوئی شبہ نہیں ۳۳ جب

يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۭ رَبُّهُمْ

وہ (بستی والے) جھگڑ رہے تھے آپس میں انکے معاملہ میں تو بعض نے کہا کہ (بطور یادگار) تعمیر کر دو انکے غار پر کوئی عمارت ۳۴ انکا رب

کہا گمی نہ ہو۔ سامان خوراک لاؤ اور واپس لوٹ آؤ۔ ایسا نہ ہو کہ بازار کے ہنگاموں میں کھو جاؤ اور پہچان لیے جاؤ۔

۳۱؎ اور اگر تم پکڑے گئے تو وہ ہم سب کو گرفتار کر لیں گے۔ نہ انھیں ہماری اٹھتی جوانیوں پر رحم آئیگا اور نہ وہ ہماری پاکدامنی پر ترس کھائیں گے کسی چوراہے میں کھڑا کر کے وہ ہمیں سنگسار کر دینگے۔ ہمارے بچنے کی ایک ہی صورت ہوگی کہ ہم انکی بت پرستی کو قبول کر لیں۔

۳۲؎ اور اگر ایمان دے کر ہم نے جان بچالی تو یہ ایسا خسارے کا سودا ہوگا جس کی تلافی ممکن نہ ہوگی۔

۳۳؎ اگرچہ عیسائی مذہب کافی پھیل چکا تھا لیکن ابھی ایسے لوگ موجود تھے جو اپنے آبائی مشرکانہ عقاید پر ڈٹے ہوئے تھے اور قیامت پر ان کا عقیدہ نہ تھا نیز وقت گزرنے کے ساتھ عیسائیوں میں بھی عقاید کی خرابیاں رونما ہو چکی تھیں۔ ان میں بھی ایک طبقہ پیدا ہو گیا تھا جو یا تو سرے سے قیامت کا منکر تھا یا روحانی حشر کا قائل تھا جسمانی حشر کا مذاق اڑاتا تھا۔ بادشاہِ وقت کو اس امر سے بڑی تشویش تھی۔ وہ اپنے دین کے اس بنیادی عقیدہ کی یہ تضحیک گوارا نہ کر سکتا تھا لیکن اس کے پاس کوئی ایسی قوی دلیل بھی نہ تھی جس سے وہ منکرینِ قیامت کو دندان شکن جواب دے سکے۔ اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں سینکڑوں سال سونے والے اصحاب کہف کو صحیح و سلامت جسموں کے ساتھ بیدار کر کے اپنی قدرتِ کاملہ کا ایک ناقابلِ تردید ثبوت مہیا کر دیا۔ اور سب کو یقین کرنا پڑا کہ جو خدا دو سو سال تک غار میں سونے والوں کو یوں صحیح و سالم اٹھا سکتا ہے اسکے سامنے کیا بعید ہے کہ تمام مردوں کو قیامت کے دن زندہ کر کے کھڑا کر دے۔

۳۴؎ اصحاب کہف نے بیدار ہونے کے کچھ عرصہ بعد طبعی وفات پائی۔ اب باہمی اختلاف ہوا۔ بعض کی رائے یہ تھی کہ

اَعْلَمُ بِهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰۤى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ

(ان کے حال سے خوب واقف ہے۔ کہنے لگے وہ لوگ جو غالب تھے اپنے کام پر کہ بخدا ہم تو ضرور ان پر ایک مسجد

مَّسْجِدًا ﴿۲۱﴾ سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ

بنائیں گے۔ کچھ کہیں گے کہ اصحاب کہف تین تھے چوتھا ان کا کتا تھا ۳۵ کچھ کہیں گے وہ پانچ تھے چھٹا ان کا

كَلْبُهُمْ رَجْمًاۢ بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ؕ قُلْ رَّبِّيْۤ

کتا تھا یہ سب تخمینے ہیں بن دیکھے۔ اور کچھ کہیں گے وہ سات تھے اور آٹھواں ان کا کتا تھا ۳۶ آپ فرمائیے

غار کے دروازے پر دیوار چن دی جائے تاکہ اندر کوئی نہ جاسکے بعض کی رائے یہ تھی کہ انکے پڑوس میں ایک مسجد تعمیر کر دی جائے تاکہ آنے والے اس میں عبادت کرسکیں اور اس طرح اصحاب کہف کی یاد تازہ ہوتی رہے۔ ان بعضھم قال الاولی ان یسد باب الکہف لئلا یدخل علیھم وقال آخرون بل الاولی ان یبنی علی باب الکہف مسجد وھذا القول یدل علی ان اولئک الاقوام کانوا عارفین باللہ معترفین بالعبادۃ والصلوٰۃ۔ (رازی)

علامہ ثناء اللہ پانی پتی یہاں لکھتے ہیں کہ اس آیت سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اولیاء کرام کے مزارات کے قریب ان سے تبرک حاصل کرنے کے لیے مسجد بنانا جائز ہے۔ ھذہ الایۃ تدل علی جواز بناء المسجد لیصلی فیہ عند مقابر اولیاء اللہ قصداً للتبرک۔ (مظہری)

اس کے بعد علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ جن احادیث میں مسجد بنانے کی ممانعت مذکور ہے وہاں مراد یہ ہے کہ قبروں کی طرف سجدہ نہ کیا جائے ومعنی اتخذوا قبور انبیاءھم مساجد انھم یسجدون الی القبور کما ھو صریح فی حدیث ابی المرثد الغنوی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تجلسوا علی القبور ولا تصلوا الیھا رواہ مسلم۔

یعنی ابو مرثد غنوی سے مروی ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ نہ قبروں پر بیٹھو اور نہ ان کی طرف منہ کر کے نماز پڑھو (مظہری)

۳۵ اصحاب کہف کی تعداد میں بھی عیسائی مختلف الرائے تھے یعقوبیہ فرقہ کہتا وہ تین ہیں اور چوتھا ان کا کتا ہے۔ نسطوریہ کہتے چار ہیں پانچواں ان کا کتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں یہ محض ان کی قیاس آرائیاں ہیں اور وہ ظن و تخمین کے گھوڑے دوڑاتے پھرتے ہیں رجما بالغیب منصوب علی المصدریۃ یعنی یرجمون رجماً ویرمون رمیاً بالخبر الغائب عنھم (مظہری)

۳۶ بعض کا خیال ہے وہ سات تھے اور آٹھواں ان کا کتا تھا اکثر علماء کی رائے میں یہ تعداد صحیح ہے۔ کیونکہ جس طرح پہلے دو قولوں کے متعلق قرآن نے رجماً بالغیب کا لفظ ذکر کیا ہے اس کے لیے نہیں کیا۔

اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۥ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً

(اس بحث کرنے والو) میرا رب بہتر جانتا ہے ان کی تعداد کو اور نہیں جانتے ان (کی صحیح تعداد) کو مگر چند آدمی ۳۷ تو بحث نہ کرو ان کے بارے

ظَاهِرًا ۖ وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿۲۲﴾ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ اِنِّيْ

میں بجز اس کے کہ سرسری سی گفتگو ہو جائے ۳۸ اور نہ دریافت کرو ان کے متعلق (اہل کتاب) میں سے کسی سے اور ہرگز نہ کہنا کسی چیز کے

فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿۲۳﴾ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۡ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ

متعلق کہ میں اسے کرنے والا ہوں کل ۔ مگر (یہ کہ ساتھ یہ بھی کہو) اگر چاہا اللہ تعالیٰ نے ۳۹ اور یاد کر اپنے رب کو جب تو بھول جائے

۳۷ یہ فرما کر سارا جھگڑا ہی ختم کر دیا کہ یہ کونسی اہم بات ہے جس کے تصفیہ کے لیے تم آپس میں دست بگریباں ہو۔ اسے خدا کے سپرد کر دو۔ وہ ان کی تعداد خوب جانتا ہے۔ اور وہ لوگ معدودے چند ہیں جن کو ان کی صحیح تعداد کا علم ہے۔ حضرت ابن عباس سے اصحابِ کہف کے مندرجہ ذیل نام منقول ہیں :۔

یمکلیخا، یملیخا، مرطونس، سنونس، سارینونس، ذو نواس، کعسططیونس۔ (مظہری)

۳۸ یعنی نصاریٰ سے اس بارے میں الجھنے کی ضرورت نہیں نہ اس بحث میں اتنا توغل کرنا چاہیے۔ ہاں سرسری گفتگو کے طور پر بات چیت ہو جائے تو کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ ان آیات بینات کے بعد ان کے متعلق دریافت کرنے کی تمہیں کیا ضرورت ہے۔

۳۹ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم کی تعلیم و تربیت اور اصلاح و تادیب کا ذمہ خود اٹھایا تاکہ اس کے محبوب پر کسی کا احسان نہ ہو بلکہ جو ہو وہ اسی حبیب کے خوان احسان و انعام کا ریزہ چین ہو۔ وہ خود ہی اس کا معلم، خود ہی مربی اور خود ہی اس کا مؤدب ہے۔ اس امر کے متعلق سورۃ والضحیٰ میں فرمایا الم یجدک یتیما فاوی ۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو یتیم پایا تو اپنے آغوشِ کرم میں آپ کو پناہ دی۔ اب آپ خود غور فرمایئے جس کی تعلیم و تربیت علیم و حکیم خداوند کریم نے فرمائی ہو گی اس کے علم و دانش کا اور اس کے مکارمِ اخلاق کا کوئی کیا اندازہ کر سکتا ہے۔ انہی اسباق میں سے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے تلمیذِ ارشد کو پڑھائے ایک یہ سبق ہے جو اس آیت میں مذکور ہے یعنی اے حبیب اگر آپ یہ ارادہ کریں کہ کل آپ فلاں کام کریں گے تو یوں مت کہو کہ کل میں ایسا کروں گا بلکہ اس طرح کہو کہ اگر میرے خداوند کریم کو منظور ہوا تو کل میں ایسا کروں گا اس طرح ایک تو اظہارِ حقیقت ہو گا کیونکہ کسی کے پاس وسائل کی کتنی فراوانی ہو اگر اللہ تعالیٰ نہ چاہے تو اس کی ساری مساعی بے اثر ہو کر رہ جاتی ہیں۔ ہر چیز کے وقوع پذیر ہونے کا انحصار مشیتِ الٰہی پر ہے۔ دوسرا مومن کی شان ہی یہ ہے کہ ہر کام کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے تاکہ اس کی نظرِ کرم سے راہ کی ساری صعوبتیں خود بخود دور ہوتی چلی جائیں۔ علامہ ابن جریر

عَسٰۤى اَنْ یَّهْدِیَنِ رَبِّیْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿۲۴﴾ وَ لَبِثُوْا فِیْ كَهْفِهِمْ

(یہی) کہو کہ مجھے امید ہے کہ دکھائے گا مجھے میرا رب اس سے بھی قریب تر ہدایت کی راہ ۲۳ اور (اہل کتاب کہتے ہیں کہ) وہ

ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَ ازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا لَهٗ

ٹھہرے رہے اپنے غار میں تین سو سال اور زیادہ کیے انہوں نے (اس پر) نو سال ۲۴ آپ فرمائیے اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے جتنی مدت وہ ٹھہرے

لکھتے ہیں وهذا تأديب من الله عزّ ذكره لنبيه صلى الله عليه وسلم عهد اليه ان لا يجزم على ما يحدث من الامور انه كائن لا محالة الا ان يصله بمشية الله تعالى ۔ یعنی اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم کو یہ ادب سکھایا کہ کسی کام کے واقع ہونے کے متعلق یقین نہ کریں جب تک اسے اللہ تعالیٰ کی مرضی سے وابستہ نہ کر لیں۔

۲۳ اگر یادِ الٰہی سے کبھی غفلت ہو جائے تو غفلت کے سلسلہ کو دراز نہ ہونے دو بلکہ جلد از جلد اس کو ختم کرو جب بھی غفلت کا احساس ہو تو وقت ضائع کیے بغیر ذکرِ الٰہی میں مشغول ہو جاؤ۔ اسی سے علماء کرام نے نماز کی قضا پر استدلال کیا ہے۔

عارف باللہ علامہ پانی پتی نے خوب لکھا ہے کہ صوفیائے کرام کے نزدیک اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کے سوا سب پیاری پیاری یادوں کو دل سے محو کر چکو تو یادِ الٰہی میں مشغول ہو جاؤ کیونکہ اس یادِ الٰہی میں کیا لطف جب اس کے ساتھ ساتھ دوسری یادیں بھی تمہارے نہاں خانۂ دل میں سر چھپائے بیٹھی ہوں وقالت الصوفية العالية ان معنى الآية واذكر ربك اذا نسيت ما عداه قالوا ذكر الله سبحانه انما لا يتصور ما لم يحصل لقلبه نسيان ما سواه ۔ اس کے بعد لکھتے ہیں وهذا التاويل انسب بمنطوق الكتاب وادق للعربية وابعد من التجوز (مظہری)

۲۴ یعنی استثناء (ان شاء اللہ) نہ کہنے کی وجہ سے جو احساسِ ندامت ہوا اور اس سے استغفار کی جائے تو وہ مآل و ثواب کے لحاظ سے زیادہ بہتر ہے۔ اس جملہ کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ جب کفار نے عناد و آزمائش کے لیے حضور سے اصحابِ کہف کا حال دریافت کیا تو اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی آپ کو ان کے حالات پر آگاہی بخشی اور ساتھ ہی فرمایا کہ آپ اُن لوگوں کو جو اصحابِ کہف کے حالات بتانے کو آپ کی نبوت اور صداقت کی دلیل قرار دے رہے ہیں کہہ دیں کہ میری صداقت کی ایسی ایسی روشن دلیلیں اللہ تعالیٰ ظاہر فرمانے والا ہے کہ ان کے سامنے اس واقعہ کا علم کوئی حیثیت نہیں رکھتا یہ لکھنے کے بعد علامہ مذکور لکھتے ہیں وقد فعل حيث آتاه علم غيب المرسلين وعلم ما كان وما يكون ما هو اوضح في الحجة واقرب الى الرشد من خبر اصحاب الكهف (مظہری)

یعنی اللہ تعالیٰ نے ایسا کر بھی دیا کہ اپنے محبوب کو مرسلین کے غیب کا علم اور علم ماکان وما یکون عطا فرمایا جو حضور کی نبوت و رسالت کی واضح اور پختہ دلیل ہے۔

۲۵ امام ابن جریر نے اس امر کی تصریح کی ہے کہ حضرت قتادہ کا مذہب یہ ہے کہ تین سو نو سال کی یہ مدت یہودیوں کا

غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ

اسی کے لیے (علم) غیب ہے آسمانوں اور زمین کا وہ کیا خوب دیکھنے والا ہے اور سب باتیں سننے والا ہے نہیں ان کا اس کے سوا

مِنْ وَّلِیٍّ ۫ وَّلَا یُشْرِكُ فِیْ حُكْمِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ وَاتْلُ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ

کوئی دوست اور وہ نہیں شریک کرتا اپنے حکم میں کسی کو اور پڑھ سنایئے (انہیں) جو وحی کیا جاتا ہے آپ کی

كِتَابِ رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾

طرف آپ کے رب کی کتاب سے۔ کوئی بدلنے والا نہیں اس کے ارشادات کا۔ اور نہیں پائیں گے آپ اس کے سوا کوئی پناہ گاہ

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ

اور روکے رکھیے اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ جو پکارتے ہیں اپنے رب کو صبح و شام

قول ہے۔ یہ قرآن کی بیان کردہ مدت نہیں۔ ورنہ بعد میں یہ نہ فرمایا جاتا قل اللہ اعلم بما لبثوا کہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے جتنی مدت وہ ٹھہرے اور قتادہ کے اس قول کی تائید حضرت ابن مسعود کی قرأت سے ہوتی ہے۔ وقالوا ولبثوا فی الکھف۔

اب جب حقیقت یہ ہے کہ تین سو نو سال کی مدت قرآن کی بیان کردہ مدت نہیں بلکہ اہل کتاب کی رائے ذکر کی گئی اور پھر اس کے بعد اس کی تردید کر دی گئی تو اب گبن (GIBBON) نے قرآن اور صاحب قرآن پر اس وجہ سے جو اعتراض کیا ہے کہ یہ مدت غلط ہے صحیح مدت ۱۸۷ سال ہے۔ خود ہی باطل ہو گیا اور اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ یہ قرآن کی بیان کردہ مدت ہے تو ہم گبن سے یہ پوچھنے کا حق رکھتے ہیں کہ تمہارے پاس کون سی ایسی قطعی دلیل ہے جس کی بناء پر تم ۱۸۷ سال کا تعین کر رہے ہو۔ تمہارے پاس بھی لے دے کر سنی سنائی باتیں ہیں۔ کیا ان میں اتنی جان ہے کہ انہیں قرآن کے حتمی بیانات کا مدِ مقابل تصور کیا جا سکے۔

۴۳؎ فعل تعجب کے صیغے ہیں مطلب یہ ہے کہ وہ خوب دیکھنے والا اور خوب سننے والا ہے۔

۴۴؎ ان کا وہی مددگار اور کارساز ہے۔ وہ اپنے فیصلوں میں کسی کی شراکت گوارا نہیں کرتا نہ اس کی کوئی مزاحمت کر سکتا ہے اور نہ اس کی حکمرانی میں کوئی حصہ دار بن سکتا ہے۔ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ کسی غیر کو دخل اندازی کا کوئی حق نہیں ہے۔

۴۵؎ فرار کی جگہ پناہ گاہ۔

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

طلب گار ہیں اسکی رضا کے ٦٦ اور نہ ہٹیں آپ کی نگاہیں ان سے کیا آپ چاہتے ہیں دنیوی زندگی کی زینت ٦٧

٦٦ عیینہ بن حصن الفزاری جو قبیلہ مضر کا سردار تھا اسلام لانے سے پہلے ایک دفعہ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا۔ وہاں سلمان فارسی، ابوذر اور دیگر فقراء صحابہ نعمت دیدارِ حبیب ﷺ سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔ گرمی کا موسم تھا پسینے کی بو اونی جبّوں سے اٹھ رہی تھی۔ عیینہ کہنے لگا کیا یہ بدبو آپ کو تنگ نہیں کرتی۔ ہم قبیلہ مضر کے سردار ہیں۔ اگر ہم آپ کا دین قبول کرلیں تو سب لوگ آپ پر ایمان لے آئیں گے۔ ہمارا آپکے پاس آنے کو جی تو چاہتا ہے لیکن جب آتے ہیں تو غلیظ اور بدبودار کپڑوں والے آپکے اردگرد حلقہ بنائے ہوتے ہیں انھیں یہاں سے اٹھا دیں ہم آپ پر ایمان لانے کے لیے تیار ہیں یا ان کے لیے کسی الگ مجلس کا انتظام کریں۔ تاکہ ان کا تعفن ہمارے دماغوں کو پریشان نہ کرے۔ فوراً جبرئیل امین فرمان الٰہی لے کر نازل ہوگئے۔ اصبر نفسك مع الذين "اللہ تعالیٰ کو ان مغرور اور متکبر لوگوں کی ہم نشینی پسند نہیں۔ آپ ان کے لیے ان لوگوں کی صحبت ترک نہ کریں جن کی زندگی کا مقصد وحید صرف اپنے رب کریم کی رضا جوئی ہے جو صبح و شام بلکہ ہر لمحہ اس کی یاد اور اس کی محبت میں محو رہتے ہیں وہ تیری نگاہِ کرم کے پیاسے ہیں۔ وہ تیری نظرِ محبت کے بھوکے ہیں جب تو ان کو ایک مرتبہ شفقت و محبت بھرے انداز سے دیکھ لیتا ہے تو یہ سب رنج و غم بھول جاتے ہیں۔ اے محبوب ایسا نہ ہو کہ تیری نگاہِ عنایت ان سے پھر جائے۔ ان سے یہ صدمہ برداشت نہ ہوگا لا تعد عینك عنهم کے اس جملہ سے دلنوازی اور دلربائی کے جو انداز سکھائے جا رہے ہیں ان کی کشش کسی درد کے مارے سے پوچھو وہ تمھیں بتائے گا کہ اس کی ساری خوشیاں اس کی نگاہِ کرم کے ایک گوشہ میں سمٹ کر آگئی ہیں۔ اسی ایک سہارے پر وہ ہجر کے صدمے اور جدائی کی طویل گھڑیاں خوشی خوشی گزار دیتے ہیں۔ اے دردِ محبت کے بیمارو! مژدہ باد! نگاہِ حبیب ﷺ سے تم محروم نہیں ہوگے۔

علامہ آلوسی نے کیا خوب لکھا ہے فانتفاعهم به عليه الصلوٰة والسلام تعود عليهم وذلك لانهم عشاق الحضرة وهو صلى الله عليه وسلم مرآتها وعرش تجليها ومعدن اسرارها ومشرق انوارها فتى رأوه صلى الله عليه وسلم عاشوا ومتى غاب عنهم كئبوا وطاشوا واما صحبة الفقراء بالنسبة الى غيره صلى الله عليه وسلم ففائدتها تعود الى من صحبهم فهم القوم لا يشقى جليسهم (روح المعانی)

ترجمہ:- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحبت کا فائدہ تو ان فقراء کو حاصل ہوتا ہے کیونکہ وہ بارگاہِ الٰہی کے عشاق ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انوارِ الٰہی کے لیے آئینہ اور اس کی تجلیات کے لیے عرش اور اس کے اسرار کا معدن اور اس کے انوار کا مشرق ہیں۔ صحابہ کرام جب حضور کے روئے زیبا کو دیکھتے تھے تو انھیں زندگی کا لطف حاصل ہوتا تھا اور جب حضور ان کی نگاہوں سے اوجھل ہوتے تھے تو وہ رنجیدہ خاطر اور پریشان ہو جاتے تھے لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سوا اور لوگ جو ان فقراء کی صحبت سے مشرف ہوتے ہیں اس صحبت کا فائدہ انھیں نصیب ہوتا ہے کیونکہ

وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ

اور نہ پیروی کیجئے ۴۸ اس (بدنصیب) کی غافل کر دیا ہے ہم نے جس کے دل کو اپنی یاد سے اور وہ اتباع کرتا ہے اپنی خواہش کا اور اس کا معاملہ

فُرُطًا ﴿٢٨﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۟ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ

حد سے گزر گیا ہے ۴۹ اور فرمائیے حق تمہارے رب کی طرف سے ہے ۵۰ پس جس کا جی چاہے وہ ایمان لے آئے اور جس کا جی چاہے

اللہ تعالیٰ کی یاد کرنے والے وہ گروہ ہیں جن کا ہم نشین بدبخت نہیں رہتا۔

لاتعد عینٰک عنھم پر غور فرمائیے اس کا یہ معنی نہیں کہ آپ اپنی نگاہیں ان سے نہ پھیر لیں۔ کیونکہ تعد مخاطب کا صیغہ نہیں بلکہ واحد مؤنث غائب کا صیغہ ہے اس کا فاعل حضور نہیں بلکہ عیناک ہے اور تعد یہاں متعدی مستعمل نہیں بلکہ تنصرف کے معنی میں لازمی ہے۔ مدعا یہ ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے مخلص بندوں اور اپنے غلاموں سے دانستہ اور قصداً تو نگاہ نہیں پھیرتے لیکن کہیں بے دھیانی کے عالم میں نگاہیں نہ پھر جائیں۔

۴۷ علامہ قرطبی لکھتے ہیں ولم یرد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان یفعل ذلک ولکن اللہ تعالیٰ نھاہ عن ان یفعلہ ولیس ھذا باکثر من قولہ لئن اشرکت لیحبطن عملک یعنی حضور نے زینتِ دنیا کا ارادہ نہیں فرمایا بلکہ اللہ تعالیٰ نے ایسا ارادہ کرنے سے نہی فرما دی۔ یہ جملہ بعینہٖ اسی طرح ہے لئن اشرکت یعنی اگر آپ شرک کریں گے تو آپ کے عمل ضائع ہو جائیں گے حالانکہ شرک کا صدور حضور سے محال ہے۔

۴۸ یعنی جو بےخبر لوگ آپ کے سامنے یہ تجویز پیش کرتے ہیں کہ ان غریب و مسکین لوگوں کو اپنی مجلس میں شرفیاب ہونے سے روک دیجئے تاکہ رؤسا اور امراء آپ کے پاس بیٹھ سکیں۔ یہ لوگ ایسے نہیں کہ ان کی بات مانی جائے بلکہ ہم نے ان کے دلوں کو اپنی یاد سے محروم کر دیا ہے۔ یہ عقلِ سلیم کے تقاضوں سے سراسر غافل ہیں اور اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں۔ خوب، ناخوب، روا و ناروا، صحیح اور غلط کی تمیز ان میں نہیں۔

۴۹ فرط اگر تفریط سے ہو تو اس کا معنی ہوگا تقصیر اور کوتاہی یعنی وہ ایمان لانے سے قاصر ہیں۔ ان میں یہ ہمت ہی نہیں کہ وہ اس نعمتِ عظمیٰ کو قبول کر سکیں اور اگر افراط سے ہو تو اس کا معنی حد سے تجاوز کر جانا ہے۔ (قرطبی)

۵۰ یہ لوگ جو بڑے معتبر بنے پھرتے ہیں اور آپ کو مشورے دینے لگے ہیں کہ فلاں کو اپنے پاس بیٹھنے دو اور فلاں کو مت بیٹھنے دو۔ فلاں گندہ ہے اس کے کپڑوں سے بو آتی ہے اور فلاں اپنے قبیلہ کا رئیس ہے بڑا مالدار اور جاگیردار ہے۔ اس کو اپنے ہاں جگہ دیں گے تو سب لوگ آپ کے حلقۂ ارادت میں داخل ہو جائیں گے۔ اے حبیب! ان حقیقت ناشناسوں کو بتا دو کہ تمہارا دل چاہے ایمان لے آؤ اور دل نہ چاہے تو ایمان نہ لاؤ۔ ہم تمہاری پاسداری کے لیے ان کشتگانِ خنجرِ تسلیم سے روگردانی نہیں کر سکتے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے ان پھٹے پرانے کپڑے پہننے والوں کو نعمتِ ایمان سے نوازا ہے اور تم رئیسوں کو نظرانداز کر دیا ہے تو یہ اس کی مرضی اتما

فَلْيَكْفُرْ ۚ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ وَ اِنْ

کفر کرتا رہے۔ بیشک ہم نے تیار کر رکھی ہے ظالموں کے لیے آگ ف گھیر لیا ہے انھیں اس آگ کی دیوار نے۔ اور اگر وہ

يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ وَ

فریاد کریں گے تو ان کی فریاد رسی کی جائے گی ایسے پانی کے ساتھ جو پیپ کی طرح (غلیظ) ہے (اور اتنا گرم کہ) بھون ڈالتا ہے چہروں کو یہ

سَآءَتْ مُرْتَفَقًا ۞ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ

مشروب بڑا ناگوار ہے اور (یہ) قیام گاہ بڑی تکلیف دہ ہے۔ بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے تو ہمارا یہ دستور ہے کہ ہم ضائع

مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ۞ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ

نہیں کرتے کسی کا اجر جو (عمدہ اور مفید) کام کرتا ہے ف۳۲ یہی وہ خوش نصیب ہیں جن کے لیے ہمیشگی کے جنت ہیں ف۳۳ رواں ہیں جن کے نیچے

هو وعيد وتهديد (قرطبی) یعنی ان الفاظ سے انہیں دھمکی دی جا رہی ہے اور انہیں عذاب شدید سے ڈرایا جا رہا ہے۔

ف لیکن یہ یاد رہے کہ اگر تم اسی غفلت اور خود پرستی میں مر گئے تو جس عذاب میں تمہیں ڈالا جائے گا اس کا تھوڑا سا حال بھی سن لو تاکہ اس وقت یہ نہ کہو کہ ہمیں اس ہولناک انجام کی خبر نہ تھی ورنہ ہم کیوں حق کا انکار کرتے۔

چند مشکل الفاظ کی تشریح:۔ سرادق جمع سرادقات کل ما احاط بشئ من حائط او مضرب او خباء ہر وہ چیز جو کسی کو اپنے گھیرے میں لے لے جیسے دیوار خیمہ وغیرہ۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے رسول کریم سے روایت کیا ہے کہ اس سے مراد آگ کی چار دیواریں ہیں۔ ہر ایک اتنی موٹی ہوگی کہ اسے طے کرنے کے لیے چالیس سال درکار ہوں گے۔ (ترمذی۔ احمد)

مهل مجاہد سے اس کا یہ معنی مروی ہے قال مجاهد. هو القيح والدم پیپ اور خون۔ عن ابن عباس اسود كعكر الزيت یعنی تیل کا سیاہ تلچھٹ جو نیچے جم جاتا ہے۔ يشوی بھونتا بئس الشراب میں مخصوص بالذم المهل ہے اور ساءت کا مخصوص بالذم النار ہے۔ ترجمہ میں اسی معنی کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔

ف۳۲ کفار کے عذاب الیم کے ذکر کے بعد اب ان انعامات و احسانات کا بیان ہو رہا ہے جن سے اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو سرفراز فرمائیں گے۔

ف۳۳ اس جنت کا نام عدن ہے جو وسط میں ہے۔ جنت (واحد) کہنے کی جگہ جنات عدن (جمع) استعمال کرنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ جنت اتنی کشادہ اور وسیع ہے گویا وہ ایک جنت نہیں بلکہ کئی جنتوں کا مجموعہ ہے۔ اساور جمع ہے اس کا واحد اسورة۔ سندس اس کا واحد سندسة ہے۔ وہ کپڑا جو باریک ریشم سے بنایا گیا ہو۔ استبرق وہ کپڑا جو موٹے ریشم سے بنایا گیا ہو۔

الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا

ندیاں انھیں پہنائے جائیں گے ان جنتوں میں کنگن سونے کے اور پہنیں گے سبز رنگ کا لباس

خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ

جو باریک ریشمی کپڑے اور موٹے ریشمی کپڑے کا بنا ہوا ہوگا۔ تکیہ لگائے بیٹھے ہونگے وہاں مرصع پلنگوں پر۔ کتنا اچھا

الثَّوَابُ ؕ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٣١﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا

ہے یہ اجر اور کتنی عمدہ ہے یہ آرام گاہ۔ اور بیان فرمائیے ان کے لیے مثال کہ تھے دو آدمیوں کی ہم نے دیئے تھے

لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا

ان دونوں میں سے ایک کو دو باغ انگوروں کے اور ہم نے باڑ بنادی ان دونوں کے اردگرد کھجور (کے درختوں) کی اور

الارائك اس کا واحد اریکۃ وہ نشست گاہ جو دلہن کے بٹھانے کیلئے آراستہ و مزین کی جاتی ہے۔ الاریکۃ: سریر عزیز فاخر (منجد)

٣٢ دنیا کی بے ثباتی اور اہلِ دنیا کی حرماں نصیبی کو ایک مثال سے واضح کیا جارہا ہے۔ اہلِ عرب جن کی زمین بنجر اور ناقابلِ کاشت ہے جہاں پانی قلیل بلکہ اکثر مقامات پر نایاب ہے جہاں اگر کھجور کے چند سرسبز درختوں کا جھنڈ نظر آجائے تو خوشی کی حد نہیں رہتی۔ ان لوگوں کے سامنے ان دو آدمیوں میں سے ایک کی ثروت اور خوشحالی کا جو نقشہ پیش کیا گیا ہے کتنا دلنشین اور اثر آفرین ہے۔

ایک شخص کے پاس باغ ہیں جہاں خوش ذائقہ انگوروں کی البیلی بیلیں اپنی بہار دکھا رہی ہیں ان باغوں کے اردگرد بلند قامت کھجوروں کے درخت کھڑے ہیں جو اس باغ کو آندھیوں سے بھی بچاتے ہیں اور اپنے عمدہ اور شیریں پھل کے باعث بذاتِ خود بھی منفعت بخش ہیں مزید برآں انگوروں کی بیلوں کی قطاروں میں جو جگہ بچ گئی ہے وہ بھی بیکار نہیں۔ بلکہ وہاں بھی کھیتی باڑی کی جاتی ہے اور کئی جنسیں کاشت ہوتی ہیں۔

علمِ زراعت و باغبانی کے جدید ماہرین جس چمن بندی کو آج مثالی قرار دے رہے ہیں۔ قرآن نے پہلے ہی اپنے ماننے والوں کو یہ نقشہ بتادیا تھا انھوں نے شام، مصر، اندلس وغیرہ میں باغ لگوائے اور ان ویران علاقوں کو اپنی محنت اور ہنرمندی سے رشکِ ارم بنادیا۔ قوم کے قوائے عمل کو راحت طلبی اور کم کوشی کا گھن لگا تو ان کے دوسرے علوم و فنون کی طرح ان کا فنِ باغبانی بھی اس ہمہ گیر زوال سے بچ نہ سکا۔ ورنہ مغلوں کے لگائے ہوئے باغات اور پیوندکاری کے ذریعہ سے ہر پھل و جنس میں نئی اقسام کی اختراع کسے معلوم نہیں صرف آموں کی مختلف قسمیں سینکڑوں سے متجاوز ہیں۔

بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿۳۲﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّ

اگادی ان دونوں کے درمیان کھیتی۔ یہ دونوں باغ لائے اپنے پھل اور نہ کم ہوئی ان سے کوئی چیز۔ اور

فَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿۳۳﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ

ہم نے جاری کر دیں ان کے درمیان نہریں۔ اور (باغوں کے علاوہ) اور بھی اس کے اموال تھے ۵۵ تو ایک روز اس نے اپنے ساتھی

اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ

سے بحث مباحثہ کے دوران کہا کہ میں دولت کے لحاظ سے بھی تم سے زیادہ ہوں ۵۶ اور نفری کے لحاظ سے بھی تم سے طاقتور ہوں۔ اور داخل ہوا وہ

قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ﴿۳۵﴾ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّ

اپنے باغ میں گیا در آنحالیکہ وہ اپنی جان پر ظلم کر رہا تھا کہنے لگا میں نہیں خیال کرتا کہ یہ سرسبز و شاداب باغ کبھی برباد ہوگا ۵۷ اور میں یہ خیال

لَّئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ

بھی نہیں کرتا کہ کبھی قیامت بھی برپا ہوگی اور بفرض محال اگر مجھے لوٹایا گیا اپنے رب کی طرف تو یقیناً میں ۵۸ پاؤں گا اس (نزہت گاہ) سے

۵۵ ازہری جو لغت کے امام ہیں کہتے ہیں ثمرۃ کی جمع ثَمَرٌ اور ثَمَرٌ کی جمع ثمار ہے اور ثمار کی جمع ثُمُر ہے قال الازھری الثمرۃ تجمع علی ثمر ویجمع الثمر علی ثمار ثم یجمع الثمار علی ثمر اور قاموس میں ہے الثمرۃ محرکۃ حمل الشجر و انواع المال الواحدۃ ثَمَرَۃٌ و ثَمُرَۃٌ وجمعہ ثمار وجمع الجمع ثُمُرٌ وجمع جمع الجمع اثمار۔ یہاں اس سے مراد باغات کے علاوہ جو مال و دولت کے ذخائر اس کے پاس تھے۔

۵۶ دولت مند آدمی اکثر کم ظرف ہوتے ہیں اور اپنی دولت کا ذکر کرنے سے ذرا نہیں جھجکتے۔

۵۷ یعنی یہ باغ کبھی خزاں آشنا نہیں ہونگے میرا خزانہ دن بدن بڑھتا ہی رہیگا۔ حادثاتِ زمانہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔

۵۸ خدا فراموش اور مادہ پرست افراد اور اقوام کا اندازِ فکر آج بھی تقریباً یہی ہے۔ وہ کہتے ہیں پہلے تو وقوعِ قیامت کا امکان ہی نہیں۔ یہ محض خبطِ عقلی ہے جس میں مذہب پرست لوگ مبتلا ہیں۔ اور خواہ مخواہ اس کے فکر میں صبح و شام گھلتے رہتے ہیں! اور اگر بفرضِ محال قیامت آ ہی گئی تو پھر بھی ہمیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ ہمارے ماتھے کا ستارا چمکتا رہے وہاں بھی بخت کی ارجمندیاں ہمیں ہر طرح کی سعادتوں اور راحتوں سے بہرہ یاب کریگی۔

وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ

[illegible] اسکے ساتھی نے اسے بحث مباحثہ کے درمیان کہا — کیا تو انکار کرتا ہے اس ذات کا جس نے تجھے پیدا فرمایا مٹی سے پھر نطفہ سے

ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ۝۳۷ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ۝۳۸ وَلَوْلَآ

پھر بنا سنوار کر تجھے مرد بنایا۔ لیکن میں (تو) وہ اللہ ہی میرا رب ہے۔ اور میں شریک نہیں ٹھیراتا اپنے رب کے ساتھ کسی کو۔ اور کیوں

اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا

ایسا نہ ہوا کہ جب تو باغ میں داخل ہوا تو تو کہتا ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ (یعنی ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کسی میں

اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ۝۳۹ فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ

کوئی طاقت نہیں)، اگر تو نے مجھے دیکھا کہ میں کم ہوں [61] تجھ سے مال اور اولاد میں پس — عجب نہیں کہ میرا رب مجھے عطا فرمادے کوئی بہتر چیز [62]

۵۹ اب مومن کی گفتگو سنیئے اور اسی سے ایک بندہ مومن کی سیرت و کردار کا اندازہ لگائیے۔ لکنا اصل میں لکن انا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ تو اپنے خالق کو بھلا سکتا ہے جس نے تجھے تخلیق کے مختلف مرحلوں سے کمال حکمت کے ساتھ گزار کر یہاں تک پہنچایا ہے کہ تو ایک تندرست، خوبرو، باوقار مرد بن گیا لیکن میں تو اپنے خالق کو بھلانے کی جرأت نہیں کر سکتا۔ اور صاف صاف اعتراف کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہی میرا پروردگار ہے۔ اور میں کسی بڑی سے بڑی چیز کو بھی اس کا شریک بنانے کی غلطی نہیں کروں گا۔ عبارت یوں ہوئی لکن انا ھو اللہ ربی۔ اس کی ترکیب یہ ہے انا مبتدأ اول، ھو مبتدأ ثانی، اللہ مبتدأ ثالث، ربی اس کی خبر، دونوں مل کر مبتدأ ثانی کی خبر، یہ اپنی خبر سے مل کر انا مبتدأ اول کی خبر (البرہان زرکشی، جلد ۳ صفحہ ۳۹۰)۔

۶۰ دیکھ تو نے کتنی حماقت کی کہ جب تو اس پھلے پھولے باغ میں آیا تو داخل ہوتے وقت تو نے اتنا بھی نہ کہا ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ یعنی وہی ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے اور کسی کے پاس کوئی قوت و اختیار نہیں جس سے وہ کوئی کام کر سکے۔ مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کا معاون ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا من رأى شيئا فاعجبه قال ماشاء الله لاقوة الا بالله لم يضره۔ اگر کوئی شخص کسی چیز کو دیکھے اور وہ اسے پسند آئے تو یہ کہے ماشاء اللہ الخ اسے نظر نہیں لگے گی۔

۶۱ تیری کم نگاہی پر صد افسوس، تو مجھے اس لیے حقیر سمجھ رہا ہے کہ میں تجھ سے مال و اولاد میں کم ہوں۔

۶۲ میں اپنے فقر و فاقہ کے باوجود اپنے رب کریم کی جود و سخا سے مایوس نہیں۔ مجھے یقین ہے کہ وہ دنیا و آخرت کی نعمتوں سے مجھے ایسی چیزیں بخشے گا جن کا تم تصور بھی نہیں کر سکتے اور یہ شاداب باغات اور لہلہاتی ہوئی فصلیں جن کی وجہ سے تم تکبر کر رہے ہو فانی ہیں۔ غضب الٰہی کی ایک بجلی اگر گری تو ان کا نام و نشان تک مٹا دے گی۔ ایسی فانی اور ناپائیدار چیز پر مغرور ہو کر اپنے رب قدیر سے روگردانی کرنا کوئی عقلمندی نہیں۔

وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ اَوْ

بہتر اس (باغ) سے اور اتارے اس باغ پر کوئی آسمانی عذاب ۶۳ تو ہو جائے یہ (سرسبز) باغ ایک چٹیل میدان۔ یا یوں

يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ

جذب ہو جائے اس کا پانی زمین کی گہرائی میں کہ پھر تو اس کو تلاش کے باوجود نہ پاسکے ۶۴ اور اس (کے باغ) کا پھل برباد ہو گیا ۶۵ پس وہ

يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوشِهَا وَيَقُولُ

کف افسوس ملنے لگا اس مال کے نقصان پر جو اس نے باغ پر خرچ کیا تھا اور (اب) وہ گرا پڑا تھا اپنے چھپروں پر اور (بصد حسرت) کہنے لگا

يٰلَيْتَنِي لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُونَهٗ مِنْ

کاش! میں نے کسی کو اپنے رب کا شریک نہ بنایا ہوتا۔ اور نہ ہی تھی اس کے پاس کوئی جماعت جو اس کی مدد کرتی

دُونِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ

اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں اور نہ وہ بدلہ لینے کے قابل تھا ۶۶ یہاں سے ثابت ہو گیا کہ سارا اختیار اللہ سچے کیلئے ہے۔ وہی بہتر ثواب

۶۳ علامہ بیضاوی نے فرمایا ہے کہ حسبانٌ، حسبانة کی جمع ہے اس کا معنی بجلی کی کڑک۔ قال العلامة بیضاوی۔ جمع حسبانة وهی الصواعق صعیدًا چٹیل زمین۔ زلقًا جس پر سختی کی وجہ سے قدم نہ جم سکے اور پھسل جائے یعنی اس کے غضب سے پناہ مانگتے رہو۔ اس کی بے نیازی سے ڈرتے رہو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ بجلی کا صاعقہ آئے اور تیرے سارے گل و گلشن کو ملیامیٹ کر کے رکھ دے۔ سبزہ کا نام و نشان تک باقی نہ رہے۔ یہ زرخیز زمین جس کا چپہ چپہ آج سونا اگل رہا ہے ایسی بنجر اور اجاڑ ہو جائے کہ چلتے ہوئے لوگوں کے قدم پھسل پھسل جائیں۔

۶۴ یا پانی ہی زمین میں دھنس جائے اور تو ہزار جتن کرے اس کو ان گہرائیوں سے نہ نکال سکے۔

۶۵ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے رفیق کی مخلصانہ پند و موعظت کا اس پر کچھ اثر نہ ہوا۔ وہ حسب سابق شرک و نافرمانی کی روش پر چلتا رہا یہاں تک کہ مہلت کی وہ گھڑیاں ختم ہو گئیں۔ جو ہر عصیاں شعار اور غلط کار کو سنبھلنے کے لیے مرحمت فرمائی جاتی ہیں۔ تو وہ عذاب آیا جس نے اس کی خوابوں کی دنیا کو درہم برہم کر کے رکھ دیا اور وہ اپنے اجڑے ہوئے اور اکھڑے ہوئے باغ کو دیکھ کر کف افسوس ملنے لگا۔ علامہ قرطبی نے احیط بثمرہ کا معنی کیا ہے ای اهلك ماله كله کہ اس کا سب مال تہس نہس برباد ہو گیا

۶۶ انتصر کا معنی غالب آنا، کامیاب ہونا بھی ہے لیکن اس کا ایک معنی انتقام لینا بھی ہے انتصر ای انتقم یہاں مجھے یہی معنی موزوں

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ

بہتر ہے ثواب اور اس کے ہاں بہتر انجام ہے ۶۷ اور بیان فرمائیے ان سے دنیوی زندگی کی (ایک اور) مثال ۶۸ یہ پانی کی طرح ہے

اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا

جسے ہم نے اتارا ہے آسمان سے پس گھنجان ہو کر اگتی ہیں اس پانی سے زمین کی انگوریاں پھر کچھ عرصہ بعد وہ خشک سینٹھا گھاس بن جاتی

تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ

ہے اڑائے پھرتی ہیں اسے ہوائیں۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ مال اور فرزند (تو صرف)

زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا

دنیوی زندگی کی زیب و زینت ہیں ۶۹ اور (درحقیقت) باقی رہنے والی نیکیاں بہتر ہیں تیرے رب کے ہاں ثواب کے اعتبار سے

معلوم ہوتا ہے۔ نیز وَلَایۃ (واؤ پر زبر) کا معنی دوستی اور مدد کرنا ہے اور ولایہ (واؤ کے نیچے زیر) کا معنی غلبہ ہے۔
عقب اور عاقبۃ دونوں کا معنی انجام ہے بعض کے نزدیک یہ ہم معنی ہیں وھما بمعنی واحد (قرطبی)

۶۸ ان حقیقت ناشناسوں کو جو غریب و مفلس مسلمانوں کو نظرِ حقارت سے دیکھتے ہیں اور اپنے دنیوی جاہ و جلال پر پھولے نہیں سماتے سمجھانے کے لیے دنیا کی بے ثباتی کی ایک اور مؤثر مثال دی جا رہی ہے۔ اختلط کا معنی ہے گڈمڈ ہو جانا جب کوئی فصل گھنی پیدا ہوتی ہے تو اس کی بالیں گنجان بالوں کی طرح آپس میں مل جاتی ہیں۔ یہاں بھی فاختلط بہ نبات الارض سے یہی مقصود ہے کہ برسات کے پانی سے جو فصل اگتی ہے وہ آپس میں مختلط اور ملی جلی ہوتی ہے۔

۶۹ مال و اولاد کی خواہش کس دل میں نہیں۔ ان کے ہونے سے کون خوش نہیں ہوتا۔ اگر ان میں سے کوئی چیز نہ ہو تو زندگی کتنی بے مزہ اور بے کیف ہو جاتی ہے۔ یہ ایسی چیزیں ہیں جنہیں سب جانتے ہیں۔ یہاں بتا دیا کہ مال و اولاد سے دنیوی زندگی مزین ہوتی ہے اور جب یہ زندگی خود ناپائیدار ہے تو اس کے متعلقات بھی ناپائیدار رہوں گے۔ اس لیے عقلمندی کا تقاضا یہ ہے کہ انسان اپنی ساری عمر اپنی ساری کد و کاوش ان دنیوی زینتوں کے لیے وقف نہ کر دے۔ ایسا نہ ہو کہ جب یہ فنا ہو جائیں تو تم خالی ہاتھ ملتے رہ جاؤ بلکہ زادِ آخرت کی بھی فکر کرو۔

۷۰ وہ نیک اعمال جو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے کیے جائیں وہ اس حی و قیوم سے وابستہ ہونے کی وجہ سے بقاء و دوام کی صفت سے متصف ہو جاتے ہیں۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں المال والبنون حرث الدنیا والاعمال الصالحات حرث الآخرۃ وقد یجمعھما اللہ لاقوام یعنی مال اور اولاد دنیا کی کھیتی ہے اور نیک اعمال آخرت کی کھیتی ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے کبھی بعض لوگوں کو یہ دونوں چیزیں

وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّ

اور بہتر ہیں بلحاظ امید کے بھی۔ اور (خوف کرو) جس روز ہم ہٹا دیں گے پہاڑوں کو (اپنی جگہ سے) اور تم دیکھو گے زمین کو کھلا میدان ہے ۱؎ اور

حَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ

ہم جمع کریں گے انھیں پس نہیں پیچھے رہنے دیں گے ان میں سے کسی کو ۱؎ اور وہ پیش کیے جائیں گے آپ کے رب کی بارگاہ میں صفیں باندھے ہوئے ۲؎

لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۢ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ

(پھر ہم انھیں کہیں گے کہ) آج تم آگئے ہو ہمارے پاس جیسے ہم نے پیدا کیا تھا تمھیں پہلی بار بلکہ تم تو یہ خیال کیے ہوئے تھے کہ ہم نہیں مقرر

لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا

کریں گے تمھارے لیے وعدہ کا وقت۔ اور رکھ دیا جائیگا (انکے سامنے) نامۂ عمل ۳؎ پس تم دیکھو گے مجرموں کو کہ وہ ڈر رہے ہوں گے اس سے جو

عطا فرما دیتا ہے۔ حضرت ابو سعید خدری روایت کرتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا استکثروا من الباقیات الصالحات قیل وما ھی یارسول اللہ قال التسبیح والتھلیل والتحمید والتکبیر ولاحول ولاقوۃ الا باللہ (رواہ احمد وغیرہ) حضور نے فرمایا: باقی رہنے والے اعمال کثرت سے کیا کرو۔ عرض کی گئی یا رسول اللہ وہ کیا ہیں فرمایا اللہ تعالیٰ کی تسبیح، تہلیل، تحمید، تکبیر اور لاحول ولاقوۃ الا باللہ ہیں۔ حضرت جابر سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا کہ لاحول ولاقوۃ کثرت سے پڑھا کرو اس سے تکلیف کے ننانوے دروازے بند ہوتے ہیں۔ ادناھا الھم سب سے کم درجہ کی تکلیف جو اس کے پڑھنے سے دور ہوتی ہے وہ ھم یعنی حزن وملال ہے۔ حضرت نعمان بن بشیر سے مرفوعاً مروی ہے کہ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر ھن الباقیات الصالحات۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ جتنے نیک اعمال ہیں وہ باقیات صالحات ہیں۔ علامہ قرطبی نے کہا ہے کہ یہی قول صحیح ہے وھو الصحیح انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱؎ اب روز قیامت کے احوال کا ذکر شروع ہوتا ہے۔

۲؎ سب مخلوق صفیں باندھے سر جھکائے حاضر بارگاہِ قدس ہوگی۔ دنیا میں عمر بھر جو لوگ قیامت کا انکار کرتے رہے اور فلسفہ بگھارتے رہے انھیں کہا جائے گا کہ تم تو کہتے تھے کہ قیامت وغیرہ کی کوئی حقیقت نہیں۔ بتاؤ ہمارے رسولوں کی بات سچی ثابت ہوئی یا نہ ہوئی۔

۳؎ ہر ایک کا نامۂ عمل اس کے سامنے پیش کیا جائے گا مجرموں کی حالت ناگفتہ بہ ہوگی۔ شدتِ خوف سے ان کے دل دھڑک رہے ہوں گے۔ چہروں کا رنگ فق ہو گیا ہوگا اور حسرت وندامت کے باعث یوں گویا ہوں گے۔

فِيهِ وَيَقُولُونَ يَا وَيْلَتَنَا مَالِ هَٰذَا الْكِتَابِ لَا يُغَادِرُ صَغِيرَةً وَلَا

اس میں ہے اور کہیں گے صد حیف! اس نوشتہ کو کیا ہو گیا ہے کہ نہیں چھوڑا اس نے کسی چھوٹے گناہ کو اور نہ

كَبِيرَةً إِلَّا أَحْصَاهَا ۚ وَوَجَدُوا مَا عَمِلُوا حَاضِرًا ۗ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ

کسی بڑے گناہ کو مگر اس نے اسکا شمار کر لیا ہے اور (اس دن) وہ پالیں گے جو عمل انھوں نے کیے تھے اپنے سامنے اور آپکا رب (اے حبیب!) کسی

أَحَدًا ﴿٤٩﴾ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ

زیادتی نہیں کرتا۔ اور یاد کرو جب ہم نے حکم دیا فرشتوں کو کہ سجدہ کرو آدم کو تو پس سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔

كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ أَمْرِ رَبِّهِ ۗ أَفَتَتَّخِذُونَهُ وَذُرِّيَّتَهُ أَوْلِيَاءَ

وہ قوم جن سے تھا سو اس نے نافرمانی کی اپنے رب کے حکم کی (اے اولادِ آدم) کیا تم بناتے ہو اسے اور اس کی ذریت کو اپنا دوست

مِنْ دُونِي وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۚ بِئْسَ لِلظَّالِمِينَ بَدَلًا ﴿٥٠﴾ مَا أَشْهَدْتُهُمْ

مجھے چھوڑ کر حالانکہ وہ سب تمھارے دشمن ہیں۔ ظالموں کے لیے بہت برا بدلہ ہے۔ میں نے ان سے مدد نہیں لی تھی

خَلْقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلَا خَلْقَ أَنْفُسِهِمْ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ

جب آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا گیا اور نہ (اس وقت ان سے مدد لی) جب خود انھیں پیدا کیا اور میں نہیں بنایا کرتا گمراہ کرنے

منکرینِ حق کو اب یہ یاد دلا کر اللہ نے غیرتِ حق دی جارہی ہے۔ انھیں شرم دلائی جارہی ہے کہ تم آدم کی اولاد ہو جس کی ہم نے اتنی عزت افزائی کی کہ نورانی فرشتوں کو بھی حکم دیا کہ اسے سجدہ کریں اور شیطان نے جب سجدہ کرنے سے انکار کیا تو اسے اس جرم کی پاداش میں کہ اس نے تمہارے باپ آدم کو سجدہ نہیں کیا اپنی بارگاہِ عزت سے دھتکار دیا گیا وہ تمہارا قدیمی دشمن ہے۔ اب بھی تم اسے بھلا کر اپنے رب کریم کی نافرمانی کر رہے ہو تمہیں تو شرم کے مارے ڈوب مرنا چاہیے۔

ان الفاظ سے یہ بتا دیا کہ ابلیس فرشتہ نہیں تھا بلکہ جن تھا۔ ففسق کی فاء اس امر کی طرف اشارہ کر رہی ہے کہ اس کے فسق اور حکم عدولی کی وجہ ہی یہی تھی کہ اس کا عنصر ناری تھا۔ اس کی فطرت میں تمرد اور سرکشی تھی۔

منکرینِ حق کو شرم دلائی جا رہی ہے کہ تم اپنے قدیمی دشمن ابلیس کا حکم ماننے کے لیے تو ہر وقت تیار رہتے ہو لیکن اپنے مولیٰ کریم کے احکام بجا لانے میں تمہیں بڑی تکلیف ہوتی ہے۔

جن شیطانوں کے پیچھے تم لگے ہوئے ہو اور جن کو اپنا معبود اور کارساز یقین کرتے ہو بھلا سوچو ان کی مقدرت کیا ہے کہ کسی

الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿٥١﴾ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ

والوں کو اپنا دست و بازو۔ اور اس روز اللہ تعالیٰ (کفار کو) فرمائیگا ۵۱؎ بلاؤ میرے شریکوں کو جنھیں تم (میرا شریک) خیال کیا

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿٥٢﴾ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ

کرتے تھے تو وہ انھیں پکاریں گے پس وہ انھیں کوئی جواب نہیں دیں گے اور ہم حائل کر دینگے ان کے درمیان ایک آڑ۔ اور دیکھیں گے مجرم جہنم کی آگ کو

النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿٥٣﴾ وَلَقَدْ

اور وہ خیال کریں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں اور نہ پائیں گے اس سے نجات پانے کی کوئی جگہ۔ اور بیشک ہم نے طرح طرح

صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ

سے بار بار بیان کی ہیں اس قرآن میں لوگوں کے لیے ہر قسم کی مثالیں اور انسان ہر چیز سے بڑھ کر

شَيْءٍ جَدَلًا ﴿٥٤﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا

جھگڑالو ہے ۵۴؎ اور کس چیز نے روکا ہے لوگوں کو اس بات سے کہ وہ ایمان لے آئیں جب آگئی ان کے پاس ہدایت (کی روشنی) اور

کو نفع یا نقصان پہنچا سکیں۔ نہ زمین و آسمان کی تخلیق میں ان کا کوئی حصہ ہے اور نہ ان کے پیدا کرنے میں ان کی مرضی کا کچھ دخل ہے پھر یہ خود بھی اللہ تعالیٰ کے نافرمان اور سرکش ہیں اور اللہ تعالیٰ کو کیا ضرورت ہے کہ اپنی خدائی کے کسی کام میں اس سے مدد طلب کرے جو اس کا نافرمان ہے۔

۵۱؎ روز قیامت کا ذکر ہے اس روز بتوں کے پجاریوں سے خطاب ہوگا یقول ذلک لعبدة الاوثان (قرطبی) موبقا: حاجزا بین الاوثان وعبدتہم۔ قال ابن الاعرابی: کل شیء حاجز بین شیئین فهو موبق (قرطبی) دو چیزوں کے درمیان جو چیز آڑ اور رکاوٹ ہو اسے حاجز کہتے ہیں یعنی بتوں اور ان کے پرستاروں کے درمیان آڑ قائم کر دی جائے گی۔ حضرت انس سے مروی ہے کہ جہنم کی ایک وادی کا نام موبق ہے جو پیپ اور خون سے بھری ہوگی۔

۵۴؎ یہاں انسان سے مراد نافرمان اور سرکش انسان ہے۔

۵۵؎ یعنی جب آفتاب ہدایت طلوع ہو چکا اور اس کی روشنی نے مشرق و مغرب کو منور کر دیا تو اب اندھے بنے ہوئے یہ کیوں ٹھوکریں کھا رہے ہیں کیا یہ چاہتے ہیں کہ جس طرح تباہ کن عذاب پہلی اقوام پر اترا تھا ان پر بھی اترے اور ان کو خاک سیاہ بنا کر رکھ دے۔ قُبُلًا حال ہے اس کا واحد قبیل ہے جیسے سبیل کی جمع سُبُلٌ ہے اس کا معنی ہے طرح طرح کا عذاب قُبُلًا اصناف العذاب کلہ۔ نحو کے امام فراء نے اس کی تشریح کرتے ہوئے کہا ہے کہ قُبُلٌ قبیل کی جمع ہے اس کا معنی ہے متفرقا یتلو بعضہ بعضا یعنی

رَبَّهُمْ إِلَّآ أَنْ تَأْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿٥٥﴾

مغفرت طلب کریں اپنے رب سے مگر یہ کہ وہ منتظر ہیں کہ آجائے انکے پاس اگلوں کا دستور یا آجائے ان کے پاس طرح طرح کا عذاب۔

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِينَ

اور ہم نہیں بھیجتے رسولوں کو مگر مژدہ سنانے والے اور ڈرانے والے اور جھگڑتے ہیں کافر لشہ

كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ ۖ وَاتَّخَذُوٓا آيَاتِي وَمَآ أُنْذِرُوا

بے سروپا دلیلوں کی آڑ لے کر تاکہ وہ مٹا دیں اس سے حق کو ۴۲ اور بنا لیا ہے انھوں نے میری آیتوں کو اور جن سے وہ ڈرائے گئے

هُزُوًا ﴿٥٦﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ

ایک مذاق۔ اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہے جسے نصیحت کی گئی اسکے رب کی آیتوں سے پس اس نے روگردانی کر لی ان سے اور فراموش کر دیا

مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ ۚ إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَنْ يَفْقَهُوهُ وَفِي

اسے ان اعمال بد کو جو آگے بھیجے تھے اسکے دونوں ہاتھوں نے ہم نے ڈالدیئے انکے دلوں پر پردے تاکہ وہ قرآن کو نہ سمجھ سکیں اور انکے

آذَانِهِمْ وَقْرًا ۖ وَإِنْ تَدْعُهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ فَلَنْ يَهْتَدُوٓا إِذًا أَبَدًا ﴿٥٧﴾

کانوں میں گرانی پیدا کر دی اور اگر تم بلاؤ انھیں ہدایت کی طرف تو جب بھی وہ ہدایت قبول نہیں کرینگے۔

ایک عذاب کے بعد دوسرا عذاب! ورقبلاً (قاف پر زیر) کا معنی ہے عیاناً۔ (قرطبی)

لشہ بالباطل کا تعلق یجادل کے ساتھ ہے یعنی ان کافروں کا جھگڑا کسی معقولیت پر مبنی نہیں۔ ان کے پاس اپنے موقف کی سچائی ثابت کرنے کے لیے کوئی ایسی دلیل بھی نہیں جو سنجیدگی سے غور کرنے کے قابل ہو۔ یوں ہی اناپ شناپ ہانکتے رہتے ہیں۔

۴۲ دحض کا لغوی معنی ہے پاؤں کا پھسلنا۔ اصل الدحض الزلق یقال دحضت رجله ای زلقت (قرطبی) کسی دلیل کے مسترد کر دینے کو بھی دحض کہتے ہیں دحضت حجته دحضاً بطلت۔ مدعا یہ ہے کہ ان کی ساری کوششیں اس پر مرکوز رہتی ہیں کہ وہ حق کو باطل کر کے دکھائیں اور اہل حق کو اس سے پھسلا دیں۔

وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ

اور آپکا پروردگار تو بہت بخشنے والا اور بڑی رحمت والا ہے [۸۳] اگر وہ پکڑ لیتا انھیں انکے کیے پر تو جلد ان پر

الْعَذَابَ ۭ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْىِٕلًا ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ

عذاب بھیجتا (وہ ایسا نہیں کرتا) بلکہ ان کے لیے ایک وقت مقرر ہے نہیں پائینگے اس وقت اسکے بغیر کوئی پناہ کی جگہ ۔ اور یہ بستیاں

الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾ ع وَاِذْ قَالَ

ہیں ہم نے تباہ کر دیا ان کے باشندوں کو جب وہ ستم شعار بن گئے اور ہم نے مقرر کردی تھی انکی ہلاکت کیلیے ایک میعاد۔ اور یاد کرو جب کہا

مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾

موسیٰ نے اپنے نوجوان (ساتھی) کو کہ میں چلتا رہونگا یہاں تک کہ پہنچوں جہاں دو دریا ملتے ہیں یا چلتے چلتے گزار دونگا مدت دراز [۸۴]

ع ۹ ۲۰

[۸۳] چاہیے تو یہ تھا کہ ان ظالموں کو فوراً عذاب کی چکی میں پیس کر رکھ دیا جاتا اور انھیں ذرا ڈھیل نہ دی جاتی لیکن اللہ تعالیٰ کی مغفرت بے پایاں اور رحمت وسیع ہے وہ ایسے لوگوں پر بھی اپنی نعمتوں کی بارش کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ مہلت کی گھڑیاں ختم ہو جاتی ہیں اور مقررہ وقت آجاتا ہے۔ موئل: لوٹ کر آنے کی جگہ آل یئول سے اسم ظرف ہے۔

[۸۴] ان دو رکوعوں میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور اللہ تعالیٰ کے ایک مقبول بندے کا ذکر ہے۔ آیات کی تشریح سے پہلے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ چند امور کی وضاحت کر دی جائے تاکہ آیات کے مطالب بیان کرنے اور سمجھنے میں آسانی ہو اس واقعہ میں مندرجہ ذیل امور غور طلب ہیں:۔

(۱) یہ موسیٰ کون ہیں۔ (۲) اس واقعہ کا محرک کیا ہے۔ (۳) آپ کے نوجوان خادم کا نام کیا ہے۔ (۴) وہ بندۂ خاص کون ہے۔ (الف) اس کا نام کیا ہے۔ (ب) کیا وہ ولی تھا یا نبی۔ (ج) وہ اب زندہ ہے یا نہیں۔ (۵) وہ جگہ جہاں یہ دونوں حضرات ملے تھے وہ کہاں ہے۔ باقی چیزیں آیات کی تشریح کے ضمن میں بیان ہو جائیں گی۔ پہلی چیز کے متعلق جو روایت صحیحین میں ہے اس کا ذکر کرنا ہی کافی ہے۔

حضرت سعید بن جبیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس سے اس موسیٰ کے متعلق دریافت کیا اور انھیں بتایا کہ نوفل بکالی کا خیال ہے کہ اس واقعہ میں جس موسیٰ کا ذکر ہے وہ موسیٰ بنی اسرائیل نہیں بلکہ یہ موسیٰ بن افرائیم بن یوسف ہے۔ حضرت ابن عباس نے یہ سن کر فرمایا اللہ کے دشمن نے جھوٹ بکا ہے۔ ہمیں ابی بن کعب نے بتایا کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ایک دن موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے تو آپ سے پوچھا گیا

سب سے بڑا عالم کون ہے۔ آپ نے جواب میں کہا میں سب سے بڑا عالم ہوں۔ اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند نہ آئی کہ انھوں نے علم کو اپنی طرف کیوں منسوب کیا ہے۔ اس کی ذات کی طرف کیوں نہیں تفویض کیا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے آپ پر وحی بھیجی کہ مجمع البحرین میں میرا ایک بندہ ہے جو تجھ سے زیادہ عالم ہے۔ موسیٰ نے عرض کی یا الٰہی میں اس کی خدمت میں کیونکر پہنچ سکتا ہوں۔ حکم ہوا کہ اپنے ساتھ ایک مچھلی ٹوکری میں رکھ لو جہاں وہ مچھلی گم ہو جائے وہیں کہ اس بندے کی قیام گاہ ہوگی۔ (۲) اس فتیٰ سے مراد یوشع بن نون ہیں، وہ نوجوان تھے۔ سفر و حضر میں حضرت کلیم کی خدمت میں رہا کرتے تھے (۳) جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ یہ بندہ خضر علیہ السلام ہے۔ ان کا نام بلیا بن ملکان ہے کیونکہ جہاں یہ تشریف فرما ہوتے وہ جگہ سرسبز ہو جاتی تھی اس لیے خضر آپ کا لقب ہو گیا اور وہ اسی لقب سے مشہور ہیں۔ بعض علماء کی یہ رائے ہے کہ وہ ولی تھے۔ لیکن علامہ پانی پتی اور دیگر علماء محققین کی رائے یہ ہے کہ وہ نبی تھے کیونکہ ولی کے الہام سے علم ظنی حاصل ہوتا ہے۔ اور اس میں خطا کا احتمال ہوتا ہے۔ الہام کی وجہ سے قتل جیسے سنگین فعل کا ارتکاب جائز نہیں ہو سکتا۔ اس لیے آپ کو نبی ماننا پڑے گا اور نبی کا علم یقینی ہوتا ہے۔ رہی یہ بات کہ خضر اب زندہ ہیں یا وفات پا چکے ہیں۔ اس میں علماء کے دو گروہ ہیں اور دونوں گروہوں نے اپنے اپنے موقف کو سچا ثابت کرنے کے لیے دلائل کے انبار لگا دیئے ہیں۔ علامہ آلوسیؒ نے اپنی تفسیر میں ان دلائل کو بڑی شرح و بسط کے ساتھ بیان کیا ہے لیکن متعدد صفحات پر پھیلی ہوئی اس بحث کا مطالعہ کرنے کے باوجود تسکین نہیں ہوتی اور انسان کسی ایسے نتیجہ پر نہیں پہنچتا جس سے دل مطمئن ہو۔

اللہ تعالیٰ عارف باللہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کو اپنے انوار کا مہبط بنائے انھوں نے اس سلسلہ میں ایک ایسی بات رقم کی ہے جس سے دلائل کا تضاد بھی رفع ہو جاتا ہے اور انسان کے دل میں ایک اطمینان بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ میرے خیال میں یہاں فریقین کے دلائل کا نقل کرنا تطویل کا باعث ہوگا صرف تفسیر مظہری کی وہ عبارت لکھ دینا کافی ہے مجھے امید ہے کہ ان کی تحقیق سے جس طرح میری تشویش دور ہوئی اس کے مطالعہ سے آپ کی پریشانی بھی ختم ہو جائے گی۔

فریقین کے دلائل نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ اس اشکال کا حل حضرت مجدد الف ثانی کے کلام کے بغیر ناممکن ہے۔ حضرت مجدد سے حضرت خضر کے متعلق پوچھا گیا کہ وہ زندہ ہیں یا وفات پا گئے ہیں تو وہ بارگاہِ الٰہی میں حقیقت حال کے انکشاف کے لیے متوجہ ہوئے۔ فرای الخضر حاضراً عنده فسأله عن حاله فقال انا والیاس لسنا من الاحیاء لکن الله سبحانه اعطی لارواحنا قوة تجسد بها و نفعل بها افعال الاحیاء من ارشاد الضال واغاثة الملهوف اذا شاء الله وتعلیم العلم اللدنی واعطاء النسبة لمن شاء الله تعالیٰ وجعلنا معینا للقطب المدار من اولیاء الله تعالیٰ الذی جعله الله تعالیٰ مدارا للعالم وجعل بقاء العالم ببرکة وجوده وافاضته وقال الخضر ان القطب فی هذا الزمان فی دیار یمن متبع للشافعی فی الفقه قال فنحن نصلی مع القطب صلوٰة علی مذهب الشافعی فبهذا الکشف الصحیح اجتمع الاقوال وذهب الاشکال والحمد لله الکبیر المتعال۔ (مظہری)

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ

پھر جب وہ دونوں پہنچے جہاں آپس میں دو دریا ملتے ہیں[۵۵] دونوں بھول گئے اپنی مچھلی کو تو بنا لیا اس نے اپنا رستہ دریا میں

ترجمہ و۔ حضرت مجدد الف ثانی نے دیکھا کہ حضرت خضر ؑ ان کے پاس کھڑے ہیں۔ آپ نے ان سے ان کی حقیقت حال دریافت کی تو آپ نے فرمایا کہ میں اور الیاس زندوں میں سے نہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے ہماری روحوں کو ایسی قوت بخشی ہے جس سے ہم مجسّم ہو جاتے ہیں اور زندوں کے سے کام کرتے ہیں مثلاً جب اللہ تعالیٰ چاہے تو ہم گمراہ کی رہنمائی کرتے ہیں اور مصیبت زدہ کی مدد کرتے ہیں علم لدنی کی تعلیم دیتے ہیں اور جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہو اسے روحانی نسبت مرحمت کرتے ہیں۔ ہمیں اولیاء اللہ میں سے جو قطب ہوتا ہے اس کا معاون و مددگار بنایا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے مدار عالم بنا لیا ہے اور اس کی برکت و فیض سے دنیا کی بقا ہے۔ آجکل یمن کے ایک بزرگ قطب مدار ہیں جو شافعی المذہب ہیں۔ ہم ان کے ساتھ شافعی مذہب کے مطابق نماز ادا کرتے ہیں۔ اس کشف صحیح سے مختلف اقوال کا تضاد ختم ہو گیا اور اشکال دور ہو گیا۔ سبحان اللہ تعالیٰ کے لیے جو کبیر و متعال ہے۔

۵۔ وہ مقام جہاں ان دونوں بزرگوں کی ملاقات ہوئی تھی وہ کہاں ہے۔ قرآن کریم نے اسے مجمع البحرین (دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ، سنگم) سے تعبیر کیا ہے اس کے بارے میں بھی علماء مختلف رائے رکھتے ہیں۔ چند اقوال کشاف سے منقول ہیں۔ مجمع البحرین سے مراد (۱) فارس اور روم کے دریاؤں کا سنگم (۲) طنجہ (۳) افریقہ اور اندلس مفسرین نے تو اندلس دریا مراد لیے ہیں وقیل هو بحر بالاندلس (محیط لابن حیان) هو بحر الاندلس من البحر المحيط (قرطبی) بعض فضلا نے وہ جگہ مراد لی ہے جہاں دریائے نیل کی دو شاخیں بحر ابیض اور بحر الازرق آ کر ملتی ہیں۔ لیکن یہ قول اس وقت قابل قبول ہو سکتا ہے جب اس واقعہ کا وقوع مصر سے ہجرت کرنے سے پہلے کا ہو۔ لیکن دیگر روایات اس کی تائید نہیں کرتیں اور اس امر کا بھی کوئی ثبوت نہیں ملتا کہ سینا اور تیہ میں اقامت فرمانے کے بعد حضرت موسیٰ ؑ پھر مصر تشریف لے گئے ہوں۔ بہر حال مجمع البحرین کوئی سے دو دریاؤں کے سنگم کا نام ہو قرآن کریم نے جس مقصد کے لیے اس واقعہ کو بیان کیا ہے اس کا سمجھنا اس پر موقوف نہیں۔

ان امور کو ذہن نشین کر لینے کے لیے اب آیات طیبہ کی طرف توجہ فرمائیے۔

ے فتیٰ سے مراد یوشع بن نون ہیں۔ فتیٰ نوجوان کو کہتے ہیں۔ خادم کو ادب و احترام کے لیے خادم کے بجائے فتیٰ (نوجوان) کے لفظ سے یاد فرمایا گیا۔ اس سے ہمیں یہ سکھایا گیا کہ فرق مراتب کے باوجود ہمیں کوئی ایسا لفظ استعمال نہ کرنا چاہیے جس سے کسی اپنے سے کم درجہ کی تذلیل اور دل آزاری کا پہلو نکلتا ہو۔ حقبا زمانہ طویل کو کہتے ہیں۔ بعض نے اسّی سال اور بعض نے ستر سال کی تعیین کی ہے جو قطعاً بے ضرورت ہے۔

۵۵ جب دریاؤں کے سنگم پر پہنچے تو سفر کی تھکان دور کرنے کے لیے ایک چٹان کے سایہ میں استراحت فرما ہوئے تو زنبیل میں بھنی ہوئی مچھلی بھی تھی اسے جب اس خطہ کی ہوا لگی جس میں اس مرغزار کے سانس کی مہک بسی ہوئی تھی تو وہ زندہ ہو گئی اور اس نے دریا میں چھلانگ لگا دی۔ سرب: راستہ یعنی جہاں سے وہ گزرتی گئی ایک طویل راہ کے نشانات چھوڑتی گئی۔

سَرَبًا ﴿٦١﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا

سرنگ کی طرح۔ پس جب وہ آگے بڑھ گئے ۹۱ آپ نے اپنے جوان ساتھی سے کہا لاؤ ہمارا صبح کا کھانا بیشک ہمیں برداشت کرنی پڑی ہے

هٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۡ

اپنے اس سفر میں بڑی مشقت۔ اس ساتھی نے کہا (اے کلیم اللہ) آپ نے ملاحظہ فرمایا ۹۲ جب ہم سستانے کیلئے اس چٹان کے پاس ٹھہرے تھے تو

وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ

میں بھول گیا مچھلی کو اور نہیں فراموش کرائی مجھے وہ مچھلی مگر شیطان نے کہ میں اس کا ذکر کروں اور اس نے بنالیا تھا اپنا راستہ دریا میں بڑے تعجب

عَجَبًا ﴿٦٣﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿٦٤﴾ ۙ

کی بات ہے۔ آپ نے فرمایا یہی تو وہ ہے جس کی ہم جستجو کر رہے تھے ۹۳ پس وہ دونوں لوٹے اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے۔ تو پایا انھوں

فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا

نے ایک بندے کو ۹۴ ہمارے بندوں میں سے جسے ہم نے عطا فرمائی تھی رحمت اپنی جناب سے ۹۵ اور ہم نے سکھایا تھا اسے اپنے پاس سے

۹۱ آرام کرنے کے بعد پھر سفر شروع ہو گیا۔ کچھ دور پہنچے تو تھکاوٹ اور بھوک نے پاؤں پکڑ لیے اور آپ نے اپنے خادم کو حکم دیا کہ کھانا لاؤ۔
نصب: تھکاوٹ۔

۹۲ اب یوشع کو یاد آیا کہ جب وہ اس چٹان کے نیچے سستانے کے لیے آئے تھے تو مچھلی توشہ دان سے نکل کر دریا میں کود گئی تھی لیکن اس وقت عرض کرنا بھول گئے۔ اب جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کھانا طلب کیا تو سارا ماجرا عرض کر دیا۔ اور آخر میں اپنی بھول کی معافی مانگی۔

۹۳ آپ نے سن کر فرمایا۔ وہی تو ہماری منزل مراد تھی ہم تو اپنی منزل سے آگے نکل آئے۔

۹۴ جب وہاں واپس پہنچے تو جس مرد خدا کی تلاش میں نکلے تھے ان سے وہاں ملاقات ہو گئی۔ حضرت خضر وہاں سفید چادر لپیٹے ہوئے آرام فرما رہے تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سلام دیا۔ انھوں نے سلام کا جواب دیا اور کہا آپ موسیٰ بنی اسرائیل ہیں۔ آپ نے پوچھا آپ کو کیسے خبر ہو گئی تو حضرت خضر نے فرمایا جس نے تجھے میری طرف بھیجا ہے اسی نے مجھے بھی بتایا ہے۔ عبادنا میں اضافت شرف و عزت افزائی کے لیے ہے یعنی وہ ہمارے ان بندوں سے تھا جن کو ہمارے حضور میں قرب کا مقام حاصل تھا۔

عِلْمًا ۝ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ

خاص علم ۸۹ کہا اس بندہ کو موسیٰ نے کیا میں آپکے ساتھ رہ سکتا ہوں اس شرط پر کہ آپ سکھائیں مجھے رشد و ہدایت کا خصوصی علم جو آپکو سکھایا

رُشْدًا ۝ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ۝ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا

گیا ہے ۹۱ اس بندے نے کہا (اے موسیٰ!) آپ میرے ساتھ صبر کرنے کی طاقت نہیں رکھتے ۹۲ اور آپ صبر کر بھی کیسے سکتے ہیں اس بات پر

لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ۝ قَالَ سَتَجِدُنِىْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِىْ

جسکی آپ کو پوری طرح خبر نہیں۔ آپ نے کہا آپ مجھے پائیں گے اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا صبر کرنے والا اور میں نافرمانی نہیں کرونگا

لَكَ اَمْرًا ۝ قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِىْ فَلَا تَسْـَٔلْنِىْ عَنْ شَىْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ

آپکے کسی حکم کی اس بندے نے کہا اگر آپ میرے ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو مجھ سے کسی چیز کے بارے میں نہ پوچھئے یہاں تک کہ میں آپ سے اس کا

ف۸۹ اس بندے کی مزید توصیف فرمائی جارہی ہے۔

ف۹۰ نیز اس رحمتِ خصوصی کے علاوہ اسے ایسا علم عطا فرمایا تھا جو عام انسانی ادراک سے بالکل جدا ہے۔ وہاں مقدمات کو مرتب کیا جاتا ہے نہ ان میں غور و فکر کی زحمت اٹھانی پڑتی ہے۔ خود بخود عقدے کھلتے جاتے ہیں، پردے اٹھتے جاتے ہیں اور حقائق و مطالب کا انکشاف ہوتا جاتا ہے۔ اور ذاتِ باری اور صفاتِ باری کی حقیقت پر آگاہی ہوتی جاتی ہے۔

ف۹۱ حضرت موسیٰ اپنی جلالتِ شان کے باوجود کتنے ادب و احترام سے اپنی خواہش کا اظہار فرما رہے ہیں۔ ہر طالب کو حضرت کلیم کے اس اسوۂ حسنہ سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ جب تک دل میں ادب و احترام کا جذبہ پیدا نہیں ہوتا افادہ و استفادہ کا سلسلہ بند رہتا ہے۔ یہاں سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر اپنے سے کم درجہ والے میں کوئی کمال ہو تو اس کے حصول سے باز نہیں آنا چاہیے۔ وهذه الاية تدل على ان المفضول قد يكون له فضل جزئي على من هو افضل منه وعلى ان الفاضل ينبغي ان يطلب هذه الحصة من الفضل من المفضول۔ (مظہری)

ف۹۲ حضرت خضر کو معلوم تھا کہ علوم تکوینیہ کے جو راز مجھ پر منکشف کیے گئے ہیں ایک صاحبِ شریعت رسول اس پر سکوت اختیار نہیں کرسکتا۔ اس لیے پہلے ہی اس امر کی طرف اشارہ کر دیا کہ ایسے امور واقع ہوں گے تو آپ ضرور اعتراض کریں گے اور جہاں اعتراض کی نوبت آجائے وہاں افادہ و استفادہ کا دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ اسی لیے صوفیاء کرام نے فرمایا انه يجب على المريد ترك الاعتراض على الشيخ۔ (مظہری)

مرید پر لازم ہے کہ اپنے شیخ پر اعتراض نہ کرے۔

لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿٧٠﴾ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِى السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ؕ قَالَ

خود ذکر کروں ۹۴ پس وہ دونوں چل پڑے یہاں تک کہ جب وہ سوار ہوئے کشتی میں تو اس بندے نے اس میں شگاف کر دیا ۹۵

اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا اِمْرًا ﴿٧١﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ

موسیٰ بول اٹھے کیا تم نے اس لیے شگاف کیا ہے کہ اس کی سواریوں کو ڈبو دو یقیناً تم نے بہت برا کام کیا ہے۔ اس بندے نے کہا

اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ﴿٧٢﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِىْ بِمَا نَسِيْتُ وَ

کیا میں نے کہا نہیں تھا کہ آپ میں طاقت نہیں کہ میری سنگت پر صبر کر سکیں۔ آپ نے (عذر خواہی کرتے ہوئے) کہا کہ نہ گرفت کرو مجھ پر میری

لَا تُرْهِقْنِىْ مِنْ اَمْرِىْ عُسْرًا ﴿٧٣﴾ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ

بھول کی وجہ سے اور نہ سختی کرو مجھ پر میرے اس معاملہ میں بہت زیادہ ۹۶ پھر وہ دونوں چل پڑے حتیٰ کہ جب ملے ایک لڑکے کو تو اس نے

قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً ۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ؕ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾

اسے قتل کر ڈالا ۹۷ موسیٰ (غضبناک ہو کر کہنے لگے) کیا مار ڈالا آپ نے ایک معصوم جان کو کسی نفس کے بدلے کے بغیر بیشک آپ نے ایسا کام کیا ہے جو بہت ہی نازیبا ہے

۹۴ جب موسیٰ علیہ السلام نے یقین دلایا کہ وہ ان کی کسی طرح نافرمانی نہیں کریں گے تو آپ نے فرمایا جو واقعات رونما ہوں انھیں خاموشی سے دیکھتے چلے جائیے لیکن ان کے متعلق استفسار نہ کیجیے۔ یہاں تک کہ میں خود ہی پردہ اٹھاؤں اور حقیقت حال سے آپ کو آگاہ کروں۔ باہمی طور پر یہ طے کرنے کے بعد اب سفر پر روانہ ہوتے ہیں۔

۹۵ پہلے کشتی کا واقعہ پیش آیا جس کا ایک تختہ حضرت خضر نے توڑ کر رکھ دیا۔ اس پر حضرت موسیٰ کو یارائے سکوت نہ رہا اور فوراً اعتراض جڑ دیا کہ آپ نے کشتی میں سوراخ کر کے بڑی نازیبا حرکت کی ہے۔ شیئاً امرا ای عظیما من أمر الامر اذا عظم و قال البغوی الامر فی کلام العرب الداھیۃ۔ امر کا معنی عظیم ہے۔ جب کوئی کام برا ہو جائے تو عرب کہتے ہیں أمر الامر۔ علامہ بغوی نے کہا ہے کہ عربی لغت میں اِمْرٌ کا معنی 'داھیۃ' (خوفناک) ہے۔

۹۶ حضرت موسیٰ نے معذرت چاہی اور آئندہ کے لیے محتاط ہونے کا یقین دلایا۔ لا ترھقنی: کسی پر ایسا بوجھ لاد دینا جس کا اٹھانا اس کے لیے از بس مشکل ہو وقیل معناہ لا تکلفنی مشقۃ۔

۹۷ پھر قتل غلام کا واقعہ پیش آیا۔ ایک نابالغ بےگناہ بچے کو یوں قتل ہوتے دیکھ کر حضرت کلیم کو یارائے ضبط نہ رہا، اور لقد جئت شیئا نکرا کے زوردار الفاظ سے احتجاج کر دیا۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۷۵﴾ قَالَ اِنْ

اس نے کہا کیا پہلے ہی میں نے کہہ دیا تھا آپ کو کہ آپ میری معیت میں صبر نہیں کرسکیں گے ۹۸ آپ نے کہا اگر میں پوچھوں

سَاَلْتُكَ عَنْ شَیْءٍۭ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِیْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ

آپ سے کسی چیز کے بارے میں اس کے بعد تو آپ مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیں۔ آپ میری طرف سے

لَّدُنِّیْ عُذْرًا ﴿۷۶﴾ فَانْطَلَقَا ٙ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَيَاۤ اَهْلَ قَرْيَةِ ِۨ اسْتَطْعَمَاۤ

معذور رہیں گے ۹۹ پھر وہ چل پڑے ۱۰۰ یہاں تک کہ جب ان کا گزر ہوا گاؤں والوں کے پاس تو انھوں نے

اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ

ان سے کھانا طلب کیا تو انھوں نے (صاف) انکار کر دیا ان کی میزبانی کرنے سے پھر ان دونوں نے اس گاؤں میں ایک دیوار دیکھی جو

يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿۷۷﴾ قَالَ

گرنے کے قریب تھی تو اس بندہ نے اسے درست کر دیا۔ موسیٰ کہنے لگے اگر آپ چاہتے تو اس محنت پر مزدوری ہی لے لیتے۔ اس نے کہا

۹۸ حضرت خضر نے کہا میں نے تو پہلے ہی آپ کو بتا دیا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر سے وقت بسر نہیں کرسکتے۔ اس لیے آپ کا میرے ہمراہ جانا بے سود ہوگا۔

۹۹ حضرت موسیٰؑ نے فرمایا اب ایک بار پھر جانے دو۔ اگر پھر بھی مجھ سے ایسی بے صبری صادر ہوئی تو آپ مجھے اپنی رفاقت سے محروم کر دیجیے۔ میں پھر اس جدائی پر آپ کو معذور پاؤں گا۔

۱۰۰ کچھ عرصہ پھر اکٹھے چلتے رہے۔ یہاں تک کہ ایک گاؤں میں آئے جہاں کے باشندوں نے ان کی طلب کے باوجود ان کی مہمان نوازی کرنے سے صاف انکار کر دیا۔ وہاں ایک دیوار جھکی ہوئی دکھائی دی۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ ابھی گری ابھی گری۔ حضرت خضر نے دیکھا تو اس کی مرمت کرکے درست کر دیا اور کسی مزدوری کا مطالبہ بھی نہ کیا۔ حضرت موسیٰ نے فرمایا آپ بھی عجیب ہیں۔ گاؤں والوں نے تو اتنی بے مروتی کا ثبوت دیا کہ ہمیں سوکھی روٹی تک نہ دی اور آپ ہیں کہ ان کی گرتی ہوئی دیوار کو بلا معاوضہ درست کرتے جا رہے ہیں۔

هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَأُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ

بس ختم اب میرے اور آپکے درمیان جدائی کا وقت آگیا ۱۰۱ میں آگاہ کرتا ہوں آپ کو ان باتوں کی حقیقت پر جن کے

عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٧٨﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِى الْبَحْرِ

متعلق آپ صبر نہ کر سکے۔ وہ جو کشتی تھی وہ چند غریبوں کی تھی جو (ملاحی کا) کام کرتے تھے دریا میں۔

فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ

سو میں نے ارادہ کیا کہ اسے عیب والی بنا دوں (اور وجہ یہ تھی کہ) ان کے آگے (جابر) بادشاہ تھا جو پکڑ لیا کرتا تھا ہر کشتی کو زبردستی

غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا

اور وہ جو لڑکا تھا تو اس کی حقیقت یہ ہے کہ اس کے والدین مومن تھے پس ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ (اگر زندہ رہا تو) مجبور کر

طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿٨٠﴾ فَاَرَدْنَآ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّ

دیگا انھیں سرکشی اور کفر پر۔ پس ہم نے چاہا کہ بدلہ دے انھیں ان کا رب ایسا بیٹا جو بہتر ہو اس سے پاکیزگی میں اور (ان پر)

اَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِى الْمَدِيْنَةِ

زیادہ مہربان ہو ۱۰۲ باقی رہی دیوار تو اس کی حقیقت یہ ہے کہ وہ شہر کے دو یتیم بچوں کی تھی

وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ

اور اس کے نیچے انکا خزانہ (دفن) تھا اور ان کا باپ بڑا نیک شخص تھا ۱۰۳ پس آپکے رب نے ارادہ فرمایا کہ وہ

۱۰۱ اب جب تیسری مرتبہ بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اعتراض کر دیا تو حضرت خضر نے فرمایا کہ اب میں اور آپ ایک ساتھ نہیں رہ سکتے۔ آپ کے رخصت کرنے سے پہلے آپ کو ان اسرار تکوینیہ پر آگاہ کر دوں جن پر آپ سکوت اختیار نہ کر سکے۔ پھر آپ نے یکے بعد دیگرے تمام واقعات کی حقیقت آپ کے سامنے پیش کر دی۔

۱۰۲ رُحْمٌ مصدر ہے رحم یرحم رحمۃ ومرحمۃ ورُحمًا ورُحُمًا: رق لہ وشفق علیہ۔ مہربان ہونا، شفقت کرنا (منجد)

۱۰۳ محمد ابن منکدر سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے ایک بندے کی صلاح وتقویٰ کی وجہ سے اس کی اولاد اور اولاد

يَبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا

دونوں بچے اپنی جوانی کو پہنچیں اور نکال لیں اپنا دفینہ ۴۲ یہ (ان پر) ان کے رب کی خاص رحمت تھی اور (جو کچھ)

فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِیْ ؕ ذٰلِكَ تَاْوِیْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَیْهِ صَبْرًا ؕ۸۲ ع

میں نے کیا، میں نے اپنی مرضی سے نہیں کیا یہ حقیقت ہے ان امور کی جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا۔

ع ١٠ ١

کی اولاد اور اسکے خاندان کی نگہبانی فرماتا ہے۔ اور جب تک وہ نیک بندہ کسی مقام پر سکونت پذیر رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکے پڑوسیوں کی بھی حفاظت فرماتا ہے قال محمد بن منکدر ان اللہ یحفظ بصلاح العبد ولدہ وولد ولدہ وعترتہ وعشیرتہ واھل دویرات حولہ فی حفظ اللہ ما دام فیھم۔ (مظہری)

ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نیک بندے کی سات پشتوں کی حفاظت کرتا ہے۔ ان اللہ نزل الکتاب وھو یتولی الصالحین۔

۴۳ اس بحث کو ختم کرنے سے پہلے ایک امر کی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے۔ تینوں واقعات کے متعلق حضرت خضر نے جو توجیہات پیش کی ہیں ان میں سے پہلی توجیہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا فاردت ان اعیبھا میں نے یہ ارادہ کیا کہ کشتی کو عیب دار بنا دوں۔ دوسری توجیہ میں فرمایا فاردنا ہم نے یہ ارادہ کیا۔ اور تیسری میں فرمایا فاراد ربک آپ کے رب نے یہ ارادہ فرمایا۔ اسلوبِ بیان کے اس تفاوت کی وجہ کیا ہے؟

اس کے متعلق مختصراً گزارش یہ ہے کہ اگرچہ خیر و شر، نفع و ضرر ہر چیز کا خالقِ حقیقی اللہ تعالیٰ ہے لیکن اہلِ ادب و عرفان کا طریقہ یہ ہے کہ خیر و نفع کا ذکر کرتے ہیں تو اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کرتے ہیں اور جب شر اور ضرر کے ذکر کا موقع آتا ہے تو اس کی نسبت اپنی طرف کرتے ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ارشاد ہے فاذا مرضت فھو یشفین جب میں بیمار ہوتا ہوں تو اللہ تعالیٰ مجھے شفا بخشتا ہے۔ بیماری کی اضافت اپنی طرف کی اور صحت کی اس کی طرف۔ حالانکہ بیمار کرنے والا بھی وہی ہے۔ اسی طرح یہاں کشتی توڑنے کی وجہ بتائی تو فاردت کہہ کر اس کی نسبت اپنی طرف کی۔ کیونکہ کشتی توڑنا مذموم ہے اور جب دیوار درست کرنے کی وجہ بتائی تو اس کی نسبت صرف اللہ تعالیٰ کی طرف کی فاراد ربک کیونکہ وہ خیر محض ہے۔ اور قتلِ غلام کے دو پہلو تھے۔ خیر اس لیے کہ اس کے والدین کو نافرمان بیٹے کے عوض میں نیک اولاد دی جا رہی ہے۔ اور شر اس لیے کہ بظاہر ایک معصوم بچے کو قتل کیا جا رہا ہے۔ اس لیے فاردنا جمع کا صیغہ استعمال کیا تاکہ خیر کے پہلو کی نسبت ذاتِ خداوندی کی طرف ہو جائے اور شر کا پہلو اپنی طرف منسوب کر دیا۔ علامہ بدر الدین الزرکشی نے اسی توجیہ کو زیادہ پسند فرمایا ہے۔ فرماتے ہیں:- لما ازاد ذکر العیب للسفینۃ نسبہ لنفسہ ادبا مع الربوبیۃ فقال اردت ولما کان قتل الغلام مشترک الحکم بین المحمود والمذموم استتبع نفسہ

وَيَسْـَٔلُونَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۖ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿۸۳﴾

اور وہ دریافت کرتے ہیں آپ سے ذی القرنین کے متعلق شنا فرمائیے میں ابھی بیان کرتا ہوں تمہارے سامنے اس کا حال۔

مع الحق فقال فی الاخبار بنون الاستتباع لیکون المحمود من الفعل وھو راحة ابویه المومنین من کفرہ۔ عائدًا علی الحق بجنحه والمعنی مزم ظاهرا وھو قتل الغلام بغیر حق۔ عائدًا الیه نوفی اقامة الجدار کان خیرا محضا فنسبه للحق۔ فقال فاراد ربک ثم بین ان الجمیع من حیث العلم انتحیه من الحق بقوله وما فعلته عن امری (البرہان فی علوم القرآن الزرکشی جلد ۴ صفحہ ۹۰)

ڡ۵ یہود کی انگیخت پر مشرکین عرب نے حضور اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے جو تین سوالات کیے تھے ان میں آخری سوال ذی القرنین کے متعلق تھا۔ یہ رکوع تقریباً اسی سوال کے جواب پر مشتمل ہے۔ اس رکوع کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے چند امور کا تصفیہ ضروری ہے :- (۱) ذی القرنین کون تھا؟ (۲) اس کے تین جنگی سفر کن سمتوں میں تھے۔ اور ان سفروں کے نتائج کیا تھے؟ (۳) وہ سد کہاں ہے (دیوار یا بند) جو ذی القرنین نے تعمیر کی تھی۔ (۴) یاجوج ماجوج سے مراد کون سی قوم ہے۔

کیونکہ سکندر مقدونی اپنی فتوحات کی وجہ سے عالمگیر شہرت حاصل کر چکا تھا اس لیے کئی مفسرین کا یہ خیال ہے کہ ذی القرنین سے مراد سکندر ہے لیکن آیاتِ قرآنی اس نظریہ کی تصدیق نہیں کرتیں۔ کیونکہ سکندر یونان کا باشندہ تھا اور اہل یونان سب بُت پرست تھے اور یہی مذہب سکندر کا تھا۔ حالانکہ قرآن کریم میں ذی القرنین کے متعلق صراحتاً مذکور ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر اور روزِ قیامت پر ایمان رکھتا تھا۔ اس کا اپنی رعایا اور اپنی مفتوحہ اقوام کے ساتھ جو سلوک تھا اس میں ایک سچے مومن کا جذبۂ شفقت و اخلاص صاف دکھائی دے رہا ہے۔ اس لیے قرآن میں مذکور ذی القرنین سے سکندر مقدونی مراد نہیں ہو سکتا۔ یہ کہہ دینا کہ سکندر مسلمان تھا اس وقت تک قابلِ اعتنا نہیں جب تک یہ ثابت کر دیا جائے کہ اس نے اپنے آبائی اور قومی مشرکانہ عقاید کو ترک کر کے توحید کا عقیدہ قبول کر لیا تھا۔ اس قسم کے اقوال کی وجہ سے دشمنانِ اسلام کو قرآن پر زبانِ طعن دراز کرنے کا موقع ملتا ہے اور وہ اس سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ علماءِ اسلام کا یہ فرض ہے کہ اپنی تحقیقات اور تجسس سے قرآن کریم کے بیان کردہ واقعات کی ایسی وضاحت کریں کہ مخالف اپنا منہ لے کر رہ جائے۔

ذی القرنین کے متعلق تحقیق کرتے ہوئے مولانا ابو الکلام آزاد رقمطراز ہیں کہ پہلے ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ کیا قدیم کتابوں میں ذی القرنین کا لفظ کہیں استعمال ہوا ہے اور اگر ہوا ہے تو ان کے نزدیک اس سے مراد کون ہے۔ پھر یہ دیکھنا ہے کہ اس ذی القرنین میں وہ صفات پائی جاتی ہیں جو قرآن کریم نے ذکر کی ہیں۔ اور کیا وہ کارنامے اس سے صادر ہوئے جنہیں قرآن نے اس کی طرف منسوب کیا ہے۔ جیسے کہ آپ پڑھ چکے ہیں۔ یہ سوال یہود کی طرف سے اہل مکہ کو سکھایا گیا تھا کہ وہ حضور سے پوچھیں کہ ذی القرنین کون ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ شخص یہود کے نزدیک اس لقب

سے معروف تھا۔ اس کے متعلق ہمیں دانیال کی کتاب کے آٹھویں باب میں یہ آیتیں ملتی ہیں حضرت دانیال اپنا خواب بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں :-

" تب میں نے آنکھ اٹھا کر نظر کی تو کیا دیکھتا ہوں کہ دریا کے پاس ایک مینڈھا کھڑا ہے جس کے دو سینگ ہیں۔ اسی باب کی بیسویں آیت میں اس کی تعبیر ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں :-

جو مینڈھا میں نے دیکھا اس کے دونوں سینگ مادی (میڈیا) اور فارس کے بادشاہ ہیں اور وہ جسیم بکرا یونان کا بادشاہ ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ مادی (میڈیا) اور فارس کی مملکتوں کو دو سینگوں سے تشبیہ دی گئی ہے اور ان دونوں کے فرمانروا کو مینڈھے سے تشبیہ دی گئی ہے۔

یہ اس زمانہ کا ذکر ہے جب بخت نصر نے ہیکل کو برباد کیا تھا۔ بیت المقدس کی اینٹ سے اینٹ بجادی تھی اور بنی اسرائیل کو قیدی بنا کر بابل لے آیا تھا اور ان کی جمعیت ختم کرنے کے لیے بھیڑ بکریوں کی طرح انہیں لوگوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ حضرت دانیال نبی بھی اسیروں میں تھے۔ آپ کو خواب میں بنی اسرائیل کی رہائی کی خوشخبری دی گئی تھی کہ دو سینگوں والا مینڈھا کھڑا ہے۔ چنانچہ کچھ عرصہ بعد سائرس (SERUS) فارس کا حکمران بنا اور اس نے کچھ عرصہ بعد میڈیا کو فتح کر کے اپنی سلطنت میں شامل کر لیا اور اسی کے حکم سے بنی اسرائیل کو آزادی نصیب ہوئی اور اسی کی کوشش اور حکم سے ہیکل کی دوبارہ تعمیر ہوئی جس طرح سورۂ بنی اسرائیل میں گزر چکا ہے۔ مولانا لکھتے ہیں کہ پہلے تو یہ صرف گمان تھا کہ اس خواب کی وجہ سے یہود سائرس کو ذی القرنین (سینگوں والا) کے لقب سے ذکر کرتے ہیں لیکن ۱۸۳۸ء کے ایک انکشاف نے اس قیاس کو ایک تاریخی حقیقت ثابت کر دیا اور معلوم ہو گیا کہ فی الحقیقت شہنشاہ سائرس کا لقب ذی القرنین تھا اور یہ محض یہودیوں کا کوئی مذہبی تخیل نہ تھا بلکہ خود سائرس کا اور باشندگان فارس کا مجوزہ اور پسندیدہ نام تھا۔ یہ سائرس کی ایک سنگی تمثال ہے جو اصطخر کے کھنڈروں میں دستیاب ہوئی۔ اس میں سائرس کے دونوں طرف عقاب کے پر بھی ہیں اور سر پر مینڈھے کی طرح دو سینگ ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ میڈیا اور فارس کا شہنشاہ ہونے کے باعث سائرس ذو القرنین کے لقب سے پکارا جاتا تھا۔

اور ہو سکتا ہے کہ دانیال کے خواب سے ہی سائرس کو یہ لقب اختیار کرنے کا خیال پیدا ہوا ہو۔ کیونکہ فارس کے بادشاہوں کو بنی اسرائیل کے انبیاء سے بڑی عقیدت تھی۔ سائرس نے بابل کو فتح کیا تو بنی اسرائیل کی اسیری اور جلاوطنی کے دن ختم ہوئے اور اس نے ان کو فلسطین واپس جانے اور ہیکل کو ازسرنو تعمیر کرنے کی اجازت دی اور ہیکل کے سونے چاندی کے جو برتن بخت نصر لوٹ کر لایا تھا اور انھیں اپنے خزانے کی زینت بنایا تھا سائرس نے حکم دیا کہ وہ بھی بنی اسرائیل کو واپس دیے جائیں اور پہلے کی طرح ہیکل میں داخل کیے جائیں۔ سائرس کا بچپن بڑی گمنامی کی حالت میں گزرا۔ جنگلوں اور پہاڑوں میں سارا وقت بسر ہوا۔ قدرت نے گوشۂ گمنامی سے اٹھایا اور فارس کا تاجدار بنا دیا۔ تھوڑے عرصہ میں ہی اس نے سب سے بڑی اور مضبوط حکومت میڈیا کو مغلوب

کر لیا۔ بابل کو اپنی قلمرو میں داخل کر لیا جس سے اس کی شہرت بام عروج پر پہنچی اور اس کی عظمت سے دل تھرانے لگے۔ یہی وہ چیز ہے جسے قرآن نے انا مکنا له في الارض کے جامع الفاظ سے بیان فرمایا۔

اب ہمیں دیکھنا ہے کہ ذوالقرنین کی جن تین مہموں کا قرآن نے ذکر کیا ہے کیا ان کی راہنمائی سائرس نے کی۔ اس کی ایک مہم مغرب الشمس کی طرف دوسری مطلع الشمس کی طرف۔ تیسری ایک ایسے مقام کی طرف جہاں کوئی وحشی قوم آباد تھی اور یاجوج و ماجوج آکر لوٹ مار مچایا کرتے تھے۔

سائرس کے مورخین بتاتے ہیں کہ جب اس نے میڈیا کو فتح کر کے اپنی سابقہ مملکت فارس کے ساتھ ملا لیا تو اس کے فوراً بعد ایشیائے کوچک کی ایک ریاست جو لیڈیا کے نام سے مشہور تھی اس کے بادشاہ کروسیس نے اس پر حملہ کر دیا۔ اور صلح کے تمام ان معاہدات کو بالائے طاق رکھ دیا جو کروسیس اور سائرس کے باپ کے درمیان ہوئے تھے۔ سائرس مقابلہ پر مجبور ہو گیا اور اپنے حریف کو جنگ میں شرمناک شکست دی اور لیڈیا کی ساری حکومت پر قابض ہو گیا۔ اب تمام ایشیائے کوچک بحرِ شام سے لے کر بحرِ اسود تک اس کے زیرِ نگین تھا۔ وہ برابر بڑھتا گیا۔ یہاں تک کہ مغربی ساحل پر پہنچ گیا۔ اس نے فارس سے لے کر لیڈیا تک چودہ سو میل کا فاصلہ طے کر لیا۔ لیکن سمندر نے اس کی پیشقدمی روک دی۔ اس نے بصد حسرت نگاہ اٹھا کر دیکھا تو حدِ نظر تک پانی ہی پانی تھا اور سورج اس کی لہروں میں ڈوب رہا تھا۔ ایشیائے کوچک کا مغربی ساحل چھوٹی چھوٹی خلیجوں کا مجموعہ ہے۔ اور سمندر کم گہرا ہونے کی وجہ سے پانی گدلا ہے۔ اسی کو قرآن نے ان الفاظ سے بیان فرمایا وجدها تغرب في عين حمئة۔ اگرچہ سورج تو اپنی آسمانی مدار میں متحرک رہتا ہے اور کہیں ڈوبتا نہیں لیکن سمندر کے کنارے کھڑے ہو کر غروب آفتاب کا نظارہ کرنے والے کو کیا یہ دکھائی نہیں دیتا کہ سورج آہستہ آہستہ پانی کی گہرائیوں میں غوطہ لگانے کے لیے نیچے اتر رہا ہے۔ جس قوم سے سائرس کو وہاں واسطہ پڑا تھا وہ قوم تھی جنہوں نے کروسیس کی سرکردگی میں اس پر حملہ کیا تھا اور اس کا تاج و تخت چھیننے کی کوشش کی تھی۔ وہ لوگ اس کے قبضہ میں تھے جس طرح چاہتا ان کے ساتھ برتاؤ کر سکتا تھا۔ لیکن سائرس کے مورخین یک زبان ہو کر کہتے ہیں کہ اس نے قطعاً کسی پر زیادتی نہیں کی بلکہ اس نے اپنی حملہ آور فوج کو تاکیدی حکم دیا تھا کہ دشمن کے سپاہی کے سوا کسی پر ہاتھ نہ اٹھانا۔ اور اگر وہ بھی نیزہ جھکا دے تو اس سے بھی تعرض نہ کرنا۔ قرآن کے بیان سے بھی مورخین کے اس بیان کی تصدیق ہوتی ہے واما من آمن له سے بھی پتہ چلتا ہے کہ وہ خود مومن تھا اور نیک اعمال کا قدر دان تھا۔

اس کی دوسری مہم مشرق کی جانب تھی جبکہ مملکت کے مشرقی اطراف میں بعض خانہ بدوش قبائل نے فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دی تو اس کو فرو کرنے کے لیے اسے مشرق کا رُخ کرنا پڑا۔ اور وہ بلخ اور باختر کے قبائل کی سرکوبی کے لیے بڑھا سب کو مطیع بنایا۔ آگے پہاڑوں کا طویل اور اونچا سلسلہ تھا۔ اس کے باعث آگے بڑھنے کے لیے کوئی راستہ نہ تھا لم نجعل لهم من دونها سترا سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ باغی قبیلہ صحرا نورد تھا۔ قلعوں اور

محلات کا تو ذکر ہی کیا وہاں کوئی باقاعدہ بستی ہی نہ تھی جہاں مکانات تعمیر کیے جاتے اور ان میں رہائش کی جاتی۔ کبھی درختوں کے کسی جھنڈ کی آڑ میں وقت بسر کر لیا۔ کبھی کوئی معمولی سا خیمہ تان لیا۔ دھوپ وغیرہ سے بچنے کے لیے ان کے پاس کوئی معقول انتظام نہ تھا۔

تیسری مہم اس مہم کے متعلق قرآن نے بتایا کہ ذوالقرنین دو پہاڑوں کے درمیانی درہ تک پہنچا تو وہاں اسے ایک قوم ملی جو ان کی بولی سمجھنے سے قاصر تھی۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ سدین سے مقصود کاکیشیا کا پہاڑی درہ ہے۔ اس کے داہنی طرف بحرِ خزر ہے جس نے شمال اور مشرق کی راہ روکی ہوئی ہے۔ بائیں جانب بحرِ اسود ہے جو شمال مغرب کے لیے قدرتی رکاوٹ ہے۔ درمیانی علاقہ میں اس کا سر بفلک سلسلہ کوہ ایک قدرتی دیوار کا کام دے رہا ہے۔ اس درمیانی درے کے علاوہ شمالی قبائل کے لیے اِدھر آنے کا کوئی راستہ نہیں تھا اور یقیناً یہیں سے یاجوج و ماجوج آکر ان پر حملہ کرتے اور ان کے علاقہ کو تاخت و تاراج کیا کرتے۔ یہی وہ جگہ ہے جہاں دو پہاڑوں کے درمیان ایک سد (بند) تعمیر کر کے ان کا راستہ بند کر دیا گیا۔ جو لوگ اس علاقہ میں آباد تھے اور آئے دن یاجوج ماجوج کے حملوں سے ان کا امن برباد ہوتا رہتا تھا۔ انھوں نے ہی سائرس سے التجا کی ہوگی کہ وہ انھیں اس بلائے بے درماں سے نجات دلائے۔

قرآن کریم کی تصریحات سے پتہ چلتا ہے کہ وہ صرف مومن ہی نہ تھا بلکہ بڑا فیاض اور رعایا کا ہمدرد اور خیر خواہ بادشاہ بھی تھا۔ ہمیں اس کے ایمان کے متعلق مطمئن ہونے کے لیے کسی بڑی کد و کاوش کی ضرورت نہیں بلکہ انبیاء بنی اسرائیل کی پیشین گوئیاں ہی اس امر کو ثابت کرنے کے لیے کافی ہیں کہ وہ مومن تھا۔ حضرت دانیال کی پیشین گوئی تو آپ پڑھ آئے ہیں اب یسعیاہ نبی کی پیشین گوئی سنیئے:۔

"جو خورس (سائرس) کے حق میں کہتا ہوں کہ وہ میرا چرواہا ہے اور میری مرضی بالکل پوری کرے گا اور یروشلم کی بابت کہتا ہوں کہ وہ تعمیر کیا جائے گا۔ اور ہیکل کی بابت کہ اس کی بنیاد ڈالی جائے گی۔ (یسعیاہ باب ۴۴: آیت ۲۸) اسی کتاب کے باب ۴۵ کی پہلی آیت بھی ملاحظہ فرمایئے:۔

خداوند اپنے ممسوح خورس کے حق میں یوں فرماتا ہے کہ میں نے اس کا داہنا ہاتھ پکڑا کہ امتوں کو اس کے سامنے زیر کروں اور بادشاہوں کی کمریں کھلوا ڈالوں اور دروازوں کو اس کے لیے کھول دوں اور پھاٹک بند نہ کیے جائیں گے۔ یاجوج اور ماجوج کا ذکر قرآن کریم میں دو بار آیا ہے۔ ایک یہاں اور دوسرا سورۃ الانبیاء میں۔ یورپ کی زبانوں میں انھیں (GOG AND MAGOG) کہا جاتا ہے یہ کونسی قوم تھی۔ تمام تاریخی قرائن متفقہ طور پر شہادت دیتے ہیں کہ اس سے مقصود صرف ایک ہی قوم ہو سکتی ہے یعنی شمال مشرقی میدانوں کے وہ وحشی اور طاقت ور قبائل جن کے مشرقی حملوں کی روک تھام کے لیے چین کے شہنشاہ شین ہوانگ ٹی کو وہ عظیم الشان دیوار بنانی پڑی۔ جو پندرہ سو میل تک چلی گئی ہے اور جو دیوارِ چین کے نام سے مشہور ہے۔ اس کی تعمیر ۲۱۴ ق۔م میں شروع ہوئی۔ اور دس برس میں ختم ہوئی۔ اس نے شمال اور مغرب کی طرف منگولین قبائل کے حملوں کی تمام راہیں

إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ وَآتَيْنَاهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ۝ فَأَتْبَعَ سَبَبًا ۝ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۗ قُلْنَا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِمَّا

ہم نے اقتدار بخشا تھا اسے زمین میں ۸۶ اور ہم نے دیا تھا اسے ہر چیز (تک رسائی حاصل کرنے) کا ساز و سامان۔ پس وہ روانہ ہوا ایک راستے پر ۸۷ یہاں تک کہ جب وہ غروبِ آفتاب کی جگہ پہنچا تو اس نے اسے یوں پایا گویا وہ ڈوب رہا ہے ایک سیاہ کیچڑ کے چشمہ میں اور اس نے وہاں ایک قوم پائی۔ ہم نے کہا اے ذوالقرنین! تمہیں اختیار ہے خواہ تم

مسدود کر دیں۔ اس لیے ان کے حملوں کا رُخ پھر وسط ایشیا کی طرف مڑ گیا۔ انھیں کے حملوں کو روکنے کے لیے سائرس نے سد تعمیر کی۔ شمال مشرق کے اس علاقہ کا بڑا حصہ اب منگولیا کہلاتا ہے۔ لیکن چینی ذرائع سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا اصلی قدیم نام "موگ" ہے جو چھ سو برس ق م یونانیوں میں میگ اور میگاگ پکارا جاتا تھا۔ اور یہی لفظ عبرانی میں ماجوج ہو گیا۔

آخر میں ہمیں یہ تحقیق کرنا ہے کہ سائرس نے جو سد تعمیر کی تھی اس کا محلِ وقوع کہاں ہے۔ بحرِ خزر کے مغربی ساحل پر ایک قدیم شہر دربند آباد ہے۔ یہ ٹھیک اس مقام پر واقع ہے جہاں کاکیشیا کا سلسلۂ کوہ ختم ہوتا ہے اور بحرِ خزر سے مل جاتا ہے یہاں ایک دیوار ہے جس کا طول پچاس میل اور اونچائی انتیس فٹ اور موٹائی دس فٹ۔ (انسائیکلوپیڈیا)

اس مقام سے مغرب کی طرف درۂ دانیال جو دو بلند پہاڑیوں سے گھرا ہوا ہے۔ یہاں بھی قدیم زمانے سے ایک دیوار ہے اور اسے آہنی دروازہ کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ مولانا ابوالکلام آزاد کے خیال کے مطابق آخری دیوار وہ ہے جو قرآن میں مذکور ہے۔ واللّٰہ تعالیٰ اعلم (یہ تفصیلات بیشتر مولانا ابوالکلام آزاد کی تفسیر ترجمان القرآن سے ماخوذ ہیں)

۸۶ یعنی اسے ملک میں تسلط بخشا اور با اختیار کیا اسے علم قدرت و آلات وغیرہ مرحمت فرمائے جن سے کام لے کر وہ ہر چیز تک رسائی حاصل کر سکتا تھا۔ اس آیت میں سَبَبًا کا معنی مایوصل الیہ من العلم والقدرۃ والآلات۔ (مظہری)

۸۷ یہ اس کی پہلی مہم کی طرف اشارہ ہے جو مغرب الشمس کی طرف تھی۔ جس میں وہ مغربی علاقہ کو فتح کرتا ہوا ایشیائے کوچک کے سمندر کے کنارہ تک جا پہنچا اور سمندر حائل ہونے کی وجہ سے آگے نہ بڑھ سکا۔ حمئۃ سیاہ کیچڑ جہاں پانی کم ہو وہاں کا کیچڑ سیاہ اور پانی گدلا ہوتا ہے۔ اس سے بحرِ اسود کے خلیج نما ساحل کی طرف اشارہ ہے۔ اس آیت میں سببا کا معنی راستہ ہے۔ سَبَبًا یعنی الطریق۔ (مظہری)

اَنْ تُعَذِّبَ وَ اِمَّاۤ اَنْ تَتَّخِذَ فِیْهِمْ حُسْنًا ﴿۸۶﴾ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ

انھیں سزا دو خواہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرو ۱۰۸ ذوالقرنین نے کہا جس نے ظلم (کفر و فسق) کیا

فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ یُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَیُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿۸۷﴾ وَ اَمَّا

تو ہم ضرور اسے سزا دیں گے پھر اسے لوٹا دیا جائیگا اسکے رب کی طرف تو وہ اسے عذاب دیگا بڑا ہی سخت عذاب ۔ اور جو شخص

مَنْ اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ﹰالْحُسْنٰى ۚ وَ سَنَقُوْلُ لَهٗ

ایمان لایا اور اچھے عمل کیے تو اس کے لیے اچھا معاوضہ ہے ۱۰۹ اور ہم اسے حکم دیں گے ایسے احکام

مِنْ اَمْرِنَا یُسْرًا ﴿۸۸﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۸۹﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ

بجا لانے کا جو آسان ہونگے ۔ پھر وہ روانہ ہوا دوسرے راستہ پر ۱۱۰ یہاں تک کہ جب وہ پہنچا طلوع آفتاب کے مقام پر تو اس نے

وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ﴿۹۰﴾

پایا سورج کو کہ وہ طلوع ہو رہا ہے ایسی قوم پر کہ نہیں بنائی ہم نے انکے لیے سورج (کی گرمی) سے بچنے کی آڑ ۱۱۱

۱۰۸ اگر وہ نبی تھا جیسے بعض کا خیال ہے تو یہ ارشاد بذریعہ وحی ہوگا ورنہ کسی دوسرے نبی کے واسطہ سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے اجازت مرحمت کی جا رہی ہے کہ اس مفتوحہ قوم سے جو مناسب برتاؤ چاہے کرے ۔

۱۰۹ اس نے اپنی نیک نفسی کی وجہ سے ان کے پہلے تمام قصوروں کو معاف کر دیا اور آئندہ کے لیے انھیں متنبہ کر دیا ۔ اس کے اس کردار سے بھی پتہ چلتا ہے کہ وہ سکندر رومی نہ تھا ۔ کیونکہ سکندر کے متعلق انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا کے مقالہ نگار نے لکھا ہے کہ اس نے اپنے باپ فلپ کے مرنے کے بعد اپنے معصوم ننھے سوتیلے بھائی کو جو قلوپطرا کے بطن سے تھا قتل کرا دیا اور اسی طرح اپنے چچا زاد بھائی منتاس کو بھی اس نے مروا ڈالا تھا ۔ نیز اس کے متعلق یہ بھی گمان کیا جاتا ہے کہ اس کے باپ کے قتل میں بھی اس کا ہاتھ تھا ۔ جلد ۱ صفحہ ۵۶۵
ایسے شخص سے ایسے بلند کردار کی توقع نہیں کی جا سکتی ۔

۱۱۰ یہاں سے اس کی دوسری مہم جو مطلع الشمس کی طرف تھی کا بیان ہے ۔

۱۱۱ خانہ بدوش قوم جس نے اپنے لیے مکانات وغیرہ بنانے کی زحمت تک گوارا نہیں کی تھی یعنی تہذیب و تمدن سے بالکل بیگانے اور اپنی وحشی زندگی پر مطمئن بلکہ مسرور ۔

كَذٰلِكَ ۭ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتّٰٓى

بات یونہی ہے۔ اور ہم نے احاطہ کر رکھا ہے ہر اس چیز کا جو اس کے پاس تھی اپنے علم سے۔ پھر وہ روانہ ہوا ایک اور راہ پر ١٢٢ یہاں تک

اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ

جب وہ پہنچا دو پہاڑوں کے درمیان تو پایا اس نے ان پہاڑوں کے پیچھے ایک قوم کو جو نہیں سمجھ سکتے تھے (ان کی)

يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ

کوئی بات۔ انھوں نے کہا اے ذو القرنین! یاجوج اور ماجوج نے

مُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓي اَنْ

بڑا فساد برپا کر رکھا ہے اس علاقہ میں ١٢٣ تو کیا ہم مقرر کر دیں آپ کے لیے کچھ خراج تاکہ آپ بنا دیں ہمارے

تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ رَبِّيْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِيْ

درمیان اور ان کے درمیان ایک بلند دیوار۔ وہ بولا وہ دولت جس میں میرے رب نے مجھے اختیار دیا ہے وہ بہتر ہے ١٢٤

بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾ ۙ اٰتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ۭ حَتّٰٓى

پس تم میری مدد کرو جسمانی مشقت سے میں بنا دوں گا تمہارے اور ان کے درمیان ایک مضبوط آڑ۔ تم لے آؤ میرے پاس لوہے کی چادریں (چنانچہ کام

١٢٢ تیسری مہم کا ذکر ہے۔ سَدّ ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو دو چیزوں کے درمیان آڑ کا کام دے اسی مناسبت سے پہاڑ کو بھی سَدّ کہتے ہیں۔ السد: الحاجز بین الشیئین الجبل (منجد)

١٢٣ وہاں کے لوگوں نے ذو القرنین کو اپنی داستانِ غم سنائی اور اسے بتایا کہ یہ وحشی اور درندہ صفت قبائل آئے دن ان کی مٹی پلید کرتے رہتے ہیں۔ انھوں نے بادشاہ کے سامنے ایک مضبوط دیوار بنانے کی درخواست کی اور ہر طرح مالی امداد دینے کا وعدہ کیا۔

١٢٤ اس کی عالی ظرفی کا ایک اور ثبوت ملاحظہ فرمائیے۔ اس نے ان لوگوں کو کہا مجھے تمہاری مالی امداد کی ضرورت نہیں۔ مجھے میرے رب نے بہت کچھ عطا فرمایا ہے۔ ہاں جو جسمانی کام تم کر سکتے ہو وہ ضرور کرو۔ خرج اور خراج ہم معنی ہیں۔ ردماً۔ مضبوط دیوار کو کہتے ہیں۔

إِذَا سَاوَىٰ بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انفُخُوا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَعَلَهُ نَارًا

شروع ہوگیا یہاں تک کہ جب ہموار کردیا گیا وہ خلا ۱۱۵ جو دو پہاڑوں کے درمیان تھا تو اسے حکم دیا دھونکو یہاں تک کہ جب لوہا آگ بنا دیا

قَالَ آتُونِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿٩٦﴾ فَمَا اسْطَاعُوا أَن يَظْهَرُوهُ وَ

تو اس نے کہا لاؤ میرے پاس پگھلا ہوا تانبا کہ میں ڈال دوں اس پر تانبا ۔ سو یاجوج ماجوج بڑی کوشش کے باوجود نہ

مَا اسْتَطَاعُوا لَهُ نَقْبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ هَٰذَا رَحْمَةٌ مِّن رَّبِّي ۖ فَإِذَا جَاءَ

سر کرسکے اور نہ ہی اس میں سوراخ کرسکے ۱۱۶ ذوالقرنین نے کہا یہ میرے رب کی رحمت ہے (کہ اس نے مجھے یہ توفیق بخشی) اور جب آجائیگا

وَعْدُ رَبِّي جَعَلَهُ دَكَّاءَ ۖ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّي حَقًّا ﴿٩٨﴾ وَتَرَكْنَا

میرے رب کا وعدہ تو وہ اسے ریزہ ریزہ کردے گا ۔ اور میرے رب کا وعدہ (ہمیشہ) سچا ہوا کرتا ہے اور ہم والزار کردیں گے

بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ ۖ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ

بعض کو اس دن کہ وہ (تند موجوں کی طرح) دوسروں میں گھس جائیں گے اور صور پھونکا جائیگا تو ہم سب کو اکٹھا کر

جَمْعًا ﴿٩٩﴾ وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكَافِرِينَ عَرْضًا ﴿١٠٠﴾ الَّذِينَ

دیں گے۔ اور ہم ظاہر کردینگے جہنم کو اس دن کفار کے لیے بالکل عیاں۔ وہ کافر

۱۱۵ ان دو پہاڑوں کے درمیان جو درہ تھا اس میں لوہے کی چادریں بھردی گئیں۔ پھر اس پر آگ جلائی گئی یہاں تک کہ لوہا پگھل گیا پھر اس پر تانبا پگھلا کر ڈال دیا گیا چنانچہ لوہے اور تانبے کی ایک ایسی دیوار بن گئی جس کو گرادینا یا اسکو پھاند نا یا اسمیں نقب لگانا انکے لیے ناممکن ہوگیا۔ صدف کا معنی ہے بلند اور مضبوط عمارت قال ابو عبید: الصدف کل بناء عظیم مرتفع (قرطبی) یہاں صدفین سے دو پہاڑ مراد ہیں جنکے درمیان خلا ہو۔ قطر کا معنی ہے پگھلا ہوا تانبا والقطر عند اکثر المفسرین النحاس المذاب وقیل الحدید المذاب وقیل الرصاص المذاب (قرطبی)۔ ۱۱۶ ذوالقرنین نے ان کی خواہش کے مطابق ایسی مضبوط اور بلند دیوار تعمیر کردی جسکو عبور کرنا یاجوج ماجوج کیلئے مشکل ہوگیا انھوں نے اسکو پھاند نے یا اسکو گرانے کے جتنے جتن کیے اسمیں کامیاب نہ ہوسکے۔ آخر میں اس حقیقت کی طرف انھیں توجہ دلائی کہ یہ دیوار اسی وقت تک تمھیں ان وحشیوں کی دست برد سے بچا سکتی ہے جب تک اللہ تعالیٰ کی مرضی ہوگی اور جب اس کے نزدیک اس کی میعاد ختم ہوگئی اور انکے خروج کا وقت آگیا تو یہ مضبوط دیوار ریزہ ریزہ ہوجائے گی۔

كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِیْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِیْ وَ كَانُوْا لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ

جن کی آنکھوں پر پردے پڑے تھے میری یاد سے اور جو (کلمۂ حق) سن بھی نہیں سکتے

سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَنْ یَّتَّخِذُوْا عِبَادِیْ مِنْ

تھے کیا گمان کرتے ہیں کفار کہ وہ بنا لیں گے میرے بندوں کو میرے بغیر

دُوْنِیْۤ اَوْلِیَآءَ ؕ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِیْنَ نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾ قُلْ هَلْ

اپنا حمایتی ۱۱۷ (یہ ناممکن ہے) بیشک ہم نے تیار کر رکھا ہے جہنم کو کفار کی رہائش کے لیے۔ فرمائیے (اے لوگو) کیا

نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِیْنَ اَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾ اَلَّذِیْنَ ضَلَّ سَعْیُهُمْ فِی

ہم مطلع کریں تمھیں ان لوگوں پر جو اعمال کے لحاظ سے گھاٹے میں ہیں ۱۱۸ یہ وہ لوگ ہیں جن کی ساری جدوجہد دنیوی زندگی کی

الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَ هُمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ یُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓىٕكَ

آرائش میں کھو کر رہ گئی۔ اور وہ یہ خیال کر رہے ہیں کہ وہ کوئی بڑا عمدہ کام کر رہے ہیں ۱۱۹ یہی وہ (بد نصیب)

۱۱۷ جو معبود برحق کو چھوڑ کر کسی اور کو رب بناتے ہیں ان سے بڑھ کر ناسمجھ اور بدبخت اور کون ہو سکتا ہے۔

۱۱۸ کیا تم یہ دریافت کرنا چاہتے ہو کہ اعمال کے لحاظ سے سب سے زیادہ خسارہ اور نقصان میں کون لوگ ہیں۔ آؤ میں تمھیں بتاتا ہوں۔ وہ لوگ جو دن رات دنیا کے حصول کے لیے مارے مارے پھرتے ہیں ان کی زندگی کا بس ایک ہی مقصد ہے کہ زیادہ سے زیادہ دولت جمع کی جائے۔ مکانات و محلات تعمیر کیے جائیں۔ دنیا میں مناصب عالیہ پر فائز ہوں انھیں کبھی اپنے رب کی خوشنودی حاصل کرنے کا خیال ہی نہیں آیا۔ انھیں اپنی موت کو یاد کرنے کی کبھی فرصت ہی نہیں ملی۔ ضل سعیھم کے الفاظ کتنے معنی خیز ہیں کہ ان کی توانائی کا ایک ایک قطرہ متاعِ دنیا کے حصول میں ضائع ہو کر رہ گیا ہے۔ اور اس کشاکش میں وہ تھک کر چور ہو گئے ہیں۔ اُخروی سعادت کے حصول کے لیے ان میں اب ذرا ہمت نہیں۔ خود غور فرمائیے طالبانِ دنیا کا یہ کتنا صحیح نقشہ ہے۔

۱۱۹ اس کے باوجود انھیں اپنے کیے پر کوئی ندامت نہیں بلکہ اپنی قابلیت پر نازاں ہیں اور اپنی جدوجہد کے ان نتائج پر بالکل مطمئن ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی یاد سے روگردانی کر کے جو نقصانِ عظیم انھوں نے اٹھایا اس کا انھیں احساس تک بھی نہیں رہا۔

الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيمُ

جنھوں نے انکار کیا اپنے رب کی آیتوں کا اور اس کی ملاقات کا [۲۰] تو ضائع ہوگئے ان کے اعمال [۲۱] تو ہم ان (کے اعمال) کے لیے

لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا ﴿١٠٥﴾ ذَٰلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا

تولنے کے لیے روز قیامت کوئی ترازو نصب نہیں کریں گے۔ یہ ہے ان کی جزاء، جہنم۔ اس وجہ سے کہ انھوں نے

وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَرُسُلِي هُزُوًا ﴿١٠٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

کفر کیا اور میری آیتوں اور رسولوں کو مذاق بنا لیا۔ یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل (بھی) کرتے رہے

كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خَالِدِينَ فِيهَا لَا يَبْغُونَ

تو فردوس کے باغات ان کی رہائش گاہ ہوں گے [۲۲] وہ ہمیشہ رہیں گے ان میں (اور) نہیں چاہیں گے کہ

[۲۰] آخرت کی فکر تو یہ تب کرتے اگر اخروی زندگی پر ان کا ایمان ہوتا! انھوں نے تو اس حقیقت کو تسلیم کرنے سے ہی انکار کر دیا ہے کہ ایک روز ان کی ملاقات اپنے رب سے ہونے والی ہے! اور ان سے ان کے اعمال کا محاسبہ کیا جائے گا۔

[۲۱] ان کے اعمال ضائع ہوگئے۔ قیامت کے دن جب وہ پا بجولاں پیش کیے جائیں گے تو ان کے دفتر عمل میں کوئی ایسی نیکی نہیں ہوگی جس کا وزن کیا جاسکے اس کا یہ معنی بھی کیا گیا ہے کہ بڑے فربہ اور جسیم دنیا دار مشٹنڈے آئیں گے اور وہ اس غلط فہمی کا شکار ہوں گے کہ آج کے دن بھی وہ سرخرو ہوں گے اور معزز و محترم قرار پائیں گے لیکن جب ان کو تولنے کے لیے ایک پلڑے میں رکھا جائیگا تو ان کی بے مائیگی ظاہر ہو جائے گی حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ طاقت ور سخت مزاج اور پیٹو کو جب میزان میں رکھا جائیگا تو اس کا وزن بال کے برابر بھی نہیں ہوگا عن ابی هريرة انه قال القوى الشديد الاكول يوضع فى الميزان فلا يزن شعرة۔ وزن کا معنی یہاں میزان بھی لیا گیا ہے یعنی ہم ان کے اعمال تولنے کے لیے کوئی ترازو نصب نہیں کریں گے او المعنى لا نضع لهم ميزانا يوزن به اعمالهم لاحباطها۔ (مظہری)

[۲۲] ان کے برعکس اہل ایمان جن کا صحیفۂ عمل حسنات و طاعات سے جگمگا رہا ہوگا انکی میزبانی کے لیے جنت الفردوس کو آراستہ کیا جائے گا۔ وہاں انھیں رہنے کے لیے ایسے محلات دیئے جائیں گے جہاں سے وہ نکالے نہیں جائیں گے بلکہ وہ ہمیشہ وہاں کی لذت و سرور سے لطف اندوز ہوتے رہیں گے۔ نُزُلٌ کا معنی مہمان کی تواضع کے لیے جو کھانا تیار کیا جاتا ہے اسے بھی نُزُلٌ کہا جاتا ہے لیکن اس کا ایک دوسرا معنی منزل بھی ہے اور یہاں یہی زیادہ مناسب ہے۔

عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ

وہ اس جگہ کو بدل لیں۔ (اے حبیب!) آپ فرمائیے کہ اگر ہو جائے سمندر روشنائی میرے رب کے کلمات (لکھنے) کیلئے تو ختم ہو جائیگا

قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا

سمندر اس سے پیشتر کہ ختم ہوں میرے رب کے کلمات ۱۲۳ اور اگر ہم لے آئیں اتنی اور روشنائی اس کی مدد کو (تب بھی ختم نہ ہونگے) آپ فرمائیے کہ

بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ

ظاہری صورت بشری میں تو میں تمہاری طرح ہوں ۱۲۴ (البتہ) وحی کی جاتی ہے میری طرف کہ تمہارا خدا صرف اللہ وحدہ ہے پس جو شخص امید

النزل بضمتین المنزل عن الزجاج والنزل ایضاً ماهیّیٔ للضیف۔

۱۲۳؎ اللہ تعالیٰ کی قدرت وحکمت کی آیات بینات کا شمار نہیں کیا جا سکتا۔ ان کی بے پایانی کا مفہوم ذہن نشین کرانے کے لیے کتنا مؤثر اسلوب اختیار کیا گیا ہے کہ سارے سمندر اگر سیاہی بن جائیں اور اس سیاہی سے اس کی قدرت وحکمت کی آیات کو لکھنا شروع کیا جائے تو سارے سمندر خشک ہو جائیں گے لیکن ان آیات کا احاطہ نہیں ہو سکے گا بلکہ اگر مزید سات سمندر سیاہی بنا دیئے جائیں تب بھی یہ مضمون تشنہ ہی رہے گا۔ دانائے شیراز رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنی حد تک خوب فرمایا ہے :۔ ؎

دفتر تمام گشت و بپایاں رسید عمر ✽ ما ہمچناں در اول وصف تو ماندہ ایم

۱۲۴؎ اللہ تعالیٰ کی ذاتِ بے ہمتا کا ادراک انسان کے بس کا روگ نہیں نہ اس کے ظاہری حواس میں یہ تاب ہے اور نہ اس کے باطنی حواس میں یہ قوت ہے کہ اس کی حقیقت کو پہچان سکیں۔ عقلِ انسانی اپنی ترکتازیوں اور بلند پروازیوں کے باوجود اس کی عظمتوں کے سامنے سرنگوں ہے۔ اللہ تعالیٰ کی معرفت کا بجز اس کے اور کوئی طریقہ نہیں کہ ان آیاتِ بینات میں غور و فکر کیا جائے جہاں اس کی قدرت، عظمت، حکمت وکبریائی کے جلوے چمک رہے ہیں۔ ان آیات میں جہاں پانی کا قطرہ، ریت کا ذرہ، درخت کا پتہ، زمین کی رنگین وسعتیں، آسمانوں کی ہوشربا رفعتیں، مہر و ماہ کی خیرہ کن ضیا پاشیاں ہیں وہاں نبی کی ذات بھی ایک ایسا آئینہ ہوتی ہے جہاں دیدۂ بینا کو قدرتِ الٰہی کے ایسے جلوے نظر آتے ہیں جو اور کہیں دکھائی نہیں دیتے۔ خصوصاً وہ ذاتِ اقدس واطہر جو تجلیاتِ احسانیہ اور انوارِ رحمانیہ کی ایسی تجلی گاہ ہے کہ عرشِ عظیم کو بھی اس سے کوئی نسبت نہیں۔ جس کسی کے نیاز آگیں دل اور محبت بھری آنکھوں نے حسنِ مصطفوی کو جتنا جانا، جس قدر پہچانا اور جس قدر چاہا اتنا ہی اسے عرفانِ خداوندی نصیب ہوا۔

لیکن ہر انسان کا مزاج یکساں نہیں ہوتا۔ بعض لوگ اتنے اکھڑ اور بد دماغ ہوتے ہیں کہ وہ حسن وجمال کے ان

پیکروں کے لیے اپنے دل میں قطعاً کوئی کشش محسوس نہیں کرتے بلکہ ان سے نفرت کرتے ہیں اور انہیں حقارت کی نظروں سے دیکھتے ہیں۔ ان کے برعکس بعض طبیعتیں اتنی غلط اندیش اور ان کی عقلیں اتنی اوندھی ہوتی ہیں کہ جہاں کہیں کمال کی ذراسی جھلک بھی۔ اسے اپنا معبود اور خدا بنا لیا اور اس کے سامنے سر بسجود ہو گئے۔ یہودیوں نے حضرت عزیر کو فقط اس لیے خدا کا بیٹا کہنا شروع کر دیا کہ انہیں تورات نوک بر زبان تھی۔ حضرت عیسیٰ نے چند معجزات دکھائے تو لوگوں نے انہیں کہاں سے کہاں تک پہنچا دیا۔ اس غلط فہمی کا سد باب کرنے کے لیے ہر نبی نے جہاں اللہ تعالیٰ کی توحید کی دعوت دی اور اس کی صداقت ثابت کرنے کے لیے اپنے خداداد کمال کا اظہار فرمایا وہاں کھلے اور واضح انداز میں یہ تصریح بھی کر دی کہ وہ باایں ہمہ کمال و خوبی خدا نہیں بلکہ خدا کے بندے ہیں۔ خالق نہیں بلکہ مخلوق ہیں۔ معبود نہیں بلکہ عابد ہیں۔ جب جزوی کمالات سے ایسی غلط فہمیاں پیدا ہوں جن کی گرفت میں آج بھی بے شمار لوگ پکڑے رہے ہیں تو وہ ذاتِ اقدس جو جمال و کمال کا مظہر اتم بنائی گئی اس کے متعلق طرح طرح کی غلط فہمیوں کا پیدا ہونا بعید از قیاس نہ تھا۔ اِس لیے ضروری ہوا کہ اس غلط فہمی کے سارے امکانات ختم کر دیئے جائیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو تمام کمالات علی وجہ الاتم متصف کرنے کے باوجود اس آیت میں یہ اعلان کرنے کا حکم دیا قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الٰہ واحدٌ۔

علمائے سلف نے اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اظہارِ تواضع کے لیے یہ اعلان کرنے کا حکم دیا گیا ہے تاکہ اس فتنے کو روزِ اول سے ہی ختم کر دیا جائے۔ علامہ ثناء اللہ پانی پتی حضرت ابن عباسؓ سے اس آیت کی تفسیر ان الفاظ میں نقل کرتے ہیں۔ قال ابن عباس علم الله تعالیٰ عز وجل رسوله صلی الله علیه وسلم التواضع لئلا یزهی علی خلقه۔ . . . قلت فیه سد لباب الفتنة افتتن بها النصاری حین رأوا عیسیٰ یبرئ الاکمه والابرص ویحیی الموتی وقد اعطی الله تعالیٰ لنبینا صلی الله علیه وسلم من المعجزات اضعاف ما اعطی عیسیٰ علیه السلام فامرهٗ باقرار العبودیة وتوحید الباری لاشریک لهٗ۔

صاحب کمال کا اظہارِ تواضع بھی اس کا کمال ہوتا ہے لیکن بعض کج فہم اور حقیقت ناشناس لوگ اس آیت کو کمالاتِ نبوت کے انکار کی دلیل بناتے ہیں اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں نبی محترم رسولِ معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی شانِ رفیع کے متعلق کچھ بتایا جائے۔

ایک روز صحابہ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ متی وجبت لک النبوۃ حضور آپ کو خلعتِ نبوت سے کب سرفراز فرمایا گیا؟ حضور نے جواب میں ارشاد فرمایا وآدم بین الروح والجسد مجھے اس وقت شرفِ نبوت سے مشرف کیا گیا جب کہ آدم علیہ السلام کی نہ ابھی روح بنی تھی اور نہ جسم (رواہ الترمذی وصححہ وقال انہ حسن غریب) نبوت صفت ہے اور موصوف کا صفت سے پہلے پایا جانا ضروری ہے۔ اب خود ہی فیصلہ فرمائیے جو موصوف اپنی صفت نبوت سے متصف ہو کر آدم علیہ السلام سے پہلے موجود تھا اس کی حقیقت کیا تھی۔ ابن تیمیہ

وغیرہ نے یہ کہا ہے کہ کنت نبیا و آدم بین الماء والطین اور کنت نبیا ولا آدم ولا ماء ولا طین لا اصل لھما کہ ان دو حدیثوں کا کوئی اصل نہیں ہے۔ علامہ خفاجی ابن تیمیہ کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ان حدیثوں کو موضوع یا بے اصل کہنا درست نہیں کیونکہ امام ترمذی کی روایت کردہ حدیث بلاشبہ صحیح ہے۔ اور یہ دونوں روایتیں اس کی ہم معنی ہیں۔ اس لیے ان کو موضوع کہنا کیونکر درست ہو سکتا ہے جبکہ روایت بالمعنی محدثین کے نزدیک جائز ہے۔ اس حدیث کا یہ مطلب بھی نہیں کہ میں تخلیق آدم سے پہلے علم الٰہی میں نبی تھا۔ کیونکہ اس میں پھر حضور کی کوئی خصوصیت نہ ہوگی بلکہ مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام ارواح سے پہلے اپنے حبیب کی روح کو پیدا فرمایا۔ اور اسی وقت خلعت نبوۃ سے سرفراز کیا اور ملأ اعلیٰ کو اس حقیقت پر آگاہ کر دیا۔ بل ان اللہ خلق روحہ قبل سائر الارواح وخلع علیھا خلعۃ التشریف بالنبوۃ اعلامًا للملأ الاعلی بہ چنانچہ ایک دوسری روایت میں ہے یسبح ذلک النور وتسبح الملائکۃ بتسبیحہ کہ نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتا اور سارے فرشتے حضور کی تسبیح سن کر اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے:

گر نہ خورشید جمال یار گشتے راہ نموں ٭ از شب تاریک غفلت کس نبردے راہ بروں

ابن قطان نے اپنی کتاب "الاحکام" میں حضرت امام علی زین العابدین سے انھوں نے اپنے پدر بزرگوار حضرت سیدنا امام حسین سے انھوں نے ان کے جد امجد حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے حضور سرور عالم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی نقل کیا ہے قال کنت نورًا بین یدی ربی قبل خلق آدم باربعۃ عشر الف عام یعنی میں نور تھا اور آدم علیہ السلام کی آفرینش سے چودہ ہزار سال پہلے اپنے رب کریم کے حریم ناز میں باریاب تھا۔

اس حدیث کے آخری تین راوی ائمہ اہل بیت سے ہیں۔ ان کا علم وفہم اور تقویٰ کسی کی توثیق کا محتاج نہیں البتہ ابن قطان کے متعلق علماء جرح وتعدیل کی رائے بیان کرنا ضروری ہے تاکہ حدیث کی صحت کے متعلق کسی کو شک وشبہ کی گنجائش نہ رہے۔ علامہ زرقانی ان کے متعلق لکھتے ہیں الحافظ الناقد ابو الحسن علی بن محمد ابن عبد الملک الحمیری۔ کان من ابصر الناس بصناعۃ الحدیث واحفظھم لاسماء رجالہ واشدھم عنایۃ فی الروایۃ معروفا بالحفظ والاتقان (زرقانی علی المواہب اللدنیۃ جلد اول ص۴۹)

یہ حافظ اور نقاد حدیث تھے۔ ان کا نام ابو الحسن علی بن محمد ہے۔ فن حدیث میں ان کی بصیرت اپنے ہمعصر لوگوں سے زیادہ تھی۔ وہ اسماء الرجال کے حافظ تھے۔ روایت میں وہ انتہا درجہ کی احتیاط برتا کرتے۔ وہ اپنے حفظ اور اتقان کے باعث مشہور ومعروف تھے۔

حضرت جابر نے حضور فخر موجودات علیہ افضل الصلوٰۃ واطیب التحیات سے پوچھا یا رسول اللہ بابی انت وامی اخبرنی عن اول شیء خلقہ اللہ تعالیٰ قبل الاشیاء قال یا جابر ان اللہ تعالیٰ قد خلق قبل الاشیاء نور نبیک۔

(رواہ عبدالرزاق بسندہ) یعنی حضرت جابر نے عرض کی یارسول اللہ میرے ماں باپ حضور پر قربان ہوں۔ مجھے یہ بتائیے کہ اللہ تعالیٰ نے سب چیزوں سے پہلے کونسی چیز پیدا کی۔ حضورؐ نے فرمایا اے جابر اللہ تعالیٰ نے سب چیزوں سے پہلے تیرے نبی کا نور پیدا کیا۔ ان صحیح احادیث (جن کی تصحیح اور توثیق مولانا تھانوی نے نشر الطیب میں کی ہے) سے ثابت ہوتا ہے کہ حضورؐ کی ذات والاصفات عالم امکان میں سب سے مقدم ہے۔ آدم و ابراہیم بلکہ عرش و کرسی سے بھی بہت پہلے۔ حضورؐ کی دیگر صفات کی طرح نبوت و بشریت حضورؐ کی صفتیں ہیں۔ اہلِ معرفت کی اصطلاح میں اسی نور کو حقیقتِ محمدیہ کہا جاتا ہے اور حقیقتِ محمدیہ حقیقۃ الحقائق ہے۔ وبھذا الاعتبار سمی المصطفیٰ بنور الانوار و باب الارواح (زرقانی) یعنی اسی وجہ سے حضورؐ کو نور الانوار اور تمام ارواح کا باپ کہا جاتا ہے۔

یہ مسئلہ بڑا نازک ہے۔ مجھ جیسے کم علم کو یہ زیبا نہیں کہ میں اس میں اپنی خیال آرائی کو دخل دوں۔ بہتر یہی ہے کہ ان نفوسِ قدسیہ کی تحقیقات ہدیۂ ناظرین کرنے پر اکتفا کروں جن کا علم و تقویٰ اہلِ شریعت و اہلِ طریقت دونوں کے نزدیک مسلّم ہے اور جن کا قول ساری امت کے نزدیک حجت ہے۔ اس لیے میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات کا ایک اقتباس نقل کر رہا ہوں۔ شاید جلوۂ حسنِ محمدی کی جھلک دیکھ کر کوئی چشم اشکبار مسکرا دے۔ کسی کے دلِ بے قرار کو قرار آ جائے۔ آپ لکھتے ہیں :۔

"جاننا چاہیے کہ پیدائشِ محمدی تمام افرادِ انسان کی پیدائش کی طرح نہیں بلکہ افرادِ عالم میں سے کسی فرد کی پیدائش کے ساتھ نسبت نہیں رکھتی۔ کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ آلہ وسلم باوجود عنصری پیدائش کے حق تعالیٰ کے نور سے پیدا ہوئے ہیں۔ جیسے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خُلقتُ من نور اللہ۔ کشفِ صریح سے معلوم ہوا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش اس امکان سے پیدا ہوئی ہے جو صفاتِ اضافیہ کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور نہ کہ اس امکان سے جو تمام ممکناتِ عالم میں ثابت ہے۔ ممکناتِ عالم کے صحیفہ کو خواہ کتنا ہی باریک نظر سے مطالعہ کیا جائے لیکن آنحضرت کا وجود مشہود نہیں ہوتا۔ بلکہ ان کی خلقت و امکان کا منشا عالمِ ممکنات میں ہے ہی نہیں۔ کیونکہ اس عالم سے برتر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا سایہ نہ تھا نیز عالمِ شہادت میں ہر ایک شخص کا سایہ اس کے وجود کی نسبت زیادہ لطیف ہوتا ہے اور جب جہان میں ان سے لطیف کوئی نہیں تو پھر ان کا سایہ کیسے متصور ہو سکتا ہے"۔ (دفتر سوم ترجمہ مکتوب ۱۰۰ صفحہ ٢٦٦)

اس میں کوئی شک نہیں کہ حضورؐ صفتِ بشریت سے متصف ہیں اور حضورؐ کی بشریت کا مطلقاً انکار غلط اور سراپا غلط ہے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ حضورؐ کو بشر کہنا درست ہے یا نہیں۔ جملہ اہلِ اسلام کا عقیدہ ہے کہ حضورؐ پر نور کی تعظیم و تکریم فرضِ عین ہے اور ادنیٰ سی بے ادبی سے ایمان سلب ہو جاتا ہے اور اعمال ضائع ہو جاتے ہیں۔ ارشادِ الٰہی ہے وتعزروہ وتوقروہ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ بشر کہنے میں تعظیم ہے یا تنقیص، ادب و احترام ہے یا سوءِ ادبی۔

رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا ﴿١١٠﴾

رکھتا ہے اپنے رب سے ملنے کی تو اسے چاہیے کہ وہ نیک عمل کرے اور نہ شریک کرے اپنے رب کی عبادت میں کسی کو ١٢٦

پہلی صورت میں بشر کہنا جائز ہوگا اور دوسری میں ناجائز۔ مہرِ سپہر علم و عرفان حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ نے اس عقدہ کا جو حل پیش کیا ہے اس کے مطالعہ کے بعد کوئی اشتباہ نہیں رہتا۔ آپ کے ارشاد کا خلاصہ یہ ہے کہ لفظ بشر مفہوماً اور مصداقاً متضمن بکمال ہے کیونکہ آدم علیہ السلام کو بشر کہنے کی وجہ یہ ہے کہ انھیں اللہ تعالےٰ نے اپنے دستِ قدرت سے پیدا فرمایا۔ ارشادِ باری ہے: مامنعک ان لا تسجد لما خلقت بیدی۔

(اے ابلیس جس کو میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے پیدا کیا اس کو سجدہ کرنے سے تجھے کس نے روکا) کیونکہ اس پیکرِ خاکی کو اللہ تعالےٰ کے ہاتھ لگنے کی عزت نصیب ہوئی۔ اِس لیے اسے بشر کہا گیا ہے۔ اس خاک کے پتلے کی اس سے بڑھ کر عزت افزائی کیا ہو سکتی ہے نیز یہی بشر ہے جو آپ کے الفاظ میں کمال استجلاء کے لیے مظہر بنایا گیا ہے اور ملائکہ بوجہ نقص مظہریت کمال سے محروم ٹھہرے۔ یہ دونوں چیزیں اگر ذہن نشین ہوں تو بشر کہنا عین تعظیم و تکریم ہے۔ مگر چونکہ اس کمال تک ہر کس و ناکس سوائے اہلِ تحقیق و اہلِ عرفان رسائی نہیں رکھتا لہٰذا اطلاق لفظ بشر میں خواص بلکہ خص الخواص کا حکم عوام سے علیحدہ ہے۔ خواص کے لیے جائز اور عوام کے لیے بغیر زیادت لفظ دال بر تعظیم ناجائز ہے۔"

(فتاویٰ مہریہ ص١٠ مطبوعہ ١٩٦٢ء)

١٢٥ غور طلب بات یہ ہے کہ یہ مماثلت کس چیز میں ہے مراتب و درجات وہبی ہوں یا کسبی، کمالات علمی ہوں یا عملی، عادات و خصائل رُوح پُر نور بلکہ جسم عنصری تک میں کسی کو مماثلت تو کجا ادنیٰ مناسبت بھی نہیں۔ پھر یہ مماثلت جس کا ذکر اس آیت میں ہے کونسی ہے اور کہاں پائی جاتی ہے۔ یقیناً صرف ایک بات میں مماثلت ہے وہ یہ ہے کہ انہ لا الٰہ الا ھو وہ بھی ایک خدا لاشریک وحدہٗ لاشریک کا بندہ ہے جس کے تم بندے ہو اس کا بھی وہی خالق و مالک ہے جو تمہارا خالق و مالک ہے۔

١٢٦ عمل کی قبولیت کے لیے ضروری ہے کہ وہ محض اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کے لیے کیا جائے۔ جہاں ریا آگئی وہ عمل ضائع ہو گیا۔ حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ قال سمعت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یقول من صلی یرائی فقد اشرک ومن صام یرائی فقد اشرک ومن تصدق یرائی فقد اشرک

یعنی جس نے ریاکاری سے نماز پڑھی اس نے شرک کیا جس نے ریاکاری سے روزہ رکھا اس نے شرک کیا جس نے ریاکاری سے صدقہ دیا اس نے شرک کیا۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں انھیں شداد رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث نقل کی ہے کہ ایک دفعہ حضرت شداد رونے لگے۔ رونے کی وجہ پوچھی گئی تو آپ نے جواب دیا کہ میں نے حضور سرورِ عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے ایک بات سنی تھی جس نے مجھے رُلا دیا۔ میں نے حضور

کو یہ فرماتے سنا اخوف علی امتی الشرك والشھوۃ الخفیۃ ۔ کہ مجھے اندیشہ ہے کہ میری امت شرک اور شہوت خفیہ میں مبتلا نہ ہو جائے۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ اتشرك امتك من بعدك۔ کیا حضورؐ کی امت حضورؐ کے بعد شرک کرنے لگے گی؟ قال نعم اما انھم لا یعبدون شمسا ولا قمرا ولا حجرا ولا وثنا ولکن یراءون باعمالھم حضورؐ نے فرمایا ہاں۔ لیکن وہ سورج چاند کی پوجا نہیں کریں گے۔ اور نہ کسی پتھر اور بت کی عبادت کریں گے، بلکہ وہ لوگوں کو دکھانے کے لیے عمل کریں گے۔ ان احادیث سے واضح ہوا کہ کوئی کام خواہ کتنا نیک اور عمدہ ہو اگر اس میں ریا اور نمود آجائے گی تو بارگاہِ رب العالمین میں وہ قطعاً منظور نہیں ہوگا۔ وہاں تو وہی عمل مقبول ہوتا ہے جس سے فقط اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی مطلوب ہو۔ ریا سے بچنا بڑی مشکل بات ہے نفس کی انگیخت اور شیطان کی وسوسہ اندازی سے محفوظ رہنا بڑی ہمت اور حوصلہ کا کام ہے۔ ہر کس و ناکس میں یہ ہمت و عزم کہاں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کے رسول کریم نے ہماری کمزوریوں پر رحم فرماتے ہوئے ہمیں ایسا طریقہ بھی تعلیم کر دیا جس کے ذریعے ہم شیطان کی شرانگیزی سے محفوظ رہ سکتے ہیں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ سے مروی ہے کہ حضور کریم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے شرک کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:۔

ھو فیکم اخفی من دبیب النمل وساد لك علی شیئ اذا فعلتہ اذھب عنك صغار الشرك وکبارہ تقول اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ تقولھا ثلاث مرات۔ (قرطبی)

یعنی شرک چیونٹی کے رینگنے سے بھی زیادہ تم میں مخفی ہوتا ہے۔ میں تمھیں ایک دعا سکھاتا ہوں۔ اگر تم یہ مانگو گے تو اس کی برکت سے چھوٹا اور بڑا ہر قسم کا شرک تم سے دور ہو جائے گا۔ الفاظ یہ ہیں انھیں تین بار کہے:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ۔

اے اللہ! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ میں تیرے ساتھ دانستہ شرک کروں اور میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اس شرک سے جو نادانستہ مجھ سے سرزد ہو۔

تعارف سورۃ مریم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام :- حضرت مریم کا تذکرہ اس سورۃ میں تفصیلاً کیا گیا ہے۔ اس مناسبت سے اس سورۃ کو آپ کے نام نامی سے موسوم کیا گیا۔ یہ چھ رکوعوں اور اٹھانوے آیات پر مشتمل ہے۔ اس کے کلمات کی تعداد سات سو اسی ہے۔

نزول :- جب مکہ کے دو مشہور سیاست دان عمرو بن العاص اور عبداللہ بن ابی ربیعہ اپنی سیاسی ریشہ دوانیوں کے باوجود نجاشی کو اس بات پر آمادہ کرنے میں ناکام رہے کہ وہ مسلمان مہاجرین کو حبشہ سے نکل جانے کا حکم صادر کرے تو مسلمانوں کے خلاف نجاشی کے دل میں آتش غیظ و غضب بھڑکانے کیلئے انھوں نے ایک اور چال چلی انھوں نے نجاشی سے کہا کہ وہ مسلمانوں سے پوچھے کہ وہ حضرت مسیح کے متعلق کیا عقیدہ رکھتے ہیں۔ انھیں یقین تھا کہ مسلمان اگر اپنا صحیح عقیدہ بیان کریں گے تو بادشاہ برافروختہ ہو کر انھیں ملک بدر کر دے گا اور غلط بیانی سے کام لیں گے تو مکہ میں جا کر وہ ان کے خلاف پروپیگنڈے کا ایک طوفان برپا کر دیں گے۔ نجاشی نے مسلمانوں کو حضرت مسیح کے بارے میں اپنا عقیدہ بیان کرنے کا حکم دیا تو عقل مصلحت اندیش کے سارے تقاضوں کو نظر انداز کرتے ہوئے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے بلا تامل سورۃ مریم کا دوسرا رکوع پڑھنا شروع کر دیا۔ اس وقت ایک عجیب منظر تھا قرآن پڑھا جا رہا تھا اور پڑھ وہ رہا تھا جس نے قرآن کی تعلیم اس ذات اقدس و اطہر سے حاصل کی تھی جس کے قلب منور پر اس کا نزول ہوا تھا۔ دربار میں سناٹا چھا گیا۔ نجاشی کی آنکھیں اشکبار ہو گئیں حتیٰ کہ اس کی ڈاڑھی بھیگ گئی جب حضرت جعفر نے تلاوت ختم کی تو نجاشی نے ایک تنکا اٹھا کر کہا کہ حقیقت مسیح کے متعلق جو تم نے بیان کیا ہے۔ حضرت مسیح اس تنکے کے برابر بھی اس سے کم یا زیادہ نہ تھے۔ یہ واقعہ بعثت نبوی کے پانچویں سال وقوع پذیر ہوا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حبشہ کی طرف مسلمانوں کی ہجرت سے پہلے یہ سورۃ نازل ہو چکی تھی۔

مضامین :- پہلے رکوع میں حضرت زکریا علیہ السلام کی نیاز مندانہ التجا کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے انھیں اس وقت ایک بیٹے کی ولادت کا مژدہ سنایا گیا جب بڑھاپے کی وجہ سے ان کے سارے بال سفید ہو چکے تھے اور ان کی اہلیہ محترمہ بانجھ ہو چکی تھیں۔ دوسرے رکوع میں حضرت مسیح علیہ السلام کی بن باپ پیدائش کا تذکرہ کر کے اس حقیقت کو عیاں فرمایا کہ اسباب و علل کی احتیاج ہمیں ہے اسے نہیں جو اسباب و علل کا خالق ہے حضرت مسیح علیہ السلام کی

شخصیت انتہائی متنازعہ فیہ تھی۔ آپ کے مداحوں میں ایسے حقیقت ناشناس بھی تھے جو آپ کو خدا یا خدا کا بیٹا یقین کرتے اور آپ کے دشمنوں میں ایسے بدباطن بھی تھے جو آپ کو نبی تو کجا ایک شریف زادہ بھی ماننے کے لیے کسی قیمت پر تیار نہ تھے۔ افراط و تفریط کے اس شور و شغب میں حقیقت کا روئے زیبا نظروں سے بالکل اوجھل ہو چکا تھا۔ یہ قرآن کا ہی فرض تھا کہ حضرت مسیح کی حقیقت کو آشکارا کرے۔ چنانچہ آپ کی اور آپ کی والدہ طاہرہ کی عظمت و شان کو پوری آب و تاب سے بیان کرنے کے ساتھ ساتھ یہ بھی بتا دیا کہ حضرت مسیح نہ خدا تھے اور نہ فرزندِ خدا بلکہ خدا کے پیارے بندے اور معزز رسول تھے۔ عصرِ حاضر کے جدید مفسرین نے حضرت مسیح کی ولادت کے متعلق جس مرعوب ذہنیت کا مظاہرہ کیا ہے اس کا تفصیلی تذکرہ اور اس پر تبصرہ آیات کی تفسیر کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیے۔

تیسرے رکوع میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اندازِ دعوت کو بڑی حسن و خوبی سے بیان کر دیا گیا ہے۔ آپ کو دعوت کی نزاکتوں کا احساس بھی ہے اور اپنے باپ کا ادب بھی ہر لحظہ ملحوظ ہے۔ ادھر سے درشتی ہے سخت کلامی ہے۔ دھمکیاں اور سرزنشیں ہیں۔ اور ادھر خیر خواہی ہے، اخلاص ہے، ادب اور احترام ہے۔ جب تک اسلام کا مبلغ اس اسوۂ ابراہیمی کو نہیں اپنائے گا وہ اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔

چوتھے رکوع میں متعدد اولوا العزم رسولوں کا ان کے خصوصی کمالات کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔ اور ان کے ذکر کے بعد ان کی اولاد کا ذکر فرمایا ہے۔ جنہوں نے اس زعمِ باطل میں مبتلا ہو کر کہ وہ نیکوں کی اولاد ہیں راہِ حق سے منہ موڑ لیا اور نافرمانی اور سرتابی کرنے میں دوسروں سے بھی سبقت لے جانے لگے اور صالحین کی اولاد ہونے کا جو شرف انہیں وہبی طور پر بخشا گیا تھا اس کو خاک میں ملا کر دم لیا۔ "فسوف یلقون غیّاً" کی دل ہلا دینے والی سرزنش سے انہیں خوابِ غفلت سے جھنجھوڑا۔ اس کے ساتھ ہی انہیں تسلی بھی دی کہ اگر وہ اپنی اس غلط روش سے صدقِ دل سے باز آ جائیں گے تو رحمت کے دروازے ان کے لیے کھول دیئے جائیں گے۔

پانچویں رکوع میں منکرینِ قیامت کی غلط فہمیوں کا ازالہ کر دیا گیا۔ نیز دنیا کے ساز و سامان کی ناپائیداری کی طرف توجہ دلا کر انہیں باقیاتِ صالحات کی طرف شوق انگیز انداز میں دعوت دی گئی۔

آخری رکوع میں ان گمراہ فرقوں کی حماقت کا پردہ چاک کیا گیا جو خداوند تعالیٰ کے لیے بیٹے یا بیٹیاں گھڑا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر اسرار و رموز کا بیان اپنے اپنے موقع پر آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔

سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ مریم مکی ہے اس کی ۹۸ آیتیں اور ۶ رکوع ہیں

(اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے)

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝١ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝٢ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ

کاف۔ ہا۔ یا۔ عین۔ صٓ [1] یہ ذکر ہے آپ کے رب کی رحمت کا [2] جو اس نے اپنے بندے زکریا پر فرمائی [3] جب اس نے پکارا اپنے رب کو

[1] یہ حروف مقطعات ہیں۔ ان پر تفصیلی بحث سورۂ بقرہ کے آغاز اور بعض دوسرے مقامات پر گزر چکی ہے۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ یہ حروف اللہ تعالیٰ کے مختلف اسماء پر دلالت کرتے ہیں۔ کٓ کافی پر، ھا ہادی پر، یا حکیم پر، ع علیم پر اور صاد صادق پر۔

قشیری نے حضرت ابن عباس سے اس کا یہ مفہوم بھی نقل کیا ہے:

معناه كاف لخلقه هادٍ لعباده يده فوق ايديهم عالمٌ بهم صادق فى وعده -

یعنی وہ اپنی مخلوق کے لیے کافی ہے۔ اپنے بندوں کو ہدایت دینے والا ہے۔ سب پر غالب ہے۔ سب کو جانتا ہے۔ اور اپنے وعدے کا سچا ہے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ دعا مانگتے ہوئے کہا کرتے تھے: یا كهيعص اغفرلی یا کاف ھا یا عین ص مجھے بخش دے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک ہے۔ بعض علماء نے اسی کو اسم اعظم کہا ہے۔ (قرطبی، روح المعانی)

[2] یہ فقرہ خبر ہے۔ اور اس کی مبتدا "ھذا" محذوف ہے یعنی هذا ذكر رحمة ربك عبده زكريا اے سرور عالمیان صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ واقعہ جس کا بیان اب ہو رہا ہے اس میں تیرے رب کریم کی اس رحمت کا ذکر ہے جو اس نے اپنے ایک جلیل القدر بندے حضرت زکریا علیہ السلام پر فرمائی۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے۔ کائنات کا ہر ذرہ اپنے وجود اور اپنی بقا میں اس کی شانِ ربوبیت کا رہینِ منت ہے۔ بایں ہمہ صفت ربوبیت کا جو خصوصی تعلق ذات پاک مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء سے ہے۔ وہ اور کسی چیز کو میسر نہیں۔ عبد کی اضافت اپنی ذات کی طرف فرما کر حضرت زکریا کی عزت و شرف کا اظہار فرما دیا۔

[3] آپ حضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد سے تھے۔ جن کے ذمہ بیت المقدس میں مذہبی رسومات کو ادا کرنا تھا۔ آپ حضرت مریم کی خالہ ایشبع (ELIZABETH) کے شوہر تھے۔ اسی قرابت کے باعث آپ کو حضرت مریم کا نگران مقرر کیا گیا تھا جس کا تفصیلی تذکرہ سورۂ آلِ عمران میں گزر چکا ہے۔

نِدَآءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ

چپکے چپکے [٣] عرض کی اے میرے رب! میری حالت یہ ہے کہ کمزور و بوسیدہ ہو گئی ہیں میری ہڈیاں اور بالکل سفید ہو گیا ہے

شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ

میرا سر بڑھاپے کی وجہ سے اور اے ایسا نہیں ہوا کہ میں نے تجھے پکارا ہو اے میرے رب! اور میں نامراد رہا ہوں اور میں ڈرتا ہوں

مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝

اپنے بعد اپنے رشتہ داروں سے [٥] (کہ وہ میرے بعد دین ضائع نہ کر دیں) اور میری بیوی بانجھ ہے پس بخش دے مجھے اپنے پاس سے ایک وارث [٦]

[٣] آپ کی عمر بعض روایات کے مطابق ستر سال اور بعض کے مطابق ایک سو بیس سال اور آپ کی اہلیہ محترمہ کی عمر اٹھانوے سال ہو گئی تھی اور ابھی تک انکے ہاں کوئی فرزند تولد نہ ہوا تھا۔ آپ کو اپنے رشتہ داروں میں کوئی مرد صالح اور ارجمند نظر نہ آتا تھا جو اس قابل ہو کہ انکے بعد انکے رفیع منصب کی نازک ذمہ داریوں کو انجام دے سکے اس لیے آپ بڑے فکرمند رہا کرتے تھے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ انکے رحلت فرما جانے کے بعد کوئی نا اہل شخص انکا جانشین بن جائے اور ان دینی رسوم اور عبادات کو ادا کرنے میں کوتاہی کرنے لگے۔ اہل نظر سے مخفی نہیں کہ جب دین کا نشیمن زاغ و زغن کے تصرف میں آ جاتا ہے تو پھر دینی رسوم کتنی پژمردہ و بے جان ہو جاتی ہیں اور اخلاقی قدروں کی کس بیدردی سے تحقیر کی جاتی ہے۔ یہی احساس حضرت زکریا کو سرِ لحہ بے چین رکھا کرتا تھا۔ ایک روز دل کا سوز التجا بن کر زبان پر آ ہی گیا۔ عجز و نیاز میں ڈوبے ہوئے انداز سے بارگاہِ رب العزت میں غمِ پنہاں کا اظہار کر دیا۔ بڑی خاموشی سے چپکے چپکے اپنے چارہ ساز کے حضور میں اپنی حکایتِ درد کہہ دی۔

لیکن اللہ تعالیٰ کے پاک نبی کی طلب اور اندازِ طلب قابلِ غور طلب ہیں۔ دستِ دعا پھیلانے والوں کو آدابِ بارگاہِ صمدیت کی کیسی تعلیم دی جا رہی ہے سب سے پہلے اپنے عجز کا اعتراف ہے۔ اور اپنی بے بسی اور بیکسی کا اظہار۔ الٰہی اب تو میری ہڈیاں بھی بوسیدہ ہو گئی ہیں میرے سر کے سارے بال پیرانہ سالی کے باعث برف کی طرح سفید ہو گئے ہیں۔ اسکے بعد عرض کی میں تیرا وہ بندہ ہوں جسے تو نے عرصہ دراز سے اپنے لطف و کرم کا خوگر بنا دیا ہے۔ جب کبھی میں نے کوئی سوال کیا تو نے رد نہ کیا۔ جو کبھی میں نے مانگا تو نے عطا فرمایا۔ تیرے کرم نے ہمیشہ میری آرزوؤں کی لاج رکھی۔ تیری عنایات نے آج تک مجھے کبھی ناشاد و نامراد نہ کیا۔ مجھے یقین ہے کہ حسبِ سابق اس خوگرِ لطف و عنایت کی یہ التجا بھی شرفِ قبول سے سرفراز ہو گی۔

[٥] ساتھ ہی اس دعا کی اہمیت کا ذکر بھی کر دیا کہ میرے قریبی رشتہ دار جو میری مسند کے وارث بننے والے ہیں۔ ان میں ایک بھی تو ایسا دکھائی نہیں دیتا جو اس منصب کی سنگین ذمہ داریوں کو انجام دینے کی اہلیت رکھتا ہو۔ پہلے اپنے پیرِ فرتوت ہونے کا ذکر کیا۔ اب اپنی بیوی کے بانجھ ہونے کا تذکرہ کر دیا۔

[٦] ان آدابِ شاہانہ کو بجا لانے کے بعد اصل مدعا عرض کیا۔

يَرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝٦ يٰزَكَرِيَّآ

جو وارث بنے میرا اور وارث بنے یعقوب (علیہ السلام) کے خاندان کا۔ اور بنا دے اسے اے رب! پسندیدہ (سیرت والا)۔ اے زکریا!

ث شیعہ کا عقیدہ ہے کہ عام لوگوں کی طرح انبیاء کے اموال اور جائدادیں بھی بطور میراث وارثوں میں تقسیم ہو سکتی ہیں۔ اپنے اس نظریہ کو ثابت کرنے کے لیے انھوں نے اس آیت سے بوجوہ استدلال کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ وراثت کے لفظ کا اطلاق اگرچہ علم، منصب اور مال کی وراثت پر ہوتا ہے لیکن اس کا معنی حقیقی مالی وراثت ہے۔ اور دیگر امور کے لیے اس کا استعمال بطور مجاز ہے۔ اس آیت میں وراثت کا حقیقی مفہوم ہی مراد ہوگا۔ حقیقی معنی کو چھوڑ کر مجازی معنی مراد لینا درست نہیں۔ نیز علامہ سیوطی نے اپنی تفسیر درِ منثور میں حضرات ابن عباس، مجاہد، عکرمہ اور ابوصالح سے اس آیت کا یہی معنی نقل کیا ہے۔ انہم قالوا فی الآیۃ یرثنی مالی یعنی مجھے ایسا بیٹا دے جو میرے مال کا وارث ہو۔ نیز ارشادِ نبوی سے بھی اسی معنی کی تائید ملتی ہے عن الحسن انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم قال فی الآیۃ یرحم اللہ تعالیٰ اخی زکریا ما کان علیہ ممن یرث مالہ یعنی اس آیت کے متعلق حضور نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ میرے بھائی زکریا پر رحم فرماتے ان سے کوئی مواخذہ نہ ہوتا۔ اگر ان کے مال کا کوئی بھی وارث بنتا۔ نیز علم کسب و اکتساب سے حاصل ہوتا ہے۔ اس کے لیے جد و جہد کرنا پڑتی ہے اور وراثت میں انسان کے کسب اور جد و جہد کو دخل نہیں۔

اہلِ سنت کا مسلک یہ ہے کہ انبیاء نہ کسی کے وارث ہوتے ہیں۔ اور نہ ان کا کوئی وارث ہوتا ہے کیونکہ احادیث صحیحہ سے یہی ثابت ہوتا ہے اور یہ احادیث صرف اہلِ سنت کی کتب میں ہی موجود نہیں بلکہ شیعہ کی کتب میں بھی صحیح سند سے مروی ہیں۔ چنانچہ ان کے محدثِ اعظم کلینی نے اپنی کتاب الکافی میں حضرت امام جعفر صادق سے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا ان العلماء ورثۃ الانبیاء وذلک ان الانبیاء لم یورثوا درھما ولا دینارا انما ورثوا احادیث من احادیثھم فمن اخذ بشیئ منھا فقد اخذ بحظ وافر۔

ترجمہ:۔ انبیاء کے وارث علماء ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ انبیاء درہم اور دینار کا وارث کسی کو نہیں بناتے بلکہ وہ اپنے حکیمانہ ارشادات بطور ورثہ دیتے ہیں۔ جس نے ان ارشادات سے کوئی چیز حاصل کی تو اس نے نبوت کی میراث کا بڑا حصہ لیا۔ اس حدیث میں "انما" کا لفظ قطعی طور پر حصر کا فائدہ دیتا ہے جس کے شیعہ بھی معترف ہیں۔ ان احادیث کی روشنی میں جو فریقین کے نزدیک صحیح ہیں ہم آیت میں یرثنی کا معنی وراثتِ علم ہی کریں گے۔

ان کا یہ کہنا بھی درست نہیں کہ وراثت کا اطلاق وراثت مال پر حقیقی ہے اور دوسرے معانی پر مجازی بلکہ علم و منصب اور مال کی وراثت سب پر اس کا اطلاق حقیقتاً ہوتا ہے اور اگر مان بھی لیا جائے کہ دیگر معانی پر اس کا اطلاق مجازی ہے تو بھی یہ ایسا مجاز نہیں کہ جس کا مفہوم متعین کرنے میں قاری کو دشواری کا سامنا کرنا پڑے بلکہ یہ مجاز متعارف ہے اور بکثرت ان معانی پر اس کا اطلاق ہوتا رہتا ہے خصوصاً قرآن کریم میں اس کا استعمال اتنا کثیر

إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُهُ يَحْيَىٰ لَمْ نَجْعَل لَّهُ مِن قَبْلُ سَمِيًّا ⑦

ہم مژدہ دیتے ہیں تجھے ایک بچے (کی ولادت) کا۔ اس کا نام یحییٰ ہوگا۔ ہم نے نہیں بنایا اس کا کوئی ہم نام اس سے پہلے ۶

قَالَ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ وَكَانَتِ امْرَأَتِي عَاقِرًا وَقَدْ بَلَغْتُ

زکریا نے عرض کی میرے رب! کیسے ہو سکتا ہے میرے ہاں لڑکا ۷ حالانکہ میری بیوی بانجھ ہے اور میں پہنچ گیا ہوں

مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ⑧ قَالَ كَذَٰلِكَ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَقَدْ

بڑھاپے کی انتہا کو۔ فرمایا یونہی ہوگا۔ تیرے رب نے فرمایا ہے کہ اس کبر سنی میں بچہ دینا میرے لیے آسان بات ہے اور

ہے کہ حقیقت کا ہم پر نظر آتا ہے۔ مثلاً ارشاد الٰہی ہے "ثم اورثنا الکتاب الذین اصطفینا من عبادنا" یعنی اپنے بندوں سے جن کو ہم نے چنا تھا انھیں کتاب کا وارث بنایا۔ دوسری جگہ ہے "فخلف من بعدھم خلف ورثوا الکتاب" ان کے بعد ان کے جانشین کتاب کے وارث ہوئے ایک اور مقام پر ارشاد ہے ان الذین اورثوا الکتاب من بعدھم یعنی وہ لوگ جو ان کے بعد کتاب کے وارث ہوئے۔ یہاں تمام آیات میں وراثت سے مراد مالی وراثت نہیں بلکہ علم و حکمت ہے۔

نیز وہ آثار جو وراثتِ مال پر دلالت کرتے ہیں۔ وہ علماء جرح و تعدیل کے نزدیک پایۂ اعتبار سے ساقط ہیں۔ والآثار الدالة علی انھم یورثون المال لا یعول علیھا عند النقاد (روح المعانی) اور وہ احادیث مرسل ہیں اور احادیث صحیحہ کے مقابلہ میں انھیں پیش نہیں کیا جا سکتا۔ ھذہ مرسلات لا تعارض الصحاح۔

اس کے علاوہ پیغمبر کی ذات اس سے بالاتر ہے کہ مال و متاع کی محبت میں اسیر ہو۔ وہ ہر وقت حسنِ ازل کے جلووں کے مشاہدہ میں مستغرق رہتے ہیں۔ دنیا کی نفیس سے نفیس چیز بھی ان کے دامنِ دل کو اپنی طرف نہیں کھینچ سکتی دوسرا حضرت زکریا علیہ السلام کے متعلق یہ مشہور ہے کہ وہ بڑھئی کا کام کر کے اپنی گزر اوقات کیا کرتے تھے۔ ان کے پاس اتنی دولت ہی کہاں تھی جس کے لیے وہ ہر وقت فکر مند رہتے۔ ان تمام امور کے پیشِ نظر ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ آیت میں وراثت سے مراد وراثتِ مال نہیں بلکہ علم و حکمت کی وراثت ہے۔

۶ دعا کی مقبولیت کا مژدہ سنایا جا رہا ہے سمی: ہم نام۔

۷ یہ مژدہ سن کر خوشی کی انتہا نہ رہی۔ ازراہ مسرت و حیرت عرض کرنے لگے۔ عتیا: وہ بوڑھا جس کی ہڈیاں بھی خشک ہو گئی ہوں۔ علامہ راغب نے اس کا مفہوم بیان کرتے ہوئے لکھا ہے ای حالة لا سبیل الی اصلاحھا ومداواتھا یعنی بڑھاپے کی وہ حالت جب نقاہت انتہا کو پہنچ جائے اور اس کے دور ہونے کی اب کوئی صورت نہ ہو۔

خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْئًا ﴿٩﴾ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْ اٰيَةً ؕ

(دیکھو) میں نے تمھیں بھی تو پیدا کیا تھا اس سے پہلے حالانکہ تم کچھ بھی نہ تھے ۱۰ ذکریا نے عرض کی اے میرے رب! مقرر فرما دے میرے لیے کوئی علامت ۱۱

قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ﴿١٠﴾ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ

جواب ملا تیری علامت یہ ہے کہ تو بات نہیں کر سکے گا۔ لوگوں سے تین رات تک حالانکہ تو بالکل تندرست ہوگا ۱۲ پھر آپ نکل کر آئے اپنی

مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿١١﴾ يٰيَحْيٰى

قوم کے پاس اپنے عبادت خانہ سے تو اشارہ سے انھیں سمجھایا کہ تم پاکی بیان کرو (اپنے رب کی) صبح و شام۔ اے یحییٰ پکڑ لو اس

خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ؕ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ﴿١٢﴾ ۙ وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا

کتاب کو مضبوطی سے ۱۳ اور ہم نے عطا فرما دی انھیں دانائی جبکہ وہ بچے تھے نیز عطا فرمائی دل کی نرمی اپنی جناب سے ۱۴

۱۰ یعنی وہ قادرِ مطلق جس نے تجھے نیست سے ہست کیا۔ اس کے لیے کیا مشکل ہے کہ وہ اس پیرانہ سالی کی حالت میں تمھیں فرزند ارجمند عطا فرمائے۔

۱۱ عرض کی کہ میرے لیے کوئی نشانی مقرر کی جائے جس سے میں یہ جان لوں کہ مجھ سے جو وعدہ کیا گیا اس کے پورا ہونے کا وقت اب آ گیا ہے۔ اس شوق و بے قراری کا وہی شخص اندازہ کر سکتا ہے جو کبھی ایسے حالات سے دوچار ہوا ہو۔

۱۲ نشانی یہ بتائی گئی کہ تم اس وقت بات چیت نہیں کر سکو گے لیکن یہ خاموشی کسی بیماری کی وجہ سے نہیں ہوگی بلکہ بطورِ علامت ایسا ہوگا۔ سویا حال ہے اور تکلم کا فاعل اس کا ذوالحال ہے۔ "حال من فاعل تکلم مفید لکون انقطاع التکلیم بطریق الاعجاز وخرق العادۃ لا لاعتقال اللسان بمرض وھذا ما علیہ الجمہور (روح المعانی)

حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ سویا کا تعلق ثلث لیال سے ہے یعنی تین کامل راتیں۔ آیت کا ترجمہ جمہور کی رائے کے مطابق کیا گیا ہے۔

۱۳ جب حضرت یحییٰ علیہ السلام کو منصبِ نبوت پر فائز کیا گیا تو انھیں کتاب پر پوری تندہی سے عمل کرنے کی تلقین کی گئی۔ آپ کی زندگی بتاتی ہے کہ آپ نے اس حکم خداوندی کی تعمیل کا حق ادا کر دیا۔ ملک کے گوشہ گوشہ میں جا کر دور افتادہ صحراؤں اور دشوار گزار پہاڑوں میں جا جا کر لوگوں کو پیغام حق سنایا۔ اور انھیں گناہوں سے تائب ہونے کی ترغیب دی۔ بےشمار لوگ آپ کی تبلیغ کی برکت سے راہِ حق پر آ گئے۔ فسق و فجور کی زندگی کو ترک کر کے انھوں نے زہد و تقویٰ کو اپنا شعار بنایا قوم

کے ہر طبقہ کو آپ نے ان کی کوتاہیوں اور خامیوں پر متنبہ کیا۔ علماء بنی اسرائیل جو دنیا کی محبت میں اس قدر وارفتہ ہو گئے تھے کہ احکام الٰہی کی تحریف میں کوئی جھجک محسوس نہ کرتے تھے۔ انھیں بڑی سختی سے جھنجھوڑا اور بڑے درشت لہجہ میں انھیں فرمایا "اے سانپ کے بچو! تم کو کس نے جتا دیا کہ آنے والے غضب سے بھاگو۔ پس توبہ کے موافق پھل لاؤ اور اپنے دلوں میں یہ کہنے کا خیال نہ کرو کہ ابراہام ہمارا باپ ہے کیونکہ میں تم سے کہتا ہوں کہ خدا ان پتھروں سے ابراہام کے لیے اولاد پیدا کر سکتا ہے اور اب درختوں کی جڑ پر کلہاڑا رکھا ہوا ہے۔ پس جو درخت اچھا پھل نہیں لاتا وہ کاٹا اور آگ میں ڈالا جاتا ہے۔" (متی، باب ۳، آیت ۷ تا ۱۰)

آپ کی دعوت کا حلقہ صرف عوام تک محدود نہ تھا بلکہ شاہی دربار بھی آپ کے نعرۂ حق سے لرزہ براندام تھا بادشاہ وقت ہیرودیس نے اپنے بھائی فلپ کی منکوحہ بیوی ہیرودیاس کو اپنے گھر میں ڈال رکھا تھا۔ آپ نے اس کو برملا جا کر کہا کہ اپنے بھائی کی بیوی کو رکھنا تجھ کو روا نہیں۔ انجیل مرقس کی چند آیات ملاحظہ فرمائیں :-

"پس ہیرودیاس اس سے دشمنی رکھتی تھی اور چاہتی تھی کہ اسے قتل کرائے مگر نہ ہو سکا۔ کیونکہ ہیرودیس یوحنا کو راستباز اور مقدس آدمی جان کر اس سے ڈرتا اور اسے بچائے رکھتا تھا اور اس کی باتیں سن کر بہت حیران ہو جاتا تھا مگر سنتا خوشی سے تھا اور موقعہ کے دن جب ہیرودیس نے اپنی سالگرہ میں اپنے امیروں اور فوجی سرداروں اور گلیل کے رئیسوں کی ضیافت کی۔

اور اسی ہیرودیاس کی بیٹی اندر آئی اور ناچ کر ہیرودیس اور اس کے مہمانوں کو خوش کیا تو بادشاہ نے اس لڑکی سے کہا جو چاہے مجھ سے مانگ میں تجھے دوں گا اور اس سے قسم کھائی کہ جو تو مجھ سے مانگے گی اپنی آدھی سلطنت تک تجھے دوں گا اور اس نے باہر جا کر اپنی ماں سے کہا کہ میں کیا مانگوں۔ اس نے کہا یوحنا بپتسمہ دینے والے کا سر۔ وہ فی الفور بادشاہ کے پاس جلدی سے اندر آئی اور اس سے عرض کی۔ میں چاہتی ہوں کہ تو یوحنا بپتسمہ دینے والے کا سر ایک تھال میں ابھی مجھے منگوا دے۔ بادشاہ بہت غمگین ہوا اور اپنی قسموں اور مہمانوں کے سبب سے اس سے انکار کرنا نہ چاہا۔ پس بادشاہ نے فی الفور ایک سپاہی کو حکم دے کر بھیجا کہ اس کا سر لائے۔ اس نے جا کر قید خانہ میں اس کا سر کاٹا اور ایک تھال میں لا کر لڑکی کو دیا اور لڑکی نے اپنی ماں کو دیا۔" (مرقس باب ۶۔ آیت ۱۹ تا ۲۸)

اس طرح حضرت یحییٰ نے اپنا سر کٹا کر اپنے رب کے اس فرمان یا یحیٰ خذ الکتاب بقوۃ کی تعمیل کا حق ادا کیا۔

۲۴؎ حناناً کا عطف الحکم پر ہے شفقت، رحمت اور محبت کے مجموعہ کو حنان کہتے ہیں قال جمہور المفسرین الحنان الشفقۃ والمحبۃ والرحمۃ (قرطبی)

یہاں ان صفاتِ حمیدہ اور اخلاق حسنہ کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ جن سے متصف ہو کر یہ مولود مسعود تشریف لایا تھا۔

وَزَكٰوةً ؕ وَكَانَ تَقِيًّا ﴿١٣﴾ وَّبَرًّاۢ بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ﴿١٤﴾ وَ

اور نفس کی پاکیزگی اور وہ بڑے پرہیزگار تھے اور خدمت گزار تھے اپنے والدین کے اور وہ جابر (اور) سرکش نہ تھے اور

سَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ﴿١٥﴾ وَاذْكُرْ

سلامتی ہو ان پر جس روز وہ پیدا ہوئے اور جس روز وہ انتقال کریں گے اور جس روز انھیں اٹھایا جائیگا زندہ کرکے [۲۵] اور (اے حبیب!)

فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ﴿١٦﴾ فَاتَّخَذَتْ

بیان کیجیے کتاب میں مریم (کا حال) [۲۶] جب الگ ہو گئی اپنے گھر والوں سے ایک مکان میں جو مشرق کی جانب تھا [۲۷] پس بنالیا

قرآن کریم میں حضرت زکریا علیہ السلام کی نیاز مندانہ دعا، اس کی قبولیت، حضرت یحییٰ کی سیرت اور اخلاق کی جو تفصیلات بیان ہوئیں ان کو آپ نے اچھی طرح پڑھ لیا۔ یہ واقعہ تقریباً انہی تفصیلات کے ساتھ انجیل لوقا باب اول آیات ۵ تا ۲۵ میں مذکور ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ انجیل میں وہ نیاز و ادب میں ڈوبی ہوئی التجاء مذکور نہیں جو اس واقعہ کی جان ہے۔ نیز آپ کے سکوت کو قرآن نے جہاں محض اس خوشخبری کے وقوع پذیر ہونے کی علامت قرار دیا ہے۔ وہاں انجیل میں لکھا ہے کہ بطور سزا ان سے قوت گویائی سلب کرلی گئی تھی۔ چنانچہ اسی باب کی آیت نمبر ۲۰ ملاحظہ فرمائیے :۔

" اور دیکھ جس دن تک یہ باتیں واقعہ نہ ہولیں تو چپکا رہے گا اور بول نہ سکے گا۔ اس لیے کہ تو نے میری باتوں کا جو اپنے وقت پر پوری ہوں گی یقین نہ کیا۔"

[۲۵] پیدائش، وفات اور حشر کے دن انسان کے لیے جس خصوصی اہمیت کے حامل ہیں وہ محتاج بیان نہیں۔ ان میں سے ہر ایک دن زندگی کے ایک نئے اور نامعلوم دور کا یوم آغاز ہے۔ اور ان ایام میں انسان کی بے بسی اور بے کسی انتہا کو پہنچی ہوئی ہوتی ہے۔ ویسے تو انسان کو ہر آن اور ہر لحظہ رحمت خداوندی کی ضرورت ہے لیکن ان تین نازک مرحلوں میں جس شدت سے انسان اپنے خداوند کریم و رحیم کی رحمت و عنایات کا محتاج ہوتا ہے وہ اظہر من الشمس ہے حضرت صدر الافاضل رحمۃ اللہ علیہ یہاں لکھتے ہیں :۔

کہ یہ تینوں دن بہت اندیشناک ہیں۔ کیونکہ ان میں آدمی وہ دیکھتا ہے جو اس سے پہلے اس نے نہیں دیکھا اس لیے ان تینوں موقعوں پر نہایت وحشت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کا اکرام فرمایا، کہ انھیں ان تینوں موقعوں پر امن و سلامتی عطا کی۔ (خزائن العرفان)

[۲۶] حضرت زکریا اور ان کی اہلیہ کی عمر سو سال کے قریب یا اس سے بھی زیادہ ہوچکی تھی اولاد پیدا ہونے کا طبعی وقت

مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۫ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا

اس نے لوگوں کی طرف سے ایک پردہ۔ پھر ہم نے بھیجا اس کی طرف اپنے جبریل کو [۳۰] پس وہ ظاہر ہوا اسکے سامنے ایک تندرست

گزر چکا تھا۔ انھیں اس حالت میں بچہ عطا فرما کر اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ اور مشیت مطلقہ کا ناقابل تردید ثبوت بہم پہنچایا اور علت و معلول اور سبب و مسبب کی زنجیریں بنانے والوں کو متنبہ کر دیا کہ علیت و سببیت کا تسلسل اگرچہ اسکی حکمت کی جلوہ گری ہے یہ اصول و ضوابط جن کے مطابق حوادثات رونپذیر ہوتے ہیں اسی نے مقرر فرمائے ہیں لیکن اسکے باوجود وہ ان اصولوں اور ضوابط کے سامنے مجبور نہیں کہ انکے بغیر اگر وہ چاہے بھی تو کچھ نہ کر سکے۔ بلکہ وہ جو چاہتا ہے جب چاہتا ہے اور جیسا چاہتا ہے ایسا ہی ہوتا ہے۔ کوئی چیز اس کی مشیت و ارادہ کے سامنے رکاوٹ بن کر کھڑی نہیں ہو سکتی جیسا کہ اس واقعہ سے ظاہر ہے۔

اس کے فوراً بعد اپنی قدرتِ کاملہ کا ایک اور بین ثبوت بیان فرمایا جا رہا ہے جو پہلے سے بھی زیادہ حیران کن اور اکمل ہے وہ حضرت مسیح کی بن باپ ولادت ہے۔

جو لوگ فطرت کے عام اصولوں کو ناقابلِ تغیر تسلیم کرتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں کہ علت و معلول اور سبب و مسبب کا تسلسل ناقابلِ شکست ہے اس میں کسی طرح کا رد و بدل ممکن نہیں وہ ایسے واقعات کا بڑے سے انکار کر دیتے ہیں اور انکے ابطال کے لیے اسکے علاوہ مزید کسی دلیل کی ضرورت محسوس نہیں کرتے کہ یہ واقعہ قانونِ فطرت کے خلاف ہے۔ اسی لیے یورپ کے کئی فلسفیوں نے حضرت مسیح کی بن باپ پیدائش کا صریح انکار کر دیا اور کہا کہ آپ حضرت مریم اور یوسف نجار کے بیٹے ہیں اور آپ کی ولادت حسب معمول ہوئی ہے۔ غلام ہندوستان میں جب اسکی صدائے بازگشت سنائی دی تو کئی مرعوب اذہان نے اس کو اپنا جزو ایمان بنا لیا وہ قرآن کا انکار تو نہ کر سکے لیکن اپنے ذہنی فرنگی آقاؤں کی ہاں میں ہاں ملانے کے جنون میں انھوں نے آیاتِ قرآنی کی ایسی تاویلات کرنے کی جسارت کی جنھیں تحریف قرآن کے بغیر اور کوئی عنوان نہیں دیا جا سکتا۔ انکے شکوک و شبہات کا ناقدانہ جائزہ لینا میرا فرض ہے تاکہ کسی کی بڑی شخصیت فہم قرآن میں حائل نہ ہو لیکن اس بحث میں الجھنے سے پہلے میں آیات قرآنی کی مختصر تشریح کرنا مناسب سمجھتا ہوں کیونکہ اگر قاری نے آیات قرآنی کو صحیح طور پر سمجھ لیا تو پھر ان شبہات کا ازالہ اسکے لیے آسان ہو جائے گا۔

[۲۸] سورۂ آلِ عمران میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ حضرت مریم کی والدہ نے نذر مانی تھی کہ انکے شکم میں جو بچہ ہے وہ اسے بیت المقدس کی خدمت کے لیے وقف کر دینگی۔ مریم نے جب کچھ ہوش سنبھالا تو انکی والدہ ان کو لیکر آئیں اور انھیں بیت المقدس کے متولیوں کی خدمت میں پیش کر دیا۔ انکی سرپرستی اور نگرانی کے لیے حضرت زکریا کو مقرر کیا گیا۔ ان کی رہائش کے لیے ایک حجرہ مخصوص کر دیا گیا جو جانبِ مشرق تھا اور آپ اس میں مصروفِ عبادت رہا کرتیں۔ النبذ، الطرح و الرمی۔ کسی چیز کے پھینک دینے کو "نبذ" کہتے ہیں۔ الانتباذ الاعتزال والانفراد۔ انتباذ کا معنی لوگوں سے علیحدگی اختیار کر لینا

[۲۹] آپ ایک روز گوشۂ تنہائی میں مصروفِ عبادت تھیں۔ اچانک کیا دیکھا کہ ایک تندرست و خوبرو نوجوان انکے بالکل قریب کھڑا ہے۔ آپ یہ خیال کر کے گھبرا گئیں کہ اس کی نیت اچھی نہیں۔ فوراً اسے خدائے رحمٰن کا واسطہ دے کر

سَوِيًّا ﴿١٧﴾ قَالَتْ إِنِّىٓ أَعُوذُ بِٱلرَّحْمَٰنِ مِنكَ إِن كُنتَ تَقِيًّا ﴿١٨﴾ قَالَ إِنَّمَآ

انسان کی صورت میں۔ مریم بولیں میں پناہ مانگتی ہوں رحمٰن کی تجھ سے اگر تو پرہیزگار ہے۔ جبرائیل نے کہا میں تو

أَنَا۠ رَسُولُ رَبِّكِ لِأَهَبَ لَكِ غُلَٰمًا زَكِيًّا ﴿١٩﴾ قَالَتْ أَنَّىٰ يَكُونُ لِى غُلَٰمٌ

تیرے رب کا بھیجا ہوا ہوں ۱۹؎ تاکہ میں عطا کروں تجھے ایک پاکیزہ فرزند۔ مریم (حیرت سے) بولیں (اے بندۂ خدا) کیونکر ہو سکتا ہے میرا بچہ

وَلَمْ يَمْسَسْنِى بَشَرٌ وَلَمْ أَكُ بَغِيًّا ﴿٢٠﴾ قَالَ كَذَٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ هُوَ

حالانکہ نہیں چھوا مجھے کسی بشر نے اور نہ میں بدچلن ہوں ۲۰؎ جبرائیل نے کہا یہ درست ہے ۲۱؎ لیکن تیرے رب نے فرمایا یوں بچہ

عَلَىَّ هَيِّنٌ وَلِنَجْعَلَهُۥٓ ءَايَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا وَكَانَ أَمْرًا

دینا میرے لیے معمولی بات ہے اور (مقصد یہ ہے کہ) ہم بنائیں اسے اپنی (قدرت کی) نشانی لوگوں کے لیے اور سراپا رحمت اپنی طرف سے ۲۲؎ اور یہ ایسی بات

دست درازی کرنے سے روکا جو آنے والا جبرائیل علیہ السلام تھا جو بشری صورت میں ان کی خلوت گاہ میں کھڑا تھا۔ اس کی حکمت واضح ہے کیونکہ حضرت مریم جبرائیل کو ان کی ملکوتی شکل میں دیکھنے کی ہمت نہ رکھتی تھیں۔

۱۹؎ جبرائیل نے اپنی اس گفتگو سے ان کے شبہ کو یہ کہہ کر دور کر دیا کہ میں انسان نہیں بلکہ فرشتہ ہوں اور تیرے رب کا بھیجا ہوا آیا ہوں تاکہ تجھے ایک پاکیزہ فرزند عطا کروں۔ حقیقت میں فرزند عطا فرمانے والا اللہ تعالیٰ ہے لیکن جبرائیل کیونکہ اس عطا کا سبب اور ذریعہ ہے اس لیے بطور مجاز فرزند دینے کی نسبت اپنی طرف کر دی۔ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے اگر کسی نعمت کے ملنے کو اس کے ذریعہ اور واسطہ کی طرف منسوب کیا جائے بشرطیکہ یہ یقین ہو کہ منعم حقیقی اللہ تعالیٰ ہے تو ایسی نسبت درست ہے۔ اس سے انسان مشرک نہیں ہو جاتا جس طرح آج کل بعض تشدد خیال کرتے ہیں۔

۲۰؎ ایک پریشانی سے جان چھوٹی تو دوسری پریشانی نے آگھیرا جو پہلے سے بھی زیادہ ہوش ربا اور روح فرسا تھی۔ کہنے لگیں میں کنواری لڑکی ہوں نہ میری شادی ہوئی ہے اور نہ میں بدکارہ ہوں پھر میرا بچہ کیسے پیدا ہو سکتا ہے۔ بغی فعیل کے وزن پر مبالغہ کا صیغہ ہے اور مذکر و مؤنث دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

۲۱؎ جبرائیل علیہ السلام نے جواب میں کہا ایسا ہی ہوگا۔ قانونِ فطرت تو یہ ہے کہ مرد و زن کے اختلاط سے بچہ پیدا ہوا کرتا ہے اور بن باپ کے بچہ پیدا ہونا عادت کے خلاف ہے لیکن اے مریم تیرے رب کا یہ فرمان ہے کہ ایسا بچہ پیدا کرنا اس کے لیے بالکل آسان ہے۔ وہ ان اصولوں کے سامنے مجبور نہیں جن کے تم خوگر ہو بلکہ وہ اصول اور قوانین نتیجہ خیز ہونے میں اس کے اذن کے محتاج ہیں۔

۲۲؎ اس بچے کو بن باپ کے پیدا کرنے کی حکمت یہ ہے کہ علت و سبب کے چکر میں پھنسے ہوئے لوگوں کے سامنے اللہ تعالیٰ کے

مَّقۡضِیًّا ﴿۲۱﴾ فَحَمَلَتۡهُ فَانۡتَبَذَتۡ بِهٖ مَكَانًا قَصِیًّا ﴿۲۲﴾ فَاَجَآءَهَا

ہے جسکا فیصلہ ہو چکا ہے ٢٣ بس وہ حاملہ ہو گئیں اس (بچہ) سے پھر وہ چلی گئیں اسے (شکم میں) لیے کسی دور جگہ ٢٤ پس لے آیا انھیں

الۡمَخَاضُ اِلٰی جِذۡعِ النَّخۡلَةِ ۚ قَالَتۡ یٰلَیۡتَنِیۡ مِتُّ قَبۡلَ هٰذَا

دردِ زہ ایک کھجور کے تنے کے پاس ٢٥ (بصد حسرت و یاس) کہنے لگیں کاش میں مر گئی ہوتی اس سے پہلے اور بالکل

قادرِ مطلق ہونے کا ایک ناقابلِ تردید ثبوت پیش کیا جائے۔ نیز یہ بتایا کہ یہ مولود مسعود عام قسم کا بچہ نہیں ہوگا بلکہ ہماری طرف سے نوید رحمت سنانے کے لیے مقرر کیا جائے گا۔

٢٣ اے مریم اس میں تردد کرنے کی ضرورت نہیں اللہ تعالیٰ نے ایسا بچہ پیدا کرنے کا فیصلہ کر دیا ہے اب یہ ہو کر رہے گا۔

آپ ان آیات کے لفظی ترجموں کو ہی اگر پیش نظر رکھیں گے تو ان لوگوں کے نظریہ کا بے بنیاد ہونا آپ پر واضح ہو جائے گا۔ جو یہ کہتے ہیں کہ حضرت مریم اس لیے حیران و ششدر ہو گئی تھیں کہ انھوں نے غلطی سے یہ سمجھ لیا تھا کہ ابھی اس کنوارپنے کی حالت میں انکے ہاں بچہ ہوگا حالانکہ بات یہ نہ تھی ابھی تو صرف بشارت دی جا رہی تھی۔ بچہ تو شادی کے بعد پیدا ہونا تھا۔ آپ غور فرمائیں اگر مقصود خداوندی یہی ہوتا جو علم و دانش کے ان بزرجمہروں نے آیات سے اخذ کیا ہے تو پھر اسلوب کلام یہ نہ ہوتا۔ صرف اتنا کہہ دیا جاتا کہ مریم جب تو شادی کرے گی تو بچہ پیدا ہوگا۔ کلام الٰہی کا انداز ان لوگوں کے نظریات کی واضح تردید کرتا ہے۔

٢٤ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے پھونک ماری اور حمل قرار پا گیا۔ منشائے خداوندی پر مطلع ہو کر مریم خود تو مطمئن ہو گئیں لیکن اپنے دامن عفت کو لوگوں کی بہتان تراشیوں سے کیسے محفوظ رکھا جائے۔ ہر ایک کو تو رازِ الٰہی کہا بھی نہیں جا سکتا اور اگر کہہ بھی دیا جائے تو ماننے گا کون۔ اس لیے آپ نے عافیت اسی میں سمجھی کہ لوگوں کی آنکھوں سے اوجھل ہو جائیں۔ چنانچہ اپنے حجرہ کو خیرباد کہی اور ایک دور گوشہ میں چلی گئیں۔ خود سوچیے اگر یہ حمل شادی کے بعد ہوتا تو انھیں اپنا گھر چھوڑ کر جانے کی کیا ضرورت تھی۔

٢٥ جب وقت پورا ہو گیا اور وضع کا درد شروع ہوا تو کھجور کے ایک تنے کی اوٹ میں آ گئیں۔ وضع حمل کی تکلیف شروع ہے۔ کوئی دایا پاس نہیں اور سر چھپانے کے لیے جھونپڑا تک نہیں اور یہ احساس تیز تر ہو گیا ہے کہ اب تک لوگوں کی نظروں سے چھپی رہی اور اب بچہ پیدا ہوگا تو اسے کہاں چھپاؤں گی اور لوگوں کو کیا منہ دکھاؤں گی۔ شدتِ بیچارگی و درماندگی میں یہ الفاظ زبان پر آ ہی گئے۔ یالیتنی الآیۃ غور فرمائیے اگر یہ حمل شادی کا ہوتا تو وہ اپنے گھر میں آرام سے پلنگ پر لیٹی ہوتیں۔ زیادہ نہ سہی تو ایک آدھ دایا خبر گیری کے لیے ہی پاس ہوتی۔ کبھی ایسا بھی ہوا کہ شادی شدہ عورت بچہ جننے کے لیے تنہا وادیوں میں گھوم رہی ہو اور اسے ایک سوکھا ہوا کھجور کا تنا نظر آئے تو اس کی پناہ لینے میں ہی

وَكُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا ﴿٢٣﴾ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِيْ قَدْ جَعَلَ

فراموش کردی گئی ہوتی۔ پس پکارا اسے ایک فرشتہ نے اس کے نیچے سے (اے مریم!) افسردہ نہ ہو جاری کر دی ہے

رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ﴿٢٤﴾ وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ

تیرے رب نے تیرے نیچے ایک ندی [٢٦] اور ہلاؤ اپنی طرف کھجور کے تنے کو گرنے لگیں گی تم پر

رُطَبًا جَنِيًّا ﴿٢٥﴾ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ

پکی ہوئی کھجوریں [٢٧] (میٹھے میٹھے خرمے) کھاؤ اور (ٹھنڈا) پانی پیو اور (اپنے فرزند دلبند کو دیکھ کر) آنکھیں ٹھنڈی کرو [٢٨] پھر اگر تم

غنیمت سمجھے۔

چند الفاظ: قصی۔ دُور۔ اجاء۔ جاء پر ہمزہ کا اضافہ کر کے متعدی بنا دیا گیا لیکن اس میں "آنے" کے معنی کے ساتھ الجاء مجبوراً آنا) کا مفہوم بھی پایا جاتا ہے لکنہ خص بالالجاء فی الاستعمال (مظہری) مخاض (مصدر) وجع الولادۃ دردِ زہ جب بچہ باہر نکلنے کے لیے شکم میں حرکت کرنے لگے تو عرب کہتے ہیں مخضت المرأۃ (مظہری)

[٢٦] جب آپ کی پریشانی حد سے گزر گئی تو نیچے سے تسلی آمیز آواز آئی۔ مریم غم نہ کرو یہ دیکھو تیرے لیے تیرے رب نے ایک خشک ندی میں پانی جاری کر دیا ہے جب اس کی نظرِ عنایت ہر دم اور ہر لحظہ تیری طرف مائل ہے تو پھر تو کیوں دلگیر ہو سریًا: السری النھر الصغیر۔ جمہور علماء کے نزدیک آیت میں یہ لفظ اسی معنی میں استعمال ہوا ہے۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ سری کا معنی وہ مردِ عظیم ہے جو خصالِ حمیدہ سے متصف ہو السری من الرجال العظیم الخصال السید (قرطبی)

اس صورت میں آیت کا معنی ہو گا اے مریم تو کیوں غمزدہ ہوتی ہے نیچے پڑے ہوئے اس معصوم بچے کو دیکھ جس کی پیشانی پر سیادت و عظمت کے انوار دمک رہے ہیں۔

[٢٧] قدم قدم پر اپنی عنایات سے سرفراز فرمایا جا رہا ہے اس تنے کو ذرا جھنجھوڑو تمہارے کھانے کیلئے عمدہ پکی ہوئی کھجوریں تیرے قدموں میں آ گریں گی وہی پروردگار جو حجرہ عبادت میں تجھے بے موسم کے پھل کھلایا کرتا تھا وہی آج تیرے ایام زچگی کے لیے تازہ اور میٹھے خرموں کا اہتمام فرما رہا ہے۔ جنی وہ پکا ہوا پھل جو توڑنے کے قابل ہو جائے الجنی الذی بلغ الغایۃ وجاء اوان اجتنانہ اطباء کے نزدیک ایام زچگی میں عورت کے لیے بہترین خوراک تازہ اور شیریں کھجور ہے۔

[٢٨] اس آیت میں جو لطف ہے وہ اہلِ ذوق پر مخفی نہیں۔

الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ

دیکھو کسی آدمی کو تو اشارہ سے اسے کہو کہ میں نے نذر مانی ہوئی ہے رحمن کے لیے (خاموشی کے) روزہ کی پس میں آج کسی انسان

الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ۚ فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ۭ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ

سے گفتگو نہیں کروں گی [۲۹] اس کے بعد وہ لے آئیں بچہ کو اپنی قوم کے پاس (گود میں) اٹھائے ہوئے [۳۰] انھوں نے کہا اے مریم! تم نے بہت ہی

شَيْـًٔا فَرِيًّا ۝ يٰٓاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ

برا کام کیا ہے [۳۱] اے ہارون کی [۳۲] بہن! نہ تیرا باپ برا آدمی تھا اور نہ ہی

[۲۹] اگر کوئی شخص تیری گود میں بچہ دیکھ کر تم پر زبان طعن دراز کرنے لگے تو تمھیں اپنے دفاع کے لیے بولنے کی ضرورت نہیں تم خاموش رہنا اور معترضین کو بتا دینا کہ میں روزہ دار ہوں اس لیے گفتگو نہیں کروں گی۔

[۳۰] جب چلنے پھرنے کے قابل ہوگئیں تو اپنے فرزند دلبند کو گود میں اٹھا کر اپنے گھر آئیں جب کنبہ والوں نے دیکھا کہ مریم کنواری مریم بچہ اٹھائے آرہی ہے تو ان پر سکتے کا عالم طاری ہوگیا ہوگا اور فرط خجالت سے وہ صرف اتنا ہی کہہ سکے ہونگے۔ یٰمریم لقد وہب بن منبہ روایت کرتے ہیں کہ جب آپ بچے کو اپنی قوم کے پاس لے آئیں تو بنی اسرائیل میں یہ بات مشہور ہوگئی ملامت کرنے کے لیے مرد و زن دوڑے آئے۔ ایک عورت نے پتھر مارنے کے لیے ہاتھ اٹھایا تو وہ سوکھ گیا۔ ایک نے کہا یہ تو زنا کا ہے تو وہ گونگا ہوگیا۔ یہ دیکھ کر کسی کو مارنے یا برا بھلا کہنے کی ہمت نہ ہوئی اور بڑے نرم انداز میں اتنا ہی کہہ سکے لقد جئت شیئًا فریًّا خود سوچیے اگر کسی شادی شدہ عورت کے ہاں بچہ پیدا ہو تو کیا اس کی آؤ بھگت اس طرح کی جاتی ہے۔

[۳۱] لفظ فَرِيًّا کی تحقیق کرتے ہوئے صاحب تاج العروس لکھتے ہیں اَلْفَرِيُّ كَغَنِيٍّ الامر المختلق المصنوع او العظيم نقلهما الجوهري او العجيب نقله الراغب یعنی فری جو غنی کا ہم وزن ہے جوہری نے اسکے دو معنی ذکر کیے ہیں المختلق المصنوع گھڑا ہوا بناوٹی اور العظیم بہت بڑا۔ امام راغب نے اس کا معنی عجیب حیران کن کیا ہے۔ لیکن علامہ ابن حیان اندلسی نے اس کا معنی العظیم الشنیع بتایا ہے۔ یعنی بہت قبیح فعل ہے۔ (بحر)

علامہ آلوسی نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے انه یستعمل فی العظیم من الامر شرا اوخیرا قولا او فعلا (روح المعانی) ہر بڑے کام کے لیے خواہ وہ برا ہو یا اچھا قول ہو یا فعل۔ یہ لفظ (فری) استعمال ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ وضاحت مذکورہ بالا سب معانی پر حاوی ہے۔ اور موقع کے بھی مناسب ہے۔ اس لیے ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔

[۳۲] بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ آپ کے کسی بھائی کا نام ہارون تھا۔ صحیح حدیث سے بھی اسی کی تائید ہوتی ہے صحیح مسلم میں ہے کہ مغیرہ بن شعبہ جب نجران گئے تو وہاں کے عیسائیوں نے ان سے پوچھا کہ قرآن میں مریم کو اخت ہارون، ہارون کی بہن

أُمُّكِ بَغِيًّا ﴿٢٨﴾ فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ ۖ قَالُوا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ

تیری ماں بدچلن تھی ؀۳۳ اس پر مریم نے بچہ کی طرف اشارہ کیا ؀۳۴ لوگ کہنے لگے ؀۳۵ ہم کیسے بات کریں اس سے ؀۳۶ جو گہوارہ میں

کہا گیا ہے حالانکہ ہارون مریم سے صدہا سال پہلے گزرے ہیں تو وہ کوئی جواب نہ دے سکے۔ جب واپس آئے تو بارگاہِ رسالت میں اس واقعہ کو بیان کیا۔ حضور کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا انھم کانوا یسمّون بانبیائھم والصالحین قبلھم کہ بنی اسرائیل کا دستور تھا کہ وہ اپنے بچوں کے نام انبیائے اور پہلے بزرگوں کے ناموں پر رکھا کرتے تھے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت مریم کے ایک بھائی تھے جن کا نام حسبِ دستور حصولِ برکت کے لیے حضرت ہارون کے نام پر رکھا گیا تھا۔ دیگر علماء نے لکھا ہے کہ ہارون سے مراد حضرت ہارون ہی ہیں۔ کیونکہ مریم ان کے خاندان سے تھیں۔ اس لیے اختِ ہارون کہا گیا۔ عرب میں جب قبیلہ کے کسی فرد کو قبیلہ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے تو لفظ اخ استعمال کرتے ہیں جیسے یا اخا مضر یا اخا تمیم حدیث پاک میں ہے ان اخا صداع قد اذن فمن اذن فھو یقیم (قرطبی) یعنی صداع کے بھائی نے اذان دی ہے اور جو اذان دے وہی تکبیر کہے۔

؀۳۳ جن الفاظ سے لوگ مریم کو عار دلا رہے ہیں، وہ یہ نہیں کہ تمھارا باپ تو بڑا صحیح العقیدہ تھا۔ تمھاری ماں تو اپنے نظریات میں بڑی پختہ تھی۔ تم نے یہ بے دین اور بد اعتقاد لڑکا کیسے جنا۔ بلکہ یہ کہہ رہے ہیں کہ تیرا باپ امرأ سوءٍ (مرد بدکار) نہ تھا۔ اور تیری ماں " بغیا " (بدکارہ) نہ تھی۔ کیا کسی شادی شدہ عورت کو یوں عار دلائی جاتی ہے۔

؀۳۴ حسبِ ارشادِ خداوندی مریم خود چپ رہیں اور بچے کی طرف اشارہ کر دیا جس کا مطلب یہ تھا کہ جو پوچھنا ہے اس سے پوچھو

؀۳۵ انھوں نے کہا مریم تو ہمارے ساتھ مذاق کرتی ہے۔ خود گم سم ہو کر بیٹھی ہے اور ہمیں اس شیر خوار بچے سے گفتگو کرنے کو کہتی ہے جو ابھی جھولے میں جھول رہا ہے۔ ہم اس سے کیسے بات کر سکتے ہیں۔ آیت میں " کان " کا لفظ تحقیق طلب ہے کیونکہ وہ حضرات جو حضرت عیسٰے کے بن باپ پیدا ہونے کے قائل نہیں انھیں اس سے بڑی غلط فہمی ہوئی ہے۔ اس لیے یہاں اس کا مفہوم اچھی طرح ذہن نشین فرما لیجیے تاکہ آگے جب ان کی غلط فہمی کا تذکرہ آئے تو آپ کو کسی قسم کی تشویش لاحق نہ ہو۔ کان فعل ناقص ہے اور ماضی کا صیغہ ہے جو گزشتہ زمانہ پر دلالت کرتا ہے۔ اس طرح آیت کا معنی یوں ہوگا کہ ہم اس سے کیسے بات کریں جو گزشتہ زمانے میں پنگھوڑے میں بچہ تھا۔ یہ معنی کسی طرح پسندیدہ نہیں ہو سکتا۔ اس لیے علماء اسلام طاب اللہ ثراھم نے اس آیت کے ضمن میں کان پر بڑی مفید بحث کی ہے۔

ابو عبیدہ (امام نحو و ادب) نے کہا ہے کہ یہاں کان زائدہ ہے اور محض تاکید کا فائدہ دیتا ہے اور کسی زمانہ پر دلالت نہیں کرتا۔ کان زائدۃ لمجرد التاکید من غیر دلالۃ علی الزمان (روح المعانی)

بعض نے کہا ہے کہ یہ تامہ ہے۔ ان دونوں صورتوں پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ اگر کان زائدہ ہوتا تو "صبیا" خبر کیسے منصوب ہوا اور اگر کان تامہ تھا تو اسے خبر کی ضرورت ہی نہ تھی۔ حالانکہ یہاں "صبیا" خبر مذکور ہے۔ اس کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ صبیا

صَبِيًّا ۝ قَالَ اِنِّىْ عَبْدُ اللّٰهِ ۛ اٰتٰىنِىَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِىْ نَبِيًّا ۝

(کمسن) بچہ ہے۔ (اچانک) وہ بچہ بول پڑا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں [۳۶] اس نے مجھے کتاب عطا کی ہے اور اس نے مجھے نبی بنایا ہے [۳۷]

خبر نہیں بلکہ حال ہے اور اسی وجہ سے منصوب ہے۔

علامہ ابن حیان اندلسی یہ لکھنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں کہ صحیح یہ ہے کہ کان ناقصہ ہے اور صبیًّا اس کی خبر ہے اور کان زمانہ ماضی پر دلالت کرنے کے ساتھ زمانہ حال میں اس فعل کے پائے جانے کی نفی نہیں کرتا بلکہ یہ بتاتا ہے کہ زمانہ ماضی میں پائے جانے کے ساتھ ساتھ وہ فعل زمانہ حال میں بھی بدستور پایا جا رہا ہے جیسے کان اللہ غفوراً رحیماً کہ پہلے بھی اللہ تعالیٰ غفور رحیم تھا اور اب بھی ہے یا جیسے ولا تقربوا الزنیٰ انہ کان فاحشۃ زنا کے قریب تک بھی نہ جاؤ۔ یہ پہلے بھی بے حیائی کا کام تھا اور اب بھی ہے۔ یہ نہیں کہ گزشتہ زمانہ میں تو زنا فحش و قبیح تھا اور اب نہیں ہے۔ (الظاهر انها ناقصة فتكون بمعنى صار او تبقى على مدلولها من اقتران مضمون الجملة بالزمان الماضى ولا يدل ذلك على الانقطاع كما لم يدل فى قوله وكان الله غفوراً رحيماً وفى قوله ولا تقربوا الزنى انه كان فاحشة۔ والمعنى كان وهو الان على ما كان ولذلك عبر بعض اصحابنا ان كان هذه بانها تراد ف لم يزل (البحر المحيط)

[۳۶] آپ دودھ پی رہے تھے۔ یہ باتیں سن کر آپ نے دودھ پینا چھوڑ دیا اور ان لوگوں کی طرف رُخ کر کے یہ کلام معجز نظام ارشاد فرمایا۔ سب سے پہلے یہ اعلان کیا کہ میں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں۔ نہ میں خدا ہوں اور نہ خدا کا بیٹا جس طرح ان کے پرستار ان کے متعلق اعتقاد رکھنے والے تھے۔ آنے والی غلطیوں کا پہلے دم ہی ازالہ فرما دیا۔ نیز مقام عبدیت تمام مقامات قرب سے اعلیٰ ترین مقام ہے۔

[۳۷] یہاں ایک چیز غور طلب ہے۔ آپ نے یہ نہیں کہا کہ اللہ تعالیٰ مجھے کتاب دے گا اور مجھے وقت مقررہ پر نبی بنا کر مبعوث فرمائے گا اور مجھے بابرکت کرے گا بلکہ تمام صیغے ماضی کے استعمال ہوتے ہیں جن کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے کتاب مرحمت فرما دی ہے۔ مجھے نبی بنا دیا ہے اور مجھے بابرکت کر دیا ہے۔ اس کی کئی وجوہ بیان کی گئی ہیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے بچپن میں ہی ان نعمتوں سے سرفراز فرما دیا تھا لیکن علامہ قرطبی نے اس وجہ کو ضعیف قرار دیا ہے۔

۲۔ جو چیز علم الٰہی میں مقدر ہو چکی ہو وہ اگرچہ وقوع پذیر نہ ہو پھر بھی اس کو زمانہ ماضی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ کیونکہ اس کے واقعہ ہونے میں کسی قسم کا شائبہ نہیں۔

وقيل ان ذلك سبق فى قضائه وسابق حكمه ويحتمل ان يجعل الآتى لتحققه كانه قد وجد (البحر)

وَجَعَلَنِي مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۖ وَاَوْصٰنِي بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا

اور اسی نے مجھے بابرکت کیا ہے جہاں کہیں بھی میں ہوں۔ اور اسی نے مجھے حکم دیا ہے نماز ادا کرنے کا اور زکوٰۃ دینے کا جب تک

دُمْتُ حَيًّا ﴿۳۱﴾ وَّبَرًّا بِوَالِدَتِي ۡ وَلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّارًا شَقِيًّا ﴿۳۲﴾ وَالسَّلٰمُ

میں زندہ رہوں ۳۸ اور مجھے خدمت گزار بنایا ہے اپنی والدہ کا اور اس نے نہیں بنایا مجھے جابر (اور) بدبخت۔ اور سلامتی ہو

عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ﴿۳۳﴾ ذٰلِكَ عِيْسَى

مجھ پر جس روز میں پیدا ہوا اور جس دن میں مروں گا اور جس دن مجھے اٹھایا جائیگا زندہ کر کے یہ ہے عیسیٰ

ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِي فِيهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۳۴﴾ مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ

ابن مریم ۳۹ (اور یہ ہے وہ) سچی بات جس میں لوگ جھگڑ رہے ہیں یہ زیبا ہی نہیں اللہ تعالیٰ کو کہ وہ

يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ اِذَا قَضٰى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ

کسی کو اپنا بیٹا بنائے۔ وہ پاک ہے۔ جب وہ فیصلہ فرمادیتا ہے کسی کام کا تو بس فقط اتنا حکم دیتا ہے اسکے لیے کہ ہو جا

مبارک کے کئی معانی بیان کیے گئے ہیں۔ قال مجاهد نفاعًا بہت نفع رساں وقال سفیان معلم خیر (بھلائی کی تعلیم دینے والا) وقیل آمرًا بمعروف وناهیًا عن منکر نیکی کا حکم دینے والا برائی سے روکنے والا وعن الضحاکؒ قضاءً للحوائج ۔ بہت حاجت روا۔ (روح ۔ بحر)

۳۸ اس سے مراد یا تو شرعی نماز اور زکوٰۃ ہے یا نماز سے مراد دعا اور زکوٰۃ سے مراد نفس کو رذائل سے پاک کرنا۔ آپ کی والدہ محترمہ پر جو الزام عائد کیا جا رہا تھا اس کو دور کرنے کے لیے آپ نے یہ ارشاد فرمایا اور حضرت مریم کی برأت کو ثابت کرنے کے لیے اس سے زیادہ مؤثر، دلنشین اور بلیغ اسلوب نہیں ہو سکتا۔ یعنی کیا ایک زانیہ کے شکم سے ایسا بچہ تولد ہو سکتا ہے جو ان کمالات کا حامل ہو۔ میرا صاحب کتاب نبی ہونا میرے وجود کا سراپا برکت ہونا کیا اس بات کی بیّن دلیل نہیں کہ میری والدہ تقیہ، عفیفہ، زاہدہ اور قانتہ ہیں۔

اگر کسی کو حضرت عیسیٰ کے اس ارشاد سے حضرت مریم کی عفت اور پاکدامنی کا یقین نہ آئے تو وہ اپنے ذوق کا ماتم کرے۔

۳۹ قرآن کریم کی جن آیات میں ولادت مسیح کا مفصل تذکرہ ہوا ان کا آپ نے مطالعہ فرما لیا۔ آئیے اب ان لوگوں

کے موقف کا علمی محاسبہ کریں۔ جو ان تصریحات کے باوجود اس کے قائل ہیں کہ حضرت مسیح کی پیدائش بغیر باپ کے نہیں ہوئی بلکہ وہ مریم اور یوسف نجار کے لڑکے ہیں۔ اس طائفہ کے سرخیل سرسید احمد خاں ہیں۔ جس شرح وبسط سے انہوں نے اس پر بحث کی ہے اور اپنی طرف سے دلائل کے جو انبار لگائے ہیں وہ انہی کا حصہ ہیں۔ باقی سب ان کے پیروکار اور ریزہ چین ہیں۔ اس لیے بہتر ہے کہ انہی کی نگارشات کو موضوع بحث بنایا جائے اور انہی کی تحقیقات کو قرآن کی کسوٹی پر پرکھا جائے۔

"وہ لکھتے ہیں کہ مسیح کو بن باپ پیدا کرنے میں کوئی حکمت ہونی چاہیے۔ کیونکہ ایسا کرنے کی کوئی معقول حکمت نہیں۔ اس لیے ہم یہ ماننے کے لیے تیار نہیں کہ آپ کی پیدائش کے لیے بلاوجہ قانونِ فطرت کو توڑا گیا۔ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ اس میں حکمت یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کا اظہار ہو تو یہ درست نہیں کیونکہ اظہارِ قدرت کے لیے ایسی دلیل ہونی چاہیے جو بیّن اور ظاہر ہو تاکہ کسی کو مجالِ انکار نہ رہے اور بغیر باپ کے پیدا ہونا امر مخفی ہے۔

ہم گزارش کرتے ہیں کہ اس کی حکمت تلاش کرنے کے لیے زیادہ مغز ماری کی ضرورت نہیں۔ قرآن کریم نے خود ہی اسے بیان کر دیا لنجعله آیة للناس کہ ہم اس کو اپنی قدرتِ کاملہ کی نشانی کے طور پر لوگوں کے سامنے پیش کریں۔ اب یہ بتانا ہے کہ یہ واقعہ کس اعتبار سے لوگوں کے لیے آیت ہے؟ جس زمانہ میں حضرت مسیح علیہ السلام کی ولادت ہوئی اس وقت شام وفلسطین کے علاقوں پر یونانیوں کا قبضہ تھا۔ اور اس سیاسی اقتدار کے ساتھ ساتھ وہاں یونانی فلسفہ کا طوطی بول رہا تھا۔ تخلیقِ عالم کے متعلق یونانی فلسفیوں کا نظریہ یہ تھا کہ خالق سے تخلیقِ عالم کا فعل یوں صادر ہوا ہے جس طرح علت سے معلول کا صدور ہوتا ہے یعنی جس طرح علت سے اختیار اور ارادہ کے بغیر معلول صادر ہوتا ہے۔ اسی طرح خالق سے عالم کی تخلیق ظہور پذیر ہوئی۔ عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا کر کے بتا دیا کہ وہ ذات پاک جو خالقِ کائنات اور مبدعِ ارض وسماوات ہے اس کا اپنا ارادہ ہے اور اس کی اپنی مشیت ہے۔ وہ مادی اسباب کی پابند نہیں۔ اور نہ ان کے سامنے مجبور ومقہور ہے بلکہ وہ قادر وتوانا ہے۔ جو چاہتا ہے جیسے چاہتا ہے وقوع پذیر ہوتا رہتا ہے۔

نیز وہ لوگ عالمِ ارواح کے قائل نہ تھے۔ وہ انسان کو جسم اور روح کا مجموعہ تسلیم نہیں کرتے تھے۔ بلکہ ان کے نزدیک انسان صرف اس گوشت پوست کے ڈھانچے کا نام تھا۔ یہاں انسانی نطفہ کے بغیر نفخ روح سے آپ کو پیدا کر کے منکرینِ عالمِ ارواح پر اس بات کو آشکارا کر دیا کہ روح بھی ایک حقیقت ہے اور انسان جسم اور روح کے مجموعہ کا نام ہے۔

اس کے بعد وہ لکھتے ہیں کہ کیونکہ آپ کی پیدائش کی بشارت دی گئی تھی۔ اس لیے لوگوں نے سمجھا کہ آپ بن باپ پیدا ہوئے اور یہ درست نہیں۔ کیونکہ بشارت حضرت ابراہیم اور زکریا کو بھی دی گئی تھی اور ان کے فرزندوں کو کوئی بن باپ نہیں کہتا۔ اس لیے حضرت مسیح کی ولادت بن باپ ثابت نہ ہوئی۔ سبحان اللہ کیا استدلال ہے صرف بشارت سے کون ان کا بن باپ ہونا تسلیم کرتا ہے بلکہ قرآن کی دوسری آیات اس پر دلالت کرتی ہیں۔

پھر ارشاد ہے کہ مریم کے "لم یمسسنی" کہنے سے بھی یہ بات ثابت نہیں ہوتی۔ کیونکہ مریم نے اظہارِ تعجب اس

لیے کیا تھا کہ اُن کو غلط فہمی ہوئی تھی کہ بچہ اب ہی پیدا ہونے والا ہے۔ حالانکہ فقط بچے کی پیدائش کی بشارت تھی۔ اور اس کی پیدائش تو ان کی شادی کے بعد ہوئی تھی۔ آپ خود انصاف فرمائیں اگر مقصود یہی تھا جو ان لوگوں نے سمجھا ہے تو مریم کو تسلی دینے کے لیے صرف اتنا کہہ دینا ہی کافی تھا۔ مریم گھبراؤ نہیں بچہ تب پیدا ہوگا جب تم شادی کرو گی۔ اس سیدھے جواب کو چھوڑ کر یہ جواب دینا قطعاً مناسب نہیں بلکہ قواعد فصاحت و بلاغت کے خلاف ہے۔

پھر فرماتے ہیں آپ کا آیۃ للناس ہونا اس اعتبار سے تھا کہ آپ بڑے رحم دل اور رقیق القلب تھے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ بن باپ پیدا ہوئے۔ کیونکہ نشانی ایسی ہونی چاہیے جو واضح ہو اور جس کا انکار نہ کیا جا سکے۔ یہ تو ایک امرِ مخفی ہے۔ اس پر بیسیوں شبہات وارد کیے جا سکتے ہیں۔

ان کا یہ خیال بھی درست نہیں بلکہ مسیح کا بن باپ پیدا ہونا قدرت خداوندی کی روشن دلیل ہے کیونکہ کنواری لڑکی کے ہاں بچہ پیدا ہونے کی اس کے علاوہ ایک ہی صورت ہے کہ وہ بدکارہ ہو۔ حضرت مسیح کے کلام سے جب آپ کی عفت و پاک دامنی ثابت ہوگئی اور ہر صحیح الفطرت شخص کو یقین ہوگیا کہ ایسا نورانی اور سراپا یمن و برکت بچہ زانیہ کے شکم سے پیدا نہیں ہو سکتا۔ بلاشبہ یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا شاہکار ہے۔ باقی رہے بدفطرت لوگ تو ان کے نزدیک کائنات کی کوئی چیز بھی اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور کبریائی کی دلیل نہیں۔ زمین و آسمان، دریا و صحرا، چاند، ستارے کسی چیز میں بھی ان کور باطنوں کو قدرتِ الٰہی کے جلوے نظر نہیں آتے تو کیا آپ ان آیات بینات کو بھی امرِ مخفی کہہ کر ان پر قلم تنسیخ پھیر دیں گے۔

اپنے موقف کو ثابت کرنے کے لیے انھوں نے "کیف نکلم من کان فی المھد صبیاً" سے بھی استدلال کیا ہے اور اس آیت کی عجیب و غریب تشریح کر کے عقل سلیم کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ یہ کلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے شیر خوارگی میں نہیں کیا تھا بلکہ جب آپ کی عمر بارہ تیرہ سال کی ہوگئی اور آپ یہودی علماء کی مجلسوں میں شریک ہو کر ان سے بحث و مباحثہ کرنے لگے اور ان کو ان کی کجرویوں پر متنبہ کرنے لگے تو علماء یہود احتجاج کرنے کے لیے ان کی ماں کے پاس آئے اور ان کی بدعقیدگی کی شکایت کی۔ مریم اپنے لاڈلے بچے کی طرف سے خود صفائی دینے کی بجائے اس کو گود میں اٹھا لائیں اور اس کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ خود اس سے بات کرلو تو انھوں نے جواب دیا "کیف نکلم من کان فی المھد صبیاً" ہم اس شخص کے ساتھ کیسے بات کر سکتے ہیں جو عالم شیر خوارگی میں پنگھوڑے میں جھولتا رہا تھا۔ آپ نے ان کا ترجمہ ملاحظہ فرمایا۔ کیا کہنے اس فہمِ قرآن کے۔ اگر آیت کا یہی مفہوم ہے تو پھر انھیں کسی ایسے عالم سے گفتگو نہیں کرنی چاہیے جسے بچپن میں گہوارے میں لٹایا گیا ہو۔ ان مدعیانِ علم و دانش کو قرآن کا ایسا مفہوم بیان کرتے ہوئے غضب الٰہی کا اندیشہ نہ سہی کیا انھیں جگ ہنسائی کی بھی فکر نہیں۔ نیز وہ نوخیز جس نے محفل عام میں ان بڑے بڑے علماء کا ناطقہ بند کر دیا اور انھیں برسرِ عام لاجواب کر دیا اس کے متعلق یہ تو وہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ بڑا تیز زبان اور شوخ مزاج ہے اس سے گفتگو کرنے کا کوئی فائدہ نہیں لیکن وہ یہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتے تھے کہ یہ کل کا بچہ ہے اور

فَيَكُونُ ۝ وَإِنَّ اللّٰهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۚ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ۝٣٦

تو وہ کام ہو جاتا ہے۔ اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ میرا بھی پروردگار ہے اور تمھارا بھی سو اسی کی عبادت کیا کرو۔ یہی سیدھا راستہ ہے۔

فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ ۖ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِن مَّشْهَدِ

پھر مختلف گروہ آپس میں اختلاف کرنے لگے۔ ۳۷ پس ہلاکت ہے کفار کے لیے اس دن کی حاضری سے

عرصہ تک جھولے میں جھولتا رہا ہے۔ اس سے بات کرنا ہماری شان کے خلاف ہے۔ رہا یہ کہ کان ماضی کا صیغہ ہے اس لیے زمانہ ماضی پر دلالت کرتا ہے تو اس کے متعلق ہم اس آیت کی تشریح کے ضمن میں تحقیق کر آئے ہیں۔ آخر میں وہ یہ کہتے ہیں:۔

"کہ نہ مریم پر زنا کی تہمت لگائی گئی اور نہ حضرت مسیح نے اس تہمت کی تردید کی۔ اگر مریم پر یہ تہمت لگائی جاتی اور مسیح کو اس کی تردید مقصود ہوتی تو یہ نہ کہتے اِنِّی عَبْدُ اللّٰہِ بلکہ یہ کہتے کہ میری ماں بدکارہ نہیں ہے۔ تم محض افترا باندھ رہے ہو۔"

اس کے متعلق میں کچھ کہنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا۔ آپ خود ہی آیت نمبر ۲۷، ۲۸ کا ترجمہ دیکھ لیں اور اپنے دل سے پوچھیں کہ کیا یہ بہتان زنا نہیں اور حضرت مسیح کا یہ فرمانا انی عبد اللہ اس سے بڑھ کر بھی اس الزام کی تردید کی کوئی مؤثر اور ابلغ صورت ہو سکتی ہے۔ الٰہی اپنے محبوب مکرم صاحب قرآن صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل ہمیں اپنی کتاب مبین کی صحیح سمجھ عطا فرما آمین ثم آمین۔

۳۷ حضرت مسیح علیہ السلام کے متعلق صرف یہود و نصاریٰ میں ہی باہمی اختلاف آرا نہ تھا بلکہ خود عیسائی بھی آپ کے متعلق ایک رائے پر متفق نہ تھے۔ مفسرین نے ان کے باہمی اختلاف کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جب آپ کو آسمان کی طرف اٹھا لیا گیا تو بنی اسرائیل ایک جگہ اکٹھے ہوئے تاکہ حقیقت مسیح کے متعلق کچھ فیصلہ کریں۔ تبادلہ خیال کے لیے انھوں نے چار علما منتخب کیے۔ پہلے گروہ کے نمائندہ عالم نے مسیح کی حقیقت بیان کرتے ہوئے کہا کہ خود خدا مسیح کی شکل میں زمین پر اترا۔ اس نے جسے چاہا زندہ کیا اور جسے چاہا مار دیا۔ پھر وہ آسمان کی طرف لوٹ گیا۔ (اس نظریہ کے ماننے والوں کو یعقوبیہ کہا جاتا ہے) یہ سن کر باقی تین عالموں نے کہا کہ تم نے جھوٹ بولا۔ دوسرے عالم نے کہا مسیح خدا نہیں بلکہ خدا کا بیٹا ہے۔ (اس رائے کے ماننے والے نسطوریہ کہلاتے) لیکن اس کو بھی جھٹلا دیا گیا۔ تیسرے عالم نے اپنی رائے کا اظہار ان الفاظ میں کیا کہ وہ ثالث ثلثہ ہے یعنی تین خدا ہیں۔ ان میں سے مسیح تیسرا ہے۔ چوتھے عالم نے کہا کہ یہ تینوں باتیں سراسر کذب و افترا ہیں۔ سچ یہ ہے کہ مسیح علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

انیسویں صدی سے یورپ کے جید علما کا رجحان اس آخری نظریے کی طرف ہے۔ ڈی ایف سٹراس (DAVID FRIEDRICH STRAUSS) کی کتاب حیات مسیح (LIFE OF JESUS) مطبوعہ ۱۸۳۵ء اور ای رینان (ERNEST RENAN)

يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿٣٧﴾ أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ يَوْمَ يَأْتُونَنَا لَٰكِنِ الظَّالِمُونَ

جو بہت بڑا ہے۔ (اس دن) یہ خوب سننے لگیں گے اور خوب دیکھنے لگیں گے اس دن جس دن آئیں گے ہمارے پاس لیکن یہ ظالم

الْيَوْمَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿٣٨﴾ وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ

آج تو کھلی گمراہی میں ہیں اور اے نبی کریم! آپ ڈرایئے انھیں حسرت و ندامت کے دن سے جب ہر بات

الْأَمْرُ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٩﴾ إِنَّا نَحْنُ نَرِثُ

کا فیصلہ کر دیا جائیگا اور آج یہ لوگ غفلت میں ہیں اور یہ ایمان نہیں لاتے۔ یقیناً ہم ہی وارث ہوں گے

الْأَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ﴿٤٠﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ

زمین کے اور جو کچھ اس کے اوپر ہے اور ہماری طرف ہی سب لوٹائے جائیں گے۔ اور ذکر کیجئے آپ کتاب میں

إِبْرَاهِيمَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَبِيًّا ﴿٤١﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ

ابراہیم (علیہ السلام) کا ۴۲ بے شک وہ بڑا راستباز نبی تھا۔ ۴۳ جب انھوں نے کہا اپنے باپ کو اے میرے باپ تو کیوں عبادت

کی کتاب حیات مسیح مطبوعہ ۱۸۶۳ء کے بعد عیسائی حلقوں میں اس نظریہ کو بے پناہ شہرت حاصل ہوئی۔ مختصر الفاظ میں نظریہ یہ تھا کہ مسیح دوسرے انسانوں کی طرح ایک انسان تھے لیکن انھیں اللہ تعالیٰ کی قوت و شہود کی معرفت اوروں سے زیادہ حاصل تھی۔

THIS IMPLIED THAT JESUS WAS A MAN LIKE ATHER MEN, BUT WITH A HEIGHTENED AWARNESS OF THE PRESENCE AND POWER OF GOD. (ENCY OF BRI. VOL.13-PAGE45)

عیسائیوں کا باہمی اختلاف صرف یہاں تک محدود نہیں بلکہ بے شمار فرقے ہیں اور ہر ایک کا نظریہ حقیقتِ مسیح کے متعلق دوسروں سے مختلف ہے مزید وضاحت کے لیے ضیاء القرآن جلد اول سورۃ النساء آیت نمبر ۱۷۱ کا حاشیہ ملاحظہ فرمایئے۔

۴۱ یہ دونوں فعل تعجب کے صیغے ہیں یعنی یہ لوگ آج تو پیغام حق سننے سے بہرے اور نور حق دیکھنے سے اندھے بنے ہوئے ہیں انھیں لاکھ سمجھاؤ یہ سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کرتے لیکن کل جب روز قیامت بارگاہ الٰہی میں پیش ہونگے تو ان کی حالت دیدنی ہوگی۔

۴۲ یہاں سے روئے سخن کفار مکہ کی طرف ہے جنھیں اس بات پر ناز تھا کہ وہ حضرت ابراہیم کی نسل سے ہیں اور ان کا یہ

مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِي عَنْكَ شَيْئًا ﴿٤٢﴾ يَا أَبَتِ إِنِّي قَدْ

کرتا ہے اسکی جو نہ کچھ سنتا ہے اور نہ کچھ دیکھتا ہے اور نہ تجھے کوئی فائدہ پہنچا سکتا ہے ۔ اے میرے باپ بیشک آیا ہے

جَاءَنِي مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِي أَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿٤٣﴾

میرے پاس وہ علم جو تیرے پاس نہیں آیا اس لیے تو میری پیروی کر میں دکھاؤں گا تجھے سیدھا راستہ۔

دعویٰ بھی تھا کہ وہ ملتِ ابراہیمی کے پیروکار ہیں انھیں بتایا جا رہا ہے کہ ابراہیم تو ان بتوں کے پرستار نہ تھے جن کی پوجا کو تم نے اپنا دین بنا رکھا ہے! ور تھیں اگر اس حماقت سے باز آنے کے لیے کہا جاتا ہے تو تم اُلٹا آمادۂ شر و فساد ہو جاتے ہو اور جب ابراہیم کا دین اور، تمھارا دین اور۔ پھر تمھیں یہ کہتے ہوئے شرم نہیں آتی کہ تم ملتِ ابراہیمی کے پیروکار ہو نیز تمھیں جب بتوں کی پرستش سے روکا جاتا ہے تو تم یہ کہتے ہو:-

"انا وجدنا آباءنا علی ملة وانا علی آثارهم مقتدون" (کہ ہمارے آباؤ اجداد ایک ملت پر تھے اور ہم انھیں کے پیچھے چلنے والے ہیں)

اگر تمھیں اپنے آباؤ اجداد کی تقلید ہی کرنی ہے تو پھر اپنے عظیم و جلیل باپ ابراہیم کی تقلید کرو جس کی اولاد میں ہونا تمھارے لیے وجہ صد افتخار ہے۔ ایسے عظیم و جلیل باپ کی تقلید کو چھوڑ کر دوسرے آباؤ اجداد کی پیروی تمھارے لیے کیونکر درست ہے مدعا یہ ہے کہ اگر تم عقلِ سلیم پر اپنے عقیدہ کی بنیاد رکھتے ہو تب بھی دینِ ابراہیم کو اختیار کرو اور اگر محض تقلید آباء پر تمھارے عقیدہ کا انحصار ہے تو پھر بھی دینِ ابراہیم کو اپناؤ کیونکہ شہرت، ناموری اور رفعتِ شان میں تمھارا کوئی دوسرا باپ ان کا ہمسر نہیں۔

۴۳ یہ مبالغہ کا صیغہ ہے اس کا معنی ہے ہمیشہ سچ بولنے والا ای ملازم الصدق لم یکذب قطُّ۔ (روح المعانی) اس کی مزید تحقیق کے لیے ضیاء القرآن جلد اول سورۃ النساء آیت نمبر ۶۹ کا حاشیہ۔

۴۴ اپنے باپ آزر کو توحید کی دعوت دے رہے ہیں اور ادب و احترام کا دامن بھی مضبوطی سے تھام رکھا ہے۔ کس عمدگی سے بتوں کی عبادت کی قباحت واضح فرما رہے ہیں کہ غیرِ خدا کی عبادت خواہ وہ غیر زندہ بھی ہو اور سننے دیکھنے والا بھی ہو تب بھی جائز نہیں لیکن ایسی بے جان مورتیوں کی عبادت جو جامد محض ہیں، دیکھنے سننے کی صفت سے بھی محروم ہیں کسی قسم کے نفع و نقصان کی قدرت بھی نہیں رکھتیں ان کے سامنے انسان جو اشرف المخلوقات ہے جو سمیع و بصیر ہے وہ سجدہ ریز ہو کر پیشانی رگڑ رہا ہو یہ کتنی نامعقول اور قبیح حرکت ہے۔

۴۵۔ ہو سکتا ہے کہ آزر کے ذہن میں یہ خیال گزرا ہو کہ کل کا لڑکا مجھ جیسے تجربہ کار، دانشور کو نصیحت کرنے کا کوئی حق نہیں رکھتا۔ آپ نے یہ فرما کر اس کا بھی ازالہ کر دیا۔ اگرچہ آپ عمر میں بڑے، میرے بزرگ اور میرے لیے محترم ہیں لیکن توحید

يَـٰٓأَبَتِ لَا تَعْبُدِ ٱلشَّيْطَـٰنَ ۖ إِنَّ ٱلشَّيْطَـٰنَ كَانَ لِلرَّحْمَـٰنِ عَصِيًّا ﴿٤٤﴾

اے باپ! شیطان کی پوجا نہ کیا کر ٤٦ بیشک شیطان تو رحمٰن کا نافرمان ہے۔

يَـٰٓأَبَتِ إِنِّىٓ أَخَافُ أَن يَمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ ٱلرَّحْمَـٰنِ فَتَكُونَ

اے باپ! میں ڈرتا ہوں کہ کہیں تجھے پہنچے عذاب (خدا ئے) رحمٰن کی طرف ٤٧ سے تو تو بن جائے

لِلشَّيْطَـٰنِ وَلِيًّا ﴿٤٥﴾ قَالَ أَرَاغِبٌ أَنتَ عَنْ ءَالِهَتِى يَـٰٓإِبْرَٰهِيمُ ۖ لَئِن

شیطان کا ساتھی ٤٨ باپ نے کہا کیا روگردانی کرنے والا ہے تو میرے خداؤں سے اے ابراہیم ٤٩ اگر تم باز نہ

رسالت، حشر و معاد کے پیچیدہ مسائل پر جس طرح اللہ تعالیٰ نے مجھے آگاہی بخشی ہے اس سے آپ بہرہ ور نہیں۔ اسی لیے تو آپ غلط فہمیوں میں مبتلا ہیں۔ مجھے حق پہنچتا ہے کہ خداداد علم کی روشنی سے آپ کے قلب و دماغ کے تاریک گوشوں کو منور کروں تاکہ آپ گمراہی کے اندھیروں میں بھٹکتے نہ رہیں۔

٤٦ اگرچہ وہ شیطان کی نہیں بلکہ اپنے بتوں کی پرستش کرتے تھے لیکن ان بتوں کی پرستش انھوں نے شیطان کے اکسانے اور وسوسہ ڈالنے سے شروع کی تھی۔ اسی لیے گویا ان کا اصلی معبود شیطان تھا۔

٤٧ یہاں بتا دیا کہ اگر آپ نے میری بات نہ مانی اور کفر پر اڑے رہے تو اس کا انجام بڑا ہولناک ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کا عذاب آپ کو اپنی گرفت میں لے لیگا تو پھر کوئی چھڑانے والا نہ ملے گا۔

٤٨ شرک کے باعث آپ خدا کی دوستی اور اس کی اعانت سے محروم ہو جائیں گے۔ ایک شیطان سے آپ کی دوستی اور تعلق باقی رہ جائے گا۔ اس سے بے وفا دوست تو آج تک کسی نے نہیں دیکھا۔ اس کی دوستی سب سے زیادہ ناقابلِ اعتبار ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ سے دوستی توڑ کر شیطان سے یارانہ گانٹھنا کسی عقلمند کو زیب نہیں دیتا۔

٤٩ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعوت کا ہر لفظ محبت و احترام کی خوشبو سے مہک رہا ہے۔ لیکن آذر کا جواب درشتی اور بے مہری کا آئینہ دار ہے۔ یٰبنیّ (اے میرے بیٹے) نہیں کہا بلکہ نام لیا۔ وہ بھی ابتدائے کلام میں نہیں بلکہ آخر میں۔ ءَ راغبٌ خبر کو مقدم کیا اور مبتدا کو مؤخر۔ علاوہ ازیں حضرت ابراہیم کی مدلل دعوت کے جواب میں کوئی معقول بات پیش نہیں کی جا رہی بلکہ دھمکیاں دی جا رہی ہیں اور آنکھوں سے دُور ہو جانے کا حکم دیا جا رہا ہے۔

لَمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿٤٦﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ

آئے تو میں تمہیں سنگسار کروں گا اور دور ہو جا میرے سامنے سے کچھ عرصہ ابراہیم نے جواب میں کہا سلام ہو تم پر ۵۸ میں مغفرت

لَكَ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ﴿٤٧﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ

طلب کروں گا تیرے لیے اپنے رب سے۔ بیشک ۵۹ وہ مجھ پر بیحد مہربان ہے اور میں الگ ہو جاؤں گا تم سے اور ان سے بھی جن کی تم عبادت کرتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ڮ عَسٰٓى اَلَّآ اَكُوْنَ بِدُعَاۗءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ﴿٤٨﴾

اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اور میں اپنے رب کی عبادت کروں گا۔ مجھے امید ہے کہ میں اپنے رب کی عبادت کی برکت سے نامراد نہیں رہوں گا۔

فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ

پس جب ۶۰ جدا ہو گیا ان سے ۶۱ اور جن کی وہ عبادت کیا کرتے تھے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر تو عطا فرمایا ہم نے ابراہیم کو اسحٰق

۵۸ آزر کی اس سخت کلامی کے باوجود حضرت ابراہیم کا انداز حسب سابق نرم اور مؤدبانہ تھا۔ کہتے ہیں تم سلامت رہو میری نصیحت تم نے قبول نہیں کی لیکن میں اللہ تعالیٰ کے حضور میں تمہاری ہدایت اور مغفرت کے لیے عرض کرتا رہوں گا۔ حفیؔ مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس کا معنی ہے بہت مہربان، بے حد لطف فرمانے والا۔ ابن قتیبہ نے حَفِیًّا کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے ای بارّاً عوّدنی منه الاجابة اذا دعوته (غریب القرآن) ایسا مہربان جس نے مجھے اس بات کا خوگر بنا دیا ہے کہ جب کبھی میں کوئی عرض کرتا ہوں تو وہ اسے ضرور قبول فرماتا ہے۔ اس آیت کے ضمن میں علامہ قرطبی نے یہ بحث کی ہے کہ کیا کافر کو سلام دینا جائز ہے یا نہیں؟ اس کے متعلق مختلف اقوال لکھے ہیں۔ حضرت اوزاعی سے پوچھا گیا کہ اس مسلمان کا کیا حکم ہے جو کافر کے پاس سے گزرتا ہے تو اسے سلام دیتا ہے۔ فقال ان سلّمت فقد سلّم الصالحون قبلك وان تركت فقد ترك الصالحون قبلك یعنی اگر تو سلام دے تو بھی کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ تم سے پہلے کئی صلحاء سلام دیا کرتے تھے۔ اور اگر تو سلام نہ دے تو بھی درست ہے۔ کیونکہ تم سے پہلے کئی صلحاء کا یہی معمول تھا۔ حضرت حسن بصری سے منقول ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اگر تیرا گزر کسی ایسی مجلس پر ہو جس میں مسلمان اور کافر موجود ہیں تو پھر انہیں سلام دو۔

۶۰ جب آپ نے دیکھا کہ ان کی پند و موعظت کا اثر ان کے کنبہ پر نہیں ہو رہا۔ وہ کسی قیمت پر بت پرستی چھوڑنے پر آمادہ نہیں تو آپ نے اپنے آبائی وطن "کلدانیہ" سے ہجرت کی۔ اپنے گھر بار اور اعزہ و اقربا کو چھوڑا اور مختلف ملکوں کی سیاحت کرنے کے بعد شام کے ملک میں اقامت اختیار فرمائی اللہ تعالیٰ نے ان کو ظاہری اور باطنی نعمتوں سے مالا مال فرما دیا۔ آپکے ملک اور آپکے خاندان کے سیاسی، تمدنی اور مذہبی حالات کیلئے ضیاء القرآن جلد اول سورۂ انعام آیات ۷۴ تا ۸۳، ۸۲، ۸۶ کا حاشیہ ملاحظہ ہو۔

وَيَعْقُوبَ ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿٤٩﴾ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَ

اور یعقوب — اور سب کو ہم نے نبی بنایا۔ — اور ہم نے عطا فرمائیں انھیں اپنی رحمت سے (طرح طرح کی نعمتیں) اور

جَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ﴿٥٠﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰىٓ

ہم نے ان کے لیے سچی اور دائمی تعریف کی آواز — بلند کر دی ۵۲ — اور ذکر فرمائیے کتاب میں موسیٰ کا

اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥١﴾ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ

بیشک وہ (اللہ کے چنے ہوئے) تھے ۵۳ — اور رسول و نبی تھے۔ ۵۴ — اور ہم نے انھیں پکارا طور کی

۵۲ حضرت ابن عباس نے "لسان صدق" کا یہ مفہوم بیان کیا ہے الثناء الحسن الباقی علیہم آخر العھد وعبر باللسان کما عبر بالید عما یطلق بالید وھی العطیۃ (البحر المحیط) وہ بہترین تعریف جو قیامت تک باقی رہے گی۔ اور ثناء حسن کو لسان صدق اس لیے کہا گیا ہے کیونکہ یہ زبان سے صادر ہوتی ہے۔ جس طرح عطیہ کو جو ہاتھ سے دیا جاتا ہے عربی میں ید کہتے ہیں۔ علیّ اعلیٰ اور بلند تر۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہر زمانہ میں اور ہر ملک میں حضرت ابراہیم اور ان کی ذریۃ طاہرہ کی حمد و ثنا میں زبانیں مصروف رہتی ہیں۔ یہودی، عیسائی اور مسلمان باہمی اختلافات کے باوجود حضرت ابراہیم کی عظمت اور تقدس کے دل سے قائل ہیں۔ اور ہماری تو نماز بھی مکمل نہیں ہوتی جب تک اپنے نبی مکرم اور حضور کی آل امجاد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ پر درود پڑھنے کے ساتھ حضرت خلیل اور انکے آل پاک پر درود نہ پڑھیں۔

۵۳ مُخْلَص کا معنی ہے چنا ہوا یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو اپنی مخلوقات سے اپنی نوازشاتِ خصوصی اور نبوت کا بارِ گراں اٹھانے کے لیے منتخب فرما لیا تھا۔

۵۴ رسول کا لغوی معنی پیغامبر ہے اور نبی کے مادہ اشتقاق میں دو قول ہیں۔ پہلا یہ کہ یہ نبوۃ سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی رفعت اور بلندی ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا نبی شان و جلالت میں دوسرے لوگوں سے بلند اور اعلیٰ ہوتا ہے اس لیے اسے نبی کہا گیا ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ یہ نبأ سے مشتق ہے۔ اس کا معنی خبر دینا ہے اور کیونکہ نبی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسکے بندوں کو ایسے حقائق و اسرار بتاتا ہے جو ان کی عقل و نظر کی رسائی سے بالاتر ہوتے ہیں ویجوز ان یکون من النبأ اصلہ منبئ ای المنبئ عن اللہ تعالیٰ بالتوحید والشرائع نبوت کا مفہوم بیان کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں النبوۃ سفارۃ بین اللہ وبین ذوی العقول من عبادہ لازاحۃ علتھم فی امر معادھم ومعاشھم یعنی نبوت اللہ تعالیٰ اور اسکے عاقل بندوں کے درمیان سفارت کا نام ہے۔ تاکہ اس کے ذریعے ان کی اخروی اور دنیوی علتوں اور بیماریوں کو دور کیا جائے۔ ہر رسول کا نبی ہونا ضروری ہے لیکن ہر نبی کا رسول ہونا ضروری نہیں ہے۔ رسول وہ ہوتا ہے جو صاحب

الطُّوْرِ الْاَیْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِیًّا ﴿۵۲﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ

دائیں جانب سے ۵۵ اور ہم نے انھیں قریب کیا راز کی باتیں کرنے کیلئے ۵۶ اور ہم نے بخشا انھیں اپنی خاص رحمت سے ان کا

هٰرُوْنَ نَبِیًّا ﴿۵۳﴾ وَاذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ اِسْمٰعِیْلَ ؗ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ

بھائی ہارون جو نبی تھا۔ اور ذکر کیجیے کتاب میں اسمٰعیل کو ۵۷ بیشک وہ وعدہ کے سچے تھے

وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِیًّا ﴿۵۴﴾ وَكَانَ یَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۪ وَكَانَ

اور رسول (اور) نبی تھے۔ اور وہ حکم دیا کرتے تھے اپنے گھر والوں کو نماز پڑھنے اور زکوٰۃ ادا کرنے کا ۵۸ اور

شریعت ہو خواہ وہ شریعت نئی ہو یا کسی سابقہ رسول کی شریعت دے کر کسی نئی قوم کی ہدایت کے لیے بھیجا جائے جیسے طرح حضرت اسماعیل۔

۵۵ طور ایک پہاڑ ہے جو مصر اور مدین کے درمیان ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام دس سال حضرت شعیب کے پاس مدین میں گزارنے کے بعد جب واپس مصر روانہ ہوئے تو ان کا گزر طور پہاڑ سے ہوا تو پہاڑ کا جو حصہ آپ کی دائیں جانب تھا اُس سے یہ ندا آئی۔

۵۶ اس قرب کی حقیقت کو وہی سمجھ سکتا ہے جس کو اس نعمت سے بہرہ ور کیا گیا ہو قربا غیر متکیف من لم یذقہ لم یدر (مظہری) صاحب قاموس نے "نجیا" کا یہ مفہوم بیان کیا ہے النجی کغنی وقربنا نجیا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ وشاھد الجمع فلما استیأسوا منہ خلصوا نجیا ای اعتزلوا یتناجون (تاج العروس)

۵۷ بنی اسرائیل یہ سمجھتے تھے کہ نبوت خانوادہ اسحق میں بند ہے اور حضرت اسماعیل پیغمبر نہیں۔ حضرت اسماعیل کا ذکر فرما کر ان کے زعم باطل کی بھی تردید کر دی۔ حضرت اسحق کو صرف نبی کہا گیا اور انھیں رسول اور نبی دونوں صفتوں سے موصوف کیا گیا جس سے آپکے علو رتبت کا پتہ چلتا ہے۔ آپ کی صفاتِ کمال میں سے صادق الوعد ہونے کی صفت خصوصی اہمیت کی حامل ہے۔ کیونکہ خدا اور اس کے بندوں کے ساتھ جو وعدہ بھی کیا انھوں نے پورا کیا۔ سب سے اہم وعدہ وہ تھا جو آپ نے اپنے والد ماجد سے کیا تھا یا بت افعل ما تؤمر ستجدنی ان شاء اللہ من الصابرین۔ یعنی مجھے ذبح کرنے کا جو حکم خداوندی آپ کو ملا ہے اس کی تعمیل کیجیے میں اپنے ذبح ہونے پر قطعاً کسی بے صبری کا مظاہرہ نہیں کرونگا اور دنیا جانتی ہے کہ اس مرد پاکباز نے اپنے اس وعدہ کو کس صدق و استقامت سے پورا کیا۔

۵۸ یہ آپ کی دوسری خصوصی شان ہے۔ اِس سے معلوم ہوا کہ انسان کو تبلیغ کا آغاز گھر والوں سے کرنا چاہیے۔ حضور کریم کو بھی یہی حکم ملا وانذر عشیرتک الاقربین۔ اے محبوب! پہلے اپنے رشتہ داروں کو عذابِ الٰہی سے ڈرائیے

عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿۵۵﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا

اپنے رب کے نزدیک بڑے پسندیدہ تھے۔ اور ذکر فرمائیے کتاب میں ادریس (علیہ السلام) کا ۹۵ بیشک وہ بڑے راستباز تھے

نَّبِيًّا ﴿۵۶﴾ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿۵۷﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

(اور) نبی تھے۔ اور ہم نے بلند کیا تھا انھیں بڑے اونچے مقام تک ۹۶ یہ وہ (مقدس ہستیاں) ہیں جن پر انعام فرمایا اللہ تعالیٰ نے انبیاء (کرام) کے

مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۗ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۡ وَّمِنْ

زمرہ) سے یہ آدم کی اولاد سے تھے۔ اور بعض ان کی اولاد جن کو ہم نے سوار کیا تھا (کشتی میں) (نوح کے

ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ ۡ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۭ اِذَا تُتْلٰى

ساتھ اور بعض ابراہیم اور یعقوب کی اولاد سے تھے اور انہیں سے تھے جنھیں ہم نے ہدایت دی اور چن لیا جب پڑھی جاتی ہیں

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ﴿۵۸﴾ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ

ان کے سامنے رحمٰن کی آیتیں تو وہ گر پڑتے ہیں سجدہ کرتے ہوئے اور (زار و قطار) روتے ہوئے ۹۷ پس جانشین بنے ان کے بعد

دوسری جگہ ہے قوا انفسکم واھلیکم نارا اے مسلمانو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل خانہ کو آتش جہنم سے بچاؤ۔

۹۵ علامہ عبدالوہاب نجار مصری نے ان کا نسب نامہ اس طرح لکھا ہے۔ ادریس بن یارد بن مہلائیل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم علیہ السلام۔ عبرانی تورات میں ان کا نام حنوخ درج ہے۔ اور اس کے عربی ترجمہ میں اخنوخ (قصص الانبیاء) ان کے متعلق کتب تفسیر میں یہ مذکور ہے کہ آپ علم نجوم اور علم حساب کے موجد ہیں۔ فن کتابت اور خیاطت کی ابتدا بھی آپ نے کی۔ سلے ہوئے کپڑے پہننے کا رواج بھی آپ سے شروع ہوا۔ پہلے لوگ جانوروں کی کھالیں بطور لباس استعمال کیا کرتے تھے۔ ناپ تول کے پیمانے اور آلات بھی آپ کی اختراع ہیں۔ اسلحہ سازی کا ہنر بھی آپ نے سکھایا (مظہری)۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۹۶ اس سے مراد ان کے مرتبے کی بلندی اور رفعت شان ہے۔ اگرچہ بعض روایات میں لکھا ہے کہ آپ زندہ آسمان پر اٹھا لیے گئے لیکن ان سب روایات کا ماخذ اسرائیلیات ہیں جن پر کسی عقیدہ کی بنیاد نہیں رکھی جا سکتی۔

۹۷ یہ مقبول اور جلیل القدر بندے جن کے مناقب و محامد بیان کیے گئے ہیں یہ اپنی بلندی مدارج کے باوجود اللہ تعالیٰ کی بندگی کو ہی اپنے لیے سرمایۂ افتخار سمجھتے تھے۔ جب آیات خداوندی کی تلاوت ہوتی تو ان کے دل کھنچ جاتے۔ ان کی آنکھوں سے آنسوؤں کا سیلاب امڈ آتا اور اظہار عبودیت کے لیے وہ بارگاہ رب العزت میں سجدہ ریز ہو جاتے۔ جب ان اولوالعزم

خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝

وہ ناخلف جنھوں نے ضائع کیا نمازوں کو اور پیروی کی خواہشات (نفسانی) کی ۲۲ سو وہ دوچار ہوں گے اپنی نافرمانی کی سزا سے

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ

مگر جو تائب ہوئے اور ایمان لائے اور نیک عمل کیے ۲۳ تو یہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے

ہستیوں کا یہ حال ہے تو دنیا میں اور کون ہے جو اللہ تعالیٰ کی ہمسری کا دعویٰ کر سکے۔ یا خدائی میں اس کا شریک بن سکے۔

مسئلہ :- اس آیت کو پڑھنے کے بعد سجدہ کرنا واجب ہے۔ انبیاء کرام کی اتباع میں انسان رونے کی کوشش کرے اور اگر رونا نہ آئے تو رونے والی صورت ہی بنالے۔ کیا بعید ہے کہ رحمتِ الٰہی کو یہی ادا پسند آجائے اور کام بن جائے۔

۲۲ یہ حال ان انبیاء کرام کا تھا جو ہر لحظہ جلالِ خداوندی سے ترساں اور لرزاں رہتے اور آنکھیں اشک افشاں رہتیں لیکن ان کے بعد بعض جانشین ایسے بھی ہوئے جنھوں نے اپنے اسلافِ کرام کے طریقہ کو بالکل فراموش کر دیا۔ مستحبات و مندوبات کی پابندی تو کجا نماز و زکوٰۃ جیسے فرائض کو بھی انھوں نے پس پشت ڈال دیا یا تو سرے سے ان کی فرضیت کے ہی قائل نہ رہے یا فرضیت کا انکار تو نہ کیا لیکن انھیں ادا کرنے کی زحمت گوارا نہ کی یا انھیں ادا تو کیا لیکن ان کے آداب و شرائط کو نظر انداز کر دیا اور ارشاداتِ الٰہی کی بجاآوری کی جگہ اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی میں لگ گئے۔ وہ یاد رکھیں انھیں اپنے کیے کی سزا بھگتنی پڑے گی۔

ان لوگوں کو جانے دیجیے جو گزر گئے۔ اور جن کے اعمال کے متعلق ہم سے محاسبہ نہیں ہوگا ذرا اپنے ارد گرد نگاہ ڈالیے بڑے بڑے اولیاء کاملین کی اولاد دین محض رقص و سرود اور احکامِ شریعت کی پابندی سے کس طرح آزاد ہے۔ یہ روح فرسا منظر دیکھ کر حساس دل تڑپ اٹھتا ہے اور آنکھیں خون کے آنسو بہاتی ہیں جن کے آباؤ اجداد کی ساری عمر اطاعتِ خدا اور اطاعتِ رسول میں گزریں جن کے دن جلالِ خداوندی سے کانپتے ہوئے اور جن کی راتیں جمالِ الٰہی کی دید کے شوق میں ماہی بے آب کی طرح تڑپتے ہوئے گزرتی تھیں جن کا ایک قدم بھی جادۂ شریعت سے ہٹا ہوا نہ تھا جن کا علم جن کا قرآن جن کی آہ سحر اور جن کی دولت محفل جہانے دینِ حنیف کیلئے وقف تھی جن کی کتابِ زندگی کا ہر ورق درخشاں ہے آج ان کی اولاد ہونے کا دعویٰ کرنیوالے فسق و فجور کی تاریکیوں میں کھو کر رہ گئے ہیں اطاعت و انقیاد کی راہ چھوڑ کر انھوں نے سرکشی اور نافرمانی کا راستہ کیوں اختیار کر لیا ہے۔ وہ اس آیت طیبہ میں کیوں غور نہیں کرتے ان کی غفلت کے نتیجہ کے باعث ان کے اسلافِ کرام کے حق میں گستاخ زبانیں کھلنے لگی ہیں صرف یہی نہیں بلکہ ان کی بداعمالیوں سے ان عقائدِ حقہ کو زک پہنچ رہی ہے جو ان کے آباؤ اجداد کے عقائد تھے ان کی عملی بدکاریوں کے شور و شغب میں کوئی ان علمی دلائل پر غور کرنے کے لیے بھی آمادہ نہیں۔ اس پیہم بے راہ روی سے وہ صرف اپنی لٹیا ہی نہیں ڈبو رہے بلکہ ساری قوم کا بیڑا غرق کر رہے ہیں خدارا اپنی اس غلط روش سے باز آجاؤ۔

۲۳ ہاں اگر کوئی گناہ کرنے کے بعد اور اپنی خواہشات کی پیروی میں عمر کا قیمتی حصہ برباد کرنے کے بعد سچے دل سے تائب ہوا۔

وَلَا يُظْلَمُونَ شَيْـًٔا ﴿٦٠﴾ جَنّٰتِ عَدْنِ الَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ

اور ان پر ذرا ظلم نہیں کیا جائے گا۔ سدا بہار چمن جن کا وعدہ (خداوند) رحمٰن نے اپنے بندوں سے

بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ﴿٦١﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ۭ

غیب میں کیا ہے۔ یقیناً اس کا وعدہ پورا ہو کر رہنے والا ہے۔ نہیں سنیں گے جنت میں کوئی لغو بات بجز 'سلامت رہو' کی

وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿٦٢﴾ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ

دعائیہ صدا۔ اور انھیں ان کا رزق ملیگا وہاں ہر صبح و شام۔ یہ وہ جنت ہے جس کا ہم وارث بنائیں گے اپنے

عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿٦٣﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيْنَ

بندوں سے (صرف) اس کو جو متقی ہوگا۔ اور (اے جبرائیل! میرے نبی سے کہو) ہم نہیں اترتے مگر آپکے رب کے حکم سے ۶۴ اسی کا ہے جو

اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ ۚ رَبُّ

ہمارے سامنے ہے اور جو ہمارے پیچھے ہے اور جو کچھ اسکے درمیان ہے اور نہیں ہے آپ کا رب بھولنے والا۔ وہ پروردگار ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ۭ هَلْ

آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سو اسی کی عبادت کرو اور ثابت قدم رہو اسکی عبادت پر۔ کیا تم

تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ ۧ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ

جانتے ہو اسکا کوئی ہم شبیہ ہے۔ اور انسان (ازراہ انکار) کہتا ہے ۶۵ کہ کیا جب میں مر جاؤں گا تو مجھے پھر زندہ کرکے نکالا جائیگا؟

ع ۵ / ۷

تو اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اس کے لیے جنت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔ جنت میں جو ابدی لطف و سرور جنتیوں کو عطا ہوگا اس کا ذکر ان آیات میں کر دیا۔

۶۴ بخاری شریف میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سید عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے جبرائیل سے فرمایا اے جبرائیل تم جتنا میرے پاس آیا کرتے ہو اس سے زیادہ کیوں نہیں آتے۔ (خزائن العرفان)

۶۵ مرنے کے بعد زندہ کیے جانے کا اسلامی عقیدہ ایسا تھا جسے کفار تسلیم کرنے کے لیے کسی قیمت پر تیار نہ تھے۔ یہ بات

حَيًّا ﴿٦٦﴾ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ﴿٦٧﴾

کیا یاد نہ رہا انسان کو کہ ہم نے ہی پیدا کیا اسے اس سے پہلے حالانکہ وہ کچھ بھی نہ تھا ٦٦

فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيَاطِينَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾

سو اے محبوب! تیرے رب کی قسم ہم جمع کریں گے انھیں بھی اور شیطانوں کو بھی پھر حاضر کریں گے ان سب کو جہنم کے اردگرد گھٹنوں کے

ثُمَّ لَنَنزِعَنَّ مِن كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمَٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾

بل گرے ہوئے پھر ہم (ان میں سے) الگ کر لیں گے ہر گروہ سے ان لوگوں کو جو (خداوند) رحمٰن کے سخت نافرمان تھے

ان کی سمجھ میں یہ نہ آتی تھی۔ اسے وہ بداہت عقل کے منافی سمجھتے تھے اور اس وجہ سے اسلام کا مذاق اڑاتے تھے۔ چنانچہ ایک روز اُبی بن خلف جمحی کو کسی مردہ کی ایک بوسیدہ ہڈی مل گئی۔ اسے لیکر وہ دوسرے مشرکین کے پاس آیا اور کہنے لگا میرے ہاتھ میں یہ ایک بوسیدہ ہڈی ہے۔ حضور کا اسم گرامی لے کر کہنے لگا وہ کہتا ہے کہ اسے ازسرِ نو زندہ کیا جائیگا تم خود سوچو کیا یہ بات تسلیم کرنے کے قابل ہے۔ کم وبیش تمام مشرکین کا یہی اندازِ فکر تھا۔

٦٦ اللہ تعالیٰ نے عام فہم انداز سے ان کی اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا۔ یہ بوسیدہ اور شکستہ ہڈیاں کیونکر زندہ ہو جائیں گی یہ بات تمھیں سمجھ نہیں آرہی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انھیں زندہ کرنے والے کی قدرت وحکمت سے تم ناواقف ہو انھیں زندہ کرنے والی وہ ہستی ہے جس نے تمھیں نیست سے ہست کیا۔ اگر وہ عدم محض سے تمھیں موجود کر سکتا ہے تو ان ہڈیوں کو دوبارہ زندہ کرنا اس کے لیے مشکل نہیں۔ دوسری جگہ ارشاد فرمایا وھو الذی یبدؤا الخلق ثم یعیدہٗ وھو اھون علیہ (الروم)

اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے کائنات کی تخلیق کا آغاز فرمایا پھر وہ انھیں فنا کرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرے گا اور یہ دوبارہ زندہ کرنا اس پر آسان ہے۔

٦٨ قسم اٹھا کر فرمایا جارہا ہے کہ انھیں قیامت کے روز میدانِ حشر میں ضرور جمع کیا جائیگا اور ان کے ساتھ وہ شیاطین بھی جکڑے ہوئے لائے جائیں گے جن کی انگیخت پر انھوں نے راہِ ضلالت اختیار کی۔ والشیاطین کی واو عاطفہ بھی ہو سکتی ہے اور واو معیة بھی اور معیت کا معنی زیادہ مناسب ہے۔ "جثیا" جمع ہے اس کا واحد جاث ہے اس کا معنی گھٹنوں کے بل کھڑا ہونا۔ وہ لوگ جب عذابِ الٰہی کا مشاہدہ کریں گے تو مارے دہشت کے کھڑا ہونا مشکل ہو جائے گا اور گھٹنے ٹیک دیں گے۔

٦٩ جب کفار اپنے شیاطین کی معیت میں گروہ در گروہ جہنم کے اردگرد کھڑے کر دیئے جائیں گے۔ پہلے ان میں سے ان لوگوں کو چھانٹ لیا جائے گا جو کفر اور سرکشی میں دوسروں سے بڑھے ہوئے تھے تاکہ سب سے پہلے انھیں دوزخ کا ایندھن بنایا جائے۔

ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ۝٧٠ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا

پھر ہم ہی خوب جانتے ہیں ان لوگوں کو جو زیادہ مستحق ہیں اس آگ میں تپائے جانے کے۔ اور تم سے کوئی ایسا نہیں مگر اس کا

وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ۝٧١ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّ

گزر دوزخ پر ہوگا۔۹۵ یہ آپ کے رب پر لازم ہے (اور اس کا) فیصلہ ہو چکا ہے۔ پھر ہم نجات دینگے پرہیزگاروں کو اور

"عتیا" اشدّ کی تمیز ہے اس لیے منصوب ہے۔ اس کا معنی ہے سرکش۔ "صلیا" کی وضاحت کرتے ہوئے جوہری لکھتے ہیں جب کسی چیز کو آگ میں جھونک دے تو عرب کہتے ہیں صلیت الرجل نارًا اذا ادخلته النار وجعلته یصلاها (قرطبی)

۹۵ یہاں دو چیزیں غور طلب ہیں :- (۱) منکم کا مرجع کون ہے (۲) ورود کا مطلب کیا ہے۔ جمہور علماء کی پسندیدہ رائے یہ ہے کہ منکم کا مرجع نیک و بد، مومن و مشرک سب انسان ہیں اور ورود کا معنی داخل ہونا ہے۔ چنانچہ امام احمد نے اپنی مسند میں ابی سمیہ سے روایت کیا ہے کہ انھوں نے جب حضرت جابر بن عبداللہ سے ورود کے معنی میں لوگوں کے اختلاف کا ذکر کیا تو حضرت جابر نے اپنے کانوں کی طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ بہرے ہو جائیں یہ کان کہ اگر میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ فرماتے نہ سنا ہو "لا یبقیٰ برّ ولا فاجرٌ الا دخلها فتکون علی المومن بردًا وسلامًا کما کانت علی ابراھیم حتی ان للنار ضجیجا من بردھم ثم ینجی اللہ الذین اتقوا ویذر الظالمین فیھا جثیا"۔

ترجمہ :- سب نیک و بد آگ میں داخل ہونگے اور آگ مومن کے لیے ٹھنڈی اور بے ضرر ہوگی جس طرح حضرت ابراہیم پر ہوئی تھی، یہاں تک کہ آگ شور مچائے گی کہ الٰہی ان لوگوں کی ٹھنڈک سے میری حرارت ختم ہو رہی ہے پھر اللہ تعالیٰ متقیوں کو وہاں سے نکال لیگا اور کافر وہاں اوندھے پڑے رہیں گے۔ حضرت ابن مسعود سے مروی ہے کہ ورود سے مراد اس پل پر سے گزرنا ہے جو دوزخ کے اوپر بچھائی جائے گی۔

عن عبداللہ قوله وان منکم الا واردھا قال الصراط علی جهنم مثل حد السیف۔ فتمر الطبقة الاولی کالبرق والثانیة کالریح والثالثة کاجود الخیل ... ثم یمرون الملئکة یقولون اللھم سلم سلم۔ اگر یہ روایات صحیح ہوں تو پھر اس آیت کا وہی معنی ہوگا جو بیان ہوا۔ لیکن ان کی اسناد میں کیونکہ رد و قدح کی گنجائش ہے اس لیے بعض علماء کا یہ خیال ہے کہ منکم کا مرجع تمام انسان نہیں بلکہ صرف کفار ہیں جن کا پہلے ذکر ہو رہا ہے۔ باقی رہی یہ بات کہ کلام سابق میں سب غائب کی ضمیریں ہیں یہاں اچانک ضمیر خطاب کیوں ذکر کی گئی تو اس کا جواب ظاہر ہے کہ التفات فی الضمائر اسلوب قرآن ہے یکایک غائب سے مخاطب اور مخاطب سے متکلم بدلتی رہتی ہیں جیسے ارشاد باری ہے :-

وسقاھم ربھم شرابًا طھورًا ان ھذا کان لکم جزاءً وکان سعیکم مشکورًا ۔

پہلے ضمیر غائب اور اس کے بعد ضمیر مخاطب ہے۔

نَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ

رہنے دیں گے ظالموں کو دوزخ میں کہ وہ گھٹنوں کے بل گرے ہونگے۔ اور جب تلاوت کی جاتی ہیں انکے سامنے ہماری آیتیں واضحات

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ۙ اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ

(تو) کافر کہتے ہیں ایمان والوں سے کہ (بتاؤ) ہم دونوں گروہوں میں سے کس کی رہائش گاہ آرام دہ ہے اور کس کی نشست گاہ

نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ﴿٧٤﴾

خوبصورت ہے اور ان احمقوں نے یہ نہ سوچا کہ کتنی قومیں ان سے پہلے تھیں جنکو ہم نے برباد کر دیا وہ زیادہ سامان اور ظاہری سج دھج میں

قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰىٓ اِذَا رَاَوْا

(ان سے) بہتر تھیں۔ آپ فرمائیے جو گمراہی میں (ڈوبا) ہو تو ڈھیل دیئے رکھتا ہے اسے (خدائے) رحمٰن لمبی ڈھیل یہانتک کہ جب دیکھیں گے وہ چیز

کفار کو جب آیاتِ قرآنی سُنا کر دعوتِ حق دی جاتی تو وہ کہتے مسلمانو اپنی معاشی حالت کا ہماری معاشی حالت سے مقابلہ کرو اگر ہماری رہائش گاہیں تمہارے جھونپڑوں سے زیادہ خوبصورت اور آرام دہ ہیں اور ہماری محفلیں تمہاری مجلسوں سے زیادہ بارونق ہیں تو پھر ہمارے پیچھے چلو تاکہ تمہیں بھی زندگی کی عشرتیں نصیب ہوں تم ہمیں اپنی پیروی کی دعوت دے کر ہماری زندگیوں کو بھی تلخ اور ویران بنانا چاہتے ہو۔

الفاظ:۔ مقاماً بالفتح منزل اور مسکن۔ ندیا کی تشریح کرتے ہوئے علامہ جوہری لکھتے ہیں والندیُّ علی فعیل المجلس القوم ومتحدثهم وكذلك الندوة والنادي والمنتدى والمتندّى (قرطبی)

آیٰتنا ذوالحال ہے اور بینات حال ہے اور تاکید کا فائدہ دیتا ہے والوجه ان تكون حالاً مؤكدة (قرطبی)

دولت و ثروت راہِ راست پر ہونے کی کوئی دلیل نہیں تم سے پہلے کئی ایسی قومیں گزری ہیں جو سامانِ آرائش و زینت میں تم سے کہیں بڑھی ہوئی تھیں۔ انکے مکانات و محلات بڑے خوش منظر تھے۔ لیکن انھیں ان کے گناہوں کی پاداش میں ملیامیٹ کر دیا گیا دیکھو کہیں تمہارا انجام بھی ایسا نہ ہو۔ اثاث: متاع البیت گھر کا سامان۔ رئیا حسن المنظر خوش منظر۔ تاج العروس میں اس کی تشریح ان الفاظ سے کی گئی ہے وهو ما رأته العين من حال حسنة وكسوة ظاهرة وہ دلکش حالت اور ظاہری لباس جو آنکھوں سے دکھائی دے۔

تمہیں جو مہلت دی جارہی ہے اس کی وجہ سے بھی کسی غلط فہمی کا شکار نہ ہونا۔ اللہ تعالیٰ کا یہ دستور ہے کہ وہ سرکشوں اور گمراہوں پر فوراً عذاب نازل نہیں کرتا بلکہ انھیں سمجھنے کی مہلت دیتا ہے اور جب مہلت کی گھڑیاں ختم ہو جاتی ہیں اور انھیں عذاب

مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا السَّاعَةَ ۖ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ

جس کا وعدہ کیا گیا ہے یعنی عذاب یا قیامت تو اس وقت انھیں پتہ چلے گا کہ کون

شَرٌّ مَّكَانًا وَأَضْعَفُ جُندًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيدُ اللَّهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا هُدًى ۗ

مکان کے لحاظ سے برا اور لشکر کے اعتبار سے کمزور ہے۔ اور زیادہ کرتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ ہدایت یافتہ لوگوں کے نورِ ہدایت کو

وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِندَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾ أَفَرَأَيْتَ

اور باقی رہنے والی نیکیاں بہتر ہیں آپ کے رب کے نزدیک ثواب کے اعتبار سے اور ان کا انجام اچھا ہے۔ کیا آپ نے دیکھا اس

الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا ﴿٧٧﴾ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ

کو جس نے انکار کیا ہماری آیتوں کا اور کہنے لگا کہ مجھے ضرور ضرور دیا جائیگا مال اور اولاد (اس کافر کی وجہ کیا ہے) کیا وہ آگاہ

کے شکنجے میں کس دیا جاتا ہے تب انھیں اپنی بے بسی اور بے یار و مددگار ہونے کا پتہ چلتا ہے۔

۳۷ گمراہوں کی حرماں نصیبیوں کے ذکر کے بعد اب سالکانِ راہ رشد و ہدایت کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ یعنی جو لوگ اپنی طاقت اور سمجھ کے مطابق جذبۂ اخلاص سے سرشار ہو کر راہ ہدایت پر گامزن ہو جاتے ہیں تو ہم انکے نورِ ہدایت میں اضافہ کرتے چلے جاتے ہیں اور اپنے لطف و کرم سے انھیں ان منازلِ عالیہ اور مقاماتِ قرب تک پہنچا دیتے ہیں جہاں تک پہنچنا ان کی طاقت سے باہر تھا۔ حدیثِ قدسی سے اس آیت کا مفہوم سمجھنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ ارشادِ الٰہی ہے من تقرب الی شبراً تقربت الیه ذراعاً ومن تقرب الی ذراعاً تقربت الیه باعاً ومن اتانی ماشیاً اتیت الیه هرولة (راہ کما اخبر نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیه وآله وسلم عن ربه) یعنی جو شخص ایک بالشت میرے نزدیک ہوتا ہے میں ایک گز اس کے قریب ہوتا ہوں۔ اور جو شخص ایک گز میرے قریب ہوتا ہے میں ایک کرم اس کے قریب ہوتا ہوں اور جو چل کر میری طرف آتا ہے میں اس کی طرف دوڑ کر جاتا ہوں۔ معلوم ہوا اگر طلب صادق ہو تو دوریاں سمٹتی چلی جاتی ہیں۔ قدم اٹھانا تیرا کام ہے اور منزل تک پہنچانا اس کا کام ہے والذین جاهدوا فینا لنهدینهم سبلنا میں بھی اسی حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

۳۸ اس کی وضاحت سورۂ کہف میں گزر چکی ہے۔ "مردّ" کا معنی مرجع، انجام اور لوٹنے کی جگہ۔

۳۹ حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں لوہاروں کا کام کیا کرتا تھا۔ عاص بن وائل کے ذمہ میری کچھ رقم تھی میں اس سے مانگنے کے لیے گیا تو اس گستاخ نے کہا بخدا میں یہ رقم تمھیں اس وقت تک ادا نہ کروں گا جب تک تو

أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٧٨﴾ كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ

ہو گیا ہے غیب پر یا لے لیا ہے اس نے (خداوند) رحمٰن سے کوئی وعدہ ہرگز ایسا نہیں۔ ہم لکھ لیں گے جو یہ کہہ رہا ہے اور لمبا کر دیں گے

لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ وَنَرِثُهُ مَا يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾ وَاتَّخَذُوا

اس کے لیے عذاب کو خوب لمبا کرنا۔ اور ہم ہی وارث ہونگے جو وہ کہتا ہے (یعنی اسکے مال و اولاد کے) اور وہ ہمارے پاس تنہا

مِنْ دُونِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِيَكُونُوا لَهُمْ عِزًّا ﴿٨١﴾ كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُونَ

آئیگا۔ اور انھوں نے بنا لیے ہیں اللہ تعالیٰ کے سوا اور خدا کہ وہ انکے لیے مددگار بنیں ۸۱ ہرگز نہیں۔ وہ جھوٹے خدا انکار کریں گے

بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ

ان کی عبادت کا اور وہ (الٹے) ان کے دشمن ہو جائیں گے۔ کیا آپ نے ملاحظہ نہیں کیا کہ ہم نے مسلط کر دیا ہے شیطانوں کو

عَلَى الْكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا ﴿٨٣﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۖ إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ

کفار پر ۸۳ وہ انھیں (اسلام کے خلاف) ہر وقت اکساتے رہتے ہیں پس عجلت نہ کیجیے ان پر (نزول عذاب کے لیے) ہم گن

محمد (فداہ ابی و امی) صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا انکار نہ کرے گا۔ میں نے اسے جواب دیا بخدا میں تو ہرگز انکار نہ کرونگا یہاں تک کہ تو مر جائے پھر تجھے قیامت کے دن اٹھایا جائے اس نے (از راہ مذاق) کہا کہ جب مرنے کے بعد میں قبر سے اٹھوں گا، اس وقت میرے پاس دولت کی فراوانی ہوگی اس وقت میرے پاس آنا میں تمہارا قرض ادا کر دونگا۔ (بخاری، مسلم) غضب الٰہی جوش میں آیا اور اسے ان الفاظ سے سرزنش کی گئی۔

۷۸ یعنی اس گستاخ اور احمق کو ایسا کہنے کی جرأت کیوں ہوئی ہے۔

۸۱ انھوں نے اس لیے بتوں کو اپنا خدا بنا رکھا ہے کہ وہ آڑے وقت ان کی پشت پناہی کرینگے اور مشکل میں انکے کام آئینگے۔ ان کا یہ خیال غلط، سراسر غلط ہے۔ بلکہ یہ تو الٹا ان کی ذلت اور رسوائی کا باعث بنیں گے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ علیھم ضدا، کا مفہوم بیان کرتے ہوئے علامہ ابن قتیبہ لکھتے ہیں ای اعداء یوم القیامۃ۔ (تفسیر غریب القرآن)

۸۳ اگرچہ کفار کے پاس ان دلائل و براہین کا کوئی معقول جواب نہ تھا جو قرآن نے اللہ تعالیٰ کی توحید، شرک کے بطلان اور قیامت کے قائم ہونے پر پیش کیے۔ لیکن اس کے باوجود کفار کی ہرزہ سرائی اور یاوہ گوئی میں کوئی کمی نہ ہوئی وہ برابر پھبتیاں کستے اور نامعقول اعتراضات کرنے سے باز نہ آتے۔ اس کی وجہ بتائی جا رہی ہے کہ شیطان انھیں اکساتے ہیں اور اسلام کی

عَدًّا ﴿۸۴﴾ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿۸۵﴾ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ

رہے ہیں ان کے ایام زندگی کو اچھی طرح ⁹⁷ وہ دن جب ہم اکٹھا کریں گے پرہیزگاروں کو (خدائے) رحمٰن کے حضور میں ⁹⁸ معزز و مکرم مہمان بنا کر اور اس روز

مخالفت پر ابھارتے ہیں اس لیے یہ اپنی یاوہ گوئی سے باز نہیں آتے۔ ارسلنا ای سلطناہم علیہم بالاغواء (قرطبی) ہم نے ان کو کفار پر مسلط کر دیا الاَزُّ: التھییج والاغراء ای تغریہم علی المعاصی۔ الکساتا۔ برانگیختہ کرنا۔

۹۷ یعنی ہم ان کی زندگی کے دنوں کو گن رہے ہیں جب وہ پورے ہو جائیں گے اور عذاب کا مقررہ وقت آ جائے گا تو یہ کیفرِ کردار کو پہنچ جائیں گے۔

۹۸ قیامت کے دن اہلِ ایمان کو جس عزت و تکریم سے بارگاہِ الٰہی میں حاضری نصیب ہو گی اس کا ذکر ہو رہا ہے۔ وفد جمع ہے اس کا واحد وافد ہے جیسے صَحْبٌ کا صاحب اور بعض اہلِ لغت کی رائے میں یہ وافدین کا اسم ہے (قرطبی) اس کی تفسیر یہ کی گئی ہے وفداً ای رکبانا علی نجائب طاعتھم یعنی وہ اپنی طاعتوں کی سواریوں پر سوار ہو کر حاضر ہونگے عمرو بن القیس نے کہا کہ جب مومن قبر سے اٹھے گا تو اس کا عمل ایک خوبرو انسان کی شکل میں اس کا استقبال کرے گا۔ اور اس کا جسم خوشبو سے مہک رہا ہو گا۔ وہ اس مومن سے پوچھے گا کیا تم نے مجھے پہچانا۔ وہ کہے گا نہیں، مجھے صرف اتنا معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تیری شکل دلآویز بنائی ہے اور تیری مہک عطر بیز ہے۔ وہ کہے گا میں تیرا عمل صالح ہوں۔ دنیا میں میں تجھ پر سوار رہا۔ آج میں تجھ کو کندھوں پر اٹھانے کے لیے آیا ہوں۔ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ان ربی اعطانی سبعین الفاً من امتی یدخلون الجنۃ بغیر حساب فقال عمر رضی اللہ عنہ ھلا استزدتہ قال فاعطانی ھکذا وفتح بین یدیہ وبسط باعیہ وحثی۔

ترجمہ: میرے پروردگار نے مجھے میری امت سے ستر ہزار ایسے عطا فرمائے جو جنت میں بغیر حساب داخل ہونگے۔ حضرت عمرؓ نے عرض کی یا رسول اللہ کیا اچھا ہوتا اگر آپ اس سے زیادہ کے متعلق سوال کرتے۔ رؤف و رحیم آقا نے فرمایا اے عمر میں نے زیادہ کے لیے درخواست کی اور مجھے میرے رب نے اس قدر عطا فرمایا۔ اس قدر کی وضاحت کرتے ہوئے اپنے ہاتھوں کو کھول دیا اور اپنے دونوں بازوؤں کو کشادہ کر دیا اور لگا وہ بھرا۔ ہشام کہتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہے جو اس نے اپنے محبوب کو دیا اور اس کی تعداد معلوم نہیں ہو سکتی۔ (روح المعانی) عمرو بن حزم انصاری سے مروی ہے کہ تین دن تک رسول کریم کا یہ معمول رہا کہ صرف نماز پنجگانہ کے لیے تشریف لاتے اور پھر خلوت نشین ہو جاتے چوتھے دن حضور حسب معمول تشریف لائے۔ ہم نے عرض کی یا رسول اللہ حضور تین دن تک ہم سے الگ تھلگ رہے یہاں تک کہ ہمیں یہ اندیشہ ہونے لگا کہ کوئی حادثہ وقوع پذیر ہو گیا ہے۔ آقا و مولیٰ نے ارشاد فرمایا لم یحدث الا خیرا ان ربی وعدنی ان یدخل من امتی الجنۃ سبعین الفا بلا حساب۔ وانی سألت ربی فی ھذہ الثلاث الایام المزید فوجدت ربی ماجداً کریماً فاعطانی مع کل واحد سبعین الفاً یعنی اے میرے صحابہ فکر و اندیشہ کی

إِلَىٰ جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾ لَا يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِندَ

ہانک کر لے جائیں گے مجرموں کو جہنم کی طرف پیاسے جانوروں کی طرح انہیں کوئی اختیار نہیں ہوگا شفاعت کا ٨٢ بجز ان کے جنہوں نے

کوئی بات نہیں۔ بڑا دل خوش کن واقعہ ہوا ہے۔ میرے رب نے میرے ساتھ یہ وعدہ فرمایا کہ میری امت سے ستر ہزار آدمی کو بلا حساب جنت میں داخل فرمائے گا۔ میں اپنے رب سے تین دن تک اس تعداد میں اضافے کی التجا کرتا رہا۔ پس میں نے اپنے پروردگار کو بڑا عظیم اور کریم پایا۔ اور اللہ تعالیٰ نے ستر ہزار کے علاوہ ان میں سے ہر شخص کے ساتھ ستر ستر ہزار عطا فرمایا۔ (روح المعانی) ؎

یارب تو کریمی و رسولِ تو کریم　　صد شکر کہ ہستیم میانِ دو کریم

٨١ سوق پیچھے سے ہانکنے کو کہتے ہیں جو ذلت پر دلالت کرتا ہے۔ ورداً عطاشاً یعنی پیاسے۔ کیونکہ وہی جانور گھاٹ پر آتا ہے جو پیاسا ہو۔ قال الازھری ای مشاةً عطاشاً کالابل ترد الماء۔

٨٢ لا یملکون سے کفار کی شفاعت کی نفی اور الّا سے اہلِ ایمان کی شفاعت کا اثبات ہے۔ ھولاء الکفار لا یملکون الشفاعة لاحد والمسلمون فیملکون الشفاعة۔ العھد کی تفسیر کرتے ہوئے علامہ قرطبی نے حضرت ابن مسعودؓ سے ایک حدیث روایت کی ہے وہ بھی ناظرینِ کرام کے فائدہ کے لیے بطور ہدیہ پیش ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسولِ کریم کو اپنے صحابہ سے یہ کہتے سُنا کہ کیا تم اس بات سے عاجز ہو کہ ہر صبح و شام اپنے رب کے پاس ایک عہد لو۔ صحابہ نے عرض کی۔ اے اللہ کے رسول وہ کس طرح؟ حضور نے فرمایا کہ صبح و شام یہ کہے: اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اِنِّيْ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ بِاَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ فَاِنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تُبَاعِدْنِيْ مِنَ الْخَيْرِ وَتُقَرِّبْنِيْ اِلَى الشَّرِّ وَاِنِّيْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّيْنِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۔ جو شخص یہ کہے گا اللہ تعالیٰ اس پر مہر لگا کر عرش کے نیچے رکھ دیگا اور جب قیامت کا دن ہوگا تو منادی کرنے والا منادی کرے گا کہاں ہیں وہ لوگ جن کا اللہ تعالیٰ کے پاس عہد ہے پس وہ آدمی کھڑا ہوگا اور اسے جنت میں داخل کیا جائے گا۔

عہد کا ترجمہ:۔ اے اللہ تعالیٰ! اے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے! اے غیب (پوشیدہ) اور شہادۃ (ظاہر) کو جاننے والے میں تیرے پاس اس زندگی میں ایک اپنا عہد رکھتا ہوں۔ وہ یہ کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود بغیر تیرے تو ایک ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں۔ اور میں گواہی دیتا ہوں۔ (میرے آقا و مولیٰ محمد مصطفیٰ) تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔ مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر۔ کیونکہ اگر تو مجھے میرے نفس کے حوالے کر دیگا تو وہ مجھے خیر سے دُور اور شر کے قریب کر دے گا۔ اور میں تیری رحمت کے بغیر کسی چیز پر بھروسہ نہیں کرتا۔ میرے اس اقرار کو بطور عہد نامہ محفوظ فرما اور قیامت کے دن مجھے وہ عطا کر۔ بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿۸۷﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿۸۸﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا

خداوند رحمٰن سے کوئی وعدہ لے لیا ہے۔ اور کفار کہتے ہیں بنا لیا ہے رحمٰن نے (فلاں کو اپنا) بیٹا ۔ (اے کافرو!) یقیناً تم نے ایسی بات کی ہے

إِدًّا ﴿۸۹﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ

جو سخت بیہودہ ہے۔ قریب ہے آسمان شق ہو جائیں اس (خرافات) سے اور زمین پھٹ جائے اور پہاڑ گر پڑیں لرزتے

هَدًّا ﴿۹۰﴾ أَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿۹۱﴾ وَمَا يَنْبَغِي لِلرَّحْمٰنِ أَنْ يَتَّخِذَ

ہوئے ۸۳ اس لیے کہ وہ کہتے ہیں کہ رحمٰن کا ایک بیٹا ہے۔ اور نہیں جائز رحمٰن کے لیے کہ وہ بنائے کسی کو

وَلَدًا ﴿۹۲﴾ إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿۹۳﴾

اپنا فرزند ۸۵ کوئی ایسی چیز نہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہے مگر وہ حاضر ہوگی رحمٰن کی بارگاہ میں بندہ بن کر۔

لَقَدْ أَحْصٰهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿۹۴﴾ وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اللہ تعالیٰ نے ان سب کا شمار کر رکھا ہے اور انھیں گن لیا ہے اچھی طرح۔ اور وہ سب پیش ہونگے اس کے سامنے قیامت کے دن

۸۳ یہود حضرت عزیر کو، عیسائی حضرت مسیح کو اور بعض عرب قبائل فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی اولاد کہا کرتے تھے۔ اس سے بڑا جھوٹ اور کیا ہو سکتا ہے۔ وہ ذات پاک جو قدیم وازلی ہے حی وقیوم ہے اور ہر چیز کی خالق ومالک ہے اس کا تعلق کسی کے ساتھ پدری وفرزندی کا ہو جو حدوث واحتیاج کا لازمہ ہے یہ نا ممکن اور محال ہے۔

۸۴ اتنا بڑا بہتان ہے کہ اس کی نحوست سے سارا نظام عالم درہم برہم ہو سکتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کا حلم اور اس کی حکمت ابھی اس کی مقتضی نہیں۔

۸۵ وہ رحمٰن ہے۔ اسے گنہگار انسانوں کو بخشنے کے لیے اس امر کی حاجت نہیں کہ اس کا ایک بیٹا ہو اور اس معصوم و بیگناہ کو دنیا بھر کے بدکاروں اور سیاہ کاروں کی پاداش میں سولی پر چڑھایا جائے بلکہ وہ رحمٰن ہے۔ اس کی رحمت کا دامن بڑا وسیع ہے اس طرح عیسائیوں کے عقیدہ کفارہ کی جڑ اکھیڑ کر رکھ دی۔

چند الفاظ: إدًّا: ای منکرا عظیما سخت عیب اور قبیح چیز۔ قال الجوهری الادّ والادّة الداهية والامر الفظيع (قرطبی)

هدًّا: ای ماتسقط بصوت شدید ایسا گرنا جس سے بڑا دھماکہ پیدا ہو۔ لدًّا: اللدّ جمع الالدّ وهو الشديد الخصومة ۔

لدّ الدّ کی جمع ہے اس کا معنی ہے سخت مخالفت کرنے والا۔ اسی سے الدّ الخصام ابو عبیدہ امام لغت و نحو کہتے ہیں الالدّ الذی لایقبل الحق ویدعی الباطل یعنی جو حق کو قبول نہ کرے اور باطل کا مدعی ہو۔ رکزاً: ایسی آواز جو سمجھ نہ آئے وقیل الصوت الخفی، الحسّ الذی لایفهم (تفسیر غریب القرآن لابن قتیبہ)

فَرْدًا ﴿۹۵﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ

تنہا۔ بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے پیدا فرما دیگا خدائے رحمان انکے لیے

الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿۹۶﴾ فَاِنَّمَا یَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِیْنَ

(دلوں میں) محبت۔ ۹۶؎ صرف اس لیے ہم نے آسان کر دیا ہے قرآن کو آپکی زبان میں تاکہ آپ مژدہ سنائیں اسکے پرہیزگاروں کو

وَتُنْذِرَ بِهِ قَوْمًا لُّدًّا ﴿۹۷﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ؕ هَلْ

اور ڈرائیں اسکے ذریعہ اس قوم کو جو بڑی جھگڑالو ہے۔ اور کتنی قومیں تھیں جن کو ہم نے ہلاک کر دیا ان سے پہلے۔ کیا

تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿۹۸﴾ ع

محسوس کرتے ہو ان میں سے کسی کو یا سنتے ہو ان کی کوئی آہٹ۔

۹۶؎ حضور نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔ اذا احب اللہ العبد قال لجبریل لقد احببت فلانا فاحبہ فیحبہ جبریل ثم ینادی فی اهل السماء ان اللہ قد احب فلانا فاحبوہ فیحبہ اهل السماء ثم وضع لہ القبول فی الارض (بخاری ومسلم)

جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے سے محبت کرنے لگتا ہے تو جبرائیل کو فرماتا ہے کہ میں فلاں شخص سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر تو جبرائیل بھی اس سے محبت کرنے لگتا ہے پھر آسمانوں میں یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت کرتا ہے تم بھی اس سے محبت کرو پس تمام آسمان والے اس سے محبت کرنے لگتے ہیں اسکے بعد زمین میں اسے مقبولیت عامہ بخشی جاتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اہل حق کو ابتداء میں اگرچہ بڑی مزاحمتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انکے خلاف مخالفت کے طوفان امڈ آتے ہیں۔ طرح طرح کی تہمتیں لگا کر انھیں بدنام کرنے کی کوشش کی جاتی ہے لیکن آخر کار ان کی بے داغ سیرت اور دل آویز شخصیت دلوں کو موہ لیتی ہے۔ مخالفت کرنے والے انکے جان نثار ساتھی بن جاتے ہیں۔ بہتان لگانے والی زبانیں اس کی ثنا گستری میں زمزمہ سنج ہو جاتی ہیں۔ بادشاہ ملک فتح کر سکتے ہیں۔ انکے سامنے گردنیں خم ہو سکتی ہیں لیکن دل کی نگری میں وہ قدم نہیں رکھ سکتے۔ یہ انعام اللہ تعالیٰ صرف اپنے مقبول بندوں پر فرماتا ہے کہ لوگوں کے دلوں میں ان کی محبت جاگزیں فرما دیتا ہے۔

اللھم اجعل ھذا العبد المسکین ووالدیہ من ھؤلاء السعداء الذین یحبونک وتحبھم واحشرنا معھم تحت لواء حبیبک المکرم وعبدک المعظم علیہ وعلی آلہ الامجاد واصحابہ الکرام افضل التحیات واجمل الصلوات واکمل البرکات وازکی التسلیمات۔

تعارف سُورۃ طٰہٰ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام :- اِس سورۃ مبارکہ کا نام طٰہٰ ہے۔ یہی وہ کلمہ ہے جس سے سُورہ کا آغاز ہوا ہے۔

یہ سورہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اِس میں آٹھ رکوع ہیں۔ اِس کی آیتوں کی تعداد ۱۳۵ ہے۔ اور یہ ۱۶۴۱ کلمات اور ۵۲۴۲ حروف پر مشتمل ہے۔

زمانۂ نزول :- اِس سورہ کو تاریخ اسلام میں ایک امتیازی شان حاصل ہے۔ مسلمان ہونے سے پہلے ایک دن حضرت عمرؓ بڑے جوش و خروش سے گھر سے نکلے۔ ننگی تلوار گلے میں حمائل تھی۔ کسی نے پوچھا عمر کہاں کا قصد ہے۔ جواب دیا مسلمانوں کے نبی کا سر قلم کرنے کے لیے جا رہا ہوں۔ اس نے کہا پہلے اپنے گھر کی خبر لو۔ تمھاری بہن فاطمہ اور بہنوئی سعید بن زید تو مسلمان ہو چکے ہیں اور اپنے نبی پر سو جان سے فدا ہو رہے ہیں۔ غصہ سے واپس لوٹے اور بڑی بے دردی سے بہنوئی کو مارنا شروع کیا۔ بہن مزاحم ہوئیں تو ان پر پل پڑے۔ ان کا سر پھوڑ دیا جس سے خون کا فوارہ بہ نکلا۔ یہ منظر دیکھ کر سراسیمگی پیدا ہوئی اور کلام الٰہی سننے کا اظہار اپنی بہن سے کیا۔ انھوں نے غسل کرنے کا حکم دیا۔ جب آپ غسل کر چکے تو حضرت فاطمہ نے اسی سورہ کی چند پہلی آیتیں تلاوت کیں جس نے عمر کی دنیا بدل ڈالی۔ پتھر دل پسیج گیا اور آنکھوں سے آنسوؤں کا سیلاب امڈ آیا۔ اسی وقت بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر مشرف باسلام ہوئے۔ علامہ اقبالؒ نے اسی واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے :-

؎ نمی دانی کہ سوزِ قرأتِ تو　　دگرگوں کرد تقدیرِ عمر را

اِس واقعہ سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت عمر کے مشرف باسلام ہونے سے پہلے یہ سورۃ نازل ہو چکی تھی۔

ویسے تو اِس سورۃ کی ہر آیت روشنی کا ایک بلند مینار ہے لیکن چند امور خصوصی توجہ کے مستحق ہیں :-

ا- مندرجہ بالا تاریخی پس منظر سے آپ نے بآسانی اندازہ لگا لیا ہو گا کہ اس سورہ کے نزول کا زمانہ وہ تھا جب کفار کی اسلام دشمنی اپنے عروج پر پہنچ چکی تھی۔ دل آزاری اور بہتان تراشی کی انھوں نے انتہا کر دی تھی۔ حضور سرورِ کائنات کی شبانہ روز محنت کے باوجود صرف چند روحیں ایسی تھیں جنھوں نے اس دعوتِ حق کو قبول کیا تھا۔ قوم کی یہ ہٹ دھرمی دیکھ کر حضور کے قلبِ نازک پر کیا گزرتی ہو گی اور اسلام قبول کرنے والوں کے دلوں میں اپنی اس دعوت کے مستقبل کے متعلق کیسے کیسے خدشات پیدا ہوتے ہوں گے۔ اِس

لیے ابتدائی آیات میں حضور کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دی جا رہی ہے کہ یہ قرآن اس قادرِ مطلق نے نازل فرمایا ہے جس کی کبریائی کے سامنے کائنات کی ہر چیز سرافگندہ ہے۔ اس نے یہ قرآن آپ پر اس لیے نازل نہیں کیا کہ آپ رنج و مشقت میں مبتلا ہو جائیں۔ یقیناً آپ کا دین پھیلے گا اور کامیابی آپکے قدم چومے گی۔ اسکے بعد بڑی تفصیل کے ساتھ حضرت موسیٰ کا ذکر کیا گیا کہ انھیں کس طرح موسم سرما کی ایک تاریک و دہشتناک رات میں وادیٔ طور کے ایک گوشے میں بلا کر خلعتِ نبوت سے سرفراز فرمایا گیا اور اس کے بعد انھیں ایک ایسے ظالم بادشاہ کو دعوتِ حق دینے کا حکم دیا گیا جس کا دامن ہزاروں معصوم بچوں کے بیدریغ خون سے لت پت تھا۔ حکم ملا جاؤ اور خدائی کے جھوٹے دعویدار کے سامنے اس کے بھرے دربار میں میری توحید کا اعلان کرو اور اسے حکم دو کہ وہ بنی اسرائیل کو اپنی غلامی کی زنجیروں سے آزاد کر دے ورنہ اس کا انجام بڑا دردناک ہوگا۔ ساتھ ہی فرما دیا کہ اسکی دست درازی سے خائف نہ ہونا۔ میں تمھارے ساتھ ہوں گا۔

تعمیلِ ارشادِ الٰہی میں فرعون کے پاس تشریف لے گئے اور وہ جامع خطبہ ارشاد فرمایا جسے سن کر فرعون کے اوسان خطا ہو گئے اور اسے اپنی خدائی کا محل مسمار ہوتا ہوا نظر آنے لگا۔ اس نے فوراً آپ پر یہ الزام لگا دیا کہ آپ جادو کے زور سے ہماری حکومت کا تختہ الٹنے آئے ہیں اور صرف اپنی سیاسی اغراض پر پردہ ڈالنے کے لیے خدا، قیامت اور دین کا نام لے رہے ہیں چنانچہ اس نے اپنے ملک بھر کے ماہر جادوگر آپکے مقابلہ کے لیے بلائے اور انھیں گرانقدر انعامات کا لالچ دیا لیکن حق کے سامنے باطل کی کیا مجال ہے کہ وہ دم مار سکے۔ وہ موسیٰ کی صداقت کو دیکھ کر مجبور ہو گئے کہ تمام عواقب و نتائج سے بے نیاز ہو کر آپ پر ایمان لانے کا اعلان کر دیں۔ اس واقعہ کی تفصیلات پڑھنے سے پتہ چلتا ہے کہ ایمان کی قوت سب سے بالا ہے۔

۲۔ اس کے بعد سامری کا ذکر کر کے بنی اسرائیل کی کم فہمی اور کوتاہ اندیشی کا پردہ بھی چاک کر دیا۔

۳۔ آخر میں آدم علیہ السلام کا واقعہ بیان فرمایا جس سے یہ حقیقت بھی عیاں ہو جاتی ہے کہ غلطی کرنا اور پھر اس پر اکڑنا اور اکڑے رہنا انسان کو ہلاک کر دیتا ہے جس طرح کہ فرعون اور ابلیس کے واقعہ سے ظاہر ہے لیکن غلطی کر کے نادم ہونا اور پھر توبہ کرنا انسان کو مقبولیت کے مقام پر فائز کر دیتا ہے جیسا آدم علیہ السلام کے واقعہ سے معلوم ہوا۔

اس لیے اے غلامانِ مصطفےٰ! خدا کی نافرمانی سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کرو لیکن اگر کسی بشری کمزوری یا وقتی جوش سے کوئی لغزش ہو جائے تو اپنے باپ آدم علیہ السلام کی طرح فوراً اشکِ ندامت بہا کر طلبِ مغفرت کرو۔ بخش دیے جاؤ گے۔

سورہ کو ختم کرنے سے پہلے چند حقائق کو بڑے مؤثر اور دلنشین پیرائے میں بیان کر دیا تاکہ انسان کسی قسم کی غلط فہمی کا شکار ہو کر وہم و گمان کی وادیوں میں بھٹکتا نہ رہے۔

سُوۡرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَخَمْسٌ وَثَلٰثُوۡنَ اٰيَةً وَّثَمَانُ رُكُوۡعَاتٍ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

سورۂ طٰہٰ مکی ہے اس کی (۱۳۵) آیتیں (۸) رکوع ہیں

(اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے)

طٰهٰ ۚ﴿۱﴾ مَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكَ الۡقُرۡاٰنَ لِتَشۡقٰٓى ۙ﴿۲﴾ اِلَّا تَذۡكِرَةً لِّمَنۡ يَّخۡشٰى ۙ﴿۳﴾ تَنۡزِيۡلًا مِّمَّنۡ خَلَقَ الۡاَرۡضَ وَالسَّمٰوٰتِ الۡعُلٰى ؕ﴿۴﴾ اَلرَّحۡمٰنُ

طاھا [1] نہیں اتارا ہم نے آپ پر یہ قرآن کہ آپ مشقت میں پڑ جائیں [2] بلکہ یہ نصیحت ہے اس کے واسطے جو (اپنے رب سے) ڈرتا ہے یہ اتارا گیا ہے اس ذات کی طرف سے جس نے پیدا فرمایا زمین کو اور بلند آسمانوں کو۔ وہ بے حد مہربان

[1] قبیلۂ عکل اور قبیلۂ عک میں طٰہٰ کا معنی یارجل یعنی اے شخص ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ قبیلۂ عک میں طٰہٰ بمعنی یاحبیبی (اے میرے حبیب) استعمال ہوتا ہے۔ بعض علماء کے نزدیک یہ اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ حضور رحمتِ عالمیان کا اسم مبارک ہے۔ بعض کی رائے ہے کہ 'ط' طہارت اور 'ہ' ہدایت کے لیے بطور رمز ذکر ہوا ہے اس کا معنی ہے "یاطاھراً من الذنوب یاھادی الخلق الی علام الغیوب" اے گناہوں سے پاک اور اے خلقِ خدا کے راہنما۔ (قرطبی)

علامہ نظام الدین نیشاپوری نے اپنی تفسیر میں ایک اور لطیف توجیہ نقل کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ حساب جمل سے ط کا عدد نو اور ہ کا عدد پانچ ہے جن کا مجموعہ چودہ ہے۔ جس کا معنی ہے "اے چودھویں کے چاند" قیل الطاء تسعة فی الحساب والهاء خمسة ومعناه یا ایها البدر۔

علامہ آلوسی نے اس توجیہ کا ذکر کرکے لکھا ہے فکانه قیل یابدر سماء عالم الامکان اے عالم امکان کے آسمان کے ماہِ تمام! اے فلکِ وجود کے چودھویں کے چاند! (روح المعانی)

[2] حضور سرورِ عالم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی دلی آرزو تھی کہ اللہ تعالیٰ کے جو بندے اپنے رب سے منہ موڑ چکے ہیں، اور رشتۂ عبودیت توڑ چکے ہیں وہ پھر اپنے رحیم وکریم مالک کو پہچانیں اور اس سے اپنی بندگی کا رشتہ استوار کریں۔ انسان لقد کرمنا کا تاج سر پر رکھے لکڑی اور پتھر کی مورتیوں کے سامنے پیشانی رگڑ رہا ہو۔ انسانیت کی اس تذلیل سے حضور کو بڑا دکھ ہوتا تھا۔ حضور ہر طرح اس کے لیے کوشاں رہتے کہ انسان اپنا بھولا ہوا مقام پہچانے اور عزت وتکریم کی جو مسند اس کے لیے بچھائی گئی ہے اس پر پھر تشریف فرما ہو۔ لیکن حضور کی دلآویز شخصیت، پاک سیرت اور درد وسوز میں ڈوبے ہوئے خطبے اخلاص وہمدردی سے بھرپور مواعظ اور پہاڑوں کا دل ہلا دینے والی قرآن کی آیات بینات کوئی چیز بھی تو ان عقل کے اندھوں کو نورِ حق سے روشناس نہ کر رہی تھی۔ الٹا ان کے تعصب میں اضافہ ہو رہا تھا۔ ان کے اس

عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝۵ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَ

(کائنات کی فرمانروائی کے تخت پر) متمکن ہوا[2] اسی کے ملک میں ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے[3] اور

مَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۝۶ وَإِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَإِنَّهٗ يَعْلَمُ

جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اور جو کچھ گیلی مٹی کے نیچے ہے اور اگر تو بلند آواز سے بات کرے (تو تیری مرضی) وہ تو بلاشبہ جانتا ہے

ردِ عمل سے ہر وقت حزن وملال کی گھٹائیں دلِ انور پر چھائی رہتیں۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے محبوب کریم کی یہ بے چینی گوارا نہ ہوئی۔ تسلی اور اطمینان دینے کے لیے ارشاد فرمایا اے مہِ تمام! یہ قرآن اس لیے تو نازل نہیں کیا گیا کہ آپ روز و شب بیقرار رہیں۔ یہ تو ایک نصیحت اور یاد دہانی ہے جس میں صلاحیت ہوگی اسے قبول کرلیگا اور جو حق پذیری کی استعداد سے محروم ہے اور ان آیاتِ بیّنات کو سن کر بھی دعوتِ حق قبول نہیں کرتا تو اس کی قسمت۔ آپ آزردہ خاطر کیوں ہوں اور آپ کو رنج و قلق کیوں ہو۔

بعض حضرات نے یہ بھی لکھا ہے کہ عہدِ نبوت کے ابتدائی ایام میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ساری ساری رات نماز و تلاوت میں کھڑے کھڑے گزار دیتے۔ یہاں تک کہ قدم مبارک سوج جاتے۔ حکم ہوا اپنے آپ پر اتنی سختی کی ضرورت نہیں۔ آسانی سے آپ جتنا پڑھ سکیں اتنا کافی ہے۔ الشقاء فی اللغۃ العناء والتعب لغت میں شقا کا معنی مشقت اور تھکاوٹ ہے۔ (قرطبی)

ہو سکتا ہے کہ تشقیٰ شقاوت سے (بدبختی) ہو جو سعادت کے مقابل ہے۔ ایک دن ابوجہل اور نضر بن حارث دونوں آئے اور جنابِ رسالتمآب سے کہنے لگے انک شقی لانک ترکت دین آباءک (خاک بدہن اشقیا) آپ شقی ہیں۔ آپ نے اپنے آباء کا دین چھوڑ دیا ہے۔ ان کا اشارہ اس طرف تھا کہ پہلے سارا شہر آپ کی عزت کرتا تھا۔ آپ کے راستے میں پلکیں بچھاتا تھا اب آپ جہاں سے گزرتے ہیں نیچے کانٹے بچھائے جاتے ہیں اوپر سے پتھر برسائے جاتے ہیں اور آپ بالکل بے یار و مددگار ہو کر رہ گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے احمقو! قرآن بدبخت بنانے کے لیے تو نازل نہیں ہوا یہ تو بدبختوں اور رذیلوں کو اوجِ سعادت تک پہنچانے کے لیے آیا ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں فاريد رد ذالك بان دين الاسلام وهذا القرآن هو السلّم الی نیل کل فوز والسبب فی درك کل سعادة یعنی ان آیات سے ابوجہل و نضر کی تردید کر دی گئی کہ دینِ اسلام اور یہ قرآن تو ہر کامیابی کے لیے زینہ ہے اور ہر سعادت حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

[2] یعنی وہ صرف خالق کائنات ہی نہیں بلکہ وہ فرمانروا اور حاکمِ اعلیٰ بھی ہے۔ کائنات کی بلندیوں اور پستیوں میں اسی کا حکم نافذ ہے۔ چھوٹے بڑے اہم غیر اہم تمام حوادث کا ظہور اسی کے اذن سے ہوتا ہے استوی المراد منه کمال قدرته فی تدبير الملك والملكوت نیز ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اول سورۃ اعراف آیت نمبر ۵۴ کا حاشیہ۔

[3] اس کی مملکت کی وسعت کا کوئی کیا اندازہ کر سکتا ہے اتنا سمجھ لو کہ بلندیاں وہ بلندیاں جن کے سامنے تمہارا طائرِ تخیل

اَلسِّرَّ وَاَخْفٰى ۝٧ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۝٨ وَهَلْ

راز کو بھی اور دل کے بھید کو بھی ۔ اللہ (وہ ہے کہ) کوئی عبادت کے لائق نہیں بغیر اس کے ۔ اسی کے لیے بڑے خوبصورت نام ہیں اور

اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝٩ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ

(اے حبیب!) کیا پہنچی ہے آپ کو اطلاع موسیٰ کے قصہ کی؟ جب (مدین سے واپسی پر تاریک رات میں) آپ نے آگ دیکھی تو اپنے گھر والوں کو کہا تم

اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ۝١٠

ذرا یہاں ٹھیرو میں نے آگ دیکھی ہے شاید میں لے آؤں تمہارے لیے اس سے کوئی چنگاری یا مجھے مل جائے آگ کے پاس کوئی راہ دکھانے والا۔

وقف لازم

بھی تک ستر پر ہے لیستیاں، وہ پستیاں جن کا تم تصور تک کرنے کی بھی ہمت نہیں رکھتے اور جو کچھ ان میں ہے بلا استثنا سب اسی وحدہٗ لاشریک کا ہے۔ الثریٰ التراب الندی گیلی مٹی۔

ﮦ یعلم السر وہ راز کی بات جو تو نے صرف کسی اپنے خاص دوست سے پردہ میں کہی ہو اور اخفیٰ وہ بات جو ابھی نہاں خانۂ دل میں ہی کروٹیں لے رہی ہو اور زبان تک نہ آئی ہو قال الحسن السرّ ما اسرّ الرجل الی غیرہ واخفی من ذلک ما استر فی نفسہ اس کا ایک اور مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے۔ سر وہ بات جو ابھی تک تیرے دل میں ہی ہو اور اخفیٰ وہ کام جو تو آیندہ چل کر کرنے والا ہے لیکن آج تجھے اس کا احساس تک نہیں مقصد یہ ہے کہ جس کی خالقیت کا یہ عالم ہو کہ سب بلاد پست و فوق و تحت اسکے امر کن کا مظہر ہو جس کی حکمرانی کا یہ حال ہو کہ کائنات کی ہر چیز اسکے علم کے سامنے سرافگندہ ہو اور جس کی ہمہ دانی اور ہمہ بینی کی کیفیت یہ ہو کہ حال و مستقبل سب عیاں ہو کیا ایسی ہستی کو الٰہ تسلیم کرنے میں کسی کو تامل ہو سکتا ہے اور کوئی دوسرا اس کا ہمسر خیال کیا جا سکتا ہے؟ کلا ثم کلا۔

ﮧ بے شک وہی الٰہ و معبود ہے اس کے علاوہ کوئی دوسرا خدا نہیں۔ وہ پاکیزہ اور پیارے نام جو اس کی صفاتِ کمال پر دلالت کر رہے ہیں اسی کو زیب دیتے ہیں۔

ﮨ یہ استفہام تقریری ہے موسیٰ علیہ السلام عرصہ دراز تک مدین میں حضرت شعیب علیہ السلام کی بکریاں چراتے رہے آپ نے حسبِ وعدہ اپنی ایک صاحبزادی سے ان کا نکاح کر دیا اب آپ اپنے وطن مصر آ رہے ہیں جنگل بیابان ہے۔ جاڑوں کا موسم ہے اندھیری رات ہے اور یہ مختصر سا قافلہ راہ بھول رہا ہے بڑی تشویش ہونے لگی دور سے دیکھا کہ آگ چمک رہی ہے اپنے ساتھیوں کو کہا کہ تم یہیں ٹھہرو سامنے آگ نظر آ رہی ہے میں جاتا ہوں وہاں سے آگ لے آؤں گا الاؤ جلائیں گے اور آگ تاپیں گے اور ممکن ہے وہاں کوئی ایسا آدمی مل جائے جو ہمیں مصر جانے والا صحیح راستہ بتا دے ورنہ ہم اس تاریک رات میں ادھر ادھر بھٹکتے پھریں گے۔ آنست: ایسی چیز دیکھنا جس کے دیکھنے سے دل میں انس و طمانیت پیدا ہو۔ الایناس ابصار ما یؤنس بہ۔ قبس: شعلہ، چنگاری۔ ھدی ای ھادیًا یدلنی علی الطریق (مظہری)

فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ﴿١١﴾ اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ

پس جب آپ وہاں پہنچے شہ تو ندا کی گئی اے موسیٰ! ۹ بلاشبہ میں تیرا پروردگار ہوں۔ پس تو اتار دے اپنے جوتے بے شک تو

بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾ وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ﴿١٣﴾

طویٰ کی مقدس وادی میں ہے۔ اور میں نے پسند کر لیا ہے تجھے (رسالت کے لیے) نلہ سو کان لگا کر سن جو وحی کیا جاتا ہے

شہ وہاں پہنچے تو عجیب منظر دیکھا ایک سرسبز و شاداب درخت ہے اسے ایک عجیب قسم کی آگ نے گھیرے میں لیا ہوا ہے۔ آگ ہے کہ انوار ہیں بڑے دلکش! بڑے دلآویز!

۹ اچانک ندا آئی یہ جسے تم آگ سمجھ رہے ہو یہ آگ نہیں بلکہ میں ہوں تیرا پروردگار تم اب بارگاہِ قدس و جلال میں حاضر ہو یہ طویٰ کی مقدس وادی ہے ادب و احترام کا تقاضا ہے کہ جوتے اتار دو نیز اس وادی کی خاک پاک تیرے پاؤں کے تلووں کو لگ جائے اور وہ بابرکت ہو جائیں۔

بندے اور اس کے مولیٰ کے درمیان جو غیر متناہی بُعد اور دُوری ہے وہ بندے کی کاوش سے کب طے ہو سکتی ہے۔ انسان کی برق رفتاری سب تھک ہار کر رہ جاتی ہے ہاں جب وہ کرم فرماتا ہے اور اس کی توفیق آگے بڑھ کر دستگیری کرتی ہے تو سب مسافتیں سمٹ کر رہ جاتی ہیں اور چشم زدن میں انسان شاہدِ حقیقی کے جلووں سے لطف اندوز ہونے لگتا ہے حضرت علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ صوفیائے کرام کا ارشاد ہے کہ قلب کا اصل مقام عرش پر ہے اگر انسان اپنی عبادت و ریاضت سے وہاں پہنچنا چاہے تو اسے پچاس ہزار سال سے زیادہ عرصہ درکار ہے (اور کون ایسا ہے جس کو اتنی عمر ملی ہو) لیکن مرشد کامل کے جذب اور اس کی توجہ سے نگاہِ قدرت سالک کو چن لیتی ہے اور وہ قلیل عرصہ میں وہاں تک رسائی حاصل کر لیتا ہے۔ لکن ذلک العروج انما یحصل بجذب الشیخ علی سبیل الاجتباء قال العارف الرومی قدس سرہ۔ ؎

سیر زاہد ہر شبے یک روزہ رہ سیر عارف ہر دمے تا تخت شاہ

یعنی حریم ذات کی بلندیوں تک رسائی اور عروج اپنے شیخ کی توجہ اور جذب سے نصیب ہوتا ہے اور وہ اس طرح کہ نگاہِ رحمت اسے چن لیتی ہے اور اسے واصل بحق کر دیتی ہے۔ عارف رومی فرماتے ہیں:۔
کہ زاہد تو ایک رات میں ایک دن کی مسافت ہی طے کرتا ہے لیکن عارف کی سیر ہر آن بادشاہِ حقیقی کے تخت تک ہوتی ہے۔

نلہ شانِ بندہ نوازی ملاحظہ ہو۔

إِنَّنِيٓ أَنَا ٱللَّهُ لَآ إِلَٰهَ إِلَّآ أَنَا۠ فَٱعۡبُدۡنِي وَأَقِمِ ٱلصَّلَوٰةَ لِذِكۡرِيٓ ﴿١٤﴾

یقیناً میں ہی اللہ ہوں نہیں ہے کوئی معبود بجز میرے سو پس تو میری عبادت کیا کر اور ادا کیا کر نماز ¹ مجھے یاد کرنے کے لیے۔

إِنَّ ٱلسَّاعَةَ ءَاتِيَةٌ أَكَادُ أُخۡفِيهَا لِتُجۡزَىٰ كُلُّ نَفۡسِۭ بِمَا تَسۡعَىٰ ﴿١٥﴾

بیشک وہ گھڑی (قیامت) آنیوالی ہے میں اسے پوشیدہ رکھنا چاہتا ہوں ² تاکہ بدلہ دیا جائے ہر شخص کو اس کام کا جس کیلئے وہ کوشاں ہے

فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنۡهَا مَن لَّا يُؤۡمِنُ بِهَا وَٱتَّبَعَ هَوَىٰهُ فَتَرۡدَىٰ ﴿١٦﴾

پس ہرگز نہ روکے تجھے اس (کو ماننے) سے وہ شخص جو نہیں ایمان رکھتا اس پر اور پیروی کرتا ہے اپنی خواہش کی ورنہ تم بھی ہلاک ہو

¹ اس کا ایک مفہوم تو یہ ہے کہ نماز ادا کرتا کہ میری یاد کی لذت سے تم لطف اندوز ہو سکو اور دوسرا معنی یہ بھی بتایا گیا ہے کہ تم نماز میں میری حمد و تمجید کرو اور مجھے یاد کرو اور میں تمہیں یاد کروں گا۔ اس توجیہ کے مطابق معنی یہ ہوگا کہ تم نماز ادا کرو تاکہ میں تمہیں یاد کروں جس طرح دوسری آیت میں ہے فاذکرونی اذکرکم۔ پس تم مجھے یاد کرو، میں تمہیں یاد کرونگا (۲: ۱۵۲)

مسئلہ:۔ اگر انسان بھول جائے اور نماز ادا نہ کرے یا سو گیا اور جب آنکھ کھلی تو نماز کا وقت گزر چکا تھا تو جب اسے یاد آئے اور جس وقت وہ بیدار ہو اسی وقت وہ نماز ادا کرے عن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من نسی صلوٰۃ او نام عنہا فکفارتہا ان یصلیہا اذا ذکرہا۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص نماز ادا کرنا بھول جائے یا نماز کے وقت سو گیا تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ جس وقت اسے یاد آئے اسی وقت نماز ادا کرے۔

² اگرچہ اکاد اخفیہا کا مفہوم بیان کرنے میں علماء کرام نے بڑی تفصیلی بحث کی ہے لیکن آسان اور قابل فہم بات یہ ہے کہ یہاں اکاد بمعنی ارید ہے یعنی میں نے یہ ارادہ فرمایا ہے کہ وقوع قیامت کے وقت کو لوگوں سے پوشیدہ رکھوں۔ الانباری نے بطور استشہاد ایک شعر نقل کیا ہے جہاں کاد اراد کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔

قیل معنی اکاد اخفیہا ارید اخفیہا۔ قال الانباری وشاھد ھذا قول الفصیح من الشعر۔

کادت وکدت وتلک خیر ارادۃ   لو عاد من لھو الصبابۃ ما مضیٰ

معناہ ارادت واردت یعنی اس نے بھی ارادہ کیا اور میں نے بھی ارادہ کیا اور یہ ارادہ بہت عمدہ تھا کاش! محبت کی گرمجوشی جو ختم ہو چکی ہے وہ بھی لوٹ آتی۔ (قرطبی)

علامہ جوہری جو لغت کے امام ہیں انھوں نے الصحاح میں خفی کے مادہ کی تحقیق کرتے ہوئے اس آیت کی وضاحت کی ہے لکھتے ہیں۔ وقولہ تعالیٰ ان الساعۃ آتیۃ اکاد اخفیہا ویقرأ: اخفیہا ای ازیل عنہا خفاءھا ای غطاءھا وھو لقولہم

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ﴿١٧﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَ

جانتے ہوئے اور (ذرا) آگاہی دیجئے دائیں ہاتھ میں کیا ہے اے موسیٰ! ١٣ عرض کی یہ میرا عصا ہے ١٤ میں ٹیک لگاتا ہوں اس پر اور دیتی پتے جھاڑتا ہوں

اَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ﴿١٨﴾ قَالَ اَلْقِهَا

اس سے اپنی بکریوں کے لیے اور میرے لیے اس میں کئی اور فائدے بھی ہیں۔ حکم ہوا ڈال دے اسے

يٰمُوْسٰى ﴿١٩﴾ فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿٢٠﴾ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ۫

زمین پر اے موسیٰ! تو آپ نے اسے زمین پر ڈال دیا پس اچانک ١٥ سانپ بن کر (ادھر ادھر) دوڑنے لگا۔ حکم ہوا اسے پکڑ لو اور مت ڈرو

اشکیتہ ای ازلتہ عنا یشکوہ یعنی اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ میں اس سے پردہ ہٹا دونگا۔ یہاں افعال کا ہمزہ سلب کے لیے ہے جیسے اشکیتہ کا معنی ہے میں نے اس کی شکایت دور کردی۔

١٣ مقصد کسی نامعلوم چیز کو معلوم کرنا نہیں بلکہ موسیٰ علیہ السلام کو اپنے سے مانوس کرنا ہے اور اس ڈنڈے کی طرف متوجہ کرنا ہے تاکہ جب وہ سانپ بن کر لہرانے لگے تو انہیں یقین آجائے کہ یہ معجزہ ہے۔

١٤ چاہیے تو یہ تھا کہ اسی پر اکتفا کرتے لیکن اپنے محبوب حقیقی سے ہم کلام ہونے کی لذت نے مجبور کیا کہ زیادہ سے زیادہ دیر تک اس لطف گفتگو سے محظوظ ہوتے رہیں۔

اتوکّأ: ٹیک لگانا، سہارا لینا۔ اھش: درختوں کے پتے جھاڑنا۔ مآرب جمع ہے اس کا واحد مَاْرُبَۃ، مَاْرِبَۃ، مَاْرَبَۃ اس کا معنی ہے حوائج۔ (قرطبی)

١٥ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ایک جابر اور مطلق العنان بادشاہ کو دعوتِ حق دینے کے لیے روانہ فرمانے کا وقت آگیا چاہیے تو یہ تھا کہ فرعون کو دعوت دینے کے لیے کسی ایسے فرمانروا کو مقرر کیا جاتا جو قوت و سطوت میں اس سے بڑھا ہوا ہوتا اس کے ملک کی حدود فرعون کی سلطنت سے وسیع ہوتیں لیکن قدرت اس کام کے لیے ایک ایسے مسافر کو منتخب کر رہی ہے جو عرصہ دراز جلاوطنی میں بسر کرنے کے بعد اپنے وطن واپس لوٹ رہا ہے جس کے پاس نہ لشکر ہے اور نہ ساز و سامان لیکن بارگاہِ الٰہی سے اس کو دو ایسے ہتھیار (عصا اور ید بیضا) دیئے جارہے ہیں جن کا فرعون کے اسلحہ خانہ میں توڑ نہ تھا۔ تاکہ اس مرد با خدا کی فقر و درویشی کے سامنے فرعونی سطوتیں شرم و خجالت سے پانی پانی ہو جائیں۔ سیرت کا معنی ہے حالت، صورت۔ السیرة فعلۃ من السیر تقال للھیئۃ والحالۃ الواقعۃ ثم جردت لمطلق الھیئۃ والحالۃ التی یکون علیھا الشیء (روح المعانی)

تورات میں بھی تقریباً اسی طرح آپ کے دونوں معجزوں کا ذکر کیا گیا ہے (خروج ۴: ۲-۴)

سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿٢١﴾ وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ

ہم لوٹادیں گے اسے اپنی پہلی حالت پر۔ اور (حکم ملا) دبالو اپنا ہاتھ اپنے بازو کے نیچے یہ نکلے گا

بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ﴿٢٢﴾ لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ﴿٢٣﴾

خوب سپید ہو کر بغیر کسی بیماری کے ٦ یہ دوسرا معجزہ ہم نے تمہیں دیا ہے تاکہ ہم دکھائیں تمہیں اپنی بڑی بڑی نشانیاں۔

اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿٢٥﴾ وَ

(اب) جائیے فرعون کے پاس وہ سرکش بن گیا ہے ٧ آپ نے دعا مانگی اے میرے پروردگار! کشادہ فرما دے میرے لیے میرا سینہ۔ اور آسان

ع ٢ / ١٠

علامہ قرطبی لکھتے ہیں الجناح العضد، قال مجاهد وقال 'الی' بمعنی تحت۔ میں نے ترجمہ اسی کے مطابق کیا ہے۔

٦ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ جب آپ نے اپنا ہاتھ اپنے پہلو میں بغل سے باہر نکالا تو وہ اس طرح چمکنے لگا جس طرح دن میں سورج چمکتا ہے لیکن آپ کو ہاتھ کے چمکنے میں کوئی تکلیف نہ ہوتی! اسکے برعکس تورات کی آیت ملاحظہ ہو: "اس نے اپنا ہاتھ سینہ پر رکھ کر اسے ڈھانک لیا اور جب اس نے اسے نکال کر دیکھا تو اس کا ہاتھ کوڑھ سے برف کی مانند سفید تھا۔" (خروج ٤: ٦)

٧ جب ان دو معجزوں سے آپ کو سرفراز کر دیا گیا تو آپ کو حکم ملا کہ جاؤ اور فرعون کی سرکشی کا علاج کرو۔ آپ کو اس کٹھن منزل کی دشواریوں کا پورا احساس تھا اس لیے دامن طلب پھیلا کر چند التجائیں کیں جو قبول کر لی گئیں۔ شرح کا معنی ہے کھولنا، کشادہ کرنا اور شرح صدر کا مفہوم یہ ہے کہ سینہ نور الٰہی سے کشادہ ہو جائے۔ دل تسکین و طمانیت سے معمور ہو جائے۔ تبلیغ حق میں کسی قسم کا انقباض محسوس نہ ہو اور اگر مشکلات و مصائب کے پہاڑ راستہ روک کر کھڑے ہو جائیں تو انسان خوفزدہ ہو کر ہمت نہ ہار دے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے ان سے ٹکرا جائے اور عزم و استقلال کے قدموں سے انھیں روندتا ہوا آگے بڑھتا چلا جائے یہ بات کہہ لینا آسان ہے لیکن جب آلام و مصائب کے کالے بادل گھر کر آ جاتے ہیں اور بجلیاں کڑکنے لگتی ہیں اور اس راہ کے مسافر کو اکثر ان حالات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ اس وقت بڑے بڑے لوگوں کے دل کانپ اٹھتے ہیں اور اوسان خطا ہو جاتے ہیں۔ صرف وہی لوگ ثبات و استقامت کا مظاہرہ کر سکتے ہیں جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے شرح فرما دیا ہو۔ اس منزل کے آبلہ پا مسافروں کی تواضع کے لیے ببول کے کانٹے بھی ہوتے ہیں لیکن وہ محبت کے متوالے انھیں حریر و پرنیاں سے زیادہ نرم و نازک سمجھتے ہوئے گزر جاتے ہیں۔ آپ کی زبان میں لکنت کا اثر تھا اسکے دور ہونے کی بھی دعا مانگی۔

يَسِّرْ لِيٓ أَمْرِي ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوا قَوْلِي ﴿٢٨﴾

فرمادے میرے لیے میرا یہ (کٹھن) کام اور کھول دے گرہ میری زبان کی تاکہ اچھی طرح سمجھ سکیں وہ لوگ میری بات

وَاجْعَل لِّي وَزِيرًا مِّنْ أَهْلِي ﴿٢٩﴾ هَارُونَ أَخِي ﴿٣٠﴾ اشْدُدْ بِهِۦٓ أَزْرِي ﴿٣١﴾

اور مقرر فرما میرا وزیر میرے خاندان سے یعنی ہارون کو جو میرا بھائی ہے۔ مضبوط فرمادے اس سے میری کمر ١٨

وَأَشْرِكْهُ فِيٓ أَمْرِي ﴿٣٢﴾ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيرًا ﴿٣٣﴾ وَنَذْكُرَكَ كَثِيرًا ﴿٣٤﴾ إِنَّكَ

اور شریک کر دے اسے میری (اس) مہم میں۔ تاکہ ہم دونوں کثرت سے تیری پاکی بیان کریں اور ہم کثرت سے تیرا ذکر کریں۔ بیشک تو ہمارے

كُنتَ بِنَا بَصِيرًا ﴿٣٥﴾ قَالَ قَدْ أُوتِيتَ سُؤْلَكَ يَٰمُوسَىٰ ﴿٣٦﴾ وَلَقَدْ

احوال کو خوب دیکھنے والا ہے ١٩ جواب ملا منظور کر لی گئی ہے آپ کی درخواست اے موسیٰ ٢٠ اور ہم نے احسان

مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً أُخْرَىٰٓ ﴿٣٧﴾ إِذْ أَوْحَيْنَآ إِلَىٰٓ أُمِّكَ مَا يُوحَىٰٓ ﴿٣٨﴾ أَنِ

فرمایا تھا تم پر ایک بار پہلے بھی ٢١ جب ہم نے وحی کی الہام کی تمہاری ماں کو جو الہام ہی کیے جانے کے قابل تھی ٢٢ کہ

١٨ علامہ جوہری لکھتے ہیں الازر القوۃ وقولہ تعالیٰ واشدد بہ ازری ای ظهری وموضع الازار من الحقوین۔
یعنی ازر کا معنی قوت ہے نیز پشت کے اس حصہ کو کہتے ہیں جہاں ازار (تہ بند) باندھا جاتا ہے یعنی کمر۔ (الصحاح)

١٩ آخر میں عرض کر دیا تو ہماری کمزوریوں کو بھی جانتا ہے۔ ہماری ضرورتوں سے بھی واقف ہے اور فریضہ تبلیغ کی جانکاہیوں کا بھی تجھے علم ہے ہمیں وہ سب کچھ عطا فرما جس سے ہم اس فرمان کی تعمیل سے عہدہ برآ ہو سکیں اور ہمیں تیرے حضور سرخروئی حاصل ہو۔

٢٠ آپ کو یہ مژدہ جانفزا سنایا گیا کہ اے موسیٰ ہم نے تیری ساری التجاؤں کو قبول فرمایا۔

٢١ یہ تو موسیٰ علیہ السلام نے مانگا اور رب کریم نے عطا فرمایا۔ اب ان احسانات کا ذکر کیا جا رہا ہے جن سے بن مانگے آپ کو نوازا گیا تھا۔

٢٢ فرعون نے بنی اسرائیل کے ہر نوزائیدہ بچے کو قتل کرنے کا حکم جاری کر دیا اس کی وجہ یا تو یہ تھی کہ اس کے نجومیوں نے اسے بتایا تھا کہ بنی اسرائیل کے ہاں ایک ایسا بچہ پیدا ہونے والا ہے جو اس کی سلطنت کی بربادی کا باعث ہوگا اس لیے اس نے حفظ ماتقدم کے طور پر ہر نئے پیدا ہونے والے بچے کو قتل کرنے کا حکم صادر کر دیا۔ تاکہ وہ بچہ پیدا ہوتے ہی مار ڈالا جائے جس کے متعلق اس کے نجومیوں نے پیش گوئی کی تھی۔ اس کی ایک اور وجہ بھی بیان کی گئی ہے کہ بنی اسرائیل کی نسل بڑی تیزی سے

اَقۡذِفِيۡهِ فِى التَّابُوۡتِ فَاقۡذِفِيۡهِ فِى الۡيَمِّ فَلۡيُلۡقِهِ الۡيَمُّ بِالسَّاحِلِ

رکھ دو اس معصوم بچے کو صندوق میں پھر ڈال دو اس صندوق کو دریا میں پھینک دیگا اسے دریا ساحل پر پھر پکڑ لیگا

يَاۡخُذۡهُ عَدُوٌّ لِّىۡ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلۡقَيۡتُ عَلَيۡكَ مَحَبَّةً مِّنِّىۡ ۚ وَلِتُصۡنَعَ

اسے وہ شخص جو میرا بھی دشمن ہے اور اس بچے کا بھی دشمن ہے اور (اے موسیٰ!) میں نے تو ڈال دی تجھ پر (خاص) محبت اپنی جناب سے، اور تاکہ تو تیار کیا جائے

بڑھ رہی تھی فرعون نے سوچا کہ اگر ان کے اضافہ کی یہی رفتار رہی تو یہ تعداد میں قبطیوں سے بڑھ جائیں گے مبادا کثرت تعداد کے بل بوتے پر وہ کسی وقت کوئی انقلاب برپا کر دیں لیکن تقدیر الٰہی کو کون ٹال سکتا ہے۔ قدرت کی نیرنگیوں نے یہ بتا دیا کہ اے فرعون! جس بچے کو پیدا ہوتے ہی مار ڈالنے کا پروگرام تو نے بنایا تھا دیکھ! اسے ہم تیرے محل میں لے آئے ہیں۔ تیری بیوی اس پر سو جان سے فدا ہے۔ شب و روز اس کی خدمت میں سرشار رہتی ہے اور تو بھی اسے اپنی گود میں اٹھاتا ہے اس کو چمکارتا ہے اسے پیار کرتا ہے اور اسے دیکھ دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ اے خدائی کے جھوٹے دعوے دار! خدائے برحق کی قوت و تدبیر کا تو نے مشاہدہ کیا؟

یہاں اوحینا بمعنی الھمنا ہے یعنی ہم نے موسیٰ کی ماں کے دل میں یہ تدبیر ڈال دی اور اس کے برحق ہونے کے متعلق اس کے دل میں ایسا یقین پیدا کر دیا کہ وہ اس پر عمل کرنے کے لیے بخوشی آمادہ ہوگئیں۔ ورنہ کوئی ماں اپنے معصوم بچے کو اپنے ہاتھوں سے دریا کی بے رحم موجوں کے سپرد کرنے کے لیے کب تیار ہوتی ہے آپ کی والدہ نے انھیں تابوت میں ڈال کر دریا میں بہا دیا۔ ہو سکتا تھا کہ کوئی تند موج اٹھتی اور اسے ڈبو دیتی۔ سطح آب پر کوئی گرداب نمودار ہوتا اور اس تابوت کو نگل جاتا۔ یا یہ محل سے دور گزر جاتا اور کوئی اسے دیکھ بھی نہ پاتا۔ غرضیکہ کئی احتمالات تھے لیکن تابوت کا صحیح و سلامت تیرتے چلے جانا اور ایسے وقت میں محل کے پاس سے گزرنا جب فرعون کی بیوی اپنی سہیلیوں سمیت ساحل پر کھڑی تھیں اور اس کے بعد کے جملہ انتظامات بتا رہے ہیں کہ یہ کسی انسان کی سوچی ہوئی تدبیر نہیں بلکہ علیم و حکیم پروردگار کی تدبیر ہے۔

۲۳ے اللہ تعالیٰ نے اپنی محبت کا ایسا پرتو آپ پر ڈال دیا کہ جو دیکھتا محبت میں دیوانہ ہو جاتا۔ واقعی جس چیز کو اللہ تعالیٰ اپنے جمال لازوال کی جلوہ گاہ بنا دے اسے انسان تو انسان وحشی درندے بھی دیکھیں تو فریفتہ ہو جائیں یعنی لحببتک ومتی احبہ اللہ تعالیٰ احبتہ القلوب قال ابن عباس احبہ وحببہ الی الخلق۔ (مظہری)

حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ میں نے اس سے محبت کی اور اپنی مخلوق کی نگاہوں میں اسے محبوب بنا دیا۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے بڑی لطیف بات فرمائی ہے کہ حضرت کلیم صلوات اللہ علیہ کے تعین کا مبداء محبیۃ محضہ تھا اور حبیب مکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے تعین کا مبدأ محبوبیۃ کاملہ تھا۔ اسی لیے کلیم علیہ السلام عاشقوں اور محبوں کے سردار ہیں اور حبیب کبریا صلے اللہ علیہ وسلم جملہ محبوبوں کے سردار قال المجدد للالف الثانی کان مبدأ

عَلٰى عَيْنِيْ ﴿۳۹﴾ اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ

فریفتہ ہو جائے) اور (اس تدبیر کا منشا یہ تھا) کہ آپ کی پرورش کی جائے میری چشم (کرم) کے سامنے ۲۴ یاد کرو جب چلتے چلتے آئی آپ کی بہن اور

يَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ؕ۬ وَقَتَلْتَ

کہنے لگی (فرعون کے اہل خانہ سے) کیا میں بتاؤں تمہیں وہ آدمی جو اس کی پرورش کر سکے پس (یوں) ہم نے آپ کو لوٹا دیا آپ کی ماں کی طرف تاکہ (آپ کو دیکھ کر)

نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۬ۚ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ

۲۵ اپنی آنکھ ٹھنڈی کرے اور غمناک نہ ہو اور (تمہیں یاد ہے جب) تو نے مار ڈالا تھا ایک شخص کو پس ہم نے نجات دی تھی تمہیں غم و اندوہ سے

اَهْلِ مَدْيَنَ ۬ۙ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ﴿۴۰﴾ وَاصْطَنَعْتُكَ

اور ہم نے تمہیں اچھی طرح جانچ لیا تھا ۲۶ پھر تم ٹھہرے رہے کئی سال اہل مدین میں ۲۷ پھر تم آگئے ایک مقرر اندازے پر اے موسیٰ ۲۸ اور میں نے مخصوص کر لیا ہے

تعين الكليم صلوات الله عليه المحبية الصرفة ومبدأ تعين الحبيب المحبوبية الصرفة و لاجل ذلك كان الكليم عليه السلام رأس المحبين والحبيب رأس المحبوبين (مظہری)

۲۴ یعنی ہم نے آپ کو کبھی اپنی نگاہِ لطف و عنایت سے اوجھل نہیں ہونے دیا۔ آپ کی رہائش آرام و آسائش اور تربیت کے جملہ انتظامات ہم نے اپنی آنکھوں کے سامنے کرائے۔

۲۵ دوسرے احسان کا بیان ہے۔

۲۶ فُتُون یا تو قُعُود کے وزن پر مصدر ہے یا فتنہ کی جمع ہے یعنی ہم نے تمہیں اچھی طرح کئی بار آزمایا ہم نے تمہیں طرح طرح کی آزمائشوں میں مبتلا کر کے پرکھا جس نے آگے چل کر ایک بڑی امت کا راہنما بننا ہو جب تک وہ آزمائش کے جانگسل مرحلوں سے نہیں گزرے گا صحیح قیادت کا جوہر اس میں نہیں چمکے گا۔ حضرت یوسف کو جن جن امتحانات سے گزرنا پڑا ان کے متعلق آپ پڑھ آئے ہیں۔ یہی حالات حضرت کلیم کو پیش آئے۔

۲۷ یہاں تک کہ آپ کو حضرت شعیب کے ریوڑ کا گڈریا بننا پڑا۔ کہتے ہیں کہ ایک روز ایک لیلا ریوڑ سے الگ ہو گیا اس کی تلاش میں آپ دن بھر ادھر ادھر دوڑتے رہے شام کے قریب اُسے پکڑ سکے۔ پکڑ کر غصہ میں اسے زدوکوب نہیں کی، بلکہ اٹھا کر سینے سے لگا لیا اور کہنے لگے یہ تو نے کیا کیا مجھے بھی تھکا دیا اور خود بھی تھک گیا۔ یہ حلم و بُردباری اور اپنے ماتحتوں کے ساتھ اس قدر شفقت پیدا ہو تب ہی نبوت کے فرائض انجام دیئے جا سکتے ہیں۔

۲۸ عمر و تربیت کے لحاظ سے جب مقررہ وقت آ پہنچا تو آپ عین اُس وقت ہی آئے۔

لِنَفْسِیْ ﴿۴۱﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَ اَخُوْكَ بِاٰیٰتِیْ وَ لَا تَنِیَا فِیْ ذِكْرِیْ ﴿۴۲﴾

تمہیں اپنی ذات کیلئے۔ اب جائیے آپ اور آپ کا بھائی میری نشانیاں لیکر اور نہ سستی کرنا میری یاد میں ۲۹

اِذْهَبَاۤ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۴۳﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ

آپ دونوں جائیں ۳۰ فرعون کے پاس وہ سرکش بنا بیٹھا ہے۔ اور گفتگو کریں اسکے ساتھ نرم انداز سے ۳۱ شاید کہ وہ نصیحت

اَوْ یَخْشٰى ﴿۴۴﴾ قَالَا رَبَّنَاۤ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیْنَاۤ اَوْ اَنْ یَّطْغٰى ﴿۴۵﴾ قَالَ

قبول کرے یا (میرے غضب سے) ڈرنے لگے ۳۲ دونوں نے عرض کی اے ہمارے رب! ہمیں یہ خوف ہے کہ وہ دست درازی کریگا ہم پر ۳۳ یا سرکشی سے پیش

۲۹ "ونی" کہتے ہیں کمزوری اور کوتاہی کو۔ الونی الضعف والفتور "رخصت کرنے سے پہلے پھر ایک بار تاکید کر دی کہ ذکر میں کوتاہی نہ کریں کیونکہ ذکرِ الٰہی ہی سب مشکلوں کی کلید ہے یہی وہ سرچشمہ ہے جس سے عزم و ہمت کے فوارے پھوٹتے ہیں۔

۳۰ پہلے عام لوگوں کو پیغام ہدایت سنانے کی خدمت تفویض ہوئی اب خصوصی طور پر فرعون سرکش کے پاس جا کر اسے دعوتِ حق دینے کا حکم ملا۔

۳۱ ہر مبلغ کے لیے اس میں راہنمائی ہے مبلغ کو ایسا شیریں کلام و نرم خو ہونا چاہیے کہ جب بولے تو یوں معلوم ہو کہ اس کے منہ سے پھول جھڑ رہے ہیں یا شہد اور دودھ کی نہریں بہ رہی ہیں اگر وہ تند مزاج اور سخت کلام ہوگا تو لوگ اس سے نفرت کرنے لگیں گے اور اس سے دور بھاگ جائیں گے۔ قلت القول اللیّن ھو القول الذی لاخشونة فیه فاذا کان موسٰی اُمر بان یقول لفرعون قولاً لیّنا فمن دونه احریٰ (قرطبی)

۳۲ لعلّ کے معنی میں جو امید و رجا ہے اس کا تعلق ذاتِ باری سے نہیں بلکہ حضرت موسٰی و ہارون علیہما السلام سے ہے یعنی تم اس امید پر پوری کوشش کرنا کہ شاید وہ ہدایت کو قبول کرے اور اللہ تعالٰی سے ڈرنے لگے۔

۳۳ فرعون کی سرکشی اور ظلم کوئی ڈھکی چھپی بات نہ تھی اس لیے عرض کی کہ الٰہی ایسا نہ ہو کہ ہم اس کے پاس جائیں اور وہ ہمیں اپنے ظلم و ستم کے شکنجہ میں کس دے۔ لاتخافا سے انھیں اپنی معیت کا یقین دلا کر تسلی دے دی۔

وہ انبیاء کرام جن کا ذکر قرآن حکیم میں ہے ان میں سے اکثر کا تذکرہ بائیبل وغیرہ میں بھی ہے لیکن بائیبل میں جب ہم ان انبیاء کرام کے تذکرے پڑھتے ہیں تو ہمارے دل میں ان کے لیے تقدس و احترام کا کوئی جذبہ پیدا نہیں ہوتا اور ان کے کردار میں بھی کوئی ایسی کشش محسوس نہیں ہوتی لیکن اس کے برعکس جب قرآن ان کے حالات کو بیان کرتا ہے تو ایسے معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہ جلیل القدر ہستیاں ہیں جن کا دامن پکڑ لینے میں ہی انسانیت کی فلاح ہے۔ ان کی ہر بات حکیمانہ اور ان کا ہر عمل پیغمبرانہ جلال سے دمک رہا ہوتا ہے۔ آپ اس واقعہ کو قرآن میں بھی پڑھ چکے ہیں اب اس کو

لَا تَخَافَآ اِنَّنِیْ مَعَکُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰی ﴿۴۶﴾ فَاْتِیٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ

آپ کو ارشاد ہوا ڈرو نہیں میں یقیناً تمہارے ساتھ ہوں (ہر بات) سن رہا ہوں اور (ہر چیز) دیکھ رہا ہوں پس (بے خوف و خطر) اس کے پاس جاؤ

فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ۙ۬ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰیَةٍ

اور اسے جا کر کہو ہم دونوں تیرے رب کے فرستادہ ہیں پس بھیج دے ہمارے ساتھ ۳۴ بنی اسرائیل کو اور انہیں (اب) مزید عذاب نہ دے ہم لے آئے ہیں

مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی ﴿۴۷﴾ اِنَّا قَدْ اُوْحِیَ اِلَیْنَآ

تیرے پاس ایک نشانی تیرے رب کے پاس سے۔ اور سلامتی ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔ بیشک وحی کی گئی ہے ہماری طرف کہ

اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰی مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰی ﴿۴۸﴾ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا یٰمُوْسٰی ﴿۴۹﴾

عذاب (خداوندی) اس پر آئیگا جو جھٹلاتا ہے (کلام الٰہی کو) اور روگردانی کرتا ہے۔ فرعون نے پوچھا موسیٰ! تم دونوں کا رب کون ہے؟ ۳۵

ذرا بائیبل میں پڑھیے :-

"سو اب آ میں تجھے فرعون کے پاس بھیجتا ہوں کہ تو میری قوم بنی اسرائیل کو مصر سے نکال لائے ٥ موسیٰ نے خدا سے کہا میں کون ہوں جو فرعون کے پاس جاؤں اور بنی اسرائیل کو مصر سے نکال لاؤں۔"

(کتاب خروج ۳ : ۱۰، ۱۱)

اسی کتاب کے باب چہارم میں ہے کہ جب موسیٰ کو جملہ معجزات سے مشرف کر دیا گیا اور پھر انہیں فرعون کے پاس جانے کا حکم دیا تو بھی آپ نے اس ذمہ داری کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

"سو اب تو جا میں تیری زبان کا ذمہ لیتا ہوں اور تجھے سکھاتا رہوں گا کہ تو کیا کہے ٥ تب اس نے کہا اے خداوند میں تیری منت کرتا ہوں کسی اور کے ہاتھ سے جسے تو چاہے یہ پیغام بھیج ٥ تب خداوند کا قہر موسیٰ پر بھڑکا۔"

(خروج ۴ : ۱۲، ۱۳، ۱۴)

۳۴ بنی اسرائیل پر مصر میں بڑے بڑے مظالم ہو رہے تھے انہیں بیگار میں پکڑا جاتا بے زبان چوپائیوں کی طرح ان سے ان تھک مشقت کے کام لیے جاتے اور ان سے ہر طرح کا ذلت آمیز سلوک کیا جاتا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی فریاد سنی اور ان کو غلامی کی زنجیروں سے آزاد کرانے کے لیے اپنے دو بندوں کو روانہ فرمایا۔

۳۵ جیسے سورۃ الاعراف کے حواشی میں گزر چکا ہے کہ مصری لوگ سورج دیوتا کو الٰہ اکبر (بڑا خدا) یقین کرتے تھے اور مصر کے فراعنہ اپنے آپ کو اسی سورج دیوتا کا اوتار کہتے تھے۔ اس طرح مصریوں کے مذہبی عقیدہ کا سہارا لے کر انہوں نے

قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ﴿٥٠﴾ قَالَ فَمَا بَالُ

فرمایا ہمارا رب ۳۶ وہ ہے جس نے عطا کی ہر چیز کو (موزوں) صورت پھر (مقصد تخلیق کی طرف) ہر چیز کی رہنمائی کی ۳۷ اس نے کہا اچھا یہ بتاؤ

الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿٥١﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ

کیا حال ہوا پہلی قوموں کا ۳۸ فرمایا ان کا علم میرے رب کے پاس ہے جو کتاب میں (مرقوم) ہے نہ بھٹکتا ہے میرا رب

اپنی حکومت کی بنیادیں مستحکم کر رکھی تھیں۔ فرعون موسیٰ بھی اپنے آپ کو رع (سورج دیوتا) کا مظہر سمجھتا اور انا ربکم الاعلیٰ ہونے کی ڈینگیں مارتا۔ جب حضرت کلیم نے فرمایا انا رسولا ربک اے فرعون ہم دونوں تیرے رب کی طرف سے رسول بن کر آئے ہیں تو وہ چونکا اور بڑبڑایا۔ ہیں! میرا بھی کوئی رب ہے؟ میں سب مصریوں کا رب ہوں۔ میرا کوئی رب نہیں ہو سکتا۔ موسیٰ غلط کہہ رہا ہے۔ اس سے پوچھا ذرا اس رب کی حقیقت تو بتاؤ جس نے تمھیں رسول بنا کر بھیجا ہے۔

۳۶ے آپ نے جواب میں ایک فقرہ کہا اور کوزے میں دریا بند کر کے رکھ دیا۔ فرمایا میرا پروردگار وہ ہے جس نے کائنات کی ہر چیز کو اس طرح پیدا کیا کہ وہ اپنا وظیفہ حیات اور مقصد تخلیق بحسن و خوبی ادا کر سکے۔ پھر اسے اتنی سوجھ بوجھ بھی عطا فرما دی کہ وہ صحیح طور پر ان قوتوں سے کام لے سکے۔ پرندوں کو پر بخشے اور پھر انھیں اڑنے کا سلیقہ بھی خود ہی سکھا دیا۔ مچھلی کو ایسا جسم دیا کہ وہ گہرے دریاؤں اور طوفانی سمندروں میں تیر سکے اور ساتھ ہی اسے تیرنے کا ڈھنگ بھی بتا دیا۔ گوشت خور درندوں کے پنجے اور دانت ایسے بنائے کہ وہ اپنا شکار پکڑ سکیں۔ اونٹ کی قامت کو بلند کیا تو اس کی گردن بھی لمبی بنا دی تاکہ اونچے درختوں کے پتے بھی کھا سکے اور نیچے زمین سے گردن جھکا کر پانی پی سکے۔ چارہ اٹھا سکے۔ صحراؤں میں جہاں پانی کی سطح بہت نیچے ہوتی ہے وہاں جو درخت اگائے ان کی جڑیں اتنی لمبی بنا دیں کہ وہ زمین کی تہ سے اپنی خوراک حاصل کر سکیں۔ ہر خطہ زمین میں پیدا ہونے والے حیوانات کو وہاں کے مخصوص موسمی تقاضوں کے مطابق لباس بھی دیا۔ اور رزق بھی۔ پھر اس گلشن ہستی کے گل سرسبد اور بزم حیات کے صدر نشین حضرت انسان کی ظاہری ساخت اور باطنی صلاحیتوں پر نگاہ ڈالیے آپ کو حضرت موسیٰ کے ارشاد کی عظمت کا یقین ہو جائے گا۔ علامہ زمخشری اعطی کل شیئ خلقه کا مفہوم بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں اعطى كل شيئ صورته وشكله الذى يطابق المنفعة المنوطة به؛ یعنی ہر چیز کو ایسی شکل و صورت بخشی جو ان فوائد اور منافع کے لیے موزوں و مناسب ہے۔ جن کے لیے اس کی تخلیق ہوئی۔ اور ثم ھدیٰ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں ای عرّف كيف يرتفق بما اُعطى وكيف يتوصل اليه یہ بھی سکھا دیا کہ وہ ان اعضاء اور قوتوں سے کس طرح کام لے اور ان منفعتوں تک کیسے رسائی حاصل کرے۔ (کشاف)

۳۷ے موسیٰ علیہ السلام کا جامع اور مسکت جواب سن کر فرعون نے پینترا بدلا اور آپ کو دوسری باتوں میں الجھانے لگا کہ یہ بتائیے کہ پہلی قومیں جو گزر چکی ہیں کیا ان کے حالات سے آپ ہم کو آگاہ کر سکتے ہیں۔ آپ نے اس کا مختصر جواب دیا

وَلَا يَنْسَى ۝٥٢ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيهَا

اور نہ وہ کسی چیز کو بھولتا ہے وہ ذات جس نے تمہارے لیے زمین کو بچھونا بنایا اور بنا دیئے تمہارے فائدہ کے لیے

سُبُلًا وَّأَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً ۖ فَأَخْرَجْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ

اس میں راستے اور اتارا آسمان سے پانی پھر ہم نے نکالے پانی کے ذریعے (شکم زمین سے) جوڑے گوناں گوں نباتات

شَتَّى ۝٥٣ كُلُوا وَارْعَوْا أَنْعَامَكُمْ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّأُولِي النُّهَى ۝٥٤

کے۔ خود بھی کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو بھی چراؤ۔ بیشک اس میں (ہماری قدرت و حکمت کی) نشانیاں ہیں دانشوروں کیلئے۔

مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَى ۝٥٥

اسی زمین سے ہم نے تمھیں پیدا کیا ہے اور اسی میں ہم تمھیں لوٹائیں گے اور (روزِ حشر) اسی سے ہم تمھیں نکالیں گے ایکبار پھر ۵۸

کہ ان کے سارے حالات میرے رب کو معلوم ہیں اور لوح محفوظ میں لکھ دیئے گئے ہیں۔ مجھے اتنا ہی علم ہے جتنا میرے رب نے مجھے سکھایا ہے۔ یہ کہہ کر آپ نے پھر اصلی جواب کی طرف رجوع کیا اور اللہ تعالیٰ کی قدرت و حکمت کی چند بڑی بڑی نشانیاں گن دیں۔ وانزل من السماء ماءً پر آپ کا خطبہ ختم ہوتا ہے اور فاخرجنا سے اللہ تعالیٰ خود اپنی قدرت کا ذکر فرماتے ہیں وھذا آخر کلام موسیٰ علیہ السلام ثم قال اللہ تعالیٰ فاخرجنا الخ

شَتّٰی جمع ہے اس کا واحد شتیت ۵۷: متفرق، مختلف یعنی ذائقہ رنگ و بو تاثیر و خاصیت میں ہر ایک دوسرے سے الگ تھلگ ہے۔

۵۸ حضرت آدم علیہ السلام جو ابو البشر ہیں جب ان کو مٹی سے پیدا کیا گیا تو گویا ہر انسان کا اصل مٹی ہوا یا اس کی وجہ یہ ہے کہ نطفہ غذا سے تیار ہوتا ہے اور غذائیں زمین سے اگتی ہیں گویا ہر شخص اپنے اصل و نطفہ کے لحاظ سے مٹی سے پیدا کیا گیا۔ پھر مرنے کے بعد قبر میں دفن ہوتا ہے اور قیامت کے روز اسی سے نکالا جائے گا۔ علامہ ابو عبد اللہ القرطبی نے حضرت براء کی روایت نقل کی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ بندۂ مومن کی روح جب نکلتی ہے تو فرشتے اسے لے کر اوپر جاتے ہیں اور جب فرشتوں کے کسی گروہ کے پاس سے ان کا گزر ہوتا ہے تو بڑے معزز القاب سے وہ اس کا تعارف کراتے ہیں۔ جب ساتویں آسمان پر پہنچتے ہیں تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اکتبوا العبدی کتابا فی علیین واعیدوہ الی الارض فانی منھا خلقتھم وفیھا اعیدھم ومنھا اخرجھم تارۃً اخریٰ فتعاد روحہ فی جسدہ یعنی میرے اس بندے کی کتاب کو علیین میں لکھ دو اور اسے زمین کی طرف لوٹا دو کیونکہ میں نے انھیں اسی سے

وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿۵۶﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا

اور ہم نے دکھلا دیں فرعون کو اپنی ساری نشانیاں ۳۹ پھر بھی اس نے جھٹلایا اور ماننے سے انکار کر دیا۔ کہنے لگا موسیٰ! کیا تم اسلیے ہمارے پاس

مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۵۷﴾ فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ

آئے ہو کہ نکال دو ہمیں اپنے ملک سے اپنے جادو کی طاقت سے ۴۰ سو ہم بھی لائینگے تیرے مقابلہ میں جادو ویسا ہی ۴۱ پس (اب) مقرر کرو ہمارے

بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿۵۸﴾

اور اپنے درمیان مقابلے کا دن نہ ہم پھریں اس سے اور نہ ہی تو پھرے جمع ہونے کی جگہ ہموار اور کھلی ہو۔

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿۵۹﴾ فَتَوَلّٰى

آپ نے فرمایا (تمہارا چیلنج منظور ہے) جشن کا دن تمہارے لیے مقرر کرتا ہوں، اور یہ خیال رہے کہ سارے لوگ پہنچ جائیں چاشت کے وقت جمع ہو جائیں ۴۲ پھر

پیدا کیا اور اسی میں لوٹاؤں گا اور وہیں سے دوبارہ نکالوں گا پھر اس کی روح اس کے جسم میں لوٹا دی جاتی ہے۔

۳۹ موسیٰ علیہ السلام نے عقلی دلائل سے بھی اللہ تعالیٰ کی توحید و یکتائی کو ثابت کر دیا اور اپنے معجزے دکھا کر بھی فرعون پر موت کا سکتہ طاری کر دیا لیکن سیاسی مصلحتیں، شاہی اقتدار، عیش و طرب کی کھلی آزادی فرعون اور اسکے مصاحب جس کے خوگر ہو چکے تھے ان سے دست بردار ہونے کی ان میں جرأت نہ تھی پس وہ حق کو عیاں دیکھ لینے کے بعد اور معجزات کا مشاہدہ کرنے کے باوجود انکار و تکذیب پر اڑے رہے۔

۴۰ دلائل کے سامنے لاجواب ہو کر فرعون نے سیاسی شعبدہ بازی کا مظاہرہ شروع کیا اور موسیٰ پر الزام لگایا کہ آپ ظاہر تو کچھ کر رہے ہیں لیکن آپکے دل میں کچھ اور ہے حقیقت میں آپ ہم سے ہماری سلطنت چھیننا چاہتے ہیں آپ سیاسی اقتدار کے بھوکے ہیں۔ آپ نے لوگوں کو دھوکہ دینے کے لیے مذہب کا لبادہ اوڑھ رکھا ہے لیکن موسیٰ! یاد رکھو تم اپنے ساحرانہ ہتھکنڈوں سے ہمیں ہمارے وطن سے نکالنے میں ہرگز کامیاب نہیں ہو سکتے۔

۴۱ اپنے درباریوں کے جذبات کو مشتعل کرنے کے بعد موسیٰ علیہ السلام کو مقابلہ کا چیلنج دینے میں پہل کی۔ تاکہ اپنے درباریوں کے دلوں میں اپنا بھرم برقرار رکھ سکے مکانًا سوی۔ کھلا ہموار میدان جہاں ہر چیز صاف نظر آئے۔
ای مکانًا مستویًا یتبین للناس ما بیننا فیہ (قرطبی)

۴۲ موسیٰ علیہ السلام نے ادنیٰ جھجک کے بغیر باطل کا چیلنج قبول کر لیا اور فرمایا زیادہ تاخیر کی ضرورت نہیں قومی میلہ عنقریب لگنے والا ہے مصر کے گوشہ گوشہ سے لوگ اکٹھے ہونگے۔ بس یہی تاریخ مناسب ہوگی تاکہ جو فیصلہ ہو دن

فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿۶۰﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا

فرعون واپس مڑا ۴۳ اور اکٹھا کیا اپنی فریب کاریوں کو پھر خود آیا۔ فرمایا ان فرعونیوں کو موسیٰ (علیہ السلام) نے کمبختو! نہ بہتان باندھو

عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿۶۱﴾

اللہ تعالیٰ پر ۴۴ جھوٹے ورنہ وہ تمہارا نام ونشان مٹا دیگا کسی عذاب سے۔ اور (اس کا یہ اٹل قانون ہے) کہ ہمیشہ نامراد رہتا ہے جو

فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿۶۲﴾ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ

افترا بازی کرتا ہے پس جھگڑنے لگے اس کام کے متعلق آپس میں اور چھپ چھپ کر مشورے کرنے لگے ۴۵ وہ ایک دوسرے کو کہنے

کی روشنی میں ہو، سب اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں۔

۴۳ مصر میں مقررہ دن کے لیے زور شور سے تیاری شروع ہوگئی۔ کیونکہ وہ دن فرعون کے لیے فیصلہ کن ثابت ہونے والا تھا۔ اس نے ملک بھر سے بڑے بڑے نامور اور ماہر جادوگر بلائے۔ انھیں انعام و اکرام کے بڑے بڑے لالچ دیئے۔ اور پوری طرح تیار ہو کر بڑے کرّوفر کے ساتھ مقررہ تاریخ کو مقابلہ کے لیے میدان میں آیا۔

۴۴ مقابلہ شروع ہونے سے پہلے موسیٰ علیہ السلام نے ان کو ایک بار پھر اس غلط روش سے باز آنے کی تلقین کی۔ اور انھیں عذاب الٰہی سے ڈرایا۔ سَحَتَهٗ وَاَسْحَتَهٗ (یُسْحِتُه) ای استأصله (الصحاح للجوھری) یعنی کسی چیز کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دینا۔ نام ونشان مٹا دینا۔

۴۵ کھلا اور وسیع میدان ہے اور شاہی دربار لگا ہوا ہے۔ فرعون اپنے حواریوں اور ماہر ساحروں سمیت زرنگار کرسیوں پر بیٹھا ہے۔ عام پبلک موسیٰ و ہارون کی مخالفت میں دیوانہ ہو رہی ہے کیونکہ ان کے سرداروں نے ان کے دلوں میں یہ بات بٹھا دی ہے کہ یہ دونوں تمہاری حکومت چھیننا چاہتے ہیں اور تمھیں اپنی غلامی کی زنجیروں میں جکڑنا چاہتے ہیں۔ ایسے یکسر مخالف ماحول میں اللہ تعالیٰ کے دو بندے عین مقررہ وقت پر آپہنچتے ہیں۔ ان کی شان و تمکنت قابل دید ہے۔ چہرے یقین کے نور سے جگمگا رہے ہیں۔ آنکھیں فرط جوش سے چمک رہی ہیں حق اپنی سادگی اور پرکاری کا اعجاز دکھا رہا ہے۔ بھرے دربار میں حضرت موسیٰ کی آواز گونجتی ہے۔ قَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى (افترا بازی کرنے والا ہمیشہ نامراد رہتا ہے) اس بے باکی اور جرأت سے دربار پر رعب طاری ہو جاتا ہے۔ اور فرعون کے درباری آپس میں کھسر پھسر کرنے لگتے ہیں اور آپس میں اس موضوع پر الجھتے ہیں کہ کہیں یہ مقابلہ ہمیں مہنگا تو نہیں پڑے گا۔

لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ

بلا شبہ یہ دونوں جادوگر ہیں یہ چاہتے ہیں کہ نکال دیں تمھیں تمھارے ملک سے اپنے جادو کے زور سے اور مٹا دیں تمھاری تہذیب و ثقافت

آخر کار فرعون اور اس کے چند جوشیلے امرائنے مقابلہ کا فیصلہ کر ہی دیا اور متذبذب گروہ کو یہ کہکر خاموش کر دیا کہ یہ نبی نہیں یہ دونوں جادوگر ہیں۔ ان کا مقصد صرف یہ ہے کہ اپنے جادو کے زور سے تمھیں حکومت سے محروم کر دیں۔ اس کے علاوہ ہمارا شاہی تمدن، بے نظیر تہذیب جس کی صفحۂ ہستی پر کوئی مثال نہیں۔ یہ اس کو تہس نہس کرنا چاہتے ہیں۔ فرعون سے کسی کو رنجش ہو تو ہو لیکن اپنے تمدن، اپنی ثقافت اور اپنی تہذیب جب خطرے سے دوچار ہو تو کون خاموش تماشائی بن سکتا ہے موافق و مخالف سب موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ کے لیے مستعد ہو گئے۔

یہاں ایک نحوی الجھن ہے جس کی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے۔ اِنْ اِنَّ کا مخفف ہے جو اسم کو نصب دیتا ہے اس لیے آیت یوں ہونی چاہیے تھی۔ اِن ھذین لساحران لیکن یہاں ھذان مرفوع ہے جو نحوی قاعدہ کے خلاف ہے اس کی کیا وجہ ہے۔ علماء کرام نے اس کے متعدد جواب دیے ہیں۔ ان میں سے چند پیش خدمت ہیں:۔ کوفیوں کے نزدیک یہ اِنْ اِنَّ کا مخفف نہیں بلکہ نافیہ ہے اور ساحران پر جو لام ہے وہ اِلّا کے معنی میں ہے۔ اب عبارت یوں ہوگی ما ھذان الا ساحران۔

مبرد اور اخفش جو نحو کے مسلم امام ہیں وہ فرماتے ہیں کہ یہاں اِنَّ حروف ناصبہ میں سے نہیں بلکہ نعم (ہاں) کا ہم معنی ہے۔ علامہ قرطبی نے کئی اشعار بطور استشہاد نقل کیے ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے:۔

ویقلن شیبٌ قد علا ۔۔۔ وقد کبرت فقلت اِنَّہ

انھوں نے مجھے ملامت کرتے ہوئے کہا کہ اب تیرے بال سفید ہو گئے ہیں اور تو بوڑھا ہو گیا ہے تو میں نے کہا اِنَّہ یعنی ہاں ایسے ہی ہے۔ اس سے بھی زیادہ قوی شہادت حضور کریم کا ارشاد گرامی ہے جسے حضرت امام جعفر صادق نے حضرت امام باقر سے انھوں نے حضرت امام زین العابدین سے انھوں نے سیدنا امام حسین سے اور انھوں نے سید السادات حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہم سے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا لا احصی کم سمعتُ رسول اللہ یقول علی منبرہ اِنَّ الحمد للہ نحمدہٗ ونستعینہ یہاں بھی اِنَّ نعم کے معنی میں ہے۔ عرب خطباء کا یہ طریقہ تھا کہ وہ اپنے خطبوں کا آغاز نعم سے کیا کرتے۔ (قرطبی) تیسرا جواب جس کو تمام علماء نحو و لغت اور تفسیر نے پسند کیا ہے وہ یہ ہے کہ عرب کے بعض قبائل تثنیہ کو رفعی، نصبی، جری حالت میں الف کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ جیسے:

اِنَّ اباھا و ابا اباھا ۔۔۔ قد بلغا فی المجد غایتاھا

بنی الحرث بن کعب، زبیر، خثعم، کنانہ۔ سب تثنیہ کو الف کے ساتھ پڑھتے۔ (قرطبی)

علامہ قرطبی نے اسے ھذا القول احسن ما حملت علیہ الآیۃ کہا ہے۔ علامہ ابن حیان نے والذی نختارہ

الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ

کے مثالی طریقوں کو [48] پس یکجا کرلو اپنی حیلہ سازیوں کو پھر آؤ پرے باندھ کر [49] - اور کامیاب ہوگا آج وہ گروہ جو اس مقابلہ

اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ

میں غالب رہا [50] جادوگر بولے اے موسیٰ! کیا پہلے آپ پھینکیں گے یا ہم ہی ہوجائیں پہلے پھینکنے والے [51] آپ نے

مَنْ اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ

فرمایا نہیں تم ہی (پہلے) پھینکو [52] پھر کیا تھا یکایک انکی رسیاں اور انکی لاٹھیاں آنکھوں کو دکھائی دینے لگیں ان کے

(وہ جواب جو مجھے پسند ہے) سے اس آیت کا آغاز کیا ہے علامہ آلوسی نے اسے اجود الوجوہ واوجہہا۔ یعنی سب سے عمدہ توجیہہ کہا ہے۔

اس آیت کے ضمن میں چند روایات ایسی ذکر کی گئی ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ یہاں کاتب کی غلطی سے ھذین کی جگہ ھذان لکھا گیا ہے ان روایات کی نسبت حضرت عائشہ، عثمان اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم کیطرف کی گئی ہے علامہ آلوسی نے ان میں سے ہر ایک روایت پر بحث کی ہے اور آخر میں لکھا ہے کہ میری رائے یہ ہے کہ تمام وہ روایات جو قرآت متواترہ کیخلاف ہیں سب ضعیف ہیں۔ والطعن فی الرواۃ اھون بکثیر من الطعن بالائمۃ الذین تلقوا القراٰن العظیم الذی وصل الینا بالتواتر من النبي صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ولم یألوا جھدًا فی اتقانہ وحفظہ۔ (روح المعانی)

[48] المُثلٰی امثل کی تانیث ہے جیسے افضل سے فُضلٰی اس کا معنی ہے مثالی، معیاری۔

[49] ان کے اس قول سے آپ بآسانی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ مقابلہ ان کے لیے کتنا اہم تھا اور انھوں نے اس میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے کیا کیا جتن کیے ہونگے۔

[50] جسے اپنی کامیابی کا یقین ہوتا ہے اسے اس بات کی پرواہ نہیں ہوتی کہ پہلے وار کون کرتا ہے اس لیے انھوں نے حضرت موسیٰ کو یہ کھلا اختیار دیا وقدموا علی انفسھم اظہارًا للثقۃ بانفسھم (روح المعانی) یہ وجہ بھی بیان کی گئی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ادب احترام کی خاطر انھوں نے ایسا کیا وقیل مراعاۃ للادب معہ۔ (روح المعانی) تادبوا مع موسٰی فکان ذلک سبب ایمانھم۔ (قرطبی)

انھوں نے نبی کا ادب ملحوظ رکھا اللہ تعالیٰ کو ان کی ادا پسند آگئی اور ان کو نعمت ایمان سے مشرف فرما دیا بلاشبہ محبوبانِ خدا کا ادب کلید سعادت ہے اور ان کی جناب میں گستاخی موجب حرمان وخسران ہے۔

[51] آپ نے انھیں پہل کرنے کی اجازت دے دی تاکہ وہ اپنے سارے ساحرانہ کمالات کا جی بھر کر مظاہرہ کرلیں اس

إِلَيْهِ مِن سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعَىٰ ﴿٦٦﴾ فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُّوسَىٰ ﴿٦٧﴾

جادو کے اثر سے جیسے وہ دوڑ رہی ہوں ٤١ موسیٰ علیہ السلام نے اپنے دل میں کچھ خوف محسوس کیا ٤٣

قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنتَ الْأَعْلَىٰ ﴿٦٨﴾ وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا

ہم نے فرمایا (اے کلیم) مت ڈرو. یقیناً تم ہی غالب رہو گے ٤٤ اور زمین پر پھینک دو جو (عصا) تمہارے دائیں ہاتھ میں ہے یہ نگل

صَنَعُوا ۖ إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ ۖ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ ﴿٦٩﴾

جائیگا جو انھوں نے کاریگری کی ہے انھوں نے جو کاریگری کی ہے وہ تو فقط جادوگر کا فریب ہے اور نہیں فلاح پاتا جادوگر جہاں بھی وہ جائے ٤٥

کے بعد حق کی شمشیر بے نیام ہو اور صاعقہ موت بن کر ان پر گرے اور ان کی ساری جاہ وحشمت کو خاک سیاہ بنا دے۔

٤١ انھوں نے پوری شدت سے اپنی ساحرانہ مہارت کا مظاہرہ کیا۔ رسیوں پر جب جادو منتر پڑھ کر میدان میں پھینکا تو حاضرین کو یوں محسوس ہونے لگا کہ زہریلے سانپ ہیں جو ہوا میں لہرا رہے ہیں اور غصہ سے پھنکار رہے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بھی ایک لمحہ کے لیے ایسا ہی محسوس ہونے لگا۔ اس سے معلوم ہوا کہ جادو سے کسی چیز کی حقیقت نہیں بدلتی بلکہ نظر بندی ہوتی ہے۔ چیز اصل میں ہوتی کچھ ہے اور دکھائی کچھ دیتی ہے۔

٤٣ اس منظر کو دیکھ کر آپ کو کچھ وحشت سی ہوئی۔

٤٤ فوراً تائید ربانی نے آکر سہارا دیا اور حوصلہ افزائی فرماتے ہوئے کہا تم ہی سربلند اور سرخرو ہو گے۔ دنیا کی کوئی طاقت تمہیں نیچا نہیں دکھا سکتی۔ ذرا اپنے اس سونٹا کو میدان میں پھینکو پھر دیکھو قدرت الٰہی کے کیسے کرشمے نظر آتے ہیں۔ تلقف کا معنی نگل جانا۔

٤٥ بھلا حق کے سامنے جادو کی کیا مجال کہ ٹھہر سکے پیغمبر کے مقابلہ میں جادوگر کی کیا طاقت کہ دم مار سکے۔ اس کے تو مقدر میں ہی نامرادی، ناکامی اور محرومی لکھی جا چکی ہے۔ سونٹا پھینکنے کی دیر تھی کہ وہ ایک خوفناک اژدہا بن کر ان سانپ دکھائی دینے والی رسیوں کی طرف لپکا اور انھیں بڑی سرعت سے نگلنا شروع کر دیا۔ اس کی گرانڈیل جسامت، غیظ وغضب سے اس کا پھنکارنا اور جبڑے کھول کر اس کا حملہ آور ہونا اسے دیکھ کر فرعون اور دوسرے حاضرین پر ایک دہشت طاری ہو گئی اور سارے دربار پر ایک سناٹا چھا گیا۔ حق کے ایک ہی وار نے باطل کے غرور کو خاک میں ملا دیا اور ایک ہی چپت ایسی رسید کی کہ سارا خمار اتر گیا۔ دوست و دشمن نے انک انت الاعلیٰ کا مشاہدہ اپنی آنکھوں سے کر لیا۔

فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَ مُوْسٰى ﴿۷۰﴾ قَالَ

پس گرا دیے گئے جادوگر سجدہ کرتے ہوئے ۵۹ انھوں نے (برملا) کہہ دیا (اے لوگو! سن لو) ہم ایمان لے آئے ہیں ہارون اور موسیٰ کے

اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ؕ اِنَّهٗ لَكَبِیْرُكُمُ الَّذِیْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ

رب پر۔ فرعون (گویا اپنے ضبط نہ رہا) بولا تم تو ایمان لے آئے تھے اس پر اس سے پہلے ۶۰ کہ میں نے تمھیں (مقابلہ کی) اجازت دی بے شک وہ تمھارا بڑا

فَلَاُقَطِّعَنَّ اَیْدِیَكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّ لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ فِیْ

(گرو) ہے جس نے تمھیں سکھایا ہے جادو (کافن) تو میں قسم کھاتا ہوں کہ میں کاٹ ڈالوں گا تمھارے ہاتھ پاؤں یعنی ایک طرف کا ہاتھ اور ایک طرف کا پاؤں

جُذُوْعِ النَّخْلِ ؗ وَ لَتَعْلَمُنَّ اَیُّنَاۤ اَشَدُّ عَذَابًا وَّ اَبْقٰى ﴿۷۱﴾ قَالُوْا لَنْ

اور سولی پر چڑھاؤں گا تمھیں کھجور کے تنوں پر اور تم خوب جان لوگے کہ ہم میں سے کس کا عذاب شدید اور دیرپا ہے۔ انھوں نے کہا (اے فرعون!) ہم تمہیں

نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَیِّنٰتِ وَ الَّذِیْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَاۤ اَنْتَ

اس ذات کی قسم جس نے ہمیں پیدا کیا ہم ہرگز ترجیح نہیں دیں گے تجھے ان روشن دلیلوں پر جو ہمارے پاس آئی ہیں۶۱ پس (ہمارے بارے میں) جو فیصلہ تو کرنا چاہتا

۵۹ جادوگر جادو کی حقیقت سے خوب آگاہ تھے۔ جب انھوں نے عصائے موسوی کو اژدہا بن کر ان رسیوں کو ہڑپ کرتے دیکھا تو انھیں یقین ہو گیا کہ جو کچھ موسیٰ نے کر دکھایا ہے وہ جادو کی نظر بندی نہیں ہے بلکہ قدرت خداوندی کی جلوہ نمائی ہے سچائی اور صداقت کے حسن نے انھیں ایسا متوالا اور وارفتہ کر دیا کہ تمام خوفناک نتائج سے بے پرواہ ہو کر بھرے دربار میں فرعون کے سامنے انھوں نے موسیٰ و ہارون کے رب کریم پر ایمان لانے کا اعلان کر دیا۔

۶۰ یہ صدمہ پہلی شکست کے صدمہ سے کہیں زیادہ جانکاہ اور رسوا کن تھا۔ لیکن تھا بڑا شاطر اپنا بھرم رکھنے کے لیے اس نے فوراً جادوگروں پر سازش کا جھوٹا اور بے بنیاد الزام لگا دیا اور انھیں دھمکی دی کہ ان کا ایک ہاتھ اور ایک پاؤں کاٹ کر انھیں سولی پر لٹکا دیا جائے گا۔

۶۱ دنیا بھی بڑی میٹھی ہے دولت و ثروت میں بھی بلا کی کشش ہے۔ اس کا جاہ و جلال بھی دل موہ لینے والا ہے لیکن یہ سب کچھ اسی وقت تک جب تک حسن ازل آنکھوں سے مستور ہو۔ جب جمال حق کرم فرما ہوتا ہے جب انوار الٰہی کے مشاہدہ سے چشم دل منور ہوتی ہے جب ساقی کریم عشق و محبت کا ایک جام پلا دیتا ہے تو پھر دنیا اپنی تمام حشمتوں اور دلربائیوں کے باوصف، حقیر اور بے وقعت ہو کر رہ جاتی ہے۔ قلمرو عشق و محبت کے تاجدار

فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ۭ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝۷۲ۭ اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا

جو کرنے لگے ہو ہمیں ذرا پرواہ نہیں) تو صرف اس (فانی) دنیوی زندگی کے بارے میں ہی فیصلہ کر سکتا ہے یقیناً ہم ایمان لے آئے ہیں اپنے رب پر

خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝۷۳ اِنَّهٗ

تاکہ وہ بخش دے ہمارے لیے وسے ہماری خطاؤں کو اور اس قصور کو بھی جس پر تم نے ہمیں مجبور کیا یعنی فن سحر اور اللہ تعالیٰ ہی سب سے بہتر ہے اور ہمیشہ رہنے والا ہے

مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝۷۴

بیشک جو شخص بارگاہِ الٰہی میں مجرم بن کر آئے تو اس کے لیے جہنم (کا شعلہ زار) ہے نہ وہ مر ہی سکیگا اس میں اور نہ زندہ ہوگا ۝

نے مدینہ میں یہی بادۂ لالہ فام اپنے صحابہؓ کو پلایا تھا۔ حق کی انہی دلآویزیوں کو ان کے سامنے بے نقاب کیا تھا۔ ان کے قلب و نظر کو اسی کی رعنائیوں سے آشنا کیا تھا۔ پھر انھوں نے ایثار و فدائیت کے میدانوں میں جو جو کارنامے انجام دیئے کاروانِ انسانیت کے لیے وہ آج بھی روشنی کے بلند مینار ہیں۔ آئیے بغیر کسی تفسیر و حاشیہ کے ان آیات کا سادہ ترجمہ بار بار پڑھیں۔ شاید ہمارے دل بھی اس لذت و سرور سے سرشار ہو جائیں اور کیا بعید ہے کہ باطل کے سامنے فاقض ما انت قاض کہنے کی جرأت ہمیں بھی مرحمت فرما دی جائے۔ انه ارحم الراحمين واكرم المسئولين

آیت میں والذی فطرنا کے جملہ کے متعلق دو قول ہیں۔ بعض نے واؤ کو عاطفہ مانا ہے اور البیّنات کو معطوف علیہ قرار دیا ہے اور بعض علمائے واؤ کو قسمیہ کہا ہے۔ تقدیرِ کلام یوں ہوگی قالوا والذی فطرنا لن نؤثرك الآیۃ میں نے اسی کے مطابق آیت کا ترجمہ کیا ہے۔

وسے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان عاشقانِ باصفا کو اپنی دردناک موت کا کوئی غم نہیں۔ اگر انھیں افسوس ہے تو اس بات کا کہ آج تک کدھر مارے مارے پھرتے رہے۔ عمرِ عزیز کہاں برباد کرتے رہے۔ کیوں اب تک باطل کے خیمہ بردار بنے رہے۔ ؎

نالہ از بہر رہائی نکند مرغِ اسیر   خورد افسوس زمانے کہ گرفتار نبود

عرض کرتے ہیں کہ گزشتہ ایام کو ضائع کرنے کا جو قصور ہم سے ہوا ہم اس پر نادم ہیں اور اپنے رب سے معافی کے خواستگار ہیں۔ سورۃ الاعراف میں بھی یہ واقعہ مذکور ہوا۔ ضیاء القرآن جلد دوم آیات ۱۰۹، ۱۲۶ کا مطالعہ فرمائیے وہ خالی از فائدہ نہ ہوگا۔

ول بعض علماء کے نزدیک ساحروں کا کلام اس سے پہلے ختم ہو گیا اور اب یہاں سے ارشادِ خداوندی شروع ہوتا ہے اور بعض علمائے تزکی تک سب آیات کو انہی کا کلام تسلیم کیا ہے۔ اگر ایسا ہے تو ماننا پڑے گا کہ حق قبول کرتے ہی

وَمَنْ يَّأْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ

اور جو شخص حاضر ہوگا بارگاہِ الٰہی میں مومن بن کر اس حال میں کہ اس نے عمل بھی نیک کیے ہوں تو یہ وہ (سعادتمند) ہیں جن کے لیے بلند

الْعُلٰى ﴿۷۵﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

درجات ہیں۔ یعنی سدا بہار باغات رواں ہیں جن کے نیچے نہریں وہ (خوش نصیب) ان میں ہمیشہ رہیں گے

وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿۷۶﴾ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ

اور یہ ہے جزا انکی جنھوں نے (اپنا دامن ہر آلائش سے) پاک رکھا اور ہم نے وحی بھیجی موسیٰ (علیہ السلام) کی طرف کہ راتوں رات

ان کو کتنی فیاضی سے شرح صدر کی نعمت سے مالامال کر دیا گیا کہ ان کی زبان سے حکمت و موعظت کے شگفتہ پھول جھڑنے لگ گئے۔

عشق کی اک جست نے طے کر دیا قصہ تمام
اس زمین و آسماں کو بیکراں سمجھا تھا میں

عجب بات یہ ہے کہ جب ہم اس واقعہ کو بائیبل میں پڑھتے ہیں تو اس میں کوئی کشش اور جاذبیت نظر نہیں آتی نہ ہمیں وہاں موسیٰ کا وہ حکیمانہ وعظ دکھائی دیتا ہے جس میں آپ نے فرعون (جھوٹے خدا) کے سامنے اپنے رب قدس کی عظمت و کبریائی بیان کرتے ہوئے فرمایا ربنا الذی اعطی کل شیئ خلقہ ثم ھدی بائیبل میں ہمیں اتنا ملتا ہے کہ جب فرعون نے کہا کہ خداوند کون ہے..... میں خداوند کو نہیں جانتا اور میں بنی اسرائیل کو جانے بھی نہیں دونگا۔

اس کے جواب میں موسیٰ نے صرف اتنا کہا۔ تب انھوں نے کہا کہ عبرانیوں کا خدا ہم سے ملا ہے سو ہم کو اجازت دے کہ ہم تین دن کی منزل بیابان میں جاکر خداوند اپنے خدا کے لیے قربانی کریں تا نہ ہو کہ وہ ہم میں وبا بھیج دے یا ہم کو تلوار سے مروا دے۔"

(خروج ۵: ۲-۳)

اور نہ ہمیں وہاں جادوگروں کے سربسجود ہونے اور ہدایت سے مشرف ہونے کا ذکر ملتا ہے۔ حالانکہ یہ دونوں باتیں اس واقعہ کی روح رواں ہیں اگر انھیں اس واقعہ سے خارج کر دیا جائے تو اس میں باقی رہ کیا جاتا ہے نہ ہمیں معرفت الٰہی کا کوئی درس ملتا ہے اور نہ ہمیں ایثار و سرفروشی کی کوئی روح پرور مثال نظر آتی ہے۔

البتہ اس تقابلی مطالعہ سے ایک فائدہ حاصل ہوتا ہے اور وہ بھی اپنی افادیت کے اعتبار سے نظر انداز کرنے کے قابل نہیں۔ وہ یہ کہ جو حق ناشناس یہ کہتے ہوئے نہیں شرماتے کہ قرآن میں یہ واقعات بائیبل وغیرہ سے لیے گئے ہیں ان کے جھوٹ کا پول خوب کھل جاتا ہے اگر قرآنی قصص کا ماخذ بائیبل ہوتی تو یہاں بھی وہی روکھا پن ہوتا۔ یہاں بھی ہدایت کی کوئی شمع ان واقعات کی محرابوں میں روشن نہ ہوتی۔ لیکن یہاں تو معاملہ ہی برعکس ہے۔ ہر انصاف پسند شخص اس فرق کو آسانی سے محسوس کر سکتا ہے اس تقابلی مطالعہ کے بعد یہ یقین اور پختہ ہو جاتا ہے کہ قرآن

بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا

لے چلیے میرے بندوں کو (مصر سے) (راہ میں سمندر حائل ہو) تو عصا کی ضرب سے ان کے لیے سمندر میں خشک راستہ بنا لیجیے نہ تمھیں پیچھے سے پکڑے

وَّلَا تَخْشٰى ۝٧٧ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ

جانیکا ڈر ہو گا اور نہ کوئی اور اندیشہ۔ پس فرعون نے ان کا تعاقب کیا اپنے لشکروں سمیت پس چھا گئیں فرعونیوں پر سمندر کی موجیں

مَا غَشِيَهُمْ ۝٧٨ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ۝٧٩ يٰبَنِيْٓ

جیسا کہ چھا گئیں ان پر۔ اور گمراہ کر دیا فرعون نے اپنی قوم کو اور نہ دکھائی انھیں سیدھی راہ [١١] اے بنی اسرائیل!

اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ

(دیکھو) ہم نے بچا لیا تمھیں تمھارے دشمن سے [١٢] اور ہم نے تم سے وعدہ کیا (کوہ) طور کی

الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۝٨٠ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ

دائیں جانب کا اور ہم نے اتارا تم پر من و سلوٰی [١٣] کھاؤ ان پاک چیزوں سے جو ہم

مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ

نے تم کو عطا کی ہیں اور اس میں حد سے تجاوز نہ کرنا ورنہ اترے گا تم پر میرا غضب اور وہ (بدنصیب)

کا ماخذ وہ صحیفے نہیں جو اپنے ماننے والوں کی نظروں میں بھی تحریف آلودہ ہیں بلکہ اس کا سرچشمہ ذات خداوندی ہے جو علیم بھی ہے اور حکیم بھی ہے۔

[١١] ان آیات میں مصر سے بنی اسرائیل کی ہجرت کا واقعہ مذکور ہے۔ قدرت الٰہی نے کس طرح ان کے سامنے سمندر کو پایاب کر دیا اور کس طرح اس کے حکم سے سمندر کی ٹھیری ہوئی موجیں فرعون اور اس کے لشکر کو خس و خاشاک کی طرح بہا کر لے گئیں۔ اور انھیں تباہ و برباد کر دیا۔ اہل ہوش کے لیے اس میں عبرت کا بڑا سامان ہے۔

[١٢] بنی اسرائیل پر جو انعامات کیے گئے تھے ان کا ذکر کر کے انھیں شکر الٰہی بجا لانے اور نافرمانی سے باز آنے کی ہدایت کی جا رہی ہے۔

[١٣] بنی اسرائیل چالیس سال تک تیہ کے میدان میں اقامت گزیں رہے جہاں کھانے پینے کی کوئی چیز دستیاب نہ ہوتی تھی اس لیے عالم غیب سے ان کی خوراک کا اہتمام کیا گیا۔ قرآن نے اس کو من و سلوٰی سے تعبیر کیا۔ جس کی وضاحت پہلے پارہ میں گزر چکی ہے۔

يَحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِي فَقَدْ هَوَىٰ ﴿٨١﴾ وَإِنِّي لَغَفَّارٌ لِّمَن تَابَ وَ

اترتا ہے جس پر میرا غضب تو یقیناً وہ گر کر رہتا ہے ٢٤ اور میں بلاشبہ بہت بخشنے والا ہوں اسے جو توبہ کرتا ہے اور

آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدَىٰ ﴿٨٢﴾ وَمَا أَعْجَلَكَ عَن قَوْمِكَ

ایمان لاتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے بعد ازاں ہدایت پر مستحکم رہتا ہے اور کس چیز نے تم جلدی آ گئے اپنی قوم سے

يَا مُوسَىٰ ﴿٨٣﴾ قَالَ هُمْ أُولَاءِ عَلَىٰ أَثَرِي وَعَجِلْتُ إِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضَىٰ ﴿٨٤﴾

اے موسیٰ! ٢٥ عرض کی وہ یہ ہیں میرے پیچھے اور میں جلدی جلدی تیری بارگاہ میں اسلیے حاضر ہو گیا ہوں میرے رب!

قَالَ فَإِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِن بَعْدِكَ وَأَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿٨٥﴾

کہ تو راضی ہو جائے ارشاد ہوا کہ ہم نے تو آزمائش میں مبتلا کر دیا ہے تمھاری قوم کو تمھارے چلے آنے کے بعد اور گمراہ کر دیا ہے انھیں سامری نے

٢٤ اگر تم نافرمانی سے باز نہ آئے تو غضبِ الٰہی کے مستحق قرار پاؤ گے اور جس پر غضبِ الٰہی ہوا وہ تباہ و برباد ہو گیا۔

٢٥ یہ واقعہ پوری شرح و بسط کے ساتھ سورۃ الاعراف میں گزر چکا ہے۔ یہاں مختصراً اس کا تذکرہ کر دیا جاتا ہے جب بحرِ احمر کو عبور کر کے سینا کے بیابان میں پہنچے تو اللہ تعالیٰ نے طور پر حاضر ہونے کا حکم دیا تاکہ انھیں ایک کتاب دی جائے۔ جس کے مطابق ان کی قوم اطاعت و انقیاد کی زندگی بسر کر سکے۔ آپ نے روانہ ہونے سے پہلے ساری قوم کو تاکید فرمائی کہ وہ ان کی غیر موجودگی میں کوئی ناشائستہ حرکت نہ کریں اور ان کی دیکھ بھال کے لیے حضرت ہارون کو اپنا نائب مقرر کیا۔ اپنے ہمراہ ستر برگزیدہ آدمی لے کر چلے جب طور کے نزدیک پہنچے تو شوقِ ملاقات نے بیتاب کر دیا۔ ساتھیوں کو پیچھے چھوڑا اور خود جلدی سے مقامِ مقررہ تک پہنچ گئے۔ جاتے ہی ارشاد ہوا اپنے ہمراہیوں کو پیچھے چھوڑ کر اتنے جلدی کیسے چلے آئے ہو۔ عرض کی وہ بھی بالکل نزدیک میرے پیچھے پیچھے آ رہے ہیں اور میں خود تو اس لیے جلدی آ گیا ہوں کہ تو راضی ہو جائے کہ میرا بندہ میرے حکم کی تعمیل میں اور شوقِ ملاقات سے بے بس دوڑا چلا آیا ہے۔ ارشاد ہوا تم تو ادھر آ گئے ہو، ادھر ہم نے تیری قوم کو ایک آزمائش میں ڈال دیا ہے۔ ان کو تو سامری نے ایک بچھڑے کا پرستار بنا دیا ہے۔ آپ کے غصہ اور افسوس کا حال نہ پوچھیے۔ بنا بنایا کھیل چوپٹ ہو گیا تھا۔ واپس آئے قوم کو خوب جھاڑا۔ نالائقو! تم تھوڑا سا انتظار بھی نہ کر سکے اور میرے خدا کو چھوڑ کر جس نے تم پر اپنی رحمتوں کی بارش فرمائی تم ایک دھات کے بنے ہوئے بچھڑے کی پوجا کرنے لگ گئے۔ تمھیں ایسا کرتے ہوئے حیا نہ آئی؟

فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ

دریں اثنا لوٹ گئے موسیٰ (علیہ السلام) اپنی قوم کی طرف غضب ناک اور افسردہ خاطر ہو کر۔ فرمایا اے میری قوم! کیا وعدہ نہیں کیا تھا تم سے

رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۬ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ

تمہارے رب نے بہت عمدہ وعدہ۔ تو کیا طویل مدت گزر گئی ہے اس وعدہ پر اور تم اس کے ایفا سے مایوس ہو گئے یا تم یہ چاہتے ہو کہ اترے

غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ

تم پر غضب تمہارے رب کی طرف سے اسلئے تم نے توڑ ڈالا میرے ساتھ کیا ہوا وعدہ۔ کہنے لگے ۱۱ نہیں توڑا ہم نے آپ سے کیا ہوا وعدہ

ف ۱۱ کہنے لگے حضور یہ جو کچھ ہم سے سرزد ہوا ہم نے دانستہ نہیں کیا ہمیں تو اس سامری نے چکر میں ڈال دیا جب آپ نے دیر لگائی اور ہم پریشان ہو گئے تو اس نے آ کر کہا جب تک تم یہ سونے چاندی کے زیورات اتار کر پھینک نہیں دو گے موسیٰ کا منہ نہیں دیکھو گے ہم نے آپ کے شوق میں سارے زیورات اتار کر پھینک دیئے! اس نے انھیں اٹھایا آگ میں گلایا اور ان سے ایک بچھڑا تیار کیا اور پھر ہمیں آ کر کہا کہ تمہارا اور موسیٰ کا خدا تو یہ ہے موسیٰ بھول گئے انھیں اپنے خدا کی خبر ہی نہیں۔ خواہ مخواہ اس کی تلاش میں طور کی چوٹیاں سر کرتے پھرتے ہیں۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ زیورات انھیں کہاں سے دستیاب ہوئے۔ کیا یہ ان کے اپنے ذاتی زیورات تھے جس طرح مولانا مودودی نے تفہیم القرآن میں لکھا ہے یا قوم فرعون کے زیورات تھے جو انھیں مل گئے تھے۔ قرآن کریم کے الفاظ "من زینة القوم" اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ یہ زیورات ان کے اپنے ذاتی نہ تھے بلکہ قوم فرعون سے انھیں دستیاب ہوئے تھے۔ کیونکہ اگر ان کے ذاتی ہوتے تو پھر من زینة القوم کی بجائے من زینتنا کے الفاظ ہوتے۔ زینة القوم کے الفاظ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ زیورات در اصل قوم فرعون کے تھے جو اب بنی اسرائیل کے قبضہ میں آ گئے تھے۔ ان کو یہ زیورات کیونکر دستیاب ہوئے؟ اس کا ایک جواب تو وہ ہے جو توراۃ میں مذکور ہے چنانچہ بائیبل کتاب الخروج میں ارشاد ہوتا ہے۔

> "پھر خدا نے موسیٰ سے یہ بھی کہا کہ تو بنی اسرائیل سے یوں کہنا کہ خداوند تمہارے باپ دادا کے خدا، ابراہام کے خدا، اور اضحاق کے خدا اور یعقوب کے خدا نے مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے۔ کہ جا کر۔ . . . . . ۱۰ اسرائیلی بزرگوں کو ایک جگہ جمع کر۔ . . . . اور یوں ہو گا جب تم نکلو گے تو خالی ہاتھ نہ نکلو گے بلکہ تمہاری ایک ایک عورت اپنی اپنی پڑوسن سے اور اپنے اپنے گھر کی مہمان سے سونے چاندی کے زیور اور لباس مانگ لے گی۔ ان کو تم اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کو پہناؤ گے

بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ

اپنے اختیار سے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ ہم پر لاد دیئے گئے تھے بوجھ قوم (فرعون) کے زیورات کے سو ہم نے (سامری کے کہنے پر) انھیں پھینک دیا اسی طرح

اَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿۸۷﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا

سامری نے بھی (اپنے حصے کے زیور) پھینک دیئے پھر سامری نے بنا نکالا ان کے لیے بچھڑے کا ڈھانچہ جو گائے کی طرح ڈکارتا تھا پھر سامری اور اس کے چیلوں نے کہا

هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى فَنَسِيَ ﴿۸۸﴾ اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ

(اے فرزندان یعقوب) یہ ہے تمھارا خدا اور موسیٰ کا خدا پس موسیٰ بھول گئے کیا ان احمقوں نے یہ بھی نہ دیکھا کہ یہ بچھڑا ان کی کسی بات کا جواب

اور مصریوں کو لوٹ لوگے"۔ (باب ۳، آیت: ۱۵ تا ۲۲)

دوسرے مقام پر یوں مذکور ہے:۔

"سو اب تو لوگوں کے کان میں یہ بات ڈال دے کہ ان میں سے ہر شخص اپنے پڑوسی اور ہر عورت اپنی پڑوسن سے سونے چاندی کے زیور لے۔ (باب ۱۱، آیت: ۲، ۳)

ان آیات کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ بنی اسرائیل نے دھوکے سے قبطیوں کے زیور لیے۔ انھوں نے کہا تو یہ کہ یہ زیور وہ عاریتاً لے رہے ہیں لیکن ان کی نیت یہ تھی کہ وہ ان کے زیورات لے کر یہاں سے رفوچکر ہو جائیں گے اور زیور واپس کرنے کا سوال ہی پیدا نہ ہوگا۔ یہ صریح دھوکہ بازی ہے اور بائیبل میں اس دھوکہ بازی کو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ العیاذ باللہ۔ ایک مومن تو ایسی بات کی نسبت رب کریم کی طرف نہیں کر سکتا۔ اس لیے یہ توجیہ ہمارے لیے ہرگز قابلِ قبول نہیں۔

دوسری توجیہ وہ ہے جو ہمارے مفسرین نے ذکر کی ہے کہ جب فرعون اور اس کا لشکر سمندر میں غرق ہو گیا تو سمندر کی موجوں نے ان کی لاشوں کو اٹھا کر ساحل پر پھینک دیا۔ اس وقت مرد بھی زیور پہنا کرتے تھے۔ اس فوج میں جرنیل، بڑے بڑے رؤسا اور اعیانِ مملکت شامل تھے۔ انھوں نے یقیناً اپنے آپ کو زیورات سے آراستہ کیا ہوا ہوگا جب بنی اسرائیل کا گزر ان مردہ لاشوں کے پاس سے ہوا تو انھوں نے وہ زیور اتار کر اپنے قبضہ میں کر لیے۔ اور اس طرح قبطی قوم کا بے اندازہ سونا بنی اسرائیل کے ہاتھ آگیا۔ چنانچہ علامہ قرطبی لکھتے ہیں:۔

وقیل هو ما اخذوه من آل فرعون لما قذفهم البحر الى الساحل۔ (قرطبی)

انھیں اوزار (بوجھ) اس لیے کہا گیا ہے کہ وہ مالِ غنیمت تھا اور مالِ غنیمت ان کے لیے حلال نہ تھا اس لیے وہ اسے بوجھ تصور کرتے تھے۔ ورنہ سونے کے زیورات ہوں اور اپنے ہوں یا حلال طریقے سے حاصل

قَوۡلًا ۙ وَّلَا یَمۡلِکُ لَہُمۡ ضَرًّا وَّلَا نَفۡعًا ﴿۸۹﴾ وَلَقَدۡ قَالَ لَہُمۡ ہٰرُوۡنُ

بھی نہیں دے سکتا اور نہ اختیار رکھتا ہے انکے لیے کسی ضرر کا اور نہ نفع کا ۵۵ اور بیشک کہا تھا انھیں ہارون نے (موسیٰ کی واپسی سے) پہلے

مِنۡ قَبۡلُ یٰقَوۡمِ اِنَّمَا فُتِنۡتُمۡ بِہٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّکُمُ الرَّحۡمٰنُ فَاتَّبِعُوۡنِیۡ

اے میری قوم! بس تم تو فتنہ میں مبتلا ہو گئے اس سے۔ اور بلاشبہ تمھارا رب تو وہ ہے جو بیحد مہربان ہے پس تم میری پیروی کرو

وَاَطِیۡعُوۡۤا اَمۡرِیۡ ﴿۹۰﴾ قَالُوۡا لَنۡ نَّبۡرَحَ عَلَیۡہِ عٰکِفِیۡنَ حَتّٰی یَرۡجِعَ اِلَیۡنَا

اور میرا حکم مانو ۵۶ قوم نے کہا ہم تو اسی کی عبادت پر جمے رہیں گے یہاں تک کہ لوٹ آئیں ہماری طرف

ہوئے ہوں وہ چاہے کتنے وزنی ہوں انھیں کوئی شخص بھی بوجھ خیال نہیں کرتا۔ مجھے یہی توجیہ زیادہ صحیح معلوم ہوتی ہے۔

۵۵ یہاں سے ان کی حماقت کی طرف اشارہ کیا گیا کہ یہ بچھڑا جسے تم نے خدا بنا لیا ہے اس کی بے بسی کا تو یہ عالم ہے کہ تمھاری بات کا جواب تک نہیں دے سکتا۔ نفع اور نقصان پہنچانے کی اس میں طاقت نہیں۔ بھلا یہ خدا کیوں کر ہو سکتا ہے۔

۵۶ قرآن کریم نے صراحۃً بتا دیا کہ بچھڑا بنانے والا اور یہ فتنہ کھڑا کرنے والا سامری تھا۔ حضرت ہارون کا اس سے کوئی سروکار نہ تھا بلکہ آپ نے تو اپنی قوم کو اس فتنہ میں مبتلا ہونے سے منع کیا اور ایک نبی کی یہی شان ہونی چاہیے۔ لیکن ذرا بائیبل کا بیان سنیے۔ وہ بچھڑا بنانے، اس کو خدا مان کر پوجا کرنے کا سارا الزام ہارون پر لگاتی ہے۔

"اور جب لوگوں نے دیکھا کہ موسیٰ نے پہاڑ سے اُترنے میں دیر لگائی تو وہ ہارون کے پاس جمع ہو کر اس سے کہنے لگے کہ اٹھ ہمارے لیے دیوتا بنا دے جو ہمارے آگے آگے چلے۔ کیونکہ ہم نہیں جانتے کہ اس مرد موسیٰ کو جو ہم کو ملکِ مصر سے نکال کر لایا کیا ہو گیا۔

ہارون نے اُن سے کہا تمھاری بیویوں اور لڑکوں اور لڑکیوں کے کانوں میں جو سونے کی بالیاں ہیں ان کو اتار کر میرے پاس لے آؤ۔ چنانچہ سب لوگ ان کے کانوں سے سونے کی بالیاں اتار اتار کر ان کو ہارون کے پاس لے آئے۔

اور اس نے ان کو ان کے ہاتھوں سے لے کر ایک ڈھالا ہوا بچھڑا بنایا جس کی صورت چھینی سے ٹھیک کی۔ تب وہ کہنے لگے اے اسرائیل! یہی تیرا وہ دیوتا ہے جو تجھ کو ملکِ مصر سے نکال کر لایا۔ (خروج باب ۳۲، آیت: ۱ تا ۴)

اللہ تعالیٰ کے نبی پر بت سازی اور شرک کا یہ گھناؤنا الزام لگانے کی جرأت بائیبل کے مرتب کرنے والے

مُوْسٰى ﴿٩١﴾ قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ﴿٩٢﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ

موسیٰ (علیہ السلام) (موسیٰ نے آکر غصہ سے) کہا اے ہارون! کس چیز نے تجھے روکا کہ جب تو نے انھیں گمراہ ہوتے دیکھا تو (انھیں چھوڑ کر) میرے پیچھے چلا آیا

اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ﴿٩٣﴾ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ

کیا تو نے بھی میری حکم عدولی کی۔ ہارون نے کہا اے میری ماں جائے بھائی! نہ پکڑو میری داڑھی کو اور نہ میرے سر (کے بالوں) کو میں نے اس خوف سے

اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ

(وہاں پر سختی نہ کی) کہ کہیں آپ یہ نہ کہیں کہ تو نے پھوٹ ڈال دی بنی اسرائیل کے درمیان اور میرے حکم کا انتظار نہ کیا۔

قَوْلِيْ ﴿٩٤﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ﴿٩٥﴾ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا

آپ نے پوچھا اے سامری! (اس فتنہ انگیزی) سے تیری غرض کیا تھی؟ اس نے کہا میں نے دیکھی ایسی چیز جو لوگوں نے

ہی کر سکتے ہیں۔ قرآن کریم نے جہاں دوسرے انبیاء کرام کے دامنِ عصمت پر لگائے ہوئے داغوں کو دور کیا اسی طرح حضرت ہارون سے اس تہمت کی پرزور انداز میں تردید کردی۔

۹۵ حضرت موسیٰ نے سمجھا کہ شاید ہارون نے ان کو سمجھانے میں کوتاہی کی اور انھیں اس کھلی گمراہی سے باز رکھنے کا فریضہ انجام نہیں دیا اس لیے بڑے خشمناک لہجہ میں ان سے مخاطب ہوئے۔

۹۶ اب سامری کی باری آئی۔ اس سے پوچھا ظالم تو نے یہ کیا گل کھلایا میری ساری کی ساری قوم کو اپنے خداوند سے بیگانہ کرکے ایک بچھڑے کا پجاری بنا دیا۔

۹۷ یہ شخص کون تھا، کہاں کا رہنے والا تھا۔ اس کی تحقیق ضروری ہے۔ تاکہ عیسائی مبلغین اور مستشرقین نے قرآن حکیم پر جو نازیبا اعتراض کیا ہے اس کا جواب دیا جاسکے۔ وہ کہتے ہیں کہ السامری میں جو نسبت ہے یا تو سامریہ کی طرف ہوگی جو دولتِ اسرائیل کا پایہ تخت تھا۔ یا اس قبیلہ کی طرف ہوگی جو اسرائیلی قبائل اور غیر اسرائیلی لوگوں کے اختلاط سے معرضِ وجود میں آیا اور جس نے سامری کے نام سے شہرت پائی۔ اس کے علاوہ اور کوئی تیسرا احتمال نہیں لیکن یہ دونوں احتمال سرے سے غلط ہیں۔ کیونکہ یہ واقعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کا ہے اور سامریہ کا شہر کئی سو سال بعد ۹۲۵ قبل مسیح میں آباد ہوا۔ دوسرا احتمال اس سے بھی بعید تر ہے کیونکہ اسرائیلیوں اور غیر اسرائیلیوں کے باہمی ازدواج اور اختلاط سے جو سامری قبیلہ معرضِ وجود میں آیا تھا وہ سامریہ کی تعمیر سے بھی کئی صدیاں بعد معرضِ وجود میں آیا تھا اس لیے کسی ایسے شخص کو سامریہ یا سامری کی طرف منسوب کرکے السامری کہنا جو حضرت موسیٰ کا ہم عصر ہو یہ (نعوذ باللہ) قرآن کے مصنف کی جہالت کا یقین

ثبوت ہے اس اعتراض کا جواب دیتے ہوئے مولانا مودودی لکھتے ہیں :۔

"شاید ان مدعیان علم وتحقیق کا گمان یہ ہے کہ قدیم زمانے میں ایک نام کا ایک ہی شخص یا قبیلہ یا مکان ہوا کرتا تھا اور ایک نام کے دو یا زائد اشخاص یا قبیلے و مکان ہونے کا قطعاً کوئی امکان نہ تھا۔ حالانکہ سمیری قدیم تاریخ کی ایک نہایت مشہور قوم تھی جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دور میں عراق اور اس کے آس پاس کے علاقوں پر چھائی ہوئی تھی اور اس بات کا بہت امکان ہے کہ حضرت موسیٰ کے عہد میں اس قوم یا اس کی کسی شاخ کے لوگ سامری کہلاتے ہوں پھر خود اس سامریہ کی اصل کو بھی دیکھ لیجیے جس کی نسبت سے شمالی فلسطین کے لوگ بعد میں سامری کہلانے لگے۔"

بائیبل کا بیان ہے کہ دولت اسرائیل کے فرمانروا عمری نے ایک شخص سمر نامی سے وہ پہاڑ خرید ا تھا جس پر اس نے بعد میں اپنا دار السلطنت تعمیر کیا۔ اور چونکہ پہاڑ کے سابق مالک کا نام سمر تھا اس لیے اس شہر کا نام سامریہ رکھا گیا۔ (سلاطین ۱، باب ۱۶: آیت ۲۴)

اس سے صاف ظاہر ہے کہ سامریہ کے وجود میں آنے سے پہلے سمر نام کے اشخاص پائے جاتے تھے اور ان سے نسبت پاکر ان کی نسل یا قبیلے کا نام سامری اور مقامات کا نام سامریہ ہونا کم از کم ممکن ضرور تھا۔

(تفہیم القرآن جلد سوم صفحہ ۱۱۳، ۱۱۴)

سامری کے متعلق تحقیق کرتے ہوئے مولانا ابو الکلام آزاد ترجمان القرآن میں لکھتے ہیں :۔

"قیاس کہتا ہے کہ یہاں سامری سے مقصود سمیری قوم کا فرد ہے کیونکہ جس قوم کو ہم نے سمیری کے نام سے پکارنا شروع کر دیا ہے عربی میں اس کا نام قدیم سے سامری آ رہا ہے اور اب بھی عراق میں ان کا بقایا اسی نام سے پکارا جاتا ہے۔ یہاں قرآن کا السامری کہہ کے اسے پکارنا صاف کہہ رہا ہے کہ یہ نام نہیں ہے اس کی قومیت کی طرف اشارہ ہے یعنی وہ شخص اسرائیلی نہ تھا سامری تھا۔"

اس سے چند سطور آگے چل کر مولانا آزاد لکھتے ہیں :۔

"بہرحال سمیری قبائل کا اصلی وطن عراق تھا مگر یہ دور دور تک پھیل گئے تھے مصر سے ان کے تعلقات کا سراغ ایک ہزار سال قبل مسیح تک روشنی میں آ چکا ہے۔ پس معلوم ہوتا ہے اسی قوم کا ایک فرد حضرت موسیٰ کا بھی معتقد ہو گیا اور جب بنی اسرائیل نکلے تو یہ بھی ان کے ساتھ نکل آیا۔ اسی کو قرآن نے السامری کے لفظ سے یاد کیا ہے۔"

ترجمان القرآن جلد دوم صفحہ ۴۶۴، ۴۶۵)

مگر مولانا دریابادی نے ایک نئی چیز بیان کی ہے۔ لکھتے ہیں :۔

بعض جدید محققین کا خیال ہے کہ قدیم مصری زبان میں سمر کہتے ہیں پردیسی، غیر ملکی، بیرونی کو۔ سامری سے مراد ہے کوئی شخص جو غیر اسرائیلی تھا اور مصر سے اسرائیلیوں کے ساتھ ہو گیا تھا۔ (تفسیر ماجدی سورہ طٰہٰ) یہ لکھنے کے

بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ

نہ دیکھی ٣؎ پس میں نے مٹھی بھر لی۔ رسول کی سواری کے نشانِ قدم کی خاک سے پھر اسے ڈال دیا اس ڈھانچہ میں اور اس

لِیْ نَفْسِیْ ﴿٩٦﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِی الْحَیٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ

طرح آراستہ کر دی میرے لیے میرے نفس نے یہ بات۔ آپ نے (غضب سے) فرمایا جا چلا جا پس تیرے لیے اس زندگی میں تو یہ سزا ہے کہ تو کہتا پھرے گا کہ مجھے کوئی ہاتھ نہ لگائے

بعد میں نے لسان العرب کی طرف رجوع کیا۔ وہاں جو رقوم ہے اس کے مطالعہ سے وہ بنیاد ہی منہدم ہو جاتی ہے جس پر مستشرقین اور معترضین کے اعتراض کا انحصار ہے السامرة قبیلة من قبائل بنی اسرائیل قوم من الیهود یخالفونهم فی بعض دینهم الیه نسب السامری الذی عبد العجل الذی سمع له خوار۔

(لسان العرب ج ۴ صفحہ ۳۸۰ طبع بیروت)

یعنی بنی اسرائیل کے متعدد قبائل میں سے ایک قبیلہ کا نام السامرہ ہے اور جس شخص نے بچھڑے کی پوجا شروع کی وہ اس قبیلہ کا فرد تھا اسی نسبت سے اسے سامری کہا گیا ہے۔ صاحب تاج العروس نے بھی اسی قسم کی تشریح لکھی ہے۔

٣؎ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے استفسار پر سامری نے جو جواب دیا وہ اس آیت میں مذکور ہے لیکن آیت کے مفہوم میں اختلاف ہے۔ تمام قدیم مفسرین اس آیت کی اس توضیح پر متفق ہیں کہ سامری نے عرض کی کہ میں نے ایک دفعہ جبریل کو دیکھا کہ وہ گھوڑی پر سوار ہیں۔ وہ گھوڑی جہاں قدم رکھتی ہے خشک گھاس سرسبز ہو جاتی ہے۔ میں نے خیال کیا کہ اس گھوڑی کی خاک قدم میں حیات بخش اثر ہے۔ میں نے وہاں سے ایک مٹھی بھری اور حفاظت سے اپنے پاس رکھ لی۔ اب جب آپ طور پر گئے اور آپ کی واپسی میں تاخیر ہوئی تو مجھے یہ سوجھی کہ زیورات کو گلا کر ایک بچھڑے کا ڈھانچہ بنایا اور اس میں یہ مٹی ڈال دی جس سے اس میں زندگی کے آثار نمایاں ہو گئے اور اس سے آواز نکلنے لگی۔ لیکن ابو مسلم اصفہانی نے قدماء علماء تفسیر کے برعکس اس کا ایک اور مفہوم بیان کیا ہے جسے امام رازی نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا اور اس کو صحیح ثابت کرنے کے لیے کئی وجوہات بیان کیں۔ علامہ ابی حیان اندلسی نے بھی اس قول کو بحر محیط میں ذکر کیا اور اس کی تردید نہیں کی۔ علامہ نیشاپوری نے بھی اسے اپنی تفسیر میں ذکر کیا اور اس کی تغلیط نہیں کی۔ ابو مسلم نے اس آیت کا یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ بصرت بما لم یبصروا به کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے بتائے ہوئے عقائد جن کی صداقت کو بنی اسرائیل نے تسلیم کر لیا تھا مجھے وہ صحیح صحیح معلوم نہ ہوئے۔ اور میں ان کی تصدیق نہ کر سکا کیونکہ میں اس قوم کا فرد تھا جو گائے کی پرستش کیا کرتی تھی۔ اپنے آبائی عقائد اس کے ذہن میں سرایت کیے ہوئے تھے اس لیے عقیدۂ توحید کو اس کا درست نہ سمجھنا بعید از قیاس نہ تھا۔ قال بصرت بما لم یبصروا به ای عرفت ان الذی انتم

وَإِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهُ ۚ وَانْظُرْ إِلَىٰ إِلٰهِكَ الَّذِي ظَلْتَ

اور بیشک تیرے لیے ۷۳ ایک اور وعدہ (عذاب) بھی ہے جس کی خلاف ورزی نہیں ہوگی۔ اور ذرا دیکھ اپنے اس خدا کی طرف جس پر تو جم کر

علیه لیس بحق فقبضت قبضة من اثر الرسول کا مطلب اس نے یہ بیان کیا ہے کہ آپ کی صحبت میں کچھ عرصہ رہنے سے میں نے آپ کے نظریات میں سے بعض کو تسلیم کر لیا تھا۔ فنبذتھا۔ لیکن جب میں نے ان میں مزید غور و فکر کیا تو ان کو بھی رد کر دیا فکذالک سولت لی نفسی یہ سب کچھ میں نے از خود کیا ہے کسی کے ورغلانے کا اس میں کوئی حصہ نہیں۔ اور جب آپ کے دین کی صداقت پر میرا ایمان نہ رہا تو آپ کی غیر حاضری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں نے آپ کی قوم کو آپ کے دین سے منحرف کرنے کی یہ تدبیر کی اور میں کامیاب رہا۔ اکثر متاخرین نے ابومسلم کی اس توجیہ کو پسند کیا ہے۔

لیکن مولانا مودودی نے اس توجیہ پر اپنی ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ اگر اس طرح قرآنی جملوں کو مختلف معانی کا لباس پہنایا جانے لگا تو یہ کتاب معموں اور پہیلیوں کی کتاب بن جائے گی۔ اس کی عربی مبین ہونے کی صفت کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اسی طرح انھیں قدما مفسرین کی توجیہ سے بھی اتفاق نہیں۔ ان کا خیال ہے کہ سامری کے اس جواب کا صداقت سے کوئی واسطہ نہ تھا بلکہ جب موسیٰ علیہ السلام نے اسے سرزنش کی، اور اس کی اس حرکت کی وجہ پوچھی تو اس نے جھوٹ موٹ ایک جواب گھڑ کر آپ کے سامنے پیش کر دیا۔

ابومسلم اصفہانی نے جب قدماء کے مسلک سے اختلاف کیا تو اس نے اس کی یہی وجہ بتائی کہ قرآن سے اس مسلک کی توثیق نہیں ہوتی۔ اگر یہی بات کوئی اصفہانی سے پوچھے کہ آپ کی تاویل کی تصدیق قرآن کی کس آیت سے ہوتی ہے تو شاید انھیں خاموشی اختیار کرنا پڑے۔ اور مولانا کا یہ ارشاد کہ قرآن یہ نہیں کہہ رہا ہے کہ فی الواقع ایسا ہوا تھا بجا لیکن قرآن یہ بھی تو نہیں کہہ رہا کہ ایسا نہیں ہوا تھا۔ سامری نے جھوٹ بولا تھا۔ اور اگر سامری نے جھوٹ بولا ہوتا تو موسیٰ علیہ السلام صاف فرماتے کہ تم جھوٹ بک رہے ہو۔ تمہارے اس جواب کا حقیقت سے کوئی واسطہ نہیں۔ اگر پچھلی دو توجیہوں میں سے کسی کو قرآن کریم کی تائید حاصل ہوتی تو تسلیم کرنے میں کوئی حرج نہ تھا لیکن اگر انھیں یہ تائید میسر نہیں تو پہلی توجیہ کو صرف اس لیے رد کر دینا کہ اس کی توثیق کسی آیت سے نہیں ہوتی عجیب معلوم ہوتا ہے۔ قدماء کا مسلک ہی ارجح اور اسلم معلوم ہوتا ہے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم۔

۷۳ آپ نے اس کو اپنے گروہ سے خارج کر دیا اور سب کو تاکید کر دی کہ اس کے ساتھ نشست و برخاست بول چال لین دین سب بند کر دیں۔ اور اس کے دل میں بھی لوگوں سے وحشت اور نفرت پیدا ہو گئی۔ جنگل میں اسی طرح تنہا راندہ ہوا گھومتا رہا۔ یہاں تک کہ مر گیا۔ فکان فی البریة طریدا وحیداً کالوحشی النافر حتی مات۔

(مظہری)

عَلَيْهِ عَاكِفًا ۖ لَّنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنسِفَنَّهُ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ﴿٩٧﴾ إِنَّمَا

بیٹھا رہا اس کا کیا حشر ہوتا ہے ہم اسے جلا ڈالیں گے پھر ہم بکھیر کر بہا دیں گے اس سمندر میں اس (کی راکھ) کو ۔ تمہارا معبود تو

إِلَٰهُكُمُ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿٩٨﴾ كَذَٰلِكَ

صرف اللہ تعالیٰ ہے جس کے سوا کوئی خدا نہیں ۔ [۴۳] گھیر رکھا ہے اس نے ہر چیز کو (اپنے) علم سے ۔ یوں ہم

نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ آتَيْنَاكَ مِن لَّدُنَّا

بیان کرتے ہیں [۴۴] آپ سے خبریں ان لوگوں کی جو پہلے گزر چکے ۔ اور ہم نے مرحمت فرمایا ہے آپکو اپنی جناب سے ایک

ذِكْرًا ﴿٩٩﴾ مَّنْ أَعْرَضَ عَنْهُ فَإِنَّهُ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وِزْرًا ﴿١٠٠﴾

پند نامہ ۔ جو شخص روگردانی کریگا اس سے تو وہ اٹھائے گا قیامت کے دن ایک بوجھ ۔

خَالِدِينَ فِيهِ ۖ وَسَاءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حِمْلًا ﴿١٠١﴾ يَوْمَ يُنفَخُ فِي

یہ لوگ ہمیشہ اس بوجھ تلے دبے رہیں گے اور بہت تکلیف دہ ہوگا انکے لیے روز قیامت یہ بوجھ ۔ جس روز پھونکا جائے گا

الصُّورِ ۚ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿١٠٢﴾ يَتَخَافَتُونَ بَيْنَهُمْ

صور میں اور ہم جمع کریں گے [۴۵] مجرموں کو اس دن اس حال میں کہ انکی آنکھیں نیلی ہونگی چپکے چپکے آپس

[۴۳] آخر میں آپ نے فرمایا کہ یہ رب نہیں جسے سامری نے ڈھالا ہے اس جیسے تو سینکڑوں اور ڈھالے جا سکتے ہیں بلکہ تمہارا رب وہ ہے جو وحدہ لاشریک ہے جس کا کوئی ہمسر نہیں جس کا علم اتنا وسیع ہے کہ کائنات کا ذرہ ذرہ اس کے سامنے عیاں ہے ۔

[۴۴] یہی واقعہ بائیبل میں بھی مذکور ہے اور قرآن میں بھی ۔ دونوں کا تقابلی مطالعہ کرنے سے آپ کو یقین ہو جائے گا کہ قرآن میں بیان شدہ واقعہ کی ہر ہر آیت میں لقد آتیناك منا ذکرا کا نور چمک رہا ہے ۔

[۴۵] وقوع قیامت اور مجرمین کے قبروں سے اٹھنے کا بیان ہو رہا ہے کہ جب وہ اٹھیں گے تو خوف و ہراس کی وجہ سے ان کی آنکھیں نیلی ہو چکی ہوں گی ۔ آنکھوں کی سیاہی غائب ہو چکی ہوگی ۔ عرب نیلی آنکھ کو ناپسند کرتے ہیں اور اسے بدصورتی کی علامت سمجھتے ہیں ۔ والعرب تتشاءم بزرق العيون تذمه ۔ (قرطبی)

إِنْ لَّبِثْتُمْ إِلَّا عَشْرًا ﴿١٠٣﴾ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ إِذْ يَقُولُ أَمْثَلُهُمْ

میں کہیں گے ۵۳ کہ نہیں رہے تم دنیا میں مگر فقط دس دن۔ ہم خوب جانتے ہیں جو وہ کہیں گے جبکہ ان میں سے زیادہ زیرک

طَرِيقَةً إِنْ لَّبِثْتُمْ إِلَّا يَوْمًا ﴿١٠٤﴾ وَيَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ

کہے گا کہ نہیں ٹھیرے ہو تم مگر صرف ایک دن۔ اور وہ آپ سے پہاڑوں کے انجام کے بارے میں پوچھتے ہیں ۵۴

يَنْسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا ﴿١٠٥﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ لَا تَرٰى فِيهَا

آپ فرمائیے میرا رب انھیں جڑوں سے اکھیڑ کر پھینک دے گا۔ پس بنا چھوڑے گا اس پہاڑی علاقہ کو کھلا ہموار میدان نہ نظر آئیگا تجھے اس میں

عِوَجًا وَّلَآ أَمْتًا ﴿١٠٧﴾ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ وَخَشَعَتِ

کوئی موڑ اور نہ کوئی ٹیلہ۔ اس روز سب لوگ پیروی کریں گے پکارنے والے کی کوئی روگردانی نہیں کرسکیگا اس سے۔ اور خاموش ہو جائینگی

الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا ﴿١٠٨﴾ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ

سب آوازیں رحمٰن کے خوف سے پس تو نہ سنے گا (اس روز) بجز مدھم سی آہٹ۔ اس دن نہیں نفع دیگی کوئی سفارش

۵۳ تخافت کا معنی ہے رازداری سے چپکے چپکے باتیں کرنا۔ جب ہول قیامت دیکھیں گے تو دنیا کی طویل زندگیاں بھول جائیں گے۔ عیش و سرور کی لمبی راتیں، خوشی اور نشاط کے لمبے دن یکسر فراموش کردیں گے اور کہیں گے کہ ہمارا قیام تو دنیا میں بڑا مختصر تھا۔ ہم صرف دس دن وہاں ٹھیرے اور پھر نکال دیئے گئے اور جو ان میں سے بڑا ہوشمند اور سیانا ہوگا وہ انھیں کہے گا ہم وہاں دس روز کب ٹھیرے تھے ہمارا قیام تو وہاں ایک روز و شب سے زیادہ نہ تھا۔

۵۴ کفار کو جب بتایا جاتا کہ قیامت کے روز ہر چیز زیر و زبر اور سارا نظام درہم برہم کردیا جائے گا تو وہ فوراً اعتراض جڑ دیتے کہ یہ اونچے اونچے پہاڑ جو بلندی میں آسمان سے باتیں کر رہے ہیں یہ کہاں جائیں گے اس کا جواب دیا جا رہا ہے۔ ان آیات کے مشکل الفاظ کی تشریح "نسف" نسفاً۔ اس کی وضاحت کرتے ہوئے ابن الاعرابی کہتے ہیں۔ یقلعها قلعا من اصولها ثم یسیرها رملا یسیل سیلا ثم یسیرها کالصوف المنفوش تطیرها الریاح هكذا وهكذا۔ یعنی انھیں جڑوں سے اکھیڑ کر ریت کی طرح بکھیر رکھ دے گا پھر دھنی ہوئی اون کے گالوں کی طرح ہوائیں انھیں اُڑا کرلے جائیں گی اور ان کا نام و نشان تک باقی نہ رہے گا۔ القاع۔ المستوی من الارض۔ ہموار میدان۔ صفصفا: الذی لا نبات فیه۔ چٹیل میدان جس میں کوئی چیز اُگی ہوئی نہ ہو۔ عوجاً۔ کجی، موڑ جس طرح پہاڑوں کا بل

الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِیَ لَهٗ قَوْلًا ﴿۱۰۹﴾ یَعْلَمُ

سوائے اس شخص کی شفاعت کے جسے رحمٰن نے اجازت دی اور پسند فرمایا ہو اس کے قول کو ۱۰۹ وہ جانتا ہے

مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ﴿۱۱۰﴾ وَعَنَتِ

جو کچھ آنیوالے حالات کو اور انکے گزرے ہوئے واقعات کو اور لوگ نہیں احاطہ کر سکتے اسکا اپنے علم سے ۱۱۰ اور (فرط نیاز سے)

الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ

جھک جائینگے سب (لوگوں کے) چہرے اللہ حی و قیوم کے سامنے۔ اور نامراد ہوا جس نے لادا اپنے (سر) پر ظلم (کا بار گراں) ۱۱۱ اور جو شخص

کھاتا ہوا سطح ہوتا ہے۔ الامت: ابناث: وھی التلال الصغار واحدھا نبکٌ ای ھی ارض مستویۃ لا انخفاض فیھا ولا ارتفاع یعنی الامۃ کا معنی ہے چھوٹے چھوٹے ٹیلے۔ مطلب یہ ہے کہ جہاں آج اونچے پہاڑ اور گہری وادیاں ہیں وہ جگہ بالکل ہموار کر دی جائے گی اس میں کوئی نشیب فراز نہیں ہوگا۔ ھَمْسًا۔ مدھم آواز، پاؤں کی آہٹ کو بھی ھَمْس کہتے ہیں۔

۱۰۹ یہ مضمون کئی بار گزر چکا ہے یعنی قیامت کے روز یہ نہیں ہوگا کہ جس کا جی چاہے گا اٹھ کر شفاعت کرنے لگے گا بلکہ اس روز وہی شخص شفاعت کرنے کی جرأت کرے گا جسے پہلے بارگاہ رب العزت سے اس کا اذن مل چکا ہوگا جیسے انبیاء، اولیاء، صلحاء وغیرہم اور انہی کے حق میں شفاعت کی جائے گی جن کا کلمۂ شہادت عند اللہ مقبول ہو اور جو بے ایمان ہو کر مرے گا اس کے لیے کوئی شفاعت نہیں ہوگی۔

۱۱۰ حضرت صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین مراد آبادی قدس سرہٗ لکھتے ہیں یعنی تمام کائنات کا علم ذات الٰہی کا احاطہ نہیں کر سکتا اسکی ذات کا ادراک علوم کائنات کی رسائی سے برتر ہے وہ اپنے اسماء و صفات اور آثار قدرت و شیون حکمت سے پہچانا جاتا ہے۔ ؎

کجا دریابد او را عقل چالاک | کہ او بالاتر است از حد ادراک
نظر کن اندر اسماء و صفاتش | کہ واقف نیست کس از کنہ ذاتش

(خزائن العرفان)

ترجمہ: عقل چالاک اللہ تعالیٰ کو کس طرح پا سکتی ہے کیونکہ وہ فہم و ادراک کی حد سے بہت بلند ہے تو اگر اس کی معرفت حاصل کرنا چاہتا ہے تو اسکے اسمائے حسنیٰ اور صفات کمال میں غور و فکر کر۔ کیونکہ کوئی شخص اسکی ذات کی حقیقت سے واقف نہیں ہے۔

۱۱۱ بڑے بڑے مطلق العنان بادشاہ، فاتحان عالم، سرکش رؤسا و امراء قیامت کے روز جب خداوند ذوالجلال کے حضور میں حاضر ہونگے تو ان کی گردنیں جھکی ہوئی ہوں گی۔ انکے چہروں پر عاجزی اور درماندگی کے آثار نمودار ہو رہے ہونگے۔ کوئی دم نہیں مار سکے گا۔

يَعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ﴿۱۱۲﴾

کرتا ہے نیک اعمال اور وہ ایمان دار بھی ہو تو اسے اندیشہ نہ ہوگا کسی ظلم کا یا حق تلفی کا

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ

اور اسی طرح ہم نے اتارا اس کتاب کو قرآن عربی زبان میں اور طرح طرح سے بیان کیں اس میں گناہوں کی سزائیں

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿۱۱۳﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ

تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیں یا پیدا کر دے یہ قرآن انکے دلوں میں یہ سمجھ۔ پس اعلیٰ وارفع ہے اللہ جو سچا بادشاہ ہے۔

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۫ وَقُلْ

اور نہ عجلت کیجیے قرآن کے پڑھنے میں اس سے پہلے کہ پوری ہو جائے آپ کی طرف اسکی وحی ۱۴۲ اور دعا مانگا

۱۴۲؎ اس آیت کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابن کثیر نے حضرت ابن عباس کی حدیث نقل کی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سرکار دو عالم کو نبوت کے ابتدائی ایام میں نزول وحی کے وقت بڑی شدت کا سامنا کرنا پڑتا۔ جو جبرائیل کی زبان سے نکلتا اس کی طرف بھی پوری توجہ ازبس ضروری تھی اور جو وہ سناتے اس کا یاد رکھنا بھی ازحد اہم تھا نہ توجہ کو ادھر سے ہٹایا جا سکتا تھا نہ وحی کو فراموش کرنے کا خطرہ برداشت کیا جا سکتا تھا۔ چنانچہ جبرائیل جو کلام الٰہی سناتے حضورؐ اسے پورے انہماک اور توجہ سے سنتے بھی اور ساتھ ہی ساتھ اسے زبان سے دہراتے بھی۔ دونوں بوجھوں کا بیک وقت متحمل ہونا گراں اور شاق ضرور تھا لیکن نبوت کی نازک ذمہ داریوں کے پیش نظر اس کے بغیر چارۂ کار بھی نہ تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس مشکل کو یہ فرما کر آسان کر دیا کہ اے محبوبؐ جبرائیل جب میرا کلام پڑھ کر تمہیں سنائے تو آپ سنتے رہیے اور یہ فکر نہ کیجیے کہ بھول جائے گا اسے یاد کرا دینا اور اس کے معانی و مطالب سے آگاہ کر دینا ہم نے اپنے ذمہ لے لیا ہے۔ آپ کو اس کے لیے متردد اور پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ حصول علم کا عام طریقہ تو یہی ہے کہ استاد جو کہے شاگرد اسے غور سے سنتا بھی جائے اور ساتھ ساتھ اسے ذہن میں محفوظ بھی کرتا جائے لیکن رب محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے عطیات نرالے ہیں۔ وہ بغیر مشقت کوئی نعمت عطا فرما دے تو یہ اس کا کرم ہے۔

میں نے جب عصر حاضر کے ایک مشہور مصنف کی تفسیر میں یہ پڑھا تو انتہائی دکھ ہوا۔ وہ لکھتے ہیں :۔

"نبی صلے اللہ علیہ وسلم وحی کا پیغام وصول کرنے کے دوران میں اسے یاد کرنے اور زبان سے دہرانے کی کوشش فرما رہے ہونگے۔ اس کوشش کی وجہ سے آپ کی توجہ بار بار ہٹ جاتی ہو گی بسلسلۂ اخذ

رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَ

کہیے میرے رب! اور زیادہ کر میرے علم کو ۱۴۳ اور ہم نے حکم دیا تھا آدم کو ۱۴۴ اس سے پہلے کہ وہ اس درخت کے قریب جائے، سو وہ بھول گیا

وحی میں خلل واقع ہو رہا ہوگا۔ پیغام کی سماعت پر توجہ پوری طرح مرکوز نہ ہو رہی ہوگی۔ اس کیفیت کو دیکھ کر یہ ضرورت محسوس کی گئی کہ آپ کو پیغام وحی وصول کرنے کا صحیح طریقہ سمجھایا جائے"۔

ایک سطر آگے چل کر لکھتے ہیں :-

"ابتدائی زمانہ میں جبکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اخذ وحی کی عادت اچھی طرح نہ پڑی تھی، آپ سے کئی مرتبہ یہ فعل سرزد ہوا ہے۔ (تفہیم القرآن صفحہ ۱۲۹ جلد سوم)

میرے جیسا مبتدی بہرحال اس عبارت کا مدعا نہیں سمجھ سکا۔ وصول وحی کے لیے حضورؐ کی یہ حرص اور شفقت حضورؐ کا کمال اور احساس ذمہ داری کا ثبوت تھا یا وجہ نقص تھی۔ اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد اس کا محض احسان اور لطف تھا یا کسی غلطی کی اصلاح اور کوتاہی کی تلافی تھی؟ کیا نبوت اور اس کے لوازمات وہبی ہیں یا کسبی اور عادت سے حاصل ہوتے ہیں؟ یہ چیزیں غور طلب ہیں۔

ادب گاہیست زیر آسماں از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا

۱۴۳ علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں قال ابن عیینة رحمة الله علیه لم يزل رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فی زیادة حتی توفاه الله عز وجل یعنی اس دعا کی برکت سے تادم واپسیں حضورؐ کے علم میں اضافہ اور زیادتی ہوتی رہی۔ وقیل هذا اشارة الی العلم اللدنی (روح المعانی)

ترجمہ: علامہ آلوسی کہتے ہیں کہ اس میں علم لدنی کی طرف اشارہ ہے اور علم لدنی اسے کہا جاتا ہے جو کسبی نہ ہو بلکہ محض اللہ تعالیٰ کی دین ہو۔

علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں بڑی پیاری بات لکھی ہے :-

"در لطائف قشیری رحمۃ اللہ تعالیٰ مذکور است کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام زیادہ علم طلبید او را حوالہ بخضر کردند و بے طلب پیغمبر ما را صلے اللہ علیہ وسلم دعائے زیادتی علم بیاموخت و حوالہ بغیر خود نہ کرد تا معلوم شود کہ آنکہ در مکتب ادب "اَدَّبَنِیْ رَبِّیْ" سبق وقل رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا خواندہ باشد ہر آئینہ در درسگاہ وعلمك ما لم تكن تعلم نکتۂ فعلمت علم الاولین والآخرین بگوش ہوش مستفیدان حقائق اشیاء تواند رسانید"۔

علمہائے انبیاء و اولیاء
در دلش رخشندہ چوں شمس الضحیٰ
عالمے کاموزگارش حق بود
علم او بس کامل مطلق بود

ترجمہ :- لطائف قشیری رحمۃ اللہ میں مذکور ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے علم کی زیادتی کا سوال کیا، تو انھیں خضر کے حوالے کر دیا گیا اور ہمارے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو بن مانگے زیادتی علم کی دعا سکھادی اور اپنے سوا کسی کی طرف کسب علم کے لیے جانے کی اجازت نہ دی تاکہ دُنیا کو معلوم ہو جائے کہ وہ ہستی جس نے ادّبنی ربّی کے مکتب میں وقل ربّ زدنی علما کا سبق پڑھا ہے وہ علّمک مالم تکن تعلم کی درسگاہ میں حقائق اشیا کی جستجو کرنے والوں کے گوش ہوش میں فعلمت علم الاولین والآخرین کا نقطہ پہنچا سکتا ہے۔

ترجمہ اشعار رومی :- تمام انبیاء اور اولیاء کے علوم آپ کے قلب مبارک میں چاشت کے سورج کی طرح چمک رہے ہیں۔ وہ عالم جس کا استاد حق تعالےٰ ہو اس کے علم کے کمال کا کوئی کیسے اندازہ لگا سکتا ہے۔

آخری سطروں کی وضاحت ضروری ہے تاکہ عام تعلیم یافتہ حضرات بھی اس سے لطف اندوز ہو سکیں حضور علیہ الصلاۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ اَدَّبَنِيْ رَبِّيْ فَاَحْسَنَ تَادِيْبِيْ ۔ میرے رب نے مجھے ادب سکھایا ہے اور خوب سکھایا ہے۔ گویا یہ وہ مدرسہ ہے جس میں حضور نے تعلیم حاصل کی ہے اور اس مدرسہ کا پہلا سبق یہ ہے وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۔ یعنی ہر وقت یہ دعا مانگو کہ اے میرے رب! میرے علم میں مزید اضافہ فرما۔ یہ مدرسہ جس کا یہ پہلا سبق ہے۔ اسی کے فیض سے حضور کو عَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ، کا مرتبہ نصیب ہوا۔ یعنی اے حبیب! جو کچھ آپ پہلے نہیں جانتے تھے ہم نے آپ کو سکھا دیا۔

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حقائق اشیاء کی تلاش کرنے والوں کے کانوں تک حضور کا یہ اعلان پہنچا فَعَلِمْتُ عِلْمَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۔ یعنی تعلیم الٰہی سے مجھے پہلے لوگوں کا علم بھی حاصل ہو گیا اور بعد میں آنے والے لوگوں کا علم بھی حاصل ہو گیا۔

١٢٤ موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ ذکر کرنے کے بعد حضرت آدم علیہ السلام کا قصہ بیان فرمایا جا رہا ہے۔ موسیٰ کو جن لوگوں سے واسطہ پڑا تھا وہ بدکار اور گمراہ لوگ تھے لیکن ان کی گمراہی اور بدکاری میں عناد، سرکشی اور نافرمانی کا رنگ بھرا ہوا تھا۔ وہ اپنی سرکشیوں پر فخر کرتے تھے۔ غرور و نخوت سے ان کی گردنیں اکڑی رہتی تھیں۔ ظلم و ستم کی روش کو ترک کرنے کے لیے انھیں بارہا نصیحتیں کی گئیں مگر ہر بار عصیان و فسوق کا جذبہ ان میں تیز ہوتا گیا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ غضب الٰہی جوش میں آیا اور سمندر کی موجیں انھیں اور ان کے جاہ و جلال کو تنکوں کی طرح بہا لے گئیں۔ قصۂ آدم میں بھی لغزش کا وقوع ہے۔ حکم الٰہی کی بجا آوری میں کمی کوتاہی تھی۔ لیکن اس لغزش اور کوتاہی میں رعونت اور تکبر کا کوئی نشان نہ تھا۔ بھولے سے ایسی راہ پر قدم اٹھ گئے تھے جہاں جانے سے اللہ تعالےٰ نے صاف طور پر منع کیا تھا۔ حکم عدولی یقیناً ہو گئی تھی لیکن نافرمانی کا قصد ہرگز نہ تھا۔ قصور بلاشبہ سرزد ہو گیا تھا لیکن قصور وار بنکر سامنے آنے کا ارادہ موجود نہ تھا۔ جب متنبہ کیا گیا تو بار ندامت سے کمر دوہری ہو گئی۔ شدت غم سے دل پھٹنے لگا۔ احساس گناہ سے آنسوؤں کے دریا بہنے لگے۔ فرط حیا سے آسمان کی طرف نگاہ تک نہ اٹھ سکتی تھی اس لیے قدرت کا

لَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿۱۱۵﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا

اور نہ پایا ہم نے (اس لغزش میں) اس کا کوئی قصد تھا۔ اور جب ہم نے حکم دیا فرشتوں کو کہ سجدہ کرو آدم کو تو سب نے سجدہ کیا

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى ﴿۱۱۶﴾ فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا

سوائے ابلیس کے، اس نے حکم بجا لانے سے انکار کر دیا اور ہم نے فرمایا اے آدم! بیشک یہ تیرا بھی دشمن ہے اور تیری زوجہ کا بھی سو (ایسا نہ ہو)

سلوک آدم علیہ السلام سے وہ نہ تھا جو فرعون سے کیا گیا۔ زبان قدرت نے خود عذر بیان کر دیا فرمایا فنسی ولم نجد لہ عزمًا آدم نے یہ غلطی دانستہ نہیں کی بلکہ بھولے سے بلا ارادہ یہ خطا ہو گئی۔ پھر عفو و درگزر سے کام لیکر صرف خطا بخشی تک بات ختم نہیں ہوئی بلکہ رحمت کردگار اور آگے بڑھی اور شکستہ خاطر، وقف حزن و ملال اور مصروف آہ و بکا آدم کو اٹھایا اور اپنے دست کرم سے سر پر ثم اجتبٰہ ربہ کا چمکتا دمکتا نورانی تاج رکھ دیا۔ اسی سورۃ کی آیت ۱۲۲ ملاحظہ ہو۔

اس واقعہ کو ذکر کر کے اپنے بندوں کو بتایا کہ اگر بشری کمزوری کی وجہ سے یا جذبات کی شدت سے مجبور ہو کر کوئی گناہ کر بیٹھو تو سرکشی کی راہ اختیار نہ کرو۔ ورنہ تمہارا حشر وہی ہو گا جو فرعون کا ہوا۔ بلکہ توبہ اور انابت کو اپنا شعار بناؤ۔ تمہارے ساتھ وہی کریمانہ برتاؤ کیا جائے گا جو توبہ اور انابت کے راستہ پر چلنے والے ہر راہرو کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ قصہ آدم اس سے پہلے بھی کئی بار گزر چکا اور اس کے بعد بھی مختلف سورتوں میں اس کا بیان آئے گا۔ اس قصہ کے کئی پہلو ہیں۔ سیاق و سباق کی موافقت میں ہر جگہ اس واقعہ کے اسی پہلو کو نمایاں کیا گیا ہے جس کا نمایاں کرنا وہاں ضروری ہے اس لیے تکرار کے باوجود اس کی افادیت میں کوئی کمی محسوس نہیں ہوتی۔ ضیاء القرآن جلد اول میں سورہ البقرہ کی آیات ۳۰ تا ۳۹ کے حواشی نیز سورہ الاعراف کی آیات ۱۱ تا ۲۵ کے حواشی ملاحظہ ہوں۔ یہاں فقط کلمات کی تشریح اور توضیح پر اکتفا کیا جائے گا۔

۸۵؎ اس کا مفہوم بیان کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں۔ النسیان ترك الانسان ضبط ما استودع اما لضعف قلبه واما عن غفلة واما عن قصد . . . وكل نسيان من الانسان ذمه الله تعالى به فهو ما كان اصله عن تعمد۔ (مفردات)

یعنی نسیان کا معنی ہے انسان کا اس چیز کو محفوظ نہ رکھنا جو اسے ودیعت کی گئی اس کی وجہ کبھی دل کی کمزوری کبھی غفلت ہوتی ہے اور کبھی قصداً بھی انسان کسی چیز کو اپنے دل سے محو کر دیتا ہے اور یہی نسیان اللہ تعالیٰ کے نزدیک مذموم ہے۔

۸۶؎ عزم کے معنی عقد القلب علی امضاء الامر کسی کام کے کرنے کا تہیہ کر لینا۔ آیت کا ایک مفہوم تو یہ ہے کہ آدم علیہ السلام سے جو حکم عدولی ہوئی اس میں ان کے عزم کا دخل نہیں کہ آپ نے اپنے ارادہ اور مرضی سے اس درخت کا پھل کھایا ہو،

يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿۱۱۷﴾ إِنَّ لَكَ أَلَّا تَجُوعَ فِيهَا وَ

کہ وہ نکال دے تمھیں جنت سے ۱۳۶ اور تم مصیبت میں پڑ جاؤ۔ بیشک تمہارے لیے یہ ہے کہ تمھیں نہ بھوک لگے گی یہاں اور

لَا تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾ وَأَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾ فَوَسْوَسَ إِلَيْهِ

نہ تم ننگے ہو گے۔ اور تمھیں نہ پیاس لگے گی یہاں اور نہ دھوپ ستائے گی۔ پس شیطان نے انکے دل میں

الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ أَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿۱۲۰﴾

وسوسہ ڈالا ۱۳۷ اس نے کہا اے آدم! کیا میں آگاہ کروں تمھیں ہمیشگی کے درخت پر اور ایسی بادشاہی پر جو کبھی زائل نہ ہو

فَأَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ

سو انکے بہکانے سے) دونوں نے کھا لیا اس درخت تو (فوراً) برہنہ ہو گئیں ان پر ان کی شرمگاہیں اور وہ چپکانے لگ گئے اپنے (جسم) پر

دوسرا مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ حکم الٰہی پر ثابت قدم رہنے کی آپ میں ہمت نہ تھی۔ شیطان نے جب دل میں وسوسہ ڈالا تو آپ فوراً اس کے فریب میں آ گئے۔ اگرچہ بعض حضرات نے آیت کے اس مفہوم کو ترجیح دی ہے لیکن اس احقر کے نزدیک پہلا معنی زیادہ مناسب ہے۔ کیونکہ فنسی کا لفظ اسی طرف اشارہ کر رہا ہے وقیل معنی الاٰیۃ لم نجد لہ عزماً ای قصداً علی اکل الشجرۃ بل اکل ناسیاً۔ (مظہری) یعنی آیت کا مفہوم یہ ہے کہ آپ نے قصداً اس درخت کا پھل نہیں کھایا بلکہ بھول کر کھا بیٹھے۔

۱۳۶ آدم علیہ السلام کو بتایا جا رہا ہے کہ ابلیس تمہارا اور تمہاری زوجہ کا خطرناک دشمن ہے۔ تمہاری عزت اور سرفرازی دیکھ کر یہ آتش حسد میں جل رہا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ وہ تمھیں کوئی چکمہ دے اور تم پھنس جاؤ۔ یہ تمھیں جنت کی راحتوں سے محروم کر دے گا۔ فتشقی اور تم مشقت میں مبتلا ہو جاؤ گے۔ کیونکہ یہاں تو ہر چیز تیار ملتی ہے۔ اگر یہاں سے نکال دیئے گئے تو پھر ایک لقمہ منہ میں ڈالنے کے لیے محنت کرنی پڑے گی۔ پھر بھی یہ بہار نصیب نہ ہو گی۔ المراد بالشقاء التعب فی طلب المعاش۔ (مظہری)

شقاء سے مراد وہ کلفت اور تھکن ہے جو کسب معاش کے باعث انسان محسوس کرتا ہے۔ یہاں تشقی کا لفظ شقاوت اور بدبختی کے معنی میں مستعمل نہیں ہوا۔

۱۳۷ شیطان اپنی فریب کاری سے باز نہ آیا اور ناصح مشفق بن کر بہلانا شروع کر دیا اور کہا کیا میں آپکو ایک ایسا درخت دکھاؤں جس کا پھل کھانے سے موت کا خدشہ ہمیشہ کے لیے مٹ جائیگا! اور تمھیں لازوال بادشاہی مل جائے گی۔

وَرَقِ الْجَنَّةِ ۡ وَعَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾ ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ

جنت (کے درختوں) کے پتے۔ اور حکم عدولی ہوگئی آدم سے اپنے رب کی سو وہ بامراد نہ ہوا ۹۵ پھر (اپنے قرب کے لیے) چن لیا انھیں اپنے رب نے

فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴿۱۲۲﴾ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًاۢ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ

اور (عفو ورحمت سے) توجہ فرمائی ان پر اور ہدایت بخشی۔ حکم ملا دونوں اتر جاؤ یہاں سے اکٹھے تم ایک دوسرے کے دشمن

عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ

ہوگے۔ پس اگر آئے تمھارے پاس میری طرف سے ہدایت تو جس نے پیروی کی میری ہدایت کی ۹۶ تو نہ وہ بھٹکے گا

۹۵ غوی کا معنی ہے ضل عن المقصود یعنی جس مقصد کے لیے انھوں نے اس درخت کا پھل کھایا کہ ہمیشہ زندہ رہیں گے وہ مطلوب حاصل نہ ہوا! ور ابن الاعرابی نے کہا کہ غوی کا معنی ہے فسد علیہ عیشہ انھوں نے اپنی زندگی کا عیش وآرام خود خاک میں ملا دیا۔ راحت وآرام کی جگہ مشقت ومحنت مقدر میں لکھ دی گئی! امام لغت اسمٰعیل بن حماد الجوہری کی الصحاح دیکھنے کا موقعہ ملا تو سارے وسوسے دور ہو گئے۔ لفظ غوی کی تحقیق کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں کہ غوی کا معنی صرف گمراہ ہونا نہیں جس طرح ہم عام طور پر خیال کرتے ہیں بلکہ اہلِ زبان اسے دو معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔ (۱) گمراہ ہونا۔ (۲) حصولِ مقصد میں ناکام ہونا۔ الغی، الضلال والخیبۃ ایضاً (الصحاح)

اس تحقیق کی روشنی میں ہم یہاں دوسرا معنی لیں گے۔ کیونکہ یہی یہاں مناسب ہے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر آدم علیہ السلام نے بھول کر یہ کام کیا تھا تو پھر عصیٰ آدم (کہ آدم نے نافرمانی کی) کے الفاظ ان کے متعلق کیوں کہے گئے تو اس کا صحیح جواب یہ ہے کہ حسنات الابرار سیئات المقربین

ترجمہ:۔ نیک لوگوں کی نیکیاں بسا اوقات مقربین بارگاہِ الٰہی کی سیئات شمار کی جاتی ہیں۔

خطا اور نسیان پر اگرچہ انسان سے مواخذہ نہیں ہوگا اور انسان عذاب کا مستحق قرار نہیں پائے گا۔ لیکن خواص کا معاملہ اور ہے۔ ان سے ترکِ اولیٰ پر بھی مواخذہ ہوتا ہے۔ ؎

بود آدم دیدۂ نورِ قدیم موئے در دیدہ بود کوہِ عظیم

رومی فرماتے ہیں کہ آدم علیہ السلام نورِ قدیم کی آنکھ تھے اور آنکھ میں اگر ایک بال بھی پڑ جائے تو وہ کوہِ عظیم کی طرح ناقابلِ برداشت ہوتا ہے۔

۹۶ حضرت ابنِ عباس نے اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ جو شخص قرآن کریم کی تلاوت کرتا ہے اور اس کے احکام پر عمل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے دنیا میں گمراہ ہونے سے بچائے گا اور قیامت کے دن عذاب الیم سے محفوظ رکھے گا۔

وَلَا يَشْقٰى ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّ

اور نہ بدنصیب ہوگا۔ اور جس نے منہ پھیرا میری یاد سے ۹۱ تو اس کے لیے زندگی (کا جامہ) تنگ کر دیا جائیگا اور

نَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ

ہم اسے اٹھائینگے قیامت کے دن اندھا کر کے ۹۲ وہ کہیگا اے میرے رب! کیوں اٹھایا ہے تو نے مجھے نابینا کر کے میں تو پہلے

كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿۱۲۵﴾ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ

بالکل بینا تھا۔ ۹۳ اللہ تعالیٰ فرمائیگا اسی طرح آئی تھیں تیرے پاس ہماری آیتیں سو تو نے انہیں بھلا دیا اسی طرح آج تجھے فراموش

۹۱ ضنکاً مصدر ہے اس کا معنی تنگ ہونا۔ یہاں یہ معیشۃ کی صفت واقع ہوا ہے اور جب مصدر صفت واقع ہو (جیسے زیدٌ عدلٌ) تو مبالغہ پر دلالت کرتا ہے اس لیے مذکر اور مؤنث دونوں کی صفت واقع ہو سکتا ہے۔

علامہ ابن کثیر اس آیت کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ جو شخص ذکرِ الٰہی سے منہ موڑتا ہے اور احکامِ خداوندی سے رُوگردانی کرتا ہے۔ وہ دولت اور ثروت کے انبار جمع کر لینے کے باوجود جاہ و جلال کے بلند ترین مناصب پر فائز ہونے کے باوجود اطمینانِ قلب کی نعمت سے محروم رہتا ہے۔ اس کے دسترخوان پر لذیذ ترین کھانے چنے جاتے ہیں۔ وہ بیش قیمت لباس زیبِ تن کیے ہوتا ہے لیکن اس کا دل اداس، روح بے چین اور طبیعت افسردہ رہتی ہے۔ سچی خوشی سے وہ کبھی بہرہ مند نہیں ہوتا۔ دن رات دولت یا اقتدار کے حصول میں سرگرداں رہتا ہے پھر اس کی حفاظت کی فکر ہر وقت دامنگیر رہتی ہے وہ حرام اور ناجائز ذرائع استعمال کرنے سے باز نہیں آتا۔ اس طرح اس کا ضمیر اسے ملامت کرتا ہے اور یہ ملامت بڑی شدید اور دل گداز قسم کی ہوتی ہے۔ وہ خود اپنی آنکھوں میں مجرم ہوتا ہے۔ اس کے دامن کے بدنما داغ اسے ہر وقت گھورتے رہتے ہیں۔ ای ضنكاً في الدنيا فلا طمانينة له ولا انشراح لصدره بل صدره ضيق حرج لضلاله وان تنعم ظاهره ولبس ما شاء واكل ما شاء ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فهو في قلق و حيرة وشك ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فهذا من ضنك المعيشة۔ بعض علماء نے اس سے مراد عذابِ قبر لیا ہے۔

۹۲ یہ سزا تو دنیا میں ملی اور جب روزِ محشر اٹھے گا تو اندھا ہو کر اٹھے گا۔ ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا پھیلا ہوا محسوس ہوگا۔ دوسری آیت میں ہے۔ ونحشرهم يوم القيامة على وجوههم عميا وبكما وصما۔ (بنی اسرائیل: ۹۷) یعنی ہم انہیں قیامت کے دن انکے منہ کے بل اٹھائیں گے اندھے، گونگے اور بہرے۔

۹۳ اپنے آپ کو اندھا پا کر کہے گا الٰہی میں تو دنیا میں بینا تھا میری آنکھیں بڑی خوب صورت تھیں۔ میری بینائی بڑی تیز تھی۔ آج کیا ہو گیا مجھے کچھ نظر نہیں آ رہا۔ آخر مجھے اتنی سخت سزا کیوں دی جا رہی ہے۔

تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾ وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ

کر دیا جائیگا ۹۴ اور یونہی ہم بدلہ دیتے ہیں ہر اس شخص کو جس نے حد سے تجاوز کیا اور ایمان نہ لایا اپنے رب کی آیتوں پر۔

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

اور یقیناً آخرت کا عذاب بڑا سخت اور بہت دیرپا ہے۔ کیا رہنمائی نہ کی انھیں اس بات نے کہ کتنی قومیں جن کو ہم نے

مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي

(ان کی بداعمالیوں کے باعث) ان سے پہلے برباد کر دیا چلتے پھرتے ہیں یہ لوگ جن کے (اجڑے ہوئے) مکانوں میں بیشک اس میں ہماری قدرت کی نشانیاں ہیں دانش مندوں

النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾ ؑ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾

کے لیے۔ اور اگر ان کے انجام کے متعلق آپ کے رب کا فیصلہ پہلے نہ ہو چکا ہوتا اور ۹۶ ان کے لیے ایک وقت مقرر نہ کر دیا گیا ہوتا تو ابھی ان پر

ع ۷ ۱۴ ۱۶

۹۴ جواب ملیگا تم درست کہتے ہو لیکن تمھیں یاد ہے میری آیتیں تجھے پڑھ کر سنائی گئیں، ہدایت کی دعوت دی گئی، میرے بندوں نے تجھے سمجھانے کی بڑی کوشش کی لیکن تو نے میری آیات کو فراموش کر دیا اور انھیں پس پشت ڈال دیا۔ سو یہ اسی کی سزا ہے۔ یہاں آج تمھیں فراموش کر دیا گیا ہے۔ نَسِیَ کا معنی بھلانا بھی ہے اور نظرانداز کر دینا بھی۔ یہاں دوسرا معنی زیادہ مناسب ہے۔ فنسیتھا۔ فاعرضت عنھا وترکتھا۔ تُنْسٰی۔ تُترک۔

۹۵ ذکر آدم کے بعد اب روئے سخن کفار مکہ کی طرف ہے۔ وہ تجارت پیشہ لوگ تھے اور آئے دن انھیں سفر درپیش رہا کرتے کبھی شام کی طرف جا رہے ہیں اور کبھی یمن کے سفر کی تیاری ہو رہی ہے۔ اثنائے سفر ان کا گزر کئی اجڑی ہوئی بستیوں اور ویران کھنڈروں کے پاس سے ہوا کرتا تھا۔ ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ ان اجاڑ بستیوں اور ویران کھنڈروں کے پاس سے گزرتے ہوئے تم نے کبھی نہیں سوچا کہ یہاں بھی کبھی لوگ بستے تھے۔ یہ بستیاں بھی زندگی کی رنگینیوں سے آباد تھیں۔ آج یہاں کیوں خاک اڑ رہی ہے۔ یہاں بسنے والے لوگوں پر یہ کیا افتاد پڑی کہ اپنے خوب صورت مکانوں کو چھوڑ کر چلے گئے اور کہاں چلے گئے۔ اگر تم نے کبھی زحمت فکر برداشت کی ہوتی تو تمھیں پتہ چل جاتا کہ انھوں نے خداوند تعالیٰ کی نافرمانی کی اور انھیں برباد کر دیا گیا۔ سوچو! اگر تم بھی باز نہ آئے تو کہیں تمھارا انجام بھی انہی کی طرح ہولناک نہ ہو۔

۹۶ اس آیت میں تقدیم و تاخیر ہے۔ ولولا کلمۃ سبقت من ربک واجل مسمی لکان لزاما۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اگر ہم نے ایک فیصلہ (کلمہ) نہ کر دیا ہوتا اور ان کے عذاب کے لیے وقت مقرر نہ ہوتا تو ابھی انھیں برباد کر دیا جاتا لیکن رحمت اور حکمت کا تقاضا یہی ہے کہ انھیں فوراً ہلاک نہ کیا جائے۔ وہ فیصلہ (کلمہ) کیا تھا اس کے متعلق علامہ پانی پتی فرماتے

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ

عذاب نازل ہو جاتا پس اے حبیب! صبر فرمائیے ان کی دل دکھانے والی باتوں پر ٩٧ اور پاکی بیان کیجئے اپنے رب کی حمد کے ساتھ سورج کے طلوع ہونے

وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ

پہلے اور اسکے غروب ہونے سے پہلے۔ اور رات کے لمحوں میں اس کی پاکی بیان کرو اور دن کے اطراف میں بھی، تاکہ آپ

تَرْضٰى ﴿١٣٠﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ

خوش رہیں۔ اور آپ مشتاق نگاہوں سے نہ دیکھیے ٩٨ ان چیزوں کی طرف جن سے ہم نے لطف اندوز کیا ہے کافروں کے چند گروہوں کو

ہیں۔ وھی العدۃ بتاخیر عذاب کفار ھذہ الامۃ الی یوم القیامۃ وعدم استیصالھم فی الدنیا لکون النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم رحمۃ للعالمین۔ (مظہری)

یعنی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا تھا اس لیے یہ مناسب نہ ہوا کہ کافروں کو تہس نہس کر ڈالا جائے بلکہ قیامت تک انھیں مہلت دے دی۔

٩٧ اے حبیب! ان کی دلآزاریوں، بہتان طرازیوں اور بدخوئیوں پر صبر فرمائیے اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کی حمد و تسبیح میں مشغول رہیے۔ ہم آپ کو خوش و خرم فرما دیں گے۔ اسلام کو وہ عروج حاصل ہوگا کہ آپ کا دل باغ باغ ہو جائیگا۔ یہ بدکے ہوئے جانوروں کی طرح دُور بھاگنے والے آپ کی روشن کی ہوئی شمع ہدایت پر پروانہ وار نثار ہونگے۔ ان کی ساری خوشیاں اور آرزوئیں اس بات میں سمٹ کر رہ جائیں گی کہ تیرے اشارۂ ابرو پر جان دے دیں اور تیرے قدموں پر اپنے سر قربان کر دیں۔ اس آیت میں نمازوں کے اوقات کی طرف بھی اشارہ ہے۔ قبل طلوع سے مراد نماز صبح اور قبل غروب سے مراد نماز عصر آناء اللیل سے مراد نماز عشاء اور تہجد اور اطراف النہار سے مُراد ظہر اور مغرب۔

٩٨ داعی حق کے لیے یہ چیز کبھی کبھی بڑی تشویش کا باعث ہوتی ہے کہ جو لوگ حق کو قبول نہیں کرتے اور فسق و فجور میں مگن رہتے ہیں اور اگر انھیں نصیحت کی جاتی ہے تو وہ الٹا ناصح مشفق کی پگڑی اچھالتے ہیں اور اس کی توہین پر بغلیں بجاتے ہیں، پھر بھی ایسے لوگوں کی دولت و ثروت میں اضافہ ہوتا جاتا ہے، ان کی ہیبت اور رعب کا دائرہ پھیلتا جاتا ہے۔ وہ انکارِ حق کے باوجود دندناتے پھرتے ہیں۔ کمزور انسان سوچنے لگتا ہے کہ اگر یہ گمراہ ہوتے تو قدرت ان سے اتنا تغافل نہ برتتی۔ ان کو اتنی لمبی مہلت نہ ملتی کہیں یہی راہِ راست پر نہ ہوں۔ اس آیت میں اپنے محبوب کو خطاب فرما کر سب اعیانِ حق کو بتا دیا کہ دنیا کا یہ ساز و سامان جو کفار کو دیا گیا ہے اس کی طرف للچائی ہوئی نظروں سے مت دیکھو۔ یہ دولت انکے راہِ راست پر ہونے کا انعام نہیں بلکہ ان کی آزمائش کو سنگین اور انکے امتحان کو دشوار بنانے کے لیے ہے۔

زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى ﴿١٣١﴾

یہ محض زیب وزینت ہیں دنیوی زندگی کی (اور انھیں اس لیے دی ہیں) تاکہ ہم آزمائیں انھیں ان سے۔ اور آپ کے رب کی عطا بہتر اور ہمیشہ رہنے

وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ

والی ہے ۹۹ اور حکم دیجیے اپنے گھر والوں کو نماز کا ۱۰۰ اور خود بھی پابند رہیے اس پر نہیں سوال کرتے ہم آپ سے روزی کا (بلکہ) ہم ہی

ذرا آیت کی ترکیب پر غور فرمائیے اگر "ازواجا" کو "متعنا" کا مفعول بنایا جائے تو "منھم" اس کی صفت ہوگی، معنی ہوگا "ازواجًا ای اصنافًا من الکفرۃ" یعنی کافروں کے مختلف گروہ۔ دوسری صورت یہ ہے کہ "ازواجًا" حال ہو اور "بہ" کی ضمیر ذوالحال اس وقت "منھم" "متعنا" کا مفعول "بہ" ہوگا اور من بعضیہ ہوگا تقدیر کلام یوں ہوگی "ماً متعنا بہ بعضھم حال کون المتمتع بہ اصناف من المال" اور "زھرۃ الحیٰوۃ" فعل محذوف اعطیناھم کا مفعول ہوگا اور اگر اسے "متعنا" کا مفعول بنایا جائے تو اس وقت یہ ماننا پڑے گا کہ "متعنا" "اعطینا" کے معنی کو متضمن ہے۔

زھرۃ الحیٰوۃ الدنیا: زینتھا وبھجتھا یعنی دنیا کی آرائش و رونق۔

۹۹ آپ اس دنیائے فانی کے ساز وسامان کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھیں ہی کیوں۔ آپ کے پروردگار نے اے حبیب! جو پاکیزہ اور حلال روزی جو نورِ ہدایت، جو سعادتِ نبوت اور جو مراتبِ عالیہ آپ کو عطا فرمائے ہیں ان کے سامنے اس مال ومتاع کی قدر وقیمت ہی کیا ہے۔ یہ بہار آج نہیں تو کل خزاں کی نذر ہو جائے گی۔ یہ سیم وزر کے انبار ایک ہی معاشی بحران میں ختم ہو کر رہ جائیں گے۔ یہ بزمِ طرب موت کے ایک ہی جھٹکے سے درہم برہم ہو کر رہ جائے گی۔ لیکن تیرے باغِ حسن کی بہار سے غنچۂ دل ہمیشہ ہمیشہ کھلتے رہیں گے۔ تیرے کمالات کا چمن ہمیشہ ہمیشہ آراستہ رہے گا۔ تیرے فیض کا چشمہ تا ابد جاری رہے گا۔ جس محفل میں میرا ذکر ہوگا وہاں تیری منقبت کے قصیدے بھی ضرور پڑھے جائیں گے تیری عظمت کا پرچم سرِ عرش لہراتا رہیگا۔ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى بار بار پڑھیے اور اس میں بار بار غور کیجیے۔

۱۰۰ نماز خزائنِ رحمت کی کلید ہے۔ اس کے گلشنِ رضوان کا دروازہ ہے ہجومِ مصائب کے وقت انسان کی سپر ہے پہلی آیت میں اقامتِ صلوٰۃ کا حکم صرف اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو دیا گیا تھا۔ اب ارشاد ہے اے محبوب جتنے تیرے ہیں سب کو ہماری بارگاہ میں شرفِ باریابی حاصل کرنے کا اذنِ عام ہے۔ تیرے دامنِ رحمت میں جتنے پناہ لینے والے ہیں سب کو بتا دو کہ آپ کے رب کے فیض وعطا کے چشمے جاری ہیں کوئی پیاسا نہ رہے۔ کوئی سرابِ دنیا کے پیچھے مارا مارا نہ پھرے۔ اے تشنہ لبو! جہاں کہیں بھی ہو اور جس حال میں ہو دوڑ کر آؤ میرے رب کے بحرِ رحمت کی موجیں تمہاری منتظر ہیں۔ یہاں اہل سے مراد حضور کے سارے غلام حضور کی ساری امت ہے۔ خاندانِ رسالت بطریقِ اولیٰ اس حکم میں شامل ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت خاتونِ جنت اور شیرِ خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو نمازِ صبح کے

نَرْزُقُكَ ۗ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا يَأْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۗ

روزی دیتے ہیں تجھ کو۔ اور اچھا انجام پرہیزگاری کا ہی ہوتا ہے۔ اور کفار کہتے ہیں کہ کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس کوئی نشانی

لیے خود بیدار کرتے تھے۔

افسوس! کہ آج سادات کرام کی ایک کثیر تعداد کو اس حکم کی اہمیت کا احساس تک نہیں بلکہ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں گویا نماز ایک بیگار اور سزا تھی۔ جو انہیں معاف کر دی گئی۔ کاش ان فریب خوردہ شاہین بچوں کو جنہیں کرگسوں کی صحبت نے اپنے مقام سے بیگانہ کر دیا ہے۔ نماز کی حقیقت کا علم ہوتا تو وہ اس میدان میں سب سے آگے ہوتے۔ جس طرح ان کے اسلاف کرام اس میدان میں سب سے آگے اور سب کے راہنما تھے۔

یہی حال عام مسلمانوں کا ہے۔ وہ صبح سے لیکر شام تک بازاروں میں کاروبار کرینگے کھیتوں میں مشقت کرینگے چودہ چودہ گھنٹے سر پہ ٹوکری اٹھائینگے اور کوئی تھکن محسوس نہ کرینگے لیکن اگر اسی اثنا میں نماز کا وقت آجائے اور اللہ تعالیٰ کا منادی حی علی الصلوٰۃ کہکر پکارے تو فوراً اعضا شکنی شروع ہو جائے گی۔ تھکاوٹ سے چور چور ہو جائیں گے۔ ہم نے اپنے خاکروبوں کو عین جاڑے کے موسم میں سحری کے وقت گلی کوچوں میں پابندی سے جھاڑو دیتے دیکھا ہے۔ نہ اس وقت انھیں نیند ستاتی ہے اور نہ سردی راستہ روک کر کھڑی ہوتی ہے لیکن یہ توفیق کہ قبولیت کی ان سہانی گھڑیوں میں وضو کر کے اپنے رب کی جناب میں سجدہ کر لیں توبہ توبہ یہ ان سے نہیں ہو سکے گا۔ یہ زحمت وہ گوارا نہیں کر سکیں گے۔ اِلَّا مَا شَاءَ اللہُ۔ اس کی بھی یہی اور صرف یہی وجہ ہے کہ ہم نماز کو ایک بوجھ ایک بیگار سمجھتے ہیں! وہ خیال کرتے ہیں کہ یہ ایک سزا ہے جو ہمیں مسلمان ہونے کے جرم میں دی گئی ہے۔ اگر ہم اس حقیقت کو ذہن نشین کر لیں کہ نماز سے رحمتوں کے دروازے کھلتے ہیں ابر کرم آکر برستا ہے مصیبتوں کے سیلاب کے سامنے بند بندھ جاتا ہے تو یقیناً ہم ایسا نہ کریں جو ہم کرتے ہیں۔ ؎

وہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے ہزار سجدے سے دیتا ہے آدمی کو نجات

۱۴۱۔ جب ہم نے اپنے آپ کو اپنا رازق سمجھ لیا ہے اور رزق رسانی کی ذمہ داری اپنے ذمے لی ہے اس وقت سے ہم اس چکر میں سرگرداں ہیں۔ دن رات میں ہمیں فرصت کا کوئی ایسا لمحہ نہیں ملتا جس میں اپنے خالق و مالک کو یاد کر لیں اس غلط فہمی کا قرآن میں بار بار ازالہ کیا گیا ہے اور یہاں بھی بتایا جا رہا ہے کہ تم رازق نہیں ہو۔ نہ اپنے نہ اپنے بال بچے کے اور نہ کسی اور کے۔ رزق رسانی کا بوجھ اپنے اوپر لاد کر تم خواہ مخواہ ہلکان ہو رہے ہو۔ رازق تو میں ہوں جو تمہارا خالق ہوں۔ میرے قبضۂ قدرت میں ہی رزق کے سارے خزانے ہیں۔ میں تمہیں بھی روزی دیتا ہوں اور تمہارے اہل و عیال کو بھی پالتا ہوں۔ تم ان دھندوں میں پھنس کر اپنی عمر عزیز برباد نہ کرو بلکہ اپنے انجام کی فکر کرو۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من کانت الدنیا همّه فرّق اللہ علیه امره وجعل فقره بین عینیه ولم یأته من الدنیا الا ما کتب له ومن کانت الآخرة نیته جمع له امره وجعل غناه فی قلبه

أَوَلَمْ تَأْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ ﴿١٣٣﴾ وَلَوْ أَنَّا أَهْلَكْنَاهُم

اپنے رب کے پاس سے ۱۳۲ کیا نہیں آیا ان کے پاس واضح بیان جو پہلی نازل شدہ کتابوں میں ہے ۱۳۳ اور اگر ہم انھیں ہلاک کر دیتے

بِعَذَابٍ مِّن قَبْلِهِ لَقَالُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا فَنَتَّبِعَ

کسی عذاب سے اس سے پہلے تو کہتے اے ہمارے رب! کیوں نہ بھیجا تو نے ہماری طرف کوئی رسول تاکہ ہم پیروی کرتے

آيَاتِكَ مِن قَبْلِ أَن نَّذِلَّ وَنَخْزَىٰ ﴿١٣٤﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوا ۖ

تیری آیتوں کی اس سے پہلے کہ ہم ذلیل اور رسوا ہوتے۔ اے حبیب! آپ انھیں فرمائیے ہر شخص (انجام کار) منتظر ہے

فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ أَصْحَابُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدَىٰ ﴿١٣٥﴾

سو تم بھی انتظار کرو، تم عنقریب جان لوگے کون ہیں سیدھی راہ پہ چلنے والے اور کون ہدایت یافتہ ہیں ۱۳۴

ع ۸ — ۱۷

واتته الدنیا وهی راغمة (ابن کثیر) یعنی میں نے حضورؐ کو یہ فرماتے سنا کہ جس کے پیش نظر صرف دنیا ہوتی ہے اللہ تعالیٰ اس کے حالات کو مضطرب کر دیتا ہے اور احساس فقر ہمیشہ اس کی آنکھوں کے سامنے رہتا ہے اور اتنی کدو کاوش کے باوجود اسے دنیا میں سے اتنا کچھ ہی ملتا ہے جو اس کے مقدر میں پہلے لکھا جا چکا تھا! اور جو شخص آخرت کا طلب گار ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے حالات کو یکجا کر دیتا ہے اور اس کے دل کو غنی بنا دیتا ہے اور دنیا (ذلیل ہو کر) اس کے سامنے آتی ہے۔

اس سے کوئی صاحب یہ نہ سمجھ لیں کہ کسبِ معاش سے روکا جا رہا ہے نہیں ایسا نہیں! کسبِ معاش کا تو اللہ اور اس کے رسولؐ نے بار بار حکم دیا ہے اور رزقِ حلال کو فضلِ خداوندی کہا گیا ہے۔ وابتغوا من فضل اللّٰه جو چیز ممنوع ہے وہ یہ ہے کہ انسان دنیا کمانے میں ایسا کھو جائے کہ حلال و حرام کی تمیز نہ رہے اور نماز و زکوٰۃ کی توفیق سے بھی محروم ہو جائے۔

۱۳۲ صبح و شام انھیں آیاتِ خداوندی سنائی اور سمجھائی جا رہی ہیں قدم قدم پر معجزے دکھائے جا رہے ہیں۔ ہدایت کی روشنی ہر سو پھیل رہی ہے اس کے باوجود وہ کہتے ہیں کہ ہمیں تو آج تک کوئی ایسی نشانی نہ دکھائی گئی جس سے آپ کا سچا نبی ہونا ثابت ہوتا ورنہ ہم فوراً ایمان لاتے۔

۱۳۳ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ تمھاری ضد اور ہٹ دھرمی کا کوئی علاج نہیں ساری پہلی کتابیں ایسے دلائل سے بھری پڑی ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کی توحید، اسلام کی صداقت اور حضور کریمؐ کی نبوت ثابت ہوتی ہے پھر اس قرآن کے نزول کے بعد کیا کسی ایسی نشانی کی ضرورت باقی ہے جس کے تم منتظر ہو۔ ۱۳۴ ان کی ساری حجت بازیوں کا مختصر مگر دندان شکن جواب اس آیت میں دے دیا گیا ہے۔ الحمد للّٰه رب الملائکة والروح والصلوٰة والسلام علی حبیبه نور قلوبنا و قرة عیوننا و علی آله واصحابه اجمعین۔

تعارف سورۃ الانبیاء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام : کیونکہ اس سورۃ میں بہت سے انبیاء کرام کا تذکرہ ہے اس مناسبت سے اس سورہ کا نام سورۃ الانبیاء رکھا گیا ہے۔

نزول : یہ سورہ تمام مکی ہے اس میں ۷ رکوع ۱۱۲ آیتیں ۱۱۸۶ کلمے اور ۴۸۹۰ حروف ہیں۔

مضامین : جہاں بھی کفر و شرک کی ظلمت چھا جاتی ہے وہاں زندگی کے متعلق انسان کا تصور ہی مسخ ہو کر رہ جاتا ہے۔ اس کے غور و فکر کی قوتیں اپاہج ہو جاتی ہیں۔ وہ اپنی ان اپاہج قوتوں کے سہارے فقط وہاں تک ہی قدم بڑھا سکتا ہے جہاں تک اس کے حواس ظاہرہ کی رسائی اور مشاہدہ کی سرحد ہے وہ کسی آنے والی زندگی کا تصور تک نہیں کر سکتا۔ اسے لاکھ سمجھایا جائے۔ اس کے سامنے دلائل کے انبار لگا دیئے جائیں وہ اس حقیقت کو باور کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتا کیونکہ اخروی زندگی پر اس کا ایمان نہیں ہوتا اس لیے اس کی ساری کوششیں اس زندگی سے زیادہ سے زیادہ لطف اندوز ہونے، دولت سمیٹنے اور عزت و اقتدار حاصل کرنے میں صرف ہو جاتی ہیں۔ صواب و ناصواب جائز و ناجائز اور حلال و حرام کی تمیز بھی اٹھ جاتی ہے۔ خواہشات نفسانی کی تسکین کے لیے وہ دوسروں کی عزت و ناموس کو پامال کرنے میں کوئی قباحت محسوس نہیں کرتا۔ اپنے خزانوں کو بھرنے کی خاطر وہ بڑے اطمینان قلب سے لوٹ کھسوٹ میں سرگرم ہو جاتا ہے۔ اگر مسند اقتدار پر قبضہ کرنے کے لیے انسانی جانوں کی، اخلاقی قدروں کی ارشادات خداوندی کی قربانی دینا پڑے تو وہ اس سے بھی باز نہیں آتا۔

یہی حالت عہد نبوت کے کفار و مشرکین کی تھی اور آج بھی جہاں اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان نہیں رہا۔ وہاں یہی حال ہے خواہ وہاں کے لوگ اپنی سائنسی اور صنعتی ترقی سے قدم قدم پر نئے کرشمے دکھا رہے ہوں۔

اس لیے اس سورہ پاک کے آغاز میں پوری قوت سے ان کے اس فکری افلاس اور ذہنی بے راہ روی کا ازالہ کرنے کی کوشش فرمائی جا رہی ہے۔ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ تم سے پہلے جن قوموں نے یہ روش اختیار کی تھی ان کے دردناک انجام کی داستان تم ان کھنڈرات کے شکستہ در و دیوار سے پوچھ سکتے ہو جو تمہاری تجارتی شاہراہوں کے ارد گرد بکھرے ہیں وہ تمھیں بتائیں گے کہ یہاں بسنے والے بھی تمہاری طرح قیامت پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔ اس لیے وہ دنیا کی لذتوں میں مگن ہو گئے۔ انھیں سمجھانے والوں نے بہتیرا سمجھایا لیکن وہ نہ سمجھے۔ آخر کار غضب الٰہی کی آگ بھڑکی اور اس نے انھیں چاروں طرف سے اپنی لپیٹ

میں لے لیا تو وہ بہت کودے، بہت بھاگے، بہت چیخے، بہت چلائے لیکن وہ اپنے انجام بد سے بچ نہ سکے۔ اے کفار تم ان کے حالات سے عبرت پکڑو۔ ایسا نہ ہو کہ مہلت کی گھڑیاں گزر جانے کے بعد تم بھی اسی ہولناک انجام سے دوچار کر دیے جاؤ۔

٢ - اس کے بعد توحید باری کے ثبوت کے لیے تکوینی دلائل کے ساتھ ساتھ عقلی دلیلیں بھی پیش کر دیں تاکہ انھیں راہ راست پر لانے کی کوشش ادھوری اور نامکمل نہ رہے۔

٣ - فرشتوں کے متعلق ان کے غلط عقیدہ کا بطلان کر دیا کہ وہ خدا کی اولاد نہیں بلکہ اس کے معزز بندے ہیں جو ہر وقت اس کی یاد، اس کی بندگی اور اس کی تسبیح و تقدیس میں مشغول رہتے ہیں۔ نہ تھکتے ہیں نہ اکتاتے ہیں۔

٤ - اسی ضمن میں توحید، نبوت اور آخرت کے بارے میں مشرکین کے شکوک و شبہات کو بیان کیا اور بڑے حکیمانہ انداز میں ان کی تردید بھی کر دی۔

٥ - اس کے بعد چند جلیل القدر انبیاء اور اولوالعزم رسولوں کی سیرتیں بیان فرمائیں تاکہ راہ نورد منزل تسلیم و رضا اگر کسی مشکل سے دوچار ہو تو حوصلہ ہار نہ دے، شکستہ پا ہو کر بیٹھ نہ جائے بلکہ ان پاکیزہ ہستیوں کی سیرت کے مطالعہ سے تقویت حاصل کرتا ہوا آگے بڑھتا جائے۔

٦ - سورۃ کے آخری رکوع میں ایک بار پھر اس حقیقت کو بیان فرما دیا کہ جو شخص نیکی اور راستی کی راہ پر صدق و اخلاص سے گامزن ہو گا، وہ بامراد اور کامیاب ہو گا۔ اس کی کوئی کوشش رائیگاں نہیں جائے گی۔ یہ لوگ روز محشر کی ہولناکیوں سے بھی خوفزدہ نہیں ہوں گے۔ اس روز فرشتے مرحبا! خوش آمدید! کہتے ہوئے ان کا استقبال کریں گے اور جو بد بخت اپنی غلط کاریوں پر بضد رہے اور سمجھانے کے باوجود نہ سمجھے تو انھیں ان کے معبودوں سمیت دوزخ کا ایندھن بنا دیا جائے گا۔

اختتام سورت سے پہلے قرآن کی شان اور صاحب قرآن کی عظمت کا ذکر فرمایا۔ ارشاد ہے ان فی ھذا لبلاغا لقوم عابدین یعنی یہ وہ کتاب ہے جس میں دین و دنیا میں فلاح و کامرانی حاصل کرنے کے قاعدے مذکور ہیں جس کے ماننے والے کو کسی اور نظام حیات کی دریوزہ گری کی ذلت نہیں اٹھانی پڑتی۔ یہ کتاب ہی تمام ضروریات کے لیے کافی ہے اور صاحب قرآن کے متعلق فرما دیا۔ وما ارسلنک الا رحمۃ للعلمین کہ ہم نے آپ کو سب جہانوں کے لیے سراپا رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ خوش نصیب ہے وہ قوم جس کی یہ شان ہے اور جس کے نبی کا یہ مقام ہے۔

سُوْرَةُ الْاَنْبِيَاءِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَاثْنَتَا عَشْرَةَ اٰيَةً وَسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الانبیاء۔ مکی | ١١٢ آیتیں | ٧ رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ①

قریب آگیا ہے[1] لوگوں کے لیے ان کے (اعمال کے) حساب کا وقت اور وہ غفلت میں منہ پھیرے ہوئے ہیں۔

[1] انسان کی فطرت سعید ہے اس لیے طبعاً وہ نیکی کو پسند کرتا ہے اور حق کو قبول کر کے اس کو اطمینان اور خوشی ہوتی ہے۔ لیکن اگر غلط تربیت، بگڑے ہوئے ماحول یا حالات کے تقاضوں کے پیش نظر وہ راہ راست سے بھٹک جاتا ہے تو اس کی سعید فطرت بغاوت پر آمادہ ہوتی ہے۔ اس کا ضمیر اسے سرزنش کرتا ہے اور یہ سرزنش بڑی تلخ اور تیز ہوتی ہے۔ پھر یا تو انسان اپنی اصلاح کر لیتا ہے اور اگر ایسا نہیں کر سکتا تو پھر دل سے اٹھنے والی پیہم صدائے احتجاج کو خاموش کرنے کے درپے ہو جاتا ہے اور اس کی طرف سے غفلت برتنے لگتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ آواز خاموش ہو جاتی ہے یا اس آواز کو سننے والے کان بہرے ہو جاتے ہیں۔ اس طرح وہ گناہ میں لذت محسوس کرنے لگتا ہے۔ وہ دوسروں کو اپنے ظلم کی تلوار سے تڑپتے دیکھ کر لطف اندوز ہوتا ہے اور غفلت ونسیان کا پردہ اتنا دبیز ہوتا ہے کہ اس کی آنکھیں انجام کی ہولناکیوں کو بھی نہیں دیکھ سکتیں۔ اس کی غفلت اس کے لیے بڑا سہارا ثابت ہوتی ہے اور وہ بڑے اطمینان سے ہر گناہ کا ارتکاب کرتا ہے۔ لیکن غور طلب بات یہ ہے کہ کیا وہ غفلت اور خود فراموشی اسے ہولناک انجام سے بچا سکتی ہے جب مہلت کی گھڑیاں ختم ہو جائیں گی تو کیا اسے کوئی ایسا گوشہ مل سکے گا جہاں وہ چھپ جائے اور اس کی کسی کو خبر نہ ہو۔ اس لیے خیر خواہی کا تقاضا یہ نہیں کہ آپ غفلت کی چادر تان کر سو رہے ہوں خطرات کا گھیرا تنگ ہو رہا ہو اور اس خیال سے آپ کو جھنجھوڑا نہ جائے کہ آپ کی آنکھ کھلے گی اور اپنے ماحول کی سنگینی کا مشاہدہ کر کے آپ پریشان ہوں گے، بلکہ خیر خواہی کا تقاضا یہ ہے کہ آپ کو جگایا جائے، آپ کو جھنجھوڑا جائے اور اگر پھر بھی آپ آنکھ نہ کھولیں تو غفلت کی چادر نوچ کر پھینک دی جائے تاکہ بروقت ہوشیار ہو کر آپ اپنا بچاؤ کر سکیں۔

اس آیت میں کفار کی بعینہٖ یہی حالت بیان کی گئی ہے کہ وہ غفلت کی آغوش میں سر رکھ کر سو گئے ہیں تاکہ انہیں ضمیر کی سرزنش بے چین نہ کر دے تاکہ وہ اپنے اعمال کے بھیانک انجام سے باخبر ہو کر مضطرب نہ ہوں لیکن اس سے کیا حاصل۔ حساب کی گھڑی آہستہ آہستہ رفتہ رفتہ نزدیک تر آ رہی ہے۔ مکافاتِ عمل کا قانون حرکت میں آنے والا ہے

مَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّن رَّبِّهِم مُّحْدَثٍ إِلَّا اسْتَمَعُوهُ وَ

نہیں آتی انکے پاس کوئی تازہ نصیحت ان کے رب کی طرف سے ؎۲ مگر یہ کہ وہ سنتے ہیں اسے اس حال میں کہ (وہ)

هُمْ يَلْعَبُونَ ۝ لَاهِيَةً قُلُوبُهُمْ ۗ وَأَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِينَ

لعب (و تمسخر) کرتے ہیں۔ غافل ہوتے ہیں ان کے دل ؎۳ اور (آپکے خلاف) سرگوشیاں کرتے ہیں ظالم ؎۴

ظَلَمُوا هَلْ هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۖ أَفَتَأْتُونَ السِّحْرَ وَأَنتُمْ

(وہ کہتے ہیں) کیا ہے یہ مگر ایک بشر تمھاری مانند۔ تو کیا تم پیروی کرنے لگے ہو جادو کی حالانکہ تم دیکھ رہے ہو

اے محبوب! ان کو جگاؤ۔ ان خود فراموشوں کو ہوش میں لاؤ۔ ان کی آنکھوں سے غفلت کی پٹی اتار دو کہ یہ اپنی نجات کا بروقت اہتمام کر سکیں۔ الغفلة سهو يعتري الانسان من قلة التحفظ والتيقظ۔ (المفردات)

کیونکہ جو وقت گزر چکا ہے اس کی نسبت سے بقیہ وقت کم ہے۔ اس لیے فرمایا کہ اقترب للناس۔ نیز جس چیز کا ہونا یقینی ہو خواہ وہ دُور ہو عقلمند اسے نزدیک ہی سمجھتے ہیں۔ عرب کہتے ہیں "کل ما هو آتٍ قریبٌ" ہر وہ چیز جس کا آنا یقینی ہو وہ قریب ہے۔

؎۲ "محدث" ذکر کی صفت ہے یعنی جب بھی کوئی نئی سورۃ یا آیت ان کی ہدایت کے لیے اترتی ہے تو اسے توجہ سے سننے کے لیے بھی آمادہ نہیں ہوتے۔ اس پر سنجیدگی سے غور ہی نہیں کرتے۔ لہو و لعب میں مگن رہتے ہیں! ور اگر انہیں خصوصیت سے سنانے کا اہتمام بھی کیا جائے تو وہ سننے کے ساتھ کھیل تماشے کا شغل بھی جاری رکھتے ہیں۔ هم يلعبون کا معنی یستهزؤن (یعنی وہ مذاق کرتے ہیں) کیا گیا ہے! ور یہ بڑا مناسب ہے۔ (مظہری)

؎۳ ان کلمات کی صحیح اہمیت کا پتہ تب چلتا ہے جب لہو کا لغوی مفہوم پیش نظر ہو۔ کسی اہم اور ضروری چیز سے توجہ ہٹا کر کسی غیر اہم اور غیر ضروری چیز میں مشغول ہو جانا اللهو ما يشغل الانسان عما يعنيه ويهمه وقوله لاهية قلوبهم اى ساهية مشتغلة بما لا يعنيها۔ یعنی یوم جزا تو انھیں یاد ہی نہیں اس کے متعلق فکر کرنے کا تو انکے پاس وقت ہی نہیں۔ اسے بھلا کر ان کے دل دنیا کی زیب و زینت میں کھو کر رہ گئے۔

؎۴ ہدایت کا آفتاب طلوع ہو چکا ہے اس کی روشنی آہستہ آہستہ پھیلتی جا رہی ہے۔ وہ بڑی کوشش کرتے ہیں کہ اپنے آپ کو اس فریب میں مبتلا رکھیں کہ ابھی سویرا نہیں ہوا ابھی اندھیری رات ہے لیکن کہاں تک۔ آئے دن کوئی نہ کوئی سعادت مند رُخ دعوتِ حق کو سن کر لبیک کہہ دیتی ہے! سلام کے خلاف ان کے متحدہ محاذ میں جگہ جگہ خطرناک قسم کے رخنے اور شگاف نمودار ہو رہے ہیں۔ اس خطرہ کا تدارک کرنے کے لیے وہ ایک دوسرے سے خفیہ

تُبۡصِرُوۡنَ ۝ قٰلَ رَبِّیۡ یَعۡلَمُ الۡقَوۡلَ فِی السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ ۫

دیکھ رہے ہو (تمہاری طرح بشر ہے) نبی کریم نے فرمایا میرا رب جانتا ہے جو بات کہی جاتی ہے آسمان اور زمین میں ؀

وَ ہُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ۝ بَلۡ قَالُوۡۤا اَضۡغَاثُ اَحۡلَامٍۭ بَلِ

اور وہی ہر بات سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے وہ کہتے ہیں ؁ بلکہ یہ پریشان خواب ہیں (نہیں) بلکہ

مشورے کرنے لگے ہیں۔ لوگوں کو اسلام سے بدظن کرنے کے لیے حیلے تراشے جاتے ہیں اور اعتراض گھڑے جاتے ہیں۔ ان کے نزدیک سنگین قسم کا اعتراض یہ ہے کہ یہ دین سچا دین نہیں کیونکہ اس کا داعی بالکل ہماری طرح بشر ہے۔ کھاتا ہے، پیتا ہے، سوتا ہے، جاگتا ہے۔ معاً ذہن میں یہ خدشہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر کسی نے پوچھ لیا کہ یہ نبی نہیں تو اس سے معجزات کیوں صادر ہوتے ہیں اور اس کا کلام جسے وہ خدا کا کلام کہتا ہے اسے سن کر روح پر جذب وکیف کا عالم کیوں طاری ہو جاتا ہے اور اس کے جلال سے دل کیوں کانپ اٹھتے ہیں۔ اس خلش کا ازالہ وہ یہ کہہ کر کرتے ہیں کہ یہ جادو ہے۔ صاحب! اور یہ سب معجزے جادو کا کرشمہ ہیں اور اس کلام کی تاثیر بھی سحر کی مرہونِ منت ہے اس لیے ہمیں جان بوجھ کر اس جادو کا اتباع نہیں کرنا چاہیے۔ افتأتون السحر ای تتبعونه۔

یہاں ذرا ایک نحوی پیچیدگی ہے اس پر بھی غور فرمالیجیے۔ واسروا النجوی الذین ظلموا کے فقرہ میں اسروا فعل ہے، نجوی مفعول اور الذین فاعل اور نحو کا قاعدہ یہ ہے کہ فاعل اگر اسم ظاہر ہو تو فعل واحد ہوتا ہے۔ اس قاعدے کے مطابق اسرّ النجوی ہونا چاہیے تھا۔ فاعل ظاہر ہونے کے باوجود اسروا جمع کا صیغہ کیوں استعمال کیا گیا اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ اسروا میں واؤ ضمیر جمع نہیں بلکہ علامت جمع ہے تاکہ اسروا کا لفظ سنتے ہی سننے والے کو پتہ چل جائے کہ اس کا ایک فاعل نہیں بلکہ متعدد ہیں۔ دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ واؤ ضمیر جمع فاعل ہے اور الذین فاعل نہیں بلکہ واؤ کا بدل ہے۔ اور واؤ مبدل منہ ہے جیسے ثم عموا وصموا کثیر منہم میں گزر چکا ہے۔

؀ تم یہ کس سے چھپ چھپ کر سرگوشیاں کر رہے ہو میرے رب سے؟ میرے رب سے تو تمہاری کوئی بات راز نہیں وہ تمہاری زبان پر آنے والی باتوں کو بھی سنتا ہے اور تمہارے دلوں کے وسوسوں کو بھی جانتا ہے۔

؁ قرآن کے دلائل قاہرہ نے کفر وشرک کے ایوان کے یقین کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ قرآن کی تاثیر اور آفتابِ اسلام کی تابانی ناقابلِ انکار حقیقت بن کر سامنے آگئی ہے اس کا انکار کریں تو کیسے اس کی تاویل کریں تو کیا! اس لیے ایک متذبذب آدمی کی طرح ہر لحظہ اپنا موقف تبدیل کرنے پر مجبور ہیں۔ کبھی کہتے ہیں یہ جادو ہے۔ کبھی کہتے ہیں یہ پریشان خواب ہیں۔ کبھی کہتے ہیں یہ خدا کا کلام ہرگز نہیں خود گھڑا ہے اور خدا کی طرف منسوب کر دیا ہے تاکہ لوگ مرعوب ہو کر ماننے لگیں۔ کیونکہ ان تاویلوں کی لغویت ان پر عیاں ہے اس لیے کہیں بھی قدم نہیں ٹکتے۔ آخری تان یہاں آکر ٹوٹتی ہے کہ شاعر

افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚۖ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۵﴾

اس نے خود گھڑ لیا ہے اسے نہیں بلکہ وہ شاعر ہے (اگر وہ سچا نبی ہے) تو لے آئے ہمارے پاس کوئی نشانی جس طرح بھیجے گئے تھے پہلے انبیاء ؎

مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ

نہیں ایمان لائی ان سے پہلے کوئی بستی ؎ جسے ہم نے تباہ کیا تھا تو کیا اب یہ لوگ

يُؤْمِنُوْنَ ﴿۶﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ

ایمان لے آئیں گے۔ اور نہیں رسول بنا کر بھیجا ہم نے (اے حبیب!) آپ سے پہلے مگر مردوں کو ؎ ہم نے وحی بھیجی ان کی

فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷﴾ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ

طرف پس (اے منکرو!) پوچھو اہلِ علم سے اگر تم (خود حقیقتِ حال کو) نہیں جانتے اور نہیں بنائے ہم نے ان انبیاء کے

جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ﴿۸﴾ ثُمَّ

(ایسے) جسم کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور نہ ہی وہ (اس دنیا میں) ہمیشہ رہنے والے تھے۔ پھر ہم نے

ہے شاعر۔ ای ھم متحیرون لا یستقرون علی شیئ قالوا مرۃ سحر و مرۃ اضغاث احلام و مرۃ افتراء و مرۃ شاعر۔ (قرطبی)

؎ اگر یہ نبی ہوتا تو پہلے انبیاء کی طرح کوئی اپنا معجزہ دکھاتا۔ نہ ہاتھ میں عصا ہے اور نہ آستین میں ید بیضا اور آگئے ہیں ہمیں اپنی نبوت کا قائل کرنے۔ بے چارے اپنے مضطرب دلوں کو کس کس طرح طفل تسلیاں دے رہے ہیں۔

؎ اس میں ان کے آخری اعتراض کا جواب ہے۔ یعنی پہلے انبیاء پر بھی ان کے معجزات کا مشاہدہ کرنے کے باوجود ان کی قومیں ایمان نہ لائیں اسی طرح یہ بھی دلائل و بینات کے اجالے میں قبولِ حق سے انکار کر رہے ہیں۔

؎ کفار کے اس شبہ کا ازالہ کیا جا رہا ہے کہ آپ بشر ہیں۔ اس لیے نبی کیسے ہو سکتے ہیں۔ فرمایا ہماری سنت ہی یہی ہے۔ آج تک بنی نوع انسان کی طرف جتنے انبیاء بھیجے گئے وہ انہی کے ہم جنس تھے کیونکہ افہام و تفہیم کا مقصد اسی طرح پورا ہو سکتا ہے۔ اگر نبی فرشتہ ہوتا تو اس کے آنے کی دو صورتیں تھیں۔ اگر وہ اپنی ملکوتی شکل میں آتا تو تم اس کی ہیبت سے دم توڑ دیتے اور اگر انسانی صورت میں آتا تو پھر تم وہی اعتراض کرتے کہ یہ ہماری طرح بشر ہے۔ تمہیں کون سمجھاتا کہ یہ بشر نہیں فرشتہ ہے۔ اس لیے سنتِ الٰہی یہی ہے کہ انسانوں کی ہدایت کے لیے کسی انسان کو

صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَیْنٰهُمْ وَ مَنْ نَّشَآءُ وَ اَهْلَكْنَا

سچا کر دکھایا انھیں (جو) وعدہ (ہم نے ان سے کیا تھا) پس ہم نے نجات دی انھیں اور ان لوگوں کو جن کو ہم نے

الْمُسْرِفِیْنَ ۝ لَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكُمْ كِتٰبًا فِیْهِ ذِكْرُكُمْ

(بچانا) چاہا اور ہم نے ہلاک کر دیا حد سے بڑھنے والوں کو بیشک ہم نے اتاری تمھاری طرف ایک کتاب جس میں تمھارے لیے نصیحت ہے

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ وَ كَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْیَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً

کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے اور کتنی بستیاں ہم نے برباد کر دیں (کیونکہ) وہ ظالم تھیں

ہی نبی بنا کر مبعوث فرمایا جاتا ہے۔ اگر تمھیں اس میں شک ہے تو اہلِ ذکر سے پوچھ لو۔ اہلِ ذکر سے مراد یا تو کتب سابقہ کے علما ہیں اور یا اس سے مراد اہل اللہ اور عارفین ہیں۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہٗ نے فرمایا نحن اهل الذکر۔ (قرطبی) یعنی ہم اہلِ ذکر ہیں ہم سے پوچھو۔ ہم تمھیں حقائق سے باخبر کریں گے۔

۹ پہلے انبیا کے ساتھ ان کی قوموں نے وہی معاملہ کیا جو تم نبی الانبیا سے کر رہے ہو۔ انھوں نے بھی اپنے انبیا کو دکھ پہنچانے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی اور ہم نے اپنے نبیوں کے ساتھ نصرت و اعانت کا جو وعدہ فرمایا تھا وہ پورا کیا۔ ان کے دشمن ہلاک ہو گئے اور آخری کامیابی انہی کے حصّہ میں آئی۔

۱۰ ذکر کا معنی یہاں عزت و شرف بھی کیا گیا ہے۔ والمراد بالذکر ههنا الشرف اور واقعی اس سے بڑھ کر امتِ محمدیہ کی عزت افزائی کیا ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے صاحبِ قرآن بنایا۔ الحمد للہ۔

۱۱ بدکار اور سرکش قوموں پر جب عذاب آتا ہے تو ان کی کیا حالت ہوتی ہے۔ حسرت و ندامت سے وہ کس طرح ہونٹ کاٹتے ہیں اور اپنی غفلتوں پر کس طرح پچھتاتے ہیں۔ مزید براں بعد از وقت ندامت کا جو انجام ہوتا ہے ان آیات میں ان کا بڑے مؤثر پیرائے میں ذکر فرما دیا۔

مشکل الفاظ: القصم۔ الکسر۔ توڑ پھوڑ دینا۔ ریزہ ریزہ کر دینا۔ یرکضون۔ الرکض۔ العدو بشدة الوطأ۔ تیزی سے دوڑنا۔ یہاں مقصد ہے بھاگ کھڑے ہونا۔ حصیدًا۔ حصد کہتے ہیں درانتی سے فصل کاٹنا۔ خامدین خمود سے ہے۔ آگ کا بجھ جانا مراد ہے مر جانا۔

وَّ اَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِیْنَ ⑪ فَلَمَّاۤ اَحَسُّوْا بَاْسَنَاۤ اِذَا هُمْ

اور ہم نے پیدا فرما دی ان کی بربادی کے بعد ایک دوسری قوم ۔ پس جب انھوں نے محسوس کیا ہمارا عذاب تو فوراً انھوں

مِّنْهَا یَرْكُضُوْنَ ⑫ لَا تَرْكُضُوْا وَ ارْجِعُوْۤا اِلٰى مَاۤ اُتْرِفْتُمْ فِیْهِ

نے وہاں سے بھاگنا شروع کر دیا ۔ اب مت بھاگو! اور واپس لوٹو ان آسائشوں کی طرف جو تمھیں دی گئی تھیں

وَ مَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ⑬ قَالُوْا یٰوَیْلَنَاۤ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِیْنَ ⑭

اور لوٹو اپنے مکانوں کی طرف تاکہ تم سے باز پرس کی جائے ۔ کہنے لگے وائے شومیٔ قسمت! ہم ہی ظالم تھے ۔

فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِیْدًا خٰمِدِیْنَ ⑮

پس وہ یونہی شور و پکار کرتے رہے ۔ یہاں تک کہ ہم نے انھیں کٹے ہوئے کھیت (اور) بجھے ہوئے (انگاروں) کی

وَ مَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَیْنَهُمَا لٰعِبِیْنَ ⑯ لَوْ اَرَدْنَاۤ

طرح کر دیا ۔ اور نہیں پیدا فرمایا ہم نے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے دل لگی کرتے ہوئے ۔ ١٣ اگر ہمیں یہی منظور

١٣ دوسری جاہل قوموں کی طرح اہل عرب کے ذہن میں یہ بات راسخ ہو چکی تھی کہ زندگی یہی کچھ ہے جو وہ گزار رہے ہیں ان ھی الا حیاتنا الدنیا ۔ اس میں جس نے زیادہ دادِ عیش دے لی اور زیادہ سے زیادہ ناموری حاصل کر لی وہی کامیاب ہے اس زندگی کے بعد کوئی دوسری زندگی نہیں کہ جہاں اپنی نیکیوں کی جزا اور اپنی برائیوں کی سزا ملنے والی ہو ۔ یہ نظریہ کیونکہ بداہتِ عقل کے خلاف ہے اور شرفِ انسانیت کے منافی ہے اور حکمت اور عدل الٰہی کے شایانِ شان نہیں اس لیے قرآنِ حکیم نے متعدد بار اور یہاں بھی اس کی پرزور تردید فرما دی اور بتایا کہ اگر تمھارا یہ نظریہ درست ہو تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ یہ سارا نظامِ عالم ایک کھیل تماشہ ہے (جیسے ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ یہ کائنات محض ایشور کی لیلا ہے) اور اس کے خالق نے معاذ اللہ نادان بچوں کی طرح تفریحِ طبع اور دل بہلانے کے لیے اسے پیدا کیا ہے تم اپنے گرد و پیش اس کی حکمت و دانائی کے جو ان گنت شاہکار دیکھ رہے ہو کیا وہ اس نظریہ کو جھٹلانے کے لیے کافی نہیں ۔ اس کائنات کی تخلیق کا مقصد عظیم یہ ہے کہ اس سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور قدرت کاملہ پر استدلال کیا جائے اور تاکہ نیکوکار اور بدکار کو اس کے اعمال کا معاوضہ ملے ۔

انما خلقناهما لتجازي المحسن والمسيئ وليستدل بهما على الوحدانية والقدرة ۔ (بحر)

أَنْ نَتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ إِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٧﴾ بَلْ

ہوتا کہ ہم (اس کائنات کو) کھیل تماشہ بنائیں تو ہم بنا لیتے اسے خود بخود (ہمیں کون روک سکتا تھا) ۱۲ مگر ہم ایسا کرنے والے نہیں ہیں بلکہ ہم تو

نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۚ وَ

چوٹ لگاتے ہیں حق سے باطل پر ۱۳ پس وہ اسے کچل دیتا ہے اور وہ یکایک ناپید ہو جاتا ہے اور

لَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿١٨﴾ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ

(اے باطل پرستو!) تمہارے لیے ہلاکت ہے ان (نازیبا) باتوں کے باعث جو تم بیان کرتے ہو اور اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے

وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿١٩﴾

اور جو (فرشتے) اس کے نزدیک ہیں وہ ذرا سرکشی نہیں کرتے اس کی عبادت سے اور نہ ہی وہ تھکتے ہیں۔

يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿٢٠﴾ أَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً

وہ (اس کی) پاکی بیان کرتے رہتے ہیں رات دن اور وہ اکتاتے نہیں — کیا بنا لیے ہیں انہوں نے خدا (اہل)

۱۲ اگر ہماری یہی مرضی ہوتی کہ دنیا اور اس میں بسنے والے انسانوں کو تفریح طبع کا ذریعہ بنائیں تو ہمیں کون روک سکتا تھا لیکن یہ بات ہمارے مقام الوہیت اور شان حکمت کے خلاف تھی۔ بعض علماء تفسیر نے لہو کا معنی فرزند و زن بھی کیا ہے اس صورت میں یہود و نصاریٰ کی تردید ہو گی لیکن پہلی آیت سے مناسبت وہی معنی رکھتا ہے جو ہم نے پہلے بیان کیا ہے۔ (روح المعانی)

۱۳ قذف کا معنی دور سے پھینکنا۔ الرمی البعید۔ دمغ: ایسی ضرب جس سے دماغ پھٹ جائے۔ یعنی ہمارے پیش نظر تخلیق کائنات سے صرف ایک چیز ہے وہ یہ کہ حق کا بول بالا ہو اور باطل نامراد و ناکام ہو اس لیے ہم باطل کی طاغوتی قوتوں پر حق کا گرز مارتے ہیں جو اس کا سر کچل کر رکھ دیتا ہے۔ یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس سے تم بھی طرح باخبر ہو ورنہ تم اب اپنی آنکھوں سے اس کا مشاہدہ کر لو۔

۱۴ کوئی اس کا بیٹا نہیں کوئی اس کا شریک و ہمسر نہیں سب اس کی مخلوق ہیں اور اس کے بندے ہیں جتنا کوئی اس کے قریب ہے اتنا ہی وہ اس کی عظمت و کبریائی سے لرزہ براندام ہے اور اظہار عجز میں سرگرداں ہے اور ہر وقت اس کی عبادت اور ذکر میں لگا رہتا ہے۔ "من عندہ" سے اکثر مفسرین نے فرشتے مراد لیے ہیں۔ لیکن حضرت ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں۔ هم الملئكة والانبياء ومن في معناهم یعنی فرشتے، انبیاء اور جو ان کے پیروکار ہیں اور عبادت سے مراد یہ ہے کہ ان کو قرب سے دوام حضور اور ذکر خفی کا انقطاع نہ ہو جس طرح انسان دوسرے کاموں میں مشغول ہونے کے باوجود سانس لیتا رہتا ہے والمراد بالعبادة الخ

مِنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿٢١﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ

زمین سے جو مردوں کو زندہ کر سکتے ہیں۔ — اگر ہوتے زمین و آسمان میں کوئی اور خدا سوائے اللہ تعالیٰ

اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿٢٢﴾

کے تو یہ دونوں برباد ہو جاتے ۔شلہ پس پاک ہے اللہ تعالیٰ جو عرش کا رب ہے شلہ ان تمام نازیبا باتوں سے جو وہ کرتے ہیں

(وتنقطع من المقربين دوام الحضور والذكر الخفى الذى لا يمكن انقطاعه من المقربين بشر آنًا اوقلة كما لا يمكن انقطاع التنفس" (مظہری)

چند الفاظ: يستحسرون: اى لا يعيون یعنی عبادت کرنے سے تھک نہیں جاتے۔ یفترون: الانکسار والضعف یعنی کمزور اور ڈھیلا پڑنا۔ ینشرون: زندہ کرنا

شلہ اللہ تعالیٰ کی توحید کی یہ ناقابلِ تردید دلیل ہے۔ انسان اس میں جتنا غور و تامل کرے اتنا ہی اللہ تعالیٰ کی توحید پر اس کا یقین محکم اور ایمان پختہ ہوتا جاتا ہے۔ اور اس کے باوجود اتنی سہل اور عام فہم ہے کہ ایک سادہ لوح دیہاتی بھی اس کو سمجھ سکتا ہے اور اپنے دل کو نورِ یقین سے منور کر سکتا ہے۔ سیدھی سی بات ہے کہ اگر ایک ملک کے دو فرمانروا ہوں جن کے اختیارات مساوی ہوں تو اس ملک میں فتنہ و فساد کے شعلے بھڑکیں گے اور اس کی ساری رونقیں خاک سیاہ ہو کر رہ جائیں گی۔ اگر ایک ہی لشکر کے دو جرنیل ہوں تو وہ فوج کسی میدان میں جم کر نہیں لڑ سکے گی۔ یہ ایسی بات ہے جسے ہر لکھا پڑھا بھی جانتا ہے اور ایک اَن پڑھ چرواہا بھی جس کی عمر سیاسی ہنگاموں سے دور جنگلوں میں بکریاں چراتے گزری ہو اور آج تک کبھی ایسا نہیں ہوا کہ کسی ملک میں کسی قوم نے اپنے دو ایسے حکمران مقرر کیے ہوں جو قوت و طاقت اور اختیار میں مساوی حیثیت کے مالک ہوں لیکن اگر آپ اس آیت میں مزید غور کریں تو آپ کو اس دلیل کی گہرائی اور گیرائی کا مزید اندازہ ہوگا۔ پہلے آپ یہ سمجھیے کہ الٰہ (خدا) کون ہو سکتا ہے۔ الٰہ وہ ہو سکتا ہے جو واجب الوجود ہو۔ اپنے موجود ہونے میں کسی خالق کا محتاج نہ ہو۔ نیز جو تمام صفاتِ کمال سے متصف ہو اور جملہ نقائص و عیوب سے پاک ہو۔ جو خدا اپنے موجود ہونے میں کسی غیر کا دست نگر ہو اس کو الٰہ کہنا مذاق نہیں تو اور کیا ہے۔ وہ خدا جس میں کئی خوبیاں اور کمالات مفقود ہوں اور جس میں طرح طرح کے عیب پائے جاتے ہوں ایسی ہستی کو بھی خدا کہنا عقل و دانش کی سب سے بڑی توہین ہے۔ اب جب ہم نے عقلِ سلیم کی روشنی میں یہ فیصلہ کر لیا کہ خدا وہ ہے جو واجب الوجود ہو اور تمام کمالات سے متصف اور تمام عیوب سے پاک۔ تو اب ذرا سوچیے کہ اگر ایک سے زائد خدا مان لیے جائیں تو ان کی باہمی حیثیت کیا ہے۔ اگر سارے ناقص ہیں اور کائنات کے پیدا کرنے میں ایک دوسرے کی اعانت کے محتاج ہیں تو ان میں سے ایک بھی اس قابل نہ ہوا کہ اسے خدا کہا جائے کیونکہ جو خود محتاج ہو وہ کسی کی حاجت روائی کیا کرے گا! اور اگر ان میں سے ایک کامل قدرت کا مالک ہے اور دوسرے اس کی امداد کے محتاج ہیں تو جو کامل ہے اسے کیا پڑی ہے کہ اس بدیع اور حیران کن نظامِ عالم کی تخلیق میں دوسروں کو شریک کرتا پھرے جو وہ بلا شرکتِ غیرے انجام دے سکتا ہے اور اگر سب یکساں قوت، اختیار اور

لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ۝۲۳ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ

نہیں پرسش کی جاسکتی اس کام کے متعلق جو وہ کرتا ہے ۱۹؎ اور ان (تمام) سے باز پرس ہوگی۔ کیا انھوں نے بنا لیے ہیں

ارادہ کے مالک ہیں تو ان میں باہمی اختلاف کا پیدا ہونا لازمی ہے اور جب ایک خدا دوسرے خدا سے ٹکرائے گا تو کائنات کی دھجیاں اڑ جائیں گی اور اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ سب نے آپس میں مصالحت کر لی ہے اور باہمی اتفاق سے سارا نظام چل رہا ہے تو کیا حوادث عالم کے رونما پذیر ہونے میں سب کی قوت صرف ہو رہی ہے یا ایک کی۔ اگر ایک کی صرف ہو رہی ہے تو دوسرے بیکار ہو گئے۔ اور یہ بھی اچھے خدا ہوئے کہ طاقت تو ہے لیکن بخیل کی دولت کی طرح بیکار و بے مصرف اور اگر سب کی قوت و ارادہ سے ہر کام انجام پا رہا ہے تو پھر دریافت طلب امر یہ ہوگا کہ سب علیحدہ علیحدہ اس کام کو کر سکتے ہیں یا نہیں۔ اگر نہیں کر سکتے تو عاجز و ناتوان ہوئے جو شانِ خداوندی کے خلاف ہے اور اگر ہر ایک کر سکتا ہے اور پھر سب مل کر کرتے ہیں تو یہ بھی قوت و ارادہ کی بے جا نمائش اور ضیاع ہے جو حماقت کی دلیل ہے۔ غرضیکہ اگر الٰہ کا مفہوم ذہن نشین ہو اور پھر اس آیت طیبہ میں غور کیا جائے تو عقل و فہم کی دنیا میں شرک کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔ علامہ اسمٰعیل حقی نے کیا خوب لکھا ہے کہ اگر ایک بدن میں دو روح اور ایک نظام شمسی میں دوسرا آفتاب نہیں سما سکتا۔ تو اس جہانِ بالا و پست میں بھی اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک کے علاوہ اور کوئی دوسرا خدا نہیں سما سکتا۔ (روح البیان)

۱۸؎ عرش جو تدبیر کائنات اور تقدیر عالم کا سرچشمہ ہے اور اس عالم ہست و بود کے لیے شاہی تخت کی مانند ہے جو اس کا مالک ہے جو اس پر متمکن ہے اس کا کسی کو شریک ٹھیرانا بہت بڑی حماقت اور نادانی ہے۔

۱۹؎ اعتراض اس پر کیا جاتا ہے جو غلط اور نارو افیصلہ کرے۔ غلط فیصلہ وہ کرتا ہے جسے حالات کا صحیح علم نہ ہو اور اعتراض کرنا اسے زیب دیتا ہے جس کے علم کا دائرہ وسیع ہو اور واقعات کے وہ گوشے جو پہلے آدمی سے پنہاں تھے اسکے سامنے عیاں ہوں نیز اگر کوئی شخص اپنے اختیارات سے تجاوز کر کے کوئی فعل کرتا ہے تو اس پر گرفت بھی کی جاسکتی ہے کہ تم جب ایسا کرنے کے مجاز نہ تھے تو تم نے ایسا کام کیوں کیا۔ اللہ تعالیٰ کا علم بھی ظاہر و باطن ماضی و مستقبل کو محیط ہے اور اس کے اختیارات بھی بڑے وسیع ہیں۔ کیونکہ ہر چیز کو اسی نے پیدا فرمایا ہے۔ وہی اس کا مالک ہے اور جب مالک کو اپنی ملکیت میں اپنی مرضی کرنے کا اختیار ہے۔ وہ سیاہ کرے سپید کرے کوئی اس کا ہاتھ نہیں روک سکتا تو پھر اللہ تعالیٰ کو اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں پر مکمل اختیار کیوں نہ ہو۔ ایسی ہستی جو ہمہ دان اور ہمہ بین ہے جس کے قبضہ قدرت میں نشیب و فراز عرش تک جو کچھ بھی ہے سب کچھ ہے اس کے کسی فعل پر اعتراض کرنا جہالت کا مظاہرہ کرنے اور اپنی حد سے تجاوز کرنے کے مترادف ہے۔ آپ اطمینان خاطر کے لیے کشف حقیقت کے لیے معرفت حکمت کے لیے تو بارگاہِ الٰہی میں ہزار سوال کر سکتے ہیں لیکن اعتراض کا انجام وہی ہوتا ہے جو ابلیس لعین کا ہوا تھا۔ اس نے بھی اعتراض کرتے ہوئے پوچھا تھا ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا۔ اگر وہ اس کی حکمت کے متعلق سوال کرتا تو اس کے ساتھ یہ سلوک نہ ہوتا۔ ہمیں بھی اپنا مقام پہچاننا چاہیے اور کوئی ایسی بات زبان پر نہ لانا چاہیے جو غیرت خداوندی کو گوارا نہ ہو۔

دُونِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ

اللہ تعالیٰ کے سوا اور معبود، (اے حبیب!) آپ (انھیں) فرمائیے ۳۲؎ پیش کرو اپنی دلیل۔ یہ قرآن جو نصیحت ہے میرے ساتھ والوں

اللہ تعالیٰ کے محبوب و حبیب صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم پر اعتراض کرنا یا گستاخی کرنا غضب الٰہی کو بھڑکا دیتا ہے۔ علم و تقدس کے تمام محلات مسمار کر کے رکھ دیئے جاتے ہیں۔ علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ایک فاضل اجل سے مروی ہے کہ وہ ایک مجلس میں تھے تو ایک محجوب اور محروم ازلی نے کہا کہ سوائے نفس کے کسی کو چھٹکارا نہیں خواہ وہ بھی ہو اور وہ سے اشارہ حضور علیہ السلام کی طرف کیا، کیونکہ انھوں نے بھی کہا ہے "حُبِّبَ اِلَیَّ مِن دُنیاکم ثلاث الطیب والنساء وقرۃ عینی فی الصلوٰۃ۔ یعنی تمہاری دنیا سے تین چیزیں میرے لیے مرغوب کی گئی ہیں۔ خوشبو، نساء، اور میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔ میں نے اس گستاخ کو کہا تمہیں خدا سے شرم نہیں آتی۔ حدیث میں (اَحْبَبْتُ یعنی میں پسند کرتا ہوں) کا لفظ نہیں، بلکہ (حُبِّبَ میرے لیے مرغوب بنادی گئی ہیں) کا لفظ ہے۔ جوائے نفس تو تب ہوتی کہ احببت کا لفظ ہوتا فرماتے ہیں اس گستاخ کا منہ تو میں نے بند کر دیا لیکن میں اس کی بد زبانی پر بڑا غمگین تھا کہ اپنے آپ کو امتی کہلانے والا شخص بھی ایسی بات اپنی زبان پر لا سکتا ہے۔ رات کو خواب میں حبیب مکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے زیارت کا شرف بخشا اور فرمایا۔

"لا تغتم فقد کفیناک امرہٗ" غمزدہ نہ ہو ہم نے اس کا کام تمام کر دیا۔ صبح ہوئی تو معلوم ہوا کہ وہ قتل کر دیا گیا ہے۔ (روح البیان)

علامہ مرحوم اگر آج ہوتے اور ان آمتیوں کا حال دیکھتے جو اپنے آپ کو بشریت میں حضورؐ کا ہم پلہ ثابت کرنے کے لیے کس سوقیانہ انداز میں حضورؐ کی ازدواجی زندگی کا ذکر کرتے ہیں تو ان کا کلیجہ پھٹ جاتا۔ ؎

شب پرہ می طلبد بدر تماست نقصان | او نداند کہ ابد نورِ تو ظاہر باشد
ہر کہ از رُمئے جدل بر تو سخن میراند | بمثل شد اگرش بو علی، کافر باشد

چمگادڑ یہ چاہتی ہے کہ آپکے بدر کامل کے نور کو کم کر دے۔ وہ بیوقوف یہ نہیں جانتی کہ آپ کا نور ابد تک درخشاں رہے گا۔ جو بدبخت آپ کی ذات پر زبانِ طعن دراز کرے، وہ عقل و فہم میں بو علی سینا کی مانند بھی ہو تو وہ دولت ایمان سے محروم ہے۔" حقیقت تو یہ ہے کہ سرورِ کائنات علیہ التسلیمات والتحیات کی ذات پاک تو بڑی اعلیٰ وارفع ہے۔ اگر کوئی شخص اولیاء و مشائخ پر بھی بے جا اعتراض کرتا ہے تو وہ نعمت و برکت سے محروم کر دیا جاتا ہے اور علم و عرفان کا دروازہ اس کے لیے بند ہو جاتا ہے۔

۳۲؎ دلائل توحید بیان فرمانے کے بعد دنیا بھر کے مشرکوں کو چیلنج دیا جا رہا ہے کہ اپنے شرک و اصنام پرستی پر عقلی یا نقلی کوئی ایک تو ایسی دلیل پیش کریں جو قابلِ غور ہو۔

وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِي ۗ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۙ الْحَقَّ

کے لیے اور دوسری کتب جو نصیحت ہیں پہلے گزرے ہوئے لوگوں کیلیے (سب گواہ ہیں اس بات کی کوئی خدا نہیں سوائے اللہ کے) بلکہ حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے اکثر حق کو نہیں جانتے

فَهُمْ مُعْرِضُونَ ﴿٢٤﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُولٍ

اس لیے وہ (اس سے) منہ پھیرے ہوئے ہیں۔ اور نہیں بھیجا [۲۱] ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول مگر یہ کہ ہم

إِلَّا نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ ﴿٢٥﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ

نے وحی بھیجی اس کی طرف کہ بلاشبہ نہیں ہے کوئی خدا بجز میرے پس میری عبادت کیا کرو وہ کہتے ہیں بنا لیا ہے

الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ۗ سُبْحَانَهُ ۚ بَلْ عِبَادٌ مُكْرَمُونَ ﴿٢٦﴾ لَا يَسْبِقُونَهُ

رحمٰن نے (اپنے لیے) بیٹا [۲۲] سبحان اللہ! (یہ کیونکر ہو سکتا ہے) بلکہ وہ تو (اسکے) معزز بندے ہیں نہیں سبقت کرتے اس سے بات

بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِأَمْرِهِ يَعْمَلُونَ ﴿٢٧﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ

کرنے میں اور وہ اسی کے حکم پر کاربند ہیں۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے

وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَىٰ وَهُمْ مِنْ

اور جو کچھ انکے پیچھے گزر چکا ہے اور وہ شفاعت نہیں کرینگے۔ مگر اسکے لیے جسے وہ پسند فرمائے اور وہ (اس کی بے نیازی

خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ ﴿٢٨﴾ وَمَنْ يَقُلْ مِنْهُمْ إِنِّي إِلَٰهٌ مِنْ

کے باعث) اسکے خوف سے ڈر رہے ہیں۔ اور جو ان میں سے یہ کہے کہ میں خدا ہوں اللہ تعالیٰ کے سوا

[۲۱] توحید کی یہ دعوت جو میرا رسول مکرم تمہیں دے رہا ہے یہ کوئی انوکھی دعوت نہیں بلکہ نبوت و رسالت کا سلسلہ جب سے شروع ہوا ہے اور جو حضرات اس منصب پر فائز ہوئے ہیں سبھی نے اپنے اپنے زمانہ میں اپنے اپنے قبیلوں اور قوموں کو یہی دعوت دی ہے۔ شرائع و احکام میں حالات کے پیش نظر تبدیلیاں ہوتی رہیں لیکن عقیدۂ توحید میں سر مو کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔

[۲۲] عرب کے کئی قبائل خصوصاً بنی خزاعہ فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں کہا کرتے اور یہود و نصاریٰ عزیر و مسیح کو ابن اللہ کہا کرتے۔ اس بہتانِ صریح کی نفی کی جا رہی ہے کہ یہ محض بکواس ہے اللہ تعالیٰ کو ان چیزوں کی ضرورت نہیں۔ بلکہ

دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝۲۹ ع

تو اسے ہم سزا دیں گے جہنم کی۔ یونہی ہم سزا دیا کرتے ہیں ظالموں کو۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا

کیا کبھی غور نہیں کیا ۴۳؎ کفر و انکار کرنے والوں نے کہ آسمان اور زمین آپس میں

جنہیں وہ اللہ کے بیٹے اور بیٹیاں کہتے ہیں وہ تو اس کے معزز و مکرم بندے ہیں۔ غلط عقیدہ کی تردید کے ساتھ ساتھ "عباد مکرمون" فرما کر ان کی عزت و شان کو چار چاند لگا دیے۔

۴۳؎ اپنی توحید کے دلائل عقلیہ و نقلیہ بیان کرنے کے بعد اپنی قدرت کاملہ کا ذکر فرمایا جا رہا ہے: "الرتق، الضمّ والالتحام" (مفردات) کسی چیز کا باہم دگر پیوست ہونا اور ایک دوسرے سے ملا ہوا ہونا۔ "الفتق، الفصل بین المتصلین" (مفردات) دو جڑی ہوئی چیزوں کو الگ الگ کر دینا۔ ارشاد ربانی ہے کہ زمین و آسمان موجودہ صورت اختیار کرنے سے پہلے ایک دوسرے میں پیوست تھے۔ پھر ہم نے اپنی قدرت سے زمین کو الگ کر دیا اور آسمان کو الگ کر دیا۔ حضرت ابن عباس اور دیگر علماء تفسیر سے اس آیت کا یہی مفہوم منقول ہے۔ قال ابن عباس والضحاک وعطا وقتادہ کانتا شیئا واحدا ملتزقین ففتقہا اللہ بینہما بالھواء (قرطبی) یعنی زمین و آسمان شے واحد کی طرح تھے! اور ان کے اجزا ایک دوسرے سے جڑے ہوئے چمٹے ہوئے تھے۔ پھر ہوا کے ذریعہ انہیں علیحدہ علیحدہ کر دیا گیا۔ سینکڑوں صدیوں کی تحقیقات، تجربات اور غور و فکر کے بعد علمائے طبعیین جس نتیجہ پر پہنچے ہیں قرآن حکیم نے پہلے ہی اس حقیقت کو چند الفاظ میں ذکر کر دیا تھا۔

ان کی تحقیقات کا خلاصہ یہ ہے کہ ابتدا میں آفتاب ایک بھڑکتا ہوا شعلہ تھا۔ اس کی حرکت بہت ہی تیز تھی۔ رفتہ رفتہ اس کی حرکت کم ہوتی گئی اور وہ سکڑتا اور چھوٹا ہوتا گیا اور اس سبب سے اس کے مادے میں گاڑھا پن آ گیا اور حرکت کی تیزی کے سبب اس میں سے چند ٹکڑے ٹوٹ کر دور دور تک چلے گئے اور اسی کے گرد چکر کھانے لگے۔ اس وقت تک ظاہر ہوا ہے کہ آفتاب سے گیارہ ٹکڑے ٹوٹے ہوئے ہیں۔ جن سے ہمارا نظام شمسی بنا ہے اور زمین بھی انہی سے ایک ہے۔

تخلیق عالم کا ذکر کرتے ہوئے مولانا آزاد نے خوب لکھا ہے۔

"موجودہ زمانہ میں اجرام سماویہ کی ابتدائی تخلیق اور کرہ ارضی کی ابتدائی نشوونما کے جو نظریے تسلیم کر لیے گئے ہیں۔ یہ اشارات بظاہر ان کی تائید کرتے ہیں اور اگر ہم چاہیں تو ان بنیادوں پر شرح و تفصیل کی بڑی بڑی عمارتیں اٹھا سکتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایسا کرنا صحیح نہ ہوگا۔ یہ نظریے کتنے ہی مستند تسلیم کر لیے گئے ہوں لیکن پھر بھی نظریے ہیں اور نظریات جزم و یقین کے ساتھ حقیقت کا فیصلہ نہیں کر سکتے پھر اس سے کیا فائدہ کہ ان کی روشنی میں

رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَ جَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ؕ

ملے ہوئے تھے پھر ہم نے الگ الگ کر دیا انہیں۔ اور ہم نے پیدا فرمائی پانی سے ہر زندہ چیز ۲۴ے

اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَ جَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ

کیا وہ اب بھی ایمان نہیں لاتے۔ اور ہم نے بنا دیئے زمین میں بڑے بڑے پہاڑ ۲۵ے تاکہ زمین لرزتی نہ

بِهِمْ ۪ وَ جَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳۱﴾

رہے انکے ساتھ۔ اور بنا دیں ہم نے ان پہاڑوں میں کشادہ راہیں تاکہ وہ (اپنی منزل مقصود کا) راستہ پا سکیں۔ ۲۶ے

قرآن کے مجمل اور محتمل اشارات کی تفسیر کی جائے لیکن کل کو کیا کریں گے۔ اگر ان نظریوں کی جگہ دوسرے نظریے پیدا ہو گئے۔ صاف بات یہی ہے کہ یہ معاملہ عالم غیب سے تعلق رکھتا ہے جس کی حقیقت ہم اپنے علم و ادراک کے ذریعہ معلوم نہیں کر سکتے۔ اور قرآن کا مقصود ان اشارات سے تخلیقِ عالم کی شرح و تحقیق نہیں ہے۔ خدا کی قدرت و حکمت کی طرف انسان کو توجہ دلانا ہے۔" ترجمان القرآن، جلد ۲، صفحہ ۱۷۵، ۱۷۶)

رتق اور فتق کا ایک اور مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے۔ "رتق" سے مراد یہ ہے کہ آسمان کا منہ پہلے بند تھا۔ کوئی بارش نہیں ہوتی تھی اور زمین کا منہ بھی بند تھا۔ کوئی چیز اس میں پیدا نہیں ہوتی تھی۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے آسمان کا منہ بھی کھلا (فتق) اور بارش برسنے لگی۔ زمین کی مہر بھی ٹوٹی۔ اس میں سے ضروریات کی ہر چیز اُگنے لگی واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۲۴ے ہر جاندار چیز کی تخلیق پانی سے کی گئی ہے۔ یہی اس کا مادۂ اصلی ہے۔ یا ہر جاندار کی بقا اور نشو و نما کا انحصار پانی پر ہے یا یہ کہ مادۂ منویہ جو ہر جاندار کا اصل ہے۔ وہ پانی ہے بہر حال جس لحاظ سے دیکھو زندگی اور پانی کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ مولانا عثمانی لکھتے ہیں "عموماً جاندار چیزیں جو تم کو نظر آتی ہیں بالواسطہ و بلا واسطہ پانی سے بنائی گئیں۔ پانی ہی ان کا مادہ ہے۔ الا کوئی ایسی مخلوق جس کی نسبت ثابت ہو جائے کہ اس کی پیدائش میں پانی کو دخل نہیں وہ مستثنیٰ ہوگی۔ للاکثر حکم الکل کے اعتبار سے یہ کلیہ صادق رہے گا۔

۲۵ے پہاڑوں کو سطح زمین پر جما کر زمین کی جس حرکت کا علاج کیا گیا ہے وہ اس کا ڈانواں ڈول ہونا اور ہچکولے کھانا ہے اس سے حرکت زمین کی نفی پر استدلال نہیں ہو سکتا۔

۲۶ے ہم نے اتنے اونچے اونچے پہاڑ پیدا کیے جن کی بلند چوٹیاں آج بھی ہم جوانسانوں کو للکار رہی ہیں لیکن ان پہاڑوں کی تخلیق میں بھی قدم قدم پر تمہیں ہماری حکمت کے جلوے نظر آئیں گے۔ ان کو سنگین دیواروں کی طرح کھڑا نہیں

وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۚۖ وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا

اور ہم نے بنایا آسمان کو ایک چھت ۲۷؎ جو (شکست و ریخت سے) محفوظ ہے۔ اور وہ لوگ (اب بھی) اسکی نشانیوں سے روگردانی

مُعْرِضُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ

کیے ہوئے ہیں اور وہی ہے جس نے پیدا فرمایا لیل و نہار کو ۲۸؎ اور مہر و

وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ۝ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ

ماہ کو۔ سب (اپنے اپنے) مدار میں تیر رہے ہیں ۲۹؎ اور نہیں مقدر کیا ہم نے کسی انسان کے لیے جو آپ سے

کر دیا گیا کہ ایک طرف سے دوسری طرف آمد و رفت ہی بند ہو جائے بلکہ ان میں ایسی گھاٹیاں اور درّے بنا دیئے ہیں جن کے ذریعہ تم ایک طرف سے دوسری طرف جا سکتے ہو بلکہ بڑی بڑی شاہراہیں بنا سکتے ہو۔ الفج الطریق الواسع بین الجبلین۔ یعنی دو پہاڑوں کے درمیان جو کشادہ راستہ ہوتا ہے اسے فج کہتے ہیں۔ فجاج اس کی جمع ہے۔

۲۷؎ کیونکہ آسمان زمین کو اسی طرح ڈھانپے ہوئے ہیں جیسے چھت مکان کو۔ اس لیے فرمایا ہم نے زمین کے لیے آسمان کو بمنزلہ چھت بنایا ہے لیکن یہ ایسی چھت نہیں جو گر پڑے یا اس میں شگاف ہو جائیں بلکہ یہ ہر طرف سے محفوظ اور مستحکم ہے۔

۲۸؎ پھر مزید کرم یہ فرمایا کہ رات دن کا تسلسل قائم کر دیا۔ اگر ہمیشہ رات کا اندھیرا چھایا رہتا یا ہمیشہ دن ہی ہوتا تو دنیا کی یہ رونقیں نہ ہوتیں یا تمازتِ آفتاب سے زمین جل بھن جاتی یا ساری دنیا قطب شمالی کے علاقوں کی طرح برف کے نیچے دبی رہتی۔

۲۹؎ فلک کیا ہے؟ کیا سماء (آسمان) اور فلک دونوں ایک چیز ہیں۔ کیا شمس و قمر اور دوسرے سیارے ان میں اس طرح جڑے ہوئے ہیں جس طرح لکڑی میں کیل؟

فلاسفہ یعنی قدیم علماء طبعیین کی رائے یہ ہے کہ فلک اور آسمان ایک چیز کے دو نام ہیں اور فلک کی انھوں نے یہ تعریف کی ہے۔ بانہ حی عالم متحرک بالارادۃ حرکۃ مستدیرۃ ولا یقبل الخرق والالتئام یعنی فلک زندہ ہے عالم ہے۔ اپنے ارادہ سے گول حرکت کرتا ہے۔ پھٹنے اور جڑنے کو قبول نہیں کرتا۔ کیونکہ فلاسفہ کے نزدیک فلک میں خرق والتئام ممنوع ہے اس لیے انھوں نے یہ کہا کہ ستارے ان میں گڑے ہوئے ہیں۔ وہ متحرک نہیں بلکہ وہ فلک متحرک ہیں جن میں وہ گڑے ہوئے ہیں۔ کیونکہ حرکتیں مختلف ہیں اس لیے انھوں نے افلاک کو متعدد مانا ہے ان کے نزدیک مشہور یہ ہے کہ افلاک کی تعداد نو ہے۔

فلک کی جو تعریف ان فلاسفہ نے کی ہے علمائے اسلام نے علم کلام کی کتابوں میں اس کا بطلان ثابت کیا ہے بلکہ اکثر مفسرین کے نزدیک فلک اور سماء (آسمان) دو علیحدہ علیحدہ چیزیں ہیں اور سماء افلاک سے اوپر ہے چنانچہ

علامہ آلوسی لکھتے ہیں :۔

قال اکثر المفسرین ھو (الفلک) موج مکفوف تحت السماء یجری فیہ الشمس والقمر۔ کہ فلک ایک موج کا نام ہے جسے اس کے طبقہ میں روک دیا گیا ہے اور وہ آسمان کے نیچے ہے اور شمس و قمر اسی میں محو حرکت ہیں اور ضحاک جو مشہور اور مسلّم مفسر ہیں ان کا قول ہے کہ فلک کسی ایسی چیز کا نام نہیں جس کا کوئی جسم ہو بلکہ جہاں یہ ستارے گردش کرتے ہیں ان کی مدار کا نام ہے حضرت ابن عباس کا اس باب میں یہی قول مشہور ہے قال الضحاک وھو لیس بجسم وانما ھو مدار ھذہ النجوم والمشھور ماروی عن ابن عباس۔ فلاسفہ کا یہ قول کہ افلاک کی تعداد نو ہے یہ بھی ظنی اور یقینی نہیں۔ ہو سکتا ہے وہ اس سے بھی زیادہ ہوں۔ والحق انہ لا قاطع علی نفی ماعدا ذالک۔ (روح المعانی)

امام فخرالدین رازی علیہ الرحمۃ اور علامہ ابی حیان اندلسی نے اپنی اپنی تفاسیر میں اسی قول کو ترجیح دی ہے اور پسند فرمایا ہے۔

علامہ ابی عبداللہ الانصاری القرطبی کی عبارت ملاحظہ ہو :۔ والاصح ان السیارۃ تجری فی الفلک۔ وھی سبعۃ افلاک دون السموٰت المطبقۃ التی ھی مجال الملائکۃ واسباب الملکوت فالقمر فی الفلک الادنی ثم عطارد ثم الزھرۃ ثم الشمس ثم المریخ ثم المشتری ثم زحل والثامن فلک البروج والتاسع الفلک الاعظم قال ابن زید الافلاک مجاری النجوم والشمس والقمر۔ وقیل الفلک موج مکفوف ومجری الشمس والقمر فیہ واللہ اعلم (قرطبی)

یعنی کواکب سیارہ فلک میں چلتے ہیں اور یہ آسمانوں سے نیچے ہیں۔ چاند سب سے نچلے فلک میں ہے۔ اس سے اوپر عطارد، پھر زہرہ، پھر سورج، پھر مریخ، پھر مشتری، پھر زحل، آٹھویں کو فلک البروج، نویں کو فلکِ اعظم کہتے ہیں۔ ان سب سے اوپر سبع سمٰوٰت (سات آسمان) ہیں۔ جو ملائکہ کی جولانگاہ اور اسباب ملکوت کا مخزن ہیں۔ واللہ اعلم۔

یہ حقائق جو صدہا سال پہلے علمائے اسلام اپنی نگاہ تحقیقت بین اور عقلِ رسا سے بے نقاب کر چکے ہیں ان کی روشنی میں اگر جدید علمائے فلکیات کی تحقیقات کا آپ مطالعہ کریں گے تو آپ کو قرآن کریم کے کتاب الٰہی ہونے کا یقین آ جائے گا اور علمائے اسلام کی دقت نظر اور ان کے علوم کی وسعت کا اعتراف کرنا پڑے گا۔ ہو سکتا ہے جس طرح آج کے سائنس دان اپنے پیشروؤں پر تنقید کر رہے ہیں ان کے شاگرد کل اپنے ان استادوں کی غلطیاں نکالنے لگیں۔ اس لیے کسی مومن کو یہ زیبا نہیں کہ قرآن کی صداقت کو وہ تب تسلیم کرے جب جدید تحقیقات کی سند اسے مل جائے بلکہ اس کا یہ پختہ یقین ہونا چاہیے کہ حق وہ ہے جو قرآن نے بیان کیا ہے۔ قدیم تحقیقات اور جدید انکشافات کا وہی حصہ درست ہے جس کی تائید قرآن سے ملتی ہے۔ اور جو قرآن حکیم کی تصریحات کے خلاف ہے وہ غلط ہے۔ آج نہیں تو کل اسکے علمبردار خود اپنی غلطی کا اعتراف کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ اس سے بڑھ کر احساس کہتری کا مظاہرہ اور کوئی نہیں ہو سکتا کہ مسلمان قرآن مجید کی تصدیق کے لیے قدیم و جدید نظریات کا سہارا ڈھونڈتا پھرے۔ البتہ یہ بھی ضروری ہے کہ قرآنی

قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَا۟ىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ۝٣٤ كُلُّ نَفْسٍ

پہلے کسی بشر کو (اس دنیا میں) ہمیشہ رہنا تو اگر آپ انتقال فرما جائیں تو کیا یہ لوگ (یہاں) ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ہر نفس موت (کا مزہ)

ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۭ وَاِلَيْنَا

چکھنے والا ہے۔ اور ہم خوب آزماتے ہیں تمھیں برے اور اچھے حالات سے دوچار کر کے اور (آخرکار) تم سب ہماری

تُرْجَعُوْنَ ۝٣٥ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا

طرف ہی لوٹ آنا ہے۔ اور جب دیکھتے ہیں آپ کو جنھوں نے کفر اختیار کیا ہے تو آپ سے بس تمسخر کرنے لگتے ہیں۔

هُزُوًا ۭ اَھٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

(کہتے ہیں) کیا یہی وہ صاحب ہیں جو (برائی سے) ذکر کیا کرتے ہیں تمھارے خداؤں کا۔ حالانکہ وہ (کفار) رحمٰن کے ذکر سے خود

حقائق کو سمجھنے کے لیے انتہائی کوشش کی جائے ایسا نہ ہو کہ ہم سنے سنائے نظریات کو قرآن کے نظریات تصور کرنے لگیں اور اس بے خبری کے باعث علم و دانش کی دنیا میں اپنی تضحیک کے ساتھ فرقان حمید کی توہین کا بھی سبب بنیں۔ (العیاذ باللہ)

۳۴؎ کفار نے اشاعتِ اسلام میں ہر قسم کے روڑے اٹکائے لیکن اس کی اشاعت میں روز افزوں اضافہ ہی ہوتا گیا۔ انھوں نے اپنے غم نصیب دلوں کو یہ کہہ کر تسلی دینی شروع کی کہ آخر کہاں تک ایسا ہوتا رہے گا۔ ایک روز تو انکی زندگی ختم ہو ہی جائے گی۔ اس کے بعد تو ہمیں آرام کا سانس لینا نصیب ہوگا۔ وہ کہا کرتے نتربص بہٖ ریب المنون اس وقت یہ آیت نازل ہوئی اور انھیں ان کی حماقت کی طرف توجہ دلائی کہ اگر میرے محبوبؐ نے اس دنیا میں ہمیشہ نہیں رہنا تو کیا تم ابدالآباد تک زندہ رہو گے۔ جب تمھیں بھی ہر زندہ چیز کی طرح موت کا پیالہ پینا ہے تو پھر اس پر بغلیں بجانے کا کیا فائدہ۔

۳۶؎ کفار کا یہ دستور تھا کہ جب محبوب رب العالمین کے پاس سے گزرتے یا حضورؐ کو دیکھتے تو آوازے کستے مذاق کرتے انھیں خود اپنی حماقت اور بلادتِ طبع کا احساس نہ ہوتا کہ وہ کتنے احمق ہیں جو خدا وند رحمٰن کا انکار کر رہے ہیں جس کے دسترخوانِ رحمت پر وہ پل رہے ہیں جس کی بنائی ہوئی زمین پر وہ چل رہے ہیں جو ایسا کودن ہو کہ اتنی واضح حقیقت کو بھی نہ سمجھ سکے اس کا مذاق اڑانا چاہیے نہ کہ اس ذات والا صفات کا جو نہاں خانۂ تقدیر کے اسرار پر آگاہ ہے اس لیے کفار کا ایسا کرنا حماقت بالائے حماقت ہے۔

هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٦﴾ خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ

(بکیرہ) انکاری ہیں۔ انسان کی سرشت میں ہی جلد بازی ہے ۲۲؎ میں عنقریب تمہیں (خود ہی) اپنی نشانیاں

فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٣٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

دکھاؤں گا۔ سو تم مجھ سے جلدی کا مطالبہ نہ کرو ۲۳؎ اور وہ کہتے ہیں کب پورا ہوگا یہ (قیامت کا) وعدہ؟ (بتاؤنا) اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿٣٨﴾ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ

سچے ہو۔ کاش! جانتے کفار (اس وقت کو) جب وہ نہ روک سکیں گے اپنے

وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٣٩﴾

چہروں سے آگ (کے شعلوں) کو اور نہ اپنی پشتوں سے اور نہ ان کی مدد کی جائے گی ۳۳؎

بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَ

بلکہ وہ آئے گی ان کے پاس ناگہاں ۳۴؎ سو انھیں بدحواس کر دیگی پھر وہ نہ اسے رد کر سکیں گے اور

۳۲؎ کسی چیز کو اسکے مقررہ وقت سے پہلے طلب کرنے کو عجلت کہتے ہیں۔ العجلة طلب الشيء وتحريه قبل اوانه (روح البیان) انسان کی عجلت پسندی اظہر من الشمس ہے اور اس کے پے در پے ٹھوکریں کھاتے چلے جانے کا یہ بھی ایک بڑا سبب ہے قال اعرابي اياكم والعجلة فان العرب تكنيها ام الندامات۔ ایک اعرابی کا قول ہے خبردار جلد بازی سے بچنا۔ عرب اس کو ام الندامات (ساری ندامتوں کی اصل) کہا کرتے ہیں۔ اہل عرب کا یہ محاورہ ہے کہ جو وصف کسی میں بہت پایا جائے اس کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ تو اس سے پیدا ہوا ہے جو بڑا غصیل ہو اسے کہتے ہیں خلق من غضب اور جو زیادہ کریم ہو اسے کہتے ہیں خلق من کرم۔ کیونکہ جلد بازی بھی عام لوگوں کا شیوہ ہے اس لیے خلق من عجل کہا گیا۔

۳۳؎ تم نے خواہ مخواہ جلدی کیوں مچا رکھی ہے۔ جب عذاب الٰہی آئے گا تو تمہیں ہر سمت سے گھیرے گا۔ اس وقت تم چیخو گے چلاؤ گے لیکن بے سود۔

۳۴؎ بغتة۔ فجاءة اچانک۔ فتبهتهم۔ تحيرهم۔ حیران وششدر کر دینے والا۔

لَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ

نہ ہی انھیں مزید مہلت دی جائیگی۔ اور بیشک مذاق اڑایا گیا ان رسولوں کا بھی جو آپ سے پہلے تشریف لاتے تھے

فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٤١﴾

پس نازل ہوا ان لوگوں پر جو تمسخر کیا کرتے تھے ان میں سے وہ عذاب جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے ۳۵

قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ

آپ پوچھیے (اے منکرو!) کون ہے جو نگہبانی کر سکتا ہے تمھاری رات بھر اور دن بھر ۳۶ خدائے رحمٰن سے (اگر وہ تمھیں عذاب دینا چاہے) مگر

عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٤٢﴾ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ

(ان سے کیا پوچھنا) یہ تو اپنے رب کے ذکر سے ہی روگرداں ہیں۔ کیا ان کے اور خدا ہیں جو بچا سکتے ہیں انھیں (عذاب) ہمارے

دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا

سوا ۳۷ وہ جھوٹے معبود تو خود اپنی مدد بھی نہیں کر سکتے اور نہ انھیں ہماری تائید

يُصْحَبُوْنَ ﴿٤٣﴾ بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ

میسر ہوگی۔ ۳۸ بلکہ ہم نے (عیش و آرام کا) سامان دیا انھیں اور انکے آباؤ اجداد کو حتی کہ (اسی عیش و آرام میں)

۳۵ حاق۔ احاط و دار۔ گھیرے میں لے لینا۔ جوہری لکھتے ہیں (حاق بھم العذاب ای احاط بھم و نزل (الصحاح)
عذاب نے ان کو گھیر لیا۔

۳۶ نادانو! تم جو اپنے رب کریم کی یاد اور اس کے ذکر سے روگردانی کیے ہوئے ہو اس نے اگر کسی وقت اپنا عذاب نازل کر دیا تو کہاں سر چھپاؤ گے تمھیں کون پناہ دے گا۔

۳۷ تمھیں اگر یہ غلط فہمی ہے کہ تمھارے لات و ہبل اس وقت تمھیں ہمارے عذاب سے بچالیں گے تو اس کو اپنے ذہن سے نکال دو۔ وہ بیچارے اپنے آپ کو نہیں بچا سکتے چہ جائیکہ تمھیں بچانے پر قادر ہوں۔

۳۸ انکے بے بس اور کمزور ہونے کے باوجود ان کی امداد کی ایک اور صورت ہو سکتی تھی کہ ہم انکی پشت پناہی کرتے۔ ہماری تائید اور نصرت ان کے شامل حال ہوتی تو وہ اپنی قوت کے بل بوتے پر نہ سہی ہماری تائید و نصرت سے اپنے عقیدت مندوں

الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا یَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ

ان پر لمبا عرصہ گزر گیا (اور وہ سرکش ہوگئے) ۳۹ کیا وہ ملاحظہ نہیں کر رہے کہ ہم زمین (کی وسعتوں) کو گھٹاتے چلے جا رہے ہیں اس کی

اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝۴۴ قُلْ اِنَّمَاۤ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْیِ ۖ٘ وَلَا یَسْمَعُ الصُّمُّ

(چاروں) سمتوں سے ۴۰ کیا وہ (ہماری تقدیر پر) غالب آسکتے ہیں ۴۱ آپ فرمایئے میں تو تمہیں ڈراتا ہوں صرف وحی سے اور نہیں سن سکتے بہرے

الدُّعَآءَ اِذَا مَا یُنْذَرُوْنَ ۝۴۵ وَلَىِٕنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ

پکارنے کو جب انھیں (عذاب الٰہی سے) ڈرایا جاتا ہے لگے اور اگر (ضرب) چھو جائے انھیں ایک جھونکا تیرے رب کے عذاب کا تو

عَذَابِ رَبِّكَ لَیَقُوْلُنَّ یٰوَیْلَنَاۤ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِیْنَ ۝۴۶ وَنَضَعُ

(سارا نشہ ہرن ہو جائے) یوں کہنے لگیں صد حیف! بیشک ہم ہی ظالم تھے۔ اور ہم رکھ دیں گے

کی امداد کر سکتے سو اس کی بھی نفی کر دی اور بتا دیا کہ انھیں ہماری تائید و نصرت بھی قطعاً حاصل نہ ہوگی۔ اب وہ بیچارے کسی کی خاک دستگیری کر سکیں گے۔ علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اس جملہ کی وضاحت کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں یعنی ولا یصحبھم منا نصر کما یصحب لمن یشفع عصاۃ المؤمنین من النبیین والملائکۃ والصالحین۔ (مظہری) یعنی انبیاء ملائکہ اور اولیاء کرام جو گنہگار مومنوں کی شفاعت کریں گے انھیں تو تائید الٰہی اور نصرت ربانی حاصل ہوگی لیکن کفار کے جھوٹے خدا اس سے بھی محروم ہونگے۔

۳۹؎ ان کی پیہم سرکشی اور انکار کی وجہ بیان کی جا رہی ہے کہ ہم نے عرصہ دراز سے انھیں اور ان کے آباؤ اجداد کو ہر طرح کی عزت و آسائش سے بہرہ ور رکھا ان کی غلط کاریوں کے باوجود لوگ ان کا احترام کرتے رہے۔ ان کی نافرمانیوں کے باوجود ان کے کاروبار میں ترقی ہوتی رہی۔ اس وجہ سے یہ بات ان کے ذہنوں میں راسخ ہو گئی ہے کہ وہ حق پر ہیں اس لیے وہ کسی داعی حق کی کوئی بات سننے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

۴۰؎ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ مہلت کا عرصہ ختم ہونے والا ہے۔ ہم ان کے گرد رفتہ رفتہ حلقہ تنگ کرتے جا رہے ہیں۔ ارد گرد کے علاقوں پر مسلمانوں کا قبضہ ہوتا جا رہا ہے۔ بہتر ہے کہ وہ اب بھی آنکھیں کھولیں اور حق کو قبول کریں۔

۴۱؎ آپ فرمایئے میں تو تمہیں وہی بات کہتا ہوں جو میرے رب کی طرف سے مجھ پر وحی کی جاتی ہے۔ اپنی طرف سے کوئی بات بنا کر کرنا میرا دستور نہیں بہتر ہے تم بھی میری مخلصانہ نصیحتوں کو گوش ہوش سے سن لو۔ عذاب الٰہی سے بچ جاؤ گے۔ ساتھ ہی فرما دیا یہ تو بہرے ہیں انھیں کچھ سنائی نہیں دیتا۔

الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ؕ وَ

صحیح تولنے والے ترازو ٤٢ قیامت کے دن پس ظلم نہ کیا جائے گا کسی پر ذرہ بھر۔ اور

اِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ وَكَفٰى بِنَا

اگر کسی کا کوئی عمل رائی کے دانے کے برابر بھی ہوگا تو ہم اسے بھی لا حاضر کریں گے۔ اور ہم کافی ہیں

حٰسِبِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً

حساب کرنے والے۔ اور یقیناً ہم نے عطا فرمایا ٤٣ موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کو فرقان اور روشنی

٤٢ اس پر مفصل بحث ضیاء القرآن جلد دوم سورۃ الاعراف آیت ۸ کے حاشیہ میں گزر چکی ہے ملاحظہ فرمائیں۔

الموازین موصوف ہے اور القسط اس کی صفت ہے۔ موصوف اور صفت میں واحد جمع میں مطابقت ہونی چاہیے! اور یہاں ایسا نہیں اس کی کیا وجہ ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ القسط مصدر ہے اور جب مصدر صفت واقع ہو تو واحد جمع سب کی صفت واقع ہو سکتا ہے والقسط صفة الموازین ووحد لانه مصدر یقال میزانٌ قسطٌ ومیزانان قسط وموازین قسطٌ۔ (قرطبی)

حضرت انس فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی جناب میں گزارش کی کہ قیامت کے دن آپ میری شفاعت فرمائیں۔ حضورؐ نے فرمایا اَنَا فَاعِلٌ۔ میں شفاعت کروں گا۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ میں حضورؐ کو کہاں تلاش کروں۔ فرمایا پہلے پل صراط پر (جہاں سے میری امت گزر رہی ہوگی) مجھے ڈھونڈنا اور اگر وہاں ملاقات نہ ہوئی تو میزان کے پاس مجھے تلاش کرنا (جہاں امت کے اعمال کا وزن ہو رہا ہوگا) میں نے عرض کی اگر وہاں بھی شرف ملاقات نصیب نہ ہو۔ فرمایا پھر حوض کے پاس فانی لا اخطی ھذہ المواطن الثلاثة میں ان تین مقامات میں سے کسی ایک ضرور ہوں گا۔ (ترمذی، بیہقی)

٤٣ یہاں سے انبیاء کرام کا تذکرہ شروع ہے۔ جن جن کمالات سے انھیں مشرف فرمایا گیا ان کا بیان ہے۔ جن مقاصد کی تکمیل کے لیے وہ تشریف لائے ان کے لیے جن جن مصائب سے انھیں دوچار ہونا پڑا اور جس صبر و استقامت سے انھوں نے کام لیا ان کا تذکرہ ہے۔ تاکہ حق کا ہر علمبردار ان کے اسوۂ حسنہ سے صبر و استقامت، ایثار و اخلاص اور للہیت کا سبق حاصل کرے۔

وَذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٨﴾ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ

اور ذکر پرہیزگاروں کے لیے ۴۴ جو ڈرتے رہتے ہیں اپنے رب سے بن دیکھے۔ نیز وہ

مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ

قیامت سے بھی ترساں رہتے ہیں۔ اور یہ قرآن نصیحت ہے بڑی بابرکت ہم نے (ہی) اسے اتارا

اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ

ہے تو کیا تم اس کو ماننے سے انکار کرتے ہو۔ اور یقیناً ہم نے مرحمت فرمائی تھی ابراہیم کو ان کی دانائی ۴۵

مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿٥١﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا

اس سے پہلے اور ہم ان کو خوب جانتے تھے۔ ۴۶ یاد کرو جب آپ نے کہا اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہ کیا

۴۴ جو کتاب حضرت موسیٰ کو (اصالۃ) اور حضرت ہارون کو (نیابۃ) دی گئی تھی اس کے اوصاف بیان فرمائے جا رہے ہیں کہ وہ فرقان ہے یعنی حق و باطل کو الگ الگ کر دینے والی ہے۔ وہ ضیا ہے یعنی روشنی ہے جس سے شاہراہ حیات منور ہو رہی ہے اور پرہیزگاروں کے لیے نصیحت ہے۔ اگلی آیت نے بتا دیا کہ مستحق کون ہو سکتا ہے۔

۴۵ حضرت موسیٰ و ہارون کے ذکر کے بعد ابوالانبیاء جد المصطفیٰ سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا ذکر خیر فرمایا جا رہا ہے۔ آپ نے اپنی جان پر کھیل کر اور خطرات کو دعوت دے کر جس جرأت سے توحید کا اعلان کیا جس حسن تدبیر سے جھوٹے خداؤں کی خدائی کا پول کھولا اور ان کے پجاریوں پر ان کی بے بسی کو آشکارا کیا۔ پھر جس استقامت کا مظاہرہ آتش کدہ میں چھلانگ لگاتے وقت کیا ان تمام چیزوں کو اگر پیش نظر رکھا جائے تب لقد اٰتینا ابراھیم رشدہ کا مفہوم صحیح طور پر سمجھ آتا ہے گویا رشد وہ بصیرت اور دانش مندی ہے جس سے گمراہ ماحول میں نعرۂ توحید بلند کرنے کی جرأت اور اس کا سلیقہ اور اس راہ میں حائل ہونے والی ساری مصیبتوں کو جھیلنے کا حوصلہ اور اللہ تعالیٰ کی ذات پر توکل کا صحیح جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

۴۶ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ہمیں ان عظیم اور نادر صلاحیتوں کا خوب علم تھا جو ان میں ودیعت فرمائی گئی تھیں اسی لیے ان کو اتنی شان بخشی۔ قدرت اپنے عطیات کی تقسیم میں حکمت کو ہمیشہ ملحوظ رکھتی ہے۔

هٰذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِي أَنْتُمْ لَهَا عَاكِفُونَ ۝٥٢ قَالُوا

مورتیاں ہیں ۵۷ جن کی پوجا پاٹ پر تم جمے بیٹھے ہو۔ وہ بولے پایا ہے ہم نے اپنے

وَجَدْنَا آبَاءَنَا لَهَا عَابِدِينَ ۝٥٣ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ أَنْتُمْ

باپ (دادوں) کو کہ وہ ان کے پجاری تھے۔ آپ نے فرمایا بلاشبہ مبتلا رہے ہو تم بھی

وَآبَاؤُكُمْ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝٥٤ قَالُوا أَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ أَمْ أَنْتَ

اور تمھارے باپ دادا بھی کھلی ہوئی گمراہی میں۔ انھوں نے پوچھا کیا تم ہمارے پاس کوئی سچی بات لیکر آئے ہو یا محض تم

مِنَ اللَّاعِبِينَ ۝٥٥ قَالَ بَلْ رَبُّكُمْ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

دل لگی کر رہے ہو ۵۸ آپ نے فرمایا (دل لگی نہیں کر رہا) بلکہ تمھارا رب وہی ہے جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے جس

الَّذِي فَطَرَهُنَّ وَأَنَا عَلَىٰ ذَٰلِكُمْ مِنَ الشَّاهِدِينَ ۝٥٦ وَتَاللَّهِ

نے ان سب کو پیدا فرمایا ہے ۵۹ اور میں اس (صداقت) پر گواہی دینے والوں سے ہوں۔ اور بخدا! میں

۵۷ بتوں کی تحقیر کے لیے یہ لفظ استعمال کیا۔ وہ صورت جو ہاتھوں سے بنائی جائے اسے تمثال کہتے ہیں بعض کے نزدیک وہ تماثیل مختلف ستاروں کی تھیں جن کی شکلیں انھوں نے اپنے خیال کے مطابق بنائی تھیں بعض کے نزدیک یہ پہلے لوگوں کے مجسمے تھے جن کے متعلق ان کا یہ اعتقاد تھا کہ وہ شانِ الوہیت کے مالک ہیں۔

۵۸ آپ کی ساری قوم عرصۂ دراز سے انہی بتوں کو اپنا معبود، اپنا کارساز اور اپنا حاجت روا سمجھتی آئی تھی۔ اس عقیدہ کی صداقت کے متعلق ان کے دلوں میں ادنیٰ سا شک اور معمولی سا تردد بھی کبھی پیدا نہ ہوا تھا جب انھوں نے آپ کی زبان سے یہ بات سنی کہ تم کھلی گمراہی میں ہو تو وہ حیرت سے آپ کا منہ تکنے لگے اور کہنے لگے ابراہیم یہ تم نے کیا بات کہی ہے کیا تم اس کو حق سمجھ کر کہہ رہے ہو یا یوں ہی ہنسی مذاق سے تمھارے منہ سے یہ فقرہ نکل گیا ہے۔

۵۹ آپ نے فرمایا کہ میں نے پورے وثوق سے یہ کہا ہے کہ یہ خدا نہیں۔ خدا تو وہ ہے جس کی یہ شان ہے اور جس کی یہ قدرت ہے۔ میں تو اس کے بغیر کسی کی خدائی ماننے کے لیے تیار نہیں۔

لَأَكِيدَنَّ أَصْنَامَكُم بَعْدَ أَن تُوَلُّوا مُدْبِرِينَ ﴿٥٧﴾ فَجَعَلَهُمْ

بندوبست کروں گا تمھارے بتوں کا جب تم چلے جاؤ گے پیٹھ پھیرتے ہوئے ۝ پس آپ نے انھیں

جُذَاذًا إِلَّا كَبِيرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ إِلَيْهِ يَرْجِعُونَ ﴿٥٨﴾ قَالُوا مَن

ریزہ ریزہ کر ڈالا مگر ان کے بڑے بت کو کچھ نہ کہا تاکہ وہ لوگ (اس افتاد کے بارے میں) اسی کی طرف رجوع کریں ۝ وہ بولے کس

فَعَلَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا إِنَّهُ لَمِنَ الظَّالِمِينَ ﴿٥٩﴾ قَالُوا سَمِعْنَا

نے یہ حال کیا ہے ہمارے بتوں کا بیشک وہ ظالموں میں سے ہے (چند آدمیوں نے) کہا ہم نے ایک نوجوان کو سنا

فَتًى يَذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهُ إِبْرَاهِيمُ ﴿٦٠﴾ قَالُوا فَأْتُوا بِهِ عَلَىٰ

ہے کہ وہ ان کا ذکر (برائی سے) کیا کرتا ہے۔ اسے ابراہیم کہا جاتا ہے۔ کہنے لگے تو پھر (پکڑ کر) لاؤ اسے سب

۵۷ دبی زبان سے آپ نے فرمایا ابھی میں تمھارے ان خداؤں کی مرمت کرتا ہوں تاکہ ان کی حقیقت تم پر آشکارا ہو جائے۔ جوہری لکھتے ہیں: کل شیئ تعالجه انت تكيده۔ نیز کسی چیز کے متعلق برا ارادہ کرنے کو بھی کید کہتے ہیں کاد ای اراده بسوء (المنجد) یہاں یہ لفظ یہی مفہوم ادا کرنے کے لیے استعمال ہوا ہے۔

۵۸ ان کا ایک تہوار قریب تھا۔ اس روز سارا شہر پجاریوں سمیت کھلے میدان میں نکل جاتا۔ دن بھر کھیل تفریح میں مشغول رہتے اور شام کے قریب واپس لوٹتے۔ آپ نے خیال فرمایا بڑا زریں موقع ہے۔ سارا بتکدہ خالی ہوگا۔ بغیر کسی مزاحمت کے میں اپنی تدبیر پر عمل کر سکوں گا۔ چنانچہ جب سب لوگ تہوار منانے کے لیے باہر چلے گئے اور بتکدہ خالی ہو گیا تو آپ بھاری کلہاڑا اٹھائے ہوئے آ دھمکے۔ وسیع ہال کے درمیان بڑا بت تھا۔ اس کے دونوں طرف ترتیب وار چھوٹے بت رکھے ہوئے تھے۔ سب کے سامنے مٹھائی کے تھال بھرے پڑے تھے۔ آپ نے کسی کا کان کاٹا، کسی کی ناک، کسی کی آنکھ پھوڑی اور کسی کی ٹانگ اور بازو توڑا۔ اور سب مٹھائیاں اٹھا کر بڑے بت کے سامنے ڈھیر کر دیں اور کلہاڑا اس کے کندھے پر رکھ دیا اور خود وہاں سے کھسک گئے۔ شام کو جب پجاری واپس پہنچے اور اپنے بتوں کا یہ حال دیکھا تو کہرام مچ گیا۔ ڈھونڈو! پکڑو کا شور بلند ہوا۔ نمرود کو اطلاع ملی۔ اس نے تلاش شروع کی حضرت ابراہیم کے عقاید سے جو لوگ واقف تھے انھوں نے اندازہ لگایا کہ وہی نوجوان ایسا کرنے کی جرأت کر سکتا ہے۔ ان کی نشاندہی پر نمرود کی پولیس آپ کو گرفتار کر کے لے آئی۔

أَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُونَ ﴿٦١﴾ قَالُوٓا ءَأَنتَ فَعَلْتَ هَٰذَا

لوگوں کے روبرو ۵۲ شاید وہ اس کے متعلق کوئی شہادت دیں۔ (ابراہیم بلا لائے گئے) تو لوگوں نے پوچھا اے ابراہیم!

بِـَٔالِهَتِنَا يَٰٓإِبْرَٰهِيمُ ﴿٦٢﴾ قَالَ بَلْ فَعَلَهُۥ كَبِيرُهُمْ هَٰذَا فَسْـَٔلُوهُمْ

کیا تو نے ہمارے خداؤں کے ساتھ یہ حرکت کی ہے؟ فرمایا بلکہ ان کے اس بڑے نے یہ حرکت کی ہوگی سو ان سے پوچھو ۵۳

إِن كَانُوا۟ يَنطِقُونَ ﴿٦٣﴾ فَرَجَعُوٓا۟ إِلَىٰٓ أَنفُسِهِمْ فَقَالُوٓا۟ إِنَّكُمْ أَنتُمُ

اگر یہ گفتگو کی سکت رکھتے ہوں (لاجواب ہو کر) اپنے دلوں میں غور کرنے لگے ۵۴ پھر بولے بلاشبہ تم ہی زیاں کار

ٱلظَّٰلِمُونَ ﴿٦٤﴾ ثُمَّ نُكِسُوا۟ عَلَىٰ رُءُوسِهِمْ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هَٰٓؤُلَآءِ

ستمگار ہو۔ پھر وہ اوندھے ہو کر اپنی سابقہ گمراہی کی طرف اُلٹ گئے ۵۵ اور کہنے لگے تم خوب جانتے ہو کہ یہ

۵۲ اور مجمع عام میں آپ سے پوچھ گچھ شروع ہوئی۔

۵۳ آپ نے فرمایا نادانو! مجھ سے کیا پوچھتے ہو اپنے خداؤں سے پوچھو کس نے ان کا یہ حشر کیا اور یہ صنم اکبر جس کے سامنے سٹھائیوں کے انبار لگے ہوتے ہیں اور جس کے کندھے پر کلہاڑا لٹکا ہوا ہے یہ تو صاف بتا رہا ہے کہ اسی نے چھوٹے خداؤں سے ناراض ہو کر ان کا ستیاناس کر ڈالا مجھ سے کیوں پوچھتے ہو ان سے پوچھو اگر ان میں بولنے کی سکت ہے۔ بتوں کی اس توہین سے ہی وہ بڑے پریشان تھے۔ آپ کے اس الزام نے ان کے ہوش اڑا دیئے۔ ہکا بکا کر رہ گئے بے حس و حرکت گویا جسم میں جان نہیں کاٹو تو لہو نہیں۔

۵۴ آپ کے اس ارشاد نے تمام حجابوں کو تار تار کر دیا جنہوں نے حقیقت کو چھپا رکھا تھا۔ آپ کے اس چرکے نے ایک لمحہ کے لیے انھیں خواب غفلت سے چونکا دیا ان کے ٹھاکروں کی بے بسی اور ناتوانی ایک ناقابل انکار حقیقت بن کر ان کے سامنے آکھڑی ہوئی اور اپنی گمراہی اور ضلالت کا بے ساختہ اعتراف کر لیا آپس میں کہا "انکم انتم الظالمون"

۵۵ علامہ قرطبی لکھتے ہیں اس کا معنی یہ نہیں کہ شرم و خجالت کے مارے ان کے سر جھک گئے جیسے بعض لوگوں نے سمجھا ہے کیونکہ اگر مدعا یہ ہوتا تو عبارت یوں ہوتی۔ نکسوا رؤسھم اور یہاں نکسوا علی رؤسھم ہے اور اس کا معنی ہے اپنی مشرکانہ جہالت اور بتوں کی عبادت کی طرف پھر لوٹنا حضرت ابن عباس سے اس کا یہی معنی مروی ہے اور کھم الشقاء فعادوا الی کفرھم۔ یعنی انھیں ان کی بدبختی نے آلیا اور پھر وہ اپنے کفر کی طرف لوٹ گئے۔

يَنطِقُونَ ﴿٦٥﴾ قَالَ أَفَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُكُمْ

بولتے نہیں آپ نے فرمایا (نادانو!) کیا تم عبادت کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ان (ایسے بے بس بتوں) کی جو نہ تمہیں کچھ

شَيْئًا وَلَا يَضُرُّكُمْ ﴿٦٦﴾ أُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ

فائدہ پہنچا سکتے ہیں اور نہ تمہیں ضرر پہنچا سکتے ہیں تف ہے تم پر نیز ان بتوں پر جن کو تم پوجتے ہو اللہ تعالیٰ کے سوا کیا

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِن كُنتُمْ

تم اتنا بھی نہیں سمجھتے؟ (سب یک زبان ہو کر) بولے جلا ڈالو اس کو اور مدد کرو اپنے خداؤں کی ٦٨ اگر تم کچھ کرنا

فَاعِلِينَ ﴿٦٨﴾ قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ ﴿٦٩﴾ وَ

چاہتے ہو (جب آپ کو آتشکدہ میں پھینکا گیا تو) ہم نے حکم دیا اے آگ ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی کا باعث بن جا ابراہیم

٦٧ آپ نے پھر ایک ضرب کاری لگا دی۔

٦٨ جب دلائل ابراہیمی کے سامنے زچ ہو گئے تو تشدد پر اتر آئے جو اہل باطل کا ہمیشہ سے دستور رہا ہے تجویز ہوئی کہ آگ جلاؤ جب وہ خوب بھڑک اٹھے تو ابراہیم کو اس میں پھینک دو۔ آگ بھون کر خاکستر کر دے گی ایسے گستاخ کی اس سے کم اور کوئی سزا نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ کئی روز تک ایندھن اکٹھا ہوتا رہا لوگوں نے ایندھن فراہم کرنے میں اپنے مذہبی جوش کا پورا مظاہرہ کیا وہ نذریں مانتے تھے کہ اگر میرا یہ کام ہو گیا تو میں اتنے گٹھے لکڑیوں کے لے آؤں گا۔ آخر آگ جلائی گئی جب اس کے شعلے خوب بھڑک اٹھے اور دہکتے ہوئے انگاروں کی تمازت سے پرندے بھی دور بھاگنے لگے تو اب یہ مشکل پیدا ہوئی کہ ابراہیم کو آگ میں کس طرح پھینکا جائے چنانچہ منجنیق بنائی گئی اور حضرت ابراہیم کو قید خانہ سے باہر لایا گیا ان کے دست و بازو باندھے گئے جب انہیں منجنیق میں رکھا جانے لگا تو عالم بالا میں قیامت برپا ہو گئی۔ الٰہی اس بھری دنیا میں صرف ایک ابراہیم ہے جو تیرا نام لیتا ہے اسے یوں دست و بازو باندھ کر آتشکدہ میں پھینکا جا رہا ہے الٰہی اگر یہ شمع بھی بجھ گئی تو دنیا تاریک ہو جائے گی پھر لا الٰہ الا اللہ کی صدائے دلنواز کون بلند کرے گا بارگاہ الٰہی سے فرشتوں کو اذن ملا جاؤ ابراہیم کی جو امداد تم کر سکتے ہو کرو جب ہوا اور بارش کے ملائکہ نے حاضر ہو کر اپنی خدمات پیش کیں تو آپ نے بڑے استغناء سے فرما دیا مجھے ان خدمات کی ضرورت نہیں مجھے میرا خدا کافی ہے۔ جب منجنیق کو گھما کر آپ کو پھینکا جانے لگا تو جبرئیل آئے عرض کی خلیل! میں حاضر ہوں کوئی حکم کوئی ارشاد۔ جواب ملا اما الیک فلا اے جبرئیل مجھے تیری اعانت کی ضرورت نہیں جبرئیل نے کہا خلیل! اپنے رب جلیل سے اپنے بچاؤ کی دعا تو مانگو اس پیکر تسلیم و رضا نے جواب دیا حسبی من سؤالی علمه بحالی جب وہ میرے حال کو جانتا ہے تو مجھے عرض کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ اس کی قضا کے سامنے ابراہیم نے اپنا سر جھکا دیا ہے۔

وَ أَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ ﴿٧٠﴾ وَنَجَّيْنَاهُ وَلُوطًا

اور انہوں نے ابراہیم کو گزند پہنچانے کا ارادہ کیا لیکن ہم نے انہیں ناکام بنا دیا۔ اور ہم نے نجات دی آپ کو اور لوط کو اس

إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا لِلْعَالَمِينَ ﴿٧١﴾ وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ

سرزمین کی طرف (ہجرت کا حکم دیا) جسے ہم نے بابرکت بنایا تھا تمام جہان والوں کے لیے اور ہم نے عطا فرمایا انہیں اسحٰق

وَيَعْقُوبَ نَافِلَةً ۖ وَكُلًّا جَعَلْنَا صَالِحِينَ ﴿٧٢﴾ وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً

(جیسا فرزند) اور یعقوب (جیسا) پوتا۔ اور سب کو ہم نے صالح بنا دیا۔ اور ہم نے بنا دیا انہیں پیشوا (لوگوں

يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَإِقَامَ الصَّلَاةِ

کے لیے) وہ راہ دکھاتے تھے ہمارے حکم سے اور ہم نے وحی بھیجی ان کی طرف کہ وہ نیک کام کریں اور نماز ادا کریں

وَإِيتَاءَ الزَّكَاةِ ۖ وَكَانُوا لَنَا عَابِدِينَ ﴿٧٣﴾ وَلُوطًا آتَيْنَاهُ حُكْمًا

اور زکوٰۃ دیا کریں۔ اور وہ سب ہمارے عبادت گزار تھے۔ اور لوط کو ہم نے حکومت

وَعِلْمًا وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ تَعْمَلُ الْخَبَائِثَ ۗ

اور علم عطا فرمایا اور نجات دی اسے اس گاؤں سے جس کے باشندے بہت رذیل کام کیا کرتے تھے۔

إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمَ سَوْءٍ فَاسِقِينَ ﴿٧٤﴾ وَأَدْخَلْنَاهُ فِي رَحْمَتِنَا ۖ إِنَّهُ

بے شک وہ لوگ بڑے نابکار (اور) نافرمان تھے۔ اور ہم نے اسے داخل کر لیا اپنے (حریم) رحمت میں۔

۵۸ اِدھر منجنیق کو گھما کر آپ کو اس آتش کدہ میں پھینکا گیا۔ اُدھر دہکتے ہوئے انگاروں اور بھڑکتے ہوئے شعلوں کو حکم ملا خبردار! اگر میرے خلیل کا ایک بال بھی بیکا ہوا۔ اے آگ ابراہیم کے لیے ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی کا باعث بن جا۔ ابراہیم آکر آگ میں گرے وہاں گرمی کا نام و نشان تک نہ تھا بلکہ وہاں ٹھنڈک تھی اور ٹھنڈک بھی ایسی جو باعث راحت و آرام ہو۔

۵۹ حضرت لوط علیہ السلام اور ان کی قوم کی مسخ شدہ ذہنیت اور ان کے جرائم کے متعلق آپ کئی جگہ پڑھ چکے ہیں لوطاً فعل محذوف کا مفعول ہے اس لیے منصوب ہے۔

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝٧٥ وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ

بیشک وہ نیکوکاروں میں سے تھا۔ اور یاد کرو نوح کو جب انھوں نے ہمیں پکارا پیش ازیں، تو ہم نے قبول فرمایا اُن کی

فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝٧٦ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ

دعا کو اور بچا لیا انھیں اور اُن کے گھر والوں کو سخت مصیبت سے [60] اور ہم نے اُن کی حمایت کی اس قوم

الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ

کے مقابلہ میں جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا بیشک وہ بڑے ناہنجار لوگ تھے پس ہم نے غرق کر دیا ان

اَجْمَعِيْنَ ۝٧٧ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ

سب کو۔ اور یاد کرو داؤد و سلیمان (علیہما السلام) کو [61] جب وہ فیصلہ کر رہے تھے ایک کھیتی کے جھگڑے کا

نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ۝٧٨

جب رات کے وقت چھوٹ گئیں اس میں ایک قوم کی بکریاں [62] اور ہم اُن کے فیصلہ کا مشاہدہ کر رہے تھے۔

[60] الکرب الغم الشدید۔ سخت غم حضرت نوح علیہ السلام نے ساڑھے نو سو سال تک اپنی قوم کو کفر و شرک سے باز آنے اور گناہوں سے کنارہ کش ہونے کی دعوت دی اور اتنا طویل عرصہ ان کے مظالم اور اذیت رسانیوں کو صبر و تحمل سے برداشت کرتے رہے۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے اپنی سنت کے مطابق آپ کی مغرور اور ستم شعار قوم کو غرق کر دیا اور آپ کو اور آپ پر ایمان لانے والوں کو بچا لیا۔ تفصیلات سے آپ پہلے آگاہ ہو چکے ہیں۔

[61] آپ دونوں باپ بیٹا جلیل القدر نبی ہونے کے باوجود اپنے علاقہ کے حکمران بھی تھے اور حکمت و دانش میں بھی بے مثل تھے۔ آج بھی ان کے نام حکیمانہ فہم و فراست کے لیے بطور ضرب المثل ذکر کیے جاتے ہیں۔ ان کے دوسرے محامد و کمالات بیان کرنے سے پہلے ایک واقعہ ذکر کیا گیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ فرزند ارجمند کو فہم و فراست کی نعمت زیادہ بخشی گئی تھی اور یہ بھی حقیقت میں حضرت داؤد کی عزت افزائی تھی کیونکہ اولاد کی برتری سے جو خوشی ماں باپ کو ہوتی ہے وہ اپنے کمالات کی خوشی سے کئی گنا زیادہ ہوتی ہے۔

[62] واقعہ کی تفصیل جو کتب تفسیر میں مذکور ہے اس کا خلاصہ درج ذیل ہے:۔

"ایک شخص کی بکریاں رات کے وقت کسی کھیت میں گھس گئیں اور اسے اجاڑ کر رکھ دیا کھیت والا داد رسی کے

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۖ وَّسَخَّرْنَا مَعَ

سو ہم نے سمجھا دیا وہ معاملہ سلیمان کو۔ اور ان سب کو ہم نے بخشا تھا حکم اور علم اور ہم نے فرمانبردار بنا دیا داؤد کا

دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۷۹﴾ وَعَلَّمْنٰهُ

پہاڑوں اور پرندوں کو وہ سب انکے ساتھ مل کر تسبیح کیا کرتے ۹۳ اور یہ شان ہم ہی دینے والے تھے ۹۴ اور ہم نے سکھا

لیے حضرت داؤد کی خدمت میں حاضر ہوا بکریوں کے مالک کو بھی بلایا گیا دونوں کے بیان سن کر آپنے فیصلہ کیا کہ بکریاں کھیت والے کو دے دی جائیں تاکہ اس کے نقصان کی تلافی ہو سکے کیونکہ کھیت کا جو نقصان ہوا تھا بکریوں کی قیمت اندازاً اس کے لگ بھگ تھی۔ حضرت سلیمان نے جو ابھی کمسن تھے جب یہ فیصلہ سنا تو کہا کہ اس سے بھی فیصلہ کی ایک بہتر صورت ہو سکتی ہے کہ بکریاں عارضی طور پر کھیت والے کو دے دی جائیں۔ وہ ان کا دودھ پیئے اور دوسرے فوائد حاصل کرے اور بکریوں والے کو حکم دیا جائے کہ وہ اس اجڑے ہوئے کھیت کی نگرانی اور حفاظت کرے جب کھیت اپنی اصلی حالت پر آ جائے تو کھیت والے کو اس کا کھیت دے دیا جائے اور بکریوں کا مالک اپنی بکریاں لے لے۔ یہ فیصلہ سن کر حضرت داؤد کی خوشی کی انتہا نہ رہی چنانچہ اسی کے مطابق عمل کیا گیا"۔

۹۳ اب ان اعزازات اور کرامات کا بیان شروع ہو رہا ہے جن سے ہر ایک کو الگ الگ مشرف فرمایا گیا تھا۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے متعلق فرمایا کہ ہم نے پہاڑوں اور پرندوں کو آپ کا مطیع بنا دیا جب آپ حمد و تسبیح میں مشغول ہوتے تھے تو پہاڑ اور پرندے بھی آپ کے ساتھ اپنے رب کی حمد و تسبیح کرنے لگتے۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں کہ معہ کا متعلق "سخرنا" بھی ہو سکتا ہے اور "یسبحن" بھی۔ لفظاً پہلا احتمال قوی ہے اور معناً دوسرا راجح ہے مع متعلق بسخرنا اویسبحن والاول اقوی لفظا والثانی معنا۔ (مظہری)

چنانچہ میں نے ترجمہ میں معنوی پہلو کو ترجیح دی ہے۔ علامہ قرطبی نے بھی یہی مفہوم بیان کیا ہے سخرنا ای جعلناها بحیث تطیعه اذا امرها بالتسبیح۔

پہاڑوں اور پرندوں کی یہ تسبیح کس قسم کی تھی۔ بعض لوگوں نے کہا کہ جب آپ تسبیح کہا کرتے تو پہاڑ گونج اٹھتے اور یہی گونج ان کی تسبیح تھی لیکن علامہ آلوسی اور دیگر علمائے محققین نے تشریح کی ہے کہ پہاڑ زبان قال سے تسبیح کیا کرتے ہیں۔ جس طرح فخر دو عالم صلے اللہ تعالے علیہ وسلم کے حکم سے کنکریوں نے لا الہ الا اللہ پڑھا تھا اور سب لوگوں نے سنا تھا۔ اس تسبیح سے گونج مراد لینا۔ فلیس بشیئ اصلاً یہ کوئی چیز نہیں ہے۔ یہ بالکل لغو بات ہے کیونکہ پھر اس میں حضرت داؤد کی کیا خصوصیت ہوئی۔ کوئی شخص بھی اگر پہاڑ میں بلند آواز سے بولیگا تو اس سے گونج پیدا ہوگی خواہ وہ آواز دینے والا کافر ہی کیوں نہ ہو۔

۹۴ اس ارشاد سے معترضین کا منہ بند کر دیا کہ تم اس کو تسلیم کرنے سے جو ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہو یہ کام تو ہم نے کیا اپنے

صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ

دیا انہیں زرہ بنانے کا ہنر ۵۵ تمہارے فائدہ کے لیے تاکہ وہ زرہ بچائے تمہیں تمہاری زد سے تو کیا تم (اس احسان کا)

شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖۤ اِلَى

شکریہ ادا کرنے والے ہو۔ اور ہم نے سلیمان کے لیے تند و تیز ہوا کو فرمانبردار بنا دیا ۵۶ چلتی تھی وہ ہوا اُن کے حکم سے اس

الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَ

سرزمین کی طرف جسے ہم نے بابرکت بنا دیا تھا۔ اور ہم ہر چیز کو جاننے والے تھے۔ اور

مِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ

ہم نے مسخر کر دیئے شیطانوں میں سے جو (سمندروں میں) غوطہ زنی کرتے ان کے لیے اور کیا کرتے طرح طرح کے اور کام ۵۷

نبی کو یہ شان ہم نے بخشی کیا تمہیں ہماری قدرت پر یقین نہیں۔

۵۵ دوسرا کمال جو حضرت داؤد کو مرحمت ہوا وہ زرہ سازی کا فن تھا۔ چھوٹے چھوٹے لوہے کے حلقوں سے بن کر زرہ تیار کرنا آپ کی اختراع ہے۔ اِس طرح کی بنی ہوئی زرہ مضبوط اور وزن میں ہلکی ہوتی ہے۔

۵۶ اب ان انعامات کا ذکر ہو رہا ہے جو آپ کے فرزند سلیمان علیہ السلام پر کیے گئے۔ پہلا انعام یہ ہے کہ ہوا کو آپ کا تابع فرمان کر دیا گیا۔ آپکے تخت کو ہوا اپنے کندھوں پر اٹھاتی اور جدھر آپ کی مرضی ہوتی اُدھر کو لے اڑتی۔ اسکی سُرعت رفتار کو دوسری جگہ بیان کیا گیا ہے کہ صبح سے لیکر چاشت کے وقت تک ایک ماہ کی مسافت طے کر لیتی۔ آپکے وزراء اور امراء بھی آپکے ہمراہ ہوتے۔ اپنے شاہی فرائض انجام دینے کے بعد اگر آپ چاہتے تو ہوا آپ کو لے کر عصر کے قریب آپکے پایۂ تخت میں پہنچا دیتی۔ قرآن کریم کی آیات کو اگر خارجی وساوس کے بغیر پڑھا جائے تو ان کا یہی مفہوم سمجھ آتا ہے۔

ایک صاحب نے جیوش انسائیکلوپیڈیا کے حوالہ سے یہ بات نقل کی ہے کہ آپ کا ایک زبردست بحری بیڑا تھا۔ جس کے ذریعہ شرق و غرب میں آپ کی تجارت کا جال بچھا ہوا تھا اور اس سے بڑا نفع حاصل ہوتا تھا۔ آپ اپنے محلات اور اپنے پایۂ تخت کی آرائش پر دل کھول کر روپیہ صرف کرتے تھے۔ وہ صاحب کہتے ہیں کہ قرآن کریم میں بھی اسی بحری بیڑا کا ذکر ہو رہا ہے۔ قرآن کریم کی آیات کے صرف سادہ ترجمہ پر نظر ڈالیے اور پھر فیصلہ کیجیے کہ کیا ان آیات میں اشارۃً یا کنایۃً بھی بحری بیڑے کا تذکرہ آیا ہے۔ جب نہیں تو پھر ایسی تحریفات کو تفسیر کہنے سے شرم آنی چاہیے۔ عصرِ حاضر میں جب ہماری فضا میں ہر وقت اَن گنت طیارے اور ہوائی بیڑے مصروفِ پرواز ہیں اور انہیں دیکھ کر ایک عام آدمی کو

ذٰلِكَ ۚ وَ كُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ۙ﴿۸۲﴾ وَ اَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيْ

اور ہم ہی ان کے نگہبان تھے۔ اور یاد کرو ایوب کو جب پکارا انھوں نے اپنے رب کو (شکستہ کہ) مجھے پہنچی ہے۔

بھی کسی قسم کی حیرت نہیں ہوتی۔ آج حضرت سلیمان کے اس ہوائی بیڑے کا انکار کرنا انتہائی نامعقولیت ہے۔

ف۸ے دوسری مہربانی یہ فرمائی کہ سرکش جنوں کو آپ کا فرمانبردار بنا دیا جو سمندر میں غوطے لگا کر اس کی تہ سے قیمتی موتی نکال کر لاتے اور اس کے علاوہ دیگر جسمانی مشقت کے کام آپ ان سے لیتے۔ مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو سورۂ سبا آیت ۱۲، ۱۳ کے حواشی

ف۹ے اللہ تعالیٰ کی آزمائش کے کئی انداز ہیں کبھی وہ انعامات و احسانات کا مینہ برسا کر آزماتا ہے اور کبھی آلام و مصائب میں مبتلا کر کے امتحان لیتا ہے پہلے حضرت داؤد و سلیمان کا ذکر فرمایا جنھیں عزت و شاہی جاہ و جلال سے نوازا۔ پہاڑ اور پرندے، ہوا اور شیاطین کو ان کا حلقہ بگوش بنایا اس کے باوجود وہ شکر و ذکر سے کبھی غافل نہ رہے اب اپنے ایک اور بندے کا ذکر ہو رہا ہے جس پر تکالیف و شدائد کی انتہا ہو گئی لیکن اس کے ہاتھ سے صبر کا دامن نہ چھوٹا ہر حال میں اپنے رب کی حمد و ثنا میں سرگرم رہے تاکہ ہر انسان اپنے حالات کے مطابق انبیا کے اسوۂ حسنہ سے روشنی حاصل کر سکے حضرت ایوب کی نسب، قوم اور زمانہ کے متعلق بہت کچھ اختلاف پایا جاتا ہے اگرچہ وثوق سے کوئی بات نہیں کہی جا سکتی لیکن بعض قرائن سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کا زمانہ نویں صدی قبل مسیح یا اس سے پہلے کا ہے آپ حضرت اسحٰق کے دوسرے بیٹے عیسو کی نسل سے تھے آپ بڑے دولتمند تھے زرعی زمین کا اندازہ اس سے لگایئے کہ آپ کے پاس کھیتی باڑی کے لیے بیلوں کی پانچسو جوڑیاں تھیں ہزاروں کی تعداد میں بھیڑ بکریاں تھیں سات بچے اور سات بچیاں تھیں۔ زوجہ محترمہ کا نام رحمت بتایا گیا ہے جو حضرت یوسف کے فرزند افرائیم کی لخت جگر تھیں بڑی حسین جمیل اور صحت مند تھیں ان گوناگوں انعامات کے باوجود آپ اپنے خالق کی عبادت اور اس کی مخلوق کی خدمت میں ہر طرح سرگرم رہا کرتے مشیت الٰہی نے جب آزمانا چاہا کھیتیاں جل کر راکھ ہو گئیں مال مویشی میں ایسی وبا پھوٹی کہ ایک بھی زندہ نہ رہا آپ کے سارے بیٹے اور بیٹیاں اپنے بڑے بھائی کے ہاں مدعو تھے مکان گرا اور سب لقمۂ اجل بن گئے۔ آپ کے جسم میں آبلے نمودار ہونے لگے خارش کی وجہ سے انھیں کھجلایا تو انھوں نے ناسور کی شکل اختیار کر لی۔ ان میں چھوٹے چھوٹے کیڑے رینگنے لگے جسم سے پیپ بہنے لگی سب نیازمندوں نے اپنا سلسلۂ نیاز و عقیدت توڑ کر الگ ہو گئے سب دوستوں نے نفرت سے آنکھیں پھیر لیں شہر والوں نے بستی سے نکال دیا کہ اس سے لوگوں میں بیماری پھیلنے کا خطرہ ہے آزمائش کی ان ہوشربا گھڑیوں میں نہ زبان پر حرف شکایت آیا اور نہ دل میں کبھی اپنے مالک کا شکوہ کیا۔ کافی عرصہ اسی حالت میں گزر گیا بعض نے سات سال اور بعض نے اس سے بھی زیادہ لکھے ہیں زبان پھر بھی اپنے خالق و مالک کی حمد و ثنا میں مصروف رہی آخر یہ التجا زبان پر آ ہی گئی انی مسنی الضر الٰہی مجھے مصیبتوں اور بیماریوں نے چاروں طرف سے گھیر لیا ہے اس کے بعد یہ عرض نہیں کی کہ میری تکلیفوں اور بیماریوں کو دور فرما دے اور مجھے ان مصیبتوں سے رہائی بخش صرف اتنا ہی عرض کیا انت ارحم الرحمین تو بڑا رحم کرنے والا ہے۔ گویا یہ کہہ کر سب کچھ ہی کہہ دیا۔

مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٨٣﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا

سخت تکلیف اور تو ارحم الراحمین ہے (میرے حالِ زار پر بھی رحم فرما) تو ہم نے قبول فرمالی اس کی فریاد اور ہم نے دور فرمادی

مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً

جو تکلیف انہیں پہنچ رہی تھی 79 اور ہم نے عطا کئے اُسے اس کے گھر والے نیز اتنے اور ان کے ساتھ

مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿٨٤﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ

اپنی رحمت خاص سے اور یہ نصیحت ہے عبادت گزاروں کے لیے 80 اور یاد کرو اسمٰعیل، ادریس

79 رحمتِ الٰہی جوش میں آئی۔ چشم زدن میں ساری مصیبتیں دور ہو گئیں۔ حُسن و شباب پھر لوٹ آیا۔ اجڑا ہوا گھر آباد ہو گیا مال و دولت کی وہی فراوانی ہو گئی۔ بلکہ پہلے سے کئی گنا زیادہ ہر چیز میں برکت و رونق آ گئی۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ پہلے بچے بچیوں کو بھی زندہ کر دیا گیا۔

80 یعنی حضرت ایوب علیہ السلام کے اس قصہ میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والوں اور اس کی رضا کے طلبگاروں کے لیے بڑی روشن اور واضح نصیحت ہے وہ یاد رکھیں کہ اگر آزمائش کی کسی ایسی وادی میں سے ان کا بھی گزر ہو، جہاں قدم قدم پر مصیبتوں کے اژدہا منہ کھولے بیٹھے ہوں۔ جہاں بربادیوں اور ویرانیوں کے روح فرسا سائے ہوں تو وہ اپنے رب کریم کا شکوہ نہ شروع کر دیں۔ اس کی رحمت سے مایوس نہ ہو جائیں بلکہ سیرتِ ایوب کو سامنے رکھیں اور صبر و استقامت کا دامن تھامے ہوئے قدم آگے بڑھاتے جائیں۔ فاستجبنا لہ فکشفنا کی نوید انہیں بھی سنائی جائے گی۔

اسی واقعہ کو اگر آپ بائیبل میں پڑھیں گے تو ذکریٰ للعابدین کی کوئی ادنیٰ سی جھلک بھی آپ کو نظر نہیں آئے گی وہاں آپ کو ایوب نامی ایک ایسے آدمی سے واسطہ پڑے گا جو اپنی پیدائش کے دن پر لعنت بھیج رہا ہے چنانچہ صحیفہ ایوب باب ۳ میں ہے۔

"اس کے بعد ایوب نے اپنا منہ کھول کر اپنے جنم دن پر لعنت کی اور ایوب کہنے لگا نابود ہو وہ دن جس میں میں پیدا ہوا اور وہ رات بھی جس میں کہا گیا کہ دیکھو بیٹا ہوا۔"

"وہ دن اندھیرا ہو جائے، وہ رات بانجھ ہو جائے اس میں خوشی کی کوئی صدا نہ آئے۔ اس کی شام کے تارے تاریک ہو جائیں۔ (آیات ۱ تا ۳، ۷، ۹)

پھر وہ اپنی پیدائش پر نفرین بھیجتا ہے چنانچہ اسی باب میں ہے۔

وَذَا الْكِفْلِ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ۚۖ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ

اور ذوالکفل (علیہم السلام) کو، یہ سب صابروں کے گروہ سے تھے۔ اور ہم نے داخل فرمایا انھیں اپنی خاص رحمت میں۔

اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ

یقیناً وہ نیک بندوں میں سے تھے۔ اور یاد کرو ذوالنون کو جب وہ چل دیا غضبناک ہو کر اور یہ خیال کیا

"میں رحم میں ہی کیوں نہ مر گیا۔ میں نے پیٹ سے نکلتے ہی جان کیوں نہ دے دی یا پوشیدہ اسقاطِ حمل کی مانند میں وجود میں نہ آتا یا اُن بچوں کی مانند جنھوں نے روشنی ہی نہ دیکھی۔" (باب ۳ آیت ۱۱، ۱۶)

اسی پر بس نہیں بلکہ وہ اپنے خدا سے صرف شکوہ کرتا ہوا نہیں، الجھتا ہوا اور جھگڑتا ہوا سنائی دیتا ہے:۔

"اے بنی آدم کے ناظر اگر میں نے گناہ کیا ہے تو تیرا کیا بگاڑتا ہوں تو نے کیوں مجھے اپنا نشانہ بنا لیا ہے یہاں تک کہ میں اپنے آپ پر بوجھ ہو جاؤں تو میرا گناہ کیوں نہیں معاف کرتا اور میری بدکاری کیوں نہیں دُور کر دیتا۔" (باب ۷ آیت ۲۰، ۲۱)

آگے باب ۱۰ میں وہی ایوب ہمیں اپنے رب پر یہ کہتے ہوئے سنائی دیتا ہے۔

"میری روح میری زندگی سے بیزار ہے۔ میں اپنا شکوہ خوب دل کھول کر کروں گا۔ میں اپنے دل کی تلخی میں بولوں گا میں خدا سے کہوں گا مجھے ملزم نہ ٹھہرا، مجھے بتا کہ تو مجھ سے کیوں جھگڑتا ہے کیا تجھے اچھا لگتا ہے کہ اندھیر کرے تو میرے خلاف۔ نئے نئے گواہ لاتا ہے اور اپنا قہر مجھ پر بڑھاتا ہے۔ پس تو نے مجھے رحم سے نکالا ہی کیوں! میں جان دے دیتا اور کوئی آنکھ مجھے نہ دیکھ پاتی۔ میں ایسا ہوتا کہ گویا تھا ہی نہیں۔"

(باب ہذا آیات ۱، ۲، ۳، ۱۷، ۱۸، ۱۹)

اب آپ خود انصاف فرمائیے کیا ایسی شخصیت کو جو سراپا احتجاج ہے جو اپنے رب پر ظالم ہونے کا الزام لگاتا ہے جو مصائب سے اکتا کر اپنی پیدائش پر لعنتوں کی بوچھاڑ کرتا ہے۔ کیا اس کی زندگی یا اس کی سیرت میں کوئی ایسی چیز ہے جو ہمارے لیے ہدایت کا باعث ہو۔

۸۷ اس واقعہ کو سورۂ یونس میں بھی ملاحظہ فرمائیں۔ آپ اہل نینوا کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے تھے۔ آپ نے انھیں بہت سمجھایا لیکن ان کی ہٹ دھرمی بڑھتی ہی گئی۔ عرصہ دراز تک جب تبلیغ و ارشاد کا ان پر کوئی اثر نہ ہوا۔ تو آپ ان سے مایوس ہو گئے۔ اس لیے کہ یہ خداوند عالم کو نہیں مانتے اور اس کے احکام پر عمل پیرا نہیں ہوتے۔ آپ کا دل غصہ سے بھر لیا۔ آپ اذنِ الٰہی کے بغیر وہاں سے ہجرت کر گئے۔ راستہ میں دریا تھا کشتی میں سوار ہوئے جب کشتی دریا کے بیچ میں پہنچی تو ہچکولے کھانے لگی۔ ملاحوں نے اپنے خیال کے مطابق کہا کہ کشتی میں ضرور کوئی ایسا آدمی ہے جو اپنے مالک سے بھاگ آیا ہے

اور اسی کی نحوست کی وجہ سے کشتی ڈوبنے لگی ہے۔ جب آپ نے یہ سُنا تو اٹھ کھڑے ہوئے اور اعتراف کیا کہ وہ میں ہوں۔ چنانچہ آپ کو دریا میں پھینک دیا گیا۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ کشتی میں سواریاں زیادہ تھیں جب کشتی ڈوبنے لگی تو باقی سواریوں کے بچانے کے لیے ایک آدمی کو دریا میں پھینکنا ناگزیر معلوم ہوا۔ تین بار قرعہ اندازی کی گئی۔ ہر بار آپ کا ہی نام نکلا۔ آپ نے دریا میں چھلانگ لگا دی۔ حکم الٰہی سے وہاں ایک بڑی مچھلی منہ کھولے کھڑی تھی۔ اس نے فوراً آپ کو نگل لیا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اے مچھلی یہ تمہاری خوراک نہیں بلکہ ہم نے تیرے شکم کو اس کے لیے قید خانہ بنایا ہے۔ خبردار اسے کوئی گزند نہ پہنچے۔ جب آپ کو مچھلی نے نگل لیا تو اس وقت آپ نے اپنے مولیٰ کریم کو ان پیارے الفاظ سے پکارا۔ اپنی غلطی کا اعتراف کیا اور اس کی وحدانیت اور سبوحیت کا اقرار کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کی التجا کو قبول فرمایا۔ مچھلی نے کنارے پر آ کر آپ کو اُگل دیا۔ یہ دعائیہ کلمات بارگاہِ الٰہی میں اتنے مقبول ہوئے کہ فرمایا کہ ہم اہلِ ایمان کو غم واندوہ کے اندھیروں سے یونہی نجات دیتے ہیں۔ امام احمد ترمذی اور دیگر محدثین سے منقول ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا :۔

" دعوۃ ذی النون اذ دعا ربه وهو فی بطن الحوت لا اله الا انت سبحانك انی كنت من الظالمین لم یدع بها رجل مسلم فی شیئ الا استجاب له "

یعنی حضرت ذی النون کی وہ دعا جو مچھلی کے شکم میں انھوں نے کی تھی جو مسلمان جس مشکل میں ان الفاظ سے دعا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائے گا۔ حاکم نے ایک اور ارشادِ نبوی اس طرح نقل کیا ہے :۔

الا اخبركم بشیئ اذا نزل باحد منكم كرب او بلاء فدعا به الا فرج الله عنه قیل بلی یا رسول اللہ۔

حضورؐ نے اپنے صحابہ سے پوچھا کیا میں تمہیں ایک ایسی چیز نہ بتا دوں کہ جب تمہیں کوئی غم اور مصیبت لاحق ہو اور تم اس سے بارگاہِ الٰہی میں التجا کرو تو اللہ تعالیٰ تمہاری مشکل آسان فرما دے۔ صحابہ نے عرض کی اے اللہ کے رسول ضرور ارشاد فرمائیے تو حضورؐ نے یہی دعا ارشاد فرمائی۔ حضرت شاہ عبد العزیز نے اپنے والد بزرگوار حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہما سے قضائے حاجات کے لیے نفل پڑھنا بیان فرمایا ہے۔ ناظرین کے فائدہ کے لیے ان کی ترتیب بھی لکھی جاتی ہے :۔

" مجھ کو میرے والد مرشد نے اجازت فرمائی ہے کہ انسان حاجاتِ مشکلہ کے بر آنے کے واسطے چار رکعتیں پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ کو سو بار پڑھے۔ دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ سو بار پڑھے۔ تیسری رکعت میں فاتحہ کے بعد وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ سو بار۔ چوتھی رکعت میں بعد فاتحہ کے قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پھر سلام پھیر کر

أَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ

کہ ہم اس پر کوئی گرفت نہیں کریں گے [٢] پھر اس نے پکارا (تہ در تہ) اندھیروں میں کہ کوئی معبود نہیں سوا تیرے

سُبْحٰنَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِينَ ﴿٨٧﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ

پاک ہے تو بیشک میں ہی قصورواروں سے ہوں۔ پس ہم نے انکی پکار کو قبول فرما لیا اور نجات بخشدی

مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِينَ ﴿٨٨﴾ وَزَكَرِيَّآ إِذْ نَادٰى رَبَّهٗ

انھیں غم (واندوہ) سے اور یونہی ہم نجات دیا کرتے ہیں مومنوں کو۔ اور یاد کرو زکریا کو جب انھوں نے پکارا اپنے رب کو

رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِينَ ﴿٨٩﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ

کہ اے میرے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب وارثوں سے بہتر ہے [٣] تو ہم نے انکی دعا کو قبول فرمایا

وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَأَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ إِنَّهُمْ كَانُوا يُسٰرِعُونَ

اور اسے یحییٰ (جیسا فرزند) عطا فرمایا اور ہم نے تندرست کر دیا انکی خاطر انکی اہلیہ کو۔ بیشک وہ بہت سبک رو تھے

سو بار یہ کہے رَبِّ إِنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ۔

شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ یہ چاروں آیتیں اسم اعظم ہیں کہ انکے وسیلے سے جو سوال کیا جائے اور جو دعا کی جائے قبول ہوتی ہے۔

[٢] اس کا یہ مطلب نہیں کہ اللہ تعالیٰ سے ناراض ہو کر چل دیے بلکہ اللہ تعالیٰ کے لیے وہ اپنی قوم سے ناراض ہوئے کہ وہ کیوں ایمان نہیں لاتے اور اتباع حق سے کیوں دور بھاگتے ہیں۔

[٣] اس کا یہ معنی نہیں کہ آپ نے یہ خیال کیا کہ اللہ تعالیٰ مجھے پکڑ نہیں سکتا جیسے بعض مترجمین نے لکھا ہے بلکہ اس کا معنی ہے لن نضیق علیہ ہم اس معاملہ میں اس پر سختی نہیں کریں گے۔ یہ قدر سے ماخوذ ہے جس کا معنی حکم کرنا ہے نہ قدرت سے۔

قیل ہو من القدر الذی ہو القضاء والحکم ای فظن ان لن نقضی علیہ بالعقوبۃ قالہ قتادہ و مجاہد والفراء۔ ماخوذ من القدر دون القدرۃ۔ (قرطبی)

[٤] حضرت زکریا اور ان کی دعا کا تذکرہ سورۂ مریم میں ابھی ابھی گزرا ہے تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن سورۂ مریم آیات ٢ تا ١٢۔

فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ۝۹۰

نیکیاں کرنے میں اور پکارا کرتے تھے ہمیں بڑی امید اور خوف سے اور وہ ہمارے سامنے بڑا عجز و نیاز کیا کرتے تھے۔

وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا

اور یاد کرو اس خاتون کو جس نے محفوظ رکھا اپنی عصمت کو پس ہم نے پھونک دیا اس میں اپنی روح سے اور ہم نے بنا دیا اسے

وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝۹۱ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ڮ وَّاَنَا

اور اس کے بیٹے کو (اپنی قدرت کی) نشانی سارے جہان والوں کے لیے اے ان انبیاء کو ماننے والو! یہی (توحید) تمہارا دین ہے

ع

رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۝۹۲ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ۝۹۳

جو ایک ہی دین ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں پس میری ہی بندگی کیا کرو مگر لوگوں نے پارہ پارہ کر ڈالا اپنے دین کو آپس میں (آخر کار) سب ہماری طرف

اس سے بھی صاف پتہ چلتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش بن باپ ہوئی تھی۔

اس سے پہلے متعدد انبیاء کا ذکر ہوا جو مختلف اوقات میں مختلف قوموں کی طرف بھیجے گئے تھے۔ اس سے یہ وہم ہو سکتا تھا کہ سب نے الگ الگ عقاید کی تبلیغ کی اور جدا جدا نظریات پر اپنی امت کو اکٹھا کیا۔ اس آیت سے اس وہم کا ازالہ کر دیا اور بتایا کہ تمام انبیاء کرام نے ایک ہی عقیدہ کی تبلیغ کی اور ایک دین کے پرچم کے نیچے ہی سب کو جمع کرنے کی کوشش فرمائی اور وہ عقیدہ توحید ہے۔ آدم علیہ السلام سے لے کر سرور انبیاء علیہ اطیب التحیۃ واطہر الثناء تک سب نے اللہ تعالیٰ کی توحید کی دعوت دی۔ بنیادی عقاید میں کسی قسم کا بھی ان میں اختلاف نہ تھا۔ یہاں امۃ کا معنی دین ہے۔ فالامۃ هنا بمعنى الدين۔ (قرطبی)

لیکن ہر قوم نے اپنے رسولوں کی ہدایت سے سرتابی کی اور اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی کو اپنا دین بنا لیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اولاد آدم بے شمار گروہوں میں بٹ گئی اور انسانی وحدت پارہ پارہ ہو کر رہ گئی۔ عقاید اور نظریات کے ان من گھڑت اختلافات نے اتنی شدت اختیار کی کہ بارہا خون انسانی کے دریا بہا دیے گئے۔ آباد بستیوں کو کھنڈر بنا کر رکھ دیا گیا۔

آج تو تم جو جی میں آتا ہے کر گزرتے ہو اور کسی مخلص اور خیر اندیش راہ نما کی بات سننے کے لیے تیار نہیں ہو لیکن قیامت کا دن آنے والا ہے جب تم ہمارے روبرو حاضر کیے جاؤ گے اور ہر چیز کی حقیقت عیاں ہو جائے گی۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ

ہی لوٹنے والے ہیں پس جو شخص کرتا رہا کوئی نیک کام بشرطیکہ وہ مومن ہو تو رائیگاں نہیں جانے دیا جائیگا اسکی کوشش کو وف اور ہم اس

وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿۹۴﴾ وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۹۵﴾

کے لیے (اسکے عملوں کو) لکھنے والے ہیں اور ناممکن ہے اس بستی کے لیے جس کو ہم نے برباد کر دیا کہ اسکے باشندے پھر لوٹ کر آئیں نث

حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ

یہاں تک کہ جب کھول دیئے جائیں گے یاجوج اور ماجوج لث اور وہ ہر بلندی سے بڑی تیزی کے ساتھ نیچے اترنے لگیں

يَّنْسِلُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ

گے۔ (تب معلوم ہوگا کہ) قریب آگیا ہے سچا وعدہ تو اس وقت تاڑے لگ جائیں گی۔ نظریں ان لوگوں کی

وف کتنی پیاری آیت ہے۔ کتنا حوصلہ افزا ارشاد ہے جو شخص بھی عمل صالح کرے گا۔ اس سے قطع نظر کہ اس کی رگوں میں کس کا خون ہے وہ کس قبیلہ کا فرد ہے۔ اس کی رنگت گوری ہے یا کالی۔ وہ دولت مند ہے یا مفلس۔ وہ کس ملک کا باشندہ ہے وہ مرد ہے یا عورت۔ جو شخص بھی کوئی نیک کام کرے گا اس کی مساعی کو ڈھانپ نہیں دیا جائے گا۔ اس کی جدوجہد رائیگاں نہیں جائے گی بلکہ اس کے اعمال حسنہ کو شرفِ قبولیت بخشا جائے گا نیکی کرنے والے کو ضرور اس کا اجر ملے گا صرف ایک شرط ہے کہ وہ مومن ہو اللہ تعالیٰ کی توحید اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت پر محکم یقین رکھتا ہو۔ اگر یہ نہیں تو اس کا کوئی عمل بھی مقبول نہیں ہوگا خواہ وہ کتنا نفع بخش اور عمدہ ہو۔ کیونکہ وہ باغی ہے اللہ تعالیٰ کے ملک میں رہ کر اس کی الوہیت اور اس کی سلطانی کا منکر ہے اور دنیا کے کسی ملک کے قانون اور آئین میں باغی کے لیے کوئی گنجائش نہیں خواہ وہ اپنے علم و فضل، زہد و تقویٰ اور انکشافات و ایجادات میں یگانۂ روزگار ہی کیوں نہ ہو۔

نث یہاں حرام بمعنی ممنوع ہے قال الراغب الحرام الممنوع۔

لث یاجوج اور ماجوج کے متعلق سورۂ کہف میں تفصیلی بحث گزر چکی ہے۔ ملاحظہ ہو سورہ کہف آیت نمبر ۹۴، حدب کہتے ہیں اونچی جگہ کو الحدب ما ارتفع من الارض والجمع حداب۔ ینسلون۔ نسلان الذئب سے ماخوذ ہے بھیڑیئے کی سرعت رفتار کو نسلان الذئب کہتے ہیں مقصد یہ ہے کہ جب وہ بند ٹوٹ جائے گا جو یاجوج ماجوج کو روکے ہوئے ہے تو وہ بلندیوں سے بڑی تیزی کے ساتھ اترتے چلے آئینگے اور میدانی علاقوں میں پہنچکر کشت و خون کا بازار گرم کر دیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا

جنھوں نے کفر کیا تھا (کہیں گے) صد حیف! ہم تو غافل رہے اس امر سے بلکہ ہم تو ظالم تھے۔

ظٰلِمِيْنَ ۝ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ۭ

(اے مشرکو!) تم اور جن بتوں کی تم عبادت کیا کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر سب جہنم کا ایندھن ہونگے[۸۲]

اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَاۗءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ۭ وَ

تم اس میں داخل ہونے والے ہو، (سوچو!) اگر یہ خدا ہوتے تو نہ داخل ہوتے جہنم میں، اور (جھوٹے

كُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ۝

خدا) اور ان کے پجاری سب اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ وہ جہنم میں شدت عذاب سے چیخیں گے[۸۳] اور وہ اس میں اور کچھ نہ سن سکیں گے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰۗىِٕكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ۝

بلاشبہ وہ لوگ جن کے لیے مقدر ہو چکی ہے ہماری طرف سے بھلائی[۸۴] تو وہی اس جہنم سے دور رکھے جائیں گے۔

قال الزجاج وانسلان مشیة الذئب اذا اسرع۔

[۸۲] یہاں خطاب مشرکین مکہ سے ہے کہ تمھیں اور تمھارے پتھر کے گھڑے ہوئے ان خداؤں کو جہنم کا ایندھن بنا دیا جائے گا۔ ما غیر ذوی العقول کے لیے ہے اس لیے اس میں فرشتے عزیر اور عیسیٰ داخل نہیں۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو عبداللہ بن الزبعری نے اعتراض کیا کہ پھر تو صرف ہمارے بت ہی نہیں بلکہ عیسٰی اور عزیر بھی اس آیت کا مصداق بنیں گے کیونکہ عیسائی اور یہودی ان کی بھی عبادت کیا کرتے ہیں۔ یہ سنکر حضور نے ارشاد فرمایا نعم کل من احب ان یعبد من دون اللہ فھو مع من عبدہ۔ ہاں ہر وہ آدمی جس نے یہ پسند کیا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اس کی بھی پوجا کی جائے اُسے بھی اپنے پجاریوں کے ساتھ دوزخ میں پھینک دیا جائے گا۔ حصب کی وضاحت کرتے ہوئے ابو عبیدہ لغوی کہتے ہیں ہر وہ چیز جو آگ بھڑکانے کے کام آئے اسے حصب کہتے ہیں۔ حصب۔ حطب (ایندھن) کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

[۸۳] جن کی یہ درگت بننے والی ہو کیا وہ اس قابل ہیں کہ انھیں خدا اور معبود تسلیم کیا جائے۔

[۸۴] حسنیٰ سے مراد سعادت ازلی اور توفیقِ طاعت ہے الحسنی ھی السعادۃ وقیل التوفیق للطاعۃ۔ (روح المعانی) حضرت

لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ

وہ اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے اور وہ ان (نعمتوں) میں جن کی خواہش انھوں نے کی تھی ہمیشہ رہیں

خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

گے۔ نہ غمناک کرے گی انھیں وہ بڑی گھبراہٹ ش۱۰۶ اور فرشتے ان کا استقبال کریں گے (انھیں بتائیں گے)

هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ

یہی وہ تمھارا دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔ (یاد کرو) جس دن ہم لپیٹ دیں گے آسمان کو جیسے لپیٹ دیے جاتے

كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۭ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ۭ وَعْدًا

ہیں طومار میں کاغذات۔ جیسے ہم نے آغاز کیا تھا ابتدائے آفرینش کا اسی طرح ہم اسے لوٹائیں گے۔ یہ وعدہ پورا

عَلَيْنَا ۭ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ

کرنا ہم پر لازم ہے یقیناً ہم (ایسا) کرنے والے ہیں اور بے شک ہم نے لکھ دیا ہے زبور میں ش۱۰۷ پند و موعظت کے (بیان

نعمان ابن بشیر سے مروی ہے کہ سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے منبر پر یہ آیت تلاوت کی اور فرمایا کہ میں ابوبکر، عمر، عثمان، طلحہ، زبیر، سعد، سعید، عبدالرحمٰن اور ابوعبیدہ بن جراح ان خوش نصیبوں میں سے ہیں جن کو یہ مژدہ سنایا جا رہا ہے۔

ش۱۰۶ جب حضرت اسرافیل صور پھونکیں گے سب مخلوق ہڑبڑا کر قبروں سے اٹھے گی۔ سب لوگ حیران و پریشان ہونگے مگر ان پاک ہستیوں کو اس روز بھی کسی گھبراہٹ اور بے چینی کا سامنا نہیں ہوگا فرشتے انکے استقبال کے لیے وہاں پہلے سے ہی موجود ہونگے اور انھیں یہ مژدہ جانفزا سنائینگے کہ وہ روز سعید جس کے لیے تم عمر بھر عبادت و طاعت میں مصروف رہے وہ آگیا ہے۔ آج تمھاری مشتاق نگاہوں اور بیتاب دلوں کی تسکین کا سامان کیا جائیگا۔ سبحان اللہ کتنا کریم ہے خداوند عالم اور کتنے بلند اقبال ہیں اسکے وہ بندے جنکے ساتھ روز محشر ایسا سلوک کیا جائیگا۔ اللّٰھم اجعلنا منھم بجاہ نبیک الکریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

ش۱۰۷ زبور اس آسمانی صحیفہ کا نام ہے جو حضرت داؤد پر نازل ہوا۔ الذکر سے مراد توراۃ ہے یعنی ہم نے اس حقیقت کو جس کا بیان ابھی آتا ہے زبور میں بھی لکھا اور اس سے پہلے تورات میں بھی۔ بعض حضرات نے زبور سے سارے آسمانی صحیفے مراد لیے ہیں اور الذکر کا معنی لوح محفوظ کیا ہے یعنی قدرت کا یہ فیصلہ سب آسمانی کتابوں میں بھی مذکور ہے اور اس سے پہلے لوح محفوظ میں بھی یہ لکھا جا چکا ہے۔ بعض نے الذکر سے مراد قرآن پاک لیا ہے۔

الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ فِيْ

کے بعد کہ بلاشبہ زمین کے وارث تو میرے نیک بندے ہوں گے ؎۱۸۰ یقیناً اس قرآن میں کفایت

هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً

ہے اس قوم کی (فلاح دارین) کے لیے جو عبادت گزار ہے ؎۱۸۱ اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر سراپا رحمت بنا کر سارے

؎۱۸۰ جس زمین کی وراثت کا وعدہ صالحین کے ساتھ کیا گیا ہے اس سے مراد جنت کی سرزمین ہے جس طرح دوسری آیات میں اس کو واضح الفاظ میں بیان کیا گیا ہے۔ "وقالوا الحمد لله الذی صدقنا وعده واورثنا الارض نتبوأ من الجنة حيث نشاء فنعم اجر العاملين"۔ کہ جب متقی لوگ گروہ در گروہ جنت میں داخل ہو جائیں گے تو کہیں گے کہ سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے ہمارے ساتھ جو وعدہ کیا تھا اسے سچ کر دکھایا اور ہمیں زمین کا وارث بنایا! اب ہم جنت میں جہاں چاہیں اپنی جگہ بنا سکتے ہیں۔ پس نیک کام کرنے والوں کے لیے بہترین اجر ہے۔

باقی رہی دنیوی بادشاہی و حکومت تو وہ کبھی صالحین اور کبھی فاسقین کو دے دی جاتی ہے جس کا ذکر دوسری آیت میں ہے۔ ان الارض لله يورثها من يشاء من عباده۔ زیر بحث آیت کو سامنے رکھ کر بعض لوگوں کا یہ کہنا کہ فلاح و تقویٰ کا قرآنی معیار حکومت کا ہونا اور نہ ہونا ہے ان کا یہ قول قرآن کریم کی صدہا تصریحات کے خلاف ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ بڑے بڑے ظالم، خونخوار اور نااہل لوگ تخت شاہی پر متمکن رہے جن کے مظالم اور نااہلی سے ان کی اپنی قوم نالاں رہی۔ حصول حکومت کو صلاحیت کا معیار قرار دینے والے کیا ایسے فرمانرواؤں کو بھی صالح ہونے کی سند دیں گے۔ کیا ہٹلر کا نام اس کے اپنے ہم وطنوں میں آج ایک گالی بن کر نہیں رہ گیا۔ زندگی میں شاملن کی پوجا کرنے والوں نے اس کے مرنے کے بعد اپنے ہاتھوں سے اس کی ہڈیاں کریملین کے مقبرہ سے نکال کر باہر نہیں پھینک دیں۔ اگر دنیوی حکمرانی اور مادی ترقی کو ہی آپ صالحیت کا معیار قرار دیں گے تو قرآن کریم کی بے شمار آیات کی تحریف کے مرتکب ہونے کے ساتھ آپ تاریخ کی عدالت میں بھی ایک مجرم قرار دیے جائیں گے۔ آپ نے ہر اس شخص کو قرآنی اصطلاح میں صالح کہہ دیا جس نے کسی طرح زمام اقتدار اپنے ہاتھ میں لے لی۔ خواہ اس نے تمدن و حضارۃ کے سب روشن چراغ بجھا دیے ہوں۔ خواہ اس کی فتوحات سے کاروان انسانیت کی ترقی رک گئی ہو۔ خواہ اس کی خونخواریوں اور سفاکیوں کی وجہ سے عالم انسانیت پر بربریت، وحشت اور جہالت کی شب دیجور چھا گئی ہو۔

؎۱۸۱ صحاح میں ہے البلاغ: الکفایة یعنی اس فرقان حمید میں جو احکام اور ارشادات ہیں وہ انسان کو منزل مقصود تک پہنچانے کے لیے کافی ہیں۔ ان پر عمل کرنے والا دارین کی سعادتوں سے بہرہ ور ہو جاتا ہے۔ اس پر ایمان لانے کے بعد مومن کو کسی دوسرے نظام حیات سے دریوزہ گری کی شرمندگی اٹھانی نہیں پڑتی یعنی من اتعنا بهابلغ ما يرجو من الثواب۔ (مظہری)

لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝۱۰۷ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰىٓ اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ

جہانوں کے لیے۔ فرما دیجئے کہ میرے پاس تو صرف یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا خدا (وہی ہے جو) ایک خدا ہے۔

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ البلاغ۔ الکفایۃ وما تبلغ بہ البغیۃ۔ (کبیر)

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جن کمالاتِ صوری ومعنوی، خلقی، وہبی وکسبی سے مشرف فرمایا وہ بلاشک وشبہ بے مثال اور بے نظیر ہیں اور ان کمالات کو قرآن کریم کی آیاتِ طیبہ میں جس انداز سے بیان فرمایا اس کا بھی جواب نہیں۔ ان آیات کو پڑھ کر اگر ایک طرف عبد محبوب کے مرتبۂ کمال کا پتہ چلتا ہے تو دوسری طرف ان کمالات کے بخشنے والے کی شانِ کریمی اور ادائے بندہ نوازی دیکھ کر بے ساختہ دل وزبان سے سبحان اللہ! سبحان اللہ!! کی صدا بلند ہوتی ہے لیکن اس آیتِ کریمہ میں جو جامعیت ہے اس نے اس کو دیگر آیات سے ممتاز کر دیا ہے جو کمالات اور صفاتِ عالیہ متفرق اور منتشر تھیں ان سب کو یہاں یکجا کر دیا ہے۔ اس آئینہ میں حسنِ محمدی اور جمالِ احمدی کی ساری رعنائیاں، اور دلربائیاں بکمال لطافت جلوہ نما ہیں۔

ارشاد ہے اے محبوب جو کتاب مجید، دینِ حنیف، شریعتِ بیضا، خلقِ عظیم، دلائل قاہرہ، حجج باہرہ، آیاتِ بینات اور معجزات ساطعات غرضیکہ جن ظاہری اور باطنی، جسمانی اور روحانی نعمتوں سے مالا مال کر کے ہم نے آپ کو مبعوث فرمایا ہے اس کی غرض وغایت یہ ہے کہ آپ سارے جہانوں کے لیے، سارے جہان والوں کے لیے، اپنوں اور بیگانوں کے لیے، دوستوں اور دشمنوں کے لیے سراپا رحمت بن کر ظہور فرمادیں۔

لغت میں رحمت دو چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے۔ الرحمۃ۔ الرقۃ والتعطف۔ (الصحاح)

یعنی رحمت رقت اور احسان ومہربانی کے مجموعے کا نام ہے۔ علامہ راغب اصفہانی کی تشریح ملاحظہ ہو:۔

الرحمۃ: رقۃ تقتضی الاحسان الی المرحوم۔ یعنی رحمت اس رقت کو کہتے ہیں جو اس شخص پر احسان کرنے کا تقاضا کرے جس پر رحمت کی جا رہی ہے۔ پھر فرماتے ہیں اللہ تعالےٰ کی صفت رحمت میں رقت نہیں کیونکہ وہ اس سے پاک ہے۔ بلکہ صرف تعطف اور احسان ہے اور کہیں صرف رقت ہوتی ہے اور یارائے احسان نہیں ہوتا۔ (المفردات)

لیکن اللہ تعالےٰ نے اپنے حبیب کو رحمت جامعہ یعنی رحمت کے دونوں مفہوموں سے نوازا ہے۔ عزیز علیہ ما عنتم (جس سے تمہیں تکلیف ہوتی ہے وہ چیز میرے محبوب کو بڑی شاق گزرتی ہے) میں رقت کا اظہار ہے اور بالمؤمنین رؤف رحیم میں شانِ تعطف واحسان کا یعنی ہر دردمند کے درد کا احساس بھی ہے اور ہر درد کا درماں بھی ہے کسی غم زدہ اور دکھ درد کے مارے کو دیکھ کر غایت رأفت سے آنکھیں اشکبار ہو جاتی ہیں اور نوکِ مژگانِ پاک پر درِ یتیم سے ارجمند تر اور تابندہ تر آنسوؤں کے موتی سراپا التجا بن کر بارگاہ رب العالمین میں گرتے ہیں تو مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں غم واندوہ کی کالی گھٹائیں کافور ہو جاتی ہیں۔

آپ خود غور فرمائیے کہ جن افراد نے یا جن قوموں نے حضورؐ کے دامنِ رحمت کو تھاما حضورؐ کے لائے ہوئے دین کو صدقِ دل سے قبول کیا اور حضورؐ کے پیش کردہ نظامِ حیات کو اپنی عملی زندگی میں اپنایا وہ لوگ کہاں سے کہاں پہنچ گئے۔ گمراہ تھے لیکن اس نورِ مبین سے اکتسابِ نور کرنے کے بعد ظلمت کدہ عالم میں ہدایت کے چراغ روشن کر گئے۔ جاہل تھے لیکن اس چشمۂ علم و عرفان سے سیراب ہونے کے بعد دنیا کے جس جس گوشہ میں گئے علم و حکمت کے چمن کھلاتے گئے۔ گنوار اور اجڈ تھے لیکن پاکیزہ تہذیب و تمدن کے بانی بن گئے۔ جہانگیری و جہانبانی کا ایک اچھوتا تصور دنیا کے سامنے پیش کیا جس میں کسی ایسے بادشاہ کی گنجائش نہیں جو مطلق العنان ہو، جو قانون کی گرفت سے بالاتر ہو جو سب کا محاسبہ کر سکے لیکن اس سے باز پرس کرنے کی کسی کو اجازت نہ ہو بلکہ جو قوم و ملک کا سربراہ ہوگا اسے خلیفہ کہا جائے گا جس کا معنی نائب ہے اور نائب وہ ہوتا ہے جسے کسی نے مقرر کیا ہو اور جس پر لازم ہو کہ وہ جو کچھ کرے گا اپنے مقرر کرنے والے کی منشا اور ہدایت کے مطابق کرے گا۔ ان رحمتوں سے وہ افراد اور قومیں سرشار ہوئیں جنھوں نے حضورؐ کی رسالت کو تسلیم کیا اور حضورؐ کے لائے ہوئے دین پر ایمان لانے کا شرف حاصل کیا صلے اللہ تعالٰے علیہ وآلہٖ وسلم۔

لیکن جو لوگ اپنی کج فہمی کے باعث یا بیجا تعصبات میں مبتلا ہو کر اس چشمۂ حیواں سے براہِ راست اور بلا واسطہ سیرکام نہ ہوئے وہ بھی اس فیضان سے دانستہ یا نادانستہ فیضیاب ہوتے رہے۔ آفتاب کی شعاعیں ہر وادی و کوہسار کو روشن کرتی رہیں حتیٰ کہ وہ مذاہب جن کی بنیاد ہی اصنام پرستی اور شرک پر تھی وہ بھی اپنے مشرکانہ عقاید میں ترمیم کرنے پر مجبور ہوگئے۔ چنانچہ ہندوستان میں آریہ سماج اور عیسائی دنیا میں پروٹسٹنٹ نظریات کا فروغ اس دعویٰ کی صداقت پر شاہد عادل ہیں۔ ملوکیت اور ڈکٹیٹرشپ کے نظام ہائے حکومت کی جگہ جمہوری اور شورائی طرزِ حکومت کی مقبولیت اسلام کے پیش کردہ نظریہ سیاست کی فتح نہیں تو اور کیا ہے اور پھر یہ رحمت کیا کم ہے کہ اپنے فسق و فجور اور کفر و شرک کے باوجود پہلی قوموں کی طرح ان پر فوری عذاب نازل کر کے انھیں نیست و نابود نہیں کر دیا گیا۔

یہ تو عالمِ ناسوت میں حضورؐ کی گوناگوں رحمتوں کا ظہور ہے۔ لیکن صرف یہاں ہی نہیں بلکہ عالمِ ملکوت میں بھی حضورؐ کی رحمت کا پرچم لہرا رہا ہے اور حضورؐ کا دستِ شفقت گل افشانی کر رہا ہے۔ وہاں رحمتِ محمدی کے ظہور میں جو بانکپن ہے اور بحرِ کرم میں جو تلاطم اور روانی ہے اس کا حال تو فقط وہ نفوسِ قدسیہ ہی جانتے ہیں جنھیں اس عالم کی سیاحت ارزانی ہوئی ہو۔

غرضیکہ یہ وہ آفتاب ہے جس کی تابانیوں سے صرف عالمِ رنگ و بو ہی روشن نہیں بلکہ وہ جہانِ لطیف بھی درخشاں ہے جو رنگ و بو، کم و کیف، بالا و پست کے تعینات سے ماورا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ وہاں اس آفتاب کی نور افشانی کا رنگ ہی نرالا ہے جو نہ زبان پر لایا جاسکے اور نہ قلم سے لکھا جاسکے۔ اس رحمتِ عامہ کی برکتوں سے عقل بھی بہرہ ور ہے اور دل کی دنیا بھی شاد کام ہے۔

ترجمانِ حقیقت شاعرِ مشرق نے کیا خوب کہا ہے :۔ ؎

تیری نگاہ ناز سے دونوں مراد پا گئے — عقل غیاب و جستجو عشق حضور و اضطراب
شوکت سنجر و سلیم تیرے جلال کی نمود — فقر جنید و بایزید تیرا جمال بے نقاب

حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی شان رحمت سے نقاب سرکاتے ہوئے فرمایا انما انا رحمۃ مھداۃ یعنی میں وہ رحمت ہوں جو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو بطور تحفہ عطا فرمائی۔

ایک مرتبہ کفار کے لیے جب بددعا کرنے کی التجا کی گئی تو حضور نے فرمایا انما بعثت رحمۃ ولم أبعث عذابا یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے عذاب بنا کر نہیں بھیجا بلکہ سراپا رحمت بنا کر مبعوث فرمایا ہے۔

علامہ سید محمود آلوسی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کریمہ کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

وکونہ صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ للجمیع باعتبار انہ علیہ الصلوٰۃ والسلام واسطۃ الفیض الالٰہی علی الممکنات علی حسب القوابل ولذا کان نورہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اول المخلوقات و فی الخبر اول ما خلق اللہ تعالیٰ نور نبیک یا جابر" وجاء "اللہ تعالیٰ المعطی وانا القاسم" وللصوفیۃ قدست اسرارھم فی ھذا الفصل کلام فوق ذالک۔ (روح المعانی)

یعنی حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تمام کائنات کے لیے رحمت ہونا اس اعتبار سے ہے کہ عالم امکان کی ہر چیز کو حسب استعداد جو فیض الٰہی ملتا ہے وہ حضور کے واسطے سے ہی ملتا ہے اسی لیے حضور کا نور تمام مخلوقات سے پہلے پیدا فرمایا گیا۔ حدیث شریف میں ہے کہ اے جابر سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے تیرے نبی کے نور کو پیدا فرمایا، اور دوسری حدیث میں ہے اللہ تعالیٰ دینے والا ہے اور میں (اس کی رحمت کے خزانوں کو) بانٹنے والا ہوں اور صوفیائے کرام قدست اسرارھم نے اس ضمن میں جو اسرار و معارف بیان کیے ہیں، وہ اس سے بلند ہیں جو ہم نے بیان کیے ہیں۔

حضرت علامہ اقبال نے حال بلا الحمد اور صاحب مقام محمود کی مدح سرائی میں جب گل فشانی کی ہوگی تو کیا عجیب سماں ہوگا۔

وہ دانائے سبل ختم الرسل مولائے کل جس نے — غبار راہ کو بخشا فروغ وادی سینا
نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر — وہی قرآں وہی فرقاں وہی یٰسین وہی طٰہٰ

ونسئل اللہ تعالیٰ ان یجعل حظنا من رحمتہ الحظ الوافر وان ییسر لنا امور الدنیا والآخرۃ بلطفہ المتواتر۔ (روح المعانی)

الٰہی ہمیں اپنے محبوب کی رحمت سے حظ وافر عطا فرما اور حضور کے لطف پیہم سے ہمارے دنیوی اور اخروی کاموں کو آسان فرما۔ آمین ثم آمین وصلے اللہ تعالیٰ علی حبیبہ رحمۃ للعالمین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین۔

۹۰۔ رحمۃ للعالمینی کا اہم اور مبارک ترین پہلو یہ ہے کہ فرو شرک میں ڈوبی ہوئی دنیا کو پھر نور توحید سے جگمگا دیا۔ بندے کا تعلق اپنے رب سے جوڑ دیا۔ اس کا دل جو دنیا بھر کی خواہشات کا کباڑ خانہ بنا ہوا تھا اسے تمام آلائشوں سے پاک کیا اور اللہ تعالیٰ کی محبت کا روشن چراغ اس میں رکھا۔ انسانیت کا کارواں اپنی منزل کی تلاش میں صدیوں سے بھٹک رہا تھا اسے

فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿١٠٨﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى

پس کیا تم اسلام لانے کے لیے تیار ہو۔ اگر وہ پھر بھی روگردانی کریں تو آپ فرما دیجئے کہ میں نے آگاہ کر دیا ہے تمھیں

سَوَآءٍ ؕ وَاِنْ اَدْرِيْۤ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٩﴾ اِنَّهٗ

پوری طرح ۹۱ اور میں نہیں سمجھتا کہ قریب ہے یا بعید جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے ۹۲ بیشک اللہ تعالیٰ

يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿١١٠﴾ وَاِنْ

جانتا ہے جو بات تم بلند آواز سے کہتے ہو اور جانتا ہے جو تم (اپنے دل میں) چھپاتے ہو۔ اور میں کیا جانوں (اس

اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿١١١﴾ قٰلَ

ڈھیل سے) شاید تمھارا امتحان لینا اور ایک وقت تک تمھیں لطف اندوز کرنا مطلوب ہو۔ آپ نے عرض کی

اپنی منزل کا پتہ بھی دیا اور وہ راہ بھی بتائی جو اسے منزل تک لے جا سکتی تھی۔ صرف اسی پر بس نہیں بلکہ مسافر کے دل میں منزل کا اتنا شوق پیدا کر دیا کہ وہ ہر طرف سے پہلو بچا کر اپنی منزل کی طرف بیتابانہ وار گامزن ہو گیا۔

۹۱ اگر اس کے باوجود بھی وہ سرکشی اور نافرمانی سے باز نہ آئیں تو آپ فرما دیجئے کہ میں نے تم سب کو علی الاعلان بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب آنے والا ہے۔ اب بھی اگر تم نے اس عذاب سے بچنے کے لیے کوئی انتظام نہ کیا تو تمھاری اپنی بدقسمتی ہوگی۔

۹۲ حضرت صدر الافاضل رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں بے خدا کے بتائے یعنی یہ بات عقل و قیاس سے جاننے کی نہیں ہے۔ یہاں درایت کی نفی فرمائی گئی۔ درایت کہتے ہیں اندازے اور قیاس سے جاننے کو جیسا مفردات راغب اور رد المحتار ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کے واسطے لفظ درایت استعمال نہیں کیا جاتا اور قرآن کریم کے اطلاقات اس پر دلالت کرتے ہیں۔ جیسا کہ فرمایا ما کنت تدری ما الکتاب ولا الایمان۔ لہٰذا یہاں بے تعلیم الٰہی محض اپنے عقل و قیاس سے جاننے کی نفی ہے نہ کہ مطلق علم کی۔ (خزائن العرفان)

علامہ راغب نے درایت کا معنی بتاتے ہوئے لکھا ہے الدرایۃ۔ المعرفۃ المدرکۃ بضرب من التختل۔ یعنی غور و فکر سے جو معرفت اور علم حاصل ہوتا ہے اس کو درایت کہتے ہیں۔

رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى

میرے رب فیصلہ فرما دے (ہمارے درمیان) حق کے ساتھ اور (اے کفار!) ہمارا رب ہے جو رحمٰن ہے اسی سے مدد طلب کی

مَا تَصِفُوْنَ ۟ؑ

جاتی ہے ان باتوں پر جو تم کرتے ہو۔ ۹۴

۹۳ آخر میں حضور کریم دعا عرض کرتے ہیں کہ الٰہی اب ایسا قطعی فیصلہ فرما کر حق کے متعلق ان کے ذہن میں جتنے وسوسے اور جس قسم کے شبہات ہیں وہ دور ہو جائیں اور میری دعوت کے سچے ہونے میں انھیں کوئی تردد نہ رہے۔

۹۴ قوت و طاقت میں کفار زیادہ ہیں۔ وسائل کی ان کے پاس کمی نہیں۔ زبانیں ان کی قینچی کی طرح تیز چلتی ہیں جھوٹ بولنے اور افترا باندھنے سے انھیں شرم نہیں آتی ضمیر کی ملامت کا انھیں اندیشہ نہیں۔ ایسے بیباک خدا ناترس اور طاقت کے نشے میں مخمور دشمن پر غلبہ پانے کی ایک ہی صورت ہے کہ خداوند رحمٰن کی تائید اور نصرت پشت پناہی فرمائے۔ اس لیے آخر میں اپنے کاموں کو اسی کے سپرد کر دیا۔

تعارف سورۃ الحج

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام: کیونکہ اس سورت میں حج کے اعلان عام اور اس سے متعلقہ چند احکام کا ذکر ہے اس مناسبت سے اس سورت کو سورۃ الحج کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔

اس سورت میں ۱۰ رکوع ۷۸ آیتیں ۱۲۹۱ کلمات اور ۵۰۷۵ حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: بعض علماء تفسیر نے اسے مکی سورتوں میں شمار کیا ہے اور بعض نے اسے مدنی کہا ہے۔ اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ اس سورت میں وہ خصوصیات بھی پائی جاتی ہیں جو مکی سورتوں کا طرۂ امتیاز ہیں اور وہ خصوصیات بھی جو مدنی سورتوں کا خاصہ ہیں لیکن جمہور علماء کے نزدیک اس سورت میں وہ آیات بھی ہیں جو مکی زندگی کے آخری دور میں نازل ہوئیں اور وہ آیات بھی جو مدنی زندگی کے آغاز میں نازل ہوئیں۔ چنانچہ علامہ قرطبی مختلف اقوال نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

وقال الجمهور السورة مختلطة منها مكي ومنها مدني وهذا هو الاصح۔ یعنی جمہور کی رائے یہ ہے کہ یہ سورت مکی آیات اور مدنی آیات کا مجموعہ ہے اور جمہور کا قول ہی صحیح ہے۔ علامہ آلوسی نے بھی اسی قول کی تصویب کی ہے۔

روح المعانی

مضامین (۱) کفار کو خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لیے قیامت کی ہولناکیاں بیان کی گئیں اور انھیں سمجھایا گیا کہ اس سے پیشتر کہ وہ فیصلہ کن گھڑی آجائے تم چشم ہوش وا کرو اور اس دعوت توحید کو صدق دل سے قبول کرلو۔

کیونکہ کفار وقوع قیامت کو خلاف عقل قرار دیا کرتے اور اس کو تسلیم کرنے سے صاف انکار کیا کرتے اس لیے ایسے شواہد پیش کیے گئے جن سے وقوع قیامت کے متعلق دل میں یقین پیدا ہوجاتا ہے۔

۲۔ مسلمان تیرہ چودہ سال تک کفار کے بے پناہ مظالم خاموشی سے برداشت کرتے رہے اب مسلمانوں کو اپنی حفاظت کیلئے قوت استعمال کرنے کی اجازت دی جارہی ہے اور انھیں یقین دلایا جارہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت ان کے شامل حال ہوگی اس لیے وہ ظاہری وسائل کی کمی سے پریشان نہ ہوں اور اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت پر پورا بھروسہ کریں۔

اس ضمن میں دنیا کی مختلف قوموں میں طاقت کا توازن برقرار رکھنے کا ازلی قانون اور اس کی حکمت بھی بیان کردی کہ اگر ساری قوت اور وسائل کسی ایک قوم کے قبضہ میں آجائیں تو دنیا کا امن و سکون درہم برہم ہوجائے کمزور قوموں کی

جان، مال اور آبرو محفوظ نہ رہے حتیٰ کہ مذہبی عبادت گاہوں کا احترام بھی ختم ہو جائے اور ان کی اینٹ سے اینٹ بجا دی جائے اس لیے قدرت کا یہ اٹل اصول ہے کہ وہ اقوامِ عالم میں طاقت کا توازن برقرار رکھتی ہے۔

(۳) جا بجا توحید کے روشن دلائل بھی پیش کر دیئے اور اصنام و اوثان کی بے بسی کو بھی آشکارا کر دیا تاکہ جو لوگ انھیں خدا سمجھے بیٹھے ہیں انھیں ان کی بے بسی کا علم ہو جائے کہ انھیں اتنی طاقت بھی نہیں کہ وہ سب مل کر مکھی جیسی حقیر چیز بنا سکیں اور وہ اتنے کمزور ہیں کہ اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین لے تو وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اور نہ اس سے چھینی ہوئی چیز واپس لے سکتے ہیں۔

(۴) آخر میں بڑے پیارے انداز سے امت مسلمہ کو اس حقیقت سے آگاہ کیا گیا کہ حق کا علم سربلند رکھنے کے لیے اور توحید کی شمع فروزاں رکھنے کے لیے دنیا کی ساری قوموں سے تمھیں منتخب کیا گیا ہے (ھو اجتبٰکم) اس لیے اب تمھارا فرض ہے کہ تم ہر قیمت پر اس پرچم کو سربلند رکھو اور اس شمع کو فروزاں رکھو اس عزت و افتخار کو جو تمھیں بارگاہِ الٰہی سے مرحمت ہوا ہے برقرار رکھنے کے لیے ہر امکانی کوشش کو صرف کرو نیز اپنے اعمال اور کردار کو آئنا بے داغ رکھو اور ظاہر و باطن کو اتنا پاکیزہ رکھو کہ اگر کوئی شخص تم سے تمھاری پیش کردہ دعوت کی صداقت کی کوئی دلیل طلب کرے یا کوئی گواہ مانگے تو تمھاری سیرت اور تمھارا کردار بطور دلیل اور بطور گواہ پیش کیا جا سکے۔

آخر میں پھر انھیں اپنی کارسازی اور نصرت کا یقین دلانے کے لیے ارشاد فرمایا۔ ھو مولٰکم فنعم المولیٰ و نعم النصیر۔ وہ قوم جس کے سامنے کوئی عظیم مقصد ہوا کرتا ہے اس کے وقت میں اتنی گنجائش نہیں ہوتی کہ اسے بیکار مشغلوں میں صرف کیا جائے اس لیے مسلمانوں کو اس بات کی طرف بھی متنبہ کیا کہ باطل پرست لوگ اور وہ افراد جن کے پیشِ نظر زندگی کا کوئی بلند مقصد نہیں وہ تمھیں بے ہودہ مباحثوں اور مناظروں میں الجھانے کی پوری کوشش کریں گے تاکہ تم ان بے مقصد مباحث میں الجھ کر اپنے مقصد سے غافل ہو جاؤ لیکن اے فرزندانِ اسلام تم ان کے دامِ فریب میں نہ پھنسنا اور اگر وہ زیادہ مصر ہوں تو یہ کہہ کر آگے بڑھ جانا کہ اللہ تعالیٰ تمھارے حالات کو خوب جانتا ہے۔ و ان جادلوک فقل اللہ اعلم بما تعملون۔ ان مباحث کے علاوہ علم و حکمت کے کئی نوادرات اس سورہ کا مطالعہ کرتے ہوئے آپ کو دستیاب ہوں گے بارگاہِ الٰہی میں ہماری یہ عاجزانہ التجا ہے کہ وہ ہمیں اس چشمۂ حیوان سے سیراب ہونے کی توفیق بخشے اور ہمیں یہ ہمت دے کہ قرآن کریم کے نورِ مبین سے نہ صرف اپنی زندگیوں کو ہی منور کریں بلکہ ظن و تخمین اور وہم و گمان کے ریگستانوں میں بھٹکنے والی قوموں کو بھی ان کی منزل کا پتہ بتا سکیں۔

سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّعَشْرُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الحج مدنی | ٧٨ آیتیں | ١٠ رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ①

اے لوگو! ڈرو اپنے پروردگار (کی ناراضگی) سے بے شک قیامت کا زلزلہ بڑی سخت چیز ہے۔ ؎۲

؎۱ قرآن کریم نے اعمال و اخلاق کی اصلاح اور درستی کے لیے جو دستور پیش کیا ہے اس کی بنیاد اس عقیدہ پر رکھی ہے کہ ہر شخص سے اس کے اعمال کے بارے میں قیامت کے دن باز پرس کی جائیگی آج اگر وہ اپنے منصب یا دولت کی وجہ سے قانون کی زد سے بچا رہتا ہے تو اسے یہ بات ایک لمحہ کے لیے بھی فراموش نہ کرنی چاہیے کہ ایک دن وہ آنے والا ہے جب اس کی دولت اور اسکا منصب اس سے چھین لیا جائے گا وہ ہوگا اور اسکے اعمال اور احکم الحاکمین کی عدالت ہوگی دلوں میں اس عقیدہ کو راسخ کرنے کیلئے قرآن کریم میں بار بار سعی بلیغ کی گئی ہے اور سچ تو یہ ہے کہ جس معاشرہ میں یہ عقیدہ راسخ ہو جاتا ہے وہاں ظلم اور فسق و فجور کا قدم نہیں جم سکتا اسی احساس کو تقویت دینے کیلئے اس سورۃ کا آغاز ان آیات سے کیا جا رہا ہے۔

؎۲ وقوع قیامت کے ہولناک مناظر کو مختلف انداز میں مختلف مقامات پر بیان کیا گیا ہے یہاں بھی اس خوف و دہشت کا ذکر ہو رہا ہے جس سے انسان اسوقت دوچار ہوگا جب اس نظام عالم کو درہم برہم کر دیا جائیگا حضرت ابوہریرہ کی طویل حدیث کے چند اقتباسات ملاحظہ فرمایئے آیت کا مفہوم بالکل واضح ہو جائیگا۔ حضور کریم نے ارشاد فرمایا... کہ اسرافیل تین مرتبہ صور پھونکیں گے الاولی نفخۃ الفزع والثانیۃ نفخۃ الصاعقۃ والثالثۃ نفخۃ القیام لرب العالمین۔ (یعنی جب پہلی دفعہ صور پھونکا جائے گا تو ساری کائنات کے درہم برہم ہونے کی وجہ سے گھبراہٹ اور پریشانی طاری ہو جائے گی۔ دوسری مرتبہ ساری کائنات موت کی نیند سو جائے گی اور جب تیسری مرتبہ صور پھونکیں گے تو سب اپنی قبروں سے اٹھ کر بارگاہ رب العالمین میں حاضر ہو جائیں گے) جب پہلی مرتبہ صور پھونکا جائیگا تو زمین جھٹکے کھانے لگے گی اور جس طرح کشتی سمندر میں ہچکولے کھاتی ہے اور چاروں طرف سے موجیں اسے تھپیڑے مارتی ہیں یا جس طرح کوئی لٹکی ہوئی قندیل آندھی میں حرکت کرتی ہے فتکون الارض کالسفینۃ الموبقۃ فی البحر تضربہا الامواج تکفأھا باھلہا وکالقندیل المعلق بالعرش ترجحہ الارواح۔ اس وقت جو مائیں بچوں کو دودھ پلا رہی ہوں گی انھیں اپنے بچے بھول جائیں گے۔ جو عورتیں حاملہ ہوں گی خوف کے مارے ان کے حمل ساقط ہو جائیں گے اور بچے بوڑھے ہو جائیں گے۔ (ابن کثیر)

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ

جس روز تم اس (کی ہولناکیوں) کو دیکھو گے تو غافل ہو جائیگی ہر دودھ پلانے والی (ماں) اس (لخت جگر) سے جس کو اس نے دودھ

كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ

پلایا، اور گرا دے گی ہر حاملہ اپنے حمل کو اور تجھے نظر آئیں گے لوگ جیسے وہ نشہ میں مست ہوں حالانکہ وہ نشہ

بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝٢ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ

میں مست نہیں ہوں گے بلکہ عذاب الٰہی بڑا سخت ہوگا (وہ اسکی ہیبت سے حواس باختہ ہونگے) اور بعض ایسے لوگ ہیں جو جھگڑتے ہیں

فِى اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۝٣ كُتِبَ عَلَيْهِ

اللہ تعالیٰ کے بارے میں علم کے بغیر اور پیروی کرتے ہیں ہر سرکش شیطان کی۔ جس کے مقدر میں لکھا جا چکا ہے کہ

اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝٤

جو اس کو دوست بنائے گا تو وہ اسے گمراہ کر کے رہے گا اور راہ دکھائے گا اسے بھڑکتی ہوئی آگ کے عذاب کی طرف

اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ ان آیات میں جس زلزلہ کی ہولناکیوں کا تذکرہ ہے وہ اسوقت ہوگا جب پہلی مرتبہ صور پھونکا جائیگا
هي الزلزلة المعروفة التي هي احدى شرائط الساعة التي تكون في الدنيا قبل يوم القيامة هذا قول الجمهور (قرطبی)
کہتے ہیں کہ یہ زلزلہ پندرہ رمضان کو آئیگا اور اس کے بعد سورج مغرب سے طلوع ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۳؎ نضر بن حارث حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اعتراض کرنے میں پیش پیش رہا کرتا تھا۔ عقیدۂ قیامت کے متعلق تو اس کی ہرزہ سرائی حد سے بڑھ گئی تھی۔ مُردوں کی بوسیدہ ہڈیاں ہاتھ میں لے کر وہ لوگوں کے سامنے کھڑا ہو جاتا اور کہتا کہ قرآن کہتا ہے کہ یہ ہڈیاں پھر زندہ کی جائیں گی تم خود سوچو کبھی ایسا ہونا ممکن ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اس کی یہ حجت بازیاں اور اعتراضات علمی دلائل پر موقوف نہیں بلکہ شیطان مردود کی وسوسہ اندازیاں ہیں جن کو اس نے پلّے باندھ رکھا ہے المريد والمارد: العاتي یعنی سرکش۔

۴؎ شیطان کی نافرمانی اور پیہم سرکشی کے باعث یہ شقاوت اس کی لوح تقدیر پر ثبت کر دی گئی ہے کہ جو شخص اس کو اپنا دوست بنائیگا یہ اس کو راہ راست سے بہکا دے گا اور اسے لے جا کر دوزخ کی بھڑکتی ہوئی آگ میں پھینک دے گا۔

يَاأَيُّهَا النَّاسُ إِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَإِنَّا خَلَقْنَاكُمْ

اے لوگو! اگر تمہیں کچھ شک ہو (روزِ حشر) جی اٹھنے میں تو ذرا اس امر میں غور کرو کہ

مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ

ہم نے ہی پیدا کیا تھا تمہیں مٹی سے پھر نطفہ سے ؎ پھر خون کے لوتھڑے سے پھر گوشت کے ٹکڑے سے بعض

مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۚ وَنُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ مَا

کی تخلیق مکمل ہوتی ہے اور بعض کی نامکمل تاکہ ہم ظاہر فرمادیں تمہارے لیے (اپنی قدرت کا کمال) اور ہم قرار بخشتے ہیں رحموں میں جسے ہم

؎ سب انسانوں کی مٹی سے پیدا کیے جانے کی وجہ یا تو یہ ہے کہ آدم جو ابوالبشر ہیں ان کی تخلیق مٹی سے ہوئی یا یہ کہ مادۂ منویہ جن غذاؤں سے بنتا ہے وہ سب زمین سے اگتی ہیں جب رحم میں نطفہ قرار پکڑتا ہے تو کچھ عرصہ کے بعد اس میں تدریجی تبدیلیاں ہونے لگتی ہیں۔ پہلے وہ خون کی طرح گاڑھا اور سُرخ ہو جاتا ہے اسے علقہ کہا گیا۔ پھر وہ گوشت کی شکل اختیار کرتا ہے اسے مضغہ فرمایا۔ اس کے بعد مدتِ حمل پوری کرنے کے بعد صحیح و سلامت پیدا ہوتا ہے یا وہ اس سے پہلے ہی گر جاتا ہے۔ غیر مخلقہ کا مفہوم اکثر علماء نے یہی بیان کیا ہے لیکن بعض کے نزدیک اس سے مراد وہ بچہ ہے جو ناقص الاعضا پیدا ہوتا ہے۔ امام بخاری نے حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت کیا ہے۔ کہ آپ نے فرمایا :-

حدثنا رسول الله صلی الله علیه وسلم وهو الصادق المصدوق ان احدکم یجمع خلقه فی بطن امه اربعین یوما ثم یکون فی ذالك علقة مثل ذلك ثم مضغة مثل ذلك ثم یرسل الملك فینفخ فیه الروح ویؤمر باربع کلمات یکتب رزقه واجله وعمله وشقی اوسعید۔

یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بیان فرمایا اور آپ سچے ہیں کہ تم میں سے ہر شخص پیدائش کے وقت اپنی ماں کے شکم میں چالیس دن تک رہتا ہے پھر وہ علقہ بن جاتا ہے۔ پھر چالیس دن گزرنے کے بعد وہ مضغہ ہوتا ہے۔ پھر چالیس دن گزرنے کے بعد اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ بھیجتے ہیں جو اس میں رُوح پھونکتا ہے اور اس کو چار چیزیں لکھنے کا امر ہوتا ہے وہ یہ ہیں :- اس کا رزق۔ اس کی موت کا وقت۔ اس کے اعمال اور یہ کہ وہ بدبخت ہے یا نیک بخت ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے آگاہ کرنے سے فرشتہ کو مافی الارحام (جو کچھ رحم میں ہے) کا بھی علم حاصل ہوتا ہے اور اس کی موت کے وقت کا بھی پتہ چلتا ہے۔ آیت میں جس چیز کی نفی ہے کہ مافی الارحام کو کوئی نہیں جانتا۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے مطلع کرنے کے بغیر کوئی نہیں جان سکتا۔

نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ

چاہتے ہیں ایک مقررہ میعاد تک پھر ہم نکالتے ہیں تمہیں بچہ بنا کر پھر (پرورش کرتے ہیں تمہاری) تاکہ تم پہنچ جاؤ

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا

اپنے شباب کو اور تم میں سے کچھ (پہلے ہی) فوت ہو جاتے ہیں اور تم میں سے بعض کو پہنچا دیا جاتا ہے نکمی عمر تک تاکہ وہ کچھ نہ جانے

يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ

ہر چیز کو جاننے کے بعد ۷ اور تو دیکھتا ہے کہ زمین خشک پڑی ہے ۸ پھر جب ہم آتارتے ہیں۔

۷ اس کے بعد پیدائش سے موت تک انسانی زندگی جن مرحلوں سے گزرتی ہے ان کو بیان فرما دیا استقرار حمل سے لیکر آخری دم تک انسان جن مرحلوں سے تدریجاً گزرتا ہے اور ہر مرحلہ میں نازک سے نازک جو تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں پھر ان کے نئے نئے جتنے تقاضے ہوتے ہیں اور جس فیاضی اور حکمت سے ان کو پورا کیا جاتا ہے اگر انسان فقط اسی میں غور کرے تو بے اختیار ہو کر پکار اٹھے کہ علیم وحکیم ہے وہ خالق جس نے انسان کو پیدا کیا اور وحدہ لا شریک ہے وہ ذات والاصفات جس کی حکمت اور جس کے علم کے جلوے انسانی زندگی کے ہر موڑ پر چشم بینا کو نظر آتے ہیں جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کا معدہ بڑا لطیف ہوتا ہے وہ کسی ثقیل چیز کو ہضم کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا تو اس وقت ماں کا دودھ بھی پتلا اور زود ہضم ہوتا ہے جس نسبت سے معدہ میں ہاضمہ کی قوت بڑھتی ہے بعینہ اسی نسبت سے ماں کا دودھ بھی گاڑھا ہونے لگتا ہے اور اس کی دسومت (چکناہٹ) میں اضافہ ہوتا جاتا ہے جب بچے کے دانت نکل آتے ہیں اور اسکا معدہ طاقتور ہو جاتا ہے تو طبیعت خود بخود روٹی وغیرہ کی طرف مائل ہونے لگتی ہے غرضیکہ زندگی کے کسی دور کا آپ مطالعہ فرمائیں اللہ تعالیٰ کے علم اور اس کی حکمت کے چراغ ہر جگہ آپ کو جگمگاتے نظر آئیں گے۔

تو جو ذات ایک قطرہ آب سے انسان کو پیدا کر سکتی ہے اور اس کے سفینۂ حیات کو زندگی کے متلاطم سمندر سے گزار کر موت کے ساحل پر لنگر انداز کر دیتی ہے اس کے لیے کیا مشکل ہے کہ پھر وہ تمہیں زندہ کر دے۔

ارذل العمر، سے مراد زندگی کا وہ دور ہے جب بڑھاپے کی وجہ سے عقل وفہم کی قوتیں بیکار ہو کر رہ جاتی ہیں۔ غور وفکر کی صلاحیتیں سلب ہو جاتی ہیں۔ یادداشت کا خزانہ خالی ہو جاتا ہے۔ یوں معلوم ہونے لگتا ہے گویا اس نے کبھی مکتب میں قدم تک نہیں رکھا۔ وہ شخص جو کبھی وقار ومتانت کا پیکر ہوا کرتا تھا اب ایسی حرکتیں کرنے لگتا ہے کہ بے اختیار ہنسی آجاتی ہے۔

ارذل العمر: للعمر اخسّه وادونه وهو الهرم والخرف حتی لا یعقل۔ (قرطبی)

۸ یہاں سے قیامت کے وقوع پذیر ہونے کی دوسری دلیل بیان کی جا رہی ہے۔

هامدة: یابسة لا تنبت شیئاً: خشک زمین جبکہ اس میں کوئی چیز نہ اگ سکے۔

أَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَأَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍ

اس پر بارش کا پانی تو وہ تروتازہ ہو جاتی ہے اور پھولتی ہے اور اگاتی ہے ہر خوشنما جوڑے کو۔

بَهِيجٍ ﴿٥﴾ ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَأَنَّهٗ

یہ (رنگا رنگیاں اس کی دلیل ہیں) کہ اللہ تعالیٰ ہی برحق ہے ٨ اور وہی زندہ کرتا ہے مُردوں کو اور بلاشبہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٦﴾ وَأَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا

وہی ہر چیز پر قادر ہے۔ اور یقیناً قیامت آنے والی ہے اس میں ذرا شک نہیں ٩

وَأَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُورِ ﴿٧﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ

اور اللہ تعالیٰ زندہ کر کے اٹھائیگا ان (مُردوں) کو جو قبروں میں ہیں۔ اور انسانوں میں ایسے لوگ بھی ہیں جو جھگڑا کرتے ہیں۔

فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيرٍ ﴿٨﴾ ثَانِيَ عِطْفِهٖ

اللہ تعالیٰ کے بارے میں بغیر علم کے اور بغیر کسی دلیل کے اور بغیر کسی روشن کتاب کے۔ ١٠ (تکبر سے) گردن مروڑتے ہوئے

٨ جب انسان قدرت کی ان اعجاز آفرینیوں کو دیکھتا ہے تو اسے یقین آجاتا ہے کہ یہ کائنات خود بخود بغیر خالق کے معرض وجود میں نہیں آگئی اور اس کا خالق علم محیط اور حکمت بالغہ کی صفات عالیہ سے متصف ہے نیز اس میں بھی شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں رہتی کہ جس کی قدرت کا یہ عالم ہے اس کے لیے ہر چیز کو فنا کر کے دوبارہ پیدا کرنا قطعاً مشکل نہیں۔

٩ اس ارشاد سے پھر بتا دیا کہ قیامت ضرور آئے گی تم شیطان کی وسوسہ انگیزیوں سے دھوکہ کھا کر اس یوم حساب کا انکار نہ کرنا ورنہ کف افسوس ملوگے اور ندامت سے ہونٹ کاٹوگے۔

١٠ ایسا احمق کہ جس میں فہم وفراست کا نشان تک نہیں جس نے کسی جاننے والے سے پوچھ کر بھی اپنی جہالت کو دور نہیں کیا اور جس بدنصیب نے کسی صحیفہ آسمانی کا مطالعہ کرنے کی بھی زحمت گوارا نہیں کی وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں اس کے رسول سے جھگڑتا ہے اور غرور ونخوت سے اکڑ اکڑ کر چلتا ہے اس نے اپنا ستیاناس تو کر لیا اب دوسروں کا بیڑہ غرق کرنے کے لیے صبح و شام کوشاں ہے ایسے جاہل، کج فہم اور مغرور کا انجام بڑا عبرت ناک ہوگا۔ ثانی عطفه، لوی عنقه مرحًا وتفخرًا (قرطبی). غرور ونخوت سے اپنی گردن کو مروڑنا۔ ای بلا عقل صحیح ولا نقل صریح بل بمجرد الرائے والهوی (ابن کثیر)

لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ

تاکہ بہکائے (دوسروں کو بھی) اللہ تعالیٰ کی راہ سے اس کے لیے دنیا میں بھی رسوائی ہے اور ہم چکھائیں گے اسے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَ

قیامت کے دن جلانے والی آگ کا عذاب۔ (اس روز اسے بتایا جائیگا) یہ سزا ہے اس کی جو تیرے دونوں ہاتھوں

اَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ

نے آگے بھیجا اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں اور لوگوں میں سے وہ بھی ہے جو عبادت کرتا ہے

اللّٰهَ عَلٰي حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ

اللہ تعالیٰ کی کنارہ پر (کھڑے کھڑے) [1] پھر اگر پہنچے اسے بھلائی (اس عبادت کے) تو مطمئن ہو جاتا ہے اس سے اور اگر پہنچے اسے کوئی

[1] ہر چیز کے کنارے اور دہانے کو حرف کہتے ہیں۔ حرف کل شیئ طرفہ وشفیرہ وحدہ۔ (قرطبی) اس آیت میں اللہ تعالیٰ ان لوگوں کا بیان فرما رہے ہیں جو حق کو اس لیے قبول نہیں کرتے کہ یہ حق ہے اور اللہ تعالیٰ کی اس لیے عبادت نہیں کرتے کہ وہ ہمارا معبود اور خالق ہے بلکہ اس لیے کہ انھیں دنیوی منفعت حاصل ہوگی۔ ان کا کاروبار چمکے گا۔ ان کی عزت اور ناموری میں اضافہ ہوگا اگر اسلام کو قبول کرنے کے بعد ان کی یہ امید پوری ہوتی ہے تو بڑے خوش ہوتے ہیں۔ اور اسلام کی صداقت اور سچائی کا اظہار بڑے جوش و خروش سے کرتے ہیں لیکن اگر ان کی یہ امیدیں بر نہیں آتیں بلکہ انہیں تکلیف اور نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو یاد الٰہی کا سلسلہ ہی منقطع کر دیتے ہیں اور اس دین کا دامن ہی چھوڑ دیتے ہیں۔ اور پھر باطل کی طرف یہ شور مچاتے ہوئے بھاگے چلے جاتے ہیں کہ بس دیکھ لیا۔ یہ دین اس کی نحوست سے کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا۔ جو عزت و وقار پہلے تھا اس کا بھی جنازہ نکل گیا۔ ہم تو ایسے دین سے باز آئے۔

کتب تفسیر میں جہاں اس آیت کی شان نزول بیان کی گئی ہے وہاں یہ واقعہ مرقوم ہے کہ ایک یہودی مسلمان ہوا۔ اتفاق سے کچھ عرصہ بعد اس کی بینائی جاتی رہی پھر اس کا زبردست مالی نقصان ہو گیا۔ ساتھ ہی اس کا ایک لڑکا تھا وہ بھی مر گیا۔ اس نے سوچا کہ یہ سب اسلام کی نحوست کے باعث ہوا ہے چنانچہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا۔ اقلنی: جو بیعت اسلام میں نے آپکے ہاتھ پر کی ہے مجھے اس سے آزاد کر دیجیے۔ حضور نے فرمایا: ان الاسلام لا یقال اسلام کی بیعت واپس نہیں کی جا سکتی۔ کہنے لگا مجھے تو آپ کے اس دین سے کوئی فائدہ نہیں پہنچا اور نہ اس میں کوئی خوبی نظر آئی۔ میں اندھا ہو گیا۔ مال برباد ہوا۔ بیٹا تھا وہ مر گیا حضور نے فرمایا اے یہودی اسلام مردوں کو گلاتا ہے

فِتْنَةٌ ۨانْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ

آزمائش تو فوراً دین سے منہ موڑ لیتا ہے۔ اس شخص نے برباد کردی اپنی دنیا اور آخرت ۱۲ یہی تو

الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۱﴾ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا

کھلا ہوا خسارہ ہے۔ وہ عبادت کرتا ہے ۱۳ اللہ تعالیٰ کے سوا اس کی جو نہ ضرر پہنچا سکتا ہے اسے اور نہ

لَا يَنْفَعُهٗ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۲﴾ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ

نفع پہنچا سکتا ہے اسے یہی تو انتہائی گمراہی ہے۔ وہ پوجتا ہے اسے جس کی ضرر رسانی زیادہ

اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ۭ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿۱۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ

قریب ہے اس کی نفع رسانی سے ۱۴ یہ بہت برا دوست ہے اور بہت برا ساتھی ہے ۱۵ بیشک اللہ تعالیٰ

اور صاف کرتا ہے جس طرح آگ لوہے سونے اور چاندی کی میل کچیل کو صاف کرتی ہے یا یہودی ان الاسلام یسبک الرجال کما یسبک النار خبث الحدید والذہب والفضۃ۔ (ابن مردویہ)

۱۲ انسان کو چاہیے کہ اسلام کو حق سمجھ کر قبول کرے پھر اس راہ کے کانٹوں کو دیکھ کر گھبرا نہ جائے بلکہ ان کو پھولوں سے بھی زیادہ عزیز جانے۔ کیونکہ یہ منزل محبوب کے کانٹے ہیں اگر اللہ تعالیٰ اسے دین حق کو سربلند کرنے کے لیے اپنی دولت خرچ کرنے کی توفیق دے تو اسے اپنی سعادت اور ارجمندی یقین کرے۔ اگر پرچم اسلام کو اونچا بہت اونچا لہرانے کے لیے جان دینے کا موقع ملے تو مسکراتا ہوا، خوشی سے اٹھلاتا ہوا حضرت خبیب کی طرح تختۂ دار کی طرف بڑھے۔ کیونکہ موت اس کے لیے ہلاکت وفنا کا پیغام لے کر نہیں آئی بلکہ حیاتِ جاودید کی نوید نہیں بلکہ وصال حبیب کا مژدہ لے کر آئی ہے۔ الموت جسر یوصل الحبیب الی الحبیب موت ایک پل ہے جو یار کو یار سے ملاتی ہے۔ اگر یہ نظریہ ہو تو پھر حق کو قبول کرے ورنہ حق کا دامن پکڑ کر نہ اپنے آپ کو رسوا کرے اور نہ حق کو بدنام۔

۱۳ مشرکین مکہ کا ذکر ہے کہ وہ ان بتوں کی پوجا کرتے ہیں جو نہ انہیں نفع پہنچا سکتے ہیں نہ نقصان یعبد الصنم الذی لا ینفع ولا یضر۔ (قرطبی)

۱۴ علامہ عثمانی لکھتے ہیں: "یعنی بتوں سے نفع کی تو امید موہوم ہے بت پرستوں کے زعم کے مطابق لیکن ان کو پوجنے کا جو ضرر ہے وہ قطعی اور یقینی ہے اس لیے فائدہ کا سوال تو بعد کو دیکھا جائے گا نقصان ابھی ہاتھوں ہاتھ پہنچ گیا۔"

۱۵ قیامت کے دن جب شرک وبت پرستی کی سزا انہیں سنائی جائیگی تو کہہ اٹھیں گے یہ بت جن کی امداد پر ہم تکیہ کیے بیٹھے

يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

داخل کریگا ؎۲۶ انھیں جو ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کیے باغات میں رواں ہیں جن کے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۱۴﴾ مَنْ كَانَ يَظُنُّ

نیچے نہریں۔ بیشک اللہ تعالیٰ کرتا ہے جو چاہتا ہے اور جو شخص یہ خیال لیے بیٹھا ہے کہ

اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کی مدد نہیں کرے گا نہ دنیا میں اور نہ آخرت میں ؎۲۷ تو اسے چاہیے کہ لٹک جائے ایک رسی کے

لٹکتے نکلے۔ مولیٰ: دوست اور مددگار۔ عشیر: ساتھی یعنی الوثن (مظہری) مجاہد یعنی الوثن (قرطبی) یعنی وہ اپنے بتوں کے متعلق یوں اظہارِ افسوس کریں گے۔

؎۲۶ گمراہوں کے احوال اور ان کا مآل بیان کرنے کے بعد اب اپنے بندوں کا ذکر فرمایا جارہا ہے اور جو نوازشات ان پر کی جانے والی ہیں ان سے انھیں آگاہ کیا جارہا ہے۔

؎۲۷ لن ینصرہ کی ضمیر کا مرجع حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اہل عرب مسلمانوں کی تنگدستی اور کمزوری کو دیکھتے تو خیال کرتے کہ ایسے ناداروں اور کمزوروں کے ساتھ مل کر ہمیں کیا حاصل ہوگا خواہ مخواہ اہل مکہ کے ساتھ اپنے دیرینہ خاندانی مراسم کو مجروح کیوں کریں۔ اس نبی کی مدد نہ آج تک اس کے خدا نے کی ہے اور نہ ایسے قرائن موجود ہیں جن سے یہ پتہ چلے کہ آئندہ ان کی وہ مدد کرے گا اور ان کی مفلوک الحالی اور بے بسی دُور ہو جائے گی۔

انھیں بتایا جارہا ہے کہ یہ محض تمھاری غلط فہمی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کی مدد کرے گا اور ضرور کرے گا۔ تم دیکھو گے کہ ہر طرف اسی کے نام کا ڈنکا بج رہا ہوگا اور اس کے قدموں میں سونے اور چاندی کے ڈھیر لگے ہوں گے اور جسے یہ بات گوارا نہ ہو اس کے لیے ایک ہی راستہ ہے کہ وہ اپنے گلے میں رسے کا پھندا ڈالے اور چھت سے لٹک جائے اور پھر اس رسے کو کاٹ دے تاکہ تڑپ تڑپ کر مرجائے۔ میرے محبوب کے لیے حسد کی جو آگ تمھارے دلوں میں بھڑک رہی ہے اس کو فرو کرنے کا یہی ایک طریقہ ہے۔

جمہور مفسرین نے آیت کے اسی مفہوم کو پسند کیا ہے لیکن بعض کی رائے ہے کہ ینصر کا معنی یرزق رزق دینا ہے اور ہٗ ضمیر کا مرجع عام آدمی ہیں۔ اس صورت میں آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ جو شخص فقر و فاقہ کی سختیاں جھیل رہا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مایوس ہو چکا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے کبھی فراخ روزی نہیں دیگا۔ ایسے آدمی کے لیے بہتر ہے کہ وہ سسک سسک کر جان نہ دے بلکہ ابھی گلے میں رسہ ڈال کر اپنے آپ کو چھت سے لٹکا کر خودکشی کرلے۔ لیکن

السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿۱۵﴾

ذریعہ چھت سے پھر گلے میں پھندا ڈال کر) اسے کاٹ دے پھر دیکھئے آیا دور کر دیا ہے اس کی (خودکشی کی) تدبیر نے اسکے غم و غصہ کو۔

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿۱۶﴾

اور اسی طرح ہم نے اتارا ہے اس کتاب کو روشن دلیلوں ۱۸ کی شکل میں اور بیشک اللہ تعالیٰ ہدایت دیتا ہے جس کو چاہتا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـِٕيْنَ وَالنَّصٰرٰى

بیشک اہل ایمان، یہودی، ستارہ پرست، عیسائی،

وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ

آتش پرست اور مشرک، ضرور فیصلہ فرمائے گا اللہ تعالیٰ ان سب (گروہوں)

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۷﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ

کے درمیان قیامت کے دن ۱۹ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کا مشاہدہ فرما رہا ہے۔ کیا تم ملاحظہ نہیں کر رہے

اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ

کہ اللہ تعالیٰ کو ہی سجدہ کر رہی ہے ہر چیز جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے ۲۰ نیز آفتاب

آیت کے سیاق و سباق کو اگر پیش نظر رکھا جائے تو پہلا مفہوم ہی صحیح معلوم ہوتا ہے۔

سبب: حبل رسی۔ السماء ای سماء بیتہ ای سقف بیتہ گھر کی چھت (مظہری)

۱۸ یعنی ایسے دلائل نازل فرمائے جن سے عقیدۂ توحید، عقیدۂ قیامت اور رسالت محمد مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے۔

۱۹ یعنی وہ سب کے اعمال، احوال، نظریات اور عقاید پر آگاہ ہے وہ اپنے کامل علم کے مطابق سب کے درمیان فیصلہ فرما دے گا۔

۲۰ اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی کو بڑے پر جلال اسلوب میں بیان فرمایا جا رہا ہے کہ ہر چیز زمین و آسمان، شمس و قمر، دشت و جبل، چوپائے اور انسان سب اس کے سامنے سربسجود ہیں۔ تکوینی لحاظ سے کائنات کی ہر چیز خواہ شعور و ادراک سے متصف ہو یا محروم، احکام تکوینیہ کے سامنے سرافگندہ ہے اس لحاظ سے کافر اور مومن، فاسق و متقی سب داخل ہیں۔ کیونکہ انہیں بھی اللہ تعالیٰ

وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ

مہتاب، ستارے، پہاڑ، درخت اور چوپائے اور بہت سے

مِّنَ النَّاسِ ؕ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ؕ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ

انسان بھی (اسی کو سجدہ کرتے ہیں) اور بہت لوگ ایسے بھی ہیں جن پر عذاب مقرر ہو چکا ہے اور دیکھو جس کو ذلیل کرے اللہ تعالیٰ

فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ؕ ⁽¹⁸⁾ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ

تو کوئی اسے عزت دینے والا نہیں ہے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ یہ دو فریق ہیں [21]

کے احکام تکوینیہ کے سامنے دم مارنے کی مجال نہیں۔ ان کی پیدائش' ان کی موت' ان کا مرض' ان کی صحت غرضیکہ ہر چیز امر الٰہی سے معرضِ وجود میں آ رہی ہے لیکن اس عالم کی وہ مخلوق جو عقل وفہم کی نعمت سے مشرف کی گئی ہے۔ اسے اس تکوینی خضوع کے علاوہ اختیاری سجدہ کرنے کا بھی مکلف کیا گیا ہے اور اس اختیاری سجدہ نہ کرنے کی وجہ سے کفار وفساق کو سزا ملے گی لیکن علماء متقدمین اور محدثین کی رائے ہیں کائنات کی ہر چیز اختیاری سجدہ کر رہی ہے۔ کیونکہ جمادات ہمارے لحاظ سے مردہ و بے جان ہیں لیکن انھیں ایسی زندگی دی گئی ہے جس سے وہ اللہ تعالیٰ کی اختیاری طور پر اطاعت کر رہی ہیں اور اس کی حمد وثنا میں زمزمہ سنج ہیں۔ ارشادِ الٰہی ہے وان من شیئٍ الا یسبح بحمدہ ولکن لا تفقھون تسبیحھم کہ ہر چیز اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کر رہی ہے لیکن تم ان کی تسبیح کو سمجھ نہیں سکتے۔ اور حدیث شریف میں ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الجبل ینادی الجبل یا فلان ھل مربک احد یذکر اللہ (رواہ الطبرانی من حدیث ابن مسعود) یعنی حضور نے فرمایا کہ ایک پہاڑ دوسرے پہاڑ سے پوچھتا ہے کہ اے فلاں پہاڑ! کیا آج تیرے ہاں کسی ایسے بندے کا گزر ہوا جو یادِ الٰہی میں مشغول تھا نیز مسلم شریف میں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ میں ان پتھروں کو جانتا ہوں کہ جب میں ان کے پاس سے گزرتا ہوں تو وہ میری جناب میں درود وسلام پیش کرتے ہیں۔ وقال البغوی ھذا مذھب حسن موافق لقول اھل السنۃ۔ (مظہری)

علامہ بغوی کہتے ہیں کہ یہ رائے ہی اہلِ سنت کے اقوال کے موافق ہے اور یہی پسندیدہ مذہب ہے۔

[21] ان دو گروہوں سے کون لوگ مراد ہیں؟ اس کے متعلق امام مسلم نے حضرت ابوذر سے یہ حدیث روایت کی ہے اور اسی حدیث سے انھوں نے اپنی جلیل المرتبت کتاب کو ختم کیا قیس بن عباد کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوذر کو قسم اٹھا کر یہ کہتے سنا کہ یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جنھوں نے میدانِ بدر میں ایک دوسرے کو دعوتِ مبارزت دی۔ اسلام کی طرف سے حضرت حمزہ' علی اور عبیدہ بن حارث رضی اللہ عنہم تھے اور کفر کی طرف سے ربیعہ کے دونوں بیٹے عتبہ

اخْتَصَمُوا فِي رَبِّهِمْ فَالَّذِينَ كَفَرُوا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ

جو جھگڑ رہے ہیں اپنے رب کے بارے میں تو وہ لوگ جنہوں نے کفر اختیار کیا تیار کر دیئے گئے ہیں ان کے لیے کپڑے

نَّارٍ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوسِهِمُ الْحَمِيمُ ﴿١٩﴾ يُصْهَرُ بِهِ مَا فِي

آتش (جہنم) سے۔ انڈیلا جائیگا انکے سروں پر کھولتا ہوا پانی۔ گل جائیگا اس کھولتے پانی سے

اور شیبہ اور عتبہ کا لڑکا ولید وبھذا الحدیث ختم مسلم رحمہ اللہ کتابہ۔ (قرطبی)

اس واقعہ کی تفصیل یہ ہے کہ بدر کے دن عتبہ اپنے بھائی شیبہ اور اپنے بیٹے ولید کو لے کر میدان جنگ میں نکلا اور مسلمانوں کو للکارا۔ انصار کے تین نوجوان ان کے مقابلہ کے لیے نکلے۔ عتبہ نے پوچھا تم کون ہو انھوں نے اپنا نام و نسب بتایا تو عتبہ نے نبی مکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا نام لے کر کہا اخرج الینا اکفاءنا من قومنا۔ ہمارے مقابلے میں ان کو بھیجو جو نسب اور قوت میں ہمارے ہم پلہ ہوں۔ حضور نے ارشاد فرمایا قم یا عبیدۃ بن الحارث یا حمزۃ بن المطلب یا علی بن ابی طالب۔ تعمیل حکم میں تینوں بجلی کی سرعت کے ساتھ میدان میں جا کھڑے ہوئے۔ حضرت عبیدہ نے عتبہ کو حضرت حمزہ نے شیبہ اور سیدنا علی نے ولید کو للکارا حضرت حمزہ اور حضرت علی نے اپنے اپنے حریفوں کو چشم زدن میں ڈھیر کر دیا لیکن حضرت عبیدہ اور عتبہ کے درمیان جنگ جاری رہی۔ دونوں ایک دوسرے کے وار سے سخت زخمی ہو گئے حضرت حمزہ اور سیدنا علی اپنی خارہ شگاف تلواروں کو لہراتے ہوئے عتبہ پر ٹوٹ پڑے اور اسے موت کے گھاٹ اتار دیا حضرت عبیدہ کی ٹانگ کٹ کر الگ ہو گئی تھی اور اس کا گودا باہر بہ رہا تھا اسی حالت میں انھیں اٹھا کر بارگاہِ محبوب رب العالمین میں لے آئے آپ نے اپنے آقا و مولا کو دیکھ کر عرض کیا۔ الستُ شہیداً؟ کیا میں نعمتِ شہادت سے سرفراز نہیں ہوں حضورؐ نے فرمایا بلی۔ بے شک تجھے شہادت کی سعادت ارزانی ہوئی۔ زندگی کے آخری لمحوں میں جوشِ عشق کا یہ عالم ہے کہ کسی بات کو یاد نہ کیا۔ صرف یہ کہا کہ اگر آج ابو طالب زندہ ہوتے تو انھیں معلوم ہو جاتا کہ ان کے ان شعروں کا مصداق میں ہوں ؎

كذبتم وبيت الله يُبزى محمدٌ ولما نطاعن دونه ونناضل

ونسلمه حتى نصرع حوله ونذهل عن ابناءنا والحلائل

اللہ تعالیٰ کے گھر کی قسم اے مشرکین تم جھوٹ کہتے ہو (حضورؐ کو یونہی مغلوب کر لیا جائے گا اور ہم حضورؐ کی طرف سے تمہارے ساتھ جنگ نہیں کریں گے ہم اسی وقت حضورؐ کو تمہارے حوالے کر سکتے ہیں جبکہ ہماری لاشیں حضورؐ کے ارد گرد گری پڑی ہوں اور ہم اپنے فرزندوں سے غافل ہو گئے ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان محبانِ پاکباز کے صدقے ہمیں بھی یہی عشق یہی شجاعت اور یہی جذبہ ایثار مرحمت فرمائے اور شہادت کی اسی نعمت سے مالا مال فرمائے آمین ثم آمین یا رب العالمین۔ انک اکرم الاکرمین وخیر المسئولین۔ لا یرد سائل من حضرتک السنیۃ خائبا وسمعنا من حبیبک وھو یخبرنا

بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿٢٠﴾ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿٢١﴾ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا

جو کچھ ان کے شکموں میں ہے اور ان کی چمڑیاں بھی گل جائیں گی اور ان (کو مارنے) کے لیے گرز ہونگے لوہے کے [۲۲] جب بھی ارادہ کریں گے

اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا عَذَابَ

اس سے نکلنے کا غم و رنج و الم کے باعث تو انھیں لوٹا دیا جائیگا اس میں اور (کہا جائیگا) کہ چکھو جلتی ہوئی آگ کا

الْحَرِيْقِ ﴿٢٢﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

عذاب۔ یقیناً اللہ تعالیٰ داخل کریگا ان لوگوں کو جو ایمان بھی لے آئے اور عمل بھی نیک کرتے رہے [۲۳]

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ

جنتوں میں بہتی ہیں جن کے نیچے ندیاں انھیں پہنائے جائیں گے جنت میں سونے کے

ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿٢٣﴾ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ

کنگن اور موتیوں کے ہار۔ اور ان کی پوشاک وہاں ریشمی ہوگی۔ اور ان کی رہنمائی کی گئی تھی پاکیزہ

مِنَ الْقَوْلِ ښ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿٢٤﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

قول کی طرف [۲۴] اور دکھایا گیا تھا انھیں راستہ اللہ تعالیٰ کا جو تعریف کیا گیا ہے۔ بیشک وہ لوگ جنھوں نے کفر اختیار کیا

عنك وانك حيي كريم تستحي ان ترد يد عبدك صفرا۔

خصمان سے اہل باطل بھی مراد لیے جا سکتے ہیں۔

[۲۲] الٰہی اپنے ہر قسم کے عذابوں سے بچا۔ تیری نگاہِ لطف و کرم میں ہی اگر کمی ہو جائے تو ہم سوختہ دلوں کے لیے قیامت سے کم نہیں چہ جائیکہ تو ناراض ہو۔

[۲۳] اب اپنے مقبولوں پر اپنے احسانات خسروانہ کا بیان ہو رہا ہے۔

[۲۴] ان عنایات بے غایات کی وجہ بیان فرمائی جا رہی ہے کہ دنیا میں اللہ تعالیٰ نے پاکیزہ قول کی طرف اپنے بندوں کی راہنمائی فرمائی اور انھیں اس راستہ پر گامزن ہونے کی توفیق بخشی جو سیدھا اس خداوند عالم کی طرف لے جاتا ہے جو ہر قسم کی تعریف اور ستائش کا حقدار ہے۔ اللّٰھم ادخلنا فیھم بجاھھم عندك۔

وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنٰهُ

اور (دوسروں کو) روکتے ہیں ۲۵ اللہ تعالیٰ کی راہ سے اور مسجد حرام سے ۲۶ جسے ہم نے (بلا امتیاز)

لِلنَّاسِ سَوَآءَ الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ ۚ وَمَنْ يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ

سب لوگوں کے لیے (مرکز ہدایت) بنایا ہے یکساں ہیں اس میں وہاں کے رہنے والے اور پردیسی۔ اور جو ارادہ کرے اس میں زیادتی

بِظُلْمٍ نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرٰهِيمَ مَكَانَ

کا ناحق ۲۷ تو ہم اسے چکھائیں گے دردناک عذاب۔ اور یاد کرو جب ہم نے مقرر کردی ابراہیم کے لیے ۲۸ اس گھر

۲۵ اب پھر مشرکین و کفار کی کارستانیوں کی طرف اشارہ کیا جارہا ہے کہ وہ بدبخت خود تو گمراہ تھے لیکن وہ یہ بھی برداشت نہیں کرسکتے کہ کوئی اور اس دین حق کو قبول کرے۔ اسلام کی شاہراہ پر ایک رکاوٹ بن کر کھڑے ہوگئے ہیں جو خوشی سے اس راہ پر چلنا چاہے اسے بھی سختی سے روک دیتے ہیں۔

۲۶ مسجد حرام اللہ تعالیٰ کا گھر ہے۔ اس پر کسی کی اجارہ داری نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ہر بندہ بے روک ٹوک وہاں اپنے خداوند کریم کی یاد، اس کا ذکر، اس کی عبادت کرسکتا ہے کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ حج اور عمرہ کرنے کی غرض سے آنے والوں کو روکے، طواف کرنے اور دیگر مناسک ادا کرنے میں مزاحمت کرے۔ یہ اس خدا کا گھر ہے جو رب المشرقین و المغربین ہے۔ اس کے دروازے جس طرح مکہ کے رہنے والوں کے لیے کھلے ہیں اسی طرح دنیا کے ہر گوشہ سے آنے والوں کے لیے بھی کشادہ ہیں۔ یہاں مکی اور غریب الدیار مسافر میں کوئی امتیاز نہیں۔ سب کے حقوق یہاں یکساں ہیں۔

گویا عالم اسلامی کے ہر خطہ میں رہنے والے کو یہاں شہری حقوق حاصل ہیں۔

عاکف کا معنی ہے مقیم اور باد کا معنی ہے پردیسی جنگل اور صحرا سے آنے والا۔

اس آیت سے اکثر علماء اسلام نے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے کہ حرم مکہ اس کی زمین اور اس پر بنے ہوئے مکانات سب وقف کے حکم میں ہیں۔ نہ انھیں کوئی بیچ سکتا ہے اور نہ ان کا کرایہ وصول کرسکتا ہے۔ اس مسئلہ پر یہاں تفصیل سے بحث نہیں کی جاسکتی۔ جو لوگ اس کی تفصیل جاننا چاہتے ہیں وہ کتب فقہ اور تفسیر کی طرف رجوع کریں۔

۲۷ گناہ ہر جگہ معیوب ہے اور ظلم و شرک ہر جگہ قبیح ہے لیکن حرم کعبہ میں معیوب ترین اور قبیح ترین ہے۔ وہاں اگر کوئی اس کا ارتکاب کرے گا تو وہ زیادہ سزا کا مستحق ہے۔

۲۸ حضرت خلیل علیہ السلام کو جب تعمیر کعبہ کا حکم ملا تو اب انھیں یہ فکر دامنگیر ہوئی کہ کونسی وہ مخصوص جگہ ہے جہاں اللہ کا یہ گھر تعمیر کیا جائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس مخصوص جگہ پر مطلع فرمادیا اور آپ اپنے فرزند ارجمند اسماعیل علیہ السلام کے

الْبَيْتِ أَنْ لَّا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَ

کے (تعمیر کرنے) کی جگہ اور حکم دیا کہ شریک نہ ٹھہرانا میرے ساتھ کسی چیز کو ۲۹ اور صاف ستھرا رکھنا میرے گھر کو طواف کرنے والوں

الْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿٢٦﴾ وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوْكَ

قیام کرنے والوں اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لیے۔ اور اعلان عام کردو لوگوں میں حج کا ۳۰ وہ آئیں گے

رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّأْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿٢٧﴾

آپ کے پاس پاپیادہ اور ہر دبلی اونٹنی پر سوار ہو کر جو آتی ہیں ہر دور دراز راستہ سے۔

ساتھ تعمیر کعبہ میں مشغول ہو گئے۔

بوّأنا ای عیّنا۔ (مظہری)

۲۹؎ تعمیر کعبہ کے ساتھ ایک حکم یہ دیا گیا کہ یہاں شرک کرنے کی قطعاً ممانعت کر دی جائے۔ یہ گھر صرف اللہ وحدہٗ لاشریک کی عبادت کے لیے بنایا جا رہا ہے۔ یہاں کسی جھوٹے خدا کی عبادت کو ہرگز ہرگز روا نہیں رکھا جا سکتا۔ نیز یہ بھی ارشاد فرمایا کہ یہ میرا گھر کیونکہ میرے انوار کی تجلی گاہ ہے اس لیے اس کی ظاہری صفائی کا بھی پورا اہتمام کیا جائے فرش آئینہ کی طرح چمک رہا ہو۔ دیواریں صاف اور اجلی ہوں تاکہ میری یاد کرنے والے جب یہاں آئیں تو روحانی پاکیزگی کے ساتھ ظاہری نظافت سے ان کی طبیعتوں میں نشاط ہو اور ان کے ذوق و شوق میں اضافہ ہو۔ اسی سے مساجد کی صفائی اور ان کو ہر قسم کی آلودگیوں سے پاک رکھنے کا حکم ثابت ہوتا ہے۔

۳۰؎ حضرت ابراہیم جب کعبہ کی تعمیر سے فارغ ہوئے تو حکم ملا۔ اے ابراہیم اب اعلان کر دو کہ خدا کا گھر تیار ہو گیا ہے خدا کے بندو آؤ اور حج کرو۔ آؤ اور فریضۂ حج ادا کرو۔ انھوں نے عرض کی الٰہی میری آواز کہاں تک پہنچے گی۔ فرمایا وَ اَذِّن وعلیّ الابلاغ۔ تم اعلان کرو۔ اس آواز کو پہنچانا میرا کام ہے۔ چنانچہ آپ جبل ابی قبیس پر تشریف لے گئے اور حج کا اعلان فرما دیا۔ جو لوگ ابھی پیدا نہیں ہوئے تھے انھوں نے بھی اس اعلان کو سن کر لبیک اللّٰھم لبیک کہا جس نے دعوت ابراہیمی پر لبیک کہی اسے ہی حج کی سعادت نصیب ہوگی۔ اور جتنی بار جس نے لبیک کہی اتنی بار وہ حج کرے گا۔ رجالًا راجل کی جمع ہے۔ پیدل الضامر: البعیر المھزول الذی اتعبہ السفر۔ وہ دبلا پتلا اونٹ جس کو سفر نے درماندہ کر دیا ہو۔ عمیق کا معنی یہاں گہرا نہیں بلکہ بعید ہے۔

العمیق معناہ البعید۔

لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْۤ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ

(اعلان کیجیے) تاکہ وہ حاضر ہوں اپنے (دینی و دنیوی) فائدوں کیلئے [۳۱] اور ذکر کریں اللہ تعالیٰ کے نام کا مقررہ دنوں میں [۳۲]

عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا

ان بے زبان چوپایوں پر (ذبح کے وقت) جو اللہ تعالیٰ نے انھیں عطا فرمائے ہیں۔ پس خود بھی کھاؤ ان سے [۳۳] اور کھلاؤ

[۳۱] حج کرنے کی حکمت بیان فرمادی کہ یہاں آئیں گے تو دینی اور روحانی برکتوں کے ساتھ ساتھ دنیاوی نعمتوں سے بھی مالامال کر کے واپس بھیجے جائیں گے۔ دینی برکت تو یہ ہے جس کا حضورؐ نے ان الفاظ میں اظہار فرمایا ہے:۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حج للہ فلم یرفث ولم یفسق رجع کیوم ولدتہ امہ۔

یعنی جس نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے حج کیا اور اس اثنا میں فحش کلامی اور برائی سے بچا رہا وہ جب لوٹے گا تو گناہوں سے اس طرح پاک ہوگا جس طرح اُس دن پاک تھا جب اس کی ماں نے اُسے جنا تھا اور دنیوی منفعت یہ ہے کہ لوگ کاروبار کرتے ہیں۔ خوب نفع حاصل کرتے ہیں اور دُور دراز ملکوں سے آنے والے لوگ اپنی ضروریات کی چیزیں خرید کر لے جاتے ہیں حضرت سعید بن جبیر فرماتے ہیں:۔ المراد بہا التجارۃ۔ مجاہد کا قول ہے:۔ التجارۃ وما یرضی اللہ بہ من امر الدنیا والآخرۃ۔ تجارت اور دُنیا اور آخرت کا ہر وہ کام جو اللہ تعالیٰ کی رضا کا باعث ہو۔

اگر بنظرِ غائر دیکھا جائے تو حج دنیائے اسلام کی ایک عالمی کانفرنس بھی ہے۔ ذکر و عبادت، حج و قربانی کے علاوہ دنیائے اسلام کے تمام مسائل پر غور و فکر کرنے کا ایک زریں موقع ہے۔ خلفائے راشدین کے زمانہ میں ایام حج میں مملکتِ اسلامیہ کے تمام صوبوں کے گورنر اور دیگر اعلیٰ حکام مکہ میں جمع ہوتے بلکہ حضرت فاروق اعظم خاص اہتمام سے اکٹھا کرتے ہر ملک کے حالات سنتے اور مقامی مشکلات کو دور کرنے کے لیے مشورے کرتے اگر کسی علاقہ کے لوگوں کو اپنے افسرانِ اعلیٰ سے کوئی شکایت ہوتی تو وہ برملا اس کا اظہار کرتے اور حضرت فاروقؓ اور دیگر خلفاء ان کا موثر تدارک کرتے لیکن افسوس کہ بعد میں مسلمانوں نے حج کی اس عالمی اہمیت کو فراموش کر دیا۔

[۳۲] "جانے ہوئے دنوں" سے ذی الحجہ کا عشرہ مراد ہے جیسا کہ حضرت علیؓ، ابن عباس، حسن و قتادہ رضی اللہ عنہم کا قول ہے اور یہی مذہب ہے ہمارے امام اعظم حضرت ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا اور صاحبین کے نزدیک "جانے ہوئے دنوں" سے ایام نحر مراد ہیں یہ قول ہے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا اور ہر تقدیر پر یہاں ان دنوں سے خاص روزِ عید مراد ہے۔" (خزائن العرفان)

[۳۳] کفار حج کے موقع پر جو جانور ذبح کرتے تھے ان کا گوشت خود نہیں کھاتے تھے۔ مسلمانوں کو اجازت دی جا رہی ہے کہ تم خود بھی کھاؤ اور جو غریب و مسکین ہیں ان کو بھی کھلاؤ۔ البتہ جو جانور بطور کفارہ ذبح کیے جائیں گے ان کا کھانا کفارہ دینے والے کے لیے جائز نہیں۔

الْبَآئِسَ الْفَقِيرَ ﴿٢٨﴾ ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ

مصیبت زدہ محتاج کو۔ پھر چاہیے کہ دور کریں ۳۴؎ اپنی میل کچیل اور پوری کریں اپنی نذریں

وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ ﴿٢٩﴾ ذَٰلِكَ ۖ وَمَنْ يُعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللَّهِ

اور طواف کریں ۳۵؎ ایسے گھر کا جو بہت قدیم ہے۔ ان احکام کو یاد رکھو ۳۶؎ اور جو شخص تعظیم کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی حرمتوں کی

فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ عِنْدَ رَبِّهِ ۗ وَأُحِلَّتْ لَكُمُ الْأَنْعَامُ إِلَّا مَا يُتْلَىٰ

۳۷؎ تو یہ بہتر ہے اسکے لیے اسکے رب کے ہاں۔ اور حلال کیے گئے تمہارے لیے جانور بجز انکے جن کی حرمت پڑھی

عَلَيْكُمْ ۖ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ

گئی تم پر ۳۸؎ پس پرہیز کرو بتوں کی نجاست سے ۳۹؎ اور بچو جھوٹی بات

۳۴؎ حالت احرام میں حجامت کرنے، خوشبو اور تیل لگانے اور بلاضرورت غسل کرنے کی ممانعت ہے جس کی وجہ سے حجامت بڑھ جاتی ہے۔ بال پراگندہ ہو جاتے ہیں۔ جسم پر میل کی تہیں جم جاتی ہیں۔ ارشاد ہے کہ جب تم جانور ذبح کر چکو تو اب تم حجامت بناؤ، غسل کرو، کپڑے بدلو اور میل کچیل کو دور کرو۔

۳۵؎ اس سے مراد طواف زیارت ہے۔

۳۶؎ اس کی ترکیب کی کئی صورتیں ہیں۔ سب سے آسان اور واضح صورت ہے کہ یہ مفعول ہے فعل محذوف کا۔ تقدیر کلام یوں ہوگی۔ احفظ ذالک و ذالک اشارۃ الی ما سبق من الاحکام (مظہری) ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔

۳۷؎ اللہ تعالیٰ کی محترم چیزوں کی جو تعظیم کرتا ہے اور انھیں مقررہ آداب و شرائط کے ساتھ بجا لاتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ اس کا اجر عطا فرمائے گا اور اس کی یہ مشقت اس کے لیے باعث خیر و برکت ہوگی۔

۳۸؎ کفار نے بہت سے جانوروں کو اپنے من گھڑت قانون سے حرام قرار دے دیا تھا۔ جیسے بحیرہ، سائبہ وغیرہ۔ مسلمانوں کو بتایا جا رہا ہے کہ یہ سب کفار کے من گھڑت مسئلے ہیں۔ حرام وہی جانور ہیں جن کا پہلے ذکر گزر چکا ہے۔ ان کے علاوہ سب حلال ہیں۔ تم انھیں مزے سے کھا سکتے ہو۔

۳۹؎ مسلمانوں کو حکم دیا جا رہا ہے کہ یہ بت جن کو مشرکین نے اپنا معبود بنایا ہوا ہے یہ تو سراسر نجاست اور غلاظت ہیں۔ ان سے دور بھاگو اور ہر قسم کی جھوٹی باتوں سے اجتناب کرو۔ کذب بیانی، جھوٹی شہادت، کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک کہنا، فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں کہنا یہ سب قول زور میں شامل ہیں۔

الزُّورِ ﴿٣٠﴾ حُنَفَاۤءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ۭ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ

سے۔ یکسو مائل ہوتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف نہ شریک ٹھہراتے ہوئے اللہ کیساتھ ٤٠ اور جو شریک ٹھہراتا ہے اللہ تعالیٰ کیساتھ

فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَاۤءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ

٤١ تو اس کی حالت ایسی ہے گویا وہ گرا ہو آسمان سے پس اُچک لیا ہو اسے کسی پرندے نے یا پھینک دیا ہو اسے ہوا نے

مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿٣١﴾ ذٰلِكَ ۤ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَاۤئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ

کسی دور جگہ میں۔ حقیقت یہ ہے اور جو ادب و احترام کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کا تو یہ (احترام) اس وجہ سے

تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿٣٢﴾ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ

ہے کہ دلوں میں تقویٰ ہے ٤٢ تمہارے لیے مویشیوں میں طرح طرح کے فائدے ہیں ٤٣ ایک معین مدت تک پھر

٤٠ شرک سے منہ موڑ کر کمال یکسوئی سے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔ کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ نہ ذات میں اور نہ صفات میں۔ اس کی ذات واجب الوجود ہے۔ اس کی صفات قدیم اور ذاتی ہیں۔ باقی جہاں کہیں بھی کوئی خوبی یا کمال ہے کسی کا اپنا نہیں سب اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ کا عطا فرمایا ہوا ہے۔ وجود، علم، اختیار، سمع و بصر غرضیکہ جو کچھ اور جتنا کچھ کسی کے پاس ہے وہ بخشش خداوندی ہے جب اس کے سوا ہر چیز اپنی تمام صفات کمال حتیٰ کہ اپنے وجود میں بھی اللہ تعالیٰ کی محتاج ہے تو وہ اس کی شریک کیسے ہو سکتی ہے۔ ان سراپا احتیاج اشیاء کو خدا سمجھنا بڑی حماقت اور نادانی ہے۔

٤١ جو بدبخت کسی کو کسی حیثیت سے خدا کا شریک ٹھہراتا ہے وہ تباہ و برباد ہو کر رہیگا۔ اس کی مثال یوں سمجھو گویا اسکو آسمان کی بے اندازہ بلندی سے نیچے پھینک دیا گیا ہو کیا ایسے شخص کے بچنے کا کوئی امکان ہے ہرگز نہیں۔ یا تو کوئی شکاری پرندہ اسے ہوا ہی میں دبوچ کر اس کو اپنا نوالہ بنا لے گا ورنہ اتنی بلندی سے جب زمین پر گرے گا تو اس کی ہڈیاں چور چور ہو جائینگی۔ اور اس کا گوشت ریزہ ریزہ ہو جائے گا۔ دونوں صورتوں میں اس کی ہلاکت یقینی ہے۔ (العیاذ باللہ)

٤٢ امام ابن جریر لفظ شعائر کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ شعیرۃ بروزن فعیلۃ کی جمع ہے۔ اس کا معنی ہے وہ علامت جس سے کسی چیز کی پہچان ہو سکے۔ وشعائرہ التی جعلہا امارات بین الحق والباطل یعنی جن چیزوں سے حق اور باطل کی شناخت ہو سکے ان کو شعائر اللہ کہتے ہیں۔

قرآن کریم میں صفا و مروہ کی پہاڑیوں، قربانی کے جانوروں کو اللہ تعالیٰ کے نشان کہا گیا ہے اور ان کی تعظیم و تکریم کا حکم دیا گیا ہے۔ جب یہ چیزیں شعائر اللہ ہیں تو مدینہ طیبہ اور اس کے گلی کوچے، اولیائے کرام اور ان کے آثار اور

مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۳۳﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا

انکے ذبح کرنے کا مقام ۴۴ بیت عتیق کے قریب ہے ۔ اور ہر امت کے لیے ہم نے مقرر فرمائی ہے ایک قربانی ۴۵ تاکہ

انکے مزارات پرانوار کیوں شعائر اللہ میں شامل نہیں۔ شرک کی مذمت کے بعد شعائر اللہ کی تعظیم وتکریم کا حکم دیا جارہا ہے اور اس کو دل کے تقویٰ کی علامت قرار دیا جارہا ہے اس سے معلوم ہوا کہ محبوبانِ الٰہی اور ان کے آثار کی تعظیم و احترام شرک نہیں تاکہ قبیح اور مذموم ہو۔ جس طرح آجکل بعض لوگ خیال کرتے ہیں بلکہ جذبۂ خدا ترسی کی نشانی ہے اور اللہ تعالیٰ سے دلی لگاؤ کی دلیل ہے کیونکہ جس سے محبت ہوتی ہے اس کا جس چیز سے تعلق ہوتا ہے وہ بھی پیاری لگتی ہے ۔ عبادت اور تعظیم میں فرق نہ کرنا اور تعظیم کو عبادت شمار کرنا اور اسے شرک کہنا قرآن فہمی کا کوئی اچھا مظاہرہ نہیں ہے ۔

۴۳ یہ مویشی جو ہم نے پیدا کیے ہیں ان سے تم طرح طرح کے فائدے حاصل کرتے ہو ان پر سوار ہوتے ہو ان کا گوشت کھاتے ہو، ان کا دودھ پیتے ہو۔ ان کی اون اور کھال سے نفع اٹھاتے ہو اور اس کی تمہیں اجازت ہے لیکن ان سے ان فوائد کا حصول ایک مقررہ حد تک درست ہے اور وہ یہ ہے کہ جب تم ان کو حرم شریف میں قربانی دینے کے لیے متعین کر دو اسکے بعد تم ان سے یہ منافع حاصل نہیں کر سکتے البتہ شدتِ ضرورت کے پیش نظر جبکہ اس کے بغیر کوئی چارہ نہ ہے تو پھر ان سے استفادہ کی اجازت ہے ۔ قال ابو حنیفة لا یجوز رکوبها ولا الحمل علیها ولا شرب لبنها الا لضرورة ۔ امام صاحب نے فرمایا کہ قربانی کے جانوروں پر سوار ہونا۔ بوجھ لادنا اور ان کا دودھ پینا بجز اشد ضرورت کے جائز نہیں ۔ (مظہری)

۴۴ محلها۔ منحرها۔ ان کے ذبح کرنے کی جگہ الی البیت العتیق کا ثم کے ساتھ متعلق ہوکر محلها کا حال ہے یعنی جو جانور تم حج کے موقع پر بطور ہدی اپنے ہمراہ لے آؤ ان کو ذبح کرنے کی جگہ حرم شریف ہے ۔

۴۵ اے امتِ محمدیہ جانوروں کی قربانی کا حکم صرف تمہیں ہی نہیں دیا گیا بلکہ تم سے پہلے جتنی ہدایت یافتہ امتیں گزری ہیں۔ ان سب کو یہ حکم دیا گیا تھا۔ منسک کا معنی مجاہد نے یہ کیا ہے الذبح واراقة الدم ۔ ذبح کرنا اور خون بہانا ۔ جب کوئی شخص ذبح کرتا ہے تو کہا جاتا ہے۔ نسک ینسک نسکًا ۔ اور جو جانور ذبح کیا جائے اس کو نسیکة کہتے ہیں۔ اس کی جمع نُسُک ہے۔ اس ارشاد ربانی سے ان لوگوں کی غلطی بھی آشکارا ہوگئی جو حج کے موقعہ پر منیٰ میں قربانی دینے کے تو قائل ہیں لیکن عیدالاضحیٰ کے موقع پر تمام مسلمان جو قربانیاں دیتے ہیں اس کو اسراف اور اضاعت مال کہتے ہیں۔ حالانکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے مدینہ طیبہ کے دس سالہ قیام میں ہر سال مدینہ طیبہ میں قربانی دی، اور صحابہ کرام کو قربانی دینے کا حکم دیا اور اس کے احکام سے آگاہ کیا اور آج تک امتِ مسلمہ کا ہر جگہ اور ہر زمانہ میں اس پر عمل رہا ہے ۔

اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۗ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ

وہ ذکر کریں اللہ تعالیٰ کا اسم (پاک) ان بے زبان جانوروں پر ذبح کے وقت جو اللہ تعالیٰ نے انھیں عطا فرمائے ہیں ٦٦ پس تمہارا خدا خدائے

وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ۗ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿٣٤﴾ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ

واحد ہے تو اسی کے آگے سر جھکا دو ٦٧ اور (اے محبوب) مژدہ سنا دیجیے تواضع کرنے والوں کو ٦٨ وہ لوگ جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا

وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَاۤ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي

جاتا ہے تو ان کے دل ڈرنے لگتے ہیں اور جو صبر کرنے والے ہیں ان (مصائب و آلام) پر جو پہنچتے ہیں انھیں اور جو صحیح ادا کرنے والے

الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ

ہیں نماز کو اور ان چیزوں سے جو ہم نے انھیں عطا فرمائی ہیں وہ خرچ کرتے ہیں اور قربانی کے فربہ جانوروں ٦٩ کو ہم نے بنایا ہے

٦٦ اور قربانی دینے کا مقصد یہ ہے کہ جب تم مویشیوں کو ذبح کرو تو ذبح کرتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لو۔ بھیمۃ کہتے ہیں بے زبان کو اور بھیمۃ الانعام کی قید اس لیے لگا دی کہ وہ جانور نکل جائیں جو بھیمہ (بے زبان) تو ہیں لیکن انعام نہیں جیسے گھوڑے، خچر، گدھے وغیرہ۔

٦٧ قوانین شریعت میں باہمی اختلاف کے باوجود ہر امت اس عقیدہ میں یکدل اور یک زبان ہے کہ لا الٰہ الا اللہ۔ اس لیے اس کے پیدا کیے ہوئے جانور جب ذبح کرنے لگو تو صرف اسی کا نام پاک لے کر ذبح کرو اور اللہ تعالیٰ کے احکام کے سامنے اپنی گردنیں جھکا دو۔

٦٨ پست اور نشیبی زمین کو عربی میں الخبت کہتے ہیں۔ الخبت ما انخفض من الارض۔ مخبت سے مراد وہ مومن ہے جو متواضع اور منکسر المزاج ہو، غرور و تکبر کی اُسے ہوا تک نہ لگی ہو۔ قرآنی اصطلاح میں مخبت کا جو مفہوم ہے اس کی وضاحت اگلی آیت میں کر دی گئی ہے۔ اور جو لوگ ان صفاتِ حسنہ سے متصف ہیں ان کو خوشخبری سنانے کا حکم دیا جا رہا ہے۔

٦٩ اس آیت میں چند الفاظ تشریح طلب ہیں۔ بُدْن و بُدُنٌ جمع ہے اور اس کا واحد بَدَنَۃٌ ہے۔ جس طرح ثُمْرٌ و ثُمُرٌ جمع ہے اور اس کا واحد ثَمَرَۃٌ ہے۔ یہ بدانۃ سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے موٹا تازہ ہونا۔ البدانۃ السمن۔ اس کا اطلاق صرف اونٹ پر ہوتا ہے یا گائے پر بھی۔ اس میں علماء کا اختلاف ہے۔ امام شافعیؒ کے نزدیک اس کا مصداق صرف اونٹ ہیں اور حضرت امام صاحبؒ کے نزدیک اونٹ اور گائے دونوں پر اس کا اطلاق ہوتا رہتا ہے۔ یہاں ذبح کا جو طریقہ بیان ہو رہا ہے وہ اونٹ کے ساتھ مخصوص ہے اس لیے یہاں بُدْن سے مراد صرف اونٹ ہیں۔ صوآف۔ صاحب قاموس اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ وہ اونٹ جس کا بایاں ہاتھ باندھ دیا جائے اور وہ اپنے دونوں پاؤں اور دائیں

مِّنۡ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمۡ فِيۡهَا خَيۡرٌ ‌ۖ فَاذۡكُرُوا اسۡمَ اللّٰهِ عَلَيۡهَا صَوَآفَّ ‌ۚ

تمھارے لیے اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے تمھارے لیے ان میں بھلائی ہے پس لو اللہ تعالیٰ کا نام ان پر اس حال میں کہ ان کا ایک پاؤں

فَاِذَا وَجَبَتۡ جُنُوۡبُهَا فَكُلُوۡا مِنۡهَا وَاَطۡعِمُوا الۡقَانِعَ وَالۡمُعۡتَرَّ‌ ؕ

بندھا ہوا اور تین پر کھڑے ہوں۔ پس جب وہ گر پڑیں کسی پہلو پر تو خود بھی کھاؤ اس سے نیز کھلاؤ قناعت کرنے والے فقیر کو اور بھیک مانگنے

كَذٰلِكَ سَخَّرۡنٰهَا لَـكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ۝ لَنۡ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوۡمُهَا

والے کو۔ اس طرح ہم نے فرمانبردار بنا دیا ان جانوروں کو تمھارے لیے تاکہ تم (اس احسان کا) شکریہ ادا کرو نہیں پہنچتے اللہ تعالیٰ کو ان کے گوشت

ہاتھ کے سہارے کھڑا ہو اس کو صواف کہتے ہیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اونٹ ذبح (نحر) کرنے کا یہی طریقہ منقول ہے کہ اونٹ کو اس طرح کھڑا کر کے اس کے حلقوم میں زور سے تیز نیزہ مارا جاتا ہے جس سے خون کا فوارہ بہہ نکلتا ہے۔
وجبت۔ اس کا معنی گرنا۔ جب سورج غروب ہو جائے تو عرب کہتے ہیں وجبت الشمس۔ جب دیوار گر پڑے تو کہتے ہیں وجب الحائط۔ (قرطبی)

القانع: الجالس فی بیتہ المتعفف یقنع بما یعطی و لا یسال۔ وہ فقیر جو گھر میں بیٹھا رہے اور کسی کے آگے دستِ سوال دراز نہ کرے۔ المعتر الذی یسال۔ وہ فقیر جو بھیک مانگے الفاظ کی تشریح کے بعد اب آیت کے مفہوم کی طرف توجہ فرمایئے۔

قربانی کے یہ گراں قدر جانور اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے بعض نشانیاں ہیں۔ ان میں تمھارے لیے دینی اور دنیوی فائدے ہیں۔ اونٹوں کو جب ذبح (نحر) کرنے لگو تو ان کو اس طرح کھڑا کرو اور پھر ان پر اللہ تعالیٰ کا نام لو۔ نحر کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام یہ کلمات پڑھا کرتے تھے۔ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ عَلٰی مِلَّةِ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔ اور بعض احادیث میں صرف اتنے الفاظ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ۔ اور جب تم انھیں ذبح کر چکو اور روح نکل جائے اور وہ ٹھنڈے ہو جائیں تو پھر تمھیں اجازت ہے کہ ان کا گوشت پکا کر تم خود بھی کھاؤ اور ان مسکینوں کو بھی کھلاؤ جو قناعت کی چادر اوڑھے اپنے گھروں میں بیٹھے ہیں۔ نہ کسی سے اپنا حال کہتے ہیں اور نہ کسی کے سامنے ہاتھ پھیلاتے ہیں نیز ان سائلوں کو بھی دو جو تمھارے پاس آکر مانگتے ہیں۔

ذرا غور کرو جب تم ذبح کرنے لگتے ہو تو یہ جانور خاموش کھڑے رہتے ہیں۔ اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں کہ تم ان کی گردن

وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ۭ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ

اور نہ ان کے خون ۱۵؎ البتہ پہنچتا ہے اس کے حضور تک تقویٰ تمہاری طرف سے یوں اس نے فرمانبردار بنا دیا ہے

لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ۭ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ؀ اِنَّ اللّٰهَ

انھیں تمہارے لیے تاکہ تم بڑائی بیان کرو اللہ تعالیٰ کی اس نعمت پر کہ اس نے تم کو ہدایت دی۔ اور (اے حبیب!) خوشخبری دیجیے احسان کرنے والوں کو۔ یقیناً

يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ؀

اللہ تعالیٰ حفاظت فرماتا ہے اہل ایمان کی (کفار کے مکر و فریب سے) ۱۶؎ بیشک اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا کسی دغاباز احسان فراموش کو۔

چھری چلانے والے ہو یا نیزے سے ان کے حلقوم کو پھاڑنے والے ہو لیکن وہ بھاگ نہیں جاتے تم پر حملہ نہیں کر دیتے کس کی قدرت نے انھیں تمہارا مطیع کر دیا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے ورنہ اونٹ جیسا قوی اور سرکش جانور تم کو اپنی چھاتی کے نیچے دبا کر مسل دے یا گائے اپنا سینگ تمہارے پیٹ میں گھونپ دے تو تم کیا کر سکتے ہو۔ ان انعامات الٰہیہ سے تمھیں سرفراز کرنے کا مدعا یہ ہے کہ تم اس کے شکر گزار بندے بن جاؤ۔

۱۵؎ کفار جب قربانی کے جانور ذبح کرتے تو ان کا خون کعبے کی دیواروں پر مل دیتے اور گوشت اپنے بتوں کے پاس لا کر رکھ دیتے اور خیال کرتے کہ جب تک ایسا نہ کیا جائے ہماری قربانی مقبول نہیں ہوتی۔ اس آیت میں مسلمانوں کو یہ بتا دیا گیا کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے قربانی کے جانوروں کے گوشت اور خون کی ضرورت نہیں کہ تم اسے اٹھاؤ اور کعبہ کی دیواروں پر مل کر انھیں آلودہ کرو اس کی جناب میں تو تمہارا اخلاص اور تقویٰ شرفِ قبولیت حاصل کریگا۔ تمہارے دل میں جتنا خلوص زیادہ ہوگا تمہارے عمل پر تقویٰ کا رنگ جتنا زیادہ ہوگا اتنی ہی اس کی مقبولیت زیادہ ہوگی۔

۱۶؎ امام راغب اصفہانی یدافع کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اگر دفع کا صلہ الیٰ ہوگا تو اس کا معنی کسی کو کوئی چیز دینا ہوگا جس طرح ارشاد باری ہے "فادفعوا الیہم اموالھم" یعنی ان کو ان کے مال دے دو اور اگر اس کا صلہ "عن" ہوگا تو اس میں حمایت اور نصرت کا مفہوم پایا جائے گا واذا عُدّی بعن اقتضی معنی الحمایۃ۔ نحو۔ ان اللّٰہ یدافع عن الذین اٰمنوا المنجد میں ہے دافع عنہ حام عنہ وانتصرلہ۔

یہاں کیونکہ صلہ "عن" ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ کفار کے مقابلہ میں جب اہل ایمان سینہ سپر ہوں گے تو اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت ان کے شامل حال ہوگی اور ان کا دفاع کرے گی۔

اس میں جہاں اہل ایمان کے لیے یہ بشارت ہے کہ تم دشمن کی قوت اور وسائل سے ہراساں مت ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ تمہارا ناصر اور نگہبان ہے۔ وہاں اس امر کی طرف بھی متوجہ کیا جا رہا ہے کہ تمھیں خود معرکہ حق و باطل میں شریک ہونا پڑیگا تب

اُذِنَ لِلَّذِیۡنَ یُقٰتَلُوۡنَ بِاَنَّہُمۡ ظُلِمُوۡا ؕ وَ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی نَصۡرِہِمۡ

اذن دے دیا گیا ہے (جہاد کا) ۵۳ ان (مظلوموں) کو جن سے جنگ کی جاتی ہے اس بنا پر کہ ان پر ظلم کیا گیا اور بیشک اللہ تعالیٰ ان کی مدد پر ۵۴ پوری

تم نصرت خداوندی کے مستحق ہو گے ایسا نہیں کہ تم گھروں میں آرام سے بیٹھے رہو اور خود بخود ہی معرکے سر ہوتے رہیں اور حق کا بول بالا ہوتا رہے۔

۵۳ حضور کریم نے صفا کی پہاڑی پر کھڑے ہو کر جب مشرکین مکہ کو توحید کی دعوت دی تو ان کی آتش غضب بھڑک اٹھی۔ مخالفت کا طوفان بپا ہو گیا۔ وہی زبانیں جو صادق و امین کہتے کہتے نہ تھکتی تھیں اب شاعر، مجنوں اور مفتری جیسے نازیبا الزام لگانے میں بیباک ہو گئیں۔ جو شخص اسلام قبول کرتا اس پر بھی مظالم کی انتہا کر دی جاتی۔ صرف بلال کو ہی دہکتے ہوئے انگاروں پر لٹایا نہیں جاتا تھا۔ عمار بن یاسر اور انکی اہلیہ سمیہ کو ہی برچھے مار مار کر گھائل نہیں کیا جاتا تھا۔ انکے جور و جفا کے تیر فقط نادار اور بے یار و مددگار لوگوں کے سینوں کو ہی چھلنی نہیں کیا کرتے تھے بلکہ معزز اور متمول خاندانوں کے چشم و چراغ بھی اگر اسلام قبول کرتے تو وہ بھی انکے ظلم و تعدی سے محفوظ نہ رہتے۔ حضرت عثمان کو آپ کا چچا چمڑے میں کس کر باندھ دیتا اور چلچلاتی دھوپ میں پھینک دیتا۔ دھوپ، پسینہ اور تعفن کے مارے جان نکلنے لگتی۔ حضرت ابوبکر کو ایک دفعہ اتنی زد و کوب کی گئی کہ آپ لہولہان ہو گئے اور پہروں بے ہوش پڑے رہے۔ جسمانی اذیت رسانیوں کے علاوہ بات بات پر مذاق، ہر آیت پر اعتراض، ہر حکم شریعت پر آوازے کسے جاتے۔ غرضیکہ کفر کے ترکش جور و جفا میں جتنے تیر تھے سب چلائے گئے۔ باطل کے اسلحہ خانہ میں جس جس قسم کا اسلحہ تھا سب ہی آزمایا گیا۔ ان دلآزاریوں، ستم شعاریوں اور مجروح دلوں پر نمک پاشیوں کا سلسلہ سال دو سال نہیں پورے تیرہ سال شدت سے جاری رہا۔ اسکے باوجود مظلوموں کو ہاتھ اٹھانے کی اجازت نہ تھی انھیں انکے رب کا یہ حکم تھا کہ صبر اور ضبط سے کام لیں اور کسی طرح کی جوابی یا انتقامی کارروائی نہ کریں۔ نبوت کے تیرھویں سال ہجرت کی اجازت ملی۔ حضور صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرام مکہ سے ڈھائی تین سو میل دور یثرب نامی ایک بستی میں جمع ہو گئے لیکن کفار مکہ کی آتش غضب اب بھی سرد نہ ہوئی۔ یہاں بھی مسلمانوں کو چین کا سانس نہ لینے دیا۔ دس دس بیس بیس کافروں کے جتھے آتے۔ مدینہ طیبہ کی چراگاہوں میں اگر کسی مسلمان کے مویشی چر رہے ہوتے تو انھیں لے اڑتے۔ کوئی اکا دکا مسلمان مل جاتا تو اسے بھی قتل کرنے سے باز نہ آتے۔

چودہ پندرہ سال تک صبر و ضبط سے مظالم برداشت کرنے والوں کو آج اجازت دی جا رہی ہے کہ تم اپنی مدافعت کے لیے تلوار اٹھا سکتے ہو کفر کے ظلم کی انتہا ہو گئی ہے۔ باطل کی جفاکیشیاں حد سے بڑھ گئی ہیں۔ اب اٹھو ان سرکشوں اور نشے پندار سے مدہوش کافروں کو بتا دو کہ اسلام کا چراغ اس لیے روشن نہیں ہوا کہ تم پھونکیں مار کر اسے بجھا دو۔ حق کا پرچم اس لیے بلند نہیں ہوا کہ تم جھکا دو۔ یہ چراغ اس وقت تک فروزاں رہے گا جب تک چرخ نیلوفری پر مہر و ماہ چمک رہے ہیں۔ یہ پرچم اس وقت تک لہراتا رہے گا جب تک نظام کائنات موجود ہے۔ ان حالات میں اور ان مقاصد کے لیے جہاد کی اجازت ملی۔ اب بھی اگر کوئی کوتاہ نظر اسلام کے جہاد کو دوسری قوموں کی خونریزیوں اور قتل و غارت کا مترادف قرار دے تو یہ اس کی اپنی نادانی کی دلیل ہے۔

۵۴ بتا دیا گیا کہ اگرچہ تعداد میں اب بھی تم کفار کے مقابلے میں تھوڑے ہو اسباب و وسائل کے لحاظ سے بھی تمہیں ان سے کوئی نسبت نہیں لیکن فکر و اندیشہ کی کوئی ضرورت نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی نصرت تمہارے شامل حال ہے۔ دنیا کی کوئی قوت تمہیں

لَقَدِيرٌ ۝٣٩ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِم بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَن يَقُولُوا

طرح قادر ہے۔ وہ (مظلوم) جن کو نکال دیا گیا تھا ان کے گھروں سے ناحق ۵۸ صرف اتنی بات پر کہ انھوں نے

رَبُّنَا اللَّهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ

کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے۔ اور اگر اللہ تعالیٰ بچاؤ نہ کرتا لوگوں کا ۵۹ انھیں ایک دوسرے سے ٹکرا کر تو (طاقتوروں کی غارتگری سے)

صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا ۗ

منہدم ہو جاتیں خانقاہیں اور گرجے اور کلیسے اور مسجدیں جن میں اللہ تعالیٰ کے نام کا ذکر کثرت سے کیا جاتا ہے۔

شا نہیں سکتی۔ یہ ارشاد کتنا حوصلہ افزا ہے۔ یہ سن کر مسلمانوں کے دلوں میں اپنی کمزوری اور بے سروسامانی کا احساس ختم ہو کر رہ گیا ہوگا۔ ان کے جذبۂ جاں نثاری کو نئی زندگی اور نیا ولولہ نصیب ہوا ہوگا اور سچ تو یہ ہے کہ آج بھی مومن کے پاس سب سے بڑا سہارا یہی وعدہ ہے۔ ؎

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ — مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

۵۸ مظالم کی طویل فہرست سے ایک ظلم کا ذکر فرمایا کہ انھیں بلاوجہ اُن کے گھروں سے نکال دیا گیا۔ یہ چور نہ تھے، کسی کے قتل ناحق کا ان پر الزام نہ تھا۔ ان کا دامنِ عفت کسی گناہ سے داغدار نہ تھا۔ ہاں ان کا ایک جرم تھا، ان کا ایک قصور تھا جس کی انھیں یہ سزا دی گئی کہ وہ یہ کہا کرتے رَبُّنَا اللّٰہُ کہ اللہ تعالیٰ ہمارا پروردگار ہے۔ اس کے بغیر ہم کسی لات و منات کو اپنا معبود ماننے کے لیے تیار نہیں۔

۵۹ ربانی سیاست کا ایک عالمی اصول بیان فرمایا جا رہا ہے کہ طاقت کا توازن برقرار رکھنے میں ہی تمام بنی نوع انسان کا بھلا ہے۔ اگر قوت و طاقت ایک قوم کے ہاتھ میں دے دی جائے تو دنیا کے امن و سلامتی کا جنازہ نکل جائے۔ طاقتور ہاتھ کمزور اور بے بس قوموں پر بے دریغ ظلم ڈھاتا رہے گا۔ اور اسے کوئی روکنے والا بھی نہیں ہوگا۔ ان کے شہر اور بستیاں کھنڈر بنا دیے جائیں گے۔ ان کے باغ اور کھیت اجاڑ دیے جائیں گے۔ ان کی عصمتیں اور آبروئیں پامال کی جاتی رہیں گی اور کوئی اُف تک نہ کر سکے گا۔ صرف یہی نہیں بلکہ لوگوں کے مذہبی عبادت خانے جو ان کی عقیدت اور محبت کا مرکز ہیں ان کی اینٹ سے اینٹ بجا کر رکھ دی جائے گی اور کوئی دم نہیں مار سکے گا۔ اس لیے حکمتِ خداوندی کو یہ گوارا نہیں کہ صرف ایک قوم کو دنیا بھر کی زمامِ اقتدار سونپ دی جائے بلکہ قدرت ہمیشہ طاقت کا توازن برقرار رکھنے کا اہتمام فرماتی رہی ہے اور فرما رہی ہے۔ اگر مسلمانوں پر اب بھی خاموشی سے مظالم برداشت کرنے کی پابندی عائد رہے اور انھیں کفر کی للکار کا جواب دینے کی اجازت نہ ہو تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ طاقت کا توازن بگڑ جائے گا۔ کفر کی طاغوتی قوتیں حق کا نام و نشان بھی نہ چھوڑیں گی اس لیے مظلوم مسلمانوں کو اپنے دفاع کی اجازت

وقف منزل

وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ اَلَّذِيْنَ

اور اللہ تعالیٰ ضرور مدد فرمائیگا اسکی جو اس (کے دین) کی مدد کریگا۔ ۸۲ یقیناً اللہ تعالیٰ قوت والا (اور) سب پر غالب ہے۔ وہ لوگ کہ اگر ہم

اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا

انھیں اقتدار بخشیں ۸۳ زمین میں تو وہ صحیح صحیح ادا کرتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور حکم کرتے ہیں

دنیا بانی سیاست کے عالمی اصول کے عین مطابق ہے تاکہ وہ اپنے تحفظ کے ساتھ اسلام کے پرچم کو بھی بلند رکھیں تاکہ اس کے سایۂ عاطفت میں جتنی قومیں بھی پناہ لیں۔ سب کی جان، مال اور آبرو اور ان کے مذہبی عبادت خانوں کا تحفظ کیا جا سکے۔ اس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اسلامی جہاد کے پیش نظر صرف مسلمانوں کا تحفظ ہی مقصود نہیں اور صرف مساجد کی آبادی ہی مطلوب نہیں بلکہ جو قوم اس کے دامن میں پناہ لے گی اسلامی حکومت سب کے تحفظ کی ذمہ دار ہو گی۔

صوامع۔ صومعۃٌ کا واحد ہے۔ تارک الدنیا راہبوں کی عبادت کے حجرے۔

بِیَعٌ۔ بِیعَۃٌ کی جمع ہے۔ عیسائیوں کے گرجے۔

صلوات۔ یہودیوں کے عبادتخانے عبرانی زبان میں انھیں صَلُوْتَہ کہا جاتا ہے اور ممکن ہے اسی سے صلوات ماخوذ ہو۔

۸۲ اللہ تعالیٰ کی مدد کس کے شامل حال ہوتی ہے اس کا قاعدہ بیان فرما دیا جو اس کے نام کو بلند کرتا ہے جو اس کے دین کی اشاعت کرتا ہے جو شمع توحید کو ہاتھ میں لے کر طوفانوں آندھیوں سے الجھتا ہوا آگے بڑھتا جاتا ہے تاکہ دلوں کے ظلمت کدوں کو منور کر دے۔ کفر و شرک کے اندھیروں نے جہاں صدیوں سے خیمے گاڑ رکھے ہیں وہاں حق کا اجالا ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت کے مستحق یہی عالی ظرف لوگ ہیں اللہ تعالیٰ کا یہ اٹل قانون ہے۔ پہلے بھی ایسا ہی ہوتا رہا اب بھی ایسا ہی ہو رہا ہے اور آئندہ بھی ایسا ہوتا رہے گا جس کے دل میں اس کے متعلق کوئی شک ہو وہ آگے بڑھے اور خود تجربہ کر کے دیکھ لے ؎

عاشق کہ شد کہ یار بحالش نظر نہ کرد اے خواجہ درد نیست وگرنہ طبیب ہست

۸۳ وہ کون لوگ ہیں جن کے تحفظ کا قدرت خود ذمہ لے رہی ہے اور جن کو اپنی نصرت کے مژدہ سے خورسند کیا جا رہا ہے؟ یہاں انہی کا تعارف کرایا جا رہا ہے کہ ان کی حکومت اور ان کا اقتدار منفرد نوعیت کا ہے۔ جب یہ مسند حکومت پر بیٹھتے ہیں تو اپنے رب کی یاد سے غافل نہیں ہوتے۔ جب ملک کے خزانوں کی کنجیاں انکے ہاتھ میں ہوتی ہیں تو وہ ان خزانوں کو اپنے ذاتی آرام و آسائش اور عیش و عشرت میں صرف نہیں کرتے۔ ان کے اقتدار کے جھنڈے کے نیچے بدکاری اور فسق و فجور پروان نہیں چڑھتا بلکہ زمام حکومت ہاتھ میں لینے کے باوجود ان کا سر نیاز اپنے پروردگار کے حضور میں انتہائی عجز و تذلل سے جھکا رہتا ہے۔ ان کی دولت غریبوں اور مسکینوں کی ضروریات کی کفیل ہوتی ہے۔ جہاں ان کے مبارک قدم پہنچتے ہیں وہاں نیکی اور تقویٰ کے چمنستان لہلہانے لگتے ہیں۔ غور فرمائیے اسلامی حکومت کی برکات کا کتنا واضح اور حسین بیان ہے۔ اسلامی رہنماؤں

بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۗ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۴۱﴾ وَاِنْ

(لوگوں کو) نیکی کا اور روکتے ہیں (انہیں) برائی سے۔ اور اللہ تعالیٰ کے لیے ہے سارے کاموں کا انجام۔ اور اگر یہ کفار

يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿۴۲﴾ وَ

آپ کو جھٹلاتے ہیں (تو کیا تعجب ہے) پس جھٹلایا تھا ان سے پہلے [59] قوم نوح نے اور عاد و ثمود نے۔ اور

قَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿۴۳﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى

قوم ابراہیم نے اور قوم لوط نے اور مدین کے رہنے والوں نے (اپنے اپنے نبیوں کو) اور جھٹلائے گئے موسیٰ

فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾ فَكَاَيِّنْ

بھی۔ تو (کچھ عرصہ) میں نے مہلت دی ان کفار کو (جب وہ باز نہ آئے) تو میں نے انہیں پکڑا۔ (خود ہی بتاؤ) کتنا خوفناک تھا میرا عذاب۔ ایس

مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِىَ ظَالِمَةٌ فَهِىَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا

کتنی بستیاں ہیں [60] جنہیں ہم نے تہ و بالا کر ڈالا کیونکہ وہ ظالم تھیں تو اب وہ گری پڑی ہیں اپنی چھتوں پر

وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ

اور کتنے کنوئیں ہیں جو بیکار ہو چکے ہیں [61] اور کتنے چونے سے بنے ہوئے مضبوط محل ہیں (جو ویران پڑے ہیں)۔ کیا انہوں نے سیر و سیاحت

کے فرائض کی کیسی جامع فہرست ہے اور ان کے لیے کتنا جامع دستور العمل ہے۔ ایسے جامع، واضح اور یقینی و برکت سے بھرپور دستور العمل کی موجودگی میں اگر ہمارے سربراہوں کو کسی نئے دستور کی تلاش ہو تو یہ ان کی اپنی سمجھ کا قصور ہے۔ قرآن نازل کرنے والے نے بتانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

[59] اللہ تعالیٰ اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دے رہے ہیں۔

[60] یہ مبتدا ہے اور مرفوع ہے یا فعل محذوف کا مفعول ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور اھلکنا اس فعل کا مفسر ہے۔

[61] معطّل۔ بے کار، بے مصرف۔ وہ کنواں جہاں سے لوگوں نے پانی بھرنا بند کر دیا ہو۔ مشید۔ وہ عمارت جو چونے سے چنی گئی ہو اور چونے سے پلستر کی گئی ہو۔ اس سے مراد ہے مضبوط اور شاندار ای مجصص من الشید وھو الجص۔ (مظہری)

فَتَكُونَ لَهُمْ قُلُوبٌ يَعْقِلُونَ بِهَآ أَوْ ءَاذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا

نہیں کی زمین میں تاکہ (وہاں کھنڈرات کو دیکھ کر) انکے دل ایسے ہو جاتے جن سے وہ (حق کو) سمجھ سکتے اور کان ایسے ہو جاتے جن سے نصیحت

فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلَٰكِن تَعْمَى الْقُلُوبُ الَّتِي فِي

سن سکتے حقیقت تو یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ وہ دل اندھے ہو جاتے ہیں جو سینوں میں

الصُّدُورِ ﴿٤٦﴾ وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَلَن يُخْلِفَ اللَّهُ وَعْدَهُ

ہوتے ہیں ٦٢ یہ لوگ جلدی مانگ رہے ہیں آپ سے عذاب۔ (یہ تسلی رکھیں) اللہ تعالیٰ خلاف ورزی نہیں کریگا

وَإِنَّ يَوْمًا عِندَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ ﴿٤٧﴾ وَكَأَيِّن

اپنے وعدہ کی۔ اور بیشک ایک دن تیرے رب کے ہاں ٦٣ ایک ہزار سال کی طرح ہوتا ہے جس حساب سے تم گنتی کرتے ہو۔ اور کتنی

مِّن قَرْيَةٍ أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ أَخَذْتُهَا وَإِلَيَّ

بستیاں تھیں ٦٤ جنھیں میں نے کافی عرصہ ڈھیل دی حالانکہ وہ ظالم تھیں پھر (بھی جب وہ باز نہ آئے) تو میں نے انھیں

الْمَصِيرُ ﴿٤٨﴾ قُلْ يَٰٓأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَآ أَنَا لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٤٩﴾

پکڑ لیا اور میری طرف ہی (سب کو) لوٹنا ہے (اے حبیب!) آپ فرما دیجئے اے لوگو! بس میں تو تمھیں (عذاب الٰہی سے) کھلا ڈرانے والا ہوں۔

٦٢ کتنی بڑی حقیقت کا اظہار ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے۔ شرّ العمیٰ عمی القلب۔ دل کا اندھا ہونا سب سے بُرا اندھا پن ہے۔

٦٣ جو قوم بدکاریوں سے باز نہیں آتی۔ اسے ان کے انجام سے ضرور دوچار ہونا پڑتا ہے لیکن اعمال کی کھیتی ایسی نہیں کہ صبح بوئی اور شام کو کاٹ لی۔ اس کے لیے مناسب عرصہ درکار ہوتا ہے۔ قومیں اپنے عروج و زوال کی منزلیں دنوں اور مہینوں میں طے نہیں کیا کرتیں بلکہ اس کے لیے صدہا سال درکار ہوتے ہیں۔ ہزار سال کی مدت اللہ تعالےٰ کے نزدیک ایک دن کے برابر ہے اس لیے تمھارے خیال سے اگر نزول عذاب میں تاخیر ہو گئی ہے تو یہ رسول کی تکذیب نہ کرو کہ تمھیں مزید مہلت مل گئی ہے۔

٦٤ پہلے بھی بدکار قوموں پر فوراً عذاب نہیں اترا بلکہ انھیں طویل مہلت دی گئی تھی۔

منزل ٤

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ

سو جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے تو ان کے لیے مغفرت بھی ہے اور باعزت رزق بھی۔

كَرِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اور جو لوگ کوشش کرتے رہے ہماری آیتوں (کی تردید) میں اس خیال سے کہ وہ ہمیں ہرا دیں گے یہی لوگ

الْجَحِيْمِ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ

دوزخی ہیں۔ اور نہیں بھیجا ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول ۸۵ اور نہ کوئی نبی مگر

۸۵ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو بتا رہے ہیں کہ آپ سے پہلے ہم نے جتنے رسول اور نبی مبعوث فرمائے ان کے ساتھ یہ معاملہ ہوا کہ جب انھوں نے ہماری آیتیں لوگوں کو پڑھ کر سنائیں تو شیطان نے ان لوگوں کے دلوں میں ان آیات کے بارے میں طرح طرح کے شکوک و شبہات پیدا کر دیئے۔ بجائے اس کے کہ وہ ان آیات کو قبول کرتے انھوں نے ان کے خلاف محاذ قائم کر لیا اور اعتراضات کی بوچھاڑ شروع کر دی۔ یہ مفہوم متعدد دوسری آیتوں میں بھی بیان فرمایا گیا ہے "وان الشياطين ليوحون الى اوليائهم ليجادلوكم" کہ شیطان اپنے چیلوں کے دلوں میں طرح طرح کے وسوسے ڈالتے ہیں تاکہ وہ تمہارے ساتھ بحث مباحثہ شروع کر دیں۔ دوسری آیت میں ہے وكذالك جعلنا لكل نبي عدوا شياطين الانس والجن يوحى بعضهم الى بعض زخرف القول غرورا۔ یعنی اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لیے سرکش انسانوں اور جنوں کو دشمن بنا دیا اور وہ لوگوں کو دھوکا دینے کے لیے ایسی باتیں سکھاتے ہیں جو بظاہر بڑی دلکش ہوتی ہیں۔

پہلے شیاطین جن و انس نے جو سلوک اپنے ہادیوں کے ساتھ کیا تھا بعینہٖ وہی رویہ مکہ کے مشرکین نے اختیار کیا۔ جب یہ آیت نازل ہوئی حرمت عليكم الميتة (تم پر مردار حرام کیے گئے) تو مشرکین اسے لے اڑے اور اس پر یہ اعتراض جڑ دیا کہ دیکھو جی جسے خود مارتے ہیں اُس کو تو حلال اور پاک کہہ رہے ہیں اور جسے خدا نے مارا وہ ان کے نزدیک حرام اور پلید ہے۔ جب سود کی حرمت کا حکم نازل ہوا تو ان کی زبانیں قینچی کی طرح چلنے لگیں کہ ذرا انصاف سے تو دیکھو کہ بیع تو ان کے لیے حلال ہے اور سود حرام۔ حالانکہ دونوں میں نفع ہے یہ کہاں کی عقلمندی ہے کہ دو ایک جیسی چیزوں میں سے ایک کو حرام اور دوسری کو حلال کر دیا جائے۔ اسی قسم کے متعدد واقعات ہیں جن کے متعلق شیطان ان کو بھڑکاتا اور وہ اسلام کے خلاف بڑے جوش و خروش سے پراپیگنڈا کی ایک نئی مہم کھڑی کر دیتے لیکن اللہ تعالےٰ اپنی حکمتِ کاملہ سے اور دلائل قاہرہ سے باطل کا پول کھول دیتا اور حق کی روشنی ہر طرف پھیل جاتی۔ آیت کا یہ مفہوم اتنا واضح اور دوسری آیات کے عین مطابق ہے کہ کسی قسم کا تذبذب باقی نہیں رہتا لیکن بعض کتابوں میں ایک روایت کے درج ہو جانے سے اس آیت

کا مطلب کچھ سے کچھ کر دیا گیا جس سے صرف اپنوں کے دلوں میں اضطراب کی لہر پیدا نہیں ہوئی بلکہ دشمنانِ اسلام کو قرآن، صاحبِ قرآن اور دینِ اسلام کی صداقت پر حملہ کرنے کے لیے ایک مہلک ہتھیار مل گیا۔ چاہیے تو یہ تھا کہ آیت کی اس واضح اور صاف تشریح پر ہی یہ فقیر اکتفا کرتا اور اس روایت کی طرف التفات کیے بغیر آگے بڑھ جاتا لیکن کیونکہ یہ روایت ہماری کتابوں میں راہ پا گئی ہے اور دشمنانِ اسلام نے اس سے فائدہ اٹھا کر اسلام کے خلاف طوفان برپا کر رکھا ہے اب اس سے تعرض نہ کرنا بھی ادائے فرض میں کوتاہی کے مترادف ہے۔ اس لیے بادلِ نخواستہ وہ روایت نقل کر رہا ہوں۔ اس کے بعد علمائے محققین نے جس طرح اس کے پرخچے اڑائے ہیں ان کا بالاجمال ذکر کروں گا تاکہ کسی طالبِ حق کے لیے تردد و تذبذب کا کوئی امکان باقی نہ رہے واللہ المستعان وعلیہ التکلان۔

کہا یہ گیا ہے کہ اس آیت کی شانِ نزول یہ ہے کہ ایک روز حرم شریف میں کفار و مشرکین کے ایک اجتماع میں حضور نے سورہ نجم کی تلاوت فرمائی جب یہاں پہنچے۔ افرایتم اللات والعزی ومنوۃ الثالثۃ الاخری تو شیطان نے العیاذ باللہ زبان پر یہ الفاظ جاری کر دیئے تلک الغرانیق العلی وان شفاعتھن لترتجی۔ یعنی یہ بت مرغانِ بلند پرواز ہیں اور ان کی شفاعت کی امید کی جا سکتی ہے۔ یہ سن کر مشرکین کی خوشی کی حد نہ رہی اور حضور پرنور کا اسم گرامی لے کر کہنے لگے کہ وہ اپنے پرانے دین کی طرف لوٹ آیا ہے آج اس کی اور ہماری عداوت ختم ہو گئی اور جب حضور نے سورہ نجم کی سجدہ والی آیات پڑھیں تو حضور نے بھی سجدہ کیا اور مشرکین نے بھی سجدہ کیا۔ اس کے بعد جبرئیل آئے اور آپ کو کہا کہ میں نے آپ کو یہ سورت اس طرح وحی نہیں کی تھی جس طرح آپ نے پڑھی۔ یہ سن کر حضور کو از حد رنج و غم ہوا۔ اس رنج و غم کو دور کرنے کے لیے یہ آیت نازل ہوئی کہ آپ غم نہ کریں۔ پہلے بھی جتنے رسول اور نبی گزرے ہیں سب کے ساتھ ایسا ہوا ہے۔

ایک معمولی سمجھ بوجھ کا انسان جسے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقام کا کچھ بھی علم ہے وہ تو اس روایت کو سنتے ہی کہہ دے گا کہ یہ جھوٹ کا پلندا ہے اور دشمنانِ اسلام کی سازش ہے لیکن آیئے علمائے محققین کے ارشادات کی روشنی میں اس کا جائزہ لیں۔ سب سے پہلے میں علامہ ابن حیان غرناطی کے جواب کا خلاصہ پیش کرتا ہوں کیونکہ وہ جامع ہونے کے ساتھ مختصر بھی ہے۔ ابتدا میں انھوں نے اس آیت کا وہی مطلب بیان کیا ہے جو میں اوپر لکھ آیا ہوں۔ اس کے بعد فرماتے ہیں کہ اس آیت میں کوئی ایسی چیز مذکور نہیں جو رحمتِ عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف منسوب کی جاسکے بلکہ اس میں صرف پہلے رسولوں اور نبیوں کا ذکر ہے اس لیے اس آیت سے یہ غذر کرنا کہ حضور سے کوئی فعل سرزد ہوا اور اس کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی سرے سے ہی غلط ہے ابن عطیہ، زمخشری اور چند دوسرے لوگوں نے اپنی تفسیروں میں جو روایت یہاں نقل کی ہے یہ بات تو ایک معمولی مسلمان سے بھی سرزد نہیں ہو سکتی چہ جائیکہ اس کو اس ذاتِ پاک کی طرف منسوب کیا جائے جو ہر قسم کی غلطی اور خطا سے معصوم ہے نیز اس روایت کے متعلق سیرت کے معتبر ترین سوانح نگار امام محمد بن اسحاق سے جب پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا ھذا من وضع الزنادقۃ کہ یہ روایت بے دینوں کی گھڑی ہوئی ہے اور اس کے رد میں انھوں نے پوری ایک کتاب تصنیف فرمائی۔ امام بیہقی کہتے ہیں ھذہ القصۃ غیر ثابتۃ من جھۃ النقل۔ یہ قصہ صحیح نقل سے ثابت ہی نہیں ہے اور جن راویوں نے اسے نقل کیا ہے سب مطعون ہیں۔ صحاح ستہ اور دیگر حدیث کی مشہور

کتابوں میں اس کا نام ونشان تک نہیں فوجب اطراحہ' اس لیے اس کو ردی چیز کی طرح پھینک دینا ضروری ہے
ابن حیان فرماتے ہیں کہ اسی لیے میں نے اپنی تفسیر کو اس کے بیان سے آلودہ نہیں کیا مجھے ان لوگوں پر حیرت ہے کہ انھوں
نے اپنی تالیفات میں اس واقعہ کو لکھنے کی کیسے جسارت کی حالانکہ قرآن کریم کی ان آیات کو وہ تلاوت کرتے ہیں اسی
سورہ والنجم کے آغاز میں ہے والنجم اذا ھوی ماضل صاحبکم وماغوی وما ینطق عن الھوی ان ھو
الا وحی یوحی یعنی میرا محبوب نہ گمراہ ہوا نہ بھٹکا وہ تو اپنی خواہش سے بات بھی نہیں کرتا۔ وہ وہی بات کہتا ہے جو اس
کی طرف وحی کی جاتی ہے۔ ان روشن آیات کی موجودگی میں یہ کیسے تصور کیا جا سکتا ہے کہ اسی سورۃ میں ایسے قبیح کلمات
زبان پاک سے نکلے ہوں۔ دوسری جگہ اللہ تعالٰے نے اپنے محبوب کو یہ اعلان کرنے کا حکم دیا قل ما یکون لی ان ابدلہ
من تلقاء نفسی ان اتبع الا ما یوحی الی۔ یعنی آپ کہہ دیجیے کہ میری یہ مجال نہیں کہ میں اللہ تعالٰے کے کلام میں اپنی
مرضی سے رد و بدل کر دوں۔ میں تو صرف وحی کا اتباع کرتا ہوں۔ اللہ تعالٰے نے واضح الفاظ میں یہ اعلان کر دیا۔ ولو
تقول علینا بعض الاقاویل لاخذ نا منہ بالیمین ثم لقطعنا منہ الوتین۔ اور اگر وہ ہم پر ایک بات
بھی اپنی طرف سے بنا کر کہتے تو ضرور ہم ان سے بقوت بدلہ لیتے۔ پھر ان کی رگ دل کاٹ دیتے۔ کیا اس ارشاد کے بعد
اس چیز کا گمان بھی کیا جا سکتا ہے (ان کے علاوہ کئی اور آیات بھی انھوں نے پیش کی ہیں) پھر لکھتے ہیں یہ وہ قرآنی نصوص
قطعیہ ہیں جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عصمت پر دلالت کرتی ہیں۔ پھر فرماتے ہیں عقلی طور پر بھی یہ روایت من گھڑت
ہے۔ کیونکہ اگر ایسا ہونا ممکن ہوتا تو تمام احکام، آیات اور سارا دین مشکوک ہو جاتا۔ (ملخصاً البحر المحیط)

امام فخر الدین رازی نے بھی زور و شور سے اس روایت کا رد کیا ہے لکھتے ہیں۔ اگرچہ سطحی قسم کے لوگوں نے اس روایت
کو لکھا ہے لیکن علماء محققین کا اس کے متعلق یہ فیصلہ ہے ھذہ الروایۃ باطلۃ موضوعۃ یہ روایت جھوٹی ہے گھڑی
ہوئی ہے اور واحتجوا علیہ بالقرآن والسنۃ والمعقول اور اس کے بطلان اور موضوع ہونے پر ان علماء نے
قرآن سنت اور عقلی دلائل پیش کیے ہیں اور اس کے بعد امام موصوف نے مرقومہ بالا آیات ذکر کی ہیں اور امام محمد بن اسحاق
کا قول نقل کیا ہے کہ یہ قصہ زندیقوں کا گھڑا ہوا ہے۔ عقلی دلائل پیش کرتے ہوئے رقمطراز ہیں جو شخص کہتا ہے کہ حضور پر نور
صلی اللہ علیہ وسلم نے بتوں کے بارے میں تعریفی کلمے کہے وہ کافر ہے۔ کیونکہ اس طرح تو حضور کی بعثت کا مقصد ہی فوت
ہو جاتا ہے نیز شریعت' قرآن اور دین اسلام کی کسی بات پر یقین نہیں رہتا۔ پھر فرماتے ہیں ان دلائل سے روز روشن
کی طرح واضح ہو گیا ان ھذہ القصۃ موضوعۃ یہ قصہ موضوع ہے۔ اس کے حق میں زیادہ سے زیادہ یہ بات کہی جا سکتی
ہے کہ بعض مفسروں نے اسے لکھا ہے تو اس کا جواب یہ ہے خبر الواحد لا یعارض الدلائل النقلیۃ والعقلیۃ
المتواترۃ کہ یہ خبر واحد ہے اور دلائل عقلیہ اور نقلیہ جو حد تواتر کو پہنچی ہوئی ہوں ان کے سامنے اس کی کوئی وقعت نہیں ہے۔
اس روایت کے ناقلین نے اس کی جو مختلف تاویلیں کی ہیں امام موصوف نے ان کی دھجیاں بکھیر کر رکھ دی ہیں
اور فرمایا ہے کہ اس روایت کی کوئی تاویل درست نہیں۔ اس کا کوئی صحیح محل اور مصداق تلاش نہیں کیا جا سکتا یہ آیت

اپنی تمام تاویلات احتمالات اور اختلاف الفاظ کے ساتھ مسترد کر دینے کے قابل ہے۔ فجزاہ اللہ عن الاسلام وعن المسلمین احسن الجزاء (تفسیر کبیر ملخص)

علامہ ابوعبداللہ القرطبی نے بھی احکام القرآن میں اس روایت کی خوب تردید کی ہے اور مرہر سلسلہ روایت پر بحث کرنے کے بعد لکھتے ہیں فی ذلک روایات کثیرۃ کلہا باطل لا اصل لہ کہ سب کی سب باطل ہیں۔ ان کا کوئی ثبوت نہیں اور کیونکہ یہ روایت ضعیف ہے اس لیے اس کی تاویل کرنے کی بھی قطعاً کوئی ضرورت نہیں وضعف الحدیث مغنی عن کل تاویل۔ آخر میں فرماتے ہیں کہ اگر اس روایت کی کوئی سند صحیح بھی ثابت ہو جائے تو بھی وہ ضعیف اور ناقابل اعتبار ہوگی کیونکہ آیات قرآنی کے صراحۃً مخالف ہے اور اب تو یہ آیات قرآنی کے بھی خلاف ہے اور اس کی کوئی صحیح سند بھی نہیں ہے۔ ان حالات میں اہل نظر کے لیے یہ کب قابل التفات ہو سکتی ہے وھذا اضد مفہوم الآیۃ وھی تضعف الحدیث لو صح فکیف ولا صحۃ لہ۔ علامہ قرطبی نے قاضی عیاض کا یہ قول نقل کیا ہے:۔

ان الامۃ اجمعت فی ما طریقہ البلاغ انہ معصوم فیہ من الاخبار عن شیئ بخلاف ما ھو علیہ لا قصداً ولا عمداً ولا سھواً ولا غلطاً یعنی امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ تبلیغ کلام الٰہی میں حضورؐ سے ہرگز غلطی نہیں ہو سکتی نہ قصداً نہ عمداً نہ سہواً اور نہ غلطاً۔ اس میں نبی ہر طرح معصوم ہیں۔

علامہ آلوسی نے دیگر اقوال کے ساتھ امام ابومنصور ماتریدی کا یہ قول بھی نقل کیا ہے:۔

وذکر الشیخ ابو المنصور الماتریدی فی کتاب "قصص الانبیاء" الصواب ان قولہ تلک الغرانیق العلی من جملۃ ایحاء الشیطان الی اولیاءہ من الزنادقۃ . . . وحضرۃ الرسالۃ بریئۃ من مثل ھذہ الروایۃ۔ (روح المعانی)

یعنی تلک الغرانیق العلی والی بات۔ یہ ان باتوں میں سے ایک بات ہے جو شیطان اپنے زندیق پیروکاروں کے دلوں میں ڈالتا ہے تاکہ لوگوں کو اسلام سے برگشتہ کریں۔ جناب رسالتمآب اس قسم کی روایتوں سے مبرا اور منزہ ہیں۔ قاضی ابوبکر ابن العربی الاندلسی جب اس آیت کی تفسیر کرنے لگے ہیں تو اس روایت کا ذکر کرکے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ غصہ سے ان کی آنکھوں میں خون اتر آیا ہے اور دل بے چین اور بے قرار ہو گیا ہے۔ اپنی سابقہ روش کے بالکل برعکس اس روایت کو باطل کرنے کے لیے ایک مستقل فصل لکھی ہے جس کا عنوان ہے۔ تنبیہ الغبی علی مقدار النبی۔ اور لکھتے ہیں ونرجو بہ عند اللہ الجزاء الاوفی فی مقام الزلفی۔ کہ اس فصل کے لکھنے سے مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے مقام قرب میں مجھے عظیم جزا دے گا۔ تنگیٔ داماں کی شکایت نہ ہوتی تو آپ کی اس فصل کا پورا ترجمہ یہاں درج کرتا۔ اہل علم سے درخواست ہے کہ وہ ضرور اس فصل کا مطالعہ کریں۔

نیز یہ امر بھی غور طلب ہے کہ یہ آیت مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی اور سورۂ نجم کا نزول اور یہ قصہ جو گھڑا گیا ہے اس کا وقوع ہجرت سے پہلے کئی سال مکہ مکرمہ میں ہوا تو عجیب بات یہ ہے کہ حضورؐ کو نعوذ باللہ ایسا کرنے سے جو حزن وملال ہوا اس کو دور کرنے کے لیے اتنے عرصہ دراز تک کوئی آیت نازل نہ ہوئی اور کئی سالوں کے بعد اللہ تعالیٰ کو خیال آیا کہ اپنے رسول کو مطمئن کرے اور یہ آیت نازل کی۔ کیا ایسی بے تکی بات کوئی صاحب عقل سلیم تسلیم کر سکتا

إِذَا تَمَنَّىٰٓ أَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيٓ أُمْنِيَّتِهٖ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي

اسکے ساتھ یہ ہوا کہ جب اس نے کچھ پڑھا تو ڈال دیئے شیطان نے اسکے پڑھنے میں شکوک، پس مٹا دیتا ہے اللہ تعالیٰ جو دخل اندازی

الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٥٢﴾ لِّيَجْعَلَ

شیطان کرتا ہے ٦٦ پھر پختہ کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اپنی آیتوں کو۔ اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا دانا ہے۔ یہ سب

مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ

اس لیے تاکہ اللہ تعالیٰ بنا دے جو وسوسہ ڈالتا ہے شیطان ٦٧ ایک آزمائش ان لوگوں کیلئے جنکے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل

قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿٥٣﴾ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

بہت سخت ہیں۔ اور بیشک ظالم لوگ مخالفت میں بہت دور نکل جاتے ہیں۔ نیز اس میں یہ حکمت بھی ہے کہ جان لیں

ہے مزید برآں یہ حدیث متواتر ہے کہ شیطان خواب میں بھی حضور کی شکل میں کسی کو دکھائی نہیں دے سکتا تاکہ مسلمانوں کو حضور کی شکل میں دھوکہ دے سکے تو اس کی کیا مجال کہ سرچشمۂ ہدایت کو وہ گدلا کر سکے۔

"قد صح بل تواتر قوله صلى الله عليه وسلم من رآني في المنام فقد رآني حقا فان الشيطان لا يتمثل بي"

اصل واقعہ جو صحیحین اور دیگر کتب حدیث میں ہے۔ وہ صرف اتنا ہے کہ حضور نے مجمع عام میں یہ سورۃ پڑھی اور اس میں آیت سجدہ آنے کی وجہ سے آخر میں سجدہ کیا تو تمام حاضرین جن میں کفار بھی تھے سب سجدہ میں گر پڑے اور ایسا ہونا عین ممکن ہے۔ کیونکہ کلام الٰہی ہو اور زبان حبیب کبریا اس کی تلاوت کر رہی ہو تو کیوں نہ کفار بے ساختہ سجدے میں گر پڑیں بس اتنی بات تھی جس کو زنادقہ کی وضع و تحریف نے کہاں سے کہاں پہنچا دیا الحمد لله الذي جعلنا من امة رسوله المكرم ونبيه المعظم الذي عصمه من وساوس الشيطان وهمزاته وجعله داعياً الى الله وسراجاً منيراً۔

٦٦ آیات قرآنی یا احکام شرعی کے متعلق شیطان لوگوں کے دلوں میں جو وسوسہ اندازی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اپنی حکمت سے اس کا ازالہ فرما دیتا ہے اور لوگوں کے دلوں کا یقین پھر تازہ ہو جاتا ہے۔

٦٧ یعنی آیات قرآنی کے متعلق شیطان کی وسوسہ اندازیوں سے وہی لوگ آزمائش میں مبتلا ہوتے ہیں جن کے دلوں میں کفر و نفاق کی بیماری ہوتی ہے اور جن کے قلب کی سنگلاخ زمین میں ہدایت کا پاکیزہ درخت اگ نہیں سکتا۔ ایسے ہی لوگ ان شبہات کے باعث خود بھی گمراہ ہوتے ہیں اور دوسروں کی گمراہی کا باعث بنتے ہیں۔ (العیاذ باللہ)

أُوتُوا الْعِلْمَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ

وہ لوگ جنھیں علم بخشا گیا ہے ۵۳ کہ کتاب حق ہے آپکے رب کی طرف سے تاکہ ایمان لائیں اسکے ساتھ اور جھک جائیں

قُلُوبُهُمْ ۗ وَإِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِينَ آمَنُوا إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝٥٤

اس کی سچائی کے آگے انکے دل اور بیشک اللہ تعالیٰ ہدایت دینے والا ہے ایمان والوں کو راہ راست کی طرف۔

وَلَا يَزَالُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ

اور ہمیشہ شک میں مبتلا رہیں گے کفار ۵۹ اس کے بارے میں یہاں تک کہ آجائے ان پر قیامت

بَغْتَةً أَوْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيمٍ ۝٥٥ الْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۭ

اچانک یا آجائے ان پر عذاب منحوس دن کا۔ حکمرانی اس روز اللہ تعالیٰ کی ہی ہوگی۔

يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۭ فَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِي جَنّٰتِ

۶۰ وہی فیصلہ فرمائے گا لوگوں کے درمیان۔ پس جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے تو وہ نعمت (واحسان)

۵۸ اہل علم وفہم ان وسوسوں کا شکار نہیں ہوتے آیات ربانی میں ہدایت کا جو نور درخشاں ہوتا ہے اس سے ان کے دل روشن ہوجاتے ہیں۔ وہ سچے دل سے اس پر ایمان لاتے ہیں اور ان کا خضوع وخشوع اور زیادہ بڑھ جاتا ہے۔

۵۹ کفار ساری عمر شک وشبہ کے دلدل میں دھنسے رہیں گے اور آنکھیں اس وقت کھلیں گی جب عذاب الٰہی آکر دبوچ لے گا یا قیامت آجائے گی عقیم اس کو کہتے ہیں جس کی اولاد نہ ہو۔ وہ دن جس کے بعد رات نہ آئے اور نہ اس کے بعد کوئی نیا دن طلوع ہو اس کو بھی اس لحاظ سے عقیم کہہ دیتے ہیں۔ جب کسی قوم پر تباہی نازل ہوتی ہے تو اس کی زندگی کا وہ ایسا دن ہوتا ہے جس کے بعد اس کے لیے گردش لیل ونہار کا سلسلہ منقطع ہوجاتا ہے۔ اس لیے اس کو بھی عقیم کہا گیا "وکان عقیما من کل خیر"۔ (قرطبی)

یوم عقیم سے مراد روز قیامت بھی لیا گیا ہے۔ قال ضحاک۔ عذاب یوم لا لیلۃ لہ وھو یوم القیامۃ۔

۶۰ بادشاہی اور حکمرانی تو آج بھی اللہ تعالیٰ کی ہے اس کے حکم کے بغیر کوئی پتا حرکت نہیں کرتا۔ کوئی ذرہ اپنی جگہ سے سرک نہیں سکتا لیکن آج کئی ایسے غلط اندیش اور مے پندار سے مست لوگ ہیں جو اپنی شاہی سلطانی کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن قیامت کے روز سب جھوٹے شہنشاہوں کی زبانیں گنگ ہوجائیں گی ہونٹ سل جائیں گے دل خوف کی شدت سے ڈوب رہے ہوں گے سب آشکارا ہوجائیگا کہ سارے

ع ٧ ١٤

النَّعِيمِ ﴿٥٦﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

کے باغوں میں (قیام پذیر) ہوں گے اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو یہ وہ بدنصیب ہیں جن کیلئے رسوا کن عذاب

مُّهِينٌ ﴿٥٧﴾ وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ قُتِلُوا أَوْ مَاتُوا

ہوگا اور جن لوگوں نے ہجرت کی راہ خدا میں ٢ے پھر (دوران جہاد میں) قتل کر دیئے گئے یا طبعی طور پر

لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللَّهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ﴿٥٨﴾

فوت ہوئے تو ضرور عطا فرمائیگا انہیں اللہ تعالیٰ بہترین رزق اور بیشک اللہ تعالیٰ ہی ہے جو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے

لَيُدْخِلَنَّهُم مُّدْخَلًا يَرْضَوْنَهُ ۗ وَإِنَّ اللَّهَ لَعَلِيمٌ حَلِيمٌ ﴿٥٩﴾

وہ ضرور داخل کریگا انہیں ایسی جگہ جسے وہ پسند کریں گے ٣ے اور یقیناً اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا، بُردبار ہے۔

جہان کا حاکم اور فرمانروا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ نیکوں کو ان کی نیکیوں کا اجر اور نافرمانوں کو ان کی نافرمانیوں کی سزا دے گا۔

١ے ان دو آیتوں میں سے پہلی آیت میں مومنین کے اجر کا ذکر ہے اور دوسری میں کفار کی سزا کا۔ یہاں ایک چیز غور طلب ہے۔ فالذین امنوا وعملوا الصالحات مبتدا ہے فی جنت النعیم خبر ہے۔ اسی طرح والذین کفروا وکذبوا بایاتنا مبتدا ہے فاولئک خبر ہے۔ پہلی خبر پر "ف" داخل نہیں ہے لیکن دوسری خبر پر "ف" داخل ہے۔ اس میں اس بات کی طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ اہل ایمان کا جنت میں جانا محض فضل الٰہی ہے لیکن کافروں کے دوزخ میں جانے کی وجہ ان کے اعمال ہیں۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا لن ینجی احدا عملہ قالوا ولا انت یارسول اللہ قال ولا انا الا ان یتغمدنی اللہ برحمۃ منہ وفضل یعنی کسی کو اس کا عمل نجات نہیں دیگا۔ صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ آپ کو بھی؟ حضور نے فرمایا مجھے بھی مگر یہ کہ مجھے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت اور فضل سے ڈھانپ لے۔

٢ے پہلے عام مومنین پر جو مہربانی فرمائی جانے والی ہے اس کا ذکر ہوا۔ اب خصوصیت کے ساتھ ان مبارک ہستیوں اور نفوس قدسیہ کی عزت افزائی کا بیان ہو رہا ہے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اپنے خویش و اقارب اور مال و وطن کو چھوڑ دیا اور اسی حالت میں ان کی وفات ہوئی خواہ وہ میدان جنگ میں کفار کے ہاتھوں شہید ہوئے یا انہیں طبعی موت سے دوچار ہونے۔ ان کے متعلق فرمایا کہ انہیں ہر حال میں عمدہ رزق دیا جائیگا۔ اس سے مراد وہ رزق ہے جو عالم برزخ میں انہیں ملیگا۔ والمراد بہ عند بعض مایکون للشہداء فی البرزخ من الرزق۔ (روح المعانی)

٣ے اس سے مراد جنت وہاں پر جو چاہیں گے انہیں ملیگا ای جنۃ فیہا ما تشتہیہ الانفس وتلذ الاعین ما لا عین رأت ولا اذن سمعت ولا خطر ببال البشر۔ (مظہری)

یعنی اس سے مراد جنت ہے کیونکہ اس میں انہیں وہ نعمتیں ملیں گی جنہیں نہ آج تک کسی آنکھ نے دیکھا نہ کانوں نے سنا اور نہ کسی انسان نے ان کا تصور کیا۔

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ

ان باتوں کو یاد رکھو۔ اور جس نے بدلا لیا اتنا قدر جتنی تکلیف اسے دی گئی تھی پھر (مزید) زیادتی کی گئی اس پر تو

لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ

اللہ تعالیٰ ضرور اس کی مدد فرمائیگا بیشک اللہ تعالیٰ بہت معاف فرمانیوالا بہت بخشنے والا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی داخل

الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ

کرتا ہے رات (کے کچھ حصہ) کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن (کے کچھ حصہ) کو رات میں اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا سب کچھ

بَصِيْرٌ ﴿۶۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ

دیکھنے والا ہے نیز اسکی وجہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جو خدائے برحق ہے اور جسے وہ پوجتے ہیں اس کے

دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۶۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ

علاوہ وہ سراسر باطل ہے اور اللہ تعالیٰ ہی ہے جو سب سے بلند (اور) سب سے بڑا ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ

اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۡ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ۗ

اللہ تعالیٰ نے اتارا آسمان سے پانی تو ہو جاتی ہے (خشک) زمین سرسبز و شاداب۔

اللہ تعالیٰ کی یہ سنت ہے کہ مظلوم اور کمزور کی مدد فرماتا ہے اور مسلمان چونکہ مظلوم اور کمزور ہیں اسلیے اللہ تعالیٰ انکی امداد فرمائیگا۔ اور آخرکار وہی کامیاب و کامران ہونگے۔ یہاں پہلی بات کی وجہ بیان فرمادی کہ اللہ تعالیٰ اتنی قدرت کاملہ کا مالک ہے کہ اپنی قدرت سے حکمت کے مطابق دن کا حصہ رات میں اور رات کا حصہ دن میں داخل کرتا ہے اور جو ایسا کام کرنے کی طاقت رکھتا ہو جسے کوئی بشر اور کوئی فرشتہ نہیں کرسکتا۔ وہ جس کی نصرت فرمائے گا اس کے کامیاب ہونے میں کسے شک ہوسکتا ہے۔ مومنوں کی نصرت کی دوسری وجہ بیان فرمائی کہ اللہ تم حق ہے اسکا دین حق ہے اور اسکی عبادت کرنا حق ہے اور مومن جو خدائے برحق پر ایمان لائے ہیں اسی کے دین حق کی پیروی کرتے ہیں اور اسی کی عبادت کرتے ہیں وہی اس بات کے مستحق ہیں کہ خدا برحق انکی اعانت فرمائے باقی رہے کافر و مشرک وہ بتوں کے پجاری ہیں انکے بت بھی جھوٹے اور انکا مذہب بھی باطل اسلیے باطل اور باطل پرستوں کی اعانت خداوند کریم نہیں کریگا اور وہ یقیناً خاسر و نامراد ہونگے۔

اپنی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کی ایک روشن دلیل کی طرف مخاطب کو متوجہ کیا جارہا ہے۔

إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ﴿٦٣﴾ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ

بیشک اللہ تعالیٰ ہمیشہ لطف فرمانیوالا ہر چیز سے باخبر ہے اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے [۹۳]

وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٦٤﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا

اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جو سب سے بے پرواہ اور ہر تعریف کا مستحق ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمانبردار بنا دیا ہے تمہارے

فِي الْأَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ ۗ وَيُمْسِكُ السَّمَاءَ

لیے ہر چیز کو جو زمین میں ہے [۹۴] اور کشتی کو بھی کہ چلتی ہے سمندر میں اس کے حکم سے۔ اور اس نے روک رکھا ہے آسمان کو

أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ

کہ گر نہ پڑے زمین پر بجز اس کے فرمان کے۔ بیشک اللہ تعالیٰ لوگوں کے ساتھ بڑی مہربانی فرمانیوالا

رَحِيمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ الَّذِي أَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۗ

ہمیشہ رحم کرنیوالا ہے۔ اور وہی ہے جس نے تمہیں زندگی دی [۹۵] پھر مارے گا تمہیں پھر زندہ کرے گا تمہیں۔

[۹۳] ہر چیز جہاں کہیں بھی ہے پیدا بھی اس کو اسی نے کیا ہے اور اس کے بقا کا بھی وہی اہتمام کرتا ہے۔

[۹۴] اپنی قدرت و حکومت بیان کرنے کے بعد اب اپنے انعامات و احسانات کا ذکر فرمایا کہ دیکھو ہم نے تم پر کتنے کتنے احسانات فرمائے ہیں۔ ہماری شفقت اور بے پایاں رحمت کا تم بآسانی اندازہ لگا سکتے ہو۔

[۹۵] اگر یہ سب کچھ ہوتا۔ گلشن عالم کی یہ ساری رونقیں ہوتیں لیکن تمہیں پیدا نہ کیا جاتا تو تم ان سے کیسے لطف اندوز ہو سکتے۔ تم پر اس نے مزید کرم فرمایا کہ تمہیں زندگی کی نعمت رحمت فرمائی تاکہ تم ان گوناگوں احسانات سے مستفیض ہو سکو۔ لیکن یہ زندگی جس کی دلآویزیوں نے تمہیں مخمور کر دیا ہے فانی ہے۔ کچھ عرصہ بعد تمہیں موت کا ذائقہ چکھنا ہوگا۔ اس کے بعد پھر تمہیں زندہ کیا جائے گا اور وہ زندگی ابدی ہوگی۔ عقلمند وہ شخص ہوا کرتا ہے جو دور اندیش ہو۔ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کے لیے کوشاں ہو۔ جو امروز کے ہنگاموں میں ایسا کھو جائے کہ فردا کا اسے ہوش ہی نہ رہے اسے کوئی دانا نہیں کہتا۔

إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ ﴿٦٦﴾ لِّكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ

بیشک انسان بڑا ناشکرا ہے ٨١ ہر امت کے لیے ہم نے مقرر کر دیا ہے عبادت کا طریقہ ٨٢ جس کے مطابق وہ

فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ ۚ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى

عبادت کرتے ہیں۔ تو انہیں چاہیے کہ وہ نہ جھگڑا کریں آپ سے اس معاملہ میں۔ آپ بلاتے رہیے انہیں اپنے رب کی طرف (اے محبوب!) آپ بیشک

مُّسْتَقِيمٍ ﴿٦٧﴾ وَإِن جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٦٨﴾

سیدھی راہ پر گامزن ہیں! اور اگر وہ (پھر بھی) آپ سے جھگڑا کریں ٨٣ تو آپ صرف اتنا فرما دیجیے کہ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو تم کر رہے ہو۔

اللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٦٩﴾

اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمائے گا تمہارے درمیان قیامت کے دن ان امور کے بارے میں جن میں تم اختلاف کرتے رہتے ہو۔

٨١ یہ احسانات جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے ان کے پیش نظر فطرت سلیمہ کا تقاضا تو یہ تھا کہ اپنے منعم اور محسن کی چوکھٹ پر ہمیشہ سرِ نیاز جھکا رہے اور زبان و دل ہمیشہ اس کا شکر اور اس کی ثنا کرتی رہے لیکن حضرت انسان کی ناشکر گزاریاں اور احسان فراموشیاں قابل دید ہیں۔

٨٢ آج تک جو رسول بھی بھیجا گیا اسے اس کی قوم کے مخصوص حالات کے پیش نظر ایک نظام شریعت (منسک) عطا کیا گیا۔ اپنی اسی حکیمانہ قدیم سنت کے مطابق آپ کو بھی شریعت کا ایک ایسا دستور عطا فرمایا جو عصر حاضر کی ضروریات کو پورا کر سکتا ہے اور اسلام کے عالمی اور ابدی دین ہونے کے تقاضوں سے باحسن وجوہ عہدہ برآ ہو سکتا ہے اس لیے کسی سمجھدار آدمی کو مناسب نہیں کہ احکام شریعت کے اختلاف کو وجہ نزاع بنا کر مخالفت کا طوفان برپا کرے۔ اے حبیب مکرم! آپ اپنا فرض ادا کرتے رہیے اور کسی کی فساد انگیزی کی پرواہ نہ کیجیے۔ کوئی مفسد اپنی غوغا آرائی سے آپ کو گزند نہیں پہنچا سکتا۔

٨٣ اگر اس کے باوجود بھی خواہ مخواہ کوئی الجھتا ہے تو آپ اپنا قیمتی وقت اس کو خاموش کرنے میں صرف نہ فرمائیں بلکہ اسے کہہ دیجیے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے کرتوتوں سے خوب واقف ہے۔ قیامت کا دن آنے دو وہ خود فیصلہ فرمائے گا اور دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں فی هذه الاية ادب حسن علمه الله عباده فی الرد علی من جادل تعنتا ومراءً ان لا يجاب ولا يناظر ويدفع بهذا القول الذي علمه الله نبيه صلى الله عليه وسلم۔ یعنی اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو بڑا عمدہ ادب سکھایا ہے کہ جو شخص محض تعصب اور جھگڑا کرنے کے شوق میں تم سے مناظرہ کرنا چاہے اسے کوئی جواب نہ دو اور نہ اس کے ساتھ مناظرہ کرو۔ اس کی تمام غوغا آرائیوں کے جواب میں صرف یہ بات کہہ دو جو

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۗ إِنَّ

کیا آپ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے ١٢٤ یہ سب کچھ

ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٧٠﴾ وَيَعْبُدُونَ

ایک کتاب میں لکھا ہوا ہے۔ بیشک (بندی اور ہستی کی ہر چیز کو جان لینا) اللہ تعالیٰ پر آسان ہے۔ اور وہ پوجتے ہیں

مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُمْ

١٢٥ اللہ تعالیٰ کے سوا ان کو نہیں اتاری جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے کوئی سند۔ اور انھیں خود بھی انکے بارے میں کوئی

بِهِ عِلْمٌ ۗ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ نَصِيرٍ ﴿٧١﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ

علم نہیں۔ اور نہیں ہوگا ظلم و ستم کرنے والوں کا کوئی مددگار۔ اور جب تلاوت کی جاتی ہیں انکے سامنے

آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِ الَّذِينَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ۖ يَكَادُونَ

ہماری آیتیں جان صاف تو آپ پہچان لیتے ہیں کفار کے چہروں پر ناپسندیدگی کے آثار۔ ١٢٦ یوں پتہ چلتا ہے کہ وہ

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم کو سکھائی ہے۔

١٢٤ جب وہ سب کچھ جانتا ہے تو ان معاندین کے احوال اور بدنیتی اس سے کیسے مخفی رہ سکتی ہے۔

١٢٥ کفار و مشرکین جن بتوں کو اپنا خدا مانتے ہیں اور ان کی پوجا کیا کرتے ہیں اس کے لیے ان کے پاس نہ کوئی نقلی دلیل ہے نہ عقلی۔ پھر ایسے ظالموں اور جفا کاروں کی کون مدد کر سکتا ہے۔

١٢٦ آیاتِ قرآنی کی جب تلاوت کی جاتی ہے تو اہلِ ایمان خوش ہوتے ہیں اور کلامِ الٰہی کی مٹھاس اور شیرینی ان کے رگ و پے میں سما جاتی ہے لیکن یہ لوگ جنہوں نے کفر و شرک کے باعث اپنے ذوقِ سلیم کا گلا گھونٹ کر رکھ دیا ہے جب ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کی آیاتِ بینات پڑھی جاتی ہیں تو ان کے چہروں پر ناگواری اور ناپسندیدگی کے آثار نمایاں ہوتے ہیں اور اگر ان کا بس چلے تو پڑھنے والے پر حملہ کر کے اس کی تکا بوٹی کر دیں۔

المنکر: الغضب والعبوس۔ ناراضگی اور ناگواری۔ یسطون: شدة البطش۔

يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ

عنقریب جھپٹ پڑیں گے ان لوگوں پر جو پڑھتے ہیں ان کے سامنے ہماری آیتیں۔ آپ فرمائیے (اے جلنے والو!) کیا میں آگاہ

مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَبِئْسَ

کردوں تمہیں اس سے بھی تکلیف دہ چیز سے ؟ وہ دوزخ کی آگ ہے۔ وعدہ کیا ہے اس آگ کا اللہ تعالیٰ نے کفار سے۔ اور دوزخ بہت

الْمَصِيْرُ ﴿۷۲﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ؕ اِنَّ

برا ٹھکانا ہے۔ اے لوگو! ایک مثال بیان کی جا رہی ہے پس غور سے سنو اسے۔ بیشک جن

الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا

معبودوں کو تم پکارتے ہو اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر یہ تو مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتے اگرچہ وہ سب جمع ہو جائیں

یعنی قرآن کریم کی آیات سن کر تمہارا دل ڈوبنے لگتا ہے تمہاری طبیعت میں قلق اور اضطراب کی لہر دوڑ جاتی ہے تمہاری پیشانی پر بل پڑنے لگتے ہیں کچھ دیر بعد تمہیں ایک ایسی چیز سے پالا پڑنے والا ہے جو تمہارے لیے ان سے بھی کہیں زیادہ خطرناک اور ہوشربا ہو گی۔ وہ دوزخ کی آگ ہے جس کی آنچ کو ہر لحظہ تیز کیا جا رہا ہے جس کے شعلے تمہیں بھسم کرنے کے لیے ماہی بے آب کی طرح بیتاب ہیں۔ اگر تم نے عقل و فہم کی خداداد قوتوں سے کام لے کر حق کو قبول نہ کیا تو یاد رکھو تمہارا ٹھکانا دوزخ ہو گا۔

پہلی آیت میں یہ بتایا گیا کہ مشرکین جن معبودوں کی عبادت کرتے ہیں اس کے لیے ان کے پاس نہ کوئی نقلی دلیل ہے نہ عقلی۔ یہ محض ان کی جہالت اور حماقت کا نتیجہ ہے۔ اب ان کے اس فعل کی قباحت کو ایک مثال دے کر واضح کیا جا رہا ہے تاکہ ان پر ان کی اپنی حماقت اور جہالت آشکارا ہو جائے اور وہ اس سے باز آ جائیں۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ جن بے جان بتوں کو تم نے اپنا کارساز اور حاجت روا سمجھ رکھا ہے ان کی حقیقت پر بھی کبھی تم نے غور کیا۔ کائنات کی خوبصورت، مفید اور بڑی بڑی چیزوں کو تم رہنے دو۔ انہیں کہو کہ وہ سب مل کر ایک مکھی ہی بنا دیں جو بالکل حقیر اور کمزور سی چیز ہے۔ پھر فرمایا مکھی بنانا تو کجا ان بیچاروں میں تو اتنی طاقت بھی نہیں کہ اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین لے تو وہ اس سے واپس لے سکیں۔ جن معبودوں کی بے بسی کا یہ عالم ہے انسان جو اشرف المخلوقات ہے اور جسے ایجاد و اختراع کی اعلیٰ صلاحیتیں بخشی گئی ہیں وہ اگر انہیں اپنا معبود بنا لے تو دنیا میں اس سے بڑی حماقت اور ظلم نہیں ہو سکتا۔

الذین تدعون سے مراد وہ بت ہیں جن کی وہ پرستش کیا کرتے تھے المراد الاوثان الذین عبدوهم من دون الله (قرطبی)

علامہ پانی پتی لکھتے ہیں ان الذین تدعونها ايها الكفار الهة كائنة من دون الله وهى الاصنام۔

لَهٗ ۚ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۚ ضَعُفَ

اس (مکھی) سے (کام) کے لیے اور اگر چھین لے ان سے مکھی بھی کوئی چیز تو وہ نہیں چھڑا سکتے اسے اس مکھی سے (واہ!) کتنا بے بس ہے

الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ﴿٧٣﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

ایسا طالب اور کتنا بے بس ہے ایسا مطلوب ۸۹؎ نہ قدر پہچانی انھوں نے اللہ تعالیٰ کی جیسے اس کی قدر پہچاننے کا حق تھا ۹۰؎ بیشک

لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿٧٤﴾ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ

اللہ تعالیٰ بڑا طاقتور (اور) سب پر غالب ہے۔ اللہ تعالیٰ چن لیتا ہے فرشتوں سے بعض پیغام پہنچانے والے اور انسانوں سے بھی

النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٧٥﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ

بعض کو رسول ۹۱؎ بیشک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے اور

مَا خَلْفَهُمْ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٧٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

جو کچھ ان کے پیچھے ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف ہی لوٹائے جائیں گے سارے معاملات۔ اے ایمان والو!

ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ

رکوع کرو اور سجدہ کرو اور عبادت کرو ۹۲؎ اپنے پروردگار کی اور (ہمیشہ) مفید کام کیا کرو تاکہ تم (دین و دنیا میں)

۸۹؎ طالب سے مراد بتوں کے پجاری اور مطلوب سے مراد بت۔ الطالب عابد الصنم والمطلوب الصنم (مظہری۔ قرطبی وغیرہا)

۹۰؎ ان نالائقوں نے اللہ تعالیٰ کی عظمت اور اس کی شانِ کبریائی کا صحیح اندازہ نہیں لگایا ورنہ وہ ایسی کھلی حماقت کا ارتکاب کرتے۔

۹۱؎ بیانِ توحید کے بعد اب رسالت کا اثبات کیا جا رہا ہے۔ ولید وغیرہ کہا کرتے تھے کہ اگر انسانوں میں سے کسی کو رسول بنانا تھا تو ہم جو رؤسائے قریش ہیں ہمیں بنایا ہوتا۔ ارشاد ہے کہ یہ انتخاب اللہ تعالیٰ خود کرتا ہے تمھاری پسند و ناپسند کو دخل نہیں۔ تم نہیں جان سکتے کہ کون اس بارِ امانت کو اٹھانے کی اہلیت رکھتا ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کے انتخاب پر جو سمیع بھی ہے اور بصیر بھی تمھارا معترض ہونا تمھاری کج فہمی کی انتہا ہے۔

۹۲؎ پہلے کفار کی حماقتوں کا ذکر ہوا اب اس اللہ تعالیٰ کی بندگی کا حکم دیا جا رہا ہے جو خداوندِ برحق ہے جو قادرِ مطلق ہے جس کی عظمت و کبریائی کی شہادت آسمان کی بلندیاں، زمین کی پستیاں، پہاڑوں کا سکون اور دریاؤں کی روانیاں، عندلیبوں کے

تُفْلِحُوْنَ ۝ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ۭ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ

کامیاب ہو جاؤ۔ اور سر توڑ کوشش کرو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جس طرح کوشش کرنے کا حق ہے ۹۳ اس نے چن لیا ہے تمہیں ۹۴

نالے دریچوں کی سکراہٹیں کانٹوں کی چبھن اور کلیوں کی چٹکن غرضیکہ ہر چیز اپنی اپنی حیثیت صلاحیت کے مطابق قسم رہی ہے اس کی ایسی بندگی کا حکم دیا جا رہا ہے جو صرف زبان تک محدود نہ ہو جو رکوع وسجود میں مقید نہ ہو۔ جو مساجد وعبادت گاہوں کے دروازوں پر آکر ختم نہ ہو جائے بلکہ ایسی بندگی جس کا زندگی کے ساتھ ہمہ وقتی تعلق ہے۔ زندگی کا قافلہ جس راہ پر گامزن رہے غم واندوہ کے جتنے عمیق کھڈوں سے گزرے خوشی ومسرت کے جتنے چمن راہ میں آئیں ہر ہر جگہ ہر ہر قدم پر بندگی کا نشان زندگی کی جبین پر تابندہ رہے۔

رکوع وسجود سے ادائے نماز کا حکم ملا واعبدوا سے اس کے تمام احکام بجالانے کی تاکید ہوئی۔ وافعلوا الخیر سے ایسے کام کرنے کا فرمان صادر ہوا جو اس کے لیے اس کی قوم وملت کے لیے سارے نوع انسانی کے لیے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق کے لیے اپنے دامن میں خیر ونفع کی نعمت سمیٹے ہوں۔ وافعلوا الخیر الظاھرانہ یعم الافعال کلھا یعنی اختاروا ما ھو خیر واصلح فی ما تاتون بہ وتذرونہ (مظہری)

۹۳ اس آیت سے اس سورۃ کا اختتام ہو رہا ہے۔ اس کی جامعیت اور معنویت کا تقاضا تو یہ ہے کہ ہر مومن کو یہ از بر ہو اور وہ اسے اپنے لیے مشعل راہ بنائے۔ بڑے غور وتامل سے اس کا ایک ایک فقرہ پڑھیے اور کلمات کی اوٹ میں جو معانی اور معارف مستور ہیں ان سے پردہ سرکانے کی کوشش کیجیے دیکھیے پھر کیا نظر آتا ہے۔ آغاز اس حکم سے فرمایا وجاھدوا فی اللہ حق جہادہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں اس طرح جہاد کرو جس طرح جہاد کرنے کا حق ہے۔ لفظ جہاد کی تشریح کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں۔ الجہاد والمجاھدۃ استفراغ الوسع فی مدافعۃ العدو۔ دشمن کا مقابلہ کرنے میں اپنی ہر امکانی قوت صرف کر دینے کو جہاد اور مجاہدہ کہتے ہیں۔ پھر لکھتے ہیں جہاد کی تین قسمیں ہیں:۔

۱۔ مجاھدۃ العدو الظاھر۔ ظاہری دشمن سے جہاد۔

۲۔ ومجاھدۃ الشیطان۔ اور شیطان سے جہاد۔

۳۔ ومجاھدۃ النفس۔ اور اپنے نفس کے خلاف جہاد اور اس آیت میں تینوں قسم کے جہاد داخل ہیں۔

ارشاد نبوی ہے۔ جاھدوا اھواءکم کما تجاھدون اعداءکم۔ اپنے ظاہری دشمنوں سے تم جس طرح جہاد کرتے ہو اسی طرح اپنی نفسانی خواہشات کے خلاف بھی جہاد کرو۔ آخر میں لکھتے ہیں کہ جہاد ہاتھ سے بھی ہوتا ہے اور زبان سے بھی جس طرح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے: جاھدوا الکفار بایدیکم والسنتکم۔ کفار کا مقابلہ زور بازو کے ساتھ بھی کرو اور زبان سے بھی۔ (مفردات)

گویا دشمن کے مقابلہ میں سر دھڑ کی بازی لگا دینا لفظ جہاد کے مفہوم میں داخل ہے۔ امکانی وسائل مہیا کرنے میں

جنگی تدابیر میں صبر و استقامت کا مظاہرہ کرنے میں اگر کسی قسم کی غفلت برتی جائے گی تو گویا ایسی ادھوری کوشش کو قرآنی اصطلاح میں جہاد کا نام دینا زیادتی ہوگی۔ جاهدوا کا یہ معنی ذہن نشین کرنے کے بعد آگے بڑھیے۔ ارشاد ہے: فی اللہ۔ یعنی تمہاری یہ ساری تگ و دو، یہ عدیم النظیر جانثاری اور فدائیت، یہ بے مثال صبر و استقامت کسی ذاتی یا دنیوی مقصد کی تکمیل کے لیے نہ ہو بلکہ محض اللہ تعالیٰ کے نام کو بلند کرنے کے لیے ہونا چاہیے۔ یہی وہ خصوصیت ہے جس کے باعث امتِ مسلمہ کی جنگ دوسری قوموں کی جنگوں سے غایت و مقصد کے اعتبار سے بالکل ممتاز ہو جاتی ہے۔ خود مسلمان بھی اگر اس مقصد کے علاوہ کسی اور مقصد کے لیے آمادۂ پیکار ہوں گے تو اسے قرآنی اصطلاح میں جہاد نہیں کہا جائے گا۔

پھر فرمایا "حق جهاده" کہ جہاد کرو تو پھر اس کا حق ادا کرو۔ اللہ تعالیٰ کا نام بلند کرنے کے لیے خون کے دریا بہتے ہیں تو انھیں خوب بہنے دو۔ اگر کشتوں کے پشتے لگ رہے ہیں تو ذرا پروا نہ کرو۔ رنگ رنگیلی جوانیاں قربان ہو رہی ہیں تو انھیں بلا تامل قربان ہونے دو۔ جب تک تمہاری جان میں جان ہے اسلام کا پرچم سرنگوں ہونے نہ پائے۔ حضرت جعفر کی طرح ایک ہاتھ کٹ گیا ہے تو جھٹ دوسرے ہاتھ میں جھنڈا تھام لو اور اگر دوسرا بازو بھی کٹ گیا ہے تو اپنے دانتوں سے پکڑ لو۔ تمہارا جسم اگر تیر و سناں کے چرکوں سے چھلنی ہو گیا ہے تو کیا مضائقہ! اسلام کی عظمت و ناموس کو اگر تم نے اپنی جان دے کر بچا لیا تو تم سے زیادہ سرخرو اور کون ہوگا۔

جس قوتِ ارادی، عزم اور قربانی کی ضرورت ایمان کے ظاہری دشمنوں کے مقابلہ کے لیے ہے اسی طرح شیطان اور نفس کا مقابلہ کرنے کے لیے بھی ان صفات کا مظاہرہ ضروری ہے بلکہ یہاں پہلے سے بھی چوکس اور ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ وہ دشمن تھا اور دشمن کا لباس پہن کر آیا تھا۔ یہ ایسے دشمن ہیں جو اپنے آپ کو مخلص ترین دوست ظاہر کرتے ہیں۔ ان کی چالیں بڑی باریک ہوتی ہیں۔ ان کا دامِ فریب تب نظر آتا ہے جب انسان اس میں پھنس کر پھڑپھڑانے لگتا ہے۔

۹۴؎ تمہیں کیوں اس دینِ حق کے لیے سر بکف اور کفن بدوش ہو کر باطل سے ٹکرانے کا حکم دیا جا رہا ہے؟ بڑے محبت بھرے اور کریمانہ انداز میں اس کی وجہ بیان فرما دی کہ اقوامِ عالم کی بھری انجمن سے اے غلامانِ مصطفیٰ قدرت کی نگاہ نے تمہیں چنا ہے۔ حق کی پاسبانی کا فخر تمہیں بخشا ہے۔ مکارمِ اخلاق کی تکمیل کی خدمت تمہیں سونپی ہے۔ اس صحیفۂ رشد و ہدایت کا امین تمہیں بنایا گیا ہے۔ غور کرو تم پر کتنا کرم فرمایا ہے اس کریم نے تمہیں کتنا بڑا اعزاز بخشا ہے اس عزیز و قدیر نے۔ اب اگر تم نے اس دین کی نشر و اشاعت کا فریضہ ادا کرنے میں کوتاہی کی اور ان رکاوٹوں کو نہ ہٹایا جو اس کا راستہ روکے کھڑی ہیں اگر تم نے ان حجابات کو تار تار نہ کیا جو اس کی روشنی کو پھیلنے نہیں دیتے تو پھر تم سے بڑھ کر احسان فراموش کوئی نہیں ہوگا۔ خود ہی فیصلہ کرو اگر تم نے اس نورِ ہدایت کو عام نہ کیا تو انسانیت کی یہ شبِ دیجور کیسے سحر آشنا ہوگی؟ اگر تم نے آگے بڑھ کر ظالم کے ہاتھ سے ظلم کی تلوار نہ چھینی تو ستم رسیدہ انسانوں کی پھر کون دادرسی کرے گا۔ اگر تم نے اس دستور العمل کے فیوض و برکات سے لوگوں کو آگاہ نہ کیا تو انھیں رشد و ہدایت کی دولت کہاں سے ملے گی۔ واجتبکم اس نے تمہیں اقوامِ عالم سے اس عظیم مقصد کی تکمیل کے لیے چنا ہے تمہیں اس کا ضرور پاس ہونا چاہیے۔ تمہیں اپنی لاج ضرور رکھنی چاہیے۔

وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۭ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ

(حق کی پاسبانی اور اشاعت کے لیے) اور نہیں روا رکھی اس نے تم پر دین کے معاملہ میں کوئی تنگی ۹۵ پیروی کرو اپنے باپ ابراہیم

اِبْرٰهِيْمَ ۭ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ڏ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا

کے دین کی ۹۶ اسی نے تمہارا نام مسلم (سر اطاعت خم کرنے والا) رکھا ہے اس سے پہلے اور اس قرآن میں بھی تمہارا

لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَاۗءَ عَلَي

یہی نام ہے تاکہ ہو جائے رسول (کریم) گواہ ۹۷ تم پر اور تم گواہ ہو جاؤ

۹۵ یہ ایسا دین نہیں جس پر عمل کر کے تم مصیبت کا شکار ہو جاؤ۔ جس کو قبول کرنے کے بعد تمہاری مادی، علمی اور روحانی ترقی کی راہیں مسدود ہو جائیں۔ تم کسی میدان میں دنیا کی کسی قوم سے مات کھا جاؤ۔ یہ دین ہر قسم کی ایسی رکاوٹوں سے پاک ہے۔ اسے سمجھنا آسان ہے۔ اس پر عمل کرنا آسان ہے اور جو ملت اس پر عمل کرتی ہے وہ سارے جہان کے لیے فیوض و برکات کا منبع بن جاتی ہے۔ اس لیے اس تشویش کو اپنے دل سے نکال دو کہ اس دین کو اپنا کر تم مشکلات میں گھر جاؤ گے۔ ترقی کی دوڑ میں دوسری قومیں تم سے بازی لے جائیں گی۔

۹۶ یہ دین کوئی نیا دین نہیں۔ یہ تمہارے اسی باپ ابراہیم کا دین ہے جس کی عظمت کے گیت تم گاتے ہو جس کی زندگی کو ایک مثالی زندگی یقین کرتے ہو جس کی ذات والا صفات کی طرف اپنے آپ کو منسوب کر کے تم صد عزو افتخار محسوس کرتے ہو اسی نے تمہیں مسلم کا معزز و محترم لقب عطا فرمایا ہے۔

۹۷ ملۃ ابراہیمی کے برحق، سراپا یمن و برکت اور سب اقوام عالم کے لیے آیۂ رحمت ہونے پر اگر تمہیں کسی دلیل کی ضرورت ہو۔ اگر کسی کو کوئی گواہ درکار ہو تو یہ دیکھو میرا رسول محترم، میرا حبیب معظم کھڑا ہے۔ اس کی کتاب زیست کا ہر ورق اس دین و ملت کی حقانیت و صداقت کی گواہی دے رہا ہے۔ اس کی راتوں کا سوز و گداز اس کے دنوں کی مصروفیتیں، اس کا ہر قول، اس کا ہر فعل، اپنے دوستوں کے ساتھ اس کا برتاؤ، اپنے دشمنوں کے ساتھ اس کا سلوک، اس کی جنگیں اور اس کی صلحیں، اس کی مکی زندگی، غرضیکہ تم اسے جس پہلو سے دیکھنا چاہو دیکھو۔ جس کسوٹی پر پرکھنا چاہو خوب پرکھو۔ اگر تمہاری چشم دل نور حق کو پہچاننے کی صلاحیت رکھتی ہے تو تم بے اختیار کہہ اٹھو گے کہ اس سے سچا گواہ آج تک چشم فلک پیر نے نہیں دیکھا۔ تمہارا دل مان جائے گا کہ جس کی گواہی یہ دے رہا ہے اس کے برحق ہونے میں ذرا تامل نہیں کیا جا سکتا۔

النَّاسِ ۚۖ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۭ هُوَ

لوگوں پر شہ پس (راسخ بن حق کے علمبردارو!) صحیح صحیح ادا کیا کرو نماز اور دیا کرو زکوٰۃ ۹۹ اور مضبوط پکڑ لو اللہ تعالیٰ (کے دامن رحمت) کو

۹۸؎ اور ایسے سچے گواہ کی گواہی قبول کر کے ایمان لانے والو! مسلم کے محترم و معزز لقب سے سرفراز ہونے والو! بزم عالم میں تمہارا مقام بھی یہ ہے کہ تم اپنی گفتار اپنے کردار اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی اس طرح بسر کرو کہ تم اس دین کے برحق ہونے کی ایسی گواہی دے سکو جسے تسلیم کرنے کے بغیر کسی کو چارۂ کار نہ ہو۔ لوگ تمہیں دیکھ کر، تم سے مل کر، اور تم سے معاملہ کر کے یقین کر لیں کہ جس دین کے تم پیروکار ہو وہی سچا دین ہے۔ جس نظامِ حیات کے تم نقیب ہو سارے جہان کی فلاح و سلامتی کا صرف یہی ضامن ہو سکتا ہے۔

اس بات پر تاریخ شاہد ہے کہ جب تک مسلمان اس شہادت کی ذمہ داریوں کو انجام دیتا رہا لوگ پروانوں کی طرح شمع اسلام پر نثار ہوتے رہے۔ ایک مردِ حق آگاہ بھی اگر کسی ظلمت کدہ میں پہنچ گیا تو اس کے رُخِ انور کی تابانیوں سے وہاں ہر طرف اجالا ہو گیا۔ ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں لوگ اپنے آبائی عقاید و نظریات کے زنار توڑ توڑ کر مشرف با سلام ہوتے رہے۔ اشاعتِ اسلام کی تاریخ کا مطالعہ کرو تمہیں پتہ چلے گا کہ امتِ محمدیہ علی صاحبہا افضل الصلوات و اطہر التحیات کے ان افراد نے ہر جگہ ہدایت کے یہ چراغ روشن کیے جن کا ظاہر و باطن نورِ توحید سے جگمگا رہا تھا۔ جو کام سلطان محمود غزنوی کے حملوں اور شہاب الدین کی فتوحات سے نہ ہو سکا وہ کام ان خرقہ پوش صوفیوں نے کیا۔ اس خوبی اور اس شان سے کیا کہ صدیاں گزر جانے کے باوجود ان کی روحانی تسخیرات کی ضیا پاشیوں میں کمی نہیں ہوئی۔ لاہور، اجمیر، دہلی، اورنگ آباد، گجرات، سلہٹ، چٹا گانگ، گنگوہ، ملتان، پاک پٹن میں کس نے بر سرِ اقتدار باطل کو شکست فاش دی اور اسلام کا پرچم لہرایا اور اس طرح لہرایا کہ آج بھی لہرا رہا ہے اور قیامت تک لہراتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

یہ ہستیاں اپنے ساتھ دولت کے خزانے نہیں لائی تھیں، لشکرِ جرار ان کے ہمرکاب نہ تھے۔ فنِ مناظرہ میں بھی مہارت کا انہیں دعویٰ نہ تھا۔ ان کے پاس اپنی زندگی کی کھلی کتاب تھی جس کی ہر سطر سے نور عرفان کے چشمے ابل رہے تھے۔ ان کے پاس اپنی دلِ بابصیرت اور بے داغ کردار تھا جو پکار پکار کر اسلام کی حقانیت کی گواہی دے رہا تھا۔ ان کی صداقت کی دلیل ان کے نورانی چہرے تھے جو مہرِ درخشاں کو شرمسار کر رہے تھے۔ کسی مخالف میں یہ ہمت نہ تھی کہ وہ ان کی گواہی کو مشکوک ثابت کر سکے۔ اسی کا یہ نتیجہ تھا کہ جو دل حق قبول کرنے کی استعداد رکھتے تھے وہ دوڑ کر آتے اور دامنِ اسلام سے وابستہ ہو گئے۔

آج بھی دینِ اسلام کو اپنی برتری اور افادیت ثابت کرنے کے لیے ایسے ہی گواہوں کی ضرورت ہے جو اپنے عمل سے، اپنے اخلاق سے، اپنی روحانی بلندی اور وسعتِ علم سے اس کے برحق ہونے کی ایسی شہادت دینے کی اہلیت رکھتے ہوں کہ کوئی انہیں جھٹلا نہ سکے ورنہ جو تبلیغ آج ہم کر رہے ہیں وہ بیگانوں کو تو کیا اپنوں کو بھی اسلام سے

مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۷۸﴾

وہی تمہارا کارساز ہے۔ پس وہ بہترین کارساز ہے اور بہترین مدد فرمانے والا ہے۔ ۱۰۰

تنفر کر رہی ہے۔ چاک گریبانوں کو رفو کرنا تو کجا ہمارے مبلغین ان چاکوں کو اور زیادہ وسیع کر رہے ہیں۔ محبت و پیار کا درس دے کر ملت کے پراگندہ شیرازہ کو یکجا کرنا تو بڑی بات ہے جہاں ان کے سبز قدم پہنچے وہاں فتنہ و فساد کے شعلے بھڑک اٹھتے ہیں۔ آج ہاتھوں میں سوئی نہیں قینچی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے حال زار پر رحم فرمائے۔

یہ تو ہوئی اس دنیا میں شہادت اور ایک شہادت حضور کریم صلے اللہ علیہ وسلم اور حضور کی امت قیامت کے دن دے گی اسی شہادت سے انبیاء سابقین اس الزام سے بری کیے جائیں گے جو ان کی امتیں ان پر لگائیں گی کہ الٰہی ان تیرے نبیوں نے ہمیں تیرا کوئی پیغام نہیں پہنچایا اور نہ انھوں نے ہمیں دعوت توحید دی ورنہ ہم کبھی کفر و شرک میں مبتلا نہ رہتے اس وقت غلامانِ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم آگے بڑھیں گے اور گواہی دیں گے یا اللہ تیرے رسولوں اور نبیوں نے اپنا فرض پوری طرح ادا کیا قصور انہی لوگوں کا ہے جو آج بڑے سلیم الطبع بنے بیٹھے ہیں اس کی مزید وضاحت کے لیے ضیاء القرآن جلد اول سورۃ بقرۃ آیت نمبر ۱۴۳ اور سورۃ النساء آیت نمبر ۴۱ کے حاشیے ملاحظہ فرمائیے۔

۹۹ آخر میں پھر نماز و زکوٰۃ کی پابندی کا حکم دیا تاکہ اس میں سستی واقع نہ ہو۔ کیونکہ اسلامی برکات کا سرچشمہ یہی عبادات ہیں۔ اسی سے انسان میں نیکی کی خفتہ صلاحیتیں بیدار ہوتی ہیں اور مذموم صفات سے نفس کا تزکیہ ہوتا ہے۔

۱۰۰ ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کے دامن رحمت کو مضبوطی سے پکڑے رہو۔ دشمن کتنا قوی ہو، مشکلات کتنی ہوشربا ہوں، ماحول کتنا ناساز ہو، پرواہ نہ کرو، عزم، حوصلہ اور اخلاص سے قدم آگے بڑھاتے چلے جاؤ کیونکہ

ھو مولٰکم فنعم المولیٰ ونعم النصیر

تعارف سُورۃ المؤمنون

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نام : اس سورۃ کا نام المومنون ہے جو پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔

نزول : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس میں چھ رکوع ایک سو اٹھارہ آیتیں اور ایک ہزار آٹھ سو چالیس کلمات اور چار ہزار آٹھ سو دو حروف ہیں۔

مضامین : (۱) اس سورۃ کا افتتاح اُمّتِ مسلمہ کے ان افراد کی صفاتِ حمیدہ سے کیا گیا جو نورِ اسلام سے اپنے دلوں کو منور کرتے ہیں اور اپنے اعمال اور جذبات کو قرآن کے پیش کیے ہوئے قالب میں ڈھال دیتے ہیں۔ فرمایا اسی قسم کے لوگوں کے سر پر فلاحِ دارین کا تاج رکھا جائے گا۔ اور یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے فردوسِ بریں کی ابدی نعمتیں چشم براہ ہیں۔

(۲) حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت پر کفار کو سب سے بڑا اعتراض یہ تھا کہ آپ توحید اور قیامت پر ایمان لانے کا حکم دیتے ہیں یہ دونوں باتیں ان کے خیال کے مطابق عقل، تجربہ اور مشاہدہ کے سراسر خلاف تھیں۔ اس لیے وہ کسی قیمت پر انھیں ماننے کے لیے تیار نہ تھے۔

چنانچہ اس سورت میں اسلام کے ان دو بنیادی عقیدوں کے متعلق ان کی غلط فہمیوں کو دور کیا گیا ہے۔ ان کے سامنے انفسی اور آفاقی ہر قسم کے دلائل پیش کیے گئے ہیں۔ انھیں کہا گیا ہے کہ ذرا اپنی پیدائش پر غور کرو کہاں پانی کی ایک بوند میں ایک گمنام جرثومہ اور کہاں یہ حضرتِ انسان یہ کس کی قدرت کا کرشمہ ہے، یہ اعجاز آفرینی کس کی حکمت کی جلوہ گری ہے ذرا آنکھیں کھول کر آسمان کی بلندیوں کی طرف دیکھو وہاں کس کی قدرت کے جلوے نظر آرہے ہیں پانی جو ہر قسم کی زندگی کا سرچشمہ ہے اس کی بہم رسانی کا انتظام کس عمدگی سے کر دیا گیا ہے یہاں تک کہ پہاڑوں کی وہ بلند چوٹیاں جہاں تم کسی طرح پانی نہیں لے جا سکتے تھے وہاں اس نے میٹھے اور ٹھنڈے پانی کے چشمے جاری کر دیتے ہیں غرضیکہ اس کی بنائی ہوئی جس چیز میں تم تدبر کرو گے۔ تمھیں اس کے خالق کی قدرت، حکمت اور علم محیط کا اندازہ ہو جائے گا۔

جب ان صفاتِ کمال سے وہی متصف ہے تو پھر کتنی نادانی ہے کہ اس کا شریک ایسی چیزوں کو بنایا جائے جو

ان صفات سے قطعاً عاری ہیں اور نہ وہ کسی کو ضرر پہنچا سکتی ہیں اور نہ نفع۔

نیز غور کرو ایسی قدرت والے یزداں اہرمین کےلیے کیا مشکل ہے کہ وہ تمہیں مرنے کے بعد پھر زندہ کر دے۔

(۳) اس کے بعد چند انبیاء کرام کے احوال بیان فرمائے اور ان کی قوموں نے ان کے ساتھ جو ناروا سلوک کیا اور ان کا جو انجام ہوا ان کو بیان فرمایا تاکہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دل کو اطمینان ہو اور وہ کفار تباہ ہونے والی قوموں سے عبرت حاصل کریں۔

(۴) مشرکین آکر یہ کہتے کہ اگر آپ ہماری فلاں فلاں بات مان لیں اور ہماری رائے کے مطابق فلاں فلاں آیت میں ردوبدل کر دیں یا یہ مفلوک الحال اور گھٹیا قسم کے لوگ جو ہر وقت آپ کے اِردگرد حلقہ باندھے بیٹھے رہتے ہیں ان کو اپنی مجلس سے نکال دیں۔ یا کم ازکم جس وقت ہم حاضر ہونا چاہیں ان کو یہاں سے چلے جانے کا حکم دے دیں تو ہم آپ کا ساتھ دینے کے لیے تیار ہیں۔ شاید انھوں نے یہ خیال کیا ہو کہ اسلام کو ہماری اور ہمارے تعاون کی اشد ضرورت ہے اس کے لیے ہم جیسی بھی نامعقول شرط پیش کریں گے وہ مان لی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی اِس خوش فہمی کا یہ کہہ کر ہمیشہ کے لیے خاتمہ کر دیا کہ حق باطل کے مشورے قبول نہیں کر سکتا۔ اگر ایسا ہو جائے اور تمھاری رائے کے مطابق اس میں تبدیلیاں گوارا کر لی جائیں تو دُنیا کا سارا نظام درہم برہم ہو جائے گا اور قیامت برپا ہو جائے گی اس لیے اس خیال کو ہمیشہ کے لیے اپنے دِل سے نکال دو آخر میں شرک کی قباحت پر آگاہ کرنے کے لیے ان سے چند ایسے دندان شکن سوالات پوچھے جن کا جواب انھیں بھی لِلّٰہ کے بغیر کوئی نہ بن آیا۔ انھیں بھی طوعاً و کرہاً یہ اعتراف کرنا پڑا کہ ہر چیز کا خالق، مالک اور حکمران اللہ تعالیٰ ہے۔

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّثَمَانَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورہ المومنون مکی ہے اور اس کی ۱۱۸ آیتیں اور ۶ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝۲

بیشک دونوں جہان میں بامراد ہو گئے ایمان والے لہ وہ ایمان والے جو اپنی نمازمیں عجز و نیاز کرتے ہیں کہ

لہ قرآن مجید کے آغوش تربیت میں پرورش پانے والا انسان جن خوبیوں اور اوصاف کا حامل ہوتا ہے ان کے بیان سے اس سورہ کا افتتاح ہو رہا ہے۔ آپ خود انصاف فرمایئے کہ جو شخص بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہو تو ادب و نیاز کا پیکر بن جائے اس کا ہر لمحہ سنجیدہ اور مفید مصروفیات میں ایسا گھرا ہوا ہو کہ اسے بیکار اور بیہودہ مشاغل میں شرکت کی فرصت ہی نہ ملے جو اپنے مال اور اخلاق کے تزکیہ میں ہر وقت مشغول ہو جو اپنی نفسانی اور شہوانی خواہشات کی تکمیل میں بے راہ روی کا شکار نہ ہو جس امانت کی حفاظت اور جو دینی و ملکی ذمہ داری اسے سونپی جائے اس میں وہ خیانت کا مرتکب نہ ہو اور جو عہد و پیمان وہ خود کرے اس کو وہ ہر قیمت پر نبھائے۔ جو شخص ایسی خوبیوں کا مالک ہو اس کے سر پر اگر فلاح دارین کا تاج نہیں رکھا جائے گا تو کس کے سر پر رکھا جائے گا۔ فردوس بریں کی بہاریں اگر اس کے لیے چشم براہ نہ ہوں گی تو اور کس کے لیے ہوں گی۔ اسلام اپنے ماننے والوں کو سیرت کے اسی سانچے میں ڈھالنا چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا محبوب رسول صلی اللہ علیہ وسلم بگڑے ہوئے اور علمی، اخلاقی اور نظریاتی پستیوں میں گرے ہوئے افراد کو ان بلندیوں تک پہنچانے کے لیے تشریف لایا تاکہ ایسے سنجھے ہوئے افراد سے ایک ایسی امت معرض وجود میں آجائے جو تمام عالم انسانی کو فوز و فلاح کا راستہ دکھا سکے۔

سورۂ بقرہ کی ابتدا میں لفظ فلاح کی تحقیق کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ فلاح کسی جزوی اور ادھوری کامیابی کا نام نہیں بلکہ یہ لفظ دنیا و آخرت میں مکمل کامیابی پر دلالت کرتا ہے۔ لیس فی کلام العرب کلمۃ اجمع من لفظۃ الفلاح لخیری الدنیا والآخرۃ (تاج العروس) یعنی ساری لغت عرب میں لفظ فلاح سے جامع کوئی ایسا لفظ نہیں جو دنیا اور آخرت کی بھلائیوں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہو۔

آیت میں قَدْ اَفْلَحَ کا ترجمہ اسی لغوی تحقیق کے مطابق کیا گیا ہے۔

کہ علمائے حق نے خشوع کا یہ مفہوم بیان کیا ہے: الخشوع فی الصلوٰۃ هو جمع الهمۃ لها والاعراض عما سواها والتدبر فیما یجری علی لسانه من القراءۃ والذکر (مظہری) یعنی نماز میں خشوع کا یہ مطلب ہے کہ انسان اپنی

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ﴿٣﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ

اور وہ جو ہر بیہودہ امر سے منہ پھیرے ہوتے ہیں ٣ اور وہ جو زکوٰۃ ادا

فٰعِلُوْنَ ﴿٤﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ﴿٥﴾ اِلَّا عَلٰٓى

کرتے ہیں ٤ اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں ٥ بجز اپنی

ساری توجہ نماز میں مرکوز کر دے۔ اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز سے منہ پھیر لے۔ اور وہ اپنی زبان سے جو تلاوت اور ذکر کرتا ہے ان کے معانی میں غور و تدبر کرے۔ اس کے علاوہ اس کے ظاہری آداب بھی ہیں کہ نگاہ سجدہ گاہ پر مرکوز رہے، دائیں بائیں مڑ کر نہ دیکھے، آگے پیچھے جسم کو حرکت نہ دے، اپنی انگلیاں نہ چٹکائے، اپنے کپڑوں کو نہ سمیٹتا رہے۔ سجدہ میں جاتے تو اپنے سجدہ کی جگہ کو ہاتھوں سے صاف نہ کرتا رہے۔ حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نماز میں داڑھی سے کھیلتے ہوئے دیکھا تو فرمایا لو خشع قلب هذا لخشعت جوارحه یعنی اگر اس شخص کے دل میں عجز و نیاز ہوتا تو اس کے ظاہری اعضاء بھی اظہارِ عجز کرتے۔

٣ لغو سے مراد ہر وہ قول اور فعل ہے جو فضول اور بے فائدہ ہو۔ اللغو: ما لا یعتد به من کلام وغیرہ (المنجد) مومن کا تو ہر لمحہ بڑا قیمتی ہے۔ اس کے کندھوں پر تو ذمہ داریوں کا بارِ گراں ہے اس کو فرصت ہی کہاں کہ وہ بیکار اور فضول کاموں میں شرکت کرے۔ علماء نے تصریح کی ہے کہ ایسی سیر و تفریح جو جسمانی صحت یا روح و قلب کی تازگی کا باعث ہو وہ اس میں داخل نہیں۔ معرضون کے لفظ سے اس امر کی طرف اشارہ کر دیا کہ لغویات کا ارتکاب تو کجا، مومن تو ادھر کا رخ ہی نہیں کرتے۔

٤ زکوٰۃ سے مراد اپنے مال سے مقررہ شرح کے مطابق حصہ نکال کر قرآن کریم میں بیان شدہ مصرفوں پر خرچ کرنا۔ اب آیت کا معنی یہ ہوگا کہ وہ مومن جو جنتی ہیں وہ خدا کے دیئے ہوئے رزق سے اس کے حکم کے مطابق زکوٰۃ ادا کرتے ہیں لیکن بعض علماء نے یہاں لفظ زکوٰۃ سے اس کا لغوی معنی (پاکیزگی) مراد لیا ہے۔ ان کی توجیہ کے مطابق آیت کا معنی یہ ہوگا کہ مومن ایسے اعمال صالح کرتے ہیں جو روح و قلب کے تزکیہ کا باعث بنتے ہیں اور وہ ایسی آلائشوں سے اپنے آپ کو پاک رکھتے ہیں جن سے دل کا آئینہ غبار آلود ہو جاتا ہے اور روح کی پاکیزگی مکدر ہو جاتی ہے۔ وقیل الزکوٰۃ ههنا هو العمل الصالح ای والذین هم للعمل الصالح فاعلون (مظہری)

٥ یعنی ایسا بھی نہیں کہ نفسانی خواہشات کی تکمیل کلیۃً ممنوع ہو اور مسلمان جوگیوں، راہبوں اور سنیاسیوں کی طرح شادیوں ہی سے کنارہ کش ہو جائیں۔ اور ایسا بھی نہیں کہ مست ہاتھی کی طرح لوگوں کی آبروئیں برباد کرتے رہیں اور انسانی معاشرہ کو لاعلاج بیماریوں کے تحفے دیتے رہیں اور نئی نئی الجھنیں پیدا کر کے سوسائٹی کے امن اور اس کی سلامتی

أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ﴿٦﴾ فَمَنِ

اپنی بیویوں کے اور ان کنیزوں کے جو ان کے ہاتھوں کی ملکیت ہیں تو بیشک انہیں ملامت نہ کی جائے گی اور جس نے

کو زیر و زبر کرتے رہیں۔

اسلام میں نفسانی خواہش کی تکمیل کے دو طریقے ہی روا ہیں: اپنی منکوحہ بیوی اور مملوکہ کنیز۔ اس کے علاوہ اور سارے طریقے شریعت نے حرام کر دیئے ہیں۔

اہل تشیع متعہ کو مباح سمجھتے ہیں۔ نہ صرف مباح بلکہ اس کے فضائل بیان کرنے میں بڑی مبالغہ آرائی سے کام لیتے ہیں۔ اس آیت کی موجودگی میں مزید کسی بحث و تمحیص کی ضرورت نہیں۔ میں فقط ان صاحبان کی غیرت ایمانی، اور حمیت انسانی سے اتنا پوچھنے کی اجازت طلب کرتا ہوں کہ کیا وہ اپنی بچیوں، اپنی بہنوں کے لیے یہ امر پسند کرتے ہیں کہ انہیں کوئی متعہ کا پیغام دے یا وہ متعہ کرتی پھریں۔ اگر وہ اس کے تصور سے بھی لرز جاتے ہیں تو پھر وہ امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ کی بچیوں کے لیے یہ کیسے برداشت کر سکتے ہیں کہ ان کے ساتھ ایسا معاملہ کیا جائے۔ کیا شریعت اسلامیہ میں امیر و غریب، شاہ و گدا کے لیے الگ الگ قوانین ہیں؟ کیا سوسائٹی کے مختلف طبقات کے لیے عزت و کرامت کے الگ الگ معیار مقرر ہیں؟ ایک فعل جو ایک خاندان کے لیے باعث ننگ و عار ہے کیا کسی دوسرے خاندان کے لیے باعث عزو وقار ہو سکتا ہے؟ خدارا کچھ تو انصاف کرو۔

علامہ ابن قدامہ نے المغنی میں اس مسئلہ پر عالمانہ بحث کی ہے جس کا خلاصہ انہیں کے الفاظ میں ناظرین کرام کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

"ومن روی تحریمها عمر وعلی وابن عمر وابن مسعود وابن زبیر۔ قال ابن عبد البر وعلی تحریم المتعة مالك واهل المدینة وابوحنیفة فی اهل الكوفة۔ والاوزاعی فی اهل الشام واللیث فی اهل المصر۔ والشافعی وسائر اصحاب الآثار"

ترجمہ: صحابہ کرام میں سے مندرجہ ذیل جلیل القدر ہستیاں متعہ کی حرمت کی قائل تھیں: حضرات عمر، علی، ابن عمر، ابن مسعود، ابن زبیر رضی اللہ عنہم۔ ابن عبد البر کہتے ہیں کہ ائمہ مجتہدین میں سے مندرجہ ذیل لوگ متعہ کو حرام کہتے ہیں۔ امام مالک اور اہل مدینہ۔ امام ابوحنیفہ اہل کوفہ میں سے۔ اہل شام میں اوزاعی۔ اہل مصر میں سے لیث نیز امام شافعی اور دیگر اصحاب آثار بھی متعہ کو حرام قرار دیا کرتے تھے۔

(المغنی لابن قدامہ۔ کتاب النکاح)

متعہ کے جواز کے قائل حضرت ابن عباس کے قول کو خوب اچھالتے ہیں حقیقت میں یہ آپ پر بہت بڑا بہتان ہے۔ آپ نے کبھی اس کی مطلق اباحت کا قول نہیں کیا، بلکہ آپ شدید قسم کی اضطراری حالت میں اس کے جواز کے قائل تھے۔

ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝۷ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ

خواہش کی ان دو کے ماسوا تو یہی لوگ حد سے بہت زیادہ تجاوز کرنے والے ہیں نیز وہ (مومن بامراد ہیں) جو اپنی امانتوں

وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝۸ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝۹ اُولٰٓئِكَ

اور اپنے وعدوں کی پاسداری کرنیوالے ہیں [۱] اور وہ جو اپنی نمازوں کی پوری حفاظت کرتے ہیں۔ یہی لوگ

هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝۱۰ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۱۱

وارث ہیں [۲] جو وارث بنیں گے فردوس (بریں) کے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے

چنانچہ جب آپ سے اس کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ غصے سے اٹھ کھڑے ہوئے اور فرمایا ان المتعة کالمیتة والدم ولحم الخنزیر یعنی متعہ مردار جانور، ناپاک خون اور خنزیر کے گوشت کی مانند ہے۔ اس قول سے حضرت ابن عباس کی رائے کی حقیقت آپ پر واضح ہو گئی ہو گی۔ صحیح بات یہ ہے کہ آپ نے اس قول سے بھی رجوع کر لیا تھا۔ اور اگر بفرض محال یہ مان بھی لیا جائے کہ حضرت ابن عباس کا یہ مذہب تھا اور آپ نے اس سے رجوع بھی نہیں کیا تو پھر بھی ہم پر اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کی تعمیل واجب ہے نہ کسی اور کی۔

اس مسئلہ کی تحقیق کرتے ہوئے جب میری نظر شیعہ کی مشہور کتاب تہذیب الاحکام جلد ۷ صفحہ ۲۷۱ مطبوعہ نجف اشرف باب تفصیل احکام النکاح جس کے مصنف شیخ الطائفہ ابی جعفر الطوسی ہیں کی اس عبارت پر پڑی ولا بأس بالتمتع بالهاشمية (کہ خاندان نبوت کی خواتین کے ساتھ بھی متعہ کرنے میں حرج نہیں) تو نہ پوچھیے مجھ پر کیا گزری۔ میرا سر چکرانے لگا۔ اور آنکھوں میں خون اتر آیا اور میں اپنے آپ سے پوچھنے لگا کیا یہ مذہب ان لوگوں کا ہے جو اہل بیت پاک کی محبت اور تعظیم و تکریم کو اپنا دین و ایمان بتاتے ہیں کیا اس دعویٰ محبت کی یہ حقیقت ہے کیا تعظیم و تکریم کے مدعی اتنی گستاخی کے جواز کا فتویٰ دے سکتے ہیں؟ العیاذ باللہ العیاذ باللہ تعالیٰ۔

[۱] امانت اور عہد کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں والامانة والعهد يجمع كل ما يحمله الانسان من امر دينه ودنياه قولا وفعلا وهذا يعم معاشرة الناس والمواعيد وغير ذلك یعنی ہر قسم کی ذمہ داری جو انسان اپنے ذمہ لیتا ہے خواہ اس کا تعلق دین سے ہو یا دنیا سے، گفتار سے ہو یا کردار سے، اس کا پورا کرنا مسلمان کی امتیازی شان ہے۔ ملت اسلامیہ کا ہر فرد فقیر ہو یا امیر، وزیر اور صدر ہو یا کلرک اور چپڑاسی، اسلامی معاشرہ کا ایک ذمہ دار فرد ہونے کی حیثیت سے جو فرائض اس پر عائد ہوتے ہیں اور جو عہد و پیمان وہ کسی سے کرتا ہے ان سب کو بخوبی انجام دینا مومن کی خصوصی صفات میں سے ایک اہم صفت ہے چنانچہ ایک صحیح حدیث میں حضور نے عہد شکنی اور امانت میں خیانت کو منافق کی علامت قرار دیا ہے۔

[۲] تمام اخلاق حسنہ اور صفات عالیہ سے موصوف ہونے والے افراد کا ذکر کرنے کے بعد یہ فرمایا کہ یہی وہ خوش نصیب

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ

اور بیشک ہم نے پیدا کیا انسان کو مٹی کے جوہر سے ؂ پھر ہم نے رکھا اسے

نُطْفَةً فِیْ قَرَارٍ مَّكِیْنٍ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ

پانی کی بوند بنا کر ایک محفوظ مقام میں پھر ہم نے بنا دیا نطفہ کو خون کا لوتھڑا پھر ہم نے بنا دیا اس

مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ

لوتھڑے کو گوشت کی بوٹی پھر ہم نے پیدا کر دیں اس بوٹی سے ہڈیاں پھر ہم نے پہنا دیا ان ہڈیوں کو گوشت۔ پھر

اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ﴿۱۴﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ

(روح پھونک کر) ہم نے اسے دوسری مخلوق بنا دیا ؂ پس بڑا بابرکت ہے اللہ جو سب سے بہتر بنانے والا ہے۔ پھر یقیناً تم

ہیں جو جنت الفردوس کے وارث ہیں۔ اس آیت کی ترکیب میں مبتدا اور خبر دونوں معرفہ ہیں اور درمیان میں ہم ضمیر مذکور ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ جنت الفردوس کی وراثت انہی لوگوں کا حصہ ہے۔ ملت اسلامیہ کے وہ افراد جو مسلمان ہونے کے بلند بانگ دعوے کرنے کے باوجود ان ذمہ داریوں کے قریب تک نہیں پھٹکتے ان کے لیے یہ لمحہ فکریہ ہے۔

؂ مٹی کے خمیرے جو جوہر نکلا اس سے آدم کا جسم پاک تیار ہوا پھر آپ سے جو انسانی نسل چلی اس کے لیے نطفہ اصل قرار پایا جو ان غذاؤں سے پیدا ہوتا ہے جو زمین سے اگتی ہیں اس لیے جنس انسانی کی تخلیق کے متعلق یہ فرمایا کہ اسے مٹی سے پیدا کیا گیا ہے۔ یہ مختلف تبدیلیاں جو شکم مادر میں تدریجاً رونما ہوتی ہیں ان سے کسی حد تک عرب کے بادیہ نشین بھی باخبر تھے لیکن علم و انکشاف کا سلسلہ جوں جوں بڑھ رہا ہے ان تطورات کے پردوں میں قلم قدرت کی اعجاز آفرینیاں اور نقش آرائیاں جو آج تک نگاہوں سے پوشیدہ تھیں عیاں ہو کر اللہ تعالیٰ کے علم و حکمت کی ناقابل تردید گواہی دے رہی ہیں۔

؂ وہ پانی کی بوند رحم مادر میں قرار پکڑنے کے بعد مختلف تطورات اور تبدیلیوں کے مرحلوں سے گزرتی ہے جن کا ذکر تفصیلاً ہوا ہے لیکن اب تک انسان اور دیگر حیوانات کے جنین یکساں قسم کے تھے جو تبدیلیاں یکے بعد دیگرے یہاں رونما پذیر ہوتی ہیں بعینہ یہ تبدیلیاں ان کے نطفوں میں بھی ظاہر ہوتی ہیں۔ لیکن ایک منزل پر پہنچ کر یکایک مصور فطرت نے اپنے موقلم سے کوئی ایسی رنگ آمیزی کر دی کہ اسے دیگر حیوانی جنینوں سے بالکل ممتاز کر کے رکھ دیا۔ پہلے وہ بے جان تھا، اب زندگی کی لہر دوڑ گئی ہے لیکن یہاں صرف روح حیوانی کی آفرینش سے حیات حیوانی کا آغاز نہیں ہوا بلکہ نفس ناطقہ نے اسے بالکل ایک جدید قسم کی مخلوق کا روپ بخش دیا ہے۔ عقل و فہم کی قوتیں، غور و فکر کی صلاحیتیں، تسخیر کائنات کے حوصلے اور حکمرانی کی امنگیں

بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ۝۱۵ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۝۱۶ وَلَقَدْ

ان مرحلوں سے گزرنے کے بعد مرنے والے ہو ۔ پھر بلاشبہ تمہیں روز قیامت (قبروں سے) اٹھایا جائے گا ۔ اور بے شک

خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ۝۱۷

ہم نے تمہارے اوپر سات راستے بنا دیئے ؎ اور ہم اپنی مخلوق (کی مصلحتوں) سے بے خبر نہ تھے ؎

سب کچھ اس عمدگی سے یہاں یکجا جمع کر دی گئی ہیں جسے دیکھ کر انسان دنگ رہ جاتا ہے اور یہ راز سمجھ نہیں سکتا کہ ابتدائی مرحلوں میں بالکل یکساں ہونے کے باوجود کس طرح ایک کا رُخ ایک طرف اور دوسرے کا رُخ ایک بالکل ہی نئی منزل کی طرف موڑ دیا گیا، اور پھر اس منزل کو پالینے کے لیے جن قابلیتوں، صلاحیتوں، اعضاء اور وسائل کی ضرورت تھی وہ سب مہیا کر دیئے گئے ہیں تو زبان پر بے ساختہ آکر رہتا ہے فتبارك الله احسن الخالقين۔ امام رازیؒ لکھتے ہیں ای خلقنا مباينا للخلق الاول مباينة ما ابعدها .... واودع باطنه وظاهره بل كل عضو من اعضائه .... عجائب فطرة وغرائب حكمة لايحيط بها وصف الواصفين۔ (کبیر)

احسن الخالقین: بظاہر الفاظ سے یہ پتہ چلتا ہے کہ پیدا کرنے والے تو بہت سے ہیں البتہ سب سے بہتر پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ حالانکہ صرف وہی خالق ہے اور کسی کو تخلیق کائنات میں حصہ دار بنانا قطعاً توحید کے منافی ہے۔ علماء کرام نے اس شبہ کا ازالہ اس طرح فرمایا ہے کہ خلق کا لفظ دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ کسی چیز کو کسی موجود مادے اور سابقہ مثال کے بغیر پیدا کرنا۔ ابداع الشئ من غير اصل ولا احتذاء (مفردات)۔ اس معنی کے لحاظ سے یہ صرف اللہ تعالیٰ کی صفت ہے جو کسی میں نہیں پائی جا سکتی۔ اس کا دوسرا معنی سابقہ مادہ سے کسی چیز کو کسی موجود مثال کے مطابق بنا لینا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے سوا اوروں میں بھی پایا جا سکتا ہے۔ اس آیت میں یہ لفظ اپنے دوسرے معنی میں استعمال ہوا ہے۔

؎ زندگی کا آغاز جہاں سے اور جیسے ہوا وہ تم نے سن لیا پھر جہاں اس زندگی کا خاتمہ ہوگا اس کا بھی ہر روز تم مشاہدہ کرتے رہتے ہو لیکن حقیقت میں یہ زندگی کا خاتمہ نہیں بلکہ زندگی کے پہلے مختلف قسم کے مرحلوں کی طرح یہ بھی ایک نیا مرحلہ ہے تمہیں ضرور قیامت کے روز اپنے اعمال کی جوابدہی کے لیے قبروں سے زندہ کر کے اٹھایا جائیگا اور تمہیں ان اعمال کے مطابق جزا یا سزا دی جائیگی جو تم نے اس دنیوی زندگی میں کیے تھے۔

؎ انسان کے آغاز اور اس کے انجام کار کا ذکر کرنے کے بعد اب اپنے ان انعامات کا ذکر ہو رہا ہے جو مولائے کریم نے انسان کی بقاء و نشوونما اور اسے آرام و آسائش پہنچانے کیلئے کیے ہیں۔ عرب جب کسی چیز کو دوسری چیز کے اوپر رکھتے ہیں تو کہتے ہیں طارقت الشئ ای جعلت بعضه علی بعض اور اگر ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے کے اوپر پہنیں تو کہتے ہیں طارق بين ثوبين ای لبس احدهما علی الآخر (خلیل اور فراء) نے اس کا یہی معنی کیا ہے کیونکہ آسمان بھی ایک دوسرے کے اوپر ہیں اس لیے انہیں طرائق فرمایا۔ اور اگر یہ طریق کی جمع ہو تو اس کا مطلب ہوگا کہ ہم نے سیارات سبعہ کے لیے سات مدار مقرر کر دیئے ہیں جن کے اوپر وہ مصروف حرکت رہتے ہیں۔

؎ یعنی ہم نے آسمانوں

وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِی الْاَرْضِ ۖۗ وَ اِنَّا

اور ہم نے اُتارا آسمان سے پانی اندازہ کے مطابق ؎۳ پھر ہم نے ٹھیرا دیا اسے زمین میں اور یقیناً ہم

عَلٰی ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ

اسے بالکل ناپید کرنے پر پوری طرح قادر ہیں ؎۴ پھر ہم نے اُگائے تمہارے لیے اس پانی سے باغات کھجوروں

کی تخلیق، علم وحکمت کے بغیر نہیں کی کہ یوں ہی اُوٹ پٹانگ بنا کر انہیں کھڑا کر دیا گیا ہو بلکہ ان میں ہماری حکمت، قدرت اور علم محیط کے آثار و شواہد ہر جگہ چشم بینا کو نظر آرہے ہیں۔ اس کا یہ مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے کہ کائنات کو پیدا کرکے ہم ان کی ضروریات سے غافل نہیں ہو گئے بلکہ چھوٹی بڑی ہر چیز کے لیے تمام ایسے وسائل اور اسباب ہم نے مہیا کر دیئے ہیں جو اس کی بقا اور نشوونما کے لیے ضروری ہیں اور جو اسے اس کے مقررہ وقت تک زندہ و سلامت رکھنے کے ضامن ہیں۔ ای فی القیام بمصالحه وحفظه وهو معنی الحی القیوم۔

؎۳ یہاں سے اپنے دوسرے انعام کا ذکر ہے کہ ہم تمہاری ضروریات کے مطابق بارش برساتے ہیں اس سے تمہاری کھیتیاں سیراب ہو جاتی ہیں تمہارے پینے کے لیے نالابوں میں پانی جمع ہو جاتا ہے لیکن جو تمہاری وقتی ضروریات سے بچ جاتا ہے وہ ضائع نہیں ہوتا بلکہ ہم اس کو اپنے مخفی ذخیروں میں جمع کر لیتے ہیں اور تم ہر وقت ان سے مستفید ہوتے رہتے ہو۔ یہ کنوئیں، یہ ٹیوب ویل، یہ دریا، یہ چشمے جن سے تم اپنی ضروریات پوری کرتے ہو ان میں ہمارے انہی مخفی آبی ذخیروں سے ہی تو پانی آرہا ہے۔ میدانوں اور صحراؤں کو تو رہنے دو ذرا پہاڑوں کی بلند چوٹیوں پر جاکر دیکھو ہم نے کس طرح پانی کی بہم رسانی کا وہاں مکمل انتظام کر رکھا ہے۔ وہاں تم کنواں کھود کر یا ٹیوب ویل لگا کر زمین کے شکم سے پانی نہیں نکال سکتے۔ کوئی نہر جاری نہیں کر سکتے۔ اگر اس کائنات کا خالق علیم و قدیر نہ ہوتا تو وہاں پانی مفقود ہوتا اور پانی کی عدم موجودگی کی وجہ سے وہاں انسانی حیوانی اور نباتاتی زندگی کا نام ونشان تک نہ ہوتا۔ یہ ہماری حکمت اور علم کا کتنا بڑا کرشمہ ہے کہ پانی جو ہمیشہ نشیب و پستی کی طرف بہتا ہے ہزاروں فٹ کی بلندی پر ہماری واٹر سپلائی سکیم کے ماتحت نصب کیے ہوئے فواروں سے کس زور شور اور کثرت سے اُبل رہا ہے کہ وہاں کی ضروریات پوری ہونے کے بعد وہ دریاؤں کی شکل اختیار کرکے میدانی علاقوں میں بہتا ہوا آنکلتا ہے اور جہاں جہاں سے یہ دریا گزرتے ہیں لاکھوں ایکڑ رقبہ سیراب ہوتا جاتا ہے۔

؎۴ یہ نہ سمجھو کہ نظام عالم کو پیدا کرنے کے بعد اب ہمارا اس سے کوئی تعلق نہیں رہا جو بن گیا سو بن گیا اب اس میں ہم اپنے اختیار سے کوئی رد و بدل نہیں کر سکتے۔ اگر تمہاری نگاہ حقیقت آشنا ہے تو تمہیں صاف نظر آجائے گا کہ ہماری قدرت اور ہماری حکیمانہ تدبیر آج بھی کائنات کی زلف برہم اور گیسوئے پریشاں کو درست کر رہی ہے۔ اگر ہم چاہیں تو پانی کو اس طرح ناپید کر دیں کہ تم اس کی ایک ایک بوند کے لیے ترس جاؤ اور تمہاری آب رسانی کی ساری

وَّ اَعْنَابٍۘ لَكُمْ فِیْهَا فَوَاكِهُ كَثِیْرَةٌ وَّ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَۙ﴿۱۹﴾ وَ شَجَرَةً

اور انگوروں کے تمہارے لیے ان میں بہت سے پھل ہیں اور ان میں سے تم کھاتے بھی ہو نیز پیدا کیا ایک

تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَیْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَ صِبْغٍ لِّلْاٰكِلِیْنَ﴿۲۰﴾

درخت جو اگتا ہے طورِ سینا میں ۲۰ وہ اگتا ہے تیل لیے ہوئے اور سالن لیے ہوئے کھانے والوں کے لیے

وَ اِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةًؕ نُسْقِیْكُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِهَا وَ لَكُمْ

اور بیشک تمہارے لیے جانوروں میں بھی غور و فکر کا مقام ہے ۲۱ ہم پلاتے ہیں تمہیں اس (دودھ) سے جو انکے شکموں میں ہے

فِیْهَا مَنَافِعُ كَثِیْرَةٌ وَّ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَۙ﴿۲۱﴾ وَ عَلَیْهَا وَ عَلَى الْفُلْكِ

اور تمہارے لیے ان میں طرح طرح کے بہت فائدے ہیں اور انھیں کے گوشت سے تم کھاتے ہو۔ اور ان پر اور کشتیوں پر تمہیں سوار

کیا جاتا ہے۔ [?]

سکیں دھری کی دھری رہ جائیں۔

۲۰ اِس سے مراد زیتون کا درخت ہے کیونکہ طُور کے علاقہ میں وہ بکثرت پیدا ہوتا ہے اور اس خطہ کی اہم پیداوار شمار کیا جاتا ہے اِس لیے اِس کی نسبت وادیٔ طُور کی طرف کرتے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ یہ علاقہ اس درخت کا وطن اصلی ہو اور یہاں سے لے جا کر اس کی کاشت دوسرے علاقوں میں کی گئی ہو۔ صبغ کہتے ہیں اُس چیز کو جو سالن کے طور پر استعمال کی جائے کیونکہ اس کا اصلی معنی رنگنا ہے۔ اور جب لقمہ سالن میں ڈالا جاتا ہے تو وہ اس سے رنگین ہو جاتا ہے کل ادام یؤتدم بہ فھو صبغ۔

۲۱ اِس آیت میں اپنی ایک اور نعمت کا ذکر فرمایا کہ مویشیوں کے شکم میں تو خون، گوبر، پیشاب کی گندی چیزیں ہوتی ہیں۔ یہ کس کی حکمت کی جلوہ نمائی ہے کہ اس میں سے تمہارے پینے کے لیے وہ ایک ایسی چیز نکالتا ہے جو اپنے رنگ، ذائقہ، بو، تاثیر میں کسی طرح کی مشابہت ان چیزوں سے نہیں رکھتی پھر اس دودھ کے پینے سے صرف تمہاری پیاس ہی نہیں بجھتی بلکہ اس میں اتنی غذائیت رکھ دی ہے جو کسی اور غذا میں اس افراط اور عمدگی سے موجود نہیں۔ اور مویشیوں سے تمہیں صرف یہی فائدہ حاصل نہیں بلکہ تم ان سے کثیر التعداد اور گوناگوں منفعتیں حاصل کرتے ہو۔ پھر بھی اگر تم اپنے منعم حقیقی کا شکریہ ادا نہ کرو تو یہ بے انصافی کی حد ہوگی۔ آیت میں "عبرۃ" کا لفظ تشریح طلب ہے۔ علامہ راغب اصفہانی نے اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے: العبرۃ مختصۃ بالحالۃ التی یتوصل بھا من معرفۃ المشاھد الی ما لیس بمشاھد (مفردات) یعنی مشاہد کی معرفت سے غیر مشاہد تک پہنچنا۔ اسی لیے اس کا ترجمہ غور و فکر سے کیا گیا ہے۔

تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا

کیا جاتا ہے۔ اور ہم نے بھیجا نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف ۳۱ تو آپ نے فرمایا اے میری قوم!

اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ

اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو نہیں ہے تمہارا کوئی خدا اس کے بغیر کیا تم (بت پرستی کے انجام سے) نہیں ڈرتے۔ تو کہنے لگے ۳۲ وہ سردار

كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ

جنھوں نے کفر اختیار کیا تھا ان کی قوم سے کہ نہیں ہے یہ مگر بشر تمہارے جیسا یہ چاہتا ہے کہ اپنی بزرگی جتلائے

۳۱ یہاں سے پھر بعض جلیل القدر پیغمبروں کا تذکرہ شروع ہے جو پیغام انھوں نے اپنی اپنی قوم کو پہنچایا، ان قوموں کی مسخ شدہ ذہنیت پر اس دعوت کا جو ناموافق اثر ہوا، جو جو اعتراضات انھوں نے اپنے مخلص اور بے لوث رہنماؤں پر کیے اور جن الزامات سے انھیں متہم کیا، اور پھر انھیں پیہم سرکشی کی جو عبرتناک سزا ملی، ان تمام امور کو بیان فرمایا گیا۔ مقصد کفار مکہ کو خواب غفلت سے جھنجوڑنا ہے، اور انھیں بتانا ہے کہ اپنی اس باغیانہ روش سے باز آجاؤ ورنہ تمہارا انجام بھی ایسا ہی ہولناک ہوگا۔

۳۲ ہمیشہ اہل ثروت اور اصحاب اقتدار صالحین کی مخالفت میں پیش پیش ہوتے ہیں کیونکہ انھیں کا وجود ساری خرابیوں اور فسادات کا منبع ہوتا ہے اور اصلاح کی براہ راست زد بھی ان کے اقتدار اور ان کے مفاد پر پڑتی ہے اس لیے وہ عوام کے دلوں میں طرح طرح کے شبہات ڈال کر انہیں اہل حق سے برگشتہ کرنے کی سرتوڑ کوشش کرتے ہیں۔ انبیاء کے خلاف سب سے پہلے وہ یہ ہتھیار استعمال کرتے ہیں کہ یہ بشر ہیں، یہ ہماری طرح کا انسان ہے، بھلا یہ بھی کبھی نبوت کے منصب عالی پر فائز ہو سکتا ہے؟ یہ ہتھیار اکثر کارگر ثابت ہوا کیونکہ جس انسان سے وہ متعارف تھے جس انسان کے کردار سے وہ واقف تھے اور جس انسانیت کی نمائندگی ان کے یہ رؤساء اور سرداران قوم کر رہے تھے وہ تو ساری بدمعاشیوں سفاکیوں دھوکہ بازیوں کا پلندہ تھی سنگدل، بے رحم، لالچی، عیاش اور بدکار یہی تو وہ انسان تھا جسے وہ صبح و شام اپنے گرد و پیش دیکھنے کے عادی تھے۔ ایسا انسان نبی بن جائے ناممکن ہے۔ ایسا انسان خدا کی طرف سے اس کا پیغام پہنچانے کے لیے منتخب ہو، قطعاً غلط۔ وہ بیچارے مجبور تھے، صالح انسان، نیک انسان، پاکباز انسان ان کے معاشرہ میں تھا کہاں، کہ وہ اُسے دیکھتے اور یہ سمجھتے کہ انسان ایسے بھی ہوتے ہیں۔ انسان کی اس عظمت سے وہ یکسر ناآشنا تھے جو عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کی وجہ سے اسے مرحمت ہوئی ہے۔ وہ انسان کی ان بے پناہ خوبیوں اور بے اندازہ کمالات سے قطعاً بے خبر تھے جو نَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ کی برکت سے انسان کو بخشی گئی ہیں۔ اس لیے جب کوئی نبی کسی قوم کو دعوت حق دیتا تو اس قوم

عَلَيْكُمْ ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚۖ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا

تم پر فلہ اور اگر اللہ تعالیٰ (رسول بھیجنا) چاہتا تو وہ اتارتا فرشتوں کو ہم نے نہیں سنی یہ بات (جو تو ہم کو کہتا ہے) اپنے

الْاَوَّلِيْنَ ۚ ؀ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى

پہلے آباؤ اجداد میں نہیں ہے یہ مگر ایسا شخص جسے جنون کا مرض ہو گیا ہے ثلہ سو انتظار کرو اس کے انجام کا کچھ

حِيْنٍ ؀ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ؀ فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ

عرصہ آپ نے عرض کی اے رب! (اب) تو ہی میری مدد فرما کیونکہ انہوں نے مجھے جھٹلا دیا ہے۔ تو ہم نے وحی بھیجی ان کی طرف

اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ

کہ بناؤ ایک کشتی ہماری نگاہوں کے سامنے اور ہمارے حکم کے مطابق پھر جب آجائے ہمارا عذاب اور (پانی) ابل پڑے تنور سے

کے رئیس اپنے عوام کی توجہ اس بات کی طرف مبذول کراتے کہ یہ تو انسان ہے، یہ تو تمہاری طرح بشر ہے۔ لوگ خود بخود اس نبی کی دعوت کو حقارت سے ٹھکرا دیتے۔ اس زمانے کے لوگ اس گمراہی میں مبتلا تھے کہ بشر نبی نہیں ہو سکتا۔ اور آج کل کے بعض لوگ اس غلط فہمی کا شکار ہیں کہ نبی ہماری طرح کا ہی بشر ہوتا ہے اور بس۔ یہ فکری لغزش اپنے نتائج کے لحاظ سے کچھ کم خطرناک نہیں نعوذ باللہ من العثرات کلھا، جلیلھا وخفیلھا۔

فلہ دوسرا ہتھیار جو اہل غرض اور دنیا پرست سردار ان بے غرض اور خدا پرست ہستیوں کے خلاف استعمال کرتے ہیں وہ یہ کہ یہ خود بڑا بننا چاہتے ہیں، انہیں اقتدار کی ہوس ہے۔ اصلاح و ہدایت کی یہ تحریکیں محض ہتھکنڈے ہیں۔ ممکن ہے وہ انبیاء اور دیگر مصلحین کی نیکی اور تقویٰ کے دل سے قائل ہوں، لیکن اپنی دنیاوی جاہ و حشمت کے تحفظ کے لیے وہ ایسا بے بنیاد الزام لگاتے ہوں۔ اور یہ بھی عین ممکن ہے کہ وہ انہیں اپنے آپ پر قیاس کر کے اپنے جیسا خود غرض اور اقتدار و حکومت کا بھوکا یقین کرتے ہوں۔ وجہ کوئی بھی ہو، اہل غرض کا یہ دیرینہ حربہ ہے جو وہ اہل حق کے خلاف استعمال کرتے رہے ہیں اور اب بھی کرتے ہیں اور شاید اس وقت تک کرتے رہیں گے جب تک عوام کی وہ آنکھ پوری طرح نہ کھل جائے جو نیک و بد، مصلح و مفسد، مخلص اور خود غرض میں امتیاز کر سکتی ہے۔

ثلہ وہ کہتے ہیں یہ عجیب و غریب باتیں جو آج تک نہ ہم نے سنیں اور نہ ہمارے آباؤ اجداد نے سنیں یقیناً کسی جناتی اثر کا نتیجہ ہیں۔ ورنہ جس کے ہوش و حواس درست ہوں وہ بھی کبھی ایسی بے بنیاد باتیں کرتا ہے؟ ساتھ ہی وہ اپنے عوام کو کہتے کہ تم ان کی چکنی چپڑی باتوں میں نہ آجانا، کچھ دیر انتظار کرو، حقیقتِ حال خود بخود واضح ہو جائے گی۔

فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَ اَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ

تو داخل کر لو اس میں ہر جوڑے میں سے دو دو اور اپنے گھر والوں کو بجز ان کے جن

عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَ لَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ

کے بارے میں پہلے فیصلہ ہو چکا ہے ان میں سے۔ اور گفتگو نہ کرنا میرے ساتھ ان کے متعلق جنہوں نے ظلم کیا، وہ تو ضرور

مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَ مَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ

غرق کیے جائیں گے۔ پھر جب اچھی طرح بیٹھ جائیں آپ اور آپ کے ساتھی کشتی کے عرشہ پر [۲۱] تو کہنا

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ وَ قُلْ رَّبِّ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے ہمیں نجات دی ظالم قوم (کے جور و ستم) سے۔ اور یہ بھی عرض کرنا کہ اے

اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

میرے رب! اتار مجھے بابرکت [۲۲] منزل پر اور تو ہی سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔ بیشک اس قصہ میں ہماری قدرت

[۲۱] حضرت نوح علیہ السلام نے جب اپنی قوم کی دل آزاریوں سے تنگ آ کر بارگاہِ الٰہی میں فریاد کی تو آپ کو حکم ملا کہ ہماری نگاہوں کے سامنے اور ہماری ہدایت کے مطابق کشتی بناؤ۔ اور جب تنور سے پانی اُبلنے لگے تو سمجھ لینا کہ عذابِ الٰہی آن پہنچا ہے۔ اُس وقت خود بھی اُس میں سوار ہو جانا اور اپنے گھر والوں کو بھی سوار کر لینا، اور ہر جانور کا جوڑا جوڑا بھی اس کشتی میں داخل کر لینا۔ لیکن خاندان کے اُن لوگوں کے متعلق میری جناب میں عرض نہ کرنا جن کے متعلق قطعی فیصلہ ہو چکا ہے۔ پھر فرمایا جب تم اور تمہارے ساتھی آرام سے کشتی میں بیٹھ جاؤ اور طوفان کا پانی ہر طرف پھیلنے لگے اور اس کی سطح ہر لحظہ بلند ہوتی جائے جس میں ان کی آبادی ڈوبنے لگے تو اس وقت تم اپنے ربِ کریم کی حمد و ثنا شروع کر دینا جس نے اس ظالم قوم سے تمہیں نجات دی جو صبح و شام تمہیں اذیتیں پہنچاتی اور مذاق کیا کرتی تھی۔

[۲۲] کتنی پیاری دُعا ہے۔ پہلا حکم کشتی میں بیٹھنے کا تھا اور یہ حکم کشتی سے اُترنے کے وقت کے لیے ہے کہ جب صحیح و سلامت اُترنے لگو تو یہ دُعا مانگو: مُبَارَكًا... یعنی دونوں جہانوں میں خیر و برکت کا باعث ہو۔ گھر میں داخل ہوتے وقت بھی اور ہر نئی جگہ اُترتے وقت بھی یہ دُعا پڑھنی چاہیے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ جب مسجد میں

وَاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ۝۳۰ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝۳۱

کی نشانیاں ہیں اور ہم ضرور (اپنے بندوں کی) آزمائش کرنے والے ہیں۔ پھر ہم نے پیدا فرما دی ان کے (غرق ہونے کے) بعد ۲۳؎ ایک دوسری جماعت

فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ

پھر ہم نے ۲۴؎ بھیجا ان میں ایک رسول ان میں سے (اس نے انہیں کہا) کہ عبادت کرو اللہ کی، نہیں ہے تمہارا کوئی خدا

غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝۳۲ؒ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ

اس کے سوا، کیا تم (شرک کے انجام سے) نہیں ڈرتے ہو۔ تو بولے ان کی قوم کے سردار جنہوں نے کفر کیا تھا اور جنہوں نے

كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا

جھٹلایا تھا قیامت کی حاضری کو اور ہم نے خوشحال بنا دیا تھا انہیں دنیوی زندگی میں۔ (لوگو!) نہیں ہے یہ مگر

بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ۝۳۳ۙ

ایک بشر تمہاری مانند، یہ کھاتا ہے وہی خوراک جو تم کھاتے ہو اور پیتا ہے اس سے جو تم پیتے ہو۔

وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ ۙ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝۳۴ۙ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ

اور اگر تم پیروی کرنے لگے اپنے جیسے بشر کی تو تم تب نقصان اٹھانے والے ہو جاؤ گے۔ کیا وہ تم سے یہ وعدہ کرتا ہے

اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ۝۳۵ۙ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ

کہ تم جب مر جاؤ گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جاؤ گے تو تمہیں (پھر قبروں سے) نکالا جائیگا، یہ بات عقل سے بعید، بالکل بعید

تشریف لے جاتے تو یہ دعا پڑھا کرتے۔

۲۳؎ اس سے مراد قوم عاد یا قوم ثمود ہے۔

۲۴؎ بالکل وہی دعوت ہے۔ قوم کے رئیسوں کا وہی ردعمل ہے اور وہی اعتراضات و شبہات ہیں جن کا ذکر ابھی گزرا۔

لِمَا تُوعَدُونَ ﴿٣٦﴾ إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا

جس کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے۔ نہیں ہے کوئی اور زندگی سوائے ۴۵ ہماری اس دنیوی زندگی کے یہی ہمارا مرنا ہے اور یہی

نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ﴿٣٧﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا وَ

ہمارا جینا اور ہمیں دوبارہ نہیں اٹھایا جائیگا۔ وہ نہیں مگر ایسا شخص جس نے بہتان لگایا ہے اللہ تعالیٰ پر جھوٹا اور

۴۵ انسانی زندگی کے متعلق یہ عقیدہ ان کے ذہنوں میں راسخ ہو چکا تھا کہ بس یہی دنیاوی زندگی ہے جو ہم نے اس جہان میں بسر کرنی ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی زندگی نہیں۔ اس غلط فہمی میں مبتلا ہونے کے باعث وہ اپنی ساری جدوجہد اس زندگی کو آرام وہ اور باوقار بنانے کے لیے اور زیادہ سے زیادہ مال و جاہ حاصل کرنے کے لیے صرف کر دیتے تھے لیکن انسانی زندگی کے متعلق ان کا یہ تصور سراسر غلط تھا۔ یہ دنیا دار العمل ہے، دار الجزا نہیں۔ یہاں ہم دیکھتے ہیں کہ ایک آدمی بدکار ہوتے ہوئے عزت و آرام کی زندگی بسر کرتا ہے اور دوسرا آدمی نیک، مخلص اور اپنی قوم کا بلکہ نوع انسانی کا سچا بہی خواہ ہونے کے باوجود عمر بھر طرح طرح کی مصیبتوں اور آزمائشوں میں مبتلا رہتا ہے۔ اگر صرف یہی انسانی زندگی کے قافلہ کی آخری منزل ہوتی تو اس سے بڑی بے انصافی اور کیا ہو سکتی ہے کہ وہ انسان جو نیک اور مخلص ہے، وہ عمر بھر کانٹوں پر لوٹتا رہے اور جو بدمعاش اور سفاک ہے، وہ داد عیش دیتا رہے۔ اس صورت میں ان اخلاقی قدروں کو جن سے انسانی عظمت وابستہ ہے کون اپنائے گا؟ بلکہ کون انہیں اچھا جانے گا؟ وہ جانباز جو اپنی جوانی اور شباب کی رنگینیوں کو اپنی قوم اور وطن کی آزادی پر قربان کر دیتا ہے اس سے تو وہ غدار اچھا جس نے اگرچہ اپنی قوم کی عزت کا سودا دشمن سے کیا لیکن اپنی زندگی آن بان سے گزاری، اور اپنی اولاد کے لیے ڈھیروں سونا چھوڑ گیا محض یہ کہہ دینا کہ نیک کام کرنے والے کا نیک نام باقی رہ جاتا ہے اور اس کے ذکر سے تاریخ کے صفحات مزین ہوتے ہیں، اور یہی اس کی جانبازی کا صلہ ہے، یہ کہنا بھی بہت بڑی زیادتی ہے۔ اللہ تعالیٰ جو عادل اور حکیم ہے، کہ اس کی فرمانروائی میں ایسی دھاندلی قطعاً قابل برداشت نہیں۔ اس لیے اس کی حکمت کا یہ تقاضا ہے کہ اس فانی زندگی کے بعد ایک باقی زندگی بھی ہو۔ جہاں عدل و انصاف کے سارے تقاضے پورے کیے جائیں۔ نیک اور مخلص لوگوں کو ان کی مخلصانہ جدوجہد کا پورا پورا صلہ دیا جائے۔ اور بدکاروں کو ان کے کرتوتوں کی پوری سزا ملے۔

اگر یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ عادل ہے تو اس دنیا میں ہی عدل کا ظہور کیوں نہیں ہوتا؟ تو اس کے متعلق مختصراً عرض یہ ہے کہ ہماری اس دنیوی زندگی کا دائرہ اتنا محدود ہے کہ اس میں عدل کے سارے تقاضے پوری صورت میں نمودار نہیں ہو سکتے اور بعض گراں بہا اعمال ایسے بھی ہیں جن کا معاوضہ اس دنیا میں نہیں دیا جا سکتا۔ آپ اس نوجوان کو کیا معاوضہ دے سکتے ہیں جس نے اپنی جان حق کو سربلند کرنے کے لیے قربان کر دی ہو؟ انسان اس مسئلہ میں جتنا غور کرتا چلا جائے۔ اس کا عقیدہ

مَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا

ہم تو قطعاً اس پر ایمان نہیں لائیں گے۔ اس پیغمبر نے کہا میرے رب! اب تو میری مدد فرما کیونکہ انھوں نے مجھے جھٹلا

قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ

دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا عنقریب ہی یہ لوگ اپنے کیے پر نادم ہو جائیں گے۔ تو آپکڑا انھیں حقیقی چنگھاڑ نے تو ہم نے انھیں خس و خاشاک

غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا

بنا دیا تو برباد ہو جاتے وہ قوم جو ستم شعار ہے۔ پھر ہم نے پیدا فرمائیں ان (کی بربادی) کے بعد کئی قومیں۔

اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾ؕ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ؕ ثُمَّ

آگے نہیں بڑھ سکتی کوئی قوم اپنی مقررہ میعاد سے اور نہ وہ لوگ پیچھے رہ سکتے ہیں۔ پھر

اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا

ہم بھیجتے رہے اپنے رسول یکے بعد دیگرے جب کبھی کسی امت کے پاس اس کا رسول آیا تو انھوں نے اسے جھٹلایا

آخرت کی زندگی پر زیادہ مستحکم اور استوار ہوتا چلا جائے گا۔

۴۶؎ جب اس قوم کی بدکاریاں حد سے تجاوز کر گئیں اور اللہ تعالیٰ کے پیغمبر کو ان کی ہدایت کی کوئی امید نہ رہی تو دعا کے لیے ہاتھ اٹھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ ہمیشہ کے لیے برباد کر دیئے گئے۔ غثاء اس خس و خاشاک کو کہتے ہیں جو پانی کی سطح پر تیرتی جاتی ہے غثاء السیل وھو حمیلہ (مظہری)۔ علامہ قرطبی اس کی تشریح میں لکھتے ہیں: ھو ما یحملہ من بالی الشجر من الحشیش والقصب مما یبس وتفتت یعنی بوسیدہ ٹہنیاں، خشک گھاس اور سرکنڈے وغیرہ۔

۴۷؎ اس قوم کے تباہ و برباد ہونے کے بعد بزم ہستی کو آباد کرنے کے لیے دوسری قوموں کو موقع دیا گیا۔ انھیں زندگی کی نعمتیں اور وسائل بہم پہنچائے گئے۔ انھیں گمراہی سے بچانے اور راہ راست پر ثابت قدم رکھنے کے لیے انبیائے کرام کی تشریف آوری کا سلسلہ جاری رہا لیکن بعد میں آنے والی قوموں نے بھی اپنے رسولوں کے ساتھ وہی سلوک کیا جو ان کے پیش روؤں نے کیا تھا۔ انھوں نے نہ اپنے مخلص انبیاء کی نصیحت کو گوش ہوش سے سنا اور نہ سابقہ امتوں کے ہولناک انجام سے عبرت حاصل کی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ بھی مکافاۂ عمل کے قانون کی زد میں آ گئے اور صفحۂ ہستی سے نیست و نابود کر دیئے گئے۔

چند الفاظ کی تشریح: تترا: یتبع بعضہم بعضا (یکے بعد دیگرے)۔ احادیث: جمع ہے۔ اس کا واحد احدوثۃ ہے۔

بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۴﴾

ہم بھی ایک کے بعد دوسرے کو ہلاک کرتے گئے اور ہم نے (ان جابر قوموں) کو افسانے بنا دیا پس دوری ہے (پھٹکار ہو) ایسی قوم پر جو

ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾

ایمان نہیں لاتی پھر ہم نے بھیجا موسیٰ اور اُن کے بھائی ہارون کو اپنی نشانیاں اور واضح دلیل دے کر

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَقَالُوْٓا

فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف تو انہوں نے بھی غرور و تکبر کیا اور وہ لوگ بڑے سرکش تھے۔ تو انہوں نے کہا ۴۶

اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا

کیا ہم ایمان لے آئیں ان دو آدمیوں پر جو ہماری مانند ہیں، حالانکہ ان کی قوم ہماری غلام ہے پس انھوں نے ان دونوں کو

فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ

جھٹلایا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ بھی برباد ہونے والوں میں شامل ہو گئے۔ اور بیشک ہم نے عطا فرمائی موسیٰ کو کتاب "تاکہ وہ (ان کی قوم)

يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى

ہدایت یافتہ ہو جائے۔ اور ہم نے بنا دیا ۵۰ مریم کے فرزند اور اُس کی ماں (مریم) کو (اپنی قدرت کی) نشانی اور انھیں

اور اس کا معنی ہے قصے کہانیاں - ما یتحدث بہ -

۴۶ جب موسیٰ اور ہارون علیہما السلام فرعون اور اُس کے درباریوں کو دعوتِ ایمان دینے کے لیے تشریف لے گئے تو انھوں نے اُن کے خلاف وہ ہتھیار استعمال کیے جو پہلے متکبروں نے استعمال کیے تھے۔ جن کے بارے میں ابھی آپ پڑھ آئے ہیں۔

یعنی یہ دونوں ہماری طرح بشر ہیں، ان کی قوم ہماری غلام ہے۔ ان کو اگر ہم نبی مانیں تو انھیں اپنا سردار اور حاکم تسلیم کرنا پڑے گا۔

۵۰ امام رازیؒ لکھتے ہیں کہ چاہیے یہ تھا کہ عبارت یوں ہوتی "وجعلنا ابن مریم و اُمّہ اٰیتین" لیکن تثنیہ کے بجائے واحد استعمال کر کے آپ کی بن باپ ولادت کی طرف اشارہ کر دیا۔

رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾ يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ

بسایا ایک بلند مقام پر جو رہائش کے قابل تھا اور جہاں چشمے جاری تھے۔ اے گروہِ پیغمبرو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ

وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ

اور اچھے کام کرو۔ بیشک میں جو اعمال تم کرتے ہو ان سے خوب واقف ہوں۔ اور یہی تمہارا دین ہے اور وہ

اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ

ایک ہی ہے اور میں تم سب کا پروردگار ہوں سو تم ڈرا کرو مجھ سے۔ لیکن کاٹ کر رکھ دیا انہوں نے اپنی دینی وحدت کو باہمی

زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى

اختلاف سے پارہ پارہ۔ ہر گروہ اپنے نظریات پر مسرور ہے۔ پس (اے محبوب!) رہنے دو انہیں اپنی مدہوشی

ایک روز نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے لوگو! اللہ پاک ہے اور پاکیزہ چیزوں کو ہی پسند فرماتا ہے نیز اللہ تعالیٰ نے مومنین کو اسی بات کا حکم دیا ہے جس کا حکم اس نے اپنے رسولوں کو دیا تھا۔ اس کے بعد یہ آیت تلاوت فرمائی۔ یا ایھا الذین امنوا کلوا من طیبٰت ما رزقنٰکم۔ اے ایمان والو! پاکیزہ و طیب چیزیں کھاؤ جو ہم نے تمہیں عطا فرمائی ہیں۔ پھر ارشاد فرمایا ایک آدمی دور دراز کا سفر کرتا ہے۔ اس کے بال پراگندہ اور غبار آلود ہیں۔ وہ آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتا ہے یا رب! یا رب کہتا ہے۔ حالانکہ اس نے جو کھایا ہے وہ بھی حرام ہے۔ جو اس نے پیا ہے وہ بھی حرام، جو اس نے پہنا ہوا ہے وہ بھی حرام اور اس کی خوراک بھی حرام مال سے ہے۔ فانّٰی یستجاب لذالک؟ (تو ایسے حرام خور آدمی کی دعا کیسے قبول ہوگی؟) رواہ البخاری عن ابی ھریرۃ۔ اس ارشاد گرامی سے معلوم ہوا کہ قبولیت دعا کے لیے رزق حلال ایک بنیادی شرط ہے۔ کاملین امت نے فرمایا ہے کہ اکل حلال (حلال روزی) اور صدق مقال (سچی بات) کا نام ہی ولایت ہے۔

امت کا لفظ آیت میں دین اور ملت کے معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ الامۃ ھنا الدین (قرطبی)۔ بتایا یہ جا رہا ہے کہ ہر نبی نے اپنے اپنے وقت میں ایک ہی دین کی طرف لوگوں کو دعوت دی۔ اور اسی دین کا داعی اکمل بن کر میرا یہ برگزیدہ بندہ محمد مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء تشریف لایا ہے۔ اس لیے تمہارا فرض ہے کہ تم اس کی دعوت کو صدق دل سے قبول کرلو۔ اور سارے اختلافات کو ختم کرکے اس دین توحید کے پرچم تلے متحد ہو جاؤ۔ اپنے رب کی معرفت حاصل کرو اور اس کی ناراضگی سے ڈرتے رہو۔

انسانی اتحاد کی اس مخلصانہ دعوت کی طرف ان لوگوں نے توجہ نہ دی اور اپنی ذاتی، قبائلی، قومی اور ملکی محدود

حِيۡنٍ ﴿۵۴﴾ اَيَحۡسَبُوۡنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمۡ بِهٖ مِنۡ مَّالٍ وَّبَنِيۡنَ ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ

میں ۳۳ کچھ وقت تک۔ کیا یہ لفرقہ باز خیال کرتے ہیں کہ ہم جو ان کی مدد کر رہے ہیں ۳۴ مال و اولاد کی کثرت سے تو ہم جلدی کر

لَهُمۡ فِى الۡخَيۡرٰتِ ؕ بَلْ لَّا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ هُمۡ مِّنۡ

رہے ہیں انھیں بھلائیاں پہنچانے میں (ہرگز نہیں) بلکہ وہ (حقیقت حال سے) بے خبر ہیں۔ بیشک وہ لوگ جو اپنے رب کے

مصلحتوں اور مفادات پر انسانی اتحاد کو قربان کر دیا۔ اس طرح ایک آدم کی اولاد، ایک دین کے پیروکار مختلف متحارب گروہوں میں بٹ کر رہ گئے۔ اور ہر گروہ نے اپنے نظریات کو ہی حق یقین کر لیا۔

۳۳؎ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حکم دے رہے ہیں کہ ان کوتاہ اندیش اور خود غرض لوگوں کو کچھ عرصہ اسی غفلت میں رہنے دو۔ آپ نے انہیں سمجھانے کا حق ادا کر دیا لیکن ان کے عناد اور تعصب میں ذرا فرق نہیں ہوا۔ جب عذاب انھیں چاروں طرف سے گھیرے گا تب ان کی آنکھیں کھلیں گی۔ لفظ غمرہ کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں والغمرة فی اللغة ما یغمرك ویعلوك ومنه الغمر الحقد لانه یغطی القلب والغمر الماء الکثیر لانه یغطی الارض المراد هنا الحیرة والغفلة والضلالة یعنی لغت میں غمرہ اس چیز کو کہتے ہیں جو تجھے ڈھانپ لے اور تیرے سر سے بھی بلند ہو جائے۔ اسی لیے حسد کو غمر کہا جاتا ہے کیونکہ وہ دل کو ڈھانپ لیتا ہے اور کثیر پانی کو بھی غمر کہتے ہیں کیونکہ وہ سطح زمین پر پھیل کر اس کو چھپا دیتا ہے۔ یہاں اس لفظ سے مراد حیرت، غفلت اور ضلالت ہے جس میں وہ لوگ مبتلا تھے۔

۳۴؎ کئی دفعہ بعض حکمتوں کے پیش نظر گمراہ اور بدکردار لوگوں کی باگ ڈھیلی چھوڑ دی جاتی ہے۔ گمراہی اور بدکاری کے باوجود ان کا کاروبار خوب چمکتا ہے۔ جاہ و مال میں اضافہ ہوتا ہے۔ رہنے کے لیے خوشنما بنگلے، سواری کے لیے بہترین کاریں میسر آجاتی ہیں تو وہ اس غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ شاید وہ بڑے اچھے کام کر رہے ہیں اسی لیے تو اللہ تعالیٰ ان پر اتنا مہربان ہے ان کی اس غلط فہمی کو دور کرنے کے لیے فرمایا جا رہا ہے کہ یہ لوگ حقیقت حال سے بے خبر ہیں یہ دولت کی کثرت، اور جاہ و جلال میں ترقی محض اس لیے ہے کہ ان کو ایک طویل اور کٹھن آزمائش میں مبتلا کر دیا جائے۔ اگر انہیں کچھ عقل ہوتی تو وہ اپنے دامن پر گناہوں کے بدنما داغ دیکھ کر شرما جاتے، ان کے وہ ہاتھ جو بے گناہوں کے خون سے رنگین ہیں کیا انھیں بتا نہیں رہے کہ تم مجرم ہو، تم ظالم اور سفاک ہو۔ تم اس قابل نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی چشم لطف و احسان تمہاری طرف مائل ہو۔ دولت کی قلت جس طرح خدا تعالیٰ کی ناراضگی کی دلیل نہیں اسی طرح دولت کی کثرت اس کی رضامندی کی دلیل نہیں۔ اصل چیز عقیدہ اور عمل کی صحت ہے علماء کرام نے یہ تصریح کی ہے کہ اگر کسی نیک آدمی پر اللہ تعالیٰ انعامات کے دروازے کھول دے اور اس سے خرق عادت چیزیں ظہور پذیر ہوں تو اسے کرامت کہا جاتا ہے اور اگر کسی بدعقیدہ اور

خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾

خوف سے ڈر رہے ہیں ۝ اور وہ جو اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّ

اور وہ جو اپنے رب کے ساتھ (کسی کو) شریک نہیں بناتے اور وہ جو دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اس

قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ

حال میں کہ ان کے دل ڈر رہے ہیں (اس خیال سے) کہ وہ (ایک دن) اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ یہی لوگ جلدی کرتے ہیں

شریعت کے نافرمان سے کوئی عجیب وغریب بات ظاہر ہو تو اسے استدراج کہا جاتا ہے جس سے وہ خود بھی آہستہ آہستہ گمراہی کی پستیوں میں گرتا جاتا ہے اور اپنے ثناخوانوں کو بھی فتنہ وابتلاء میں مبتلا کر دیتا ہے۔

۵۳ پہلے کفار کے نظریات، ان کے حالات اور ان کی خوش فہمیوں کا تذکرہ ہوا کہ وہ کس طرح اپنی گمراہی پر نازاں ہیں۔ کس طرح دنیا کی نعمتوں کو خدا کا انعام سمجھ کر اپنی راست روی کا یقین کر بیٹھے ہیں۔ کس طرح اہل ایمان کی عسرتوں، تکلیفوں اور مصیبتوں کو اس بات کی دلیل ٹھیرا رہے ہیں کہ یہ لوگ راہ راست سے بھٹک گئے ہیں اسی لیے ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔ کفار کے تذکرہ کے بعد اب اہل حق کی خصوصیات کو نمایاں فرمایا جا رہا ہے کہ یہ لوگ سراپا عجز ونیاز اور اطاعت وانقیاد ہیں اس کے باوجود انہیں اپنی کوتاہیوں کا احساس چین نہیں لینے دیتا۔ اللہ تعالیٰ کی عظمت وکبریائی کا جب خیال آتا ہے تو لرز جاتے ہیں اللہ تعالیٰ کا جو حکم اس کا نبی انہیں بتاتا ہے بلا چون وچرا اسی کو قبول کر لیتے ہیں۔ اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھیراتے اور مال ودولت جو اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا فرمائی ہے اس سے اس کی راہ میں کھلے دل سے خرچ کرتے ہیں لیکن بایں ہمہ یہ گھمنڈ کبھی دل میں پیدا نہیں ہوا کہ ہم نے راہ خدا میں اتنا خرچ کر دیا، اور نہ کسی پر احسان جتلاتے ہیں، بلکہ ان کو ہمیشہ یہ احساس بے چین کیے رکھتا ہے کہ جو ہم نے دیا ہے وہ اس مالک نے قبول بھی کیا ہے یا نہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بارگاہ رسالت میں وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا کے متعلق گزارش کی اھم الذين يشربون الخمر ويسرقون۔ کیا یہ وہ لوگ ہیں جو شراب پیتے ہیں اور چوری کرتے ہیں اس وجہ سے ان کے دل خوف سے کانپتے رہتے ہیں حضور نے ارشاد فرمایا: لا يا بنت الصديق ولكنهم الذين يصومون ويصلون ويتصدقون وهم يخافون ان لا يقبل منهم اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ۔ (قرطبی)

"اے صدیق کی لخت جگر! ایسا نہیں ہے بلکہ یہ وہ لوگ ہیں جو روزے رکھتے ہیں، نماز پڑھتے ہیں، صدقہ دیتے ہیں اور اس کے باوجود ڈرتے رہتے ہیں کہ شاید ان کے یہ اعمال بارگاہ الٰہی میں منظور نہ ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں جو نیکیوں میں تیز رفتار ہیں۔

فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿٦١﴾ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا

بھلائیاں کرنے میں ٣٦ اور وہ بھلائیوں کی طرف سبقت لے جانے والے ہیں اور ہم تکلیف نہیں دیتے کسی شخص کو مگر جتنی اس کی طاقت

وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ

ہے اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے جو سچ بولتی ہے اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ ان کے دل مدہوش

فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا

ہیں ٣٧ اس خوفناک حقیقت سے اور ان کے اعمال مومنوں کے اعمال سے مختلف ہیں۔ یہ نابکار ان بُرے کاموں کو

عٰمِلُوْنَ ﴿٦٣﴾ حَتّٰى اِذَا اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿٦٤﴾

ہی کرنے والے ہیں۔ یہاں تک کہ جب ہم پکڑیں گے ان کے خوشحال لوگوں کو عذاب سے، اس وقت وہ چلائیں گے ٣٨

لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى

(ظالمو!) آج نہ چلاؤ ٣٩ تمہاری ہماری طرف سے اب کوئی مدد نہ کی جائیگی۔ اور وہ وقت یاد کرو جب ہماری آیتیں تمہارے

عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ سٰمِرًا

سامنے پڑھی جاتی تھیں اور تم اپنی ایڑیوں کے بل لوٹ جایا کرتے تھے ٤٠ غرور و تکبر کرتے ہوئے (پھر حرم میں)

٣٦ دوسرے لوگوں کو تو یہ جلدی ہے کہ مال و دولت سمیٹنے میں وہ کسی سے پیچھے نہ رہ جائیں لیکن یہ اللہ تعالیٰ کے بندے صبح و شام اس فکر میں گھلے جا رہے ہیں کہ کہیں اعمال صالحہ میں کوئی ان سے آگے نہ بڑھ جائے۔ ع ببیں تفاوتِ راہ از کجاست تا بکجا۔

٣٧ یہاں سے پھر بدکاروں اور نابکاروں کا ذکر شروع ہے۔

٣٨ انتہائی عجز و درماندگی کی حالت میں چیخنے چلانے کو جُؤار کہتے ہیں۔ اصل الجؤار رفع الصّوت بالتضرع۔ (قرطبی)

٣٩ انہیں کہا جائے گا آج کیوں چیخ چیخ کر آسمان سر پر اٹھاتے ہو، یہ واویلا بے سود ہے۔ اب تم پر قطعاً رحم نہیں کیا جائے گا اور نہ عذاب کی اس دہکتی ہوئی بھٹی سے تمہیں چھٹکارا دلایا جائے گا۔

ع اے بسا آرزو کہ خاک شدہ — اے آس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

٤٠ جب توبہ کرنے کا وقت تھا جب شرک و کفر سے بیزاری کا اعلان کرنے کی تمہیں بار بار دعوت دی جاتی تھی

تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ

تم داستان سرائی کیا کرتے تھے اور قرآن کی شان میں بکواس کیا کرتے تھے [۶۷] کیا انھوں نے کبھی تدبر نہ کیا قرآن میں؟ یا آئی تھی ان کے

الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَمْ

پاس ایسی چیز جو نہ آئی تھی انکے پہلے آباؤ اجداد کے پاس یا انھوں نے اپنے رسول (مکرم) کو نہ پہچانا تھا [۶۸] اس لیے وہ اس کے منکر ہیں

یاد ہے اس وقت تمہارا کیا رویہ ہوا کرتا تھا تم ایسی محفلوں میں شرکت کرنا ہی اپنے لیے کسر شان سمجھتے تھے اور دور سے ہی الٹے پاؤں لوٹ آیا کرتے تھے۔

[۶۷] تمہارے غرور و نخوت کا کوئی ٹھکانا ہی نہ تھا ذرا یاد کرو ان چاندنی راتوں کو جب صحن حرم میں تمہاری محفلیں جمتی تھیں اور تم وہاں مزے لے لے کر دنیا بھر کے قصے اور افسانے بیان کیا کرتے تھے اور قرآن کریم اور میرے رسول مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان اقدس میں طرح طرح کی گستاخیاں کیا کرتے تھے۔

سامراً حال ہے، چاہیے تو یہ تھا کہ سامرین ہوتا تاکہ ذوالحال سے مطابقت ہوتی۔ لیکن یہ اسم مفرد ہے اور جمع کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ وهو اسم مفرد بمعنى الجمع۔ جس طرح ثم نخرجكم طفلاً میں طفل مفرد ہے۔ لیکن اس کا معنی اطفال ہے۔ يقال قوم سمر وسُمّر وسامر۔ ومعناه سهر الليل ماخوذ من السمر وهو مايقع على الاشجار من ضوء القمر۔ چاندنی جو درختوں کی شاخوں اور پتوں پر پڑتی ہے اسے سَمَر کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ قصہ گوئی کی محفلیں عموماً چاندنی راتوں میں ہوا کرتی تھیں اس لیے ان کو سامر کہا گیا۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عشاء کی نماز کے بعد قصہ گوئی کی محفلوں کو ناپسند فرمایا ہے کیونکہ دیر تک جاگتے رہنے سے نماز صبح کے قضا ہونے کا اندیشہ ہے۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ لوگوں کو عشاء کے بعد کہانیاں کہنے سے سختی سے روکتے تھے فرماتے اسمراً اول الليل ونوماً اخره ارجعوا كتابكم یعنی یہ بھی کوئی عقلمندی ہے کہ رات کے پہلے حصہ میں دیر تک جاگتے رہو اور اس کے آخری حصہ میں جو نزول رحمت کا وقت ہوتا ہے، سوتے رہو۔ اب تو اپنے کراماً کاتبین کو دم لینے دو۔ (قرطبی)۔ لیکن علمی مذاکرے، تبلیغی جلسے، ذکر اذکار کی محفلیں اور دیگر نیک کاموں میں اگر انسان مشغول ہو تو یہ ممنوع نہیں۔

[۶۸] یعنی جو رسول آتنی دل سوزی اور اخلاص سے بار بار دعوت حق دے رہا ہے۔ یہ کوئی اجنبی شخص نہیں ہے جس سے یہ متعارف نہ ہوں۔ جس کا ماضی ان کی نگاہوں سے مخفی ہو۔ یہ سب لوگ اس ذات اقدس کو اچھی طرح پہچانتے ہیں اس کی عالی نسبی، اس کی خاندانی شرافت، اس کے ذاتی اوصاف و اخلاق سے خوب آگاہ ہیں۔ کل تک انھیں کی زبانیں اسے صادق اور امین کے معزز القاب سے خطاب کرتی رہی ہیں۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے نجاشی کے دربار میں اپنے دین کا

يَقُولُونَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ

رہے۔ یا کہتے ہیں کہ اسے سودا کا مرض ہے ۲۳؎ (یوں نہیں) بلکہ وہ تشریف لایا ان کے پاس حق کے ساتھ، اور بیشتر لوگ

كٰرِهُوْنَ ۝۷۰ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ

ان میں سے حق کو ناپسند کرتے ہیں۔ اور اگر پیروی کرتا حق ان کی خواہشات (نفسانی) کی ۳۳؎ تو درہم برہم ہو جاتے آسمان اور زمین

تعارف ان الفاظ میں کرایا تھا " ایھا الملك ان الله تعالى بعث فينا رسولا نعرف نسبه وصدقه وامانته " اے بادشاہ! اللہ تعالیٰ نے ہم میں ایک رسول مبعوث فرمایا جس کے نسب کو جس کی راست گفتاری کو اور جس کی دیانتداری کو ہم خوب جانتے ہیں۔

۳۲؎ جس کی صداقت و امانت کا تم کل تک اعتراف کرتے رہے ہو آج یک لخت اس کے متعلق تمہاری رائے کیوں بدل گئی ہے۔ یہ انقلاب اچانک کیسے رونما ہو گیا کہ اب تم اس کے متعلق یہ خیال کرنے لگے ہو کہ انھیں سودا ہو گیا ہے انھیں جنون کا دورہ پڑنے لگا ہے۔ نہیں یہ کچھ بھی نہیں البتہ وہ ایک ایسا دین ہدایت لے کر تشریف فرما ہوا ہے جو تمہاری خواہشات اور آبائی عقیدوں کے خلاف ہے اور تم اسے پسند نہیں کرتے اس لیے تم نے آوازے کسنے شروع کر دیئے ہیں لیکن یہ تمہاری ناپسندیدگی کسی علمی دلیل پر موقوف نہیں بلکہ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ تم یہ خیال کرنے لگے ہو کہ اگر ہم نے اس کا دین قبول کر لیا تو ہماری چودھراہٹ ختم ہو جائے گی ہم داد عیش دینے سے روک دیئے جائیں گے۔ ای عنادا و ظلما لحب الرياسة واتباع الشهوات وتقليد الجهال۔ (مظہری)

۳۳؎ پہلے بتایا کہ یہ لوگ ہمارے نبی مکرم کو خوب جانتے ہیں۔ ان کی عفت و پاکدامنی، ان کی حق گوئی و دیانتداری اور عزیز داں ان کی معاملہ فہمی اور حسن تدبیر کا بھی کئی بار انھوں نے مشاہدہ کیا ہے اور اس کا انھیں آج تک اعتراف بھی رہا ہے۔ آج جو اچانک ان کے تیور بدل گئے ہیں اور ان کی رائے میں انقلاب آ گیا ہے اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ وہ ایسی باتیں کہتے ہیں جو ان لوگوں کے عقائد و رسم و رواج اور ان کے ذاتی مفاد سے ٹکراتی ہیں وہ اس لیے میرے حبیب سے خفا ہیں کہ وہ بے شمار خداؤں کی جگہ ایک اور صرف ایک خدا پر ایمان لانے کی دعوت دیتا ہے۔ وہ انھیں غریب اور ضعیف کے ساتھ عدل و انصاف کا حکم دیتا ہے۔ وہ انھیں اخلاقی آوارگی سے باز رہنے کی تلقین کرتا ہے۔ وہ انھیں سود خوری شراب نوشی قمار بازی، راہزنی اور قزاقی سے سختی سے روکتا ہے۔ وہ خصوصی مراعات اور امتیازات جو ان کے سرداروں اور رئیسوں کو حاصل ہیں وہ انھیں ان مراعات سے دستبردار ہونے کی ہدایت کرتا ہے۔ وہ غریب و امیر، قریشی و غیر قریشی، عربی و عجمی کے سارے امتیازات یک قلم ختم کر دینا چاہتا ہے۔ اگر وہ ایسا نہ کرے تو یہ لوگ آج بھی اس کو اپنی آنکھوں پر بٹھانے کے لیے تیار ہیں۔ وہ اسے آج بھی اپنا فرمانروا اور بادشاہ ماننے کے لیے مستعد ہیں۔ اس آیت میں بڑی وضاحت سے ان کی اس غلط فہمی کو دور کیا جا رہا ہے

وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ؕ﴿۷۱﴾

اور جو کچھ ان میں ہے۔ بلکہ ہم ان کے پاس لے آئے ان کی نصیحت ۷۵؎ تو وہ اپنی نصیحت سے ہی روگردانی کر رہے ہیں۔

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَ

کیا آپ طلب کرتے ہیں ان سے کچھ معاوضہ؟ (آپ کے لیے) تو آپ کے رب کی عطا بہتر ہے اور وہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

اِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

اور بے شک آپ تو انھیں بلاتے ہیں سیدھی راہ کی طرف ۷۶؎ بلاشبہ وہ لوگ جو ایمان نہیں لاتے

بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ

آخرت پر وہ راہِ راست سے منحرف ہونے والے ہیں۔ اور اگر ہم ان پر مہربانی بھی فرمائیں اور دور کر

انھیں بتایا کہ میرا محبوب جو کچھ تمھیں کہتا ہے وہ حق اور سراپا حق ہے۔ اگر وہ تمھاری خواہشات کا احترام کرنے لگے اور تمھارے بتوں کی خدائی کا بھی نعوذ باللہ اعتراف کرلے، قرآن کے لائے ہوئے نظامِ حیات میں تمھاری رائے کے مطابق ترمیمیں کرنے لگے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ حق رہنمائی اور قیادت کے منصب سے دستبردار ہو کر باطل کی اطاعت اختیار کرلے۔ اگر ایسا ہو جائے تو حق حق نہ رہے بلکہ باطل ہو جائے، اور اگر ایسا ہو جائے تو پھر دنیا کے بقا کی کوئی وجہ نہیں رہے گی، اسی وقت قیامت برپا ہو جائے گی اور ہر چیز تہس نہس کر کے رکھ دی جائے گی۔

۷۵؎ ذکر کا معنی نصیحت اور یاد دہانی ہے۔ لیکن مفسرین نے اس کا ایک اور معنی بھی لکھا ہے جو نہایت مناسب ہے۔ یعنی ذکر سے مراد وہ چیز ہے جو ان کے لیے عزوشرف کا باعث ہو۔ یعنی ہم نے ان کو ایسی کتاب بخشی جو ان کے لیے موجبِ صد عزو افتخار ہے۔ اگر وہ اس پر ایمان لائیں اور اس پر عمل کریں تو یہ کتاب ان کی شہرت و ناموری کو چار چاند لگا دے۔ ان کی کوتاہ فہمی اور شوریدہ بختی ملاحظہ ہو کہ وہ اپنے بخت کو دھکے دے رہے ہیں۔ ان کا آفتابِ اقبال طلوع ہو رہا ہے اور یہ برہم ہو رہے ہیں کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے۔

۷۶؎ اے میرے نبی مکرم آپ تو انھیں ہدایت کی طرف بلاتے ہیں اور ان کے سامنے ایک ایسا عدیم النظیر لائحہ عمل پیش کرتے ہیں جس سے ان کی ساری خرابیاں دور ہو جائیں۔ لیکن یہ انکار پر مصر ہیں جب ان کا روزِ آخرت پر ایمان ہی نہیں تو یہ ان پابندیوں کو کیوں قبول کریں جو آپ پر ایمان لانے کے بعد ان پر عائد ہو جاتی ہیں۔

۷۷؎ ارشاد ہے یہ لوگ باطل پرستی میں اتنے پختہ ہو گئے ہیں کہ اب ان کو ظلمتوں سے نکالنے کی کوئی کوشش

مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ

بھی کر دیں اس مصیبت کو جس میں مبتلا ہیں پھر بھی وہ بڑھتے جائیں گے اپنی سرکشی میں اندھے بنے ہوئے۔ اور ہم نے پکڑ لیا انھیں

بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٧٦﴾ حَتّٰۤى اِذَا

عذاب سے، پھر بھی وہ نہ جھکے اپنے رب کی بارگاہ میں اور نہ وہ اب گڑگڑا کر دعا کرتے ہیں یہاں تک کہ جب

ع ٤ ٢٧

فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿٧٧﴾

ہم کھول دیں گے ان پر دروازہ سخت عذاب والا۔ [٧٨] وہ اس وقت بالکل مایوس ہو جائیں گے۔

وَهُوَ الَّذِيْۤ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا

اور وہ وہی ہے جس نے بنائے تمھارے لیے کان اور آنکھیں اور دل لیکن (ان عظیم نعمتوں پر بھی) تم بہت کم

مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٨﴾ وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٧٩﴾

شکر ادا کرتے ہو [٧٩] اور وہ وہی ہے جس نے پھیلا دیا تمھیں زمین (کے اطراف) میں اور (انجام کار) اسی کی جناب میں اکٹھے

کامیاب نہیں ہو سکتی ان کا ذہن مسخ ہو گیا ہے۔ نورِ حق کو دیکھنے اور دیکھ کر پہچاننے والی آنکھ اندھی ہو گئی ہے۔ ان پر رحم و کرم کیا جائے یا انھیں آلام و مصائب میں مبتلا کر دیا جائے یہ اب کسی صورت میں ہدایت قبول نہیں کریں گے لجّوا اللجاج التمادی فی العناد و تعاطی الفعل المزجور منہ یعنی عناد و مخالفت میں بڑھتے چلے جانا اور جس فعل سے روکا جائے اس کا ارتکاب کرنا۔

یعمھون: العمہ، الترددُ فی الامر من حیرۃ۔ حیرت سے کسی کام میں متردد ہونا۔

[٧٨] وہ غلط روی سے اس وقت تک باز نہیں آئیں گے جب تک ان پر آخری عذاب کا دروازہ نہ کھل جائے اور انھیں اپنے ہولناک انجام سے دوچار نہ کر دیا جائے اس وقت وہ حیرت اور مایوسی کا شکار ہو جائیں گے اور انھیں کچھ سمجھ نہ آئے گا کہ اب وہ کیا کریں۔ مُبْلِسُوْن حیرت اور مایوسی کے مجموعہ کو کہتے ہیں۔ جب انسان حواس باختہ ہو جائے اور اسے اپنی نجات کے سارے راستے مسدود نظر آنے لگیں۔ مُبْلِسُوْن ای یائسون متحیرون لا یدرون مایصنعون۔ (قرطبی)

[٧٩] شکر کی بہترین صورت یہ ہے کہ جو نعمت جس مقصد کے لیے دی گئی ہے اسے اسی مقصد کے حصول کے لیے صرف کرنا اور جس نے وہ نعمت عطا فرمائی ہے اس کی عطا کو اسی کی طرف منسوب کرنا۔ شکر کا یہ مفہوم ذہن نشین کرنے کے بعد

وَهُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ

کیے جاؤ گے۔ اور وہی ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور اسی کے اختیار میں ہے گردشِ لیل و نہار۔

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٨٠﴾ بَلْ قَالُوا مِثْلَ مَا قَالَ الْأَوَّلُونَ ﴿٨١﴾ قَالُوا أَإِذَا

کیا (اتنا بھی) تم نہیں سمجھتے ؟ ۸۰ بلکہ انھوں نے بھی وہی بات کہی جو پہلے (کفار) کہا کرتے تھے ۸۱ انھوں نے کہا، کیا

مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿٨٢﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ

جب ہم مر جائیں گے اور بن جائیں گے خاک اور ہڈیاں تو کیا ہمیں پھر اٹھایا جائیگا ؟ بالتحقیق یہ وعدہ کیا گیا ہم سے اور

اب اس میں غور فرمایئے، آپ کو کفار کی ناشکری کا صحیح اندازہ ہوگا۔ کان سننے کے لیے، آنکھیں دیکھنے کے لیے، اور دل غور و فکر کرنے کے لیے مرحمت ہوا۔ اگر کوئی شخص کانوں سے صرف وہی بات سنے اور آنکھوں سے صرف وہی چیز دیکھے جس سے اس کی جسمانی اور نفسانی خواہشات کی تکمیل ہو اور دل سے صرف ان وسائل اور ذرائع پر غور و فکر کرتا رہے جن سے اس کی یہ فانی زندگی عزت و آرام سے بسر ہو لیکن اس کے کان صدائے حق سننے سے بہرے، اور اس کی آنکھیں نورِ حق دیکھنے سے اندھی ہوں، اور اس نے اپنی فکری قوتوں کو اپنی ابدی زندگی کو عزت اور آرام دہ بنانے کے لیے کبھی استعمال نہ کیا ہو تو اس سے بڑھ کر اور ناشکرا کون ہوگا۔

۸۰ اپنی قدرت و حکمت کے بیان کے ساتھ ساتھ اپنے احسانات و انعامات کی طرف بھی ہماری توجہ مبذول کرائی جا رہی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرت کے حیران کن مناظر جو تمہیں نظر آ رہے ہیں کبھی صبح ہو رہی ہے، کبھی شام ہو رہی ہے کبھی سورج طلوع ہو رہا ہے کبھی غروب ہو رہا ہے وغیرہ وغیرہ۔ ان میں حکمت یہ ہے کہ تمھاری بقا، نشو و نما اور آرام و آسائش کے تمام وسائل بڑی فیاضی سے مہیا کر دیئے جائیں۔

۸۱ کائنات کے اس دقیق اور حکیمانہ نظم و نسق کو دیکھ کر چاہیے تو یہ تھا کہ وہ سمجھتے کہ یہ ایسے خالق کی قدرت کا شاہکار ہے جو تمام صفاتِ کمال سے متصف ہے۔ اور تمام عاجزیوں اور کمزوریوں سے پاک اور مبرا ہے۔ اس کی قدرتِ کاملہ کے سامنے مُردوں کو زندہ کرنا کوئی مشکل نہیں۔ لیکن عقل و فہم کے ان دشمنوں نے وہی رٹ لگا رکھی ہے جو ان کے آباؤ اجداد نے لگا رکھی تھی کہ یہ ناممکن ہے کہ مرنے کے بعد جب ہم مٹی میں مل کر مٹی ہو جائیں گے اور ہماری ہڈی پسلی بکھر جائے گی تو پھر ہمیں زندہ کیا جائیگا۔ وہ کہتے ہیں کہ جس چیز کی دھمکی آج ہمیں دی جا رہی ہے کہ قیامت آئے گی، گناہوں سے کنارہ کش ہو جاؤ اور متقی و پرہیزگار بن جاؤ، بعینہٖ یہی دھمکی ہمارے آباؤ اجداد کو بھی دی گئی تھی لیکن صدیاں گزر گئیں وہ قیامت جس سے ہمیں ڈرایا جاتا تھا وہ قائم نہیں ہوئی اور ہمیں یقین ہے کہ وہ آئندہ بھی قائم نہیں ہوگی۔ یہ محض قصے کہانیاں ہیں جو ان لوگوں نے

وَآبَاؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ إِنْ هٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٨٣﴾ قُلْ

ہمارے باپ دادا کے ساتھ بھی آج سے پہلے (لیکن آج تک پورا نہ ہوا) نہیں ہیں یہ باتیں مگر من گھڑت افسانے پہلے لوگوں کے ۸۵

لِمَنِ الْأَرْضُ وَمَنْ فِيهَا إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٨٤﴾ سَيَقُولُونَ

(اے حبیب!) آپ پوچھیے کس کی ملکیت ہے یہ زمین اور جو کچھ اس میں ہے (بتاؤ) اگر تم جانتے ہو ۸۶ وہ کہیں گے (یہ سب)

گھڑلی ہیں جن کا حقیقت سے کوئی واسطہ نہیں۔

۸۵ نحو و ادب کے امام مبرد نے اساطیر کے لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اساطیر، اسطورۃ کی جمع ہے جس طرح احادیث احدوثۃ کی اور اعاجیب اعجوبۃ کی، اور اس کا اطلاق ایسی تحریر پر ہوتا ہے جو محض دل بہلانے کے لیے لکھی گئی ہو، جس کا حقیقت سے کوئی واسطہ نہ ہو۔ ای استعماله فیما یکتب کذبا یتلہی به ولهذا فسروہ بالاکاذیب (مظہری)۔ اسی لیے جھوٹی اور بے سروپا باتوں کو اساطیر کہتے ہیں۔

۸۶ کفارِ مکہ بلکہ کفارِ عرب کو حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت پر دو بنیادی اور شدید نوعیت کے اعتراض تھے ایک تو یہ کہ آپ کہتے ہیں لا الٰہ الا اللہ، کہ صرف اللہ تعالیٰ معبودِ برحق ہے، اس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں۔ دوسرا یہ کہ آپ کہتے ہیں کہ قیامت آئے گی اور تمھیں مرنے کے بعد زندہ کیا جائے گا۔ وہ ان دو باتوں کو ماننے کے لیے ہرگز تیار نہ تھے، ان کی عقلیں ان چیزوں کو سمجھنے اور ان پر ایمان لانے سے بالکل عاجز تھیں جن کا ذکر قرآن کریم میں متعدد بار ہوا ہے۔ انھم کانوا اذا قیل لھم لا الٰہ الا اللہ یستکبرون ویقولون أئنا لتارکوا آلھتنا لشاعر مجنون۔ جب انھیں یہ کہا جاتا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی خدا نہیں ہے تو وہ تکبر کا اظہار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کیا ہم اس شاعر اور مجنون کے کہنے پر اپنے خداؤں کو چھوڑ دیں گے ہرگز نہیں۔ دوسرے مقام پر ان کے ردِ عمل کو یوں بیان کیا گیا ہے اجعل الآلھة الٰھا واحدا ان ھذا لشیء عجاب۔ بہت سے خداؤں کی جگہ اس نے صرف ایک خدا بنا دیا ہے، کتنی حیرت اور اچنبھے کی بات ہے۔ آخر کار ان کا یہ ابتدائی تعجب و انکار ضد اور عناد کی انتہا کو پہنچ گیا اور انھوں نے صاف صاف کہہ دیا وما نحن بتارکی آلھتنا وما نحن لک بمؤمنین۔ آپ ہمیں لاکھ سمجھائیں اور دلیلیں پیش کریں ہم ہرگز اپنے خداؤں کو نہ چھوڑیں گے اور نہ ہی آپ پر ایمان لائیں گے۔

اب آپ کو ان آیات کے مطالعہ سے واضح طور پر معلوم ہو گیا کہ ان کا اپنے بتوں کے متعلق کیا عقیدہ تھا۔ وہ انھیں الٰہ اور معبود یقین کرتے تھے اور اس میں وہ بڑے سخت اور متعصب تھے۔

اسی طرح قیامت کے ذکر سے بھی وہ برافروختہ ہو جایا کرتے تھے۔ اور کہتے تھے ایسا ہونا ناممکن ہے بالکل ناممکن ھیھات ھیھات لما توعدون۔ اور اس آیت سے ذرا پہلے آپ قیامت کے متعلق ان کا نظریہ پڑھ آئے ہیں،

لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ

اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے۔ آپ فرمائیے پھر کیا تم غور نہیں کرتے ۹۳؎ پوچھیے کون ہے مالک سات آسمانوں کا۔ اور کون

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾

ہے مالک عرش عظیم کا؟ ۹۴؎ وہ کہیں گے (یہ سب) اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے۔ آپ فرمائیے تم اس سے کیوں نہیں

قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ

ڈرتے ۹۵؎ آپ پوچھیے وہ کون ہے جس کے دست قدرت میں ہر چیز کی کامل ملکیت ہے اور وہ پناہ دیتا ہے (جسے چاہے)

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا... الخ چنانچہ آگے آنے والی آیتوں میں ان کی انہی دو گمراہیوں کا پردہ چاک کیا گیا ہے اور ان کے انہی دو اعتراضوں کا جواب دیا جا رہا ہے۔ اور اسلوب بیان اور انداز استدلال اتنا دندان شکن اور مسکت کہ بجز تسلیم و اقرار کے انھیں کوئی چارہ نہیں رہا۔ فرمایا اے میرے رسول مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم! یہ لوگ جو میری توحید کے منکر ہیں اور قیامت کو خلاف عقل کہتے ہیں انہی سے پوچھو کہ زمین اس میں بلند کوہسار، وسیع و عریض صحرا، یہ آبادیاں یہ بستیاں، یہ ندیاں اور دریا، یہ کھیت اور باغات، اور اس زمین پر بسنے والی ان گنت اقسام و انواع کی بے شمار مخلوقات کا مالک کون ہے بتاؤ اگر تمہیں کچھ واقفیت اور علم ہے۔ خود ہی فرمایا کہ وہ مجبور ہو کر یہی کہیں گے لِلّٰهِ یعنی یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کا ہے۔

۹۳؎ جب تمہیں بھی اس واضح حقیقت کو تسلیم کرنے کے بغیر کوئی چارہ نہیں تو پھر تم اس کے سوا دوسروں کو خدا اور الٰہ کیوں کہتے ہو نیز جو اتنی قدرت کا مالک ہے اس کے لیے کیا مشکل ہے کہ وہ مارنے کے بعد پھر تمہیں زندہ کر دے منتشر ذروں کو جمع کرنا واقعی مشکل ہے لیکن کس کے لیے! ہمارے اور تمہارے لیے، نہ اس ذات اعلیٰ و ارفع کے لیے جس کی قدرت کی اعجاز آفرینیوں کا قدم قدم پر تم مشاہدہ کر رہے ہو۔

۹۴؎ پھر فرمایا اے حبیب! ان منکرین توحید اور منکرین قیامت سے ایک اور سوال پوچھو کہ زمین اور ما فیہا کے متعلق تو تم نے تسلیم کر لیا اب یہ بتاؤ کہ سات آسمان جن کی وسعت اور بلندی کا اندازہ لگانے سے بھی تم قاصر ہو اور عرش عظیم جو ان سات آسمانوں سے بھی وسیع تر ہے اور انھیں گھیرے ہوئے ہے ان کا رب کون ہے۔ اس کا جواب بھی خود ہی فرمایا کہ وہ ناچار ہو کر کہیں گے کہ یہ سب کچھ بھی اللہ تعالیٰ کا ہے۔

۹۵؎ اب آپ انھیں فرمائیے کہ جب تم نے یہ تسلیم کر لیا کہ آسمانوں اور عرش کا مالک اللہ تعالیٰ ہے تو پھر اس کے بغیر اور کون ہے جو خدائی میں اس کا شریک ہو سکے اور ایسے قادر و توانا کے لیے تمہیں قیامت کے روز زندہ کر کے قبروں سے

إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٨٨﴾ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ ۚ قُلْ فَأَنَّىٰ تُسْحَرُونَ ﴿٨٩﴾

اور پناہ نہیں دیا جا سکتا اس کی مرضی کے خلاف (بتاؤ) اگر تم کچھ علم رکھتے ہو ۸۸ وہ کہیں گے یہ اللہ تعالیٰ کی ہی شان ہے فرمائیے پھر کیسے تم دھوکا میں مبتلا ہو

اٹھانا کیا مشکل ہے۔ ان کھلی صداقتوں کے انکار پر جو خطرناک نتائج مترتب ہوتے ہیں کیا تمہیں ان کا خوف نہیں؟

۸۸ؐ زمین و آسمان اور عرش کے متعلق تو انھوں نے تسلیم کر لیا۔ اے نبی مکرم! اب ان سے یہ پوچھو کہ زمین و آسمان میں کوئی بڑی سے بڑی چیز جس کا تم تصور کر سکتے ہو ایسی ہے جو اللہ تعالیٰ کے ملک میں نہ ہو اور جس پر اس کا حکم نہ چل سکے۔ وہ قادر مطلق تو جس کو چاہے پناہ دے۔ کسی کی مجال نہیں کہ اف کر سکے۔ کسی میں یہ طاقت نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف کسی کو پناہ دے سکے۔ اب تم کسی ایسی ہستی کی نشاندہی کرو جو اس صفت سے متصف ہو۔ اس سوال کے جواب میں بھی وہ حسب سابق یہ کہنے پر مجبور ہوں گے کہ یہ للہ، ہر چیز اسی کی ملک ہے، اسی کے زیر نگیں ہے، کسی ہستی میں یہ قوت نہیں کہ زبردستی اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف کسی کو پناہ دے سکے۔ تو اب بتاؤ یہ ماننے کے باوجود کیا تمہیں یہ حق پہنچتا ہے کہ اس کے بغیر کسی کو الٰہ کہو اور اس کو خدا مانو، اس کی پوجا پاٹ کرو، یا قیامت کا انکار کرو۔

۸۹ؐ تم پر کیسے جادو کر دیا گیا ہے کہ تم ہر چیز کو اس کی اصلیت کے خلاف دیکھتے ہو۔ تُسْحَرُونَ سحر سے ہے اور جس طرح پہلے بیان ہوا کہ سحر سے کسی چیز کی حقیقت نہیں بدلتی بلکہ دیکھنے والے کو دھوکا ہوتا ہے چیز ہوتی کچھ ہے اور اسے دکھائی کچھ دیتی ہے۔ یہاں ان مشرکین سے پوچھا جا رہا ہے کہ تم پر کس نے جادو کر دیا ہے کہ بے جان اور بے اختیار بتوں کو تم نے خدائی کی مسند پر بٹھا دیا ہے۔ انھیں الٰہ اور معبود بناتے ہو میرا نبی مکرم تمہیں اس کھلی حماقت سے باز آنے کے لیے کہتا ہے تو تم اس کی سچی بات ماننے سے انکار کر دیتے ہو۔ اور وما نحن بتارکی الهتنا وما نحن لك بمؤمنين کی رٹ لگانا شروع کر دیتے ہو۔ امام فخر الدین رازی تحریر فرماتے ہیں:-

"اعلم انه يمكن ان يكون المقصود من هذه الأيات الرد على منكري الاعادة وان يكون المقصود على عبدة الاوثان وذلك لان القوم كانوا مقرين بالله تعالى فقالوا نعبد الاصنام ليقربونا الى الله زلفى۔

یعنی جان لو کہ ان آیات سے مقصود ان لوگوں کا رد کرنا ہے جو حیات بعد الممات کے منکر تھے نیز بتوں کے پجاریوں کا رد ہے جو اللہ کا اقرار تو کرتے تھے لیکن ساتھ ہی بتوں کی عبادت بھی کیا کرتے تھے۔ اور کہتے کہ ان کی عبادت سے ہمیں قرب الٰہی نصیب ہوتا ہے۔

اس تشریح سے آپ پر ان لوگوں کی غلطی بھی آشکارا ہو گئی ہوگی جو اہل السنت والجماعت پر شرک کی تہمت لگاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جس طرح مشرکین مکہ اپنے بتوں کے ساتھ معاملہ کرتے تھے اسی طرح یہ لوگ رسول کے ساتھ اور ولیوں کے ساتھ کرتے ہیں ان میں اور مشرکین مکہ میں کوئی فرق نہیں۔ آپ خود انصاف فرمائیے کہ یہ لوگ یہ تہمت لگانے میں کہاں تک سچے ہیں۔ کفار اپنے بتوں کو الٰہ اور خدا سمجھتے تھے اور ان کی عبادت کیا کرتے تھے جس طرح متعدد آیات سے واضح ہے

اور ہم اہل السنت اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو خدا اور الٰہ نہیں مانتے۔ اور تو اور ذاتِ پاک مصطفیٰ کے متعلق ہمارا عقیدہ بھی یہ ہے جس کا ہم ہر روز سینکڑوں بار اعلان بھی کرتے ہیں کہ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میرے آقا و مولیٰ جن کا نام نامی اسم گرامی محمد ہے اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم۔ اور حقیقت تو یہ ہے کہ حضور کی ذاتِ پاک کے ساتھ ہماری یہ ساری عقیدت و محبت اور وابستگی ہے ہی اس وجہ سے کہ اس محسن انسانیت نے ہمیں کفر و شرک کے اندھیروں سے نکال کر توحید کی روشنی تک پہنچایا ہمیں اس بات پر یقین محکم ہے کہ توحید کے بغیر نجات ناممکن ہے۔ اگر عقیدۂ توحید میں ذرا خامی ہوگی تو عمر بھر کی ریاضتیں اور پرہیزگاریاں ضائع ہو جائیں گی لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خداداد کمالات کا اعتراف شرک نہیں ہے بلکہ عین توحید ہے۔ اللہ تعالیٰ کی صفاتِ عالیہ الوہاب (بے اندازہ بخشنے والا)، المغنی (غنی کر دینے والا) کا صحیح مفہوم سمجھ ہی اس وقت آتا ہے جب اللہ تعالیٰ کی ان عنایات، انعامات اور احسانات پر غور کیا جائے جن سے اس نے اپنے محبوب بندے اور برگزیدہ رسول کو سرفراز فرمایا ہے اللہ تعالیٰ افراط و تفریط سے محفوظ رکھے اور اس غلط فہمی سے بچائے کہ توحید میں پختگی اس وقت تک پیدا نہیں ہوتی جب تک ان سارے کمالات کا انکار نہ کر دیا جائے جو اس وحدہٗ لاشریک نے اپنے مقبول بندوں کو عطا فرمائے ہیں۔

اگر کوئی صاحب یہ کہے کہ تمہارا شرک یہ ہے کہ تم بارگاہِ رسالت میں استغاثہ اور فریاد کرتے ہو تو ہم اپنے بہی خواہوں کی بہی خواہی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یہ عرض کریں گے کہ ہم حضور کو متصرف بالذات نہیں سمجھتے یعنی ہمارا یہ عقیدہ نہیں ہے کہ حضور اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف جو چاہیں کر سکتے ہیں نعوذ باللہ۔ ہاں ہمارا یہ ایمان ضرور ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کا محبوب اپنے ربِ کریم کی درگاہ میں ہمارے گناہوں کی مغفرت اور ہماری مشکلات کے حل کے لیے ہاتھ اٹھائے گا تو مولیٰ کریم ہمارے گناہ بخش دے گا اور ہماری مشکلیں حل فرما دے گا۔ اس نے اپنے کلام پاک میں مغفرتِ گناہ کا یہی طریقہ بیان فرمایا ہے۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا یعنی اگر یہ لوگ جو اپنی جانوں پر ظلم توڑنے والے تیری خدمت میں حاضر ہو جائیں اور اپنے گناہوں کے لیے مغفرت طلب کریں، تو نبی بھی ان کے گناہوں کی معافی کے لیے عرض کرے تو اللہ کو وہ ضرور تواب اور رحیم پائیں گے۔ تمام علمائے ربانیین اور اولیائے کاملین کا یہی طریقہ رہا ہے۔ اگر دوسرے لوگوں میں انہیں شرک کی بو آتی ہے تو کم از کم حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے متعلق تو انہیں بھی یقین ہوگا کہ وہ موحد تھے مشرک نہ تھے۔ انہی کے قصیدہ اطیب النغم کے چند اشعار پڑھیے، شاید آپ کے مزاج کی برہمی اور برافروختگی کی کچھ اصلاح ہو جائے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں:

إِذَا مَا اَتَتْنِيْ اَزْمَةٌ مُّدْلَهِمَّةٌ ۔۔۔ تُحِيْطُ بِنَفْسِيْ مِنْ جَمِيْعِ الْجَوَانِبِ

جب مجھ پر مصیبت کی کالی گھٹائیں چھا جاتی ہیں اور مجھے ہر طرف سے گھیر لیتی ہیں۔

تَطَلَّبْتُ هَلْ مِنْ نَّاصِرٍ اَوْ مُسَاعِدٍ ۔۔۔ اَلُوْذُ بِهٖ مِنْ خَوْفِ سُوْءِ الْعَوَاقِبِ

اس وقت میں ڈھونڈتا ہوں کہ کوئی میرا مدد کرنے والا اور میری دستگیری کرنے والا ہے تاکہ ان مصائب

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝٩٠ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ

ہو جاتے ہو حقیقت یہ ہے کہ ہم نے پہنچا دیا انھیں حق اور وہ یقیناً جھوٹے ہیں ۹۵ نہیں بنایا اللہ نے کسی کو اپنا بیٹا ٩٦

کے ہولناک انجام سے میں اس کی پناہ لے سکوں:

فَلَسْتُ اَرٰی اِلَّا الْحَبِیْبَ مُحَمَّدًا ۔ رَسُوْلَ اِلٰہِ الْخَلْقِ جَمَّ الْمَنَاقِبِ

"تو مجھے مصیبت کی ہولناک گھڑیوں میں اپنے حبیب محمد مصطفیٰ کے بغیر اور کوئی نظر نہیں آتا۔ وہ میرا حبیب جو اللہ تعالیٰ کا رسول ہے اور عظیم الشان کمالات کا مالک ہے۔" اور قصیدہ کو ختم کرنے سے پہلے عرض کرتے ہیں:

وَاَنْتَ مُجِیْرِیْ فِیْ هُجُوْمِ مُلِمَّةٍ ۔ اِذَا اَنْشَبَتْ فِی الْقَلْبِ شَرَّ الْمَخَالِبِ

"یا رسول اللہ آپ ہی مجھے پناہ دینے والے ہیں جب مصیبتیں مجھ پر ٹوٹ پڑیں اور اپنے ظالم پنجے دل میں گاڑ دیں"

مولانا تھانوی کی یہ مناجات تو شاید آپ کی نظر سے بھی گزری ہو۔ آپ عرض کرتے ہیں:

یَا شَفِیْعَ الْعِبَادِ خُذْ بِیَدِیْ ۔ اَنْتَ فِی الْاِضْطِرَارِ مُعْتَمَدِیْ

دستگیری کیجیے میری نبی ۔ کشمکش میں تم ہی ہو میرے ولی

لَیْسَ لِیْ مَلْجَاٌ سِوَاکَ اَغِثْ ۔ مَسَّنِی الضُّرُّ سَیِّدِیْ سَنَدِیْ

جز تمھارے ہے کہاں میری پناہ ۔ فوج کلفت مجھ پہ آ غالب ہوئی

عربی کے اشعار کا اردو شعروں میں ترجمہ بھی مولانا موصوف نے خود کیا ہے۔

آپ اُمت کے کس کس فرد کو کفر و شرک کے تیروں سے گھائل کرتے رہیں گے۔ شانِ رسالت کے انکار کا نام توحید نہیں ہے بلکہ مقامِ توحید پر رسائی صرف اُس وقت حاصل ہوتی ہے جب شانِ حبیبِ کبریا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر حسبِ مقدور آگاہی حاصل ہو۔

اشهد ان لا اله الا انت وحدك لا شريك لك، لك الملك ولك الحمد وانت على كل شئ قدير۔ واشهد ان سيدى ومولاى وحبيبى محمدًا عبدك ورسولك۔ اللهم ات سيدنا ومولانا محمدً الوسيلة والفضيلة والدرجة العالية الرفيعة وابعثه مقامًا محمودًا يغبطه فيه الاولون والاخرون انك لا تخلف الميعاد۔

۹۵ یہ کافر جھوٹے ہیں۔ کہتے کچھ ہیں اور ان کے دل میں کچھ ہوتا ہے۔

۹۶ جب وہ مالک الملکوت ہے تو اسے بیٹے بیٹی کی حاجت ہی کیا ہے۔

وَمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۭ بِمَا خَلَقَ وَ

اور نہ ہی اس کے ساتھ کوئی اور خدا ہے [61] ورنہ لے جاتا ہر خدا ہر اس چیز کو جو اس نے پیدا کی ہوتی اور

لَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝۹۱

غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کرتے وہ خدا ایک دوسرے پر۔ پاک ہے اللہ تعالیٰ ان تمام (نازیبا) باتوں سے جو وہ بیان کرتے ہیں

عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۹۲ قُلْ رَّبِّ اِمَّا

وہ جاننے والا ہے ہر پوشیدہ اور ظاہر کو پس وہ بلند ہے اس شرک سے جو وہ کرتے ہیں۔ آپ یہ دعا مانگیے اے میرے

تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ۝۹۳ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝۹۴

پروردگار! اگر تو ضرور مجھے دکھانا چاہتا ہے وہ (عذاب) جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے تو میرے رب! (از راہ عنایت) مجھے ان

وَاِنَّا عَلٰى اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ۝۹۵ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ

ظالموں کے ساتھ نہ کرنا [62] اور ہم اس بات پر کہ دکھا دیں تجھے وہ عذاب جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے قادر ہیں۔ دور کرو اس چیز سے جو بہت

اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ۝۹۶ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ

بہتر ہے برائی کو [63] ہم خوب جانتے ہیں جو باتیں وہ بیان کرتے ہیں۔ اور کہیے میرے رب! میں پناہ طلب کرتا ہوں تیری

[61] اگر اللہ تعالیٰ کے سوا اور بھی خدا ہوتے تو یہ نظام درہم برہم ہو جاتا۔ اس کی تفصیل لو کان فیھما اٰلھۃ الا اللہ لفسدتا کے ضمن میں گزر چکی ہے۔

[62] علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ حضور جانتے تھے کہ اگر عذاب اترا تو حضور ان میں نہیں ہوں گے اس کے باوجود آپ کو یہ دعا مانگنے کی تلقین اس لیے کی گئی تاکہ حضور کا اجر بڑھے اور حضور ہر آن اپنے رب کریم کے ذکر سے شاد کام ہوتے رہیں کان علیہ السلام یعلم ان اللہ تعالیٰ لا یجعلہ فی القوم الظٰلمین اذا انزل بھم العذاب ومع ھذا امرہ الرب بھذا الدعاء والسؤال لیعظم اجرہ ولیکون فی کل الاوقات ذاکرا لربہ تعالیٰ۔

[63] حضور کا ارشاد گرامی ہے ادبنی ربی فاحسن تادیبی، میرے رب نے خود مجھے ادب سکھایا ہے اور ادب سکھانے میں کمال کر دیا ہے۔ یہ آیت ادبستان خداوندی کا ایک درس ہے اور حضور کی ساری حیات طیبہ اس کی عملی تصویر ہے۔ غلامان مصطفےٰ

مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾

شیطانوں کے وسوسوں سے ۹۴؎ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں میرے رب اس سے کہ وہ میرے پاس

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾ لَعَلِّيْۤ

آئیں ۹۵؎ یہاں تک کہ جب آئے گی ان میں سے کسی کو موت تو وہ (بصد حسرت) کہے گا میرے مالک! مجھے (دنیا میں) واپس ۹۶؎

کہ بھی اس ارشادِ عالی پر عمل پیرا ہو کر اپنے سچے غلام ہونے کی شہادت دینی چاہیے۔

۹۴؎ اپنے حبیب مکرم کے ذریعے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ہر قسم کے شیطانوں کے شر سے پناہ مانگنے کا طریقہ تعلیم فرما رہا ہے۔ هَمَزٰتِ ہمزہ کی جمع ہے۔ اس کا معنی ہے الدفع والتحريك الشديد۔ زبردست جھٹکا۔ شیاطین کی وسوسہ اندازی اتنی شدید اور سخت ہوتی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کی دستگیری شامل حال نہ ہو تو تقدس مآبی کے علمبردار سربازار گرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ دامنِ پارسائی کے تار تار ہونے میں ذرا دیر نہیں لگتی۔ کبھی تو شیطان مومن کے دل میں تشویش اور وسوسہ پیدا کر دیتا ہے۔ اور اس کی متاعِ ایمان کو لوٹ لینے کی کوشش کرتا ہے۔ اور اگر مومن اس کے اس دامِ تزویر میں نہیں پھنستا تو پھر وہ اپنے چیلے چانٹوں کو اس کے پیچھے لگا دیتا ہے۔ وہ آستینیں چڑھا کر اس کی مخالفت میں نکل آتے ہیں اور اسے طرح طرح سے دق کرنے لگتے ہیں۔ دونوں طرح کے ہمزات سے پناہ مانگنے کی تلقین کی جا رہی ہے۔

۹۵؎ الٰہی! وہ میرے قریب ہی نہ آنے پائیں۔ دُور ہی رہیں تاکہ میں ان کے شر اور فتنہ انگیزی سے دُور رہ کر تیری یاد اور تیرے دین کی خدمت میں منہمک رہوں۔ سچ تو یہ ہے کہ انسان اپنی تمام دانشمندی اور زہد و تقویٰ کے باوجود اس دشمنِ جان و ایمان سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔ اس کی فقط ایک ہی صورت ہے کہ مولا کریم اپنے دامنِ رحمت میں چھپا لے اور اس کے شر سے محفوظ کر لے۔

ایک آدمی نے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر شکایت کی کہ مجھے رات کو نیند نہیں آتی۔ حضورؐ نے فرمایا جب سونے کا ارادہ کرو تو یہ دُعا پڑھ لیا کرو اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔ (تفسیر کبیر)۔ علامہ ابن کثیرؒ امام احمدؒ کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمروؓ اپنے سارے بالغ لڑکوں کو یہ کلمات سکھایا کرتے اور سوتے وقت پڑھنے کا حکم دیتے اور جو نابالغ بچے ہوتے ان کے گلے میں لکھ کر ڈال دیتے۔ (مسند امام احمدؒ)

۹۶؎ کفار کی آنکھیں اس وقت کھلتی ہیں جب موت کا فرشتہ پیغامِ اجل لے کر آجاتا ہے۔ اس وقت وہ کفِ افسوس ملتے ہیں لیکن بے حاصل۔ حضرت عبادہ بن الصامت سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نے ارشاد فرمایا: مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ یعنی جو اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو پسند کرتا ہے اللہ

اَعۡمَلُ صَالِحًا فِيۡمَا تَرَكۡتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنۡ

بھیج دے، شاید میں اچھے کام کروں اس دنیا میں دوبارہ جا کر جسے میں پیچھے چھوڑ آیا ہوں ایسا نہیں ہو سکتا یہ ایک لغو بات ہے ۶۴ جو وہ

وَّرَآئِهِمۡ بَرۡزَخٌ اِلٰى يَوۡمِ يُبۡعَثُوۡنَ ﴿۱۰۰﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوۡرِ فَلَاۤ

کہہ رہا ہے۔ اور اُن کے آگے ایک آڑ ہے اس دن تک جب وہ دوبارہ زندہ کیے جائیں گے ۶۵ تو جب صور پھونکا جائے گا تو کوئی

اَنۡسَابَ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوۡنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنۡ ثَقُلَتۡ مَوَازِيۡنُهٗ

رشتہ داریاں نہ رہیں گی اُن کے درمیان اس روز ۶۶ اور نہ وہ ایک دوسرے کے متعلق پوچھ سکیں گے البتہ جن کے پلڑے بھاری ہوں گے

بھی اُس سے ملاقات کرنے کو پسند فرماتے ہیں اور جو اللہ کی ملاقات کو ناپسند کرے اللہ بھی اس سے ملاقات کو ناپسند فرماتے۔ حضرت عائشہؓ نے عرض کی یا رسول اللہ ہم تو موت کو پسند نہیں کرتے۔ حضورؐ نے فرمایا یہ مقصد نہیں بلکہ جب مومن کو موت آتی ہے تو اُسے بشارت دی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھ پر راضی ہے اور تیری عزت افزائی ہوگی۔ وہ آگے جانے کو بہت پسند کرتا ہے اور خداوند کریم بھی اس کی ملاقات کو پسند فرماتا ہے۔ اور کافر کو اس وقت عذاب کی نوید سنائی جاتی ہے، وہ آگے جانا ہرگز پسند نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ بھی اُس کی ملاقات کو پسند نہیں کرتا (صحیحین)۔ علامہ ثناء اللہ پانی پتی یہ حدیث نقل کرتے ہیں اِذَا عَايَنَ الْمُؤْمِنُ الْمَلٰٓئِكَةَ قَالُوۡا نُرۡجِعُكَ اِلَى الدُّنۡيَا فَيَقُوۡلُ اِلٰى دَارِ الۡهُمُوۡمِ وَالۡاَحۡزَانِ بَلۡ قُدُمًا اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَ اَمَّا الۡكَافِرُ فَيَقُوۡلُ رَبِّ ارۡجِعُوۡنِ یعنی حضورؐ نے فرمایا کہ جب مومن ملائکہ کو دیکھتا ہے تو ملائکہ اسے کہتے ہیں ہم تمہیں دنیا کی طرف لوٹا دیں، مومن کہتا ہے اُس دنیا کی طرف جو آلام و مصائب کی دنیا ہے، میں ادھر نہیں جانا چاہتا۔ بلکہ مجھے اللہ کی طرف لے چلو۔ لیکن کافر ایسے وقت میں چلاتا ہے اور کہتا ہے کہ اے رب مجھے دنیا میں لوٹا دے (مظہری)۔

۶۵ دو چیزوں کے درمیان جو آڑ اور رکاوٹ ہو اُسے برزخ کہتے ہیں۔ یہاں برزخ سے مراد موت اور قیامت کا درمیانی عرصہ ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد قبر ہے۔

۶۶ قیامت کے دن سارے رشتے ٹوٹ جائیں گے، سارے تعلقات منقطع ہو جائیں گے۔ ماں بیٹیوں سے اور بیٹے ماں سے بھاگ جائیں گے۔ یوم یفر المرء من اخیه و امه و ابیه و صاحبته و بنیه۔ قیامت کے دن انسان اپنے بھائی، اپنے ماں باپ، اپنی بیوی اور اپنے بچوں سے بھاگ جائے گا۔ لیکن ایک نسبت اور ایک رشتہ داری اُس روز بھی باقی رہے گی۔ حضرت ابو سعید خدریؓ سے مروی ہے کہ میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر یہ فرماتے سنا۔ مَا بَالُ رِجَالٍ يَقُوۡلُوۡنَ اِنَّ رَحِمَ رَسُوۡلِ اللّٰهِ لَا تَنۡفَعُ قَوۡمَهٗ بَلٰى وَاللّٰهِ اِنَّ رَحِمِىۡ مَوۡصُوۡلَةٌ فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ وَاِنِّىۡ اَيُّهَا النَّاسُ فَرَطٌ لَّكُمۡ اِذَا جِئۡتُمۡ۔ ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جو کہتے ہیں کہ حضورؐ کی رشتہ داری حضورؐ کے

فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولٰٓئِكَ الَّذِينَ

تو وہی لوگ کامیاب و کامران ہوں گے ۔ اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے

خَسِرُوٓا أَنفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ خٰلِدُونَ ۝ تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ

نقصان پہنچایا اپنے آپ کو ۔ وہ جہنم میں ہمیشہ (جلتے) رہیں گے ۔ بُری طرح جھلس دے گی انکے چہروں کو آگ [۱]

النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كٰلِحُونَ ۝ أَلَمْ تَكُنْ ءَايٰتِي تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنتُم

اور وہ اس میں دانت نکالے ہونگے (اب منہ کیوں بسورتے ہو؟) کیا ہماری آیتیں نہیں پڑھی جاتی تھیں تمہارے سامنے اور تم

بِهَا تُكَذِّبُونَ ۝ قَالُوا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّينَ ۝

انھیں جھٹلایا کرتے تھے ۔ (معذرت کرتے ہوئے) کہیں گے اے ہمارے رب! غالب آگئی تھی ہم پر ہماری بدبختی اور ہم گمراہ لوگ تھے [۲]

خاندان کو نفع نہیں دے گی ۔ ایسا نہیں ہوگا ۔ میرا رشتہ دنیا اور آخرت میں پیوستہ ہے اور اے لوگو! جب تم وہاں پہنچو گے تو میں تمہارا پیشرو ہونگا ۔ دوسری حدیث میں ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاطمۃ بضعۃ منی یغیظنی مایغیظہا وینشطنی ما ینشطہا وان الانساب تنقطع یوم القیامۃ الا نسبی وسببی وصہری ۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ۔ فاطمہ میری لخت جگر ہے جو چیز اسے ناراض کرتی ہے وہ مجھے ناراض کرتی ہے جو چیز اسے خوش کرتی ہے وہ مجھے خوش کرتی ہے ۔ ساری رشتہ داریاں قیامت کے دن منقطع ہو جائیں گی سوا میرے نسبی تعلق کے اور سسرال کے تعلق کی رشتہ داری کے ۔

اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے علامہ پانی پتی لکھتے ہیں کہ آیت میں بینہم کی ضمیر کا مرجع کفار ہیں کیونکہ انہی کا ذکر ہو رہا ہے ۔ اہل ایمان کا یہ حال نہ ہوگا ۔ مومنوں کے لیے ارشاد باری ہے الحقنا بھم ذریتھم ہم ان کی اولاد کو ان کے ساتھ ملا دیں گے پھر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ حدیث شریف میں ہے کہ میرے نسب کے بغیر ساری نسبیں منقطع ہو جائیں گی ۔ اس حدیث سے تو مومنوں کی نسبتیں بھی منقطع ہونا ثابت ہوتا ہے ۔ قلت نسب المؤمنین داخل فی نسب النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فانہ اب المؤمنین وازواجہ امہاتہم (مظہری) تو اس کے جواب میں میں یہ کہوں گا کہ مومنوں کا نسب حضور کے نسب میں داخل ہے کیونکہ حضور سب مومنوں کے باپ ہیں اور ان کی ازواج مومنوں کی مائیں ہیں ۔

[۱] اس آیت میں کفار کا حال بیان ہو رہا ہے ۔ لفح : احرق جلدا ۔ الکالح الذی تشمرت شفتاہ وبدت اسنانہ کالح اس کو کہتے ہیں جس کے ہونٹ سکڑ جائیں اور اس کے دانت باہر نکل آئیں ۔ [۲] کفار اس وقت اپنے جرم کا اقرار

رَبَّنَآ أَخْرِجْنَا مِنْهَا فَإِنْ عُدْنَا فَإِنَّا ظٰلِمُونَ ﴿١٠٧﴾ قَالَ اخْسَـُٔوا فِيهَا

اے ہمارے مالک! (ایک بار) ہمیں نکال اس سے پھر اگر ہم نافرمانی کی طرف رجوع کریں تو یقیناً پھر ہم ظالم ہوں گے جواب ملے گا پھٹکارے ہوئے

وَلَا تُكَلِّمُونِ ﴿١٠٨﴾ إِنَّهُ كَانَ فَرِيقٌ مِّنْ عِبَادِي يَقُولُونَ رَبَّنَآ

پڑے رہو اس میں ۱؎ اور مت بولو میرے ساتھ (تمہیں یاد ہے) ایک گروہ میرے بندوں میں سے ایسا تھا جو عرض کیا کرتا تھا اے ہمارے

ءَامَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرّٰحِمِينَ ﴿١٠٩﴾ فَاتَّخَذْتُمُوهُمْ

رب! ہم ایمان لے آئے ہیں سو تو بخش دے ہمیں اور رحم فرما ہم پر اور تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے تم نے ان کا مذاق اڑانا شروع کر دیا

سِخْرِيًّا حَتّٰىٓ أَنسَوْكُمْ ذِكْرِي وَكُنتُم مِّنْهُمْ تَضْحَكُونَ ﴿١١٠﴾ إِنِّي

حتیٰ کہ اس مشغلہ نے غافل کر دیا تمہیں میری یاد سے اور تم ان پر قہقہے لگایا کرتے تھے۔ میں نے بدلہ دے

جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوٓا أَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُونَ ﴿١١١﴾ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ

دیا انہیں آج ۲؎ ان کے صبر کا (ذرا دیکھو) وہی ہیں مراد کو پانے والے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا (ذرا بتاؤ) کتنے

فِي الْأَرْضِ عَدَدَ سِنِينَ ﴿١١٢﴾ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ

سال تم زمین میں ٹھہرے رہے ہو؟ کہیں گے ہم ٹھہرے تھے بس ایک دن یا دن کا کچھ حصہ۔ آپ پوچھ

الْعَآدِّينَ ﴿١١٣﴾ قٰلَ إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا لَّوْ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿١١٤﴾

لیں سال گننے والوں سے ۳؎ ارشاد ہوگا تم نہیں ٹھہرے مگر تھوڑا عرصہ کاش! تم اس حقیقت کو (پہلے ہی) جان لیتے۔

کریں گے اور اپنی شقاوت و بدبختی کا رونا روئیں گے۔

۱؎ انہیں یہ ہوش ربا جواب ملے گا جس سے ان کی رہی سہی امیدیں بھی ختم ہو جائیں گی سارا جواب غور طلب ہے۔

۲؎ کل تم جن کا مذاق اڑایا کرتے تھے آج دیکھو میں ان پر کس طرح اپنی نوازشات کی بارش کر رہا ہوں۔ انسان کو ہمیشہ اور ہر لحظہ اس دن کی کامیابی کے لیے کوشاں رہنا چاہیے یہ ادھوری اور فنا پذیر کامیابیاں ایسی نہیں کہ انسان ان کے پیچھے پڑ کر قیامت کو فراموش کر دے۔

۳؎ کفار سے یہ سوال قیامت کے دن پوچھا جائے گا یا انہیں دوزخ میں داخل کرنے کے وقت۔

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَٰكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ ﴿۱۱۵﴾

کیا تم نے یہ گمان کر رکھا تھا ۱۱۵ؔ کہ ہم نے تمہیں بے مقصد پیدا کیا ہے اور تم ہماری طرف نہیں لوٹائے جاؤ گے۔

فَتَعَٰلَى ٱللَّهُ ٱلْمَلِكُ ٱلْحَقُّ ۖ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ ٱلْعَرْشِ ٱلْكَرِيمِ ﴿۱۱۶﴾

پس بہت بلند ہے اللہ جو بادشاہِ حقیقی ہے (بے مقصد تخلیق سے) ۱۱۶ؔ نہیں کوئی معبود بجز اس کے، وہ مالک ہے عزت والے عرش کا۔

وَمَن يَدْعُ مَعَ ٱللَّهِ إِلَٰهًا ءَاخَرَ لَا بُرْهَٰنَ لَهُۥ بِهِۦ فَإِنَّمَا حِسَابُهُۥ

اور جو پکارتا ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو، جس کی اس کے پاس کوئی دلیل نہیں ۱۱۷ؔ تو اس کا حساب اس کے

عِندَ رَبِّهِۦٓ ۚ إِنَّهُۥ لَا يُفْلِحُ ٱلْكَٰفِرُونَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُل رَّبِّ ٱغْفِرْ وَٱرْحَمْ

رب کے پاس ہے۔ بلاشبہ نہیں کامیاب ہوں گے حق کا انکار کرنے والے۔ اور (اے محبوب!) آپ (یوں) عرض کریں، میرے رب!

وَأَنتَ خَيْرُ ٱلرَّٰحِمِينَ ﴿۱۱۸﴾

بخش دے (میری گنہگار امت کو) اور رحم فرما (ہم سب پر) اور تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے ۱۱۸ؔ۔

۱۱۵ؔ تم کتنے نادان تھے کہ اپنی قدر و منزلت کو نہ پہچان سکے اور بار بار کی یاد دہانی کا تمہیں کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ تم یہ سمجھتے رہے کہ حیوانوں اور جانوروں کی طرح تمہیں یوں ہی پیدا کیا گیا اور تم سے تمہارے اعمالِ نیک و بد کا کوئی محاسبہ نہ ہوگا۔ تم نے اتنا بھی نہ سوچا کہ تم مختلف اعتبارات سے ان حیوانات سے ممتاز ہو۔ عقل و فہم، اختیار و ارادہ، کائنات کی تسخیر کی قوت اور ان سے ہر طرح سے فائدہ حاصل کرنے کی صلاحیت۔ تمہارے سوا یہ نعمتیں کسی اور جاندار کو نہیں دی گئیں۔ اتنے عطیات و انعامات کے باوجود تم نادان بچوں کی طرح یہی سمجھتے رہے کہ تمہاری تخلیق محض کھانے پینے اور عیش اڑانے کے لیے کی گئی ہے۔ آج اپنی اس نادانی کی سزا بھگتو۔

۱۱۶ؔ تم اپنے محدود فہم کے باوجود کوئی عبث اور فضول کام نہیں کرتے۔ تم نے آخر یہ کیسے خیال کر لیا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں بے مقصد اور عبث پیدا کر دیا ہو۔ وہ عبث کام کرنے سے بھی پاک ہے اور وہ اس سے بھی پاک ہے کہ کوئی اس کا شریک ہو یا اس کا کوئی بیٹا بیٹی ہو جیسا تم نے سمجھ رکھا ہے۔

۱۱۷ؔ یعنی جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی غیر کی عبادت کرتا ہے یعنی یعبد غیر اللہ (مظہری) تو وہ ایک ایسا جرم کر رہا ہے جس کی اس کے پاس کوئی دلیل نہیں۔

[illegible] یا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو استغفار کا حکم دیا تاکہ اُمت اپنے نبی کی اقتدا میں استغفار کیا کرے یا حکم ہی یہ ملا کہ اے میرے پیارے رسول اپنی اُمت کے لیے مغفرت طلب کرو۔ وقیل امرہ بالاستغفار لامتہ۔ اِغْفِرْ اور اِرْحَمْ کا مفعول ذکر نہیں کیا گیا تاکہ کسی خاص چیز کی تخصیص نہ سمجھی جائے، بلکہ یہ دعا اپنی جامعیت کی وجہ سے ہر چیز کو شامل ہو۔ اِغْفِرْ سے مراد یہ ہو کہ اے مولا کریم! میرا ہر قول اور ہر فعل جو میرے لیے اس دنیا میں یا آخرت میں مُضر ہے، میرے کریم اسے معاف فرما دے۔ اور اِرْحَمْ کا معنی یہ ہوگا کہ ہر وہ عمل جو میرے لیے یہاں بھی اور وہاں بھی مفید اور نفع مند ہو اس سے مجھے سرفراز فرما، کیونکہ تو خیر الرّٰحمین ہے۔ گناہوں کا بخش دینا بھی تیرے لیے آسان ہے اور نعمتوں کا عطا فرمانا تو تیرا شیوۂ کرم ہے۔

نقشہ : غزوہ بنی مصطلق

تعارف سورۃ النور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام: اس سورۃ پاک کا نام "النور" ہے جو اس سورت کی آیت ۳۵ اللہ نور السمٰوٰت والارض سے ماخوذ ہے۔ اس کی آیات کی تعداد ۶۴ ہے۔

زمانۂ نزول: اس بات پر تو سب کا اتفاق ہے کہ سانحۂ افک غزوۂ بنی مصطلق کے بعد پیش آیا، اور اس سورۃ کا نزول اس واقعہ کے بعد ہوا۔ لیکن اس میں اختلاف ہے کہ غزوۂ بنی مصطلق کس سن میں ہوا نیز اس امر میں بھی اختلاف ہے کہ غزوۂ بنی مصطلق غزوۂ خندق سے پہلے ہوا یا بعد میں۔ مؤرخین کے مختلف اقوال ہیں لیکن اکثریت کی رائے یہ ہے کہ غزوۂ خندق شوال ۵ھ میں ہوا۔ اور غزوۂ بنی مصطلق شعبان ۶ھ میں ہوا۔ اگرچہ غزوۂ خندق کے متعلق ایک روایت یہ بھی ہے کہ وہ ۴ھ میں ہوا۔ اور ابن خلدون نے اسی کو راجح کہا ہے لیکن ابن اثیر اور ابن کثیرؒ اور ابن قیمؒ نے شوال ۵ھ میں ہی غزوۂ خندق کے واقع ہونے کو ترجیح دی ہے۔ ابن خلدون، ابن اثیر، ابن کثیرؒ کے نزدیک غزوۂ بنی مصطلق شعبان ۵ھ میں ہوا۔ ابن قیم نے اس کی تاریخ شعبان ۵ھ ذکر کی ہے۔ ابن کثیرؒ نے بھی ایک قول نقل کیا ہے لیکن اکثر مؤرخین کی وہی تحقیق ہے جو پہلے بیان کی جا چکی ہے۔ ابن خلدون نے اس اعتراض کا جواب بھی دیا ہے کہ اگر غزوۂ بنی مصطلق غزوۂ خندق کے بعد ہو تو پھر حدیث افک میں سعد بن عبادہ اور سعد بن معاذ کے درمیان جو گفتگو روایات میں مذکور ہے وہ درست نہیں ہوگی کیونکہ سعد بن معاذ کا انتقال غزوۂ خندق کے فوراً بعد ہو گیا تھا۔ اس شبہ کا ازالہ ابن خلدون نے یہ کہہ کر کر دیا کہ سعدؓ بن عبادہ کی سعدؓ بن معاذ سے گفتگو نہیں ہوئی تھی بلکہ اسید بن حضیر سے گفتگو ہوئی تھی اور جن روایات میں سعد بن معاذ کا نام ہے یہ راوی کا وہم ہے۔ وھو وھم ینبغی التنبیہ علیہ انما المقاول لسعد بن عبادۃ انما ھو اسید بن حضیر

مضامین: اگھر معاشرہ کی خشت اول ہے گھر کے ماحول کو پاکیزہ اور مسرت بخش بنائے بغیر ایک پاکیزہ اور صحت مند معاشرہ کی تشکیل کا خواب کبھی شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکتا۔

اسلام جس کا مقصد ہی انسان کے سر پر تاج کرامت رکھنا اور اس کے دامن کو سچی مسرتوں کے گلہائے

رنگ رنگ سے بھر دیتا ہے، وہ معاشرہ کی اس بنیادی وحدت کو کیونکر نظر انداز کر سکتا ہے۔

ذاتی راحت و آرام، انفرادی منفعتوں اور وقتی مصلحتوں کی سنہری زنجیریں انسانی عقل و فہم کو جس آسانی سے اپنا صید زبوں بنا لیا کرتی ہیں، یہ تاریخ انسانی کا ایک خونچکاں المیہ ہے۔ ان کی قربان گاہوں پر ہی معصوم جانیں، بہار آفریں قابلیتیں اور زندگی سے بھرپور جوانیاں بڑی سرد مہری اور انتہائی بے دردی سے ذبح کی جاتی رہیں۔ اس لیے گھر کو مستحکم بنیادوں پر قائم کرنے کی ذمہ داری صرف عقل کے سپرد نہیں کی جا سکتی۔ اس لیے ضروری تھا کہ قرآن کی فروزاں کی ہوئی قندیل سے ہی زندگی کے اس اہم گوشہ کو منور کیا جاتا۔ ایک اچھی چیز کی خواہش بڑی قابل تعریف بات ہے۔ لیکن جب تک اس کے حصول کے لیے ٹھوس عملی تدابیر اختیار نہ کی جائیں وہ اچھی چیز معرض وجود میں نہیں آ سکتی۔ اسلام اپنے ماننے والوں کے گھروں کو پُر بہار اور مسرت بخش دیکھنا چاہتا ہے۔ اس لیے اس نے ارشادات و ہدایات کے ساتھ ساتھ اوامر و نواہی کا ایک ایسا مربوط نظام پیش فرمایا جس کی بدولت یہ مقصد اپنی جملہ زیبائیوں اور برکتوں کے ساتھ ظہور پذیر ہو سکتا ہے۔ یہ سورۃ جو انسان کی خانگی زندگی کے متعلق واضح ہدایات اور احکامات پر مشتمل ہے اس کا نام اللہ تعالیٰ نے النُّور پسند فرمایا جو اس بات کی طرف رہنمائی کر رہا ہے کہ جس معاشرہ میں یہ نظام پوری طرح نافذ کیا جائے گا وہاں کا ہر گھر حقیقی مسرتوں کے انوار سے جگمگا رہا ہوگا۔

اس یمن و برکت والی سورۃ کا اکثر حصہ خانگی زندگی کے متعلق واضح ہدایات اور احکامات پر مشتمل ہے۔ اس میں ہر مومن مرد اور مومن عورت کو اس بات کا ذمہ دار قرار دیا گیا ہے کہ وہ خود اپنے دامن عصمت کو ہر آلودگی سے پاک و صاف رکھیں۔ اور اس کا طریقہ یہ بتایا کہ ہر مومن مرد اور مومن عورت اپنی نگاہیں نیچی رکھے اور یہ ایک حقیقت ہے کہ آنکھوں میں جب تک شرم و حیا ہوتی ہے انسان کے دل کی دنیا فاسد خیالات اور ناپاک نظریات کی یورش سے محفوظ رہتی ہے۔ جذبات میں سکون و اعتدال پایا جاتا ہے۔ کسی کی آبرو کی طرف ہاتھ بڑھانا تو کجا آنکھ اٹھانے کی سکت بھی پیدا نہیں ہوتی لیکن جب آنکھیں نورِ حیا سے محروم ہو جاتی ہیں، جب شرم کا پردہ چاک ہو جاتا ہے تو پھر پُرسکون جذبات میں ایک آگ سی لگ جاتی ہے۔ خبیث خیالات کا ایک سیلاب اُمنڈ کر آ جاتا ہے جو بڑے بڑے انسانوں کو تنکوں کی طرح بہا کر لے جاتا ہے حتیٰ کہ انھیں اپنے ظاہری تقدس کی پرواہ بھی نہیں رہتی۔

بے حیا شخص صرف دوسروں کو ہی اپنے تیر ہوس کا نشانہ نہیں بناتا بلکہ وہ اپنے گھر کی فصیل میں خود شگاف ڈال کر لوگوں کو دعوت دیتا ہے کہ وہ بھی آکر اس کی آبرو کو خاک میں ملا دیں۔

۲۔ **پردہ**: پردہ کے ابتدائی احکام سورۃ الاحزاب میں مذکور ہیں۔ یہاں اسلامی پردہ کے قواعد و ضوابط کو پوری شرح و بسط سے ذکر فرما دیا گیا تاکہ گوہرِ عصمت کی آب و تاب کو ماند کرنے کی کوئی کوشش اسلامی معاشرہ میں پروان نہ چڑھ سکے۔ اس کی تفصیل متعلقہ آیات کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

۳۔ حد قذف: یہ مسئلہ اتنا اہم اور نازک ہے کہ صرف ہدایات و ارشادات پر اکتفا نہیں کیا جا سکتا بلکہ جو بے حیا

حدِ اعتدال سے تجاوز کرے گا اُس کے لیے عبرتناک سزا کا قانون نافذ کیا کہ اس نابکار کو برسرِ عام کوڑے لگائے جائیں اور شادی شدہ زانی کے لیے سنّتِ نبوی میں سنگسار کرنے کی سزا تجویز ہوئی قتل کی سزا قصاص ہے لیکن اگر مقتول کے وارث چاہیں تو وہ دیت لے کر قاتل کو موت سے بچا سکتے ہیں۔ قرآن کی نظر میں زنا کا جرم اتنا سنگین ہے کہ اس میں نہ تو فریقین صلح کر سکتے ہیں اور نہ معاف کر سکتے ہیں بلکہ مجرموں کو سزا دی جائے گی اور برسرِ عام دی جائے گی تاکہ ساری دنیا کو معلوم ہو جائے کہ قرآن عصمت و ناموس کو انسانی زندگی سے بھی زیادہ اہمیت دیتا ہے جو شخص کسی کی عصمت پر حملہ آور ہو گا وہ خداوندِ عالم کا مجرم ہے اور خلافتِ الٰہیہ کے سربراہ پر لازم ہے کہ وہ اس مجرم کو سزا دے اور اس میں کسی شفقت اور نرمی کو روا نہ رکھے۔

اسی مقصد کے لیے یہ حکم بھی دیا کہ اسلامی معاشرہ میں جو غیر شادی شدہ مرد اور غیر شادی عورتیں ہیں، ان کی شادی کا اہتمام کیا جائے، کیونکہ اگر ایسے لوگ کسی سوسائٹی میں کافی تعداد میں پائے جائیں گے تو ان کا وجود ہر وقت اخلاقی نظام کے لیے ایک خطرہ ہو گا۔ کسی وقت بھی ضبط و احتیاط کا بند ٹوٹ سکتا ہے۔ رُکے ہوئے جذبات جب بے قابو ہوں گے تو کوئی پند و نصیحت کام نہیں آئے گی۔ اس لیے اسلامی معاشرہ میں ایسے عنصر کی حوصلہ افزائی نہیں کی گئی جو کسی وقت بھی بلائے بے درماں ثابت ہو سکے۔

۴۔ اس کے علاوہ اسلام نے گھر کی چار دیواری کا بڑا احترام ملحوظ رکھا ہے۔ گھر میں بسنے والوں کے راحت و آرام کو بڑی اہمیت دی ہے۔ بغیر اطلاع دیے اور اجازت حاصل کیے کسی کے گھر کے اندر قدم رکھنا بلکہ اندر جھانکنا بھی ممنوع قرار دے دیا گیا ہے اور کسی کے ہاں جانے کے پورے پورے آداب سکھلائے گئے ہیں تاکہ ہر شخص اپنے گھر میں آرام کر سکے اور اپنے پروگرام کے مطابق کام کر سکے۔

مسلمانوں کو یہ بھی ہدایت فرمائی کہ صاحبِ خانہ تمہیں اجازت نہ دے تو غصہ سے لال پیلے نہ ہو جاؤ اور اُس شخص پر برسنا شروع نہ کر دو بلکہ بڑی کشادہ دلی سے اس کی معذوری کو تسلیم کرو اور خوشی خوشی واپس چلے آؤ۔

۵۔ اِس سورۃ میں عہدِ رسالت کے ایک انتہائی المناک اور روح فرسا المیہ کا ذکر بھی کیا گیا ہے جو تاریخ میں واقعۂ افک کے نام سے مشہور ہے۔ اسلام کے دشمن اسلام کی روز افزوں ترقی اور شاندار فتوحات اور کامیابیاں دیکھ دیکھ کر آتش زیر پا ہو رہے تھے۔ کھل کر مقابلہ کرنے کی ہمت سلب ہو چکی تھی ان کی باطنی خباثت ہر روز نئے فتنے جگا کر مسلمانوں کو پریشان کرتی رہتی تھی۔ ان کے سرغنہ عبداللہ بن اُبَی نے اب ایسی چال چلی جس نے قیامت برپا کر دی۔ اسلامی معاشرہ کا عضو عضو درد سے چیخ اُٹھا۔ ساری فضا میں شکوک و شبہات کا ایک اندھیرا چھا گیا۔ ان ظالموں نے اُس پاک ہستی کو اپنی بہتان تراشی کا ہدف بنایا جس کا براہِ راست تعلق پیغمبرِ اسلام سرورِ عالم رحمتِ عالمیاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ذات سے تھا۔ جس کی گردِ راہ بھی رہروانِ جادۂ ہدایت کے لیے نور افشاں تھی۔ اللہ تعالیٰ نے خانوادۂ رسالت کی عصمت و طہارت کی شہادت اپنی

زبانِ قدرت سے دی اور اس سورۃ پاک میں وہ آیتیں نازل فرمائیں جن سے یہ فتنہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو گیا اور منافقین کو یقین ہو گیا کہ ان کا کوئی منصوبہ اور ان کی کوئی سازش اسلام کے شجرۂ طیبہ کو اب اکھیڑ نہیں سکتی اس واقعہ کی تفصیل بھی متعلقہ آیات کے ضمن میں بیان کی گئی ہے۔

۶۔ آیت اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الآیۃ جس سے اس سورۃ کا نام ماخوذ ہے وہ اپنی معنویت اور جلالتِ شان کے باعث بڑی اہمیت کی حامل ہے اور آپ کی خصوصی توجہ اور مطالعہ کی مستحق ہے۔

۷۔ آخر میں اس وعدہ کا ذکر فرمایا گیا جو عرش و فرش کے پروردگار نے ہر اس قوم سے کیا ہے جو اس ضابطۂ حیات کو اپنائے اور ایک ایسا معاشرہ تشکیل کرے جس کا تفصیلی خاکہ یہاں پیش کیا گیا ہے۔ اور تاریخ عالم گواہ ہے کہ جب غلامانِ مصطفےٰ نے اس نظام کو اپنایا تو اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ پورا فرمایا وعدۂ خداوندی آج بھی جُوں کا تُوں موجود ہے۔ اگر ہم آج بھی صدقِ دل اور حسنِ نیّت سے اس کو پُورا کریں گے جس طرح ہمارے اسلاف نے اسے پُورا کیا تھا تو خداوندِ قدوس بھی اپنا وعدہ یقیناً پُورا فرمائے گا۔ اس کا تو صاف صاف اعلان ہے، اَوْفُوْا بِعَهْدِیْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ۔ تم نے جو میرے ساتھ وعدہ کیا ہے تم اس کو پُورا کرو جو میں نے تمہارے ساتھ وعدہ کیا ہے وہ میں پُورا کروں گا۔

اس مختصر تعارف میں اتنی گنجائش نہیں کہ سُورۃ کے تمام مضامین کو اشارۃً بھی ذکر کیا جا سکے۔ چند اہم مطالب پیش خدمت ہیں۔ اگر قاری کے دل میں ذوق و شوق ہے تو آگے بڑھے اور نُورِ الٰہی کے اس بحرِ بیکراں سے اپنے دل کے جام بھر لے۔

سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعٌ وَّسِتُّوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ النور مدنی ہے اور اس کی ۶۴ آیات اور ۹ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ

یہ (ایک عظیم الشان) سورۃ ہے جو ہم نے نازل فرمائی ہے [1] اور ہم نے فرض کیا ہے اس (کے احکام) کو اور ہم نے اتاری ہیں اس میں روشن

تَذَكَّرُوْنَ ① اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ

آیتیں تاکہ تم نصیحت قبول کرو [2]۔ جو عورت بدکار ہو اور جو مرد بدکار ہو تو لگاؤ ہر ایک کو ان دونوں میں سے سو (سو) درّے [3]

[1] اس سورت کا آغاز جس جلال اور تمکنت سے کیا جا رہا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ سورت اپنے مضامین اور مطالب کے لحاظ سے بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ آیت کے ہر لفظ سے اللہ تعالیٰ کی جلالت شان اور کبریائی نمایاں ہو رہی ہے۔ اس کے پڑھنے اور سننے سے دل و دماغ پر ایک ہیبت طاری ہو جاتی ہے۔ آپ اس کے ترجمہ پر ہی غور کریں۔ ارشاد ہے یہ ایسی سورت ہے جسے ہم نے اتارا ہے۔ متکلم اور پھر جمع متکلم کے صیغہ میں جو دبدبہ اور عظمت ہے اس کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ پھر ارشاد ہے وَ فَرَضْنٰهَا یعنی ہم نے اس میں مذکورہ احکام کی بجا آوری فرض کر دی ہے۔ یہ نہیں کہ جس کا جی چاہے مان لے اور جس کا جی چاہے نہ مانے۔ یہ مشورہ نہیں بلکہ حکم ہے اور حکم بھی احکم الحاکمین کا رب العالمین کا نیز یہ حکم سب کے لیے ہے۔ پھر فرمایا کہ ہم نے ان احکام کو کھول کر بیان کر دیا ہے۔ ان میں کسی قسم کا ابہام اور التباس نہیں کہ عمل کرنے میں دقت ہو۔

[2] آیت کے آخر میں ان احکام کے نازل کرنے کی حکمت بیان فرما دی کہ اس میں سراسر تمہارا بھلا ہے۔ تم راہ راست پر گامزن ہو کر اپنی منزل کو پا لو گے۔

[3] شریعت اسلامیہ کے تعزیری قوانین میں سے ایک اہم قانون کا ذکر ہو رہا ہے۔ انسان کی جان، مال، ناموس کی حفاظت اسلامی قوانین کا مقصد اولین ہے۔ اگر کوئی شخص کسی کی جان کو تلف کرتا ہے تو قاتل سے قصاص لیا جائے گا۔ اگر کسی کے مال پر دست اندازی کرتا ہے تو اس کا ہاتھ کاٹ دیا جائے گا۔ اور اگر کوئی شخص کسی کی عزت و ناموس کو داغدار کرتا ہے تو اس کو دُرّوں اور رجم کی سزا دی جائے گی۔ اسلام نے جو سزائیں مقرر کی ہیں ان میں دو باتوں کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ مجرم کو اس کے کیے کی سزا دی جائے۔ دوسری یہ کہ وہ لوگ جن میں جرائم کے ارتکاب کا میلان پایا جاتا ہے وہ اس خوفناک سزا سے ڈر کر

جرائم کا ارتکاب نہ کریں اور چاہیے بھی ایسا۔ اگر کسی سزا میں یہ دو عنصر مفقود ہیں تو اسے سزا کہنا ہی غلط ہے۔ گناہ کے ارتکاب سے جو لذت اور فائدہ حاصل ہوتا ہے اس کے مقابلے میں اگر سزا ہلکی ہوگی تو لوگ اس سزا کو خاطر میں نہیں لائیں گے اور حصول لذت کے لیے وہ جرم کا ارتکاب کرتے رہیں گے۔ اور اگر سزا میں دوسروں کے لیے عبرت کا پہلو نہیں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ چاہتے ہی نہیں کہ اس جرم کا سدباب ہو اور کوئی اس کے نزدیک بھی نہ پھٹکے۔ آپ صرف ضابطے کی کارروائی پوری کرنا چاہتے ہیں آپ کو اس سے سروکار نہیں کہ اس کا نتیجہ کیا نکلا۔ یہ تو ایک بچوں کا کھیل ہوا۔ اس کے پیش نظر معاشرہ کو گناہوں سے پاک کرنا اور ان کے خطرناک نتائج سے محفوظ رکھنا نہ ہوا۔

اسلام یہ چاہتا ہے کہ جس ملک میں اس کا پرچم لہرا رہا ہے وہاں امن ہو، سکون ہو، محبت ہو، پیار ہو۔ تاکہ وہاں کے بسنے والے اپنی صلاحیتوں کو نیکی اور اصلاحی سرگرمیوں میں خرچ کر سکیں، تعمیری کاموں کے لیے ان کے پاس وقت کی قلت نہ ہو۔ عداوت، حسد، منافرت کے شعلے ان کے خرمنِ عافیت کو جلا کر خاکستر نہ کرتے رہیں اس لیے اس نے انسداد جرائم کی ادھوری اور غیر مؤثر کوشش نہیں کی بلکہ ایک جامع منصوبہ بنایا ہے جس پر عمل کرنے سے سوسائٹی ان جرائم سے محفوظ رہ سکتی ہے۔ سب سے پہلے اس نے اپنے ماننے والوں کے دلوں میں خداوندِ ذوالجلال پر ایمان اور روزِ حشر کے محاسبہ کا خوف پیدا کیا اور یہ حقیقت ان کے سامنے واضح کر دی کہ جس خدا کو تم اپنا معبود سمجھتے ہو جو تمہارا اور سارے عالم کا خالق و مالک ہے اس نے ان اعمال کو جرم قرار دیا ہے۔ اگر تم ان کا ارتکاب کرو گے تو اس کے مجرم ہو گے اور وہ ہمہ دان اور ہمہ بین بھی ہے۔ تم اس سے اپنا کوئی عمل چھپا نہیں سکتے۔ تصنع اور بناوٹ کے رنگین غلافوں میں لپیٹنے کی کوئی کوشش وہاں کامیاب نہیں ہو سکتی۔ تم اپنے حسنِ نیت یا مجبوری کو کتنے مؤثر پیرایہ میں بیان کرو تم اسے فریب نہیں دے سکتے۔ وہ تمہارے اعمال، ان اعمال کے محرکات اور عوامل سے خوب آگاہ ہے اور قیامت کے دن تم اپنے ان اعمال کی جوابدہی کے لیے اس کی بارگاہ میں ضرور پیش کیے جاؤ گے۔

اسلام دینِ فطرت ہے۔ اس کا نظام شریعت ایسا نہیں جو انسان کے فطری تقاضوں سے ہر وقت برسرِ پیکار ہو۔ اللہ تعالیٰ ان فطری تقاضوں کا خالق ہے اور ان تقاضوں کی تخلیق میں بڑی بڑی حکمتیں ہیں اس لیے اس نے ان کی تکمیل کے تمام جائز، مناسب اور خوبصورت طریقوں کو جائز قرار دیا ہے۔ فطری تقاضوں کی تکمیل کے جائز طریقوں کے ہوتے ہوئے جو شخص غلط راستہ اختیار کرتا ہے اسے وہ سزا دیتا ہے اور سزا بھی ایسی جس سے اُسے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس جرم کا ارتکاب کر کے اس نے اپنے ساتھ سراسر زیادتی کی ہے بلکہ دیکھنے اور سننے والوں کو بھی ایسی عبرت ہوتی ہے کہ وہ اس کے ارتکاب کی جسارت شاذ و نادر ہی کیا کرتے ہیں۔

وہ متعدد اعمال جن کے ارتکاب کو اسلام نے جرم قرار دیا ہے ان میں زنا بھی ہے۔ قرآن کریم نے ایک دوسری آیت میں اس کی ممانعت کی حکمت بڑے بلیغ انداز میں صرف دو لفظوں میں بیان کر دی "لَا تَقْرَبُوا الزِّنٰى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّسَآءَ سَبِیْلًا" یعنی زنا کے قریب بھی نہ جاؤ، یہ بڑی بے حیائی ہے اور یہ راستہ بہت بُرا ہے یعنی تمہیں اس فعل بد سے ہم اس لیے نہیں روک رہے کہ تم لطف نہ اٹھاؤ، تمہاری زندگی کا دامن مسرتوں سے خالی رہے بلکہ اس میں سراسر تمہارا ہی فائدہ ہے یہ فعل مجسم بے حیائی ہے۔ اگر تم اس کا ارتکاب کرو گے تو شرم و حیا کی قوت جو تمہیں ہر بُرے کام سے، ہر رذیل حرکت سے ہر

خلافِ مروت اقدام سے روکتی ہے بلکہ گناہوں اور بدکاریوں کے سیلاب کے سامنے سدِ سکندری بن کر کھڑی ہو جاتی ہے وہ کمزور پڑ جائے گی، وہ بیمار ہو جائے گی حتیٰ کہ وہ دم توڑ دے گی۔ اور جب یہ قوت فنا ہو جائے گی تو غیرت وحمیت کا جنازہ نکل جائے گا پھر اگر کوئی یہ فعلِ شنیع جس کے تصور سے ہی تم کانپ اٹھتے ہو تمھاری بیوی، بہن بلکہ بیٹی کے ساتھ بھی کرے گا تو تم اسے کوئی اہمیت نہ دو گے۔ یورپ، امریکہ اور ان سے متاثر ہونے والے ملکوں میں کیا ہو رہا ہے۔ رقص گاہوں میں لوگ اپنی آنکھوں سے اپنی بہو بیٹیوں کو دوسروں کے آغوش میں دیکھتے ہیں اور ٹس سے مس نہیں ہوتے بلکہ وہ دیوث فخر سے اترا رہے ہوتے ہیں اور داد دے رہے ہوتے ہیں۔

ممکن ہے کسی مسخ شدہ ذہن والے آدمی کے نزدیک اخلاقِ عالیہ کی یہ گراں بہا قدریں کوئی اہمیت نہ رکھتی ہوں وہ محض انھیں قدامت پرستی اور رجعت پسندی کی علامت قرار دیتا ہو لیکن تسلو سبیلا (یعنی بہت برا راستہ) فرما کر ایسے کند ذہن کو بھی حقائق کی تلخیوں، حالات کی بے رحمیوں اور واقعات کی سنگینیوں کے روبرو کھڑا کر دیا یعنی یہ راستہ ہی بہت برا راستہ ہے۔ چند لمحوں کی فانی اور جھوٹی مسرت کے لیے انسان اپنی صحت کو کن خطرات سے دوچار کر دیتا ہے۔ آتشک، سوزاک وغیرہ موذی امراض کس کا کرشمہ ہیں۔ یہ تحائف کون دیتا ہے اور کسے دیتا ہے۔ وہ عورت جو مرد کی شہوت رانی کا شکار ہوتی ہے اسے اگر حمل ٹھہر گیا تو وہ کہاں سر چھپائے گی۔ حمل گرانے کی صورت میں وہ اپنی جان بھی کھو سکتی ہے۔ ہم نے مانا کہ یورپ کے ترقی یافتہ ممالک میں ایسے ہسپتال اور کلینک موجود ہیں جو اسقاطِ حمل کی خدمت انجام دیتے ہیں اور ایسی پناہ گاہیں بھی موجود ہیں جہاں غیر شادی شدہ ماؤں کو پناہ مل جاتی ہے لیکن کیا سوسائٹی میں انھیں کوئی قابلِ احترام مقام نصیب ہو سکتا ہے۔ ہم نے مانا کہ ان دونوں نے اپنے کیے کی سزا پائی لیکن وہ بچے جو اس طرح پیدا ہوتے ہیں ان کا کیا قصور؟ اس ہوس کار باپ نے بھی ان سے آنکھیں پھیر لیں۔ ماں بھی اسے کسی محتاج خانے میں چھوڑ کر چلی گئی۔ نہ ان کو ماں کا آغوشِ محبت نصیب ہوا نہ باپ کا ظلِ عاطفت۔ یہ محرومیاں ان کو ورثہ میں کیوں ملیں۔ یہ سزا انھیں کس گناہ کی مل رہی ہے۔ کیا ان بچوں کے اذہان متاثر نہیں ہوتے۔

چند ماہ ہوئے امریکہ کی ایک خاتون کوریا گئی وہاں اس نے بے شمار ایسے معصوم بچے دیکھے جن کی مائیں تو کوریا کی تھیں لیکن ان کے باپ امریکہ کے وہ سپاہی تھے جو کوریا کی جنگ میں اہلِ کوریا کی مدد کے لیے تشریف لائے تھے۔ وہ کوریا والوں کو کمیونسٹوں کی غلامی سے چھڑانے آئے تھے وہ انھیں جمہوریت کی بالادستی کا سبق ازبر کرانے آئے تھے۔ وہ سبق تو انھیں ازبر ہوا یا نہیں البتہ یہ ضرور ہوا کہ ہزاروں بلکہ لاکھوں کورین دوشیزائیں ان کے ڈالروں کی جھنکار سے مسحور ہو کر یا جنگ کی لائی ہوئی محرومیاں اور فاقوں سے مجبور ہو کر اپنی عصمت کی دولت لٹا بیٹھیں اور ان کے مہربان امریکی حلیف انھیں حرامی بچوں کا ایک لشکر جرار دے گئے۔ خود تو وہ اپنے وطن واپس چلے گئے اور وہ معصوم بچے اپنے ظالم، جفا کار اور طوطا چشم باپوں اور غربت زدہ ماؤں کی منافرت کے صدمے برداشت کرنے کے لیے کوریا میں رہ گئے اور وہ اب تک وہاں کے گلی کوچوں میں دھکے کھا رہے ہیں۔ ان کا کوئی پرسانِ حال نہیں۔ امریکہ کی اس خاتون نے جب یہ حال دیکھا تو رحم کی ایک رو نے اسے اپنی لپیٹ میں لے لیا اور اس نے امریکہ کے اخبارات میں ایک اپیل شائع کی کہ ان بچوں کی سرپرستی کے لیے امریکہ کے دولتمند چندہ دیں۔ لاکھوں ڈالر چندہ ہوا اخبارات

میں امریکہ کی غریب پروری اور انسانیت نوازی کی تشہیر ہوئی اور خوب تشہیر ہوئی لیکن ذرا سوچیے ان لاکھوں بچوں میں سے اگر ہزار دو ہزار بچے کفالت میں لے بھی لیے گئے تو کیا یہ مسئلہ حل ہو گیا؟ باقی رہ جانے والے بچوں کے دکھ کا مداوا اور درد کا درماں ہو گیا؟ ان کفالت میں لیے جانے والے بچوں کو ماں کا پیار اور باپ کی محبت بھی مل گئی؟ وہ محترمہ اس ہنگامہ آرائی کے بجائے اگر اپنے ہم وطنوں کو شرم وحیا کا درس دیتی اور اس فعل شنیع سے باز آنے کی تلقین کرتی تو کیا یہ اچھا نہ ہوتا۔ آگ لگا کر اسے بجھانے کی ناکام کوشش سے کیا یہ بہتر نہیں کہ آگ لگانے کی حماقت ہی نہ کی جائے۔ وَسَاءَ سَبِيلًا کے الفاظ کتنے جامع ہیں۔ آپ ان افراد، ان خاندانوں اور قوموں کا جتنی گہری نظر سے تجزیہ کریں گے آپ کے سامنے ہولناک حقائق بے نقاب ہوتے چلے جائیں گے آپ بڑے فراخ دل، مغربیت زدہ اور جدت پسند ہونے کے باوجود کانپ جائیں گے لرز جائیں گے۔

دوسری جنگ عظیم میں امریکہ کے سپاہی اپنے دوست ملک برطانیہ کی مدد کے لیے تشریف لائے تھے وہ چند سال برطانیہ میں ٹھہرے اور جب گئے تو سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ستر ہزار (۷۰،۰۰۰) حرامی بچے چھوڑ کر گئے۔ اس کے علاوہ جو جنسی لاعلاج بیماریاں انھوں نے ایک دوسرے کو بطور تحفہ دی ہوں گی ان کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔

یہ درست ہے کہ آپ اپنے قانون ساز اداروں کے ذریعہ ایک فعل کو جرائم کی فہرست سے نکال سکتے ہیں اگر آج تک وہ حرام اور ممنوع رہا ہے تو آپ ایک بل پاس کر کے اسے جائز قرار دے سکتے ہیں لیکن کیا کسی قانون ساز ادارہ میں یہ طاقت ہے کہ ان جرائم کو جنھیں اب قانون کی سند مل گئی ہے ان کے بُرے نتائج اور عواقب سے الگ کر سکے مغرب کے بیشتر ممالک میں اگر کوئی غیر شادی شدہ مرد یا عورت اپنی مرضی سے اس فعل شنیع کا ارتکاب کرے تو وہاں کے ملکی قانون کی رو سے یہ جرم نہیں۔ آپ انہیں کوئی سزا نہیں دیں گے لیکن کیا قدرت کی گرفت سے بھی کوئی انھیں بچا سکتا ہے؟ قدرت کی گرفت کے مختلف انداز ہیں جن میں سے بعض کا ذکر اوپر ہوا۔ کیا قدرت کا بے لاگ قانون انھیں مختلف قسم کے شکنجوں میں کس نہیں رہا؟ یورپ کے بعض ملکوں میں حرامی بچوں کی شرح پیدائش ساٹھ فی صد سے بھی متجاوز ہو گئی ہے اور کنواری ماؤں میں ہوشربا اضافہ ہو رہا ہے۔ طلاقوں کی کثرت ہے۔ گھروں میں سکون کی دولت نہیں ملتی۔ میاں بیوی میں اعتماد مفقود ہے۔ میاں بیوی میں وہ سچی محبت جس کے ہم یہاں خوگر ہیں جس کی وجہ سے میاں بیوی ایک دوسرے کے لیے قربانی اور ایثار کی حیران کن مثالیں قائم کرتے ہیں اس کا وہاں نام و نشان تک نہیں۔ برداشت اور ایثار کا جذبہ ختم ہو چکا ہے۔ کوئی بات کسی کی مرضی کے خلاف ہو گئی جھٹ طلاق حاصل کر لی۔ خود غور فرمائیے گھر معاشرہ کی خشت اوّل ہے۔ یہ وہ محکم اساس ہے جس پر معاشرہ کا محل تعمیر کیا جا سکتا ہے۔ اگر یہ بنیاد ہی کمزور ہو گی تو صحت مند معاشرہ کیسے تعمیر ہو گا۔

اس لیے جب آپ شریعت اسلامی کا مطالعہ فرمائیں تو ازراہ خدا مجروح کے ہوئے جذبات کی رو میں بہتے ہوئے مرعوبیت کے احساس کے زیر اثر ہو کر نہ کیا کریں بلکہ ان تمام چیزوں سے بلند ہو کر کیا کریں۔ بیشک آپ جذبۂ عقیدت کو بالائے طاق رکھ دیں لیکن حقیقت کا دامن تو کسی کے کہنے یا بہلانے سے نہ چھوڑ دیا کریں۔ اسلام دین فطرت ہے۔ اس کی حقیقت پسندی جب آپ کے سامنے عیاں ہو گی تو اس کا حسن خود ہی آپ کو مسحور کرے گا۔

اسلام نے جن چیزوں کے بجالانے کا حکم دیا ہے ان میں ہمارا، ہماری قوم کا بلکہ ساری انسانیت کا بھلا ہے اور جن چیزوں سے روکا ہے اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ اس میں ہمارا، ہماری قوم کا اور ساری انسانیت کا نقصان ہے کیونکہ یہ دین ابد تک کے لیے ہے اس لیے کوئی ایسا وقت نہیں آسکتا کہ اس کی حرام کی ہوئی چیزیں حلال ہو جائیں یا ان پر مرتب ہونے والے نقصانات ختم ہو جائیں۔

یورپ کے کئی ممالک میں شراب پینا اور جوا کھیلنا قانوناً جائز ہے۔ اس کی یہ وجہ نہیں کہ وہاں شراب پینے اور جوا کھیلنے سے وہ مضرتیں ظہور پذیر نہیں ہوتیں جن کے باعث شراب و قمار کو ممنوع قرار دیا گیا تھا بلکہ اس کی وجہ محض یہ ہے کہ ان کے ذریعے حکومت کو بہت بڑی آمدنی ہوتی ہے۔ اور اگر ان چیزوں کو ممنوع قرار دیا جائے تو حکومت اس آمدنی سے محروم ہو جائے گی۔

جب جرائم اور قبائح کے متعلق اسلام کا نقطہ نظر ہی الگ ہے تو ان کے انسداد کے لیے اسلام کا طریقہ کار اگر دیگر اقوام سے الگ ہو تو اس میں قطعاً کوئی حیرت نہیں۔ مجرم کے ساتھ ایسی مہربانی اور شفقت جو دوسرے بے شمار لوگوں کو جرم کے ارتکاب پر جری کر دے اس سے وہ سختی بہتر ہے جو مجرم سے وہ ہمت چھین لے کہ وہ دوبارہ اس کا ارتکاب کر سکے۔ اور دوسرے لوگوں کے دلوں میں ایسی دہشت اور خوف پیدا کر دے کہ کسی کے دل میں اس جرم کے ارتکاب کا خیال ہی پیدا نہ ہو۔

زنا کا فعل قبیح چونکہ گوناگوں ایسی ہی لازمی اور متعدی خرابیوں کا سرچشمہ تھا۔ اس لیے اسلام نے بڑی سختی سے منع فرمایا۔ اگرچہ قانون اسلام کو معطل ہوئے عرصہ دراز گزر چکا ہے۔ شرم و حیا کی اس چادر کو تار تار کرنے کی بڑی منظم کوششیں بھی شروع ہیں لیکن اپنے ماننے والوں کے دلوں میں اسلام نے جو نفرت اس سے پیدا کر دی ہے اس کے باعث اس فعل شنیع کا ارتکاب نسبتاً بہت ہی کم ہے۔ چند مسخ شدہ گھروں کے علاوہ سارے ملک میں عصمت و عفت کا مقام بہت ہی بلند ہے۔

یہ عرض کرنے کے بعد اب بدکار عورت اور بدکار مرد کے لیے اسلام نے جو سزا تجویز کی ہے اس کو مختصراً پیش کرتا ہوں۔ انھیں آپ ابتدائی معلومات ہی خیال فرمائیں تفصیلات کے لیے کتب فقہ کی طرف رجوع کریں۔ یہاں اتنی گنجائش نہیں کہ اس مسئلہ کے جملہ پہلوؤں کو بالتفصیل پیش کیا جاسکے۔

زانی مرد اور زانیہ عورت کو شریعت نے دو قسموں میں تقسیم کیا ہے اور اسی تقسیم کے پیش نظر ان کی سزاؤں میں تفاوت ہے۔

۱۔ غیر شادی شدہ مرد اور غیر شادی شدہ عورت۔

۲۔ شادی شدہ مرد اور شادی شدہ عورت۔

زمانہ جاہلیت میں دیگر قباحتوں کے ساتھ ساتھ زنا کا رواج بھی عام تھا اور اس کا ارتکاب بے دھڑک کیا جاتا تھا۔ پیشہ ور عورتیں بڑے ٹھاٹھ سے اپنی دکانیں سجاتی تھیں، اونچے اونچے جھنڈے ان کے مکانوں پر لہرایا کرتے تھے۔ انھیں اور ان کے پاس آنے والوں کو قطعاً حجاب معلوم نہ ہوتا تھا۔ کان فی ذالک الزمان من فی الزنا وفاش وکان لاماء العرب و بغایا الوقت رآیات وکن مجاھرات بذالک (قرطبی)

اسلام جو انسان کو رذالت و گندگی کی ان پستیوں سے نکالنے کے لیے آیا تھا وہ اس کو کیسے گوارا کرتا۔ چنانچہ

سُورۃ الفرقان جو کہ مکہ میں نازل ہُوئی اس میں اہل ایمان کی دیگر صفات کے ساتھ یہ بھی ذکر کیا گیا کہ وہ زنا کا ارتکاب نہیں کرتے "ولا یزنون" اور سورۃ الممتحنہ میں جہاں عورتوں کے مشرف باسلام ہونے اور بیعت کرنے کا ذکر ہے وہاں ان سے یہ وعدہ بھی لیا جاتا ہے کہ "ولا یزنین" کہ وہ آئندہ زنا نہیں کریں گی۔ یاد رہے کہ سورۃ الممتحنہ بھی مکہ میں نازل ہُوئی تھی۔ یہ تو روحانی اور اخلاقی تربیت تھی جس کی تلقین ہر اسلام قبول کرنے والے کو پہلے دن ہی کی جاتی اور اس سے یہ وعدہ لیا جاتا جس کی پابندی اس پر ضروری ہوتی۔

اس جرم شنیع کا ارتکاب کرنے والوں کے متعلق جو حکم نازل ہُوا وہ سُورۃ نساء کی آیت ۱۵ میں مذکور ہے کہ شادی شدہ عورت اگر اس جُرم کا ارتکاب کرے تو اسے گھر میں محبوس کر دو۔ یہاں تک کہ وہ مر جائے یا اللہ تعالیٰ کوئی دوسرا حکم نازل کرے "فامسکوھن فی البیوت حتّٰی یتوفٰھن الموت او یجعل اللہ لھن سبیلاً" اور غیر شادی شدہ مرد اور عورت کے لیے ابتداء میں یہ سزا تجویز کی گئی کہ انھیں لعنت ملامت کی جائے اور خوب اذیت دی جائے "واللذان یاتیانھا منکم فاٰذوھما" کچھ عرصہ اسی حکم کے مطابق عمل ہوتا رہا پھر پانچ یا چھ ہجری میں جب سُورۃ النُّور نازل ہُوئی تو یہ حکم نافذ ہُوا کہ زانی مرد اور زانیہ عورت کو سو کوڑے لگائے جائیں ساری اُمتِ محمدیہ علی صاحبہا الف الف صلوٰۃ وسلام کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ سزا غیر شادی شدہ مرد اور عورت کے لیے ہے۔ شادی شدہ مرد اور عورت کی سزا یہ ہے کہ اسے رجم کر دیا جائے یعنی اس پر اتنے پتھر برسائے جائیں کہ وہ مر جائے۔ صرف خوارج کا یہ قول ہے کہ سو کوڑوں کی سزا ہر زانی اور زانیہ کے لیے ہے۔ شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کی کوئی تخصیص نہیں۔ انھوں نے اس آیت سے یہ استدلال کیا ہے کہ یہاں مطلق زانی اور زانیہ کی یہ سزا مقرر کی گئی ہے۔ وہ کہتے ہیں جن روایات سے رجم کی سزا کا ثبوت ہوتا ہے وہ قرآن کریم کی مختص یا ناسخ نہیں ہو سکتیں۔ قدیم خوارج کے علاوہ اس زمانہ کے جدید خوارج کا بھی یہی قول ہے۔ ان کی خدمت میں مختصراً اتنی گزارش ہے کہ رجم اخبار احاد سے نہیں بلکہ احادیث متواترہ سے ثابت ہے۔ حضور سرورِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم نے اس آیت کے نزول کے بعد بھی متعدد بار رجم کی سزا دی جن کی تفصیل کتب احادیث میں مذکور ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق، حضرت فاروق اعظم، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم سب نے اپنے اپنے عہدِ خلافت میں شادی شدہ زانی اور زانیہ کو رجم کیا۔ ایک معمولی سمجھ کا انسان بھی اس بات کو اچھی طرح سمجھ سکتا ہے کہ اس آیت کا مفہوم قدیم و جدید خوارج سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بہر حال بہتر سمجھتے تھے اور حضورؐ کے خلفاء راشدین جن کی زندگی کا ہر لمحہ اقامتِ دین میں صرف ہوا وہ قطعاً کوئی ایسا کام کرنے کے لیے تیار نہ تھے جس سے فرمانِ الٰہی کی خلاف ورزی ہو۔ اس واضح تعامل کے باوجود شادی شدہ کے لیے رجم کا انکار کرنا کھلی ہُوئی زیادتی ہے اور اس کا ارتکاب صرف خارجی ہی کر سکتے ہیں۔

۲۔ ثبوتِ زنا:۔ اس کے دو طریقے ہیں۔

۱۔ اقرار، ۲۔ شہادت

کیونکہ یہ بہت گھناؤنا جرم ہے۔ اس سے انسان کی عزت و آبرو جو اس کی متاعِ گراں بہا ہے، متاثر ہوتی ہے نیز

اس کی سزا بھی از حد سنگین ہے اس لیے اس جرم کو ثابت کرنے کے لیے بڑی احتیاط ملحوظ رکھی گئی ہے جس اقرار سے یہ جرم ثابت ہوتا ہے اس کی صورت یہ ہے کہ اس فعل کا ارتکاب کرنے والا امام یا نائب امام کے سامنے چار مرتبہ صاف الفاظ میں اقرار کرے کہ اس نے یہ فعل شنیع کیا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے جب ماعز بن مالک اسلمی نے آکر یہ عرض کی کہ یا رسول اللہ مجھے پاک فرمائیے۔ میں نے زنا کیا ہے تو حضور نے اس کی طرف سے منہ پھیر لیا اور فرمایا ویحك ارجع فاستغفر اللہ وتب الیہ۔ اے جوان واپس چلا جا اور توبہ و استغفار کر۔ اس نے پھر سامنے ہو کر یہی کہا حضور نے پھر منہ پھیر لیا۔ تیسری مرتبہ بھی اس نے اقرار کیا۔ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے اسے متنبہ کیا کہ اب اگر چوتھی بار تو نے ایسا ہی کیا تو تجھے رجم کر دیا جائیگا لیکن وہ باز نہ آیا اور چوتھی مرتبہ بھی وہی الفاظ کہہ دیئے۔ اب حضور اس کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا لعلك قبلت او غمزت او نظرت۔ شاید تو نے فقط بوسہ لیا ہو یا نظر بازی کی ہو لیکن وہ اپنی بات پر اڑا رہا۔ حضور نے فرمایا ابك جنون قال لا۔ کیا تو مجنون تو نہیں؟ اس نے کہا نہیں۔ پھر فرمایا کیا تو شادی شدہ ہے؟ اس نے کہا ہاں یا رسول اللہ۔ آخر میں حضور نے فرمایا اذھبوا بہ فارجموہ۔ اسے لے جاؤ اور رجم کر دو۔

شہادت:۔ شہادت میں بھی حد درجہ کی احتیاط کی گئی ہے۔ چار ایسے مرد گواہ ہونے چاہییں جو مسلمان، عاقل، بالغ، آزاد اور عادل ہوں جن کی صداقت اور دیانت ہر شک و شبہ سے بالاتر ہو اور گواہی بھی اس طرح دیں کہ انھوں نے ملزم اور ملزمہ کو عین حالت مباشرت میں دیکھا ہے کالمیل فی المکحلۃ والرشاء فی البئر (یعنی جس طرح سرمہ دانی میں سلائی اور کنوئیں میں رسی)۔ اگر گواہوں کی گواہی میں جگہ، وقت، مزنیہ وغیرہ امور کے متعلق اختلاف پایا جائے تو گواہی مردود ہوگی اور حد نہ لگائی جائے گی۔

اثبات زنا کے لیے اتنی سختی اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے سے واضح ہوتا ہے کہ شریعت کو لوگوں کو سزا دینے کا شوق نہیں تاکہ جہاں کہیں کسی نے انگشت نمائی کر دی وہاں کوڑے برسنے لگے اور لہو بہنے لگا یا ذرا موقع پاتے ہی پتھر مار مار کر ہلاک کر دیا۔ یہ سزا ایک انتہائی اقدام ہے جو صرف ایسے شخص کے خلاف ہی کیا جائے گا جس کے دل میں نہ خدا کا خوف ہے نہ قیامت کا ڈر ہے، نہ آیات قرآنی اور احادیث نبوی کا پاس ہے، اور نہ اسے سوسائٹی میں رسوا اور ذلیل ہونے کا کوئی اندیشہ ہے۔ اس نے یہ کام اس طرح کیا کہ چار آدمیوں نے اسے عین حالت مباشرت میں دیکھ لیا نیز شریعت نے یہ بھی ضروری قرار نہیں دیا کہ جو شخص تنہائی میں چھپ کر یہ کام کر بیٹھے وہ ضرور عدالت میں حاضر ہو کر اس کا اعتراف کرے۔ گواہوں پر بھی یہ ضروری نہیں کہ وہ اس کے خلاف ضرور جا کر گواہی دیں بلکہ اسے چاہیے کہ خود بھی اپنا پردہ فاش نہ کرے اور گواہوں کے لیے بھی یہ بہتر ہے کہ وہ اس کی پردہ دری نہ کریں۔ حدیث پاک میں ہے "من اتی شیئا من ھذہ القاذورات فلیستتر بستر اللہ فان ابدی لنا صفحتہ اقمنا علیہ کتاب اللہ" (احکام القرآن) یعنی جس کسی سے اس قسم کا گندہ فعل صادر ہوا سے چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے پردے کو فاش نہ کرے اور جو شخص ہمارے سامنے اپنے آپ کو ظاہر کرے گا ہم اس پر حکم الٰہی ضرور جاری کریں گے۔ ہزال بن معین جس نے ماعز کو بارگاہ رسالت میں اس جرم کا اقرار

جَلْدَةٍ ۪ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

اور نہ آئے تمھیں ان دونوں پر (ذرا) رحم¹ اللہ تعالیٰ کے دین کے معاملے میں اگر تم ایمان

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَ لْیَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآىِٕفَةٌ مِّنَ

رکھتے ہو اللہ تعالیٰ پر اور روزِ آخرت پر اور چاہیے کہ مشاہدہ کرے دونوں کی سزا کو اہل ایمان کا ایک

کرنے کے لیے بھیجا تھا۔ حضورؐ نے فرمایا لو سترتہ بثوبك كان خیرا لك اگر تو اسے اپنے کپڑے میں ڈھانپ لیتا تو تیرے لیے بہتر ہوتا۔ لیکن اگر یہ چیز حاکم وقت کے سامنے پیش کر دی جائے اور اقرار یا شہادت سے پایۂ ثبوت کو پہنچ جائے تو پھر حاکم کو یہ اختیار نہیں کہ وہ حد قائم نہ کرے۔ تعافوا الحدود فیما بینکم فما بلغنی من حد فقد وجب (ابوداؤد۔ نسائی) آپس میں حدوں سے درگزر کرتے رہو لیکن جب وہ حد مجھ تک پہنچ جائے گی تو پھر اس کا نفاذ ضروری ہو جائے گا۔

نیز یہ جرم قابل مصالحت نہیں کہ کچھ معاوضہ دے کر قصہ ختم کر دیا جائے۔ ایک لڑکا کسی آدمی کے ہاں کام کرتا تھا، اس نے اس کی بیوی کے ساتھ بدکاری کی۔ لڑکے کے باپ نے سو بکریاں اور ایک لونڈی اس کے خاوند کو دے کر راضی کر لیا لیکن جب مقدمہ بارگاہ نبوت میں پیش ہوا تو حضورؐ نے فرمایا اما غنمك وجاریتك فرد علیك۔ وہ تیری بکریاں اور تیری لونڈی تجھے واپس کر دی جائے گی اور تیرے لڑکے پر حد لگے گی۔

جس کوڑے کے ساتھ مارا جائے وہ نہ زیادہ سخت ہو نہ زیادہ نرم اور حد جسم کے ایک حصہ پر ہی نہ لگائی جائے بلکہ منہ، سر اور شرمگاہ کے علاوہ جسم کے مختلف حصوں پر لگائی جائے۔

¹ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن ایسے حاکم کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا جائے گا جس نے حد میں کمی کی ہوگی۔ اس سے پوچھا جائے گا لم فعلت ذالك۔ تو نے ایسا کیوں کیا؟ وہ کہے گا رحمة لعبادك تیرے بندوں پر رحمت اور شفقت کے لیے۔ اسے کہا جائے گا اأنت ارحم بھم منی۔ کیا تو مجھ سے زیادہ ان پر رحم کرنے والا ہے؟ فیؤمر بہ الی النار۔ اسے دوزخ میں پھینک دینے کا حکم دیا جائے گا۔ پھر ایسے حاکم کو بارگاہ الٰہی میں پیش کیا جائے گا جس نے مقررہ حد سے ایک کوڑا زیادہ مارا ہوگا۔ اس سے اس کی وجہ پوچھی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے اأنت احکم بہ منی فیؤمر بہ الی النار۔ کیا تو مجھ سے زیادہ حکم کرنے والا ہے۔ پھر اسے بھی آگ میں پھینکے جانے کا حکم صادر ہوگا۔

حقیقت یہ ہے کہ احکام خداوندی کی صحیح طور پر تعمیل میں ہی ہماری فلاح ہے۔ اپنی خود ساختہ مصلحتوں کے پیش نظر ان میں کمی یا زیادتی کرنا خطرناک نتائج کا باعث ہوتا ہے۔ جہاں بھی حدود کے قیام میں تساہل کیا گیا جرائم میں ہوشربا اضافہ ہوا۔ قتل کی وارداتوں میں آئے دن جو زیادتی ہو رہی ہے اس کی ایک بڑی وجہ یہی فعل مذموم ہے۔ جب اس کی دادرسی

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۠ وَّ الزَّانِيَةُ

گروہ ؎ زانی شادی نہیں کرتا مگر زانیہ کے ساتھ یا مشرکہ کے ساتھ اور زانیہ

لَا يَنْكِحُهَاۤ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَ حُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

نہیں نکاح کرتا اس کے ساتھ مگر زانی یا مشرک ؎ اور حرام کر دیا گیا ہے یہ اہل ایمان پر ؎

نہیں ہوتی جس کی عصمت لوٹ لی گئی ہو تو وہ جوش غضب سے مغلوب ہو کر خود انتقام لینے کے لیے آگے بڑھتا ہے اور فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دیتا ہے اس لیے رأفت اور مہربانی یہ نہیں کہ ایک جان بچانے کے لیے بیسیوں جانیں تلف کرنے کا دروازہ کھول دیا جائے۔

؎ کیونکہ اس سزا کا ایک اہم مقصد دوسروں کو عبرت دلانا ہے اس لیے حکم دیا کہ یہ حد مجمع عام میں قائم کی جائے تاکہ عام لوگ اس کو اپنی آنکھوں سے دیکھیں اور محتنب رہیں جب کوئی شخص حد قائم کرنے کے باعث مر جائے تو اس کی نعش کی تذلیل اور توہین نہیں کی جائے گی بلکہ عام مسلمانوں کی طرح اسے غسل دیا جائے گا، کفن پہنایا جائے گا، نماز جنازہ ادا کی جائے گی اور مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے گا۔ اذا مات فی الحد یغسل و یکفن و یصلی و یدفن فی مقابر المسلمین (تفسیر کبیر)

؎ اس آیت کا مفہوم سمجھنے میں لوگوں کو بڑی پریشانی ہوتی ہے۔ حالانکہ اگر اس کے شان نزول کو پیش نظر رکھا جائے تو مطلب بالکل واضح ہو جاتا ہے۔ حضرت مرثد کا یہ دستور تھا کہ مشرکین مکہ کے پاس جو مسلمان قیدی ہوتے یہ رات کی تاریکی میں وہاں جاتے اور کسی نہ کسی طرح سے انہیں کفار کی اسیری سے نکال لاتے اسی سلسلہ میں وہ ایک دفعہ مکہ گئے، چاندنی رات تھی ایک مکان کے سایہ میں چھپے بیٹھے تھے کہ کوئی دیکھ نہ لے۔ اتفاقاً عناق نامی ایک عورت جس سے زمانہ جاہلیت میں ان کے تعلقات تھے وہ ادھر آ نکلی اس نے جب ایک متحرک سایہ دیکھا تو اور نزدیک آ گئی اور انہیں پہچان لیا۔ پوچھا مرثد ہو۔ انہوں نے کہا ہاں اس کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ اھلاً و مرحباً خوش آمدید کہتی ہوئی آگے بڑھی کہنے لگی ھلمّ فبت عندنا اللیل۔ آؤ آج رات ہمارے پاس گزارو۔ میں نے کہا یا عناق حرم اللہ تعالیٰ الزنا۔ اے عناق اللہ نے زنا کو حرام کر دیا ہے۔ میں اب تمہارے پاس شب باشی کی جرأت نہیں کر سکتا۔ اس نے اسی وقت شور مچانا شروع کر دیا۔ لوگو جاگو یہ ہے وہ شخص جو تمہارے قیدیوں کو چوری چھپے اٹھا کر لے جاتا ہے۔ اسے پکڑو۔ میں بھاگ کھڑا ہوا۔ آٹھ آدمیوں نے میرا تعاقب شروع کیا۔ میں ایک غار میں جا کر چھپ گیا۔ وہ اس غار کے دہانہ تک آئے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا اور وہ واپس لوٹ گئے جب وہ چلے گئے تو میں پھر اپنے کام کے لیے مکہ واپس آیا اور جس آدمی کو رہا کرانے کے لیے میں آیا تھا اسے کسی نہ کسی طرح میں نکالنے میں کامیاب ہو گیا اور اسے اپنے ہمراہ لے کر مدینہ طیبہ پہنچ گیا۔ بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر میں نے سارا ماجرا بیان کیا پھر عرض کی یا رسول اللہ انکح عناق اجازت ہو تو عناق سے نکاح کر لوں۔ حضور خاموش رہے۔ کچھ دیر بعد یہ آیت نازل ہوئی حضور

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ

اور وہ لوگ جو تہمت لگاتے ہیں پاکدامن عورتوں پر، پھر وہ نہ پیش کر سکیں چار گواہ ؂

نے مجھے بلایا اور حکم الٰہی پڑھ کر سنایا۔

اس شان نزول سے معلوم ہوا کہ زانیہ سے مراد پیشہ ور عورت ہے۔ کوئی غیرت مند انسان ایسی عورت کو اپنے نکاح میں لینے کے لیے تیار نہیں ہوتا اور زانی سے مراد بھی وہی مرد ہے جو اس فعل کے ارتکاب میں شہرت رکھتا ہو اور شرم و حیا کی چادر اس نے اتار کر پھینک دی ہو۔ ایسے شخص کو بھی کوئی مومن عورت اپنا خاوند بنانے کے لیے آمادہ نہیں ہوتی۔ یہاں صیغہ نفی کا ہے لیکن معنی نہی کا۔ فلا ینکح کا معنی یہ ہوگا لایلیق بہ ان ینکح۔ یعنی پیشہ ور زانیہ کے ساتھ نکاح کرنا مومن کی شان کے لائق نہیں۔ جس طرح کہا جاتا ہے السلطان لایکذب ای لایلیق بہ ان یکذب۔ یعنی بادشاہ کے لیے مناسب نہیں کہ وہ جھوٹ بولے۔ ایک شاعر کہتا ہے ؎

وتجتنب الاسود ورود ماء　　　اذا کان الکلاب یلغن فیہ

یعنی شیروں کے لیے ایسی جگہ سے پانی پینا مناسب نہیں جہاں کتے آ کر منہ ڈالتے ہوں۔

اس آیت کا ایک مفہوم حضرت علامہ پانی پتی نے ذکر کیا فرماتے ہیں:۔

المعنی ان الزانی لاجل فسقہ لا یرغب غالباً فی نکاح الصالحات والزانیۃ لا یرغب فیہا الصلحاء فان المشاکلۃ علۃ الالفۃ (مظہری)۔ آیت کا معنی یہ ہے کہ زانی اپنے فسق و فجور کے باعث صالحہ عورت سے نکاح کرنے کی طرف راغب نہیں ہوتا۔ اسی طرح نیک مرد بھی زانیہ سے نکاح کرنا پسند نہیں کرتا کیونکہ طبیعتوں کی مناسبت باہمی الفت و محبت کی علت ہے جہاں طبیعتوں میں تضاد ہوگا وہاں باہمی الفت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس صورت میں نفی اپنے حقیقی معنی پر ہی محمول ہوگی

؂ یعنی بدکار پیشہ ور عورت سے نکاح اس کے توبہ کرنے سے پہلے جائز نہیں۔ اسی طرح جو مرد اس قماش کا ہو اس کی اصلاح احوال سے پہلے کسی عفیفہ کو اس کے رشتہ نکاح میں باندھ دینا سراسر ظلم اور بے انصافی ہے۔

؂ زنا کا جرم اسلامی معاشرہ میں ناقابل برداشت ہے۔ جو شخص اس کا مرتکب ہوگا اس کے لیے ایسی عبرتناک سزا مقرر کی گئی ہے جو کسی دوسرے گناہ پر نہیں دی جاتی۔ اسی طرح زنا کا غلط بہتان لگانا بھی انتہائی سنگین جرم ہے۔ جو شخص کسی پاکدامن اور عفیف عورت پر یا کسی پاکباز اور عصمت شعار مرد پر یہ الزام لگائے گا اُسے معمولی بات خیال کر کے نظر انداز نہیں کر دیا جائیگا بلکہ اسے حکم دیا جائے گا کہ وہ اس الزام کو ثابت کرنے کے لیے چار گواہ پیش کرے اور اگر وہ چار گواہ پیش نہیں کرسکے گا تو اسے اسی دُرّے لگائے جائیں گے تاکہ ہر شخص کو پتہ چل جائے کہ کسی کی عزت و ناموس پر غلط الزام لگانا مذاق نہیں ہے۔

آیت کے کلمات میں ایک مرتبہ پھر غور فرمائیے۔ یرمون کا معنی تہمت لگانا ہے لیکن یہاں اس سے مراد خاص زنا

فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ

تو لگاؤ ان (تہمت لگانے والوں) کو اسی دُرّے اور نہ قبول کرو ان کی کوئی گواہی ہمیشہ کے لیے ۹

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ

اور وہی لوگ فاسق ہیں مگر (ان میں سے) وہ لوگ جو توبہ کرلیں ایسا بہتان لگانے کے بعد اور

اَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ

اپنی اصلاح کرلیں تو بیشک اللہ تعالیٰ غفور و رحیم ہے ۱۰ اور وہ (خاوند) جو تہمت لگاتے ہیں اپنی بیویوں

کی تہمت ہے وہ بھی صریح الفاظ میں جیسے کہے زنیت یا یا زانی۔ المُحصنات سے مراد پاکدامن عورتیں ہیں لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ اگر کسی مرد پر یہ بہتان لگایا جائے گا تو باز پرس ہوگی بلکہ مرد اور عورت کا حکم یکساں ہے۔ یہاں فقط محصنات کا لفظ ذکر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ جس واقعہ کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی اس میں الزام ایک عورت پر ہی لگایا گیا تھا۔ پاکدامن مرد پر بہتان لگانے کا حکم اجماعِ امت سے ثابت ہے۔ لفظ محصنین کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ پانی پتی لکھتے ہیں: المراد بالاحصان باجماع العلماء ان یکون حرا عاقلا بالغا مسلما عفیفا غیر متھم بالزنا۔ یعنی اس جگہ احصان کا معنی یہ ہے کہ جس پر الزام لگایا جا رہا ہے وہ آزاد، عاقل، بالغ، مسلم عفیف ہو اور اس پر زنا کی تہمت کبھی نہ لگائی گئی ہو۔

۹ ایسے لوگوں کو تین سزائیں دی جائیں گی:

۱۔ انھیں اسی کوڑے لگائے جائیں گے۔

۲۔ آئندہ مالی حقوق میں ان کی گواہی قابل قبول نہ ہوگی۔

۳۔ انہیں فاسق قرار دیا جائے گا۔

۱۰ اگر کوئی شخص بہتان لگانے کے بعد توبہ کرے گا تو حدِ قذف اس سے ساقط نہیں ہوگی۔ البتہ اس کے فسق سے جو عذاب اسے روزِ قیامت دیا جانے والا تھا وہ معاف کر دیا جائے گا۔ توبہ کے بعد کیا اس کی گواہی منظور ہوگی یا نہیں۔ اس میں علماء کا اختلاف ہے۔ احناف کا مسلک یہ ہے کہ توبہ کے بعد بھی وہ مردود الشہادۃ رہے گا۔ حضرت امام اعظمؒ کے علاوہ اسلاف میں سے مندرجہ ذیل حضرات کی یہی رائے ہے:

قاضی شریح، ابراہیم نخعی، سعید بن جبیر، مکحول اور عبدالرحمٰن بن زید بن جابر۔ لیکن امام مالکؒ، امام احمد اور امام شافعی کا قول ہے کہ توبہ کے بعد اس کی شہادت مقبول ہوگی۔ سعید بن المسیب اور کئی دیگر اکابر کا یہی مسلک ہے۔ شعبی سے یہ قول منقول ہے کہ توبہ سے حد بھی ساقط ہو جائے گی۔ وقال الشعبی ان الاستثناء یرجع الی الکل ومحلہ النصب فیسقط

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ

پر[۱۱] اور نہ ہوں ان کے پاس کوئی گواہ بجز اپنے تو ان کی شہادت کا یہ طریقہ ہے کہ وہ خاوند چار مرتبہ گواہی

شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ

دے کہ بخدا وہ (یہ تہمت لگانے میں) سچا ہے۔ اور پانچویں بار یہ کہے اس پر اللہ تعالیٰ کی پھٹکار

عنده حد القذف بالتوبة (مظہری)

[۱۱] جب سابقہ آیت نازل ہوئی تو سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ اھکذا انزلت۔ کیا یہ آیت یوں ہی نازل ہوئی ہے۔ حضور نے فرمایا اے انصار! سنتے ہو تمہارا سردار کیا کہہ رہا ہے۔ سعد بولے یا رسول اللہ خدا کی قسم میں جانتا ہوں کہ یہ حق ہے اور اللہ تعالیٰ نے اسے نازل فرمایا ہے لیکن میں یہ خیال کر کے حیران ہو رہا ہوں کہ اگر میں کسی بدبخت کو اپنی بیوی پر سوار دیکھوں تو جب تک میں چار گواہ تلاش کر کے نہ لاؤں اس کے خلاف زبان نہیں ہلا سکتا اور اگر گواہوں کو بلانے جاؤں گا تو وہ اپنا کام تمام کر کے رفوچکر ہو چکا ہوگا۔ اس گفتگو کو قلیل عرصہ ہی گزرا تھا کہ ایک رات ہلال بن امیہ اپنے کھیتوں سے جب گھر آئے تو اپنی اہلیہ کے ساتھ ایک آدمی دیکھا۔ انھوں نے سارا معاملہ اپنی آنکھوں سے دیکھا اور کانوں سے سنا صبح بارگاہِ نبوت میں حاضر ہوئے اور سارا ماجرا کہہ سنایا حضور کو یہ سن کر بڑی کوفت ہوئی صحابہ آپس میں کہنے لگے کہ ابھی ہلال پر حدِ قذف لگائی جائے گی۔ ہلال نے کہا میرے دوستو گھبراتے کیوں ہو۔ اللہ تعالیٰ ضرور کوئی صورت پیدا فرمائے گا۔ اسی اثناء میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نزولِ وحی کے آثار نمودار ہوئے اور سب خاموش ہو گئے۔ جب یہ کیفیت ختم ہوئی تو حضور نے فرمایا اے ہلال مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ نے تیری نجات کی صورت پیدا فرما دی ہے پھر آیت پڑھ کر سنائی۔ اور اس کی بیوی کو بلا بھیجا۔ وہ آئی تو یہ آیت اسے بھی پڑھ کر سنائی پھر دونوں کو تنبیہ کی کہ دنیا کے عذاب سے قیامت کا عذاب بہت سخت ہے۔ ہلال نے عرض کی یا رسول اللہ! میں نے جو عرض کی ہے بخدا وہ سچ ہے۔ عورت نے کہا یہ جھوٹ بولتا ہے۔ چنانچہ پہلے ہلال نے چار مرتبہ قسم اٹھا کر کہا کہ میں سچا ہوں۔ پانچویں مرتبہ کہا کہ اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھ پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو پھر عورت کو کہا گیا کہ اسی طرح تو چار مرتبہ حلف کے ساتھ گواہی دے کہ وہ جھوٹا ہے جب وہ کہہ چکی تو حضور نے اسے فرمایا اللہ تعالیٰ سے ڈر۔ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے بہت ہلکا ہے۔ اگر تو نے پانچویں بار بھی کہہ دیا تو عذابِ آخرت تجھ پر لازم ہو جائے گا چنانچہ کچھ دیر وہ خاموش رہی۔ اس نے اپنے قصور کے اعتراف کا ارادہ کیا۔ پھر کہنے لگی میں اپنی قوم کو رسوا کرنا نہیں چاہتی۔ چنانچہ پانچویں دفعہ بھی اس نے کہہ دیا ان غضب اللہ علیھا ان کان من الصادقین کہ اگر ہلال سچا ہو تو مجھ پر خدا کا غضب نازل ہو۔ چنانچہ اس طرح قسم اٹھانے سے ہلال حدِ قذف سے بچ گئے اور وہ عورت حدِ زنا سے بچ گئی لیکن ان کے درمیان ہمیشہ کے لیے جدائی کر دی گئی۔ حضور نے فرمایا کہ اب جو بچہ پیدا ہو اس کی نسبت ہلال کی طرف نہ کی جائے بلکہ اس کی ماں کی طرف کی جائے

اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۷﴾ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ

ہو اگر وہ کذب بیانی کرنے والوں میں سے ہو اور ٹل سکتی ہے اس عورت سے حد [۱۲]

اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۸﴾

کہ وہ گواہی دے چار مرتبہ اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہ وہ (خاوند) جھوٹا ہے۔

وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۹﴾

اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ خدا کا غضب ہو اس پر اگر وہ (خاوند) سچا ہو۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾

اور اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی (تو تم بڑی الجھنوں میں پڑ جاتے) اور بیشک اللہ بہت توبہ

اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ۭ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ۭ

قبول کرنے والا بڑا دانا ہے [۱۳] بیشک جنھوں نے جھوٹی تہمت [۱۴] لگائی ہے [۱۵] وہ ایک گروہ ہے تم میں سے تم اسے اپنے لیے برا خیال

اور ساتھ ہی ایک اور حکم بھی دیا کہ اگر اس کے بعد کسی نے اس عورت کو زنا سے متہم کیا یا اس کے بچے کو حرامی کہا تو اس پر حد قذف لگائی جائے گی اس ارشاد سے واضح ہو گیا کہ جس کو شریعت کسی الزام سے بری کر دے پھر اس پر کسی کو زبان درازی کرنے کا حق نہیں پہنچتا۔ اس طریقہ کار کو لعان کہتے ہیں۔ لعان کرنے سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے اور پھر وہ عورت زندگی بھر اس کے نکاح میں نہیں آ سکتی۔

[۱۲] اگر مرد اس طرح قسم کھائے اور عورت خاموش ہو جائے تو اس پر زنا کی حد لگے گی لیکن اگر عورت بھی اس طرح قسم کھالے تو وہ بھی زنا کی حد سے بچ جائے گی۔

[۱۳] یعنی اگر حد قذف کے حکم کے بعد لعان کا قانون جاری نہ کیا جاتا اور مرد اپنی بیوی کو ناشائستہ حالت میں دیکھتا اور خاموش رہتا تو ساری عمر خون کے گھونٹ پیتا رہتا اور اگر اظہار کرتا تو اسی کوڑے کھاتا۔ یہ تو محض اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ اس نے ان پیچیدگیوں سے نجات کا راستہ تمہارے لیے بنا دیا ہے مزید تفصیلات کے لیے کتب فقہ کا مطالعہ کیا جائے۔

[۱۴] یہاں سے اس سازش کا ذکر فرمایا جا رہا ہے جو دشمنان اسلام نے اسلام کی بڑھتی ہوئی طاقت اور بادیٔ اسلام کی روز افزوں عزت و شوکت کو دیکھ کر کی اور جس میں حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتی عزت پر حملہ کر کے

کمینگی اور دناءت کی حد کر دی۔ ان آیات میں جس واقعہ کو بیان کیا گیا ہے پہلے صحیحین کی روایت کے مطابق اسے تفصیلاً پیش کرتا ہوں اس کے بعد حسبِ ضرورت تشریحات کی جائیں گی۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ خود روایت کرتی ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ معمول تھا کہ جب سفر پر تشریف لے جاتے تو اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی فرماتے جس کے نام کا قرعہ نکلتا اس کو ہمرکابی کا شرف بخشتے جب حضور غزوہ بنی مصطلق پر روانہ ہوئے تو حسبِ معمول قرعہ ڈالا گیا تو میرا نام نکلا چنانچہ میں حضورؐ کے ہمراہ گئی۔ اُس وقت پردہ کے احکام نازل ہو چکے تھے۔ میں ہودج میں بیٹھی تھی۔ اور جب لشکر روانہ ہوتا تو میرا ہودج اٹھا کر اونٹ پر رکھ دیا جاتا اور جہاں قیام کیا جاتا وہاں ہودج اتار دیا جاتا۔ جب جہاد سے فراغت ہوئی تو حضورؐ نے واپسی کا قصد فرمایا۔ ہم مدینہ طیبہ کے قریب پہنچے اور رات بسر کی۔ رات کے پچھلے حصہ میں کوچ کی تیاری شروع ہو گئی۔ میں قضائے حاجت کے لیے باہر گئی جب واپس آئی تو میرے گلے کا ہار ٹوٹ کر کہیں گر پڑا۔ میں اس کی تلاش میں پھر لوٹ گئی۔ ہار تو مجھے مل گیا لیکن جب واپس آئی تو لشکر وہاں سے کوچ کر چکا تھا۔ جو لوگ میرے ہودج کو رکھنے اور پھر اتارنے پر مامور تھے انھوں نے حسبِ عادت میرا ہودج اٹھایا اور اونٹ پر کس دیا۔ انھیں یہ معلوم نہ ہو سکا کہ میں ہودج میں نہیں ہوں۔ کیونکہ اس زمانہ میں عورتیں ہلکی پھلکی ہوا کرتی تھیں کیونکہ غذا مرغن نہیں ہوتی تھی اور میں تو کم عمر تھی اس لیے ہودج میں میرے نہ ہونے کا انھیں احساس تک نہ ہوا جب میں واپس آئی تو وہاں کوئی بھی نہ تھا۔ یہ خیال کر کے کہ جب وہ مجھے نہیں پائیں گے تو میری تلاش میں یہاں آئیں گے میں وہاں ٹھہر گئی۔ صفوان بن معطل کی یہ ڈیوٹی تھی کہ وہ لشکر کے پیچھے پیچھے رہتے۔ جب لشکر کوچ کرتا تو وہاں پہنچتے، اگر کسی کی کوئی چیز پڑی ہوئی ملتی تو اسے اٹھا کر اس کے مالک تک پہنچا دیتے۔ میں چادر لپیٹ کر لیٹ گئی۔ اتنے میں صفوان آپہنچے۔ ابھی صبح کا اندھیرا تھا۔ انھوں نے کسی کو دور سے سویا ہوا دیکھا تو قریب آئے۔ پردہ کے احکام نازل ہونے سے پہلے انھوں نے مجھے دیکھا ہوا تھا اس لیے مجھے پہچان گئے اور بلند آواز سے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا۔ ان کی آواز سے میری آنکھ کھل گئی اور میں نے اپنا چہرہ ڈھانپ لیا۔ انھوں نے اپنا اونٹ میرے قریب لا کر بٹھایا اور مجھے سوار کر کے چل دیئے۔ ہم دوپہر کے وقت لشکر سے آملے۔ عبد اللہ بن اُبَی رئیس المنافقین نے جب یہ دیکھا تو اس نے ایک طوفان برپا کر دیا۔ جب میں مدینہ پہنچی تو بیمار ہو گئی اور ایک ماہ تک بیمار پڑی رہی۔ لوگوں میں اس بات کا خوب چرچا ہوتا رہا لیکن مجھے قطعاً اس کا کوئی علم نہ تھا۔ البتہ ایک بات مجھے کھٹک رہی تھی کہ میری علالت کے وقت جو لطف وعنایت حضورؐ پہلے مجھ پر فرمایا کرتے تھے وہ مفقود تھی۔ حضورؐ جب مزاج پرسی کے لیے تشریف لاتے تو صرف اتنا دریافت کرتے کیف تیکم کہ تمہارا کیا حال ہے اس سے مجھے شک گزرتا تاہم مجھے اس شر انگیز پروپیگنڈے کی خبر تک نہ تھی۔ بیماری کے بعد میں بہت نقاہت اور کمزوری محسوس کرنے لگی۔ ایک رات میں اُمِّ مسطح کے ساتھ قضائے حاجت کے لیے مدینے سے باہر گئی کیونکہ اس وقت تک گھروں میں بیت الخلاء بنانے کا رواج نہ تھا اور ہم عرب کے دستور کے مطابق جنگل میں ہی جایا کرتی تھیں۔ اُمِّ مسطح حضرت ابو بکرؓ کی خالہ زاد بہن تھیں۔ ہم دونوں جب فارغ ہو کر واپس آرہی تھیں تو اُمِّ مسطح کا پاؤں چادر میں اُلجھا اور وہ گر پڑیں۔ ان کی زبان سے بے ساختہ نکلا

"تعس مسطح" کہ مسطح ہلاک ہو۔ یہ اس کا بیٹا تھا۔ میں نے کہا تم ایک بدری کے لیے ایسے الفاظ استعمال کر رہی ہو یہ بہت بُری بات ہے۔ اُس نے کہا کیا تم نے نہیں سنا جو طوفان اُس نے برپا کر رکھا ہے۔ میرے استفسار پر اس نے سارا واقعہ مجھے سُنا دیا۔ یہ سُن کر میرا مرض پھر عود کر آیا۔ حضور تشریف لائے تو پوچھا کیف تیکم۔ میں نے عرض کی مجھے اپنے والدین کے پاس جانے کی اجازت مرحمت فرمائی جائے۔ مقصد یہ تھا کہ میں والدین سے اس خبر کے متعلق تفصیلی حالات دریافت کروں۔ حضور نے اجازت دے دی۔ میں میکے چلی آئی۔ میں نے اپنی والدہ سے کہا یا امتاہ بلعذا یتحدث الناس بہ؛ امی جان! لوگ یہ کیا باتیں بنا رہے ہیں؟ انھوں نے کہا بیٹی زیادہ غمگین ہونے کی ضرورت نہیں۔ جب کوئی بیوی پاکیزہ صورت ہو اور اس کا شوہر اسے محبوب رکھے اور اس کی سوکنیں بھی ہوں تو اس قسم کی باتیں ہوتی رہتی ہیں۔ میں نے کہا سُبحان اللہ! لوگ میرے متعلق ایسی باتیں کر رہے ہیں۔ میں رات بھر جاگتی رہی اور روتی رہی صبح ہوئی تب بھی آنسو جاری تھے اور نیند کا نام و نشان تک نہ تھا۔ جب نزول وحی میں تاخیر ہوئی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی اور اسامہؓ بن زید کو بلایا۔ اسامہؓ نے تو میری براءت کی۔ ان کے دل میں حضور کے اہل کی جو محبت تھی اس کو ظاہر کیا۔ حضرت علیؓ نے عرض کی یا رسول اللہ! صلی اللہ علیک وآلک وسلم حضور آپ کیوں اتنے رنجیدہ خاطر ہیں۔ اس کے علاوہ عورتوں کی کیا کمی ہے۔ اگر حضور تصدیق فرمانا چاہتے ہیں تو بریرہؓ لونڈی کو بلا کر دریافت فرمایئے وہ حقیقت حال سے آگاہ کرے گی۔ چنانچہ بریرہؓ سے حضور نے پوچھا اے بریرہ ھل رأیت من شیئ یریبک من عائشۃ کیا تو نے کوئی ایسی چیز دیکھی ہے جس سے تمہیں عائشہ کے بارے میں کوئی شک ہو؛ اس نے عرض کی مجھے اُس خدا کی قسم جس نے حضور کو سچا رسول بنا کر بھیجا ہے اس کے سوا میں نے عائشہ میں کوئی عیب نہیں دیکھا کہ آٹا گوندھا ہوا رکھا ہوتا ہے۔ یہ اپنی کمسنی کی وجہ سے سو جاتی ہیں اور بکری آ کر آٹا کھا جاتی ہے۔ کسی نے بریرہؓ کو جھڑکا کہ تو سچ کیوں نہیں بتاتی تو اس نے کہا سُبحان اللہ واللہ ماعلمت علیھا الا مایعلم الصائغ علی تبر الذھب الاحمر۔ خدا کی قسم میں ان کے متعلق اس کے بغیر اور کچھ نہیں جانتی جس طرح ایک زرگر خالص سُرخ سونے کے متعلق جانتا ہے۔ پھر سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں تشریف لے گئے اور منبر پر کھڑے ہو کر ارشاد فرمایا:

یا معشر المسلمین من یعذرنی من رجل قد بلغنی اذاہ فی اھلی فواللہ ماعلمت علی اھلی الا خیرا وما علمت علی اھلی من سوء۔

اے گروہ مسلمانان! اس شخص کے بارے میں مجھے کون معذور رکھتا ہے جس کی اذیت رسانی میرے اہل خانہ کے بارے میں مجھ تک پہنچی ہے۔ بخدا میں اپنے اہل کے لیے خیر کے بغیر کچھ نہیں جانتا اور مجھے ان سے کسی غلطی کا کوئی علم نہیں ہے۔ سعد بن معاذ انصاری کھڑے ہو گئے۔ عرض کی میں حاضر ہوں۔ اگر وہ شخص قبیلہ اوس سے ہے حضور! ہم اس کی گردن اڑا دیں گے اور اگر وہ بنی خزرج سے ہے اور حضور ہمیں حکم دیں تو تعمیل ارشاد کی جائے گی۔ حضرت صدیقہ فرماتی ہیں کہ سعد بن عبادہ اُٹھے جو خزرج کے سردار تھے اور بڑے صالح آدمی تھے لیکن ان کی قبائلی عصبیت بیدار ہو گئی۔ انھوں نے کہا ایسا ہرگز نہیں ہو گا کیونکہ تمہیں علم ہے وہ شخص خزرجی ہے اس لیے تم ایسی باتیں کر رہے ہو۔ اگر وہ اوس قبیلے کا فرد ہوتا

تو تم ایسا نہ کہتے۔ غرضیکہ تلخ کلامی یہاں تک بڑھی کہ قریب تھا دونوں قبیلوں میں لڑائی چھڑ جائے۔ حضورؐ نے دونوں کے جوش کو ٹھنڈا کیا اور معاملہ رفع دفع ہو گیا۔ میرے شب و روز گریہ وزاری میں گزرتے لمحہ بھر کے لیے بھی نیند نہ آتی۔ میرے والدین کو یہ اندیشہ لاحق ہو گیا کہ اس طرح رونے سے اس کا کلیجہ پھٹ جائے گا۔ ایک دن میں رو رہی تھی میرے والدین بھی میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک انصاری عورت ملنے کے لیے آئی وہ بھی بیٹھ کر رونے لگی۔ یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے۔ سلام فرمایا اور بیٹھ گئے۔ اس سے پہلے کبھی بیٹھے نہ تھے۔ ایک مہینہ گزر چکا تھا۔ میرے بارے میں کوئی وحی نہیں اتری تھی۔ حضورؐ نے تشہد کے بعد فرمایا اے عائشہ تیرے بارے میں مجھے ایسی ایسی اطلاع ملی ہے۔ اگر تو پاکدامن ہے تو اللہ تعالیٰ تیری براءت کر دے گا۔ اگر تجھ سے قصور سرزد ہو گیا ہے تو توبہ کرے۔ کیونکہ بندہ اگر اپنے قصور کا اعتراف کرے اور توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔ میرے آنسو یکدم خشک ہو گئے۔ میں نے اپنے والد محترم سے کہا کہ حضورؐ کو اس بات کا جواب دیں۔ انھوں نے فرمایا میں کچھ جواب نہیں دے سکتا۔ پھر میں نے والدہ سے کہا، انھوں نے بھی معذوری ظاہر کی۔ میں اگرچہ نوعمر تھی، زیادہ قرآن بھی پڑھا ہوا نہ تھا لیکن میں نے عرض کی بخدا آپ لوگوں نے ایک بات سنی اور وہ تمھارے دلوں میں جم گئی۔ اگر میں یہ کہوں کہ میں بے گناہ ہوں اور خدا جانتا ہے کہ میں بے گناہ ہوں تو آپ لوگ میری بات نہیں مانیں گے اور اگر میں ایک ایسی بات کا اعتراف کروں جس سے خدا جانتا ہے کہ میں بری ہوں تو آپ فوراً مان لیں گے۔ اب میرے لیے اس کے بغیر کوئی چارۂ کار نہیں کہ میں وہ بات کہوں جو یوسف کے باپ نے کہی تھی فصبر جمیل واللہ المستعان علی ما تصفون۔ پھر میں منہ پھیر کر بستر پر لیٹ گئی۔ مجھے یقین تھا کہ اللہ ضرور میری براءت فرمائے گا لیکن مجھے یہ خیال نہ تھا کہ میرے بارے میں آیات قرآنی نازل ہوں گی۔ میں اپنے آپ کو اس کا اہل نہ سمجھتی تھی۔ حضورؐ ابھی وہیں تشریف فرما تھے کہ نزول وحی کے آثار ظاہر ہونے لگے۔ سردی کے موسم میں بھی نزول وحی کے وقت پسینے کے قطرے موتیوں کی طرح ڈھلکنے لگتے تھے جب وہ کیفیت ختم ہوئی تو حضورؐ ہنس رہے تھے اور پہلی بات جو حضورؐ نے فرمائی وہ یہ تھی: ابشری یا عائشة اما اللہ عزوجل فقد برءك۔ اے عائشہ خوشخبری ہو اللہ تعالیٰ نے تیری براءت فرما دی ہے۔ میری والدہ نے مجھے کہا اے عائشہ اٹھ اور حضورؐ کا شکریہ ادا کر۔ میں نے کہا بخدا میں نہیں اٹھوں گی اور نہ کسی کا شکریہ ادا کروں گی صرف اللہ تعالیٰ کا شکر کروں گی جس نے میری براءت فرمائی۔

اس وقت یہ دس آیات انّ الذین جاءُو بالافك ... الآیة نازل ہوئیں۔

اس طرح منافقین کا اٹھایا ہوا یہ طوفان تھما۔ اگرچہ اس کا سرغنہ رئیس المنافقین عبداللہ بن اُبی تھا لیکن اس نے اس شدومد سے بات کا بتنگڑ بنایا کہ کئی سادہ لوح مسلمان اس کی لپیٹ میں آ گئے۔ چنانچہ حضرت حسان، مسطح اور حمنہ بنت جحش کا نام اسی زمرہ میں لیا جاتا ہے۔ انہیں حد قذف لگائی گئی اور عبداللہ مذکور کو بعض اقوال کے مطابق حد لگائی گئی لیکن اکثر کا یہ خیال ہے کہ اس سے تعرض نہیں کیا گیا۔ اسے خدا کی آتش انتقام میں ہمیشہ جلتے رہنے کے لیے چھوڑ دیا گیا۔

باقی امور کا ذکر آیات کی تشریح کے ضمن میں کیا جائے گا۔

بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ

نہ کرو ۱۶ بلکہ یہ بہتر ہے تمھارے لیے۔ ہر شخص کے لیے اس گروہ میں سے اتنا گناہ ہے جتنا اس نے کمایا۔

وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۱۱ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ

اور جس نے سب سے زیادہ حصہ لیا ان میں سے (تو) اس کے لیے عذاب عظیم ہوگا ۱۷ ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب تم نے یہ

ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ

(افواہ) سنی تو گمان کیا ہوتا مومن مردوں اور مومن عورتوں نے اپنوں کے بارے میں نیک گمان ۱۸ اور کہہ دیا ہوتا کہ یہ تو

۱۵ کذب بیانی اور بہتان تراشی کی انتہا کو افک کہتے ہیں۔ "الافك ابلغ ما یکون من الکذب والافتراء"۔ اس ایک لفظ سے ہی منافقین کی سازش کو بے نقاب کر دیا کہ اس کا صداقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ یہ سراسر جھوٹ، افترا اور بہتان ہے۔ جس واقعہ کو زبانِ قدرت جھوٹ کا پلندا کہہ دے اس کی مزید تردید کی ضرورت نہیں رہتی۔ لیکن واقعہ کی سنگینی کے پیشِ نظر اور مسلمانوں کی تربیت کے لیے اس کو مزید وضاحت سے بیان فرمایا۔

۱۶ خطاب تمام مسلمانوں کو ہے۔ خصوصاً حضرت صدیق اور ان کے خانوادہ کو یعنی اس بہتان تراشی سے جو قلبی اور روحانی تکلیف تمھیں پہنچی ہے اسے شر خیال نہ کرو، اس میں تمھارے لیے خیر ہی خیر ہے۔ اس جھوٹے الزام سے تمھیں دکھ ہوا۔ رضاء الٰہی کے لیے تم نے صبر کیا اس پر تمھیں اجرِ عظیم ملے گا۔ اے صدیق! تمھیں چند دن تکلیف ضرور ہوئی لیکن اب قیامت تک تیری نورِ نظر کی پاک دامنی کی شہادت قرآن دیتا رہے گا۔ تیری لختِ جگر کی عفت اور پاک دامنی کو ماننا ایمان اور اسلام ہوگا۔ جو اس کا انکار کرے گا بلکہ جو اس میں ذرا شک کرے گا وہ بھی دائرۂ اسلام سے خارج اور نعمتِ ایمان سے محروم کر دیا جائے گا۔

۱۷ جس نے اس جھوٹ گھڑنے اور اس کی تشہیر میں سب سے زیادہ حصہ لیا اس سے مراد عبداللہ بن اُبی ہے۔

۱۸ علامہ قرطبی لکھتے ہیں:۔

"هذا عتاب من الله سبحانه وتعالیٰ للمؤمنین"۔

یعنی اللہ تعالیٰ مومنوں کو عتاب اور سرزنش فرما رہے ہیں کہ تم نے سنتے ہی اس بہتان کی تردید کیوں نہ کر دی۔ اس میں تردد کی غلطی کیوں کی۔ تمھیں تو فوراً کہہ دینا چاہیے تھا هٰذا افك مبين۔ یہ کھلا ہوا جھوٹ ہے۔

اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۲﴾ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا

کھلا ہوا بہتان ہے ۔ (اگر وہ سچے تھے تو) کیوں نہ پیش کر سکے اس پر چار گواہ ۔ ۱۹؎ پس جب وہ پیش نہیں

بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ

کر سکے گواہ تو (معلوم ہو گیا کہ) وہی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک جھوٹے ہیں ۔ اور اگر نہ ہوتا اللہ تعالیٰ

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِىْ مَآ

کا فضل تم پر اور اس کی رحمت ۲۰؎ دنیا اور آخرت میں تو پہنچتا تمھیں اس سخن سازی کی وجہ

اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۚ ﴿۱۴﴾ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ

سے سخت عذاب ۔ (جب تم ایک دوسرے سے) نقل کرتے تھے اس (بہتان) کو اپنی زبانوں سے

بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ

اور کہا کرتے تھے اپنے مونہوں سے ایسی بات جس کا تمھیں کوئی علم ہی نہ تھا نیز تم خیال کرتے کہ یہ معمولی بات ہے حالانکہ یہ

اللّٰهِ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ

بات اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت بڑی تھی ۔ اور ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب تم نے یہ افواہ سنی تو تم نے کہہ دیا ہوتا ہمیں یہ حق نہیں پہنچتا

۱۹؎ اگر ان کے اس دعویٰ میں رائی کے برابر بھی صداقت ہوتی تو وہ گواہ پیش کرتے لیکن ان کا گواہ پیش کرنے سے قاصر رہنا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ یہ الزام بالکل من گھڑت ہے اور محض حسد کا نتیجہ ہے۔

۲۰؎ یہ اللہ تعالیٰ کا محض فضل و احسان اور اس کی رحمت ہے کہ اس نے تمھیں فوراً عذاب میں مبتلا نہیں کر دیا ورنہ بے پرکی اڑانے والوں نے تو قہر الٰہی کو دعوت دینے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ انھوں نے تو یہ خیال کیا کہ یہ ایک معمولی سی بات ہے۔ انھیں کیا خبر کہ جس بات سے اللہ تعالیٰ کے محبوب کا دل رنجیدہ ہو۔ اس سے اللہ تعالیٰ کی آتش غضب بھڑک اٹھتی ہے جس ذات پاک کو پاک دامنی و پاک بازی کا درس دینے کے لیے منتخب فرمایا گیا ہو اس کے دامن تقدس کو داغ دار کرنے کی کوشش اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑی ہی مذموم اور ناپاک ہے۔

نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۶﴾ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ

کہ ہم گفتگو کریں اس کے متعلق۔ اے اللہ! تو پاک ہے ۵۱؎ یہ بہت بڑا بہتان ہے۔ نصیحت کرتا ہے تمہیں اللہ تعالیٰ

۵۱؎ یہاں "سُبْحٰنَكَ" ذکر کرکے اس امر کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے پاک اور منزہ ہے کہ اس کے رسول کی زوجہ محترمہ کا دامن ایسے الزام سے آلودہ ہو رہا۔ گویا نبی مکرم کی رفیقہ حیات پر الزام لگانا نبی مکرم پر الزام لگانا اور نبی مکرم پر ایسا الزام آپ پر نہیں بلکہ رب کریم پر ہے جس نے ایسا نبی بنایا۔ یاد رہے کہ حضرت صدیقہ﷞ کی پاکدامنی کو ثابت کرنے کے لیے زبان قدرت نے وہی اسلوب اختیار کیا جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانے والوں کی تردید کے وقت اختیار کیا جاتا ہے۔

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ تصریح فرماتے ہیں کہ وحی کے نزول سے پہلے بھی حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت عائشہ﷞ کی پاکدامنی کا علم تھا، کیونکہ نبی کا ایسے عیوب سے پاک ہونا جو لوگوں کو اس سے متنفر کردیں ضروریات عقلیہ میں سے ہے جیسے اس کا جھوٹا ہونا کمینہ خاندان کا فرد ہونا اس کے والدین کا تہمت زنا سے متہم ہونا، اس طرح اس کی اہلیہ کی عصمت کا مشکوک ہونا اگر نبی میں ان عیوب میں سے کوئی ایک عیب بھی پایا جائے گا تو لوگ اس سے متنفر ہو جائیں گے اور اس کی بعثت کا مقصد ہی فوت ہو جائے گا۔ ان کونہا زوجۃ للرسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم المعصوم یمنع من ذالک لان الانبیاء مبعوثون الی الکفار لیدعوھم ویستعطفوھم فوجب ان لایکون معھم ما ینفرھم عنھم و کون الانسان بحیث تکون زوجتہ مسافحۃ من اعظم المنفرات۔ (تفسیر کبیر)

امام موصوف نے اپنے اس کلام پر دو شبہے پیش کیے ہیں اور خود ہی ان کا جواب دیا ہے۔

۱۔ نبی کی بیوی کا کافر ہونا قرآن سے ثابت ہے اور کفر زنا سے زیادہ سنگین جرم ہے۔ اگر نبی کی اہلیہ سے کفر جیسے سنگین جرم کا ارتکاب ہو سکتا ہے تو اس سے کم درجے کے گناہ کا صدور بھی ممکن ہے۔ اس کا جواب فرمایا کہ بیوی کا کفر لوگوں کو متنفر نہیں کرتا، البتہ اس کے دامن عصمت کا داغدار ہونا لوگوں کو بلاشبہ متنفر کر دیتا ہے۔

۲۔ دوسرا شبہ یہ ذکر کیا ہے کہ اگر حضور کو علم ہوتا تو حضور اتنا عرصہ پریشان کیوں رہتے۔ اس کے رد میں فرماتے ہیں کہ حضور کا پریشان ہونا عدم علم کی دلیل نہیں۔ کفار کی ایسی باتیں جن کا بطلان اظہر من الشمس تھا وہ سن کر بھی حضور پریشان ہوتے۔ ولقد نعلم انک یضیق صدرک بما یقولون۔ نیز حضرت عائشہ﷞ کی پاکدامنی ایک مسلمہ حقیقت تھی جس کے متعلق کسی کو کوئی شبہ بھی نہ تھا۔ الزام لگانے والے سارے منافق تھے اور ان کے پاس اس الزام کو ثابت کرنے کے لیے کوئی ثبوت نہ تھا۔ ان قرائن کے ہوتے ہوئے ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ نزول وحی سے پہلے بھی اس الزام کا جھوٹا ہونا حضور کو بخوبی معلوم تھا فلمجموع ھٰذہ القرائن کان ذالک القول معلوم الفساد قبل نزول الوحی (کبیر)

اس کے علاوہ جو خطبہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے منبر پر کھڑے ہو کر ارشاد فرمایا تھا اس کا یہ جملہ سابقہ

اَنۡ تَعُوۡدُوۡا لِمِثۡلِهٖۤ اَبَدًا اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۷﴾ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَـكُمُ

کہ دوبارہ اس قسم کی بات ہرگز نہ کرنا اگر تم ایمان دار ہو۔ اور کھول کر بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ

الۡاٰيٰتِ‌ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ‏ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ يُحِبُّوۡنَ اَنۡ تَشِيۡعَ

تمہارے لیے (اپنی) آیتیں، اور اللہ سب کچھ جاننے والا بڑا دانا ہے۔ بیشک جو لوگ یہ پسند کرتے ہیں کہ پھیلے

الۡفَاحِشَةُ فِى الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌۙ فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ‌ؕ

بے حیائی ٢٣؎ ان لوگوں میں جو ایمان لاتے ہیں (تو) ان کے لیے دردناک عذاب ہے دُنیا اور آخرت میں

شک و شبہ کو دُور کر دینے کے لیے کافی ہے۔ یٰمعشر المسلمین من یعذرنی من رجل قد بلغنی اذاہ فی اھل بیتی فواللہ ماعلمت علی اھلی الا خیرا۔ اے گروہ مسلمانان! مجھے اس شخص کے معاملہ میں کون معذور تصور کرے گا جس نے میرے اہل خانہ کے بارے میں مجھے اذیت پہنچائی ہے اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں میں اپنے اہل کے متعلق خیر کے بغیر اور کچھ نہیں جانتا۔

بالاتفاق حضور کا یہ خطبہ نزول آیات سے پہلے کا ہے۔ اپنے اہل بیت کی براءت حلف اٹھا کر بیان فرمائی اور مفتری سے انتقام لینے کا حکم دیا۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا حلف اُٹھانا اور مفتری سے انتقام لینے کا حکم دینا اسی وقت تصور کیا جا سکتا ہے جب حضور کو حضرت عائشہ کی پاکیزگی اور الزام لگانے والوں کے جھوٹے ہونے کا یقینی علم ہو۔ اگر حضور کو ذرا بھی تردُّد ہوتا تو حضور قطعاً حلف اٹھاتے اور نہ مفتری کو سزا دینے کی ترغیب دیتے۔

آجکل بھی بعض لوگ بڑے سوقیانہ انداز میں اس واقعہ کو عام جلسوں میں بیان کرتے ہیں اور اپنے نبی پاک کی بے علمی ثابت کرنے کے لیے عجیب وغریب موشگافیاں کرتے ہیں کہ اگر حضور کو علم ہوتا تو رنجیدہ خاطر کیوں ہوتے۔ اگر علم ہوتا تو صاف الفاظ میں حضرت عائشہ کی براءت کا اعلان کیوں نہ کر دیتے۔ وغیرہ۔ جنہیں سُن کر دل درد سے بھر جاتا ہے اور کلیجہ شق ہونے لگتا ہے اور یہ سمجھ نہیں آتی کہ یہ صاحب جو اپنا سارا زورِ بیان اور قوتِ استدلال اپنے نبی کی بے علمی ثابت کرنے کے لیے صرف کر رہے ہیں ان کا اس نبی سے قلبی تعلق نہ سہی رسمی تعلق بھی ہوتا تو وہ ایسا کہنے کی جرأت نہ کرتے۔ وہ خود سوچیں اگر ان کی بہو بیٹی پر ایسا بہتان لگایا جائے یا خود ان کی اپنی ذات کو ہدف بنایا جائے۔ اگرچہ انہیں اپنی پاکدامنی کا حق الیقین بھی ہو تو کیا ان کا جگر چھلنی نہیں ہو جائے گا۔ نزول وحی میں تاخیر کی جو حکمتیں ہیں ان کا آپ کیا اندازہ لگا سکتے ہیں ابتلاء میں شدت اس کی مدت میں طوالت اس پر صبر و استقامت کا مظاہرہ ان تمام امور میں بھی لطف ہے اس کی قدر و منزلت اہل محبت ہی جانتے ہیں۔

٢٣؎ کسی پر لگائے ہوئے الزام کی بلا تحقیق تشہیر کرنا بڑا تعیوں اور فواحش کے خلاف نفرت کی جو دیوار اسلام نے

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ

اور اللہ تعالیٰ (حقیقت کو) جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ہو۔ اور اگر نہ ہوتا تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی

رَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

رحمت اور یہ کہ اللہ تعالیٰ بہت مہربان (اور) رحیم ہے (تو تم بھی نہ بچ سکتے) اے ایمان والو!

لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ

نہ چلو شیطان کے نقشِ قدم پر ۳۳؎ اور جو چلتا ہے شیطان کے نقشِ قدم پر تو

فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ

وہ حکم دیتا ہے (اپنے پیروؤں کو) بے حیائی کا اور ہر بُرے کام کا۔ اور اگر نہ ہوتا تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور

قائم کر دی ہے اس میں رخنہ اندازی کی قولاً فعلاً کوشش کرنا ایسی کتابیں لکھنا جن سے شہوانی جذبات میں تحریک ہو ایسے گانے ایسی تصاویر، ایسے ڈرامے، ایسی فلمیں جن سے نوجوانوں میں شرم وحیا کا جذبہ کمزور ہوتا جائے سب اس میں شامل ہیں۔ وہ لوگ جو محض دولت کمانے کے لیے ایسی فلمیں بناتے ہیں بڑھ چڑھ کر حیا سوز مناظر پیش کرتے ہیں، ایسے اشتہارات جن میں جنسی عریانیت سے جاذبیت اور کشش پیدا کی جاتی ہے۔ ایسا لٹریچر جس کی مقبولیت کا انحصار ہی شہوانی محرکات پر ہے۔ مانا کہ وقتی طور پر اس کی آمدنی میں بے پایاں اضافہ ہو جاتا ہے لیکن اس سے جو نقصان ہوگا اس سے کوئی بھی محفوظ نہیں رہیگا جب قوم کا اخلاق بگڑ جائے گا، جب شرم وحیا کی چادر تار تار ہو جائے گی، بے حیا اور ہوسناک نگاہیں اس کی دولت عصمت لوٹنے میں بھی کوئی تامل محسوس نہیں کریں گی۔ قوم کے اصلاح یافتہ ہونے کی برکات سے جس طرح ہر فرد مستفید ہوتا ہے اسی طرح اس کے اخلاق باختہ ہونے سے ہر فرد کو حصہ رسدی مل کر رہتا ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اس دروازہ کو بند کر دیا جس سے فسق وفجور کا سیلاب اُمنڈ سکتا ہے۔

۳۳؎ دو قدموں کے درمیان جو جگہ ہوتی ہے اس کو عربی میں خُطْوَۃٌ کہتے ہیں۔ جس کی جمع خُطُوَاتٌ ہے۔ یہ مصدر نہیں اسم ہے۔ خطا یخطو کا مصدر خَطْوَۃٌ ہے۔ مقصد یہ ہے کہ شیطان کی پیروی مت کرو، اس کے نقشِ قدم پر مت چلو کیونکہ وہ اپنے ماننے والوں کو نیکی اور ہدایت کی دعوت نہیں دیتا بلکہ اس کا یہ شیوہ ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے ماننے والوں کو بے حیائی اور بدکاری کی تلقین کرتا ہے اور بُرے کاموں کو اس حسین انداز میں پیش کرتا ہے کہ ان کے بُرے نتائج نگاہوں سے اوجھل ہو جاتے ہیں۔ انسان یہی سمجھنے لگتا ہے کہ ساری مسرتیں، ساری عزتیں انہی بُرے کاموں میں

ع ۸ النصف

رَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّ لٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

اس کی رحمت تو نہ بچ سکتا تم میں سے کوئی بھی ہرگز ؎۴۴ ہاں اللہ تعالیٰ پاک کرتا ہے جسے چاہتا ہے

وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾ وَ لَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَ السَّعَةِ

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے ؎۴۵ اور نہ قسم کھائیں جو برگزیدہ ہیں تم میں سے ؎۴۶ اور خوش حال

سٹ کر رہ گئی ہیں شیطان کے اکسانے سے وہ ایسی ایسی کمینی اور حیا سوز حرکتیں کرتا ہے کہ دیکھنے والے انگشت بدنداں ہو جاتے ہیں۔ لیکن جب اپنی بدکاریوں کے نتائج سے وہ دوچار ہوتا ہے، جب بے حیائی کی جلائی ہوئی آگ خود اس کے اپنے گھر کو لپیٹ میں لے لیتی ہے۔ اس کی اپنی ناموس اور عصمت لٹنے لگتی ہے اس وقت وہ شیطان کو اپنی مدد کے لیے پکارتا ہے لیکن وہ بے مروت ہنس کر ٹال دیتا ہے اور الٹا اس کا مذاق اڑاتا ہے۔

؎۴۴ آخر میں اس حقیقت کو بیان فرما دیا کہ یہ محض اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہے کہ وہ تمہیں شیطان کی وسوسہ اندازیوں سے اور اس کے دام فریب سے بچالے ورنہ تم میں یہ طاقت نہیں کہ تم اس گرگ باراں دیدہ کی فریب کاریوں سے اپنے آپ کو بچا سکو۔ اللہ تعالیٰ جب کسی بندہ پر اپنی نظر لطف و کرم فرماتا ہے تو گرتے ہوئے سنبھل جاتے ہیں اور ڈوبتے ہوؤں کو سہارا مل جاتا ہے۔ اپنے علم اور فہم پر نازاں نہ ہوا کرو۔ ہر وقت اس کے فضل و کرم کے امیدوار رہا کرو اور اسی کی بارگاہ اقدس میں بصد عجز و نیاز عرض کیا کرو کہ اے الٰہ العٰلمین ہم کمزور ہیں شیطان کی چالیں بڑی خطرناک ہیں، ہم تنہا اس کا مقابلہ نہیں کر سکتے تو ہماری مدد فرما اور ہمیں اس کے شر سے بچالے۔

؎۴۵ وہ تمہاری سب باتوں کو سنتا ہے۔ اور تمہارے ارادوں سے بھی واقف ہے۔ اگر تم سچے دل سے توبہ کروگے اور اس کی رضا کے طلبگار ہوگے تو وہ ضرور تمہاری مدد فرمائے گا۔

؎۴۶ جس طرح پہلے بیان ہوا کہ حضرت صدیقہ پر بہتان لگانے والوں میں سے مسطح بن اثاثہ بھی تھے جو آپ کی خالہ زاد بہن کے بیٹے تھے۔ ان کی مالی حالت بڑی ناگفتہ بہ تھی حضرت صدیق اکبر ہمیشہ ان کی اعانت فرمایا کرتے تھے اور ان کی ضرورت پوری کرنے میں خصوصی توجہ کرتے۔ جب مسطح اس غلط الزام کو پھیلانے میں پیش پیش ہوتے تو آپ کو سخت صدمہ پہنچا۔ جب اللہ تعالیٰ نے برأت فرما دی تو آپ نے قسم اٹھائی کہ وہ آئندہ مسطح کی اعانت نہیں کریں گے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت صدیق کو اس آیت میں قسم توڑنے کا حکم دیا اور بڑے دلکش اور موثر انداز میں مسطح کا قصور معاف کر دینے کی تلقین کی۔ فرمایا:
"فَلْيَعْفُوْا وَ لْيَصْفَحُوْا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ۔ یہ سنتے ہی حضرت صدیق اکبر نے فرمایا: بلی واللہ یا ربنا انا لنحب ان تغفرلنا (روح المعانی)۔ اے پروردگار مجھے تیری قسم، ہم تو اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ تو ہمیں معاف فرما دے اور آپ نے پہلے سے بھی زیادہ مسطح کی امداد اور دلداری شروع کر دی۔

أَنْ يُّؤْتُوْٓا أُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ

ہیں شک اس بات پر کہ وہ نہ دیں گے رشتہ داروں کو اور مسکینوں کو اور راہِ خدا میں ہجرت کرنے والوں کو۔

وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ۗ أَلَا تُحِبُّوْنَ أَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

اور چاہیے کہ (یہ لوگ) معاف کردیں اور درگزر کریں۔ کیا تم پسند نہیں کرتے کہ بخش دے اللہ تعالیٰ تمھیں اور اللہ غفور

ذرا غور فرمایئے قرآن کریم اپنے ماننے والوں کو اخلاق کی کن بلندیوں پر پہنچانا چاہتا ہے۔ مسطح نے اپنے خاندان کے بزرگ اور اپنے ذاتی محسن کی ناموس پر حملہ کیا تھا اور ایسا چرکا لگایا تھا کہ یہ زخم کبھی مندمل نہیں ہوسکتے تھے۔ آپ نے اس کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی بھی نہیں کی تھی، صرف مالی اعانت سے ہاتھ کھینچ لیے تھے، لیکن اللہ تعالیٰ کو یہ بھی پسند نہ آیا اس سے بھی باز آنے کا حکم دیا کہ تم جس نبی مکرم کے فیض یافتہ ہو اس نے تو ہمیشہ پتھر مارنے والوں اور راستے میں کانٹے بچھانے والوں کے لیے بھی ہدایت کی دعائیں مانگی ہیں۔ تمھیں یہ زیب دیتا ہے کہ جس شخص نے تمھاری آبرو کو داغدار کرنے کی ناپاک کوشش کی ہے اس کے اس کرتوت کو خاطر میں نہ لاؤ اور حسبِ دستور اس کی مالی اعانت کرتے رہو۔ وفی الآیۃ من الحث علیٰ مکارم الاخلاق ما فیہا (روح المعانی)

یہاں ایک مسئلہ کا ذکر کردینا بھی فائدہ سے خالی نہ ہوگا اگر کوئی شخص کسی بات پر قسم اٹھالے اور اس سے کوئی دوسری چیز بہتر ہو تو وہ اپنی قسم کو توڑ دے، اس کا کفارہ ادا کردے اور وہ کام کرے جو زیادہ بہتر اور مفید ہو۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: من حلف علی یمین فرآی غیرھا خیراً منہا فلیأتِ الّذی ھو خیر ولیکفر عن یمینہٖ (احکام القرآن جصاص)

یعنی اگر کوئی شخص کوئی کام کرنے کی قسم اٹھالے پھر اس سے کوئی بہتر کام معلوم ہو تو وہ بہتر کام کرے اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کردے۔

شے فضل سے مراد بزرگی ہے اور السعۃ سے مراد دولتمندی اور کشادہ دستی ہے۔ اس میں تو کوئی شبہ نہیں کہ یہ آیت حضرت صدیقؓ کے حق میں نازل ہوئی۔ رب العالمین ابوبکر صدیقؓ کو ان معزز القاب سے سرفراز فرما رہے ہیں۔ جس کو اللہ تعالیٰ ان الفاظ سے یاد فرمائے اور جس کے اخلاقِ عالیہ کی بلندی کا یہ عالم ہو تو ایسی ہستی کے خلاف ہرزہ سرائی کرنا نامعقولیت کی انتہا ہے۔ بعض لوگوں نے اولوا الفضل کا معنی دولتمند اور مالدار کیا ہے یہ درست نہیں ورنہ کلامِ الٰہی میں تکرار آئے گا۔ السعۃ سے مراد یقیناً دولتمندی اور فراخ دستی ہے اور الفضل کا معنی بھی اگر یہی لیا جائے تو یہ قرآن کی فصاحت کے خلاف ہوگا۔ اس لیے فضل کا معنی اخلاقی اور روحانی بزرگی اور برتری ہے۔ اور السعۃ کا معنی دولت کی فراوانی ہے۔ اور حضرت صدیقؓ ان دونوں نعمتوں سے سرفراز تھے۔

رَّحِيْمٌ ⑳ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا

رحیم ہے۔ جو لوگ تہمت لگاتے ہیں پاکدامن عورتوں پر جو انجان ہیں، ایمان والیاں ہیں ۳۵ ان پر

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ㉓ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ

پھٹکار ہے دنیا اور آخرت میں اور ان کے لیے عذاب عظیم ہے۔ وہ یاد کریں اس دن کو جب گواہی دیں گی ان کے

۳۵ پہلے تو حضرت صدیقہ کی ذات گرامی پر الزام لگانے والوں کی کمینگی اور سفلگی کا ذکر ہوا اور وہ سزا بیان کی گئی جو ایسے نابکاروں کو دی جانی چاہیے۔ اب حضرت صدیقہ کی قیامت تک آنے والی خادماؤں اور کنیزوں کی آبرو پر حملہ کرنے والوں کے متعلق اپنی ناراضگی کا اظہار فرمایا جارہا ہے۔ غافلات سے مراد وہ پاک طینت خواتین ہیں جو طبعاً اتنی نیک ہوتی ہیں کہ ان کے دلوں میں ان فضول حرکتوں کا کبھی خیال تک بھی نہیں آتا۔ وہ اپنی فطری عفت کے باعث کمینہ خصلت لوگوں کے طور اطوار سے بالکل ناواقف اور انجان ہوا کرتی ہیں۔ نیز انھیں بھولے سے بھی کبھی یہ خیال نہیں آتا کہ ان پر بھی کوئی انگشت نمائی کرسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو شخص ایسی نیک فطرت، عفت شعار مسلمان عورتوں پر اس قسم کا گھناؤنا الزام لگاتا ہے دُنیا اور آخرت میں اس پر خدا کی لعنت ہوگی اور انھیں دردناک عذاب میں مبتلا کر دیا جائے گا۔ بعض حضرات نے اس آیت کو اُمّہات المومنین کے لیے مخصوص کیا ہے لیکن جمہور علماء کے نزدیک پہلا قول ہی راجح ہے۔ اور اُمّہات المومنین بطریقِ اَولیٰ اس میں داخل ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اجتنبوا السبع الموبقات۔ سات ہلاک کر دینے والی چیزوں سے بچو۔ قیل ماھن یا رسول اللہ۔ عرض کی گئی وہ کونسی چیزیں ہیں۔ حضور نے فرمایا الشرك باللہ والسحر وقتل النفس التی حرم اللہ الا بالحق واكل الربوٰ واكل مال اليتيم والتولی يوم الزحف وقذف المحصنات الغافلات المومنات (صحیحین)

حضور نے فرمایا، وہ سات چیزیں یہ ہیں:۔

۱۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک کرنا،

۲۔ جادو کرنا،

۳۔ کسی بے گناہ کو قتل کرنا،

۴۔ سود کھانا،

۵۔ یتیم کا مال کھانا،

۶۔ میدان جنگ سے بھاگ آنا،

۷۔ پاک دامن، انجان ایماندار خواتین پر جھوٹی تہمت لگانا۔

أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٢٤﴾ يَوْمَئِذٍ

خلاف ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں ان اعمال پر جو وہ کیا کرتے تھے ۲۹ء اس روز ۳۰ء پورا

يُوَفِّيهِمُ اللَّهُ دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ ﴿٢٥﴾

پورا دے گا انھیں اللہ تعالیٰ ان کا بدلہ جس کے وہ حقدار ہیں اور وہ جان لیں گے کہ اللہ تعالیٰ ہی ٹھیک ٹھیک فیصلہ کرنے والا ہر بات آشکارا

الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ ۖ وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِينَ

کرنے والا ہے ناپاک عورتیں ناپاک مردوں کے لیے ہیں اور ناپاک مرد ۳۱ء ناپاک عورتوں کے لیے ہیں۔ اور پاک دامن عورتیں پاک

وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ مُبَرَّءُونَ مِمَّا يَقُولُونَ ۖ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ

دامن مردوں کے لیے اور پاک دامن مرد پاک دامن عورتوں کے لیے ہیں۔ یہ مبرا ہیں ان تہمتوں سے جو وہ ناپاک لگاتے ہیں۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضورؐ نے فرمایا قذف المحصنة يهدم عمل مائة سنة (طبرانی) کسی پاک دامن عورت پر بہتان لگانا سو سال کی نیکیوں کو برباد کر دیتا ہے۔

۲۹ء یہ لوگ آج تو اپنی چرب زبانی سے اپنی غلط باتوں کی تاویلیں کر لیتے ہیں اور سادہ لوح انسانوں کو بہکانے کے لیے دلائل کے انبار لگا دیتے ہیں۔ ذرا وہ اس دن کو بھی یاد کریں جب ان کی زبانیں ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں ان کے خلاف گواہی دیں گے اور وہ انکار کرنے کی جرات نہیں کر سکیں گے۔

۳۰ء دین سے مراد وہ بدلہ اور جزا ہے جو ان کے کرتوتوں کے باعث ان پر لازم ہو چکی ہے اور اس کا معنی حساب بھی کیا گیا ہے۔ ای جزاءهم الواجب وقيل حسابهم العدل۔

۳۱ء دوستی اور سنگت ہر شخص سے نہیں ہو جایا کرتی بلکہ طبعی مناسبت کو اس میں بڑا دخل ہے۔ برے لوگ اپنے ہم جنسوں کے پاس بیٹھ کر ہی راحت محسوس کرتے ہیں۔ اگر انھیں مختصر مدت کے لیے ہی نیک لوگوں کی محفل میں بیٹھنا پڑے تو وہ اکتا جاتے ہیں اور وہاں سے بھاگ نکلنے کی تدبیریں کرنے لگتے ہیں۔ اسی طرح اگر نیک فطرت لوگ اپنے ہم مذاق لوگوں کے پاس بیٹھیں گے تو انھیں کوئی اکتاہٹ محسوس نہیں ہوگی بلکہ وہ بڑی فرحت اور انبساط محسوس کریں گے اور اگر انھیں بد اطوار لوگوں کے پاس لمحہ بھر کے لیے بیٹھنا پڑے تو وہ اداس ہو جائیں گے۔ اسی قاعدہ کے مطابق اکثر و اغلب ایسا ہوتا ہے کہ خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لیے اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لیے، پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کے لیے ہوتے ہیں۔ جب قدرت کا عام اصول یہ ہے تو خود غور کرو جو الطیب الا طیبین ہے

وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٦﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ

اُن کے لیے ہی (اللہ کی) بخشش ہے اور عزت والی روزی ہے۔ اے ایمان والو! نہ داخل ہوا کرو دوسرے گھروں میں اپنے گھروں کے

جو خیر الاولین والآخرین ہے تو اس کی اہلیہ محترمہ بھی اَطْیَبُ الطّیّبات ہوگی۔ ان نابکاروں کا جھوٹ اسی ایک بات سے عیاں ہو جاتا ہے۔ مزید دلائل کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں:۔

قال بعض اهل التحقيق ان يوسف عليه السلام لما رمي بالفاحشة برّءه الله على لسان صبيّ في المهد وان مريم لما رميت بالفاحشة برّءها الله على لسان ابنها عيسىٰ صلوٰة الله عليه وان عائشة لما رميت بالفاحشة برّءها الله بالقرآن۔ (قرطبی)

یعنی اہل تحقیق فرماتے ہیں کہ جب یوسف علیہ السلام پر تہمت لگائی گئی تو اللہ تعالیٰ نے ایک شیر خوار بچے کی زبان سے آپ کی براءت کی جب حضرت مریمؑ پر الزام لگایا گیا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو ابھی چند دنوں کے بچے تھے انہوں نے براءت کی لیکن جب حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ یہی واقعہ پیش آیا تو خود زبانِ قدرت نے قرآن مجید میں آپ کی پاک دامنی کی شہادت دی۔ ع

ببیں تفاوتِ راہ از کجاست تا بکجا

۴۳۔ یہاں سے اسلامی طرزِ معاشرت کے چند اہم قاعدے سکھائے جا رہے ہیں۔ انصار کی ایک خاتون بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئی۔ عرض کی، یا رسول اللہ! بسا اوقات میں گھر میں ایسی حالت میں ہوتی ہوں کہ میں نہیں چاہتی کہ کوئی مجھے اس حالت میں دیکھے کبھی میرے والد آجاتے ہیں اور کبھی اہلِ خانہ سے کوئی اور مرد آجاتا ہے۔ مجھے کیا ارشاد ہے و کیف اصنع اور میں کیا کروں؟ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

آپ خود غور فرمایئے کہ انسان کا گھر اس کا خلوت خانہ ہے جہاں وہ بے تکلفی سے وقت بسر کر سکتا ہے۔ اگر یہاں بھی ہر شخص کو بلا اجازت، بے دھڑک آگھسنے کی آزادی ہو تو انسان گھر میں وہ راحت و آرام نہیں پاسکے گا جس کی تلاش میں وہ باہر سے تھکا ماندہ آتا ہے۔ نیز گھر کی مستورات ہر وقت اپنے کپڑوں کو سنبھال کر نہیں رکھ سکتیں کبھی اوڑھنی سر سے اتر جاتی ہے کبھی کوئی کام کرنے کے لیے آستینیں چڑھانی پڑتی ہیں۔ نہانا دھونا بھی ہوتا ہے۔ ان حالات میں اگر آنے والے پر کوئی پابندی نہ ہو تو عورتیں یا تو ہر وقت سر پر چادر ڈالے رہیں اور ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھی رہیں یا نامحرم کے سامنے بے حجاب ہونے کا اندیشہ ہوں لیں۔ نیز یہ ویسے بھی بڑی سخت زیادتی ہے کہ کسی کے گھر میں بلا اجازت گھس آئے۔ اس طرح گوناگوں خرابیوں کا دروازہ کھل جائے گا۔ نظر بازی، کسی کی راز کی باتوں کو سننا وغیرہ قباحتیں رونما ہو جائیں گی گھر کا امن سکون برباد ہونے کے ساتھ ساتھ عصمت و آبرو بھی محفوظ نہیں رہے گی۔ اسلام سے پہلے عرب کے لوگ اس قسم کے آداب کے عادی نہ تھے۔ حییتم صباحًا (صبح بخیر) یا حییتم مساءً (شب بخیر) کہا اور جواب کا انتظار کیے بغیر گھر میں

آگھسے۔ اسلام نے اِس طریق کار کو سختی سے روک دیا اور حکم دیا کہ اگر کسی کے ہاں جانا پڑے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ باہر کھڑے ہو کر اذن طلب کرو اور اگر اذن مل جائے تو اہلِ خانہ کو سلام کہتے ہوئے اندر جاؤ۔ فرمایا ذالکم خیر لکم یہی طریقہ تمہارے لیے عمدہ اور پسندیدہ ہے۔

اذن کس طرح لینا چاہیے، کہاں کھڑے ہو کر لینا چاہیے، کتنی بار لینا چاہیے۔ اس کی تفصیل احادیثِ نبوی میں مذکور ہے جو درج ذیل ہے تاکہ اسلامی تمدن کا یہ قاعدہ اور اس پر عمل کرنے کا طریقہ خوب ذہن نشین ہو جائے۔

اذن لینے کا طریقہ یہ ہے کہ سلام بھی کہے، داخل ہونے کی اجازت بھی طلب کرے اور اپنا نام بھی بتائے حضرت فاروق اعظمؓ جب شرفِ باریابی حاصل کرنا چاہتے تو یوں عرض کرتے:

السلام علیك یا رسول اللہ أیدخل عمر؟ یا رسول اللہ آپ پر سلام ہو کیا عمرؓ حاضر ہو سکتا ہے؟

ایک شخص دروازہ پر آیا اور کہا أأدخل، کیا میں گھس آؤں؟ حضورؐ کی روضہ نامی باندی حاضر تھی۔ حضورؐ نے فرمایا اسے روضہ جا اور اسے اذن مانگنے کا طریقہ سکھا کہ اسے یوں کہنا چاہیے تھا السلام علیکم أأدخل۔

اگر صاحبِ خانہ اذن طلب کرنے والے سے پوچھے کہ تم کون ہو تو اُسے اپنا نام بتانا چاہیے۔ صرف یہ کہنا کہ "میں ہوں" درست نہیں۔ حضورؐ نے اس کو ناپسند فرمایا ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ معمول تھا کہ جب اذن طلب فرماتے تو دروازہ کے سامنے کھڑے نہ ہوتے بلکہ دائیں یا بائیں کھڑے ہوتے کیونکہ اُس وقت دروازوں پر پردے لٹکانے کا رواج نہ تھا۔ وذالك ان الدور لم یکن علیها یومئذ ستور۔ (قرطبی)

نیز دروازے کو کھٹکھٹانا بھی اذن طلب کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ آجکل کئی گھروں میں گھنٹی لگی ہوتی ہے اسے بجا کر بھی اذن طلب کیا جا سکتا ہے۔

زیادہ سے زیادہ تین بار اذن طلب کرنا چاہیے۔ اگر تیسری بار جواب نہ آئے تو واپس چلا آئے کیونکہ اس سے زیادہ اذن طلب کرنا صاحبِ خانہ کو اذیت دینا اور پریشان کرنا ہے۔ ہو سکتا ہے وہ اس وقت ایسے کام میں مشغول ہو جسے وہ منقطع نہ کر سکتا ہو۔ لان الزیادۃ علی ذالك قد تقلق رب المنزل وربما یضرہ الالحاح (قرطبی)

جس گھر میں ماں یا بہن رہائش پذیر ہو وہاں جاتے ہوئے بھی اذن طلب کرنا چاہیے۔ احتیاط کا تقاضا تو یہ ہے کہ اپنے گھر جہاں اس کی اہلیہ ہو اطلاع دیئے بغیر داخل نہ ہو، بلکہ پاؤں کی آہٹ کرنے سے یا کھنکھارنے سے اپنی آمد کی اطلاع دے دے۔ ہو سکتا ہے کوئی اجنبیہ عورت گھر میں اس کی بیوی سے ملنے آئی ہوئی ہو۔

اسلام نے صرف بلا اجازت داخل ہونے پر ہی پابندی نہیں لگائی بلکہ بلا اجازت کسی کے گھر میں جھانکنا بھی ممنوع قرار دیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے "من اطلع فی بیت قوم من غیر اذنهم حل لهم ان یفقئوا عینه" ترجمہ: جو دوسرں کے گھر میں ان کی اجازت کے بغیر جھانکے اُن کے لیے جائز ہے کہ وہ اس کی آنکھ

حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَ تُسَلِّمُوْا عَلٰۤى اَهْلِهَاؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ

سوا جبتک تم اجازت نہ لے لو اور سلام نہ کر لو ان گھروں میں بسنے والوں پر یہی بہتر ہے تمہارے لیے شاید تم (اس کی حکمتوں

تَذَكَّرُوْنَ ۝٢٧ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَاۤ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ

میں) غور و فکر کرو۔ پھر اگر نہ پاؤ ان گھروں میں کسی کو (جو تمہیں اجازت دے) تو نہ داخل ہو ان میں ٣٣ یہاں تک کہ اجازت دی

لَكُمْ ۚ وَ اِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا

جائے تمہیں۔ اور اگر کہا جائے تمہیں ٣٤ کہ واپس چلے جاؤ تو واپس چلے جاؤ، یہ (طرز معاشرت) بہت پاکیزہ ہے تمہارے لیے اور اللہ تعالیٰ

نکال دی (صحیح مسلم)۔ اس طرح شریعت نے گھر کو انسان کے لیے ایسا محکم حصار بنا دیا ہے جس میں اس کی اجازت کے بغیر نہ کوئی جھانک سکتا ہے نہ قدم رکھ سکتا ہے۔ تاکہ صاحب خانہ بڑی بے تکلفی اور آرام و راحت سے اپنا وقت بسر کر سکے۔

٣٣ اگر تم آکر اذن طلب کرو اور اندر سے کوئی جواب نہ ملے تو واپس چلے جاؤ کیونکہ تمہارے اذن کے جواب پر خاموشی کی وجہ یا تو یہ ہو سکتی ہے کہ گھر میں کوئی شخص موجود ہی نہیں۔ اس صورت میں تمہیں یہ حق نہیں پہنچتا کہ اہل خانہ کی عدم موجودگی میں تم ان کے گھر میں داخل ہو جاؤ۔ یا عدم جواب عدم اذن کی دلیل ہے۔ اس صورت میں بھی تمہیں اندر جانے پر اصرار نہ کرنا چاہیے۔ ایک روز حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حضرت سعدؓ بن عبادہ کے گھر تشریف لے گئے اور طلب اذن کے لیے فرمایا السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ سعدؓ نے سن لیا اور آہستہ سے وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ عرض کیا۔ حضورؐ نے دوسری بار سلام فرمایا۔ سعدؓ نے پھر بھی چپکے سے جواب دیا۔ تیسری بار بھی حضورؐ کے سلام کے جواب میں سعدؓ نے آہستہ سے وعلیکم السلام کہہ دیا۔ حضورؐ واپس تشریف لے جانے لگے تو سعدؓ دوڑتے ہوئے آئے اور عرض کی میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ حضورؐ نے جتنی بار سلام فرمایا میں نے سنا اور جواب دیا۔ میری خاموشی کا مقصد یہ تھا کہ حضورؐ مجھے بار بار سلام فرمائیں اور مجھے اس کی برکت حاصل ہو۔

٣٤ اگر تم نے اذن طلب کیا اور مالک مکان نے اجازت نہ دی تو کبیدہ خاطر اور پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ تکدّر اور ناراضگی محسوس کیے بغیر واپس چلے جاؤ۔ ہو سکتا ہے کہ اہل خانہ کسی ایسے کام میں مشغول ہوں کہ اسے ترک کرنا ان کے لیے تکلیف دہ ہو۔

جو لوگ کوئی تحقیقی کام کرنے میں مشغول ہوتے ہیں انہیں اپنے احباب کا شکوہ کرتے ہوئے اکثر سنا گیا ہے۔ وہ بیچارے اپنا کام چھوڑ کر اکثر دوستوں کی خاطر مدارات میں مشغول ہوتے ہیں تو پہروں کی جگر کاوی اور جانکاہی خاک میں مل جاتی ہے اگر اپنے کام میں لگے رہتے ہیں تو ان کے احباب اور کرم فرما بگڑ جاتے ہیں اور ان پر طعن و تشنیع کے تیروں کی بوچھاڑ کر دیتے ہیں۔ اسلام نے کیا عمدہ آداب سکھائے ہیں کہ اگر کسی وقت تمہیں ملاقات کی اجازت نہیں ملی تو خوشی خوشی واپس چلے جاؤ

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ

جو کچھ تم کرتے ہو خوب جاننے والا ہے۔ کوئی حرج نہیں تم پر اگر تم داخل ہو ایسے گھروں میں جن میں کوئی

مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾

آباد نہیں۔ جن میں تمہارا سامان رکھا ہے ۳۵؎ اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَ يَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ

آپ حکم دیجیے مومنوں کو کہ وہ نیچی رکھیں اپنی نگاہیں ۳۶؎ اور حفاظت کریں اپنی شرمگاہوں کی ۳۷؎ یہ طریقہ

اس کو اپنے کام میں منہمک رہنے دو۔ تمہارے لیے یہی کام بہتر ہے۔ یہاں گھر کی تقدیس کے ساتھ ساتھ وقت کی قدر و منزلت کا سبق دیا جا رہا ہے یعنی مومن کی زندگی اتنی بے کار اور بے مصرف تو نہیں ہوتی کہ جس وقت کوئی چاہے اس کے اوقات میں دخیل ہو جائے نہ اس کے پاس اتنا فالتو وقت ہوتا ہے کہ ہر وقت آپ کے لیے گوش بر آواز رہے۔ جو وقت اس نے مطالعہ یا کسی مخصوص کام کے لیے مقرر کر رکھا ہے اس میں اس کو کام کرنے دو۔ اس کی مصروفیتوں کا احترام کرو۔ اگر اس نے اپنی کسی مجبوری کے باعث معذرت کی ہے تو خندہ پیشانی سے اس کی معذرت خواہی کو قبول کر لو۔

اگر کوئی اجازت طلب کرے اور اس وقت اسے اجازت نہ ملے تو اسے یہ اختیار ہے کہ دروازہ سے ہٹ کر بیٹھ جائے اور اس شخص کا انتظار کرے۔ حضرت ابن عباسؓ کوئی حدیث سننے کے لیے کسی انصاری کے ہاں تشریف لے جاتے اور وہ آرام کر رہے ہوتے تو آپ اس کے انتظار میں باہر ٹھہر جاتے۔ وہ جب اپنے معمول کے مطابق باہر آتے اور حضرت ابن عباسؓ کو منتظر پاتے تو کہتے اے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے چچا کے صاحبزادے! آپ نے اپنی آمد سے ہمیں مطلع کیوں نہ کیا، تاکہ ہم اسی وقت حاضر ہو جاتے۔ تو آپ فرماتے ھکذا اُمِرنا ان نطلب العلم (مظہری) ہمیں علم حاصل کرنے کا یہی طریقہ سکھایا گیا ہے۔

۳۵؎ اس سے مراد سرائے، مہمان خانہ اور ہوٹل وغیرہ ہیں۔ جہاں ہر وقت آنے جانے کی عام اجازت ہوتی ہے۔

۳۶؎ شریعتِ اسلامیہ فقط گناہوں سے نہیں روکتی اور ان کے ارتکاب پر سزا نہیں دیتی۔ بلکہ ان تمام وسائل اور ذرائع پر پابندی عائد کرتی ہے اور انہیں ممنوع قرار دیتی ہے جو انسان کو گناہوں کی طرف لے جاتے ہیں تاکہ جب گناہوں کی طرف لے جانے والا راستہ ہی بند ہو گا تو گناہوں کا ارتکاب آسان نہیں ہو گا۔ طبیعت میں ہیجان پیدا کرنے والے اور جذباتِ شہوت کو مشتعل کرنے والے اسباب سے نہ روکنا اور ان کو کھلی چھٹی دے دینا، اور پھر یہ توقع رکھنا کہ ہم اپنے قانون کی قوت سے لوگوں کو برائی سے بچالیں گے، بڑی نادانی اور ابلہی ہے۔ اگر کوئی نظام ان عوامل اور محرکات کا قلع قمع

نہیں کرتا جو انسان کو بدکاری کی طرف دھکیل کر لے جاتے ہیں۔ تو اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ وہ اس برائی کو برائی نہیں سمجھتا اور نہ اس سے لوگوں کو بچانے کی مخلصانہ کوشش کرتا ہے۔ اس کی زبان پر جو کچھ ہے وہ اس کے دل کی صدا نہیں، بلکہ محض ریاکاری اور ملمع سازی ہے۔

درمیان قعر دریا تختہ بندم کردہ
باز می گوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش

کسی کو بیچ منجدھار دریا میں دھکا دے کر گرا دینا اور پھر اس کو یہ کہنا کہ خبردار! اپنے دامن کو پانی کی موجوں سے گیلا نہ ہونے دینا بہت بڑی زیادتی ہے۔

اس سورت کا آغاز زناکاروں کی سزا کے ذکر سے ہوا۔ یہاں ان راستوں کو ہی بند کیا جا رہا ہے جو انسان کو اس جرم شنیع کی طرف لے جاتے ہیں۔ بدکاری کا سب سے خطرناک راستہ نظربازی ہے اس لیے سب سے پہلے اس کو بند کیا جا رہا ہے۔ مردوں کو حکم دیا جا رہا ہے کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھو اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو۔ جب نگاہ کسی نامحرم کی طرف نہیں اٹھے گی تو دل میں اس کی طرف کشش پیدا نہ ہوگی جب کشش ہی نہ پیدا ہوگی تو بدفعلی کا ارتکاب ہی بعید از قیاس ہو گا۔ آیت میں آنکھوں کو مطلقاً بند رکھنے کا حکم نہیں دیا جا رہا، بلکہ اس کی طرف آنکھ بھر کر دیکھنے سے روکا جا رہا ہے جس کی طرف دیکھنا حرام ہے۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے بڑی سختی سے نامحرم کی طرف دیکھنے سے منع فرمایا ہے۔ چند ارشادات نبوی ملاحظہ فرمایئے:۔

عن ابی امامۃ یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اکفلوا لی بست اکفل لکم بالجنۃ اذا حدث احدکم فلا یکذب واذا اؤتمن فلا یخن واذا وعد فلا یخلف وغضوا ابصارکم وکفوا ایدیکم واحفظوا فروجکم۔ (ابن کثیر)

ترجمہ: اگر تم میرے ساتھ ان چھ باتوں کا وعدہ کرو تو میں تمہارے لیے جنت کا ضامن ہوں:

۱۔ جب تم میں سے کوئی بات کرے تو جھوٹ نہ بولے۔
۲۔ جب اسے امین بنایا جائے تو خیانت نہ کرے۔
۳۔ جب وعدہ کرے تو وعدہ خلافی نہ کرے۔
۴۔ اپنی نگاہوں کو نیچے رکھو۔
۵۔ اپنے ہاتھوں کو روکے رکھو۔
۶۔ اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو۔

امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے:

"من یکفل لی ما بین لحییہ وبین رجلیہ اکفل لہ الجنۃ" "جو شخص مجھے دو باتوں کی ضمانت دے کر جو اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان یعنی زبان اور جو اس کے دونوں ٹانگوں کے درمیان ہے تو میں اسے جنت کی

اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ

بہت پاکیزہ ہے اُن کیلئے بیشک اللہ تعالیٰ خوب آگاہ ہے ان کاموں پر جو وہ کیا کرتے ہیں شکہ اور آپ حکم دیجیے ایماندار عورتوں کو کہ

ضمانت دیتا ہوں۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ان النظر سهم من سهام ابلیس مسموم من ترکه مخافتی ابدلته ایمانا یجد حلاوته فی قلبه۔ نظر شیطان کے تیروں میں سے ایک زہریلا تیر ہے جو اس کو میرے خوف سے ترک کرتا ہے میں اُسے ایمان کی نعمت بخشوں گا جس کی مٹھاس وہ اپنے دل میں پائے گا۔ حضرت جریر بن عبد اللہ البجلی فرماتے ہیں کہ میں نے حضور کریم سے دریافت کیا کہ اگر اچانک کسی اجنبیہ پر نظر پڑ جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ فامرنی ان اصرف بصری۔ حضور نے مجھے حکم فرمایا کہ میں اپنی نظر کو پھیر لوں۔ اچانک کسی نامحرم پر اگر نظر پڑ جائے تو وہ معاف ہے لیکن اگر دوبارہ دانستہ اس کی طرف دیکھے گا تو گنہگار ہوگا۔ فان لك الاولی ولیس لك الآخرة۔ یہ احادیث طیبہ تفسیر ابن کثیر سے منقول ہیں۔

شکہ یعنی اپنی ستر کی جگہوں کو ڈھانپے رکھیں اور انھیں برہنہ نہ ہونے دیں۔

ابو العالیہ کہتے ہیں کہ قرآن کریم میں جہاں بھی حفظ فروج کا حکم دیا گیا ہے اس سے مراد زنا سے بچنا ہے لیکن یہاں اس سے مراد ستر پوشی ہے تاکہ ان پر نظر نہ پڑے۔ مرد کا ستر ناف سے گھٹنوں تک ہے۔ اتنی جگہ کو اسے ننگا نہ ہونے دینا چاہیے۔ اور اگر کوئی برہنہ ہو تو اس کی طرف دیکھنا نہ چاہیے۔ تنہائی میں بھی بے پردہ ہونے کی اجازت نہیں۔ حضور نے اپنے ایک صحابی کو فرمایا احفظ عورتك الا من زوجتك او ما ملكت يمينك۔ اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ افرأيت اذا كان الرجل خاليا۔ اگر انسان تنہا ہو تو پھر اس کے متعلق کیا حکم ہے؟ فرمایا فالله احق ان يستحی منه۔ حضور نے فرمایا اس وقت بھی ستر نہ کھولے۔ اللہ تعالیٰ اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ اس سے شرم کی جائے۔

شکہ نگاہیں نیچی رکھنے کی حکمت بیان فرمائی جارہی ہے کہ اس طرح ہی تمہارا دامن عفت پاک رہ سکتا ہے اگر نگاہیں ہوسناک ہوں، مرد وزن کا آزادانہ اختلاط ہو، خلوت میں نامحرموں کے ساتھ سلسلۂ گفتگو بھی جاری رہے، اور پھر انسان یہ خیال کرے کہ وہ اپنے دامن کو داغدار نہیں ہونے دے گا تو یہ اس کی حماقت کی انتہا ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے اور بچیاں عفیف اور عصمت شعار رہیں تو ہمارا فرض ہے کہ ہم انھیں قرآن کریم کی ان آیات کی تعلیم دیں۔ حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے یہ حکیمانہ ارشادات ازبر کرائیں تاکہ وہ ہلاکت کے اس گرداب کے نزدیک ہی نہ آنے پائیں۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ البصر هو الباب الاكبر الى القلب۔ ۔ ۔ ۔ وبحسب ذالك كثر السقوط من جهته ووجب التحذير منه وغضه واجب عن جميع المحرمات وكل ما يخشى الفتنة من اجله۔ نظر دل کی طرف کھلنے والا سب سے بڑا دروازہ ہے۔ نگاہ کی بے راہ روی کے باعث ہی اکثر لغزشیں ہوتی ہیں، اس لیے اس سے بچنا چاہیے اور تمام محرکات سے انھیں روکنا چاہیے۔

مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا

وہ نیچی رکھا کریں اپنی نگاہیں ۵۹ اور حفاظت کیا کریں اپنی عصمتوں کی ۶۰ اور نہ ظاہر کیا کریں اپنی آرائش کو مگر جتنا

۵۹ پہلے مردوں کو نگاہیں نیچی رکھنے اور شرمگاہوں کی حفاظت کرنے کا حکم دیا گیا۔ اب مومن عورتوں کو ان آداب و احکام کی پابندی کا حکم فرمایا جارہا ہے جن سے وہ اپنی ناموس اور آبرو کو محفوظ رکھ سکتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو فرمارہے ہیں کہ آپ مومن عورتوں کو حکم دیجیے کہ :

۱۔ وہ اپنی نگاہوں کو نیچا رکھا کریں۔

۲۔ اپنے ستر کی جگہوں کی حفاظت کیا کریں۔

۳۔ اپنی زینت کو ظاہر نہ ہونے دیا کریں بجز اس کے جس کے ظاہر کیے بغیر چارہ نہیں۔

۴۔ اپنی اوڑھنیوں سے اپنے سینوں کو ڈھانپ لیا کریں۔

۵۔ زمین پر پاؤں اس طرح نہ ماریں جن سے ان کی مخفی زینت و آرائش ظاہر ہو۔

۶۔ درمیان میں ان لوگوں کا ذکر کر دیا گیا جن کے سامنے زینت کا اظہار ممنوع نہیں۔

یہ چھ ارشادات ربانی ہیں جو اس ایک آیت میں ذکر کیے گئے ہیں۔ اب ذرا ان کا تفصیلی تذکرہ سماعت فرمائیے تاکہ وہ قواعد و ضوابط آپ کے سامنے واضح ہو جائیں جن پر کاربند ہونا اسلامی معاشرہ کو پاکیزہ رکھنے کے لیے ہر مرد اور عورت پر لازمی ہے۔ عورتوں کو بھی نگاہیں نیچی رکھنے کا حکم دیا جارہا ہے کہ وہ ان چیزوں کی طرف نظر اٹھا کر نہ دیکھیں جن کی طرف دیکھنا ممنوع ہے۔

اس مسئلہ کو امام فخر الدین رازی نے خاص ترتیب سے لکھا ہے جس سے مسئلہ کے سارے گوشے واضح ہو جاتے ہیں۔ اس لیے میں انھیں کا اتباع کرتے ہوئے اس مسئلہ کو پیش خدمت کرتا ہوں :۔

"آپ فرماتے ہیں جسم کا وہ حصہ جس کو ظاہر کرنا یا جس کو دیکھنا ممنوع ہے چار طرح سے ہے۔

۱۔ مرد کے جسم کا وہ حصہ جو دوسرے مرد کو دیکھنا ممنوع ہے۔

۲۔ عورت کے جسم کا وہ حصہ جو دوسری عورت کو دیکھنا ممنوع ہے۔

۳۔ عورت کے جسم کا وہ حصہ جو مرد کو دیکھنا ممنوع ہے۔

۴۔ مرد کے جسم کا وہ حصہ جس کی طرف عورت کو دیکھنا جائز نہیں"۔

مرد کے جسم کا وہ حصہ جس کی طرف دوسرا مرد نہیں دیکھ سکتا، ناف سے لے کر گھٹنوں تک ہے۔ امام صاحب کے نزدیک گھٹنوں کو دیکھنا جائز نہیں اور ران کو دیکھنا بطریق اولیٰ ممنوع ہوگا۔

حضرت حذیفہؓ ایک دن مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ران سے کپڑا سرک گیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا غط فخذک

فانها من العورۃ" اپنی ران کو ڈھانپ لو کیونکہ یہ بھی ستر ہے۔ حضرت سیدنا علیؓ کو بھی ارشاد فرمایا "لا تبرز فخذک ولا تنظر الی فخذ حی ولا میت" اپنی رانوں کو ظاہر نہ کرو اور کسی مُردہ یا زندہ کی ران کی طرف مت دیکھو۔

۲۔ عورت کے جسم کا وہ حصہ جو کسی عورت کو دیکھنا بھی جائز نہیں وہ بھی یہی ہے یعنی ناف سے لے کر گھٹنوں تک نہیں دیکھ سکتی، باقی جسم کا دیکھنا جائز ہے لیکن اگر فتنہ کا اندیشہ ہو تو یہ بھی ممنوع ہے۔ غیر مسلم عورت مسلمان عورت کے صرف اُن حصوں کو دیکھ سکتی ہے جو مرد دیکھ سکتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے حضرت ابو عبیدہؓ سالارِ لشکر کی طرف لکھا "انہ بلغنی ان نساء اھل الذمۃ یدخلن الحمامات مع نساء المسلمین فامنع من ذالک وحل دونہ فانہ لا یجوز ان تری الذمیۃ عریۃ المسلمۃ۔"

یعنی مجھے یہ اطلاع ملی ہے کہ ذمی عورتیں مسلمان عورتوں کے ساتھ حمام میں جاتی ہیں اس سے روک دو کیونکہ کسی ذمیہ عورت کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ مومن عورت کے ستر کو دیکھے۔

۳۔ عورت کے بدن کا وہ حصہ جو مرد کو دیکھنا ممنوع ہے اس کی وضاحت کرتے ہوئے امام موصوف لکھتے ہیں: وہ عورت اجنبی ہوگی، محرم ہوگی یا بیوی ہوگی۔ اگر وہ آزاد نامحرم عورت ہے تو اس کا سارا بدن ہاتھ اور چہرہ کے سوا ستر ہے، کیونکہ وہ بیع شراء اور لین دین کے وقت چہرہ اور ہاتھوں کو کھولنے پر مجبور ہوتی ہے۔ امام رازیؒ فرماتے ہیں چہرہ اور ہاتھوں کی طرف دیکھنے کی تین صورتیں ہیں:

(ا) چہرہ دیکھنے کی کوئی غرض نہ ہو، فتنہ کا اندیشہ بھی نہ ہو۔

(ب) دوسری صورت یہ ہے، دیکھنے کی غرض کوئی نہیں لیکن فتنہ کا اندیشہ ہے۔

(ج) تیسری صورت یہ ہے کہ غرض بھی ہے اور فتنہ کا اندیشہ بھی ہے۔

پہلی صورت میں اجنبیہ کی طرف بلا مقصد قصد و ارادہ سے دیکھنا جائز نہیں۔ اگر ایک دفعہ نگاہ پڑ جائے تو دوسری مرتبہ آنکھیں پھیر لے، نگاہیں نیچی کر لے۔ حضرت امام صاحبؒ کی رائے یہ ہے کہ اگر فتنہ کا اندیشہ نہ ہو تو ایک مرتبہ جائز ہے اور بار بار دیکھنا منع ہے۔ "وقیل یجوز مرۃ واحدۃ اذا لم یکن محل فتنۃ وبہ قال ابوحنیفۃ رحمہ اللہ ولا یجوز ان یکرر النظر الیھا"۔ اس کی تفصیل ان احادیث میں گزر چکی ہے جو پہلی آیت کے ضمن میں درج کی گئی ہیں۔ دوسری صورت جبکہ اجنبیہ کے دیکھنے کا مقصد ہو مثلاً اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے تو اس کے لیے اس عورت کے چہرہ اور ہتھیلیوں کو دیکھنا جائز ہے۔ ارشاد نبوی ہے "اذا خطب احدکم المرأۃ فلا جناح علیہ ان ینظر الیھا" یعنی اگر کوئی شخص کسی عورت سے منگنی کرنا چاہے تو اسے دیکھنے میں کوئی حرج نہیں۔ مغیرہؓ بن شعبہ نے ایک عورت سے منگنی کی۔ حضورؐ نے پوچھا کیا تو نے اسے دیکھا ہے۔ انہوں نے عرض کی نہیں۔ "قال فانظر فانہ احری ان یدوم بینکما" فرمایا پہلے دیکھ لو اس طرح تمہارے رشتہ کی بقا کا زیادہ امکان ہے۔ تیسری صورت میں جبکہ اجنبیہ کی طرف محض شہوت کے خیال سے دیکھے تو اس وقت اس کے کسی حصہ جسم کو دیکھنا بھی ممنوع ہے۔ البتہ ڈاکٹر اور طبیب مریضہ کے جسم کے کسی حصہ کو بھی

ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ

خود بخود نمایاں ہو اس سے ۳۱؎ اور ڈالے رہیں اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر ۳۲؎ اور نہ ظاہر ہونے دیں

دیکھ سکتا ہے جبکہ اس کا دیکھنا علاج کے لیے ضروری ہو لیکن مستورات کے علاج کے لیے ایسے طبیب اور ڈاکٹر کے پاس جانا چاہیے جو امین ہو۔ اسی لیے امام رازی فرماتے ہیں۔ یجوز للطبیب الامین ان ینظر الیھا للمعالجة۔ اگر عورت ڈوب رہی ہو یا اسے آگ لگ گئی ہو تو اسے بچانے کے لیے اس کے جسم کے کسی حصہ کو ہاتھ لگانا یا اس کی طرف دیکھنا ممنوع نہیں کیونکہ اس وقت اس کی جان بچانا فرض ہے۔ یہ احکام اس عورت کے تھے جو اجنبیہ اور نامحرم ہو۔

محرم عورت کے متعلق امام ابوحنیفہ کا ارشاد یہ ہے کہ جسم کے وہ حصے جو کام کاج کرتے وقت عام طور پر کھل جاتے ہیں فقط ان کی طرف دیکھنا جائز ہے وعورتھا مایبدو عند المھنة وھو قول ابی حنیفة رحمة اللہ علیہ اور اپنی بیوی کے جسم کا کوئی حصہ ایسا نہیں جس کی طرف دیکھنا خاوند کے لیے ممنوع ہو۔

۴۔ عورت نامحرم مرد کے ناف اور گھٹنوں کے درمیان نہیں دیکھ سکتی۔ بعض نے یہ کہا ہے کہ عورت مرد کا صرف چہرہ اور ہاتھ دیکھ سکتی ہے۔ اس کے جسم کے باقی حصوں کی طرف نہیں دیکھ سکتی لیکن الاول اصح پہلا قول صحیح ہے۔ یہ اس وقت کا حکم ہے جب فتنہ کا اندیشہ نہ ہو اور اگر فتنہ کا اندیشہ ہو تو مرد کے کسی حصہ کی طرف نہ دیکھے۔ حتیٰ کہ مرد کے چہرہ کی طرف بار بار دیکھنا بھی جائز نہیں۔ ولا یجوز لھا قصد النظر عند خوف الفتنة ولا تکریر النظر الی وجھہ (تفسیر کبیر)

۳۱؎ ابو العالیہ کا قول پہلے گزر چکا ہے کہ یہاں ان الفاظ سے ستر کی جگہ کو ڈھانپنا ہے لیکن امام رازیؒ اور دیگر علماء فرماتے ہیں کہ یہ تخصیص ضعیف ہے لانہ تخصیص من غیر دلالة۔ ظاہر آیت کا مقتضا یہ ہے کہ ہر اس چیز سے حفاظت کی جائے جو اللہ تعالیٰ نے حرام کی ہے اس میں بدکاری، مس کرنا اور دیکھنا سب داخل ہیں۔

۳۲؎ وہ زینت جو ظاہر ہے جس کے اظہار کی ممانعت نہیں۔ اس کے متعلق حضرات ابن عباس، مجاہد، عطاء، ابن عمرؓ اور انس رضی اللہ عنہم کا قول ہے ماکان فی الوجه والکف الخضاب والکحل یعنی وہ زینت جو چہرہ اور ہتھیلیوں میں ہوتی ہے جیسے خضاب اور سرمہ۔

حسن البصری کہتے ہیں وجھھا وما ظھر من ثیابھا چہرہ اور وہ کپڑے جو ظاہر ہوں۔ سعید بن المسیب نے فرمایا وجھھا مما ظھر چہرے کا وہ حصہ جو ظاہر ہو۔ قال ابراھیم الزینة الظاھرة الثیاب اس سے مراد لباس ہے۔ یہ مختلف اقوال لکھنے کے بعد امام ابوبکر الجصاص لکھتے ہیں: قال اصحابنا المراد الوجه والکفان لان الکحل زینة الوجه والخضاب والخاتم زینة الکف یعنی علماء احناف کا قول یہ ہے کہ اس سے مراد چہرہ اور ہتھیلیاں ہیں کیونکہ سرمہ چہرے کی اور خضاب اور انگوٹھی ہتھیلیوں کی زینت ہیں۔ (احکام القرآن)

لیکن خیال رہے کہ یہ اباحت اس وقت ہے جبکہ فتنہ کا اندیشہ نہ ہو ورنہ چہرہ اور ہتھیلی کو دیکھنا بھی حرام ہے۔

علامہ ابن حیان الاندلسی لکھتے ہیں قال ابن خویز منداد اذا کانت جمیلۃ وخیف من وجھھا وکفیھا الفتنۃ فعلیھا ستر ذالک اور اگر عورت خوبرو ہو ، اور اس کے چہرے اور ہاتھوں کی طرف دیکھنا فتنے کا باعث ہو تو اس پر لازم ہے کہ وہ اپنے چہرے اور ہاتھوں کو ظاہر نہ کرے (بحر محیط)

آج جبکہ لوگوں کی آنکھوں میں حیا نہیں رہی ہر طرف آوارگی اور بیہودگی کا دور دورہ ہے ہر اس شخص پر جس کی نگاہوں میں عفت وعصمت کی کوئی قدر وقیمت ہے اسے چاہیے کہ وہ اپنی جوان بہو بیٹیوں کو بے پردہ باہر نکلنے سے روکے اور انھیں نامحرموں کے سامنے بے تکلفی سے آنے کی اجازت نہ دے۔

۴۲ کے پہلے عورتیں سر پر جو کپڑا اوڑھتی تھیں ان کے پلو اپنی پشت پر لٹکا دیا کرتی تھیں۔ اس طرح ان کی گردن، کان، سینہ وغیرہ ظاہر رہتے تھے۔ اس آیت نے یہ حکم دیا کہ سر پر جو اوڑھو اس کے پلوں کو پشت پر پیچھے نہ پھینک دو بلکہ انھیں اپنے گریبانوں پر ڈال دو تاکہ تمھارے سینے، گردن وغیرہ لوگوں کی نظروں سے چھپ جائیں۔ جب یہ آیت نازل ہوئی اور مردوں نے جاکر اپنی بیویوں، بیٹیوں اور بہنوں کو سنائی تو اسی وقت انھوں نے اس کی تعمیل کی اور اپنی ایک پرانی عادت کو چشم زدن میں چھوڑ کر اطاعت وانقیاد کی ایک نادر مثال پیش کی۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کے پاس آپ کی بھتیجی حضرت حفصہ بنت عبدالرحمٰن آئیں۔ انھوں نے اس وقت ایک باریک اوڑھنی سر پر ڈالی ہوئی تھی۔ آپ کو یہ چیز سخت ناگوار گزری اور فرمایا انما یضرب بالکثیف الذی یستر۔ اے بیٹی ایسی اوڑھنی اوڑھنے کا حکم ہے جو موٹی ہو اور جس سے پردہ کا مقصد پورا ہو۔

دختران اسلام ذرا خود ہی انصاف کریں کہ جو باریک دوپٹے وہ اوڑھتی ہیں اور جس طرح انھیں سر کے بجائے اپنے کندھوں پر ڈال لیتی ہیں اور سینہ تان کر سربازار چلتی ہیں ان کا یہ طریقہ کار اسلام کی تعلیمات کے کتنا منافی ہے۔ علامہ اقبالؒ نے کتنے درد بھرے انداز میں دختران ملت کو عریانی اور بے پردگی سے باز رہنے کی تلقین کی ہے ؎

بہل اے دخترک ایں دلبری ہا   مسلماں را نہ زیبد کافری ہا
منہ دل بر جمال غازہ پرورد   بیاموز از نگاہ غارتگری ہا

پھر فرماتے ہیں :-

اگر پندے ز درویشے پذیری   ہزار امت بمیرد تو نہ میری
بتولے باش وپنہاں شو ازیں عصر   کہ در آغوش شبیرے بگیری

یعنی اگر تو ایک درویش کی نصیحت کو قبول کرلے تو ہزاروں امتیں فنا ہوسکتی ہیں لیکن تو ہمیشہ زندہ رہے گی۔ حضرت فاطمہ زہرا بتول جنت کا شیوہ اختیار کر اور زمانہ کی نگاہوں سے چھپ جا تاکہ تیری آغوش میں شبیر جیسا فرزند پرورش پاسکے۔

اس آیت سے یہ بات بھی واضح ہوگئی کہ سر، گردن اور سینہ کا چھپانا فرض ہے۔

زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ

اپنی آرائش کو ۵۳ مگر اپنے شوہروں کے لیے یا اپنے باپوں کے لیے یا اپنے شوہروں کے باپوں کے لیے یا اپنے بیٹوں کے لیے

اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ

یا اپنے خاوندوں کے بیٹوں کے لیے یا اپنے بھائیوں کے لیے یا اپنے بھتیجوں کے لیے اور اپنے بھانجوں کے لیے

اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ

یا اپنی ہم مذہب عورتوں پر ۵۴ یا اپنی باندیوں پر ۵۵ یا اپنے ایسے نوکروں پر جو (عورت) کے خواہشمند نہ ہوں ۵۶

۵۳ پہلے مومن عورتوں کو زینت کی نمائش سے منع فرمایا اب ان لوگوں کی فہرست بیان کر دی جن کے ساتھ نہایت قریبی تعلق ہوتا ہے اور جن کے ہاں آمد و رفت عام ہوتی ہے۔ اگر ایسے قریبی رشتہ داروں پر بھی اس قسم کی پابندی لگا دی جاتی تو لوگ طرح طرح کی الجھنوں میں مبتلا ہو جاتے اور زندگی کی بہت سی سہولتوں سے محروم ہو جاتے۔ اس لیے بتا دیا کہ مسلم خواتین کو عام مردوں سے اپنی آرائش چھپانی چاہیے لیکن ان رشتہ داروں سے جن کا ذکر اس آیت میں کیا گیا ہے اپنی آرائش کو چھپانے کی ضرورت نہیں۔ اس فہرست میں جن اقربا کا ذکر ہے (خاوند کے سوا) وہ محرم ابدی ہونے میں سب یکساں ہیں، لیکن قرابت میں واضح فرق ہے اس لیے علماء اسلام نے انھیں تین درجوں میں تقسیم کیا ہے۔ سب سے پہلا درجہ خاوند کا ہے گھر میں جو اس کا مقام ہے وہ کسی کا نہیں "له حرمة ليست لغيره يحل له كل شئ منها" یعنی اس سے کسی قسم کا پردہ اور حجاب نہیں۔ اس کے بعد باپ، بیٹا اور بھائی ہیں۔ اس کے بعد خاوند کا بیٹا ہے۔ جو چیز اول الذکر کے سامنے ظاہر کی جا سکتی ہے وہ آخر الذکر افراد کے سامنے ظاہر کرنے کی اجازت نہیں۔ وبدأ تعالى بالازواج لان اطلاعهم يقع على اعظم من الزينة ثم ثنى بالمحارم وسوى بينهم في ابداء الزينة ولكن تختلف مراتبهم في الحرمة بحسب ما في النفوس البشر فالاب والاخ ليس كابن الزوج قد يبدي للاب ما لا يبدي لابن الزوج (بحر)

یعنی جن لوگوں کے سامنے اظہار زینت ممنوع نہیں ان میں سر فہرست خاوند ہے کیونکہ اس سے کسی طرح کا بھی حجاب نہیں۔ اس کے بعد محرم لوگ ہیں لیکن ان کے مراتب مختلف ہیں۔ جو مرتبہ باپ اور بھائی کا ہے وہ خاوند کے بیٹے کا نہیں اس لیے اظہار زینت میں بھی فرق ہوگا۔

۵۴ جس طرح پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ عورتوں سے مراد مسلمان عورتیں ہیں غیر مسلم عورتوں کے سامنے اپنی پوشیدہ زینت کی جگہوں کو کھولنا ممنوع ہے۔

۵۵ اس سے مراد کنیزیں ہیں اگرچہ وہ مسلمان نہ ہوں تب بھی ان کے سامنے اظہار زینت کی اجازت ہے

مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ

یا اُن بچوں پر جو (ابھی تک) آگاہ نہیں عورتوں کی شرم والی چیزوں پر [illegible]

وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ۭ وَتُوْبُوْٓا

اور نہ زور سے ماریں اپنے پاؤں [illegible] زمین پر تاکہ معلوم ہو جائے وہ بناؤ سنگار جو وہ چھپائے ہوئے ہیں اور رجوع

حضرت سعید بن المسیب نے فرمایا لا تغرنکم ھٰذہ الأیات او ما ملکت ایمانھن انما عنی بھا الاماء کہ تمہیں یہ آیت دھوکہ نہ دے یہاں ما ملکت سے مُراد لونڈیاں ہیں۔

[illegible] ان سے مُراد وہ لوگ ہیں جن میں عورتوں کی خواہش نہیں ہوتی جیسے عنین نامرد خصی وغیرہ۔ لاحاجة له فی النسآء (جصاص) ویجتمع فیمن لا فھم لہٗ ولا ھمۃ یتنبہ بھا الی امر النسآء۔

[illegible] وہ بچے جو عورتوں کے خفیہ معاملات سے بے خبر ہوں جب کوئی لڑکا اگرچہ وہ نابالغ بھی ہو ان معاملات سے آگاہ ہو جائے تو ان سے اجنبیوں والا سلوک کیا جائے گا۔

[illegible] کئی عورتیں پازیب وغیرہ پہن کر نکلتیں اور مردوں کے مجمع سے جب ان کا گزر ہوتا تو وہ دانستہ اپنے پاؤں زمین پر مارتیں تاکہ مرد پازیب کی جھنکار سُن کر ان کی طرف متوجہ ہوں۔ اس آیت میں اس حرکت سے باز آنے کا حکم صادر فرما دیا۔ ان تمام احکام کا مقصد تو یہ ہے کہ ایسے تمام اشتعال انگیز اطوار اور عوامل پر قدغن لگا دی جائے جن کی وجہ سے اسلامی معاشرہ میں بدکاری اور بے حیائی کی راہیں کھل سکتی ہیں اور جن کی موجودگی میں وعظ و نصیحت بلکہ قانون کی شدت بھی گناہوں کا انسداد کرنے سے قاصر رہتی ہے۔ اس آیت میں صرف پاؤں مار کر مردوں کی مجلس سے گزرنا ممنوع قرار نہیں دیا جا رہا بلکہ ہر ایسی چیز جو ان کو نامحرموں کی توجہ کا مرکز بنا دے اس سے بھی منع کیا گیا ہے۔ بھڑکیلے لباس پہن کر، یا تیز خوشبو لگا کر مجمع عام میں جانا بھی عورت کے لیے جائز نہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ایک عورت کو آتے ہوئے دیکھا اس سے خوشبو کی لپٹیں اُٹھ رہی تھیں۔ آپ نے اُسے فرمایا یا امة الجبار اے خداوند جبار کی بندی کیا تو مسجد سے آ رہی ہے؟ اس نے کہا جی ہاں آپ نے پوچھا کیا تو نے خوشبو لگا رکھی ہے۔ اس نے کہا جی ہاں۔ آپ نے فرمایا "سمعت حبی ابا القاسم صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم یقول لا یقبل اللہ صلٰوۃ امرأۃ طیبت لھذا المسجد حتی ترجع فتغتسل غسلھا من الجنابۃ۔ میں نے اپنے محبوب ابو القاسم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ اللہ تعالٰی اس عورت کی نماز قبول نہیں فرماتا جو مسجد میں تیز خوشبو لگا کر جائے جب تک کہ وہ گھر لوٹ کر غسل جنابت نہ کرے۔

وہ عورتیں جو زرق برق بھڑکیلے لباس پہن کر خراماں خراماں مٹکتی ہوئی اجنبی مردوں کے پاس آتی جاتی ہیں۔ دختران اسلام

اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى

کرو اللہ تعالیٰ کی طرف سبھی سب اے ایمان والو! تاکہ تم (دونوں جہانوں میں) بامراد ہو جاؤ ۶۶ اور نکاح کر دیا کرو جو

مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ۭ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ

بے نکاح ہیں تم میں سے ۶۷ اور جو نیک ہیں ۶۸ تمہارے غلاموں اور کنیزوں میں سے اگر وہ تنگ دست ہوں (تو فکر نہ کرو)

ان کے متعلق اپنے پیارے رسول کریم کا یہ ارشاد گرامی بھی سن لیں۔ میمونہ بنت سعد کہتی ہیں کہ رسول اللہ نے فرمایا الرافلة فی الزینة فی غیر اهلها کمثل ظلمة یوم القیامة لا نور لها۔ وہ عورت جو آراستہ پیراستہ ہو کر نامحرموں میں اترا اترا کر چلتی ہے قیامت کے دن وہ مجسم تاریکی ہوگی جہاں نور کی کرن تک نہ ہو (ترمذی)۔

۶۶ یعنی بلا چون و چرا احکام الٰہی اور ارشادات نبوی کی تعمیل کے لیے جھک جاؤ۔ اسی میں تمہارے دونوں جہانوں کی کامیابی ہے۔ آفتاب اسلام کے طلوع ہونے کے بعد اب اہل جاہلیت کے رسم و رواج کو اور اخلاق و عادات کو نہ چھوڑنا بڑی بے انصافی ہے۔ فان الفلاح کل الفلاح فی فعل ما امر الله به و رسوله و ترک مانهیا عنه والله تعالیٰ هو المستعان (ابن کثیر)

۶۷ ایامی جمع ہے۔ اس کا واحد اَیِّمٌ ہے۔ اہل لغت کا اس پر اتفاق ہے کہ اصل میں اس کا اطلاق اس عورت پر ہوتا ہے جس کا خاوند نہ ہو خواہ وہ کنواری ہو یا بیوہ یا مطلقہ۔ بطور استعارہ اب اس کا اطلاق ایسے مرد پر ہونے لگا ہے جس کی بیوی نہ ہو۔ قال ابو عبیدة رجل أیّم و امراة ایم و هو کالمستعار فی الرجال (قرطبی)۔

اسلام جو دین فطرت ہے وہ معاشرہ کو پاکیزہ رکھنے اور بے حیائی سے بچانے کے متعلق صرف وعظ ہی نہیں کرتا بلکہ وہ عملی تجاویز اور مشکلات کا صحیح حل بھی پیش کرتا ہے۔ آپ ذرا غور فرمائیں جس معاشرہ میں بن بیاہی عورتیں بکثرت ہوں گی وہاں جذبات کو کب تک قابو میں رکھا جا سکتا ہے۔ بڑے تحفظ اور احتیاط کے باوجود شدت جذبات سے مجبور ہو کر وہ غلط قدم اٹھا سکتی ہیں شیطان بڑی آسانی سے انھیں ورغلا کر گمراہ کر سکتا ہے۔ بدکاری کا یہ بھی ایک دروازہ تھا جس کی طرف سے اسلام اگر اغماض کرتا تو اسے حقیقت پسندی نہ سمجھا جاتا چنانچہ اس آیت میں حکم دیا جا رہا ہے کہ مسلمان ایسے مردوں اور ایسی عورتوں کی طرف سے غفلت اور بے پروائی نہ کریں بلکہ ان کا نکاح کر کے ان کو گھروں میں بسانا اپنا اخلاقی فرض سمجھیں۔ اس طرح ایک تو ان کی حالت زار بدل جائے گی اور ان کی حرماں نصیبیاں ختم ہو جائیں گی۔ وہ مایوسی کے گوشے سے نکل کر عملی دنیا میں اپنی خداداد صلاحیتوں کا نفع بخش مظاہرہ کر سکیں گی۔ دوسرا معاشرہ ان کی لغزش کے نتائج سے محفوظ ہو جائے گا۔ اس حقیقت کو حضور نبی اکرم نے اس طرح واضح فرمایا ہے "یا معشر الشباب من استطاع منکم الباءة فلیتزوج فانه اغض للبصر و احصن للفرج ومن لم یستطع فعلیه بالصوم فانه له وجاء (بخاری) اے جوانوں کے گروہ جو تم میں سے طاقت رکھتا ہو

يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾ وَلْيَسْتَعْفِفِ

غنی کر دیگا انھیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ۵۲ اور اللہ تعالیٰ وسعت والا ہمہ دان ہے۔ اور چاہیے کہ پاکدامن بنے رہیں

الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ

وہ لوگ جو نہیں پاتے شادی کرنے کی قدرت ۵۳ یہاں تک کہ غنی کر دے انھیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے۔ اور جو

وہ ضرور شادی کرے کیونکہ شادی کرنا اس کی نظر کو پاک کر دے گا اور اس کو گناہ سے بچائے گا اور جو شادی کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو اُسے چاہیے کہ وہ روزہ رکھے۔

۵۱ یہ حکم صرف آزاد مردوں اور عورتوں کے لیے نہیں بلکہ غلام مرد اور کنیزیں بھی اس میں شامل ہیں۔ آخر وہ بھی انسان ہیں۔ ان کے بھی فطری جذبات ہیں۔ اگر تم ان کی اس معاملہ میں اعانت نہیں کروگے تو اور کون کرے گا لیکن غلام اور کنیز کے ساتھ صلاح کی قید لگا دی۔ مطلب یہ ہے کہ ایسا غلام اور ایسی لونڈی جن میں خانہ داری کا بوجھ اٹھانے اور ذمہ داریاں نبھانے کی صلاحیت ہو۔ اگر کسی نا اہل غلام کے ساتھ کسی کنیز کو تم جکڑ دوگے تو وہ ساری عمر تمھیں کوستی رہے گی۔ اسی طرح کسی غلام کو کسی ایسی لونڈی کے ساتھ باندھ دیا گیا تو وہ اپنی قسمت کو روتا رہے گا۔ اس لیے ان کا نکاح کرنے سے پہلے تسلی کر لو کہ یہ زندگی کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو سکتے ہیں۔ انکحوا امر کا صیغہ ہے جس سے وجوب ثابت ہوتا ہے بعض علماء کا یہ خیال ہے کہ یہ وجوب شرعی اور قانونی ہے لیکن اکثر علماء کی رائے میں یہ اخلاقی وجوب ہے یعنی اخلاقی طور پر تمھارا اس طرح کرنا لازمی ہے۔

۵۲ اکثر لوگ افلاس اور غربت کو شادی نہ کرنے کا سبب بنائے رہتے ہیں۔ لڑکی والے چاہتے ہیں کہ لڑکا بڑا متمول ہو۔ لڑکے والوں کی خواہش ہوتی ہے کہ لڑکی کے والدین بڑے امیر ہوں تاکہ خوب جہیز ملے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ فقر و تونگری عارضی چیزیں ہیں۔ اگر شریف قابل اور نیک رشتہ مل رہا ہے تو قبول کر لو۔ باقی رہا افلاس تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرو وہ اس افلاس کو چاہے تو آن واحد میں دُور بھی کر سکتا ہے۔ حضرت صدیقؓ کا ارشاد ہے اطیعوا اللہ فیما امرکم به من النکاح ینجز لکم ما وعدکم من الغنا۔ اللہ تعالیٰ نے نکاح کرنے کا جو حکم دیا ہے تم اس کی اطاعت کرو۔ اس نے تمھیں غنی کرنے کا جو وعدہ فرمایا ہے وہ اسے پُورا کرے گا۔ حدیث پاک میں ہے کہ تین آدمی ایسے ہیں جن کی مدد اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ کرم پر لے لی ہے۔

۱۔ وہ نکاح کرنے والا جس کی غرض پاکدامن ہونا ہو۔

۲۔ وہ مکاتب جو زرِ مکاتبت ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔

۳۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والا۔ (ابن کثیر)

۵۳ ضروری نہیں کہ ہر شخص کو اس کی پسند کا رشتہ مل جائے یا وہ اتنا خوشحال ہو کہ شادی کے اخراجات برداشت

يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ

مکاتب بننا چاہیں تمہارے غلاموں سے تو مکاتب بنا لو انھیں اگر تم جانو ان میں

خَيْرًا ۖ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ۭ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ

کوئی بھلائی ۵۴ اور (زرِ مکاتبت ادا کرنے میں) مدد کرو ان کی اللہ تعالیٰ کے مال سے جو اس نے تمھیں عطا کیا ہے اور نہ مجبور کرو اپنی

عَلَى الْبِغَاۗءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَ

لونڈیوں کو بدکاری پر ۵۵ اگر وہ پاکدامن رہنا چاہیں ۵۶ تاکہ تم حاصل کرو (اس بدکاری سے) دنیوی زندگی کا کچھ

کرسکے۔ اس کے بارے میں فرمایا جارہا ہے کہ اس کی یہ معذوری اسے اس کی اجازت نہیں دیتی کہ وہ شادی نہ کرسکنے کے باعث بدکاری کرتا رہے بلکہ ان پر لازم ہے کہ سختی سے عفت کا دامن پکڑے رہیں اور انتظار کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس مشکل کو آسان کردے۔

۵۴ شریعت میں غلاموں کو آزاد کرنے کا ایک یہ طریقہ بھی ہے کہ غلام اپنے مالک سے کہے کہ میں اتنی مدت میں اتنی رقم تمہیں ادا کروں گا تم مجھے آزاد کردو۔ یا میں فلاں خدمت انجام دے دوں گا اس کے بدلے تم مجھے آزاد کردو۔ اس معاہدہ کو شریعت میں مکاتبت کہتے ہیں اور معاہدہ کرنے والا غلام مکاتب کہلاتا ہے۔ جب وہ اپنی مقررہ رقم ادا کردے تو وہ آزاد ہوجائے گا۔ یہاں مسلمانوں کو ہدایت کی جارہی ہے کہ اگر تمہارا غلام مکاتبت کے لیے تمہارے پاس آئے اور تم سمجھتے ہو کہ وہ اس معاہدہ کو پورا کرسکتا ہے یا آزاد ہونے کے بعد وہ دوسروں کے لیے تکلیف کا باعث نہ ہوگا تو تم اس کے ساتھ مکاتبت کا معاہدہ کرلو۔

۵۵ کفر اپنے ساتھ صرف عقیدہ کی گمراہی نہیں لاتا بلکہ اخلاقی انحطاط اور مروت کا فقدان بھی اپنے جلو میں لاتا ہے۔ معمولی عقل و فہم کا انسان جس کام کو کرتے جھجکتا ہے جہاں کفر کی تاریکی چھا جاتی ہے وہاں بڑے بڑے حیا سوز کام کھلے بندوں کیے جاتے ہیں۔ بڑے بڑے رئیس کرتے ہیں اور ذرا نہیں شرماتے۔ عرب کے قبائل اپنی نخوت اور تکبر کی وجہ سے مشہور ہیں لیکن کفر کی گمراہی ان کے رگ و پے میں سما گئی تھی۔ اس لیے ایسی گستاخانہ حرکتیں دن کے اجالے میں ان کی آنکھوں کے سامنے ہوتیں بلکہ وہ خود ان کا ارتکاب کیا کرتے اور قطعاً نہ شرماتے۔ زمانہ جاہلیت میں لونڈیاں قحبہ گری کا پیشہ عام طور پر اختیار کرتی تھیں۔ بڑے بڑے رئیس خاندان اپنی جوان اور خوبصورت لونڈیوں کو اس مقصد کے لیے استعمال کرتے تھے۔ انہیں الگ مکان مہیا کیے جاتے جنہیں "مواخیر" کہا جاتا تھا۔ ہر ایک پر جھنڈا لہرا رہا ہوتا اور اس لونڈی کا قحبہ خانہ اس کے مالک قبیلہ کے نام سے مشہور ہوتا۔ امام ابن جریر عطا سے نقل کرتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں ہر قبیلہ اور خاندان کی لونڈیاں

ہُوا کرتی تھیں جو اُن کی طرف منسوب ہوتیں کہا جاتا بغی اهل فلان وبغی اهل فلان۔ یہ فلاں قبیلہ کی رنڈی ہے یہ فلاں قبیلہ کی رنڈی ہے۔ ان کے دروازوں پر جھنڈے گڑے ہوتے۔ امام ابن جریر نے ان متعدد جھنڈے والیوں میں سے نو کے نام تک لکھے ہیں اور ان کے قبیلہ کا ذکر بھی کیا ہے نہ یہ بات معیوب تھی، نہ ان کے پاس کسی کا آنا جانا باعث عار و بدنامی تھا۔

ان کے علاوہ متعدد دوسری لونڈیاں بھی تھیں جو یہ پیشہ کھلے بندوں کیا کرتیں۔ کئی لوگ ان کے ساتھ شادی کر لیتے تاکہ ان کی حرام کمائی سے عیش کریں۔ عن سعید بن جبیر ان نساءً فی الجاهلیة کن یواجرن انفسهن وکان الرجل انما ینکح احدٰهن یرید ان یصیب منها عرضا (ابن جریر)

یثرب کے حالات بھی مکہ سے کچھ مختلف نہ تھے وہاں اس کا سب سے بڑا کاروبار کرنے والا خود عبداللہ بن اُبَی تھا جسے اوس و خزرج کے قبیلے اپنا بادشاہ مقرر کرنے والے تھے۔ اور جب حضور مدینہ طیبہ میں تشریف فرما ہوئے اس کے لیے سونے کا تاج سُنار کے پاس تیار ہو رہا تھا اس حیثیت کا انسان وہاں سب سے بڑا حرام کار تھا۔ اس نے اپنے چکلے میں چھ نوجوان اور خوبصورت لونڈیاں رکھی ہوئی تھیں اور ان میں سے ہر ایک کے لیے ایک مقررہ رقم کا کمانا ہر روز ضروری تھا۔ اگر کوئی لونڈی مقررہ رقم پیش نہ کرتی تو اسے زدوکوب کی جاتی اور مقررہ رقم پوری کرنے پر مجبور کیا جاتا۔ یہ صاحب ان لونڈیوں سے صرف دولت ہی نہ کمایا کرتے بلکہ سیاسی فائدے بھی حاصل کرتے۔ عرب قبائل کا کوئی رئیس اگر یثرب آتا تو یہ اپنی ایک لونڈی معاذہ کو شب باشی کے لیے اس کے پاس بھیج دیتا تاکہ وہ ابن ابی کے احسان کو ہمیشہ یاد رکھے اور ضرورت کے وقت وہ اسے اپنے سیاسی عزائم کی تکمیل کیلئے استعمال کر سکے۔ علامہ ابن کثیر، علامہ آلوسی اور دیگر مفسرین نے تصریح کی ہے کانت له جاریة تدعی معاذة وکان اذا نزل به ضیف ارسلها الیه لیواقعها ارادة الثواب منه والکرامة له چنانچہ یہی لونڈی معاذہ ایک روز تنگ آکر حضرت ابوبکر صدیق کے پاس آئی اور اپنی داستانِ غم بیان کی۔ آپ نے بارگاہِ رسالت میں اس کی گزارش پیش کر دی۔ حضور نے فرمایا اسے اپنے قبضہ میں لے لو۔ فامرہ بقبضها۔ عبداللہ بن ابی نابکار کو پتہ چلا تو اس نے بڑا شور و شغب مچایا کہ دیکھو اب (صلی اللہ علیہ وسلم فداہ ابی و امی) ہماری لونڈیوں کو بھی اپنے قبضہ میں لے رہے ہیں۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ اس طرح قانونی طور پر قحبہ گری کی قباحت اسلامی معاشرہ سے ختم کر دی گئی جسے یورپ میں آج بھی قانون کی پشت پناہی حاصل ہے۔

۵۶ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اگر وہ پاکدامن ہونے کا ارادہ نہ کریں تو پھر ان سے یہ پیشہ کرانے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ بلکہ مقصد یہ ہے کہ مالک کی طرف سے اکراہ کی یہی صورت ہے کہ لونڈی کی مرضی نہ ہو وہ اس سے دُور بھاگے لیکن بے غیرت مالک اسے پیشہ کرنے پر مجبور کرے اس صورت میں ساری ذمہ داری اور سارا گناہ اس مالک پر ہوگا لیکن اگر وہ اپنی مرضی سے اس فعل قبیح کا ارتکاب کرے تو اب جرم اس کا ہوگا اور اس کا گناہ اور اس کی سزا بھی اُسے ہی ملے گی یا اس آیت سے ان مالکوں کو غیرت دلانا مقصود ہے کہ تم سے بڑھ کر بھی کوئی دیّوث ہوگا کہ تمہاری لونڈی تو عفت شعار رہنا چاہتی ہے اور تم اسے غلاظت کے اس گڑھے میں پھینکنے پر مُصر ہو۔ خود ہی فیصلہ کرو کیا یہ بات تمہیں زیب دیتی ہے؟

مَنۡ يُّكۡرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنۢ بَعۡدِ اِكۡرَاهِهِنَّ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدۡ

سامان ۵۷ اور جو کوئی مجبور کرتا ہے انہیں (عصمت فروشی پر) ۵۸ تو بیشک اللہ تعالیٰ ان کے مجبور کیے جانے کے بعد (ان کنیزوں کو) بخشنے

اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكُمۡ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيۡنَ خَلَوۡا مِنۡ قَبۡلِكُمۡ

والا اور ان پر رحم فرمانے والا ہے۔ اور ہم نے اتاری ہیں تمہاری طرف روشن آیتیں ۵۹ نیز ہم نے اتارے ہیں بعض حالات ان لوگوں کے جو گزر چکے ہیں تم

وَمَوۡعِظَةً لِّلۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۳۴﴾ اَللّٰهُ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ مَثَلُ نُوۡرِهٖ

سے پہلے نیز (اتاری ہے) نصیحت پرہیزگاروں کے لیے۔ اللہ نور ہے آسمانوں اور زمین کا ۶۰ اس کے نور کی مثال ایسی ہے

۵۷ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ ایک تو وہ زنا کی اُجرت وصول کرتے تھے، دوسرے اگر اس لونڈی سے اولاد ہوتی تو اس کو اپنا غلام بنالیتے اور اسے فروخت کر کے قیمت وصول کرتے۔ اور اگر زانی قبیلہ کا کوئی رئیس ہوتا اور اس کے عمل سے کوئی بچہ پیدا ہوتا تو وہ اس لونڈی کو ایک سو اُونٹ بطور فدیہ ادا کر کے اپنا بچہ لے جاتا اور لونڈی وہ سو اُونٹ اپنے مالک کو دے دیتی۔ اس طرح انتہائی بے غیرتی سے وہ دولت کمانے میں لگے رہتے۔ اس آیت میں بھی ایسی کمائی کو حرام قرار دیا گیا۔ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے بھی صاف الفاظ میں فرما دیا "مهر البغي خبيث" کہ زانیہ کی کمائی ناپاک ہے۔

۵۸ اگر کوئی شخص اپنی لونڈی کو یہ پیشہ اختیار کرنے پر مجبور کرتا ہے تو وہ مالک گنہگار ہوگا۔ وہ لونڈی معذور تصور کی جائے گی۔ نہ اس کے نامۂ عمل میں یہ گناہ لکھا جائے گا اور نہ اسے اس کی سزا ملے گی۔

۵۹ اب تک مختلف اور متعدد احکامات بڑی وضاحت سے بیان کر دیئے گئے جن کا مقصد معاشرہ کو ہر قسم کی بے حیائیوں، بدکاریوں سے پاک کرنا اور پاک رکھنا ہے۔ یہ احکامات اتنے واضح ہیں کہ ان کے متعلق یہ کہنے کی جسارت کوئی بھی نہیں کر سکتا کہ وہ انہیں سمجھ نہیں سکا۔ اس کے علاوہ قرآن کریم میں ان قوموں کے حالات بھی پوری تفصیل سے متعدد بار بیان کیے گئے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کے احکام سنائے گئے، سمجھائے گئے لیکن وہ باز نہ آئے حتیٰ کہ وہ غضبِ الٰہی کا شکار ہو گئے اور ان کا نام و نشان تک مٹا دیا گیا۔

اے فرزندانِ اسلام! اگر اب بھی تم نے اصلاحِ احوال کی کوشش نہ کی اور قدیم و جدید جاہلیتوں کے بحر میں مبتلا ہو کر اپنا ستیاناس کر ڈالا اور دوسری بے حیا قوموں کی تقلید میں اپنی شرم و حیا کی چادر کو اتار پھینکا تو پھر تم سے بڑا زیاں کار اور کون ہو سکتا ہے۔ پھر مکافاتِ عمل کے قانون کے مطابق اگر تم پر غضبِ الٰہی کی بجلیاں گریں تو تمہارا اپنا قصور ہوگا۔ تمہارے کریم پروردگار نے تو تمہیں بُرے کاموں سے بڑی وضاحت سے آگاہ کر دیا اور ان پر مترتب ہونے والے نتائج کو کھول کر بیان کر دیا۔

۶۰ علامہ ابو الفضل جمال الدین ابن منظور اپنی شہرہ آفاق کتاب لسان العرب میں النُّور کی وضاحت کرتے

كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا

جیسے ایک طاق ہو اس میں چراغ ہو لاہ وہ چراغ شیشہ کے ایک فانوس میں ہو۔ وہ فانوس گویا ایک

ہوئے لکھتے ہیں کہ النور اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حُسنیٰ سے ہے۔ کیونکہ اندھا اللہ تعالیٰ کے نور سے ہی روشنی پاتا ہے اور گمراہ اسی کی ہدایت سے راہِ راست پر گامزن ہوتا ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کو نور کہا جاتا ہے۔ نور کا لفظی معنی بیان کرتے ہوئے علامہ موصوف لکھتے ہیں: الظاھر فی نفسہ المظھر لغیرہ یسمّی نورًا (لسان العرب)۔ جو خود ظاہر ہو اور اپنی روشنی سے دوسروں کو آشکارا کر دے اُسے نور کہا جاتا ہے۔ (حجۃ الاسلام) امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اسماءِ حُسنیٰ کی تشریح کرتے ہوئے النور کے ضمن میں لکھتے ہیں کہ نور اس کو کہتے ہیں جو خود ظاہر ہو اور دوسروں کو ظاہر کرنے والا ہو۔ کسی چیز کے ظاہر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ موجود ہو۔ جو چیز موجود نہیں ہوگی اس کا ظاہر ہونا ممکن نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات واجب الوجود ہے۔ وہ ازل سے موجود ہے اور ابد تک موجود رہے گی۔ نیز وہ اپنے موجود ہونے میں کسی سبب، کسی علت اور کسی فاعل کا محتاج بھی نہیں۔ اس لیے وہی ہے جو صفت نور و ظہور سے متصف ہونے کا مستحق ہے۔ وہ خود بھی موجود ہے اور اس کے امرِ کُن سے ہر چیز کو خلعتِ وجود ارزانی ہوتی ہے اس لیے وہ ہر چیز کے لیے نور ہے یعنی مظہر ہے اس لیے اکثر علماءِ تفسیر نے اس آیت میں نور کا معنی مُوجد اور مبدع کیا ہے یعنی عدم سے وجود میں لانے والا، اس کے علاوہ آیت میں نور سے مراد مدبر بھی لیا گیا ہے۔ کیونکہ قوم کا وہ رئیس جو ان کے تمام کاموں کے متعلق صحیح سوچ بچار کرتا ہے اور انہیں صحیح راستہ پر چلاتا ہے اسے نور القوم کہا جاتا ہے یعنی سب اسی کی راستے کی روشنی میں اپنے جملہ اُمور طے کرتے ہیں حضرت ابن عباسؓ اور حضرت انسؓ سے نور کا معنی ہادی بھی منقول ہے۔ آیت کا مطلب ہوگا ھادی اھل السّمٰوات والارض فھم بنورہ یعنی بھدایتہ الی الحق یھتدون وبھداہ من حیرۃ الضلالۃ ینجون یعنی آسمان اور زمین والوں کا وہی ہادی ہے پس وہ اسی کے نورِ ہدایت سے حق کی طرف ہدایت پاتے ہیں اور گمراہی کی حیرانی سے نجات پاتے ہیں۔ قیل فی تفسیرہ ھادی اھل السّمٰوات والارض (لسان العرب)

یہ تمام تفسیریں اجلّہ علماء سے منقول ہیں۔ ان میں سے ہر ایک درست ہے اور ہر ایک کی اپنی شان ہے۔ امام ابن جریر نے ابن عباس کے قول کو زیادہ پسند فرمایا ہے اور حجۃ الاسلام کے نزدیک پہلی توجیہ زیادہ پسندیدہ ہے۔

سلاہ بہتر یہ ہے کہ پہلے اس آیت کے مشکل الفاظ کی تشریح کر دی جائے جب ان کا مفہوم ذہن نشین ہو جائے گا تو پھر علماءِ کرام کے متعدد اقوال کی روشنی میں اس کا مصداق متعین کرنا آسان ہوگا۔ مَثَل کا معنی ہے صفت والمراد بالمثل الصفۃ العجیبۃ ای صفۃ نورہ العجیبۃ (روح البیان) یعنی اس کے نور کی عجیب و غریب صفت یوں بیان کی جاتی ہے۔ مشکوٰۃ اس مخصوص جگہ کو کہتے ہیں جو دیوار میں چراغ رکھنے کے لیے بنائی جاتی ہے جو صرف ایک طرف سے کھلی اور باقی اطراف سے بند ہوتی ہے۔ کوۃ غیر نافذۃ فی الجدار: چراغ دان۔ مصباح: بڑے چراغ کو کہتے ہیں جو

كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُونَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا

ستارہ ہے جو موتی کی طرح چمک رہا ہے جو روشن کیا گیا ہے برکت والے زیتون کے درخت سے ۶۳ جو نہ شرقی ہے نہ

خوب روشنی دے۔ سراج صفحہ زجاجۃ: شیشے سے بنا ہُوا فانوس جس میں چراغ رکھا جاتا ہے شفاف شیشے سے بنے ہوئے فانوس میں اگر بڑا چراغ رکھا ہُوا ہو اور اس چراغ کو مشکوٰۃ (چراغ دان) میں رکھ دیا جائے جس کی روشنی ہر سمت سے بند ہو کر ایک ہی سمت میں پھیل رہی ہو تو آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ روشنی کتنی تیز ہوگی۔ اگر چراغ روشن کر دیا جائے اور اسے فانوس میں نہ رکھا جائے، ایک تو ہر وقت ہوا کے کسی جھونکے سے اس کے بجھ جانے کا خطرہ ہوتا ہے نیز اس کی لو بھی مدھم ہوتی ہے۔ اور اگر اس چراغ کو شیشہ کے فانوس میں رکھ دیا جائے تو بجھنے کا خطرہ بھی نہ رہے گا اور جب نور کے شفاف فانوس سے اس کی روشنی چھن چھن کر آئے گی تو اس میں کئی گنا اضافہ ہو جائے گا اور اگر وہ فانوس کھلے میدان میں رکھا ہُوا ہو اور اس کی روشنی چاروں طرف پھیل رہی ہو تو بھی اس کی چمک ہر طرف پھیل جانے کی وجہ سے کم ہو جائے گی۔ اور اگر اس فانوس کو اٹھا کر کسی ایسے چراغ دان میں رکھ دیا جائے جو صرف ایک طرف کھلتا ہو تو ساری روشنی ایک سمت میں پھیلنے کی وجہ سے کئی گنا تیز ہو جائے گی۔ وہ چراغ بالکل اس طرح دکھائی دے گا جیسے تاریک رات میں آسمان پر کوئی دمکتا ہُوا ستارہ ہو جو روشن بھی ہو اور حسین بھی۔

۶۳ اُس زمانہ میں چراغ جلانے کے لیے مختلف قسم کے تیل استعمال کیے جاتے تھے۔ ان تیلوں میں سے زیتون کے تیل کی روشنی بڑی تیز، صاف اور دھوئیں سے پاک ہوتی۔ جس چراغ میں زیتون کا تیل ڈالا جاتا اس کی چمک دمک کا مقابلہ کوئی اور چراغ نہ کر سکتا۔ پھر زیتون کے درخت اور ان سے نکالا ہُوا تیل ایک قسم کا نہیں ہوتا۔ بعض زیتون کے درخت اپنے علاقہ اور آب و ہوا کی وجہ سے دوسرے زیتون کے درختوں سے زیادہ عمدہ ہوتے ہیں اور ان سے نکالا ہُوا تیل کہیں صاف اور روشن ہوتا ہے۔ خصوصاً زیتون کا وہ درخت جو کسی پہاڑ کی چوٹی یا کھلے میدان میں اُگا ہُوا ہو، طلوع آفتاب کے وقت بھی اس کی شعاعیں اسے زندگی بخش اثرات سے سرشار کر دیں اور جب سورج غروب ہو رہا ہو تب بھی۔ ہوا ہر طرف سے اسے لگتی ہو۔ اس قسم کا درخت اپنے قد و قامت میں بھی نمایاں ہوتا ہے اور اس کا تیل بھی بڑا نفیس ہوتا ہے۔ یُوں محسوس ہوتا ہے کہ اگر اسے آگ نہ بھی لگائی جائے تو از خود روشنی کے شعلے بھڑک اٹھیں گے۔ آیت کے پہلے حصہ میں چراغ کا ذکر ہُوا۔ پھر بلوری فانوس کا اور اس جگہ کا جہاں اسے رکھا جاتا ہے۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ جو تیل اس میں جل رہا ہے وہ سرسوں یا تارا میرا کا معمولی تیل نہیں بلکہ زیتون کے ایک خاص درخت کا ہے۔ اب اس مثال کی عظمت کا اندازہ لگائیے کہ ایسے چراغ کی روشنی کی کیا کیفیت ہوگی۔ اس کی چمک دمک دوسرے چراغوں کو مات کر رہی ہوگی اور اپنی صفائی اور لطافت کے باعث دل و نگاہ کو مسحور کر رہی ہوگی۔ ان امور کو ذہن نشین کرنے کے بعد اب علمائے کرام نے اس تمثیل کے جو مختلف مطالب بیان فرمائے ہیں انھیں ملاحظہ فرمائیے:۔

۱۔ حضرت ابن عباس نے کعب احبار سے کہا اخبرنی عن قوله تعالیٰ مثل نوره کمشکوٰة ... الآیة۔ مجھے اس آیت کا مطلب بتاؤ۔ قال کعب هذا مثل ضربه الله لنبیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فالمشکوٰة صدره و الزجاجة قلبه و المصباح فیها النبوة یکاد نور محمد صلی الله تعالیٰ علیه و آله وسلم و امره یتبین للناس ولو لم یتکلم انه نبی کما کان یکاد ذٰلك الزیت یضیٓئ ولو لم تمسسه نار نور علی نور (مظہری)

ترجمہ: حضرت کعب نے کہا یہ مثال ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم کے متعلق بیان کی ہے۔ مشکوٰۃ سے مراد سینہ مبارک ہے۔ زجاجہ سے مراد قلب انور ہے۔ مصباح سے مراد نبوت ہے۔ یعنی حضور کا نور اور حضور کی شان لوگوں کے سامنے خود بخود عیاں ہو رہی ہے اگرچہ حضور اپنی نبوت کا اعلان نہ بھی کرتے۔ عارف باللہ علامہ ثناء اللہ پانی پتی یہ لکھنے کے بعد فرماتے ہیں۔ ولنعم ما قال کعب ها انا اذکر فصلا فی ظهور امر نبوته قبل ان یبعث وقبل ان یتکلم انه نبی۔ یعنی کعب نے بہت عمدہ بات کہی ہے اور میں یہاں ایک فصل تحریر کرتا ہوں جس سے پتہ چل جائے کہ حضور کی نبوت اور رفعت شان اعلان نبوت سے پہلے ہی ظاہر و باہر تھی۔ اس کے بعد علامہ موصوف نے ایک طویل فصل لکھی ہے جس میں حضور نبی کریم فخر آدم و بنی آدم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ان معجزات کا ذکر کیا جو اعلان نبوت سے قبل ظہور پذیر ہوئے۔ دل تو چاہتا ہے کہ اہل محبت کی تسکین خاطر کے لیے اس کا ترجمہ پیش کروں لیکن یہاں اس کی گنجائش نہیں اور بالکل محروم رہنا بھی گوارا نہیں۔ صرف ایک واقعہ ذکر کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔ حضور ابھی کمسن ہی تھے کہ تمام علاقہ میں سخت قحط پڑ گیا۔ حضرت ابوطالب بارش کی دعا کرنے کے لیے حرم میں آئے اور حضور اقدس کو بھی ہمراہ لائے۔ حضور کی طرف انگلی سے اشارہ کیا اور دعا مانگی اس وقت آسمان پر بادل کا نام ونشان تک نہ تھا۔ دعا مانگنے کی دیر تھی فاقبل السحاب من ههنا وههنا واغدق واغدق وانفجر له الوادی وفی ذٰلك قال ابوطالب ؎

وابیض یستسقی الغمام بوجهه ثمال الیتامیٰ عصمة للارامل

یعنی اسی وقت بادل ادھر ادھر سے ہجوم کر آئے۔ خوب موسلا دھار بارش برسی۔ یہاں تک کہ وادیاں بہنے لگیں اور اس وقت ابوطالب نے یہ شعر کہا کہ وہ سفید موتی رنگت والا جس کے روئے تاباں کے صدقے بادل کی التجا کی جاتی ہے وہ یتیموں کا آسرا اور بیوہ عورتوں کی ناموس کا محافظ ہے۔ لا شرقیة ولا غربیة فرما کر یہ بتا دیا کہ نبوت مصطفوی کا فیض عام ہے جس طرح زمانہ کی پابندی نہیں اسی طرح مکان کی قید بھی نہیں۔ اہل شرق و مغرب سب کے لیے در رحمت کھلا ہے اور دامن لطف و کرم کشادہ ہے۔

۲۔ ابوالعالیہ نے ابی بن کعب سے نقل کیا ہے کہ یہ مومن کی مثال ہے۔ مشکوٰۃ اس کا نفس ہے زجاجہ اس کا سینہ۔ مصباح نور ایمان اور نور قرآن ہے جو اللہ تعالیٰ مومن کے دل میں پیدا فرماتا ہے اور شجرہ مبارکہ سے مراد اخلاص ہے۔

۳۔ حسن بصری اور ابن زید کہتے ہیں کہ یہ قرآن کی مثال ہے۔ مصباح سے مراد قرآن کریم ہے جس طرح چراغ سے روشنی حاصل کی جاتی ہے۔ اسی طرح قرآن سے ہدایت حاصل کی جاتی ہے۔ زجاجہ سے مراد قلب مومن ہے۔ مشکوٰۃ سے

غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۭ نُوْرٌ عَلٰي نُوْرٍ ۭ

غربی ہے۔ قریب ہے اس کا تیل روشن ہو جائے اگرچہ اسے آگ نہ چھوئے۔ (یہ) نور ہی نور ہے۔

يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۭ

پہنچا دیتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے نور کی طرف جس کو چاہتا ہے ۶۳ اور بیان فرماتا ہے اللہ تعالیٰ طرح طرح کی مثالیں لوگوں (کی ہدایت)

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۟ۙ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ

کے لیے ۶۴ اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ان گھروں میں (جنکے متعلق) حکم دیا ہے اللہ نے کہ بلند کیے جائیں ۶۵ اور یاد کیا جائے

مراد اس کا منہ اور اس کی زبان ہے شجرہ مبارکہ سے مراد اس کی وحی ہے۔ علامہ ابی حیان اندلسی نے اپنی تفسیر البحر المحیط میں یہ تین قول درج کرنے کے بعد لکھا ہے کہ ان صورتوں میں مثل نورہ کی ضمیر کا مرجع ایسی چیزیں ہونگی جو پہلے مذکور نہیں ہیں۔ اسی لیے مکی نے اللہ نور السمٰوات والارض پر وقف کیا ہے۔ اور آیت کے پچھلے حصہ کو کلام مستانف قرار دیا ہے هذه الاقوال الثلاثة عاد فيها ضمير على غير مذكور ..... ولذالك قال مكي يوقف على الارض في تلك الاقوال الثلاثة۔ (بحر محیط)۔

۴۔ یا نورہ کی ضمیر کا مرجع اللہ ہوگا اس صورت میں مصباح سے مراد ذات خداوندی ہوگی۔ مشکوٰۃ سے مراد ساری کائنات ہوگی اور فانوس (زجاجہ) اس کا وہ نوری پردہ ہوگا جس کے باعث وہ عیاں اور آشکارا ہونے کے باوجود اپنی مخلوقات کی نگاہوں سے مخفی اور پنہاں ہے یہ خفا اس لیے نہیں کہ اس کے ظہور میں کچھ کمی ہے بلکہ تجلیات کی فراوانی اور انوار کی کثرت اس بات سے مانع ہے کہ کوئی آنکھ کھول کر دیکھنے کی جرأت کر سکے۔ اللہ تعالیٰ ورسولہ المکرم اعلم باسرار الکتاب ورموزہ۔

۶۳ انسان محض اپنی کوشش اور علم وفضل سے اس نورِ محض تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کا انعام ہے جس پر چاہتا ہے جتنا چاہتا ہے فرما دیتا ہے۔

۶۴ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی بندہ پروری ہے کہ وہ ان حقائق ومعارف کو محسوس مثالوں کے ذریعہ ہمیں سمجھا دیتا ہے ورنہ ان کو سمجھنا کسی انسان کے بس کا روگ نہ تھا۔

۶۵ جن خوش نصیبوں کو اللہ تعالیٰ اپنے نور ہدایت ومعرفت سے مالا مال فرما دیتا ہے۔ ان کے چند ظاہری اور باطنی احوال بیان کیے جا رہے ہیں۔ فی بیوت کا متعلق یُسَبِّحُ ہے یعنی یہ لوگ ان گھروں میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتے ہیں جن کے بلند کرنے کا اس نے حکم فرمایا ہے۔ فیہا کا مرجع بیوت ہے اور اسے جملہ کے آخر میں اس لیے ذکر کیا

گیا ہے تاکہ تکرار اور تذکیر کا فائدہ دے جس طرح ففی رحمۃ اللہ ھم فیھا خالدون میں فیھا مذکور ہے ترفع سے مراد مساجد کا بلند کرنا ہے یعنی ان کی عمارت بھی شاندار ہو اور وہ نہایت پاک اور ستھری بھی ہوں۔ کوڑے کرکٹ کا نام و نشان تک نہ ہو۔ دیواروں اور فرش پر بدنما دھبے اور داغ طبع سلیم پر گراں نہ گزر رہے ہوں۔ چھتوں پر مکڑی نے جالے نہ تن دیئے ہوں۔ ترفع معناہ تبنیٰ و تعلیٰ (قرطبی)۔

حدیث پاک میں ہے من بنیٰ للہ مسجداً بنی اللہ لہ بیتاً فی الجنۃ۔ جو شخص رضاء الٰہی کے لیے مسجد بناتا ہے اللہ تعالیٰ جنت میں اس کے لیے گھر تعمیر فرماتا ہے حضرت حسن بصریؒ نے ترفع کا معنی کیا ہے تعظم و ترفع شانہا وتطہر من الانجاس والاقذار یعنی مسجدوں کی تعظیم و تکریم کی جائے انھیں ہر قسم کی غلاظت اور آلودگی سے پاک رکھا جائے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے عہد خلافت میں مسجد نبوی کو ساگوان کی لکڑی سے مزین کیا اور اسے خوبصورت بنایا حضرت امام صاحبؒ فرماتے ہیں۔ لا بأس بنقش المساجد بماء الذھب یعنی اگر مسجدوں میں سونے کے پانی کے ساتھ نقش و نگار بنائے جائیں تو کوئی حرج نہیں حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اپنے زمانہ میں مسجد نبوی کی تعمیر پر زر کثیر صرف کیا۔ اسے نقش و نگار سے مزین و آراستہ کیا اور کسی نے آپ پر اعتراض نہیں کیا و لم ینکر علیہ احد ذالک

جس طرح مسجد کو محسوس نجاستوں اور آلودگیوں سے پاک رکھنے کا حکم ہے اسی طرح ان اعمال سیئہ کا ارتکاب بھی مسجد میں ممنوع قرار دیا گیا ہے کیونکہ ان کی بدبو اور سڑاند سے فرشتوں کو اذیت ہوتی ہے۔ ان رجل لیکذب الکذبۃ فیتباعد عنہ الملک من نتن ریحہ یعنی انسان جھوٹ بولتا ہے اور اس کی بدبو سے فرشتہ بھاگ جاتا ہے۔ اسی لیے ایسے آدمی کا مسجد سے نکال دینا ضروری ہے جو مسجد میں جھوٹی باتیں کہے فعلی ھذا یخرج من عرف منہ الکذب و التقول بالباطل فان ذالک یؤذی۔ صحابہ کرام مسجد نبوی کو صاف ستھرا رکھنے، اس کو منور کرنے کا خاص اہتمام فرمایا کرتے ایک دفعہ حضرت تمیم الداری شام سے مدینہ طیبہ آئے تو قندیلیں، زیتون کا تیل اور عمدہ بٹی ہوئی رسیاں لے آئے۔ اتفاق سے جس روز وہ پہنچے وہ خمیس کا دن تھا۔ آنے والی رات جمعہ کی تھی عصر کے بعد انھوں نے اپنے غلام ابوالبزاد کو حکم دیا کہ ان رسیوں سے قندیلوں کو باندھ کر لٹکائے۔ قندیلوں میں زیتون کا تیل ڈالے اور بتیاں درست کر دے اس نے حکم کی تعمیل کی جب سورج غروب ہوا انھیں جلا دیا۔ مسجد بقعۂ نور بن گئی۔ حضورؐ تشریف لائے۔ پوچھا کس نے کیا ہے۔ عرض کی گئی تمیم الداری نے حضورؐ نے خوش ہو کر دعا دی۔ فرمایا نورت الاسلام نور اللہ علیک فی الدنیا و الآخرۃ۔ تو نے آج اسلام کو روشن کیا، اللہ تعالیٰ تمہاری آخرت اور دنیا کو منور فرمائے۔ اسی لیے علماء نے اس بات کو مستحب جانا ہے کہ وہ مکان جس میں قرآن کریم کی تلاوت کی جائے، اس میں قندیلیں آویزاں کی جائیں۔ شمعیں رکھی جائیں اور ماہ رمضان میں مسجدوں کی رونق میں اضافہ کیا جائے۔

ان ینور البیت الذی یُقرأ فیہ القرآن بتعلیق القنادیل ونصب الشموع فیہ ویزاد فی شھر رمضان فی انوار المساجد۔ (قرطبی)

فِيهَا اسْمُهٗ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيهِمْ

ان میں اللہ تعالیٰ کا نام۔ اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں ان گھروں میں صبح اور شام۔ وہ (جواں) مرد جنہیں غافل نہیں

تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيتَآءِ الزَّكٰوةِ

کرتی تجارت اور نہ خرید و فروخت یادِ الٰہی سے ۶۳ اور نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے سے۔

يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ

وہ ڈرتے رہتے ہیں اس دن سے۔ گھبرا جائیں گے جس میں دل۔ اور آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی ۶۴ تاکہ جزا دے انہیں

اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ

اللہ تعالیٰ ان کے بہترین اعمال کی ۶۵ اور اس سے بھی زیادہ عطا فرمائے انہیں اپنے فضل سے اور اللہ تعالیٰ رزق دیتا ہے جس کو

یہاں مسجد میں داخل ہونے کے آداب کا ذکر کر دینا موزوں معلوم ہوتا ہے حضرت سیدہ زہرا خاتونِ جنت علیٰ ابیہا و علیہا افضل الصلوات والتسلیمات سے ابن ماجہ نے یہ حدیث نقل کی ہے۔ آپ نے فرمایا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب مسجد میں داخل ہوتے تو فرماتے بسم اللہ والسلام علیٰ رسول اللہ اللھم اغفرلی ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتک اور جب حضور مسجد سے باہر تشریف لاتے تو فرماتے بسم اللہ والصلوٰۃ علیٰ رسول اللہ اللھم اغفرلی ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتک وفضلک۔

اور جب مسجد میں داخل ہو تو یونہی بیٹھ نہ جائے مستحب یہ ہے کہ اگر نفل پڑھنے کا وقت ہو تو دو رکعت نفل پڑھے۔ اذا دخل احدکم المسجد فلیرکع رکعتین قبل ان یجلس (قرطبی)

۶۳ یعنی یہ وہ لوگ ہیں کہ دنیا کے مشاغل کی کثرت کے باوجود نہ ذکرِ الٰہی سے غافل ہوتے ہیں نہ نماز و زکوٰۃ کی ادائیگی میں سستی کرتے ہیں۔ ہر وقت قیامت کے خوف سے لرزہ براندام رہتے ہیں۔

۶۴ روزِ حشر کی ہولناکی اور دہشت کا بیان ہے یعنی اس میں دل شدتِ خوف سے گھبرا جائیں گے۔ آنکھیں منظر کی ہولناکی کو دیکھ کر پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی ای تتقلب القلوب من الخوف فترجع الی الحنجرۃ فلا تنزل ولا تخرج وتتقلب الابصار ای تشخص من ھول الامر وشدتہ یعنی دل ڈر کے مارے گلے میں اٹک جائیں گے اور آنکھیں تاڑے لگ جائیں گی۔

۶۵ اس کا متعلق یسبح، لا تلھیھم، یخافون سارے ہو سکتے ہیں لیکن علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ بہتر یہ ہے

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ

چاہتا ہے بے حساب۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ۹۹ ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے چمکتی ہوئی ریت ہو کسی چٹیل میدان میں

الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْــًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ

خیال کرتا ہے اسے پیاسا کہ وہ پانی ہے حتیٰ کہ جب (پینے کے لیے) اس کے قریب آتا ہے تو اسے کچھ نہیں پاتا اور پاتا ہے اللہ تعالیٰ کو

فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ

اپنے قریب تو فوراً چکا دیا اس نے اس کا حساب اور اللہ تعالیٰ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔ یا (اعمال کفار) ایسے ہیں جیسے اندھیرے کی طرح ہیں جو

لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ

گہرے سمندر میں جسے ڈھانپ رہی ہوتی ہے اس پر موج اسکے اوپر اک اور موج (اور) اس کے اوپر بادل ہے (تہ در تہ) اندھیرے

کہ اس کا متعلق محذوف مانا جائے جو ان تمام معانی کو شامل ہو۔ مثلاً یفعلون ما یفعلون لیجزیھم یعنی وہ جو کچھ کرتے ہیں اس لیے کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ انہیں ان کے اعمال کی جزا بھی دے گا۔ صرف جزا ہی نہیں بلکہ اپنے فضل و کرم کے غیر متناہی خزانوں سے انہیں وہ نعمتیں دے گا جن کا یہ ابھی تصور بھی نہیں کر سکتے۔ ارشاد الٰہی ہے اعددت لعبادی الصالحین مالا عین رأت ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر یعنی میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے ایسی نعمتیں تیار کر رکھی ہیں جنہیں کسی آنکھ نے دیکھا تک نہیں جن کے بارے میں کسی کان کو خبر نہیں اور نہ کسی انسان کے دل میں ان کا خیال آیا ہے۔ آیت کے آخر میں واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب فرما کر اپنی بندہ نوازی کی حد کر دی۔

۹۹ اب کفار کے اعمال کا ذکر فرمایا جا رہا ہے کہ وہ اعمال جنہیں وہ اچھا سمجھ کر کرتے ہیں اور اجر عظیم کی امید رکھتے ہیں ان کی مثال سراب کی سی ہے جو دور سے نظر آتا ہے۔ اور پیاسا دوڑ کر اس کی طرف لپکتا ہے تاکہ پانی پی کر اپنی پیاس بجھائے۔ وہاں پہنچ کر اسے پتہ چلتا ہے کہ پانی کا دکھینا تو محض نگاہ کا فریب ہے۔ یہاں تو خدا کا قہر اور غضب ہے جس میں اسے مبتلا کر دیا گیا ہے۔ سراب وہ چمکتی ہوئی ریت جو دور سے پانی نظر آتی ہے۔ قیعۃ اس کی جمع قیعان ہے۔ کشادہ اور ہموار زمین کو کہتے ہیں۔ ھی الارض المنبسطۃ المستویۃ۔

۱۰۰ کفار کے اعمال کی ایک دوسری مثال بیان کی جا رہی ہے۔ حضرت صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین صاحب مراد آبادی تحریر فرماتے ہیں:-

بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ

ہیں ایک دوسرے کے اُوپر۔ جب وہ نکالتا ہے اپنا ہاتھ تو نہیں دیکھ پاتا اسے اور (سچ تو یہ ہے کہ) جس کے لیے

اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۠ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِى

اللہ تعالیٰ نور نہ بنائے سلہ تو اس کے لیے کہیں نور نہیں۔ کیا تم غور نہیں کرتے کہ بلاشبہ اللہ ہی ہے سلہ جس کی تسبیح بیان کرتے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَ

ہیں سارے آسمانوں والے اور زمین والے اور پرندے پر پھیلاتے ہوئے۔ ہر ایک جانتا ہے اپنی (مخصوص) دُعا اور اپنی

«ایک اندھیرا دریا کی گہرائی کا، اس پر ایک اور اندھیرا موجوں کے تراکم کا، اس پر اور اندھیرا بادلوں کی گھری ہوئی گھٹا کا۔ ان اندھیروں کی شدت کا یہ عالم کہ جو اس میں ہو وہ باوجودیکہ اپنا ہاتھ نہایت ہی قریب اور اپنے جسم کا جزو ہے، جب وہ بھی نظر نہ آئے تو اور دوسری چیز کیا نظر آئے گی۔ ایسا ہی حال کافر کا ہے کہ وہ اعتقادِ باطل اور قولِ ناحق اور عملِ قبیح کی تاریکیوں میں گرفتار ہے۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ دریا کے گہرے اور اس کی گہرائی سے کافر کے دل کو اور موجوں سے جہل و شک وحیرت کو جو کافر کے دل پر چھائے ہوئے ہیں اور بادلوں سے مُہر کو جو ان کے دلوں پر ہے تشبیہ دی گئی (خزائن العرفان) بحرٍ لجّیّ۔ یعنی لجۃ کی طرف منسوب ہے گہرا سمندر جس کی تہ معلوم نہ ہو سکے۔ منسوب الی اللجۃ والذی لایدرك قعرہٗ۔

سلہ ہدایت یافتہ وہی ہو سکتا ہے جس کی دستگیری توفیقِ الٰہی کرے۔ عقل، علم، کوشش اس کی توفیق کے بغیر سب بے سُود اور بے حاصل ہیں۔

سلہ جب اللہ تعالیٰ کا نُور تحت وفوق، پستی و بلندی ہر جگہ ضوفشانی کر رہا ہے تو کسی کو یہ حق نہیں کہ وہ اس کا انکار کرے اور اس کی بارگاہِ صمدیت کے علاوہ کسی اور جگہ جبینِ عبادت جھکائے اور جو لوگ اس نُور کی تجلیوں سے روشنی حاصل نہیں کرتے ان کی مثال ایسی ہے جس کا ذکر اوپر گزرا۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو خطاب فرماتے ہیں کہ تمہیں تو اللہ تعالیٰ کے نُور کے جلوے ہر جگہ نظر آ رہے ہیں۔ کائناتِ ارضی و سماوی میں کونسی ایسی چیز ہے جو اس کے دربار میں قالاً یا حالاً، طوعاً یا کرہاً سرِ نیاز نہ جھکا رہی ہو یا اس کی تسبیح و تہلیل میں زمزمہ سنج نہ ہو۔ فضائے بسیط میں محوِ پرواز پرندوں کی طرف دیکھو، وہ کس کی عظمت کا اعتراف کر رہے ہیں۔ صافات ای باسطات اجنحتہم فی الھواء۔ ہوا میں پروں کو پھیلاتے ہوئے۔

تَسۡبِيۡحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِمَا يَفۡعَلُوۡنَ ﴿۴۱﴾ وَلِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ

تسبیح کو ۳۳؎ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے رہتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے لیے بادشاہی ہے سارے آسمانوں کی اور

وَاِلَى اللّٰهِ الۡمَصِيۡرُ ﴿۴۲﴾ اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزۡجِىۡ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيۡنَهٗ

ساری زمین کی اور اللہ تعالیٰ کی طرف ہی (سب نے) لوٹنا ہے۔ کیا تم نے غور نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ آہستہ آہستہ لے جاتا ہے بادل کو پھر جوڑ

ثُمَّ يَجۡعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الۡوَدۡقَ يَخۡرُجُ مِنۡ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ

دیتا ہے اس کے (بکھرے ہوئے ٹکڑوں) کو پھر اسے تہ بہ تہ کر دیتا ہے پھر تو دیکھتا ہے بارش کو کہ نکلتی ہے ۳۴؎ اس کے درمیان سے اور اتارتا

السَّمَآءِ مِنۡ جِبَالٍ فِيۡهَا مِنۡۢ بَرَدٍ فَيُصِيۡبُ بِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَصۡرِفُهٗ

ہے اللہ تعالیٰ آسمان سے برف جو پہاڑوں کی طرح ہوتی ہے ۳۵؎ پس نقصان پہنچاتا ہے اس سے جسے چاہتا ہے اور پھیر دیتا ہے اس کو

عَنۡ مَّنۡ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرۡقِهٖ يَذۡهَبُ بِالۡاَبۡصَارِ ﴿۴۳﴾ ؕ يُقَلِّبُ اللّٰهُ

جس سے چاہتا ہے ۳۶؎ قریب ہے کہ اس کی بجلی کی چمک لے جائے آنکھوں کی بینائی کو۔ بدلی کرتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ

۳۳؎ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو اس کی مخصوص عبادت اور تسبیح کا طریقہ سکھا دیا ہے اور ہر ایک اپنے مخصوص انداز میں اپنی بندگی کا اظہار کر رہا ہے۔

۳۴؎ اپنی قدرتِ کاملہ کا ایک اور ثبوت پیش فرما رہے ہیں۔ مشکل الفاظ کی تشریح: یُزجي: یدفع۔ دھکیلنا۔ ردی چیزوں کو بضاعة مزجاة کہا جاتا ہے جو یُزجي سے ماخوذ ہے ان کا گاہک انھیں ناپسند کر کے دھکیل دیتا ہے۔ رکاما: الرکم جمع الشئ یقال منه رکم الشئ یرکمه رکما اذا جمعه والقیٰ بعضه علی بعض۔ الرکمة الطین المجموع والرکام الرمل المتراکم وکذالک السحاب یعنی رکم کا معنی کسی چیز کو اکٹھا کرنا جب کسی چیز کو اکٹھا کیا جائے اور اسے اوپر نیچے رکھ دیا جائے تو عرب کہتے ہیں رکم الشئ یرکمه۔ کیچڑ کے ڈھیر کو الرکمة کہتے ہیں اور ریت کے ڈھیر کو رکام کہتے ہیں۔ اسی طرح بادل جب گھر کر آجائے اور وہ گہرا ہو تو اسے رکام کہا جاتا ہے۔ الودق المطر: بارش۔

۳۵؎ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ مِنَ الجبال اور مِن بَرَدٍ دونوں جگہ مِن زائد ہے تقریرِ کلام یوں ہے ای ینزل من السماء بردا یکون کالجبال یعنی آسمان سے برف آتا ہے جو پہاڑوں کی طرح ہوتی ہے علامہ پانی پتی نے یہ ترجمہ بھی لکھی ہے ینزل من السماء بعض جبال من برد یعنی آسمان سے جب برف برستی ہے تو اتنی

الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَعِبۡرَةً لِّاُولِى الۡاَبۡصَارِ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَ

رات اور دن کی ٦٦ بیشک اس میں عبرت ہے آنکھوں والوں کے لیے۔ اور اللہ تعالیٰ نے پیدا

كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنۡ مَّآءٍ ۚ فَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰى بَطۡنِهٖ ۚ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ

فرمایا ہے ہر جانور کو پانی سے ٦٧ تو ان میں کچھ تو رینگتے ہیں پیٹ کے بل۔ اور ان میں سے بعض

يَّمۡشِىۡ عَلٰى رِجۡلَيۡنِ ۚ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰٓى اَرۡبَعٍ ؕ يَخۡلُقُ اللّٰهُ

چلتے ہیں دو ٹانگوں پر۔ اور ان میں سے بعض چلتے ہیں چار ٹانگوں پر۔ پیدا فرماتا ہے اللہ تعالیٰ

مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۴۵﴾ لَقَدۡ اَنۡزَلۡنَاۤ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ

جو چاہتا ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے۔ ہم نے اتاری ہیں ایسی آیتیں جو (حق کو) صاف صاف

وَاللّٰهُ يَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۴۶﴾ وَيَقُوۡلُوۡنَ اٰمَنَّا

بیان کرتی ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ پہنچاتا ہے جسے چاہتا ہے سیدھی راہ تک۔ اور وہ کہتے ہیں ہم ایمان لائے ہیں

کثرت سے کہ معلوم ہوتا ہے برف کے پہاڑ ہیں جو آسمان سے اتر رہے ہیں۔

٦٦ بادلوں کے مختلف ٹکڑے جو آسمان پر ادھر ادھر بکھرے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ان کو ہوائیں دھکیل کر یکجا کر دیتی ہیں یہاں تک کہ گہری گھٹائیں گھر کر آجاتی ہیں۔ ان سے بارش بھی برستی ہے اور برف باری بھی ہوتی ہے۔ ضروری نہیں کہ جو بادل آئے وہ برسے اور جہاں آئے وہاں برسے بلکہ یہ سب ہمارے حکم کے منتظر ہیں جب اور جہاں ہمارا حکم ہوتا ہے وہ برستے ہیں ورنہ لوگوں کی نگاہوں کو ترساتے ہوئے ناپید ہو جاتے ہیں۔ سنا، ضیاء، روشنی۔ جب بجلی چمکتی ہے تو فضا اتنی تیز روشنی ہوتی ہے کہ محسوس ہونے لگتا ہے کہ وہ آنکھوں کی بینائی کو سلب کر لے گی۔

٦٧ گردش لیل و نہار بھی اسی کے حکم سے رونما ہوتی ہیں۔

٦٨ یہ گوناگوں مخلوق جو تمہیں دکھائی دے رہی ہے یہ سب ایک قطرۂ آب سے پیدا کی گئی ہے ان میں سے کچھ ایسے ہیں جو پیٹ کے بل زمین پر رینگتے ہیں، بعض دو ٹانگوں (انسان اور پرندے) اور بعض چار ٹانگوں پر چلتے ہیں۔ ہر ایک اپنی ہیئت اور خصوصیات سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کی پاکی کی گواہی دے رہا ہے۔

بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

اللہ تعالیٰ پر اور (اس کے) رسول پر اور ہم فرمانبردار ہیں پھر منہ پھیر لیتا ہے ایک فریق ان سے (دایمان و اطاعت کے) اس عویٰ

وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ

کے بعد اور یہ لوگ ایماندار نہیں ہیں ف۶۸ اور جب وہ بلائے جاتے ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف تاکہ

بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا

فیصلہ کرے ان کے درمیان تو اس وقت ایک جماعت ان میں سے روگردانی کرنے لگتی ہے اور اگر فیصلہ انکے حق میں ہونا ہو تو دوڑے چلے آتے

ف۶۸ یہ آیات ایک منافق کے بارے میں نازل ہوئیں۔ ایک منافق جس کا نام بشر تھا اس کا ایک یہودی سے تنازعہ ہو گیا اس یہودی نے بشر کو کہا کہ چلو رسول اللہ کے پاس جو آپ فیصلہ فرما دیں اس پر عمل کریں۔ بشر کے دل میں چور تھا وہ یہودی سے ناحق الجھ رہا تھا اسے معلوم تھا کہ بارگاہ رسالت میں گئے تو وہاں کوئی سفارش نہیں چلے گی اور نہ ہی طرفداری کی امید کی جا سکتی تھی اس لیے اس نے کہا ان محمداً (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یحیف علینا۔ آپ تو ہم پر ظلم کرتے ہیں۔ چلو کعب بن اشرف کے پاس چلیں۔ اس وقت یہ آیات نازل ہوئیں۔ صرف بشر کو ہی نہیں بلکہ اس قماش کے جتنے لوگ ہیں ان کے ہم عصر یا اس کے بعد آنے والے سب کو بتا دیا کہ جب کسی کو خدا اور رسول کے فیصلہ کی طرف بلایا جائے اور وہ نہ آئے تو وہ سمجھ لے کہ اس کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ ایمان کا دعویٰ کرنے کے باوجود خدا اور رسول کے حکم سے سرتابی ناممکن ہے۔ اپنے آپ کو مومن کہلانا اور پھر بارگاہ رسالت میں فیصلہ کے لیے حاضر نہ ہونا۔ اس کی یہی وجہ ہو سکتی ہے کہ اس کے دل میں ابھی کفر و الحاد کی بیماری ہے محض دکھلاوے کے لیے اس نے اسلام کا جامہ پہن رکھا ہے یا ابھی تک اس کے ذہن سے شک دور نہیں ہوا۔ وہ خیال کرتا ہے کہ اسلام کے احکام پر کاربند ہونے سے شاید اس کو نقصان پہنچے گا یا وہ یہ سمجھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا رسول کسی وجہ سے اس کے ساتھ بے انصافی کرے گا۔ ان چیزوں میں سے کوئی چیز بھی اگر کسی کے دل میں ہو تو وہ اپنے آپ کو مسلمان کہلانے کا حقدار نہیں۔

ان آیات سے فقہاء اسلام نے چند مسائل اخذ کیے ہیں وہ بھی ملاحظہ فرمائیں۔ اگر دونوں فریق مسلمان ہوں یا ایک فریق مسلمان ہو تو ان کا فیصلہ مسلمان قاضی کرے گا۔ اور اگر دونوں ذمی کافر ہیں تو ان کا فیصلہ ان کا ہم مذہب قاضی کرے گا اگر وہ دونوں کسی مسلمان قاضی کے پاس تصفیہ کے لیے جائیں تو قاضی کو اختیار ہے چاہے تو فیصلہ کرے اور چاہے تو انہیں ان کے ہم مذہب قاضی کی طرف بھیج دے نیز اگر کوئی شخص کسی کو باہمی تنازعہ کے تصفیہ کے لیے کسی عادل قاضی کے پاس جانے کے لیے کہے تو اس پر لازم ہے کہ وہ ضرور اس کے ساتھ قاضی کے پاس جائے۔ قال ابن خویز منداد واجب علی کل من دعی الی مجلس الحاکم ان یجیب۔ (قرطبی)

إِلَيْهِ مُذْعِنِينَ ﴿۴۹﴾ أَفِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَمِ ارْتَابُوا أَمْ يَخَافُونَ

ہیں اس کی طرف تسلیم کرتے ہوئے ۔کیا ان کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے یا وہ (اسلام کے متعلق) شک میں مبتلا ہیں یا انہیں

أَن يَحِيفَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُولُهُ ۚ بَلْ أُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿۵۰﴾ إِنَّمَا

یہ اندیشہ ہے کہ ظلم کرے گا اللہ تعالیٰ ان پر اور اس کا رسول ۔ بلکہ (درحقیقت) وہ خود ظالم ہیں ۔ ایماندار وں

كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ

کی بات تو صرف اتنی ہے ۸۵ کہ جب انہیں بلایا جاتا ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف تاکہ وہ فیصلہ فرمائے ان کے

أَن يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿۵۱﴾ وَمَن يُطِعِ

درمیان ۔ تو وہ کہتے ہیں ہم نے فیصلہ سن لیا اور ہم نے اطاعت کی اور یہی لوگ دونوں جہانوں میں بامراد ہیں ۔ اور جو شخص اطاعت کرتا ہے

اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَخْشَ اللَّهَ وَيَتَّقْهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ ﴿۵۲﴾

اللہ کی اور اس کے رسول کی اور ڈرتا رہتا ہے اللہ سے اور بچتا رہتا ہے اس (کی نافرمانی) سے تو یہی لوگ کامیاب ہیں ۸۶

ع ۶ ۱۲

۸۵ مومن کا تو یہ شیوہ ہونا چاہیے کہ جب اسے خدا و رسول کی طرف فیصلہ کے لیے بلایا جائے تو بلا چون وچرا حاضر ہو جائے۔

۸۶ فوز وکامرانی سے وہی مشرف ہوگا جس کا طریقہ کار وہ ہوگا جو اس آیت میں بیان کیا جا رہا ہے ۔ ایک روز حضرت فاروق اعظم مسجد نبوی میں کھڑے تھے تو روم کے دہقانوں میں سے ایک دہقان حاضر ہوا اور آکر پڑھا اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا رسول الله ۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا کیا بات ہے اس نے عرض کی میں مشرف باسلام ہو گیا ہوں ۔ آپ نے کہا تم نے اپنا آبائی مذہب چھوڑ کر دین اسلام کو کیسے قبول کیا ہے اس نے کہا میں نے تورات، انجیل، زبور اور دیگر کتب انبیاء کا مطالعہ کیا ۔ میں نے ایک مسلمان قیدی کو ایک ایسی آیت پڑھتے ہوئے سنا جس میں وہ تمام چیزیں جمع کر دی گئی ہیں جو سابقہ آسمانی کتابوں میں موجود ہیں ۔ مجھے یقین ہو گیا کہ یہ کتاب منزل من اللہ ہے ۔ اس لیے میں مسلمان ہو گیا ہوں ۔ آپ نے دریافت فرمایا وہ کون سی آیت ہے اس نے یہی آیت بھی پڑھی اور ساتھ ساتھ اس کا مطلب بھی بیان کرتا گیا ۔ قال قوله تعالىٰ (ومن يطع الله) فى الفرائض (ورسوله) فى السنن (ويخش الله) فيما مضىٰ من عمره (ويتقه) فيما بقى من عمره (فاولئك هم الفائزون) الفائز من نجا من النار وادخل الجنة ۔ یہ سن کر حضرت عمرؓ نے فرمایا قال النبى صلى الله عليه وآله وسلم اوتيت جوامع الكلم ۔ یعنی جو شخص فرائض میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتا ہے

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ

اور قسمیں اٹھاتے ہیں اللہ تعالیٰ کی بڑے زور شور سے ۸۳ کہ اگر آپ انھیں حکم دیں تو وہ (گھروں سے بھی) نکل

لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾ قُلْ

جائیں گے۔ فرمائیے قسمیں نہ کھاؤ تمھاری فرمانبرداری خوب معلوم ہے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ خوب واقف ہے جو کچھ تم کرتے رہتے ہو۔ آپ فرمائیے

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ

اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول (مکرم) کی۔ پھر اگر تم نے روگردانی کی تو جان لو رسول کے ذمہ اتنا ہے جو

وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا

ان پر لازم کیا گیا اور تمھارے ذمہ ہے جو تم پر لازم کیا گیا۔ اور اگر تم اطاعت کرو گے اس کی تو ہدایت پا جاؤ گے اور نہیں ہے رسول

الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

کے ذمہ بجز اس کے کہ وہ صاف صاف پیغام پہنچا دے۔ وعدہ فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے تم میں سے اور نیک عمل کیے ۸۴

اور سنتوں میں اس کے رسول کی پیروی کرتا ہے اور گزری ہوئی زندگی میں جو غلطیاں اس سے ہوئیں ان کی وجہ سے اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اور آنے والی زندگی میں تقویٰ اختیار کرتا ہے۔ یہی لوگ کامیاب ہیں اور کامیاب وہ شخص ہے جسے آتش جہنم سے نجات مل گئی اور جنت میں داخل کر دیا گیا۔

۸۳ منافقوں کے طریقۂ کار کو پھر بیان کیا جا رہا ہے کہ یہ لوگ زبانی دعویٰ کرنے میں بڑے تیز طرار ہیں۔ قسمیں اٹھا اٹھا کر کہتے ہیں کہ حضور آپ ہمیں حکم دیں تو ہم اپنا گھر بار، بال بچہ، مال و متاع چھوڑنے کے لیے بھی تیار ہیں جہاد پر جانے کا اشارہ پاتے ہی سر بکف کفن بدوش میدانِ جہاد کی طرف چل پڑیں گے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کو ارشاد فرماتا ہے کہ انھیں کہہ دو زیادہ قسمیں اٹھانے کی ضرورت نہیں، تمھاری اطاعت کا حال خوب معلوم ہے جب قربانی دینے کا وقت آئے گا تو تم اپنے گھروں میں چھپ کر بیٹھ رہو گے۔

طاعة معروفة کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ زیادہ مبالغہ آمیزی کی ضرورت نہیں۔ عام معمول کے مطابق حکم الٰہی بجا لاتے رہو تمھارے لیے اتنا ہی کافی ہے لیکن پہلا مفہوم مرتبہ سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے۔

۸۴ حضور رحمتِ عالمیان صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں کو کفار و مشرکین کے ظلم و ستم سہتے عرصہ دراز گزر چکا تھا۔

انہوں نے اپنے وطن مکہ کو چھوڑ کر اڑھائی تین سو میل دُور مدینہ طیبہ میں آکر پناہ لی تھی۔ مکہ کو الوداع کہتے وقت وہ دولتِ ایمان تو ساتھ لاتے تھے لیکن اپنی منقولہ اور غیر منقولہ جائدادیں اور عمر بھر کا اندوختہ وہیں چھوڑ کر چلے آتے تھے۔ کفار کی آتشِ غضب اب بھی بھڑک رہی تھی۔ میدانِ بدر میں رسوا کن شکست کے بعد ان کا جذبۂ انتقام تیز تر ہو گیا تھا۔ صحابۂ کرام ہر وقت مسلح رہتے۔ رات دن دشمن کی یلغار کا کھٹکا لگا ہوا تھا۔ ایک روز ایک صحابی نے اپنے آقا کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی یارسول اللہ اما یاتی علینا یوم نامن فیہ و نضع السلاح یارسول اللہ کیا ایسا دن نہیں آئے گا جب ہمیں امن نصیب ہو گا اور ہتھیار رکھ دینے کی نوبت آئے گی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ لاتلبثون الا یسیرا حتی یجلس الرجل منکم فی الملأ العظیم محتبیا لیس علیہ حدیدۃ۔ (بحر محیط)

بہت جلد وہ وقت آنے والا ہے جب تم آرام سے بے خوف ہو کر مجمع عام میں بیٹھو گے اور تمہارے جسم پر کوئی ہتھیار نہیں ہو گا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کے اس ارشاد کی تائید فرماتے ہوئے یہ آیت نازل فرمائی۔

تاریخ کی ناقابلِ تردید شہادت اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جو وعدہ فرمایا تھا وہ پورا ہوا۔ عہدِ رسالت میں ہی مکہ مکرمہ، حجاز، خیبر، بحرین، یمن اور جزیرۂ عرب کے سارے علاقے اسلامی قلمرو میں شامل ہو گئے۔ قیصرِ روم، مقوقس مصر اور کئی دیگر بادشاہوں نے بارگاہِ رسالت میں تحائف اور نذرانے ارسال کیے۔

حضورِ کریم کی رحلت کے بعد عہدِ صدیقی میں فتنۂ ارتداد اور دیگر جھوٹے نبیوں کی لگائی ہوئی آگ بجھی اور ہر طرف امن و امان ہو گیا۔ اسی عہدِ ہمایوں میں اسلام کی عالمی فتوحات کا آغاز ہوا۔ مشرق میں حضرت خالدؓ اور مغرب میں حضرت ابو عبیدہؓ کی قیادت میں افواجِ اسلامیہ نے فتح و نصرت کے علم گاڑنے شروع کر دیئے۔ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے بابرکت و یامن زمانۂ خلافت میں تو فتوحات کی انتہا ہو گئی۔ قیصر اپنی ایشیائی مملکت سے دست بردار ہو کر قسطنطنیہ میں جا کر مقیم ہوا۔ اور رومی مملکت کے ایشیائی حصہ پر اسلام کا پرچم لہرانے لگا۔ مصر بھی فتح ہوا۔ کسریٰ کی چار ہزار سالہ شان و شوکت خاک میں مل گئی۔ جہاں ملک کے گوشہ گوشہ میں آتش کدے روشن تھے اور آگ کی پوجا ہو رہی تھی وہاں اشھد ان لا الٰہ الا اللہ اور اشھد ان محمدا رسول اللہ کی دلنواز صدائیں بلند ہونے لگیں۔ حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں شمالی افریقہ کے ممالک فتح ہوئے۔ بحرِ روم میں جزیرہ قبرص فتح ہوا۔ مشرق میں اسلامی فتوحات کا سلسلہ چین کی سرحدوں تک پھیل گیا۔ سندھ کے ریگزاروں میں بھی نورِ اسلام سے اُجالا ہونے لگا۔ ہر علاقہ میں امن و سکون قائم ہوا۔ ہر جگہ اسلام کا ڈنکا بجنے لگا۔ وہ مسلمان جو ہر وقت کفار کی یلغار سے سہمے سہمے رہتے تھے اور انھیں دن رات یہی کھٹکا لگا رہتا تھا کہ کفر کا سیلاب اُمنڈے گا اور انھیں بہا کر لے جائے گا۔ ان کو اللہ تعالیٰ نے وہ ہیبت اور سطوت بخشی کہ جس راستہ سے گزر جاتے بڑے بڑے سرفرازوں کی گردنیں جھک جاتیں۔ کوئی منصف اور حق پسند انسان تاریخ کے یہ ان مٹ حقائق دیکھنے کے بعد یہ نہیں کہہ سکتا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جو وعدہ کیا تھا وہ پورا نہیں ہوا۔

حضرت عدی بن حاتم سے مروی ہے کہ میں بارگاہِ رسالت میں حاضر تھا کہ ایک صحابی حاضر ہوا اور اس نے فقر و فاقہ

کی شکایت کی۔ دوسرا آیا اس نے راہزنوں کی دست درازیوں کا شکوہ کیا حضور نے فرمایا اے عدی، کیا تو نے حیرہ کا شہر دیکھا ہے؟ میں نے عرض کیا مجھے دیکھنے کا موقع نہیں ملا لیکن میں نے لوگوں سے اس کے بارے میں سُنا ہے۔ حضور نے فرمایا اگر تیری زندگی دراز ہوئی تو تو دیکھے گا ایک عورت اونٹنی پر سوار ہو کر حیرہ سے روانہ ہوگی اور آ کر کعبہ کا طواف کرے گی اور خدا کے بغیر اسے کسی کا ڈر نہیں ہو گا میں دل میں خیال کرنے لگا کہ بنی طے قبیلے کے قزاق اور راہزن کہاں چلے جائیں گے۔ پھر حضور نے فرمایا اے عدی تم کسریٰ کے خزانوں کو فتح کرو گے میں نے عرض کی کیا کسریٰ بن ہرمز یعنی شہنشاہ ایران حضور نے فرمایا وہی کسریٰ بن ہرمز۔ پھر حضور نے فرمایا تم دیکھو گے لوگ ہاتھوں میں سونا اور چاندی لیے ہوئے کسی غریب کی تلاش میں پھر رہے ہوں گے لیکن مملکتِ اسلامیہ میں انھیں کوئی غریب نہیں ملے گا۔ عدی کہتے ہیں میں نے حیرہ سے اونٹنی پر سوار ہو کر آنے والی عورت کو بھی کعبہ کا طواف کرتے دیکھا اور میں خود ان لوگوں میں سے تھا جنھوں نے کسریٰ کے خزانے فتح کیے تھے بعض لوگ جو صحابہ کرام کی عظمتِ شان کا انکار کرنا ہی اپنے ایمان کا کمال سمجھتے ہیں وہ اگر اپنی کتابوں کا مطالعہ کرنے کی زحمت ہی گوارا کرتے تو اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوتے۔ انھیں یقین ہو جاتا کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں جو وعدہ فرمایا ہے اور حضور کریم نے جو وعدے فرمائے ہیں جن کا ذکر خود ان لوگوں کی کتابوں میں موجود ہے وہ وعدے خلفاءِ راشدین کے عہدِ سعادت آثار میں پورے ہوتے ہیں۔ ان کے امام کلینی جن کی کتاب کافی ان کے ہاں حدیث کی معتبر ترین کتاب ہے ان کی روایت ملاحظہ فرمائیے۔

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال لما حضر رسول اللہ الخندق مروا بکدیۃ فتناول رسول اللہ المعول من ید امیر المؤمنین او من ید سلمان فضرب بھا ضربۃ فتفرقت بثلاث فرق وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لقد فُتحت علیّ فی ضربتی ھذہ کنوز کسریٰ وقیصر (فروع کافی کتاب الروضۃ ص ۲۱۶)

ترجمہ: حضرت امام جعفر علیہ السلام نے فرمایا کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خندق کھودنے کا حکم دیا تو راستہ میں ایک چٹان حائل ہو گئی۔ حضور نے گینتی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے دستِ مبارک سے یا حضرت سلمان فارسی سے لی اور اس چٹان پر ایک ضرب لگائی اور اس کے تین ٹکڑے ہو گئے۔ حضور نے فرمایا لقد فُتحت علیّ فی ضربتی ھذہ کنوز کسریٰ وقیصر: میری اس ضرب سے میرے لیے کسریٰ اور قیصر کے خزانے فتح کر دیئے گئے ہیں۔ اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ یہ خزانے حضرت فاروق اعظمؓ کے زمانہ میں فتح ہوئے۔ روایت میں فُتحت علیّ کے الفاظ ایک حق بین کے لیے روشنی کا وہ مینار ہیں جس سے شک و شبہ کا ادنیٰ احتمال بھی باقی نہیں رہ سکتا۔ اسی واقعہ کو صاحب حملہ حیدری نے ان اشعار میں ذکر کیا ہے، یہ بھی ملاحظہ فرمائیے:۔

بیاسخ چنیں گفت خیر البشر — کہ چوں جست برق نخست از حجر
نمودند ایوان کسریٰ بمن — دوم قصرِ روم، سوم از یمن
سبب را چنیں گفت روح الامین — کہ بعد از من اعوان وانصار دین

بریں مملکت ہا مسلط شوند | بآئینِ من اہل آں بگروند
بریں مژدہ وشکر ولطفِ خدا | بہ سہ بار تکبیر کردم ادا
شنیدند آں مژدہ چوں مومناں | کشیدند تکبیرِ شادی کناں

ترجمہ:۔

۱۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے جواب ارشاد فرمایا کہ جب اس چٹان کو ضرب لگانے سے پہلی مرتبہ آگ کا شعلہ نکلا۔

۲۔ تو مجھے کسریٰ کا محل دکھایا گیا۔ دوسری مرتبہ قیصرِ رُوم کا محل اور تیسری مرتبہ یمن۔
۳۔ اس کی وجہ جبریلِ امین نے یوں بیان کی کہ میرے بعد دین کے مددگار اور انصار
۴۔ ان ملکوں پر قابض ہوں گے اور وہاں کے باشندوں کو میری شریعت کا پابند کریں گے۔
۵۔ اس خوشخبری کو سن کر اور اس کا شکریہ ادا کرنے کے لیے میں نے تین بار اللہ اکبر کا نعرہ لگایا۔
۶۔ جب اہلِ ایمان نے حضور کی زبان پاک سے یہ خوشخبری سنی تو سب نے نعرۂ تکبیر بلند کیا۔

یہ چیز غور طلب ہے کہ حضورؐ نے ان ملکوں کی فتوحات کو اپنی فتوحات قرار دیا ہے اور اسے اللہ تعالیٰ کا لطف اور احسان فرمایا ہے اور اظہارِ شکر کے لیے حضورؐ نے اور حضورؐ کے غلاموں نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کیے۔ اگر خدانخواستہ حضرت صدیق وفاروق خلیفہ برحق نہ ہوتے بلکہ (نعوذ باللہ) جابر اور غاصب ہوتے تو کیا ان کے زمانۂ خلافت میں جو فتوحات ہوئیں انھیں حضورؐ کی فتوحات کہنا درست ہوتا؟ اور ایسی فتوحات پر حضورؐ فرحت وشادمانی کا اظہار فرماتے؟ کوئی ادنیٰ عقل وفہم رکھنے والا انسان بھی ان واقعات کی روشنی میں شیخین کی خلافت پر اعتراض کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا۔

مزید تسکینِ خاطر کے لیے خود حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہٗ کا وہ ارشادِ گرامی پیش کرتا ہوں جو آپ نے حضرت فاروقِ اعظمؓ کے متعلق فرمایا۔ مسلمانوں کی فوجیں ایران میں کسریٰ کی افواج سے برسرِ پیکار تھیں۔ محاذِ جنگ سے اطلاع آئی کہ کسریٰ خود ایک لشکرِ عظیم لے کر مسلمانوں کے مقابلہ کے لیے آ رہا ہے۔ حضرت فاروقِ اعظمؓ نے ارادہ کیا کہ کسریٰ کے مقابلہ میں وہ لشکرِ اسلام کی قیادت خود فرمائیں۔ مجلسِ شوریٰ طلب کی گئی اور اس موضوع کے متعلق گفتگو شروع ہوئی۔ حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہٗ نے اس بات کی تائید نہ کی کہ حضرت عمرؓ خود جنگ میں شرکت کریں اور اپنی رائے کا اظہار ان الفاظ میں کیا، آپ خود انھیں پڑھیں۔ اگر حق کی طلب صادق آپ کے دل میں ہوگی تو یقیناً آپ پر حق واضح ہو جائے گا۔

آپ نے فرمایا: ان ھذا الامر لم یکن نصرہ ولا خذلانہ بکثرۃ ولا قلۃ وھو دین اللہ الذی اظہرہ وجندہٗ الذی اعدہ وامدہ حتی بلغ وطلع حیث ما طلع ونحن علی موعود من اللہ واللہ منجزٌ وعدہٗ وناصرٌ جندہ ومکان القیّم بالامر مکان النظام من الخرز یجمعہ ویضمہ فاذا انقطع النظام تفرق الخرز وذھب ثم لم یجتمع بحذافیرہ ابداً والعرب الیوم وان کانوا قلیلاً فھم کثیرون بالاسلام عزیزون

لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ

کہ وہ ضرور خلیفہ بنائے گا انھیں زمین میں جس طرح اُس نے خلیفہ بنایا ان کو جو ان سے پہلے تھے اور مستحکم

وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ

کر دے گا اُن کے لیے ان کے دین کو جسے اس نے پسند فرمایا ہے ان کے لیے اور وہ ضرور بدل دیگا انھیں ان

بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَنْ كَفَرَ

کی حالت خوف کو امن سے ۔ وہ میری عبادت کرتے ہیں، کسی کو میرا شریک نہیں بناتے اور جس نے ناشکری کی

بالاجتماع الخ (نہج البلاغہ جلد ۱ صفحہ ۲۰۳ مطبوعہ مصر)

ترجمہ: اس کام کی فتح کثرت تعداد کی وجہ سے اور اس کی ناکامی تعداد کی قلت کی وجہ سے نہیں یہ اللہ تعالیٰ کا دین ہے جس کو اس نے غلبہ عطا فرمایا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا لشکر ہے جس کو اس نے خود تیار کیا ہے اور جس کی مدد اس نے خود فرمائی ہے یہاں تک کہ وہ ترقی و کامیابی کی اس منزل تک پہنچا۔ ہمارے ساتھ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے (یہاں آپ نے اس آیت کی طرف اشارہ فرمایا وعد اللہ الذین امنوا) اور اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کو ضرور پورا فرمائے گا اور اپنے لشکر کی مدد فرمائے گا خلیفہ اسلام کی حیثیت اس دھاگے کی ہے جس میں دانے پروئے ہوتے ہیں اگر دھاگہ ٹوٹ جائے تو دانے بکھر جاتے ہیں اور پھر ان سب کو جمع کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ عرب اگرچہ تعداد میں آج کم ہیں لیکن اسلام کی برکت سے وہ کثیر ہیں اور باہمی اتفاق و اتحاد کی وجہ سے وہ ہر میدان میں غالب ہیں۔

آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ باب مدینۃ العلم نے حضرت عمرؓ کے لشکر کو اللہ تعالیٰ کا لشکر کہا اور وضاحت سے بیان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ اس آیت میں مسلمانوں سے کیا ہے وہ آپ کے زمانہ میں پورا ہو گا۔ اب بھی اگر کوئی شخص خلفاءِ راشدین کی خلافت کو برحق نہیں سمجھتا اور ان کے متعلق کسی قسم کی بدزبانی کرتا ہے تو وہ بیک وقت اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی کریم اور امیر المومنین اسد اللہ الغالب کے ارشادات پر ایمان نہ رکھنے کا مجرم کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہر قسم کے فتنوں سے بچائے اور اسلام کے جاں نثار سپاہیوں کی عزت و تکریم کرنے اور ان کے نقش قدم پر چل کر دین کو سربلند کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔

بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ ابھی پورا نہیں ہوا جب امام مہدی علیہ السلام ظاہر ہوں گے تو اس وقت یہ وعدہ پورا ہو گا۔ ضد اور تعصب کا کوئی علاج نہیں لیکن حق کی جستجو کرنے والے کے لیے آیت میں منکم کا ایک لفظ ہی کافی ہے یعنی صحابہ کرام جو اس آیت کے مخاطب تھے وہی منکم کا مرجع ہیں اور اولین وعدہ ان سے ہے۔ نیز اگر ان کی اس بات کو صحیح مان لیا جائے تو ثابت ہو گا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے عہدِ خلافت میں بھی یہ وعدہ ایفا نہ ہوا۔ کم از کم ہم ایسا کہنے کی جرأت نہیں کر سکتے۔

بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

اس کے بعد تو وہی لوگ نافرمان ہیں اور صحیح صحیح ادا کیا کرو نماز اور دیا کرو زکوٰۃ

وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اور اطاعت کرو رسول (پاک) کی تاکہ تم پر رحم کیا جائے ۔ یہ خیال ہرگز نہ کیجیے کہ کفار عاجز

مُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۗ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۵۷﴾

کرنے والے ہیں (ہمیں) زمین میں اور ان کا ٹھکانا آتش (دوزخ) ہے اور یہ بہت برا ٹھکانا ہے ۔ اے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ

ایمان والو! اذن طلب کیا کریں تم سے (گھروں میں داخل ہوتے وقت)، تمہارے غلام اور وہ (لڑکے)

لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ۗ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ

جو ابھی جوانی کو نہیں پہنچے ، تم میں سے تین مرتبہ ، نمازِ فجر سے پہلے ،

وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ

اور جب تم اپنے کپڑے اتارتے ہو دوپہر کو اور نمازِ عشاء کے

الْعِشَآءِ ۗ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ۗ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ

بعد ۔ یہ تین پردے کے وقت ہیں تمہارے لیے ۔ نہ تم پر اور نہ ان پر [۸۶] کوئی حرج ہے

[۸۶] اسلامی طرزِ معاشرت کا ایک اور اصول بیان کیا جا رہا ہے ۔ پہلے حکم دیا گیا تھا کہ جب تم کسی کے گھر داخل ہونے لگو تو اجازت طلب کرو لیکن اگر اپنے بچوں کو اور گھر کے خدام کو جن کا ہر وقت گھر میں آنا جانا ہوتا ہے ان پر بھی یہ لازم کر دیا جاتا کہ وہ اذن کے بغیر داخل نہیں ہو سکتے تو بڑے تکلف اور تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا اس لیے ان کے متعلق اس آیت میں وضاحت فرما دی کہ بچے اور خدام اگر ان تین اوقات میں گھر میں داخل ہوں جن کا ذکر آیت میں کیا گیا ہے تو وہ بھی اجازت لے کر داخل ہوں کیونکہ ان اوقات میں انسان سترِ عورت میں سستی کرتا ہے ہو سکتا ہے کہ

بَعۡدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوۡنَ عَلَيۡكُمۡ بَعۡضُكُمۡ عَلٰى بَعۡضٍ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

ان اوقات کے علاوہ۔ کثرت سے آنا جانا رہتا ہے تمہارا ایک دوسرے کے پاس ششہ یوں صاف صاف بیان فرماتا

اللّٰهُ لَـكُمُ الۡاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ۝ وَاِذَا بَلَغَ الۡاَطۡفَالُ مِنۡكُمُ

ہے اللہ تعالیٰ تمہارے لیے (اپنے) احکام۔ اور اللہ تعالیٰ علیم حکیم ہے۔ اور جب پہنچ جائیں تمہارے بچے

الۡحُـلُمَ فَلۡيَسۡتَاۡذِنُوۡا كَمَا اسۡتَاۡذَنَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ كَذٰلِكَ

حد بلوغ کو ششہ تو وہ بھی اذن طلب کیا کریں جس طرح اذن طلب کیا کرتے ہیں وہ لوگ (جن کا ذکر) پہلے ہوا یوں

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَـكُمۡ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ۝ وَالۡقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ

صاف صاف بیان فرماتا ہے اللہ تعالیٰ تمہارے لیے اپنے احکام کو اور اللہ تعالیٰ علیم ہے حکیم ہے۔ اور بوڑھی خانہ نشین عورتیں ششہ

الّٰتِىۡ لَا يَرۡجُوۡنَ نِكَاحًا فَلَيۡسَ عَلَيۡهِنَّ جُنَاحٌ اَنۡ يَّضَعۡنَ ثِيَابَهُنَّ

جنہیں آرزو نہ ہو نکاح کی تو ان پر کوئی گناہ نہیں اگر وہ رکھ دیں اپنے بالائی کپڑے

اس کے جسم کا کوئی حصہ ننگا ہو یا وہ ایسی حالت میں ہو جبکہ بلا اجازت اپنے بچوں اور خدام کا گھر میں آدھمکنا بھی اسے پسند نہ ہو لیکن ان اوقات کے علاوہ بغیر اجازت گھر میں داخل ہو سکتے ہیں۔

ششہ آیت کے اس جملہ کا ترجمہ علامہ ابن حیان نے اس طرح کیا ہے هم طوافون عليكم ويطوف بعضكم على بعض یعنی وہ کثرت سے آتے جاتے ہیں تمہارے ہاں۔ تم بھی ایک دوسرے کے پاس کثرت سے آتے جاتے ہو۔

ششہ پہلی آیت میں نابالغ بچوں کی گھر میں آمد و رفت کے قواعد بتائے۔ اس آیت میں جب وہ بچے بالغ ہو جائیں تو ان کے گھر میں آنے جانے کا طریقہ ذکر فرمایا جا رہا ہے۔

ششہ قواعد جمع ہے۔ اس کا واحد قاعد ہے قاعدۃ نہیں۔ تاء تانیث کی اس لیے حذف کی گئی تاکہ پتہ چلے کہ یہ بیٹھنا بڑھاپے کی وجہ سے ہے جس طرح امراۃ حامل کہتے ہیں حاملۃ نہیں کہتے۔ تاکہ معلوم ہو کہ یہ عورت اپنے شکم میں بچے کو اٹھائے ہوئے ہے۔ قواعد سے مراد وہ عورتیں ہیں جو بچہ جننے سے عاجز ہو جائیں اور جنہیں حیض آنا بند ہو جائے۔ ربیعہ کہتے ہیں هی التی اذا رأیتها تستقذرها من کبرها یعنی وہ عورت کہ جب تو اسے دیکھے تو اس کی پیرانہ سالی کی وجہ سے اس سے نفرت کرنے لگے۔ ایسی عورت کو اجازت دی جا رہی ہے کہ وہ اوپر اوڑھنے والی

غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ۭ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ

بشرطیکہ وہ نہ ظاہر کرنے والی ہوں (اپنی) آرائش۔ اور ان کا اس سے بھی اجتناب کرنا ان کے لیے بہت بہتر ہے اور اللہ سب

عَلِيْمٌ ۝ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا

کچھ سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔ نہ اندھے پر کوئی حرج ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی حرج ہے ۵۵ اور نہ

عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓي اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

بیمار پر کوئی حرج ہے اور نہ تم پر اس بات میں کہ تم کھاؤ اپنے گھروں سے یا اپنے باپ

اٰبَاۗىِٕكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

دادا کے گھروں سے، یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے

اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا

چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا ان

چادر اگر استعمال نہ کرے تو کوئی حرج نہیں لیکن یہ اجازت اس وقت ہے جبکہ اس چادر کو استعمال نہ کرنے سے اس کے پیش نظر اپنی آرائش اور زینت کی نمود نہ ہو۔

۵۵ اس آیت کی تفسیر میں متعدد اقوال ہیں لیکن سب سے پسندیدہ وہ قول ہے جسے علامہ قرطبی نے ترجیح دی ہے۔ آپ فرماتے ہیں اس آیت کا ایک حصہ ولا علی المریض حرج پر ختم ہوتا ہے یعنی اگر کوئی شخص نابینا، لنگڑا اور بیمار ہو تو اس پر ایسے افعال کا ادا کرنا ضروری نہیں جس سے اسے تکلیف ہوتی ہو۔ اسی لیے جمعہ، جہاد وغیرہ سے یہ لوگ مستثنیٰ قرار دیے گئے ہیں۔ آیت کا دوسرا حصہ ولا علی انفسکم سے شروع ہوتا ہے جس میں یہ بتایا جا رہا ہے کہ وہ رشتہ دار یا احباب جن سے بے تکلفی ہو اور اگر ان کے ہاں سے کھایا جائے تو ان کے لیے فرحت اور عزت کا موجب ہو تو ایسے قریبی رشتہ داروں اور بے تکلف دوستوں کے ہاں سے کوئی چیز کھا لینا مباح ہے لیکن اگر وہ رشتہ دار یا دوست اس چیز کو ناپسند کریں تو پھر بلا اجازت ان کے ہاں سے کچھ کھانا درست نہیں جیسے متعدد احادیث سے واضح ہے۔ یہ لکھنے کے بعد علامہ قرطبی فرماتے ہیں فھذا معنی صحیح وتفسیر بین مفید یعضدہ الشرع والعقل (القرطبی) یعنی آیت کا یہی معنی صحیح ہے اور آیت کی یہ تفسیر واضح اور مفید ہے۔ شریعت اور عقل دونوں اس کی تائید کرتے ہیں۔

مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ۭ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا

گھروں کی کنجیوں کے تم مالک ہو یا اپنے دوست کے گھر سے۔ نہیں ہے تم پر کوئی حرج اگر تم کھاؤ سب مل کر

اَوْ اَشْتَاتًا ۭ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ

یا الگ الگ۔ پھر جب تم داخل ہو گھروں میں تو سلامتی کی دعا دو اپنوں کو، وہ دعا جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے

اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ ع

مقرر ہے جو بڑی بابرکت (اور) پاکیزہ ہے ۸۸ یونہی کھول کر بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ تمہارے لیے (اپنے) احکام تاکہ تم سمجھ لو

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓي

بس سچے مومن تو وہ ہیں جو ایمان لاتے ہیں اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسول پر اور جب ہوتے ہیں آپ کے ساتھ کسی

اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ

اجتماعی کام کے لیے تو وہاں سے چلے نہیں جاتے جب تک کہ آپ سے اجازت نہ لے لیں ۸۹ بلاشبہ وہ لوگ جو اجازت طلب کرتے

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ

ہیں آپ سے یہی وہ لوگ ہیں جو ایمان لاتے ہیں اللہ کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ پس جب وہ اجازت مانگیں آپ سے اپنے کسی

ع ۸ / ۱۴

۸۸ جب انسان کسی گھر میں داخل ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ اگر وہاں پہلے سے کوئی مسلمان موجود ہے تو کہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، اور اگر وہاں کوئی شخص موجود نہ ہو تو کہے السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین۔ اور اگر کوئی غیر مسلم وہاں رہائش پذیر ہو تو کہے السلام علی من اتبع الھدیٰ۔

۸۹ اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے کہ جب ابوسفیان قریش مکہ اور دیگر قبائل عرب کو لے کر مدینہ طیبہ پر حملہ آور ہوا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ طیبہ کے ارد گرد خندق کھودنے کا حکم دیا۔ بلا کی سردی تھی مسلمانوں کے پاس خوراک کے ذخیرے بھی نہ ہونے کے برابر تھے۔ پیٹ بھر کر کھانا بھی نصیب نہیں ہوتا تھا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے غلام تو تعمیل ارشاد میں ہمہ تن مصروف تھے لیکن منافق چپکے چپکے کھسکنے لگے یا جھوٹے عذر پیش کر کے گھر جانے کی اجازت طلب کرنے لگے تو یہ آیت نازل ہوئی یعنی اہل ایمان کا یہ شیوہ نہیں کہ وہ ایسے نازک موقع پر بغیر اجازت حاصل کیے ہوئے کھسکنے

شَأْنِهِمْ فَأْذَنْ لِمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ۗ إِنَّ اللّٰهَ

کام کے لیے تو اجازت دیجیے ان میں سے جسے آپ چاہیں اور مغفرت طلب کیجیے ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے۔ بیشک اللہ

غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٦٢﴾ لَا تَجْعَلُوا دُعَاءَ الرَّسُولِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُم بَعْضًا ۚ

تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ نہ بنالو رسول کے پکارنے کو آپس میں جیسے تم پکارتے ہو ایک دوسرے کو ۹۱

قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِينَ يَتَسَلَّلُونَ مِنكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ

اللہ تعالیٰ اچھی طرح جانتا ہے انھیں جو کھسک جاتے ہیں تم میں سے ایک دوسرے کی آڑ لے کر۔ پس ڈرنا چاہیے انھیں جو

عَنْ أَمْرِهِ أَن تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٦٣﴾ أَلَا إِنَّ لِلّٰهِ

خلاف ورزی کرتے ہیں رسول کریم کے فرمان کی کہ انھیں کوئی مصیبت نہ پہنچے یا انھیں دردناک عذاب نہ آلے ۹۲ سن لو بلاشبہ

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۖ قَدْ يَعْلَمُ مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ وَيَوْمَ يُرْجَعُونَ

اللہ تعالیٰ کا ہی ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے۔ وہ خوب جانتا ہے جس حالت پر تم ہو اور اس دن جب وہ لوٹائے

إِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا ۗ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٦٤﴾

جائیں گے اس کی بارگاہ کی طرف تو وہ انھیں آگاہ کریگا جو انھوں نے کیا تھا اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

ع ۹ ۱۵

گئیں یا جھوٹے بہانے بنا کر واپس لوٹنے کی اجازت حاصل کریں۔

۹۱ بارگاہِ رسالت کا ادب و احترام ملحوظ رکھنے کا حکم دیا جارہا ہے اور اس طرح خطاب کرنے سے منع کیا جارہا ہے۔ جس طرح عام لوگ آپس میں ایک دوسرے کو خطاب کرتے ہیں۔ بارگاہِ رسالت میں شور مچانے، بلند آواز اور رُوکھے پھیکے انداز سے ندا کرنے کی ممانعت ہے۔ المعنٰی قولوا یا رسول اللہ فی رفق ولین ولا تقولوا یا محمد بتجھم۔ یعنی نرمی اور ملاطفت کے ساتھ یا رسول اللہ کہو اور گستاخانہ انداز سے یا محمد مت کہو۔ وقال قتادۃ: امرھم ان یشرفوہ ویفخموہ۔

۹۲ حضور کی نافرمانی پر مرتب ہونے والے عذاب سے ڈرایا جارہا ہے۔

تعارف سورۃ الفرقان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

نام: اس کا نام سورۃ الفرقان ہے جو پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔

نزول: یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس میں چھ رکوع ستتر آیتیں اور آٹھ سو بانوے کلمات تین ہزار سات سو تین حروف ہیں۔

مضامین: ابتدائی آیتوں میں اس سورۃ کا ماحصل بڑی جامعیت سے بیان فرما دیا۔ قرآن، رسالت اور توحید اس کے بعد ان میں سے ہر ایک موضوع پر مشرکین کے جو اعتراضات وشبہات تھے ان کو ذکر کیا اور اپنے مؤثر انداز بیان اور مخصوص طرز خطاب سے ان کے جوابات دیئے اور ان کے شکوک کا ازالہ کیا۔ ساری سورۃ میں اگر آپ غور فرمائیں گے تو دیگر ضمنی مسائل کے علاوہ یہی تین بنیادی چیزیں آپ کو نظر آئیں گی۔

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سَبْعٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الفرقان مکی ہے اور اس کی ۷۷ آیتیں اور ۶ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۙ ①

بڑی (خیر و) برکت والا ہے لہ وہ جس نے اتارا ہے الفرقان اپنے (محبوب) بندہ پر تاکہ وہ بن جائے سارے جہان والوں کو (غضب الٰہی سے)

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ

ڈرانے والا۔ وہ جس کے لیے حکومت ہے آسمانوں اور زمین کی سے اور نہیں بنایا ہے اس نے کسی کو بیٹا اور نہیں اس کا

لہ کیونکہ اس سورۃ میں معاندین سے خطاب ہو رہا ہے اور انہی کی اصلاح کی کوشش کی جا رہی ہے اس لیے اس سورۃ کا آغاز بڑے پُر جلال انداز میں فرمایا گیا۔

"تبارک" ایسا فعل ہے جو اللہ تعالیٰ کی ذات پاک کے لیے مخصوص ہے نیز فعل ہونے کے باوجود اس سے دیگر مشتقات مضارع، اسم فاعل وغیرہ نہیں بنتے۔ یہ برکۃ سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے خیر و نفع رسانی میں زیادتی۔ اس لیے تبارک کا معنی ہوگا زاد خیرہ وعطاءہ وکثر (جس کی خیر اور اس کی جود و عطا بہت زیادہ ہے)۔ عقل سلیم کو اس روشن حقیقت کے تسلیم کرنے میں کیا تامل ہو سکتا ہے۔ اگر اس کی خیر اور نفع رسانی بے اندازہ نہ ہوتی، اگر اس کے جود و سخا کا دسترخوان ہر وقت بچھا ہوا نہ ہوتا تو نہ یہ عالم رنگ و بو ہوتا اور نہ اس کی یہ رونقیں اور رنگینیاں ہوتیں۔ اس کے فیوض سرمدی اور برکات لامتناہی کا سرچشمہ یہ صحیفہ ہدایت ہے جس کی حیات آفریں موجیں جہاں سے گزرتی ہیں وہاں خیر و صلاح کے چمن لہلہانے لگتے ہیں اس آفتاب کی روشنی سے عرصہ حیات کے سارے گوشے جگمگا رہے ہیں۔ اس کے نزول سے حق و باطل میں اختلاط و التباس کا دور ختم ہو گیا۔ اس لیے یہاں قرآن کی یہی صفت کہ یہ الفرقان ہے بیان کی گئی۔ اس کا نزول اس عبد کامل پر ہوا جہاں عبودیت کی انتہا ہو جاتی ہے۔ عبودیت کے اس اعلیٰ و ارفع مقام پر صرف اسی محبوب کی رسائی ہے۔ اور اس کے نزول کا مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا یہ محبوب ترین اور اکمل ترین بندہ سارے جہانوں کو اللہ تعالیٰ کی حکم عدولی کے خوفناک انجام سے بروقت متنبہ فرما دے۔ کیونکہ یہاں روئے سخن سرکشوں اور معاندین کی طرف ہے اس لیے یہاں حضور کی صفت نذیری کا بیان ہی مناسب تھا۔ للعالمین کے لفظ سے واضح ہو گیا کہ حضور کی نبوت و رسالت، مکان و زمان کی حدود سے آشنا نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے سوا

لَهٗ شَرِيْكٌ فِى الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَىْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝

کوئی شریک سلطنت میں اور اس نے پیدا فرمایا ہے ہر چیز کو پس اس نے مقرر کیا ہے ہر چیز کا ایک اندازہ سے

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ وَ

اور بنا رکھے ہیں انھوں نے خدائے برحق کو چھوڑ کر ایسے خدا جو پیدا نہیں کر سکتے کسی چیز کو سے اور وہ خود پیدا کیے گئے ہیں

کائنات کی پستیوں اور بلندیوں میں جو کچھ ہے سب کے لیے آپ رسول ہیں اور جب تک یہ عالم برقرار رہے گا حضور کی رسالت کا پرچم لہراتا رہے گا۔

سے اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کی صفات کمال کو بیان فرمایا جا رہا ہے، بتایا کہ قرآن نازل کرنے والا وہ پروردگار ہے جس کی حکومت و بادشاہی کا ڈنکا آسمانوں اور زمینوں میں ہر جگہ بج رہا ہے۔ اس نے کسی کو اپنا فرزند نہیں بنایا نہ اسے اس کی کوئی ضرورت ہے۔ کوئی شخص اس کی حکومت و سلطانی میں حصہ دار نہیں ہے کہ کچھ اس کا ہو اور کچھ اس کے شریک کا۔ ہر چھوٹی بڑی چیز کا وہی خالق ہے اور وہی مالک ہے۔

سے اس کی حکمت و علم کا یہ عالم ہے کہ اس جہان میں ان گنت قسموں کی بے شمار چیزیں ہیں لیکن کیا مجال کہ کوئی چیز اپنے اندازے سے کم یا زیادہ ہو۔ چیونٹی سے لے کر ہاتھی تک، ریت کے ذروں سے لے کر پہاڑوں تک ہر چیز اس حقیقت کی شہادت دے رہی ہے کہ بنانے والے نے ہر چیز کو پورے اندازے سے بنایا ہے۔ انسان اپنے آپ میں ہی غور کرے۔ اگر آنکھیں آگے کے بجائے سر کے پیچھے ہوتیں، آنکھوں پر پپوٹوں کا غلاف نہ ہوتا یا اس پر پلکیں نہ ہوتیں تو کیا اس نازک ترین چیز کی حفاظت ممکن تھی! اگر دل جہاں ہے وہاں سے ایک انچ اوپر نیچے ہوتا یا بائیں طرف کی بجائے دائیں طرف ہوتا تو یہ آنا و دغیرہ کا دم بھرنے والا انسان لمحہ بھر بھی زندہ رہ سکتا! غرضیکہ سارا انتظام عالم اس دانائی اور کمال مہارت سے ترتیب دیا گیا ہے، ہر چیز کی وضع و قطع اور محل و مکان ایسی عمدگی سے مقرر کیا گیا ہے کہ اگر اس میں بال برابر بھی رد و بدل کیا جائے تو ہر چیز پاش پاش ہو جائے۔ خود سوچو جس کی سلطانی کا یہ عالم ہے کہ ساری بلندیاں اور پستیاں اس کے سامنے سر جھکائے ہوئے ہیں، جو ہر چیز کا خالق ہے، جس کے علم و حکمت کی گواہی ہر چیز دے رہی ہے۔ سوچو اور انصاف کرو کہ ایسے خداوند عالم و عالیاں کو بیٹے کی کوئی ضرورت ہے اور اس کا کوئی شریک ہو سکتا ہے۔ اے غافلو! تم کس چکر میں پھنسے ہوئے ہو تم کیوں اس روشن حقیقت کو نہیں سمجھتے۔

سے مقام حیرت ہے کہ ان مشرکین نے جنھیں اپنی دانشمندی پر بڑا ناز ہے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اپنے لیے ایسے معبود بنا رکھے ہیں جو ہر قسم کے عیوب و نقائص کا مجموعہ اور تمام خوبیوں سے یکسر معرا ہیں۔

لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا وَّ لَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّ لَا حَيٰوةً

اور نہیں قدرت رکھتے اپنے آپ کو نقصان دینے یا بچانے کی اور نہ نفع پہنچانے کی اور نہیں طاقت رکھتے کسی کو مارنے کی اور نہ زندہ کرنے

وَّ لَا نُشُوْرًا ﴿۳﴾ وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اِفْكُ ِۨافْتَرٰىهُ

کی اور نہ مرنے کے بعد جلانے کی۔ اور کہنے لگے کفار کہ نہیں یہ قرآن، مگر محض بہتان جو گھڑ لیا ہے اس نے

وَ اَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۛۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّ زُوْرًا ﴿۴﴾ۚۛ وَ

اور مدد کی ہے اس کی اس معاملہ میں ایک دوسری قوم نے ؎۵ سو یہ دیکھ کر انھوں نے بڑا ظلم کیا ہے اور سفید جھوٹ بولا ہے۔ اور

؎۵ کفار مکہ انکارِ توحید کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا بھی بڑے شدومد سے انکار کیا کرتے۔ انھوں نے یہاں تک بہتان تراشی کی کہ یہ کتاب اللہ تعالیٰ کی نہیں ہے بلکہ انھوں نے خود اسے تصنیف کیا ہے۔ یہ بات جوشِ غضب میں زبان سے تو نکل گئی لیکن خود ہی خیال آیا کہ وہ شخص جو امی ہے جس نے کسی انسان کے سامنے زانوئے تلمذ تہ نہیں کیا، جو آج تک کسی ادیب اور فلسفی کی صحبت میں نہیں بیٹھا وہ ایسی عظیم کتاب کا مصنف کیسے ہو سکتا ہے جس کی ہر سطر سے اسرار و معارف کے دریا بہہ رہے ہیں چنانچہ وہ کہنے لگے کہ وہ تنہا اس کتاب کے مصنف نہیں ہیں بلکہ چند اور لوگ بھی اس کی تصنیف میں شریک ہیں۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ بتاؤ وہ نابغۂ روزگار لوگ کون ہیں جن کی زبان سے علم و حکمت کے ایسے پھول جھڑ رہے ہیں، جن کی نکہت سے چشم و دل تازہ اور جن کی مہک سے مشامِ روح معطر ہو رہا ہے تو غلط گو لوگوں کی طرح کبھی کسی کا نام لیتے ہیں اور کبھی کسی کا، کہیں قدم نہیں جمتے۔ کبھی عبید بن الخضر حبشی کاہن کا نام لیتے ہیں اور کبھی ابوفکیہہ، یسار، عداس اور جبر کا نام لیتے ہیں جو انہی مشرکین معاندین کے آزاد کردہ غلام تھے۔ آخر ایسے لوگ جن کی مادری زبان عربی نہیں، جن کی ساری زندگی اپنے بے مہر آقاؤں کی خدمت میں بسر ہوتی، جن کے احوال و اطوار یا گفتگو سے کبھی غیر معمولی قابلیت اور ذہانت کی بو کسی کو نہیں آئی وہ اس کتاب کے مصنف کیسے بن گئے جس کی فصاحت و بلاغت، جس کے حسنِ بیان اور زورِ استدلال نے عرب بھر کے ادیبوں اور دانشوروں کے چھکے چھڑا دیئے اور بار بار چیلنج دینے کے باوجود انھیں یہ ہمت نہ ہوئی کہ سارے عرب کے تمام فصحاء و بلغاء اپنی ساری قوتوں کو بروئے کار لاکر اس جیسی ایک کتاب یا کم از کم ایک چھوٹی سی سورت ہی پیش کر سکتے۔

اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان کے شور و شر کے جواب میں اتنا کہہ کر ہی بات ختم کر دی کہ وہ ظالم ہیں اور سفید جھوٹ بول رہے ہیں۔ گویا ان کا یہ اعتراض اس قابل ہی نہیں کہ اس کا جواب دیا جائے یا اس کی طرف توجہ کی جائے۔

وَقَالُوٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّ

کفار نے کہا یہ تو افسانے ہیں پہلے لوگوں کے ۵ اس شخص نے لکھوالیا ہے انھیں پھر یہ پڑھ کر سناتے جاتے ہیں اسے صبح

اَصِيْلًا ۝۵ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

وشام (تاکہ ازبر ہو جائیں) آپ فرمائیے اتارا ہے اس کو اس (خدا) نے جو جانتا ہے آسمانوں اور زمین کے سارے رازوں کو

اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۶ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ

واقعی وہ بہت بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۶ اور کفار بولے کیا ہوا ہے اس رسول کو ۷ کہ کھانا کھاتا ہے

الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ

اور چلتا پھرتا ہے بازاروں میں۔ ایسا کیوں نہ ہوا کہ اتارا جاتا اس کی طرف کوئی فرشتہ اور وہ اس کے

۵ پھر کہتے اس میں رکھا ہی کیا ہے یہی چند من گھڑت قصے اور پرانے لوگوں کی داستانیں۔ قصہ گوؤں سے صبح وشام سنیں، انھیں نمک مرچ لگایا اور ہمیں آکر سنا دیا۔ کیا ایسی کتاب بھی اس قابل ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کیا جائے۔ اکتتبھا: استکتبھا، کسی سے لکھوانا۔ تملی: تقرء۔

۶ اس کے جواب میں اللہ نے اپنے رسول کو حکم دیا کہ تم فرماؤ کہ یہ سُنے سنائے قصے نہیں ہیں بلکہ اس علیم و خبیر کا کلام ہے جو زمین و آسمان کے ہر راز سے باخبر ہے۔ اگر تم اب بھی اپنی ہٹ دھرمی چھوڑ دو اور حق کو قبول کر لو تو وہ اپنی مغفرت کی چادر سے تم کو ڈھانپ لے گا اور اپنی رحمت کا دروازہ تمہارے لیے کھول دے گا۔ تمہاری سابقہ خطائیں سب معاف کر دی جائیں گی۔ یہاں غفوراً رحیماً کا ذکر کتنا دلکش اور معنی خیز ہے۔

۷ اپنی باتوں کی بے سروپائی ان پر بھی عیاں تھی وہ اپنے دل کی گہرائیوں میں خوب جانتے تھے کہ ان کی یہ بہتان تراشیاں کسی خردمند کو متاثر نہیں کر سکیں گی اور ان کی اس غوغا آرائی سے لوگ اس دین حق سے متنفر نہیں ہوں گے اس لیے انھوں نے پینترا بدلا اور کہنے لگے یہ عجیب رسول ہے۔ ہماری طرح کھاتا پیتا ہے، بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔ نہ اس کے ساتھ کوئی فرشتہ ہوتا ہے جو لوگوں کو بتائے کہ یہ خدا کا رسول ہے اور اگر تم نے اس کی پیروی نہ کی تو ہلاک کر دیئے جاؤ گے۔ آنکھیں بند کر کے ہم ایسے شخص کو کیسے رسول تسلیم کریں۔

مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ؕ وَ

ساتھ مل کر (لوگوں کو) ڈراتا یا ڈال دیا جاتا اس کی طرف خزانہ ف۹ یا (کم از کم) اس کا ایک باغ ہی ہوتا کھایا کرتا

قَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا

اس کی آمدنی سے اور (ان) ظالموں نے (یہاں تک) کہہ دیا کہ تم پیروی نہیں کر رہے ہو مگر ایک ایسے شخص کی جس پر جادو کیا گیا ہے ملاحظہ تو کیجیے ف۱۰

ف۹ اور کچھ نہیں تو کم از کم اتنا تو ہوتا کہ اس کے پاس زر و جواہرات کا خزانہ ہوتا خود بھی آرام و راحت سے زندگی بسر کرتا اور اپنے ماننے والوں کو بھی فکر روزگار سے آزاد کر دیتا یا اس کا ایک باغ ہی ہوتا جس کی آمدنی سے یہ اپنا وقت عزت و آرام سے گزارتا اور عسرت و تنگدستی سے پریشان نہ ہونا پڑتا۔ آخر میں کہتے کہ اس پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔ اس لیے تو یہ (معاذ اللہ) ایسی بہکی بہکی باتیں کر رہا ہے۔ کفار مسلمانوں کو طعنے دیتے کہ یہ ہے تمہارا رسول جس کے پاس پھوٹی کوڑی بھی نہیں۔ تم ایسے آدمی کی پیروی کر رہے ہو جس پر جادو کر دیا گیا ہے اور اس کی عقل کا توازن برقرار نہیں رہا۔

ف۱۰ ان کور باطنوں کے پاس وہ آنکھ کہاں جو نور محمدی کو دیکھ سکے۔ ان کے بشری حواس بھی کفر و شرک کے تعفن کے باعث ایسے ماؤف ہو چکے ہیں کہ بشریت کاملہ کے اس مرقعۂ زیبا اور پیکر حسن و جمال کی رعنائیوں کو بھی دیکھنے سے یکسر قاصر ہیں۔ ان کی کوتاہ بینی صرف بازاروں میں اس کا چلنا دیکھ سکی لیکن عرش کی بلندیوں پر اس کا محو خرام ناز ہونا انھیں دکھائی نہ دے سکا۔ یہ کہتے ہیں کہ ان کے ساتھ کوئی فرشتہ نہیں ہوتا۔ فرشتوں کے سردار تو اس کی رکاب تھامنے اور باگ پکڑنے کو اپنے لیے باعث عزو افتخار سمجھتے ہیں۔ اسے تو ہر وقت میری معیت حاصل ہے جو فرشتوں کا خالق و مالک ہوں۔ "فانك باعيننا" (تو ہماری قدرت کی نگاہوں میں بس رہا ہے) کی شان سے وہ بے خبر ہیں۔ وہ یہی دیکھتے رہے کہ یہ پھٹے پرانے کپڑے زیب تن فرماتا ہے۔ اس کے ہاں اکثر جو کی روٹی پکتی ہے۔ بلکہ کئی کئی ماہ تک اس کے ہاں چولھا بھی گرم نہیں ہوتا۔ اس سے انھوں نے یہ اندازہ لگایا کہ یہ مفلس ہے۔ نادار ہے۔ لیکن انھوں نے انا اعطيناك الكوثر پر غور کرنے کی زحمت گوارا نہ کی۔ انھوں نے میرے محبوب کی یہ بات سننے سے کان بند کر لیے أُعْطِيتُ مَفَاتِيحَ خَزَائِنِ الْأَرْضِ (بخاری)۔ مجھے ساری زمین کے سارے خزانوں کی کنجیاں دے دی گئی ہیں۔ دنیا اور دنیا کی متاع فانی کو اس نے اپنے دامن استغنا سے گرد کی طرح جھاڑ دیا ہے۔ اس کی نگاہ مازاغ کو تو خلد کا حسن، جنت کی بہاریں، عرش و کرسی کی عظمتیں اپنی طرف متوجہ نہ کر سکیں۔ وہ تو میرے حسن حقیقی کے مشاہدہ میں لعت استغراق سے سرشار ہے اور کفار اپنی نادانی اور کم ظرفی کے باعث یہ سمجھنے لگے ہیں کہ مفلس ہے نادار ہے۔ انھیں کیا معلوم، ؎

دو جہاں کی نعمتیں ہیں اس کے خالی ہاتھ میں

وہ کہتے ہیں کہ اس کے پاس کوئی باغ نہیں کتنے کو دن ہیں یہ کہنے والے، یہ سارا گلشن عالم اسی کا ہے فردوس بریں کے

لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝ تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ

کیسے بیان کرتے ہیں آپ کے متعلق طرح طرح کی مثالیں سو وہ (اس بے ادبی کے باعث) گمراہ ہو گئے پس وہ راہ نہیں پا سکتے بڑی (خیر و) برکت والا

شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

ہے اللہ تعالیٰ جو اگر چاہے تو بنا دے آپ کے لیے بہتر اس سے ۱۱ (یعنی ایسے) باغات رواں ہوں جن کے نیچے نہریں۔

در و دیوار، قصور و اشجار پر اسی کا نام نقش ہے۔ اے محبوب تیرے مقام کو نہ پہچان کر تیری عظمت سے بے خبر رہ کر تیری شان کا انکار کر کے وہ خود بھی گمراہ ہوئے اور لوگوں کو بھی گمراہ کیا۔ کاش انھیں صدیقؓ کی آنکھ اور بلالؓ کا دل نصیب ہوتا تو انھیں تیرے حسن سرمدی اور تیری محبوبیت کا پتہ چلتا۔ بارگاہِ رسالت کا شاعر مسجدِ نبوی میں منبر پر کھڑا ہوا، کچھ کہہ رہا ہے، ذرا اسے سنو تو۔ ؎

وَاَجْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَرَ قَطُّ عَيْنِيْ ۔۔۔ وَاَحْسَنُ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَاءُ

خُلِقْتَ مُبَرَّاً مِّنْ كُلِّ عَيْبٍ ۔۔۔ كَاَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَاءُ

چشم فلک نے اے محبوب کہیں بھی اور کبھی بھی تجھ سے زیادہ خوبصورت کوئی نہیں دیکھا اور کسی عورت نے کسی زمانہ میں آپ سے زیادہ حسین و جمیل بچہ نہیں جنا۔ پیدا کرنے والے نے تجھے ہر عیب سے پاک پیدا کیا ہے یوں معلوم ہوتا ہے کہ تیری تخلیق اس طرح کی گئی ہے جیسے تیری مرضی تھی۔ اور یہی حسان ایک دوسرے موقع پر یوں حقیقت کی ترجمانی کرتے ہیں۔ ؎

لَهٗ هِمَمٌ لَا مُنْتَهٰى لِكِبَارِهَا ۔۔۔ وَهِمَّتُهُ الصُّغْرٰى اَجَلُّ مِنَ الدَّهْرِ

اس کے بڑے بڑے حوصلوں اور ہمتوں کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔ اس کا سب سے چھوٹا حوصلہ زمانے سے بھی بزرگ تر ہے۔ لیکن نہ وہ عشق و محبت کی راہ پر چلے اور نہ انھیں تیری معرفت نصیب ہوئی وہ بدنصیب اعتراضات اور الزامات کے خارزاروں میں ہی سر پٹخ کر رہ گئے۔ اسی لیے تو کبھی کہتے ہیں کہ جادوگر ہے۔ کبھی کہتے ہیں کہ نہیں اس پر کسی نے جادو کر دیا ہے کبھی کہتے ہیں خود کلام گھڑتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دیتا ہے۔ کبھی کہتے ہیں بہت سے لوگ اس کی امداد کرتے ہیں۔ کبھی کہتے ہیں شاعر ہے۔ غرضیکہ کوئی بات بن نہیں آتی کہیں قدم نہیں جمتے۔ یوں ہی واہی تباہی بک رہے ہیں۔ حقیقت کا راستہ گم کر بیٹھے ہیں اور ظن و تخمین کے ریگزاروں میں بھٹکتے پھرتے ہیں۔

۱۱ اللہ تعالیٰ کی جود و عطا سے کیا بعید ہے کہ وہ آپ کو یہ ظاہری باغ بھی دے دیتا۔ اس میں نہریں رواں ہوتیں اور آپ کی رہائش کے لیے بڑے بڑے خوبصورت اور شاندار محل ہوتے۔ لیکن جس دین حق کی تبلیغ کی عزت آپ کو بخشی گئی ہے اس کے سامنے یہ ساری نعمتیں ہیچ ہیں۔ حدیث پاک میں ہے کہ اس آیت کو لے کر (خازن جنت) بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے۔ رضوان نے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر سلام عرض کیا۔ پھر کہا یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ربّ العزت آپ کو

وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ﴿۱۰﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۚ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ

اور بنادے آپ کے لیے بڑے بڑے محلات۔ بلکہ یہ تو جھٹلاتے ہیں قیامت کو ۱۲ اور ہم نے تیار کر رکھی ہے ان کے

بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ﴿۱۱﴾ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا

لیے جو جھٹلاتے ہیں قیامت کو بھڑکتی ہوئی آگ جب یہ آگ دیکھے گی انھیں دُور سے ۱۳ تو وہ سنیں گے اس کا جوش مارنا

وَّزَفِيْرًا ﴿۱۲﴾ وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿۱۳﴾

اور چنگھاڑنا۔ اور جب انھیں پھینکا جائیگا اس آگ میں کسی تنگ جگہ سے زنجیروں میں جکڑ کر تو پکاریں گے وہاں موت کو

سلام فرماتے ہیں اور یہ ایک صندوقچی ہے۔ اس صندوقچی میں سے نور چمک رہا تھا۔ اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ھٰذہٖ مفاتیح خزائن الدنیا۔ اس میں دنیا کے سارے خزانوں کی کنجیاں ہیں۔ آپ یہ لے لیں، اس کی وجہ سے آپ کے آخرت کے اجر میں مچھر کے پر کے برابر بھی کمی نہیں ہوگی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبرئیل کی طرف دیکھا۔ گویا آپ اس کی رائے پوچھ رہے ہیں جبرئیل نے اپنا ہاتھ زمین پر مارا یہ اشارہ کرنے کے لیے کہ آپ تواضع اختیار کریں۔ حضور نے فرمایا "یا رضوان لا حاجة لی فیھا الفقر احب الیّ وان اکون عبدًا صابرًا شکورًا" اے رضوان مجھے ان کی ضرورت نہیں۔ مجھے فقر زیادہ پسند ہے اور مجھے یہ چیز زیادہ مرغوب ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کا صابر اور شکر گزار بندہ بنوں۔ وقال رضوان اصبت اللہ لک (قرطبی) آپ کا یہ فیصلہ درست ہے اللہ آپ کا ہے اللہ اللہ اس میں جو لطف ہے اس سے اہلِ ذوق ہی لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ اعلیٰ حضرت نے کیا خوب کہا ہے ؎

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
اور محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا عرض علی ربی ان یجعل لی بطحاء مکة ذھبا وقلت لا یا رب ولکن اشبع یومًا واجوع یومًا" (مظہری) میرے رب نے میرے سامنے یہ چیز پیش کی کہ میرے لیے مکہ کے پہاڑوں کو سونا بنا دے۔ میں نے عرض کی لا یا رب نہیں میرے مولا، بلکہ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ ایک دن سیر ہو کر کھاؤں (اور تیرا شکر ادا کروں) اور ایک دن بھوکا رہوں (اور صبر کروں) ؎

گزید فقر کہ فرماں روائے ملک ابد
بہشت خاک ندارد ہوائے سلطانی

۱۲ ان کی یہ نکتہ چینیاں اور بہتان تراشیاں اسی لیے تو ہیں کہ انھیں قیامت پر یقین نہیں اگر انھیں یہ علم ہو جاتا کہ کل روزِ محشر ان ہرزہ سرائیوں کے بارے میں ان سے باز پرس ہوگی تو ایسی بے ادبیاں نہ کرتے۔

۱۳ اس روز کفار و مشرکین پر جو گزرے گی اس کا حال بیان فرمایا تاکہ وہ اب ہی غوایت و ضلالت سے باز آ جائیں

لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُورًا وَّاحِدًا وَّادْعُوا ثُبُورًا كَثِيرًا ﴿١٤﴾ قُلْ أَذٰلِكَ خَيْرٌ

(کہا جائیگا بدبختو!) نہ مانگو آج ایک موت ۱۳ بلکہ مانگو بہت سی موتیں۔ ان سے پوچھیے (ذرا بتاؤ) یہ بھڑکتی ہوئی آگ

أَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۚ كَانَتْ لَهُمْ جَزَاءً وَّمَصِيرًا ﴿١٥﴾

بہتر ہے یا دائمی جنت ۱۴ جس کا وعدہ پرہیزگاروں سے کیا گیا ہے۔ ہوگی یہ جنت ان کے اعمال کا صلہ اور (ان کی) زندگی کا انجام۔

لَهُمْ فِيهَا مَا يَشَاءُونَ خٰلِدِينَ ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْئُولًا ﴿١٦﴾

ان کے لیے اس میں ہر وہ نعمت ہوگی جس کی وہ خواہش کریں گے ۱۵ وہاں ہمیشہ رہیں گے یہ آپکے رب کا وعدہ ہے جس کا ایفا لازم ہے

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ فَيَقُولُ ءَأَنْتُمْ

اور جس روز (محشر میں) اللہ انھیں اکٹھا کرے گا اور ان (باطل خداؤں) کو جنھیں یہ پوجتے ہیں اللہ کے سوا۔ تو اللہ پوچھے گا (ان

أَضْلَلْتُمْ عِبَادِي هٰؤُلَاءِ أَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيلَ ﴿١٧﴾ قَالُوا سُبْحٰنَكَ

معبودوں سے) کیا تم نے گمراہ کیا میرے ان بندوں کو یا وہ خود ہی سیدھی راہ سے بھٹک گئے تھے؟ وہ کہیں گے تو پاک ہے

اور دوزخ کی ان تکلیفوں سے اپنے آپ کو بچائیں جن کے ذکر سے ہی کلیجہ منہ کو آجاتا ہے۔ تغیظ: صوت تغیظ ھی صوت غلیانھا شبیہا بصوت المتغیظ شعلوں کے بھڑکنے سے ایسی آواز پیدا ہوگی جیسے کوئی غیظ و غضب سے بڑبڑا رہا ہو۔ زفیر: تردد النفس حتی تنتفخ الضلوع منہ (مفردات) ایسی سانس کے پھولنے کی آواز جس سے پسلیاں پھول جائیں۔ گدھا جب ہینگتا ہے تو اس کی آواز کے پہلے حصہ کو زفیر اور آخری کو شہیق کہتے ہیں۔ مقرنین: زنجیر و سلاسل میں جکڑے ہوئے۔

۱۳ انھیں جب زنجیر و سلاسل میں جکڑ کر تڑپتے ہوئے اور غصہ سے چیختے چنگھاڑتے ہوئے دوزخ میں پھینکا جائے گا تو ہر ایک کہے گا ہائے میں تباہ و برباد ہو گیا، ہلاک ہو گیا۔ سب سے پہلے شیطان واثبوراہ کہہ کر چلائے گا اور اس کے بعد اس کے چیلے

۱۴ دوزخ اور اس کی کربناکیوں کا ایسا موثر منظر پیش کیا گویا وہ اب ہی اسے آنکھوں سے دیکھنے لگے ہیں اور ان سے یہ پوچھنے کا حکم دیا جا رہا ہے۔

۱۵ اہل جنت کی عزت افزائیوں کا ذکر فرمایا کہ اس دنیا میں انھوں نے ایسی زندگی گزاری جیسے ہم نے انھیں حکم دیا تھا اس کے حکم سے سرمو سرتابی نہ کی۔ اور جنت میں ہم ان کی ایسی دلداری کریں گے کہ جو وہ چاہیں گے وہ مہیا کر دیا جائیگا۔ یہ اللہ کا پختہ وعدہ ہے جس کی خلاف ورزی نہیں ہو سکتی۔

۱۶ تمام مشرکین کو بتایا جا رہا ہے کہ جن کو تم نے اپنا معبود بنا رکھا ہے اور ہر وقت ان کی پوجا پاٹ میں لگے رہتے ہو،

مَا كَانَ يَنۢبَغِي لَنَآ أَنۡ نَّتَّخِذَ مِنۡ دُوۡنِكَ مِنۡ أَوۡلِيَآءَ وَلٰكِنۡ

(ہر عیب سے) ہمیں یہ بات زیبا نہ تھی کہ ہم بناتے تیرے سوا کسی غیر کو دوست لیکن تو نے

مَّتَّعۡتَهُمۡ وَءَابَآءَهُمۡ حَتّٰى نَسُوا الذِّكۡرَ ۚ وَكَانُوۡا قَوۡمًۢا بُوۡرًا ﴿١٨﴾ فَقَدۡ

آرام و آسائش عطا کی انھیں اور ان کے آباء کو یہاں تک کہ انھوں نے بھلا دیا تیری یاد کو اور (یوں) وہ لوگ تباہ و برباد ہونے والے تھے

كَذَّبُوۡكُمۡ بِمَا تَقُوۡلُوۡنَ ۙ فَمَا تَسۡتَطِيۡعُوۡنَ صَرۡفًا وَّلَا نَصۡرًا ۚ وَمَنۡ

تمہارے معبودوں نے تمھیں جھٹلا دیا جو تم کہتے ہو پس اب نہ تم اپنے سے عذاب کو پھیر سکتے ہو اور نہ تمہاری مدد کی جائیگی۔ اور جس نے

يَّظۡلِمۡ مِّنۡكُمۡ نُذِقۡهُ عَذَابًا كَبِيۡرًا ﴿١٩﴾ وَمَآ أَرۡسَلۡنَا قَبۡلَكَ مِنَ

ظلم کیا تم میں سے تو ہم چکھائیں گے اُسے عذاب بڑا۔ اور نہیں بھیجے ہم نے آپ سے پہلے

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ انھیں اپنی بارگاہ میں طلب کریگا اور تم بھی اُن کے ساتھ ہو گے۔ اس وقت ان معبودوں سے پُوچھا جائیگا کہ کیا تم نے انھیں کہا تھا کہ ہمیں خدا بناؤ اور ہماری عبادت کرو۔ اے مشرکین! سُن لو اس وقت تمہارے سارے معبود دیوی دیوتا سب کہیں گے اے خداوندِ عالم تو ہر قسم کے شرک سے پاک اور منزہ ہے۔ ہم یہ جرأت کیونکر کر سکتے تھے کہ لوگوں کو اپنی عبادت کا حکم دیں۔ ان لوگوں کی گمراہی کی وجہ یہ نہیں کہ ہم نے انھیں ایسا کہا تھا بلکہ دولت و عزت کی فراوانی اور مہلت کی طوالت نے انھیں بدمست بنا دیا اور وہ تیری یاد سے غافل ہو گئے۔

وہ کون معبود ہیں جن کو قیامت کے روز طلب کیا جائے گا۔ ضحاک اور عکرمہ نے کہا ہے کہ وہ بُت ہیں جن کی یہ عبادت کیا کرتے تھے۔ اس روز ان کو قوتِ گویائی بخشی جائے گی اور وہ جواب دیں گے۔ لیکن مجاہد اور ابن جریر نے کہا ہے کہ تمام معبودوں کو بلایا جائے گا۔ فرشتے، جن، انسان، مسیح، عزیر وغیرہم۔ وہ سب اپنی برأت کریں گے کہ ہم نے کسی کو اپنی پوجا کرنے کی تلقین نہیں کی۔ اور یہی قول زیادہ صحیح ہے تاکہ ساری مشرک قوموں کے معبودوں کا ذکر آ جائے۔ ان میں سے جنھوں نے خدائی کا دعویٰ نہیں کیا ہو گا بلکہ لوگوں نے ناحق انھیں معبود خدا بنا لیا ہو گا۔ ان کا تو یہ جواب صداقت پر مبنی ہو گا لیکن فرعون و نمرود وغیرہما جنھوں نے اپنی الُوہیت کا دعویٰ کیا اور لوگوں کو مجبور کیا کہ وہ انھیں خدا مانیں، وہ بھی اس روز مکر جائیں گے۔

بُور۔ ھلکیٰ۔ ہلاک و برباد۔ یہ اسم مصدر ہے۔ واحد جمع تذکیر و تانیث سب حالتوں میں استعمال ہوتا ہے اور بعض کی رائے ہے کہ یہ بائر کی جمع ہے جس طرح عائذ کی عوذ اور ھائد کی ھُود۔ (قرطبی)

الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِى الْاَسْوَاقِ ؕ وَ

رسول ۱۸ مگر وہ سب کھانا کھایا کرتے اور چلا پھرا کرتے بازاروں میں اور

جَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ۲۰

ہم نے بنا دیا تمہیں ایک دوسرے کے لیے آزمائش ۱۹۔ کیا تم (اس آزمائش میں) صبر کرو گے؟ اور آپکا رب سب کچھ دیکھ رہا ہے ۲۰

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ

اور کہا ان لوگوں نے جو امید نہیں رکھتے تھے ہم سے ملنے کی کہ کیوں نہ اتارے گئے ہم پر فرشتے۔ ۲۱

۱۸ یعنی کفار کا آپ پر اعتراض کرنا کہ آپ کھانا تناول فرماتے ہیں اور بازاروں میں جاتے ہیں بالکل لغو ہے۔ آپ سے پہلے بھی جتنے رسول ہم نے بھیجے وہ سب کھانا کھایا کرتے اور کام کاج کے لیے بازاروں میں تشریف لے جاتے۔ کھانا کھانا اور بازاروں میں جانا مقامِ رسالت اور شانِ نبوت کے منافی نہیں۔ جیسے ان لوگوں نے سمجھ رکھا ہے۔ حضرت ابن عباس ؓ فرماتے ہیں کہ کفار کے اس اعتراض سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رنجیدہ خاطر ہوئے۔ فوراً جبرئیل آپہنچے۔ وقال السلام علیك یا رسول اللہ اللہ ربك یقرئك السلام ویقول لك وما ارسلنا قبلك الآیہ۔ یعنی جبرئیل نے آکر عرض کیا السلام علیک یا رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ جو آپ کا رب ہے وہ سلام فرماتا ہے اور اس کا یہ ارشاد ہے وما ارسلنا الآیۃ (قرطبی) یہ آیت پڑھ کر سنائی۔ خاطر حبیب کی اتنی گرانی بھی گوارا نہ ہوئی۔

۱۹ یعنی ہر شخص اپنے مقابل سے آزمایا جاتا ہے۔ علامہ قرطبی ؒ نے بڑی جامع اور مختصر بات لکھی ہے فالفتنۃ ان یحسد المبتلی المعافی ویحقر المعافی المبتلی۔ کسی مصیبت (مرض، فقر) میں مبتلا ہونے والے کا خیر و عافیت سے زندگی بسر کرنے والے پر حسد کرنا اس کے لیے فتنہ ہے اور خیر و عافیت سے زندگی بسر کرنے والے کا کسی گرفتارِ بلا کو حقیر سمجھنا اس کے لیے فتنہ ہے۔ اس عمومی آزمائش میں کامیاب ہونے کا طریقہ بتا دیا اتصبرون یعنی صبر کا دامن اپنے ہاتھ میں مضبوطی سے پکڑے رہو۔ یہ جملہ استفہامیہ اصبروا امر کے معنی میں ہے یعنی صبر کرو جیسے فھل انتم منتھون کا معنی انتھوا ہے۔ اس فتنہ سے بچنے کے لیے رحمتِ عالم کا یہ ارشادِ گرامی بھی ڈھال کا کام دیتا ہے ارشاد ہے اِذَا نَظَرَ اَحَدُكُمْ اِلٰى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِى الْمَالِ وَالْجِسْمِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلَ مِنْهُ (بخاری، مسلم) جو شخص کسی ایسے آدمی کو دیکھے جو مال اور حسن و صحت میں اس سے افضل ہے تو اسے چاہیے کہ فوراً نگاہ ان کی طرف پھیرے جو اس سے بھی زیادہ نادار ہیں یا جسمانی لحاظ سے کمزور ہیں۔

۲۰ اللہ تعالیٰ سب کو دیکھ رہا ہے اور ہر شخص کا طریقۂ کار اس پر عیاں ہے۔

۲۱ کفار ایمان لانے کے لیے عجیب عجیب شرطیں عائد کرتے ہیں۔ کبھی کہتے کہ فرشتے اتر کر ہمارے پاس آئیں،

أَوْ نَرَىٰ رَبَّنَا ۗ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوا فِي أَنفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيرًا ﴿٢١﴾

یا ہم دیکھ لیتے اپنے رب کو وہ اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھنے لگے تھے اپنے دلوں میں اور انھوں نے حد سے بڑھ کر سرکشی کی

يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلَائِكَةَ لَا بُشْرَىٰ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِينَ وَيَقُولُونَ

جس روز وہ دیکھیں گے فرشتوں کو تو کوئی خوشی کی بات نہ ہوگی اس روز مجرموں کے لیے ۲۲ے اور فرشتے کہیں گے تمہارے

حِجْرًا مَّحْجُورًا ﴿٢٢﴾ وَقَدِمْنَا إِلَىٰ مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ

لیے جنت کا داخلہ قطعاً حرام ہے اور ہم متوجہ ہونگے ان کے کاموں کی طرف ۲۳ے اور انھیں گرد و غبار

کبھی کہتے اللہ تعالیٰ بے حجاب ہو کر ہمارے سامنے آتے تاکہ ہم اپنی آنکھوں سے اسے دیکھ کر تسلی کریں۔ ارشاد ہوتا ہے ان مغروروں نے اپنے آپ کو سمجھ کیا رکھا ہے۔ کیا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ خدا و رسول کو اُن کے ایمان لانے کی بڑی ضرورت ہے اس لیے وہ جو مطالبہ کریں گے خواہ کتنا نامعقول ہی ہو اسے ضرور پورا کیا جائے گا۔ وہ اس غلط فہمی کو اپنے دل سے نکال دیں۔

۲۲ے اگر ان کی خواہش کے مطابق فرشتے ان کے پاس اتر کر آئیں بھی تو وہ دن اُن کے لیے فرحت و مسرت کا دن نہیں ہوگا۔ فرشتے ان کے لیے کوئی خوشخبری لے کر نہیں آئیں گے بلکہ انھیں یہ بتانے آئیں گے کہ توبہ کی مہلت ختم ہوگئی اور تمہارے لیے جنت کا دروازہ بند کر دیا گیا اور اس میں تمہارا داخلہ ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ تقول الملائكة حراما محرما ان يدخل الجنة الا من قال لا اله الا الله واقام شرائعها و محجورا صفة تؤكد معنى حجرا كما قالوا موت مائت وذيل ذائل۔ یعنی فرشتے کہیں گے کہ جنھوں نے کلمہ شہادت نہیں پڑھا اور شریعت کے احکام کی پابندی نہیں کی ان کا جنت میں داخلہ قطعاً حرام اور ممنوع ہے۔ اس صورت میں حجراً موصوف محجوراً صفت برائے تاکید ہوگی جیسے کہتے ہیں موت مائت وغیرہ۔ یہ توجیہ کی جائے تو یقولون کا فاعل ملائکہ ہوں گے لیکن بعض علماء کے نزدیک اس کا فاعل کفار ہیں۔ ابن جریج کہتے ہیں عرب جب کسی مصیبت میں گھر جاتے ہیں تو کہتے ہیں حجرا محجورا معناه عوذا معوذا۔ بائے بچاؤ، بائے بچاؤ (مظہری)۔ علامہ آلوسی اس کی مزید وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں وهي كلمة تقول العرب عند لقاء عدو موتور وهجوم نازلة هائلة يدعونها موضع الاستعاذة حيث يطلبون من الله تعالىٰ ان يمنع المكروه فلا يلحقهم وكان المعنى فسأل الله تعالىٰ ان يمنع ذلك منعا ويحجره حجرا (روح المعانی)

۲۳ے ان کے وہ اعمال جن پر ان کو بڑا بھروسا تھا وہ سب خاک کے ذروں کی طرح منتشر کر کے اُڑا دیئے جائیں گے کیونکہ عامل میں ایمان اور عمل میں اخلاص مفقود تھا۔ روشندان سے جب دھوپ اندر آ رہی ہو اس میں جو باریک ذرے نظر آتے ہیں ان کو ھباء کہا جاتا ہے۔ آیت میں قدمنا بمعنی قصدنا مستعمل ہے۔ يقال قدم فلان الى

هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ یَوْمَىٕذٍ خَیْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّ اَحْسَنُ
بنا کر اڑا دیں گے۔ اہل جنت کا اس دن بہت اچھا ٹھکانا ہو گا اور دوپہر گزارنے کی جگہ بڑی

مَقِیْلًا ﴿۲۴﴾ وَ یَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَ نُزِّلَ الْمَلٰٓىٕكَةُ تَنْزِیْلًا ﴿۲۵﴾
آرام وہ ہو گی ۴۴ اور یاد کرو جس روز پھٹ جائیگا آسمان اور بادل نمودار ہو گا ۴۵ اور اتارے جائینگے فرشتے گروہ در گروہ۔

اَلْمُلْكُ یَوْمَىٕذِ ﹰالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَ كَانَ یَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِیْنَ عَسِیْرًا ﴿۲۶﴾
اس دن سچی بادشاہی (خداوند) رحمٰن کی ہو گی ۴۶ اور وہ دن کافروں کے لیے بڑا مشکل ہو گا ۴۷

وَ یَوْمَ یَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى یَدَیْهِ یَقُوْلُ یٰلَیْتَنِی اتَّخَذْتُ مَعَ
اور اس روز ظالم (فرطِ ندامت سے) کاٹے گا اپنے ہاتھوں کو (اور) کہے گا کاش! میں نے اختیار کیا ہوتا رسول

امر کذا ای قصدہ وقال مجاہد قدمنا ای عمدنا (قرطبی)

۴۴ اب جنتیوں کے ساتھ جو سلوک ہو گا وہ سنیے اور کوشش کیجیے اس عمر ناپائیدار کو یوں خرچ کرنے کی کہ اللہ تعالیٰ راضی ہو جائے اور اس کا محبوب خوش ہو جائے تا کہ جنت کی نعمتوں کے علاوہ نعمتِ دیدار سے بھی لطف اندوز ہونے کا موقع ملے۔ مقیل: قیلولہ کرنے کی جگہ۔

۴۵ وقوعِ قیامت کا ہولناک منظر بتایا جا رہا ہے۔ مفسرین کرام نے اس آیت کا یہی مفہوم بیان فرمایا ہے کہ آسمان پھٹ جائے گا اور اس کی جگہ سفید رنگ کا پتلا سا بادل لے لیگا جو کہر کی مانند ہو گا۔ روی ان السمآء تنشقق عن سحاب ابیض رقیق مثل الضبابۃ (قرطبی)۔

۴۶ فانی بادشاہیاں اور جھوٹی حکومتیں اور ان کے دعویدار سب ناپید ہو جائیں گے اور حقیقی شہنشاہی اور سلطانی کے تخت پر اللہ تعالیٰ نزول اجلال فرمائے گا علامہ ابن کثیر اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں:

حدیث صحیح میں ہے کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں کو لپیٹ کر اپنے دائیں ہاتھ میں لے لے گا اور دوسرے ہاتھ میں زمینوں کو لے لیگا، پھر فرمائے گا: انا الملک انا الدیان این ملوک الارض این الجبارون این المتکبرون: میں بادشاہ ہوں۔ کہاں ہیں زمین کے بادشاہ، کہاں ہیں وہ سرکش اور متکبر؟ ہر طرف سناٹا چھا جائے گا کوئی دم نہ مار سکے گا۔

۴۷ وہ دن کفار کے لیے تو انتہائی ندامت اور مصیبت کا دن ہو گا۔ لیکن اہل ایمان اس روز خرم و شاداں ہوں گے۔ لایحزنھم الفزع الاکبر۔ انھیں وہ دل ہلا دینے والی گھبراہٹ غمناک نہ کرے گی۔ حضرت ابوسعید خدری

الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿۲۷﴾ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿۲۸﴾

(مکرم) کی معیت میں (نجات کا) راستہ ۔ ۲۸ ہائے افسوس! کاش نہ بنایا ہوتا میں نے فلاں کو اپنا دوست۔

فرماتے ہیں کہ بارگاہِ رسالت میں عرض کی گئی کہ یارسول اللہ! قیامت کا دن تو پچاس ہزار سال کے برابر ہوگا۔ اتنی طویل مدت کیسے کٹے گی حضور نے فرمایا والذی نفسی بیدہ انہ لیخفف علی المومنین حتی یکون اخف علیہ من صلاۃ مکتوبۃ یصلیہا فی الدنیا (مسند امام احمد: ابن کثیر)

مجھے اس کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے۔ یہ طویل مدت مومن کے لیے اتنی ہوگی جتنی فرض نماز جسے وہ دُنیا میں ادا کرتا ہے۔

۲۸ مفسرین کرام لکھتے ہیں کہ عقبہ بن ابی معیط جب کبھی سفر سے واپس آتا تو دعوتِ عام کرتا جس میں اہل مکہ شریک ہوتے۔ یہ اکثر حضور کی خدمت میں حاضر ہوتا حضور کی باتیں سنتا اور انھیں پسند کرتا۔ ایک دفعہ وہ سفر سے واپس آیا تو اس نے حسبِ دستور دعوتِ عام کا اہتمام کیا اور حضور کو بھی دعوت دی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک تو مشرف باسلام نہ ہو میں تیری دعوت قبول نہیں کروں گا۔ چنانچہ اس نے کلمہ شہادت پڑھا اور اپنے اسلام کا اعلان کر دیا۔ ابی بن خلف سے عقبہ کا بڑا یارانہ تھا اس نے سنا تو آکر کہا کہ اے عقبہ سنا ہے تم مرتد ہو گئے ہو۔ اس نے کہا ہرگز نہیں میں نے محض ایک غرض کے لیے اسلام کا اظہار کیا ہے۔ ابی کہنے لگا میں تم سے اس وقت تک راضی نہیں ہوں گا، جب تک تو اس کے پاس جا کر ایسی ایسی گستاخیاں نہ کرے۔ عقبہ اپنے یار کو خوش کرنے کے لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کے پاس گیا اور وہ ساری گستاخیاں کیں جن کی فرمائش اس کے یار نے کی تھی۔ یہاں تک کہ اس نے رُخِ انور پر تھوکنے کی جسارت بھی کی لیکن اللہ تعالیٰ نے اسی تھوک کو آگ کا انگارا بنا کر لوٹایا اور اس کے منہ پر دے مارا جس سے اس کا منہ جل گیا اور مرتے دم تک گالوں پر داغ رہا۔ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا جب سرزمینِ مکہ سے باہر تیری ملاقات ہوگی تو علوت راسک بالسیف "تیرا سر تلوار سے اُڑا دوں گا"۔ یہ بات اس کے دل میں تیر کی طرح پیوست ہو گئی۔ کئی سال بعد جب اہل مکہ بدر کی طرف جانے لگے تو اس نے پہلو تہی کرنا چاہی اور کہا تمہیں معلوم ہے اس شخص نے مجھے جو دھمکی دی تھی اور جو بات اس کے منہ سے نکلتی ہے پوری ہو کر رہتی ہے۔ مجھے نہیں رہنے دو۔ انہوں نے کہا تم بھی عجیب آدمی ہو پہلے تو اس کے غالب آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اور اگر بفرضِ محال کوئی ایسی صورت پیش آ بھی گئی تو تمہارے پاس تیز رفتار سرخ اونٹ ہے اس پر سوار ہو کر بھاگ جانا چنانچہ اسے اپنی بدبختی لے گئی کفر کو شکست ہوئی۔ یہ اپنے اونٹ کو لے کر بھاگا۔ لیکن وادیوں کے پیچ و خم میں الجھ کر رہ گیا اور اسے گرفتار کر لیا گیا۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے حکم سے سیدنا علی کرم اللہ وجہہ نے اس کا سر قلم کر دیا۔ قیامت کے روز جب یہ قبر سے اُٹھے گا تو اس کی حسرت و ندامت کی یہ حالت ہوگی جو ان آیات میں مذکور ہے۔

حقیقت تو یہ ہے کہ ہر اس بدبخت اور بدنصیب کا یہی حال ہوگا جو اس قسم کی روش اختیار کرے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ

واقعی اُس نے بہکا دیا مجھے اس قرآن سے اس کے میرے پاس آجانے کے بعد۔ اور شیطان تو ہمیشہ سے انسان کو (مشکل کے وقت)

خَذُوْلًا ۝٢٩ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ

بے یارو مددگار چھوڑنے والا ہے ۲۹؎ اور رسول عرض کریگا میرے رب! بلاشبہ میری قوم نے اس قرآن کو بالکل نظر انداز کر دیا

مَهْجُوْرًا ۝٣٠ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَ

تھا ۳۰؎ اور (اے حبیب!) اسی طرح ہم نے بنائے ہر نبی کے لیے دشمن جرائم پیشہ لوگوں سے ۳۱؎ اور کافی ہے ۳۲؎ آپ کا

کی سنگت کو چھوڑ کر غیروں کی دوستی کا دم بھرے گا۔ بارگاہ رسالت میں گستاخی کر کے اپنے شیطانوں کو راضی کرنا چاہے گا۔ یہ سب ندامت سے ہونٹ چبائیں گے اور ہاتھ کاٹیں گے اور اپنی نالائقی اور کج فہمی پر پھٹکار بھیجیں گے۔ الذکر سے مراد قرآن حکیم بھی ہے اور حضورؐ کی ذات والاصفات بھی۔ عن القرآن والایمان بہ وقیل عن الذکر ای عن الرسول انسان کو دوست بناتے وقت دیکھنا چاہیے کہ کسی ایسے شخص کو دوست نہ بنائے جو اسے ابدی ہلاکت کے گڑھے میں پھینک دے۔ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نیک اور صالح دوست منتخب کرنے کی اور بدکار لوگوں کی دوستی سے بچنے کی سخت تاکید فرمائی ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المرء علی دین خلیلہ فلینظر من یخالل۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انسان اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے پس ہر شخص کو چاہیے کہ وہ خوب غور کرے کہ وہ کسے دوست بنا رہا ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ سے مروی ہے کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا المرء مع من احب کہ انسان کا حشر اس کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ اس کی محبت ہوگی۔ اس لیے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں سے دوستی اور محبت کا رشتہ استوار کرے۔ فساق و فجار اور بد عقیدہ لوگوں کی صحبت سے دور رہا کرے۔ مبادا ان کے برے اعمال اور گمراہ کن عقائد اسے بھی لے ڈوبیں۔

۲۹؎ ہر شیطان خواہ وہ انسان ہو یا جن اس کا یہ شیوہ ہے کہ پہلے طرح طرح کے سبز باغ دکھاتا ہے اور بد کرداری پر اکساتا ہے بڑے سبز باغ دکھاتا ہے اور بخطہ بخطہ انسان کو اپنے رب سے دور کرتا چلا جاتا ہے۔ اور ساتھ ہی قسمیں اٹھا اٹھا کر اپنی دوستی اور وفاداری کا یقین دلاتا ہے کہ آپ بے خوف و خطر یہ کام کرتے جائیں اور کسی قسم کا فکر و اندیشہ نہ کریں پہلے تو یہ راہ ہی ہر خطرے سے بالکل محفوظ ہے اور اگر بفرض محال کوئی خطرہ پیش آ بھی گیا یا کسی مصیبت نے راستہ روک بھی لیا تو میں جان کی بازی لگا دوں گا اور تمہارا بال بھی بیکا نہیں ہونے دوں گا لیکن جب ان بدکرداریوں کا انجام کسی لاعلاج بیماری، کسی تباہ کن معاشی بدحالی یا کسی ناقابل برداشت مصیبت میں رونما ہوتا ہے تو شیطان بالکل آنکھیں پھیر کر الگ ہو جاتا ہے۔

۳۰؎ قوم کے اس معاندانہ رویے سے غمزدہ ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا میری قوم نے تو

كَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ

رب آپکے لیے منزل مقصود تک پہنچانیوالا اور مدد فرمانیوالا۔ اور کہنے لگے کفار (از راہ اعتراض) کیوں نہیں اتارا گیا

عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَ

ان پر قرآن یکبارگی ۳۳ اس طرح اس لیے کیا کہ ہم مضبوط کریں اس کے ساتھ آپکے دل کو

رَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ

۳۴ اور اسی لیے ہم نے ٹھہر ٹھہر کر اسے پڑھا ہے۔ اور نہیں پیش کرینگے آپ پر کوئی اعتراض مگر ہم لائیں گے آپکے پاس اس کا صحیح جواب

رُشد کے اس صحیفہ کو بالکل نظر انداز کر دیا اور اس کی طرف التفات ہی نہیں کرتے شب بھر رستم و اسفندیار کے قصے سنتے سناتے رہتے ہیں۔ اپنے شعراء کے فحش قصیدے مزے لے لے کر پڑھتے ہیں۔ لیکن اس کتاب مقدس کی طرف قطعاً توجہ نہیں دیتے۔

۳۱ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑے پیارے انداز میں تسلی دیتے ہیں کہ اے میرے رسول! ہمیشہ سے چلا آتا ہے کہ مجرم لوگ انبیاء کرام کی دشمنی اور عداوت میں لگے رہتے ہیں۔ اس لیے آپ مت گھبرایئے۔

۳۲ خود سوچیے كَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا میں جس پیارے انداز سے تسلی دی جا رہی ہے اور جس طرح دلجوئی کی جا رہی ہے اس کے بعد کونسی مصیبت ہے جو پریشان کر سکے، کونسا دشمن ہے جو ہراساں کر سکے جو وعدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہی سب سے بڑا سہارا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلاموں کے ساتھ بھی یہ عنایت و نیدہ پروری فرماتا رہتا ہے الحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علی رسول اللہ۔

۳۳ قرآن مجید کے کلام الٰہی ہونے پر انہیں یہ اعتراض بھی تھا کہ قرآن بیک وقت ایک مرتب اور مدون کتاب کی صورت میں کیوں نہیں آتا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ صاحب اسے خود تصنیف کرتے ہیں یا ان کے معاون لوگ انہیں لکھاتے ہیں۔ جتنا قدر یہ خود بناتے ہیں یا ان سے سیکھتے ہیں اتنا قدر آکر سنا دیتے ہیں۔

۳۴ اس ایک جملہ میں قرآن کریم کو تدریجاً نازل کرنے کی کئی حکمتیں بیان فرما دیں:۔

۱۔ اس طرح لوح قلب پر یہ اچھی طرح نقش ہو جاتا ہے۔

۲۔ ہر آیت کا مفہوم خوب ذہن نشین ہو جاتا ہے۔

۳۔ ضرورت کے موقع پر آیات کا نزول ہوگا تو دلالت لفظیہ کے ساتھ جب قرائن حالیہ بھی مل جائیں گے تو آیات کا مفہوم اور مصداق زیادہ واضح ہو جائے گا۔

۴۔ ہر موقعہ پر جب وحی الٰہی اترے گی تو دل کو اطمینان رہے گا کہ جس خالق نے مجھے اس کارِ عظیم کو سرانجام دینے کے

تَفْسِيْرًا ۝ اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ

اور عمدہ تفسیر ۵۵ (جو اعتراض کو رد کر دے گی) جو لوگ ہانکے جائیں گے اوندھے منہ جہنم کی طرف ۵۶ ان کا

شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَ

بہت برا ٹھکانا ہوگا اور وہ سب سے زیادہ گم کردہ راہ ہونگے۔ اور بیشک ہم نے عطا فرمائی موسیٰ کو کتاب اور مقرر کیا ان کے

جَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ۝ فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ

ساتھ ان کے بھائی ہارون کو (ان کا) وزیر۔ پھر ہم نے حکم دیا دونوں جاؤ اس قوم کی طرف جنھوں نے جھٹلایا ہے ہماری

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ۝ وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا

آیتوں کو۔ (وہ گئے) تو انہوں نے ان کو ٹھکرا دیا تو ہم نے ان کو بالکل برباد کر دیا ۵۷ اور قوم نوح کو یاد کرو جب انھوں نے جھٹلایا

لیے مقرر فرمایا ہے اس کی نظر عنایت ہر وقت میرے شامل حال ہے۔

۵ کیونکہ یہ ایک دستور حیات ہے اس کو تدریجاً نافذ کرنا ہی مناسب ہے تاکہ اس کو اپنانے میں آسانی ہو اگر کسی قوم کو اپنے تمام اطوار و رسوم کو یکبارگی ترک کر کے بالکل جدید دستور حیات اپنانے کا حکم دیا جائے تو اس کے لیے بڑا مشکل ہو جاتا ہے لیکن اگر آہستہ آہستہ احکام نازل ہوں تو اس طرح ان پر عمل کرنے میں بڑی آسانی ہوتی ہے۔

۵۵ مثل کا معنی ہے ایسی بات جس میں تعجب اور ندرت پائی جائے۔ یہاں اس سے مراد ان کے اوٹ پٹانگ عجیب و غریب اعتراضات ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ جب بھی وہ آپ پر کوئی اعتراض کریں گے تو ہم آپ کو اس کا صحیح اور مدلل جواب سکھا دیں گے اور اس کی ایسی وضاحت فرما دیں گے کہ پھر انھیں مجال شک نہ رہے گی۔

۵۶ حدیث شریف میں ہے کہ حضور نبی کریم نے ارشاد فرمایا قیامت کے دن بعض لوگ سوار ہوں گے بعض پیدل چل رہے ہونگے اور بعض کو منہ کے بل گھسیٹا جائے گا۔ عن معاویۃ حیدۃ قال سمعت رسول اللہ یقول انکم تحشرون رجالاً و رکباناً و تجرون علی وجوھکم (رواہ الترمذی)

۵۷ حضرت نوح علیہ السلام کی رسالت کا انکار گویا تمام رسولوں کا انکار ہے اس لیے یہاں الرسل جمع استعمال ہوا ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ ہندوستان کے برہمنوں کی طرح وہ نفس نبوت و رسالت کے ہی منکر ہوں۔ کذبوا نوحا وما قبلہ او جعل تکذیبھم لنوح تکذیبھم للجمیع او لم یروا بعثۃ الرسل کالبراھمۃ (بحر)

الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ

رسولوں کو تو ہم نے انھیں غرق کر دیا اور بنا دیا انھیں دوسرے لوگوں کے لیے عبرت۔ اور تیار کر رکھا ہے ہم نے ظالموں کے لیے

عَذَابًا اَلِيْمًا ۚۖ ﴿۳۷﴾ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَا۠ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا بَيْنَ

دردناک عذاب اور یاد کرو قوم عاد و ثمود اور اصحاب الرس کو ۳۸ اور ان کثیر التعداد قوموں کو جو ان کے

ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿۳۸﴾ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ؗ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿۳۹﴾ وَ

درمیان گزریں۔ حق سمجھانے کے لیے ہم نے بیان کیں ہر ایک کے لیے مثالیں اور ہم نے سب کو نیست و نابود کر دیا۔ اور

لَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ؕ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا

کئی بار گزرے ہیں ۳۹ یہ مشرک اس قصبہ کے پاس سے جس پر پتھراؤ کیا گیا تھا بُری طرح۔ کیا وہاں سے گزرتے ہوئے

يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿۴۰﴾ وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ

وہ اسے نہیں دیکھا کرتے ۴۰ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ انھیں دوبارہ جینے کی امید ہی نہیں ہے۔ اور جب وہ آپ کو دیکھتے ہیں تو آپ کا

۳۸ یہ کون لوگ تھے اس کے متعلق مفسرین نے متعدد اقوال لکھے ہیں لیکن جزم و یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ان کے نزدیک بھی اس سوال کا کوئی یقینی جواب نہیں۔ البتہ "الرس" کے لفظ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایسے لوگ تھے جنھوں نے اپنے نبی کو پرانے کنوئیں میں پھینک دیا اور ان پر عذاب نازل ہوا۔ الرس۔ البئر المطویۃ بالحجارۃ (قاموس)

وملخص ھذہ الاقوال انھم قوم اھلکھم اللہ بتکذیب من ارسل الیھم (بحر)

۳۹ اہل مکہ کو متنبہ کیا جا رہا ہے کہ جب تمہارے تجارتی کارواں شام کی طرف جاتے ہیں تو تمہارا گزر سدوم اور اس کی نواحی اُجڑی ہوئی بستیوں پر ہوتا ہے جہاں کبھی لوط کی قوم آباد تھی۔ اور جب انھوں نے اپنے رسول کی دعوت کو جھٹلایا اور اپنی بدکاریوں سے باز نہ آئے تو ان پر پتھر برسائے گئے اور ان کے آباد اور بارونق شہروں کو برباد کر کے رکھ دیا گیا۔

مطر السوء: الحجارۃ التی امطرت علیھم من السماء (بحر)

۴۰ ان اُجڑے ہوئے شہروں کو دیکھ کر ان کے دل خوف سے کیوں نہیں کانپ جاتے۔ یہ کیوں ان سے عبرت حاصل نہیں کرتے۔ اس کی وجہ بیان فرما دی کہ قیامت پر کیونکہ انھیں یقین نہیں اس لیے اصلاح احوال کی انھیں فکر ہی نہیں۔ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ لوگ بھی یہاں اپنی زندگی بسر کر کے چلے گئے اور انھیں بھی ایک روز چلا جانا ہے۔ اس زندگی کے بعد کوئی اور

إِلَّا هُزُوًا ۖ أَهَٰذَا الَّذِي بَعَثَ اللَّهُ رَسُولًا ﴿٤١﴾ إِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ

مذاق اڑانا شروع کر دیتے ہیں (دیکھتے ہیں) کیا یہ وہ صاحب ہیں جن کو خدا نے رسول بنا کر بھیجا ہے قریب تھا کہ یہ شخص ہمیں بہکا

آلِهَتِنَا لَوْلَا أَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ۚ وَسَوْفَ يَعْلَمُونَ حِينَ يَرَوْنَ

دیتا اپنے خداؤں سے اگر ہم ثابت قدم نہ رہتے ہوتے ان کی پوجا پر ۶۴ اے حبیب! یہ جان لیں گے جب دیکھ لیں گے عذاب

الْعَذَابَ مَنْ أَضَلُّ سَبِيلًا ﴿٤٢﴾ أَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ ۖ

کو دیکھیں گے کہ کون بھٹکا ہوا ہے راہ راست سے۔ کیا آپ نے ملاحظہ فرمایا اس (احمق) کو جس نے بنا لیا اپنا خدا

أَفَأَنْتَ تَكُونُ عَلَيْهِ وَكِيلًا ﴿٤٣﴾ أَمْ تَحْسَبُ أَنَّ أَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُونَ

اپنی خواہش کو۔ کیا آپ اس کے ذمہ دار ہیں؟ ۶۵ کیا آپ خیال کرتے ہیں کہ ان میں سے اکثر لوگ سنتے ہیں یا (سمجھتے)

زندگی تو ہے نہیں اس لیے اس چند روزہ زندگی میں زیادہ سے زیادہ جتنا لطف اٹھا سکتے ہو اٹھا لو۔ ماہرین آثار قدیمہ نے آج تک اپنی کاوشوں سے ہزارہا سال سے مدفون بستیوں کو کھود کر نکال لیا ہے۔ وہ ان اسباب کا تجزیہ کرنے میں بھی بڑی مہارت کا ثبوت دے رہے ہیں کہ کونسی افتاد اس بستی پر پڑی جس کی وجہ سے یہ برباد ہو گئی۔ ان تمام علمی کمالات کے باوجود انھیں اپنے عقائد و اطوار کی اصلاح کا کبھی خیال تک نہیں آیا۔ اس کی بھی یہی وجہ ہے جو اس آیت میں بیان کر دی گئی۔ گویا اصلاح احوال کے لیے آخرت پر ایمان بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ اس کے بغیر اصلاح کی کوئی کوشش کامیاب اور دیرپا نہیں ہو سکتی۔

۶۴ یعنی اگر ہم تعصب اور ہٹ دھرمی سے کام نہ لیتے تو اس شخص کا زور بیان اور طرز استدلال ہمیں بہا کر اپنے ساتھ لے گیا ہوتا ہم اپنے بتوں سے دور ہو چکے ہوتے لیکن ہم اپنی ہٹ پر ڈٹے رہے اور اس کی زد سے محفوظ رہے وہ گویا اپنے سے کم درجہ کے لوگوں کو تلقین کر رہے ہیں کہ اس شخص کی باتیں بڑی موثر ہیں، دل میں گھر کر لیتی ہیں اور دماغ میں جم جاتی ہیں تم نہ دل کی بات مانو اور نہ اپنی عقل کا فیصلہ تسلیم کرو ورنہ تم اپنے قدیم آبائی مذہب سے ہاتھ دھو بیٹھو گے۔ اس سے بچنے کی ایک ہی صورت ہے کہ آنکھیں بند رکھو، کانوں میں انگلیاں ٹھونس لو اور نہ مانوں نہ مانوں کا سبق ہمیشہ ورد زبان رکھو۔

۶۵ جن لوگوں نے عقل کا چراغ بجھا دیا ہے جو کسی قوی سے قوی دلیل کو ماننے کے لیے بھی تیار نہیں، جو حق کے نور کو دیکھ کر آنکھیں بند کر لیتے ہیں، جو محض اپنی خواہش نفس کے عبادت گزار ہیں ان کا نفس ہی ان کا خدا ہے۔ جدھر وہ چاہتا ہے ادھر انھیں ہانک کر لے جاتا ہے۔ وہ اسی کی پوجا کرنے میں مگن ہیں۔ اے حبیب مکرم! کیا ایسے لوگوں کی ہدایت کے لیے آپ فکر مند ہیں۔ یہ تو ڈنگروں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی گئے گزرے ہیں کیونکہ وہ اپنے مالک کو پہچانتے ہیں اور اس کا حکم بجا لاتے ہیں

اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ۟ اَلَمْ

سمجھتے ہیں۔ نہیں ہیں یہ مگر ڈنگروں کی مانند، بلکہ یہ تو ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں۔ کیا آپ نے

تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا

نہیں دیکھا اپنے رب کی طرف، کیسے پھیلا دیتا ہے سایہ کو ۴۲ اور اگر چاہتا تو بنا دیتا اسے ٹھیرا ہوا۔ پھر ہم نے بنا دیا

الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۟ۙ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ۟ وَهُوَ

آفتاب کو اس پر دلیل ۴۳ پھر ہم سمیٹے جاتے ہیں سایہ کو اپنی طرف آہستہ آہستہ ۴۴ اور وہی ہے

اور جو خدمت ان کی شایاں ہے اس کے ادا کرنے میں سستی نہیں کرتے۔ اور یہ نہ اپنے خالق کو پہچانتے ہیں نہ اس کے احسانات کا شکریہ ادا کرتے ہیں نہ اس کا حکم بجا لاتے ہیں۔ اس لیے ایسے لوگوں کی اصلاح کی توقع نہیں ہو سکتی۔ اگر یہ باطل پر جمے ہیں اور حق کو قبول نہ کریں تو آپ رنجیدہ خاطر نہ ہُوا کریں۔

۴۲ ان آیات میں قدرت کاملہ کے ان کرشموں کو بیان فرمایا جا رہا ہے جو انسان کے لیے سراپا لطف و رحمت ہیں۔ اگر قدرت فیاضی اور دریا دلی سے ان کو آشکارا نہ کرتی تو انسان کی آفاقی فتوحات کا تو ذکر ہی کیا، اس کا وجود تک بھی فنا ہو جاتا۔ اگر آفتاب کے طلوع و غروب کا موجودہ نظام نہ ہوتا بلکہ ہمیشہ رات ہی رہتی تو انسانی زندگی تو کجا حیوانی اور نباتاتی زندگی کے امکانات بھی ختم ہو جاتے۔ اگر سورج کبھی غروب ہی نہ ہوتا تو اس کی کرنوں کی تمازت قوت روئیدگی کو جلا کر رکھ دیتی۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ جو سایہ صبح کے وقت ہوتا ہے اسے ظل کہتے ہیں اور دوپہر کے بعد جو سایہ ہوتا ہے اسے فئی۔ سورج کے طلوع ہونے سے پہلے ہر چیز سائے میں لپٹی ہوتی ہے۔ جب سورج طلوع ہوتا ہے تو ہر چیز کا سایہ پھیلا ہُوا ہوتا ہے۔ سورج جیسے جیسے بلند ہوتا جاتا ہے وہ سایہ بھی گھٹنے لگتا ہے۔ خوب غور کرو جس طرح یہ سایہ فانی ہے اسی طرح تمہاری زندگی اور اس کا یہ جاہ و جلال بھی فانی ہے۔ نیز یہ بھی ارشاد فرما دیا کہ مانا کفر و شرک کا سایہ بہت پھیلا ہُوا ہے اور باطل کی تاریکیوں نے ہر جگہ اپنے جھنڈے گاڑ دیئے ہیں لیکن اب آفتاب ہدایت طلوع ہو چکا۔ تھوڑی دیر انتظار کرو، پھر دیکھو گے کہ نورِ ہدایت کیسے پھیلتا ہے۔

۴۳ اہلِ معرفت نے آیت کا یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ سائے سے مراد فترۃ کا زمانہ ہے۔ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضور کی بعثت کا درمیانی زمانہ) ــــ ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہو چکا تھا۔ یہاں تک کہ آفتاب محمدی اُبھرا اور ظلمتکدۂ عالم کو بقعۂ نور بنا دیا۔ اور اگر یہ سورج طلوع نہ ہوتا تو ساری مخلوق غفلت کی تاریکی میں عمریں گزار دیتی اور نورِ حق کی کوئی تجلی انہیں فیضیاب نہ کرتی۔ یہ آفتاب محمدی کی فیاضیاں ہیں جن کے باعث دل کی آنکھوں کو نورِ توحید دیکھنا نصیب ہُوا ــ

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ

جس نے بنایا ہے تمہارے لیے رات کو لباس اور نیند کو باعث راحت اور بنایا ہے دن کو (طلب معاش کے

نُشُوْرًا ﴿۴۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ

لیے) دوڑ دھوپ کا وقت اور وہ وہی ہے جو بھیجتا ہے ہواؤں کو خوشخبری دینے کے لیے اپنی رحمت (بارش) سے پہلے

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ﴿۴۸﴾ لِّنُحْیِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهٗ

اور ہم اتارتے ہیں آسمان سے پاکیزہ پانی تاکہ ہم زندہ کریں اس پانی سے کسی غیر آباد شہر کو اور ہم پلائیں یہ پانی

مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا وَّاَنَاسِيَّ كَثِيْرًا ﴿۴۹﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ

اپنی مخلوق سے کثیر التعداد مویشیوں اور انسانوں کو۔ اور ہم بانٹتے رہتے ہیں بارش کو لوگوں کے درمیان

لِيَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۵۰﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِيْ

تاکہ وہ غور و فکر کریں پس انکار کر دیا اکثر لوگوں نے مگر یہ کہ وہ ناشکر گزار رہیں گے۔ اور اگر ہم چاہتے تو بھیجتے ہر گاؤں میں

گر نہ خورشید جمال یار گشتے راہنموں — از شب تاریک غفلت کس نبردے راہ بروں

یہاں اس امر کی طرف توجہ دلائی جا رہی ہے کہ حکمت الٰہی کا تقاضا یہ ہے کہ ساری تبدیلیاں تدریجی طور پر وقوع پذیر ہوں ورنہ سارا انتظام درہم برہم ہو جائے گا۔ کبھی آپ نے موسموں کے تغیر پر غور کیا کس طرح آہستہ آہستہ سردیاں گرمیوں میں اور گرمیاں سردیوں میں تبدیل ہوتی ہیں۔ اگر سخت گرمی کے فوراً بعد سخت سردی شروع ہو جائے تو اس کے اثرات کی تباہ کاریوں کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔ قدرت ہر کام میں تدریج کو پسند کرتی ہے اور اسی میں اس کی حکمت کے سینکڑوں جلوے نظر آتے ہیں۔ یونہی کفر کی ظلمت دھیرے دھیرے چھٹے گی اور ہدایت کی روشنی آہستہ آہستہ پھیلے گی۔

آٹھ پہروں کو رات دن میں تقسیم کرنے کے جو فوائد ہیں ان کا ذکر کر کے لوگوں کو اس احسان عظیم پر شکر بجا لانے کی تلقین فرمائی۔

اپنے ایک اور احسان عظیم کا ذکر فرمایا اور اس امر کی طرف بھی اشارہ کیا کہ جس طرح ظاہری قحط سالی کو ہم رحمت کا مینہ برسا کر دور کرتے ہیں اور جہاں خاک اڑ رہی ہوتی ہے وہاں چند دنوں کے بعد شاداب کھیت لہلہاتے ہوئے نظر آنے لگتے ہیں۔ اسی طرح ہم روحانی خشک سالی کے بعد رسالت کا ابر رحمت بھیجتے ہیں جو برستا ہے تو گلشن انسانیت میں بہار آ جاتی ہے۔

كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيرًا ﴿٥١﴾ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ﴿٥٢﴾

ایک ڈرانے والا ۴۹ پس کافروں کی پیروی نہ کرو اور خوب ڈٹ کر مقابلہ کرو ان کا قرآن (کی دلیلوں) سے ۵۰

وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ

اور اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے ملا دیا ہے دو دریاؤں کو یہ (ایک) بہت شیریں ہے اور یہ دوسرا سخت کھاری ۵۱

کئی پیاسی روحیں اس سے سیراب ہوتی ہیں کتنے آلودہ دامن اس کے چھینٹوں سے دھل کر پاک صاف ہو جاتے ہیں۔ مطلع حیات پر قرآن حامل قرآن کی صورت میں پھر یہی ابر رحمت گھر کر آیا ہے۔ اس کی گھنگھور گھٹائیں اب برسا چاہتی ہیں۔ اے تشنہ لبو! ہوشیار۔ اے آلودہ نفسو! خبردار، یہ سعید لمحے غفلت میں برباد نہ ہو جائیں یہ لیلۃ القدر سوتے میں ہی نہ بیت جائے۔

۴۹ اگر ہم چاہتے تو ہر ایک بستی میں علیحدہ علیحدہ نبی بھیج دیتے۔ لیکن حکمت کا اب یہ تقاضا نہیں۔ انسانیت کے بکھرے ہوئے شیرازہ کو یکجا کرنے کا موزوں وقت اب آپہنچا ہے۔ بہت سی اُمتوں کی نہیں اب ایک اُمت کی ضرورت ہے جو حق کی امین بنائی جائے اور اس کی یہی صورت ہے کہ ساری اقوام عالم کا ایک ہی ہادی ہو۔ اب رات گزر گئی جبکہ ہر گھر میں الگ الگ چراغ جلائے جاتے تھے۔ اب دن طلوع ہو گیا ہے۔ اب آفتاب محمدی شرق و غرب، نشیب و فراز، دور و نزدیک سب کو منور کرے گا۔

۵۰ جہاد کی وضاحت سورۂ حج کی آخری آیت کے ضمن میں ہو چکی ہے ملاحظہ فرمائیں۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں جِهَادًا كَبِيْرًا اي شديداً بالقلب واللسان والسيف والسنان یعنی سخت جہاد کرو، دل سے، زبان سے، تلوار اور نیزہ سے (مظہری)

۵۱ قدرت خداوندی کے ایک اور حیران کن کرشمے کی طرف متوجہ کیا جا رہا ہے کہ پانی دو قسم کے ہیں میٹھے، خوش ذائقہ اور تلخ و نمکین، لیکن ہر پانی اپنی اپنی جگہ پر قائم ہے۔ ان کو الگ الگ رکھنے کے لیے قدرت نے رکاوٹیں قائم کر دی ہیں تاکہ یہ باہم مل نہ سکیں۔ یہ رکاوٹیں کبھی تو اتنی لطیف اور غیر محسوس ہوتی ہیں کہ انسان دیکھ کر حیران ہو جاتا ہے۔ بسا اوقات دیکھا گیا ہے کہ ایک جگہ نلکا لگایا تو پانی میٹھا نکلا پھر چند فٹ کے فاصلہ پر دوسرا نلکا لگایا گیا تو پانی کھارا نکلا بلکہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ دیوار کے اندر والا پانی میٹھا اور باہر والا کھاری۔ اس سے بھی زیادہ حیران کن یہ بات ہے کہ سمندر میں جب مد ہوتا ہے تو سمندر کا آب شور دور تک خشکی کے دریاؤں ندی نالوں میں داخل ہو جاتا ہے لیکن بایں ہمہ وہ ان کے میٹھے پانی کے ساتھ مختلط نہیں ہوتا اور جزر کے وقت وہی آب شور واپس ہو جاتا ہے اور ان دریاؤں کا میٹھا پانی حسب سابق رواں رہتا ہے اور اس کے ذائقہ میں بھی کوئی فرق نہیں پڑتا۔ دریائے نیل جب بحر روم میں جا کر گرتا ہے تو کئی میلوں تک اس کا پانی سمندر میں جوں کا توں چلا جاتا ہے نہ اس کی رنگت بدلتی ہے اور نہ اس کا ذائقہ تبدیل ہوتا ہے اور اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز یہ امر ہے کہ کھارے کڑوے سمندر کے وسط میں پانی کے ایسے ذخیرے دریافت ہوئے ہیں جن کا پانی بالکل میٹھا ہوتا ہے۔ چنانچہ علامہ ابی الحیان اندلسی لکھتے ہیں وتری المياه قطعاً في وسط البحر المالح فيقولون هذا ماء ثلج فيستقون منه من وسط البحر (بحر محیط)

وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿٥٣﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ

اور بنا دی ہے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ان کے درمیان آڑ اور مضبوط رکاوٹ - اور وہ وہی ہے جس نے پیدا فرمایا انسان کو

الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا ﴿٥٤﴾ وَيَعْبُدُوْنَ

پانی (کی بوند) سے اور بنا دیا اسے خاندان والا اور سسرال والا - اور آپ کا رب بڑی قدرت والا ہے - اور وہ پوجتے ہیں

اس کی تصدیق تفہیم القرآن کے مندرجہ ذیل اقتباس سے بھی ہوتی ہے۔

"ترکی امیر البحر سیدی علی رئیس (کاتب رومی) اپنی کتاب مرآۃ الممالک میں جو سولہویں صدی عیسوی کی تصنیف ہے خلیج فارس کے اندر ایسے ہی ایک مقام کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس نے لکھا ہے کہ وہاں آب شور کے نیچے آب شیریں کے چشمے ہیں جن سے میں خود اپنے بیڑے کے لیے پانی پینے کا حاصل کرتا رہا ہوں۔"

موجودہ زمانے میں جب امریکن کمپنی نے سعودی عرب میں تیل نکالنے کا کام شروع کیا تو ابتداً وہ بھی خلیج فارس کے انہی چشموں سے پانی حاصل کرتی تھی۔ بعد میں ظہران کے پاس کنوئیں کھود دیے گئے اور ان سے پانی لیا گیا۔"

(تفہیم القرآن، جلد ۳، صفحہ ۴۵۸)

اب غور فرمایئے وہ کس کی طاقت ہے جو زیر زمین میٹھے پانی کے ذخیروں کو کڑوے پانی سے الگ رکھتی ہے۔ جو حالت مدوجزر میں سمندر کے کڑوے پانی کی موجوں کو میٹھے پانی پر چڑھ آنے کے باوجود ملنے نہیں دیتی۔ وہ کس کی صنعت ہے جس نے سمندروں میں میٹھے پانی کے چشمے جاری کر دیئے۔ یہ اللہ کی ذات ہے جس کی حکمت کے کرشمے آپ کو جگہ جگہ اس کی عظمت و کبریائی کی شہادت دیتے ہوئے نظر آئیں گے۔

اس آیت کا یہ مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے کہ میٹھے پانی سے مراد حق ہے اور کڑوے کھاری پانی سے مراد باطل ہے۔ باطل اپنی ساری کثرت اور شوکت کے باوجود حق کو مٹا نہیں سکتا۔ گمراہی کے گھٹا ٹوپ اندھیروں میں بھی ہدایت کے چراغ ضرور فروزاں رہیں گے اور ان اندھیروں کے باوجود حق کا علم لہراتا ہی رہے گا۔

لفظ اب تک توحید کے آفاقی دلائل و بینات کا ذکر ہوتا رہا جو ایک طرف اگر اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ پر دلالت کرتے ہیں تو دوسری طرف انسان کے لیے اس کی رحمت عامہ کے ناقابل انکار شواہد ہیں۔ اب انفسی دلائل کی طرف توجہ دلائی جا رہی ہے جو انسان کی اپنی ذات میں موجود ہیں پہلے بتایا کہ اے اپنی طلعت زیبا پر نازاں اور قامت بلند پر اترانے والے! ذرا دیکھ ہم نے تجھے پانی کی ایک بوند سے پیدا کیا ہے۔ کہاں وہ قطرۂ آب اور کہاں یہ تیرا حسین و جمیل سراپا۔ یہ تبدیلی اور یہ تدریجی ارتقاء کس کی حکمت کاملہ کی شہادت دے رہا ہے۔ ذرا مزید غور کرو اللہ تعالیٰ نے صرف ایک صنف ہی (مرد یا عورت) پیدا نہیں کی بلکہ دونوں کو پیدا فرمایا۔ دونوں کے ظاہری اعضاء میں واضح اختلاف ہے۔ ان کے ذہنی رجحانات اور قلبی احساسات و جذبات

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۭ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ

اللہ تعالیٰ کے سوا اُن بتوں کو ۵۱ جو نہ فائدہ پہنچا سکتے ہیں انھیں اور نہ نقصان۔ اور کافر اپنے رب کے مقابلہ میں ہمیشہ

ظَهِيْرًا ۝۵۵ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝۵۶ قُلْ مَآ اَسْـَٔــلُكُمْ عَلَيْهِ

شیطان کا مددگار ہوتا ہے۔ اور ہم نے نہیں بھیجا آپ کو مگر بشارت دینے والا اور ڈرانے والا۔ فرمادیجیے کہ میں نہیں مانگتا تم سے اس

مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَاۗءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝۵۷ وَتَوَكَّلْ عَلَى

(خیر خواہی) پر کچھ اجرت مگر میری اجرت یہ ہے کہ جس کا جی چاہے وہ اپنے رب کا راستہ اختیار کرے ۵۲ اور (اے مصطفےٰ!)

میں بھی زمین و آسمان کا فرق ہے لیکن اس بیّن تفاوت کے باوجود دونوں ایک دوسرے کے لیے جزو لاینفک ہیں۔ مرد اپنی ساری قوت و تجاہ و جود ناکمل ہے عورت اپنی تمام لطافتوں کے باوجود ادھوری ہے دونوں مل کر ایک مکمل تمدن تخلیق کرتے ہیں۔ یہ وحدت بانجھ نہیں بلکہ کثیر الاعداد وعدوں کا سرچشمہ ہے۔ ان کے ہاں بچیاں بھی ہوں گی اور بچے بھی کسی کے یہ سسرال بنیں گے اور کوئی ان کے بچوں کے سسرال ہوں گے باہمی رشتے ہوں گے۔ قرابتیں بڑھیں گی اس طرح ایک انسانی معاشرہ معرضِ وجود میں آئے گا جس کا ہر فرد دوسرے افراد سے محبت و پیار، شفقت و احترام کے رشتوں سے بندھا ہوا ہوگا وکان ربك قديرا فرما کر اپنے قادرِ مطلق ہونے کی تصدیق فرمادی۔

۵۱ ان آفاقی و انفسی آیات بیّنات کے بیان کرنے کے بعد اب ان لوگوں کی حماقت کی طرف اشارہ کیا جارہا ہے جو اسے چھوڑ کر کسی دوسرے کو اپنا معبود بناتے ہیں۔ ظہیرا کا معنی مُعین اور مددگار بھی لیا گیا ہے ای معینا للشیطان (مظہری)۔ اس کا دوسرا معنی ذلیل بھی کیا گیا ہے یعنی وہ چیز جسے پس پشت پھینک دیا جائے۔ ای ذليلا من ظهرت الشی اذا جعلته خلف ظهرك ولم تلتفت اليه (مظہری)۔

۵۲ اجر مستثنیٰ منہ ہے، مَنْ شَاءَ مستثنیٰ ہے یعنی میں اشاعتِ دین میں جو شب و روز مصروف ہوں، تمہارے طعنے سن کر خاموش ہو جاتا ہوں، تمہاری اذیت رسانیوں پر صبر کرتا ہوں، تمہاری گالیاں سن کر دعائیں دیتا ہوں۔ یہ سب کچھ جو میں کر رہا ہوں اس کے بدلہ میں میں تم سے کوئی معاوضہ کوئی اجر طلب نہیں کروں گا۔ میرا اجر یہی ہے کہ تم میں سے جو لوگ حق قبول کرنے کی استعداد رکھتے ہیں وہ حق قبول کریں۔ حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم کی کیا پیاری دلنواز تفسیر اس آیت نے فرمادی۔ یعنی تمہارا حق قبول کر لینا تمہارا راہِ ہدایت پر گامزن ہو جانا، ہر طرف سے منہ موڑ کر تمہارا طالبِ مولیٰ بن جانا ہی میری ان ساری جانکاہیوں، جانفشانیوں، دل گدازیوں اور مشقتوں کا بہترین صلہ ہے، صلى الله تعالى على حبيبه الرؤف الرحيم وسلم

الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ؕ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ

آپ بھروسہ کیجیے ہمیشہ زندہ رہنے والے پر جسے کبھی موت نہیں آئے گی ۸۳ اور (اسی کی حمد کے ساتھ پاکی بیان کیجیے اور اس کا اپنے بندوں کے

خَبِیْرًا ﴿۵۸﴾ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ

گناہوں سے باخبر ہونا کافی ہے۔ جس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو ۸۴ اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دنوں میں۔

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚۛ اَلرَّحْمٰنُ فَسْـَٔلْ بِهٖ خَبِیْرًا ﴿۵۹﴾ وَاِذَا قِیْلَ

پھر وہ متمکن ہوا عرش پر (جیسے اس کی شان ہے) وہ رحمٰن ہے سو پوچھ اس کے بارے میں کسی واقف حال سے ۸۵ اور جب کہا

لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ۗ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَ

جاتا ہے انہیں کہ رحمٰن (کے حضور) سجدہ کرو۔ وہ پوچھتے ہیں رحمٰن کون ہے ۸۶ کیا ہم سجدہ کریں اس کو جس کے متعلق تم ہمیں حکم

زَادَهُمْ نُفُوْرًا ﴿۶۰﴾ تَبٰرَكَ الَّذِیْ جَعَلَ فِی السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ

دیتے ہو اور وہ زیادہ نفرت کرنے لگتے ہیں۔ بڑی (خیر و) برکت والا ہے جس نے بنائے ہیں آسمان میں برج، اور بنایا ہے اس

۸۳ اگر ان کافروں کو اپنی تعداد کی کثرت، اپنے وسائل کی بہتات اور اپنے دوستوں کی امداد پر بھروسہ ہے تو کیا ہوا یہ سب فانی ہیں۔ ان میں کسی چیز کو بقا نہیں۔ اے حبیب آپ اپنے رب کریم پر بھروسہ کریں جو ہمیشہ سے زندہ ہے اور ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے جس کا معین و مددگار وہ ہوتا ہے فتح و نصرت اسی کے قدم چومتی ہے۔

۸۴ اللہ تعالیٰ کی عظمت شان بیان کی جا رہی ہے تاکہ جو اس پر توکل کرے اسے مخالف کی قوت و سطوت ہراساں نہ کر سکے۔ اس آیت کی توضیح پہلے کئی بار گزر چکی ہے۔

۸۵ علامہ عثمانی اس آیت کی توضیح کرتے ہوئے لکھتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی شانوں اور رحمتوں کو کسی جاننے والے سے پوچھو، یہ جاہل مشرک اسے کیا جانیں۔ وما قدروا اللہ حق قدرہٖ۔ اپنی شئون و کمالات کا پوری طرح جاننے والا تو خدا ہی ہے۔ انت کما اثنیت علی نفسک لیکن مخلوق میں سب سے بڑے جاننے والے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جن کی ذات گرامی میں حق تعالیٰ نے اولین و آخرین کے تمام علوم جمع کر دیئے۔ خدا تعالیٰ کی شانوں کو کوئی ان سے پوچھے (حاشیہ عثمانی)

۸۶ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے الرحمٰن کا اسم مبارک اہل عرب میں معروف نہ تھا۔ اس لیے جب انہیں رحمٰن کو سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا تو وہ بدکے اور ان کا جذبہ منافرت اور بڑھ گیا۔ ہو سکتا ہے کہ انہوں نے اپنی کافرانہ سرکشی کے باعث کیا ہو۔

فِیْهَا سِرٰجًا وَّ قَمَرًا مُّنِیْرًا ﴿۶۱﴾ وَ هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الَّیْلَ وَ النَّهَارَ خِلْفَةً

میں چراغ (آفتاب) اور چاند چمکتا ہوا ۵۸ اور وہ وہی ہے جس نے بنایا ہے رات اور دن کو ایک دوسرے کے

لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ یَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿۶۲﴾ وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ

پیچھے آنے والا اس کے لیے جو یہ چاہتا ہے کہ وہ نصیحت قبول کرے ۵۹ یا چاہتا ہے کہ شکر گزار بنے۔ اور رحمٰن کے بندے ۶۰

یَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا

وہ ہیں جو چلتے ہیں زمین پر آہستہ آہستہ ۶۱ اور جب گفتگو کرتے ہیں ان سے جاہل تو وہ صرف یہ کہتے

سَلٰمًا ﴿۶۳﴾ وَ الَّذِیْنَ یَبِیْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّ قِیَامًا ﴿۶۴﴾ وَ الَّذِیْنَ

ہیں کہ تم سلامت رہو ۶۲ اور جو رات بسر کرتے ہیں اپنے رب کے حضور سجدہ کرتے ہوئے اور کھڑے ہوئے ۶۳ اور جو

۵۸ سورۃ الحجر میں اس کی وضاحت گزر چکی ہے۔ ملاحظہ ہو الحجر آیت ۱۶ ضیاء القرآن دوم۔

۵۹ قدرت کا یہ شاہکار فقط ان لوگوں کے لیے ہی مفید ہے جو حق کو قبول کرنا چاہتے ہوں اور اس کی طلب کا جذبہ رکھتے ہوں اور اللہ تعالیٰ کی بخشی ہوئی نعمتوں پر شکریہ ادا کرنے کے خواہشمند ہوں۔

۶۰ جب انھوں نے الرحمٰن سے اپنی لاعلمی اور بے تعلقی کا اظہار کیا تو اب انھیں گویا یہ بتایا جا رہا ہے کہ رحمٰن کی معرفت تو تمھیں کہاں حاصل ہو سکتی ہے اس کے بندوں کی روشن سیرت اور دلکش زندگی کو دیکھو پھر اپنے آلودہ دامن اور بے نور چہروں پر نظر ڈالو خود ہی یہ حقیقت تم پر منکشف ہو جائے گی کہ تم کتنے خود فراموش اور زیاں کار تھے جس رحمٰن کے در اقدس پر جبیں سائی کرنے سے چہروں پر یوں نور برسنے لگتا ہے، جس کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کرنے سے کردار و اخلاق کو یہ پاکیزگی نصیب ہونے لگتی ہے۔ جس رحمٰن کے بھیجے ہوئے رسول کے اسوۂ حسنہ کو اپنا لینے سے نفس امارہ نفس مطمئنہ بن جاتا ہے اس رحمٰن سے تم دور کیوں بھاگ رہے ہو۔

۶۱ یہاں سے اللہ تعالیٰ کے بندوں کی صفات حمیدہ کا تفصیلی تذکرہ شروع ہوتا ہے یعنی ان کی چال ہی نرالی ہے، ان کی رفتار دیکھ کر ہی اندازہ ہو جاتا ہے کہ وقار و متانت کا ایک پیکر چلا آ رہا ہے جس میں نہ مغرور لوگوں کی رعونت کا کوئی نشان ہے اور نہ بے فکرے، سفلی مزاجوں کا چھچھورا پن ہے۔

۶۲ ان کے اخلاق عالیہ کی دوسری خصوصیت یہ بیان کی کہ جب کوئی شخص ان سے جاہلوں جیسی گفتگو کرتا ہے اور معقولیت کی روش ترک کر دیتا ہے تو یہ اس کی سطح پر اتر کر اس سے ہم کلام نہیں ہوتے اور جوابی کارروائی کے جوش میں آکر

يَقُولُونَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ

(بارگاہِ الٰہی میں) عرض کرتے رہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! دُور فرما دے ہم سے عذابِ جہنم ۶۴؎ بیشک اس کا عذاب

غَرَامًا ﴿٦٥﴾ إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ﴿٦٦﴾ وَالَّذِينَ إِذَا أَنْفَقُوا

بڑا مہلک ہے۔ بیشک وہ بہت بُرا ٹھکانا اور بہت بُری جگہ ہے۔ اور وہ لوگ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ

لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَٰلِكَ قَوَامًا ﴿٦٧﴾ وَالَّذِينَ

فضول خرچی کرتے ہیں اور نہ کنجوسی ۶۵؎ (بلکہ) ان کا خرچ کرنا اسراف اور بخل کے بین بین اعتدال سے ہوتا ہے اور وہ

اس سے اُلجھ نہیں پڑتے بلکہ سلام کہہ کر الگ ہو جاتے ہیں۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جاہلوں کے ساتھ اُلجھنا اور ان کی ہر بات کا ترکی بترکی جواب دینا قطعاً ضروری نہیں بلکہ اپنا قیمتی وقت ضائع کرنا ہے۔ اگر تم دیکھو کہ کوئی شخص بدزبانی پر اُتر آیا ہے تو تم بدزبانی کرنے کے بجائے اس سے کنارہ کش ہو جاؤ۔

۶۳؎ سابقہ آیت میں ان کے دنوں کی مصروفیتوں کا ذکر ہوا۔ اس آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ ان کی راتیں کیسے بسر ہوتی ہیں۔ جب دنیا خوابِ راحت کے مزے لُوٹ رہی ہوتی ہے تو وہ جاگ کر اپنے پروردگار کو یاد کر رہے ہوتے ہیں۔ اپنے خالق کی ناراضگی کے خوف سے ان کی آنکھیں نمناک ہوتی ہیں کبھی سجدہ ریز ہو کر اس کی پاکی اور کبریائی بیان کر رہے ہوتے ہیں اور کبھی ادب و تواضع کی تصویر بن کر دست بستہ اس کے حضور میں کھڑے ہوتے ہیں اور ان کی راتیں اسی حالت میں گزر جاتی ہیں۔ کسی کافر نے صحابہ کرام کے لشکر میں چند راتیں اور چند دن بسر کیے اور جا کر اپنے بادشاہ کو بتایا ھم فرسان بالنھار ورھبان باللیل۔ کہ وہ سارا دن برق رفتار گھوڑوں کی پیٹھ پر بیٹھ کر دادِ شجاعت دیتے ہیں اور رات کے وقت راہبوں کی طرح ذکرِ الٰہی میں مشغول رہتے ہیں۔

۶۴؎ شب و روز احکامِ الٰہی کے بجا لانے اور یادِ خداوندی میں بسر کرنے کے باوجود کبھی اپنی ریاضت و طاعت پر دل میں گھمنڈ پیدا نہیں ہوا۔ انہیں اپنے قصوروں اور کوتاہیوں کا شدید احساس ہر وقت بے چین رکھتا ہے۔ بڑی عاجزی سے اپنی مغفرت اور بخشش کے لیے رو رو کر دعائیں مانگتے ہیں۔ غراما ای لازما دائما غیر مفارق۔ ہمیشہ رہنے والا جو کبھی جُدا نہ ہو۔ قرض خواہ کو غریم اس لیے کہتے ہیں کہ وہ قرضہ لیے بغیر جان نہیں چھوڑتا۔ ابوعبیدہ نے اس کا معنی ہلاکت کیا ہے (قرطبی)۔ میں نے اس کا ترجمہ اسی کے قول کے مطابق کیا ہے۔

۶۵؎ ان کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ وہ نہ فضول خرچ ہیں نہ بخیل بلکہ درمیانہ روی اور اعتدال کی راہ پر ہمیشہ گامزن رہتے ہیں۔ اسراف کسے کہتے ہیں اور اقتار (بخل) کیا ہوتا ہے اس کی تشریح کرتے ہوئے علماء نے متعدد اقوال لکھے ہیں لیکن نحاس کا

لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ

نہیں پوجتے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور خدا کو ۶۶؎ اور نہیں قتل کرتے اس نفس کو جس کو قتل کرنا اللہ تعالیٰ نے حرام

اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿۶۸﴾ يُّضٰعَفْ

کر دیا ہے مگر حق کے ساتھ۔ اور نہ بدکاری کرتے ہیں۔ اور جو یہ کام کرے گا تو وہ پائے گا اس کی سزا۔ دوگنا کر دیا جائیگا

لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿۶۹﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ

اس کے لیے عذاب روز قیامت اور ہمیشہ رہے گا اس میں ذلیل و خوار ہو کر۔ مگر وہ جس نے توبہ کی

وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ

اور ایمان لے آیا اور نیک عمل کیے ۶۸؎ تو یہ وہ لوگ ہیں بدل دے گا اللہ تعالیٰ ان کی برائیوں کو نیکیوں سے

پسندیدہ قول یہ ہے کہ جو روپیہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے بغیر خرچ کیا جائے وہ اسراف ہے۔ اور دولت کو اس کی اطاعت میں خرچ کرنے سے رک جانا بخل ہے۔ اور جس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں خرچ کیا وہی میانہ رو اور اعتدال پسند ہے۔ قال النحاس ومن احسن ما قیل فی معناہ ان من انفق فی غیر طاعۃ اللہ فھو الاسراف ومن امسک عن طاعۃ اللہ عزوجل فھو الاقتار ومن انفق فی طاعۃ فھو القوام (قرطبی)

۶۶؎ پہلے وہ صفات حمیدہ بیان کی گئیں جن سے اللہ تعالیٰ کے بندے متصف ہوا کرتے ہیں۔ اب ان صفات ذمیمہ کا ذکر ہو رہا ہے جن کی آلائش سے خدائے رحمٰن کے بندوں کا دامن پاک ہوتا ہے۔ ان میں سرفہرست شرک ہے۔ قتل ناحق کا دوسرا درجہ ہے اور اس کے بعد زنا ہے۔ دور جاہلیت میں یہی چیزیں عزو افتخار کا سبب بھی جاتی تھیں وہ اپنی فلاح و نجات شرک میں سمجھتے تھے۔ قتل و غارت کو شجاعت اور بہادری کی علامت سمجھا جاتا تھا اور زنا کا رواج اس قدر عام تھا کہ پیشہ ور عورتیں اپنے کوٹھوں پر جھنڈے لہرا لہرا کر دعوت عام دیا کرتی تھیں اور بے حسی کا یہ عالم تھا کہ اس کھلی بے حیائی پر بھی کسی کی جبین غیرت پر پسینہ نہیں آتا تھا اور کسی کی رگ حمیت نہیں پھڑکتی تھی۔ اس ماحول میں ان رذائل سے محفوظ رہنا کوئی معمولی بات نہیں تھی بلکہ بہت بڑا مجاہدہ تھا۔ اسی لیے ان قبائح سے تخلی کو مقام مدح میں ذکر کیا گیا۔

۶۸؎ ساری عمر کفر و شرک اور فسق و فجور میں ضائع کرنے کے بعد اگر وہ سچے دل سے توبہ کرنا چاہے گا تو اللہ کی رحمت کے دروازے کو وہ بند نہیں پائے گا۔ اگر اس نے کفر و شرک سے توبہ کی اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کو تسلیم کیا اور عمل صالح سے اس نے اپنی توبہ کی تصدیق اور اپنے ایمان کی توثیق کر دی تو رحمت الٰہی کا مینہ برسے گا اور اس کی سیرت کے تمام بدنما داغوں کو

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۰﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ

اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے — اور جس نے توبہ کی اور نیک کام کیے تو اس نے رجوع کیا اللہ تعالیٰ

دھو کر بالکل صاف کر دے گا۔

۶۸؎ بعض علماء نے اس کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ توبہ کی وجہ سے ان کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور اس کے بعد جو نیک عمل وہ کریں گے انھیں ان کے نامۂ اعمال میں لکھ دیا جائے گا۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ نافرمانی اور سرتابی کی قوت کو اطاعت و انقیاد کی قوت سے بدل دیا جائے گا پہلے وہ ارتکابِ گناہ پر اپنے آپ کو مجبور پاتا تھا طلب طاعت الٰہی کے بغیر اسے چین نصیب نہیں ہوگا لیکن اس آیت کا صحیح مفہوم اس حدیث پاک سے سمجھ میں آتا ہے جو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے۔ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یُؤتیٰ بالرجل یوم القیامۃ فیقال اعرضوا صغار ذنوبہ فتعرض علیہ صغائرہا وتخبأ کبائرہا فیقال أعملت کذا وکذا وھو یقر ولیس ینکر وھو مشفق من الکبائر فیقال اعطوہ مکان کل سیئۃ حسنۃ فیقول ان لی ذنوبا لا اراھا ھٰھنا ولقد رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضحک حتی بدت نواجذہ (رواہ مسلم)۔

حضورؐ نے فرمایا کہ قیامت کے دن ایک آدمی کو لایا جائے گا اور کہا جائے گا کہ اس کے چھوٹے گناہ پیش کرو۔ اس کے سامنے اس کے صغیرہ گناہ پیش کیے جائیں گے اور کبیرہ گناہوں کو مخفی رکھا جائے گا پھر اس سے پوچھا جائے گا کیا تو نے فلاں فلاں گناہ کیا وہ اقرار کرے گا اور بڑے گناہوں سے خوفزدہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ اسے ہر گناہ کے بدلے ایک نیکی دے دو۔ جب وہ رحمتِ الٰہی کا یہ نرالا انداز دیکھے گا تو کہے گا میں نے تو اور بہت سے گناہ کیے تھے وہ مجھے آج دکھائی نہیں دے رہے (مجھے ان کے بدلے میں بھی نیکیاں ملتیں) میں نے رسول اکرمؐ کو دیکھا کہ حضورؐ ہنس پڑے یہاں تک کہ دندانِ مبارک ظاہر ہو گئے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے کرم سے یہ بعید نہیں کہ جب اس کا بندہ صحیح توبہ کرے تو اس کے ہر گناہ کے بدلے نیکی عطا فرمائے۔ علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے خوب لکھا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کے بندوں سے کوئی غلطی سرزد ہو جاتی ہے تو ندامت اور شرم کے باعث وہ پانی پانی ہو جاتے ہیں اور اپنے آپ کو از حد حقیر سمجھنے لگتے ہیں اور بڑی عاجزی سے التجائیں کرتے ہیں۔ خوفِ عذاب سے کانپنے لگتے ہیں۔ اس کے باوجود مغفرت کے امیدوار بھی ہوتے ہیں۔ فاستغفروہ حتی صاروا مھبطاً لکمال الرحمۃ بحیث لو لم یذنبوا لم یصیروا بھذہ المثابۃ فعلی ھذا اصابہ عصیانھم الذی کان سببًا للعقاب سببًا للثواب۔ یعنی پھر وہ مغفرت طلب کرتے ہیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کا مہبط بن جاتے ہیں۔ اگر انھوں نے یہ گناہ نہ کیا ہوتا تو دل میں نہ سوز و گداز پیدا ہوتا نہ احساسِ ندامت بے چین کرتا اور نہ وہ اس مرتبہ پر فائز ہوتے۔ اس طرح ان کی وہ غلطیاں جو عذاب کا سبب تھیں ان کے لیے باعثِ ثواب ہو گئیں۔ آخر میں کان اللّٰہ غفورًا رحیمًا فرما کر ہر شک و شبہ کا ازالہ کر دیا۔

إِلَى اللهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾ وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ ۙ وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ

کی طرف جیسے رجوع کا حق ہے۔ اور جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے ۶۹ اور جب گزرتے ہیں کسی لغو چیز کے پاس

مَرُّوا كِرَامًا ﴿٧٢﴾ وَالَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا

سے تو بڑے باوقار ہو کر گزر جاتے ہیں ۷۰ اور وہ جب انھیں نصیحت کی جاتی ہے ان کے رب کی آیات سے تو نہیں گر پڑتے ۷۱

کہ اس بات پر اظہار حیرت کرنے والو میری شان غفران کی طرف دیکھو میری صفت رحمت پر نگاہ ڈالو میں غفور بھی ہوں اور رحیم بھی۔ مجھ جیسے رُوسیاہوں کے لیے اپنی تمام رُوسیاہیوں اور اپنی تمام غفلتوں کے باوجود اپنے مولائے قدوس کی یہی صفات کریمانہ وجہ صبر و قرار ہیں۔ میرے کریم! اپنے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل اپنے اس گنہگار، رُوسیاہ اور زیاں کار بندے پر اپنی مغفرت کا دامن پھیلا دے اور اپنی رحمت سے نواز دے۔ آمین یا رب العٰلمین۔ رب ارحمہما کما ربیانی صغیرا۔ رب اغفرلی ولوالدی وللمؤمنین یوم یقوم الحساب۔

۶۹ یشھدون کے دو معنی ہیں، حاضر ہونا اور گواہی دینا۔ پہلا معنی لیا جائے تو آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ کسی باطل سرگرمی میں شریک نہیں ہوتے۔ ایسی محفلیں جو لہو و لعب کے لیے منعقد ہوں، ایسے اجتماعات جہاں غلط نظریات کا پرچار کیا جاتا ہو ان میں شامل نہیں ہوتے۔ اور اگر دوسرا معنی لیا جائے تو آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ وہ جھوٹی گواہی نہیں دیتے۔ بیشک آیت کے دونوں مفہوم ہو سکتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کے بندوں کا یہ شیوہ ہے کہ نہ وہ پہلے باطل و نفاق کی ہنگامہ آرائیوں کی رونق دوبالا کرتے ہیں اور نہ جھوٹی گواہی دیتے ہیں۔ صحیح بخاری میں ہے کہ ایک دن نبی کریم نے فرمایا کیا میں تمہیں خبردار نہ کروں کہ سب سے بڑے گناہ کون کون سے ہیں صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ ضرور خبردار فرمایئے۔ حضور نے فرمایا الشرك بالله وعقوق الوالدين وكان متكئا فجلس فقال الا وقول الزّور فما زال يكررها حتى قلنا ليته سكت۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا، ماں باپ کی نافرمانی کرنا۔ پہلے حضور ٹیک لگائے تھے پھر بیٹھ گئے اور فرمایا خبردار! جھوٹی گواہی اور ان آخری الفاظ کو حضور بار بار دہراتے رہے۔ جھوٹی گواہی سے جو مفاسد مرتب ہوتے ہیں وہ کسی سے مخفی نہیں۔ اسی لیے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ جھوٹے گواہ کو چالیس کوڑے لگاتے۔ اس کا منہ کالا کرتے، اس کا سر منڈا دیتے اور اسے بازار میں پھراتے تاکہ اس کی خوب تشہیر ہو۔

۷۰ وہ ارادۃً تو ایسی بیہودہ مجلسوں میں شریک نہیں ہوتے لیکن اگر اتفاقاً ان کا گزر اُدھر سے ہو جاتا ہے تو وہاں ٹھہر کر لطف اندوز نہیں ہوتے بلکہ بڑی سنجیدگی کے ساتھ وہاں سے گزر جاتے ہیں اور اس طرف ذرا توجہ نہیں کرتے۔

۷۱ اس آیت میں لم یخروا کا لفظ غور طلب ہے۔ خرّ، خرورا کا معنی گرنا ہے لیکن یہاں یہ لفظ اس معنی میں مستعمل نہیں بلکہ اعراض اور بے رُخی کا مفہوم ادا کرنے کے لیے لایا گیا ہے۔ جس طرح اہل عرب کہتے ہیں قعد فلان یشتمنی

صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿۷۳﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا

ان پر بہرے اور اندھے ہو کر۔ اور وہ جو عرض کرتے رہتے ہیں ۷۸؎ کہ اے ہمارے رب! مرحمت فرما ہمیں ہماری بیویوں

وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ

اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور بنا ہمیں پرہیزگاروں کے لیے پیشوا۔ یہی وہ خوش نصیب ہیں

وقام فلان یبکی۔ فلاں آدمی مجھے گالی دیتا رہا اور فلاں آدمی روتا رہا۔ یہاں قعد (بیٹھا)، قام (کھڑا ہوا)، کا لغوی معنی مقصود نہیں بلکہ محض کلام کا آغاز کرنے کے لیے ذکر کیا گیا ہے۔ اسی طرح یہاں لم یخروا گر پڑنے کے مفہوم پر دلالت نہیں کرتا۔ بلکہ ان کی روگردانی اور سرتابی کا مفہوم ادا کرتا ہے۔ ھی صفۃ الکفار وھی عبارۃ عن اعراضھم وقرن ذالك بقولك قعد فلان یشتمنی وقام فلان یبکی وانت لاتقصد الاخبار بقعود ولا قیام انما ھی توطئات فی الکلام (قرطبی بحر محیط)

یہ سمجھ لینے کے بعد اب آیت کا مفہوم واضح ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں کو جب آیات قرآنی پڑھ کر نصیحت کی جاتی ہے تو وہ بہروں اور اندھوں کا طرز عمل اختیار نہیں کرتے بلکہ ان آیات کو گوش ہوش سے سنتے ہیں۔ ان میں جھلکتے ہوئے انوار کو دیدۂ دل سے دیکھتے ہیں۔ غور و فکر کی خداداد قوتوں کو کام میں لا کر آیات کے اسرار و معارف تک آگاہی حاصل کرتے ہیں۔

۷۸؎ خداوند رحمٰن کے بندوں کی صفات حمیدہ آپ نے پڑھ لیں، اب ان کی وہ دعا سنیے جو وہ اپنے مولائے کریم سے مانگا کرتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ دعا انسانی سیرت کے مخفی گوشوں کو بے نقاب کرتی ہے۔ اس کے ارادے، اس کی بلند نظری اور عالی ظرفی اس کے مطلوب کے آئینہ میں بخوبی دیکھی جا سکتی ہے۔ عرض کرتے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں ایسی بیویاں اور ایسی اولاد عطا فرما جنہیں دیکھ کر ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور دل مسرور ہوں۔ قرۃ کا لفظ یا قرۃ بمعنی ٹھنڈک سے یا قرار بمعنی سکون سے ماخوذ ہے۔ عرب چونکہ خنکی اور ٹھنڈک کو زیادہ پسند کرتے ہیں اور گرمی کا تصور بھی ان کے لیے اذیت ناک ہے اس لیے یہاں یہ دعا مانگی کہ ہمیں ایسی بیویاں اور بچے عطا فرما جن کے اخلاق و اطوار اتنے پسندیدہ ہوں کہ انہیں دیکھ کر ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں۔ نیز اگر کسی کی رفیقۂ حیات شکل و صورت میں بھی اچھی ہو عفت و پاکدامنی کے جوہر سے بھی آراستہ ہو، فرماں بردار اور خدمت گزار بھی ہو تو اس کی ان خوبیوں کے باعث نگاہ اسی پر جم کر رہ جاتی ہے۔ اور ادھر ادھر دیکھنا اسے گوارا ہی نہیں ہوتا۔ نیز اولاد اگر صحت مند، ذہین و فطین، پاک سیرت اور نیک بخت ہوگی تو بھی والدین کی آنکھوں کو ایسا قرار نصیب ہوگا کہ وہ دوسروں کی طرف حسرت آمیز نگاہوں سے دیکھنے کی کوشش ہی نہیں کریں گے اس لیے قرۃ کے دونوں ماخذ معنی کے لحاظ سے درست ہیں۔

ان کی اس دعا سے یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ لوگ زندگی کے جھمیلوں سے دور بھاگنے والے نہیں۔ ان کے دامن کی

يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿۷۵﴾

جن کو بدلہ میں ملے گا (جنت کا) بالاخانہ ان کے صبر کرنے کے باعث ۷۳؎ اور ان کا استقبال کیا جائیگا وہاں دعا اور سلام

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۷۶﴾ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ

سے ۔ وہ ہمیشہ رہیں گے اس میں ۔ بہت عمدہ ٹھکانا اور قیامگاہ ہے ۔ آپ فرمائیے کیا پرواہ ہے تمھاری

رَبِّيْ لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿۷۷﴾

میرے رب کو اگر تم اس کی عبادت نہ کرو ۔ اور تم نے (تو اس کا) جھٹلانا شروع کر دیا ۔ تو یہ جھٹلانا تمہارے گلے کا ہار بنا رہے گا ۔

پاکی اور اخلاق کی بلندی کی یہ وجہ نہیں کہ وہ تارک الدنیا کی طرح راہبانہ زندگی بسر کر رہے ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے بندے شادی بھی کرتے ہیں، ان کی اولاد بھی ہوتی ہے، گھریلو زندگی کی ذمہ داریوں کا بوجھ بھی انھوں نے اٹھایا ہوا ہوتا ہے۔ زندگی کی شورشوں میں سے گزرنے کے باوجود ان کی سیرت آئینہ کی طرح چمک رہی ہوتی ہے۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ اسلام نے تقویٰ و پارسائی کا جو بلند معیار مقرر کیا ہے وہاں تک پہنچنے کے لیے گھریلو مسرتوں سے دست بردار ہونا ضروری نہیں بلکہ وہ گھر جس میں سلیقہ شعار بیوی اپنی صوری اور معنوی خوبیوں کا نور بکھیر رہی ہو جہاں خوبصورت اور نیک سیرت بچے پھولوں کی طرح دل لبھا رہے ہوں۔ اسی گھر کی فضا اس قابل ہے کہ وہاں کے بسنے والے تقویٰ کی رفعتوں تک پہنچنے کے لیے کمر ہمت باندھیں۔

دعا کا آخری حصہ یہ ہے وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔ اے اللہ ہمیں متقی اور پرہیزگار لوگوں کا امام اور رہنما بنا یعنی تقویٰ میں ہمیں وہ مقام عطا فرما کہ لوگ ہماری پیروی کر کے نجات حاصل کریں۔ ایسا نہ ہو کہ ہم اپنی خانگی زندگی کی لذتوں میں ایسے کھو کر رہ جائیں کہ تیری یاد کی بھی ہمیں فرصت نہ ملے یا دولت کی طلب میں ہم ایسے حواس باختہ ہو جائیں کہ حلال و حرام میں تمیز بھی نہ کر سکیں۔ ہو سب کچھ لیکن دل تیری یاد سے سرشار ہو۔ زبان تیری حمد و ثنا کے گیت گا رہی ہو۔ پیشانی پر تیری بندگی کا نشان چمک رہا ہو۔ ہمیں دیکھ کر لوگوں کو تیری یاد آجائے۔ ہماری باتیں سن کر ان کے دل درد محبت سے آشنا ہو جائیں۔ ہمارے پاس بیٹھ کر ان کی بے چین روحوں کو قرار آجائے۔ ہمیں ان پاک بندوں کا سراپا عطا فرما جن کے متعلق تیرے حبیب نے فرمایا ھم قوم لا یشقی جلیسھم یعنی اولیاء اللہ وہ ازلی سعادت مند ہیں کہ جو بدبخت ایک لمحہ ان کے پاس بیٹھ جائے وہ بھی بدبخت نہیں رہتا۔ اس دعا سے معلوم ہوا کہ معرفت الٰہی کے بلند ترین مقام پر پہنچنے کی آرزو کرنا اور اس کے لیے دامن طلب پھیلانا عباد الرحمٰن کا شیوہ ہے۔

۷۳؎ جن کے اخلاق اتنے پاکیزہ اور جن کی امنگیں اتنی حسین ہیں جب وہ جنت میں داخل ہوں گے تو ان کی پذیرائی

اس طرح ہوگی جیسے آیت میں مذکور ہے۔ بما صبروا کا جملہ بڑا غور طلب ہے۔ انسانی زندگی کے حسن میں یہ نکھار، کردار میں یہ پختگی، طبیعت میں یہ لطافت اور دعاؤں میں یہ علوِ ہمت خود بخود پیدا نہیں ہو جاتا بلکہ اس کے لیے ہمیں طویل جدوجہد کی ضرورت ہوگی بیرونی رکاوٹوں سے بھی نبرد آزما ہونا ہوگا، اور ذاتی جذبات اور احساسات کا مقابلہ بھی کرنا پڑے گا اس کشمکش اور جدوجہد میں ہم صبر و استقامت کا جتنا مظاہرہ کریں گے اسی نسبت سے جنت میں ہمارے درجات بلند ہونگے اسی کے مطابق ہمارے استقبال میں نوری فرشتے گرمجوشی کا اظہار کریں گے۔

تعارف سُورۃ الشّعراء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

نام: اس سُورۃ کا نام الشعراء ہے۔ کیونکہ اس کی آیت ۲۲۴ میں یہ لفظ مذکور ہے اس لیے اسی لفظ کو اس سُورۃ کا عنوان مقرر فرمایا۔ اس سُورت میں گیارہ رکوع اور ۲۲۷ آیتیں ہیں ۱۲۷۹ کلمات اور پانچ ہزار پانچ سو چالیس حروف پر مشتمل ہے۔

نُزول: یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ حضرت ابن عباس کے ایک قول سے پتہ چلتا ہے کہ سورۂ طٰہٰ کے بعد سورۃ الواقعہ نازل ہوئی۔ اور اس کے بعد الشُّعراء کا نزول ہوا۔ اور بعض عُلماء کا خیال ہے کہ اس سُورۃ کی چار آخری آیتیں جو والشعراء یتبعھم سے شروع ہوتی ہیں وہ مدینہ طیبہ میں نازل ہوئیں۔ (خزائن العرفان)

مضامین: نبی رؤف رحیم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم شب و روز تبلیغ اسلام میں مصروف ہیں۔ دن بھر اپنی قوم کو سمجھاتے ہیں۔ ان کے شکوک کا ازالہ اور ان کے اعتراضات کا جواب دیتے ہیں۔ قرآن کریم کی آیات پڑھ پڑھ کر انھیں سناتے ہیں۔ اور جب رات کی تاریکی پھیل جاتی ہے اور ہر طرف سناٹا چھا جاتا ہے تو یہ رسُولِ مکرم بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہوتے ہیں کبھی دست بستہ کھڑے ہو کر اور کبھی سربسجود ہو کر بڑے سوز و گداز سے اپنی قوم کی ہدایت کے لیے التجائیں کرتے ہیں جب زبان مصروفِ دُعا ہوتی ہے تو آنکھوں سے آنسو ٹپ ٹپ گرنے لگتے ہیں۔ یُوں معلوم ہوتا ہے کہ آمین آمین کہہ رہے ہیں۔

یُوں دن بسر ہو رہے ہیں، یُوں راتیں گزر رہی ہیں۔ لیکن کفار کی ہٹ دھرمی اور بہتان تراشی میں اضافہ ہی ہوتا چلا جا رہا ہے۔ جس سے طبیعت اُداس رہتی ہے اور خاطرِ عاطر پر غم کے بادل چھائے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تسلّی دیتے ہوئے فرماتے ہیں: اے مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلّم) تم کیوں رنجیدہ خاطر اور ملول کیوں رہتے ہو۔ آپ نے اپنا فرض ادا کر دیا یہ ان کی عقل کا قصور ہے کہ وہ حق کو قبول نہیں کر رہی۔ تمھارا شفیق دل تو یہی چاہتا ہے کہ ان میں سے کوئی بھی گمراہ نہ رہے سب ہدایت یافتہ ہو جائیں۔ اور ایسا کرنا ہمارے لیے کوئی مشکل نہیں۔ ہم انھیں ایسی نشانی دکھانے پر قادر ہیں۔ جس کو دیکھ کر ان کی گردنیں جھک جائیں۔ اور اسلام قبول کرنے کے سوا ان کے لیے کوئی چارۂ کار نہ رہے۔ لیکن جبر و اکراہ سے انھیں راہِ حق پر گامزن کرنا ہماری حکمت کے بھی خلاف ہے اور شرفِ انسانی بھی اس کا تقاضا نہیں کرتا۔

اس کے بعد سات جلیل القدر انبیاء اور ان کی قوموں کے حالات کو بڑی شرح و بسط سے بیان فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کو تسلی ہو اور کفار و مشرکین ان نافرمان قوموں کے دردناک انجام سے باخبر ہو کر اپنی بروقت اصلاح کریں۔

آخری رکوع میں بتا دیا کہ جس قرآن کو یہ کلام الٰہی ماننے سے انکار کر رہے ہیں یہ وہ کلام ہے جسے رب العلمین نے نازل کیا ہے۔ اسے لے کر آنے والا روح الامین ہے۔ اور جس کے قلب پاک پر یہ نازل ہوا وہ نذیر للعالمین ہے۔ اس کے ذکر خیر سے پہلے انبیاء کرام کی کتابیں بھری پڑی ہیں اس کے متعلق یہ کہنا کہ یہ کسی شیطان کا کلام ہے یا کسی شاعر کا طبع زاد ہے انتہائی حماقت اور نادانی ہے۔ کہاں شیاطین کی لایعنی باتیں اور کہاں اس کتاب مقدس کا اعجاز بیان اور حسن و جمال، کچھ سوچو۔ ان میں کوئی ادنیٰ سی مناسبت بھی ہے۔

سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَتَانِ وَسَبْعٌ وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَاَحَدَ عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۃ شعراء مکی ہے اور اس کی ۲۲۷ آیتیں اور ۱۱ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

طٰسٓمّٓ ① تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ② لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا

طا۔ سین۔ میم[1] یہ آیتیں ہیں[2] روشن کتاب کی۔ (اے جان عالم!) شاید آپ ہلاک کر دیں گے اپنے آپ کو اس

يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ③ اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ

غم میں کہ وہ ایمان نہیں لا رہے[3] اگر ہم چاہیں تو اتاریں ان پر[4] آسمان سے کوئی نشانی پس ہو جائیں

[1] بعض نے اسے اسماء الٰہی میں شمار کیا ہے۔ بعض کی رائے میں یہ سورۃ کا نام ہے اور بعض علماء کے نزدیک مختلف الفاظ پر دلالت کرنے کے لیے یہ حروف بطور رمز ذکر کیے گئے ہیں۔ لیکن حق یہ ہے کہ اللہ اور رسول کے درمیان یہ ایک راز ہے۔ والحق انہ رمز بین اللہ ورسولہ۔ (مظہری)

[2] مُبین کا معنی ہے خود روشن یا دوسری چیزوں کو روشن کرنے والی یعنی طرف اجالا کرنے والی۔ کونسی ایسی گرہ ہے جسے اس کتاب نے نہیں کھولا۔ کون سا ایسا عقدہ ہے جس کا حل قرآن نے پیش نہیں کیا۔ حقیقت پر جتنے پردے پڑے ہوئے تھے سب کو اس نے تار تار کر کے حقیقت کو آشکارا کیا۔ اگر ایسی کتاب، کتاب مُبین نہیں تو پھر کون سی کتاب ہے جو اس لقب سے نوازے جانے کے قابل ہو۔

[3] جو رگ ریڑھ کی ہڈی میں سے گزرتی ہوئی گردن میں پہنچتی ہے اسے بُخاع کہتے ہیں جب ذبح کرتے وقت چھری یہاں تک پہنچ جائے تو ذبح مکمل ہو جاتی ہے۔ اسی سے باخع ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے ایسا ذبح کرنے والا جس نے چھری بخاع تک پہنچا دی ہو۔ غم و اندوہ سے جب کوئی اپنی جان گنوا دے تو کہتے ہیں بخع نفسہ ای قتلہا غمًا۔
حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شبانہ روز کوششوں کے باوجود کفار کی ضد بڑھتی ہی چلی جاتی ہے کفر پر وہ اور پکے ہوتے جاتے ہیں۔ اسلام سے ان کی نفرت میں آئے دن اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ اس الم ناک صورت حال کو دیکھ کر اس قلب شفیق پر جو گزرتی ہوگی اس کا اندازہ خداوند تعالیٰ کے سوا اور کون لگا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ تسلی دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔ اے محبوب تو ان لوگوں کے غم میں کیوں گھلا جا رہا ہے۔ اتنا دلگیر اور غمزدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ تو نے اپنا

اَعۡنَاقُهُمۡ لَهَا خٰضِعِيۡنَ ۝٤ وَمَا يَاۡتِيۡهِمۡ مِّنۡ ذِكۡرٍ مِّنَ الرَّحۡمٰنِ

ان کی گردنیں اس کے آگے جھکی ہوتی [۸] اور نہیں آیا کرتی ان کے پاس کوئی تازہ نصیحت الرحمٰن کی جانب سے

مُحۡدَثٍ اِلَّا كَانُوۡا عَنۡهُ مُعۡرِضِيۡنَ ۝٥ فَقَدۡ كَذَّبُوۡا فَسَيَاۡتِيۡهِمۡ اَنۡۢبٰٓؤُا

مگر یہ گروہ اس سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ تو بیشک انہوں نے تکذیب کی سو جلد آجائے گی انہیں اطلاع اس [۹]

فرض بڑی خوش اسلوبی سے ادا کر دیا۔ ایمان لانا یا نہ لانا ان کا اپنا کام ہے۔ ایمان نہیں لائیں گے تو خود اس کی سزا بھگتیں گے۔

[۷] اگر ہماری مرضی ہوتی کہ یہ سب کے سب مشرف باسلام ہو جائیں تو ہم انہیں کوئی ایسی نشانی دکھاتے جس کے بعد انہیں انکار کی گنجائش ہی باقی نہ رہتی۔ ہماری مشیت یہ ہے کہ انسان کو عقل و فہم کی قوتوں کو بروئے کار لانے کی جزوی آزادی دی جائے۔ حق و باطل اس کے سامنے واضح کر دیا جائے پھر اس کو اختیار دیا جائے کہ اپنی مرضی سے ان دو راہوں میں سے کوئی راہ اختیار کر لے تاکہ اگر کوئی نیکی کا راستہ اختیار کرے تو وہ اجر کا مستحق قرار پائے اور اگر کوئی بدی کی راہ پر چلے تو سزا کا مستوجب ہو۔ جبر و تشدد سے کسی انسان کو راہِ حق پر چلانا نہ اس کی شان کے شایاں ہے اور نہ یہ بات ہمیں پسند ہے۔

[۸] اعناقهم ظلت کا اسم ہے۔ خاضعین خبر ہے۔ نحوی قاعدے کے مطابق خاضعة ہونا چاہیے تھا لیکن بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ اسم اگر مرکب اضافی ہو تو اس کی خبر یا اس کے فعل میں مضاف سے مطابقت کا خیال رکھنے کے بجائے مضاف الیہ کی مطابقت کا خیال رکھا جاتا ہے۔ راجز کا شعر ہے ؎

طول اللیالی اسرعت فی نقضی طوین طولی وطوین عرضی

یہاں اسرعت اور طوین کا فاعل طول اللیالی ہے اور طول کیونکہ مذکر ہے اس لیے اسرع اور طوی ہونا چاہیے تھا لیکن یہاں طول مضاف کو نظر انداز کر کے اللیالی کا لحاظ رکھا گیا اور فعل مؤنث لایا گیا۔ جریر کا شعر ؎

اری مر السنین اخذن منی کما اخذ السرار من الھلال

یہاں بھی سنین کی وجہ سے اخذن ذکر کیا گیا۔ اگر مر السنین کا لحاظ ہوتا تو اخذ کہا جاتا لیکن ایسا کرنا فقط اس مقام پر درست ہوگا جہاں اگر مضاف کو گرا دیا جائے تو معنی میں فساد نمودار نہ ہو۔ فراء اور ابو عبیدہ نے اس توجیہ کو پسند کیا ہے۔

وعلی ھذا اعتمد الفراء وابو عبیدہ۔ (قرطبی)

لیکن اعناق رؤساء کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے پھر اس تاویل کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ قال مجاھد اعناقهم کبراءھم۔ اور نحاس نے اس کی تائید کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ معنی لغت میں معروف ہے۔

وقال النحاس ومعروف فی اللغة۔

[۹] ان کفار کا یہ پرانا شیوہ ہے کہ جب بھی کوئی نبی اللہ تعالیٰ کا پیغام لے کر ان کے پاس آیا تو انہوں نے اس کو

مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۶ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا

امر کی جس کے ساتھ وہ استہزاء کیا کرتے تھے۔ کیا انھوں نے نہیں دیکھا زمین کی طرف کہ کتنی کثرت سے ہم نے اگائے

فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝۷ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

ہیں اس میں ہر طرح کے مفید پودے شہ بیشک اس میں (انکے لیے قدرت الٰہی کی) نشانی ہے۔ اور ان سے اکثر لوگ

مُّؤْمِنِيْنَ ۝۸ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۹ وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ

ایمان نہیں لائیں گے۔ اور بیشک آپ کا رب ہی سب پر غالب (اور) ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اور یاد کرو جب ندا دی آپ کے

مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۰ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۭ اَلَا يَتَّقُوْنَ ۝۱۱

رب نے موسیٰ کو شہ (اور فرمایا) کہ جاؤ ظالم لوگوں کے پاس شہ یعنی قوم فرعون کے پاس۔ کیا وہ (قہر الٰہی سے) نہیں ڈرتے

جھٹلایا اور اس کی بات سننے سے انکار کر دیا لیکن انھیں عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ عناد و تعصب کا جو راستہ انھوں نے اختیار کر رکھا تھا وہ غلط تھا۔ صحیح اور سچی بات وہی تھی جو اللہ تعالیٰ کے نبی نے انہیں بتائی تھی۔

شہ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں کوئی نشانی دکھاؤ جس سے ہمیں آپ کی دعوت کی صداقت کا یقین ہو جائے۔ جواب میں فرمایا کہ اپنے ارد گرد پھیلے ہوئے سرسبز مرغزاروں، لہلہاتے ہوئے کھیتوں اور شاداب باغوں کو دیکھو کیا ان کے پتے پتے پر قدرت کی ایسی روشن نشانیاں موجود نہیں۔ اگر تم ہدایت پذیری کے لیے کسی نشانی کا مطالبہ کر رہے ہو پھر تو تمھیں یہی نشانیاں حقیقت کی طرف رہنمائی کر دیں گی۔ لیکن اگر تمھاری مطلوبہ نشانی سے مراد وہ عذاب ہے جو منکرین پر نازل ہوتا ہے تو ان کو تہس نہس کر کے رکھ دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر بھی قادر ہے۔ لیکن اس سے تمھیں کیا فائدہ پہنچے گا۔ وہ دن تو تمھاری تباہی و بربادی کا دن ہوگا۔ نادان نہ بنو، اپنے منہ سے اپنی تباہی کا مطالبہ نہ کرو بلکہ اللہ تعالیٰ کی ان روشن نشانیوں کو غور سے دیکھو جو تمھارے ارد گرد بڑے قرینے سے سجا دی گئی ہیں اور ایمان لا کر اپنی ابدی فلاح کا اہتمام کر لو۔ کریم کا معنی ہے کثیر المنفعة۔ آیت میں کَمْ کثرت اور کُلّ احاطۂ کثرت پر دلالت کر رہا ہے۔ (مظہری)

شہ مزید اطمینان دلانے کے لیے سابقہ انبیاء کے واقعات بیان فرما کر بتایا جا رہا ہے کہ جس طرح انھیں قوی اور جابر دشمنوں سے واسطہ پڑا اور ہماری تائید و نصرت سے وہ اپنی بے سروسامانی کے باوجود کامیاب و کامران ہوئے اور ان کے اعداء اور بدخواہ تباہ و ویران ہوئے۔ اسی طرح نصرت خداوندی آپ کی پشت پناہی کر رہی ہے۔ دنیا کی کوئی طاغوتی طاقت آپ کو گزند نہیں پہنچا سکے گی۔ ان کی کوئی کوشش اسلام کے سیل رواں کو روک نہیں سکے گی

ع ۵ / ۱

قَالَ رَبِّ اِنِّیْٓ اَخَافُ اَنْ یُّکَذِّبُوْنِ ؕ﴿۱۲﴾ وَ یَضِیْقُ صَدْرِیْ وَلَا

آپ نے عرض کی میرے رب! میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے اور گھٹتا ہے میرا سینہ اور روانی سے

یَنْطَلِقُ لِسَانِیْ فَاَرْسِلْ اِلٰی هٰرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَ لَهُمْ عَلَیَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ

نہیں چلتی میری زبان۔ سو (از راہ کرم) وحی بھیج ہارون کی طرف۔ اور (تو جانتا ہے کہ) ان کا میرے ذمہ ایک جرم بھی ہے

اَنْ یَّقْتُلُوْنِ ۚ﴿۱۴﴾ قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا بِاٰیٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿۱۵﴾

اس لیے میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے۔ اللہ نے فرمایا ہرگز ایسا نہیں ہو سکتا پس تم دونوں ہماری نشانیاں لے کر جاؤ ہم تمہارے

فَاْتِیَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ﴿۱۶﴾ اَنْ اَرْسِلْ

ساتھ ہیں (اور سب بات) سننے والے ہیں۔ سو دونوں جاؤ فرعون کے پاس اور اسے کہو ہم فرستادے ہیں رب العلمین کے۔ (ہم تمہیں کہتے ہیں) کہ

شکوک و شبہات کا غبار چھٹ جائے گا اور نورِ توحید سے دشت و جبل کو و دمن جگمگانے لگیں گے۔ سب سے پہلے موسیٰ علیہ السلام کا ذکر فرمایا۔

۹ فرعون اور اس کی قوم کو ظالم کہنے کی کئی وجوہ ہیں۔ وہ اس لیے بھی ظالم تھے کہ خداوندِ کریم کو چھوڑ کر انھوں نے فرعون اور کواکب کو اپنا معبود بنا رکھا تھا۔ بنی اسرائیل کو انھوں نے غلامی کی زنجیروں میں جکڑ رکھا تھا۔ بڑی بے رحمی سے ان سے جسمانی مشقت کا کام کراتے اور مناسب اُجرت کبھی نہ دیتے۔ پھر یہ کہ ان کے معصوم بچوں کے قتلِ عام کا قانون نافذ کر کے انھوں نے ظلم کی انتہا کر دی تھی۔ اگر یہ قوم ظالم نہیں کہلائے گی تو پھر ظالم کہلانے کا کون مستحق ہوگا۔ نبوت و رسالت کی نازک ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے انھوں نے بارگاہِ الٰہی میں التجا کی کہ میں بسا اوقات دل میں تنگی محسوس کرتا ہوں۔ میری زبان میں لکنت بھی ہے۔ میرے ذمے ان کا ایک قتل بھی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ میں تبلیغ کا حق ادا کرنے سے قاصر رہوں۔ میرا بھائی ہارون مجھ سے زیادہ فصیح و بلیغ ہے۔ اگر اسے میرا معاون بنا دیا جائے تو ہم دونوں مل کر بہتر طریقہ سے اپنا فرض ادا کر سکیں گے۔

۱۰ موسیٰ تمھاری درخواست منظور ہے۔ حضرت ہارون کو تمہارا شریکِ کار بنا دیا گیا ہے۔ بے فکر رہو فرعون تمہارا بال بھی بیکا نہیں کر سکے گا۔ جاؤ میں تم سب کی باتوں کو سنوں گا اور تمھاری حفاظت کروں گا۔

۱۱ اپنی معیت اور نصرت کا یقین دلا کر انھیں نازک ترین مہم پر روانہ کیا جا رہا ہے۔ موسیٰ و ہارون علیہما السلام فرعون کے دربار میں پہنچے اور اسے کہا کہ ہمیں رب العالمین نے بھیجا ہے اور ہم اس لیے آئے ہیں کہ تو بنی اسرائیل کو

مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۷﴾ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا وَّ لَبِثْتَ

بھیج دے ہمارے ساتھ (ہماری قوم) بنی اسرائیل کو۔ فرعون نے (یہ سنکر) کہا موسیٰ! کیا ہم نے تجھے پالا نہیں تھا اپنے یہاں جبکہ تو بچہ تھا

فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَ فَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ وَ

اور بسر کیے تو نے ہمارے پاس اپنی عمر کے کئی سال ۱۲؎ اور تو نے ارتکاب کیا اس فعل کا جس کا تو نے ارتکاب کیا اور تو

اَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾ قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّ اَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۲۰﴾

بڑا احسان فراموش ہے۔ آپ نے جواب دیا میں نے ارتکاب کیا تھا اس کا اس وقت جبکہ میں ناواقف تھا ۱۳؎

فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّ جَعَلَنِيْ

تو میں بھاگ گیا تھا تمہارے ہاں سے۔ جبکہ میں تم سے ڈرا پس بخش دیا مجھے میرے رب نے حکم، اور بنا دیا مجھے

اپنی غلامی سے آزاد کر دے تاکہ ہم انھیں لے کر اپنے آبائی وطن شام کی طرف ہجرت کر جائیں۔

۱۲؎ موسیٰ علیہ السلام کی یہ دونوں باتیں اس کے لیے ناقابل برداشت تھیں پہلی بات سے براہ راست اُس کی خدائی پر زد پڑتی تھی۔ اس نے تو یہ دعویٰ کر رکھا تھا کہ انا ربکم الاعلیٰ، اور انھیں یقین دلاتا تھا کہ ماعلمت لکم من الٰہ غیری میں اپنے سوا تمہارے لیے کسی خدا کو نہیں جانتا۔ اب وہ کیسے گوارا کرتا کہ اس کے پرستاروں کے مجمع میں رب العالمین کا کوئی ذکر کرے۔ رہا بنی اسرائیل کی آزادی کا مسئلہ تو اس پر بھی وہ غور کرنے کے لیے تیار نہ تھا۔ وہ بنی اسرائیل کو ہجرت کی اجازت دے کر اپنی قوم کو ایسے جفاکش مزدوروں کی خدمات سے محروم کر دینا نہیں چاہتا تھا۔ جو اپنے قبطی آقاؤں کی زمین میں کھیتی باڑی کرتے، جو ان کے لیے شاندار محلات تعمیر کرتے، اور ان کو راحت و آرام پہنچانے کے لیے آٹھوں پہر بے زبان چوپائیوں کی طرح کام میں جتے رہتے تھے۔ اس طرح تو ملک کے سارے معاشی نظام کے تلپٹ ہو جانے کا خطرہ تھا چنانچہ آپ کی دونوں باتیں سن کر وہ بپھرا اور کہنے لگا کہ تمہاری یہ جرأت کہ مجھ سے دو بدو باتیں کرو۔ تم وہی نہیں جسے ماں نے ایک تابوت میں رکھ کر دریا میں پھینک دیا تھا اور ہم نے تجھے تابوت سے نکالا اور بڑے ناز و نعم سے تمہیں پالا۔ عرصہ دراز تک تم ہمارے پاس رہے اور ہم تمہاری ہر طرح کی نازبرداریاں کرتے رہے۔ تم آج ہمیں آنکھیں دکھانے اور اپنے مطالبات منوانے آئے ہو۔ تمہیں یاد ہونا چاہیے کہ تم ہمارے قاتل بھی ہو۔ اس سے پہلے تو تم نے کبھی ہماری خدائی پر اعتراض نہ کیا اور نہ کبھی بنی اسرائیل کی لیڈری کا دعویٰ کیا۔

۱۳؎ آپ نے پہلے اس کی دوسری بات کا جواب دیا کہ ٹھیک ہے ایک قبطی میرے ہاتھ سے مارا گیا تھا میرا

مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۱﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ

رسولوں سے ۱۳؎ اور یہ نعمت ہے جس کا تو مجھ پر احسان جتلاتا ہے۔ حالانکہ تو نے غلام بنا رکھا ہے

اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۲﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

بنی اسرائیل کو ۱۵؎ فرعون نے پوچھا کیا حقیقت ہے رب العلمین کی؟ ۱۶؎ آپ نے فرمایا (رب العلمین) وہ

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿۲۴﴾ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗٓ

ہے جو مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ انکے درمیان ہے اگر ہو تم یقین کرنے والے ۱۷؎ فرعون نے اپنے اردگرد بیٹھنے والوں سے

اُسے قتل کرنے کا ہرگز ارادہ نہ تھا۔ وہ میرے قومی بھائی سے ہاتھا پائی کر رہا تھا۔ میں نے اسے ایک گھونسا رسید کیا اور وہ مر گیا۔ یہاں ضالین ناواقف کے معنی میں مستعمل ہے۔

۱۴؎ اب میرے رب نے مجھ پر کرم کیا مجھے حکمت اور رسالت سے نوازا اور اسی نے یہ پیغام پہنچانے کے لیے تیرے پاس بھیجا۔

۱۵؎ دوسرے الزام کا جواب دے کر اب اس کی پہلی بات کا رد فرمایا کہ تو مجھ پر احسان جتلاتا ہے کہ تو نے مجھے پالا ہے۔ یہ احسان جتلاتے ہوئے تجھے شرم نہ آئی۔ تو نے میری ساری قوم کو غلامی کی بیڑیاں پہنا رکھی ہیں۔ تیری قوم ان سے جسمانی مشقت کے ایسے کام لیتی ہے جن کے تصور سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اے مجھ پر احسان جتلانے والے کیا تو وہی نہیں جس نے بنی اسرائیل کے معصوم بچوں کو قتل کرنے کا سفاکانہ قانون نافذ کیا تھا۔ تیرے اس ظلم سے بچانے کے لیے مجھے میری ماں نے اپنے کلیجہ پر ہاتھ رکھ کر نیل کی لہروں کے سپرد کر دیا تھا تو تو مجھے قتل کرنے کے درپے تھا۔ دلوں کے مالک نے تیرا دل پھیر دیا اور تو قتل کرنے کے بجائے مجھ سے پیار کرنے لگا۔ مجھے تیرے محل میں لا کر تیری گود میں پلوانے میں میرے رب کی یہ حکمت تھی کہ وہ تجھے بتانا چاہتا تھا کہ جس بچے سے بچنے کے لیے تو معصوموں کا خون بہا رہا ہے۔ دیکھ یہ وہ بچہ ہے جس کو ہم تیرے محل میں لے آئے ہیں اور تجھے اس کی خدمت پر مامور کر دیا ہے۔ اے خدائی کے جھوٹے دعویدار تو اگر خدا ہوتا تو کیا اپنے منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے میں ناکام ہو جاتا اور جس بچے کی ولادت سے تجھے تیرے نجومیوں اور پنڈتوں نے ڈرایا تھا۔ وہ تیری گود میں پلا تو اسے پہچان نہ سکا۔ کیا ایسے بےبس اور بےخبر انسان کو یہ بات زیب دیتی ہے کہ وہ خدائی کا دعویٰ کرے۔

۱۶؎ موسیٰ علیہ السلام کے دندان شکن جواب نے اس کو اپنے کلام کا رخ بدلنے پر مجبور کر دیا کہنے لگا جس رب العلمین کے تم فرستادہ ہو ذرا اس کی حقیقت تو بیان کرو۔

أَلَا تَسْتَمِعُونَ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ﴿۲۶﴾ قَالَ

کہا کیا تم سن نہیں رہے ۱۸ آپ نے فرمایا وہ جو تمہارا بھی مالک ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا بھی ۱۹ فرعون بولا

إِنَّ رَسُولَكُمُ الَّذِي أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ لَمَجْنُونٌ ﴿۲۷﴾ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ

بلاشبہ تمہارا یہ رسول جو بھیجا گیا ہے تمہاری طرف یہ تو دیوانہ ہے ۲۰ آپ نے (دوبارہ) فرمایا جو مشرق و

وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ إِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُونَ ﴿۲۸﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ

مغرب کا رب ہے اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، اگر تم کچھ عقل رکھتے ہو ۲۱ اس نے (رعب جماتے ہوئے) کہا

إِلَٰهًا غَيْرِي لَأَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُونِينَ ﴿۲۹﴾ قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكَ

(یاد رکھو!) اگر تم نے میرے سوا کسی کو خدا بنایا تو میں تمہیں ضرور قیدیوں میں داخل کر دونگا ۲۲ فرمایا اگرچہ میں لے آؤں تیرے پاس

۱۷ کسی چیز کی حقیقت اور ماہیت دریافت کرنا ہو تو ما سے سوال کیا جاتا ہے۔ جیسے فرعون نے کہا ما رب العلمین؟ لیکن اللہ تعالیٰ کی حقیقت پر آگاہ ہونا انسان کے لیے ناممکن ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس مسئلہ میں الجھنے کے بجائے ان دلائل و شواہد کی طرف اس کی توجہ مبذول کی جن پر اگر غور و فکر کیا جائے تو انسان رب العلمین کو پہچان سکتا ہے۔

۱۸ جواب کو سوال کے مطابق نہ پاکر اس نے اپنے ارد گرد بیٹھنے والوں پر فاتحانہ نگاہ ڈالتے ہوئے پوچھا سن رہے ہو یہ صاحب میرے سوال کا جو جواب دے رہے ہیں میں نے رب العلمین کی حقیقت پوچھی ہے اور یہ کہہ رہے ہیں کہ وہ زمین و آسمان کا خالق ہے۔ حالانکہ علماءِ فلسفہ اس بات پر متفق ہیں کہ آسمان قدیم ہے وہ کسی خالق کا محتاج نہیں یہ جواب سوال سے ہم آہنگ نہ ہونے کے ساتھ ساتھ علم و فلسفہ کے بھی صراحۃً خلاف ہے۔

۱۹ آپ نے فرمایا رب العلمین وہ ہے جس نے تمہیں اور تمہارے باپ دادا کو پیدا کیا اور اپنے آباؤ اجداد کو وہ بھی قدیم تسلیم نہیں کرتے تھے۔

۲۰ ازراہِ استخفاف کہنے لگا تمہارا یہ رسول دیوانہ ہے۔ عقل و فہم سے اسے دُور کا بھی واسطہ نہیں۔ میں پوچھتا کچھ ہوں جواب کچھ دیتا ہے۔

۲۱ آپ نے پھر وار کیا اور فرمایا اے مصر کی محدود مملکت پر اترا کر الوہیت کا دعویٰ کرنے والے! میرا بھیجنے والا وہ ہے جس کی ربوبیت اور سلطانی کا نقارہ مشرق و مغرب میں بج رہا ہے۔ محدودِ مصر کے باہر تو تیرا حکم پرکاہ کی قیمت بھی نہیں رکھتا لیکن میرے پروردگار کا حکم پورب پچھم ہر جگہ نافذ ہے۔

بِشَيْءٍ مُّبِينٍ ﴿٣٠﴾ قَالَ فَأْتِ بِهِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٣١﴾

ایک روشن چیز ۲۲؎ اس نے کہا پھر پیش کرو اسے اگر تم سچے ہو۔

فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ ﴿٣٢﴾ وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا

پس آپ نے ڈالا اپنا عصا تو اسی وقت وہ صاف اژدھا بن گیا۔ اور آپ نے باہر نکالا اپنا ہاتھ تو

هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ ﴿٣٣﴾ قَالَ لِلْمَلَإِ حَوْلَهُ إِنَّ هَٰذَا لَسَاحِرٌ

یکایک وہ سفید ہو گیا دیکھنے والوں کے لیے۔ (یہ دیکھ کر) فرعون نے اپنے آس پاس بیٹھنے والے درباریوں سے کہا واقعی یہ

عَلِيمٌ ﴿٣٤﴾ يُرِيدُ أَن يُخْرِجَكُم مِّنْ أَرْضِكُم بِسِحْرِهِ فَمَاذَا

ماہر جادوگر ہے۔ یہ چاہتا ہے کہ نکال دے تمھیں اپنے ملک سے اپنے جادو (کے زور) سے ۲۴؎ تو اب بتاؤ تمھاری

تَأْمُرُونَ ﴿٣٥﴾ قَالُوا أَرْجِهْ وَأَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِينَ ﴿٣٦﴾

کیا رائے ہے؟ بولے مہلت دو اسے اور اس کے بھائی کو اور بھیج دو شہروں میں ہرکارے ۲۵؎ تاکہ وہ

يَأْتُوكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيمٍ ﴿٣٧﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ ﴿٣٨﴾

لے آئیں تیرے پاس ملک کے کونہ کونہ سے تمام ماہر جادوگر۔ الغرض جمع کر لیے گئے سارے جادوگر مقررہ وقت پر ایک خاص دن۔

ع ۲

۲۲؎ بحث و مناظرہ کے میدان میں لاجواب ہو کر فرعون دھمکی دینے پر اتر آتا ہے۔

۲۳؎ آپ اپنے معجزات دکھا کر اپنے دعویٰ نبوت کی صداقت ثابت کرتے ہیں۔

۲۴؎ وہ آپ پر ماہر جادوگر ہونے کا الزام لگاتا ہے اور اپنے درباریوں کو بھڑکانے کے لیے کہتا ہے کہ نبوت کا ڈھونگ رچا کر یہ اپنا تسلط جمانا چاہتا ہے۔ یہ اقتدار کا بھوکا ہے۔ اپنے جادو کے زور سے ہمارا تخت و تاج چھیننا چاہتا ہے۔ اب بتاؤ تمھاری کیا رائے ہے۔ کیا چپکے سے عنانِ حکومت ان کے حوالے کر دی جائے اور کل تک ان کا آقا رہنے کے بعد انھیں اپنا حاکم تسلیم کر لیا جائے۔

۲۵؎ انھوں نے مشورہ دیا کہ ملک بھر کے ماہر جادوگروں کو بلا کر اسے عبرت ناک شکست دی جائے۔

وَّقِيۡلَ لِلنَّاسِ هَلۡ اَنۡتُمۡ مُّجۡتَمِعُوۡنَ ﴿۳۹﴾ۙ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ

اور کہہ دیا گیا لوگوں سے کیا تم (مقابلہ دیکھنے کے لیے) اکٹھے ہو گئے ؟ شاید ہم پیروی کرتے رہیں جادوگروں کی

اِنۡ كَانُوۡا هُمُ الۡغٰلِبِيۡنَ ﴿۴۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوۡا لِفِرۡعَوۡنَ

اگر وہ (مقابلہ میں) غالب آجائیں۔ جب حاضر ہوئے جادوگر ٣٦ تو انھوں نے فرعون سے پوچھا

اَئِنَّ لَنَا لَاَجۡرًا اِنۡ كُنَّا نَحۡنُ الۡغٰلِبِيۡنَ ﴿۴۱﴾ قَالَ نَعَمۡ وَاِنَّكُمۡ

کیا ہمیں کوئی انعام بھی ملے گا اگر ہم (موسیٰ پر) غالب آجائیں ؟ اس نے کہا ہاں ضرور ملے گا اور تم اس وقت

اِذًا لَّمِنَ الۡمُقَرَّبِيۡنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ لَهُمۡ مُّوۡسٰٓى اَلۡقُوۡا مَاۤ اَنۡتُمۡ مُّلۡقُوۡنَ ﴿۴۳﴾

میرے مقربوں میں شامل کر لیے جاؤ گے۔ موسیٰ نے انھیں فرمایا پھینکو جو تم پھینکنے والے ہو۔ تو

فَاَلۡقَوۡا حِبَالَهُمۡ وَعِصِيَّهُمۡ وَقَالُوۡا بِعِزَّةِ فِرۡعَوۡنَ اِنَّا لَـنَحۡنُ

انھوں نے پھینک دیں اپنی رسیاں اور اپنی لاٹھیاں (میدان میں) اور بڑے وثوق سے کہا قسم ہے فرعون کی عزت کی ہم ہی

الۡغٰلِبُوۡنَ ﴿۴۴﴾ فَاَلۡقٰى مُوۡسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ تَلۡقَفُ مَا يَاۡفِكُوۡنَ ﴿۴۵﴾

یقیناً غالب آئیں گے۔ پھر پھینکا موسیٰ نے اپنا سونٹا تو وہ یکایک نگلنے لگ گیا جو فریب انھوں نے بنا رکھا تھا ٣٧

فَاُلۡقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيۡنَ ﴿۴۶﴾ۙ قَالُوۡۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۴۷﴾ۙ رَبِّ

پس (یہ معجزہ دیکھ کر) گر پڑے جادوگر سجدہ کرتے ہوئے ٣٨ انھوں نے (برملا) کہہ دیا ہم ایمان لائے رب العٰلمین پر جو رب ہے

٣٦ ساحرانِ مصر کو اپنے فن پر بڑا ناز تھا۔ انھیں یقین تھا کہ وہ جیت جائیں گے، اس لیے پہلے ہی فرعون سے انعامات کا وعدہ لے رہے ہیں۔ فرعون انھیں انعامات سے مالامال کر دینے کے وعدہ کے ساتھ ساتھ انھیں یہ بتا رہا ہے کہ میں تمھیں اپنے مقربین کی صف میں شامل کروں گا اور شاہی دربار میں وزراءِ مملکت کے پہلو بہ پہلو تمھارے لیے سنہری کرسیاں بچھائی جایا کریں گی۔

٣٧ مقابلہ شروع ہوا۔ عصاءِ موسیٰ بپھرے ہوئے اژدہا کی طرح منہ کھولے ہوئے ان کی رسیوں اور سونٹیوں

مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ

موسیٰ اور ہارون کا۔ فرعون نے (خفت مٹانے کے لیے) کہا تم تو ایمان لا چکے تھے اس پر اس سے پہلے کہ میں تمہیں

لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۬ؕ لَاُقَطِّعَنَّ

مقابلہ کی اجازت دیتا۔ یہ تو تمہارا بڑا گرو ہے ۲۹ وہ جس نے تمہیں سحر کا فن سکھایا ہے ابھی (اس سازش کا انجام) تمہیں معلوم ہو جائیگا

اَيْدِيَكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّ لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۹﴾ ۚ

میں ضرور کاٹ دوں گا تمہارے ہاتھ اور تمہارے پاؤں مخالف طرفوں سے اور میں تم سب کو سولی چڑھا دوں گا۔ انہوں

قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۫ اِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ ۫ اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا

نے جواب دیا ۳۰ ہمیں اس کی ذرا پروا نہیں۔ ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ ہمیں یہ امید ہے کہ بخش دیگا

رَبُّنَا خَطٰيٰنَاۤ اَنْ كُنَّاۤ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۱﴾ ۠ وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰۤى

ہمارے لیے ہمارا رب ہماری خطائیں۔ کیونکہ ہم (تیری قوم میں سے) پہلے ایمان لانیوالے ہیں۔ اور ہم نے وحی کی موسیٰ کی طرف

اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْۤ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ

کہ راتوں رات (یہاں سے) میرے بندوں کو لے جاؤ ۳۱ یقیناً تمہارا تعاقب کیا جائیگا۔ پس بھیجے فرعون نے سارے شہروں میں

کی طرف لپکا جو دیکھنے والوں کو سانپوں کی طرح لہراتی اور بل کھاتی ہوئی دکھائی دیتے تھیں اور ان کو ہڑپ کرنا شروع کر دیا۔

۲۸ ساحرانِ مصر پر آپ کی صداقت روزِ روشن کی طرح واضح ہو گئی اور وہ اپنے ایمان لانے کا برملا اعتراف کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے حضور میں سجدے میں گر پڑے۔

۲۹ فرعون نے جھٹ ان پر یہ الزام لگا دیا کہ یہ تمہارا بڑا گرو ہے اور تم اس کے چیلے ہو تم سب نے مل کر حکومت کا تختہ اُلٹنے کی سازش کی ہے۔ میں تمہیں وہ سزا دوں گا کہ تمہیں چھٹی کا دودھ یاد آ جائے گا۔

۳۰ ایمان کی شمع روشن ہوئی تو خوف و ہراس کے سارے اندھیرے رفوچکر ہو گئے۔ جرأت و شجاعت کے خفتہ جذبات جوان ہو گئے۔ تمام خطرات سے بے نیاز ہو کر انہوں نے اعلان کر دیا لا ضیر انا الی ربنا منقلبون۔ ان تمام امور کی تفصیل سورۃ الاعراف میں گزر چکی ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔

حٰشِرِيْنَ ﴿٥٣﴾ إِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿٥٤﴾ وَإِنَّهُمْ لَنَا

ہرکارے ۳۲ (تاکہ لوگوں کو بتائیں) یہ لوگ ایک چھوٹی سی جماعت ہیں ۳۳ اور انھوں نے ہمیں سخت

۳۱ مصر کے گوشہ گوشہ سے سمٹ کر آنے والے ہزاروں لوگوں نے یہ سارا منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ ملک کے مایہ ناز ساحروں کا ایک جم غفیر غلام قوم کے دو آدمیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اکٹھا ہوا۔ اپنے آبائی دین کو بچانے کے لیے فرعون کے لرزتے ہوئے تخت کو سہارا دینے کے لیے، اپنی قومی حکومت کو نئے ابھرتے ہوئے خطرے سے محفوظ رکھنے کے لیے کون سا جتن ہوگا جو انھوں نے نہ کیا ہوگا۔ لیکن موسیٰ علیہ السلام کے ایک ڈنڈے نے اژدھا بن کر ان کے سارے تنکے ہرن کر دیئے۔ اس شکست فاش سے لازمی طور پر سامعین کے ذہن متاثر ہوئے ہوں گے اور جادوگروں کے برملا ایمان لانے سے ناظرین کے قلوب میں جو ہلچل پیدا ہوئی اس کا اندازہ لگانا بھی زیادہ مشکل نہیں۔ لیکن فرعون کی چال بھی کامیاب رہی۔ اس نے ساحروں پر سازش کا الزام لگا کر اپنا بھرم رکھ لیا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شخصی استبداد نے مصریوں سے غور و فکر کی ساری صلاحیتیں چھین لی تھیں۔ وہ فرعون کے الزام کو صحیح ماننے لگے تھے۔ انھوں نے اپنی آنکھوں سے جادوگروں کی ایمانی شجاعت کا مشاہدہ کیا۔ اس بے پایاں مسرت کو بھی دیکھا جس کا اظہار انھوں نے شہادت کا جام نوش کرتے ہوئے کیا۔ لیکن انھیں کچھ عبرت حاصل نہ ہوئی جس طرح پہلے آنکھیں بند کر کے وہ فرعون کی بندگی کرتے آ رہے تھے اسی طرح آنکھیں موند کر اس کی بندگی کرنے لگ گئے تاریخ ہمیں کوئی ایسی شہادت مہیا نہیں کرتی جس سے اندازہ کیا جا سکے کہ انھوں نے فرعون کی اس شکست فاش سے کوئی اثر قبول کیا ہو۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں فما امن لموسیٰ الا ذریۃ من قومہ علی خوف من فرعون وملاھم ان یفتنھم۔ چنانچہ اسی حالت میں کئی سال گزر گئے۔ بنی اسرائیل پر ان کی سختی میں مزید اضافہ ہوتا گیا۔ ان کے خلاف ان کا رویہ دن بدن شدت اختیار کرتا گیا۔ بنی اسرائیل نے ازراہ شکایت حضرت کلیم سے کہا بھی قالوا اوذینا من قبل ان تاتینا ومن بعد ما جئتنا۔ حضرت موسیٰ نے فرعون اور اس کی قوم کو راہ ہدایت پر لانے کے لیے بڑی کوششیں کیں۔ کئی معجزات دکھلائے جن کا ذکر الاعراف میں تفصیلاً گزر چکا ہے لیکن وہ اپنی ضد پر اڑے رہے۔ جب پانی سر سے گزر گیا اور ظلم و ستم کی انتہا ہو گئی تو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو راتوں رات ہجرت کرنے کا حکم دیا۔

۳۲ جب فرعون کو پتہ چلا کہ بنی اسرائیل رات کی تاریکی میں یہاں سے کوچ کر گئے ہیں تو اس نے ان کا تعاقب کرنے کا فیصلہ کیا۔ لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا سے وہ دل ہی دل میں بڑا خائف تھا۔ اس لیے تعاقب کرنے سے پہلے پوری تیاری کرنا ضروری سمجھا۔ ملک کے گوشہ گوشہ میں قاصد بھیج دیئے گئے کہ فرعونی فوج کے دستے جہاں جہاں ہوں جلد از جلد پایہ تخت میں پہنچیں۔

۳۳ ملک بھر میں اس افراتفری اور عام لام بندی سے خوف و ہراس کا پھیلنا ایک قدرتی امر تھا۔ اس کا ازالہ کرنے کے لیے فرعون نے یہ بات بنائی کہ ہمیں اسرائیلیوں سے کسی شدید مقابلہ کی ہرگز توقع نہیں۔ وہ مٹھی بھر آدمی ہم سے

لَغَآئِظُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَ اِنَّا لَجَمِیْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ

برافروختہ کردیا ہے۔ تاہم ہم فکر نہ کرو، ہم سب (ان کے متعلق) بہت محتاط ہیں۔ سو ہم نے نکالا انھیں ۳۴ سے (سرسبز) باغوں

وَّ عُیُوْنٍ ﴿۵۷﴾ وَّ كُنُوْزٍ وَّ مَقَامٍ كَرِیْمٍ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَ اَوْرَثْنٰهَا بَنِیْۤ

اور بہتے ہوئے چشموں اور (بھرپور) خزانوں اور شاندار محلات سے۔ ہم نے ایسا ہی کیا۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو ان تمام چیزوں

اِسْرَآءِیْلَ ﴿۵۹﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِیْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ

کا وارث بنادیا پس وہ ان کے تعاقب میں نکلے ۳۵ اشراق کے وقت پس جب ایک دوسرے کو دیکھ لیا دونوں گروہوں نے

لڑنے کی جرأت ہی کب کرسکتے ہیں لیکن ہم ان کو اس فرار کی پوری پوری سزا دینا چاہتے ہیں۔ اگرچہ فوج کا ایک مختصر دستہ بھی ان سے نمٹ سکتا ہے لیکن دانشمندی کا تقاضا یہ ہے کہ احتیاطی تدابیر اختیار کرنے میں تساہل نہ برتا جائے تم بےفکر رہو، ہم نے ساری تدبیریں اور انتظامات مکمل کرلیے ہیں۔ بظاہر تو وہ بڑی بہادری کا مظاہرہ کر رہا تھا لیکن دل سینہ میں دھڑک رہا تھا اور بعض مفسرین کے قول کے مطابق ڈر کے مارے اس کا پیشاب بھی نکل جاتا تھا۔

الشرذمة الجمع القلیل المختصر مختصر اور حقیر گروہ کو شرذمہ کہتے ہیں۔ اس کی جمع الشراذم ہے۔

قال الجوھری الشرذمة الطائفة من الناس۔ حاذرون اخذنا حذرنا و اسلحتنا۔ ہم نے پوری احتیاط کرلی ہے اور اسلحہ بھی فراہم کرلیا ہے۔

۳۴ ہوسکتا تھا کہ بنی اسرائیل کی اس ہجرت کو وہ زیادہ اہمیت نہ دیتے اور خاموش ہوجاتے، یا فوج کے کسی افسر کو ان کا تعاقب کرنے کے لیے بھیج دیتے، لیکن قدرت نے ان کے دل میں ایسی بات ڈال دی کہ خود فرعون اپنے وزراء و امراء کو ہمراہ لے کر اپنی ساری فوجوں کے ساتھ نکل کھڑا ہوا۔ اس میں حکمت یہ تھی کہ جب عذاب الٰہی آئے تو سب نابکار ایک جگہ اکٹھے ہوں اور ایک ضرب سے ہی ان کا کام تمام کردیا جائے، اور ان ظالموں کی بربادی پر ماتم کرنے کے لیے بھی کوئی پیچھے نہ رہے۔ اس اہتمام کے ساتھ فرعون اور اس کے امراء کا بنی اسرائیل کے تعاقب میں نکلنا چونکہ قدرت کے خاص انتظام اور خفیہ تدبیر کے ماتحت ہو رہا تھا اس لیے فاخرجناھم کے الفاظ سے ان کے خروج کا ذکر فرمایا یعنی ہم نے ان کو اس طرح نکلنے پر اکسایا۔

۳۵ جب سورج طلوع ہو تو عرب کہتے ہیں شرقت الشمس اور جب اس کی روشنی پھیل جائے تو کہتے ہیں اشرقت الشمس۔ اس لیے مُشرقین کا معنی ہوگا کہ جب سورج چڑھ آیا اور اس کی روشنی ہر طرف پھیل گئی تو فرعون بنی اسرائیل کے تعاقب میں نکلا۔

أَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ

تو موسیٰ کے ساتھی کہنے لگے وہاتے ۳۶؎ ہم تو یقیناً پکڑ لیے گئے — آپ نے فرمایا ہرگز نہیں۔ بلاشبہ میرے ساتھ میرا

سَيَهْدِيْنِ ﴿۶۲﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ

رب ہے وہ ضرور میری رہنمائی فرمائیگا ۳۷؎ تو ہم نے وحی بھیجی موسیٰ کی طرف کہ ضرب لگاؤ اپنے عصا سے سمندر کو ۳۸؎

فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿۶۳﴾ وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ

تو سمندر پھٹ گیا اور ہو گیا پانی کا ہر حصّہ بڑے پہاڑ کی مانند ۳۹؎ اور ہم نے قریب کر دیا وہاں

۳۶؎ فرعون جب اتنا قریب پہنچ گیا کہ دونوں فریقوں نے ایک دوسرے کو دیکھ لیا تو بنی اسرائیل کے حواس باختہ ہو گئے۔ سامنے سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے اور پیچھے سے فرعون کے لشکر جرار نے گھیرا تنگ کر دیا ہے۔ گھبرا کر کہنے لگے ہم تو پکڑے گئے۔ اب کیا ہوگا۔ تراءا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔

۳۷؎ موسیٰ علیہ السلام کے توکل علی اللہ کی شان ملاحظہ ہو انہیں بھی نظر آ رہا ہے کہ سامنے بحر بیکراں ہے جس کی تند و تیز موجیں ساحل سے آ آ کر ٹکرا رہی ہیں اور ادھر فرعون ہے جو غیظ و غضب سے دیوانہ ہو رہا ہے لیکن کیا مجال کہ ان بظاہر حوصلہ شکن حالات میں بھی کلیمؑ کی پیشانی پر شکن تک پڑا ہو یا دل میں گھبراہٹ کا گزر تک ہوا ہو۔ گھبراتے ہوئے ساتھیوں کو تسلی دیتے ہوئے فرماتے ہیں "کلّا" نہیں وہ ہرگز نہیں پکڑ سکتا۔ میرے ساتھ میرا رب ہے۔ میں اُس کے حکم سے تمہیں لے کے نکلا ہوں وہ ضرور ہماری رہنمائی فرمائے گا۔ کتنا پختہ ہے آپ کا یقین، کتنا پختہ ہے آپ کا توکل اور کیا جلال ہے آپ کے اس جملے میں۔ نبوت کی عظمت ایسے ہی نازک حالات میں پوری آب و تاب سے جلوہ نما ہوتی ہے۔

۳۸؎ فوراً ارشاد ہوا۔ اپنے عصا کی ایک ضرب لگاؤ اس سمندر کو، پھر دیکھو یہ راستہ دیتا ہے یا نہیں۔

۳۹؎ آپ نے ایسا ہی کیا۔ سمندر کی اچھل کود اور شور مچاتی ہوئی موجوں پر سکتہ طاری ہو گیا۔ جیسے کسی نے سرکش گھوڑے کے منہ میں لگام دے دی ہو۔ سمندر میں شگاف پیدا ہو گیا اور پانی کی لہریں اونچے اونچے پہاڑوں کی طرح جامد و ساکت ہو کر کھڑی ہو گئیں اور آپ اپنی قوم سمیت اس راستہ پر چل پڑے۔ حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ رسول کریمؐ نے فرمایا کیا میں تمہیں وہ کلمات نہ سکھا دوں جو موسیٰ نے اس وقت کہے تھے جب آپ نے سمندر کو پھاڑا تھا۔ میں نے عرض کی میرے آقا ضرور کرم فرمایئے۔ حضورؐ نے فرمایا اللّٰھم لک الحمد و الیک المشتکی و بک المستغاث و انت المستعان ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔ حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے حضورؐ سے ان کلمات کو سنا میں ہمیشہ ان کا ورد کیا کرتا ہوں (روح البیان)۔

الْاٰخَرِیْنَ ﴿۶۴﴾ وَ اَنْجَیْنَا مُوْسٰی وَ مَنْ مَّعَهٗۤ اَجْمَعِیْنَ ﴿۶۵﴾ ثُمَّ

دوسرے فریق کو نزدیک۔ اور ہم نے بچا لیا (ان تند موجوں سے) موسیٰ اور ان کے سب ہمراہیوں کو۔ پھر ہم نے

اس قسم کا ایک واقعہ محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی پیش آیا تھا۔ ہجرت کی رات جب حضور غار ثور میں اپنے رفیق صدیق کے ساتھ تشریف فرما تھے تو کفار مکہ تلاش کرتے ہوئے اس غار کے دہانہ تک آپہنچے حضرت صدیق کو تشویش ہوئی کہ مبادا وہ جھک کر دیکھیں اور ہمیں پالیں۔ ان کے اطمینان کے لیے زبان مصطفیٰ سے نکلا تھا: لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا اے صدیق میرے لیے فکر مند نہ ہو، بیشک اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے۔ ان الفاظ میں اور حضرت کلیم کے الفاظ میں اتنا ہی تفاوت ہے جتنا مقام حبیب اور مقام کلیم میں ہے۔ کلیم نے پہلے اپنا ذکر کیا بعد میں ربی کہا۔ حبیب نے پہلے "اِنَّ اللّٰهَ" فرمایا، بعد میں معنا فرمایا۔ پھر انھوں نے "ربّ" جو اسم صفاتی ہے اس کو ذکر کیا اور حضور نے اللہ جو اسم ذات ہے۔ انھوں نے معیت ربانی کو اپنی ذات کے ساتھ مخصوص کرتے ہوئے "معی" میرے ساتھ فرمایا اور حبیب نے "مَعَنَا" فرما کر اپنے صدیق کو بھی معیت الٰہی کے شرف سے مشرف فرمایا۔ صلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ وکلیمہ وسائر انبیائہ وبارک وسلم۔

ؔ فرعون سمجھا کہ یہ راستے یوں ہی بنا رہے گا۔ لہریں اسی طرح کھڑی رہیں گی چنانچہ وہ بھی اپنے لاؤ لشکر سمیت سمندر میں اتر گیا جب وہ اچھی طرح سمندر میں داخل ہو گیا تو وہ پانی کے پہاڑ جو ایک لمحہ پہلے چپ چاپ کھڑے تھے متحرک ہو گئے اور خاموش موجیں گرجتی ہوئی ان کی طرف لپکیں اور چشم زدن میں ان سب کو خس و خاشاک کی طرح بہا کر لے گئیں۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ الخ موسیٰ علیہ السلام کے لیے سمندر نے راستہ کیوں چھوڑ دیا اور اس کی موجیں کیوں رک گئیں، اور جب فرعون آیا تو ان میں یکایک روانی کیسے پیدا ہو گئی، اس کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اول سورۂ بقرہ آیت ۵۰ اور دیگر مقامات۔ مختصر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہر چیز پر غالب ہے۔ ندی کا پانی ہو یا سمندر کا، موسلا دھار بارشیں ہوں یا طغیانیاں ہر چیز اپنے خالق کے اشارہ کی تعمیل کرتی ہے۔ بعض لوگ جو معجزات کو تسلیم کرنے سے بدکتے ہیں وہ اس واقعہ کی یہ توجیہ کرتے ہیں کہ مد و جزر کی حالت میں یہ واقعہ رونما ہوا۔ جب موسیٰ علیہ السلام گزرے تو جزر کی وجہ سے سمندر کا پانی ہٹ گیا تھا اور جب فرعون گزرنے لگا تو مد کی حالت نمودار ہو گئی اور وہ ڈوب گیا۔ اور بعض نے یہ تاویل بھی کی ہے کہ اتنے زور کا جھکڑ چلا کہ سمندر میں شگاف پیدا ہو گیا۔ یہ دونوں باتیں انتہائی طور پر مضحکہ خیز ہیں۔ کیونکہ موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ بنی اسرائیل کے ہزارہا افراد تھے، انھیں سمندر کو عبور کرتے ہوئے کافی وقت لگا ہو گا۔ پھر فرعون کا لشکر جو ہزارہا گھڑسوار اور پیادہ فوجی دستوں پر مشتمل تھا اسے بھی سمندر میں اچھی طرح داخل ہونے کے لیے کافی وقت درکار تھا۔ کیا جزر اتنا طویل ہوتا ہے یا جھکڑ کی وجہ سے اتنے عرصہ دراز تک سمندر میں شگاف باقی رہ سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ نیز سورۂ طٰہٰ میں صراحۃً مذکور ہے فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِیْقًا فِی الْبَحْرِ یَبَسًا کہ عصا مار کر سمندر میں ان کے لیے ایسا راستہ بنا دو جو خشک ہو تو اس طرح کا خشک راستہ بنانا نہ جھکڑوں کا کام ہے اور نہ مد و جزر سے کبھی ایسا واقعہ وقوع پذیر ہوا ہے اس لیے

أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ﴿٦٦﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ

غرق کر دیا دوسرے فریق کو۔ اس واقعہ میں (بڑی واضح) نشانی ہے۔ اور ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے

مُؤْمِنِينَ ﴿٦٧﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٦٨﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ

والے نہیں۔ اور بیشک (اے حبیب!) آپ کا رب ہی سب پر غالب ہمیشہ رحم فرمانیوالا ہے۔ اور آپ بیان فرمایئے

إِبْرَاهِيمَ ﴿٦٩﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَا تَعْبُدُونَ ﴿٧٠﴾ قَالُوا نَعْبُدُ

انکے سامنے ابراہیم کا قصہ[۴۱] جب آپ نے اپنے باپ[۴۲] اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کس کی پرستش کرتے ہو؟ انہوں نے کہا ہم تو پوجتے

أَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عَاكِفِينَ ﴿٧١﴾ قَالَ هَلْ يَسْمَعُونَكُمْ إِذْ

ہیں بتوں کو اور ہم انہی کی پوجا میں ہر وقت منہمک رہتے ہیں۔ آپ نے پوچھا بھلا یہ بتاؤ کیا وہ سنتے ہیں تمہاری آواز جب

تَدْعُونَ ﴿٧٢﴾ أَوْ يَنْفَعُونَكُمْ أَوْ يَضُرُّونَ ﴿٧٣﴾ قَالُوا بَلْ وَجَدْنَا آبَاءَنَا

تم انھیں پکارتے ہو۔ یا وہ تمھیں (دیکھو) نفع پہنچا سکتے ہیں یا ضرر پہنچا سکتے ہیں[۴۳] انھوں نے (لاجواب ہوکر) کہا بلکہ ہم نے تو پایا

قرآن کریم کی ایسی تاویلیں کرنا جن کا حقیقت سے دور کا واسطہ بھی نہ ہو اسلام کی کوئی خدمت نہیں۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی قدرت کی ایک نشانی فرمایا ہے۔

[۴۱] حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تذکرہ کے بعد حضرت خلیل علیہ السلام کا ذکر خیر فرمایا جا رہا ہے کیونکہ آپ قبائل قریش کے جد اعلیٰ اور کعبہ کے بانی تھے۔ قریش کو ان کی نسل سے ہونے پر بڑا ناز تھا۔ اسی وجہ سے وہ کعبہ کے متولی تھے اور ملک بھر میں بڑی عزت و احترام سے دیکھے جاتے تھے اس لیے ان کے سامنے آپ کے عقائد بیان فرمائے جا رہے ہیں تاکہ حضرت ابراہیم کو اپنا جد اعلیٰ کہنے والے اور اس نسبت پر فخر کرنے والے حضرت ابراہیم کے رب اکبر پر بھی ایمان لائیں۔ جس طرح آپ کا دامن کفر و شرک کی آلائشوں سے بالکل پاک تھا اسی طرح یہ بھی اپنے دامنوں کو دور کر کے توحید خالص اختیار کریں۔

[۴۲] اس سے مراد آذر ہے جو آپ کا چچا تھا، کیونکہ اسی نے آپ کی پرورش کی تھی اس لیے باپ کہا گیا۔
ای آذر سماہ الله ابا لکونه عمًّا و مربیًا له (مظہری)

[۴۳] یہاں اس کا معنی ہے ندوم اور عکوف کہتے ہیں الاقامة علی الشئ کسی چیز پر مستحکم رہنا گویا وہ آپ کو

كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۷۵﴾ اَنْتُمْ وَ

اپنے باپوں کو کہ وہ یونہی کیا کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا کیا تم نے دیکھ لیا (ان کی بے بسی) کو جن کی تم پرستش کیا کرتے ہو ؟ تم اور

اٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّیْۤ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۷۷﴾

تمہارے گزشتہ آباؤ اجداد - پس وہ سب میرے دشمن ہیں سوائے رب العلمین کے

چڑانے کے لیے کہہ رہے ہیں کہ ہم تو ہمیشہ ہمیشہ انہی کی بندگی کیا کریں گے۔ جوہری عکف کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:
عکف ای اقبل علیه مواظبا (صحاح)

۷۴ کیا پیارا اسلوب ہے افہام و تفہیم کا۔ انہی سے ان کے معبودوں کی بے بسی کا اعتراف کرایا جا رہا ہے۔ جب وہ ان باتوں کا انکار نہ کر سکے تو یہ کہہ کر اپنا دفاع کرنے لگے کہ ہمارے باپ دادا ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ اس لیے ہم ان کی تقلید سے دست کش ہونے کے لیے کسی قیمت پر تیار نہیں۔

۷۵ آپ محبت بھرے اسلوب سے انھیں سمجھاتے ہیں کہ نادان نہ بنو بے جا ضد اچھی نہیں۔ اندھی تقلید کے نتائج بڑے خطرناک ہوتے ہیں۔ تم دنیاوی معاملات میں جب عقل و فہم کو استعمال کرتے رہتے ہو تو زندگی کے اس بنیادی مسئلہ پر پہنچنے کا وقت آتے تو تم اپنی سوچ کا چراغ گل کر دو، یہ تو اچھی بات نہیں۔

۷۶ ان اندھے بہرے بتوں کے متعلق تم جو چاہو کہتے رہو میں تو انھیں اپنا دشمن اور بدخواہ سمجھ رہا ہوں۔ میری بندگی کا تعلق صرف اس معبود برحق کے ساتھ ہے جو کائنات کی ہر چیز کو پیدا بھی کرتا ہے، پھر عنایات پیہم سے ہر چیز کو اس کے مرتبہ کمال تک بھی پہنچاتا ہے۔ اس کی ساری ضروریات مہیا کرتا ہے۔ ان کی نشوونما کے لیے جو وسائل ضروری ہوتے ہیں ان کو بہم پہنچاتا ہے۔ ان اندھے بہرے معبودوں کے مقابلہ میں رب العلمین (ہر چیز کو مرتبہ کمال تک پہنچانے والا) کی صفت سے اللہ تعالیٰ کا تعارف کتنا معنی خیز ہے۔ آیت میں مکرر غور فرمائیے۔ آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ یہ بت تمہارے دشمن ہیں بلکہ فرمایا یہ میرے دشمن ہیں۔ ناصح کریم کا انداز نصیحت ایسا ہی ہوتا ہے۔ وہ براہ راست دوسروں پر حملہ نہیں کرتا بلکہ اپنی ذات سے آغاز کرتا ہے اور یہ تعریض تصریح سے بدرجہا زیادہ مؤثر ہوا کرتی ہے۔ فانھم کی خبر اعداء (جمع) ہونی چاہیے تھی عدو (واحد) کیوں لائی گئی۔ اس کا بہترین جواب یہ ہے کہ جو صفت فعولٌ یا فعیلٌ کے وزن پر ہو اس کا استعمال واحد جمع دونوں کے لیے ہوتا رہتا ہے کیونکہ عدوٌّ اصل میں عدوْوٌ فعولٌ کے وزن پر ہے اس لیے یہاں اس کا استعمال درست ہے۔ اس لیے یہ انھم کی خبر واقع ہو سکتا ہے۔ یجوز اطلاق العدو و الصدیق علی الواحد و الجمع لان کل صفة علی وزن فعول و فعیل یستعمل کذالک یقال رجل عدو و قوم عدوٌّ۔ (مظہری)

الَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَهْدِیْنِ ﴿۷۸﴾ وَ الَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَ یَسْقِیْنِ ﴿۷۹﴾

جس نے مجھے پیدا فرمایا پھر (ہر قدم پر) وہ میری رہنمائی کرتا ہے ۷۷؎ اور وہ جو مجھے کھلاتا بھی ہے اور مجھے پلاتا بھی ہے۔

وَ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ﴿۸۰﴾ وَ الَّذِیْ یُمِیْتُنِیْ ثُمَّ یُحْیِیْنِ ﴿۸۱﴾

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے صحت بخشتا ہے ۷۸؎ اور وہ جو مجھے مارے گا، پھر مجھے زندہ کرے گا۔

وَ الَّذِیْۤ اَطْمَعُ اَنْ یَّغْفِرَ لِیْ خَطِیْٓــٴَـتِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ ﴿۸۲﴾ رَبِّ هَبْ لِیْ

اور جس سے میں اُمید رکھتا ہوں ۷۹؎ کہ وہ بخش دیگا میرے لیے میری خطا کو روزِ جزا کو۔ اے میرے رب! عطا فرما

حُكْمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۸۳﴾ وَ اجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی

مجھے علم و عمل (میں کمال) ۸۰؎ اور ملا دے مجھے نیک بندوں کے ساتھ ۸۱؎ اور بنا دے میرے لیے سچی ناموری ۸۲؎

الْاٰخِرِیْنَ ﴿۸۴﴾ وَ اجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ ﴿۸۵﴾ وَ اغْفِرْ لِاَبِیْۤ

آئندہ آنے والوں میں۔ اور بنا دے مجھے ان لوگوں سے جو نعمت والی جنت کے وارث ہیں۔ اور بخش دے میرے باپ کو

۷۷؎ رب العالمین کی شانِ ربوبیت کے مختلف مظاہر کی طرف جن میں سے کسی ایک پر بھی ان کے بت قادر نہیں ہیں حضرت ابراہیم ان کی توجہ مبذول کرا رہے ہیں جس کی وضاحت والذی اعطی کل شیء خلقه ثم هدی میں گزر چکی ہے (طٰہٰ)۔

۷۸؎ حضرت خلیل کا بارگاہِ الٰہی میں حسنِ ادب ملاحظہ ہو، بیماری کی نسبت اپنی طرف کی اور شفا کی اللہ تعالیٰ کی طرف حالانکہ بیماری اور صحت دونوں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہیں۔

۷۹؎ یہاں بھی حسنِ ادب ہے۔ اللہ کا خلیل ہونے کے باوجود ساری عمر اس کی عبادت و اطاعت میں گزارنے کے باوجود اور ہر آزمائش میں کامیاب ہونے کے باوجود اللہ تعالیٰ کی بے نیازیوں سے دل سہما ہوا ہے۔ کہتے ہیں مجھے یہ اُمید ہے کہ وہ کریم مجھ پر کرم فرمائے گا اور میری خطاؤں کو بخش دیگا۔ بندے کیلئے مناسب یہی ہے کہ اس کی نظر اپنی نیکیوں پر نہ ہو بلکہ اپنی لغزشوں پر ہو۔

۸۰؎ اپنے خالق کی حمد و ثنا کرنے کے بعد اب دُعا کے لیے ہاتھ اُٹھتے ہیں اور طلب کا دامن پھیلاتا ہے۔ حُکمًا سے مراد علم و عمل کا کمال ہے تاکہ خلافتِ الٰہیہ کا منصبِ جلیل سنبھالنے کی مکمل استعداد اور اس کی مخلوق کی سیاست کا صحیح ملکہ پیدا ہو جائے۔ ای کمالا فی العلم والعمل بحیث یستعد لخلافة الحق ورياسة الخلق۔ (مظہری)

۸۱؎ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے نیک اور صالح بندوں کی رفاقت وہ نعمتِ عظمیٰ ہے جس کی تمنا حضرت خلیل جیسی جلیل القدر

إِنَّهُۥ كَانَ مِنَ ٱلضَّآلِّينَ ﴿٨٦﴾ وَلَا تُخْزِنِى يَوْمَ يُبْعَثُونَ ﴿٨٧﴾ يَوْمَ لَا

وہ گمراہ لوگوں میں سے ہے۔ اور نہ شرمسار کرنا مجھے جس روز لوگ قبروں سے اٹھائے جائیں گے ۸۳ جس دن نہ

يَنفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُونَ ﴿٨٨﴾ إِلَّا مَنْ أَتَى ٱللَّهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿٨٩﴾ وَأُزْلِفَتِ

مال کام آئے گا اور نہ بیٹے۔ مگر وہ شخص جو لے آیا اللہ تعالیٰ کے حضور قلب سلیم ۸۴ اور قریب کر دی

ہستیاں بھی کیا کرتی ہیں۔

۸۲ لسان صدق سے مراد ہے الثناء الحسن، بہترین تعریف۔ یعنی تیرے نیک بندوں کی زبانیں میری ستائش کرتی رہیں۔ اظہار بندگی میں جن توفیقات مخصوصہ اور کمالات عظیمہ سے تو نے مجھے سرفراز فرمایا ہے رہتی دنیا تک ان کا ذکر ہوتا ہی رہے۔ قشیری نے لسان صدق کا معنی الدعا الحسن یعنی نیک دعا کیا ہے یعنی لوگ اپنی نیک دعاؤں میں مجھے ہمیشہ یاد رکھیں۔ اگرچہ لسان کا معنی زبان ہے لیکن اس کا اطلاق اس بات پر بھی ہوتا ہے جو زبان سے نکلتی ہے جیسے خطاب کو بید کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی یہ دعا قبول فرمائی۔ آپ کے بعد جتنے نبی آتے سب آپ کی عظمت و رفعت شان کا اعتراف کرتے رہے۔ آج بھی سلسلۂ نبوت و رسالت پر ایمان رکھنے والی قومیں بلا استثناء آپ کی تعریف اور توصیف میں رطب اللسان ہیں حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے آپ کی اس دعا کو چار چاند لگ گئے۔ آپ کے دینِ حنیف کا احیاء ہوا۔ آپ کے عقائدِ حقہ کی اشاعت ہوئی اور ہر مسلمان جب بھی نماز میں اپنے ہادی کامل پر درود عرض کرتا ہے تو وہ ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر بھی درود بھیجتا ہے۔

۸۳ الٰہی اگر تیری یاد میں مجھ سے کوئی کوتاہی ہو گئی ہے تو اس کی وجہ سے مجھے روزِ محشر شرمندہ نہ کرنا۔ اللہ تعالیٰ کی اپنے بندے پر کمال عنایت ہوگی۔ اگر وہ اس روز اس کی آبرو رکھ لے اور اہل ایمان کے ساتھ مولائے کریم کا سلوک کچھ اسی طرح کا ہوگا۔ صحیحین میں ہے کسی شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے کان میں چپکے سے کیا بات فرمائی تھی۔ انھوں نے جواب دیا کہ حضور نے ارشاد فرمایا تھا یدنو احدکم من ربه حتی یضع كنفه علیه فیقول عملت كذا وكذا فیقول نعم ثم یقول انی سترتها علیك فی الدنیا وانا اغفرلك الیوم ثم یعطی كتاب حسناته بیمینه یعنی تم میں سے کوئی آدمی اپنے رب کے بالکل نزدیک ہو جائے گا تو اللہ تعالیٰ اسے فرمائیں گے تو نے فلاں فلاں کام کیا تھا؟ وہ عرض کرے گا ہاں میں نے کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ دنیا میں میں نے اس کو ظاہر نہ ہونے دیا اور آج میں ان خطاؤں کو تیرے لیے بخش رہا ہوں۔ پھر اس کی نیکیوں کی کتاب اس کے دائیں ہاتھ میں پکڑا دی جائے گی۔ کفار اور منافقین کو برسرِ عام رسوا کیا جائے گا۔ (مظہری)

۸۴ قلب سلیم سے مراد مومن کا دل ہے کیونکہ وہ کفر و نفاق کی بیماریوں سے محفوظ ہوتا ہے اور کافر کا دل مریض

الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿٩٠﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ﴿٩١﴾ وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا

جائے گی جنت پرہیزگاروں کے لیے۔ اور ظاہر کر دی جائے گی دوزخ بھٹکنے والوں کے لیے ۵۵ اور کہا جائے گا انہیں کہاں

كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿٩٢﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿٩٣﴾

ہیں وہ جن کی تم پوجا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر۔ کیا وہ تمہاری (کچھ) مدد کر سکتے ہیں یا انتقام لے سکتے ہیں۔

فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿٩٤﴾ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ﴿٩٥﴾ قَالُوْا

پس اوندھے پھینک دیے جائیں گے اس میں وہ اور دوسرے گمراہ اور ابلیس کی ساری فوجیں ۵۶ وہ کہیں گے

ہوتا ہے جیسے ارشاد ہے " فی قلوبھم مرض " آیت کا مطلب یہ ہے کہ کافر نے نیک کاموں میں جتنا روپیہ بھی خرچ کیا ہو اسے اس سے کوئی فائدہ نہ پہنچے گا۔ اسی طرح اگر کسی کافر کی اولاد مومن اور صالح بھی ہو تو بھی اس کی شفاعت اس کافر کے حق میں مقبول نہیں ہوگی۔ لیکن جس شخص کا دل کفر و نفاق کی بیماری سے محفوظ ہے اس نے راہ حق میں جو مال خرچ کیا ہوگا اس کا کئی گنا اجر روز قیامت اُسے دیا جائے گا نیز اس کی نیک اور صالح اولاد کی دعائیں، اسکے گناہوں کی بخشش اور اس کے درجات کی بلندی کا باعث ہوں گی اور قیامت کے دن ان کی شفاعت اپنے والدین کے حق میں مقبول ہوگی اور انہیں نفع پہنچائے گی۔ واما المؤمن فینفعه ماله الذی انفقه فی الطاعة وولده بالشفاعة والاستغفار (مظہری)

علامہ ابوحیان زمخشری کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں ولاضرورة تدعو الی حذف لما ذکر اذ قد رفاه لکن من اتی الله بقلب سلیم ینفعه ذالك۔

جسے سانپ نے ڈس لیا ہو اسے بھی سلیم کہتے ہیں۔ حضرت جنیدؒ نے فرمایا یہاں سلیم لدیغ کے معنی میں مستعمل ہوا ہے یعنی وہ شخص جس کا دل سانپ کے ڈسے ہوئے کی طرح ہر وقت اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کے خوف سے پھڑکتا اور تڑپتا رہتا ہو وہی روز حشر کامیاب ہوگا۔

وقال الجنید: السلیم فی اللغة اللدیغ فمعناه انه قلب کاللدیغ من خوف الله (قرطبی)

۵۵ متقی لوگوں اور سرکشوں کے ساتھ جو سلوک کیا جائے گا ان آیات میں اس کا ذکر ہے۔

۵۶ صاحب قاموس لکھتے ہیں: کب، اکب، وکبکب سب کا ایک معنی ہے یعنی سر کے بل اوندھا کر کے نیچے پھینک دینا۔ علامہ بیضاوی لکھتے ہیں کہ کبّ کو مکرر کر کے کبکب بنایا گیا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب انہیں دوزخ میں پھینکا جائیگا تو لڑھکنیاں کھاتے ہوئے نیچے جا گریں گے۔ ھم کی ضمیر کا مرجع جھوٹے معبود ہیں یعنی جھوٹے معبود ان کے پرستار، ابلیس اور

وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ ﴿٩٦﴾ تَاللّٰهِ إِنْ كُنَّا لَفِي ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٩٧﴾ إِذْ

اس حال میں کہ وہ دوزخ میں باہم جھگڑ رہے ہوں گے ۹۶۔ خدا کی قسم! ہم کھلی گمراہی میں گرفتار تھے ۹۷۔ جب ہم

نُسَوِّيكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَمَآ أَضَلَّنَآ إِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٩٩﴾ فَمَا لَنَا

تمہیں رب العلمین کے برابر بناتے ہوتے تھے۔ اور نہیں گمراہ کیا ہمیں مگر ان نامی مجرموں نے۔ تو آج نہیں ہے

مِنْ شٰفِعِيْنَ ﴿١٠٠﴾ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ

ہمارا کوئی سفارشی ۹۹ اور نہ کوئی غم خوار دوست۔ پس اگر ہمارے اختیار میں ہوتا (دنیا میں) واپس جانا تو

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٢﴾ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ

ہم اہل ایمان سے ہوتے۔ بیشک اس واقعہ میں (عبرت کی) نشانی ہے اور نہیں تھے ان میں سے اکثر لوگ ایمان

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ

لانے والے۔ اور اے حبیب! بیشک آپ کا رب ہی سب پر غالب ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ جھٹلایا قوم نوح نے (اللہ کے)

اس کے معاون و مددگار سب کو دوزخ میں اٹھا کر کے پھینک دیا جائے گا۔

۹۶ وہاں جبل اور ان کے پجاریوں، ابلیس اور اس کے پیروکاروں میں نوک جھونک شروع ہو جائے گی۔

۹۷ پجاری کہیں گے ہم نے تمہیں پروردگارِ عالم کا ہم پلہ اور برابر یقین کر کے اپنے اوپر ظلم عظیم کیا تھا۔ اذ نسویکم فی العبادۃ (قرطبی)، فی استحقاق العبادۃ (مظہری) یعنی ہم تمہیں اللہ تعالیٰ کی طرح عبادت کا مستحق سمجھتے تھے۔

۹۹ وہ بصد حسرت کہیں گے جس طرح اہل ایمان کی شفاعت ان کے نبی، فرشتے اور نیک مسلمان کر رہے ہیں۔ کاش ہمارا بھی کوئی ایسا شفیع ہوتا۔ کاش ہمارا بھی کوئی ایسا قریبی دوست ہوتا۔ حضرت حسن بصری کا ارشاد ہے استکثروا من الاصدقاء المؤمنین فان لہم شفاعۃ یوم القیامۃ (مظہری)

یعنی اہل ایمان کو کثرت سے دوست بنایا کرو کیونکہ قیامت کے دن انہیں شفاعت کرنے کا اذن دیا جائے گا۔

۱۰۰ اے محبوب آپ کا پروردگار عزیز ہے۔ وہ چاہے تو دم بھر میں ان کی ساری مخلوق کو پامال کر کے رکھ دے لیکن وہ عزیز ہونے کے ساتھ رحیم بھی ہے۔ اسی لیے انہیں مہلت پر مہلت دی جا رہی ہے شاید ان میں سے کوئی کسی وقت دین حق کو قبول کر لے یا ان کی اولاد میں سے کوئی مسلمان ہو جائے۔ العزیز القادر علی الانتقام۔ الرحیم بامہال الکفار لکی یؤمنوا ابہ

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوْهُمْ نُوْحٌ أَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ إِنِّيْ لَكُمْ

رسولوں کو [۱] جب کہا انھیں ان کے بھائی نوح نے کیا تم ڈرتے نہیں ہو [۲] بیشک میں تمھارے لیے

رَسُوْلٌ أَمِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

رسول امین ہوں [۳] پس اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو۔ اور میں نہیں طلب کرتا تم سے اس (تبلیغ)

أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوْنِ ﴿۱۱۰﴾

پر کوئی اُجرت۔ میرا اجر تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔ پس تم ڈرو اللہ سے اور میری پیروی کرو۔

قَالُوْا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ قَالَ وَمَا عِلْمِيْ بِمَا

انھوں نے کہا کیا ہم (قوم کے رئیس) [۴] ایمان لائیں تجھ پر حالانکہ تمھاری پیروی صرف گھٹیا لوگ کر رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا مجھے کیا خبر کہ وہ کس

او واحد من ذریتھم (مظہری)۔

[۱] اب نوح علیہ السلام اور ان کی قوم کے حالات پر روشنی ڈالی جا رہی ہے۔

[۲] یہ اخوت اور بھائی چارہ نسبی ہے، دینی نہیں۔ نیز آپ کو ان کا بھائی کہہ کر اس جذبہ اخلاص و خیر خواہی کی طرف بھی اشارہ کر دیا جو ایک بھائی کے دل میں اپنے بھائیوں کے متعلق فطری طور پر پایا جاتا ہے۔ بتا دیا کہ یہ کوئی اجنبی نہیں جسے تمہاری خوشی اور غم سے کوئی واسطہ نہ ہو بلکہ یہ تمہارا بھائی بند ہے۔ تمھاری فلاح اور کامیابی اس کے لیے فرحت و انبساط کا باعث ہے اور تمھاری گمراہی سے اس کے دل میں درد و غم کی لہریں اٹھنے لگتی ہیں۔

[۳] میری صداقت اور امانت کے تم خود گواہ ہو اب میری بات ماننے میں کیوں پس و پیش کر رہے ہو۔ میں تو تمہیں اپنے مالکِ حقیقی کی ناراضگی سے ڈرنے کی تلقین کرتا ہوں میرے پیش نظر کوئی ذاتی اور مادی منفعت نہیں۔ میں تم سے کسی اجر و معاوضہ کا مطالبہ نہیں کروں گا۔ میری ان دلسوزیوں پر میرا خدا ہی مجھے اجر دیگا۔

[۴] وہ کہنے لگے آپ پر ایمان لانے والے سب کے سب ایسے لوگ ہیں جو خاندانی لحاظ سے بڑے گھٹیا ہیں۔ مالی لحاظ سے بڑے مفلس اور کنگال ہیں۔ معاشرہ میں انھیں کوئی عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھتا۔ ایسے کمین اور پسماندہ لوگوں کے پیشوا پر ایمان لا کر ہم اپنی سبکی نہیں کر سکتے۔ ارذلون: ارذل کی جمع ہے۔ اس کی جمع تکسیر اراذل ہے۔ مونث رُذلیٰ اور جمع رُذَلٌ (قرطبی)۔ اس کا معنی صاحب قاموس نے الدون الخسیس کیا ہے۔ قال البیضاوی الاقل جاھًا و مالاً یعنی جاہ و مال میں سب سے کمتر کو ارذل کہتے ہیں۔

كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۱۲﴾ إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي ۖ لَوْ تَشْعُرُونَ ﴿۱۱۳﴾ وَ

نیت سے ایمان لاتے ہیں ان کا حساب تو میرے رب کے ذمہ ہے۔ اگر تمہیں (حقیقت کا) شعور ہے۔ اور

مَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۱۴﴾ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿۱۱۵﴾ قَالُوا لَئِن

نہیں ہوں میں دور بھگانے والا (غریب و مسکین) مومنوں کو نہیں ہوں میں مگر (عذاب سے) صاف صاف ڈرانے والا انہوں نے کہا

لَّمْ تَنتَهِ يَا نُوحُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ ﴿۱۱۶﴾ قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِي

نے کہا اے نوح! اگر تم باز نہ آئے (تو یاد رکھو) تمہیں ضرور سنگسار کر دیا جائے گا آپ نے عرض کی میرے مالک!

كَذَّبُونِ ﴿۱۱۷﴾ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَن مَّعِيَ مِنَ

میری قوم نے تو مجھے جھٹلا دیا ہے۔ بس تو فیصلہ فرما دے میرے اور ان کے درمیان جو قطعی ہو اور (اپنے عذاب سے) نجات دے مجھے

اس جملہ کی متعدد تشریحیں کی گئی ہیں (۱) ان کے پیشے اور حرفت گھٹیا ہی سہی لیکن مجھے ان سے کیا سروکار، میں تو اتنا جانتا ہوں کہ انہوں نے میری دعوت قبول کر لی ہے اور دین اسلام میں داخل ہو گئے ہیں (۲) کفار ان ایمان لانے والوں پر یہ اعتراض بھی کیا کرتے کہ ان لوگوں نے اس دین کو اس لیے قبول نہیں کیا کہ یہ دین حق ہے بلکہ وہ اس طرح اپنی تشہیر اور چرچا چاہتے ہیں، تاکہ جس محفل میں یہ دین موضوع بحث بنے ان کا ذکر بھی کیا جائے۔ ان کا نام بھی لیا جائے کہ فلاں فلاں شخص نے یہ دین قبول کر لیا ہے۔ اس جملہ سے ان کے اس اعتراض کا رد ہے کہ تم ان کی نیت پر شبہ کرتے ہو تو کرو مجھے تو اس سے بحث نہیں۔ دلوں اور نیتوں کو اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے۔ میں تو اتنا جانتا ہوں کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی توحید کو مانا، اس کے دین کو قبول کیا۔

انہوں نے مطالبہ کیا ہوگا کہ ان ناداروں کو اپنے پاس سے اٹھا دو تب ہم آپ کے پاس آسکتے ہیں۔ ان کے پہلو بہ پہلو بیٹھنا ہمارے لیے ننگ و عار کا موجب ہے۔ آپ نے انہیں جواب دیا کہ میں ان لوگوں کو جو دولت ایمان سے مالا مال ہیں، اپنی محفل سے نہیں نکال سکتا۔ تمہارے نزدیک عز و شرف کا معیار دولت کی کثرت ہے تو ہوا کرے، میرے نزدیک ایمان سے گراں بہا اور عزیز تر متاع کوئی نہیں۔ کفار مکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اسی قسم کا مطالبہ کیا کرتے تھے۔

میرا کام ہر ایک کو خدا کی نافرمانی کے انجام سے ڈرانا ہے۔ کوئی امیر ہو یا غریب، معزز و محترم ہو یا حقیر و بے نوا میری دعوت سب کے لیے عام ہے۔ جس کا جی چاہے قبول کرے اور جس کا جی چاہے رد کر دے لیکن میں کوئی نامعقول شرط قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔

کفر اور باطل کی یہی دیرینہ عادت ہے جب وہ دلائل کے میدان میں حق کو نیچا نہیں دکھا سکتا تو وہ طاقت کے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۱۹﴾ ثُمَّ

اور جو میرے ساتھ ہیں اہل ایمان سے پس ہم نے نجات دی انھیں اور جو آپ کے ہمراہ اس کشتی میں تھے جو کھچا کھچ بھری ہوئی تھی

اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

پھر ہم نے غرق کر دیا اسکے بعد پیچھے رہ جانے والوں کو۔ یقیناً اس واقعہ میں بھی (عبرت کی) نشانی ہے۔ اور نہیں تھے ان میں سے اکثر

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۲﴾ كَذَّبَتْ عَادُ

لوگ ایمان لانے والے۔ اور بیشک آپ کا رب ہی سب پر غالب ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ جھٹلایا عاد نے (اپنے)

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اِنِّيْ لَكُمْ

رسولوں کو ۔ جب فرمایا انھیں ان کے بھائی ہود نے کیا تم (خدا سے) نہیں ڈرتے ۔ بیشک میں تمہارے لیے

رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۲۵﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۲۶﴾ وَمَآ اَسْـَٔـلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

رسول امین ہوں ۔ پس اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں نہیں طلب کرتا تم سے اس (خدمت)

بل بوتے پر اسے دبانا چاہتا ہے چنانچہ اب وہ آپ کو دھمکیاں دینے پر اتر آئے ہیں۔

وقہ جب آپ ان کے ایمان لانے سے بالکل مایوس ہو گئے تو آپ نے یہ دعا کی یہاں فتح کا معنی قطعی فیصلہ ہے۔

مشحون: مملو۔ بھری ہوئی۔ کشتی میں جو چیز لادی جائے۔ انسان، حیوان یا دیگر سامان اسے شحنۃ الفلک کہتے ہیں۔

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن، جلد دوم، سورۃ الاعراف، آیات ۵۹ تا ۶۴۔

نشہ قوم عاد کا ذکر قرآن کریم میں متعدد مقامات پر آیا ہے جن کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ نوح علیہ السلام کی قوم کی غرقابی کے بعد انھیں عروج حاصل ہوا جسمانی ڈیل ڈول اور قوت وصحت میں یہ بے نظیر تھے۔ فن تعمیر میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ مزید تفصیل کے لیے ضیاء القرآن، جلد دوم، الاعراف کی آیات ۶۵ تا ۷۲ ملاحظہ ہوں۔

اللہ آپ کی اخوت کا ذکر اس لیے کیا گیا تاکہ ان پر آپ کا اخلاص اور خیر اندیشی واضح ہو جائے۔

ملکہ آپ نے بھی اپنی صداقت کے لیے اپنی گزشتہ زندگی کو بطور گواہ پیش کیا جب کل تک میرا دامن ہر قسم کی آلائشوں سے پاک رہا۔ تم خود میری اخلاقی برتری اور دیانت کو تسلیم کرتے رہے ہو۔ میں ایک رات میں بدل تو نہیں گیا حسب سابق آج بھی تم سے سچی بات کہہ رہا ہوں اور تمہاری بھلائی ہی میرے پیش نظر ہے۔ یہ وعظ و نصیحت میں نے

أَجْرٍ ۚ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿١٢٧﴾ أَتَبْنُونَ بِكُلِّ رِيعٍ

کا کوئی صلہ۔ میرا اجر تو اس پر ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔ کیا تم تعمیر کرتے ہو ہر اونچے مقام پر ایک

آيَةً تَعْبَثُونَ ﴿١٢٨﴾ وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ ﴿١٢٩﴾ وَإِذَا

یادگار بے فائدہ ۳۳؎ اور اپنی رہائش کے لیے بناتے ہو مضبوط محلات اس امید پر کہ تم ہمیشہ رہو گے۔ اور جب تم کسی

بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ ﴿١٣٠﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٣١﴾ وَاتَّقُوا

پر گرفت کرتے ہو تو بڑے ظالم و بیدرد بن کر ۳۴؎ گرفت کرتے ہو پس (اب تو) اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ۳۵؎ اور

پیشے کے طور پر اختیار نہیں کیا کہ تم سے اُجرت اور فیسیں لیا کروں میری اس محنت اور اخلاص کی قدر فرمانے والا رب العٰلمین ہے۔

۳۳؎ رِیْع اونچی جگہ کو بھی کہتے ہیں اور وہ راستہ جو دو پہاڑیوں کے درمیان سے گزر رہا ہو اس کو بھی ریع کہا جاتا ہے الریع ما ارتفع من الارض وقال مجاھد ھو الفج بین الجبلین (قرطبی)

ان کا یہ دستور تھا جہاں کہیں اونچا ٹیلہ نظر آیا وہاں بطور یادگار کوئی عمارت تعمیر کر دی تاکہ ان کا نام زندہ رہے نیز وہ اپنی رہائش کے لیے بڑی بڑی کشادہ حویلیاں اور شاندار محلات تعمیر کرتے اور ان کی مضبوطی اور زیب و زینت پر پانی کی طرح روپیہ بہاتے۔ حضرت ہود علیہ السلام ان دونوں باتوں پر انھیں سرزنش کر رہے ہیں یعنی ایسی یادگاریں بنانا اور ان پر زر کثیر صرف کرنا جن کا کوئی فائدہ نہ ہو قطعاً قرین دانشمندی نہیں۔ اور اسی طرح ایک دوسرے سے بازی لے جانے کے شوق میں اُونچے اُونچے محل تعمیر کرنا اور اپنی امارت کی نمائش کے لیے ان پر دولت صرف کرنا بڑی نامعقول حرکت ہے اگر تمہارے پاس دولت کی فراوانی ہے تو اس سے اپنے نادار اور غریب پڑوسیوں اور ہم وطنوں کی خدمت کرو ان کے لیے آسائش کے سامان فراہم کرو۔ اسی میں تمہاری فلاح دارین ہے۔ تم ان مکانوں میں ہمیشہ نہیں رہو گے بلکہ تمہیں ایک نہ ایک دن یقیناً یہاں سے کوچ کرنا ہے۔ جب موت کی اٹل گھڑی آپہنچے گی تو ان مکانوں کو چھوڑتے ہوئے تمہیں بڑا دکھ ہو گا۔ ان شاندار اور فلک بوس محلات کو دیکھ کر تمہارا دل ٹکڑے ٹکڑے ہونے لگے گا۔ مصانع ای منازل، رہائش کے مکانات وقیل حصوناً مشیدۃ یعنی مضبوط قلعے۔ وقیل قصوراً مشیدۃ، پختہ محلات۔ حضور نبی کریم نے رہائشی مکانات پر تکلف بنانے کو ناپسند فرمایا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں۔ اخذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ببعض جسدی فقال کن فی الدنیا کانک غریب او عابر سبیل وعد نفسک من اصحاب القبور۔ (رواہ البخاری)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے پکڑا اور ارشاد فرمایا کہ دنیا میں اس طرح زندگی بسر کر گویا تو غریب الوطن ہے یا راہرو مسافر، اور اپنے آپ کو اصحاب قبور سے شمار کر۔

الَّذِيٓ اَمَدَّكُمۡ بِمَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۳۲﴾ اَمَدَّكُمۡ بِاَنۡعَامٍ وَّبَنِيۡنَ ﴿۱۳۳﴾ وَجَنّٰتٍ

ڈرو اس ذات سے جس نے مدد کی ہے تمھاری ان چیزوں سے جن کو تم جانتے ہو ﷺ (یعنی) اس نے مدد فرمائی ہے تمھاری مویشیوں اور فرزندوں سے

وَّعُيُوۡنٍ ﴿۱۳۴﴾ اِنِّيۡٓ اَخَافُ عَلَيۡكُمۡ عَذَابَ يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ﴿۱۳۵﴾ قَالُوۡا سَوَآءٌ

اور باغات اور چشموں سے ﷺ میں ڈرتا ہوں کہ تم پر بڑے دن کا عذاب نہ آ جائے۔ انہوں نے کہا یکساں ہے ہمارے

عَلَيۡنَآ اَوَعَظۡتَ اَمۡ لَمۡ تَكُنۡ مِّنَ الۡوٰعِظِيۡنَ ﴿۱۳۶﴾ اِنۡ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ

لیے خواہ آپ نصیحت کریں یا نہ ہوں آپ نصیحت کرنے والوں سے ﷺ نہیں ہے یہ (محلات کا شوق)

ﷺ ایک طرف تو ان کی دریا دلی کا یہ حال کہ بے مصرف یادگاریں، وسیع حویلیاں اور شاندار مکانات تعمیر کرنے میں بے دریغ روپیہ صرف کرتے اور دوسری طرف ان کی سنگدلی کا یہ عالم کہ آن کی زد سے نہ اپنے محفوظ تھے نہ بیگانے۔ جو قابو میں آگیا تیغ جفا سے اس کا کام تمام کر دیا۔ کسی سے کوئی ناپسندیدہ حرکت سرزد ہو گئی تو وہ خونخوار بھیڑیے کی طرح اس پر ٹوٹ پڑے۔ اتنے آتشیں مزاج تھے اور طبیعتوں میں انتقام کا جذبہ اتنا شدید تھا کہ گویا رحم و کرم، عفو و درگزر کا انھوں نے کبھی نام بھی نہیں سنا۔ البطش: الاخذ بالعنف بڑی بے رحمی سے گرفت کرنا۔ جبار اس متکبر کو کہتے ہیں جس کے دل میں کسی کے لیے رحم کا جذبہ نہ پایا جائے۔ الجبار المتکبر و قلب لا ید خله رحمة۔ قرآن کریم نے جو اطوار بیان کیے ہیں ان کے آئینے میں آپ ان کے کردار اور معاشرہ کے خدوخال کو بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔ اپنی نمود و نمائش پر جب خرچ کرنے کا موقع آتا ہے تو خزانوں کے منہ کھول دیتے ہیں لیکن کسی دردمند کو دیکھ کر کسی آشفتہ حال کو دیکھ کر ان کے دل میں ہمدردی کا جذبہ پیدا ہونا ناممکن ہے۔ جاہ پسند دنیا پرست قوموں میں یہی قدر مشترک ہے۔

ﷺ ان کی خرابیوں کا ذکر فرمانے کے بعد حضرت ہود انھیں خدا کا خوف دلاتے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس کا غضب جوش میں آئے اور تمھاری اینٹ سے اینٹ بجا دے اور اپنی اطاعت و پیروی کا حکم دیتے ہیں۔ کیونکہ ان کی نجات کا راز اسی میں مضمر ہے کہ وہ اپنے نبی کا دامن پکڑ لیں اور اس کے نقش قدم کو اپنا خضر راہ بنا لیں۔

ﷺ دوبارہ تاکید فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے باز آؤ جس نے تمھیں طرح طرح کی عنایات اور احسانات سے سرفراز فرمایا ہے جنھیں تم خوب جانتے ہو۔ ایسے منعم اور محسن کی حکم عدولی تمھیں زیب نہیں دیتی۔

ﷺ ان انعامات کا اب تفصیلی ذکر فرما دیا۔ سورۃ الاعراف کے حواشی میں بتایا گیا ہے کہ یہ قوم احقاف کے علاقہ میں آباد تھی۔ ان کا پایۂ تخت حضرموت تھا۔ یہ علاقہ اس وقت بڑا زرخیز اور شاداب تھا اور بعد میں جب ان کی پیہم سرکشیوں کے باعث ان پر عذاب الٰہی آیا تو یہ علاقہ بنجر بن کے رہ گیا۔ جہاں کبھی آباد شہر بارونق بستیاں اور پھلدار درختوں کے باغات تھے

الْأَوَّلِينَ ﴿١٣٧﴾ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿١٣٨﴾ فَكَذَّبُوهُ فَأَهْلَكْنَاهُمْ ۗ إِنَّ فِي

مگر ہمارے اسلاف کا دستور۔[۵۱] اور آپ فکر نہ کریں ہمیں عذاب نہیں دیا جائیگا۔ پس انھوں نے آپ کو جھٹلایا اس لیے ہم نے انھیں ہلاک کر

ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٣٩﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ

دیا۔[۵۲] بیشک اس میں بھی (عبرت کی) نشانی ہے۔ اور نہیں تھے ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانیوالے۔ اور بیشک آپ کا رب ہی سب پر غالب

اب وہاں خاک اڑ رہی ہے۔ ہر طرف ریگستان ہی ریگستان نظر آتے ہیں۔ وکانت منازل عاد ما بین عمان الی حضرموت اخصب البلاد فجعلها الله مفاوز ورمالا (بحر) قوم عاد عمان اور حضر موت کے درمیانی علاقہ میں آباد تھی جو بڑا سرسبز و شاداب تھا پھر اسے اللہ تعالیٰ نے جنگل اور صحرا بنا دیا۔

[۵۰] انھوں نے حضرت ہود کی دعوت کو ٹھکرا دیا اور صاف صاف کہہ دیا کہ آپ خواہ مخواہ سر کھپا رہے ہیں ہم آپ کی کوئی بات ماننے کے لیے تیار نہیں۔

[۵۱] یہاں خلق میں دو قرأتیں ہیں خَلْقُ اور خُلُقُ۔ پہلی صورت میں اس کا معنی اختلاق یعنی جھوٹی گھڑی ہوئی بات اور دوسری صورت میں اطوار و عادات۔ آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ تم جو دھمکیاں ہمیں دے رہے ہو کہ اگر ہم نے تمہاری دعوت قبول نہ کی تو ہم پر آسمان ٹوٹ پڑے گا اور ہم تباہ و برباد ہو جائیں گے۔ یہ محض کذب و افترا اور من گھڑت افسانے ہیں تمہاری قماش کے لوگ پہلے بھی ہمارے آباؤ اجداد کو ایسے جھوٹ گھڑ گھڑ کر ڈرایا کرتے تھے۔ تم نے بھی وہی روش اختیار کر رکھی ہے۔ خود تو اپنی خشک مزاجی کے باعث زندگی کی ان لذتوں سے محروم ہو۔ اب یہ چاہتے ہو کہ ہم بھی تمہاری طرح سوکھے ٹکڑے کھائیں اور پھٹے پرانے کپڑے پہنیں اور دنیا کی ان نعمتوں سے لطف اندوز نہ ہوں۔ دوسری صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ اس طرح یادگاریں بنانا اور شاندار مکانات تعمیر کرنا اور عیش و نشاط کی محفلوں میں داد عیش دینا ہمارے اسلاف کا وطیرہ رہا ہے ہم تو انہی کی پیروی کر رہے ہیں۔ اگر یہ کام اتنے ہی قابل گرفت اور برے ہیں تو ان پر عذاب آیا ہوتا۔ آج تک تو وہ عذاب آیا نہیں، تم یقین رکھو کہ ہم پر بھی نہیں آئے گا۔ خلق الاولین ای اختلاقھم وکذبھم والعرب تقول حدثنا فلان باحادیث الخلق ای بالخرافات وخلق الاولین معناہ عادتھم۔

[۵۲] آخر ان کی تباہی کا وقت آگیا۔ افق پر ایک کالی گھٹا نمودار ہوئی۔ اسے دیکھ کر ان کے دل باغ باغ ہو گئے۔ سمجھے کہ موسلا دھار مینہ برسے گا۔ اور خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔ لیکن وہ گھٹا تو قہر الٰہی بن کر آئی تھی۔ آٹھ دن اور سات راتیں گرم لو کا جھکڑ چلتا رہا۔ وہ اتنا تند و تیز تھا کہ ان کی مضبوط عمارتیں بنیادوں سے اکھڑ گئیں اور اس میں اتنی بلا کی تپش تھی کہ سرسبز کھیت خاکستر بن گئے۔ باغات اور تناور درخت یوں بوسیدہ ہو گئے معلوم ہوتا تھا کہ صدیوں پرانے ہیں۔ قرآن کریم میں سورۃ الحاقہ میں اس عذاب کا ذکر اس طرح فرمایا "واما عاد فاھلکوا بریح صرصر عاتیۃ سخرھا علیھم سبع لیال وثمانیۃ ایام حسوما فتری القوم فیھا صرعٰی کانھم اعجاز نخل خاویۃ" (ملاحظہ ہو ضیاء القرآن، جلد پنجم، الحاقہ آیت ۶ تا ۸)۔

الرَّحِیۡمُ ﴿۱۴۰﴾ کَذَّبَتۡ ثَمُوۡدُ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ﴿۱۴۱﴾ اِذۡ قَالَ لَہُمۡ اَخُوۡہُمۡ صٰلِحٌ

ہمیشہ رحم فرمانیوالا ہے جھٹلایا قوم ثمود نے رسولوں کو لے جب کہا انھیں ان کے بھائی صالح نے

اَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿۱۴۲﴾ اِنِّیۡ لَکُمۡ رَسُوۡلٌ اَمِیۡنٌ ﴿۱۴۳﴾ فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَ اَطِیۡعُوۡنِ ﴿۱۴۴﴾ وَ

کیا تم (قہر الٰہی سے) نہیں ڈرتے۔ میں تمہارے لیے رسول امین ہوں۔ سو ڈرو اللہ تعالیٰ سے اور میری پیروی کرو۔ اور

مَاۤ اَسۡـَٔلُکُمۡ عَلَیۡہِ مِنۡ اَجۡرٍ ۚ اِنۡ اَجۡرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۱۴۵﴾

میں نہیں طلب کرتا تم سے اس پر کوئی معاوضہ۔ میرا معاوضہ تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔

اَتُتۡرَکُوۡنَ فِیۡ مَا ہٰہُنَاۤ اٰمِنِیۡنَ ﴿۱۴۶﴾ فِیۡ جَنّٰتٍ وَّ عُیُوۡنٍ ﴿۱۴۷﴾ وَّ زُرُوۡعٍ

کیا تمھیں رہنے دیا جائیگا اس (عیش و طرب) میں جس میں تم یہاں ہو امن سے، ان باغات میں اور چشموں میں اور (شاداب)

وَّ نَخۡلٍ طَلۡعُہَا ہَضِیۡمٌ ﴿۱۴۸﴾ وَ تَنۡحِتُوۡنَ مِنَ الۡجِبَالِ بُیُوۡتًا فٰرِہِیۡنَ ﴿۱۴۹﴾

کھیتوں میں اور کھجور کے درختوں میں جن کے شگوفے بڑے نرم و نازک ہیں لے اور تراشتے رہو گے پہاڑوں میں گھر ماہر (سنگتراش) بنتے ہوئے

لے اب قوم ثمود کا ذکر ہو رہا ہے جس نے اپنے مخلص نبی کی مخلصانہ دعوت کو اسی رعونت سے ٹھکرا دیا جس طرح پہلی قوموں نے اپنے انبیاء کی دعوتوں کو ٹھکرایا تھا۔ حضرت صالح علیہ السلام بھی پہلے اپنی قوم کو اپنی دیانت، پاکبازی اور خیر اندیشی کا یقین دلاتے ہیں اور انھیں بتاتے ہیں کہ میں تم سے کسی مادی منفعت کا خواستگار نہیں میرے پیش نظر محض تمہاری خیر خواہی ہے میری یہ دلی آرزو ہے کہ تم رشد و ہدایت کی راہ پر چلو تمہارا دل نور ایمان سے منور ہو تمہارا تمدن فسق و فجور، ظلم و طغیان اور بے جا نمود کے امراض سے پاک ہو، تم نیکی اور تقویٰ کی زندگی بسر کرو تمہاری توانائیں تمہارے مادی وسائل اور فنی مہارت اس طرح استعمال ہو جس سے خستہ حالوں اور آشفتہ دلوں کو سکون نصیب ہو قوم کے کمزور افراد کو سہارا ملے لیکن جو قوم عرصہ دراز سے بے راہ روی کی خوگر ہو چکی تھی اسے ایسے مواعظ سے کیا دلچسپی ہو سکتی تھی چنانچہ انھوں نے آپ پر طرح طرح کے الزامات لگاتے تکلیفیں پہنچائیں اور اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کا مذاق اڑایا اور ان کی تحقیر کی۔ آخر کار ان سرکشیوں کا وہی نتیجہ نکلا جو ایسے افعال کا نکلا کرتا ہے۔

لے ان باغات بہتے ہوئے چشموں، کھیتوں اور پھل سے لدے ہوئے نخلستانوں کو دیکھ کر تم پھولے نہیں سماتے کیا تم یہ سمجھ بیٹھے ہو کہ تم ہمیشہ اسی طرح ان سے لطف اندوز ہوتے رہو گے اور تمھیں موت کا ذائقہ نہیں چکھنا پڑے گا یہ سراسر تمہاری نادانی ہے۔ ہضیم۔ یتحشم فی الفم جو مٹھاس سے اتنی نرم اور گداز ہو کہ منہ میں ڈالتے ہی گھل جائے۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۵۰﴾ وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ الَّذِيْنَ

پس ڈرو اللہ تعالیٰ سے اور میرا اتباع کرو۔ اور نہ پیروی کرو حد سے بڑھنے والوں کے حکم کی ۲۴؎ جو فساد

يُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ

برپا کرتے رہتے ہیں زمین میں اور اصلاح (کی کوشش) نہیں کرتے۔ جواب ملا اے صالح! تم تو ان لوگوں میں سے ہو جن

الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚۖ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ

پر جادو کر دیا گیا ہے ۲۵؎ نہیں ہو تم مگر ایک انسان ہماری مانند ۲۶؎ ورنہ لاؤ کوئی معجزہ اگر تم راست بازوں میں سے

الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۴﴾ قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۱۵۵﴾

ہو۔ فرمایا یہ ایک اونٹنی ہے۔ ایک دن اس کے پانی پینے کی باری ہے اور ایک مقرر دن تمہاری باری ہے ۲۷؎

۲۳؎ سنگ تراشی کے فن میں انھیں بڑی مہارت حاصل تھی اس پر انھیں بڑا ناز بھی تھا اور اسی وجہ سے گرد و نواح میں دُور دُور تک ان کی شہرت تھی۔ فارھین: حاذقین بنحتہا یعنی چٹانیں تراش کر مکان بنانے میں تم بڑے ماہر اور حاذق ہو اس میں دوسری قرآت فرھین بھی آئی ہے۔ اس کا معنی ہے اشرین بطرین: مغرور اور سرکش۔

۲۴؎ آپ نے ان کے سیاسی لیڈروں پر تنقید کرتے ہوئے فرمایا یہ تو مفسد لوگ ہیں۔ ان سے بھلائی کی کوئی توقع نہیں کی جاسکتی۔ ایک قبیلہ کو دوسرے قبیلہ سے لڑا کر تماشا دیکھتے ہیں۔ غریبوں اور کمزوروں پر ظلم ڈھاتے ہیں۔ ایسے بگڑے ہوئے لوگ اس قابل نہیں کہ قوم کی قیادت کی باگ ڈور ان کے ہاتھوں میں رہنے دی جائے ورنہ وہ تمہارا بیڑہ غرق کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری پیروی کرو میں تمہیں ہدایت اور راستی کی راہ پر چلاؤں گا۔

۲۵؎ وہ کہنے لگے صالح تم عجیب آدمی ہو۔ ہماری ہر بات میں تمہیں کیڑے نظر آنے لگے ہیں۔ ہمیں اپنے بتوں کی پوجا سے منع کرتے ہو۔ ہمیں اپنے لیڈروں سے برگشتہ کرتے ہو۔ ہمارے آداب معاشرت تمہیں پسند نہیں اور ہمارے فن سنگ تراشی پر بھی تمہیں اعتراض ہے جس کی وجہ سے ہماری شہرت دُور دُور تک پھیل چکی ہے یقیناً تمہیں کسی نے کچھ کر دیا ہے ورنہ تمہارے جیسا زیرک اور دانشمند آدمی جس سے ہم نے بڑی بڑی توقعات وابستہ کر رکھی تھیں اس سے ایسے خیالات کا اظہار ممکن نہیں۔

۲۶؎ آپ ہماری طرح بشر ہی تو ہیں۔ ہم آپ کو رسول کیسے مان لیں۔ کوئی معجزہ دکھاؤ جس سے تمہاری صداقت کا ہمیں یقین آجائے۔

۲۷؎ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ ثمودیوں نے آپ سے یہ مطالبہ کیا کہ اس چٹان سے سُرخ رنگ کی اونٹنی نکلے

وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵۶﴾ فَعَقَرُوْهَا

اور نہ پہنچانا اسے کوئی اذیت ورنہ آلے گا تمھیں بڑے دن کا عذاب۔ ان (بدبختوں) نے اس کی کونچیں کاٹ

فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَ

ڈالیں پھر ہو گئے ندامت (وافسوس) کرنے والے پس آ لیا انھیں عذاب نے بے شک اس واقعہ میں بھی (عبرت کی) نشانی ہے اور

مَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۵۹﴾ كَذَّبَتْ

نہیں تھے ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے۔ اور بے شک آپ کا رب ہی عزیز رحیم ہے۔ جھٹلایا

قَوْمُ لُوْطِ ۨالْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾

قوم لوط نے اپنے رسولوں کو ۔ جب کہا ان سے ان کے بھائی لوط نے، کیا تم (قہر الٰہی سے) نہیں ڈرتے؟

اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۶۲﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَآ اَسْــَٔـلُكُمْ

بے شک میں تمھارے لیے رسول امین ہوں۔ پس ڈرو اللہ تعالیٰ سے اور میری اطاعت کرو۔ اور میں نہیں مانگتا تم سے

عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۴﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ

اس (تبلیغ) پر کوئی معاوضہ۔ میرا معاوضہ تو اس کے ذمہ ہے جو رب العٰلمین ہے۔ کیا تم بدفعلی کے لیے جاتے ہو مردوں کے پاس

جو دس ماہ کی حاملہ ہو اور ہماری آنکھوں کے سامنے بچہ جنے تو ہم تمھیں رسول مان لیں گے۔ آپ نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی۔ وہاں کیا مشکل تھا اور ان کا مطالبہ پورا کر دیا گیا۔ اور اس چٹان سے ان کی مطلوبہ اونٹنی نکل آئی۔ آپ نے فرمایا یہ اونٹنی اللہ تعالیٰ کی نشانی ہے۔ اب یوں ہوگا کہ ایک دن تنہا یہ پانی پیے گی اور دوسرے دن تمام انسان اور تمھارے مویشی پانی پئیں گے۔ یاد رکھنا اس اونٹنی کو کوئی اذیت نہ پہنچانا ورنہ تمہاری خیر نہیں۔

ف لیکن وہ باز آنے والے کب تھے۔ انھوں نے اس اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں پھر بھونچال آیا جس نے ان کو تہ وبالا کر کے رکھ دیا۔ فاخذتہم الرجفۃ فاصبحوا فی دارھم جٰثمین (الاعراف)۔ ملاحظہ ہو ضیاء القرآن، جلد دوم، آیات ۷۳ تا ۷۹۔

ف سورۃ الاعراف اور سورۃ ہود میں ان کا مفصل تذکرہ گزر چکا ہے۔ ضیاء القرآن، جلد دوم متعلقہ آیات

آپ کا انداز تبلیغ بعینہٖ وہی ہے جو پہلے انبیاء کا تھا۔ من القالین ای المبغضین والقلا البغض۔

مِنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَ تَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ

ساری مخلوق سے۔ اور چھوڑ دیتے ہو جو پیدا کی ہیں تمہارے لیے تمہارے رب نے تمہاری بیویاں۔ بلکہ تم حد سے

قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ یٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِیْنَ ﴿۱۶۷﴾

بڑھنے والے لوگ ہو۔ وہ (غصہ سے بھڑک کر) کہنے لگے خاموش! اے لوط! اگر تم اس سے باز نہ آئے تو تمہیں ضرور ملک بدر کر دیا جائے گا۔

قَالَ اِنِّیْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِیْنَ ﴿۱۶۸﴾ؕ رَبِّ نَجِّنِیْ وَ اَهْلِیْ مِمَّا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾

آپ نے فرمایا (سن لو!) میں تمہارے اس (گندے) فعل سے بیزار ہوں۔ میرے مالک! نجات دے مجھے اور میرے اہل و عیال کو اس (کی شامت)

فَنَجَّیْنٰهُ وَ اَهْلَهٗۤ اَجْمَعِیْنَ ﴿۱۷۰﴾ۙ اِلَّا عَجُوْزًا فِی الْغٰبِرِیْنَ ﴿۱۷۱﴾ۚ ثُمَّ دَمَّرْنَا

سے جو وہ کرتے ہیں۔ سو ہم نے نجات دے دی اسے اور اس کے سب اہل کو سوائے ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہنے والوں میں تھی۔ پھر ہم نے نام و نشان مٹا

الْاٰخَرِیْنَ ﴿۱۷۲﴾ۚ وَ اَمْطَرْنَا عَلَیْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِیْنَ ﴿۱۷۳﴾

دیا دوسروں کا۔ اور ہم نے برسائی ان پر (پتھروں کی) بارش ف پس بڑی تباہ کن تھی وہ بارش جو برسی ان پر جنہیں ڈرایا گیا اور وہ باز

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَ مَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۷۴﴾ وَ اِنَّ رَبَّكَ

نہ آئے۔ بیشک اس میں بھی (عبرت کی) نشانی ہے۔ اور نہیں تھے ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے۔ اور بلاشبہ (اے محبوب!) آپ کا

ف پتھر برسا کر ان کو تباہ و برباد کر دیا گیا۔ بائیبل میں اس عذاب کو ان الفاظ میں بیان کیا گیا: "تب خداوند نے اپنی طرف سے سدوم اور عمورا پر گندھک اور آگ برسائی۔ اور اس نے ان شہروں کے سب رہنے والوں کو اور سب کچھ جو زمین سے اگا تھا غارت کیا:"

"مگر اس کی بیوی نے اس کے پیچھے مڑ کر دیکھا اور وہ نمک کا ستون بن گئی۔"

"اور ابراہیم صبح سویرے اٹھ کر اس جگہ گیا جہاں وہ خداوند کے حضور کھڑا ہوا تھا۔

اور اس نے سدوم اور عمورا اور ترائی کی ساری زمین کی طرف نظر کی اور کیا دیکھتا ہے کہ زمین پر سے دھواں ایسا اٹھ رہا ہے جیسے بھٹی کا دھواں۔"

(پیدائش، باب ۱۹۔ آیت ۲۴ تا ۲۸)

لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۷۵﴾ كَذَّبَ اَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۶﴾ اِذْ قَالَ

پروردگار ہی عزیز رحیم ہے ۔ جھٹلایا اہل ایکہ نے بھی (اپنے) رسولوں کو ۹۱ جب فرمایا

لَهُمْ شُعَيْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

انھیں شعیب (علیہ السلام) نے کیا تم (قہر الٰہی سے) نہیں ڈرتے بیشک میں تمھارے لیے رسول امین ہوں پس ڈرو اللہ تعالیٰ

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۷۹﴾ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى

سے اور میری پیروی کرو ۔ اور میں نہیں طلب کرتا تم سے اس پر کوئی اجر ۔ میرا اجر تو اس کے ذمہ ہے جو سارے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَزِنُوْا

جہانوں کو پالنے والا ہے ۔ پورا کیا کرو ناپ اور نہ ہو جاؤ کم ناپنے والوں سے ۔ اور وزن کیا کرو

بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿۱۸۲﴾ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا

صحیح ترازو سے ۔ اور نہ کم دیا کرو لوگوں کو ان کی چیزیں ، اور نہ پھرا کرو

۹۱ سورۂ اعراف اور سورۂ ہود میں حضرت شعیبؑ آپ کے مواعظ، آپ کی قوم میں جڑ پکڑنے والے باطل عقائد اور اخلاقی خرابیوں کا تذکرہ گزر چکا ہے۔ یہاں بھی آپ کے مواعظ کا وہی انداز ہے اور اپنے مخاطبین کو انہی خرابیوں سے باز آنے کی پرزور اور مخلصانہ تلقین فرما رہے ہیں جن کا بیان پہلے ہو چکا ہے۔ اس لیے بعض حضرات نے یہ خیال فرمایا کہ اہل مدین اور اصحاب الایکہ ایک ہی قوم کے دو نام ہیں۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ دونوں علیحدہ علیحدہ قومیں تھیں جو الگ الگ علاقوں میں آباد تھیں لیکن چونکہ ان کے علاقے بالکل نزدیک نزدیک تھے اور دونوں قومیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسل سے تھیں اس لیے دونوں کی ہدایت کے لیے ایک نبی حضرت شعیبؑ کو مقرر فرمایا گیا۔ نیز یہ دونوں قومیں دو بین الاقوامی تجارتی شاہراہوں کے قرب وجوار میں آباد تھیں اور تجارت پیشہ تھیں۔ تاجروں میں جو اخلاقی خرابیاں عام طور پر پائی جاتی ہیں وہ ان میں بطور قدر مشترک موجود تھیں۔ توحید کے عقیدہ سے دونوں برگشتہ ہو چکی تھیں اور شرک کی لعنت میں گرفتار تھیں۔ اس لیے حضرت شعیب علیہ السلام کے مواعظ ایک ہی طرح کے تھے۔ الایکۃ الشجر الکثیر الملتف الواحدۃ ایکۃ فھی الغیضۃ۔ وہ جگہ جہاں گھنے اور گنجان درختوں کا ذخیرہ ہو اسے عربی میں ایکہ کہتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ قوم جس علاقہ میں آباد تھی وہاں درختوں کے گھنے اور گنجان جھنڈ پائے جاتے تھے اس لیے انھیں اصحاب الایکہ کہا گیا اور یہ کسی خاص بستی

فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿۱۸۳﴾ وَ اتَّقُوا الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَ الْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۸۴﴾

زمین میں فساد برپا کرتے ہوئے۔ اور ڈرو اس سے جس نے پیدا فرمایا تمہیں اور (تم سے) پہلی مخلوق کو۔ انہوں

قَالُوْۤا اِنَّمَاۤ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِیْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَ مَاۤ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَ اِنْ

نے (جھلا کر) کہا تم تو ان لوگوں میں سے ہو جن پر جادو کر دیا گیا ہے ۹۲ اور نہیں ہو تم مگر ایک بشر ہماری مانند ۹۳ اور ہم تو تمہارے

نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِیْنَ ﴿۱۸۶﴾ فَاَسْقِطْ عَلَیْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنْ

متعلق یہ خیال کر رہے ہیں کہ تم جھوٹوں میں سے ہو۔ (ہم تمہاری بات نہیں مانتے) تو اب گرا دو ہم پر آسمان کا کوئی ٹکڑا ۹۴ اگر

كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۱۸۷﴾ قَالَ رَبِّیْۤ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ فَكَذَّبُوْهُ

تم راست بازوں میں سے ہو۔ آپ نے فرمایا میرا رب خوب جانتا ہے جو تم کر رہے ہو۔ سو انہوں نے جھٹلایا

کا نام نہ تھا لیکن جنہوں نے لیکہ پڑھا ہے ان کا خیال ہے کہ لیکہ ایک بستی کا نام تھا۔ جوہری کی یہ رائے ہے کہ ایکہ اور لیکہ دونوں ایک ہی بستی کے نام تھے جس طرح مکہ اور بکہ۔ (قرطبی)

جبلۃ قال مجاہد ھی الخلیقۃ یعنی اس رب سے ڈرو جس نے تمہیں بھی پیدا کیا اور تم سے پہلے جو مخلوق گزر چکی ہے اس کا بھی وہی خالق ہے۔

۹۲ ان کی ساری معاشی خوشحالی کا انحصار ان بے ایمانیوں اور دھوکہ بازیوں پر تھا۔ وہ اتنے بھلے مانس کب تھے کہ حضرت شعیب کی نصیحت سن کر ان سے باز آجاتے۔ انہوں نے اپنی غلطی کو غلطی ماننے سے ہی انکار کر دیا اور اس کی اصلاح کی طرف توجہ کرنا ہی مناسب نہ سمجھا۔ اُلٹا حضرت شعیبؑ پر الزام لگا دیا کہ تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے جبھی تو تم ہمیں ایسے مشورے دے رہے ہو جن پر ہم اگر عمل کریں تو یہ تجارت کی گہما گہمی یا دولت و ثروت کی فراوانی سب کی سب یکدم ختم ہو جائے۔ کوئی ذی شعور آدمی اپنی قوم کو ایسا مشورہ نہیں دے سکتا۔ جو اس کی اقتصادی تباہی کا سبب بنے۔ اے شعیبؑ یقیناً تمہارا دماغ کام نہیں کر رہا۔ پہلے اپنا علاج کراؤ پھر آکر ہمیں نصیحت کرنا۔

۹۳ وہی پرانا اعتراض۔

۹۴ جب آپ نے زیادہ اصرار کیا ہو گا کہ ان دھوکا بازیوں سے باز آجاؤ تو انہوں نے سیخ پا ہو کر اور شرم و حیا کی چادر اتار کر کہہ دیا کہ ہم تمہاری بات نہیں مانتے۔ اب جو آسمان تم ہم پر گرانا چاہتے ہو گرا دو۔

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۚ إِنَّهُ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٨٩﴾

شیب کو تو پکڑ لیا انھیں چھتری والے دن کے عذاب نے ۹۵ بے شک یہ بڑے دن کا عذاب تھا۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٩٠﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ

بیشک اس میں بھی (عبرت کی) نشانی ہے اور نہیں تھے ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے۔ اور یقیناً آپ کا رب

لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٩١﴾ وَإِنَّهُ لَتَنزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٩٢﴾ نَزَلَ بِهِ

ہی سب پر غالب ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اور بلاشبہ یہ کتاب رب العلمین کی اتاری ہوئی ہے ۹۶ اترا ہے اسے

الرُّوحُ الْأَمِينُ ﴿١٩٣﴾ عَلَىٰ قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ الْمُنذِرِينَ ﴿١٩٤﴾ بِلِسَانٍ

لے کر روح الامین (یعنی جبریل) ۹۷ آپ کے قلب (منیر) پر ۹۸ تاکہ بن جائیں آپ (لوگوں کو) ڈرانے والوں سے یہ ایسی عربی

ع ١٠ | ١٤

۹۵ ان پر جو عذاب اترا اس کی صحیح کیفیت کیا تھی اس کا ذکر نہیں فرمایا گیا اس لیے اس کے بارے میں یقین کے ساتھ کچھ کہنا مشکل ہے۔ البتہ ظلہ کا لفظ بتا رہا ہے کہ ان پر کوئی ایسا عذاب نازل کیا گیا جس نے چھتری یا سائبان کی طرح ان پر سایہ کر لیا اور پھر وہ ہمیشہ کے لیے تباہ و برباد کر دیے گئے۔

۹۶ سورۃ کا آغاز اس بات سے ہوا تھا کہ کفار قرآن کریم کو اللہ تعالیٰ کا کلام ماننے کے لیے تیار نہیں تھے جس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سخت دکھ پہنچتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو مطمئن فرمانے کے لیے متعدد انبیاء اور ان کی قوموں کے حالات بیان فرمائے۔ اب پھر سلسلۂ کلام کفار کے انہی اعتراضات کی طرف لوٹتا ہے کہ یہ کلام کسی انسان کا وضع کردہ نہیں بلکہ اسے اس خدا نے اتارا ہے جو رب العالمین ہے اور اس کی ربوبیت جس نے انسان کی جسمانی ضروریات کو بہم پہنچایا، اس کی شان سے یہ بعید تھا کہ وہ اس کی روحانی ترقی کے لیے کوئی انتظام نہ فرماتا۔ چنانچہ انسان کے اسی روحانی پہلو کو معراجِ کمال تک پہنچانے کے لیے یہ کتاب مقدس نازل فرمائی۔

۹۷ اور جس فرشتہ کے ذریعے یہ کتاب نازل ہوئی وہ روح الامین ہے یعنی وہ سراپا روحانیت بھی ہے اور امین بھی ہے نہ اس سے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ اس نے اپنی طرف سے کوئی ملاوٹ کر دی ہو اور نہ کسی کے لیے یہ ممکن ہے کہ جو چیز اس کی امانت و حفاظت میں دی گئی ہے کوئی اس میں ادنیٰ سا رد و بدل بھی کر سکے۔ مقام کی نزاکت کے پیش نظر یہاں جبریل (یعنی علم) کی جگہ اس کی دو عظیم صفتیں بیان کی گئیں۔

۹۸ یعنی اس کا نزول حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب منور پر ہوا اور جو چیز دل میں اترتی ہے اس میں نہ کسی کی بیشی کا

عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹۵﴾ وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۹۶﴾ اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً

زبان میں ہے جو بالکل واضح ہے۔ اور اس کا ذکر تھیرا پہلے لوگوں کی کتابوں میں بھی ہے ۹۵؎ کیا نہیں تھی ان (مشرکین مکہ) کے لیے

احتمال ہو سکتا ہے اور نہ یہ امکان ہو سکتا ہے کہ اس کو صحیح طور پر سمجھا نہ گیا ہو۔ ان آیات کا خلاصہ یہ ہوا کہ اس کتاب کو انسان کی جسمانی اور ظاہری ضروریات کو بہم پہنچانے والے پروردگار نے اس کی روحانی اور باطنی قوتوں کو مرتبۂ کمال تک پہنچانے کے لیے اتارا اور اسے لانے والا وہ فرشتہ ہے جو روح الامین کی صفت سے موصوف ہے اور اس کے نزول کی جگہ اللہ تعالیٰ کے محبوب کا قلب مبارک ہے۔ اے کفار! جب حقیقت یہ ہے تو تمہارا اس کتاب مقدس کے متعلق بے تکی باتیں کرنا معقولیت کے سراسر خلاف ہے۔

یہاں یہ بتانا بھی فائدہ سے خالی نہ ہوگا کہ قلب اقدس پر نزول قرآن کی کیا کیفیت ہوا کرتی تھی۔ علامہ سید محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ صحیح قول یہ ہے کہ جس طرح معانی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوا کرتے تھے اسی طرح الفاظ بھی اسی کی طرف سے ہوا کرتے تھے۔ ایسا نہیں تھا کہ صرف معانی کا القا کر دیا گیا ہو۔ اور جبریل نے اپنے الفاظ میں انھیں آکر پیش کیا ہو جب جبریل ان الفاظ و معانی کو لے کر بارگاہ رسالت میں حاضر ہوتے تو حضور قواتے الہیہ قدسیہ کے ساتھ انہیں سنتے اور محفوظ رکھتے۔ اس کا سماع بشری حواس سے نہیں ہوا کرتا تھا۔ اسی وجہ سے نزول وحی کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم اطہر پر اغماء کی سی کیفیت طاری ہو جاتی تھی والقول الراجح ان الالفاظ منہ عز وجل کالمعانی لا مدخل لجبریل علیہ السلام فیہا اصلاً کان النبی یسمعہا ویعیہا بقوی الٰہیۃ قدسیۃ لاسماع البشر ایاہا منہ علیہ الصلوٰۃ والسلام وتنفعل عند ذالک قواہ البشریۃ ولہذا یظہر علی جسدہ الشریف صلی اللہ علیہ وسلم ما یظہر (روح المعانی)۔ اس کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ حضور کی دو جہتیں تھیں۔ ایک جہت ملکی جس سے حضور فیضان حاصل کرتے اور ایک جہت بشری جس سے حضور لوگوں کو فیض پہنچایا کرتے۔ اسی لیے یہاں نزول کو قلب منور یعنی روح سرور عالم سے متعلق کیا ہے کیونکہ وہی صفات ملکی سے متصف ہے۔ لما کان لہ صلی اللہ علیہ وسلم جہتان جہۃ ملکیۃ یستفیض بہا من الروح الامین۔ آگے چل کر علامہ موصوف امام اصفہانی کی تفسیر کا حوالہ دیتے ہوئے یہ بیان کرتے ہیں کہ جبریل امین سے وحی قبول کرنے کے دو طریقے تھے۔ ایک یہ کہ حضور جامۂ بشری کو اتار کر صورت ملکی کی طرف عروج فرماتے اور جبریل سے وحی سنتے۔ دوسرا یہ کہ فرشتہ مقام ملکی سے مقام بشریت کی طرف نزول کرتا اور حضور کو وہ وحی پہنچاتا۔ وفی ذالک طریقتان احدہما ان النبی انخلع من الصورۃ البشریۃ الی الصورۃ الملکیۃ واخذہ من جبریل علیہ السلام وثانیتہما ان الملک انخلع الی البشریۃ حتی یاخذ النبی منہ والاولی اصعب الحالین عندہا (روح المعانی)۔ علمائے کرام نے تصریح کی ہے کہ بیشتر قرآن کریم کا نزول پہلے طریقہ کے مطابق ہوا کرتا تھا۔

۹۵؎ زُبُر: زبور کی جمع ہے جس کا معنی کتاب ہے۔ اولین سے مراد سابقہ انبیاء و رسل ہیں یعنی اس کتاب مقدس کا تذکرہ پہلی کتابوں میں مذکور ہے۔ انّہ کا مرجع حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک بھی ہو سکتی ہے۔ اس صورت میں آیت کا

أَنْ يَعْلَمَهُ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿١٩٧﴾ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ

آپ کی سچائی کی یہ دلیل کہ جانتے ہیں آپ کو بنی اسرائیل کے علماء ۱۵۱ اور اگر ہم اتارتے قرآن کو کسی غیر عربی

الْاَعْجَمِيْنَ ﴿١٩٨﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿١٩٩﴾ كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ

پر ۱۵۲ پھر وہ ان کو پڑھ کر سناتا تب بھی وہ ایمان لانے والے نہیں تھے ۱۵۳ یونہی ہم نے داخل کر دی

فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٢٠٠﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٢٠١﴾

ہے انکار کی عادت مجرموں کے دلوں میں ۱۵۴ وہ ایمان نہیں لائیں گے اس پر جب تک دیکھ نہ لیں دردناک عذاب کو۔

مستحق ہوگا کہ جس رسول کے قلب منور پر یہ کتاب نازل کی گئی اس کے محامد و اوصاف سے سابقہ آسمانی کتابیں بھری ہوئی ہیں۔ سب انبیاء نے اپنی امتوں کو حضورؐ کی آمد کی اطلاع دی اور حضورؐ پر ایمان لانے کی تاکید فرمائی۔

۱۵۱ اہل مکہ یہود کو صاحب کتاب اور اہل علم خیال کیا کرتے تھے۔ انہوں نے ایک وفد یثرب کے علماء یہود کی طرف روانہ کیا تاکہ وہ نبی کریمؐ کے متعلق ان سے کچھ دریافت کریں۔ علماء یہود نے بتایا ان ھذا لزمانہ وانا لنجد فی التوراۃ نعتہ وصفتہ۔ کہ ان کے ظہور کا وقت آگیا ہے اور ان کی نعت اور صفات تورات میں موجود ہیں لیکن اہل مکہ پھر بھی ایمان نہ لائے۔ آیت میں اسی طرف اشارہ ہے۔

۱۵۲ کفار کا انکار کسی معقول دلیل پر مبنی نہیں تھا۔ ایک ضد تھی جسے وہ نباہ رہے تھے اور اپنے سراسر غلط موقف کو صحیح ثابت کرنے کے لیے کوئی نہ کوئی اعتراض جڑ دیا کرتے تھے۔ جن میں سے بیشتر کا ذکر گزر چکا ہے۔ ان کا ایک یہ بھی اعتراض تھا کہ حضورؐ خود عربی ہیں اور فصیح و بلیغ بھی ہیں۔ ان کے لیے ایسا کلام بنانا کیا مشکل ہے۔ ان کے رد کے لیے فرمایا جا رہا ہے اگر ہم کسی عربی کو بھیجائے کسی عجمی پر بھی یہ کتاب نازل کر دیتے تب بھی تم اس پر ایمان لانے کے لیے تیار نہ ہوتے۔ یہ محض تمہارے بہانے ہیں ورنہ حقیقت یہ ہے کہ تم دل سے اس کلام کی عظمت کو تسلیم کرتے ہو لیکن زبان سے اقرار کرنے میں اپنی توہین محسوس کر رہے ہو۔

۱۵۳ یعنی اس کلام پاک کی صداقت تمہارے رگ و پے میں سرایت کر گئی ہے تمہارے دل مان چکے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے لیکن کفر اور گمراہی میں تم یہاں تک دور نکل گئے ہو کہ سورج نصف النہار پر چمک رہا ہے اور تمہیں یہ کہتے ہوئے ذرا شرم محسوس نہیں ہوتی کہ ابھی کالی رات ہے۔ وہ دیکھو ستارے ٹمٹما رہے ہیں۔ سلک کہتے ہیں داخل کرنے کو، اور مجرمین کا لفظ فرما کر قرآن کی دل میں گھر کرنے والی تاثیر کی طرف اشارہ کر دیا۔ بعض علماء نے اس آیت کا معنی یہ کیا ہے کہ سلکنا التکذیب فی قلوبھم کہ قرآن کریم کے جھٹلانے کو ہم نے ان کے دلوں میں داخل کر دیا ہے۔

فَيَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٢٠٢﴾ فَيَقُولُوا هَلْ نَحْنُ مُنظَرُونَ ﴿٢٠٣﴾

سو وہ آ جائے گا ان پر اچانک اور انہیں اس کی آمد کا احساس ہی نہ ہوگا تب (بصد حسرت) کہیں گے کیا ہمیں مزید مہلت ملے گی؟ ۱۲۳

أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ﴿٢٠٤﴾ أَفَرَءَيْتَ إِن مَّتَّعْنَاهُمْ سِنِينَ ﴿٢٠٥﴾ ثُمَّ جَاءَهُم

کیا وہ اب ہمارے عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہیں۔ کیا تم نے کچھ غور کیا اگر ہم لطف اندوز ہونے دیں انہیں چند سال ۱۲۴ پھر (یہ) عرصہ گزرنے

مَّا كَانُوا يُوعَدُونَ ﴿٢٠٦﴾ مَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يُمَتَّعُونَ ﴿٢٠٧﴾ وَمَا أَهْلَكْنَا

کے بعد آ جائے ان پر وہ عذاب جس سے انہیں ڈرایا جاتا تھا۔ تو کیا نفع دیں گے انہیں (اس وقت) وہ ساز و سامان جن سے وہ لطف اندوز ہوتے

مِن قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا مُنذِرُونَ ﴿٢٠٨﴾ ذِكْرَىٰ وَمَا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿٢٠٩﴾ وَمَا

رہتے تھے ۱۲۵ اور نہیں ہلاک کیا ہم نے کسی بستی کو مگر اس کے لیے ڈرانے والے بھیجے گئے تھے یاد دہانی کے لیے۔ اور ہم ظالم نہیں تھے۔ اور نہیں اترے

تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ ﴿٢١٠﴾ وَمَا يَنبَغِي لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيعُونَ ﴿٢١١﴾ إِنَّهُمْ

اس قرآن کو لے کر شیاطین ۱۲۶ اور نہ یہ ان کے لیے مناسب ہے اور نہ ہی وہ اس کی طاقت رکھتے ہیں ۱۲۷ انھیں

۱۲۳ اب تو شور مچاتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو ہم پر عذاب کیوں نہیں آتا لیکن جب عذاب انھیں آ گھیرے گا اس وقت وہ ندامت و حسرت سے گڑگڑائیں گے اور کہیں گے کہ ہمیں تھوڑی سی مہلت اور دے دو ہم اپنی تمام سابقہ غلطیوں کی تلافی کر دیں گے لیکن اس وقت کوئی بات نہ سنی جائے گی۔

۱۲۴ یعنی عرصہ دراز تک اگر وہ ہر طرح کے آرام و آسائش اور ناز و نعم سے زندگی بسر کرتے رہیں پھر جب ان پر عذاب الٰہی نازل ہوگا تو پہلی ساری عیش و عشرت فراموش ہو جائے گی۔ وہ دولت و ثروت، وہ ساز و سامان، وہ جاہ و حشمت ان کے کسی کام نہیں آئے گی۔ انھیں کوئی نفع نہیں پہنچائے گی۔ ما اغنی عنک ھذا ما ینفعک (الصحاح)

۱۲۶ کفار یہ بھی کہا کرتے کہ یہ کلام ان پر جن و شیاطین کی طرف سے القا کیا جاتا ہے اس کا پرزور رد فرما دیا۔

۱۲۷ شیطان کا کام گمراہ کرنا اور کفر و شرک کی ترغیب دینا ہے اور قرآن کریم صراط مستقیم پر چلنے کی دعوت دیتا ہے اخلاق فاضلہ کو اپنانے کی تلقین کرتا ہے۔ اس کی ہر آیت کفر و شرک کے عقیدہ کو جڑوں سے اکھیڑ کر پھینک رہی ہے۔ اس کا مقصد ہی یہ ہے کہ نور توحید سے سارا عالم جگمگا اٹھے۔ خود فیصلہ کرو کیا شیطان توحید قبول کرنے اور کفر و شرک سے تائب ہونے اور خصال حمیدہ کو اپنانے کی ترغیب دے سکتا ہے۔ کوئی بات تو سوچ کر بھی کیا کرو۔ نیز اس میں غیب کی خبریں ہیں اور بیچارے شیطان کی کیا مجال کہ پردہ غیب

عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُولُونَ ﴿٢١٢﴾ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ

(شیطانوں) کو تو اس کے سننے سے بھی محروم کر دیا گیا ہے ١٠٦ پس نہ پکارا کر اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور خدا کو ١٠٧ ورنہ تو ہو جائیگا

مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿٢١٣﴾ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿٢١٤﴾ وَاخْفِضْ

اُن لوگوں میں سے جنھیں عذاب دیا گیا ہے۔ اور آپ ڈرایا کریں اپنے قریبی رشتہ داروں کو ١٠٨ اور آپ نیچے کیا کیجیے اپنے پروں کو

جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢١٥﴾ فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ

اُن لوگوں کے لیے جو آپ کی پیروی کرتے ہیں اہل ایمان سے ١٠٩ پھر اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو آپ فرمادیں

میں جھانک کر بھی دیکھ سکے۔

١٠٦ نیز انھیں فرشتوں کا کلام اور ان کی گفتگو سننے سے بھی روک دیا گیا ہے۔ اگر وہ اس قسم کی جرأت کرتے ہیں تو شہاب ثاقب سے ان کی تواضع کی جاتی ہے اور انھیں بھگا دیا جاتا ہے۔

١٠٧ اللہ تعالیٰ جو وحدہٗ لاشریک ہے اس کے ساتھ کسی غیر کو خدا سمجھ کر مت پکارو۔ اگر تم نے ایسا کیا تو تم عذاب میں مبتلا کر دیئے جاؤ گے۔ علامہ عثمانی لکھتے ہیں: یہ فرمایا رسُول کو اور سُنایا اوروں کو۔

١٠٨ صحیحین میں ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم صفا کی پہاڑی پر کھڑے ہو گئے اور بلند آواز سے پکارا یا بنی فہر یا بنی عدی (جتنے قریش کے قبائل تھے ان کا نام لے لے کر بلایا) یہاں تک کہ سب جمع ہو گئے۔ اور جو خود نہ آسکا اس نے کوئی آدمی بھیج دیا جو بات سن کر اسے بتلاتے۔ جب سب اکٹھے ہو گئے تو حضورؐ نے فرمایا کہ اگر میں تمھیں یہ بتاؤں کہ اس وادی میں سواروں کا دستہ ہے جو تم پر شبخون مارنا چاہتا ہے تو کیا تم میری بات مانو گے۔ سب نے جواب دیا ضرور مانیں گے کیونکہ آج تک ہم نے آپ کو غلط بیانی کرتے ہوئے نہیں سُنا۔ حضورؐ نے فرمایا فَاِنِّیْ نَذِیْرٌ لَّکُمْ بَیْنَ یَدَیْ عَذَابٍ شَدِیْدٍ (کہ میں تمھیں عذاب شدید کے آنے سے پہلے متنبہ کر رہا ہوں کہ کفر و شرک سے باز آ جاؤ، اللہ تعالیٰ کو وحدہٗ لاشریک مان لو ورنہ تمھیں برباد کر دیا جائے گا) گستاخ ابولہب انگلی سے اشارہ کر کے کہنے لگا۔ تَبًّا لَّکَ سَائِرَ الْیَوْمِ اَلِھٰذَا جَمَعْتَنَا (تمھیں سارا دن خرابی ہو کیا تو نے اس لیے ہمیں جمع کیا) حضورؐ خاموش رہے لیکن اس کا جواب اللہ تعالیٰ نے دیتے ہوئے پوری سورت نازل فرمائی جس کی پہلی آیت ہے تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ یعنی ٹوٹ جائیں ابولہب کے دونوں ہاتھ جن کی ایک انگلی سے اس نے میرے محبوب کی طرف گستاخانہ اشارہ کیا ہے اور وہ خود بھی تباہ و برباد ہو جائے۔

١٠٩ اہل ایمان کے ساتھ کریمانہ اور مشفقانہ سلوک کرنے کا حکم دیا جا رہا ہے کہ ان کے ساتھ تواضع سے پیش آیئے اور نرمی کا برتاؤ کیجیے۔ سچ تو یہ ہے کہ اگر حضورؐ مقام محبوبیت کی رفعتوں میں ہی محو پرواز رہتے تو خاک نشین اس دامن رحمت کا سہارا کیسے

إِنِّي بَرِيٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿۲۱۶﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ ﴿۲۱۷﴾ الَّذِي

میں بری الذمہ ہوں ان کاموں سے جو تم کیا کرتے ہو ۲۱۰ اور بھروسہ کیجئے سب پہ غالب ہمیشہ رحم کرنے والے پر ۲۱۱ جو آپ کو

يَرَاكَ حِينَ تَقُومُ ﴿۲۱۸﴾ وَتَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِينَ ﴿۲۱۹﴾ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿۲۲۰﴾

دیکھتا رہتا ہے جب آپ کھڑے ہوتے ہیں ۲۱۲ اور دیکھتا رہتا ہے جب آپ چکر لگاتے ہیں سجدہ گزاروں میں ۲۱۳ بیشک وہی سب کچھ سننے

رہ سکتے وہ اس چشمۂ فیض سے اپنی تشنہ لبی کا درماں کیونکر کر سکتے۔ فرمایا اپنے پروں کو نیچے کرو تاکہ تیری ردائے رحمۃ للعالمینی کا سایہ ان کے سروں پر بھی پڑے۔ راعی اپنے ریوڑ کی کمزور اور لاغر بکریوں کو پیچھے چھوڑ کر چلا نہیں جاتا تیز رفتار قائد کو اپنے ضعیف اور شکستہ رو ساتھیوں کا لحاظ رکھنا ہی پڑتا ہے۔

۲۱۰ اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو کہہ دیجئے کہ میں تمہارے ان اعمال سے بیزار ہوں اور انہیں پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھتا۔ علامہ آلوسی نے یہاں خوب لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ کہنے کا حکم دیا کہ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ کہ میں تمہارے اعمال سے بری الذمہ ہوں۔ یہ حکم نہیں دیا فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ کہ میں تم سے بری الذمہ ہوں۔ کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو روز محشر گناہ گاروں کی شفاعت کون کرتا۔ انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لو امر بالبراءة منہم ما بقی شفیعا للعصاة یوم القیامة۔ (روح المعانی)

۲۱۱ فرمایا اپنے اس رب پر توکل اور کامل بھروسہ کرو جو عزیز ہے یعنی ہر طاقتور پر غالب ہے اور جو رحیم ہے جس کا در رحمت ہر ایک کے لیے کشادہ ہے۔ اس سے حضورؐ کو مزید تسلی دی جا رہی ہے لان العزة کالعلة المصححة للتوکل والرحمة کالعلة الداعیة الیہ۔ (روح المعانی)

۲۱۲ اے محبوب تو اپنے اس مولا کریم پر توکل کر جو عزیز بھی ہے اور رحیم بھی۔ اور اس کے علاوہ اس کی چشم عنایت و رحمت ہر وقت تجھے دیکھ رہی ہے۔ تیری زندگی کا کوئی لمحہ بھی ایسا نہیں جو اس خصوصی توجہ سے سرفراز نہ ہو۔ یہاں تک کہ جب تو اٹھتا ہے تو اس وقت بھی وہ تجھے دیکھ رہا ہوتا ہے۔

۲۱۳ اس آیت کے متعدد مفہوم بیان کیے گئے ہیں (۱) یعنی جب آپ نماز ادا کرتے ہیں اور قیام سے رکوع کی طرف رکوع سے سجدہ کی طرف پھر سجدہ سے قیام کی طرف جو تقلبات آپ سے سرزد ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ان تمام کو دیکھ رہا ہوتا ہے (۲) حضورؐ نے جماعت کرائی بعض صحابہ رکوع و سجود میں حضورؐ سے پہلے چلے گئے نماز سے فراغت کے بعد حضورؐ نے انہیں ایسا کرنے سے منع فرمایا اور انہیں بتایا کہ تم یہ سمجھو جب میں قبلہ رو کھڑا ہوں تو میں تمہاری حرکات و سکنات سے بے خبر ہوتا ہوں۔ خوا اللہ ما یخفی علیّ خشوعکم ولا رکوعکم انی لاراکم من وراء ظہری (بخاری شریف) یعنی مجھ پر تمہارا قلبی خضوع و خشوع بھی ظاہر ہے اور تمہارا رکوع بھی تم میں اپنی پشت کے پیچھے بھی دیکھ رہا ہوتا ہوں۔ اس آیت میں اسی امر کی طرف اشارہ فرمایا کہ جب آپ اپنے صحابہ کی ظاہری و باطنی کیفیات ملاحظہ کر رہے ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ آپ کے اس عمل کو بھی دیکھ رہا ہوتا ہے (۳) بعض مفسرین نے اس آیت کا یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ جب نماز تہجد کی فرضیت ختم ہو گئی تو حضورؐ سحری کے وقت اٹھے

هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۲۱﴾ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ

والاجاننے والا ہے۔ کیا میں بتاؤں تمہیں کہ شیاطین کس پر اترتے ہیں ۱۱۵ؔ وہ اترتے ہیں ہر جھوٹ گھڑنے والے

اَثِيْمٍ ﴿۲۲۲﴾ يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿۲۲۴﴾

بدکار پر۔ یہ اپنے کان (شیطانوں کی طرف) لگائے رکھتے ہیں اور ان میں اکثر جھوٹے ہیں ۱۱۶ؔ اور جو شعراء ہیں تو ان کی پیروی حق سے بہکے

اور صحابہ کرام کے گھروں کا چکر لگایا یہ دیکھنے کے لیے کہ فرضیت کے ختم ہونے کے بعد کیا وہ آج آرام سے سو رہے ہیں یا اپنے معبود حقیقی کی عبادت میں مصروف ہیں حضور جس صحابی کے گھر کے پاس سے گزرے تلاوت قرآن اور ذکر الٰہی کی آوازیں اس طرح آرہی تھیں جیسے شہد کے چھتے میں شہد کی مکھیاں بھنبھنا رہی ہوں فوجدھا کبیوت النحل لما سمع لھا من دندنتھم بذکر اللہ تعالیٰ والتلاوۃ۔

(۴) ابو نعیم نے حضرت ابن عباسؓ سے اس کا یہ مفہوم بھی نقل کیا ہے کہ تقلب سے مراد تنقل فی الاصلاب ہے یعنی جب آپ کا نور یکے بعد دیگرے آپ کے اجداد کی پشتوں سے منتقل ہوتے چلا آرہا تھا تو اس وقت بھی آپ کا رب دیکھ رہا تھا۔ کیونکہ آپ کے آباؤ اجداد کو قرآن کریم نے الساجدین (سجدہ کرنے والے) کہا ہے۔ اس لیے اکثر علماء نے اس آیت سے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کریمین کے مومن ہونے پر استدلال کیا ہے اور اہل السنت والجماعت کے کثیر التعداد جلیل القدر علماء کا یہی مسلک ہے چنانچہ علامہ آلوسی لکھتے ہیں وجوز حمل التقلب علی التنقل فی الاصلاب ان یُراد بالساجدین المومنین واستدل بالاٰیۃ علی ایمان ابویہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کما ذھب الیہ کثیر من اجلۃ اھل السنۃ۔ اس کے بعد لکھتے ہیں کہ جو شخص حضور کے والدین کریمین کے حق میں بے ادبی کے کلمات کہتا ہے تو مجھے اس کے کفر کا اندیشہ ہے وانا اخشی الکفر علی من یقول فیھما رضی اللہ عنھما علی رغم انف علی القاری واضرابہ (روح المعانی)۔

اس قول کی تائید میں علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے متعدد احادیث صحیحہ نقل کی ہیں جن میں سے ایک حدیث ملاحظہ فرمائیے

عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما افترق الناس فرقتین الا جعلنی اللہ من خیرھما فاخرجتُ من بین ابوی ولم یُصبنی شیءٌ من عھد الجاھلیۃ خرجت من نکاح لم اخرج من سفاح من لدن اٰدم حتی انتھیتُ الی ابی واُمّی فانا خیرکم نفساً وخیرکم اباً (مظہری)

یعنی حضور نے فرمایا کہ جب بھی نسل انسانی دو حصوں میں بٹی تو مجھے اللہ تعالیٰ نے اس میں کیا جو ان دونوں سے بہتر تھا۔ اپنے والدین کے ہاں میری ولادت ہوئی اس حال میں کہ مجھے زمانہ جاہلیت کی کسی چیز نے ملوث نہیں کیا۔ آدمؑ سے لے کر اپنے والدین تک میرے اجداد و امہات میں کوئی بھی بدکاری سے پیدا نہیں ہوا۔ میں تم سب سے نفس کے لحاظ سے بھی بہتر ہوں اور باپ کے لحاظ سے بھی۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور کے آباؤ امہات میں کوئی مشرک یا فاسق نہیں ہوا کیونکہ مشرک کے بارے میں ارشاد ہے انما المشرکون نجس اور حضور کے آباؤ نجس نہیں ہو سکتے

۱۱۵ؔ پہلے بتایا کہ شیطان کی مجال نہیں کہ وہ میرے محبوب کے قریب بھی آسکے۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ شیطان کا آنا جانا

أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ ﴿۲۲۵﴾ وَأَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ ﴿۲۲۶﴾

گمراہ لوگ ہی کرتے ہیں ﴿۲۲۴﴾ کیا تم نہیں دیکھتے کہ شعراء ہر وادی میں سرگرداں پھرتے رہتے ہیں ﴿۲۲۵﴾ اور وہ کہا کرتے ہیں ایسی باتیں جن پر خود عمل نہیں کرتے ﴿۲۲۶﴾

کس کے پاس ہوتا ہے، فرمایا ہر جھوٹے اور بدکار کے پاس شیطانوں کی آمد و رفت ہوتی ہے۔ افاک کثیر الافک بہت جھوٹ بولنے والا۔ اثیم کثیر الاثم۔ بڑا بدکار، نابکار۔

۲۲۳ یہ کذاب اور نابکار لوگ بڑے غور سے شیطان کی بات کی طرف کان لگاتے ہیں۔ پھر اس میں سو گنا اپنی طرف سے اضافہ کرکے بات کا بتنگڑ بناتے ہیں اور لوگوں کی جیبوں پر ڈاکے ڈالتے ہیں۔

۲۲۴ کفار کا ایک الزام یہ بھی تھا کہ آپ شاعر ہیں اس لیے ان کو نبی ماننا کسی طرح روا نہیں۔ ان آیات میں اس الزام کا ابطال کیا جا رہا ہے فرمایا کہ شاعروں کے پیروکار تو گمراہ اور عیاش قسم کے لوگ ہوتے ہیں نیز شاعر اپنی فصاحت و بلاغت کو کسی ایک مقصد کے حصول کے لیے وقف نہیں کیا کرتے بلکہ ہر گلی کوچہ میں جوتیاں چٹخاتے پھرتے ہیں جہاں سے انعام کی توقع ہوتی اس کی مدح میں زمین و آسمان کے قلابے ملا دیئے جس سے برہم ہوئے اس کی مذمت کر ڈالی کبھی شراب کے گن گا رہے ہوتے ہیں اور کبھی قمار بازی کی ستائش ہو رہی ہوتی ہے کبھی حسن کی عشوہ گریوں اور عشق کی بدمستیوں کی منظر کشی کر رہے ہوتے ہیں۔ پھر ان شعراء کی ایک اور خصوصیت بھی ہے کہ ان کے قول و فعل میں کھلا تضاد پایا جاتا ہے۔ کہتے کچھ ہیں کرتے کچھ ہیں۔ اے میرے محبوب پر شاعر ہونے کا بہتان لگانے والو! ذرا آنکھیں کھول کر دیکھو کہ اس کے دامن کرم کو تھامنے والے کس قماش کے لوگ ہیں۔ اسلام لانے سے پہلے ان کی کیا حالت تھی اور اب ان کا کیا حال ہے۔ کیا اس قسم کے فرشتہ سیرت اور سراپا خیر و تقویٰ لوگ کسی شاعر کے پیروکار ہو سکتے ہیں؟ پھر اس کلام پاک کی یک رنگی اور مقصدیت پر نظر ڈالو۔ اللہ کی توحید، اخلاق حسنہ کی ترغیب اور اعمال قبیحہ سے دور رہنے کی تلقین کے بغیر اس میں کسی اور چیز کی تم نشان دہی کر سکتے ہو؟ پھر یہ بتاؤ کہ کیا اس رسول مکرم کے قول و فعل میں تمہیں کوئی تفاوت نظر آتا ہے؟ بلکہ یہ جو فرماتا ہے پہلے خود کرکے دکھاتا ہے پھر دوسروں کو اس پر عمل کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ کیا یہ صفات کسی شاعر میں پائی جاتی ہیں؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو تم انصاف سے کہو کہ تمہارا یہ الزام کیا سراسر لغو اور بیہودہ نہیں۔

یہاں ایک چیز غور طلب ہے کہ شعر کی تعریف تو یہ کی جاتی ہے الکلام المنظوم المقفی یعنی منظوم اور مقفّٰی کلام کو شعر کہا جاتا ہے۔ ایک بے علم بھی یہ کہہ سکتا ہے کہ قرآن پر یہ تعریف صادق نہیں آتی تو اہل عرب کے متعلق ہم یہ کیسے باور کر سکتے ہیں کہ وہ قرآن کریم کو اس وجہ سے شعر اور حضور کو شاعر کہا کرتے تھے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں والظاهر انهم انما قصدوا رميه صلى الله عليه وسلم بانه وحاشاه ثم حاشاه يأتي بكلام مخيل لا حقيقة له یعنی حضور پر یہ الزام لگانے میں ان کا مقصد یہ ہوا کرتا تھا کہ نعوذ باللہ ثم نعوذ باللہ کہ آپ ایسا کلام سناتے ہیں جس میں محض خیال آرائی ہوا کرتی ہے اور جس کا حقیقت کے ساتھ کوئی علاقہ نہیں ہوتا۔ علامہ راغب اصفہانی اس اعتراض کا جواب دیتے ہیں کہ شعر کو وہ جھوٹ کے معنی میں استعمال کرتے تھے

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَذَكَرُوا اللَّهَ كَثِيرًا وَانتَصَرُوا مِن

بجز اُن شعراء کے جو ایمان لے آئے اور انھوں نے نیک عمل کیے ۵۸ اور کثرت سے اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں اور انتقام لیتے ہیں

بَعْدِ مَا ظُلِمُوا ۗ وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنقَلَبٍ يَنقَلِبُونَ ﴿۲۲۷﴾

اس کے بعد کہ ان پر ظلم کیا گیا۔ اور عنقریب جان لیں گے جنھوں نے ظلم و ستم کیے کہ وہ کس (بھیانک) جگہ لوٹ کر آرہے ہیں ۵۹

ع ۱۱ ۱۵

اور شاعر سے مراد اُن کے نزدیک کاذب تھا۔ اسی لیے اہلِ عرب جھوٹی دلیلوں کو اَدِلَّۂ شعریہ کہتے ہیں۔ انسا رصو و بالکذب فان الشعر یعیبہ بعد من الکذب والشاعر الکاذب حتی سمی قوم الادلۃ الکاذبۃ الشعریۃ وکون الشعر مقر الکذب قیل احسن الشعر اکذبہ (مفردات)

یعنی جھوٹ کثرت سے شعروں میں پایا جاتا ہے اسی لیے جھوٹی دلیلوں کو ادلۂ شعریہ کہتے ہیں نیز وہ شعر جس میں جھوٹ کی حد تک مبالغہ ہو بہترین شعر شمار ہوتا ہے۔

۵۸ جب پہلی آیتیں نازل ہوئیں تو حضرات حسان، عبداللہ بن رواحہ، کعب بن مالک اور کعب بن زہیر رضی اللہ عنہم روتے ہوئے حاضر ہوئے اور عرض کی یارسول اللہ شاعروں کے حق میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیتیں نازل کی ہیں ہم تو شاعر ہیں ہم ہلاک ہو گئے ہماری نجات کی کوئی صورت نہیں۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اس سے واضح ہو گیا کہ جن شعراء کی مذمت کی گئی ہے وہ وہ شاعر ہیں جو کفر و شرک کی ترویج کے لیے اور فسق و فجور کی اشاعت کے لیے اپنے ملکۂ شعر گوئی کو استعمال کرتے ہیں اور اپنی شعلہ نوائی سے کام لیتے ہوئے لوگوں کے جذبات کو اسلام کے خلاف بھڑکاتے ہیں اور بارگاہِ رسالت میں ہجو کر کے اہلِ ایمان کی دل آزاری کرتے ہیں۔ لیکن وہ شعراء جن کی ساری قوتیں اسلام کی خدمت میں اعتقادِ حقہ کی تبلیغ میں صرف ہو رہی ہیں وہ اس زمرہ میں داخل نہیں۔ چنانچہ صحابہ کرام میں بڑے بڑے جلیل المرتبت شعراء موجود تھے۔ حضرت حسان کے لیے مسجدِ نبوی میں منبر رکھا جاتا اور وہ کافر شعراء کا جواب دیتے۔ چنانچہ ایک دن ابوسفیان کی ہرزہ سرائی کے جواب میں حضرت حسان نے فرمایا ؎

هَجَوْتَ مُحَمَّدًا فَأَجَبْتُ عَنْهُ ... وَعِنْدَ اللّٰهِ فِي ذَاكَ الْجَزَاءُ

فَإِنَّ أَبِي وَوَالِدَهُ وَعِرْضِي ... لِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِنْكُمْ وِقَاءُ

أَتَشْتِمُهُ وَلَسْتَ لَهُ بِكُفْءٍ ... فَشَرُّكُمَا لِخَيْرِكُمَا الْفِدَاءُ

لِسَانِي صَارِمٌ لَا عَيْبَ فِيهِ ... وَبَحْرِي لَا تُكَدِّرُهُ الدِّلَاءُ

"اے ابوسفیان تو نے میرے محبوب کی جناب میں نازیبا باتیں کہیں اور میں اس ہجو کا تمھیں جواب دے رہا ہوں مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں مجھے اس کی جزاءِ خیر ملے گی۔

سنو! تمھاری بدزبانی سے حضور کی عزت کو بچانے کے لیے میرا باپ، میری ماں اور میری بیوی بطور سپر کام دیں گے یعنی میں اپنے باپ، اپنی ماں اور اپنی بیوی تک کو حضور کی عزت پر قربان کر دوں گا۔

تو اُس کی جناب میں نازیبا بات کہتا ہے جس کا تو ہم پایہ نہیں ہے۔ تم دونوں میں سے جو بُرا ہے وہ اس پر فدا ہو جو تم میں سے اچھا ہے۔

میری زبان تیز تلوار ہے اس میں کوئی نقص نہیں ہے اور میرا بحرِ فصاحت اتنا گہرا ہے کہ ڈول نکالنے سے وہ مکدر نہیں ہوتا۔

——— حدیث پاک میں ہے کہ حضورؐ نے فرمایا حسن الشعر کحسن الکلام قبیحہ کقبیح الکلام کہ اچھا شعر اچھے کلام کی طرح ہے اور بُرا شعر بُرے کلام کی طرح ہے۔ دوسری حدیث میں ہے ان من الشعر لحکمۃ بعض شعروں میں بڑی دانائی کی باتیں ہوتی ہیں۔

۱۱۱ آخر میں کفار کو تہدید فرمادی کہ آج تم طرح طرح کی بدزبانیاں کرتے ہو۔ عنقریب تمہیں اپنا انجام معلوم ہو جائے گا اور تمہیں پتہ چل جائے گا کہ تم کتنے غلط کار تھے۔ اللہ تعالیٰ کے کلام کی تکذیب کر کے اور اس کے محبوب مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جھوٹے الزامات لگا کر تم نے اپنے اوپر کتنا ظلم عظیم کیا تھا۔ منقلب : مرجع ومصیر۔ لوٹ کر آنے کی جگہ۔

اللہ تعالیٰ دعوتِ حق کو قبول کرنے، نورِ حق کو دیکھنے اور پہچاننے کی بروقت توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

تعارف سورۃ النمل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام:

اس سورت پاک کا نام النمل ہے جو آیت ۱۸ میں مذکور ہے اس کی آیات کی تعداد ترانوے ہے۔ یہ ایک ہزار تین سو سترہ کلموں اور چار ہزار سات سو ننانوے حروف پر مشتمل ہے۔

زمانہ نزول:

اس سورت کا تعلق بھی مکی زندگی کے درمیانی عہد سے ہے۔ جب کفار کی عداوت اپنے عروج پر تھی۔ غلط الزامات طعن و تشنیع، بہتان طرازی کے طوفان برپا کرنے کے ساتھ ساتھ وہ اہل اسلام پر ظلم و ستم کی انتہا کر رہے تھے۔

مضامین:

۱۔ آغاز میں قرآن کریم کا تعارف کرا دیا گیا ہے کہ یہ اہل ایمان کے لیے مژدۂ رحمت ہے۔ نیز یہ کسی انسان کی تصنیف نہیں جس میں قدم قدم پر زمانی اور مکانی حد بندیاں یا ماحول کے تقاضے اس کی ابدیت اور اس کی عالمگیر حیثیت کو مشکوک بنا رہے ہوں بلکہ یہ خداوند کائنات کا کلام ہے جو حکیم بھی ہے اور علیم بھی۔ جس کی حکمت اور علم ہر نقص اور خامی سے بالاتر ہیں۔

۲۔ یہاں اس حقیقت کو بھی واضح کیا گیا ہے کہ اسلام نے روز قیامت پر ایمان لانے کو کیوں ضروری قرار دیا۔ یہ عقیدہ انسانی زندگی کو سنوارنے میں ایک فیصلہ کن حیثیت رکھتا ہے۔ متعدد مثالیں دے کر اس حقیقت کو واضح کر دیا۔ پہلے فرعون (منکر قیامت) کا ذکر کیا گیا ہے کہ جب اسے ملک مصر کی محدود سلطنت ملی تو اس نے اپنے خالق کا ہی انکار کر دیا اور اپنی رعایا پر ظلم و ستم کی انتہا کر دی اپنے اقتدار کو برقرار رکھنا ہی اس کی زندگی کا مقصد وحید بن گیا اور اس مقصد کے حصول کے لیے وہ ہر بہیمانہ اور وحشیانہ حرکت کرنے پر آمادہ ہو گیا جب اس کے اپنے مقرر کیے ہوئے معیار کے مطابق حق واضح ہو گیا پھر بھی اس نے حق کو تسلیم کرنا اپنے لیے وجہ عار سمجھا۔ اہل حق کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ کر تختۂ دار پر لٹکا دیا۔ اس کی ذات حجاب اکبر بن کر اس کی بصیرت کے سامنے حائل ہو گئی۔ یہاں تک کہ وہ اپنے گناہوں کے بوجھ کے نیچے پس گیا۔ اور اپنے مظالم کے طوفان میں تنکوں کی طرح بہہ کر فنا ہو گیا۔

اس کے بعد سیدنا سلیمانؑ کی سیرت بیان کی گئی۔ آپ کی سلطنت کی حدیں فرعونی مملکت سے کہیں وسیع ہیں۔ ان کے حکم کے آگے جن و انس سرافگندہ ہیں۔ پرندے قطار اندر قطار اشارے کے منتظر ہیں ہوا کا وسیع کرہ بھی زیرنگیں کر دیا گیا ہے۔ ان کے درباریوں میں ایسے ایسے باکمال لوگ بھی ہیں جو ملک سبا سے ملکۂ سبا کا تخت چشم زدن میں اٹھا کر قدموں میں لاکر رکھ دیتے ہیں۔ بایں ہمہ کمال و جلال کیا مجال کہ دماغ میں غرور و نخوت پیدا ہو۔

آپ غور فرمایئے تاج و تخت، جاہ و جلال، زر و جواہر کے بھرے خزانے، حکمرانی کے وسیع اختیارات حضرت سلیمانؑ کو کیوں خدا فراموش نہ بنا سکے۔ ان کا دامن ظلم و تعدی کے ہر داغ سے کیوں پاک اور صاف دکھائی دے رہا ہے یہ ان کی تو ہی ہے کہ ملکۂ سبا کے نادر اور انمول تحائف کو قبول کرنے سے صاف انکار کر دیا۔ اس کے زرنگار تخت کو اپنے سامنے دیکھ سراپا تشکر و امتنان بن گئے۔ اسے اپنی کسی خوبی سے منسوب نہیں کیا بلکہ برملا کہہ دیا ھذا من فضل ربی۔ یہ محض میرے رب کا فضل ہے۔ مزید برآں احساس ذمہ داری کا اظہار ان الفاظ سے کیا لیبلونی ءاشکر ام اکفر۔ کہ میرا رب ان احسانات سے مجھے آزمانا چاہتا ہے کہ کیا میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری۔ ان ساری خوبیوں کا سرچشمہ یوم قیامت پر پختہ یقین ہے۔

وہ پستی اور یہ بلندی جس عقیدہ کا نتیجہ ہو کیا انسان کی فلاح و کامرانی کے لیے اس کی اہمیت کا انکار کیا جا سکتا ہے؟

قوم ثمود اور قوم لوط کے حالات بیان کر کے اس حقیقت کو بھی واضح کر دیا کہ جس سوسائٹی میں آخرت پر ایمان نہیں ہو گا وہاں انفرادی اور اجتماعی کردار ان غلاظتوں سے آلودہ ہو جاتا ہے جن کے تصور سے ہی انسان کا دم گھٹنے لگتا ہے حق پذیری کی صلاحیت اس حد تک مفلوج ہو جاتی ہے کہ اگر کوئی خیر اندیش محض ان کی خیر خواہی کے لیے انھیں ان رذالتوں سے باز آنے کی تلقین کرتا ہے تو وہ آپے سے باہر ہو جاتے ہیں۔ کبھی وہ انھیں شہر بدر کرنے کی دھمکی دیتے ہیں۔ اخرجوا آل لوط من قریتکم انھم اناس یتطھرون (آیت ۵۸)۔ اور کبھی شبخون مار کر اس کو اور اس کے اہل و عیال کو تہ تیغ کرنے کی سازش کرتے ہیں۔ انھیں اپنے معاشرہ پر پورا بھروسا ہوتا ہے کہ جب وہ صرف زبانی اپنی صفائی پیش کریں گے تو سب مطمئن ہو جائیں گے اور ان سے بازپرس کی زحمت تک گوارا نہیں کی جائے گی۔ تقاسموا باللہ لنبیتنہ واھلہ ثم لنقولن لولیہ ما شھدنا مھلک اھلہ وانا لصدقون (آیت ۴۹)

قرآن کریم کو یہ گوارا نہیں ہے کہ اس کے دامن عاطفت میں پروان چڑھنے والی اُمّت کا دامن ایسے بدنما داغوں سے آلودہ ہو۔

۳۔ مکّے کے باشندے تجارت پیشہ تھے ان کا ذہن کاروباری قسم کا تھا جو سود و زیاں کی گتھیاں ہی سلجھاتا رہتا۔ دنیاوی لحاظ سے زیرک و دانا ہونے کے باوجود وہ پتھر اور مٹی کے گھڑے ہوئے مجسموں کو خدا یقین کرتے۔ پانچویں رکوع میں شرک کے بطلان پر ایسے مسکت اور دندان شکن دلائل پیش کیے گئے جن کا ان کے پاس کوئی جواب نہ تھا۔ اور شرک میں مبتلا ہونے والی کسی قوم کے پاس آج بھی ان کا جواب نہیں۔

۴ - آخر میں اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم کو یہ فرما کر تسلی دے رہا ہے کہ ان کفار و مشرکین میں حق پذیری کی استعداد ہی نہیں۔ اگر اندھا سورج کی روشنی کو نہیں دیکھ سکتا تو یہ اس کی بدنصیبی ہے۔ نہ سورج کی روشنی کا قصور ہے اور نہ اس کی تابانی میں کوئی کمی ہے۔

۵ سرداران مکہ کی اس غلط فہمی کا بھی ازالہ کر دیا جس غلط فہمی میں آج بھی کئی رؤسا اور نامور لوگ مبتلا ہیں۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ اگر ہم نے اسلام قبول کر لیا تو یہ ہمارا خدا اور رسول پر بڑا احسان ہوگا۔ اور اگر ہم نے اسلام کی دعوت کو رد کر دیا تو اس سے خدائی میں کوئی کمی آجائے گی یا آفتاب نبوت کی ضیا پاشیاں مدھم پڑ جائیں گی۔ سب کو فرما دیا فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ (آیت ۹۲) یعنی یہ تمہاری خوش نصیبی ہے۔ اگر تم اس دعوت کو قبول کر لو تو تمہارے دونوں جہاں سنور جائیں گے اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو یہ تمہاری اپنی بدنصیبی ہوگی۔

سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سُورۃ النمل مکی ہے اور اس کی ۹۳ آیتیں اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

طٰسٓ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۝١ هُدًى وَّبُشْرٰى

طا سین [1] یہ آیتیں ہیں قرآن (حکیم) اور روشن کتاب کی [2] (یہ) سراپا ہدایت اور خوشخبری ہے

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝٢ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ

اہل ایمان کے لیے [3] جو ٹھیک ٹھیک ادا کرتے ہیں نماز، اور دیا کرتے ہیں زکوٰۃ [4] اور وہ

---

[1] حروف مقطعات سے ہیں۔

[2] یہاں قرآن کو معرفہ اور کتاب کو نکرہ لایا گیا ہے لیکن سورۃ الحجر میں قرآن کو نکرہ اور کتاب کو معرفہ ذکر کیا گیا ارشاد ہے: تلک آیات الکتٰب وقرآن مبین۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کا جواب دیا گیا ہے کہ قرآن اور کتاب کی دو حیثیتیں ہیں ایک یہ کہ دونوں اس کلام الٰہی کے علم (نام) ہیں جو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔ دوسری یہ کہ یہ اس کلام کی صفتیں ہیں یعنی قرآن سے مراد مقروٴ (پڑھا جانے والا) اور کتاب سے مکتوب جو لکھا جاتا ہے جہاں انھیں معرفہ ذکر کیا جائے گا وہاں بحیثیت علم (نام) مذکور ہیں اور جہاں نکرہ وہاں بحیثیت صفت (مظہری) بعض نے کتاب مبین سے لوح محفوظ مراد لی ہے اور اس کی تنکیر عظمت شان کے لیے ہے۔

[3] اگر للمؤمنین کا تعلق دونوں سے ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ اہل ایمان ہی اس کتاب مبین سے فیضیاب ہوتے ہیں اس کی تعلیمات پر عمل کر کے فلاح دارین کی سعادت حاصل کرتے ہیں اس لیے یہ انہی کے لیے باعث ہدایت ہے اور یہی اس بات کے مستحق ہیں کہ دنیا و آخرت کی کامیابی کی انھیں بشارت دی جائے۔ منکرین نے جب اس نور درخشاں کو دیکھنے سے آنکھیں بند کر لیں اور اس چشمہ شیریں سے اپنے خشک ہونٹوں کو تر ہی نہیں کیا تو اس کی درخشانیاں اور اس کی سیرابیاں گویا ان کے لیے نہیں تھیں اور نہ وہ اس قابل ہیں کہ انھیں یہ کتاب کوئی خوش خبری دے۔

ایک توجیہ یہ بھی کی گئی ہے کہ للمؤمنین کا تعلق صرف بشریٰ سے ہے یعنی اس کتاب میں ہدایت کا پیغام کافر و مومن سب کے لیے یکساں ہے لیکن بشارت کی مستحق فقط وہ جماعت ہوگی جس نے اسے قبول کیا اور اس کے سانچے میں اپنی زندگی کو ڈھالا

بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ③ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ

جو آخرت پر یقین رکھتے ہیں شہ بے شک وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم نے خوبصورت بنا دیئے ان کی

اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ④ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ

نظروں میں انکے اعمال (بد) پس وہ سرگرداں پھرتے ہیں شہ یہ وہی لوگ ہیں جن کے لیے بدترین عذاب ہے اور یہی آخرت

لیکن جو بدنصیب عمر بھر اعتراضات و شبہات ہی کرتے رہے وہ اس بات کے اہل نہیں کہ انھیں یہ کتاب کوئی دل خوش کن خبر سُنائے۔

عہ بتا دیا کہ مومن وہ نہیں ہوتا جو صرف زبان سے ایمان لانے کا دعویٰ کرے بلکہ ایمان لانے کے بعد احکامِ الٰہی کی بجا آوری کے لیے کمر ہمت باندھنا بھی ضروری ہے۔ ان احکام میں سے سب سے اہم نماز کو شرائط و آداب کی پابندی سے ہمیشہ ادا کرنا اور اپنے مال سے زکوٰۃ نکالنا ہے۔

شہ اسلام کے تمام عقائد میں اس کی اہمیت کا احساس دلانے کے لیے اسے علیحدہ ذکر کیا گیا۔ اور سچ تو یہ ہے کہ اسلام پر کاربند ہونا بچوں کا کھیل نہیں ہے۔ اپنے ارادوں، اپنی خواہشات، اپنے آرام اور اپنے اوقات، اپنی دولت اور بسا اوقات اپنی جانِ عزیز تک کا نذرانہ بھی بارگاہِ الٰہی میں پیش کرنا پڑتا ہے اور ان مرحلوں سے فقط وہی کامیابی کے ساتھ گزر سکتا ہے جس کا اُخروی زندگی پر یقین ہو۔ جہاں یہ اعتقاد ناپید ہوگا اور جس کے نزدیک زندگی اسی حیاتِ مستعار کا نام ہو تو اسے کیا پڑی ہے کہ خواہ مخواہ اپنے عیش و طرب کو بے مزہ اور تلخ بناتا رہے۔

شہ اہلِ ایمان کے ذکر کے بعد منکرین کے متعلق بتایا کہ وہ اپنے گناہوں اور بدکاریوں میں ایسے محو ہیں کہ ایک لمحہ کے لیے بھی ان سے دست کش ہونے کے لیے تیار نہیں۔ جہاں نیکی کے پھول کھلتے ہیں اور جدھر سے اعمالِ حسنہ کی مہک آتی ہے اُدھر قدم اٹھاتے ہوئے ان کا دل گھبراتا ہے گندگی کے کیڑے کی طرح ان کی ساری خوشیاں اور لذتیں غلاظت کے اس ڈھیر میں مرکوز ہو کر رہ گئی ہیں جس کی سڑاند سے ایک سلیم الطبع انسان کا دم نکلنے لگتا ہے۔ یہاں فرمایا ہم نے ان کے لیے ان کے بُرے اعمال کو مزین کر دیا ہے لیکن دوسری جگہ ہے زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ شیطان نے ان کے بُرے عملوں کو ان کی نگاہوں میں خوبصورت بنا دیا ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کا مختصر جواب یہ ہے کہ فعل کی نسبت کبھی سبب کی طرف کی جاتی ہے اور کبھی مسبب کی طرف اور دونوں درست ہیں۔ زین لهم الشیطن میں تزئین کی نسبت سبب کی طرف کی گئی ہے اور اس آیت میں مسبب کی طرف۔

شہ یعنی ان کے دل کی آنکھ اندھی ہے۔ وہ بدکاریوں کے انجام کو نہیں دیکھ سکتی۔ ای لایدرکون عواقب امرھا۔ علامہ جوہری لکھتے ہیں العمۃ: التحیر والتردد (الصحاح) حیرت اور تردد لیکن علامہ اصفہانی کی تشریح بڑی واضح ہے

فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝۵ وَ اِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ

میں سب سے زیادہ گھاٹے میں ہوں گے۔ اور بے شک آپ کو سکھایا جاتا ہے قرآن حکیم بڑے دانا سب

حَكِیْمٍ عَلِیْمٍ ۝۶ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖۤ اِنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا ؕ سَاٰتِیْكُمْ

کچھ جاننے والے کی جانب سے شہ یاد فرماؤ جب کہا موسیٰ نے اپنی زوجہ سے کہ میں نے دیکھی ہے آگ۔ ابھی لے آتا ہوں تمہارے

مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِیْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝۷

پاس وہاں سے کوئی خبر یا لے آؤں گا تمہارے پاس (اس آگ سے) کوئی شعلہ سلگا کر ۹ تاکہ تم اسے تاپو۔ پھر جب

فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِیَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَ مَنْ حَوْلَهَا ؕ وَ سُبْحٰنَ

اس کے پاس پہنچے تو ندا آئی شہ کہ بابرکت ہو جو اس آگ میں ہے اور جو اس کے آس پاس ہے۔ اور پاک ہے

العمه: التردد فی الامر من التحیر (مفردات) یعنی کسی کام میں تحیر کے باعث متردد ہونا۔

شہ یعنی آپ کو یہ قرآن کوئی انسان یا جن آکر سکھا نہیں جاتا بلکہ وہ خداوند کریم تمہیں قرآن سکھاتا ہے جو حکمت و علم کی صفات جلیلہ عظیمہ سے متصف ہے۔

۹ حضرت شعیب علیہ السلام کی دس سال تک بکریاں چرانے کے بعد آپ اپنی اہلیہ کے ساتھ مصر واپس جا رہے ہیں۔ جاڑوں کا موسم ہے۔ رات کا وقت ہے۔ ہر طرف تاریکی چھائی ہوئی ہے۔ سخت ٹھنڈک محسوس کر رہے ہیں۔ اپنی منزل کا راستہ بھی معلوم نہیں۔ اسی کشمکش میں دور سے آگ چمکتی ہوئی نظر آئی۔ اپنی اہلیہ سے فرمایا تم یہاں ٹھہرو میں وہاں جاتا ہوں، آگ جل رہی ہے ضرور کوئی آبادی ہوگی۔ کسی سے مصر کا صحیح راستہ بھی دریافت کروں گا ورنہ آگ کا شعلہ لے آؤں گا۔ الاؤ جلائیں گے اور آگ تاپیں گے۔

(صطلی: آگ سینکنا۔ شهاب: شعلة نار ساطعة۔ آگ کا چمکتا ہوا شعلہ (صحاح)

والقبس اسم لما یقتبس من جمر وما شبهه (قرطبی) یعنی وہ آگ جو کسی انگارہ وغیرہ سے سلگائی جائے آپ کا مقصد یہ ہے کہ وہاں جو آگ جل رہی ہے اس سے کوئی لکڑی وغیرہ سلگا کر لے آؤں گا اور یہاں اس سے الاؤ جلائیں گے۔

شہ جب وہاں پہنچے تو وہاں عجیب ہی منظر دیکھا۔ آگ ہے، بڑی روشن آگ لیکن نہ دھواں ہے اور نہ تپش۔ اس کے بیچ ایک سرسبز درخت کھڑا ہے اسے جلا نہ کر گیا۔ وہ اس کی رنگت کو اور نکھار رہی ہے اچانک آواز آئی بڑی بابرکت ہے وہ ذات جو اس آتش نما نور میں ہے اور اس کا سارا ماحول مبارک ہے۔

اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۸ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۹

(مقتیل سے) پاک ہے اللہ جو رب العلمین ہے [11] اے موسیٰ! وہ میں اللہ ہی ہوں [12] عزت والا دانا [13]

وَاَلْقِ عَصَاكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَاۗنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۭ

اور ذرا زمین پر ڈال دو اپنے سونٹے کو [14] اب جو اسے دیکھا تو وہ (اس طرح) لہرا رہا تھا جیسے سانپ ہو آپ پیٹھ پھیر کر

يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۣ اِنِّىْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝۱۰ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ

وہاں سے چل دیئے اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا (فرمایا) اے موسیٰ! ڈرو نہیں میرے حضور ڈرا نہیں کرتے جنھیں رسول بنایا جاتا ہے مگر وہ شخص

[11] آگ کا ایک جگہ پایا جانا اس سے انا اللہ کی آواز کا سنائی دینا اس سے یہ غلط فہمی پیدا ہو سکتی تھی کہ اللہ تعالیٰ کسی محدود مکان میں سما جاتا ہے اور انسانوں کی طرح مخصوص زبان سے گفتگو فرماتا ہے کیونکہ اس تجلی اور ظہور کی کیفیت کے ادراک سے ہمارے حواس قاصر ہیں اس لیے اس شبہ کے ازالے کا یہی بہترین طریقہ تھا جو اختیار کیا گیا۔ فرمایا سبحان اللہ رب العلمین یعنی اللہ تعالیٰ پاک اور منزہ ہے جہت و مکان سے اور ان تمام عیوب سے جو حدوث کو مستلزم ہیں۔

[12] انہ کی ضمیر شان بھی ہو سکتی ہے اور یہ بھی درست ہے کہ اس کا مرجع ندا کرنے والا (یعنی اللہ تعالیٰ) ہو۔ میں نے ترجمہ اسی کے مطابق کیا ہے۔

[13] یہ آگ نما جو چیز تمھیں نظر آ رہی ہے یہ میں خدا ہوں جو عزیز و حکیم ہے۔

[14] موسیٰ علیہ السلام کو پہلی بار یہ تجربہ ہوا تھا۔ ان کے دل میں یہ یقین راسخ کرنے کے لیے کہ یہ آواز خدائی آواز ہے کسی جن یا شیطان کی آواز نہیں اور جو کچھ وہ دیکھ رہے ہیں یہ حسن ازل کی جلوہ نمائی ہے، تخیل کی فسوں کاری نہیں۔ آپ کو چند معجزے بھی عطا فرما دیئے۔

قرآن کریم میں عصا کے سانپ بننے کو مختلف الفاظ سے بیان کیا گیا ہے کبھی اسے حیۃ کہا گیا اور کبھی ثعبان اور کبھی جآن۔ حیۃ مطلق سانپ کو کہتے ہیں چھوٹا ہو یا بڑا۔ ثعبان اژدہا کو کہا جاتا ہے اور جآن اس سانپ کو کہتے ہیں جو چھوٹا اور پتلا ہو تعبیر میں اس اختلاف کی وجہ کیا ہے؟ بعض علماء نے تو یہ جواب دیا کہ عصا جب سانپ بنتا تو ایک ہی شکل اختیار نہ کرتا۔ جب عام سانپ کی شکل اختیار کرتا تو اسے حیۃ کہا گیا جب باریک سانپ بنا تو اسے جان کہا اور فرعون کے دربار میں ساحران مصر کے سانپوں پر جب جھپٹا تو اس وقت اژدہا کی صورت میں نمودار ہوا۔ اور بعض علماء کا یہ خیال ہے کہ تھا وہ اژدہا لیکن اس میں پھرتی اور تیزی اس بلا کی تھی جیسے "جآن" میں ہوتی ہے۔ اس کی جسامت اور حجم کا لحاظ کیا تو اسے ثعبان کہہ دیا اور اس کی پھرتی اور تیزی کا خیال کیا تو اسے "جآن" کہا۔ المعنی انقلبت ثعبانا تهتز کانها

ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًا بَعْدَ سُوٓءٍ فَاِنِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۱﴾ وَ اَدْخِلْ یَدَكَ

جو زیادتی کرے ؁۱۵ (وہ ڈرے) پھر (وہ ظالم بھی) اگر نیکی کرنے لگے برائی کرنے کے بعد تو میں بیشک غفور رحیم ہوں ؁۱۷ اور ڈالو

فِیْ جَیْبِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوٓءٍ فِیْ تِسْعِ اٰیٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ

اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ؁۱۸ وہ نکلے گا سفید چمکتا ہوا بغیر کسی تکلیف کے (یہ دو معجزے) ان نو معجزات سے ہیں جن کے

وَ قَوْمِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ﴿۱۲﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰیٰتُنَا مُبْصِرَةً

ساتھ آپ کو فرعون اور اس کی قوم کی طرف بھیجا گیا بیشک وہ بڑے سرکش لوگ ہیں پس جب آئیں انکے پاس ہماری نشانیاں

قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۳﴾ وَ جَحَدُوْا بِهَا وَ اسْتَیْقَنَتْهَاۤ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا

بصیرت افروز تو انھوں نے کہا یہ تو جادو ہے کھلا ہوا۔ اور انھوں نے انکار کر دیا ان کا حالانکہ یقین کر لیا تھا انکی صداقت کا ان کے

وَّ عُلُوًّا ؕ فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۱۴﴾ وَ لَقَدْ اٰتَیْنَا

دلوں نے، (ان کا انکار) محض ظلم اور تکبر کے باعث تھا پس آپ ؁۱۹ ملاحظہ فرمایئے کیا ہولناک انجام ہوا فساد برپا کرنے والوں کا اور یقیناً ہم نے

جآنّ لها اعظم الثعبان وخفة الجآنّ واهتزازه وهي حية تسعیٰ (قرطبی)

؁۱۵ یہ عصا تو عرصہ سے ان کے پاس تھا جب آپ نے اسے اچانک خوفناک سانپ بنتے دیکھا تو ڈر گئے اور وہاں سے بھاگے، ندا آئی موسیٰ! انھیں منصب رسالت پر فائز کیا گیا ہے اور رسول جب ہمارے دربار میں حاضر ہوں تو وہ ڈرا نہیں کرتے

؁۱۶ ڈرتا وہ ہے جو ظالم ہو اور تم تو ہمارے رسول ہو۔

؁۱۷ اگر ظلم کرنے کے بعد بھی کوئی سچے دل سے تائب ہو جائے تو میں اس کے گناہ بخش دیتا ہوں اور خوف و حزن سے نجات دے دیتا ہوں۔ ترغیب و ترہیب کا کیا عمدہ امتزاج ہے۔ نافرمان کو نافرمانی کے انجام سے ڈرایا بھی گیا اور مجرم پھر بھی اس کو اپنی رحمت واسعہ سے مایوس ہونے کا موقعہ نہیں دیا۔

؁۱۸ دوسرا معجزہ ید بیضا کا عطا ہوا اس کے علاوہ سات اور معجزوں سے مؤید فرما کر فرعون کی طرف روانہ کیا تاکہ وہ راہ راست اختیار کرے۔

؁۱۹ موسیٰ علیہ السلام نے اسے راہ راست پر چلنے کی دعوت دی۔ اسے بتایا کہ میں خدا کا رسول ہوں اور اس نے مجھے تیری طرف بھیجا ہے اسے اور اس کی قوم کو اپنی صداقت کے روشن معجزات بھی دکھائے۔ ان کے دلوں میں یقین

دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰى

عطا فرمایا داؤد اور سلیمان کو علم ۲۰ اور انھوں نے کہا سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے برگزیدہ کیا

كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۵ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ

ہمیں اپنے بہت سے مومن بندوں پر ۲۱ اور جانشین بنے سلیمان داؤد کے ۲۲ اور فرمایا:

پیدا ہو گیا کہ موسیٰ غلط نہیں کہہ رہا واقعی وہ اللہ تعالیٰ کا رسول ہے لیکن اپنا تخت و تاج بچانے کے لیے اور دیگر ذاتی مفادات کے پیش نظر وہ یہی کہتے رہے کہ یہ جادوگر ہے۔ اس انکار اور تعصب کا نتیجہ یہ نکلا کہ انھیں سمندر کی موجیں خس و خاشاک کی طرح بہا لے گئیں اور کوئی ایسی آنکھ بھی نہ بچی جو ان کی بربادی پر دو آنسو ہی بہاتی۔

۲۰ فرعون کو مصر کی حکمرانی ملی تو اس نے خدائی کا دعویٰ کر دیا اور غریب رعایا پر ظلم و ستم کی انتہا کر دی شاہی خزانے کو اپنی ذاتی ملکیت سمجھ لیا۔ اس کے مقابلے میں اب ایک ایسی ہستی کا ذکر ہو رہا ہے جو سلطنت کی وسعت، دولت کی کثرت کے اعتبار سے کئی گنا زیادہ ہے جس کے جاہ و جلال کا یہ عالم ہے کہ شیاطین جن و انس اس کے سامنے سر جھکائے کھڑے رہتے ہیں۔ ہوا کا کرہ اس کے زیر فرمان ہے۔ اس کے باوجود نہ وہ خدا فراموش ہے نہ وہ ظالم و جابر ہے نہ عیاش و بدکار اس کا ہر لمحہ اپنے رب کی یاد میں بسر ہوتا ہے اور اپنے منعم حقیقی کا ہر وقت شکر ادا کرتا رہتا ہے۔ ان دو فرمانرواؤں کے اس طرز عمل میں اس تفاوت کی وجہ کیا ہے؟ اس کی وجہ وہ علم ہے جو اللہ تعالیٰ نے داؤد و سلیمان علیہما السلام کو دیا اور جس سے فرعون محروم تھا اس علم سے مراد ذات خداوندی اور صفات الٰہی کی معرفت، دنیا کی ناپائیداری کا یقین، روز قیامت پر پختہ ایمان ای علما بذات اللہ تعالیٰ سبحانہ علی حسب الطاقۃ البشریۃ وبصفاتہ وباحکامہ وباحوال المبدأ والمعاد الخ (مظہری)۔ جہاں بھی یہ علم پایا جاتا ہے انسان عزت و عظمت کے بلند ترین مقامات پر فائز ہونے کے باوجود بھی بدمست نہیں ہوتا۔ ناشکری اور نافرمانی کی روش کبھی اختیار نہیں کرتا۔ یہ حقیقت ایک لمحہ کے لیے بھی اس کی آنکھوں سے اوجھل نہیں ہوتی کہ اسے ایک روز اپنے مالک حقیقی کے دربار میں اپنے اعمال کی جواب دہی کے لیے حاضر ہونا ہے۔ قرآن کریم اپنے ماننے والوں کے دل و دماغ کو اسی علم کی روشنی سے منور کرنا چاہتا ہے جسے یہ علم حاصل ہو گیا وہ اٹھارہ لاکھ مربع میل کا فاتح ہونے کے باوجود پیوند لگا ہوا کرتا پہنتا ہے۔ سوکھی روٹی کھاتا ہے اور اپنے دُرّے کا تکیہ بنا کر فرش زمین پر سو جاتا ہے۔ اس کے عدل و انصاف سے گلشن ہستی میں پھر بہار آ جاتی ہے۔

۲۱ اس نعمت عظمیٰ پر جس انداز میں وہ اپنے منعم حقیقی کی حمد و ثنا کر رہے ہیں وہ بتا رہا ہے کہ انہیں اس نعمت کی قدر و قیمت کا پورا پورا احساس ہے۔

۲۲ حضرت داؤد علیہ السلام کے متعدد فرزند تھے اور ہر ایک میں سے ان کی کثیر اولاد تھی حضرت سلیمان علیہ السلام

يَأَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَأُوتِينَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ إِنَّ

لوگو! ۳۳ ہمیں سکھائی گئی ہے پرندوں کی بولی اور ہمیں عطا کی گئی ہیں ہر قسم کی چیزیں ۳۴ بے شک

هَٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِينُ ﴿١٦﴾ وَحُشِرَ لِسُلَيْمَانَ جُنُودُهُ مِنَ الْجِنِّ

یہی ۳۵ وہ نمایاں بزرگی ہے (جو ہمیں مرحمت ہوئی) اور فراہم کیے گئے سلیمانؑ کے لیے لشکر ۳۶ جنوں،

آپ کے سب سے چھوٹے فرزند تھے۔ جس میراث کا یہاں ذکر ہو رہا ہے اگر اسے مال و جائداد کی میراث سمجھا جائے اور کہا جائے کہ آپ کے سارے مال و جائداد کے وارث صرف حضرت سلیمانؑ بنے اور باقی تمام بیٹے اور بیٹیاں محروم کر دی جائیں تو اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے۔ اس لیے یہ ماننا پڑے گا کہ حضرت سلیمان کو جو وراثت ملی وہ ملک اور نبوت کی وراثت تھی اور احادیث صحیحہ بھی اسی کی تائید کرتی ہیں کہ نبی مال و جائداد کی میراث نہیں چھوڑتا بلکہ علم و حکمت کی دولت چھوڑتا ہے۔ اس کی مزید وضاحت سورۃ مریم کی آیت ۶ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

دوسرے تاریخی حوالوں کے علاوہ بائیبل کی تصریحات سے بھی پتہ چلتا ہے کہ آپ کے کثیر التعداد فرزند تھے۔ چنانچہ سلاطین باب اوّل میں ہے۔

"جب حضرت داؤد بیمار ہوئے تو ان کے ایک بیٹے ادونیاہ نے سر اٹھایا اور کہنے لگا میں بادشاہ ہوں گا اس نے ایک بڑی دعوت کا اہتمام کیا اور اپنے سب بھائیوں یعنی بادشاہ کے بیٹوں اور سب یہوداہ کے لوگوں کی جو بادشاہ کے ملازم تھے پر ..... اپنے بھائی سلیمان کو نہ بلایا" آیت نمبر ۵-۹-۱۰

۳۳ اللہ تعالیٰ نے جن خصوصی انعامات سے آپ کو سرفراز فرمایا تھا ان میں سے ایک یہ انعام بھی تھا کہ آپ پرندوں کی بولیاں سمجھ لیتے تھے۔ ہمارا یہ روزمرہ کا مشاہدہ ہے کہ مختلف پرندے مختلف اوقات اور حالات میں مختلف قسم کی آوازیں نکالتے ہیں۔ آپس میں جب محبت کر رہے ہوتے ہیں تو ان کی آواز اور ہوتی ہے جب ایک دوسرے سے لڑتے ہیں تو اور۔ جب کوئی شکاری پرندہ ان پر جھپٹتا ہے تو اور۔ غرضیکہ مختلف حالات میں ان کی صوتی کیفیتیں بدلتی رہتی ہیں جنہیں دوسرے پرندے اچھی طرح سمجھتے ہیں جس سے پتہ چلتا ہے کہ انہیں اظہار خیال کے لیے بھی اللہ تعالیٰ نے قوت نطق ارزانی فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ اگر اپنے ایک پیغمبر کو ان کے کلام کے مفہوم پر مطلع کر دے تو کیا بعید ہے۔

۳۴ اس کا مفہوم حضرت ابن عباسؓ سے یوں منقول ہے ما یحتاج الیه علیه السلام من امر الدنیا والآخرۃ یعنی جن چیزوں کی انہیں دنیا و آخرت میں ضرورت تھی وہ بکثرت آپ کو عطا کی گئیں۔

۳۵ ان سب نعمتوں کے ذکر کے بعد یہ تصریح کر دی کہ ان میں سے کوئی چیز میری ذاتی نہیں ہے بلکہ میرے رب نے مجھے یہ بخشی ہیں اور یہ بخشش و عطا محض اس کا فضل و کرم ہے

وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ

انسانوں اور پرندوں سے پس وہ نظم وضبط کے پابند ہیں ۲۶ یہاں تک کہ جب وہ گزرے چیونٹیوں کی وادی

قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ

سے ۲۷ تو ایک چیونٹی کہنے لگی اے چیونٹیو! گھس جاؤ اپنی بلوں میں کہیں کچل کر نہ رکھ دیں تمہیں سلیمان اور

۲۵ حضرت سلیمان علیہ السلام کے لشکر کا ذکر ہو رہا ہے کہ وہ تین حصوں پر مشتمل تھا جن، انسان اور پرندے۔ بعض لوگ جو قرآن کریم کو اپنے خیالات اور مزعومات کا لباس پہنانا ہی قرآن دانی کا کمال سمجھتے ہیں۔ انھوں نے اس آیت کی تشریح اس طرح کی ہے کہ جن سے مراد جنات نہیں بلکہ وہ پہاڑی قبائل ہیں جو بدنی لحاظ سے بڑے طاقتور تھے اور جن کو حضرت سلیمان نے اپنا باجگزار بنا لیا تھا اور طیور سے مراد پرندے نہیں بلکہ تیز رفتار گھوڑوں پر سوار فوجی دستے مراد ہیں کاش وہ "انس" کا بھی کوئی ایسا معنی گھڑ لیتے جس سے یہاں اس کا استعمال درست ہو جاتا۔ جب جن سے مراد جنگلی قبائل ہیں جو انسان ہیں اور طیور سے مراد گھوڑ سوار ہیں اور وہ بھی انسان ہیں تو ان دونوں لفظوں کے درمیان "الانس" یعنی انسان بیان کرنے کا کیا مقصد ہو سکتا ہے۔ عطف تغائر پر دلالت کرتا ہے اور آیت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ جن اور طیور، انس کی طرح دو الگ الگ نوع ہیں۔

کوئی لفظ اگر بطور مجاز کسی دوسرے معنی میں مستعمل ہو تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہوتا کہ اب جہاں یہ لفظ مستعمل ہو گا وہاں اس کا مجازی معنی ہی مراد ہو گا بلکہ مجازی معنی لینے کے لیے شرط اول یہ ہے کہ وہاں اس کا حقیقی معنی نہ لیا جا سکتا ہو۔ نیز کوئی ایسا قرینہ بھی موجود ہو جو اس مجازی معنی کا تعین کرے جب یہاں یہ دونوں شرطیں مفقود ہیں تو ان الفاظ کے حقیقی معنوں کو نظر انداز کر کے دور از کار تاویلات کرنا یقیناً جابلانہ جسارت ہے۔

۲۶ وزع کہتے ہیں روکنے اور منع کرنے کو۔ اصل الوزع الکف والمنع (روح المعانی)

اس سے مدعا یہ ہے کہ افواج کی کثرت کے باوجود وہاں بدنظمی اور انتشار کا نام ونشان تک نہ تھا۔ فوج کا ہر حصہ لشکر کا ہر دستہ سفر و حضر میں فوجی نظم وضبط کی سختی سے پابندی کیا کرتا۔ یہاں ایک امر کی طرف قارئین کی توجہ مبذول کرانا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس موقع پر بعض مفسرین نے حضرت سلیمان کے لشکر، آپ کے تخت اور مملکت کے متعلق بڑی مبالغہ آمیز اور عجیب و غریب باتیں لکھی ہیں۔ ان کو نقل کرنے کے بعد علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ ان میں اکثر روایات پایۂ اعتبار سے ساقط ہیں ہمیں صرف انہی باتوں پر یقین کرنا چاہیے جو قرآن کریم اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہیں۔ اگر آپ ان مبالغہ آمیز باتوں کو صحیح ثابت کرنے کے لیے کوشش کرتے ہیں تو آپ گویا بے دین لوگوں کے لیے دین کا مذاق اڑانے کا دروازہ اپنے ہاتھوں سے کھول رہے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ یہ مبالغہ آمیز قصے لوگوں کو اسلام سے متنفر کرنے کے لیے زندیقوں نے وضع کیے ہوں۔ وایاک من الانتصار لما لا صحۃ لہ .... من مبالغات شنیعۃ .... فتفتح بذالک باب السخریۃ بالدین العیاذ باللہ و

لا یبعد ان یکون اکثر ما تضمن مثل ذلک من وضع الزنادقة یریدون به التنفیر من دین الاسلام (روح المعانی)

شلہ ایک دفعہ آپ اپنے لشکر جرار کے ہمراہ کہیں تشریف لے جا رہے تھے جہاں سے آپ نے گزرنا تھا وہاں چیونٹیوں کی ایک آبادی تھی اس کے سردار نے جب دیکھا کہ حضرت سلیمان اپنے لشکر کے ساتھ ادھر سے گزرنے والے ہیں تو اس نے تمام چیونٹیوں کو اپنی اپنی بلوں میں گھس جانے کا حکم دیا ایسا نہ ہو کہ آپ کا لشکر گزرے اور وہ بے خبری میں ان کو روندتا چلا جائے اور یہ سب کی سب پس کر رہ جائیں۔ حضرت سلیمانؑ ابھی اس وادی سے تین میل کے فاصلہ پر تھے جبکہ آپ نے اس چیونٹی کی آواز کو سنا۔ آپ سن کر ہنس دیے اور پھر اللہ تعالیٰ سے اس کی جلیل القدر نعمتوں پر شکر کی توفیق مانگنے لگے جس نے آپ کو دیگر انعامات کے ساتھ اتنی قوت سمع عطا فرمائی کہ اتنی دور سے آپ ننھی سی چیونٹی کی آواز سن سکتے ہیں۔

آیت میں آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ وہ چیونٹی جب انھیں ہدایت دے رہی ہے تو جمع مذکر کے صیغے اور ضمائر استعمال کر رہی ہے۔ حالانکہ قاعدہ کے مطابق جمع غیر ذوی العقول کے لیے واحد مؤنث کا صیغہ اور ضمیر استعمال ہونی چاہیے۔ اس کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ ہماری نسبت سے بیشک وہ غیر ذوی العقول ہیں لیکن وہ ایک دوسرے کی بات سمجھتی ہیں اور اس کے مطابق عمل کرتی ہیں اس لیے وہ اپنی نسبت سے ذوی العقول ہیں۔ اگر ان چیونٹیوں کے افعال و کردار کا بنظر غائر مطالعہ کیا جائے تو ماننا پڑتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انھیں بھی انسان کی طرح ایسی عقل دی ہے جو کلیات کا ادراک کر سکتی ہے۔ وہ انسانوں کی طرح مختلف قبائل اور خاندانوں میں بٹی ہوتی ہیں۔ ہر کام کے لیے الگ الگ چیونٹیاں متعین ہوتی ہیں۔ مثلاً خوراک کی بہم رسانی کے لیے الگ اور اپنی بستی کی نگہبانی اور دفاع کے لیے الگ اور دشمن کا مقابلہ کرنے کے لیے ان کا علیحدہ لشکر ہوتا ہے جو مختلف حصوں میں بٹا ہوتا ہے اور اس کی نگرانی کے لیے علیحدہ علیحدہ جرنیل متعین ہوتے ہیں۔ نیز جب وہ گندم وغیرہ کے دانے اپنے گوداموں میں ذخیرہ کرتی ہیں تو ان کو کاٹ کر دو ٹکڑے کر دیتی ہیں تاکہ اگر انھیں نمی پہنچے تو وہ اگ نہ پڑیں لیکن جب وہ مسور اور دھنیا کا ذخیرہ کرتی ہیں تو ان کے چار چار ٹکڑے کرتی ہیں۔ کیونکہ ان کا نصف حصہ بھی اگ جاتا ہے۔ ان حالات کے پیش نظر علامہ آلوسی لکھتے ہیں ھذا و امثالہ یحتاج الی علم کلی استدلالی وھو یحتاج الی نفس ناطقة و قد برهن شیخ الاشراق و اتباعه شیخ الاشراق علی ثبوت النفس الناطقة لجمیع الحیوان (روح المعانی)۔ یہاں بھی اسلام کے بعض کرم فرما تاویل کرنے پر مجبور ہو گئے اور کہہ دیا کہ وادی نمل اس وادی کا نام ہے جہاں ایک بنی نمل نامی قبیلہ آباد تھا اور نملہ سے مراد ان کا ایک فرد ہے جس نے حضرت سلیمانؑ کے لشکر کو دیکھ کر اپنی قوم کو بروقت متنبہ کیا۔

لیکن ان کی پہلی تاویلات کی طرح نصوص قرآنیہ اس تاویل کو بھی رد کر رہی ہیں۔ کیونکہ یہ کیسے ممکن ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام جیسے نبی اور عادل فرمانروا کا لشکر اتنا ظالم ہو کہ وہ ایک انسانی بستی کو روندتا ہوا گزر جائے اور اس کو تاخت و تاراج کر دے نیز اگر اس قبیلے کے سردار کو یہ خدشہ پیدا ہوا تو اسے چاہیے تھا کہ وہ اپنے قبیلہ کو یہ مشورہ دیتا کہ یہاں سے بھاگ جاؤ اور پہاڑوں میں جا کر پناہ لو تاکہ لشکر سلیمانی کی تاخت و تاراج سے تم محفوظ رہو۔ سب سے بڑی بات جو ان کی تاویل کو مضحکہ خیز بناتی ہے وہ یہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا اس کی بات پر تعجب کرنا، پھر مسکراتے ہوئے ہنس دینا اور پھر اس کو اللہ

وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ

ان کے لشکر اور انھیں معلوم ہی نہ ہو (کہ تم پر کیا گزر گئی) تو سلیمان ہنستے ہوئے مسکرا دیے اس کی اس بات سے اور عرض

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ

کرنے لگے میرے مالک! مجھے توفیق دے تاکہ میں شکر ادا کروں تیری نعمت (عظمیٰ) کا جو تو نے مجھ پر فرمائی اور میرے والدین پر

وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ

نیز (مجھے توفیق دے کہ) میں وہ نیک کام کروں جسے تو پسند فرمائے اور شامل کر لے مجھے اپنی رحمت کے باعث اپنے نیک بندوں

الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۹﴾ وَتَفَقَّدَ الطَّیْرَ فَقَالَ مَا لِیَ لَآ اَرَی الْهُدْهُدَ ۖ اَمْ كَانَ

میں۔ اور آپ نے (ایک روز) پرندوں کا جائزہ لیا ۲۰ تو فرمانے لگے کیا وجہ ہے کہ مجھے (آج) ہدہد نظر نہیں آرہا یا وہ

تعالیٰ کی ایک نعمت عظمیٰ قرار دے کر شکر کی توفیق مانگنا بالکل بے محل ہوگا۔

۲۰ حضرت سلیمان کے لشکر میں پرندوں کا بھی ایک دستہ ہوا کرتا تھا۔ ایک بیدار مغز اور مدبر فرمانروا ہونے کی وجہ سے آپ اپنے لشکر کی کڑی نگرانی کیا کرتے تھے تاکہ کوئی اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر نہ ہو اور فوجی نظم و ضبط میں کسی طرح کی گڑبڑ پیدا نہ ہو۔ چنانچہ آپ نے جب پرندوں کے دستہ کا جائزہ لیا تو ہدہد کو غیر حاضر پایا۔ آپ جیسا منتظم اور مدبر بادشاہ یہ کب گوارا کر سکتا تھا کہ آپ کی اجازت کے بغیر آپ کا کوئی لشکری جدھر چاہے چلا جائے آپ نے از راہ حیرت فرمایا کہ آج ہدہد دکھائی نہیں دے رہا وہ کہاں لاپتہ ہو گیا اگر اس نے اپنی غیر حاضری کی کوئی معقول وجہ بیان نہ کی تو اسے فوجی ڈسپلن کی خلاف ورزی کرنے کے سنگین جرم کے باعث عبرتناک سزا دی جائے گی۔ تفقد: تطلب ما غاب من شیئ۔ کسی گمشدہ چیز کو تلاش کرنا۔ طیر: اسم جمع ہے۔ اس کا واحد طائر ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ حاکم کا فرض ہے کہ وہ اپنی رعایا کے حالات کا جائزہ لیتا رہے۔ ایسا نہ ہو کہ اس کی بے خبری کی وجہ سے طاقتور کمزوروں پر ظلم ڈھاتے رہیں۔ ان کے حقوق کو پامال کرتے رہیں۔ حضرت فاروق اعظم پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائے۔ وہ ہمیشہ اپنی رعایا کے احوال سے باخبر رہا کرتے۔ آپ نے ایک دفعہ فرمایا لو ان سخلة علی شاطئ الفرات اخذها الذئب لیسأل عنها عمر۔ یعنی اگر یہاں سے دور دراز علاقہ میں دریائے فرات کے کنارے پر کسی بھیڑ کے بچے کو کوئی بھیڑیا پکڑ لے تو اس کے لیے بھی عمر کو جوابدہ ہونا پڑے گا۔ اس کے بعد علامہ موصوف حسرت و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اپنے زمانہ کے حکام کی بے خبری اور فرض ناشناسی پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں۔

مِنَ الْغَآىِٕبِيْنَ ﴿۲۰﴾ لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗۤ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ

ہے ہی غیر حاضر۔ واگر وہ غیر حاضر ہے) اگر میں ضرور اسے سخت سزا دوں گا یا اسے ذبح ہی کر ڈالوں گا یا اسے لانا پڑیگی

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۱﴾ فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ

میرے پاس کوئی روشن سند۔ پس کچھ زیادہ دیر نہ گزری ؂ (کہ وہ آگیا) اور کہنے لگا میں ایک ایسی اطلاع لے کر آیا ہوں

بِهٖ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍۭ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ﴿۲۲﴾ اِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ

جس کی آپ کو خبر نہ تھی اور (وہ یہ کہ) میں لے آیا ہوں آپکے پاس ملک سبا سے ایک یقینی خبر ؂ پایا ایک عورت کو جو ان کی حکمران ہے

؂ تھوڑی دیر ہی گزری تھی کہ ہدہد حاضر ہو گیا اور اپنی غیر حاضری کی وجہ بیان کرتے ہوئے عرض کی کہ میں ایک ایسی خبر لایا ہوں جس کا پہلے آپ کو علم نہیں۔ میں سبا کے ملک میں گیا تھا وہاں کے حالات کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا ہے اور وہی چشم دید یقینی حالات عرض خدمت کرتا ہوں۔ سبأ اسم مدینة تعرف بمأرب بالیمن بینها و بین صنعاء مسیرة ثلثة ایام (قرطبی) یاقوت حموی معجم البلدان میں سبا کے متعلق لکھتے ہیں۔ ارض بالیمن مدینتها مارب بینها و بین صنعاء مسیرة ثلثة ایام: سبا یمن کے ایک علاقہ کا نام ہے جس کا مرکزی شہر مارب ہے جو صنعاء (یمن کا موجودہ دارالحکومت) سے تین دن کی مسافت پر ہے۔ یشجب بن یعرب بن قحطان کے بیٹے سبا نامی کی اولاد وہاں آباد ہوئی اس لیے یہ علاقہ سبا کہلایا (معجم البلدان جلد ۳ صفحہ ۱۸۱ طبع بیروت)۔

علامہ قزوینی نے آثار البلاد میں اس کے متعلق تفصیلاً لکھا ہے جس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔ سبا ایک شہر کا نام ہے جسے سبا ابن یشجب بن یعرب بن قحطان نے آباد کیا تھا۔ یہ شہر دفاعی لحاظ سے بہت مستحکم اور گنجان آباد تھا۔ اس کی ہوا بڑی پاکیزہ اور پانی بہت میٹھا تھا۔ باغات کی کثرت تھی جن کے پھل بڑے لذیذ تھے طرح طرح کے حیوانات بکثرت پائے جاتے تھے صفائی کا یہ حال تھا کہ مکھی مچھر کا نام ونشان تک نہ تھا۔ اردگرد پہاڑوں کا سلسلہ تھا۔ بارش ہوتی پانی بہ کر ریگستانوں میں ضائع ہو جاتا۔ ملکہ بلقیس کے عہد حکومت میں دو پہاڑوں کے درمیان ایک زبردست بند (DAM) تعمیر کیا گیا جس سے بارش کا پانی جمع ہو جاتا۔ اس بند میں پانی کے اخراج کے اوپر نیچے کئی سوراخ تھے جب ضرورت انہیں کھول کر پانی لے لیا جاتا جو مختلف نہروں کے ذریعہ تمام علاقہ کو سیراب کرتا۔ لوگ بہت خوش حال ہو گئے۔ خوش حالی اپنے ہمراہ عیش وعشرت اور فسق وفجور لے آئی۔ جب ان کی نافرمانیاں حد سے تجاوز کر گئیں تو قہر الٰہی سیلاب کی صورت میں ظاہر ہوا۔ بند ٹوٹ گیا، سارا علاقہ برباد ہو گیا۔ اس کا ذکر قرآن میں کئی مواقع پر آیا ہے۔ وہاں مزید وضاحت کی جائے گی۔

؂ ہدہد وہاں کے حالات بتا رہا ہے۔ ملکہ سبا کے تخت کے متعلق علامہ قرطبی نے حضرت ابن عباس کا یہ قول نقل کیا ہے

وَ اُوْتِیَتْ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ وَّ لَهَا عَرْشٌ عَظِیْمٌ ﴿۲۳﴾ وَجَدْتُّهَا وَ قَوْمَهَا

اور اسے دی گئی ہے ہر قسم کی چیز سے اور اس کا ایک عظیم الشان تخت ہے۔ میں نے پایا ہے اسے اور اس کی قوم کو کہ وہ

یَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ زَیَّنَ لَهُمُ الشَّیْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ

سب سجدہ کرتے ہیں سورج کو سوائے اللہ تعالیٰ کے ۳۲؎ اور آراستہ کر دیئے ہیں ان کے لیے شیطان نے ان کے (یہ

فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِیْلِ فَهُمْ لَا یَهْتَدُوْنَ ﴿۲۴﴾ اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰهِ

مشرکانہ) اعمال ۳۳؎ پس اس نے روک دیا ہے انہیں (سیدھے) راستے سے پس وہ ہدایت قبول نہیں کرتے۔ وہ کیوں نہ سجدہ

الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ یَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَ

کریں ۳۴؎ اللہ تعالیٰ کو جو نکالتا ہے پوشیدہ چیزوں کو آسمانوں اور زمین سے اور وہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو

مَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۲۵﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۲۶﴾ (السجدة) قَالَ سَنَنْظُرُ

تم ظاہر کرتے ہو۔ اللہ تعالیٰ نہیں ہے کوئی معبود بجز اس کے وہ مالک ہے عرش عظیم کا۔ آپ نے فرمایا ہم پوری تحقیق کریں گے ۳۵؎

قال ابن عباس کان طول عرشها ثمانین ذراعا و عرضه اربعین ذراعا و ارتفاعه فی السماء ثلاثین ذراعا یعنی اس کا طول اسی ہاتھ، عرض چالیس ہاتھ، اونچائی تیس ہاتھ۔

۳۲؎ اس کے مذہب کے متعلق بتایا کہ وہ اور اس کی قوم سورج کی پوجا کیا کرتی ہے۔

۳۳؎ یعنی شیطان نے اس کھلی گمراہی کو ان کے سامنے مزین کر کے پیش کیا ہے اور وہ اس پر اس طرح فریفتہ ہو گئے ہیں کہ عقل کے سارے تقاضوں کو پس پشت ڈال دیا ہے۔

۳۴؎ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیت اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الخ ہدہد کا کلام نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اور اس میں اُمت محمدیہ علی صاحبہا الصلوات والتسلیمات کو خطاب کیا جا رہا ہے۔

۳۵؎ حضرت سلیمان علیہ السلام نے کہا کہ ہم تیری اس بات کی پوری تحقیق کریں گے۔ اس سے معلوم ہوا کہ حاکم کے سامنے اگر کوئی ملزم عذر پیش کرے تو وہ اس کو ٹھکرا نہ دے بلکہ اسے قبول کرے اور اس کی چھان بین کرے اور تحقیق کرنے کے بعد اس کے متعلق فیصلہ کرے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد گرامی ہے لیس احد احب الیه العذر من اللہ من اجل ذالک انزل الکتاب وارسل الرسل۔ یعنی اللہ تعالیٰ سے زیادہ عذر کو پسند کرنے والا کوئی نہیں۔ اسی لیے اس نے

أَصَدَقْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٧﴾ اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ

اس بات کی کہ تو نے سچ کہا ہے یا تو بھی غلط بیانی کرنے والوں سے ہے۔ لے جا میرا یہ مکتوب ۳۶ اور پہنچا دے ان کی

ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٢٨﴾ قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْۤ اُلْقِيَ

طرف، پھر ہٹ کر کھڑا ہو جا ان سے اور دیکھ ۳۷ وہ ایک دوسرے سے کیا گفتگو کرتے ہیں۔ (خط پڑھ کر) ملکہ نے

اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٩﴾ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٣٠﴾

کہا اے سرداران قوم! پہنچایا گیا ہے میری طرف ایک عزت والا خط ۳۸ یہ سلیمان کی طرف سے ہے اور وہ یہ ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْۤ

جو رحمٰن اور رحیم ہے کہ تم لوگ غرور و تکبر نہ کرو میرے مقابلہ میں اور چلے آؤ میرے پاس فرمانبردار بن کر۔ ملکہ نے کہا اے سرداران قوم! مجھے مشورہ دو میرے

ع ۲ ۱۷ ۱۷

قرآن نازل کیا اور رسول مبعوث فرمائے۔

۳۶؎ چنانچہ آپ نے بلقیس کی طرف ایک خط لکھا جس کا مضمون اگلی آیت میں مذکور ہے اور ہدہد کو حکم دیا کہ اسے لے جا کر بلقیس کو پہنچا دے اور پھر اس کے رد عمل سے مطلع کرے۔ القی کا معنی کسی چیز کو اس طرح پھینکنا کہ وہ تجھے دکھائی دیتی ہے۔

(الالقاء طرح الشیء حیث تلقاہ ای تراہ (مفردات)

لیکن جب ترکیب کلام یوں ہو جیسے اس آیت میں ہے تو پھر اس کا معنی پہنچا دینا ہے۔ صاحب منجد اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں القی الشیٔ الی الارض طرحه الیه والقی الیه القول وبالقول: ابلغه ایاہ۔

۳۷؎ خط پہنچا کر بھاگ نہ آنا، الگ کھڑے ہو کر دیکھنا کہ اس کے بارے میں باہم کیا بات چیت کرتے ہیں۔ ای ماذا یرجع بعضهم الی بعض من القول (مظہری)

۳۸؎ کہتے ہیں کہ جب ملکہ سبا اپنے درباریوں کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی تو ہدہد نے وہاں ان کے سروں پر پہنچ کر پھڑپھڑانا شروع کیا۔ جب بلقیس نے نگاہیں اوپر اٹھائیں تو اس نے وہ خط اس کی گود میں پھینک دیا اور بعض نے لکھا ہے کہ وہ سو رہی تھی اور ہدہد روزن سے داخل ہوا اور چپکے سے وہ خط اس کے سینے پر رکھ دیا۔ بہر حال اس نے خط پڑھا تو اس کے ایجاز اور اس کے پُرجلال اسلوب کو دیکھ کر لرز گئی۔ فوراً شاہی مشیروں کی مجلس مشاورت منعقد کی اور اس میں اس نے وہ خط پڑھ کر سنایا اور ان سے رائے دریافت کی اور انہیں کہا کہ میں ہر معاملہ میں تم سے مشورہ کرنے کے بعد کوئی فیصلہ کیا کرتی ہوں۔ اب بتاؤ اس خط کے متعلق تمہاری کیا رائے ہے۔ حتی تشهدون ای حتی تحضرونی وتشیروا علی او تشهدوا علی کونصوا۔

أَمْرِي مَا كُنتُ قَاطِعَةً أَمْرًا حَتَّىٰ تَشْهَدُونِ ﴿٣٢﴾ قَالُوا نَحْنُ أُولُو قُوَّةٍ وَ

اس معاملہ میں۔ میں کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا کرتی جب تک تم موجود نہ ہو۔ وہ کہنے لگے ہم بڑے طاقت ور اور

أُولُو بَأْسٍ شَدِيدٍ وَالْأَمْرُ إِلَيْكِ فَانظُرِي مَاذَا تَأْمُرِينَ ﴿٣٣﴾ قَالَتْ إِنَّ

سخت جنگجو ہیں ۳۹ اور فیصلہ کرنا آپ کے اختیار میں ہے آپ غور کرلیں کہ آپ کیا حکم دینا چاہتی ہیں۔ ملکہ نے

الْمُلُوكَ إِذَا دَخَلُوا قَرْيَةً أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً وَكَذَٰلِكَ

کہا ۴۰ اس میں شک نہیں کہ بادشاہ جب داخل ہوتے ہیں کسی بستی میں تو اسے برباد کردیتے ہیں اور بنا دیتے ہیں وہاں کے معزز

يَفْعَلُونَ ﴿٣٤﴾ وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِم بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ

شہریوں کو ذلیل۔ اور یہی ان کا دستور ہے اس لیے جنگ کرنا قرین دانشمندی نہیں اور میں بھیجتی ہوں انکی طرف ایک تحفہ پھر دیکھتی ہوں کہ کیا جو

۳۹ جو اہل الرائے وہاں جمع ہوئے انھوں نے کہا کہ جہاں تک فوجوں کی تعداد و سامان جنگ کی فراہمی اور شجاعت و مردانگی کا تعلق ہے وہ تو آپ سے پوشیدہ نہیں۔ آپ خود جانتی ہیں کہ وقت آنے پر ہم اپنی بہادری اور جوانمردی کے جوہر دکھائیں گے۔ بہرحال جنگ کی ذمہ داری لینے کے لیے ہم تیار نہیں۔ اس کے متعلق قطعی فیصلہ وہ ہوگا جو آپ کریں گی۔ ہم آپکے ہر حکم کو ماننے کے لیے بسر و چشم تیار ہیں۔

۴۰ یقیناً وہ حضرت سلیمان کی قوت و طاقت اور ان کے عظیم لشکر سے باخبر ہوگی اس لیے وہ انھیں بتا رہی ہے کہ اتنے بڑے بادشاہ کا مقابلہ کرکے ہم خود اپنی ہلاکت و بربادی کو دعوت دینے کی حماقت نہیں کرسکتے۔ کوئی اور تدبیر ہی کرنا ہوگی۔

اس آیت میں ملوکیت کے مزاج سے کیسا پردہ اٹھایا گیا ہے کہ بادشاہوں کے بد قدم جہاں پہنچتے ہیں اور جس ملک کو وہ فتح کرتے ہیں اس کو تباہ و برباد کرکے رکھ دیتے ہیں۔ اس کے معاشی وسائل پر اپنی اجارہ داری قائم کرلیتے ہیں اور وہاں کے اصلی باشندوں کو افلاس و غربت کی سختیاں سہنے کے لیے چھوڑ دیتے ہیں اور جو شخص غلامی کی ذلت کو گوارا نہیں کرتا اور ان کے اس مالی استحصال اور سیاسی استبداد پر صدائے احتجاج بلند کرتا ہے۔ اس کو اتنا ذلیل و رسوا کرتے ہیں کہ اس کا نام لینے والا بھی کوئی نہیں رہتا۔ وکذالک یفعلون فرما کر اس حقیقت کی صداقت پر مہر تصدیق ثبت کردی۔ آپ خود دیکھ سکتے ہیں کہ ان استعماری قوتوں کے قدم جہاں پہنچتے ہیں وہاں کے رہنے والوں پر قیامت ٹوٹ پڑتی ہے۔ وہ فقر و فاقہ کے شکنجہ میں کس دیئے جاتے ہیں۔ فرانس، آزادی اور انسانی اقدار کا سب سے بڑا علمبردار ہونے کا مدعی ہے۔

الْمُرْسَلُونَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا جَاءَ سُلَيْمَانَ قَالَ أَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ فَمَا آتَانِيَ اللَّهُ

کیا جواب لیکر لوٹتے ہیں قاصد۔ پس جب قاصد آپکے پاس (ہدیہ لے کر) آیا تو آپ نے فرمایا ۴۲؎ کیا تم لوگ مال سے میری مدد کرنا

خَيْرٌ مِّمَّا آتَاكُم بَلْ أَنتُم بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ ﴿٣٦﴾ ارْجِعْ إِلَيْهِمْ

چاہتے ہو (سنو) جو عطا فرمایا ہے مجھے اللہ تعالیٰ نے وہ بہتر ہے اس سے جو تمہیں دیا ہے بلکہ تم ہی اپنے ہدیہ پر پھولے نہیں سماتے ہو گویا کوئی

فَلَنَأْتِيَنَّهُم بِجُنُودٍ لَّا قِبَلَ لَهُم بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُم مِّنْهَا أَذِلَّةً وَهُمْ

بڑی نادر چیز لائے ہو تو واپس چلا جا انکے پاس ہم آرہے ہیں انکی طرف ایسے لشکر لے کر جن کے مقابلہ کی ان میں تاب نہیں اور ہم یقیناً نکال دینگے

صَاغِرُونَ ﴿٣٧﴾ قَالَ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَيُّكُمْ يَأْتِينِي بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَن يَأْتُونِي

انہیں اس شہر سے ذلیل کر کے اور وہ خوار اور رسوا ہو چکے ہونگے۔ آپ نے فرمایا اے درباریو ۴۳؎ کون تم سے لے آئیگا میرے پاس

لیکن جہاں اس نے اپنے استعمار کے خونی پنجے گاڑے۔ وہاں کے لوگوں کی خونچکاں داستان الجزائر وغیرہ نوآبادیات کے رہنے والوں سے پوچھیے۔

۴۱؎ ایسے عظیم بادشاہ کے ساتھ جنگ کرنا قرین دانشمندی نہیں لیکن یونہی اس کے دین کو قبول کر لینا بھی معقولیت سے بعید ہے۔ میں یہ ہدیہ دے کر قاصد اس کی طرف بھیجتی ہوں اس کے رویہ سے پتہ چل جائے گا کہ وہ بادشاہ ہے یا نبی اگر بادشاہ ہوا تو اس کے ساتھ ایسا معاملہ کریں گے جو بادشاہوں کے ساتھ کیا جاتا ہے اور اگر نبی ہوا تو پھر بھی معلوم ہو جائے گا۔ وہ ہدیہ جو بلقیس نے آپ کی طرف بھیجا تھا وہ کیا تھا۔ امام رازی فرماتے ہیں فان الناس اکثروا فی صفة الهدية لكن لا ذكر لها في الكتاب یعنی اگرچہ لوگوں نے اس ہدیہ کے بارے میں بڑی مبالغہ آرائیوں سے کام لیا ہے لیکن قرآن کریم میں اس کا ذکر نہیں ہے۔ بہرحال وہ کوئی معمولی چیز نہیں ہوگی بلکہ بڑی قیمتی اور نادر اشیاء ہونگی۔

۴۲؎ قاصد جب ہدیے کر پہنچے تو آپ نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ تمہیں اپنی دولت و ثروت پر بڑا گھمنڈ ہے اور اپنے جواہرات سے بھرے ہوئے خزانوں پر بڑے اتراتے ہو اور میری طرف یہ تحفہ بھیج کر تم خوشی سے پھولے نہیں سماتے۔ سمجھتے ہو کہ تم نے بڑی ہی قیمتی اور نادر چیزیں میری طرف بھیجی ہیں لیکن کان کھول کر سن لو میری نظر میں تمہارے ان تحائف اور نوادرات کی پرکاہ کے برابر بھی وقعت نہیں جو خزانے اور جو نعمتیں اللہ تعالیٰ نے مجھے بخشی ہیں ان کے سامنے یہ ہیچ ہیں۔ انہیں اپنی ملکہ کے پاس لے جاؤ اور جا کر اسے میری طرف سے یہ بات صاف صاف سنا دو کہ اگر تم نے سورج کی پرستش سے توبہ کر کے میرے لائے ہوئے دین کو قبول نہ کیا تو میں ایسا لشکر جرار لے کر تم پر چڑھائی کروں گا کہ تم اس کا مقابلہ نہیں کر سکو گے۔

مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ

(حکم ہوتے) ہی اس کے تخت کو اس سے پہلے کہ وہ آجائیں میری خدمت میں فرمانبردار بن کر۔ عرض کی ایک عفریت نے جنات میں سے

مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ﴿۳۹﴾ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ

میں لے آتا ہوں آپکے پاس پیش ازیں کہ آپ کھڑے ہوں اپنی جگہ سے اور بیشک میں اس کو اٹھا لانے کی طاقت بھی رکھتا ہوں اور امین

اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ

بھی ہوں۔ عرض کی اس نے جس کے پاس کتاب کا علم تھا ۴۳ (اجازت ہو تو) میں لے آتا ہوں اسے آپکے پاس اس سے پہلے کہ آپکی آنکھ جھپکے پھر جب

لا قِبَلَ لہم بہا: ای لا طاقۃ لہم (الصحاح) قبل کا معنی طاقت ہے۔

۴۲ حضرت سلیمان علیہ السلام نے بلقیس کے تحائف قبول کرنے سے انکار کر دیا تو اس کے قاصد انہیں واپس لے گئے اور سارا ماجرا اپنی ملکہ سے جا کر کہا وہ سمجھ گئی کہ آپ بادشاہ نہیں ہیں اور ان کا مقابلہ کرنے کی اس میں ہمت نہیں لیکن ایمان لانے سے پہلے وہ آپ کو اور آپ کے احوال کا خود مشاہدہ کرنا چاہتی تھی۔ چنانچہ شاہی تزک و احتشام کے ساتھ وہ آپ کی طرف روانہ ہوئی جب وہ قریب پہنچ گئی تو آپ نے چاہا کہ اپنے رب قدوس کی قدرت کاملہ کا ایک اور یقین ثبوت دکھائیں نیز اس پر یہ امر بھی واضح کر دیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو کتنی عزت اور کمال عطا فرمایا ہے کہ آپ کے غلاموں میں بھی ایسے باکمال لوگ موجود ہیں جو ایسے کرشمے دکھا سکتے ہیں چنانچہ آپ نے اپنے درباریوں سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ تم میں سے کون بلقیس کے شاہی تخت کو اس کے یہاں پہنچنے سے پہلے لا سکتا ہے۔ جنوں میں سے ایک طاقتور جن اٹھا اور دست بستہ عرض کرنے لگا کہ اگر اس خادم کو حکم ہو تو اس مجلس کے برخاست ہونے سے پہلے اسے یہاں پہنچا دوں۔ اگرچہ وہ بڑا بھاری بھر کم ہے اور مسافت بھی ڈیڑھ ہزار میل سے زیادہ ہے لیکن میں قوی ہوں۔ ایسا کر سکتا ہوں اور میں امین بھی ہوں جو قیمتی جواہرات اس میں جڑے ہوئے ہیں ان میں ہرگز خیانت نہیں کروں گا آپ نے اس کی پیشکش کو قبول نہ فرمایا۔ گویا آپ کو یہ گوارا نہ ہوا کہ آپ کا کوئی درباری اس معمولی کام کے لیے اتنی لمبی مہلت مانگے

۴۳ چنانچہ ایک اور آدمی کھڑا ہوا۔ اس نے مؤدبانہ التماس کیا کہ اگر مجھے ارشاد ہو تو آنکھ جھپکنے سے پہلے تخت کو وہاں سے اٹھا کر آپ کے قدموں میں لا کر رکھ دوں۔ آپ نے اجازت مرحمت فرمائی۔ اور جب آپ نے آنکھ کھولی تو تخت وہاں موجود تھا۔ آپ نے اپنے ایک خادم کی اس قوت کا مشاہدہ کیا تو دل میں غرور و نخوت کے جذبات پیدا نہیں ہوئے بلکہ فوراً سراپا نیاز بن کر اپنے مولیٰ کریم کا شکر ادا کرنے لگے۔ عرض کیا یہ میرے رب کا فضل و کرم ہے جس نے مجھے اتنی عزت اور سرفرازی بخشی ہے کہ میرے خدام ایسا کام کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد فرمایا یہ فضل بہت بڑی آزمائش ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھے آزمانا چاہتا ہے کہ میں اس کی عنایات جلیلہ پر اس کا شکر ادا کرتا ہوں یا ناشکری کا اظہار کرتا ہوں۔

قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ ۖ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ۭ وَمَنْ شَكَرَ

آپ نے اسے پڑا ہوا دیکھا اپنے نزدیک تو فرمانے لگے یہ میرے رب کا فضل و کرم ہے تاکہ وہ آزمائے مجھے کہ آیا میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری

فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ﴿۴۰﴾ قَالَ نَكِّرُوْا

اور جس نے شکر کیا تو وہ شکر کرتا ہے اپنے بھلے کے لیے ۵۵ اور جو ناشکری کرتا ہے وہ اپنا نقصان کرتا ہے بلاشبہ میرا رب غنی بھی ہے اور کریم بھی

مصیبت اور تکلیف کو تو ہم سب امتحان اور آزمائش تصور کرتے ہیں لیکن جب فرحت و سرور کا دور آتا ہے جب اس کے انعامات کی بے محابا بارش ہونے لگتی ہے تو ہم اس بات کو بھول جاتے ہیں کہ یہ بھی امتحان ہے اور پہلی قسم کے امتحان سے کڑا امتحان ہے اس میں کامیاب ہونا بڑے دل گردے کا کام ہے۔ تکالیف و مصائب کے امتحان میں کامیاب وہ ہوتا ہے جو صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑ لے اور آرام و آسائش کی آزمائش میں کامیابی کا سہرا اس کے سر باندھا جاتا ہے جو شکر گزار ہو اور شکر کا صرف یہ مطلب نہیں کہ آپ صرف زبان سے ہی شکریہ ادا کرتے رہیں بلکہ حقیقی شکر یہ ہے کہ اس نعمت کو اس طرح استعمال کیا جائے جس میں اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی ہو۔

۵۵ یہ کہہ کر بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر کر کے تم اس پر کوئی احسان نہیں کر رہے بلکہ اپنے لیے مزید نعمتوں کا دروازہ کھول رہے ہو اور اگر تم نے ناشکری کی تو مزید عنایات کا سلسلہ منقطع ہو جائے گا بلکہ پہلے انعامات سے بھی ہاتھ دھونا پڑے گا اللہ تعالیٰ غنی اور کریم ہے اگر کوئی اس کا شکر گزار بندہ بنا رہے تو وہ اسے اور زیادہ دیتا جائے گا کیونکہ وہ غنی ہے اس کے خزانے بھرے پڑے ہیں اور وہ کریم ہے اس کا دست جود و عطا سخاوت کرتا ہی رہتا ہے۔

ایک چیز ابھی تحقیق طلب ہے کہ وہ کون شخص تھا جس نے دم بھر میں بلقیس کا شاہی تخت پندرہ سو میل کی مسافت سے سبا سے بیت المقدس پہنچا دیا نیز وہ تخت کہیں صحن میں تو پڑا نہیں ہو گا بلکہ قصر شاہی کی کسی محفوظ ترین جگہ میں رکھا ہو گا اور اس کی نگہبانی کے لیے خصوصی پہرے داروں کا انتظام بھی ہو گا۔ اس کے متعلق کسی نے حضرت خضر کا نام لیا ہے اور کسی نے جبرئیل کا اور کسی نے آصف بن برخیا کا۔ اور یہ آخری قول زیادہ مشہور ہے۔ لیکن قرآن نے اس کا نام نہیں لیا بلکہ اس کی صفت سے اس کا تعارف کرا دیا یعنی اس شخص نے یہ بات کہی جس کے پاس کتاب کا علم تھا جس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ اس کی یہ صفت ایسی تھی جس کا اس محیر العقول کارنامے کی انجام دہی کے ساتھ خصوصی تعلق تھا۔ امام رازی لکھتے ہیں وان لهذا الوصف تاثیرا فی نقل ذالك العرش (کبیر) امام عبد القاہر جرجانی نے اسرار البلاغۃ میں تصریح کی ہے کہ جب کسی فاعل کی توصیف صلہ سے کی جائے تو اس فعل کے صدور میں اس صلہ کو خصوصی دخل ہوتا ہے۔ اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ اس شخص میں یہ قوت اور طاقت پیدا ہونے کی وجہ یہ تھی کہ اس کے پاس علم من الکتٰب (کتاب کا علم) تھا۔ اس آیت سے کرامات اولیاء کا ثبوت بھی ہو گیا اور یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ اگر حضرت سلیمان علیہ السلام کا ایک امتی "الکتاب" کے علم

لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ أَتَهْتَدِيٓ أَمْ تَكُونُ مِنَ الَّذِينَ لَا يَهْتَدُونَ ﴿٤١﴾

آپ نے حکم دیا ؎ شکل بدل دو اسکے لیے اس کے تخت کی شکل ہم دیکھتے ہیں کہ وہ حقیقت پر آگاہ ہوتی ہے یا ہو جاتی ہے ان لوگوں میں سے جو حقیقت کو نہیں

فَلَمَّا جَآءَتْ قِيلَ أَهٰكَذَا عَرْشُكِ ۖ قَالَتْ كَأَنَّهُ هُوَ ۚ وَأُوتِينَا الْعِلْمَ

پہچانتے۔ سو جب وہ آئی تو اس سے پوچھا گیا کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے ؎ کہنے لگی یہ تو ہو بہو وہی ہے۔ اور ہمیں اطلاع مل گئی تھی اس

مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِينَ ﴿٤٢﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَعْبُدُ مِنْ دُونِ اللَّهِ ۖ

واقعہ کی اس سے پہلے اور ہم تو فرمانبردار بن کر حاضر ہوئے ہیں۔ اور روک رکھا تھا اسے (ایمان لانے سے) ان بتوں نے ؎ جن کی وہ عبادت

کی برکت سے ایسا کام کر سکتا ہے تو سید الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کا ولی جو الکتاب کا نہیں بلکہ الکتب المبین کا عالم اور اس کے اسرار و معارف پر آگاہ ہے اس سے ایسے امور کا سرزد ہونا کیا مشکل ہے۔ وہ لوگ جو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے اولیاء کاملین کی کرامات کا انکار کرتے ہیں انھیں قرآن کریم کی اس آیت میں مکرر غور کرنا چاہیے۔

ہمارے تجدد پسند مفسرین لکھتے ہیں کہ آپ نے جب بلقیس کی آمد کی خبر سنی تو اپنے درباریوں سے کہا تم میں سے کوئی ایسا ہے جو بلقیس کے بیٹھنے کے لیے کوئی تخت بنا دے تاکہ جب وہ یہاں آئے تو اسے اس پر بٹھایا جائے ان کی اس تاویل کو دیکھ کر یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ یا تو وہ عربی لغت کے مبادیات سے بھی ناواقف ہیں ورنہ وہ "أَيُّكُمْ يَأْتِينِي بِعَرْشِهَا" (کہ تم میں سے کون میرے پاس اس کا تخت لا سکتا ہے) کا یہ ترجمہ ہرگز نہ کرتے۔ اور اگر انھیں اتنا علم ہے تو یہ باور کرنے میں کوئی شبہ نہیں رہتا کہ قرآن کی تصریحات پر ان کا دل نہیں جمتا۔ لیکن کھلے بندوں اس کا انکار کرنے کی بھی جرات نہیں کر سکتے اور بزدلی کے باعث اپنی قلبی منافقت کو تحریف کے پردوں میں چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

؎ آپ نے حکم دیا کہ اس تخت کی شکل وصورت میں کچھ رد و بدل کر دو۔ ہم دیکھیں گے کہ وہ اپنے تخت کو پہچان سکتی ہے یا نہیں۔

؎ جب بلقیس آئی تو اس سے پوچھا گیا کیا تیرا شاہی تخت بھی اسی قسم کا ہے جیسے یہ ہے۔ وہ فوراً بھانپ گئی اور کہنے لگی یہ تو بعینہ وہی معلوم ہوتا ہے اور ہمیں اس بات کی اطلاع پہلے ہی مل چکی ہے کہ تخت آپ کے پاس پہنچ گیا ہے۔ اس کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اپنی شان وعظمت دکھانے کے لیے آپ نے یہ معجزہ دکھایا ہے ہم تو اس سے پہلے ہی جان چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور اس نے آپ کو بڑی نعمتوں سے سرفراز فرمایا ہے اور ہم تو مسلمان ہو کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں۔

؎ ایسی سلیم الطبع خاتون جس نے حق کو دیکھ کر فوراً پہچان لیا اور بلا تامل اسے قبول کر لیا۔ اب تک سورج کی پوجا

إِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ۝ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَأَتْهُ حَسِبَتْهُ

کیا کرتی تھی اللہ تعالیٰ کے سوا بیشک وہ قوم کفار سے تھی۔ اسے کہا گیا ۵۹ کہ اس محل میں داخل ہو جاؤ پس جب اس نے دیکھا اس

لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ۚ قَالَ إِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ۬ قَالَتْ

(کے بلوریں فرش) کو تو اس نے خیال کیا کہ یہ گہرا پانی ہے اور اس نے کپڑا اٹھا لیا اپنی دونوں پنڈلیوں سے۔ آپ نے فرمایا یہ پانی نہیں ۶۰ یہ تو

رَبِّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَأَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

چمکدار محل ہے بلور کا بنا ہوا اس کی آنکھیں کھل گئیں کہنے لگی اے میرے رب! میں (آج تک) ظلم ڈھاتی رہی اپنی جان پر اور اب ایمان لائی ہوں

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلٰى ثَمُوْدَ أَخَاهُمْ صٰلِحًا أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَإِذَا هُمْ

سلیمان کے ساتھ اللہ پر جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے ۶۱ اور بیشک ہم نے رسول بنا کر بھیجا ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو ۶۲ کہ عبادت کرو اللہ تعالیٰ

ع ۳ ۱۲ ۱۸

کیسے کرتی رہی اس کی وجہ بیان فرما دی کہ وہ پیدا ہی ایسے ماحول میں ہوئی تھی جہاں سورج کی پرستش کی جاتی تھی۔ اسے آج تک کسی نے یہ بتایا ہی نہیں تھا کہ سورج عبادت کے لائق نہیں، بلکہ عبادت کے لائق تو وہ ہستی ہے جس نے سورج کو پیدا کیا۔ اس کو نور و حرارت کا سرچشمہ بنایا۔ اور اسے اپنے قانون کا پابند بنا کر انسان کی خدمت پر مامور کر دیا۔

۵۹ آپ کا ایک عظیم الشان محل تھا جس کا فرش بلور کا بنا ہوا تھا۔ اس کے نیچے پانی رواں رہتا تھا آپ نے اپنا تخت اس محل کے وسیع صحن میں بچھایا اور اسے شرف باریابی حاصل کرنے کی اجازت دی۔ وہ جب اندر داخل ہونے لگی تو اسے یوں محسوس ہوا کہ وہاں پانی کی لہریں موجزن ہیں۔ اس نے اپنے پائنچے چڑھائے تاکہ پانی میں بھیگ نہ جائیں۔ اسے یہ اندازہ نہ ہو سکا کہ پانی صحن میں نہیں بلکہ صحن بلور کا بنا ہوا ہے اور پانی اس کے نیچے بہ رہا ہے۔

۶۰ آپ نے اس کی غلطی پر اسے متنبہ فرمایا۔ قواریر: شیشہ، بلور۔ مُمَرَّد: مصفی، صاف شفاف، چمکدار۔
(امرد: اس نوجوان کو کہتے ہیں جس کے رخساروں پر ابھی بال نہ اگے ہوں۔)

۶۱ دل تو پہلے ہی نور ایمان سے روشن ہو گیا تھا۔ اب جب اسے اپنی غلطی کا احساس ہوا تو بے اختیار ہو کر اپنی سابقہ گمراہی پر ندامت کا اظہار کیا اور اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کر دیا۔
مورخین نے لکھا ہے کہ آپ نے بلقیس کو اپنا حرم بننے کی عزت بخشی اور اس سے آپ کی اولاد بھی ہوئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۶۲ اب پھر حضرت صالح علیہ السلام اور ان کی قوم ثمود کا حال بیان ہو رہا ہے۔ حضرت صالح نے اپنی قوم کو اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان لانے کی دعوت دی تو چند سعید روحوں نے آپ کی دعوت کو قبول کر لیا۔ لیکن اس کی بھاری اکثریت اپنے

فَرِيقَانِ يَخْتَصِمُونَ ۝٤٥ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُونَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ

کہ وہ دو گروہ بن گئے (اور آپس میں) جھگڑنے لگے۔ صالح نے فرمایا اے میری قوم! کیوں تیزی کرتے ہو برائی کرنے میں نیک

الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُونَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝٤٦ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَ

کام کرنے سے پہلے ۴۳ تم کیوں نہیں بخشش طلب کرتے اللہ تعالیٰ سے ۴۴ شاید تم پر رحم کیا جائے کہنے لگے ۴۵ ہم تو بدشگون سمجھتے ہیں

بِمَنْ مَّعَكَ ۗ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُونَ ۝٤٧ وَ

تمھیں اور تمھارے ساتھیوں کو ۴۶ آپ نے فرمایا تمھارا بدشگون تو اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے بلکہ تم ایسی قوم ہو جو فتنہ میں مبتلا کر دی گئی ہے ۴۶

کفر پر جمی رہی۔ جس طرح سورۃ اعراف میں گزر چکا ہے۔

۴۳ انھوں نے سرکشی کی انتہا کر دی اور اپنے نبی کو چیلنج دے دیا کہ آپ جو عذاب ہم پر اتارنا چاہتے ہیں بیشک اتار دیں ہم آپ پر ایمان لانے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ آپ نے انھیں سمجھایا کہ تم کتنے نادان ہو گناہوں سے توبہ تو کرتے نہیں ہو اور عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہو۔ اگر عذاب آگیا تو کہاں سر چھپاؤ گے السیئۃ سے مراد عذاب ہے۔ یٰصٰلح ائتنا بما تعدنا ان کنت من المرسلین۔

۴۴ اگرچہ تم نے کفر و شرک میں عمریں برباد کر دی ہیں اور میری دعوت کو بھی عرصہ دراز سے ٹھکرا رہے ہو لیکن آج بھی اگر تم سچے دل سے توبہ کرو تو میرا کریم و رحیم خدا تمھاری توبہ کو قبول فرمالے گا اور تمھارے گناہوں کو بخش دے گا۔

۴۵ انھوں نے جواب دیا تم نے ہماری قوم میں انتشار پیدا کر دیا اور فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دی۔ ہم بڑی محبت اور پیار سے وقت گزار رہے تھے تم نے آکر ہمیں ایک دوسرے کا دشمن بنا دیا۔ ہم تیرے جیسے فتنہ پرداز پر ایمان لانے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ نیز جب سے تم یہاں آئے ہو ہر قسم کی مصیبتوں نے ہمیں گھیر لیا ہے کبھی وقت پر بارش نہیں ہوتی۔ بوند بوند پانی کے لیے ترستے رہتے ہیں۔ ہمارے کھیتوں میں خاک اڑنے لگی ہے طرح طرح کی وبائیں ہمارے لیے بربادی کا پیغام لے کر آتی رہتی ہیں۔ آپ اور آپ کے یہ ساتھی ہمارے لیے تو وبالِ جان ثابت ہوئے ہیں اور تمھاری نحوست سے ہمارا سارا علاقہ ویران ہوتا جا رہا ہے۔ اگر کسی کام کو جا رہے ہوں اور راستہ میں تم سے یا تمھارے کسی مرید سے مڈبھیڑ ہو جائے تو پھر خائب و خاسر واپس لوٹنا پڑتا ہے۔ ہم آپ کی برکتوں کا اندازہ کر چکے ہیں۔ ہم سے یہ امید نہ رکھو کہ ہم کبھی تم پر ایمان لائیں گے کیونکہ عرب عام طور پر مختلف پرندوں اور ان کی آوازوں سے شگون لیا کرتے تھے اس لیے مطلق شگون کو بھی طائر کہہ دیا جاتا ہے۔

۴۶ آپ نے فرمایا یہ مصائب اور تکالیف جنھیں تم میری طرف منسوب کر رہے ہو حقیقت میں یہ تمھاری اپنی بدکاریوں کا نتیجہ ہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ نازل ہو رہی ہیں۔ تم حقیقت کو تو سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے اور خواہ مخواہ مجھ پر الزام لگائے چلے جاتے ہو

كَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ﴿٤٨﴾

اور اس شہر میں نو شخص تھے ۵۷ جو فتنہ و فساد برپا کیا کرتے تھے اس علاقہ میں اور اصلاح کی کوئی کوشش نہ کرتے۔

قَالُوا تَقَاسَمُوا بِاللَّهِ لَنُبَيِّتَنَّهُ وَأَهْلَهُ ثُمَّ لَنَقُولَنَّ لِوَلِيِّهِ مَا شَهِدْنَا

انھوں نے کہا آؤ اللہ کی قسم کھا کر یہ عہد کرلیں ۵۸ کہ شب خون مار کر صالح اور اس کے اہل خانہ کو ہلاک کر دیں گے پھر کہہ دیں گے اس کے وارث

مَهْلِكَ أَهْلِهِ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ﴿٤٩﴾ وَمَكَرُوا مَكْرًا وَمَكَرْنَا مَكْرًا وَهُمْ

سے کہ ہم تو دور سے اسے موجود بھی نہ تھے جب انھیں ہلاک کیا گیا اور (یقین کرو) ہم بالکل سچ کہہ رہے ہیں اور انھوں نے بھی خفیہ سازش کی اور ۵۹ ہم نے بھی خفیہ

۵۷ تین سے لے کر دس تک یا سات سے لے کر دس تک کے گروہ کو رھط کہتے ہیں۔ اس قبیلہ کے نو سردار تھے ان کے لڑکے حضرت صالح علیہ السلام کی مخالفت میں ہمیشہ سرگرم رہا کرتے۔ ہر رئیس زادہ کے ساتھ اس کے حواریوں کی ایک ٹولی بھی ہوا کرتی اس لیے انھیں تسعۃ رھط کے لفظ سے تعبیر کیا گیا۔ تسعۃ رھط سے بعض حضرات نے نو شخص بھی مراد لیے ہیں اور ان کے نام بھی گنوائے ہیں لیکن ایک تو ان ناموں میں اختلاف ہے دوسرا ان کے نام جاننے سے فہم قرآن میں کوئی مدد نہیں ملتی اس لیے ان کا یہاں ذکر بے سود ہے۔

۵۸ جب انھوں نے دیکھا کہ ہماری ایذا رسانیوں کے باوجود حضرت صالح اور ان کے ساتھی باز نہیں آتے تو انھوں نے ایک جگہ بیٹھ کر یہ سازش کی کہ رات کو بے خبری میں صالح اور اس کے ساتھیوں پر حملہ کر کے انھیں تہ تیغ کر دو۔ اگر ان کے کسی وارث نے ہم سے دریافت کیا تو ہم انھیں یقین دلا دیں گے کہ ہمیں قطعاً کوئی علم نہیں کہ انھیں کس نے قتل کیا اور نہ ہم وہاں موجود تھے جب ہم انھیں یقین دلا دیں گے کہ ہمارا ان کے قتل کے ساتھ دور کا واسطہ بھی نہیں تو وہ خاموش ہو جائیں گے۔ ہو سکتا ہے کہ حضرت صالح کے وارث کمزور اور بے نوا قسم کے لوگ ہوں اور ان کے متعلق انھیں یہ خیال ہو کہ جب ہم رؤسا و قوم ایک بار یہ کہہ دیں گے کہ ہم نے انھیں قتل نہیں کیا تو ان کی یہ مجال کہاں کہ وہ ہم سے مزید تکرار کریں اور اس شہر بھر میں کون ایسا ہے جو ہمارے خلاف گواہی دینے کی جرأت کرے۔ تھوڑا سا ہنگامہ برپا ہوگا اور رو دھو کر چپ ہو جائیں گے۔ اس طرح یہ باغی عنصر جو سر اٹھا رہا ہے اس کی بروقت سرکوبی ہو جائے گی۔ تقاسموا ای تحالفوا لنبیتنہ البیات مباغتۃ العدو ومفاجاتہ بالایقاع بہ لیلا وھو غافل دشمن پر بے خبری میں شب خون مارنے کو بیات کہتے ہیں۔

۵۹ علامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں کہ انھوں نے یہ سازش اونٹنی کی کونچیں کاٹنے کے بعد کی تھی۔ جب حضرت صالح نے انھیں بتایا کہ تمھیں تین دن کی مہلت ہے اس کے بعد تم پر عذاب آئے گا جو تمھیں نیست و نابود کر کے رکھ دے گا۔ بجائے اس کے کہ وہ اس آخری سرزنش سے چوکنے ہوتے۔ اور اپنے گناہوں پر نادم ہو کر گڑگڑا کر معافی مانگتے۔ انھوں نے الٹا حضرت صالح کو

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٠﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ

تدبیر کی اور وہ سمجھ ہی نہ سکے (ہماری تدبیر کو)۔ تم (خود ہی) دیکھ لو کیا (ہولناک) انجام ہوا ان کے مکر کا۔ ؎ ہم نے برباد کر کے رکھ دیا انہیں

اَجْمَعِيْنَ ﴿٥١﴾ فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ

ان کی ساری قوم کو۔ پس یہ ان کے گھر ہیں جو اجڑے پڑے ہیں ان کے ظلم کے باعث۔ بیشک اس میں عبرت ہے اس قوم کے لیے

يَّعْلَمُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿٥٣﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ

جو کچھ جانتی ہے۔ اور ہم نے بچا لیا انھیں جو ایمان لائے تھے اور (اپنے رب سے) ڈرتے رہتے تھے۔ اور یاد کرو لوط کو جب آپ نے اپنی

لِقَوْمِهٖۤ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿٥٤﴾ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ

قوم کو فرمایا کیا تم ارتکاب کرتے ہو بے حیائی کا حالانکہ تم دیکھ رہے ہوتے ہو۔ کیا تم جاتے ہو مردوں کے پاس شہوت رانی

شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿٥٥﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ

کے لیے (اپنی) بیویوں کو چھوڑ کر ؎ بلکہ تم تو بڑے نادان لوگ ہو۔ پس نہیں تھا آپ کی قوم کا جواب

قتل کرنے کی سازش شروع کر دی۔ انھوں نے کہا ہم پر عذاب آنے کا تو دیکھا جائے گا۔ اس کے آنے سے پہلے ہم صالح اور اس کے مریدوں کا تو خاتمہ کر دیں۔ جس رات انھوں نے حضرت صالح کے مکان پر شب خون مارنے کا پروگرام بنایا تھا اس رات اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو اپنے رسول کی حفاظت کے لیے بھیج دیا۔ جب یہ اپنی بے نیام تلواریں لہراتے ہوئے آپ پر حملہ کرنے کے لیے لپکے تو فرشتوں نے ان پر پتھراؤ شروع کر دیا۔ انھیں پتھر تو نظر آتے تھے لیکن مارنے والے دکھائی نہیں دیتے تھے۔ چنانچہ ان سب کو اس طرح ہلاک کر دیا گیا اور یہ مہلت کی آخری رات تھی چنانچہ قوم کے باقی افراد بھی تباہ و برباد کر دیئے گئے۔ ان ھؤلاء التسعة لما کان فی صدر الثلاثة الایام بعد عقر الناقة وقد اخبرھم صالح بمجیء العذاب اتفقوا وتحالفوا علی ان یأتوا دار صالح لیلا ویقتلوہ واھلہ (قرطبی) اسی رات عذاب الٰہی آیا جس نے ساری قوم کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیا۔

؎ جس طرح پہلے عرض کیا جا چکا ہے ان کی بستیاں وادی القریٰ میں تھیں جو مدینہ طیبہ اور شام کے درمیانی علاقہ میں تھا جب حضور غزوہ تبوک کے لیے تشریف لے گئے تو اسی علاقہ سے گزر ہوا حضور نے صحابہ کو فرمایا لا تدخلوا علی ھؤلاء المعذبین الا ان تکونوا باکین (روح المعانی) یعنی اس عذاب شدہ قوم کے علاقہ میں داخل ہو تو روتے ہوئے داخل ہو۔

؎ اگرچہ اس کا ذکر اتأتون الفاحشة آیت سابقہ میں آگیا تھا لیکن اس کی قباحت و شناعت کو ظاہر کرنے کے لیے

قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ

بجز اس کے کہ انھوں نے کہا نکال دو آلِ لُوط کو اپنی بستی سے ، یہ لوگ تو بڑے پاکباز

يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۡ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٥٧﴾

بننے پھرتے ہیں ۶۲ سو ہم نے بچا لیا لُوط کو اور ان کے اہل خانہ کو سوائے ان کی بیوی کے ہم نے فیصلہ کر دیا اسکے متعلق کہ وہ پیچھے

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٥٨﴾ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

ع ۱۴ / ۱۹

رہنے والوں میں ہو گی۔ اور ہم نے ان پر خوب پتھر برسائے پس تباہ کن پتھراؤ تھا ڈرائے جانے والوں پر۔ فرمائیے سب تعریفیں اللہ

وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ۭ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٩﴾

تعالیٰ کے لیے ہیں ۶۳ اور سلام ہو اس کے ان بندوں پر جنھیں اس نے چن لیا ۶۴ (کیا) اللہ بہتر ہے یا جنھیں وہ شریک بناتے ہیں ۶۵

اسے دوبارہ مزید صراحت کے ساتھ بیان کیا۔

۶۲ ازراہِ مذاق و تمسخر وہ یہ کہا کرتے تھے۔

۶۳ انبیاء علیہم السلام اور ان کی قوموں کے حالات بیان کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ اپنے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیتا ہے کہ آپ اپنی زبانِ پاک سے اپنے خداوندِ کریم کی حمد و ثنا کریں جس نے ہمیشہ حق کا بول بالا کیا اور اہلِ حق کو اپنی تائید و نصرت سے سرفراز فرمایا اور جس کی یہ شان ہے وہی اس قابل ہے کہ انسان ہمیشہ ہمیشہ اس کی حمد کے ترانے گاتا رہے اور اس کی عظمت و کبریائی کا اعتراف کرتا رہے۔ اس کی حمد کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ان نفوسِ قدسیہ کو فراموش نہ کیا جائے جو اپنے مولا کریم کا نام بلند کرنے کے لیے مصائب و آلام کے ہر پہاڑ سے ٹکرا گئے۔ دنیا بھر کی مخالفتوں کے باوجود ان کے عزم میں کبھی لچک پیدا نہ ہوئی۔ جور و ستم کی ہر مشق کے ہر تیر کو اپنے سینے پر لیا اور پھر بھی مسکراتے رہے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت کا تقاضا یہ ہے کہ جب اس کی حمد کی جائے تو ان پاک ہستیوں پر بھی درود و سلام کے گلہائے رنگین نچھاور کیے جائیں نیز اس آیت کے بعد کیونکہ توحید کا مبارک بیان شروع ہونے والا ہے اس لیے اس بیان کی اہمیت کے پیشِ نظر اس کا آغاز اللہ تعالیٰ کی حمد اور اس کے برگزیدہ بندوں پر صلاۃ و سلام سے ہو رہا ہے۔ اسی لیے علماءِ اسلام جب بھی تقریر کے لیے کھڑے ہوتے ہیں یا کوئی خطبہ دیتے ہیں یا کوئی کتاب تالیف کرتے ہیں تو اس کا آغاز اللہ تعالیٰ کی حمد سے اور اس کے نبی کریم پر درود و سلام سے کرتے ہیں۔ ولقد توارث العلماء والخطباء والوعاظ کابرا عن کابر هذا الادب فحمدوا الله وصلوا على رسول الله صلى الله عليه وسلم امام كل علم مفاد وقبل كل عظة وخطبة (قرطبی)۔

بعض علماء نے الذین اصطفیٰ سے صحابۂ کرام مراد لیے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی رفاقت کے لیے منتخب فرمایا۔

۶۴ خَیْرٌ اسم تفضیل کا صیغہ ہے اور اسم تفضیل سے یہ بتانا مقصود ہوتا ہے کہ صفت دونوں میں پائی جاتی ہے

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ

بھلا وہ کون ہے جس نے بنایا آسمانوں کو اور زمین کو ۵۳ اور جس نے اتارا تمہارے لیے آسمان سے پانی ۔

فَأَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ۗ

پھر ہم نے اگائے اس پانی سے خوش منظر باغات ۔ تمہاری طاقت نہ تھی کہ تم اگا سکتے ان کے درخت ۔

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝ أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ

کیا کوئی دوسرا خدا ہے اللہ کے ساتھ؟ ۵۴ بلکہ وہ ایسے لوگ ہیں جو راہ راست سے ہٹے ہیں ۵۵ بھلا کس نے بنایا ہے زمین کو ۵۶

لیکن ایک میں زیادہ دوسرے میں کم جیسے زید اعلم من عمرو کا معنی ہے کہ زید عمر سے زیادہ عالم ہے ۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ عمرو بالکل جاہل ہے لیکن یہاں تو بتوں میں خیر کا واہمہ تک بھی نہیں ۔ اس لیے علماء نے تصریح کی ہے کہ یہ یہاں اسم تفضیل کے معنی میں استعمال نہیں بلکہ محض خیر و خوبی کے اظہار کے لیے ہے یا اس لیے کہ کفار اپنے زعم باطل میں کچھ نہ کچھ خیر و بھلائی تو اپنے بتوں میں یقین کرتے تھے ۔ اسی لیے تو ان کی پوجا کرتے تھے ۔

۵۳ یہاں سے بت پرستوں اور مشرکوں سے پوچھا جا رہا ہے کہ جن خداؤں کی تم پرستش کرتے ہو ۔ آخر اس کی وجہ کیا ہے کائنات کی ہر چھوٹی بڑی چیز کا خالق اللہ ہے ۔ ہر قسم کے انعامات و احسانات کا سرچشمہ فقط اسی کی ذات والا صفات ہے تو پھر کسی اور کو خدا کیوں بنایا جائے ۔ چنانچہ کائنات کی مختلف چیزوں کو مشرکین کے سامنے یکے بعد دیگرے پیش کیا جا رہا ہے اور ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ کیا ان کی تخلیق ۔ ان کی تحسین و تزئین اور ان کی نشوونما میں کسی اور کا بھی کوئی حصہ ہے تاکہ اسے خدا بنایا جائے اور اسے پوجا جائے ۔ پہلا سوال ان سے یہ کیا گیا کہ یہ آسمان اور زمین کس نے پیدا فرمائے ۔ پھر یہ بتاؤ آسمان سے پانی کون برساتا ہے ۔ تمہارے دائیں بائیں یہ خوش منظر باغات جو لہلہا رہے ہیں کس نے اگائے ہیں ۔ تم میں تو اتنی طاقت بھی نہیں کہ تم از خود ایک پودا بھی اگا سکو ۔

۵۴ اے بتوں کو پوجنے والو! بتاؤ کیا آسمان و زمین کی تخلیق یا ان باغات کی آرائش میں کوئی اور خدا بھی شریک ہے ۔ اگر تم مانتے ہو کہ ان سب کا خالق اللہ تعالیٰ ہے تو پھر تم اپنے طرز عمل پر نظر ثانی کیوں نہیں کرتے ۔

۵۵ یہ کافر بھی عجیب و غریب مخلوق ہیں ۔ اتنے واضح دلائل کے باوجود اللہ تعالیٰ سے روگرداں ہیں یا ان بتوں کو اس کا ہمسر سمجھتے ہیں ۔ یعدلون من العدول بمعنی الانحراف وقیل من العدل بمعنی المساواۃ ای یساوون بہ غیرہ تعالیٰ من الھتھم (روح المعانی)

۵۶ قرار کا معنی ہے مستقر یعنی ٹھہرنے کی جگہ جہاں تم آباد ہو اور اپنی زندگی خوشی اور آرام سے بسر کر رہے ہو ۔ قرار کے

قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِیَ وَجَعَلَ بَیْنَ

ٹھہرنے کی جگہ اور جاری کر دیں اس کے درمیان نہریں اور بنا دیے زمین کے لیے (مضبوط) پہاڑوں کے لنگر اور بنا دی دو سمندروں

ایک لفظ میں آپ جتنا غور کریں گے اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی شان ربوبیت کے ان گنت کرشمے آپ کو یہاں سمٹے ہوئے نظر آئیں گے۔ انسانی زندگی کی بقا اور نشوونما کے لیے زمین میں کن خصوصیات کا پایا جانا ضروری ہے، کون کون سی ایسی چیزیں ہیں جو اگر موجود نہ ہوں تو انسانی زندگی ان رعنائیوں اور مسرتوں سے یکسر خالی ہو جس سے اب اس کا دامن معمور ہے، کون کون سی ایسی چیزیں ہیں کہ اگر ان کا سراغ نہ لگایا جاسکے تو ایجاد واختراع کی بے پناہ قوتیں جو اس کی فطرت میں مضمر ہیں وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بے کار پڑی رہیں۔ ان تمام وسائل اور اسباب کی بہم رسانی کے بعد ہی انسانی زندگی کو بقا اور نشوونما نصیب ہو سکتی ہے۔ غرضیکہ قرار کے لفظ میں آپ جتنا غور کرتے چلے جائیں گے معارف و معانی کا ایک لامتناہی سلسلہ آپ کے سامنے بے نقاب ہوتا چلا جائے گا۔ یہاں میں نیویارک سائنس اکیڈیمی کے پریذیڈنٹ اے۔سی موریسن کے مضمون کا ایک مختصر اقتباس پیش کرتا ہوں جس سے آپ کو امّن جعل الارض قرارا کا مفہوم مزید واضح ہو جائے گا۔

"زمین اپنے محور پر ایک ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چکر کاٹ رہی ہے۔ اگر اس کی رفتار ایک ہزار میل کی بجائے ایک سو میل ہوتی تو دن اتنے لمبے ہوتے کہ سورج کی تپش تمام کھیتوں کو بھون کر رکھ دیتی اور راتیں اتنی لمبی اور سرد ہوتیں کہ زندگی کی اگر کچھ رمق سورج کی تپش سے بچ جاتی تو رات کی سردی اسے منجمد کر کے رکھ دیتی۔ سورج کا درجہ حرارت بارہ ہزار ڈگری فارن ہیٹ ہے لیکن زمین کو اس سے اتنی مناسب دوری پر رکھ دیا گیا ہے کہ وہاں سورج کی حرارت اتنا قدر ہی پہنچتی ہے جو حیات بخش ہے اور اگر سورج کا درجہ حرارت بارہ ہزار ڈگری کی بجائے چھ ہزار ڈگری ہوتا تو کرۂ زمین برف کے نیچے دب جاتا اور اگر اٹھارہ ہزار ڈگری ہوتا تو ساری زمین اس کی تمازت سے جل کر راکھ ہو جاتی۔ زمین کا جھکاؤ تیئیس درجے کا زاویہ بناتا ہے۔ اور اسی جھکاؤ سے ہمارے موجودہ موسم مناسب وقفوں کے بعد باری باری آتے ہیں۔ اگر اس میں یہ جھکاؤ نہ ہوتا تو سمندر سے اٹھنے والے بخارات جنوب اور شمال میں حرکت کرتے اور اتنی زور سے برف باری ہوتی کہ ساری زمین ڈھک جاتی۔ اگر چاند کی دوری زمین سے اتنی نہ ہوتی جتنی اب ہے بلکہ صرف پچاس ہزار میل ہوتی تو سمندروں میں مدوجزر اس شدت سے آتا کہ پہاڑوں تک کو بھی بہا کر لے جاتا اگر زمین کی سطح موجودہ سطح سے صرف دس فٹ زیادہ موٹی ہوتی تو یہاں آکسیجن ہی نہ ہوتی اور کوئی جانور زندہ نہ رہتا اور اگر سمندر چند فٹ اور گہرے ہوتے تو ساری کاربن ڈائی آکسائڈ اور آکسیجن صرف ہو جاتی اور روئے زمین پر کوئی سبز پتہ نظر نہ آتا۔ اس حکیمانہ نظام پر غور کرنے سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ کارخانہ ہستی اتفاقاً معرض وجود میں نہیں آگیا بلکہ ایک حکیم و دانا خالق نے اس کی تخلیق فرمائی ورنہ زندگی کا کوئی امکان نہ تھا۔" (ضیاء القرآن، جلد اوّل، الانعام: ۷۳ کا حاشیہ)

الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۱﴾

کے درمیان آڑ ۱۰۱ کیا کوئی اور خدا ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ؟ بلکہ ان میں سے اکثر لوگ بے علم ہیں ۱۰۲

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ

بھلا کون قبول کرتا ہے ایک بیقرار کی فریاد جب وہ اسے پکارتا ہے اور دور کون فرماتا ہے تکلیف ۱۰۳ کو اور کس نے

اب آپ نے غور فرمایا کہ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا کا کیا مفہوم ہے۔

۹۹ اس کو تمہاری قرارگاہ بنانے کے لیے اللہ تعالیٰ نے ہر طرف پانی کی بہم رسانی کے لیے ندیاں رواں کر دی ہیں۔ کچھ تو ظاہری سطح پر دریاؤں، چشموں کی شکل میں تمہیں نظر آتی ہیں اور کچھ زیر زمین ہیں جن سے تم کنوئیں کھود کر ٹیوب ویل لگا کر اور دوسرے مختلف طریقوں سے پانی نکالتے ہو۔ ہموار میدان ہوں یا اونچے پہاڑ ہر جگہ ہم نے تمہارے لیے پانی کا ذخیرہ فراہم کر دیا ہے ذرا غور کرو جہاں پانی نایاب ہے یا اس کی سطح کو ہم نے اتنا گہرا کر دیا ہے جہاں تک اس مشینی دور میں بھی تمہاری رسائی نہیں ہوتی وہاں تم کوئی بستی آباد کر کے کوئی باغ لگا کر یا کوئی فصل کاشت کر کے دکھاؤ تو کوئی بات بھی ہو۔

۱۰۰ کرۂ زمین محیط ہوا میں معلق ہے۔ اگر ہم اس کو پہاڑوں کے لنگروں سے ایک حالت پر قرار نہ بخشتے تو یہاں آبادی کا امکان تک نہ ہوتا۔ ہر وقت اسی قسم کے خوفناک جھٹکے آتے رہتے۔ جن کا مشاہدہ تم گاہے گاہے زلزلہ کی صورت میں کرتے ہو جن کی وجہ سے آن واحد میں تمہاری فلک بوس عمارتیں اور گنجان آبادیاں پیوند خاک ہو جاتی ہیں، دریاؤں کے رخ بدل جاتے ہیں، زمین کے شکم سے آگ کے شعلے نکلنے لگتے ہیں۔ ہم نے اپنی قدرت و حکمت سے پہاڑوں کے کیل گاڑ کر اس کا توازن ایسا برقرار رکھا ہے کہ وہ اپنی طبعی حرکت سے متحرک ہونے کے باوجود تمہارے لیے کسی اضطراب کا باعث نہیں بنتی۔

۱۰۱ پھر میٹھے اور کھاری پانی کو باہم ملنے سے ہم نے روکا ہوا ہے اور بسا اوقات یہ رکاوٹیں اتنی لطیف اور غیر محسوس ہوتی ہیں کہ تم ان کا انکشاف بھی نہیں کر سکتے لیکن اتنی لطافت کے باوجود وہ اتنی پختہ اور مضبوط ہوتی ہیں کہ کیا مجال کہ دونوں پانی آپس میں خلط ملط ہو سکیں۔

۱۰۲ اب بتاؤ یہ سب کچھ کس کی قدرت، حکمت اور علم کی جلوہ نمائی ہے۔ کیا کوئی اور خدا ہے جس کو تم شریک کار بتا سکو جب نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر تم کسی کو الٰہ اور معبود کیوں بناتے ہو کیا اس سے بڑی حماقت کوئی اور بھی ہو سکتی ہے۔

۱۰۳ مضطر اس مصیبت زدہ کو کہتے ہیں جسے مصائب اور شدائد نے اتنا گھبرا دیا ہو کہ وہ ہر طرف سے منہ موڑ کر صرف اللہ کی پناہ لینے پر مجبور ہو جائے۔ قال ذوالنون: هو الذی قطع العلائق عما دون الله (قرطبی)

سہل بن عبداللہ سے اس کا ایک یہ مفہوم بھی مذکور ہے کہ وہ گنہگار جس کی ساری عمر گناہوں میں گزری۔ اس کا نامۂ اعمال نیکیوں اور طاعتوں سے یکسر خالی ہو۔ اور جب وہ دعا کے لیے بارگاہِ الٰہی میں ہاتھ اٹھائے تو اسے کوئی نیکی نظر نہ آئے جس کے

خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ؕ﴿۶۲﴾

بنایا ہے تمھیں زمین میں (اگلوں کا) خلیفہ۔ کیا کوئی اور خدا ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ؟ تم بہت کم غوروفکر کرتے ہو۔

اَمَّنْ یَّهْدِیْكُمْ فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ وَ مَنْ یُّرْسِلُ الرِّیٰحَ

بھلا کون راہ دکھاتا ہے تمھیں [۳۳] بر و بحر کے اندھیروں میں اور کون بھیجتا ہے ہواؤں کو خوشخبری دینے کے لیے

وسیلہ سے وہ دعا کرسکے۔ اس کا بھروسہ محض اللہ تعالیٰ کی شان رحمت پر ہو۔ قال سہل بن عبد اللہ: المضطر ھو الذی اذا رفع یدیہ الی اللہ داعیا لم یکن لہ وسیلۃ من طاعۃ قدمہا (قرطبی)

کفار سے اب ایک اور بات پوچھی جارہی ہے جس کا تعلق کسی بیرونی چیز کے ساتھ نہیں جس کو وہ ٹھیک طور پر سمجھ نہ سکتے ہوں بلکہ اس کا تعلق ان کی اپنی ذات سے ہے اور جس کو وہ خوب سمجھتے ہیں۔ اور وہ یہ کہ ہر شخص خواہ وہ کتنا ہی ذی جاہ، ذی مال ہو اس پر زندگی میں کوئی نہ کوئی افتاد ایسی پڑتی ہے جب اس کی ذاتی قابلیتیں، ذاتی وسائل، اس کے دوست احباب سب بے بس ہو کر رہ جاتے ہیں۔ اس کا وہ خود اعتراف بھی کرتا ہے کہ اس گرداب ہلاکت سے اسے اس کی کوئی تدبیر کوئی حیلہ بچا نہیں سکتا۔ اس وقت اس کی نگاہ اللہ تعالیٰ کی طرف اٹھتی ہے اور وہ یقین کرتا ہے کہ اب اس کی چارہ سازی کے بغیر نجات ناممکن ہے۔ کیونکہ اس قسم کے حالات سے ہر شاہ و گدا، ہر امیر و فقیر، ہر عالم و جاہل کو واسطہ پڑتا ہے۔ اس لیے ان سے سوال کیا جارہا ہے کہ اس وقت تو تم بھی اعتراف کرتے ہو کہ تمھارے بت، یہ معبودانِ باطل تمھاری کوئی مدد نہیں کرسکتے۔ اللہ تعالیٰ ہے جو طوفانوں میں گھری ہوئی تمھاری کشتی کو سلامتی سے کنارے لگا دیتا ہے تو پھر تم کیوں نصیحت قبول نہیں کرتے اور کیوں اس کی توحید پر پختہ ایمان نہیں لاتے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے غلاموں کو حالتِ اضطرار میں جس طرح اپنے مولا کریم کے سامنے دعا کرنے کا سبق دیا ہے وہ تحریر ہے تاکہ سب غلامانِ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء اس سے استفادہ کرسکیں۔ عن ابی بکرۃ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی دعاء المضطر:

اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔ (قرطبی عن ابی داؤد الطیالسی)

"اے اللہ! میں صرف تیری رحمت کا امیدوار ہوں۔ مجھے آنکھ جھپکنے کی دیر بھی میرے نفس کے حوالہ نہ کر۔ میرے کام درست فرمادے۔ تیرے بغیر کوئی معبود نہیں۔"

[۳۳] پھر ان سے پوچھا جارہا ہے کہ جب رات کی تاریکیوں میں تم سفر کر رہے ہوتے ہو۔ اس وقت منزلِ مقصود کا پتہ تمھیں کون دیتا ہے۔ اسی کے روشن کیے ہوئے ستاروں کو دیکھ کر تم اپنا راستہ دریافت کرتے ہو۔ اگر دن کے وقت جبکہ سورج کی روشنی ہر سو پھیلی ہوئی ہوتی ہے یا رات کے وقت جب ستارے چمک رہے ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ تمھیں بھٹکا دے تو

بُشْرًا بَيْنَ يَدَیْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا

(اپنی رباران) رحمت سے پہلے ف کیا کوئی اور خدا ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ۔ برتر ہے اللہ تعالیٰ ان سے جنھیں

يُشْرِكُوْنَ ؕ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ

وہ شریک بناتے ہیں بھلا کون ہے جو آغاز کرتا ہے آفرینش کا پھر دوبارہ پیدا کرے گا اسے اور کون ہے جو رزق دیتا ہے

مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ

تمھیں آسمان سے اور زمین سے ف کیا کوئی اور خدا ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ، فرمائیے (اے مشرکو!) پیش کرو

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۞ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اپنی کوئی دلیل اگر تم سچے ہو ف آپ فرمائیے (خود بخود) نہیں جان سکتے جو آسمانوں اور زمین میں ہیں غیب کو

الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۞ بَلِ ادّٰرَكَ

سوائے اللہ تعالیٰ کے ف اور وہ (یہ بھی) نہیں سمجھتے کہ انھیں کب اٹھایا جائے گا ف بلکہ گم ہو گیا ہے ان کا

کوئی اور خدا ہے جو اس وقت تمھاری دستگیری کے لیے آگے بڑھے اور تمھیں تمھاری منزل پر پہنچا دے۔ ہرگز نہیں۔

ف اس کی ایک اور مہربانی پر غور کرو جب مینہ برستا ہے تو اچانک ہی برسنا شروع نہیں ہو جاتا بلکہ اس سے پہلے ٹھنڈی ہوا کے جھونکے آنے شروع ہوتے ہیں جس سے نہ صرف تمھاری بجھی ہوئی طبیعت اور افسردہ مزاج شگفتہ ہو جاتا ہے بلکہ بارش سے پہلے جو احتیاطی تدابیر تم اختیار کرنا چاہتے ہو اس کے لیے تمھیں کافی موقع مل جاتا ہے۔ تو تم ایسے رحیم اور کریم خدا کو چھوڑ کر کیوں دوسری چیزوں کو اپنا خدا بناتے ہو۔ کچھ تو سوچو، عقل سے کچھ تو کام لو۔

ف اللہ تعالیٰ کو وہ خالق تو مانتے تھے لیکن اعادۂ حیات اور وقوعِ قیامت کے وہ قائل نہ تھے۔ انھیں سمجھایا جا رہا ہے کہ جب وہ پیدا کر سکتا ہے جو بہت پیچیدہ اور مشکل کام ہے تو وہ اعادہ کیوں نہیں کر سکتا جو پہلے کام سے بدرجہا آسان ہے۔

ف اپنے تمام افعال اور صفاتِ کمال میں وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں تو پھر کسی کو اس کا شریک ٹھہرانا کتنی بڑی حماقت ہے۔ آخر میں فرما دیا کہ یہ روشن حقیقتیں جو تمھارے سامنے پیش کی گئی ہیں اگر تمھارے پاس ان کے خلاف یا ان میں سے کسی ایک کے خلاف بھی کوئی دلیل ہو تو پیش کرو۔ تمھیں اذنِ عام ہے۔

ف اللہ تعالیٰ کی توحید پر دلائلِ واضحہ اور براہینِ ساطعہ ذکر کرنے کے بعد اب اللہ تعالیٰ کے علمِ محیط کا بیان ہو رہا ہے۔

اور بتایا جا رہا ہے کہ تخلیق کائنات، تدبیر شئون عالم، خستہ دلوں اور آشفتہ حالوں کی فریاد رسی، رزق رسانی وغیرہا صفات میں جس طرح اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی طرح اس کی صفت علم میں بھی اس کا کوئی شریک نہیں۔ غیب کسے کہتے ہیں۔ اس کا مفہوم کیا ہے۔ اس کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں: مالا یقع تحت الحواس ولا تقتضیہ بداھۃ العقل (المفردات) یعنی وہ علم جو حواس کی رسائی سے بالاتر ہو اور جو قوت عقل سے بھی حاصل نہ کیا جاسکے اسے غیب کہتے ہیں۔ آیت کریمہ کا مفہوم یہ ہوگا کہ زمین و آسمان میں جو بھی موجود ہیں، فرشتے، جنات، انسان جن میں علماء، اولیاء، انبیاء اور اولوالعزم رسل بھی داخل ہیں اور دیگر لوگ کوئی بھی الغیب کو نہیں جان سکتے۔ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی یہ شان ہے کہ وہ عالم الغیب ہے۔ جس طرح اس کی ذات میں اور اس کی دیگر صفات میں کوئی ہمسری کا دم نہیں مار سکتا۔ اسی طرح اس کی صفت علم میں بھی اس کا کوئی شریک نہیں ہو سکتا۔ اگر کوئی شخص اس کی صفت علم میں کسی کو شریک بنائے گا تو وہ بھی اسی طرح مشرک ہوگا اور دائرۂ اسلام سے خارج ہوگا جس طرح اس کی دوسری صفات میں کسی کو شریک بنانے والا یا اس کی ذات کی طرح کسی کو واجب الوجود ماننے والا مشرک ہے اور دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔

قرآن کریم کی آیات کا مفہوم بیان کرتے ہوئے ضروری ہے کہ انسان اس بات کا خیال رکھے کہ آیات کا ایسا مفہوم اور تشریح نہ بیان کی جائے جو قرآن کی دوسری آیات کے سراسر خلاف ہو۔ ورنہ وہ قرآن حکیم کی حقانیت ثابت کرنے کے بجائے اپنے سامعین کے دل میں یہ غلط فہمی پیدا کرنے کا سبب بن جائے گا کہ قرآن کی بعض آیتیں دوسری آیتوں سے ٹکراتی ہیں اور تکذیب کرتی ہیں (العیاذ باللہ) اور وہ کتاب جس کا ایک حصہ دوسرے حصہ کا ابطال کر رہا ہو اسے کسی عقلمند انسان کا کلام بھی نہیں کہا جاسکتا چہ جائیکہ اسے خداوند علیم و حکیم کا کلام مانا جائے جو ہمہ بین بھی ہے اور ہمہ دان بھی۔

قرآن کریم نے اپنے کلام الٰہی ہونے پر دیگر دلائل کے علاوہ ایک یہ دلیل بھی پیش کی ہے کہ اس میں اختلاف نہیں پایا جاتا۔ ارشاد ہے لو کان من عند غیر اللہ لوجدوا فیہ اختلافا کثیرا (۴: ۸۲)

یعنی یہ اگر اللہ تعالیٰ کا کلام نہ ہوتا تو تم اس میں جگہ جگہ پر اختلاف اور تضاد پاتے۔ گویا قرآن میں اختلاف کا نہ پایا جانا اس بات کی محکم دلیل ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔

اگر غور و فکر کا دامن ہاتھ سے چھوڑ کر اس آیت کا ترجمہ کیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ زمین و آسمان میں جو مخلوق بھی ہے وہ غیب کو نہیں جانتی۔ حالانکہ قرآن کی بے شمار آیتوں سے ہمیں فرشتوں کا، نزول وحی کا، قیامت، جنت و دوزخ کا علم ہے اور ان پر ہمارا ایمان ہے۔ حالانکہ یہ تمام عالم غیب کی چیزیں ہیں نیز کثیر آیات اور ہزاروں صحیح احادیث سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا امور غیبیہ پر مطلع ہونا ثابت ہے اس لیے ہمیں اس آیت میں غور کرنا چاہیے کہ اس کا مطلب کیا ہے۔ علماء کرام نے تصریح کی ہے کہ اس آیت سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بتائے اور بتلائے بغیر کوئی بھی غیب پر آگاہ نہیں ہو سکتا۔ خود قرآن حکیم نے بھی اس قول کی تصدیق فرما دی۔ عالم الغیب فلا یظھر علی غیبہ احدا ۝ الا من ارتضی من رسول (۷۲: ۲۵، ۲۶)۔ اللہ تعالیٰ غیب کا جاننے والا ہے اور وہ اپنے غیب پر کسی کو آگاہ نہیں کرتا سوائے

اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

اس آیت نے بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کی دوسری تمام صفات کی طرح اس کی یہ صفت بھی قدیم ہے۔ ذاتی ہے اور غیر متناہی ہے یعنی ایسا نہیں کہ وہ پہلے کسی چیز کو نہیں جانتا تھا اور اب جاننے لگا ہے بلکہ وہ ہمیشہ ہمیشہ سے ہر چیز کو اس کے پیدا ہونے سے پہلے بھی، اس کی عین حیات میں بھی اور اس کے مرنے کے بعد بھی اپنے علم تفصیلی سے جانتا ہے۔ نیز اس کا یہ علم اس کا اپنا ہے کسی نے اس کو سکھایا نہیں ہے۔ نیز اس کے علم کی نہ کوئی حد ہے نہ نہایت۔ اگر کوئی شخص کما یا کیفا یعنی مقدار اور کیفیت کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کی کسی صفت کا کسی کے لیے اثبات کرے تو وہ ہمارے نزدیک شرک کا مرتکب ہوگا۔

اس لیے حضور پُرنور امام الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا علم مبارک خداوند کریم کے علم کی طرح قدیم نہیں بلکہ حادث ہے یعنی پہلے نہیں تھا بعد میں اللہ تعالیٰ کے تعلیم کرنے سے حاصل ہوا۔ خداوند کریم کے علم کی طرح ذاتی نہیں بلکہ عطائی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے سکھانے سے حاصل ہوا۔ نیز حضور سرور عالم کا علم خداوند کریم کے علم کی طرح غیر متناہی اور غیر محدود نہیں بلکہ متناہی اور محدود ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے علم محیط کے ساتھ حضور فخر موجودات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم کی نسبت اتنی بھی نہیں جتنی پانی کے ایک قطرہ کو دنیا بھر کے سمندروں سے ہے۔

ہاں اتنا فرق ضرور ہے کہ حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ حادث، عطائی اور محدود علم اتنا محدود نہیں جتنا بعض حضرات نے سمجھ رکھا ہے۔ اس کی وسعتوں کو یا دینے والا جانتا ہے یا لینے والا۔ یا سکھانے والے کو پتہ ہے یا سیکھنے والے کو۔ ہم تم کس گنتی میں ہیں جبریل امین بھی وہاں دم مارنے کی مجال نہیں رکھتا۔ فاوحی الی عبدہ ما اوحی۔ اس نے وحی فرمائی اپنے بندے کی طرف جو وحی فرمائی۔ علم و معرفت کی وہ وسعتیں اور بے کرانیاں جن پر بیان کا ہر جامہ تنگ ہے۔ ان کی حد بندی ہم کرنے لگیں گے تو ٹھوکریں نہیں کھائیں گے تو اور کیا ہوگا۔

اس کلیدِ رحمٰن نے اپنی زبان حق ترجمان سے ہمیں خود جو کچھ بتایا ہے ہم اس کو حق تسلیم کرتے ہیں اور اسی پر ہمارا ایمان ہے۔ اسی کی زبان پاک سے نکلا ہوا یہ قول طیب ہم نے سنا ہے:

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رأیت ربی عز وجل فی احسن صورۃ قال فیم یختصم الملأ الاعلی قلت انت اعلم قال فوضع کفہ بین کتفی فوجدت بردہا بین ثدیی فعلمت ما فی السمٰوٰت والارض۔

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا آج میں نے اپنے بزرگ و برتر پروردگار کی زیارت کی ہے بڑی حسین اور پیاری صورت میں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کی ہتھیلی میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھی۔ جس کی ٹھنڈک میں نے سینے میں محسوس کی۔ پھر میں نے جان لیا جو کچھ آسمانوں میں تھا اور زمین میں تھا:

اس حدیث پاک کی شرح کرتے ہوئے حضرت شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مشکوۃ کی شرح اشعۃ اللمعات میں تحریر فرماتے ہیں۔

"پس دانستم ہر چہ در آسمانہا و ہر چہ در زمینہا بود عبارت است از حصول تمامۂ علوم جزوی و کلی و احاطہ آں"

ترجمہ: پس جو چیز آسمانوں میں تھی اُسے بھی میں نے جان لیا اور جو چیز زمینوں میں تھی اسے بھی میں نے جان لیا۔ (پھر فرماتے ہیں کہ) اس ارشاد نبوی کا مقصد یہ ہے کہ تمام علوم جزوی اور کلی مجھے حاصل ہو گئے اور ان کا میں نے احاطہ کر لیا:

علامہ علی القاری علیہ الرحمۃ اپنی کتاب المرقاۃ شرح المشکوٰۃ میں پہلے اس حدیث کا مفہوم بیان کرتے ہیں۔ اس کے بعد شارح بخاری علامہ ابن حجر کا قول نقل کرتے ہیں۔ میں بیان اختصار کو ملحوظ رکھتے ہوئے فقط علامہ ابن حجرؒ کے قول پر اکتفا کرتا ہوں۔

قال ابن حجر ای جمیع الکائنات التی فی السمٰوٰت بل وما فوقھا . . . . . . والارض ھی بمعنی الجنس ای وجمیع ما فی الارضین السبع وما تحتھا . . . . یعنی ان اللہ تعالیٰ اری ابراھیم علیہ الصلوٰۃ والسلام ملکوت السمٰوٰت والارض وکشف لہ ذالک وفتح علیّ ابواب الغیوب ۔ (المرقات شرح مشکوٰۃ ، جلد ا صفحہ ۴۶۳)

ترجمہ: علامہ ابن حجرؒ نے فرمایا کہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ تمام کائنات جو آسمانوں میں تھی بلکہ ان کے اُوپر بھی جو کچھ تھا اور جو کائنات سات زمینوں میں تھی بلکہ ان کے نیچے بھی جو کچھ تھا وہ میں نے جان لیا۔ اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تو آسمانوں اور زمین کی بادشاہی دکھائی تھی اور اسے آپ پر منکشف کیا تھا اور مجھ پر اللہ تعالیٰ نے غیب کے دروازے کھول دیئے ہیں:

ممکن ہے اس حدیث کی سند کے بارے میں کسی کو شک ہو اس لیے اس کے متعلق مشکوٰۃ کے مصنف کی رائے غور سے سن لیجیے جو انہوں نے یہ حدیث متعدد طرق سے نقل کرنے کے بعد تحریر کی ہے۔ اگر دل میں حق پذیری کا جذبہ موجود ہے تو بفضلہ تعالیٰ یقیناً تسلی ہو جائے گی۔

رواہ احمد والترمذی وقال حسن صحیح وسألت محمد بن اسمٰعیل البخاری من ھذا الحدیث فقال ھذا حدیث صحیح ۔ (مشکوٰۃ شریف ۔ کتاب الصلوٰۃ)

اس حدیث کو امام احمدؒ اور امام ترمذیؒ نے روایت کیا ہے۔ اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ میں نے اس حدیث کے متعلق امام بخاریؒ سے دریافت کیا۔ انھوں نے فرمایا ھذا حدیث صحیح ، یہ حدیث صحیح ہے۔

امام مسلم اپنی صحیح میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

قام فینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقاما ما ترک شیئا یکون فی مقامہ ذلک الیٰ قیام الساعۃ الا حدث بہ حفظہ من حفظہ ونسیہ من نسیہ قد علمہ اصحابی ھٰؤلاء وانہ لیکون منہ الشیٔ قد نسیتہ فاریٰ فاذکرہ کما یذکر الرجل وجہ الرجل اذا غاب عنہ ثم اذا راٰہ ۔

ترجمہ: ایک روز حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک جگہ تشریف فرما ہوئے اور قیامت تک ہونے والی کوئی چیز ایسی نہ تھی جس کا ذکر حضور نے نہ فرمایا ہو۔ یاد رکھا اس کو جس نے یاد رکھا۔ بھلا دیا اسے

جس نے بھلا دیا میرے یہ سارے صحابہ اس کو جانتے ہیں۔ اور ایسا ہوتا ہے کہ کوئی ایسی شے وقوع پذیر ہوتی ہے جسے میں بھول چکا ہوتا ہوں تو اسے دیکھتے ہی مجھے یاد آ جاتا ہے (کہ حضور نے یونہی فرمایا تھا) بالکل اس طرح جیسے تیرا کوئی واقف آدمی کافی عرصہ تجھ سے غائب رہا ہو۔ اور جب تو اسے دیکھے تو تو اسے پہچان لیتا ہے۔"

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث روایت کی ہے وہ بھی ملاحظہ فرمایئے:۔

عن عمرؓ قال قام فینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقاما فاخبرنا من بدء الخلق حتی دخل اهل الجنة منازلهم واهل النار منازلهم حفظ ذالك من حفظه ونسيه من نسيه (رواہ البخاری)

ترجمہ: "حضرت عمرؓ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیام فرما ہوئے اور تخلیق کائنات کی ابتداء سے لے کر اہل جنت کے اپنی منازل میں اور اہل دوزخ کے اپنے ٹھکانوں میں داخل ہونے تک کے تمام حالات سے ہمیں خبر دی۔ یاد رکھا اس کو جس نے یاد رکھا بھلا دیا اسے جس نے بھلا دیا۔"

علامہ علی القاری مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ طیبی کا یہ قول نقل کرتے ہیں:۔

قال الطيبي حتى غاية اخبرنا اى اخبرمبتدأ من بدء الخلق حتى انتهى الى دخل اهل الجنة الجنة ووضع الماضى موضع المضارع مبالغة للتحقيق المستفادة من قول الصادق الامين صلى الله عليه وسلم۔

ترجمہ: علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ حدیث شریف میں حتی کا لفظ بیانِ غایت کے لیے ہے۔ یعنی حضور نے اپنے اس جامع خطبہ میں کائنات کی آفرینش سے لے کر اس وقت تک کے تمام حالات بیان فرمائے جبکہ جنتی اپنے اپنے محلات میں قیام پذیر ہو جائیں گے۔ پھر فرماتے ہیں کہ جنتیوں کا جنت میں داخل تو زمانہ مستقبل میں ہوگا اس لیے حتی یدخل یعنی مضارع کا صیغہ استعمال ہونا چاہیے تھا۔ حدیث میں ماضی کا صیغہ (حتی دخل) کیوں استعمال ہوا ہے۔ اس کا جواب دیتے ہیں کہ کیونکہ یہ خبر دینے والا صادق (سچا) اور امین (دیانتدار) رسول ہے۔ اس نے آئندہ کے متعلق جو فرما دیا کہ ایسا ہوگا اس کا ہونا بھی اتنا ہی یقینی ہے جتنا اس بات کا جو پہلے واقع ہو چکی ہو۔

اللہ تعالیٰ اسلاف کرام کا نورِ ایمان عطا فرمائے تب ہی کتاب و سنت کے آئینہ میں حق کا رخِ زیبا نظر آتا ہے۔ ورنہ ساری عمر شک و شبہ کی جھاڑیوں میں دامن الجھا رہتا ہے۔ اور قیل و قال سے ہی فرصت نہیں ملتی۔

قرآن کریم کی آیات طیبات اور ان احادیث صحیحہ کے بعد ہم کسی سے اپنے مومن ہونے کا سرٹیفکیٹ لینے کے لیے یہ مانتے۔ یا زبان پر لاتے یا اس کا تصور کرنے کے لیے بھی تیار نہیں کہ شیطان کا علم فخرِ عالم کے علم سے زیادہ ہے یا ایسا علم تو گاؤخر اور ہر شقیہ کو بھی حاصل ہے۔ العیاذ باللہ ثم العیاذ باللہ۔

اس آیت کا جو مفہوم میں نے بیان کیا علماء کرام کی تصریحات بھی اسی کی تائید کرتی ہیں چنانچہ علامہ سید محمود آلوسی بغدادی

اس پر سیر حاصل بحث کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں:-

ولعل الحق ان یقال ان العلم الغیب المنفی عن غیرہٖ جل وعلا ھو ما کان للشخص لذاتہ ای بلا واسطۃ فی ثبوتہ لہ . . . . وما وقع للخواص لیس من ھذا العلم المنفی فی شیٔ ضرورۃ انہ من الواجب عزوجل افاضہ علیہم بوجہ من وجوہ الافاضۃ ۔ (روح المعانی جلد ۲۰ صفحہ ۱۱)

ترجمہ: یعنی حق بات یہ ہے کہ جس علم غیب کی نفی کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اسے کوئی نہیں جانتا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص اسے خود بخود نہیں جان سکتا۔ اور خاص بندوں کو جو علم حاصل ہے وہ یہ علم نہیں جس کی آیت میں نفی کی گئی ہے بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کی فیض رسانی سے انھیں حاصل ہوا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنی فیض رسانی کے متعدد وجوہ میں سے کسی ایک وجہ سے انھیں مرحمت فرمایا ہے۔

علامہ موصوف اس سے آگے چل کر لکھتے ہیں:

وبالجملۃ علم الغیب بلا واسطۃ کلا اوبعضاً مخصوص باللّٰہ جل وعلا لا یعلمہ احد من الخلق اصلاً

ترجمہ: یعنی ساری بحث کا حاصل یہ ہے کہ علم الغیب بلا واسطہ کلاً اور بعضاً اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ خاص ہے یعنی نہ سارا علم غیب بغیر اس کے بتائے کوئی جان سکتا ہے اور نہ بعض کوئی جان سکتا ہے۔

حضرت علامہ ثناء اللہ پانی پتی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"وغیرہ تعالیٰ لا یعلم الا باعلامہ یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی غیب نہیں جان سکتا مگر اس کے بتانے اور سکھانے سے"

آخر میں اپنی رائے ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

قلت ویمکن ان یکون التقدیر لا یعلم من فی السمٰوٰت والارض الغیب بشیٔ الا باللّٰہ ای بتعلیمہ (مظہری)

یعنی میں کہتا ہوں کہ تقدیر عبارت یوں ہے کہ زمین و آسمان کی کوئی چیز اللہ تعالیٰ کی تعلیم اور سکھانے کے بغیر غیب کو نہیں جان سکتی"

اس تحقیق کے بعد بھی اگر کوئی صاحب ہم اہل السنت پر شرک کا الزام لگائے تو اس کی مرضی۔ اس آزادی کے دور میں ہم اس کے لیے دعائے ہدایت کے بغیر کیا کہہ سکتے ہیں۔ البتہ اسے یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اس بہتان کے متعلق اس سے بازپرس ہوگی۔ اور اس پر آشوب دور میں امت مصطفویہ علیٰ نبیہا افضل الصلوات وازکی التسلیمات میں فتنہ وشقاق کا دروازہ کھولنے پر اسے روزِ حشر جوابدہ ہونا ہوگا۔ الحمد للّٰہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ حبیبہٖ وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ اجمعین۔

۹۵ کفار مکہ نے حضورؐ سے پوچھا کہ جس قیامت سے آپ صبح و شام ہمیں ڈراتے رہتے ہیں، ذرا یہ تو بتائیے وہ

عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۫ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۫ بَلْ هُمْ

علم آخرت کے متعلق ۵۴ بلکہ وہ تو اس کے بارے میں شک میں ہیں۔ بلکہ وہ اس سے

مِّنْهَا عَمُوْنَ ۝۶۶ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَىِٕنَّا

اندھے ہیں۔ اور کفار کہنے لگے ۵۵ کیا جب ہم مٹی ہو جائیں گے اور ہمارے باپ دادا

لَمُخْرَجُوْنَ ۝۶۷ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ

بھی تو کیا ہمیں (پھر) نکالا جائیگا۔ بیشک قیامت کے آنے کا وعدہ ہم سے بھی کیا گیا اور ہمارے باپ دادا سے بھی اس سے پہلے بھی

کس سن میں کس تاریخ کو آئے گی۔ ان کے جواب میں فرمایا کہ ان کو اس کا شعور نہیں کہ وہ کب آئے گی۔

۵۴ اِدّٰرَكَ اصل میں تدارک ہے۔ تا کو دال میں ادغام کیا اور ہمزہ بڑھا دیا کہ ابتدا ساکن سے نہ ہو۔ امام فخر الدین رازیؒ لفظ اِدّٰرَكَ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس کا معنی انتہا کو پہنچنا، فنا ہو جانا ہے۔ جب پھل پک جاتا ہے اور توڑ لینے کے قابل ہو جاتا ہے تو عرب کہتے ہیں ادرکت الثمرة، پھل نے اپنی پختگی کی نہایت کو پا لیا ہے۔ اس کے بعد اسے توڑ لیا جاتا ہے اور پھر وہ اپنی شاخ پر لٹکتا ہوا نظر نہیں آتا۔ نیز جب کوئی قوم یکے بعد دیگرے لقمۂ اجل بن جائے، برباد ہو جائے تو کہا جاتا ہے تدارک بنو فلان اذا تتابعوا فی الهلاك۔ حضرت حسنؓ سے اس لفظ کا یہ مفہوم منقول ہے۔ اضمحل علمهم یعنی قیامت کے متعلق ان کا علم مضمحل ہو گیا۔ وقوعِ قیامت پر انہیں یقین ہی نہ رہا۔ اور یہ آیت سابقہ آیت کے آخری حصہ (ماشعرون) کی تفسیر ہے۔ (کبیر)

علامہ قرطبیؒ نے بڑی سادگی اور عمدگی سے اس کی تشریح ان الفاظ سے کی ہے۔ بل ضل وغاب علمهم فی الآخرة فلیس لهم فیها علم (قرطبی)، یعنی قیامت پر انہیں پختہ یقین ہے۔ دل ہی دل میں اس کے وقوع کو مانتے ہیں۔ لیکن ہٹ دھرمی اور تعصب کے باعث اقرار کی جرأت نہیں کر سکتے۔

۵۵ قیامت کے متعلق وہ ہمیشہ ایک ہی رٹ لگاتے رہتے تھے کہ آج ہمیں بھی بار بار قیامت کے آنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ ہم سے پہلے ہمارے آباؤ اجداد کو بھی اسی قسم کی دھمکیاں دی جاتی تھیں۔ صدیاں بیت گئی ہیں ابھی تک تو قیامت کے آنے کے آثار ہی نظر نہیں آتے۔ یہ ایک انہونی سی بات ہے۔ خواہ مخواہ ان پارساؤں نے ہمارا ناک میں دم کر رکھا ہے۔ خود تو تھے ہی خشک مزاج ہماری محفل عیش و طرب کو بھی اس کی رونقوں اور خوشیوں سے محروم کرنا چاہتے ہیں۔

هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا

یہ وعدہ مگر پہلے لوگوں کے من گھڑت افسانے۔ آپ فرمائیے سیر و سیاحت کرو [٦٨] زمین میں پھر اپنی آنکھوں سے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٦٩﴾ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ

دیکھو کہ کیسا ہولناک انجام ہوا مجرموں کا۔ (اے محبوب!) آپ غمزدہ نہ ہوں ان (کے رویہ) پر اور دل تنگ

فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

نہ ہوا کریں ان کے مکر و فریب سے [٦٩] اور وہ پوچھتے ہیں کب (پورا ہوگا) یہ وعدہ (بتاؤ) اگر تم سچے

صٰدِقِيْنَ ﴿٧١﴾ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ

ہو۔ آپ فرمائیے قریب ہے کہ تمہارے پیچھے آلگا ہو اس عذاب کا کچھ حصہ جس کے لیے

تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

تم جلدی مچا رہے ہو [٧٠] اور بے شک آپ کا رب بہت فضل (و کرم) فرمانے والا ہے لوگوں پر، لیکن

---

[٦٨] ان کے اس اعتراض کا جواب اس آیت میں دے دیا گیا کہ تم انہی لوگوں کی پیروی کر رہے ہو جنہوں نے تم سے پہلے اپنے رسولوں کو جھٹلایا۔ ان کی دعوت کو قبول نہ کیا۔ قیامت کا انکار کرتے رہے۔ تم زمین میں سیر و سیاحت کرو اور اپنی آنکھوں سے ان قوموں کا عبرتناک انجام دیکھو۔ اگر تم یہ نہیں چاہتے کہ تم بھی اس قسم کے انجام سے دوچار ہو تو ان کے انکار و عناد کی روش ترک کر دو اور اطاعت و انقیاد کا راستہ اختیار کرو۔

[٦٩] اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دے رہے ہیں۔

[٧٠] یکون اور ردف دونوں فعل ہیں۔ اور ان کا فاعل بعض ہے۔ تنازع فعلین کی وجہ سے ایک کا فاعل اسم ظاہر ہوگا اور دوسرے کا اسم ضمیر جس کا مرجع وہ اسم ظاہر ہوگا۔

علامہ بیضاوی لکھتے ہیں کہ عسی، لعل اور سوف کے الفاظ سے جب بادشاہ دھمکی دے تو وہ جزم اور یقین کا فائدہ دیتے ہیں بادشاہ رمز و کنایہ سے ہی اپنے ارادہ کا اظہار کرتے ہیں۔ تصریح کی انہیں چنداں ضرورت نہیں ہوتی۔ اسی لیے جب اللہ اپنے وعدہ اور وعید میں یہ الفاظ فرماتے تو ان سے مراد یقین و جزم ہی ہوتا ہے۔ وعليه جرى وعد الله ووعيده (بیضاوی)

أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ

اکثر لوگ ناشکری کرتے ہیں ۷۳ اور یقیناً آپ کا رب خوب جانتا ہے جو کچھ چھپا رکھا ہے

صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٤﴾ وَمَا مِنْ غَائِبَةٍ فِي السَّمَاءِ

ان کے سینوں نے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ اور نہیں کوئی پوشیدہ چیز آسمان اور زمین

وَالْأَرْضِ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ﴿٧٥﴾ إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَقُصُّ عَلَىٰ

میں مگر اس کا بیان کتاب مبین میں موجود ہے ۷۵ بلاشبہ یہ قرآن ۷۶ بیان کرتا ہے

بَنِي إِسْرَائِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٧٦﴾ وَإِنَّهُ

بنی اسرائیل کے سامنے اکثر ان امور کی حقیقت، کہ جن میں وہ جھگڑتے رہتے ہیں۔ اور بلاشبہ یہ

۷۳ ورنہ ادھر وہ گناہ کا ارتکاب کرتے، اُدھر ان پر عذاب نازل کر دیا جاتا۔ اس کی اتنی واضح رحمتوں کے باوجود بھی لوگ شکر نہیں کرتے۔

۷۵ ہر مخفی سے مخفی چیز کتاب مُبین میں لکھ دی گئی ہے۔ کتاب مُبین سے مراد لوح محفوظ ہے۔ اور مُبین کی صفت اس لیے ذکر کی گئی ہے کہ جن ملائکہ کو لوح محفوظ دیکھنے کی اجازت ہے وہ جب اسے دیکھتے ہیں تو یہ مخفی امور ان پر واضح ہو جاتے ہیں۔

ما من شيء شديد الغيبوبة والخفاء... الا اثبته الله في اللوح المحفوظ والمبين الظاهر لمن ينظر فيه من الملئكة (رازی)۔ الظاهر لمن ينظر فيه من الملئكة (بحر)

علامہ آلوسی نے ایک قول یہ بھی نقل کیا ہے کہ کتاب مُبین سے مُراد قرآن حکیم ہے پھر لکھتے ہیں کہ بیان کیا جاتا ہے کہ بعض عارفوں نے سلاطین عثمانی کے نام ہر ایک کی مدت حکومت، یہاں تک کہ سب سے آخری سلطان ان میں سے کون ہوگا، یہ سب چیزیں سورۃ فاتحہ سے استخراج کی ہیں۔ (روح المعانی)

۷۶ یہود و نصاریٰ کا باہمی اختلاف تو اظہر من الشمس ہے۔ لیکن ہر قوم آپس میں بھی سینکڑوں فرقوں میں بٹی ہوئی ہے جو ایک دوسرے کی تکفیر کیا کرتے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق نصاریٰ کے باہمی اختلاف کو دیکھ کر دماغ چکرا جاتا ہے۔ کوئی آپ کو خدا، کوئی خدا کا بیٹا، کوئی تین اقانیم سے ایک اقنوم اور کوئی آپ کو اللہ کا بندہ اور رسول کہتا ہے۔ اسی طرح بیشمار مسائل میں ان کی آپس میں ٹھنی ہوئی ہے۔ قرآن کریم نے آکر انھیں حقیقت سے آگاہ کر دیا ہے۔ اگر وہ اس کی دعوت

لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٧﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ

قرآن سراپا ہدایت اور مجسم رحمت ہے مومنین کے لیے ۸۸ یقیناً آپ کا رب فیصلہ فرمائے گا ۸۹ ان کے

بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿٧٨﴾ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّكَ عَلَى

درمیان اپنے علم سے۔ اور وہی ہے زبردست سب کچھ جاننے والا سو آپ بھروسہ کریں اللہ تعالیٰ پر، بیشک آپ

الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿٧٩﴾ اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاۗءَ

روشن حق پر ہیں ۹۰ بیشک آپ نہیں سنا سکتے مردوں کو ۹۱ اور نہ آپ سنا سکتے ہیں بہروں کو

اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿٨٠﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِي الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ۭ

اپنی پکار جب وہ بھاگے جا رہے ہوں پیٹھ پھیرے ہوئے۔ اور نہیں آپ ہدایت دینے والے (دل کے) اندھوں کو ان کی

قبول کریں تو ان کا یہ باہمی عناد ختم ہو جائے۔

۸۸ اگرچہ یہ کتاب سارے جہان کے لیے ہدایت و رحمت ہے لیکن اس سے فائدہ اٹھانے والے صرف اہل ایمان ہیں اس لیے گویا یہ انہی کے لیے ہدایت و رحمت ہے فانھم ھم المنتفعون بہ دون الکفار من اھل الکتاب وغیرھم (مظہری)

۸۹ ایک دن وہ آنے والا ہے جب خود مولا کریم ان کے درمیان فیصلہ فرمائے گا۔

۹۰ سارا باطل اگرچہ اسلام کو مٹانے کے لیے ایک دوسرے سے مکمل تعاون کر رہا ہے لیکن آپ خوفزدہ نہ ہوں۔ اپنے رب پر کامل بھروسہ کریں۔ وہ عزیز و حکیم ضرور آپ کی مدد فرمائے گا۔ کیونکہ حق و صداقت کا جھنڈا آپ کے ہاتھ میں ہے۔ سچائی کا نور پھیلانے کے لیے آپ شب و روز کوشاں ہیں۔ تو یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ کی امداد نہ فرمائی جائے۔ انک علی الحق المبین کہہ کر حضور کو اطمینان دلا دیا کہ واقعی آپ صراط مستقیم پر ثابت قدمی سے چلے جا رہے ہیں۔ اور جب کسی رہرو کو یقین ہو جاتا ہے کہ وہ سیدھا منزل محبوب کی طرف گامزن ہے۔ کہیں ادھر ادھر کسی پگڈنڈی پہ مارا مارا نہیں پھر رہا تو پھر جس طرح اس کی ہمت جواں ہوتی ہے اور اس کا حوصلہ بلند ہوتا ہے، اس کا اندازہ بس وہی لوگ کر سکتے ہیں جن کی جانکاہیوں کو محبوب حقیقی کی طرف سے اس قسم کی داد ملی ہو۔ جن کی جانفشانیوں پر کبھی تحسین و آفرین کے گلہائے رنگین نچھاور کیے گئے ہوں۔

۹۱ اے نبی مکرم! جن لوگوں نے کفر و شرک کی سم قاتل سے اپنے قلب و روح کو مردہ بنا دیا ہے انہیں یہ پند و موعظت

إِنْ تُسْمِعُ إِلَّا مَنْ يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَإِذَا وَقَعَ

گمراہی سے نہیں سناتے آپ بجز اُن کے جو ایمان لاتے ہیں ہماری آیتوں پر پھر وہ فرمانبردار بن جاتے ہیں ۹۴ ؎ اور جب ہماری بات

یہ تبلیغ و نصیحت اور یہ آیاتِ قرآنی کا پڑھ پڑھ کر سنانا قطعاً فائدہ مند نہیں۔ انھوں نے خود اپنے ہاتھوں اپنی عقل و فہم کا گلا گھونٹ دیا ہے۔ انھوں نے خود پھونکیں مار مار کر غور و فکر کا چراغ بجھا دیا ہے۔ انھیں یہ روشن سے روشن معجزات بھی حق قبول کرنے پر آمادہ نہیں کر سکتے۔ اس لیے ان کے ہدایت پذیر ہونے کے لیے مزید کوششیں کرنا یا ان کے کفر پر جمے رہنے سے آزردہ خاطر ہونا مناسب نہیں۔ آپ نے اپنا فرض باحسن وجوہ ادا کر دیا۔ یہ ان کی اپنی بدبختی ہے کہ وہ اس سے فائدہ نہ اٹھا سکے۔

۹۴ ؎ آپ تو صرف ان لوگوں کو حق کی آواز سنا سکتے ہیں۔ آپ کی تبلیغ ان کے لیے ہی کارگر ہو سکتی ہے۔ یہ آیاتِ بیّنات فقط ان کو راہِ ہدایت پر لا سکتی ہیں جن میں دعوتِ حق قبول کرنے کی استعداد ہو اور جن کا مشرف باسلام ہونا ہم نے مقدر کر دیا ہو۔

کئی ایسے بیباک بھی ہیں جو ان آیات کو لوگوں کے سامنے پڑھتے ہیں اور مقصد حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی تنقیص ہوتا ہے۔ گلا پھاڑ پھاڑ کر کہتے ہیں کہ دیکھو وہ کچھ نہیں کر سکتے۔ کسی کو راہِ ہدایت پر نہیں لا سکتے۔ بالکل کوئی اختیار نہیں رکھتے وغیرہ وغیرہ۔ کاش! وہ آیت کے اس حصہ کو بھی قابلِ غور تصور کرتے۔ ان تسمع الا من یؤمن الآیۃ۔ اگر زیادہ غور و فکر کی فرصت نہیں ملتی تو اتنی بدیہی بات کو ہی سمجھنے کی کوشش کرتے کہ اگر اندھے کے لیے سورج کی روشنی سود مند نہیں تو کیا یہ کہنا درست ہے کہ سورج روشن ہی نہیں یا اس کی روشنی سے کسی کو فائدہ ہی نہیں۔ اگر چند اندھے دن کے اُجالے میں ٹھوکریں کھاتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کی ان گنت مخلوق تو آفتاب کی تابانیوں سے مستفید ہو رہی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ ان لوگوں نے کسی غلط فہمی کے باعث اپنے آپ کو مُردہ، اپنی آنکھوں کو اندھا اور اپنے کانوں کو بہرا فرض کر لیا ہو۔ اور اس لیے شور مچا رہے ہوں کہ دیکھو ہمیں تو کچھ نظر نہیں آ رہا ہے۔ ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا پھیلا ہوا ہے۔ کہاں ہے وہ تمہارا سورج جس کے متعلق تم کہتے ہو کہ وہ طلوع ہو گیا ہے اور اس کی کرنوں نے شرق و غرب کو منور کر دیا ہے۔ کیا اہلِ قبور سنتے ہیں یا نہیں۔ اس پر مفصل بحث سورہ الروم میں آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہاں آپ اتنا ہی یاد رکھیں کہ آیت میں اسماع (سنانے) کی نفی ہے۔ سمع (سننے) کی نفی نہیں۔ اور حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب جنت البقیع میں آرام فرمانے والے اپنے غلاموں کے پاس تشریف لے جاتے یا شہداءِ اُحد کے مزارات پر قدم رنجہ فرماتے تو ان الفاظ سے اہلِ قبور کو سلام فرمایا کرتے۔

السلام علیکم یا اهل القبور۔

اُے قبروں میں رہنے والو! تم پر سلام ہو۔

الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِّنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ أَنَّ

کہ ان پر پورا ہونے کا وقت آجائیگا تو ہم نکالیں گے اُن کے لیے ایک چوپایہ زمین سے ۹۳؎ جو ان سے گفتگو کریگا، کیونکہ

النَّاسَ كَانُوا بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُونَ ﴿۸۲﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِن كُلِّ أُمَّةٍ

لوگ ہماری آیتوں پر ایمان نہیں لاتے تھے۔ اور جس روز ہم اکٹھا کریں گے ہر اُمّت سے ایک

فَوْجًا مِّمَّن يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿۸۳﴾ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُو

گروہ ۹۴؎ جو جھٹلایا کرتا تھا ہماری آیتوں کو تو ان کو (اپنی اپنی جگہ پر) روک لیا جائیگا حتیٰ کہ جب وہ آجائیں گے اللہ

ع ۲ ۱۶

اور قبور کی زیارت کے جو آداب حضورؐ نے اپنی اُمّت کو تعلیم فرمائے ان میں بھی اسی طرح انھیں سلام کہنے کی تلقین کی گئی ہے۔ اور ایک بچہ بھی یہ سمجھ سکتا ہے کہ اس قسم کا کلام انہی سے کیا جاتا ہے جو سُن رہے ہوں۔ اگر اہلِ قبور سُنا نہ کرتے تو سلام فرمانے کا یہ انداز نہ ہوتا۔ آمنا باللہ وما جاء بہ رسولہ الکریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحٰبہ وبارک وسلّم۔

۹۳؎ قیامت کے وقوع پذیر ہونے سے پہلے جو چیزیں بطور علامت ظاہر ہوں گی ان میں سے ایک خروج دابّہ ہے جس کا ذکر اس آیت میں ہو رہا ہے۔ امام مسلم نے اپنی صحیح میں یہ حدیث ذکر کی ہے آپ بھی ملاحظہ فرمایئے۔

عن عبد اللہ بن عمرو قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم یقول ان اوّل الآیات خروجًا طلوع الشمس من مغربھا وخروج الدابّۃ علی الناس ضحی وایتھما کانت قبل صاحبتھا فالاخری علی اثرھا قریبًا (رواہ مسلم)

حضرت عبد اللہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ مَیں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سُنا کہ قیامت کی اوّلین علامتوں سے سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور چاشت کے وقت دابّۃ (جانور) کا نکلنا ہے۔ ان دو میں سے جو بھی پہلے واقعہ ہُوا دوسرا اس کے فوراً بعد ہوگا۔

اس کے علاوہ اس کے قد وقامت، مقام خروج وغیرہ کے متعلق بڑی تفصیلات روایات میں مذکور ہیں لیکن امام رازی فرماتے ہیں:

واعلم انہ لا دلالۃ فی الکتاب علی شیء من ھذہ الامور فان صح الخبر فیہ عن الرسول صلی اللہ علیہ وسلّم قبل والا لم یلتفت الیہ (کبیر)

"خوب جان لو کہ کتاب اللہ میں ان اُمور پر کوئی دلالت نہیں۔ جو چیز صحیح احادیث سے ثابت

قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ

فرمائیگا کیا تم نے جھٹلایا میری آیتوں کو حالانکہ تم نے اچھی طرح انھیں جانا بھی نہ تھا ف۸۵ یا اس کے علاوہ اور کیا تھا جو

تَعْمَلُوْنَ ۝۸۴ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ۝۸۵

تم کیا کرتے تھے ف۸۶ اور پوری ہوگئی (اللہ کی) بات ان پر بوجہ ان کے ظلم کے ف۸۷ تو وہ (اس وقت) بول بھی نہ سکیں گے

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ

کیا انھوں نے غور نہ کیا کہ ہم نے بنایا ہے رات کو اس لیے تاکہ وہ اس میں آرام کریں اور بنایا ہے دن کو منیا ف۸۸

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝۸۶ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي

بیشک اس میں (ہماری قدرت کی) نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں۔ اور جس دن پھونکا جائے گا ف۸۹

الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ

صور تو گھبرا جائے گا ہر کوئی جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے۔ مگر جنھیں

ہوگی وہ مان لی جائے گی ورنہ اس کی طرف التفات نہیں کیا جائے گا۔

ف۸۴ قیامت کے روز تمام قوموں کے منکروں کو ایک جگہ اکٹھا کیا جائے گا۔ ہر ایک اپنی اپنی جگہ پر کھڑا کر دیا جائیگا۔ کسی میں جرأت نہیں ہوگی کہ اپنی جگہ سے اِدھر اُدھر سرک سکے۔

ف۸۵ یعنی تم اتنے مغرور تھے کہ تم نے ہماری آیتوں میں تدبر کرنا ہی کسر شان سمجھا۔ اور غور و فکر کے بغیر ہی ان کو جھٹلا دیا۔

ف۸۶ یعنی اگر تم نے میری آیتوں کی تکذیب نہیں کی تو بتاؤ تم نے کیا کیا۔ اس الزام کو غلط ثابت کرنے کے لیے کوئی دلیل پیش کرو۔

ف۸۷ یعنی جس ظلم و عدوان کا ارتکاب وہ عمر بھر کرتے رہے اور بار بار سمجھانے کے باوجود بھی وہ اس سے باز نہ آئے اس کی وجہ سے ہی انھیں عذاب میں مبتلا کر دیا جائے گا اس وقت وہ اپنی صفائی پیش کرنے سے قاصر ہوں گے۔ کوئی عذر بھی پیش نہ کر سکیں گے چپ کھڑے رہیں گے گویا ان کے لبوں کو کسی نے سی دیا ہے یا ان کی قوتِ گویائی سلب کر لی گئی ہے۔

ف۸۸ اپنی رحمت بے پایاں اور حکمتِ بالغہ کی نشانیوں کی طرف ایک بار پھر ان کی توجہ مبذول کرا دی۔

ف۸۹ جب حضرت اسرافیل علیہ السلام کو حکم ملے گا کہ اب صور پھونکو تاکہ قیامت قائم ہو تو جب وہ خدائی بگل بجے گا

شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَ كُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَ تَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً

خدا نے چاہا وہ نہیں گھبرائیں گے اور سب حاضر ہونگے اسکی بارگاہ میں عاجزی کرتے ہوئے ۔ ۱۵۳ اور تو جب (اس روز) پہاڑوں کو دیکھے گا تو گمان کریگا کہ یہ

وَّ هِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْۤ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ

ٹھیرے ہوئے ہیں حالانکہ وہ چل رہے ہونگے بادل کی سی چال ۱۵۴ یہ کاریگری ہے اللہ کی جس نے (اپنی حکمت سے) مضبوط بنایا ہر چیز کو

اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ

۱۵۵ بیشک وہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ جو شخص نیک عمل لے کر آئے گا تو اسے کہیں بہتر اجر ملے گا اس نیک عمل سے

تو آسمان و زمین کی ہر چیز گھبرا جائے گی۔ ہر سمت خوف اور دہشت طاری ہو جائے گی۔ البتہ بعض ہستیاں ایسی بھی ہونگی جو اس دن بھی مطمئن ہونگی گویا کچھ تشویش ناک بات ہوئی ہی نہیں۔ وہ برگزیدہ کون ہونگے؟ علامہ پانی پتی نے متعدد احادیث لکھنے کے بعد تحریر فرمایا ہے کہ انبیاء، ملائکہ اور شہداء کو کوئی گھبراہٹ نہ ہوگی۔ لایفزعون البتۃ واللہ اعلم (مظہری)

۱۵۳ داخرین کا معنی عاجز و درماندہ۔

۱۵۴ قیامت کے ہولناک مناظر میں سے ایک اور دل کو لرزا دینے والا منظر بیان کیا جا رہا ہے کہ اس روز پہاڑ اپنے حجم اور جسامت کے باعث دیکھنے والوں کو تو حسب سابق کھڑے ہوئے نظر آئیں گے لیکن حقیقت میں وہ بادل کی طرح تیزی سے حرکت کر رہے ہونگے۔ اس کے بعد اچانک ایسا جھٹکا ہوگا کہ پاش پاش ہو جائیں گے۔ ایک بم پھٹنے سے کیا آفت ٹوٹ پڑتی ہے اور جب پہاڑ جنبش میں آجائیں گے اور پھر یکدم انہیں جھٹک سے اڑا دیا جائے گا۔ اس وقت کی ہولناکیوں کا کیونکر اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

۱۵۵ کسی چیز کو حکمت و مہارت سے مضبوط بنانے کو عربی میں اتقن کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو چیز بنائی اسے ایسا مضبوط اور مستحکم بنایا کہ وقت سے پہلے بوسیدگی یا ٹوٹ پھوٹ کے کوئی آثار نظر نہیں آتے۔ آسمان ہزاروں صدیوں سے یونہی تنا ہوا ہے۔ اس کا کوئی گوشہ ڈھیلا نہیں ہوا۔ کوئی جگہ مرمت طلب نہیں۔ اس کی بنائی ہوئی کسی چیز کو دیکھو۔ پانی کی مقدار جو اس نے پہلے دن پیدا فرمائی ہے ساری دنیا اسے استعمال کر رہی ہے لیکن اس کی مقدار میں کمی نہیں ہوئی اور نہ ہی مزید پانی بنانے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے اور نہ ہوگی۔ ہوا کا جو ذخیرہ روز اول سے فراہم کیا گیا۔ ساری چیزیں اس میں سانس لے رہی ہیں لیکن اس میں کمی نہیں ہوئی اور نہ ہوگی۔ ہر چیز تمہیں بتا رہی ہے کہ وہ صنع اللہ الذی اتقن کل شیء کی قدرت کا شاہکار ہے۔ حضور کریم کا ایک ارشاد گرامی بھی سماعت فرمائیے تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ آپ کا نبی مکرم اس بات کو کتنا پسند کرتا ہے کہ حضور کا امتی جو کام کرے اس میں اپنی فنی پختگی اور صنعتی مہارت کا ناقابل تردید

وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿۸۹﴾ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ

اور وہ نیک بندے اس دن کی گھبراہٹ سے محفوظ ہوں گے ۱۰۳ اور جو برائی لے کر آئے گا تو ان کو منہ کے بل اوندھا

وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ؕ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۰﴾

پھینک دیا جائے گا آگ میں (اے بدکارو) کیا تمہیں بدلہ ملے گا بجز اس کے جو تم عمل کیا کرتے تھے۔ ۱۰۴

اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ

مجھے تو صرف یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں عبادت کروں اس (مقدس) شہر کے رب کی ۱۰۵ جس نے عزت و حرمت والا

ثبوت بہم پہنچاتے، کسی کام کو نیم دلی اور بے توجہی سے کرنا یا اس میں کوئی خامی اور نقص باقی رہنے دینا ہمارے آقا کو ہرگز پسند نہیں۔ ارشاد گرامی ہے:

رَحِمَ اللّٰهُ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا فَاَتْقَنَهٗ۔ خداوند عالم اس پر رحم کرے جو جس کام کو کرے بڑی عمدگی سے کرے۔

پختگی، پائیداری اور نفاست کونسی چیز ہے جس کا ذکر اس مختصر سے جملہ میں نہ آگیا ہو۔ حضور اپنے غلاموں سے اسی چیز کی توقع رکھتے ہیں اور اسی کی تلقین فرماتے ہیں۔ فنی، صنعتی اور دیگر میدانوں میں کام کرنے والوں کو چاہیے کہ اس حدیث کو لکھ کر اپنے سامنے آویزاں کریں۔ علامہ اقبال نے بھی کیا خوب فرمایا ہے۔

ع نقش ہیں سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر

۱۰۳ قیامت کے ہولناک مناظر اور روح فرسا واقعات کا ذکر کرکے فرمایا کہ اس روز میرے وہ بندے جو میری رضا کے حصول کے لیے اپنی زندگیاں قربان کرکے حاضر ہوں گے وہ پریشان اور ہراساں نہیں ہوں گے۔ بلکہ آج کا دن تو ان کے لیے بڑی مسرتوں اور شادمانیوں کا دن ہوگا اس دن تو انھیں نیک اعمال کا اجر ملے گا۔ اور اجر دینے والا خود رب العٰلمین ہوگا۔ جو بڑا غنی اور بڑا کریم ہے جب دیتا ہے تو بے حساب دیتا ہے۔

۱۰۴ نافرمانوں کا جو حال ہوگا اس کو بھی بیان کر دیا تاکہ جو اپنے لیے اس مآل کو پسند نہیں کرتے وہ بروقت اپنی اصلاح کریں۔

۱۰۵ خانہ کعبہ کی وجہ سے مکہ مکرمہ کو جو عزت و شرف ارزانی ہوا ہے اس کی طرف توجہ دلانے کے لیے رب کی اضافت اس شہر کی طرف فرما دی۔ رب ھٰذہ البلدۃ یعنی میں کسی لات و ہبل کا پرستار نہیں کسی جھوٹے خدا کا عبادت گزار نہیں۔ میری عبادتیں، میری نیاز مندیاں اور عاجزیاں تو فقط اس ذات یکتا و بے ہمتا کے لیے مخصوص ہیں جو اس بلدہ مبارکہ کا، اس شہر مقدس کا رب ہے۔ اور جس نے اس شہر کو لازوال سعادتوں کا سرچشمہ بنا دیا ہے۔

كُلُّ شَيْءٍ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَاَنْ اَتْلُوَا

بنایا ہے اس کو اور اسی کی ہے ہر شے ۱۲۳ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں شامل ہو جاؤں فرمانبرداروں کے زمرہ میں۔ نیز یہ بھی کہ میں

الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ

تلاوت کیا کروں قرآن کی ۱۲۴ پس جو ہدایت قبول کرتا ہے وہ اپنے ہی فائدہ کے لیے ہدایت قبول کرتا ہے۔ اور جو

فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ

گمراہ ہوتا ہے (تو اس کی قسمت) فرماؤ میں تو صرف ڈرانے والوں سے ہوں۔ اور آپ کہیے سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے

فَتَعْرِفُوْنَهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

ہیں ۱۲۵ وہ ابھی دکھائیگا تمھیں اپنی نشانیاں۔ تو تم انھیں پہچان لوگے اور نہیں ہے آپ کا رب بے خبر ان کاموں سے جو (اے لوگو) تم کیا کرتے ہو

۱۲۳ میرا رب فقط اسی شہر کا رب نہیں بلکہ کائنات کی ہر چیز کا وہ مالک ہے۔ عرش اسی کا ہے فرش بھی اسی کا۔ ہم بھی اسی کے تم بھی اسی کے۔ مجھے تو اس نے یہی حکم دیا ہے کہ اسی کی عبادت کروں اور اس کی جناب میں اپنا سرِ نیاز جھکاؤں۔

۱۲۴ آخر میں پھر ان کی اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا کہ آپ خود یہ کتاب تصنیف کرتے ہیں یا کسی سے سیکھ کر آتے ہیں اور پھر لوگوں کو سناتے ہیں تاکہ لوگ انھیں اپنا پیشوا مان لیں اور ہر طرف ان کی عزت و تکریم ہونے لگے۔ فرمایا نادانو! ایسا نہیں ہے جیسا تم سمجھ رہے ہو۔ مجھے تو اپنے مالک و خالق نے یہ حکم دیا ہے کہ اس کا کلام پڑھ کر تمھیں سناؤں تاکہ تم لوگ گمراہی سے بچ جاؤ تاکہ تمھیں اللہ کی معرفت کا سیدھا اور صحیح راستہ معلوم ہو جائے اور جب قیامت کے روز بارگاہِ الٰہی میں تم حاضر ہو تو تمھیں اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی رفاقت نصیب ہو اور جنت کی ابدی نعمتوں سے تمھیں سرفراز کر دیا جائے۔ غور سے سنو! یہ نبوت میرا کاروبار نہیں کہ میں تم سے کوئی دولت بٹورنا چاہتا ہوں، نہ میں سیاسی لیڈر ہوں کہ اپنی ایک جماعت بنا کر مسندِ اقتدار پر قابض ہونا چاہتا ہوں۔ میں تو تمھارا سچا خیر خواہ ہوں۔ تمھیں بروقت فسق و فجور اور گمراہی کے انجامِ بد سے خبردار کر رہا ہوں۔ اگر تم نے میری بات مان لی تو اس کا فائدہ تمھیں ہی ہوگا۔ اور اگر انکار ہی کرتے رہے تو اس کا وبال بھی تمھیں ہی اٹھانا ہوگا۔

۱۲۵ اے محبوب! ہم نے آپ پر جو فضل و کرم فرمایا ہے، جو عزت و شان بخشی ہے، رحمۃ للعالمینی کی جو خلعت فاخرہ آپ کو ارزانی فرمائی ہے، اور تیرے سرِ نیاز پر محبوبیت کا جو درخشاں تاج رکھا ہے ختمِ رسالت کے جس عظیم و

ارجمند منصب پر تجھے فائز کیا ہے اور اس کے علاوہ جو بے اندازہ عنایات فرمائی ہیں ان پر ہماری حمد و ثنا کرتے رہو ان منکروں پر ایک روز حقیقت خود بخود منکشف ہو جائے گی۔

تعارُف سُورۃ القصص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام: اس سُورۃ مبارکہ کا نام القصص ہے۔ اس کی آیات کی تعداد اٹھاسی ہے رکوع ۹ کلمات چار سو اکتالیس اور حروف پانچ ہزار آٹھ سو ہیں۔

زمانۂ نزول: یہ بھی مکی زندگی کے درمیانی عہد میں نازل ہونے والی سُورتوں میں سے ایک سُورۃ ہے۔

مضامین: ویسے تو قرآن کریم کی تمام آیات کی طرح اس سُورت کی ہر آیت بھی روشنی کا مینار ہے جس سے عرصۂ حیات جگمگا رہا ہے۔ لیکن یہاں تین اُمور کی طرف میں ضیاء القرآن کے قاری کی توجہ خصوصیت سے مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

۱۔ استعماری طاقتوں، نورِ ایمان سے محروم جابر حکمرانوں کا ہمیشہ سے یہ دستور رہا ہے کہ وہ اپنے اقتدار کو برقرار رکھنے کے لیے اپنی رعایا کے مختلف طبقات میں منافرت پیدا کرتے رہتے ہیں ان کی ساری ڈپلومیسی باہمی عداوت کی آگ بھڑکانے میں وقف ہو جاتی ہے۔ انھیں اس سے کوئی غرض نہیں ہوتی کہ منافرت و عداوت کی جو آگ وہ اپنی رعایا میں بھڑکا رہے ہیں کتنی جوانیاں اس میں بھسم ہو جائیں گی کتنی سہاگ لٹ جائیں گے، کتنی ہنستی مسکراتی بستیاں اُجڑ جائیں گی۔ ملک کی ترقی رک جائے گی۔ ان کے سامنے فقط اپنے ایوانِ اقتدار کو مستحکم بنانا ہوتا ہے۔ اگر ان کی رعایا میں اتحاد و اتفاق پیدا ہو جائے تو وہ ایک دن کے لیے بھی ان کی اس ظالمانہ حکومت کو برداشت نہ کریں یہ لوگ اس خطرہ سے بخوبی آگاہ ہیں۔ قرآن کریم نے اس سورت میں فرعونی سیاست کے خدوخال کو اچھی طرح بے نقاب کر دیا ہے تاکہ کوئی شخص ان کے بلند بانگ دعووں سے دھوکا نہ کھائے اور رُخ بچو ماہ تاباں دل ہمچو سنگ خارا قسم کے حکمرانوں سے ہوشیار رہیں۔

۲۔ دوسری چیز جو اس سُورت میں تفصیل سے بیان کی گئی ہے وہ ایک سرمایہ دار کے ذہن کا تجزیہ ہے۔ قارون کے پاس دولت کی افراط ہے۔ اس کے خزینوں اور دفینوں میں سمٹی ہوئی دولت کا شمار آسان نہیں صرف اس سے اندازہ لگائیے کہ اس کے تالوں کی چابیوں کا گچھا اتنا وزنی ہے کہ اسے ایک تنومند جماعت بھی آسانی سے نہیں اٹھا سکتی۔ دولت کی اس ریل پیل کے باوجود دل اتنا سخت اور سینہ اتنا تنگ ہے کہ اگر اس کو کلیم اللہ جیسا رسُول نصیحت کرتا ہے کہ احسن کما احسن اللہ الیک تو وہ اسے خاطر میں لانے کے لیے تیار نہیں بلکہ بڑی بے حیائی سے اپنے کریم رازق کی

کرم گستری کا انکار کر دیتا ہے اور برملا کہتا ہے کہ مجھے سیم و زر کے یہ انبار خدا نے نہیں دیئے بلکہ یہ میری ذہانت، معاملہ فہمی اور کاروباری مہارت کا ثمر ہے۔ جب ذہن میں یہ چیز سما جائے تو اُسے کیا پڑی ہے کہ وہ اپنی دولت کو خلق خدا کی امداد کے لیے صرف کرے۔ ایسے ہی اہل ثروت کے شبستانوں کے سایوں میں انسانیت سسکتی رہتی ہے۔ ایسے ہی دولت مند شرف انسانی کی قبا کو تار تار کرتے ہیں۔ انہی کے عشرت کدوں میں گناہ اور رذالتوں کا تھوک بیوپار ہوتا ہے۔ یہیں غربت و افلاس کے پنجوں میں پھنسے ہوئے انسانوں کو ٹھوکریں ماری جاتی ہیں اور آخر کار یہی ٹھوکریں ان راکھ کے ڈھیروں میں انتقام کی چنگاری کو سلگاتی ہیں جو دہک دہک کر جہنم زار بن جاتی ہیں۔ جب ضبط و تحمل کے بند ٹوٹ جاتے ہیں تو سرخ سیلاب بن کر ہر چیز کو زیر و زبر کر دیتے ہیں۔ اہل ثروت کی سنگدلی، کنجوسی اور سرد مہری سے جو بربادیاں جنم لیتی ہیں، قارون کے رویے پر ملامت کرتے ہوئے حضرت کلیم نے ان کی طرف واضح اشارہ فرمایا لا تبغ الفساد فی الارض، یعنی اپنے اس طریقۂ کار سے تو ملک میں فساد برپا نہ کر۔ یہ الفاظ اہل ذکر کے لیے اپنے دامن میں پند و موعظت کی ایک دنیا سمیٹے ہوئے ہیں۔

۴ - آخر میں میں آپ کی توجہ آیت ۸۵ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

اسلام کے نظام معاشیات، اسلام کے نظام قانون، اسلام کے نظام اخلاق کو اپنے ملک میں رائج کرنے سے ہمارے کوتاہ نظر اعیان حکومت کو جو خدشے اور خطرے دکھائی دیتے ہیں ان کا ازالہ فرما دیا۔ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر بیسویں صدی میں ہم نے چودہ سو سالہ پرانا نظام جاری کر دیا تو دنیا کی ترقی یافتہ قومیں ہم سے آنکھیں پھیر لیں گی اور ہم تنہا رہ جائیں گے۔ اس آیت میں غور کرنے سے یہ تمام غلط فہمیاں کافور ہو جائیں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ القصص مکی ہے اور اس کی ۸۸ آیتیں اور ۹ رکوعات ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ

طا۔ سین۔ میم [1] یہ آیتیں ہیں روشن کتاب کی [2] ہم پڑھ کر سناتے ہیں آپ کو موسیٰ

نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ

اور فرعون کا کچھ واقعہ ٹھیک ٹھیک ان لوگوں (کے فائدہ) کے لیے جو ایمان لاتے ہیں [3] بیشک

فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ

فرعون متکبر (و سرکش) بن گیا سرزمین (مصر) میں اور اس نے بنا دیا وہاں کے باشندوں کو [4] گروہ گروہ۔ وہ

[1] یہ حروف مقطعات ہیں۔

[2] یعنی خود بھی روشن ہے۔ اور وہ احکام اور قصص وغیرہ جو اس میں مذکور ہیں ان کو بھی بڑی وضاحت سے بیان کرتی ہے۔

[3] موسیٰ علیہ السلام کا قصہ متعدد مقامات پر بیان ہوا ہے لیکن یہاں اس قصہ کی چند ایسی کڑیاں ذکر کی جا رہی ہیں جو کسی اور جگہ مذکور نہیں۔ اور اس کا مقصد داستان سرائی نہیں بلکہ ان اہل ایمان کے دلوں کو تازہ اور شگفتہ کرنا ہے جو عرصہ سے مشرکین کے مظالم کا ہدف بنے ہوئے تھے تاکہ انہیں یقین ہو جائے کہ جس خداوند کریم نے فرعون جیسے متشدد اور متعصب مطلق العنان بادشاہ اور اس کی کثیر التعداد اور تنگ دل قبطی قوم کو غرق کر دیا تھا اور بنی اسرائیل جیسی کمزور قوم کو کامیاب کیا تھا وہی خدا ان کی مدد فرما رہا ہے۔ آخر کار کامیابی کا سہرا ان ہی کے سر باندھا جائے گا۔

[4] یہاں فرعونی سیاست کے سارے خدوخال کو مختصر الفاظ میں جس عمدگی سے بیان کر دیا گیا ہے یہ اس امر کی واضح دلیل ہے کہ قرآن حکیم خداوند علیم و خبیر کا کلام ہے جس سے کسی جابر بادشاہ کے اسرار سربستہ بھی مخفی نہیں۔ پہلے یہ بتایا کہ فرعون مصر کا حکمران تھا لیکن اس کے دل میں اپنی رعایا کیلئے ہمدردی شفقت اور خیر خواہی کا قطعاً کوئی جذبہ نہ تھا۔ وہ

طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ أَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيِ نِسَآءَهُمْ ۚ إِنَّهُۥ

کمزور کرنا چاہتا تھا ایک گروہ کو ان میں سے ۶؎ ذبح کیا کرتا ان کے بیٹوں کو اور زندہ چھوڑ دیتا ان کی عورتوں کو بیشک

كَانَ مِنَ ٱلْمُفْسِدِينَ ۝٤ وَنُرِيدُ أَن نَّمُنَّ عَلَى ٱلَّذِينَ ٱسْتُضْعِفُوا

وہ فساد برپا کرنے والوں سے تھا - اور ہم نے چاہا کہ احسان کریں اُن لوگوں پر جنہیں کمزور بنا دیا گیا تھا

ایک مغرور اور متکبر بادشاہ تھا جس کے پیش نظر فقط اپنا ذاتی مفاد اپنی حکومت کا استحکام اور اپنی شوکت وصولت کا بقا تھا۔ اس مقصد کے حصول کے لیے وہ ہر غیر قانونی بلکہ ہر غیر انسانی تجویز پر عمل کرنے سے گریز نہ کرتا تھا۔ خود سوچیے جس بادشاہ کی روش ایسی ظالمانہ اور سنگدلانہ ہو کیا اس کی رعایا اس سے محبت کرے گی۔ کیا اس کے لیے خیر سگالی کا کوئی جذبہ ان کے سینوں میں موجود ہوگا؟ اگر ان میں فکر وعمل کی وحدت پیدا ہو جائے تو وہ ایسے بے رحم حاکم کی حکومت کا تختہ اُلٹنے میں ذرا تامل نہیں کرے گی۔ ایسے بادشاہوں کی کامیابی کا راز فقط اسی میں مضمر ہوتا ہے کہ ان کی رعایا میں پھوٹ پڑی رہے وہ ایک دوسرے سے دست بگریباں رہیں اور انہیں ایک لمحہ بھی ایسا میسر نہ ہو جس میں وہ ایسے ظالم بادشاہ سے رہائی حاصل کرنے کے متعلق غور وفکر کر سکیں۔ جس بادشاہ کی یہ سیاسی پالیسی کامیاب رہے گی وہ ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رہے گا چنانچہ فرعون نے یہی طریقہ اختیار کیا اور اپنی رعایا میں طرح طرح کے فتنے کھڑے کر دیئے جس نے ان کے اتفاق کا دامن تار تار کر کے رکھ دیا۔ ممکن ہے کہ فرعون ہی اس مؤثر طریقہ کار کا موجد ہو جس کو اس کے پیروکار آج تک بڑی احتیاط سے اپنی سیاسی پٹاری میں رکھے ہوئے ہیں۔ اور جب بھی ضرورت پڑتی ہے تو اسی تیر بہدف نسخہ کو استعمال کرتے ہیں۔ علامہ پانی پتی وجعل اھلھا شیعا کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں او اغری بینھم العداوۃ کیلا یتفقوا علیہ (مظہری) یعنی اس نے ان کو مختلف گروہوں میں بانٹ دیا تھا اور ان کے درمیان عداوت کی آگ بھڑکا دی تھی تاکہ وہ متحد ہو کر اس کے خلاف علم بغاوت نہ بلند کر سکیں۔

علامہ جوہری علا کا معنی کرتے ہیں علا فی الارض ای تکبر۔ (الصحاح) یعنی اس نے تکبر کیا۔

۶؎ اپنی قوم کے ساتھ تو اس کا یہ رویہ تھا لیکن بنی اسرائیل کے ساتھ اس کی زیادتیاں ناقابل بیان ہیں۔ کیونکہ بنی اسرائیل سے اسے بغاوت کا خطرہ کہیں زیادہ تھا۔ یہ خاندان یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں آبائی وطن سے ہجرت کر کے مصر میں اقامت پذیر ہوا تھا۔ تھوڑے سے عرصہ میں ان کی تعداد میں ہوشربا اضافہ ہوا تھا۔ وہ اپنی ذہنی تربیت اور عددی کثرت کے باعث فرعون کے لیے ہر وقت پریشانی کا باعث بنے رہتے تھے۔ اس نے ان کی طاقت کو توڑنے کے لیے متعدد منصوبے بنائے تھے۔ سب سے پہلے اس نے اپنی قوم کے دلوں میں قوم پرستی کا تعصب پیدا کیا انہیں ان کے خلاف بھڑکایا کہ یہ اجنبی ہماری زمینوں کے مالک بنے بیٹھے ہیں۔ تجارت میں یہ دخیل ہیں۔ سیاست کے پھڈے میں ٹانگ اڑانے سے یہ باز

فِي الْأَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ أَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝٥ وَ

ملک (مصر) میں اور بنا دیں انھیں پیشوا لے اور بنا دیں انھیں (فرعون کے تاج و تخت کا) وارث۔ اور تسلط

نُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْأَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا

بخشیں انھیں سرزمین (مصر) میں اور ہم دکھائیں فرعون اور ہامان اور ان کی فوجوں کو ان کی

مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝٦ وَأَوْحَيْنَآ إِلٰٓى أُمِّ مُوْسٰٓى أَنْ

جانب سے (وہی خطرہ) جس کا وہ اندیشہ کیا کرتے تھے۔ اور ہم نے الہام کیا موسیٰ کی والدہ کی طرف کہ اسے

نہیں آتے۔ اگر تم نے ان کو یونہی بے لگام چھوڑے رکھا اور ان کے خلاف اپنا قومی محاذ استوار نہ کیا تو یہ کسی وقت بھی انقلاب برپا کر سکتے ہیں۔ صدیوں سے پہلو بہ پہلو شیر و شکر ہو کر رہنے والی دو قوموں قبطی اور اسرائیلی میں نفرت و حقارت کی خلیج وسیع کر دی اور قبطیوں کے دل میں اپنے ہمسایہ اسرائیلیوں کے لیے ہمدردی کے جتنے جذبات تھے ان کا قلع قمع کر دیا۔ ان کی بڑھتی ہوئی تعداد کو ختم کرنے کے لیے اس نے یہ سنگدلانہ تجویز سوچی کہ اسرائیل کے ہاں اگر کوئی لڑکا پیدا ہو تو گلا گھونٹ کر اسی وقت اس کو مار ڈالا جائے۔ چنانچہ بائیبل میں ہے:۔

"تب مصر کے بادشاہ نے عبرانی دائیوں سے کہا کہ جب عبرانی عورتوں کے تم بچہ جناؤ اور ان کو پتھر کی پیڑھیوں پر بیٹھی دیکھو تو اگر بیٹا ہو تو اسے مار ڈالنا اور اگر بیٹی ہو تو وہ جیتی رہے۔" (خروج ۱: ۱۵، ۱۶، ۱۷)

لے فرعون کے ظالمانہ عزائم تو یہ تھے کہ بنی اسرائیل کو مختلف طریقوں سے بے بس اور کمزور کر دیا جائے تاکہ وہ اپنی قومی انفرادیت کو برقرار نہ رکھ سکیں اور آہستہ آہستہ قبطی قوم میں گھل مل جائیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی یہ مرضی نہ تھی۔ وہ یعقوب کے گھرانے کو برقرار رکھنا چاہتا تھا چنانچہ فرمایا کہ ہم نے چاہا کہ جس قوم کو عرصے سے ظلم و ستم کی چکی میں پیسا جا رہا ہے ان پر ہم اپنا فضل و کرم فرمائیں اور ان سرکشوں اور ظالموں کا تخت و تاج ان سے چھین کر بنی اسرائیل کو بخش دیں تاکہ فرعون اور اس کے بدنفس مشیر ہامان اور اس کے لشکریوں کو پتہ چل جائے کہ حقیقی بادشاہ ہم ہیں۔ جس کو چاہتے ہیں تختِ سلطانی پر بٹھا دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں خاکِ مذلت پر لوٹنے کے لیے چھوڑ دیتے ہیں۔ تمہاری ساری احتیاطی تدبیریں، سیاسی حیلے اور منصوبے دھرے کے دھرے رہ جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا یہ ارادہ عملی صورت میں کس طرح رونما ہوا، اب اس کا تذکرہ ہو رہا ہے۔ بھارت کی برہمنی حکومت آج وہاں کی مسلم اقلیت سے بعینہٖ وہی سلوک کر رہی ہے جو فرعون نے کیا تھا۔ ہمیں یقین ہے قدرتِ خداوندی اس ستم زدہ اقلیت کی دستگیری کے لیے وہی ارادہ فرما رہی ہوگی۔

أَرْضِعِيهِ ۖ فَإِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَأَلْقِيهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِي

(بے خطر) دودھ پلاتی رہ پھر جب اس کے متعلق تمہیں اندیشہ لاحق ہو تو ڈال دینا اسے دریا میں اور نہ ہراساں ہونا

وَلَا تَحْزَنِي ۖ إِنَّا رَادُّوهُ إِلَيْكِ وَجَاعِلُوهُ مِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿٧﴾

اور نہ غمگین ہونا۔ یقیناً ہم لوٹا دیں گے اسے تیری طرف اور ہم بنانے والے ہیں اسے رسولوں میں سے ؎

فَالْتَقَطَهُ آلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُونَ لَهُمْ عَدُوًّا وَحَزَنًا ۗ إِنَّ

پس (دریا سے) نکال لیا اسے فرعون کے گھر والوں نے تاکہ ؎ (انجام کار) وہ ان کا دشمن اور باعث رنج و الم بنے بیشک

فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا كَانُوا خَاطِئِينَ ﴿٨﴾ وَقَالَتِ امْرَأَتُ

فرعون، ہامان اور ان کے لشکری خطا کار تھے ؎ اور کہا فرعون کی بیوی

فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّي وَلَكَ ۖ لَا تَقْتُلُوهُ ۖ عَسَىٰ أَن يَنفَعَنَا

نے (اے میرے سرتاج) یہ بچہ تو میری اور تیری آنکھوں کے لیے ٹھنڈک ہے، اسے قتل نہ کرنا۔ شاید یہ ہمیں نفع دے۔

؎ موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا اپنے لخت جگر کو حکم الٰہی کے مطابق ایک صندوق میں رکھ کر دریا میں ڈال دینا پھر اس صندوق کا بہتے بہتے فرعون کے محل کے نزدیک سے گزرنا اور فرعون کی اہلیہ کا اسے اٹھانا، پھر قصر شاہی میں اس کی تربیت کا انتظام فرما دینا وغیرہ وغیرہ۔ ان تمام واقعات کی تفصیل سورہ طٰہٰ کے حواشی میں ملاحظہ فرمائی جائے۔

؎ اگرچہ انھوں نے اس تابوت کو دریا سے اس لیے نہیں نکالا تھا کہ اس میں جو معصوم بچہ ہے وہ ان کی تباہی و بربادی کا باعث بنے۔ لیکن جب ان کے اس فعل کا انجام یہ ظاہر ہوا تو اس لیے لِيَكُونَ کا لفظ استعمال کیا۔ اس لام کو اہل لغت لام عاقبت کہتے ہیں۔

؎ بتایا جا رہا ہے کہ فرعون تو خدائی کا دعویدار تھا لیکن وہ یہ بھی نہ جان سکا کہ یہ بچہ انجام کار اس کی ہلاکت کا باعث بنے گا تو یہ عجیب خدا ہے جس کی بے علمی اور جہالت کا یہ عالم ہے کہ اپنے دشمن کو بھی نہیں پہچان سکتا۔ ہامان کو بھی اپنی فراست اور سمجھ بوجھ پر بڑا ناز تھا، وہ بھی اس چیز کو نہ سمجھ سکا۔ یقیناً ایسا جاہل خدا بننے کے قابل نہیں اور ہامان جیسے بدھو وزیر کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ فرعون کی خدائی کا پرچار کرتا رہے۔

اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝٩ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ

یا ہم اسے اپنا فرزند بنالیں اور وہ اس تجویز کے انجام کو نہ سمجھ سکے ۹؎ اور موسیٰ کی ماں کا دل بے قرار

مُوْسٰى فٰرِغًا ۭ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى

ہو گیا ۱۰؎ قریب تھا کہ وہ ظاہر کردے اس راز کو اگر ہم نے مضبوط نہ کر دیا ہوتا اس

قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝١٠ وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۡ

کے دل کو تاکہ وہ بنی رہے اللہ کے وعدہ پر یقین کرنے والی۔ اور اس نے کہا موسیٰ کی بہن سے کہ اس کے پیچھے پیچھے ہولے

فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝١١ۙ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ

پس وہ اسے دیکھتی رہی دور سے۔ اور وہ اس (حقیقت کو) نہ سمجھتے تھے۔ اور ہم نے حرام کردیں اس پر ۱۲؎

الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰٓي اَهْلِ بَيْتٍ

ساری دودھ پلانے والیاں اس سے پہلے تو موسیٰ کی بہن نے کہا کیا میں پتہ دوں تمہیں ایسے گھر والوں کا جو اس کی

يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ۝١٢ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ

پرورش کریں تمہاری خاطر اور وہ اس بچہ کے خیر خواہ بھی ہونگے۔ تو (اس طرح) ہم نے لوٹا دیا اس کو اس کی ماں کی طرف

۹؎ فرعون اور اس کے تمام حواری اس بات کو نہ سمجھ سکے کہ اس بچے کی وجہ سے سمندر کی موجیں انھیں خس وخاشاک کی طرح بہا کر لے جائیں گی۔

۱۰؎ موسیٰ علیہ السلام کی والدہ اپنے نورِ نظر کی جدائی سے بے چین ہو گئیں۔ ان کا دل اپنے بچے کی یاد اور خیال کے سوا ہر چیز سے خالی ہو گیا۔ اور بعض نے لکھا ہے کہ انھیں وہ وعدہ بھی یاد نہ رہا جو اللہ تعالیٰ نے ان سے کیا تھا۔ کہتے ہیں کہ شیطان نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو جا کر کہا کہ تو نے بچے کو اس لیے دریا کی موجوں کی نذر کیا کہ فرعون اسے قتل نہ کر دے لیکن تیرے بچے کو تو فرعون نے ہی اٹھایا ہے وہ اسے کب زندہ رہنے دے گا۔ اس نے جب یہ بات سنی تو گھبراہٹ کی وجہ سے انھیں وہ بات بھول گئی۔ — ان کادت، ان اصل میں انّ اور اس کا اسم ضمیر شان ہے۔ ای انھا کادت۔

۱۲؎ مراضع یا تو مُرْضِعٌ کی جمع ہے یعنی ہم نے تمام دودھ پلانے والیوں کو آپ پر حرام کر دیا یا مَرْضَعٌ کی جمع ہے۔

تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَلَٰكِنَّ

تاکہ اسے دیکھ کر اس کی آنکھ ٹھنڈی ہو اور وہ اس کے فراق میں غمزدہ نہ ہو اور وہ یہ بھی جان لے کہ بلاشبہ اللہ کا وعدہ سچا ہوتا ہے

أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۱۳﴾ وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَاسْتَوَىٰ آتَيْنَاهُ

لیکن اکثر اس حقیقت کو نہیں جانتے۔ اور جب پہنچ گئے موسیٰ اپنے شباب کو اور ان کی نشوونما مکمل ہو گئی تو ہم نے انہیں

حُكْمًا وَعِلْمًا ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿۱۴﴾ وَدَخَلَ

حکم اور علم عطا فرمایا۔ اور ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیکو کاروں کو۔ وہ شہر میں داخل

الْمَدِينَةَ عَلَىٰ حِينِ غَفْلَةٍ مِّنْ أَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيهَا

ہوئے [۱۳] اس وقت جب بے خبر سو رہے تھے اس کے باشندے۔ پس آپ نے پایا وہاں

اسی صورت میں یا تو مصدر میمی ہو گا تو اس کا معنی ہے دودھ پلانا، یا ظرف ہو گا یعنی دودھ پینے کی جگہ۔

[۱۳] جس طرح ہم دیکھ رہے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام فرعون کے شاہی محل میں پروان چڑھ رہے ہیں جو نوجوان فرعون کا نورِ نظر بنا ہوا ہو وہ تو جب کسی شہر میں داخل ہوتا ہو گا بڑے تزک و احتشام سے داخل ہوتا ہو گا اور حکومت کے ملازمین اس کے استقبال کے لیے موجود ہوتے ہوں گے۔ اس کے متعلق یہ کہنا کہ وہ شہر میں اس وقت داخل ہوا جب لوگ آرام کر رہے ہوں اور لوگوں کو آپ کی آمد کا پتہ نہ چلے۔ یہ صورت حال آپ کی شاہزادگی کے ذوق سے کوئی مناسبت نہیں رکھتی اس لیے مجھے تو اس کی یہی توجیہ زیادہ صحیح معلوم ہوتی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو روزِ اول سے ہی اپنی والدہ کے پاس رہنے اور ان کی باتیں سننے کا موقع مل گیا تھا۔ ساری صورتِ حال سے آپ اچھی طرح آگاہ ہو گئے تھے۔ نیز آپ کو اپنے جلیل القدر آباؤ اجداد کے منصب نبوت پر بھی آگاہی ہو چکی تھی۔ آپ نے جب دیکھا کہ فرعون خود خدا بنا بیٹھا ہے اور لوگوں سے اپنی پرستش کراتا ہے تو آپ کا موحد ذہن اس شرکِ صریح کو زیادہ عرصہ گوارا نہ کر سکا اور آپ کے پُرجلال مزاج نے فرعون کو اس ناشائستہ حرکت پر ٹوکا یہاں تک کہ قطع تعلق تک نوبت پہنچی اور آپ کو مجرم اور باغی سمجھا جانے لگا۔ چنانچہ اس کے شر سے اپنے آپ کو محفوظ کرنے کے لیے رُوپوش ہو گئے اور اگر کسی ضروری کام کے لیے آپ کو شہر میں آنا پڑتا تو آپ ایسے وقت میں آتے کہ کانوں کان کسی کو خبر نہ ہو۔ یہ واقعہ بھی اس وقت پیش آیا جب آپ ایسے وقت شہر میں آئے جبکہ لوگ آرام کر رہے تھے۔ چنانچہ علامہ قرطبی اور دیگر محققین نے اس قول کو ترجیح دی ہے۔ قال ابن اسحٰق وکان فی ھذا الوقت قد اظھر خلاف فرعون وعاب علیھم عبادۃ فرعون والاصنام فدخل مدینۃ فرعون یوماً علیٰ حین غفلۃ من اھلھا۔ اور اس کے

رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۫ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ

دو آدمیوں کو آپس میں لڑتے ہوئے ؁۱۳ یہ ایک ان کی جماعت سے تھا اور یہ دوسرا ان کے دشمنوں سے پس مدد کے

الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى

لیے پکارا آپ کو اس نے جو آپ کی جماعت سے تھا اس کے مقابلہ میں جو آپ کے دشمن گروہ سے تھا تو سینہ میں گھونسا مارا

فَقَضٰى عَلَيْهِ ۫ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ

موسیٰ نے اس کو اور اس کا کام تمام کر دیا۔ آپ نے فرمایا یہ کام شیطان کی انگیخت سے ہوا ہے بیشک وہ کھلا دشمن ہے بہکانے

مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ

والا۔ آپ نے عرض کی میرے پروردگار! میں نے ظلم کیا اپنے آپ پر ؁۱۵ پس بخش دے مجھے، تو اللہ تعالیٰ نے بخش دیا اسے

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ

بیشک وہی غفور رحیم ہے۔ عرض کرنے لگے میرے رب! مجھے ان انعامات کی قسم جو تو نے مجھ پر

پہلے علامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں فکان لا یدخل مدینۃ فرعون الا خائفا مستخفیاً (قرطبی)

؁۱۳ جب آپ شہر میں داخل ہوئے تو آپ نے دیکھا کہ دو آدمی آپس میں دست و گریباں ہیں۔ ایک اسرائیلی ہے اور دوسرا قبطی۔ اسرائیلی نے آپ کو دیکھ کر مدد کے لیے پکارا۔ آپ آگے بڑھے کہ قبطی کو دست درازی سے منع کریں۔ جب اس نے بات نہ مانی تو آپ نے اسے ایک مکا رسید کیا۔ اسے قتل کرنے کا آپ کا کوئی ارادہ نہ تھا لیکن وہ مکا جان لیوا ثابت ہوا اور اس کا قصہ تمام ہو گیا۔ اچانک جب یہ حادثہ رونما ہوا تو یقیناً آپ کو روحانی اذیت بھی ہوتی ہو گی کہ ناحق ایک جان تلف ہو گئی اور پھر یہ خدشہ بھی پیدا ہو گیا ہو گا کہ فرعون پہلے ہی درپئے آزار ہے جب اس کو اس واقعہ کا علم ہو گا تو وہ مجھے جیتا نہ چھوڑے گا۔ چنانچہ جذبات و افکار کی اس کشمکش میں آپ کی زبان سے یہ جملہ نکلا ہو گا ھذا من عمل الشیطان۔

؁۱۵ اس قتل میں اگرچہ آپ کے ارادہ اور قصد کو قطعاً کوئی دخل نہ تھا بہرحال ایک جان تو تلف ہو گئی تھی اس لیے بارگاہِ الٰہی میں بخشش و مغفرت کی التجا کرنے لگے۔ مغفرت کا معنی ڈھانپنا ہے۔ ممکن ہے یہ بھی پیش نظر ہو کہ الٰہی پردہ پوشی فرما دے اور میرے دشمنوں کو اس فعل کی اطلاع نہ ملے۔ چنانچہ اس غفور رحیم نے اپنے بندے کی اس التجا کو قبول فرمایا اور کسی کو کانوں کان خبر نہ ہوئی۔

أَكُونَ ظَهِيرًا لِّلْمُجْرِمِينَ ﴿١٧﴾ فَأَصْبَحَ فِي الْمَدِينَةِ خَائِفًا

فرماتے ۱۶؎ اب میں ہرگز مجرموں کا مددگار نہیں بنوں گا۔ پھر آپ نے صبح کی اس شہر میں ڈرتے ہوئے ... اس

يَتَرَقَّبُ فَإِذَا الَّذِي اسْتَنصَرَهُ بِالْأَمْسِ يَسْتَصْرِخُهُ ۚ قَالَ

انتظار میں کرکیا ہوتا ہے تو اچانک وہی شخص جس نے کل ان سے مدد طلب کی تھی آج پھر انھیں مدد کے لیے پکارتا ہے

قرآن کریم نے اس واقعہ کو جس طرح بیان کیا ہے اس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ یہ قتل آپ سے بلا ارادہ سرزد ہوا لیکن آپ کے اقیموں نے جس طرح بائیبل میں اس واقعہ کو بیان کیا ہے وہ بھی سن لیجیے:

"اتنے میں موسیٰ جب بڑا ہوا تو باہر اپنے بھائیوں کے پاس گیا اور ان کی مشقتوں پر اس کی نظر پڑی، اور اس نے دیکھا کہ ایک مصری اس کے عبرانی بھائی کو مار رہا ہے پھر اس نے ادھر ادھر نگاہ کی اور جب دیکھا کہ وہاں کوئی دوسرا آدمی نہیں ہے تو اس مصری کو جان سے مار کر اسے ریت میں چھپا دیا۔"

(خروج ۲: ۱۱، ۱۲)

قرآن کریم کا یہ کتنا احسان ہے کہ اس نے انبیاء کرام کے من پر لگے ہوئے سارے داغوں کو دھو کر صاف کر دیا، خواہ وہ داغ ان کے دشمنوں نے دانستہ لگائے تھے خواہ ان کے نادان دوستوں نے کرم فرمائی کی تھی۔

قتادہ نے ان دونوں کی لڑائی کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ وہ قبطی اسرائیلی کو لکڑیوں کا ایک بھاری گٹھا اٹھانے کا حکم دے رہا تھا۔ اس نے اٹھانے سے انکار کر دیا چنانچہ اس قبطی نے حاکم قوم کا فرد ہوتے ہوئے اسے زدوکوب شروع کی اتنے میں آپ تشریف لائے اور اسرائیلی نے آپ سے فریاد کی اور حضرت موسیٰ اس کی فریادرسی کے لیے محض اس لیے نہیں گئے کہ فریاد کنندہ اسرائیلی تھا بلکہ اس کی وجہ یہ تھی کہ ہر مظلوم کی مدد کرنا ہر دین میں فرض ہے۔ وانما اغاثه لان نصر المظلوم دين في الملل كلها على الامم و فرض في جميع الشرائع (قرطبی)

لفظ وکز کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: الوكز واللكز واللهز واللهد بمعنى واحد وهو ضرب بجمع الكف یعنی یہ چاروں لفظ ہم معنی ہیں ان کا معنی مکا مارنا ہے (قرطبی)

۱۶؎ آپ نے مژدۂ مغفرت سنا تو عرض کی مجھے تیری عنایات کی قسم جو تو نے مجھ پر فرمائی ہیں آئندہ مجرموں کا معاون نہیں بنوں گا۔ اس آیت سے علماء اسلام نے یہ استدلال کیا ہے کہ ظالموں کی امداد اور ان کی خدمت ممنوع ہے۔ واحتج اهل العلم بهذه الآية على المنع من معونة الظلمة وخدمتهم (روح المعانی)۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی بھی سماعت فرمایئے من مشى مع مظلوم ليعينه على مظلمته ثبت الله قدميه على الصراط يوم القيامة يوم تزل فيه الاقدام ومن مشى مع ظالم ليعينه على ظلمه ازل الله قدميه

لَهٗ مُوسٰۤى اِنَّكَ لَغَوِیٌّ مُّبِیْنٌ ﴿۱۸﴾ فَلَمَّاۤ اَنْ اَرَادَ اَنْ یَّبْطِشَ

موسیٰ نے اُسے فرمایا بیشک تو کھلا ہوا گمراہ ہے ؎ پس جب آپ نے ارادہ کیا کہ جھپٹ پڑیں اس پر

بِالَّذِیْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا قَالَ یٰمُوْسٰۤى اَتُرِیْدُ اَنْ تَقْتُلَنِیْ

جو ان دونوں کا دشمن تھا وہ کہنے لگا اے موسیٰ! کیا تو چاہتا ہے کہ مجھے بھی قتل کر ڈالے

كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ اِنْ تُرِیْدُ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا

جیسے کل تو نے ایک شخص کو قتل کیا تھا۔ تو نہیں چاہتا بجز اس کے کہ تو ملک میں بڑا جابر بن جائے

فِی الْاَرْضِ وَ مَا تُرِیْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِیْنَ ﴿۱۹﴾ وَ

اور تو نہیں چاہتا کہ اصلاح کرنے والوں میں سے ہو۔ اور

جَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِیْنَةِ یَسْعٰى قَالَ یٰمُوْسٰۤى اِنَّ

آیا ایک آدمی شہر کے آخری گوشہ سے دوڑتا ہوا۔ اس نے (آکر) بتایا اے موسیٰ!

علی الصراط یوم تدحض فیہ الاقدام (قرطبی)

یعنی جو شخص کسی مظلوم کی مدد کے لیے اس کے ساتھ چلے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن جو قدموں کے پھسلنے کا دن ہے اس کے قدموں کو پل صراط پر ثابت قدم رکھے گا اور جو شخص ظالم کے ساتھ اس کے ظلم پر اس کی مدد کرنے کے لیے جاتا ہے تو اس دن اس کے قدم پل صراط سے پھسل جائیں گے۔

؎ موسیٰ علیہ السلام کو راز کے افشاء ہونے اور اپنے گرفتار ہونے کا اندیشہ تھا۔ رات اسی طرح گزر گئی۔ دوسرے دن پھر آپ کیا دیکھتے ہیں کہ وہی اسرائیلی ایک دوسرے شخص سے گتھم گتھا ہو رہا ہے۔ اس نے آپ کو دیکھا تو پھر مدد کے لیے پکارا۔ آپ سمجھ گئے کہ یہ شخص لڑاکا ہے۔ ہر روز کسی نہ کسی کے ساتھ اُلجھ رہا ہوتا ہے۔ چنانچہ آپ نے غصہ سے اُسے ڈانٹ پلاتے ہوئے کہا۔ انک لغوی مبین۔ آپ آگے بڑھے تاکہ انھیں چھڑا دیں۔ وہ سمجھا کہ جس طرح آپ نے مجھے غوی مبین کہہ کر ڈانٹا ہے، شاید مجھے ہی مارنے کے لیے آگے بڑھ رہے ہیں۔ اس نے یاموسیٰ اتریدُ کہہ کر سارا راز فاش کر دیا۔ علماء نے لکھا ہے کہ دوسرے روز لڑنے والے بھی ایک قبطی اور ایک اسرائیلی تھے۔ لیکن بائیبل میں لکھا ہے کہ وہ دونوں اسرائیلی تھے۔ قرآن اس کی تردید نہیں کرتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ

سردار لوگ سازش کر رہے ہیں آپ کے بارے میں کہ آپ کو قتل کر ڈالیں۔ اس لیے نکل جائیے (یہاں سے) بیشک

النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۰﴾ فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ

میں آپکا خیر خواہ ہوں ۳۸ پس آپ نکلے وہاں سے ڈرتے ہوئے (اپنی گرفتاری کا) انتظار کرتے ہوئے ۳۹ عرض کی میرے

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى

رب! بچا لے مجھے ظلم و ستم کرنے والی قوم سے۔ اور جب آپ روانہ ہوئے مدین کی جانب (تو دل میں) کہنے لگے امید ہے ۴۰ میرا

رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۲۲﴾ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ

رب میری رہنمائی فرمائے گا سیدھے راستہ کی طرف ۔ اور جب آپ مدین کے پانی پر پہنچے تو دیکھا کہ

وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۬ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ

وہاں پر لوگوں کا ایک انبوہ ہے جو اپنے مویشیوں کو پانی پلا رہا ہے ۴۱ اور دیکھیں اس انبوہ سے الگ تھلگ

۳۸ اس اسرائیلی کی بات سے راز فاش ہوگیا۔ فرعون اور اس کے اعیان حکومت کو بھی اطلاع مل گئی کہ کل کے مقتول قبطی کا قاتل موسیٰ ہے۔ انھوں نے آپ کو گرفتار کرنے کا منصوبہ بنانا شروع کیا۔ حضرت موسیٰ کے ایک مخلص کو پتہ چلا تو وہ دوڑا دوڑا آیا اور حکومت کے ارادہ سے آپ کو مطلع کرکے کہا کہ آپ یہاں سے جلد نکلنے کی کوشش کیجیے۔ آپ کو گرفتار کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔

۳۹ چنانچہ آپ وہاں سے روانہ ہوئے۔ دل میں ہر وقت یہ کھٹکا لگا ہوا تھا کہ پیچھے سے آکر کوئی پکڑ نہ لے اس لیے بارگاہِ ایزدی میں پھر ہاتھ اٹھاتے۔ یترقب: ینتظر طلبہ

۴۰ جب مصر میں ٹھیرنا ناممکن ہوگیا تو آپ نے مدین کا رخ کیا۔ کیونکہ یہی ایک ایسا علاقہ تھا جو فرعون کی مملکت سے باہر تھا اور اس کے علاوہ آباد بھی تھا اور قریب بھی تھا نیز آپ کو یہ بھی خبر ہوگی کہ وہاں کے باشندے بھی حضرت ابراہیم کے فرزند مدین کی اولاد ہیں اور ان سے نسلی قرابت بھی ہے اس لیے آپ مدین کی طرف روانہ ہوئے لیکن پاس نہ سواری ہے نہ زاد راہ۔ راستہ بھی معلوم نہیں لیکن دل میں یقین ہے کہ میرا پروردگار ضرور میری راہنمائی فرمائے گا۔

۴۱ آپ چلتے چلتے مدین کے باہر جو کنواں تھا وہاں پہنچے تو دیکھا لوگوں کا ایک جمگھٹ ہے اور ہر ایک اپنے

امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۭ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى

دو عورتیں کہ اپنے ریوڑ کو روکے ہوئے ہیں۔ آپ نے پوچھا تم کیوں اس حال میں کھڑی ہو ان دونوں نے کہا ہم نہیں پلا سکتیں

يُصْدِرَ الرِّعَاۗءُ ۫ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ۝ فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى

جب تک ۲۲ چرواہے اپنے مویشیوں کو لیکر واپس نہ چلے جائیں اور ہمارا والد بہت بوڑھا ہے ۲۳ تو آپ نے پانی پلا دیا ان کے

الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّىْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝

ریوڑ کو ۲۴ پھر لوٹ کر سایہ کی طرف آگئے اور عرض کرنے لگے میرے مالک! واقعی میں اس خیر و برکت کا جو تو نے میری طرف

فَجَاۗءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَاۗءٍ ۡ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ

اتاری ہے محتاج ہوں پھر تھوڑی دیر بعد آئی آپ کے پاس ان دونوں میں سے ایک خاتون شرم و حیا سے چلتی ہوئی (اور آکر) کہا میرے

اپنے جانوروں کو پانی پلانے میں مصروف ہے لیکن دور ایک گوشہ میں دو عورتیں الگ تھلگ کھڑی ہیں اور اپنے ریوڑ کو روکے ہوئے ہیں تاکہ بھیڑ بکریاں ادھر ادھر منتشر نہ ہو جائیں۔ آپ نے ان کو یوں چپ چاپ کھڑے ہوئے دیکھا تو پوچھا تم اس طرح کیوں کھڑی ہو تمہارا کیا مقصد ہے۔ خطبکما: مطلوبکما۔

۲۲ انھوں نے کہا کہ ہم بھی اپنے ریوڑ کو پانی پلانے کے لیے لائی ہیں لیکن جب تک یہ چرواہے اپنے اپنے جانوروں کو پانی پلا کر چلے نہیں جاتے۔ ہمارے لیے اس بھیڑ میں گھس کر پانی پلانا ممکن نہیں جب یہ چلے جائیں گے تو پھر ہم آگے بڑھ کر انھیں پانی پلائیں گی۔

۲۳ انھوں نے خود آکر ریوڑ کو پانی پلانے کی وجہ بیان کر دی۔

۲۴ آپ اٹھے، ڈول لیا اور پانی نکال کر ان کے ریوڑ کو سیراب کر دیا۔ آپ کی طبعی شرافت اس کو گوارا نہ کر سکی کہ عورتیں یونہی کھڑی رہیں اور دوسرے لوگ اپنے جانوروں کو پانی پلاتے رہیں۔ وہ اپنے ریوڑ کو ہانک کر چل دیں حضرت موسیٰ کی یہاں کسی سے جان نہ پہچان۔ پاس ہی ایک سایہ دار درخت تھا۔ ایک غریب الدیار آدمی کی طرح اس کے نیچے ستانے کے لیے بیٹھ گئے۔ اس کس مپرسی کے عالم میں اپنی غریب الوطنی کا شکوہ کرتے ہوئے رحم کی التجا کی۔ اس فقرے کے دو مطلب بیان کیے گئے ہیں۔ ۱۔ انزلت ماضی کا صیغہ ہے لیکن مستقبل کے معنی میں مستعمل ہوا ہے کہ جو مہربانی تو مجھ پر فرمانے والا ہے مجھے اب اسکی اشد ضرورت ہے۔ ۲۔ انزلت بمعنی قدرت انزالہ الخ۔ جو مہربانی فرمانے کا تو نے فیصلہ فرمایا ہے اس کی طرف میں سخت محتاج ہوں۔

لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ۭ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَ قَصَّ عَلَيْهِ

والد تمھیں بلاتے ہیں تاکہ تم نے ہماری بکریوں کو جو پانی پلایا ہے اس کا تمھیں معاوضہ دیں ۲۵؎ پس جب آپ انکے پاس آ گئے اور اپنا قصہ

الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ۫ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵﴾

ان کے سامنے بیان کیا تو انھوں نے (تسلی دیتے ہوئے) کہا ڈرو نہیں تم بچ کر نکل آئے ہو ظالموں (کے پنجہ) سے ۲۶؎

قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۡ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ

ان دو میں سے ایک خاتون نے کہا میرے (محترم) باپ اسے نوکر رکھ لیجیے بیشک بہتر آدمی جس کو آپ نوکر رکھیں وہ ہے

الْاَمِيْنُ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ

جو طاقتور بھی ہو دیانتدار بھی ہو ۲۷؎ آپ نے کہا میں چاہتا ہوں کہ میں بیاہ دوں تمھیں ایک ان اپنی دو بچیوں سے

۲۵؎ تھوڑی دیر گزری ہوگی کہ ان دو عورتوں میں سے ایک آئی۔ اس نے حضرت موسیٰ کو اپنے والد کے خیال سے آگاہ کیا کہ وہ آپ کو پانی پلانے کا معاوضہ دینا چاہتے ہیں اور ساتھ چلنے کی دعوت دی جب وہ خاتون آئی تو کس طرح آئی۔ اس کو خصوصی طور پر بیان کیا تاکہ اُمّتِ مُسلمہ کی بچیاں اس سے سبق سیکھیں۔ فرمایا شرم وحیا کی چادر اوڑھے شرماتی لجاتی ہوئی آئی۔ عمر بن میمون کہتے ہیں ولم تکن سلفعا من النساء خراجة ولاجة (قرطبی)

یعنی وہ ان عورتوں کی طرح نہ تھی جو مردوں کے پاس بڑی بیباکی سے آتی جاتی ہیں اور انھیں کوئی جھجک محسوس نہیں ہوتی۔ اگرچہ علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ ان لڑکیوں کے والد کا نام کیا تھا لیکن اکثر مفسرین کی یہی رائے ہے کہ یہ حضرت شعیب علیہ السلام کی صاحبزادیاں تھیں۔ بائیبل میں بھی یہ واقعہ تقریباً اسی طرح مذکور ہے۔

۲۶؎ موسیٰ علیہ السلام تشریف لائے۔ اور اپنا سارا ماجرا کہہ سنایا۔ انھوں نے تسلی دیتے ہوئے کہا اب فکر واندیشہ دل سے نکال دو۔ تم ظالموں کی گرفت سے نکل آئے ہو۔ یہاں اب تمھیں کسی قسم کا خطرہ نہیں۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ حضرت موسیٰ اُجرت لینے کے لیے نہیں آئے تھے بلکہ آپ کے پیش نظر ایک بزرگ کی زیارت کرنا تھی۔ چنانچہ ابن عساکر لکھتے ہیں کہ حضرت شعیب نے کھانا پیش کیا تو آپ نے کھانے سے انکار کر دیا۔ وجہ پوچھی تو بتایا کہ میں اس خاندان سے تعلق رکھتا ہوں جو اپنے نیک عمل کو کسی قیمت پر بیچنے کے لیے تیار نہیں ہوتے۔ آپ نے فرمایا ہم بھی مہمان کی تواضع کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ اسے اُجرت خیال نہ کرو بلکہ یہ ضیافت ہے جو ہمارے آبائے کرام کی سُنّت ہے۔

۲۷؎ ان بچیوں کو ریوڑ چرانے۔ اس کی حفاظت کرنے اور پھر ان کو اس بھیڑ میں پانی پلاتے وقت بڑی دقتوں کا سامنا کرنا

عَلٰٓى اَنْ تَاْجُرَنِىْ ثَمٰنِىَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ

بشرطیکہ تو میری خدمت کرے آٹھ سال تک شلہ پھر اگر تم پورے کرو دس سال تو یہ تمھاری اپنی مرضی۔

وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ۭ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ

اور میں نہیں چاہتا کہ تم پر سختی کروں ۔ تو پائے گا مجھے اگر اللہ نے چاہا نیک لوگوں سے (جو وعدہ

الصّٰلِحِيْنَ ۝ قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ۭ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ

ایفا کرتے ہیں) ۔ موسیٰ نے کہا یہ بات میرے اور آپکے درمیان طے پا گئی قلہ ان دو میعادوں سے جو میعاد میں گزاروں

فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ۝ۧ فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى

تو مجھ پر کوئی زیادتی نہ ہوگی۔ اور اللہ تعالیٰ جو قول و قرار ہم نے کیا ہے اس پر نگہبان ہے پھر جب موسیٰ علیہ السلام

پڑتا تھا۔ انھوں نے آپ کی جسمانی قوتوں کا اندازہ لگالیا تھا کہ کس طرح بھیڑ کو چیرتے ہوئے انھوں نے تھوڑے سے وقت میں ان کے سارے ریوڑ کو سیراب کر دیا۔ پھر ان کے شرم و حیا کو دیکھا کہ وہ کسی اجنبی عورت کی طرف نظر اٹھا کر دیکھنا بھی گوارا نہیں کرتے تو اپنے والد بزرگوار سے یہ عرض کی۔

شلہ حضرت شعیب کو بھی ان دشواریوں کا احساس تھا جن کا ذکر ان کی صاحبزادی نے کیا۔ اولاد نرینہ نہ ہونے کی وجہ سے جوان بچیوں کو مال مویشی کی حفاظت گھر بار کا انتظام اور دیگر ذمہ داریاں انجام دینا پڑتی تھیں اس سے آپ کو یقیناً بڑی کوفت ہوتی ہوگی۔ حضرت موسیٰ کی داستان سن کر ان کے حسب نسب سے آپ آگاہ ہو گئے تھے۔ چنانچہ آپ نے موسیٰ سے کسی مناسب وقت پر اس امر کا اظہار کیا کہ اگر تم یہاں آٹھ دس سال ٹھیرو اور میرا دست و بازو بننا منظور کرو تو میں تم کو اپنی ایک بچی کا نکاح کر کے دے دونگا۔ یوں تمہارا میرے گھر میں ٹھیرنا آسان ہو جائے گا۔ موسیٰ نے اپنی رضامندی کا اظہار کیا۔ چنانچہ آپ نے اپنی ایک بچی کا نکاح ان کے ساتھ کر دیا۔ آیت کے الفاظ صاف بتا رہے ہیں کہ یہ گفتگو محض بطور مشورہ ہوئی۔ اس گفتگو سے نکاح منعقد نہیں ہوا۔ تاکہ وہ مباحث یہاں چھیڑے جائیں جو عموماً اس آیت میں بیان کیے جاتے ہیں۔

قلہ موسیٰ علیہ السلام نے ان کی یہ شرط منظور کر لی لیکن کہا کہ ان دونوں میعادوں میں سے جو میعاد میں اپنی مرضی سے پوری کروں آپ کو اعتراض نہ ہوگا۔ اس وعدہ کو پختہ کرنے کے لیے آپ نے واللہ علی ما نقول وکیل کے الفاظ فرما دیے۔

الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ

نے مقررہ مدت پوری کر دی ٤٠ اور وہاں سے چلے اپنی اہلیہ کو ساتھ لے کر تو آپ نے دیکھی طور کے ایک طرف آگ ٤١

لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْۤ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ

آپ نے اپنے اہل خانہ سے کہا تم ذرا ٹھہرو میں نے آگ دیکھی ہے میں وہاں جاتا ہوں، شاید میں لے آؤں تمہارے پاس وہاں سے

جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝۲۹ فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِیَ مِنْ

کوئی خبر یا آگ کی کوئی چنگاری تاکہ تم اسے تاپ سکو۔ پس جب آپ وہاں گئے تو ندا آئی وادی کے دائیں

شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ

کنارہ سے ٤٢ اس بابرکت مقام میں ایک درخت سے کہ اے

یّٰمُوْسٰۤی اِنِّیْۤ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝۳۰ وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا

موسیٰ! بلاشبہ میں ہی ہوں اللہ جو رب العالمین ہے۔ اور (ذرا) ڈال دو (زمین پر) اپنے عصا کو

رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰی مُدْبِرًا وَّلَمْ یُعَقِّبْ ؕ یٰمُوْسٰۤی اَقْبِلْ

اب جو اسے دیکھا تو وہ اس طرح لہرا رہا تھا جیسے وہ سانپ ہو آپ پیٹھ پھیر کر چل دیئے اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا (آواز آئی)

٤٠ حضرت عباسؓ سے مروی ہے کہ آپ نے دس سال پورے کیے۔ قال تعنی اکملهما و افاهما (قرطبی)۔

٤١ موسیٰ علیہ السلام اپنی اہلیہ کو لے کر مصر روانہ ہوئے۔ راہ میں وہی دور سے آگ دیکھنے کا واقعہ پیش آیا جس کا ذکر سورۃ النمل اور دوسری سورتوں میں گزر چکا ہے۔ جذوۃ: قطعۃ من النار یعنی چنگاری۔

٤٢ جب آپ آگ لے آنے کے ارادہ سے اس جگہ پہنچے تو اس بابرکت علاقہ میں وادی طور کی دائیں جانب ایک درخت نظر آیا جس میں سے یہ صوت سرمدی سامع نواز ہو رہی تھی۔ اس آواز کی کیفیت کیا تھی۔ کیا وہ الفاظ حروف اور اصوات سے عبارت تھی اور کیا اس کا سماع ان ظاہری کانوں سے ہوا۔ اس کے متعلق علامہ قرطبی کی یہ عبارت بڑی بصیرت افروز ہے:

قال ابو المعالی: و اهل المعانی و اهل الحق یقولون من کلمه الله تعالی خصه بالرتبة العلیا و الغایة القصوٰی

وَلَا تَخَفْ ۖ إِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِينَ ﴿۳۱﴾ اُسْلُكْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ

اے موسیٰ! سامنے آؤ اور ڈرو نہیں۔ یقیناً تم (ہر خطرہ سے) محفوظ ہو۔ ۳۲ ڈالو اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں

تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوٓءٍ ۫ وَّاضْمُمْ إِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ

وہ نکلے گا سفید (چمکتا ہوا) بغیر کسی تکلیف کے ۳۳ اور رکھ لے اپنے سینہ پر اپنا ہاتھ خوف

الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ إِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ ۚ

دُور کرنے کے لیے ۳۵ تو یہ دو دلیلیں ہیں تمہارے رب کی طرف سے فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف

إِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِينَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا

لے جانے کے لیے، بیشک وہ نافرمان لوگ ہیں ۳۶ آپ نے عرض کی میرے رب! میں نے تو قتل کیا تھا ان سے ایک شخص

فَأَخَافُ أَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿۳۳﴾ وَأَخِي هٰرُوْنُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّي لِسَانًا

کو پس میں ڈرتا ہوں کہیں وہ مجھے قتل نہ کر ڈالیں۔ اور میرا بھائی ہارون وہ زیادہ فصیح ہے مجھ سے گفتگو کرنے میں تو اسے

فَأَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْاً يُّصَدِّقُنِيٓ ۫ إِنِّيٓ أَخَافُ أَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿۳۴﴾

بھیج میرے ساتھ میرا مددگار بنا کر تاکہ وہ میری تصدیق کرے۔ میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے۔ ۳۷

فیدرک کلامہ القدیم المقدس من مشابھۃ الحروف والاصوات والعبارات والنغمات وضروب اللغات" یعنی اہل حق کہتے ہیں کہ جس کو اللہ تعالیٰ اپنی ہم کلامی کا شرف بخشتا ہے تو اسے ایسے بلند رتبہ پر فائز کر دیتا ہے کہ وہ کلام الٰہی کو حرف وصوت ونغمہ وغیرہ کی قیود کے بغیر ادراک کر لیتا ہے۔"

۳۳ عصا کے سانپ بننے والا معجزہ عطا ہوا جس کی تفصیل سورۃ نمل میں گزر چکی ہے۔

۳۴ اس کے بعد ید بیضا کا اعجاز مرحمت ہوا۔

۳۵ اس کا مفہوم یہ ہے کہ اپنے ہاتھ کو اپنے سینے کے ساتھ ملا لو تاکہ اللہ تعالیٰ اس خوف کو دُور کر دے جو آپ اپنے دل میں محسوس کر رہے ہیں۔ المعنی اضمم یدک الی صدرک لیذھب اللہ ما فی صدرک من الخوف (قرطبی)

۳۶ فرمایا تمہارے رب نے تمہیں یہ دو معجزے عطا فرمائے ہیں۔ اب فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس

قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطَانًا فَلَا

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہم مضبوط کر دیں گے تیرے بازو کو تیرے بھائی سے اور ہم عطا کریں گے تمھیں ایسا غلبہ (اور شوکت)

يَصِلُونَ إِلَيْكُمَا ۚ بِآيَاتِنَا ۚ أَنتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغَالِبُونَ ﴿٣٥﴾

کہ وہ تمھیں (اذیت) نہیں پہنچا سکیں گے۔ ہماری نشانیوں کے باعث تم دونوں اور تمھارے پیروکار ہی غالب آئیں گے ۳۵

فَلَمَّا جَاءَهُم مُّوسَىٰ بِآيَاتِنَا بَيِّنَاتٍ قَالُوا مَا هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ

پھر جب آئے فرعونیوں کے پاس موسیٰ (علیہ السلام) ہماری روشن نشانیاں لے کر، انھوں نے کہا نہیں ہے یہ مگر جادو

مُّفْتَرًى وَمَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِي آبَائِنَا الْأَوَّلِينَ ﴿٣٦﴾ وَقَالَ

گھڑا ہوا ۳۶ اور ہم نے نہیں سنیں اس قسم کی باتیں اپنے پہلے آباؤ اجداد کے زمانہ میں۔ اور موسیٰ (علیہ السلام)

مُوسَىٰ رَبِّي أَعْلَمُ بِمَن جَاءَ بِالْهُدَىٰ مِنْ عِندِهِ وَمَن

نے فرمایا میرا رب خوب جانتا ہے اسے جو اس کی بارگاہ سے (نور) ہدایت لے کر آیا ہے اور وہی جانتا ہے کہ اس کا انجام

جادو اور انہیں بھادو انھوں نے بڑا اور ہم بچار کھا ہے۔

۳۴ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی الٰہی مجھ سے ایک قبطی قتل ہو گیا تھا میں اگر فرعون کے پاس گیا تو مجھے گرفتار کر لیں گے اور ان سے کوئی بعید نہیں کہ وہ مجھے قتل کرڈالیں۔ اس کے علاوہ میری زبان میں وہ روانی نہیں جو ایک مبلغ میں ہونی چاہیے۔ اس لیے میرے بھائی ہارون کو میرا وزیر اور میرا معاون بنا دیجیے تاکہ وہ میری دل جمعی کا باعث ہو اور ہم دونوں اچھی طرح تیرے حکم کی تعمیل کر سکیں۔ ردءا: معینا مشتق من اردأته ای اعنته والرداء العون۔ یہ واقعہ بھی تفصیلا بیان ہو چکا ہے۔

۳۵ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تمھاری دعا منظور ہوئی۔ ہم تیرے بھائی ہارون سے تیرے بازو کو تقویت دیں گے کہ مت کرو جب میں تمھارا معاون ہوں تو پھر بیچارے فرعون کی کیا مجال کہ تمھیں کوئی گزند پہنچا سکے۔ تم بے دھڑک جاؤ اسے میرا پیغام پہنچاؤ۔ اور یقین رکھو کہ تم اور تمھارے پیروکار ہی غالب ہوں گے۔

۳۶ حضرت موسیٰ علیہ السلام حکم الٰہی کے مطابق فرعون کے پاس گئے۔ اسے دعوت دی۔ اپنے معجزات دکھائے۔ انھوں نے ایمان لانے کے بجائے آپ کو جادوگر، آپ کے معجزوں کو جادو کا کرشمہ کہہ دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا بے راہروی اور ظلم و تعدی سے باز آجاؤ ورنہ برباد کر دیے جاؤ گے۔

تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ

اچھا ہوگا۔ بے شک بامراد نہیں ہوتے ظلم و ستم کرنے والے۔ یہ سُنکر فرعون نے کہا

فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ

اے اہل دربار! ۵۲؎ میں تو نہیں جانتا کہ تمہارے لیے میرے سوا کوئی اور خدا ہے۔ پس آگ جلا میرے لیے

۵۲؎ موسیٰ علیہ السلام نے جب اس کے بھرے دربار میں رب العالمین کا ذکر کیا تو اسے سخت ناگوار گزرا۔ اس نے اپنے وزراء اور رؤساء مملکت کی طرف دیکھا، پھر بڑے غرور سے کہا کہ موسیٰ کی بات کی طرف التفات نہ کرنا۔ میں نے خوب تحقیق کرلی ہے میرے سوا تمہارا اور کوئی خدا نہیں، میں ہی تمہارا الٰہ ہوں۔

اس کے بعد اس نے اپنے مشیر خصوصی ہامان کو حکم دیا کہ موسیٰ جس خدا کا ذکر کر رہا ہے وہ زمین پر تو کہیں کسی کو نظر نہیں آیا، ہو سکتا ہے آسمان پر ہو۔ اس لیے ہامان تم ایک نہایت بلند محل یا مینار تعمیر کرو تاکہ ہم اس پر چڑھیں اور آسمان میں بھی جھانک کر اچھی طرح تسلی کرلیں۔ اگر موسیٰ کا خدا وہاں ہوا تو ہمیں نظر آجائے گا۔ اور اگر وہاں بھی نظر نہ آیا تو پھر تم سب کو الیقین ہو جائے گا کہ میرے سوا کوئی اور الٰہ نہیں ہے اور جہاں تک میرا خیال ہے میں تو موسیٰ کو جھوٹا سمجھتا ہوں۔

آیت کا مفہوم سمجھ لینے کے بعد یہاں دو چیزیں غور طلب ہیں:

(۱) فرعون اپنے آپ کو الٰہ کہتا تھا اس سے اس کا مقصد کیا تھا؟

(۲) اس نے ہامان کو بلند مینار بنانے کا حکم کیوں دیا اور کیا وہ بنایا بھی گیا یا نہیں؟

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کا اپنے آپ کو الٰہ کہنے کا مقصد ہرگز یہ نہ تھا کہ وہ زمین و آسمان کا خالق ہے۔ کیونکہ اس کے اس دعویٰ کو تو کوئی احمق ترین آدمی بھی ماننے کے لیے تیار نہ تھا۔ اس دنیا میں آئے ہوئے اسے چند سال ہی گزرے تھے۔ ایسے لوگ بھی بکثرت موجود ہونگے جن کے سامنے اس کی پیدائش ہوئی۔ وہ بڑا ہوا اور بادشاہ بنا۔ اور یہ زمین و آسمان اور دیگر مظاہر فطرت تو اس سے لاکھوں سال پہلے کے ہیں اور وہ اتنا نادان ہرگز نہ تھا کہ ایسی بات کا دعویٰ کرتا جو بدیہی البطلان ہو۔ الٰہ کے دعویٰ سے اس کا مقصد یہ تھا کہ وہ اپنے آپ کو ساری رعایا کا معبود بنا دے۔ وہ یہ چاہتا تھا کہ لوگ اس کے ہر حکم کی تعمیل کریں۔ کسی کو دم مارنے کی اور اعتراض کرنے کی جرأت نہ ہو۔ وہ کہتا میرے ملک میں میرا ہی حکم چلے گا۔ موسیٰ یا ہارون کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ وہ میرے کسی طرز عمل پر یہ کہہ کر اعتراض کریں کہ میرا یہ کام رب العالمین کی مرضی کے خلاف ہے یا میرا حکم اس کے حکم کے خلاف ہے اور میں اس کی حکم عدولی کا ارتکاب کر رہا ہوں۔ بل الالٰه هو المعبود فالرجل ما كان ينفي الصانع ويقول لا تكليف على الناس الا ان يطيعوا ملكهم و ينقادوا لامره فهذا هو المراد من اعتقاده الالٰهية (کبیر) علامہ آلوسی کے قول سے بھی امام کے قول کی تائید ہوتی ہے۔ فرماتے ہیں: ان اللعين كان

يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى

اے ہامان! اور اس پر اینٹیں پکوا میرے لیے ایک اونچا محل تعمیر کر۔ شاید اس پر چڑھ کر میں سراغ لگا

مشعر با یعتقدان من ملک قطرا کان الٰھه و معبود اھله (روح المعانی) یعنی اس کا یہ عقیدہ تھا کہ ہر بادشاہ اپنے علاقہ اور سلطنت کا خدا اور معبود ہوتا ہے۔

رہی دوسری بات کہ اس نے ہامان کو یہ حکم کیوں دیا تھا اور کیا یہ مینار تعمیر ہوا بھی تھا یا نہیں تو اس کے بارے میں امام رازی لکھتے ہیں کہ اس کا مقصد قطعاً یہ نہ تھا اور نہ اس کا یہ خیال تھا کہ ایک ایسا اونچا مینار بنایا جا سکتا ہے جس پر چڑھ کر انسان آسمان میں جھانک سکے۔ اس نے یا تو یہ بات ازراہ مذاق کہی تھی یا اپنی رعایا کو دھوکہ دینے کے لیے ایسا کہا تھا تاکہ لوگوں کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرائی جائے کہ بادشاہ سلامت موسیٰ کے دعویٰ کی تحقیق کر رہے ہیں جب تک اس تحقیق کے نتائج سامنے نہ آجائیں ایک نووارد کی بات سن کر اپنے قدیم عقائد کو ترک کر دینا بڑی جلد بازی ہے اور پھر فرعون جیسے جابر بادشاہ کی دشمنی مول لینا بھی کوئی عقلمندی نہیں۔ ابھی کچھ دیر صبر کرو اور دیکھو اس تحقیق کا نتیجہ کیا نکلتا ہے۔ فرعون اچھی طرح سمجھتا تھا کہ جب ایک مرتبہ موسیٰ کی طرف سے لوگوں کی توجہ ہٹ گئی تو پھر کون اتنی زحمت اٹھائے گا کہ یہ پوچھنے آئے گا کہ جہاں پناہ! آپ نے جس تحقیق کا وعدہ کیا تھا اس کا کیا نتیجہ نکلا جس بلند مینار کو تعمیر کرنے کا حکم آپ نے ہامان کو دیا تھا وہ کہاں بنایا گیا۔

وانما قال ذالك على سبيل التهكم فلا قرب انه كان اوهم البناء ولم يبن (کبیر)

یعنی اس نے لوگوں کو اس وہم میں ڈالا تھا کہ وہ ایسا مینار بنائے گا، اس کے لیے تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ ماہر کاریگر اور مسالہ فراہم ہو رہا ہے۔ فکر نہ کرو جلدی کام شروع ہو جائے گا۔ ایسی باتیں کر کے اس نے حضرت موسیٰ کی دعوت سے لوگوں کی توجہ ہٹا دی اور یہی اس کا مقصد تھا۔

باقی رہا وہ قول جو کئی کتابوں میں نقل ہوتا چلا آیا ہے کہ اس نے ایک اونچا مینار تعمیر کیا پھر وہ اس کے اوپر چڑھا اور ایک تیر انداز کو آسمان کی طرف تیر چلانے کا حکم دیا۔ جب تیر لوٹا تو وہ خون سے آلودہ تھا اور اس نے لوگوں کے سامنے اعلان کر دیا کہ دیکھو میں نے موسیٰ کے خدا کا (نعوذ باللہ) کام تمام کر دیا ہے۔ اس قول کے متعلق امام موصوف بڑے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ اس بات کو تو پاگل اور مجنون بھی تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں۔ قرآن کریم کے قصوں کی ایسی تشریح کرنا جو بدیہ البطلان ہو اس کی اجازت نہ عقل دیتی ہے اور نہ دین اسے برداشت کرتا ہے اس طرح تو ہم ان لوگوں کے لیے راہ ہموار کر دیں گے جو قرآن پر اعتراض کرنے کے لیے ایسے زریں موقعوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔

فلايليق بالعقل والدين حمل القصة التي حكاه الله تعالىٰ في القرآن على محمل يعرف فساده بضرورة العقل فيصير ذالك شرعا قويا لمن احب الطعن في القرآن۔ (کبیر)

إِلٰهِ مُوسٰى وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ مِنَ الْكٰذِبِينَ ﴿٣٨﴾ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ

سکوں موسیٰ کے خدا کا۔ اور میں تو اس کے بارے میں یہ خیال کرتا ہوں کہ یہ جھوٹا ہے۔ اور تکبر کیا اس نے اور اس کی

وَجُنُودُهُ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ إِلَيْنَا

فوجوں نے زمین میں ناحق ۴۱ اور وہ یہ گمان کرتے رہے کہ انھیں ہماری طرف

لَا يُرْجَعُونَ ﴿٣٩﴾ فَأَخَذْنٰهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ فَانْظُرْ

نہیں لوٹایا جائے گا۔ پس ہم نے پکڑ لیا اسے اور اس کے لشکریوں کو اور پھینک دیا انھیں سمندر میں۔ دیکھو! کیسا

كَيْفَ كَانَ عٰقِبَةُ الظّٰلِمِينَ ﴿٤٠﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ إِلَى

(ہولناک) انجام ہوا ظلم و ستم کرنے والوں کا۔ اور ہم نے بنایا تھا انھیں ایسے پیشوا جو بلا رہے تھے (اپنی رعایا کو) آگ کی طرف۔

النَّارِ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُونَ ﴿٤١﴾ وَأَتْبَعْنٰهُمْ فِي هٰذِهِ

اور روزِ حشر ان کی مدد نہیں کی جائے گی ۴۲ اور ہم نے ان کے پیچھے اس دنیا میں بھی

الدُّنْيَا لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِنَ الْمَقْبُوحِينَ ﴿٤٢﴾ ع

لعنت لگا دی۔ اور قیامت کے دن بھی ان کا شمار معتوبوں میں ہو گا۔ ۴۳

۴۱ اس نے غرور و سرکشی کی راہ اختیار کی اور اس کا انجام وہ ہوا جو ان آیات میں مذکور ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ کے بغیر جو بھی تکبر کرتا ہے وہ ناحق کرتا ہے۔ حدیث قدسی میں ہے "الکبریاء ردائی والعظمۃ ازاری فمن نازعنی فی واحد منہما قذفتہ فی النار۔ رواہ احمد" ورواہ الحاکم بسند صحیح عن ابی ھریرۃ بلفظ الکبریاء ردائی فمن نازعنی فی ردائی قصمتہ: یعنی تکبر میری صفت خصوصی ہے جو اس میں شریک ہونا چاہے گا اس کی میں کمر توڑ دوں گا اور اسے دوزخ میں پھینک دوں گا۔

۴۲ فرعون اور اس کے وزراء و رؤساء کے متعلق فرمایا کہ وہ ایسے منحوس لیڈر اور پیشوا تھے جو خود بھی تباہ و برباد ہوئے اور اپنے ماننے والوں کو بھی جہنم رسید کر کے دم لیا۔

۴۳ اس کا معنی ملعونین کیا گیا ہے۔ حضرت ابن عباس نے اس کا معنی فرمایا ہے جن کے چہرے بگڑ گئے ہوں رنگ

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ

اور ہم نے دی موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب اس کے بعد کہ ہم نے ہلاک کر دیا تھا پہلی نافرمان قوموں

الْاُوْلٰى بَصَآىِٕرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٣﴾

کو۔ (یہ کتاب) لوگوں کے لیے بصیرت افروز اور سراپا ہدایت ورحمت تھی تاکہ وہ نصیحت قبول کریں۔

وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ

اور آپ نہیں تھے (طور) کی مغربی سمت میں جب ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کی طرف رسالت کا حکم

وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ

بھیجا اور نہ آپ گواہوں میں شامل تھے لیکن ہم نے پیدا فرمائیں کئی قومیں (ایک کے بعد دیگرے) اور گزر

سیاہ ہو اور آنکھیں نیلی اور جس کو ہر بھلائی سے دور ہانک دیا گیا ہو اسے بھی مقبوح کہتے ہیں۔ یقال قبحه قبوحًا اذا ابعده من كل خير (مظہری)

آپ کو جو کتاب (تورات) عطا فرمائی گئی اس کی خصوصیات بیان کی جارہی ہیں۔ کتاب ذوالحال اور بصائر وغیرہ حال ہیں۔ بصائر، بصیرۃ کی جمع ہے جس کا معنی ہے هي نور في القلب يبصر به قلوبهم حقائق الاشياء۔ بقدر الطاقة البشرية یعنی دل کی وہ روشنی جس سے انسانی طاقت کے مطابق حقیقت اشیاء پر آگاہی ہوتی ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ جس صحت اور وضاحت سے آپ نے بیان کیا ہے اس کی یہ وجہ نہیں کہ آپ اس وقت موجود تھے اور تمام حالات کا مشاہدہ کر رہے تھے بلکہ اس کا علم آپ کو وحی کے ذریعہ بخشا گیا ہے۔ آپ کی صداقت کی اس سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہو سکتی ہے کہ سینکڑوں سال پہلے کا واقعہ بلاکم وکاست بیان کر دیا جائے اور تمام غلطیوں کا ازالہ کر دیا جائے جس میں وہ لوگ مبتلا تھے۔

یعنی جب ہم نے آپ کو نبوت بخشی یا جس وقت ہم نے آپ کو تورات دی۔ اس کا ایک مفہوم یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اے محبوب! ہم نے خلوت کی ان گھڑیوں میں تیری بعثت اور تشریف آوری کا ذکر موسیٰ علیہ السلام سے کیا تھا "ای اذ قضينا الى موسى امرك وذكرناك بخير ذكر" (قرطبی)

لیکن موسیٰ علیہ السلام کی رحلت کے بعد کئی نسلیں گزر گئیں۔ بعد میں لوگوں نے ان باتوں کو فراموش کر دیا۔ تورات میں تحریف کر دی اور دین موسوی کو بگاڑ کر رکھ دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا

کافی لمبا عرصہ گزر گیا ان پر اور انھوں نے عہدِ خداوندی بھلا دیا اور آپ اہلِ مدین میں مقیم نہ تھے ۵۸ تاکہ آپ

عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ

پڑھ کر سناتے ہوں انھیں ہماری آیتیں لیکن ہم ہی رسول بنا کر بھیجنے والے تھے۔ اور آپ (اس وقت) طور کے کنارہ پر بھی

الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

نہ تھے ۵۹ جب ہم نے (موسیٰ کو) ندا فرمائی لیکن یہ آپ کے رب کی محض رحمت ہے (کہ اس نے آپ کو ان حالات پر آگاہ کر دیا) تاکہ آپ

مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۶﴾

(قہرِ الٰہی سے) ڈرائیں اس قوم کو جن کے پاس نہیں آیا کوئی ڈرانے والا آپ سے پہلے شاید وہ نصیحت قبول کریں ۶۰ اور اس کی وجہ سے

کی آمد کی جو اطلاع دی تھی اور ایمان لانے کی تاکید کی تھی اس کو بھی فراموش کر دیا اور ان کے دل سخت ہو گئے اور انھوں نے اپنے نبی کی مخالفت شروع کر دی۔

۵۸ ثاوی: مقیم یعنی آپ اہلِ مدین میں بھی اقامت فرما نہ تھے بلکہ ہم نے آپ کو مکہ میں مبعوث فرمایا۔

۵۹ علامہ قرطبی نے اس آیت کی توضیح کرتے ہوئے حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت ابن عباسؓ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ وہاں اللہ تعالیٰ نے امتِ محمدیہ کو ندا کرتے ہوئے فرمایا: یا امۃ محمد قد اجبتکم قبل ان تدعونی واعطیتکم قبل ان تسألونی وغفرت لکم قبل ان تستغفرونی ورحمتکم قبل ان تسترحمونی۔

ترجمہ: اے امتِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمھارے دعا کرنے سے پہلے میں نے تمھاری دعا کو قبول کیا تمھارے مانگنے سے پہلے میں نے تمھیں دے دیا۔ تمھاری استغفار سے پہلے میں نے تمھیں بخش دیا اور رحم فرمایا۔ حضرت وہب بن منبہ کہتے ہیں، جب اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے حضور کی فضیلت اور حضور کی امت کی شان بیان فرمائی تو آپ نے خواہش ظاہر کی کہ مجھے دیدار کرایا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تم دیکھ نہیں سکتے۔ اگر تو چاہے تو میں ان کو بلاتا ہوں اور ان کی آواز تمھیں سناتا ہوں۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی بلیٰ یارب۔ ہاں مجھے آواز ہی سنوا دے۔ فقال اللہ تعالیٰ یا امۃ محمد۔ اللہ تعالیٰ نے ندا دی۔ اے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت تو اپنے باپوں کی پشتوں سے امتِ محمدیہ نے جواب دیا تو آیت کا معنی یہ ہوگا کہ آپ اس وقت طور کے پاس نہیں تھے جب ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے کلام کیا اور آپ کی امت کو آواز دی اور موسیٰ علیہ السلام کو بتایا کہ ہم نے تجھے اور تیری امت کو اتنی بڑی شان دی ہے۔ و معنی

وَلَوْلَآ أَنْ تُصِيبَهُمْ مُّصِيبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَيَقُولُوا

کہیں ایسا نہ ہو کہ جب پہنچے انھیں کوئی مصیبت ان اعمال کے باعث جو انھوں نے کیے ہیں تو وہ یہ نہ کہنے لگیں کہ اے

رَبَّنَا لَوْلَآ أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا فَنَتَّبِعَ ءَايَٰتِكَ وَنَكُونَ مِنَ

ہمارے رب! کیوں نہ بھیجا تو نے ہماری طرف کوئی رسول تاکہ ہم پیروی کرتے تیری آیات کی اور ہم ہو جاتے ایمان

الْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٧﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا لَوْلَآ

لانے والوں سے ۳۱ پھر جب آگیا ان کے پاس حق ہماری جناب سے تو وہ کہنے لگے کیوں نہ دیئے گئے انھیں

أُوتِيَ مِثْلَ مَآ أُوتِيَ مُوسَىٰ ۚ أَوَلَمْ يَكْفُرُوا بِمَآ أُوتِيَ مُوسَىٰ

اس قسم کے معجزے جو موسیٰ کو دیئے گئے تھے ۳۲ ان نابکاروں سے پوچھو کیا انھوں نے انکار نہیں کیا تھا ان معجزات کا جو موسیٰ

مِنْ قَبْلُ ۖ قَالُوا سِحْرَانِ تَظَٰهَرَا وَقَالُوٓا إِنَّا بِكُلٍّ

کو دیئے گئے تھے ۳۳ انہی نے کہا (موسیٰ وہارون) دو جادوگر ہیں جو ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں ۳۴ نیز انھوں نے کہا تھا

الآیۃ علی ھذا ما کنت بجانب الطور اذ کلّمنا موسیٰ و نادینا امّتک و اخبرنا و بما کتبناہ لک و لامتک من الرحمۃ الی آخر الدنیا۔ (قرطبی)

۳۰ یعنی ہم نے آپ کو اس قوم میں مبعوث فرمایا جس میں عرصہ دراز سے کوئی نبی نہیں آیا تھا۔ ہدایت کی روشنی مدت سے ناپید تھی ہر طرف جہالت اور کفر کی تاریکی پھیلی ہوئی تھی تاکہ آپ انھیں عذاب الٰہی سے بروقت ڈرائیں شاید وہ اس پیغام حق کو سن کر راہ ہدایت پر گامزن ہو جائیں۔

۳۱ حضور کی بعثت کی حکمت بیان کی جارہی ہے۔

۳۲ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب میرا رسول ان میں تشریف لے آیا اور انھیں توحید کی دعوت دی تو کہنے لگے یہ نبی کیسے ہو سکتا ہے نبی تو تھے موسیٰ جن کو طرح طرح کے عظیم معجزے دیئے گئے تھے اور لکھی لکھائی کتاب عنایت کی گئی تھی ان کے ہاتھ میں نہ عصا ہے اور نہ ید بیضا اور نہ ایسی مرتب اور مدون کتاب بھلا ایسے شخص کو آنکھیں بند کیے ہوئے ہم نے یونہی کیسے نبی مان لیں۔

۳۳ کتنا دندان شکن جواب ہے۔ جن معجزات موسوی کا ذکر تم کر رہے ہو کیا انھیں دیکھ کر تمھارے آباؤ اجداد

كٰفِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ

ہم ان تمام کا انکار کرتے ہیں ۵۶ آپ فرمائیے تم لے آؤ کوئی کتاب اللہ کے پاس ۵۷ سے جو زیادہ ہدایت بخش ہو ان دونوں (قرآن

اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ

تورات) سے تو میں اس کی پیروی کروں گا اگر تم سچے ہو۔ پس اگر وہ قبول نہ کریں ۵۸ آپ کے اس ارشاد کو تو جان لو

اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ

کہ وہ صرف اپنی نفسانی خواہشوں کی پیروی کر رہے ہیں۔ اور کون زیادہ گمراہ ہے اس سے جو پیروی کرتا ہے اپنی خواہش کی اللہ

نے موسیٰ کو نبی مان لیا تھا۔ جب تمھارے پیشرو ایمان نہیں لاتے تھے۔ اگر وہی معجزات تمھیں بھی دکھا دیے جائیں تو تم بھی ایمان نہیں لاؤ گے بلکہ اپنی ضد پر اڑے رہو گے اور جادوگر ہونے کا الزام لگا دو گے۔ ہدایت کے نور سے وہی آنکھ روشن ہو سکتی ہے جس پر تعصب کی پٹی بندھی ہوئی نہ ہو۔

۵۴ اس کا ایک مفہوم یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اہل مکہ نے تحقیق حال کے لیے ایک وفد یثرب بھیجا۔ علماء یہود نے انھیں بتایا کہ تورات میں ایک نبی کی آمد کی بشارت موجود ہے اس کی ایسی ایسی نشانیاں ہیں اور ان کے ظہور کا یہی زمانہ ہے تو کفارِ مکہ نے حضور کے ساتھ موسیٰ کا بھی انکار کر دیا اور کہا دونوں جادوگر تھے۔ ایک دوسرے کی اعانت کرتے رہے لیکن صحیح یہ ہے کہ ساحران سے مراد موسیٰ اور ہارون ہیں۔

۵۵ انھوں نے بھی ماننے سے انکار کر دیا تھا، تم بھی ایسا ہی کرتے ہو۔

۵۶ جب ان کا انکار شدت اختیار کر گیا اور وہ کسی طرح ایمان لانے پر آمادہ نہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے حضور کو حکم دیا کہ انھیں یہ کہیں کہ قرآن و تورات دونوں کا تم انکار کرتے ہو اب تم کوئی ایسی کتاب اللہ تعالیٰ کی طرف سے لے آؤ جو قرآن و تورات سے زیادہ ہدایت بخش ہو مجھے کوئی ضد نہیں۔ میں اس کی پیروی کرنے لگوں گا۔ میں تمھارے خلاف کوئی محاذ قائم کرنا نہیں چاہتا۔ میرا مقصدِ وحید تو صرف یہ ہے کہ ہدایت کا نور پھیلے اور جہالت کی ظلمت کافور ہو اور تم کوئی ایسی کتاب لا سکتے ہو تو لے آؤ میں بسر و چشم اس کو ماننے کے لیے اور اس کے احکام بجا لانے کے لیے تیار ہوں۔

۵۸ اے حبیب! اگر یہ لوگ آپ کی اس پیش کش کو بھی قبول نہ کریں تو پھر آپ کو یقین ہو جانا چاہیے کہ ان کا حق سے کوئی سروکار نہیں اور نہ ان کے دلوں میں حق کی طلب ہے۔ یہ محض اپنی خواہشاتِ نفسانی کے پیروکار ہیں۔ ان کے سامنے ہزاروں معجزے بھی پیش کیے جائیں تو یہ اسلام قبول نہیں کریں گے۔ اور بندگانِ نفس اگر آپ پر ایمان نہ لائیں تو آپ رنجیدہ خاطر بھی نہ ہوا کریں۔

هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ۧ وَلَقَدْ

تعالیٰ کی جانب سے کسی رہنمائی کے بغیر ۵۸ بیشک اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا ظالم لوگوں کو اور ہم مسلسل

وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ۭ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

بھیجتے رہے ان کی طرف اپنا کلام تاکہ وہ نصیحت قبول کریں ۵۹ جن کو ہم نے عطا فرمائی

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا

کتاب (نزول) قرآن سے پہلے وہ اس پر ایمان لاتے ہیں ۶۰ اور جب یہ ان کے سامنے پڑھی جاتی ہے تو کہتے

اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ۝

ہیں ہم ایمان لے آئے اس کے ساتھ۔ بیشک یہ حق ہے ہمارے رب کی طرف سے ۶۱ ہم اس سے پہلے ہی سرِ تسلیم خم کر چکے تھے

۵۸ ان لوگوں سے بڑھ کر اور کون گمراہ ہو سکتا ہے جنھوں نے اپنی باگ ڈور اپنے نفس کے ہاتھ میں دے دی ہو حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ حضورؐ نے فرمایا لا یؤمن احدکم حتی یکون ھواہ تبعا لما جئت بہ۔ کہ تم میں سے کوئی کامل مومن نہیں ہو سکتا جب تک اس کی خواہش میرے حکم کی تابع نہ ہو جائے۔ (قرطبی)

۵۹ یعنی ان کے انکار کے باوجود بھی نزولِ قرآن کا سلسلہ جاری رہا حسبِ حال اور حسبِ ضرورت آیات اترتی رہیں شاید کسی وقت ان کا دل پسیج جائے۔ خوابِ غفلت سے ان کی آنکھیں کھل جائیں اور وہ ہدایت قبول کریں۔

۶۰ حضرت جعفرؓ نے جب نجاشی کے دربار میں اسلام کی حقانیت اور حضور سرورِ کونین کی صداقت پر تقریر کی اور سورۂ مریم کی آیات پڑھ کر سنائیں تو نجاشی اور اس کے درباری اتنے متاثر ہوئے کہ ان کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے نجاشی نے تحقیقِ حال کے لیے بارہ آدمیوں کا ایک وفد مکہ مکرمہ روانہ کیا تاکہ رسول کریمؐ سے بالمشافہ گفتگو کر کے اسلام کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔ جب یہ وفد بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا ابوجہل اور اس کے حواری بھی تماشہ بین کی حیثیت سے جمع ہو گئے۔ ان لوگوں کی فطرتیں سلیم تھیں۔ دل کے آئینے صاف تھے۔ اسی مجلس میں مشرف باسلام ہو گئے جب وہ لوگ وہاں سے اٹھے تو ابوجہل اور اس کے ساتھی ان کے پیچھے ہو لیے۔ آوازے کسنے شروع کر دیے۔ وہ دوسرے ملک کے باشندے تھے۔ ان کے پاس بطورِ مہمان آئے تھے۔ ابوجہل نے میزبانی کے جملہ آداب کو پسِ پشت ڈالتے ہوئے انھیں کہا خیبکم اللہ تعالیٰ من رکب و قبحکم من وفد لم تلبثوا ان صدقتموہ وما رأینا رکبا احمق منکم ولا اجہل۔

ترجمہ: خدا تمھارے وفد کو نامراد اور ذلیل کرے۔ تم نے آنِ واحد میں اس کی تصدیق بھی کر دی۔ ہم نے آج تک

أُولَٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُم مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوا۟ وَيَدْرَءُونَ بِٱلْحَسَنَةِ

یہ لوگ ہیں جنھیں دیا جائے گا ان کا اجر دو مرتبہ بوجہ ان کے صبر کے اور وہ دُور کرتے ہیں نیکی کے

ٱلسَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنَٰهُمْ يُنفِقُونَ ﴿٥٤﴾ وَإِذَا سَمِعُوا۟ ٱللَّغْوَ أَعْرَضُوا۟

ساتھ برائی کو ۶۳ نیز اس مال سے جو ہم نے ان کو دیا ہے خرچ کرتے رہتے ہیں۔ اور جب وہ سنتے ہیں کسی بیہودہ بات کو تو

عَنْهُ وَقَالُوا۟ لَنَآ أَعْمَٰلُنَا وَلَكُمْ أَعْمَٰلُكُمْ سَلَٰمٌ عَلَيْكُمْ

منہ پھیر لیتے ہیں اس سے اور کہتے ہیں ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہیں تم سلامت رہو ہم

لَا نَبْتَغِى ٱلْجَٰهِلِينَ ﴿٥٥﴾ إِنَّكَ لَا تَهْدِى مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ

جاہلوں سے اُلجھنے کے خواہاں نہیں ہیں ۶۴ بیشک آپ ہدایت نہیں دے سکتے جس کو آپ پسند کریں البتہ اللہ تعالیٰ

ٱللَّهَ يَهْدِى مَن يَشَآءُ ۚ وَهُوَ أَعْلَمُ بِٱلْمُهْتَدِينَ ﴿٥٦﴾ وَقَالُوٓا۟

ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے ۶۵ اور وہ خوب جانتا ہے ہدایت یافتہ لوگوں کو۔ اور انھوں نے کہا

ایسا احمق اور نادان وفد کبھی نہیں دیکھا۔

اتنے ناشائستہ الفاظ کے باوجود اس نیک فطرت جماعت نے تلخ کلامی نہیں کی۔ صرف اتنا کہا تم سلامت رہو، تمہارے اعمال تمہارے لیے اور ہمارے اعمال ہمارے لیے۔ ہمیں تم سے اُلجھنے کی ضرورت نہیں۔ قال عروۃ بن الزبیر (قرطبی)

ان کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں۔ اہل مکہ کو غیرت دلائی جا رہی ہے کہ آفتاب اسلام کی کرنیں حبشہ کے رہنے والوں کے دلوں کو روشن کر رہی ہیں اور تم یہاں رہتے ہوئے اس نعمت سے محروم ہو۔

۶۲ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہ لوگ تھے جو حضرت عیسیٰ کے لائے ہوئے دین پر قائم تھے اور انجیل میں حضور کی آمد کے بارے میں جو پیش گوئیاں موجود تھیں اور حضور پر ایمان لانے کی تاکید تھی اس لیے وہ پہلے ہی اس مخبر غیبی کی رسالت کو تسلیم کر چکے تھے۔

۶۳ ان کے اخلاقِ عالیہ کا ذکر فرمایا کہ وہ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے بلکہ نیکی سے دیتے ہیں۔

۶۴ یعنی ہم اس بات کے خواہش مند نہیں کہ ان کے ساتھ مباحثہ کرتے رہیں۔ ترکی بہ ترکی جواب دیتے رہیں اور گالی گلوچ پر اتر آئیں۔ ای لا نطلب لھم الجدال والمراجعۃ والمشاتمۃ (قرطبی)

اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ؕ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ

اگر ہم اتباع کریں ہدایت کا آپ کی معیت میں تو ہمیں اچک لیا جائے گا ہمارے ملک سے ۶۵ کیا ہم نے بسا نہیں دیا

۶۴ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تو اس بات پر از حد حریص تھے کہ سب لوگ اسلام کے اس چشمۂ فیض سے سیراب ہوں اور اللہ تعالیٰ کے سارے بندے اس کی بارگاہ میں سرِ نیاز جھکائیں اور اپنے اہلِ شہر، اپنے قبیلے، اپنے رشتہ داروں کے متعلق حضورِ کریم کی انتہائی دلی آرزو ہوگی کہ ان میں سے کوئی بھی نعمتِ ایمان سے محروم نہ رہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوبِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔ اے حبیب! ہدایت بخشنا تیرا کام نہیں کہ جس کو تو چاہے ہماری مرضی نہ ہو تو بھی اس کو ہدایت دے دے کیونکہ ہم خوب جانتے ہیں کہ کون اس قابل ہے کہ اس کے دل میں ایمان کی شمع فروزاں کی جائے۔ کس میں اس نعمتِ جلیلہ کو قبول کرنے کی استعداد ہے۔

اکثر مفسرین نے لکھا ہے کہ جب حضور کے چچا ابو طالب کا آخری وقت آپہنچا تو حضور نے جا کر کہا کہ چچا تم صرف اتنا کہہ دو کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ تاکہ میں اپنے رب سے تیری شفاعت کر سکوں۔ لیکن انھوں نے ایسا کہنے سے انکار کر دیا تو اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے یہ بات بھی مروی ہے کہ آخری وقت میں حضرت ابو طالب کے ہونٹ ہل رہے تھے۔ حضرت عباسؓ نے کان لگا کر سنا۔ حضور نے جب پوچھا کہ کیا کہہ رہے تھے تو آپ نے جواباً عرض کیا کہ وہی کہہ رہے تھے جس کا آپ نے ان سے مطالبہ فرمایا (سیرت ابن ہشام)۔

لیکن اگر کسی کے نزدیک دوسری روایتیں اس روایت سے زیادہ قابلِ اعتبار ہوں تب بھی اسے آپ کے حق میں کوئی ناشائستہ بات کہنے سے احتراز کرنا چاہیے۔ آپ کی بے نظیر خدمات کا یہ معاوضہ ہماری طرف سے نہیں دیا جانا چاہیے کہ ہم منبروں پر کھڑے ہو کر اپنا سارا زورِ بیان ان کو کافر ثابت کرنے اور ان کو کافر کہنے اور کہتے چلے جانے پر ہی صرف کرتے رہیں۔ اس سے بڑھ کر ناشکری اور احسان فراموشی کی کوئی مثال پیش نہیں کی جا سکتی۔ چنانچہ علامہ آلوسی لکھتے ہیں:

مسئلۃ اسلامہ خلافیۃ .... ثم انہ علی القول بعدم اسلامہ لا ینبغی سبہ والتکلم فیہ بفضول الکلام فان ذلک مما یتأذی بہ العلویون بل لا یبعد ان یکون مما یتأذی بہ النبی علیہ الصلٰوۃ والسلام الذی نطقت الآیۃ بناء علی ہذہ الروایات بحبہ ایاہ والاحتیاط لا یخفی علی ذی فہم۔ ؏

لاجل عین الف عین تکرم

ترجمہ: حضرت ابو طالب کے ایمان کا مسئلہ اختلافی مسئلہ ہے اور جو لوگ آپ کے ایمان کے قائل نہیں انھیں بھی یہ مناسب نہیں کہ اپنی زبان پر کوئی ناروا جملہ لے آئیں۔ کیونکہ اس سے حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد کو اذیت پہنچتی ہے اور کوئی بعید نہیں کہ حضور سرورِ عالم کا دلِ مبارک بھی رنجیدہ ہوتا ہو۔ ہر عقلمند آدمی جانتا ہے

لَهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا یُّجْبٰۤى اِلَیْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَیْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا

انھیں حرم میں جو امن والا ہے۔ کھچے چلے آتے ہیں اس کی طرف ہر قسم کے پھل ۸۸ یہ رزق ہے ہماری طرف سے ۸۹

کہ ایسے نازک مقامات پر احتیاط سے کام لینا چاہیے۔

۸۶ کفار کا ایک اور عذر لنگ پیش کر کے اس کا رد کیا جا رہا ہے کہ جب ہر طرح سے لاجواب ہو جاتے تو کہتے آپ کی باتیں سچی ہیں، آپ کا دین بھی برحق ہے اور یہ کتاب بھی اللہ تعالیٰ کا کلام ہے لیکن ذرا آپ یہ بھی سوچیں کہ ہمارے اردگرد بسنے والے سارے قبیلے مشرک ہیں۔ اگر ہم آپ کا دین قبول کر لیں تو وہ اکٹھے ہو کر ہم پر دھاوا بول دیں گے اور ہمیں اس زمین سے اس طرح اچک کر لے جائیں گے جس طرح باز چڑیا کو جھپٹ لیتا ہے۔ ہم اپنی بقا اور سلامتی کے لیے مجبور ہیں کہ اپنے پرانے مذہب پر چلتے رہیں۔ سر دست آپ کا دین قبول کرنا مصلحت کے خلاف ہے اس لیے آپ ہمیں زیادہ تنگ نہ کیا کریں۔

۸۷ اللہ تعالیٰ ان کے اس قول کی تردید فرماتے ہیں کہ یہ سارے خطرات فرضی ہیں۔ ہم نے تم کو اپنے حرم کی ہمسائیگی اور پاسبانی کا شرف بخشا ہے۔ اس حرم کے احترام کی وجہ سے کوئی کسی پر ہاتھ نہیں اٹھا سکتا۔ لوگ اپنے باپ کے قاتل کو بھی یہاں دیکھ کر اس سے آنکھ پھیر لیتے ہیں۔ کسی کی کیا مجال کہ تم اسلام قبول کرو تو وہ تم پر حملہ کر کے تمہاری تکا بوٹی کر دے بلکہ دوسرے قبائل تو اس انتظار میں ہیں کہ تم پیغمبر اسلام کے ساتھ کیا سلوک کرتے ہو۔ اگر تم آج اسلام قبول کر لو تو سورج غروب ہونے سے پہلے فوج در فوج لوگ اسلام کے حلقہ بگوش بن جائیں۔ تمہارا یہ کہنا محض بہانہ ہے جس کا حقیقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں

الم نمکن ای الم نسکنهم ایاه (غریب القرآن)۔

۸۸ اگر تمہیں یہ خدشہ ہے کہ اسلام لانے کی صورت میں مشرک قبائل تمہارا اقتصادی بائیکاٹ کر دیں گے تو یہ بھی درست نہیں۔ ذرا غور تو کرو مکہ اور اس کا گرد و نواح ریگستان ہی ریگستان ہے۔ یہاں معمولی کھیتی باڑی بھی نہیں ہوتی لیکن اس کے باوجود دنیا بھر کے پھلوں سے تمہارے بازار بھرے پڑے ہیں۔ اس حرم کے زیر سایہ جو امن و عافیت تمہیں حاصل ہے اور جس کثرت سے پھل تمہاری طرف کھچے چلے آتے ہیں۔ اس کی مثال دنیا بھر میں نہیں ملتی۔ تم خود سوچو اگر کفر کی حالت میں تمہیں اپنی عنایات سے محروم نہیں کیا تو اگر تم اسلام لاؤ گے تو کیا اس کی رحمت یہ گوارا کرے گی کہ لوگ تم پر ہلہ بول کر تمہیں تباہ کر دیں یا رزق کے دروازے بند کر دیں۔ یجبی یجمع جمع کرنا۔ عرب کہتے ہیں جبی الماء فی الحوض ای جمعه والجابیه الحوض العظیم۔ یعنی پانی حوض میں جمع ہو گیا۔ بڑے حوض کو اسی مناسبت سے جابیہ کہتے ہیں۔

۸۹ من لدنا فرما کر یہ بتا دیا کہ ہر چیز کی فراوانی میں تمہاری کسی تدبیر اور منصوبہ بندی کا کوئی دخل نہیں۔ اگر حضرت ابراہیم کو یہاں کعبہ بنانے کا حکم ہی نہ دیا جاتا بلکہ کوئی اور جگہ منتخب کی جاتی یا اولاد اسمٰعیل کو اس کی خدمت پر مقرر نہ کیا جاتا بلکہ حضرت اسحاق یا کسی اور کو منتخب کیا جاتا تو پھر کیا یہ مرکزیت، یہ امن و عافیت، یہ معاشی خوشحالی جو آج تمہیں نصیب ہے تمہیں میسر ہوتی ہرگز نہیں۔ یہ سب کچھ ہم نے ہی پہنچایا ہے اور تم پر لازم ہے کہ ہماری بات مانو اور اس دین رشد و ہدایت

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ بَطِرَتْ

لیکن ان کی اکثریت کچھ نہیں جانتی ۵۹ اور ہم نے کتنے شہر برباد کر دیئے جب وہ فخر کرنے

مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا

لگے اپنی خوش حالی پر۔ پس یہ ہیں ان کے گھر جن میں سکونت نہیں کی گئی ان کے بعد مگر بہت

قَلِيْلًا ۚ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى

کم عرصہ۔ اور (آخرکار) ہم ہی ان کے وارث بنے ۶۰ اور نہیں ہے آپ کا رب ہلاک کرنے والا بستیوں

حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا

کو یہاں تک کہ بھیجے ان کے مرکزی شہر میں کوئی رسول جو پڑھ کر سنائے وہاں کے رہنے والوں کو ہماری آیتیں اور ہم نہیں ہیں

مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ

ہلاک کرنے والے بستیوں کو مگر یہ کہ ان کے بسنے والے ظالم ہیں ۶۱ اور جو چیز دی گئی ہے تمھیں تو

کو کسی مزید تذبذب کے بغیر فوراً قبول کر لو ورنہ پچھتاؤ گے۔

۵۹ یعنی اکثر لوگ اپنے خود ساختہ اندیشوں میں گھلے جا رہے ہیں اور یہ حقیقت ان کی آنکھوں سے مستور رہتی ہے کہ عزت و عافیت بخشنے والا پاکیزہ اور فراخ رزق عطا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔

اس میں مسلم حکومتوں اور مجالس قانون ساز کے ارکان کو ہدایت کی جا رہی ہے کہ تم دین اسلام کے احکام و قوانین سے اس لیے گھبرا نہ جاؤ کہ لوگ تمھیں پسماندہ اور رجعت پسند کہیں گے۔ بڑی بڑی حکومتیں تمہاری اقتصادی اعانت سے دست کش ہو جائیں گی تو ان کو راضی کرنے کی سعی لاحاصل میں اپنے پروردگار کو ناراض نہ کرو۔ اس کو راضی رکھو، اس کے احکام بجا لاؤ۔ وہ خود تمہاری پاسبانی کرے گا اور خود تمہاری معاشی خوشحالی کے سامان فراہم کرے گا۔

۶۰ خدا کی نافرمانی کے ہولناک انجام سے بچنے کے لیے انھیں گزشتہ قوموں کے کھنڈرات میں غور و فکر کرنے کی دعوت دی جا رہی ہے۔ البطر: الطغیان بالنعمۃ (قرطبی)۔ ای عاشوا فی البطر واکلوا رزق اللہ وعصوہ وعبدوا الاصنام (مظہری)

۶۱ یہ اُجڑی پُجڑی بستیاں جو تمہیں دکھائی دے رہی ہیں انھیں یونہی ویران نہیں کر دیا گیا تھا بلکہ آپ کے رب نے

شَیۡءٍ فَمَتَاعُ الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا وَ زِیۡنَتُہَا ۚ وَ مَا عِنۡدَ اللّٰہِ خَیۡرٌ

یہ سامان ہے دنیوی زندگی کا اور اس کی زیب وزینت ہے ۹۱ اور جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ بہتر

وَّ اَبۡقٰی ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۶۰﴾ اَفَمَنۡ وَّعَدۡنٰہُ وَعۡدًا حَسَنًا فَہُوَ

اور دیرپا ہے۔ کیا تم اس حقیقت کو نہیں سمجھتے۔ (تم خود سوچو) کیا وہ (نیک بخت) جس کے ساتھ ہم نے وعدہ کیا ہے بہت اچھا

لَاقِیۡہِ کَمَنۡ مَّتَّعۡنٰہُ مَتَاعَ الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا ثُمَّ ہُوَ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ

وعدہ ۹۲ اور وہ اسے پانیوالا بھی ہے اس (بدبخت) کی مانند ہو سکتا ہے جسے ہم نے دنیوی زندگی کا سامان دیا ہے پھر وہ (اس چند

مِنَ الۡمُحۡضَرِیۡنَ ﴿۶۱﴾ وَ یَوۡمَ یُنَادِیۡہِمۡ فَیَقُوۡلُ اَیۡنَ شُرَکَآءِیَ

روزہ آسائش کے بعد) روزِ قیامت (مجرموں کے کٹہرے میں) پیش کیا جائیگا۔ اور اس دن ۹۳ اللہ انھیں آواز دیگا تو فرمائیگا کہاں

ع ۹

اپنی سنت کے مطابق ان کے مرکزی شہروں میں اپنے رسول بھیجے لیکن جب وہاں کے باشندے انکار اور عناد پر اڑے رہے تو انھیں تباہ کر دیا گیا۔ اے اہلِ مکہ! تمھارے پاس بھی ہم نے رسولوں کا سردار بھیجا، ایسا نہ ہو کہ تم اپنے ان محدود اور فانی دنیاوی مفادات کو بچانے کے لیے میرے رسول کی دعوت کو ٹھکرا دو اور اسی انجام سے دوچار ہو جس سے تمھارے پیشرو ہو چکے ہیں۔

۹۱ یہ جو کچھ تمھارے پاس ہے یہ صرف اس دنیا میں کام آئے گا پھر فنا ہو جائے گا لیکن اللہ نے اہلِ ایمان کے لیے جو نعمتیں تیار کر رکھی ہیں وہ لازوال اور ابدی ہیں۔ تم تو بڑے سیانے بنتے کاروباری لوگ ہو۔ تم جواہرات دے کر کوڑیاں کیوں لے رہے ہو۔

۹۲ بلال، عمار وغیرہ غریب مسلمانوں کو دیکھ کر کفار اپنی بہتری اور سلامتی اسی میں سمجھا کرتے کہ اسلام کو قبول نہ کیا جائے ورنہ وہ بھی ان لوگوں کی طرح افلاس کے شکنجہ میں کس دیئے جائیں گے۔ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ یہ بھی فریبِ نفس ہے۔ کیا ہوا تم نے اگر چار روز عیش و طرب میں گزار لیے اور انھیں فاقوں پر فاقے جھیلنے پڑے لیکن ذرا یہ بھی تو خیال کرو کہ ہم نے ان پاک طینت لوگوں سے بندہ نوازی کے جو وعدے کیے ہوئے ہیں ان کے مقابلے میں تمھاری یہ ساری نعمتیں پرِ کاہ کی وقعت بھی نہیں رکھتیں۔

۹۳ اے چار روزہ زندگی پر گھمنڈ کرنے والو! میرے رسولِ اکرم کی دعوت کو ٹھکرانے والو! اس دن کا بھی خیال کرو جب تمھیں کہا جائے گا کہ کہاں ہیں تمہارے وہ معبود جن کو تم ہمارا شریک ٹھیرایا کرتے تھے، اس وقت تم کفِ افسوس

الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٦٢﴾ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا

ہیں وہ شریک جنھیں تم (میرا شریک) گمان کیا کرتے تھے۔ کہیں گے وہ لوگ جن پر عذاب کا فرمان ثابت ہو چکا اے ہمارے رب!

هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۖ

یہ ہیں وہ جنھیں ہم نے گمراہ کیا۔ ہم نے انھیں بھی گمراہ کیا جیسے ہم خود گمراہ ہوئے ہم (ان سے) بیزار ہو کر تیری

مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ

طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اور وہ ہماری پوجا نہیں کیا کرتے تھے اور (انھیں) کہا جائے گا (اب) پکارو اپنے شریکوں کو ۲۹ تو وہ انھیں

فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿٦٤﴾

پکاریں گے لیکن وہ انھیں کوئی جواب نہیں دیں گے اور دیکھ لیں گے عذاب کو۔ کیا اچھا ہوتا اگر وہ ہدایت یافتہ ہوتے۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦٥﴾ فَعَمِيَتْ

اور اس دن اللہ تعالیٰ آواز دے گا انھیں پھر پوچھے گا کہ تم نے کیا جواب دیا تھا (ہمارے) رسولوں کو ۳۰ تو اندھی ہو جائیں گی

عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ فَاَمَّا مَنْ تَابَ

ان پر خبریں اس دن۔ پس وہ (مارے دہشت کے) ایک دوسرے سے کچھ پوچھ نہ سکیں گے ۳۱ تو وہ جس نے توبہ کی

ہوں گے لیکن بے سود، اس لیے آج ہی اصلاح کر لو۔

۲۹ علامہ قرطبی نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے: ای استغیثوا بالھتکم التی عبدتموھا فی الدنیا لتنصرکم وتدفع عنکم کہ جن خداؤں کی تم دنیا میں عبادت کرتے رہے تھے اب ان کے سامنے فریاد کرو تاکہ اب تمھاری مدد کریں اور خدا کے عذاب سے بچائیں۔

۳۰ پھر ان سے پوچھا جائے گا ہمارے رسول تمھارے پاس آتے تھے، تم نے ان کو کیا جواب دیا اس وقت ان پر سکتہ طاری ہو جائے گا اور کوئی بات نہ کر سکیں گے۔ ان کی اس حیرت زدگی اور لاجواب ہونے کی کیفیت کو قرآن نے فعمیت علیھم الانباء کے فقرہ سے تعبیر کیا ہے۔ اس کا لفظی معنی تو یہ ہے کہ فصارت الانباء علیھم کالعمیان یعنی ان کی دلیلیں اندھی ہو کر رہ جائیں گی اور جہاں وہ کھڑے ہوں گے وہاں تک نہ پہنچ سکیں گی۔ مقصد یہ ہے کہ دلیلوں کے وہ پہاڑ جو آج

وَ اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿٦٧﴾

اور ایمان لایا اور نیک عمل کیے یقیناً وہ کامیاب و کامران لوگوں میں ہو گا - اور

وَ رَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَ يَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ

آپ کا رب پیدا فرماتا ہے جو چاہتا ہے اور پسند کرتا ہے (جسے چاہتا ہے) انہیں ہے انھیں کچھ اختیار

اللّٰهِ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَ رَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ

اللہ تعالیٰ پاک ہے اور برتر ہے اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں اور آپ کا رب خوب جانتا ہے جو چھپائے ہوئے ہیں ان کے

وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَ هُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ فِی الْاُوْلٰى

سینے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ اور وہی اللہ ہے نہیں کوئی معبود بجز اس کے۔ اسی کو زیبا ہے ہر قسم کی تعریف دنیا میں اور

وَ الْاٰخِرَةِ ؗ وَ لَهُ الْحُكْمُ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

آخرت میں اور اسی کا حکم ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ آپ فرمائیے بھلا بتاؤ تو سہی اگر

وہ ہکڑے کرتے ہیں قیامت کے دن انھیں نظر نہیں آئیں گے۔

ڈر کے مارے کسی اور سے بھی پوچھنے کی جرأت نہ ہوگی۔

کفار حضور کو طرح طرح کے مشورے دیتے۔ ان کی ساری نامعقول تجاویز کے رد میں ایک ہی سلطانی فیصلہ سنا دیا کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے مشوروں کی ضرورت نہیں۔ وہ علیم و خبیر اور حکیم و قدیر ہے جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اور اس کی نگاہِ کرم جس کو منصبِ نبوت کے لیے چن لیتی ہے اُسے فائز کر دیا جاتا ہے۔ تم اس سے بہتر انتخاب نہیں کر سکتے۔

جب وہ وحدہٗ لاشریک ہے تو اس کے کاموں میں کسی کو دخل دینے کا کیا حق ہے۔

اے محبوب! انھیں بتا دو کہ آج تم ہزاروں بہانے بنا سکتے ہو۔ اپنی نیت بد کو رنگین پردوں میں چھپا سکتے ہو لیکن اللہ تعالیٰ کے سامنے تمہارا کوئی راز مخفی نہیں۔ اس کے سامنے تمہاری فریب کاری اور چرب زبانی کسی کام نہیں آسکے گی۔

اس ایک آیت میں اللہ تعالیٰ کی توحید ذاتی اور صفاتی کو بیان کر کے ان کے تمام شکوک اور اعتراضات کا جواب دے دیا۔

انھیں تنبیہ کی جا رہی ہے کہ غور کرو اور سوچو یہ گوناگوں نعمتیں جن سے تم بہرہ ور ہو رہے ہو تمھیں کس نے عطا

جَعَلَ اللّٰهُ عَلَیْكُمُ الَّیْلَ سَرْمَدًا اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ مَنْ

بنادے اللہ تعالیٰ تم پر رات ہمیشہ کے لیے قیامت کے دن تک تو کونسا خدا ہے

اِلٰهٌ غَیْرُ اللّٰهِ یَاْتِیْكُمْ بِضِیَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿۷۱﴾ قُلْ اَرَءَیْتُمْ

اللہ تعالیٰ کے سوا جو لادے تمھیں روشنی کیا تم سن نہیں رہے ہو۔ فرمائیے بھلا اتنا تو سوچو

اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَیْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ مَنْ

اگر بنادے اللہ تعالیٰ تم پر دن ہمیشہ کے لیے روزِ قیامت تک تو کونسا خدا ہے

اِلٰهٌ غَیْرُ اللّٰهِ یَاْتِیْكُمْ بِلَیْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِیْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۷۲﴾

اللہ تعالیٰ کے سوا جو لادے تمھیں رات جس میں تم آرام کرسکو۔ کیا تمھیں (یہ) نظر نہیں آتا؟

وَ مِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ وَ النَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ

اور محض اپنی رحمت سے اس نے بنادیا ہے تمھارے لیے رات اور دن کو تاکہ تم آرام کرو رات میں اور تلاش

وَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَ یَوْمَ یُنَادِیْهِمْ

کرو دن میں) اس کے فضل (رزق) سے اور تاکہ تم شکر گزار رہو۔ اور جس دن اللہ تعالیٰ انھیں آواز دے کر

فَیَقُوْلُ اَیْنَ شُرَكَآءِیَ الَّذِیْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَ نَزَعْنَا

فرمائے گا کہاں ہیں وہ جنہیں تم میرا شریک خیال کرتے تھے ؎ اور ہم نکالیں گے

کی ہیں۔ کیا کوئی اور خدا ہے جو ان نعمتوں کے بہم پہنچانے میں حصہ دار ہو۔ جب نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر تم کیوں کسی کو اس کا شریک سمجھتے ہو۔ علامہ راغب اصفہانی أرأیتم کا معنی لکھتے ہوئے کہتے ہیں فیه معنی التنبیه۔ اس میں تنبیہ اور سرزنش کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ رأی کا لفظ آنکھ سے دیکھنے اور عقل سے غور و فکر کرنے کے مفہوم میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ رأی: نظر بالعین او بالعقل (المنجد)

؎ قیامت کے دن کفار کی رسوائی اور بے بسی کا دوبارہ ذکر کر کے لوگوں کو غور و فکر کی دعوت دی جا رہی ہے۔

مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا فَقُلْنَا هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوا أَنَّ الْحَقَّ

ہر اُمّت سے گواہ ف پھر (ان اُمّتوں کو) ہم کہیں گے لے آؤ اپنی دلیل تو وہ جان لیں گے کہ بیشک حق

لِلَّهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٧٥﴾ إِنَّ قَارُونَ كَانَ مِنْ

اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور گم ہو جائیں گے اُن سے جو افترا وہ باندھا کرتے تھے۔ بیشک قارون ف موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم

قَوْمِ مُوسَىٰ فَبَغَىٰ عَلَيْهِمْ ۖ وَآتَيْنَاهُ مِنَ الْكُنُوزِ مَا إِنَّ

میں سے تھا۔ پھر اس نے سرکشی کی ان پر ف اور ہم نے دے دیئے تھے اُسے اتنے خزانے ف کہ ان کی

ع ۷ ۱۵ ۱۰

ف ہر اُمّت پر گواہی دینے کے لیے گواہ پیش کیا جائے گا جو ان کے اعمال پر گواہی دیگا۔ اس کے بعد انھیں انکار کی مجال نہیں رہے گی۔ سارے شکوک وشبہات دُور ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کی توحید کا یقین بھی آجائے گا اور دُنیا میں وہ جس طرح باتوں کا بتنگڑ بنایا کرتے تھے اور بال کی کھال اُتارا کرتے تھے وہ سب چیزیں بھول جائیں گی۔

ف یہاں ایک ضمیر فروش اور قوم فروش انسان کا کردار اور اس کا انجام بیان کیا جا رہا ہے۔ قرآن کریم میں بتایا گیا ہے کہ قارون بنی اسرائیل کا فرد تھا۔ مفسرین کی رائے میں یہ موسیٰ علیہ السلام کا قریبی رشتہ دار تھا۔ بعض نے چچازاد اور بعض نے خالہ زاد بھائی لکھا ہے لیکن اسے اپنی قوم کی خستہ حالی اور ان کے مصائب و آلام سے کوئی سروکار نہ تھا۔ وہ فرعونی حکومت کا ایجنٹ تھا اور اس کا کام صرف یہ تھا کہ بنی اسرائیل کو اس غلامانہ زندگی پر مطمئن رکھے۔ اور انھیں یہ بات ذہن نشین کرا دے کہ آزاد رہنے سے انھیں طرح طرح کے خطرات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اب وہ فرعون کے ظلِ سلطانی میں بے فکر زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ان کے ہاتھوں میں غلامی کی بیڑیاں اور گلے میں غلامی کے طوق باعث ننگ و عار نہیں بلکہ ان کے لیے باعث صد عزت ہیں۔ اسی قوم فروشی کی وجہ سے فرعون نے اس پر اپنے خزانوں کے منہ کھول دیئے تھے اور اس کو اپنی سلطنت کا رکن بنا لیا تھا۔ اسی لیے قرآن کریم نے یہ تصریح کی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو فرعون و ہامان کے علاوہ قارون کی طرف بھیجا گیا تھا۔ ولقد ارسلنا موسیٰ بایتنا وسلطن مبین الی فرعون وهامان وقارون فقالوا ساحر كذاب۔ (مومنون)

موسیٰ علیہ السلام پر ساحر اور کذاب کا بہتان لگانے میں بنی اسرائیل کا یہ قوم فروش سیٹھ قارون بھی اپنے ولی نعمت فرعون کے ساتھ تھا۔ کیونکہ اُسے معلوم تھا کہ اس کی ساری دولت و ثروت اسی وقت تک ہے جب تک فرعون شہریارِ مصر ہے۔

ف یہ الفاظ صاف بتا رہے ہیں کہ قارون اپنی قوم کے مفاد کو فرعون کے مفاد پر قربان کر دیا کرتا تھا۔ اور بنی اسرائیل کے حقوق کو کچلنے اور ان کو ذلیل و رسوا کرنے میں یہ اہم کردار انجام دیا کرتا تھا۔

ف ایسے شخص کو فرعون یا اس کی حکومت سے کوئی دلی ہمدردی نہیں ہو سکتی تھی۔ اسے تو محض اپنا ذاتی وقار اور مالی

مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِی الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ

چابیاں (اپنے بوجھ سے) جھکا دیتی تھیں ایک طاقتور جتھہ (کی کمروں) کو۔ جب کہا اسے اس کی قوم نے ۵۵ زیادہ

لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ۝۷۶ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ

خوش نہ ہو بے شک اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا اترانے والوں کو۔ اور طلب کر اس (مال و زر) سے جو دیا ہے تجھے

اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ

اللہ تعالیٰ نے آخرت کا گھر ۵۶ اور نہ فراموش کر اپنے حصہ کو دنیا سے ۵۷ اور احسان کیا کر (غریبوں پر)

منفعت مطلوب تھی۔ استعماری طاقتوں کی طرح فرعون ایسے ضمیر فروش کے مزاج سے خوب واقف تھا اور اسے جی بھر کر ثروت دیتا تھا۔ اسے کاروباری مواقع اور سہولتیں میسر تھیں جس سے اس کا کاروبار خوب چمکا اور مصر کا رئیس اعظم بن گیا۔ اس کی دولت کا ذکر قرآن کریم نے جس انداز سے فرمایا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بے حد و حساب دولت کا مالک تھا۔ اس کے خزانوں کے قفلوں کی کنجیاں اتنی بھاری تھیں کہ ایک مضبوط اور طاقتور جتھہ جب اُن کو اٹھاتا تو اس کی کمر جھک جاتی۔ مفاتح، مفتح کی جمع ہے۔ اس کا معنی ہے کنجی اور اگر اسے مفتح کی جمع کہا جائے تو اس کا معنی خزانہ ہوگا۔

عُصبہ دس تا پندرہ کی جماعت کو کہتے ہیں۔

تنوء ای تمیل بثقلھا بوجھ سے کمر کا جھک جانا۔

جب بنی اسرائیل مصر سے روانہ ہوئے تو اُس نے بھی اپنے ساز و سامان سمیت حضرت موسیٰ کی معیت میں بحر احمر کو عبور کیا۔

۵۵ قوم سے مراد بنی اسرائیل ہیں بعض کی رائے میں خود موسیٰ علیہ السلام نے اسے یہ بات فرمائی کہ مال و دولت کی فراوانی سے تو ہر وقت اترا تا رہتا ہے، اور تیرے دل میں احساس برتری اس حد تک پیدا ہو گیا ہے کہ اپنی قوم کے احترام یا ان کے حقوق کی پاسبانی کا تجھے خیال تک کبھی نہیں آیا۔ اس روش سے باز آجا کیونکہ ایسے لوگوں کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا۔

۵۶ آپ نے اسے فرمایا یہ دولت جو تجھے اللہ تعالیٰ نے دی ہے اس کو اس طرح خرچ کر کہ قیامت کے روز تیری نجات کی صورت پیدا ہو جائے۔ مومن کا دولت کے متعلق یہی نظریہ ہوتا ہے وہ اسے اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی اور اس کے دین کو سربلند کرنے کے لیے صرف کرتا ہے۔ وہ یہ جانتا ہے کہ دنیا اور اس کی ساری متاع چند روزہ ہے۔ اگر یہاں میں اپنے مال و زر کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کروں گا تو یہ چیزیں میری آنے والی زندگی میں میرے کام آئیں گی۔

كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِى الْاَرْضِ ؕ اِنَّ

جس طرح اللہ تعالیٰ نے تجھ پر احسان فرمایا ہے ۹۰؎ اور نہ خواہش کر فتنہ و فساد کی ملک میں۔ یقیناً اللہ تعالیٰ

اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۷۷﴾ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ

نہیں دوست رکھتا فساد برپا کرنے والوں کو۔ وہ کہنے لگا مجھے دی گئی ہے یہ (دولت و ثروت) اس علم کی وجہ سے

عِنْدِىْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ

جو میرے پاس ہے ۹۲؎ کیا اس (مغرور) کو اتنا علم بھی نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہلاک کر ڈالیں اس سے پہلے

۹۰؎ اس کی اس غلط فہمی کا ازالہ بھی کر دیا کہ مومن اس دنیا کی لذتوں سے بالکل دست کش رہتا ہے۔ فرمایا اسراف سے بچتے ہوئے اچھا کھاؤ، اچھا پہنو، اپنے آرام و آسائش میں مناسب وسائل استعمال کرو، یہ قطعاً ممنوع نہیں ہیں۔

۹۱؎ لیکن ان تمام حالات میں اس بات کو مت فراموش کرو کہ یہ سب اللہ کی عطا ہے اور اس کے اس انعام کا صحیح شکریہ یہ ہے کہ اس کی مخلوق کو آرام پہنچانے کے لیے اسے خرچ کیا جائے اور فتنہ و فساد برپا کرنے کے لیے اسے استعمال نہ کیا جائے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فتنہ برپا کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

اگر آپ اس آیت میں غور و تامل فرمائیں گے تو مومن کی سیرت کے خدوخال آپ کو صاف نظر آئیں گے اور دنیا کے مال و متاع کو وہ جس نقطہ نظر سے دیکھتا ہے اس پر آپ کو آگاہی حاصل ہو جائیگی۔ وہ یہ سمجھتا ہے کہ مال و دولت اس لیے نہیں کہ تم عیش و عشرت کرتے رہو اور تمہارے شبستانوں کے سایہ میں زندگی کاٹنے والے غریب لوگ زندگی کی بنیادی ضرورتوں سے بھی محروم ہوں۔ مومن یہ سمجھتا ہے کہ جاہ و منزلت اس لیے نہیں کہ لوگوں پر ظلم کرتے رہو اور ان کے حقوق کو تلف کرتے رہو۔ بلکہ اس لیے ہے کہ خود بھی جائز حد تک اس سے فائدہ اٹھاؤ اور اپنے ہمسایوں، رشتہ داروں اور بنی نوع انسان کے لیے بھی تمہارا وجود، تمہارا اثر و رسوخ اور تمہاری دولت فائدہ مند ثابت ہو۔

۹۲؎ یہاں سے ایک دنیا پرست انسان کی ذہنیت کو بے نقاب کیا جا رہا ہے کہ وہ یہ نہیں سمجھتا یہ چیزیں اور نعمتیں اس خالق و مالک نے اسے عطا فرمائی ہیں اس لیے اس پر اس کا شکر لازم ہے اور شکر کا صحیح مفہوم یہ ہے کہ اس کی مخلوق کو آرام پہنچایا جائے بلکہ وہ سرے سے اس بات کو تسلیم نہیں کرتا۔ وہ بڑے فخر و غرور سے یہ کہتا ہے۔ اوتیتہ علی علم عندی مجھے خدا نے نہیں دیا، یہ سب میری قابلیت، کاروباری مہارت اور مسلسل جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ جب ذہن میں یہ فتور سما جائے تو پھر اسے خرچ کرنے اور خرچ نہ کرنے کے معاملہ میں کچھ سمجھانا بے سود ہے۔ وہ کوئی پابندی قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہوگا۔ آپ اسے یہ نہیں سمجھا سکتے کہ اس میں تیرے پڑوسیوں، غریب رشتہ داروں، نادار یتیموں اور بے سہارا

اَلْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّ اَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا يُسْئَلُ

قومیں ۹۲؎ جو اس سے قوت میں کہیں سخت اور دولت جمع کرنے میں کہیں زیادہ تھیں۔ اور نہیں دریافت

عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۞۷۸ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِىْ زِيْنَتِهٖ ؕ

کیے جائیں گے مجرموں سے ان کے گناہ۔ الغرض (ایک دن) وہ نکلا اپنی قوم کے سامنے بڑی زیب و زینت ۹۳؎

قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ

کے ساتھ۔ کہنے لگے وہ لوگ جو آرزو مند تھے دنیوی زندگی کے اے کاش! ہمیں بھی اسی قسم کا جاہ و جلال

اُوْتِىَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۞۷۹ وَقَالَ الَّذِيْنَ

نصیب ہوتا جیسے دیا گیا ہے قارون کو۔ واقعی وہ تو بڑا خوش نصیب ہے۔ اور کہا ان لوگوں نے جنہیں

اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ

(دنیا کی بے ثباتی کا) علم دیا گیا تھا حیف تمہاری عقل پر۔ اللہ کا ثواب بہتر ہے اس کے لیے جو ایمان لے آیا اور نیک عمل کیے ۹۴؎

بیواؤں کا بھی کچھ حصہ ہے۔ اُلٹا وہ انھیں بے کار، نکمے، نالائق، مفت خور کے دل آزار لفظوں سے یاد کرتا ہے اور عملی معیشت پر انھیں ناقابلِ برداشت بوجھ تصور کرتا ہے۔ ان کے لیے رحم اور ہمدردی کے جذبات اس کے دل میں پیدا نہیں ہوتے بلکہ نفرت و حقارت سے وہ ان کی طرف دیکھتا ہے۔ یہ نظریہ صرف عہدِ موسوی کے قارون کا نہ تھا بلکہ تمام قارون صفت انسانوں میں یہ قدر مشترک ہے۔

۹۲؎ اس کی کم نگاہی اور غلط فہمی کو کتنے واضح الفاظ میں بیان کر دیا۔ اس قسم کے بے رحم سرمایہ داروں کی وجہ سے عالم انسانیت پر جو جو مصیبتیں آئیں اور ہلاکت و بربادی کے جو خونی انقلاب آئے وہ تاریخ کی ایک مسلّم حقیقت ہے۔ کوئی مانے تو اس کی مرضی، لیکن اس کی صداقت میں کسی کو کلام نہیں۔

۹۳؎ جب وہ اپنے امیرانہ ٹھاٹھ باٹھ سے نکلتا تو اسے دیکھ کر ظاہر بین لوگوں کے مُنہ میں پانی بھر آتا۔ وہ کہتے کتنا خوش نصیب ہے یہ قارون۔ کاش ہمیں بھی اس طرح کی نعمت سے کچھ حصہ ملتا۔

۹۴؎ لیکن جو دُنیا کی اس ناپائداری کو جانتے ہیں اور اس کی حقیقت سے باخبر ہیں ان کے دلوں میں اس قسم کی کوئی خواہش پیدا نہیں ہوتی وہ دوسرے لوگوں کو بھی اس امر پر آگاہ کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی جناب عالی سے جو اجر مومن صالح کو

صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ

اور نہیں مرحمت کی جاتی یہ نعمت بجز صبر کرنے والوں کےؔ۷۹ پس ہم نے غرق کر دیا اسے بھی اور اُسکے

الْاَرْضَ ۖ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۖ

گھر کو بھی زمین میں، تو نہ تھی اس کے حامیوں کی کوئی جماعت جو اس وقت اس کی مدد کرتی اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں۔

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ

اور وہ خود بھی اپنا انتقام نہ لے سکا ؔ۸۰ اور صبح کی ان لوگوں نے جو کل تک اس کے مرتبہ کی

بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ

آرزو کر رہے تھے یہ کہتے ہوئے اوہو! (اب پتہ چلا) کہ اللہ تعالیٰ کشادہ کر دیتا ہے رزق کو ؔ۸۱ جس کے لیے چاہتا ہے

ملنے والا ہے اس کے سامنے اس جاہ و حشمت کی کوئی قدر و قیمت نہیں۔ تم قارون بننے کی التجائیں نہ کرو تم اللہ تعالیٰ کا بندہ بننے کی کوشش کرو جب انسان اس مقام کو پالیتا ہے تو اس کی ساری حسرتیں پوری ہو جاتی ہیں۔

ؔ۷۹ یہ بھی بتا دیا، یہ ابدی نعمت اور سرمدی دولت فقط باتیں بنانے، خالی دعوے کرنے اور ہوائی قلعے تعمیر کرنے سے حاصل نہیں ہوتی۔ اس کے لیے بڑے صبر کے ساتھ اخلاص و عمل کی راہ پر قدم بڑھاتے چلے جانا شرطِ اول ہے۔

ؔ۸۰ اس کے متعلق مفسرین کرام نے لکھا ہے کہ اس نے ایک فاحشہ عورت کے ساتھ سازش کی کہ جب موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کے سامنے وعظ کر رہے ہوں تو وہ مجمع عام میں آپ پر بدکاری کا الزام لگائے۔ اس طرح وہ موسیٰ کی عزت کو ختم کر کے دینی منصب بھی خود سنبھالنا چاہتا تھا۔ اس نے اس عورت کو کئی ہزار درہم بطور رشوت دیئے۔ ایک روز آپ وعظ فرما رہے تھے۔ آپ کے وعظ کا موضوع بھی یہی تھا کہ جو چور ہو گا اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔ جو بدکاری کا ارتکاب کریگا اسے رجم کر دیا جائے گا۔ قارون نے اسے بہترین موقع سمجھا اور اٹھ کر کہنے لگا یہ قانون سب کے لیے ہے یا بعض لوگ اس سے مستثنیٰ ہیں۔ آپ نے فرمایا سب کے لیے ہے۔ اس نے پوچھا کیا آپ پر بھی یہ لاگو ہوتا ہے۔ آپ نے فرمایا بیشک۔ اس نے کہا فلاں عورت آپکے متعلق ایسا ایسا کہتی ہے اور اسے حمل بھی قرار پا گیا ہے اس لیے اس قانون کے مطابق آپ کو بھی رجم کی سزا ملنی چاہیے۔ آپ نے فرمایا اس عورت کو مجمع عام میں پیش کرو جب وہ آئی تو حضرت نے کہا تجھے اس خدا کی قسم جس نے بنی اسرائیل کے لیے سمندر کو شق کیا جس نے مجھے تورات عطا فرمائی تو سچ سچ بتا دے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے جھوٹ بولنے کی ہمت نہ دی اور ساری حقیقت بیان کر دی کہ مجھے قارون نے آپ پر الزام لگانے کے لیے رشوت دی ہے۔ آپ کو قارون کے اس

مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ؕ

اپنے بندوں سے اور تنگ کر دیتا ہے (جس کے لیے چاہتا ہے) اگر اللہ تعالیٰ نے ہم پر احسان نہ کیا ہوتا تو ہمیں بھی زمین میں گاڑ دیتا۔

وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۟ۧ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا

او ہو! (اب پتہ چلا) کہ کفار بامراد نہیں ہوتے۔ یہ آخرت کا گھر ہم مخصوص کر دیں گے اس (کی نعمتوں) کو

لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِى الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۭ وَالْعَاقِبَةُ

ان لوگوں کے لیے جو خواہش نہیں رکھتے زمین میں بڑا بننے کی ۹۹ اور نہ فساد برپا کرنے کی ۱۰۰ اور اچھا انجام

جرم شنیع پر سخت صدمہ بھی ہوا اور غصہ بھی آیا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اس کے حواریوں کے ساتھ زمین میں غرق کر دیا۔

۹۸ اب ان لوگوں کی آنکھیں کھلیں جو قارون کو حسرت بھری نظروں سے دیکھا کرتے تھے۔ اب انھیں یہ پتہ چلا کہ دولت کی قلت و کثرت، سعادت و شقاوت کا کوئی معیار نہیں۔ انسان جس حال میں ہو اگر اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم اس کے شامل ہو تو وہ کامیاب ہے ورنہ اس کا بھی وہی انجام ہوتا ہے جو قارون کا ہوا۔

۹۹ دنیا کے جاہ و جلال میں مست ہونے والوں کا ذکر کرنے کے بعد اب ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ آخرت کی سرخروئی اور سرفرازی ان کے حصہ میں آئے گی جو یہاں عُلُو کے خواہشمند نہیں۔ عُلُو کا کیا معنی ہے، عطا کہتے ہیں لوگوں پر اپنا غلبہ اور تسلط جمانا اور ان کو حقیر و ذلیل سمجھنا۔ قال عطاء غلبۃ وقھراً علی الناس وتعاوناً بھم۔ مقصد یہ ہے کہ لوگوں کے حقوق کو پامال کر کے ان کے اموال کو غصب کر کے سردار بننا اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں۔ اس سے بظاہر شاید کوئی یہ سمجھے کہ کسی اچھے منصب پر فائز ہونا، زمام اقتدار سنبھالنا، معاشرہ میں کوئی معزز و محترم مقام حاصل کرنا بھی قرآن کریم کی نظر میں پسندیدہ نہیں اور آخرت کی کامیابی تب ہی حاصل ہو سکتی ہے جب کہ انسان دنیا بھر کی محرومیوں اور نامرادیوں کی گٹھڑی اپنے سر پر اٹھائے رکھے۔ اگر کوئی شخص ایسا سمجھتا ہے تو یہ اس کی اپنی کج نگاہی ہے۔ قرآن کریم تو آیا ہی اس لیے ہے کہ اپنے ماننے والوں کے سر پر انتم الاعلون کا زرنگار تاج رکھے۔ شاید اس غلط فہمی کو دور کرنے کے لیے سیدنا حضرت علیؓ نے اس آیت کا مفہوم ان الفاظ میں بیان فرمایا: وعن علی کرم اللہ وجھہ انھا نزلت فی اھل التواضع من الولاۃ واھل القدرۃ۔ یہ آیت ایسے حکمرانوں اور ذی استطاعت لوگوں کے حق میں نازل ہوئی جنہوں نے عمر بھر تواضع اور انکسار کو اپنا شعار بنائے رکھا۔

۱۰۰ فساد سے مراد عام فساد ہے۔ عقیدہ کا فساد ہو یا عمل کا۔ اگر کوئی کفر و شرک کی ترویج کریگا تو وہ بھی مفسد ہے اور اگر کوئی فسق و فجور کا ارتکاب کرے گا اور اس کا بازار گرم کرنے کے لیے کوشش کرے گا تو وہ بھی مفسد ہے۔

لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ

پرہیزگاروں کے لیے ہے۔ جو کرتا ہے نیکی ۱۱۸ تو اس کے لیے بہتر صلہ ہے اس نیکی سے۔ اور جو ارتکاب کرتا

بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا

ہے بُرائی کا تو نہ بدلہ دیا جائے گا اُنھیں جنھوں نے بدکاریاں کیں مگر اتنا، جتنا اُنھوں نے

يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾ اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى

کیا۔ (اے محبوب!) یقیناً وہ (قادرِ مطلق) جس نے آپ پر قرآن کی تبلیغ فرض کی ہے آپکو واپس لے جائے گا

مَعَادٍ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ

جہاں آپ چاہتے ہیں ۱۱۹ آپ فرمائیے میرا رب خوب جانتا ہے اسے جو آیا ہدایت یافتہ ہوکر اور اسے بھی جو کھلی

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۸۵﴾ وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ

گمراہی میں ہے۔ اور آپ کو تو یہ امید نہ تھی کہ نازل کی جائے گی آپ کی طرف کتاب ۱۲۰ مگر

---

۱۱۸ جو نیکی کرے گا اس کو اس کی نیکی کا اجر صد ہا گنا عطا فرمایا جائے گا۔ اور جو گناہ کا مرتکب ہوگا اس کو سزا ایک گناہ کی ہی ملے گی۔ اِدھر رحمت و کرم کی بیکرانیاں ہیں۔ اُدھر عدل و انصاف کے تقاضے۔

۱۱۹ معاد کا معنی ہے لوٹنے کی جگہ۔ اس سے مُراد مکہ شریف ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم سے وعدہ فرمایا کہ جس ذات پاک نے آپ پر قرآن نازل کیا اور اس کی تلاوت اور اشاعت کو آپ پر فرض کیا۔ وہ آپ کی پُشت پناہی فرما رہی ہے۔ ایک دفعہ آپ کو مکہ سے ہجرت کرنی پڑے گی لیکن پھر یہاں آپ کی واپسی اس شان و شوکت سے ہوگی کہ سارے دشمن سر جھکائے ہوئے آپ کے سامنے کھڑے ہوں گے اور ان کی قسمت کا فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہوگا چنانچہ فتح مکہ کے دن یہ وعدہ پورا ہوا اور صرف مکہ ہی اسلامی قلمرو میں داخل نہیں ہوا بلکہ اس کے بعد قلیل عرصہ میں سارے جزیرہ عرب پر اسلام کا پرچم لہرانے لگا۔ معاد کا معنی جنّت بھی کیا گیا ہے۔

۱۲۰ یعنی جس نعمتِ نبوت سے آپ کو سرفراز فرمایا گیا ہے اس کے لیے نہ کبھی آپ نے دعا کی نہ اس منصب کو حاصل کرنے کے لیے آپ نے کبھی کوئی جدوجہد کی اور نہ کبھی آپکے دل میں ہی یہ خواہش پیدا ہوئی کہ آپ کو نبی بنا کر وحی سے مشرف کیا جائے۔

إِلَّا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ ظَهِيرًا لِّلْكَافِرِينَ ﴿٨٦﴾

یہ محض رحمت ہے آپ کے رب کی (جو آپکو صاحب قرآن بنادیا) تو آپ ہرگز کافروں کے مددگار نہ بنیں۔

وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ آيَاتِ اللَّهِ بَعْدَ إِذْ أُنزِلَتْ إِلَيْكَ وَادْعُ

اور (خیال رہے) وہ ہرگز نہ روکیں آپ کو اللہ تعالیٰ کی آیات سے اس کے بعد کہ وہ اتاری گئیں آپ کی طرف اور بلائیے

إِلَىٰ رَبِّكَ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿٨٧﴾ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللَّهِ

(لوگوں کو) اپنے رب کی طرف اور ہرگز نہ ہو جانا شرک کرنے والوں سے۔ اور نہ پکارو اللہ تعالیٰ کے ساتھ

إِلَٰهًا آخَرَ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ

کسی اور معبود کو۔ نہیں ہے کوئی معبود بجز اس کے۔ ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے بجز اس کی ذات کے ف

لَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٨﴾

اسی کی حکمرانی ہے۔ اور اسی کی طرف تمہیں لوٹایا جائے گا ف

ف اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو خدا بنا کر مت پکارو۔ اسی وحدہٗ لاشریک کی عبادت و یاد میں اپنی زندگی گزار دو۔ یہ ساری دنیا اپنی جملہ نعمتوں، وسعتوں، اور کثرتوں کے باوجود فانی ہے۔ عرش و فرش، مہر و ماہ سب فنا ہو جائیں گے ایک اللہ تعالیٰ کی ذات پاک باقی رہے گی۔ الا وجہہ کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ تمام اعمال ضائع ہو جائیں گے مگر وہ اعمال جو اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لیے کیے گئے ہیں انھیں ہی بقاء و دوام حاصل ہو گا۔

ف اسی کا حکم ہے جو ہر جگہ نافذ ہے چھوٹی بڑی چیز اس کے فرمان کے سامنے سرافگندہ ہے کسی کی مجال نہیں کہ دم مار سکے اور تمہیں یہاں چند روزہ زندگی گزارنے کے بعد آخرکار اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔ اس لیے عقلمندی کا تقاضا یہ ہے کہ دنیا میں اس طرح وقت گزارو کہ قیامت کے دن جب تم بارگاہ رب العلمین میں حاضر ہو تو تمہاری جبین پر اس کی بندگی کا روشن نشان چمک رہا ہو تمہارا دل اس کی محبت کے بادۂ لالہ فام سے سرشار ہو۔ تمہارا سینہ اس کے نور معرفت سے منور ہو۔ اور جب تم قبروں سے نکلو تو رحمت کے فرشتے تمہارے استقبال کے لیے پرے باندھے کھڑے ہوں اور تمہیں مرحبا اور خوش آمدید کہہ رہے ہوں

وجہہ: وجہ عربی میں چہرے کو کہتے ہیں لیکن بطور مجاز اس کا اطلاق ساری ذات پر ہوتا ہے۔ اس لیے یہاں وجہہ سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات ستودہ صفات ہے۔ ای ذاتہ عزوجل (روح المعانی)

تعارف سُورۃ العنکبُوت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

نام: اِس سُورت کا نام العنکبُوت ہے جس کا ذکر آیت ۴۱ میں آ رہا ہے۔ آیات کی تعداد انہتر ہے۔ اس میں نو سو اسّی کلمات اور چار ہزار ایک سو پینسٹھ حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: حسن، عکرمہ، عطاء اور جابر رحمہم اللہ کے نزدیک یہ ساری سُورت مکّہ مکرمہ میں نازل ہُوئی۔

مضامین:

۱۔ حضور فخرِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی بعثت اور دعوتِ توحید سے سارا مکّہ آتش زیر پا ہو گیا۔ انھوں نے اسلام کی شمع کو گُل کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا۔ وہ سلیم الطبع لوگ جو کفر و شرک کی عفونتوں سے دل برداشتہ ہو گئے تھے اور حق کے حُسن سے مسحور ہو کر دامنِ حبیبِ کبریا علیہ التحیۃ والثناء میں پناہ لے لیتے ان پر ظلم و ستم کی انتہا کر دی جاتی۔ بعض لوگ اسلام کی صداقت کے تو معترف تھے لیکن ان مظالم کو برداشت کرنے کی ہمت ان میں نہ تھی اس لیے ان حالات میں اپنی قسمت کو اسلام کے ساتھ وابستہ کرنا قرینِ دانشمندی نہیں سمجھتے تھے۔ بعض اس قسم کے بھی لوگ تھے جنھوں نے اسلام کو قبول کیا لیکن مصائب و آلام کی آندھیوں میں وہ اپنی شمعِ ایمان روشن نہ رکھ سکے۔ ان سب لوگوں کو بتایا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں صرف وہی لوگ سرفراز ہوتے ہیں جو آزمائش کی کٹھن گھڑیوں میں ثابت قدم رہتے ہیں اور امتحان میں کامیاب ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ جو زبان سے اسلام کا دم بھرتے ہیں اور ایمان کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن امتحان کے میدان میں صبر و استقامت کا مظاہرہ نہیں کر سکتے وہ قطعاً قابلِ التفات نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی یہی سنّت ہے۔ اور یہی کسوٹی ہے جس پر اس نے اہلِ ایمان کو پہلے بھی پرکھا اور قیامت تک پرکھے گا۔

۲۔ کفارِ مکّہ کو اپنے بے شمار خداؤں پر بڑا گھمنڈ تھا۔ وہ سمجھتے تھے کہ جب اتنے خدا ہماری پشت پناہی کرنے کے لیے موجود ہیں تو ہمیں محمد (روحی فداہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کے ایک خدا سے ڈرنے کی کیا ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ مادّی وسائل کی بھی ان کے ہاں کمی نہ تھی۔ وہ کعبہ کے متولی اور خدمتگار تھے۔ سب قبائل ان کی دل سے عزّت کرتے اور کسی ہنگامی موقع پر ان کے ادنیٰ اشارہ پر شمشیر بکف میدان میں آنے کے لیے تیار تھے۔ شجاعت و مردانگی اور جنگی مہارت میں بھی ان کا جواب نہ تھا۔ ان حالات کے پیشِ نظر انھیں اپنے مستقبل کے بارے میں کوئی تشویش نہ تھی۔ وہ یہ سمجھتے تھے

کہ ان کا قلعہ اتنا مستحکم اور محفوظ ہے کہ اس پر کوئی یلغار کارگر ثابت نہیں ہو سکتی۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کو فرماتے ہیں کہ اے حبیب! انکے یہ سارے آسرے، انکے یہ سارے سہارے مکڑی کے جالے کی مانند ہیں وان اوھن البیوت لبیت العنکبوت اور تمام گھروں سے کمزور ترین گھر مکڑی کا گھر ہی ہے جو ایسے کمزور اور بودے گھر میں بستا ہو اور پھر قہر خداوندی کی بجلیوں کو دعوت دے رہا ہو اس سے زیادہ احمق بھی کوئی اور ہو سکتا ہے۔

۳۔ اس کے بعد دلائل توحید بیان کیے گئے جو آسان اور زود فہم ہونے کے ساتھ ساتھ اتنے مؤثر ہیں کہ خود بخود قلب و روح میں نقش ہوتے چلے جاتے ہیں لیکن ان سے فائدہ وہی شخص اٹھاتا ہے جس کے دل میں حق کی طلب ہو اور جس کی آنکھوں پہ تعصب کی پٹی بندھی ہوئی نہ ہو۔

۴۔ آخر میں "وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا" فرما کر اس جاں گسل اور کٹھن راہ کے مسافروں کی تسکین اور حوصلہ افزائی کی انتہا فرما دی۔ واقعی اللہ تعالیٰ بڑا بندہ نواز اور ذرہ پرور ہے وہ اپنے چاہنے والوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑتا۔

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر وللہ الحمد

سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّسِتُّوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ العنکبوت مکی ہے اور اس کی ۶۹ آیتیں اور ۷ رکوعات ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

الٓمّٓ ﴿۱﴾ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ

الف۔لام۔میم سلہ کیا لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ انھیں صرف اتنی بات پر چھوڑ دیا جائیگا کہ وہ کہیں ہم ایمان لے آئے اور انھیں

لَا يُفْتَنُوْنَ ﴿۲﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ

آزمایا نہیں جائے گا سلہ اور بیشک ہم نے آزمایا تھا ان لوگوں کو جو ان سے پہلے گزرے سلہ پس اللہ تعالیٰ ضرور

سلہ حروف مقطعات ہیں۔

سلہ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانا اور حضورؐ کے دامن سے وابستہ ہونا کفار مکہ کے لیے ایک چیلنج کی حیثیت رکھتا تھا۔ خون اور قرابت کے سارے رشتے، دوستی اور محبت کے سارے تعلقات ٹوٹ جاتے حتیٰ کہ مروت و احسان کے سارے احساسات بھی یک قلم ختم ہو جاتے ۔ حق قبول کرنے کے جرم میں ان پر ظلم و ستم کی انتہا کر دی جاتی۔ کئی کمزور طبع لوگ اسلام کی صداقت پر یقین رکھنے کے باوجود اسے قبول کرنے کی جرأت نہ کر سکتے۔ نشۂ توحید سے سرشار ہو کر ستم کی اذیتوں کو بخوشی برداشت کرنے والوں کو اللہ تسلی دے رہے ہیں کہ ہماری یہ سنت ہے کہ ہم ہر ایمان لانیوالے کو آزمائش کی کسوٹی پر پرکھتے ہیں۔ صرف کسی کا یہ کہہ دینا کہ میں مومن ہوں کافی نہیں۔ اس لیے امتحان کے ان مرحلوں کو ہمت، صبر اور عزم سے طے کرتے جاؤ۔ اس کا انجام بڑا دل خوش کن ہوگا۔

سلہ پہلے جو ایمان لائے ان کو بھی ہم نے اسی طرح آزمایا جس طرح تم آزمائے جا رہے ہو۔ حضرت خباب بن الارت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کعبہ کے سایہ میں اپنی چادر سے تکیہ لگائے تشریف فرما تھے کہ ہم نے حاضر خدمت ہو کر عرض کی یا رسول اللہ! ہم پر مصائب کی حد ہو گئی۔ کیا حضور ہمارے لیے دعا نہیں فرماتے۔ حضورؐ نے فرمایا یہ مصیبتیں صرف تم ہی برداشت نہیں کر رہے بلکہ تم سے پہلے کفار کا یہ طریقہ تھا کہ مومن کو پکڑتے اس کے لیے ایک گڑھا کھودتے پھر اس گڑھے میں اسے کمر تک گاڑ دیتے پھر آری لا کر اس کے سر پر چلائی جاتی اور کاٹ کر اس کے دو حصے کر دیئے جاتے۔ بعض پر لوہے کی کنگھیاں چلائی جاتیں۔ ان کے گوشت اور ہڈیوں کو ادھیڑ کر رکھ دیا جاتا۔ اس کے باوجود وہ

اللّٰهُ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَ لَیَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِیْنَ ۝۳ اَمْ حَسِبَ

دیکھے گا کہ انھیں جو (دعوائے ایمان میں) سچے تھے اور ضرور دیکھے گا (ایمان کے) جھوٹے (دعویداروں) کو۔ کیا خیال کر رکھا ہے

الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ اَنْ یَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ۝۴

انھوں نے جو کر رہے ہیں بُرے کرتوت کہ وہ ہم سے آگے نکل جائیں گے شہ بڑا غلط فیصلہ ہے جو وہ کر رہے ہیں۔

مَنْ كَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَ هُوَ

جو شخص امید رکھتا ہے اللہ تعالیٰ سے ملنے کی تو (وہ سن لے) کہ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کا وقت ضرور آنیوالا ہے

السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝۵ وَ مَنْ جٰهَدَ فَاِنَّمَا یُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ

اور وہی ہر بات سننے والا، ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ اور جو شخص کوشش کرتا ہے (حق کو سربلند کرنے کی) تو وہ اپنے فائدے کیلیے

مومن اپنے دین پر ثابت قدم رہتے۔ اے خباب! اللہ کی قسم یہ دین ہر سو پھیلے گا۔ اس کے ظل ہمایوں میں اتنا امن وامان ہوگا کہ صنعاء سے چل کر ایک شخص حضر موت تک سفر کرے گا اور اللہ تعالیٰ کے سوا اسے کسی کا خوف نہ ہوگا۔ آخر میں فرمایا ولکنکم تستعجلون۔ لیکن تم جلد بازی سے کام لیتے ہو۔

سے علامہ قرطبی اس کا معنی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں فلیرین اللہ الذین صدقوا ایمانھم یعنی اللہ تعالیٰ جن لوگوں کے صدق اور کذب کو اپنے علم ازلی قدیم سے جانتا ہے اس کو عالم واقع میں ظہور پذیر ہوتے دیکھ لے۔ علامہ پانی پتی اس کی تحقیق کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ لیتعلقن علمہ حالیا یتمیز بہ الذین صدقوا فی الایمان من الذین کذبوا فیہ و ینوط بہ ثوابھم وعقابھم (مظہری) یعنی اللہ تعالیٰ اپنے علم ازلی سے ہر شخص کے جملہ احوال کو از اول تا آخر جانتا ہے۔ فلاں نیک کام کرے گا۔ فلاں بدکاریوں میں مشغول رہے گا۔ فلاں اس سن میں جہاد کرے گا۔ فلاں اس سال میں قتل کرے گا وغیرہ۔ لیکن اس علم قدیم پر جزا وسزا مرتب نہیں ہوتی۔ مثلاً جس کا قاتل ہونا اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے اُسے ارتکاب قتل سے پہلے سولی نہیں دے دیا جائے گا۔ اسی طرح مجاہد کو اس کا اجر میدان جہاد میں داد شجاعت دینے کے بعد ملے گا۔ اس لیے یہاں علم سے مراد وہ علم ہے جس کے بعد کوئی شخص اپنے نیک وبد اعمال کے لیے جزا اور سزا کا حقدار ہوتا ہے۔ مزید تحقیق کے لیے ضیاء القرآن جلد اول سورۂ بقرہ کا حاشیہ ملاحظہ فرمائیے۔

شہ یعنی کیا بدکردار لوگ اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ جب ہم ان کو سزا دینے کا ارادہ کریں گے تو وہ کہیں بھاگ جائیں گے اور ہم انھیں پکڑ نہ سکیں گے۔ انھیں چاہیے کہ اس غلط فہمی کو اپنے دل سے نکال دیں۔ جب ہمارا عذاب انھیں گھیرے گا تو

إِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ ﴿٦﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

ہی کوشاں ہے ؁ بیشک اللہ تعالیٰ غنی ہے تمام کائنات سے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے

الصَّالِحَاتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَحْسَنَ

تو ہم دور کر دیں گے ان سے ان کی برائیوں (کی نحوست) کو اور ہم انہیں بہت عمدہ بدلہ دیں گے ان (اعمال حسنہ)

الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٧﴾ وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ

کا جو وہ کیا کرتے تھے ؁ اور ہم نے حکم دیا انسان کو کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ

حُسْنًا ۖ وَإِنْ جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ

اچھا سلوک کرے ؁ اور اگر وہ یہ کوشش کریں تیرے ساتھ کہ تو شریک بنائے کسی کو میرا جس کے متعلق تجھے کوئی علم نہیں

فَلَا تُطِعْهُمَا ۚ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٨﴾

تو (اس بات میں) انکی اطاعت نہ کر ؁ میری طرف ہی تمہیں لوٹنا ہے۔ پھر میں آگاہ کروں گا تمہیں ان اعمال سے جو تم کیا کرتے تھے

مارے دہشت کے اپنی جگہ سے ہل ہی نہ سکیں گے چہ جائیکہ وہ بھاگ کر ہم سے روپوش ہو جائیں۔

؁ جو شخص اسلام کی سربلندی کے لیے مصروف جہاد رہتا ہے وہ خداوند کریم پر احسان نہیں کر رہا بلکہ اس میں سراسر اس کا اپنا فائدہ ہے۔ کیونکہ اگر اس نے جہاد نہ کیا اور کافر غالب آگئے تو اس کی آزادی چھن جائے گی اسے غلامی کی زنجیروں میں جکڑ دیا جائے گا۔ اس کا گھر بار، مال و متاع تاخت و تاراج کر دیا جائے گا۔ اس کی آبرو خاک میں مل جائے گی اور یہ بھی ممکن ہے کہ سفاک اور خدا ناترس دشمن اس کو اسلام چھوڑنے پر مجبور کر دے۔ ان تمام حالات میں نقصان اسی کا ہو گا۔ جہاد کی اہمیت کی طرف کس عمدگی سے توجہ دلائی گئی ہے۔

؁ جو لوگ صدق دل سے ایمان لے آتے ہیں اور پھر اعمال صالحہ سے اسے آراستہ کرتے ہیں ہم ان کی غلطیوں اور گناہوں کو اپنے دامن رحمت سے ڈھانپ دیں گے کسی عیب چین کو پتہ ہی نہ لگ سکے گا کہ کبھی اس کی سیرت کا دامن آلودہ اغدار تھا ای لنغطینھا عنھم بالمغفرة لھم (قرطبی)۔ علامہ پانی پتی نے لکھا ہے نذھب سیاتھم عنا تھم ہم ان کی برائیوں کو نیکیوں سے مٹا دیں گے۔

؁ قرآن حکیم میں ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنے ان کی خدمت و دلجوئی میں کوشاں رہنے کا بار

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ﴿۹﴾

اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک اعمال بھی کیے تو ہم ضرور شامل کر لیں گے انھیں نیکوں کے زمرہ میں ۱۰

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ

اور بعض لوگ ہیں جو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے اللہ تعالیٰ پر۔ پھر جب ستایا جاتا ہے اسے راہ خدا میں تو بنا لیتا ہے لوگوں

فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ

کی آزمائش کو اللہ تعالیٰ کے عذاب کے برابر ۱۱ اور اگر آجائے نصرت آپکے رب کی طرف سے تو وہ کہنے

حکم دیا گیا ہے جس طرح متعدد مقامات پر اس کا تفصیلاً ذکر ہو چکا ہے۔ یہاں پھر اس ارشاد گرامی کو دہرایا جا رہا ہے۔ وصینا، امرنا یعنی ہم نے حکم دیا۔

۹ے والدین کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید کرنے کے بعد یہ امر بھی واضح کر دیا کہ اگر والدین بھی شرک کا حکم دیں تو یہ حکم ان کا بھی نہ مانا جائے۔ یہ درست ہے کہ ماں باپ کے بڑے حقوق ہیں لیکن اللہ کا حق دنیا بھر کے حقداروں کے حقوق سے اعلیٰ و ارفع ہے۔ حضرت سعد بن ابی وقاص فرماتے ہیں کہ یہ آیت میرے حق میں نازل ہوئی۔ میں اپنی ماں کا بڑا فرمانبردار اور خدمت گزار تھا جب میں مشرف باسلام ہوا تو میری ماں نے کہا یا تو تم اپنے نئے دین کو چھوڑ دو ورنہ میں کھانا پینا چھوڑ دوں گی اور اسی طرح بھوکی پیاسی مر جاؤں گی پھر لوگ تمہیں یہ کہہ کر عار دلائیں گے یا قاتل امہ۔ اسے اپنی ماں کے قاتل۔ وہ دن تو میں نے انتظار کیا کہ جب اسے بھوک تنگ کرے گی خود بخود کھانا کھا لے گی لیکن میں نے دیکھا کہ وہ اپنی ضد پر قائم ہے تو میں نے اس کو صاف الفاظ میں بتا دیا یا اماہ لو کانت لک مائۃ نفس فخرجت نفسا نفسا ما ترکت دینی۔ اے ماں اگر ایک کے بجائے تیری سو جانیں ہوں اور بھوک کی وجہ سے وہ ایک ایک کر کے بھی نکل جائیں تب بھی میں اپنا دین نہیں چھوڑوں گا۔ اس نے میرا یہ عزم مصمم دیکھا تو اس نے کھانا شروع کر دیا۔

۱۰ے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی سنگت اور ان کی معیت بہت بڑی نعمت ہے اور ایمان اور عمل صالح کی بہترین جزا ہے۔

۱۱ے وہ لوگ جو اسلام کی پاکیزہ تعلیمات سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر لیتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ یہ راستہ ہموار ہے۔ یہاں کوئی نشیب و فراز نہیں۔ کوئی زحمت گوارا کیے بغیر منزل مقصود تک پہنچ جائیں گے لیکن ان کی توقع کے خلاف جب مخالفو الام کے کالے بادل گھر کر آجاتے ہیں تو اس وقت وہ اپنے بچاؤ کی خاطر اسلام سے اپنا رشتہ توڑ لیتے ہیں ان کے متعلق فرمایا جا رہا ہے کہ انھیں رحمت الٰہی سے محروم کر دیا جائے گا کیونکہ دشمنان اسلام کے ظلم و ستم سے تو وہ خائف ہو گئے لیکن اللہ تعالیٰ

لَيَقُولُنَّ إِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ۚ أَوَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِمَا فِي صُدُورِ

کہتے ہیں ہم تو تمھارے ساتھ تھے ۱۲؎ کیا نہیں ہے اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہر اس چیز کو جو لوگوں کے سینوں میں

الْعٰلَمِينَ ۝١٠ وَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِينَ ۝١١

(نہاں) ہے اور ضرور دیکھ لے گا اللہ تعالیٰ انھیں جو ایمان لائے اور ضرور دیکھ لے گا منافقوں کو ۔ اور

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا اتَّبِعُوا سَبِيلَنَا وَلْنَحْمِلْ

کہا کافروں نے ۱۳؎ ایمان والوں سے تم چلو ہماری راہ پر اور ہم اٹھا لیں گے

خَطٰيٰكُمْ ۖ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِينَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۖ إِنَّهُمْ

تمھارے گناہوں (کے بوجھ) کو۔ اور وہ نہیں اٹھا سکتے ان کے گناہوں سے کچھ بھی ۱۴؎ وہ بالکل جھوٹ

لَكٰذِبُونَ ۝١٢ وَلَيَحْمِلُنَّ أَثْقَالَهُمْ وَأَثْقَالًا مَّعَ أَثْقَالِهِمْ ۫ وَ

بول رہے ہیں۔ اور وہ ضرور اٹھائیں گے اپنے بوجھ ۱۵؎ اور دوسرے کئی بوجھ اپنے (گناہوں کے) بوجھوں کے

کے قہر و غضب سے انھیں ڈر نہ آیا محض اپنی جان بچانے کے لیے یا دیگر مالی منفعتوں کی خاطر انھوں نے عہد وفا توڑ ڈالا۔ وہ اس قابل نہیں کہ انھیں بلال و صہیب، عمار و یاسر جیسے عاشقانِ باوفا کے زمرہ میں شامل کیا جائے۔ یہ عشق کی توہین ہے یہ حسنِ ازل کی ناقدری ہے اور خدائے غیور اس کو برداشت نہیں کرتا۔

۱۲؎ جو لوگ ہوا کا رُخ دیکھ کر اپنے نظریات و عقائد میں ردوبدل کر لینے کے خوگر ہیں اگر وہ اسلام قبول کرنے کا اقرار بھی کر لیں جبکہ انھیں اپنی جان اور اپنے مال کا کوئی خطرہ نہ ہو تو ان کا اقرار قابلِ اعتماد نہیں۔ یہ کھوٹے سکے ہیں، اخلاص و وفا کے بازار میں چلنے کے قابل نہیں۔

۱۳؎ کفار مسلمانوں کو کہا کرتے کہ پہلے تو عقل اس کو تسلیم ہی نہیں کرتی کہ مرنے کے بعد ہمیں پھر زندہ کیا جائے گا اور ہمیں اپنے نیک اور برے عملوں کی کوئی جزا یا سزا ملے گی۔ بفرضِ محال اگر ایسا ہوا بھی تو ہم تم سے وعدہ کرتے ہیں کہ ہم تمھارے گناہوں کا بوجھ بھی خود اٹھا لیں گے۔ اس لیے تم بے فکر ہو جاؤ اور اس دین کو چھوڑ کر اپنے پرانے مذہب پر ہی کاربند رہو۔ دنیا تو ظاہر ہے کہ آرام اور ٹھاٹھ باٹھ سے گزارو گے باقی رہی قیامت تو اس کے لیے تمھیں فکرمند ہونے کی قطعاً ضرورت نہیں ہم خود نمٹ لیں گے۔

لَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا

ساتھ۔ اور ان سے باز پرس ہوگی قیامت کے دن ان (جھوٹوں) کے متعلق جو وہ گھڑا کرتے تھے۔ اور بیشک ہم نے بھیجا نوح

اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ۭ فَاَخَذَهُمُ

(علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف تو وہ ٹھہرے رہے ان میں پچاس کم ہزار سال آخر کار آلیا انھیں

سلہ کتنا سفید جھوٹ بول رہے ہیں۔ ان سے تو اپنا بوجھ بھی نہ اٹھایا جاسکے گا چہ جائیکہ وہ کسی دوسرے کا بوجھ اٹھانے کی طاقت رکھتے ہوں۔

ﷺ البتہ جن لوگوں کو انھوں نے گمراہ کیا، اپنے گناہوں کے بارگراں کے ساتھ ساتھ ان کی پشت پر ان گمراہ ہونے والوں کا بوجھ بھی لاد دیا جائے گا کیونکہ ان کے گمراہ ہونے میں ان گمراہ کرنے والوں کا بھی حصہ ہے۔ بلکہ ان کی گمراہی ان کی کوشش کا نتیجہ ہے۔ اس لیے گویا یہ بھی ان ہی کا عمل ہے اور وہ اس کی سزا کے بجا طور پر مستحق ہیں۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من دعا الی ھدی فاتبع علیہ وعمل بہ فلہ مثل اجور من اتبعہ ولا ینقص ذالک من اجورھم شیئًا وایما داع دعا الی ضلالۃ فاتبع علیہا وعمل بہا بعدہ فعلیہ مثل اوزار من عمل بہا ممن اتبعہ لا ینقص ذالک من اوزارھم شیئًا۔ (قرطبی)

ترجمہ: نبی کریم نے ارشاد فرمایا جس نے ہدایت کی طرف لوگوں کو دعوت دی اور لوگوں نے اس ہدایت کو قبول کیا اور اس پر عمل کیا تو سارے عمل کرنے والوں کا ثواب اس داعی کو ملے گا اور ان کے ثواب میں بھی کوئی کمی نہیں ہوگی اور جس نے گمراہی کی دعوت دی اور لوگوں نے اسے قبول کیا اور اس کے مطابق عمل کیا تو سب گمراہوں کی گمراہی کا بوجھ اس پر لادا جائے گا اور ان کے بوجھ میں بھی ذرا کمی نہیں ہوگی۔

ﷺ جب انسان کو کسی اچھے کام کے لیے شدائد و مصائب برداشت کرنے کی تلقین کی جارہی ہو اور پھر اس کے سامنے ایک ایسے شخص کی مثال بیان کردی جائے جس نے آزمائشوں اور تکلیفوں میں صبر و استقامت کا بہترین نمونہ پیش کیا ہو تو انسان بڑی تسکین محسوس کرنے لگتا ہے اور اس کی ہمت بلند ہو جاتی ہے۔ وہ یہ سمجھ لیتا ہے کہ مجھ سے پہلے بھی مردانِ خدا پر امتحان کی گھڑیاں آئیں اور انھوں نے اپنے ایمان و یقین کی پختگی کا یوں شاندار مظاہرہ کیا۔ اسی مقصد کے پیش نظر اس موقع پر حضرت نوح علیہ السلام کا ذکر فرمایا۔ کیونکہ جس ابجد قوم سے آپ کو واسطہ پڑا تھا اور جتنا طویل عرصہ دس بیس یا سو دو سو سال نہیں پوری ساڑھے نو صدیاں ان کے ظلم و ستم کو سہتے ہوئے گزاری تھیں لیکن اپنی روش اور عزیمت میں ذرا لچک نہ آنے دی۔ اس وقت کے حالات کے مطابق یہ بہترین مثال تھی بلکہ قیامت تک اہل حق کے لیے اس میں صبر، ہمت اور ثابت قدمی کا ایک دل نشیں درس ہے۔ کہتے ہیں آپ نے اپنی رہائش کے لیے سرکنڈوں کا ایک مکان بنایا ہوا تھا

الطُّوفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُونَ ﴿۱۴﴾ فَأَنْجَيْنٰهُ وَأَصْحٰبَ السَّفِينَةِ وَ

طوفان نے شلہ اس حال میں کہ وہ ظالم تھے۔ پس ہم نے نجات دے دی نوح کو اور کشتی والوں کو اور

جَعَلْنٰهَا آيَةً لِّلْعٰلَمِينَ ﴿۱۵﴾ وَإِبْرٰهِيمَ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا

ہم نے بنا دیا اس کشتی کو ایک نشانی سارے جہان والوں کے لیے۔ اور ابراہیم کو یاد کرو جب آپ نے فرمایا اپنی قوم کو کہ عبادت کرو

اللّٰهَ وَاتَّقُوهُ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿۱۶﴾ إِنَّمَا تَعْبُدُونَ

اللہ تعالیٰ کی شلہ اور اس سے ڈرتے رہا کرو۔ یہی بہتر ہے تمھارے لیے اگر تم (حقیقت کو) جانتے ہو۔ تم تو پوجا کرتے ہو

مِنْ دُونِ اللّٰهِ أَوْثَانًا وَّتَخْلُقُونَ إِفْكًا إِنَّ الَّذِينَ تَعْبُدُونَ

اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر بتوں کی اور تم گھڑا کرتے ہو نرا جھوٹ۔ بیشک جن کو تم پوجتے ہو

مِنْ دُونِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُونَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ

اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر وہ مالک نہیں تمھارے رزق کے پس طلب کیا کرو اللہ تعالیٰ سے رزق ولہ

کسی نے عرض کی حضرت! کوئی پختہ اور عمدہ مکان بنا لیجیے۔ فرمایا ھذا کثیر لمن یموت۔ جس نے موت کا پیالہ پینا ہے اسے اتنا ہی کافی ہے۔ عبدالوہاب نجار نے قصص الانبیاء میں آپ کا یہ نسب نامہ بیان کیا ہے: نوح بن لامک بن متوشلخ بن ادریس وھو اخنوخ بن یارد بن مہلائیل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم علیہ السلام واللہ تعالیٰ اعلم۔

شلہ جب سمجھاتے سمجھاتے ساڑھے نو سو سال کا طویل عرصہ گزر گیا لیکن انھوں نے ہدایت کو قبول نہ کیا تو انھیں اس مسلسل نافرمانی کی پاداش میں غرق کر دیا گیا اور نوح اور آپ کے غریب ساتھیوں کو بچا لیا گیا جنھیں دیکھ کر کفار حقارت سے آنکھیں پھیر لیا کرتے تھے اور انھیں خاطر میں ہی نہ لاتے تھے۔ نوح کا ذکر مفصل طور پر سورۃ اعراف، ہود، المومنون، الشعراء میں گزر چکا ہے۔ ملاحظہ فرمایا جائے۔

شلہ اب ابوالانبیاء جد حبیب کبریا علیہم الصلوٰۃ والسلام کا ذکر فرمایا جا رہا ہے کہ انھوں نے اپنی بت پرست قوم کو اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان لانے کی یوں دعوت دی۔

ولہ یہاں بت پرست قوموں کی ایک مخصوص ذہنیت کو واضح کیا جا رہا ہے کہ انھوں نے پتھر اور مختلف دھاتوں سے بنے ہوئے ان بتوں کو جو خدا بنا رکھا تھا تو اس کی وجہ یہ نہ تھی کہ یہ بت انھیں راہ ہدایت پر چلنے کی تلقین کرتے تھے۔

وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ

اور اسی کی عبادت کیا کرو ۳۰؎ اور اس کا شکر ادا کیا کرو اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ۳۱؎ اور اگر تم جھٹلاتے ہو تو (یہ کوئی

كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۸﴾

نئی بات نہیں) ۳۲؎ جھٹلایا (اپنے نبیوں کو) ان امتوں نے بھی جو تم سے پہلے تھیں۔ اور رسول پر فرض نہیں بجز اس کے کہ وہ (اللہ کا

انھیں برائیوں سے روکتے تھے یا ان کے معاشرہ کو فسق و فجور سے پاک کرنے کے اصول بتاتے تھے یا ان کی روحانی قوتیں ان کی توجہ سے نشوونما پاتی تھیں ان میں سے کوئی چیز بھی انھیں ان بتوں سے حاصل نہیں ہوتی تھی اور سچ تو یہ ہے کہ ان چیزوں کی ان کی نظروں میں کوئی اہمیت بھی نہ تھی اور نہ ان کی طلب کا ولولہ ان کے دلوں میں کبھی پیدا ہوا تھا۔ ان کے سامنے دولت کا حصول ہی مقصد حیات بن کر رہ گیا تھا۔ وہ بتوں کے سامنے اس لیے آکر ماتھا ٹیکتے، ان کی پوجا کرتے، ان کے بھجن گاتے کہ ان کا کاروبار ترقی کرے۔ ان کی دولت میں اضافہ ہو۔ اس لیے ان کی ذہنی سطح کے مطابق انھیں سمجھایا جا رہا ہے کہ جس شے کے لیے تم ان کے چرنوں میں اگر سیس جھکاتے ہو ان کے پاس تو اس کا ایک دانہ تک نہیں۔ یہ بیچارے اندھے، بہرے، بے جان مجسمے تمھیں کچھ بھی نہیں دے سکتے۔ اگر صرف دولت کی ہی طلب ہے تو خداوند ذوالجلال کی بارگاہ عظمت میں حاضر ہو کر دامن پھیلاؤ جس کے پاس رزق کے خزانے بھرے پڑے ہیں اور جو بڑا سخی اور کریم ہے۔ جس کی شان کریمی یہ گوارا ہی نہیں کرتی کہ کوئی خالی ہاتھ اس کے سامنے اٹھائے اور وہ انھیں یونہی خالی واپس کر دے۔ جو کچھ تمھارے پاس فی الحال موجود ہے وہ بھی رب کریم کی عطا ہے اور مزید کچھ لینا ہے تو اسی سے مانگو وہی دے گا۔

۳۰؎ رزق اور دولت کوئی ایسی چیز نہیں کہ انسان اسے کر اس پر قانع ہو جائے بلکہ اس کی عبادت کرو اور مقام عبدیت کی رفعتوں تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کرو۔ اسی میں انسانی عظمت کا راز مضمر ہے یہی کمال انسانیت ہے کہ انسان اپنی حقیقت کو سمجھ لے اور اللہ تعالیٰ کا عرفان اسے حاصل ہو جائے۔ اے خود فراموشو! کہاں مارے مارے پھر رہے ہو۔ اس نے بن مانگے جن گراں بہا نعمتوں، زندگی، صحت وغیرہ سے تمھیں سرفراز فرمایا ہے ان کا شکریہ ادا کرو۔ وہ ان نعمتوں سے بھی اعلیٰ نعمتوں کے خزانے تمھارے لیے کھول دیگا۔

۳۱؎ اگر عمر بھر اپنے معبود برحق سے منہ موڑے رہے اور دنیا کی فانی لذتوں کے حصول میں ہی مگن رہے تو یاد رکھو تمھیں ایک دن اس کے حضور میں پیش کیا جائے گا اس دن تمھیں معلوم ہو گا کہ اللہ تعالیٰ کے پیغمبر جو فرمایا کرتے تھے وہی سچ تھا۔

۳۲؎ حضرت ابراہیمؑ نے جب کفر پر ان کے اصرار اور حق سے ان کے عناد کو دیکھا تو فرمایا کہ میرے لیے تمھارا یہ رویہ قطعاً باعث حیرت نہیں۔ مجھ سے پہلے بھی اللہ تعالیٰ کے جو رسول آئے ان کی قوموں نے ان کے ساتھ یہی سلوک کیا جو تم نے

أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى

حکم) صاف طور پر پہنچا دے۔ کیا انھوں نے کبھی نہیں دیکھا کہ کس طرح آغاز فرماتا ہے اللہ تعالیٰ پیدا کرنے کا پھر وہ (کس طرح)

اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۹﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ

اس کا اعادہ کرتا ہے۔ بلاشبہ یہ بات اللہ تعالیٰ کے لیے بالکل آسان ہے۔ فرمائیے سیر و سیاحت کرو زمین میں ۲۳؎ اور غور سے دیکھو

ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾

کس طرح اس نے خلق کی ابتدا فرمائی پھر اللہ تعالیٰ (اسی طرح) پیدا فرمائے گا دوسری بار بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾

سزا دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور رحم فرماتا ہے جس پر چاہتا ہے ۲۴؎ اور اسی کی طرف تم پھیرے جاؤ گے۔

ساتھ کر رہے ہو کہیں ایسا نہ ہو کہ جو عبرتناک انجام ان کا ہوا تمھیں بھی اس سے دو چار ہونا پڑے۔ رسول کا فرض تو یہ ہے کہ وہ بڑے اخلاص اور کمال دلسوزی سے حق کی دعوت دے۔ بہر حال وہ فرض میں نے پوری طرح ادا کر دیا ہے۔

۲۳؎ قُل میں خطاب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ہے یا سرور عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو۔ مقصد یہ ہے کہ اے منکرین قیامت! تم مختلف ممالک کی سیر کرو۔ وہاں تمھیں رنگا رنگ مخلوق نظر آئے گی۔ جو اپنی شکل و صورت، اپنی خصوصیات، اپنے اثرات وغیرہ سے ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہے۔ غور کرو جس قادر مطلق نے ان کو یہ خوبیاں اور مخصوص صلاحیتیں عطا فرما کے پیدا کیا ہے اس کے لیے کیا مشکل ہے کہ وہ پھر انھیں زندہ کر دے۔

۲۴؎ وہ جس کو چاہتا ہے عذاب میں مبتلا کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے اس کو اپنی رحمت بے پایاں سے بہرہ مند کر دیتا ہے۔ عارف پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ عذاب الٰہی کی متعدد صورتیں ہیں۔ قیامت کے دن دوزخ میں پھینک دینا بھی عذاب ہے اور دنیا میں ذلیل و خوار کرنا، دل میں حرص و طمع پیدا کر دینا، بد خلق بنا دینا، اپنی یاد اور ذکر سے دل کو پھیر دینا، اتباع سنت کے بجائے بدعات کا شیدائی بنا دینا، یہ سب اس کے عذاب کی متنوع شکلیں ہیں۔ الٰہی! تجھے واسطہ ہے اپنے محبوب بندے محمد مصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ اجمل الثناء کا کہ اس رُوسیاہ اور خطا کار کو اپنے ہر قسم کے عذاب سے بچا لے۔ میرے ماں باپ کو بھی اور میری ذرّیت کو بھی اور حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساری اُمت کو بھی اپنے ہر قسم کے عذاب سے محفوظ فرما۔ یا ارحم الراحمین! جس طرح اس کے عذاب کی کئی صورتیں ہیں اسی طرح اس کی رحمت کے بھی کئی انداز ہیں۔ آخرت میں جنت الفردوس میں داخل کرنا، اپنے دیدار کی نعمت بخشنا، اور دنیا میں اپنی مدد سے سرفراز رکھنا، قناعت و حسن خلق کے زیور سے

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۫ وَمَا لَكُمْ

اور نہیں ہو تم بےبس کرنے والے (اللہ تعالیٰ کو) زمین میں (بھاگ کر) اور نہ آسمان میں (پناہ لے کر) ۴۵ اور نہیں ہے تمھارے

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝۲۲ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ

لیے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔ اور جن لوگوں نے انکار کیا اللہ تعالیٰ کی آیات کا

اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ

اور اس کی ملاقات کا، وہ لوگ مایوس ہو گئے ہیں میری رحمت سے اور وہی لوگ ہیں جن کے لیے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۲۳ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ

عذاب الیم ہے۔ آپ کی قوم سے کوئی جواب نہ بن آیا بجز اس کے کہ انھوں نے کہا کہ اسے قتل کر ڈالو

اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

یا اسے جلا دو۔ سو بچا لیا اسے اللہ تعالیٰ نے آگ سے ۴۶ بیشک اس واقعہ میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے

آراستہ کرنا، اپنی محبت اور اپنی یاد کی طرف دل کو مائل کرنا اور اپنے حبیب معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر عمل کرنے کی توفیق بخشنا۔ الٰہی! اپنے حبیب کریم علیہ وعلی آلہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے صدقے اس روسیاہ اور خطاکار کو اپنی ہر قسم کی رحمتوں سے بہرہ ور فرما میرے ماں باپ کو بھی، میری ذرّیت کو بھی اور فخر عرب وعجم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ساری امت کو بھی۔ آمین یارب العالمین یا اکرم المسئولین۔

۴۵ تم یہ چاہو کہ زمین وآسمان میں کوئی گوشہ تمھیں ایسا مل جائے جہاں تم اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بچ جاؤ، ناممکن۔

۴۶ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب انھیں توحید کی دعوت دی اور ناقابل تردید دلائل سے ان کے بتوں کی بےبسی کو اظہر من الشمس کر دیا اور آخر وہ لاجواب ہو گئے تو انھوں نے ان سے نمٹنے کے لیے باہمی مشورہ کیا۔ کسی نے رائے دی اسے قتل کر دو۔ کسی نے کہا انھیں آگ میں ڈال دو۔ آخر کار فیصلہ یہی ہوا کہ ایک بڑا الاؤ جلا کر اس میں انھیں پھینک دیا جائے جل کر راکھ ہو جائے گا اور جان چھوٹ جائے گی۔ چنانچہ انھوں نے بڑے اہتمام اور مذہبی جوش وخروش سے ایندھن کے انبار لگا دیے اور اسے آگ لگا دی جب اس کے شعلے خوب بھڑک اٹھے اور انگارے خوب چٹخنے لگے تو آپ کو ایک منجنیق پر باندھ دیا۔ انھیں خیال تھا ابھی معافی مانگ لے گا۔ ابھی اپنے دین سے بیزاری کا اعلان کر دے گا۔ ان بیچاروں کو کیا خبر کہ جب ایمان

يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ

جو ایمان لاتے ہیں۔ اور ابراہیم نے کہا کہ تم نے بنا لیا ہے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر بتوں کو باہمی محبت (و پیار) کا

بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ

ذریعہ اس دنیوی زندگی میں ؎ پھر قیامت کے دن تم انکار کرو گے ایک دوسرے کا۔

بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۫ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا

اور پھٹکار بھیجو گے ایک دوسرے پر اور تمہارا ٹھکانا آتش (جہنم) ہوگا اور نہیں ہوگا

لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ

تمہارا کوئی مددگار۔ تو ایمان لائے ان پر لوط ؎ اور ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا میں ہجرت

کی شمع فروزاں ہو جاتی ہے۔ جب یقین کی قوت رگ و پے میں سما جاتی ہے تو انسان کیا سے کیا بن جاتا ہے۔ اس وقت وہ خطرات کی ہولناکیوں سے سراسیمہ نہیں ہوتا بلکہ وہ ان خطرات سے برسرپیکار ہونے میں بڑی لذت محسوس کرتا ہے۔ چنانچہ

؎ بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق۔

اور جب عشق نے اپنی پختگی کا ثبوت مہیا کر دیا تو حسن ازل کی دلربائیوں کے بے نقاب ہونے کا وقت آ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے خلیل پر اس آگ کو گلزار بنا دیا۔ سورۃ الانبیاء اور دیگر مقامات پر یہ واقعہ تفصیلاً مذکور ہے۔

؎ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ آج تو تم ان بتوں کے پجاری ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے کے ساتھ بڑی محبت اور پیار کا مظاہرہ کر رہے ہو اور کفر و شرک کے پرچم تلے جمع ہو کر تم نے میرے خلاف ایک متحدہ محاذ قائم کر لیا ہے لیکن قیامت کے روز تمہیں اس محبت اور دوستی کا انجام معلوم ہوگا۔ اس وقت تمہاری حالت دیدنی ہوگی تم ایک دوسرے کو پہچانو گے بھی نہیں۔ ایک دوسرے پر پھٹکار بھیجو گے۔ ہر شخص دوسرے کو اس بدبختی اور عذاب الیم میں مبتلا کرنے کا ذمہ دار ٹھہرائے گا۔ اس دن تم اپنے آپ کو بری الذمہ ثابت کرنے کے لیے بڑا شور مچاؤ گے۔ لیکن تمہاری فریاد سنی نہیں جائے گی اور تم سب کو ایک ساتھ دھکا دے کر آتش جہنم میں پھینک دیا جائے گا اور تم میں سے کوئی بھی کسی کی اعانت نہیں کر سکے گا۔ مودۃ بینکم ای سبب مودۃ بینکم (مظہری)

؎ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام آتش نمرود سے صحیح سلامت نکل آئے تو آپ نے پھر تبلیغ کا کام شروع کر دیا اور ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان لانے کی دعوت دی۔ اتنا عظیم الشان معجزہ دیکھنے کے باوجود بھی، جن میں حضرت ابراہیم پر

إِلَىٰ رَبِّيْ ۖ إِنَّهُۥ هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٢٦﴾ وَوَهَبْنَا لَهُۥٓ إِسْحٰقَ وَ

کر نیوالا ہوں اپنے رب کی طرف ۵۹؎ بیشک وہی سب پر غالب بڑا دانا ہے۔ اور ہم نے عطا فرمایا آپ کو اسحٰق جیسا فرزند اور

يَعْقُوبَ وَجَعَلْنَا فِي ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ

یعقوب جیسا پوتا ۶۰؎ اور ہم نے رکھ دی ان کی اولاد میں نبوت اور کتاب۔ اور ہم نے دیا ان کو ان (کی نیکی) کا

ایمان لانے کی توفیق نہ ہوئی پہلے کی طرح اپنے کفر وشرک پر ڈٹے رہے۔ ساری قوم میں ایک لوط ایسے شخص تھے جنہوں نے آپ کی صداقت کو تسلیم کیا اور آپ کی دعوت کو قبول کیا۔ اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ حضرت لوط پہلے نعوذ باللہ اپنی قوم کی طرح شرک کے مرتکب رہے اور اب اس سے تائب ہو کر اللہ تعالیٰ کی توحید کے قائل ہوئے۔ کیونکہ آپ کو آگے چل کر شرف نبوت سے نوازا جانے والا تھا اور ہر نبی نبوت سے پہلے بھی کفر وشرک اور قبائح اور رذائل سے پاک ہوتا ہے۔ اس لیے علامہ آلوسی لکھتے ہیں اس آیت سے صرف یہ بتانا مقصود ہے کہ اس قوم سے صرف لوط علیہ السلام آپ پر ایمان لائے اور آپ کے سوا کسی دوسرے کو یہ سعادت نصیب نہ ہوئی۔

۵۹؎ جب آپ اپنی قوم سے مایوس ہو گئے اور ان کے ایمان لانے کی کوئی توقع نہ رہی تو آپ نے اپنے وطن سے ہجرت کا عزم کر لیا کیونکہ وہ زمین اتنی سنگلاخ تھی کہ وہاں ایمان کا درخت بار آور نہیں ہو سکتا تھا اس لیے وہاں مزید وقت صرف کرنا مناسب نہ تھا۔ آپ اپنے شہر کوثا سے ہجرت کر کے پہلے حران آئے۔ وہاں سے چل کر شام میں اقامت اختیار کی۔ اس سفر میں آپ کی اہلیہ حضرت سارہ اور آپ کے بھتیجے حضرت لوط ہمراہ تھے۔

۶۰؎ یہاں تک تو حضرت ابراہیم کی شان بندگی کا بیان تھا کہ آپ نے اپنے رب کریم کے نام کو بلند کرنے کے لیے، اس کے پیغام کو عام کرنے کے لیے، کن کن مشکلات کا مسکراتے ہوئے مقابلہ کیا، ساری قوم کی دشمنی مول لی حکومت کی نگاہوں میں معتوب بلکہ باغی قرار پائے۔ آگ میں پھینکے گئے اور آخر کار اپنے وطن کو بھی چھوڑ دیا۔ شان بندگی کے ذکر کے بعد اب ارحم الراحمین اپنی شان بندہ نوازی کا ذکر فرما رہے ہیں کہ جب ابراہیم نے مجبور وضعیف ہونے کے باوجود اپنی بندگی کا ایسا شاندار مظاہرہ کیا تو ہم جو قادر وتوانا بھی ہیں اور غنی وکریم بھی ہم نے اس کے ساتھ کیا برتاؤ کیا۔ فرمایا ہم نے اسے اسحٰق جیسا فرزند اور یعقوب جیسا پوتا مرحمت فرمایا پھر ان کی اولاد میں نبوت کا سلسلہ جاری کیا۔ بڑے بڑے نامی گرامی عظیم المرتبت رسول ونبی پیدا ہوئے۔ یوسف، موسیٰ، داؤد، سلیمان علیہم السلام کی عظمت کا کسے علم نہیں۔ یہ سب ابراہیمی لڑی کے تابندہ موتی ہیں۔ اور سب سے بڑا احسان اور انعام یہ بخشا کہ سید الاولین والآخرین خاتم الانبیاء والمرسلین محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو بھی ان کی ذریت طاہرہ سے پیدا کیا۔ اور ان تمام انبیاء کو ایسی کتابیں اور صحیفے عطا کیے جو رحمت وہدایت کو اپنے اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہیں۔

أَجْرَهُ فِي الدُّنْيَا ۖ وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ﴿۲۷﴾

کا اجر اس دنیا میں [۱] اور بلاشبہ وہ آخرت میں صالحین (کے زمرہ) میں ہوں گے۔

وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا

اور ہم نے لوط کو رسول بنا کر بھیجا جب انھوں نے اپنی قوم سے کہا تم ایسی بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہو کہ نہیں پہل کی

[۱] سلسلۂ نبوت کو ماننے والی جتنی قومیں اس سطح زمین پر بستی ہیں خواہ آپس میں ان کے سنگین اختلافات ہوں لیکن وہ سب دل سے حضرت خلیل کا احترام کرتی ہیں۔ بلکہ اپنی اس نسبت پر فخر کرتی ہیں۔ پھر زمزم کو مین کی صدر نشینی کی عزت جب سے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کرارزانی ہوئی ہے عظمت ابراہیمی کو چار چاند لگ گئے ہیں۔ ان کے اس دین کا احیاء ہوا جس کو آپ کے ماننے والوں اور آپ کے ہم قوموں نے فراموش بلکہ مسخ کر دیا تھا۔ آپ کا بنایا ہوا کعبہ پھر آباد ہوا حرم کی اداس فضا نغمہائے توحید سے پھر گونجنے لگی۔ جہاں بھی اسلام کا کوئی فرزند موجود ہے اس کی زبان خلیل اور آل خلیل پر درود و سلام کے تحائف بھیجتی ہی رہتی ہے۔ بلکہ نماز ختم کرنے سے پہلے ہر مسلمان اپنے نبی مکرم اور آپ کی آل محتشم پر درود و سلام پڑھنے کے ساتھ ساتھ وہ حضرت ابراہیم اور آل ابراہیم پر درود و سلام پڑھتا ہے۔ دنیا کے کسی دولتمند کسی شہنشاہ اعظم، کسی فاتح عالم کو کیا عزت واحترام نصیب ہوا ہو گا جو بارگاہ رب العزت سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو عنایت ہوا۔ یہ انعام تو وہ ہے جو اس دنیا میں آپ کو مرحمت فرمایا گیا اور آخرت میں جو ملنے والا ہے اس کا تو تصور کرنا بھی ہمارے لیے ممکن نہیں۔

وہ تھی شان بندگی اور یہ ہے شان بندہ نوازی۔ دونوں کا حسن اور دونوں کا بانکپن اہل دل کے لیے حشر بپا کر رہا ہے۔ فقط یہاں ہی نہیں جہاں بھی بندے نے اپنی بندگی کا حق ادا کرنے کی کوشش کی اس کے معبود برحق نے اپنی شان بندہ نوازی کے پھول نچھاور کرنے میں پوری فیاضی دکھائی ؎

چوں تمام افتد، سراپا ناز میگردد نیاز قیس را لیلیٰ ہمے نامند در صحرائے ما

ہمیں اپنے محبوب نے جس خدا کی وحدانیت کا طوق زیب گلو کرنے کی دعوت دی، جس کی کبریائی اور عظمت کے گیت گانے کا حکم دیا وہ تو یہ خدا ہے جس کی شان بندہ نوازی کا یہ عالم ہے جو تشنہ لب آیا سیراب کر دیا گیا۔ جو خالی دامن حاضر ہوا مالا مال ہو کر لوٹا۔ اور جس نے اس کی محبت کا جام ہونٹوں سے لگایا اس کے لیے حریم ناز کے دروازے کھول دیے گئے۔ اور اس کی چشم مشتاق اور دل بے تاب کو اس کی استعداد اور ہمت کے مطابق اپنے جلووں کا دیدار کرا دیا۔ ہم تو ایسے خدا کے بندے ہیں۔

سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ

تم سے اس (بے حیائی) کی طرف کسی قوم نے دنیا بھر میں ۴۳ کیا تم بدفعلی کرتے ہو مردوں

الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ

کے ساتھ اور ڈاکے ڈالتے ہو عام راستوں پر۔ اور اپنی کھلی مجلسوں میں گناہ کرتے

الْمُنْكَرَ ؕ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا

ہو ۴۴ تو نہیں تھا کوئی جواب آپ کی قوم کے پاس بجز اس کے کہ انھوں نے کہا اے لوط! لے آؤ ہم پر

بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ رَبِّ

اللہ کا عذاب ۴۵ اگر تم (اپنے دعویٰ میں) سچے ہو۔ آپ نے عرض کی میرے مالک!

۴۳ حضرت لوط علیہ السلام کو جس نابکار اور ذلیل قوم سے واسطہ پڑا وہ صرف بدکار اور فاسق وفاجر ہی نہ تھے بلکہ فسق وفجور کی گھناؤنی صورتوں کے موجد بھی تھے۔ گناہ کی جس پستی میں ان کے پیش رؤوں کو جھانکنے کی ہمت بھی نہ ہوئی تھی وہ ان پستیوں میں بھی گر چکے تھے۔ خلاف وضع فطرت کام کیا کرتے، وہ بھی پس پردہ اور چھپ کر نہیں بلکہ برسر مجلس، دن کی روشنی میں اور تمام حاضرین کی آنکھوں کے سامنے۔ اس کے علاوہ راہزنی اور قزاقی بھی ان کا پیشہ تھا۔ راستہ میں اگر کوئی مسافر مل گیا اسے لوٹ لیا۔ اس کے کپڑے تک بھی اتار لیے۔ اگر کوئی مہمان ان کے ہاں آکر ٹھیرتا تو صبح کو اس کا سامان گم ہو چکا ہوتا۔ مہمان کی جوتیاں تک چرانا بھی ان کے نزدیک معیوب نہ تھا۔

۴۴ نادی کا معنی ہے محفل، مجلس یعنی جس چیز کا نام شرم وحیا ہے وہ عرصہ سے ان کے ہاں سے رخصت ہو چکی تھی۔ بلکہ انھوں نے خود اسے دھکے مار مار کر اپنے ہاں سے نکال دیا تھا۔ فحش گفتگو، قماربازی، راہگیروں سے ٹھٹھا مذاق، ان پر کنکریاں پھینکنا اور پھر ہنستے ہنستے لوٹ پوٹ ہو جانا غرضیکہ ہر گھٹیا سے گھٹیا اور کمینہ سے کمینہ فعل وہ اپنی بیٹھکوں اور عام محفلوں میں کرتے اور اس پر اتراتے اور فخر کرتے۔

۴۵ حضرت لوط علیہ السلام نے ان کو ان پستیوں سے نکالنے کے لیے بڑے جتن کیے۔ انھیں ہر طرح سمجھایا۔ انھیں انسانیت کا واسطہ دیا۔ آخر انھیں عذاب الٰہی سے ڈرایا لیکن سب بے سود کیونکہ انھیں یقین تھا کہ لوط خشک ملا ہے سب کچھ اپنی طرف سے کہہ رہا ہے۔ قیامت نہ اب تک آئی ہے اور نہ آئندہ آئے گی۔ اس لیے انھوں نے آپ کو چیلنج دے دیا کہ تم ہم پر یونہی رعب گانٹھ رہے ہو اگر تمھاری ان دھمکیوں میں کچھ سچائی ہے تو انتظار کیوں کر رہے ہو لے آؤ اس

انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۳۰﴾ وَ لَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ

مدد فرما میری ان فسادی لوگوں کے مقابلہ میں ۳۵؎ اور جب آئے ہمارے فرشتے

اِبْرٰهِیْمَ بِالْبُشْرٰی ۙ قَالُوْۤا اِنَّا مُهْلِكُوْۤا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ ۚ

ابراہیم کے پاس خوشخبری لے کر۔ انھوں نے بتایا کہ ہم ہلاک کرنے والے ہیں۔ اس گاؤں کے باشندوں کو

اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِیْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ اِنَّ فِیْهَا لُوْطًا ؕ قَالُوْا

بیشک یہاں کے رہنے والے بڑے ظالم تھے ۳۶؎ آپ نے کہا اس میں تو لوط بھی رہتا ہے۔ فرشتوں نے عرض

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِیْهَا ٚ لَنُنَجِّیَنَّهٗ وَ اَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۗ

کی ہم خوب جانتے ہیں جو وہاں رہتے ہیں۔ ہم ضرور بچا لیں گے اسے اور اس کے گھر والوں کو سوائے اس کی عورت کے۔ وہ

كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِیْنَ ﴿۳۲﴾ وَ لَمَّاۤ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ

پیچھے رہ جانے والوں سے ہے۔ اور جب آئے ہمارے فرشتے لوط (علیہ السلام) کے پاس تو بڑے غمزدہ

بِهِمْ وَ ضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّ قَالُوْا لَا تَخَفْ وَ لَا تَحْزَنْ ۫

ہوئے ان کی آمد سے اور دل تنگ ہوئے اور (انھیں پریشان دیکھ کر) فرشتوں نے کہا نہ خوفزدہ ہو اور نہ رنجیدہ خاطر

عذاب کو جس کے بار بار کے ذکر سے تُو نے ہمارا ناک میں دم کیا ہوا ہے۔

۳۵؎ آخر ان کے مظالم سے تنگ آکر اور ان کی اصلاح سے مایوس ہو کر آپ نے بارگاہِ الٰہی میں یہ دعا کی۔

۳۶؎ فرشتے جب بیٹے کی بشارت دینے کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے تو انھوں نے قوم لوط کو برباد کرنے کے الٰہی فیصلہ سے آپ کو آگاہ کیا۔ آپ نے فرمایا وہاں تو اللہ تعالیٰ کا نبی لوط بھی ہے۔ انھوں نے عرض کی ہمیں خوب معلوم ہے اس پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔ اس کو اور اس کے خاندان کو بچا لیا جائے گا لیکن اس کی بیوی کو نہیں بچایا جائے گا۔ چنانچہ علاقہ سدوم پر پتھراؤ کیا گیا اور ان کی ساری بستیاں تہ و بالا کر دی گئیں۔ فرشتوں کی آمد پر حضرت لوط کی پریشانی کا مفصل ذکر سورۂ ہود اور الحجر میں گزر چکا ہے ملاحظہ فرمائیے۔

إِنَّا مُنَجُّوكَ وَأَهْلَكَ إِلَّا امْرَأَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ ﴿٣٣﴾

ہم نجات دینے والے ہیں تجھے اور تیرے کنبہ کو سوائے تمھاری بیوی کے، وہ پیچھے رہ جانے والوں میں ہے۔

إِنَّا مُنْزِلُونَ عَلَىٰ أَهْلِ هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِنَ السَّمَاءِ

بیشک ہم اتارنے والے ہیں اس بستی کے باشندوں پر عذاب آسمان سے اس وجہ سے

بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿٣٤﴾ وَلَقَدْ تَرَكْنَا مِنْهَا آيَةً بَيِّنَةً لِقَوْمٍ

کہ وہ نافرمانیاں کیا کرتے تھے۔ اور بے شک ہم نے باقی رہنے دیئے اس بستی کے کچھ واضح آثار ان لوگوں کی

يَعْقِلُونَ ﴿٣٥﴾ وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا

عبرت کے لیے جو عقلمند ہیں۔ اور (ہم نے بھیجا) مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو [٣٤] آپ نے کہا اے

اللَّهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْآخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٣٦﴾

میری قوم! عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی اور امید رکھو پیچھے آنے والے دن کی اور ملک میں فتنہ و فساد برپا نہ کرو۔

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ﴿٣٧﴾

پھر انھوں نے آپ کو جھٹلایا تو آلیا انھیں زلزلہ (کے جھٹکوں) نے پس صبح ہوئی تو وہ اپنے گھروں میں گھٹنوں کے بل گرے پڑے تھے

وَعَادًا وَثَمُودَ وَقَدْ تَبَيَّنَ لَكُمْ مِنْ مَسَاكِنِهِمْ ۖ وَزَيَّنَ لَهُمُ

اور (ہم نے برباد کیا) عاد اور ثمود کو۔ اور واضح ہیں تمھارے لیے ان کے مکانات۔ اور آراستہ کر دیا تھا ان کے لیے

الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ وَكَانُوا مُسْتَبْصِرِينَ ﴿٣٨﴾

شیطان نے ان کے برے عملوں کو اور روک لیا انھیں راہ راست سے حالانکہ وہ اچھے بھلے سمجھدار تھے [٣٤]

[٣٤] اہل مدین کی طرف حضرت شعیب کو مبعوث فرمایا گیا۔ آپ نے بھی اپنے پیغمبرانہ فرائض کو بڑی دلسوزی اخلاص اور کوشش سے ادا کیا لیکن اہل مدین اپنی گمراہی پر اڑے رہے۔ انجام کار انھیں بھی اپنے کیے کی سزا مل گئی سورۃ الاعراف

وَ قَارُوْنَ وَ فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ ۫ وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰی بِالْبَیِّنٰتِ

اور (ہم نے ہلاک کر دیا) قارون، فرعون اور ہامان کو۔ اور بلاشبہ تشریف لائے ان کے پاس موسیٰ روشن دلیلوں کے ساتھ

فَاسْتَكْبَرُوْا فِی الْاَرْضِ وَ مَا كَانُوْا سٰبِقِیْنَ ۝۳۹ فَكُلًّا اَخَذْنَا

پھر بھی وہ غرور و تکبر کرتے رہے زمین میں اور وہ (ہم سے) آگے بڑھ جانیوالے نہ تھے پس ہر (سرکش) کو ہم نے پکڑا

بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَیْهِ حَاصِبًا ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ

اس کے گناہ کے باعث پس ان میں سے بعض پر ہم نے برسائے پتھر ۳۹ اور ان میں سے بعض کو آ لیا

اَخَذَتْهُ الصَّیْحَةُ ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَ مِنْهُمْ

شدید کڑک نے اور بعض کو ہم نے غرق کر دیا زمین میں۔ اور بعض کو ہم نے

مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِیَظْلِمَهُمْ وَ لٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ

(دریا میں) ڈبو دیا۔ اور اللہ تعالیٰ کا یہ طریقہ نہیں کہ وہ ان پر ظلم کرے بلکہ وہ اپنی جانوں پر ظلم ڈھاتے

یَظْلِمُوْنَ ۝۴۰ مَثَلُ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِیَآءَ كَمَثَلِ

رہے تھے۔ ان نادانوں کی مثال جنہوں نے بنا لیے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اور دوست، مکڑی کی سی ہے ۴۰

اور سورۃ ہود میں ان کا تذکرہ تفصیلاً بیان ہوا ہے۔ ملاحظہ فرمایا جائے۔

۳۸ شیطان نے ان کو بھی راہ راست پر نہ آنے دیا۔ وہ حق کو اچھی طرح پہچان لینے کے بعد بھی اس کو قبول کرنے پر آمادہ نہ ہوتے۔ جیسا کہ مُسْتَبْصِرِیْنَ کے لفظ سے واضح ہے۔ مستبصرین: قد عرفوا الحق من الباطل بظهور البراهين (قرطبی)۔ یعنی واضح اور روشن دلائل کی وجہ سے انھوں نے حق کو خوب پہچان لیا تھا۔

۳۹ حق سے دانستہ اعراض کرنے والی اور باطل پر جمے رہنے والی ہر قوم کو ہم نے تباہ و برباد کر دیا۔ حاصب اس تیز ہوا کو کہتے ہیں جو اپنے ساتھ پتھر، روڑے اور کنکریاں اڑا کر لے آتے۔ اب ہر قسم کے عذاب پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ حاصب: ریح یاتی بالحصباء وهی الحصی الصغار وتستعمل فی کل عذاب (قرطبی)۔

۴۰ پہلے مختلف اقوام کی اعتقادی اور عملی خرابیوں کا ذکر ہوا جس کے تجزیہ اور مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ انکی اخلاقی

الْعَنْكَبُوتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۖ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوتِ لَبَيْتُ

اس نے (جالے کا) گھر بنایا۔ اور (تم سب جانتے ہو) کہ تمام گھروں سے کمزور ترین مکڑی کا

الْعَنْكَبُوتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ

گھر ہوا کرتا ہے۔ کاش! وہ بھی اس (حقیقت) کو جانتے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے جس چیز کو وہ پوجتے ہیں

دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ

اس کو چھوڑ کر ۔ اور وہی سب پر غالب حکمت والا ہے۔ اور یہ مثالیں ہیں

نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ

ہم بیان کرتے ہیں انھیں لوگوں (کو سمجھانے) کے لیے اور نہیں سمجھتے انھیں مگر اہل علم۔ پیدا فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں

وقف لازم

بے راہروی اور دیگر بدکاریوں کا سبب ان کے عقیدہ کی خرابی تھی۔ نہ انھیں خداوند کریم کی توحید پر ایمان تھا اور نہ روز قیامت پر یقین تھا اس لیے وہ بڑے مزے سے حیوانی زندگی گزار رہے تھے۔ وہ بسا اوقات ان پستیوں میں گرنے میں بھی کوئی باک محسوس نہیں کرتے تھے جہاں قدم رکھتے ہوئے حیوانوں پر بھی کپکپی طاری ہو جاتی ہے۔ انھوں نے اپنے بتوں کو معبود بنا رکھا تھا جن کی طرف سے کوئی اخلاقی پابندی عائد نہیں کی جاتی تھی کسی چیز کے کرنے اور کسی سے باز آنے کا کوئی حکم صادر نہیں ہوتا تھا۔ ان کے زعم باطل میں ان کے ان معبودوں کا یہ کام تھا کہ وہ انھیں مصیبتوں سے چھڑائیں اور ان کی دولت وعزت میں اضافہ کرتے چلے جائیں لیکن جب بھی اللہ نے ان کی نافرمانیوں کے باعث ان پر عذاب نازل کیا تو یہ بت ان کے کسی کام نہ آسکے۔ اس حقیقت کو جو سابقہ آیات میں تفصیل سے بیان کی گئی ہے یہاں بڑے اختصار سے اور بڑے دل نشین انداز میں ذکر کیا جا رہا ہے۔ ارشاد فرمایا وہ بدبخت جو اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسرے معبودوں کو اپنا سرپرست اور دوست سمجھتے ہیں اور ان سے یہ امیدیں وابستہ کیے بیٹھے ہیں کہ جب ان پر کوئی افتاد پڑے گی تو وہ آکر انھیں بچالیں گے۔ فرمایا ان کی یہ توقعات مکڑی کے جالے سے بھی زیادہ کمزور ہیں۔ مکڑی کا جالا تو ہوا کے ایک جھونکے کی تاب نہیں لا سکتا چہ جائیکہ عذاب الٰہی کے طوفانوں کے سامنے ٹھہر سکے۔ اللہ تعالیٰ سے تعلق توڑ کر غیروں کے ساتھ تعلق قائم کرنے والے اور ان پر بھروسہ کرنے والے ایسے ہی ہیں جیسے وہ نادان جو مکڑی کے جالے پر اپنی امیدوں کے محلات تعمیر کرنا چاہتے ہیں۔

حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کا یہ ارشاد بھی سن لیجیے "طهروا بيوتكم من نسج العنكبوت فان تركه في البيت يورث الفقر (قرطبی)۔ گھروں کو مکڑی کے جالوں سے صاف رکھا کرو کیونکہ مکڑی کے جالوں کا گھر میں ہونا افلاس کا باعث ہے۔

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۴۴﴾

اور زمین کو حق کے ساتھ ۔ بیشک اس میں (اس کی قدرت کی) نشانی ہے ایمان والوں کے لیے ۔

اُتْلُ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ

آپ تلاوت کیجیے اس کتاب کی جو وحی کی گئی ہے آپکی طرف [۷۱] اور نماز صحیح صحیح ادا کیجیے [۷۲] بے شک نماز

[۷۰] ان معبودانِ باطل کی ناتوانی اور کمزوری سے اللہ تعالیٰ خوب آگاہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس تو وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو ایسی حکمت سے پیدا فرمایا کہ اگر ان میں بال برابر رد و بدل کر دیا جائے تو سارا نظامِ عالم درہم برہم ہو جائے۔ اس نے ان کو پیدا فرمانے کے بعد نظر انداز نہیں کر دیا بلکہ اپنی قدرت اور اپنے علم سے اس کی تدبیر بھی فرما رہا ہے اہلِ ایمان کے لیے اس میں اس کی قدرت و حکمت کی بڑی نشانیاں ہیں۔

مظاہرِ فطرت میں جو قوتیں پنہاں ہیں، جو اثرات مخفی ہیں جس پیچیدہ اور نازک نظام کے ماتحت باقاعدگی سے اپنا طبعی فریضہ انجام دے رہے ہیں ان سے نقاب اٹھانا بندۂ مومن کا کام تھا اور ہر مناسب موقع پر قرآنِ کریم نے مومن کے اس فرضِ اوّلین کی طرف بڑے معنی خیز اشارے فرمائے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ بندۂ مومن آج اپنے فرض سے یکسر غافل ہے۔ ان نوجوانانِ ملت کے دل میں کبھی بھولے سے بھی اس فرض کی اہمیت کا احساس پیدا نہیں ہوا۔ ان کے سامنے تحصیلِ علم کا مقصد اور سائنسی علم میں ڈگریوں کا حصول اس لیے نہیں کہ ان کے دل میں تحقیق کے ارمان مچل رہے ہیں اور وہ قرآنِ کریم کے ارشادات کے مطابق تسخیرِ کائنات کے میدان میں سب سے پہلے اپنی کامیابی اور اولوالعزمی کا پرچم لہرانا چاہتے ہیں بلکہ وہ ان ڈگریوں کے ذریعہ فقط اعلیٰ ملازمتوں کے خواہش مند ہیں جہاں تنخواہ بہت زیادہ ہو اور کام کچھ بھی نہ ہو، جہاں آسائشیں تمام میسر ہوں لیکن عرق ریزی اور جانفشانی کا موقعہ شاذ و نادر ہی پیش آئے ؎

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا

الٰہی! وہ صبحِ سعید کب طلوع ہوگی جب بندۂ مومن کی بے خبری اور بے حسی کا طلسم ٹوٹے گا، وہ کب خود آشنا ہوگا۔ وہ کب تیری مخلوقات کے آئینوں میں تیرے حسن کے چمکتے ہوئے جلووں کی طرف لوگوں کی توجہ مبذول کرائے گا۔ ربِّ کریم ہم پر کرم فرما اور ہمیں ؎

تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے دلِ مرتضیٰ سوزِ صدیق دے

[۷۱] اللہ تعالیٰ اپنے رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اور حضور کے ذریعہ آپ کی ساری امت کو یہاں دو باتوں کا حکم دے رہا ہے۔ پہلا حکم ہے تلاوتِ قرآن اور دوسرا اقامتِ صلوٰۃ۔ تلاوتِ قرآن کے روحانی، اخلاقی، اصلاحی پھر لازمی اور متعدی اتنے فوائد و برکات ہیں جن کا حصر ممکن نہیں۔ جب انسان اللہ تعالیٰ کا کلام پڑھتا ہے تو اس پر انوار و

تجلیات کی بارش ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی خصوصی توجہ اس کی طرف مبذول ہوتی ہے۔ اس کے دل کا زنگار صاف ہوتا ہے۔ اس کی کسل مندی دُور ہوتی ہے۔ وہ ایک نئی تازگی اور شگفتگی محسوس کرنے لگتا ہے۔ یہ ایسی واضح کیفیت ہے جس سے قرآن کریم کا ہر پڑھنے والا اپنی صلاحیت اور اپنے ظرف کے مطابق سرشار ہوتا ہے۔

جب وہ قرآن کریم میں انبیاء کرام اور مومنین کاملین کی زندگیوں کا مطالعہ کرتا ہے، ان کی عالی ظرفی، بلند ہمتی، بیگانوں کے لیے ان کے جذبۂ خیر خواہی کو دیکھتا ہے، مسرت و کامیابی کے لمحوں میں ان کا انداز تشکر اور ان کی بے مثال تواضع و انکساری، مصائب و شدائد کے ہجوم میں ان کا صبر اور صبر میں مسرت و لذت کے احساسات سے وہ آگاہ ہوتا ہے اور پھر ان کے مبارک انجام سے واقف ہوتا ہے تو اس کے دل میں بھی اس راہ پر چلنے کا شوق اور ولولہ پیدا ہوتا ہے جس راہ پر چلنے والوں کی آبلہ پائی کے طفیل انسانیت کا سرِ افتخار بلند ہے۔ جن کے زخموں سے اُبلتے ہوئے خونِ ناب نے اخلاقِ عالیہ اور اعمالِ صالحہ کے حسن کو دل فریبیاں اور رعنائیاں بخشی ہیں ان کے مقابلہ میں جب وہ سرکشوں اور منکروں کی گھناؤنی زندگی کا جائزہ لیتا ہے، پھر انھیں اپنے گناہوں کے سیلاب میں حقیر تنکوں کی طرح بہتا ہوا دیکھتا ہے تو اسے دُنیا کی بے ثباتی اور زندگی کے اس جاہ و جلال کا کھوکھلا پن صاف دکھائی دینے لگتا ہے اور وہ حتی المقدور کوشش کرتا ہے کہ ایسے لوگوں کی راہ اختیار نہ کرے جو خود بھی برباد ہوئے اور اپنی قوموں کا بیڑا بھی غرق کر دیا۔ اسی قرآن کے صفحات کا مطالعہ کرتے وقت قرآن کا پیش کردہ دستورِ حیات اس کے دامنِ دل کو اپنی طرف کھینچتا ہے اور اسے مجبور کرتا ہے کہ وہ اپنے اعمال و اطوار کو اس دستورِ حیات کے سانچے میں ڈھال لے۔ یُوں قرآن کے چشمہ سے جب وہ سیراب ہو کر اٹھتا ہے تو انسانِ کامل بن کے دنیا کے سامنے پیش ہوتا ہے اور اپنی خیرات و برکات سے اپنوں اور بیگانوں کو بلا استثناء مستفید کرتا ہے۔

لیکن ان برکات سے صرف وہی فیضیاب ہو سکتا ہے جو قرآن کو کلام الٰہی یقین کرتا ہے جو اس کو اس نیت سے پڑھتا ہے کہ وہ اس سے ہدایت کی روشنی حاصل کرے گا اور اس کے بتائے ہوئے راستے پر چلنے میں کسی تذبذب کا مظاہرہ نہیں کرے گا کیونکہ قرآن کی تلاوت ان فوائد کی حامل تھی اس لیے اسے پڑھنے اور بار بار پڑھنے کی طرف اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو متوجہ فرمایا۔

ﷺ دوسرا حکم ہے کہ نماز قائم کرو۔ پھر فرمایا نماز بے حیائی اور بُرے کاموں سے روکتی ہے۔ اس پر کئی صاحبان یہ اعتراض کرتے ہیں کہ ہم نے کئی نمازیوں کو دیکھا ہے کہ ساری عمر نماز پڑھتے پڑھتے گزر گئی لیکن وہ جھوٹ بولتے ہیں، چور بازاری سے وہ باز نہیں آتے۔ کم تولنے اور کم ماپنے سے انھیں احتراز نہیں تو ہم کیسے یہ تسلیم کر لیں کہ نماز کے متعلق قرآن کا یہ ارشاد مبنی بر حقیقت ہے۔ ان کی خدمت میں بصد ادب یہی گزارش کی جائے گی کہ آپ نے یہ اعتراض کرنے میں بڑی جلد بازی سے کام لیا ہے اور قرآن کے کلمات میں غور کرنے کی زحمت گوارا نہیں کی۔ قرآن کریم نے نماز پڑھنے کا حکم نہیں دیا بلکہ نماز قائم کرنے کا حکم دیا ہے جس کا معنی ہے اِقامة الشئ: توفية حقه (مفردات)

یعنی نماز کو اس کے تمام ظاہری اور باطنی حقوق کے ساتھ ادا کرو۔ نماز کے ظاہری حقوق تو یہ ہیں کہ سُنّتِ نبوی کے مطابق تمام ارکان بجا لائے جائیں اور باطنی حقوق یہ ہیں کہ تو سراپا عجز و نیاز بنا ہوا ہو۔ احسان کی کیفیت تجھ پر طاری ہو۔ یعنی

تو محسوس کر رہا ہو کہ کانک تراہ گویا تو اپنے رب کریم کو دیکھ رہا ہے ورنہ کم از کم اتنا تو ضرور ہو کہ فانہ یراک: تیرا رب کریم تجھے دیکھ رہا ہے۔ اس ذوق و شوق اور خضوع و خشوع سے ادا کی ہوئی نماز ہی وہ نماز ہے جو دین کا ستون اور مومن کی معراج ہے یہی وہ نماز ہے جو گناہوں کے قریب نہیں جانے دیتی اور بے حیائیوں اور بدکاریوں سے روکتی ہی نہیں بلکہ متنفر کر دیتی ہے۔ مومن کی ساری خوشیاں اور مسرتیں انھیں چند لمحوں میں سمٹ کر رہ جاتی ہیں جب وہ سراپا نیاز بن کر اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر ہوتا ہے اور دل و زبان سے اس کی تعریف و ثنا کرتا ہے۔ وہ عذاب سے ڈر کر وہاں حاضری لگوانے کے لیے نہیں جاتا بلکہ اس کا قلب ناصبور اس کی روح بیتاب کشاں کشاں اسے کوئے محبوب کی طرف لے جاتی ہے۔

وہ نماز جس کا آغاز بھی غفلت سے ہو اور جس کی انتہا بھی غفلت سے ہو اور ان کے مابین بھی بے خبری کی حالت طاری رہی ہو اسے پتہ ہی نہ ہو کہ وہ کہاں ہے اور کس کے آگے کھڑا ہے تو اس نے نماز پڑھی سہی لیکن اس نے نماز قائم تو نہ کی جس کا اسے حکم دیا گیا تھا۔ لیکن اس کے باوجود یہ نماز پڑھنا بھی اسے کبھی نہ کبھی اس کیف و مستی سے سرشار کر دے گا جو نماز قائم کرنے والوں کے لیے مخصوص ہے۔ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک نوجوان انصاری کی شکایت کی گئی کہ وہ نماز بھی پڑھتا ہے لیکن کسی گناہ سے بھی باز نہیں آتا لا یدع شیئا من الفواحش والسرقۃ الا رکبہ۔ تو حضور نے ارشاد فرمایا ان الصلوٰۃ ستنہاہ۔ یہ نماز ایک نہ ایک دن اسے ان برائیوں سے روک دے گی۔ چنانچہ چند ہی روز گزرے کہ اس کی حالت یکسر بدل گئی۔ اس نے تمام گناہوں سے سچے دل سے توبہ کر لی۔ یہ سن کر حضور نے فرمایا الم اقل لکم۔ کیا میں نے تمہیں کہا نہ تھا۔

اس لیے وہ صاحبان جو چند نماز پڑھنے والوں کو (نماز قائم کرنے والوں کو نہیں) بعض گناہوں میں مبتلا دیکھ کر نماز سے بیزار اور اس کی برکات کا انکار کر دیتے ہیں وہ یہ سمجھ لیں کہ ان گنہگاروں کے اصلاح پا جانے کا تو امکان ہے کیونکہ جس راہ پر وہ چل رہے ہیں وہ ان لوگوں کی راہ ہے جو صالح اور پارسا تھے۔ ہو سکتا ہے کہ کسی وقت اللہ تعالیٰ ان سست نہاد ہیرؤں پر نظر رحمت فرما دے اور انھیں اپنی بارگاہ میں حاضری کی لذت سے آشنا کر دے کیونکہ ؎

مے شود از جبر پیدا اختیار

لیکن آپ لوگ تو اس راستہ سے ہی دور بھاگ رہے ہیں آپ نے بھی کبھی اپنے انجام پر غور کیا۔

بہر حال حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان غافل نمازیوں کو خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لیے خوب جھنجھوڑا ہے۔ ارشاد گرامی ہے۔ من لم تنہہ صلاتہ عن الفحشآء والمنکر لم تزدہ من اللہ الا بعدا ولم یزدد بہا من اللہ الا مقتا جس آدمی کو اس کی نماز بے حیائی اور برے کاموں سے نہیں روکتی۔ وہ نماز اسے خدا سے دور کر دے گی اور اللہ تعالیٰ کی رضا کا نہیں بلکہ ناراضگی کا باعث ہوگی۔

نیز آیت میں تو یہ فرمایا گیا ہے کہ نماز فحشاء اور منکر سے روکتی ہے۔ اور اس میں کیا شک ہے۔ لیکن ان امور سے رکنا یا نہ رکنا ہمارا کام ہے۔ نماز تو ہمارے قلب و روح کی تربیت کا زریں موقع فراہم کرتی ہے۔ دنیا کے جھمیلوں سے نکال کر احکم الحاکمین کی بارگاہ میں لے جا کر کھڑا کر دیتی ہے۔ اب بھی اگر کوئی طبیعت متاثر نہیں ہوتی اور اسے یہ خیال نہیں آتا کہ ظہر

تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

منع کرتی ہے بے حیائی اور گناہ سے ۔ اور واقعی اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت بڑا ہے ۴۴ اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے

مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ

جو تم کرتے ہو ۔ اور (اے مسلمانو!) بحث مباحثہ نہ کیا کرو اہل کتاب سے مگر شائستہ طریقہ

اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ

سے ۴۵ مگر وہ جنہوں نے ظلم کیا ان سے اور تم کہو ہم ایمان لاتے ہیں اس پر جو اتارا گیا

کے وقت تو مجھے اپنے رب کے حضور میں جا کر کھڑا ہونا ہے اگر میں نے اپنا دامن اس کی نافرمانی سے داغدار کر لیا تو میں کس مُنہ سے اس کے حضور میں حاضر ہوں گا۔ اس طرح تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد دربارِ الٰہی میں حاضری سے دل میں اطاعت و انقیاد کا جذبہ یقیناً پیدا ہو جاتا ہے اور اس کو گناہوں سے نفرت سی ہو جاتی ہے۔

۴۴ یعنی اللہ تعالیٰ کے ذکر سے بڑھ کر اور کوئی چیز نہیں جس کو یہ سعادت حاصل ہو گئی جس کو یہ نعمت بخش دی گئی گویا اس نے سب کچھ پا لیا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک روز تشریف لائے تو اپنے صحابہ کو حلقہ بنائے ہوئے ملاحظہ فرمایا۔ پوچھا کیوں اس طرح بیٹھے ہو۔ عرض کیا جلسنا نذکر اللہ ونحمدہ علی ما ھدانا للاسلام ومن بہ علینا: یا رسول اللہ! ہم اس لیے بیٹھے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں اور جو اس نے اسلام کی دولت سے ہمیں مالا مال فرمایا ہے اس کے اس احسان پر اس کا شکریہ ادا کریں۔ حضور نے ارشاد فرمایا ان اللہ عزوجل یباھی بکم الملائکۃ (مظہری) اے اللہ کے ذکر و شکر کیلئے بیٹھنے والو! اللہ تعالیٰ تم پر فرشتوں سے فخر کر رہا ہے۔ بخاری شریف کی حدیث میں ہے اگر کوئی شخص یادِ الٰہی میں مصروف رہنے والوں کے پاس آ کر بیٹھ جائے اگرچہ وہ کسی دوسرے مقصد کے لیے آیا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بھی بخش دیتا ہے اور فرماتا ہے لہ غفرت ھم القوم لا یشقی بہم جلیسہم (میں نے ان کی محفل میں بیٹھنے والے کو بھی معاف کر دیا۔ میری یاد کرنے والے ایسے لوگ ہیں کہ ان کے پاس بیٹھنے والا بھی بدبخت نہیں رہتا۔

اس آیت کا یہ معنی بھی کیا گیا ہے کہ جب بندہ اپنے رب کا ذکر کرتا ہے تو رب کریم بھی اپنے اس بندے کو یاد فرماتا ہے اور رب کریم کا اپنے مسکین بندے کو یاد فرمانا سب سے بڑا ذکر ہے۔ ذکر اللہ ایاکم افضل من ذکرکم ایاہ۔ حضرت ابن عمر نے حضور علیہ السلام سے یہی معنی مرفوعاً نقل کیا ہے فرماتے ہیں عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم والمعنی انہ لا تقصروا فی ذکر اللہ فان ذکرکم ایاہ یفضی الی ذکرہ ایاکم وذکرہ ایاکم افضل من ذکرکم ایاہ (مظہری) یعنی ذکرِ الٰہی میں کوتاہی نہ کرو تم اس کو یاد کرو گے وہ تمہیں یاد کریگا۔ اس کا تمہیں یاد کرنا تمہارے ذکر سے افضل ہے۔

۴۵ اہل کتاب کو جب سمجھانے لگو تو تمہارا اسلوب تبلیغ بڑا شائستہ اور پسندیدہ ہونا چاہیے۔ دلیل کی قوت اور

إِلَيْنَا وَأُنزِلَ إِلَيْكُمْ وَإِلَٰهُنَا وَإِلَٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ﴿٤٦﴾

ہماری طرف اور اتارا گیا تمہاری طرف اور ہمارا خدا اور تمہارا خدا ایک ہی ہے اور ہم اس کے سامنے گردن جھکانے والے ہیں [illegible]

وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ ۚ فَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ

اور (اے حبیب!) اسی طرح ہم نے نازل کی آپ کی طرف کتاب۔ پس وہ جنہیں ہم نے دی تھی کتاب (تورات) وہ ایمان لاتے

يُؤْمِنُونَ بِهِ ۖ وَمِنْ هَٰؤُلَاءِ مَن يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَمَا يَجْحَدُ

ہیں قرآن پر۔ اور ان اہل مکہ سے بھی کئی لوگ ایمان لا رہے ہیں قرآن پر [illegible] اور نہیں انکار کرتے ہماری

بِآيَاتِنَا إِلَّا الْكَافِرُونَ ﴿٤٧﴾ وَمَا كُنتَ تَتْلُو مِن قَبْلِهِ مِن

آیتوں کا مگر کفار [illegible] اور نہ آپ پڑھ سکتے تھے اس سے پہلے کوئی

برہان کی پختگی تو ہو لیکن اس میں خشونت اور سخت کلامی کی بو نہ پائی جائے۔ اپنے عقائد کی حقانیت اور اپنے دین کی صداقت کا روشن بیان تو ہو لیکن اس میں ذاتی حملہ کا اثر نہ ہو۔

[illegible] حسنِ مجادلہ کا طریقہ بتایا جا رہا ہے کہ تم انہیں پہلے ہی بیگانہ اور مدِمقابل حریف بنا کر خطاب نہ کرو بلکہ انہیں یوں کہو کہ تمہارے انبیاء کرام توحید کا جو دین لے کر آئے تھے ہمارے نبی مکرم بھی وہی دین لے کر آئے ہیں۔ تمہارے انبیاء نے بھی اسی وحدہٗ لاشریک کی عبادت کا حکم دیا۔ ہمارے نبی مکرم بھی یہی حکم دیتے ہیں۔ ہم صرف قرآن کریم کو ہی کلام الٰہی نہیں مانتے بلکہ تورات وانجیل کے متعلق بھی ہمارا یہی ایمان ہے۔ ہدایت کی جو شمع تمہارے انبیاء نے روشن کی ہم بھی اسی کو روشن رکھنا چاہتے ہیں۔ اس لیے ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی ایسی بات نہیں جو وجہ اختلاف اور باعث افتراق ہو۔ مرورِ وقت سے جو عمل اور عقیدے کی خرابیاں تمہارے ہاں رائج ہو چکی ہیں ان کی اصلاح کر لو پھر ہم سب ایک ہی ملت مسلمہ کے فرد بن جائیں گے۔

[illegible] جس طرح ہم نے پہلے انبیاء پر آسمانی صحیفے نازل کیے اسی طرح ہم نے آپ پر بھی قرآن حکیم اتارا۔ ان اہل کتاب میں ایسے سلیم الطبع لوگ بھی ہیں جنہوں نے جب قرآن مجید میں وہ نورِ ہدایت درخشاں دیکھا تو بلا تامل اس پر بھی ایمان لے آئے اور اہل مکہ سے بھی کئی لوگ کفر وشرک سے بیزار ہو کر دینِ اسلام میں داخل ہو گئے۔

[illegible] جن کے دلوں پر کفر کی سیاہی جم چکی ہے وہی اس کتاب پر ایمان نہیں لائیں گے ورنہ کوئی سلیم الفطرت انسان انکار کی جرأت نہیں کر سکتا۔

كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾ بَلْ

کتاب اور نہ ہی اسے لکھ سکتے تھے اپنے دائیں ہاتھ سے فتہ اگر آپ پڑھ سکتے تو ضرور شک کرتے اہل باطل۔ بلکہ

هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَمَا يَجْحَدُ

وہ روشن آیتیں ہیں جو ان کے سینوں میں محفوظ ہیں جنھیں علم دیا گیا۔ اور ظالموں کے بغیر

بِاٰيٰتِنَاۤ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَقَالُوْا لَوْلَاۤ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ

ہماری آیتوں کا کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ اور انھوں نے کہا کیوں نہ اتاری گئیں ان پر نشانیاں ان کے رب کی

رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاِنَّمَاۤ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾

طرف سے۔ آپ فرمائیے نشانیاں تو اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہیں۔ اور میں تو صرف صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔

اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ

کیا انھیں یہ کافی نہیں کہ ہم نے آپ پر اتاری ہے کتاب جو انھیں پڑھ کر سنائی جاتی ہے۔ بے شک

فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ

اس میں رحمت اور نصیحت ہے مومنوں کے لیے ۵۰ آپ فرمائیے کافی ہے اللہ تعالیٰ

ع ۷

۴۹ قرآن کریم کے کلام الٰہی ہونے کی ایک اور روشن دلیل پیش کی جا رہی ہے کہ اعلانِ نبوت سے پہلے کا چالیس سالہ دور آپ نے ان لوگوں کے سامنے گزارا ہے۔ ان سب کو اچھی طرح معلوم ہے کہ اس اثنا میں نہ آپ نے کبھی کسی کتاب کا مطالعہ کیا اور نہ کبھی کچھ لکھا۔ اگر آپ پہلے کتابوں کے مطالعہ میں مستغرق رہا کرتے اور لکھنے کا شغف ہوتا تو کوئی یہ شبہ کرنے میں حق بجانب ہو سکتا تھا کہ سب کچھ انھیں کتابوں سے اخذ کیا گیا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان شکوک شبہات سے پاک رکھا۔ اب کوئی یہ اعتراض نہیں کر سکتا کہ یہ آپ کا اپنا کلام ہے بلکہ یقیناً یہ کلام الٰہی ہے جو اس نے آپ پر اتارا ہے۔ صرف ظالم لوگ ہی اس درخشاں حقیقت کا انکار کر سکتے ہیں۔

۵۰ کس نشانی اور معجزہ کا مطالبہ کر رہے ہو کیا قرآن حکیم سے بڑھ کر بھی کوئی اور نشانی اور کوئی دوسرا معجزہ تمہیں درکار ہے۔ اگر اس سے تم نصیحت قبول نہیں کرتے اگر تمہیں یہ راہِ راست پر نہیں لے جا سکتا تو پھر کسی اور معجزہ سے تمہارے ہدایت پا

بَيْنِىْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

میرے اور تمھارے درمیان گواہ۔ وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے ۵۱

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۵۲

اور وہ لوگ جو ایمان لاتے ہیں باطل پر اور انکار کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کا۔ وہی لوگ گھاٹے میں ہیں۔

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ

وہ آپ سے جلدی عذاب نازل ہونے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ اور اگر میعاد مقرر نہ ہوتی تو آ جاتا ان پر

الْعَذَابُ ؕ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۵۳ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ

عذاب ۵۲ اور (اپنے وقت پر) وہ ان پر اچانک آئیگا اور انھیں ہوش تک نہ ہوگا۔ وہ آپ سے جلدی عذاب

بِالْعَذَابِ ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝۵۴ يَوْمَ يَغْشٰهُمُ

لانے کا مطالبہ کرتے ہیں (ذرا سی دیر ہے) جہنم یقیناً گھیرے گا ان کافروں کو۔ جس دن ڈھانپ لیگا انھیں

الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا

عذاب ان کے اوپر سے اور ان کے پاؤں کے نیچے سے اور اللہ تعالیٰ فرمائے گا لو اب چکھو

ہونے کی کوئی امید ہی نہیں۔

۵۱ اے حبیب! آپ ان منکرین کو فرما دیجیے کہ مجھے اپنی صداقت کے ثبوت کے لیے نہ کسی دلیل کی ضرورت ہے اور نہ کسی معجزہ کی۔ میرے لیے یہی کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ میری صداقت اور میری رسالت کی گواہی دے رہا ہے وہ خدا جو ہر چیز کو جانتا ہے جس سے کوئی چیز مخفی نہیں۔ جب وہ یہ گواہی دے رہا ہے کہ میں اس کا سچا رسول ہوں تو اب ساری دنیا میرا انکار کرتی رہے اور میری تکذیب کرتی رہے مجھے اس کی ذرا پروا نہیں۔

۵۲ پہلی گمراہ قومیں بھی جب دلائل کے میدان میں شکست کھا جاتیں تو اپنا دل بہلانے کے لیے اپنے نبی کو کہتیں کہ ہم تیرے دین کو قبول نہیں کرتے۔ اگر تم سچے ہو تو ہم پر عذاب نازل کر دو۔ یہی وطیرہ اہل مکہ کا ہے۔ وہ بھی کسی قیمت پر ایمان لانے کے لیے تیار نہیں۔ بلکہ کہہ رہے ہیں کہ ہم جو سالہا سال سے تمھاری دعوت کو ٹھکرا رہے ہیں اور تمھیں طرح طرح کی

مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۵﴾ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ

اپنے کرتوتوں کا مزہ ۵۳ اے میرے بندو! جو ایمان لے آئے ہو میری زمین بڑی

وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ

کشادہ ہے سو میری ہی تم عبادت کیا کرو ۵۴ ہر ایک موت کا مزہ چکھنے والا ہے ۵۵

ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

پھر ہماری طرف ہی تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے،

تکلیفیں پہنچا رہے ہیں اگر تم سچے ہو تو ہم پر جلدی عذاب آتارنے کا بندوبست کیوں نہیں کرتے۔ فرمایا تمہارے عذاب کے لیے قدرت نے ایک وقت مقرر کر رکھا ہے۔ جب وہ وقت آجائے گا تو تمھیں خود ہی عذاب کی چکی میں پیس دیا جائیگا تمھیں خبر ہی نہ ہوگی اور تمھیں چشم زدن میں نیست و نابود کر دیا جائے گا۔

۵۳ اے حبیب! انھیں فرمائیے دوزخ میں آگ تمھارے لیے بھڑکائی جا رہی ہے تمھیں اس میں پھینکا جائے گا۔ تمھارے اوپر بھی تہ در تہ آگ ہوگی اور تمھارے نیچے بھی اس وقت تمھیں اپنی سرکشی کا لطف آجائے گا۔

۵۴ بے بس مسلمانوں پر مکہ کے شداد و نمرود ظلم کے ایسے ہتھوڑے چلاتے کہ پہاڑوں کے دل بھی لرز جاتے۔ ان اذیتوں سے ڈر کر بعض لوگ اپنے ایمان کو ظاہر نہیں کیا کرتے تھے۔ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ اگر کوئی سرزمین ایسی ہو جہاں مومن اپنی مومنانہ زندگی کے تقاضوں کو پورا کرنے سے عاجز ہو، وہ اپنے رب کی عبادت نہ کر سکتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اپنے وطن کو چھوڑ کر کسی ایسی جگہ چلا جائے جہاں وہ بے خوف و خطر اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس کی عبادت میں مصروف رہ سکے۔ اس کا یہ عذر ہرگز قابل قبول نہ ہوگا کہ میں دل سے تو اسلام کو سچا دین تسلیم کرتا تھا لیکن میرے شہر یا علاقہ کے حالات اس قدر ناموافق تھے کہ اگر میں اپنے قلبی ایمان کا اظہار کرتا تو مجھے جان سے مار ڈالا جاتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میری زمین بڑی فراخ ہے۔ یہاں نہیں تو وہاں چلے جاؤ جہاں تمھیں میری یاد سے روکنے والا کوئی نہ ہو۔

۵۵ یہ زندگی فانی ہے۔ ہر شخص نے ایک نہ ایک دن موت کا پیالہ ہونٹوں سے لگانا ہے اس وقت گھر بار بھی چھوٹ جائے گا۔ فرزند و زن دوست احباب بھی پیچھے رہ جائیں گے بجائے اس کے کہ مرتے وقت حالت اضطرار میں تم ان چیزوں کو چھوڑو کیا بہتر نہیں کہ اپنی مرضی اور اختیار سے اپنے معبود برحق کو راضی کرنے کے لیے ان سب علائق کو قطع کر دو۔ اگر ضروری ہو تو خوشی خوشی اپنے ہاتھوں سے محبت کی ان زنجیروں کو کاٹ دو۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

جاں بجاناں دِہ وگرنہ از تو بستاند اجل ۔۔۔ فیصلہ بر تست اے دل ایں بکن یا آں بکن

لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

انھیں ہم ٹھہرائیں گے جنت کے بالاخانوں میں ۶۹ رواں ہوں گی جن کے نیچے نہریں

خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ۝۵۸ الَّذِیْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى

وہ وہاں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ کتنا عمدہ صلہ ہے نیک کام کرنے والوں کا۔ وہ جنھوں نے (ہر حال میں) صبر کیا اور صرف

رَبِّهِمْ یَتَوَكَّلُوْنَ ۝۵۹ وَكَاَیِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ

اپنے رب پر بھروسہ کیے ہوتے ہیں۔ اور کتنے ہی زمین پر چلنے والے ہیں ۷۰ جو اٹھاتے نہیں پھرتے اپنا رزق

اَللّٰهُ یَرْزُقُهَا وَاِیَّاكُمْ ۖ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝۶۰ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ

اللہ تعالیٰ رزق دیتا ہے انھیں بھی اور تمھیں بھی اور وہ سب باتیں سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔ اور (اے حبیب!) اگر آپ

مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

پوچھیں ان (مشرکوں) سے کہ کس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو اور کس نے فرمانبردار بنا دیا ہے سورج اور چاند کو تو

۶۹ غُرَفًا غُرْفَة کی جمع ہے اس کا معنی بالاخانہ ہے۔ حضرت سیدنا علیؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نے فرمایا ان فی الجنة لغرفا یری ظهورها من بطونها وبطونها من ظهورها یعنی جنت میں ایسے بالاخانے ہیں کہ ان کی دیواریں اتنی شفاف ہوں گی کہ نگاہ کے سامنے حجاب نہیں ہوگی۔ باہر والے لوگ اندر والوں کو اور اندر والے لوگ باہر والوں کو دیکھ سکیں گے۔ ایک اعرابی نے جب حضور کا یہ ارشاد سنا تو کھڑا ہو کر عرض کرنے لگا یا رسول اللہ یہ کس کو ملیں گے۔ قال هی لمن اطاب الکلام واطعم الطعام وادام الصیام وصلی للہ باللیل والناس نیام (ترمذی) حضور نے فرمایا یہ ان لوگوں کو ملیں گے جن کی گفتگو پاکیزہ ہوتی ہے جو لوگوں کو کھانا کھلایا کرتے ہیں جو ہمیشہ روزہ رکھا کرتے ہیں اور آدھی رات کو اٹھ کر جب لوگ سوئے ہوں تو وہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر ہو کر نماز پڑھتے ہیں۔

۷۰ جب کفار مکہ نے مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا۔ ایمان کے بچانے کے لیے اب اس کے بغیر کوئی چارہ نہ رہا کہ مکہ کو چھوڑ کر کسی اور جگہ کو اپنا مسکن بنایا جائے جہاں ایمان کے ضائع ہونے کا اندیشہ نہ ہو۔ چنانچہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ماننے والوں کو ہجرت کر کے مدینہ طیبہ جانے کا حکم دیا تو بعض صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ! نہ وہاں ہمارا کوئی پڑوسی نہ کوئی رشتہ دار۔ ہم جب لٹے پٹے وہاں جائیں گے تو ہمارے کھانے پینے کا انتظام کون کرے گا۔

لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

وہ ضرور کہیں گے، اللہ تعالیٰ نے، پھر وہ کہاں توحید سے پھیرے جاتے ہیں ۸ؔ۔ اللہ تعالیٰ کشادہ کرتا ہے رزق کو جس کے لیے

يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۲﴾

چاہتا ہے اپنے بندوں سے اور تنگ کرتا ہے جس کے لیے چاہتا ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے ۹ؔ

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ

اور اگر آپ پوچھیں ان سے کہ کس نے اتارا آسمان سے پانی، پھر زندہ کر دیا اس کے ساتھ

انھیں اطمینان دلانے کے لیے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ ذرا دیکھو یہ ان گنت قسم کے بے شمار جانور جو تمھیں ہر جگہ دکھائی دے رہے ہیں کیا انھوں نے اپنی پشت پر اپنی خوراک کے ذخیرے لادے ہوتے ہیں۔ اگر انھیں اللہ تعالیٰ وقت پر خوراک مہیا فرما دیتا ہے تو فکر نہ کرو وہ تمھیں فراموش نہیں کرے گا بلکہ وہ تمھارے کھانے پینے، رہائش وغیرہ کے جملہ انتظامات اپنی حکمت سے اس طرح کرے گا کہ تم حیران ہو کر رہ جاؤ گے۔ اس لیے اس چیز کے فکر میں خواہ مخواہ اپنے آپ کو پریشان نہ کرو جس کی ضمانت اللہ تعالیٰ نے دے رکھی ہے اور جو حکم تمھیں تمھارا آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیتا ہے بلا تأمل اسے قبول کرو۔

۸ؔ کفار کی زبان سے اللہ تعالیٰ کی توحید کا اعتراف کرایا جا رہا ہے پھر ان کی روِ عمل پر اظہار تعجب کیا جا رہا ہے۔ یعنی اگر ان سے پوچھا جاتا ہے کہ آسمانوں اور زمین کا خالق کون ہے۔ سورج اور چاند کس کے حکم کے مطابق اپنے طبعی فرائض انجام دے رہے ہیں۔ کس کی بندگی کا طوق ان کے گلے میں آویزاں ہے تو کہتے ہیں کہ زمین و آسمان کا خالق بھی صرف اللہ تعالیٰ ہے اور سورج اور چاند بھی اسی کے حکم سے بے چون و چرا مصروفِ خدمت ہیں۔ اور ساتھ ہی اپنے بتوں کو بھی خدا مانتے ہیں ان کی عبادت کرتے ہیں۔ عجیب ہیں یہ لوگ کہ ایسی چیزوں کو اُلوہیت اور خدائی میں اللہ تعالیٰ کا شریک بناتے ہیں جن کا آفرینشِ عالم یا تدبیرِ عالم میں قطعاً کوئی حصہ نہیں۔ کسی راستے سے پھر جانے، کسی نظریہ سے رُوگردانی کرنے کو عربی میں افک کہتے ہیں۔ افكه عن رايه: قلبه رايه۔

۹ؔ کفار مسلمانوں کو عار دلایا کرتے کہ تم کہتے ہو کہ تم خدائے برحق کے پرستار ہو جو ہر چیز کا مالک ہے۔ اگر تمہاری اس بات میں ذرا بھی صداقت ہوتی تو تمھاری خستہ حالی کا یہ عالم ہوتا۔ پاؤں میں جوتا نہیں۔ بدن پر چیتھڑے ہیں کھانے کو باسی روٹی کبھی کبھار میسر ہوتی ہے۔ کیا خدا کے ماننے والے ایسے ہوا کرتے ہیں۔ اس کا رد فرما دیا کہ دولت کی کثرت و قلت حق و باطل کی شناخت کا کوئی معیار نہیں۔ وہ اپنے بندوں کے حالات کو خود بہتر جانتا ہے۔ دولت کی تقسیم اس کی حکمت کے مطابق کی جاتی ہے۔ اور اس حکمت کو تم نہیں جان سکتے۔ وہی خوب جانتا ہے۔

مِنۡۢ بَعۡدِ مَوۡتِهَا لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ

زمین کو اس کے بنجر بن جانے کے بعد تو ضرور کہیں گے اللہ تعالیٰ نے ۶۰ آپ فرمائیے الحمد للہ (حق واضح ہو گیا) ۶۱

لَا يَعۡقِلُوۡنَ ﴿۶۳﴾ وَمَا هٰذِهِ الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَاۤ اِلَّا لَهۡوٌ وَّلَعِبٌ ؕ وَ

بلکہ ان میں سے اکثر لوگ نادان ہیں۔ اور نہیں یہ دنیوی زندگی مگر لہو و لعب ۶۲ اور

اِنَّ الدَّارَ الۡاٰخِرَةَ لَهِىَ الۡحَيَوَانُ ۘ لَوۡ كَانُوۡا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۶۴﴾ فَاِذَا

دارِ آخرت کی زندگی ہی حقیقی زندگی ہے (جسے موت نہیں) کاش! وہ اس حقیقت کو جانتے۔ پھر جب

رَكِبُوۡا فِى الۡفُلۡكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخۡلِصِيۡنَ لَهُ الدِّيۡنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰٮهُمۡ

سوار ہوتے ہیں کشتی میں تو دعا مانگتے ہیں اللہ تعالیٰ سے خالص کرتے ہوئے اس کے لیے اپنے دین کو ۶۳ پھر جب

۶۰ پھر ان سے توحید کا اقرار کرایا جا رہا ہے۔

۶۱ جس توحید کا وہ انکار کیا کرتے تھے اسی کا اقرار اپنی زبان سے کر رہے ہیں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حمد و شکر بجا لانے کا حکم فرما رہے ہیں کہ آپ کی دعوت کی صداقت اتنی عیاں ہے کہ دشمن بھی اسے ماننے پر مجبور ہو گیا۔ علی تصدیقك واظهار حجتك (مظہری)

۶۲ کفار اس دنیوی زندگی کی لذتوں پر فریفتہ تھے۔ اور آخرت کا کبھی انھیں خیال تک بھی نہ آتا تھا۔ انھیں حقیقت حال سے آگاہ کیا جا رہا ہے کہ یہ دنیا اور اس کی زیب و زینت تو ایک کھیل تماشا سے زیادہ وقعت نہیں رکھتی۔ لمحہ بھر کے لیے تو بڑی رونق ہوتی ہے۔ تماشا دیکھنے والوں کے ٹھٹ کے ٹھٹ جمع ہو جاتے ہیں۔ لیکن ادھر کھیل ختم ہوا ادھر ہر کوئی اپنے اپنے گھر کو سدھار گیا۔ وہی میدان جہاں تل دھرنے کو جگہ نہ تھی وہاں اب خاک اڑنے لگتی ہے۔ کتنا نادان ہے جو یہ خیال کرتا ہے کہ یہ محفل یونہی جمی رہے گی۔ یہ تماشا یونہی جاری رہے گا۔ یہ قہقہے اسی طرح بلند ہوتے رہیں گے۔ بس بعینہٖ یہی مثال اس بزمِ ہستی کی ہے۔ مانا آج ہر طرف بڑی چہل پہل ہے، پھول کھل رہے ہیں، کلیاں مسکرا رہی ہیں۔ ہری ہری شاخوں پر بیٹھے ہوئے طیور نغمہ سنجی کر رہے ہیں لیکن ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا رہے گا۔ اس لیے نادان نہ بنو۔ اپنی اس ابدی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے فرصت کے ان لمحوں کو غنیمت جانو۔ تمھیں تو اپنی دانشمندی اور زیرکی پر بڑا ناز ہے تم اتنا بھی نہیں سوچتے کہ ابدی اور دائمی زندگی کو نظر انداز کر کے اس ناپائیدار زندگی کی عشرتوں میں مخمور رہنا بڑے گھاٹے کا سودا ہے۔

۶۳ کفار کی ایک دوسری حماقت بلکہ زیادتی اور بے انصافی کا بیان ہو رہا ہے کہ یہ بھی عجیب لوگ ہیں جب یہ

إِلَى الْبَرِّ إِذَا هُمْ يُشْرِكُونَ ﴿٦٥﴾ لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ وَلِيَتَمَتَّعُوا

سلامتی سے پہنچا تا ہے انھیں خشکی پر تو اس وقت وہ شرک کرنے لگتے ہیں۔ وہ ناشکری کریں جو نعمت ہم نے انھیں دی ہے ۶۴ اور لطف

فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٦٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا آمِنًا وَيُتَخَطَّفُ

اٹھالیں (اس سے)، وہ عنقریب جان لیں گے (حقیقت کو) کیا انھوں نے غور سے نہیں دیکھا کہ ہم نے بنا دیا ہے حرم کو امن والا حالانکہ اچک لیا

النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ۚ أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَةِ اللَّهِ

جاتا ہے لوگوں کو ان کے آس پاس سے ۶۵ کیا وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں

کشتیوں پر سوار ہو کر سمندری سفر پر روانہ ہوتے ہیں اور راستہ میں کوئی طوفان انھیں گھیر لیتا ہے کشتی ہچکولے کھانے لگتی ہے، سمندر کی بپھری ہوئی موجیں کشتی سے آکر ٹکرانے لگتی ہیں اور نجات کی بظاہر کوئی صورت باقی نہیں رہتی تو اس وقت اپنے بتوں سے منہ پھیر لیتے ہیں اور صرف اللہ تعالیٰ کی جناب میں بڑے خلوص سے فریادیں کرتے ہیں اور جب اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے انھیں سلامتی کے ساتھ ساحل پر پہنچا دیتا ہے تو پھر خداوند کریم کو بھلا دیتے ہیں، فوراً شرک کرنا شروع کر دیتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہمیں ہمارے فلاں معبود نے اس طوفان کی زد سے بچا لیا۔ حضرت عکرمہ فرماتے ہیں کہ اہل جاہلیت کا یہ دستور تھا کہ جب سمندری سفر پر جاتے تو اپنے ساتھ اپنے بتوں کو بھی لے جاتے اور ہوا تیز ہو جاتی اور آندھی آجاتی تو ان بتوں کو سمندر میں پھینک دیتے اور کہتے یا رب یا رب، اے ہمارے رب، اے ہمارے رب۔ (مظہری)

۶۴ یہ لام امر ہے۔ مقصد انھیں ڈرانا اور دھمکی دینا ہے کہ کر لو کفر اور اٹھا لو لطف اس فانی زندگی کی لذتوں سے ابھی تمھیں اس کا انجام معلوم ہو جائے گا۔ اعملوا ما شئتم انی بما تعملون بصیر۔ کر و جو تم چاہتے ہو میں تمھارے سارے کرتوتوں کو خوب دیکھ رہا ہوں۔ یہاں اعملوا امر ہے لیکن اس کا یہ مقصد نہیں کہ انھیں اجازت دی جا رہی ہے کہ جو تمھاری مرضی ہے کرتے رہو، بلکہ مقصد دھمکی دینا ہے۔ اور بعض علماء نے اسے "لام کی" کہا ہے یعنی ہم نے ان کو اس لیے نجات دی کہ وہ کفر کریں عیش و عشرت کریں۔

۶۵ اپنا ایک عظیم احسان مکہ والوں کو یاد دلایا جا رہا ہے کہ ملک بھر میں کہیں امن نہیں، ہر طرف لوٹ کھسوٹ کی گرم بازاری ہے۔ کسی کی جان، کسی کا مال محفوظ نہیں۔ ہم نے تم کو حرم شریف کا پڑوسی بنا کر ہر قسم کی دست درازیوں سے بچا لیا ہے، چاہیے اس کے کہ تم صرف مجھے جو تمھارا خالق بھی ہوں اور رازق بھی، اپنا الٰہ اور معبود بناتے اُلٹا تم نے میری عبودیت و بندگی کا رشتہ تو گلے سے اتار کر پھینک دیا۔ اور ۳۶۰ بتوں کو اپنا خدا، معبود اور حاجت روا سمجھ رہے ہو۔ آخر ناشکری اور احسان فراموشی کی بھی کوئی حد ہونی چاہیے۔

يَكْفُرُونَ ﴿٦٧﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ

اور کون زیادہ ظالم ہے اس شخص سے جس نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان لگایا ۶۶ یا

كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُ ۚ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى

حق کو جھٹلایا جب وہ اس کے پاس آیا ۶۷ کیا نہیں ہے جہنم میں ٹھکانا کفار

لِلْكَافِرِينَ ﴿٦٨﴾ وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۚ

کے لیے۔ اور جو (بلند ہمت) مصروف جہاد رہتے ہیں ہمیں راضی کرنے کے لیے ہم ضرور دکھا

وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٦٩﴾

دیں گے انھیں اپنے راستے۔ اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ہر وقت) محسنین کے ساتھ ہے ۶۸

ع ۷

۶۶ اللہ تعالیٰ پر افترا باندھنے کا یہ مطلب ہے کہ کسی کو اس کا شریک ٹھیرایا جائے۔ یا کسی کو اس کا بیٹا یا بیٹی تسلیم کیا جائے حالانکہ وہ وحدہٗ لاشریک ہے۔ کائنات کی ہر چیز اس کی وحدانیت پر گواہی دے رہی ہے۔ وہ ہر قسم کی ضرورت اور احتیاج سے پاک ہے تاکہ اسے بیٹے اور بیٹی کی حاجت ہو۔ واقعی اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے کہ اس کا کسی کو شریک بنایا جائے یا اس کے لیے اولاد کی احتیاج ثابت کی جائے۔

نیز کفار کو جب ان کی بدکرداریوں پر ٹوکا جاتا اور فسق و فجور سے منع کیا جاتا تو بجائے اس کے کہ وہ نادم ہو کر توبہ کرتے وہ غایت بےحیائی سے یہ کہا کرتے کہ یہ کام ہم حکم الٰہی کے مطابق کیا کرتے ہیں۔ اس نے ہمیں ایسا کرنے کا حکم دیا ہے وجدنا علیہ آباءنا واللہ امرنا بھا۔ یہ بھی ان کی افترا پردازیوں میں سے ایک سنگین قسم کی افترا پردازی تھی۔

۶۷ حق سے مراد قرآن کریم بھی ہو سکتا ہے اور ذات حبیب کبریا محمد مصطفیٰ بھی یعنی جب قرآن کریم ان کے سامنے پڑھا جاتا ہے وہ اس میں غور و فکر ضروری نہیں سمجھتے اور فوراً اس کا انکار کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں یہ خدا کا کلام نہیں بلکہ کسی انسان کا بنایا ہوا کلام ہے۔ یا اللہ تعالیٰ کا رسول جب انھیں اپنی رسالت پر ایمان لانے کی دعوت دیتا ہے تو اس کو بھی جھٹلا دیتے ہیں۔ خود غور کرو جو قوم اللہ تعالیٰ پر افترا باندھے اور قرآن کریم اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو جھٹلانے میں شرم محسوس نہ کرے تو اس کا ٹھکانا جہنم کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے۔

۶۸ اس آیت سے سورۃ عنکبوت کا اختتام ہو رہا ہے۔

منزلِ محبت کی راہ بڑی طویل اور کٹھن ہے۔ قدم قدم پر کانٹے بکھرے پڑے ہیں۔ مشکلات کی چٹانیں سینہ تانے کھڑی ہیں

مہیب جنگلوں اور سنسان صحراؤں کا ختم نہ ہونے والا سلسلہ۔ اس راہ پر قدم بڑھاتے چلے جانا بڑے دل گردے کا کام ہے لیکن اس آیت طیبہ میں سالکِ راہِ حقیقت کو جو نوید جانفزا سنائی جا رہی ہے اس کے بعد کانٹے پھولوں سے بھی پیارے لگنے لگتے ہیں۔ راستہ کی ویرانیاں، فردوس بداماں دکھائی دینے لگتی ہیں۔ ہر رکاوٹ، ہر مشکل راہوارِ شوق کے لیے مہمیز کا کام دینے لگتی ہے۔ آیئے! اس آیت طیبہ کا مفہوم سمجھنے کی کوشش کریں۔

لغتِ عرب میں جہاد کا یہ مفہوم بیان کیا گیا ہے: الجھاد والمجاھدۃ استفراغ الوسع فی مدافعۃ العدو۔ یعنی "دشمن سے بچاؤ کرنے کے لیے اپنی امکانی قوت وطاقت کو صرف کر دینا جہاد اور مجاہدہ کہلاتا ہے"۔

اس سے معلوم ہوا کہ ایسی کوشش جس میں بے دلی سے کام لیا گیا ہو اُسے جہاد نہیں کہیں گے۔ جن دشمنوں کے خلاف جہاد کرنے کی رغبت دلائی جا رہی ہے۔ ان سے مراد ظاہری اور باطنی دونوں دشمن ہیں۔ یعنی اسلام کے ظاہری دشمنوں کے خلاف میدانِ جنگ میں دادِ شجاعت دینا بھی جہاد ہے اور ہوائے نفس اور شیطان کے وسوسوں سے برسرِ پیکار رہنا بھی جہاد ہے۔ حدیث پاک میں ہے: جاھدوا اھواءکم کما تجاھدون اعداءکم جس طرح تم اپنے ظاہری دشمنوں سے جہاد کرتے ہو، اسی طرح اپنی نفسانی خواہشات کے خلاف بھی جہاد کرو۔

"فینا" کا لفظ بڑا غور طلب ہے۔ اس سے یہ بتانا مقصود ہے کہ اس جہاد اور سرتوڑ کوشش کے پیشِ نظر کوئی دنیوی مقصد نہ ہو۔ ساری دوڑ دھوپ اپنی ناموری اور حصولِ جاہ ومنصب کے لیے نہ ہو، بلکہ اس ساری جدوجہد کا مدعا اللہ تعالیٰ کی رضا ہو۔ اگر اس میں ذرا سا فتور بھی آگیا تو اسے بھی قرآن کی اصطلاح میں جہاد نہیں کہا جائے گا۔

ان الفاظ کا خلاصہ یہ ہوا کہ وہ لوگ جو ہماری رضا کے حصول کے لیے دین حق کی سربلندی کے لیے ظاہری وباطنی دشمنوں سے برسرِ پیکار رہتے ہیں۔ تو ان پر یہ مہربانی کی جاتی ہے جس کا ذکر اگلے فقرے میں آرہا ہے۔ یعنی لنھدینھم سبلنا الخ ہدایت کا معنی ہے الدلالۃ الی ما یوصل الی المطلوب ایسی چیز تک رسائی جو مطلوب تک پہنچا دے۔ نون تاکید ثقیلہ اور لام تاکید سے کلام میں جو زور پیدا ہو گیا ہے وہ اہلِ نظر سے مخفی نہیں۔ "سُبُل" جمع ہے سبیل کی اس کی تشریح کرتے ہوئے امام راغب رقمطراز ہیں: السبیل: الطریق الذی فیہ سھولۃ۔ یعنی وہ راستہ جو منزل تک بآسانی پہنچا دے۔ یہاں سُبُل جمع کا لفظ استعمال ہوا کیونکہ ہر بندہ کا اپنے مولا کریم سے راہِ نیاز اور رابطہ بندگی جدا جدا ہے۔

ع
ہر گدا را بر درت تا زِ دگر

مطلب یہ ہوا کہ جو اولوالعزم، کلمۂ حق بلند کرنے کے لیے خلوصِ نیت کے ساتھ سر دھڑ کی بازی لگا دیں گے ہم انہیں ان راستوں تک پہنچا دیں گے جن پر چل کر وہ بآسانی منزلِ مقصود تک پہنچ جائیں گے۔

وان اللہ لمع المحسنین الخ یہ ارشاد کتنا اطمینان خیز ہے۔ بتا دیا کہ راہِ محبت کے راہرو اپنے آپ کو تنہا خیال نہ کریں۔ ان کا کریم پروردگار ان کے ساتھ ہے۔ قدم قدم پر ان کی راہنمائی فرما رہا ہے۔ ہر مشکل مرحلہ پر ان کی دستگیری کر رہا ہے۔ جب بھی ان کے قدم پھسلنے لگتے ہیں اس کی توفیق آگے بڑھ کر ان کو سنبھال لیتی ہے اور گرنے نہیں دیتی۔ اور جس مسافر کو محبوب

حقیقی کی معیت نصیب ہو تو منزل کتنی بلند، دُور اور کٹھن کیوں نہ ہو، خود بخود ان کے قریب ہو جایا کرتی ہے۔ نیز اپنے بندوں کے بدخواہوں کو بھی خبردار کر دیا کہ وہ انہیں اکیلا اور بے یار و مددگار مت سمجھیں۔ میری نصرت، میری تائید ان کے شریکِ حال ہے۔ تمہارا کوئی مکر و فسوں، تمہارا کوئی حیلہ اور تدبیر انہیں گزند نہیں پہنچا سکتی۔

اِنَّ تاکید کے لیے ہے پھر مع پر لام تاکید ہے۔ نیز یہاں علم ذات مذکور ہے تاکہ کسی کو شک و شبہ کی گنجائش ہی باقی نہ رہے۔

بے شک جنہیں اللہ تعالیٰ کی معیت نصیب ہوتی ہے نہ انہیں نفس فریب دے سکتا ہے، نہ انہیں شیطان بہکا سکتا ہے اور نہ کوئی جابر دشمن ان کا بال بیکا کر سکتا ہے۔ خلوصِ نیت سے مصروفِ جہاد رہنا۔ اپنی توانائیوں اور وسائل کو آخری حد تک بروئے کار لانا ان کا کام ہے اور منزلِ مقصود تک پہنچانا ان کے رب کریم کی ذمہ داری ہے۔ وَ اِنَّ اللّٰہ لا یخلف المیعاد۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سُورۃ الرّوم

نام: اس سورت کا نام الروم ہے جو دوسری آیت "غُلبت الروم" سے ماخوذ ہے۔ یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس میں چھ رکوع، ساٹھ آیتیں، آٹھ سو انیس کلمات تین ہزار پانچ صد چونتیس حروف ہیں۔

شانِ نزول: اس سُورت کی پہلی پانچ آیتیں اس بات کی ناقابلِ تردید دلیل ہیں کہ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جو علیم بھی ہے اور خبیر بھی جس کے علم محیط کے سامنے ماضی اور مستقبل کا ہر واقعہ عیاں ہے اور حضور نبی رحمت محمد مصطفےٰ علیہ وعلی آلہ افضل التحیۃ واجمل الثناء اسی ہمہ دان اور ہمہ بین رب العالمین کے سچے رسول ہیں لیکن یہ حجت قاطعہ اس وقت تک اپنی عظمت و جلالت کے ساتھ جلوہ نما نہیں ہوتی جب تک کہ روم و فارس کی باہمی طویل اور خونریز آویزش کا تذکرہ نہ کیا جائے۔ اس لیے طوالت سے دامن بچاتے ہوئے ان آیات کا تاریخی پس منظر قارئین کی خدمت میں پیش کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔

خسرو اوّل جو نوشیروان عادل کے نام سے معروف ہے کی وفات کے بعد اس کا چہیتا بیٹا ہرمز تختِ ساسان کا وارث بنا۔ اپنے نامور باپ کی وسیع وعریض مملکت کے علاوہ اسے اپنے باپ کی شہرت، نیک نامی، عادلانہ اور دانشمندانہ آئینِ جہانبانی بھی ورثہ میں ملا۔ مزید برآں اسے بزرجمہر جیسے نیک نفس اور پاک طینت اُستاد اور فلسفی کی سرپرستی بھی میسر آئی جو اپنی علمی قابلیت اور فلسفیانہ اندازِ فکر میں بے مثال تھا لیکن جب بزرجمہر پیرانہ سالی کے باعث اُمورِ سلطنت سے الگ ہو کر گوشہ نشین ہوگیا، تو اس کے نوجوان شاگرد ہرمز کے اردگرد خوشامدی اور بددیانت لوگوں کا جمگھٹا ہوگیا۔ انہوں نے چن چن کر نوشیروان کے مخلص اور زیرک مشیروں کو دربار شاہی سے نکال دیا اور آہستہ آہستہ ہرمز کے دل کو عدل وانصاف، نیکی و رعایا پروری کے جذبات سے متنفر کر دیا۔ رفتہ رفتہ ملک کا نظم ونسق تباہ ہونے لگا جن لوگوں نے ازراہِ خیر خواہی بادشاہ کی توجہ کو بگڑتے ہوئے حالات کی طرف مبذول کرایا، انہیں قتل کر دیا گیا جہاں کہیں اس ظلم وستم کے خلاف فریاد اور احتجاج کی آواز بلند ہوئی اسے عسکری قوت سے کچل دیا گیا۔ ہرمز نے اعلان کر دیا کہ وہ صرف بادشاہ ہی نہیں قاضی القضاۃ بھی ہے اور اسی کا فیصلہ آخری فیصلہ ہے۔ شاہی محلات کے در و دیوار شاہی دربار کا کرّ و فر مملکت کے تمام شہر اور دیہات اور دجلہ کا پانی بے گناہوں کے خون سے رنگین نظر آنے لگا۔ اور اسی جبر و تشدد پر ہرمز اظہار فخر و مباہات کیا کرتا۔

آخر تنگ آکر ملک کے مختلف صوبوں، بابل، سوسا اور کارمینیہ نے علم بغاوت بلند کر دیا۔ عرب و ہند کے باجگزار سلاطین نے خراج ادا کرنے سے انکار کر دیا۔ ایران کے ابتر حالات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے رُومیوں نے بھی از سرِ نو اپنی ترک تازیوں اور غارتگریوں

کا سلسلہ شروع کر دیا۔

ترکستان کا خاقان تین چار لاکھ ترکوں کی جمعیت لے کر ایران کی مشرقی سرحد پر آپہنچا اور ظاہر یہ کیا کہ وہ رومیوں کے مقابلہ میں ہرمز کی امداد کرنے کے لیے یہ لشکر جرار لے کر آیا ہے۔ ناعاقبت اندیش ہرمز اس دام فریب میں پھنس گیا۔ اس نے اپنے شہروں کے دروازے ترکوں کے لیے کھول دیئے۔ جب وہ اپنے قدم جما چکے تو اسے اس وقت معلوم ہوا کہ وہ تو فقط مملکت ساسان کا چراغ ہمیشہ کے لیے گل کرنے کے لیے آئے تھے اور ترکوں نے رومیوں کے ساتھ ساز باز کرنے کے بعد ادھر کا رخ کیا تھا۔ اب ایران دو جابر اور طاقتور دشمنوں کے چنگل میں پھنس چکا تھا۔ سارے خوشامدی لرزہ براندام تھے ہرمز خود پریشان تھا۔ اس وقت بہرام آگے بڑھا اور دس بارہ ہزار بہادر سپاہیوں کو لے کر ترکوں کی ٹڈی دل افواج کو شکست فاش دی۔ ہرمز کے دل میں اس کے خلاف حسد کی آگ سلگنے لگی۔ اس کے حواریوں نے یہ چغلی کھائی کہ بہرام نے لوٹ کے مال سے قیمتی اشیاء اپنے لیے مختص کر لی ہیں۔ اس سے وہ اور بگڑا لیکن رومیوں کے اچانک حملے نے اسے انتقامی کارروائی سے روک دیا۔ بہرام کو بڑی پذیرائی بخشی گئی اور اسے رومیوں کے مقابلہ کے لیے مقرر کیا گیا۔ اس جنگ میں بہرام کا ایک جنگی منصوبہ بادشاہ کو پسند نہ آیا اور اس نے اسے بہانہ بنا کر اپنے ایک شاہی قاصد کے ذریعے اسے ایک تکلا اون کاتنے کی لکڑی، چرخہ اور ایک زنانہ جوڑا بھیجا۔ اس نے بادشاہ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے یہ زنانہ لباس پہنا اور اسی طرح اپنے لشکر کے سامنے آیا۔ اپنے بہادر جرنیل کی اس بے عزتی پر افواج کو یارائے صبر نہ رہا انہوں نے بغاوت کر دی اور بہرام کے ساتھ حلف وفاداری اٹھایا۔ دوسرا شاہی قاصد جو بیڑیاں لے کر آیا تھا تاکہ بہرام کو ان میں جکڑ کر حاضر دربار کرے۔ اسے لوگوں نے شدت غضب سے اپنے پاؤں کے نیچے روند ڈالا۔ قلیل عرصہ میں لوگ بہرام کے پرچم کے نیچے جمع ہو گئے۔ سارا ملک اور دارالسلطنت مدائن بھی ہرمز کے خلاف اٹھ کھڑا ہوا۔ اس کا بڑا لڑکا خسرو دوم اس شور و شغب میں شہر سے نکلنے میں کامیاب ہو گیا۔ ایک ساسانی شہزادہ بندوز BINDOES کی ترغیب پر وہ واپس آیا اور تاج شاہی اس کے سر پر رکھ دیا گیا۔ ایک عام عدالت میں ہرمز کو بطور مجرم پیش کیا گیا۔ اس کا اترا ہوا چہرہ، خلعت شاہی کے بجائے اس کے بدن پر چیتھڑے، اس کی اشک بار آنکھیں، وہ زنجیریں جن میں اسے جکڑا گیا تھا، دُرّوں کے وہ نشان جو اس کے جسم پر جگہ جگہ نظر آرہے تھے اس کے ظالمانہ، سفاکانہ اور وحشیانہ افعال کی شدت کو کم نہ کر سکے۔ اس نے مطالبہ کیا کہ خسرو کو معزول کر دیا جائے اور اس کے چھوٹے بیٹے کو تخت نشین کیا جائے لیکن اس کی یہ خواہش ٹھکرا دی گئی، بلکہ اس کے سامنے اس کی ملکہ اور اس کے لڑکے کی لاش رکھ دی گئی۔ اس کی آنکھوں میں گرم سوئیاں چبھو دی گئیں۔ ہرمز کو یہ لرزہ خیز سزا دینے کے بعد اس کے بیٹے خسرو کی رسم تاجپوشی بڑی دھوم دھام سے منائی گئی۔ خسرو نے اپنے باپ کو زمین دوز قید خانہ سے نکالا اور اسے محل میں ٹھہرایا۔ اس کے آرام و آسائش کے سارے اسباب فراہم کیے اور بڑے صبر و تحمل سے اس کی گالی گلوچ کو برداشت کرتا رہا لیکن بہرام نے خسرو کو بادشاہ تسلیم نہ کیا اور اس کے خلاف اعلان جنگ کر دیا۔ خسرو میں مقابلہ کی تاب نہ تھی۔ حالات بھی اس کے موافق نہ تھے۔ اسے اپنی جان کا بھی خطرہ تھا۔ چنانچہ اپنے دوستوں سے طویل مشورے کے بعد ترکوں کے ہاں پناہ لینے کے بجائے اس نے رومی حکومت میں پناہ لینے کا فیصلہ کیا۔ رومی سلطنت کی سرحد بھی قریب تھی اور راہ فرار بھی آسان تھی چنانچہ وہ اپنی داشتہ عورتوں کو لے کر صرف تیس پہرہ دار سپاہیوں کی معیت میں رومی مملکت میں پناہ گزین ہو گیا۔ سرحدی حکام نے اسے پناہ دی۔ بڑے احترام کے ساتھ اسے بیزنطینی کے بادشاہ ماریس MAURICE کے پاس پہنچا دیا گیا۔ رومی بادشاہ نے اس کا شاہانہ استقبال کیا۔ سابقہ رنجشوں کو بھلا کر اس کی خاطر مدارت کی حد کر دی۔ جلاوطن شہزادہ کو اس نے قیمتی تاج پہنایا۔ گراں بہا لعل و جواہر اسے بطور تحفہ دیے اور اپنے بہادر وفا شعار جرنیل نارسس (NARSES) کو ایک لشکر جرار دے کر حکم دیا کہ

وہ خسرو کا کھویا ہوا تخت اسے واپس دلانے۔ اس عرصہ میں لوگ بھی بہرام سے دل برداشتہ ہو چکے تھے اور اپنے کیے پر نادم تھے۔ جب خسرو رومی لشکر لے کر واپس آیا تو ایرانیوں نے اپنے معزول بادشاہ کا بڑے تپاک سے استقبال کیا اور اس کی فوج میں شامل ہو گئے۔ بہرام نے دو مقامات دریائے زور کے کنارے اور میڈیا کی سرحد پر خسرو کا مقابلہ کیا لیکن شکست کھائی۔ وہاں سے بھاگ نکلا راستہ میں کسی نے زہر دی اور یہ ہلاک ہو گیا۔ اس طرح خسرو نے رومی بادشاہ ماریس کی اعانت سے اپنا کھویا ہوا تخت واپس لیا۔

خسرو ماریس کی اس اعانت اور عنایت کے باعث اسے اپنا باپ کہا کرتا تھا۔ ابن خلدون نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ خسرو کی خواہش پر رومی بادشاہ نے اپنی بیٹی مریم کی اس سے شادی کر دی۔ ایک فائدہ اس کا یہ ہوا کہ ایران اور روم کے درمیان آئے روز جنگوں کا سلسلہ ختم ہو گیا اور دونوں بکھیڑوں میں صلح ہو گئی اور امن قائم ہو گیا۔ رومی مملکت اور اس کے بادشاہ کی دھاک بیٹھ گئی اور ایران میں اس کا اثر و نفوذ اس حد تک بڑھ گیا کہ خیال کیا جانے لگا کہ خسرو عیسائیت قبول کرے گا۔ لیکن ماگی (MAGI) کی شخصیت نے اس تصور کو ملیامیٹ کر دیا۔

مشرق میں ماریس کا طوطی بول رہا تھا لیکن یورپ میں حالات کا رخ اس کے خلاف تھا۔ ماریس سے چند ایسی غلطیاں ہوئیں جن کی تفصیل کا یہ مقام نہیں، کہ وہاں کے لوگ اس سے متنفر ہو گئے اور انہوں نے ایک معمولی فوجی فوکس (PHOCAS) کو اپنا سپہ سالار مقرر کر لیا اور قسطنطنیہ پر چڑھائی کر دی لیکن باغیوں کو اپنی اس جلد بازی پر ندامت ہونے لگی۔ اس کے باوجود وہ ماریس کو بادشاہ بنائے رکھنے پر رضامند نہ ہوئے البتہ اس کے بیٹے تھیوڈوسس (THEODOSIUS) اور اس کے سسر جرمانوس (GERMANUS) کے ساتھ دوستانہ خط و کتابت شروع کر دی۔ فوکس ایک بالکل غیر معروف آدمی تھا۔ شاہ روم اس کے نام تک سے واقف نہ تھا جب اسے بتایا گیا کہ فوکس سازشی ہونے کے باوجود بزدل ہے تو اس کے منہ سے بے ساختہ نکلا۔ افسوس اگر وہ بزدل ہے تو یقیناً ایک قاتل ثابت ہو گا۔

حالات تیزی سے بگڑتے گئے۔ آخر کار بدقسمت ماریس اپنی بیوی اور نو بچوں کو لے کر ایک چھوٹی سی کشتی میں ایشیائی ساحل کی طرف بھاگ نکلا مگر باد مخالف کی شدت نے اسے مجبور کر دیا کہ کالسیڈان کے قریب سینٹ آٹونس میں پناہ لے۔ یہاں سے اس نے اپنے لڑکے کو ایران بھیجا تاکہ خسرو شاہ ایران سے امداد طلب کرے لیکن خود اس نے بھاگنے سے انکار کر دیا۔ اسے طرح طرح کی جسمانی اذیتیں دی گئیں لیکن یہ صبر سے برداشت کرتا رہا۔ جب اسے شاہی تخت سے اتار دیا گیا تو اس کے جانشین کے بارے میں اختلاف پیدا ہو گیا۔ آخر کار نظر انتخاب فوکس پر پڑی اور اس کے سر پر بیزنطینی مملکت کا تاج رکھ دیا گیا۔ اس نے اپنے حامیوں پر انعام و اکرام کی بارش کر دی۔ ان کے لیے خزانوں کے منہ کھول دیئے۔ پادریوں نے بھی اس کی شاہی کا اعلان کر دیا چنانچہ یوحنا کے کلیسا میں لے جا کر اسے خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ تیسرے روز وہ ایک شاہی رتھ پر سوار ہو کر جسے چار سفید و براق گھوڑے کھینچ رہے تھے نکلا تو بے شعور عوام نے اس پر داد و تحسین کے پھول برسانے میں حد کر دی۔ اسے معلوم ہوا کہ ماریس ابھی زندہ ہے۔ اس نے جلادوں کو بھیجا کہ اسے پکڑ لائیں۔ چنانچہ ماریس اپنے پانچ بیٹوں کے ساتھ اس مقدس کلیسا سے پکڑ کر لایا گیا۔ اس کے سامنے اس کے پانچوں بیٹوں کو یکے بعد دیگرے قتل کر دیا گیا۔ جب بھی جلاد اس کے کسی بیٹے کا سر قلم کرنے کے لیے ضرب لگاتا تو وہ بڑی جرأت سے کہتا: "اے خدا تو عادل ہے اور تیرے فیصلے درست ہیں"۔ آخر اس کو بھی موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ ان کی لاشوں کو سمندر میں پھینک دیا گیا اور ان کے سروں کو سر بازار لٹکا دیا گیا۔ اس وقت اس کی عمر ۶۳ سال تھی اور اس کا دور حکومت بیس سال۔

کچھ عرصہ بعد ماریس کی بیوہ کانسٹینٹینا (CONSTANTINIA) کو اس کی تین معصوم بچیوں سمیت کالسیڈان کے اسی میدان میں ذبح کر

دیا گیا جہاں چند روز پہلے اس کے خاوند اور اس کے پانچ بچوں کو قتل کر دیا گیا تھا۔

جب ان خونی واقعات کا علم خسرو کو ہوا تو وہ آپے سے باہر ہو گیا اور اعلان کیا کہ وہ اپنے محسن اور باپ ماریس، اس کی بیوہ، اس کے بچوں اور بچیوں کا انتقام فوکس سے ضرور لے گا چنانچہ خسرو نے فوکس کے خلاف اعلان جنگ کر دیا اور رومی مملکت پر چڑھائی کر دی۔ جلد ہی ماڈین، دارا، امیڈا اور ایڈیسا کے قلعوں کا محاصرہ کیا اور انہیں خاک سیاہ بنا کر رکھ دیا۔ دریائے فرات کو عبور کر کے اس نے شام کے مشہور شہروں الیپو وغیرہ پر قبضہ کر لیا۔ ادھر رومی فوکس کے مظالم اور ایرانیوں کے مقابلہ میں اس کی شکست کے باعث اس سے دل برداشتہ ہو گئے۔ انہوں نے افریقہ کے گورنر ہرقل سے ساز باز شروع کی کہ وہ روم کا تخت سنبھالے اور رومی سلطنت کو تباہی اور بربادی سے بچائے۔ ہرقل بوڑھا ہو چکا تھا اس لیے اس نے اپنے جواں سال بیٹے ہرقل ثانی کو اس مہم کے لیے نامزد کیا۔ اس نے بڑی جرأت اور تیزی سے پیشقدمی کی اور فوکس کو اس کے حملہ کی اس وقت خبر ہوئی جب اس نے اپنے محل کی کھڑکیوں سے ہرقل کے جنگی بیڑے کے بادبان اور بلند پرچم لہراتے ہوئے دیکھے۔ معمولی جھڑپ کے بعد ہرقل فتح کے شادیانے بجاتا ہوا قسطنطنیہ میں داخل ہوا۔ فوکس کو پابجولاں حاضر کیا گیا۔ اس کا سر کاٹ کر پھینک دیا گیا۔ اس کی لاش کو نذر آتش کر دیا گیا اور ہرقل نے فوکس کے حامیوں پر وہی ظلم و ستم کیے جو انہوں نے زمام اقتدار سنبھالتے وقت اپنے دشمنوں پر کیے تھے۔ یہ واقعہ ۶۱۰ عیسوی کا ہے۔ یہ وہی سال ہے جب حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے نبوت کا اعلان فرمایا تھا ——— خسرو جو اپنے محسن کا انتقام لینے کے لیے بڑھا چلا آ رہا تھا اس کو پتہ چل گیا کہ اس کے محسن کا قاتل فوکس کیفر کردار کو پہنچ چکا ہے۔ اگر اس کی چڑھائی کا مقصد صرف انتقام لینا تھا تو وہ پورا ہو چکا تھا اسے چاہیے تھا کہ وہ اب واپس لوٹ آتا، لیکن اس نے ایک زخمی آدمی کو ماریس کا بیٹا ظاہر کیا اور اپنا حملہ جاری رکھا۔ رومی مملکت کے جن علاقوں سے اس کا گزر ہوا انہیں تاخت و تاراج کر دیا جاتا۔ ظاہر یہ کرتا کہ میں ماریس کے اس بیٹے کو تخت نشین کرنا چاہتا ہوں۔ یہ محض بہانہ تھا حقیقت میں وہ رومی مملکت پر قبضہ کرنا چاہتا تھا۔ اس نے اپنی اس مہم کو زیادہ زور دار اور پُر جوش بنانے کے لیے اسے مذہبی رنگ دے دیا اور اسے مجوسیت اور عیسائیت کے درمیان جنگ قرار دے دیا۔ دوسری مذہبی اقلیتیں جو رومیوں کے متعصب حاکموں اور تنگ دل پادریوں کے مظالم کا شکار بنتی چلی آئی تھیں انہوں نے ایرانیوں کا ساتھ دیا۔ چنانچہ چھبیس ہزار یہودی خسرو کی فوج میں بھرتی ہو گئے۔ صرف غیر عیسائی اقلیتیں ہی نہیں بلکہ وہ عیسائی فرقے جن کو کلیسا نے ملحد قرار دے دیا تھا نسطوری، یعقوبی وغیرہ وہ بھی خسرو کے ساتھ ہو گئے۔

ایرانی فوجوں نے انطاکیہ پر قبضہ کر لیا۔ ۶۱۳ عیسوی میں دمشق میں داخل ہوئیں۔ ۶۱۴ عیسوی میں بیت المقدس کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ ہیلینا اور قسطنطین کے شاہی قصے مسمار کر دیئے گئے۔ کلیسوں کی ساری دولت لوٹ لی گئی۔ وہاں کا لاٹ پادری زکریا گرفتار کر لیا گیا اور اصل صلیب جس پر عیسائیوں کے خیال کے مطابق حضرت مسیح کو سولی دی گئی تھی پرشیا بھیجی گئی اور ۹۰ ہزار عیسائیوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح ذبح کر دیا گیا۔

انہیں ایام میں مکہ میں توحید و شرک کی آویزش سنگین صورت اختیار کرتی جا رہی تھی۔ مکہ اور مضافات کے مشرکین اسلام کی اس شمع کو بجھانے کے درپے ہو گئے تھے۔ مسلمان اپنی قوت ایمانی کے بل بوتے پر ان کے پیہم مظالم کو برداشت کر رہے تھے اور وہ نور اسلام کو پھیلانے کے لیے ہر طرح سے کوشاں تھے۔ جب شام اور فلسطین میں ایرانی مجوسیوں کی کامیابی اور رومی عیسائیوں کی شکست کی خبریں پہنچیں تو کفار مکہ کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ اور کہنے لگے جس طرح ہمارے آتش پرست اور مشرک بھائی تمہارے ہم مسلک اہل کتاب کی سرکوبی کر رہے ہیں اور قدم قدم پر انہیں شکست دے رہے ہیں ہم تمہیں بھی اسی

طرح نیست و نابود کر کے رکھ دیں گے۔

حالات کفارِ مکہ کی تائید کر رہے تھے۔ رومیوں کی قوت دن بدن دم توڑ رہی تھی۔ ایرانی فوج اور ان کے شہنشاہ کی طاقت میں اضافہ ہو رہا تھا۔ رومی مملکت کے مفتوحہ صوبوں کے خزانے خاقانِ کسریٰ کے قدموں میں ڈھیر ہو رہے تھے۔ اس کی فوجیں جدھر کا رخ کرتیں فتح و کامیابی ان کے قدم چومتی۔ شام، فلسطین، اُردن، لبنان پر خسرو کا پرچم لہرانے لگا۔ افریقہ میں مصر سے لیبیا تک کا علاقہ فتح کر لیا گیا۔ دوسرے محاذ پر ایرانی فوجیں خود قسطنطنیہ کے دروازے پر دستک دینے لگیں اور ۶۱۶ء میں شہر کے سامنے ایک بلند پہاڑی پر ایرانی فوجوں نے اپنا کیمپ قائم کر لیا۔ ان حیرت انگیز فتوحات کے علاوہ مشہور انگریز مؤرخ گبن (EDWARD GIBBON) خسرو کے جاہ و حشم کا یوں ذکر کرتا ہے:

"ایرانی شہنشاہ کی سطوت کے اظہار کے لیے ۹۶۰ ہاتھی ہر وقت تیار رہتے۔ بیس ہزار اونٹوں پر شاہی سامان سفر لادا ہوتا تھا۔ شاہی اصطبل میں چھ ہزار خچر اور اصیل گھوڑے موجود رہتے۔ جن میں سے شبدیز اور بریدا اپنے حسن اور خوبیوں کی وجہ سے لازوال شہرت حاصل کر چکے تھے۔ شاہی محل کے دروازوں کے سامنے چھ ہزار شہسوار پہرے دار متعین تھے۔ محل کے اندر بارہ ہزار غلام مختلف خدمات سرانجام دینے کے لیے مامور تھے۔ تین ہزار کنواری دوشیزائیں ان کے علاوہ تھیں۔ دنیائے حسن و جمال کی ملکہ شیریں کا نام کون نہیں جانتا۔ وہ خسرو کے محل کو چار چاند لگا رہی تھی، لیکن خسرو کے ساتھ شیریں کی سرد مہری اور بے التفاتی کی تلافی کے لیے ایشیا کی حسین و جمیل عورتیں موجود تھیں۔ قیمتی ہیرے، جواہرات، سونے چاندی کے زیورات کا شمار ہی نہ تھا۔"

گبن نے یہاں خوب لکھا ہے:

"جب خسرو اپنے عظمت و عروج کے نشہ میں مخمور تھا اسے دنیا بھر میں اپنا کوئی ہمسر نظر نہ آتا تھا۔ اس وقت اسے ایک مکتوب موصول ہوا۔ ایک ایسی ہستی کی طرف سے جو مکہ کا باشندہ ہے اور غیر معروف ہے۔ اس خط میں خسرو کو یہ دعوت دی گئی ہے کہ تم سلامتی چاہتے ہو تو اسلام کو قبول کرو۔ اللہ تعالیٰ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت پر ایمان لے آؤ۔ خسرو نے اس دعوت کو مسترد کر دیا اور اس نامہ کو پرزے پرزے کر دیا۔ اس کی اس نازیبا حرکت پر حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے یوں ارشاد فرمایا کہ خسرو نے میرا مکتوب پھاڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی مملکت کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے پارہ پارہ کر دیا ہے۔" (رومن ایمپائر جلد ۴۔ ص ۵۱۴)

خسرو کی نخوت اور غرور کا اندازہ اس خط سے بھی لگایا جا سکتا ہے جو اس نے بیت المقدس سے ہرقل کو لکھا تھا۔ اس کی عبارت پڑھ کر انسان کانپ اٹھتا ہے۔ خسرو نے ہرقل کو لکھا:

"سب خداؤں کے بڑے خدا، تمام روئے زمین کے مالک خسرو کی طرف سے اس کے کمینے اور بے شعور بندے کے نام۔

تو کہتا ہے کہ تجھے اپنے رب پر بھروسہ ہے کیوں نہ تیرے رب نے یروشلم کو میرے ہاتھ سے بچا لیا۔"

ایک ایرانی جرنیل سین (SAIN) نے جب ہرقل کو مشورہ دیا کہ وہ صلح کے لیے اپنا سفیر خسرو کی خدمت میں بھیجے شاید جان بخشی کی صورت نکل آئے۔ اس رسوا کن تجویز کو ہرقل نے فوراً قبول کر لیا اور اپنا سفیر امن اور معذرت خواہی کے لیے خسرو کے دربار میں بھیجا۔ اس نے جب یہ درخواست پیش کی تو خسرو غصہ سے بے قابو ہو گیا اور گرج کر بولا:

"سفیر نہیں بلکہ خود ہرقل کو زنجیروں میں جکڑ کر میرے تخت کے سامنے لایا جائے اور میں شاہِ روم کو کبھی امن نہیں دوں گا جب تک

اپنے مصلوب خدا کا انکار کر کے سورج دیوتا کی پوجا شروع نہ کر دے اور میرا مذہب نہ اختیار کر لے۔"

یہ حالات تھے جب قرآن کریم کی یہ آیات طیبات اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب بندے اور آخری رسول پر نازل فرمائیں، جن میں یہ مژدہ سنایا گیا کہ چند سال میں رومی غالب آجائیں گے اور ایرانیوں کو شکست ہوگی۔ چنانچہ گبن لکھتا ہے:

"کہ جس وقت یہ پیشین گوئی کی گئی تھی۔ اس وقت اس کا پورا ہونا ناممکن تھا کیونکہ ہرقل کے عہد حکومت کے پہلے بارہ سالوں میں ہر وقت یہ خطرہ لاحق تھا کہ رومی مملکت کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گے۔" تاریخ گبن جلد چار صفحہ ۷۴

AT THE TIME THIS PREDICTION IS SAID TO HAVE BEEN DELIVERED, NO PROPHECY COULD BE MORE DISTANT FROM ITS ACCOMPLISHMENT SINCE THE FIRST TWELVE YEARS OF HERACLIUS ANNOUNCED THE APPROACHING DISSOLUTION OF THE EMPIRE.

جب اس ظالم وسفاک کے پنجۂ استبداد سے نجات کی کوئی راہ نظر نہ آئی تو ہرقل نے اپنی عظیم مملکت کو بچانے کے لیے اپنی جان کی بازی لگا دینے کا عزم مصمم کر لیا۔ سب سے پہلے اسے جنگی تیاریوں کے لیے روپیہ کی ضرورت تھی۔ شاہی خزانہ پیہم جنگ وجدال اور فتنہ وفساد کی وجہ سے خالی ہو چکا تھا، چنانچہ اس نے کلیساؤں میں جمع شدہ دولت حاصل کرنے کی کوشش کی اور بڑی منت سماجت کے بعد پادری لوگ بھاری شرح سود پر قرضہ دینے پر رضامند ہوئے۔ انہوں نے قیصر سے پختہ وعدہ لیا کہ وہ یہ رقم مع سود واپس کر دے گا۔ مالی مشکلات پر قابو پانے کے بعد اس نے آزمودہ کار سپاہیوں کا ایک لشکر فراہم کیا اور ایسٹر کی عید کے دوسرے روز بعد اس نے کوچ کا طبل بجا دیا۔ اس نے شاہی خلعت فاخرہ اتار دی اور سپاہیانہ سادہ لباس زیب تن کیا اور اس عظیم تاریخی مہم پر روانہ ہو گیا۔ اس نے تری راستہ کے بجائے بحری راستہ اختیار کیا اور بڑی سرعت کے ساتھ اپنے جنگی بیڑے کو شام کے ساحل پر لنگر انداز کر دیا۔ ایرانی فوجیں عرصہ سے قسطنطنیہ کے قریب خیمہ زن تھیں۔ ان کے نرغے سے قیصر کس طرح نکلا اس کی تفصیل علامہ ابن کثیر نے لکھی ہے جس کی یہاں گنجائش نہیں۔ قیصر اپنے جنگی بیڑے کے ساتھ شام کے ساحل پر لنگر انداز ہو گیا اور آرمینیا کے کوہستانی دشوار راستوں سے ہوتا ہوا ایران کے قلب پر حملہ آور ہوا۔ اور ابن کثیر کے قول کے مطابق وہ بڑھتا چلا گیا یہاں تک کہ ایران کے پایۂ تخت مدائن پر قبضہ کر لیا۔ وہاں بے شمار لوگوں کو تہ تیغ کیا اور خزانہ میں جو دولت تھی اسے لوٹ لیا۔ کسریٰ کی بیویاں اور اس کے اہل خانہ گرفتار کر لیا۔ اس کے لڑکے کا سر مونڈ دیا اور اسے گدھے پر سوار کر کے کسریٰ کی طرف بھیج دیا۔ کسریٰ جواب تک قسطنطنیہ کا محاصرہ کیے ہوئے تھا چالیس ہزار کا لشکر لے کر واپس لوٹا۔ ہرقل کی پیشقدمی جاری رہی۔ اس نے ان کے سب سے بڑے مقدس آتشکدہ کو بجھا دیا۔ ان کی عبادت گاہوں کو تباہ وبرباد کر دیا اور زرتشت کے مقام پیدائش آرمیا کو تباہ کر دیا۔ اس طرح اس نے اپنے مقامات مقدسہ کی بے حرمتی کا انتقام لیا۔

یہی وہ سال ہے جب کفر اور اسلام کی پہلی جنگ بدر کے میدان میں لڑی گئی جس میں کفار کو قوت وطاقت کے باوجود شکست فاش ہوئی اور ساری بے سروسامانیوں کے باوجود مسلمان کامیاب وسرخرو ہوئے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں رومیوں کے غلبہ اور مسلمانوں کی فتحیابی اور فرحت وشادمانی کی جو خبر دی تھی وہ دس سال کے کم عرصہ میں پوری ہوئی اور وَعْدَ اللّٰهِ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ کی عملی تفسیر مہر نیم روز کی طرح طالب حق کی شاہراہ حیات کو منور کرنے لگی۔

الحمد للہ علی کبریائہ والصلوٰۃ والسلام علی سید انبیائہ والہ واصحابہ اجمعین۔

نوٹ : یہ معلومات مندرجہ ذیل کتب سے حاصل کی گئیں :

تاریخ زوال رومن ایمپائر۔گبن۔ تاریخ ابن خلدون، تفسیر ابن کثیر، انسائیکلوپیڈیا بریٹانیکا ص ۵۹۸، جلد : ۱۷

مضامین سورۃ اس تاریخی پس منظر کو سمجھ لینے کے بعد اب اس سورۃ کے مضامین اپنی بھرپور معنویت اور اثر انگیزی کے ساتھ عیاں ہوتے ہیں۔

ابتدائی آیات میں بتایا کہ انسان اپنی ظاہری جاہ وحشمت پر اتنا مغرور ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے اعمال بد کے نتائج سے بھی بے فکر ہو جاتا ہے وہ یہی سمجھتا ہے کہ اس کا آفتاب اقبال سدا یونہی چمکتا رہے گا۔ اس کے حسن وشباب کی بہار کبھی خزاں آشنا نہیں ہوگی۔ وہ تو ی عوامل بھی اس کی نگاہوں سے اوجھل رہتے ہیں جو عنقریب اس کی عیش ونشاط کی بساط کو الٹنے والے ہوتے ہیں۔

انسان کو خواب غفلت سے جگانے کے لیے اللہ تعالیٰ نے جو نظام حیات اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے بھیجا اسے دین فطرت کہا گیا ہے جس سے یہ اشارہ کرنا مقصود ہے کہ یہ دین انسان کی فطری صلاحیتوں کو ختم نہیں کر دیتا، اس کی ترقی میں سنگ راہ ثابت نہیں ہوتا بلکہ ان کی اس طرح آبیاری کرتا ہے کہ وہ برگ وبار لا کر اس خاکدان ارضی کی زینت اور رونق میں اضافہ کرتی ہیں اس لیے اس کی پابندی ہر سلیم الفطرت آدمی کے لیے ضروری ہے۔

سورۃ کے مختلف مقامات پر اللہ تعالیٰ کی قدرت اور حکمت کی روشن دلیلیں ذکر کر کے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ وہی خدا ہے جو ان صفات کمال سے متصف ہے اس کے علاوہ سب اس کے عاجز بندے ہیں۔ کسی کو یہ زیب نہیں دیتا کہ اس کی ہمسری کا خیال کرے کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ کسی کو اس کا شریک بنائے۔

دیگر مضامین اپنے اپنے مقام پر ملاحظہ فرمائیے اور حسب شوق قرآن کریم کے خیابان عرفان سے پھول چن چن کر زیب دستار بنائیے۔

سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سِتُّوْنَ اٰيَةً وَسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الروم مکی ہے اس کی آیتیں ۶۰ اور رکوع ۶ ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

الٓمّٓ ۝۱ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۝۲ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

الف۔ لام۔ میم [1] ہرا دیے گئے رومی [2] پاس کی زمین میں اور وہ ہار جانے کے بعد

[1] الف میم۔ یہ حروف مقطعات ہیں۔ جن کے متعلق تفصیلی بحث اس سے پہلے متعدد مقامات پر گزر چکی ہے۔ یہاں علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک تاویل پیش خدمت ہے۔ فرماتے ہیں عالم تین ہیں: عالم امر، عالم ارواح اور عالم ملک۔ عالم امر اس عالم کو کہتے ہیں، جہاں ہر چیز کو اس کا تعین اور تشخص دیا جاتا ہے۔ ھو المبدأ یعنی ہر چیز کو اس کی موجودہ صورت اور خصوصیات مرحمت کی جاتی ہیں۔ ھو المبدأ لجمیع التعینات۔ الف سے اسی کی طرف اشارہ ہے۔ عالم ارواح ایک درمیانی کڑی ہے۔ الذی ھو الوسط بین الوجودیات لام سے اس کی طرف اشارہ ہے اور عالم الملک تنزلات اور استرسالات کا آخری درجہ ہے۔ میم سے اسی کی طرف اشارہ ہے۔ پھر فرماتے ہیں ثم اسرار الحروف المقطعات والمتشابھات القرآنیه مما ینکشف لاھل اللہ بعد الوصول الی غایة المراتب۔ یعنی جب بندگان خدا قرب و معرفت کی اعلیٰ ترین منزل پر فائز ہوتے ہیں تو حروف مقطعات اور متشابہات کے اسرار و معارف اُن پر آشکارا ہو جاتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعطاؤہ اتم وھباتُهٗ لا تُعَدُّ وَلا تُحصٰی۔

[2] غلبت الروم: اَدْنٰی: دُنُوٌّ سے ہے جس کا معنی ہے بہت قریب۔ الارض: ملک اور علاقہ۔ حجاز کے شرق میں ایرانیوں کی وسیع و عریض مملکت تھی جو مشرک اور آتش پرست تھے۔ مغرب میں رُومی سلطنت تھی جو اہل کتاب اور حضرت مسیح کے پیروکار تھے۔ ان کا پرچم یورپ، افریقہ، ایشیا کے مغربی ممالک، شام، اُردن، فلسطین کی فضاؤں میں لہرا رہا تھا۔ جب مکہ میں حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے توحید کی تبلیغ شروع کی تو مکہ کی آبادی دو حصوں میں بٹ گئی۔ ایک گروہ مشرکین کا تھا جو بت پرست تھے اور دُوسرا گروہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے غلاموں کا تھا جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کو دل و جان سے تسلیم کر چکے تھے اور ہر قسم کے شرک جلی اور خفی سے اُن کا دل پاک ہو چکا تھا۔ کفر و اسلام کی یہ کشمکش دن بدن شدت اختیار کرتی جا رہی تھی۔ مکہ میں جب یہ اطلاع پہنچی کہ ایران اور روم باہم برسرپیکار ہیں، تو طبعی طور پر مشرکین مکہ کی دلچسپیاں ایران کے آتش پرست مشرکوں کے ساتھ تھیں اور فرزندانِ اسلام کی ہمدردیاں رُومیوں کے ساتھ تھیں جو اہل کتاب تھے۔ انہی ایام میں خسرو کسریٰ ایران کی جنگ قیصر روم کی فوجوں کے ساتھ شام کے نواحی علاقہ میں ہوئی جس میں ایرانیوں کا پلہ بھاری رہا۔ اپنے ہم مشربوں کی کامیابی کی خبر سن کر مشرکین مکہ کی خوشی کی انتہا نہ رہی اور لگے ڈینگیں مارنے

غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ۝۳ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ۭ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ

ضرور غالب آئیں گے ۝ چند برس کے اندر ۝ اللہ ہی کا حکم ہے پہلے بھی

وَمِنْۢ بَعْدُ ۭ وَيَوْمَىِٕذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۴ بِنَصْرِ اللّٰهِ ۭ يَنْصُرُ

اور بعد بھی اور اس روز خوش ہوں گے اہل ایمان اللہ تعالیٰ کی مدد سے۔ وہ مدد

کہ جس طرح آگ کے پجاریوں نے شام کے علاقہ میں اہل کتاب کو شکست دی ہے اسی طرح یہاں بھی بہت جلد لات وہبل کے پرستار اللہ تعالیٰ کی توحید کے علمبرداروں کو نیست و نابود کر کے رکھ دیں گے۔ مسلمانوں کے دل بھی رُومیوں کی شکست سے بڑے رنجیدہ ہوئے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل کر کے ایرانیوں کی شکست فاش اور رومیوں کی فتح مبین کی پیشگوئی فرمائی۔ اور اپنے بندوں کو تسلی دی کہ کفر کی یہ کامیابی عارضی ہے۔ چند سالوں میں حالات کا رُخ بدل جائے گا اور رومیوں کا بول بالا ہو گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا جس کا مفصل بیان اس سورۃ کے تعارف میں آپ پڑھ چکے ہیں۔

؎ یہاں سٓ تاکید کے لیے ہے یعنی رُومی ضرور غالب ہوں گے۔ مستقبل قریب کا معنی فی بضع سنین سے واضح ہے۔ ایک مفہوم ادا کرنے کے لیے دو لفظ شانِ فصاحت سے بعید ہیں۔ وفی ذلک تاکید لما یفهم من السین ای سیغلبون فارس البتة۔ (روح المعانی)

؎ علامہ جوہری اپنی لُغت کی مشہور کتاب الصحاح میں اس لفظ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں و بضع فی العدد بکسر الباء و بعض العرب یفتحها وھو ما بین الثلاث الی التسع (بضع تین سے لے کر نو تک کے اعداد پر بولا جاتا ہے) جب یہ آیات نازل ہوئیں تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کفار کے پاس گئے اور کہا کہ اپنے مشرک بھائیوں کے غلبہ پر زیادہ خوشیاں نہ مناؤ کیونکہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ہے کہ عنقریب رومی ایرانیوں کو شکست دیں گے۔ یہ سُن کر اُبی ابن خلف سے نہ رہا گیا اور کھڑا ہو کر کہنے لگا اے ابوبکر! تم جھوٹ بول رہے ہو۔ حضرت صدیق نے فرمایا۔ انت اکذب یا عدو اللہ۔ اے اللہ کے دشمن تم جھوٹے ہو۔ میں اس پر شرط بدنے کے لیے تیار ہوں۔ اگر تین سال تک ایرانی غالب آ گئے تو تمہیں دس اُونٹ دوں گا۔ اور اگر رُومی فتح یاب ہوئے تو تمہیں دس اُونٹ دینا ہوں گے۔ اُبی نے یہ شرط منظور کر لی۔ حضرت صدیق وہاں سے بارگاہِ رسالت میں آئے اور سارا ماجرا عرض کیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا بضع سنین کا لفظ تین سے نو تک بولا جاتا ہے۔ آپ واپس جائیں اور اُبی ابن خلف سے مدت میں توسیع اور شرط میں زیادتی کا مطالبہ کریں۔ چنانچہ مدت نو سال قرار پائی اور اُونٹوں کی تعداد دس سے سو کر دی گئی۔ وقت گزرتا گیا جس دن اللہ تعالیٰ نے غلامانِ مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء کو میدانِ بدر میں فتح مبین سے شاد کام فرمایا اسی روز یہ خبر بھی پہنچی کہ رُومیوں نے ایرانیوں کو شکست فاش دی ہے۔ مسلمانوں کو ایک وقت میں دو خوشیاں نصیب ہوئیں۔ اُبی ابن خلف اس واقعہ سے پہلے ہلاک ہو چکا تھا۔ چنانچہ حضرت صدیقؓ نے شرط کے سو اُونٹ اس کے وارثوں سے وصول کیے اور انہیں لے کر حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ رسولِ اکرم نے فرمایا

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ

فرماتا ہے جس کی چاہتا ہے اور وہی سب پر غالب ہے ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ یہ وعدہ اللہ نے کیا ہے ۵ اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کی

وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا

خلاف ورزی نہیں کرتا لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے ۶ وہ جانتے ہیں دنیوی زندگی کے

تَصَدَّقْ بِهٖ۔ اے ابوبکر! انہیں صدقہ کر دو۔ اپنے آقا کا اشارہ پاتے ہی اس پیکرِ تسلیم و رضا نے سو کے سو اونٹ راہِ خدا میں صدقہ کر دیئے اور مدعیانِ محبت کے سامنے ارشادِ محبوب کی تعمیل کی ایک تابندہ مثال پیش کر دی۔

مسئلہ: شریعتِ اسلامی میں شرط بدنا حرام ہے۔ جس وقت حضرتِ صدیق نے یہ شرط لگائی تھی اس وقت تک اس کی حرمت کا حکم نازل نہیں ہوا تھا۔ بعد میں اسے حرام کر دیا گیا۔ اسی لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان اونٹوں کو صدقہ کرنے کا حکم فرمایا۔

۵ یہ مفعول مطلق ہے۔ اس کا عامل محذوف ہے۔ تقدیر کلام یوں ہے وَعَدَ اللّٰهُ وَعْدًا۔ اس کا مقصد کلام سابق کی تاکید بالغے تاکید ہے یعنی رُومی ضرور غالب آئیں گے اور مسلمانوں کو یقیناً اس روز خوشی ہو گی۔

۶ کیونکہ وعدہ خلافی عیب ہے اور جو شخص وعدہ خلافی کرتا ہے وہ اپنی بے بسی اور کمزوری کا اعتراف کرتا ہے کہ وہ اس وعدہ کو ایفا کرنا چاہتا تھا لیکن اپنی بے بسی کے باعث ایسا نہ کر سکا۔ یا وعدہ خلافی کرنے والے کے خبثِ باطن کی دلیل ہے کہ اس نے جو وعدہ کیا وہ اسے پورا کرنا نہیں چاہتا تھا۔ اس نے محض دوسرے آدمی کو دھوکہ اور فریب دینے کے لیے یہ وعدہ کر لیا تھا۔ یہ سب عیب ہیں اور اللہ تبارک و تعالیٰ تمام عیوب سے مبرا اور منزہ ہے۔

ان آیات کی ایک دوسری تفسیر علامہ کلینی نے اپنی مشہور کتاب الکافی میں حضرتِ امام باقر علیہ وعلیٰ آباءہ الکرام افضل الصلوٰۃ والسلام سے نقل کی ہے لیکن ہے اس کے مطالعہ سے کسی کے دل میں صحابۂ کرام خصوصاً حضرت فاروقِ اعظم کے خلاف جو بغض و عناد ہے وہ دُور ہو جائے اس لیے اس روایت کا ترجمہ پیشِ خدمت ہے۔

ابو عبیدہ نے حضرت امام ابو جعفر باقر و الدِ ماجد حضرت جعفر صادق سے ان آیات کا مطلب پوچھا حضرت نے ارشاد فرمایا ان آیات کی ایک ایسی تاویل ہے جسے صرف اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور آلِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے جو لوگ راسخون فی العلم کی صفت سے متصف ہیں وہ جانتے ہیں۔ پھر فرمایا حضور جب ہجرت کر کے مدینہ طیبہ تشریف لائے تو حضور نے ایک گرامی نامہ قیصرِ روم کو لکھا اور اسے اسلام قبول کرنے کی دعوت دی۔ شاہِ روم کے پاس جب قاصد یہ نامہ مبارک لے کر پہنچا تو اس نے بڑی تعظیم کی اور قاصد سے بھی بڑی عزت و احترام سے پیش آیا۔ لیکن شاہِ ایران نے والا نامہ کی بے ادبی کی اور اسے پارہ پارہ کر دیا اور قاصد کی بھی توہین کی۔ ان دنوں میں شاہِ ایران اور شاہِ روم کی لڑائی شروع تھی۔ مسلمانوں کی آرزو تھی کہ شاہِ روم کامیاب ہوں۔ لیکن جنگ کا نتیجہ مسلمانوں کی خواہش کے برعکس نکلا۔ ایرانی کامیاب ہو گئے۔ رومیوں کو شکست ہوئی۔ مسلمانوں نے یہ خبر سنی تو انہیں بہت دُکھ ہوا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں۔ ان کا مطلب یہ

مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚۖ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۷ اَوَلَمْ

ظاہری پہلو کو ؎ اور وہ آخرت سے بالکل غافل ہیں۔ کیا انہوں نے

کہ رومی قریب کے علاقہ میں شام واردن میں شکست کھا گئے۔ وھم یعنی وفارس من بعد غلبھم (الروم) سیغلبون یعنی یغلبھم المسلمون فی بضع سنین للہ الامر من قبل ومن بعد ویومئذ یفرح المومنون بنصر اللہ عز وجل۔ ترجمہ: اور یہ فارسی رومیوں کو شکست دینے کے بعد خود مغلوب ہو جائیں گے یعنی مسلمان اُن پر غالب آ جائیں گے۔ چند سالوں میں اللہ تعالیٰ کا ہی حکم ہے پہلے بھی اور پیچھے بھی۔ اس دن اہل ایمان خوش ہوں گے اللہ کی مدد سے۔ اللہ تعالیٰ مدد فرماتا ہے جس کی چاہتا ہے۔

جب مسلمانوں نے ایران پر حملہ کیا اور اُسے فتح کر لیا تو مسلمان اللہ کی اعانت اور نصرت سے خوش ہوئے۔ ابو عبیدہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی کہ اے امام عالی مقام قرآن نے تو بضع سنین (چند سال) کی مدت مقرر کی ہے اور مسلمانوں نے ان آیات کے نزول کے کافی سال بعد حضور کی معیت میں گزارے پھر حضرت ابوبکر کی خلافت کا زمانہ گزرا۔ پھر یہ ملک حضرت عمر کی امارت میں فتح ہوا۔ تو آپ نے فرمایا اے ابو عبیدہ! کیا میں نے تمہیں پہلے ہی نہیں کہہ دیا تھا کہ ان آیات کی ایسی تاویل اور تفسیر ہے جسے اللہ تعالیٰ اور ائمہ اہل بیت ہی جانتے ہیں۔ (کتاب الروضہ جلد دوم ص ۱۲۹، ۳۰۔ مطبوعہ مکتبہ الاسلامیہ تہران ایران)

حضرت امام باقر کی اس تفسیر سے معلوم ہوا کہ ان آیات میں فتح ایران کی بشارت دی گئی ہے اور یہ فتح محض اللہ تعالیٰ کی تائید، نصرت اور اعانت سے حاصل ہوئی اور اس فتح سے اہل ایمان کو خوشی اور شادمانی نصیب ہوئی۔ اب آپ خود ہی اندازہ فرمائیں جس خلیفہ کی افواج کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی امداد ہو جس خلیفہ کی فتوحات کی خوشخبریاں اللہ تعالیٰ نے اپنی مقدس کتاب میں دی ہوں جس خلیفہ کی فتوحات سے اہل ایمان کے دلوں میں فرحت وشادمانی کی بہار آ گئی ہو۔ اسلام کی عزت و اقبال کا آفتاب نور افشاں ہوا ہو کیا اس خلیفہ کے برحق ہونے میں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش ہے؟ جو لوگ اس عظیم المرتبت خلیفہ کے درخشاں کارناموں کے باوجود اس پر زبانِ طعن دراز کریں یا اس کے ایمان پر معترض ہوں ان کا انجام کیا ہوگا۔ آیات ربانی کے اس شفاف آئینہ میں اور حضرت امام باقر کی اس تفسیر کی روشنی میں لوگ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت کا مطالعہ کیوں نہیں کرتے؟ اللہ تعالیٰ ہم سب کو راہ حق پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور تعصب اور ہٹ دھرمی سے رہائی بخشے! آمین بجاہ طٰہٰ ویٰس صلی اللہ علیہ وسلم۔

؎ یعنی ظاہری حالات تو ایسے ہی تھے کہ رومیوں کی کامیابی کا قطعاً کوئی امکان ہی نہ تھا اور صرف ظاہری احوال واطوار پر نظر رکھنے والے کبھی یہ باور نہیں کر سکتے تھے کہ تباہ حال رومی قہر وجبروت کے پیکر خسرو پرویز کو ناک چنے چبوا دیں گے۔ اور خسرو کے سر غرور کو اس کے اپنے بیٹے کی تلوار قلم کر کے رکھ دے گی، اس لیے وہ لوگ قرآن کریم کی اس پیش گوئی کو تسلیم کرنے کے لیے قطعاً تیار نہیں تھے لیکن اللہ تعالیٰ جس نے سبب اور مسبب علت اور معلول میں مستحکم رابطہ قائم کیا ہے وہ اس رابطہ کو بے اثر بھی بنا سکتا ہے اور اسباب وعلل کی اثر انگیزی کو یک قلم موقوف بھی کر سکتا ہے اور انہیں بدل دینے کا بھی پورا اختیار رکھتا ہے اس لیے جس بات کو مکہ کے زیرک اور معاملہ فہم سرداران قریش نہ سمجھ سکے اسے صدیق کے نورِ فراست نے دیکھ بھی لیا اور اُس کے دل نے اسے تسلیم بھی کر لیا۔

يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۫ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

کبھی غور نہیں کیا اپنے جی میں ؎ نہیں پیدا فرمایا اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو اور جو

وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ

کچھ ان کے درمیان ہے مگر حق کے ساتھ اور ایک مقررہ مدت تک کے لیے۔ اور بلاشبہ اکثر لوگ

النَّاسِ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

اپنے رب کی ملاقات کے سخت منکر ہیں۔ کیا انہوں نے سیروسیاحت نہیں کی زمین میں،

فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَشَدَّ

تاکہ وہ دیکھتے کیا ہوا انجام ان لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے ؎ وہ زیادہ تھے

اس آیت کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ وہ لوگ جن کا آنے والی زندگی پر ایمان نہیں وہ اس دنیوی زندگی کو پُرلطف اور باوقار بنانے کے لیے ہر وقت مصروف رہتے ہیں اس معاملہ میں ان کی فہم و فراست کو دیکھ کر انسان عش عش کر اُٹھتا ہے۔ تجارت، حرفت، صنعت، زراعت اور دیگر دنیاوی امور میں ان کی جدت طرازیاں اور نُدرت آفرینیاں لوگوں کو حیران کر دیتی ہیں۔ لیکن یہی لوگ جو اپنی عقل و دانش اپنی عاقبت سنوارنے کی طرف متوجہ نہیں ہوتے اور ایسی نیکیاں کرنے کا شوق ان کے دلوں میں پیدا نہیں ہوتا جو آسان بھی ہیں اور ارزاں بھی۔ اس معاملہ میں ان کی کوتاہیوں پر جب نظر پڑتی ہے تو ان کی نادانی اور حماقت پر ہنسی آجاتی ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

وَمِنَ الْبَلِيَّةِ اَنْ تَرٰى لَكَ صَاحِبًا ... فِيْ صُوْرَةِ الرَّجُلِ السَّمِيْعِ الْبَصَرِ

فَطِنٌ بِكُلِّ مُصِيْبَةٍ فِيْ مَالِهٖ ... وَاِذَا اُصِيْبَ بِدِيْنِهٖ لَمْ يَشْعُرِ (القرطبی)

یعنی یہ بڑی الم انگیز بات ہے کہ تیرا ایک دوست جو عقل و دانش میں لاجواب ہے اور اپنے مالی نقصان سے بچنے کے لیے بڑی عقلمندی کا ثبوت دیتا ہے لیکن اسکے دین پر قیامت ہی کیوں نہ ٹوٹ پڑے اور اس کے ایمان کا چراغ بجھ ہی کیوں نہ جائے اسے احساس تک نہیں ہوتا۔

؎ کفر و گمراہی کی اندھیری رات میں فکر و تدبر کا چراغ روشن کرنے کی ترغیب دی جارہی ہے۔ اپنے جسم کی ظاہری ساخت، اسکے ظاہری اور باطنی قویٰ مختلف اعضاء اور انکے متعلقہ وظائف میں غور و فکر کرو۔ آسمان کی بلندی زمین کی پستی پر نگاہ عبرت ڈالو ہر چیز گواہی دے رہی ہے کہ ان کو پیدا کرنیوالا ان کو مختلف خوبیوں اور خصوصیتوں سے متصف کرنیوالا قادر بھی ہے اور حکیم و علیم بھی۔ اس غور و فکر سے کفر کے گھٹا ٹوپ اندھیرے کافور ہو جائینگے حق و صداقت کا اجالا ان کی زندگی کے سارے شعبوں کو منور کر دیگا لیکن مصیبت تو یہ ہے کہ اکثر لوگ آیات الٰہی میں غور و تدبر کی زحمت گوارا نہیں کرتے اور ساری عمر بھٹکتے رہتے ہیں۔ ؎ غور و فکر کی صلاحیت ہر شخص میں یکساں نہیں ہوتی۔ اور جنہیں یہ صلاحیت بخشی جاتی ہے ان میں سے

مِنْهُمْ قُوَّةً وَّ اَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا

ان سے زور میں اور انہوں نے خوب ہل چلائے زمین میں ۱۰ اور انہوں نے اسے آباد کیا اس سے زیادہ جتنا انہوں نے اسے آباد کیا

بھی بہت کم اس سے استفادہ کی زحمت گوارا کرتے ہیں۔ لیکن گزری ہوئی قوموں کے اجڑے ہوئے محلات اور قلعوں کے کھنڈرات ہر ملک میں بکثرت موجود ہیں اور ہر آنکھ ان کا مشاہدہ کرتی ہے۔ اس لیے اب دنیا کی بے ثباتی اور برے کاموں کے ہولناک نتائج سے انہیں باخبر کرنے کے لیے سرکش اقوام کے اجڑے ہوئے کھنڈروں اور برباد محلوں کو نگاہ عبرت سے دیکھنے کی طرف انہیں راغب کیا جا رہا ہے۔ فرمایا کہ تمہارے تجارتی کارواں مشرق و مغرب کا سفر کرتے ہیں۔ راستے میں تم نے کئی اجڑی ہوئی بستیاں، کئی ویران محلات، کئی شکستہ قلعے دیکھے ہوں گے کبھی ان کے پاس کھڑے ہو کر ان سے پوچھو کہ تمہارے بنانے والے اور تمہاری تزئین و آرائش پر پانی کی طرح روپیہ بہانے والے تمہیں یوں سونا چھوڑ کر کدھر چلے گئے ہیں؟ آج تمہارے شبستانوں میں چراغ کیوں نہیں جلتے، آج تمہارے گلستانوں میں پھول کیوں نہیں کھلتے جہاں زندگی اپنی ساری رعنائیوں کے ساتھ محو رقص رہا کرتی تھی وہاں آج خاک کیوں اڑ رہی ہے؟ وہ تمہیں بتائیں گے کہ ہمارے بنانے والے اپنے رب کی یاد سے غافل ہو گئے تھے انہوں نے گناہ اور بدی کا راستہ اختیار کر لیا تھا۔ وہ غریبوں پر ظلم ڈھاتے، وہ حقداروں کا حق چھین کر اپنی عیش و نشاط کی بزمیں سجاتے۔ وہ اپنے خالق کے منکر ہو گئے تھے اور قیامت کے دن پر ان کا ایمان نہ رہا، مکافات عمل کے اٹل قانون سے غافل ہو کر انہوں نے ظلم اور گناہ کی حد کر دی انہیں کے گناہ، انہیں کے مظالم، انہیں کا فسق و فجور، انہیں کے کرتوت قہر و عذاب کی بجلی بن کر گرے اور انہیں اور ان کے سامان تعیش کو خاکستر بنا کر رکھ دیا ان کی جاہ و حشمت افسانہ بن کر رہ گئی، یہ شکستہ دیواریں اور اجڑی ہوئی روشیں صرف ان کی تباہی و بربادی کی داستان سنانے کے لیے باقی رہ گئی ہیں اور اپنے پاس سے گزرنے والوں کو اپنی زبان حال سے یہ نصیحت کر رہی ہیں کہ اپنی قوت و طاقت پر، اپنی صحت و جوانی پر، اپنے وسائل کی کثرت اور ثروت کی فراوانی پر مغرور مت ہو، اپنے خالق کا انکار نہ کرو۔ اس کی مخلوق جو اسے بہت پیاری ہے اس پر جبر و تشدد نہ کرو ورنہ تمہارا حشر بھی وہی ہو گا جو تم سے پہلے سرکش لوگوں کا ہو چکا ہے۔

۱۰ عام طور پر اثاروا الارض ـــــــ کا معنی زمین میں ہل چلانا کیا جاتا ہے لیکن علامہ ابن حیان نے اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے۔ قلبوا وجه الارض لاستنباط المياه و استخراج المعادن والقاء البذر فيها للزراعة: والاثارة تحريك الشئ حتى ترتفع ترابه (البحر) یعنی اثار کا لغوی معنی تو کسی چیز کو اس طرح متحرک کرنا اور اسے جنبش دینا ہے کہ اس سے گرد و غبار اڑنے لگے لیکن اہل عرب اثاروا الارض کا یہ معنی مراد لیتے ہیں کہ زمین کی سطح کو اس طرح الٹ پلٹ کرنا کہ اس سے پانی نکالا جا سکے، معدنیات نکالی جا سکیں اور کھیتی باڑی کے لیے اس زمین میں بیج ڈالا جا سکے۔ اس لغوی تشریح کے بعد اب آیت کا مفہوم سمجھیے یعنی وہ برباد شدہ قومیں جن کے کھنڈرات تمہیں درس عبرت دے رہے ہیں وہ قوت و طاقت میں، زرعی مہارت اور صنعتی قابلیت میں تم سے کہیں زیادہ تھیں۔ انہوں نے پہاڑوں کے جگر چیر کر معدنیات کے چھپے ہوئے خزانے نکالے، انہوں نے زمین کھود کر کنوئیں بنائے، نہریں نکالیں، بند باندھے اور بنجر زمینوں میں ہل چلا کر انہیں زراعت کے قابل بنا دیا۔ ان کی عقلمندی اور ہنرمندی کے باعث وہاں سرسبز کھیت لہلہانے لگے۔ جگہ جگہ شہر اور گاؤں آباد ہو گئے لیکن یہ ساری مہارتیں اور قابلیتیں انہیں ان کے جرائم کی پاداش سے نہ بچا سکیں۔ جب ان کی سرکشیاں حد سے بڑھ

وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ

اور آئے ان کے پاس ان کے رسول روشن نشانیاں لے کر۔ پس نہ تھی اللہ کی یہ شان کہ وہ ان پر ظلم کرتا، بلکہ وہ

كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ؕ ﴿۹﴾ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوا

خود ہی اپنے آپ پر ظلم کرتے رہتے تھے۔ آخر کار ان کا انجام جنہوں نے برائی کی تھی، بہت برا

السُّوْٓاٰۤى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۰﴾ ع اَللّٰهُ

ہوا ۱۵ کیونکہ انہوں نے جھٹلایا اللہ کی آیتوں کو اور وہ ان کے ساتھ مذاق کیا کرتے تھے اللہ تعالیٰ

يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ

ابتداء کرتا ہے تخلیق کی پھر (فنا کرنے کے بعد) دوبارہ پیدا کرے گا اسے پھر اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور جس روز

يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا

برپا ہوگی قیامت مجرموں کی آس ٹوٹ جائے گی ۱۶ اور نہیں ہوں گے ان کے لیے ان کے شریکوں میں سے شفاعت کرنے والے ۱۷

گئیں تو مکافاتِ عمل کا قانون سیلاب بن کر امڈا اور انہیں تنکوں کی طرح بہا کر لے گیا۔ اے کفارِ مکہ! اگر تم بھی اپنی اس روش سے باز نہ آئے تو تمہارا انجام بھی یہی ہوگا۔

۱۵ حُسنیٰ کے وزن پر اَسْوَأ کی تانیث ہے۔ عاقبة کان کی خبر مقدم ہے اور السُّوْاٰی اس کا اسم ہے اور بعض نے عاقبة کو رفع پڑھا ہے اور اسے کان کا اسم بنایا ہے اور السُّوْاٰی کو خبر۔ عاقبة مؤنث غیر حقیقی ہے اس لیے کان کی تذکیر جائز ہے۔ بعض علماء نے اَنْ كَذَّبُوا کے جملے کو کان کا اسم بنایا ہے۔ آیت کا مفہوم یہ ہے کہ ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کی تکذیب کی اور ان کا مذاق اڑایا ان کی ان بداعمالیوں کے باعث انہیں ہولناک انجام سے دوچار ہونا پڑا۔

۱۶ جب انسان لاجواب ہو جائے۔ اس کے پاس اپنے دعویٰ کو ثابت کرنے کے لیے کوئی دلیل نہ رہے اور اس پر حیرت و یاس کی کیفیت طاری ہو جائے تو عرب کہتے ہیں۔ اَبْلَسَ الرجل اذا سکت و انقطعت حجته وقریب منه تحیّر۔ قرطبی۔ مجرموں کی کیفیت کی کتنی موثر تصویر کشی ہے۔

۱۷ یعنی دنیا میں جن بتوں کو انہوں نے معبود بنا رکھا تھا جن کو وہ خدائے واحد کا شریک ٹھہراتے تھے اور جن کی عبادت اور پوجا کیا کرتے تھے وہ اس روز ان کی کوئی سفارش نہیں کریں گے۔

بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿۱۴﴾

اور وہ اپنے شریکوں کے منکر ہو جائیں گے۔ ۱۷ اور جس روز برپا ہوگی قیامت اس دن وہ جدا جدا ہو جائیں گے ۱۸

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾

تو وہ جو ایمان لائے تھے اور نیک عمل کرتے رہے تھے وہ باغ (جنت) میں مسرور (اور محترم) ہوں گے ۱۹

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي

اور جنہوں نے کفر کیا تھا اور جھٹلایا تھا ہماری آیتوں کو اور آخرت کی ملاقات کو تو وہ عذاب میں حاضر

الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾

رکھے جائیں گے ۲۰ سو پاکی بیان کرو اللہ تعالیٰ کی جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو ۲۱

۱۷ جب ایسے لوگ روز حشر خلافِ توقع اپنی قبروں سے نکال کر کھڑے کر دیے جائیں گے اور جہنم کے غضبناک شعلے ان کو بھسم کرنے کے لیے لپک رہے ہوں گے اور ان کے یہ جھوٹے معبود ان کی سفارش کرنے اور ان کی دستگیری کرنے سے انکار کر دیں گے تو ان کے پجاری ان کا انکار کرنے لگیں گے اور وہ معبودانِ باطل سے اپنی قطع تعلق کا اظہار کرنے لگیں گے۔ شفاعت کے مقام پر انبیاء اور صلحاء فائز ہوں گے جھوٹے خداؤں کی کیا مجال کہ کچھ ایسی کر سکیں نیز شفاعت اہلِ ایمان گنہگاروں کے لیے ہے۔ کفار و مشرکین کے لیے تو شفاعت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

۱۸ روزِ حشر اہلِ ایمان کو کفار کے زمرہ سے الگ کر دیا جائے گا۔ ۱۹ روضہ: جنت اور باغ۔ يُحْبَرُوْنَ: حبور، ایسی مسرت و فرحت کو کہتے ہیں جس کے ساتھ عزت و اکرام بھی ہو۔ چنانچہ علامہ جوہری اس آیت کی لغوی تشریح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں: ای ینعمون و یکرمون و یسرون۔ مسرت و فرحت بذاتِ خود بھی بڑی اعلیٰ چیز ہے لیکن ایسی مسرت جس کے ساتھ انعام و اکرام بھی ہو اس کا کیا کہنا۔ يُحْبَرُوْنَ کے اس مفہوم کو ذہن میں رکھتے ہوئے مومن کی شادمانی کا اندازہ لگائیں تو آیت کا صحیح مفہوم آپ کو سمجھ آئے گا۔

۲۰ اہلِ ایمان کی عزت افزائی کے ذکر کے بعد اب جو برتاؤ کفار کے ساتھ کیا جائے گا اس کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ "محضرون" کا لفظ قابلِ غور ہے۔ علامہ ابن منظور لسان العرب میں اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ الحاضر القوم النزول علی ماء یقیمون به ولا یرحلون عنه۔ یعنی وہ قوم جو کسی چشمہ پر اقامت گزین ہو جائے اور وہاں سے کوچ کرنے کا کوئی ارادہ نہ رکھتی ہو اسے اہلِ عرب الحاضر کہتے ہیں۔ آیت میں بھی المحضرون کا یہی معنی ہے کہ انہیں عذابِ جہنم میں مبتلا کر دیا جائے گا نہ اس کی میعاد ختم ہوگی نہ وہ کسی حیلہ سے وہاں سے راہِ فرار اختیار کرنے پر قادر ہوں گے یعنی ہمیشہ ہمیشہ اس میں مبتلا رہیں گے۔ اسی لیے علامہ قرطبی نے محضرون کی تفسیر مقیمون سے کی ہے۔ علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ مدخلون لا یغیبون عنه۔ اہلِ ایمان کے لیے یحبرون مضارع کا صیغہ استعمال ہوا ہے جو تجدد پر دلالت کرتا ہے یعنی ہر آن انہیں نئی لذت

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

اور اسی کے لیے ساری تعریفیں ہیں آسمانوں میں اور زمین میں نیز (پاکی بیان کرو) سہ پہر کو اور جب تم دوپہر کرتے ہو۔

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ

نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے ۹ اور نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے اور زندہ کرتا ہے زمین کو اس کے مردہ

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۗ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ

ہونے کے بعد اور یونہی (قبروں سے) تمہیں نکالا جائے گا اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں

خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ

سے (ایک یہ) ہے کہ اس نے پیدا کیا تمہیں مٹی سے پھر تم اچانک بشر بن کر (زمین میں) پھیل رہے ہو ۱۰ اور اس کی (قدرت کی)

اور ہر لحہ انہیں نئے اکرام سے نوازا جائے گا۔ اس کے برعکس کفار کے لیے محضرون اسم مفعول کا صیغہ ذکر کیا گیا ہے جو دوام اور ثبوت پر دلالت کرتا ہے۔

۸ سُبحان مصدر ہے۔ اس کا فعل محذوف ہے۔ اصل یوں ہے فسبحوا اللہ سُبحانہ یعنی اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرو۔ حضرت ابن عباس و دیگر مفسرین نے فرمایا ہے کہ یہاں تسبیح اور حمد سے مراد نماز ہے۔ اور ان دو آیتوں میں چار نمازوں کے اوقات بیان کیے گئے ہیں۔ مغرب، صبح، عصر اور ظہر۔ عشا کی نماز کا وقت ایک دوسری آیت میں مذکور ہے وزلفا من الليل اور ابن عباس کی یہ تفسیر ہی زیادہ مناسب ہے کیونکہ محض تسبیح اور حمد کے لیے وقت کی پابندی ضروری نہیں وہ ہر آن اور ہر لحہ کی جا سکتی ہے جس عبادت میں وقت کی پابندی شرط ہے وہ نماز ہے۔

۹ اللہ تعالیٰ کی اس عظیم قدرت کا مشاہدہ تم ہر روز کرتے رہتے ہو۔ ایسی عظیم قدرت والے کے لیے یہ قطعاً مشکل نہیں کہ وہ تمہیں مارنے کے بعد پھر زندہ کر دے۔ ۱۰ یہاں سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، کبریائی اس کی قدرت اور حکمت کے دلائل کا سلسلہ شروع ہو رہا ہے۔ ان میں سے ہر دلیل اتنی مؤثر اور یقین افزا ہے کہ انسان جب اس پر غور کرتا ہے تو اس کا دل و دماغ بے ساختہ یہ شہادت دینے لگتا ہے کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ۔

انسان کو مٹی سے بنایا۔ وہ مٹی محض بے جان ہے۔ دیکھنے سننے کی صلاحیت سے محروم، عقل و فہم سے یکسر عاری۔ ایسی مٹی سے انسان کو بنایا اور اسے احسن تقویم کے شرف سے نوازا۔ چاندنی چاندنی اس کے رُخ جمال کے سامنے شرمندہ، سروچمن اس کی قامت زیبا کے آگے دم بخود مرعوب، غنچوں کا تبسم اس کی مسکراہٹ پر قربان، پھولوں کی تازگی اور لطافت اس کی رعنائی و دلربائی پر نثار، غرضیکہ حسن و جمال کے سارے مظہر اس آئینہ انوار الٰہی کے سامنے سرافگندہ ہیں۔ اس کی عقل و فہم کی جولانیوں کے سامنے افلاک کی بلندیاں سرنگوں اور فضا کی وسعتیں سمٹ کر رہ گئی ہیں۔ تم ہی بتاؤ جس رب قدوس نے اس بے جان مٹی سے ایسا شاہکار تخلیق فرمایا اس کی عظمتوں کا کیا ٹھکانہ۔

اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ

ایک نشانی یہ ہے کہ اس نے پیدا فرمائیں تمہارے لیے تمہاری جنس سے بیویاں تاکہ تم سکون حاصل کرو ان سے اور پیدا فرما دیے تمہارے

مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمِنْ

درمیان محبت اور رحمت (کے جذبات) ۳۲ بے شک اس میں بہت نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو غور و فکر کرتے ہیں ۳۳ اور اس کی

اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ

نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی تخلیق ہے نیز تمہاری زبانوں، اور رنگوں کا اختلاف۔

۳۲ زندگی کی شاہراہ بڑی ہی کٹھن ہے۔ قدم قدم پر رکاوٹیں ہیں۔ ہجوم مصائب ہے۔ غموں کے اندھیرے ہیں۔ ناکامیوں کے چرکے اور مایوسیوں کی وحشتیں ہیں۔ اس کے باوجود حکم یہ ہے کہ اپنے خالق کو پہچانو اور اس کی مخلوق پر بھی ابر رحمت بن کر برسو۔ قعر دریا میں تختہ بند بھی کر دیا گیا ہے اور دکنا ترمکن ہوشیار باش کا فرمان واجب الاذعان بھی سنا دیا گیا ہے۔ ؎

یہ طول سفر یہ نشیب و فراز مسافر کہاں تک سنبھلتا رہے

لیکن اس کریم نے انسان کے شکستہ حوصلوں کو بلند رکھنے کے لیے اس کے ڈگمگاتے قدموں کو ثبات بخشنے کے لیے آلام و مصائب کے بوجھ کو ہلکا کرنے کیلئے اسی کی جنس سے بیوی کی صورت میں اسے ایک رفیق سفر بھی عطا کر دیا۔ جنسی یگانگت کے علاوہ دونوں کے دلوں کو محبت اور رحمت کے پاکیزہ اور پختہ تعلقات سے جوڑ دیا ہے۔ یہ لگن صرف ان دنوں تک محدود نہیں جب صحت و شباب کا آفتاب چمک رہا ہو، جب حالات سازگار ہوں اور بخت بیدار ہو بلکہ محبت و پیار اور شفقت و ہمدردی کا یہ رشتہ کسی صورت میں بھی نہیں ٹوٹتا۔ غموں کے اندھیرے جیسے جیسے گہرے ہوتے جاتے ہیں محبت کی یہ شمع زیادہ ضو افشانی کرنے لگتی ہے۔ جب حالات ناسازگار ہوں اس کی رفاقت میں مزید پختگی آجاتی ہے۔ نیز ان کی تخلیق اس طرح کی گئی ہے کہ دونوں ایک دوسرے کے بغیر ادھورے ہیں۔ دونوں کی حسرتوں، آرزوؤں، امنگوں اور خوشیوں کی تکمیل کا راز ایک دوسرے سے وابستہ رہنے میں ہے۔

خود سوچیے اگر محبت کا چراغ زندگی کی اس کٹھن راہ کو روشن نہ کرتا اور رحمت کا جذبہ ایک دوسرے کی دستگیری نہ کرتا تو اس سفر حیات کا انجام کتنا حسرت ناک ہوتا۔ تو ہزار جان قربان ہو اس خالق کریم پر جس نے مرد کی جنس سے عورت کو پیدا کیا اور پھر انہیں محبت اور رحمت کے رشتوں میں یوں پرو دیا کہ علیحدگی کا تصور تک پریشان کر دیتا ہے۔

میاں بیوی کے تعلقات پر انسان جتنا غور کرے پھر آیت کے ان کلمات طیبات میں "جعل بینکم مودة و رحمة" جتنا تدبر کرے اللہ تعالیٰ کی رحمت، حکمت اور قدرت کے جلوے اتنے ہی نمایاں ہوتے چلے جاتے ہیں۔

۳۳ مرد اور عورت کی آفرینش اور ان میں محبت و رحمت کے یہ تعلقات اللہ تعالیٰ کی کبریائی کی صرف ایک دلیل نہیں بلکہ اس میں بے شمار دلیلیں سمو دی گئی ہیں۔ جتنا کوئی سوچے گا اتنی ہی اسے معرفت نصیب ہوتی جائے گی۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّلْعَالِمِينَ ﴿٢٢﴾ وَمِنْ آيَاتِهِ مَنَامُكُم بِاللَّيْلِ

بیشک اس میں بھی نشانیاں ہیں اہل علم کے لیے ۳۳ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے تمہارا سونا رات

وَالنَّهَارِ وَابْتِغَاؤُكُم مِّن فَضْلِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ

کے وقت اور دن کے وقت اور تمہارا تلاش کرنا اس کے فضل کو ۳۴ بلاشبہ اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں

يَسْمَعُونَ ﴿٢٣﴾ وَمِنْ آيَاتِهِ يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَطَمَعًا وَيُنَزِّلُ

کے لیے جو (غور سے) سنتے ہیں اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ وہ دکھاتا ہے تمہیں بجلی ڈرانے اور امید

مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَيُحْيِي بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ

دلانے کے لیے ۳۵ اور اتارتا ہے آسمان سے پانی اور زندہ کرتا ہے اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد یقیناً اس میں بہت سی

لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿٢٤﴾ وَمِنْ آيَاتِهِ أَن تَقُومَ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ

نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو عقلمند ہیں اور اس کی قدرت کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ قائم ہے آسمان اور زمین

بِأَمْرِهِ ۚ ثُمَّ إِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْأَرْضِ إِذَا أَنتُمْ تَخْرُجُونَ ﴿٢٥﴾

اس کے حکم سے ۳۶ پھر جب بلائے گا تمہیں زمین سے تو تم فوراً باہر نکل آؤ گے۔ ۳۷

۳۳ ایک آدم کی اولاد اور اتنی کثیر زبانیں اور اتنے مختلف رنگ۔ پھر ہر زبان اپنی اپنی جگہ گنج علم و دانش اور مخزن ادب و فن! ہر رنگ پرکشش اور دل موہ لینے والا۔ اہل علم ان امور میں غور کریں اور پھر فرمائیں کہ جس خالق نے ایک آدم سے گوناگوں اولاد پیدا فرما دی اس کی حکمت و قدرت کا کون انکار کر سکتا ہے۔

۳۴ یہ بھی اس کی شان رحمت ہے کہ اس نے دن کام کے لیے اور رات آرام کے لیے مخصوص فرما دی تاکہ ہر صبح انسان تازہ دم ہو کر اٹھے اور نئے جوش و نشاط کے ساتھ نئے دن کا استقبال کرے۔ ۳۵ یہ بھی اس کی قدرت و رحمت کی نشانیاں ہیں۔

۳۶ آسمان کا سائبان طناب و چوب کا محتاج نہیں۔ کرۂ زمین کسی نے کندھوں پر اٹھا نہیں رکھا پھر ہر چیز کیوں کر اپنی اپنی جگہ قائم ہے اور ہزاروں لاکھوں برسوں سے قائم ہے۔ آج تک اس کی ایک چول بھی ڈھیلی نہیں ہوئی۔ آج تک کہیں اس میں شگاف پیدا نہیں ہوا۔ اس نظام بدیع کے مطابق عالم کی تخلیق اور پھر اس کی بقا اس کی وحدانیت اور کبریائی کی گواہ ہے۔ ۳۷ جب تم مر جاؤ گے اور زمین میں دفن کر دیے جاؤ گے اور تمہیں دفن ہوئے سیکڑوں

وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

اور اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔ سب اسی کے تابع فرمان ہیں اور وہی ہے جو

يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ؕ وَلَهُ الْمَثَلُ

تخلیق کی ابتدا کرتا ہے پھر (فنا کرنے کے بعد) اسے دوبارہ بنائے گا اور یہ آسان تر ہے اور اسی کے لیے برتر شان

الْاَعْلٰى فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾ ضَرَبَ

ہے آسمانوں اور زمین میں ۲۸ اور وہی سب پر غالب حکمت والا ہے اللہ تعالیٰ بیان کرتا ہے

لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

تمہارے لیے ایک مثال تمہارے ہی حالات میں سے ۲۹ (یہ بتاؤ) کیا تمہارے غلام تمہارے حصہ دار

صدیاں بیت جائیں گی اور اللہ تعالیٰ جب تمہیں زمین سے باہر نکل آنے کا حکم دے گا تو تم ایک آن دیر کیے بغیر دامن جھاڑتے ہوئے نکل آؤ گے۔

۲۸ طرح طرح کے دلائل وبراہین ذکر کرنے کے بعد اس سلسلہ کا اختتام ان پرجلال اور دلنشین کلمات طیبات سے فرمایا: المثل الاعلیٰ، یعنی اعلیٰ و برتر شان۔ علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ ان الفاظ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: المثل الوصف العجیب الشان کالقدرۃ العامۃ والحکمۃ التامۃ وسائر صفات الکمال الاعلیٰ الذی لیس لغیرہ ما یدانیہ فضلا عما یساویہ (یعنی مثل، عظیم الشان وصف کو کہتے ہیں جیسے قدرت عامہ، حکمت تامہ اور دیگر صفات کمال اور اعلیٰ و بلند تر جس کا کوئی ہم پلہ نہ ہو۔

۲۹ اس سے پہلے اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور وقوع قیامت پر گوناگوں دلائل پیش کیے گئے۔ اب شرک کا ابطال کر کے توحید کے عقیدہ کی صداقت اور حقانیت کو ثابت کیا جا رہا ہے۔ اس کے لیے ایک ایسی مثال پیش کی جا رہی ہے جو عام فہم بھی ہے اور دلنشین بھی۔ پوچھا جا رہا ہے کہ اے خدا وند کے ساتھ مختلف قسم کے شریک ٹھہرانے والو تم ہی یہ بتاؤ جو رزق ہم نے تم کو عطا کیا ہے کیا تمہارے زرخرید غلام اس میں اس طرح کے حصہ دار ہیں کہ ملکیت کے جملہ حقوق ان میں تصرف کے جملہ اختیارات، انہیں حسب منشا استعمال کرنے کی مکمل آزادی میں تم اور وہ یکساں ہو۔ اور اگر تم اپنی مرضی سے ان کی اجازت کے بغیر خرچ کرنے لگو تو تمہیں ان کی طرف سے مزاحمت کرنے، اعتراض کرنے، بلکہ دنگا فساد کرنے کا اندیشہ ہو۔ اگر ایسا نہیں اور یقیناً ایسا نہیں تو تم خود ہی انصاف کرو کہ اگر تم اپنے غلاموں کی اس قسم کی شرکت گوارا نہیں کرتے تو تمہیں شرم نہیں آتی کہ اللہ تعالیٰ جو کائنات کی ہر چیز کا خالق بھی ہے اور مالک بھی تم اس کے ساتھ بے جان مورتیوں یا فنا ہو جانے والے انسانوں کو شریک بناتے ہو۔ تم خود ہی سوچو یہ کتنی بے انصافی ہے بلکہ یہ ایسی حماقت ہے کہ اس سے بڑھ کر کوئی دوسری حماقت اور ابلہی نہیں۔ اور تم تو بڑے عقلمند اور زیرک ہو۔ تمہارا ذہن رسا ہر بات کی تہ تک پہنچ جاتا ہے تمہاری ذہانت اور معاملہ فہمی کا غلغلہ تو دور و نزدیک ہے تمہیں ایسی بے انصافی، حماقت اور ابلہی قطعاً زیب نہیں دیتی۔

مِّنْ شُرَكَآءَ فِیْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِیْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ

ہوتے ہیں اس مال میں جو ہم نے تم کو عطا فرمایا ہے یوں کہ تم (اور وہ) اس میں برابر کے حصہ دار بن جاؤ۔ حتیٰ کہ تم ڈرنے لگو ان سے

كَخِیْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾

جیسے تم ڈرتے ہو آپس میں ایک دوسرے سے۔ یوں ہم کھول کر بیان کرتے ہیں (اپنی) نشانیاں اس قوم کے لیے جو عقلمند ہے۔

اب ذرا آیت کے الفاظ میں غور فرمائیے مِنْ اَنْفُسِكُمْ ای من احوال انفسکم یعنی یہ مثال تمہارے حالات سے ماخوذ ہے جن کا شب و روز تم اس کا تجربہ کرتے رہتے ہو۔ هَلْ لَّكُمْ، یہ استفہام انکاری ہے یعنی ایسا نہیں ہوتا۔ لکم خبر مقدم ہے اور مِنْ شُرَكَآءَ مبتدا موخر ہے یہاں مِنْ زائدہ ہے اور استفہام انکاری سے نفی کا جو مفہوم سمجھا جاتا ہے۔ اس میں مزید تاکید پیدا کرنے کے لیے مستعمل ہوا ہے۔ اور مِنْ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ، حال ہے اور مِنْ شُرَكَآءَ ذوالحال کیونکہ ذوالحال نکرہ ہے اس لیے اس کا حال پہلے ذکر کیا جاسکتا ہے۔ فَاَنْتُمْ میں یا تو وَهُمْ کا لفظ مقدر ہے یعنی تم اور وہ۔ یا اَنْتُمْ ہی بطور تغلیب مخاطبین اور ان کے غلاموں کو شامل ہے۔ سواء ای مستوون فیہ لا فرق بینکم و بینھم فی التصرف فیہ، یعنی تم اور تمہارے غلام اس مال کی ملکیت میں برابر کے شریک ہیں اور یکساں قسم کے تصرف کا اختیار رکھتے ہیں۔

علامہ قرطبی نے اس آیت کی شانِ نزول بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ کفارِ عرب جب حج کے لیے احرام باندھتے تھے تو ان الفاظ سے تلبیہ کرتے، لبیک لا شریک لک لبیک الا شریکا ھو لک تملکہ وما ملک، یعنی اے اللہ تعالیٰ ہم حاضر ہیں تیرا کوئی شریک نہیں سوائے اس کے جس کو تو نے خود اپنا شریک بنایا ہے تو اس کا بھی مالک ہے اور اس چیز کا بھی تو مالک ہے جس کا وہ مالک ہے۔

غور فرمائیے کفار اسی حماقت کا ارتکاب کر رہے ہیں جس کا ذکر اس آیت میں کیا گیا ہے کہ کفار ایک طرف تو اپنے معبودوں کو خدا کا مملوک قرار دے رہے ہیں اور پھر انہیں اللہ تعالیٰ کی خدائی میں اور تصرف میں اس کا ایسا شریک بنا رہے ہیں جو اس کا ہم پایہ ہو (فانتم فیہ سواء) اور مزید برآں یہ سفید جھوٹ اور صریح کذب بیانی کر رہے ہیں کہ خود اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنا شریک بنایا ہے اور انہیں مساوی حقوقِ ملکیت بخش دیئے ہیں۔ العیاذ باللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم الذی لا الٰہ الا ھو۔

بعض حضرات کفار کی اس "لبیک" کو اور اس آیت کو پڑھ کر ہم اہلِ سنت پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ تمہارا بھی یہی عقیدہ ہے جو کفار کا اپنے بتوں کے بارے میں تھا۔ آیت کی اس سادہ توضیح کے بعد آپ خود فیصلہ فرمائیں کہ یہ لوگ یہ الزام لگانے میں کتنی زیادتی کرتے ہیں۔ کیا کوئی کلمہ گو کسی کو خواہ اس کا رتبہ کتنا بلند اور اس کی شان کتنی ارفع ہو کیا کسی چیز میں کسی پہلو سے کسی حیثیت سے اللہ تعالیٰ کا ہم پلہ خیال کرتا ہے۔ اور تو اور ہم تو اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق بھی یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ حضور محبوب رب العالمین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین سید الاولین والآخرین صاحبِ مقامِ محمود و حاملِ لواء الحمد ہونے کے باوجود اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں —

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِيْ

بلکہ پیروی کرتے رہے ظالم اپنی (نفسانی) خواہشات کی بغیر کسی دلیل کے ۳۸ پس کون ہدایت دے

مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ۭ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝۲۹ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ

سکتا ہے جسے (بیہم نافرمانی کے باعث) اللہ تعالیٰ گمراہ کردے۔ اور ان لوگوں کا کوئی مددگار نہیں۔ پس آپ کریں اپنا رخ دین

حَنِيْفًا ۭ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ

(اسلام) کی طرف پوری یکسوئی سے ۳۹ (مضبوطی سے پکڑلو) اللہ کے دین کو جس کے مطابق اس نے لوگوں کو پیدا فرمایا ہے ۴۰ کوئی ردوبدل

۳۸ یہ لوگ نہ خود عقل سے کام لیتے ہیں نہ کسی خیر خواہ کی نصیحت قبول کرتے ہیں، جہالت و بے خبری کے گھپ اندھیروں میں اپنی نفسانی خواہشات کے پیچھے سرپٹ دوڑے چلے جا رہے ہیں۔ ایسے ہٹ دھرم اور کودن لوگ قطعاً اس کے مستحق نہیں کہ ہدایت کے دروازے ان کے لیے کھول دیے جائیں پیہم نافرمانی اور مسلسل سرکشی کے باعث انہوں نے ہدایت پذیری کی صلاحیت کو ختم کر دیا ہے اور توفیق الٰہی سے وہ محروم کر دیے گئے ہیں۔ اب انہیں راہ راست پر نہیں لایا جا سکتا۔

۳۹ یہاں فا تاکید کے لیے ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کی قدرت کاملہ دلائل و شواہد سے ثابت ہو گئی۔ قیام قیامت کے بارے میں جو شکوک و شبہات تھے ان کا ازالہ ہو چکا۔ اب ہر طرف سے رخ پھیر کر اور توجہ ہٹا کر اس دین حق پر مرکوز کر دو۔ اَقِمْ اقام العود سے ماخوذ ہے۔ یعنی لکڑی کو ایسا درست اور سیدھا کر ناکہ اس میں کجی کا نام و نشان تک نہ رہے۔ مراد یہ ہے کہ دین اسلام پر پوری طرح کاربند ہو جاؤ اور ارشاد ربانی کی تعمیل میں استقامت اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کرو۔

بعض فضلاء نے لکھا ہے کہ اِنّ اقامۃ الوجہ للشئ کنایۃ من کمال الاھتمام بہ (روح المعانی) یعنی کسی چیز کی طرف ہمہ تن توجہ کو اس عبارت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ حنیفاً حال ہے اور اَقِمْ میں ضمیر فاعل انت ذوالحال ہے۔ اصل الحنف المیل من الضلال الی الاستقامۃ۔ گمراہی سے رخ پھیر کر ہدایت و راستی کی طرف متوجہ ہونے کو عربی میں حنف کہتے ہیں جس طرح ہدایت سے روگردانی کر کے کجی و گمراہی کی طرف مائل ہونے کو جنف کہتے ہیں۔

۴۰ عرب جب کسی کام پر کسی کو برانگیختہ کرتے ہیں تو فعل کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے مفعول کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں۔ کلام میں اس طرح جو زور پیدا ہوتا ہے وہ اظہار فعل سے کہیں زیادہ ہوتا ہے۔ یہاں بھی فطرت اللہ علیٰ سبیل الاغراء منصوب ہے۔ تقدیر کلام یوں ہے۔ الزموا فطرۃ اللہ تعالیٰ یعنی اللہ تعالیٰ کی فطرت کو مضبوطی سے پکڑ لو اور اس پر کاربند ہو جاؤ۔

فطرۃ کا وزن اور معنی خلقت ہے یعنی آفرینش، اختراع۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرور عالم و عالمیان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فطرت اللہ کا معنی دین اسلام بیان فرمایا ہے۔ عَنْ انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

اللّٰهِؕ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُۙۗ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾

نہیں ہو سکتا اللہ کی تخلیق میں ۳۳؎ یہی سیدھا دین ہے ۳۴؎ لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے۔

مُنِیْبِیْنَ اِلَیْهِ وَ اتَّقُوْهُ وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ لَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۳۱﴾

(اے غلامان مصطفےٰ تم بھی اپنا رخ اسلام کی طرف کرلو) اللہ کی طرف رجوع کرتے ہوئے اور ڈرو اس سے ۳۵؎ اور قائم کرو نماز کو اور نہ ہو جاؤ ان مشرکوں

مِنَ الَّذِیْنَ فَرَّقُوْا دِیْنَهُمْ وَ كَانُوْا شِیَعًاؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَیْهِمْ

میں سے۔ جنہوں نے پارہ پارہ کر دیا اپنے دین کو اور خود گروہ گروہ ہو گئے ہر گروہ جو اس کے پاس ہے

فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیھا دین اللہ تعالیٰ۔ علامہ آلوسی نے اس آیت کا معنی ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔ المراد فطرھم علیٰ دین الاسلام خلقھم قابلین لہ غیر نابین عنہ ولا منکرین لہ لکونہ مجاوبا للعقل مساوقا للنظر الصحیح (روح المعانی)

یعنی کیونکہ یہ دین عقل سلیم سے کلیۃً ہم آہنگ اور فہم صحیح کے عین مطابق ہے۔ اسی لیے فطری طور پر انسان نہ اس سے منہ موڑ سکتا ہے اور نہ اس کا انکار کر سکتا ہے۔

نیز انسانی فطرت کے جتنے تقاضے ہیں وہ جنسی ہوں، معاشی ہوں، اخلاقی ہوں، عقلی ہوں یا روحانی یہ دین ہر قسم کے تقاضوں کو صحت مند انداز میں پورا کرتا ہے جس کے باعث زندگی کا دامن سچی مسرت کے پھولوں سے بھر جاتا ہے اور ابدی سعادت کا تاج اس کے سر پر رکھ دیا جاتا ہے۔

نیز اللہ تعالیٰ کی زمین پر اس کی خلافت کے منصب جلیلہ کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے جو صلاحیتیں اور استعدادیں اس کو ودیعت کی گئی ہیں ان کی صحیح نشوونما کا اہتمام صرف یہی دین کرتا ہے۔ امام بخاری اور امام مسلم نے ایک حدیث نقل کی ہے جس سے اس مفہوم کی مزید وضاحت ہو جاتی ہے۔ قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم ما من مولود یولد الا علی الفطرۃ فابواہ یھودانہ او ینصرانہ او یمجسانہ کما تنتج البھیمۃ بھیمۃ جمعاء ھل تحسون فیھا من جدعاء۔ یعنی حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہر بچہ دین فطرت پر پیدا ہوتا ہے پس اس کے والدین اسے یہودی بنا دیتے ہیں یا عیسائی بناتے ہیں یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔ جس طرح جانور کا بچہ صحیح و سلامت پیدا ہوتا ہے بعد میں اس کے کان وغیرہ کاٹے جاتے ہیں۔

۳۳؎ تمہیں اس نے اپنا بندہ بنا کر پیدا فرمایا ہے تم لاکھ چاہو کہ اس کی بندگی سے نکل جاؤ ناممکن ہے۔ تم لاکھ چاہو کہ اس کے علاوہ کسی اور کو اپنا خدا بنا لو قطعاً محال ہے۔ اس آیت کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ دین اسلام نے جو نظام حیات ہمیں دیا ہے وہ ہماری فطرت کے عین مطابق ہے اگر تم چاہو کہ اس نظام فطرت کو چھوڑ کر کوئی دوسرا نظام حیات تجویز کرو جو اسلام کی طرح تمہاری فطرت کے عین مطابق ہو تو ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔

۳۴؎ قیم مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس کا معنی ہے المستوی الذی لا عوج فیہ ولا انحراف عن الحق بوجہ من الوجوہ۔ یعنی ایسا سیدھا جس میں ذرا بھی کجی نہیں۔ ایسا صحیح جس میں غلطی کا ادنیٰ احتمال تک نہیں۔

فَرِحُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ

اسی پر خوش ہیں ۵۳ اور جب پہنچتی ہے لوگوں کو کوئی تکلیف تو پکارنے لگتے ہیں اپنے رب کو رجوع کرتے ہوئے

اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ

اس کی طرف پھر جب (ان کی فریاد کو قبول فرما کر) چکھاتا ہے انہیں رحمت اپنی جناب سے تو یکایک ایک گروہ ان میں سے اپنے

يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۪ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾ اَمْ

رب کے ساتھ شرک کرنے لگتا ہے ۵۴ (اچھا!) ناشکری کرلیں اس نعمت کی جو ہم نے دی ہے انہیں پس (اے ناشکرو!) لطف اٹھا لو ۵۵

یہاں سے امت محمدیہ علی صاحبہا افضل الصلوٰۃ والسلام کو دین فطرت کی پیروی کی ترغیب دلائی جا رہی ہے۔ منیبین الیہ ای راجعین الیہ بالتوبۃ والاخلاص (قرطبی)، فراء نے تقدیر کلام یوں ذکر کی ہے فاقم وجھک ومن معک منیبین یعنی آپ بھی اپنے ساتھیوں کے توبہ اور اخلاص سے دین فطرت کی طرف متوجہ ہوں۔

۵۳ امت میں اتحاد و اتفاق تب ہی برقرار رہ سکتا ہے جب سب صدق دل سے احکام اسلامیہ کی پیروی کر رہے ہوں اور اللہ تعالیٰ کے رسول کی اطاعت کا دامن مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہوں اگر ہر شخص اپنی خواہشات کا پیروکار بن جائے اور اپنی رائے کو ہی واجب الاتباع خیال کرے تو پھر وہ وحدت برقرار نہیں رہ سکتی اور ایک امت مختلف فرقوں میں بٹتی چلی جاتی ہے جس سے اس کی ہوا اکھڑ جاتی ہے۔ پہلی امتوں میں بھی اس قسم کی گروہ بندیاں پیدا ہو گئی تھیں۔ ان کے علماء اور ان کے امراء نے اپنے ذاتی وقار اور اپنے سیاسی اقتدار کو برقرار رکھنے کے لیے مذہب کو اپنی اغراض کا شکار بنانے میں دریغ نہ کی کوشش کی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ایک امت بیسیوں فرقوں میں بٹ کر رہ گئی اور ہر فرقہ کے درمیان نفرت اور تعصب کی ایسی خلیج حائل ہو گئی کہ وہ آپس میں مل بیٹھنے کے قابل بھی نہ رہے۔ یہودی اور عیسائی ایسے گروہوں میں بٹ گئے تھے کہ ہر ایک گروہ اپنے سوا سب کو گمراہ کہتا اور سب کو قابل گردن زدنی خیال کرتا۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت کو اس قسم کی تفرقہ اندازی سے منع فرما رہا ہے۔ تاؤلہ ابو ھریرۃ وعائشۃ وابو العالیۃ انہ لاھل القبلۃ من اھل الاھواء والبدع (قرطبی)

۵۴ یعنی ان کفار و مشرکین کا یہ حال ہے کہ جب رنج و غم کے بادل گھر کر آجاتے ہیں۔ جب قحط سالی کا دور دورہ ہوتا ہے تو سارے معبودوں سے ان کی آس ٹوٹ جاتی ہے۔ اس وقت ہر طرف سے منہ موڑ کر بارگاہ رب العزت میں فریاد کرنے لگتے ہیں لیکن جب وہ کریم و رحیم پروردگار ان کی حالت زار پر نگاہ کرم فرماتا ہے اور ان کی مشکل آسان ہو جاتی ہے تو پھر اپنے باطل خداؤں کو خداوند کریم کا شریک بنانے لگتے ہیں اور ان کی پوجا پاٹ میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ ای یشرکون بہ فی العبادۃ

۵۵ یہاں لام امر کا ہے اور تہدید اور دھمکی کا معنی دیتا ہے کہ جتنی دیر وہ کفر کی روش اختیار کرلیں اور چند روزہ زندگی میں خوب لطف اندوز ہولیں عنقریب انہیں اپنا انجام معلوم ہو جائے گا۔ اس وقت وہ چیخیں گے چلائیں گے لیکن بے سود۔ ھی لام امر فیہ معنی التھدید (قرطبی وغیرہ) بعض

أَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَإِذَآ

تمہیں (اس کا انجام) معلوم ہو جائے گا کیا ہم نے اتاری ہے ان پر کوئی دلیل۔ پس وہ گواہی دیتی ہے اس شرک کی سچائی کی جو وہ کرتے ہیں ؟ اور

أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ۖ وَإِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ

جب ہم چکھاتے ہیں لوگوں کو رحمت (کا مزہ) تو وہ اس پر پھولے نہیں سماتے اور اگر پہنچتی ہے انہیں کوئی تکلیف بوجہ ان کرتوتوں کے

أَيْدِيْهِمْ إِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ ﴿۳۶﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

جو آگے بھیجے ہیں ان کے ہاتھوں نے تو وہ مایوس ہو جاتے ہیں ؟ کیا انہوں نے (بارہا) مشاہدہ نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ کشادہ کر دیتا ہے رزق

علماء نے اس لام کو لام عاقبت قرار دیا ہے۔ اللام فیہ للعاقبۃ قیل ھی لام کی (قرطبی، مظہری) فتمتعوا فاتکم صیغہ بھی بن سکتا ہے اور خطاب بھی۔ دوسری صورت میں اس میں غائب سے مخاطب کی طرف التفات ہو گا۔ فیہ التفات من الغیبۃ الی الخطاب۔

۳۵ سابقہ آیت میں خطاب کا صیغہ تھا۔ اب پھر غائب کی طرف التفات ہو رہا ہے۔ یہ اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ وہ اس قابل ہی نہیں کہ انہیں شرف تخاطب سے نوازا جائے۔ ای ایذانا بالاعراض عنھم۔ سلطان سے مراد اگر رسول یا فرشتہ ہو تو یتکلم سے مراد کلام کرنا، گفتگو کرنا ہوگا۔ اگر سلطان سے مراد دلیل و حجت ہو تو پھر اس کا معنی دلالت کرنا ہو گا۔ نطقا او دلالۃ۔ یعنی کفر و شرک پر ان کے اس طرح جمے رہنے سے یوں ظاہر ہوتا ہے کہ انہیں کسی فرشتہ یا کسی پیغمبر نے آکر کہا کہ کفر و شرک کی راہ ہی سیدھی راہ ہے اسے مت چھوڑنا یا انہیں کوئی ایسی محکم دلیل مل گئی ہے کہ جس کے باعث اس باطل کی صداقت کا یقین ان کے دلوں میں پیدا ہو گیا ہے لیکن نہ کوئی نبی اور نہ کوئی فرشتہ ایسی بات کہہ سکتا ہے اور نہ سراسر اس باطل پر انہیں کوئی دلیل مل سکتی ہے۔ ان کا اس باطل سے چمٹا رہنا محض ان کی نادانی، اکھڑ پن اور ہٹ دھرمی کے باعث ہے۔

۳۶ مومن کو جب اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے نوازتا ہے تو وہ اپنے منعم حقیقی کی بارگاہ میں سجدۂ شکر ادا کرتا ہے اور جب اسے تکلیف یا تنگدستی پہنچتی ہے تو صبر کرتا ہے اور یقین رکھتا ہے کہ اس کا مالک اور کارساز اس کی تکالیف کو دور کر دے گا لیکن جن کے دلوں میں ایمان کی شمع روشن نہیں ہوتی ان کا ردِ عمل دونوں صورتوں میں بالکل مختلف ہوتا ہے۔ خوشی کے لمحوں میں وہ پھولے نہیں سماتے۔ اپنی کامیابی کے نشہ سے وہ یوں بدمست ہو جاتے ہیں کہ ان میں نیک و بد کی تمیز بھی باقی نہیں رہتی اور اگر انہیں ان کی کارستانیوں کی پاداش میں رنج و اندوہ میں مبتلا کر دیا جاتا ہے تو مایوس و ناامید ہو کر بیٹھ جاتے ہیں

کحمار السوء ان شبع رمح الناس وان جاع نھق

یعنی بدخصلت گدھے کی طرح اگر گھاس سے اس کا شکم پر کر دے تو لوگوں کو دولتیاں مارنے لگتا ہے اور اگر بھوکا ہو تو ہینگنا شروع کر دیتا ہے۔

دل شکستگی اور افسردہ خاطری کے عام طور پر دو نتیجے نکلتے ہیں یا تو کام کرنے کی صلاحیت اور حوصلہ دم توڑ دیتا ہے اور زندگی کی ہنگامہ خیزیوں سے الگ ہو کر گمنامی کے اندھیروں میں کھو جاتا ہے اور یا غلط کاریوں اور بدعنوانیوں کو اپنا شعار بنا لیتا ہے اور یہ دونوں صورتیں اس کے لیے تباہ کن ہیں

لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَاٰتِ

کو جس کے لیے چاہتا ہے اور تنگ کر دیتا ہے (جس کے لیے چاہتا ہے) بلاشبہ اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کیلئے جو ایمان لاتے ہیں ۲۰ پس

ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ

دو رشتہ دار کو اس کا حق نیز مسکین اور مسافر کو ۲۱ یہ بہتر ہے ان لوگوں کے لیے جو

۲۰ اس آیت کا آخری جملہ بڑا معنی خیز ہے کسی کے لیے رزق کا کشادہ ہونا اور کسی کے لیے اس کا تنگ ہو جانا۔ اس کا مشاہدہ ہم روز کرتے رہتے ہیں۔ ہر شخص پر بھی مختلف قسم کے حالات وارد ہوتے رہتے ہیں۔ کبھی روپے پیسے کی ریل پیل ہوتی ہے اور کبھی جیب میں دمڑی تک بھی نہیں ہوتی۔ اہل ایمان کو حالات کے اس رد و بدل میں حکمت الٰہی کے صدہا جلوے نظر آتے ہیں۔

۲۱ یہاں خطاب حضور فخر عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہے اور حضور کی وساطت سے ساری امت کو یہ حکم دیا جا رہا ہے۔

سابقہ آیت میں بتایا گیا ہے کہ رزق کی تنگی اور فراخی اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور وہ اپنی حکمت سے اس کی مناسب تقسیم فرماتا ہے۔ اس آیت میں ان لوگوں کو ہدایت کی جا رہی ہے جنہیں کشادہ رزق دیا گیا ہے کہ تم دولت کو جمع کرنے کے لالچ میں مبتلا نہ ہو جاؤ۔ سانپ بن کر اس پر بیٹھے نہ رہو۔ اس کو عیش و عشرت میں لٹانا شروع نہ کر دو، بلکہ خدا کی دی ہوئی دولت کو اس کی رضا جوئی کے لیے خرچ کرو۔ اللہ تعالیٰ اس بات کو ہرگز پسند نہیں کرتا کہ تمہیں تو عیش و آرام کے سارے وسائل میسر ہوں اور تمہارے دکھ کے ساتھی زندگی کی بنیادی ضرورتوں سے بھی محروم ہوں۔ اللہ کریم نے جو رزق تمہیں عطا فرمایا ہے اس میں صرف تمہارا حق نہیں، بلکہ اس میں تمہارے نادار رشتہ داروں کا بھی حق ہے۔ وہ مسافر جن کے پاس زاد راہ نہیں اور وہ غریب و مفلس لوگ جو ضروریات زندگی کے لیے ترس رہے ہیں ان کا بھی تمہارے مال میں حق ہے۔ اس لیے ان مستحقین کو خدا کے دیئے ہوئے رزق سے بڑی فراخدلی اور کشادہ روئی سے ان کا حق ادا کرو۔

آیت میں "حقہ" کا لفظ بڑا غور طلب ہے یعنی اپنے غریب رشتہ داروں اور مسافروں اور دوسرے محتاج انسانوں کو جو کچھ تم دیتے ہو یہ کوئی انعام نہیں کر دیتے کہ تم ان پر احسان جتلاتے پھرو اور ان کو ہر محفل میں رسوا کرتے رہو۔ بلکہ یہ ان کا حق ہے جو تمہارے ذمہ واجب الادا ہے اور جو تمہیں ضرور ادا کرنا چاہیے۔ وہ تم سے بھیک نہیں مانگ رہے بلکہ اپنا حق لے رہے ہیں۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر غریب اور مفلس رشتہ دار کی ضروریات کی بہم رسانی اس کے متمول رشتہ دار پر فرض ہے۔

وحکی ان اباحنیفۃ استدل بالآیۃ علی وجوب النفقۃ لکل ذی رحم محرم ذکرا کان او انثی اذا کان فقیرا او عاجزا عن الکسب (روح المعانی)

نیز یہاں مال زکوٰۃ کی ادائیگی کا حکم نہیں دیا جا رہا ہے بلکہ ان لوگوں کا زکوٰۃ کے علاوہ بھی متمول لوگوں کے اموال میں حق ہے۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں

بل للقریب حق لازم فی البر علی کل حال وھو الصحیح قال مجاھد وقتادہ صلۃ الرحم فرض من اللہ تعالیٰ حتی قال مجاھد لا تقبل الصدقۃ علی احد یعنی قریبی رشتہ دار سے ہر حالت میں بھلائی کرنا ایسا حق ہے جس کا ادا کرنا لازم ہے اور یہی قول صحیح ہے۔ مجاہد اور

يُرِيدُونَ وَجْهَ اللّٰهِ ۡ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَمَآ اٰتَيْتُمْ

رضائے الٰہی کے طلبگار ہیں اور وہی لوگ دونوں جہانوں میں کامیاب ہوں گے۔ ۵۶ اور جو روپیہ تم دیتے

مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ

بہ بیاج پر تاکہ وہ بڑھتا رہے لوگوں کے مالوں میں (مل کر) ، اللہ کے نزدیک یہ نہیں بڑھتا ۵۷ اور جو

اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ﴿٣٩﴾

زکوٰۃ تم دیتے ہو رضائے الٰہی کے طلبگار بن کر پس یہی لوگ ہیں (جو اپنے مالوں کو) کئی گنا کر لیتے ہیں۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ هَلْ

اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے تمہیں پیدا فرمایا پھر تمہیں رزق دیا پھر (مقررہ وقت پر) تمہیں مارے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا ۵۸ کیا

قتادہ فرماتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے صلہ رحمی کو فرض کیا ہے۔ مجاہد نے تو یہاں تک فرمایا کہ اس آدمی کا صدقہ قبول نہیں ہوتا جس کا کوئی رشتہ دار محتاج ہو۔

۵۶ دوسری قوموں میں دولتمند لوگ بھی ہوتے ہیں اور وہ خرچ بھی کرتے ہیں۔ مسلمان اغنیا کو جو چیز ان لوگوں سے ممتاز کرتی ہے وہ اس آیت میں مذکور ہے کہ ان کا خرچ کرنا فقط اللہ تعالیٰ کی رضا طلب کرنے کے لیے ہوتا ہے۔

۵۷ اس آیت کے دو مفہوم بیان کیے گئے ہیں ایک یہ کہ ربا سے مراد یہاں اس کا مشہور معنی سُود ہے اور حرمت سُود کا حکم جو بڑی وضاحت سے مدینہ طیبہ میں ہجرت کے بعد نازل ہوا اس آیت میں اس حکم کی طرف پہلا قدم ہے۔ قرآن کریم کا یہ دستور ہے کہ وہ برائی جس کی جڑیں اس معاشرہ میں بڑی گہری چلی گئی ہوں۔ اس کی حرمت کا یک لخت حکم نہیں دے دیا جاتا بلکہ تدریجی احکام سے پہلے ایسی فضا تیار کی جاتی ہے کہ لوگوں کی دلچسپی اس سے ختم ہو جائے اور اس سے نفرت کے جذبات پیدا ہو جائیں۔ پھر اس کی حرمت کا قطعی حکم صادر فرمایا جاتا ہے جس طرح شراب وغیرہ کے احکام میں آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ سُود عرب کے جاہلی معاشرہ میں مروج تھا اور لوگ اپنی نجی اور کاروباری ضروریات کے لیے سُودی قرض کھلے بندوں لیا کرتے تھے اس آیت میں سُود کے متعلق اس تصور کا ابطال کیا کہ اس سے مال بڑھتا ہے اور دولت میں زیادتی ہوتی ہے۔ بتا دیا کہ سُودی کاروبار سے مال و دولت میں اضافہ نہیں ہوتا اور نہ اللہ تعالیٰ اس میں برکت دیتا ہے بلکہ جو لوگ محض رضائے الٰہی کے لیے صدقہ خیرات کرتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں ہی اپنی برکتوں سے مالا مال فرما دیتا ہے۔

اس آیت کا دوسرا مفہوم یہ بتایا گیا ہے کہ بعض لوگ تحفے اس لیے دیتے ہیں کہ تحفہ لینے والا اس سے کئی گنا زیادہ اس کے بدلے میں انہیں تحفہ دے۔ اگرچہ ایسا کرنا حرام نہیں لیکن معیوب ضرور ہے۔ فرما دیا کہ ایسے تحفے دینے سے مال میں برکت نہیں ہوتی۔

۵۸ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی عنایات بے پایاں کے ذکر سے شرک کا ابطال کیا جا رہا ہے۔

مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى

تمہارے (ٹھیرائے ہوئے) شریکوں میں بھی کوئی ہے جو کر سکتا ہو ان کاموں میں سے کوئی۔ پاک ہے اللہ تعالیٰ (ہر

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٤٠﴾ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي

عیب سے) اور بلند ہے ان سے جنہیں یہ شریک ٹھیراتے ہیں۔ پھیل گیا ہے فساد بر اور بحر میں بوجہ ان کرتوتوں کے جو لوگوں ۴۵

۴۵ دُنیا میں امن و سکون تو تب ہی برقرار رہ سکتا ہے کہ ہر شخص اپنا فرض پوری دیانتداری سے ادا کرے۔ ہر شخص کے حقوق محفوظ ہوں اور اُن سے بہرہ اندوز ہونے کی پوری آزادی ہو۔ جب لوگ اپنے فرائض کی ادائگی میں کوتاہی اور بددیانتی سے کام لینے لگتے ہیں یا جب کسی کے حقوق غصب کر لیے جاتے ہیں تو پھر بحر و بر میں فتنہ و فساد کے شعلے بھڑکنے لگتے ہیں۔

ہر شخص کے فرائض کیا ہیں جو اسے ادا کرنا چاہئیں۔ ہر شخص کے حقوق کیا ہیں جو اسے ہر قیمت پر ملنے چاہئیں۔ ان کا تعین دینِ اسلام نے کیا ہے جو دینِ فطرت ہے اور جو اس خالق و مالک کا دین ہے جس نے کائنات کی ہر چیز کے فطری تقاضوں کو پورا کیا اور ان کی تسکین کے سامان بڑی فیاضی سے مہیا فرما دیئے۔ جہاں بھی کسی قوم نے اس نظامِ حیات کو اپنایا اسی قدر ان کی زندگیاں اور ان کا ماحول خوشی اور مسرت سے ہمکنار ہوا۔ اور جہاں بھی کسی قوم نے اس نظام سے روگردانی کی وہاں اسی انداز سے امن و سکون رخصت ہوا۔ بے چینی اور اضطراب کے اندھیرے پھیلنے لگے۔ عقائد کی قوت مسلم ہے۔ عملی زندگی میں ان پر مرتب ہونے والے نیک و بد اثرات کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ جب عقائد صحیح ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی صفاتِ عالیہ پر ایمان پختہ ہوتا ہے وہاں قلب و روح کی دُنیا میں بہار آ جاتی ہے۔ عملی دُنیا میں بھی دیانتداری، خلوص، حق گوئی، جرأت، بے نیازی اور استغناء کے پھول مہکنے لگتے ہیں اور جہاں بندے کا تعلق اپنے ربِ کریم سے ٹوٹ جاتا ہے۔ جہاں کفر و شرک کی عفونت پھیل جاتی ہے تو وہاں انسان کی عملی زندگی بھی بدکاریوں، بداعمالیوں کی آماجگاہ بن کر رہ جاتی ہے۔ اگر وہ طاقتور ہے تو شیرِ بے مہار بن کر لوگوں کے حقوق پامال کرنے لگتا ہے۔ اگر وہ کمزور ہے تو گرے ہوئے سوکھے پتے کی طرح بھگولے کھاتا ہے۔ اسے کہیں قرار نہیں ملتا۔ وہ خسیس ترین حرکات کے ارتکاب سے بھی نہیں شرماتا۔

جس معاشرہ میں انسان کی جان، عزت و ناموس اور مال محفوظ نہ ہو کیا وہاں امن و سکون میسر آ سکتا ہے۔ آپ عہدِ جاہلیت کی تاریخ پر ایک سرسری نظر ڈالیں ہر ملک میں آپ کو اس آیت کی عملی تفسیر دکھائی دینے لگے گی۔ اور اگر آپ عصرِ حاضر کے حالات کا جائزہ لیں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ انسان کو خدا فراموشی نے ابیس فطرت سے سرتابی اور اسلام کے پیش کیے ہوئے نظامِ حیات سے روگردانی کی سزا کس طرح مل رہی ہے۔ خشکی پر کہیں امن ہے نہ سمندر کی بیکراں وسعتوں میں کوئی گوشۂ عافیت نظر آتا ہے۔ زمین پر جگہ جگہ میزائل کے اڈے قائم ہیں جہاں سے ایک براعظم سے دوسرے براعظم پر ایٹم بم برسا کر ہر چیز کو خاک سیاہ بنایا جا سکتا ہے۔ سمندر کی سطح بلکہ سمندروں کو اُبلتے ہوئے جہنم میں تبدیل کر سکتی ہے۔ کرۂ ہوائی میں بڑی بلندیوں پر امریکہ کا ہوائی بیڑہ جو ہزاروں طیاروں پر مشتمل ہے ہر وقت مصروفِ پرواز رہتا ہے۔ اس میں مہلک قسم کے ایٹم بم اور ہائیڈروجن بم فٹ کر دیئے گئے ہیں۔ ایک سگنل سے وہ کہرام و رستاخیز برپا کر سکتے ہیں۔ بڑی قومیں مہلک سے مہلک اسلحہ بنانے کی دوڑ میں ایک دوسرے سے سبقت

النَّاسِ لِيُذِيقَهُمْ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٤١﴾ قُلْ

نے کیے ہیں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ چکھائے انہیں کچھ سزا ان کے (برے) اعمال کی شاید وہ باز آجائیں ۴۱ (اے حبیب!)

سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلُ ۚ

آپ (انہیں) فرمایئے سیر و سیاحت کرو زمین میں اور دیکھو کیسا انجام ہوا ان لوگوں کا جو ان سے پہلے گزرے

كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُشْرِكِينَ ﴿٤٢﴾ فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ الْقَيِّمِ مِنْ

ان میں سے اکثر مشرک تھے۔ پس کرو اپنا رُخ اس دین قیم کی طرف ۴۳ اس سے

قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ يَوْمٌ لَا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ ۖ يَوْمَئِذٍ يَصَّدَّعُونَ ﴿٤٣﴾

پہلے کہ آجائے وہ دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے جسے ٹلنا نہیں اس روز یہ لوگ جدا جدا ہو جائیں گے ۴۴

لے جانے کے لیے ملکی ثروت کو پانی کی طرح بہا رہی ہیں۔ خانگی زندگی بھی ہماری بدعمالیوں سے جنم لینے والے فساد سے محفوظ نہیں۔ میاں بیوی کے درمیان اعتماد جو خانگی زندگی کی مسرتوں کے لیے شرط اول ہے تیزی سے مفقود ہوتا چلا جا رہا ہے۔ ماں باپ اپنی عیش کوشی کے باعث اولاد کی صحیح تربیت سے قاصر ہیں۔ بغیر تربیت یافتہ اولاد بڑی ہو کر اپنے والدین کا ادب ملحوظ نہیں رکھتی بلکہ انہیں ایک ناقابل برداشت بوجھ خیال کرتی ہے۔ بڑوں کے دلوں میں چھوٹوں کے لیے رحم اور شفقت نہیں رہی۔ چھوٹوں کی آنکھیں شرم و حیا کے نور سے محروم ہو گئی ہیں اور اپنے سے بڑوں کی پگڑی اچھالنا فیشن بن گیا ہے۔ جب ہمارے گرد و پیش اس قسم کے حالات ہوں تو پھر اس آیت کا مفہوم سمجھنے میں کوئی دقت محسوس نہیں ہوتی۔

۴۲ یعنی اپنے چمنِ حیات کو جن خاردار جھاڑیوں سے لوگوں نے بھر دیا ہے اس کے کانٹوں کی چبھن تو وہ بھی محسوس کریں۔ اپنے گناہوں اور بدکرداریوں کی سزا وہ بھی تو چکھیں۔ اور اس میں حکمت یہ ہے کہ شاید وہ لوگ اپنے اعمالِ بد کی تباہ کاریوں سے عبرت حاصل کریں اور موت سے قبل اپنی اصلاح کر لیں۔

۴۳ مختلف ممالک کی سیر و سیاحت کے درمیان تم نے اُجڑے ہوئے امصار و دیار دیکھے ہوں گے جن کے ویران اور سنسان کھنڈرات یہ گواہی دے رہے ہیں کہ یہاں بسنے والوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کیا۔ فسق و فجور میں مبتلا رہے اور ظلم و ستم کی حد کر دی تو مکافاتِ عمل کے بے لاگ قانون نے انہیں تہس نہس کر کے رکھ دیا۔ جس طرح پہلے لوگ تمہارے لیے عبرت کا باعث بنے ہیں تم آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے باعثِ عبرت نہ بنو بلکہ دینِ قیم کو مضبوطی سے پکڑ لو اور اس دن سے پہلے پہلے اپنی اصلاح کر لو جسے کوئی ٹال نہیں سکتا۔ علامہ راغب اصفہانی نے الدین القیم کی یہ تشریح کی ہے۔ ای ثابتاً مقوماً لامور معاشھم ومعادھم یعنی وہ دین جو ان کی دنیوی معیشت کی ترقی اور اخروی فلاح کا ضامن ہے۔

۴۴ اس دن کی ایک خصوصیت یہ ہوگی کہ اس روز اولادِ آدم کی تقسیم عربی، عجمی، رُومی، حبشی، امیر و فقیر، شاہ و گدا کی بنیادوں پر نہیں ہوگی،

مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ

جس نے کفر کیا تو اسی پر ہے اس کے کفر کا وبال ۳۳ اور جنہوں نے نیک عمل کیے تو وہ اپنے لیے ہی راہ ہموار

يَمْهَدُوْنَ ۙ ﴿۴۴﴾ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ

کر رہے ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ بدلہ دے انہیں جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اپنے فضل و کرم سے ۳۴

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ

بیشک وہ پسند نہیں کرتا کفار کو۔ اور اس کی قدرت کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ وہ بھیجتا ہے ہواؤں کو

وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ

(بارش کا) مژدہ سناتے ہوئے۔ نیز تاکہ وہ تمہیں چکھائے اپنی رحمت سے اور تاکہ چلیں کشتیاں اس کے حکم سے اور تاکہ تم طلب کرو

بلکہ کفر و اسلام پر ہوگی۔ کفر کرنے والوں کو جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

یصدعون کا مادہ الصدع ہے جس کا معنی پھاڑ دینا۔ الصدع الشق یقال صدعته فانصدع ھو ای انشق تصدع القوم ای تفرقوا (الصحاح) یعنی صدع کا معنی پھاڑ دینا ہے اور تصدع القوم کا معنی ہے قوم کا جُدا جُدا ہو جانا، مختلف ٹولیوں میں بٹ جانا۔

۳۳ جو لوگ کفر کو اختیار کرتے ہیں وہ اللہ جل مجدہ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے بلکہ وہ اپنا ہی ستیاناس کرتے ہیں اور جو لوگ نیکی کو اپنا شعار بناتے ہیں وہ بھی اللہ تعالیٰ پر کوئی احسان نہیں کرتے بلکہ اپنے دونوں جہاں سنوارتے ہیں۔ دُنیا میں بھی ان کی راہ میں آنکھیں بچھائی جائیں گی اور حشر کے روز بھی اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمتوں کا ان پر نزول ہوگا۔

یَمْهَدُوْنَ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں: منه مهد الصبی والمهاد: الفراش وقد مهدت الفراش مهدا بسطته ووطأته، یعنی بچے کے پنگھوڑے کو مہد اور بستر کو مہاد کہتے ہیں۔ بستر بچھانے اور اسے نرم و گداز کرنے کو مہدت الفراش سے تعبیر کرتے ہیں۔ اس آیت میں یمهدون کا معنی ہوگا کہ وہ اپنی ابدی آرام گاہ کو درست و ہموار بنا رہے ہیں۔ ای یوطئون لانفسهم فی الآخرة فراشا ومسکنا وقرارا بالعمل الصالح (قرطبی)۔ علامہ جوہری نے بھی الصحاح میں اس لفظ کی یہی تشریح کی ہے۔

۳۴ اس آیت میں من فضله کا لفظ آپ کی خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔ فرمایا جا رہا ہے کہ اگر وہ اہل ایمان کے ایمان اور صالحین کے اعمالِ صالحہ کو شرفِ پذیرائی بخشتا ہے اور اس پر انہیں اجر عطا فرماتا ہے تو محض اس کا فضل و کرم ہے ساری عمر بھی اگر کوئی شخص اسکی یاد اور ذکر میں بسر کر دے تو اس کی کسی ایک نعمت کا شکر بھی ادا نہیں ہو سکتا۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دفعہ اپنے صحابہ کو بڑی پیاری نصیحت فرمائی۔ فرمایا: سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا وَاَبْشِرُوْا فَاِنَّهٗ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اَحَدًا عَمَلُهٗ قَالُوْا وَلَا اَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللهِ قَالَ وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ يَّتَغَمَّدَنِيَ اللهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّرَحْمَةٍ

فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا

اس کے فضل سے اور تاکہ تم شکر ادا کرو ؎ اور بیشک ہم نے بھیجے آپ سے پہلے پیغمبر

اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ؕ

انکی قوموں کی طرف۔ پس وہ لے کر آئے ان کے پاس روشن دلیلیں۔ پس ہم نے بدلہ لیا ان سے جنہوں نے جرم کیے۔

وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٧﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ

اور ہمارے ذمہ کرم پر ہے اہل ایمان کی امداد فرمانا ؎ اللہ تعالیٰ ہی ہے جو بھیجتا ہے ہواؤں کو

فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا

پس وہ اٹھاتی ہیں بادل کو پس اللہ تعالیٰ پھیلا دیتا ہے اسے آسمان پر جس طرح چاہتا ہے اور کر دیتا ہے اسے

فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

ٹکڑے ٹکڑے پھر تو دیکھتا ہے بارش کو کہ نکلنے لگتی ہے اس میں سے پھر جب پہنچاتا ہے اسے جس کو چاہتا ہے

(رواہ الشیخان)

ترجمہ: راہ راست اختیار کرو۔ اللہ تعالیٰ کا قرب چاہو اور خوش رہو۔ کیونکہ کسی کو اس کا عمل جنت میں نہیں لے جائے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ! آپ کا عمل بھی۔ فرمایا: ہاں میرا عمل بھی، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنے دامن مغفرت و رحمت میں ڈھانپ لے۔

؎ اب پھر اپنی قدرت قاہرہ کے دلائل ساطعہ کا بیان ہو رہا ہے۔

؎ یہ فرما کر اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی عزت افزائی فرمائی ہے یعنی انہوں نے میری طاعت و بندگی کو اپنا شیوہ بنا لیا ہے تو میں نے بھی ان کی اعانت فرمانا اور ہر میدان میں ان کی فتح و اعانت کا وعدہ فرمایا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اپنا وعدہ ضرور پورا کرتا ہے۔

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

قال سمعت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم یقول ما من مسلم یذب عن عرض اخیہ الا کان حقا علی اللہ تعالیٰ ان یرد عنہ نار جہنم یوم القیامۃ ثم تلا وکان حقا علینا نصر المومنین۔

ترجمہ: یعنی میں نے حضور کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو مسلمان اپنے بھائی کی ناموس کو بچاتا ہے، اللہ تعالیٰ پر اس کا حق ہو جاتا ہے کہ وہ اسے آتش جہنم سے بچائے۔ پھر حضور نے یہ آیت تلاوت کی۔

مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ

اپنے بندوں سے اس وقت وہ خوشیاں منانے لگتے ہیں ۵۳ اگرچہ وہ بندے اس سے پہلے کہ ان

اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ

پر بارش ہوتی مایوس ہو چکے تھے ۔ پس (اے چشم ہوش سے) دیکھو رحمت

اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ

الٰہی کی علامتوں کی طرف (تمہیں پتہ چلے گا) کہ وہ کیسے زندہ کرتا ہے زمین کو اسکے مردہ ہونے کے بعد۔ بیشک وہی خدا مُردوں کو زندہ

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا

کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے ۔ اور اگر ہم بھیج دیتے ایسی ہوا (جس کے اثر سے) وہ دیکھتے اپنے سرسبز

لَّظَلُّوْا مِنْ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ

کھیتوں کو کہ وہ زرد ہو گئے ہیں تو اسکے باوجود وہ کفر پر اڑے رہتے ۵۴ پس آپ مُردوں کو نہیں سنا سکتے ۵۵ اور نہ آپ بہروں کو

۵۳ ایسی ہوا بھیجتا ہے جو بادل کو اٹھا کر لاتی ہے اور سارا آسمان اس سے ڈھک جاتا ہے۔ تثیر سحابا تحرکہ وتنشرہ۔ کِسَفًا: یہ کسفۃ کی جمع ہے۔ اس کا معنی ٹکڑا ہے۔ الودق: بارش۔

۵۴ ایسی ہوائیں بھی ہیں کہ جب چلتی ہیں تو سرسبز وشاداب کھیت زرد ہو کر خشک ہونے لگتے ہیں۔

۵۵ اس آیت میں الموتیٰ سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے دل مر چکے ہیں۔ کفر وشرک پر پیہم اصرار کے باعث ان کی عقل وفہم کے چراغ بجھ گئے ہیں۔ اور کسی بات میں سنجیدگی اور متانت سے غور وفکر کی صلاحیت دم توڑ چکی ہے۔ علامہ خازن الموتیٰ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: یعنی موتی القلوب وھم الکفار (الخازن)، علامہ بغوی فرماتے ہیں یعنی الکفار (معالم التنزیل، الخازن) علامہ قرطبی نے فرمایا موتی القلوب (جنکے دل مُردہ ہیں) اور الصم سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کے کان بہرے ہو چکے ہیں۔ جنھوں نے اپنے گوش ہوش میں تعصب کی انگلیاں ٹھونس دی ہیں تاکہ انہیں حق کی صدا سنائی نہ دے۔

آیت کا مقصد یہ ہے کہ توحید پر مسکت دلائل ان کے سامنے پیش کیے گئے۔ انہیں بار بار دل نشین انداز سے دعوتِ حق دی گئی، اس کے باوجود یہ کفر پر اڑے ہوئے ہیں ان کے اس طرزِ عمل سے اے محبوب! آپ رنجیدہ خاطر نہ ہوں، ان کے دل مر چکے ہیں، ان کے کانوں سے حق سننے کی طاقت سلب ہو گئی ہے۔ آپ نے اپنا فریضۂ تبلیغ ادا کرنے میں ذرا کوتاہی نہیں کی۔ اگر یہ کفر اور گمراہی کے اندھیروں سے باہر

نہیں نکلنا چاہتے قرآن کی قسمت۔

آج کل یہ بحث بڑے زوروں پر ہے کہ میت کوئی آواز سن سکتی ہے یا نہیں۔ سماعِ موتی کے منکرین استدلال کے طور پر یہ آیت پیش کرتے ہیں اس لیے اللہ تعالیٰ سے توفیق طلب کرتے ہوئے بڑے اختصار کے ساتھ آیاتِ قرآنیہ، احادیثِ طیبہ اور علمائے ربانیین کے اقوال سے جو کچھ سمجھا ہوں وہ عرض کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل کجروی سے بچائے اور راست روی کی توفیق عطا فرمائے کیونکہ اس کی توفیق اور دستگیری کے بغیر علم، عقل اور سعی سب بے حاصل ہیں۔

یہ مسئلہ عہدِ قدیم سے متنازعہ فیہ ہے اس کے بارے میں علماء کے متعدد اقوال ہیں۔ بڑے سے بڑے فضلا نے اس گتھی کو سلجھانے کی کوشش کی ہے لیکن جس شرح وبسط سے علامہ ابن قیم نے اس پر قلم اٹھایا ہے اور اس مسئلہ کے مختلف گوشوں کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے یہ صرف انہیں کا حصہ ہے۔ مطالعہ کی حد تک یہ

سب سے پہلے یہ سمجھنا چاہیے کہ موت کیا چیز ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟ علامہ مذکور لکھتے ہیں کہ موت عدمِ محض اور فنا مطلق کا نام نہیں کہ انسان مرے تو بالکل نیست و نابود ہو کر رہ جائے بلکہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہو جانے کو موت کہتے ہیں۔ ان الموت لیس بعدم محض وانما هو انتقال من حال الی حال (کتاب الروح ص ۴۳)

اللہ تعالیٰ نے شہداء کے متعلق فرمایا ہے کہ احیاء عند ربھم یرزقون فرحین مستبشرین یعنی وہ مجاہدین جو کفار قتل کر دیتے ہیں تو پھر بھی وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں انہیں رزق دیا جاتا ہے بڑے خوش اور مسرور رہتے ہیں جب ظاہری جسم پر موت طاری ہونے کے باوجود شہداء کا یہ حال ہے تو صدیقین اور انبیاء جن کا رتبہ شہداء سے بدرجہا اعلیٰ اور ارفع ہے، ان کی کیا کیفیت ہوگی علامہ ابن قیم نے یہاں حیاتِ انبیاء پر متعدد دلائل بیان کیے ہیں جن میں سے چند یہ ہیں:

۱۔ شبِ معراج بیت المقدس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ملاقات انبیاء کرام کے ساتھ ہوئی۔

۲۔ اسی سفرِ معراج میں مختلف آسمانوں پر مختلف انبیاء سے ملاقات ہوئی۔

۳۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تو بار بار ملاقات اور نمازوں کی تعداد پچاس سے گھٹا کر پانچ کروانے کا واقعہ ہر خاص و عام کے علم میں ہے۔

ان دلائل کے ذکر کرنے کے بعد ابن قیم لکھتے ہیں یحصل من جملته القطع بان موت الانبیاء انما هو راجع الی ان غیبوا عنا بحیث لا ندرکھم وان کانوا موجودین احیاء (کتاب الروح ص ۴۴) کہ مذکورہ دلائل سے اور ان کے علاوہ دوسرے دلائل سے جن سے یہ امر قطعی طور پر ثابت ہو جاتا ہے کہ انبیاء کرام کی موت کا فقط یہ مطلب ہے کہ وہ ہماری نگاہوں سے پوشیدہ ہو گئے ہیں ہم ان کو نہیں پا سکتے حالانکہ وہ زندہ موجود ہیں۔

موت کا مفہوم ذہن نشین کر لینے کے بعد اب آپ یہ سمجھنے کی کوشش فرمائیں کہ موت کے بعد روح اور جسم کا باہمی تعلق کیسے باقی رہتا ہے۔ اس کے بارے میں علامہ مذکور فرماتے ہیں کہ جسم کے ساتھ روح کے تعلق کی پانچ حالتیں ہیں۔ ہر حالت پر مختلف احکام مترتب ہوتے ہیں۔

(۱) شکمِ مادر میں جب جسم میں روح پھونکی جاتی ہے۔ (۲) جب انسان اس جہان میں قدم رکھتا ہے۔ (۳) حالتِ خواب میں۔ (۴) عالمِ برزخ میں اگرچہ روح جسم سے جدا ہو جاتی ہے لیکن یہ جدائی کلیتاً نہیں ہوتی بلکہ روح کا تعلق جسم کے ساتھ کسی نہ کسی طرح باقی رہتا ہے تعلقہا

به فی البرزخ فانها وان فارقته و تجردت عنه فانها لم تفارقه فراقًا كليًا بحيث لا يبقى لها التفات اليه البتة اور اسی تعلق کی وجہ سے وہ اپنے زائر کے سلام کا جواب دیتا ہے اور اس کا اسے علم ہوتا ہے۔ (تفصیل بیان آگے آرہا ہے)

(۵) قبروں سے جی اٹھنے کے بعد رُوح کا تعلق جسم سے۔ اس تعلق کے متعلق علامہ لکھتے ہیں: فهو اكمل انواع التعلق اذ هو تعلق لا يقبل البدنُ معه مَوْتًا وَلا نوما ولا فسادا یعنی رُوح کا جسم کے ساتھ یہ تعلق تمام تعلقات سے اکمل ہے کیونکہ اس کے بعد جسم کو موت آتی ہے نہ نیند آتی ہے اور نہ اس کے عناصر میں فساد رونما ہوتا ہے۔

موت کے بعد حشر تک روح کا مقر اور مقام کہاں ہے؟ اس کے متعلق علامہ نے تقریباً سولہ[۱۶] قول لکھے ہیں، جن میں سے ایک قول یہ ہے کہ موت کے بعد رُوح بھی عدم محض ہو جاتی ہے جسم کی دُوسری صفات علم، قوت وغیرہ کی طرح (حیاۃ) بھی اس کی ایک صفت ہے جسم کے فنا ہو جانے سے جس طرح دوسری صفات فنا ہو جاتی ہیں اسی طرح رُوح بھی فنا ہو جاتی ہے لیکن یہ قول سراسر باطل ہے۔ کتاب وسُنّت اور اجماع صحابہ کے علاوہ دلائل عقلیہ بھی اس کی تردید کرتے ہیں۔ يايتها النفس المطمئنة ارجعى الى ربك راضية مرضية فادخلى فى عبادى وادخلى جنّتى (اے اطمینان والی جان! اپنے رب کی طرف واپس ہو یوں کہ تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی۔ پھر میرے خاص بندوں میں داخل ہو اور میری جنت میں آ) یہاں خطاب رُوح مطمئنہ کو ہو رہا ہے اور اس وقت ہو رہا ہے جب وہ جسم سے الگ ہوتی ہے اگر رُوح کا اپنا مستقل وجود نہ ہوتا تو پھر اس سے خطاب کیسے کیا جاتا۔ احادیث کثیرہ سے بھی یہ ثابت ہے کہ رُوح کا اپنا مستقل وجود ہے۔ وهو قول لم يقل به احد من سلف الامة ولا من الصحابة والتابعين ولا ائمة الاسلام (ابن قیم) یعنی یہ ایسا قول ہے جسے سلف صالحین میں سے کسی نے تسلیم کیا ہے نہ صحابہ، تابعین اور ائمہ اسلام کا یہ خیال ہے۔

۲۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اس بارے میں یہ قول ہے کہ مومنین کی ارواح برزخ میں ہیں اور جدھر چاہتی ہیں جاتی ہیں۔ انّ ارواح المومنين فى برزخ من الارض تذهب حيث شاءت فهذا مروى عن سلمان الفارسى، والبرزخ هو الحاجز بين الشيئين۔ وكان سلمان اراد بها فى ارض بين الدنيا والاخرة مرسلة هناك تذهب حيث شاءت۔

برزخ کے لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں اصله الحاجز بين الشيئين دو چیزوں کے درمیان جو چیز حائل ہو اس کو برزخ کہا جاتا ہے۔ یہاں برزخ سے مراد دُنیا اور آخرت کا درمیانی جہان ہے۔

- فالبرزخ ههنا ما بين الدنيا والآخرة۔

تیسرا قول: مومنین کی رُوحیں حضرت آدم علیہ السلام کے دائیں جانب ہیں اور کفار کی رُوحیں آپ کی بائیں جانب۔

چوتھا قول: ابو محمد بن ابی حزم کا قول یہ ہے کہ اجسام کے پیدا کرنے سے پہلے رُوح جہاں تھی، موت کے بعد لوٹ کر پھر وہاں ہی چلی جاتی ہے۔ انّ مستقرّها حيث كانت قبل خلق اجسادها۔

پانچواں قول: بعض نے یہ کہا کہ مومنین کی رُوحیں اللہ تعالیٰ کے پاس ہوتی ہیں۔ اس سے زیادہ ان لوگوں نے مزید کہنے کی جرأت نہیں کی اور جتنا کچھ قرآن میں ہے ادب اور احترام کے تقاضے کے پیشِ نظر اتنا کہنے پر ہی توقف کرتے ہیں۔ ارواح المومنين عند الله ولم يزد على ذلك فانه تأدب مع لفظ القرآن حيث يقول الله عزوجل بل احياء عند ربهم يرزقون۔

چھٹا قول : بعض کی رائے یہ ہے کہ ارواح اپنی مزارات کے اُوپر ہوتی ہیں۔ الارواح علی افنیة قبورها۔

ساتواں قول : اہل ایمان کی رُوحیں اگر کوئی گناہ کبیرہ یا قرض رکاوٹ نہ بنے تو وہ جنّت میں ہوتی ہیں لیکن اپنے جسم خاکی پر ان کی توجہ اس طرح ہوتی ہے کہ اگر کوئی شخص ان کے مزارات پر حاضر ہو تو وہ اسے دیکھتے ہیں اور اگر کوئی سلام کہے تو اس کا جواب دیتے ہیں۔ اس شبہ کا ازالہ کرنے کے لیے کہ روح اگر جنّت میں یا اعلیٰ علیین میں ہو تو اپنی قبر پر آنے والے کو اتنی دُور سے کس طرح پہچانتی ہے اور کس طرح اس کا سلام سنتی ہے اور پھر اس کا جواب دیتی ہے۔ علامہ ابن قیم لکھتے ہیں۔ لا یضیق عن ـــــ کون الروح فی الملاء الاعلیٰ تسرح فی الجنة حیث شاء وتسمع سلام المسلم علیها عند قبرها وتدنو حتی ترد علیه السلام وللروح شأن آخر غیر شأن البدن (کتاب الروح ص ۱۳۵)

یعنی تو اس چیز کو تسلیم کرنے سے تنگ دل نہ ہو کہ رُوح جب ملاء اعلیٰ میں ہے اور جنّت میں سیر و سیاحت میں مصروف ہے تو وہ کس طرح اپنی قبر پر آنے والے کا سلام سنتی ہے پھر کس طرح نزدیک ہو کر اس سلام کرنے والے کو جواب دیتی ہے۔ کیونکہ رُوح کی شان اور ہے اور جسم کی شان اور۔ علامہ نے بڑی شرح و بسط سے اس چیز کو ثابت کیا ہے کہ رُوح کے لیے یہ بُعد مکانی اور یہ مسافت کی دُوریاں کوئی معنی نہیں رکھتیں۔ وہ ایک لمحہ میں ملاء اعلیٰ سے زمین پر اور زمین سے اعلیٰ علیین پر آجا سکتی ہے۔ وہ لوگ سخت دھوکہ میں ہیں جو رُوح کو جسم کی طرح ان مسافتوں کے طے کرنے سے قاصر سمجھتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کیا تم نہیں جانتے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب شب معراج موسیٰ علیہ السلام کے مزار کے پاس سے گزرے تو انہیں اپنی قبر میں کھڑے ہو کر نماز پڑھتے دیکھا اور جب حضور کا موکب ہمایوں افلاک کی بے پایاں رفعتوں کو سمند ہمت سے روندتا ہوا چھٹے آسمان تک پہنچا تو وہاں پھر موسیٰ علیہ السلام کو اپنا منتظر پایا۔ جبریل امین ایک لمحہ پہلے آسمان کی بلندیوں پر پرکشا نظر آتے تو دُوسرے لمحے بارگاہ رسالت میں دست بستہ بیٹھے ہوئے حاضر دکھائی دیتے لیکن ان امور کو ہر آدمی تسلیم نہیں کرتا۔ صرف انہیں سعید رُوحوں کو یہ استعداد بخشی جاتی ہے جو ان حقائق کو سمجھتے بھی ہیں، تسلیم بھی کرتے ہیں اور ان پر یقین بھی رکھتے ہیں۔

اس کے بعد علامہ نے ایک مستقل فصل تحریر کی ہے جس میں انہوں نے اس حقیقت سے پردہ اٹھایا ہے کہ ساری رُوحوں کی حالت یکساں نہیں ہوتی بلکہ قوت اور ضعف، کبر اور صغر کے اعتبار سے ہر ایک کا رُتبہ الگ الگ ہوتا ہے۔ عظیم اور کبیر رُوحوں کا مقام اتنا بلند ہوتا ہے جس کو ان سے کم درجہ والی رُوحیں نہیں پا سکتیں۔ رُوحوں کے درمیان یہ تفاوت ہم اس مادّی جہان میں بھی مشاہدہ کرتے رہتے ہیں اور جب رُوح جسمانی علائق اور مادّی پابندیوں سے رُستگاری حاصل کر لیتی ہے تو اُسے تصرف، قوت، ہمت اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق میں جو مقام نصیب ہوتا ہے وہ ان رُوحوں کو نصیب نہیں ہوتا جو جسم کے اس قفس میں قید ہیں اور جنہیں مادّی دُنیا کی زنجیروں نے جکڑ رکھا ہے۔ عظیم رُوحیں جب قفس عنصری کو توڑ کر آزاد ہوتی ہیں تو ان کی شان اور علو ہمتی کا اندازہ ہی نہیں لگایا جا سکتا۔ اور ان سے ایسے ایسے کارہائے نمایاں ظہور پذیر ہوتے ہیں جن کا تصوّر کرنا بھی ہمارے بس کی بات نہیں۔ پھر علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ بارہا لوگوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خواب میں زیارت کی کہ حضور کے ساتھ ابو بکر صدیقؓ اور فاروق اعظمؓ بھی ہیں اور انہوں نے کفار و مشرکین کے جرّار لشکروں کو شکست فاش دی اور ان کو مغلوب و مقہور کر دیا حالانکہ مسلمانوں کی فوج ہر لحاظ سے کمزور تھی۔ علامہ کی عبارت غور سے پڑھیے۔ آپ کا ایمان تازہ ہو جائے گا۔

وکم رُئِیَ النبی صلی الله تعالیٰ علیه وآله وسلم ومعه ابوبکر وعمر فی النوم قد هزمت ارواحهم عساکر الکفر والظلم فاذا بجیوشهم مغلوبة مکسورة مع کثرة عددهم وعُددهم وضعف المسلمین وقلتهم (کتاب الروح ص ۱۳۷)

ان کے علاوہ مصنف نے متعدد دُوسرے قول ذکر کیے ہیں جن میں سے بعض سراسر باطل ہیں اور بعض کی کچھ تاویل کی جا سکتی ہے۔ آخر میں علامہ نے لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ سوال کرے کہ ان متعدد اقوال میں سے تمہارے نزدیک راجح قول کونسا ہے جس کے مطابق اعتقاد رکھا جائے تو جواب میں کہا جائے گا کہ ساری رُوحیں یکساں نہیں ان میں بڑا تفاوت ہے اور اسی تفاوت کی وجہ سے ان کی منزلیں جُدا جُدا ہیں اور مختلف احادیث میں روحوں کے مختلف ٹھکانوں کا جو ذکر ہے ان میں تضاد نہیں بلکہ مختلف ارواح کے مختلف مقامات ذکر کیے گئے ہیں۔ اس بحث کو سمیٹنے سے پہلے علامہ مذکور لکھتے ہیں کہ رُوح اور بدن کے احکام اور حالات مختلف ہیں۔ رُوح جنت میں ہونے کے باوجود اپنی قبر سے اور اس میں مدفون اپنے بدن سے اتصال رکھتی ہے اور اُوپر جانے اور نیچے اترنے میں، ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچنے میں اس کی سرعتِ رفتار کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا اور اس کی چار قسمیں ہیں۔

(۱) آزاد رُوحیں (۲) مقید رُوحیں (۳) علوی روحیں (۴) سفلی رُوحیں۔

وانّ لها شاناً غیر شان البدن وانها مع کونها فی الجنة فهی فی السماء وتتصل بفناء القبر وبالبدن فیه وهی اسرع شئ حرکة وانتقالا وصعوداً وهبوطاً وانها تنقسم الی مرسلة ومحبوسة وعلویة وسفلیة (کتاب الروح ص۱۴۴)

احادیث صحیحہ کثیرہ سے یہ ثابت ہے کہ صاحبِ مزار اپنے زائر کو پہچانتا ہے اور اس کی آواز کو سنتا ہے۔ ان میں سے چند حدیثیں پیش کی جاتی ہیں :

(۱) اخرج الشیخان وغیرهما من طریق قتادة عن انس قال قال النبی صلی الله تعالٰی علیه وآله وسلم ان العبد اذا وضع فی قبره وتولی عنه اصحابه انه یسمع قرع نعالهم۔

ترجمہ : امام بخاری، امام مسلم اور دیگر محدثین نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے کہا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب بندے کو اس کی قبر میں رکھا جاتا ہے اور اس کے دوست دفن کرنے کے بعد واپس لوٹتے ہیں تو وہ انکے جوتوں کی آواز سنتا ہے۔

(۲) اخرج ابن ابی شیبة والطبرانی فی الاوسط وابن حبان فی صحیحه والحاکم والبیهقی فی حدیث ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم والذی نفسی بیده ان المیت اذا وضع فی قبره انه یسمع خفق نعالهم حین یولون عنه۔

ترجمہ : ابن ابی شیبہ، طبرانی، ابوحبان، حاکم اور بیہقی (جیسے جلیل القدر محدثین) نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ جب میت کو اس کی قبر میں رکھا جاتا ہے تو وہ اسے دفن کر کے واپس لوٹنے والوں کی جوتیوں کی آہٹ سنتی ہے۔

(۳) اخرج ابن ابی دنیا فی کتاب القبور عن عائشة رضی الله عنها قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما من رجل یزور قبر اخیه ویجلس عنده الا استأنس ورد علیه حتی یقوم۔

ترجمہ : حضرت اُم المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جب کوئی شخص اپنے بھائی کی قبر کی زیارت کے لیے جاتا ہے اور اس کے پاس بیٹھتا ہے تو صاحبِ مزار کو اس سے بڑی راحت ہوتی ہے اور وہ اس کے سلام کا جواب دیتا ہے۔

(۴) عن ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال اذا مر الرجل بقبر یعرفه فسلم علیه رد علیه السلام و عرفه و اذا مر بقبر لا یعرفه فسلم علیه و رد علیه السلام (البیہقی)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ جب کوئی شخص اپنے جاننے والے کی قبر پر آتا ہے اور اسے سلام کہتا ہے تو صاحب مزار اس کے سلام کا جواب بھی دیتا ہے اور اسے پہچانتا بھی ہے اور اگر کسی ایسے شخص کے مزار پر آتا ہے جس سے جان پہچان نہیں تھی اور اسے سلام کہتا ہے تو قبر والا اس کے سلام کا جواب دیتا ہے۔

(۵) بعینہٖ یہی الفاظ علامہ ابن عبدالبر نے بروایت ابن عباس حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے نقل کیے ہیں۔

یہ احادیث اور ان کے علاوہ متعدد کئی حدیثیں نقل کرنے کے بعد علامہ ابن قیم نے سماع موتی کے متعلق اپنی تحقیق کا خلاصہ ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں: والسلف مجمعون علی هذا وقد تواترت الآثار عنهم بان المیت یعرف زیارة الحی له ویستبشر۔ یعنی سلف صالحین کا سماع موتی پر اجماع اور اتفاق ہے۔ ان سے درجہ تواتر تک ایسی روایات مروی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ میت کی زیارت کے لیے جب کوئی شخص آتا ہے تو میت کو اس کی آمد کا علم بھی ہوتا ہے اور اس سے اُسے بڑا سرور حاصل ہوتا ہے۔

علامہ عثمانی نے فتح الملہم شرح صحیح مسلم میں اس مسئلہ کی خوب تحقیق کی ہے۔ متعدد احادیث اور اقوال علماء تحریر کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

والذی یحصل لنا من مجموع النصوص والله اعلم ان سماع الموتی ثابت فی الجملة بالاحادیث الکثیرة الصحیحة۔

یعنی ان متعدد روایات سے ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ صحیح اور کثیر التعداد احادیث سے سماع موتی کا مسئلہ ثابت ہے۔ واللہ اعلم

یہ ثابت کرنے کے بعد کہ میت سُنتی ہے علامہ مذکور نے ان آیات کا مفہوم واضح کیا ہے جن سے بظاہر سماع موتی کی نفی سمجھی جاتی ہے۔ وہ مولانا محمد قاسم صاحب کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ افعال کی دو قسمیں ہیں (۱) افعال عادیہ یعنی جن کا وقوع عادت کے مطابق اسباب و علل کے پائے جانے سے ہوتا ہے۔ مثلاً کسی نے کسی پر بندوق سے فائر کیا اور وہ مر گیا ایسے افعال کی نسبت اس بندوق چلانے والے کی طرف کی جاتی ہے۔ (۲) افعال غیر عادیہ: جو ظاہری اسباب و علل کے پائے جانے کے بغیر وقوع پذیر ہوتے ہیں جیسے کسی نے کنکریوں کی مٹھی پھینکی اور ایک لشکر جرار کو شکست دے دی۔ ایسے افعال کی نسبت اس ظاہری فاعل کی طرف نہیں کی جاتی بلکہ براہ راست اللہ تعالیٰ کی طرف کی جاتی ہے جیسے ما رمیت اذ رمیت ولکن الله رمیٰ۔

یہاں بھی میت زیر زمین دفن ہے۔ اس کے اوپر منوں مٹی کا انبار لگا ہے۔ نہ وہاں ہوا کا گذر ہے اور نہ روشنی کا۔ آواز کو کسی تک پہنچانے کے لیے ظاہری سبب ہوا ہے۔ جو یہاں قطعاً مفقود ہے اس لیے میت اگر سُنتی ہے تو اس کو سنانے والا وہ نہیں کیونکہ ہوا کے فقدان کے باوجود آواز کو سُنا دینا کسی انسان کے بس کا روگ نہیں۔ چنانچہ ان آیات میں اس بات کی نفی نہیں کی گئی کہ میت نہیں سُنتی بلکہ اس کی نفی کی گئی ہے کہ تم نہیں سُنا سکتے۔ فما انت بمسمع من فی القبور لیکن اس سے یہ تو ہرگز ثابت نہیں کہ جسے تم نہیں سنا سکتے اسے خداوند عالم بھی نہیں سُنا سکتا۔ اس کی قدرت اسباب اور علل کی محتاج نہیں۔ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

سید انور شاہ صاحب فیض الباری شرح بخاری میں رقمطراز ہیں:

وله جواب آخر وهو ان المنفی فی الآیة هو الاسماع دون السماع (فیض الباری جلد دوم ص ۴۷)

علامہ موصوف اسی کتاب کی اسی جلد کے صفحہ ۴۶۴ پر اپنا عقیدہ تحریر فرماتے ہیں :

اقول : والاحادیث فی سمع الاموات قد بلغت مبلغ التواتر وفی حدیث صححہ ابو عمر وان احدا اذا سلم علی المیت فانہ یرد علیہ ویعرفہ ان کان یعرفہ فی الدنیا۔

ترجمہ : میں (سید انور شاہ) کہتا ہوں کہ سماع موتی کے ثبوت کے لیے اتنی احادیث ہیں جو درجہ تواتر کو پہنچ چکی ہیں اور حدیث صحیح میں ہے کہ جب کوئی شخص میت کو سلام دیتا ہے تو وہ اس کا جواب دیتا ہے اور اگر صاحب مزار اس کو دنیا میں پہچانتا تھا تو اب بھی وہ اس کو پہچان لیتا ہے۔

اکابر علماء دیوبند کی تصریحات کا مطالعہ آپ نے فرما لیا معلوم نہیں اب ان کے شاگرد اور پیروکار اپنے ان بزرگوں کے عقیدہ کے برعکس سماع موتی کا انکار کیوں کرتے ہیں اور اولیائے کرام کی مزارات پُر انوار پر حاضر ہونے والوں پر کفر و شرک کا فتویٰ کیوں لگاتے ہیں۔

بعض علماء کرام نے فرمایا ہے کہ آیات میں مطلق سماع کی نفی نہیں بلکہ ایسے سماع کی نفی ہے جو مفید اور نفع رساں ہو۔ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

سماع موتی کلام الخلق قاطبۃ   قد صح فیہا لنا الآثار بالکتب

وآیۃ النفی معناہا سماع ھدی   لا یسمعون ولا یصغون للادب

ترجمہ : میت کا لوگوں کے کلام کو سُننا صحیح دلائل سے ثابت ہے۔ اور جن آیات میں سنانے کی نفی کی گئی ہے اس سے مراد ایسا سنانا ہے جو ہدایت کا باعث ہو اور نفع رساں ہو۔

جنگِ بدر میں جب بڑے بڑے مشرکین مکہ ہلاک ہوئے تو ابوجہل، عتبہ وغیرہا مشرکین کی لاشیں ایک گڑھے میں پھینک دی گئیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام وہاں تشریف لائے اور ایک ایک کا نام لے کر فرمایا : یا فلاں بن فلاں، یا فلاں بن فلاں ھل وجد تم ما وعد کم ربکم حقا فانی وجدت ما وعدنی ربی حقا؟ اے فلاں فرزند فلاں، اے فلاں پسر فلاں! ذلت اور عذاب کا جو وعدہ تمہارے رب نے تم سے کیا تھا کیا اس کو تم نے سچا پایا؟ بیشک میرے رب نے نصرت و کامرانی کا جو وعدہ میرے ساتھ فرمایا تھا میں نے تو اسے سچا پایا۔

قال لہ عمر یا رسول اللہ! ما تخاطب من اقوام قد جیفوا۔

حضرت عمرؓ نے عرض کی یا رسول اللہ! آپ ایسے لوگوں کو خطاب فرما رہے ہیں جو بے جان لاشے ہیں۔

فقال والذی بعثنی بالحق ما انتم باسمع لما اقول ولکنھم لا یستطیعون جوابا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اس کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا میری بات تم ان سے زیادہ نہیں سُن رہے۔ لیکن وہ جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتے۔

اس حدیث سے صراحۃً ثابت ہوتا ہے کہ مسلمان تو مسلمان کفار و مشرکین کے مُردے بھی سُنتے ہیں۔

سماع موتی کے منکرین نے اس حدیث کے جواب میں کہا ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس حدیث کی تاویل کی ہے اس لیے یہ حدیث اس مسئلہ کی دلیل نہیں بن سکتی۔ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ جمہور محدثین نے حضرت صدیقہؓ کی اس تاویل کو قبول نہیں کیا بلکہ حضرت ابن عمرؓ کی روایت کو قبول کیا ہے کیونکہ اسے بہت سے صحابہ کی تائید حاصل ہے جو خود اس موقع پر بارگاہ رسالت میں حاضر تھے اور حضرت صدیقہؓ وہاں خود موجود نہ تھیں۔ نیز ام المؤمنین نے سماع موتی کی نفی پر اس آیت سے (انک لا تسمع الموتی) جو استدلال کیا ہے اس کا

جواب جمہور محدثین نے بایں الفاظ دیا ہے :

واما استدلالہا بقولہ تعالٰی انک لا تسمع الموتی فقالوا معناہا لا تسمعہم سماعا ینفعہم او لا تسمعہم الا ان یشاء اللہ۔ یعنی تم ان کو کوئی ایسی بات نہیں سنا سکتے جو انہیں نفع پہنچائے یا تم خود اللہ تعالٰی کی مشیت کے بغیر انہیں کچھ نہیں سنا سکتے۔

کتب حدیث میں ایسی روایات بھی ملتی ہیں جن سے حضرت صدیقہؓ کا اس مسئلہ سے رجوع ثابت ہوتا ہے۔ ان میں سے ایک روایت وہ ہے جو ابن اسحٰق نے المغازی میں یونس بن بکیر سے بسند جید نقل کی ہے جس کے الفاظ بعینہٖ حدیث ابی طلحہ جیسے ہیں۔

ومن الغریب ان فی المغازی لابن اسحٰق روایۃ یونس بن بکیر باسناد جید عن عائشۃ مثل حدیث ابی طلحۃ وفیہ ما انتم باسمع لما اقول منہم۔ یعنی جو میں کہہ رہا ہوں اسے تم ان سے زیادہ نہیں سن سکتے۔

اس کے علاوہ علامہ ابن عبدالبر نے حضرت صدیقہؓ سے یہ حدیث روایت کی ہے۔

قال یروی من حدیث عائشۃ رضی اللہ تعالٰی عنہا انہا قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من رجل یزور قبر اخیہ فیجلس عندہ الا استأنس بہ حتی یقوم۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالٰی عنہا فرماتی ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اپنے بھائی کی قبر کی زیارت کے لیے جاتا ہے اور اس کے پاس بیٹھتا ہے تو صاحب مزار کو اس سے بڑی تسکین اور راحت ہوتی ہے یہاں تک کہ وہ وہاں سے اٹھ جائے۔

اس روایت سے بھی حضرت صدیقہؓ کا رجوع ثابت ہوتا ہے۔

علامہ عثمانی نے سماع موتی کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ محمود الآلوسی صاحب روح المعانی کی یہ عبارت بھی نقل کی ہے۔

قال العلامۃ الآلوسی البغدادی والحق ان الموتی یسمعون فی الجملۃ۔ حق یہ ہے کہ مردے یقیناً سنتے ہیں اور اس کی حقیقت کو اللہ تعالٰی بہتر جانتا ہے۔ فتح الملہم جلد دوم ص ۴۰۸-۹

علامہ ابن کثیر نے بھی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ کی روایت کو صحیح فرمایا ہے کیونکہ اس کی تائید دیگر شواہد کثیرہ سے ہوتی ہے

والصحیح عند العلماء روایۃ عبد اللہ بن عمر لمالہا من الشواہد علی صحتہا من وجوہ کثیرۃ۔ تفسیر ابن کثیر ص ۴۳۸

حجرۂ مقدسہ میں حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ کے دفن ہونے سے پہلے حضرت صدیقہؓ کا یہ معمول تھا کہ جب زیارت کے لیے حاضر ہوتیں، تو اوڑھنی کا زیادہ اہتمام نہ کرتیں۔ فرماتیں یہاں ایک میرے سرتاج ہیں اور دوسرے میرے والد محترم، مجھے پردہ کی ضرورت نہیں۔ لیکن حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے وہاں دفن ہونے کے بعد جب سلام عرض کرنے کے لیے حاضر ہوتیں تو بڑے اہتمام سے سر کو اچھی طرح ڈھانپ کر حاضر ہوتیں۔

علامہ ابن کثیر اپنی شہرۂ آفاق تفسیر میں اس آیت کی توضیح کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں :

والسلف مجمعون علی ہذا وقد تواترت الآثار عنہم بان المیت یعرف بزیارۃ الحی لہ ویستبشر۔

یعنی سلف صالحین کا اس بات پر اجماع ہے اور متواتر روایات سے یہ مسئلہ ثابت ہے کہ میت اپنے زیارت کرنے والے کو پہچانتی ہے اور اس سے خوش ہوتی ہے۔

الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ

سنا سکتے ہیں اپنی پکار (خصوصاً) جب وہ پیٹھ پھیر کر جا رہے ہوں۔ اور نہ آپ ہدایت دے سکتے ہیں اندھوں کو

ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾

ان کی گمراہی سے۔ آپ نہیں سناتے مگر انہیں جو ایمان لاتے ہماری آیتوں پر پس وہ گردن جھکانے ہوئے ہیں [۷۶]

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ ضُعْفٍ

اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے تمہیں (ابتداء میں) کمزور پیدا فرمایا [۷۷] پھر عطا کی (تمہیں) کمزوری کے بعد

علامہ مذکور نے اس آیت کی تفسیر کے ضمن میں کئی دیگر مسائل بھی شرح وبسط سے بیان کیے ہیں۔ جن کا مطالعہ حق کی جستجو کرنے والوں کے لیے بہت مفید ہے۔

[۷۶] آیت کریمہ کے اس جملہ نے یہ بات واضح کر دی کہ یہاں موتیٰ سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے دل مر چکے ہیں اور الصمّ (بہرے) سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے دل کے کان حق بات سننے سے بہرے ہو چکے ہیں اور العُمْيِ (اندھے) سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کی آنکھیں نورِ حق دیکھنے سے اندھی ہو چکی ہیں۔ اور سماع سے مراد فقط سننا نہیں بلکہ وہ سننا ہے جو سودمند اور نفع بخش ہو۔ چنانچہ علامہ قرطبی اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ای وضحت الحجج یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) لکنہم لا لفہم تقلید الاسلاف فی الکفر ماتت عقولہم وعمیت بصائرہم فلا یتہیأ لک اسماعہم وھدایتہم وھذا رد علی القدریۃ (القرطبی)

یعنی اے حبیب! آپ نے حق کو دلائل کے ساتھ واضح کر دیا ہے لیکن وہ اپنے گمراہ اور مشرک آباء واجداد کی اندھی تقلید میں اتنے مگن ہیں کہ ان کی عقلیں مر چکی ہیں۔ ان کی بصیرت اندھی ہو گئی ہے پس آپ نہ ان کو سنا سکتے ہیں اور نہ ہدایت دے سکتے ہیں۔ ان آیات سے قدریہ کی تردید ہوتی ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب فاطر السموٰت والارض انت ولی فی الدنیا والاخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین

[۷۷] اللہ تعالیٰ کے علم اور قدرت کاملہ کی ایک اور دلیل پیش کی جا رہی ہے یعنی اگر تمہاری نگاہ کائنات کی دوسری اشیاء تک نہیں پہنچ سکتی اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کے دیگر دلائل وشواہد سے تم استفادہ کرنے سے قاصر ہو تو کم از کم اپنی ذات پر ہی نگاہ ڈالو جب تم پیدا ہوئے تمہاری ناتوانی اور بے بسی کی کیا کیفیت تھی، پھر رفتہ رفتہ تم جوان ہوئے، پھر تمہاری بدنی اور عقلی قوتوں پر شباب آگیا، لیکن اس کے بعد پھر تمہارے ظاہری اور باطنی قویٰ میں کمزوری اور بڑھاپے کے آثار ظاہر ہونے لگے یہاں تک کہ تم اپنا مقررہ وقت ختم کرنے کے بعد موت کی آغوش میں جا پہنچے۔ زندگی کے اس مختصر عرصہ میں جن گوناگوں حالات سے تمہیں دوچار ہونا پڑا۔ قدم قدم پر جو حیرت انگیز تبدیلیاں تمہارے اعضاء میں اور

قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَّشَيْبَةً ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۚ

قوت . پھر پھر قوت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا دے دیا ۔ پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے

وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ۝ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ڏ

اور وہی سب کچھ جاننے والا بڑی قدرت والا ہے ۔ اور جس روز قیامت قائم ہوگی قسمیں اٹھائیں گے مجرم ۵۸

مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ۭ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ

کہ نہیں ٹھہرے وہ (دنیا میں) مگر ایک گھڑی ۔ یونہی وہ (پہلے بھی) غلط بیانی کیا کرتے تھے ۔ اور کہیں گے وہ لوگ

اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۡ

جنہیں علم اور ایمان دیا گیا (انہیں) کہ تم ٹھہرے رہے ہو نوشتہ الٰہی کے مطابق روزِ حشر تک ۵۹

دینی قرآن میں مذکور ہیں ان کا اگر تم نے نظرِ غائر سے مطالعہ کیا ہوتا تو تم کبھی اپنے رب کی نافرمانی نہ کرتے بلکہ صدقِ دل سے اس کی عظمت اور کبریائی کے سامنے سرِ نیاز خم کر دیتے اور شرحِ صدر سے پورے یقین کے ساتھ یہ اعلان کرتے کہ میرا پروردگار جس طرح چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے نہ اس کے علم سے کوئی چیز مخفی ہے اور نہ اس کی قدرت کے سامنے کوئی چیز ناممکن ہے۔

آیت میں مِنْ ضَعْفٍ کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ انسان کی تخلیق کمزور مادے سے ہوئی ہے ای من نطفة ضعيفة اور یہ معنی بھی کیا گیا ہے کہ انسان کی پیدائش ایسی حالت میں ہوتی ہے جب کہ وہ بالکل بے بس اور ناتواں ہوتا ہے۔ ای فی حال ضُعف وهو ما كانوا عليه في الابتداء من الطفولة والصغر۔

۵۸ روزِ محشر جب مجرموں کو بارگاہِ الٰہی میں جواب دہی کے لیے پیش کیا جائے گا تو وہ قسمیں اٹھا اٹھا کر کہیں گے کہ ہم تو دنیا میں پل بھر رہے ہیں۔ ہم سے اتنا سخت محاسبہ کیوں کیا جا رہا ہے۔ ان کی یہ صریح کذب بیانی قطعاً تعجب انگیز نہیں کیونکہ ان کا تو یہ پرانا دستور ہے کہ وہ جھوٹ بولتے ہیں اور واضح حقائق کا انکار کر دیتے ہیں۔

"یؤفکون" کی تشریح کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

ای کانوا یکذبون فی الدنیا۔ یعنی دنیا میں بھی جھوٹ بولا کرتے تھے۔

پھر فرماتے ہیں کہ جب کوئی شخص سچائی اور بھلائی سے روگرداں ہو جائے تو اہلِ عرب کہتے ہیں۔ اُفِكَ الرَّجُلُ اور وہ زمین جہاں مینہ برسنا بند ہو جائے اس کو "اَرْضٌ مَاْفُوْكَةٌ" کہا جاتا ہے۔

۵۹ اہلِ علم اور اہلِ ایمان ان کی اس کذب بیانی کی پُرزور تردید کر دیں گے۔

فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ

پس یہ (آگیا) ہے یوم محشر لیکن تم نہیں جانتے تھے۔ پس اس دن نہ نفع دے گی

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا

ظالموں کو ان کی عذر خواہی اور نہ انہیں اجازت ہوگی کہ توبہ کر کے اللہ کو راضی کریں اور بے شک ہم نے بیان

لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ

فرمائی ہے لوگوں (کے بھلے) کے لیے اس قرآن میں ہر قسم کی مثال اور اگر آپ لے آئیں ان کے پاس کوئی

لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ

نشانی تو (جواباً) یہی کہیں گے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا نہیں ہو تم مگر باطل پرست ۷۰ یونہی مہر لگا دیتا ہے اللہ

عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۹﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ

تعالیٰ ان لوگوں کے دلوں پر جو (حق کو) نہیں جانتے سو آپ صبر فرمائیں بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے ۷۱ اور

۷۰۔ یعنی قرآن کریم میں لوگوں کو گمراہی کی ظلمتوں سے نکالنے کے لیے ہر طرح کی مثالیں دی گئی ہیں اور طرح طرح کے دلنشین دلائل پیش کیے گئے ہیں جن سے عقیدہ توحید کی حقانیت اور رسولوں کی صداقت روز روشن کی طرح واضح ہو رہی ہے۔ اگر وہ ذرا بھی تدبر سے کام لیتے تو وہ یوں دشتِ ضلالت میں سرگرداں نہ پھرتے۔ لیکن ان عقل کے اندھوں کا تو ہمیشہ سے یہی وطیرہ رہا ہے کہ جب بھی آپ نے ان کے سامنے کوئی دلیل پیش کی یا اپنی صداقت کو ثابت کرنے کے لیے انہیں کوئی معجزہ دکھایا تو انہوں نے اسے ماننے بلکہ اس میں غور و فکر کرنے سے ہی انکار کر دیا۔ اور الٹا آپ پر اور آپ کے متبعین پر یہ الزام لگا دیا کہ تم باطل کے پیروکار ہو۔ تمہارا ہدایت سے کوئی واسطہ نہیں اور یہ عجیب و غریب امور جو تم ہمیں دکھاتے ہو یہ محض جادو کے کرشمے ہیں۔ مبطلون ای تتبعون الباطل والسحر۔

۷۱۔ یہاں اگرچہ خطاب سرور کون و مکان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ہے لیکن اس سے مراد حضور کی امت ہے۔ والخطاب للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم والمراد امتہ۔ یعنی اے غلامانِ مصطفیٰ! غیرتِ حق کا تقاضا یہ ہے کہ فتنوں کے طوفان آئیں سر سے گزر جائیں یا چھوڑ کر واپس لوٹ جائیں اور تم چٹان کی طرح سینہ تانے کھڑے رہو۔ شکوک و شبہات کی آندھیاں چلیں لیکن تمہاری شمع ایمان کو بجھا نہ سکیں۔ ثابت قدمی اور استقلال ازل سے اہلِ حق کا شیوہ رہا ہے۔ انہوں نے ظلم و جفا کے ہر تیر کو ہمیشہ صبر کی ڈھال پر روکا ہے۔ آج حق کے علمبردار تم ہو اس کی لاج تمہارے ہاتھوں میں ہے۔ ہاتھ کٹ جائیں، سر قلم ہو جائیں لیکن خبردار! دینِ محمدی کا پرچم سرنگوں نہ ہونے پائے۔

ع ۶

لَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۶۰﴾

آپ کو بھسلا نہ دیں (راہِ حق سے) وہ لوگ جو یقین نہیں رکھتے ۶۲

امتحان کے میدان میں ابتلاء و آزمائش کے روح فرسا لمحوں میں تم صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہو۔ اللہ تعالیٰ کی نصرت آئے گی اور یقیناً آئے گی جو طاغوتی قوتوں کے تمام منصوبوں کو خاک میں ملا دے گی اور تمہارے سر پر فتح و کامرانی کا تاج سجا دے گی۔

۶۲ کسی کو بہلا پھسلا کر گمراہ کر لینے کو اہل عرب استخف کے لفظ سے تعبیر کرتے ہیں۔ علامہ قرطبی "یستخفون" کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: استخف فلان فلانا ای استجھلہ حتی حملہ علی اتباعہ فی الغی۔ یعنی فلاں شخص نے فلاں کو بے وقوف بنا لیا اور اسے راہِ حق سے ہٹا کر گمراہی کے راستے پر گامزن کر دیا جس پر وہ خود چل رہا تھا۔

اس آیت میں لا یُوقِنون کا لفظ بڑا توجہ طلب ہے یعنی اہل ایمان کے یقین کو برباد کرنے والے وہ لوگ ہیں جو خود بے یقینی کی دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں۔ وہ لوگ جو دولتِ ایمان سے مالا مال ہیں اور جن کے دلوں میں نورِ یقین اُجالا کر رہا ہے، وہ اگر ایسے لوگوں کا اتباع شروع کر دیں جو اس نعمت سے بے بہرہ ہیں تو اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو گا۔

آج جن حالات سے ہم دوچار ہیں ایسے سنگین حالات سے اُمتِ مصطفویہ علی صاحبہا الف الف صلوٰۃ وسلام کو شاید ہی کبھی واسطہ پڑا ہو۔ اسلام کے دشمنوں کے پاس مہلک ترین اسلحہ کی جتنی فراوانی آج ہے پہلے کبھی نہیں ہوئی ہو گی۔ ہر اسلامی ملک ان کے فتنوں کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ ہر اسلامی حکومت ان کی سازشوں سے لرزہ براندام ہے لیکن جتنا ان کے ایٹم بموں سے زیادہ خطرہ شکوک و شبہات کے ان نشتروں سے ہے جن سے وہ ہماری نظریاتی سرحدوں پر تابڑ توڑ حملے کر رہے ہیں اور ہمارے عقائد کے ہر مورچہ پر شب خون مار رہے ہیں۔ کاش ہمارے نوجوان اور ہمارے سیاسی اور فکری قائدین اس آیت کے مضمون پر سنجیدگی سے غور کریں اور شیاطین جن و انس میں سے جب بھی کوئی شیطان بھٹک مارکران کے یقین کے چراغ کو گل کرنا چاہے تو بے ساختہ اس آیت طیبہ کا ورد کرنے لگیں۔ یہی وہ سپر ہے جس پر آپ اپنے جان و ایمان کے ہر دشمن کا وار بڑے وثوق سے روک سکتے ہیں لیکن جرأت اور حوصلہ مندی شرط ہے۔ ایک مرتبہ پھر پڑھیے۔

"فاصبر ان وعد اللہ حق فلا یستخفنک الذین لا یوقنون"۔

یعنی ہر ہجوم بلا میں، ہر سیلِ حوادث میں، شکوک و شبہات کی ہر خونخوار موج کے سامنے ثابت قدم رہو۔ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہو۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ تمہاری دستگیری اور نصرت کا جو وعدہ فرمایا ہے وہ سچا ہے۔ یقیناً اس کی مدد تمہاری پشت پناہی کرے گی۔ وہ بدنصیب جو وہم و گمان کے اندھیروں میں عرصہ دراز سے بھٹک رہے ہیں وہ بدبخت جنہیں بے یقینی کے اژدہا ڈس رہے ہیں۔ خبردار ان کے جھانسے میں نہ آجانا، وہ ڈوب رہے ہیں وہ تمہیں بھی اپنے ساتھ ڈبونا چاہتے ہیں۔ دانشمند لوگ ایسی فحش غلطی کا ارتکاب نہیں کیا کرتے۔

کتنی رُوح پرور ہے یہ آیت کتنا ایمان افروز ہے یہ پیغام، شاندار آغاز کی یہ کتنی دلفریب انتہا ہے۔ بےشک قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ ذالک الکتاب لاریب فیہ ھدی للمتقین۔ بمنّ تعالیٰ ولطفہ وکرمہ فرغت من تسوید ھذہ السطور فی صباح یوم الخمیس ۱۰ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم۔ عبدہ الضعیف : محمد کرم شاہ

تعارف

سورۂ لقمان

اس سورت کا نام لقمان ہے۔ یہ نبوت کے مکی دور کے وسط میں نازل ہوئی۔ اس سورت میں چار رکوع، چونتیس آیتیں، پانچ صد اڑتالیس کلمے، دو ہزار ایک سو دس حروف ہیں۔

قرآن کریم کی پُر از حکمت تعلیمات انسانی زندگی کو جن بے پایاں برکتوں سے مالا مال کرتی ہیں اور اپنے ماننے والوں کے عقیدہ، عمل اور سیرت میں جو رُوح پرور انقلاب برپا کرتی ہیں ان کے ذکر جمیل سے اس سورت کا آغاز ہو رہا ہے۔ اس کے بعد بتایا کہ جو لوگ قرآن کی دعوت حق کو قبول نہیں کرتے ان کی زندگیاں ہر قسم کی معنویت اور مقصدیت سے محروم ہو جاتی ہیں۔ ان کے سامنے سفلی جذبات کی تسکین اور دولت سمیٹنے کے بغیر کوئی منزل ہی نہیں ہوتی۔ اس کے لیے وہ ہر قسم کی لغویات و خرافات کا بیوپار کرنے سے دریغ نہیں کرتے۔ انہیں اس بات کا ذرا احساس نہیں ہوتا کہ ان کے طریقہ کار سے ان کی قوم اخلاقی لحاظ سے دیوالیہ ہو جائے گی اور رزمگاہ حیات میں بُری طرح پٹ جائے گی۔ ان بد بختوں کے دلوں میں قبول حق کی استعداد بھی دم توڑ چکی ہے۔ وہ اندھیروں کے خوگر ہیں، روشنی کی ایک کرن بھی ان کے لیے ناقابل برداشت ہے۔ جس سمت سے حق کی صدائے دلنواز آ رہی ہو۔ وہ ادھر پیٹھ پھیر دیتے ہیں اور دم دبا کر بھاگ نکلتے ہیں تاکہ وہ اتنی دُور چلے جائیں کہ حق کی آواز انہیں سنائی نہ دے۔

اس سورۂ پاک کی خصوصیت یہ ہے کہ تعلیمات اسلامی کا اعلان ایک مرد دانا لقمان سے کرایا جا رہا ہے جو عرب کے گمنام اور پسماندہ علاقہ کا باشندہ ہے اور جس کی رنگت حبشیوں کی طرح سیاہ ہے اور اسی کے نام سے سورۃ کو معنون فرمایا۔ لقمان بڑے پیارے انداز سے اپنے لخت جگر کو نصیحت کرتے ہوئے سنائی دیتے ہیں۔ اس میں حکمت اس حقیقت کو آشکارا کرنا ہے کہ ان محاسن سے جو بھی اپنے آپ کو آراستہ کرے وہ ساری انسانیت کی نگاہوں میں محترم ہو جاتا ہے۔ ساری قومیں اس کا ذکر بڑی عزت سے کرتی ہیں اور اس کی حکمت آموز باتوں کو اپنے دلوں میں جگہ دیتی ہیں۔ عقائد صحیحہ کا نور، اعمال صالحہ کا حسن اور سیرت کی دلکشی، کالے حبشی کو بھی سب کا محبوب بنا دیتی ہے۔ جسمانی حسن سے سیرت کا جمال کہیں دلکش ہے۔ اس کی برکت سے جھدے نقوش اور کالی رنگت پر بھی ایک ایسا روپ آجاتا ہے کہ بڑے بڑے حسینانِ عالم مبہوت ہو کر رہ جاتے ہیں۔ انسان کو انسان کامل بنانے کے لیے جن تعلیمات کی ضرورت تھی وہ دلنشین اسلوب میں حضرت لقمان کی زبان سے کہلوا دی گئیں اور انہیں "من عزم الامور" فرما کر ان کی اہمیت کا اظہار کر دیا گیا۔

علاوہ ازیں ان ظاہری و باطنی انعامات کا ذکر فرمایا جو بڑی فیاضی سے انسان کو بخشے گئے، لیکن اس کے باوجود بعض رگ جبل و مکابرہ اور ناشکری کی روش سے باز نہیں آتے۔ بعض جہالت اور بیجا ضد سے اہل حق سے جھگڑتے رہتے ہیں۔ گویا وہ ادھار کھائے بیٹھے ہیں کہ وہ شیطان کا دامن کسی قیمت پر نہ چھوڑیں گے خواہ وہ انہیں جہنم کے بھڑکتے ہوئے شعلوں میں ہی کیوں نہ پھینک دے۔ لیکن سب انسان یکساں نہیں ان میں ایسے سلیم الطبع افراد بھی ہیں جنہوں نے صدق دل سے اللہ تعالیٰ کے رسول کی دعوت کو قبول کر لیا ہے۔ اپنے آپ کو اپنے تمام معاملات

کو کلیتۃً اپنے پروردگار کے سپرد کر دیا ہے۔ بتا دیا کہ یہی لوگ ہیں جنہوں نے ایک ایسے حلقے کو پکڑ لیا ہے جو ٹوٹنے والا نہیں۔

متعدد تکوینی دلائل ذکر کر کے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، قدرتِ کاملہ، حکمتِ بالغہ اور علم محیط کو ثابت کیا گیا ہے۔ آخر میں بتا دیا کہ ظاہری علوم تو بجائے خود اس کی ہمہ دانی کا تو یہ حال ہے کہ پوشیدہ سے پوشیدہ چیز بھی اس سے مخفی نہیں، وہ امور جن کو جاننے سے انسان کی ظاہری و باطنی قوتیں اور اس کے سائنسی آلات سراسر عاجز ہیں جن اسرار پر آگاہی حاصل کرنا انسان کے حیطۂ امکان سے بھی خارج ہے۔ وہ واقعات جو ابھی وقوع پذیر ہی نہیں ہوئے بلکہ پردۂ غیب میں مستور ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جانتا ہے۔ اس کا علم اتنا کامل اور محیط ہے کہ ہر چیز ہمہ وقت اس پر منکشف ہے۔

سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ لقمان مکی ہے اس کی آیتیں ۳۴ اور رکوع ۴ ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

الٓمّٓ ۝۱ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝۲ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝۳

الف۔ لام۔ میم [1] یہ آیتیں ہیں کتاب حکیم کی [2] سراپا ہدایت اور رحمت ہے [3] نیکوکاروں کے لیے [4]

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ

وہ جو صحیح صحیح ادا کرتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور یہی لوگ ہیں جو آخرت پر پختہ

[1] یہ حروف مقطعات ہیں ان کی تفصیل متعدد مقامات پر پہلے گزر چکی ہے۔

[2] اس آیت میں حکیم کا لفظ غور طلب ہے۔ یہ لفظ یہاں کتاب کی صفت واقع ہوا ہے۔ علامہ ابن منظور نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا کہ جب یہ لفظ قرآن کریم کی صفت ہو تو اس کا معنی اَلْحَاكِمُ لَكُمْ وَ عَلَيْكُمْ ہوتا ہے (لسان العرب) یعنی قرآن کریم ایک قوت حاکمہ ہے جس کا فیصلہ دو ٹوک اور بے لاگ ہوتا ہے اگر تم راستی اور سچائی پر ہو تو اس کا فیصلہ تمہارے حق میں ہوگا اور اگر تم راہ حق سے روگردانی کرنے لگے تو وہ تمہیں تمہاری غلطی پر آگاہ کرے گا اور اس کے نتائج بد سے تمہیں بروقت متنبہ کرے گا۔

قرآن کریم کو حکیم کہنے کی ایک وجہ یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ یہ کتاب حکمت و دانش کا خزینہ ہے۔ (متضمن بالحكمة)۔ اس کا ایک معنی محکم بھی کیا گیا ہے۔ یعنی اس میں کسی قسم کا خلل اور تناقض نہیں۔ ای لا خلل فيه ولا تناقض۔

[3] فرمایا یہ کتاب سراپا ہدایت اور سراپا رحمت ہے یہاں ہدایت اور رحمت کا امتزاج بڑا خوبصورت ہے یعنی شریعت اسلامیہ اس کے اوامر و نواہی، اس کا مالی اور بدنی نظام عبادات انکے مقرر کیے ہوئے حقوق و فرائض سراپا رشد و ہدایت بھی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ یہ رحمت خداوندی کا مظہر بھی ہیں۔ ایسا نظام جو ہدایت بھی ہو اور رحمت بھی، اس کے احکام کی بجا آوری سے تغافل قرین دانشمندی نہیں۔

[4] اگرچہ اس کا آفتاب ہدایت انسانی زندگی کے گوشہ گوشہ کو منور کر رہا ہے اور اس کا ابر رحمت ہر جگہ برس رہا ہے، لیکن اس سے استفادہ کرنے والے صرف محسنین ہیں۔

لانهم انتفعوا ونظروه بعين الحقيقة۔

(بحر محیط)

هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ

یقین رکھتے ہیں۔ یہ لوگ ہدایت پر ہیں اپنے رب کی توفیق سے اور یہی لوگ دونوں جہانوں میں

الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ

کامران ہیں ۵؎ اور کئی ایسے لوگ بھی ہیں جو بیوپار کرتے ہیں (مقصدِ حیات سے) غافل کردینے والی باتوں کا ۶؎

۵؎ وہ محسنین کون ہیں جن کے لیے قرآن کریم ہدایت اور رحمت ہے، اس کی وضاحت ان آیات میں کردی۔ ان آیات کی تشریح سورہ بقرہ کے پہلے رکوع میں گزر چکی ہے۔ ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اول۔ البقرہ ۳، ۴، ۵۔

۶؎ قرآن کریم نے انسانی زندگی کا جو تصور پیش کیا ہے، اس سے واضح ہوتا ہے کہ زندگی بڑی قیمتی چیز ہے اس کا ایک ایک لمحہ گراں بہا ہے۔ یہ ایسی مہلت ہے جو صرف ایک مرتبہ ہی ارزانی ہوتی ہے۔ انسان جب اپنا مقررہ وقت بسر کر بیٹھتا ہے تو پھر دنیا بھر کے خزانے دے کر بھی اس میں ایک گھڑی کا اضافہ نہیں کیا جاسکتا۔ اچھے یا برے جو اعمال وہ کرتا ہے ان کے اچھے یا برے نتائج ضرور مرتب ہوتے ہیں اور وہ اپنے تمام اعمال و افعال کے لیے اپنے خالق و مالک کے ہاں جواب دہ ہے۔ اسی محدود اور مقررہ مدت میں اس نے اپنی عاقبت کو بھی سنوارنا ہے اپنی دنیوی زندگی کو بھی بامقصد، باوقار اور حتی الوسع آرام دہ بنانا ہے۔ مزید براں اپنی ذہنی، فکری اور روحانی صلاحیتوں کو نشوونما دے کر گلشن ہستی کے حسن اور بہار میں بھی اضافہ کرنا ہے۔

جو دین زندگی کو اتنی اہمیت دیتا ہے اس سے یہ توقع عبث ہے کہ وہ اپنے ماننے والوں کو عیش و عشرت اور لہو و لعب کی کھلی چھٹی دے گا اور انہیں بے مقصد زندگی بسر کرنے کی اجازت دے گا۔ اسی لیے قرآن کریم اور احادیث نبویہ میں تمام ایسے کاموں سے اجتناب کی بار بار تاکید کی گئی ہے جو لغو اور لایعنی ہوں۔ اس آیت طیبہ میں بھی اسی قسم کا تاکیدی فرمان ہے۔ چنانچہ علامہ آلوسی نے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے لہو الحدیث کی یہ تفسیر نقل کی ہے۔ عَنِ الْحَسَنِ كُلُّ مَا شَغَلَكَ عَنْ عِبَادَةِ اللّٰهِ وَ ذِكْرِهٖ مِنَ السَّمَرِ وَ الْاَضَاحِيْكِ وَ الْخُرَافَاتِ وَ الْغِنَاءِ وَ نَحْوِهَا (روح المعانی) یعنی ہر وہ بات لہو الحدیث ہے جو تجھے اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کے ذکر سے غافل کر دے۔ رات گئے تک قصہ کہانیاں، ہنسانے والے چٹکلے، ہر طرح کے خرافات، گانا بجانا وغیرہ اس میں شامل ہیں۔

بیشک ہر وہ چیز جو عبادت الٰہی اور ذکر خداوندی سے محرومی کا باعث ہو اسلام میں اس کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں۔

بعض جلیل القدر صحابہ اور تابعین مثلاً ابن مسعود، ابن عباس، حسن، عکرمہ، سعید بن جبیر رضی اللہ عنہم نے لہو الحدیث کی تشریح غنا اور گانے بجانے سے کی ہے کیونکہ یاد الٰہی سے غافل کرنے کا یہ ایک قوی سبب ہے اس لیے اس کی اہمیت کے پیش نظر اس کو خصوصیت سے ذکر کیا۔ لیکن آیت کا لفظ خاص نہیں عام ہے اس لیے لہو الحدیث کے مفہوم کو غنا میں منحصر کرنا درست نہیں۔ لٰكِنَّ اللَّفْظَ عَامٌّ وَ الْعِبْرَةُ لِعُمُوْمِ اللَّفْظِ لَا لِخُصُوْصِ السَّبَبِ (مظہری)

علامہ آلوسی نے اسباب النزول واحدی کے حوالہ سے اور دیگر مفسرین نے اس آیت کی شان نزول بیان کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے

کفار مکہ کی شدید مخالفت کے باوجود جب دینِ اسلام روز بروز پھیلتا چلا گیا اور قرآن کا حسنِ اعجاز لوگوں کے دلوں کو موہنے لگا، تو اسلام کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کو ختم کرنے کے لیے نضر بن حارث نے ایک چال چلی، یہ تجارت پیشہ آدمی تھا۔ اپنے کاروبار کے سلسلہ میں مختلف ممالک ایران، عراق، شام وغیرہ میں اس کی بکثرت آمد و رفت تھی۔ وہاں سے وہ رستم و اسفندیار کے قصّے، بادشاہوں کی جنگوں کی کہانیاں اور افسانے خرید کرلے آیا اور جب حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم لوگوں کو کلام الٰہی پڑھ کر سنانے لگتے تو یہ بدبخت اپنی مجلس جماتا اور لوگوں کو دلچسپ افسانے اور بے سروپا کہانیاں سناتا جو کم فہم لوگوں کی تفریحِ طبع کا باعث ہوتیں، چنانچہ کئی لوگ قرآن کریم سننے کے بجائے اس کی مجلس میں شرکت کو ترجیح دیتے۔ اس ظالم نے فقط اسی پر اکتفا نہ کیا بلکہ اس نے کئی پری چہرہ لونڈیاں بھی خرید رکھی تھیں، جو رقص و سرود کے فن میں بھی ماہر تھیں۔ جب اسے پتہ چلتا کہ فلاں شخص اسلام کی طرف مائل ہو رہا ہے تو وہ ان مہوشوں کو اس کے اوپر مسلط کر دیتا جو گاتیں، ناچتیں اور بہر ذلیل حرکت سے اس کے دل کو لبھاتیں حتیٰ کہ وہ حق کے حسن و دلکش سے بے خبر ہو جاتا۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی اور "فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ" فرما کر ایسے لوگوں کے انجامِ بد سے پردہ اٹھا دیا۔

علمائے کرام کے ایک طبقہ نے غنا کے مطلقاً حرام ہونے کا فتویٰ دیا ہے اور اس میں انہوں نے موقع، محل، سننے والے اور سنانے والے میں کوئی تفریق نہیں کی بلکہ ہر غنا کو حرام قرار دیا ہے۔ خواہ وہ کیسی بھی ہو۔ خوشی کی کسی مخصوص تقریب کے موقع پر ہو، خواہ اس سماع سے محبتِ الٰہی کے جذبہ کو تقویت حاصل ہوتی ہو۔ چنانچہ اسی ضمن میں انہوں نے صوفیائے کرام کے سماع کو بھی ہدفِ تنقید بنایا ہے اور ان پر خوب برسے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے۔ انما الاعمال بالنیات کیونکہ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے اور ان اکابر فضلاء کے حسنِ نیت کے متعلق کسی کو بھی شک و شبہ کی مجال نہیں۔

لیکن علمائے محققین نے ان کے اس فتویٰ کی تائید نہیں کی بلکہ بڑی وضاحت سے اس حقیقت کو بیان کیا ہے کہ ہر غنا حرام نہیں، بلکہ بعض ایسے مقامات بھی ہیں جہاں اس کی اباحت ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے۔ چنانچہ علامہ قرطبی لکھتے ہیں: وَهُوَ الْغِنَاءُ الْمُعْتَادُ عِنْدَ الْمُشْتَهِرِيْنَ بِهِ الَّذِيْ يُحَرِّكُ النُّفُوْسَ وَيَبْعَثُهَا عَلَى الْهَوٰى وَالْغَزَلِ وَالْمُجُوْنِ الَّذِيْ يُحَرِّكُ السَّاكِنَ وَيَبْعَثُ الْكَامِنَ وَهٰذَا النَّوْعُ إِنْ كَانَ فِيْ شِعْرٍ يُشَبَّبُ فِيْهِ بِذِكْرِ النِّسَاءِ وَوَصْفِ مَحَاسِنِهِنَّ وَذِكْرِ الْخُمُوْرِ وَالْمُحَرَّمَاتِ لَا يُخْتَلَفُ فِيْ تَحْرِيْمِهٖ لِأَنَّهُ اللَّهْوُ وَالْغِنَاءُ الْمَذْمُوْمُ بِالْاِتِّفَاقِ وَأَمَّا مَا سَلِمَ مِنْ ذٰلِكَ فَيَجُوْزُ الْقَلِيْلُ مِنْهُ فِيْ أَوْقَاتِ الْفَرَحِ كَالْعُرْسِ وَالْعِيْدِ وَعِنْدَ التَّنْشِيْطِ عَلَى الْأَعْمَالِ الشَّاقَّةِ۔

(الجامع لاحکام القرآن للقرطبی)

ترجمہ: اس غنا سے مراد وہ غنا ہے جو نفس کو حرکت دیتا ہے اور اسے ہوا و ہوس اور فسق و فجور پر برانگیختہ کرتا ہے۔ اس قسم کا غنا جس میں عورتوں کے حسن و جمال کا بیان ہو جس میں شراب اور دیگر محرمات کی تعریف ہو، اس کے حرام ہونے میں کوئی اختلاف نہیں۔ بالاتفاق یہ لہو مذموم ہے۔ لیکن وہ غنا جو اس قسم کی قباحتوں سے پاک ہو، اس کا قلیل وقت کے لیے خوشی کے مواقع پر سننا جائز ہے مثلاً شادی اور عید وغیرہ یا مشقت طلب کاموں پر جوش دلانے کے لیے (قرطبی) اس کے بعد علامہ موصوف نے صوفیاء کے سماع پر اپنی مخصوص رائے ظاہر کی ہے۔

علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ فقہائے کرام نے فرمایا ہے کہ غنا حرام ہے اور یہ آیت اس کی حرمت کی دلیل ہے کیونکہ غنا لہو الحدیث ہے اور لہو الحدیث حرام ہے۔ اس کی حرمت اس آیت اور متعدد احادیث سے ثابت ہے اس لیے غنا حرام ہے۔ اس کے بعد آپ لکھتے ہیں کہ صوفیاء کرام نے اپنے سماع کے جواز کے لیے چند شرطیں مقرر کی ہیں۔ (۱) سننے والے کا دل ذکر الٰہی سے مطمئن ہو۔ اسی کی یاد میں مستغرق ہو کسی غیر کی طرف التفات نہ ہو (۲) گانے والا محل شہوت نہ ہو یعنی عورت یا نوخیز لڑکا نہ ہو۔ (۳) محفل سماع اغیار سے خالی ہو (۴) نماز اور دیگر عبادات کی ادائیگی کا وقت بھی نہ ہو۔ جب یہ شرائط پائی جائیں تو سماع جائز ہے بلکہ مستحب ہے۔ کیونکہ سماع کی یہ تاثیر ہے کہ دل میں محبت کا جو جذبہ خفتہ اور پنہاں ہوتا ہے سماع اس محبت کی آگ کو بھڑکا دیتا ہے۔ جن لوگوں کے دلوں میں عورتوں کا عشق سمایا ہوتا ہے ان کے لیے سماع حرام ہے کیونکہ وہ نفس کو برائی پر بھڑکاتا ہے لیکن جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کی محبت خیمہ زن ہوتی ہے۔ سماع ان کے ذوق و شوق میں اضافہ کا موجب ہوتا ہے ان کے لیے سماع مستحب ہے۔

وہ نصوص جن سے غناء کی حرمت ثابت ہوتی ہے ان کا جواب دیتے ہوئے علامہ موصوف فرماتے ہیں کہ اس آیت میں لہو الحدیث کو حرام کیا گیا ہے اور صوفیاء کا سماع لہو الحدیث کے زمرہ میں نہیں۔ وہ احادیث جن سے غنا کی حرمت ثابت ہوتی ہے وہ بھی مخصوص بالبعض ہیں کیونکہ ایسی احادیث بھی ہیں جن سے اس کا مباح اور جائز ہونا ثابت ہوتا ہے۔ دونوں قسم کی احادیث میں ہم تطبیق اس طرح کریں گے کہ جو غنا فسق و فجور کا محرک ہو وہ حرام ہے اور جو یاد الٰہی کی آگ کو بھڑکا دے، وہ جائز ہے۔ آپ نے متعدد ایسی احادیث لکھی ہیں جن سے غناء کا مباح ہونا ثابت ہوتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک خادمہ تھیں اس کا نکاح انہوں نے انصار کے قبیلہ میں کر دیا۔ حضور گھر تشریف لائے تو دریافت فرمایا کہ اس بچی کو تم نے کچھ تحائف دیے ہیں۔ عرض کی گئی ہاں یا رسول اللہ! پھر پوچھا: ارسلت معہا من تغنی کیا اس کے ساتھ تم نے کوئی گانے والیاں بھی بھیجی ہیں۔ حضرت صدیقہؓ نے عرض کیا نہیں۔ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اِنَّ الانصار قَوْمٌ فیہ غَزَلٌ فلو بعثتم معہا مَنْ یَقُوْل۔ اَتَیْنَاکُمْ اَتَیْنَاکُمْ ___ فَحَیَّانَا وَحَیَّاکُمْ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انصار گیتوں کو پسند کرتے ہیں، اچھا ہوتا اگر دلہن کے ساتھ تم بھیجتے جو یہ گیت گاتے اتیناکم الخ ہم آئی ہیں تمہارے پاس، ہم آئی ہیں تمہارے پاس۔ سلام ہو ہم پر سلام ہو تم پر۔

عید کا دن تھا۔ حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں کپڑا اوڑھے آرام فرما رہے تھے دو بچیاں دف بجا بجا کر گا رہی تھیں۔ اچانک صدیق اکبر تشریف لائے اور انہیں ڈانٹنا شروع کیا۔ حضور نے رُخِ انور سے پردہ اٹھایا اور فرمایا دَعْھُمَا یا ابا بکر فانہا ایام عید۔ رواہ البخاری۔ وعند ابن ماجہ۔ اِنَّ لِکُلِّ قَوْمٍ عِیْدٌ وَ ھٰذَا عِیْدُنَا۔ اے ابوبکر انہیں کچھ نہ کہو کیونکہ یہ عید کے دن ہیں۔

حضرت صدیقہ فرماتی ہیں کہ جس روز حضور نبی کریم رحمت للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لائے۔ جَعَلَ النساء والولائد و الصبیان یَقُلْنَ :

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَیْنَا مِنْ ثَنِیَّاتِ الْوَدَاع وَجَبَ الشکر علینا ما دعا للہ داع

ایہا المبعوث فینا جئتَ بِالْاَمْرِ الْمُطَاع

یعنی عورتیں، بچیاں اور بچے یہ گا رہے تھے طلع البدر الخ وداع کی چوٹی سے چودھویں کے چاند نے ہم پر طلوع کیا ہے جب تک کوئی

اللہ تعالیٰ کی یاد کرنے والا باقی رہا اس وقت تک اس نعمت کا شکر ہم پر واجب ہے۔ ایتھا المبعوث فینا (اے ہم میں نبی بن کر تشریف لانے والے آپ ایسا حکم لے کر آئے ہیں جس کی تعمیل کی جائے گی۔

یہ احادیث اور متعدد دوسری احادیث ذکر کرنے کے بعد علامہ ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں۔ ظَهَرَ اَنَّ الْمُحَرَّمَ مِنَ الْغِنَاءِ مَا يُدْعُوْ اِلَى الْفِسْقِ وَيَشْغَلُ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا لَيْسَ كَذٰلِكَ فَلَيْسَ بِحَرَامٍ غَيْرَ اَنَّهُ لَمْ يَثْبُتْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَا مِنَ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اسْتِمَاعُ الْغِنَاءِ تَقَرُّبًا اِلَى اللّٰهِ وَلِاَجْلِ ذٰلِكَ مَا اخْتَارَ الْكِرَامُ مِنَ النَّقْشَبَنْدِيَّةِ وَغَيْرِهِمْ ارْتِكَابَهُ وَاِنْ لَمْ يَرْتَكِبُوا الْاِنْكَارَ عَلَيْهِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

یعنی ان احادیث سے یہ بات واضح ہو گئی کہ صرف وہ غنا حرام ہے جو فسق و فجور کا باعث بنے اور اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل کرے اور جو غنا ایسا نہیں وہ حرام نہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ عنہم سے یہ امر ثابت نہیں کہ انہوں نے غنا کو تقرب الی اللہ تعالیٰ کا ذریعہ سمجھ کر سنا ہو۔ اس لیے خاندان نقشبندیہ کے صوفیاء سماع نہیں سنتے اگرچہ انہوں نے سماع کے قائلین پر بھی اعتراض نہیں کیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اس مقام پر علامہ موصوف نے حاشیہ لکھا ہے جس میں امام غزالی علیہ الرحمۃ کی یہ عبارت درج کی ہے: فی الاحیاء السماع فی اوقات السرور تاکیداً للسرور تهييجاً له مباح ان كان ذلك السرور مباح كالغناء فی ايام العيد وفی العرس وفی وقت قدوم الغائب وفی الوليمة والعقيقة وعند ولادة الولد وختانه وعند حفظ القرآن۔ قلت وكذا عند تفويض الولد المترعرع لاجل التعليم۔ یعنی احیاء العلوم میں ہے کہ اگر سرور مباح قسم کا ہو تو اس پر اظہار مسرت کے لیے سماع جائز ہے۔ جیسے عید شادی کے ایام، کسی غائب کے سفر سے واپس آنے کے وقت، ولیمہ، عقیقہ، لڑکے کی پیدائش، اس کا ختنہ اور حفظ قرآن کے وقت اسی طرح لڑکے کو جب پڑھنے کے لیے استاد کی خدمت میں حاضر کیا جائے۔

علامہ پانی پتی نے فقہ کی چند جلیل المرتبت کتابوں کے حوالے بھی حاشیہ میں نقل کیے ہیں۔ چند ایک آپ بھی ملاحظہ فرمائیں۔

فی شرح الكافی وَاعْلَمْ اَنَّ الْمَكْرُوْهَ مِنَ السَّمَاعِ عِنْدَ عُلَمَائِنَا مَا يَكُوْنُ عَلٰى سَبِيْلِ اللَّهْوِ وَاِرَادَةِ النِّسْيَانِ بان يجتمع الفُسَّاق على ذلك ويتركون الصلوٰة وقراءة القرآن واَمَّا مَا كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّلٰوةِ وَاَهْلِ الْقُرْاٰنِ من جملة الصالحين۔ فَسَمَاعُ هٰؤُلَاءِ حَلَالٌ بلا خلاف بين علمائنا اذ لا يريدون بذلك الا وجه الله وحضورهم ويَذْكُرُون الله فی حُزْنِ الْاٰخِرَةِ وَكُلُّ ذلك مَحْمُوْدٌ غير مَذْمُوْم والتواجد والرقص ايضاً غير مذموم بهذا المعنى۔ یعنی شرح کافی میں ہے کہ اچھی طرح جان لو کہ ہمارے علماء کرام کے نزدیک وہ سماع مکروہ ہے جو لہو اور گناہ کا باعث ہو۔ فاسقوں کا مجمع ہو جو تارک صلوٰۃ ہوں اور قرآن کریم کی تلاوت سے غافل ہوں لیکن جس سماع سے اللہ تعالیٰ کی رضا مطلوب ہو وہ محمود ہے مذموم نہیں۔ وجد وغیرہ کا بھی یہی حکم ہے۔

علامہ ابو القاسم بن محمد بن عبداللہ الدمشقی نے شرح البزدوی میں اس مسئلہ کے متعلق اپنی یہی رائے ظاہر کی ہے۔

حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ العوارف میں لکھتے ہیں السماع يستجلب الرحمة من الله الكريم۔

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ

تاکہ بھٹکاتے رہیں راہِ خدا سے ۷ (اس کے نتائج بد سے) بےخبر ہو کر ۸ اور اسکا مذاق اڑاتے رہیں ۹ یہ لوگ ہیں جن کے

عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ

لیے رسوا کن عذاب ہے ۱۰ اور جب پڑھ کر سنائی جاتی ہیں اسے ہماری آیتیں تو منہ پھیر لیتا ہے تکبر کرتے ہوئے گویا

کہ سماع اللہ تعالیٰ کی رحمت کا جاذب ہے۔ لیکن یہ سب اسی وقت جائز ہے جب ان شرائط کا سختی سے التزام کیا جائے جنکا ذکر پہلے ہوچکا۔

۷ نضر بن حارث اور اس کی قماش کے لوگ کم فہم عوام کے سفلی جذبات کو مشتعل کرنے اور ان کی نفسانی شہوات میں آگ لگانے کا جو بیوپار کر رہے ہیں، اس کا مقصد یہ ہے کہ وہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی راہ سے بھٹکا دیں جس پر چل کر وہ اپنی منزلِ حیات کو پا سکتے ہیں جس پر چل کر انہیں عرفانِ ذات اور معرفتِ خداوندی کی نعمت مل سکتی ہے۔

۸ یعنی انہیں خبر ہی نہیں کہ جو کاروبار انہوں نے شروع کر رکھا ہے اس کے نتائج کتنے ہولناک ہیں، وہ لمحہ بھر کی عیش و نشاط کے لیے اپنی دولت، صحت اور نیک نامی کو برباد کر رہے ہیں اور اپنے ربِّ کریم کی آتشِ غضب کو بھڑکا کر اپنی عاقبت بھی تباہ کر رہے ہیں۔

۹ 'ھا' کی ضمیر کا مرجع سبیل ہے۔ یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ وہ تقویٰ اور پارسائی کی راہ پر چلنے والوں پر طرح طرح کے آوازے کستے ہیں، ان کا مذاق اڑاتے ہیں۔ بیوقوف خود ہیں، دن کے اجالے میں راہِ راست کو چھوڑ کر خارزاروں میں الجھتے پھر رہے ہیں، مگر بیوقوفی، کور ذوقی اور نادانی کی تہمت ان حقیقت شناسوں پر لگا رہے ہیں جنہوں نے سچے دل سے حق کو قبول کیا ہے اور ہر قیمت پر اس کا ساتھ دینے کا عزمِ صمیم کر لیا ہے۔

۱۰ جو لوگ اپنی قوم کو راہِ حق سے بھٹکاتے ہیں، اپنے نوجوانوں کے شہوانی جذبات کو مشتعل کرنے کے اسباب فراہم کر کے اپنی تجوریاں بھرتے ہیں، زندگی کی تلخ حقیقتوں اور سنگین ذمہ داریوں سے غافل کر کے انہیں عیش و نشاط کا خوگر بناتے ہیں۔ ان کی حیاء و عفت کی چادر کو لطف اندوزی سے تار تار کرتے ہیں اور انہیں فسق و فجور کے بازار میں لا کر ننگا کر دیتے ہیں، وہ خوب جان لیں اور کان کھول کر سن لیں کہ یہ سودا انہیں مہنگا پڑے گا۔ انہیں یہاں بھی اور وہاں بھی رسوا کن حالات سے دوچار کر دیا جائے گا۔

آج ہم اپنے معاشرہ میں عریانی اور بے حیائی کا امڈ کر آتا ہوا سیلاب دیکھ رہے ہیں جس کی تیز و تند چنگھاڑتی موجوں کی ہیبت سے دین اور اخلاقِ حسنہ کے مضبوط قلعے تھرا رہے ہیں۔ ہماری مخصوص اخلاقی، عمرانی عزیز قدریں ایک ایک کر کے تلف کی جا رہی ہیں۔ ہماری زندگی لہو و لعب بنتی جا رہی ہے۔ سنجیدگی اور متانت کا عنصر تیزی سے ناپید ہو رہا ہے۔ جاہ طلبی، لذت کوشی اور زر و سیم کی ہوس کی قربان گاہ پر ملی اور قومی مفادات کو بھینٹ چڑھا دینا ہمارے لیے کوئی مشکل نہیں۔ ہمارے اہلِ قلم کی عظیم اکثریت، ہماری فلم انڈسٹری، شبینہ مجلسیں، ثقافتی تقریبیں اور سینما بازار قیامت برپا کر رہے ہیں۔ یہ سب کچھ کھلے بندوں بے روک ٹوک ہماری اسلامی مملکت کے مسلمان حکام کی آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہے اور کوئی باز پرس نہیں کرتا، بلکہ ان تباہ کن عوامل کو حکومت کی سرپرستی اور حکام کی حمایت حاصل ہے۔ یہ صورتحال کا

لَّمْ يَسْمَعْهَا كَأَنَّ فِيٓ أُذُنَيْهِ وَقْرًا ۖ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝٧

اس نے انہیں سنا ہی نہیں [۱۱] جیسے اس کے دونوں کان بہرے ہیں سو آپ اسے دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیں [۱۲]

إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَهُمْ جَنَّٰتُ ٱلنَّعِيمِ ۝٨ خَٰلِدِينَ

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے نعمتوں والے باغات ہیں [۱۳] وہ ان میں ہمیشہ

فِيهَا ۖ وَعْدَ ٱللَّهِ حَقًّا ۚ وَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ ۝٩ خَلَقَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ

رہیں گے۔ اللہ کا یہ سچا وعدہ ہے۔ اور وہی سب پر غالب، بڑا دانا ہے۔ اس نے پیدا فرمایا آسمانوں کو [۱۴]

بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ۖ وَأَلْقَىٰ فِى ٱلْأَرْضِ رَوَٰسِىَ أَن تَمِيدَ بِكُمْ

ایسے ستونوں کے بغیر جنہیں تم دیکھ سکو [۱۵] اور گاڑ دیے ہیں زمین میں اونچے اونچے پہاڑ تاکہ زمین ڈولتی نہ رہے ساتھ تمہارے

جاتا ہے کہیں ہم اپنے آپ کو عذاب مبین کے لیے تو تیار نہیں کر رہے۔ العیاذ باللہ۔

[۱۱] ان لوگوں کے ضمیر مردہ ہو چکے ہیں شرافت اور نیکی کا جذبہ دم توڑ چکا ہے۔ اگر انہیں اللہ تعالیٰ کی آیات سنا کر نصیحت کی جاتی ہے کہ خدارا اپنی نوخیز نسل پر رحم کرو، اپنی قوم پر ترس کھاؤ، معاشرہ کے امن و سکون کو غارت نہ کرو، دولت کی محبت میں اتنے دیوانے نہ بن جاؤ کہ تمہیں اپنے انجام کا بھی ہوش نہ رہے تو ان پر کوئی اثر نہیں ہوتا الٹا غصہ اور غرور سے منہ پھیر لیتے ہیں اور اکڑ کر گزر جاتے ہیں۔ یوں معلوم ہوتا ہے گویا انہوں نے کوئی بات سنی ہی نہیں۔ گویا ان کے کان بہرے ہیں انہیں کچھ سنائی دیتا ہی نہیں۔ "وقر" کانوں کی گرانی جس کے باعث سنائی نہ دے۔

[۱۲] اے محبوب! ایسے ناہنجار لوگوں کو دردناک عذاب کا مژدہ سنا دو۔

[۱۳] اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف ان لوگوں کو شرف پذیرائی بخشا جائے گا جن کے دلوں میں ایمان کی شمع روشن ہے۔ اور اس کی پاکیزہ کرنیں اس کے عمل کی دنیا کو بھی بقعۂ نور بنا رہی ہیں۔ ان کا ہر عمل شائستگی اور متانت کا آئینہ دار ہوتا ہے ان کا ہر کام تعمیری ہوتا ہے۔ وہ بگاڑتے نہیں سنوارتے ہیں۔ ان کے ہنر، فن، علم اور دولت سے عروس گیتی کی زلفیں سنورتی ہیں۔ انسانیت کے حسن و جمال پر بہار آتی ہے۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے جنت کی بہاریں چشم براہ ہیں اور فردوس کی حوریں ٹکٹکی باندھے رنگین پھولوں کے ہار پرو رہی ہیں۔

[۱۴] اللہ تعالیٰ کے عزیز اور حکیم ہونے کی دلیل پیش کی جا رہی ہے۔

[۱۵] ترونہا کی ضمیر کے دو مرجع بیان کیے گئے ہیں (۱) آسمان (۲) عمد و ستون۔ پہلی صورت میں معنی یہ ہوگا کہ اس نے آسمانوں کو ستونوں کے بغیر پیدا فرمایا ہے اور تم مشاہدہ کر رہے ہو کہ آسمان ستونوں کے بغیر قائم ہیں۔ دوسری صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ آسمان کے لیے ایسے ستون نہیں بنائے جو تمہیں نظر آئیں۔ ہو سکتا ہے کہ وہاں ستون ہوں لیکن غیر مرئی ہوں جنہیں تم آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتے۔ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ

وَبَثَّ فِيهَا مِن كُلِّ دَآبَّةٍ ۚ وَأَنزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَأَنۢبَتْنَا

اور پھیلا دیے ہیں اس میں ہر قسم کے جانور اور اتارا ہم نے آسمان سے پانی پس اگائے ہم نے

فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ۝١٠ هَٰذَا خَلْقُ اللَّهِ فَأَرُونِي مَاذَا خَلَقَ

زمین میں ہر قسم کے نفیس جوڑے یہ تو ہے اللہ کی تخلیق ۱۲ (اے مشرکو!) اب ذرا دکھاؤ مجھ کو کیا بنایا

الَّذِينَ مِن دُونِهِ ۚ بَلِ الظَّالِمُونَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝١١ وَلَقَدْ

ہے اوروں نے اس کے سوا؟ (کچھ بھی نہیں) مگر یہ ظالم کھلی گمراہی میں ہیں اور ہم نے

آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ أَنِ اشْكُرْ لِلَّهِ ۚ وَمَن يَشْكُرْ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ

عنایت فرمائی لقمان کو حکمت ۱۳ (و دانائی) ۱۴ اور فرمایا اللہ کا شکر ادا کرو ۱۵ اور جو شکر ادا کرتا ہے تو وہ شکر ادا کرتا ہے

یہ دونوں قول لکھنے کے بعد فرماتے ہیں فیہما قُدْرَۃُ اللّٰہِ وَ اِرَادَتُہٗ یعنی وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور ارادہ ہے جن کے سہارے یہ عالم افلاک اپنے ان گنت روشن ستاروں، بیکراں وسعتوں اور بلندیوں کے ساتھ قائم و دائم ہے۔ سائنس کی جدید اصطلاح میں آپ اسے جذب و کشش کا قانون کہیں یا کوئی اس کی کوئی اور توجیہ پیش کریں بہرحال یہ نظام شمسی اپنی عظمت اور ہیبت و گیرائیوں سمیت اللہ تعالیٰ کی قدرت کا مظہر اور اس کے ارادے کا ظہور ہے۔

۱۲ آسمان کا یہ رفیع اور وسیع گنبد جسے تھامنے کے لیے کوئی ستون اور سہارے نظر نہیں آتے، یہ کشادہ زمین اور اس میں گڑے ہوئے فلک بوس پہاڑ، یہ گوناگوں جانور، مناسب اوقات پر بارش کا برسنا، رنگارنگ فصلوں، سبزیوں، درختوں کا اگنا، پھلنا، پھولنا اور ان کے علاوہ جو کچھ تمہیں نظر آ رہا ہے اسے تو اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ سے تخلیق فرمایا ہے۔ اور تم بھی اس کے انکار کی جرأت نہیں کر سکتے۔ اب یہ بتاؤ جن جھوٹے خداؤں کی پوجا پاٹ میں تم روز و شب مشغول رہتے ہو اور انہیں اپنا خدا یقین کرتے ہو۔ انہوں نے آخر اپنی قدرت اور حکمت کا کون سا کمال دکھایا ہے کہ تم ان کو بھی خدا ماننے لگے ہو؟ شرک کے بطلان کی یہ کتنی زبردست اور عام فہم دلیل ہے۔

۱۳ یہ لقمان کون تھے۔ مورخین اور مفسرین نے ان کے بارے میں مختلف اقوال نقل کیے ہیں۔ کسی نے انہیں "نوبہ" کا باشندہ قرار دیا ہے اور کسی نے انہیں عاد کے خاندان سے منسوب کیا ہے۔ کسی نے انہیں آزاد کردہ غلام کہا ہے اور کسی کے نزدیک یہ حضرت ایوب علیہ السلام کے بھانجے یا خالہ کے لڑکے ہیں۔ بعض نے ان کی نبوت کا قول کیا ہے لیکن جمہور علماء نے انہیں فقط مرد دانا اور حکیم تسلیم کیا ہے۔ قرآن کریم نے ان تفصیلات کو غیر ضروری سمجھ کر نظر انداز کر دیا ہے۔ فقط ان کے حکیمانہ پند و موعظت کے ذکر پر اکتفا کیا ہے۔ ہمیں بھی اس لا حاصل بحث و تمحیص میں وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ علامہ ابو حیان الاندلسی لکھتے ہیں: وَھٰذَا الاضطراب فی کونہ حرا او عبدا و فی جنسہ و فیما کان یعانیہ یوجب

لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۱۲ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ

اپنے بھلے کے لیے ہے؎ اور جو کفرانِ نعمت کرتا ہے تو بیشک اللہ تعالیٰ غنی ہے حمید ہے۔ اور یاد کرو جب لقمان نے اپنے بیٹے

اَن لا یکتب شیئ من ذلك ولا ینکر لکن المفسرون مؤلعون بنقل المضطربات حشواً وتقصیراً والصواب ترکہ۔ (بحر محیط)

علامہ قرطبی نے حضرت ابن عمر سے ایک روایت نقل کی ہے۔ اس سلسلہ میں اسی کا ذکر کر دینا کافی ہے۔ عن ابن عمرؓ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم یقول لم یکن لقمان نبیا ولکن کان عبداً کثیر التفکر حسن الیقین احب اللہ تعالیٰ واحبہ ومن علیہ بالحکمۃ وخیرہ فی ان یجعلہ خلیفۃ یحکم بالحق وقال رب ان خیرتنی قبلت العافیۃ وترکت البلاء وان عزمت علی فسمعاً وطاعۃ فانك ستعصمنی۔ ذکرہ ابن عطیہ۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر سے مروی ہے کہ انہوں نے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ لقمان نبی نہیں تھے، بلکہ وہ غور و فکر کے خوگر اور دولتِ یقین سے مالا مال بندے تھے۔ انہیں اللہ تعالیٰ سے محبت تھی۔ اللہ تعالیٰ بھی ان سے محبت کرتے اور انہیں حکمت کی نعمت عطا فرمائی اور فرمایا اگر تم پسند کرو تو تمہیں خلیفہ بنا دیا جائے تاکہ تم عدل و انصاف کو قائم کرو۔ انہوں نے عرض کی میرے پروردگار! اگر تو آپ مجھے اختیار دیتے ہیں تو میں عافیت کو قبول کروں گا اور اس آزمائش سے بچوں گا اور اگر منصبِ خلافت سنبھالنے کے متعلق قطعی حکم ہے تو میں دل و جان سے حاضر ہوں کیونکہ مجھے تیرے کرم پر یہ بھروسہ ہے کہ تو مجھے غلطی سے بچائے گا۔

؎ حضرت ابن عباس نے حکمت کی تشریح عقل، فہم اور فراست سے کی ہے۔ عن ابن عباس العقل والفھم والفطنۃ۔ علامہ راغب کہتے ہیں کہ حکمت سے مراد موجودات کا صحیح علم اور اچھے کام کرنا۔ امام رازی فرماتے ہیں علم کے مطابق عمل کرنے کی توفیق حکمت ہے۔ قال الامام ھی عبارۃ عن توفیق العمل بالعلم۔ (روح المعانی)

؎ یہاں یا تو "قُلْنَا" محذوف ہے یا "اَنْ" یہاں مفسرہ ہے۔ آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ ہم نے اسے دانائی عطا فرمائی یعنی اسے شکر کی توفیق بخشی۔ اس صورت میں حکمت سے مراد شکر ہوگا۔ وھذا ایذان علی ان الحکمۃ ھو الشکر۔

شکر اظہارِ نعمت کو کہتے ہیں اس کے مقابلہ میں کفران ہے یعنی نعمت کا چھپانا اور اس کا اعتراف نہ کرنا۔ وفی القاموس الشکر عرفان الاحسان۔ نعمت کے اظہار اور اعتراف کی تین صورتیں ہیں (۱) دل میں یہ تصور کرنا کہ میرے اللہ نے مجھ پر یہ نوازش فرمائی ہے۔ (۲) زبان سے اس کی بندہ پروری کی تعریف کرنا۔ (۳) اعضاء سے کہ جب اللہ تعالیٰ انعام و اکرام فرمائے تو اس کی عبادت و اطاعت میں انسان زیادہ سے زیادہ مصروف ہو جائے اور ان نعمتوں کو اللہ تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری اور اس کی رضا کے حصول میں خرچ کرے۔

؎ ادائے شکر کا حکم دینے کے بعد اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا کہ اس کے شکر کرنے سے اللہ تعالیٰ کی شانِ کبریائی میں اضافہ نہیں ہوتا اور کسی کی ناشکری سے اس کی شانِ عظمت میں کمی نہیں آتی اگر کوئی شکر کرے گا تو اس کا اپنا بھلا ہوگا۔ ناشکری کرے گا تو خود ہی نقصان اٹھائے گا۔ اللہ تعالیٰ غنی ہے۔ سارا جہان اس کا محتاج ہے وہ کسی کا محتاج نہیں۔ وہ حمید ہے۔ اگر کسی کی زبانِ قال اس کی حمد و ثنا سے گنگ ہو گئی ہے تو کائنات کا ذرہ ذرہ زبانِ حال سے اس کی حمد کے قصیدے گا رہا ہے۔

وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۗ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾

کہ کہا اسے نصیحت کرتے ہوئے اے میرے پیارے فرزند! کسی کو اللہ کا شریک نہ بنانا۔ یقیناً شرک ظلم عظیم ہے [۲۱]

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّ

اور ہم نے تاکیدی حکم دیا انسان کو [۲۲] کہ اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کرے، شکم میں اٹھائے رکھا ہے [۲۳] اسے اس کی ماں نے کمزوری پر کمزوری کے باوجود

آیت میں "اللہ" کا لفظ مقدر ہے۔ تقدیر کلام یوں ہے مَنْ شَكَرَ اللّٰهَ وَاِنَّمَا يَشْكُرُ اللّٰهَ لِنَفْسِهٖ : یعنی جو اللہ تعالیٰ کا شکر کرتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کا شکر اپنے فائدہ کے لیے کرتا ہے اس میں سراسر اسی کا بھلا ہے۔ کسی عارف نے کیا خوب فرمایا ہے: اَلشُّكْرُ قَيْدٌ لِلْمَوْجُوْدِ وَصَيْدٌ لِلْمَفْقُوْدِ وَمُوْجِبُ تَقَرُّبٍ اِلَى الْمَعْبُوْدِ وَثَوَابٌ فِيْ دَارِ الْخُلُوْدِ۔ یعنی شکر کرنے سے جس لطف و احسان سے اسے نوازا گیا انہیں بقا و دوام نصیب ہوتا ہے، جن انعامات سے تا حال وہ بہرہ ور نہیں شکر ان کو شکار کرتا ہے، شکر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تقرب کا باعث ہے اور اس کا ثواب دار الخلد میں ملے گا۔

[۲۱] حضرت لقمان کے بحر حکمت کے چند گنجینے موتی قرآن کریم کے قارئین کی خدمت میں پیش کیے جا رہے ہیں۔

آپ نے اپنے فرزند دلبند کو سب سے پہلے جو نصیحت کی وہ یہ ہے کہ شرک سے بڑا اور کوئی ظلم نہیں اسے چاہیے کہ ہر حالت میں اپنے دامن کو شرک کی آلودگی سے پاک رکھے۔ لقمان حکیم ہیں انہوں نے اپنے حکیمانہ کلام سے صرف اپنے بیٹے کو ہی نوازا نہیں ہوگا بلکہ عام لوگوں کو بھی اپنی دلنواز پند و نصائح سے سرفراز کیا ہوگا، لیکن قرآن کریم میں ان کے صرف وہ حکیمانہ اقوال ذکر کیے گئے ہیں جو انہوں نے اپنے بیٹے کو فرمائے۔ مقصد یہ بھی ہے کہ دوسروں کے ساتھ تو معاملہ کی بنیاد ریاکاری، تصنع اور فریب دہی ہو سکتی ہے، لیکن ایک باپ جب اپنے بیٹے کو نصیحت کرتا ہے اس میں سراسر سچائی اور اخلاص ہی ہوتا ہے۔ وہاں غلط بیانی اور عیاری کا امکان تک نہیں ہوتا۔ اہل عرب جو بری طرح شرک میں مبتلا تھے انہیں بتایا جا رہا ہے کہ لقمان کو تم بھی حکیم اور مرد دانا تسلیم کرتے ہو ان کے اقوال کو اپنے اشعار میں اور اپنے خطبوں میں فخریہ نقل کرتے ہو ذرا اس کی تعلیم پر غور کرو۔ اس کی ان نصیحتوں کو گوش ہوش سے سنو جو اس نے اپنے لخت جگر کو کیں۔ کیا اس کے بعد بھی تمہیں شرک کی قباحت میں شک باقی رہے گا۔ اب تو تم اس قسم کی خرافات سے باز آ جاؤ۔

پہلی آیت میں شرک کے بطلان پر عقلی دلیل پیش کی۔ اس آیت میں نقلی دلیل پیش کی جا رہی ہے۔ گویا عقل اور نقل دونوں شرک کے بطلان پر متفق ہیں۔ اب تو اس غلط عقیدے کو چھوڑ دو اور اللہ وحدہ لاشریک پر ایمان لے آؤ۔

[۲۲] یہ دونوں آیتیں حضرت لقمان کے وعظ کے درمیان بطور جملہ معترضہ ذکر کی گئی ہیں۔ ان سے ایک مقصد تو یہ ہے کہ آپ کے کلام کی تصدیق ہو جائے دوسرا مقصد یہ بھی ہے کہ حضرت لقمان نے از راہ اخلاص و محبت اپنے بیٹے کو شرک سے باز رہنے کی تلقین کی اور اسے ظلم عظیم کہہ کر نفرت دلائی۔ اللہ تعالیٰ نے اس پدری خلوص و شفقت کے صلے کے طور پر اولاد کو اپنے ماں باپ کی فرمانبرداری اور خدمت گزاری کا حکم دیا اور وہ حدود بھی متعین کر دیں جہاں تک ماں باپ کے ارشاد کو تسلیم کیا جا سکتا ہے۔ [۲۳] بے شک ماں باپ دونوں کا اپنی اولاد پر بڑا حق ہے لیکن دونوں میں سے

وَّ فِصٰلُهٗ فِیْ عَامَیْنِ اَنِ اشْكُرْ لِیْ وَ لِوَالِدَیْكَؕ اِلَیَّ الْمَصِیْرُ ۝ وَ

اور اس کا دودھ چھوٹنے میں دو سال لگے (اس لیے ہم نے حکم دیا) کہ شکر ادا کرو میرا اور اپنے ماں باپ کا ۳۴ (آخرکار) میری طرف ہی (تمہیں) لوٹنا ہے

اِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰۤى اَنْ تُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا

اور اگر وہ دباؤ ڈالیں تم پر کہ تو میرا شریک ٹھہرائے اس کو جس کا تجھے علم تک نہیں، تو ان کا یہ کہنا نہ مان ۳۵

ماں کا حق بہت زیادہ ہے۔ نو ماہ تک وہ بچے کو شکم میں اٹھائے پھرتی ہے۔ مرد سے پہلے ہی وہ نسبتاً کمزور ہوا کرتی ہے اور اس پر حمل کی گرانی اس کو مزید کمزور اور ناتواں بنا دیتی ہے۔ اس طویل عرصہ میں آئے دن اسے طرح طرح کی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پھر پیدائش کا مرحلہ بڑا جانگسل اور صبر آزما ہوتا ہے۔ اگر ماں ان جانگسل مرحلوں سے بچ نکلے تو پھر عرصہ تک وہ اسے اپنا خونِ جگر پلاتی ہے۔ اس کے علاوہ دن رات ماں اپنے اس نورِ نظر کی خدمت میں گزارتی ہے۔ یہ ساری جانکاہیاں اور خدمات کسی لالچ کی وجہ سے نہیں، کسی احسان جتلانے کے خیال سے نہیں بلکہ محض محبت اور پیار کے جذبہ سے سرشار ہو کر انجام دی جاتی ہیں، اسی لیے حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بار بار ماں کی شکرگزاری کی تلقین فرمائی ہے جن کا تفصیل بیان مناسب مقامات پر گزر چکا ہے۔ یہاں فقط ایک ارشادِ نبوی پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

کسی شخص نے خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر دریافت کیا: یا رسول اللہ! مَنْ اَبَرُّ؟ میں کس کے ساتھ احسان کروں۔

فرمایا: اُمَّكَ۔ اپنی ماں کے ساتھ۔ اس نے دوبارہ عرض کیا: ثُمَّ مَنْ۔ اس کے بعد کس کے ساتھ۔

فرمایا: اُمَّكَ۔ اپنی ماں کے ساتھ۔ سہ بارہ گزارش کی: ثُمَّ مَنْ۔ اس کے بعد کس کے ساتھ۔ فرمایا: اُمَّكَ۔ اپنی ماں کے ساتھ۔ چوتھی بار جب اس نے پوچھا: ثُمَّ مَنْ۔

فرمایا: اَبَاكَ۔ اپنے باپ کے ساتھ۔

۳۴ یہاں اپنا شکر کرنے کے ساتھ والدین کا شکر ادا کرنے کا حکم بھی ملا دیا۔ اس طرح بندہ نوازی کی حد کر دی اور اسلامی معاشرہ میں والدین کا جو اعلیٰ اور ارفع مقام ہے اس کی وضاحت فرما دی۔ اس کے بعد بھی اگر مسلمان بچے اپنے والدین کی خدمت میں کوتاہی کریں اور ان کے ساتھ حسنِ سلوک کر کے ان کی دعائیں نہ لیں تو بڑی بدقسمتی ہے۔

۳۵ والدین کی اطاعت کا بار بار تاکیدی حکم قرآن کریم میں دیا گیا۔ اس سے یہ غلط فہمی پیدا ہو سکتی تھی کہ والدین کا ہر حکم ماننا اور ان کی ہر خواہش کو پورا کرنا ضروری ہے۔ اگرچہ وہ شرک کرنے اور نافرمانی کرنے کا بھی حکم دیں۔ اس آیت میں اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا اور بتا دیا کہ بیشک والدین کا بڑا حق ہے اور ان کی خوشنودی حاصل کرنا بہت بڑی سعادت ہے لیکن بہرحال ان کا حق اللہ تعالیٰ کے حق سے کم ہے۔ اگر وہ اس کے ساتھ شرک کرنے پر اصرار کریں گے یا کسی ارشادِ الٰہی سے سرتابی پر مجبور کریں گے تو اس وقت ان کے حکم کو مسترد کر دینا ضروری ہو گا کیونکہ اب وہ اپنی حد سے تجاوز کر رہے ہیں۔ حدیث پاک میں ہے: لا طاعة لمخلوق فی معصية الخالق کہ کسی مخلوق کی ایسی اطاعت نہ کرو جس سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہوتی ہو۔

وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا ۖ وَاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ ۚ

البتہ گزران کرو ان کے ساتھ دُنیا میں خوبصورتی سے [۲۶] اور پیروی کرو اس کے راستہ کی جو میری طرف مائل ہوا [۲۷]

[۲۶] چاہیے تو یہ تھا کہ جب والدین اپنے خالق اور مالک کے سرکش ہوں اور شرک کے مرتکب ہوں، تو ان سے قطع تعلق کر لیا جائے اور کسی قسم کی شفقت اور محبت کا مظاہرہ ان سے نہ کیا جائے لیکن انسان قربان جائے اس دین فطرت کی پاکیزہ تعلیمات پر۔ فرمایا ان کی یہ بات نہ مانو اس کے علاوہ ان کے ساتھ حسن سلوک کے سارے تقاضے پورے کرو۔ وہ بیمار ہوں تو ان کی تیمارداری کرو۔ وہ مفلس ہوں تو ان کے اخراجات کا بوجھ تم اٹھاؤ۔ ان کا ادب اور احترام ہر حالت میں ملحوظ رکھو۔ ان کی زیادتیوں کے باوجود تمہاری طرف سے تلخ کلامی اور بے مہری کی نوبت نہ آنے پائے۔ بیشک قرآن خداوند عالم کا کلام ہے۔ بیشک اسلامی شریعت پر عمل پیرا ہو کر ہم دونوں جہانوں کی سعادتوں سے بہرہ اندوز ہو سکتے ہیں۔

حضرت سعدؓ بن ابی وقاص فرماتے ہیں کہ یہ آیت میرے حق میں نازل ہوئی۔ میں اپنی والدہ کا بڑا فرمانبردار اور اطاعت گزار تھا۔ اس کی خدمت اور دلجوئی میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے جب مجھے نعمتِ ایمان سے مشرف کیا تو میری ماں سخت برافروختہ ہوئی۔ مجھے کہنے لگی اے سعد! تم نے یہ کیا حرکت کی ہے۔ اگر تُو نے اس نئے دین کو نہ چھوڑا تو میں کھانا پینا بند کر دوں گی یہاں تک کہ مر جاؤں گی اور لوگ تجھے اپنی ماں کا قاتل کہہ کر عار دلائیں گے اور تو ملک بھر میں رسوا ہو گا۔ میں نے کہا اماں! ایسا نہ کرو۔ میں کسی قیمت پر بھی اپنا دین نہیں چھوڑوں گا۔ لیکن وہ بضد رہی۔ دن بھر نہ کچھ کھایا اور نہ پیا۔ رات بھی یونہی گزار دی۔ جس کے باعث وہ بہت کمزور ہو گئی۔ دوسرا دن اور رات اس نے فاقہ سے گزار دیا۔ اب تو اس کی کمزوری حد کو پہنچ گئی۔ جب میں نے اس کی یہ ضد دیکھی تو میں نے کہا:

يَا أُمَّهْ تَعْلَمِينَ وَاللّٰهِ لَوْ كَانَتْ لَكِ مِائَةُ نَفْسٍ فَخَرَجَتْ نَفْسًا نَفْسًا مَا تَرَكْتُ دِينِي هٰذَا لِشَيْءٍ فَإِنْ شِئْتِ فَكُلِي وَإِنْ شِئْتِ لَا تَأْكُلِي۔ اے ماں! تُو خوب جان لے اگر تیری سو جانیں ہوں اور سب ایک ایک کر کے نکل جائیں تو خدا کی قسم میں اپنے دین کو پھر بھی نہیں چھوڑوں گا۔ اب تیری مرضی ہے تو کھا اور نہیں ہے تو بے شک نہ کھا۔ میں اپنا دین چھوڑنے کے لیے کسی قیمت پر تیار نہیں۔ میرا عزم مستحکم دیکھ کر میری ماں نے بھوک ہڑتال ختم کر دی۔

اللہ تعالیٰ دینِ حق پر ہمیں بھی اسی قسم کی استقامت عطا فرمائے۔ آمین۔

[۲۷] کسی کے ساتھ حسنِ خلق کا مظاہرہ کرنا، خندہ پیشانی سے پیش آنا، مروت و احسان کرنا اور بات ہے لیکن کسی کی اطاعت و اتباع کا معاملہ بالکل دوسرا ہے۔ اتباع فقط اسی کی کرنی چاہیے جو ہر طرف سے رُخ پھیر کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو۔ محبت و مودت کے سلسلے رشتے توڑ کر ایک اللہ کی محبت اپنے دل میں بسائے اور جس کسی کے ساتھ وہ محبت کرے فقط اسی لیے کہ یہ اس کے محبوب کا محبوب اور پیارا ہے۔

علمائے تفسیر نے فرمایا ہے کہ 'مَنْ اَنَابَ' سے یہاں مراد حضرت ابوبکر صدیق ہیں (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) آپ کی انابت الی اللہ کی شان دیکھنی ہو تو آپ کی کتابِ زندگی کا مطالعہ کیجئے۔ آپ کو پتہ چلے گا کہ اللہ کے بندے کیسے ہوتے ہیں اور مصطفےٰ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مریدانِ باصفا کا کیا مقام ہے۔ آپ جب مشرف باسلام ہوئے تو حضرات سعد ابن ابی وقاص، عبدالرحمٰن ابن عوف، عثمان، طلحہ، زبیر اور سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہم جو فہم و فراست دنیاوی وجاہت کاروباری مہارت میں مکہ کے سرکردہ لوگوں میں سے تھے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے

ثُمَّ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ

پھر میری طرف ہی تمہیں لوٹنا ہے۔ پس میں آگاہ کروں گا تمہیں ان کاموں سے جو تم کیا کرتے تھے۔ (لقمان نے کہا) پیارے فرزند! اگر

اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی

اگر کوئی چیز رائی کے دانہ کے برابر وزنی ہو پھر وہ کسی چٹان میں یا

السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ﴿۱۶﴾

آسمانوں یا زمین میں (چھپی) ہو تو لے آئے گا اسے اللہ تعالیٰ۔ بیشک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین ہر چیز سے باخبر ہے۔

یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ

میرے پیارے بچے! نماز صحیح صحیح ادا کیا کرو[۲۹] نیکی کا حکم دیا کرو۔ اور برائی سے روکتے رہو اور صبر کیا کرو

پاس آئے اور آکر دریافت کیا:

"اے ابوبکر! کیا تم نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصدیق کر دی ہے اور ان پر ایمان لے آئے ہو؟" آپ نے کہا: "ہاں میں تو ایمان لے آیا ہوں اور صدق دل سے ان کی رسالت کو تسلیم کر لیا ہے۔" اتنا جواب سنتے ہی یہ حضرات بارگاہِ مصطفوی میں حاضر ہوئے۔ کلمۂ شہادت پڑھا اور مشرف باسلام ہو گئے۔ کیونکہ ان زیرک اور معاملہ فہم لوگوں کے نزدیک اسلام کی صداقت کی سب سے بڑی دلیل یہی تھی کہ ابوبکر جیسا دانا اور ہوشمند شخص اس کو قبول کر چکا ہے۔

الٰہی! ہمیں بھی ان لوگوں کی پیروی نصیب کر جو تیری یاد، تیرے ذکر اور تیری محبت میں سرشار رہتے ہیں۔ آمین

[۲۸] اب پھر حضرت لقمان کی موعظت کا سلسلہ شروع ہوتا ہے۔ سب سے پہلے آپ نے اپنے بچے کو شرک سے باز رہنے کا حکم دیا۔ اب وہ اسے اللہ تعالیٰ کے علم محیط اور قدرت کاملہ کا درس دے رہے ہیں۔ رائی کے دانے کی کیا حقیقت ہے۔ سامنے رکھا ہو، دن کی روشنی ہو، پھر بھی وہ قریب سے ہی نظر آتا ہے لیکن اتنی باریک چیز اگر پتھر کی کسی چٹان میں مستور ہو یا کوئی ذرہ زمین کی وسعتوں اور آسمان کی پہنائیوں میں گم ہو جائے تو کون انسان ایسا ہے یا کونسا آلہ ہے جس کی مدد سے اس ذرہ کا سراغ لگایا جا سکے۔ ہمارے لیے بیشک یہ از حد مشکل کام ہے مگر اتنی چھوٹی چیز کہیں بھی ہو اللہ تعالیٰ سے مخفی نہیں۔

[۲۹] مومن کی دو ذمہ داریاں ہیں۔ اپنی ذات کی تکمیل اور دوسروں کی صلاحیتوں کی حق اور سچ نشوونما۔ اپنی ذات کی تکمیل کے لیے نماز کا حکم دیا۔ دوسروں کی تربیت اور تکمیل کے لیے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا حکم دیا۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں: اَقِمِ الصَّلٰوةَ تَكْمِیْلًا لِنَفْسِكَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ تَكْمِیْلًا لِغَیْرِكَ۔ (روح المعانی)

عَلٰی مَاۤ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۷﴾ وَ لَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ

ہر مصیبت پر جو تمہیں پہنچے ۳۱ بیشک یہ بڑی ہمت کے کام ہیں ۳۲ اور (ازراہِ تکبر) نہ پھیرے اپنے رخسار کو

لِلنَّاسِ وَ لَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ كُلَّ

لوگوں کی طرف سے اور نہ چلا کر زمین میں اتراتے ہوئے۔ بیشک اللہ تعالیٰ نہیں پسند کرتا کسی

مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿۱۸﴾ وَ اقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ وَ اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ

گھمنڈ کرنے والے فخر کرنے والے کو ۳۳ اور درمیانہ روی اختیار کر اپنی رفتار میں اور دھیمی کر اپنی آواز ۳۴

۳۱ اپنے نفس کی اصلاح بھی کوئی آسان کام نہیں۔ صبح شام اپنی خواہشات سے برسرِ پیکار رہنا، نفس کی سرکشی اور غفلت پر اسے ہروقت جھڑکتے رہنا بڑے دل گردے کا کام ہے۔ اس کے لیے بڑے صبر اور حوصلہ کی ضرورت ہے۔ اسی طرح ان لوگوں کو نیکی کا درس دینا جو تقویٰ اور پارسائی کی راہ سے عمر بھر گریزاں رہے ہیں، ان کے دلوں میں نیکی کی الفت پیدا کرنا، انہیں طغیان و عصیان کی زندگی سے باز رہنے کا حکم دینا ہر کس و ناکس کے بس کا روگ نہیں۔ طعن و تشنیع کے تیروں سے گھائل ہونا پڑتا ہے۔ مالی خساروں اور جسمانی اذیتوں کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ کبھی کبھی جان کی بازی لگانی پڑتی ہے۔ یہ مرحلہ بھی صبر اور استقامت کے بغیر طے نہیں ہو سکتا۔ اس لیے حضرت لقمان اپنے فرزند دلبند کو تکمیلِ ذات اور اصلاحِ معاشرہ کی ذمہ داری قبول کرنے کے بعد صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑنے کی تلقین فرما رہے ہیں۔ یہ راہ بڑی جانگداز اور کٹھن ہے۔ مردانِ پاکباز ہی اس پر گامزن ہو سکتے ہیں۔

۳۲ علامہ راغب اصفہانی نے عزم کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے۔ اَلْعَزْمُ وَ الْعَزِیْمَةُ عَقْدُ الْقَلْبِ عَلٰی اِمْضَاءِ الْاَمْرِ (المفردات) یعنی کسی کام کو کرنے کا پختہ ارادہ کر لینا۔ یعنی مذکورہ احکام ان اہم امور سے ہیں جن کو انجام دینے کے لیے انسان کو ہمت اور مردانگی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ اَوِ الْمَعْنٰی مِنَ الْاُمُوْرِ الَّتِیْ یَعْزِمُ عَلَیْہَا بِجِدٍّ لِوُجُوْبِہَا (مظہری) یا یہ وہ احکام ہیں جن کو بجا لانے کا اللہ تعالیٰ نے قطعی حکم دیا ہے۔ ای مما عزمه الله تعالیٰ وقطعه قطع ایجاب (روح المعانی)

۳۳ اس آیت کا مطلب بیان کرنے سے پہلے اس کے چند کلمات کی تشریح ضروری ہے۔ تُصَعِّرْ: علامہ ابن منظور لکھتے ہیں کہ صعر اونٹوں کی ایک بیماری کا نام ہے جب یہ لگتی ہے تو اونٹ کی گردن ٹیڑھی ہو جاتی ہے۔ اَلصَّعَرُ دَاءٌ یَاْخُذُ الْبَعِیْرَ فَیَلْوِیْ مِنْهُ عُنُقَهٗ وَ یُمِیْلُهٗ۔ اسی مناسبت سے جب کوئی شخص ازراہِ غرور و نخوت اپنا منہ لوگوں کی طرف سے موڑ لیتا ہے تو عرب کہتے ہیں قَدْ صَعَّرَ خَدَّهٗ وَ صَاعَرَهٗ: اَمَالَهٗ مِنَ الْكِبْرِ۔ اس مفہوم کی تائید کے لیے انہوں نے جریر کا یہ شعر نقل کیا ہے: ؎

وَ كُنَّا اِذَا الْجَبَّارُ صَعَّرَ خَدَّهٗ   اَقَمْنَا لَهٗ مِنْ مَیْلِهٖ فَتَقَوَّمَا   (لسان العرب)

یعنی جب کوئی جابر شخص ازراہِ تکبر اپنے رخسار پھیر لیتا ہے تو ہم بزورِ شمشیر اس کی کجی کو دور کر دیتے ہیں اور وہ درست ہو جاتا ہے۔

"مَرَحًا": فی المفردات المرح شدۃ الفرح والتوسع فیہ ومرح مرحا اذا خف قالہ ابن الاثیر۔ (تاج العروس)۔ شدت فرح و سرور کو مرح کہتے ہیں۔ علامہ ابن منظور نے اس کی مزید وضاحت کی ہے۔ لکھتے ہیں: المرح شدۃ الفرح والنشاط حتی یجاوز قدرہ۔ وفی حدیث علی کرم اللہ وجہہ زعم ابن النابغۃ انی تلعابۃ تمراحۃ قال ابن الاثیر ہو من المرح وھو النشاط والخفۃ۔ وقد قیل فی مرحت العین انہا بمعنی اسیلت الدمع وکذلک السحاب اذا اسیل المطر (لسان العرب) یعنی مرح اس شدت فرح و نشاط کو کہتے ہیں جو حد سے بڑھی ہوئی ہو۔ علامہ ابن اثیر کا حوالہ دیتے ہیں کہ ان کے نزدیک مرح اس نشاط کو کہتے ہیں جس میں خفت یعنی ہلکا پن اور سبکی پائی جائے جس طرح کم ظرف لوگ خوشی اور مسرت کے وقت ادب و اخلاق کے تقاضوں کو بھی پس پشت ڈال دیتے ہیں۔ حیا اور مروت کی چادر بھی اتار کر پرے پھینک دیتے ہیں۔ اور ایسی ناشائستہ حرکتیں کرتے ہیں جنہیں دیکھ کر شرم کی آنکھ نمناک ہو جاتی ہے۔

مختال: اس متکبر کو کہتے ہیں جس میں تکبر کے علاوہ خود پسندی کا عیب بھی پایا جاتا ہو۔ المختال متکبر ذو خیلاء معجب بنفسہ (تاج) علامہ ابن منظور نے اس لفظ کی تشریح کے ضمن میں ابو اسحٰق کا یہ قول بھی نقل کیا ہے۔ قال ابو اسحٰق المختال الصلف المتباھی الجھول الذی یانف من ذوی قرابتہ اذا کانوا فقراء ومن جیرانہ اذا کانوا کذلک ولا یحسن عشرتھم (لسان العرب) یعنی مختال اس لاف زنی کرنے والے نادان کو کہتے ہیں جو اپنے غریب رشتہ داروں سے نفرت کرتا ہے اور مفلس پڑوسیوں کو حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے اور ان کے ساتھ حسن سلوک نہیں کرتا۔ فخور۔ مبالغہ کا صیغہ ہے بہت اترانے والا۔ فخر کرنے والا خصوصاً وہ شخص جو ایسی چیزوں پر فخر کرے جو اس کے ذاتی کمالات سے نہیں بلکہ خارجی امور کی بنا پر اترائے مثلاً مال و دولت، جاہ و منصب وغیرہ۔ ان کلمات کی لغوی تحقیق کے بعد اب اس آیت کو پڑھیے اور اس کے مفہوم کو سمجھنے کی کوشش کیجئے آپ کو مزہ آجائے گا اور قرآن کے حسن اعجاز پر آپ سو جان سے قربان ہونے لگیں گے۔ آیت کا مدعا تو تکبر و غرور سے اجتناب کرنے کی تاکید کرنا ہے۔ لیکن غرور کی کوئی ایک شکل تو نہیں۔ اس کے متعدد مظاہر اور روپ ہیں۔ کئی جلی اور کئی خفی۔ ایک جملہ میں سبھی کی نشاندہی بھی کر دی اور ان سے دور رہنے کا حکم بھی دے دیا۔ اس جامعیت اور اعجاز نے فصحائے عرب کو جو لغت کی لطافتوں کو جانتے تھے دنگ کر دیا تھا۔ اسی کلام معجز نظام کو سن کر بڑے بڑے شعراء نے شعر گوئی ترک کر دی تھی۔ اسلام کے دشمن قرآن کی اس رعنائی کے باعث شمع اسلام کے پروانے بن گئے تھے۔

سُبْحَانَ مَنْ اَنْزَلَهٗ وَسَلَامٌ عَلٰى مَنْ اُنْزِلَ عَلَيْهِ وَاَرْسَلَهٗ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا۔

علامہ آلوسی نے لَا تُصَعِّرْ کا ایک معنی ابن خویز منداد سے نقل کیا ہے۔ وہ بھی خوب ہے۔ کہ اپنے نفس کو کسی کے سامنے بلا وجہ ذلیل نہ کرے اور احساس کمتری سے کسی کے سامنے ہر وقت گردن نہ جھکائے رکھے۔ وقال ابن خویز منداد نھی انہ یذل نفسہ من غیر حاجۃ فیلوی عنقہ (روح المعانی) بیشک فخر و غرور بھی بری چیز ہے لیکن بے جا تواضع، ذلت نفس اور اپنے آپ کو ہر وقت حقیر بنائے رکھنا اس سے بھی بری بات ہے۔ قرآن نے ان دونوں چیزوں سے اپنے ماننے والوں کو باز رہنے کا حکم دیا ہے۔

۳۲ رفتار اور گفتار کے آداب سکھائے کہ چلو تو وقار و متانت کے ساتھ۔ بات کرو تو بلا ضرورت آواز کو بلند نہ کرو کہ طبع سلیم پر گراں گزرے اور سننے والا وحشت محسوس کرنے لگے۔ جس طرح گدھا زور سے ہینگتا ہے اور سارا ماحول ناگوار شور سے بھر جاتا ہے۔

إِنَّ أَنكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيرِ ﴿١٩﴾ أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُم

بیشک سب سے وحشت انگیز آواز گدھے کی آواز ہے کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمانبردار بنا

مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَ

دیا ہے تمہارے لیے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے ٣٢ اور تمام کر دی ہیں اس نے تم پر ہر قسم کی نعمتیں

بَاطِنَةً ۗ وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى

ظاہری بھی اور باطنی بھی ٣٣ اور بعض ایسے نادان لوگ بھی ہیں جو جھگڑتے ہیں (رسول کریم سے) اللہ تعالیٰ کے بارے میں نہ ان کے پاس علم

وَلَا كِتَابٍ مُّنِيرٍ ﴿٢٠﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ

ہے نہ ہدایت اور نہ کوئی روشن کتاب ٣٤ اور جب انہیں کہا جاتا ہے کہ پیروی کرو جو اللہ تعالیٰ نے اتارا ہے ٣٥ کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو پیروی

٣٢ حضرت لقمان کا بیان ختم ہوا۔ اب پھر منکرین توحید کے سامنے تکوینی دلائل پیش کیے جا رہے ہیں اور ان میں غور و فکر کی پر خلوص دعوت دی جا رہی ہے۔

کسی چیز کو جبراً و قہراً کسی خاص مقصد کے لیے مصروف کار کر دینے کو تسخیر کہتے ہیں۔

(التسخیر سیاقۃ الی الغرض المختص قہراً۔ المفردات) ارشاد ہے ذرا بلندیوں اور پستیوں پر نظر عبرت ڈالو۔ آسمان، ستارے مہر و ماہ، زمین، پانی، کھلے میدان، ان میں لہلہاتے ہوئے کھیت، اونچے اونچے پہاڑ، سرسبز وادیاں، طیور و وحوش ہر چیز تمہاری مختلف قسم کی خدمات انجام دے رہی ہے۔ بعض سے تم خود کام لیتے ہو اور بعض تمہاری دسترس سے باہر ہیں لیکن خالق کریم نے اپنے اوامر تکوینی سے انہیں تمہاری خدمت پر کمربستہ کر دیا ہے۔

٣٣ اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے اپنی ظاہری اور باطنی نعمتوں کی تم پر انتہا کر دی ہے۔ اگر انہیں گننا چاہو تو گن نہ سکو، ساری عمر سجدۂ شکر ادا کرتے رہو تو شکر کا حق ادا نہ ہو سکے گا۔ اتنی نوازشات اور عنایات کے باوجود اگر تم اپنے رب کو نہ پہچانو تو ظلم کی انتہا ہے۔

ظاہری نعمتوں سے مراد حسن صورت، اعضاء کا صحیح و کامل ہونا، رزق، عافیت اور دوسری دنیاوی نعمتیں، ان کے علاوہ ایمان، قرآن، محبوب رب العلمین کی غلامی کا شرف، اطاعت نبوی کی توفیق، اسلام کی فتح، کفر کی شکست بھی اللہ تعالیٰ کی ظاہری جلیل القدر نعمتیں ہیں اور باطنی نعمتوں کی تفسیر کرتے ہوئے علامہ پانی پتی لکھتے ہیں: "دل، عقل، حواس باطنہ، حسن اخلاق، الہام سے رہنمائی، گناہوں کا ڈھانپنا اور جلدی مواخذہ نہ کرنا" آخر میں فرماتے ہیں: وَفُؤُوْدٌ مَعْرِفَةِ اللّٰهِ وَنَارُ عِشْقِهٖ وَ رَسُوْلِهٖ وَشَفَاعَةُ رَسُوْلِهٖ (مظہری) اور باطنی نعمتوں میں سے سب سے بڑی اللہ کی معرفت کا نور، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے عشق کی آتش سوزاں اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت۔

مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ

کریں گے اس کی جس پر پایا ہم نے اپنے باپ دادا کو۔ کیا وہ (انہیں کا اتباع کریں گے) خواہ شیطان انہیں (اس طرح) دعوت دے

السَّعِيْرِ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

رہا ہو بھڑکتے ہوئے عذاب کی ۲۸ اور جو شخص اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کر دیتا ہے درآں حال کہ وہ محسن ہو تو بیشک

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ

اس نے مضبوط رسی سے پکڑ لیا مضبوط حلقہ کو ۲۹ اور اللہ کی طرف ہی ہے تمام کاموں کا انجام ۳۰ اور جس نے کفر کیا تو نہ غمزدہ کرے

۲۶ جو شخص علم سے بے بہرہ ہو، نورِ ہدایت سے محروم ہو، اس کے پاس کوئی ایسی کتاب بھی نہ ہو جو اپنی روشنی سے جہالت کی تاریکیاں کو منور کر رہی ہو۔ اس شخص کو قطعاً یہ بات زیب نہیں دیتی کہ وہ اس ہستی سے اُلجھے جس کے سینے میں علم لدنی کے سمندر موجزن ہیں جس کی ذاتِ اقدس رشد و ہدایت کا منبع ہے اور جو قرآن کریم جیسی تابندہ اور درخشندہ کتاب کی امین ہے۔ مگر یہ مشرک بھی کیا کندۂ ناتراش ہیں جو میرے مصطفےٰ سے اُلجھ رہے ہیں۔

۲۷ جب انہیں قرآن کریم کی پیروی کی دعوت دی جاتی ہے تو عقل کے دشمن اسے ٹھکرا دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم اسی ڈگر پر عقل و دانش کا منہ چڑاتے ہوئے آنکھیں بند کیے چلے جائیں گے جس پر ہمارے باپ دادا چلتے رہے تھے۔

۲۸ ان کی یہ بہکی بہکی باتیں شیطان کی وسوسہ اندازی کا نتیجہ ہیں۔ اس لعین کی تو یہ کوشش ہے کہ وہ انہیں جہنم کے دہکتے ہوئے شعلوں میں دھکیل دے۔ ان کا کام تھا کہ اپنی اس بے جا ضد کے انجام سے بچتے، وقت گزرنے سے پہلے اپنی اصلاح کر لیتے لیکن یہ تو ادھار کھائے بیٹھے ہیں کہ ہر حال میں وہ شیطان کی پیروی کریں گے خواہ ان کی یہ احمقانہ حرکت انہیں جہنم رسید کر دے۔

۲۹ علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ تسلیم کی طرح یہاں اسلام کا معنی بھی تفویض ہے یعنی اپنے تمام امور کو اللہ تعالیٰ کے حوالے کر دیا۔ اپنے جسم اور روح کو، اپنے قالب اور قلب کو اس کے احکام کے سامنے سرافگندہ کر دیا۔ لیکن اس کے لیے صرف زبان سے کہہ دینا کافی نہیں ورنہ سچے اور جھوٹے کی پہچان کیسے ہوگی۔ اس لیے ساتھ ہی وَهُوَ مُحْسِنٌ فرما دیا کہ زبان سے بھی یہ کہے کہ میرے سارے کام اللہ کے سپرد ہیں اور حسنِ عمل سے اپنے اس قول کی صداقت بھی ثابت کر دے۔ اگر اس نے یہ دونوں کام کر لیے تو اس نے ایک ایسی مضبوط رسی کو پکڑ لیا جو کبھی نہ ٹوٹے گی اور اسے مضبوطی سے پکڑ لینے کے بعد اسے گرنے کا اندیشہ نہیں رہے گا۔

مُحْسِنٌ۔ احسان سے ہے۔ احسان کی تشریح حدیث جبریل میں مذکور ہے۔ حضرت جبریل بارگاہِ رسالت میں زانو شکستہ باادب بیٹھے ہیں اور سوال پوچھ رہے ہیں۔ ان میں ایک سوال یہ تھا۔ مَا الْاِحْسَانُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ اے اللہ کے رسول! احسان کا کیا مطلب ہے۔ اَلْاِحْسَانُ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ۔ یعنی احسان اس کیفیت کو کہتے ہیں کہ تم اللہ تعالیٰ کی اس طرح

كُفْرُهٗ ۚ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

آپ کو اس کا کفر۔ ہماری طرف ہی انہیں لوٹنا ہے پس ہم آگاہ کریں گے انہیں جو انہوں نے کیا تھا۔ بیشک اللہ تعالیٰ جاننے والا ہے جو

الصُّدُوْرِ ﴿۲۳﴾ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۲۴﴾

کچھ سینوں میں (چھپا) ہے ہم لطف اندوز ہونے دیں گے انہیں تھوڑی دیر پھر ہم انہیں ہانک کر لے جائیں گے سخت عذاب کی طرف

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ قُلِ

اور اگر دریافت کریں ان سے کہ کس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو تو ضرور کہیں گے کہ اللہ نے۔ فرمایئے

الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

الحمد للہ (حق واضح ہو گیا) بلکہ ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ

یقیناً اللہ ہی بے نیاز ہے (اور) ہر تعریف کے لائق ہے اور اگر زمین میں جتنے درخت ہیں قلمیں بن جائیں اور

عبادت کرو گویا تم اس کے نورِ جمال کا مشاہدہ کر رہے ہو اور اگر تمہاری اس منزل پر رسائی نہیں تو کم از کم یہ تصور تو پختہ ہو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

سب کاموں کا انجام پانا اسی کے دستِ قدرت میں ہے۔ اس سے روگردانی کر کے غیروں کو اس کا شریک بنانا کہاں کی دانشمندی ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تسلی دے رہے ہیں۔

اہل حق باطل پرستوں کی شان و شوکت اور کر و فر سے مرعوب نہ ہوں یہ تو محض چار دن کی چاندنی ہے اور پھر اندھیری رات۔

کفر و شرک میں مگن یہ لوگ خر مستیاں کر رہے ہیں۔ ان خود فراموشوں سے پوچھو کہ آسمانوں کا خالق کون ہے؟ زمین کو کس نے پیدا کیا؟ کیا تمہارے ان خداؤں نے؟ جنہیں تم نے کل اپنے ہاتھوں سے گھڑا اور انہیں اپنا معبود بنا لیا۔ کیا ارض و سماء کے خالق یہ ہیں؟ انہیں ناچار یہ کہنا پڑے گا کہ ارض و سماء کا پیدا کرنے والا اللہ ہے۔ اے مسلمانو! اللہ کا شکر ادا کرو کہ حقیقت واضح ہو گئی۔ سچ ظاہر ہو گیا اور مشرکین توحید کو بھی توحید کا اقرار کرنا پڑا۔

آسمانوں اور زمین کا خالق بھی وہی ہے اور ان میں جو کچھ ہے اس کا مالک بھی وہی ہے۔ زبانِ قال سے نہ سہی ہر چیز زبانِ حال

وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ

سمندر سیاہی بن جائے اور اس کے علاوہ سات سمندر اسے (مزید) سیاہی مہیا کریں تو پھر بھی ختم نہیں ہوں گی اللہ کی باتیں بیشک

اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۷﴾ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ

اللہ سب پر غالب بڑا دانا ہے ؀ نہیں ہے تم سب کو پیدا کرنا اور مارنے کے بعد پھر زندہ کرنا (اللہ کے نزدیک) مگر ایک نفس کی مانند

اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ﴿۲۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ

بیشک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا دیکھنے والا ہے ؀ کیا تم نے ملاحظہ نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن

فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۡ كُلٌّ يَّجْرِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّ

کو رات میں اور اس نے کام میں لگا دیا ہے سورج اور چاند کو، ہر ایک چل رہا ہے (اپنے مدار میں) وقت مقرر تک اور

سے تو اس کی ثنا گستری میں زمزمہ سنج ہے۔ وہ غنی ہے اسے کسی کی ضرورت نہیں سب کو اسی کی ضرورت ہے۔

؀ روئے زمین پر جتنے درخت ہیں ان کی قلمیں بنالی جائیں اور سمندر روشنائی بن جائے اور جب ایک سمندر کا پانی ختم ہونے لگے تو یکے بعد دیگرے سات سمندروں کے پانی روشنائی بنتے چلے جائیں قلمیں گھس کر رہ جائیں گی۔ سات سمندروں کا پانی ختم ہو جائے گا لیکن علم الٰہی کا ایک قلیل حصہ بھی رقم نہیں ہو سکا ہوگا۔ دانائے شیراز نے بھی اپنی حد تک خوب کہا ہے ؎

دفتر تمام گشت و بپایاں رسید عمر ما ہمچناں در اول وصفِ تو ماندہ ایم

کاغذ ختم ہو گیا عمر انتہا کو پہنچ گئی۔ ہم ساری زندگی سمند قلم دوڑاتے رہے اپنی صفات کا احاطہ تو کجا ابھی تو تیری پہلی وصف کا بیان بھی مکمل نہیں ہوا۔

اب ذرا آیت کے کلمات میں غور کیجیے وَالْبَحْرُ کے بعد لفظ مِدَادٌ مقدر ہے۔ کیونکہ يَمُدُّهٗ کا لفظ اس کے معنی پر دلالت کر رہا ہے اس لیے اس کا عدم ذکر باعثِ خلل نہیں۔

وَالْبَحْرُ مبتدا ہے يَمُدُّهٗ اس کا حال بھی بن سکتا ہے اور خبر بھی۔ پھر یہ جملہ حال واقع ہوگا۔ كَلِمٰتُ اللّٰهِ سے مراد اللہ تعالیٰ کے علوم ہیں کیونکہ وہ غیر متناہی ہیں، اس لیے ان کی گنتی اور شمار محال ہے۔ والمراد بکلماتہ تعالٰی کلمات علمہ سبحانہ وحکمتہ جَلَّ ثَنَاؤُهٗ (روح المعانی)

؀ کفار وقوع قیامت کے قائل نہ تھے۔ انہیں یہ بات سمجھ نہ آتی تھی کہ صدہا بلکہ ہزارہا ہزار سال گزرنے کے بعد مُردوں کو کس طرح زندہ کیا جائے گا۔ ان کی اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا کہ ایسا کرنے والا ما و شما قسم کا انسان نہیں جس کا علم بھی ناقص ہو اور قدرت بھی ناتمام بلکہ مُردوں کو دوبارہ زندگی بخشنے والا اللہ تعالیٰ ہے جس کا علم ہر چھوٹی بڑی چیز کو محیط ہے اور جس کی قدرت کے سامنے

أَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا

یقیناً اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو خوب جاننے والا ہے ۴۶ یہ ہیں اس کی قدرت کے کرشمے تاکہ وہ جان لیں کہ اللہ ہی حق ہے

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۳۰﴾ أَلَمْ تَرَ

اور بلاشبہ جنہیں وہ پکارتے ہیں اسکے سوا وہ سب باطل ہیں اور بلاشبہ اللہ ہی بڑی شان والا بزرگ ہے ۴۷ کیا تم ملاحظہ

أَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ۗ إِنَّ فِيْ

نہیں کرتے کہ کشتی چلتی ہے سمندر میں محض اس کی مہربانی سے تاکہ وہ دکھائے تمہیں اپنی (قدرت کی) نشانیاں۔ بیشک

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۱﴾ وَإِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا

اس میں بہت سی نشانیاں ہیں ہر صبر کرنے والے شکر گزار کے لیے ۴۸ اور جب ڈھانپ لیتی ہیں انہیں پہاڑوں جیسی موجیں

کوئی چیز محال نہیں۔ اس کے لیے ایک آدمی کو پیدا کرنا اور اس کو مار کر دوبارہ زندہ کرنا جس طرح آسان ہے اسی طرح سب کو پیدا کرنا اور انہیں مار کر دوبارہ زندہ کرنا بھی اس کے لیے ذرا مشکل نہیں۔

۴۶ پہلی آیت میں بتایا کہ ایک فرد کو پیدا کرنا، مارنا اور مار کر جلانا اور کروڑوں کھربوں انسانوں کو پیدا کرنا اور مارنا، مار کر جلانا اللہ تعالیٰ کے لیے یکساں ہے۔ اس آیت میں قدرت خداوندی کے چند عظیم الشان کارناموں کی طرف انسان کی توجہ مبذول کرائی اور ان کی غلط فہمی کا ازالہ کر دیا۔

۴۷ اللہ تعالیٰ کا علم محیط، قدرت کاملہ آفرینش عالم میں اس کی حکمت بالغہ کی جلوہ طرازیاں اس بات کی تصدیق کر رہی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا وجود حق ہے اس کی قدرت حق ہے اس کی کبریائی اور عظمت حق ہے وہی اور صرف وہی معبود برحق ہے۔ اس کے علاوہ وہ جسے خدا سمجھ کر پکارتے ہیں یا جس کی عبادت کرتے ہیں، وہ باطل ہے۔ باطل کا مفہوم علامہ آلوسی یوں تحریر فرماتے ہیں: اَلْمَعْدُوْمُ فِيْ حَدِّ ذَاتِهٖ وَهُوَ الْمُمْكِنُ الَّذِيْ لَا يُوْجَدُ اِلَّا بِغَيْرِهٖ۔ جو چیز اپنی ذات کے اعتبار سے معدوم ہو اور خالق کے ارادہ کے بغیر وہ نیست سے ہست نہ ہو سکتی ہو۔ وَاِنَّمَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ (اِلٰهًا) اَلْبَاطِلُ (روح المعانی) یعنی جنہیں وہ خدا سمجھ کر پکارتے ہیں وہ سب باطل ہیں۔ علامہ پانی پتی نے بھی یہی لکھا ہے۔ وَاِنَّمَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ (مِنَ الْاٰلِهَةِ) اَلْبَاطِلُ (مظہری)، علامہ قرطبی نے مِنْ دُوْنِهٖ کی تفسیر شیطان سے کی ہے۔ ایک قول یہ بھی لکھا ہے: مَا اَشْرَكُوْا بِهِ اللّٰهَ تَعَالٰى مِنَ الْاَصْنَامِ وَالْاَوْثَانِ یعنی وہ بت جنہیں وہ اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہرایا کرتے تھے وہ باطل ہیں۔ مولانا تھانوی نے اس جملہ کا یوں ترجمہ کیا ہے: "اور جن چیزوں کی یہ اللہ کے سوا عبادت کر رہے ہیں بالکل ہی لچر ہیں"۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ ملاحظہ ہو: "آنچہ مے پرستند بجز وے بے اصل است"۔ ۴۸ قدرت خداوندی کے مزید دلائل بیان

اللّٰهَ مُخۡلِصِیۡنَ لَهُ الدِّیۡنَ ۚ۬ فَلَمَّا نَجّٰهُمۡ اِلَی الۡبَرِّ فَمِنۡهُمۡ مُّقۡتَصِدٌ ؕ وَمَا

اس وقت پکارتے ہیں اللہ تعالیٰ کو خالص کرتے ہوئے اس کے لیے اپنے عقیدہ کو پھر جب بچا لاتا ہے انہیں ساحل تک تو ان میں سے

یَجۡحَدُ بِاٰیٰتِنَاۤ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوۡرٍ ﴿۳۲﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوۡا رَبَّكُمۡ وَاخۡشَوۡا

(چند ہی) حق پر رہتے ہیں اور نہیں انکار کرتا ہماری آیتوں کا مگر ہر وہ شخص جو غدار (اور) ناشکرا ہے۔ ۳۲ اے لوگو! ڈرتے رہا کرو اپنے رب سے اور ڈرو

کیے جا رہے ہیں۔ سمندر کی وسعتیں اس کی گہرائیاں اس میں پہاڑوں کی طرح اُٹھنے والی موجیں قدم قدم پر حلقہ ہائے گرداب اور ان میں ایک کشتی اپنی پشت پر سینکڑوں ہزاروں انسانوں کو بٹھائے اپنے دامن میں لاکھوں ٹن سامان لیے بپھری ہوئی لہروں سے آنکھ مچولی کرتی، گرداب سے دامن بچاتی اپنی منزل کی طرف چلی جا رہی ہے۔ کیا یہ قدرتِ خداوندی کا اعجاز نہیں؟ سمندر میں بھی آیاتِ ربانی کا مینا بازار سجا ہوا ہے اور اس کے ایک ایک قطرے میں کئی جہاں آباد ہیں۔ کئی خزانے چھپے ہیں، کئی قوتیں خوابیدہ ہیں لیکن قدرت کے یہ جلوے صرف ان باہمت لوگوں کے لیے اپنے رخ سے نقاب اُٹھاتے ہیں جو صبر کی صفت سے متصف ہیں۔ غور و تدبر کے خوگر ہیں۔ پیہم ناکامیوں سے شکستہ خاطر نہیں ہوتے بلکہ ہمت سے آگے ہی بڑھنے کی دھن ان کو بیقرار رکھتی ہے انہی باہمت لوگوں پر انعام و اکرام کی بارش ہوتی ہے۔ صَبَّارٍ شَكُوۡرٍ کے کلمات کیا ہمارے نوجوانوں کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کے لیے، تن آسانی اور آرام طلبی کے گوشوں سے باہر نکال دینے کے لیے ان کے منجمد جذبات میں آتشِ شوق لگانے کے لیے کافی نہیں؟ کاش! ہم اس کتابِ حکیم کی طرف ایسی توجہ کرتے جس کی وہ مستحق ہے تو آج ہم اپنی پستی پر سرد آہیں نہ بھرتے اور اغیار کی سرعتِ رفتار پر تصویرِ حیرت بنے کھڑے نہ ہوتے۔

اے تماشا گاہِ عالم روئے تو
تو کجا بہرِ تماشا می روی

ہمارے اسلاف جنہوں نے قرآن کریم کو پڑھا جس طرح اس کو پڑھنے کا حق تھا جنہوں نے اس میں غور و تدبر کیا جس طرح اس میں غور و تدبر کرنے کا حکم دیا گیا تھا اور جنہوں نے اس پر عمل کرنا باعثِ سعادت جانا۔ ان کے کارواں جن صحراؤں سے گزرے وہاں علم و حکمت کے گلشن آباد ہو گئے۔ جن ویرانوں سے گزرے وہاں شہر بسا دیئے جس سنگِ خارا کو چھوا اسے حسن و جمال کا مظہر بنا دیا۔ انہوں نے مردہ علوم کو حیات نو بخشی اور نئے علوم کی تخم ریزی کی۔ جب اپنے اسلاف کے علمی تحقیقی اور تخلیقی کارناموں سے فائدہ اٹھانے کا وقت آیا تو ہم غفلت کی چادر تان کر سو گئے۔ شاعرِ مشرق نے یہ منظر دیکھا، تو فرمایا:

دانہ آں صحرا نشیناں کاشتند
حاصلش افرنگیاں برداشتند

یعنی علم و حکمت کا بیج تو عرب کے صحرا نوردوں نے بویا تھا۔ لیکن جب فصل پک گئی تو ان کی آنے والی نسلیں سو گئیں اور افرنگی اس فصل کو کاٹ کر لے گئے۔ صَبَّارٌ اور شَكُوۡرٌ دونوں مبالغے کے صیغے ہیں یعنی بہت صبر کرنے والے۔ طویل عرصہ تک انتھک کوشش کرنے والے بہت شکر کرنے والے اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کو اس کی مخلوق کی بہبود اور فلاح میں خرچ کر کے حقِ شکر ادا کرنے والے۔ معلوم ہوا کہ یہاں تھوڑے سے صبر سے کام نہیں چلے گا اور زبانی اظہارِ تشکر کافی نہیں ہو گا بلکہ اس کے لیے صَبَّارٌ شَكُوۡرٌ کے معیار پر پورا اترنا پڑیگا۔ ۳۲ کفار و مشرکین کی احسان

يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۡ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ

اس دن سے کہ نہ بدلہ دے سکے گا کوئی باپ اپنے بیٹے کی طرف سے اور نہ ہی بیٹا بدلہ دے سکے گا اپنے باپ کی جانب

شَيْـًٔا ۭ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ

سے کچھ بھی بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور نہ دھوکہ دے تمہیں دنیوی زندگی ۷۴ اور نہ فریب میں

فراموشی کا ذکر کیا جارہا ہے۔ ظلل کا واحد ظلۃ ہے جو چیز سایہ کرے۔ پہاڑ۔ بادل وغیرہ اسے ظلۃ کہتے ہیں۔ مُقْتَصِدٌ۔ میانہ رو۔ ختّار ختر سے ہے اس کا معنی سخت قسم کا دھوکہ اور غداری ہے۔

۷۴ دلائل توحید کے اثر انگیز بیان کے بعد سب لوگوں کو اللہ تعالٰی سے ڈرنے کا حکم دیا جارہا ہے۔ اور روز محشر کی رسوائی سے بچنے کی ہدایت کی جارہی ہے۔ اسلام نے اصلاح نفس کے لیے تعزیرات اور سزاؤں پر اتنا اعتماد نہیں کیا جتنا انسان کے دل کی دنیا بدلنے اور اس کے نظریات میں انقلاب برپا کرنے پر زور دیا ہے۔ انسان بعض غلط فہمیوں میں مبتلا ہو کر گناہ کا ارتکاب کرتا رہتا ہے اس لیے سورت کے اختتام سے پہلے ان غلط فہمیوں کا ازالہ بھی کر دیا۔ کبھی یہ غلط فہمی انسان کو گناہ پر برانگیختہ کرتی ہے کہ اس کا بوجھ کوئی اور اٹھائے گا۔ اس کا بار گناہ کسی دوسرے کی گردن پر لاد دیا جائے گا اور وہ بچ جائے گا۔ بتا دیا کہ دنیا میں باپ اور بیٹے کا تعلق محتاج بیان نہیں۔ والدین اپنی اولاد کے آرام کی خاطر بڑی سے بڑی قربانی دینے سے گریز نہیں کرتے۔ اولاد بھی والدین کی پریشانی اور تکلیف کسی قیمت پر برداشت نہیں کرتی۔ لیکن قیامت کے روز نہ کوئی باپ اپنے بیٹے کو عذاب الٰہی میں مبتلا دیکھ کر یہ کہے گا کہ مجھ سے اپنے بیٹے کی چیخ و پکار سنی نہیں جا سکتی اسے بخش دو اور اس کی جگہ مجھے دوزخ میں ڈال دو۔ اسی طرح کوئی بیٹا بھی اپنے باپ کے بار گناہ کو اٹھانے کے لیے تیار نہ ہو گا ہر ایک کو اپنا بوجھ خود اٹھانا ہو گا۔ ہر ایک کو اپنے کیے کی سزا خود بھگتنی ہو گی۔ دوسری غلط فہمی جس کا ازالہ یہاں مقصود ہے یہ ہے کہ دنیا کی زیب و زینت دل موہ لیتی ہے۔ نشاط و سرور کے جو جام اس میخانہ میں پلائے جاتے ہیں ان کا نشہ بھی ہوشربا ہوتا ہے بڑے بڑے زیرک متاع دین و ہوش کو اس کے قدموں پر نثار کر دیتے ہیں۔ خبردار اس عروس ہزار داماد کے فریب میں نہ آنا اس نے آج تک کسی کے ساتھ وفا نہیں کی تم اس سے وفا کی توقع کیونکر رکھتے ہو۔ ہوش کرو اس طرفہ چشم مجبوبہ کے لیے اپنے رب کریم سے تعلق منقطع نہ کرو ورنہ پچھتاؤ گے۔ ہونٹ کاٹو گے لیکن بے سود تیسری غلط فہمی جس کا یہاں ازالہ مقصود ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالٰی کے حلم پر مغرور نہ ہو جاؤ۔ اگر تمہاری پے در پے سرکشیوں کے باوجود اس نے تمہیں عذاب کے شکنجہ میں نہیں کسا تو یہ نہ سمجھو کہ ہمیشہ ایسا ہی ہوتا رہے گا۔ یہ محض نفس کا فریب اور شیطان کا دھوکہ ہے۔ اس کریم نے مہلت کی جو گھڑیاں تمہیں عطا فرمائی ہیں انہیں غنیمت جانو اور توبہ کر لو ایسا نہ ہو کہ کسی ایسے عذاب میں مبتلا کر دیئے جاؤ کہ نجات کی ساری راہیں مسدود ہو جائیں۔ حضرت سعید ابن جبیر رضی اللہ عنہ غرور کا مفہوم بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ انسان گناہ کرتا رہے اور مغفرت کی تمنا بھی ہو۔ هُوَ اَنْ يَعْمَلَ بِالْمَعْصِيَةِ وَيَتَمَنّٰى الْمَغْفِرَةَ۔

علامہ زبیدی لفظ غرور کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: وَالغُرُوْرُ ایضًا مَا غَرَّكَ مِنْ انسانٍ وشیطانٍ وغیرِهما قاله

بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَ

جتلا کرے تمہیں اللہ سے وہ بڑا مکار دھوکہ باز۔ بیشک اللہ کے پاس ہی ہے قیامت کا علم اور وہی اتارتا ہے مینہ اور

يَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ؕ وَ مَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ؕ وَ مَا تَدْرِيْ

جانتا ہے جو کچھ (ماؤں کے) رحموں میں ہے اور کوئی نہیں جانتا کہ کل وہ کیا کمائے گا۔ اور کوئی نہیں جانتا

نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۳۴﴾

کہ کس سرزمین میں مرے گا ۵۲ بیشک اللہ تعالیٰ علیم (اور) خبیر ہے۔

ع ۴ ۱۲

الاصمعی وقال المصنف فی البصائر من مال وجاہ وشہرۃ وشیطان او یخص بالشیطان لانہ یغر الناس بالوعد الکاذب والتمنیۃ وبہ فسر قولہ تعالیٰ ولا یغرنکم باللہ الغرور (تاج العروس) ترجمہ: جو چیز تجھے دھوکہ دے اسے غرور کہتے ہیں، چاہے انسان ہو یا شیطان یا کوئی اور۔ یہ اصمعی کا قول ہے۔ مصنف نے بصائر میں لکھا ہے مال، جاہ، شہرت اور شیطان سب کو غرور کہا جاتا ہے۔ یا اس لفظ سے مراد صرف شیطان ہے کیونکہ وہ جھوٹے وعدوں اور سنہری تمناؤں سے انسان کو دھوکہ دیتا ہے۔ اس آیت میں الغرور کی تفسیر شیطان سے ہی کی گئی ہے۔

علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ ہو سکتا ہے کسی کے دل میں اس آیت سے یہ شبہ پیدا ہو کہ حدیث شریف میں تو مذکور ہے کہ جس آدمی کے تین کمسن بچے فوت ہو جائیں تو اسے دوزخ کی آگ نہیں جلائے گی۔ اِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ مگر صرف قسم پوری کرنے کے لیے۔ دوسری حدیث شریف میں ہے: مَنِ ابْتُلِيَ بِشَيْءٍ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ فَاَحْسَنَ اِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهٗ حِجَابًا مِنَ النَّارِ۔ جس کو بچیوں کا باپ بننے کے امتحان میں مبتلا کیا گیا اور اس نے ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا تو وہ بچیاں اس کے لیے دوزخ سے حجاب بن جائیں گی۔

احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کمسن بچے اور بچیاں والدین کی نجات کا باعث بنیں گی، لیکن آیت سے اس کے برعکس۔ علامہ فرماتے ہیں کہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ ایسا نہیں ہوگا کہ گناہ تو کیا ہو بیٹے نے اور دھر لیا جائے اس کے باپ کو یا نافرمانی تو کی ہو باپ نے اور اس کی جگہ پکڑ لیا جائے اس کے بیٹے کو۔ بلکہ ہر ایک اپنے اپنے اعمال کے لیے جوابدہ ہوگا۔ البتہ شفاعت کا دروازہ کھلا ہوگا اور جس کو اذنِ شفاعت ملے گا وہ شفاعت کرے گا اور ان لوگوں میں نابالغ بچے بھی ہیں اور بچیاں بھی۔ علامہ پانی پتی نے اس آیت کی یہ تفسیر بیان کی ہے۔ اے لا یجزی فیہ والد مُؤْمِنٌ عَنْ وَلَدِهِ الْكَافِرِ وَلَا مَوْلُوْدٌ مُؤْمِنٌ عَنْ وَالِدِهِ الْكَافِرِ (مظہری) یعنی مومن والد کافر بیٹے کے کام نہیں آئے گا اور نہ مومن بیٹا کافر والد کی بخشش کا ذریعہ بنے گا۔ اس تفسیر کے بعد کوئی شبہ پیدا ہی نہیں ہوتا کیونکہ شفاعت گنہگار اہل ایمان کیلئے ہے کافر کے لیے نہیں۔

۵۲ علامہ قرطبی اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: قال ابن عباس هذه الخمسة لا يعلمها الا الله ولا يعلمها مَلَكٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ فَمَنِ ادَّعٰى اَنَّهٗ يَعْلَمُ شَيْئًا مِنْ هٰذِهٖ فَقَدْ كَفَرَ بِالْقُرْاٰنِ لِاَنَّهٗ خَالَفَهٗ ثُمَّ اِنَّ الْاَنْبِيَاءَ يَعْلَمُوْنَ كَثِيْرًا مِنَ الْغَيْبِ بِتَعْرِيْفِ اللّٰهِ تَعَالٰى اِيَّاهُمْ وَالْمُرَادُ اِبْطَالُ كَوْنِ الْكَهَنَةِ وَالْمُنَجِّمِيْنَ وَمَنْ يَسْتَسْقِيْ بِالْاَنْوَاءِ۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ یہ پانچ چیزیں وہ ہیں جنہیں اللہ تعالےٰ کے بغیر کوئی نہیں جانتا حتّٰی کہ کوئی مقرب فرشتہ اور کوئی نبی مرسل بھی انہیں خود بخود نہیں جان سکتا۔ جو شخص یہ دعویٰ کرتا ہے کہ وہ ان چیزوں میں سے کوئی چیز خود بخود جانتا ہے اس نے قرآن کریم کا انکار کیا کیونکہ اس نے قرآن کریم کی مخالفت کی۔ انبیاء ان امور غیبیہ میں سے بہت کچھ جانتے ہیں۔ ان کا یہ جاننا اللہ تعالےٰ کی تعلیم اور سکھانے سے ہے۔ اس آیت سے مراد (انبیاء کے علوم کی نفی نہیں بلکہ) کاہنوں، نجومیوں اور جو لوگ بارش کے نزول کو مخصوص ستاروں کے طلوع غروب سے وابستہ سمجھتے ہیں ان کی تردید ہے۔

علامہ موصوف اس کے بعد لکھتے ہیں کہ کبھی کبھی طویل تجربہ کے باعث حمل کے لڑکا یا لڑکی ہونے کا علم ہو جاتا ہے لیکن اسے یقینی علم نہیں کہا جا سکتا۔ بڑے بڑے تجربہ کاروں کے تخمینے غلط ثابت ہوتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی بات کی تصدیق ہوتی ہے۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی رقمطراز ہیں:

إنما جعل العلم لله والدراية للعبد لان فيها معنى الحيلة فيُشعر بالفرق بين العلمين. في القاموس دريته علمته او بضرب من حيلة ففيه اشارة الى انّ العبد إن عمل حيلة وبذل فيها وسعه لم يعرف ماهو لاحق به من كسبه وعاقبته فكيف بغيره مالم يحصل له علم بتعليم من الله تعالى بتوسط الرسل أو بنصب دليل عليه

ترجمہ: آیت میں اللہ تعالیٰ کی طرف علم کی نسبت کی گئی ہے اور بندے کے لیے درایت کا لفظ استعمال کیا گیا ہے کیونکہ درایت اس جاننے کو کہتے ہیں جس میں ذاتی حیلہ اور غور و فکر کا دخل ہو اس سے دونوں علموں (علم اور درایت) کا فرق معلوم ہو جاتا ہے قاموس میں ہے دَرَيْتُهُ عَلِمْتُهُ او بضرب من حيلة کہ درایت کا معنی جاننا یا حیلہ اور فکر و نظر سے کسی چیز کو سمجھنا۔ آیت میں اس چیز کی طرف اشارہ ہے کہ بندہ خواہ کتنا ہی حیلہ کرے اور اپنی ساری ظاہری اور باطنی قوتوں کو صرف کر دے وہ ان چیزوں کو بھی نہیں جانتا جن کا تعلق اس کے ذاتی کسب اور انجام سے ہے، تو وہ دوسری چیزوں کو کیسے جان سکتا ہے۔ ان امور کے جاننے کی ایک ہی صورت ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کا علم سکھا دے خواہ رسولوں کے ذریعے سے یا اس پر دلائل قائم کر کے۔

علامہ ابن کثیر نے ایک فقرے میں ہی ساری الجھنوں کا خاتمہ کر دیا لکھتے ہیں: هٰذِهٖ مَفَاتِيحُ الْغَيْبِ الَّتِي اسْتَأْثَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِعِلْمِهَا فَلَا يَعْلَمُهَا أَحَدٌ إِلَّا بَعْدَ إِعْلَامِهٖ تَعَالٰى بِهَا۔ یعنی یہ امور خمسہ مفاتیح الغیب (غیب کی کنجیاں) ہیں جنہیں اللہ تعالےٰ نے اپنے علم کے ساتھ مختص کر لیا ہے پس انہیں کوئی نہیں جان سکتا۔ سوائے اس بات کے کہ اللہ تعالیٰ اس کا علم سکھا دے۔

علامہ آلوسی روح المعانی میں لکھتے ہیں کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری شرح بخاری میں علامہ قرطبی کا یہ قول نقل کیا ہے: مَنِ ادَّعٰى عِلْمَ شَيْءٍ مِنَ الْخَمْسِ غَيْرَ مُسْنَدِهٖ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله تعالى عليه وآله وسلم كَانَ كَاذِبًا فِي دَعْوَاهُ۔ یعنی اگر کوئی شخص ان پانچ امور میں سے کسی کے جاننے کا دعویٰ کرے اور یہ نہ کہے کہ مجھے یہ علم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واسطے سے ملا ہے تو وہ اپنے دعویٰ میں جھوٹا ہوگا۔

ان تصریحات سے یہ حقیقت روز روشن کی طرح واضح ہوگئی کہ امور غیبیہ کے متعلق یہ خیال کہ کوئی خواہ وہ کتنا رفیع المرتبت ہو خود بخود انہیں جان لیتا ہے یہ کذب صریح اور افتراء محض ہے بلکہ قرآن کریم کی آیات کثیرہ کا انکار ہے۔ اسی طرح یہ گمان کرنا کہ ان امور کو اللہ تعالےٰ

کے بتانے سے بھی کوئی نہیں جانتا یا سرورِ کون و مکان فخرِ زمین و زمان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے خداداد علوم غیبیہ کثیرہ کا انکار بھی سراسر جہالت اور بدنصیبی ہے اور آیات کثیرہ اور احادیث عدیدہ کا انکار ہے۔

اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے صدرالافاضل حضرت مولانا محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ خلاصہ یہ کہ علم غیب اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے اور انبیاء و اولیاء کو غیب کا علم اللہ تعالیٰ کی تعلیم سے بطریقِ معجزہ و کرامت عطا ہوتا ہے۔ یہ اس اختصاص کے منافی نہیں اور کثیر آیتیں اور حدیثیں اس پر دلالت کرتی ہیں۔ بارش کا وقت، حمل میں کیا ہے اور کل کو کیا کرے گا اور کہاں مرے گا ان امور کی خبریں بکثرت اولیاء و انبیاء نے دی ہیں۔ اور قرآن و حدیث سے ثابت ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو فرشتوں نے حضرت اسحاق علیہ السلام کے پیدا ہونے کی اور حضرت زکریا علیہ السلام کو حضرت یحییٰ علیہ السلام کے پیدا ہونے کی اور حضرت مریم کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیدا ہونے کی خبریں دیں۔ تو ان فرشتوں کو بھی پہلے سے معلوم تھا کہ ان حملوں میں کیا ہے اور ان حضرات کو بھی جنہیں فرشتوں نے اطلاعیں دی تھیں اور سب کا جاننا قرآن کریم سے ثابت ہے۔ تو آیت کے معنی قطعاً یہی ہیں کہ بغیر اللہ تعالیٰ کے بتائے کوئی نہیں جانتا۔ اس کے معنی یہ لینا کہ اللہ تعالیٰ کے بتانے سے بھی کوئی نہیں جانتا محض باطل اور آیات و احادیث کے خلاف ہے۔ (خزائن العرفان)

اُمید ہے کہ ان تفصیلات سے اہلِ سنت کے متعلق طرح طرح کی جو غلط فہمیاں پیدا کرنے کی مذموم کوشش کی جاتی ہے، بفضلہ تعالیٰ ان کا ازالہ ہو جائے گا۔ مزید وضاحت کے لیے سورۃ الاعراف آیت ۱۸۸ ضیاء القرآن جلد دوم اور سورت النمل آیت ۶۵ ضیاء القرآن جلد ہذا کا مطالعہ بھی فرمائیے۔

اللّٰھم لک الحمد ولک الشکر بتوفیقک ایای فرغت من تسوید ھذہ السطور۔ ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم والصلوٰۃ والسلام علیٰ حبیبک و محبوبک سید الانبیاء والمرسلین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین۔

فاطر السمٰوٰت والارض انت ولی فی الدنیا والآخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔

صباح یوم الثلاثاء ۴ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۱ھ

محمد کرم شاہ

تعارف

سُورۃ السجدۃ

نام : اس سورۂ مبارکہ کا نام السجدۃ ہے جو اس کی آیت ۱۵ کے مضمون سے ماخوذ ہے۔

زمانۂ نزول : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ آیات کے اسلوب سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا تعلق مکی زندگی کے درمیانی دور سے ہے جب کہ اسلام کے خلاف کفار نے طعن و تشنیع، استہزاء و تمسخر کی مہم زور شور سے شروع کر دی تھی لیکن ابھی عمومی ظلم و ستم اور جور و جفا کا آغاز نہیں ہوا تھا۔ اس سورت کی آیات کی تعداد تیس ہے۔ یہ تین سو اسی کلمات پر مشتمل ہے اور اس کے ایک ہزار پانچ سو اٹھارہ حروف ہیں۔

(خزائن العرفان)

مضامین : اس سورت کا مطالعہ کرنے سے یہ حقیقت آشکارا ہو جاتی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی قوم کو تین امور کے ماننے کی دعوت دی تھی اور وہ کسی قیمت پر انہیں ماننے کے لیے تیار نہیں تھے۔ (۱) اللہ تعالیٰ ہے اور وحدہٗ لاشریک ہے (۲) یہ کتاب جس کی آیتیں میں تمہیں پڑھ کر سناتا ہوں یہ اسی وحدہٗ لاشریک نے تمہاری ہدایت کے لیے مجھ پر نازل کی ہے۔ (۳) تمہیں مرنے کے بعد بھلا نہیں دیا جائے گا بلکہ قیامت کے روز تمہیں اپنی قبروں سے زندہ کر کے اٹھایا جائے گا اور تمہارے ایک ایک عمل کی تم سے باز پرس کی جائے گی۔ یہی تین باتیں تھیں جن کی حضور نبی کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم انہیں بار بار دعوت دیتے تھے اور یہی تین باتیں ایسی تھیں جن سے انہیں چڑ تھی وہ انہیں ماننے کے لیے قطعاً آمادہ نہ تھے۔ اس سورت میں ان امور کے متعلق ان کے شکوک و شبہات کا بڑے حقیقت پسندانہ اور الزامی اسلوب میں رد کیا گیا ہے۔ اگر انسان غور و فکر کی قوتوں سے محروم نہ کر دیا گیا ہو تو وہ ان پر ایمان لانے کے لیے مجبور ہو جاتا ہے۔

منکرین کا یہ عام دستور ہے کہ جب انہیں ان کی بدکرداریوں سے روکا جاتا ہے اور انہیں روز قیامت سے ڈرایا جاتا ہے تو وہ عبرت پذیری کے بجائے یہ سوال کرنے لگتے ہیں کہ قیامت کب آئے گی۔ حالانکہ ان کا فائدہ قیامت کا انتظار کرنے میں نہیں بلکہ اپنی اصلاحِ حال کرنے میں ہے۔ جب قیامت قائم ہو گی، تو ان کی کوئی آہ و فغاں سُنی نہیں جائے گی۔

سورت کی آخری آیت میں اس بات کی طرف اشارہ کر دیا کہ اب انہیں ان کے حال پر چھوڑ دو۔ ان کی اصلاح کے لیے خواہ مخواہ اپنے آپ کو ہلکان نہ کرو، یہ اس قابل ہی نہیں ہیں کہ تمہاری دعوت کو سمجھ سکیں اور اسے قبول کر سکیں۔

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ السجدہ مکی ہے۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اسکی آیتیں ۳۰ اور رکوع ۳ ہیں

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

الف۔لام۔میم [۱] اس کتاب کا نزول [۲] اس میں ذرہ شک نہیں سب جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں

افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ

کہ اس شخص نے اسے خود گھڑ لیا ہے [۳] ہرگز نہیں بلکہ وہی حق ہے آپ کے رب کی طرف سے تاکہ آپ ڈرائیں اس قوم کو نہیں آیا جنکے پاس

[۱] یہ حروف مقطعات ہیں جن کی وضاحت متعدد مقامات پر گزر چکی ہے۔

[۲] بتایا جا رہا ہے کہ یہ کتاب کسی دانشور، کسی فلسفی، کسی مؤرخ کی تصنیف نہیں ہے۔ فصاحت و بلاغت کے کسی امام کا شاہکار نہیں ہے کسی شاعر رنگین نوا کی طبع رسا کا کرشمہ نہیں ہے ورنہ یہ ناتمام اور ادھوری ہوتی۔ اس کی تعلیمات زندگی کے سارے شعبوں کو محیط نہ ہوتیں۔ اس میں اپنے مصنف کا جزوی کمال بیشک پوری آب و تاب سے جلوہ گر ہوتا لیکن اس میں جامعیت مفقود ہوتی اور دنیائے انسانیت کو جس صحیفہ رشد و ہدایت کی شدید ضرورت تھی۔ وہ اس کتاب سے پوری نہ ہوتی بلکہ اس کو نازل فرمانے والا رب العالمین ہے یعنی وہ ذات جو کائنات کے ذرہ ذرہ کا خالق بھی ہے اور مالک بھی جس نے ہر چیز کو اس کی استعداد کے مطابق بے پناہ صلاحیتیں عطا فرمائی ہیں۔ پھر ان کی نشوونما کو انہیں مرتبہ کمال تک پہنچایا ہے۔ اس کتاب کا نازل کرنے والا اپنی قدرت میں ہمہ گیر، اپنی حکمت میں بے مثال، اپنی شان ربوبیت کے اظہار میں بڑا فیاض اور کریم ہے۔ اس لیے فقط یہی کتاب جامع اور مکمل بھی ہے اور گردش لیل و نہار کا ساتھ دینے کی اہلیت بھی رکھتی ہے اور ہر زمانہ کے بدلتے ہوئے تقاضوں کی تکمیل کر سکتی ہے۔ درمیان میں "لا ریب فیہ" فرما کر یہ بتا دیا کہ اس کتاب کا منزل من اللہ ہونا اتنا روشن ہے جس میں شک و شبہ کی ذرا گنجائش نہیں۔

اس کی ترکیب میں علماء کے متعدد اقوال ہیں:

۱۔ تنزیل مصدر بمعنی منزل ہے اور یہ خبر ہے مبتدا محذوف کی۔ ای ھذا تنزیل الخ

۲۔ تنزیل مبتدا ہے اور اس کی خبر لا ریب فیہ ہے اور من رب العالمین فیہ کی ضمیر کا حال ہے یا من رب العالمین خبر ہے اور لا ریب فیہ جملہ معترضہ ہے۔ اور اس ترکیب کو علامہ قرطبی نے زیادہ پسند کیا ہے۔ لکھتے ہیں: قَالَ مَكِّيٌّ هُوَ اَحْسَنُهَا (قرطبی)

[۳] کفار کے دلوں میں اسلام اور پیغمبر اسلام سے شدید عداوت تھی اس نے انہیں غور و فکر کرنے سے محروم کر دیا تھا۔ اس اسلام دشمنی کے باعث وہ سورج سے زیادہ روشن اور واضح صداقتوں کا انکار کرنے میں کوئی جھجک محسوس نہ کرتے تھے۔ اگرچہ قرآن کریم کی فصاحت و بلاغت نے ان پر سکتہ طاری کر دیا تھا اس کی تعلیمات اور قوی اور دلنشین دلیلوں کے باعث وہ حیرت زدہ ہو کر رہ گئے تھے۔ لیکن پھر بھی وہ

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

کوئی ڈرانے والا آپ سے پہلے تاکہ وہ ہدایت پائیں۔ اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو

الْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ

اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دنوں میں پھر متمکن ہوا تخت (سلطانی) پر۔ ۵

یہ رٹ لگائے رہتے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام نہیں ہے۔ انہوں نے خود اسے گھڑا اور خواہ مخواہ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دیا۔ ان کے اس اعتراض کی لغویت سب جہان پر اور خود ان پر بھی آشکارا تھی۔ اس لیے ان کے اس اعتراض کی تردید کے لیے صرف اتنا کہہ دینا ہی کافی تھا بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ۔ جس نظریہ کا بطلان اظہر من الشمس ہو اس کے ابطال کے لیے دلائل کے انبار لگانا وقت ضائع کرنا ہے۔

۴ یہاں قرآن کریم کے نازل کرنے کی غرض و غایت بیان کر دی کہ وہ لوگ جو عرصہ دراز سے دشت ضلالت میں بھٹک رہے تھے اپنے نفس کی رذیل خواہشات کی تکمیل کے بغیر ان کے سامنے زندگی کا کوئی مقصد نہیں تھا جو اپنے انجام سے بے خبر فسق و فجور کا ارتکاب کر رہے تھے، جنہیں عرصہ دراز سے کسی نے آگاہ کیا نہیں تھا اے محبوب! ہم نے یہ کتاب منیر اس لیے نازل فرمائی ہے کہ آپ انہیں خواب غفلت سے بیدار کر دیں اور کفر و شرک کے بھیانک انجام سے بروقت متنبہ کر دیں تاکہ وہ راہ ہدایت اختیار کر لیں۔ علامہ ابن منظور لسان العرب میں لکھتے ہیں اَلْاِنْذَارُ الْاِبْلَاغُ وَلَا يَكُوْنُ اِلَّا فِي التَّخْوِيْفِ۔ (لسان العرب) یعنی ایسی بات پہنچانا جس میں خوف دلانا مقصود ہو۔ علامہ زرکشی نے اپنی مشہور کتاب "البرہان فی علوم القرآن" میں لکھا ہے۔ حَكَى الْبَغَوِيُّ فِيْ تَفْسِيْرِهٖ عَنِ الْوَاقِدِيِّ اَنَّ جَمِيْعَ مَا فِي الْقُرْاٰنِ مِنْ لَعَلَّ فَاِنَّهَا لِلتَّعْلِيْلِ۔ کہ بغوی نے اپنی تفسیر میں واقدی سے نقل کیا ہے کہ قرآن کریم میں جہاں بھی لعل استعمال ہوا ہے اس کا مقصد علت بیان کرنا ہے یعنی آپ کے ڈرانے کا مقصد یہ ہے کہ وہ ہدایت پا جائیں اور جن لوگوں نے بعض مقامات پر لعل کو ترجی یعنی آرزو اور امید کے معنی میں استعمال کیا ہے تو وہ آرزو متکلم یا مخاطب کی طرف سے ہوگی، اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہوگی کیونکہ یہ جہالت کو مستلزم ہے اور اللہ تعالیٰ اس عیب سے پاک ہے۔

۵ یہاں سے اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کے متعدد شواہد ذکر کر کے اس کی وحدانیت پر استدلال کیا جا رہا ہے۔ اس آیت میں ارشاد فرمایا کہ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے ان کا پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے اور اس نے اس سارے کارخانہ ہستی کو چھ دنوں میں پیدا فرمایا۔ پیدا فرمانے کے بعد وہ اس سے بے تعلق ہو کر کہیں گوشہ نشین نہیں ہو گیا بلکہ تخت فرمانروائی پر وہ متمکن ہے اور کائنات کی ہر شے اس کے حکم کے مطابق طے پا رہی ہے۔

مَا لَكُمْ الخ فرما کر انہیں متنبہ کر دیا کہ اگر تم ایسے خالق اکبر سے اپنی عبودیت کا رشتہ منقطع کرو گے اور کسی دوسری چیز کے ساتھ اپنی بندگی کا رشتہ استوار کرو گے تو یاد رکھو اس وقت نہ تمہارا کوئی مددگار ہوگا اور نہ کسی میں یہ ہمت ہوگی کہ وہ تمہاری سفارش کر سکے۔ (چھ دنوں سے کیا مراد ہے؟ استوی علی العرش کا کیا مفہوم ہے۔ اس کا تفصیلی بیان متعدد مقامات پر گزر چکا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے ضیاء القرآن جلد دوم سورۂ یونس)

مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝۴ يُدَبِّرُ

نہیں تمہارے لیے اس کے بغیر کوئی مددگار اور نہ کوئی سفارشی ۔ کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے ؟ تدبیر فرماتا ہے

الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ

ہر چھوٹے بڑے، کام کی آسمان سے زمین تک ؎ پھر رجوع کرے گا ہر کام اس کی طرف اس روز جس کی

مِقْدَارُهٗۤ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝۵ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

مقدار ہزار سال ہے اس اندازہ سے جس سے تم شمار کرتے ہو۔ وہی جاننے والا ہے ہر پوشیدہ اور ظاہر کا

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۶ الَّذِيْۤ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ

سب پر غالب ہمیشہ رحم فرمانے والا ؎ وہ جس نے بہت خوب بنایا جس چیز کو بھی بنایا ؎ اور ابتداء فرمائی انسان کی

؎ تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسروں کو اپنا حامی و ناصر خیال کرتے ہو۔ سمجھتے ہو کہ اگر خدا نے بفرض محال پکڑ بھی لیا تو یہ معبود اور دیوتا تمہیں چھڑالیں گے یا تمہاری سفارش کریں گے۔ اس خیالِ فاسد کو دل سے نکال دو کسی میں یہ جرأت نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی اور اجازت کے بغیر تمہیں بچالے۔ شفاعت کے متعلق کفار و مشرکین کا جو غلط تصور تھا اس کو رد کر دیا۔ اسلام نے جس شفاعت کو جائز قرار دیا ہے وہ شفاعت انبیاء و اولیاء، صلحاء، شہداء باذنِ الٰہی کریں گے اور معصوم بچے بھی اپنے ماں باپ کی بخشش کا باعث بنیں گے۔

؎ یہ بتلانے کے بعد کہ ہر چیز کا خالق اللہ تعالیٰ ہے اور کائنات کے تختِ حکومت پر وہ متمکن ہے۔ اب اس آیت میں اس حقیقت کو بیان کیا جا رہا ہے کہ آسمان سے لے کر زمین تک ہر چھوٹی بڑی چیز کا وہ خود انتظام فرماتا ہے۔ ہر چیز اس کے لطف و کرم سے نشو و نما پا رہی ہے۔ کوئی کام اس کی مرضی کے خلاف انجام نہیں پا سکتا اور جب قیامت برپا ہوگی تو تمام امور اس کے حضور پیش ہوں گے اور وہ ان کے متعلق فیصلہ فرمائے گا۔ وہ دن کوئی چھوٹا سا دن نہیں ہوگا بلکہ انسانی اندازوں کے مطابق وہ ہزار سال کے برابر ہوگا۔

مفسرین کرام نے اگرچہ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ کی اور بھی تاویلیں کی ہیں، لیکن مجھے سب سے زیادہ یہی تفسیر پسند ہے اور ثُمَّ کا لفظ اس کی تائید کرتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم باسرار کتابہ۔

قیامت کے دن کا اندازہ ہزار سال بھی بتایا گیا ہے اور پچاس ہزار سال بھی (المعارج)، اور احادیث میں یہ بھی مذکور ہے کہ قیامت کا دن اتنا طویل ہوگا جتنے وقت میں چند رکعت نماز ادا کی جا سکتی ہے۔ اس کی توجیہ یہ بیان کی گئی ہے کہ کفار جس کرب و اضطراب میں مبتلا ہوں گے اس کی وجہ سے انہیں یہ دن پچاس ہزار سال لمبا معلوم ہوگا اور گنہگاروں کو ہزار سال کے برابر اور اہل ایمان کے لیے وہ دن خوشیوں اور مسرتوں سے لبریز ہوگا۔ اس لیے انہیں وہ بہت مختصر معلوم ہوگا۔ ؎ پہلی آیت میں اس کی قدرتِ کاملہ کا ذکر تھا۔ دوسری میں اس کی حکمتِ بالغہ کا اور

الْإِنْسَانِ مِنْ طِينٍ ۝۷ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِنْ سُلَالَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِينٍ ۝۸

تخلیق کی گارے سے ۱۰ پھر پیدا کیا اس کی نسل کو ایک جوہر سے یعنی حقیر پانی سے ۱۱

اس آیت میں اس کے علم محیط کا بیان ہوا اور اَلْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ فرما کر سابقہ مضامین کی تصدیق فرما دی کیونکہ صرف وہی ہستی اتنی عظیم اور محیر العقول چیزوں کو پیدا کر سکتی ہے جو العزیز (سب پر غالب) ہو اور ہر چھوٹی بڑی چیز کی تربیت اور نشوونما کا وہی ہستی اہتمام کر سکتی ہے جو الرحیم ہو۔ اسی مناسبت سے ان دو صفات کا یہاں ذکر فرمایا گیا۔

۱۰ اللہ تعالیٰ کی صفاتِ کمالیہ میں سے ایک اور صفت بیان کی جا رہی ہے۔

پہلے ارشاد فرمایا کہ اس نے ہر چیز کو پیدا کیا۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ اس نے جس چیز کو پیدا کیا اس کے مقصدِ تخلیق کے نقطۂ نظر سے از حد حسین و جمیل اور کامل و مکمل پیدا کیا۔ پھول ہو یا خار، مچھر ہو یا شاہین، چیونٹی ہو یا ہاتھی۔ آپ ان میں لاکھ نظر دوڑائیں آپ اس میں ذرا ترمیم کی گنجائش نہیں نکال سکتے۔ ہر چیز اسی طرح ہے جس طرح ہونی چاہیے تھی۔ اگر آپ چیونٹی کی کمزور اور پتلی ٹانگوں کو بدلنا چاہیں یا ان کی تعداد میں کمی بیشی کرنا چاہیں، تو آپ ایسا نہیں کر سکیں گے۔ نباتات، حیوانات بلکہ جمادات تک جس چیز کو جس شکل و صورت، وضع قطع اور حجم میں پیدا فرمایا اس سے عمدہ شکل و صورت کا تصور تک نہیں کیا جا سکتا۔

حضرت ابن عباس نے اَحْسَنَ کا مفہوم بتایا ہے، اَتْقَنَهُ وَ اَحْكَمَهُ۔ قتادہ سے مروی ہے اَحْسَنَ خَلْقَ كُلِّ شَيْءٍ مُّوَافِقًا عَلَيْهِ مَا يَسْتَعِدُّهُ وَيَلِيْقُ بِهٖ عَلٰى وَفْقِ الْحِكْمَةِ (مظہری) ہر چیز کی استعداد اور مقصدِ تخلیق کے مطابق اسے کامل بنایا۔

۱۱ پہلے بتایا کہ اللہ تعالیٰ زمین و آسمان اور ان میں جو کچھ ہے سب کا خالق ہے۔ پھر جس حکمت اور رحمت سے وہ امور کائنات کی تدبیر فرما رہا ہے، اس کو بیان کیا۔ پھر یہ تصریح کی کہ ہر چیز کو اس طرح پیدا کیا کہ اس میں رد و بدل یا ترمیم کی گنجائش نہیں۔ اپنی کارکردگی اور تکمیلِ مقصد کے لیے اس میں کسی اصلاح یا تحسین کا امکان نہیں۔ ان تمام امور کا ذکر کرنے کے بعد حضرتِ انسان کی آفرینش کا حال بیان کیا جو اس کی شانِ تخلیق کا شاہکار ہے۔

انسان کی پیدائش کے متعلق دو نظریے زیادہ مشہور ہیں ایک وہ جس کا ذکر قرآن کریم نے کیا اور سابقہ آسمانی صحائف سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانِ اوّل (آدم علیہ السلام) کو براہِ راست پیدا فرمایا اور اس کو ایسی نادر قوتوں کی جلوہ گاہ بنایا جس کی نظیر کہیں نہیں ملتی۔ اس کے سینے کو علوم و معارف سے منور کیا، اس کو نورِ نبوت عطا فرمایا اور اسے خلافتِ ارضی کے تخت پر متمکن کیا وہی اشرف المخلوقات ہے اور سارا نظامِ ہستی اس کی خدمت اور چاکری کے لیے سرگرمِ عمل ہے۔ دوسرا نظریہ ڈاروِن کا نظریۂ ارتقا ہے کہ زندگی رینگتی رینگتی ہزاروں صدیوں میں مختلف ارتقائی منازل طے کرتی ہوئی بندر اور بندر سے انسانی شکل میں نمودار ہوئی۔ ڈاروِن نے جب اپنے اس نظریے کا اعلان کیا اس وقت یورپ مذہب دشمنی کی رَو میں بہتا چلا جا رہا تھا۔ لوگ مسیحیت کی خلافِ عقل، ناقابلِ فہم تعلیمات سے اکتا گئے تھے۔ عقل و فہم کے صبر کی انتہا ہو گئی تھی، اب وہ بغاوت پر آمادہ تھے۔ مسیحیت کے علمبرداروں کی انسانیت سوز حرکات کے خلاف اس وقت ایک طوفان اٹھا ہوا تھا۔ ہر وہ بات جو مسیحی تعلیمات سے متصادم ہوتی لوگ اسے دیوانہ وار قبول کر لیتے۔

ہر قدیم نظریہ کو مسترد کر دینا فیشن بن گیا تھا۔ مذہب سے بیزاری کا جو عام رجحان پیدا ہو گیا تھا اس کے باعث ڈارون نے جب یہ نظریہ پیش کیا تو لوگوں نے آنکھیں بند کر کے اس کو خوش آمدید کہا۔ اس نظریہ کو معرض وجود میں آئے ہوئے تقریباً ڈیڑھ صدی کا طویل عرصہ گزر چکا ہے۔ اس کے پرستاروں نے عمریں صرف کر دیں کہ اس نظریہ کے لیے کوئی ٹھوس بنیاد فراہم کی جائے اور اسے ایسے دلائل مہیا کیے جائیں، جن کے باعث اس نظریہ کی صداقت ہر شک و شبہ سے بالاتر ہو جائے لیکن انہیں اس میں بُری طرح ناکامی ہوئی۔ روز اول کی طرح آج بھی ان کے پاس ظن و تخمین کے بغیر اور کوئی سہارا نہیں۔ کہتے ہیں فلاں غار سے ایک انسانی ڈھانچہ ملا ہے جو دس لاکھ سال پرانا ہے۔ اس کے سر کی ساخت فلاں قسم کے بندر کی ساخت سے کچھ کچھ مشابہت رکھتی ہے، اس لیے انسان بندر کی ترقی یافتہ صورت ہے۔ پھر فرماتے ہیں مختلف جانوروں میں نسل کشی کے ذریعے مختلف قسم کی تبدیلیاں بروئے کار لائی جا سکتی ہیں، اس لیے انسان میں اگر تبدیلی رُونما ہو گئی ہو تو کیا بعید ہے۔ کبھی ارشاد ہوتا ہے تشریح الابدان کے ماہرین نے ثابت کیا ہے کہ انسانی جسم میں چند ایسے اعصاب ہیں جن کا اب کوئی مصرف نہیں۔ اس سے ثابت ہوا کہ پہلے یہ جن اعضا کو مصروف کار رکھتے تھے، وہ مختلف ارتقائی منازل میں ناپید ہو گئے اور یہ اعصاب باقی رہ گئے۔ معلوم ہوا کسی زمانہ میں انسان کی دُم بھی تھی جو آہستہ آہستہ گھستی چلی گئی اور یہ اعصاب باقی رہ گئے۔ کبھی فرماتے ہیں کہ ہم آج بھی جغرافیائی اثرات اور آب و ہوا کے اختلافات کے باعث ایک براعظم کے انسان کو دوسرے براعظم کے انسان سے کسی نہ کسی صُورت میں مختلف دیکھتے ہیں جب یہ اختلاف موجود ہے تو انسان میں تدریجی اختلاف کا پایا جانا بھی بعید از امکان نہیں۔ یہ اور اسی قسم کے دُوسرے دلائل بلکہ قیاسات فاسدہ ہیں جن پر یہ نظریہ قائم ہے۔ آپ خود فیصلہ کیجیے کہ اس قسم کے تخمینوں اور اندازوں سے حتمی طور پر کوئی چیز ثابت ہو سکتی ہے۔ نظریۂ ارتقاء کے ثبوت کے لیے انہوں نے ڈیڑھ سو سال میں جتنے دلائل پیش کیے ہیں وہ فکر و نظر کے کسی معیار پر پُورے نہیں اُترتے۔ کیا ایسے نظریہ کو سائنٹیفک کہا جا سکتا ہے؟ جس کا اساس محض ظنون و تخمینات ہوں اور جس کی ہر دلیل سے عقل کو دحشت ہوتی ہو۔ ایک پیچیدگی کو دُور کرنے کے لیے انسان جو قدم اٹھائے وہ ہزاروں پیچیدگیوں سے دوچار کر دے۔

سیدھی سی بات ہے کہ ہر نوع کی تخلیق براہِ راست ہوئی اور اس کے بعد ہر نوع میں ایسی خصوصیات رکھ دی گئیں، اور ایسے خود کار انتظامات کر دیئے گئے کہ آگے اس نوع کی افزائش نسل خود بخود ہوتی جائے۔

اگر انسان مذہب دشمنی کی وبا میں اس طرح مُبتلا نہ ہو کہ اس کی عقل و فکر کی قوتیں ہی اپاہج ہو چکی ہوں تو اسے ماننا پڑے گا کہ تخلیقِ انسان کے متعلق جو نظریہ قرآن کریم نے پیش کیا ہے وہ ہی برحق ہے۔

۱۱۔ انسان اوّل کو براہِ راست گارے سے پیدا کیا گیا۔ اس کے بعد اس کی افزائشِ نسل کا ایسا انتظام کر دیا گیا کہ طبعی عوامل کے باعث خود بخود اس میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ نئی نسل کی پیدائش، پرورش اور تربیت کے لیے جتنے رُوح فرسا خطرات اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اپنے عیش و آرام، اپنی صحت، دولت اور وقت کی جو گرانقدر قربانیاں دینی پڑتی ہیں، وہ کسی سے مخفی نہیں۔ لیکن اس نے اپنی حکمتِ کاملہ سے ان تمام چیزوں کو ایک ایسی زبردست لذت سے وابستہ کر دیا کہ انسان اس کے حصول کی خاطر یہ ساری قربانیاں خوشی سے دینے کے لیے تیار بلکہ بیقرار ہو جاتا ہے۔

ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

پھر اس (کے قد و قامت) کو درست فرمایا ۱۲ اور پھونک دی اس میں اپنی رُوح ۱۳ اور بنا دیئے تمہارے لیے کان، آنکھیں

کسی چیز کے نچوڑ اور خلاصہ کو سُلٰلَة کہتے ہیں کیونکہ منی بھی سارے جسم کا نچوڑ اور خلاصہ ہوا کرتی ہے اس لیے اسے بھی سُلٰلَه کہا گیا ہے۔ مِنْ مَاءٍ مَّهِيْنٍ میں مِنْ بیانیہ ہے یعنی وہ خلاصہ جو حقیر پانی ہے اور اگر مِنْ تبعضیہ ہو تو سُلٰلَة سے مراد وہ جرثومہ ہے جو استقرارِ حمل کا باعث بنتا ہے۔

۱۲ رحم مادر میں اس بے وقعت پانی کا قطرہ یا اس قطرہ میں سے اَن گنت جرثوموں میں سے ایک جرثومہ قرار پذیر ہوتا ہے تو اس میں طرح طرح کی عجیب و غریب تبدیلیاں وقوع پذیر ہونے لگتی ہیں۔ صرف خورد بین سے دکھائی دینے والا جرثومہ چند دنوں میں ایک لوتھڑے کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ وہ لوتھڑا کچھ دیر کے بعد گوشت بن جاتا ہے۔ اس گوشت میں قدرت کی نُدرت آفرینیوں کے باعث طرح طرح کی ہڈیاں چھوٹی بڑی، سیدھی ٹیڑھی بننے لگتی ہیں پھر وہیں مختلف قسم کے بیرونی اعضاء ہاتھ، پاؤں، آنکھ، کان، ناک وغیرہ نمودار ہونے لگتے ہیں۔ اسی گوشت کے لوتھڑے میں سے ایک حصّہ کو دل بنا دیا جاتا ہے۔ کوئی جگر اور معدہ بنتا ہے۔ پھر جسم کے ان مختلف حصّوں کے درمیان رگوں اور شریانوں کا جال بچھ جاتا ہے۔ اعصاب کے ذریعے تمام اعضاء کے درمیان مواصلاتی نظام قائم ہو جاتا ہے۔ ایک دماغ کی ساخت پر ہی نظر ڈالیے یہ نازک مشینری چھوٹے چھوٹے کروڑوں خلیوں سے مرکب ہے۔ اس قطرۂ آب یا جرثومہ کو مختلف مدارج طے کر کے انسان کامل بننے میں صرف نو ماہ کا عرصہ لگتا ہے۔

نظریۂ ارتقاء کے حاملین کے نزدیک تو ایسی تبدیلیاں وقوع پذیر ہونے کے لیے اربوں سال چاہئیں تھے لیکن طب جدید علم تشریح الابدان، علم الجنین اور عام مشاہدہ اس حقیقت پر شاہد ہے کہ یہ سارے حیران کن تغیرات نو ماہ میں ہوئے۔ جب ہم ہر روز اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کا یوں مشاہدہ کرتے ہیں تو پھر انسان اوّل کے معرضِ وجود میں آنے کے لیے جو افسانوی طرز فکر ڈارون اور اس کے شاگردوں نے اختیار کر رکھا ہے کیونکر اسے قبول کیا جا سکتا ہے۔ سَوّٰى کی تشریح کرتے ہوئے علامہ آلوسی لکھتے ہیں : عَدَلَهٗ بِتَكْمِيْلِ اَعْضَائِهٖ فِي الرَّحِمِ وَتَصْوِيْرِهَا عَلٰى مَا يَنْبَغِيْ۔ (روح المعانی) یعنی رحم میں اس کے تمام اعضاء کو مکمل اور درست کر دیا اور جس طرح اس کے مختلف اعضاء کی تصویر کشی کرنی چاہیے تھی اس طرح کر دی۔

۱۳ جب انسانی ڈھانچہ شکم مادر میں تیار ہو جاتا ہے تو پھر اس میں ایک معزز و محترم رُوح پھونک دی جاتی ہے جو اسے زندگی سے روشناس کرا دیتی ہے۔ انسانی رُوح کی عظمت شان کو بیان کرنے کے لیے اس کی نسبت اپنی طرف فرما دی۔ مِنْ رُّوْحِهٖ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی رُوح کا کوئی حصّہ اس سے جدا کر کے انسان میں پھونک دیا جاتا ہے۔ معاذ اللہ۔ یہ اضافت تشریفی ہے۔ اور لغت عرب میں اس کا استعمال عام ہے۔

اس آیت سے عیسائیوں کے اس عقیدہ کا بھی بطلان ہو گیا کہ حضرت مسیح اللہ تعالیٰ کے بیٹے ہیں کیونکہ ان میں روح خداوندی پھونکی گئی اور قرآن کریم نے انہیں رُوْحٌ مِّنْهُ فرمایا ہے۔ اگر عیسائیوں کا یہ استدلال ایک لمحہ کے لیے مان بھی لیا جائے

وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۹ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ

اور دل [۱۲] تم لوگ بہت کم شکر بجا لاتے ہو۔ اور کہنے لگے کیا جب (مرنے کے بعد) ہم گم ہو جائیں گے زمین میں

ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝۱۰ قُلْ

تو کیا ہم از سر نو پیدا کیے جائیں گے [۱۳] درحقیقت یہ لوگ اپنے رب کی ملاقات سے انکار کر رہے ہیں [۱۴] فرمائیے

يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝۱۱

جان قبض کرے گا تمہاری موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر کر دیا گیا ہے [۱۵] پھر اپنے رب کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

تو پھر حضرت مسیح کی اس میں کون سی خصوصیت ہے۔ ہر انسان کو فرزند خدا ماننا پڑے گا۔ تعالى الله عن ذلك علوا كبيرا۔

[۱۲] یہاں ان ظاہری اور باطنی قوتوں اور صلاحیتوں کا ذکر فرما دیا جن سے اس پیکر خاکی کو سرفراز کیا گیا۔

[۱۳] قیامت کے متعلق وہ جس شبہ میں مبتلا تھے اس کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مرنے کے بعد جب ہم خاک میں مل جائیں گے اور ہوائیں ہماری خاک کے ذروں کو زمین کی وسعتوں میں منتشر کر دیں گی تو پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ ہزاروں سال سے ہمارے ان بکھرے ہوئے ذروں کو یکجا کر کے انہیں پھر زندہ کر دیا جائے۔ پہلے تو ان ذروں کا سراغ لگانا ہی محال ہے اور اگر کوئی سراغ لگا بھی لے تو انہیں یکجا کرنا اور پھر ان میں زندگی پیدا کرنا تو بالکل بعید از فہم ہے۔ اس لیے جو دین ایسی باتوں کو تسلیم کرنے کی دعوت دیتا ہے جو بعید از امکان ہوں اس کو مان لینا اور اس پر ایمان لانا قطعاً قرینِ دانشمندی نہیں۔

[۱۴] ان کی اس حجت بازی کا رد فرما دیا کہ تم اس قسم کی یاوہ گوئی کا سہارا کیوں لیتے ہو صاف صاف کہہ دو کہ تم اپنے رب کی ملاقات کے منکر ہو۔ تمہاری اس بات سے تو پتہ چلتا ہے کہ تمہارے نزدیک تمہارا رب بھی تمہارے منتشر ذروں کو یا تو جانتا نہیں کہ کہاں کہاں ہیں یا جانتا تو ہے لیکن ان کو یکجا کرنے سے عاجز ہے۔ اے حقیقت ناشناسو! کیا اللہ تعالیٰ کے علم میں بھی تمہیں کوئی شک ہے۔ کیا اس کی قدرت کے بارے میں بھی تم متردد ہو۔ جس کی قدرت و حکمت کی آیاتِ بینات کا تذکرہ ابھی تم سن چکے ہو۔ کیا اس کے متعلق تمہارا یہ خیال ہے۔ کتنے نادان ہو تم۔ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ کے ظاہر سادے سے جملہ میں ان کے جملہ اعتراضات کی تردید کر دی۔

آیت کی ابتداء میں ضَلَلْنَا کا لفظ مذکور ہے جو تحقیق طلب ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ جب کوئی تھوڑی سی چیز زیادہ مقدار والی چیز میں مل جائے یہاں تک کہ اس کا کوئی اثر یا نام و نشان بھی باقی نہ رہے تو عرب کہتے ہیں قَدْ ضَلَّ یعنی فلاں چیز فلاں چیز میں گم ہو گئی۔ جب بہت سے دودھ میں پانی کا ایک گلاس انڈیل دیا جائے تو عرب کہتے ہیں: ضَلَّ الْمَآءُ فِي اللَّبَنِ وَالْعَرَبُ تَقُوْلُ لِلشَّيْءِ غَلَبَ عَلَيْهِ غَيْرُهُ حَتّٰى خَفِيَ فِيْهِ اَثَرُهٗ: قَدْ ضَلَّ اور جب میت کو زمین میں دفن کر دیا جائے تب بھی یہ لفظ استعمال ہوتا ہے۔

وَلَوْ تَرٰۤى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَاۤ اَبْصَرْنَا

اور کاش! تم دیکھو جب مجرم اپنے سر جھکائے ہوئے اپنے رب کے حضور پیش ہونگے (کہیں گے) اے ہمارے رب! ہم نے (اپنی

وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا

آنکھوں سے) دیکھ لیا اور (کانوں سے) سن لیا پس ایکبار (ہمیں) بھیج (دنیا میں) اب ہم نیک عمل کریں گے۔ ہمیں اب پورا یقین آگیا ہے اور اگر ہم چاہتے

يُقَالُ اَضَلَّ الْمَيِّتَ اِذَا دُفِنَ (قرطبی)

ملہ جس فرشتہ کو رُوح قبض کرنے کے لیے مقرر کیا گیا ہے اُس کا نام عزرائیل علیہ السلام ہے۔ عزرائیل کا معنی عبداللہ (اللہ کا بندہ)۔ مومن وکافر ہر شخص کی روح وہ ہی قبض کرتے ہیں لیکن جب کافر کی رُوح قبض کی جاتی ہے تو اس وقت ان کی شکل بڑی خوفناک اور ڈراؤنی ہوتی ہے اور ان کا رویہ بڑا سخت ہوتا ہے اور جب کسی مومن کی جان نکالتے ہیں تو سراپا حسن وجمال بن کر تشریف لاتے ہیں اور بڑے محبت بھرے انداز سے مومن کی رُوح قبض کرتے ہیں۔ حضرت امام جعفر نے اپنے والد ماجد حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ملک الموت کو ایک انصاری کے سرہانے دیکھا تو فرمایا اِرْفِقْ بِصَاحِبِیْ فَاِنَّهٗ مُؤْمِنٌ۔ میرے صحابی کے ساتھ نرمی اور شفقت کے ساتھ پیش آنا کیونکہ وہ مومن ہے ملک الموت نے عرض کی: طِبْ نَفْسًا وَقَرَّ عَيْنًا فَاِنِّیْ بِكُلِّ مُؤْمِنٍ رَفِيْقٌ۔ "اے مصطفےٰ! آپ خوش ہوں، آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں میں آپ پر ایمان لانے والے ہر شخص کے ساتھ بڑی نرمی اور شفقت سے پیش آتا ہوں۔

ملہ آج تو کفار ومشرکین فخر وغرور سے دندناتے پھرتے ہیں۔ حق سننے سے اور حق کو ماننے سے انکار کر رہے ہیں۔ ذرا اس وقت کا خیال کرو جب انہیں خداوند ذوالجلال کی بارگاہ میں لا کر کھڑا کر دیا جائے گا۔ اس وقت فرط ندامت سے ان کے سر جھکے ہوئے ہونگے شرم کے مارے آنکھیں نہ اٹھا سکیں گے، عرض کریں گے،

"اے ہمارے رب! تیرے رسول نے جن حقائق کے متعلق ہمیں خبردار کیا تھا اور دنیا میں جن کو تسلیم کرنے سے ہم انکار کرتے رہے تھے آج ہم نے ان حقائق کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا اور اپنے کانوں سے سُن لیا۔ اب ہم غفلت کی نیند سے بیدار ہو گئے ہیں اور پکا وعدہ کرتے ہیں کہ تیری نافرمانی نہیں کریں گے تو بڑا کریم ہے۔ ایک مرتبہ ہمیں موقع دیا جائے تاکہ ہم اپنی بندگی کا اظہار کر سکیں اور تیری اطاعت وفرمانبرداری کر کے سابقہ نافرمانیوں کے داغ دُور کر سکیں۔"

لیکن ان کی عرضداشت ٹھکرا دی جائے گی۔

دانائے شیراز نے کیا خوب کہا ہے۔

سر از جیب غفلت برآور کنوں	کہ فردا نماند بخجلت نگوں

(اب غفلت کے گریبان سے سر کو اٹھاؤ تاکہ کل ندامت وخجالت کے باعث وہ جھک نہ جائے۔)

كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ

اور اگر ہم چاہتے تو ہم دے دیتے ہر شخص کو اس کی ہدایت ۹؎ لیکن یہ بات طے ہو چکی ہے میری طرف سے کہ میں ضرور بھر دوں گا

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ

جہنم کو تمام (سرکش) جنوں اور (نافرمان) انسانوں سے ۱۰؎ پس اب چکھو سزا اس جرم کی کہ تم نے بھلا دیا تھا اپنے اس روز کی

کنونت کہ چشمت اشکے ببار زبان در دہانت عذرے بیار

(اب جب کہ تیری آنکھیں سلامت ہیں اپنے گناہوں پر آنسو بہا اور آج جب کہ تیرے منہ میں زبان ہے عذر خواہی کر لے۔)

نہ پیوستہ باشد رواں در بدن نہ ہموارہ گردد زبان در دہن

(یاد رکھ جسم میں جان ہمیشہ نہیں رہے گی اور نہ منہ میں زبان ہمیشہ رہے گی)

۹؎ اور انہیں بتایا جائے گا کہ اگر ہم چاہتے تو کوئی شخص گمراہ نہ ہوتا۔ ہر شخص کی جبلت اور فطرت میں ہدایت کا نور رکھ دیا جاتا، سرکشی اور گناہ کرنے کی کسی میں طاقت ہی نہ ہوتی۔ فرشتوں کی طرح سب انسان متقی اور پرہیزگار ہوتے، لیکن ہماری حکمت کا تقاضا نہیں۔ اس طرح نوعِ انسانی کی پیدائش کا مقصد فوت ہو جاتا اور انسان کو جس شرف و کرامت سے سرفراز کرنا مقصود تھا اس کے لیے کوئی وجہ جواز نہ رہتی۔

انسان کی تخلیق سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ اسے عقل اور فہم کا نور بخشا جائے۔ حق اور باطل کی راہوں کو اس کے سامنے واضح کر دیا جائے۔ انبیاء کرام آکر اسے راہِ حق پر چلنے کی دعوت دیں اور غلط روی سے بچنے کی تلقین کریں۔ اس کے بعد انسان کو ایک گونہ آزادی دی جائے کہ چاہے تو ایمان لائے اور چاہے تو کفر کرے۔ چاہے تو راہِ حق کو بطیبِ خاطر قبول کرے اور چاہے لذت کوشی کی طلب میں غلط راستے پر سرپٹ دوڑنا شروع کر دے۔ جب وہ اپنی مرضی سے ہماری رضا کی خاطر ساری رکاوٹوں کو روندتا ہوا، مشکلات کا مقابلہ کرتا ہوا آئے گا تو ہم اپنے دستِ کرم سے اس کے سر پر اپنی رضا کا تاج رکھ دیں گے اور اگر اس نے عقل و فہم کے تقاضوں کو پس پشت ڈال دیا، انبیاء کی دعوت کو جان بوجھ کر ٹھکرا دیا، ہماری آیات سننے، سمجھنے اور ان پر عمل کرنے سے انکار کر دیا تو اسے واصلِ جہنم کر دیا جائیگا اور اسکا ذمہ دار وہ خود ہوگا

۱۰؎ لیکن میری بارگاہِ عالی سے یہ فیصلہ صادر ہو چکا ہے کہ جبر و اکراہ سے کام نہیں لیا جائے گا نہ کسی کو زبردستی راہِ حق پر چلنے کے لیے مجبور کیا جائے گا اور نہ کسی کو جبراً فسق و فجور میں مبتلا کیا جائے گا۔ مَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّ مَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ۔ دعوتِ حق دے دی گئی ہے۔ حق و باطل میں امتیاز کر دیا گیا۔ اب جس کا جی چاہے وہ ایمان لائے اور جس کا جی چاہے کفر اختیار کرے۔

۱۱؎ اس کا مطلب یہ نہیں کہ تمام جنوں اور انسانوں سے دوزخ کو بھر دیا جائے گا۔ بلکہ الجنۃ اور الناس پر الف لام عہد خارجی ہے اور اس سے مراد سرکش جن اور نافرمان انسان مراد ہیں۔

هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا

ملاقات کو ۲۲ ہم نے تم کو نظر انداز کر دیا اور چکھو ابدی عذاب ان کرتوتوں کے عوض جو تم کیا کرتے تھے ۔ صرف

يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ

وہی لوگ ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں جنہیں جب ہماری آیتوں سے نصیحت کی جاتی ہے تو گر پڑتے ہیں سجدہ کرتے ہوئے اور

رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ

پاکی بیان کرتے ہیں اپنے رب کی حمد کرتے ہوئے اور وہ غرور تکبر نہیں کرتے ۲۳ دور رہتے ہیں ان کے پہلو اپنے بستروں سے ۲۴

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۫ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعْلَمُ

پکارتے ہیں اپنے رب کو ڈرتے ہوئے اور امید رکھتے ہوئے اور ان نعمتوں سے جو ہم نے انہیں دی ہیں خرچ کرتے رہتے ہیں ۔ پس نہیں جانتا

۲۲ نسیان کا معنی بھلا دینا اور فراموش کر دینا ہے لیکن کسی چیز کو ترک کرنے اور نظر انداز کر دینے کے معنی میں بھی یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے خصوصاً جب اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو کیونکہ وہاں بھولنا اور فراموش کرنا مراد نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ عیب ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے وہاں فقط ترک کرنا، نظر انداز کرنا کے معنی میں یہ لفظ مستعمل ہوگا علامہ ابن منظور لکھتے ہیں: قولہ عزوجل ۔ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ انما معناہ تركوا الله فتركهم (لسان العرب)

کفار کو کہا جا رہا ہے کہ تم نے روز قیامت کو آج تک بھلائے رکھا۔ اب اللہ تعالیٰ نے تمہیں نظر انداز کر دیا اور اپنی رحمت سے تمہیں محروم کر دیا۔ اب اس عذاب کا مزا چکھو جس سے بچنے کی تلقین تمہیں صدہا بار کی گئی لیکن تم نے پرواہ نہ کی۔ اب ہمیشہ کے لیے تمہیں جہنم میں رہنا ہوگا یہاں سے نکلنے کے لیے سارے راستے بند کر دیئے گئے ہیں۔

۲۳ حضور نبی کریم علیہ وعلیٰ آلہ اطیب الصلوٰۃ وازکی التسلیم نے کفار کو سمجھانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی ۔ دلائل سے معجزات سے اپنی دلآویز باتوں سے اپنے دلکش عمل سے انہیں حق کی طرف بلایا لیکن ان کی ہٹ دھرمی میں سرمو فرق نہ آیا جس سے حضور کے قلب مبارک کو سخت اذیت پہنچی ۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو تسلی دیتے ہیں کہ آپ پریشان نہ ہوں ۔ یہ اس لیے ایمان سے محروم نہیں ہیں کہ آپ کے تبلیغ میں کوئی کوتاہی کی ہے بلکہ قبول حق کی ان میں سرے سے اہلیت ہی نہیں ۔ اگر سورج کی کرنوں سے پتھر روشن نہیں ہوتا تو یہ اس کی نااہلی ہے سورج کی کرنوں کی تابانی تو ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے ایمان کی دولت تو ان لوگوں کو عطا کی جاتی ہے جن میں یہ صفات موجود ہوں جن کا ذکر ان آیات میں ہے۔ ان بدبختوں میں تو ان صفات کا نشان تک نہیں ، انہیں نعمت ایمان کیسے بخشی جا سکتی ہے۔

۲۴ اہل ایمان کی مذکورہ بالا صفات کے علاوہ ایک یہ صفت بھی ہے کہ جب دوسرے لوگ اپنے نرم و گداز بستروں پر محو استراحت

نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾

کوئی شخص جو (نعمتیں) چھپا کر رکھی گئی ہیں ان کیلئے جن سے آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی ۲۵؎ یہ صلہ ہے ان (اعمال حسنہ) کا جو وہ کیا کرتے تھے

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ؕ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ اَمَّا الَّذِيْنَ

تو کیا جو شخص ایمان دار ہو وہ اس کی مانند ہو سکتا ہے جو فاسق ہو؟ (نہیں) یہ یکساں نہیں ۲۶؎ پس جو لوگ ایمان لائے

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۫ نُزُلًۢا بِمَا كَانُوْا

اور نیک عمل کرتے رہے ۲۷؎ تو ان کے لیے جنتیں ہیں ہمیشہ کا ٹھکانا ہیں بطور ضیافت ان (نیکیوں) کے عوض جو وہ

ہوتے ہیں۔ گرمی اور میٹھی نیند کے مزے لوٹتے ہیں تو یہ درد محبت کے مارے اپنے پہلوؤں کو اپنے بستروں سے دُور رکھتے ہیں۔ اپنے رب کے حضور میں دست بستہ کھڑے ہو کر کبھی اس کی حمد و ثنا کرتے ہیں۔ کبھی اس کی بارگاہ اقدس میں جبین نیاز جھکاتے ہیں، کبھی دُعا کے لیے دامن پھیلا دیتے ہیں اور اپنے کریم و رحیم پروردگار سے اس کے فضل و کرم کی بھیک مانگتے ہیں۔ ان کے دُعا کرنے اور مانگنے کا انداز بھی نرالا ہے۔ ساری رات اس کے ذکر میں گزر گئی لیکن پھر بھی اپنی کوتاہیوں کا احساس بے چین کر رہا ہے اور اس کی بے نیازی کا تصور کر کے دل کانپ رہا ہے لیکن اس کی بے نیازی اور اپنی کوتاہیوں کے شدید احساس کے باوجود مایوس نہیں ہیں بلکہ اس کے فضل و کرم پر تکیہ کیے ہوئے دامن پھیلا رہے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ ان کا رب بڑا رحیم و کریم ہے۔ جو شخص اس کے حضور میں دست سوال پھیلاتا ہے اس کی شان کریمی اُسے خالی واپس نہیں کرتی۔ بیم و رجا کی اسی کشمکش میں وہ اپنے شب و روز گزارتے ہیں۔ اس آیت میں ان لوگوں کی طرف اشارہ ہے جو رات ڈھلنے کے بعد اپنے بستروں سے اُٹھتے ہیں اور نماز تہجد ادا کرتے ہیں بعض علماء نے اس سے اوّابین کے نفل بھی مراد لیے ہیں جو مغرب اور عشاء کی نماز کے درمیان پڑھے جاتے ہیں۔ "تجافی" کا معنی دُوری اور بُعد ہے۔ مضاجع، مضجع کی جمع ہے اس کا معنی سونے کی جگہ ہے۔

۲۵؎ یعنی کوئی شخص ان انعامات اور نوازشات کا تصور بھی نہیں کر سکتا جو ہم نے اپنے بندوں کے لیے مخصوص کر رکھی ہیں۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں میں یہ حدیث موجود ہے۔ عن ابی هريرة عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول الله تعالىٰ اَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ مَا لَا عَيْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ۔ حضرت ابوہریرہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے ایسی نعمتیں تیار کر رکھی ہیں جن کو آج تک کسی آنکھ نے نہیں دیکھا، کسی کان نے نہیں سُنا اور نہ کوئی انسان اپنے دل میں ان کا تصور کر سکتا ہے۔ اس کے بعد حضور نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

۲۶؎ ارشاد ہوتا ہے کہ مومن اور فاسق یکساں نہیں ہیں۔ فاسق سے مراد یہاں باغی ہے جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت ترک کر کے خود مختاری کا دعویٰ کرتا ہے۔ یا غیر خدا کی اطاعت اختیار کرتا ہے۔

۲۷؎ مومن اور کافر کی زندگی، عمل اور انجام میں واضح تضاد ہے اس لیے وہ یکساں کیسے ہو سکتے ہیں۔ ان آیات میں اس تضاد کی وضاحت

يَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ

کیا کرتے تھے اور جنہوں نے نافرمانی کی تو ان کا ابدی ٹھکانا آگ ہے۔ جتنی مرتبہ وہ ارادہ کریں گے کہ

يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ

(کسی طرح) یہاں سے نکل جائیں (تو ہر بار) انہیں لوٹا دیا جائے گا اس میں اور انہیں کہا جائے گا چکھو آگ کا عذاب جسے

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ

تم جھٹلایا کرتے تھے۔ اور ہم ضرور چکھاتے رہیں گے انہیں تھوڑا عذاب

الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٢١﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ

بڑے عذاب سے پہلے ؀۲۸ تاکہ وہ (فسق و فجور سے) باز آجائیں۔ اور کون زیادہ ظالم ہے اس سے جسے نصیحت کی گئی

رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ۭ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَلَقَدْ

اس کے رب کی آیتوں سے پھر اس نے روگردانی کی ان سے۔ بیشک ہم مجرموں سے ضرور بدلہ لیں گے اور بیشک ہم نے

اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗىِٕهٖ وَجَعَلْنٰهُ

عطا فرمائی تھی موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب، تو آپ شک میں مبتلا نہ ہوں ایسی کتاب کے ملنے سے ؀۲۹ اور ہم نے بنایا تھا

فرمادی۔ ؀۲۸ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ابدی عذاب میں گرفتار ہونے سے پہلے ان غافلوں اور سرکشوں کو ہم طرح طرح کی مصیبتوں اور رنج والم میں مبتلا کر دیتے ہیں تاکہ وہ خوابِ غفلت سے بیدار ہو کر اپنی اصلاح کریں اور عذابِ جہنم سے بچنے کی تدبیر سوچ لیں۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی خاص مہربانی ہے کہ وہ کسی تکلیف اور مصیبت کو انسان کی اصلاح کا ذریعہ بنا دیتا ہے۔ وہ نعمت و راحت جو انسان کو غافل اور سرکش بنا دے اس سے وہ مصیبت ہزار درجہ بہتر ہے جو انسان کو گناہوں سے باز رکھنے کا سبب بن جائے۔ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ میں اسی بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

؀۲۹ اعلانِ نبوت سے پہلے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دل میں نہ نبی بننے کی کبھی خواہش پیدا ہوئی تھی اور نہ آپ کو یہ توقع تھی کہ آپ پر وحی خداوندی نازل ہوگی۔ توقع کے خلاف یکایک جبرئیل امین کا وحی لے کر آنا حیرت اور شک کا باعث بن سکتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کا ازالہ فرمادیا کہ جبرئیل کے آنے اور وحی کے اترنے سے آپ کو کسی شک میں مبتلا ہونے کی ضرورت نہیں۔ یہ کوئی انوکھا

هُدًى لِّبَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ﴿۲۳﴾ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا

اسے ہدایت بنی اسرائیل کے لیے — اور ہم نے بنایا ان میں سے بعض کو پیشوا، وہ رہبری کرتے رہے ہمارے حکم سے

لَمَّا صَبَرُوا ۖ وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يُوقِنُونَ ﴿۲۴﴾ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ

جب تک وہ صابر رہے اور جب تک وہ ہماری آیتوں پر پختہ یقین رکھتے تھے [۳۳] — بیشک آپ کا پروردگار وہی فیصلہ کرے گا

يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿۲۵﴾ أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ

ان کے درمیان قیامت کے دن، جن امور میں وہ باہمی اختلاف کیا کرتے تھے۔ — کیا یہ چیز ان کی ہدایت کا باعث نہیں [۳۴] کہ

أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ ۚ إِنَّ

کتنی قومیں تھیں جن کو ہم نے ان سے پہلے ہلاک کر دیا حالانکہ یہ چل پھر رہے ہیں ان کے مکانوں میں۔ — بیشک

نہیں ہے جو آج تک کبھی نہ ہوا ہو۔ آپ سے پہلے بھی انبیاء تشریف لائے۔ ان پر وحی نازل ہوئی۔ انہیں صحائف اور کتابوں سے مشرف کیا گیا۔ موسیٰ علیہ السلام کا نام کس نے نہیں سنا۔ وہ بھی منصب نبوت پر فائز کیے گئے اور انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے تورات جیسی کتاب مرحمت فرمائی گئی۔ اب قدرت کی نگاہ انتخاب نے سارے جہاں کی راہنمائی کے لیے اسے یتیم مکہ! آپ کو چن لیا اور قرآن حکیم جیسے صحیفہ رشد و ہدایت کے نزول کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اس میں قطعاً نہ حیران ہونے کی بات ہے اور نہ شک و شبہ کی گنجائش ہے۔ آیت میں بظاہر اگرچہ خطاب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ہے لیکن مراد وہ لوگ ہیں جو حضور کی نبوت میں اور قرآن کے منزل من اللہ ہونے میں شک اور تعجب کا اظہار کیا کرتے تھے۔

[۳۳] موسیٰ علیہ السلام کی امت میں سے ہم نے بعض کو امام اور پیشوا بنا دیا تاکہ وہ ہمارے فرمان کے مطابق لوگوں کی راہنمائی کریں۔ امامت و پیشوائی کے اس اعلیٰ منصب کے لیے وہی لوگ چنے گئے جو صبر و استقامت سے عبادت و طاعت کی کٹھن اور دشوار راہ پر گامزن رہے۔ دینِ حق کی تبلیغ میں مخالفین کی طرف سے ان پر مصائب کے پہاڑ توڑے گئے مگر وہ گھبرائے نہیں بلکہ بڑی ثابت قدمی اور جوانمردی سے اپنا فرض ادا کرتے رہے۔ جو لوگ عبادت و طاعت سے اکتا جاتے ہیں اور مصائب و آلام کے مہیب بادلوں کو دیکھ کر گھبرا جاتے ہیں انہیں امامت کے عظیم منصب کے لیے منتخب نہیں کیا جاتا۔ ائمہ سے مراد یا بنی اسرائیل کے انبیاء تھے کہ وہ اپنے اپنے زمانہ میں دینِ موسوی کی دعوت دیتے رہے یا ان کے وہ علماء و فقہاء تھے جو نبی کے نائب کی حیثیت سے نبوت کے مشن کی تکمیل میں عمر بھر کوشاں رہے۔

[۳۴] اہل مکہ کے تجارتی کارواں مشرق و مغرب کا سفر کرتے تھے۔ ان کے راستوں میں کئی اجڑی ہوئی بستیاں آتی تھیں۔ کئی ویران

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ؕ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ۝۲۶ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى

ان میں (عبرت کی) کئی نشانیاں ہیں۔ کیا وہ (ان درو دیوار سے داستانِ عبرت) نہیں سن رہے؟ کیا انہوں نے ملاحظہ نہیں کیا کہ ہم بہا لے جاتے

الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ

ہیں پانی بنجر زمین کی طرف ۳۲ پھر ہم نکالتے ہیں اس کے ذریعے سے کھیتی، کھاتے ہیں اس سے ان کے چوپائے اور وہ خود بھی

اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ۝۲۷ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۲۸

کیا وہ (یہ بھی) نہیں دیکھتے؟ اور (بار بار) پوچھتے ہیں یہ فیصلہ کب ہوگا؟ (بتاؤ) اگر تم سچے ہو ۳۳

قلعوں اور محلات کے پاس سے ان کا گزر ہوتا تھا جن کے کھنڈرات جن کے شکستہ در و دیوار پکار پکار کر اپنے مکینوں کی بداعمالیوں اور بربادیوں کی عبرت آموز داستانیں دُہرا رہے ہوتے ہیں۔ ان سے پُوچھا جا رہا ہے کیا تم نے ان عبرت بھری داستانوں کو سُننے کی زحمت کبھی گوارا کی۔ اگر ان میں سُننے کی صلاحیت ہوتی تو وہ ضرور اپنی ہٹ دھرمی سے باز آجاتے۔ کفر و شرک کو چھوڑ کر دعوت توحید کو بصد شوق قبول کر لیتے۔

۳۲ قدرتِ الٰہی کا ایک اور ثبوت پیش کیا جا رہا ہے "اَلْجُرُزِ" اس زمین کو کہتے ہیں جو ویسے تو زرخیز ہو لیکن پانی دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے بنجر ہو گئی ہو۔ گھاس اور چارہ جڑ سے اکھڑ کر رہ گیا ہو یا اُونٹوں اور بکریوں نے اسے چر کر ختم کر دیا ہو اور اب وہاں سبز تنکا تک دکھائی نہ دیتا ہو۔ علامہ زمخشری لکھتے ہیں: اَلْجُرُزُ الْاَرْضُ الَّتِيْ جُرِزَ نَبَاتُهَا اَيْ قُطِعَ اِمَّا لِعَدَمِ الْمَاءِ وَاِمَّا لِاَنَّهٗ رُعِيَ وَاُزِيْلَ۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں: جو زمین شور اور شور کی وجہ سے ناقابلِ کاشت ہو گئی ہو اسے جرز نہیں کہتے۔ بلکہ ایسی زمین جو ہو تو زرخیز لیکن پانی نہ ملنے کی وجہ سے بالکل سُوکھ گئی ہو۔ لَا يُقَالُ لِلَّتِيْ لَا تُنْبِتُ كَالسِّبَاخِ جُرُزٌ۔

کیا یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ نہیں کہ جب خشک سالی کے باعث زرخیز زمینیں بنجر ہو جاتی ہیں اور ان میں کوئی چیز نہیں اُگتی تو اللہ تعالیٰ بارانِ رحمت نازل فرما کر انہیں ازسرِ نو سرسبز و شاداب کر دیتا ہے۔ اگر وہ اسی ایک چیز میں غور کریں تو اللہ تعالیٰ کا انکار کرنے سے باز آجائیں۔

اس سے اس امر کی طرف بھی اشارہ ہو سکتا ہے کہ تم اسلام کی ظاہری کمزوری دیکھ کر اس کے مستقبل سے مایوس نہ ہو جاؤ اگر بارش کے ایک چھینٹے سے چشم زدن میں بنجر زمین کی کیفیت بدلنے لگتی ہے اور وہاں چند روز کے بعد سرسبز کھیت لہلہانے لگتے ہیں تو اس سے کوئی بعید نہیں کہ وہ مسلمانوں کی حالتِ زار پر بھی اپنی نظرِ رحمت فرمائے اور چشم زدن میں ان کی پستی کو بلندی سے، ان کی پریشانی کو خوشحالی سے اور ان کی شکست کو فتح سے بدل دے۔

۳۳ "الفتح" سے مراد فیصلہ کا دن یعنی روزِ قیامت ہے۔ قَالَ مُجَاهِدٌ يَعْنِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِيمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿۲۹﴾

آپ فرمائیے فیصلہ کے دن نہ فائدہ پہنچائے گا کافروں کو ان کا ایمان لانا ۳۴ اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی

فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ إِنَّهُمْ مُنْتَظِرُونَ ﴿۳۰﴾

پس (اے حبیب!) ان سے رخ (انور) پھیر لیجئے ۳۵ اور انتظار فرمائیے، وہ بھی منتظر ہیں ۳۶

۳ ع ۱۸ / ۱۲

اہل ایمان کفار کو کہا کرتے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ہمارے اور تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا۔ نیک لوگوں کو ان کے نیک اعمال کی جزا ملے گی اور بدکاروں کو آتش جہنم میں جھونک دیا جائے گا۔ کفار ازراہ تمسخر پوچھتے کہ وہ فیصلہ کا دن جس کی آمد سے تم ہمیں ہر روز ڈرایا کرتے ہو ازراہ کرم یہ تو بتا دو کہ وہ کب آئے گا۔

۳۴ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اے محبوب! ان ستم کیشوں سے کہہ دو کہ فیصلہ کا دن آئے گا اور ضرور آئے گا، لیکن اگر تم نے ہول قیامت کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا اور اس کے بعد ایمان لانے پر آمادہ ہوئے تو اس کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ اس دن تمہاری ندامت اور خجالت تمہارے کسی کام نہیں آئے گی۔ عقلمندی کا تقاضا تو یہ ہے کہ اب آنکھیں کھولو اب ہوش میں آؤ اور دعوت محمدی علےٰ صاحبہا افضل الصلوٰۃ واجمل السلام قبول کرو۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تمہیں فلاح دارین کا مژدہ سنایا جائے گا اور روز محشر اللہ تعالےٰ تمہیں اپنے انعامات سے مالا مال فرمائے گا۔

۳۵ اے محبوب! آپ نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ ان کو ہلاکت کے گڑھے میں گرنے سے بچانے کے لیے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی، لیکن یہ باز نہیں آتے۔ اب ان کی طرف سے رخ انور پھیر دیجیے۔ اب یہ نگاہ والتفات کے مستحق نہیں ہیں۔

۳۶ آپ اللہ تعالیٰ کی نصرت اور امداد کا انتظار فرمائیے اور انہیں اپنی بربادی اور تباہی کی گھڑی کا انتظار کرنے کے لیے چھوڑ دیجیے۔

اللّٰھم رب العباد و موفقھم بفضلک للرشاد صل وسلم علےٰ حبیبک الاکرم ونبیک المعظم وعلےٰ آلہٖ وصحبہٖ واتباعہ وتقبل منی بجاھہ انک انت السمیع العلیم وفقنی لاتمامہ انک انت العزیز الرحیم۔

قد فرغت من تسوید ھذہ السطور فی ضحی یوم الثلاثا

۱۷ جماد الثانی ۱۳۹۰ھ وانا نزیل بمسجد ضاحیۃ من ضواحی قریۃ مگھال۔

مطبع ـــــــــــ تحقیق مرکز پرنٹرز لاہور فون

کتابت ـــــــــــ اقبال اختر۔ عبدالرحمٰن ناصر۔ خوشی محمد ناصر

متن ـــــــــــ بشکریہ تاج کمپنی لمیٹڈ۔ کراچی

فوٹوگرافی ـــــــــــ حاجی رحیم بخش (الیف آر پروسیسنگ)

تعداد ـــــــــــ تین ہزار

تاریخ طباعت ـــــــــــ رمضان المبارک ۱۳۹۹ھ

ناشر ـــــــــــ ضیاء القرآن پبلی کیشنز۔ لاہور

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۱۔	سورۃ الاحزاب	۵
۲۔	سورۃ سبا	۱۰۷
۳۔	سورۃ فاطر	۱۳۷
۴۔	سورۃ یٰسٓ	۱۶۵
۵۔	سورۃ الصّٰفّٰت	۱۹۵
۶۔	سورۃ صٓ	۲۲۳
۷۔	سورۃ زمر	۲۵۵
۸۔	سورۃ مومن	۲۸۷
۹۔	سورۃ حٰمٓ السجدہ	۳۲۷
۱۰۔	سورۃ شوریٰ	۳۵۹
۱۱۔	سورۃ زخرف	۳۹۷
۱۲۔	سورۃ الدّخان	۴۳۱
۱۳۔	سورۃ الجاثیہ	۴۴۷
۱۴۔	سورۃ الاحقاف	۴۶۷
۱۵۔	سورۃ محمّد	۴۹۹
۱۶۔	سورۃ فتح	۵۲۳
۱۷۔	سورۃ حجرات	۵۷۵
۱۸۔	سورۃ قٓ	۶۰۵
۱۹۔	سورۃ الذّٰریٰت	۶۲۳
۲۰۔	سورۃ الطّور	۶۴۳

فہرست نقشہ جات

نمبر شمار		صفحہ
۱	عہد نبوت میں عرب قبائل کے علاقے	۱۹
۲	نقشہ جنگِ خندق	۲۳
۳	صحرائے الاحقاف	۴۰۱
۴	نقشہ متعلقہ سورۃ الاحقاف	۴۹۳

التحقیقات اللغویہ

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر		سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
ا			ب		
اسوہ	۳۳	۴۲			
اھل البیت	۳۳	۶۳	بادون	۳۳	۴۱
اکل	۳۴	۲۸	تبرج	۳۳	۶۱
اثل	۳۴	۲۸	یبور	۳۵	۱۷
تؤفکون	۳۵	۹	بحر	۳۵	۱۹
اجاج	۳۵	۱۹	بِیْض	۳۷	۱۶
اساور	۳۵	۴۷	مُبِین	۴۳	۲
امام	۳۶	۱۲ الف	بالھم	۴۷	۳
اِمّر	۴۳	۲۶	بھیج	۵۰	۸
اَسَفُوْنَا	۴۳	۶۰	مبصرا	۴۰	۷۸
استبرق	۴۴	۴۰	ت		
افاک	۴۵	۶			
اثیم	۴۵	۶	اتراب	۳۸	۵۳
اَثَارَۃ	۴۶	۵	تعسًا	۴۷	۱۴
آسِن	۴۷	۲۱	تُوْب	۴۰	۳
آذر	۴۸	۶۱	ث		
اوّاب	۵۰	۴۸			
اِفک	۵۱	۶	مثانی	۴۵	۳۲
الآزفۃ	۴۰	۳۲	اثخنتموھم	۴۷	۶
الافک	۴۰	۷۸	ج		
	۔۔	۔۔	جلابیب	۳۳	۹۸

	سورة نمبر	حاشیہ نمبر
رجنة	۳۴	۱۱
رجفان	۳۴	۲۰
جُدَدٌ	۳۵	۳۹
اجداث	۳۶	۴۵
جِبلاً	۳۶	۵۵
جیاد	۳۸	۳۶
اجتبٰی	۴۲	۲۰
الجوار	۴۲	۵۵
جعل	۴۳	۳
جاریات	۵۱	۱
ح		
حناجر	۳۳	۱۹
حداد	۳۳	۳۷
حمید	۳۴	۹
محاریب	۳۴	۲۰
حوت	۳۷	۴۳
محراب	۳۸	۲۳
حمیم	۳۸	۵۴
حفیظ	۴۲	۷۳
حکیم	۴۳	۵
تحبرون	۴۳	۷۰
محله	۴۸	۴۶
الحمیة	۴۸	۴۷
تحید	۵۰	۱۸

	سورة نمبر	حاشیہ نمبر
حبك	۵۱	۴
حور	۵۲	۱۳
حجاب	۴۱	۷
خ		
خاتم	۳۳	۷۳
خمط	۳۴	۲۸
خامدون	۳۶	۲۸
خوّله	۳۹	۱۹
فاستخف	۴۳	۵۸
خرّاصون	۵۱	۷
خطب	۵۱	۲۹
خوض	۵۲	۵
د		
تدعو	۳۵	۲۵
تدعون	۴۶	۴
الدعا	۴۰	۷۹
فادعوه	۴۰	۸۴
دحورا	۳۷	۵
داخرون	۳۷	۷
مدحضین	۳۷	۴۳
الدهر	۴۵	۳۳
لاادری	۴۶	۱۲
یُدَعُّون	۵۲	۶

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
لیدحضوا	۴۰	۹
ذ		
ذاریات	۵۱	۱
ذنوب	۵۱	۵۵
ذوالعرش	۴۰	۲۸
ر		
مرجفون	۳۳	۱۰۲
راسیات	۳۴	۲۰
رجز	۴۵	۱۰
رکعًا	۴۸	۵۷
راشدون	۴۹	۱۲
مریب	۵۰	۲۴
	۴۱	۴۰
راغ	۵۱	۲۵
برکنہ	۵۱	۳۴
رق	۵۲	۱
ریب المنون	۵۲	۲۳
مرکوم	۵۲	۳۹
رفیع الدرجات	۴۰	۲۸
الروح	۴۰	۲۸
مرتاب	۴۰	۵۳
رواسی	۴۱	۱۴
ربت	۴۱	۶۲

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
ز		
یزفّون	۳۷	۳۱
ازواج	۴۳	۱۳
زخرف	۴۳	۳۹
رهوًا	۴۴	۲۴
الزقوم	۴۴	۳۷
تزیّلوا	۴۸	۴۶
س		
سلق	۳۳	۳۷
ساهم	۳۷	۴۳
تسوّروا	۳۸	۲۳
سوق	۳۸	۳۶
استوٰی	۴۳	۱۵
	۴۸	۶۱
سندس	۴۴	۴۱
سخّر	۴۵	۱۱
سوّل	۴۷	۳۴
سکینه	۴۸	۶
سجّدا	۴۸	۵۷
سیماهم	۴۸	۵۹
سوق	۴۸	۶۱
المسجور	۵۲	۱
سیئات	۴۰	۱۸

لفظ	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
سلطان	۴۰	۳۸
مسرف	۴۰	۵۳
اسباب	۴۰	۵۴
یسحبون	۴۰	۸۹
یسجرون	۴۰	۸۹
استویٰ	۴۱	۱۹
ش		
اشحّه	۳۳	۳۵
شقاق	۳۸	۳
لاتشطط	۳۸	۲۲
متشاکسین	۳۹	۴۲
شرع	۴۲	۱۷
شوریٰ	۴۲	۶۰
شریعة	۴۵	۲۳
اشداء	۴۸	۵۶
شطأه	۴۸	۶۱
ص		
صیاصی	۳۳	۵۱
صافنات	۳۸	۳۶
صفحًا	۴۳	۶
صُبّوا	۴۴	۳۸
صدّوا	۴۷	۱
صرّة	۵۱	۲۸
فصکّت	۵۱	۲۸
إصلوها	۵۳	۹
مصیطر	۵۲	۳۲
یصعقون	۵۲	۳۵
صاعقه	۴۱	۲۶
صرصرا	۴۱	۳۰
ض		
اضغانهم	۴۷	۳۷
اضغانکم	۴۷	۴۲
ط		
تطؤهم	۴۸	۴۶
طور	۵۲	۱
طول	۴۰	۵
ظ		
اظنّه	۴۰	۵۵
ع		
الاعراب	۳۳	۴۱
معاجزین	۳۴	۸
عرم	۳۴	۲۷
عذب	۳۵	۱۹
عین	۳۷ ۵۲	۱۶ ۱۳

	سُورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
عزّة	٣٨	٣
عُجاب	٣٨	٧
عشّى	٣٨	٣٦
الاعلام	٤٢	٥٥
عزم	٤٢	٦٦
يعش	٤٣	٤١
عابدين	٤٣	٧٧
فاعتلوا	٤٤	٣٨
يستعتبون	٤٥	٤٢
	٤١	٤٠
معكوفا	٤٨	٤٦
المعرّة	٤٨	٤٦
العنيد	٥٠	٢٤
عتيد	٥٠	١٧
عقيم	٥١	٣٦
على	٤١	٦٩
غ		
تُغرينّك	٣٣	١٠٢
غرور	٣٥	١١
غرابيب سُود	٣٥	٣٩
غول	٣٧	١٥
غسّاق	٣٨	٥٢
يغضون	٤٩	٦
غمرة	٥١	٨

	سُورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
ف		
يفتح	٣٤	٦
فاطر	٣٥	٢
فرات	٣٥	١٩
فواق	٣٨	١٦
يفرق	٤٤	٦
تفيضون	٤٦	٩
ق		
قدور	٣٤	٢٠
قطمير	٣٥	٢٥
مقمحون	٣٦	٦
قطعًا	٣٨	١٧
مقرنين	٤٣	١٥
نقيّض	٤٣	٤٢
ق	٥٠	١
ك		
كافّة	٣٤	٢٨
كأس	٣٧	١٥
يكوّر	٣٩	١٢
يكفّر	٣٩	٣٩
يكفّر	٤٨	٩
كفّار	٥٠	٢٤

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
مکیدون	۵۲	۳۷
اکنّہ	۴۱	۷
ل		
لغوب	۳۵	۳۷
ملیم	۳۷	۴۳
لطیف	۴۲	۳۷
ملیم	۵۱	۳۵
التناھم	۵۲	۱۵
یُلقّاھا	۴۱	۵۶
یُلحدون	۴۱	۶۳
م		
مرتّقم	۳۴	۱۰
تماثیل	۳۴	۲۰
مواخر	۳۵	۲۲
مارد	۳۷	۵
ملأاعلیٰ	۳۷	۵
المھل	۴۴	۳۷
مثل	۴۸	۶۰
امتحن	۴۹	۶
مجید	۵۰	۲
مریج	۵۰	۶
مورا	۵۲	۲
ممنون	۴۱	۱۲

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
ن		
نبیّ	۳۳	۱
نحب	۳۳	۴۶
مِنسأته	۳۴	۲۳
تناوش	۳۴	۶۹
نصب	۳۵	۴۷
ینسلون	۳۶	۴۵
ننکسہٗ	۳۶	۶۰
ینزفون	۳۷	۱۶
انداداً	۳۹	۲۰
ینتصرون	۴۲	۶۱
نقبوا	۵۰	۳۳
انذرتکم	۴۱	۲۶
ینزغنّک	۴۱	۵۷
و		
وقَرْن	۳۳	۶۱
وجیھًا	۳۳	۱۰۹
واصب	۳۷	۵
یتوفّٰی	۳۹	۴۵
وحی	۴۲	۷۶
اوزعنی	۴۶	۲۲
اولیٰ	۴۷	۳۱
وقرا	۵۱	۱

	سُورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
موسعون	۵۱	۴۲
وقرٌ	۴۱	۷
یوزعون	۴۱	۳۳
ہ		
یھیج	۳۹	۲۹
الھدٰی	۴۸	۴۶

	سُورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
ھدینا	۴۱	۳۱
اھتزّ	۴۱	۶۲
ی		
یقطین	۳۷	۴۳
یوم التناد	۴۰	۴۹
ایّام	۴۵	۱۵

التحقیقات النحویہ

	سُورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
لایجاورونک الا قلیلا	۳۳	۱۰۲
وماارسلناک الاکافۃ للناس	۳۴	۴۸
الحمد للہ الذی	۳۴	۱
افمن زُیّن لہ سوء عملہ	۳۵	۱۳
لات حین مناص	۳۸	۴
قال فالحق والحق اقول	۳۸	۷۰
الا المودّۃ فی القربٰی	۴۲	۴۲
انّہ بُراء مما تعبدون	۴۳	۲۶
امر حسب الذین اجترحوا السیئات	۴۵	۳۸
واضلّہ اللہ علی علم	۴۵	۳۱
تنزیل الکتاب	۴۰	۲
ربنا وسعت کل شی رحمۃ وعلما	۴۰	۱۵

	سُورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
تنزیل من الرحمٰن الرحیم	۴۱	۲
قرآنا عربیا	۴۱	۴
حفظاً	۴۱	۲۴
ان الذین کفروا	۴۱	۶۴
اتخذوا من دون اللہ قربانا آلھۃ	۴۶	۳۹
ضرب الرقاب	۴۷	۵
ھاانتم ھؤلاء	۴۷	۴۳
ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون	۴۹	۵
عن الیمین وعن الشمال قعید	۵۰	۱۶
اَلقیا فی جہنم میں القیا کو تثنیہ ذکر کرنے کی وجہ	۵۰	۲۳
وعنھم سراعا	۵۰	۴۰

اللہ جلّ مجدہٗ وعزّ شانہٗ

توحید

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو زمین و آسمان کی ہر چیز کا مالک ہے۔	۳۴	۱
سب تعریفیں فاطر السمٰوٰت والارض کے لیے جس نے مختلف قوت کے فرشتے پیدا کیے۔	۳۳	۱
سب تعریفیں اللہ کے لیے جو رب العالمین ہے	۳۷	۱۸۲
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۵	۳۶
ساری برکتیں اللہ کے لیے جو رب العالمین ہے	۴۰	۶۴
ساری تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو رب العالمین ہے۔	۴۰	۶۵
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۵	۳۶
اُس کے بغیر نہ کوئی خالق ہے نہ رازق	۳۳	۳
اُس کے بغیر کوئی معبود نہیں	۳۵	۳
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۹	۶
اُس واحد و قہار کے سوا کوئی معبود نہیں	۳۸	۶۶
وُہ اللہ ہی واحد و قہار ہے	۳۹	۴
اُس کے سوا کوئی معبود نہیں وُہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔	۴۴	۸
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۷	۱۹
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۰	۳
اُس کے سوا کوئی معبود نہیں وُہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے	۴۰	۶۲
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۰	۶۵
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۱	۶
تمُہارا معبُود ایک ہے	۳۷	۴
〃 〃 〃 〃	۴۱	۶
وُہ آسمانوں اور زمین کا رب ہے	۳۷	۵
وُہ مشارق کا رب ہے	۳۷	۵
وُہ میرا رب ہے	۴۲	۱۰
آسمانوں اور زمین میں بڑائی اُسی کے لیے ہے۔	۴۵	۳۷
اللہ ہی کارساز ہے	۴۲	۹
وُہی تمہارا رب ہے	۳۹	۶
آسمانوں میں اور زمین میں وُہی خُدا ہے	۴۳	۸۴
خلوص کے ساتھ اُسی کی عبادت کرو	۴۰	۱۴
وُہی زندہ ہے	۴۰	۶۵
بُت کسی ذرّہ کے مالک نہیں	۳۴	۱
زمین و آسمان میں اُن کا کوئی حصّہ نہیں	۳۴	۱
حاملین عرش اور دُوسرے فرشتے اُس کی تسبیح و تحمید کرتے ہیں	۴۰	۷
حکم کا اختیار اللہ کے لیے جو علی کبیر ہے۔	۴۰	۱۲

دلائلِ توحید

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
کفار سے پوچھو رازق کون ہے کہیں گے اللہ	۳۴	۲۴
جو نعمت کسی کو دینا چاہے کوئی روک نہیں سکتا اور جسے روکنا چاہے کوئی دے نہیں سکتا۔	۳۵	۲
ہوائیں، بادل، بارش اور مُردہ زمین کا زندہ ہونا۔	۳۵	۹
میٹھے پانی اور کھاری پانی کے ذخائر	۳۵	۱۲
تسخیرِ شمس و قمر، ساری بادشاہی اللہ کی ہے	۳۵	۱۳
بارش کا برسنا، مختلف رنگوں کے پھل، پہاڑوں کے مختلف رنگ کوئی سفید، کوئی سُرخ، کوئی سیاہ۔	۳۵	۲۷
انسانوں، چارپایوں اور جانوروں کے مختلف رنگ اور رُوپ۔	۳۵	۲۸
مُردہ زمین کو زندہ کرنا، اجناس اور پھلوں کا پیدا ہونا، چشموں کا جاری ہونا تاکہ تم کھاؤ اور ان سے مُربّے، اچار، چٹنیاں وغیرہ بناؤ۔	۳۶	۳۳، ۳۴، ۳۵
وُہ ہر عیب سے پاک ہے جس نے زمین سے اُگنے والی ہر چیز کو جوڑا جوڑا بنایا	۳۶	۳۶ مع حاشیہ
تابیرِ نخل کا اعتراض اور جواب	۳۶	حاشیہ آیت بالا
رات کا آنا، سُورج کا چلنا، عزیز و علیم کا مقرر کردہ ہے	۳۶	۳۷، ۳۸
چاند اور اُس کی مختلف منزلیں	۳۶	۳۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
چاند کی منزلوں کے نام	۳۶	حاشیہ آیت بالا
نہ سُورج چاند سے آگے نکل سکتا ہے اور نہ رات دن سے۔	۳۶	۴۰
سب سیّارے اپنے اپنے فلک میں تیر رہے ہیں	۳۶	۴۰
سفینۂ نوح بھی اُس کی قدرت کی نشانی ہے۔	۳۶	۴۱ مع حاشیہ
سمندر اور دریا تمھارے لدے ہُوئے جہازوں کو اُٹھائے ہُوئے ہیں۔ یہ محض ہماری رحمت ہے	۳۶	۴۲، ۴۳، ۴۴
جانور بنائے سواری کے لیے انھیں مسخر کیا، اُن کے گوشت کو خوراک بنایا اور دیگر فوائد	۳۶	۷۱، ۷۲، ۷۳
اُس نے سبز درخت میں آگ رکھ دی	۳۶	۸۰
آسمانِ دُنیا کو ستاروں سے آراستہ کیا	۳۷	۶
ہم نے آسمان و زمین کو باطل پیدا نہیں کیا۔	۳۸	۲۷
آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا	۳۹ (۱)	۵ (۱)
گردشِ لیل و نہار، تسخیرِ شمس و قمر	۴۵ (۲)	۲۲ (۲)
	۴۶،۳۹ (۳)	۳۵ (۳)
تمھیں ایک نفس سے پیدا کیا	۳۹	۶
تمھاری خدمت کے لیے آٹھ قسم کے جانور پیدا کیے۔	۳۹	۶
شکمِ مادر کے تین اندھیروں میں تمھیں پیدا فرمایا	۳۹	۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مینہ کا برسنا، چشموں کا جاری ہونا، کھیتوں کا اُگنا، پھر پکنا، اہلِ عقل کے لیے اس میں نصیحت ہے۔	٣٩	٢١
آسمانوں اور زمین کی تخلیق، اس میں گوناگوں جانور اس کی قدرت و حکمت کی نشانیاں ہیں۔	٤٢	٢٩
ہر صبار و شکور کے لیے کشتیوں، ہواؤں اور سمندر کی لہروں میں نشانیاں ہیں	٤٢	٣٣،٣٢ ٣٤
اُس کی قدرت کی نشانیاں، آسمان سے رزق کا نزول	٤٠	١٣
رات کو آرام کے لیے بنایا اور دن کو کام کے لیے روشن بنایا	٤٠	٦١ مع حاشیہ
اُس نے زمین کو تمہارے لیے قرار اور آسمان کو چھت بنایا، تمہیں حسین صورت دی، پاکیزہ رزق دیا۔	٤٠	٦٤
کھانے کے لیے اور سواری کے لیے جانور بنائے اور اُن میں دیگر فوائد ہیں کشتی پر تم سوار ہوتے ہو۔	٤٠	٨٠
اُس کی قدرت کی دیگر نشانیاں	٤٠	٨١
زمین کی تخلیق دو دن میں کی، اس میں پہاڑ بنائے، ہر قسم کی خوراک کا انتظام چار دن میں کیا۔	٤١	١٠،٩
دخان سے سات آسمان دو دن میں بنائے	٤١	١١
ہر آسمان کو اُس کے حسبِ حال وحی فرمائی	٤١	١٢
آسمانِ دُنیا کو ستاروں سے مزین کیا۔	٤١	١٢
ذالك تقدير العزيز الحكيم	٤١	١٢
رات، دن، سورج، چاند اُس کی قدرت کی نشانیاں ہیں۔	٤١	٣٧
بنجر زمین پر مینہ کا برسنا، کھیتوں کا لہلہانا اُس کی قدرت کے نشان ہیں	٤١	٣٩
آفاق و انفس میں اللہ کی نشانیاں ہیں	٤١	٥٣ مع حاشیہ
اُس نے زمین کو گہوارہ بنایا اس میں راستے بنائے، وہ بارش برساتا ہے وغیرہ آیاتِ قدرت، زمین و آسمان کی تخلیق	٤٣	١١،١٠ ١٢
تمہاری اپنی پیدائش، حیوانات، گردشِ لیل و نہار، بارش، ہوائیں سب اُس کی قدرت و حکمت کی نشانیاں ہیں	٤٥	٤،٣ ٥
تسخیرِ بحر	٤٥	١٢
تمہارے لیے زمین و آسمان کی ہر چیز کو مسخر کر دیا	٤٥	١٣
اہلِ فکر کے لیے ان میں اُس کی قدرت کی آیات ہیں۔	٤٥	١٣
آسمان کی طرف دیکھو اُسے کیسا بنایا اور آراستہ کیا۔	٥٠	٦
زمین کو کیسے بچھایا، پہاڑ کھڑے کیے ہر قسم کی چیزیں اگائیں	٥٠	٧
ہر فرمانبردار بندے کے لیے اس میں بصیرت افروزی اور یاد دہانی کا سامان ہے	٥٠	٨
بارش کا نزول، باغات، اجناس وغیرہ	٥٠	١١،١٠،٩

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا فرمایا	۵۰	۳۸
آسمان کو بنایا اور اُسے وسعتیں بخشیں	۵۱	۴۷
زمین کا آرام دہ فرش بچھایا	۵۱	۴۸
ہر چیز کے جوڑے بنائے تاکہ تم غور و فکر کرو	۵۱	۴۹

صفاتِ الٰہی

(الف) علمِ الٰہی

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اللہ علیم حکیم ہے	۳۳	۱
〃 〃 〃 〃	۴۹	۸
اللہ لطیفٌ خبیرٌ ہے	۳۳	۳۴
جو تم کرتے ہو اُس کو جانتا ہے	۳۳	۲
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۵	۸
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۸	۱۱
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۸	۲۴
وُہ ہر چیز کو جانتا ہے	۳۳	۴۰
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۹	۱۹
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۳	۵۵
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۴	۲
جو تمہارے دِلوں میں ہے وُہ جانتا ہے وُہ علیم اور حلیم ہے	۳۳	۵۱
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۵	۳۸
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۹	۷

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
جو تمہارے دِلوں میں ہے وُہ جانتا ہے وُہ علیم اور حلیم ہے	۴۲	۲۴
وُہ تمہارے ظاہر و باطن ہر چیز کو جانتا ہے	۳۳	۵۴
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۶	۷۶
علمِ قیامت اللہ کے پاس ہے	۳۳	۶۳
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۳	۸۵
وُہ عالم الغیب ہے	۳۴	۳
زمین و آسمان کا کوئی ذرہ اُس سے مخفی نہیں	〃	〃
علام الغیوب ہے	۳۴	۴۸
ہر عورت اُس کے علم سے حاملہ ہوتی ہے	۳۵	۱۱
عالم الغیب والشہادہ	۳۹	۴۶
وُہ غیبِ السموات والارض کو جاننے والا ہے	۴۹	۱۸
اِلّا لِنَعْلَمَ (علمِ الٰہی کی حقیقت)	۳۴	۲۱ مع حاشیہ
وُہ فتّاحٌ علیم ہے	۳۴	۲۶
وُہ علیمٌ خبیر ہے	۳۴	۱
وُہ سمیعٌ قریب ہے	۳۴	۵۰
وُہ خبیرٌ بصیر ہے	۳۵	۳۱
وُہ علیمٌ قدیر ہے	۳۵	۴۴
وُہ بکل خلق علیم ہے	۳۶	۷۹
〃 〃 〃 〃 〃	۴۲	۱۲
〃 〃 〃 〃 〃	۴۸	۲۶
وُہ سمیعٌ بصیر ہے	۴۲	۱۱
〃 〃 〃 〃 〃	۴۰	۲۰

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
وہ سمیع بصیر ہے	٤٠	٥٦
وہ حکیم علیم ہے	٤٣	٨٤
" " "	٤٨	٤
" " "	٤٩	٨
وہ سمیع علیم ہے	٤٤	٦
" " "	٤٩	١
عمر کی زیادتی اور کمی لوحِ محفوظ میں درج ہے	٣٥	١١
وہ بندوں کو اندازے سے رزق دیتا ہے	٤٢	٢٧
انه بعباده خبير بصير		
وہ شہ رگ سے قریب ہے	٥٠	١٦
دائیں بائیں دو فرشتے ہر شخص کی ہر بات لکھ رہے ہیں	٥٠	١٧، ١٨
جو وہ کہتے ہیں ہم جانتے ہیں	٥٠	٤٥
وہ خائن آنکھ اور دلوں کے بھیدوں کو جانتا ہے	٤٠	١٩
اُس کا علم محیط ہے	٤١	٤٧

(ب) قوّت و عزّتِ خداوندی

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
وہ قوی اور عزیز ہے	٣٣	٢٥
وہ عزیز اور حکیم ہے	٣٤	٢
" " "	٣٤	٢٧
" " "	٣٥	٢
" " "	٤٦	٢
جو عزّت چاہتا ہے تو عزّت اللہ کے پاس ہے	٣٥	١٠

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اُسے کوئی ہرا نہیں سکتا	٣٥	٤٤
وہ عزیز و وہاب ہے	٣٨	٩
وہ عزیز غفار ہے	٣٨	٦٦
" " "	٣٩	٥
وہ عزیز حکیم ہے	٣٩	١
وہ عزیز ذی انتقام ہے	٣٩	٣٧
اللہ عزیز حکیم ہے	٤٢	٣
وہ علی و عظیم ہے	٤٢	٤
وہ ولی حمید ہے	٤٢	٢٨
وہ عزیز حکیم ہے	٤٥	٣٧
" " "	٤٦	٢
" " "	٤٨	٧
" " "	٤٨	١٩
	٤٠	٧
اگر اللہ چاہتا تو کفار سے خود ہی بدلے لیتا لیکن اس کی حکمت ہے وہ تمہیں آزمانا چاہتا ہے	٤٧	٤
وہ عزیز علیم ہے	٤٠	٢

(ج) رحمت و مغفرتِ الٰہی

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے	٣٣	٥
" " "	٣٣	٢٤
" " "	٣٣	٥٠
" " "	٣٣	٥٩
" " "	٣٣	٧٣

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے	۴۲	۵
" " " "	۴۶	۸
" " " "	۴۸	۱۴
اللہ غفور رحیم ہے	۴۹	۵
" " "	۴۹	۱۴
وہ رحیم و غفور ہے	۳۴	۲
وہ عزیز غفور ہے	۳۵	۲۸
وہ غفور شکور ہے	۳۵	۳۰
" " "	۴۲	۲۳
وہ اپنے بندوں کے ساتھ لطیف ہے	۴۲	۱۹
اگر لوگوں کے اعمال کے مطابق اللہ تعالیٰ گرفت کرتا تو کوئی جاندار زندہ نہ رہتا	۳۳	۴۵
لیکن اس نے ایک وقت مقرر فرما دیا	۳۵	۴۵
اس کی رحمت سے مت ناامید ہو	۳۹	۵۳
توبہ کا اسلامی فلسفہ	۳۹	حاشیہ آیت بالا
وقت سے پہلے توبہ کر لو	۳۹	۵۴
اگر اس کی رحمت نہ ہوتی تو فرشتے اہل زمین کے لیے مغفرت طلب نہ کرتے اور آسمان پھٹ جاتے	۴۲	۵
جو نیکی کرتا ہے اس کی نیکی کا حسن دوبالا کر دیا جاتا ہے	۴۲	۲۳
فنا فی الشیخ، فنا فی الرسول، فنا فی اللہ	۴۲	حاشیہ آیت بالا
اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے ان کی برائیوں کو معاف کر دیتا ہے	۴۲	۲۵
توبہ کی حقیقت اور شرائط	۴۲	حاشیہ آیت بالا

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مایوسی کے بعد بارش برساتا ہے	۴۲	۲۸
تمہاری تکالیف تمہارے اعمال کا نتیجہ ہیں۔ ویعفوا عن کثیر	۴۲	۳۰
تم سے ناراض ہو کر ہم قرآن سے تمہیں محروم نہیں کریں گے۔	۴۳	۵
وہ العزیز الرحیم ہے	۴۴	۴۲
اللہ تعالیٰ تواب رحیم ہے	۴۹	۱۲
وہ البر الرحیم ہے	۵۲	۲۸
گناہ بخشنے والا توبہ قبول کرنے والا ہے	۴۰	۳
ذی الطول	۴۰	۳
آپ کا رب بخشش والا اور دردناک عذاب والا ہے۔	۴۱	۴۳
(د) اللہ تعالیٰ ہر چیز کا خالق و مالک ہے		
وہ آسمانوں اور زمین کا فاطر (پیدا کرنے والا) ہے	۳۴	۱
" " " " " " " " "	۳۹	۴۶
انسان کو مٹی سے پھر نطفہ سے پیدا فرماتا ہے	۳۵	۱۱
پھر جوڑا جوڑا بناتا ہے	۳۵	۱۱
ہر عورت اس کے علم سے حاملہ ہوتی ہے	۳۵	۱۱
ہر شے اس کے قبضہ قدرت میں ہے وہ ہر عیب سے پاک ہے۔	۳۶	۸۳
آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا فرمایا	۳۹	۵
" " " " " " " "	۴۶	۳

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
رات کو دن پر اور دن کو رات پر لپیٹتا ہے	۳۹	۵
تم سب کو ایک نفس سے پیدا فرمایا	۳۹	۶
شفاعت کا مالک اللہ ہے	۳۹	۴۴
آسمان اور زمین اور ملک اس کے قبضہ میں ہیں	۳۹	۴۴
وہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا	۴۲	۱۱
تمھیں جوڑا جوڑا بنانے والا بھی وہی ہے		
ہر چیز کا خالق اللہ ہے	۳۹	۶۲
آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اسی کے قبضے میں ہیں	۴۲	۱۲
〃 〃 〃 〃	۳۹	۶۳
آسمانوں اور زمین میں سب کچھ اسی کا ہے	۴۲	۴
جس کو چاہتا ہے فراخ روزی دیتا ہے	۴۲	۱۲
جس کو چاہتا ہے تنگ روزی دیتا ہے		
آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ کے لیے ہے	۴۲	۴۹
〃 〃 〃 〃	۴۲	۵۳
〃 〃 〃 〃	۴۳	۸۵
〃 〃 〃 〃	۴۸	۱۴
وہ آسمانوں اور زمین کا رب ہے	۴۴	۷
ہم نے زمین و آسمان کو کھیل کے طور پر پیدا نہیں کیا	۴۴	۳۸
ہم نے انھیں حق کے ساتھ پیدا کیا	۴۴	۳۹
آسمانوں اور زمین کے لشکر اللہ تعالیٰ کے ہیں	۴۸	۴
〃 〃 〃 〃	۴۸	۷
ہم نے انسان کو پیدا فرمایا	۵۰	۱۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ہم اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ اس کے نزدیک ہیں	۵۰	۱۶
ارض و سما کو چھ دن میں پیدا کیا پھر بھی تھکا نہیں	۵۰	۳۸
ہم ہی زندہ کرتے ہیں اور مارتے ہیں	۵۰	۴۳
تمھارا رب وہی ہے جو ہر شی کا خالق ہے	۴۰	۶۱
انسان کو پہلے مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر علقہ سے تخلیق کے مختلف مرحلوں سے گزارا، پھر بچپن، جوانی، بڑھاپا زندگی کی مختلف منزلوں میں اس کا سفر حیات جاری رکھا	۴۰	۶۷

(۵) اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے	۳۳	۲۷
〃 〃 〃 〃	۳۴	۱
〃 〃 〃 〃	۳۵	۱
〃 〃 〃 〃	۴۱	۳۹
کسی پر جو رحمت کرنا چاہے کوئی روک نہیں سکتا، جو روکنا چاہے کوئی دے نہیں سکتا	۳۴	۲
اللہ کا حکم ہو کر رہتا ہے	۳۳	۳۷
اللہ کا حکم مقرر تقدیر ہے	۳۳	۳۸
آپ کا رب ہر چیز کا نگہبان ہے۔	۳۴	۲۱
وہ علی کبیر ہے	۳۴	۲۳

	سورة نمبر	آیت نمبر
میرا رب جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے	٣٤	٣٩
	٣٩	٥٢
اگر چاہے تو تمہیں فنا کر دے اور کوئی دوسری قوم لے آئے	٣٥	١٦
آسمانوں اور زمین کو سرکنے سے اس نے روکا ہوا ہے	٣٥	٤١
اسے کوئی نیچا نہیں دکھا سکتا	٣٥	٤٤
ہم مُردوں کو زندہ کرتے ہیں اور ان کے اعمال کو لکھتے ہیں	٣٦	١٢
کُنْ فَیَکُوْن	٣٦	٨٢
بے شک تو بہت بخشنے والا ہے (الوھاب)	٣٨	٨٥
تسخیر شمس و قمر، یہ نظام ایک مقرر وقت تک چل رہا ہے	٣٩	٥
موت اور نیند دونوں حالتوں میں اللہ تعالیٰ رُوح کو قبض کر لیتا ہے	٣٩	٤٢
جسے چاہتا ہے فراخ روزی دیتا ہے جسے چاہتا ہے تنگ، تقسیم رزق میں بڑی حکمتیں ہیں	٣٩	٦٧
اللہ کی بے پایاں قدرت، زمین اور آسمان اس کی دائیں مٹھی میں ہے	٣٩	٦٧
وُہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے	٤٢	٩
ہر چیز پر قادر ہے اس آیت کی صوفیانہ تفسیر	٤٢	حاشیہ آیت بالا

	سورة نمبر	آیت نمبر
جس کو چاہتا ہے رزق دیتا ہے، وُہ قوی عزیز ہے	٤٢	١٩
وُہ باطل کو مٹاتا ہے حق کو غلبہ دیتا ہے	٤٢	٢٤
تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے۔ اس کے بغیر تمہارا کوئی کارساز نہیں	٤٢	٣١
وُہ علیم و قدیر ہے	٤٢	٥٠
وُہ شدید العقاب ہے	٤٠	٣
وُہ درجات بلند کرنے والا العرش کا مالک ہے	٤٠	١٥
آج بادشاہی اللہ واحد قہار کی ہے	٤٠	١٦
وُہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے	٤٤	٨
اللہ تعالیٰ آسمان و زمین کو پیدا کر کے تھک نہیں گیا	٤٦	٣٣
وُہ مُردوں کو پھر زندہ کرے گا	٤٦	٣٣ حاشیہ
بائبل میں ہے وُہ تھک گیا اور اس نے آرام کیا۔	"	"
جس کو چاہتا ہے بخش دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے	٤٨	١٤
اللہ رزاق ہے قوت والا ہے	٥١	٥٨
وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے	٤٠	٦٨

(د) اللہ تعالیٰ کسے ہدایت دیتا ہے

	سورة نمبر	آیت نمبر
اللہ جس کو چاہتا ہے اپنے لیے چن لیتا ہے اور جو صدق دل سے جھکتا ہے اس کو ہدایت دیتا ہے	٤٢	١٣

	سُورۃ نمبر	آیت نمبر
شانِ اجتبا کی تشریح	۴۲	حاشیہ آیت نمبر ۱۳
ہم جس کو چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں	۴۲	۵۳
اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے	۴۹	۹
(ز) وُہ کسے ہدایت نہیں دیتا اور محبت نہیں کرتا		
اللہ تعالیٰ جھوٹے اور ناشکرے کو ہدایت نہیں دیتا	۳۹	۳
جسے خدا گمراہ کر دے اُسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا	۳۹	۲۳
ظالموں کا کوئی مددگار نہیں	۴۲	۸
وُہ ظالموں سے محبت نہیں کرتا	۴۲	۴۰
اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا	۴۶	۱۰
ہر متکبر سرکش کے دل پر وُہ مُہر لگا دیتا ہے	۴۰	۳۵
(ح) وُہ ہر عیب سے پاک ہے		
وُہ وعدہ خلافی نہیں کرتا	۳۹	۲۰
زمین و آسمان اور عرش کا رب اُن کے بیان کردہ خرافات سے پاک ہے	۴۳	۸۲
آپ کا رب بندوں پر ظلم نہیں کرتا	۴۱	۴۶
کائنات کو پیدا کر کے ہم تھک نہیں گئے	۵۰	۱۵
ہم بندوں پر ظلم نہیں کرتے	۵۰	۲۹
ہمیں تھکاوٹ نہیں ہوتی	۵۰	۳۸
میں اُن سے رزق طلب نہیں کرتا	۵۱	۵۷

	سُورۃ نمبر	آیت نمبر
جن کو وُہ شریک ٹھہراتے ہیں اللہ تعالیٰ اُن سے پاک ہے	۵۲	۴۳
(ط) متفرق		
اللہ تعالیٰ حق کہتا ہے اور سیدھی راہ کی ہدایت دیتا ہے	۳۳	۴
اللہ وکیل کافی ہے	۳۳	۳
	۳۳	۴۸
اللہ کی سُنّت میں تو تبدیلی نہیں پائے گا	۳۳	۶۲
پاکیزہ کلمے اُسی کی طرف بلند ہوتے ہیں اور عمل صالح اُس کے درجے کو بلند کرتے ہیں	۳۵	۱۰
لوگ محتاج ہیں اللہ غنی ہے	۳۵	۱۵
اللہ کی سُنّت میں تو تبدیلی نہیں پائے گا	۳۵	۴۳
جس کو ہم لمبی عمر دیتے ہیں اس کی قوتیں کمزور کر دیتے ہیں	۳۶	۶۸
اگر سب بندوں کو اللہ تعالیٰ کشادہ روزی دیتا تو وُہ باغی بن جاتے لیکن وُہ اندازے سے رزق دیتا ہے	۴۲	۲۷
اللہ غنی ہے اور تم فقراء ہو	۴۷	۳۸
اللہ کی یہ سُنّت ہے کہ آخر کار حق غالب آتا ہے اور باطل شکست کھاتا ہے۔ اِس سُنّت میں ردو بدل نہیں ہو سکتا	۴۸	۲۳
میرا فیصلہ میرے نزدیک بدلتا نہیں	۵۰	۲۹

سیدنا و مولٰینا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
(الف) نبوت و رسالت		
نبوت کی لغوی اور اصطلاحی تعریف	۳۳	۱ مع حاشیہ
رسولوں سے تبلیغ حق کا پختہ وعدہ لیا گیا	۳۳	۷
جو کام اللہ تعالیٰ نبی پر فرض کرے اُس کو بجالانا ضروری ہوتا ہے	۳۳	۳۸
حضورؐ کی کثرت ازواج پر یہود و نصاریٰ کا اعتراض اور اُس کا جواب	۳۳	حاشیہ آیت نمبر ۳۶
انبیاء و رسل اللہ کا پیغام پہنچاتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے	۳۳	۳۹
حق آگیا باطل کی قوت کا خاتمہ ہو گیا	۳۴	۴۹
ہر اُمت میں ڈرانے والا بھیجا گیا ہے	۳۵	۲۴
قسم ہے قرآن کی آپ رسولوں میں سے ہیں	۳۶	۳
آپ سیدھی راہ پر ہیں	۳۶	۴
آپ کی بعثت کا مقصد	۳۶	۶
اللہ کے رسول ہی آخرکار فتح یاب ہوتے ہیں	۳۷	۱۷۱، ۱۷۲، ۱۷۳
سب انبیاء نوح، ابراہیم، موسیٰ، عیسیٰ علیہم السلام کو حکم ہے کہ دین کو قائم کریں	۴۲	۱۳
آپ کا فرض تبلیغ حق ہے آپ ان کے ذمہ دار نہیں۔	۴۲	۴۸
انبیاء پر نزول وحی اور خطاب الٰہی کے مختلف طریقے	۴۲	۵۱
حضورؐ کی رسالت کا اعلان	۴۸	۲۹
آپ نصیحت کیا کریں کیونکہ نصیحت کرنا مومنین کے لیے نفع مند ہے	۵۱	۵۵
آپ نصیحت کیا کریں اللہ کے احسان سے نہ کاہن ہیں نہ مجنوں	۵۲	۲۹
کفار کا عقبہ کو تحقیق حق کے لیے بھیجنا قرآن کریم سن کر اُس کا دنگ رہ جانا	۴۱	۱۴ حاشیہ
(ب) رحمت و خُلق عظیم		
اپنی اُمت کے ساتھ حضورؐ کی حد درجہ محبت	۳۳	۶ مع حاشیہ
میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا میرا اجر اللہ کے ذمے	۳۴	۴۷
آپ بدکاروں کے لیے آزردہ خاطر نہ ہوں	۳۵	۸
میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا اور نہ میں تکلف کرنے والوں سے ہوں	۳۸	۸۶
آپ بھی دین حق کی طرف دعوت حق دیجیے	۴۲	۱۵
عظیم آیت۔ اس میں دس احکام ہیں	۴۲	۱۵
کیا آپ بہروں اور اندھوں کو راہ دکھانا چاہتے ہیں	۴۳	۴۰
ہم ان منکرین کو جلد یا بدیر ضرور سزا دیں گے	۴۳	۴۱

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مکہ میں شدید قحط، ابوسفیان کا مدینہ میں حاضر ہو کر التماسِ دعا کرنا، حضورؐ کی دعا اور بارش	۴۴	آیت نمبر ۱۲ کا حاشیہ
واستغفر لذنبك وللمؤمنين اپنی اُمت کی مغفرت کے لیے دعا مانگیے اور صبح شام تسبیح و تحمید کیجیے	۴۷	۱۹ مع حاشیہ
	۴۰	۵۵
کفار کی اذیت رسانی پر صبر کی تلقین اور ہر لحظہ ذکرِ الٰہی کی تاکید	۵۰	۳۹، ۴۰
حضورؐ کوئی اجر نہیں مانگتے	۵۲	۴۰
صبر کی تلقین محض تانیس و دلجوئی کے لیے ہے	۴۰	۷۷ مع حاشیہ

ج) شانِ مصطفویؐ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
حضرت زید کی محبت بے پایاں اور اُس کی برکات	۳۳	۵ مع حاشیہ
النبي أولى بالمؤمنين	۳۳	۶
حضورؐ کی ازواج مومنوں کی مائیں ہیں	۳۳	۶
انبیاء کے ذکر میں حضورؐ کو مقدم کیا کیونکہ حضورؐ اوّل الخلق ہیں	۳۳	۷ مع حاشیہ
اہلِ ایمان کے لیے رسولؐ کی ذات بہترین نمونہ ہے	۳۳	۲۱
اُسوۂ حسنہ کی تشریح	۳۳	آیت ۲۱ کا حاشیہ
حضرت زید کے بارے میں فرمایا جس پر اللہ نے انعام فرمایا اور آپ نے انعام فرمایا	۳۳	۳۷
اس واقعہ کا تفصیلی تجزیہ	۳۳	آیت ۳۷ کا حاشیہ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
حضورؐ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں	۳۳	۴۰
عقیدۂ ختمِ نبوت کے عقلی اور نقلی دلائل، تاویلاتِ باطلہ کا رد، مفصل بحث	۳۳	حواشی آیت ۴۰
ہم نے آپ کو شاہد، مبشر، نذیر، داعی الی اللہ اور سراجِ منیر بنا کر بھیجا ہے	۳۳	۴۶
ان اسماءِ حسنیٰ نبویہ کی تشریح	۳۳	حاشیہ آیت ۴۶
حضورؐ کی کثرتِ ازواج کی حکمت	۳۳	۵۰ مع حاشیہ
مساوی سلوک کرنے کی پابندی نہیں پھر بھی حضورؐ مساوی سلوک فرمایا کرتے	۳۳	۵۱
مزید نکاح کی ممانعت	۳۳	۵۲
حضورؐ کی ازواجِ مطہرات سے نکاح کی ممانعت	۳۳	۵۳
اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتے نبی کریمؐ پر درود بھیجتے ہیں	۳۳	۵۶
اے ایمان والو تم بھی درود و سلام بھیجا کرو	۳۳	۵۶
درود شریف کے فضائل و برکات، صلوٰۃ و سلام کا لغوی اور اصطلاحی معنی، درود شریف پڑھنے کے خصوصی مقامات، مفصل بحث	۳۳	حاشیہ آیت نمبر ۵۶
جو اللہ اور اُس کے رسولؐ کو اذیت پہنچاتے ہیں اُن پر اللہ کی لعنت اور رسواکن عذاب	۳۳	۵۷
آپؐ سب بنی نوعِ انسان کے رسولؐ ہیں	۳۴	۲۸
آپؐ کو حق کے ساتھ بشیر و نذیر بنا کر بھیجا گیا	۳۵	۲۴

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ابُوجہل کا حضورؐ کو پتھر مارنے کے ارادہ سے آگے بڑھنا اور اُس کا انجام	۳۶	۸ مع حاشیہ
قرآن کی قسم حضورؐ سچے نبی ہیں	۳۸	۱ مع حاشیہ
حضورؐ کی حکومت کا دائرہ سلیمانی حکومت سے کہیں وسیع تھا	۳۸	آیت نمبر ۳۵ کا حاشیہ
جب حضرت سلیمانؑ کو اختیار دیا تو سیدالرسلؐ کو کیا نہ دیا ہوگا	۳۸	حاشیہ آیت نمبر ۳۹، ۴۰
میں ڈرانے والا ہوں	۳۸	۶۵
حضورؐ اوّل المسلمین ہیں	۳۹	۱۲
وُہ آپ کو اپنے بتوں سے ڈراتے ہیں کیا اللہ آپ کی مدد کے لیے کافی نہیں	۳۹	۳۶
میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا الا المودۃ فی القربٰی (اس کی وضاحت)	۴۲	۲۳ مع حاشیہ
اعلانِ نبوت سے پہلے کیا حضورؐ کو کتاب و ایمان کا علم نہ تھا؟ تفصیلی بحث	۴۲	۵۲ مع حاشیہ
آپ صراطِ مستقیم کی طرف راہنمائی کرتے ہیں الخ	۴۲	۵۲، ۵۳
بے شک آپ سیدھی راہ پر ہیں	۴۳	۴۳
قرآن آپ کے لیے اور آپ کی قوم کے لیے وجہِ عزو شرف ہے	۴۳	۴۴
حضورؐ کے قول کی قسم (وقیلہ)	۴۳	۸۸
مزارِ پُرانوار سیدالابرار عرش سے افضل ہے	۴۴	حاشیہ آیت نمبر ۳
تبع ابوکرب کا مشرف باسلام ہونا، حضورؐ کی خدمت میں عریضہ کہ میں حضورؐ کے پہلے پہلے غلاموں سے ہوں مجھے روزِ قیامت فراموش نہ فرمایئے۔ ابُوایوب انصاری کا وُہ عریضہ پیش خدمت کرنا، حضورؐ کا تبع کے ایمان کو قبول فرمانا اور شفاعت کا ذمہ لینا	۴۴	حاشیہ آیت نمبر ۳۷
بارگاہ رسالت میں فریاد شرک نہیں عین ایمان اور پاکانِ اُمت کا معمول ہے	۴۶	۵، ۶ مع حواشی
میری رسالت کا خُدا گواہ ہے	۴۶	۸
لا ادری ما یفعل بی ولا بکم الآیہ کی تشریح	۴۶	۹ مع حاشیہ
جنات بھی حضورؐ کے اُمتی ہیں، اُن کا قرآن سُننا، اُس پر ایمان لانا، اپنی قوم میں واپس جا کر تبلیغ اسلام کرنا	۴۶	۲۹ تا ۳۲
حضرت سواد ابن کارب کا ایک جن کے کہنے پر ایمان لانا اور بارگاہِ رسالت میں یہ قصیدہ پیش کرنا وانک مامونٌ علی کل غائب	۴۶	۲۹ تا ۳۲ مع حواشی آیاتِ مذکورہ
آپ صبر کیجیے جس طرح اُولوالعزم رسولوں نے صبر کیا	۴۶	۳۵
عصمتِ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (واستغفر لذنبک وللمؤمنین)	۴۷	۱۹ مع حاشیہ
ہم نے آپ کو فتح مبین عطا فرمائی	۴۸	۱
عصمتِ نبوت (لیغفرلک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تأخر)	۴۸	۲ مع حاشیہ
حضورؐ پر اللہ نے اپنی نعمت تمام کر دی	۴۸	۲
اور آپ کی زبردست مدد فرمائی	۴۸	۲
آپ کو شاہد، مبشر اور نذیر بنا کر بھیجا	۴۸	۸

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آپ کی تعظیم اور توقیر کا حکم وتعزروہ وتوقروہ	۴۸	۹ مع حاشیہ
جو آپ کی بیعت کرتے ہیں وہ اللہ کی بیعت کرتے ہیں	۴۸	۱۰
اللہ کا ہاتھ اُن کے ہاتھوں کے اُوپر ہوتا ہے	۴۸	۱۰
حضورؐ کے دستِ مبارک پر بیعت کرنے والوں سے اللہ راضی ہوگیا اور اُن پر دیگر انعامات	۴۸	۱۸
حضورؐ کا خواب کہ تم مسجد حرام میں ضرور داخل ہوگے۔ اللہ نے وہ خواب سچا کر دکھایا۔	۴۸	۲۷
حضورؐ کو ہدایت اور دین حق دے کر مبعوث فرمایا تاکہ سارے دینوں پر اس دین کو غلبہ دے	۴۸	۲۸
آپ ہماری قُدرت کی آنکھوں میں بستے ہیں (فانّک باعیننا)	۵۲	۴۸ مع حاشیہ
(د) نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا علم		
ہم نے آپ کو شعر نہیں سکھایا بلکہ ذکر اور قرآن سکھایا	۳۶	۶۹
شعر کی تشریح	۳۶	حاشیہ آیت نمبر ۶۹
ملاء اعلیٰ کا علم بہ تعلیم الٰہی		۶۹، مع حاشیہ
کیا حضورؐ کو اپنے انجام کا علم نہ تھا؟	۴۶	۹ مع حاشیہ
حضرت سواد ابن کارب کی شہادت	۴۶	حاشیہ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
(وانّک مامونٌ علی کل غائب)	۴۶	آیت نمبر ۲۹
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو منافقین کا علم دے دیا گیا تھا	۴۷	۳۰
ثابت ابن قیسؓ کو سعادت، شہادت اور جنت کی بشارت	۴۹	حاشیہ آیت نمبر ۲
میرا یہ بیٹا سردار ہے یہ دو مسلمان گروہوں میں صلح کرائے گا	۴۹	۹ مع حاشیہ
جن رسولوں کا ذکر قرآن میں نہیں اُن کا علم بھی دیا گیا	۴۰	۷۸ مع حاشیہ
(ہ) آدابِ نبوّت		
حضورؐ کے حُجروں میں جانے کے آداب	۳۳	۵۳
حضورؐ کے گھر سے کوئی چیز مانگنا ہو تو پردہ کے باہر کھڑے ہو کر مانگو	۳۳	۵۳
جس طرح بنی اسرائیل نے موسیٰؑ کو ستایا تھا۔ اے ایمان والو میرے نبی مکرم کے ساتھ یہ سلوک مت کرو	۳۳	۶۹
حضورؐ کی تعظیم اور توقیر کا حکم (وتعزروہ وتوقروہ)	۴۸	۹
اللہ اور اُس کے رسولؐ سے آگے بڑھنے کی کوشش مت کرو	۴۹	۱
حضورؐ کے سامنے آواز بلند نہ کرو ورنہ تمہارے اعمال ضائع ہوجائیں گے	۴۹	۲ مع حواشی
صحابہ کا ادب حضرت ثابت ابن قیس	۴۹	حاشیہ آیت نمبر ۲
بارگاہِ نبوّت کا ادب ملحوظ رکھنے والوں کی شان	۴۹	۳

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
بلند آواز سے درود شریف پڑھنے کا حکم	۴۹	حاشیہ آیت نمبر۲
علما وصلحاء کا ادب	۴۹	" " "
حجرات کے باہر سے آواز دینا نادانی ہے	۴۹	۴
وفد بنی تمیم کی آمد اُن کا طرزِ عمل اور فرمائش	۴۹	حاشیہ آیت نمبر۴
حضورؐ کی آمد کا صبر سے انتظار کرو	۴۹	۵

(د) اہلِ بیتِ نبوّت

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
فتوحات سے پہلے ازواجِ مطہرات کی درویشانہ زندگی، فتوحات کے بعد اُن کے مطالبات، ارشادِ الٰہی کہ اگر تمھیں مال واسباب چاہیے تو تمھیں رُخصت کر دیا جائے اور اگر تمھیں اللہ اور اُس کا رسولؐ چاہیے تو تمھیں اجرِ عظیم ملے گا، ازواجِ مطہرات نے اللہ اور رسولؐ کو پسند کیا۔	۳۳	۲۹،۲۸
جو تم میں سے کھلی غلطی کرے گی اُس کو دُگنی سزا ملے گی	۳۳	۳۰
جو تم میں سے فرماں بردار ہوگی اُسے دُگنا اجر ملے گا اور رزقِ کریم	۳۳	۳۱
اَے ازواج النبی تم عام عورتوں کی مانند نہیں ہو	۳۳	۳۲
پردہ کا حکم	۳۳	۳۳
اُمّ المومنین صدیقہؓ پر شیعہ کا اعتراض اور اُس کا رد	۳۳	آیت نمبر۳۳ کا حاشیہ
جنگِ جمل کے تفصیلی حالات	۳۳	۳۳
اُقتلوا نعثل والی روایت جھوٹی ہے	۳۳	۳۳ حاشیہ
اُمّ المومنین اور امیر المومنین کے دلوں میں باہمی قدر ومنزلت	۳۳	۳۳ حاشیہ
نماز، زکوٰۃ کی ادائیگی اور اُس کے رسولؐ کی اطاعت کا حکم	۳۳	۳۳
اَے اہلِ بیت اللہ تعالیٰ تم سے رجس دُور کرنے کا ارادہ کرتا ہے	۳۳	۳۳
کیا ازواجِ مطہرات اہلِ بیت میں داخل ہیں یا نہیں تفصیلی بحث، شیعہ کا نقطۂ نظر اُن کے دلائل اور اُن کا ردّ	۳۳	حاشیہ آیت نمبر ۳۳
ازواج وبنات کے لیے پردہ کا خصوصی حکم	۳۳	۵۹
حضورؐ کی چار صاحبزادیاں تھیں	۳۳	۵۹ مع حاشیہ
اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى کی تشریح	۴۲	۲۳ مع حاشیہ

(ذ) حضورؐ کی اطاعت

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اہلِ ایمان کے لیے حضورؐ کی ذات میں بہترین نمونہ ہے	۳۳	۲۱
اللہ اور اُس کے رسولؐ کے فیصلے کے بعد کسی مومن مرد یا عورت کو کوئی اختیار نہیں رہتا	۳۳	۳۶
اللہ اور رسولؐ کا نافرمان کھلا گمراہ ہے	۳۳	۳۶
حضورؐ کا مطیع ہی فوزِ عظیم حاصل کرے گا	۳۳	۷۱
شریعت کی پابندی کا حکم اور اہوائے نفس کی متابعت کی ممانعت	۴۵	۱۸

	سُورۃ نمبر	آیت نمبر
اطاعتِ خدا اور رسُول کا حکم	۴۷	۳۳
جو اللہ اور اُس کے رسُول کی اطاعت کرے گا اُس کو جنت ملے گی	۴۸	۱۷
اور جو منہ پھیرے گا اُس کو عذابِ الیم	۴۸	۱۷
اطاعتِ رسُول کا حکم	۴۹	۱
اگر اللہ اور رسُول کی اطاعت کرو گے تو تمہارے اعمال میں کمی نہیں کی جائے گی	۴۹	۱۴
ح) اظہارِ عبدیت		
اللہ سے ڈرے	۳۳	۱
کفار و منافقین کی اطاعت کی ممانعت	۳۳	۱ مع حاشیہ
" " " "	۳۳	۴۸
اتباعِ وحی کا حکم	۳۳	۲
اللہ پر توکل کا حکم	۳۳	۳
" " "	۳۳	۴۸
انک میت وانھم میتون	۳۹	۳۰
اللہ کی عبادت کرو اور شکر گزار بندوں میں شامل ہو جاؤ	۳۹	۶۶
قل انما انا بشر مثلکم	۴۱	۶
قرآن کو مضبوطی سے پکڑے رہیے	۴۳	۴۳
شریعت کی پابندی کا حکم	۴۵	۱۸
وما ادری مایفعل بی ولا بکم	۴۶	۹
استغفر لذنبک وللمؤمنین	۴۷	۱۹
اپنے رب کے حکم پر صبر کیجیے	۵۲	۴۸
اپنے رب کی حمد کے ساتھ پاکی بیان کیجیے	۵۲	۴۹

	سُورۃ نمبر	آیت نمبر
ط) اسلام		
دین کو اللہ کے لیے خالص کرتے ہوئے اُس کی عبادت کرو	۳۹	۲
خبردار دین خالص فقط اللہ کے لیے ہے	۳۹	۳
جس کا سینہ وہ اسلام کے لیے کھول دے وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے	۳۹	۲۲
شریعت کی پابندی کا حکم اور جاہلوں کی خواہشات سے اجتناب کی تاکید	۴۵	۱۸
دینِ اسلام کو سب دینوں پر اللہ تعالیٰ غلبہ دینا چاہتا ہے	۴۸	۲۸
مکارمِ اخلاق کی تعلیم مسلمان بھائی بھائی ہیں اگر لڑیں تو اُن کے درمیان صلح کرادو	۴۹	۱۰
ایک دوسرے کا مسخر نہ اُڑاؤ	۴۹	۱۱
ایک دوسرے پر عیب نہ لگاؤ	۴۹	۱۱
بُرے القاب سے یاد نہ کرو	۴۹	۱۱
بئس الاسم الفسوق بعد الایمان	۴۹	۱۱
سوءِ ظن سے بچو	۴۹	۱۲
ایک دوسرے کی جاسوسی مت کرو	۴۹	۱۲
غیبت نہ کرو یہ تو مُردہ بھائی کا گوشت کھانا ہے	۴۹	۱۲
نسب اور رنگ وجہ شرف نہیں		
ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم جو تم میں سے زیادہ متقی ہے وہ اللہ کے نزدیک عزت والا ہے	۴۹	۱۳ مع حاشیہ
شعوب و قبائل پہچان کے لیے ہیں		

	سُورۃ نمبر	آیت نمبر
اِسلام لانے کا اِحسان اللہ پر مت جتلاؤ۔ یہ اُس کا اِحسان ہے کہ	۴۹	۱۷
اُس نے تمھیں ہدایت دی	۴۹	۱۷

انبیاء علیہم السّلام

	سُورۃ نمبر	آیت نمبر
اللہ تعالیٰ جس پر چاہتا ہے وحی نازل فرماتا ہے	۴۰	۱۵
ہم اپنے رسُولوں کی اور مومنین کی مدد کرتے ہیں	۴۰	۵۱
بعض انبیاء کا ذِکر قرآن میں ہے بعض کا نہیں	۴۰	۷۸
نبی اذنِ الٰہی سے معجزہ پیش کرتا ہے	۴۰	۷۸
آدم علیہ السّلام		
تخلیقِ آدم کیچڑ سے ہوئی نفخت فیہ من روحی کا شرف آدم کو حاصل ہُوا	۳۸	۷۲
فرشتوں کو سجدہ کرنے کا حکم	۳۸	۷۲،۷۳
اِبلیس کا اِنکار اور تکبر کا اِظہار کہ میں	۳۸	۷۳،۷۴
آدم سے بہتر ہُوں		۷۵،۷۶
اِبلیس کا راندہ جانا	۳۸	۷۷،۷۸
اُس کا مُہلت مانگنا اور مُہلت کا مِلنا	۳۸	۷۹،۸۰،۸۱
شیطان کا چیلنج کہ تیری عزت کی قسم میں اولادِ آدم کو گمراہ کروں گا سوائے تیرے	۳۸	۸۲،۸۳
مخلص بندوں کے		
اللہ تعالیٰ کا جواب	۳۸	۸۴،۸۵،۸۶
ابراہیم علیہ السّلام		
حضرت ابراہیمؑ نوحؑ کی جماعت سے تھے	۳۷	۸۳
آپ کا قلب سلیم تھا	۳۷	۸۴
آپ کا اپنی قوم کو توحید کی دعوت دینا	۳۷	۸۵
قوم کا میلہ منانے کے لیے جانا۔ آپ کا بُت خانہ میں بُتوں کو ریزہ ریزہ کرنا تفصیلی تذکرہ	۳۷	۸۸ تا ۹۳
قوم کی میلہ سے واپسی۔ ہوش رُبا منظر آپ کے پاس دوڑتے آئے	۳۷	۹۴
اُن کے غلط عقائد پر آپ کا بھرپور وار	۳۷	۹۵،۹۶
اُن کا آتش کدہ بھڑکانا اور آپ کا محفوظ رہنا	۳۷	۹۷،۹۸
آپ کا وہاں سے ہجرت کر جانا	۳۷	۹۹
بچے کے لیے دُعا اور اس کی قبولیت	۳۷	۱۰۰،۱۰۱
بچے کو ذبح کرنے کا حکم۔ باپ بیٹے کا جذبۂ تسلیم و رضا	۳۷	۱۰۲ تا ۱۰۵
یہ فرزند کون تھا، اسمٰعیل یا اسحاق علیہما السّلام	۳۷	تشریح آیت نمبر ۱۰۳

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آپ کا ذکرِ خیر ہمیشہ باقی رہے گا	٣٧	١٠٨ تا ١١١
حضرت اسحاقؑ کی بشارت	٣٧	١١٢
ابراہیمؑ، اسحاقؑ، یعقوبؑ بڑے طاقتور اور روشن دل تھے (اولی الایدی والابصار)	٣٨	٤٥
وہ ہمیشہ یادِ آخرت میں لگے رہتے	٣٨	٤٦
یہ چنے ہوئے پسندیدہ لوگ تھے	٣٨	٤٧
حضرت ابراہیمؑ کا اپنے باپ اور قوم کو وعظ	٤٣	٢٦، ٢٧
		٢٨
ابراہیمؑ کے پاس انسانی شکل میں فرشتوں کی آمد، آپ کا گوشت بھون کر پیش کرنا	٥١	٢٤، ٢٥
		٢٦
فرشتوں کا بیٹے کی بشارت دینا	٥١	٢٨
حضرت سارہ کا اس پر متعجب ہونا،	٥١	٢٩، ٣٠
فرشتوں کا جواب	٥١	٣٠
کیا اس سے ماتم کا جواز ثابت ہوتا ہے؟	٥١	حاشیہ آیت نمبر ٢٩
فرشتوں کا بتانا کہ وہ قوم لوطؑ کو برباد کرنے کے لیے بھیجے گئے ہیں	٥١	٣١ تا ٣٧
الیاس علیہ السلام		
حضرت الیاسؑ رسول تھے	٣٧	١٢٣
اپنی قوم کو دعوتِ توحید	٣٧	١٢٤ تا ١٢٦
قوم نے آپ کو جھٹلایا	٣٧	١٢٧
ان کا ذکرِ خیر، ان پر سلام	٣٧	١٢٨ تا ١٣٢
اسحاق علیہ السلام		
آپ کی بشارت	٣٧	١١٢

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ہم نے آپ پر اور اسحٰق پر برکت دی	٣٧	١١٣
ان کی اولاد میں کچھ نیک ہیں اور کچھ ظالم	٣٧	١١٢
حضرت اسحاق، آپ کی صفاتِ حمیدہ	٣٨	٤٥ تا ٤٧
اسماعیل علیہ السلام		
آپ کی ذبح کا ایمان افروز واقعہ	٣٧	١٠٢ تا ١٠٥
کیا ذبیح آپ تھے تحقیق	٣٧	حاشیہ آیت نمبر ١٠٣
آپ کا ذکر باقی رہے گا	٣٧	١٠٨ تا ١١١
آپ اخیار میں سے تھے	٣٨	٤٨
ایوب علیہ السلام		
آپ کی آزمائش، آپ کی دعا	٣٨	٤١ تا ٤٣
آپ پر عنایاتِ خداوندی	٣٨	٤٣
قسم پورا کرنے کا طریقہ	٣٨	٤٤
نعم العبد انہ اواب کا خطاب	٣٨	٤٤
داؤد علیہ السلام		
داؤد علیہ السلام کو فضیلت بخشی، پہاڑ اور پرندے ان کے ساتھ مل کر تسبیح کہتے	٣٤	١٠
لوہے کو نرم کر دیا		
آپ کو زرہ بنانے کا فن سکھایا	٣٤	١١
زرہ سازی کے ساتھ ساتھ نیک کام کرنے کا حکم دیا	٣٤	١١
آپ بڑے طاقتور تھے	٣٨	١٧
پہاڑ، پرندے سب ان کے فرمانبردار تھے	٣٨	١٨، ١٩

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آپ کو ملک، حکمت اور فصل الخطاب کا انعام دیا گیا	۳۸	۲۰
آپ کے حجرۂ عبادت میں دو فریقوں کا اچانک آجانا، آپ کے پاس اپنا مقدمہ پیش کرنا، تفصیلی تذکرہ	۳۸	۲۱ تا ۲۵
بائیبل کی آپ پر تہمت اور اس کی تحقیق	۳۸	آیت نمبر ۲۵ کا حاشیہ
آپ کو زمین میں خلیفہ مقرر کیا گیا	۳۸	۲۶
آپ کو عدل قائم کرنے کا حکم اور خواہش نفس کی اتباع سے ممانعت	۳۸	۲۶

سُلیمان علیہ السّلام

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ہوا کو آپ کے ماتحت کر دیا، صبح و شام ایک ماہ کی مسافت طے ہوتی	۳۴	۱۲
عین القطر، جنات کو بھی ان کا تابع فرمان بنا دیا گیا	۳۴	۱۲
جنات آپ کے لیے مختلف چیزیں بناتے، پختہ عمارتیں، مجسمے، لگن، دیگیں وغیرہ	۳۴	۱۳
آپ کو شکر ادا کرنے کا حکم	۳۴	۱۳
جنات کو آپ کی وفات کا کیسے علم ہوا	۳۴	۱۴
حیاتِ انبیاء علیہم السّلام	۳۴	حاشیہ آیت نمبر ۱۴
سلیمان علیہ السّلام کو نعم العبد انّہ اوّاب فرمایا گیا	۳۸	۳۰
آپ کا گھوڑوں کو ملاحظہ کرنا، اس بارے میں روایات کی تحقیق	۳۸	۳۱ تا ۳۳ مع حواشی
آپ کی آزمائش (اسرائیلی روایات کی تہمت)	۳۸	۳۴
آپ کی دُعا	۳۸	۳۵
ہوا آپ کے ماتحت تھی	۳۸	۳۶
سب شیطان (دیو) بھی ماتحت کر دیئے، (کوئی معمار کوئی غوطہ خور)	۳۸	۳۷، ۳۸
یہ ہمارا انعام ہے چاہے پاس رکھ چاہے کسی کو دے دے عام اجازت ہے	۳۸	۳۹ مع حاشیہ
آپ بڑے مقرب، آپ کا انجام بہت عمدہ	۳۸	۴۰
جب حضرت سلیمان علیہ السّلام کی یہ شان ہے تو محبوب رب العالمین کی شان کیا ہو گی	۳۸	حاشیہ آیت نمبر ۴۰

صالح علیہ السّلام

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آپ کی قوم ثمود کی سرکشی اور تباہی	۵۱	۴۳ تا ۴۵
آپ کی قوم نے گمراہی کو ہدایت پر ترجیح دی اور ہلاک و برباد ہوئی	۴۱	۱۷، ۱۸

عیسیٰ علیہ السّلام

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ابنِ مریم کے ذکر پر اہلِ مکہ کا شور و غل	۴۳	۵۷، ۵۸
حالانکہ وُہ ہمارا بندہ ہے جس پر ہم نے انعام فرمایا	۴۳	۵۹
آپ قیامت کی نشانی، تفصیلی بحث	۴۳	۶۱
آپ کی آمد اور وعظ کہ اللہ کی عبادت کیا کرو	۴۳	۶۳، ۶۴
عیسائی فرقوں کا اختلاف	۴۳	۶۵

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
لوط علیہ السّلام		
آپ رسول تھے	٣٧	١٣٣
آپ کی نجات اور منکرین کی تباہی	٣٧	١٣٤ تا ١٣٧
موسیٰ و ہارون علیہما السّلام		
آپ پر قوم نے جو الزام لگایا اللہ نے اس سے آپ کو بری کر دیا	٣٣	٦٩
آپ اپنے رب کے ہاں بڑے معزز تھے	٣٣	٦٩
قوم کا آپ کے ساتھ معاندانہ رویہ، بحوالہ بائیبل	٣٣	حاشیہ آیت نمبر ٦٩
ہم نے موسیٰ و ہارون پر احسان فرمایا	٣٧	١١٤
انھیں اور ان کی قوم کو غلامی کے عذاب سے نجات دی	٣٧	١١٥، ١١٦
انھیں روشن کتاب دی	٣٧	١١٧، ١١٨
ان کے ذکر کو دوام بخشا	٣٧	١١٩ تا ١٢١
موسیٰ علیہ السّلام اور فرعون کا تذکرہ	٤٣	٤٦
فرعون کا آپ کو ساحر کہنا	٤٣	٤٩ مع حاشیہ
فرعون کا اترانا کہ میں مصر کا مالک ہوں	٤٣	٥١، ٥٢
یہ دریا اور نہریں میری ہیں اور موسیٰ مہین ہیں		٥٣
قوم فرعون کی گمراہی اور تباہی	٤٣	٥٤، ٥٥، ٥٦
آپ کا فرعون سے بنی اسرائیل کو آزاد کرنے کا مطالبہ اور سرکشی سے باز آنے	٤٤	١٧، ١٨
کی نصیحت		١٩

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
میں تمہاری سنگ باری سے اپنے رب کی پناہ مانگتا ہوں	٤٤	٢٠، ٢١، ٢٢
مصر سے ہجرت کا حکم، بحر احمر کو عبور کرنے کی ہدایت اور ان کے غرق ہونے کی خبر	٤٤	٢٣، ٢٤
فرعون کی غرقابی، اتنے باغات، محلات وہ پیچھے چھوڑ کر چلے گئے	٤٤	٢٥ تا ٢٨
نہ ان پر آسمان رویا نہ زمین	٤٤	٢٩
ہم نے بنی اسرائیل کو متکبر فرعون سے نجات دی	٤٤	٣٠، ٣١
بنی اسرائیل کو چن لیا	٤٤	٣٢، ٣٣
سلطان مبین کے ساتھ آپ کا فرعون کے پاس جانا، اس کی روگردانی اور غرقابی	٥١	٣٨، ٣٩، ٤٠
حضرت موسیٰ کو دلائل کے ساتھ فرعون، ہامان اور قارون کی طرف بھیجا گیا	٤٠	٢٣، ٢٤
فرعون ان کے بیٹوں کو قتل کرتا ہے اور عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتا	٤٠	٢٥
فرعون کا غیض وغضب، یہ تمہارا دین بدل دے گا۔ یہ فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دے گا۔	٤٠	٢٦
فرعونی دھمکی کے جواب میں آپ کا ارشاد (انی عذت بربی)	٤٠	٢٧
قوم فرعون کا مومن حضرت کلیم کا دفاع کرتا ہے اور انھیں بڑے موثر انداز میں نصیحت کرتا ہے	٤٠	٢٨ تا ٣٥
فرعون کی بے بسی	٤٠	٢٩

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
فرعون قوم کی توجہ حضرت موسیٰ ؑ سے ہٹانے کے لیے ہامان کو ایک بلند مینار تعمیر کرنے کا حکم دیتا ہے	۴۰	۳۷
مومن آلِ فرعون کا دوسرا وعظ	۴۰	۳۸ تا ۴۴
اللہ نے اس مومن کو فرعون کے شر سے بچالیا	۴۰	۴۵
فرعون کی تباہی، فرعونی صبح و شام آگ پر پیش کیے جاتے ہیں	۴۰	۴۶
موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی گئی لوگوں نے اس میں بھی اختلاف کیا	۴۱	۴۵
نوح علیہ السلام		
حضرت نوحؑ کی فریاد اور اس کی قبولیت	۳۷	۷۵، ۷۶
اُن کی اولاد کو باقی رکھا	۳۷	۷۷
اُن کا ذکرِ خیر ہمیشہ ہوتا رہے گا	۳۷	۷۸، ۷۹، ۸۰
اُن کے مخالفوں کو غرق کر دیا	۳۷	۸۱
آپ کی قوم بھی نافرمان تھی	۵۱	۴۶
ہُود علیہ السلام		
حضرت ہودؑ کی قوم عاد کے حالات، احقاف کا محلِ وقوع	۴۶	۲۱ تا ۲۶
قوم کا آپ پر الزام کہ تم ہمیں ہمارے خداؤں سے برگشتہ کرنا چاہتے ہو	۴۶	۲۲
ہم نے عاد کو زمین میں قوت بخشی انہیں کان، آنکھیں اور دل دیئے لیکن سب بے سُود	۴۶	۲۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ان کی بربادی	۴۶	۲۴، ۲۵
آپ کی قوم عاد پر جھکڑ کا چلنا اور اُن کا ملیامیٹ ہو جانا	۵۱	۴۱، ۴۲
" " " " " " " "	۴۱	۱۵، ۱۶
یُونس علیہ السلام		
حضرت یُونسؑ رسُولوں میں سے ہیں	۳۷	۱۳۹
آپ کا اپنی قوم سے بھاگ جانا	۳۷	۱۴۰
مچھلی کا آپ کو نگل جانا	۳۷	۱۴۲
پھر اُس کا ساحل پر آپ کو اُگل دینا وغیرہ حالات	۳۷	۱۴۵ تا ۱۴۸
پھر قوم کے پاس واپسی اور اُن کا ایمان	۳۷	۱۴۷، ۱۴۸
بعض دُوسری قومیں		
قوم سبا کے حالات، ان کا آبپاشی کا بہترین نظام، ان کے ملک کی زرخیزی ان کی نافرمانی، سیلِ عرم اور اُن کی بربادی	۳۴	۱۵، ۱۶، ۱۷ بمعہ حواشی
ان کی خوشحالی کے دور میں بستیاں باہم تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر بستی تھیں	۳۴	۱۸
ان کی ناشکری اور تباہی	۳۴	۱۹
ابلیس نے اپنا ظن سچ کر دکھایا	۳۴	۲۰
اصحاب القریہ کے پاس رسُولوں کا آنا	۳۶	۱۳ تا ۱۹
اُن کا ایمان لانے سے انکار، رسُولوں پر الزام تراشی		

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ایک مردِ مومن کی آمد اس کا اظہارِ ایمان	٣٦	٢٠
پیغمبروں کی اطاعت کی تلقین	٣٦	٢١
اپنے مومن ہونے کی وجہ	٣٦	٢٢،٢٣، ٢٤،٢٥
اُس کی شہادت، بارگاہِ الٰہی میں اُس کی مقبولیت	٣٦	٢٦،٢٧
اصحابِ قریہ کی بربادی (تفصیلی جائزہ)	٣٦	٢٩
قومِ تُبّع، ایک تُبّع کا مسلمان ہونا اور حضورؐ کی خدمت میں شفاعت کے لیے عریضہ لکھنا	٤٤	٣٧
اِنسان اور اُس کی عظمت کا قرآنی تصوّر		
اِنسان کے سینہ میں صرف ایک ہی دل ہے (اس کی حکمت)	٣٣	٤
آسمانوں، زمین اور پہاڑوں نے امانت کو نہ اُٹھایا اِنسان نے اُٹھا لیا	٣٣	٧٢
اِس کی حکمت	٣٣	٧٣
دستکاری میں کوئی عیب نہیں، جو کام کرو بڑی ہنرمندی سے کرو۔	٣٤	١١ مع حاشیہ
ہر شخص سے اُس کے اعمال کے بارے میں باز پرس ہوگی	٣٤	٢٥
سب منکرین کو غور و فکر کی دعوت۔ دو دو مل کر یا اکیلے اکیلے کھڑے ہو کر سوچو کیا یہ نبی کریم مجنون ہے	٣٤	٤٦
عملِ صالح اِنسان کو بلند کرتا ہے	٣٥	١٠
تخلیقِ اِنسان	٣٥	١١
کوئی کسی کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا	٣٥	٣٨
جو پاکیزگی اختیار کرتا ہے وُہ اپنا بھلا	٣٥	١٨
کرتا ہے	٣٥	١٨
اندھا اور بینا، ظلمت اور نور، سایہ اور دھوپ برابر نہیں	٣٥	١٩
زندہ اور مُردے برابر نہیں	٣٥	٢٠
اللہ سے علماء ہی ڈرتے ہیں، علم کی حقیقت	٣٥	٢٨ مع حاشیہ
اِنسان کی تخلیق ایک بوند پانی سے اور پھر وُہ سرکشی کرتا ہے۔ زمین، آسمان اور مافیہا کو عبث پیدا نہیں کیا گیا۔	٣٨	٢٧
کیا ہم نیکوں اور بدکاروں کو، پرہیزگاروں اور فاجروں کو ایک جیسا بنا دیں گے۔	٣٨	٢٨
میں نے اِنسان کو درست کیا، اُس میں اپنی رُوح پھونکی، اے فرشتو اسے سجدہ کرو	٣٨	٧٢
شیطان کا اعتراف: میں تیرے مخلص بندوں کو گمراہ نہیں کر سکتا	٣٨	٨٢،٨٣
اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے ناشکری کو پسند نہیں کرتا اور شکر کو پسند کرتا ہے۔ (مشیت اور رضا میں فرق)	٣٩	٧
کوئی کسی کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا	٣٩	٧
تکلیف کے وقت اِنسان فریاد کرتا ہے اور نعمت کے وقت شرک کرنے لگتا ہے	٣٩	٤٩

اَوَامر

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اللہ پر توکل کرو	۳۳	۳
اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سچ بات کہا کرو	۳۳	۷۰
اپنے رب سے ڈرتے رہو	۳۹	۱۰
دین کو اللہ کے لیے خالص کرتے ہوئے اس کی عبادت کرو	۳۹	۲
" " " " " " " "	۳۹	۱۱، ۱۳، ۱۴
مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سب سے پہلے ایمان لاؤں	۳۹	۱۲
موت سے پہلے اپنے رب کا حکم مانو	۴۲	۴۷
اہل ایمان کو کفار سے درگزر کرتے رہنے کا حکم	۴۵	۱۴
شریعت کی پابندی کا حکم، اللہ تمھارا مددگار ہوگا	۴۵	۱۸، ۱۹
ماں باپ کی خدمت اور حسن سلوک	۴۶	۱۴، ۱۵
کافر اولاد کا اپنے والدین سے سلوک	۴۶	۱۶
اولوالعزم رسولوں کی طرح صبر فرمایئے	۴۶	۳۵
اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا حکم	۴۷	۳۸
مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑیں تو صلح کرا دو	۴۹	۹
جو زیادتی کرے اس کے ساتھ سب لڑو	۴۹	۹
صلح عدل و انصاف سے کراؤ	۴۹	۹
اللہ سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے	۴۹	۱۰
باہمی مصالحت کی فضیلت	۴۹	حاشیہ آیت نمبر ۹
سوء ظن سے بچو بعض ظن گناہ ہیں	۴۹	۱۲
اللہ کی طرف دوڑ کر جاؤ (فرار کا مفہوم)	۵۱	۵۰

بنی اسرائیل

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
قوم نے حضرت کلیم پر الزام لگایا اللہ نے انھیں بلند کر دیا	۳۳	۶۹
قوم کا آپ کے ساتھ معاندانہ برتاؤ بحوالہ بائیبل	۳۳	حاشیہ ۶۹
انھیں غلامی سے نجات دی	۳۷	۱۱۵، ۱۱۶
بنی اسرائیل کی آزادی کا مطالبہ	۴۴	۱۷، ۱۸
مصر سے ہجرت کا حکم	۴۴	۲۳، ۲۴
ہم نے بنی اسرائیل کو متکبر فرعون سے نجات دی	۴۴	۳۰، ۳۱، ۳۲
بنی اسرائیل کو چن لیا	۴۴	۳۳
بنی اسرائیل کو کتاب، حکومت اور نبوت بخشی اور عالمین پر فضیلت دی	۴۵	۱۶
ان کا باہمی اختلاف دانستہ تھا اس کی وجہ بغیاً بینہم	۴۵	۱۷

جبر و قدر

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے	۳۵	۸
اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے		
ان میں سے اکثر ایمان نہیں لائیں گے	۳۶	۷ تا ۱۰
اگر اللہ چاہتا تو سب کو ایک امت بنا دیتا	۴۲	۸

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
کہتا ہے یہ میرے علم کی برکت ہے۔	۳۹	۴۹
شب بیدار، ہر وقت ڈرنے والا اُس کی رحمت کا اُمیدوار اور جاہل کبھی برابر نہیں ہو سکتے۔	۳۹	۹
جو اچھی بات کی پیروی کرتے ہیں وُہی ہدایت یافتہ ہیں، وُہی دانشمند ہیں۔	۳۹	۱۸
جس کا سینہ وُہ اسلام کے لیے کھول دے تو وُہ نورِ ہدایت پر ہے۔	۳۹	۲۲
جو ہدایت قبول کرتا ہے وُہ اپنا بھلا کرتا ہے۔	۳۹	۴۱
جو گمراہ ہوتا ہے وُہ اپنا نقصان کرتا ہے	۳۹	۴۱
اب فرصت ہے اچھے قول کی پیروی کرو۔ ورنہ پچھتاؤ گے۔	۳۹	۵۵تا۵۹
اگر اُسے راحت پہنچے تو پھُولے نہیں سماتا تکلیف پہنچے تو مایوس ہو جاتا ہے	۴۲	۴۸
زمین و آسمان کی ہر چیز تمھارے لیے مسخر کر دی	۴۵	۱۲، ۱۳
اہلِ فکر کے لیے اِس میں نشانیاں ہیں	۴۵	۱۳
جو اچھا عمل کرتا ہے وُہ اپنے لیے کرتا ہے جو بُرا کرتا ہے اپنے لیے کرتا ہے	۴۵	۱۴
بدکاروں اور نیکوں کی زندگی اور موت یکساں نہیں	۴۵	۲۱
کیا راہِ ہدایت کا مُسافر اور اعمال بد پر فریفتہ اور خواہشات کا غلام یکساں ہیں	۴۷	۱۴

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ایک دُوسرے کا تمسخر مت اُڑاؤ	۴۹	۱۱
عیب نہ لگاؤ اور بُرے نام نہ دھرو	۴۹	۱۱
مُسلمان ہو کر فاسق کہلانا بہت بُرا ہے	۴۹	۱۱
ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم	۴۹	۱۳
ہم شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں (قرب کی حقیقت)	۵۰	۱۶
اس کے دائیں بائیں کاتب تیار بیٹھے ہیں	۵۰	۱۷، ۱۸
قلب بینا اور کان لگا کر سُننے والے کے لیے یہ تذکرہ ہے	۵۰	۳۷
اِنس و جان کی تخلیق عبادت کے لیے ہے	۵۱	۵۶
ہر شخص اپنے اعمال کا اسیر ہوگا	۵۲	۲۱
اندھا اور بینا، مومن صالح اور فاسق برابر نہیں ہیں	۴۰	۵۸
جو اچھا کام کرتا ہے اُس میں اس کا اپنا بھلا ہے	۴۱	۴۶
جو بُرا کام کرتا ہے اس کا وبال اُس پر ہوگا۔	۴۱	۴۶
اِنسان بھلائی کی دُعا کرنے سے نہیں تھکتا۔ اگر اُسے تکلیف پہنچے تو مایوس ہو جاتا ہے	۴۱	۴۹
جب خوشحال ہوتا ہے تو اُس کا ردِ عمل	۴۱	۵۰
رنج و مسرت میں اِنسان کی حالت	۴۱	۵۱

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
سلام کہنے کا حکم اور اُن کا جواب دینا	۳۳	حاشیہ آیت نمبر ۲۳
کفار کو ناکام واپس لوٹا دیا اہلِ ایمان کو جنگ کے بغیر فتح عطا فرمائی	۳۳	۲۵
بنی قریظہ		
اس یہودی قبیلے کا محاصرہ، اِن کا قلع قمع	۳۳	۲۶
تفصیلی جائزہ	۳۳	۲۶ مع حاشیہ
جنگِ جمل	۳۳	۳۳ کا حاشیہ
دشمن کے مقابلہ کے لیے نکلو تو اُن کی گردنیں اُڑا دو	۴۷	۴
اسیرانِ جنگ کے ساتھ کیسا سلوک کیا جائے (تفصیلی بحث)	۴۷	۴ مع حواشی
شہداء کے اعمال ضائع نہیں ہوں گے۔ ان پر انعامات	۴۷	۶،۵،۴
جہاد		
اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وُہ تمھاری مدد فرمائے گا اور تمھیں ثابت قدم رکھے گا	۴۷	۷
ہمت مت ہارو صلح کی پیشکش مت کرو تم ہی سربلند ہوگے اللہ تمھارے ساتھ ہے	۴۷	۳۵
جنگجو قوم سے جہاد کرنے کی دعوت	۴۸	۱۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
وُہ کون لوگ تھے ؟ مسیلمہ کذاب کی قوم اُن سے جہاد کی تفصیل	۴۸	۱۶
معذوروں پر جہاد فرض نہیں	۴۸	۱۷
غزوۂ خیبر		
اس کے محرکات خیبر کا علاقہ دو حصّوں میں منقسم تھا دونوں حصّوں میں بہت سے مستحکم قلعے تھے اِن قلعوں کو فتح کرنے کے تفصیلی حالات۔ ذوالفقار حیدری نے مرحب کو دو لخت کرکے جزیرۂ عرب میں یہودیت کا خاتمہ کر دیا۔ تفصیلی جائزہ	۴۸	حاشیہ آیت نمبر ۱۹ اور ۲۰
دیگر فتوحات کی بشارتیں	۴۸	۲۱
صُلح حُدیبیہ		
اِس سفر میں اللہ تعالیٰ نے دو احسانات مسلمانوں پر فرمائے۔	۴۸	۲۰ تا ۲۴
صُلح میں ایک حکمت یہ تھی کہ مکّہ مکرمہ میں کئی مومن مرد اور عورتیں تھیں جنھیں تم نہیں پہچانتے تھے	۴۸	۲۵
جنگ کی صُورت میں انھیں گزند پہنچنے کا اندیشہ تھا	۴۸	۲۵
اگر کفار مسلمان قیدیوں کو آڑ بنا لیں تو کیا اِسلامی لشکر کو حملہ کرنے کی اجازت ہے ؟	۴۸	آیت ۲۵

	سُورۃ نمبر	آیت نمبر
جس کو اللہ گمراہ کردے اُس کا کوئی کارساز نہیں	۴۲	۴۴
کفار کی بہانہ سازی، اگر اللہ نہ چاہتا تو ہم بتوں کی عبادت نہ کرتے جو اپنی خواہش کو خدا بنالیتا ہے اور علم کے باوجود اللہ اُسے گمراہ کردیتا ہے تو اُس کے کان اور دل پر مُہر اور آنکھوں پر پردہ ڈال دیا جاتا ہے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا	۴۵	۲۳
بدقسمت ہی قرآن سے گمراہ ہوتا ہے	۵۱	۹

جہاد

غزوۂ خندق

	سُورۃ نمبر	آیت نمبر
تفصیلی جائزہ	۳۳	آیت نمبر ۹ کا حاشیہ و حاشیہ نمبر ۱۶ ملاحظہ ہو
یہودی قبائل کی اہل مکہ کے ساتھ خفیہ سازباز		
اہل مکہ اور قبائل عرب کی مدینہ پر یلغار خندق کھودنے کی تجویز		
خندق کھودتے وقت رُوح پرور مناظر چٹان کو تین ٹکڑے فرمادیا اور ایران رُوم اور یمن کی فتوحات کی خوشخبری		
شیعہ کتب کے حوالے سے		
حضرت فاروق اعظمؓ کے عہد میں ان بشارتوں کی تکمیل		
شیرِ خُدا اور عمرو ابن عبدود کا معرکہ		
بنی قریظہ کی سازش میں شمولیت		
انصار کا کفار کو محاصرہ اُٹھانے کے لیے ایک کھجور بھی دینے سے انکار		
نعیم ابن مسعود کا اسلام اور کفار و یہود میں پھوٹ ڈالنے کا کارنامہ	۳۳	آیت نمبر ۹ کا حاشیہ و حاشیہ نمبر ۱۶ ملاحظہ ہو
آخر میں نصرتِ الٰہی آندھی کی صُورت میں نمودار ہوئی		
کفار کے کیمپ میں کھلبلی		
بدحواسی کے عالم میں اُن کا فرار		
کفار کی یلغار کے وقت اہل ایمان پر اللہ تعالیٰ نے جو انعام فرمایا اُس کو یاد رکھو	۳۳	۹، ۱۰، ۱۱
اُس وقت منافقین کا طرزِ عمل وُہ کہتے اللہ اور رسُولؐ نے فتح کا جو وعدہ کیا تھا وُہ محض دھوکا تھا	۳۳	۱۲
منافقین نے میدانِ جنگ سے کھسکنا شروع کردیا	۳۳	۱۳، ۱۴
سرفروشی کی پہلے بڑی ڈینگیں مارتے تھے اب بھاگ رہے ہیں	۳۳	۱۵
یہ فرار تمھیں موت سے نہیں بچا سکتا	۳۳	۱۶، ۱۷
جہاد سے روکنے والوں کو اللہ تعالیٰ جانتا ہے	۳۳	۱۸
یہ بخیل اور حریص	۳۳	۱۹
جنگ کے وقت بزدل اور امن کے وقت زبان دراز	۳۳	۱۹
اہل ایمان کا جذبۂ ایمان و تسلیم اور جانفروشی اور ان کی جزا	۳۳	۲۲، ۲۳، ۲۴ مع حواشی
شہدا کے مزارات کی زیارت۔ انھیں	۳۳	حاشیہ آیت نمبر ۲۳

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
دُعائیں		
حضرت سلیمانؑ کی دُعا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ	۳۸	۳۵
بڑی پیاری دُعا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ الخ	۳۸	حاشیہ آیت ۶۹
سوتے وقت جو دُعا مانگنی چاہیے	۳۹	حاشیہ آیت ۴۲
گھوڑے وغیرہ پر سوار ہوتے وقت کی دُعا	۴۳	۱۲، ۱۴ مع حاشیہ
سفر پر روانہ ہوتے وقت کی دُعا	۴۳	آیت ۱۳ کا حاشیہ
رَبِّ اَوْزِعْنِیْ اَنْ اَشْکُرَ الخ بڑی جامع دُعا	۴۶	۱۵
نماز تہجد کے بعد کی دُعا	۵۱	۱۷ کا حاشیہ
کسی مجلس سے اُٹھتے وقت کی دُعا	۵۲	حاشیہ آیت ۴۸
رات کو سوتے سوتے آنکھ کھل جائے تو کیا دُعا مانگیں	۵۲	حاشیہ آیت ۴۹
مجھ سے دُعا مانگو میں قبول کروں گا	۴۰	۶۰ مع حاشیہ
شرائطِ قبولیتِ دُعا	۴۰	حاشیہ آیت مذکورہ
جو عبادت سے تکبر کرتے ہیں وُہ دوزخ کا ایندھن بنیں گے۔ شرِ شیطان سے اللہ کی پناہ مانگ	۴۰	۶۰
سیاسیات		
شریعت نبوی کی پابندی کیوں ضروری ہے؟	۳۳	حاشیہ آیت ۶
مومنوں کو جنگ کے بغیر فتح	۳۳	۲۵
خلیفہ کون ہوتا ہے؟ عدل قائم کرنے اور ہوائے نفس سے اجتناب کا حکم	۳۸	۲۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
خلیفہ اور بادشاہ میں فرق، حضرت عمرؓ کا اپنے بارے میں استفسار، سربراہِ مملکت کے لیے خلیفہ کا لفظ کیوں پسند کیا گیا۔	۳۸	حاشیہ آیت ۲۸
اُن کے کام مشورے سے طے ہوتے ہیں (وامرھم شوریٰ بینھم)	۴۲	۳۸
غلامی رُسوا کُن عذاب ہے	۴۴	۳۰
ظالم فرعون سب کچھ چھوڑ کر ہلاک ہو گیا	۴۴	۲۵ تا ۲۸
ظالم کی بربادی پر کوئی آنکھ نمناک نہ ہوئی۔	۴۴	۲۹
ایمان کامل نہ ہو تو برسرِ اقتدار لوگ فتنہ برپا کرتے ہیں اور قطع رحمی شروع کر دیتے ہیں	۴۷	۲۲
شدید ضرورت کے بغیر کفار کو صلح کی پیش کش درست نہیں	۴۷	حاشیہ آیت ۳۵
اگر جہاد میں بخل کرو گے تو اپنے اُوپر ظلم کرو گے	۴۷	۳۸
اگر تم اپنے فرائض انجام نہیں دو گے تو اللہ تعالیٰ تمھیں ہٹا کر کسی اور قوم کو تمھاری جگہ کھڑا کر دے گا	۴۷	۳۸
صلح حدیبیہ کو فتح مُبین فرمایا گیا	۴۸	۱
اس کی وجہ، حالات کا تفصیلی جائزہ	۴۸	حواشی آیت نمبر ا
فاسق کی خبر بغیر تحقیق کے مت مانو ایسا نہ ہو کہ پچھتانا پڑے	۴۹	۶
دو مسلمان گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو اُن میں صلح کرا دو اور جو زیادتی کرے اُس کے ساتھ سب لڑو	۴۹	۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں	۴۹	۹ مع حاشیہ
باغی گروہ کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے	۴۹	۹
حضورؐ کا حکم، حضرت علیؓ کا عمل۔ ان کے زخمیوں اور مقتولوں کے ساتھ برتاؤ	//	حاشیہ آیت نمبر ۹
کیا ظالم حکمران کے ساتھ جنگ جائز ہے	۴۹	حاشیہ آیت نمبر ۹
باغی گروہ کے قیدیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے	۴۹	// // // //
حضرت امام حسنؓ کی مصالحت	۴۹	// // // //
حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے باغیوں کے بارے میں پوچھا گیا۔ کیا وہ مشرک ہیں؟ کیا وہ منافق ہیں؟ آپ کا جواب	۴۹	// // // //
مسلمان بھائی بھائی ہیں ان میں صلح کراؤ	۴۹	۱۰
فرعونی سیاست جس نے حضرت موسیٰؑ پر فتنہ و فساد برپا کرنے کا الزام لگایا	۴۰	۲۶
بنی اسرائیل کو فرعون کی غلامی سے نجات دلا کر ان پر احسان کیا	۳۷	۱۱۵، ۱۱۶
فرعون نے آپ پر ساحر ہونے کا الزام لگایا	۴۳	۴۹ مع حاشیہ
فرعون کا غرور و تکبر	۴۳	۵۱، ۵۲، ۵۳
حضرت موسیٰؑ نے فرعون سے مطالبہ کیا کہ وہ بنی اسرائیل کو آزاد کر دے	۴۴	۱۷، ۱۸
فرعونی سیاست کا انجام تباہی و بربادی	۴۴	۲۵ تا ۲۸
ان کی تباہی پر کوئی آنکھ بھی نمناک نہیں ہوئی	۴۴	۲۹
فرعون نے بنی اسرائیل کی کثرت سے ڈر کر ان کے بچوں کو قتل کرنا شروع کر دیا۔	۴۰	۲۵

شرک کا ابطال

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ان کے معبود ایک ذرہ کے بھی مالک نہیں	۳۴	۲۲
بت گٹھلی کے چھلکے کے بھی مالک نہیں	۳۵	۱۳
اللہ کا کوئی شریک نہیں	۳۴	۲۷
نہ وہ پکار سنتے ہیں نہ جواب دے سکتے ہیں	۳۵	۱۴
قیامت کے دن اپنے پجاریوں کی پوجا کا انکار کریں گے	۳۵	۱۴
معبودانِ باطل اپنے پرستاروں کے دشمن ہوں گے	۴۶	۶
تمہارے معبودوں نے کیا بنایا ہے؟ دکھاؤ	۳۵	۴۰
باطل معبودوں نے کیا پیدا کیا ہے؟ دکھاؤ	۴۶	۴
ایک مثال سے شرک کی قباحت	۳۹	۲۹
اگر پوچھا جائے زمین و آسمان کا خالق کون ہے تو کہیں گے اللہ	۳۹	۳۸
اگر ان سے پوچھا جائے کہ زمین و آسمان کا خالق کون ہے تو کہیں گے عزیز و علیم خدا	۴۳	۹
اگر ان سے پوچھا جائے کہ انہیں کس نے پیدا کیا ہے تو کہیں گے اللہ نے	۴۳	۸۷
نہ وہ تکلیف دور کر سکیں نہ وہ انعام روک سکیں	۳۹	۳۸
تم اپنا کام کرو میں اپنا کام کروں گا پھر دیکھو عذاب کس پر آتا ہے	۳۹	۴۰
اے جاہلو کیا تم غیر خدا کی عبادت کا مجھے	۳۹	۶۴

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
حکم دیتے ہو۔	۳۹	۶۴
حالانکہ مجھے بتایا گیا ہے کہ شرک سے سارے عمل برباد ہو جاتے ہیں	۳۹	۶۵
اُن کے شریکوں کے من گھڑت دین کی اجازت اللہ نے نہیں دی	۴۲	۲۱
ظالموں کے لیے عذاب الیم ہے	〃	〃
ظالم اپنے کرتوتوں کے باعث لرزاں ہوں گے	۴۲	۲۲
گزشتہ رسولوں سے پوچھو کیا اللہ نے کوئی اور خدا بنائے	۴۳	۴۵
اگر رحمٰن کا کوئی بیٹا ہوتا میں سب سے پہلے اُس کی عبادت کرنے والا ہوں۔	۴۳	۸۱
تمہارے معبودوں کو شفاعت کا حق نہیں	۴۳	۸۶
غیروں کو خدا سمجھ کر پکارنے والا بڑا گمراہ ہے	۴۶	۵
جب عذاب آیا تو بتوں نے ان کی کیوں مدد نہ کی	۴۶	۸
اللہ کے ساتھ کسی غیر کو خدا نہ بناؤ	۵۱	۵۱
غیر خدا کی عبادت سے مجھے منع کیا گیا ہے	۴۰	۶۶
مجھے حکم دیا گیا ہے کہ اُس کی عبادت کرو	۴۰	۶۶

شریعت

(الف) شریعت کی خصوصیات

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
خطا سے غلطی سرزد ہو تو مواخذہ نہیں، دانستہ پر مواخذہ ہے	۳۳	۵
یہ شریعت ایسے نبی کی ہے جو اولیٰ بالمومنین ہے	۳۳	۶ مع حاشیہ
شریعت میں حیلہ کا حکم	۳۸	حاشیہ آیت نمبر ۴۴
جس چیز کا اصل ثابت ہو اُس کی پابندی سے وہ بدعت نہیں بن جاتی	۴۸	حاشیہ آیت نمبر ۲۹

عبادات

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
کثرتِ ذکر کا حکم	۳۳	۴۱
صبح و شام اُس کی تسبیح کرو	۳۳	۴۲
متقی رات کو بہت کم سوتے ہیں	۵۱	۱۷
وہ سحری کے وقت استغفار کرتے ہیں	۵۱	۱۸
طلوعِ شمس اور غروبِ شمس سے پہلے تسبیح و تحمید کا حکم	۵۰	۳۹
رات کے وقت تسبیح کا حکم	۵۰	۴۰
میری عبادت کرو یہی صراطِ مستقیم ہے	۳۶	۶۱
جو عبادت کرنے سے تکبر کرتے ہیں وہ ذلیل و خوار ہوں گے اور وہ دوزخ میں پھینک دیئے جائیں گے	۴۰	۶۰
ازواجِ مطہرات کو نماز اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم	۳۳	۳۳

نماز، زکوٰۃ و صدقات

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ازواجِ مطہرات کو نماز اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم	۳۳	۳۳
اُس کی راہ میں جو کچھ خرچ کر گئے وہ اُس	۳۴	۳۹

	سورہ نمبر	آیت نمبر
کا معاوضہ تمھیں دے گا	۳۴	۳۹
جو لوگ کتاب اللہ کی تلاوت کرتے ہیں نماز قائم کرتے ہیں، ظاہر اور پوشیدہ ہمارے دیے ہوئے رزق سے خرچ کرتے ہیں اُن کی تجارت میں گھاٹا نہیں۔	۳۵	۲۹
کافروں کو اگر خرچ کرنے کے بارے میں کہا جائے تو کہتے ہیں جن کو خدا نے نہیں دیا ہم انھیں کیوں دیں	۳۶	۴۷
اُن کے مالوں میں سائل اور محروم کا حق ہے۔	۵۱	۱۹
پردہ کے احکام		
عورت کے عنوان کے نیچے ملاحظہ فرمایئے		
حلال وحرام		
عورتوں کے لیے ریشم اور سونا حلال ہے	۴۳	۱۸
دیگر شرعی احکام		
متبنّٰی کے بارے میں زمانۂ جاہلیت کا رواج جس میں قرآنی اصلاح	۳۳	۴، ۵
ہر شخص کی نسبت اُس کے باپ کی طرف کرو	۳۳	۵
اولو الارحام بعض بعض سے مقدم ہیں۔	۳۳	۶
ماں باپ سے حسن سلوک	۴۶	۱۵ مع حاشیہ

	سورہ نمبر	آیت نمبر
شیطان		
شیطان نے قومِ سبا کو گمراہ کرنے کا وعدہ پورا کر دیا	۳۴	۲۰
شیطان کو لوگوں پر قابو حاصل نہیں ہوتا۔ وُہ محض انھیں بہلاتا ہے اور یہ پھسل جاتے ہیں	۳۴	۲۱
شیطان تمھارا دشمن ہے اُسے دشمن ہی سمجھا کرو	۳۵	۶
وُہ اپنے گروہ کو جہنمی بنانے کے درپے رہتا ہے	۳۵	۶
شیطانوں کی شہاب ثاقب سے خبر لی جاتی ہے۔ وُہ ملاء اعلیٰ کی باتیں نہیں سن سکتے۔	۳۷	۶ تا ۱۰
شیطان کا سجدہ نہ کرنا درِ رحمت سے راندہ جانا، اللہ سے مہلت طلب کرنا مہلت کا مل جانا اس کا چیلنج	۳۸	۷۴ تا ۸۵
شیطان تمھارا دشمن ہے تمھیں راہِ حق سے روک نہ دے۔	۴۳	۶۲
ہم نے بنی آدم کو تاکید کی کہ شیطان کی عبادت نہ کرنا، وُہ تمھارا کھلا دشمن ہے	۳۶	۶۰
اُس نے بڑی قوموں کو گمراہ کیا	۳۶	۶۲

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
بدکاروں پر ہم نے بُرے ساتھی مسلط کر دیئے۔ فزینوالھم	۴۱	۲۵
وہ انھیں سیدھے راستے سے روکتے ہیں اور یہ اپنے آپ کو ہدایت یافتہ خیال کرتے ہیں	۴۳	۳۷
شیطان فریب دیتا ہے اور لمبی زندگی کی آس دلا کر گمراہ کر دیتا ہے	۴۷	۲۵
جو رحمان کے ذکر سے آنکھیں بند کرتا ہے ہم شیطان کو اُس کا ساتھی مقرر کر دیتے ہیں	۴۳	۳۶

صحابہؓ کرام اور اُمتِ مُصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
حضرت زیدؓ کے فراق میں ان کے والد حارث کی بے تابی، پُردرد اشعار، ان کا مل جانا، آپ کا باپ کو چھوڑ کر حضورؐ کو اختیار کرنا	۳۳	۵ مع حاشیہ
غزوہ خندق کے وقت صحابہؓ کا جذبہ ایمان و تسلیم اور بڑھ گیا	۳۳	۲۲
ان جوانمردوں نے جان دے کر اپنی نذر پوری کر دی بعض منتظر ہیں	۳۳	۲۳
صحابہ کرام کی جانفروشیوں کے مناظر	۳۳	۲۳ کا حاشیہ
شیخینؓ کے ایمان کی دلیل	۳۳	آیت ۲۲ کا حاشیہ
حضرت سواد ابن قارب کا ایمان لانا اور قصیدہ پیش کرنا	۴۶	آیت ۳۹ کا حاشیہ
اُن کے گناہ مٹا دیئے گئے۔ ان کے حالات سنوار دیئے گئے	۴۷	۲
صلح حدیبیہ سے صحابہ کے دِلوں کو تسکین اور قوتِ ایمان میں اضافہ	۴۸	۴
صحابہؓ پر مزید عنایات تکفیر سیّئات	۴۸	۵
بیعتِ رضوان کا پس منظر	۴۸	۱۰
شیعہ کتب سے بیعتِ رضوان کرنے والوں کے فضائل	۴۸	حاشیہ آیت ۱۰
صحابہؓ کرام کا جذبہ سرفروشی اور رضائے الٰہی کا تاج رضی اللہ الخ	۴۸	۱۸
صحابہؓ کے مومن برحق ہونے پر اللہ تعالیٰ کی گواہی	۴۸	۱۸
دیگر بشارتیں	۴۸	۱۸، ۱۹
اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولؐ اور اس کے غلاموں پر سکینہ اُتارا	۴۸	۲۶ مع حاشیہ
اور انھیں متقی بنایا (والزمھم کلمة التقوٰی وکانوا احق بھا واھلھا)	۴۸	۲۶ مع حاشیہ
صحابہ کرامؓ کے خصائل حمیدہ: حضورؐ کی ہمراہی، کفّار پر سخت، آپس میں رحیم و شفیق، بکثرت رکوع و سجود کرنے والے، فضلِ الٰہی کے متلاشی، چہروں پر نورِ عبادت، تورات اور انجیل میں اُن کی مثالیں	۴۸	۲۹

	سورہ نمبر	آیت نمبر
کفار اسلام کے باغ کو ہرا بھرا دیکھ کر غصہ سے بے قابو ہو جاتے	۴۸	۲۹
مِنْهُمْ کے لفظ سے صحابہؓ کے ایمان، شیعہ کا اعتراض اور ان کی کتب سے اس کا رد	۴۸	آیت ۲۹ کا حاشیہ
احادیث میں صحابہؓ کی شان اور ان کے گستاخوں پر اللہ کی پھٹکار	۴۸	آیت ۲۹ کا حاشیہ
بارگاہ رسالت میں صحابہؓ کا ادب	۴۹	حاشیہ آیت ۲
اُستاد کا ادب و احترام	۴۹	حاشیہ آیت ۵
اللہ تعالیٰ نے ایمان کو صحابہ کرام کی نگاہوں میں محبوب اور مزین کر دیا اور کفر و فسوق کو مکروہ بنا دیا	۴۹	۷
یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں (اولئك هم الراشدون)	۴۹	۷
یہ اللہ کا اُن پر فضل و انعام ہے	۴۹	۸
حضرت فاروق اعظمؓ کا اپنے ایک دوست کو نصیحت آموز خط	۶۰	حاشیہ آیت ۱
انبیاء، شہداء اور اولیاء کے اجسام کو زمین نہیں کھاتی	۵۰	حاشیہ آیت ۴

عمل صالح

	سورہ نمبر	آیت نمبر
ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک	۴۶	۱۵
ہر شخص کو اُس کے اعمال کے مطابق درجات پر فائز کیا جاتا ہے	۴۶	۱۹
جو عمل صالح کرتا ہے اُس کے گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں اور اُس کے حالات درست کر دیئے جاتے ہیں	۴۷	۲
حسن عمل کا نور حبشی کے چہرہ کو بھی رشک ماہ بنا دیتا ہے	۴۸	حاشیہ آیت ۲۹
نیک مومن کے لیے نہ ختم ہونے والا اجر ہے	۴۱	۸

عورت

	سورہ نمبر	آیت نمبر
ظہار کی تشریح اور اس کے احکام	۳۳	۴ مع حاشیہ
متبنیٰ کے بارے میں کفار کا رواج اور قرآنی اصلاح	۳۳	۴، ۵
متبنیٰ کی بیوی سے نکاح کی اجازت	۳۳	۴، ۵
پردے کا حکم	۳۳	۳۳
آرائش کی نمائش کی ممانعت	۳۳	۳۳
مومن عورت کی صفات	۳۳	۳۵
حضورؐ کے متبنیٰ زید کی طلاق کے بعد حضرت زینبؓ سے حضورؐ کا نکاح	۳۳	۳۷
اس واقعہ کے بارے میں قدیم و جدید معاندین کے شکوک و شبہات اور ان کا ازالہ	۳۳	حاشیہ آیت ۳۷
غیر مدخولہ کو طلاق ہو تو اس پر عدت نہیں	۳۳	۴۹
اس کو خوبصورتی کے ساتھ رخصت کرنے کا حکم	۳۳	۴۹
کون سے مرد محرم ہیں جو عورت کے پاس آجا سکتے ہیں	۳۳	۵۵
پردے کے مفصل احکام اور اس کی حکمت	۳۳	۵۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
بے پردگی کی سخت ممانعت (احادیث)	۳۳	حاشیہ آیت ۵۹
عورتوں کے لیے سونا اور ریشم حلال ہے	۴۳	۱۸
ماں کا ادب اور حسنِ سلوک	۴۶	۴ مع حاشیہ
دُودھ پلانے کی مدت	۴۶	۱۵
حمل کی مدت	۴۶	۱۵

قرآن کریم

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
یہ کتاب بذریعہ وحی آپ کو عطا فرمائی گئی ہے	۳۵	۳۱
یہ کتاب حق ہے	۳۵	۳۱
اپنے جن بندوں کو وُہ چُن لیتا ہے ان کو اپنی کتاب کا وارث بنا لیتا ہے	۳۵	۳۲
بعض لوگ ظالم ہیں بعض متوسط بعض نیکیوں میں آگے بڑھنے والے۔ یہی فضلِ کبیر ہے	۳۵	۳۲
یہ کتاب عزیز و رحیم نے نازل کی ہے	۳۶	۵
تاکہ غافلوں کو ڈرایا جائے	۳۶	۶
قرآن زندوں کو ہدایت دیتا ہے	۳۶	۶۹، ۷۰
ہم نے آپ پر مُبارک کتاب نازل کی ہے، تاکہ لوگ اِس میں تدبر کریں اور نصیحت پکڑیں۔	۳۸	۳۰
قرآن نصیحت ہے	۳۸	۴۹
یہ سب جہانوں کے لیے نصیحت ہے	۳۸	۸۷
یہ عزیز و حکیم خُدا نے نازل کی ہے	۳۹	۱
ہم نے اسے حق کے ساتھ اُتارا ہے	۳۹	۲
یہ عُمدہ کلام اللہ نے نازل کیا ہے	۳۹	۲۳
قرآن میں ہر قسم کی مثالیں ہیں	۳۹	۲۷
یہ عربی زبان میں ہے اِس میں ذرا کجی نہیں	۳۹	۲۸
ہم نے آپ پر قرآن کو حق کے ساتھ نازل کیا	۳۹	۴۱
یہ قرآن عربی میں ہم نے آپ پر نازل کیا ہے	۴۲	۷
قرآن کو اللہ نے حق کے ساتھ نازل کیا ہے	۴۲	۱۷
ہم نے انھیں سمجھانے کے لیے قرآن کو عربی زبان میں نازل کیا ہے	۴۳	۲، ۳
قرآن لوحِ محفوظ میں ثبت ہے۔ وُہ ہمارے نزدیک اعلیٰ اور پُر از حکمت ہے۔	۴۳	۴
کفار کا اعتراض، مکہ اور طائف کے کسی رئیس پر کیوں نازل نہ ہوا اور اس کا رد	۴۳	۳۱
کیا رب کی رحمت وُہ بانٹنے والے ہیں	۴۳	۳۲
قرآن آپ کے لیے اور آپ کی قوم کے لیے وجہِ عزّ و شرف ہے	۴۳	۴۴
ہم نے قرآن کو مُبارک رات میں نازل فرمایا	۴۴	۲ تا ۵
اس سے مُراد کونسی رات ہے ۱۵ شعبان کی رات کے فضائل۔ گنبدِ خضرا عرش سے افضل ہے	۴۴	حواشی آیات مذکورہ
یہ کتاب عزیز و حکیم نے نازل کی ہے	۴۵	۲
* * * * * * * *	۴۶	۲۰
قرآن "بصائر" "ہدایت" اور "رحمت" ہے	۴۵	۲۰

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
قرآن کو رسولؐ نے نہیں گھڑا	۴۶	۸
قرآن کتب سابقہ کا مصدق محسنین کے لیے مژدہ اور بدکاروں کے لیے تنبیہ ہے	۴۶	۱۲
قرآن اگر خدا کا کلام نہیں تو اس جیسا بنا کر دکھاؤ	۵۲	۳۴،۳۳
یہ کتاب عزیز وعلیم کی نازل کردہ ہے	۴۰	۲
یہ رحمٰن ورحیم کی نازل کردہ ہے	۴۱	۲
یہ عزیز وحکیم نے نازل کی ہے	۴۵	۲
" " " " "	۴۶	۲
یہ عزیز ورحیم نے نازل کی ہے	۳۶	۵
یہ عزیز وحکیم خدا نے نازل کی ہے	۳۹	۱
یہ حکیم وحمید نے نازل کی ہے	۴۱	۴۲
اس کی آیتیں مفصل ہیں	۴۱	۳
یہ بشیر ونذیر ہے	۴۱	۴
جو اس میں تحریف کرتے ہیں وہ ہم سے پوشیدہ نہیں انھیں سزا ملے گی۔	۴۱	۴۰
باطل اس کے نزدیک نہ آگے سے آ سکتا ہے نہ پیچھے سے۔ اہل ایمان کے لیے ہدایت اور شفا ہے	۴۱	۴۴
کفار کے لیے یہ مشتبہ ہے	۴۱	۴۴

دیگر آسمانی کتب

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
انجیل۔ یہ کتاب منیر ہے	۳۵	۲۵
تورات۔ یہ ہدایت اور نصیحت ہے (ھدی وذکری)	۴۰	۵۴
یہ امام ورحمت ہے	۴۶	۱۲

قیامت

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
قیامت کا علم اللہ کے پاس ہے	۳۳	۶۳
قیامت کب آئے گی۔ احادیث سے اس کی تفصیل	۳۶	۴۸ تا ۵۰ مع حاشیہ
قیامت ضرور آئے گی	۳۴	۳
قیامت یقیناً آئے گی	۴۰	۵۹
اس کی حکمت	۳۴	۵
انکار قیامت	۳۴	۷
دلیل قیامت مردہ زمین کو زندہ کرنا کذالک النشور	۳۵	۹
جب صور پھونکا جائے گا تو قبروں سے نکل نکل کر اپنے رب کے پاس جانے لگیں گے	۳۶	۵۱
اُس وقت چلائیں گے	۳۶	۵۲
اُس روز کسی پر ظلم نہیں کیا جائے گا	۳۶	۵۴
بوسیدہ ہڈیوں کو وہی زندہ کرے گا جس نے پہلے پیدا فرمایا	۳۶	۷۹،۷۸
دلائل قیامت	۳۶	۸۱،۸۰
اس کی قدرت قاہرہ	۳۶	۸۳،۸۲
صور پھونکا جائے گا سب غش کھا کر گر پڑیں گے الا ما شاء اللہ	۳۹	۶۹،۶۸
منظر قیامت، دفتر عمل، نبی اور گواہ	۳۹	۷۰،۶۹

	سورہ نمبر	آیت نمبر
پیش ہوں گے انصاف سے فیصلہ ہوگا	۳۹	۶۹، ۷۰
قیامت کے روز سب کو بدلہ ملے گا۔ ظلم نہیں ہوگا	۴۰	۱۷
مارے خوف کے دل گلے میں اٹک رہے ہوں گے	۴۰	۱۸
اس روز ظالموں کا کوئی دوست اور شفیع نہیں ہوگا	۴۰	۱۸
کفار کہتے ہیں بس یہی زندگی ہے حشر نہیں ہوگا	۴۴	۳۴ تا ۳۶
روزِ قیامت سب جمع ہوں گے	۴۴	۴۰
جن بندوں پر اللہ نے رحم فرمایا ہے ان کے سوا کوئی دوست کام نہیں آئے گا	۴۴	۴۱
انکارِ قیامت، ہمارے باپوں کو زندہ کر دکھا	۴۵	۲۵
اس کا ردّ	۴۵	۲۶
روزِ قیامت باطل پرست خسارے میں ہوں گے	۴۵	۲۷
ہر اُمت گھٹنوں کے بل گری ہوگی اور اُسے اپنے دفترِ عمل کی طرف بُلایا جائے گا	۴۵	۲۸، ۲۹
انکارِ قیامت	۴۵	۳۲
ان کا انجام	۴۵	۳۳
روزِ قیامت انھیں فراموش کر دیا جائے گا	۴۵	۳۴
قیامت کی نشانیاں	۴۷	حاشیہ آیت ۱۸
انکارِ قیامت اور اس کا ردّ	۵۰	۳-۴
دلیلِ قیامت	۵۰	۱۱
منظرِ قیامت	۵۰	۲۰-۲۱-۲۲

	سورہ نمبر	آیت نمبر
منظرِ قیامت	۵۲	۹-۱۰
قیامت کے روز مکذبین کی حالت	۵۲	۱۱ تا ۱۶
کُفّار و مُشرکین		
غزوۂ خندق سے لشکرِ کفار کی ناکام واپسی	۳۳	۲۵
کفار پر لعنت اور ان کے لیے بھڑکتی آگ	۳۳	۶۴
اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ ان کا کوئی مددگار نہ ہوگا	۳۳	۶۵
آگ میں ڈالے جائیں گے۔ کہیں گے کاش ہم نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی ہوتی	۳۳	۶۶
کہیں گے ہمارے لیڈروں نے ہمیں گمراہ کیا انھیں دوگنا عذاب دیا جائے	۳۳	۶۷-۶۸
جو ہماری آیات کو جھٹلا کر ہمیں ہرا دینا چاہتے ہیں انھیں عذابِ الیم	۳۴	۵
کفار کے معبود ایک ذرے کے مالک نہیں اور نہ زمین و آسمان میں ان کا کوئی حصہ ہے	۳۴	۲۲
اس کے اذن کے بغیر کوئی شفاعت نہیں کر سکے گا	۳۴	۲۳
کفار کا قیامت کے بارے میں سوال کہ وہ کب ہوگی۔ ان کا جواب	۳۴	۲۹-۳۰
کفار کا قرآن کو ماننے سے انکار	۳۴	۳۱
قیامت کے دن ان کی حالتِ زار	۳۴	۳۱
سرداروں اور ماتحتوں کا باہمی تکرار	۳۴	۳۱-۳۲-۳۳
مترفین نے انبیاء کا انکار کیا کیونکہ ان	۳۴	۳۴-۳۵

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
کے پاس مال واولاد انبیاء سے زیادہ ہے	۳۴	۳۵-۳۴
ان کے اس شبہ کا رد	۳۴	۳۶
اموال واولاد قربِ الٰہی کا ذریعہ نہیں	۳۴	۳۷

اُن کا عقیدہ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
انکارِ قیامت	۳۴	۳
منکرین کو عذاب اور ضلال بعید	۳۴	۸-۷
کفار ملائکہ کی نہیں بلکہ جنات کی پوجا کرتے ہیں	۳۴	۴۱-۴۰
کفار کسی کو نفع وضرر نہ پہنچا سکیں گے	۳۴	۴۲
بارگاہِ رسالت میں کفار کی گستاخی	۳۴	۴۴-۴۳
یہ ہمیں اپنے آباء کے دین سے روکتا ہے		
یہ کلام خود گھڑتا ہے۔ سحر مبین		
پہلے کفار نے بھی ایسا ہی کیا اور برباد ہوئے	۳۴	۴۵
ان کو غور وفکر کی دعوت	۳۴	۴۶
روزِ قیامت کفار کی حالت	۳۴	۵۱ تا ۵۴
کفار نے آپ سے پہلے انبیاء کی تکذیب کی	۳۵	۴
کفار کے لیے اُن کے بُرے اعمال مزین کر دیے گئے	۳۵	۸
کفار مکر کرتے ہیں لیکن اُن کا مکر تباہ ہو کر رہے گا	۳۵	۱۰
کفار نے اپنے انبیاء کا پہلے بھی انکار کیا اور تباہ ہوئے	۳۵	۲۶-۲۵

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اُن کا حالِ زار۔ نہ موت آئے گی نہ عذاب میں تخفیف	۳۵	۳۷-۳۶
جھوٹا اور بدکار آیاتِ الٰہی کا مذاق اڑاتا ہے اس کا انجام	۴۵	۷ تا ۱۱
اللہ کی آیتوں میں کفار ہی جھگڑا کرتے ہیں	۴۰	۴
ان کی آمد و رفت، جاہ وجلال انھیں دھوکہ میں نہ ڈالے	۴۰	۴
پہلے کفار کا بھی یہی وتیرہ تھا۔ ان کا انجام	۴۰	۶-۵
روزِ حشر کفار کو سرزنش	۴۰	۱۰
اُن کا اعترافِ جرم۔ اظہارِ ندامت	۴۰	۱۲-۱۱
پہلی کافر قومیں طاقت اور آثار میں ان سے زیادہ تھیں لیکن برباد ہو گئیں	۴۰	۲۲-۲۱
اس کی وجہ	۴۰	۸۴-۸۳-۸۲
فرعونی غرق ہوئے۔ صبح وشام آگ پر پیش کیے جاتے ہیں۔ قیامت کے روز اشد العذاب میں داخل کیے جائیں گے	۴۰	۴۶
دوزخ میں اُن کا آپس میں تکرار	۴۰	۴۸-۴۷
دوزخ کے داروغوں کی منت سماجت اور اُن کا جواب	۴۰	۵۰-۴۹
موسیٰ کو ہدایت عطا فرمائی	۴۰	۵۳
ایسی کتاب دی جو ھدًی وذکریٰ لاولی الالباب ہے	۴۰	۵۴
کفار محض ہوسِ اقتدار کے لیے ایمان نہیں لائے۔ لیکن وہ کامیاب نہیں ہوں گے	۴۰	۵۶

	سورہ نمبر	آیت نمبر
اللہ کی کتاب اور رسولوں کو جھٹلانے والوں کا ہولناک انجام	۴۰	۶۹ تا ۷۶
حالتِ یاس میں ایمان منظور نہیں	۴۰	۸۵
کفار کہتے ہیں۔ قلوبنا فی اکنۃ ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے	۴۱	۵
مشرکین جو زکوٰۃ نہیں دیتے ان کے لیے ہلاکت ہے	۴۱	۶ - ۷
وہ کہتے اللہ چاہتا تو فرشتے ہماری طرف رسول بنا کر بھیجتا	۴۱	۱۴
علبہ کی ہٹ دھرمی	۴۱	۱۴ مع حاشیہ
قوم عاد نے ناحق تکبر کیا اور ہلاک ہوگئے	۴۱	۱۵
قوم ثمود نے ہدایت پر گمراہی کو پسند کیا	۴۱	۱۷-۱۸
روزِ حشر کفار گروہوں میں بانٹ دیئے جائیں گے	۴۱	۱۵
اُن کے کان۔ آنکھیں اور جلود یا چمڑے اُن کے خلاف گواہی دیں گے	۴۱	۲۰ تا ۲۲
قرآن مت سنو۔ اس میں شور مچاؤ	۴۱	۲۶
انکارِ آیات کی سزا	۴۱	۲۷-۲۸
کفار اُن لوگوں کو رگیدنا چاہیں گے جنھوں نے انھیں گمراہ کیا	۴۱	۲۹
جھوٹا اور بدکار آیاتِ الٰہی کا مذاق اُڑاتا ہے اس کا انجام	۴۵	۷ تا ۱۱
جو اپنی خواہش کو اپنا خدا بناتا ہے اور جان بوجھ کر گمراہ ہوتا ہے اُسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا	۴۵	۲۳

	سورہ نمبر	آیت نمبر
وہ صرف دُنیوی زندگی کے قائل ہیں کہتے ہیں ہمیں دہر ہلاک کردے	۴۵	۲۴
کفار قرآن کو سحر کہتے ہیں	۴۶	۷
کفار کہتے اگر یہ دین سچا ہوتا تو یہ لوگ اسے قبول کرنے میں ہم سے سبقت نہ لے جاتے	۴۶	۱۱
روزِ حشر کفار کو کہا جائے گا جو اچھے مفید کام تم نے کیے اُن کا اجر تم دُنیوی زندگی میں لے چکے ہو	۴۶	۲۰
کفار نہ خود حق قبول کرتے ہیں اور دُوسروں کو بھی روکتے ہیں	۴۷	۱
کفار کی بربادی	۴۷	۱۰
کفار عیش و عشرت اور ڈنگروں کی طرح کھانے میں مصروف ہیں	۴۷	۱۲
کفر کی حالت میں مرنے والوں کی بخشش نہیں ہوگی	۴۷	۳۴
کفار کے دِلوں میں حمیتِ جاہلیہ	۴۸	۲۶
انھیں اعتراض ہے کہ رسول ان میں سے کیوں آیا	۵۰	۲
کفار خیر سے منع کرنے والے، حد سے بڑھنے والے، شک میں گرفتار وغیرہ	۵۰	۲۵، ۲۶
قرآن کریم کے بارے میں کفار کا باہمی اختلاف	۵۱	۷ - ۸
قیامت کا انکار اور عذاب	۵۱	۱۱ تا ۱۴
وہ حضورؐ کو کبھی کاہن کبھی مجنوں اور کبھی شاعر کہتے ہیں	۵۲	۲۹-۳۰
یہ اللہ کی عبادت کیوں نہیں کرتے	۵۲	۳۵-۳۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
کسی رئیس کو نبی کیوں نہ بنایا	۵۲	۳۷
اللہ کے لیے بچیاں، ان کے لیے بیٹے	۵۲	۳۹

ان کے اطوار

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
کفار پہلے قسمیں کھایا کرتے کہ اگر ان کے پاس کوئی رسول آیا تو وہ اس پر ضرور ایمان لائیں گے۔ لیکن جب آیا تو تکبر کرنے لگے	۳۵	۴۲۔۴۳
مجرموں کو الگ کر دیا جائے گا۔ ان کو سرزنش	۳۶	۵۹۔۶۴
ان کے لبوں پر مہریں، ان کے ہاتھ اور پاؤں گواہی دیں گے	۳۶	۶۵
اگر ہم چاہتے تو ان کو اندھا کر دیتے۔ ان کے چہرے مسخ کر دیتے	۳۶	۶۶۔۶۷
انھوں نے اللہ کے سوا دوسرے خدا بنائے	۳۶	۷۴
کہتے بوسیدہ ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا اس کا جواب	۳۶	۷۹
نصیحت قبول نہیں کرتے، آیات کا تمسخر اڑاتے ہیں، قرآن کو سحر کہتے ہیں قیامت کا انکار کرتے ہیں۔ ان کا رد	۳۷	۱۳ تا ۱۹
قیامت کے روز ان کی حالت	۳۷	۲۰ تا ۲۶
ایک دوسرے پر الزام تراشی	۳۷	۲۷ تا ۳۴
جب ان کو کہا جاتا کہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ تو تکبر کرتے اور کہتے ہم ایک شاعر اور	۳۷	۳۵۔۳۶
مجنون کے لیے اپنے خداؤں کو چھوڑنے والے نہیں	۳۷	۳۵۔۳۶
زقوم کے ذکر پر کفار کا مذاق	۳۷	۶۲ مع حاشیہ
وہ اپنے گمراہ باپ دادا کے نقش قدم پر چلتے ہیں	۳۷	۶۹۔ ۷۰
کیا اللہ کے لیے بیٹیاں اور ان کے لیے بیٹے	۳۷	۱۴۹ تا ۱۵۴
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ساحر و کذاب کہتے	۳۸	۴
بہت سے خداؤں کو ایک خدا بنا دیا۔ یہ عجیب و غریب بات ہے	۳۸	۵
اپنے عقیدۂ شرک پر پکا رہنے کی تاکید	۳۸	۶
کہتے عقیدۂ توحید من گھڑت ہے	۳۸	۷
ہم رئیسوں کو چھوڑ کر یتیم عبد المطلب کو نبی بنانے میں کیا تک ہے	۳۸	۸
کیا آپ کے رب کے خزانے وہ بانٹ رہے ہیں	۳۹	۹
پہلی قوموں نے بھی اپنے انبیاء کو جھٹلایا اور تباہ ہوئیں	۳۸	۱۲۔۱۳۔۱۴
کفار فوری نزول عذاب کا مطالبہ کرتے ہیں	۳۸	۱۶
سرکشوں کا انجام، دوزخ، کھولتا پانی، پیپ، آپس میں تو تو میں میں	۳۸	۵۵ تا ۶۰، ۶۱
جن کو ہم شریر اور ذلیل (مسلمان) کہا کرتے تھے وہ آج نظر نہیں آرہے	۳۸	۶۲ تا ۶۴
ما نعبدھم الا لیقربونا الی اللہ	۳۹	۳ مع حاشیہ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
زُلفیٰ اس کی تشریح، ناروا اِلزام اور اس کا ازالہ	۳۹	۳ مع حاشیہ
مُشرک کھلے گھاٹے میں ہیں۔ ان کے اُوپر نیچے آگ ہی آگ ہوگی	۳۹	۱۵-۱۶
تکذیب کرنے والوں کا حشر	۳۹	۲۴-۲۵،۲۶

ان کا عبرتناک انجام

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
بڑا ظالم وُہ ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھتا ہے اور قرآن کو جھٹلاتا ہے	۳۹	۳۲
جب صرف اللہ کا ذِکر کیا جاتا ہے تو کُڑھنے لگتے ہیں اور جب بُتوں کا ذِکر کیا جاتا ہے تو خوش ہوتے ہیں	۳۹	۴۵
ایک ناروا اِلزام اور اس کا ردّ	۳۹	حاشیہ آیت ۴۵
کفار دُنیا بھر کی دولت سے فدیہ ادا کرنا چاہیں گے حقیقت سے پردہ اس روز اُٹھے گا	۳۹	۴۷-۴۸
جب ہم اسے کوئی نعمت بخشتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو میرے علم و ہُنر کا ثمر ہے	۳۹	۴۹ تا ۵۲
روزِ قیامت کفار کے مُنہ کالے ہوں گے۔	۳۹	۶۰
کفار کو جہنم کی طرف ہانکا جائے گا		
فرشتوں سے ان کی بات چیت	۳۹	۷۱-۷۲
کفار نے بُتوں کو اپنا کارساز بنا لیا ہے	۴۲	۹
جو لوگ حجت بازی کرتے ہیں اُن کا انجام	۴۲	۱۶
کفار قیامت کے لیے جلدی مچاتے ہیں	۴۲	۱۷
دُنیا کے طلب گار کو صرف دُنیا ملے گی	۴۲	۲۰ مع حاشیہ
ظالموں کے لیے عذاب الیم	۴۲	۲۱
ظالم اپنے کرتوتوں کے باعث لرزاں ہوں گے	۴۲	۲۲
گمراہوں اور ظالموں کی حالتِ زار	۴۲	۴۴،۴۵،۴۶
منکرین کا انبیاء کے ساتھ سلوک اور اُس کا انجام	۴۳	۶،۷-۸
کفار اللہ کی اولاد مانتے	۴۳	۱۵
خُدا کے لیے بیٹیاں اور اپنے لیے بیٹے	۴۳	۱۶
اگر اسے بیٹی کی پیدائش کی خبر دی جائے تو رنگ فق ہو جائے	۴۳	۱۷-۱۸
جب فرشتوں کو بیٹیاں بنایا تو کیا یہ لوگ دیکھ رہے تھے	۴۳	۱۹
کفار کی بہانہ سازی کہ اگر اللہ نہ چاہتا تو ہم بُتوں کی عبادت نہ کرتے	۴۳	۲۰
وُہ اندھی تقلید کے خوگر ہیں	۴۳	۲۱،۲۲،۲۳
سب کے گمراہ ہونے کا خدشہ نہ ہوتا تو ہم کفار کے دروازے اور چھتیں سونے کی بنا دیتے	۴۳	۳۳،۳۴، ۳۵
جو اللہ کے ذِکر سے اندھا بنتا ہے ہم اُس پر ایک شیطان مسلط کر دیتے ہیں	۴۳	۳۶
قیامت کے روز اس سے بیزاری کا اظہار کریں گے	۴۳	۳۸
مجرمین کی حالتِ زار	۴۳	۷۴ تا ۷۸
انھیں کھیلنے کودنے دو	۴۳	۸۳
وُہ شک میں کھیل رہے ہیں	۴۴	۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
قحط سالی کا عذاب	۴۴	۱۰-۱۱
بدخانِ مبین		
عذاب معاف کرنے کی دُعا وقتی طور پر منظور پھر عذاب الیم	۴۴	۱۲-۱۳
حضورؐ کو معلّم اور مجنون کہنا	۴۴	۱۴
کفار کا دردناک انجام	۴۴	۴۳ تا ۵۰
مومنین و متقین		
غزوۂ خندق کی روشنی میں اہل ایمان کا کردار	۳۳	۲۲
تکالیف کے وقت ان کا جذبۂ ایمان فزوں تر ہو جاتا ہے۔ ان کی جانفروشیاں اور اجر	۳۳	۲۲،۲۳،۲۴ مع حواشی
اہل ایمان مرد و زن کی صفات	۳۳	۳۵
اللہ کا ذکر کرنے والوں کی شان	۳۳	۳۵ مع حاشیہ
اہل ایمان کو کثرتِ ذکر اور تسبیح کا حکم	۳۳	۴۱-۴۲
اللہ تعالیٰ مومنین پر اپنی رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ اس کے فرشتے ان کے لیے دُعائیں مانگتے ہیں	۳۳	۴۳
اُنھیں سلامت رہو کی دُعا اور اجرِ کریم ملے گا	۳۳	۴۴
مومنین کو فضلِ کبیر کی بشارت	۳۳	۴۷
مومنین کے لیے مغفرت اور رزقِ کریم	۳۴	۴
جنھیں اذن ہو گا وُہ شفاعت کریں گے	۳۴	۲۳
اموال و اولاد نہیں بلکہ ایمان اور	۳۴	۳۷
عمل صالح قُربِ الٰہی کا ذریعہ ہیں	۳۴	۳۷
جو لوگ کتاب کی تلاوت کرتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں۔ اللہ کے رزق سے خرچ کرتے ہیں، اُن کی تجارت نفع والی ہے	۳۵	۲۹
ان کو ان کا پُورا اجر بھی ملے گا اور اپنے فضل سے مزید بھی	۳۵	۳۰
نیکیوں میں سبقت لے جانے والوں کو جنات عدن اور دیگر نعمتیں	۳۵	۳۳
وُہ اللہ کی حمد کریں گے	۳۵	۳۴-۳۵
وعظ و نصیحت کا فائدہ اللہ سے ڈرنے والوں کو ہوتا ہے	۳۶	۱۱
مومن کی زندگی اور موت	۳۶	۲۰ تا ۲۷
اہل جنت کی لُطف اندوزیاں، وُہ اور ان کی بیویاں، سلام کا پیغام، علامہ پانی پتی کی تفسیر	۳۶	۵۵،۵۶، ۵۷
اللہ کے مخلص بندوں پر انعامات کی بارش	۳۷	۴۰ تا ۴۹
اہل جنت کا ایک منکرِ قیامت ساتھی کو یاد کرنا اور وہاں سے اس دوزخی سے بات چیت	۳۷	۵۰ تا ۵۷
اہل جنت کو پھر موت نہیں آئے گی۔ یہی فضلِ عظیم ہے	۳۷	۵۸ تا ۶۱
پرہیزگاروں پر نوازشات (جناتِ عدن، پھل، شراب طہور اور حوریں)	۳۸	۴۹ تا ۵۴
بندۂ مومن رات بھر جاگتا ہے پھر ڈرتا ہے	۳۹	۹

	سورہ نمبر	آیت نمبر
اُس کی رحمت کی آس لگائے رہتا ہے	۳۹	۹
وُہ اور جاہل برابر نہیں ہو سکتے		
صابروں کو بغیر حساب اجر ملے گا	۳۹	۱۰
جو دُنیا میں اچھے کام کرتے ہیں انھیں اچھا صلہ ملے گا	۳۹	۱۰
اہلِ ایمان کو خوشخبری	۳۹	۱۷-۱۸
قرآن سُن کر اُن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں	۳۹	۲۰
ان کے دِل نرم ہو جاتے ہیں	۳۹	۲۳
حضورؐ پر ایمان لانے والوں کی شان	۳۹	۳۳،۳۴،۳۵
متقیوں کو نجات ملے گی۔ کوئی تکلیف نہ ہوگی	۳۹	۶۱
متقیوں کو جنّت کی طرف لے جائیں گے وہاں ان کی عزّت افزائیاں	۳۹	۷۳-۷۴
اہلِ ایمان قیامت سے خوفزدہ رہتے ہیں	۴۲	۱۸
جو آخرت کا طلبگار ہے اس پر مہربانی	۴۲	۲۰ مع حاشیہ
نیکوں پر فضلِ کبیر	۴۲	۲۲-۲۳
اہلِ ایمان کی دُعائیں قبول فرماتا ہے ویزیدہم من فضلہ	۴۲	۲۶
اہلِ ایمان کے لیے خیرٌ و ابقٰی	۴۲	۳۶،۳۷،۳۸
اہلِ ایمان کی صفات	۴۲	۳۸
جب ان پر زیادتی کی جاتی ہے تو بدلہ لیتے ہیں	۴۲	۳۹،۴۰،۴۱، ۴۲ مع حواشی
لیکن بخش دینا افضل ہے من عزم الامور	۴۲	۴۳

	سورہ نمبر	آیت نمبر
آخرت متقین کے لیے ہے	۴۳	۳۵
قیامت کے روز بجز پرہیزگاروں کے سب دوست دشمن ہوں گے۔ (الاخلاء یومئذ)	۴۳	۶۷ مع حاشیہ
انھیں اُس روز خوف و حزن نہ ہوگا	۴۳	۶۸-۶۹
دیگر انعامات	۴۳	۷۰ تا ۷۳
جن پر اللہ رحم فرمائے گا ان کی دوستی کام آئے گی	۴۴	۴۲
متقین پر نوازشات	۴۴	۵۱ تا ۵۷
اہلِ ایمان کے لیے زمین و آسمان میں اللہ کی قدرت و حکمت کی نشانیاں ہیں	۴۵	۳
تمھاری پیدائش، حیوانات، گردشِ لیل و نہار یہ نشانیاں ہیں	۴۵	۴-۵
جو اللہ کو رب مانتے ہیں پھر استقامت اختیار کرتے ہیں انھیں نہ خوف اور نہ حزن ہوگا و دیگر انعامات	۴۶	۱۳
جو اللہ کے محبوبؐ پر ایمان لائے اُن کے گناہ مٹا دیے۔ ان کے حالات کو درست کر دیا۔ اللہ اہلِ ایمان کا مددگار ہے۔ کفّار کا کوئی مددگار نہیں	۴۷	۱۱
اہلِ ایمان جنّت میں	۴۷	۱۲
اہلِ ایمان کے لیے جنّت جس میں شہد و شراب کی نہریں	۴۷	۱۵
جو راہِ ہدایت پر ہیں اُن کے نورِ ہدایت میں اضافہ کر دیا جاتا ہے، تقویٰ بخشا جاتا ہے	۴۷	۱۷

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مومنین کی آزمائش	۴۷	۳۱
ہمت مت ہارو تم ہی سربلند ہوگے	۴۷	۳۵
اہل ایمان کے دلوں میں سکینہ نازل کیا اور ان کی قوتِ ایمان میں اضافہ	۴۸	۴
اولیاء اللہ کے ساتھ بیعت کا ثبوت	۴۸	حاشیہ آیت ۱۰
مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں	۴۹	۱۰
مومن کی صفات	۴۹	۱۵
جنت ان کے نزدیک کردی جائے گی	۵۰	۳۱
آخرت میں قرب و بعد کا مفہوم	۵۰	حاشیہ آیت بالا
ان کی صفات خشیت اور قلبِ منیب	۵۰	۳۲-۳۳
جو مانگیں گے وہ بھی ملے گا ولدینا مزید	۵۰	۳۵ مع حاشیہ
متقین پر انعامات	۵۱	۱۵-۱۶
وہ رات کو کم سوتے ہیں	۵۱	۱۷
سحری کے وقت استغفار کرتے ہیں	۵۱	۱۸
ان کے اموال میں سائل اور محروم کا حق ہے	۵۱	۱۹
آیات زمینی اور انفسی میں غور کرنا ان کا شیوہ ہے	۵۱	۲۰-۲۱
متقین پر نوازشات کی بارش	۵۲	۱۷ تا ۲۰، ۲۲ تا ۲۴
متقین کی ایماندار اولاد بھی ان کے ساتھ ملا دی جائے گی	۵۲	۲۱ مع حاشیہ
ایک دوسرے سے گزشتہ احوال کا تذکرہ	۵۲	۲۵ تا ۲۸
فرشتے مومنین کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں	۴۰	۷
فرشتے نیکوں کے والدین، بیویوں اور	۴۰	۸-۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اولاد کے لیے بھی دعائیں کرتے ہیں	۴۰	۸-۹
مومن اپنے ماں باپ کو بخشوائے گا	۴۰	حاشیہ آیت بالا
شانِ بندگی اور شانِ بندہ نوازی	۴۱	۳۰ مع حاشیہ
دیگر بے پایاں انعامات	۴۱	۳۱-۳۲
دوسروں کو گمراہی سے نکالنا بہترین کام ہے	۴۱	۳۳
برائی کا بدلہ نیکی سے دینے کا حکم	۴۱	۳۴-۳۵

معاشیات

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
جو لوگ راہِ حق میں خرچ کرتے وقت کنجوسی کرتے ہیں اور ضرورت مند طبقہ کی کفالت نہیں کرتے اُن کا انجام	۳۳	۱۹ مع حاشیہ
حضرت داؤد کو عمدہ زرہیں بنانے کا فن سکھایا گیا	۳۴	۱۱
مصنوعات کو مضبوط اور خوب صورت بنانے کی تلقین	۳۴	حاشیہ آیت ۱۱
دریا اور سمندر میں گوشت اور سامانِ زینت ہے	۳۵	۱۲
بحری تجارت سے تلاشِ رزق کو فضلِ الٰہی کہا گیا	۳۵	۱۲
" " " " " " "	۴۵	۱۲
بگڑے ہوئے لوگوں کو غریبوں کی امداد کے لیے کہا جاتا ہے تو کہتے ہیں جنھیں خدا نے نہیں دیا ہم انھیں کیوں دیں۔	۳۶	۴۷
سرمایہ دارانہ ذہنیت		

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ	۴۲	۳۸
ہم نے کسی کو رزق کم دیا، کسی کو زیادہ، درجات میں فرق کر دیا۔ اس کی حکمت، ایک دُوسرے سے کام لے سکو	۴۳	۳۲
سب کے گمراہ ہونے کا خطرہ نہ ہوتا تو ہم کفار کے دروازے اور چھتیں سونے اور چاندی کی بنا دیتے	۴۵	۳۳، ۳۴، ۳۵
آخرت تیرے رب کے پاس متقین کے لیے ہے	۴۳	۳۵
ان کے مالوں میں سائل اور محروم کا حق ہے	۵۱	۱۹
(متقین کی صفات)		
زمین پیدا فرمائی۔ اس نے رزق کا انتظام کیا۔ سب کے لیے برابر موقع سواء للسائلین	۴۱	۱۰ مع حاشیہ

مُنافقین

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مُنافقین کے کردار کا تفصیلی تجزیہ غزوہ خندق کی روشنی میں	۳۳	۱۲ تا ۲۰ مع حاشیہ
مُنافقین کو مدینہ سے نکال دیا جائے گا انھیں قتل کر دیا جائے گا۔ ان کا انجام تباہی ہے	۳۳	۶۰-۶۱-۶۲
مُنافقین جب بارگاہ رسالت میں حاضر ہوتے ہیں	۴۷	۱۶
اُن کے دلوں پر مُہریں، وُہ نفس کے پیروکار ہیں	۴۷	۱۶
جہاد پر جانے کا حکم سُن کر موت کی غشی طاری ہوگئی	۴۷	۲۰-۲۱
اگر انھیں حکومت مل جائے تو فتنہ برپا کردیں اور قطع رحمی کرنے لگیں	۴۷	۲۲
موت کے وقت مُنافقین کی حالت	۴۷	۲۶،۲۷،۲۸
صلح حدیبیہ سے مُنافقین کو عذاب	۴۸	۶
مُنافقین کی جہاد سے پیچھے رہنے کی بہانہ سازیاں	۴۸	۱۱
یہ سمجھتے تھے کہ اب اللہ کا رسول ﷺ اور مسلمان اہل مکہ سے بچ کر واپس نہیں آئیں گے	۴۸	۱۲
غنیمت کے لالچ کے لیے جہاد میں شرکت کی خواہش کریں گے لیکن انھیں اجازت نہیں	۴۸	۵۰
فرمایا تمھیں پھر موقع دیا جائے گا جب جنگجو قوم سے لڑنے کی نوبت آئے گی جنگجو قوم سے کون مُراد ہیں	۴۸	۱۶ مع حاشیہ

نواہی

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
تمھیں دُنیوی زندگی دھوکہ میں نہ ڈال دے	۳۵	۵
شیطان تمھیں اللہ سے فریب میں مُبتلا نہ کر دے	۳۵	۵

	سورۃ نمبر	آیت نمبر		سورۃ نمبر	آیت نمبر
آپس میں تفرقہ نہ ڈالو	۴۲	۱۳ مع حاشیہ	(اہلِ پاکستان کے لیے لمحہ فکریہ)		
تفرقہ بازی کی وجہ بغیاً بینهم	۴۲	۱۴	مذاق مت کرو۔ عیب چینی مت کرو۔ بُرے القاب سے مت بلاؤ	۴۹	۱۱
جاہلوں کی طرح خواہشاتِ نفس کی پیروی نہ کرو۔ وہ تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکیں گے	۴۵	۱۸-۱۹	ایک دُوسرے کی جاسوسی نہ کرو	۴۹	۱۲ مع حواشی
			اللہ کے ساتھ کسی کو خدا نہ بناؤ	۵۱	۵۱

تعارف

سورة الاحزاب

نام : اس سورۂ پاک کا نام الاحزاب ہے۔ جو اس سورت کی آیت نمبر ۲۰ میں مذکور ہے۔ نیز اس میں غزوۂ احزاب کا تفصیلی تذکرہ ہے، جو تاریخ کے اعتبار سے ایک فیصلہ کن جنگ تھی۔ اس لیے اس سورت کو اسی نام سے معنون کیا گیا۔ اس میں نو رکوع، تہتر آیتیں اور ایک ہزار دو صد اسی کلمات اور پانچ ہزار سات صد نوّے حروف ہیں۔

زمانۂ نزول : یہ سورت مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی۔ اس میں جن واقعات کا تذکرہ ہے یعنی غزوۂ احزاب، بنی قریظہ اور نکاح حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا، وہ اس بات کی شہادت دے رہے ہیں کہ اس کا نزول ۵ھ میں ہوا۔

مضامین : اس سورۂ مبارکہ میں تاریخ اسلام کے اہم واقعات بیان کیے گئے ہیں۔ عرب کے جاہلانہ رسم و رواج میں دُور رس اور انقلابی نوعیت کی اصلاحات کی گئی ہیں۔ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خانگی زندگی کے کئی گوشوں کو آشکارا کیا گیا ہے۔ ازواجِ مطہرات اور خاندانِ رسالت کو خصوصی ہدایات اور ارشادات فرمائے گئے ہیں۔ مسلم معاشرہ میں مرد و زن کے آزادانہ اختلاط کو روکا گیا ہے۔ پردہ کے نظام کو بروئے کار لانے کے لیے ابتدائی ہدایات دی گئی ہیں۔ حضور سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کا اعلان فرما دیا گیا ہے۔ ان تمام امور نے اس سورت کو بڑی اہمیت بخش دی ہے۔ ہر چیز کا تفصیلی بیان تو اپنے اپنے مقام پر آئے گا۔ اس تعارف میں صرف اجمالی اشارات کیے گئے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ قارئین کرام سورت کا مطالعہ کرنے سے پہلے ان امور کو اپنے ذہن میں محفوظ کر لیں اور جب ان کے تفصیلی ذکر کے مقام سے ان کا گزر ہو تو وہ بے خبری میں ہی نہ گزر جائیں بلکہ وہاں توقف کریں، غور و تدبر کریں اور قرآن کریم کی روشنی سے اکتسابِ نور کرتے ہوئے آگے بڑھیں۔

اس سورت کے آغاز میں عہدِ جاہلیت کی رسوم و عادات پر ضربِ کاری لگائی گئی ہے لیکن اس سے پہلے یہ فرما دیا کہ بندۂ مومن پر لازم ہے کہ اپنے خداوند ذوالجلال کے ہر حکم کی بے چون و چرا تعمیل کرے اور اگر ایسا کرتے ہوئے اُسے لوگوں کی ملامت کا ہدف بننا پڑے یا لوگوں کی برہمی اور مخالفت کا سامنا کرنا پڑے تو ذرا نہ گھبرائے بلکہ اپنے ربِّ کریم پر توکل کرے اور اپنے سارے کام اس کے سپرد کر دے۔ اس سے بہتر کارساز اور کون ہو سکتا ہے۔ ساتھ ہی یہ نکتہ بھی بیان کر دیا کہ دل ایک ہی ہوتا ہے یا اس دل میں دُنیا اور اہلِ دُنیا کی محبت خیمہ زن ہوگی یا خدا کی بندگی کا جذبہ اپنا پرچم لہرائے گا۔ ان دو میں سے ایک کا انتخاب ناگزیر ہے۔ اگر انسان کے پہلو میں دو دل ہوتے تو ممکن تھا کہ ایک دل میں خدا اور دُوسرے میں دُنیا کو وہ جگہ دے دیتا۔ اور بیک وقت دونوں

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے محلہ کا محاصرہ کر لیا۔ کوئی منافق ان کی امداد کے لیے نہ آیا۔ آخر انہوں نے جان بخشی کی التجا کی جو قبول کر لی گئی اور ایک ایک اونٹ پر جتنا گھریلو سامان وہ لے جا سکتے تھے انہیں لے جانے کی اجازت دے دی گئی۔ یہ لوگ خیبر اور وادی القریٰ میں جا کر آباد ہو گئے۔ انہوں نے مشرکین عرب کو مدینہ طیبہ پر حملہ کرنے کے لیے اکسایا اور عرب کے بدو قبائل کے پاس بھی ان کے وفد گئے۔ انہیں بھی اپنے ساتھ ملا لیا۔ چنانچہ دس بارہ ہزار کے لشکر نے ایک چھوٹی سی بستی پر ہلہ بول دیا لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو خائب و خاسر کیا اور اپنے رسول مکرم کو فتح مبین عطا فرمائی۔ تفصیل حالات آیات کے ضمن میں مذکور ہیں۔ اس سے ایک تو یہ فائدہ ہوا کہ کفار کے غبارہ سے ہمیشہ کے لیے ہوا نکل گئی۔ پہلے وہ حملہ آور تھے اور مسلمان صرف دفاعی جنگ لڑ رہے تھے۔ اب مسلمان آگے بڑھ کر حملہ کرنے کی پوزیشن میں ہو گئے اور کفار صرف دفاع اور وہ بھی "بے دلی" سے کرنے پر قانع ہو گئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس روز اعلان فرما دیا: "لن تغزوکم قریش بعد عامکم ھذا ولکنکم تغزونھم" یعنی آج کے بعد قریش تم پر لشکر کشی نہ کر سکیں گے، اب تم ہی ان پر لشکر کشی کرو گے۔

دوسرا فائدہ یہ ہوا کہ منافق بے نقاب ہو گئے اس نازک مرحلہ میں انہوں نے جس بزدلی اور لاتعلقی کا ثبوت دیا، اس نے ان کو بے نقاب کر دیا۔ اب مسلمان ان کو خوب پہچان گئے اور ان کی اذیت رسانیوں سے محتاط ہو گئے۔ تیسرا فائدہ یہ ہوا کہ بنی قریظہ یہودی قبیلہ جس کے مسلمانوں کے ساتھ عہد و پیمان تھے اس نے جنگ کے دوران میں عہد شکنی کی اور دشمن کے ساتھ مل گیا۔ لیکن حضور کی حکمت عملی سے مشرکین اور یہود کی اجتماعی کوششیں ناکام ثابت ہوئیں۔ آخر کار یہ قبیلہ بھی کیفر کردار کو پہنچا۔ تفصیلات اپنے اپنے مقام پر آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے دشمنانِ حق کے دلوں پر اسلام کی دھاک بٹھا دی۔ عرب کے سارے قبائل سہم گئے۔ ان کے دلوں میں مدینہ طیبہ پر حملہ کرنے کے جو فاسد خیالات وقتاً فوقتاً پیدا ہوتے رہتے تھے، وہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو گئے۔ مدینہ طیبہ کی فضا اب یہود کی اذیت رسانیوں سے محفوظ ہو گئی۔

عام طور پر سیاسی لیڈروں کی خانگی زندگی اور پبلک زندگی الگ الگ ہوا کرتی ہے۔ ان میں بیّن تضاد پایا جاتا ہے۔ وہ دوسروں کو تو سادگی اور کفایت شعاری کی تلقین کرتے ہیں اور ان کے اپنے گھروں میں تکلفات اور سامانِ عشرت کی بھرمار ہوتی ہے۔ وہ لوگوں کو اعلیٰ کردار اور پاکیزہ سیرت کی تلقین کرتے ہیں لیکن ان کے اہل خانہ کا دامن غفلت، سہل انگاری اور طرح طرح کی آلودگیوں سے ملوث ہوتا ہے لیکن رہبر انسانیت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اہلبیت کو حکم دیا جا رہا ہے کہ اگر تمہیں دنیا کی آسائشیں اور راحتیں عزیز ہیں تو پھر تم اللہ تعالیٰ کے محبوب رسول کے گھر کی زینت نہیں بن سکتی ہو۔ سارے خاندانِ نبوت کے لیے اخلاق، عبادات، تزکیہ باطن اور پاک نفسی کا ایک مخصوص منشور پیش کیا جا رہا ہے انہیں ان کے مقام رفیع کا احساس دلا کر اس کی عظیم ذمہ داریوں کو نبھانے کا تاکیدی حکم دیا جا رہا ہے۔

پردے کا جو حکیمانہ نظام قرآن کریم سارے مسلم معاشرہ میں نافذ کرنا چاہتا ہے اس کے ابتدائی احکامات بھی یہاں ذکر کر دیئے گئے ہیں، لیکن کردار کی بلندی، اخلاق کی پاکیزگی، عباداتِ الٰہی میں ذوق و شوق صرف خانوادۂ نبوت تک ہی محدود نہیں بلکہ امتِ مسلمہ کے ہر مرد و زن کو جن خوبیوں سے متصف ہونا چاہیے آیت ۳۵ میں بڑی تفصیل سے ان کو بیان کر دیا گیا۔

سورۃ الاحزاب مدنیۃ وھی ثلٰث وسبعون اٰیۃ وتسع رکوعات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ الاحزاب مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس کی تہتر ۷۳ آیتیں اور نو ۹ رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اے نبی (مکرم) ! (حسب سابق) ڈرتے رہیے اللہ تعالیٰ سے [1] اور نہ کہنا مانیے کفار اور منافقین کا بے شک اللہ تعالیٰ

[1] اس مبارک سورت کا آغاز یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ کے پُرجلال کلمات سے کیا گیا ہے براہِ راست اس خصوصی خطاب کی وجہ یہ ہے کہ اس سورت میں چند ایسی اصلاحات کا حکم دیا جا رہا ہے جو قدامت پرست اہلِ عرب کے رسم و رواج کے سراسر خلاف تھیں۔ معاشرہ میں جب کوئی غلط رواج پکڑ جاتا ہے اور پشت ہا پشت سے لوگوں کا اس پر تعامل ہوتا ہے تو اسے ایک تقدس اور احترام حاصل ہو جاتا ہے وہ لوگوں کی عقیدت کا مرکز بن جاتا ہے اور وہ اس بارے میں اتنے جذباتی ہو جاتے ہیں کہ اس میں کسی اصلاح اور ترمیم کو برداشت نہیں کرتے۔ اور کسی بڑی سے بڑی ہستی کو بھی اس میں ردوبدل کرنے کی اجازت نہیں دیتے۔ قوموں کی اصلاح کا بیڑا اٹھانے والوں کے لیے سب سے صبر آزما لمحے وہی ہوتے ہیں جب وہ اپنی قوم کے غلط اور مضرت رساں رسم و رواج کے خلاف علمِ جہاد بلند کرتے ہیں۔ کیونکہ اس سورت میں عرب کے قدامت پسند معاشرہ اور ان کے غلط رواجوں کی اصلاح کرنا مقصود ہے اور قوم کے شدید ردِعمل کا اندیشہ ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو خصوصی طور پر خطاب فرما کر چند ہدایات سے سرفراز کیا ہے تاکہ حضور کے خلاف کذب و افتراء کے جو طوفان اٹھنے والے ہیں، ان میں آپ ثابت قدمی اور استقامت کا مظاہرہ کریں۔

دوسرے انبیاء کو ہمیشہ ان کے نام سے مخاطب کیا جاتا ہے یا آدم، یا نوح یا ابراہیم۔ اے آدم، اے نوح، اے ابراہیم۔ لیکن اپنے حبیب کو جب بھی خطاب فرمایا تو نام سے نہیں بلکہ اسمِ وصفی سے۔ اس سے مقصود حضور کی عظمتِ شان اور جلالتِ قدر کا اظہار ہے۔ چنانچہ علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر مفسرین نے لکھا ہے: نَادَاهُ جَلَّ وَعَلَا بِوَصْفِهٖ دُوْنَ اِسْمِهٖ تَعْظِيْمًا لَهٗ وَتَفْخِيْمًا۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی تعظیم و تکریم اور اظہارِ شان کے لیے وصفِ نبوت سے یاد فرمایا اور نام لے کر ندا نہیں کی۔

صاحب لسان العرب لفظ "نبی" کی تحقیق کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ اس کے ماخذ اشتقاق کے متعلق اہل لغت کے تین قول ہیں۔ (۱) یہ نَبَأٌ سے مشتق ہے (۲) یا نُبُوَّۃٌ سے (۳) یا نَبَاوَۃٌ سے مشتق ہے۔ پہلے قول کے مطابق نَبِیٌّ بروزنِ فَعِیْلٌ بمعنی مُفْعِلٌ مُخْبِرٌ ہوگا یعنی جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر دینے والا ہو۔

علامہ جوہری اور فراء دونوں کی رائے یہی ہے کہ یہ نَبَأٌ سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر دینے والا۔

الجوہری: وَالنَّبِيُّ الْمُخْبِرُ عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لِاَنَّهٗ اَنْبَأَ عَنْهُ وَهُوَ فَعِيْلٌ بمعنی مُفْعِلٌ۔

قَالَ الْفَرَّاءُ: اَلنَّبِيُّ هُوَ مَنْ اَنْبَأَ عَنِ اللّٰهِ فَتُرِكَ هَمْزَةٌ

اور اگر اس کا ماخذ اشتقاق اَلنُّبُوَّۃُ یا اَلنَّبَاوَۃُ ہو تو اس کا معنی ہے بلند اور اونچی چیز کیونکہ نبی دوسروں سے ہر

كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿۱﴾ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

یقیناً اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا، بڑا دانا ہے۔ اور پیروی کرتے رہیے جو وحی کیا جاتا ہے آپ کیطرف اپنے رب کیجانب سے

كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ﴿۲﴾ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۳﴾

جو کچھ تم کرتے رہتے ہو اس سے اچھی طرح باخبر ہے ؀ اور (اے محبوب!) بھروسہ رکھیے اللہ پر اور کافی ہے اللہ تعالیٰ (آپکا) کارساز ؁

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ

نہیں بنائے اللہ تعالیٰ نے ایک آدمی کے لیے دو دل اس کے جسم میں ؂ اور نہیں بنایا اس نے تمہاری بیویوں

الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ

کو جن سے تم ظہار کرتے ہو تمہاری مائیں ؃ اور نہیں بنایا اس نے تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارے فرزند

نے فرمایا کہ میں انہیں پہلے امان دے چکا ہوں۔ پھر ان کو حضور نے مدینہ طیبہ سے نکل جانے کا حکم دیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ کفار اور منافق اس قابل نہیں کہ ان کی بات مانی جائے۔ آپ صرف ان احکام کی پیروی فرمائیے جو علیم و حکیم خدا نے آپ پر نازل فرمائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی وہ ذات ہے جو تمہاری انفرادی، اجتماعی، سیاسی اور معاشی ضرورتوں سے باخبر ہے اور اس کا ہر حکم حکمتوں پر مبنی ہے۔ ایسے علیم و حکیم خدا کی فرمانبرداری سے ہی تم دونوں جہانوں میں سرخرو ہو سکتے ہو۔

؀ آپ صرف ان احکام کی پابندی کریں جو اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی آپ پر نازل فرمائے ہیں اور وہ تمہارے عمل کو جانتا ہے۔

؁ باقی رہیں کفار کی دھمکیاں اور منافقین کی ریشہ دوانیاں اور شرارتیں تو آپ ان کی قطعاً پروا نہ کریں۔ اپنے رب پر بھروسہ کریں۔ اپنے سارے کام اسی کے سپرد کر دیں۔ اس کارسازی کی تائید و نصرت کے بعد آپ کو کسی بداندیش کی ایذا رسانی کا ہرگز کوئی خوف نہیں ہونا چاہیے۔

؂ اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کو دو ہاتھ، دو پاؤں، دو کان اور دو آنکھیں دی ہیں لیکن دل صرف ایک ہی دیا ہے۔ یہاں متضاد خیالات اور عقائد کی گنجائش نہیں۔ ایک دل میں ایک ہی عقیدہ سما سکتا ہے یا انسان خدا کا بندہ بن جائے یا اسے چھوڑ کر غیر کی بندگی اختیار کرلے۔ یہ ناممکن ہے کہ آپ کفر اور اسلام دونوں کے علمبردار بنے رہیں، حق اور باطل دونوں سے رشتہ عقیدت جوڑے رکھیں۔ زندگی کے اس پرشور سمندر کو دو کشتیوں میں سوار ہو کر جو عبور کرنا چاہتا ہے وہ غرق ہو جاتا ہے یا صدیق و فاروق کی صف میں شامل ہو جاؤ یا ابولہب و ابوجہل کی سنگت اختیار کرو۔ عبداللہ بن اُبَی جیسے منافق لوگوں کی یہاں قطعاً کوئی گنجائش نہیں۔

؃ یہ بتا دینے کے بعد کہ یہاں دورنگی کی گنجائش نہیں۔ اسلام کو من و عن اس کے سارے تقاضوں کے ساتھ قبول کرنا ہو گا یا

أَخْطَأْتُمْ بِهِ وَلَٰكِنْ مَا تَعَمَّدَتْ قُلُوبُكُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿۵﴾

نادانستہ کر بیٹھو۔ البتہ وہ کام جو تمہارے دل قصداً کرتے ہیں (ان پر ضرور گرفت ہوگی) اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے ؎

کسی غیر کا بیٹا کہے۔ علامہ قرطبی نے اس موقع پر بہت سی احادیث نقل کی ہیں جن میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا کرنے سے سختی سے منع فرمایا ہے۔

؎ گفتگو میں جو بات ارادہ اور نیت کے بغیر زبان سے نکل جائے۔ اس پر مؤاخذہ نہیں ہوگا۔ البتہ جو خلافِ شرع باتیں تم جان بوجھ کر قصداً کرو گے اس کی سزا تمہیں ضرور دی جائے گی اگر غلطی کرنے کے بعد تمہیں ندامت ہو اور تم سچے دل سے توبہ کرو، تو تمہاری توبہ قبول ہوگی۔ بیشک اس کی بخشش بڑی عام ہے اور اس کا دامنِ رحمت بڑا وسیع ہے۔

تمام علماء تفسیر کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ آیت حضرت زید بن حارثہ کے حق میں نازل ہوئی۔ یہ شام کے باشندے تھے۔ تہامہ کے چند سواروں کا ادھر سے گزر ہوا، یہ ابھی بچے ہی تھے انہوں نے انہیں پکڑ لیا۔ اپنے ساتھ لائے اور انہیں فروخت کر دیا۔ حکیم بن حزام بن خویلد نے جو ام المومنین حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے تھے انہیں خرید لیا اور خرید کر اپنی پھوپھی صاحبہ کو تحفۃً پیش کیا۔ حضرت ام المومنین نے زید کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ کی خدمت میں بطور ہدیہ پیش کیا۔ حضور نے انہیں آزاد کر دیا اور اپنا متبنّٰے بنا لیا۔

زید کے والد حارثہ اپنے لڑکے کے فراق میں دیوانہ ہو گئے اور اس کی تلاش میں ملک ملک کی خاک چھان ماری۔ اپنے بیٹے کے فراق میں جو قصیدہ انہوں نے لکھا اسے پڑھ کر آج بھی دل پسیج جاتا ہے۔ چند شعر آپ بھی ملاحظہ فرمائیے اور ایک بدو کی بلاغت اور اس کے درد و سوز سے آگاہی حاصل کیجیے۔

بَكَيْتُ عَلَىٰ زَيْدٍ وَلَمْ أَدْرِ مَا فَعَلْ ۔۔۔ أَحَيٌّ فَيُرْجَىٰ أَمْ أَتَىٰ دُونَهُ الْأَجَلْ

میں زید کے فراق میں روتا رہتا ہوں، مجھے اس کے حال کا کوئی علم نہیں۔ کیا وہ زندہ ہے تاکہ اس کے لوٹ آنے کی امید کی جائے یا موت کی آغوش میں سو چکا ہے۔

تُذَكِّرُنِيهِ الشَّمْسُ عِنْدَ طُلُوعِهَا ۔۔۔ وَتَعْرِضُ ذِكْرَاهُ إِذَا غَرْبُهَا أَفَلْ

سورج جب طلوع ہوتا ہے تو وہ اس کی یاد تازہ کر دیتا ہے اور جب وہ غروب ہونے لگتا ہے تو پھر بھی اس کی یاد مجھے ستانے لگتی ہے۔

وَإِنْ هَبَّتِ الْأَرْيَاحُ هَيَّجْنَ ذِكْرَهُ ۔۔۔ فَيَا طُولَ مَا حُزْنِي عَلَيْهِ وَمَا وَجَلْ

جب ہوائیں چلتی ہیں تو اس کی آتشِ شوق کو بھڑکا دیتی ہیں، اس کی جدائی میں میرا غم اور اس کے متعلق میرے اندیشوں کا سلسلہ کتنا طویل ہے۔

سَأُعْمِلُ نَصَّ الْعِيسِ فِي الْأَرْضِ جَاهِدًا ۔۔۔ وَلَا أَسْأَمُ التَّطْوَافَ أَوْ تَسْأَمُ الْإِبِلْ

میں اپنی اعلیٰ نسل کی سانڈنی کو زمین میں چلاتا رہوں گا اور نہ میں اس کی تلاش میں طواف کرنے سے تھکوں گا اور نہ ہی میری اونٹنی۔

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ۭ وَ

نبی کریم مومنوں کی جانوں سے بھی زیادہ ان کے قریب ہیں اور آپ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں اور

اُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِىْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ

قریبی رشتہ دار ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں، کتاب اللہ کی رُو سے عام

يَقْعَنْ فِيْهِ وَ اَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ وَ اَنْتُمْ تَقَحَّمُوْنَ فِيْهِ (قرطبی) یعنی میری اور میری اُمت کی حالت اس شخص کی طرح ہے جس نے آگ جلائی ہو اور مختلف جانور اور پروانے اس میں گرنے کے لیے دوڑتے چلے آ رہے ہوں۔ میں تمہیں تمہاری کمروں سے پکڑ رہا ہوں اور تم اس میں گرنے پر اصرار کر رہے ہو۔

صحیح بخاری کی یہ حدیث بھی ملاحظہ فرمایئے :

عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رضى الله عنه اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال مَا مِنْ مُؤْمِنٍ اِلَّا وَ اَنَا اَوْلٰى بِهٖ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اقرؤا اِنْ شِئْتُمْ النَّبِىُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ من انفسهم وايما مومن مَاتَ وَ تَرَكَ مَالًا فليرثه عصبته مَنْ كَانُوْا وَمَنْ تَرَكَ دينا او ضياعا فلياتنى فَاَنَا مَوْلَاهُ ۔

یعنی کوئی ایسا مومن نہیں جس کا دُنیا و آخرت میں میں والی نہیں۔ اگر تم چاہتے ہو تو یہ آیت پڑھو النبی اولی بالمومنین۔ اور جو مومن فوت ہو اور اپنے پیچھے مال چھوڑ جائے تو اس کے قریبی رشتہ دار اس کے وارث ہوں گے اور جو مومن قرضہ وغیرہ چھوڑ جائے تو وہ میرے پاس آئے، میں اس کا والی ہوں۔

حضور کی شانِ کریمی پر انسان قربان جائے کتنی شفقت اور محبت کا اظہار فرمایا جا رہا ہے۔

جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہمارے ساتھ ایسا تعلق ہے، حضور کی خیر خواہی اور لطف و کرم کا یہ عالم ہے تو پھر حیف ہے ہم پر اگر ہم حضور کی شریعت کو چھوڑ کر اپنے نفسوں کی خواہشات کی پیروی میں لگ جائیں، اپنے دوستوں کو خوش کرنے کے لیے یا علمائے حکام کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ہم اپنے نبی پاک کی اطاعت سے سرتابی کریں۔ نیز اسلامی حکومتوں اور قانون ساز اداروں کو بھی اس امر کا پُورا پُورا احساس ہونا چاہیے کہ وہ کس رؤف و رحیم کا دامن چھوڑ رہے ہیں اور کس کی اطاعت کو اپنا شعار بنا رہے ہیں۔ وكونه عليه السلام اولى بالمؤمنين من انفسهم اى آرأف بهم واعطف عليهم اِذْ هُوَ يَدْعُوْهُمْ الى النجاة و انفسهم تدعوهم الى الهلاك۔ یعنی حضور کے اولیٰ بالمومنین ہونے کا مطلب یہ ہے کہ حضور ان پر ان کے نفسوں سے بھی زیادہ مہربان اور شفقت کرنے والے ہیں کیونکہ حضور انہیں نجات کی طرف بلاتے ہیں اور ان کے نفس انہیں ہلاکت کی دعوت دیتے ہیں۔ حضرت سہل فرماتے ہیں : مَنْ لم ير نفسه فى مِلْكِ الرَّسُوْلِ وَلَمْ يَرَ وِلَايَتَهٗ عليه فى جميع احواله لم يَذُقْ حَلَاوَةَ سُنَّتِهٖ ۔ یعنی جو شخص اپنے آپ کو حضور کا غلام نہ سمجھے اور اپنے تمام حالات میں اپنے آپ پر حضور کی حکمرانی تسلیم نہ کرے، اس نے سُنت کی شیرینی کا مزہ ہی نہیں چکھا۔

۱۲؎ حضور رسالتمآب علیہ التحیات والتسلیمات کی ازواجِ مطہرات کی عزت افزائی فرمائی جا رہی ہے کہ یہ مسلمانوں کی مائیں ہیں۔ اس تعلق کے باعث ہر مومن کا فرض ہے کہ ان کا اسی طرح احترام کرے جس طرح اپنی ماں کا احترام کرتا ہے۔ اگر ان جسمانی ماؤں

مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝٧ لِّيَسْئَلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ

سب سے پختہ عہد لیا تھا۔ یہ کہ (آپ کا رب) پوچھے سچوں سے انکے سچ کے متعلق اور اس نے

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝٨ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ

تیار کر رکھا ہے کافروں کے لیے دردناک عذاب۔ اے ایمان والو! یاد کرو اللہ تعالیٰ کے احسان کو ۱۴ جو اس نے

ع ۲ ۱۷

۱۴ ان آیات میں اس تائید اور عنایت کی طرف اشارہ ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے غزوۂ خندق میں مسلمانوں کو سرفراز فرمایا تھا۔ ان آیات کے مفہوم کو سمجھنے کے لیے ان نازک حالات کا جائزہ لینا از حد اہم ہے جن سے مسلمانوں کو واسطہ پڑا تھا، اس لیے اختصار کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس کا پس منظر پیش خدمت ہے۔

مدینہ طیبہ میں یہود کے دو مشہور قبیلے آباد تھے بنی نضیر اور بنی قریظہ۔ اگرچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مدینہ منورہ میں پہنچتے ہی ان سے دوستی کا معاہدہ کر رکھا تھا، لیکن ان کے دلوں میں اسلام سے عداوت کے شعلے بھڑکتے رہتے تھے۔ وہ ہر ایسے موقع کی تلاش میں رہتے جب کہ وہ اپنی اس باطنی خباثت کا مظاہرہ کر سکیں۔ غزوۂ احد میں جب گھاٹی پر متعین تیر اندازوں کی عجلت اور غلطی کے باعث اسلامی لشکر کو سخت جانی نقصان ہوا، تو یہود کے حوصلے بڑھ گئے۔ دوستی کے معاہدہ کے باوجود بنی نضیر نے حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو شہید کرنے کی ناپاک سازش کی جس میں وہ بری طرح ناکام ہوئے۔ اس عہد شکنی اور غداری کے باعث حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انہیں مدینہ طیبہ سے نکل جانے کا حکم دیا۔ عبد اللہ بن ابی نے انہیں جا کر پٹی دی کہ وہ اپنے گھروں میں ڈٹے رہیں۔ اگر لڑائی کی نوبت آئی تو وہ اپنی جمعیت کے ساتھ مسلمانوں کے خلاف جنگ کرے گا اور اس نے یقین دلایا کہ دوسرے کئی بدو قبائل بھی ان کی امداد کے لیے مدینہ پر دھاوا بول دیں گے، اس لیے بنی نضیر نے اس حکم کی تعمیل سے انکار کر دیا اور صاف صاف کہلا بھیجا کہ ہم اپنے گھروں کو چھوڑنے کے لیے تیار نہیں۔ آپ سے جو کچھ ہو سکتا ہے کر گزریئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مہلت کی مدت ختم ہوتے ہی ان کا محاصرہ کر لیا۔ عبد اللہ بن ابی دبک کر اپنے گھر میں بیٹھا رہا۔ کسی کو ہمت نہ ہوئی کہ ان کے دوش بدوش کھڑا ہو کر مسلمانوں کا مقابلہ کرے۔ جب بنی نضیر نے حالات کو اپنی توقع کے خلاف پایا تو انہوں نے مدینہ طیبہ چھوڑنے پر آمادگی کا اظہار کیا۔ چنانچہ تین آدمیوں کو ایک اونٹ پر جتنا سامان وہ لاد سکتے تھے لاد کر لے جانے کی حضور نے اجازت دے دی۔ بنی نضیر جلاوطنی کے بعد کچھ خیبر میں آکر آباد ہو گئے اور بعض وادی القریٰ میں فروکش ہو گئے لیکن انہوں نے یہاں آکر بھی اسلام کے خلاف سازش کرنی شروع کر دی۔ ان کا ایک وفد جس میں سلام بن ابی الحقیق، کنانہ بن ربیع بن ابی الحقیق، سلام بن مشکم اور حیی بن اخطب، قبیلہ بن نضیر سے اور بنی وائل سے ابو عمارہ شریک تھے، مکہ پہنچا اور قریش کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلاف جنگ پر ابھارنا شروع کیا اور انہیں یقین دلایا کہ وہ اس جنگ میں ان کے ساتھ ہوں گے۔ یہاں تک کہ اسلام اور بانی اسلام کو ختم کر کے دم لیں گے۔ قریش نے ان سے پوچھا کہ اے علماء یہود! تم صاحب کتاب ہو اور علم و فضل

شام
عراق
ایران
اردن
خلیج عرب
خلیج عمان
عمان
جبل طویق
طائف
ربع خالی
یمن
حضرموت
خلیج عدن
باب المندب
حبشہ
(ایتھوپیا)
سوڈان

عہد نبوت میں
عرب قبائل کے علاقے
نقشہ متعلق سورہ الاحزاب آیت ۹ تا ۲۷

ہیں، تھکاوٹ سے چُور ہیں، لیکن اپنے محبوب قائد کے ارشاد کی تعمیل میں سرگرمِ عمل ہیں۔ شمعِ توحید کے ان پروانوں کو اللہ تعالیٰ کے پیارے حبیب نے جانبازی اور فدائیت کا یوں مظاہرہ کرتے ہُوئے دیکھا تو فرمایا:

اِنَّ الْعَیْشَ عَیْشُ الْآخِرَۃ　　　فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَ الْمُهَاجِرَۃ

یعنی زندگی تو آخرت کی زندگی ہی ہے۔ میرے پروردگار انصار اور مہاجرین کو بخش دے۔

اپنے حق میں یہ دعائیں کر صحابہ کرام پر وجد کی کیفیت طاری ہوگئی اکیف و سرور سے بے خود ہو کر یہ گانے لگے:

نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا مُحَمَّدًا　　　عَلَی الْجِهَادِ مَا بَقِیْنَا اَبَدًا

یعنی ہم منزلِ عشق و محبت کے وہ مسافر ہیں جنہوں نے اپنے ہادی و مُرشد کے دستِ مُبارک پر اس بات پر بیعت کی ہے کہ ہم جب تک زندہ رہیں گے کلمۂ حق کو بلند کرنے کیلئے مصروفِ جہاد رہیں گے۔

نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کبھی کبھی اپنے شیریں اور دلنواز لہجہ سے اپنے ایک غلام حضرت عبد اللہ بن رواحہ کے یہ شعر بھی پڑھتے: ؎

اللھم لولا انت ما اھتدینا　　　ولا تصدقنا ولا صلّینا
فانزلن سکینۃ علینا　　　وثبت الاقدام ان لاقینا

یعنی اے میرے مولا کریم! اگر تیری مہربانی نہ ہوتی تو ہم راہِ ہدایت پر گامزن نہ ہوتے، نہ ہم زکوٰۃ دیتے اور نہ ہمیں نماز کی توفیق ملتی۔ اے اللہ! ہم پر اطمینان و سکون نازل فرما اور اگر ہمارا مقابلہ دُشمنوں سے ہو تو ہمیں ثابت قدم رکھ۔

عمرو بن عوف کہتے ہیں کہ میں، سلمان، حذیفہ، نعمان بن مقرن المزنی اور چھ انصاری اپنے حصہ کی چالیس گز خندق کھود رہے تھے، تو اتفاق سے ایک چٹان آگئی۔ ہم نے سارا زور لگایا بڑے جتن کیے لیکن وہ نہ ٹوٹی۔ میں نے حضرت سلمان سے کہا کہ آپ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی خدمت میں حاضر ہو کر سارا ماجرا بیان کریں تاکہ جو ارشاد ہو اس پر عمل کیا جائے۔ حضرت سلمان خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور چٹان کے متعلق گزارش کی کہ ہمارے بازو شل ہو گئے ہیں۔ ہماری کدالیں کند ہوگئی ہیں لیکن وہ ٹوٹنے کا نام نہیں لیتی۔ یہ سُن کر حضور خود اُٹھے اور اس جگہ کی طرف روانہ ہوئے وہاں پہنچ کر حضرت سلمان کے ہاتھ سے گینتی پکڑی اور اللہ اکبر کا نعرہ لگا کر ضرب لگائی۔ اس سے اتنی روشنی پیدا ہوئی جیسے کسی نے گھُپ اندھیرے میں اچانک چراغ جلا دیا ہو۔ اور اس کا تیسرا حصہ ٹوٹ کر الگ جا گرا۔ حضور نے فرمایا اللہ اکبر اعطیت مفاتیح الشام۔ مجھے مُلکِ شام کی کنجیاں دے دی گئیں۔ دُوسری مرتبہ پھر حضور نے اللہ تعالیٰ کا نام لیکر ضرب لگائی، پھر اسی طرح روشنی نمودار ہوئی اور تیسرا حصہ ٹوٹ گیا۔ حضور نے فرمایا: اللہ اکبر اعطیتُ مفاتیح فارس۔ مجھے مُلکِ ایران کی کنجیاں بخش دی گئیں۔ تیسری مرتبہ چوٹ لگائی، باقیماندہ چٹان بھی ریزہ ریزہ ہوگئی اور حضور نے فرمایا اللہ اکبر اعطیت مفاتیح الیمن۔ مجھے یمن کی کنجیاں مرحمت کر دی گئیں۔ اسی طرح نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ضربوں سے نہ صرف اس چٹان کو پارہ پارہ کر دیا، بلکہ دُنیا کی دو بڑی عالمی طاقتوں روم اور ایران کے سنگین قلعوں کو بھی ہلا کر رکھ دیا اور ان ممالک کی فتح کی نوید بھی اپنے غلاموں کو سنا دی ظاہری حالات کی نزاکت کسی سے مخفی نہیں، سارا عرب اُمڈ کر آرہا ہے۔ مدینہ کا ماحول بھی سازگار نہیں۔ یہاں بھی یہودیوں اور منافقوں کی یک بھاری جمعیت موجود ہے۔ فوج کے لیے نہ ساز و سامان ہے اور نہ خوراک کا معقول انتظام ہے۔ ان حالات میں جب بظاہر دُشمن کے اس زبردست

سبب را چنیں گفت روح الامین   کہ بعد از من اعوان و انصارِ دین

جبرئیل علیہ السلام نے اس کا سبب یہ بیان کیا کہ میرے بعد دین اسلام کے مددگار اور جان نثار

بریں مملکت با مسلط شوند   بآئینِ من اھل آں بگروند

ان ملکوں پر قابض ہوں گے اور وہاں میری شریعت کا قانون نافذ کریں گے۔

بریں مژدہ و شکر و لطفِ خدا   بہر بار تکبیر کردم ادا

اس بشارت اور اللہ تعالیٰ کے لطف پر میں نے ہر بار تکبیر کہی۔

شنیدند آں مژدہ چوں مومناں   کشیدند تکبیر شادی کناں

مومنوں نے جب یہ مژدہ سنا تو سب نے خوش ہو کر نعرہ تکبیر بلند کیا۔

اسی طرح دیگر کتابوں میں بھی یہ واقع مذکور ہے۔

شب و روز کی محنتِ شاقہ سے کفار کے لشکر کے آنے سے پہلے خندق تیار کر لی گئی۔ مدینہ طیبہ کے تین اطراف ایسے تھے، جہاں سے عمومی حملہ کی توقع نہ تھی۔ جنوب کی طرف گھنے باغات تھے۔ مشرق اور مغرب کی طرف پتھریلا علاقہ اور سخت چٹانیں تھیں۔ جہاں جگہ جگہ گہری اور چوڑی دراڑیں تھیں۔ صرف شمال کی سمت ہی کھلی اور غیر محفوظ تھی اور حملہ کا اسی جانب سے خطرہ تھا، چنانچہ کوہ سلع کو پشت کی طرف رکھ کر شہر کی شمالی جانب پانچ گز چوڑی اور پانچ گز گہری خندق کھود کر مکمل کر لی گئی۔ دشمن کے وہاں پہنچنے سے پہلے حضور تین ہزار جان نثاروں کو لے کر موزوں مقامات پر خیمہ زن ہو گئے۔ کفار کا لشکر جو ایک طوفان کی صورت میں آگے بڑھا چلا آ رہا تھا اسے یہ خیال تھا کہ وہ مدینہ کی بستی کو پہلے ہلّہ میں ہی نیست و نابود کر کے رکھ دے گا۔ انہوں نے جب اپنے سامنے اتنی چوڑی اور گہری خندق دیکھی تو حیرت زدہ ہو کر رہ گئے۔ ان کی جنگی منصوبہ بندی میں ایسی تدبیر کا سان گمان بھی نہ تھا۔ مجبوراً خندق کی دوسری طرف ہی انہوں نے اپنے خیمے نصب کر لیے اور مسلمانوں کو اپنے محاصرہ میں لے لیا اور حملہ کے لیے مناسب وقت کا انتظار کرنے لگے۔

ایک روز ابوجہل کا بیٹا عکرمہ، عمرو بن عبدوُد عرب کا مشہور شہسوار اور جنگجو اپنے کئی ساتھیوں کے ساتھ گھوڑوں پر سوار ہو کر خندق کا چکر کاٹنے لگے۔ ایک جگہ خندق نسبتاً تنگ تھی۔ اس نے گھوڑے کو ایڑ لگائی۔ گھوڑا بجلی کی سرعت کے ساتھ کود کر خندق کے دوسرے کنارے پر جا پہنچا۔ وہاں پہنچ کر اس نے بلند آواز سے للکارا: ھل من مبارز۔ ہے کوئی میرے ساتھ مقابلہ کرنے والا۔ کافر کی یہ للکار سن کر اللہ اور اس کے رسول کا شیر علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ اپنی تلوار ہوا میں لہراتے ہوئے سامنے جا کھڑے ہوئے اور فرمایا: "اے عبدوُد کے بیٹے! میں نے سنا ہے کہ تو نے یہ عہد کیا ہوا ہے کہ اگر کوئی قریشی تجھ سے دو چیزوں کا مطالبہ کرے گا تو تو ان دو میں سے ایک ضرور دے گا"۔ اس نے بڑی نخوت سے کہا ہاں، میں نے ایسا عہد کیا ہوا ہے۔ آپ نے فرمایا: میں تجھ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پاک پر ایمان لے آ اور اسلام قبول کر لے۔ ادعوك الی اللہ والی رسولہ والی الاسلام۔ اس نے کہا مجھے اس کی ضرورت نہیں۔ شیرِ خدا نے فرمایا: پھر میری دوسری درخواست یہ ہے کہ آ اور میرے ساتھ مقابلہ کر۔ وہ کہنے لگا: میرے آپ کے والد ابوطالب کے ساتھ بڑے دوستانہ مراسم تھے میں یہ پسند نہیں کرتا کہ آپ میری تلوار سے قتل ہوں۔ اسلام کے

نہیں لائے بلکہ جہان بھر کی ذلت اور رسوائی لے کر آئے ہو۔ اور جو لشکر تمہارے ساتھ ہے یہ ایسا بادل ہے جو صرف گرجتا اور کڑکتا جاتا ہے۔ اس میں بارش کا ایک قطرہ بھی نہیں۔ پیغمبر اسلام سے ہمارا دوستی کا معاہدہ ہے اور آج تک ان کی طرف سے اس کی معمولی خلاف ورزی بھی نہیں ہوئی۔ میں اس معاہدہ کو توڑنا نہیں چاہتا۔ لیکن حیی اس کو عہد شکنی پر برانگیختہ کرتا رہا۔ یہاں تک کہ وہ کامیاب ہو گیا اور کعب نے آخر کار مسلمانوں سے دوستی کے معاہدہ کو بالائے طاق رکھ دیا اور حیی اور لشکر کفار کے ساتھ اپنی قسمت وابستہ کر دی۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جب یہ بات سنی تو اس کی تصدیق کے لیے قبیلہ اوس کے سردار حضرت سعد بن معاذ اور خزرج کے رئیس حضرت سعد بن عبادہ کو چند خاص آدمیوں کے ساتھ بنو قریظہ کی طرف بھیجا اور فرمایا کہ اگر یہ اطلاع غلط ہو تو بھرے مجمع میں آکر بتا دینا۔ لیکن اگر درست ہو تو کنایۃً بتانا۔ ایسا نہ ہو کہ اس حادثہ سے مسلمانوں کے حوصلے پست ہو جائیں۔ یہ حضرات جب بنی قریظہ کی گڑھی میں پہنچے تو وہاں کا سماں ہی بالکل نرالا تھا۔ جنگ کی تیاریاں زور شور سے ہو رہی تھیں۔ تلواریں، بھالے، تیر کمانیں اسلحہ خانے سے نکال کر تقسیم کی جا رہی تھیں۔ انہوں نے کعب سے گفتگو کرنا چاہی اور اسے سمجھانا چاہا، لیکن وہاں تو نیتوں میں فتور پیدا ہو چکا تھا، وہ کوئی معقول بات سننے کے لیے تیار نہ تھے۔ تُو تُو میں میں تک نوبت پہنچی۔ بنی قریظہ نے صاف صاف کہہ دیا کہ ہمارے درمیان اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے درمیان قطعاً کوئی معاہدہ نہیں ہے۔ حضرت سعد بن معاذ نے اپنے ساتھیوں کو ان کے ساتھ الجھنے سے روکا اور فرمایا اب یہ معاملہ گالی گلوچ سے طے نہیں ہو گا، اب معاملہ بہت آگے بڑھ گیا ہے۔ واپس آکر انہوں نے اس عہد شکنی کی اطلاع حضور کی خدمت میں اشارتاً کر دی۔ رفتہ رفتہ یہ بات عام ہو گئی۔ مسلمانوں کی پریشانی کی حد ہو گئی پہلے تو صرف بیرونی حملہ آور سے مقابلہ تھا اب گھر بھی محفوظ نہ رہا۔ بنی قریظہ کے نوجوان کسی وقت بھی عقب سے حملہ کر کے حالات کو سنگین بنا سکتے تھے۔

منافقین جو اب تک مصلحت بینی کے پیش نظر با دلِ نخواستہ اسلامی لشکر میں شامل تھے انہوں نے برملا کھسکنا شروع کر دیا۔ وہ طرح طرح کی بہانہ سازیاں کرنے لگے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے محبوب کے سچے غلام ان حالات میں بھی ثابت قدمی کا مظاہرہ کر رہے تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کفار کی جمعیت اور طاقت کو منتشر کرنے کے لیے بنی غطفان کے سرداروں عیینہ اور ابو الحارث بن عوف سے بات چیت شروع کی۔ اگر تم محاصرہ اٹھا کر چلے جاؤ تو مدینہ کی کھجوروں کا تیسرا حصہ تمہیں دے دیا جائے گا۔ انہوں نے آمادگی کا اظہار کیا۔ ابھی یہ بات مکمل نہیں ہوئی تھی کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سعد بن معاذ اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما کو مشورہ کے لیے طلب فرمایا۔ وہ حاضر ہوئے تو انہیں ساری گفتگو سے خبردار کر دیا گیا۔ انہوں نے عرض کی: اے ہمارے آقا! اگر یہ معاہدہ حضور کو پسند ہے اور خوشی کا باعث ہے تو ہمیں منظور ہے۔ اگر یہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے تو بھی ہمیں مجال انکار نہیں۔ اگر حضور محض ہماری سلامتی کے پیش نظر یہ معاہدہ کر رہے ہیں، تو پھر ہم یہ معاہدہ کرنے کے لیے تیار نہیں۔ جب ہم کافر اور مشرک تھے اس وقت بھی ہم ان قبائل کو خاطر میں نہیں لاتے تھے۔ بطور مہمان یا خرید کر تو یہ مدینہ کی کھجوریں کھا سکتے تھے ویسے زبردستی کسی کو کھجور کا ایک دانہ لینے کی بھی جرأت نہیں تھی۔ اب تو ہمیں اللہ تعالیٰ نے عزت اسلام سے مشرف کیا ہے۔ ہماری غیرت ایمانی اور حمیت اسلامی کب گوارا کر سکتی ہے کہ وہ یونہی ہماری کھجوروں میں حصہ دار بن جائیں۔ رحمت عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ میں نے محض تمہاری سلامتی کے پیش نظر ان سے یہ بات چیت شروع کی ہے۔ اس تاریک ماحول میں، ان صبر آزما مشکلات میں غیرت و جرأت کا یہ مظاہرہ دیکھ کر حضور کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ انہوں نے عرض کی: واللہ لا نعطیھم الا السیف

کے پاس روانہ کیا۔ اور انہیں کہلا بھیجا کہ ہم یہاں زیادہ دیر نہیں ٹھہر سکتے۔ حالتِ سفر میں ہمارے جانور ہلاک ہو رہے ہیں خود بھی ہم طرح طرح کی پریشانیوں میں مبتلا ہیں۔ محاصرہ کو اب مزید طول دینا ہمارے لیے ممکن نہیں۔ اس لیے اب مزید تاخیر کیے بغیر ہمیں کوئی فیصلہ کن قدم اٹھانا چاہیے۔ کل ہم سامنے سے مسلمانوں پر حملہ کریں گے اور تم پیچھے سے ہلہ بول دو تاکہ اس مصیبت سے جان چھوٹے اور ہم فارغ ہو کر اپنے گھروں کو واپس چلے جائیں۔ یہود نے جواب دیا کہ کل یوم سبت (ہفتہ) ہے اور ہم اس روز کوئی کام نہیں کرتے۔ دوسرا ہم مسلمانوں سے دشمنی کا خطرہ مول لینے سے پہلے یہ یقین کرنا چاہتے ہیں کہ تم کسی وقت ہمیں بے یارو مددگار چھوڑ کر چلے نہیں جاؤ گے اور ہمیں تب یقین آئے گا جب چند معزز آدمی تم ہمارے پاس بطور رہن بھیج دو۔ اگر تمہیں یہ شرط منظور نہیں تو پھر ہم محمد (فداہ ابی وامی) کے مقابلہ کی تاب نہیں رکھتے تم تو کل گھروں کو چلے جاؤ گے۔ ہم یہاں سے بھاگ کر کہاں سر چھپائیں گے۔ جب وفد نے بنی قریظہ کی گفتگو ابوسفیان وغیرہ کو جا کر بتائی، تو وہ کہنے لگے کہ بخدا نعیم نے جو اطلاع ہمیں دی تھی وہ درست ہے۔ ابوسفیان نے ان کی یہ شرط ماننے سے صاف صاف انکار کر دیا۔ اس طرح بنی قریظہ کو یقین ہو گیا کہ نعیم نے جو مشورہ دیا تھا وہ صحیح تھا۔ انہوں نے حملہ آور لشکر کو کہلا بھیجا کہ جب تک تم اپنے آدمی بطور یرغمال ہمارے پاس نہیں بھیجو گے ہم تمہارا ساتھ دینے کے لیے تیار نہیں۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ایسے حالات پیدا کر دیئے کہ وہ ایک دوسرے سے بدگمان ہو گئے اور اسلام کے خلاف ان کا اتحاد پارہ پارہ ہو گیا۔

جاڑے کا موسم تھا۔ بلا کی سردی پڑ رہی تھی۔ سامان رسد بھی آہستہ آہستہ ختم ہو رہا تھا۔ یہود کے ساتھ تعلقات بھی ٹوٹ چکے تھے۔ حوصلے پست اور ہمت ٹوٹ چکی تھی۔ ایک رات کو سخت آندھی آئی۔ ان کے خیموں کی طنابیں ٹوٹ گئیں۔ ہانڈیاں الٹ گئیں۔ گھوڑے رسّے تڑا کر بھاگ نکلے۔ سارے لشکر میں سراسیمگی پھیل گئی۔ وہ سمجھے کہ یہ تند و تیز آندھی انہیں تباہ کر کے رکھ دے گی۔ ابوسفیان جو اس ساری شرارت کا سرغنہ تھا۔ اپنے اونٹ پر سوار ہوا اور کہا یارو! میں تو جا رہا ہوں تم بھی کوچ کرو۔ تم دیکھ نہیں رہے کہ جھکڑ کیا قیامت ڈھا رہا ہے۔ ابوسفیان پر ایسی بدحواسی طاری تھی کہ اونٹ پر سوار ہونے سے پہلے اس کا عقال (رسی) کھولنا یاد نہ رہا۔ جب اس نے اسے ایڑ لگا کر اٹھانا چاہا تب اسے پتہ چلا کہ اس کا پاؤں رسّہ سے بندھا ہوا ہے۔ اسی حالت میں اس نے عقال کو تلوار سے کاٹا اور سر پر پاؤں رکھ کر وہاں سے بھاگ نکلا۔ قریش اور غطفان نے جب اپنے کمانڈر انچیف کو یوں بزدلی کا مظاہرہ کرتے اور فرار ہوتے ہوئے دیکھا تو انہوں نے بھی بھاگ جانے میں عافیت سمجھی۔

حضرت حذیفہ نے ابوسفیان اور اس کے لشکر کے فرار کا آنکھوں دیکھا حال بارگاہِ رسالت میں عرض کیا تو رحمتِ مجسم علیہ الصلوٰۃ والسلام خوشی سے ہنس پڑے۔ یہاں تک کہ حضور کے دندان مبارک کی سپیدی ظاہر ہو گئی۔ مسلمان جب صبح بیدار ہوئے اور لشکر کفار کے پڑاؤ کی طرف دیکھا تو وہاں ٹوٹی ہوئی طنابوں، الٹی ہوئی ہانڈیوں، بجھی ہوئی آگ اور بکھرے ہوئے سامان کے سوا کوئی چیز نظر نہ آئی۔ کفر کا گھٹا ناپید ہو چکی تھی۔ یثرب نگر کا مطلع صاف ہو چکا تھا جہاں سورج کی سنہری کرنیں مسرت، کامیابی اور اطمینان کی نوید سنا رہی تھیں۔

یہ ان حالات کا اجمالی خاکہ ہے جن میں یہ آیات نازل ہوئیں۔ اس کی روشنی میں اگر آپ ان آیات کا مطالعہ کریں گے تو آپ کو ان کا مفہوم سمجھنے میں بڑی آسانی ہو گی۔

علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اگر حضور کو رحمۃ للعالمین بنا کر نہ بھیجا ہوتا تو یہ آندھی لشکر کفار کے ہر سپاہی کو ہلاک

اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَ

تمہارے نیچے کی طرف سے بھی اور جب مارے دہشت کے آنکھیں پتھرا گئیں اور کلیجے منہ کو آگئے ۱۹؎ اور تم

تَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ﴿۱۰﴾ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا

اللہ تعالیٰ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنے لگ گئے ۲۰؎ اس موقع پر خوب آزمایا گیا ایمان والوں کو اور وہ خوب سختی سے جھنجھوڑے

شَدِيْدًا ﴿۱۱﴾ وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

گئے۔ ۲۱؎ اور اس وقت کہنے لگے تھے منافق اور جن کے دلوں میں روگ تھا کہ

مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ

نہیں وعدہ کیا تھا ہم سے (فتح کا) اللہ اور اس کے رسول نے مگر فریب دینے کیلئے ۲۲؎ اور یاد کرو جب کہتی پھرتی تھی انہیں سے ایک جماعت

۱۹؎ یعنی دشمن نے ہر طرف سے تمہیں گھیر لیا تھا۔ صورت حال اتنی بھیانک تھی کہ دہشت کے مارے آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھیں خوف و ہیبت سے کلیجے منہ کو آرہے تھے۔ حناجر جمع ہے۔ اس کا واحد حنجرہ۔ حلق کی نچلی طرف کو حنجرہ کہتے ہیں۔ جب انسان صدرہ یہ خوفزدہ ہو تو اسے یوں محسوس ہوتا ہے کہ دل اچھل کر باہر نکل رہا ہے۔ واشارة الى عاية خلهم من الخوف حتى اظلمت البصارهم (مفردات) یعنی خوف کی وجہ سے آنکھوں کا پتھرا جانا۔

۲۰؎ ان کلمات سے پتہ چلتا ہے کہ سب لوگوں کی سوچ اور اندیشے یکساں نہ تھے۔ منافق تو یہ خیال کر رہے تھے کہ اب اسلام کا درخت جڑوں سے اکھڑ جائے گا۔ یہ آندھی اس چراغ کو بجھا دے گی۔ بزدل لوگ میدانِ جنگ سے بھاگنے کی تدبیریں کرنے لگے تھے طرح طرح کے حیلے بہانے کر کے واپس لوٹنے کی اجازت طلب کرنے لگے تھے۔ بعض نے تو اجازت مانگنے کو بے جا تکلف خیال کیا جونہی موقع ملا مورچہ کو خالی چھوڑ کر پیچھے سے کھسک گئے۔ لیکن مردانِ پاکباز کا ایک ایسا گروہ بھی تھا جنہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے وعدوں پر پکا یقین تھا۔ حالات بیشک حوصلہ شکن تھے۔ فضا خطرات کے مہیب بادلوں سے اَٹی ہوئی تھی، لیکن ان وفاکیشوں کے عزم و ثبات میں ذرا فرق نہ آیا۔ ان اندھیروں میں اُن کے نورِ یقین کی تابندگی دیدکے قابل تھی۔

۲۱؎ آزمائش بڑی سخت تھی ایک بھونچال تھا۔ ہر چیز تھر تھر کانپ رہی تھی۔ امتحان کی اس بھٹی سے مسلمان کندن بن کر نکل رہے تھے جن لوگوں نے نفاق کا لباس پہنا ہوا تھا، وہ ننگے ہو کر سامنے آرہے تھے۔

۲۲؎ منافق دل میں تو خوش تھے کہ اچھا ہوا مسلمانوں کی بربادی کی گھڑی آگئی جس کا وہ بڑی بیتابی سے انتظار کر رہے تھے۔ انہوں نے پہلے سرگوشیاں کیں، پھر لوگوں کے سامنے برملا یہ کہنا شروع کر دیا کہ وہ فتح اور کامیابی کا وعدہ کہاں گیا۔ اگلے روز تو یہ خوشخبریاں سنائی جا رہی تھیں کہ تم قیصر و

عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ سے وعدہ کر چکے تھے کہ وہ پیٹھ نہیں پھیریں گے ۲۸ اور اللہ تعالیٰ سے جو وعدہ کیا جاتا ہے

مَسْئُوْلًا ۝ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ

اس کے متعلق ضرور باز پرس کی جاتی ہے ۲۹ فرما دیجئے (اے بھگوڑو!) تمہیں نفع نہیں دے گا بھاگنا اگر تم بھاگنا چاہتے ہو موت سے یا

الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ

قتل سے اور (اگر بھاگ کر تم نے جان بچا بھی لی) تو تم لطف اندوز نہ ہو سکو گے مگر تھوڑی مدت ۳۰ فرمائیے کون بچا سکتا ہے تمہیں

اپنے بال بچے کا خیال ستائے گا اور نہ اپنے گھروں کی حفاظت کا فرض یاد رہے گا۔ تمام چیزوں کو نظر انداز کرتے ہوئے اسلام کو مٹانے کے جوش میں کفار کے لشکر میں شریک ہو جائیں گے۔

ان آیات میں کفار و منافقین کی ذہنیت کا کتنا حقیقت پسندانہ تجزیہ کیا جا رہا ہے اور ان کے اندازِ فکر و طریقِ کار کی کیسی صحیح تصویر کھینچی جا رہی ہے۔

۲۷ کفار کی دعوت پر لبیک کہنے میں وہ صرف اتنی مہلت مانگیں گے کہ گھروں میں رکھے ہوئے ہتھیار لے آئیں اور پوری طرح مسلح ہو کر اسلام کو مٹانے کے لیے ان کے لشکر میں شریک ہو جائیں۔

۲۸ آج تو ان کا یہ عالم ہے کہ بھاگ جانے کی تدبیریں سوچ رہے ہیں لیکن پہلے تو بڑے لمبے چوڑے دعوے کیا کرتے تھے اور خدا کی قسمیں کھا کھا کر کہتے تھے کہ ہم اسلام کے لیے جان دے دیں گے، خون کا آخری قطرہ تک بہا دیں گے۔ سر کٹا دیں گے مگر پیچھے ہٹنے کا نام نہ لیں گے۔ کہاں گئے ان کے وعدے اور کہاں گئے ان کے دعوے۔ منافقوں کا ہمیشہ یہی شعار ہوتا ہے کہ جب باتیں بنانے کا وقت ہوتا ہے، تو زمین و آسمان کے قلابے ملا کر رکھ دیتے ہیں اور اپنے اخلاص اور بہادری کے بارے میں ایسی ڈینگیں مارتے ہیں کہ سننے والا حیران ہو جاتا ہے لیکن جب عمل کا وقت آتا ہے تو ان کی قلعی کھل جاتی ہے اور ان کا غلیظ باطن آشکارا ہو جاتا ہے۔

۲۹ وہ یہ گمان نہ کریں کہ جو وعدے انہوں نے خداوندِ عالم سے کیے تھے انہیں بھلا دیا جائے گا۔ اور ان سے کسی قسم کی باز پرس نہیں ہو گی ان کا یہ خیال غلط ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سے ہر بات کے متعلق باز پرس کرے گا۔

۳۰ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اے محبوب! انہیں کہیے کہ اگر تم موت اور قتل سے بچنے کے لیے میدانِ جنگ سے بھاگ جانا چاہتے ہو تو تمہارے جیسا نادان اور کون ہو گا۔ یاد رکھو! موت سے کسی کو مفر نہیں۔ یہاں میدانِ جنگ میں قتل ہونے سے اگر آج تم بچ بھی گئے تو کیا پھر ہمیشہ کے لیے زندہ رہو گے؟ آج نہیں تو کل بہرحال تم نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔ اس لیے چند روزہ زندگی کے لیے اپنے نام پر بزدلی اور نامردی کی تہمت نہ لگنے دو۔

جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ

جب خوف (و دہشت) چھا جائے تو آپ انہیں ملاحظہ فرمائیں گے کہ وہ آپ کی طرف یوں دیکھنے لگتے ہیں کہ ان کی آنکھیں چکرا رہی

يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ

ہوتی ہیں اس شخص کی مانند جس پر موت کی غشی طاری ہو[۵۳] پھر جب خوف دُور ہو جائے تو تمہیں سخت اذیت پہنچاتے ہیں اپنی تیز زبانوں سے

حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۭ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ۭ

بڑے حریص ہیں مالِ غنیمت کے حصول میں[۵۴] (درحقیقت) یہ لوگ ایمان ہی نہیں لے آئے[۵۵] پس اللہ نے ضائع کر دیے ہیں انکے اعمال

البخل اور بعض علماء لغت نے شُحّ اور بُخل کا فرق بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ مال خرچ کرنے میں کنجوسی کو تو بُخل کہتے ہیں لیکن مال خرچ کرنے اور کسی کے ساتھ بھلائی کرنے میں کنجوسی کو شُحّ کہتے ہیں۔ اَلْبُخْلُ بِالْمَالِ وَالشُّحُّ بِالْمَالِ وَالْمَعْرُوْفِ یعنی غریب اور مسکین مسلمانوں کی امداد کے لیے یا جہاد کی تیاری کے لیے انہیں مال دینے کی دعوت دی جاتی ہے تو ایک دمڑی خرچ کرنا بھی ان کے لیے مشکل ہو جاتا ہے یہ لوگ پرلے درجہ کی کنجوسی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

[۵۳] اور جب خوف طاری ہوتا ہے تو پھر ان کی حالت دیدنی ہوتی ہے۔ آنکھیں گھومنے لگتی ہیں اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ موت کے فرشتے نے اپنا ہاتھ ان کی شہ رگ پر رکھ دیا ہے اور وہ دم توڑ رہا ہے۔ مرنے والے کی جو حالت ہوتی ہے وہی ان بزدلوں کا حال ہوتا ہے۔ کنجوسوں کی بزدلی کی کتنی صحیح تصویر کھینچی گئی ہے۔

اپنے ہاں کے دولتمندوں کو دیکھیے کہ انہیں اپنے پڑوس میں بسنے والے مسکینوں اور اپنے خاندان کے خستہ حال یتیموں اور بیواؤں پر کبھی ترس نہیں آتا۔ ان کے لیے ایک کوڑی خرچ کرنا بھی انہیں مشکل معلوم ہوتا ہے لیکن جب اشتراکیت کے علمبردار ان کی فیکٹریوں پر دھاوا بول دیتے ہیں اور ان کو اپنے گھیرے میں لے لیتے ہیں اس وقت ان کا حال بعینہٖ وہی ہوتا ہے جو اس آیت میں مذکور ہے۔ کاش اُمت کے اغنیاء اپنے غریب اور محتاج بھائیوں کی امداد فیاضی سے کریں اور یتیم بچوں کی صحیح تعلیم و تربیت کا فریضہ ادا کریں تو قطعاً انہیں ان رُوح فرسا حالات سے دوچار نہ ہونا پڑے۔

[۵۴] جب جانباز مجاہدین کی کوششوں سے دُشمن پسپا ہو جاتا ہے تو اُن کے ہوش ٹھکانے لگتے ہیں۔ اس وقت ان کی خسیس فطرت دُوسرے روپ میں ظاہر ہوتی ہے۔ مالِ غنیمت میں سے زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے کے لیے جھپٹنے لگتے ہیں۔ ان کی بھوکی للچائی ہوئی نظریں ہر چیز کو ہڑپ کرنے کے لیے بے چین ہو جاتی ہیں۔ یہ لوگ جانباز مجاہدوں پر طعن و تشنیع کے تیر برسانے لگتے ہیں۔ یوں پروپیگنڈا کرتے کہ اس فتح و کامیابی کا سہرا صرف ان باتونی لوگوں کے سر ہے۔ وہ مجاہدین جو فولادی چٹان بن کر دُشمن کے سامنے سینہ تان کر کھڑے رہے اور دُشمن کے ہر حملہ کو پسپا کرتے رہے، ان کا اس فتح میں کوئی حصہ ہی نہیں کبھی کہتے ہیں کہ تمہارا جنگی منصوبہ ناقص تھا تم نے اپنا فرض

ع ۲/۱۸

إِلَّا قَلِيلًا ۝٢٠ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ

کرتے مگر برائے نام۔ بیشک تمہاری رہنمائی کے لیے اللہ کے رسول (کی زندگی) میں بہترین نمونہ ہے ۳۳ ہر اس کے لیے جو

مکانات اور ان میں پر آرام وہ محلات کے بجائے وہ کسی صحرا میں بدوؤں کے ساتھ زندگی بسر کر رہے ہوتے۔ جہاں دشمن کے حملہ کا ہر وقت خطرہ کا لگا نہ ہوتا۔ آیت میں بَادُوْنَ "بدو" سے ہے۔ اس کا معنی جنگل میں نکل جانا اور وہاں آباد ہو جانا ہے۔ یقال بدا یبدو بدوا بداوۃ اذا خرج الی البادیۃ۔ الاعراب: سکان البادیۃ خاصۃ والواحد منھم الاعرابی نسبۃ الی الاعراب۔ (المنجد) یعنی جنگل میں رہنے والوں کو اعراب کہتے ہیں اس کا واحد اعرابی ہے۔

۳۳ نظریات جب تک صرف نظریات ہوں تو ان کے حسن و قبح کا صحیح اندازہ لگایا جا سکتا ہے نہ ان میں کشش اور جاذبیت پائی جا سکتی ہے کہ وہ کسی کو عمل پر ابھار سکیں۔ دلائل کے آپ انبار لگا دیجیے، فصاحت و بلاغت کے دریا بہا دیجیے لوگ تحسین و آفرین ضرور کریں گے، لیکن ان نظریات کو اپنانے اور اس اپنانے کی جو ذمہ داریاں ہیں اور ان ذمہ داریوں کو نباہنے کی راہ میں جو خطرات ہیں ان کو وہ اٹھانے کے لیے آمادہ نہیں ہوں گے۔ اسلام فلسفیانہ نظریات کا مجموعہ نہیں کہ آپ اپنے ڈرائنگ روم میں آرام دہ صوفوں پر بیٹھ کر انہیں موضوع بحث بنائیں۔ اپنے ذہن رسا سے طرح طرح کی توجیہیں پیش کریں، مجلس مذاکرہ منعقد کر کے مقالے پڑھیں اور پھر یہ سمجھ لیں کہ ہم نے اپنا فرض ادا کر دیا، بلکہ یہ تو ایک نظام حیات ہے جو زندگی کے ہر موڑ پر راہنمائی کرتا ہے اور ہر مرحلہ پر پیغام دیتا ہے۔ اس پر عمل کرنا اور اس کی تعلیمات پر کاربند ہونا اس وقت تک آسان نہیں جب تک ایک عملی نمونہ ہمارے پاس نہ ہو۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کے لیے صرف قرآن نازل کرنے پر اکتفا نہیں کیا، بلکہ اس کی تبلیغ کرنے کے لیے اپنے محبوب کو منتخب فرمایا تاکہ وہ ارشادات خداوندی پر خود عمل کر کے دکھائے اور ان پر عمل کرنے سے زندگی میں جو زیبائی اور نکھار پیدا ہوتا ہے اس کا عملی نمونہ پیش کرے تاکہ جو حق کے متلاشی ہیں وہ قرآنی تعلیمات کی عملی تصویر دیکھ کر اس کو اپنے سینہ سے لگالیں۔

یہ آیت اپنے الفاظ کے اعتبار سے عام ہے۔ اسے زندگی کے کسی ایک شعبہ کے ساتھ وابستہ نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن جس موقع پر اس کا نزول ہوا، اس نے اس کی اہمیت کو چار چاند لگا دیے ہیں۔ یہ آیت غزوۂ خندق کے ایام میں نازل ہوئی جب کہ دعوت حق پیش کرنے والوں کے راستہ میں پیش آنے والی ساری مشکلات اور آلام و مصائب پوری شدت سے رونما ہو گئے۔ دشمن سارے عرب کو ساتھ لے کر آدھمکا ہے۔ یہ حملہ اتنا اچانک ہے کہ اس کو پسپا کرنے کے لیے جس تیاری کی ضرورت ہے اس کے لیے خاطر خواہ وقت نہیں۔ تعداد کم ہے۔ سامانِ رسد کی اتنی قلت ہے کہ کئی وقت فاقہ کرنا پڑتا ہے۔ مدینہ کے یہودیوں نے عین وقت پر دوستی کا معاہدہ توڑ دیا ہے۔ ان کی غداری کے باعث حالات مزید پیچیدہ ہو گئے ہیں۔ دشمن سیلاب کی طرح بڑھا چلا آ رہا ہے۔ اس کے پہنچنے سے قبل مدینہ طیبہ کی مغربی سمت کو خندق کھود کر محفوظ بنا دینا از حد ضروری ہے۔

ان حالات میں حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ کے دوش بدوش موجود ہیں۔ خندق کھودنے کا موقع آتا ہے تو ایک عام سپاہی کی طرح خندق کھودنے لگتے ہیں۔ مٹی اٹھا اٹھا کر باہر پھینک رہے ہیں۔ دوسرے مجاہدین کی طرح فاقہ کشی کی تکلیف بھی

كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ۝ وَلَمَّا

الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ

اور جب ایمان والوں نے کفار کے لشکروں کو دیکھا تو فرطِ جوش سے پکار اُٹھے یہ ہے وہ لشکر جس کا وعدہ ہم سے اللہ اور اسکے رسول نے فرمایا

صَدَقَ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ ۫ وَ مَا زَادَهُمْ اِلَّاۤ اِیْمَانًا وَّ تَسْلِیْمًا ؕ﴿۲۲﴾ مِنَ

تھا اور سچ فرمایا تھا اللہ اور اس کے رسول نے۔ اور دشمن کے لشکر جرار نے ان کے ایمان اور جذبہ تسلیم میں اور اضافہ کر دیا ٤٤ اہل

الْمُؤْمِنِیْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَیْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ

ایمان میں ایسے جوانمرد ہیں جنہوں نے سچا کر دکھایا جو وعدہ اُنہوں نے اللہ تعالیٰ سے کیا تھا ٤٥ ان جوانمردوں سے کچھ

قَضٰی نَحْبَهٗ وَ مِنْهُمْ مَّنْ یَّنْتَظِرُ ۖ٭ وَ مَا بَدَّلُوْا تَبْدِیْلًا ﴿۲۳﴾ لِّیَجْزِیَ

تو اپنی نذر پوری کر چکے ٤٦ اور بعض (اس ساعت سعید کا) انتظار کر رہے ہیں ٤٧ (جنگ کے مہیب خطرات کے باوجود) انکے عزم میں ذرا تبدیلی نہیں آئی

٤٤ ان خوفناک حالات میں منافقین کی بزدلی اور بدباطنی کا ذکر ہوا۔ اب اہل ایمان کے ایمان افروز حالات اور جذبات کا بیان شروع ہو رہا ہے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے محبوب کے قدموں میں اپنی جان اور اپنا دل نثار کر دیا تھا۔ ارشاد فرمایا کہ کفار کا لشکر جرار دیکھ کر اور اپنے آپکو مہیب خطرات میں گھرا دیکھ کر مسلمانوں کے یقین اور ایمان میں کوئی فرق نہیں آیا بلکہ ان کے ایمان میں اور جلا پیدا ہو گئی قضائے الٰہی کے سامنے تسلیم و رضا کا جو درس انہیں دیا گیا تھا وہ پھر تازہ ہو گیا اور کہنے لگے یہ تو بعینہٖ وہی چیز ہے جس کا وعدہ ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے فرمایا۔ جس طرح اس حملہ کا وعدہ پورا ہوا اسی طرح غلبۂ اسلام کا وعدہ بھی یقیناً پورا ہو گا جس وعدہ کا یہاں ذکر ہے، گزشتہ صفحات میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ جب خندق کھودتے ہوئے چٹان نمودار ہوئی تو حضور نے تین ضربیں لگا کر اسے پارہ پارہ کر دیا نیز شام ایران اور یمن کی فتح کی خوش خبری بھی دے دی۔

٤٥ رِجَالٌ پر تنوین تفخیم کی ہے، اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو قوت و مردانگی میں بے نظیر تھے۔ یقال فلان رجل في رجال اي كامل الرجولية بمنتهد المتجد (یعنی اہل ایمان میں ایسے جواں مرد اور پاکباز عشاق بھی ہیں جنہوں نے اپنے رب کریم سے جو وعدہ کیا تھا اسے پورا کر دکھایا۔ خندق کھودتے ہوئے مل کر وجد آفریں لہجہ میں وہ یہ شعر پڑھا کرتے تھے:

نحن الذين بايعوا محمدا على الجهاد ما بقينا ابدا

وہ صرف لاف زنی نہ تھی بلکہ جب وقت آیا تو انہوں نے سر کٹا کر، جان دے کر اپنے دعویٰ محبت کی لاج رکھ لی اور قیامت تک آنیوالے عاشقانِ باصفا کے لیے ایک زندہ مثال قائم کر دی۔ کسی قیمت پر انہوں نے اپنے ایمان پر حرف نہیں آنے دیا۔

٤٦ نَحْبٌ کہتے ہیں نذر اور عہد کو۔ لبید کا شعر ہے:

لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ

(اور جہاد میں ایک حکمت یہ بھی ہے) کہ اللہ تعالیٰ جزا دے ۴۴ اپنا وعدہ سچا کرنے والوں کو ان کے سچ کے باعث ۴۵ اور عذاب دے منافقوں کو اگر اس کی

اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۲۴ۚ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

مرضی ہو یا ان کی توبہ قبول فرمائے ۴۶ بیشک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے ۔ اور (دیکھو!) لوٹا دیا اللہ تعالیٰ نے

دیا تھا کہ ان کی پہچان ہو سکے۔ ان کی ہمشیرہ نے ان کی انگلیوں کے پوروں سے دیکھ کر انہیں پہچانا۔

تپید یک دم و کرد زیب فتراکش

خوشا نصیب غزالے کہ زخم او کاریست

۴۴ اور جو لوگ میدانِ جہاد سے سلامت واپس آئے انہیں اپنے صحیح وسلامت واپس آنے پر خوشی نہیں ہے بلکہ وہ شہادت سے محرومی کے باعث بڑے غمزدہ اور دل گرفتہ ہیں اور وہ اس سہانی گھڑی کا بڑی بے تابی سے انتظار کر رہے ہیں جب وہ خونِ شہادت سے سرخرو ہو کر بارگاہِ رب العزت میں حاضر ہوں گے۔

انہی جانثاروں کی بے لوث اور بے دریغ قربانیوں کے باعث اسلام کو یہ عزت و شوکت نصیب ہوئی۔ انہوں نے اپنے خونِ ناب سے آبیاری کر کے شجرِ اسلام کو سدا بہار بنایا۔ انہی کی کوششوں کی برکت سے آج ہمیں ایمان کی نعمت نصیب ہے لیکن امت میں ایک ایسا بدقسمت فرقہ بھی پیدا ہو گیا ہے جو خود تو اسلام کے لیے کچھ کر نہیں سکتے، الٹا اپنی بداعمالیوں کی وجہ سے اسلام کے لیے باعثِ ننگ و عار ہیں، ہر قدم خلافِ شریعت اٹھاتے ہیں، سنتِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے تارک ہیں، شکل، عمل، سیرت اور کردار سے اسلام کا منہ چڑا رہے ہیں، لیکن ان وفا شعار غلامانِ مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثنا اور دین کے جوانمرد سپاہیوں پر زبانِ طعن دراز کرنا کمالِ ایمان خیال کرتے ہیں اور سمجھتے یہ ہیں کہ ان اولوالعزم ہستیوں کو جتنا برا کہیں گے اتنا ہی ان کے گناہ جھڑیں گے اور ان کے رتبے بلند ہوں گے۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ زبانِ قدرت ان کی تعریف میں رطب اللسان ہے، قرآن کے صفحات ان کی پاک باطنی کی شہادت دے رہے ہیں، فرشتے ان کی شجاعت، بسالت، سخاوت اور عدالت کی قسمیں کھا رہے ہیں، حوریانِ فردوس ان کی راہ میں اپنی آنکھیں بچھانے کے لیے بے بیتاب ہیں اور اپنے آپ کو مسلمان کہلانے والا بے عمل انسان ان پر کیچڑ اچھالنے سے باز نہیں آتا۔

۴۵ اللہ تعالیٰ ان کی قربانیوں کو ضائع نہیں کرے گا بلکہ اپنی شانِ کریمی کے مطابق انہیں جزا دے گا۔

۴۶ باقی رہے منافقین تو ان کے متعلق جیسی اس کی مرضی ہو گی ایسا کرے گا، چاہے تو ان کی بداعمالیوں کے باعث انہیں قعرِ ضلالت میں گرا ہوا چھوڑ دے۔ اسی حالت میں انہیں موت آ جائے اور ہمیشہ کے لیے دوزخ میں پھینک دیئے جائیں۔ اور چاہے تو اپنی رحمت اور مہربانی سے انہیں خوابِ غفلت سے بیدار کر دے اور راہِ حق پر چلنے کی توفیق مرحمت فرما دے۔ وہ بڑا غفور رحیم ہے۔ اس کی شانِ پوزش پذیری اور اس کی صفتِ رحمت سے یہ چنداں بعید بھی نہیں کہ وہ ایسا کرم فرما دے اور ڈوبتے ہوؤں کا بازو پکڑ کر

نکلنے لگے۔ حضور گھوڑے پر سوار تھے جس کا نام "لحیف" تھا۔ سو صحابہ کے ایک دستے نے گھوڑوں پر سوار ہو کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اردگرد حلقہ بنا لیا جن کے پاس سواری کا انتظام نہ تھا وہ پیادہ چل پڑے۔ اس روز لشکر اسلام کا پرچم سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو عطا فرمایا گیا۔ یہ لشکر جلد ہی بنو قریظہ کی گڑھی کے قریب پہنچ گیا۔ حضرت علی نے قلعہ کی دیوار کے نزدیک پرچم گاڑ دیا۔ یہودیوں نے جب مسلمانوں کو آتے ہوئے دیکھا تو دروازے بند کر دیئے اور مرد و زن چھت پر چڑھ گئے اور مسلمانوں پر گالیوں کی بوچھاڑ کرنے لگے حضرت اُسید بن حضیر نے ان کی اس حرکت پر غضبناک ہو کر فرمایا: يَا أَعْدَاءَ اللهِ لَا نَبْرَحُ عَنْ حُصُونِكُمْ حَتّٰى تَمُوتُوا جُوعًا۔ کہ اے اللہ کے دشمنو! ہم تمہارے قلعوں کا ایسا محاصرہ کریں گے کہ تم بھوکے مر جاؤ گے۔ انہوں نے اپنی دیرینہ دوستی کا واسطہ دیا۔ آپ نے فرمایا کہ میرے اور تمہارے درمیان سب تعلقات منقطع ہو گئے ہیں۔ حضور نے رات وہاں بسر کی۔ صبح ہوتے ہی ان کے اس قلعہ کا محاصرہ کر لیا اور مختلف مقامات پر تیر انداز بٹھا دیئے۔ یہودی بھی پتھر اور تیر برساتے رہے۔ مسلمان بھی ان کا مؤثر جواب دیتے رہے۔ جب ان کی شرارت شدت اختیار کرنے لگی تو حضور کے ارشاد سے مسلمانوں نے انہیں باقاعدہ اپنی زد میں لے لیا۔ انہوں نے پتھر برسانے بند کر دیئے اور گفتگو کرنے کی اجازت طلب کی جو انہیں بخش دی گئی۔

یہود نے نباش بن قیس کو اپنا نمائندہ بنا کر بارگاہِ رسالت میں بھیجا۔ اس نے آ کر کہا کہ جن شرائط پر آپ نے بنو نضیر کو یہاں سے نکلنے کی اجازت دی تھی، انہی شرائط پر ہمیں بھی یہاں سے نکل جانے کی اجازت دے دیجیے۔ ہم اپنی عورتوں، بچوں اور بار شتر کے ساتھ مدینہ چھوڑ جاتے ہیں باقی ہر چیز آپ سنبھال لیں۔ حضور نے انکار کر دیا۔ پھر اس نے کہا ہم سارا مال و متاع یہاں چھوڑ جاتے ہیں صرف ہماری جان بخشی کی جائے۔ یہ تجویز بھی مسترد کر دی گئی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ تم اپنے متعلق میرا فیصلہ اگر ماننے کے لیے تیار ہو تو تمہارے ساتھ مفاہمت کی بات چیت کی جا سکتی ہے۔ وہ مشورہ کرنے کے لیے قلعہ میں واپس گیا اور سارا ماجرا انہیں کہہ سنایا۔ ان کے سردار کعب بن اسد نے کہا: اے میری قوم! تین تجویزیں ہیں ان میں سے کوئی ایک پسند کر لو۔ انہوں نے پوچھا بتائیے۔ اس نے کہا سب سے بہتر تو یہ ہے کہ تم مسلمان ہو جاؤ۔ اب اس امر میں ذرا شبہ نہیں رہا کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) وہی رسول مکرم ہے جس کی بشارت اور ذکر ہماری کتابوں میں موجود ہے۔ آج تک محض حسد کے باعث ہم ان کی مخالفت کرتے رہے۔ اب وقت ہے ایمان لے آؤ تم۔ تمہارا بال بچہ اور مال و متاع سب بچ جائیگا اور نعمتِ ہدایت سے بھی مالا مال ہو جاؤ گے۔ میں تو مسلمانوں سے کیے ہوئے معاہدہ کو توڑنے کے لیے تیار نہ تھا۔ اس بدبخت (حیی بن اخطب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) کی نحوست نے ہمیں اس مصیبت میں مبتلا کیا۔ قوم نے کہا کہ ہم ایمان تو کسی قیمت پر لانے کے لیے تیار نہیں۔ اس نے کہا دوسری تجویز یہ ہے کہ اپنی عورتوں اور بچوں کو اپنی تلواروں سے کاٹ ڈالو اور پھر مسلمانوں پر ٹوٹ پڑو۔ نتیجہ دیکھا جائے گا۔ قوم نے کہا ان معصوم بچوں اور عورتوں کو بلا گناہ ذبح کر دینا کہاں کی انسانیت ہے ہم ایسا نہیں کریں گے۔ اس نے کہا تیسری تجویز یہ ہے کہ آج سبت کی رات ہے۔ مسلمانوں کو علم ہے کہ یہودی آج حملہ نہیں کریں گے، وہ بالکل مطمئن اور بے خوف و خطر بیٹھے ہوں گے۔ آؤ ان کی اس بے خبری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اچانک ان پر حملہ بول دیں۔ ہو سکتا ہے کہ ہم انہیں شکست دے دیں۔ انہوں نے اس سے کہا کہ تو ہمیں سبت کی بے حرمتی کرنے کی ترغیب دے رہا ہے۔ پہلے جن لوگوں نے اس کی بے حرمتی کی تھی انہیں اس کی عبرتناک سزا ملی۔ ان کے سردار کعب نے کہا: مَا بَاتَ مِنْكُمْ مُنْذُ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ لَيْلَةً وَاحِدَةً حَازِمًا: تم سب ہمیشہ سے گومگو کا شکار رہتے

أَمْوَالَهُمْ وَأَرْضًا لَّمْ تَطَـُٔوهَا ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرًا ﴿٢٧﴾

ان کے مال و متاع کا اور وہ ملک بھی تمہیں دے دیئے جہاں تمہارے قدم ابھی نہیں پہنچے ۲۵؎ اور اللہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے۔

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِىُّ قُل لِّأَزْوَٰجِكَ إِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ ٱلْحَيَوٰةَ ٱلدُّنْيَا وَزِينَتَهَا

اے نبی مکرم! آپ فرما دیجئے اپنی بیبیوں کو ۲۶؎ کہ اگر تم دنیوی زندگی اور اس کی آرائش (و آسائش) کی خواہاں ہو

تم نے وہی فیصلہ کیا جو اللہ تعالیٰ نے سات آسمانوں کے اوپر فیصلہ فرمایا ہے چنانچہ ان کو ان کی غداری، عہد شکنی اور دشمن سے ساز باز کرنے کے جرم میں قتل کر دیا گیا۔ ظاهر: عاون، مدد کرنا۔ صیاصیهم جمع ہے اس کا واحد صیصۃ ہے اس کا معنی قلعہ اور گڑھی ہے۔

۲۵؎ تمہیں ان کی زمینوں اور مکانوں اور مال و متاع کا وارث بنا دیا اور ایسی زمین کی فتح بھی تمہارے مقدر میں لکھ دی جہاں تک ابھی تم نہیں پہنچے۔

۲۶؎ فخر کائنات، باعث ایجاد عالم، سلطان دنیا و دین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خانگی زندگی صرف آرام و آسائش کے اسباب سے ہی خالی نہ تھی بلکہ ضروریات زندگی بھی اکثر فراہم نہ ہوتی تھیں۔ مسلسل کئی کئی دنوں تک چولہے میں آگ نہیں جلائی جاتی تھی اور کھجور وغیرہ پر بسر اوقات کی جاتی۔ اکثر جو کی روٹی یا گندم کے ان چھنے آٹے کی روٹی دستر خوان کی زینت ہوتی۔ لباس کا معاملہ بھی خوراک سے مختلف نہ تھا۔ موٹا جھوٹا جیسا میسر آیا خود بھی پہن لیا اور امہات المومنین کو بھی دے دیا۔ مسلمانوں کے مالی حالات جب تک ناساز گار رہے۔ امہات المومنین بڑے صبر و شکر سے یہ سب کچھ برداشت کرتی رہیں۔ کوئی مطالبہ نہیں کوئی فرمائش نہیں۔ کسی چیز کے نہ ملنے کا شکوہ نہیں، شکایت نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے محبوب کی رفیقہ حیات بننے کی سعادت پر زندگی کی ساری مسرتیں اور راحتیں انہوں نے قربان کر دی تھیں۔ اگرچہ وہ سب کی سب امیر والدین کی بیٹیاں تھیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ حضرت ابو بکر صدیق کی نور نظر تھیں جو مکہ کے خوشحال اور کامیاب تاجر تھے۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا حضرت فاروق اعظم کی لخت جگر تھیں جو اپنے قبیلہ کے سردار تھے۔ اسی طرح دیگر ازواج مطہرات کا بھی حال تھا۔ ماں باپ نے انہیں بڑے ناز و نعم سے پالا تھا۔ اس وقت وہاں کے معاشرہ میں جن آسودگیوں کا تصور کیا جا سکتا تھا وہ سب انہیں میسر تھیں اور ان کی پہلی ازدواجی زندگی بھی امیرانہ بلکہ شاہانہ ماحول میں بسر ہوئی تھی یکایک اس فرحت انگیز اور آرام بخش زندگی کو ترک کر کے امہات المومنین نے درویشانہ زندگی کو جس خوشی سے اپنایا اور جس خوبصورتی سے اسے نبھایا وہ انہی کا حصہ تھا۔ وہ اس فقر و درویشی کی زندگی پر ناز کرتیں اور ان ساری کلفتوں کو اپنے لیے دارین کی سعادتوں کا باعث سمجھتیں۔

لیکن جب فتوحات کا سلسلہ شروع ہوا اور مال غنیمت کثرت سے تقسیم ہونے لگا۔ عام مسلمانوں کی معاشی حالت تیزی سے بدلنے لگی۔ خصوصاً مدینہ کے یہودی قبائل بنی نضیر، قینقاع اور قریظہ کا مال و متاع، ان کی زرعی زمینیں، باغات اور رہائشی مکانات مسلمانوں میں بطور غنیمت تقسیم کیے گئے، تو مسلمانوں کی سابقہ محرومیاں اور تنگ دستیاں قصہ ماضی بن گئیں۔ مسلمان خواتین کی بود و باش اور لباس و خوراک میں بھی خوش آئند تبدیلیاں پیدا ہو گئیں۔ اس وقت امہات المومنین نے تعلیم فقر و غنا کے تاجدار کے سامنے دامن طلب پھیلایا۔ علامہ ابو حیان لکھتے

فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ﴿٢٨﴾ وَإِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ

تو آؤ تمہیں مال و متاع دے دوں اور پھر تمہیں رخصت کر دوں بڑی خوبصورتی کے ساتھ ۵۳ — اور اگر تم چاہتی ہو

اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنكُنَّ أَجْرًا

اللہ کو اور اس کے رسول کو اور دارِ آخرت کو — تو بیشک اللہ تعالیٰ نے تیار کر رکھا ہے ان کے لیے جو تم میں نیکوکار ہیں

عَظِيمًا ﴿٢٩﴾ يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ مَن يَأْتِ مِنكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ

اجرِ عظیم ۵۵ — اے نبی کریم کی بیبیو! جس کسی نے تم میں سے کھلی ہوئی بیہودگی کی تو اس کے لیے

يُضَاعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿٣٠﴾

عذاب کو دو چند کر دیا جائے گا — اور ایسا کرنا اللہ تعالیٰ پر بالکل آسان ہے ۵۶

۵۴ یعنی اگر تم دنیا اور متاعِ دنیا کو پسند کرو گی تو پھر کاشانۂ نبوت کی زینت نہیں بن سکتیں۔ تمہیں علیحدہ کر دوں گا لیکن علیحدگی بڑی خوبصورتی سے اور آبرومندانہ طریقے سے ہو گی۔ یہاں سے یہ سبق بھی دیا گیا کہ اگر تعلقات منقطع کرنے کا موقع آجائے تو اس وقت بھی تمہارے ہاتھوں سے شائستگی کا دامن چھوٹنے نہ پائے۔

۵۵ تمام ازواجِ مطہرات نے بصد مسرت اپنے مطالبات ترک کر دیئے اور اللہ تعالیٰ، اس کے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور دارِ آخرت کو پسند فرمایا اور وہ اس بشارت کی مستحق ہو گئیں جس کا ذکر اس آیت میں کیا گیا ہے۔

صد حیف! ان کم فہموں اور بدبختوں پر جو اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ پڑھ کر بھی ازواجِ مطہرات کی شان میں گستاخی اور ہرزہ سرائی سے باز نہیں آتے۔

۵۶ تم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی بیبیاں ہو، ساری اُمّت کی بچیوں اور خواتین کے لیے تمہاری زندگی ایک نمونہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمہارا بڑا اُونچا مقام ہے، لیکن اس رفعتِ شان اور عظمتِ مقام کے تقاضے پورا کرنا بھی تم پر لازم ہے۔ خبردار! تمہارے اُجلے دامن پر کوئی داغ لگنے نہ پائے۔ اگر تم نے کوئی ایسی حرکت کی تو یاد رکھو تمہیں اس کی سزا بھی دگنی دی جائے گی۔ اور اللہ تعالیٰ پر ایسا کرنا کوئی مشکل نہیں۔

وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَىٰ

اور قرار پکڑو اپنے گھروں میں اور اپنی آرائش کی نمائش نہ کرو جیسے سابق دورِ جاہلیت میں رواج تھا ۱۱۷

۱۱۷ آیت میں جو اہم الفاظ ہیں پہلے ان کا مفہوم ذہن نشین کر لیجیے۔ اس کے بعد اس آیت کا مقصد اور مفہوم سمجھنے کی کوشش فرمائیے۔ وَقَرْنَ: یہ لفظ یا قرار سے ماخوذ ہے یا وقار سے دونوں سے مقصد یہ ہے کہ اُمہات المومنین کو اپنے گھروں میں سکون و وقار سے ٹھہرنے کا حکم دیا جا رہا ہے اور بلا ضرورت گھروں سے نکلنے کی ممانعت فرمائی جا رہی ہے اور زمانہ جاہلیت میں عورتیں جس طرح بن ٹھن کر بازاروں میں بے حجاب پھرا کرتی تھیں اور اپنے حسن و جمال کی نمائش کیا کرتی تھیں اس سے سختی سے روکا جا رہا ہے۔ اگرچہ یہاں خطاب صرف ازواج الرسول سے ہے لیکن اُمت کی ساری خواتین کے لیے یہی حکم ہے۔ تبرّج، علامہ ابن منظور اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ہر اونچی چیز جو دُور سے نمایاں ہو اس کے لیے یہ لفظ استعمال ہوتا ہے۔ وکلّ ظاهر مرتفع وقد برج۔ (لسان العرب) برج کو بھی بُرج اسی لیے کہا جاتا ہے کہ وہ دُور سے دکھائی دیتے ہیں۔ اسی سے تبرج ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے عورت کا اپنے حسن و جمال اور آرائش کو غیر مردوں کے سامنے ظاہر کرنا۔ التبرج اظهار المرأة زينتها و محاسنها للرجال۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں عورتیں ناز و ادا سے مٹکتی اور لچکتی ہوئی سرِ بازار ٹہلا کرتی تھیں۔ اس سے باز رہنے کا حکم دیا جا رہا ہے۔

اسلام کے نزدیک عفت و عصمت کی جو قدر و منزلت ہے۔ اس کے پیشِ نظر یہ احکام صادر فرمائے جا رہے ہیں۔ ان راستوں کو ہی بند کیا جا رہا ہے۔ ان اسباب کا ہی قلع قمع کیا جا رہا ہے جن کے ذریعہ اس متاعِ گرانمایہ کے لٹنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ کوئی زیرک قیمتی جواہرات رکھ کر اپنے گھر کے دروازے چوروں کے لیے نہیں کھولتا۔ جو لوگ اس زعمِ باطل میں مبتلا ہیں کہ ان کے گھروں کی خواتین، ان کی بچیاں، بہنیں پختہ کردار کی مالک ہیں، وہ اگرچہ قیمتی اور بھڑکیلے ملبوسات پہن کر بے پردہ گھومتی رہیں تو ان کی عزت و آبرو پر کوئی آنچ نہیں آسکتی۔ انہیں ہم نرم سے نرم الفاظ میں "بھولا" کہہ سکتے ہیں۔ اور ان کا یہ بھولا پن انہیں ایک روز ایسے گڑھے میں پھینک دے گا جس سے نکلنے کی کوئی صورت نہ ہوگی۔ فطرتِ انسانی کے حیوانی تقاضوں کی شدت سے ان کی دانستہ چشم پوشی انہیں ایسے بھیانک نتائج سے دوچار کرے گی کہ ان کا قلبی سکون برباد اور ذہنی توازن بگڑ کر رہ جائے گا۔ اس وقت وہ پچھتائیں گے جب چڑیاں کھیت چُگ گئی ہوں گی۔ اس وقت وہ زار زار روئیں گے، لیکن ان کو اپنے درد کا درماں نہیں ملے گا۔

اسلام نے مسلمانوں کو جو ثقافت اور تہذیب عطا کی ہے، وہ قرآن آیات میں مذکور ہے۔ اب اگر ہمارے قائدین اپنی ملت کی بچیوں کو کوئی دوسری ثقافت سکھانا چاہیں اور مغربی تمدن و معاشرت کے آداب کی تعلیم دینا چاہیں تو ان کی مرضی۔ اسلام نے، قرآن نے اور حاملِ قرآن نے تو مسلمان عورتوں کے لیے اس حیا سوز اور غیرت باختہ طرزِ معاشرت سے سختی سے روکا ہے۔ بزار نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ عورتیں بارگاہِ نبوت میں حاضر ہوئیں اور عرض کی:

یا رسول اللہ! مرد ساری فضیلتیں لے گئے۔ جہاد میں شرکت کا شرف بھی صرف انہیں نصیب ہوتا ہے۔ کیا کوئی عمل ایسا ہے

مجرہ رضی اللہ عنہم کئی دُوسرے صحابہ کے ساتھ مدینہ سے مکہ آگئے اور آکر بتایا کہ حضرت عثمان کو شہید کر دینے کے بعد باغیوں نے بڑی دھینگا مُشتی شروع کر دی اور خلیفہ شہید کو گالیاں بکنے لگے۔ جس سے یہ لوگ بہت رنجیدہ خاطر ہوئے اور ان ظالموں کو ان کی قبیح اور مذموم حرکتوں پر سرزنش کی وہ باغی اپنی طاقت کے نشہ میں اس قدر مخمور تھے کہ انہوں نے ان حضرات کا صفایا کرنے کا بھی منصوبہ بنانا شروع کر دیا۔ انہیں اس امر کا بھی احساس ہوا کہ اگر وہ باغی انہیں قتل کرنا چاہیں گے تو ان کو کوئی روک نہیں سکے گا۔ اس لیے وہ مکہ چلے آئے۔ حضرت ام المومنین نے فرمایا کہ جب تک حالات پُرسکون نہ ہو جائیں اور حضرت علی ان ظالموں کو اپنے ہاں سے دُور نہ بھگا دیں اس وقت تک ہمیں واپس نہیں جانا چاہیے فی الحال کسی محفوظ مقام پر ٹھہر کر حالات کے رُو بہ اصلاح ہونے کا انتظار کرنا چاہیے۔ سب نے اس رائے کو پسند کیا اور اپنے عارضی قیام کے لیے بصرہ کو منتخب کیا۔ کیونکہ یہاں مسلمانوں کے لشکر موجود تھے۔ ان حضرات نے حضرت اُمّ المومنین کو بھی بصرہ جانے پر مجبور کیا تاکہ آپ کی معیت سے حالات کو معمول پر لانے میں مدد ملے کیونکہ ہر دل میں ان کی عظمت اور ان کا احترام موجود ہے۔ آپ بھی صرف اس خیال سے ان کے ساتھ بصرہ جانے پر آمادہ ہوئیں کہ ان کی وجہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کئی جلیل القدر صحابہ باغیوں کی دست درازی سے محفوظ ہو جائیں گے۔

ان باغیوں کو جب اس واقعہ کا علم ہوا تو انہوں نے بڑے غلط رنگ میں یہ خبر امیر المومنین کی خدمت میں پیش کی اور آپ کو چڑھائی کرنے پر برانگیختہ کیا۔ وحملوہ علی ان یخرج الیھم ویعاقبھم۔ حضرت امام حسن، امام حسین، عبداللہ بن جعفر، عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم نے عرض کی کہ ہنوز یہ اقدام مصلحت کے خلاف ہے اور ہمیں انتظار کرنا چاہیے تاکہ صحیح حالات معلوم ہو جائیں لیکن تقدیر الٰہی میں کچھ اور تھا حضرت علی نے اپنے فرزندوں اور مخلص محبّوں کے اس مشورہ کو قبول نہ فرمایا اور بصرہ کی طرف روانہ ہو گئے جب بصرہ کے قریب پہنچے تو امیر المومنین نے قعقاع کو اُم المومنین کی خدمت میں بھیجا۔ اس نے حاضر ہو کر عرض کی: یا اُمّاہ ما اشخصکِ واقدمکِ ھذہ البلدۃ۔ اے مادر محترم! آپ کا اس شہر میں آنے کا مقصد کیا ہے یعنی کیا آپ اس پر قبضہ کرنے کی نیت سے آئی ہیں۔ فقالت ای بُنیّ الاصلاح بین الناس۔ میرے فرزند! میرے یہاں آنے کا مقصد تو اس آتش فساد کو بجھانا اور لوگوں کے درمیان صُلح کرانا ہے۔ آپ نے وہیں حضرت طلحہ اور زبیر کو بھی بلا لیا۔ قعقاع نے ان حضرات سے پُوچھا صلح کی پھر کیا صورت ہے؟ انہوں نے جواب دیا۔ اقامۃ الحد علی قتلۃ عثمان وتطییب قلوب اولیائہ۔ قاتلانِ عثمان سے قصاص اور آپ کے وارثوں کے دلوں کو خوش کرنا۔ قعقاع نے کہا یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک باہمی انتشار ختم نہیں ہوتا ہم سب متحد ہو جائیں، فتنہ وفساد کی آگ بجھ جائے، حالات معمول پر آجائیں تو پھر ان باغیوں سے انتقام لیا جا سکے گا۔ اس لیے پہلے آپ لوگ صلح کے لیے اپنی آمادگی کا اظہار کریں۔ قالا اَصبتَ وَاَحسنتَ۔ طلحہ وزبیر نے کہا اے قعقاع تم نے بجا کہا ہے اور نہایت عمدہ بات کی ہے۔ ہم صلح کے لیے کلیۃً آمادہ ہیں۔ قعقاع نے واپس جا کر حضرت امیر المومنین کی خدمت میں سارا ماجرا بیان کیا اور ان حضرات کے صلح کرنے کی خواہش سے حضرت امیر المومنین بڑے خوش ہوئے۔ فسُرّ بہ واستبشر۔ صُلح ہونے میں کسی کو کوئی شبہ نہ رہا۔ اپنے اپنے گھروں کو واپس جانے کی تیاریاں شروع ہو گئیں۔

تین راتیں گزر گئیں۔ اگلے روز صلح کا اعلان ہونے والا تھا اور صبح سویرے حضرت امیر المومنین اور حضرات زبیر و طلحہ کی ملاقات کا پروگرام بن چکا تھا۔ جب قاتلانِ عثمان کو ان حالات کا علم ہوا تو ان کی پریشانی کی کوئی حد نہ رہی۔ انہیں یقین تھا کہ ان کی سلامتی مسلمانوں کے

سے بچ جاتا۔

حضرت امیر المومنین کو بھی اس اچانک لڑائی پر از حد افسوس تھا۔ اس معرکہ میں اپنے لشکر کی فتح پر آپ کو قطعاً کوئی خوشی نہ تھی۔ جنگ ختم ہوئی۔ آپ میدانِ جنگ میں تشریف لے گئے۔ قدم قدم پر بہادر اور غیور جوانوں کی لاشوں کے ڈھیر دیکھے تو فرطِ غم سے آپ کی زبان سے یہ الفاظ نکلے۔ یالیتنی مِتُّ قبل ھذا وکنت نسیاً منسیاً۔ کاش! اس سے پہلے میری زندگی کا چراغ بجھ گیا ہوتا اور میں بھلا دیا گیا ہوتا۔

دشمنانِ اہلِ بیت کی طرف سے حضرت صدیقہ پر یہ الزام بھی بڑی شد ومد سے لگایا جاتا ہے کہ پہلے آپ لوگوں کو حضرت عثمان کے قتل پر اُبھارا کرتی تھیں اور آپ کو ایک یہودی "نعثل" کے نام سے پکارا کرتی تھیں اقتلوا نعثلا فقد فجر۔ نعثل کو قتل کرو وہ فاسق ہو گیا ہے اور جب ان کے اکسانے پر لوگوں نے حضرت عثمان کو شہید کر دیا اور حضرت علی مرتضیٰ کو اپنا خلیفہ منتخب کر لیا تو آپ قصاص کا مطالبہ کرنے لگیں۔ یہاں تک کہ امیر المومنین سے جنگ شروع کر دی۔ اس اعتراض کو دُور کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس روایت کی تحقیق کی جائے۔

حضرت علامہ محمود البغدادی الآلوسی اپنی شہرۂ آفاق تفسیر روح المعانی میں لکھتے ہیں کہ کذبٌ لا اصل لہ وھو مفتریات ابن قتیبہ وابن اعثم الکوفی والسساطی وکانوا مشھورین بالکذب والافتراء۔ یعنی یہ روایت سراپا کذب وافترا ہے۔ اس کی کوئی اصل نہیں۔ یہ ابن قتیبہ، ابن اعثم الکوفی اور سساطی کی گھڑی ہوئی روایتوں میں سے ہے اور یہ لوگ جھوٹ اور افترا پردازی میں مشہور تھے ایک جھوٹی روایت کو سند بنا کر حضرت ام المومنین پر اعتراض کرنا حد درجے کی گستاخی اور بے ادبی ہے۔ اسی طرح یہ الزام بھی اعلیٰ بے بُنیاد ہے کہ حضرت صدیقہ کے دل میں امیر المومنین سے بغض وعناد تھا اسی وجہ سے آپ نے اُن سے جنگ کی کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو حضرت صدیقہ کبھی حضرت امیر المومنین کے مناقب اور اوصافِ جمیلہ بیان نہ کرتیں۔ حالانکہ آخر دم تک حضرت سیدنا علی کے اوصافِ جمیلہ بیان کرتی رہیں۔

دیلمی نے یہ حدیث حضرت ام المومنین سے ہی روایت کی ہے۔ انھا قالت قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم حُبُّ علی عبادۃ کہ حضرت علی سے محبت عبادت ہے۔ اس واقعہ کے بعد بھی آپ حلفیہ بیان فرمایا کرتیں۔ واللہ لم یکن بینی و بین علی الا ما یکون بین المرءۃ و احمائھا۔ یعنی خدا کی قسم میرے اور علی مرتضیٰ کے درمیان قطعاً کوئی ناراضگی یا دشمنی نہ تھی بجز اس کے کہ جو عورت اور سسرال والوں کے درمیان ہوا کرتی ہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بھی اس جنگ کے اختتام کے بعد حضرت ام المومنین کو بڑی عزت وتکریم اور ادب واحترام کے ساتھ مدینہ طیبہ روانہ کیا۔ اس بات کا پورا انتظام کیا کہ راستے میں انہیں کوئی تکلیف نہ ہو۔ بصرہ کی معزز ومحترم خواتین کو آپ کے ہمراہ روانہ کیا۔ آپ کے بھائی محمد بن ابی بکر کو بھی ساتھ بھیجا اور سب کو تاکید فرمائی کہ ام المومنین کو راستے میں کسی طرح کی بھی تکلیف نہ پہنچے۔ اس برتاؤ سے پتہ چلتا ہے کہ امیر المومنین کے دل میں حضرت صدیقہ کا کتنا احترام تھا۔

جنگِ جمل کا واقعہ بلاشبہ تاریخ اسلام کے ان المناک واقعات میں سے ایک ہے جس پر قلبِ سلیم آج بھی گریاں اور سوگوار ہے۔ لیکن ان انتہائی ناخوشگوار حالات میں بھی ان حضرات کے باہمی عزت واحترام کا یہ حال تھا۔

قطعاً خوشگوار معلوم نہیں ہوتی لیکن تمہارے انہی سادہ سادہ حجروں کو اللہ تعالیٰ نے نزولِ وحی کے لیے چن لیا ہے اور یہ وہ اعزاز ہے جس سے شاہی محلات محروم ہیں۔ اس لیے اس نعمت کی قدر کرو اور جو وحی نازل ہوتی ہے اور حضور کی عملی زندگی کے جو حسین مناظر تمہیں دیکھنے نصیب ہوتے ہیں ان کو لوحِ دل پر نقش کرو اور اللہ تعالیٰ کی بندیوں کو سیرتِ محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آگاہ کرتی رہو۔

یہ ہے اس آیت کا سیاق و سباق۔ اسے دیکھنے کے بعد یہ تسلیم کرنا ہی پڑتا ہے کہ آیت کے اس جملہ (انما یرید اللہ) میں بھی وہی مخاطب ہیں جن سے پہلے اور بعد میں خطاب ہو رہا ہے۔ اور وہ ازواجِ مطہرات ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہن اور اہلِ بیت سے بھی ازواجِ مطہرات مراد ہیں۔

فرقہ وارانہ تعصب سے بلند اور خالی الذہن ہو کر اگر ان آیات کا مطالعہ کیا جائے تو ان آیات کا یہی مفہوم ہے جو بلا تکلف سمجھ آ سکتا ہے خدا نہ بھلا کرے فرقہ وارانہ تعصبات کا کہ وہ حق فہمی کی راہ میں پہاڑ بن کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔

شیعہ حضرات کو اس بات پر اصرار ہے کہ اہلِ بیت میں ازواجِ مطہرات داخل نہیں اس سے مراد فقط حضرات خمسہ ہیں یعنی امام المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، امیر المومنین علی مرتضیٰ، حضرت سیدہ طاہرہ اور حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ اپنے اس نظریہ کو ثابت کرنے کے لیے جو دلائل انہوں نے پیش کیے ہیں وہ پیشِ خدمت ہیں۔ انہیں پڑھیے سنجیدگی سے ان میں غور کیجیے اور از رُوئے انصاف یہ فیصلہ کیجیے کہ راہِ حق سے کون بہک گیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں:

(۱) آیت کے اس جملہ میں ضمیریں مذکر ذکر کی گئی ہیں۔ (عنکم اور یطہرکم) اگر ان کا مرجع ازواجِ مطہرات ہوتیں تو مؤنث کی ضمیریں ذکر کی جاتیں۔ عنکم کی بجائے عنکن اور یطہرکم کی بجائے یطہرکن ہوتا۔

(۲) آیت کے اس حصہ میں "بیت" واحد مذکور ہے۔ یہ چیز ازواج کی نفی کرتی ہے کیونکہ جہاں ان کے گھروں کا ذکر ہے وہاں بیت کی جمع بیوت مذکور ہے۔ جیسے وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ اور وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلَىٰ فِي بُيُوتِكُنَّ

(۳) اس سلسلہ میں جو بڑی وزنی بات انہوں نے کی ہے وہ یہ ہے کہ "انما" حصر کے لیے آتا ہے یعنی جو چیز اس کے بعد مذکور ہے اس کے لیے یہ فعل ثابت ہے اور جو مذکور نہیں اس سے یہ فعل منفی ہے۔ نیز ارادہ کی دو قسمیں ہیں ارادہ محضہ یعنی وہ ارادہ جس کو مراد کا پایا جانا یا نہ پایا جانا مستلزم نہیں، دوسرا وہ ارادہ جس کے ساتھ مراد کا پایا جانا ضروری ہے یعنی ایسا ارادہ جس پر تطہیر اور اذہاب رجس ضرور مترتب ہو گا۔ اس مقام پر ارادہ محضہ نہیں ہے کیونکہ ایسا ارادہ تو ہر مومن کے لیے ہے کہ وہ ہر ناپاکی سے منزہ ہو، ظاہری اور باطنی نجاستوں سے اسکا دامنِ حیات پاک ہو۔ اہلِ بیت کی اس میں کوئی خصوصیت نہیں حالانکہ یہ مقام مدحِ اہلِ بیت کا ہے۔ یہاں تو کسی ایسی چیز کا ذکر ہونا چاہیے جو ان کے ساتھ مخصوص ہو اور وہ ارادہ کا دوسرا معنی ہے جس سے ان حضرات کی عصمت ثابت ہوتی ہے لیکن ازواج کی عصمت کا کوئی بھی قائل نہیں، یہاں وہی لوگ مراد ہوں گے جن کی عصمت ثابت ہے اور وہ یہ حضرات خمسہ ہی ہیں۔ اس لیے ثابت ہوا کہ یہاں اہلِ بیت سے مراد ازواج نہیں ہیں۔ اُمید ہے یہ پیچ در پیچ دلیل آپ نے سمجھ لی ہو گی۔

(۴) کتبِ اہلسنت میں بھی ایسی احادیث بکثرت موجود ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ اہلِ بیت سے مراد ازواج نہیں بلکہ حضرات خمسہ ہیں۔ شیخ الطائفہ طوسی نے التبیان میں اور شیخ طبرسی نے مجمع البیان میں اور اسی فرقہ کے دوسرے مفسرین نے اپنی تفاسیر میں یہی دلائل

جانتے ہیں کہ آیت اس طرح نہیں ہے۔

ان صاحبان نے جو تھی دلیل یہ پیش کی ہے کہ اہلسنت کی کتب میں بھی بکثرت ایسی احادیث ہیں جو اکابر صحابہ ابوسعید خدری، انس بن مالک، واثلہ بن اسقع، اُمّ المومنین عائشہ، اُمّ المومنین اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہیں۔ جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اہل بیت سے مراد حضرات خمسہ ہی ہیں اور ازواج اہل بیت میں داخل نہیں۔ اس کے متعلق گزارش ہے کہ وہ احادیث جن میں یہ مذکور ہے کہ یہ آیت فقط ان حضرات قدسی صفات کے حق میں نازل ہوئی ان کے راوی مجروح اور ساقط الاعتبار ہیں۔ جن کی تفصیل ذیل میں پیش کی جارہی ہے اور جن کے راوی ثقہ اور قابل اعتماد ہیں۔ ان میں کوئی تخصیص مذکور نہیں۔ ان سے ثابت ہوتا ہے کہ امہات المومنین اور یہ حضرات سب اہل بیت ہیں۔ یہی حق ہے اور اسی پر ہمارا ایمان ہے۔

پہلی حدیث: حضرت انس سے مروی ہے جس میں یہ مذکور ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز صبح کے لیے تشریف لاتے تو حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے مکان کے پاس سے گزرتے اور فرماتے الصلوٰۃ یا اھل البیت انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا۔ چھ ماہ تک حضور کا یہ معمول رہا۔

گزارش ہے کہ حضرت انس سے روایت کرنے والے کا نام علی بن زید ہے۔ اس کے بارے میں علماء جرح و تعدیل کی رائے ملاحظہ فرمایئے: لیس بالقوی۔ منکر الحدیث عن الثقات وقال ابن عدی احادیثہ لا تشبہ احادیث الثقات (تہذیب التہذیب)

یعنی یہ قوی نہیں ہے۔ ثقات سے منکر حدیثیں روایت کرتا ہے۔ ابن عدی فرماتے ہیں کہ اس کی مرویات ثقات کی احادیث سے کوئی مشابہت نہیں رکھتیں۔

اسی مضمون کی ایک حدیث اور مروی ہے جس کے راویوں میں ابو داؤد ہے۔ علامہ ابن کثیر نے اس کے بارے میں لکھا ہے ابوداؤد الاعمی ھو نفیع بن حارث کذاب۔ اندھے ابوداؤد کا نام نفیع بن حارث ہے وہ کذاب ہے بہت بڑا جھوٹا ہے۔

علامہ ابن حجر لکھتے ہیں: متروک الحدیث ضعیف یضع الحدیث لیس بشیٔ کان یغلو فی الرفض۔ یعنی محدثین نے اس کی حدیث کو ترک کر دیا ہے یہ ضعیف ہے اپنی طرف سے حدیثیں گھڑا کرتا تھا۔ یہ کوئی چیز نہیں ہے۔ رفض میں بڑا غالی تھا۔ (تہذیب التہذیب)

تیسری حدیث واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جس میں ان سے یہ منقول ہے وہ کہتے ہیں میں حضرت سیدہ کے ہاں گیا۔ حضرت علی مرتضیٰ کے بارے میں پوچھا۔ سیدہ نے بتایا کہ بارگاہ رسالت میں گئے ہیں۔ میں بیٹھ کر انتظار کرنے لگا۔ اسی اثناء میں حضور تشریف لائے۔ آپ کے ساتھ حضرت علی اور دونوں شہزادے بھی تھے۔ حضور نے دونوں کو اپنے ہاتھ سے پکڑا ہوا تھا۔ یہاں تک کہ گھر تشریف لائے پس شہزادوں کو اپنی رانوں پر بٹھایا اور سیدنا علی اور حضرت سیدہ کو اپنے قریب کیا۔ پھر ان پر اپنی چادر ڈالی پھر یہ آیت پڑھی: انما یرید اللہ الآیہ پھر فرمایا: اللّٰھُمَّ ھؤلاء اھل بیتی و اھل بیتی احق۔ یا اللہ! یہ لوگ میرے اہل بیت ہیں اور میرے اہلبیت زیادہ حقدار ہیں۔ واثلہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا میں بھی آپ کی اہلبیت میں سے ہوں۔ تو آپ نے فرمایا: "وَ انت من اھلی" تو بھی میری اہل سے ہے۔ واثلہ کہا کرتے: "انھا من ارجیٰ ما ارتجی" یعنی حضور کا یہ ارشاد وَاَنْتَ مِنْ اَھْلِیْ۔ میرے لیے سب سے بڑی اُمید ہے۔

قرآن کریم کی اس نص کا انکار کر دیا جائے اور سیاق و سباق سے جو معنی سمجھا جاتا ہے اس کی نفی کر دی جائے۔ احادیث اگر صحیح بھی ہوں تو وہ قرآن کریم کے مفہوم کی ناسخ نہیں ہو سکتیں۔ نہ ان کی وجہ سے قرآن کریم کی نصوص میں تغیر و تبدل کیا جا سکتا ہے' چہ جائیکہ جب وہ ایسے راویوں سے مروی ہوں جو پایۂ اعتبار سے ساقط ہیں۔

اب آیئے ذرا یہ دیکھیں کہ قرآن کریم کی اصطلاح میں اہل کے لفظ کا اطلاق بیوی پر ہوتا ہے یا نہیں۔

ایک آیت تو آپ پہلے پڑھ چکے ہیں جہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اہلیہ حضرت سارا کا ذکر ہے۔ گھر میں کوئی بچہ ہے نہ بچی۔ صرف حضرت سارا زوجہ خلیل ہیں۔ ان کے بارے میں ارشاد ہے : رَحمة الله و بركاته عليكم اهل البيت انه حميد مجيد۔ (هود) کوئی آدمی بھی یہ جرأت نہیں کر سکتا کہ یہاں اہلبیت کے لفظ سے حضرت سارا کو نکال سکے۔ اسی طرح حضرت کلیم علیہ السلام مدین سے اپنی اہلیہ محترمہ اور اپنے بچوں کے ہمراہ مصر واپس جا رہے ہیں۔ ان کا گزر وادی سینا سے ہوتا ہے۔ رات کی تاریکی ہے' جاڑے کا موسم ہے' ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے۔ دُور سے ایک آگ جلتی نظر آتی ہے۔ اللہ تعالےٰ نے اس منظر کو ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے "فلما قضىٰ موسى الاجل و سار باهله آنس من جانب الطور نارا۔ قال لاهله امكثوا انى آنستُ نارًا۔" یعنی جب موسےٰ علیہ السلام نے حضرت شعیب علیہ السلام کے ساتھ مقرر کی ہوئی مدت پوری کر لی اور اپنے اہل و عیال کے ساتھ روانہ ہوئے تو کوہ طور کی ایک سمت میں انہوں نے آگ دیکھی اور اپنے اہل کو کہا کہ تم ذرا یہاں ٹھہرو' میں نے آگ دیکھی ہے۔ یہاں بھی اہل سے بیوی اور بچے سب مراد ہیں۔

سورۂ طٰہٰ میں ہے : قال لاهله امكثوا انى آنستُ نارا۔ کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ اس سفر میں آپ کی زوجہ آپ کے ہمراہ نہ تھیں۔ قرآن کریم کی ان متعدد آیات کے بعد بھی اگر کوئی شخص اہلبیت سے ازواج مطہرات کو خارج کرنے پر مُصر ہو تو اس کی ہٹ دھرمی کی داد دینی چاہیے۔

حدیث شریف میں ہے : ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اعطى الآهل حظين والعزب حظا۔ الآهل الذى له زوجة و عيال۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آہل کو مالِ غنیمت میں دو حصے دیئے اور اکیلے آدمی کو ایک حصہ دیا۔ آہل کا معنی بتایا گیا ہے کہ جس کی بیوی بھی ہو اور بچے بھی ہوں۔

آخر میں اہلِ لغت کی توضیح بھی ملاحظہ فرمالیں۔ علامہ جوہری لکھتے ہیں : اهل الرجل، اهل الدار ..... وقد اهل فلان يأهل و يأهِل اُهُولًا اى تزوج و كذلك تأهَّل قال ابو زيد آهلك الله فى الجنة اى ادخلكها و زوجك فيها (صحاح)

ہم اپنے محاورہ میں بھی بیوی کو اہل خانہ یا گھر والی کہتے ہیں۔ یہ حضرات فرمائیں کہ حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کی زوجہ محترمہ آپ کی اہلبیت سے تھیں یا نہیں ؟ حضرت شہر بانو حضرت سید الشہداء کے اہل خانہ میں سے تھیں یا نہیں ؟

آپ کی اپنی بیوی صاحبہ آپ کے اہلِ خانہ میں سے ہے ؛ ذرا آپ اپنی بیگم صاحبہ کو یہ کہہ کر تو دیکھیں کہ وہ آپ کی اہلِ خانہ یا گھر والی نہیں ہے تو آپ کو آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہو جائے۔ بڑے افسوس کی بات ہے کہ آپ کی بیگم صاحبہ تو آپ کی اہل خانہ ہوں۔ اور کبار کی ازواج طاہرات ان کے اہل میں شمار ہوں۔ کیا آپ کو صرف حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات

فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ

کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والیاں اور کثرت سے اللہ کو یاد کرنے والے اور یاد کرنے والیاں تیار کر رکھا

اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا

ہے اللہ نے ان سب کے لیے مغفرت اور اجر عظیم ۹۳؎ نہ کسی مومن مرد کو یہ حق پہنچتا ہے اور نہ کسی

۹۳؎ یہ اُمت جسے خیر الامم کے لقب سے نوازا گیا ہے اس کے افکار اور اس کا کردار، نظریات اور اعمال کیسے ہونے چاہئیں۔ اس آیت میں انہیں تفصیل سے بیان کر دیا گیا ہے۔ بتا دیا کہ یہاں مرد اور عورت میں کوئی امتیاز نہیں۔ اللہ تعالیٰ اُمتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا افضل الصلوٰۃ واکمل التحیۃ کے ہر مرد اور ہر عورت کو ان صفاتِ عالیہ سے متصف اور اخلاقی اور عملی لحاظ سے اس مقامِ رفیع پر فائز دیکھنا چاہتا ہے۔ یہاں حکم کی صُورت میں ان صفات کو ذکر نہیں کیا کہ یُوں کرو اور ایسے بنو بلکہ حکایۃً بتایا گیا کہ اسلام کو قبول کرنے والے مرد اور عورتیں ایسی ہُوا کرتی ہیں ① مسلمین اور مسلمات: یعنی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُول اکرم کے سامنے سر جھکا دینے والے، اپنے ہر کام کو اپنے ربِ کریم کے سپرد کر دینے والے، سراپا اطاعت و انقیاد، پیکرانِ تسلیم و رضا۔

② مومنین اور مومنات: یعنی اس دینِ قیم کے ہر حکم کی صداقت اور سچائی کو دل سے ماننے والے، ان کے عمل اور اعتقاد میں تضاد کی بُو تک نہیں جس ضابطۂ حیات کے مطابق وہ زندگی بسر کر رہے ہیں، دل کی گہرائی سے وہ اس کی عظمت اور افادیت کے قائل ہیں، ان کے ہاں کسی ذہنی کشمکش کا نام و نشان تک نہیں۔ اس اُمت کے مرد ہوں یا عورتیں۔ ان کا عقیدہ بھی ایک ہے اور ان کا عمل بھی یکساں ③ قانتین اور قانتات: وہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں لگے رہتے ہیں۔ ایسا نہیں کہ جی میں آیا تو دست بستہ حاضر ہو گئے اور جی نہ چاہا تو ہفتوں غیر حاضر رہے۔ قنوت ایسی اطاعت کو کہتے ہیں جس میں نافرمانی کی آمیزش نہ ہو۔ القنوت: القیام بالطاعۃ التی لیس معہا معصیۃ (لسان العرب) ④ صادقین اور صادقات: وہ قول میں بھی سچے ہیں اور عمل میں بھی کھرے ہیں۔ نہ ان کی زبان پر ایسی بات آتی ہے جس میں کذب بیانی سے کام لیا گیا ہو اور نہ ان کے عمل میں کھوٹ پن کی ملاوٹ پائی جاتی ہے ⑤ صابرین اور صابرات: جس راہ کو انہوں نے حق یقین کر لیا ہے اور جو منزل انہوں نے اپنے لیے مقرر کی ہے اس کی طرف ثابت قدمی سے بڑھے چلے جا رہے ہیں۔ راہ میں پیش آنے والی مشکلات نہ انہیں ہراساں کر سکتی ہیں اور نہ منزل سے رُخ موڑنے پر مجبور کر سکتی ہیں۔ نہ وہ نیک اعمال میں سُستی کرتے ہیں اور نہ اپنا دامن گناہوں سے آلودہ ہونے دیتے ہیں۔ وہ بڑی سختی سے اپنے طے کیے ہُوئے لائحہ عمل پر کاربند ہیں اور بڑے ذوق شوق سے اپنی منزل کی طرف رواں ہیں ⑥ خاشعین اور خاشعات: اس کے باوجود غرور و نخوت کی انہیں ہوا تک نہیں لگی۔ عجز و انکسار ان کا شیوہ ہے۔ جلوت و خلوت میں یہی ان کا شعار ⑦ متصدقین اور متصدقات: اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرتے رہتے ہیں، زکوٰۃ ادا کرنے اور صدقات دینے میں کبھی بُخل سے کام نہیں لیتے۔ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہُوئے مال سے اس کی راہ میں خرچ کرنا اپنے لیے باعثِ سعادت تصور کرتے ہیں

مُّبِيْنًا ۝ وَ اِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِ

ہو گیا ۞ اور یاد کیجیے جب آپ نے فرمایا اس شخص کو جس پر اللہ نے بھی احسان فرمایا اور آپ نے بھی

اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَ اتَّقِ اللّٰهَ وَ تُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ

احسان فرمایا اپنی بی بی کو اپنی زوجیت میں رہنے دے اور اللہ سے ڈر اور آپ مخفی رکھے ہوئے تھے اپنے جی میں وہ بات

مُبْدِيْهِ وَ تَخْشَى النَّاسَ ۚ وَ اللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى

جسے اللہ ظاہر فرمانے والا تھا اور آپ کو اندیشہ تھا لوگوں (کے طعن و تشنیع) کا حالانکہ اللہ تعالیٰ زیادہ حقدار ہے کہ آپ اس سے

زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ

ڈریں ۞ پھر جب پوری کر لی زید نے اسے طلاق دینے کی خواہش تو ہم نے اسکا آپ سے نکاح کر دیا تاکہ (اس عمل سے) ایمان والوں

حضرت زینب اور ان کے بھائی عبداللہ نے سنا تو فوراً زید سے نکاح کرنے پر اپنی رضامندی کا اظہار کر دیا۔ چنانچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خود ان کا نکاح حضرت زید سے پڑھا دس دینار مہر ادا کیا کچھ پارچات، گھریلو ضرورت کا سامان اور خورد و نوش کی چیزیں ان کے ہاں بھیج دیں۔

اگرچہ یہ آیت اس خاص موقع پر نازل ہوئی لیکن اپنے الفاظ کے اعتبار سے یہ عام ہے کسی مسلمان فرد، قوم، حکومت یا حکومت اسلامیہ کے مقرر کیے ہوئے کسی کمیشن اور قانون ساز ادارہ کو اس امر کا اختیار نہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے رسول مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشاد کو نظر انداز کر کے اپنے لیے کوئی نئی راہ عمل تجویز کرے۔ مسلمان ہوتے ہوئے اطاعت رسول کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں۔ ایک طرف ہم سچے مسلمان ہونے کے بلند بانگ دعوے کرتے ہیں اور دوسری طرف ادنیٰ سے فائدہ کے لیے ہم احکام اسلام کو بڑی آسانی سے پس پشت ڈال دیتے ہیں۔ ہماری اس دو عملی روش کے باعث اسلام رسوا ہو رہا ہے اور ہم اس چشمۂ فیض سے فیضیاب نہیں ہو رہے بلکہ دوسروں کی محرومی کا باعث بن رہے ہیں۔

۞ یہاں صاف فرما دیا کہ جس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی، اس کے رسول مکرم کے حکم سے سرتابی کی وہ کان کھول کر سن لے کہ وہ راہ راست سے بھٹک گیا، رشد و ہدایت کے اجالے سے نکل کر گمراہی کے اندھیروں میں بھٹک رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس محرومی سے بچائے۔ آمین

۞ جو رسمیں کسی معاشرہ میں جڑ پکڑ جاتی ہیں لوگ ان کے اتنے گرویدہ ہو جاتے ہیں کہ ان سے دست کش ہونا پسند نہیں کرتے۔ خواہ وہ رسمیں لغو اور بیہودہ کیوں نہ ہوں۔ عوام الناس تو محض قدامت پسندی اور کورانہ تقلید کے باعث ان رسوم کو ترک کرنے پر آمادہ نہیں ہوتے اور اہل دانش و فہم اس خوف سے ایسا کرنے کی جرأت نہیں کرتے کہ اس طرح ان کا معاشرتی نظام درہم برہم ہو جائے گا۔

واقعہ کی صحیح صورت تو یہ ہے جو آپ کے سامنے بلا کم و کاست پیش کر دی گئی۔ لیکن یورپ کے متعصب اور تنگ نظر پادریوں نے جنہوں نے دنیا کو دھوکا دینے کے لیے مؤرخ، محقق اور مستشرق کا لباس اوڑھ رکھا ہے تاریخ اسلام کے اس سادہ سے واقعہ کو یوں اچھالا اور اسے ایسا رنگ دیا کہ اچھے اچھے سمجھ دار ان کے دام فریب میں پھنس گئے اور دولت ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ آئیے! قرآن کریم کے کلمات طیبات کو سمجھنے کی کوشش کریں اور جہاں جہاں انہوں نے ٹھوکر کھائی یا دانستہ اپنی بدباطنی کا مظاہرہ کیا ہے اس کی نشاندہی کریں تاکہ حقیقت اپنی رعنائیوں کے ساتھ آشکارا ہو جائے۔

بعض غلط اور بالکل باطل روایات کا سہارا لے کر یہ کہا جاتا ہے کہ جب حضرت زینب کا نکاح حضرت زید سے ہو گیا۔ تو ایک روز اچانک حضور ان کے گھر تشریف لے گئے وہ گھر پر موجود نہ تھے۔ حضرت زینب بے دھیانی کے عالم میں بیٹھی تھیں۔ اچانک جب ان پر نظر پڑی تو حضور ان پر فریفتہ ہو گئے اور یہ کہتے ہوئے واپس ہوئے، سبحان اللہ مقلب القلوب۔ پاک ہے دلوں کو بدلنے والا۔ یہ آواز حضرت زینب نے سن لی۔ زید آئے ساری بات کہہ سنائی۔ حضرت زید نے یوں ہی مناسب سمجھا کہ وہ اپنی زوجہ کو طلاق دے دیں تاکہ حضور ان سے نکاح کر سکیں۔ انہوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنا ارادہ ظاہر کیا۔ حضور نے زبان سے تو یہ فرمایا کہ زید اپنی زوجہ کو طلاق نہ دے اور اس معاملہ میں اللہ تعالیٰ سے ڈرے لیکن حضور کی دلی خواہش یہی تھی کہ زید طلاق دے دے تو حضور ان سے نکاح کریں۔ محض ظاہرداری کے طور پر نبی کریم نے انہیں طلاق دینے سے منع فرمایا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس بات پر عتاب فرمایا اور کہا کہ تم زبان سے کچھ کہہ رہے ہو اور دل میں کچھ چھپاتے ہو۔ میں تمہارے دل کے پوشیدہ رازوں کو ظاہر کر دوں گا۔ چنانچہ ان بدباطنوں نے اس آیت کے ان جملوں "امسک علیک زوجک واتق اللہ وتخفی فی نفسک ما اللہ مبدیہ" کا یہی معنی لیا ہے اور اپنی خبث باطنی کے باعث بارگاہ رسالتمآب علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات میں گستاخی کی جرأت کی۔ دل ہرگز برداشت نہیں کرتا کہ ان کی اس یاوہ گوئی کو لکھنے کی جرأت کرے لیکن جب تک اسے لکھا نہ جاتا اس کا رد ممکن نہ تھا۔ میں آپ کو ایک عقیدتمند کی حیثیت سے نہیں ایک حقیقت پسند کی حیثیت سے ان کی اس ہرزہ سرائی میں غور کرنے کی دعوت دیتا ہوں۔ صداقت خود بخود نکھر کر سامنے آجائے گی۔

اگر حضرت زینب ایک اجنبی خاتون ہوتیں کسی غیر قبیلہ کی فرد ہوتیں جنہیں حضور نے کبھی نہ دیکھا ہوتا تو پھر ان کی اس بے سروپا حکایت کو ماننے کی وجہ بھی ہوتی کہ اچانک دیکھا اور دل میں ان کی خوبصورتی کو دیکھ کر جذبۂ الفت پیدا ہوا۔ حالانکہ واقعہ ایسا نہیں۔ آپ حضور کی پھوپھی زاد ہیں، حضرت عبد المطلب کی نواسی ہیں، حضور کے سامنے ولادت ہوئی، حضور کے گھر کے صحن میں ان کا بچپن گزرا، حضور کی آنکھوں کے سامنے وہ جوان ہوئیں۔ صبح و شام اپنی پھوپھی کے ہاں آمد و رفت رہتی۔ کونسی ایسی بات تھی جس کا حضور کو علم نہ تھا۔ ان کی زندگی کا کونسا ایسا پہلو تھا جو حضور پر مخفی تھا اور اس روز اچانک آشکارا ہوا اور محبت کا طوفان امڈ آیا۔ نعوذ باللہ اور سنیئے، حضرت زینب ان سعادتمند خواتین میں سے تھیں جو اسلام کے ابتدائی دور میں ایمان سے مشرف ہوئیں پھر حضور کی ہجرت کے بعد مکہ چھوڑ کر مدینہ طیبہ میں آگئیں۔

مزید غور فرمائیے۔ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انہیں حضرت زید کے لیے شادی کا پیغام بھیجا تو انہوں نے اور

باطل کر دیتا ہے۔ ارشاد ہے: ما الله مبدیه یعنی آپ وہ چیز دل میں چھپا رہے ہیں جسے اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والا ہے۔ معلوم ہوا جسے حضور چھپا رہے تھے وہ وہی ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ظاہر فرمایا۔ اب آپ یہ دیکھیں کہ اللہ تعالیٰ نے کس چیز کو ظاہر فرمایا ہے تو جس چیز کو اللہ تعالیٰ نے ظاہر فرمایا وہی وہ چیز ہے جس کو حضور چھپا رہے تھے۔ اس کے علاوہ کسی اور چیز کا تصور کرنا باطل، کذب اور محض افتراء ہے۔ خود بتایئے کسی جگہ اللہ تعالیٰ نے اس عشق و محبت کو ظاہر کیا، صراحتہً نہ سہی کنایۃً، لفظاً نہ سہی اشارۃً۔ اگر ایسی کسی بات کا نام و نشان نہیں تو پھر تخفی فی نفسك کا یہ معنی بیان کرنا جو ان لوگوں نے کیا ہے کتنی بڑی گستاخی ہے۔

وہ بات جسے حضور چھپا رہے تھے اور جسے اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والا تھا، وہ کیا تھی۔ اس کے متعلق وضاحت سیدنا امام زین العابدین علی بن حسین علیٰ جدہٖ وعلیٰ ابیہ وجدہٖ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے اس بیان سے ہوتی ہے۔ اوحی الله تعالیٰ ما اوحی الله تعالیٰ به ان زینب سیطلقها زید وتتزوجها بعدہٗ علیه الصلوٰۃ والسلام الی هذا ذهب اهل التحقیق من المفسرین کالزهری وبکر بن علاء والقشیری والقاضی ابوبکر بن العربی وغیرهم (روح المعانی، قرطبی) یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پر یہ وحی فرمائی تھی کہ زید حضرت زینب کو طلاق دے دیں گے اور آپ ان سے نکاح فرمائیں گے۔ مفسرین میں سے اہل تحقیق کا یہی قول ہے۔ کیونکہ یہی وہ چیز ہے جسے اللہ تعالیٰ نے زوجنا کھا سے تعبیر فرمایا ہے اور اس کی حکمت بھی خود ہی بیان فرما دی کہ پہلے جو رسم چلی آرہی ہے کہ اپنے متبنیٰ کی زوجہ سے نکاح حرام ہے اس کا خاتمہ کر دیا جائے تاکہ لوگ اس رسم قبیح کے باعث جن پریشانیوں سے دوچار ہیں ان کا ازالہ ہو سکے۔

ایک بار پھر وتخشی الناس کے کلمات پر بھی غور کیجئے اللہ تعالیٰ نے حضور کو بتا دیا کہ اس رسم بد کو ختم کرنے کے لیے اس کا فیصلہ یہ ہے کہ زید طلاق دے گا اور آپ ان سے نکاح کریں گے۔ حضور جانتے تھے کہ کفار و منافقین اس پر بہتان طرازی کا طوفان برپا کر دیں گے۔ حقیقت کو مسخ کر کے لوگوں کے سامنے پیش کریں گے اور پراپیگنڈہ کا جو مؤثر موقع انہیں ملا ہے اس سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں گے۔ ان کی زبان درازیوں کے باعث ہو سکتا تھا کہ بعض کمزور ایمان والے پھسل جائیں۔ یہ اندیشہ تھا جو حضور دل ہی دل میں محسوس فرما رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ کو یہ بھی پسند نہیں کہ ایسے اندیشوں کو اس کا محبوب رسول پرکاہ کی بھی وقعت دے۔ جھوٹ کے طوفان باندھنے والے باندھا کریں۔ دین اسلام کا پرچم سرنگوں نہیں ہوگا۔ حضور کی عزت و عظمت میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ اگر کوئی بدبخت ان کی ہرزہ سرائی سے متاثر ہو کر اسلام سے اپنا رشتہ توڑتا ہے تو آپ کو میرے محبوب! کیا پروا ایک بار نہیں سو بار انہیں ٹوٹنے دو۔ اسلام کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔

فلما قضٰی زیدٌ منها وطرًا کا مطلب یہ ہے کہ جب زید طلاق دے دے اور وہ عدت گزار لیں اور زید کا ان کے ساتھ رابطہ کلی طور پر منقطع ہو جائے۔ اس کا یہ بھی مطلب ہو سکتا ہے کہ زید حضرت زینب کو طلاق دینے کے لیے بڑے بے چین ہیں وہ اپنی اس خواہش کو پورا کر لیں۔ قضاء الوطر کنایة عن الطلاق۔

آخر میں ایک چیز کا ذکر ضروری سمجھتا ہوں۔ آپ کہہ سکتے ہیں کہ تم خواہ مخواہ یورپ کے مستشرقین اور مؤرخین پر برس رہے ہو یہ باتیں انہوں نے اپنے پاس سے تو نہیں گھڑیں تفسیر کی کتابوں میں ایسی روایتیں موجود ہیں اس میں ان کا کیا قصور؟ جواباً گزارش

مَّقْدُوْرَا ۝ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ

ہوتا ہے۔ وہ لوگ جو اللہ کے پیغامات پہنچاتے ہیں اور اس سے ڈرتے ہیں وہ نہیں ڈرا کرتے کسی

اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ

سے اللہ تعالیٰ کے سوا ٹ اور کافی ہے اللہ تعالیٰ حساب لینے والا نہیں ہیں محمد (فداہ روحی) کسی کے باپ تمہارے

رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ

مردوں میں سے لٹ بلکہ وہ اللہ کے رسول ٹ اور خاتم النبیین ہیں ٹ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو

حلال کی ہیں کسی کو حرف گیری کا حق نہیں پہنچتا۔ حضور سے پہلے بھی اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کو خصوصی رخصت عطا فرمائی تھی۔

ٹ جن اولوالعزم ہستیوں کو اللہ تعالیٰ نے منصب رسالت پر فائز کرتا ہے اور اپنے پیغامات پہنچانے کی ذمہ داری سونپتا ہے وہ حضرات صرف اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں اور کسی سے ان کے دل میں خوف و ہراس پیدا ہی نہیں ہوتا۔ اور اگر وہ اپنے فرائض منصبی ادا کرنے میں لوگوں سے خوفزدہ ہونے لگیں تو وہ رسالت و نبوت کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتے۔ اگر وہ کسی کی خاطر احکام الٰہی کی تبلیغ میں کوتاہی کریں، تو ان کو اللہ تعالیٰ کی گرفت سے کون بچا سکتا ہے۔

لٹ حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا جب حریم نبوت میں رونق افروز ہوئیں تو بہتان تراشی کے جس طوفان کا اندیشہ تھا وہ امنڈ کر آ گیا اور بدباطن یہودیوں اور منافقین نے کہنا شروع کر دیا کہ دیکھو اپنے بیٹے کی بہو کو اپنی زوجہ بنا لیا۔ کبھی ایسا اندھیر بھی ہوا تھا جیسے انہوں نے کر دکھایا یا چلو جاہلے رسم و رواج کو توڑ ہنے دو۔ وہ خود بھی آج تک یہی بتاتے رہے کہ بیٹے کی بیوی سے باپ نکاح نہیں کر سکتا۔ اب پھر خود اپنے بیٹے زید کی مطلقہ اہلیہ کو اپنی زوجیت میں لے لیا۔

ان کی اس ہرزہ سرائی کو قرآن حکیم نے اس ایک جملہ سے ختم کر کے رکھ دیا کہ تم میں سے حضور کسی مرد کے باپ نہیں۔ جب باپ نہیں ہیں تو زید بیٹا کیسے بن گیا۔ وہ تو اپنے باپ حارثہ کا بیٹا ہے۔ تمہارا یہ اعتراض محض تمہارے خبث باطن کی پیداوار ہے حقیقت سے اس کا دُور کا بھی واسطہ نہیں۔

کٹ باپ ہونے کی نفی کی اور اللہ تعالیٰ کا رسول ہونے کا اعلان فرما دیا۔ بیشک باپ اپنی اولاد پر بڑا مہربان اور شفیق ہوتا ہے لیکن رسول کو جو قلبی تعلق اپنی اُمت کے ہر ہر فرد سے ہوتا ہے اور جو لطف و کرم وہ فرماتا ہے اس کے مقابلہ میں باپ کی ساری شفقتیں ہیچ ہیں۔ باپ کی مہربانیاں اولاد کی جسمانی اور مادی دُنیا تک محدود ہوتی ہیں۔ رسول کی نگاہ کرم سے اُمتی کا جسم اور رُوح، ظاہر اور باطن، دل اور عقل سب فیض یاب ہوتے ہیں۔ باپ کی شفقتیں روزِ حشر کسی کام نہیں آئیں گی بلکہ سارے دنیاوی رشتے اس دن ٹوٹ جائیں گے۔ یوم یفر المرء من اخیه و امه وابیه وصاحبته و بنیه لیکن رسول کے لطف و

کر کے آرام کا سانس لیا۔

اسلام کی تیرہ صد سالہ تاریخ میں جب بھی کسی سرپھرے طالع آزما یا فتنہ پرداز نے اپنے آپ کو نبی کہنے کی جرأت کی اس کو قتل کر دیا گیا۔

انگریزی غلامی کے دور میں ملّتِ اسلامیہ کو جس طرح دُوسرے کئی مصائب سے دوچار ہونا پڑا اسی طرح ایک جھوٹی نبوت قائم کر کے اُمت میں انتشار پیدا کیا گیا۔ وہ مدعی نبوت بظاہر عیسائیت کا رد کرتا تھا اور پادریوں سے مناظرے کرتا تھا اس کے باوجود انگریز کا پرلے درجے کا وفادار تھا، ملکۂ انگلستان کی شان میں اس نے ایسے تعریفی پمفلٹ لکھے کہ کوئی باغیرت مسلمان ان کو پڑھنا بھی گوارا نہیں کرتا۔ انگریز کی اسلام دشمنی اظہر من الشمس ہے جنہوں نے ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت کا تختہ اُلٹا، سلطنت عثمانیہ کو پارہ پارہ کر دیا۔ ایسی ظالم اور اسلام دشمن حکومت کو اپنی وفاداری کا یقین دلانا اسلام سے غداری نہیں تو اور کیا ہے۔ انگریز نے اس کی نبوت کو اپنی سنگینوں کے سایہ میں پروان چڑھنے کا موقع دیا اور اس کو قبول کرنے والوں کے لیے بے جا نوازشات کے دروازے کھول دیئے۔ ہر مرزائی کے لیے کسی استحقاق کے بغیر اچھی سے اچھی ملازمتیں مختص کر دی گئیں۔ سیاسی میدان میں بھی ان کو آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی۔ بیشک وہ شخص عیسائیت کے خلاف لکھتا اور بولتا تھا لیکن انگریز نے اس کے ذریعہ اُمتِ مسلمہ میں ایک نئی اُمت پیدا کر کے اور ان کے متفقہ علیہ بنیادی عقیدہ میں تشکیک پیدا کر کے جو مقصد عظیم حاصل کیا وہ بہت بڑا کارنامہ تھا اور اپنے دُوررس نتائج کے اعتبار سے بڑا اہم تھا۔ اگر ایسا شخص عیسائیت کے خلاف کچھ بولتا ہے تو بولا کرے۔ اس سے انگریزی سیاست کو تو کوئی نقصان نہیں پہنچتا بلکہ عیسائیوں کی مخالفت ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے وہ انگریزی استعمار کی خدمت پوری دلجمعی سے انجام دے سکتا تھا، اگر وہ عیسائیوں کے خلاف کچھ نہ کرتا تو اس کی بات کوئی آدمی سُننے کے لیے تیار نہیں تھا۔

مرزا غلام احمد کی نبوت کا پیغام لے کر جب مرزائی مبلغ اسلامی ممالک میں گئے وہاں ان کا جو حشر ہوا وہ کسی سے مخفی نہیں۔ کئی ممالک میں تو انہیں مرتد قرار دے کر توپ سے اُڑا دیا گیا۔ عالمِ اسلام کے تمام علماء نے بالاتفاق اس مدعی نبوت کو مرتد اور خارج از اسلام قرار دیا۔

یہ عرض کرنے کا مقصد صرف اس حقیقت کو واضح کرنا ہے کہ ختمِ نبوت کا عقیدہ ان بنیادی عقیدوں میں سے ایک ہے جن پر گوناگوں اختلافات کے باوجود تیرہ صدیوں تک اُمت کا کلّی اتفاق اور قطعی اجماع رہا ہے جس طرح ایک مسلمان کے لیے اللہ تعالیٰ کی توحید، قیامت، حضور کی رسالت کسی دلیل کی محتاج نہیں اسی طرح ختمِ نبوت کا مسئلہ بھی کبھی زیر بحث نہیں آیا اور اس کے ثبوت کے لیے کسی مسلمان کو کسی دلیل یا بحث وتمحیص کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی لیکن مرزا قادیانی نے وہ کام کر دکھایا جس کی جرأت آج تک شیطان کو بھی نہیں ہوئی تھی۔ اس لیے ضروری ہے کہ اس مسئلہ پر شرح وبسط سے لکھا جائے تاکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اُمتی کسی غلط فہمی کے باعث اپنے آقائے کریم سے کٹ کر نہ رہ جائے۔ رہے وہ لوگ جو شکم کو ایمان پر ترجیح دیتے ہیں اور مال ودولت کے حصول کی خاطر اپنا دین بدلنے میں بھی کوئی قباحت محسوس نہیں کرتے بلکہ اسے کمال ہوشمندی سمجھتے ہیں۔ ایسے لوگوں کا علاج کسی کے پاس نہیں۔ ہمیں ان کے لیے ملول نہیں ہونا چاہیے۔ ہر ایسے ابن الوقتوں کی خدا کو ضرورت ہے اور نہ اس

آخرھم و محمد صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم خاتم الانبیاء علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام۔ وادی کے آخری کونہ کو ختام الوادی کہتے ہیں۔ قوم کے آخری فرد کو ختام خاتَم اور خاتِم کہا جاتا ہے۔ اسی مناسبت سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو خاتم الانبیاء فرمایا گیا ہے۔ لسان العرب میں التہذیب کے حوالہ سے لکھا ہے: والخاتِم والخاتَم من اسماء النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم وفی التنزیل العزیز ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النبیین ای آخرھم ومن اسمائہ العاقب ایضاً ومعناہ آخر الانبیاء۔ یعنی خاتَم اور خاتِم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے اسماء گرامی میں سے ہیں۔ قرآن مجید میں ہے ولکن رسول اللّٰہ و خاتم النبیین۔ یعنی سب نبیوں سے پیچھے آنے والا۔ اور حضور کے اسماء میں سے العاقب بھی ہے اس کا معنی آخرالانبیاء ہے۔

اہل لغت کی ان تصریحات سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ خاتم کی تاء پر زیر ہو یا زبر اس کا معنی "آخری" ہے۔ اس معنی کی تائید کے لیے اہل لغت نے ایک دوسری آیت سے بھی استدلال کیا ہے وختامہ مسک ای آخرہٗ مسک۔ یعنی اہل جنت کو جو مشروب پلایا جائے گا اس کے آخر میں انہیں کستوری کی خوشبو آئے گی۔

ختم نبوت کے منکرین اس موقع پر یہ کہتے ہوئے سنائی دیتے ہیں کہ خاتم کا جو معنی آپ نے بیان کیا ہے (آخری) وہ یہاں مراد نہیں بلکہ اس کا دوسرا معنی مراد ہے اور یہ معنی بھی ان لغت کی کتابوں میں موجود ہے جن کا حوالہ آپ نے دیا ہے۔ جب ایک لفظ کے دو معنی ہوں تو وہاں ایک معنی مراد لینے پر اصرار ہونا اور دوسرے معنی کو ترک کر دینا تحقیق حق کا کوئی اچھا مظاہرہ نہیں۔ وہ کہتے ہیں ہم بھی اس آیت کو مانتے ہیں اور اس کے معنی اپنی طرف سے نہیں گھڑتے تاکہ ہم پر تحریف قرآن کا الزام لگایا جائے بلکہ لغت عرب کے مطابق ہی اس کا مفہوم بیان کرتے ہیں۔ کسی کو ہم پر اعتراض کا حق نہیں پہنچتا۔

صحاح اور لسان العرب دونوں میں خاتم کا معنی مہر یا مہر لگانے والا مذکور ہے۔ آیت کا یہی معنی ابلغ اور شان رسالت کے شایان ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم انبیاء پر مہر لگانے والے ہیں جس پر حضور نے مہر لگا دی وہ نبوت کے شرف سے مشرف ہو گا اور جس پر مہر نہ لگائی، وہ نبوت کے منصب پر فائز نہیں ہو سکتا۔

اس کے متعلق گزارش ہے کہ بیشک لغت کی کتابوں میں خاتم کا معنی مُہر یا مُہر لگانے والا مرقوم ہے لیکن انہوں نے تصریح کر دی ہے کہ مذکورہ آیت میں خاتم النبیین کا معنی آخر النبیین ہے یہاں فقط یہی معنی مراد ہے اور یہ لوگ اگر مصر ہوں کہ یہاں خاتم کا دوسرا معنی مراد ہے تو اس سے بھی انہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔ ایسے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے مطالعہ کرتے ہوئے غور و تدبر سے کام نہیں لیا۔ انہوں نے مُہر سے مراد ڈاکخانہ کی مہر یا کسی افسر کی مہر سمجھی ہے کہ لفافہ یا کارڈ پر مُہر ٹھپہ لگایا اور اسے آگے بھیج دیا یا کسی کی درخواست پر اپنی مہر ثبت کی اور اسے مناسب کارروائی کے لیے متعلقہ دفتر روانہ کر دیا۔ حالانکہ مُہر کا جو مفہوم اہل لغت نے لیا ہے وہ قطعاً اس کے خلاف ہے۔ کاش انہیں بے جا تعصب اس امر کی اجازت دیتا کہ وہ ائمہ لغت کی عبارتوں میں غور کرتے۔ آیئے ! ہم آپ کی خدمت میں یہ عبارتیں پیش کرتے ہیں تاکہ آپ کسی صحیح فیصلہ پر پہنچ سکیں۔ لسان العرب میں ہے: ختمہ یختمہ ختماً وختاماً: طبعہٗ فھو مختوم ومختّم شدد للمبالغۃ۔ یعنی ختم کا معنی مُہر لگانا ہے اور جس پر مُہر لگا دی جائے اس کو مختوم اور مبالغہ کے طور پر مختّم کہتے ہیں۔

جاتی ہے اور اس میں کوئی خالی جگہ نہیں رہتی تو کوئی ماہر سے ماہر انجینئر بھی اس میں ایک اینٹ کا اضافہ نہیں کر سکتا۔ ہاں اس کی ایک ہی صورت ہے کہ پہلی اینٹوں میں سے کوئی اینٹ توڑ کر وہاں سے نکال لی جائے اور پھر اس خالی کرائی ہوئی جگہ پر کوئی نئی اینٹ لگا دی جائے۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے قصر نبوت مکمل ہو گیا۔ اب اس میں کسی اور نبی کی گنجائش نہیں۔ بجز اسکے کہ سابقہ انبیاء میں سے کسی نبی کو وہاں سے نکالا جائے اور مرزا غلام احمد کے لیے جگہ بنائی جائے۔ کیا کوئی عقل سلیم اس کو گوارا کرے گی۔ قصر نبوت کی اس توڑ پھوڑ کو کیا اللہ تعالیٰ کی غیرت برداشت کرے گی؟ ہرگز نہیں۔ یہ ایک حدیث ہی اتنی جامع اور اتنی معنی خیز اور اتنی بصیرت افروز ہے کہ ختم نبوت کے لیے مزید کسی دلیل کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ اس حدیث کو امام بخاری کے علاوہ امام مسلم نے کتاب الفضائل باب خاتم النبیین میں اور امام ترمذی نے کتاب المناقب اور ابو داؤد طیالسی نے اپنی مسند میں مختلف اسناد سے نقل کیا۔

۲۔ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فضلت علی الانبیاء بست اعطیت جوامع الکلم ونصرت بالرعب واحلت لی الغنائم وجعلت لی الارض مسجدا و طھورا وارسلت الی الخلق کافۃ وختم بی النبیون۔

(مسلم۔ ترمذی۔ ابن ماجہ)

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے چھ باتوں میں انبیاء پر فضیلت دی گئی۔ (۱) مجھے جوامع الکلم سے نوازا گیا یعنی الفاظ مختصر اور معانی کا بحر بے پیدا کنار (۲) رعب کے ذریعے میری مدد فرمائی گئی (۳) میرے لیے غنیمت کا مال حلال کیا گیا۔ (۴) میرے لیے ساری زمین کو مسجد بنا دیا گیا اور اس سے تیمم کی اجازت دی گئی۔ (۵) مجھے تمام مخلوق کے لیے رسول بنایا گیا اور (۶) میری ذات سے انبیاء کا سلسلہ ختم کر دیا گیا۔

۳۔ حضرت انس ابن مالک سے مروی ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الرسالۃ والنبوۃ قد انقطعت ولا رسول بعدی ولا نبی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رسالت اور نبوت کا سلسلہ ختم ہو گیا اور میرے بعد نہ کوئی رسول آئے گا اور نہ کوئی نبی۔

سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس تصریح کے بعد جس کی کوئی تاویل ممکن نہیں کسی کا نبوت کا دعویٰ کرنا اور کسی کا اس باطل دعوے کو تسلیم کرنا سراسر کفر اور الحاد ہے۔

۴۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لم یبعث نبیا الا حذر امتہ الدجال وانا آخر الانبیاء وانتم آخر الامم وھو خارج فیکم لا محالۃ۔

(ابن ماجہ)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے کوئی نبی نہیں بھیجا جس نے اپنی امت کو دجال کے خروج سے نہ ڈرایا ہو۔ اب میں آخری نبی ہوں اور تم آخری امت ہو۔ وہ ضرور تمہارے اندر ہی نکلے گا۔

اس حدیث سے جس طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا آخر الانبیاء ہونا ثابت ہو رہا ہے اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کا آخر الامم ہونا بھی ثابت ہو رہا ہے۔

۵۔ امام ترمذی نے کتاب المناقب میں یہ حدیث روایت کی ہے:

ہے۔ آج تک جن لوگوں نے نبوت کا دعویٰ کیا مسلمانوں نے ان کو قتل کر دیا۔ ہمارے زمانے میں بھی فقراء میں سے ایک شخص نے شہر مالقہ میں نبوت کا دعویٰ کیا تو اندلس کے بادشاہ نے غرناطہ میں اس کا سر قلم کر دیا اور اس کی لاش کو سولی چڑھا دیا، وہ اسی حالت میں لٹکا رہا یہاں تک کہ اس کا گوشت گل کر گر پڑا۔

ان مذکورہ بالا اقتباسات سے امت کا ختم نبوت کے عقیدہ پر اجماع ثابت ہو گیا اور ہر زمانے کے علماء نے مدعی نبوت کو گردن زدنی قرار دیا۔ آخر میں ہم ختم نبوت پر عقلی دلیل پیش کرتے ہیں۔

ختم نبوت کے عقلی دلائل (قدرت کے کام حکمت سے خالی نہیں ہوتے)

جب حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت جملہ اقوام عالم کے لیے اور قیامت تک کے لیے ہے، جب حضور پر نازل شدہ کتاب بغیر کسی ادنیٰ تحریف کے جوں کی توں ہمارے پاس موجود ہے، جب سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی سنت مبارکہ اپنی ساری تفصیلات کے ساتھ اس کتاب کی تشریح و توضیح کر رہی ہے، جب کہ شریعت اسلامیہ روز اول کی طرح آج بھی انسانی زندگی کے تمام شعبوں میں ہماری راہنمائی کر رہی ہے، جب قرآن کریم کی یہ آیت مبارکہ آج بھی اعلان کر رہی ہے: اليوم اكملت لكم دينكم واتممت عليكم نعمتي ورضيت لكم الاسلام دينا۔ تو پھر کسی اور نبی کی بعثت کا کیا فائدہ ہے اور اس سے کس مقصد کی تکمیل مطلوب ہے۔ آفتاب محمدی طلوع ہو چکا۔ عالم کا گوشہ گوشہ اس کی کرنوں سے روشن ہو رہا ہے۔ تو پھر دن کے اجالے میں کسی چراغ کو روشن کرنا قطعاً قرین دانشمندی نہیں ہے۔

مزید غور فرمایئے۔ نبی کی آمد کوئی معمولی واقعہ نہیں ہوتا کہ نبی آیا۔ جس نے چاہا مان لیا اور جس نے چاہا انکار کر دیا اور بات ختم ہو گئی بلکہ نبی کی بعثت کے بعد کفر اور اسلام کی کسوٹی نبی کی ذات بن کر رہ جاتی ہے۔ کوئی کتنا نیک، پاکباز، پارسا اور عالم باعمل ہو اگر وہ کسی سچے نبی کی نبوت کو تسلیم نہیں کرے گا تو اس کا نام مسلمانوں کی فہرست سے خارج کر دیا جائے گا۔ اور کفار و منکرین کے زمرہ میں اس کا نام درج کر دیا جائے گا اور یہ کوئی معمولی واقعہ نہیں۔

اب ذرا عالم دنیا میں مرزا صاحب کی آمد کا جائزہ لیجیے:

مسلمانوں کی تعداد کم سے کم اعداد و شمار کے مطابق پچاس کروڑ سے زائد ہے، یہ سب اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان رکھتے ہیں۔ قرآن کریم کو خدا کا کلام یقین کرتے ہیں۔ تمام انبیاء جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مبعوث ہوئے۔ ان کی نبوت اور صداقت کا اقرار کرتے ہیں۔ قیامت کی آمد کے قائل ہیں۔ عملی طور پر غافل و کاہل سہی لیکن احکام خداوندی اور ارشادات نبوی کے برحق ہونے پر یقین رکھتے ہیں۔ ضروریات دین میں سے ہر چیز پر ان کا ایمان ہے اور اس امت میں لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں کی تعداد میں ایسے بندگان خدا بھی ہر زمانہ میں موجود رہے ہیں جو شریعت پر پوری طرح کاربند، عبادات کے سختی سے پابند ہیں انکے اخلاص وللہیت پر فرشتے رشک کرتے ہیں اور ان کے کارہائے نمایاں پر خود ان کے خالق کو ناز ہے۔

اسی پاک امت میں آ کر مرزا صاحب نے نبوت کا دعویٰ کر دیا۔ ان کی آمد سے پہلے تو یہ سارے کے سارے مسلمان تھے، جلیل بعض

نزول فرمائیں گے۔ جن احادیث میں نزولِ مسیح کے متعلق تشریح کی گئی ہے وہ اس کثرت سے مروی ہیں کہ معنوی طور پر وہ درجۂ تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں۔ آیئے آپ بھی ان احادیث کی جھلک ملاحظہ کیجیے۔ آپ کو پتہ چل جائے گا کہ نبی برحق نے کوئی مبہم پیش گوئی نہیں کی۔ کسی ایسے مسیح کی آمد کی اطلاع نہیں دی جس کی پہچان نہ ہو سکے اور جس شاطر کا جی چاہے وہ آنے والا مسیح بن بیٹھے، بلکہ نبی کریم نے اپنی اُمت کو اس کا نام بتایا، اس کی والدہ کا نام بتایا، اس کے لقب سے خبردار کیا، اس وقت اور مقام کی نشاندہی کی جس وقت اور جس مقام پر وہ نزول فرمائے گا۔ جو کارہائے نمایاں وہ انجام دے گا اس کی تفصیل بیان فرمادی اور اس کے مدفن کا بھی تعین فرما دیا اور اس کا حلیہ بھی بیان کر دیا۔ اب اگر وہ احادیث صحیح ہیں جن میں حضرت عیسےٰ کی آمد کی خبر دی گئی ہے تو ان تفصیلات کو بھی من و عن صحیح اور سچ تسلیم کرنا پڑے گا جو ان کے متعلق بتائی گئی ہیں اور اگر کوئی شخص ان تفصیلات کو ماننے سے انکار کر دے گا تو پھر اسے ان تمام احادیث کو بھی ساقط الاعتبار قرار دینا پڑے گا جن میں ان کی آمد کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ تحقیق اور انصاف کا یہ کیسا معیار ہے کہ ایک روایت کی مفید مطلب آدھی بات تو مان لی اور اسی روایت کی دیگر تفصیلات کو نظر انداز کر دیا۔

ان کثیر التعداد احادیث میں سے چند احادیث جن میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کا ذکر ہے۔

پہلی حدیث جسے امام بخاری، امام مسلم، امام ترمذی اور امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ نے اپنی کتب حدیث میں روایت کیا ہے:

۱۔ عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم والذی نفسی بيده ليوشكن ان ينزل فيكم ابن مريم حكما عدلا فيكسر الصليب ويقتل الخنزير ويضع الحرب و يفيض المال حتی لا يقبله احد حتی تكون السجدة الواحدة خير من الدنيا وما فيها۔ (بخاری کتاب احادیث الانبیاء، باب نزول عیسیٰ بن مریم۔ مسلم، باب بیان نزول عیسیٰ۔ ترمذی، ابواب الفتن باب فی نزول عیسیٰ۔ مسند احمد مرویات ابی ہریرۃ)

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس خدا کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے ضرور اتریں گے تمہارے درمیان ابن مریم عادل حاکم کی حیثیت سے۔ پھر وہ صلیب کو توڑ ڈالیں گے اور خنزیر کو ہلاک ڈالیں گے اور جنگ کا خاتمہ کر دیں گے اور مال کی اتنی فراوانی ہوگی کہ اسے کوئی لینے والا نہ ہوگا اور (دینداری کا یہ عالم ہوگا) کہ اپنے پروردگار کی جناب میں ایک سجدہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہوگا۔

۲۔ امام بخاری نے کتاب المظالم باب کسر الصلیب میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

لا تقوم الساعة حتی ينزل عيسیٰ بن مريم۔

اس وقت تک قیامت برپا نہ ہوگی جب تک عیسیٰ بن مریم کا نزول نہ ہو۔

۳۔ مشکوٰۃ المصابیح میں حضرت ابی ہریرہ سے منقول ہے:

فبينما هم يعدون للقتال يسوّون الصفوف اذا اقيمت الصلوٰة فينزل عيسٰی بن مريم فامهم فاذا راه عدو الله يذوب كما يذوب الملح فی الماء فلو تركه انذاب حتی

حضور علیہ السلام نے خروج دجال کے ذکر کے بعد فرمایا۔ اس اثنا میں کہ مسلمان اس سے لڑنے کی تیاری کر رہے ہوں گے صفیں درست کر رہے ہوں گے اور نماز کے لیے اقامت کہی جا چکی ہوگی کہ حضرت عیسیٰ بن مریم نازل ہوں گے اور مسلمانوں کی امامت

شَیۡءٍ عَلِیۡمًا ﴿۴۰﴾ یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اذۡکُرُوا اللّٰہَ ذِکۡرًا کَثِیۡرًا ﴿۴۱﴾ وَّ

خوب جاننے والا ہے ⁶⁴ اے ایمان والو! یاد کیا کرو اللہ تعالیٰ کو کثرت سے ⁶⁵ اور

واذا رفعه تحدر منه جمان كاللؤلؤ فلا يحل لكافر يجد ريح نفسه الا مات ونفسه ينتهي الى حيث ينتهي طرفه فيطلبه حتى يدركه بباب لد فيقتله

(مسلم؛ ذکر الدجال - ابو داؤد، کتاب الملاحم ترمذی، ابواب الفتن)

موتی اتریں گے۔ جب وہ سر جھکائیں گے تو یُوں محسوس ہوگا کہ قطرے ٹپک رہے ہیں اور جب سر اٹھائیں گے تو موتیوں کی طرح قطرے ڈھلکتے نظر آئیں گے۔ اُن کے سانس کی ہوا جس کافر تک پہنچے گی اور وہ ان کی حدِ نظر تک جائے گی، وہ زندہ نہ بچے گا۔ پھر ابن مریم دجال کا پیچھا کریں گے اور لُد کے دروازے پر اسے جا پکڑیں گے اور قتل کر دیں گے۔

آخر میں ایک اور حدیث سماعت فرمائیے:

عن ثوبان مولى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن النبي صلى الله عليه وسلم عصابتان من امتي احرزهما الله تعالى من النار عصابة تغزو الهند وعصابة تكون مع عيسى بن مريم عليه السلام۔ (نسائی؛ کتاب الجہاد مسند احمد، مرویات ثوبان)

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے غلام ثوبان سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا میری اُمّت کے دو لشکر ایسے ہیں جن کو اللہ نے دوزخ کی آگ سے بچالیا۔ ایک وہ لشکر جو ہندوستان پر حملہ کرے گا، دُوسرا وہ جو عیسیٰ بن مریم کے ساتھ ہوگا۔

آپ نے ان احادیث کا مطالعہ فرمالیا۔ ان میں مسیح موعود کا حلیہ، نام، والدہ کا نام، مقام اور وقتِ نزول، آپکے کارہائے نمایاں سب کے سب مذکور ہیں۔ خدا کی شان ملاحظہ ہو کہ یہ شخص جو مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کرتا ہے۔ اس کا نام بھی عیسیٰ نہیں حالانکہ ہزاروں مسلمان اس نام کے موجود ہیں۔ اس کی والدہ کا نام بھی مریم نہیں، حالانکہ ہزاروں مسلمان عورتیں اس نام کی اب بھی ہیں اور خود قادیان میں اس نام کی کئی لڑکیاں ہوں گی۔ صلیب کو توڑنا، خنزیر کو قتل کرکے عیسائیت کو نیست و نابود کرنا تو کجا میاں جی ساری عمر عیسائی حکومت کے مجھول ایجنٹ بنے رہے اور اس کی خیرات پر پلتے رہے اور اس کی اسلام کش سرگرمیوں پر تعریف و توصیف کے قصیدے لکھتے ہے۔ ساری دُنیا کو دارالاسلام بنا کر جزیہ ختم کرنا تو بڑی دُور کی بات، خدائے مصطفےٰ نے یہ بھی پسند نہ فرمایا کہ قادیان کا خطہ پاکستان کا حصّہ بنے۔ اب بھی جو لوگ انہیں مسیح موعود مانتے ہیں، ان کی نادانی قابلِ صد افسوس ہے۔

⁶⁴ اللہ تعالیٰ جس نے اپنے محبوب کو اپنا رسول بنایا اور پھر اس کی ذاتِ پاک پر نبوّت کا سلسلہ ختم کر دیا وہ ہر چیز کو اچھی طرح جانتا ہے ـــــ دنیا کے حالات ہزاروں پلٹے کھائیں، معاشی اور سیاسی میدانوں میں کتنے ہی انقلاب کیوں نہ برپا ہوں، ہر قوم کے لیے ہر زمانہ میں فلاحِ دارین کا راستہ دکھانے کے لیے اب کسی دُوسرے نبی کی ضرورت نہیں۔ یُوں نہیں ہے کہ سلسلہ نبوّت بند کرنے کا فیصلہ کسی ایسی ہستی نے کیا ہو جو آنے والے حالات سے بے خبر ہے، مختلف قوموں اور ملکوں کی ضرورتوں سے ناواقف ہے بلکہ یہ فیصلہ اس ذاتِ والا صفات کا ہے جو کائنات کی ہر چیز سے واقف ہے اور ان تمام امور سے بھی باخبر ہے جن پر عالمِ انسانیت

النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿٤٥﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى

اے نبی (مکرم!) ہم نے بھیجا ہے آپ کو (سب سچائیوں کا) گواہ بنا کر ث اور خوشخبری سنانے والا ث اور بروقت ڈرانے والا اور دعوت دینے

حسن مے گفت کہ شامے نہ پذیرد سحرم عشق مے گفت تب و تاب دوامے دارم

کون کہتا ہے حسن کو عشق عزیز نہیں یا محبوب کو اپنے عاشق دلفگار کی پروا نہیں۔ یہاں جمال مطلق اور حسن کامل دعائیں دے رہا ہے کہ اے عشق کی بے چینیو! اور بے تابیو! تم سلامت رہو! اے چشم شوق تو سدا بینا ہے! اے دل دردمند تیرے ارمانوں کی خیر، تیری حسرتوں کی خیر!

عشق کو یہ پذیرائی حاصل تو ہوتی ہے لیکن امتحانوں کے کئی مرحلے ذوق و یقین سے طے کرنے کے بعد بلکہ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ حسن بے نقاب کی بر ملا دعائیں، تو اسی وقت سامع نواز ہوتی ہیں لیکن جب کوئی نیاز مند درد و سوز سے بے چین ہو کر سوئے منزل چل پڑتا ہے تو اسی وقت سے حسن کی نوازشیں شروع ہو جاتی ہیں۔ اسے بڑا خیال رہتا ہے کہ عاشق زار دل شکستہ نہ ہو جائے۔ بظاہر تغافل ہوتا ہے حقیقت میں اس تغافل میں بھی توجہ کی کشش صاف معلوم ہوتی ہے جو مایوس نہیں ہونے دیتی۔ ہر لمحہ قدم قدم پر راہ نورد عشق کی خبر گیری کی جاتی ہے کہ کوئی رہزن اس کی متاع شوق کو لوٹ نہ لے۔ یہ نوازشیں ہوتی ہیں تب ہی کوئی مسکین بے نوا ہجر کی طویل راتوں کو کاٹتا ہوا جدائی کے عریض صحراؤں کو طے کرتا ہوا سر نیاز قدم یار پر رکھنے کے قابل ہوتا ہے۔ والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا وان اللہ لمع المحسنین میں اسی طرف اشارہ ہے۔

سچ تو یہ ہے عشق بھی حسن کا فیض ہے۔ عشق کی بے تابیاں بھی حسن کی عطا ہیں۔ عاشق کے صبر و استقامت میں بھی انکی دستگیری اور اس کی کرم فرمائی شامل ہوتی ہے۔ حریم ناز کے دروازے عشق نہیں کھولتا اور نہ کھول سکتا ہے بلکہ حسن کی دلنوازیاں آگے بڑھ کر اپنے آبلہ پا مہمانوں کا استقبال کرتی ہیں اور خود ہی از راہ بندہ پروری اپنے رخ سے نقاب الٹ دیتی ہیں۔ تب ہی وہ گھڑی آتی ہے جب کوئی خسرو لیں زمزمہ سنج ہوتا ہے۔

نخفت خسرو مسکیں ازیں ہوس شبہا کہ بوسہ بر کف پائت نہد بخواب رود

ف اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو بڑے محبت بھرے انداز سے خطاب فرماتا ہے اور اس کے بعد ان جلیل القدر خطابات کا ذکر کرتا ہے جن سے اس نے اپنے محبوب کو سرفراز فرمایا۔ ان کے ذکر سے اگر ایک طرف اپنے پیارے رسول کی عزت افزائی مقصود ہے تو دوسری طرف مسلمانوں کو بھی حوصلہ دیا جا رہا ہے کہ تم ان طوفانوں سے نہ گھبراؤ۔ ان تند و تیز لہروں سے پریشان ہونے کی قطعاً ضرورت نہیں۔ یہ منہ کھولے ہوئے گرداب تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ اس ملت کا سفینہ ہم نے کسی ایسے ملاح کے سپرد نہیں کیا جو کم ہمت، دوں حوصلہ، نااہل اور ناتجربہ کار ہو۔ بلکہ اس کشتی کا ناخدا وہ نبی برحق ہے جس کو ہم نے ان صفات جلیلہ سے متصف کیا ہے۔ تم صبر و استقامت سے اس کا دامن اطاعت مضبوطی سے پکڑے رہو۔ یقیناً تمہیں ساحل مراد تک رسائی نصیب ہوگی۔ ساتھ ہی دشمنان اسلام کی ان ناپاک آرزوؤں کو بھی خاک میں ملا دیا جو اپنی سازشوں اور حیلہ سازیوں سے حق کی اس شمع فروزاں

کو بجھانا چاہتے تھے۔

ارشاد فرمایا اے میرے نبی! ہم نے تجھے شاہد بنایا ہے۔ شاہد کا معنی گواہ ہے اور گواہ کے لیے ضروری ہے کہ جس واقعہ کی وہ گواہی دے رہا ہے وہ وہاں موجود بھی ہو اور اس کو اپنی آنکھوں سے دیکھے بھی۔ چنانچہ علامہ راغب اصفہانی نے مفردات میں لکھا ہے:

الشھادۃ والشھود الحضور مع المشاھدۃ إما بالبصر او بالبصیرۃ یعنی شہادت وہ ہوتی ہے کہ انسان وہاں موجود بھی ہو اور وہ اسے دیکھے بھی خواہ آنکھوں کی بینائی سے یا بصیرت کے نور سے۔ یہاں ایک چیز غور طلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ تو فرمایا کہ ہم نے تجھے شاہد بنایا لیکن جس چیز پر شاہد بنایا اس کا ذکر نہیں کیا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر کوئی ایک چیز ذکر کر دی جاتی تو شہادتِ نبوت وہاں محصور ہو کر رہ جاتی۔ یہاں اس شہادت کو کسی ایک امر پر محصور کرنا مقصود نہیں بلکہ اس کی وسعت کا اظہار مطلوب ہے۔ یعنی حضور گواہ ہیں اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی تمام صفات کمالیہ پر کیونکہ جب ایسی باکمال ہستی اور ہمہ صفت موصوف ہستی یہ گواہی دے رہی ہو کہ لا الٰہ الا اللہ، تو کسی کو اس دعوت کے حق ہونے میں شک نہیں رہتا۔ دولت، حکومت، شخصی وجاہت، علم اور فضل و کمال یہ ایسے حجابات ہیں جن میں لوگ کھو جاتے ہیں اور اپنے خالق کریم کی ہستی سے غافل ہو جاتے ہیں حضور کی اس شہادت سے وہ سارے حجاب تار تار ہو گئے اور اس جلیل المرتبت نبی کی شہادتِ توحید کے بعد کوئی سلیم الطبع آدمی اس کو تسلیم کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرے گا۔ نیز حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسلام، اس کے عقائد، اس کے نظام عبادات و اخلاق اور اس کے سارے قوانین کی حقانیت کے بھی گواہ ہیں۔ اسی کے اتباع میں فلاحِ دارین کا راز مضمر ہے۔ اسی آئین کے نفاذ سے اس گلشن ہستی میں بہار جاوداں آ سکتی ہے اور جب قیامت کے روز سابقہ امتیں اپنے انبیاء کی دعوت کا انکار کر دیں گی کہ نہ ان کے پاس کوئی نبی آیا اور نہ کسی نے ان کو دعوتِ توحید دی اور نہ کسی نے انہیں گناہوں سے روکا۔ اس وقت بھرے مجمع میں اللہ تعالیٰ کا یہ رسول انبیاء کی صداقت کی گواہی دے گا کہ الٰہ العالمین! تیرے نبیوں نے تیرے احکام پہنچائے اور تیری طرف بلانے میں انہوں نے کسی کوتاہی کا ثبوت نہیں دیا۔ یہ لوگ جو آج تیرے انبیاء کی دعوت کا سرے سے انکار کر رہے ہیں۔ یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے نبیوں پر پتھر برسائے۔ ان کو طرح طرح کی اذیتیں دیں۔ انہیں جھٹلایا اور بعض نے تو تیرے نبیوں کو تختۂ دار پر کھینچ دیا۔ اس کے علاوہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کے اعمال پر گواہی دیں گے کہ فلاں نے کیا کیا اور فلاں سے کیا غلطی سرزد ہوئی۔ چنانچہ علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "شاھدا علی امتك" یعنی حضور اپنی امت پر گواہی دینگے اپنی اس تفسیر کی تائید میں انہوں نے یہ روایت پیش کی ہے: اخرج ابن المبارك عن سعيد بن المسيب قال ليس من يوم الا ويُعرض على النبي صلى الله تعالى عليه وآله وسلم امته غدوة و عشية فيعرفهم بسيماهم ولذلك يشهد عليهم (مظہری) یعنی حضرت عبداللہ بن مبارک نے حضرت سعید بن مسیب سے روایت کی ہے کہ ہر روز صبح شام حضور کی امت حضور پر پیش کی جاتی ہے اور حضور ہر فرد کو اس کے چہرے سے پہچانتے ہیں اسی لیے حضور ان پر گواہی دیں گے۔

علامہ ابن کثیر اسی آیت کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

فقوله تعالىٰ: شاهدا على الله بالوحدانية وانه لا إله غيره وعلى الناس باعمالهم يوم القيامة۔

یعنی حضور اللہ تعالیٰ کی توحید کے گواہ ہیں کہ اس کے بغیر کوئی معبود نہیں اور قیامت کے روز لوگوں کے اعمال پر گواہی دیں گے۔

علامہ آلوسی اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: شاهدا على من بعثت اليهم تراقب احوالهم و تشاهد اعمالهم و...... وتؤديها يوم القيامة اداء مقبولاً فی مالهم وما عليهم (روح المعانی) یعنی حضور گواہی دیں گے اپنی اُمّت پر کیونکہ حضور ان کے احوال کو دیکھ رہے ہیں اور ان کے اعمال کا مشاہدہ فرما رہے ہیں اور روزِ قیامت ان کے حق میں یا ان کے خلاف گواہی دیں گے۔

آگے چل کر علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ صوفیاء کرام نے اس امر کی طرف اشارہ کیا ہے کہ ان الله تعالیٰ قد اطّلعه صلى الله تعالیٰ عليه وآله وسلم على اعمال العباد فنظر اليها لذلك اطلق عليه شاهدا۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے نبی کریم کو بندوں کے اعمال پر آگاہ فرما دیا ہے اور حضور نے انہیں دیکھا ہے۔ اس لیے حضور کو شاہد کہا گیا۔

اس قول کی تائید میں علامہ آلوسی نے مولانا جلال الدین رُومی قدس سرہ کا یہ شعر نقل کیا ہے:

در نظر بودش مقامات العباد زاں سبب نامش خدا شاہد نہاد

کہ بندوں کے مقامات حضور کی نگاہ میں تھے اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کا اسم پاک شاہد رکھا ہے۔

یہ لکھنے کے بعد علامہ موصوف فرماتے ہیں فتأمل ولا تغفل کہ اس بیان کردہ حقیقت میں غور و فکر کرو اور غفلت سے کام نہ لو۔ مولانا شبیر احمد عثمانی نے اس مقام پر جو حاشیہ لکھا ہے اس سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے لکھتے ہیں: "اور محشر میں بھی اُمّت کی نسبت گواہی دیں گے کہ خدا کے پیغام کو کس نے کس قدر قبول کیا۔" الغرض وہ تمام اَبدی صداقتیں جنہیں انسان سمجھنے سے قاصر ہے عالم غیب کی وہ حقیقتیں جو عقل و خرد کی رسائی سے ماوراء ہیں ان سب کی سچائی کے آپ گواہ ہیں۔

ثانیاً آنحضرت کا دوسرا لقب مبشّر ہے۔ یعنی خوشخبری دینے والے۔ جو اس دین پر ایمان لائے گا، اس کے ارشادات پر عمل کرے گا وہ دونوں جہانوں میں کامیاب و کامران ہو گا۔

علامہ اسماعیل حقی فرماتے ہیں: مبشراً لاهل الايمان والطاعة بالجنة ولاهل المحبة بالرؤية کہ اہلِ ایمان اور اہلِ طاعت کو جنت کی خوشخبری دیتے ہیں اور اہلِ محبت کو دیدارِ محبوب کی۔

تیسرا لقب نذیراً ہے۔ نذیر کا معنی ہے کسی شخص کو نافرمانی کے نتائج سے بروقت آگاہ کر دینا۔ یہ بھی حضور کی شان ہے۔

وداعیا الی الله باذنه: یہ حضور کا چوتھا لقب ہے کہ حضور اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینے والے ہیں اور یہ کام کیونکہ بہت ہی کٹھن اور دشوار ہے۔ کوئی آدمی اپنے عقیدہ کو چھوڑنے کے لیے بآسانی تیار نہیں ہوتا۔ خصوصاً مکہ کے مُشرک جو کورانہ تقلید اور آباء پرستی میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے۔ جنہوں نے غور و فکر کے سارے دیئے گُل کر دیئے تھے ان کو کفر و شرک کی تاریکیوں سے نکال کر نورِ حق کی طرف لے آنا از حد دُشوار تھا۔ یہی حالت یہود اور دوسرے اہلِ کتاب کی تھی، اس لیے ساتھ ہی "باذنه" کا کلمہ بڑھا دیا یعنی اے محبوب! ہم نے اس دُشوار کام کو آپ کے لیے آسان بنا دیا ہے۔ باذنه ای بتسهيله وتيسيره تعالیٰ (روح المعانی) اور اس کی صُورت یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان گوناگوں خوبیوں

اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ

والا اللہ کی طرف اسکے اذن سے اور آفتاب روشن کر دینے والا لشہ اور آپ مژدہ سنا دیں مومنوں کو کہ ان کے لیے اللہ کی

اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ

جناب سے بڑا ہی فضل ہے لشہ اور نہ کہنا مانو کافروں اور منافقوں کا اور پروا نہ کرو ان کی

اور دلفریبیوں سے ممتاز فرمایا تھا کہ دل خود بخود اس طلعتِ زیبا کی طرف کھچے چلے جاتے تھے۔ وہ لوگ جن میں حق پذیری کا ادنیٰ سا بھی ملکہ موجود تھا وہ اس شمع جمال پر پروانہ وار نثار ہوتے تھے اور دُنیا نے دیکھا کہ عرب کے اُجڈ اور سخت مزاج لوگ کس طرح اپنے بچوں، اپنے آباد گھروں، قیمتی مال و متاع اور وطن عزیز کو چھوڑ کر در مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء کی طرف کشاں کشاں جا رہے ہیں۔ ابھی چند روز پہلے خالد بن ولید نے میدانِ اُحد میں مسلمانوں کی فتح کو شکست میں تبدیل کر دیا لیکن وہی فاتح خالد مکہ کو الوداع کہہ رہا ہے اور اپنے گلے میں غلامی کا قلادہ ڈال کر سرکارِ مدینہ کی حاضری کے لیے کوہ و دمن، دشت و صحرا کو عبور کرتا ہوا چلا جا رہا ہے۔ یہ بھی داعیاً الی اللہ باذنہ کی شان کا ایک ظہور ہے۔

لشہ فرمایا: اے محبوب! میں نے تجھے سراجاً منیراً بنا کر بھیجا ہے۔ ان دو لفظوں سے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پر جن انعامات لطائف کی بارش فرمائی ہے اس کی بیکرانیوں کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔ آفتاب اور آفتاب بھی عالمتاب، روشن اور آنا روشن کہ دُوسروں کو بھی نور و ضیاء کا منبع و مصدر بنا دینے والا۔ اہل دل نے یہاں بہت کچھ لکھا ہے میں فقط حضرت عارف باللہ مولانا ثناء اللہ پانی پتی کا ایک جملہ لکھنے پر اکتفا کرتا ہوں۔ فرماتے ہیں: انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کان بلسانہ داعیاً الی اللہ تعالٰی وبقلبہ وقالبہ کان مثل السراج یتلون المومنون بالوانہ ویتنورون بانوارہ یعنی حضور زبان فیض ترجمان سے تو داعی تھے اور اپنے قلب مُبارک اور قالب منور کی وجہ سے سراج منیر تھے۔ اہلِ ایمان اس آفتاب کے رنگوں میں رنگے جاتے ہیں اور اس کے انوار سے درخشاں و تاباں ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اس نورِ مجسّم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انوار سے درخشاں راہِ حق پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

لشہ پہلے تو اللہ تعالیٰ نے جو لطف و کرم اپنے حبیب کریم اور محبوب دلنواز صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر فرمایا، اس کا ذکر ہوا۔ اب اس ابرِ رحمت کا بیان ہو رہا ہے جو اُمّتِ مسلمہ پر برسایا جانے والا ہے۔ ارشاد ہے: اے میرے نبی! اپنے غلاموں کو بھی یہ بشارت دے دو کہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ان پر بھی ہوگا اور وہ فضل و کرم قلیل اور محدود نہیں ہوگا بلکہ فضلاً کبیراً ہوگا۔ آپ خود ہی غور فرمائیے کہ وہ رب العزت جس کے سامنے ساری دُنیا متاعِ قلیل ہے یعنی تھوڑا سا سامان، تو جس فضل کو وہ کبیر فرما رہا ہے اس کی وسعتوں کا اندازہ کون کر سکتا ہے۔ یہ سب صدقہ ہے محبوب کریم رؤف رحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جن کی غلامی کے باعث ہمیں یہ شرف حاصل ہے۔ کاش! ہم اس غلامی کی قدر کو پہچانتے اور اس جمالِ جہاں افروز پر اپنی جان، اپنا دل اور ہوش و خرد قربان کرتے جو صحابہ کرام کا طریقہ

أَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿٤٨﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اذیت رسانی کی اور بھروسہ رکھو اللہ پر ۹۲ اور کافی ہے اللہ تعالیٰ (آپکا) کارساز اے ایمان والو!

اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ

جب تم نکاح کرو مومن عورتوں سے پھر تم انہیں طلاق دے دو اس سے پہلے کہ تم انہیں

تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ

ہاتھ لگاؤ پس تمہارے لیے ان پر عدت گزارنا ضروری نہیں جسے تم شمار کرو لہٰذا انہیں کچھ مال

وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿٤٩﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ

دے دو اور انہیں رخصت کردو خوبصورتی سے ۹۳ اے نبی (مکرم)! ہم نے حلال کردی ہیں آپ کے لیے آپکی ازواج

الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَاۗءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ

جن کے مہر آپ نے ادا کردیے ہیں اور آپ کی کنیزیں جو اللہ نے بطور غنیمت آپ کو عطا کی ہیں ۹۴

تھا۔ تب ہمیں اس فضل کبیر کا صحیح احساس ہوتا۔

۹۲ اے محبوب! جب ہم نے آپ کو ان عظمتوں سے نوازا ہے تو آپ کو کفار و منافقین کا کہنا ماننے کی کیا ضرورت ہے آپ ان کی اذیت رسانیوں سے خائف کیوں ہوں۔ آپ انہیں پرکاہ کی وقعت بھی نہ دیں اور یہ صاف صاف اعلان کردیں کہ جو تکلیف اور اذیت وہ پہنچانا چاہتے ہیں اس میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں۔ آپ کا پروردگار آپ کے ساتھ ہے۔ دُنیا کی کوئی طاغوتی طاقت آپ کا بال بیکا نہیں کرسکتی اور آپ کے دین کی ترقی میں روڑا نہیں اٹکا سکتی۔

۹۳ یہاں شرعی حکم بیان کیا جارہا ہے کہ اگر تم اپنی کسی ایسی منکوحہ کو طلاق دو جس سے تم نے خلوت صحیحہ نہیں کی تو اس مطلقہ کا عدت گزارنا لازمی نہیں۔ لیکن جب ان کو اپنی قید نکاح سے آزاد کرو تو بے مروتی کا ثبوت نہ دو۔ طلاق دے کر تم نے ان کا دل توڑا ہے۔ ان کی کچھ مالی اعانت کردو۔ تاکہ ان کی دلجوئی ہوجائے۔ اگر ایسی عورت کا مہر مقرر تھا تو نصف مہر ادا کرنا ضروری ہے۔ مہر مقرر نہ ہونے کی صورت میں ایک جوڑا کپڑوں کا دینا لازمی ہے۔

۹۴ اسلام نے مردوں کو شرط عدل کے ساتھ چار شادیاں کرنے کی اجازت دی ہے۔ جس کی حکمتیں سورۂ نساء میں بیان ہوچکی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے خاص حکمتوں کے پیش نظر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو چار سے زیادہ ازواج کی اجازت مرحمت

وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ

اور آپ کے چچا کی بیٹیاں اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں اور آپکے ماموں کی بیٹیاں اور آپکی خالاؤں کی

الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ

بیٹیاں جنہوں نے ہجرت کی آپ کے ساتھ اور مومن عورت اگر وہ اپنی جان نبی کی نذر کر دے۔

اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اگر نبی اس سے نکاح کرنا چاہے۔ یہ (اجازت) صرف آپ کے لیے ہے اور دوسرے مومنوں کے لیے نہیں۔ ۳؎

قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

ہمیں خوب علم ہے جو ہم نے مقرر کیا ہے مسلمانوں پر ان کی بیویوں اور کنیزوں کے بارے میں

فرمائی۔ دشمنانِ اسلام نے اس بات کو بھی ہدفِ تنقید بنایا خصوصاً عیسائی پادریوں نے لیکن اگر نظر انصاف سے دیکھا جائے تو یہ اجازت بھی سراسر حکمت نظر آتی ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ سب سے پہلے جس خاتون کو حضور نے شرفِ زوجیت بخشا ان کا اسم گرامی حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہے۔ اس وقت حضور کا عنفوانِ شباب تھا۔ عمر مبارک پچیس سال تھی۔ حضرت خدیجہ دوبار بیوہ ہونے کے بعد اپنے چالیسویں سال میں تھیں لیکن ان کے ساتھ زوجیت کے تعلقات اتنے خوشگوار تھے کہ ان کے وصال تک حضور نے کسی دوسری کا کبھی خیال بھی نہیں فرمایا اور ان کے وصال کے بعد بھی اکثر ان کا ذکر خیر فرمایا کرتے یہاں تک کہ حضرت عائشہ بھی رشک کرنے لگتیں۔ حضرت خدیجہ کے وصال کے بعد ایک سن رسیدہ خاتون حضرت سودہ بنت زمعہ سے نکاح فرمایا۔ حضرت عائشہ سے عقد اگرچہ ہجرت سے پہلے ہو چکا تھا۔ لیکن رخصتی ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ میں ہوئی۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا حضرت فاروق اعظم کی صاحبزادی تھیں جن کی شادی خنیس بن حذافہ سے ہوئی تھی وہ اُحد میں شدید زخمی ہوئے اور زخموں کی تاب نہ لا کر مدینہ طیبہ میں وفات پائی۔ حضرت عمر اپنی اس صاحبزادی کے مستقبل کے متعلق بڑے پریشان تھے۔ حضور کا انہیں شرفِ زوجیت بخشنا نہ صرف ان کی دلجوئی کا باعث ہوا بلکہ اس سے حضرت فاروق اعظم کی بہت بڑی پریشانی دور ہوئی۔ حضور کی جتنی شادیاں ہوئیں ان سے دین کی تبلیغ اور اس کی اشاعت میں بڑا فائدہ ہوا۔ ان سے مقصود یا تو اپنے غلاموں کی دلجوئی تھی اور یا دشمن قبائل کے ساتھ محبت اور مودت کے تعلقات قائم کرنے تھے۔ ان شادیوں میں سے کسی شادی کو عشرت کوشی کی علامت قرار نہیں دیا جا سکتا۔

۳؎ اس کا تعلق یا تو اِنْ وَّهَبَتْ کے ساتھ یعنی کوئی مومن عورت اپنے آپ کو بغیر مہر کے پیش خدمت کرے اور حضور اسے قبول فرمائیں تو اس کا مہر ادا کرنا ضروری نہیں یہ حکم صرف حضور کے ساتھ مخصوص ہے۔ عام مسلمانوں کے لیے بغیر مہر کے نکاح جائز

لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ تُرْجِيْ

تاکہ آپ پر کسی قسم کی تنگی نہ ہو۔ اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ (آپ کو اختیار ہے) دور

مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ

کر دیں جس کو چاہیں اپنی ازواج سے اور اپنے پاس رکھیں جس کو آپ چاہیں۔ اور اگر آپ (دوبارہ) طلب کریں جو

مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ

آپ نے علیحدہ کر دیا تھا تب بھی آپ پر کوئی مضائقہ نہیں۔ اس (رخصت) سے پوری توقع ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں

وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اور وہ آزردہ خاطر نہ ہوں گی اور سب کی سب خوش رہیں گی جو کچھ آپ انہیں عطا فرمائیں گے ؎ اور (اے لوگو) اللہ تعالیٰ

مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ۝ لَا يَحِلُّ لَكَ

جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا بڑا بردبار ہے۔ حلال نہیں آپ کے لیے

النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ

دوسری عورتیں اس کے بعد اور نہ اس کی اجازت ہے کہ آپ تبدیل کریں ان ازواج سے دوسری بیویاں

جنہیں لیکن اس رخصت کے باوجود حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہر ایک کا مہر ادا کیا، اور یا اس لفظ کا تعلق چار سے زیادہ شادیاں کرنے کی رخصت سے ہے یعنی یہ اجازت صرف حضور کو ہے اور کسی کو نہیں۔

؎ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو حکم دیا ہے کہ وہ اپنی تمام بیویوں کے ساتھ مساوی سلوک کریں لیکن نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس حکم سے بھی مستثنیٰ قرار دیا کہ آپ پر کوئی پابندی نہیں لیکن اس کے باوجود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیشہ ہر بیوی کے ساتھ مساویانہ اور عادلانہ سلوک فرماتے۔ اس رخصت کی دو وجہیں ہیں۔ پہلی وجہ تو یہ ہے کہ حضور کی طبع مبارک اتنی عادل اور انصاف پسند تھی کہ حکم نہ ہونے کی صورت میں بھی بے انصافی ممکن نہ تھی۔ دوسری حکمت یہ ہے کہ ازواج طاہرات میں باہمی نزاع پیدا نہ ہو۔ تھوڑی تھوڑی بات کو بڑھا کر گھر کے سکون کو مکدر نہ کریں۔ اب جب حضور پر پابندی نہ رہی تو جس کو بھی حضور شرف بخشیں اور جتنا وقت شرف بخشیں اسی کو وہ غنیمت سمجھے گی اور کسی قسم کا مطالبہ کر کے یا شکوہ کر کے خاطر عاطر کو مشوش نہ کر سکے گی۔ اسی چیز کی طرف اللہ تعالیٰ نے آیت کے ان کلمات میں

أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ

اگرچہ آپ کو پسند آئے ان کا حسن۔ بجز کنیزوں کے ؀ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز

كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيبًا ﴿٥٢﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ

پر نگران ہے۔ اے ایمان والو! نہ داخل ہوا کرو نبی کریم کے گھروں میں ؁ بجز اس

النَّبِيِّ إِلَّا أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَىٰ طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ وَلَٰكِنْ

(صورت) کے کہ تم کو کھانے کے لیے آنے کی اجازت دی جائے (اور) نہ کھانا پکنے کا انتظار کیا کرو

إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانتَشِرُوا وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ

لیکن جب تمہیں بلایا جائے، تو اندر چلے آؤ پس جب کھانا کھا چکو، تو فوراً منتشر ہو جاؤ اور نہ وہاں جا کر دل بہلانے

لِحَدِيثٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِي مِنكُمْ ۖ وَاللَّهُ

کیلئے باتیں شروع کر دیا کرو۔ تمہاری یہ حرکتیں (مجلسے) نبی کے لیے تکلیف کا باعث بنتی ہیں پس وہ تم سے حیا کرتے ہیں (اور چپ رہتے ہیں) اور

تصریح فرمادی: ذٰلک ادنٰی ان تقرّ اعینھنّ۔

؀ جب اللہ تعالیٰ نے اُمہات المومنین کو اجازت دیدی کہ چاہے تو وہ اس فقر وفاقہ کے ساتھ اس کے رسُول کی خدمت میں رہیں، چاہیں تو الگ ہو جائیں۔ ان سب نے دُنیا اور آسائش دُنیا کو ٹھکرا کر کاشانۂ نبوت میں عسرت اور تنگی کی زندگی کو خوشی سے قبول کیا۔ اللہ تعالیٰ کو ان کا یہ ایثار بہت پسند آیا اور رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ارشاد فرمایا کہ اب کسی اور کو شرف زوجیت نہ بخشا جائے۔ چنانچہ اس کے بعد حضور نے کسی دُوسری آزاد عورت کے ساتھ نکاح نہیں فرمایا، البتہ کنیزوں کے متعلق رخصت بدستور باقی رکھی گئی۔

؁ یہاں مسلمانوں کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے حجروں میں داخل ہونے یا نہ ہونے کے متعلق ہدایات دی جارہی ہیں۔ فرمایا جب تک حضور اجازت نہ دیں تمہارا داخل ہونا قطعاً ممنوع ہے اور جب اجازت ملے تو داخل ہو سکتے ہو اور وہ بھی اتنے وقت کے لیے کہ کھانا کھاؤ اور اس کے بعد فوراً اٹھ کر چلے جاؤ۔ ایسا نہ ہو کہ وہاں بیٹھ کر باتیں کرنے لگو اور حضور کو اس طرح تمہارے دیر تک بیٹھنے سے تکلیف پہنچے۔ حضور تو اپنے شرم کی وجہ سے تمہیں اٹھ کر چلے جانے کا حکم نہیں فرمائیں گے اور خاموش رہیں گے لیکن اللہ تعالیٰ تمہیں ایسی باتوں پر خبردار کرنے سے حیا نہیں کرتا جن کا جاننا تمہارے لیے ضروری ہے۔ آیت میں غیر ناظرین انٰہ کا فقرہ توجہ طلب ہے۔ انی کی تحقیق کرتے ہوئے صاحب قاموس لکھتے ہیں: انی الشی یانی انیا وانا و اِنًا فھو انی کغنیّ حان وادرک یعنی بلغ غایتہ او

لَا يَسْتَحْيِ مِنَ الْحَقِّ ۗ وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِن

اللہ تعالیٰ کسی کا شرم نہیں کرتا حق بیان کرنے میں۔ اور جب تم مانگو ان سے کوئی چیز تو مانگو

وَرَاءِ حِجَابٍ ۚ ذَٰلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ ۚ وَمَا كَانَ لَكُمْ

پس پردہ ہو کر ۹۰ یہ طریقہ پاکیزہ تر ہے تمہارے دلوں کے لیے نیز انکے دلوں کے لیے ۹۱ اور تمہیں یہ

أَن تُؤْذُوا رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَن تَنكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِن بَعْدِهِ أَبَدًا ۚ

زیب نہیں دیتا کہ تم اذیت پہنچاؤ اللہ کے رسول کو ۹۲ اور نہ تمہیں اس کی بھی اجازت نہیں کہ تم نکاح کرو انکی ازواج سے انکے بعد کبھی ۹۳

إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمًا ﴿٥٣﴾ إِن تُبْدُوا شَيْئًا أَوْ تُخْفُوهُ

بے شک ایسا کرنا اللہ کے نزدیک گناہ عظیم ہے۔ چاہے تم کسی بات کو ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ

فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿٥٤﴾ لَّا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ

یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز سے خوب آگاہ ہے۔ کوئی حرج نہیں ان پر اگر ان کے ہاں آئیں انکے باپ

نضجہ یعنی کھانے کے پک کر تیار ہو جانے کو انیٰ کہتے ہیں۔ بعض لوگوں کا دستور تھا کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کسی حجرہ شریفہ سے دھواں اٹھتا دیکھتے تو باہر آکر اس انتظار میں بیٹھ رہتے کہ ابھی کھانا تیار ہو گا اور ہمیں بھی کھانے کی دعوت دی جائیگی۔ بن بلائے مہمان بننے کی ممانعت کیجارہی ہے۔

۹۰ یہاں دوسرا ادب سکھایا جا رہا ہے کہ تمہیں حضور کے اہل خانہ سے کوئی چیز مانگنی ہو تو پردے کے پیچھے کھڑے ہو کر مانگو۔ اندر گھس آنے کی قطعاً اجازت نہیں۔ ۹۱ یہ طریقہ کار تمہارے لیے اور امہات المومنین کے لیے قلب کی پاکیزگی کا باعث ہے۔

یہاں اس تساہل کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہے کہ کبھی استاد کی اہل خانہ اپنے شاگردوں سے پردہ کرنا ضروری نہیں سمجھتیں۔ اس آیت نے تنبیہ فرما دی کہ جب مسلمانوں کو ازواج طاہرات کے ہاں گھس آنے کی اجازت نہیں تو اور کون ہے جو اس رخصت کا مستحق ہو۔ شیطان کسی وقت بھی دل میں فاسد خیال پیدا کر سکتا ہے۔ پردے کا حکم جو تمہیں دیا گیا ہے، اس میں ہرگز تساہل نہ کرو بلکہ سختی سے اس پر عمل کرو۔

۹۲ ارشاد فرمایا کہ تمہیں کسی ایسے کام کے کرنے کی اجازت نہیں جس سے میرے رسول کو تکلیف پہنچے۔ تمہارا فرض ہے کہ ہر ایسے کام سے اجتناب کرو جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی گرانیٔ طبع کا سبب بن سکتا ہو۔

۹۳ یہاں ایک اور حکم بیان فرمایا کہ حضور کے وصال کے بعد حضور کی ازواج مطہرات سے کسی کو نکاح کرنے کی اجازت نہیں۔ وہ تمہاری مائیں ہیں اور تم پر قطعاً حرام ہیں۔ تم اس چیز کو معمولی بات مت خیال کرو۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ بہت ہی بڑا جرم ہے کبیرہ گناہ ہے۔

وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ

ان کے بیٹے ان کے بھائی ان کے بھتیجے اور ان کے

اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ؕ

بھانجے اسی طرح مسلمان عورتوں اور لونڈیوں کی آمدورفت پر بھی کوئی پابندی نہیں۔ (اے عورتو!) ڈرا کرو اللہ

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِيْدًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ

(کی نافرمانی) سے بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کا مشاہدہ فرما رہا ہے۔ ۹۴ بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے

يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

درود بھیجتے ہیں اس نبی مکرم پر ۹۵ اے ایمان والو! تم بھی آپ پر درود بھیجا کرو اور (بڑے ادب و محبت سے) سلام عرض کیا

۹۴ اس آیت میں ان مردوں کا ذکر کیا گیا جو محرم ہیں اور جن سے پردہ کی ضرورت نہیں۔

۹۵ اسلام کو مٹانے کے لیے کفر کے سارے حربے ناکام ہو چکے تھے۔ مکہ کے بے بس مسلمانوں پر انہوں نے مظالم کے پہاڑ توڑے لیکن ان کے جذبۂ ایمان کو کم نہ کر سکے۔ انہوں نے اپنے وطن، گھربار، اہل وعیال کو خوشی سے چھوڑنا گوارا کیا، لیکن دامن مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء کو مضبوطی سے پکڑے رہے۔ کفار نے بڑے کروفر اور شکوہ وطمطراق کے ساتھ مدینہ طیبہ پر بار بار یورش کی لیکن انہیں ہر بار ان مٹھی بھر اہل ایمان سے شکست کھا کر واپس آنا پڑا۔ اب انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات اقدس واطہر پر طرح طرح کے بیجا الزامات تراشنے شروع کر دیئے تاکہ لوگ رشد وہدایت کی اس نورانی شمع سے نفرت کرنے لگیں اور یوں اسلام کی ترقی رک جائے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرما کر ان کی ان امیدوں کو خاک میں ملا دیا۔ بتایا کہ یہ میرا حبیب اور میرا پیارا رسول وہ ہے جس کی وصف وثنا میں اپنی زبان قدرت سے کرتا ہوں اور میرے سارے ان گنت فرشتے اپنی نورانی اور پاکیزہ زبانوں سے اس کی جناب میں ہدیۂ عقیدت پیش کرتے ہیں تم چند لوگ اگر اس کی شان عالی میں ہرزہ سرائی کرتے بھی رہو تو اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔ جس طرح تمہارے پہلے منصوبے خاک میں مل گئے اور تمہاری کوششیں ناکام ہو گئیں اسی طرح اس ناپاک مہم میں بھی تم خائب وخاسر ہو گے۔

اس آیت کریمہ کی جلالت شان کو زیادہ سے زیادہ سمجھنے کے لیے پہلے اس کے کلمات طیبات کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ آیت کریمہ میں فعل صلوٰۃ (درود) کے تین فاعل ہیں۔ (۱) اللہ تعالیٰ (۲) فرشتے (۳) اہل اسلام۔

جب اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو اس کا معنی یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کی بھری محفل میں اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف وثنا کرتا ہے۔ فہی منہ عزوجل ثناءہ علیہ عند الملائکۃ وتعظیمہ۔ رواہ البخاری عن ابی العالیہ۔

علامہ آلوسی اس کی مزید وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: وتعظیمہ تعالیٰ ایاہ فی الدنیا باعلاء ذکرہ واظہار دینہ و ابقاء العمل بشریعتہ وفی الآخرۃ بتشفیعہ فی امتہ واجزال اجرہ ومثوبتہ وابداء فضلہ للاولین والآخرین بالمقام المحمود وتقدیمہ علی کافۃ المقربین بالشہود (ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے درود بھیجنے کا یہ مفہوم ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کے ذکر کو بلند کرکے اس کے دین کو غلبہ دے کر اور اس کی شریعت پر عمل برقرار رکھ کے اس دنیا میں حضور کی عزت وشان بڑھاتا ہے اور روز محشر امت کے لیے حضور کی شفاعت قبول فرماکر اور حضور کو بہترین اجر وثواب عطا کرکے اور مقام محمود پر فائز کرنے کے بعد اولین اور آخرین کے لیے حضور کی بزرگی کو نمایاں کرکے اور تمام مقربین پر حضور کو سبقت بخش کر حضور کی شان کو آشکارا فرماتا ہے۔

اور جب اس کی نسبت ملائکہ کی طرف ہو تو صلوٰۃ کا معنی دعا ہے کہ ملائکہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کے پیارے رسول کے درجات کی بلندی اور مقامات کی رفعت کے لیے دست بدعا ہیں۔ اس جملہ میں ان اللہ وملئکتہ الخ میں اگر آپ غور فرمائیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ جملہ اسمیہ ہے لیکن اس کی خبر جملہ فعلیہ ہے۔ تو یہاں دونوں جملے جمع کردیے گئے ہیں۔ اس میں راز یہ ہے کہ جملہ اسمیہ استمرار ودوام پر دلالت کرتا ہے اور فعلیہ تجدد وحدوث کی طرف اشارہ کرتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہر دم ہر گھڑی اپنے نبی مکرم پر اپنی رحمتیں نازل فرماتا ہے اور آپ کی شان بیان فرماتا ہے۔ اسی طرح اس کے فرشتے بھی اس کی تعریف وتوصیف میں رطب اللسان رہتے ہیں۔ عراقی نے کیا خوب لکھا ہے:

ثنائے زلف ورخسار تو اے ماہ ملائک ورد صبح وشام کردند

جب اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندے پر ہمیشہ اپنی برکتیں نازل فرماتا رہتا ہے اور اس کے فرشتے اس کی ثنا گستری میں زمزمہ سنج رہتے ہیں اور اس کی رفعت شان کے لیے دعائیں مانگتے رہتے ہیں تو اے اہل ایمان تم بھی میرے محبوب کی رفعت شان کے لیے دعا مانگا کرو۔ علامہ ابن منظور "صلوٰۃ" کا مفہوم بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ جب مومن بارگاہ الٰہی میں عرض کرتا ہے: اللھم صل علی سیدنا محمد فمعناہ عظمہ فی الدنیا باعلاء ذکرہ واظہار دعوتہ وابقاء شریعتہ وفی الآخرۃ بتشفیعہ فی امتہ وتضعیف اجرہ ومثوبتہ یعنی اے اللہ تعالیٰ اپنے رسول کے ذکر کو بلند فرما۔ اس کے دین کو غلبہ دے اور اس کی شریعت کو باقی رکھ کر اس دنیا میں ان کی شان بلند فرما اور روز محشر ان کی شفاعت قبول فرما۔ اجر اور ثواب کو کئی گنا کردے۔

اگرچہ صلوٰۃ بھیجنے کا ہمیں حکم دیا جارہا ہے لیکن ہم نہ شان رسالت کو کماحقہ جانتے ہیں اور نہ اس کا حق ادا کرسکتے ہیں اس لیے اعتراف عجز کرتے ہوئے ہم عرض کرتے ہیں: اللھم صل الخ۔ یعنی مولا کریم تو ہی اپنے محبوب کی شان کو اور قدر ومنزلت کو صحیح طور پر جانتا ہے اس لیے تو ہی ہماری طرف سے اپنے محبوب پر درود بھیج جو اس کی شان کے شایاں ہے۔ وقیل المعنی لما امرنا اللہ تعالیٰ سبحانہ بالصلوٰۃ علیہ ولم نبلغ قدر الواجب من ذلک احلنا علی اللہ وقلنا اللھم صل انت علی محمد لانک اعلم بمایلیق بہ (لسان العرب)

اس آیت میں ہمیں بارگاہ رسالت میں صلوٰۃ وسلام عرض کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور احادیث کثیرہ صحیحہ میں بھی درود شریف کی شان بیان فرمائی گئی ہے۔ چند احادیث تبرکاً ذکر کردیتا ہوں تاکہ آپ کے دل میں بھی اپنے رسول مکرم، ہادی اعظم، مرشد اکمل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے کا شوق پیدا ہو۔

(۱) عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال خرج رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لحاجۃ فلم اجد احداً یتبعہ ففزع عمر واتاہ بمطہرۃ من خلفہ فوجد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ساجداً فی مشربۃ فتنحی عنہ من خلفہ حتی رفع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رأسہ فقال احسنت یا عمر حین وجدتنی ساجداً فتنحیت عنی ان جبرئیل اتانی فقال من صلی علیک من امتک واحدۃ صلی اللہ تعالیٰ علیہ عشر صلوات ورفعہ عشر درجات۔

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا ایک دن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لیے باہر تشریف لے گئے۔ حضور کے ساتھ کوئی اور آدمی نہیں تھا۔ حضرت عمر نے پانی سے بھرا ہوا لوٹا لیا اور پیچھے چل دیئے۔ جب آپ باہر آئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک وادی میں سربسجود پایا اور پیچھے سے ایک طرف ہٹ کر پیچھے بیٹھ گئے۔ یہاں تک کہ حضور نے سجدہ سے سر مبارک اٹھایا اور فرمایا اے عمر! تم نے بہت اچھا کیا کہ جب مجھے سربسجود دیکھا تو ایک طرف ہٹ کر بیٹھ گیا۔ جبرئیل میرے پاس آئے اور انہوں نے آکر یہ بتایا کہ جو امتی آپ پر ایک مرتبہ درود پاک پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر دس بار درود پڑھے گا اور اس کے دس درجے بلند کردے گا۔

(۲) عن عبد اللہ بن ابی طلحۃ عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جاء ذات یوم والسرور یُریٰ فی وجہہ وقالوا یا رسول اللہ! انا لنری السرور فی وجھک وقال انہ اتانی الملک فقال یا محمد اما یُرضیک ان ربک عزوجل یقول انہ لا یصلی علیک احد من امتک الا صلیت علیہ عشراً ولا یسلم علیک احد من امتک الا سلمت علیہ عشراً قلت بلیٰ۔ (ترجمہ) ایک دن حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے رُخِ انور پر خوشی اور مسرت کے آثار نمایاں تھے۔ صحابہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ! آج تو چہرہ مبارک خوشی سے تاباں ہے۔ فرمایا میرے پاس فرشتہ آیا ہے اور اس نے آکر کہا کہ اے سراپا حسن وخوبی! کیا آپ اس بات پر راضی نہیں ہیں کہ آپکے ربّ نے فرمایا ہے کہ آپکا جو امتی آپ پر ایک بار درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس بار درود پڑھے گا اور آپکا جو امتی آپ پر ایک بار سلام پڑھے گا اللہ تعالےٰ دس بار اس پر سلام بھیجے گا۔ میں نے جواب دیا ہے کہ میں اپنے مولا کریم کی اس نوازش پر از حد خوش ہوں۔

(۳) عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مَنْ ذُکِرتُ عندہ فلیصل علیّ ومن صلی علیّ مرۃ واحدۃ صلی اللہ تعالیٰ علیہ عشراً۔ حضرت انس سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جس کے پاس میرا ذکر کیا جائے اس پر لازم ہے کہ وہ مجھ پر درود پڑھے اور جو شخص ایک مرتبہ مجھ پر درود پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس بار درود پڑھے گا۔

(۴) عن عبد اللہ بن علی بن الحسین عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال البخیل من ذُکِرتُ عندہ ثم لم یصل علیّ۔ حضرت عبد اللہ حضرت زین العابدین کے فرزند نے اپنے والد بزرگوار سے انہوں نے اپنے والد گرامی سیدنا امام حسین سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بخیل وہ ہے جس کے پاس میرا ذکر کیا جائے پھر وہ مجھ پر درود نہ پڑھے

(۵) عن طفیل بن ابی بن کعب عن ابیہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا ذھب ثلثا اللیل قام وقال یا ایھا الناس اذکروا اللہ۔ اذکروا اللہ۔ جاءت الراجفۃ تتبعھا الرادفۃ۔ جاء الموت بما فیہ۔ جاء الموت بما فیہ۔ قال ابی قلت

یا رسول اللہ انی اکثر الصلوۃ علیک فکم اجعل لک من صلاتی قال ماشئت قلت الربع قال ماشئت وان زدت فھو خیر لک قلت فالنصف قال ماشئت وان زدت فھو خیر لک قلت فالثلثین قال ماشئت وان زدت فھو خیر لک قلت اجعل لک صلاتی کلھا قال اذا تکفی ھمک ویغفر لک ذنبک۔

ابی بن کعب کے لڑکے طفیل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں جب رات کے دو حصے گزر جاتے تو حضور اُٹھ کھڑے ہوتے اور فرماتے اے لوگو! اللہ تعالیٰ کو یاد کرو۔ اللہ تعالیٰ کو یاد کرو۔ تھرا دینے والی آگئی۔ اس کے پیچھے اور آنے والی ہے موت اپنی تلخیوں کے ساتھ آپہنچی۔ موت اپنی تلخیوں کے ساتھ آپہنچی۔ میرے باپ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں حضور پر کثرت سے درود پڑھتا ہوں ارشاد فرمائیے کہ میں کس قدر پڑھا کروں۔ فرمایا: جتنا دل چاہے میں نے عرض کیا کیا وقت کا چوتھائی حصہ فرمایا جتنا تیرا جی چاہے۔ اور اگر اس سے زیادہ پڑھے تو تیرے لیے بہتر ہے۔ عرض کیا نصف وقت۔ فرمایا: جتنا تیرا جی چاہے اور اگر زیادہ کرے تو بہتر ہے۔ میں نے عرض کی دو تہائی۔ فرمایا: جتنا تیرا جی چاہے۔ اگر زیادہ کرے تو افضل ہے۔ میں نے عرض کی میں اپنا سارا وقت حضور پر درود شریف پڑھتا رہوں گا۔ فرمایا:

"تب یہ درود تیرے رنج والم کو دُور کرنے کے لیے کافی ہے اور تیرے سارے گناہ بخش دیے جائیں گے۔"

عن الطفیل بن ابی عن ابیہ قال قال رجل یا رسول اللہ۔ أرأیت ان جعلت صلاتی کلھا علیک قال اذا یکفیک اللہ ما اھمک من دنیاک و آخرتک۔ طفیل کہتے ہیں میرے والد نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں اگر اپنا تمام وقت حضور پر درود پڑھنے میں صرف کر دوں۔ حضور نے فرمایا: تب اللہ تعالیٰ تیری دُنیا و آخرت کی مشکلیں آسان کر دے گا۔

آیت طیبہ اور ان احادیث مبارکہ سے درود شریف کی برکتیں اور فضیلتیں معلوم ہو گئیں۔ ایسا کم فہم اور نادان کون ہو گا جو رحمتوں کے اس خزانے سے اپنی جھولی بھرنے کی کوشش نہ کرے لیکن بعض اوقات اور بعض مقامات ایسے ہیں جہاں درود شریف پڑھنے کی زیادہ فضیلت ہے اور وہاں پڑھنے کی خصوصی تاکید کی گئی ہے۔ ان میں سے بھی چند اہم مقامات اور اوقات کا ذکر کیا جاتا ہے۔

ہر محفل اور مجلس میں درود شریف پڑھنے کی ہدایت

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ماجلس قوم مجلسا ولم یذکروا اللہ فیہ ولم یصلوا علی نبیھم الا کان علیھم ترۃ یوم القیامۃ وان شاء عذبھم وان شاء غفر لھم۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا جب لوگ کسی مجلس میں بیٹھتے ہیں اور اس میں نہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں اور نہ اس کے نبی پر درود پڑھتے ہیں۔ قیامت کے دن وہ مجلس ان کے لیے وبال ہو گی چاہے تو ان کو عذاب دے اور چاہے تو ان کو بخش دے۔

ہر محفل کے اختتام کے وقت

حضرت ابوسعید سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا جب لوگ بیٹھتے ہیں اور پھر کھڑے ہوتے ہیں اور حضور پر درود نہیں پڑھتے تو قیامت کے دن وہ مجلس ان کے لیے باعث حسرت ہو گی اگر وہ جنت میں داخل ہو بھی جائیں تو ثواب سے محرومی کے باعث انہیں ندامت ہو گی۔

اذان کے بعد: حضرت عبداللہ بن عمرو سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا کہ جب مؤذن کو تم اذان دیتے ہوئے سنو تو وہی کلمے

دہرا رہا ہو وہ کہہ رہا ہے۔ پھر مجھ پر درود پڑھو کیونکہ جو مجھ پر درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود پڑھتا ہے۔ اذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل ما یقول ثم صلوا علیّ فانہ من صلی علیّ صلی اللہ علیہ بہا عشرا۔ الخ

مسجد میں داخل ہوتے وقت اور نکلتے وقت حضرت عبداللہ بن حسن اپنی والدہ ماجدہ فاطمہ بنت حسین رضی اللہ عنہا اپنی دادی صاحبہ حضرت خاتونِ جنت سے روایت کرتے ہیں: قالت قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا دخل المسجد صلی علی محمد وسلم ثم قال اللّٰھم اغفرلی ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتک واذا خرج صلی علی محمد وسلم ثم قال اللّٰھم اغفرلی ذنوبی وافتح لی ابواب فضلک۔

دُعا کرتے وقت : حضرت فاروقِ اعظم سے مروی ہے کہ دُعا میں جب تک درود پاک نہ پڑھا جائے وہ قبول نہیں ہوتی اور زمین و آسمان کے درمیان معلق رہتی ہے۔

نماز کے بعد دُعا سے پہلے حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، حضرت صدیق اور حضرت فاروق اعظم تشریف فرما تھے۔ جب میں نماز سے فارغ ہو کر بیٹھا تو پہلے میں نے اللہ تعالیٰ کی ثنا کی پھر میں نے درود پاک پڑھا پھر اپنے لیے دُعا مانگنے لگا، تو حضور نے فرمایا: اب مانگ! تجھے دیا جائے گا۔

عن عبد اللہ قال کنت اصلی والنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وابوبکر وعمر معہ فلما جلست بدأت بالثناء علی اللہ تعالیٰ ثم بالصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثم دعوتُ لنفسی فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سَل تُعطَہ

امام ترمذی اپنی سنن میں نقل کرتے ہیں:

بینما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قاعد اذ دخل رجل فصلّی فقال اللّٰھم اغفرلی وارحمنی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عجلت ایھا المصلی اذا صلّیت فقعدت فاحمد اللہ بما ھو اھلہ وصل علیّ ثم ادعہ قال ثم صلی رجل آخر بعد ذلک فحمدَ اللہ وصلی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایھا المصلی ادع تجب (ترمذی، ابوداؤد)

ترجمہ: ایک روز حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے۔ ایک آدمی آیا اُس نے نماز پڑھی اور دُعا مانگی یا اللہ مجھے بخش دے مجھ پر رحم فرما۔ حضور نے ارشاد فرمایا: اے نمازی تو نے بڑی جلدبازی سے کام لیا ہے۔ جب نماز پڑھ چکو تو بیٹھو اللہ کی حمد و ثنا کرو اور مجھ پر درود پڑھو پھر دُعا مانگو۔ پھر دوسرا آدمی آیا اس نے نماز پڑھی اور اللہ کی حمد و ثنا کی پھر حضور پر درود پڑھا۔ حضور نے فرمایا: "اے نمازی اب دُعا مانگ قبول ہوگی"۔ اس سے ثابت ہوا کہ ہم اہلِ سنت نماز کے بعد جو ذکر اور درود شریف پڑھتے ہیں۔ یہ سنت ہے اور قبولیت دُعا کا باعث ہے۔ نیز اس سے باآوازِ بلند ذکر اور درود شریف پڑھنا ثابت ہوا۔ ۱۲

جب حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک لیا جائے تو درود شریف پڑھے۔ جب نام گرامی لکھے تو ساتھ درود پاک لکھے۔ حضرت سفیان بن عیینہ فرماتے ہیں کہ خلف نے بیان کیا کہ ان کا ایک دوست حدیث کا طالب علم تھا۔ وہ فوت ہو گیا۔ میں نے اُسے خواب میں دیکھا کہ سبز پوشاک پہنے خوش و خرم گھوم رہا ہے۔ میں نے کہا کہ تم تو وہی میرے ہم مکتب نہیں ہو؟ اُس نے کہا ہاں

تَسۡلِيۡمًا ﴿٥٦﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ يُؤۡذُوۡنَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِى

کرو۔ بیشک جو لوگ ایذا پہنچاتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی رحمت سے محروم کر دیا

الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمۡ عَذَابًا مُّهِيۡنًا ﴿٥٧﴾ وَالَّذِيۡنَ

ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور اس نے تیار کر رکھا ہے ان کے لیے رسوا کن عذاب ٩٦ اور جو لوگ دل

يُؤۡذُوۡنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ بِغَيۡرِ مَا اكۡتَسَبُوۡا فَقَدِ احۡتَمَلُوۡا

دکھاتے ہیں مومن مردوں اور مومن عورتوں کا بغیر اس کے کہ انہوں نے کوئی جرم کیا ہو تو انہوں نے اٹھایا

بُهۡتَانًا وَّاِثۡمًا مُّبِيۡنًا ﴿٥٨﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلْ لِّاَزۡوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ

(اپنے سر پر) بہتان باندھنے اور کھلے گناہ کا بوجھ ٩٧ اے نبی مکرم! آپ فرمائیے اپنی ازواج مطہرات کو، اپنی صاحبزادیوں کو

ع ٧

میں وہی ہوں۔ میں نے پوچھا یہ کیا حال بنا رکھا ہے۔ اس نے کہا میری یہ عادت تھی کہ جہاں محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا نام نامی لکھتا وہاں درود شریف بھی لکھتا۔ فکافانی ربی ھذا الذی تری علی۔ یہ جو کچھ تو دیکھ رہا ہے میرے رب نے مجھے اس عمل کا بدلہ دیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن حکم کہتے ہیں کہ میں نے خواب میں حضرت امام شافعی کو دیکھا۔ پوچھا فرمائیے اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا۔ آپ نے فرمایا: رحمنی وغفرلی وزفنی الی الجنۃ کما تزف العروس ونثر علی کما ینثر علی العروس۔ میرے رب نے مجھ پر رحم فرمایا۔ مجھے بخش دیا۔ مجھے دلہن کی طرح آراستہ کر کے جنت میں بھیجا گیا اور مجھ پر جنت کے پھول نچھاور کیے گئے جس طرح دلہن پر درہم دینار نچھاور کیے جاتے ہیں۔ میں نے اس عزت افزائی کی وجہ پوچھی تو بتایا گیا کہ اپنی کتاب "الرسالہ" میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر میں نے جو درود لکھا ہے اس کا یہ اجر ہے۔ عبداللہ بن حکم کہتے ہیں میں نے امام سے پوچھا۔ وہ خاص درود شریف کیا ہے؟ آپ نے بتایا کہ میں نے وہاں یہ درود شریف لکھا ہے: وصلی اللہ علی محمد عدد ما ذکرہ الذاکرون وعدد ما غفل عن ذکرہ الغافلون۔
میں بیدار ہوا اور کتاب الرسالہ کو کھولا تو وہاں بعینہٖ اسی طرح درود شریف لکھا ہوا تھا۔

٩٦ سابقہ آیت میں اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر جو پیہم رحمتوں اور برکتوں کا نزول ہوتا رہتا ہے اس کا ذکر فرمایا۔ اس آیت میں ان لوگوں کی بدبختی اور بدنصیبی کا بیان ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مکرم کو اپنی بد اعمالیوں یا نازیبا اقوال سے اذیت پہنچاتے ہیں۔

٩٧ ساتھ ہی ان لوگوں کو سرزنش کر دی جو اہل ایمان مردوں اور عورتوں کو بغیر کسی قصور کے ستایا کرتے ہیں۔ کبھی ان پر جھوٹی تہمتیں لگاتے ہیں، کبھی راہ چلتے ان کی بے عزتی کر دیتے ہیں، کبھی انہیں زد و کوب کرتے ہیں۔ وہ سن لیں کہ وہ بہتان تراشی اور کھلے گناہ کا بوجھ اپنے اوپر

وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ۭ ذٰلِكَ

اور جملہ اہل ایمان کی عورتوں کو کہ (جب وہ باہر نکلیں تو) ڈال لیا کریں اپنے اوپر اپنی چادروں کے پلو ۹۵ اس طرح

لا رہے ہیں۔ جب عام مسلمانوں کی دلآزاری کا یہ حکم ہے تو جو بدنصیب ازواج مطہرات آل پاک اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کی جناب میں گستاخیاں کرتا ہے اور ان کے دلوں کو دکھاتا ہے اس کا انجام کیا ہوگا۔ یہاں ایک حدیث پاک سماعت فرمائیے:

عن عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ اللہ فی اصحابی اللہ اللہ فی اصحابی لا تتخذوھم غرضا من بعدی فمن احبھم فبحبی احبھم ومن ابغضھم فببغضی ابغضھم ومن اذاھم فقد اذانی ومن اذانی فقد اذی اللہ ومن آذی اللہ فیوشک ان یاخذہ۔

ترجمہ: اللہ کے رسول نے فرمایا میرے صحابہ کے بارے میں اللہ سے ڈرو۔ میرے صحابہ کے بارے میں اللہ سے ڈرو میرے بعد انہیں طعن و تشنیع کا ہدف نہ بنا لینا۔ پس جو شخص ان سے محبت کرتا ہے وہ میری محبت کی وجہ سے ایسا کرتا ہے اور جو ان سے بغض رکھتا ہے تو وہ مجھ سے بغض کے باعث ایسا کرتا ہے۔ جس نے انہیں اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی اور جس نے مجھے اذیت دی اس نے اللہ تعالیٰ کو اذیت دی اور جو ایسا کرتا ہے اسے پکڑ لیا جاتا ہے۔ (مظہری)

۹۵ تمام جاہلی تہذیبوں میں خواہ شرقی ہوں یا غربی، قدیم ہوں یا جدید، عورت کو ایک کھلونا ہی سمجھا جاتا رہا اور سمجھا جاتا ہے۔ ہوسناک نگاہیں اس کا تعاقب کرنے میں ذرا شرم محسوس نہیں کرتیں۔ جب تک عورت اپنے حقوق سے بے خبر اور محروم تھی اس وقت تک تماشائے محفل رقص و سرود کی زینت بننے پر مجبور کیا جاتا رہا۔ اور جب اسے اپنے حقوق سے آگاہی ہوئی تو پرانے شکاریوں نے اس کو پھانسنے کے لیے نیا جال بچھا دیا۔ انہوں نے اپنا سارا فلسفہ اور زورِ قلم اس کو یہ باور کرانے میں صرف کر دیا کہ اب تو آزاد ہے۔ تجھے یہ حق پہنچتا ہے کہ تو بن سنور کر بنا سنگھار کر کے گھر سے نکلے۔ اس کے بعد تیرا جی چاہے تو بازاروں اور شاہراہوں پر محوِ خرام رہے، چاہے کسی قہوہ خانے کی آرائش میں اضافہ کرے، چاہے کسی شبینہ کلب میں یا بزمِ عیش و طرب میں اپنے حسن کی نمائش کرے کسی کو حق نہیں پہنچتا کہ تیری اس آزادی میں روڑا اٹکائے۔

اللہ تعالیٰ جس طرح مردوں کا خالق ہے اسی طرح عورتیں بھی اسی کی مخلوق ہیں، وہ دونوں سے پیار کرتا ہے اور اسے دونوں کی خیرخواہی مطلوب ہے۔ وہ جس طرح مردوں کو آبرومندانہ اور باوقار زندگی گزارنے کا حکم دیتا ہے۔ اسی طرح وہ عورت کو بھی عزت، عصمت اور شرم و حیا کا پیکر بن کر رہنے کی تلقین کرتا ہے۔

مدینہ طیبہ میں یہود و مشرکین کی کافی تعداد تھی جن کے اوباش نوجوان شرم و حیا کی قدروں سے ناواقف اور فسق و فجور کے دلدادہ تھے۔ ان کی دوسری کمینہ حرکات کے علاوہ ایک رذیل عادت یہ بھی تھی کہ جب عورتیں اپنے گھروں سے کسی ضروری کام کے لیے نکلتیں تو وہ ان کا دور تک تعاقب کرتے۔ خصوصاً شام کے دھندلکے میں جب مستورات قضائے حاجت کے لیے باہر جاتیں تو راستوں پر نشیبی جگہوں پر درختوں کی اوٹ میں کھڑے ہو جاتے اور جب کوئی عورت ادھر آنکلتی تو اس کو پھانسنے کی کوشش کرتے۔ یہ ان کے ہاں عام دستور تھا اسکو زیادہ معیوب بھی نہیں سمجھا جاتا تھا۔ ان کے بڑے بوڑھے بھی ایسی حرکتوں کو جوانی کی غرمستیاں کہہ کر ٹال مٹول کر دیا کرتے

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یثرب کی سرزمین کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے مشرف کیا اور مسلمان خواتین کو بھی ضروری کاموں کے لیے گھر سے نکلنا پڑتا، تو وہ اوباش یہی رذیل حرکتیں کرتے۔ اگر انہیں ٹوکا جاتا، تو وہ کہتے ہم پہچان نہیں سکے کہ یہ مسلم خاتون ہے ورنہ ہماری کیا مجال تھی کہ ہم ایسا کرتے۔ چنانچہ مسلمانوں نے اپنی اس تکلیف کا تذکرہ بارگاہِ رسالت میں کیا تو یہ آیت نازل ہوئی اے نبی مکرم! آپ اپنی ازواج مطہرات، اپنی دخترانِ پاک نہاد اور ساری مسلمان عورتوں کو یہ حکم دے دیں کہ جب وہ اپنے گھروں سے باہر نکلیں تو ایک بڑی چادر سے اپنے آپ کو اچھی طرح لپیٹ لیا کریں پھر اس کا ایک پلّہ اپنے چہرے پر ڈال لیا کریں تاکہ دیکھنے والوں کو پتہ چل جائے کہ یہ مسلمان خاتون ہے۔ اس طرح کسی بدباطن کو تمہیں ستانے کی جرأت نہ ہوگی۔

جلابیب جمع ہے اس کا واحد جلباب ہے اور جلباب اس بڑی چادر کو کہتے ہیں جو سارے جسم کو ڈھانپ لے۔ انہ الثوب الذی یستر جمیع البدن۔ علامہ زمخشری "یدنین" کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: یُرخینھا علیھن ویُغطین بھا وجوھھن و اعطافھن۔ یعنی اپنی چادروں کو اپنے اُوپر ڈال لو اپنے چہروں اور کندھوں کو چادر سے چھپالو۔ علامہ زمخشری کے اس قول سے معلوم ہو گیا کہ لغوی طور پر بھی یدنین علیھن کا یہ مفہوم ہے کہ چادر کو اپنے اُوپر اس طرح ڈالا جائے کہ سارا جسم ڈھک جائے۔ کندھے اور چہرہ بھی برہنہ نہ رہے۔ علامہ ابو حیان لکھتے ہیں کہ ہمارے ہاں اُندلس میں مُسلمان خواتین اس طرح پردہ کرتی ہیں کہ سارا چہرہ چھپا ہوا ہوتا ہے۔ صرف ایک آنکھ کھلی ہوتی ہے۔ وکذا عادۃ بلاد الاندلس لا یظھر من المرأۃ الا عینھا الواحدۃ (بحر)

پردہ کے احکام بالتفصیل آپ سُورہ نور میں پڑھ چکے ہیں۔ یہاں بھی واضح طور پر اُمہات المومنین اور دخترانِ رسالتمآب کو خصوصاً تمام مسلمان عورتوں کو عموماً حکم دے دیا گیا کہ وہ باہر نکلیں تو بڑے وقار اور آبرومندانہ طریقہ سے نکلیں، ایک بڑی چادر سے اپنے سارے جسم اور اکثر چہرہ کو ڈھانکا ہوا ہو۔ آج ہمارے معاشرے کا جو حال ہے اور نوجوان عورتوں نے جس طرح شرم و حیا کی چادر کو اُتار کر پھینک دیا ہے۔ ننگے سر، نیم عُریاں لباس میں جس طرح وہ بن سنور کر بازاروں میں پھرتی اور عام محفلوں میں شرکت کرتی ہیں انہیں دیکھ کر کون یہ کہہ سکتا ہے کہ یہ دخترانِ اسلام ہیں۔ ایک دفعہ اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کی خدمت میں بنو تمیم قبیلہ کی چند عورتیں حاضر ہوئیں۔ اُنہوں نے باریک لباس پہنا ہوا تھا۔ انہیں دیکھ کر اُم المومنین نے فرمایا: ان کنتن مومنات فلیس ھذا بلباس المومنات وان کنتن غیر مومنات فتمتعن دقرطبی) یعنی اگر تم مومن عورتیں ہو تو سُن لو کہ یہ لباس مومن خواتین کا نہیں ہوتا اور اگر تم مومن نہیں ہو تو پھر جو چاہو کرو۔ آخر میں نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشادِ گرامی بھی نہ بھولیے: نساء کاسیات عاریات مائلات مُمیلات رؤسھن مثل اسنمۃ البخت لا یدخلن الجنۃ ولا یجدن ریحھا یعنی کئی عورتیں جنہوں نے لباس پہنا ہوتا ہے لیکن وہ ننگی ہوتی ہیں ناز و ادا سے مٹکتی ہیں اور جھکاتی ہیں انکے سر اس طرح ہیں جس طرح بُختی نسل کے اُونٹوں کی کوہان یہ عورتیں جنت میں نہیں جائیں گی اور نہ انہیں اسکی ہوا لگے گی۔

اب آپ دیکھیے کہ ہماری فیشن پرست لڑکیاں جو لباس پہنتی ہیں کیا وہ اس لباس کے باوجود ننگی نہیں ہوتیں۔ وہ کس طرح مٹک مٹک کر چلتی ہیں اور سروں پر جو انہوں نے مصنوعی جوڑے (wig) رکھے ہوتے ہیں، کیا وہ اُونٹ کی کوہان کی طرح نظر نہیں آتے۔ وہ اپنا انجام دیکھ لیں۔ حضور نے اپنے نورِ نبوت سے چودہ سو سال پہلے ہی آج کی مغربی تہذیب کی دلدادہ عورت کی کس طرح نشاندہی فرمادی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں شرم و حیا عطا فرمائے۔

اَدْنٰٓی اَنْ یُّعْرَفْنَ فَلَا یُؤْذَیْنَ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۵۹﴾

وہ بآسانی پہچان لی جائیں گی پھر انہیں ستایا نہیں جائے گا ۹۹ اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا ہر دم رحم فرمانے والا ہے ۱۰۰

یہاں حضور کی صاحبزادیوں کا جب ذکر آیا تو قرآن نے بنت ایک صاحبزادی نہیں کہا بلکہ جمع کا لفظ بنات استعمال کیا جس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ حضور کی ایک صاحبزادی نہ تھی بلکہ متعدد صاحبزادیاں تھیں اور شیعہ کی معتبر کتابوں میں بھی اس بات کی تصریح ہے کہ حضرت خدیجہؓ کے بطن سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چار صاحبزادیاں تھیں۔ یہاں فقط دو حوالے پیش کرتا ہوں۔ اصول کافی جو اس فرقہ کی معتبر ترین کتاب ہے اس میں لکھتے ہیں :

وتزوج خدیجۃ وھو ابن بضع وعشرین سنۃ فولد لہ منھا قبل مبعثہ علیہ السلام القاسم ورقیۃ و زینب و ام کلثوم وولد لہ بعد المبعث الطیب والطاھر وفاطمۃ علیھا السلام۔

ترجمہ : حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت خدیجہؓ سے شادی کی جب کہ حضور کی عمر مبارک پچیس سال کے قریب تھی اور حضرت خدیجہؓ کے بطن سے حضور کی یہ اولاد پیدا ہوئی۔ بعثت سے پہلے قاسم، رقیہ، زینب اور اُم کلثوم اور بعثت کے بعد طیب، طاہر اور فاطمہ علیہا السلام پیدا ہوئیں۔ (اصول کافی ج ۱، ص ۴۳۹ مطبوعہ تہران)

ان کی دوسری کتاب حیٰوۃ القلوب میں علامہ مجلسی رقمطراز ہیں :

" در قرب الاسناد بسند معتبر از حضرت صادق روایت کردہ است کہ از برائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم از خدیجہ متولد شدند طاہر و قاسم و فاطمہ و اُم کلثوم و رقیہ و زینب۔ (حیٰوۃ القلوب ص ۸۲۳)

ترجمہ : قرب الاسناد میں معتبر سند سے حضرت جعفر صادق سے روایت ہے کہ حضرت خدیجہ (رضی اللہ عنہا) کے بطن سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ اولاد پیدا ہوئی : طاہر، قاسم، فاطمہ، اُم کلثوم، رقیہ اور زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

ان روشن تصریحات کے باوجود جو لوگ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تین صاحبزادیوں کا انکار کرتے ہیں۔ خاندانِ نبوت سے ان کی بے مہری اور بے مروتی محتاجِ بیان نہیں۔

۹۹ یعنی اگر وہ اس طرح چادر اوڑھ کر چہرہ ڈھانک کر باہر نکلیں گی، تو انہیں دُور سے پہچان لیا جائے گا کہ یہ عفت مآب اور عصمت شعار مومنہ ہے۔ کسی کو جرأت نہیں ہوگی کہ اس کی طرف بُری نظر اٹھا کر دیکھ سکے۔ نیز اگر عورت شرم وحیا کا دامن مضبوطی سے پکڑے اور بن سنور کر باہر نہ نکلے اپنے لباس اپنی چال سے کسی کو دعوتِ نظارہ نہ دے تو کسی کی مجال نہیں ہوتی کہ وہ اس کی طرف ہوسناک نگاہوں سے دیکھے۔ اس جملہ سے اس حقیقت کی طرف اشارہ کر دیا کہ اگر تم اس طرح چادر اوڑھ کر نکلو گی تو تمہارے ساتھ کوئی چھیڑ چھاڑ نہیں کریگا اور تم ہر قسم کی اذیت سے بچ جاؤ گی۔ اسلام نے پردہ اور شرم وحیا کے جو اصول تمہیں بتائے ہیں ان پر عمل کرنے سے تمہارا ہی بھلا ہوگا۔

۱۰۰ یعنی اسلام قبول کرنے سے پہلے جو غلطیاں تم سے سرزد ہوئیں یا اب نادانستہ کوئی لغزش ہو گئی، تو اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ تم توبہ کرو گے وہ توبہ قبول فرمائے گا تم اظہار ندامت کرتے ہوئے حاضر ہو گے تو تمہاری خطائیں بخش دی جائیں گی۔

لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ

اگر (اپنی حرکتوں سے) باز نہ آئے منافق اور جن کے دلوں میں بیماری ہے اور شہر میں جھوٹی افواہیں

فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا

اڑانے والے، تو ہم آپ کو مسلط کردیں گے ان پر پھر وہ نہ ٹھہر سکیں گے آپکے پاس مدینہ طیبہ میں مگر

قَلِيْلًا ۞ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ۞

چند روز [۱۱۰] وہ بھی اس حال میں کہ ان پر لعنت برس رہی ہوگی جہاں پائے جائینگے پکڑ لیے جائینگے اور جان سے مار ڈالے جائینگے [۱۱۱]

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ

اللہ کی سنت ان (بدقماشوں) کے متعلق بھی یہی تھی جو پہلے گزر چکے۔ اور آپ سنت الٰہی میں ہرگز کوئی تغیر و تبدل

تَبْدِيْلًا ۞ يَسْئَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ

نہ پائیں گے [۱۱۲] لوگ آپ سے قیامت کے متعلق پوچھتے ہیں۔ فرمائیے اس کا علم تو صرف اللہ تعالیٰ

[۱۱۰] اگر منافقین مسلمان خواتین کو تنگ کرنے سے باز نہ آئے اور مسلمانوں کے خلاف جھوٹی افواہیں اڑانے والوں نے اپنی زبانیں بند نہ کیں، تو وہ یاد رکھیں انہیں من مانی کرنے کے لیے آزاد نہیں چھوڑا جائے گا۔ بلکہ ہم آپ کو ان پر غلبہ اور تسلط عطا فرمائیں گے اور وہ آپ کے فیصلہ کے آگے سرِ تسلیم خم کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔

المرجفون: ارجاف سے ہے۔ اس کا معنی ہے جھوٹی اور غلط افواہیں پھیلانا۔ الارجاف اشاعة الکذب والباطل نغرینك ای نسلطنك علیهم فتستاصل بالقتل (قرطبی) یعنی ہم آپ کو ان پر مسلط کردیں گے اور آپ ان کے قتل کا حکم دے کر انہیں نیست و نابود کردیں گے۔ قلیلا ترکیب میں کیا ہے۔ اس کے متعلق دو قول ہیں: پہلا یہ کہ یجاورون میں ھُمْ ضمیر کا حال ہے۔ اس صورت میں معنی ہوگا کہ وہ نہایت قلیل تعداد میں کچھ عرصہ یہاں رہیں گے۔ پھر انہیں قتل کردیا جائے گا۔ ای لا یجاورونك الا فی حال قلة۔ دوسرا قول یہ ہے کہ قلیلا وقت محذوف کی صفت ہے۔ ان یکون المعنی الا وقتا قلیلا۔ یعنی وہ بہت قلیل عرصہ مدینہ طیبہ میں رہیں گے۔ اس کے بعد انہیں یہاں سے نکال دیا جائے گا۔

[۱۱۱] منافقوں اور بدباطن لوگوں کے لیے اے حبیب! تیرے پڑوس میں کوئی جگہ نہیں۔ یہ چند روز یہاں رہیں گے۔ اس کے بعد انہیں یہاں سے نکال دیا جائے گا۔ جہاں جائیں گے ان پر لعنت اور پھٹکار رہوگی۔ جہاں بھی وہ پائے جائیں گے انہیں ابدالیا

اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدۡرِيۡكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوۡنُ قَرِيۡبًا ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ

کے پاس ہے ۱۰۴ اور (اے سائل!) تو کیا جانے شاید وہ گھڑی قریب ہی ہو بیشک اللہ تعالیٰ

لَعَنَ الۡكٰفِرِيۡنَ وَاَعَدَّ لَهُمۡ سَعِيۡرًا ۙ﴿۶۴﴾ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَاۤ اَبَدًا ۚ

نے اپنی رحمت سے محروم کر دیا کفار کو اور تیار کر رکھی ہے اس نے انکے لیے بھڑکتی آگ۔ وہ ہمیشہ رہیں گے اس میں تا ابد

لَا يَجِدُوۡنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيۡرًا ۚ﴿۶۵﴾ يَوۡمَ تُقَلَّبُ وُجُوۡهُهُمۡ فِى

نہ پائیں گے کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔ جس روز وہ منہ کے بل

النَّارِ يَقُوۡلُوۡنَ يٰلَيۡتَنَاۤ اَطَعۡنَا اللّٰهَ وَاَطَعۡنَا الرَّسُوۡلَا ﴿۶۶﴾ وَقَالُوۡا

آگ میں پھینکے جائیں گے ۱۰۵ تو (بصد یاس) کہیں گے اے کاش! ہم نے اطاعت کی ہوتی اللہ تعالیٰ کی اور ہم نے اطاعت کی ہوتی رسول کی

کی پاداش میں انہیں گرفتار کر لیا جائے گا اور انہیں بڑی رسوائی اور ذلت کے ساتھ موت کے گھاٹ اتار دیا جائے گا۔

۱۰۳ یہ اللہ تعالیٰ کا دستور ہے کہ جو لوگ اس کے رسول کے ساتھ منافقانہ رویہ اختیار کرتے ہیں اور مارِ آستین بن کر مسلمانوں کو اذیت پہنچاتے رہتے ہیں ان کے ساتھ ایسا ہی سلوک روا رکھا جاتا ہے۔

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق اور فاروقِ اعظم کے ایمان کی یہ بھی ایک قطعی دلیل ہے کہ اگر ان کے دل میں نفاق ہوتا، یا وہ اسلام کے بدخواہ ہوتے جس طرح کئی بدباطن کہتے ہیں، تو اس ارشادِ ربانی کے مطابق وہ مدینہ میں نہ ٹھہر سکتے اور ان کے ساتھ وہ سلوک روا رکھا جاتا جو پہلی آیتوں میں مذکور ہے اور حال یہ ہے کہ وہ آج بھی صرف مدینہ طیبہ میں نہیں، بلکہ عرش بریں سے بھی زیادہ متبرک اور مقدس گنبدِ خضرا میں اللہ تعالیٰ کے محبوب رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پہلو میں اور دامنِ کرم میں تشریف فرما ہیں اور اللہ تعالیٰ کی ان گنت اور بے شمار رحمتیں اور برکتیں جو اس کے حبیب پر نازل ہو رہی ہیں۔ اس سے وہ بھی محظوظ ہو رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ حق کو یوں آشکارا کرتا ہے لیکن دل کے اندھے نورِ حق کو پھر بھی نہیں دیکھ سکتے۔

۱۰۴ جب انہیں عذابِ جہنم سے ڈرایا جاتا تو وہ ازراہِ مذاق پوچھتے، جناب ذرا یہ تو فرمائیے وہ قیامت آئے گی کب؟ جس سے آپ ہمیں ڈراتے رہتے ہیں۔ وہ اس لیے نہیں پوچھتے تھے تاکہ وہ توبہ کریں اور اپنے کرتوتوں سے باز آجائیں، اس لیے ان کے حسبِ حال جواب دیا گیا۔ (علمِ قیامت کی بحث پہلے گزر چکی ہے)

۱۰۵ جب انہیں آتشِ جہنم میں پھینک دیا جائے گا اور آگ میں جلنے کے باعث ان کے چہرے کی رنگت ہر لحظہ بدلتی رہے گی کبھی زرد کبھی سرخ، کبھی سیاہ۔ هذا التقليب تغييرها لما تلفح النار فتسود مرة وتخضر اخرى (قرطبی)۔ دیگر حضرات نے اس کا معنی کیا ہے

رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَآ

اور عرض کریں گے ١١٦ اے ہمارے رب! ہم نے پیروی کی اپنے سرداروں کی اور اپنے بڑے لوگوں کی پس ان دغا بازوں نے ہمیں بہکا دیا سیدھی راہ سے اے ہمارے رب

اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾ يٰٓاَيُّهَا

ان کو دوگنا عذاب دے اور لعنت بھیج ان پر بہت بڑی لعنت ١١٧ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا

ایمان والو! نہ بن جانا ان (بدبختوں) کی طرح جنہوں نے موسیٰ کو ستایا۔ پس بری کر دیا انہیں اللہ تعالیٰ نے اس سے جو انہوں

قَالُوْا ۭ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا

نے کہا تھا ١١٨ اور آپ اللہ کے نزدیک بڑے شان والے تھے ١١٩ اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو

اِذ يُسحبون في النار على وجوههم منہ کے بل انہیں آگ میں گھسیٹا جائے گا۔ اس وقت وہ کفِ افسوس ملیں گے لیکن بے سود۔

١١٦ معذرت خواہی کرتے ہوئے عرض کریں گے اے ہمارے رب! اس میں ہمارا اتنا قصور نہیں۔ ہمارے سردار اور پیشوا ہمیں جس راہ پر چلاتے رہے ہم چلتے رہے۔ انہوں نے ہمیں گمراہ کر دیا۔

١١٧ الٰہی ہم بے قصور ہیں ہمیں معافی ملنی چاہیے لیکن اگر ہمیں معافی نہیں ملتی تو ہماری یہ درخواست ضرور قبول ہو کہ ان سرداروں اور سرغنوں کو دوچند عذاب دیا جائے۔ ان ظالموں نے اپنے آپ کو بھی ہلاک کیا اور ہمارا بیڑا بھی غرق کر دیا۔ ان کا دوہرا جرم ہے، انہیں سزا بھی دگنی ملنی چاہیے۔

١١٨ بنی اسرائیل اپنے پیغمبر اور اپنے نجات دہندہ موسیٰ علیہ السلام کو بات بات پر دکھ دیتے تھے، قدم قدم پر مخالفت کرتے تھے باوجود اس کے کہ انہیں اپنا رسول مانتے تھے، لیکن ان کے ہر حکم سے سرتابی کرنا ان کی فطرت ثانیہ بن چکی تھی۔ تورات کا مطالعہ کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اپنے اس جلیل القدر پیغمبر کی دلآزاری کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے۔ یہ داستان بڑی طویل ہے لیکن چند جملے آپ بھی پڑھ لیں۔

بنی اسرائیل مصر میں غلامی اور ذلت کی زندگی بسر کر رہے تھے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حکم ربانی کے مطابق مصر سے ہجرت کا حکم دیا۔ چند قدم چلے تو پچھتانے لگے اور اپنے نجات دہندہ اور اللہ تعالیٰ کے کلیم سے یوں گویا ہوئے:

"تب انہوں نے ان سے کہا کہ خداوند ہی دیکھے اور تمہارا انصاف کرے کیونکہ تم نے ہم کو فرعون اور اس کے خادموں کی نگاہ میں ایسا گھناؤنا کیا ہے کہ ہمارے قتل کے لیے ان کے ہاتھ میں تلوار دے دی ہے۔"

(خروج باب ۵، آیات ٢١، ٢٢)

اُنھوں نے سمندر کو بخیر و خوبی عبور کر لیا۔ موسیٰ علیہ السلام کے عصا کی ضرب سے اس کی بپھری ہوئی موجیں سمٹ گئیں۔ ان کے لیے راستے بن گئے۔ یہ ساحل پر بسلامت پہنچ گئے۔ فرعون اور اس کا لشکر ان کی آنکھوں کے سامنے تباہ ہوا۔ ان معجزات کے دیکھنے کے بعد جب سینا میں وہ پہنچے تو اپنے رسُول سے یُوں خطاب کیا۔

"اور مُوسیٰ سے کہنے لگے کیا مصر میں قبریں نہ تھیں جو تو ہم کو وہاں سے مرنے کے لیے بیاباں میں لایا۔ تُو نے ہم سے یہ کیا کیا کہ ہم کو مصر سے نکال لایا۔ کیا ہم تجھ سے مصر میں یہ بات نہ کہتے تھے کہ ہم کو رہنے دے کہ ہم مصریوں کی خدمت کریں کیونکہ ہمارے لیے مصریوں کی خدمت کرنا بیابان میں مرنے سے بہتر ہوتا۔ (خروج۔ ب ۴ : ۱۱، ۱۲)

دشت سینا میں جب دھوپ لگی اور پیاس نے تنگ کیا تو یُوں گلفشانی کرنے لگے :

"اور اس بیابان میں بنی اسرائیل کی ساری جماعت مُوسیٰ اور ہارون پر بڑبڑانے لگی اور بنی اسرائیل کہنے لگے کاش کہ ہم خداوند کے ہاتھ سے مُلک مصر میں جب ہی مار دیئے جاتے جب ہم گوشت کی ہانڈیوں کے پاس بیٹھ کر دل بھر کر روٹی کھاتے تھے کیونکہ تم تو ہم کو اس بیابان میں اسی لیے لے آئے ہو کہ سارے مجمع کو بھوکا مارو۔" (خروج ب ۱۶ : ۳، ۲)

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو :

کتاب الخروج ۱۷ : ۱ تا ۵

کتاب گنتی ۱۱ : ۱ تا ۱۵ - ۱۴ : ۱ تا ۱۰ - ۱۶ مکمل - ۲۰ : ۱ تا ۵۔

اے ایمان کا دعویٰ کرنے والو! تم بنی اسرائیل کی روش اختیار کر کے میرے محبوب کی دلآزاری نہ کرنا۔ ورنہ تم کو اس گستاخی کی ایسی سزا ملے گی جس سے نجات کے سارے دروازے بند ہو جائیں گے۔ اس سے ثابت ہوا کہ ہر وہ چیز جس سے نبی کریم کو تکلیف پہنچے، وہ قطعاً ممنوع ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا، اس کی صفات کمال کا انکار کرنا، حضور کی ذات اقدس و اطہر پر بہتان باندھنا، اللہ تعالیٰ نے حضور کو جن کمالات سے سرفراز فرمایا ہے ان کا انکار کرنا، حضور کے دین اور شریعت کے قوانین کو ناقابل عمل کہنا، حضور کی آل اطہار پر معترض ہونا، حضور کے صحابہ پر زبانِ طعن دراز کرنا، یہ سب ایسے اُمور ہیں جن سے حضور کے قلب مبارک کو تکلیف پہنچتی ہے۔ ان تمام اُمور سے اجتناب ضروری ہے۔

ف۱۱ بنی اسرائیل کے اوباش مُوسیٰ علیہ السلام پر اعتراض کیا کرتے تھے اور ان کی عیب جوئی کر کے ان کا دل دکھاتے تھے حالانکہ اللہ رب العالمین کے نزدیک ان کا مقام بہت اُونچا اور مرتبہ بہت ہی بلند تھا۔ "وجیہ" کہتے ہیں بلند مرتبہ۔ الوجیہ ذوجاہ و منزلۃ (کشاف)، الوجیہ عند العرب العظیم القدر والرفیع المنزلۃ۔ جس کی شان بہت بڑی ہو، جس کا رُتبہ بہت بلند ہو عربی میں اس کو وجیہ کہتے ہیں۔

اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿۷۰﴾ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ

اور ہمیشہ سچی (اور درست) بات کہا کرو۔ ۱۱۰ تو اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کو درست کر دے گا ۱۱۱ اور تمہارے

ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۱﴾

گناہوں کو بھی بخش دے گا ۱۱۲ اور جو شخص حکم مانتا ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا تو وہی شخص حاصل کرتا ہے بہت بڑی کامیابی ۱۱۳

اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ

ہم نے پیش کی یہ امانت آسمانوں، زمین اور پہاڑوں کے سامنے (کہ وہ اس کی ذمہ داری اٹھائیں) تو انہوں نے

اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

انکار کر دیا اس کے اٹھانے سے اور وہ ڈر گئے اس سے اور اٹھا لیا اس کو انسان نے، بے شک یہ

۱۱۰ اے اہل ایمان! اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول کا دل دکھانا اور اس کی شان کا انکار کرنا تو بہت بڑا گناہ ہے تمہیں تو تقویٰ اور پارسائی کا شیوہ اختیار کرنا چاہیے اور جب بات کرو تو سچی اور دُرست بات کرو، کوئی جھوٹی بات تمہارے منہ سے نہ نکلے۔

۱۱۱ یعنی اگر تم اپنے عمل میں تقویٰ اور راست روی کو اور اپنے قول میں حق و صداقت کو اپنا شعار بنا لو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کو ہر کجی سے پاک فرما دے گا اور انہیں شرف قبول بخشے گا۔ بعض نے اس کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں مزید اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرمائے گا۔

۱۱۲ اور اس سے پہلے جو لغزشیں تم سے سرزد ہوئی تھیں، وہ سب معاف کر دی جائیں گی۔ وہ لوگ جن کے سامنے تم سے گناہ سرزد ہوئے تھے ان کے حافظے سے بھی انکی یاد مٹ جائے گی، بلکہ فرشتوں نے جو دفتر عمل تمہارا تیار کر رکھا ہے وہاں سے بھی تمہارے گناہوں کی تحریر محو کر دی جائے گی۔ انس و ملک کی آنکھوں میں تم محترم و مکرم بنا دیئے جاؤ گے۔ واقعی اللہ تعالیٰ جب اپنے کسی بندے پر نظر لطف و کرم فرماتا ہے اور اس کے دل کو اپنی یاد اور ذکر کی لذت سے آشنا کر دیتا ہے تو اس کی کایا ہی پلٹ جاتی ہے اور اس کے چہرہ پر ایک نور برستا ہوا نظر آتا ہے۔ بے ساختہ لوگوں کے دل اس کی طرف کھچے چلے جاتے ہیں۔

۱۱۳ فوز عظیم اور فلاح دارین کا تاج صرف اس کے سر پر رکھا جاتا ہے جو پیکر تسلیم و رضا بن کر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول معظم کے ہر ارشاد کے سامنے بصد شوق اور بہ ہزار مسرت اپنا سر نیاز جھکا دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اپنی بندگی کی اور اپنے پیارے حبیب محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فداہ ابی وامی کی غلامی کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ۝۷۲ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتِ

ظلوم بھی ہے (اور) جہول بھی ۱۴۱؎ تاکہ عذاب دے اللہ تعالیٰ نفاق کرنے والوں اور نفاق کرنے والیوں کو

۱۴۱؎ ارباب لغت، علماء شریعت اور عارفین نے اپنی اپنی حد فہم اور ذوق کے مطابق اس کی وضاحت کی ہے۔ قرآن کریم کے اسرار و معارف کو آشکارا کرنے میں ان حضرات نے جو مخلصانہ کوششیں کی ہیں اللہ تعالیٰ انہیں قبول فرمائے اور ہمیں ان کے ذریعہ سے حق پر ثابت قدم رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

میں یہاں ہر مکتب فکر کا نقطۂ نظر پیش کرتا ہوں۔ اہل لغت نے لکھا ہے کہ جب کوئی شخص امانت کو واپس کرنے سے انکار کر دے اور اس میں خیانت کرے تو عرب کہتے ہیں: حمل الامانة یعنی اس نے امانت واپس کرنے سے انکار کیا اور اس کا بوجھ اٹھا لیا۔ اس آیت طیبہ میں حَمَلَ اسی معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ اس لغوی تحقیق کے پیش نظر آیت کا معنی ہوگا: ہم نے آسمانوں زمین اور پہاڑوں پر اس امانت کو پیش فرمایا۔ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا۔ تو انہوں نے اس امانت میں خیانت کرنے سے انکار کر دیا۔ جو حکم ربانی ملا بے چوں و چرا اس کی تعمیل میں لگ گئے سر مو انحراف اور سستی نہیں کی۔ وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا۔ وہ اس بات سے ڈرے کہ کہیں امانت میں خیانت کرنے سے وہ غضب الٰہی کا شکار نہ ہو جائیں۔ وحملها الانسان لیکن انسان نے اس امانت میں خیانت کی اور اس کا بوجھ گردن پر اٹھایا۔ انه كان ظلوما جهولا۔ بیشک انسان بڑا ظالم اور نادان ہے۔

لسان العرب کی عبارت ملاحظہ فرمائیے: وكل مَنْ خان الامانة فقد حملها وكذلك كل من اثم فقد حمل الاثم والسموٰت والارض ابين ان يحملنها يعنى الامانة وادّينها وادائها طاعة الله تعالىٰ فيما امرها به - و حملها الانسان قال الحسن: اراد الكافر والمنافق اى حملا الامانة اى خانا: ولم يطيعا: قال هٰذا المعنى والله اعلم صحيح. ومَنْ اطاعهُ من الانبياء والصديقين فلا يُقال كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا۔

اہل لغت کی بیان کردہ تفسیر کے بعد اب علماء کرام کا نقطۂ نظر ملاحظہ فرمائیے۔ ان کے نزدیک امانت سے مراد تکلیفات شرعیہ ہیں۔ جن میں عبادات، اخلاقیات اور ہر قسم کے قوانین داخل ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں، زمین اور پہاڑوں کو فرمایا کہ ہم تمہیں اختیار اور ارادہ کی آزادی دیتے ہیں کیا تم اس اختیار و آزادی کے ساتھ اس امانت کا بار اٹھانے کے لیے تیار ہو۔ انہوں نے اعتراف عجز کرتے ہوئے معذرت خواہی کر دی اور اپنی بے بسی کا اقرار کیا۔ یہ بوجھ بہت گراں ہے، ہم اسے اٹھانے سے قاصر ہیں۔ ہمیں اطاعت کے ثواب کی امید سے عصیان و نافرمانی کے عذاب کا اندیشہ زیادہ ہے۔ ہم تیرے مسخر اور پابند حکم رہ کر تیرے ہر ارشاد کی تعمیل کریں گے اختیار و ارادہ کی آزادی میں جو خطرات پنہاں ہیں، ان کو برداشت کرنے کی طاقت ہم اپنے اندر نہیں پاتے۔ اب یہی چیز جب انسان کے سامنے پیش کی گئی تو اس نے اپنی ناتوانیوں اور کمزوریوں کو پس پشت ڈالتے ہوئے اس امانت کو اٹھانے کی حامی بھر لی اور اس بار گراں کو اٹھا کر اپنے آپ کو ابتلاء و آزمائش میں مبتلا کر دیا اور اس نے کسی عقلمندی کا ثبوت نہیں دیا۔ اس سے انسان کی مذمت مقصود نہیں بلکہ بیان واقع کے طور پر انه كان ظلومًا جهُولًا فرمایا۔ حضرت جنید بغدادی قدس سرہ نے بڑی پیاری بات فرمائی:

"شیخ جنید فرمود کہ نظرِ آدم بر عرضِ حق بود نہ بر امانت، لذتِ عرض، ثقلِ امانت را بر وے فراموش گردانید لاجرم لطفِ ربانی بزبانِ عنایت فرمود کہ برداشتن از تو، ونگاہ داشتن از من"۔ (روح البیان)

یعنی اللہ تعالیٰ نے جب یہ امانت حضرت آدم پر پیش کی تو آپ کی نظر اس وقت امانت اور ثقل پر نہ تھی، بلکہ امانت پیش کرنے والے پر تھی۔ اور اس کے پیش فرمانے میں جو لذت و سرور تھا، اس نے امانت کی گرانی کو نظروں سے اوجھل کر دیا۔ جنید فرماتے ہیں یقیناً لطفِ ربانی نے آدم کی اس نیاز مندی اور ہمت سے خوش ہو کر فرمایا کہ اے آدم! اٹھانا تیرا کام ہے اور اٹھانے کی توفیق دینا اور تیری حفاظت کرنا میرا کام ہے۔

اب صوفیائے کرام کا مسلک ملاحظہ فرمائیے۔ اس کی ترجمانی کا حق حضرت علامہ پانی پتی نے ادا کیا ہے۔ فرماتے ہیں:

مَیں کہتا ہوں کہ آیت کا سیاق اس بات کا مقتضی ہے کہ یہاں جو امانت مذکور ہے۔ اس سے وہ امانت مراد ہے جسے صرف انسان اُٹھا سکتا ہے اور کوئی مخلوق اسے اُٹھانے کی ہمت نہیں رکھتی۔ اگر اس امانت سے مراد احکامِ شرعیہ ہوں تو انسان کی خصوصیت نہیں بلکہ جن اور ملائکہ بھی مکلف ہیں۔ اس طرح ملائکہ کی افضلیت انسان پر لازم آئے گی کیونکہ ان کی شان تو یہ ہے: یسبحون اللیل والنھار ولا یفترون۔ وہ دن رات تسبیح میں مصروف رہتے ہیں اور ذرا نہیں تھکتے اور انسان کی یہ حالت نہیں اس لیے صوفیاء کرام نے امانت کی تفسیر نور العقل اور نار العشق سے کی ہے یعنی نورِ عقل استدلال کے ذریعے معرفتِ الٰہی حاصل کرتا ہے۔ اور عشق کی آگ حجابات کو جلا کر معرفتِ الٰہی تک پہنچاتی ہے۔ ومن ثم قالت الصوفیۃ العلیہ المراد بالامانۃ نور العقل ونار العشق ونور العقل یحصل بہ معرفۃ اللہ تعالٰی بالاستدلال ونار العشق یحصل بھا معرفۃ اللہ تعالٰی سبحانہ بحرق الحجب۔

بیشک فرشتے بھی اس کے مکرم بندے ہیں لیکن ان میں سے ہر ایک کے لیے ایک مخصوص مقام ہے جس سے آگے وہ تجاوز نہیں کر سکتا اور سوزِ عشق کے باعث غیر متناہی درجات تک ترقی کرتے جانا یہ حضرت انسان کی خصوصیت ہے۔ فالترقی الی المراتب الغیر المتناھیۃ بنار العشق انما ھو من خصائص الانسان۔

اس کے بعد علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے ارشادات سے جو نتیجہ میں نے اخذ کیا ہے وہ یہ ہے کہ امانت سے مراد وہ استعداد ہے جو اللہ تعالیٰ نے ماہیتِ انسانیہ میں ودیعت کی ہے جو تجلیاتِ ذاتیہ دائمہ کو قبول کرتی رہتی ہے۔ صالح جن بھی عبادت و ریاضت سے ملائکہ کی صف میں شامل ہو جاتے ہیں، پھر بھی ان کے حصہ میں تجلیاتِ صفاتی آتی ہیں تجلیاتِ ذاتیہ کی اہلیت نہیں ہوتی۔

آخر میں علامہ موصوف "ظلوماً جھولا" کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ انسان میں دو قوتیں ہیں۔ ایک سبعیہ اور دوسری بہیمیہ۔ سبعی قوتوں سے اس کے دل میں تفوق اور برتری کا جذبہ پیدا ہوتا ہے جس سے وہ معرفت کی اونچی سے اونچی چوٹیوں کو سر کرتا ہے اور بہیمی طاقتوں کے باعث اس میں جفاکشی اور مشقت جھیلنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے جس کے باعث وہ طویل ریاضتوں اور مشکل عبادتوں کا بوجھ صبر و تحمل سے برداشت کرتا ہوا منزلِ محبوب کی طرف بڑھا چلا جاتا ہے۔ اگر یہ دو قوتیں انسان میں نہ ہوتیں تو وہ بھی ساحلِ عافیت پر خیمہ زن رہتا اور کبھی آزمائش کے تند و تیز طوفانوں سے نبرد آزما ہونے کے لیے تیار نہ ہوتا۔

وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

شرک کرنے والوں اور شرک کرنے والیوں کو اور نگاہ لطف و کرم فرمائے اللہ تعالیٰ ایمان والوں اور ایمان والیوں پر [۱۱۵]

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۳﴾

اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا ہر دم رحم فرمانے والا ہے [۱۱۶]

مولانا جامیؒ نے بھی ظلوماً جہولاً کا معنی خوب کیا ہے۔

غیر انساں کس نکرد قبول زانکہ انسان ظلوم بود و جہول

(انسان کے بغیر اس امانت کو کسی نے قبول نہ کیا کیونکہ انسان ظلوم اور جہول تھا۔)

ظلم او آں کہ ہستیٔ خود را ساخت فانی بقائے سرمد را

(اس کا ظلم یہ تھا کہ اس نے اپنی ہستی کو فنا کر دیا تاکہ بقائے سرمدی حاصل کرے)

جہل او آں کہ ہرچہ جز حق بود صورت آں ز لوح دل بزدود

(اور اس کی جہالت یہ ہے کہ حق کے بغیر جو کچھ تھا اس نے اپنے دل کی لوح سے مٹا دیا۔)

نیک ظلمے کہ عین معدلت است نغز جہلے کہ مغز معرفت است (روح البیان)

(وہ ظلم بہت اچھا ہے جو عین عدل ہے اور وہ جہالت بہت عمدہ ہے جو معرفت کا مغز ہے۔)

یہاں ان صفات ظلوم و جہول کے ذکر کرنے سے دو فائدے حاصل ہوئے۔ ایک تو اس علت کا پتہ چل گیا جس کی وجہ سے انسان اس بار امانت کو اٹھانے کے لیے آمادہ ہوا، اور دوسرا اس پیکر خاکی کی منقبت اور توصیف کر دی گئی کہ یہ ان صفات عالیہ سے متصف ہے۔ فہو تعلیل و منقبۃ لہ۔ اللّٰہ تعالیٰ و رسولہ الاکرم اعلم باسرار القرآن الکریم۔

[۱۱۵] یہ لام عاقبت ہے یعنی اس امانت کے اٹھانے کا انجام یہ ہوا کہ جن مردوں اور عورتوں نے منافقانہ روش اختیار کی یا جن مردوں اور عورتوں نے کھلم کھلا شرک کیا وہ تو عذاب جحیم کے مستحق ٹھہرے اور جن مردوں اور عورتوں نے ایمان قبول کیا ان پر اللہ تعالیٰ نے اپنے لطف و کرم کی نگاہ فرمائی اور اس مشکل مرحلہ کو ان کے لیے آسان کر دیا۔ یہاں یَتُوْبَ اللّٰهُ کا معنی توبہ قبول کرنا نہیں بلکہ لطف و کرم سے متوجہ ہونا ہے۔ ای یرجع بالرحمۃ والمغفرۃ والجذب والاجتباء واعطاء مراتب القرب یعنی اللہ تعالیٰ اپنی رحمت، مغفرت، کشش، اجتباء اور قرب کے مراتب عالیہ عطا کر کے ان پر نگاہ کرم فرماتا ہے۔ (مظہری)

آیت میں مومنین اور مومنات سے مراد وہ لوگ ہیں جو امانت کو ادا کرتے ہیں اور تجلیات میں مستغرق رہتے ہیں۔ المؤدین والمؤدیات المستغرقین فی التجلیات۔ (مظہری)

[۱۱۶] اس کے بندوں سے جو لغزشیں صادر ہوتی ہیں ان کو وہ معاف فرما دیتا ہے اور جو نیکی کا کام ان سے سرزد ہوتا ہے،

اس کو محض اپنی رحمت کے طفیل منزل تک رسائی کا ذریعہ بنا دیتا ہے ورنہ کہاں وہ بارگاہِ ناز اور کہاں یہ پیکرِ عجز و نیاز۔ ربِ کریم کی انہی دو صفتوں غفور اور رحیم کے صدقے سالکِ راہِ محبت ٹھوکریں کھاتا افتاں و خیزاں آگے بڑھتا چلا جاتا ہے اور آخر کار وصالِ حبیب سے شاد کام ہوتا ہے۔

فاطر السمٰوٰت والارض انت ولیّ فی الدنیا والآخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔ اللّٰھم صل علیٰ سیدنا محمد رسولک المرتضیٰ وعبدک المصطفیٰ من الصلوٰت اطیبھا ومن التسلیمات ازکاھا ومن التحیات اسناھا وعلیٰ آلہ وصحبہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ الیٰ یوم الدین۔

محمد کرم شاہ

۹ر رجب ۱۳۹۱ھ، ۲۹ر اگست ۱۹۷۱ء

تعارف

سُورۂ سَبا

نام : اس سورۂ پاک کا نام "سبا" ہے۔ یہ لفظ آیت نمبر ۱۵ میں مذکور ہے۔ اس کی آیتوں کی تعداد چوّن ہے، آٹھ صد تینتیس کلمات اور ایک ہزار پانچ سو بارہ حروف ہیں۔

زمانۂ نزول : یہ سورت مکی ہے۔ حتمی طور پر اس کی تاریخ نزول کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن اس کے مضامین سے یہ اندازہ بآسانی لگایا جا سکتا ہے کہ یہ سورت مکی دَور کے وسط میں نازل ہوئی جب کہ اسلام کی دعوت نے اہل مکہ کو چونکا دیا تھا اور وہ محض طعن و تشنیع اور استہزاء و تمسخر سے ہی اس دعوت کو ناکام بنا دینا چاہتے تھے۔ ابھی انہیں اس حقیقت کا پُوری طرح احساس نہیں ہوا تھا کہ یہ دعوت ایک ایسے ہمہ گیر انقلاب کی دعوت ہے جو ان کے ظاہری ماحول، معاشرتی رسم و رواج اور معاشی نظام کو ہی درہم برہم نہ کر دے گی بلکہ اس سے آگے بڑھ کر ان کے دلوں اور ذہنوں کی دُنیا کو بھی بدل دے گی۔

مضامین : سورت کی ابتدا حمد باری تعالےٰ سے کی جا رہی ہے اور اس کی کبریائی اور عظمت کا اعلان کیا جا رہا ہے۔ اس کے بعد وقوعِ قیامت پر کفار کو جو اعتراض تھا اس کا جواب "بلیٰ وربی لتاتینکم عالم الغیب" کے زوردار الفاظ سے دیا جا رہا ہے کہ اس رب کی قسم! جو عالم الغیب ہے قیامت ضرور آئے گی۔ ساتھ ہی "لیجزی" سے وقوعِ قیامت کی حکمت بھی بیان کر دی کہ اس کے بغیر عدل و انصاف کے تقاضے پُورے نہیں ہو سکتے۔ نیک لوگوں کو ان کے اعمالِ حسنہ پر جزا اور بدکاروں کو ان کی سیاہ کاریوں کی سزا قیامت کے روز ہی پُوری طرح مل سکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے نیک اور مقبول بندوں کو اس دُنیا میں جن انعامات و احسانات سے سرفراز کرتا ہے اور جو عزت و سربلندی بخشتا ہے حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام کے ذکر سے اس کا اظہار فرما دیا۔ اس ہیبت و جلال کے باوصف جس طرح وہ اپنا حق بندگی ادا کرتے رہے اور اپنے منعمِ حقیقی کے شکر گزار بنے رہے۔ اس کا بیان کر کے ہمیں ان کے نقشِ قدم پر چلنے کی ترغیب دلائی اور یہ سمجھا دیا کہ اللہ تعالےٰ کے بندے نعمتوں اور آسائشوں کے باوجود اطاعت و انقیاد کا طریقہ اپنائے رکھتے ہیں۔ بارگاہ الٰہی میں ان کی یہ سرافگندگی ان کی عظمت کو کم نہیں کرتی بلکہ اسے چار چاند لگا دیتی ہے۔

ان کے ذکر کے معاً بعد ایک ایسی بستی کا حال بیان کیا جو خوشحالی کی زندگی بسر کر رہی تھی جن کا آبپاشی کا نظام بڑا ترقی یافتہ تھا۔ ان کا ملک سرسبز و شاداب باغات اور لہلہاتے ہوئے کھیتوں اور ان میں رواں نہروں کے باعث رشکِ فردوس بنا ہوا تھا لیکن جب وہ

اپنے ربِ غفور کو بھول گئے نفس پروری اور شیطان کی پیروی اختیار کی تو ہر چیز ملیا میٹ کر دی گئی۔ ان کا وہ مضبوط ڈیم جوان کی خوشحالی کا ضامن تھا وہی ان کی تباہی و بربادی کا سبب بن گیا جس کی تفصیل آپ آیات کے ضمن میں ملاحظہ کریں گے۔ اس واقعہ کو بڑے دلنشین پیرایہ میں ذکر کر کے نافرمانی اور سرکشی کرنے والوں کو یہ سمجھا دیا کہ ان کا انجام بڑا حسرتناک ہوگا۔

اس سورت کی یہ آیت "وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ إِبْلِيسُ ظَنَّهُ" الآیہ بڑی غور طلب اور عبرت انگیز ہے۔ ابلیس کو حکم ہوا کہ ابوالبشر کو سجدہ کرو جسے میں نے علوم لدنیہ اور معارف حقانیہ سے بہرہ ور فرما کر اپنی خلافت کا منصب بخشا ہے اس نے از راہِ تکبر تعمیلِ حکم سے انکار کیا۔ جس کی پاداش میں اسے راندۂ درگاہ بنا دیا گیا۔ اس نے چیلنج دیا کہ میں آدم کی اولاد کو تیرا نافرمان اور ناشکرگزار بنا کر چھوڑوں گا۔ دانشمندی کا تقاضا تو یہ تھا کہ اولادِ آدم اپنے اس ازلی دشمن کے مکر و فریب سے چوکنی رہتی اور اللہ تعالیٰ کی شکرگزاری میں سرگرمِ عمل رہتی لیکن صد حیف! کہ انسان کوتاہ اندیش ثابت ہوا۔ اس نے اپنے بداندیش دشمن کے ورغلانے سے اپنے ربِ کریم کی اطاعت سے منہ موڑ لیا۔ اس طرح شیطان کو غرّانے کا موقع دیا۔ ہر مومن کو یہ آیت پیشِ نظر رکھنی چاہیے کہ شیطان تو صرف دلوں میں وسوسہ اندازی کر سکتا ہے۔ اس کو کسی پر ایسا قابو ہرگز نہیں جو اس کو مجبورِ محض بنا دے۔ اس لیے جو حماقت اہلِ سبا سے سرزد ہوئی اور شیطان کو اپنی کامیابی پر بغلیں بجانے کا موقع مل گیا۔ ہم ایسی حماقت سے باز رہیں اور اپنے دشمن کو خوش ہونے کا موقع نہ دیں۔

نیز بتا دیا کہ حضور نبیِ رحمت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت تمام نوعِ انسانی کے لیے ہے تاقیامِ قیامت حضور راہنما بن کر تشریف لے آئے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد نہ کسی نئے نبی کی ضرورت ہے اور نہ ہی کوئی نیا نبی مبعوث ہوگا۔

اکثر اہلِ ثروت اس غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں کہ وہ جو کرتے ہیں وہی درست ہے۔ جو وہ سوچتے ہیں وہی حق ہے۔ دوسروں پر لازم ہے کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان کے پیچھے چلتے رہیں۔ افلاس و احتیاج بھی اکثر لوگوں کو ہوش و خرد سے محروم کر دیتا ہے اور انجام سے بے نیاز ہو کر یہ لوگ اہلِ ثروت کے پیچھے چلنے لگتے ہیں اور ان کے اشاروں پر ایسی ایسی خرمستیاں کرتے ہیں کہ انجام کار ہلاک ہو جاتے ہیں۔ غلط راہ پر جو بھی چلے امیر ہو یا غریب، راعی ہو یا رعایا الناک نتائج سے لامحالہ اسے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ وہ زیردست لوگ جن کی دنیوی زندگیاں محرومیوں کا شکار رہیں، روزِ محشر جب دوزخ کے شعلوں کو اپنی طرف لپکتے ہوئے دیکھیں گے تو اپنے لیڈروں اور اپنے زعماء کو بے نقط سنائیں گے اور ان کے لیڈر جو جواب انہیں دیں گے اس کا تذکرہ قرآن کریم میں دیگر مقامات کے علاوہ یہاں بھی بڑے مؤثر انداز میں کر دیا گیا ہے تاکہ لوگ کسی کی دنیا کے لیے اپنی آخرت برباد نہ کرتے رہیں۔

ساتھ ہی یہ بھی واضح کر دیا کہ شرفِ انسانی کا انحصار کثرتِ مال و جاہ پر نہیں اور نہ محض مال و اولاد کی وجہ سے کسی کو قربِ الٰہی نصیب ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تو صرف ایمان اور عملِ صالح وجہِ شرف اور باعثِ قرب ہے جو خدا کی رضا کا طلبگار ہے وہ ایمان کی شمع کو فروزاں کر کے اعمالِ حسنہ کے پھول کھلاتا ہوا آگے بڑھتا آئے۔ حریمِ کبریائی کے دروازے وہ اپنے لیے کھلے ہوئے پائے گا۔

ان مضامین کے علاوہ دوسرے کئی حقائق ہیں جو آپ سورہ طیبہ کے مطالعے کے دوران میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

سُوْرَةُ سَبَاٍ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورت سبا مکیہ ہے اس کی چون آیات ہیں اور چھ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ

سب تعریفیں اللہ کے لیے جو مالک ہے ہر اس چیز کا جو آسمانوں میں ہے اور ہر اس چیز کا جو زمین میں ہے [1] اور اسی

الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ① يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي

کے لیے ساری تعریفیں ہیں آخرت میں [2] اور وہی بڑا دانا، ہر بات سے باخبر ہے [3] وہ جانتا ہے جو زمین میں

الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ

داخل ہوتا ہے۔ اور جو اس سے نکلتا ہے۔ نیز وہ جانتا ہے جو آسمان سے نازل ہوتا اور جو آسمان کی طرف عروج

[1] یعنی کائنات کی بلندیوں اور پستیوں میں ہر چھوٹی اور بڑی چیز کا خالق بھی اللہ تعالیٰ ہے۔ مالک بھی وہی ہے اور ہر چیز اسی کے فرمان کے سامنے سرافگندہ ہے۔ جو زیبائی، جو خوبی کہیں نظر آرہی ہے۔ اسی کے لطف وکرم کا پرتو ہے۔ جو جمال وکمال کسی میں پایا جاتا ہے اسی کے حسنِ ازل کی جلوہ نمائی ہے۔ اس لیے ہر قسم کی حمد وثنا کا وہی مستحق ہے۔

الذی (صلہ) یا تو للّٰہ کی صفت اور مجرور ہے یا مبتدا محذوف کی خبر ہے اور مرفوع ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ هو الذی یا "اعنی" فعل یہاں مقدر ہے اور صلہ اس کا مفعول ہے اس لیے منصوب ہے۔

[2] اس سے یہ بتایا کہ صرف اس جہان فانی کی ہر چیز اس کی نہیں بلکہ عالم آخرت کی ہر شے کا خالق ومالک بھی وہی ہے۔ وہاں بھی اسی کی حکمرانی ہوگی۔ جو نعمت کسی کو ملے گی اسی کی جود وعطا کا کرشمہ ہوگا۔ اس لیے وہاں بھی ہر قسم کی حمد وتوصیف کا سزاوار صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ "لہ" خبر کو یہاں مقدم ذکر کرکے اس امر کی طرف اشارہ کر دیا کہ اس دنیا میں تو کئی غلط اندیش اس کو چھوڑ کر غیروں کی حمد کرتے رہتے ہیں لیکن قیامت کے دن سارے حجاب اٹھ جائیں گے حقیقت اپنی تمام رعنائیوں کے ساتھ عیاں ہو جائے گی۔ وہاں حمد ہوگی تو صرف اس مالک یوم الدین کی۔

[3] اللہ تعالیٰ کا ہر ارشاد، ہر کلام اور اس کی شریعت کا ہر قانون بلکہ قضا وقدر کے سارے فیصلے اس کی حکمت ودانائی کے آئینہ دار

فِيهَا ۚ وَهُوَ الرَّحِيمُ الْغَفُورُ ﴿٢﴾ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا

کرتا ہے ؏ اور وہی ہمیشہ رحم فرمانے والا بہت بخشنے والا ہے ؏ اور کفار کہتے ہیں

لَا تَأْتِينَا السَّاعَةُ ۖ قُلْ بَلَىٰ وَرَبِّي لَتَأْتِيَنَّكُمْ عَالِمِ الْغَيْبِ ۖ

ہم پر قیامت نہیں آئے گی۔ آپ فرمائیے ضرور آئے گی۔ مجھے اپنے رب کی قسم جو عالم الغیب ہے تم پر قیامت ضرور آئے گی

لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ وَ

نہیں چھپی ہوئی اس سے ذرہ برابر کوئی چیز آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور

لَا أَصْغَرُ مِنْ ذَٰلِكَ وَلَا أَكْبَرُ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ﴿٣﴾ لِيَجْزِيَ

نہ کوئی چھوٹی چیز ذرہ سے اور نہ کوئی بڑی چیز مگر وہ کتاب مبین میں (درج) ہے (قیامت آئے گی) تاکہ

ہیں۔ وہ اپنی مخلوق کے حالات اور ضروریات سے پوری طرح باخبر ہے۔

؎ اللہ کی ہمہ دانی کا بیان ہو رہا ہے۔ زمین میں جو چیز داخل ہوتی ہے۔ بارش کے قطرے، بیج، پانی، معدنیات وغیرہ اور جو چیز نکلتی ہے نیز آسمانوں سے جو چیز اترتی ہے اور جو نیچے سے اوپر جاتی ہے۔ وہ ہر چیز کو تفصیل سے جانتا ہے۔

؎ وہ مجرموں اور نافرمانوں کو فوراً سزا نہیں دیتا۔ وہ سالہا سال علم بغاوت بلند رکھتے ہیں اور دندناتے پھرتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ نہیں کہ وہ انہیں سزا نہیں دے سکتا یا یہ لوگ زیادہ طاقتور ہیں اور اس کے قابو سے باہر ہیں، بلکہ یہ اس کی شان رحیمی ہے کہ وہ قادر مطلق ہونے کے باوجود انہیں مہلت دے رہا ہے اور جب بھی کوئی اپنے کیے پر شرمسار ہوتا ہے تو وہ اپنی مغفرت اور بخشش کے دامن میں آ پناہ دے دیتا ہے۔

؎ کفار وقوع قیامت کے منکر تھے اور اس انکار میں بڑے متشدد اور متصلب تھے، وہ بڑے وثوق سے کہا کرتے کہ قیامت نہیں آئے گی، اس لیے ان کا رد بھی بڑے زوردار اور مؤثر طریقہ سے فرمایا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہیں کہ آپ قسم اٹھا کر فرمائیے کہ قیامت ضرور آئے گی۔ قسم کے الفاظ بھی بڑے مؤثر اور پرجلال ہیں۔ فرمایا مجھے اپنے پروردگار کی قسم! جو عالم الغیب ہے۔ "قیامت ضرور آئے گی"۔ عالم الغیب "ربی" کی صفت، عطف بیان اور بدل سب بن سکتے ہیں۔ یہاں عالم الغیب کی صفت ذکر کرنے میں حکمت یہ ہے کہ وہ قیامت کا انکار اس وجہ سے کیا کرتے تھے کہ جب وہ مر جائیں گے اور انہیں مرے ہوئے صدیاں بیت جائیں گی۔ اس طویل مدت میں ان کی ہڈیاں، ان کا گوشت پوست مٹی میں مل کر مٹی ہو جائے گا۔ ہوا کے جھونکے ان ذروں کو کہاں سے کہاں پھینک دیں گے۔ ان منتشر ذروں کو جمع کرنا اور پھر انہیں اسی وجود کے ساتھ زندہ کرنا کسی طرح ممکن نہیں عالم الغیب

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ

اللہ تعالیٰ جزا دے انہیں جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ؎ یہی وہ (نیک بخت) لوگ ہیں جن کے لیے بخشش اور رزق

كَرِیْمٌ ﴿۴﴾ وَ الَّذِیْنَ سَعَوْ فِیْۤ اٰیٰتِنَا مُعٰجِزِیْنَ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ

کریم ہے اور جو (بدبخت) کوشش کرتے رہے ہیں کہ ہماری آیتوں کو جھٹلا کر ہمیں ہرا دیں ایسی ہیں جنکے لیے

مِّنْ رِّجْزٍ اَلِیْمٌ ﴿۵﴾ وَ یَرَى الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِیْۤ اُنْزِلَ

بدترین قسم کا دردناک عذاب ہے ؎ اور جانتے ہیں وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا کہ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا

فرما کر یہ شبہ زائل کر دیا کہ ان بکھرے ہوئے ذروں کو جمع کرنا تمہارے لیے ناممکن ضرور ہے جن کا علم محدود اور قدرت ناقص ہے لیکن قیامت برپا کرنے والا وہ خداوند عالم ہے جو ہر غیب کو جاننے والا ہے اور زمین و آسمان کی بیکراں وسعتوں میں کوئی ذرہ بھی اس سے مخفی نہیں۔ لہٰذا اس کے لیے تمہیں دوبارہ زندہ کرنا ذرا مشکل نہیں۔ کتاب مبین سے مراد لوح محفوظ ہے۔

؎ قیامت برپا کرنے کی حکمت بیان کی جارہی ہے۔

؎ یعنی جو لوگ ہماری آیتوں کو غلط ثابت کرنے اور جھٹلانے میں شب و روز کوشاں رہتے ہیں اور اس طرح وہ ہمیں مغلوب کرنا چاہتے ہیں۔ ای فی ابطال ادلتنا والتکذیب بآیاتنا۔

" معٰجزین " کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ جب کوئی شخص کسی کو مغلوب کرے اور اس سے آگے بڑھ جائے تو عربی میں کہا جاتا ہے عاجزہ واعجزہ اذا غالبه وسَبَقَهٗ (قرطبی)

علامہ راغب اس کے ضمن میں لکھتے ہیں : اعجزت فلانا وعجزته وعاجزته جعلته عاجزا۔ یعنی کسی کو عاجز کر دینا۔

علامہ ابن حیان فرماتے ہیں : ای معجزین قدرة الله تعالٰی فی زعمهم۔ یعنی اپنے گمان کے مطابق وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کو عاجز کر دینا چاہتے ہیں۔ اسی مناسبت سے میں نے اس کا ترجمہ ہرا دینا کیا ہے۔

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ ہم تو بار بار اس امر کا اعلان کر رہے ہیں کہ قیامت آئے گی۔ انہیں دوبارہ زندہ کیا جائے گا اور ان کے اعمال کے بارے میں ان سے باز پرس ہوگی لیکن یہ لوگ ان آیتوں کو جھٹلانے میں کوشاں ہیں اور اس پر طرح طرح کی بے معنی حجت بازیاں کرتے ہیں اور اپنی طرف سے عقلی و نقلی دلائل کا انبار لگاتے چلے جاتے ہیں۔ اس طرح وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم اپنا ارادہ بدل دیں گے اور قیامت برپا کرنے کا فیصلہ منسوخ کر دیں گے یہ محض ان کی طفل تسلیاں ہیں جن کی کوئی حقیقت نہیں۔ ہمارا یہ فیصلہ قطعی ہے اور ہماری حکمت کا یہ تقاضا ہے کہ قیامت قائم ہو نیکوں کو ان کی نیکیوں کا اجر ملے۔ بدکار اور سرکش اپنے کرتوتوں کی سزا پائیں۔ اس فیصلہ کو کوئی بدل نہیں سکتا۔ اور نہ ہمیں اس کو عملی جامہ پہنانے سے کوئی باز رکھ سکتا ہے۔

إِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ ۝٦

ہے آپ کے رب کی طرف سے وہی (دین) حق ہے۔ اور عزت والے سب خوبیوں سراہے (خدا) کا راستہ دکھاتا ہے ۹

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ يُنَبِّئُكُمْ إِذَا

اور منکرین (قیامت) کہتے ہیں (اے یارو!) کیا ہم پتہ بتا لیں تمہیں اس شخص کا جو تمہیں خبردار کرتا ہے کہ جب تم (مرنے کے بعد)

مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ إِنَّكُمْ لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ ۝٧ أَفْتَرَىٰ عَلَى

ریزہ ریزہ کر دیئے جاؤ گے تو تم از سر نو پیدا کیے جاؤ گے؟ ۱۱ یا تو اس نے (دیدہ دلیری)

اللَّهِ كَذِبًا أَم بِهِ جِنَّةٌ ۗ بَلِ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ فِي

(اللہ پر جھوٹا بہتان لگایا ہے یا یہ دیوانہ ہے۔ (میرا حبیب نہ مفتری ہے نہ دیوانہ) بلکہ وہ جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے وہ (کل)

الْعَذَابِ وَالضَّلَالِ الْبَعِيدِ ۝٨ أَفَلَمْ يَرَوْا إِلَىٰ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ

عذاب میں اور (آج) دور کی گمراہی میں مبتلا ہیں ۱۲ کیا انہیں نظر نہیں آتا کہ انہیں آگے

"رجز الیم"۔ رجز، بدترین اور شدید ترین عذاب کو کہتے ہیں۔ "مِنْ" بیانیہ ہے یعنی انہیں جو عذاب دیا جائے گا وہ معمولی قسم کا نہیں ہوگا بلکہ بڑا شدید اور المناک ہوگا۔ علامہ زبیدی "رجز" کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: قال ابو اسحٰق ھو العذاب المقلقل لشدته وله قلقلة شديدة متتابعة (تاج العروس)۔ یعنی اپنی شدت کے باعث لرزا دینے والا عذاب سے پے در پے جھٹکے۔

۹ یہاں یَرَی بمعنی "یَعْلَمُ" مستعمل ہے۔ "اولوا العلم" سے مراد صحابہ کرام اور ان کے بعد آنے والے ایماندار لوگ یا اہل کتاب کے وہ علماء جو قرآن پر ایمان لے آئے۔ "حَمِیْد" کا معنی علامہ آلوسی نے کیا ہے: المحمود فی جمیع شؤونه جو اپنی تمام شانوں میں تعریف و ستائش کا مستحق ہو۔ (روح المعانی)

۱۰ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم جب ان کے پیہم انکار کے باوجود قیامت سے ڈراتے تو وہ از راہ تعجب اپنے دوستوں سے یہ باتیں کرتے اور وقوع قیامت کو محال ثابت کرنے کے لیے بڑی عبارت آرائی سے کام لیتے۔ مُمَزَّق: اس کا وزن اسم مفعول کا ہے، لیکن یہ مصدر ہے۔ تمزیق کہتے ہیں کسی چیز کو پھاڑ کر پارہ پارہ اور ریزہ ریزہ کر دینا۔ تمزیق الشئ تخریقه وجعله قطعا قطعا۔

۱۱ کفار یہ الزام لگایا کرتے کہ یا تو یہ جان بوجھ کر جھوٹ برتتے ہیں اور کذب بیانی سے کام لے رہے ہیں۔ حالانکہ یہ خود بھی جانتے ہیں کہ قیامت کا برپا ہونا محال ہے اور یا یہ بات ہے کہ ان کا دماغی توازن بگڑ گیا ہے اور یہ مرض جنون میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ اس لیے یہ خلاف

وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ

اور پیچھے سے آسمان اور زمین نے گھیر رکھا ہے ۱۲؎ اگر ہم چاہیں تو دھنسا دیں انہیں

الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

زمین میں یا گرا دیں۔ ان پر چند ٹکڑے آسمان سے درحقیقت اس میں دکھلی) نشانی ہے

لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ۭ

ہر اس بندے کے لیے جو خدا کی طرف رجوع کرنے والا ہے ۱۳؎ بے شک ہم نے داؤد کو اپنی جناب سے بڑی فضیلت بخشی ۱۴؎

عقل باتیں کرتے ہیں اور جنون کے مریض کی طرح اس پر اصرار بھی کرتے ہیں علامہ جوہری لکھتے ہیں: والجنة: الجنون ومنه قوله تعالیٰ ام به جنّة (الصحاح) یہی معنی لسان العرب اور مفردات میں بھی ذکر کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ ان کے الزامات کا رد فرماتا ہے کہ میرا رسول نہ تو مجھ پر بہتان باندھتا ہے اور نہ وہ دیوانہ ہے۔ وہ تو حق اور سچ فرما رہا ہے لیکن تم لوگ اپنے کفر کے باعث اس عذاب میں مبتلا کر دیئے گئے ہو کہ تم میں عقل و فہم کی قوت مر گئی ہے اور راہ ہدایت سے بہت دور ٹھوکریں کھاتے پھرتے ہو۔ علامہ قرطبی اور دیگر مفسرین نے لکھا ہے کہ اس انکار کے باعث کل وہ عذاب میں مبتلا ہوں گے اور آج کھلی گمراہی میں ہیں۔ غدا فی العذاب والیوم فی الضلال (قرطبی)

۱۲؎ چاروں طرف سے تم نرغے میں ہو۔ نیچے زمین ہے اوپر آسمان۔ بھاگ نکلنے کا کوئی رستہ نہیں۔ تمہاری کارستانیوں کا تقاضا تو یہ ہے کہ تمہیں زمین نگل جائے یا آسمان کا کوئی ٹکڑا گر کر تمہیں نیست و نابود کر دیا جائے لیکن اللہ تعالیٰ رحمان و رحیم ہے۔ وہ عذاب دینے میں عجلت نہیں کرتا۔ وہ علیم و حکیم ہے اس کے سارے کام پُر از حکمت ہوتے ہیں۔ اس لیے اس نے تمہیں مہلت دے رکھی ہے۔ الی مابین ایدیھم وما خلفھم: الی ما احاط بجوانبھم۔ (مظہری)

۱۳؎ یعنی ہم اپنی مختلف صفات جلیلہ کا جس طرح مظاہرہ فرماتے ہیں اس میں ایک عبد منیب کے لیے ہماری عظمت و کبریائی کی بڑی بڑی نشانیاں موجود ہیں۔ مُنیب: راجع الی اللہ بقلبہ (مظہری) یعنی تہ دل سے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والا۔

۱۴؎ اب چند ان برگزیدہ بندوں کا ذکر کیا جا رہا ہے جو انابت کی صفت سے متصف ہیں۔ سب سے پہلے حضرت داؤد علیہ السلام پر اپنی نوازشات اور عنایات کا ذکر فرمایا یعنی ہم نے داؤد پر جو اپنا خصوصی فضل فرمایا وہ کسی سے مخفی نہیں۔ گمنامی سے نکال کر تاج و تخت کا مالک بنا دیا۔ عوام کی صفوں سے چنا اور خواص کا سردار بنا دیا اور ایسی ایسی خصوصیتوں اور کمالات سے نوازا کہ سب قوم کو ان کی عظمت کے سامنے سر جھکا دینا پڑا۔ فضلًا مفعول ہے اٰتینا کا اور منّا اس کا حال ہے اور اسی حال نے فضلًا کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ فضل الٰہی کا حصر مشکل ہے۔ وہ کریم جب اپنا دست کرم کشادہ کرتا ہے تو کون ہے جو اس کی کرم بخشیوں کی حد متعین کر سکے۔ نبوت، حکمت، حکومت،

يٰجِبَالُ اَوِّبِیْ مَعَهٗ وَالطَّیْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِیْدَ ﴿۱۰﴾ اَنِ اعْمَلْ

(ہم نے حکم دیا) اے پہاڑو! تسبیح کہو ان کے ساتھ مل کر اور پرندوں کو بھی حکم دیا ۱۵ نیز ہم نے لوہے کو اس کیلئے نرم کر دیا ۱۶ (اور حکم دیا) کہ کشادہ

سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِی السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

زرہیں بناؤ اور (ان کے) حلقے جوڑنے میں اندازے کا خیال رکھو۔ اور اے آلِ داؤد! نیک کام کیا کرو، بلاشبہ جو کچھ تم کرتے ہو میں

کتاب، حسنِ صوت، بدنی قوت۔ سبھی تو اس کے فضل کے مظاہر ہیں۔ ان میں سے چند کو یہاں خصوصی طور پر بیان فرما دیا۔

۱۵ پہاڑوں کو حکم ملا کہ جب میرا یہ عبدِ منیب میری تسبیح میں مشغول ہو تو تم بھی صرف زبانِ حال سے نہیں بلکہ زبانِ قال سے بھی اس کے ساتھ مل کر میری پاکی بیان کرو۔ اور اے پرندو! تم بھی میرے اس بندے کے ساتھ مل کر تسبیح و تہلیل میں نغمہ سرا ہو جاؤ۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو خوش آوازی کی صفت سے متصف فرمایا تھا۔ دل میں محبتِ الٰہی کے چشمے اُبلتے تھے اور شوق کی چنگاریاں دہکتی تھیں جب آپ سوز و گداز میں ڈوبی ہوئی شیریں اور میٹھی آواز سے ذکرِ الٰہی میں مصروف ہوتے تو سارے ماحول پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی۔ پہاڑوں کے پتھر، چٹانیں اور سنگریزے سب تسبیح و تہلیل میں مصروف ہو جاتے۔ پرندے بھی اڑنا بند کر دیتے اور آپ کے اردگرد حلقہ باندھ کر جمع ہو جاتے اور آپ کے ساتھ مل کر اپنے رب کی حمد و ثنا کے گیت گاتے۔ امام رازی لکھتے ہیں کہ صرف پہاڑوں اور پرندوں پر ہی یہ کیا موقوف تھا۔ ہر چیز پر یہی کیفیت طاری ہو جاتی۔ لم یکن الموافق له فی التاویب منحصراً فی الجبال والطیر۔ (کبیر)

"اَوِّبِیْ" کا معنی ہے سَبِّحِی۔

۱۶ دوسرا کرم یہ فرمایا کہ ان کے لیے لوہا نرم کر دیا۔ کہتے ہیں کہ لوہا ان کا ہاتھ لگنے سے موم اور آٹے کی طرح نرم ہو جاتا اور جس طرح چاہتے اس کو اس شکل میں ڈھال دیتے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کو لوہا پگھلانے کا فن سکھا دیا گیا ہو جس سے آپ بڑی آسانی سے اسے پگھلا کر مختلف قالبوں میں ڈھال لیتے۔ ساتھ ہی زرہ سازی کا ہنر بھی سکھا دیا اور اس ہنر کی باریکیوں سے بھی باخبر کر دیا۔ بتایا کہ زرہیں تنگ اور چھوٹی نہ بنائیں ورنہ پہننے والے کی تکلیف کا باعث بھی ہوں گی اور اس کی پوری حفاظت بھی نہ ہو سکے گی نیز فرمایا کہ جب ان کے حلقوں کو پروئے تو قدر اور اندازے کا پورا پورا خیال رہے۔ جو حلقہ چھوٹا یا بڑا، موٹا یا پتلا جیسے مناسب ہو بڑے سلیقہ اور مہارت سے اُسے وہاں جوڑو۔ ایسا نہ ہو کہ جوڑنے میں غلطی ہو جائے اور معمولی سی بے پروائی کی وجہ سے زرہ ناکارہ ہو جائے۔

ان آیات میں ہمارے لیے بھی دو سبق ہیں۔ (۱) دستکاری میں قطعاً کوئی عیب نہیں۔ اپنے ہاتھ سے محنت کر کے روزی کمانا پیغمبروں کا شیوہ ہے۔ (۲) جو کام کرو بڑے سلیقہ اور ہنرمندی سے کرو۔ جو چیز بناؤ اس میں پختگی اور نفاست دونوں کا پورا پورا خیال رکھو۔ بے دلی اور بے احتیاطی سے کوئی کام کرنا مسلمان کو زیبا نہیں۔ کاش ہم قرآن کریم کی بتائی ہوئی ہدایات پر چلیں۔ ہماری صنعت و حرفت کو چار چاند لگ جائیں۔ ہر منڈی میں ہماری مصنوعات کی مانگ بڑھ جائے۔ ہماری ہنرمندی اور فنی مہارت کی دھاک بیٹھ جائے اور ساتھ ہی ساتھ ہماری معاشی حالت بھی قابلِ رشک ہو جائے۔ آج ہم میں سے کتنے ہیں جنہوں نے ان ہدایات پر عمل کرنے کی کبھی کوشش کی ہو۔

بَصِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ

انہیں خوب دیکھ رہا ہوں ۱۶ اور ہم نے مسخر کر دی سلیمان کے لیے ہوا۔ اس کی صبح کی منزل ایک ماہ کی اور شام کی منزل ایک ماہ کی ہوتی۔

وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ۭ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ

اور ہم نے جاری کر دیا ان کیلئے پگھلے ہوئے تانبے کا چشمہ ۱۸ اور کئی جن (انکے تابع کر دیئے) جو کام میں جتے رہتے آپکے سامنے انکے رب کے

بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۭ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ

اذن سے اور جو سرتابی کرتا ان میں سے ہمارے حکم (کی تعمیل) سے تو ہم اسے چکھاتے بھڑکتی ہوئی آگ کا

السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَاۗءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ

عذاب ۱۹ وہ بناتے آپ کے لیے جو آپ چاہتے پختہ عمارتیں، مجسمے، بڑے بڑے لگن جیسے

كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ۭ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَقَلِيْلٌ مِّنْ

حوض ہوں اور بھاری دیگیں جو چولہوں پر ہی رہتیں ۲۰ اے داؤد کے خاندان والو! (ان نعمتوں پر) شکر ادا کرو ۲۱ اور بہت کم ہیں

۱۶ اے آل داؤد! دنیا داری کے کاموں میں ہی مشغول ہو کر نہ رہ جاؤ، بلکہ نیک کاموں کے لیے بھی وقت نکالا کرو۔ ایسے کام جن سے لوگوں کو بھی فائدہ پہنچے اور تزکیۂ نفس کا اہتمام بھی ہو۔ یہ اللہ تعالیٰ سے تمہارا کوئی کام مخفی نہیں۔ اگر نیک کام کرو گے تو اسکے اجر عظیم کے مستحق قرار پاؤ گے۔

۱۸ جس طرح ہم نے حضرت داؤد پر اپنا خصوصی فضل فرمایا اسی طرح ان کے فرزند حضرت سلیمان علیہما السلام پر بھی اپنی خصوصی عنایات فرمائیں۔ ہم نے آپ کے لیے ہوا کو مسخر کر دیا جب آپ اپنی وسیع و عریض مملکت کے دورے پر جاتے تو آپ کے تخت کو ہوا اپنے کندھوں پر اٹھا کر بڑی سرعت سے روانہ ہو جاتی اور وہ بڑی تیز رفتاری سے اپنی منزل مقصود تک پہنچ جاتے۔ صبح کے وقت وہ اتنا سفر کر لیتے جتنا ایک سوار سریع السیر گھوڑے پر ایک ماہ میں طے کرتا۔ اسی طرح شام کے وقت بھی۔ نیز ہم نے آپ کے لیے پگھلے ہوئے تانبے کا ایک چشمہ جاری کر دیا تاکہ وہ حسب منشا اس کو اپنے مصرف میں لائیں۔ القطر، النحاس الذائب یعنی پگھلا ہوا تانبا۔

۱۹ ہوا کے علاوہ ہم نے جنات کو بھی حضرت سلیمان کا تابع فرمان کر دیا۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ جن ہر وقت ان کی خدمت بجالانے میں مصروف رہتے۔ کسی کی مجال نہ تھی کہ وہ اپنی ڈیوٹی میں ذرا غفلت یا پہلوتہی کرے۔ سرتابی کرنے والوں کو آگ سے داغا جاتا۔

۲۰ حضرت سلیمان کے حکم کی تعمیل میں جو خدمات وہ انجام دیا کرتے تھے یہاں ان کا ذکر ہو رہا ہے۔ محاریب: اس کا واحد محراب ہے۔ اس سے مراد قلعے، اونچی اونچی عبادت گاہیں اور رہنے کے لیے بہترین اور خوشنما محلات: ان کو محاریب کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اگر

عِبَادِيَ الشَّكُورُ ﴿١٣﴾ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلَىٰ

میرے بندوں سے جو شکر گزار ہیں ۲۲ پس جب ہم نے سلیمان پر موت کا فیصلہ نافذ کر دیا نہ بتایا جنات کو آپ کی

مَوْتِهِ إِلَّا دَابَّةُ الْأَرْضِ تَأْكُلُ مِنسَأَتَهُ ۖ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ

موت کا ماسوا زمین کے دیمک نے جو کھاتا رہا آپ کے عصا کو ۲۳ پس جب آپ زمین پر آرہے تو

کوئی قبضہ کرنا چاہے تو انہیں بے وقعت جان کر بغیر لڑے دشمن کے حوالے نہیں کر دیا جاتا بلکہ لوگ ان کے لیے مرنے مارنے پر تیار ہو جاتے ہیں۔
قصورا حصینة ومساجد رفیعة ومساکن شریفة سمیت بها لانها یذب عنها و یحارب علیها (مظہری)
تماثیل: اس کا واحد تمثال ہے یعنی جنات ان کے لیے بڑے بڑے پتھر وغیرہ کے مجسمے تراشتے یا ڈھالتے تھے۔ بعض لوگوں نے اس آیت سے مجسموں کا جواز ثابت کیا ہے حالانکہ احادیث پاک میں ان کے متعلق سخت وعید ہے۔ اللہ تعالیٰ ہوائے نفس کے اتباع سے محفوظ رکھے۔
جفان: اس کا واحد جفنة ہے وہ بڑے بڑے لگن جن میں کھانا ڈالا جاتا ہے اور لوگ اس کے ارد گرد بیٹھ کر کھاتے ہیں۔ بتایا کہ جو لگن جنات آپ کے لیے تیار کرتے تھے وہ عام قسم کے لگن نہیں ہوتے تھے بلکہ اتنے بڑے اور چوڑے ہوتے جیسے پانی کے حوض اور تالاب ہوا کرتے ہیں۔ قدور راسیات۔ یعنی ایسی بڑی بڑی بھاری بھرکم دیگیں بناتے جو اپنی جسامت اور بوجھ کے باعث آسانی سے ادھر ادھر نہیں کی جا سکتی تھیں بلکہ چولہوں پر مضبوطی سے جمادی جاتی تھیں۔

۲۱ یعنی جب ہم نے داؤد اور آل داؤد علیہ السلام پر اتنا احسان فرمایا ہے اور ایسے ایسے انعامات سے ممتاز کیا ہے۔ تو آل داؤد پر واجب ہے کہ وہ شکر گزاری میں سرگرم رہیں۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنے خاندان والوں کے لیے اس طرح اوقات تقسیم کر دیئے تھے کہ آٹھ پہر میں کوئی ایسا لمحہ نہ ہوتا تھا جب کہ آپ کے خاندان کا کوئی نہ کوئی فرد شکر الٰہی میں مصروف نہ ہو۔

۲۲ اللہ تعالیٰ کے لطف و احسان کی بارش تو ہر شخص پر ہر لحظہ برس رہی ہے لیکن بہت کم ایسے بندے ہیں جو شکر کا حق ادا کرتے ہوں۔ شکر کی حقیقت اور شکر کا طریقہ، اس کے متعلق تفصیلی بحث پہلے گزر چکی ہے۔

۲۳ جنات غیب دانی کا دعویٰ کیا کرتے تھے اور اس وجہ سے وہ انسانوں پر اپنا رعب بٹھاتے اور انہیں طرح طرح کی ایسی باتیں بتاتے جن کا تعلق امور غیبیہ سے ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کی غیرت نے ان کا بھانڈا چوراہے میں پھوڑ دیا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو اس وقت موت سے ہمکنار کیا جب وہ عصا پر ٹیک لگائے مصروف عبادت تھے آپ کی روح پرواز کر گئی لیکن آپ کا جسم مبارک عصا کے سہارے جوں کا توں کھڑا رہا۔ جنات جو آپ کے حکم سے بڑے کٹھن اور مشقت طلب کاموں میں جتے ہوئے تھے اور آپ کے خوف سے سستی نہ کر سکتے تھے وہ آپ کو کھڑا ہوا دیکھتے تو سمجھتے کہ آپ زندہ و سلامت ہیں، ذرا غفلت برتی تو کھال ادھیڑ لیں گے۔ اسی طرح پورا سال گزر گیا۔ بحکم الٰہی سے دیمک نے عصا کو چاٹنا شروع کر دیا۔ نیچے سے اوپر تک اسے کھوکھلا کرنے میں ایک سال کا عرصہ بیت گیا۔ جب وہ بالکل کھوکھلا ہو گیا اور آپ کا بوجھ نہ سہار سکا تو ٹوٹ گیا اور آپ نیچے زمین پر آرہے تب جنات کو پتہ چلا کہ جس کے

الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ

جنوں پر یہ بات کھل گئی کہ اگر وہ غیب کو جانتے ہوتے تو (اتنا عرصہ) نہ رہتے اس رسوا کن

الْمُهِيْنِ ۝ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ

عذاب میں۔ قوم سبا کے لیے ان کے مسکن میں ہی نشانی موجود تھی (وہاں) دو باغ تھے ایک دائیں

يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ۬ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۭ بَلْدَةٌ

طرف اور دوسرا بائیں طرف کہا گیا کھاؤ اپنے رب کا دیا ہوا رزق اور اس کا شکر ادا کرو ۲۵ اتنا پاکیزہ

خوف سے انہوں نے اپنے آپ کو مصیبت میں مبتلا رکھا وہ تو عرصے سے وفات پا چکا ہے تو اب ان کے دعوی کی حقیقت فاش ہو گئی۔ نیز وہ لوگ جو ان جنات کے غیب دانی کے دعوی کو سچا سمجھ رہے تھے انہیں بھی پتہ چل گیا کہ یہ اپنے دعوی میں سراسر جھوٹے ہیں۔ دابة الارض: دیمک منساۃ: عصا۔ یہ لفظ نساتُ الغنم سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے میں نے ریوڑ کو ہانک دیا۔ اسی سے منساۃ یعنی ہانکنے کا آلہ۔ تبینت کا فاعل یا تو جن ہیں۔ یعنی تمام جنوں پر یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ ان کے سردار جو غیب دانی کی لافیں مارا کرتے تھے وہ بالکل جھوٹے تھے اگر انہیں غیب کا علم ہوتا تو وہ سال بھر اپنی جان کو اس مصیبت میں نہ ڈالے رکھتے یا اس کا مفہوم یہ ہے کہ لوگوں پر یہ حقیقت کھل گئی کہ جنات کو غیب کا کوئی علم نہیں۔

جنات کے سر غرور کو خاک میں ملانے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ نے شان نبوت کا مشاہدہ بھی کرا دیا۔ عام انسان اگر عصا پر ٹیک لگا کر کھڑا ہو اور وہ اونگھ جائے تو اس کا توازن برقرار نہیں رہتا۔ اور فوراً زمین پر گر پڑتا ہے۔ پھر موت کے بعد چہرے کی رنگت بدل جاتی ہے جسم میں طرح طرح کے تغیرات رونما ہونے لگتے ہیں۔ لیکن یہاں آپ سال بھر ٹیک لگائے کھڑے رہے، چہرہ اسی طرح پھول کی طرح شگفتہ رہا۔ بدن بالکل ترو تازہ رہا تعفن اور بوسیدگی تو کجا لباس بھی ویسے ہی پاک صاف رہا۔ نہ موسم گرما کی حدت، لو اور حبس نے جسد اطہر کو متاثر کیا اور نہ موسم سرما کا کوئی اثر ظاہر ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے بے بصیرت لوگوں کو ظاہری آنکھوں سے مشاہدہ کرا دیا کہ نبی کی ظاہری زندگی کا جاہ و جلال تو تم دیکھتے رہے۔ اب اس کے انتقال کے بعد بھی اس کی شان رفیع کو دیکھو۔

۲۴ے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے کسی صحابی نے دریافت کیا: یا رسول اللہ! سبا کسی مرد کا نام ہے، کسی عورت کا نام ہے یا کسی وادی کا۔ حضور نے فرمایا: بل ھو رجل ولد لہ عشرۃ فسکن الیمن منھم ستۃ والشام منھم اربعۃ، یہ ایک آدمی کا نام ہے۔ اس کے دس بیٹے تھے چھ یمن میں سکونت پذیر ہوئے اور چار شام میں آکر آباد ہوئے۔ صاحب لسان العرب نے اس کا نسب نامہ یوں لکھا ہے: ھو سبا بن یشجب بن یعرب بن قحطان۔ علامہ ابن کثیر نے علماء نسب کے حوالے سے اس کی تو ثیق کی ہے۔ صرف اتنا اضافہ کیا ہے کہ اس کا نام عبد الشمس تھا اور سبا اس کا لقب تھا کیونکہ اس نے جنگ میں سب سے پہلے قیدی بنائے

طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ۝ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ

شہر اور ایسا رب غفور! (اہلِ سبا! تمہاری خوش بختی کا کیا کہنا) ۱۵؎ پھر انہوں نے منہ پھیر لیا تو ہم نے ان پر تند و تیز سیلاب بھیج دیا ۱۶؎

دلتہ اوّل من سبأ فی العرب۔

ان کا واقعہ یہ ہے کہ یمن کا اکثر حصّہ کوہستانی ہے۔ یہاں کوئی دریا نہیں بہتا۔ برسات کے موسم میں بارش کا پانی برساتی نالوں کے ذریعے آتا اور اس سے کہیں کہیں کھیتی باڑی کی جاتی۔ اہلِ یمن نے مارب کے قریب ایک وادی میں بڑا زبردست بند DAM تعمیر کیا۔ کہتے ہیں یہ بند ملکہ بلقیس کے زمانہ میں سنگلاخ چٹانوں سے تعمیر کیا گیا تھا۔ اوپر نیچے اس کے تین دروازے تھے۔ اس سے نیچے ایک بہت بڑا وسیع تالاب تھا جس سے بارہ نہریں نکالی گئی تھیں جو ملک کے ہر حصّہ کو آبپاش کرتیں۔ جب ڈیم بھرا ہوتا تو سب سے اونچا دروازہ کھولا جاتا اس سے پانی نکل کر نیچے ذخیرہ میں آتا اور وہاں سے حسبِ ضرورت مختلف نہروں میں چھوڑ دیا جاتا۔ پانی کی سطح کم ہوتی تو درمیانی دروازہ کھولا جاتا اور جب بالکل پانی کم ہوتا تو نیچے والا دروازہ کھول دیا جاتا۔ یہ ڈیم اتنا بڑا تھا کہ موسم برسات میں ذخیرہ کیا ہوا پانی ان کی سال بھر کی ضرورتوں کے لیے کافی ہو جاتا۔

آبپاشی کا یہ اتنا اعلیٰ نظام تھا کہ اس زمانہ میں بابل کے علاوہ کہیں اس کی نظیر نہ تھی۔ جب یمن کی زمین کو بروقت پانی دستیاب ہونے لگا تو ہر طرف سرسبز و شاداب کھیت لہلہانے لگے۔ وادی کے دونوں طرف دائیں بائیں دُور دُور تک باغات کا سلسلہ چلا گیا تھا۔ امام قشیری کہتے ہیں جنّتین کا یہ مطلب نہیں کہ ملک بھر میں صرف دو باغ تھے، ایک دائیں طرف دوسرا بائیں طرف۔ بلکہ مقصد یہ ہے دائیں بائیں ہر طرف باغات ہی باغات تھے۔ جدھر نگاہ اٹھتی پھلوں سے لدے ہوئے سرسبز درختوں پر ہی پڑتی۔ (قرطبی)

خود سوچیے جہاں آب رسانی کا اتنا بہترین نظام ہو، ہر طرف پھل دار درخت جھول رہے ہوں۔ باغات سے سارا ملک جنّت نظیر بنا ہو، زمین سونا اُگل رہی ہو، وہاں کے باشندوں کی خوشحالی کا کیا عالم ہوگا۔ شرق و غرب میں ان کی دولت و ثروت کے چرچے تھے۔ اس وقت کے سیاحوں نے ان کے مکانات کی تزئین اور آرائش کے جو چشم دید حالات لکھے ہیں انہیں پڑھ کر انسان دنگ رہ جاتا ہے۔

۱۵؎ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوا کہ اپنے ربِّ کریم کے دیئے ہوئے رزق سے کھاؤ۔ رنگا رنگ خوش ذائقہ پھلوں سے لطف اٹھاؤ لیکن خیال رہے جس کے خوانِ کرم سے تمہیں یوں اعلیٰ اور بے حساب نعمتیں عطا کی جا رہی ہیں اس کی شکرگزاری میں سستی نہ کرنا۔ جتنا تم شکر ادا کرو گے وہ کریم اتنا ہی مزید لطف و کرم تم پر کرے گا۔

۱۶؎ تم کتنے خوش نصیب ہو تمہیں ملک عطا ہوا تو ایسا جو آب و ہوا کے لحاظ سے بڑا پاکیزہ ہے، زمین زرخیز ہے، پانی وافر ہے، باغ خوب پھلتے ہیں۔ ہوا اتنی لطیف ہے کہ اس کا ہر جھونکا نسیمِ بہار کی طرح غنچۂ دل کو شگفتہ کر دیتا ہے۔ مچھر مکھی وغیرہ کا یہاں نام تک نہیں۔ مزید براں تمہارا رب بہت بڑی بخشش کرنے والا ہے اگر بھولے سے کوئی گناہ سرزد بھی ہو جائے تو فوراً پکڑ نہیں لیتا۔ تم توبہ کے دروازہ کھٹکھٹاؤ۔ وہ تمہارے گناہ بخش دیتا ہے۔

۱۷؎ کچھ عرصہ تو وہ عنایاتِ ربانی سے لطف اندوز ہوتے رہے اور شکر بجا لاتے رہے لیکن جب عرصۂ دراز اس لطف و نعم میں

وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ

اور ہم نے بدل دیا ان کے دو باغوں کو ایسے دو باغوں سے جن کے پھل ترش اور کڑوے تھے اور انہیں جھاؤ کے بوٹے اور

مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿۱۶﴾ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ؕ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ

چند بیری کے درخت تھے ۳۲؎ — یہ بدلہ دیا ہم نے انہیں بوجہ انکی احسان فراموشی کے ۳۳؎ اور ہم احسان فراموش کے

گزرا تو ان میں سرکشی اور بے راہروی کے آثار نمودار ہونے لگے۔ وقتاً فوقتاً اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف اپنے نبی مبعوث فرمائے۔ انہوں نے انہیں بہتیرا سمجھایا کہ اللہ تعالیٰ کے نافرمان نہ بنو۔ یہ عیش و نشاط، یہ دولت کی فراوانی اور غلوں اور پھلوں کی بہتات تمہاری کسی ذاتی قابلیت کا نتیجہ نہیں بلکہ تمہارے پروردگار کی دین ہے۔ ایسا نہ ہو کہ تم لگاتار گناہ کرتے رہو اور ناشکر گزار بنے رہو اور وہ تمہیں ان نعمتوں سے محروم کر دے۔ لیکن شیطان نے ان کو ایسا ورغلایا تھا کہ انہوں نے اپنے مخلص ناصحین کے وعظ و نصیحت کو سننے سے انکار کر دیا اور برملا کہنا شروع کر دیا: ما نعرف لله علينا نعمة فقولوا لربكم فليحبس هذه النعمة عنا ان استطاع۔ یعنی ہمیں تو کوئی علم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہم پر کوئی احسان کیا ہے۔ تم بیشک اپنے رب کو کہو کہ اگر اس میں طاقت ہے تو جو انعام اس نے ہم پر کیا ہے وہ آئندہ نہ کرے۔ جب ان کے فسق و فجور کی حد ہو گئی تو مکافاتِ عمل کا قانون حرکت میں آیا۔ غضبِ الٰہی موسلا دھار بارشوں کی شکل میں ظاہر ہوا۔ اس نے اتنے خوفناک سیلاب کی صورت اختیار کر لی کہ جب اس کی موجیں اس چٹانوں سے بنے ہوئے بند سے جا ٹکرائیں تو ان کو لرزا کر رکھ دیا۔ چند جھٹکوں کے بعد وہ بند جس کی پختگی پر انہیں بڑا ناز تھا اس میں دراڑیں نمودار ہونے لگیں۔ کچھ لمحوں کے بعد پانی کا تند ریلا اس کے بھاری بھرکم پتھروں کو تنکوں کی طرح بہا لے گیا۔ کئی روز سے موسلا دھار بارش کے باعث سارے علاقے میں ہر طرف پانی ہی پانی نظر آ رہا تھا۔ اوپر سے بند ٹوٹنے سے اس کا پانی بھی آ گیا۔ جب یہ سارا پانی بلندی سے پستی کی طرف بجلی کی تیزی سے روانہ ہوا تو راستے میں جتنے شہر تھے ملیا میٹ ہو گئے۔ باغات اجڑ گئے۔ درخت اکھڑ گئے اور لہلہاتے ہوئے کھیتوں کا تو نام و نشان تک کہیں باقی نہ رہا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ان ناشکروں اور ان فاسقوں کو تباہی اور بربادی کی چکی میں پیس ڈالا۔

عَرِمْ کے متعدد معانی بیان کیے گئے ہیں۔ (۱) سدٌ يَعْتَرِضُ بِهِ الوادي وہ بند جو وادی کے سامنے تعمیر کیا گیا ہو۔ (۲) العرم الاحباس تُبنى في اوساط الوادي: پانی کے وہ ذخیرے جو وادی کے وسط میں جگہ جگہ بنائے گئے ہوں۔ (۳) العرم السيل الذي لا يُطاع: ایسا سیلاب جس کو روکنے کی کسی میں طاقت نہ ہو۔ وقيل المطر الشديد، سخت بارش۔ یہاں یہ سارے معانی چسپاں ہو سکتے ہیں۔

۳۲؎ کچھ عرصہ پہلے جہاں جنت نظیر وادیاں دعوتِ نظارہ دے رہی تھیں، جس ملک کا ہر گوشہ فردوس بر روئے زمین ہونے کا دعویٰ کر رہا تھا وہاں اُلّو بولنے لگے، وہاں تباہی و بربادی نے اپنے پنجے گاڑ دیئے۔ ہر طرف ہُو کا عالم تھا۔ سنسان ویرانے دُور دُور تک پھیلے ہوئے تھے، پھل دار درختوں کا نشان تک نہ رہا تھا۔ وہ شہر اور گاؤں جہاں زندگی اپنی تمام رعنائیوں کے ساتھ محوِ خرام تھی

إِلَّا الْكَفُورَ ﴿١٧﴾ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا

ہم کسے ایسی سزا دیتے ہیں ۳۰؎ اور ہم نے بسادی تھیں ان کے درمیان اور ان شہروں کے درمیان جن میں ہم نے برکت دی تھی اور

قُرًى ظَاهِرَةً وَقَدَّرْنَا فِيهَا السَّيْرَ ۖ سِيرُوا فِيهَا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا

کئی بستیاں سرِ راہ ۳۱؎ اور ہم نے منزلیں مقرر کر دی تھیں ان میں آنے جانے کی ۳۲؎ سیر و سیاحت کرو ان میں (جب چاہو) رات ہو یا دن ۳۳؎

وہاں خاک اُڑنے لگی یوں دکھائی دیتا جیسے یہاں کبھی کوئی آبادی تھی ہی نہیں۔ وہ چمن بندیاں، وہ روشیں، وہ خیاباں اور پھولوں سے لدی ہوئی کیاریاں سب قصۂ ماضی بن چکی تھیں، اب خود رو بوٹے، خاردار جھاڑیاں اور کہیں کہیں جنگلی گھاس اگی ہوئی نظر آتی تھی، جہاں سیب، انار اور انگور تھے وہاں کڑوے اور ترش پھل، جھاؤ کے درخت اور چند بیری کے بے رونق پودے نظر آتے تھے۔

اُکُل: پھل۔ خمط: وہ پھل جو ترش یا کڑوا ہو۔ اثل: جھاؤ کا درخت۔ سدر: بیری۔

۲۹؎ یہ تو ان کے باغات کا حال ہوا۔ اور ان ناشکروں اور مے پندار سے سرشار مغروروں پر کیا بیتی۔ اس کا کیا پوچھنا۔ ایک کثیر تعداد تو سیلاب میں بہ گئی جو بچ گئے وہ اپنے ملک کو چھوڑ کر دوسرے علاقوں میں تتر بتر ہو گئے، ان کا شیرازہ بکھر گیا، جہاں گئے وہاں کی آبادی میں جذب ہو کر رہ گئے نہ وطن رہا نہ وقار رہا۔ باقی تھا قوم کا نام، وہ بھی مٹ کر رہ گیا۔

۳۰؎ یہ سزا ان کی نافرمانی اور ناشکری کے باعث انہیں دی گئی۔ ہم یوں ہی قوموں کو بلاوجہ تباہ و برباد نہیں کر دیتے، بلکہ یہ ان کے اعمالِ بد ہیں جو انہیں اس ہولناک انجام سے دوچار کر دیتے ہیں۔

۳۱؎ جب وہ خوش حالی اور آرام کی زندگی بسر کر رہے تھے اس وقت اس علاقہ کی چہل پہل کا یہ حال تھا کہ یمن سے لے کر شام فلسطین تک سارا راستہ آباد تھا۔ جگہ جگہ پُر رونق بستیاں تھیں ایک شہر سے نکلے تو دوسرے شہر کے اونچے اونچے مکانوں کی منڈیریں دکھائی دینے لگیں، ابھی ایک شہر کی چہل پہل ختم نہ ہوتی تو دوسری بستی کی دلچسپیاں مسافروں کی توجہ کو جذب کرنے لگتیں۔

"بینھم" سے مراد سبا کا علاقہ ہے۔ "القری التی بارکنا" سے مراد شام و فلسطین کے قصبے اور شہر ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے بابرکت کیا تھا۔ "قری ظاھرۃ" سے مراد وہ گاؤں اور بستیاں ہیں جو کسی شاہراہ پر واقع ہونے کی وجہ سے مسافروں کو دور سے نظر آنے لگتی ہیں۔ یا وہ شہر جن میں اونچے اونچے محلات اور ایوان راہگیروں کو دعوتِ نظارہ دیتے ہیں۔ "ظاہرہ" کا ایک معنی عامرہ بھی ہے یعنی آباد۔ قیل ظاھرۃ ای عامرۃ۔ (بحر محیط)

۳۲؎ یعنی ہم نے سفر کی منزلیں ان میں مقرر کر دی تھیں۔ کوئی شب باشی کے لیے کوئی دوپہر کا قیلولہ کرنے کے لیے۔ ہر جگہ ہر طرح کا سامانِ راحت میسر، آرام دہ سرائیں اور شاندار ہوٹل اپنے مہمانوں کے لیے چشم براہ۔

۳۳؎ یہاں سفر کے لیے ضروری نہیں تھا کہ دن کے اجالے میں ہی ہو۔ رات ہو یا دن ہر مسافر امن و امان سے اپنا سفر جاری رکھ سکتا تھا۔ نہ دن کو کسی قزاق کا خدشہ نہ رات کو لٹ جانے کا خوف۔

اٰمِنِيْنَ ﴿۱۸﴾ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

کے وقت امن و امان سے۔ پھر وہ بولے۔ اے ہمارے رب! دُور دراز کر دے ہماری مسافتوں کو ۳۴؎ (یہ کہہ کر) اُنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم

فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

کیا۔ پس ہم نے انہیں افسانہ بنا دیا اور ہم نے ان (کی جمعیت) کو پارہ پارہ کر دیا ۳۵؎ (سبا کی اس داستان) میں عبرت کی

لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۱۹﴾ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ

نشانیاں ہیں ہر بہت صبر بہت شکر کرنے والے کے لیے ۳۶؎ اور بیشک سچ کر دکھایا ان (ناشکروں) پر شیطان نے اپنا گمان ۳۷؎

۳۴؎ لیکن اس آرام دہ زندگی سے کچھ مدت کے بعد وہ اُکتا گئے، وہ خُدا سے دُعا کرنے لگے کہ ہماری مسافتوں کو طویل کر دے۔ ایک پڑاؤ دوسرے پڑاؤ سے کافی دُور ہو۔ ان کے درمیان وسیع و عریض سنسان صحرا ہوں غیر آباد ویرانے ہوں۔ انہیں چلچلاتی دھوپ جلائے، گرم لُو جھلس ڈالے، پیاس کی شدت سے ہونٹ خشک ہوں، سفر کا مزا تو تب ہے۔ چنانچہ علامہ ابن حیان لکھتے ہیں:

لما طالت بهم مدة النعمة بطروا وملّوا العافيه وطلبوا استبدال الذی هو ادنی بالذی هو خير... فتمنوا ان يجعل الله بينهم و بين الشام المفاوز۔ (بحر)

۳۵؎ ان نعمتوں پر شکر کرنے کے بجائے اُنہوں نے نافرمانی کو اپنا وطیرہ بنا لیا۔ وہ قوم جو فارغ البالی اور خوشحالی کے باعث آفاقِ عالم میں رشک و حسد کی نگاہوں سے دیکھی جاتی تھی، جس کا آفتاب اقبال بڑی بلندی پر چمک رہا تھا جب ہم نے اسے پکڑا تو اسے داستانِ پارینہ بنا کر رکھ دیا۔ اب محض ان کی کہانیاں باقی رہ گئی ہیں۔ اس قوم کا نام و نشان تک مٹ گیا۔ ان کی جمعیت کو ہم نے اس طرح منتشر اور تتر بتر کر دیا کہ جب کوئی جماعت یا قبیلہ منتشر ہوتا ہے تو اہلِ عرب بطور مثال کہتے ہیں: ذهبوا ايدی سبا۔ کہ اس قبیلہ کے لوگ یوں بکھر گئے جس طرح سبا کی قوم کو مختلف راستوں نے ایک دُوسرے سے ہمیشہ کے لیے جُدا کر دیا۔

وقيل للقوم اذا تفرقوا فی جهات مختلف ذهبوا ايدی سبا ای فرقتهم طرقهم التی سلكوها: واليد: الطريق (لسان)

علامہ زمخشری لکھتے ہیں کہ قبیلہ غسان شام چلا گیا۔ انمار یثرب میں۔ جُذام تہامہ میں اور قبیلہ ازد عُمان میں جا کر آباد ہو گئے۔ (کشاف)

۳۶؎ ان کی تباہی کی دردبھری داستان سے وہی لوگ عبرت حاصل کر سکتے ہیں جو صبر و شکر کی صفات سے پوری طرح متصف ہوں۔

۳۷؎ جب شیطان نے مُہلت ملنے کے بعد خالقِ کائنات کے حضور میں یہ لاف زنی کی تھی۔ فبعزتك لاغوينهم اجمعين ولا تجد اكثرهم شاكرين، یعنی مجھے تیری عزت کی قسم! میں ان سب کو گمراہ کرنے کی کوشش کروں گا۔ اس وقت اُسے یہ یقین نہ تھا کہ وہ اپنے اس دعویٰ میں پُورا اترے گا لیکن جب اہل سبا نے اس کی انگیخت پر غوایت و ضلالت کی راہ پر چلنا شروع کر دیا اور ناشکری کی انتہا کر دی، تو اب اس کا وہ گمان درست ثابت ہو گیا۔

فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ

سو وہ اس کی تابعداری کرنے لگے بجز مومنوں کے ایک گروہ کے (جو حق پر ڈٹا رہا) اور نہیں حاصل تھا شیطان کو ان پر ایسا قابو

مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا

(کہ وہ بے بس ہوں) ۳۸؎ مگر یہ سب کچھ اس لیے ہوا کہ ہم دکھانا چاہتے تھے کہ کون آخرت پر ایمان رکھتا ہے اور کون اس کے

فِیْ شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ﴿٢١﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِیْنَ

متعلق شک میں مبتلا ہے اور (اے حبیب!) آپ کا رب ہر چیز پر نگہبان ہے ۳۹؎ آپ فرمائیے (اے مشرکو!) تم پکارو دیکھو

انما قاله ظنًا فلما اتبعوه واطاعوه صدق عليهم ما ظنه فيهم (مظہری) یعنی پہلے تو اس کا یہ غالب گمان تھا کہ وہ انہیں گمراہ کرے گا لیکن جب اہل سبا نے اس کے اشارہ پر ناچنا شروع کر دیا اور اس کی پیروی اختیار کر لی تو اب کے گمان کی تصدیق ہو گئی۔ وقال مجاهد: ظن ظنًا فكان كما ظن فصدق ظنه (قرطبی) کہ اس نے ایک گمان کیا تھا اور وہ گمان پورا ہو گیا تو اب گویا اس کے ظن کی تصدیق ہو گئی۔

۳۸؎ یعنی شیطان کے پاس ایسی کوئی قوت نہ تھی جس کے زور سے وہ انہیں جبراً اپنا پیروکار بنا لیتا اور وہ اپنی مرضی اور ارادہ کے علی الرغم اس کے پیچھے چلنے پر مجبور ہوتے۔ اس کا کام تو صرف وسوسہ اندازی کرنا اور لطائف الحیل سے ورغلانا اور بہکانا تھا۔ اس نے صرف گدگدایا اور یہ صاحبان وقار و متانت کو بالائے طاق رکھ کر گل کھلانے لگ گئے۔ اس نے صرف تار ہلایا اور یہ رقص کرنے لگے۔ اس کی چکنی چپڑی باتوں پر یوں فریفتہ ہو گئے کہ اپنے خالق کو بھی بھلا دیا اور اپنے مخلص راہنماؤں کی پند و موعظت کو بھی ٹھکرا دیا۔

۳۹؎ یہ استثناء منقطع ہے اور اِلَّا۔ لٰکن کے معنی میں استعمال ہوا ہے (قرطبی) نعلم کے معنی کی تحقیق کئی مقامات پر گزر چکی ہے۔ مختصراً خلاصہ یہ ہے کہ نعلم نظهر (ظاہر کرنا)، نمیّز (تمیز کرنا) اور نرٰی (دیکھنا) کے معانی میں مستعمل ہوتا ہے۔ یہاں یہ سارے معانی چسپاں ہو سکتے ہیں اور اگر نعلم جاننے کے معنی میں ہی ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ایک علم تو وہ ہے جو کسی چیز کے ظہور پذیر ہونے سے پہلے اُسے حاصل ہے لیکن اس علم پر جزا و سزا مُرتب نہیں ہو سکتی۔ جب کوئی عمل عالم واقع میں ظہور پذیر ہوتا ہے تب نیکو کار کو جزا کا اور بدکار کو سزا کا مستحق قرار دیا جاتا ہے۔ یہاں علم سے مُراد یہی علم ہے۔ يريد علم الشهادة الذي يقع به الثواب والعقاب (قرطبی)

لیکن علم الٰہی کے بارے میں جو تحقیق علامہ پانی پتی نے کی ہے۔ اہل حق کے نزدیک وہی اولیٰ بالقبول ہے جس کا خلاصہ چند سطور میں پیش خدمت ہے:

فرماتے ہیں: "زمانہ اور زمانیات، اسی طرح مکان اور مکانیات سب حادث ہیں اور ان تمام اُمور کے

زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ

جنہیں تم اللہ تعالیٰ کے سوا اپنا معبود خیال کرتے ہو۔ یہ تو ذرہ برابر کے بھی مالک نہیں ہیں نہ آسمانوں میں

وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ

اور نہ زمین میں اور نہ ان کا زمین و آسمان میں کچھ حصہ ہے اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کا ان میں سے

مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿۲۲﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ۭ حَتّٰٓى

کوئی مددگار ہے ۲۲ اور نہ نفع دے گی سفارش اسکے ہاں مگر جس کے لیے اس نے اجازت دی ہو ۲۳ یہاں تک

متعلق اللہ تعالیٰ کا علم قدیم، ازلی، سرمدی ہے۔ تقدیم و تاخیر جس کا تعلق زمانہ سے ہے اور تحت و فوق جس کا تعلق مکان سے ہے یہ حادث ہے اور اللہ تعالیٰ تو زمان و مکان کا خالق ہے وہ زمانی تقدیم و تاخیر اور مکانی فوق و تحت سے مبرا اور منزہ ہے۔" (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مظہری سورہ سبا کی آیت ۳ اور ۲۱)

۲۲ زعمتم کا مفعول ثانی آلہۃ مقدر ہے۔ ای زعمتموھم الآلہۃ عبارت یوں ہے کہ ای زعمتموھم الآلھۃ۔ (مظہری)
یعنی جن کو تم اپنا خدا یقین کرتے ہو انہیں پکارو۔ دیکھیں وہ تمہاری کیا مدد کرتے ہیں۔ وہ بیچارے تو بے بس اور بے نوا ہیں، وہ تو زمین آسمان میں سے کسی ذرہ کے بھی مالک نہیں۔ مِنْ شِرْكٍ میں "مِن" زائدہ ہے اور شرک بمعنی شرکت یعنی حصہ ہے۔ یعنی ان کا زمین آسمان میں کوئی حصہ نہیں ہے۔ علامہ قرطبی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں: ای ادعوا الذین زعمتم انھم الالھۃ (قرطبی) یعنی انہیں پکارو جنہیں تم خدا خیال کرتے ہو۔ علامہ ابن حیان لکھتے ہیں: زعمتموھم الالھۃ من دونہ (بحر) یعنی جنہیں تم اللہ کے سوا خدا سمجھتے ہو۔ یہ آیت مشرکین کے حق میں نازل ہوئی جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو خدا اور معبود بنائے ہوئے تھے۔ تقریباً سب مفسرین نے اس آیت کی یہی تفسیر بیان کی ہے۔

۲۳ کفار علیٰ سبیل التنزل کہتے تھے کہ چلو ہم مان لیتے ہیں کہ ہمارے ان بتوں کو زمین و آسمان کی کسی چیز پر اختیار نہیں اور نہ کسی چیز کے مالک ہیں اور نہ حصہ دار لیکن قیامت کے روز یہ ہماری شفاعت کریں گے اور ان کی شفاعت کے باعث ہم نجات پا جائیں گے۔ ان کے اس گمان کا ابطال کیا جا رہا ہے کہ ان کا یہ خیال بھی سراسر ہذیان ہے۔ قیامت کے دن ایسا نہیں ہوگا کہ جس کا جی چاہے گا شفاعت کرنے کے لیے کھڑا ہو جائے گا بلکہ شفاعت کے لیے صرف وہ آدمی لب کشائی کرے گا جس کو بارگاہِ الٰہی سے شفاعت کرنے کی اجازت ملے گی اور فقط ان لوگوں کے لیے وہ شفاعت کرے گا جن کی شفاعت کرنے کا اُسے اذن ملے گا۔ اللہ تعالیٰ کے جن مقبول بندوں کو شفاعت کرنے کی اجازت ہو گی۔ وہ تو انبیاء و اولیاء ہوں گے اور انہیں صرف ان گنہگاروں کے لیے سفارش کرنے کا اذن ملے گا جو ایمان کے ساتھ دُنیا سے رخصت ہوئے ہوں۔ رہے تمہارے یہ بُت تو انہیں سرے سے سفارش کرنے کی اللہ تعالیٰ

إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ قَالُوا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ۖ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ

کہ جب دُور کر دی جاتی ہے گھبراہٹ ان کے دلوں سے تو پُوچھتے ہیں کیا ارشاد فرمایا تمہارے رب نے۔ وہ کہتے ہیں اس نے حق فرمایا ہے اور

الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿۲۳﴾ قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ قُلِ

وہی بڑی شان والا سب سے بڑا ہے [۴۲] آپ فرمائیے کون رزق دیتا ہے تمہیں آسمانوں اور زمین سے خود ہی فرمائیے

اللَّهُ ۖ وَإِنَّا أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلَىٰ هُدًى أَوْ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿۲۴﴾ قُلْ

اللہ [۴۳] اور ہم یا تم (دونوں میں سے ایک) ہدایت پر ہے اور (دوسرا) کھلی گمراہی میں ہے [۴۴] فرمائیے

نے اجازت ہی نہیں دی۔ ان کی کیا مجال ہے کہ وہ شفاعت کر سکیں اور وہ بھی ان بدنصیبوں کی جنہوں نے ساری عمر کفر و شرک میں بسر کر دی اور آخر دم تک ایمان نہ لائے۔

[۴۲] فُزِّعَ کا معنی ہے جب دل سے گھبراہٹ اور سراسیمگی دُور ہو جائے گی۔ قال ابن عباس خلی عن قلوبهم الفزع. قطرب: أخرج ما فيها من الخوف. یعنی قیامت کے دن جنہیں اذنِ شفاعت ملے گا وہ بھی اللہ تعالیٰ کے خوف سے ڈر رہے ہوں گے ان کے دل گھبرا رہے ہوں گے کہ دیکھیے ان کے ساتھ آج کیا سلوک کیا جاتا ہے اور جب مولا کریم اپنے فضل و کرم سے انہیں اذنِ شفاعت بخشے گا اور یہ خوف و ہراس دُور ہو گا۔ اس وقت وہ ایک دُوسرے سے اطمینان کے لیے پُوچھیں گے کہ پروردگار نے کیا فرمایا۔ دوسرے انہیں بتائیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے وہ بات فرمائی ہے جو عین حق ہے یعنی اس نے تمہیں اجازت دی ہے کہ تم اہل ایمان گنہگاروں کی شفاعت کرو۔ واقعی اس کی شان سب سے اعلیٰ و ارفع ہے اور وہ بہت بڑا ہے۔

[۴۳] کفار کو لاجواب کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ اپنے رسول کریم کو حکم دیتا ہے کہ آپ ان سے پُوچھیے کہ تمہارے رزق کا اہم پہنچانے والا کون ہے۔ کون بادلوں کے مشکیزے میٹھے پانی سے بھر کر ہواؤں کے کندھوں پر لاد کر لاتا ہے اور تمہارے کھیتوں پر آ کر برساتا ہے۔ یہ سورج کی کرنیں اور چاند کی شعاعیں کس کے حکم سے ہر چیز کی مناسب نشو و نما کر رہی ہیں اور ان کو رنگ اور ذائقہ سے معطر کر رہی ہیں۔ کون ہے جو یہ تمام انتظامات حسن و خوبی سے انجام دے رہا ہے۔ تمہارے کھانے کے لیے ہر طرح کی اجناس، سبزیاں اور پھل تیار کر رہا ہے۔ کفار کے پاس اس سوال کا کوئی جواب نہ تھا، وہ اگر یہ کہتے کہ ان کے بُت یہ سب کچھ کر رہے ہیں تو یہ سفید جھوٹ تھا اور اگر اللہ تعالیٰ کا نام لیتے تو پھر شرک سے چمٹے رہنے کے لیے ان کے پاس کوئی وجہ جواز باقی نہ رہتی۔ اس لیے خود ہی حکم دیا۔ قُلِ اللّٰہ: اے محبوب! یہ اس سوال کا جواب نہیں دیں گے۔ آپ فرما دیجیے اللہ تعالیٰ۔

[۴۴] ہم اللہ تعالیٰ کی توحید کے قائل ہیں اور تم شرک میں مُبتلا ہو۔ ہم دونوں تو راہِ راست پر ہو نہیں سکتے۔ لہٰذا اگر ہم راہِ راست پر ہیں تو تم گمراہ ہو۔ اور اگر تم راہِ راست پر گامزن ہو تو ہم بھٹکے ہوئے ہیں۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ توحید کے ماننے والے اور شرک کرنے والے

لَّا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔلُ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ يَجْمَعُ

تم سے بازپرس نہیں ہوگی ان جرموں کی جو ہم نے کیے اور نہ ہم سے بازپرس ہوگی تمہارے کرتوتوں کی ۴۵ فرمائیے ہمارا رب ہم سب

بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ۭ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۶﴾ قُلْ

کو جمع کرے گا پھر وہ فیصلہ کر دیگا ہمارے درمیان حق (و انصاف) کے ساتھ۔ وہی بہترین فیصلہ کرنیوالا سب کچھ جاننے والا ہے ۴۶ فرمائیے

اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَاۗءَ كَلَّا ۭ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾

مجھے بھی دکھاؤ تو وہ شریک جنہیں تم نے اللہ کے ساتھ ملا دیا ہے۔ ہرگز ایسا نہیں۔ بلکہ فقط وہی اللہ ہے جو زبردست بڑا دانا ہے ۴۷

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَاۗفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ

اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر تمام انسانوں کی طرف بشیر اور نذیر بنا کر ۴۸ لیکن (اس حقیقت کو) اکثر لوگ

دونوں راہِ حق پر چل رہے ہوں۔ اب تم خود ہی فیصلہ کرو کہ حق پر کون ہے۔ ہم یا تم۔ دلائل کس کی تائید کرتے ہیں۔ عقل سلیم کا فیصلہ کس کے حق میں ہے اور خود تمہارے دل کیا کہہ رہے ہیں۔ قیاس استثنائی کی یہ بہترین مثال ہے۔

۴۵ ہر شخص اپنے گناہوں کا بوجھ خود اٹھائے گا۔ اب وقت ہے سمجھنے کی کوشش کرو اور اگر اس حقیقت کو جو سورج سے بھی روشن تر ہے، سمجھ چکے ہو تو نادان بچوں کی طرح بے جا ہٹ اور ضد نہ کرو، ورنہ پچھتانا پڑے گا۔

۴۶ اللہ تعالیٰ ہم سب کو میدانِ حشر میں جمع کرے گا اور ہمارے جھگڑے کا خود فیصلہ فرمائے گا۔ اس سے بہتر اور کون فیصلہ کرسکتا ہے۔ کون سی بات ہے جس کا اسے علم نہ ہو۔ یفتح ای یحکم و یفصل (مظہری)

۴۷ مجھے دکھاؤ وہ کہاں ہیں جو اللہ تعالیٰ کے شریک بنتے ہیں یا جنہیں بنایا جاتا ہے۔ "اَرُوْنِیْ" کا پہلا مفعول ضمیر متکلم منصوب متصل، دوسرا مفعول "الذین الحقتم بہ" اور تیسرا مفعول "شرکاء" ہے۔

۴۸ اس آیت کی تفسیر اس حدیث پاک سے ہوتی ہے جو حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے۔

"عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال فُضِّلْتُ علی الانبیاء بِسِتٍّ۔ اُعطیتُ جوامع الکلم۔ وَ نُصِرْتُ بالرعب۔ و اُحِلَّتْ لِیَ الغنائم وجُعِلَتْ لِیَ الارض مسجداً وَطھوراً۔ واُرسلتُ الی الخلق کافۃ۔ وخُتِمَ بِیَ النبیون۔"

ترجمہ: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام انبیاء پر چھ باتوں میں فضیلت دی ہے۔ مجھے اس نے جوامع الکلم عطا فرمائے۔ (یعنی قلیل الفاظ میں کثیر معانی کو بیان کر دینا)۔ اس نے رعب سے میری مدد کی۔ میرے لیے غنیمت حلال کی

النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٨﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ

نہیں جانتے۔ اور وہ کہتے ہیں کب پورا ہوگا یہ وعدہ (بتاؤ) اگر تم

صَادِقِينَ ﴿٢٩﴾ قُل لَّكُم مِّيعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَأْخِرُونَ عَنْهُ سَاعَةً

سچے ہو۔ فرمائیے (اے منکرو!) تمہارے لیے وعدہ کا دن مقرر ہے۔ نہ تم اس سے ایک لمحہ پیچھے ہٹ سکو گے اور

وَلَا تَسْتَقْدِمُونَ ﴿٣٠﴾ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَن نُّؤْمِنَ بِهَٰذَا الْقُرْآنِ

نہ (ایک لمحہ) آگے بڑھ سکو گے۔ کفار (اب تو) کہتے ہیں کہ ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے اس قرآن پر [۴۹]

وَلَا بِالَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ مَوْقُوفُونَ

اور نہ ان کتابوں پر جو اس سے پہلے نازل ہوئیں۔ کاش (تم وہ منظر) دیکھو جب یہ ظالم کھڑے کیے جائیں گے

عِندَ رَبِّهِمْ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ الْقَوْلَ يَقُولُ الَّذِينَ

اپنے رب کے روبرو اس وقت یہ ایک دوسرے پر الزام دھریں گے۔ کہیں گے وہ لوگ جو (دنیا میں)

گئی۔ میرے لیے تمام روئے زمین مسجد قرار دی گئی اور طہارت کا ذریعہ بنایا اور مجھے تمام مخلوقات کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا اور مجھے تمام نبیوں کے آخر میں بھیج کر سلسلہ نبوت ختم کیا۔

"کافۃ" کے مفہوم اور ترکیب کے بارے میں مختلف اقوال منقول ہیں۔ زجاج کے نزدیک "کافۃ" کا معنی جامع ہے: قال الزجاج ای وما ارسلناك الا جامعاً للناس بالانذار والابلاغ۔ بعض کے نزدیک یہ "کفّ" کا اسم فاعل ہے جس کا معنی روکنا ہے اور "ھا" مبالغہ کے لیے ہے۔ یعنی ہم نے آپ کو اس لیے بھیجا ہے کہ آپ سب لوگوں کو کفر و عصیان سے روکیں۔ معناہ کافاً للناس تکفھم عن ما ھم فیہ من الکفر۔ اور آخرت میں آپ انہیں دوزخ میں گرنے سے روکیں گے۔ اس کی ترکیب میں بھی متعدد قول ہیں۔ بعض نے اسے مصدر محذوف کی صفت بنایا ہے۔ اس تقدیر پر عبارت یوں ہوگی۔ وما ارسلناك الا ارسالۃ کافۃ یعنی عامۃ شاملۃ ... اور بعض نے اسے ارسلناك کی ضمیر خطاب کا حال بنایا ہے اور للناس جار مجرور اس کے ساتھ متعلق ہے اور بعض نے اسے للناس کا حال بنایا ہے۔ اگرچہ اکثر نحوی مجرور پر حال کو متقدم کرنا درست نہیں سمجھتے لیکن یہاں اہتمام کی وجہ سے تقدیم جائز ہے۔ "وکافۃ" حال من الناس قُدِّم علیہ للاھتمام یعنی ارسلناك لاجل ارشاد الناس کافۃ عامۃ احمرھم واسودھم (مظہری)

[۴۹] آج تو کفار بڑے کبر و غرور سے قرآن پر ایمان لانے سے انکار کر رہے ہیں اور اپنی اس احمقانہ ضد کو دانشمندی قرار دے رہے ہیں لیکن

اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لَوْلَا أَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِينَ ﴿٣١﴾ قَالَ

کمزور سمجھے جاتے تھے ان سے جو بڑے بنا کرتے تھے اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور با ایمان ہوتے ۔ جواب دیں گے

الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا أَنَحْنُ صَدَدْنَاكُمْ عَنِ

متکبر ان کمزوروں کو کیا ہم نے تمہیں روکا تھا

الْهُدَىٰ بَعْدَ إِذْ جَاءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُجْرِمِينَ ﴿٣٢﴾ وَقَالَ الَّذِينَ

ہدایت قبول کرنے سے جب (نور) ہدایت تمہارے پاس آیا تھا، درحقیقت تم خود مجرم تھے ۔ کہیں گے وہ

اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا بَلْ مَكْرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ إِذْ تَأْمُرُونَنَا

کمزور لوگ ان مغروروں سے (یوں نہیں) بلکہ تمہارے شب و روز کے مکر و فریب نے ہمیں ہدایت سے باز رکھا جب تم ہمیں حکم

أَنْ نَكْفُرَ بِاللَّهِ وَنَجْعَلَ لَهُ أَنْدَادًا ۚ وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا

دیتے تھے کہ ہم اللہ کو ماننے سے انکار کر دیں اور (دوسروں) کو اس کا ہمسر بنائیں ۳۳ اور دل ہی دل میں پچھتائیں گے جب دیکھیں گے

جب قیامت کے دن انہیں قبروں سے نکال کر اللہ تعالیٰ کے روبرو پیش کیا جائے گا اس وقت ان کی حالت دیدنی ہوگی۔ سارا خمار اتر چکا ہوگا، گریہ مسکین بنے فرطِ ندامت سے ہونٹ کاٹ رہے ہوں گے۔ جب غضبِ الٰہی کے بھڑکتے ہوئے شعلے دیکھیں گے تو آپس میں الجھنا شروع کر دیں گے۔ ان آیات کا مفہوم واضح ہے۔

۳۳ اس کی ترکیب غور طلب ہے۔ کمزور اور ضعیف لوگ کہیں گے کہ اے سردارو! تم رات دن اسلام کے خلاف سازشیں کرتے تھے۔ کبھی قرآن کی کسی آیت پر اعتراض کرتے کبھی حاملِ قرآن پر پھبتیاں کستے، کبھی مسلمانوں کی خستہ حالی کا مذاق اڑاتے اور ہمیں بار بار اس امر کی تلقین و دہائی کرتے تھے کہ جس راہ پر تم چل رہے ہو یہی سیدھی راہ ہے۔ مبادا کسی کے کہنے سے اس سے بھٹک جاؤ۔ دائیں بائیں دیکھنے کی ضرورت نہیں آنکھیں بند کیے ہمارے پیچھے چلے آؤ۔ تم خود سوچو اگر مسلمانوں کا مذہب سچا ہوتا تو ہم جو اتنے زیرک اور قوم کے راہنما اور اپنے ملک کے لیے وجہِ افتخار ہیں اسے قبول نہ کر لیتے ہم نے اس مسئلہ پر بڑی سنجیدگی سے غور کیا ہے۔ ہم نے اس کی پوری پوری تحقیق کی ہے۔ ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ مسلمان اپنا آبائی دین چھوڑ کر گمراہ ہو گئے ہیں۔ اے ہمارے سردارو! ہمیں دینِ حق سے روکنے کے لیے تم شب و روز اسی قسم کے مکر و فریب کرتے رہتے تھے۔ کیا تمہاری بیٹھکوں پر ہر وقت اسی قسم کی گفتگو نہیں ہوا کرتی تھی۔ تم لوگوں کو کفر پر اڑے رہنے کی ہر وقت ترغیب نہیں دیا کرتے تھے؟ ہمیں تو تمہاری یہ مکاریاں لے ڈوبیں ورنہ ہمیں

الْعَذَابَ ۚ وَجَعَلْنَا الْأَغْلَالَ فِي أَعْنَاقِ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ هَلْ يُجْزَوْنَ

عذاب کو اور ہم ڈال دیں گے طوق ان لوگوں کی گردنوں میں جنہوں نے کفر کیا (خواہ وہ بڑے ہوں یا چھوٹے) کیا نہیں

إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٣٣﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا فِي قَرْيَةٍ مِّن نَّذِيرٍ إِلَّا

بدلہ دیا جائیگا بجز اسکے جو وہ کیا کرتے تھے ۶۱ اور نہیں بھیجا ہم نے کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا مگر یہ کہ (برملا)

قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ ﴿٣٤﴾ وَقَالُوا نَحْنُ أَكْثَرُ

کہہ دیا وہاں کے آسودہ حال لوگوں نے ہم اس (دین) کا جو دیکر تم بھیجے گئے ہو انکار کرتے ہیں۔ اور کہتے (تم کون ہو ہمیں ڈرانے والے) ہمارا

أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿٣٥﴾ قُلْ إِنَّ رَبِّي يَبْسُطُ

مال بھی (تم سے) زیادہ ہے اور اولاد بھی ۶۲ اور ہمیں عذاب نہیں دیا جا سکتا ۶۳ آپ فرمائیے بیشک میرا رب کشادہ کرتا ہے

اپنی عاقبت برباد کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ لیل اور نہار کیونکہ ان مکاریوں اور حیلہ سازیوں کے لیے ظرفِ زمان ہیں اس لیے مکر کی نسبت بطور مجاز ان کی طرف کردی گئی۔ "اغلال" اس کا واحد "غل" ہے۔ وہ زنجیر جو گلے میں ڈالی جاتی ہے۔

۶۱ آخر میں یہ بات واضح کردی کہ ہر شخص کو ارادہ اور اختیار کی آزادی دی گئی ہے۔ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ اپنے ارادہ اور اختیار کو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری میں صرف کرے۔ اگر کوئی نادان کسی کی خوشنودی کے لیے اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ان صلاحیتوں سے فائدہ نہیں اٹھاتا اور کسی کی کورانہ تقلید کی وجہ سے گمراہی کے راستہ پر گامزن رہتا ہے تو وہ سن لے کہ قیامت کے دن اس کا یہ عذر ہرگز مقبول نہ ہوگا کہ اس نے فلاں شخص کے مجبور کرنے سے ایسی حرکت کی۔ اگر وہ اس کو مجبور نہ کرتا یا اسے اپنے فریب میں مبتلا نہ کرتا تو وہ ہرگز یہ غلطی نہ کرتا۔ فرمایا جیسا کرو گے ویسا بھرو گے جو جنس کاشت کرو گے وہی کاٹو گے۔ اب اچھی طرح سوچ لو تمہیں کیا کرنا چاہیے۔

طبقہ امرا کا ہمیشہ سے یہی رویہ رہا ہے انہیں زندگی کے سارے عیش و آرام نصیب ہوتے ہیں۔ روپے پیسے کی ریل پیل ہوتی ہے جس طرف سے گزرتے ہیں لوگ تعظیم کے لیے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اس سے زیادہ انہیں اور کیا چاہیے۔ اگر غریبوں پر ظلم ہوتا ہے تو ہوا کرے۔ اگر کسی کی آبرو لٹتی ہے تو لٹتی رہے۔ اگر اقدار عالیہ کا ان کے معاشرہ میں مذاق اڑایا جاتا ہے تو ان کی بلا سے۔

ان حالات میں جب کسی انقلاب کا کوئی داعی اٹھتا ہے تو سب سے زیادہ پریشانی انہیں لاحق ہوتی ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اگر "انقلاب برپا ہو گیا" ان کی عیش و نشاط کی بساط الٹ دی جائے گی۔ اس لیے جب کبھی عقائد کی اصلاح اور معاشرے کی خرابیوں کو دور کرنے کے لیے کوئی اللہ تعالیٰ کا بندہ تشریف لایا تو اس طبقہ امرا نے اس کی دعوت کو قبول کرنے سے صاف صاف انکار کر دیا۔

۶۲ اور کہا تم کون ہو ہماری اصلاح کرنے والے، یہ عالیشان حویلیاں تمہاری ہیں یا ہماری، یہ باغات اور حد نظر تک لہلہاتے

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۳۶ وَ

رزق کو جس کے لیے چاہتا ہے اور تنگ کر دیتا ہے (جس کیلئے چاہتا ہے) لیکن اکثر لوگ (ان حکمتوں کو) نہیں جانتے ۵۴ اور

مَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ

(یاد رکھو) نہ تمہارے اموال اور نہ ہی تمہاری اولاد ایسی چیزیں ہیں جو تمہیں ہمارا قرب بخشیں، مگر جو ایمان لایا اور

اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَ

نیک عمل کرتا رہا (اسے ہمارا قرب نصیب ہو گا) ۵۵ پس یہی لوگ ہیں جن کے لیے دوگنا صلہ ہے ان کے عملوں کا اور

هُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ۝۳۷ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ

وہ بالاخانوں میں امن وامان سے رہیں گے ۵۶ اور جو لوگ کوشاں ہیں ہماری آیتوں کی تکذیب میں تاکہ ہمیں ہرادیں ۵۷

ہوئے کھیت کس کے ہیں۔ یہ درجنوں بچے جن کی جوانی اور طاقت کی بلائیں زمانہ لے رہا ہے۔ ان کا باپ کون ہے۔ اگر ہم گمراہ ہوتے تو ہمارے ہاں دولت کی یوں فراوانی ہوتی، سامانِ عیش وعشرت کی یوں کثرت ہوتی۔ گم کردہ راہ تو تم ہو، اسی وجہ سے نہ تمہیں کھانے کو روٹی ملتی ہے اور نہ پہننے کو کپڑا، جاؤ اپنا کام کرو۔ ہماری پرسکون زندگی میں بے اطمینانی کا زہر مت گھولو۔

۵۳ پہلے تو قیامت کا تصور ہی خلافِ عقل ہے۔ اگر بفرضِ محال تمہارے کہنے کے مطابق قیامت آ بھی گئی تو کس کی مجال ہے کہ ہم جیسے اکابرِ ملت اور زعماءِ قوم کی طرف کوئی میلی آنکھ اٹھا کر بھی دیکھ سکے۔

۵۴ یہ غلط فہمی صرف دورِ قدیم کے اغنیاء وامراء کو نہ تھی، بلکہ اس روشن زمانہ کے اکثر متمول اور خدا فراموش لوگوں کا یہی حال ہے اس لیے اس آیت میں اس کا ازالہ کر دیا کہ رزق کی کمی بیشی کسی کے گمراہ یا ہدایت یافتہ ہونے کی کوئی کسوٹی نہیں۔ رزق کی تقسیم اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے وہ اپنی حکمت کے پیشِ نظر کسی کو رزق زیادہ دیتا ہے اور کسی کو کم۔ ہدایت چیز ہی الگ ہے۔ یہ نعمت انہیں بخشی جاتی ہے جن کے دل میں اس کی طلب ہو اور اس کو قبول کرنے کی صلاحیت ہو۔ لیکن اکثر لوگ اس حقیقت کو نہیں جانتے۔ وہ رزق کے پیمانے سے ہدایت کو ماپتے رہتے ہیں۔

۵۵ یہ نہ سمجھو کہ اگر تمہارے پاس مال بکثرت ہو گا اور بچوں کی تعداد زیادہ ہو گی تو تم خدا کے مقرب بن جاؤ گے۔ یہاں تو شرفِ پذیرائی اسے بخشا جاتا ہے جس کے دل میں ایمان کا چراغ روشن ہو اور جو اپنے حسنِ عمل سے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی فلاح وبہبود میں مشغول رہے۔

۵۶ ایسے نیک بختوں کو ان کے اعمالِ حسنہ کا کئی گنا اجر ملے گا۔ فردوسِ بریں کے بالاخانوں میں وہ قیام کریں گے۔ کسی قسم کا غم واندیشہ ان کی راحتوں میں خلل انداز نہیں ہو گا۔ ۵۷ اس کی تشریح پہلے گزر چکی ہے۔ ملاحظہ ہو اسی سورت کی آیت ۵

أُولَٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُونَ ﴿٣٨﴾ قُلْ إِنَّ رَبِّي يَبْسُطُ الرِّزْقَ

وہی لوگ عذاب میں ہمیشہ گرفتار رہیں گے ۳۸ آپ فرمائیے بے شک میرا پروردگار کشادہ کر دیتا ہے رزق

لِمَنْ يَشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۚ وَمَآ أَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ

کہ جس کے لیے چاہتا ہے اپنے بندوں سے اور تنگ کر دیتا ہے جس کے لیے چاہتا ہے۔ اور جو چیز تم خرچ کرتے ہو تو وہ اس کی جگہ

فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِينَ ﴿٣٩﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ

اور دے دیتا ہے اور وہ بہترین رزق دینے والا ہے۔ اور جس روز وہ ان سب کو جمع کرے گا پھر

يَقُولُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ أَهٰٓؤُلَآءِ إِيَّاكُمْ كَانُوا يَعْبُدُونَ ﴿٤٠﴾ قَالُوا سُبْحٰنَكَ

فرشتوں سے پوچھے گا کیا یہ لوگ تمہاری پوجا کیا کرتے تھے۔ ۳۹ فرشتے عرض کریں گے تو پاک ہے ہر

أَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُونِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوا يَعْبُدُونَ الْجِنَّ ۚ أَكْثَرُهُمْ

شرک سے ہمارا مالک تو ہے ہمارا ان سے کیا واسطہ بلکہ یہ تو جنوں کی عبادت کیا کرتے تھے۔ ان میں سے اکثر

بِهِمْ مُؤْمِنُونَ ﴿٤١﴾ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَفْعًا وَلَا

ان پر ایمان رکھتے تھے۔ پس آج تم میں سے کوئی ایک دوسرے کو نہ نفع پہنچانے کی قدرت رکھتا ہے اور نہ

---

۳۸ ان بدبختوں کو پکڑ کر عذاب الٰہی میں جھونک دیا جائے گا۔ وہ ادھر ادھر نہیں بھاگ سکیں گے۔

۳۹ بعض مشرک قبائل فرشتوں کی پرستش کیا کرتے تھے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ فرشتے (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں۔ قیامت کے دن انہیں شرمندہ کرنے کے لیے فرشتوں سے پوچھا جائے گا (ای تبکیتا لھم) اے ملائکہ! یہ ہیں تمہارے پجاری تم تو انہیں خوب پہچانتے ہوگے اور ان سے تمہارے بڑے گہرے مراسم ہوں گے۔ فرشتے کہیں گے اے ہمارے مالک! اے معبود برحق! تو ہر قسم کے شرک سے منزہ ہے۔ ہماری بندگی بھی تیرے لیے، ہماری دوستی بھی تیرے ساتھ۔ تو ہی ہمارا آقا اور تو ہی ہمارا مالک۔ ان سے تو ہمارا قطعاً کوئی تعلق نہیں۔ "ای انت ربنا الذی نتولاہ و نطیعہ و نعبدہ و نخلص فی العبادۃ" (قرطبی) علامہ آلوسی لکھتے ہیں: (ای انت الذی نوالیہ من دونھم لا موالاۃ بیننا و بینھم) (روح المعانی)۔ یہ تو شیطان اور اس کے حواریوں کی پوجا کرتے تھے اور انہیں فرشتہ سمجھتے تھے۔

ضَرًّا ۗ وَنَقُولُ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّتِي كُنتُم بِهَا

نقصان کی۔ اور ہم کہیں گے جنہوں نے ظلم کیا تھا کہ چکھو آتش (جہنم) کا عذاب جس کو تم

تُكَذِّبُونَ ﴿٤٢﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالُوا مَا هَٰذَا إِلَّا

جھٹلایا کرتے تھے ۵۹؎ اور جب پڑھ کر سنائی جاتی ہیں انہیں ہماری آیتیں درآنحالیکہ وہ بالکل واضح ہیں کہتے ہیں نہیں ہے یہ مگر

رَجُلٌ يُرِيدُ أَن يَصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُكُمْ وَقَالُوا مَا هَٰذَا

ایسا شخص جس نے ارادہ کر لیا ہے کہ روک دے تمہیں ان (معبودوں) سے جنکی تمہارے باپ دادا پوجا کیا کرتے تھے۔ نیز کہتے ہیں نہیں ہے

إِلَّا إِفْكٌ مُّفْتَرًى ۚ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ إِنْ

یہ قرآن مگر جھوٹ گھڑا ہوا۔ اور کفار کہتے ہیں حق کے بارے میں جب وہ ان کے پاس آیا کہ نہیں ہے

هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿٤٣﴾ وَمَا آتَيْنَاهُم مِّن كُتُبٍ يَدْرُسُونَهَا ۖ وَمَا

یہ مگر جادو کھلا کھلا ۶۰؎ اور نہ ہی ہم نے انہیں کوئی کتابیں دیں جنکا یہ مطالعہ کرتے ہوں اور نہ

أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِن نَّذِيرٍ ﴿٤٤﴾ وَكَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

ہی ہم نے بھیجا ان کی طرف آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا ۶۱؎ اور (انبیاء کی) تکذیب کی جو ان سے پہلے گزرے ۶۲؎

۵۹؎ یعنی جو لوگ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی غیر کی عبادت کرتے تھے اور ان کو اپنا معبود یقین کرتے تھے۔ قیامت کے دن وہ ایک دوسرے کو کوئی نفع یا نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔ بلکہ حکم خداوندی کے مطابق انہیں جہنم رسید کر دیا جائے گا۔ تاکہ وہ اپنے کرتوتوں کی سزا چکھیں۔

۶۰؎ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور قرآن کریم کے بارے میں ان کے بے سروپا الزامات کا ذکر ہو رہا ہے۔ یہ نبی تو ان کی بہتری کے لیے کوشاں ہے۔ اور وہ سمجھتے ہیں کہ یہ ہمیں راہ حق سے بھٹکانا چاہتا ہے۔ قرآن کریم کا نور تو ظلمت کدۂ عالم کو رشک طور بنا رہا ہے اور یہ کہتے ہیں کہ یہ سراسر جھوٹ ہے۔ انہیں معجزات دکھائے جاتے ہیں تو یہ کہتے ہیں یہ تو سحر مبین ہے۔ ایسے الٹی کھوپڑی کے لوگ کیسے فلاح پا سکتے ہیں۔

۶۱؎ ان کی جہالت کا ذکر کیا جا رہا ہے۔

۶۲؎ ان سے پہلے بھی میرے انبیاء تشریف لائے اور ان کی قوموں نے انہیں جھٹلایا۔ ان کو طرح طرح سے ستایا۔ آخر کار ہم

وَمَا بَلَغُوا مِعْشَارَ مَا آتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوا رُسُلِي ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿٤٥﴾

اور یہ (کفار مکہ) نہیں پہنچے دسویں حصہ کو بھی جو (قوت و دبدبہ) ہم نے ان کو دیا تھا پس جب انہوں نے جھٹلایا میرے رسولوں کو تو کتنا ہولناک تھا میرا عذاب۔

قُلْ إِنَّمَا أَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۖ أَنْ تَقُومُوا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ

(اے حبیب!) آپ (انہیں) فرمائیے میں تمہیں صرف ایک نصیحت کرتا ہوں (یہ تو مان لو) تم اللہ کیلئے کھڑے ہو جاؤ دو دو یا اکیلے اکیلے

تَتَفَكَّرُوا ۚ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِنْ جِنَّةٍ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ

پھر خوب سوچو (تمہیں ماننا پڑے گا) تمہارے اس رفیق میں جنوں کا شائبہ تک نہیں ہے ۳۳ نہیں ہے وہ مگر بروقت خبردار کرنے والا تمہیں

نے ان کو برباد کر دیا۔ قریش مکہ جو آج میرے حبیب مکرم سے اکڑ اکڑ کر باتیں کرتے ہیں ان کی کیا حقیقت ہے ان کے پاس تو اسکا دسواں حصہ بھی نہیں جو ہم نے پہلی قوموں کو دیا تھا۔ ان کا ملک بھی زیادہ وسیع تھا۔ ان کی زمین بھی بڑی زرخیز تھی۔ ان کی حکومت بھی بڑی مستحکم تھی لیکن جب انہوں نے نافرمانی کی روش اختیار کی تو ہم نے ان پر اپنا عذاب نازل کیا جس نے انہیں بایں جاہ و حشمت خاک سیاہ کر کے رکھ دیا۔ یہ بیچارے کس باغ کی مولی ہیں اور اپنے آپ کو کیا سمجھ رہے ہیں۔ معشار اور عشر ہم معنی ہیں یعنی دسواں حصہ بعض اہل لغت نے کہا ہے کہ عُشر دسویں حصہ کو کہتے ہیں اور معشار دسویں حصے کے دسویں حصہ کو کہا جاتا ہے۔ المعشار و العُشر سواء لغتان: وقیل المعشار عُشر العُشر: قال الجوھری معشار الشئ عُشرہ۔ نکیر: اصل میں نکیری تھا۔ وقیل المعشار عُشر العشیر والعشیر ھو عُشر العُشر فیکون جُزأ من الف جزء۔ قال الماوردی ھو الاظھر: لان المراد بہ المبالغۃ فی التقلیل یعنی بعض نے کہا ہے کہ معشار عشیر کے دسویں حصہ کو کہتے ہیں اور عشیر عُشر کا دسواں حصہ ہوتا ہے تو اس طرح معشار ہزارویں حصہ کو کہیں گے۔ ماوردی کہتے ہیں، یہ معنی بہت مناسب ہے کیونکہ یہاں مقصد انکے مال کی قلت بتانا ہے۔

۳۳ حضور فخر عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلاف جو لوگ طوفان بدتمیزی برپا کیا کرتے تھے اور ناروا الزامات لگا کر سادہ لوح لوگوں کو متنفر کیا کرتے تھے انہیں کہا جا رہا ہے کہ ہم اس تنازعہ کا فیصلہ تم پر چھوڑتے ہیں۔ کسی غیر کو یہاں حکم بنانے کی ضرورت نہیں۔ تم میری صرف ایک نصیحت مان لو وہ یہ ہے کہ تم دو دو مل کر یا اکیلے تنہائی میں بیٹھ کر اس امر پر غور کرو کہ تم جو اپنے رفیق اور بچپن کے ساتھی کو مجنون کہتے ہو۔ اس کی تمہارے پاس کوئی معقول وجہ بھی ہے۔ کیا تم نے انہیں مجنونوں کی طرح بے سروپا باتیں کرتے کبھی سنا ہے؟ دیوانوں کی طرح شور مچاتے ہنگامہ آرائی کرتے کبھی دیکھا ہے؟ تم انہیں کتنا دق کرتے ہو، کتنی اذیت پہنچاتے ہو۔ اس کے باوجود کبھی یہ آپے سے باہر ہو کر تم سے دست بدست ہوئے ہیں۔ کبھی انہوں نے ناشائستہ بات تک بھی کی ہے۔ ان کا ہر کام مقصدیت اور معنویت کا لاجواب نمونہ ہوتا ہے۔ ان کا ہر فعل اتنا دلربا اور روح افزا ہوتا ہے کہ قربان ہونے کو جی چاہتا ہے۔ گفتگو کرتے ہیں تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ حکمت کے موتی بکھیر رہے ہیں۔ متانت، وقار، سچائی اور بردباری میں ان کی مثال نہیں پیش کی جا سکتی۔ کل تک تم بھی انہیں

يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿٤٦﴾ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ

سخت عذاب کے آنے سے پہلے ۔ فرمائیے (لوگو!) جو معاوضہ میں نے تم سے مانگا ہے وہ تم اپنے پاس

اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿٤٧﴾ قُلْ

رکھو۔ میری (دلسوزیوں) کا اجر تو بس اللہ کے ذمہ ہے ۔ اور وہ ہر چیز پر گواہ ہے ۶۴ ۔ فرمائیے

اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿٤٨﴾ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا

بیشک میرا رب (باطل پر) حق سے ضرب لگاتا ہے وہ سب غیبوں کو جاننے والا ہے ۶۵ ۔ (اے محبوب!) اعلان کر دیجئے حق آ گیا

يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ﴿٤٩﴾ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ

اور باطل کی قوت کا خاتمہ ہو گیا ۶۶ ۔ فرمائیے (تمہارے گمان کے مطابق) اگر میں بہک گیا ہوں تو اس کا وبال

صادق اور امین کہہ کر پکارا کرتے تھے۔ اب تم ہی بتاؤ کہ ان میں یکایک کون سی تبدیلی آگئی ہے کہ تم نے ان کے بارے میں اپنی رائے بدل لی ہے۔ ان امور میں اکیلے بیٹھ کر غور کرو یا اپنوں میں سے جن کو تم باشعور اور زیرک سمجھتے ہو انہیں بلا کر ان سے تبادلۂ خیال کرو۔ لیکن خدارا تعصب اور ضد کو ایک طرف رکھ دو۔ محض حق سمجھنے کے لیے اگر ایسا کرو گے تو یقیناً تم اس نتیجہ پر پہنچو گے کہ اللہ کا محبوب نہ مجنون ہے نہ اس پر آسیب کا اثر ہے۔ نہ یہ مفتری ہے اور نہ اس کے پیشِ نظر کوئی سیاسی مفاد ہے۔ یہ جو کچھ کر رہا ہے محض تمہاری خیرخواہی کے لیے کر رہا ہے۔ وہ تمہیں عذابِ الٰہی سے بچانا چاہتا ہے۔ وہ تمہیں بر وقت خوابِ غفلت سے بیدار کرنا چاہتا ہے۔ دل کی آنکھوں سے انہیں دیکھو۔ انہیں پہچانو۔ ان کی قدر کرو۔ ان کے بروقت انتباہ سے فائدہ اٹھاؤ۔ تم تو بڑے دُوراندیش اور معاملہ فہم لوگ ہو۔ ایسی ناشائستہ حرکتیں تمہیں تو زیب نہیں دیتیں۔

۶۴ اللہ تعالیٰ اپنے نبی مکرم کو حکم دیتے ہیں کہ آپ انہیں فرمائیے کہ اگر میں نے کبھی تم سے کوئی معاوضہ طلب کیا ہو، اپنے لیے چند فراہم کیا ہو تو وہ تم مجھ سے واپس لے لو۔ میں اس خیرخواہی کا اجر تم سے آخر کیوں مانگوں۔ تم مجھے دے کیا سکتے ہو۔ زیادہ دریادلی دکھاؤ تو چند درہم اور چند دینار ہی مجھے دو گے۔ میری نگاہ میں تو دُنیا بھر کے سیم و زر کی قدر مچھر کے پر کے برابر بھی نہیں۔ میرا اجر دینے والا میرا رب کریم ہے جو غنی بھی ہے اور سخی بھی۔ نہ اس کے خزانے ختم ہوتے ہیں اور نہ دیتے ہوئے اس کے ہاتھ تھکتے ہیں۔ اور اس نے مجھے اتنا دیا ہے کہ تم اس کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ میرا رب وہ ہے جو میرے اور ہر شخص کے ظاہری اور باطنی احوال کا مشاہدہ کر رہا ہے۔ اس علیم و خبیر رب پر ایمان رکھتے ہوئے میں یہ جرأت کیسے کر سکتا ہوں کہ ناحق نبوت کا دعویٰ کر بیٹھوں۔

۶۵ آپ فرمائیے میرا رب وہ جبار و قہار ہے کہ باطل کی طاغوتی قوتوں پر حق کا وار کرتا ہے اور انہیں ریزہ ریزہ کر کے رکھ دیتا

عَلٰى نَفْسِيْ ۚ وَاِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوْحِيْٓ اِلَيَّ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ

میری جان پر ہو گا اور اگر میں ہدایت پر ہوں تو محض اس وحی کے باعث جو میرا رب میری طرف بھیجتا ہے بیشک وہ سب کچھ سننے

قَرِيْبٌ ۝۵۰ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ

والا، بالکل نزدیک ہے کاش! تم دیکھو جب یہ گھبرائے ہوں گے، بچ نکلنے کی کوئی صورت نہ ہو گی اور قریب ہی سے پکڑ لیے

قَرِيْبٍ ۝۵۱ وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۢ

جائیں گے ٥١ اس وقت کہیں گے ہم ایمان لے آئے ان پر ٥٢ لیکن اب کیونکر وہ پا سکتے ہیں ایمان کو اتنی

بَعِيْدٍ ۝۵۲ وَّقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ

دور جگہ سے ٥٣ حالانکہ وہ کفر کرتے رہے ان سے اس سے پہلے ٥٤ اور دور سے بن دیکھے یاوہ گوئیاں

ہے۔ یرمی بہ الباطل فید مغہ۔ (مظہری)

٥٠ آپ اعلان کر دیجئے کہ حق آگیا اور باطل مٹ گیا۔ باطل کے مٹنے کو "ما یبدئ الباطل وما یعید" سے تعبیر کیا گیا ہے۔ عربی محاورہ میں جب کسی چیز کی ہلاکت اور بربادی کا ذکر کرنا ہو تو انہی الفاظ سے کرتے ہیں۔ لا یبدی ولا یعید، فصار قولھم لا یبدی ولا یعید مثلاً فی الھلاک۔ کیونکہ جو ہلاک اور فنا ہو جائے نہ وہ کوئی نیا کام شروع کر سکتا ہے اور نہ کسی کام کا اعادہ کر سکتا ہے۔ علامہ ابن منظور لکھتے ہیں کہ جب کوئی شخص بے بس اور کمزور ہو جائے اس وقت کہتے ہیں فلان ما یعید وما یبدئ اذا لم یکن لہ حیلۃ۔ میں نے اسی کے مطابق ترجمہ کیا ہے یعنی اسلام کو قوت و غلبہ نصیب ہو گیا۔ اور باطل کے مقدر میں ذلت و رسوائی لکھ دی گئی۔ اب یہ نہ اسلام کو مٹا سکتا ہے اور نہ مسلمانوں کو کچھ نقصان پہنچا سکتا ہے۔

٥١ اب تو بڑی ڈینگیں مار رہے ہیں۔ ذرا اس منظر کا تصور کیجئے جب روز محشر انہیں ہانک کر اللہ تعالیٰ کی عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ اوسان خطا ہوش اڑے ہوئی، آنکھیں پھٹی پھٹی، کوشش کریں گے کوئی راہ مل جائے تو فرار ہو جائیں لیکن وہاں بھلا کون انہیں بھاگنے دے گا۔ اسی وقت فرشتے ہتھکڑیاں ڈال کر آگے دھر لیں گے۔ اُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ میں ایک خاص لطف ہے۔ وہ یہ سمجھ رہے ہوں گے کہ ابھی انہیں کسی نے نہیں دیکھا اب وقت ہے روپوش ہونے کا۔ کانوں کان کسی کو خبر ہی نہیں ہو گی کہ کہاں تھے اور کدھر غائب ہو گئے۔ عین اس وقت ان کے بالکل قریب سے انہیں پکڑنے والے اچانک نمودار ہو جائیں گے اور بھاگ جانے کی جو تدبیریں وہ کر رہے تھے وہ یکایک خاک میں مل جائیں گی۔

٥٢ اس وقت پکارنے لگیں گے کہ ہم تو اس نبی مکرم پر دل و جان سے ایمان لے آئے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول اور

مَّكَانٍۢ بَعِيدٍ ﴿٥٣﴾ وَحِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُونَ كَمَا فُعِلَ

کرتے رہے [لئہ] اور رکاوٹ کھڑی کر دی جائے گی ان کے درمیان اور ان چیزوں کے درمیان [کئہ] جو وہ

ہادی برحق ہیں۔

[ق] کفار اب ایمان لانا چاہتے ہیں اور توبہ کرنا چاہتے ہیں۔ اب وہ وقت بیت گیا۔ اب وہ گھڑیاں دور بہت دور ماضی بعید میں کھو گئیں۔ وہ روز و شب کتنے قیمتی تھے جب انہیں حق کی طرف بلانے والا ان کے پاس آ آکر دعوت دیتا تھا۔ جب سعادتِ دارین بانٹنے والا ان کے دروازوں پر آکر دستک دیا کرتا تھا۔ افسوس انہوں نے اس وقت اس موقع سے فائدہ نہ اٹھایا آج قیامت کے روز وہ چاہتے ہیں کہ ہدایت کا نور انہیں مل جائے۔ ان کی توبہ قبول ہو جائے۔ "ناممکن از بس محال"

تناوش کا معنی بتاتے ہوئے علامہ جوہری لکھتے ہیں۔ والتناوش: التناول، قوله تعالی وانی لهم التناوش من مکان بعید یقول انی لهم تناول الایمان فی الآخرۃ وقد کفروا به فی الدنیا یعنی تناوش کا معنی کسی چیز کو پالینا اللہ تعالی کے اس ارشاد کا معنی یہ ہے کہ آج قیامت کے دن وہ ایمان کو کس طرح پا سکتے ہیں جب کہ دنیا میں وہ اس کا انکار کرتے رہے۔

قرآن کریم ہمیں ان حقائق سے اس لیے آگاہ نہیں کرتا کہ ہم دوسروں کی نادانیوں کے قصہ خواں بنے رہیں۔ مقصد تو ہمیں ہوشیار کرنا اور ہمیں تنبیہ کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں چشم بینا عطا فرمائے۔

[لئہ] یعنی آج ایمان لانے کا کیا فائدہ۔ دنیا میں تو وہ ہمارے رسول کے ساتھ کفر ہی کرتے رہے اور ان کی دل آزاری میں مشغول رہے۔ میرے نبی مکرم کے کمالات کا انکار کرنے کے سوا ان کا کوئی مشغلہ ہی نہ تھا۔

[لئہ] جب کوئی شخص لایعنی باتیں کرتا ہے اور ہرزہ سرائی کرتا ہے تو عرب کہتے ہیں۔ یقذف بالغیب العرب تقول لکل من تکلم بما لا یحق: هو یقذف ویرجم بالغیب۔ (قرطبی)

کفار کا بھی یہی حال ہے۔ بغیر کسی عقلی دلیل کے اپنے کفریہ عقائد پر اڑے ہوئے ہیں کبھی اللہ تعالیٰ کی توحید کا انکار کرتے ہیں، کبھی قرآن کو من گھڑت افسانہ کہتے ہیں کبھی قیامت کے عقیدہ کا مذاق اڑاتے ہیں۔ "من مکان بعید" کہہ کر ان کی بیہودہ گوئی کی مزید تشریح کر دی۔ کہ ایک تو اندھیرے میں تیر مار رہے ہیں دوسرا نشانہ سے بہت دور کھڑے ہو کر۔ کیا ایسے تیر اندازوں کا تیر بھی نشانہ پر لگ سکتا ہے۔ یہی حال ان لوگوں کا ہے۔ اس آیت میں بھی روز محشر کو ان کا جو حال ہو گا، اس کو بیان کیا گیا ہے۔

[کئہ] اس آیت میں بھی قیامت کے دن ان پر جو گزرے گی اس کو بیان کیا جا رہا ہے۔

یعنی اس وقت ان کی بڑی خواہش ہو گی کہ ان کا ایمان قبول کر لیا جائے اور انہیں عذاب سے نجات مل جائے لیکن آج وہ اپنی اس آرزو کو نہیں پا سکتے۔ ان کے درمیان اور ان کی آرزو کے درمیان ایک دیوار کھڑی کر دی گئی ہے جس کو پھاندنا ان کے بس کا روگ نہیں ہے۔ آج یوں ہی کف افسوس ملتے، اشکِ ندامت بہاتے اور اپنی قسمت کو کوستے دوزخ میں جھونک دیئے جائیں گے۔

بِأَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿۵۴﴾ ع

ع ۶ ۱۲

دل سے چاہتے ہوں گے جیسے انکے ہم مشرب لوگوں کیساتھ پہلے کیا گیا تھا۔ ۵۳ وہ ایسے شک میں مُبتلا تھے جو دوسروں کو بھی شک میں ڈالنے والا تھا ۵۴

۵۳ے اشیاع، جمع الجمع ہے۔ شیع کی، اور شیع جمع ہے شیعہ کی۔ یعنی ان کے ہم عقیدہ دُوسرے کفار کے ساتھ بھی ایسا ہی کیا گیا تھا۔

۵۴ے مُریب باب افعال کا اسم فاعل ہے اس کا معنی ہے دُوسرے کو شک میں ڈالنا۔

أَرَبْتُ الرجل جعلت فيه ريبة (و ريبة) او صلتُ اليه الريبة (لسان العرب)

یعنی وہ کم بخت شک میں یوں مُبتلا ہُوئے کہ دُوسرے لوگ بھی ان کے باعث شک میں مبتلا ہوتے چلے گئے؛ یعنی ان کا شک اتنا سنگین قسم کا تھا کہ وہ دوسروں کو بھی لے ڈوبا اور ان کے یقین کا چراغ بھی گل کر گیا۔

اياك نعبد واياك نستعين ۔ اهدنا الصراط المُستقيم ۔ صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين ۔ آمين ثم آمين ۔

وصلى الله تعالىٰ على حبيبه الكريم ورسوله الرؤف الرحيم وعلى آله وصحبه وبارك وسلّم ۔

قد فرغت بتوفيقه تعالىٰ من هذه التعليقات وقد اخذ المؤذن يعلن بصوته الرخيم اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمد رسول الله

لا زالت كلمة الله هي العلياء

وكلمة الذين كفروا السفلى

اللّٰهم ارفع ذكره وعظم شانه وبين برهانه وامتنا على دينه وعلى حبه واحشرنا يوم القيامه تحت لواءه انت يا رب كريم جواد وهاب ۔

محمد کرم شاہ

نظرِ ثانی

وقت العصر	وقت الضحیٰ ۔ یوم السبت
یوم الثلاثاء ۸ رجب ۹۱ھ	۱۵ رجب ۹۳ھ ۔ ۲۶ اغسطس ۱۹۷۳ء
۳۱ اغسطس ۱۹۷۱ء	بهیرہ سودھی
بھکھال	

تعارف

سُورۂ فاطر

نام: یہ سورت دو ناموں سے مشہور ہے۔ فاطر اور ملائکہ۔ یہ دونوں لفظ پہلی آیت میں مذکور ہیں۔ اس کی آیتوں کی تعداد پینتالیس ہے۔ اس میں نو سو ستر کلمات اور تین ہزار ایک سو تیس حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: یہ سورت مکی عہد میں نازل ہوئی۔ مضامین میں غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ سورۂ سبا اور فاطر کا زمانۂ نزول قریب قریب ہے۔

مضامین: کفر و شرک، فسق و فجور کے گھپ اندھیروں میں انسانیت کا کارواں عرصہ سے ٹھوکریں کھا رہا تھا وہ ان اندھیروں سے اب اتنا مانوس ہو گیا تھا کہ اُسے ٹھوکر پر ٹھوکر کھانے سے گھبراہٹ یا ندامت تک محسوس نہ ہوا کرتی۔ ایسے لوگوں کو ان تاریکیوں سے نکال کر ہدایت کی چمکتی دمکتی شاہراہ پر گامزن کرنے کا فریضہ اس سورت میں بھی انجام دیا جا رہا ہے۔ اس میں افہام و تفہیم بھی ہے اور زجر و توبیخ بھی۔ اس میں دلجوئی اور دلداری بھی ہے اور سرزنش اور جھڑک بھی۔ انتہائی صراحت اور بڑی وضاحت سے اپنے قارئین کو بتایا جا رہا ہے کہ ان کے اعمال نیک و بد پر کیا نتائج مرتب ہونے والے ہیں۔ ویسے تو سورۂ پاک کی ہر آیت گنجینۂ معرفت اور مخزن ہدایت ہے لیکن چند مضامین خصوصی توجہ کے مستحق ہیں۔

۱۔ عقیدۂ توحید کو ثابت کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی عظمتوں اور اس کی شانِ کبریائی کو بیان کیا گیا ہے۔ اس کے پہلو بہ پہلو وہ معبودانِ باطل جن کی پرستش مشرکین مکہ بلکہ دنیا بھر کے مشرک کیا کرتے تھے ان کی بے بسی کا بڑے مؤثر پیرایہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ اگر انسانیت دم نہ توڑ چکی ہو تو انسان کی آنکھیں ضرور کھل جاتی ہیں اور اس کے لیے یہ فیصلہ کرنا قطعاً مشکل نہیں ہوتا کہ اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک کے بغیر کسی کی عبادت عقل و خرد کی رسوائی اور انسانیت کی انتہائی تذلیل ہے۔ جو ذات یہ اختیار رکھتی ہو کہ جس کو جیسے چاہے پیدا کر دے جو چاہے، جتنا چاہے دے دے اور جس وقت چاہے اپنی نعمتیں واپس لے لے اور زمین و آسمان میں کوئی ایسی قوت نہ ہو جو اس کے فیصلے کو بدل دے، تو وہی قوی اور عزیز ساری کائنات کا معبود اور پروردگار ہے۔ اس کے بغیر کوئی بھی ایسا نہیں جسے خدا سمجھا جائے یا اس کی پرستش کی جائے۔ اس مضمون کو مختلف انداز سے کئی بار اس سورت میں دہرایا گیا ہے تاکہ قاری کے ذہن میں توحید کا سبق پوری طرح نقش ہو جائے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کا محبوب نبی اور برگزیدہ بندہ علیہ الصلوٰۃ والسلام جو سراپا رافت و رحمت بن کر تشریف لایا تھا جس کے پاک دل

میں شفقت و خلوص کا سمندر موجزن تھا جس کی اولوالعزمی کا یہ تقاضا تھا کہ انسانیت کے دامن پر کفر و فسق کا کوئی نشان بھی باقی نہ رہے بھولا ہوا انسان، بھٹکا ہوا انسان، منزل سے دُور، بہت دُور واماندۂ راہ انسان، پھر اپنے آپ کو پہچان لے، اس کا سینہ علوم لدنیہ کا مخزن بن جائے۔ اس کی پیشانی انسانی سعادت کا عنوان بن جائے تاکہ فرشتے پھر اس کے سامنے سر جھکانے لگیں، وہ رؤف و رحیم مرشد و اولوالعزم ہادی کفار کے عناد اور بے جا تعصب کو دیکھتا تو اسے بڑا ہی دکھ ہوتا۔ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو بار بار تسلی دے رہے ہیں کہ اے حبیب! آپ نے تو اپنا فرض باحسن طریق ادا کر دیا اگر یہ ہدایت قبول نہیں کرتے تو ان کی قسمت۔ آپ افسردہ نہ ہوں، آپ غمزدہ نہ ہوں آپ سے پہلے بھی جو انبیاء تشریف لائے ان کی قوموں نے بھی ان کے ساتھ اسی قسم کا سلوک کیا۔

۳۔ جو لوگ راہِ راست کو چھوڑ کر کجروی اختیار کرتے ہیں، صاف ستھری پاکیزہ زندگی کے بجائے فسق و فجور سے آلودہ غلیظ زندگی گزارنا پسند کرتے ہیں۔ اس کے اسباب کا ذکر فرما دیا۔ پہلا سبب تو یہ بتایا کہ دنیوی زندگی کی چمک دمک ان کی آنکھوں کو خیرہ کر دیتی ہے۔ اہلِ دنیا جس سرور و عیش اور جاہ و جلال سے اپنا وقت بسر کرتے ہیں۔ انہیں دیکھ کر دوسرے لوگوں کے دلوں میں بھی ریس پیدا ہوتی ہے، وہ بھی چاہتے ہیں کہ انہیں بھی یہ عیش و نشاط میسر ہو، وہ بھی جس راستے گزریں زمین ان کی ہیبت سے کانپنے لگے، وہ اس ظاہری چمک دمک کے اندر جھانک کر نہیں دیکھ سکتے۔ ورنہ اس کی تہ میں جتنے خوفناک اندھیرے ہیں وہ انہیں نظر آجاتے اور وہ یوں اس پر لٹو نہ ہو جاتے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اگرچہ فطرتِ انسانی طبعی طور پر گناہوں سے متنفر ہوتی ہے لیکن شیطان ان گناہوں کو اس طرح آراستہ پیراستہ کر کے ان کے سامنے پیش کرتا ہے کہ وہ اس پر فریفتہ ہو جاتے ہیں اور فطرتِ سلیمہ کے پُر زور احتجاج کے باوجود وہ گناہوں کی دلدل میں پھنستے چلے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ اپنا نقدِ دین و ایمان بلکہ ناموس و مروت کو بھی بے دریغ اس راہ میں لُٹا دیتے ہیں۔ آیت نمبر ۵ اور نمبر ۶ میں بڑی واضح تنبیہ فرما دی کہ اے لوگو! کان کھول کر سن لو تمہیں دُنیا کی زندگی کے یہ ٹھاٹھ باٹھ، راہِ حق سے برگشتہ نہ کر دیں یہ سراب ہے چمکتا ہوا سراب، جو تمہیں دکھائی دے رہا ہے۔ ابلیس اور اس کے عیار گماشتے اپنی چکنی چپڑی باتوں سے تمہیں بدکاریوں کا خوگر نہ بنا دیں۔ یاد رکھو شیطان تمہارا ازلی دشمن ہے اپنی سلامتی چاہتے ہو تو اس کو اپنا دشمن ہی سمجھا کرو، ورنہ وہ تمہیں ایسی لڑھکنیاں دے گا کہ قعرِ جہنم میں جا گرو گے۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں کس محبت و شفقت سے اپنے ازلی دشمن کی فریب کاریوں سے بچنے کی تلقین فرمائی ہے۔

۴۔ پہلے اپنی قدرت و حکمت اور کبریائی کی تکوینی دلیلیں پیش فرمائیں۔ ان میں فکر و تدبر کی دعوت دی۔ اس کے بعد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے اہلِ علم ہی اس سے ڈرتے ہیں۔ اس طرح اہلِ علم کی عزت افزائی بھی فرما دی اور یہ بھی بتا دیا کہ اہلِ علم وہ ہیں، جو آیاتِ ربانی میں غور و فکر کرتے ہیں اور ان اسرار و رموز کا سُراغ لگاتے ہیں جو کائنات کے مختلف رُوپوں میں جلوہ نما ہیں۔

آخر میں بتا دیا کہ اگر اللہ تعالیٰ حلیم اور کریم نہ ہو تو ہر بدکار کو چشم زدن میں نیست و نابود کر دے لیکن اس کی حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ لوگوں کو بار بار سنبھلنے کی مُہلت دی جائے اور ان پر قبولِ ہدایت کا دروازہ کھلا رکھا جائے۔ مقررہ گھڑی سے پہلے جو چاہے آئے اور رحمتِ خداوندی سے اپنے دامنِ حیات کو معمور کر لے۔

سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ فاطر مکی ہے اس کی ۴۵ آیتیں اور ۵ رکوع ہیں — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں ۱ جو پیدا کرنے والا ہے آسمانوں اور زمین کا ۲ جس نے بنایا ہے فرشتوں کو پیغام رساں ۳

اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۭ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ۭ

جو پر دار بازوؤں والے ہیں کسی کے دو کسی کے تین اور کسی کے چار ۴ وہ زیادہ کرتا ہے بناوٹ میں جو چاہتا ہے

۱ حمد کہتے ہیں کسی کے کمالاتِ اختیاریہ پر اس کی توصیف و ثنا کرنا۔ کیونکہ درحقیقت اللہ تعالیٰ کی ذات ہی تمام کمالات اختیاریہ سے موصوف ہے اس لیے حقیقی حمد و ثنا اسی کے لیے سزاوار اور اسی کے لیے مخصوص ہے۔ باقی جہاں کہیں کوئی خوبی اور کمال پایا جاتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی عطا اور دین ہے۔ اس لیے جس چیز کی بھی ثنا کی جائے درحقیقت وہ اللہ تعالیٰ کی ہی ثنا ہوگی جس نے اس شخص یا چیز کو اس کمال و خوبی سے متصف فرمایا ہے۔

۲ یہاں اللہ تعالیٰ کے چند کمالاتِ قدرت کا ذکر کیا جا رہا ہے۔

کسی چیز کو بغیر کسی پہلے نمونہ کے عدمِ محض سے موجود کرنے کو فطر کہتے ہیں۔ الفطرۃ : الابتداء والاختراع۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو نیست سے ہست فرمایا ہے۔ ان کا پہلے کوئی نمونہ نہ تھا جس کو دیکھ کر اس کی نقل اتاری گئی ہو۔ اس کے علم، قدرت اور حکمت کا اندازہ کیونکر لگایا جا سکتا ہے جس نے اتنی بڑی کائنات کو یوں آراستہ پیراستہ کرکے تخلیق فرمایا اور اس کی پختگی کا یہ حال ہے کہ ان گنت سال گزر گئے۔ اس میں کوئی شگاف، بوسیدگی کی کوئی علامت ظاہر نہیں ہوئی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فطر کے لفظ کا صحیح مفہوم مجھے اس وقت معلوم ہوا جب دو اعرابی ایک کنوئیں کے بارے میں جھگڑتے ہوئے میرے پاس آئے اور ان میں سے ایک نے کہا : اَنَا فَطَرْتُهَا ۔ یعنی اس کنوئیں کو میں نے ابتداءً کھودا ہے۔ اے انا ابتدأتُ حفرها (لسان)

۳ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا دوسرا کمال یہ ہے کہ اس نے اپنے انبیاء اور رسل تک پیغام رسانی کی خدمت فرشتوں کے ذمہ لگائی ہے۔ وہ جنابِ الٰہی سے وحی لے کر انبیاء و رسل تک پہنچاتے ہیں اور الہام و القاء سے اولیاء کاملین کو مشرف فرماتے ہیں۔ یہ بڑی سنگین ذمہ داری ہے اس میں ذرا سی خیانت اور معمولی سی غفلت ناقابلِ برداشت ہے لیکن فرشتے اس خدمت کو اس حسن و خوبی سے انجام دے رہے ہیں کہ خیانت و غفلت کا ان کے متعلق گمان تک نہیں کیا جا سکتا۔

۴ اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے احکام تکوینیہ کی تنفیذ بھی ان کا کام ہے۔ اس لیے ہر فرشتہ کو اس کی ذمہ داریوں کے

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝۱ مَا یَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ

بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے ۔ ؎ جو عطا فرمائے اللہ تعالیٰ لوگوں کو (اپنی) رحمت سے تو

فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا یُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ ؕ وَ

اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو روک دے تو اسے کوئی دینے والا نہیں اسے روکنے کے بعد ؎ اور

هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝۲ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ ؕ

وہی سب پر غالب بڑا دانا ہے اے لوگو! یاد رکھو اللہ تعالیٰ کی نعمت کو جو اس نے تم پر فرمائی ؎

پیشِ نظر مختلف درجہ کی قوت ارزانی فرمائی گئی ہے۔ اجنحۃ اس کا واحد جناح ہے، پَر۔ بازو۔ یعنی کسی کو دو، کسی کو تین، کسی کو چار پر بخشے گئے ہیں اور بعض جلیل القدر فرشتے ایسے بھی ہیں جنہیں اس سے بھی زیادہ پَر عنایت کیے ہیں۔ صحیح حدیث میں ہے:

عن ابن مسعود ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رای جبرئیل علیہ السلام له ستمائة جناح۔ (مسلم)

ترجمہ: حضرت ابن مسعود کہتے ہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جبرئیل کو دیکھا کہ ان کے چھ سو پَر تھے۔

اس سے ایک طرف فرشتوں کی قوت اور غیر معمولی صلاحیتوں کا اظہار فرما دیا، دوسری طرف ان لوگوں کے زعم باطل کی تردید کر دی جو ان کو اپنا خدا مانتے ہیں۔ بتا دیا کہ وہ تو اللہ تعالیٰ کی ایک نہایت ہی فرمانبردار نورانی مخلوق ہے۔ تعمیلِ حکمِ ربانی میں ذرا سستی نہیں کرتے۔

؎ اللہ تعالیٰ ایک مخلوق کو دوسری مخلوق پر وجاہت، قوت، حسن، علم اور دیگر بے شمار کمالات میں جس طرح چاہتا ہے برتری اور بزرگی عنایت فرماتا ہے۔ وہ ہر چیز پر قادر ہے، کوئی امر اس کے لیے دشوار نہیں اور نہ اس کی عطا پر کسی کو اعتراض کرنے کا حق ہے۔

؎ اس کی رحمت بے پایاں ہے۔ اس کے رحمت فرمانے کے انداز نرالے ہیں۔ اپنی رحمت کا دروازہ وہ جس کے لیے کھول دے کسی کی مجال نہیں کہ اگر جبراً اسے بند کر دے اور اگر وہ کسی پر اپنے درِ رحمت کو بند کر دے تو کسی کی طاقت نہیں کہ زبردستی اسے کھول سکے۔ وہ قادر مختار ہے۔ اس کا ہر کام اس کی شانِ حکمت کا آئینہ دار ہے۔

یفتح کا اصل معنی تو یہ ہے کہ کسی بند چیز کو کھول دینا۔ یہاں بطور مجاز یعطی کے معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ یعنی عطا کرنا، بخشش کرنا۔ ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔ ای ما یعطی اطلق الفتح وھو الاطلاق واراد به الاعطاء تجوزا اطلاقا للسبب علی المسبب۔ (مظہری)

؎ قدرتِ الٰہی کے چند مظاہر پیش کرنے کے بعد روئے سخن سب انسانوں کی طرف ہے کہ اے انسانو! زندگی، صحت، علم، عزت، دولت اور غیرہا جن نعمتوں سے اللہ تعالیٰ نے تمہیں مالا مال کیا ہے انہیں یاد رکھو اور اس محسنِ حقیقی کا شکر ادا کیا کرو۔ (معنی

هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ط

(بھلا یہ تو بتاؤ) کیا اللہ کے بغیر کوئی اور خالق بھی ہے جو تمہیں رزق دیتا ہے آسمان اور زمین سے ؎

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝۳ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ

نہیں کوئی معبود بجز اس کے سو (اس سے) منہ پھیر کر کدھر جا رہے ہو ؎ اور اے حبیب! اگر یہ آپ کو جھٹلا رہے ہیں (تو کوئی نئی

رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ط وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۴ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ

بات نہیں) آپ سے پہلے بھی رسولوں کو جھٹلایا گیا اور (آخر کار) اللہ کی طرف ہی سارے کام لوٹائے جاتے ہیں ؎ اے لوگو! (یاد رکھو) یقیناً

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٭ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ

اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ پس دھوکہ میں نہ ڈال دے تمہیں یہ دنیوی زندگی ؎ اور نہ فریب میں مبتلا کردے تمہیں اللہ کے

هذا الذكر الشكر (قرطبی)

؎ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی خالق نہیں، تمہیں بھی اس نے پیدا فرمایا اور تمہارے رزق کے سارے سامان بھی اسی نے پیدا فرمائے تخلیق میں جب اس کا کوئی شریک نہیں تو رزق رسانی میں بھی اس کا کوئی شریک نہیں۔ جب خالق بھی وہی ہے اور رازق بھی وہی تو پھر خود انصاف کرو اور کون ہے جو عبادت کرنے کے لائق ہو۔ ہرگز نہیں سب کہو۔ لا الٰہ الا ھو۔

؎ تُؤْفَكُوْنَ کے دو ماخذ ہو سکتے ہیں۔ الأفك والإفك : الأفك کا معنی پھیرنا ہے اور الإفك کا معنی جھوٹ بولنا۔ علامہ قرطبی اور دیگر علماء تفسیر نے یہاں الأفك کو تؤفكون کا ماخذ قرار دیا ہے یعنی تم کتنے نادان ہو کہ اپنے خالق، رازق اور اپنے معبود حقیقی سے منہ موڑ کر شیطان کی پیروی میں دیوانہ وار دوڑے جا رہے ہو۔ مِنَ الأفك (بالفتح) وهو الصرف يقال ما افكك عن كذا اى ما صرفك عنه (قرطبی)

؎ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب راہ حق سے ان کی روگردانی ملاحظہ فرماتے تو از حد افسردہ خاطر ہوتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے حبیب! ان کا انکار کوئی اچنبھا نہیں۔ ہمیشہ سے باطل پرستوں نے اپنے پیغمبروں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا ہے۔ اس لیے رنجیدہ نہ ہوا کریں۔ سب معاملات آخر کار اللہ تعالیٰ کے پاس ہی لوٹ کر آنے والے ہیں وہ خود فیصلہ فرما دے گا۔

؎ پہلے یا ایہا الناس فرما کر لوگوں کو توحید کی دعوت دی اور شرک سے اجتناب کرنے کی تاکید فرمائی۔ اب یا ایہا الناس فرما کر ان امور سے باخبر کر دیا جو انسان کی تباہی اور بربادی کا باعث بنتے ہیں۔ اس دوسرے خطاب کا آغاز اس چیز سے کیا کہ اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے کہ قیامت آئے گی اور تم سے تمہارے اعمال کے بارے میں باز پرس ہوگی۔ یہ وعدہ کسی عام آدمی کا نہیں جو جھوٹا وعدہ کرنے میں شرم

الْغَرُوْرُ ۝ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ۭ اِنَّمَا يَدْعُوْا

بارے میں وہ بڑا فریبی۔ یقیناً شیطان تمہارا دشمن ہے تم بھی اسے (اپنا) دشمن سمجھا کرو [۱۲] وہ فقط اسلئے (سرکشی کی)

محسوس نہ کرے یا اپنی کمزوری کی وجہ سے اس کو پورا نہ کر سکے۔ ایسا نہیں ہے یہ وعدہ اللہ تعالیٰ کا ہے اور اللہ کا وعدہ ہمیشہ سچا ہوا کرتا ہے۔ اس کے بعد فرمایا کہ زندگی کی ان ناپائیدار لذتوں میں اس حد تک نہ کھو جانا کہ تمہیں قیامت کا دن سرے سے یاد ہی نہ رہے۔ نیز ہوشیار رہنا کہیں وہ فریبی اور دھوکہ باز تمہیں کوئی چکمہ دے کر راہِ حق سے بہکا نہ دے۔ حضرت سعید بن جبیرؓ نے پہلے جملے کا یہ مفہوم بیان کیا ہے: غرور الحیٰوۃ الدنیا ان یشتغل الانسان بنعیمہا ولذاتہا عن عمل الآخرۃ۔ یعنی دنیوی زندگی کا دھوکہ یہ ہے کہ انسان اس کی نعمتوں اور لذتوں میں یوں مشغول ہو جائے کہ آخرت کے لیے کوئی عمل کرنے کی اس کے پاس فرصت ہی نہ رہے۔ اور دوسرے جملہ کا معنی سمجھنے کے لیے غرور کا مفہوم ذہن نشین کرنا ضروری ہے۔ قال الاصمعی الغرور الذی یَغُرُّکَ: والغرور الاباطیل۔ (لسان العرب)۔ یعنی اصمعی جو فنِ لغت اور ادب کے امام ہیں کہتے ہیں۔ غرور اسے کہتے ہیں جو تجھے دھوکہ اور فریب میں مبتلا کردے۔ فریبی، مکار، دھوکہ باز اور غرور ان چیزوں کو کہا جاتا ہے جن کی محبت اور چاہت کے باعث انسان دھوکہ کھا جاتا ہے اور فریب میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ ارشادِ ربانی ہے: اے لوگو! تمہیں کوئی فریبی، کوئی دھوکہ باز دھوکہ میں مبتلا نہ کردے۔

کیونکہ سب سے بڑا دھوکہ باز شیطان ہے اس لیے بعض علماء نے لکھا ہے کہ آیت میں غرور سے مراد شیطان ہے۔ بیشک شیطان دھوکہ بازی کے فن میں بے نظیر ہے وہ ہر شخص کو ایک قسم کے دامِ فریب میں پھانسنے کی کوشش نہیں کرتا۔ وہ ہر شخص کی نفسیات کو جانتا ہے۔ وہ ہر انسان کے کمزور پہلوؤں سے خوب واقف ہے اور ہر انسان پر اس کا حملہ اس کے کمزور پہلو سے ہوا کرتا ہے۔ عقل کے پجاریوں کو وہ ایسا چکر دیتا ہے کہ وہ کبھی تو خدا کا سرے سے انکار کر دیتے ہیں، کبھی اس کا شریک ٹھہرانے لگتے ہیں اور کبھی اس کائنات کے کارخانہ سے اس کو لاتعلق قرار دیتے ہیں اور کبھی نزولِ وحی اور وقوعِ قیامت کو عقل کے منافی ثابت کرتے ہیں اور جو لوگ علم و عقل سے اتنی دلچسپی نہیں رکھتے انہیں کبھی دولت کا لالچ دے کر، کبھی اقتدار کے سانے خواب دکھا کر، کبھی شہرتِ دوام کے چکر میں اسیر کرکے ان سے ایسی ایسی خسیس، سفاکانہ اور مروت سے گری ہوئی حرکتیں کراتا ہے کہ اسے دیکھنے والے ہکا بکا رہ جاتے ہیں اور جو خدا پر اور قیامت پر ایمان محکم رکھتے ہیں ان کی شمعِ ایمان اگر بجھا نہیں سکتا تو ان کے کانوں میں چپکے سے یہ افسوں پھونک دیتا ہے کہ تیرا رب غفور رحیم ہے بیشک نماز نہ پڑھو، بیشک داد عیش دیتے رہو۔ اس کی مغفرت کے سامنے تیرے گناہوں کی کیا حقیقت ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ اس جملہ کی بہترین تشریح حضرت سعید بن جبیرؓ نے فرمائی ہے:

"قال الغرور باللہ ان یعمل بالمعاصی ثم یتمنّٰی علی اللہ تعالیٰ المغفرۃ"۔

ترجمہ: یعنی اللہ تعالیٰ کے ساتھ غرور کا مطلب یہ ہے کہ انسان دھڑا دھڑ گناہ کرتا رہے اور تمنا یہ کرے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بخش دے گا۔

۱۲۔ شیطان تمہاری خیر خواہی کے ہزار دعوے کرے، وہ تم سے دوستی کے عہد و پیمان کرتے ہوئے کتنی سخت قسمیں کھائے تم اس کو

حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۞٦ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ

دعوت دیتا ہے اپنے گروہ کو تاکہ وہ جہنمی بن جائیں۔ جن لوگوں نے کفر اختیار کیا ان کے لیے سخت

شَدِيْدٌ ۬ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ

عذاب ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے، ان کے لیے مغفرت اور بہت بڑا

كَبِيْرٌ ۞٧ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ

اجر ہے۔ پس کیا وہ شخص جس کے لیے مزین کر دیا گیا ہے اسکا برا عمل اور وہ اسکو خوبصورت نظر آتا ہے اس کیلئے آپ آزردہ

مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۖۗ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ

کیوں ہوں، بیشک اللہ گمراہ کرتا ہے جسکو چاہتا ہے اور ہدایت بخشتا ہے جسکو چاہتا ہے ١٣ پس نہ گھلے آپ کی جان انکے لیے

ع ٧ — ١٢

وہ مجھوٹا ہے وہ تمہارا ازلی دشمن ہے۔ تمہاری وجہ سے جو چوٹ اس کو لگی ہے اس کی ٹیسیں کم نہیں ہوئیں، تم اس کی میٹھی میٹھی باتوں میں آجاتے ہو۔ وہ تو ہر لمحہ ایسے موقع کی تلاش میں ہے کہ فرصت ملے تو تمہیں ایسی لڑکھنی دے کہ تم اپنے بلند مقام سے منہ کے بل خاکِ ذلت پر پٹاخ سے آگرو اور وہ زور سے قہقہہ لگائے اور تمہارا مذاق اڑائے، نادان نہ بنو ایسے خطرناک دشمن سے ہمیشہ چوکنے رہو۔ جب وہ تمہارا دشمن ہے تو تم بھی اس کو اپنا دشمن سمجھو تب ہی تم اس کے فریب سے بچ سکتے ہو۔

١٣ علامہ قرطبی کہتے ہیں۔ افمن زین له سوء عمله فرآه حسنا، یہ سارا جملہ مبتدا ہے اس کی خبر محذوف ہے جس پر فلا تذھب نفسك دلالت کرتا ہے۔ اس صورت میں تقدیر کلام یوں ہوگی۔ افمن زین له سوء عمله فرأه حسنا ذھبت نفسك علیھم حسرات : یعنی کیا ایسے لوگ جو اپنے برے اعمال کو خوشنما سمجھ رہے ہیں ان کے لیے ازراہِ غم آپ اپنی جان گھلا رہے ہیں۔ مدعا یہ ہے کہ وہ ایسی ہمدردی اور دلسوزی کے مستحق نہیں۔

ابتدا میں جب انسان گناہ کرتا ہے تو اس کا دل اُسے ملامت کرتا ہے۔ اس کے رویہ کے خلاف سخت احتجاج کرتا ہے۔ لیکن اگر وہ باز نہیں آتا تو دل کی آواز مدھم پڑجاتی ہے یا اس کے کان بہرے ہو جاتے ہیں کہ فطرتِ سلیم کی صدائے احتجاج اُسے سنائی نہیں دیتی۔ اس کے بعد ایک اور مرحلہ آتا ہے کہ گناہ، گناہ محسوس ہی نہیں ہوتا۔ بلکہ وہی عین صواب نظر آنے لگتا ہے جب کوئی شخص اس مرحلہ پر پہنچتا ہے تو وہ ایک لاعلاج مریض ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل دنیوی زندگی کے فریب سے بھی بچائے اور اس شاطر و عیار دشمن کے شر سے بھی محفوظ رکھے۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِمَا یَصْنَعُوْنَ ۝ وَ اللّٰهُ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ

فرطِ غم سے بیشک اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے جو (کرتوت) وہ کیا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ وہ ہے جو بھیجتا ہے

الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّیِّتٍ فَاَحْیَیْنَا بِهِ

ہواؤں کو وہ اٹھا لاتی ہیں بادل کو پھر ہم لے جاتے ہیں بادل کو مردہ شہر کی طرف پھر ہم زندہ کر دیتے ہیں اس بادل

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝ مَنْ كَانَ یُرِیْدُ الْعِزَّةَ

(کے مینہ) سے زمین کو اس کے مردہ ہو جانے کے بعد۔ یونہی (انہیں) (قبروں سے) اٹھایا جائے گا ۱۴ جو عزت کا طلبگار ہو (وہ جان لے)

فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِیْعًا ؕ اِلَیْهِ یَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّیِّبُ وَ الْعَمَلُ الصَّالِحُ

کہ ہر قسم کی عزت اللہ تعالیٰ کے لیے ہے ۱۵ اسی کی طرف چڑھتا ہے پاکیزہ کلام اور نیک عمل

۱۴ تم مرنے کے بعد کی دوبارہ زندگی کو محال سمجھ رہے ہو۔ اگر تمہیں دیدۂ حق بین میسر ہے تو ذرا اسے کھولنے کی زحمت اٹھاؤ اور ہر طرف دیکھو کیا تمہیں ایسے مناظر بار بار دکھائی نہیں دیتے۔ خشک سالی کے باعث زمین اجاڑ ہو جاتی ہے۔ زندگی کی کوئی رمق بھی اس میں باقی نہیں رہتی۔ یکایک ٹھنڈی ہوا اپنے کندھوں پر سرمئی بادل اٹھائے اٹھکیلیاں کرنے لگتی ہے۔ دیکھتے ہی دیکھتے موسلادھار مینہ برسنے لگتا ہے۔ ہر طرف جل تھل ہو جاتا ہے۔ اسی مردہ زمین میں پھر زندگی انگڑائی لینے لگتی ہے اور طرح طرح کی سبزیاں لہلہانے لگتی ہیں جو قادرِ مطلق پانی کے چند قطروں سے زمین کو از سرِ نو زندہ کر دیتا ہے۔ کیا اس کے لیے یہ کوئی مشکل بات ہے کہ تمہیں مارنے کے بعد پھر زندہ کر دے۔ ذرا غور تو کرو۔ ذرا عقل سے تو کام لو۔

۱۵ ارشاد ہے جو عزت و آبرو کا آرزومند ہے اسے بتاؤ کہ ساری عزتوں کا مالک اللہ تعالیٰ ہے۔ جس کو عزت ملی ہے اسی کی بارگاہِ اقدس سے ملی ہے۔ تم بھی اس کی جناب میں حاضر ہو کر سرِ نیاز جھکا دو۔ اس کی اطاعت و فرمانبرداری کو اپنا شعار بنا لو وہ تمہیں بھی سرفراز کر دے گا۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

"فمن طلب العزة من الله وصدقه فی طلبها بافتقار و ذل وسکون وخضوع وجدها عنده ان شاء الله تعالیٰ غیر ممنوعة ولا محجوبة عنه۔" (قرطبی)

ترجمہ: جو شخص اللہ تعالیٰ کی جناب سے عزت طلب کرتا ہے اور اپنی اس طلب کی صداقت کو اپنے افتقار، عاجزی اور نیازمندی سے سچا ثابت کرتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی جناب سے اس عزت کو پائے گا، وہ عزت اس سے روکی بھی نہیں جائے گی اور اس سے چھپائی بھی نہیں جائے گی۔ ان شاء اللہ

يَرْفَعُهٗ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَ

پاکیزہ کلام کو بلند کرتا ہے ۲۶ اور جو لوگ فریب کاریاں کرتے ہیں بُرے کاموں کے لیے ان کے لیے شدید عذاب ہے۔ اور

کسی نے کیا خوب کہا ہے: ؎

تا داغِ غلامی تو داریم ہر جا کہ می رویم پادشاہیم

الکلم الطیب: یعنی پاکیزہ کلمہ: اس سے مراد ذکرِ الٰہی ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب کوئی مسلمان یہ کہتا ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ۔ تو ان جملوں کو ایک فرشتہ اپنے پروں کے نیچے محفوظ کر لیتا ہے اور آسمان کا رُخ کرتا ہے فرشتوں کے جس مجمع کے پاس سے اس کا گزر ہوتا ہے وہ فرشتے ان جملوں کے قائل کے لیے استغفار کرتے ہیں یہاں تک کہ وہ لے کر اللہ تعالیٰ کے حضور میں پہنچ جاتا ہے۔ اس کے بعد حضرت ابن مسعود نے یہ آیت تلاوت کی۔ (ابن کثیر) اکثر علماء کا یہ قول ہے کہ پاکیزہ کلام سے مراد الذکر والتلاوۃ والدعاء ذکر، تلاوت اور دُعا ہے۔ (ابن کثیر) علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ہر وہ کلام ہے جس میں یا تو اللہ تعالیٰ کا ذکر ہو یا وہ کلام اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کیا گیا ہو جس طرح کسی کو وعظ و نصیحت کرنا یا علم سکھانا۔ والمختار انہ کل کلام ھو ذکر اللہ او ھو للہ سبحانہ کالنصیحۃ والعلم (روح المعانی) نیز علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ صعود کلام سے مراد اس کی مقبولیت ہے۔ صعود الکلام الیہ مجاز مرسل عن قبولہ۔ (روح المعانی)

۲۶ یرفع کا فاعل عمل صالح اور ضمیر مفعول کا مرجع الکلم الطیب ہے۔ یعنی پاکیزہ کلام کو عمل صالح بارگاہِ الٰہی میں قبولیت سے مشرف کرتا ہے۔ اگر باتیں تو اچھی ہوں لیکن عمل اس کے خلاف ہو تو وہ باتیں مُسترد کر دی جاتی ہیں۔

بعض حضرات نے یرفع کا فاعل اللہ تعالیٰ کو بنایا ہے اور ضمیر کا مرجع العمل الصالح ہے اور عمل صالح سے مراد وہ اعمال ہیں جن میں ریاء نہ ہو، بلکہ محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کیے جائیں۔ ای ما کان خالصاً لوجہ اللہ لا یکون مشوبا بریاء وسمعۃ یرفع اللہ تعالیٰ ای یقبلہ۔ لیکن زیادہ راجح اور صحیح یہ قول ہے کہ "المراد ان الکلم الطیب یصعد الی اللہ تعالیٰ وان کان معہ عمل صالح یرفع شأن تلک الکلمۃ ویزید فی ثوابھا۔ (مظہری) یعنی پاکیزہ کلام بارگاہِ الٰہی میں شرفِ باریابی حاصل کرتا ہے۔ اگر اس کے ساتھ عمل صالح بھی ہو تو اس کی شان بلند ہو جاتی ہے اور اس کے ثواب میں کئی گنا اضافہ ہو جاتا ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

والحق ان العاصی التارک للفرائض اذا ذکر اللہ تعالیٰ وقال کلاماً طیباً فانہ مکتوبٌ لہ متقبلۃ منہ ولہ حسناتہ وعلیہ سیاٰتہ (قرطبی)

یعنی حق یہ ہے کہ اگر کوئی گنہگار جو فرائض کا تارک ہو، جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے اور اچھی باتیں کرتا ہے تو انہیں لکھ دیا جاتا ہے اور انہیں قبول بھی کیا جاتا ہے۔ ہر شخص کی نیکیوں کا اسے ثواب ملے گا اور اس کی برائیوں کی اُسے سزا ملے گی۔

مَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُوْرُ ﴿۱۰﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ

ان کا مکر (وفریب) تباہ ہوکر رہے گا ۱۷ — اور اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے تمہیں مٹی سے، پھر پانی کی بوند سے

ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ؕ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ

پھر تمہیں بنا دیا جوڑے جوڑے — اور نہیں حاملہ ہوتی کوئی عورت اور نہ بچہ جنتی ہے مگر اس کو اس کا علم ہوتا ہے۔

وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖۤ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ

اور نہ لمبی زندگی دی جاتی ہے کسی طویل العمر کو اور نہ کم رکھی جاتی ہے کسی کی عمر، مگر (اس کی تفصیل) کتاب میں درج ہے۔ بیشک

ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ

یہ بات اللہ کے لیے بالکل آسان ہے — اور یکساں نہیں ہوسکتے پانی کے دو ذخیرے۔ یہ (ایک) میٹھا ہے بہت شیریں ۱۹

۱۷ یعنی جو لوگ اسلام اور پیغمبر اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلاف مکر و فریب اور سازشیں کرتے رہتے ہیں۔ مسلمانوں کو شکست دینے اور ان کی صفوں میں انتشار پیدا کرنے کے لیے مہمیں چلاتے ہیں انہیں شدید عذاب ہوگا اور ان کا مکر و فریب ناکام ہو جائے گا۔ یقال بَارَ یَبُوْرُ : اذا هلك وبطل ؛ وبارت السوق ای کسدت (قرطبی) جب کوئی چیز ہلاک و فنا ہو جائے تو عرب کہتے ہیں بار یبور۔ اور جب کوئی بازار ٹھنڈا پڑ جائے، بے رونق ہو جائے تو کہتے ہیں بارت السوق۔

۱۸ تمہارے آغاز آفرینش سے تمہارے سفر حیات کے اختتام تک کے تمام حالات سے اللہ تعالیٰ تفصیلاً آگاہ ہے اور تمام جزئیات اور تفصیلات لوح محفوظ میں درج کر دی گئی ہیں۔

۱۹ اُردو تراجم میں عام طور پر البحران کا معنی دو سمندر یا دو دریا کیا گیا ہے۔ حالانکہ سمندر سارے کھارے ہیں کوئی میٹھا نہیں اور دریاؤں کا پانی میٹھا ہوتا ہے کھاری نہیں ہوتا، اس لیے جب تک لفظ "بحر" کی لغوی تحقیق نہ کی جائے یہ اُلجھن دور نہیں ہوتی۔ علامہ ابن منظور نے اس کی توضیح کرتے ہوئے لکھا ہے : البحر : الماء الکثیر ملحا کان او عذبا۔ یعنی پانی کی کثیر مقدار اور وسیع ذخیرہ کو بحر کہتے ہیں۔ خواہ وہ نمکین ہو یا شیریں۔ بحر کو بحر کہنے کی وجہ انہوں نے یہ لکھی ہے کہ اس میں وسعت اور انبساط کا مفہوم پایا جاتا ہے جیسے کوئی شخص بہت سخی ہو تو اسے کہتے ہیں اِنَّهٗ لَبَحْرٌ کہ وہ تو بحر ہے۔ یہ درست ہے کہ عام طور پر بحر کا اطلاق سمندر پر ہوتا ہے لیکن میٹھے پانی کے وسیع ذخیرہ کو بھی اہل عرب بحر کہتے ہیں۔ چنانچہ علامہ مذکور نے ابن مقبل کا یہ شعر بطور استشہاد پیش کیا ہے۔ ؎

ونحن منعنا البحران یشربوا به — وقد کان منکم ماءه بمکان

یہاں بحر میٹھے پانی کے معنی میں استعمال ہوا ہے کیونکہ میٹھے پانی کو ہی پینے سے روکا جاتا ہے۔ (لسان العرب)

سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا

اس کا پینا بڑا خوشگوار ہے اور یہ دوسرا سخت نمکین، کھاری تلخ۔ اور دونوں میں سے تم کھاتے ہو تر و تازہ گوشت ۲۰

وَّ تَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ

اور نکالتے ہو زینت کا سامان، جسے تم پہنتے ہو۔ ۲۱ اور تو دیکھتا ہے کشتیوں کو پانی میں کہ اسے چیرتی شور مچاتی

لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ

چلی جا رہی ہیں تاکہ تم تلاش کرو اس کے فضل کو ۲۲ اور یہ سب نوازشات اس لیے ہیں تاکہ تم شکر ادا کرو ۲۳ وہ داخل کرتا ہے کبھی رات کے ایک حصہ کو

اس تحقیق کے بعد اب وہ خلش باقی نہیں رہتی۔ عذب: میٹھا۔ فرات: شدید العذوبۃ: بہت شیریں یا جو پیاس کو بجھا دے۔ قیل ما ھو یکسر العطش (مظہری)، سائغ: سھل الانحدار: جس کا پینا بہت خوشگوار ہو۔ خود ہی گلے سے نیچے اترتا چلا جائے۔ ملح: نمکین۔ اُجاج: شدید الملوحۃ: از حد کھاری۔ وقیل ھو ما یحرق بملوحتہ۔ جو اپنے کھارے پن کی وجہ سے جلا دے۔ (مظہری)، علامہ جوہری لکھتے ہیں: ماء اجاج: ای ملح مر (الصحاح) یعنی کھاری تلخ۔

۲۰۔ ذائقہ کے اس تفاوت کے باوجود وہاں مچھلیوں کا تازہ گوشت تمہارے کھانے کے لیے دستیاب ہوتا ہے۔ طویل سمندری سفر میں اگر خوراک کے ذخائر ختم بھی ہو جائیں تو مچھلی کے گوشت پر انسان گزر اوقات کر سکتا ہے۔ پھر اس کی قدرت کا کرشمہ ملاحظہ ہو۔ ایسا نہیں کہ دریائی مچھلیوں کا گوشت لذیذ اور کھانے کے قابل ہو اور کھاری سمندروں کی مچھلیوں کا گوشت نمکین اور کھاری ہو۔ اگرچہ جس پانی میں وہ پیدا ہوئیں، خوراک کھاتی رہیں، وہ تو کڑوا اور کھاری ہے، چکھا نہیں جا سکتا، لیکن اس کی مچھلیوں میں نہ سمندر کی بدبو ہے اور نہ وہ ناپسندیدہ ذائقہ۔ اس خالق کی قدرت کا اس سے زیادہ روشن تر ثبوت کوئی اور بھی تمہیں درکار ہے۔

۲۱۔ اس کا مزید کرم ملاحظہ ہو کہ اسی سمندر میں تمہیں موتی، جواہرات اور مرجان ملیں گے جن کو زیوروں کی طرح پہن کر تم اپنی زیب و زینت کو چار چاند لگا سکتے ہو۔

۲۲۔ اس کی عنایت کا سلسلہ یہیں ختم نہیں ہو جاتا۔ تم ان کشتیوں، ان بھاری بھرکم سمندری جہازوں کو دیکھو، اپنی پشتوں پر ہزاروں ٹنوں کو اٹھائے، ہزاروں لاکھوں من سامان سے لدے، سمندر کی موجوں کو چیرتے ہوئے اپنی منزل مقصود کی طرف بڑھتے چلے جا رہے ہیں تاکہ تم اپنے ملک سے دوسرے ملکوں میں جا کر علم اور ہنر سیکھو۔ اپنا سامان تجارت لے جا کر وہاں کی منڈیوں میں فروخت کرو، وہاں کے نوادرات اور ضرورت کی مصنوعات خرید و اور انہیں اپنے وطن میں لا کر بیچو اور ایک سفر سے دوہرا نفع کماؤ۔ ان تمام کو قرآن کریم نے اللہ تعالیٰ کا فضل کہا ہے۔ مواخر جمع ہے اس کا واحد ماخرۃ ہے کشتیاں۔ علامہ جوہری مخر کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں اذا جرت تشق الماء مع صوت (صحاح)، یعنی مخر کہتے ہیں پانی کو اس طرح چیرنا کہ اس سے شور پیدا ہو۔ کشتیاں جب پانی کو چیرتی

وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ

دن میں اور کبھی داخل کرتا ہے دن کے ایک حصہ کو رات میں اور اس نے پابند حکم کردیا ہے سورج اور چاند کو[۲۴] ہر ایک رواں ہے

لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

مقررہ میعاد تک یہ ہے اللہ جو تمہارا رب ہے اسی کی ساری بادشاہی ہے۔ اور وہ (بت) جن کی تم پوجا کرتے ہو

مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ؕ﴿۱۳﴾ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا

اللہ تعالیٰ کے سوا وہ تو گٹھلی کے چھلکے کے بھی مالک نہیں[۲۵] اگر تم انہیں پکارو تو نہ سن سکیں گے

ہوئی گزرتی ہیں تو شور پیدا ہوتا ہے اس لیے انہیں مواخر کہا گیا۔

[۲۳] تاکہ تم ان نعمتوں سے لطف اندوز ہو اور اپنے منعم حقیقی کا شکر بجالاؤ یعنی اس کی توحید کا اقرار کرو۔ اس کے رسول مکرم پر ایمان لاؤ۔ اس کے تمام اوامر و نواہی کی سختی سے پابندی کرو تاکہ تم پر مزید لطف و کرم کی بارش کی جائے۔

[۲۴] سال بھر موسم بھی ایک سا نہیں ہوتا اور دن رات بھی گھٹتے بڑھتے رہتے ہیں۔ ورنہ تم اس یکسانیت سے اکتا جاتے۔ نیز طرح طرح کی سبزیاں گرمی اور سردی کے پھل۔ ان سے بھی تم محروم ہو جاتے اس لیے اپنی قدرت کاملہ سے اس نے یہ انتظام فرما دیا ہے کہ مناسب وقفوں کے بعد موسم بدلتے رہیں۔ گرمی کے بعد سردی، خزاں کے بعد بہار کی آمد کا تسلسل قائم رہے۔ دن اور راتیں گھٹتی بڑھتی رہیں۔ تاکہ اس کی قدرت کے مختلف شئون ظہور پذیر ہوتے رہیں۔ اس نے سورج اور چاند کے لیے بھی ایک نظام الاوقات مقرر کر دیا ہے۔ وہ اسی کے مطابق سرگرم عمل ہیں۔

جو اتنی قدرتوں کا مالک، جو اتنی حکمتوں والا اور پیہم لطف و احسان فرمانے والا ہے وہ ہے تمہارا خدا جو تمہارا رب ہے۔ جو تمہیں ضعف سے قوت کی طرف، نقص سے کمال کی طرف، جہالت سے علم کی طرف تدریجاً تدریجاً لیے جا رہا ہے۔ سارا ملک اسی کا ہے سب جہانوں میں اسی کی حکمرانی ہے۔

[۲۵] اے کفار و مشرکین! اپنے رب کریم، معبود برحق، شہنشاہ حقیقی کو چھوڑ کر، اس کی عبودیت کا رشتہ توڑ کر جن بتوں وغیرہ کو تم نے خدا بنا رکھا ہے اور جن کی پوجا پاٹ میں تم مشغول رہتے ہو ان کے افلاس اور بے بسی کا تو یہ عالم ہے کہ زمین و آسمان کے خزانے تو کجا وہ تو کھجور کی گٹھلی میں جو باریک سا سفید چھلکا (پردہ) ہوتا ہے اس کے بھی مالک نہیں۔ جو اتنے مفلس، قلاش اور بے بس ہوں ان کو اپنا معبود بنانا، ان کی پوجا کرنا، اور رب قدیر و حکیم اور مالک الملک کو چھوڑ دینا کہاں کی دانائی اور عقلمندی ہے۔ کچھ تو سوچو۔ تم کیا کر رہے ہو۔ ذرا غور تو کرو۔ تم کدھر جا رہے ہو۔ مختلف مفسرین نے اس آیت کی جو تفسیر کی ہے، ملاحظہ ہو:

تدعون من دونه ای الاصنام (قرطبی)، ای الذین تعبدونہا من الاصنام (مظہری)، تدعون من دونه ھم

دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۗ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ

تمہاری پکار اور اگر وہ بالفرض سُن بھی لیں تو وہ تمہاری التجا قبول نہیں کر سکیں گے اور روز قیامت (صاف) انکار کر دیں گے

بِشِرْكِكُمْ ۗ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ

تمہارے شرک کا ۲۶؎ اور (حقیقت حال سے) تجھے کوئی آگاہ نہیں کر سکتا خدائے خبیر کی مانند ۲۷؎ اے لوگو! تم سب محتاج ہو

اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ

اللہ تعالیٰ کے اور اللہ ہی غنی ہے سب خوبیوں سراہا ۲۸؎ اگر اس کی مرضی ہو تو تم سب کو نابید کر دے اور لے آئے

الاوثان (بحر) سب کا مفہوم ایک ہے۔ یعنی وہ بُت جن کی تم پوجا کرتے ہو۔ معلوم ہُوا کہ یہ آیت بتوں اور ان کے پجاریوں کے بارے میں نازل ہوئی۔ قطمیر: لفافة رقيقة على النواة۔ (مظہری) وہ باریک پردہ جو گٹھلی پر ہوتا ہے۔

۲۶؎ مشرکین کے معبودوں کی بے بسی کا مزید بیان ہے کہ یہ بے جان مورتیاں تم لاکھ چیخو، فریاد کرو انہیں کیا خبر کہ تم کیا کہہ رہے ہو اور بالفرض یہ سُن بھی لیں تو یہ تمہاری کیا مشکل حل کر سکتی ہیں۔ تمہاری کیسے مدد کر سکتی ہیں۔ جب ان کے پاس سرے سے کوئی اختیار ہی نہیں، کوئی طاقت ہی نہیں۔ قیامت کے روز جنہیں دُنیا میں معبود بنایا گیا تھا وہ صاف انکار کر دیں گے اور کہیں گے کہ نہ ہم معبود تھے نہ ہم نے ان کو اپنی عبادت کرنے کا حکم دیا اور نہ ہی ہمارا اور ان کا باہمی کوئی تعلق تھا۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ بُت تو اس لیے جواب نہیں دیں گے کہ وہ بے جان نہ سُن سکتے ہیں نہ بول سکتے ہیں، لیکن جو کم بخت فرشتوں کو یا اللہ تعالیٰ کے مقربین کو پکارتے ہیں وہ اس لیے جواب نہیں دیں گے کہ ان گمراہوں نے انہیں خدا سمجھ رکھا تھا حالانکہ وہ خدا بننے سے بالکل الگ تھے۔ پس وہ ایسے لوگوں کی فریاد کا کیوں جواب دیں گے جو ان پر اتنی بڑی تہمت لگا رہے تھے۔ وكيف يجيبون زاعم ذلك فيهم وفيه من التهمة ما فيه (روح المعانی)

معلوم ہوا کہ یہاں ان لوگوں کا ذکر ہے جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو خدا اور معبود مانتے تھے ان بدبختوں کی حرماں نصیبی کا یہ حال ہوگا۔

۲۷؎ اے سُننے والے! صحیح حالات سے تمہیں آگاہ کیا جا رہا ہے اور آگاہ کرنے والا وہ رب ہے جو ظاہر و باطن جلی و خفی ہر چیز سے خبردار ہے۔ اب تُو خود ہی سوچ لے کہ کوئی اور ایسی ہستی ہے جو اس خبیر و علیم کی طرح حقائق اور صداقتوں سے تجھ کو اس طرح آگاہ کر سکتی ہے۔ ہرگز نہیں۔ مفہوم کلام یوں ہے: لا ينبئك اى لا يخبرك بحقيقة الامر الا مخبرٌ مثل خبير (مظہری)

۲۸؎ اے لوگو! تم اپنے وجود میں، اپنی بقا میں، اپنی نشوونما میں غرضیکہ دونوں جہاں کی زندگی میں ہر ہر قدم پر اس کے فضل و کرم کے محتاج ہو۔ اگر وہ آنکھ جھپکنے کی دیر یا اس سے بھی کم کے لیے اپنی نگاہ لطف پھیر لے تو تمہیں ہوش آ جائے۔ تم سب اس کے محتاج ہو اور وہ بے نیاز ہے۔ کوئی اس کی تعریف نہ بھی کرے تب بھی وہ سب خوبیوں والا ہے۔

جَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ

ایک نئی مخلوق۔ اور ایسا کرنا اللہ تعالیٰ پر قطعاً دشوار نہیں۔ اور بوجھ نہیں اٹھائیگا کوئی گنہگار کسی دوسرے

اُخْرٰى ۭ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَّلَوْ

کا بوجھ ۲۹ اور اگر بلائے گا پشت پر بوجھ اٹھانے والا کسی کو اپنا بوجھ اٹھانے کیلئے تو نہ اٹھائی جاسکے گی اسکے بوجھ سے کوئی شے اگرچہ

كَانَ ذَا قُرْبٰى ۭ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا

کوئی قریبی رشتہ دار ہی ہو ۳۰ آپ صرف ان کو ڈرا سکتے ہیں جو اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں اور صحیح صحیح ادا کرتے

۲۹ وازرة: صفت ہے اس کا موصوف نفس محذوف ہے۔ اس کا مطلب ہے: لا تحمل نفس آثمة اثم نفس اُخری (روح المعانی) یعنی کوئی گنہگار جو پہلے ہی اپنے بارِ گناہ کے نیچے دبا چلا جارہا ہے وہ کسی دُوسرے کے گناہ کا بوجھ کیونکر اٹھا سکتا ہے۔ سورۂ عنکبوت کی آیت ہے: ولیحملن اثقالھم و اثقالا مع اثقالھم کہ وہ اپنے بوجھ بھی اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے علاوہ اور بوجھ بھی اٹھائیں گے۔ اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ یہ دو آیتیں متضاد ہیں کیونکہ سورۂ عنکبوت میں جن لوگوں کا ذکر ہے وہ وہ لوگ ہیں جو کفر اور باطل کے سرغنہ تھے۔ خود بھی گمراہ، بدکار اور مُشرک تھے اور دُوسروں کو بھی راہِ حق سے بھٹکانا، انہیں گناہوں اور شرک میں مبتلا کرنا ان کا معمول تھا۔ ایسے لوگوں پر دوہرا بوجھ ہوگا۔ ایک اپنی بدکاریوں کا اور دوسرا ان سیہ کاریوں کا جن میں ان کے ورغلانے سے دُوسرے لوگ مبتلا ہوئے یعنی خود گمراہ ہونے اور دوسروں کو گمراہ کرنے کے دو بوجھ ان کی گردن پر ہوں گے۔ گمراہ ہونا جس طرح ان کا فعل ہے اسی طرح لوگوں کو گمراہ کرنا بھی انہیں کا فعل ہے۔

۳۰ پہلے مفہوم کی مزید توضیح کی جارہی ہے۔ مثقلة: بوجھ سے لدا ہوا یا لدی ہوئی۔ یہ لفظ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہوتا ہے۔ (قرطبی) ای نفس اثقلتھا الاوزار۔ حِمل: ما کان علی الظھر۔ اس بوجھ کو کہتے ہیں جو پیٹھ پر لدا ہوا ہو۔ جو پیٹ میں یا درختوں کی شاخوں میں ہو اسے حَمل کہتے ہیں۔ والحَمل حمل المرأة و النخلة (قرطبی)

حضرت فضیل بن عیاض سے منقول ہے۔ اس سے مراد وہ عورت ہے جس نے بچہ جنا ہوگا اور وہ اس دن اپنے بچے کو کہے گی: یا ولدی! الم یکن بطنی لک وعاء، الم یکن ثدی لک سقاء، الم یکن حجری لک وطاء۔ فیقول بلی یا اماہ: اے میرے بیٹے! کیا میرا پیٹ تیرے لیے قرارگاہ نہ تھا، کیا میری چھاتیاں تیرے لیے مشکیزہ نہ تھیں، کیا میری گود تیرے لیے آرام کی جگہ نہ تھی؟ وہ کہے گا ہاں میری اماں جان!

فتقول یا بنی قد اثقلتنی ذنوبی فاحمل عنی منھا ذنبا واحدا۔ فیقول الیک عنی یا اماہ فانی بذنبی عنک مشغول۔ (قرطبی) پھر وہ کہے گی میرے بیٹے! میرے گناہوں نے میری کمر توڑ دی ہے پس اس انبار سے ایک گناہ تو اٹھا لو۔

الصَّلٰوةَ ؕ وَ مَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا یَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ الْمَصِیْرُ ﴿۱۸﴾

ہیں نماز ۳۲؎ اور جو پاکیزگی اختیار کرتا ہے سو وہ اپنی بھلائی کے لیے ہی اختیار کرتا ہے ۳۳؎ اور (یاد رکھو آخرکار) اللہ کی طرف

وَ مَا یَسْتَوِی الْاَعْمٰى وَ الْبَصِیْرُ ﴿۱۹﴾ وَ لَا الظُّلُمٰتُ وَ لَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾ وَ

ہی لوٹنا ہے۔ اور یکساں نہیں ہے اندھا اور بینا۔ اور نہ یکساں ہیں اندھیرے اور نور اور

لَا الظِّلُّ وَ لَا الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾ وَ مَا یَسْتَوِی الْاَحْیَآءُ وَ لَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ

نہ یکساں ہے سایہ اور تیز دھوپ۔ اور نہ ایک جیسے ہیں زندے اور مردے ۳۳؎ بیشک

وہ کہے گا ماں! دُور ہٹ جا، میں اپنے گناہوں میں مشغول ہوں، میں تیری طرف توجہ نہیں کر سکتا۔

اس آیت یا اس روایت سے مطلق شفاعت کا انکار کم فہمی یا تعصب کے سوا کچھ نہیں۔ شہید، حافظ قرآن بیٹا اپنے والدین کو بخشوائے گا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مقام محمود پر فائز ہوں گے اور اپنی اُمت کے گنہ گاروں کی بخشش کے لیے التجا کریں گے جو قبول ہوگی۔ اسی طرح دیگر انبیاء و اولیاء اور علماء ربانیین اپنے اپنے درجہ کے مطابق شفاعت کریں گے۔

آیت کے الفاظ صاف بتا رہے ہیں کہ ایسے لوگ جو خود گناہوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہوں گے۔ جنہوں نے اپنی ساری عمر نافرمانی میں بسر کی ہوگی، جنہوں نے اس دُنیا میں حضور کی شفاعت کا انکار کر کے اپنے آپ کو شفاعتِ محمدی سے محروم کر دیا ہوگا یہاں ایسے لوگوں کا ذکر ہو رہا ہے۔ نیز انبیاء و اولیاء کی شفاعت کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ گناہ گاروں کے گناہ اٹھا کر اپنے سر پر رکھ لیں گے بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ وہ ان کی بخشش کے لیے دُعا کریں گے اور اللہ تعالیٰ ان کی دُعا کی برکت سے ان کے گناہ معاف کر دے گا۔ اور گناہوں کا بوجھ سرے سے باقی ہی نہیں رہے گا۔

۳۱؎ حضور نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اگرچہ سب کو آنے والے عذاب سے ڈراتے تھے اسب غافلوں کو بروقت متنبہ فرماتے تھے لیکن حضور کی اس تنبیہ سے فائدہ اٹھانے والے فقط یہی خوش نصیب تھے جن کا ذکر اس آیت میں کیا جا رہا ہے۔

۳۲؎ جو شخص اپنے دامن کو گناہوں سے پاک رکھتا ہے تقویٰ اور پارسائی کو اپنا شعار بناتا ہے کسی پر کوئی احسان نہیں کر رہا بلکہ اس میں سراسر اس کا اپنا بھلا ہے۔ اسی کے مراتب بلند ہوں گے اور اسی کو بارگاہِ رب العزت میں شانِ رفیع بخشی جائے گی۔

۳۳؎ ان آیات میں ذرا غور فرمایئے:

اعمیٰ سے مراد کافر۔ بصیر سے مراد مومن۔ ظلمت سے مراد باطل۔ نور سے مراد حق۔ ظل (سایہ) سے مراد ثواب۔ حرور (سخت گرمی) سے مراد عقاب ہے۔ اسی طرح احیاء سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے دل زندہ ہیں، جن کی آنکھیں نورِ حق کو دیکھ سکتی ہیں جن کے کان آوازِ حق کو سُن سکتے ہیں اور اموات سے مراد وہ مردہ دل ہیں جن کی ظاہری اور باطنی

إِنَّ اللَّهَ يُسْمِعُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَمَا أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَنْ فِي الْقُبُورِ ﴿٢٢﴾ إِنْ أَنْتَ

اللہ تعالیٰ سناتا ہے جسکو چاہتا ہے [٣٤] اور آپ نہیں سنانے والے جو قبروں میں ہیں [٣٥] نہیں ہیں آپ

إِلَّا نَذِيرٌ ﴿٢٣﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا ۚ وَإِنْ مِنْ أُمَّةٍ

مگر بروقت ڈرانے والے ۔ ہم نے آپ کو بھیجا ہے حق کے ساتھ خوشخبری سنانے والا اور بروقت ڈرانے والا ۔ اور کوئی اُمت ایسی

إِلَّا خَلَا فِيهَا نَذِيرٌ ﴿٢٤﴾ وَإِنْ يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ

نہیں جس میں کوئی ڈرانے والا نہ ہو گزرا ہو [٣٦] اور اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلاتے ہیں (تو کوئی تعجب نہیں) بیشک جھٹلاتے رہے

قوتیں بیکار ہو چکی ہیں۔

[٣٤] یہاں سماع سے مراد فقط سنانا نہیں بلکہ ایسا سنانا جو ہدایت پذیری کا سبب بن جائے۔ جس سننے کے بعد انسان کفر کے اندھیرے سے نکل کر ہدایت کی روشنی کی طرف آجائے۔ ان المراد تسمیع من یشاء سماع تدبّر وقبول لآیاتہ عزّوجلّ

[٣٥] یہاں بھی سماع سے مراد مطلق سنانا نہیں بلکہ وہ سنانا ہے جس کا ذکر پہلی آیت میں گزر چکا ہے۔ والمراد بالسماع هنا ما ارید بہ فی سابقہ (روح المعانی) علامہ قرطبی اس کا مفہوم بیان کرتے ہیں، ای بمنزلۃ اہل القبور فی انہم لا ینتفعون بما یسمعونہ ولا یقبلونہ (قرطبی) یعنی یہ کفار اہل قبور کی طرح ہیں کہ اگر انہیں کوئی نصیحت کی جائے تو وہ اس سے نہ فائدہ اٹھاتے ہیں اور نہ قبول کرتے ہیں۔ سماع موتیٰ کے متعلق مفصل بحث سورہ روم آیت ٥٢ کے ضمن میں گزر چکی ہے۔

[٣٦] یعنی نبوت کا سلسلہ کسی ملک، علاقہ یا قوم کے ساتھ مخصوص نہیں جہاں بھی انسانوں کا کوئی گروہ آباد تھا وہاں اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی ڈرانے والا ان کے پاس ضرور آیا۔ خواہ وہ نبی ہو یا کسی نبی کا پیروکار جس نے تبلیغ کا فریضہ ادا کیا۔ اس میں عرب، مصر یا فلسطین کی کوئی خصوصیت نہیں۔ ہند، چین، جاپان، افغانستان اور دیگر براعظموں میں بھی نذیر تشریف لے آئے۔ یہ ہمارا ایمان ہے۔ اب جن انبیاء کرام کے اسماء گرامی قرآن کریم یا صحیح حدیث میں مذکور ہیں۔ ان کی نبوت پر ایمان لانا شرط اسلام ہے اور جن کے اسماء مذکور نہیں ان پر بھی اجمالی طور پر ایمان لانا ضروری ہے یعنی ان علاقوں میں کسی زمانہ میں جن کو اللہ تعالیٰ نے نبی بنا کر بھیجا ہم اس کی نبوت کو مانتے ہیں۔ لیکن حضور ختمی مرتبت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کیونکہ سلسلۂ نبوت ہی ختم ہو گیا۔ اس آفتاب عالمتاب کے طلوع ہونے کے بعد کسی چراغ کی ضرورت ہی نہ رہی۔ اس لیے اب تا قیامت کوئی نبی نہیں آسکتا۔ آیت میں بھی خَلَا، یعنی گزر چکا ہے، ماضی کا صیغہ استعمال ہوا ہے جو گزشتہ زمانے پر دلالت کرتا ہے۔ اب ہر قوم کے لیے ہر زمانہ میں حضور سیّد الانبیاء وخاتم الرسل کی ذاتِ پاک ہی منبع ہدایت اور اسوۂ حسنہ ہے۔

اب تبلیغ کا فریضہ حضور کی اُمت کے اولیاء وعلماء انجام دیں گے۔ حضور کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنے والا کذاب اور دجال ہے۔

قَبْلِهِمْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ

جو ان سے پہلے تھے۔ تشریف لائے تھے ان کے پاس ان کے رسول روشن دلیلیں، آسمانی صحیفے اور نورانی کتاب لے کر ۳۶ پھر جب

اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۲۶﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ

ان کی سرکشی کی حد ہو گئی) تو میں نے پکڑ لیا کفار کو پس (ساری دنیا جانتی ہے) میرا عذاب کیسا تھا۔ کیا تم دیکھتے نہیں کہ اللہ تعالیٰ اتارتا ہے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ؕ وَمِنَ

آسمان سے پانی پس ہم نکالتے ہیں اس کے ذریعے طرح طرح کے پھل جن کے رنگ مختلف ہوتے ہیں ۳۸ اور

الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ﴿۲۷﴾

پہاڑوں سے بھی رنگ برنگ ٹکڑے ہیں کوئی سفید کوئی سرخ۔ مختلف رنگوں میں (کوئی شوخ کوئی مدھم) اور بعض بڑے سخت سیاہ ۳۹

جس طرح احادیث صحیحہ میں مذکور ہے۔ نیز ان آیات میں غور کرو: یاایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا۔ نیز وما ارسلناک الا کافۃ للناس۔ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس ارشاد خداوندی کے مطابق تمام بنی نوع انسان کے لیے تاقیامت رسول ہیں، تو پھر کسی مزید رسول کی گنجائش نہیں رہتی۔

۳۷ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دے رہے ہیں۔

۳۸ اللہ تعالیٰ کی قدرت کی بوقلمونیوں کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ ایک زمین ہے اور ایک ہی پانی لیکن پھلوں کی قسمیں گنی ہی نہیں جاسکتیں۔ رنگ، ذائقہ اور مہک سب کی الگ الگ خصوصیات اور اثرات بھی ایک دوسرے سے یکسر جدا جدا۔ اس یکسانی میں ایسی نیرنگی، حکمت ربانی کی کتنی بڑی دلیل ہے۔

۳۹ مختلف پہاڑوں کی بناوٹ، ان کی بلندی و پستی میں قدرت ربانی کے صدہا جلوے نظر آرہے ہیں۔ ذرا ان کے رنگوں کو ملاحظہ فرمائیے۔ کہیں تو بالکل سفید دھاری چلی گئی ہے، کہیں رنگت سرخ ہے اور سرخی بھی ایک جیسی نہیں اس رنگ میں بھی کئی رنگ ہیں۔ کوئی ہلکا سرخ، کہیں گہرا عنابی، کہیں گلابی مائل اور کہیں سیاہ ہے تو ایسا سیاہ کہ بس حد ہی ہو گئی۔ جُدَدٌ کا معنی طرائق، راستے بھی کیا گیا ہے یعنی پہاڑوں کا اپنا رنگ ہے لیکن ان کی گھاٹیوں میں سے جو راستے گزرتے ہیں ان کی رنگتیں علیحدہ علیحدہ ہیں۔ وھی ما تخالف من الطریق فی الجبال۔ اور بعض نے جُدَد کا معنی قطع ٹکڑے کیا ہے۔ یعنی پہاڑوں کے مختلف حصوں کے مختلف رنگ ہیں۔ جُدَد، قطع من قولک جددت الشئ اذا قطعتہ یعنی جب کسی چیز کو ٹکڑے ٹکڑے کیا جائے تو کہتے ہیں جددتہ۔

وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ

اور انسانوں ، چارپایوں اور جانوروں کے رنگ بھی اسی طرح جدا جدا ہیں [۵۲]

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ﴿۲۸﴾

اللہ کے بندوں میں سے صرف علماء ہی (پوری طرح) اس سے ڈرتے ہیں بیشک اللہ تعالیٰ سب پر غالب بہت بخشنے والا ہے [۵۳]

پہاڑوں کے مختلف رنگوں کی طرف خصوصی طور پر متوجہ کر کے ان معدنیات کا کھوج لگانے کی ترغیب دی گئی ہے۔ جو ان کے شکموں میں موجود ہیں اور مدت سے کسی جوانمرد اور باہمت انسان کی ضرب خارا شگاف کے لیے چشم براہ ہیں اور پہاڑوں کی یہ مختلف رنگتیں ان مدفون خزانوں کا پتہ بتا رہی ہیں۔ افسوس وہ قوم جسے قرآن کریم جیسی کتاب منیر عطا کی گئی تھی وہ اسے ریشمی غلافوں میں لپیٹ کر سو گئی اور یورپ کی وحشی قومیں اس چشمۂ صافی سے اپنی کشتِ حیات کو سیراب کرنے میں سبقت لے گئیں۔

غرابیب: غربیب ای شدید السواد: یعنی بہت سیاہ۔

[۵۲] قدرت کی قدرت آفرینیاں یہاں ختم نہیں ہو جاتیں۔ مصور فطرت کا موقلم انسانوں، چوپایوں اور جانوروں کو مختلف رنگ آمیزیوں سے یوں آراستہ و پیراستہ کر رہا ہے کہ دل کھچے چلے جاتے ہیں۔ آنکھیں ہزار بار دیکھنے کے باوجود سیر نہیں ہوتیں اور یکبار دیگر دیدن کی آرزو کبھی ختم نہیں ہوتی۔ خصوصاً انسان اپنے قد و قامت، خد و خال، صباحت و ملاحت میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ صرف اتنا ہی نہیں۔ اپنی باطنی قوتوں، ذہنی صلاحیتوں، فطری استعدادوں میں بھی ایک حیرت انگیز تنوع پیش کرتی ہیں۔ انسانوں میں اگر یہ تفاوت نہ پایا جاتا، تو عروس کائنات کے گیسو کون سنوارتا۔ ان لق و دق صحراؤں کو چمنستان کیسے بنایا جاتا۔

[۵۳] اللہ تعالیٰ کی اعجاز آفرینیوں کا جتنی دقت نگاہ سے لوگ مطالعہ کریں گے حکمت ربانی کے نئے نئے جلوے رونما ہوتے جائیں گے انہیں اس تدبر اور مطالعہ سے اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی کا ایسا علم نصیب ہو گا جو انہیں عین الیقین کی منزل تک پہنچائے گا اور وہاں سے حق الیقین کی منزل زیادہ دور نہیں۔ طلب صادق ہو گی تو توفیق کا ہاتھ بڑھے گا اور انہیں ان بلندیوں پر فائز کر دے گا جہاں حق الیقین کی روشنی ہر سو پھیلی ہوئی ہے۔ جہاں شک و شبہ کا غبار نہیں۔ وہاں پہنچ کر انہیں اپنے رب ذوالجلال والاکرام کی معرفت نصیب ہو گی پھر جس خشیت سے ان کے دل معمور ہوں گے ہمارے لیے اس کا اندازہ لگانا بھی مشکل ہے۔ حکمائے اسلام کے نزدیک علم کی حقیقت کیا ہے۔ اس کے لیے چند اقوال ملاحظہ فرمائیے:

۱۔ حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا: لیس العلم عن کثرۃ الحدیث لکن العلم عن کثرۃ الخشیۃ۔

ترجمہ: زیادہ باتیں بنانا علم نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ سے خشیت (ڈرنا) کو علم کہتے ہیں۔

۲۔ امام مالک فرماتے ہیں: ان العلم لیس بکثرۃ الروایۃ وانما العلم نور یجعلہ اللہ فی القلب

ترجمہ: بکثرت روایت کرنے کا نام علم نہیں، بلکہ علم ایک نور ہے جسے اللہ تعالیٰ کسی دل میں ڈال دیتا ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا

بیشک جو (غور و تدبر سے) تلاوت کرتے ہیں اللہ کی کتاب کی اور نماز قائم کرتے ہیں اور خرچ کرتے ہیں اس

رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَنْ تَبُورَ ﴿٢٩﴾ لِيُوَفِّيَهُمْ

مال سے جو ہم نے ان کو دیا ہے رازداری سے اور اعلانیہ، وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں جو ہرگز نقصان والی نہیں ۴۲ تاکہ اللہ

أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُمْ مِنْ فَضْلِهِ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٠﴾ وَالَّذِي

انہیں پورا پورا اجر عطا فرمائے اور مزید اضافہ کرے ان کے اجر میں اپنے فضل سے۔ بیشک وہ بہت بخشنے والا (اور) قدردان ہے ۴۳ اور جو

۳۔ مجاہد فرماتے ہیں: انما العالم من خشی اللہ عز وجل۔ (ترجمہ) عالم وہ ہے جو اللہ تعالیٰ عز وجل سے ڈرتا ہے۔

۴۔ ربیع بن انس کا ارشاد ہے: من لم یخش اللہ تعالیٰ لیس بعالم

ترجمہ: جس کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف نہیں وہ عالم نہیں۔

۵۔ حضرت ابن مسعود سے ایک قول مروی ہے: کفی بخشیۃ اللہ تعالیٰ علما و بالاغترار جھلاً۔

ترجمہ: اگر دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف پیدا ہو جائے تو انسان کے لیے اتنا علم ہی کافی ہے اور اس سے بڑی جہالت اور کوئی نہیں کہ انسان خدا سے غرور کرنے لگے۔

۶۔ سعد بن ابراہیم سے پوچھا گیا کہ اس شہر میں سب سے بڑا فقیہ کون ہے؟ فرمایا: جو اپنے رب سے زیادہ ڈرنے والا ہے۔

من افقہ اھل المدینۃ قال اتقاھم لربہ عز وجل۔

۷۔ سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا یہ ارشاد گرامی آب زر سے لکھنے کے قابل ہے:

"ان الفقیہ حق الفقیہ من لم یقنط الناس من رحمۃ اللہ ولم یرخص لھم فی معاصی اللہ تعالیٰ ولم یؤمنھم من عذاب اللہ تعالیٰ ولم یدع القرآن رغبۃ عنہ الی غیرہ"

ترجمہ: یعنی صحیح معنوں میں فقیہ اور عالم وہ ہے جو لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ کرے اور خدا کی نافرمانی پر انہیں جری نہ کرے۔ خدا کے عذاب سے انہیں بے خوف نہ کر دے اور قرآن کے بغیر اسے کوئی چیز اپنی طرف راغب نہ کر سکے۔ (قرطبی)

۴۲ یعنی یہ لوگ ایسی تجارت کر رہے ہیں جس میں نفع ہی نفع ہے جس میں خسارے اور گھاٹے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

۴۳ ایسے پاکبازوں کو اللہ تعالیٰ ان کے اعمال حسنہ کا پورا پورا اجر عطا فرمائے گا اور صرف اسی اجر پر بس نہیں بلکہ ویزیدھم من فضلہ، انہیں اپنے فضل و کرم سے مزید بخشے گا۔ اس بخشش مزید کا اندازہ کون لگائے، اس کو کس ترازو سے تولا جائے اور

أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ

کتاب بذریعہ وحی ہم نے آپ کی طرف بھیجی ہے وہی سراسر حق ہے۔ وہ تصدیق کرتی ہے پہلی کتابوں کی۔

إِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيرٌ بَصِيرٌ ﴿۳۱﴾ ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِينَ

بیشک اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے سارے احوال سے باخبر ہے (اور) دیکھنے والا ہے ؀ پھر ہم نے وارث بنایا اس کتاب کا ان کو

اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ

جنہیں ہم نے چن لیا تھا اپنے بندوں سے۔ پس بعض ان میں سے اپنے نفس پر ظلم کرنے والے ہیں اور بعض درمیانہ رو ہیں

وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرٰتِ بِإِذْنِ اللّٰهِ ۗ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ ﴿۳۲﴾

اور بعض سبقت لے جانے والے ہیں نیکیوں میں اللہ کی توفیق سے ؀ یہی (اللہ تعالیٰ کا) بہت بڑا فضل (وکرم) ہے ؀

کس پیمانے سے ناپا جائے۔ وہ غفور بھی ہے اور شکور بھی۔ خالص عمل اگر تھوڑا بھی ہو تو وہ اس کو قبول فرماتا ہے اور اس پر ثواب بے اندازہ عطا کرتا ہے۔ یقبل القلیل من العمل الخالص ویثیب علیہ الجزیل من الثواب (قرطبی)

؀ اس آیت میں بھی ختم نبوت کی دلیل ہے۔ فرمایا یہ کتاب حق ہے پہلے جو کتابیں نازل ہوئیں ان کی تصدیق کرتی ہے۔ اگر اس کتاب کے بعد بھی نبوت اور وحی کا سلسلہ جاری رکھنا مقصود ہوتا تو یہاں بھی یہ فرمایا جاتا کہ پہلی کتابوں کی طرح یہ بعد میں نازل ہونے والی کتابوں کی بھی تصدیق کرتی ہے۔

؀ علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابن عباس سے اس آیت کے متعلق یہ قول نقل کیا ہے:

ھم امۃ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم۔ یعنی جن لوگوں کو کتاب کا وارث کیا گیا وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اُمت ہے۔ اس اُمت میں ایک گروہ وہ ہے جس سے غلطیاں سرزد ہو جاتی ہیں اور فرائض کی ادائیگی میں بھی سستی ہو جاتی ہے اور بعض وہ ہیں جو درمیانہ رو ہیں۔ جو فرائض کو ادا کرتے ہیں۔ محرمات کے نزدیک نہیں پھٹکتے۔ لیکن مستحبات میں سستی کرتے ہیں اور بعض مکروہ چیزیں ان سے سرزد ہوتی ہیں۔ اور تیسرا گروہ ان پاکبازوں اور وفاشعاروں کا ہے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لیے تن من دھن کی بازی لگا دی ہے۔ دُنیا کی لذتوں سے انہیں کوئی سروکار نہیں۔ دُنیا کے مشاغل یادِ حق سے انہیں غافل نہیں کر سکتے۔ ہر نیک کام میں سب سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کا سارا وقت، ان کا سارا مال بلکہ ان کا دل و جان بھی رضائے جاناں پر قربان ہے۔ علامہ ابن کثیر نے اس آیت کی یہی تفسیر پسند کی ہے۔ علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابن عباس سے اس آیت کی تفسیر یوں نقل کی ہے:

"ھم امۃ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فظالمھم یغفرلہ ومقتصدھم یحاسب حسابا یسیرا وسابقھم

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّ

سدا بہار باغات! یہ ان میں داخل ہوں گے۔ پہنائے جائیں گے انہیں وہاں سونے کے کنگن اور

لُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ

موتیوں کے ہار۔ اور ان کی پوشاک وہاں ریشمی ہوگی۔ (شکرِ نعمت کے طور پر) کہیں گے سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے

عَنَّا الْحَزَنَ ۭ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ

دُور کر دیا ہم سے غم (واندوہ)، یقیناً ہمارا رب بہت بخشنے والا بڑا قدردان ہے۔ جس نے ہمیں بسایا ہے ابدی ٹھکانے پر اپنے فضل

مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ﴿۳۵﴾

(واحسان) سے۔ نہ چھوئے گی ہمیں یہاں کوئی تکلیف اور نہ چھوئے گی ہمیں یہاں کوئی تھکن

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَ

اور جنہوں نے کفر کیا ان کے لیے دوزخ کی آگ (تیار) ہے۔ نہ ان کی قضا آئے گی کہ وہ مر جائیں اور

یدخل الجنۃ بغیر حساب"۔

ترجمہ: کہ اس آیت میں جن لوگوں کا ذکر ہے وہ امّتِ محمدیہ ہے۔ ان میں جو گنہگار ہیں ان کے گناہ بخش دیے جائیں گے۔ اور جو درمیانہ رو ہیں ان سے آسان حساب لیا جائے گا۔ جو سابقین ہیں ان کو بغیر حساب کے جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔

لکھ قرآن مجید کا وارث بنانا اور پھر تم میں ایسے گروہ کا پیدا کرنا، یہی اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا فضل و کرم ہے جو اس کریم نے تم پر فرمایا ہے۔

ککھ ان آیات میں اس انعام و اکرام کا ذکر ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر فرمائے گا۔

چند الفاظ: اساور: اس کا واحد اسورہ ہے کنگن جو کلائیوں میں پہنے جاتے ہیں۔ الحزن، غم و اندوہ۔

عکرمہ نے حزن کی وضاحت کی ہے: خوف الذنوب والسیئات وخوف رد الطاعات (مظہری)

یعنی گناہوں اور خطاؤں کا ڈر۔ اور عبادتوں کے مُسترد ہونے کا اندیشہ۔

دار المقامہ: دار الاقامۃ، مقامہ: مصدر میمی ہے۔ دار الاقامۃ کا معنی ٹھہرنے کی جگہ۔ نصب: تعب: تھکاوٹ۔

لغوب: کلال واعیاء من التعب: تھکاوٹ سے بدن میں جو اضمحلال اور ذہن میں جو پژمردگی پائی جاتی ہے۔

لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ۚ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ ﴿٣٦﴾ وَهُمْ

نہ ہلکا کیا جائے گا ان سے دوزخ کا عذاب۔ اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں ہر ناشکر گزار کو ۳۷ اور وہ

يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا

اس میں چیختے چلاتے ہوں گے (فریاد کریں گے) اے ہمارے رب! (ایک بار) ہمیں یہاں سے نکال۔ ہم بڑے نیک کام کریں گے ایسے

نَعْمَلُ ؕ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ؕ

نہیں جیسے ہم پہلے کیا کرتے تھے۔ (جواب ملے گا) کیا ہم نے تمہیں اتنی لمبی عمر نہیں دی تھی جس میں (بآسانی) نصیحت قبول کر سکتا جو نصیحت

فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿٣٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ

قبول کرنا چاہتا اور تشریف لے آیا تھا تمہارے پاس ڈرانے والا (تم نے اس کی بات نہ مانی) پس اب (اپنے کیے کا) مزہ چکھو ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہیں ۳۸ بیشک

وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٣٨﴾ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ

خوب جاننے والا ہے آسمانوں اور زمین میں ہر چھپی ہوئی چیز کو۔ یقیناً وہ جانتا ہے دلوں کے رازوں کو۔ وہی ہے جس نے تمہیں (گزشتہ قوموں کا)

۳۷ پہلے تو اہل ایمان اور ان کے تین گروہوں کا حال بیان کیا گیا۔ اب کفار کے حالات کا ذکر ہو رہا ہے۔ لا یقضی علیہم ای لا یحکم علیہم بالموت۔ یعنی کفار کو جہنم رسید کر دیا جائے گا۔ اس وقت وہ تمنا کریں گے کاش موت ہی آجاتی اور اس عذاب سے ہماری جان چھوٹتی، لیکن نہ انہیں موت آئے گی اور نہ عذاب میں تخفیف ہو گی۔ ہمیشہ اسی طرح اپنے کفر اور ناشکری کی سزا جھیلتے رہیں گے۔

۳۸ دوزخی جہنم میں رونا اور چلانا شروع کر دیں گے اور یا دوزخ سے نکالے جانے کی درخواست کریں گے اور وعدہ کریں گے کہ اگر ایک بار ہمیں موقع مل گیا تو ہم عمر بھر نیک کام ہی کرتے رہیں گے۔ انہیں کہا جائے گا کہ اب ایسی باتیں کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ اگر تم دنیا میں پل بھر کے لیے جاتے اور پھر وہاں سے رخصت کر دیے جاتے تو تم یہ عذر پیش کر سکتے تھے کہ اے ہمارے خداوند! ہم دنیا میں گئے ضرور لیکن صرف پل بھر کے لیے۔ نہ ہمیں کچھ سوچنے کا موقع ملا نہ سمجھنے کا۔ نہ کوئی ہمیں سمجھانے آیا اور کسی نے ہمارے سامنے کوئی دلیل پیش کی۔ اس لیے ہم معذور تھے۔ خطا کار ضرور ہیں لیکن ہماری مجبوری اور معذوری بھی نظر انداز کرنے کے قابل نہیں۔ اے کفار! تم جانتے ہو ایسا تو نہیں ہوا۔ عرصہ دراز تک تم دنیا میں رہے۔ تمہیں سوچنے اور سمجھنے کے لیے لمبی مہلت دی گئی۔ ہمارے نبیوں نے خوب جھنجھوڑ جھنجھوڑ کر تمہیں خواب غفلت سے بیدار کیا، لیکن تم نے کسی موقع سے فائدہ نہ اٹھایا۔ اب تمہارا رونا اور چلانا بے سود ہے

خَلٰٓئِفَ فِی الْاَرْضِ ؕ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَیْهِ كُفْرُهٗ ؕ وَ لَا یَزِیْدُ الْكٰفِرِیْنَ

جانشین بنایا زمین میں۔ پس جس نے کفر کیا اس کے کفر کا وبال بھی اسی پر ہوگا۔ اور نہیں اضافہ کرے گا کفار

كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ وَ لَا یَزِیْدُ الْكٰفِرِیْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا

کے لیے ان کا کفر اللہ کی جناب میں بجز ناراضگی کے اور نہ اضافہ کرے گا کفار کے لیے ان کا کفر بجز گھاٹے (اور

خَسَارًا ﴿۳۹﴾ قُلْ اَرَءَیْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ

خسران) کے ۵۳ آپ فرمائیے کیا تم نے دیکھے ہیں اپنے شریک جنہیں تم پکارتے ہو اللہ تعالیٰ کے سوا۔

اَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِی السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ

مجھے بھی تو دکھاؤ زمین کا وہ گوشہ جو انہوں نے بنایا ہے یا ان کی کوئی شراکت ہو آسمانوں (کی تخلیق) میں یا ہم نے

اٰتَیْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰی بَیِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ یَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ

انہیں کوئی کتاب دی ہو اور وہ اس کے روشن دلائل پر عمل پیرا ہوں ۵۴ (کچھ بھی نہیں) بلکہ یہ ظالم محض ایک دوسرے کے ساتھ

تمہیں اچھی طرح آزما لیا گیا ہے۔ اب دوبارہ آزمانے کی ضرورت نہیں۔

۵۳ یعنی کفر و سرکشی کا جو وتیرہ ان کفار نے اختیار کر رکھا ہے اس سے اور تو کچھ نہ ہوگا، بجز اس کے کہ اللہ تعالیٰ کی آتش غضب ان پر اور بھڑکے گی اور زندگی کی اس بازی میں وہ شکست پر شکست کھاتے چلے جائیں گے اور ان کا کاروبار حیات گھاٹے اور خسارے میں رہے گا۔

۵۴ ان کے مشرکانہ عقائد پر ضرب کاری لگائی جا رہی ہے۔ ان سے کہا جا رہا ہے کہ تم جن کو خدا کا شریک ٹھہرا رہے ہو ان کے حالات اور کمالات سے ہم تو بالکل بے خبر ہیں لیکن تمہیں تو ان کے حالات و کمالات پوری طرح معلوم ہوں گے۔ ذرا ہمارے ان شکوک کا ازالہ تو کرو تاکہ ہم بھی تمہارے موقف کی معقولیت کا اقرار کرنے لگیں۔ اگر تمہارے خداؤں نے زمین کا کوئی گوشہ کوئی براعظم، یا کوئی چھوٹا سا جزیرہ ہی بنایا ہو تو بتاؤ ہم بھی جا کر اسے دیکھیں اگر انہوں نے آسمانوں کی تخلیق میں کوئی اہم حصہ لیا ہو، کوئی مشورہ دیا ہو، کوئی نقشہ پیش کیا ہو اور کچھ نہیں تو کوئی چھوٹا سا ستارہ ہی اس آسمان کی چھت میں آویزاں کیا ہو وہی ہمیں دکھا دو۔ اور اگر نہ زمین کے کسی گوشہ کے وہ خالق ہیں اور نہ آسمان کی تخلیق میں ان کا کوئی حصہ ہے اور تم بھی اس کو تسلیم کرتے ہو تو پھر ہمیں اللہ تعالیٰ کی نازل کی ہوئی کسی کتاب میں اپنے شرک کی کوئی دلیل دکھا دو۔ اور اگر تمہارے پاس کچھ بھی نہیں تو پھر فساد انگیزی سے کیوں باز نہیں آتے ہو اور ایک دوسرے کو گمراہ کرنے اور دھوکہ دینے کے لیے جھوٹے وعدے کیوں کرتے ہو۔

بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ۬

جھوٹے دلفریب وعدے کرتے رہتے ہیں۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے روکے ہوئے ہے آسمانوں اور زمین کو تاکہ وہ اپنی جگہ سے سرک نہ جائیں۔

وَ لَىٕنْ زَالَتَاۤ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا

اور اگر وہ سرکنے لگیں تو کوئی نہیں روک سکتا انہیں اللہ تعالیٰ کے بعد بیشک وہ بڑا حلیم (اور) بخشنے

غَفُوْرًا ۝ وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ لَىٕنْ جَآءَهُمْ نَذِیْرٌ

والا ہے ۵۳ اور (کفار مکہ) اللہ کی سخت قسمیں کھا کر کہتے تھے کہ اگر ان کے پاس کوئی ڈرانے والا آیا

لَّیَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِیْرٌ مَّا زَادَهُمْ

تو وہ زیادہ ہدایت قبول کریں گے پہلی امتوں سے ۵۴ پس جب آگیا ان کے پاس ڈرانے والا تو ان کی

۵۲ یہ تو تم نے بھی مان لیا کہ تمہارے شریکوں کا آسمان وزمین کی تخلیق میں کسی قسم کا برائے نام حصہ بھی نہیں ہے۔ اب ہم سے سنو ہم تمہیں بتاتے ہیں کہ اس کارخانۂ ہستی کو بنانے والا بھی وہی ہے اور چلانے والا بھی وہی ہے۔ زمین کا یہ کشادہ فرش اسی نے بچھایا ہے۔ آسمانوں کا یہ محیر العقول سائبان اسی نے تانا ہے اور ہر چیز کو اپنے اپنے مقام پر ٹھہرایا ہوا بھی اسی نے ہے۔ سارے آسمان اسی کے حکم سے اپنے اپنے مقام پر ایستادہ ہیں اور کرۂ زمین کو اس بیکراں فضا میں جہاں اس نے فٹ کر دیا ہے وہاں سے ایک انچ بھی اوپر نیچے نہیں ہو سکتا۔ اگر زمین و آسمان اپنے اپنے مقررہ مقام سے مشیت الٰہی کے مطابق ٹلنے لگیں تو اس کے بغیر کوئی زور آور اور طاقتور ہستی نہیں ہے جو آگے بڑھ کر گرتے ہوئے آسمانوں کو کندھا دے یا ڈگمگاتی ہوئی زمین کو سنبھال لے۔

بیشک اللہ تعالیٰ بڑا بردبار ہے جو گناہوں سے باز نہیں آتے لیکن وہ انہیں مہلت پر مہلت دیتا چلا جاتا ہے اور بردبار ہونے کے ساتھ ساتھ وہ غفور بھی ہے۔ یعنی اگر کوئی توبہ کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے تو وہ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔

۵۳ واؤ ضمیر مرفوع متصل ذوالحال ہے۔ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ حال ہے۔ یعنی جاهدین فی ایمانهم۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبعوث ہونے سے پہلے جب کفار مکہ کے سامنے ان قوموں کے حالات بیان کیے جاتے جنہوں نے اپنے نبیوں کو جھٹلایا، سرکشی اور عصیان کوشی میں مگن رہے۔ جن کے نتیجے میں خدا کا عذاب ان پر نازل ہوا اور وہ تباہ و برباد ہو گئے۔ یہ حالات سن کر وہ ان تباہ ہونے والی قوموں پر بڑا لعن طعن کرتے اور کہتے کہ وہ لوگ بڑے بدبخت اور بدسرشت تھے کہ انہوں نے اپنے آپ کو عذاب الٰہی کا مستحق بنا دیا۔ وہ قسمیں اٹھاتے۔ سادہ سی قسم نہیں بلکہ انتہائی سخت قسم کی قسمیں کھا کر کہتے کہ اگر ہمارے پاس کوئی نبی آیا تو ہم اس کی پیروی کریں گے اور راہ راست پر یوں ثابت قدمی سے گامزن رہیں گے کہ گزشتہ زمانہ میں جن قوموں نے

اِلَّا نُفُوۡرَا ۙ﴿۴۲﴾ اِسۡتِکۡبَارًا فِی الۡاَرۡضِ وَ مَکۡرَ السَّیِّیٴِ ؕ وَ لَا یَحِیۡقُ الۡمَکۡرُ

(حق سے) نفرت اور بڑھ گئی ۵۴ وہ زیادہ سرکشی کرنے لگے زمین میں اور گھناؤنی سازشیں کرنے لگے ۵۵ اور نہیں گھیرتی گھناؤنی

السَّیِّیٴُ اِلَّا بِاَہۡلِہٖ ؕ فَہَلۡ یَنۡظُرُوۡنَ اِلَّا سُنَّتَ الۡاَوَّلِیۡنَ ۚ فَلَنۡ تَجِدَ

سازش بجز سازشیوں کے ۵۶ پس کیا یہ لوگ انتظار کر رہے ہیں کہ انکے ساتھ وہی معاملہ کیا جائے جو پہلے نافرمانوں کے ساتھ کیا گیا تھا

لِسُنَّتِ اللّٰہِ تَبۡدِیۡلًا ۬ۚ وَ لَنۡ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰہِ تَحۡوِیۡلًا ﴿۴۳﴾ اَوَ لَمۡ یَسِیۡرُوۡا

(اگر یہ بات ہے) تو آپ نہیں پائیں گے اللہ کی سنت میں کوئی تبدیلی اور آپ نہیں پائیں گے اللہ کی سنت میں کوئی تغیر ۵۸ کیا انہوں نے سیر نہیں کی

ہدایت قبول کی ان سے بھی بازی لے جائیں گے اور کوئی قوم راست روی اور ثابت قدمی میں ہماری ہمسر نہیں ہوگی۔

من احدی الامم کی تشریح کرتے ہوئے علامہ پانی پتی لکھتے ہیں:

" من کان من الامم السالفة علی هدی فنحن نکون اهدی منهم " (مظہری)

۵۴ اور جب وہ نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بزم امکان میں رونق بخش ہوا اور اس کی طلعت زیبا سے ہدایت کے انوار تاریکیوں کو شکست پر شکست دینے لگے تو یہ کور باطن جو پہلے لمبے چوڑے دعوے کیا کرتے تھے، انہوں نے مخالفت شروع کر دی اور دن بدن ان کے عناد اور ان کی نفرت میں اضافہ ہونے لگا۔ انہیں وہ اپنی قسمیں بھول گئیں۔ انہیں یاد بھی نہ رہا کہ کل وہ حلفیہ طور پر کیا کہتے تھے اور آج وہ کیا گل کھلا رہے ہیں اور اپنے عہد و پیمان کو توڑ رہے ہیں۔

۵۵ اس آیت کا پہلی آیت سے کیا تعلق ہے، اس کے متعلق علماء کے مختلف اقوال ہیں۔ بعض نے اسے حال بنایا اور بعض نے نفوراً کا بدل۔ اور بعض نے مفعول لاجلہ۔ لیکن میرے نزدیک احسن یہ ہے کہ یہ نفوراً پر عطف ہو۔ یعنی فلما جاء هم نذیر مازادهم الا نفورا ومازادهم الا استکبارا فی الارض ومازادوا الا مکر السیئ یعنی جب وہ نذیر تشریف لایا تو اس کی اطاعت و فرمانبرداری کے بجائے وہ اس سے نفرت کرنے لگے۔ اس کی آمد کے بعد ان کے غرور اور سرکشی میں اضافہ ہو گیا اور انہوں نے اس کے خلاف بڑھ چڑھ کر گھناؤنی سازشیں شروع کر دیں۔

۵۶ حاق یحیق کا معنی ہے، احاطہ کرنا۔ چاروں طرف سے گھیر لینا یعنی وہ سازشیں تو اسلام کے خلاف کرتے تھے لیکن اس سازش کا وبال خود ان پر پڑتا تھا۔ جو حیلہ کیا منہ کی کھائی۔ اسلام کے خلاف ہر منصوبہ خاک میں مل گیا۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو برا بھلا کہتے اور طرح طرح کے بہتان لگا کر بدنام کرنے کی کوششیں کرتے لیکن اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کی شان کو اور زیادہ بلند کر دیتا۔ حضور کی عظمت کا ڈنکا دور دور تک بجنے لگا۔ غرضیکہ جو تدبیر بھی کی الٹی پڑی۔

۵۷ ینظرون بمعنے ینتظرون ہے۔ کفار بار بار ٹھوکریں کھانے کے باوجود نہیں سنبھلتے اور اپنی خسیس حرکتوں سے باز نہیں آتے۔

فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْۤا

نہیں کی زمین میں تاکہ وہ دیکھ لیتے کہ کتنا دردناک انجام ہوا ان (سرکشوں) کا جو ان سے پہلے گزر چکے حالانکہ وہ

اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِیُعْجِزَهٗ مِنْ شَیْءٍ فِی السَّمٰوٰتِ

قوت و طاقت (میں) ان سے (کئی گنا) زیادہ تھے ۸۶ اور (سنو) اللہ تعالیٰ ایسا (کمزور) نہیں ہے کہ اسے آسمانوں اور

وَ لَا فِی الْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَلِیْمًا قَدِیْرًا ﴿۴۴﴾ وَ لَوْ یُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ

زمین کی کوئی چیز نیچا دکھا سکے۔ وہ ہر بات جاننے والا، بڑی قدرت والا ہے ۸۹ اور اگر اللہ تعالیٰ (فوراً) پکڑ لیا کرتا لوگوں کو

بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ یُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰۤى اَجَلٍ

ان کے کرتوتوں کے باعث تو نہ (زندہ) چھوڑتا زمین کی پشت پر کسی جاندار کو لیکن (اس کی سنت یہ ہے) وہ ڈھیل دیتا رہتا ہے

مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِیْرًا ﴿۴۵﴾

انہیں ایک مقررہ میعاد تک پس جب ان کی میعاد آجائے گی تو بیشک اللہ کے سب بندے اس کی نگاہ میں ہیں ۹۰

کیا یہ اس بات کے منتظر ہیں کہ ان پر بھی ایسا عذاب نازل ہو جو ان سے پہلے گزری ہوئی سرکش قوموں پر نازل ہوا تھا۔ اگر ان کی یہی مرضی ہے تو پوری کر دی جائے گی کیونکہ نافرمانوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا برتاؤ ایسا ہی ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی سنت کو کوئی بدل نہیں سکتا۔

۸۶ گزشتہ تباہ شدہ قوموں کے کھنڈرات جو داستان عبرت سنا رہے ہیں کیا ان کی آنکھیں کھولنے کے لیے وہ کافی نہیں۔ وہ لوگ قوت، دولت اور وسائل ہر اعتبار سے ان سے زیادہ تھے۔ عذاب الٰہی سے وہ اپنے آپ کو نہ بچا سکے ان بیچاروں کی کیا حقیقت ہے۔

۸۹ لیعجزہ کا فاعل شیئ ہے۔ من زائدہ ہے تاکید پر دلالت کرتا ہے مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کمزور نہیں ہے۔ آسمان یا زمین پر بسنے والی کوئی چیز خواہ وہ کتنی گرانڈیل، طاقتور، حیلہ ساز ہو اللہ تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکتی۔ اس کے علم اور اس کی قدرت کا کون مقابلہ کر سکتا ہے۔

۹۰ عذاب دینے میں اللہ تعالیٰ عجلت اور جلد بازی نہیں کرتا۔ ورنہ اپنے کرتوتوں کی وجہ سے کوئی چیز سلامت نہ رہتی، لیکن وہ بڑا حلیم اور بڑا کریم و رحیم ہے۔

اللّٰھم لک الحمد و لک الشکر وعلی نبیک وصفیک وحبیبک سیدنا و مولٰنا

محمد افضل الصلوات وازکی التسلیمات واطیب التحیات واسنی البرکات وعلى آله واصحابه واولیاء امته اجمعین۔

رب اوزعنی ان اشکر نعمتك التی انعمت علیّ وعلی والدیّ وان اعمل صالحا ترضٰه واصلح لی فی ذریتی انی تبت الیك وانی من المسلمین

اللّٰهم آمین بجاه طٰهٰ و یٰس علیه الصلوٰة والسلام۔

محمد کرم شاہ

نظر ثانی

صلوٰة الظہر	وقت الاشراق
یوم الخمیس	یوم الاحد
۱۰ رجب ۱۳۹۱ھ	۱۶ رجب ۱۳۹۲ھ
۲ ستمبر ۱۹۷۱ء	۲۷ اگست ۱۹۷۲ء

تعارف
سُورۂ یٰسٓ

نام : اس سورہ مبارکہ کا نام یٰسٓ ہے جو اس کی پہلی آیت ہے۔ اس میں پانچ رکوع، تراسی آیات، کلمات سات سو انتیس اور حروف تین ہزار۔

ترمذی کی حدیث شریف میں ہے کہ ہر چیز کے لیے قلب ہے اور قرآن کا قلب یٰسٓ ہے۔ ابوداؤد کی حدیث میں ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے اَموات پر یٰسٓ پڑھو، اسی لیے قُربِ موت، حالتِ نزع میں مرنے والے کے پاس یٰسٓ پڑھی جاتی ہے۔ (خزائن العرفان)

زمانۂ نزول : مضامین میں غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سورت اس وقت نازل ہوئی جب اہلِ مکہ بڑی شدت اور پُوری قوت سے اسلام کی تعلیمات سے انکار کرنے لگے تھے اور اسلامی دعوت اپنے فطری حسن و جمال کے باعث سعادتمند رُوحوں کو اپنی طرف تیزی سے کھینچنے لگی تھی۔ اسلام کی روز افزوں مقبولیت سے مشرکین گھبرا گئے تھے۔

مضامین : اس میں اسلامی دعوت کے تین بُنیادی اصولوں پر ایمان لانے کی دعوت دی گئی ہے یعنی توحید، رسالت اور قیامت سب سے پہلے حضورؐ کی رسالت کو قرآن کی قسم کھا کر بیان کیا گیا اور یہ بھی بتا دیا کہ آپ صراطِ مستقیم پر ہیں۔

مدت دراز سے سرزمینِ عرب نورِ نبوت سے محروم چلی آرہی تھی۔ صدیاں بیت گئی تھیں اس علاقہ میں کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا تھا۔ عرصہ دراز تک گمراہ رہنے کے باعث فہم و فکر کی قوتیں بانجھ ہو گئیں اس لیے انہوں نے حضورؐ پر ایمان لانے سے انکار کر دیا۔ ان کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کے لیے ایک تباہ شدہ بستی کا حال انہیں سنایا گیا۔ انہیں بتایا کہ اس بستی کے رہنے والوں نے اپنے رسولوں کو جھٹلایا تھا اور وہ برباد ہو گئے تھے تم ان کی روش اختیار نہ کرنا۔ اس ضمن میں ایک بندۂ مومن کا تذکرہ بھی آگیا ہے جس کی قوتِ ایمانی اور جذبۂ جانفروشی آج بھی ہمارے مُردہ دلوں کو نئی زندگی بخش رہا ہے۔

اس کے بعد اپنی توحید، اپنی قدرت اور حکمت پر تکوینی دلائل پیش فرمائے۔ بنجر زمین پر کون مینہ برساتا ہے کس کے حکم سے غذائی اجناس اور رنگ برنگے پھل بکثرت پیدا ہوتے ہیں۔ سُورج اور چاند کے طلوع و غروب اور ان کی مقررہ رفتار کی طرف متوجہ کیا اور بتایا کہ سب اپنے اپنے مدار میں محوِ خرام ہیں نہ کبھی باہمی ٹکر ہوئی ہے اور نہ کوئی اپنے مقررہ وقت سے ایک لمحہ بھر لیٹ ہوا ہے اور نہ کبھی کسی نے آگے گزرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ پیچیدہ نظم و نسق اس عمدگی

ہے کس کی تدبیر سے مصروفِ عمل ہے۔ دریاؤں اور سمندروں میں کشتیاں کس کے حکم سے سامان اور مسافروں کو اٹھائے ہوئے ایک ملک سے دوسرے ملک کو جا رہی ہیں۔

انسان جس کی تخلیق ایک قطرۂ آب سے کی گئی ہے وہ کس ڈھٹائی سے قیامت کا انکار کرتا ہے اور وقوعِ قیامت پر شبہات و اعتراضات کے انبار لگاتا ہے، وہ پوچھتا ہے کہ ان بوسیدہ ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا۔ اے حبیب! آپ اس ناہنجار کو بتا دیجئے وہی جس نے انہیں پہلے زندگی بخشی تھی، وہی جس کے امر کن سے یہ جہانِ رنگ و بُو معرضِ وجود میں آگیا، وہی جس کے دستِ قدرت میں زمین و آسمان کی حکومت ہے جو ہر چیز کا جاننے والا ہے، وہی قیامت کے روز تمہیں قبروں سے زندہ کرکے اٹھائے گا اور جواب دہی کے لیے اپنی عدالت میں پیش کرے گا۔

اس سورت میں دو چیزیں آپ کی خصوصی توجہ کی مستحق ہیں۔ آیت ۴۷ میں سرمایہ دارانہ ذہنیت کو بے نقاب کیا گیا ہے کہ جب انہیں اپنے ان ضرورتمند بھائیوں کی ضرورتیں پوری کرنے کی دعوت دی جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے رزق نہیں دیا ہم کون ہیں ان کو رزق دینے والے اور ان کی ضرورتوں کو پورا کرنے والے۔ درحقیقت ان کا یہ جواب محض اپنی کنجوسی اور بخل پر پردہ ڈالنے کی ایک بھونڈی کوشش ہے۔ اگر وہ ایسے ہی راضی بقضا ہیں تو پھر کیوں کسبِ معاش میں وہ کسی ضابطے اور قانون کی پابندی کو بھی گراں سمجھتے ہیں۔ دولت کے لالچ میں تمام حدود کو روندتے چلے جاتے ہیں۔ انہیں بھلا ایسی بات کرنے کا کیسے حق پہنچتا ہے۔ ان کے دلوں میں اپنی دولت کی اتنی محبت ہے کہ وہ اس سے بچھڑنا نہیں چاہتے اور کسی محروم کی محرومی پر انہیں ذرا ترس نہیں آتا۔ کسی یتیم اور بیوہ کی حالتِ زار کو دیکھ کر ان کے دل میں رحم کا جذبہ نہیں ابھرتا۔

دوسری بات یہ ہے جس کا ذکر آیت ۶۹ میں کیا گیا ہے بتا دیا کہ میرے نبی کریم کے علوم و معارف کا ماخذ خیال آفرینی، مبالغہ آرائی اور شعراء کی کذب بیانی نہیں بلکہ ان کا سرچشمہ وہ کتاب مقدس ہے جو اللہ تعالیٰ کا کلام ہے جسے اس نے اپنے حبیب مکرم پر نازل فرمایا ہے تاکہ ہر اس شخص کو بروقت خبردار کر دے جس میں انسانیت کی زندگی کا کچھ نہ کچھ اثر موجود ہے۔

سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ یٰس مکی ہے اس کی آیتیں ۸۳ - اس کے رکوع ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

يٰسٓ ﴿۱﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳﴾ عَلٰى

اے سیدِ عرب و عجم!۱ قسم ہے قرآن حکیم کی ۲ بیشک آپ رسولوں میں سے ہیں (یقیناً) آپ

۱ اس کے متعلق علماء تفسیر کے متعدد اقوال ہیں (۱) یہ سورت کا نام ہے (۲) قرآن کے اسماء سے ہے۔ (۳) یہ اللہ تعالیٰ کا اسم پاک ہے۔ (۴) یاسین کا معنی لغت طے میں یا انسان ہے اور اس سے مراد انسانِ کامل یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں۔ (۵) رحمتِ عالمیاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسماء مبارکہ سے ہے۔ (۶) ابوبکر وراق کہتے ہیں: یہ مخفف ہے یا سید البشر کا۔

علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ حدیث پاک میں ہے:

اللہ تعالیٰ المعطی و انا القاسم فمنزلته صلی اللہ تعالیٰ علیه و آله وسلم من العالم باسرہ بمنزلة القلب من البدن فما الطف افتتاح قلب القرآن بقلب الاکوان۔

ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: "دینے والا اللہ تعالیٰ اور بانٹنے والا میں ہوں۔" اس حدیث پاک کے مطابق کائنات کے جسم میں حضور دل کی مانند ہیں اور سورۂ یاسین قرآن کریم کا دل ہے تو کتنا لطیف اور پیارا نکتہ ہے اس سورت کا کہ قرآن کے دل کو ساری کائنات کے دل کے ذکر سے شروع کیا جا رہا ہے۔

۲ کفارِ مکہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا انکار کرتے تھے اور طرح طرح کے الزامات اور اتہامات پیش کرتے تھے۔ یہاں خداوندِ عالم قسم اٹھا کر اپنے رسول کی رسالت کی شہادت دے رہے ہیں۔ فرمایا اے انسانِ کامل! یا اے عرب و عجم کے سردار! مجھے اس قرآنِ حکیم کی قسم ہے کہ آپ ان برگزیدہ انسانوں میں سے ہیں جن کو میں نے رسالت سے سرفراز فرمایا ہے اور مجھے قرآنِ حکیم کی قسم ہے کہ آپ سیدھے راستے پر گامزن ہیں۔

اے حبیب! جب تیرا پروردگار تیری رسالت کی شہادت دے رہا ہے اور وہ بھی قرآنِ حکیم کی قسم اٹھا کر۔ اس کے بعد اگر کوئی بدبخت تیری رسالت کو ماننے سے انکار کرے تو آپ کو رنجیدہ خاطر نہیں ہونا چاہیے۔

قسم اٹھاتے ہوئے صرف والقرآن نہیں فرمایا بلکہ والقرآن الحکیم فرمایا یعنی قرآن جس کی قسم اٹھائی جارہی ہے یہ کوئی عام قسم کی

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۴ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝۵ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

راہ راست پر ہیں ۔ نازل فرمایا ہے (قرآن حکیم کو) عزیز (اور) رحیم نے [۴] تاکہ آپ ڈرا سکیں اس قوم

مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۶ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ

کو جن کے باپ دادا کو (طویل عرصے سے) نہیں ڈرایا گیا اس لیے وہ غافل ہیں [۵] بے شک (انکے پیہم کفر و عناد کے باعث) یہ

عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۷ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ

بات لازم ہو چکی ہے ان میں سے اکثر پر کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے [۶] ہم نے ڈال دیئے ہیں ان کی گردنوں میں طوق

اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝۸ وَجَعَلْنَا مِنْ

پس وہ ان کی ٹھوڑیوں تک پہنچے ہوئے ہیں اسلئے ان کے سراوپر کو اٹھے ہوئے ہیں [۷] اور ہم نے بنا دی ہے

کتاب نہیں بلکہ یہ کتاب حکیم ہے یعنی پُرحکمت ہے ۔ یا یہ ایسی محکم کتاب ہے کہ باطل کسی گوشے سے اس پر حملہ نہیں کرسکتا۔ (مظہری، قرطبی)

[۴] یہ کسی فلسفی، کسی دانشور، کسی سحر بیان ادیب کی تصنیف نہیں بلکہ اسے عزیز و رحیم نے نازل فرمایا ہے۔ تنزیل فعل محذوف (ابن کثیر) کا مفعول مطلق ہے۔ ای نزّل اللہ ذلک تنزیلا (قرطبی)

[۵] عزیز و رحیم نے اسے کیوں نازل فرمایا؟ بتا دیا کہ اس کو نازل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ایسی قوم کو بروقت خبردار کر دیا جائے جن کے پاس عرصہ دراز سے کوئی ڈرانے والا اور خواب غفلت سے بیدار کرنے والا نہیں آیا۔ یہ اہل عرب تھے جن کے پاس حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد کوئی نبی اور رسول تشریف نہیں لایا تھا۔ اور انہوں نے اپنی عقل خداداد سے کام لینا بھی چھوڑ دیا تھا۔ انکے اردگرد دلائلِ توحید کا گلشن آراستہ تھا۔ اس کی طرف بھی توجہ نہ کی۔ ان کے تجارتی کاروانوں کا گزران اجڑی ہوئی بستیوں پر بھی ہوتا تھا جن کے اداس کھنڈر اپنے بنانے والوں کی داستانِ عبرت ہر اس شخص کو سناتے تھے جو وہاں سے گزرتا تھا۔ انہوں نے اس سے بھی فائدہ نہ اٹھایا اور آنکھیں موند کر غفلت اور بے خبری کی زندگی بسر کرتے رہے۔

[۶] جن کو ڈرانے کے لیے اے حبیب آپ تشریف لے آئے ہیں، جن کو خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لیے قرآن کریم نازل کیا گیا ہے ان میں ایسے لوگوں کی تعداد بھی کافی ہے جن کے متعلق فیصلہ ہو چکا ہے کہ وہ دوزخ کا ایندھن بنیں گے کیونکہ وہ تعصب اور ہٹ دھرمی کی ایسی روش اختیار کریں گے جہاں کوئی پند و موعظت کارگر نہیں ہوگی۔ وہ مواعظ سننے کے باوجود ایمان نہیں لائیں گے۔ یہاں قول سے مراد انہیں عذاب دینے کا خدائی فیصلہ ہے اور حق کا معنی واجب ہونا، لازم ہونا۔ ای وجب العذاب علٰی اکثرھم۔

[۷] پہلے آیت کا لغوی معنی ذہن نشین فرما لیجیے۔ اس کے بعد اس کا مفہوم سمجھنا آسان ہو جائے گا۔ اعناق، عنق کی جمع ہے۔ اس

بَیۡنِ اَیۡدِیۡهِمۡ سَدًّا وَّ مِنۡ خَلۡفِهِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَیۡنٰهُمۡ

ان کے سامنے ایک دیوار اور ان کے پیچھے ایک دیوار اور ان کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا ہے پس وہ کچھ

فَهُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ ﴿۹﴾ وَ سَوَآءٌ عَلَیۡهِمۡ ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ اَمۡ لَمۡ

نہیں دیکھ سکتے ؎ اور یکساں ہے ان کے لیے چاہے آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں

کا معنی ہے گردن ۔ مقمحون : فقہ لغت کے امام الاصمعی کہتے ہیں : یقال اقمحتُ الدابة اذا اخذت لجامه لترفع رأسها ؛ یعنی گھوڑے کی جب باگ زور سے کھینچی جائے تاکہ وہ اپنا سر اُوپر اٹھائے ۔ تو عرب کہتے ہیں اقمحت الدآبة اور جب کسی کے گلے میں طوق ڈالا جائے اور اسے کھینچ دیا جائے تاکہ اس کا سر اُوپر اٹھا ہوا رہ جائے تو کہا جاتا ہے اقمحه الغل ۔ (قرطبی) حضرت عبداللہ بن یحییٰ فرماتے ہیں کہ حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے ہمیں اس لفظ کا معنی سمجھانے کے لیے اس طرح کیا کہ پہلے اپنی ڈاڑھی مُبارک کے نیچے اپنے دونوں ہاتھ رکھے اور سر کو اُوپر اُٹھایا کہ وہ پھر نیچے نہ ہو سکے

یعنی ان منکرین اور معاندین کی ایسی حالت ہے جیسے ان کے ہاتھوں میں زنجیر اور گلے میں طوق ڈال کر انہیں گردن کے ساتھ یوں سختی سے جکڑ دیا ہو کہ ان کا سر اُوپر اٹھ کر رہ گیا ہو ۔ وہ یوں اکڑے اور جکڑے ہوئے ہوں کہ آنکھیں آسمان کی طرف اُٹھی ہوئی ہوں ۔ نہ سر ہلا سکیں نہ دائیں بائیں دیکھ سکیں ۔ اس حالت میں جو شخص مُبتلا ہو نہ وہ صحیح اور غلط میں تمیز کر سکتا ہے اور نہ کسی کی بات کو تسلی سے سن سکتا ہے ۔ بس یہی حال ان نابکاروں کا ہے ۔

اس آیت کے شان نزول کے متعلق یہ روایت منقول ہے کہ ایک دفعہ ابوجہل نے قسم اٹھائی کہ اگر اس نے حضور کو نماز پڑھتے دیکھ لیا تو پتھر سے سر مبارک کو چور چور کر دے گا ۔ ایک دفعہ حضور نماز پڑھ رہے تھے تو یہ ایک بھاری پتھر اٹھا کر حضور کی طرف بڑھا ۔ جب پتھر مارنے کے لیے اٹھایا تو ہاتھ گردن کے ساتھ لگ کر رہ گیا اور پتھر ہاتھ کے ساتھ چمٹ گیا ۔ وہاں سے واپس لوٹنے میں ہی سلامتی دیکھی جب اپنے ساتھیوں کے پاس پہنچا تو سارا ماجرا انہیں بتلایا ۔ یہ سن کر ولید بن مغیرہ اُٹھا اور کہا کہ اے ابوجہل ! تم تو ہو ہی بزدل ۔ میں جاتا ہوں اور سر پھوڑ کر نہ آیا تو بات ہوئی ۔ جب وہ اس نیت بد سے نزدیک گیا تو اللہ تعالیٰ نے بینائی سلب کر لی اور اندھا ہو گیا ۔ حضور کی آواز سن رہا تھا لیکن حضور نظر نہ آتے تھے ۔ اس نے بھی واپس آ کر اپنا قصہ سنایا تو ایک اور کافر غصہ سے بے قابو ہو کر اُٹھا اور کہنے لگا ۔ واللہ لأشدخنّ أمّارأسه ۔ بخدا میں ان کے سر کو چور چور کروں گا ۔ وہ پتھر لے کر نزدیک پہنچا تو گھبرا کر پیچھے بھاگا اور غش کھا کے مُنہ کے بل گر پڑا ۔ ساتھیوں نے آ کر اٹھایا ۔ پُوچھا تم پر کیا بیتی ۔ اس نے کہا مت پُوچھو جو مجھ پر گزری ہے ۔ جب میں ان کے قریب ہوا تو ایک بہت بڑا بیل دُم لہراتا ہوا میرے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا ۔ فواللات والعزّٰی لو دنوت منه لأکلنی مجھے لات و عزّٰی کی قسم ! اگر میں قریب جاتا تو وہ بیل مجھے کچا چبا جاتا ۔

؎ سدًّا : دیوار یعنی ہم نے ان کے آگے بھی دیوار چن دی ہے اور ان کے پیچھے بھی دیوار کھڑی کر دی ہے ۔ ان کی آنکھوں پر پردہ

تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠﴾ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

وہ ایمان نہیں لائیں گے ﴿۸﴾ آپ تو صرف اسی کو ڈرا سکتے ہیں جو اتباع کرتا ہے قرآن کا اور ڈرتا

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿١١﴾ اِنَّا نَحْنُ

ہے (خداوند) رحمان سے بن دیکھے ﴿۹﴾ پس مژدہ سنائیے ایسے شخص کو مغفرت کا اور بہترین اجر کا ﴿۱۰﴾ بیشک ہم ہی

نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ

زندہ کرتے ہیں مُردوں کو اور لکھ لیتے ہیں (ان اعمال کو) جو وہ آگے بھیجتے ہیں اور ان کے ان آثار کو جو وہ پیچھے چھوڑ جاتے ہیں ﴿۱۱﴾ اور ہر چیز کو

اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٢﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ

ہم نے شمار کر رکھا ہے لوحِ محفوظ میں ﴿۱۲﴾ اور بیان فرمائیے ان کے (سمجھانے کے) لیے مثال اس

ڈال دیا ہے۔ اب ان کا یہ حال ہے کہ نہ آگے جا سکتے ہیں نہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ انہیں کچھ دکھائی دیتا ہے۔

۸ ان کے کفر و انکار کا مرض لاعلاج ہو چکا ہے۔ انہوں نے اپنی صلاحیتوں کا اپنے ہاتھ سے گلا گھونٹ دیا ہے۔ اس آنکھ کو پھوڑ ڈالا ہے جو نورِ حق کو دیکھ سکتی ہے اور ان کانوں میں انگلیاں ٹھونس کر بہرا کر دیا ہے جو حق کی آواز کو سن سکتے ہیں۔ اب ان کو اسلام کی طرف بلانا اور ہدایت کی دعوت دینا بے سود ہے۔ جگایا تو اس کو جاتا ہے جو سو رہا ہو اور جو مر چکا ہو وہ تو حشر سے پہلے جاگنے کا نہیں۔

۹ آپ کا خبردار کرنا اور ڈرانا انہی لوگوں کے لیے سود مند ہو سکتا ہے جن میں حق پذیری کی استعداد ہو۔ جن کے دل میں راہِ راست پانے کی تڑپ ہو۔ جن کو آپ نصیحت فرمائیں تو وہ اس پر عمل کرنے لگیں اور جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے ہر وقت ڈرتے رہتے ہوں۔ یہ لوگ ہی اس قرآن کو مانیں گے، آپ کی رسالت کو تسلیم کریں گے۔

۱۰ آپ ان لوگوں کو مغفرت کا مژدہ سنائیے کہ بشری تقاضوں کے باعث جو قصور تم سے سرزد ہوئے ہیں، تمہارا مہربان خدا انہیں بخش دے گا اور جو نیکیاں تم نے کی ہیں ان پر تمہیں اجر عطا فرمائے گا۔ صرف اجر نہیں بلکہ اجرِ عظیم۔

۱۱ یعنی تم سخت غلط فہمی میں مبتلا ہو کہ اس زندگی کے بعد کوئی دوسری زندگی نہیں ہے اور مرنے کے بعد نہ تمہیں زندہ کیا جائے گا اور نہ تم سے کسی قسم کی بازپرس کی جائے گی۔ یہ تمہاری غلط فہمی ہے۔ ہم مُردوں کو ضرور زندہ کریں گے اور اس روز انہیں نیک و بد اعمال کی جزا یا سزا ضرور دیں گے۔

۱۲ ہمارے لیے ان سے حساب لینا کوئی مشکل نہیں۔ جو کام انہوں نے خود کیے ہیں ہم ان کو بھی لکھ رہے ہیں اور جو طریقے رائج کر کے وہ آنے والی نسلوں کے لیے چھوڑ جائیں گے۔ ان کو بھی ہم ضبطِ تحریر میں لا رہے ہیں۔ اس لیے جو نیک کام انہوں نے خود کیے یا جو نیک طریقے

الْقَرْيَةِ ۘ إِذْ جَاءَهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿١٣﴾ إِذْ أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ

گاؤں کے باشندوں کی جب آئے وہاں ہمارے رسول ۱۳ ؎ جب (پہلے) ہم نے بھیجے ان کی طرف دو رسول تو

انہوں نے رائج کیے جن پر آنے والی نسلیں گامزن رہیں ان کی جزائے خیر دینا کوئی مشکل نہیں ہو گا۔ اسی طرح جو بُرے کام کسی نے خود کیے اور جن اجتماعی اور متعدی خرابیوں کے جراثیم وہ اپنے معاشرہ کو بطور وراثت دے کر یہاں سے سدھارے ان سب کا ریکارڈ ہمارے پاس محفوظ ہے اس لیے ان کو سزا دینے میں کوئی دقت نہ ہو گی۔

علامہ راغب لفظ امام کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ الامام المؤتم به انسانا کان یقتدی بقوله او فعله او کتابا او غیر ذلك محقا کان او مبطلا وجمعه ائمة : یعنی امام اس کو کہتے ہیں جس کی پیروی کی جائے خواہ وہ انسان ہو یا کتاب۔ وہ حق پر ہو یا باطل کا علمبردار۔ اس کی جمع ائمہ ہے۔ آیت میں امام مبین سے مراد لوح محفوظ ہے۔

۱۳ ؎ عام طور پر ان آیات کی تفسیر کرتے ہوئے علماء تفسیر نے لکھا ہے کہ جس گاؤں کا یہاں ذکر ہے اس سے مراد انطاکیہ ہے جو ملک شام کا ایک شہر ہے اور پہلے دو رسول جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے عیسائیت کی تبلیغ کے لیے بھیجے تھے ایک کا نام صادق اور دوسرے کا نام مصدوق تھا جب ان کو ستایا گیا اور تکلیف پہنچائی گئی تو ان کی مدد کے لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے تیسرا رسول بھیجا اس کا نام شمعون تھا اور وہ شخص جو شہر کے پرلے کنارے سے دوڑ کر آیا تھا اس کا نام حبیب نجار تھا۔

لیکن محققین نے ان تفصیلات کو ماننے سے انکار کیا ہے۔ چنانچہ علامہ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ یہ تفصیلات کئی وجوہ سے قابل اعتماد نہیں۔

۱۔ جن حضرات کا یہاں ذکر کیا گیا ہے وہ اپنا تعارف لوگوں سے یوں کرتے ہیں : قالوا ربنا یعلم انا الیکم لمرسلون۔ کہ ہمارا رب جانتا ہے کہ ہمیں صرف تمہاری طرف بھیجا گیا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ براہ راست اللہ تعالیٰ کے رسول تھے نہ یہ کہ وہ حضرت عیسیٰ کے حواری اور فرستادہ تھے۔ اگر وہ حواری ہوتے تو ان کے کلام کا انداز یہ نہ ہوتا۔

۲۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ یہاں جس گاؤں کا ذکر ہے اس کے باشندوں نے ان رسولوں یا فرستادوں کا انکار کیا ہے ان کو طرح طرح سے اذیتیں دیں، ان کو منحوس تک کہا اور اپنی ساری تکلیفوں کا باعث انہیں قرار دیا۔ یہاں تک کہ ان کو سنگسار کرنے کی دھمکیاں دیں۔ ان حضرات کے بار بار سمجھانے کا بھی ان پر کوئی اثر نہ ہوا یہاں تک کہ عذاب الٰہی ایک کڑک کی صورت میں نازل ہوا اور اس بستی اور اس میں بسنے والوں کو خاک سیاہ بنا دیا۔ جب ہم انطاکیہ کی تاریخ پر نظر ڈالتے ہیں تو یہ وہ شہر ہے جس نے مسیحی دین کو سب سے پہلے قبول کیا اس کی ساری آبادی حضرت مسیح پر ایمان لائی، اس لیے آج تک اس کا شمار ان چار شہروں میں ہوتا ہے جو عیسائیوں کے نزدیک مقدس ہیں۔ نیز یہ بھی کسی تاریخ میں مذکور نہیں کہ اس شہر پر خدا کا عذاب نازل ہوا اور یہ نیست و نابود ہو گیا۔

ان حقائق کے پیش نظر قرآن میں مذکورہ قریہ کو انطاکیہ اور رسولوں سے مراد حضرت عیسیٰ کے حواری لینا بعید از قیاس ہے۔

اس لیے مناسب یہی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اس گاؤں کا نام ذکر نہیں کیا اور ان رسولوں کا تعین بھی نہیں فرمایا تو ہم اپنے آپ کو

فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا

انہوں نے ان کو جھٹلایا پس ہم نے تقویت دی (انہیں) ایک تیسرے رسول سے تو ان تینوں نے (انہیں) کہا کہ ہمیں تمہاری طرف بھیجا گیا ہے ف۱۴

مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ

بستی والوں نے کہا نہیں ہو تم مگر انسان ہماری مانند اور نہیں اتاری رحمٰن نے کوئی چیز نہیں ہو تم

اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

مگر جھوٹ بول رہے ہو ف۱۵ رسولوں نے کہا ہمارا رب جانتا ہے کہ ہم یقیناً تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں ف۱۶

اس اُلجھن میں ڈال دیں اور دانستہ طور پر یورپ کے مستشرقین کو قرآن کریم پر اعتراض کرنے کا ایک نیا موقع بہم پہنچائیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے میرے پیارے رسول! کفار مکہ اور مشرکین عرب آپ سے اُلجھ رہے ہیں۔ آپ ان کے سامنے ان لوگوں کا واقعہ بطور نصیحت پیش کیجیے جن کے پاس اللہ تعالیٰ کے رسول آئے اور انہوں نے ایمان لانے سے انکار کیا اور انہیں تباہ کر دیا گیا۔ شاید یہ واقعہ سن کر انہیں عبرت حاصل ہو۔ اپنے طریقہ کار پر نظر ثانی کریں اور گمراہی سے باز آجائیں۔

ف۱۴ پہلے دو رسول اس شہر میں تشریف لائے اور وہاں کے لوگوں کو راہِ ہدایت پر چلنے کی دعوت دی لیکن وہاں کے باشندے بھڑک گئے اور انہیں جھٹلانا شروع کر دیا اور طرح طرح سے اذیت پہنچانے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تقویت کے لیے ایک تیسرا رسول بھیج دیا اور انہوں نے مل کر تبلیغ کا کام زور شور سے شروع کر دیا۔ وہاں کے لوگ حقیقت شناس نہ تھے وہ اس نورِ نبوت کو نہ دیکھ سکے جو ان کی جبین سعادت سے چمک رہا تھا۔ وہ رُوحانیت کی ان لطافتوں کے ادراک سے قاصر تھے جو اللہ تعالیٰ نے ان نفوسِ قدسیہ کو بخشی تھیں۔ وہ ان کے ظاہر کو دیکھ کر فریب کھا گئے، کہنے لگے کہ تمہارا قد و قامت ہماری طرح، تمہارا چلنا پھرنا ہماری طرح، تم کھاتے پیتے بالکل ہماری طرح ہو تو تم رسول کیسے بن گئے۔

ف۱۵ انہیں ان پاک ہستیوں کے اس دعوے پر بھی اعتراض تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی مخلوق کی راہنمائی کے لیے کوئی صحیفہ ہدایت لے آئے ہیں۔ ان کا خیال تھا کہ پہلے تو خدا ہے ہی نہیں۔ اور اگر واقعی کوئی اتنی جلیل القدر ہستی ہے جس نے آسمانوں، زمینوں، پہاڑوں، سمندروں جیسی بڑی بڑی عظیم الشان چیزیں بنائی ہیں تو اتنی بڑی ہستی کو یہ زیب ہی نہیں دیتا کہ انسان جیسی حقیر مخلوق کے لیے وہ قواعد و ضوابط مرتب کرتا رہے۔ اس لیے ان رسولوں کا یہ دعویٰ ہرگز قابلِ قبول نہیں۔

ف۱۶ ان حضرات نے حلف اٹھا کر انہیں یقین دلانے کی کوشش کی کہ وہ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور اس نے ہی انہیں ان کی ہدایت کے لیے مبعوث فرمایا ہے۔ اذ تشھّد وا بعلم الله تعالٰی رھو یجری مجری القسم (مظہری) انہوں نے اہلِ قریہ کو بتا دیا کہ ہمارا فرض صرف اس قدر ہے کہ پیغامِ حق نہایت مؤثر انداز میں اور پوری دلسوزی سے تمہیں پہنچا دیں۔ اس کو قبول کرنا

وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ

اور نہیں ہم پر کوئی ذمہ داری بجز اس کے کہ پیغام حق کھول کر پہنچا دیں۔ وہ کہنے لگے ہم تو تمہیں اپنے لیے فال بد سمجھتے ہیں ۱۷ اگر تم

تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾ قَالُوْا

باز نہ آئے تو ہم تمہیں ضرور سنگسار کردیں گے اور پہنچے گا تمہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب ۱۸ رسولوں نے فرمایا

طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

تمہاری بدفالی تمہیں نصیب ہو ۱۹ (حیرت ہے) اگر تمہیں نصیحت کی جاتی ہے ۲۰ (تو تم دھمکیاں دینے لگتے ہو) بلکہ تم لوگ حد سے بڑھ جانے والے ہو۔

یا رد کرنا تمہارا کام ہے۔ ہم نے اپنی ذمہ داری باحسن طریق پوری کر دی ہے۔

۱۷ لیکن ان لوگوں کا انکار بڑھتا چلا گیا۔ وہ کہنے لگے جس روز سے تمہارے سبز قدم ہمارے شہر میں آئے ہیں۔ ہم طرح طرح کی مصیبتوں میں مبتلا ہوگئے ہیں۔ کبھی بارش نہ ہونے کی وجہ سے ہم قحط سالی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ کبھی کوئی وبا پھوٹ پڑتی ہے۔ کبھی کساد بازاری شروع ہو جاتی ہے۔ ہمارے نزدیک تو ان سب مصائب کا سبب تم ہو۔ تمہاری نحوست سے ہماری ہنستی کھیلتی زندگی غم و اندوہ کا شکار ہو گئی ہے۔ ہماری معاشی خوشحالی افلاس و تنگدستی میں بدلتی جا رہی ہے۔ تمہاری گستاخیوں سے ہمارے دیوتا ہم پر ناراض ہو گئے ہیں۔

۱۸ اب بہتر تو یہ ہے کہ تم اپنے وعظوں کا یہ سلسلہ بند کر دو۔ ہمارے معبودوں کے خلاف پروپیگنڈا کرنے سے باز آجاؤ۔ ہمیں اپنے حال پر رہنے دو اور ہمیں بار بار تنگ نہ کرو۔ ورنہ اس کا نتیجہ اچھا نہ ہوگا۔ ہمارے شہر میں تم صرف تین ہو۔ ہم تمہیں پکڑ لیں گے اور ایک چوراہے میں کھڑا کرکے اتنی سنگباری کریں گے کہ تمہاری بوٹی بوٹی الگ ہو جائے گی اور ہم تمہیں سخت المناک سزا دیں گے۔

۱۹ ان حضرات نے فرمایا تمہاری بدبختی اور بدفالی تو تمہارے ساتھ ہے۔ جب تم اس دنیا میں آئے تھے تو تمہارا فال نامہ اور شگون تمہارے گلے میں لٹکا دیا گیا تھا۔ اس میں ہمارا کوئی دخل نہیں۔ تم اپنے مقدر کو کوسو۔ جس کے باعث تلخ و ترش حادثات کا تم شکار ہوتے ہو۔ جہالت اور توہم پرستی کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ عہد جاہلیت میں نیک و بد شگون کا بڑا رواج تھا۔ کئی چیزیں ان کے نزدیک منحوس تھیں۔ اگر صبح سویرے ان میں سے کوئی چیز انہیں دکھائی دیتی تو سمجھتے تھے کہ آج کا دن بڑا منحوس ہے۔ اگر سفر پر جاتے ہوئے ایسی چیز سے آمنا سامنا ہو جاتا تو گھر واپس آجاتے۔ سفر کا ارادہ ترک کر دیتے۔ تطیر کا معنی ہے کسی سے برا شگون لینا اور اسے منحوس سمجھنا۔

۲۰ یہ شرط ہے اس کی جزا محذوف ہے۔ ان ذکرتم تطیرتم بنا وتوا عدتمونا۔

یعنی ہم اگر تمہیں نصیحت کرتے ہیں تو تم ہم سے بدفالی پکڑنے لگتے ہو اور ہمیں سنگسار کرنے کی دھمکیاں دینے لگتے ہو۔ تمہارا یہ رویہ ہرگز معقول نہیں۔ چاہیے تو یہ کہ تم ہماری باتوں میں غور و فکر کرتے، لیکن تمہارے طریقہ کار سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی معاملہ میں سنجیدگی سے غور و فکر کرنا تمہارا شیوہ نہیں۔ تم اس معاملہ میں حد سے زیادہ تجاوز کرنے والے ہو۔

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِیْنَةِ رَجُلٌ یَّسْعٰی قَالَ یٰقَوْمِ اتَّبِعُوا

اور (ایسے میں) آیا شہر کے پرلے کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا۔ اس نے کہا اے میری قوم! پیروی کرو

الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا یَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

رسولوں کی۔ پیروی کرو ان (پاکبازوں) کی جو تم سے کوئی اجر طلب نہیں کرتے اور وہ سیدھی راہ پر ہیں [۲۱]

وَمَا لِیَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِیْ فَطَرَنِیْ وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ

اور مجھے کیا حق پہنچتا ہے کہ میں عبادت نہ کروں اس کی جس نے مجھے پیدا فرمایا اور اسی کی طرف تم (سب) نے لوٹ کر جانا ہے [۲۲] کیا

دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً اِنْ یُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّیْ شَفَاعَتُهُمْ

(میرے لیے جائز ہے کہ) میں بناؤں اسے چھوڑ کر کوئی اور خدا؟ (ہرگز نہیں) اگر رحمٰن مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو ان کی سفارش مجھے ذرا فائدہ نہ

[۲۱] جب حالات زیادہ خراب ہو گئے اور وہاں کے باشندوں نے ان حضرات کو سنگسار کرنے کی تیاری شروع کر دی تو اسی شہر کے ایک دُور دراز گوشہ میں ایک سلیم الفطرت آدمی رہتا تھا۔ وہ دوڑتا ہوا آیا اور اپنی قوم سے کہنے لگا کہ اے میری قوم جن لوگوں کے پیچھے تم ہاتھ دھو کر پڑے ہوئے ہو یہ کافی عرصہ سے یہاں مقیم ہیں اور بڑی دلسوزی سے تمہیں اس دعوت کو قبول کرنے کی تلقین کر رہے ہیں جسے وہ حق سمجھتے ہیں اور تم ان پر برابر اعتراضات کی بوچھاڑ کرتے رہتے ہو۔ میں بھی تمہارے شہر کا باشندہ ہوں اور تمہاری قوم کا ایک فرد۔ میرا مخلصانہ مشورہ تو یہ ہے کہ تم ان پر ایمان لے آؤ اور ان کا اتباع شروع کر دو۔ ان کی صداقت کی اس سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہو سکتی ہے کہ انہوں نے کبھی تم سے کوئی مطالبہ نہیں کیا۔ چندہ کی اپیل نہیں کی۔ اگر یہ سچے نہ ہوتے اور اپنی دعوت میں مخلص نہ ہوتے بلکہ کسی دنیاوی مقصد کے لیے انہوں نے یہ ڈھونگ رچایا ہوتا تو دو چار ماہ، سال دو سال میں ان کا بھرم کھل جاتا۔ ان کی خود غرضی سامنے آجاتی، لیکن آج اتنا عرصہ گزر گیا۔ کیا تم ان کے اخلاص پر کوئی اعتراض کر سکتے ہو۔ نیز وہ خود بھی ان احکام پر بڑے اہتمام کے ساتھ عمل پیرا ہیں جن پر عمل کرنے کا حکم وہ تمہیں دیتے ہیں۔ خود بھی اسی راستہ پر گامزن ہیں جس پر چلنے کی وہ تمہیں دعوت دیتے ہیں۔ ایسے مخلصین کی نیت پر شک کرنا اور ان پر ایمان نہ لانا بڑی بے انصافی ہے۔

[۲۲] تم اپنے لیے جو چاہو راستہ اختیار کرو۔ البتہ میں تو اپنے خالق کی عبادت سے سرتابی نہیں کر سکتا اور نہ اس کے علاوہ کسی غیر کو اپنا الٰہ اور معبود مان سکتا ہوں۔ نیز یہ امر بھی پیش نظر رہے کہ تمہیں ہمیشہ اس دنیا میں زندہ نہیں رہنا ہے۔ ایک دن آنے والا ہے، جب تم یہاں سے کوچ کرو گے اور اپنے رب کے حضور پیش کر دیے جاؤ گے۔ خود سوچو اگر ساری عمر اس کی نافرمانی میں برباد ہو گئی، تو کس منہ سے وہاں حاضر ہو گے۔

شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾ اِنِّیْٓ اِذًا لَّفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۴﴾ اِنِّیْٓ اٰمَنْتُ

پہنچا سکے گی اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں گے ۲۳؎ (اگر میں شرک کروں) تو میں بھی اس وقت کھلی گمراہی میں مبتلا ہو جاؤں گا ۲۴؎ میں ایمان لے آیا ہوں

بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾ قِیْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۭ قَالَ یٰلَیْتَ قَوْمِیْ

تمہارے رب پر پس (کان کھول کر میرا اعلان) سن لو ۲۵؎ حکم ہوا (جا) جنت میں داخل ہو جا ۲۶؎ وہ بولا کاش! میری قوم بھی

یَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِیْ رَبِّیْ وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُكْرَمِیْنَ ﴿۲۷﴾ وَمَآ

جان لیتی کہ بخش دیا ہے مجھے میرے رب نے اور شامل کر دیا ہے مجھے باعزت لوگوں میں ۲۷؎ اور نہ

۲۳؎ آخر میں اپنے رب حقیقی کے بغیر کسی بے بس اور ضعیف چیز کو خدا کیونکر مان لوں۔ ان کی تو یہ مجال ہی نہیں کہ اگر میرا رحمان مجھے کسی مصیبت میں مبتلا کر دے تو وہ اگر زبردستی مجھے اس کی گرفت سے چھڑا لیں یا میری سفارش ہی کر سکیں۔ ایسے نکمے اور بیکار خداؤں کو مان کر میں کیا کروں گا۔

۲۴؎ اس حقیقت کو اچھی طرح سمجھتے ہوئے اگر میں پھر شرک میں مبتلا ہو جاؤں تو مجھ سے بڑھ کر اور کون گمراہ ہو گا۔

۲۵؎ حق کتنا جری ہوتا ہے، حق کا علمبردار کتنا نڈر اور بیباک ہوتا ہے اس آیت کو پڑھ کر ہی اس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ سارا شہر ایک طرف ہے۔ قوم کے تمام رئیس اور سردار ایک طرف ہیں۔ سارے مذہبی پیشوا اور سارے سیاسی حکام آگ بگولا ہیں۔ سارا ماحول غم و غصہ سے بھرا ہوا ہے۔ حالات کے بھڑکتے ہوئے اس آتشکدہ میں کھڑا ہو کر ایک مومن ہی یہ اعلان کر سکتا ہے: اِنِّیْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ۔ سارے سن لو میں تو تمہارے پروردگار پر ایمان لایا ہوں اور میرا جس نے کچھ بگاڑنا ہے بیشک بگاڑ لے مجھے اس کی ذرا پروا نہیں۔ اس مرد پاکباز نے آمنت بربی (میں اپنے رب پر ایمان لایا ہوں) نہیں کہا بلکہ بِرَبِّكُمْ فرمایا تاکہ انہیں یہ احساس دلائے کہ جس خدا کا وہ بندہ ہے وہ صرف اسی کا پروردگار نہیں بلکہ ان سب کا پروردگار بھی ہے۔

۲۶؎ لوگوں نے اس پر پتھروں کی بارش کر دی اور چند لمحوں میں اس کے جسم کو پارہ پارہ کر دیا۔ ؎

چہ خوش رسمے بنا کردند بخاک و خون غلطیدن خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را (مرزا جان جاناں)

جسم کا تو یہ حشر ہو رہا ہے اور اُدھر سے صدا آ رہی ہے اے عاشقِ دلفگار! آ جاؤ۔ جنت کی بہاریں تمہارا انتظار کر رہی ہیں خیابانِ رحمت کے رنگین پھولوں کے ہار پرو کر حوریں تمہاری راہ دیکھ رہی ہیں اور میرا حسن ازل تیرے دلِ بیتاب اور چشم مشتاق کی حسرتوں کو پورا کرنے کے لیے نقاب اُٹھنے ہی والا ہے۔

۲۷؎ قوم نے ظلم کی حد کر دی۔ لاش کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ لیکن ہمدردی کا جذبہ سرد نہیں ہوتا۔ کہتا ہے کاش میری قوم کو پتہ چل جائے۔ اسے جا کر کوئی بتا دے کہ سرفروشی اور جانبازی کی راہ پر چل کر تمہارے اس مقتول اور شہید بھائی نے کچھ کھویا نہیں بلکہ بہت کچھ پایا ہے۔

اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا

اتارا ہم نے اس کی قوم پر اس (کی شہادت) کے بعد کوئی لشکر آسمان سے اور نہ ہمیں اس کی

مُنْزِلِيْنَ ﴿٢٨﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿٢٩﴾

ضرورت تھی۔ ۳۵ نہ تھی مگر ایک گرج پس وہ بجھے ہوئے کوئلے بن گئے۔

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

صد افسوس ان بندوں پر۔ نہیں آیا ان کے پاس کوئی رسول مگر وہ اس کے ساتھ

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٠﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ

مذاق کرنے لگ گئے۔ کیا انہیں علم نہیں کہ کتنی امتوں کو ہم نے ان سے پہلے ہلاک کر دیا اور وہ (آج تک) ان کی

میرے قصور میرے رب نے معاف کر دیے ہیں اور مجھے ان لوگوں کی صف میں جگہ دے دی ہے جن کو اس نے ابدی عزتوں اور لازوال کرامتوں سے سرفراز فرمایا ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ میں اس پر سچے دل سے ایمان لایا تھا اور جب امتحان کے میدان میں مجھے کھڑا کیا گیا میں نے جان دے دی۔ لیکن اپنے ایمان پر آنچ نہیں آنے دی۔ حضرت علامہ مرحوم کا ارشاد ملاحظہ ہو ؎

برتر از اندیشۂ سود و زیاں ہے زندگی ہے کبھی جاں اور کبھی تسلیم جاں ہے زندگی

مفسرین لکھتے ہیں کہ اس شخص کا نام حبیب نجار تھا۔ علامہ قزوینی تحریر فرماتے ہیں کہ جب اہل انطاکیہ نے اسے شہید کیا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں ہلاک کر دیا۔ انطاکیہ میں مومن اور کافر دونوں آباد تھے۔ وہ خوفناک کڑک جس نے کفار کو موت کی نیند سلا دیا۔ اہل ایمان کو اس سے محفوظ رکھا گیا یہاں تک کہ جو اہل ایمان محو خواب تھے وہ بدستور سوئے رہے ان کی آنکھ بھی نہ کھلی۔ انطاکیہ کے بازار میں ایک مسجد ہے اس مسجد کو مسجد حبیب کہا جاتا ہے۔ اس کے صحن میں ان کا مزار پُر انوار ہے۔ لوگ اس کی زیارت کے لیے جایا کرتے ہیں۔

(آثار البلاد واخبار العباد للقزوینی ص ۱۵۱ مطبوعہ بیروت)

مشہور جغرافیہ دان علامہ یاقوت حموی متوفی ۶۲۶ھ اپنی کتاب معجم البلدان میں انطاکیہ کے عنوان کے نیچے لکھتے ہیں:

"انطاکیہ میں حبیب نجار کی قبر ہے دور نزدیک سے لوگ اس کی زیارت کے لیے آتے ہیں اور کہا جاتا ہے کہ یہ آیات انہی حبیب کے حق میں نازل ہوئیں وجاء من اقصی المدینۃ رجل یسعیٰ الخ۔ لیکن یقین سے کچھ کہنا مشکل ہے۔ علامہ ابن کثیر کی رائے آپ چند صفحے پہلے پڑھ آئے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

۳۵ ہمیں ان سرکشوں کی سرکوبی کے لیے آسمان سے فرشتوں کا لشکر اتارنے کی ضرورت نہیں پڑی۔ جب ہم نے ان کو تباہ کرنے کا

إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ ۝٣١ وَإِن كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ۝٣٢ وَ

طرف لوٹ کر آئے ۔ اور ان سب کو ہمارے سامنے حاضر کر دیا جائے گا اور

ءَايَةٌ لَّهُمُ ٱلْأَرْضُ ٱلْمَيْتَةُ ۚ أَحْيَيْنَٰهَا وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ

ایک نشانی ان کے لیے یہ مردہ زمین ہے ۲۹ ہم نے اسے زندہ کر دیا اور ہم نے نکالا اس سے غلہ پس وہ

يَأْكُلُونَ ۝٣٣ وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّٰتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَٰبٍ وَفَجَّرْنَا

اس سے کھاتے ہیں ۳۰ اور ہم نے اگائے اس میں باغات کھجور اور انگوروں کے اور جاری کر دیے اس میں

فِيهَا مِنَ ٱلْعُيُونِ ۝٣٤ لِيَأْكُلُوا۟ مِن ثَمَرِهِۦ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ ۖ

چشمے ۳۱ تاکہ کھائیں وہ اس کے پھلوں سے اور نہیں بنایا ہے اس کو ان کے ہاتھوں نے ۔

فیصلہ کیا تو ایک ایسی گرج اور کڑک پیدا کی کہ وہ چشم زدن میں بجھی ہوئی راکھ کا ڈھیر بن گئے۔ خامدین، بھڑکتی ہوئی آگ کے بجھ جانے کو خمد کہتے ہیں۔ یعنی پہلے وہ آگ کے انگاروں کی طرح دہک رہے تھے اور اس کے شعلوں کی طرح لپک رہے تھے۔ ایک گرج نے ان مغروروں کا قصہ تمام کر دیا جیسے کسی نے منوں پانی ڈال دیا ہو۔

۲۹ یہاں سے ان تکوینی دلائل کے بیان کا سلسلہ شروع ہوتا ہے جو توحید اور قیامت کے منکرین کے سامنے پیش کیے جا رہے ہیں۔ ایسے دلائل نہیں کہ وقتی طور پر تو مدِ مقابل کو خاموش اور لاجواب کر دیں، لیکن کچھ وقت گزرنے کے بعد بغاوت کا مادہ پھر ابھرنے لگے۔ بلکہ ان دلائل میں غور کرنے سے دل کو یقین کا نور نصیب ہو جاتا ہے اور روح کو اطمینان اور تسکین حاصل ہو جاتی ہے۔ پہلی دلیل یہ بیان فرمائی کہ بنجر اور مردہ زمین جس میں نباتاتی زندگی کی کوئی رمق نظر نہیں آتی۔ جب اللہ تعالیٰ بارش برساتا ہے تو اس میں زندگی انگڑائیاں لینے لگتی ہے۔ روئیدگی کی مردہ قوتیں اپنی ساری شوخیوں اور رعنائیوں کے ساتھ نمودار ہو جاتی ہیں اور دیکھتے ہی دیکھتے رنگ رنگ کے چمن مسکرانے لگتے ہیں۔

۳۰ کسان جو تخم ریزی کرتا ہے اس کی بالیں زمین کے جگر کو چیرتی ہوئی باہر نکل آتی ہیں۔ چند مہینوں میں فصل پک جاتی ہے جس سے تم غذا حاصل کرتے ہو۔

۳۱ اور ہم باغ اگا دیتے ہیں اور ان باغوں میں کھجور کے لانبے لانبے درخت بھی اگتے ہیں جو آسمان کو چھو رہے ہوتے ہیں اور دوسری طرف انگور کی نازک بیلیں ہیں جو زمین پر بچھی چلی جاتی ہیں۔ جن کو اوپر اٹھانے کے لیے تم چھپر بناتے ہو۔ وہاں چشمے ابل رہے ہوتے ہیں، جن سے تمہارے باغ آبپاش ہوتے ہیں۔ تم ان پھلوں کو یا تو جوں کا توں کھاتے ہو یا ان کو مختلف شکلوں میں بدل کر ان سے

أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٣٥﴾ سُبْحَانَ الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ

کیا وہ (ان نعمتوں پر) شکر ادا نہیں کرتے۔ ہر عیب سے پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کو جوڑا جوڑا پیدا فرمایا جنہیں زمین اگاتی ہے

الْأَرْضُ وَمِنْ أَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٦﴾ وَآيَةٌ لَهُمُ اللَّيْلُ

اور خود ان کے نفسوں کو بھی اور ان چیزوں کو بھی جنہیں وہ (ابھی) نہیں جانتے ۳۲؎ اور دوسری نشانی ان کے لیے رات ہے

نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَإِذَا هُمْ مُظْلِمُونَ ﴿٣٧﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا

ہم اتار لیتے ہیں اس سے دن کو تو یکلخت وہ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں ۳۳؎ اور دیہ) آفتاب ہے جو چلتا رہتا ہے اپنے ٹھکانے کی طرف۔

لطف اندوز ہوتے ہو۔ ایک آم کے پھل ہی کو لیجیے۔ ابتدائی حالت میں اس سے بڑی لذیذ چٹنی بنتی ہے۔ جب وہ پھل کچھ بڑا ہوتا ہے تو اس کا اچار بنایا جاتا ہے۔ چند ماہ بعد اس کا مربہ بنا کر چینی اور شیشے کے خوبصورت مرتبانوں میں محفوظ کر دیا جاتا ہے۔ جب آم پک جاتے ہیں یا تو تم لوگ ان کا رس چوس لیتے ہو یا ان کو کاٹ کر کھاتے ہو۔ یا کہیں سکوائش بن رہی ہوتی ہے کہیں آئس کریم۔ وما عملته ایدیھم میں انہی چیزوں کی طرف اشارہ ہے۔ وما عملت الآیہ کا ایک دوسرا مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے کہ سرسبز و شاداب کھیت، یہ بہار آفریں باغات اور رنگین اور لذیذ پھلوں سے لدی ہوئی ڈالیاں۔ یہ زنگارنگ مہکتے ہوئے پھول ان میں سے کوئی ایک چیز بھی ایسی نہیں جو تمہارے ہاتھوں نے بنائی ہو۔ سب اللہ تعالیٰ کی قدرت آفرینیوں کا اعجاز ہے۔ اس صورت میں ما موصولہ نہیں بلکہ نافیہ ہوگا۔

۳۲؎ یہ نہ سمجھو کہ انسان اور حیوانات کو ہی مذکر و مؤنث پیدا فرمایا ہے اور اسی طرح ان کی بقا اور نشو و نما کا اہتمام کر دیا ہے بلکہ اس سبوح و قدوس نے زمین سے جو چیزیں اگائی ہیں انہیں جوڑا جوڑا بنایا ہے۔ نر اور مادہ کا سلسلہ درختوں، پودوں، پھلوں، پھولوں جھاڑیوں، گھاس غرضیکہ جو چیز زمین سے اگتی ہے اس کو نر مادہ میں تقسیم کر دیا ہے اور جعلنا الریاح لواقح سے بتا دیا کہ نر درخت کے تولیدی اجزاء کو ہوائیں اٹھا کر مادہ کے پاس لے جاتی ہیں۔ اور اُسے باردار کرتی ہیں۔ تلقیح کا عمل صرف حیوانات کی دنیا تک محدود نہیں بلکہ حیوانات، نباتات اور ایسی اجناس جن کو ابھی تم جانتے بھی نہیں ہو۔ وہاں تک پھیلا ہوا ہے۔

(مزید تشریح کے لیے ضیاء القرآن جلد دوم سورۂ حجر آیت ۲۲ کا حاشیہ ملاحظہ کریں)

۳۳؎ اپنی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کی ایک اور دلیل بیان کی جا رہی ہے۔ جب دن ہوتا ہے تو ہر طرف نور ہی نور پھیل جاتا ہے جب رات آجاتی ہے نور غائب ہو جاتا ہے اور ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا چھا جاتا ہے۔ اگر ہمیشہ دن کا اجالا رہتا یا ہر وقت رات کی تاریکی پھیلی رہتی تو یہ نظام عالم درہم برہم ہو جاتا۔ نیرنگئ فطرت کے کرشمے ختم ہو جاتے۔ اللہ تعالیٰ نے اس عروس کائنات کو شب و روز کا تسلسل قائم کر کے سجایا۔ پھر اس میں مسند کرامت بچھائی اور حضرت انسان کو اس پر بٹھا دیا۔ اب بھی اگر انسان اپنے کریم رب کا

ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ﴿٣٨﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ

یہ اندازہ مقرر کیا ہوا ہے اس (خدا) کا جو عزیز اور علیم ہے۔ ۳۴؎ اور (ذرا) چاند کو دیکھو ہم نے مقرر کر دی ہیں اس کے لیے منزلیں

كَالْعُرْجُونِ الْقَدِيمِ ﴿٣٩﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ

آخر کار ہو جاتا ہے کھجور کی بوسیدہ شاخ کی مانند ۳۵؎ نہ سورج کی یہ مجال کہ (دوڑ کر) چاند کو آپکڑے اور نہ

وَلَا اللَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۚ وَكُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ﴿٤٠﴾ وَآيَةٌ لَهُمْ

رات کی یہ طاقت ہے کہ دن سے آگے نکل جائے۔ اور سب (ستارے اپنے اپنے) فلک میں تیر رہے ہیں۔ ۳۶؎ اور ایک نشانی ان

أَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿٤١﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِنْ مِثْلِهِ

کے لیے یہ بھی ہے کہ ہم نے سوار کیا ان کی اولاد کو ایک کشتی میں جو بھری ہوئی تھی ۳۷؎ اور ہم نے پیدا کیں ان کے لیے اس کشتی کی مانند

شکر نہ کرے تو اس سے بڑی احسان فراموشی اور نادانی کیا ہو سکتی ہے۔

شیخ کہتے ہیں جیسے بکری کو ذبح کرنے کے بعد اس کی کھال اتار لیتے ہیں۔ دن کے وقت روشنی کا لبادہ جو دنیا کو پہنایا جاتا ہے، جب رات آتی ہے تو آہستہ آہستہ اس لبادہ کو اتار لیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ ہر طرف سیاہی پھیل جاتی ہے۔

۳۴؎ سورج اپنے مقررہ مقام کی طرف محو حرکت ہے اور اس کی مجال نہیں کہ وہ مقررشدہ وقت سے ایک سیکنڈ تاخیر سے وہاں پہنچے یا وہاں سے سرک کر کسی اور جگہ پہنچ جائے جو بعد اس کے لیے متعین کر دیا گیا ہے۔ جو ٹائم ٹیبل اس کے طلوع و غروب، ارتفاع و انخفاض کا مقرر کر دیا گیا ہے اس میں کمی بیشی کا امکان تک نہیں۔ نظام الاوقات عزیز و علیم کا مقرر کیا ہوا ہے۔ نہ اس میں رد و بدل کی گنجائش ہے اور نہ کوئی چیز اس کی خلاف ورزی کر سکتی ہے۔

۳۵؎ ہماری قدرت پر ایمان لانے کے لیے کسی اور دلیل کی ضرورت ہو تو چاند کو دیکھو اور اس کے گھٹنے بڑھنے کو دیکھو کیسے ناخن کے تراشے کی طرح نمودار ہوتا ہے۔ بڑھتے بڑھتے بدر تمام بن جاتا ہے پھر گھٹنے لگتا ہے یہاں تک کہ آخری راتوں میں کھجور کی ایک خمیدہ سوکھی اور زرد ٹہنی کی طرح ہو جاتا ہے۔

۳۶؎ سورج اپنے مدار میں مصروف گردش ہے اور چاند اپنے مدار میں حرکت کرتا رہتا ہے۔ انہی دو پر کیا موقوف سارے سیارات بلکہ ثوابت بھی اپنے اپنے مقررہ مداروں میں تیر رہے ہیں کوئی کسی سے ٹکراتا نہیں کوئی کسی سے آگے بڑھنے کی کوشش نہیں کرتا، کوئی کسی سے پیچھے نہیں رہتا۔ کیا قدرت اور حکمت ہے۔ اس قادر علیم کی کہ ان گنت ستارے محو حرکت ہیں اور کبھی کوئی حادثہ رونما نہیں ہوا۔ (اس کی مزید وضاحت کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن، جلد سوم سورۃ الانبیاء آیت ۳۳ کے حواشی۔ تسخیر قمر کے متعلق علماء اسلام کی تحقیقات بالتفصیل سے مذکور ہیں۔)

۳۷؎ ہماری قدرت کی مذکورہ بالا آیات کبریٰ اور روشن نشانیوں کو اگر تم پوری طرح سمجھ نہیں سکتے تو یہ بات تو ہر روز تمہارے مشاہدہ

مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾

اور چیزیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں ۔ اور اگر ہم چاہیں تو انہیں غرق کر دیں پس کوئی ان کی فریاد سننے والا نہ ہو اور نہ وہ ڈوبنے سے بچائے جائیں

اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا

بجز اس کے کہ ہم ان پر رحمت فرمائیں اور انہیں کچھ وقت تک لطف اندوز ہونے دیں ۴۹ اور جب انہیں کہا جاتا ہے کہ ڈرو (اس عذاب)

بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ

جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے ۔ ۵۰ اور نہیں آتی ان کے پاس کوئی

میں آتی رہتی ہے کہ ہم نے دریاؤں اور سمندروں کو تمہارا تابع فرمان بنا دیا ہے۔

فلک مشحون ، وہ کشتی جو سامان اور سواریوں سے بھری ہوئی ہو اس سے مراد سفینۂ نوح ہے کس طرح وہ اس عظیم سیلاب کی تند و تیز موجوں اور ہولناک گردابوں سے تمہیں بچا کر لائی پھر ہم نے تمہیں کشتیاں بنانے کا فن سکھا دیا۔ اب دخانی جہاز بلکہ برقی اور ایٹمی طاقت سے چلنے والے جہاز، آبدوزیں، تیل بردار ٹینکر تم نے بنا لیے ہیں اور دور دراز کی مسافتیں بڑی آسانی سے طے کرتے ہوئے تم اپنی منزلِ مقصود تک پہنچ جاتے ہو۔

۴۸ وہ یہ خیال نہ کریں کہ انہوں نے جو مضبوط کشتیاں بنا لی ہیں یا آج کل جو بڑے مضبوط اور کوہ پیکر جہاز بن گئے ہیں اور ان میں برقی مواصلاتی آلات نصب کر دیے گئے ہیں اب یہ غرق نہیں ہوں گے۔ اگر کسی شخص کے ذہن میں ایسا خیال ہے تو یہ اس کی کج فہمی ہے۔ ہم جب چاہیں انہیں غرق کر دیں۔ اس وقت نہ ان کی فریاد کو کوئی پہنچ سکے گا اور نہ سمندر کی لہروں سے انہیں کوئی چھڑا سکے گا۔ آئے دن ہم اخبارات میں یہ پڑھتے رہتے ہیں کہ وہ جہاز اپنے ساز و سامان اور اپنے ہزاروں مسافروں سمیت سمندر میں غرق ہو گیا جس جہاز کے بنانے والوں نے اُسے اس طرح بنایا تھا کہ وہ کبھی ڈوبے گا ہی نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت ہمیشہ انسان کے غرور کا بُت توڑتی رہتی ہے اور توڑتی رہتی ہے اور چار و ناچار انسان کو اپنی بے بسی اور ناتوانی کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔

فضائیں ان کی ہوائیں ان کی سمندر ان کے جہاز ان کے ۔۔۔ گرہ بھنور کی کھلے تو کیونکر بھنور ہے تقدیر کا بہانہ

۴۹ اگر بحر اوقیانوس اور بحر الکاہل جیسے وسیع و بیکراں سمندروں کو تم سلامتی کے ساتھ عبور کر لیتے ہو تو اس کی دو وجہیں ہیں یا تو ہم تم پر اپنی رحمت کا دامن پھیلا دیتے ہیں، تمہارے بوڑھے ماں باپ، جوان بیوی اور ننھے معصوم بچوں کے صدقے تم کو ساحلِ مراد تک پہنچا دیا جاتا ہے یا اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم تمہیں کچھ مدت تک یہاں زندہ رہنے اور متاعِ دُنیا سے لطف اٹھانے کی مہلت دینا چاہتے ہیں اور ہماری حکمت کا یہی تقاضا ہے۔

۵۰ اور جب انہیں ازراہِ نصیحت کہا جاتا ہے کہ اب تو ہوش کرو! اب تو سنبھل جاؤ۔ ساری عمر گناہوں میں اور فسق و فجور

اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا قِيْلَ

نشانی ان کے رب کی نشانیوں سے، مگر وہ اس سے روگردانی کرنے لگتے ہیں ۔ اور جب انہیں کہا جاتا

لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

ہے کہ خرچ کرو اس مال سے جو تمہیں اللہ نے دیا ہے ۔ تو کافر کہتے ہیں اہل ایمان کو کیا ہم انہیں

اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾

کھانا کھلائیں جنہیں اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو خود کھلا دیتا۔ (اے ناصحو!) تم تو بالکل بہک گئے ہو۔ [۵۶]

میں برباد کر دی ہے۔ اب تو باز آجاؤ اور اللہ تعالیٰ کی جناب میں حاضر ہو کر معافی مانگو۔ وہ رحیم و کریم تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں نئی اور پاکیزہ زندگی بسر کرنے کا ایک اور زریں موقع دستیاب ہو جائے گا، لیکن وہ باز نہیں آتے اور جتنے دلائل ان کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں ان کو بڑی بے پروائی سے پس پشت ڈال دیتے ہیں۔

[۵۶] اگر دولت مند طبقہ کو یہ تلقین کی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دیے ہوئے رزق میں سے اس کے نادار اور مفلس بندوں کی خدمت کیلئے کچھ خرچ کرو، تو وہ بڑی بے حیائی سے اس دعوت کا مذاق اڑاتے ہیں کہ تم ان بھک منگوں کے لیے ان ناداروں اور مفلسوں کے لیے ہم سے مدد کی اپیلیں کرتے ہو۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں خدا نے مفلسی کے عذاب میں مبتلا کیا ہوا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ان کو یوں محتاج نہ کرتا ہم اس کی مرضی کی خلاف ورزی نہیں کر سکتے۔

اس آیت میں سرمایہ دارانہ ذہنیت کی کتنی صحیح عکاسی کی گئی ہے۔ پہلے بھی اس کا یہی حال تھا اور آج بھی اس ذہنیت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ فرق صرف اتنا ہے کہ پہلے چند لوگ اس زہریلی ذہنیت کے مالک ہوتے تھے اور آج اس مادی ترقی کے دور میں ان کی تعداد بہت بڑھ گئی ہے۔ پہلے مروت و احسان کی کوئی نہ کوئی جھلک ان لوگوں میں بھی نظر آجاتی تھی۔ آج یورپ کے اس مشینی دور نے احساسِ مروت کو بھی کچل کر رکھ دیا ہے۔ دولت کی والہانہ محبت ان کو کس مقام پر لا کر کھڑا کر دیتی ہے۔ وہ کتنے حجت باز اور حیلہ ساز بن جاتے ہیں جو سیدھی اور صاف بات انہیں کہی جاتی ہے اس کا کتنا اُلٹا جواب دیتے ہیں کہ انسان کی عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ نہ تو خدا کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی انہیں توفیق نصیب ہوتی ہے اور نہ اپنے بھائیوں کی خستہ حالی اور تنگ دستی پر ان کا دل پسیجتا ہے۔ ایسی بیمار ذہنیت کے باعث ہی دُنیا میں خونی انقلاب آئے۔ کئی شاہی خاندان خون کے تلاطم میں بہہ گئے۔ جھونپڑوں میں بسنے والوں نے تنگ آکر محلات اور اُمرا کی حویلیوں کو جلا کر خاک سیاہ بنا دیا۔ اس کے باوجود دولت کی محبت کا نشہ کم نہیں ہوا۔ وہی لوگ جو کل سرمایہ داری کے خلاف علم بغاوت بلند کر کے اُٹھے تھے اور اس بے رحم ذہنیت سے ٹکرا کر اسے پاش پاش کر دیا تھا۔ آج جب اقتدار اور دولت کے خزانوں کی کنجیاں ان کے ہاتھ میں آئیں، انہیں وہ نشہ ہی

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٨﴾ مَا يَنظُرُونَ

اور کافر کہتے ہیں یہ وعدہ کب آئے گا اگر تم سچے ہو (تو اس کا مقررہ وقت بتا دو) ۴۲ یہ (نابکار) نہیں انتظار

إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ

کر رہے مگر اس ایک گرج کا جو (اچانک) انہیں دبوچ لے گی جب وہ بحث مباحثہ کر رہے ہوں گے ۴۳ پس نہ وہ (اس وقت)

فراموش ہو گیا۔ انہوں نے بھی اپنے پیش رؤں کی طرح لکشمی دیوی کی پوجا شروع کر دی اور سانپ بن کر خزانوں پر بیٹھ گئے۔ مزدوروں محنت کشوں اور کسانوں وغیرہ کے ساتھ انہوں نے وہی بے رحمانہ سلوک شروع کر دیا۔ ان خونی انقلابات کی تاریخ کا جب انسان مطالعہ کرتا ہے تو اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ جب تک اللہ تعالیٰ کا خوف اور قیامت کے محاسبہ کا یقین دل میں پیدا نہ ہو جائے اس وقت تک جور و ستم کو مٹانے کے لیے جو کوشش کی جائے گی اس سے جور و ستم کے ایک نئے دور کا آغاز ہو گا۔ مسندِ اقتدار پر فائز ہونے کے بعد اور ملکی خزانوں پر تصرف کا مکمل اختیار رکھنے کے باوجود وہی لوگ دنیا کی محبت سے اپنا دامن بچا سکتے ہیں جنہیں فیضِ نبوت سے کچھ حصہ مرحمت ہوتا ہے۔

۴۲۔ وہ یہ سوال اس لیے نہیں پوچھتے تھے تاکہ وہ بروقت اپنی اصلاح کر لیں بلکہ ازراہِ استہزاء پوچھا کرتے تھے۔

۴۳۔ یہاں قیامت کی آمد کا حال بیان ہو رہا ہے۔ قیامت اس طرح نہیں آئے گی کہ پہلے اس کا اعلان کیا جائے کہ فلاں تاریخ کو اتنے بج کر اتنے منٹ پر کائنات کا نظام درہم برہم کر دیا جائے گا بلکہ لوگ اپنے اپنے کام میں مشغول ہوں گے قیامت بپا ہونے کا کسی کو وہم و گمان بھی نہ ہو گا۔ اچانک حضرت اسرافیل کو بارگاہِ الٰہی سے حکم ملے گا کہ صور پھونک کر دنیا کے خاتمے کا اعلان کر دو۔ پھر ایک ہولناک کڑک ہو گی جس سے ہر چیز درہم برہم ہو جائے گی۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے وقوعِ قیامت کا جو منظر بیان فرمایا ہے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے سماعت فرمایئے:

تقوم الساعة والرجلان قد نشرا ثوبهما يتبايعانه. فلا يطويانه حتى تقوم الساعة. والرجل يليط حوضه ليسقي ماشيته ما يسقيها حتى تقوم الساعة. والرجل يخفض ميزانه وما يرفعه حتى تقوم الساعة والرجل يرفع اكلته الى فيه فما يبتلعها حتى تقوم الساعة۔

ترجمہ: یعنی قیامت اس حال میں قائم ہو گی کہ دو آدمی کپڑے کی خرید و فروخت کر رہے ہوں گے۔ انہوں نے کپڑے کا تھان کھولا ہوا ہو گا، اس سے پیشتر کہ وہ اس تھان کو لپیٹیں قیامت برپا ہو جائے گی۔ اسی طرح ایک شخص اپنے مویشیوں کو پانی پلانے کے لیے حوض کی لپائی کر رہا ہو گا تو انہیں پانی پلانے سے پہلے ہی قیامت برپا ہو جائے گی۔ ایک آدمی کوئی چیز تول رہا ہو گا اس سے پہلے کہ وہ ترازو اونچا کرے قیامت برپا ہو جائے گی۔ انسان لقمہ منہ میں ڈالے گا اور اسے نگلنے سے پہلے

تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ

کوئی وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹ کر آ سکیں گے ٤٩ اور (دوبارہ) جب صور پھونکا جائے گا تو فوراً وہ

مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ

اپنی قبروں سے نکل نکل کر اپنے پروردگار کی طرف تیزی سے جانے لگیں گے ٥٠ (اس وقت) کہیں گے ہائے ہم برباد ہو گئے! کس نے

مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ كَانَتْ

ہمیں اٹھا کھڑا کیا ہے ہماری خوابگاہ سے ٥١ (آواز آئے گی) یہ وہی ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ فرمایا تھا اور سچ کہا تھا (اس کے) رسولوں نے ٥٢ نہیں

قیامت برپا ہو جائے گی۔

٤٩ اس افراتفری میں نہ وہ کوئی وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھروں کو واپس لوٹ سکیں گے۔

٥٠ جب پہلا صور پھونکا جائے گا تو نظام کائنات تہ و بالا ہو جائے گا۔ نہ آسمان اپنی جگہ پر قائم رہے گا اور نہ زمین باقی رہے گی پہاڑ بھی رُوئی کے گالے کی طرح ہوا میں تیرنے لگیں گے۔ انسان بھی جلے ہوئے کیڑے پتنگوں کی طرح بے سُدھ اِدھر اُدھر گرے پڑے ہوں گے۔ کچھ عرصہ بعد دوبارہ صور پھونکا جائے گا اور سب اپنی قبروں سے آنکھیں مَلتے ہوئے اُٹھ کھڑے ہوں گے اور تیزی سے خداوندِ ذوالجلال کی عدالت میں حاضر ہونے کے لیے چل پڑیں گے کہ کہیں دیر نہ ہو جائے۔ اجداث: اس کا واحد جَدَثٌ ہے، قبر۔ ینسلون کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ جوہری لکھتے ہیں: وَنَسَلَ فِی الْعَدْوِ یَنْسِلُ نَسْلًا وَنَسَلَانًا ای اسرع: و قال تعالیٰ الی ربهم ینسلون (صحاح) نَسَلَ کا معنی ہے تیزی سے بھاگنا۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں: هو الاسراع فی المشی۔ فالمعنی یخرجون مُسْرِعِین: یعنی تیزی سے چلنا۔ آیت کا معنی ہے کہ وہ بڑی سرعت اور عجلت سے قبروں سے باہر نکل رہے ہوں گے تاکہ اللہ تعالیٰ کی عدالت میں پہنچنے میں تاخیر نہ ہو جائے۔ (قرطبی)

٥١ منکرینِ قیامت قبروں سے نکل کر جب میدانِ حشر میں کھڑے ہوں گے تو اپنا سر پیٹ لیں گے اور کہیں گے۔ آج تک ہم اس کا انکار کرتے رہے۔ اسے محال عقلی گردانتے رہے۔ لیکن ہمیں پکڑ کر یہاں کھڑا کر دیا گیا ہے۔ پوچھیں گے کون ہے جس نے ہمیں اپنی خواب گاہوں سے جگا کر یہاں لا کر کھڑا کر دیا۔ حضرت ابنِ عباس فرماتے ہیں پہلے نفخ اور دُوسرے نفخ کی درمیانی مدت میں کفار سے عذابِ قبر ہٹا لیا جائے گا اور وہ سو جائیں گے۔

٥٢ اس وقت تعصب کی پٹی آنکھوں سے کھل جائے گی۔ یاد آ جائے گا کہ یہ تو وہی ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا تھا اور ہم اس کو جھٹلاتے رہے اور اس کے پیغمبروں کو جھوٹا کہتے رہے اور ان پر یہ الزام لگاتے رہے کہ یہ لوگ ایسی انوکھی باتیں اپنی طرف سے گھڑ گھڑ کر اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر رہے ہیں۔ ہائے آج پتہ چلا کہ یہ وعدہ اللہ تعالیٰ کا ہی تھا اور اس کے پیغمبروں نے

إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ

ہوگی مگر ایک زوردار کڑک پھر وہ فوراً سب کے سب ہمارے سامنے حاضر کر دیے جائیں گے ۴۸ پس آج نہیں

لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٥٤﴾ إِنَّ أَصْحَابَ

ظلم کیا جائے گا کسی پر ذرہ بھر اور نہ ہی بدلہ دیا جائے گا تمہیں مگر ان اعمال کا جو تم کیا کرتے تھے ۴۹ بیشک اہل

الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ فَاكِهُونَ ﴿٥٥﴾ هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَالٍ عَلَى

جنت آج (حسب مراتب) اپنے اپنے شغل سے لطف اندوز ہو رہے ہوں گے ۵۰ وہ اور ان کی بیویاں سایہ میں (مرصع)

جو کچھ ہمیں بتایا تھا وہ سچ تھا۔ ہم ہی کمبخت اور نادان تھے کہ اس کو نہ مانا اور آج ان حالات سے دوچار ہیں کہ نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن۔

بعض علماء کا خیال ہے کہ ان کے سوال کا جواب فرشتے دیں گے۔

۴۸ پھر ایک اور ہولناک قسم کی آواز آئے گی اور سب اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو جائیں گے۔

۴۹ اس روز کسی پر ظلم اور زیادتی نہیں ہوگی۔ عدل و انصاف کے سارے تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

۵۰ اہل جنت پر نعیم جنت کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور وہ وہاں کی لذتوں اور لطف و سرور میں اس طرح کھو جائیں گے کہ انہیں دوسری کسی بات کی خبر تک نہ ہوگی۔ وہ اور ان کی نیک بخت بیویاں ٹھنڈے اور گھنے سایوں میں مرصع اور آراستہ تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ ہر قسم کے پھل زریں قابوں میں رکھ کر حور و غلمان ان کی خدمت میں پیش کریں گے ان کی ہر خواہش پوری کی جائے گی جو چیز طلب کریں گے مہیا کر دی جائے گی۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"والاولی ان یقال فی شغل ما یشتھونہ۔ فالصوفیۃ العلیۃ الذین لا مقصود لھم الا اللہ تعالیٰ شغلھم الانہماک والاستغراق فی التجلیات الذاتیہ علی حسب مدارجھم وغیرھم کان شغلھم بالسماع والریاح والاکل والشرب والجماع علی حسب شھواتھم ورغباتھم۔" (مظہری)

ترجمہ: یعنی ہر ایک اپنی خواہش کے مطابق مشغول ہوگا۔ صوفیائے کرام جن کا مقصود اللہ تعالیٰ کے بغیر اور کوئی نہیں ان کا شغل یہ ہوگا کہ وہ اپنے مدارج کے مطابق تجلیاتِ ذاتیہ کے مشاہدہ میں منہمک اور مستغرق ہوں گے اور دوسرے لوگ اپنی دنیاوی لذتوں میں اپنی خواہش کے مطابق مشغول ہوں گے۔

علامہ مذکور نے ابو نعیم سے بایزید بسطامی کا ایک قول نقل کیا ہے وہ بھی سننے کے قابل ہے:

عَلَى الْأَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾

تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ ان کے لیے وہاں (طرح طرح کے لذیذ) پھل ہوں گے اور انہیں ملے گا جو وہ طلب کریں گے

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾

تم سلامت رہو! (انہیں) یہ کہا جائے گا اپنے رحیم رب کی طرف سے [۵۱] اور (حکم ہوگا) اے مجرمو! (دیگر دوستوں سے) آج الگ ہو جاؤ [۵۲]

"اخرج ابو نعیم عن شیخ طریقتنا ابی یزید البسطامی انہ قال ان للہ خواص من عبادہ لو حجبہم عن رؤیتہ لاستغاثوا کما یستغیث اہل النار بالخروج من النار۔"

ترجمہ: آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ایسے خاص بندے بھی ہیں کہ اگر انہیں دیدارِ جمالِ خداوندی سے روک دیا جائے تو وہ جنت میں اس طرح آہ و فغاں اور فریاد کرنا شروع کر دیں جس طرح جہنمی آگ سے نکلنے کے لیے چیخ و پکار کریں گے۔

[۵۱] سب خوشیاں، سب راحتیں بجا، لیکن رب کریم خداوند ذوالجلال وہ محبوبِ حقیقی جس کو راضی کرنے کے لیے وہ عمر بھر ماہیِ بے آب کی طرح تڑپتے رہے، جب وہ انہیں اپنے خطاب جاں افروز سے نوازے گا، تو اس وقت ان کی مسرت اور عزت افزائی کی انتہا ہو جائے گی۔

اس آیت کی جو تفسیر زبانِ رسالت نے فرمائی ہے وہ بھی ملاحظہ ہو:

"عن جابر بن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بینما اہل الجنۃ فی نعیمہم اذ سطع علیہم نور فرفعوا رؤسہم فاذا الرب تعالیٰ قد اشرف علیہم من فوقہم۔ فقال السلام علیکم یا اہل الجنۃ کذلک قولہ تعالیٰ سلامٌ، قولاً من رب رحیم۔ قال فینظر الیہم وینظرون الیہ فلا یلتفتون الی شیٔ من النعیم ما داموا ینظرون الیہ حتی یحتجب عنہم ویبقی نورہ وبرکتہ علیہم وفی دیارہم" (رواہ ابن ماجہ، ابن کثیر)

ترجمہ: حضرت جابر بن عبد اللہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس وقت اہل جنت اپنی نعمتوں میں مشغول ہوں گے اچانک اوپر سے ایک نور چمکے گا جب وہ سر اٹھا کر دیکھیں گے تو انہیں معلوم ہوگا کہ ان کا رب کریم ان کی طرف جھانک رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے جنتیو! السلام علیکم۔ سلام قولاً من رب رحیم سے یہی مراد ہے۔ حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ ان کی طرف دیکھے گا اور وہ اس کی طرف دیکھتے رہیں گے۔ محویت کا یہ عالم ہوگا کہ جب وہ جمالِ حقیقی کا دیدار کر رہے ہوں گے جنت کی کسی دوسری نعمت کا انہیں خیال تک ہی نہیں رہے گا۔ یہاں تک کہ حسنِ حقیقی پردہ فرمائے گا، لیکن اس کا نور اور اس کی برکت ان پر اور ان کے مکانوں پر ضیاء بار رہے گی۔

[۵۲] اہلِ جنت پر تو یہ کرم ہوگا اور مجرموں کو حکم ہوگا کہ الگ الگ صفیں بنالو۔ کوئی فرقہ دوسرے فرقہ کے ساتھ گڈمڈ نہ ہو۔ چنانچہ یہودی، عیسائی، آتش پرست، بت پرست، ملحد، دہریے سب ایک دوسرے سے الگ الگ ہو کر جمع ہو جائیں گے۔

أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَٰبَنِىٓ ءَادَمَ أَن لَّا تَعْبُدُوا۟ ٱلشَّيْطَٰنَ ۖ إِنَّهُۥ لَكُمْ

کیا میں نے تمہیں یہ تاکیدی حکم نہیں دیا تھا اے اولادِ آدم! کہ شیطان کی عبادت نہ کرنا بلاشبہ وہ تمہارا

عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿٦٠﴾ وَأَنِ ٱعْبُدُونِى ۚ هَٰذَا صِرَٰطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ

کھلا دشمن ہے ٥٣ اور میری عبادت کرنا - یہ سیدھا راستہ ہے ٥٤ (بایں ہمہ) گمراہ

أَضَلَّ مِنكُمْ جِبِلًّا كَثِيرًا ۖ أَفَلَمْ تَكُونُوا۟ تَعْقِلُونَ ﴿٦٢﴾ هَٰذِهِۦ جَهَنَّمُ

کر دیا شیطان نے تم میں سے بہتیرے لوگوں کو ٥٥ کیا تم عقل (و خرد) نہیں رکھتے تھے۔ ٥٦ یہ ہے وہ جہنم

ٱلَّتِى كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٦٣﴾ ٱصْلَوْهَا ٱلْيَوْمَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٦٤﴾ ٱلْيَوْمَ

جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔ | آج اس کی آگ تاپو اس کفر کے باعث جو تم کیا کرتے تھے۔ آج ہم

پھر دوزخ میں ہر فرقہ کے لیے الگ الگ زندان خانے موجود ہوں گے۔ ہر گروہ کو اس کے مخصوص جیل میں داخل کر کے دروازہ بند کر دیا جائے گا جو پھر نہ کھل سکے گا۔ نعوذ باللہ تعالیٰ من سخطہ وعذابہ۔ یا اللہ ہم تیری ناراضگی اور تیرے عذاب سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔

اس کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ ابتدا میں حشر کے میدان میں مومن کافر سب ایک ساتھ کھڑے ہوں گے۔ بعد میں مجرموں کو حکم ملے گا تم اہلِ ایمان سے علیحدہ ہو جاؤ۔

٥٣ ان مجرموں سے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ آج منہ بسورنے اور چیخنے چلانے کا کوئی فائدہ نہیں۔ ہم نے اپنے انبیاء اور ان کے نائبین علماء ربانیین کے ذریعے تمہیں تاکیدی حکم دیا تھا اور بار بار وصیت کی تھی کہ دیکھنا شیطان کی بندگی اور اطاعت شروع نہ کر دینا کیونکہ وہ تمہارا ازلی دشمن ہے وہ تمہیں جہنم رسید کر کے رہے گا۔

٥٤ شیطان کی بندگی کو چھوڑ کر میری عبادت کرنا کیونکہ میں ہی تمہارا خالق ہوں۔ میں نے ہی تمہاری بقا اور نشو و نما کے لیے بڑی فیاضی سے سارے وسائل بہم پہنچا دیے ہیں اور تمہاری ابدی زندگی کے متعلق بھی فیصلہ کرنے کا اختیار صرف مجھے ہے اور مجھ سے بڑھ کر تم پر کوئی شفقت اور رحمت فرمانے والا نہیں۔ اگر تم میرا حکم مانو گے، میری اطاعت کرو گے تو یہی صراطِ مستقیم ہے جس پر چل کر تم منزلِ مقصود پا سکتے ہو۔

٥٥ اتنے تاکیدی احکام کے باوجود تم نے ہوشمندی سے کام نہ لیا۔ ہماری ہدایت کو پس پشت ڈال دیا۔ اس طرح شیطان تم میں سے ایک انبوہ کثیر کو گمراہ کرنے میں کامیاب ہو گیا۔

جبلاً: الجماعة العظيمة اطلق عليهم تشبيهاً بالجبل فى العظم۔ یعنی انبوہ کثیر کیونکہ یہ پہاڑ کی طرح عظیم ہوتا ہے اس لیے

نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا

مُہر لگا دیں گے کفار کے مونھوں پر اور بات کریں گے ہم سے ان کے ہاتھ اور گواہی دیں گے ان کے پاؤں ان

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۶۵ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ

بدکاریوں پر جو وہ کیا کرتے تھے ف۶۴ اور اگر ہم چاہتے تو ہم ان کی آنکھوں کا نشان تک محو کر دیتے پھر وہ راستہ کی طرف دوڑ

جبلاً کہا گیا۔ (مفردات)

ف۶۳ واقعی اس سے بڑی حماقت اور نادانی کیا ہو سکتی ہے۔

ف۶۴ پہلے فرمایا گیا کہ آج کسی پر ظلم نہیں ہو گا۔ سب کے ساتھ خواہ کوئی باغی یا سرکش ہی کیوں نہ ہو پورا پورا انصاف کیا جائے گا۔ عدل کا تقاضا یہ ہے کہ جو فیصلہ کیا جائے گواہوں کی گواہی اور دیگر دلائل کو سامنے رکھ کر کیا جائے۔ اگر فیصلہ کرتے وقت گواہوں کو یکسر نظر انداز کر دیا جائے کسی ثبوت کی ضرورت ہی محسوس نہ کی جائے، تو وہ فیصلہ اگرچہ عین حق ہو تب بھی اعتراض ہو سکتا ہے کہ فیصلہ کرتے وقت صحیح طریقۂ کار اختیار نہیں کیا گیا۔ لیکن کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ قاضی پوری احتیاط سے ساری کارروائی مکمل کرتا ہے۔ گواہ پیش ہوتے ہیں۔ دوسرے دستاویزی ثبوت فراہم کیے جاتے ہیں پھر قاضی اپنے فیصلے کا اعلان کرتا ہے اس پر دوسرا تو کوئی انگشت نمائی نہیں کر سکتا، لیکن جس کے خلاف فیصلہ صادر ہوتا ہے وہ سراپا احتجاج بن کر گواہوں کو جھوٹا اور دستاویزوں کو جعلی قرار دے دیتا ہے۔ اگرچہ ایسے آدمی کا شور و غل قطعاً کوئی معنی نہیں رکھتا۔ بہر حال اس کے دل میں تو ایک قسم کی موہوم سی خلش باقی رہ جاتی ہے۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ جو فیصلہ فرمائے گا وہ اتنا قطعی اور ہر شک و شبہ سے بالا ہو گا کہ خود وہ شخص جس کے خلاف فیصلہ سنایا گیا ہو گا وہ بھی یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہو گا کہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ بالکل درست اور سراسر حق ہے۔

اس لیے یہاں فرمایا جا رہا ہے کہ مجرمین جب عدالتِ خداوندی میں پیش ہوں گے۔ ان پر فردِ جرم عائد کیا جائے گا، تو وہ اقبالِ جرم سے مکر جائیں گے۔ کراماً کاتبین گواہی دیں گے۔ ان کے صحائفِ عمل پیش کیے جائیں گے لیکن وہ نہ ماننے کی رٹ لگانے سے باز نہ آئیں گے۔ بزبانِ غالب کہیں گے:

پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق
آدمی کوئی ہمارا دمِ تحریر بھی تھا

ان کی بک بک جب حد سے تجاوز کر جائے گی، اس وقت ان کے منہ سی دیے جائیں گے۔ ان کی زبانوں سے قوتِ گویائی سلب کر لی جائے گی۔ ان کے ہاتھوں اور پاؤں کو حکم ملے گا کہ تم بتاؤ انہوں نے کیا کیا کرتوت کیے۔ ہاتھ اور پاؤں عینی شاہد کی حیثیت سے سارا کچا چٹھا کھول کر سامنے رکھ دیں گے۔ اس کے بعد ان کی وہ ساری حجت بازی ختم ہو جائے گی اور عجز کا خاموشی اور تسلیم کے ان کے لیے کوئی چارہ نہ رہے گا۔

فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا

کرتے بھی تو ان (اندھوں) کو راستہ کیسے نظر آتا ۵۸ اور اگر ہم چاہتے تو ہم انہیں مسخ کر کے رکھ دیتے۔ انکی جگہوں پر

مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا

پھر وہ نہ آگے جاسکتے اور نہ پیچھے پلٹ سکتے ۵۹ اور جس کو ہم طویل عمر دیتے ہیں تو کمزور کر دیتے ہیں اسکی طبعی قوتوں کو۔ پھر کیا یہ

يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِىْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

اتنی بات بھی نہیں سمجھتے ۶۰ اور نہیں سکھایا ہم نے اپنے نبی کو شعر ، اور نہ یہ ان کے شایانِ شان ہے ۶۱ نہیں ہے یہ مگر

۵۸ کوئی اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو جائے کہ قیامت کے دن تو اللہ تعالیٰ انہیں سزا دینے پر قادر ہوگا لیکن اس دنیا میں وہ آزاد ہیں اور اللہ تعالیٰ کی دسترس سے باہر ہیں جو چاہیں کرتے پھریں انہیں کوئی ٹوک نہیں سکتا۔ اس آیت میں اس کا ازالہ کیا فرمایا ایسا نہیں۔ اگر ہم اس وقت چاہیں تو ان کو آنِ واحد میں عذاب کے ایسے شکنجے میں کس دیں کہ چھٹی کا دودھ یاد آجائے۔ اگر چاہیں تو ان کی آنکھوں کو یوں مٹا کر رکھ دیں کہ آنکھ رہے نہ بینائی۔ یوں دکھائی دے کہ یہاں آنکھ نام کی کوئی چیز سرے سے تھی ہی نہیں۔ الطمس : ازالة الاثر بالمحو۔ یعنی کسی چیز کو یوں مٹا دینا کہ اس کا نشان تک باقی نہ رہے۔ اور پھر وہ راہ بھی ان کو سجھائی نہ دے جس پر ہر روز ان کی آمد و رفت تھی۔

۵۹ ہمارے اختیار اور قدرت کا تو یہ عالم ہے کہ اگر ہم چاہیں تو جہاں یہ اب بیٹھے ہوئے ہیں وہاں سے اٹھنے بھی نہ پائیں کہ ہم ان کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دیں۔ انہیں پتھر بنا دیں۔ کسی دوسرے بدنما جانور کی شکل میں انہیں تبدیل کر دیں نہ آگے جا سکیں نہ پیچھے ہٹ سکیں۔ ہم نے انہیں جو ڈھیل دے رکھی ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ ہمارے قابو سے باہر ہیں یا وہ اتنے طاقتور ہیں کہ ہم ان سے نمٹ نہیں سکتے۔ یہ تو محض ہمارا کرم ہے کہ ہم نے انہیں مہلت دی ہوئی ہے۔

۶۰ جس کو ہم طویل عمر دیتے ہیں اس کی قوتیں آہستہ آہستہ جواب دینے لگتی ہیں۔ یہاں تک کہ وہ اس طرح چلنے پھرنے سے معذور ہو جاتا ہے جس طرح وہ بچپن میں تھا۔ نکست الشئ انکسه نکسا: قلبته علیٰ رأسه۔ کسی کو سر کے بل اوندھا گرا دینا۔

۶۱ کفار قرآن کریم کو شعر اور حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو شاعر کہا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اس الزام کی تردید فرما دی اور بتایا کہ ہم نے آپ کو شعر نہیں سکھایا اور نہ شعر کہنا حضور کے شایانِ شان ہے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ کفار کس معنی میں قرآن کو شعر اور حضور کو شاعر کہا کرتے تھے اور کس معنی میں اس کی نفی کی گئی ہے۔ شعر کا عرفی معنی تو یہ ہے کہ الکلام الموزون المقفیٰ : وہ کلام جس کا وزن بھی ہو اور قافیہ بھی۔ اور شاعر اسے کہتے ہیں جو قصداً اور ارادۃً موزوں اور مقفیٰ کلام کہے۔ اس معنی کے مطابق نہ قرآن کو شعر کہا جا سکتا ہے اور نہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو شاعر، اور اہلِ عرب جو دقائقِ لغت

وَّ قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶۹﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّ يَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى

نصیحت اور قرآن جو بالکل واضح ہے ۶۲؎ تاکہ وہ بروقت خبردار کرے اسے جو زندہ ہے اور تاکہ حجت تمام

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَاۤ اَنْعَامًا

کردے کفار پر ۶۳؎ کیا یہ لوگ نہیں دیکھتے کہ ہم نے پیدا فرمائے ان کے لیے اس مخلوق سے جو ہم نے اپنے ہاتھوں

فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَ ذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَ مِنْهَا

سے بنائی مویشی پھر اب یہ ان کے مالک ہیں۔ اور ہم نے تابعدار بنا دیا انہیں ان کا بس ان میں سے بعض پر وہ سواری کرتے

سے واقف تھے وہ ایسی غلط بات کیونکر کر سکتے تھے اس لیے یہاں شعر سے مراد جھوٹ اور خیالی تک بندی ہے۔ اور شاعر سے مراد وہ آدمی جو حقائق اور صداقتوں کو نظر انداز کردے اور وہم وگمان کی وادیوں میں بھٹکتا پھرے۔ کسی کی مدح کرے یا ذم مبالغہ آرائی اور خیال آفرینی سے باز نہ آئے۔ شاعری میں بھی کیونکہ یہی کچھ ہوتا ہے۔ جھوٹ کی ملاوٹ کے بغیر شعر میں رنگینی اور جاذبیت پیدا نہیں ہوتی۔ اس لیے عرب کہتے ہیں: اَعْذَبُ الشعر اكذبه. بہتر اور عمدہ شعر وہ ہے جس میں زیادہ سے زیادہ جھوٹ بولا گیا ہو۔ چنانچہ علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں:

"وقال بعض المحصلين لم يقصدوا هذا المقصد فى مارموا به وذلك انه ظاهر من الكلام انه ليس على اساليب الشعر ولا يخفى ذلك على اغتام من العجم فضلًا عن بلغاء العرب وانما رموه بالكذب فان الشعر يُعبّر به عن الكذب والشاعر الكاذب حتى سمّى القوم الادلة الكاذبة الشعريه۔" (مفردات)

ترجمہ: بعض اہل علم نے کہا ہے کہ کفار جب حضور پر شعر کہنے کی تہمت لگاتے تو اس سے ان کی مراد شعر کا اصطلاحی معنی نہیں ہوتا تھا کیونکہ یہ بات بالکل واضح ہے کہ قرآن کریم شعر کے اسلوب پر نہیں ہے اور یہ حقیقت عجمی جاہلوں پر بھی مخفی نہیں چہ جائیکہ عرب کے بلغاء اس حقیقت سے ناواقف ہوں۔ بلکہ حضور پر کذب کی تہمت لگاتے تھے کیونکہ جھوٹ کو شعر سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے اور جھوٹے کو شاعر کہا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ جھوٹی دلیلوں کو ادلہ شعریہ کہتے ہیں۔

۶۲؎ یہ کتاب مبالغہ آرائی، خیال آفرینی اور جھوٹ کا پلندہ نہیں ہے یہ تو سراسر نصیحت وموعظت ہے۔ جو بات اس میں بیان کی گئی وہ محض حق ہے۔ نہ اس میں مبالغہ ہے نہ عبارت آرائی ہے۔ نہ بیانِ حقیقت میں بال برابر تجاوز یا کمی کی گئی ہے۔ یہ ایسی کتاب ہے جس میں احکام الٰہی حقائق عالم اور زندگی کی صداقتوں کو کھول کر بیان کیا گیا ہے۔

۶۳؎ اس کے نزول کا مقصد یہ ہے کہ ان لوگوں کو بروقت متنبہ کر دیا جائے جن کے ضمیر ابھی مردہ نہیں۔ جن میں حق پذیری کی قوتیں ابھی موجود ہیں اور جن کے دل مرچکے ہیں اور جن میں حق قبول کرنے کی استعداد ختم ہو چکی ہے ان پر عذاب الٰہی کے نزول کی

يَأْكُلُونَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَاتَّخَذُوا

ہیں اور بعض کا گوشت، کھاتے ہیں اور ان کے لیے ان مویشیوں میں اور بھی کئی منفعتیں ہیں اور پینے کی چیزیں ہیں، کیا وہ شکر ادا نہیں کرتے اور

مِنْ دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَعَلَّهُمْ يُنْصَرُونَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ

ان ظالموں نے بنا لیے ہیں اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اور خدا کہ شاید وہ ان کی مدد کریں ۷۴ یہ جھوٹے خدا نہیں مدد کر سکتے ان کی ۷۵

وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُحْضَرُونَ ﴿٧٥﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّا نَعْلَمُ مَا

اور یہ کفار ان معبودوں کے لیے تیار شدہ لشکر ہیں ۷۶ پس نہ رنجیدہ کرے آپ کو (اے حبیب!) ان کا قول۔ ہم خوب جانتے ہیں

يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٦﴾ أَوَلَمْ يَرَ الْإِنْسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِنْ نُطْفَةٍ

جس بات کو وہ چھپاتے ہیں۔ اور جو ظاہر کرتے ہیں ۷۷ کیا انسان (اس حقیقت کو) نہیں جانتا کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا ۷۸

حجت تمام کر دے۔

۷۴ یعنی ان لوگوں کی بھی عجیب حالت ہے کہ رزق ہمارے دستر خوان سے کھاتے ہیں، وہ جانور جن پر یہ سواری کرتے ہیں، جن کا گوشت کھاتے ہیں، جن کا دودھ پیتے ہیں وہ سب ہم نے پیدا کیے ہیں اور انہیں ان کا تابع فرمان بنا دیا ہے۔ اس کے باوجود ہمیں چھوڑ کر وہ دوسری چیزوں کو اپنا خدا بنا رہے ہیں اور شیطان نے ان کے کان میں یہ پھونک دیا ہے کہ اگر تم پر کوئی مشکل آئی تو یہ تمہاری مدد کو آئیں گے اور عذاب الٰہی کے شکنجہ سے تمہیں بزور چھڑا لیں گے۔

۷۵ ان کی اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا کہ یہ تمہارا کچھ بھلا نہیں کر سکتے۔ ان کی کیا طاقت ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے تم کو چھڑا سکیں۔

۷۶ "هم" ضمیر کا مرجع مشرکین ہیں۔ لهم کا مرجع ان کے معبودان باطل ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ ایسے نکمے خداؤں کی خدائی کا پرچم بلند کرنے کے لیے انہوں نے لشکر جمع کر رکھے ہیں جب کوئی توحید الٰہی کی دعوت دینے کے لیے آتا ہے تو فوراً اس کے خلاف برسرپیکار ہو جاتے ہیں؛ معدون لحفظهم والذب عنهم فی الدنیا۔ ایک مفہوم اس کا یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ قیامت کے دن ہر بت کے پجاری یکجا کر دیے جائیں گے اور انہیں ایک ساتھ واصل جہنم کر دیا جائے گا۔

۷۷ اللہ تعالیٰ اپنے نبی مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تسلی دے رہا ہے اور دلجوئی فرما رہا ہے۔

۷۸ اگر انسان اپنے مادۂ تخلیق کی طرف ہی غور کرتا تو سرکشی اور بغاوت کا راستہ اختیار نہ کرتا۔ ہم نے اسے پانی کی ایک بوند سے پیدا کیا، پھر اسے صحت، جوانی، عزت و دولت کی نعمتیں بخشیں۔ شکر کرنے اور ایک اطاعت گزار بندہ بننے کے بجائے وہ ہم سے

فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ ﴿۷۷﴾ وَ ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّ نَسِیَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ

پس اب وہ ہمارا (کھلا دشمن بن بیٹھا ہے ۔ اور بیان کرنے لگا ہے ہمارے لیے (عجیب و غریب) مثالیں اور اپنی (پیدائش) فراموش کر بیٹھا ہے کہنے

مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ وَ هِیَ رَمِیْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ یُحْیِیْهَا الَّذِیْۤ اَنْشَاَهَاۤ اَوَّلَ

پیدائش کو گستاخ کہتا ہے ابی! کون زندہ کر سکتا ہے ہڈیوں کو جب وہ بوسیدہ ہو چکی ہوں وقت آپ فرمائیے وہی زندہ فرمائے گا انہیں جس

مَرَّةٍ ؕ وَ هُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِیْمُ ۙ﴿۷۹﴾ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ

جس نے انہیں پہلی بار پیدا کیا تھا اور وہ ہر مخلوق کو خوب جانتا ہے وقت جس نے (اپنی حکمت سے) رکھ دی تمہارے لیے سبز درختوں میں

الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَاۤ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ اَوَ لَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ

آگ پھر تم اس سے اور آگ سلگاتے ہو لگے کیا وہ قادرِ مطلق (جس نے پیدا فرمایا

ہی الجھ رہا ہے ہماری انکار کر رہا ہے اور اس کے لیے مناظرانہ انداز اختیار کر رہا ہے۔

وقت یہ گستاخ، نابنجار ہمارے لیے طرح طرح کی مثالیں پیش کرتا ہے۔ خدا ہوتا تو ہمیں کہیں نظر نہ آتا۔ اتنے بڑے کارخانۂ حیات کو ایک ہستی کیسے چلا سکتی ہے۔ یہ قیامت کی دھمکیاں مذہبی لوگوں نے لوگوں پر محض اپنا تسلط جمانے اور انہیں ذہنی غلامی میں مبتلا کرنے کے لیے گھڑی ہوئی ہیں۔ —— بھلا کبھی قیامت قائم ہو سکتی ہے۔ کیا ایسی ان ہونی بات کو عقل تسلیم کر سکتی ہے وغیرہ وغیرہ اس قسم کی ہرزہ سرائی میں تو انہیں بڑا کمال حاصل ہے۔ اس کو اتنی بھی خبر نہیں کہ اسے کس مادہ سے پیدا کیا گیا ہے کیا اس کا یہ سراپا وہاں تھا جب یہ پیدا ہوا تھا، کیا یہ شوخیاں اس میں موجود تھیں۔

وقت اے میرے محبوب! آپ منکرین قیامت کو بتائیے جو یہ سمجھتے ہیں کہ بوسیدہ ہڈی کو زندہ کرنا محال ہے۔ آپ انہیں بتلائیں کہ ان بوسیدہ ہڈیوں کو وہ ہستی زندہ کرے گی جو خلاق علیم ہے۔ جس کی قوتِ تخلیق کا یہ حال ہے کہ آسمان، مہر و ماہ، ستارے فضائیں ہوائیں، زمین سب اشیاء اس نے محض اپنے امر کن سے پیدا کی ہیں اور جس کے علم کی وسعت کا یہ حال ہے کہ غیب و شہادۃ، ظاہر و باطن، جلی و خفی سب امور کو جاننے والا ہے۔ ذرا عقل سے کام لو کیا ایسے خلاق علیم کے لیے تمہاری بوسیدہ ہڈیوں میں روح ڈالنا کچھ مشکل ہے، ہرگز نہیں۔

لگے ان اسرار و رموز کو سمجھنے کی تو تم میں اہلیت نہیں جن کے باعث کروڑوں سال گزرنے کے باوجود اس نظام عالم میں گنگی کے آثار کہیں نظر نہیں آتے لیکن یہ تو ایک موٹی سی بات ہے کہ پانی اور آگ میں طبعی تضاد ہے۔ آگ کا بس چلے تو پانی کو جلا کر اڑا دیتی ہے اور اگر دہکتی ہوئی آگ پر ایک چلو پانی ڈال دیا جائے تو وہ بجھ جاتی ہے۔ اس طبعی تضاد کے باوجود اس سرسبز

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰی ۗ وَهُوَ الْخَلّٰقُ

آسمانوں اور زمین کو قدرت نہیں رکھتا کہ پیدا کر سکے ان جیسی (چھوٹی سی) مخلوق۔ بیشک! (وہ ایسا کر سکتا ہے) اور وہی

الْعَلِیْمُ ﴿٨١﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿٨٢﴾

پیدا فرمانے والا (سب کچھ) جاننے والا ہے ٨٢ اس کا حکم جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو فرمانا اتنا ہی ہے کہ وہ فرماتا ہے اسے ہو جا (تو وہ) اسی وقت ہو جاتی ہے ٨٣

فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٣﴾

پس وہ (ہر عیب سے) پاک ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی حکومت ہے اور اسی کی طرف تمہیں لوٹایا جائے گا۔ ٨٤

درختوں میں آگ اور پانی کو یکجا کر دیا ہے۔ یہی گیلی لکڑی جب کاٹ کر اس سے آگ جلائی جاتی ہے تو اس سے آگ کے شعلے بھڑکنے لگتے ہیں۔ بعض علماء نے یہ بھی کہا ہے کہ عرب میں دو درخت پیدا ہوتے ہیں۔ ایک کو "المرخ" اور دوسرے کو "العفار" کہتے ہیں۔ اگر ان کی شاداب ٹہنیاں کاٹی جائیں جن سے رس بہہ رہی ہو اور انہیں ایک دوسرے سے رگڑا جائے تو آگ بھڑک اٹھتی ہے۔ جو ذات ان امور پر قادر ہے اس کے لیے تمہاری بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کرنا کوئی مشکل نہیں۔

٨٢ اللہ تعالیٰ تو وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا جن کی بلندی، وسعت اور گہرائیوں کا اندازہ ہی نہیں لگایا جا سکتا۔ کیا ایسی قادر و قیوم ہستی کے لیے تمہیں دوبارہ زندہ کر کے اٹھانا کوئی مشکل بات ہے؟ اس کی دیگر تخلیقات کے سامنے تمہاری حیثیت ہی کیا ہے۔ ذرا پہاڑ کے ساتھ سر جوڑ کر کھڑے ہو تو تمہیں اپنی قامت کی درازی کا پتہ چل جائے۔ ذرا ہاتھی کے ساتھ اپنا وزن تو کرو، اس کا ایک پاؤں بھی تم سے زیادہ وزنی ہے۔ ذرا ہرن کے ساتھ دوڑ تو لگاؤ دیکھیں کون آگے نکلتا ہے۔ ایک بھینس کے ساتھ کھانے میں ہی مقابلہ کر کے دکھاؤ۔ یہ قامت، یہ طاقت اور یہ حیثیت۔ اور اس کے باوجود ایسی خرمستیاں کہ قدرت الٰہی پر حرف گیری کرنے کی جرأت کرنے لگے ہو۔

٨٣ تمہیں تو ایک معمولی سی چیز بنانی ہو تو اس کے لیے تمہیں بیسیوں اجزاء فراہم کرنے پڑتے ہیں۔ اگر ایک جُز بھی نایاب ہو جائے تو تمہاری ساری مہارتیں دھری کی دھری رہ جاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ کی قدرت و جبروت کا یہ عالم ہے کہ ادھر ارادہ ہوا اور کُن کہا تو وہ چیز خواہ وہ کتنی بڑی ہو، عدم محض سے عالم وجود میں آجاتی ہے۔

٨٤ بیشک ہر نقص، ہر خامی، ہر کمزوری، ہر عیب اور ہر شریک سے وہ ذات اعلیٰ، ارفع اور پاک ہے۔ اس کا علم محیط، اس کی قُدرت ہمہ گیر، اس کا حکم ہر اعلیٰ و ادنیٰ پر جاری ساری۔ ہر چیز اس کے زیر نگیں اور تابع فرمان۔ جو چاہتا ہے کرتا ہے، جسے چاہتا ہے جتنا چاہتا ہے دیتا ہے۔ ہر چیز کا اختیار اُس کے اپنے دستِ قدرت میں ہے اور انجام کار ہر چیز نے اسی کی طرف لَوٹ کر آنا ہے۔ فسبحان الذی بیدہ ملکوت کل شیئ والیہ تُرجعون۔

سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم سبوح قدوس ربنا ورب الملائکۃ ورب العرش العظیم۔

اللھم لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین۔

فاطر السمٰوٰت والارض انت ولی فی الدنیا والآخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔

یا رب صل وسلم دائما ابدا

علی حبیبک خیر الخلق کلھم

ولن یضیق رسول اللہ جاھک بی — اذا الکریم تحلی باسم منتقم

یا نفس لا تقنطی من ذلۃ عظمت — ان الکبائر فی الغفران کاللمم

ومن یکن برسول اللہ نصرتہ — ان تلقہ الاسد فی آجامھا تجم

یا رب صل وسلم دائما ابدا

علی حبیبک خیر الخلق کلھم

محمد کرم شاہ

نظر ثانی

۱۳ رجب المرجب ۱۳۹۱ھ	۱۶۔ رجب ۱۳۹۲ھ
۵۔ ستمبر ۱۹۷۱ء	۲۷ اغسطس ۱۹۷۲ء
یوم الاحد فی مگھال	یوم الاحد ۔ بھیرہ سودھی

تعارف

سُورہ الصّٰفّٰت

نام : اس کا نام سورہ الصافات ہے جو پہلی آیت میں مذکور ہے۔ اس میں پانچ رکوع، ایک سو بیاسی آیتیں اور آٹھ سو ساٹھ کلمات اور تین ہزار آٹھ سو چھبیس حروف ہیں۔

زمانۂ نزول : یہ سورت مکۂ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ مضامین میں غور و فکر کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ مکی دور کے اس حصہ میں نازل ہوئی جب اسلامی دعوت نے اہل مکہ کو چوکنا کر دیا تھا اور انہوں نے تعصب کا سہارا لیتے ہوئے اس کو تسلیم کرنے سے صاف انکار کر دیا تھا۔ اسلامی دعوت اور داعی برحق علیہ الصلوٰۃ والسلام پر آوازے کسنے شروع کر دیے تھے۔ یہ سورت مکی زندگی کے درمیانی دور کے آخر میں نازل ہونے والی سورتوں سے واضح مشابہت رکھتی ہے۔

مضامین : کفارِ عرب شرک کی لعنت میں بری طرح گرفتار تھے۔ آیات ۶ - ۳۵ میں بتایا گیا ہے کہ اگر انہیں لا الٰہ الا اللہ پر ایمان لانے کی دعوت دی جاتی تو وہ ازراہ غرور و نخوت اس دعوت کو مسترد کر دیتے اور کہتے ایک شاعر و مجنون کی بات مان کر ہم اپنے خداؤں کی خدائی کے عقیدہ کو ہرگز نہیں چھوڑیں گے۔ بھلا کائنات کا یہ وسیع اور پیچیدہ کاربار ایک خدا انجام دے سکتا ہے؟ ناممکن۔

سورت کا آغاز عقیدہ توحید کو دلوں میں جاگزیں کرنے کے لیے تین قسمیں کھا کر فرمایا جا رہا ہے کہ تمہارا خدا بس ایک خدا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے سب کا وہی پروردگار ہے۔

قیامت کے بارے میں بھی ان کا نظریہ یہ تھا کہ ایسا ہونا ناممکن ہے۔ عقل اس کو تسلیم نہیں کرتی۔ اس کے بارے میں بھی دو ٹوک انداز میں فرما دیا: قُلْ نَعَمْ وَ اَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ۔ ہاں قیامت ضرور آئے گی اور تمہیں ذلیل و رسوا کر کے حشر کے میدان میں کھڑا کر دیا جائے گا۔

قیامت کے دن منکرین قیامت جس طرح آپس میں الجھیں گے اور ایک دوسرے پر الزام تراشی کریں گے اس کا ذکر بھی کر دیا تاکہ لوگ عبرت حاصل کریں۔

حضور نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور حضور کے جاں نثار غلام بڑے زہرہ گداز حالات سے دوچار تھے۔ لمحہ بہ لمحہ مصائب و آلام کے اندھیرے گہرے ہوتے جا رہے تھے۔ ان کی تسلی کے لیے انبیاء کرام کے ایمان افروز حالات بیان فرما دیے کہ مخالفت اور عداوت سے انہیں بھی واسطہ پڑا تھا۔ مشکلات کے پہاڑ ان کے راستہ میں بھی حائل ہوئے

تھے لیکن انہوں نے صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رکھا، اپنے خدا پر توکل کیا اور مصروف جہاد رہے۔ آخر کار فتح و نصرت کا کبھی نہ مرجھانے والا سہرا ان کے سر پر باندھ دیا گیا۔ ساتھ ہی فرما دیا جو بھی انبیاء کرام کے نقشِ قدم پر چلے گا، اسلام کا علمبردار بنے گا وہی ہمیشہ غالب رہے گا۔ اِن جندنا لھم الغٰلبون۔

اہل مکہ کو تنبیہ فرمادی کہ آج جس کو تم کمزور سمجھ رہے ہو سارے عرب پر اس کا پرچم لہرائے گا اور سارے عالم کو اسی کے دامنِ رحمت میں جگہ ملے گی۔

سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّاثْنَانِ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ الصفت مکی ہے اس کی آیتیں ۱۸۲ اور رکوع پانچ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ

قسم ہے (مقام نیاز میں) پرے باندھ کر کھڑے ہونے والوں کی پھر خوب جھڑکنے والوں کی پھر قرآن کی تلاوت کرنے والوں کی لے کہ تمہارا معبود

لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾

ایک ہی ہے ٹے جو مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور مالک ہے مشرقوں کا سے

لے توحید خداوندی کا مضمون شروع کرنے سے پہلے تین قسمیں اٹھائیں تاکہ اس مضمون کی اہمیت سننے والے کے ذہن میں نقش ہو جائے اور ہمہ تن متوجہ ہو کر وہ ارشاد خداوندی کو سنے۔ فرشتے اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق ہیں۔ انہیں حسب مدارج مختلف قسم کے فرائض کی انجام دہی کے لیے مقرر فرمایا گیا ہے اور انہی فرائض کے مطابق ان کی گروہ بندی کر دی گئی ہے۔

پہلے ان فرشتوں کی قسم اٹھائی جو عبودیت و نیاز کے مقام میں صف بستہ کھڑے ہیں۔ اکثر علماء تفسیر نے الصافات کا معنی صفیں باندھ کر کھڑے ہونے والے کیا ہے۔ بعض علماء نے الصافات کا یہ مفہوم بتایا ہے کہ پر پھیلا کر منتظر حکم کھڑے ہونے والے۔ اس کے بعد فرشتوں کے اس گروہ کی قسم اٹھائی جو تکوینی امور کی تکمیل کے لیے مقرر ہیں۔ ہوا، بادل، بارش، مہر و ماہ، کواکب و سیارے وغیرہ پر متعین ہیں۔ اور احکم الحاکمین کے فرمان کے مطابق تعمیل ارشاد کر رہے ہیں: الزّجر فی الاصل الدفع عن الشئی بتسلط و صیاح (روح المعانی) کسی کو بارعب اور زوردار آواز سے کسی بات سے روکنا۔ ویسے کسی چیز کو چلانے برانگیختہ کرنے اور ہانکنے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

والزاجرات: ما یلط بها زجره من الاجرام العلوية والسفلية وغيرها علی وجه يليق بالمزجور: یعنی اجرام علویہ اور سفلیہ کو ان کے شایان شان اور مناسب حال زجر کے لیے جو فرشتے مقرر ہیں ان کی قسم اٹھائی گئی۔ اس کے بعد جو فرشتے آیات الٰہی کی تلاوت میں ہر وقت مشغول رہتے ہیں ان کی قسم اٹھائی گئی۔

ٹے فرشتوں کے ان تین مقدس گروہوں کی قسمیں اٹھانے کے بعد بتایا کہ تمہارا خدا وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے۔

سے یہ دلائل توحید بھی ہیں اور صفات خداوندی بھی یعنی وہی ہستی جو ان صفات جلیلہ سے متصف ہے وہی خدا ہو سکتی ہے اور چونکہ

منزل السادس

إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِينَةٍ ٱلْكَوَاكِبِ ۝٦ وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطَٰنٍ

بلاشبہ ہم نے آراستہ کیا ہے آسمانِ دنیا کو ستاروں کے سنگھار سے [۵] اور (اسے) محفوظ کر دیا ہے ہر سرکش شیطان (کی رسائی)

مَّارِدٍ ۝٧ لَّا يَسَّمَّعُونَ إِلَى ٱلْمَلَإِ ٱلْأَعْلَىٰ وَيُقْذَفُونَ مِن كُلِّ

سے [۶] نہیں سن سکتے کان لگا کر عالمِ بالا کی باتوں کو اور پتھراؤ کیا جاتا ہے ان پر ہر

یہ صفات صرف اللہ تعالیٰ میں ہی پائی جاتی ہیں، اس لیے وہ ہی معبودِ برحق ہے۔ مشارق، مشرق کی جمع ہے۔ یہ ظرفِ زمان بھی ہے اور ظرفِ مکان بھی۔ سُورج ہر روز نئے مطلع سے اور مختلف اوقات میں طلوع ہوتا ہے۔ اس لیے مشارق جمع کا صیغہ استعمال کیا اور جب وہ مشارق کا رب ہے تو مغارب کا بھی وہی رب ہوگا، اس لیے ایک کے ذکر پر اکتفا کیا، نیز طلوعِ آفتاب میں قدرتِ الٰہی کا ظہور زیادہ نمایاں ہے۔ اس لیے اس کو ترجیح دی۔ دُوسرے مقام پر رب المشارق والمغارب بھی مذکور ہے۔ (روح المعانی)

[۵] السماء موصوف ہے۔ الدنیا اس کی صفت ہے۔ دُنیا ادنیٰ (قریب ترین) کی تانیث ہے۔ یعنی وہ آسمان جو زمین کے بالکل قریب ہے۔ اس میں کروڑوں بلکہ ان گنت ستارے قندیلوں کی طرح آویزاں دکھائی دیتے ہیں اور اس کے حُسن و دلفریبی میں اضافہ کر رہے ہیں اور تاریک رات میں جو دلکش منظر پیش کرتے ہیں، ہر عالم اور جاہل اس سے لُطف اندوز ہوتا رہتا ہے۔ ہر ستارہ کہیں بھی ہو اس سے قرآنِ کریم کو بحث نہیں کیونکہ یہاں علم الافلاک کی تفصیلات بتانا مقصود نہیں ہے لیکن یُوں نظر آتا ہے کہ قریب ترین آسمان کی پہنائیوں میں چراغ روشن ہے۔

[۶] یہاں دو چیزیں بڑی وضاحت سے بتادی گئیں کہ یہ بیکراں بلندیاں اور یہ فضائے محیط جہاں کوئی ٹھوس چیز تمہیں دکھائی نہیں دیتی انہیں غیر محفوظ مت سمجھو بلکہ قادرِ مطلق اور خالقِ حکیم نے یہاں ایسی حد بندیاں قائم کر دی ہیں جنہیں عبور کرنا از حد مشکل ہے۔ یہ حد بندیاں بظاہر نظر نہیں آتیں، لیکن ان حد بندیوں کو توڑنے کی جب کوئی کوشش کرتا ہے اسے ہی ان کی پختگی اور مضبوطی کا احساس ہوتا ہے۔ خلائی تسخیر کے لیے جو تجربات کیے گئے ہیں یا کیے جا رہے ہیں۔ ان سے معلوم ہو سکتا ہے کہ مولا کریم نے کس طرح اپنی کائنات کو ایک محکم نظام کے مطابق پیدا کیا ہے۔ کس طرح درجہ بندی فرمائی ہے اور حدود کا تعین کیونکر کیا ہے۔ دوسری بات جو قابلِ غور ہے وہ یہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی بعثت کے وقت عرب میں کہانت کا بڑا چرچا تھا۔ ہر جگہ اس قسم کے لوگ کثرت سے مل جاتے تھے جو غیب دانی کا دعویٰ کرتے تھے۔ یہ ان کا پیشہ تھا اس سے انہیں بے اندازہ آمدنی ہوا کرتی تھی۔ کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی، کسی کا کوئی عزیز بیمار ہو گیا، کسی نے نئے کاروبار کا پروگرام بنایا، کوئی لمبے سفر کے لیے تیار ہوا۔ ان تمام مواقع پر وہ توہم پرست لوگ ان جھوٹے غیب دانوں سے فائدہ اٹھانے کے لیے ان کے پاس پہنچ جاتے یہ پیشہ ور کاہن بڑے شاطر قسم کے لوگ ہوتے تھے ایسی دو رُخی باتیں کرتے کہ پوچھنے والا مطمئن ہو کر چلا جاتا۔ ان کاہنوں کے متعلق اہلِ عرب کا یہ عقیدہ تھا کہ کوئی جن ان کے ماتحت ہے اور وہ اسے غیب کی خبریں آکر بتاتا ہے۔

جَانِبٍ ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ

طرف سے ان کو بھگانے کے لیے اور ان کے لیے دائمی عذاب ہے۔ مگر جو شیطان کچھ جھپٹ لینا چاہتا ہے

فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ

تو تعاقب کرتا ہے اس کا تیز شعلہ۔ پس آپ ان سے پوچھیے کیا وہ زیادہ مضبوط ہیں خلقت کے اعتبار سے یا دوسری

خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَیَسْخَرُوْنَ ﴿۱۲﴾

چیزیں جنہیں ہم نے پیدا فرمایا۔ بیشک ہم نے پیدا کیا ہے انہیں لیسدار کیچڑ سے ۔ آپ تو اظہار تعجب کرتے ہیں اللہ کے کرشمے دیکھ کر اور وہ تمسخر اڑاتے

جب حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے نبوت کا اعلان فرمایا اور لوگوں کو بتایا کہ آسمان سے ایک فرشتہ وحی لے کر میرے پاس آتا ہے تو اہل عرب نے حضور کو بھی ایک کاہن خیال کیا اور وحی کو ان کاہنوں کے اقوال پر قیاس کیا اور یہ سمجھنے لگے کہ ان کے پاس بھی کوئی جن آتا ہے اور انہیں یہ باتیں آکر سکھاتا ہے۔

ان آیات میں ان کے اس گمان باطل کی تردید کر دی کہ جس دن سے حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم منصب نبوت پر فائز کیے گئے ہیں اس دن سے آسمانوں کے پہرے سخت کر دیے گئے اور اب کسی شیطان کی مجال ہی نہیں کہ عالم بالا میں انقلاب عالم کے متعلق جو فیصلے ہو رہے ہیں ان پر آگاہ ہونے کی جرأت کر سکے اور وہاں کے رازہائے نہاں افشا کر سکے۔ پہلے تو کسی جن یا شیطان کو ایسا کرنے کی ہمت نہیں ہوتی اور اگر کوئی اپنی شرارت طبع کے باعث ایسا کرتا ہے تو شہاب ثاقب سے اس کی تواضع کی جاتی ہے جو اسے جلا کر راکھ کر دیتا ہے، اس لیے اب نہ کہانت رہی اور نہ کاہن۔

یہ میرا نبی ہے اس پر میرا کلام نازل ہوتا ہے۔ اس کلام کو لے کر آنے والا میرا نورانی فرشتہ ہے، جو میرے اذن سے اترتا ہے۔ اس لیے اس غلط فہمی کو دل سے نکال دو کہ یہ کاہن ہے۔

چند مشکل الفاظ کی تشریح: المارد: العاتی من الجن والانس سرکش جن ہو یا انسان۔ الملاء الاعلیٰ: اھل السماء الدنیا وما فوقھا۔ آسمانوں پر بسنے والی مخلوق۔ یقذفون: پھینکے جاتے ہیں۔ دحورا: یہ مصدر ہے، اس کا معنی دھکے دے کر نکال دینا۔ مصدر ۃ یقال دحرتہ دحرا و دحورا ای طردتہ۔ واصب: دائم، ہمیشہ رہنے والا۔ شہاب ثاقب: اس کے متعلق تفصیل بحث ضیاء القرآن جلد دوم سورۃ الحجر آیت نمبر ۱۸ کے حاشیہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

ف ان آیات میں مشرکین کے غیر معقول رویہ کا بیان ہو رہا ہے۔ وہ آخرت کی زندگی کا انکار کر رہے ہیں۔ آپ ان سے پوچھیے کہ آسمانوں، کروڑوں ستاروں، سورج اور چاند اور فلک بوس پہاڑوں کو بنانا ہمارے لیے مشکل ہے یا تمہیں دوبارہ زندہ کرنا جنہیں ہم نے لیس دار کیچڑ سے پیدا کیا ہے۔

وَإِذَا ذُكِّرُوا لَا يَذْكُرُونَ ﴿۱۳﴾ وَإِذَا رَأَوْا آيَةً يَسْتَسْخِرُونَ ﴿۱۴﴾ وَقَالُوا إِنْ

اور جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو وہ نصیحت قبول نہیں کرتے اور جب کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو مذاق کرنے لگتے ہیں۔ اور کہتے ہیں نہیں

هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ ﴿۱۵﴾ أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿۱۶﴾

ہے یہ مگر کھلا جادو۔ کیا جب ہم مر جائیں گے اور (مر کر) مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے (تو) کیا ہم زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے

أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ﴿۱۷﴾ قُلْ نَعَمْ وَأَنْتُمْ دَاخِرُونَ ﴿۱۸﴾ فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ

اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی فرمائیے ہاں (ضرور) اس حال میں کہ تم ذلیل و خوار ہو گے ۷ پس قیامت تو فقط ایک

وَاحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ يَنْظُرُونَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوا يَا وَيْلَنَا هَٰذَا يَوْمُ الدِّينِ ﴿۲۰﴾

جھڑکی ہوگی پس وہ (اٹھ کر) ادھر ادھر دیکھنے لگیں گے ۸ اور کہیں گے ہم برباد ہو گئے! یہ تو یوم جزا ہے

هَٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِي كُنْتُمْ بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿۲۱﴾ احْشُرُوا الَّذِينَ

(ہاں ہاں) یہی فیصلہ کا دن ہے جس (کی آمد) کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ (اے فرشتو!) جمع کرو جنہوں نے

ظَلَمُوا وَأَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوا يَعْبُدُونَ ﴿۲۲﴾ مِنْ دُونِ اللَّهِ فَاهْدُوهُمْ

ظلم کیا تھا اور ان کے ساتھیوں کو اور جن کی یہ عبادت کیا کرتے تھے ۹ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر پس سیدھا لے چلو

۷ آپ فرمائیے تم تو اس کو محال سمجھ رہے ہو لیکن میں کہتا ہوں کہ میرے رب کا فرمان سچا ہے وہ ضرور تمہیں اور تمہارے گزرے ہوئے باپ دادا کو دوبارہ زندہ فرمائے گا اور تمہیں اس روز اس کفر و انکار کے باعث ذلیل و خوار کر کے اٹھایا جائے گا۔ تمہارے سر جھکے ہوں گے۔ مارے خوف کے چہرے زرد، ہونٹ خشک، آنکھیں بے نور ہوں گی۔ سینوں میں دل دہل رہے ہوں گے۔ داخرون: صاغرون اذلّاء (قرطبی)

۸ تمہیں دوبارہ زندہ کرنے کے لیے ہمیں کسی بڑے اہتمام اور کوشش کی ضرورت نہ ہوگی۔ بس صرف ایک جھڑک سنتے ہی مارے خوف کے سرکش خود بخود قبروں سے اٹھ کھڑے ہوں گے۔

۹ اللہ تعالیٰ ملائکہ کو فرمائیں گے کہ ان سب کالی بھیڑوں کو اکٹھا کرو۔ جتنے مشرک اور کافر ہیں اور ان کے ساتھیوں اور ان کے بت وغیرہ جن کی یہ عبادت کیا کرتے تھے سب کو لے جاؤ اور انہیں سیدھا لے جا کر جہنم میں دھکا دے دو۔ الحشر: اخراج الجماعة عن مقرهم و مفردات۔ یعنی کسی جماعت کو ان کی آرام گاہوں سے نکال کر لے جانا۔ ان کفار کو ان کی قبروں سے یا جہاں وہ بیٹھے

اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿۲۳﴾ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ

انہیں جہنم کی راہ کی طرف ۔ اور (اب ذرا) روک لو انہیں ان سے باز پرس کی جائے گی ۱۰ تمہیں کیا ہو گیا تم ایک

لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ

دوسرے کی مدد کیوں نہیں کرتے۔ بلکہ آج تو وہ سرِ تسلیم خم کیے ہوئے ہیں ۱۱ اور متوجہ ہوں گے ایک دوسرے کی

عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾

طرف (اور) سوال جواب کریں گے ۱۲ (پیروکار سرداروں سے) کہیں گے کہ تم آیا کرتے تھے ہمارے پاس بڑے کر و فر سے ۱۳

قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ

(اور ہمیں کفر پر مجبور کرتے تھے) وہ جواب دیں گے بلکہ تم ایمان ہی کب لائے تھے (کہ ہم نے تم کو گمراہ کر دیا) ۱۴ اور نہ ہمیں تم پر کوئی غلبہ حاصل تھا۔

ہوئے ہوں گے فرشتے نکالیں گے اور انہیں ہانک کر اس میدان میں لے آئیں گے اور سب کو وہاں جمع کریں گے

۱۰ پہلے جہنم میں پھینکنے کا حکم دیا جائے گا، لیکن ان کی رسوائی میں اضافہ کرنے کے لیے انہیں پھر ٹھہرانے کا حکم ہوگا کہ ابھی نہیں ذرا ان کا حساب بھی لے لو تاکہ تمام اہلِ محشر ان کے کفر و شرک، ان کی حرام خوریوں اور ناشکریوں کا علم ہو جائے اور سب کو پتہ چل جائے کہ دنیا میں جن کی عظمت کے ڈنکے بجتے تھے ان کا کیا حشر ہو رہا ہے۔

۱۱ دنیا میں جو بات بات پر برہم ہو جایا کرتے تھے از راہِ نصیحت اگر انہیں کوئی اچھی بات کہی جاتی تھی تو اکڑ جاتے تھے بڑے بڑے فرعون اور نمرود، بڑے بڑے ابوجہل اور یزید آج حکمِ الٰہی کے سامنے مسکینوں کی طرح گردن جھکا دیں گے اور ہر ارشاد کی تعمیل کریں گے

۱۲ یہاں اس گفتگو کا ذکر کیا جا رہا ہے جو قوم کے گمراہ سرداروں اور ان کے گمراہ پیروکاروں کے درمیان ہوگی۔ اس بیان سے مقصد یہ ہے کہ ہم خدا تعالیٰ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہ کریں۔ وہ دوستی اور تعلق جس کی بنیاد اسلام سے روگردانی قرآن و سنت سے انحراف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بغاوت پر ہوگی وہ قیامت کے دن تارِ عنکبوت سے بھی کمزور بلکہ وبالِ جان ثابت ہوگی۔

۱۳ اس آیت میں الیمین کا معنی کر و فر اور شان و شوکت ہے۔ الیمین: القدرة والقوة (لسان العرب) ماتحت لوگ اپنے سرداروں کو کہیں گے کہ تم بڑی شان و شوکت اور کر و فر سے ہمارے پاس آتے تھے اور ہمیں اسلام سے بدظن کرتے تھے کبھی سوشلزم کی دعوت دیتے تھے کبھی یورپ کی ننگی اور عریاں تہذیب کو اپنانے کا مشورہ دیتے تھے اور یہ بھی کہتے تھے کہ تم آنکھیں بند کر کے ہمارے پیچھے چلے آؤ ہم دونوں جہانوں میں تمہارے ذمہ دار ہیں آج کدھر گئیں تمہاری وہ شوخیاں۔ ۱۴ ان متعدد آیتوں میں یہ بتایا جا رہا ہے کہ گمراہ لیڈر

بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿۳۱﴾

بلکہ تم بذاتِ خود سرکش لوگ تھے | پس لازم ہو گیا ہم سب پر اپنے رب کا حکم۔ اب ضرور ہم (اس عذاب کا) مزہ چکھنے والے ہیں

فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِى الْعَذَابِ

پس ہم نے تم کو بھی گمراہ کیا، ہم خود بھی گمراہ تھے | پس وہ (سب) اس روز عذاب میں

مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا

حصّہ دار ہوں گے | ہم اسی طرح سلوک کرتے ہیں مجرموں کے ساتھ | کفار کا یہ حال ہے کہ جب انہیں

قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا

کہا جاتا ہے کہ نہیں کوئی معبود اللہ کے سوا تو یہ تکبر کرنے لگتے ہیں | اور کہتے ہیں کیا ہم چھوڑ دیں گے اپنے خداؤں کو

اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾

ایک شاعر اور دیوانے کے کہنے سے ۱۵؎ (دیوانے تو یہ خود ہیں) وہ تو دینِ حق لے کر آئے ہیں اور تصدیق کرتے ہیں سارے رسولوں کی۔

اور لیڈر اس روز کوئی ذمہ داری قبول کرنے کے لیے تیار نہ ہوں گے بلکہ الٹا الزام اپنے پیروکاروں پر لگائیں گے اور انہیں کہیں گے کہ تم خود کافر تھے۔ تم نے اسلام کو قبول ہی نہیں کیا تھا۔ ہم نے قطعاً تمہیں مجبور نہیں کیا تھا کہ تم دعوتِ حق کو قبول نہ کرو۔ مقصد یہ ہے کہ قیامت کے دن ہر کوئی اپنے اعمال کا خود ذمہ دار ہوگا۔ کسی دوسرے پر اپنی گمراہی کا الزام لگانے سے کام نہیں بنے گا۔ اس لیے قوم کے سردار اور ان کے پیروکار دونوں اس حقیقت کو خوب ذہن نشین کر لیں تاکہ روزِ محشر انہیں کفِ افسوس ملنا نہ پڑے۔

۱۵؎ ان مشرکین کو اگر یہ کہا جاتا کہ شرک کرنا چھوڑ دو۔ صرف ایک خدا کو مانو اور کہو لا الٰہ الا اللہ۔ تو اس سچی دعوت کو قبول کرنے کے بجائے وہ اکڑنے لگتے اور کہتے کیا اس شاعر اور مجنون کے کہنے سے ہم اپنے خداؤں کو چھوڑ دیں بھلا یہ بھی کبھی ہو سکتا ہے۔

ان آیات سے یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ ان مشرکین کا اپنے بتوں کے متعلق کیا عقیدہ تھا۔ قرآن نے صاف بتا دیا کہ وہ انہیں الٰہ اور معبود یقین کرتے تھے۔ اگر آج بھی کوئی کسی کو الٰہ اور معبود سمجھے خواہ وہ بت ہو، درخت ہو، دریا ہو، انسان ہو یا اجرامِ سماوی میں سے کوئی چیز۔ وہ مشرک ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

آج ہر اس مسلمان کو جس کے دل میں اللہ تعالیٰ کے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی محبت ہو اور اولیاء کرام سے عقیدت ہو اس کو مشرک کہنا ایک فیشن بن کر رہ گیا ہے۔ ان آیات میں غور کرنے سے ہمیں کفار کے عقائد پر پوری طرح واقفیت حاصل ہوتی

إِنَّكُمْ لَذَائِقُوا الْعَذَابِ الْأَلِيمِ ﴿٣٨﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ

(اے مجرمو!) تم ضرور چکھو گے دردناک عذاب کو۔ اور تمہیں بدلہ دیا جائے گا تمہیں مگر اسی کا جو تم

تَعْمَلُونَ ﴿٣٩﴾ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٤٠﴾ أُولَٰئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ

کیا کرتے تھے۔ البتہ اللہ کے مخلص بندے (اس عذاب سے محفوظ رہیں گے)۔ وہی ہیں انہیں وہ رزق دیا جائیگا جس کی

مَّعْلُومٌ ﴿٤١﴾ فَوَاكِهُ ۖ وَهُم مُّكْرَمُونَ ﴿٤٢﴾ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿٤٣﴾ عَلَىٰ

کیفیت معلوم ہے۔ لذیذ پھل۔ اور ان کا بڑا احترام و اکرام کیا جائے گا (اور وہ) نعمت کے باغوں میں ہوں گے (زرنگار) پلنگوں

سُرُرٍ مُّتَقَابِلِينَ ﴿٤٤﴾ يُطَافُ عَلَيْهِم بِكَأْسٍ مِّن مَّعِينٍ ﴿٤٥﴾ بَيْضَاءَ

پر آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے پھرائے جائیں گے ان پر چھلکتے جام (شراب طہور کے) چشموں سے پُر کر کے۔ (دودھ سے زیادہ) سفید

لَذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ ﴿٤٦﴾ لَا فِيهَا غَوْلٌ وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنزَفُونَ ﴿٤٧﴾ وَ

بڑے لذیذ، پینے والوں کے لیے نہ اس میں ضرر صحت کوئی چیز ہے اور نہ وہ اس (کے پینے) سے مدہوش ہوں گے [16] اور

ہے، وہ قیامت کے منکر تھے، وہ اپنے بتوں کو الٰہ اور معبود یقین کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا انکار کرتے تھے۔ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جناب پاک میں گستاخی کرتے تھے اور حضور کو شاعر اور مجنون کہتے تھے۔ جو لوگ خواہ مخواہ مسلمانوں پر شرک کے فتوے لگاتے ہیں اور ان کے متعلق یہ تہمت لگاتے ہیں کہ ان کے بھی وہی عقائد ہیں جو مشرکین مکہ اور کفار عرب کے تھے۔ وہ ان آیات میں بار بار غور کریں۔ خدا کرے انہیں اپنی اس زیادتی کا احساس ہو جائے اور مسلمانوں کو مشرک ثابت کرنے کے لیے جو وقت، سرمایہ اور علمی قابلیت ضائع کر رہے ہیں اُسے وہ مشرکوں، ملحدوں اور دہریوں کو مشرف باسلام کرنے میں خرچ کریں۔

[16] نافرمانوں اور سرکشوں کے انجام کے ذکر کے بعد اب اپنے مخلص بندوں پر اپنے انعام و اکرام کا حال بیان فرمایا جا رہا ہے۔

چند مشکل الفاظ: فواکہ: جمع فاكهة: وهي الثمار كلها رطبها و يابسها: ہر قسم کے پھل تر اور خشک۔ سُرر: جمع ہے سریر کی۔ تخت۔ متقابلین: آمنے سامنے۔ کأس: اس پیالہ کو کہتے ہیں جو شراب سے بھرا ہوا ہو۔ خالی پیالے کو قدح یا اناء کہتے ہیں، کأس نہیں کہتے۔ وان كان فارغاً فليس بكأس (قرطبی)۔ بیضاء: خمر کی صفت بھی ہو سکتی ہے اور کأس کی بھی۔ غَوْل: جسمانی بیماری۔ سردرد، پیٹ میں درد وغیرہ۔ لا يُنزفون: اى لا تذهب عقولهم بشربها: بیہوش ہونا۔ مخمور ہونا۔ قٰصِرٰتُ الطَّرْف: جھکی ہوئی نگاہوں والیاں جو اپنے شوہروں کے بغیر کسی کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھتی ہی نہیں

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ۙ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾

ان کے پاس ہوں گی نیچی نگاہوں والی آہو چشم (عورتیں) گویا وہ (شتر مرغ کے) انڈوں کی مانند گرد و غبار سے محفوظ۔

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ

پس وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوں گے (اور) سوال جواب کریں گے ؂ کہے گا ان میں سے ایک کہ

اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ۙ﴿۵۱﴾ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿۵۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا

میرا ایک مجگری دوست ہوا کرتا تھا۔ وہ (مجھے) کہا کرتا تھا کہ کیا تو (قیامت پر) ایمان لانے والوں سے ہے۔ کیا جب ہم مر گئے

وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾

اور (مر کر) مٹی اور (بوسیدہ) ہڈیاں ہو جائیں گے کیا اس وقت ہمیں جزا دی جائیگی۔ ارشاد ہوگا کیا تم اسے دیکھنا چاہتے ہو؟

باشرم و باحیا۔ عِیْن۔ جمع ہے عیناء کی، موٹی موٹی خوبصورت آنکھوں والیاں۔ جن کی آنکھوں کا سیاہ حصہ بہت سیاہ اور سفید حصہ بہت سفید۔ بَیْض: انڈا خصوصاً شتر مرغ کا انڈا اس میں سفید اور زرد رنگ کی آمیزش بڑی لطیف ہوتی ہے۔ عرب عورتوں کے اس رنگ کو بہت پسند کرتے تھے۔

؂ اب اہل جنت کی ایک باہمی گفتگو کا ذکر ہو رہا ہے اور اس کا مقصد بھی غافلوں اور سرکشوں کو بروقت متنبہ کرنا ہے۔ اس سے یہ بھی پتہ چل گیا کہ عالم آخرت میں دیکھنے اور سننے کی قوتوں کا کیا حال ہوگا۔ جنت میں بیٹھا ہوا ایک جنتی لاکھوں میل بلکہ غیر محدود مسافت پر دوزخ میں ایک دوزخی کو دیکھ بھی لے گا اور اس سے بات بھی کرے گا اور اس کا جواب بھی سن لے گا۔ وہاں نہ ریڈیو، لاسلکی ٹیلی ویژن ہوگی اور نہ کوئی اور جدید ترین مواصلاتی آلہ کار فرما ہوگا۔

ان آیات سے جہاں یہ پتہ چلتا ہے کہ اہل جنت پر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کی نوعیت کیا ہوگی وہاں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اذن سے دور سے سننا یا دیکھنا اللہ تعالیٰ کی صفت میں شرک نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی صفات میں جس طرح اس دنیا میں کوئی شریک نہیں ہو سکتا اسی طرح دار آخرت میں بھی اس کی صفات میں کوئی شریک نہیں ہو سکتا۔ اگر اہل جنت کی طرح اس دنیا میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو یہ قوت سمع و بصر دے دے تو اس کی قدرت و رحمت سے کوئی بعید نہیں۔ یہاں بیٹھ کر اگر ہم درود شریف پڑھتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا محبوب رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنے روضۂ مطہرہ مقدسہ میں اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی طاقت سے سماعت فرما رہا ہے تو اس سے کوئی شرک لازم نہیں آتا ورنہ تمام اہل جنت کو شرک فی السمع والبصر کا مرتکب ماننا پڑے گا۔ اللہ تعالیٰ حق کی سمجھ عطا فرمائے اور جو لطف عمیم اور فضل کبیر و کثیر اس نے اپنے محبوب

فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۵۵﴾ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ﴿۵۶﴾

پس جب اس نے جھانکا تو دیکھا اپنے یار کو جہنم کے وسط میں۔ جنتی بول اٹھے گا بخدا! تو تو مجھے ہلاک کرنا ہی چاہتا تھا

وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ﴿۵۸﴾

اور اگر میرے رب کا احسان نہ ہوتا تو میں بھی (آج) پکڑ کر لائے جانے والوں میں سے ہوتا۔ (جنتی کہیں گے) کیا اب تو ہمیں مرنا نہیں ہوگا

اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ

بجز اپنی پہلی موت کے اور نہ ہمیں (اب) عذاب دیا جائے گا بیشک یہی وہ عظیم الشان

الْعَظِيْمُ ﴿۶۰﴾ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا

کامیابی ہے ایسی ہی عظیم الشان کامیابی کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے۔ بھلا یہ دعوت بہتر ہے یا

اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿۶۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۳﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ

زقوم کا درخت ف۱۸ ہم نے بنا دیا ہے اسے آزمائش ظالموں کے لیے ف۱۹ یہ ایک درخت ہے

بندوں پر فرمایا ہے ہم ناچیزوں کو بھی اس سے حظِ وافر عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

ف۱۸ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں یہ نعمتیں اور ضیافتیں جن سے ہم اپنے مخلص بندوں کو سرفراز کریں گے اچھی ہیں یا زقوم کا درخت۔ خود فیصلہ کرو۔

زقوم: ایک بدنما اور بدصورت درخت ہے اس کا ذائقہ سخت کڑوا، اس کی بُو ناگوار، اس سے جو پانی بہتا ہے وہ جسم کو چھو جائے تو ورم ہو جائے اور اس پر تیز نوکدار کانٹے۔ بعض لوگوں کا قول ہے کہ یہ درخت تہامہ کے علاقہ میں پیدا ہوتا ہے بڑا کڑوا اور بدبُودار۔ قال قطرب: انھا شجرۃ مرۃ تکون بتھامۃ من اخبث الشجر (قرطبی) اور بعض نے کہا ہے کہ اس نام کا کوئی درخت اس دُنیا میں نہیں یہ جہنم کے ایک درخت کا نام ہے۔ والقول الثانی انھا لا تعرف فی شجر الدنیا۔

ف۱۹ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو کفارِ قریش کہنے لگے: ما نعرف ھذہ الشجرۃ۔ یہ زقوم کیا ہے؟ ہم تو اس نام کا کوئی درخت نہیں جانتے۔ اتفاق سے افریقہ کا ایک آدمی آگیا۔ انہوں نے اس کے بارے میں اس سے پوچھا۔ اس نے کہا: ھو عندنا: الزُبد و التمر۔ ہمارے ہاں تو مکھن اور کھجور کو زقوم کہتے ہیں۔ بس پھر کیا تھا اس لفظ کو جا بجا استعمال کر کے مذاق اڑایا جانے لگا۔ ابن الزبعری نے کہا: اکثر اللہ فی بیوتنا الزقوم: اللہ تعالیٰ ہمارے گھروں میں زقوم

تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾

جو اگتا ہے جہنم کی تہ میں۔ اس کے شگوفے گویا شیطانوں کے سر ہیں ۲۰

فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ

پس انہیں ضرور کھانا ہوگا اس سے اور بھریں گے اس سے اپنے پیٹ پھر انہیں زقوم کھانے کے

عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِالَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾

بعد کھولتا ہوا پانی ملا کر دیا جائے گا ۲۱ پھر انہیں لوٹا دیا جائے گا جحیم کی طرف۔

اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ

انہوں نے پایا تھا اپنے باپ دادا کو گمراہ پس وہ (بے سوچے سمجھے) ان کے پیچھے بھاگے جا رہے ہیں ۲۲ اور بہک

ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾

گئے تھے ان سے قبل بہت سے پہلے لوگ اور ہم نے بھیجے تھے ان میں ڈرانے والے۔

کی کثرت کرے۔ ابوجہل نے اپنی لونڈی سے کہا: زقمینا: تو وہ کھجور اور مکھن لے کر آگئی۔ پھر اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا: تزقموا ھذا الذی یخوفنا بہ محمد (صلی اللہ تعالٰی علی حبیبہ وسلم) مکھن اور کھجور کھاؤ یہ ہے وہ جس سے ہمیں وہ ڈرایا کرتے ہیں۔

۲۰ یعنی زقوم کا درخت جو جہنم کے وسط میں اگے گا۔ اس کے شگوفے ایسے ہوں گے جیسے شیطانوں کے سر۔ اگرچہ کسی نے شیطانوں کے سروں کو نہیں دیکھا لیکن جس طرح کسی خوبرو اور حسین کو فرشتہ سے تشبیہ دی جاتی ہے اسی طرح بدصورتی بیان کرنے کے لیے شیطان سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ ورؤس الشیاطین متصور فی النفوس وان کان غیر مرئی (قرطبی)

۲۱ بتایا جہنمیوں کو کھانے کے لیے زقوم ملے گا اور اس زقوم سے بھرے ہوئے پیٹ میں کھولتے ہوئے پانی سے چھینٹا دیا جائے گا یعنی پینے کے لیے انہیں کھولتا ہوا پانی ملے گا۔ حمیم کھولتے ہوئے پانی کو کہتے ہیں۔ شَوْبًا شاب یَشُوْبُ کا مصدر ہے۔ اس کا معنی ہے کسی چیز کو کسی چیز میں ملا دینا، خلط ملط کر دینا۔ وہ چیز جس کو ملایا جاتا ہے اس کو بھی شَوب کہتے ہیں۔

۲۲ ان کی گمراہی کی وجہ بتائی جا رہی ہے کہ انہوں نے عقل و ہوش کے چراغ بجھا دیے۔ سوچنے سمجھنے کی قوتوں کو معطل کر دیا اور اپنے گمراہ اسلاف کے نقش قدم پر چلتے رہے۔

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِينَ ﴿٧٣﴾ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٧٤﴾

پس (اے مخاطب!) دیکھ کیسا انجام ہوا جنہیں ڈرایا گیا تھا (مگر وہ نہ سنبھلے تھے) سوائے ان کے جو اللہ کے مخلص بندے تھے ۲۳

وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيبُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ

اور (فریاد کرتے ہوئے) پکارا تھا ہمیں نوح نے پس ہم بہترین فریادرس ہیں ۲۴ اور ہم نے نجات دے دی انہیں اور انکے

الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ﴿٧٦﴾ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿٧٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ

گھرانے کو ایسی مصیبت سے جو بڑی زبردست تھی۔ اور ہم نے بنا دیا فقط ان کی نسل کو باقی رہنے والا۔ اور ہم نے چھوڑا انکے ذکر خیر

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿٧٨﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٩﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي

کو پیچھے آنے والوں میں۔ نوح پر سلام ہو تمام جہانوں میں۔ ۲۵ ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٨٢﴾

محسنین کو بیشک وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے پھر ہم نے غرق کر دیا دوسرے لوگوں کو۔

۲۳ عام لوگوں کی تو یہی روش ہوتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے مخلص بندے ایسا نہیں کیا کرتے وہ حق کے پیروکار ہوتے ہیں۔ اگر ان کے آباؤ اجداد ہدایت کی راہ پر چلنے والے۔ حق کو بلند کرنے والے۔ اللہ کے ذکر اور یاد میں اپنی عمریں بسر کرنے والے ہوتے ہیں تو وہ ان کی پیروی کرتے ہیں اور اگر وہ بھٹکے ہوئے اور گم کردہ راہ ہوتے ہیں تو یہ ان سے اپنا تعلق منقطع کر لیتے ہیں۔ انہیں صرف حق سے سروکار ہے۔ حق کی شمع جہاں بھی ہو یہ پروانے وہاں پہنچ جاتے ہیں۔ حق کا پرچم اٹھا کر جو جماعت میدان میں آئے یہ اس کے شانہ بشانہ صف بستہ کھڑے ہو جاتے ہیں۔

۲۴ حضرت نوح علیہ السلام کی تبلیغی سرگرمیوں اور آپ کی قوم کے آپ کے ساتھ ناشائستہ اور غیر مہذبانہ رویّے کے متعلق آپ کئی مقامات پر پڑھ چکے ہیں جب طوفان آیا تو صرف آپ اور آپ کے دین والے بچے باقی سب غرق ہو گئے۔ آج نسلِ انسانی جہاں کہیں موجود ہے یہ ان کشتی میں سوار لوگوں کی اولاد ہے۔

۲۵ اس آیت میں چند کلمات مقدر ہیں:

ترکنا علیہ ثناءً حسنًا فی کل اُمّۃ: یعنی ہم نے آنے والی اُمتوں میں آپ کی شہرت اور نیک نامی کو برقرار رکھا۔ ہر قوم آپ کی ثناخواں اور ہر اُمت آپ کی تعریف کرتی ہے۔

وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿۸۳﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۴﴾

اور ان کی جماعت میں سے ابراہیم (علیہ السلام) بھی تھے ۳۶؎ جب وہ حاضر ہوئے اپنے رب کے دربار میں قلب سلیم کے ساتھ۔

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ

جب انہوں نے کہا اپنے باپ اور اپنی قوم کو کہ تم کس کی پوجا کرتے ہو ۳۷؎ کیا جھوٹے گھڑے ہوئے خدا، اللہ تعالیٰ کے

اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِى

علاوہ چاہتے ہو ۳۸؎ پس تمہارا کیا خیال ہے سارے جہانوں کے پروردگار کے بارے میں ۳۹؎ سو آپ نے ایک بار

النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾ فَقَالَ اِنِّىْ سَقِيْمٌ ﴿۸۹﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿۹۰﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى

دیکھا ستاروں کی طرف۔ پھر کہا میری طبیعت ناساز ہے۔ چنانچہ وہ لوگ انہیں پیچھے چھوڑ کر (میلہ دیکھنے) چلے گئے ۴۰؎ پس آپ

۳۶؎ اب حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر خیر شروع ہوتا ہے۔ قلب سلیم سے مراد وہ دل ہے جو اللہ تعالیٰ کے سوا ہر دوسری محبت اور تعلق سے محفوظ ہو۔ ای سلیم من الاشتغال بغیر اللہ تعالیٰ خالیاً عن الغیر وحبہ (مظہری)

۳۷؎ یہ استفہام برائے توبیخ ہے یعنی تمہیں شرم نہیں آتی۔ تم کس کی عبادت کرتے ہو۔

۳۸؎ یہ استفہام بھی توبیخ کے لیے ہے۔ آیت کی ترکیب یہ ہے: تریدون فعل۔ انتم ضمیر مستتر فاعل۔ آلھۃً مفعول بہ۔ دون اللہ، اس کی صفت اور افکاً مفعول لہٗ۔ اس کی اہمیت کے لیے اس کو سب سے پہلے ذکر کیا۔ اتریدون آلھۃً دون اللہ افکاً۔ بتانا یہ ہے کہ ان کا یہ سارا کاروبار جھوٹ اور باطل پر مبنی ہے۔ محض جھوٹ سے انہوں نے چند بُت تراشے اور پھر خود بخود انہیں معبود بنا لیا۔ نہ خدا کا یہ ارشاد، نہ خدا کے بندوں نے ایسا کہا، نہ عقل سلیم اس کو گوارا کرتی ہے۔

۳۹؎ یعنی ان خود تراشیدہ اصنام کو تم نے خدا بنا لیا ہے اور انہیں امور کائنات میں رب العالمین کا شریک خیال کرتے ہو تمہارا کیا خیال ہے کہ اتنی بڑی بغاوت کرنے والوں سے اللہ تعالیٰ باز پرس نہیں کرے گا۔ اس کے غضب سے ڈرو۔ اس بغاوت سے باز آجاؤ۔ کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ اور اس کی وحدانیت کو تسلیم کرو۔

۴۰؎ یہاں جو واقعہ اجمالاً مذکور ہے وہ تفصیلاً سورۃ الانبیاء میں گزر چکا ہے۔ وہاں اس کے حواشی کا بھی مطالعہ کر لیا جائے۔ فنظر نظرۃ فی النجوم کا لفظی معنی تو یہ ہے کہ آپ نے ستاروں کی طرف دیکھا، لیکن جب کوئی شخص کسی امر میں غور و فکر کرنے لگے تو بطور محاورہ اس وقت بھی یہ جملہ بولتے ہیں۔

اس آیت کے ضمن میں مفسرین کرام نے علم نجوم کے بارے میں تفصیلی بحث کی ہے۔ خصوصاً روح المعانی جلد ۲۳ صفحات: ۱۰۱

اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ

چپکے سے ان کے دیوتاؤں کی طرف گئے اور کہا کیا تم (یہ مٹھائیاں) نہیں کھاؤ گے؟ تمہیں کیا ہو گیا کہ تم بولتے بھی نہیں؟ پھر پوری قوت سے ضرب

ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾ فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا

لگائی ان پر دائیں ہاتھ سے۔ (رنگ رلیاں منانے کے بعد) آئے آپ کی طرف دوڑتے ہوئے[۳۱] آپ نے فرمایا کیا تم پوجتے ہو انہیں

تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا

جنہیں تم خود تراشتے ہو؟[۳۲] حالانکہ اللہ نے تمہیں بھی پیدا کیا اور جو کچھ تم کرتے ہو۔ انہوں نے (فیصلہ کن انداز میں) کہا بناؤ اس

فَاَلْقُوْهُ فِى الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۹۸﴾

کے لیے وسیع آتشکدہ پھر پھینک دو اسے اس بھڑکتی آگ میں[۳۳] انہوں نے ارادہ کیا کہ آپ کے ساتھ مکر کریں لیکن ہم نے انہیں ذلیل کر دیا[۳۴]

۱۲۲ دیکھنے کے قابل ہیں۔ ان آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کوئی میلہ یا جشن منانے کے لیے شہر سے باہر کسی کھلے میدان میں جایا کرتے تھے اور اس روز طرح طرح کے کھانے اور مٹھائیاں طشتوں میں رکھ کر صبح سویرے اپنے بتوں کے سامنے رکھ جاتے۔ شام کو واپس آتے تو اٹھا لیتے۔ انہیں تبرک سمجھ کر خود بھی کھاتے اور یار دوستوں میں بھی تقسیم کرتے۔

آپ نے سوچا ایسا زریں موقع پھر جلدی انہیں ملے گا۔ اس سے فائدہ اٹھا کر ان کے بتوں کی بے بسی ان پر ظاہر کر دینی چاہیے۔ وہ لوگ تو داد عیش دینے کے لیے شہر سے باہر چلے گئے اور یہ مرد خدا ہاتھ میں ہتھوڑا لیے پیچھے سے صنم کدہ میں گھس آیا۔ پہلے تو ان آراستہ پیراستہ بتوں کو از راہ تشنیع فرمایا ایسی لذیذ مٹھائیاں سامنے رکھی ہیں تم ٹک ٹک دیکھ رہے ہو، کھاتے کیوں نہیں۔ اور پھر ہتھوڑا اٹھایا اور پوری قوت سے ان پر پے در پے ضربیں لگانے لگے۔ کسی کا ہاتھ نہ تھا کسی کا پاؤں نہ تھا، کسی کا سر غائب اور کسی کی ناک ندارد۔ غرضیکہ انہیں چند لمحوں میں توڑ پھوڑ کر اطمینان سے گھر چلے آئے۔ شام کے وقت جب لوگ میلہ سے فارغ ہو کر بتخانہ میں پہنچے اور اپنے بتوں کی یہ درگت بنی دیکھی تو کہرام مچ گیا۔ فوراً مجرم کی تلاش کے لیے قیاس آرائیاں شروع ہو گئیں۔ بتوں کے بارے میں ابراہیم علیہ السلام کا رویہ ہر خاص و عام کو معلوم تھا۔ سب نے یک زبان ہو کر کہا کہ ابراہیم کے بغیر یہ حرکت کوئی نہیں کر سکتا۔

[۳۱] تیزی سے دوڑتے ہوئے آپ کے پاس آئے۔ یزفون حال ہے اور اقبلوا کی ضمیر مرفوع متصل ذوالحال۔ زف النعام، شتر مرغ تیزی سے چلا" سے ماخوذ ہے۔

[۳۲] آپ نے اسی مقصد کے لیے اتنا بڑا خطرہ مول لیا تھا۔ جب وہ منہ لٹکائے آپ کے پاس پہنچے تو آپ نے فرمایا: نادانو! تم ان بے بس اور بے جان مجسموں کی پوجا کرتے ہو جن کو تم نے اپنے ہاتھوں سے تراشا ہے۔ کچھ تو عقل سے کام لو کچھ تو خدا کا خوف کرو۔

وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّي سَيَهْدِينِ ﴿٩٩﴾ رَبِّ هَبْ لِي مِنَ

اور آپ نے کہا میں جا رہا ہوں اپنے رب کی طرف، وہ میری رہنمائی فرمائے گا ۹۵ (دعا مانگی) میرے رب! عطا فرما دے

الصَّالِحِينَ ﴿١٠٠﴾ فَبَشَّرْنَاهُ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ

مجھے ایک نیک بچہ ۹۶ پس ہم نے مژدہ سنایا انہیں ایک حلیم فرزند کا۔ اور جب وہ اتنا بڑا ہو گیا کہ آپ کے ساتھ دوڑ دھوپ

يَا بُنَيَّ إِنِّي أَرَىٰ فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَذْبَحُكَ فَانظُرْ مَاذَا تَرَىٰ ۚ قَالَ

کرسکے، آپ نے فرمایا اے میرے پیارے فرزند! میں نے دیکھا ہے خواب میں کہ میں تمہیں ذبح کر رہا ہوں، اب بتا تیری کیا رائے ہے ۹۷

جو تمہارا بھی خالق ہے اور تمہارے اعمال کا بھی پیدا کرنے والا ہے۔

۹۳ وہ حضرت خلیل اللہ کی اس دلیل کا تو کوئی جواب نہ دے سکے اور انتقامی کارروائی کرنے کے لیے آمادہ ہو گئے اور کہنے لگے ایک الاؤ تیار کرو اور اسے اس میں پھینک دو۔

۹۴ انہوں نے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ہلاک کرنے کے لیے یہ منصوبہ بنایا، لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی حسنِ تدبیر سے اُن کے اس منصوبہ کو ناکام بنا دیا۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام اس آتشکدہ میں گرے تو وہ ٹھنڈا ہو گیا اور آپ کا بال بھی بیکا نہ ہوا۔

۹۵ انہوں نے حضرت ابراہیم کی صداقت کی کئی روشن دلیلیں اپنی آنکھوں سے دیکھیں، لیکن وہ اپنے شرک کو چھوڑنے پر آمادہ نہ ہوئے۔ آخر کار حضرت ابراہیم کو یقین ہو گیا کہ ان میں ہدایت پذیری کی ادنیٰ رمق بھی موجود نہیں۔ ایسے معاشرہ میں دعوت و ارشاد کا سلسلہ جاری رکھنا وقت ضائع کرنے کے مترادف ہے۔ تو آپ نے ان کو صاف صاف کہہ دیا کہ میں تمہارے اس مشرکانہ ماحول سے رخصت ہو رہا ہوں تم جانو اور تمہارا کام۔ میں وہاں جاؤں گا جہاں دل جمعی سے اپنے رب کو یاد کرسکوں گا اور اس کے بندوں کو اس کے قریب لانے کی کوشش کروں گا۔ اِلٰی رَبِّیْ سے مراد الی حیث امرنی ربی او حیث اتجرد فیہ لعبادتہ (روح المعانی)، یعنی جہاں میرے رب نے مجھے جانے کا حکم دیا۔ یا جہاں میں تسکین کے ساتھ اپنے رب کی عبادت کرسکوں گا، چنانچہ آپ وہاں سے مصر اور مصر سے ہوتے ہوئے شام تشریف لے گئے۔

۹۶ اس وقت تک آپ کا کوئی فرزند نہ تھا۔ شام پہنچ کر آپ نے ایک صالح بیٹے کے لیے التجا کی جو قبول ہوئی۔

۹۷ جب وہ فرزند دلبند تیرہ چودہ برس کا ہو گیا تو ایک نیا امتحان شروع ہوا۔ ایک رات آپ نے خواب میں دیکھا کہ آپ اپنے بیٹے کو ذبح کر رہے ہیں کیونکہ انبیاء کے خواب بھی بمنزلہ وحی ہوتے ہیں، اس لیے آپ سمجھ گئے کہ میرا خداوند کریم مجھے اپنا فرزند ذبح کرنے کا حکم دیتا ہے۔ فوراً اپنے لختِ جگر کو فرمانِ خداوندی پر قربان کرنے کے لیے تیار ہو گئے۔ وہ جانتے تھے کہ اگر ایک بچہ دے کر مولا کریم کی رضا حاصل ہو جائے تو یہ سودا بڑا سستا ہے۔ آپ نے سارا ماجرا اپنے نورِ نظر بچے کو بھی بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۡ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

عرض کیا میرے پدر بزرگوار! کر ڈالیے جو آپ کو حکم دیا گیا ہے۔ اللہ تعالےٰ نے چاہا تو آپ مجھے صبر کرنے والوں سے پائیں گے۔

فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿۱۰۳﴾ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ قَدْ

پس جب دونوں نے سر اطاعت خم کر دیا اور باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹا دیا ۳۱ اور ہم نے آواز دی اے ابراہیم! دیکھو! بس ہاتھ روک لو بیشک

صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

تو نے سچ کر دکھایا خواب کو ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں محسنوں کو بیشک یہ بڑی کھلی

فانظر ماذا ترٰی۔ اب تم بتاؤ تمہاری کیا رائے ہے۔ آپ ان الفاظ سے حضرت اسماعیل کا مشورہ نہیں پوچھ رہے تاکہ اگر اس کی مرضی نہ ہو تو تعمیل حکم سے معذرت کر دی جائے بلکہ محض اپنے بچے کا امتحان مقصود تھا کہ جس بچے نے خلیل کی گود میں پرورش پائی ہے اور ہاجرہ کا دودھ پیا ہے اور جس کو روز اول سے درس ہی یہ دیا جاتا رہا کہ اللہ تعالےٰ کو خوش کرنے کے لیے اگر جان بھی دینی پڑے تو اس میں قطعاً تامل نہ کرنا۔ اب یہ بچہ تیرہ چودہ سال کی عمر کو پہنچ گیا ہے۔ ذرا دیکھیں اس شبانہ روز تربیت کا اس پر کیا اثر ہوا ہے۔ نیز آپ اس ثواب بلکہ امتحان میں اپنے فرزند کو بھی برابر کا شریک کرنا چاہتے تھے تاکہ کامیابی کی صورت میں رضائے الٰہی کا تاج صرف باپ کے سر پر ہی نہ جگمگائے بلکہ باپ بیٹا دونوں اس عزت و شرف سے سعادت اندوز ہوں۔

حضرت ابراہیم نے حضرت اسماعیل سے جب یہ خواب بیان کیا تو اس پیکر تسلیم و رضا نے جو جواب دیا وہ قرآن کریم کے الفاظ میں ہی پڑھ لیجیے۔ ان نازک اور پاکیزہ عالی جذبات کو اگر ہم اپنے الفاظ میں بیان کریں گے تو ان کا حق ادا نہ ہوگا: قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ۔ اے میرے بزرگ باپ حکم الٰہی کی تعمیل فوراً فرمائیے۔ باقی رہا میں، تو مجھے آپ صابروں میں سے پائیں گے۔ اور انشاء اللہ کے کلمات طیبات کا اضافہ کر کے اپنے مقام عبدیت اور نیاز کو چار چاند لگا دیے یعنی میں کروں گا لیکن تب جب میرے رب کو منظور ہوا یعنی اگر میں نے مقام رضا میں کامیابی حاصل کر لی اور اس نازک امتحان میں سرخرو ہوا۔ تو اس میں میرا کوئی کمال نہ ہوگا۔ محض میرے رب کا احسان اور کرم ہوگا کہ مجھے صابر بننے کی توفیق عطا فرمائی جس اسلام کی دعوت حضرت ابراہیم دیا کرتے تھے اس کا عملی مظاہرہ حضرت اسماعیل کی اس ادا سے زیادہ حسین اور دلکش کیونکر پیش کیا جا سکتا ہے۔ شاعر مشرق فیلسوف اسلام نے یوں ہی تو نہیں کہا:

یہ فیضانِ نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسماعیل کو آداب فرزندی!

۳۱؎ دونوں باپ بیٹا اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کے لیے صبح کے دھندلکے میں ہی گھر سے روانہ ہو گئے۔ بیٹا اپنی جوانی، اپنا حسن،

اپنی رضائی اور اپنی اُمیدوں اور اُمنگوں کی دُنیا قربان کرنے کے لیے شاداں جارہا ہے اور باپ اپنی سو سالہ دعاؤں کے رنگین ثمر کو اپنے لختِ جگر اور نُورِ نظر کو قربان کرنے جارہا ہے۔ دونوں خوش ہیں اور از حد مسرور۔

شیطان نے سوچا آج تک ابراہیم نے مجھے ہر قدم پر زک پہنچائی اور مجھے پرچکا لگایا۔ آج اگر اس کا بنا بنایا کھیل بگاڑ کر نہ رکھ دیا تو ابلیس میرا نام نہیں۔ دوڑتا ہوا آپ کے گھر پہنچا۔ حضرت ہاجرہ تشریف فرما تھیں، پوچھا میاں جی کہاں ہیں اور ننھا اسماعیل آج نظر نہیں آرہا۔ ہاجرہ نے بتایا دونوں باپ بیٹا سیر و تفریح کے لیے باہر گئے ہیں۔ کہنے لگا نہیں تم دھوکے میں ہو۔ ابراہیم آج تیرے بچے کو ذبح کرنے کے لیے لے گیا ہے۔ دوڑو اور فوراً اپنے بچے کو بازو سے پکڑ لو۔ ورنہ چند لمحوں بعد اس کی مُردہ لاش پر آہ و فغاں کر رہی ہوگی آپ نے فرمایا کبھی باپ بھی اپنے بیٹے کو قتل کرتا ہے اور ابراہیم کو تو اپنے اس بیٹے سے بڑا پیار ہے۔ تم جھوٹ بک رہے ہو۔ بکو یہاں سے۔ شیطان نے کہا تم بھولی بنی بیٹھی ہو۔ وہ آج ضرور تیرے بچے کو ذبح کر دے گا۔ کیونکہ اس کے رب نے اسے یہ حکم دیا ہے۔ ہاجرہ نے جواب دیا۔ اگر رب کریم کا حکم ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں۔ ہزاروں اسماعیل ہوں تو بھی اس کے اشارہ پر تصدق کر دوں۔ ماں کا دل بڑا نرم ہوتا ہے یہاں اسے اپنی کامیابی کی سو فیصد اُمید تھی لیکن منہ کی کھائی۔ ظالم نے ہمت نہیں ہاری۔ دوڑتا ہوا اسماعیل کے پاس پہنچا وہاں سے بھی اسی قسم کا جواب ملا۔ دل کڑا کر کے آخری وار آزمانے کے لیے حضرت خلیل سے جا کر اُلجھ پڑا اور کہنے لگا کہ اتنے زیرک اور عاقل ہو کر بچے کو ذبح کرنے چلے ہو۔ یہ کہاں کی ہوشمندی ہے۔ اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لیے اور سینکڑوں طریقے ہیں۔ بڑھاپے میں ایک بچہ ملا۔ وہ بھی اتنا حسین جسے دیکھ کر چاند شرما جائے۔ اس کو ذبح کرنے چلے ہو۔ تمہارا تو نام لینے والا کوئی نہیں رہے گا۔ نسل ختم ہو جائے گی۔ خاندان مٹ جائے گا اور یہ جو خواب خواب کی رٹ لگا رکھی ہے۔ یہ شیطانی وسوسہ بھی ہو سکتا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دینا ہوتا تو جبرئیل آپ کے پاس یہ حکم لے آتے۔ آپ نے زمین سے پتھر اٹھایا اور دے مارا۔ تین دفعہ ایسا ہی اس کے ساتھ سلوک کیا۔ شیطان کی آنکھیں کھل گئیں۔ اسے پتہ چل گیا آج اللہ تعالیٰ کے بندے کے ساتھ اسے واسطہ پڑا ہے۔ اسی کے متعلق الاعبادی الصالحین فرمایا گیا ہے۔ جب دونوں ایک گوشۂ تنہائی میں پہنچے تو حضرت اسماعیل نے عرض کی پدرِ محترم! میرے ہاتھ اور پاؤں رسی سے باندھ دیجیے۔ مبادا بے خبری میں انہیں ہلا بیٹھوں اور آپ پر میرے خون کے چھینٹے پڑ جائیں۔ نیز میرا منہ زمین کی طرف کر دیجیے تاکہ میرا چہرہ دیکھ کر آپ کو ترس نہ آجائے۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ جب حضرت ابراہیم نے آپ کو منہ کے بل زمین پر لٹایا اور تیز چھری گلے پر رکھ کر پھیرنی شروع کر دی تو عالم بالا میں لرزہ طاری ہو گیا ہوگا۔ اور فرشتوں کو اِنِّیْۤ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ کی تفسیر کا علم ہوا ہوگا۔ آپ تیزی سے چھری گردن پر پھیر رہے ہیں۔ ادھر سے ندا آتی ہے: بس اے میرے خلیل بس۔ ہو گیا تیرا امتحان اور تو امتحان میں کامیاب ہو گیا۔ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْیَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ۔

یہ ہے اسلام کی ساری تعلیم کا خلاصہ۔ اپنے آپ کو، اپنی ہر چیز کو، اپنے مالکِ حقیقی کی رضا کے لیے قربان کر دینا۔ ؎

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستانِ حرم نہایت اس کی حسین ابتدا ہے اسمٰعیل

یہاں ایک مسئلہ حل طلب ہے کہ حضرت خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جس فرزند کو ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تھا، وہ کون ہے اسماعیل یا اسحاق علیہما السلام۔ ہمارے نزدیک دونوں حضرات محترم اور مکرم ہیں۔ ہم دونوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ نیز حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ

الْبَلٰٓؤُا الْمُبِیْنُ ﴿۱۰۶﴾ وَ فَدَیْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَ تَرَكْنَا عَلَیْهِ فِی

آزمائش تھی — اور ہم نے بچا لیا اسے فدیہ میں ایک عظیم ذبیحہ دے کر۔ اور ہم نے چھوڑا ان کا ذکر خیر

الْاٰخِرِیْنَ ﴿۱۰۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ ﴿۱۰۹﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۱۰﴾

آنے والوں میں۔ — سلام ہو ابراہیم پر — اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں نیکو کاروں کو۔

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَ بَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِیًّا مِّنَ

بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا — اور ہم نے بشارت دی آپ کو اسحق کی (کہ) وہ نبی ہوگا (زمرۂ)

آپ وسلم کی ذات اقدس واطہر خود اتنی خوبیوں اور کمالاتِ ختمیہ سے متصف ہے کہ حضرت اسماعیل اگر اس شرف سے مشرف نہ ہوں تب بھی رحمتِ دوعالم کی عظمتِ شان میں ذرہ برابر کوئی کمی نہیں ہوتی۔ اس لیے ہمیں یہودیوں کی طرح کوئی تعصب نہیں ہے کہ ہم خواہ مخواہ ایک بزرگ کا کمال اس سے چھین کر دوسرے بزرگ کو دینے پر اصرار کریں لیکن دلائل۔ تاریخی حالات اور شواہد جس بات کو ثابت کریں اس کو نہ ماننا اور اس کے برعکس کسی اور خیال کو اپنے دل میں جما لینا بھی قطعاً جائز نہیں۔ اس لیے از راہِ تعصب نہیں بلکہ تحقیق حق کے لیے ہمیں دلائل کا موازنہ کرنا چاہیے۔

یہودی اس امر کے مدعی ہیں کہ یہ فرزند حضرت اسحاق تھے۔ چنانچہ کتاب پیدائش باب ۲۲ میں حضرت اسحاق علیہ السلام کی قربانی کا تذکرہ موجود ہے لیکن اس باب میں کئی جگہ کئی مرتبہ یہ تصریح بھی ہے کہ جس بیٹے کو قربانی کے لیے آپ لے گئے تھے وہ آپ کا اکلوتا بیٹا تھا۔ کیا یہودی یہ دعوی کر سکتے ہیں کہ حضرت اسحاق اکلوتے بیٹے تھے بلکہ کتاب پیدائش باب ۲۱ میں یہ صراحۃً مذکور ہے کہ حضرت اسحاق سے پہلے حضرت ہاجرہ کے بطن سے آپ کا ایک فرزند تولد ہوا تھا (ملاحظہ ہو آیت ۹۔۱۰) "اور وہ لڑکا (اسحاق) بڑھا اور اس کا دودھ چھڑایا گیا اور اسحاق کے دودھ چھڑانے کے دن ابراہام نے بڑی ضیافت کی اور سارہ نے دیکھا کہ ہاجرہ مصری کا بیٹا جو اس کے ابراہام سے ہوا تھا ٹھٹھے مارتا ہے۔" اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ حضرت اسحاق کے دودھ چھڑاتے وقت حضرت اسماعیل کی عمر کافی بڑی تھی۔

جب حضرت اسماعیل پیدا ہوئے اس وقت حضرت ابراہیم کی عمر ۸۶ سال تھی اور جس وقت حضرت سارہ کے بطن سے اسحاق پیدا ہوئے تھے اس وقت آپ کی عمر سو سال تھی۔ اس کا واضح مطلب یہ ہوا کہ حضرت اسحاق کی ولادت کے وقت حضرت اسماعیل اپنے چودھویں، پندرھویں سال میں تھے اور تیرہ سال کی عمر میں جب ان کو قربانی دینے کے لیے حضرت ابراہیم لے گئے تھے اس وقت آپ کے اکلوتے بیٹے حضرت اسماعیل تھے نہ حضرت اسحاق۔

اب قرآن کریم کی طرف آئیے۔ پہلے انہی آیات کو پڑھیے۔ حضرت ابراہیم ولدِ صالح کے لیے دعا مانگتے ہیں، دعا قبول ہوتی

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ

صالحین میں سے اور ہم نے برکتیں نازل کیں اس پر اور اسحٰق پر اور ان کی نسل میں کوئی نیک ہوگا

وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾

اور کوئی اپنی جان پر کھلا ظلم کرنے والا ہوگا۔ ہم نے احسان فرمایا موسیٰ و ہارون (علیہما السلام) پر

وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا

اور ہم نے بچا لیا ان دونوں کو اور ان کی قوم کو بڑے غم و اندوہ سے ف۳ اور ہم نے ان کی مدد فرمائی پس ہوگئے

ہے۔ بچہ جوان ہوتا ہے۔ اس کو قربان کرنے کا خواب میں اشارہ ہوتا ہے جب آپ حکم الٰہی کی تعمیل کر چکتے ہیں۔ انه من عبادنا المؤمنين کا مژدہ انہیں سنایا جاتا ہے۔ تو اس کے بعد ارشاد ہوتا ہے وبشرنٰه باسحٰق۔ کہ ہم نے حضرت ابراہیم کو حضرت اسحاق کی ولادت کی خوشخبری دی اور اگلی آیت میں ہے وبٰرکنا علیه وعلٰٓی اِسْحٰقَ اس سے بھی صاف پتہ چلتا ہے کہ "علیہ" کی ضمیر اس فرزند کی طرف عود کرتی ہے جو ذبیح تھا اور اسحاق کو معطوف ذکر کر کے ان کی مغایرت کی تصریح کر دی۔

نیز جب اسحاق کی ولادت کا مژدہ سنایا جاتا ہے تو ساتھ ہی ان کے بیٹے حضرت یعقوب کی بشارت دی جاتی ہے۔ فبشرنٰها باسحٰق ومن وراء اسحاق یعقوب۔ اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ اسحاق صاحب اولاد ہوں گے اور ان کے فرزند کا نام یعقوب ہوگا۔ ذرا غور فرمایئے ایک طرف تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ مژدہ ملتا ہے کہ اسحاق اور اس کے بیٹے یعقوب ہوں گے اور دوسری طرف انہیں جوان ہونے سے پہلے قربان کرنے کا حکم ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے احکام میں یہ تضاد متصور نہیں۔ بعض حضرات نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ حضرت اسحاق کو قربانی دینے کے لیے آپ اس وقت لے گئے جب حضرت یعقوب تولد ہو گئے۔ یہ جواب قطعاً قابل تسلیم نہیں کیونکہ قرآن کریم میں ہے: فلما بلغ معه السعی۔ اس کے علاوہ یہ امر بھی غور طلب ہے کہ وہ دُنبہ جو آپ کے فدیہ کے طور پر ذبح کیا گیا اس کے سینگ خانۂ کعبہ میں آویزاں تھے اور حضرت ابراہیم نے جس میدان میں اپنے بیٹے کو ذبح کرنے کی کوشش کی وہ منیٰ کا میدان ہے اور یہ مکہ میں ہے۔ یہ تاریخی واقعہ عرب میں ساڑھے چار ہزار سال سے معروف و مشہور تھا اور تاریخ میں کوئی ایسی شہادت نہیں جس سے پتہ چلے کہ حضرت اسحاق مکہ میں تشریف لائے ہوں۔ مکہ میں آنے والے حضرت اسمٰعیل ہیں اور وہی ذبیح ہیں۔ دلائل اسی بات کی تائید کرتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب (مزید تحقیق کے لیے تفسیر ابن کثیر ملاحظہ ہو)

ف۳ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علٰی نبینا و علیہ و علٰی ابنیہ وعلٰی آلہما افضل الصلوٰۃ والسلام کے ذکر خیر کے بعد اب حضرت موسیٰ اور ہارون علیہما السلام پر اپنے احسانات کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ بچپن سے لے کر آخر تک جو احسانات اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ پر فرمائے ان کا تفصیل ذکر جا بجا گزر چکا ہے۔ آپ کے ذریعہ بنی اسرائیل کو صدیوں کی غلامی سے نجات ملی۔ ان کے لیے سمندر پایاب

هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَ اٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَ هَدَيْنٰهُمَا

وہی غلبہ پانے والے۔ اور ہم نے بخشی ان دونوں کو ایسی کتاب جو نہایت واضح ہے اور ہم نے ہدایت دی انہیں

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَ تَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى

سیدھے راستہ کی۔ اور ہم نے چھوڑا ان کے ذکر خیر کو پیچھے آنے والوں میں سلام ہو

مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا مِنْ

موسیٰ اور ہارون پر ہم اسی طرح جزا دیتے ہیں نیک کام کرنے والوں کو۔ بیشک وہ دونوں

عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَ اِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ

ہمارے مومن بندوں میں سے ہیں اور بیشک الیاس (علیہ السلام) بھی پیغمبروں میں سے ہیں۔ (یاد کرو) جب انہوں نے

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّ تَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اللّٰهَ

اپنی قوم سے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟ کیا تم عبادت کرتے ہو بعل کی اور چھوڑتے ہوئے ہو احسن الخالقین کو (یعنی) اللہ کو جو

رَبَّكُمْ وَ رَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

تمہارا بھی پروردگار ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا بھی پروردگار ہے۔ پھر انہوں نے آپ کو جھٹلایا پس یقیناً انہیں (پکڑ کر) حاضر کیا جائیگا۔

ہوگیا اور ان کی آنکھوں کے سامنے ان کا دشمن فرعون اپنے لاؤ لشکر سمیت غرق ہوگیا۔ پھر انہیں تورات جیسی کتاب مرحمت فرمائی اور جب تک دُنیا قائم ہے حضرت موسیٰ اور ہارون کا ذکر خیر دوں کو گرماتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے نیک اور ایماندار بندوں کو اسی طرح سرفراز فرماتا ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد بنی اسرائیل مختلف قبیلوں میں بٹ گئے اور ہر قبیلہ نے اپنی اپنی علیحدہ سلطنت بنالی۔ بنی اسرائیل کے انہی قبائل میں سے ایک قبیلہ لبنان کے اس علاقہ میں آباد ہوگیا جہاں اب مشہور تاریخی شہر بعلبک کے کھنڈرات موجود ہیں۔ اس قبیلہ نے توحید کو چھوڑ کر بُت پرستی اختیار کی۔ ان کے بڑے بُت کا نام بعل تھا جس کے متعلق مشہور ہے کہ یہ بیس گز لمبا سونے کا مجسمہ تھا جس کے چار منہ تھے جس کے مندر کے خدام کی تعداد چار سو تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو راہِ راست دکھانے کے لیے حضرت الیاس علیہ السلام کو مبعوث فرمایا آپ نے انہیں سمجھانے کی انتہائی کوشش کی، لیکن وہ لوگ آپ کو جھٹلاتے رہے،

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿١٢٨﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ﴿١٢٩﴾

بجز اللہ کے بندوں کے جو مخلص ہیں۔ اور ہم نے چھوڑا ان کے ذکرِ خیر کو پیچھے آنے والوں میں۔

سَلَامٌ عَلَىٰ إِلْ يَاسِينَ ﴿١٣٠﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿١٣١﴾ إِنَّهُ

سلام ہو الیاس پر ہم اسی طرح جزا دیتے ہیں نیک کام کرنے والوں کو بیشک وہ

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٣٢﴾ وَإِنَّ لُوطًا لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٣٣﴾ إِذْ

ہمارے ایماندار بندوں میں سے ہیں اور بیشک لوط بھی پیغمبروں میں ہیں۔ (یاد کرو) جب

نَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ﴿١٣٤﴾ إِلَّا عَجُوزًا فِي الْغَابِرِينَ ﴿١٣٥﴾ ثُمَّ

بچا لیا ہم نے انہیں اور ان کے سارے اہل خانہ کو بجز ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہنے والوں میں تھی پھر ہم نے

دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ ﴿١٣٦﴾ وَإِنَّكُمْ لَتَمُرُّونَ عَلَيْهِمْ مُصْبِحِينَ ﴿١٣٧﴾ وَبِاللَّيْلِ

برباد کر دیا دوسرے لوگوں کو ۴۱ اور تم گزرتے رہتے ہو ان (کے اجڑے دیاروں) پر صبح کے وقت اور رات کے وقت

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿١٣٨﴾ وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٣٩﴾ إِذْ أَبَقَ إِلَى

کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے۔ اور بیشک یونس بھی (ہمارے) رسولوں میں سے ہیں ۴۲ جب وہ بھاگ کر

ع ۴

یہاں تک کہ ان پر اللہ تعالیٰ کا عذاب اُترا اور وہ نیست و نابود ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے اس نبی پر بڑے احسانات و انعامات فرمائے اور ان کے ذکرِ جمیل کو تاقیامت زندہ جاوید کر دیا۔

۴۱ سورہ شعراء میں حضرت لوط علیہ السلام کا تذکرہ تفصیل سے گزر چکا ہے (آیات ۱۶۰ تا ۱۷۵) ان کی قوم اپنی بداعمالیوں کے باعث تباہ و برباد ہوئی۔ کفارِ مکہ کو تنبیہ کی جا رہی ہے کہ تمہارا گزر سدوم کے علاقہ سے عموماً ہوتا ہے۔ صبح و شام تم اس اجڑے ہوئے شہر کے کھنڈرات کے پاس سے گزرتے ہو کیا تمہیں عبرت حاصل نہیں ہوتی۔ کیا تم بھی یہی چاہتے ہو کہ تمہارا انجام ایسا ہی ہو۔

۴۲ حضرت یونس علیہ السلام کا واقعہ تفصیلاً سورہ الانبیاء (آیات ۸۷، ۸۸) میں گزر چکا ہے۔ مختصراً عرض ہے کہ آپ نے متعدد بار کوشش کی کہ آپ کی قوم کفر و گمراہی کو چھوڑ کر راہِ راست پر گامزن ہو جائے لیکن کوئی کامیابی نہ ہوئی۔ آپ نے انہیں بتا دیا کہ تین دن کے بعد تم پر عذاب الٰہی نازل ہو گا۔ تیسرے روز بغیر اذنِ الٰہی وہاں سے چل دیئے قوم نے آپ کو تلاش کیا۔ آپ نہ

الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ فَالْتَقَمَهُ

گئے تھے بھری ہوئی کشتی کی طرف (سوار ہونے کے لیے) پھر قرعہ اندازی میں شریک ہوئے اور دھکیلے ہوؤں میں سے ہو گئے۔ پس نگل

الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ لَلَبِثَ

لیا انہیں حوت نے درآنحالیکہ وہ اپنے آپ کو ملامت کر رہے تھے۔ پس اگر وہ اللہ کی پاکی بیان کرنے والوں سے نہ ہوتے تو پڑے رہتے

فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾

مچھلی کے پیٹ میں قیامت کے دن تک ۔ ۶۳ پھر ہم نے ڈال دیا انہیں کھلے میدان میں اس حال میں کہ وہ بیمار تھے۔

۶۲ ۔ عذاب ابھی آیا نہیں تھا اس کے آثار آہستہ آہستہ نمودار ہونے لگے تھے۔ قوم میں چند زیرک لوگ موجود تھے۔ ان کے کہنے پر سب مرد و زن، پیر و جوان، شیر خوار بچے سب کھلے میدان میں نکل آئے اور رو رو کر اپنے گناہوں کی معافی مانگنے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے رحم فرمایا، ان کی توبہ کو قبول کیا اور عذاب ٹل گیا۔ حضرت یونس علیہ السلام کو جب پتہ چلا تو خیال کیا۔ اب میں کس منہ سے اپنی قوم کے پاس جاؤں گا وہ مجھے دیکھیں گے تو جھوٹا کہیں گے۔ چنانچہ آپ نے کہیں دور چلے جانے کا فیصلہ کیا۔ یہ فیصلہ بھی اذنِ الٰہی کے بغیر تھا۔ ایسی فروگذاشت کسی دوسرے سے قابلِ برداشت ہو تو ہو لیکن نبی سے یہ چیز برداشت نہیں کی جاتی۔ آپ کشتی میں سوار ہوئے۔ کشتی پہلے بھری ہوئی تھی وہ ڈوبنے لگی۔ ملاحوں نے وزن کم کرنے کے لیے ایک آدمی کو دریا میں گرانا چاہا تاکہ باقی مسافر بچ جائیں۔ اس کے لیے قرعہ اندازی ہوئی۔ تینوں بار قرعہ حضرت یونس کے نام نکلا۔ آپ سمجھ گئے کہ یہ اس غلطی کی سزا ہے۔ چنانچہ آپ نے چھلانگ لگا دی۔ مچھلی منہ کھولے گویا منتظر تھی فوراً نگل لیا۔

۶۳ ۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یونس میرا بندہ تھا وہ ہمیشہ میرے ذکر میں مشغول رہتا تھا۔ اس لیے ہم نے اسے بچا لیا ورنہ وہ قیامت تک مچھلی کے شکم میں ہی رہتا۔ حکمِ الٰہی کے مطابق مچھلی آپ کو لیے ہوئے ساحل پر آئی۔ جہاں کھلا میدان تھا آپ کو وہاں اگل دیا۔ عرصہ تک مچھلی کے پیٹ میں رہنے کے باعث گوشت گداز ہو گیا تھا۔ بال اور ناخن جھڑ گئے تھے۔ اٹھنے کی سکت نہ رہی تھی۔ اسی وقت کدو کی ایک بیل اگی اور اس نے اپنے چوڑے چوڑے پتوں سے آپ کو ڈھانپ لیا تاکہ سورج کی گرمی سے بھی تکلیف نہ پہنچے اور مکھی و مچھر بھی اذیت نہ پہنچائیں۔ جب قوت بحال ہوئی تو حکم ملا اپنی قوم کے پاس واپس جاؤ جس کی تعداد ایک لاکھ یا اس سے زائد تھی۔ چنانچہ جب قوم نے آپ کو دیکھا، تو بڑی عزت و تکریم کی آپ کی دعوت کو دل و جان سے قبول کیا اور آپ کی اطاعت کو وظیفۂ حیات بنا لیا۔ چند مشکل الفاظ : اَبَقَ : غلام کا بھاگ جانا۔ سَاهَمَ : حصہ لینا : اس سے مراد قرعہ اندازی میں شریک ہونا۔ مدحضین : مغلوبین : حُوت : بڑی مچھلی : ملیم : داخل فی الملامة : عراء : چٹیل میدان : جہاں نہ درخت ہو نہ جھاڑی۔ یقطین : بیل کدو۔

وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ۚ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ

اور (ان کی حفاظت کے لیے) ہم نے اگا دی ان پر کدو کی بیل۔ اور ہم نے بھیجا تھا انہیں ایک لاکھ یا اس سے

اَوْ يَزِيْدُوْنَ ۚ فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ۗ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ

زیادہ لوگوں کی طرف۔ پس وہ ایمان لائے اور ہم نے لطف اندوز ہونے دیا انہیں کچھ وقت تک۔ ذرا پوچھیے ان (نادانوں)

الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ۙ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ

سے کیا آپ کے رب کے لیے تو بیٹیاں ہیں اور ان کے لیے بیٹے ٤٤ آیا جب ہم نے فرشتوں کو مؤنث بنایا تو کیا وہ

شٰهِدُوْنَ ۞ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ۙ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ

موجود تھے۔ غور سے سنو! وہ جھوٹی تہمت لگاتے ہیں جب وہ کہتے ہیں کہ اللہ نے بچے جنے اور وہ بلاشبہ

لَكٰذِبُوْنَ ۞ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ۗ مَا لَكُمْ ۟ كَيْفَ

جھوٹ بکتے ہیں۔ کیا اس نے پسند کی ہیں اپنے لیے بیٹیاں، بیٹوں کو چھوڑ کر ٤٥ تمہیں کیا ہو گیا؟ تم کیسے

٤٤ سورت کے آغاز میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو کفار مکہ سے چند سوالات پوچھنے کا حکم دیا تھا۔ مقصد یہ تھا کہ ان کی کم فہمی اور گمراہی خود ان کے قول یا حال سے عیاں ہو جائے۔ یہاں ان کی ایک اور حماقت کے متعلق ان سے استفسار کرنے کا ارشاد ہو رہا ہے۔ عرب کے کئی قبائل جہینہ۔ سلیم۔ خزاعہ اور بنی ملیح (روح المعانی) وغیرہ یہ اعتقاد رکھتے تھے کہ العیاذ باللہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ آپ ان سے پوچھیے کہ اپنے لیے تو لڑکے پسند کرتے ہو اور اگر کسی کے گھر بچی پیدا ہو جائے تو اس کے چہرے کا رنگ فق ہو جاتا ہے۔ شرم کے مارے کسی کو منہ نہیں دکھاتا اور اللہ تعالیٰ کے لیے اولاد ثابت کی تو وہ بھی لڑکیاں۔ کتنی حماقت اور بے انصافی ہے۔

٤٥ تم جو اتنے وثوق سے یہ دعویٰ کر رہے ہو تو تمہارے پاس ضرور کوئی پکی دلیل ہو گی۔ اللہ تعالیٰ نے جب فرشتوں کو پیدا فرمایا کیا اس وقت تم پاس موجود تھے اور تم نے دیکھا کہ وہ لڑکیاں ہیں یا تمہارے پاس اس بات کا کوئی تحریری ثبوت ہے کسی نبی کا نوشتہ، کوئی آسمانی صحیفہ۔ جب ان دونوں صورتوں میں سے کوئی صورت بھی نہیں، نہ تم فرشتوں کی آفرینش کے وقت پاس تھے اور نہ تمہارے پاس کوئی تحریری ثبوت موجود ہے تو یہ کتنی نادانی ہے کہ ایک غلط بات پر یوں اڑے ہوئے ہو اور اگر کوئی دستاویز اس بارے میں تمہارے پاس ہے تو اسے چھپاؤ نہیں سب کے سامنے پیش کرو تاکہ دوسرے لوگ بھی تمہارے ہمنوا بن جائیں۔

تَحْكُمُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۵۶﴾ فَاْتُوْا

فیصلے کر رہے ہو۔ کیا تم غور و فکر نہیں کیا کرتے۔ کیا تمہارے پاس کوئی واضح دلیل ہے۔ تو اپنی وہ

بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَجَعَلُوْا بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ

دستاویز پیش کرو اگر تم سچے ہو۔ اور ٹھہرا دیا ہے انہوں نے اللہ تعالیٰ اور جنوں کے درمیان رشتہ۔

وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾

حالانکہ جن خود جانتے ہیں کہ انہیں (پکڑ کر) پیش کیا جائے گا ؎ پاک ہے اللہ ان (لغویات) سے جو یہ بیان کرتے ہیں۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِیْنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ مَاۤ اَنْتُمْ

مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے (ایسی ہرزہ سرائی نہیں کرتے)، پس تم اور جن (جھوٹے خداؤں) کی تم پوجا کرتے ہو۔ تم (سب مل کر)

عَلَیْهِ بِفٰتِنِیْنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِیْمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّاۤ اِلَّا لَهٗ

اللہ کے خلاف (کسی کو) نہیں بہکا سکتے مگر اسے جو تاپنے والا ہے بھڑکتی آگ کو ؎ اور فرشتے کہتے ہیں کہ ہم میں سے

مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾

کوئی ایسا نہیں مگر اس کے لیے مقام متعین ہے اور ہم پرے باندھے (مقام نیاز میں) کھڑے ہیں اور بیشک ہم اس کی پاکی بیان کرنے والے ہیں ؎

؎ کلبی کہتے ہیں کہ بعض کفار عرب کا یہ عقیدہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے العیاذ باللہ جنوں میں شادی کی اور اس سے فرشتے پیدا ہوئے۔ اس احمقانہ نظریہ کی تردید فرمائی جا رہی ہے۔

؎ اللہ تعالیٰ کفار کو چیلنج فرما رہے ہیں کہ تم اور تمہارے باطل معبود خواہ کتنی کوشش کریں تم کسی کو گمراہ نہیں کر سکتے، بجز ان بدبختوں کے جن کے مقدر میں عذاب جہنم لکھا جا چکا ہے۔ یہی مفہوم علامہ قرطبی نے بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

"اهل التفسیر مجمعون فیما علمت علی ان المعنی ما انتم بمضلین احدا الا من قدر الله عزوجل ان یضل"۔ (قرطبی)

؎ یہ فرشتوں کا قول ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار بندے ہیں۔ اس کے حکم کی تعمیل کے لیے صفیں باندھے یا پر پھیلائے ہر لحظہ تیار کھڑے ہیں اور ہمہ وقت اس کی تسبیح و تہلیل میں مشغول ہیں۔

وَإِنْ كَانُوا لَيَقُولُونَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ أَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِنَ الْأَوَّلِينَ ﴿۱۶۸﴾

اور وہ (بعثت نبوی سے پہلے) کہا کرتے تھے اگر ہمارے پاس کوئی نصیحت ہوتی پہلے لوگوں کی طرف سے

لَكُنَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿۱۶۹﴾ فَكَفَرُوا بِهِ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿۱۷۰﴾

تو ہم اللہ کے مخلص بندے بن جاتے۔ پس (جب نصیحت آئی) تو اسے ماننے سے انکار کر دیا۔ وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لیں گے ۴۹

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ ﴿۱۷۱﴾ إِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُورُونَ ﴿۱۷۲﴾

اور ہمارا وعدہ اپنے بندوں کے ساتھ جو رسول ہیں پہلے ہو چکا ہے۔ کہ ان کی ضرور مدد کی جائے گی۔ ۵۰

وَإِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغَالِبُونَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿۱۷۴﴾ وَأَبْصِرْهُمْ

اور بیشک ہمارا لشکر ہی غالب ہوا کرتا ہے پس آپ رخ انور پھیر لیجئے ان سے تھوڑی دیر اور ملاحظہ فرماتے رہیے ان (کے اعمال) کو

فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ﴿۱۷۵﴾ أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ﴿۱۷۶﴾ فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ

وہ (خود بھی) اپنا انجام دیکھ لیں گے کیا وہ ہمارے عذاب (کے اترنے) کے لیے جلدی مچا رہے ہیں۔ پس جب وہ اترے گا انکے آنگن

فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ ﴿۱۷۷﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿۱۷۸﴾ وَأَبْصِرْ

میں تو وہ صبح بڑی خوفناک ہو گی جنہیں ڈرایا جاتا تھا اور رخ انور پھیر لیجئے ان سے تھوڑی دیر کے لیے ۵۱ اور (قدرت الٰہی) کا

۴۹ قرآن کریم کے نازل ہونے سے پہلے وہ یہ کہا کرتے تھے اور جب قرآن نازل ہوا تو انہوں نے کیا طرزِ عمل اختیار کیا اس کے متعلق بیان فرمایا جا رہا ہے۔

۵۰ ارشادِ خداوندی ہے کہ ہمارا یہ فیصلہ ہے کہ فتح و نصرت، عزت اور غلبہ ہمارے رسولوں کو اور ان کے ماننے والوں کو نصیب ہو گا۔ یہ نصرت و غلبہ ظاہری طور پر بھی ہو سکتا ہے اور اس طرح بھی کہ دنیا ان کی صداقت کو تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائے اور دل ان کی محبت و تکریم کے جذبات سے معمور ہو جائیں۔

۵۱ یہ نادان ہمارے عذاب کے نزول کے لیے بیتاب ہیں اور آپ کی صداقت کا معیار انہوں نے یہ مقرر کر رکھا ہے کہ اگر ان پر ہمارا عذاب نازل ہوا تو آپ سچے اور اگر نہ اترا، تو پھر آپ کی نبوت کو وہ تسلیم نہیں کریں گے لیکن وہ کتنے نادان ہیں۔ اگر عذاب نازل ہو گیا اور انہیں اپنے مقرر کردہ معیار کے مطابق آپ کی نبوت کی تصدیق ہو گئی تو انہیں اس سے کیا فائدہ حاصل ہو گا۔

فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

تماشا) دیکھتے رہیے وہ بھی اپنا انجام دیکھ لیں گے۔ پاک ہے آپ کا رب جو عزت کا مالک ہے ان نازیبا باتوں سے جو وہ کیا کرتے ہیں

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾

اور سلامتی ہو سب رسولوں پر اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا رب ہے ۲۵

۲۵ کیا حسن اختتام ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ مَنْ قال دبر کلِ صلوٰۃٍ سبحان ربك رب العزۃ عما یصفون وسلٰمٌ علی المرسلین والحمد للہ رب العٰلمین ثلاث مرات فقد اکتال بالمکیال الاوفٰی من الاجر۔ یعنی جس شخص نے نماز کے بعد یہ تین آیتیں تین مرتبہ پڑھیں گویا اس نے اجر کا بہت بڑا پیمانہ بھر لیا۔

اللّٰھم صل وسلم علی انبیائك ورسلك لاسیما علی افضلھم و اکرمھم سید الانبیاء والمرسلین رحمۃ للعٰلمین شفیع المذنبین اکرم الاوّلین والآخرین سیدنا ومولٰنا وحبیبنا و شفیعنا محمّد و علی آلہٖ وصحبہٖ ومن تبعہ من امتہ الی یوم الدین یارب العٰلمین۔

محمد کرم شاہ

یوم الجمعہ
۵ ار رجب
۱۰ ار ستمبر | مگھال

یوم الاثنین
۱۷ ار رجب
۲۸ ار اگست | نظر ثانی
بھروسہ دھی

تعارف

سُورۃ صٓ

نام : اس کا نام صٓ ہے جو پہلی آیت میں مذکور ہے۔ اس کی آیات کی تعداد اٹھاسی اور کلمات کی تعداد سات سو بتیس اور حروف کی تعداد تین ہزار ستر شعہ ہے۔ اس کے پانچ رکوع ہیں۔

زمانۂ نزول : اس میں تو سب کا اتفاق ہے کہ یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی لیکن مکی زندگی کے کس دور میں اس کا نزول ہوا، اس بارے میں کوئی صراحت تو نہیں ملتی البتہ مفسرین کرام نے اس کے شانِ نزول کے بارے میں جو روایت لکھی ہے اس سے قیاس کیا جا سکتا ہے۔

روایت یہ ہے کہ جناب ابوطالب بیمار ہو گئے۔ بیماری نے شدت اختیار کر لی۔ مکہ کے رئیسوں نے سوچا کہ ایسا نہ ہو کہ وہ اس بیماری میں وفات پا جائیں۔ ان کی وفات کے بعد اگر ہم نے نبی مکرم پر سختی کی تو عرب ہمیں عار دلائیں گے کہ کل تک ابوطالب زندہ تھے تو تم نے انہیں کچھ نہ کہا۔ اب ان کی آنکھیں بند ہوتے ہی تم نے تشدد شروع کر دیا ہے اس لیے بہتر ہے کہ ہمارا ایک وفد ان کے پاس جائے شاید باہمی مصالحت کی کوئی صورت نکل آئے۔ چنانچہ ابوجہل، عاص بن وائل، اسود بن مطلب، اسود بن یغوث چند دوسرے رؤساء کے ساتھ ابوطالب کے پاس گئے اور کہا : یَا اَبَا طَالِب اَنْتَ کَبِیْرُنَا وَ سَیِّدُنَا فَانْصِفْنَا مِنْ ابن اخیکَ فَمُرْهُ فَلْیَکُفَّ عَنْ شَتْمِ آلِهَتِنَا وَنَدَعُهٗ وَاِلٰهَهٗ (ابن کثیر)

"اے ابوطالب! آپ ہم سب سے بڑے اور ہمارے سردار ہیں۔ اپنے بھتیجے اور ہمارے درمیان انصاف سے فیصلہ کر دیں آپ انہیں حکم دیں کہ ہمارے خداؤں کو برا بھلا کہنے سے رک جائیں ہم انہیں اور ان کے خدا کو کچھ نہیں کہیں گے۔"

چنانچہ آپ نے حضور کو بلا بھیجا۔ حضور جب تشریف لائے تو ابوطالب نے کہا کہ یہ آپ کی قوم کے شیوخ اور سردار ہیں اور ان کا یہ مطالبہ ہے۔ حضورؐ نے فرمایا چچا جان! کیا میں ان کو ایسی بات کی دعوت نہ دوں جو ان کے لیے سراپا خیر ہے۔ پوچھا کیا بات ہے حضورؐ نے فرمایا: اَدْعُوْهُمْ اَنْ یَّتَکَلَّمُوْا بِکَلِمَةٍ تَدِیْنُ لَهُمْ بِهَا الْعَرَبُ وَیَمْلِکُوْنَ بِهَا الْعَجَمَ۔ یعنی میں ان کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ ایک کلمہ کہیں، اس کی برکت سے سارا عرب بھی ان کا باجگزار بن جائیگا اور عجم کے بھی وہ مالک بن جائینگے۔

ابوجہل کہنے لگا ہم ایک نہیں! ایسے دس کلمے بھی کہنے کے لیے تیار ہیں۔ بتاؤ وہ کلمہ کونسا ہے۔ حضور نے فرمایا تم کہو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ یہ سن کر وہ بھڑک اُٹھے اور جھاگ بہاتے ہوئے اس محفل سے چلے گئے۔ اس وقت یہ سورت نازل ہوئی۔

اگر یہ واقعہ جناب ابوطالب کے مرض وفات کا ہے تو پھر اس سورت کا سال نزول نبوت کا دسواں سال ہوگا لیکن طبقات

میں ابن سعد نے تصریح کی ہے کہ یہ واقعہ کسی دوسری بیماری کا ہے بہر حال اس سے بھی اتنا اندازہ تو لگایا جاسکتا ہے کہ یہ ان دنوں کا واقعہ ہے جب اسلام کی شمع بجھانے کے لیے تمسخر اور استہزاء کے حیلے ناکام ہو چکے تھے بلکہ کفار مکہ کا جور و ستم اور جبر و تشدد بھی اسلام کی ترقی کو روکنے سے عاجز آچکا تھا اسی لیے تو وہ اس کمزور شرط پر بھی مصالحت کرنے کے لیے تیار تھے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ان کے بتوں کو کچھ نہ کہیں خود بیشک اپنے خدا کی عبادت کرتے رہیں اس قیاس کے مطابق مکی زندگی کا درمیانی دور اس سورت کا زمانہ نزول ہو سکتا ہے۔

مضامین: اس سورت میں انہی تین مزمن بیماریوں کا علاج فرمایا جارہا ہے جن میں اہل مکہ بری طرح مبتلا تھے۔

۱۔ وہ حضور علیہ السلام کو نبی ماننے کے لیے ہرگز تیار نہ تھے انہیں اس انتخاب میں کوئی حکمت نظر نہ آتی تھی کہ جزیرہ عرب کے بڑے بڑے رؤسا کو تو نظر انداز کر دیا جائے اور منصب نبوت کے لیے ایک ایسی ہستی کو چنا جائے جس کے پاس نہ مال و دولت ہے نہ اعوان و انصار کے جتھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نبوت تو میرا انعام ہے جس کو میں اس کے قابل سمجھتا ہوں سرفراز کرتا ہوں۔ کیا میری رحمت کے خزانوں کے کنجی بردار یہ لوگ ہیں کہ جس کو چاہیں دیں اور جس کو چاہیں نہ دیں۔

۲۔ حضور کو نبی نہ ماننے کی انکے پاس ایک اور دلیل بھی تھی۔ یہ کہتے ہیں کہ سارے جہانوں کا ایک خدا ہے بھلا خود سوچو کارخانہ کائنات کے وسیع و عریض نظام کو کیا ایک خدا چلا سکتا ہے جو شخص ایسی خلاف عقل باتیں کرے ہم اسکو نبی کیسے مان لیں لیکن عقیدہ توحید کو قرآن کریم نے ایسے زوردار دلائل سے ثابت کر دیا تھا جن کا کفار کے پاس کوئی جواب نہ تھا۔ بجز اسکے کہ وہ لوگوں کی اندھی عصبیت کو بھڑکائیں اور انہیں کہیں کہ اپنے آباء و اجداد کے خداؤں سے چمٹے رہو اور آفتاب سے روشن تر دلیلیں کیوں نہ تمہارے سامنے پیش کی جائیں ان کو ماننے سے صاف انکار کر دو۔

۳۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کی اس نادانی اور ان کے اس احمقانہ رویے سے کتنا دکھ ہوتا ہوگا اللہ تعالیٰ حضور کو صبر کرنے کا حکم دیتا ہے اور اپنے جلیل القدر انبیاء کے حالات اور انہیں پیش آنے والی مشکلات کا تذکرہ کر کے حضور کی دلجوئی فرماتا ہے۔

ایک بات قابل غور ہے۔ یہاں اولین مقصد اہل عرب کے مشرکانہ عقائد کا بطلان ہے اسی سلسلہ میں انبیاء کرام کے حالات بیان کیے گئے ساتھ ہی ان کے بے مثل کمالات، بے پایاں انعامات اور غیر محدود اختیارات کا ذکر بھی بڑے موثر پیرایہ میں کیا جارہا ہے معلوم ہوا کہ انبیاء کرام کے کمالات و اختیارات بیان کرنے سے عقیدہ توحید کمزور نہیں ہوتا بلکہ مضبوط اور قوی ہوتا ہے۔ وہ لوگ بھی ان آیات کو چشم ہوش کھول کر پڑھیں جو حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کمالات اور حضور پر آپکے رب کریم کے بے پایاں احسانات بیان کرنے میں اسلیے بخل سے کام لیتے ہیں کہ عقیدہ توحید کو ضعف نہ پہنچے۔ حقیقت یہ ہے کہ جتنی شان مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء زیادہ آشکارا کی جائے گی اسی قدر اس کو بھیجنے والے خدا کی عظمت و کبریائی کا نقش لوح قلب پر ثبت ہوتا جائے گا۔ سورت کے اختتام سے پہلے تخلیق آدم کا تذکرہ فرمایا اور نفخت فیہ من روحی فرما کر ان انگنت صلاحیتوں اور بیکراں استعدادوں کی طرف اشارہ کر دیا جن کا آدم کو امین بنایا گیا ہے ساتھ ہی بتا دیا کہ شیطان نے آدم کی بےادبی کر کے اپنے آپ کو ابدی لعنتوں کا مستحق قرار دیدیا۔ خود سوچو جو شخص محبوب رب العالمین کی شان رفیع کا انکار کرے گا اور بے ادبی کا مرتکب ہوگا اسکی تباہی و بربادی کا کیا حال ہوگا۔ —— آخر میں فرمایا کہ یہ کتاب ذکری للعالمین ہے کسی مخصوص قوم کے لیے یا کسی محدود زمانہ کے لیے یہ پیغام ہدایت نہیں بلکہ سارے جہان اسکے نور سے تاباں و درخشاں ہیں جب یہ کتاب ذکری للعالمین ہے اس کو لانے والا رحمۃ للعالمین ہے اور اسکو نازل فرمانے والا رب العلمین ہے تو سارے نوع انسانی کا ایک دین اگر کوئی ہو سکتا ہے تو وہ دین اسلام ہے۔

سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٍ وَثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورت ص مکی ہے اس میں اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے اٹھاسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ ؕ ﴿۱﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿۲﴾

ص [1] قسم ہے قرآن کی سراپا نصیحت کی (دعوتِ محمدی حق ہے) [2] لیکن یہ کفار تکبر اور مخالفت میں (اندھے ہو گئے) ہیں [3]

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾ وَ

بہت سی امتوں کو ہم نے ہلاک کر دیا ان سے پہلے۔ پس وہ فریاد کرنے لگے اور نہیں تھا یہ وقت بچ نکلنے کا [4] اور

---

[1] حروفِ مقطعات میں سے ہے۔ بعض علماء کے نزدیک یہ سورۃ کا نام ہے۔

[2] واؤ قسم کے لیے ہے یعنی ہمیں قرآن کی قسم ہے جس میں تمہاری دینی اور دنیوی سعادتوں کا مفصل بیان ہے اور جوابِ قسم محذوف ہے یعنی دینِ محمدی حق ہے۔ جوابِ قسم کے بارے میں اور قول بھی ہیں لیکن یہ اولیٰ ہے۔

[3] اگرچہ اسلام کی حقانیت اور دعوتِ محمدی کی صداقت روزِ روشن کی طرح واضح ہے لیکن کفار از راہِ غرور و عناد اس کو تسلیم نہیں کرتے۔

علامہ پانی پتی اس کا شانِ نزول بحوالہ احمدؒ و ترمذیؒ یہ بیان کرتے ہیں کہ جناب ابوطالب ایک دفعہ بیمار ہو گئے قریش آپ کی عیادت کے لیے آئے، اتنے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی تشریف لائے۔ قریش نے ابوطالب سے حضور کی شکایت کی آپ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا میرے بھتیجے! تم اپنی قوم سے کس بات کا مطالبہ کرتے ہو۔ حضور نے فرمایا:

" ارید منهم کلمة تدین لهم بها العرب وتؤدی الیهم العجم جزیة - کلمة واحدة قال ماهی؟ قال لا اله الا الله - "

ترجمہ: حضور نے فرمایا: میں ان سے صرف ایک بات ماننے کا مطالبہ کرتا ہوں۔ اگر وہ مان لیں گے تو سارا عرب ان کا مطیع ہو گا اور عجم ان کو خراج پیش کرے گا۔" آپ نے پوچھا: "وہ کونسی بات؟

حضور نے فرمایا: وہ صرف یہ کہہ دیں لا الٰہ الا اللہ۔

کفار نے از راہِ تعجب کہا: صرف ایک خدا یہ بڑی عجیب و غریب بات ہے۔ ہم یہ کیسے مان سکتے ہیں اس وقت یہ آیات نازل ہوئیں یعنی کفار کا انکار کسی معقولیت پر مبنی نہیں محض غرور و عناد کی وجہ سے مخالفت پر مُصِر ہیں۔ عِزّة: استکبار عن الحق و حمیّة جاهلیة" یعنی حق سے نخوت اور زمانہ جاہلیت کی عصبیت۔ شقاق: خلافٌ وعداوةٌ : مخالفت اور عداوت۔

[4] کفار کی اس ہٹ دھرمی پر انہیں سرزنش کی جا رہی ہے کہ تم سے پہلے بھی جو لوگ اپنے پندار سے مست تھے اور میرے

وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ؗ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۴﴾

وہ (اس پر) حیران تھے کہ آیا ہے ان کے پاس ایک ڈرانے والا ان میں سے اور کفار کہنے لگے کہ یہ شخص ساحر ہے کذاب ہے۔ ۵

اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۖ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ﴿۵﴾ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ

کیا بنا دیا ہے اس نے بہت سے خداؤں کی جگہ ایک خدا ؟ بیشک یہ بڑی عجیب و غریب بات ہے ۶ اور تیزی سے چل دیے

بندوں سے بلاوجہ عداوت رکھتے تھے ان پر جب ہمارا عذاب آیا تو ان کے سارے نشے ہرن ہو گئے۔ ساری دشمنیاں بھول گئے اور لگے چلانے اور فریاد کرنے۔ لیکن انہیں صاف صاف بتا دیا گیا کہ مہلت کی گھڑیاں ختم ہو چکی ہیں اب یہ واویلا لغو اور بے سود ہے۔

"لات حین مناص" کی ترکیب میں نحویوں کے متعدد اقوال ہیں۔ سیبویہ کے نزدیک لا مشبہ بلیس۔ مبالغہ اور تاکید کے لیے تاء زائد کر دی گئی ہے۔ حِیْنَ مناص: اس کی خبر ہے اس لیے منصوب ہے۔ اور اس کا اسم "حِیْنٌ" محذوف ہے۔ اور اخفش کے نزدیک لا نفی جنس کے لیے ہے۔ حین مناص اس کا اسم ہے اور خبر محذوف ہے۔ ای لهم ای لا حین مناص لهم۔ مناص کا معنی ملجاء اور مفر، جائے پناہ۔

جب میدان جنگ میں کوئی قبیلہ دشمن کے حملے کی تاب نہیں لا سکتا تھا تو وہ ایک دوسرے کو کہتے تھے: مناص ای علیکم بالفرار: یعنی بھاگ کر جان بچاؤ۔ پہلی قوموں پر جب عذاب الٰہی آیا اور اس کے مقابلے کی طاقت اپنے اندر نہ پائی تو حسب دستور وہ کہنے لگے، مناص مناص: یعنی جس طرح ہو سکتا ہے بھاگ کر جان بچاؤ۔ اسی وقت انہیں کہا گیا۔ لَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ: اب تم کہیں بھاگ کر نہیں جا سکتے۔ بھاگ جانے کا وقت اور بچ جانے کا وقت اب گزر گیا ہے۔ (روح المعانی)

بعض نحویوں نے کہا ہے کہ لات یہ لَیْسَ کی بدلی ہوئی شکل ہے۔ یاء کو الف سے اور سین کو تاء سے بدل دیا۔ بعض نے کہا کہ لات فعل ماضی ہے اس کا معنی نَقَصَ و قَلَّ ہے۔

۵ وہ اس بات پر بڑے حیران تھے کہ ان میں سے ایک شخص کو کیونکر چن لیا گیا ہے اور پھر اسے نبوت کی ذمہ داریاں کیوں سونپ دی گئی ہیں۔ چنانچہ انہوں نے حضور کو ماننے سے انکار کر دیا اور ساحر و کذاب کے بہتان لگانے لگے۔

کفار کا پہلے ذکر ہو چکا تھا۔ قال الکفرون میں پھر اسم ظاہر ذکر کرنے کے بجائے ضمیر ہی کافی تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے اظہار غضب کے لیے اور ان کی مذمت کرنے کے لیے اسم ظاہر ذکر کیا تاکہ یہ بھی پتہ چلے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے محبوب کی طرف سحر و کذب کی جو نسبت کی ہے اس کی وجہ محض ان کا کفر ہے۔ وُضِعَ الظَّاهِرُ مَوْضِعَ الضَّمِيْرِ غَضَبًا عَلَيْهِمْ ذَمًّا لَهُمْ وَ اِشْعَارًا بِاَنَّ كُفْرَهُمْ جَسَّرَهُمْ عَلٰى مَا قَالُوْا۔

۶ جب حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ مشرف باسلام ہوئے تو کفار کے گھر میں صف ماتم بچھ گئی ان کی پریشانی اور اضطراب کی حد نہ رہی۔ ولید بن مغیرہ نے سرداران قریش کو مشورہ کے لیے طلب کیا۔ پچیس کے قریب اکابر قوم اکٹھے ہوئے اور حالات

مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَ اصْبِرُوْا عَلٰۤى اٰلِهَتِكُمْ ۚۖ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ یُّرَادُ ۟ۚۖ

قوم کے سردار (رسول کے پاس سے)، اور (قوم سے کہا) یہاں سے نکلو اور جمے رہو اپنے بتوں پر بیشک اس میں اس کا کوئی ذاتی مطلب ہے۔

کی نگینی پر تبادلۂ خیال کرنے لگے۔ ولید عمر میں سب سے بڑا تھا اس نے مشورہ دیا کہ چلو ابوطالب کے پاس چلیں اور اسے کہیں کہ وہ اپنے بھتیجے کو سمجھائے کہ وہ ہمارے خداؤں کو برا بھلا کہنے سے باز آ جائے۔ چنانچہ سب اکابر حضرت ابوطالب کے پاس جمع ہوئے اور اپنی آمد کی غرض وغایت بیان کی۔ انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بلا بھیجا اور انہیں سمجھایا کہ ان کے معبودوں کو برا بھلا نہ کہیں رحمتِ عالم نے ارشاد فرمایا: یاعم افلا ادعوهم الی ماهو خیر لهم۔ اے چچا کیا میں اپنی قوم کو اس بات کی دعوت نہ دوں جس میں ان کی خیر و فلاح ہے۔ ابوطالب نے پوچھا وہ کونسی دعوت ہے۔ حضور نے فرمایا کہ میں انہیں ایک کلمہ کی طرف دعوت دیتا ہوں اگر یہ اس کو قبول کر لیں تو عرب و عجم میں ان کی فرمانروائی ہوگی۔ قال ابوجهل ما هی وابیك لنعطیكها وعشر امثالها ابوجہل نے کہا کہ تیرے باپ کی قسم۔ وہ کون سا ایسا کلمہ ہے ہم صرف ایک کلمہ نہیں بلکہ اس طرح کے دس کلمے بھی ماننے کے لیے تیار ہیں قال صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم تقولون لا اله الا الله۔ فقاموا من عنده غضابا۔ (ابن کثیر) حضور نے فرمایا تم صرف یہ مان لو لا الٰہ الا اللہ۔ یہ سنتے ہی بڑے غضبناک ہو کر وہ وہاں سے اٹھ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے۔ اجعل الالهة الاٰیة۔ ان کے نزدیک یہ بات ناممکن تھی کہ ایک خدا کائنات کی بیشمار چیزوں کے بیشمار احوال اور ضروریات کے لیے کافی ہے۔ اس لیے انہوں نے بہت سے خدا بنا لیے تھے اور ہر ایک کو زندگی کا ایک ایک شعبہ تفویض کر دیا تھا۔

ان کے ذہن میں خدا کا کتنا ناقص تصور تھا۔ وہ اپنی طرح اس کی قوتوں کو بھی محدود تصور کرتے تھے۔ لیکن وہ خدا جو سچا خدا ہے اور جس کے بغیر اور کوئی خدا نہیں۔ اس کی قوتیں، اس کی عظمتیں لامحدود ہیں۔ اس کے علم سے کوئی چیز مخفی نہیں ہے اس کی قدرت سے کوئی چیز باہر نہیں۔ کائنات کی ہر چیز کا خالق بھی وہی ہے۔ مالک بھی وہی ہے اور اپنی حکمت سے ان کی بقا، اور نشوونما کے سارے اسباب مہیا فرما رہا ہے۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ان کفار کا اپنے بتوں کے بارے میں کیا اعتقاد تھا۔ وہ انہیں صفتِ الوہیت سے متصف سمجھتے تھے وہ انہیں اپنا الٰہ اور معبود یقین کرتے تھے لیکن غلامانِ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء اپنے دل کی گہرائیوں سے یہ شہادت دیتے ہیں اور پختہ عقیدہ رکھتے ہیں۔ لا اله الا انت سبحانك لا شریك لك لك الملك ولك الحمد وانت علی كل شیء قدیر۔ ہمارا یہی عقیدہ ہے اللہ تعالیٰ ہمیں اسی پر زندہ رکھے اور اسی پر ہم یہاں سے رخصت ہوں۔

ے عُجاب: بلیغ فی العجب: از حد حیرت انگیز یعنی ایک خدا کا عقیدہ بڑا تعجب انگیز ہے بھلا کوئی شخص اسے کیسے قبول کر سکتا ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ العُجاب، العجاب والعجب سواء، یعنی یہ تینوں لفظ ہم معنی ہیں۔ وقد فرق الخلیل بین عجیب وعُجاب: فقال والعجیب العجب، والعجاب الذی قد تجاوز حد العجب خلیل نے عجیب اور عجاب میں فرق کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں عجیب حیرت انگیز چیز کو کہتے ہیں اور عُجاب اس کو کہتے ہیں جو تعجب انگیزی میں حد سے تجاوز کر گئی ہو۔ ش جب سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے

مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚۖ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۚۖ ﴿۷﴾ ءَاُنْزِلَ

ہم نے تو ایسی بات آخری ملت (نصرانیت) میں بھی نہیں سنی۔ یہ بالکل من گھڑت مذہب ہے۔ ۹ کیا نازل کیا گیا ہے

عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا ؕ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا

اس پر 'الذکر' (قرآن) ہمارے درمیان میں سے ۱۰ بلکہ یہ کفار شک میں مبتلا ہیں میرے ذکر کے متعلق۔ بلکہ انہوں نے ابھی

يَذُوْقُوْا عَذَابِ ؕ ﴿۸﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ۚ ﴿۹﴾

نہیں چکھا میرے عذاب کا مزا ۱۱ کیا ان کے قبضہ میں ہیں خزانے آپ کے رب کی رحمت کے ۱۲ جو عزت والا بے حساب عطا کرنے والا ہے

اپنی دعوت اور اس دعوت کی قبولیت پر مترتب ہونے والے نتائج بڑے وثوق اور فیصلہ کن انداز میں ان کے سامنے پیش کیے، تو کفار گھبرا گئے۔ انہیں اپنے خداؤں کی مجبوٗلی خدائی کا تخت ڈولتا ہوا نظر آنے لگا۔ فوراً خود بھی اس مجلس سے اٹھ کھڑے ہوئے اور اپنے عوام کو بھی بڑے مشفقانہ اور ناصحانہ انداز میں ہدایت کی کہ یہاں سے نکلو۔ ان کی چکنی چپڑی باتیں مت سنو۔ اپنے مشرکانہ عقیدہ پر سختی سے جمے رہو۔ یہ دعوت اپنی حکومت اور اپنے تسلط کو قائم کرنے کے لیے دی جارہی ہے۔ اس کا صداقت و حقانیت سے دُور کا واسطہ بھی نہیں۔ لشئ یُرادُ ای انما یرید محمد بما یقول الامتیاز لیعلو علینا و نکون له اتباعًا۔ الانطلاق : الذهاب بالسرعة : جلدی سے چلے جانا۔

۹ یہ بالکل نئی اور من گھڑت بات کہہ رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ صرف ایک ہے۔ اگر یہ عقیدہ صحیح ہوتا تو عیسائیت جو آخری ملت ہے اس میں بھی اس کا کوئی ثبوت ملتا۔ اختلاق۔ کذب اختلقه : ایسا جھوٹ جسے خود گھڑ لیا گیا ہو۔

۱۰ وہ اپنے پیروکاروں کو کہنے لگے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے واقعی کوئی پیغمبر بھیجنا تھا تو سارے مکہ اور عرب میں سے انہیں کیوں منتخب کیا۔ نہ مال و زر ہے نہ کوئی یار و مددگار۔ ہم بڑے بڑے رؤساء، امراء اور سرداران قوم موجود تھے جن کے رعب و دبدبہ کی دھاک بیٹھی ہوئی ہے۔ ہم میں سے کسی کو اس خدمت کے لیے مامور کیا جانا چاہیے تھا تاکہ لوگ ہمارے اثر و رسوخ کے باعث اس دین کو قبول کرتے

۱۱ وہ ایسی باتیں اس لیے بنا رہے ہیں کہ ابھی ہمارے عذاب کا کوڑا ان کی پشت پر نہیں لگا۔ ایک تھپڑ رسید ہوا تو سارا خمار اتر جائے گا۔ خود بخود عقل درست ہو جائے گی۔

۱۲ رحمت کے خزانوں کے مالک ہم ہیں، ان کو بانٹنے والے ہم ہیں۔ جس کو چاہیں، جتنا چاہیں اور جس وقت چاہیں عطا فرمادیں۔ یہ کون ہیں ہماری بخشش و عطا پر اعتراض کرنے والے۔

اس آیت میں ان لوگوں کو جھڑکا جا رہا ہے اور سرزنش کی جارہی ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت پر اعتراض کیا کرتے تھے۔

اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ۫ فَلْیَرْتَقُوْا فِی الْاَسْبَابِ ﴿۱۰﴾

کیا ان کے لیے ہے سلطنت آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ۱۳؎ پس چاہیے کہ چڑھ جائیں (آسمان پر) رسیاں لٹکا کر

جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ﴿۱۱﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ

(در حقیقت) کفار کے لشکروں میں سے یہ ایک چھوٹا سا لشکر ہے جسے وہاں (بدر میں) شکست دی جائے گی ۱۴؎ جھٹلایا تھا ان سے پہلے قوم نوح،

وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ﴿۱۲﴾ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْـَٔیْكَةِ ؕ

عاد اور میخوں والے فرعون نے ۱۵؎ اور ثمود، قوم لوط اور اصحاب ایکہ نے۔

۱۳؎ نبوت کا مقام تو بہت اونچا ہے کسی کو نبوت کی نعمت سے سرفراز کرنے کا اختیار تو بہت جلیل اور عظیم امر ہے انہیں تو اس مادی دنیا کی معمولی چیزوں کے دینے اور چھیننے کا بھی کوئی اختیار نہیں۔ اگر ان کے پاس کوئی قوت و اختیار ہے تو اسے کام میں لا کر عرش تک رسائی حاصل کر لیں اور وہاں قبضہ جما کر بیٹھ جائیں اور کائنات کی حکومت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لے لیں۔ مشرکین مکہ کا یہ اعتراض اور اس کا رد مختلف مقامات پر اور مختلف انداز سے مذکور ہے۔ اسباب سے مراد یا تو وہ راستے ہیں جن سے آسمان تک پہنچا جاتا ہے یا اس سے مراد آسمانوں کے دروازے ہیں۔ ہر وہ چیز جس سے کسی چیز تک پہنچا جا سکے۔ اُسے سبب کہتے ہیں۔ قال قتادہ ومجاهد اراد بالاسباب ابواب السماء وطرقها من سماء الی سماء وكل ما يوصلك الى شيئ من باب او طریق فهو سببه۔ (مظہری) یعنی قتادہ اور مجاہد کہتے ہیں کہ اسباب سے مُراد آسمان کے دروازے ہیں یا وہ راستے جو ایک آسمان سے دُوسرے آسمان کی طرف جاتے ہیں الغرض ہر وہ چیز جو کسی تک پہنچنے کا ذریعہ ہو اسے سبب کہتے ہیں۔

۱۴؎ یعنی یہ مٹھی بھر تھوڑی سی فوج جسے کچھ عرصہ بعد میدانِ بدر میں پیس کر رکھ دیا جائے گا۔ اس کی حقیقت ہی کیا ہے کہ ہماری عطا پر اعتراض کر سکے۔

۱۵؎ ان سے پہلے بڑی بڑی سرکش قومیں اور فرعون جیسے جابر اور طاقتور بادشاہ گزرے ہیں جب انہوں نے ہماری نافرمانی کی تو ہم نے ان پر عذاب بھیج کر انہیں خاک سیاہ بنا دیا اور ان کا نام و نشان تک بھی باقی نہ رہا۔ فرعون کو ذی الاوتاد فرمایا گیا ہے۔ اس کی مختلف تاویلیں کی گئی ہیں۔ لغت میں وتد اس کھونٹی کو کہا جاتا ہے جس کے ساتھ خیموں کی رسیاں باندھی جاتی ہیں۔ یہاں اس سے یا تو اس کے لشکر کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے کہ اس کا لشکر اتنا کثیر تھا کہ جہاں وہ پڑاؤ کرتا اس کے لیے خیمے نصب ہوتے تو ہر طرف کھونٹیاں ہی کھونٹیاں نظر آنے لگتیں جن کے ساتھ ان کے خیموں کی رسیاں باندھی جاتیں۔ بعض علماء نے کہا کہ اس کی حکومت کے استحکام اور پختگی کا ذکر ہے۔ اور بعض نے فرعون کو ذو الاوتاد کہنے کی وجہ یہ بتائی ہے کہ اس کا دستور تھا کہ جب وہ کسی مجرم کو سزا دیتا تو زمین میں چار میخیں گاڑ دیتا۔ پھر اس شخص کے ہاتھ پاؤں کو ان کے ساتھ مضبوطی سے باندھ دیتا یہاں تک

أُولَٰئِكَ الْأَحْزَابُ ﴿١٣﴾ إِنْ كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿١٤﴾ وَ

یہی وہ گروہ ہیں (جنکا ذکر پہلے گزر چکا)، ان سب نے رسولوں کو جھٹلایا تو (ان پر) لازم ہو گیا میرا عذاب۔ اور

مَا يَنْظُرُ هَٰؤُلَاءِ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً مَا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ﴿١٥﴾ وَقَالُوا

نہیں انتظار کر رہے ہیں یہ (کفار) مگر ایک کڑک کی جسکے بعد کوئی مہلت نہیں ہوگی [۱۶] اور (مذاقاً) کہتے ہیں

رَبَّنَا عَجِّلْ لَنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ﴿١٦﴾ اصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ

اے ہمارے رب جلدی دے دے ہمارے حصہ (کا عذاب) یوم حساب سے پہلے [۱۷] اے حبیب! صبر کرو ان کی (نامعقول) باتوں

وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُودَ ذَا الْأَيْدِ ۖ إِنَّهُ أَوَّابٌ ﴿١٧﴾ إِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهُ

پر اور یاد فرماؤ ہمارے بندے داؤد کو جو بڑا طاقتور تھا [۱۸] وہ (ہماری طرف) بہت رجوع کرنے والا تھا ہم نے فرمانبردار بنا دیا تھا پہاڑوں کو

کہ وہ شخص تڑپ تڑپ کر جان دے دیتا یا اس کو زمین پر لٹا کر اس کے ہاتھوں اور پاؤں میں میخیں ٹھونک دیتا۔

[۱۶] علامہ جوہری نے مالہا من فواق کا معنی لکھا ہے کہ اے مالہا من نظرۃ و راحۃ و افاقۃ (صحاح) یعنی انہیں نہ مہلت دی جائے گی نہ انہیں آرام نصیب ہوگا اور نہ ان کے عذاب میں تخفیف کی جائے گی۔ علامہ آلوسی فواق کے لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس میں دو لغتیں ہیں۔ فَواق۔ فُواق۔ بعض کے نزدیک یہ دونوں ہم معنی ہیں اور بعض علماء لغت کا خیال ہے کہ فواق اسم مصدر ہے۔ افاق المریض سے جب وہ بیماری سے صحت کی طرف رجوع کرے اسی لیے فراء نے اس کی تفسیر افاقۃ اور استراحت کے ساتھ کی ہے اور اگر فُواق ہو تو اس کا معنی وہ وقت ہے جب ایک مرتبہ دودھ دوہ لینے کے بعد تھیری میں دوبارہ دودھ بھر جائے۔ (روح المعانی)

[۱۷] کہنے لگے صبح شام آپ ہمیں عذاب قیامت کی دھمکیاں دیتے رہتے ہیں تو ہم دعا کرتے ہیں کہ ہم پر تو ہمارے حصے کا عذاب آج ہی نازل کر دیا جائے اور ہمارے ساتھ جو کچھ ہونا ہے آج ہی ہو جائے۔ یہ باتیں وہ ازراہ مذاق کیا کرتے تھے۔ قال مجاہد قطنا: عذابنا: وکذا قال قتادہ نصیبا من العذاب (قرطبی)

[۱۸] اللہ تعالیٰ اپنے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کفار کی ہرزہ سرائی اور بیہودہ گوئی پر صبر کی تلقین فرماتے ہیں اور حضرت داؤد علیہ السلام جن کو گوناگوں انعامات سے سرفراز کیا گیا تھا ان کا ذکر کر کے تسلی دیتے ہیں۔ عبدنا (ہمارا بندہ) فرما کر حضرت داؤد کو معزز و مشرف کیا۔ ذی الاید کا لغوی معنی ہے بہت ہاتھوں والا۔ اس سے مراد طاقتور اور قوی ہے کیونکہ آپ عبادت اور جہاد میں بڑی قوت اور توانائی کا مظاہرہ فرماتے۔ اس لیے آپ کو ذا الاید کہا گیا۔ آپ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے

يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ ﴿۱۸﴾ وَالطَّيْرَ مَحْشُورَةً ۖ كُلٌّ لَّهُ أَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَ

وہ ان کے ساتھ تسبیح پڑھتے تھے عشاء اور اشراق کے وقت ۱۹؎ اور پرندوں کو (وہ بھی تسبیح کے وقت جمع ہو جاتے) ۲۰؎ سب ان کے فرمانبردار تھے ۲۱؎ اور

شَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنَاهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾ وَهَلْ أَتَاكَ

ہم نے مستحکم کر دیا ان کی حکومت کو اور ہم نے بخشی انہیں دانائی اور فیصلہ کن بات کرنے کا ملکہ ۲۲؎ اور کیا آئی ہے آپ کے

اور یہ روزہ نفس پر بڑا گراں اور اللہ کے نزدیک بڑا فضیلت والا ہے۔ آپ نصف رات عبادت میں گزارتے۔ میدان جہاد میں دشمن کا سامنا ہوتا تو جم کر مقابلہ کرتے اور وہاں سے بھاگنے کا خیال تک دل میں نہ لاتے اور جب اللہ تعالیٰ کے حضور میں دعا مانگنے کے لیے کھڑے ہوتے تو عجز و نیاز کی انتہا کر دیتے۔ ذاالقوۃ فی العبادۃ کان یصوم یوما و یفطر یوما و ذلك اشد الصوم افضله۔ وکان یصلی نصف اللیل وکان لا یفر اذا لاقی العدو وکان قویا فی الدعاء الی اللہ تعالیٰ (قرطبی) اوّاب: بہت رجوع کرنے والا رَجَّاعٌ الی اللہ تعالیٰ وطاعتہ عزوجل۔

۱۹؎ اللہ تعالیٰ نے جن خصوصی عنایات سے آپ کو نوازا ان میں سے چند ایک کا ذکر یہاں فرمایا جا رہا ہے۔ آپ جب ذکر الٰہی میں مشغول ہوتے تو پہاڑ بھی آپ کے ساتھ مل کر ذکر کیا کرتے۔ پہاڑوں کی اس تسبیح سے کیا مراد ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ جب آپ ذکر کرتے تو آپ کی آواز سے پہاڑ گونج اٹھتے۔ اسی گونج کو پہاڑوں کا ذکر کہا گیا ہے۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ پہاڑ زبان حال سے ذکر الٰہی کیا کرتے اور بعض حضرات کی تحقیق یہ ہے کہ جب آپ مصروف ذکر ہوتے تو پتھر، سنگریزے، چٹانیں اور پہاڑی ڈھلانیں سب زبان قال سے آپ کے ساتھ مل کر ذکر کیا کرتیں۔ علامہ قرطبی نے اسی قول کو صحیح فرمایا ہے۔ ان ذلك تسبیح مقال علی الصحیح من الاقوال۔

اشراق اس وقت کو کہتے ہیں جب سورج کافی اونچا ہو جائے جسے ہم چاشت کا وقت کہتے ہیں۔ اس وقت جو نوافل پڑھے جاتے ہیں اسے صلوٰۃ الضحیٰ کہتے ہیں۔ حدیث پاک میں صلوٰۃ الضحیٰ کی بڑی فضیلت مذکور ہے۔ ترمذی میں حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مَنْ حَافَظَ عَلٰى شُفْعَةِ الضُّحٰى غُفِرَ لَهٗ ذُنُوْبُهٗ وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ: کہ جو شخص پابندی سے ضحیٰ کے وقت دو نفل پڑھے گا، اس کے گناہ بخش دیے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے مانند ہوں۔

صحیحین کی ایک حدیث میں ہے: عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال اوصانی خلیلی بثلاث لا ادعھن حتی اموت۔ صوم ثلثۃ ایام من کل شھر۔ صلوٰۃ الضحیٰ ونوم علی وتر: ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ میرے خلیل نے مجھے تین باتوں کی وصیت فرمائی ہے اور تادم مرگ میں انہیں نہیں چھوڑوں گا۔ ۱۔ ہر ماہ میں تین دن روزہ رکھنا۔ ۲۔ نماز ضحیٰ۔ ۳۔ سونے سے پہلے وتر پڑھ لینا۔ ضحیٰ کی کم سے کم دو رکعتیں ہیں، اور زیادہ سے زیادہ بارہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۰؎ آپ کی آواز اتنی شیریں، دلکش اور سوز و گداز سے بھری ہوئی تھی کہ جب آپ ذکر کرتے تو اڑتے ہوئے پرندے بھی رک جاتے اور آپ کے ارد گرد حلقہ بنا کر بیٹھ جاتے اور آپ کی آواز کے ساتھ آواز ملا کے اپنے خداوند کریم کی تسبیح کرتے۔ ۲۱؎ لہٗ کی ضمیر کا مرجع حضرت داؤد

نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ

پاس اطلاع فریقانِ مقدمہ کی جب انہوں نے دیوار پھاندی عبادت گاہ کی ۲۳؎ اور جب اچانک داخل ہوئے داؤد پر پس آپ کچھ گھبرا

قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ

گئے ان سے۔ انہوں نے کہا ڈریئے نہیں ہم تو مقدمہ کے دو فریق ہیں، زیادتی کی ہے ہم میں سے ایک نے دوسرے پر آپ ہمارے درمیان انصاف سے

وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ ۟ لَهٗ تِسْعٌ وَّ

فیصلہ فرما دیجئے اور بے انصافی نہ کیجئے ۲۴؎ اور دکھائیے ہمیں سیدھا راستہ۔ صورتِ نزاع یہ ہے کہ یہ میرا بھائی ہے اور اس کی ننانوے

علیہ السلام ہیں یعنی پہاڑ اور پرندے سب آپ کے اطاعت گزار تھے۔ کل لہ ای لداؤد : اوّاب ای مطیع (قرطبی) اور بعض نے لہ کا مرجع ذاتِ باری کو بنایا ہے۔ قیل الہاء للہ عزّوجل۔

۲۲؎ نیز ہم نے ان پر مزید کرم یہ فرمایا کہ ان کی حکومت کو مستحکم کر دیا۔ آپ کی ہیبت دلوں میں بٹھا دی کسی کی مجال نہ تھی کہ بغاوت اور سرکشی کا خیال تک دل میں لا سکے۔ اس کے علاوہ آپ کے سینہ کو نورِ حکمت سے روشن فرما دیا اور آپ کو ایسی بے نظیر فصاحت و بلاغت بخشی کہ آپ کی گفتگو کے بعد کسی کو تکرار یا انکار کی گنجائش ہی نہ رہتی، سب جھگڑے ختم ہو جاتے۔ فصل الخطاب: البیان الفاصل بین الحق والباطل: ایسا بیان، ایسی تقریر جو حق و باطل کو الگ الگ کر دے۔

۲۳؎ اس سے پہلے کہ اس قصہ کی تحقیق کی جائے جو عام طور پر یہاں بیان کیا جاتا ہے میں مناسب سمجھتا ہوں کہ پہلے ان آیات کی تشریح کر دی جائے اور آخر میں اس قصہ کے متعلق محققین علماء کی رائے قارئین کی خدمت میں پیش کی جائے۔

جب کسی واقعہ کی اہمیت پر مخاطب کو متوجہ کرنا ہوتا ہے تو اس کا آغاز اس قسم کے استفہام سے کیا جاتا ہے تاکہ سننے والا ہمہ تن گوش ہو کر اس واقعہ کو سنے اور اس سے عبرت حاصل کرے۔ الاستفہام التنبیہ علی جلالۃ القصۃ والاصغاء الیہا والاعتبار بہا: یعنی کیا آپ کو اس واقعہ کی اطلاع ملی ہے کہ جب مدعی اور مدعا علیہ دونوں فریق دیوار پھاند کر حضرت داؤد علیہ السلام کے عبادت خانہ میں اچانک جا دھمکے۔

تسوّر الحائط، تسلّق: دیوار پر رینگ کر چڑھنا۔ محراب سے مراد آپ کی عبادت کا حجرہ ہے۔ اس کا ماخذ حرب ہے کیونکہ وہاں آپ اپنے نفس سے برسرِ پیکار رہتے، اس لیے اس کو محراب کہا گیا۔ مسجد کے محراب کو بھی اسی لیے محراب کہا جاتا ہے کہ یہاں بھی جماعت مسلمین کا امام ہوائے نفس، تضلیل ابلیس اور طرح طرح کے خطرات اور مشکلات کے خلاف اپنی قوم کو جہاد کرنے کی تلقین کرتا ہے۔

مساجد میں محراب کی موجودہ شکل عہدِ رسالت میں نہ تھی۔ صرح الجلال السیوطی ان المحاریب التی فی المساجد بہیئتہا المعروفۃ الیوم لم یکن فی عہد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (روح معانی)

۲۴؎ آپ کا معمول تھا کہ آپ ایک روز حکومت کے کاروبار کو انجام دیتے، مقدمات کا فیصلہ کرتے۔ ایک روز اپنے گھر کے

تِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِیَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ فَقَالَ اَكْفِلْنِیْهَا وَعَزَّنِیْ فِی

دُنبیاں ہیں اور میرے پاس صرف ایک دُنبی ہے ۲۵؎ اب یہ کہتا ہے کہ وہ بھی میرے حوالے کر دے اور سختی کرتا ہے میرے

الْخِطَابِ ۝ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰی نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ كَثِیْرًا

ساتھ گفتگو میں ۲۶؎ آپ نے فرمایا بیشک اس نے ظلم کیا ہے تم پر یہ مطالبہ کر کے کہ تیری دُنبی کو اپنی دُنبیوں میں ملا لے ۲۷؎ اور اکثر شرکاء

مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَیَبْغِیْ بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

زیادتی کرتے ہیں ایک دوسرے پر ۲۸؎ سوائے ان حصہ داروں کے جو ایمان لائے اور نیک کام کرتے

وانش انجام دیتے تیسرا دن انہوں نے صرف عبادت کے لیے مخصوص کیا ہوا تھا اور اس دن اپنی عبادت گاہ پر پاسبان مقرر کر دیتے تاکہ لوگ ان کی عبادت میں مخل نہ ہوں۔ اس روز کسی کی مجال نہ ہوتی تھی کہ اندر آنے کی جرأت کر سکے۔ ایک دفعہ آپ اپنے عبادت کے حجرے میں مصروف تھے۔ ایسے وقت میں ان اجنبیوں کا دیوار پھاند کر بغیر اجازت طلب کیے حجرے کے اندر گھس آنا بڑا حیرت انگیز واقعہ تھا۔ آپ کو گھبراہٹ سی لاحق ہوئی تو وہ بھی اس چیز کو بھانپ گئے اور کہنے لگے ڈریئے نہیں ہم تو دو فریق ہیں اور اپنے مقدمہ کا فیصلہ کرانے کے لیے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں۔ آپ از راہ نوازش حق و انصاف کے ساتھ ہمارا فیصلہ فرما دیجیے اور ہم میں سے کسی پر بھی ظلم و زیادتی نہ ہو۔ جو فریق بھی ظلم و عدوان کی راہ پر گامزن ہے اُسے عدل و انصاف کی سیدھی راہ پر چلنے کی ہدایت فرما دیجیے۔ ولا تشطط ای لا تجاوز۔

۲۵؎ اب وہ اپنا تنازعہ پیش کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک کہنے لگا کہ یہ شخص میرا بھائی ہے۔ اس کے پاس ۹۹ دُنبیاں ہیں اور میرے پاس صرف ایک ہی دُنبی ہے۔ یہ مجھے کہتا ہے کہ یہ ایک دُنبی بھی مجھے دے دو میں اس کی حفاظت کروں گا۔ اس طرح میری دُنبیوں کی تعداد پوری سَو ہو جائے گی اور تُو اس دُنبی کی حفاظت کے جھنجھٹ سے چھوٹ جائے گا۔

۲۶؎ یہ جب بات کرتا ہے تو چھا جاتا ہے اور سُننے والا یوں محسوس کرتا ہے کہ یہ سچا ہے اور میری داد رسی کرنے کے بجائے اُلٹا مجھے ہی مجرم قرار دے دیا جاتا ہے۔ اس کا دوسرا مطلب یہ ہے کہ یہ اس رعب سے مجھ سے بات کرتا ہے کہ میں جواب دینے کی جرأت بھی نہیں کر سکتا۔ ای مخاطبتہ ایاہ محاجۃ بان جاء بحجاج لم اطق ردہ (معانی)

۲۷؎ آپ نے فریقین کی باتیں سُننے کے بعد فیصلہ دیا کہ یہ اس کی سراسر زیادتی ہے۔ یہ اتنا حریص ہے کہ ننانوے دُنبیوں سے بھی اس کی چشم آز سیر نہیں ہوتی، بجائے اس کے کہ اپنے بھائی کے پاس صرف ایک دُنبی دیکھ کر اسے رحم آئے اور اسے دس بیس دُنبیاں اپنے پاس سے دیدے تاکہ اس کی حالت سنبھل جائے اور برادرانہ تعلقات کی لاج بھی رہ جائے، وہ اس کے پاس ایک دُنبی بھی نہیں دیکھ سکتا۔ اُسے بھی چھین لینا چاہتا ہے یہ سراسر ظلم ہے، یہ صریح زیادتی ہے۔

۲۸؎ فرمایا اکثر حصہ داروں کا یہی دستور ہے۔ بڑے حصے والا اپنے سے کم حصہ والے اور کمزور کو اس کی قلیل پونجی سے بھی محروم

الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ۗ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَ

رب ہے اور ایسے لوگ بہت تھوڑے ہیں۔ ۲۹؎ اور فوراً خیال آگیا داؤد کو کہ ہم نے اسے آزمایا ہے سو وہ معافی مانگنے لگ گئے

خَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ ۝۲۴ فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ۗ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَ

اپنے رب سے اور گر پڑے رکوع میں ۳۰؎ اور دل و جان سے اسکی طرف متوجہ ہو گئے پس ہم نے بخش دی انکی یہ تقصیر اور بیشک ان کیلئے ہمارے ہاں بڑا قرب ہے اور

کر دیتا ہے۔ البتہ وہ حصہ دار جو اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہوں اور نیک اعمال کے خوگر ہوں وہ اپنے دوسرے حصہ داروں پر جبر نہیں کرتے ان کا حق نہیں چھینتے، بلکہ حق و انصاف اور مروت و اخلاص کے تقاضوں کو ہر قیمت پر پورا کرتے ہیں۔

۲۹؎ لیکن ایسے لوگوں کی تعداد بہت تھوڑی ہے، انہیں انگلیوں پر گنا جا سکتا ہے۔

۳۰؎ یہ فیصلہ سنانے کے بعد معاً حضرت داؤد کو کوئی اپنی بات یاد آگئی اور یہ خیال کیا کہ یہ تو میری آزمائش کی جا رہی ہے، فوراً مغفرت طلب کرنے لگے اور سجدہ میں گر گئے۔ یہاں راکع سے مراد ساجد ہے۔ اور رکوع سجود کے معنی میں اکثر استعمال ہوتا رہتا ہے، جیسے اس شعر میں ہے۔ ؎

فخر علی وجهه راکعا

وتاب الی الله من کل ذنب (روح المعانی)

یعنی وہ سجدہ کرتے ہوئے منہ کے بل گر پڑا اور بارگاہ الٰہی میں ہر گناہ سے توبہ کی۔ اس شعر میں راکعا کا معنی ساجد ہے سجدہ کرنے والا۔

۳۱؎ بیشک داؤد کا مقام ہمارے نزدیک بہت بلند ہے اور ان کے پلٹ کر آنے کی جگہ بہت اعلیٰ و عمدہ ہے۔

آیات کی اس تشریح کے بعد اب ہم اس واقعہ کی تحقیق کرتے ہیں جس کی طرف ابتدا میں اشارہ کیا گیا ہے۔ ضیاء القرآن میں آپ مختلف مقامات پر پڑھ آئے ہیں کہ بنی اسرائیل اپنے انبیاء کرام پر فحش تہمتیں لگانے میں کتنے بیباک تھے ایسی چیزیں جو ایک عام شریف آدمی کی طرف بھی منسوب کرتے ہوئے انسان ہچکچاتا ہے۔ وہ بے دریغ اپنے نبیوں، اپنے محسنوں اور اپنے مشاہیر کی طرف منسوب کر دیتے تھے۔ انہی خرافات میں سے ایک یہ واقعہ بھی ہے جو بائیبل میں بڑی تفصیل سے نمک مرچ لگا کر لکھا گیا۔ جی تو نہیں چاہتا کہ قارئین کے ذوق کو مجروح کیا جائے، لیکن عرض حال کے لیے چند سطور لکھنا ضروری سمجھتا ہوں۔

کتاب ۲ سموئیل باب ۱۱ میں مذکور ہے:

" اور شام کے وقت داؤد اپنے پلنگ پر سے اٹھ کر بادشاہی محل کی چھت پر ٹہلنے لگا اور چھت پر سے اس نے ایک عورت کو دیکھا جو نہا رہی تھی اور وہ عورت نہایت خوبصورت تھی تب داؤد نے لوگ بھیج کر اس عورت کا حال دریافت کیا اور کسی نے کہا کیا وہ الِعام کی بیٹی بت سبع نہیں جو حتی اوریاہ کی بیوی ہے؟ اور داؤد نے لوگ بھیج کر اسے بلا لیا۔ وہ اس کے پاس آئی اور اس نے اس سے صحبت کی۔ پھر وہ اپنے گھر کو چلی گئی اور وہ عورت حاملہ ہو گئی۔ سو اس نے داؤد کے

پاس خبر بھیجی کہ میں حاملہ ہوں۔" آیات : ۲ تا ۵۔

اس سے آگے چل کر وہ لکھتے ہیں کہ حضرت داؤد نے یوآب جو فوج کا کمانڈر تھا کو لکھا کہ جب دشمن سے جنگ شروع ہو تو حتی اوریاہ کو ایسی جگہ پر تعینات کیا جائے کہ اس کا قتل ہو جانا یقینی ہو۔ ملاحظہ ہو :

"صبح کو داؤد نے یوآب کے لیے ایک خط لکھا اور اسے اوریاہ کے ہاتھ بھیجا اور اس نے خط میں یہ لکھا کہ اوریاہ کو گھمسان میں سب سے آگے رکھنا اور تم اس کے پاس سے ہٹ جانا تاکہ وہ مارا جائے اور جان بحق ہو اور یوں ہوا کہ جب یوآب نے اس شہر کا ملاحظہ کر لیا تو اس نے اوریاہ کو ایسی جگہ رکھا جہاں وہ جانتا تھا کہ بہادر مرد ہیں اور اس شہر کے لوگ نکلے اور یوآب سے لڑے اور وہاں داؤد کے خادموں میں سے تھوڑے سے لوگ کام آئے اور حتی اوریاہ بھی مر گیا۔"

کتاب ۲۔ سیموئیل ، باب ۱۱۔ آیت : ۱۴ تا ۱۷

علماء یہود نے اپنی مقدس کتاب میں جو الزام حضرت داؤد پر لگایا۔ اس کو پھر یوں اچھالا کہ زبان زد عام ہو گیا۔ حتی کہ بعض مفسرین نے ان آیات کی تفسیر کرتے ہوئے اس واقعہ کو من وعن ذکر کر دیا۔

حضرت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اس قصہ کے متعلق خوب تحقیق کی ہے اور تحقیق کا حق ادا کر دیا ہے۔ فرماتے ہیں :

"کہ یہاں ایک افسانہ بیان کیا جاتا ہے۔ بعض لوگوں نے تو اس افسانہ کو ایسا رنگ دیا ہے کہ گناہ کبیرہ کی نسبت اللہ تعالیٰ کے جلیل القدر بندے کی طرف ہوتی ہے اور بعض نے اس واقعہ کو اس طرح ذکر کیا ہے کہ گناہ صغیرہ کا ارتکاب لازم آتا ہے۔"

امام رازی فرماتے ہیں : وَالَّذِيْ اَدِيْنُ بِهٖ وَاَذْهَبُ اِلَيْهِ اَنَّ ذٰلِكَ بَاطِلٌ : کہ میرا عقیدہ اور میری تحقیق یہ ہے کہ یہ واقعہ سراسر باطل اور لغو ہے۔ پھر اس کے بطلان پر کئی دلیلیں پیش کی ہیں فرماتے ہیں :

اگر ایسی حرکت فاسق ترین آدمی کی طرف بھی منسوب کی جائے تو وہ بھی اس کو برداشت نہیں کرے گا۔ اور جس بدبخت نے ایسی فحش بات اللہ تعالیٰ کے نبی کی طرف منسوب کی ہے اگر خود اس پر ایسا الزام لگایا جائے تو وہ اپنی کمینگی اور خباثت طبع کے باوجود اس کی پُر زور تردید کرے گا اور بہتان لگانے والے پر لعنت بھیجے گا۔ ایسا گھناؤنا جرم جسے ایک ادنیٰ درجہ کا آدمی اپنے لیے پسند نہیں کرتا، ایک نبی کا دامن عصمت اس سے کب آلودہ ہو سکتا ہے۔ نیز اگر قصہ کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو حضرت داؤد پر دو سنگین جرم ثابت ہوں گے۔ ایک قتلِ بیگناہ (۲) فعل قبیح۔ قرآن میں یہ آیات اس لیے نازل کی گئیں تاکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دلجوئی ہو اور حضرت داؤد کے اسوۂ حسنہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے وہ کفار کی دلآزاری سے کبیدہ خاطر نہ ہوں۔ اگر حضرت داؤد سے یہ حرکت سرزد ہوئی ہوتی تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کے ذکر سے اپنے محبوب کی دلجوئی نہ فرماتا جو اپنی خواہش نفس کے سامنے بے بس ہے اور قتل بیگناہ کے ارتکاب کی جرأت کرتا ہے۔ نیز سابقہ آیات میں حضرت داؤد کو جن صفات عالیہ سے موصوف فرمایا گیا ہے : عبدنا (ہمارا بندہ)، ذاالاید (عبادت وطاعت میں بڑا طاقتور)، اوّاب (ہر وقت رجوع کرنے والا) صاحب فصل الخطاب وغیرہا۔ اگر آپ سے ایسی رذیل حرکت سرزد ہوئی ہوتی تو آپ کو ان اوصاف جمیلہ سے موصوف کرنے کا پھر کوئی مقصد نہ رہتا۔ اور آپ کو عندنا لزلفی اور حسن مآب کی خوشخبری ہرگز

نہ دی جاتی۔ اس لیے آیات کا سیاق وسباق دونوں اس قصہ کی پُرزور تردید کرتے ہیں اور اسے سراپا لغو اور بے ہودہ قرار دیتے ہیں۔ (کبیر)

حضرت سعید بن المسیب سے مروی ہے کہ سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:

"مَنْ حدثکم بحدیث داؤد علی مایرویہ القصاص جلدتہ مائۃ و ستین۔"

ترجمہ: یعنی جو شخص حضرت داؤد کے متعلق ایسی بات کرے جس طرح قصہ گو کیا کرتے ہیں تو میں اسے ایک سو ساٹھ دُرّے لگاؤں گا۔

بعض حضرات نے ان آیات کا پس منظر اس طرح بیان کیا ہے کہ اس زمانے میں یہ عام رواج تھا اور اس میں کوئی قباحت محسوس نہیں کی جاتی تھی کہ اگر کسی کی منکوحہ کی طرف کسی کا میلان ہو جاتا تو وہ اس سے کہتا کہ تم اپنی بیوی کو طلاق دے دو تاکہ میں اس کے ساتھ نکاح کر لوں، چنانچہ بسا اوقات وہ شخص اپنے دوست کی یہ درخواست قبول کر لیتا اور وہ آدمی عدت گزرنے کے بعد اس عورت کے ساتھ نکاح کر لیتا لیکن نبی کی شان بڑی اُونچی ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بات پر تنبیہ فرما دی۔

امام ابوبکر جصاص نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ ابھی اس عورت کی شادی اوریاہ کے ساتھ نہیں ہوئی تھی صرف منگنی طے پائی تھی اور حضرت داؤد نے اس عورت کے گھر والوں سے اس کا رشتہ طلب کیا اور اُنہوں نے وہ رشتہ دے دیا۔ لیکن یہ ساری باتیں قیاس آرائیوں کے بغیر اور کچھ نہیں۔

ان تمام توجیہات کے بعد علامہ رازی فرماتے ہیں کہ مناسب یہ ہے کہ آیات میں مذکورہ اس واقعہ کو اس طرح بیان کیا جائے کہ نہ گناہ کبیرہ کی نسبت آپ کی طرف ثابت ہو اور نہ گناہ صغیرہ کی بلکہ آپ کی مدح وثنا کا پہلو نکلے۔ بنی اسرائیل میں ایک گروہ آپ کا مخالف ہو گیا تھا اور اُنہوں نے آپ کے قتل کرنے کی تدبیریں سوچنا شروع کر دی تھیں۔ آپ ہر تیسرے دن خلوت نشین ہو کر اللہ تعالیٰ کے ذکر اور عبادت میں مشغول ہو جایا کرتے تھے۔ اُنہوں نے اس موقع کو غنیمت جانا اور دیوار پھاند کر اندر آ گئے تاکہ تنہائی میں آپ کا کام تمام کر دیں اور پہرے داروں کو بھی اس کا پتہ نہ چلے۔ جب وہ آپ کے حجرہ میں پہنچے تو وہاں بہت سے آدمی موجود تھے۔ جن کی وجہ سے وہ اپنے منصوبہ کو عملی جامہ نہ پہنا سکے اور اپنے آنے کی ایک بھونڈی اور مَن گھڑت وجہ بیان کر دی کہ ہم تو آپ سے ایک مقدمہ کا فیصلہ کرانے کے لیے آئے۔ دروازہ بند پایا۔ پہرہ داروں نے اندر آنے کی اجازت نہ دی۔ اس لیے مجبوراً ہم دیوار کو پھاند کر اندر آ گئے۔ آپ ان کی بدنیتی پر آگاہ ہو گئے پہلے تو آپ کو بڑا غصہ آیا اور ان سے انتقام لینے کا ارادہ کیا، لیکن بعد میں عفو ودرگزر سے کام لیتے ہوئے انہیں معاف کر دیا اور استغفار اس لیے مانگی کہ ان کے دل میں اپنی ذات کے متعلق انتقام لینے کا خیال ہی پیدا کیوں ہوا۔ علامہ رازی آخر میں فرماتے ہیں: وھکان قولنا اولی بھذا اما عندنا فی ھذا الباب۔ واللّٰہ اعلم باسرار کلامہ۔ (کبیر) یعنی ہماری یہ توجیہ سب اقوال سے بہتر ہے اور اس ضمن میں ہماری یہی تحقیق ہے اللہ تعالیٰ اپنی کتاب کے اسرار ورموز کو بہتر جانتا ہے۔

علامہ ابوحیان اُندلسی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر البحر المحیط میں اپنی تحقیق کا خلاصہ تحریر فرمایا ہے۔ اس کا ترجمہ بھی ہدیۂ ناظرین ہے۔

"ہماری تحقیق یہ ہے کہ دیوار کو پھاند کر محراب میں آنے والے انسان تھے۔ وہ ایسے راستے سے داخل ہوئے تھے، جو داخل ہونے کا راستہ نہ تھا۔ اور ایسے وقت آئے تھے جو آپ کی عدالت کا وقت نہ تھا۔ آپ کو اندیشہ ہوا کہ کہیں وہ مجھے قتل نہ کر دیں لیکن جب واضح ہو گیا کہ یہ دونوں تو کسی مقدمہ کا فیصلہ کرانے کے لیے آئے تھے جس طرح اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے تو حضرت داؤد کو پتہ چل گیا کہ یہ سارا واقعہ یعنی ان لوگوں کا بے وقت آ دھمکنا اور غیر معروف راہ سے آنا اور آپ کا ان کے بارے میں یہ خیال کرنا کہ یہ قتل کے ارادہ سے آئے ہیں اور اس وجہ سے آپ کا گھبرا جانا، یہ سب آزمائش ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس سے آزمانا چاہا ہے اور ان کے بارے میں ان کا سوءِ ظن کرنا آپ کی شانِ نبوت سے فروتر ہے۔ اس لیے آپ مغفرت طلب کرنے لگے۔ آخر میں علامہ مذکور لکھتے ہیں:

ونعلم قطعاً ان الانبیاء علیہم السلام معصومون من الخطایا لایمکن وقوعہم فی شیٔ منہا ضرورۃ انا لوجوّزنا علیہم شیئاً من ذلک بطلت الشرائع ولم یوثق بشیٔ مما یذکرون انہ وحی من اللہ تعالیٰ فما حکی اللہ تعالیٰ فی کتابہ یمر علی ما ارادہ اللہ وما حکی القصاص مما فیہ نقص لمنصب الرسالۃ طرحناہ ونحن کما قال الشاعر:

وَنُؤثِرُ حُکْمَ العقل فی کل شبہۃ   اذا آثر الاَخْبارَ جُلّاسُ قُصّاص

یعنی ہمارا پختہ یقین ہے کہ انبیاء علیہم السلام گناہ اور خطا سے معصوم ہوتے ہیں۔ ان سے ایسے امور قطعاً سرزد نہیں ہو سکتے۔ اگر ایسا ہوتا تو شرعی احکام پر اعتماد باقی نہ رہتا اور انبیاء کے فرمودات سے اعتبار اٹھ جاتا۔ قصہ گو لوگوں نے منصبِ نبوت کے منافی جو کہانیاں گھڑلی ہیں ہم ان کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا کرتے ہیں۔ ہمارا مسلک تو وہ ہے جو شاعر نے اس شعر میں بیان کیا ہے۔ کہتا ہے:

"جس بارے میں شک وشبہ ہو وہاں ہم عقل کا فیصلہ مانتے ہیں جبکہ قصہ گوؤں کے ہم نشین حکایتوں اور کہانیوں کو ترجیح دیتے ہیں۔"

شیخ اکبر حضرت ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں خوب لکھا ہے:

واعظوں کو چاہیے کہ وہ اپنے وعظوں میں غلط قصے اور جھوٹی کہانیاں بیان نہ کیا کریں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ بندہ جب جھوٹ بولتا ہے تو اس کی بدبو کے باعث فرشتے اس سے تیس میل دور بھاگ جاتے ہیں اور اس آدمی کو بہت برا جانتے ہیں۔ جب واعظ یہ جانتا ہے کہ فرشتے مجلسِ وعظ میں حاضر ہوتے ہیں تو اس پر لازم ہے کہ وہ سچ بولنے کی پوری کوشش کرے۔

پھر فرماتے ہیں:

ولا یتعرض لما ذکرہ المؤرخون عن الیہود من زلات من اثنی اللہ علیہم واجتباہم ویجعل ذلک تفسیر الکتاب اللہ۔ (فتوحات مکیہ، جلد دوم، صفحہ ۲۵۶، مطبوعہ مصر)

حُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۲۵﴾ یٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِیْفَةً فِی الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَیْنَ

اور خوبصورت انجام ہے۔ اے داؤد ہم نے مقرر کیا ہے آپ کو (اپنا) نائب زمین میں ۳۲؎ پس فیصلہ کیا کرو لوگوں

واعظ پر فرض ہے کہ ایسی باتوں سے کلیۃً اجتناب کرے جو مؤرخین نے بلا تحقیق یہودیوں سے نقل کی ہیں جن میں ان مقدس ہستیوں کی لغزشوں کا بیان ہوتا ہے جن کی اللہ تعالیٰ نے ثناء و توصیف فرمائی ہے اور انہیں دوسرے لوگوں سے چن لیا ہے اور پھر ان لغویات کے بارے میں کہے کہ وہ قرآن کی تفسیر بیان کر رہا ہے۔

اُمید ہے ان سطور کے مطالعہ سے حقیقت حال واضح ہو گئی ہوگی۔ اور قارئین کے ذہن سے وہ بوجھ اتر گیا ہوگا، جو داستاں سرائی کرنے والے لوگوں کی تحریر پڑھنے اور تقریر سننے کے بعد ہر سلیم الطبع انسان محسوس کرنے لگتا ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم باسرار کتابہ وحبیبہ الاکرم اعرف بحقائق آیات ربہ۔

۳۲؎ حضرت داؤد علیہ السلام کو بتایا جا رہا ہے کہ تم کسی شاہی خاندان کے فرد نہیں ہو کہ تمہیں یہ حکومت اور تخت ورثہ میں ملا ہو۔ تم ایک غیر معروف چرواہے تھے۔ ہم نے اپنے فضل و کرم سے آپ کے لیے یہ راہ ہموار کی اور اپنی مہربانی سے بنی اسرائیل کا تاجدار بنا دیا اور وسیع و عریض سلطنت مرحمت فرما دی اور مسند خلافت پر متمکن کر دیا۔ اس احسان کا شکر ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر فیصلہ عدل و انصاف کے مطابق کرو اور اپنی پسند و ناپسند کو اپنے فیصلوں پر کسی طرح اثر انداز نہ ہونے دو۔ اگر تم نے خواہش نفس پر انصاف کو قربان کیا تو یاد رکھنا اللہ تعالیٰ کی راہ سے بھٹک جاؤ گے۔ اس کی توفیق کا دامن تمہارے ہاتھ سے چھوٹ جائے گا۔ اور جو شخص راہ حق سے بھٹک جاتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے سخت عذاب میں مبتلا کر دیا جاتا ہے۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت کے ضمن میں جو تحریر فرمایا ہے وہ پیش خدمت ہے:

ایک روز حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرات طلحہ، زبیر، کعب اور سلمان رضی اللہ عنہم سے پوچھا: ما الخلیفة من الملک؟ یعنی خلیفہ اور بادشاہ میں کیا فرق ہے۔ حضرات طلحہ اور زبیر نے کہا کہ ہم نہیں جانتے۔ حضرت سلمان نے عرض کیا: الخلیفة الذی یعدل فی الرعیة ویقسم بینہم بالسویة ویشفق علیہم شفقة الرجل علی اھلہ ویقضی بکتاب اللہ۔

یعنی خلیفہ وہ ہے جو رعیت میں عدل کرتا ہے۔ ان میں مال مساوی طور پر تقسیم کرتا ہے اور وہ اپنی رعایا پر یوں مہربان اور شفیق ہوتا ہے جس طرح کوئی شخص اپنے اہل و عیال پر شفیق ہوتا ہے اور اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلے کرتا ہے۔

سلیمان بن عوجاء سے مروی ہے کہ ایک روز حضرت فاروق رضی اللہ عنہ نے حاضرین سے دریافت کیا ہے ما ادری اخلیفة انا ام ملک"۔ میں نہیں جانتا میں کیا ہوں۔ خلیفہ ہوں یا بادشاہ۔

ایک شخص کہنے لگا اے امیر المومنین دونوں میں بڑا فرق ہے۔ آپ نے فرمایا کیا فرق ہے؟ قال الخلیفة لا یاخذ الا حقا ولا یضعہ الا فی حق وانت بحمد اللہ کذلک والملک یعسف الناس فیاخذ من ھذا ویعطی ھذا، فسکت عمر۔

اس نے کہا خلیفہ وہ ہے جو لیتا ہے تو حق و انصاف سے اور خرچ کرتا ہے تو صحیح جگہ پر اور اللہ کے فضل و کرم سے آپ ایسا

النَّاسِ بِالۡحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الۡهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ

کے درمیان انصاف کے ساتھ اور نہ پیروی کیا کرو ہوائے نفس کی وہ بہکا دے گی تمہیں راہِ خدا سے ۔ بیشک

الَّذِيۡنَ يَضِلُّوۡنَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ لَهُمۡ عَذَابٌ شَدِيۡدٌۢ بِمَا نَسُوۡا يَوۡمَ

جو لوگ بھٹک جاتے ہیں راہِ خدا سے ان کے لیے سخت عذاب ہے اس لیے کہ انہوں نے بھلا دیا تھا

الۡحِسَابِ ﴿۲۶﴾ وَمَا خَلَقۡنَا السَّمَآءَ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ ظَنُّ

یومِ حساب کو ۳۳؎ اور نہیں پیدا کیا ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے بے فائدہ ۳۴؎ یہ تو کفار کا

ہی کیا کرتے ہیں اور بادشاہ وہ ہوتا ہے جو لوگوں پر جور و ستم کرتا ہے۔ اس سے لیتا ہے اس کو دیتا ہے۔ یہ سن کر حضرت فاروق خاموش ہو گئے۔ (حاشیہ تفسیر مظہری)

سربراہِ مملکت کے لیے اسلام نے بادشاہ، سلطان، چیئرمین وغیرہ کلمات پسند نہیں کیے کیونکہ ان میں خودسری اور انانیت کی بو آتی ہے بلکہ خلیفہ کا لفظ تجویز کیا ہے جس کا معنی خودسر اور مختار کا نہیں بلکہ نائب اور قائم مقام ہے۔ یہ لفظ ہی بتا رہا ہے کہ مملکتِ اسلامیہ کا سربراہ اپنے رب کا نائب ہے اور نائب کا کام اپنے آقا کے احکام کی تعمیل کرنا ہے اور اس کے ارشادات کے مطابق اس کے دیے ہوئے اختیارات کو استعمال کرنا ہے۔ یہ وہ فرق ہے جو دنیا کے دیگر نظاموں اور اسلام کے نظامِ سیاست میں بنیادی اہمیت کا مالک ہے۔

۳۳؎ قرآنِ کریم نے یہاں خلیفہ کی ذمہ داریوں کو بڑے مؤثر پیرائے میں بیان کر دیا کہ اس کا فرضِ اولین یہ ہے کہ وہ عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا کرے۔ فیصلہ کرتے وقت کوئی خارجی چیز، سفارش، رشوت، کوئی طمع، کوئی خوف حتیٰ کہ اپنے ذاتی مفاد کو بھی اس پر اثر انداز نہ ہونے دے۔ جو حاکم ایسا نہیں کرتا گویا اس نے روزِ جزا کو فراموش کر دیا۔ قیامت کے دن پر اس کا ایمان نہ رہا۔ زبان سے وہ ہزار دعوے کرے کہ وہ وقوعِ قیامت پر ایمان رکھتا ہے لیکن اگر وہ فیصلہ کرتے وقت میزانِ عدل کو برابر نہیں رکھتا تو اس کو یہ دعویٰ کرنے کا قطعاً کوئی حق نہیں اور جو لوگ قیامت پر یقین نہیں رکھتے یا اُسے فراموش کر دیتے ہیں ان کے لیے عذابِ شدید ہے۔

اللهم انا نعوذ بك ان نضل عن سبيلك ونعوذ بك من عذاب القبر وعذاب الحشر وعذاب النار۔

۳۴؎ کفار اور ملحد لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ زندگی بس یہی دنیوی زندگی ہے۔ اس میں خوب عیش و عشرت کر لو۔ خوب مزے اڑاؤ۔ دولت کماؤ جتنی کما سکتے ہو۔ حلال و حرام کے چکر میں نہ پڑو۔ یہ تو مُلّاؤں کی من گھڑت باتیں ہیں۔ جاہ و منصب حاصل کرنے کے لیے کسی کی حق تلفی ہوتی ہے تو ہونے دو۔ مکر و فریب کی ضرورت پڑے تو ہرگز نہ گھبراؤ۔ قیامت کس نے دیکھی ہے۔ ہزارہا سال سے یہ صوفی لوگ قیامت کی دھمکیاں دیتے چلے آ رہے ہیں۔ ان کی باتوں میں آکر اپنی زندگی کا لطف برباد نہ کرو۔

اللہ تعالیٰ ان کے اس مغالطہ کا رد فرماتے ہیں کہ اگر تمہاری باتیں درست ہوں تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ زمین و آسمان کا یہ سارا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿٢٧﴾ اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ

گمان ہے پس بربادی ہے کفار کے لیے آگ (کے عذاب) سے۔ کیا ہم بنا دیں گے انہیں جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۫ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ

ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے، ان لوگوں کی مانند جو فساد برپا کرتے ہیں زمین میں۔ یا ہم بنا دیں گے پرہیزگاروں کو

كَالْفُجَّارِ ﴿٢٨﴾ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا

فاجروں کی طرح۔ یہ کتاب ہے جو ہم نے اتاری ہے آپ کی طرف، بڑی بابرکت، تاکہ وہ تدبر کریں اس کی آیتوں میں اور تاکہ

الْاَلْبَابِ ﴿٢٩﴾ وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿٣٠﴾ اِذْ

نصیحت پکڑیں عقلمند۔ اور ہم نے عطا فرمایا داؤد کو سلیمان (جیسا فرزند) ۳۵ بڑی خوبیوں والا بندہ، بہت رجوع کرنے والا۔ جب

عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿٣١﴾ فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ

پیش کیے گئے آپ پر سہ پہر کو تین پاؤں پر کھڑے ہونے والے تیز رفتار گھوڑے ۳۶ تو آپ نے کہا مجھے ان گھوڑوں کی محبت

نظام عبث اور بے مقصد ہے۔ ایک نیکوکار مومن اور ایک مفسد کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔ متقی اور پرہیزگار اور فاسق و فاجر یکساں ہیں۔ سن لو! اس کائنات کے خالق ہم ہیں اور ہم نے کوئی چیز بھی عبث اور بے مقصد پیدا نہیں کی۔ ہم علیم بھی ہیں حکیم بھی۔ ہمارا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں۔ قیامت آئے گی اور ضرور آئے گی۔ اس روز متقی اور پرہیزگار ہمارے انعامات سے مالا مال ہوں گے اور فاسق و فاجر ذلیل و رسوا ہوں گے۔ حق کا بول بالا ہوگا اور ہر قسم کی غلط فہمیاں دور ہو جائیں گی۔

۳۵ے حضرت داؤد علیہ السلام پر جو بے اندازہ انعامات فرمائے گئے تھے۔ ان کے ذکر کے بعد اب ایک خصوصی لطف و کرم کا بیان ہو رہا ہے۔ وہ یہ کہ آپ کو حضرت سلیمان جیسا باکمال، بلند اقبال فرزند عطا فرمایا جسے بارگاہِ ربِ ذوالجلال سے نعم العبد اور اوّاب کے معزز القاب ارزانی ہوئے۔

۳۶ے حضرت سلیمان علیہ السلام کی عظمت و کمال کا ایک پہلو اس آیت میں ذکر کیا جا رہا ہے پہلے اس آیت کے مشکل الفاظ کی تشریح کی جاتی ہے۔ اس کے بعد اس کا مطلب اور اس بارے میں مفسرین کے اقوال پیش کیے جائیں گے۔

ظہر سے لے کر طلوع صبح تک کے وقت کو "عشی" کہتے ہیں۔ الصافنات: اس کا واحد الصافن وہ گھوڑا جو تین قدموں پر کھڑا ہوتا ہے اور چوتھے قدم کے سم کا کنارہ زمین پر ٹیکتا ہے۔ وھی من الصفات المحمودۃ من الخیل۔ آ گھوڑے

کی خوبیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ جیاد ج جواد کی، تیز رفتار، برق رفتار گھوڑا۔ وھوالذی یسرع فی جریہ۔ توارت: چھپ جانا، اوجھل ہو جانا۔ حجاب: پردہ۔ سُوق ج ساق کی: پنڈلی۔ اَعناق ج عنق: گردن۔

اس آیت کا ایک مفہوم تو یہ بتایا گیا ہے کہ حضرت سلیمان کے سامنے آپ کے شاہی اصطبل کے گھوڑے پیش کیے جانے لگے۔ آپ بیٹھے ہوئے ان کو ملاحظہ فرماتے رہے اور اس طرح محو ہو گئے کہ سورج ڈوب گیا، عصر کی نماز یا اس وقت کا مقررہ وظیفہ فوت ہو گیا۔ جب تاریکی چھا گئی تو آپ کو خبر ہوئی کہ میں گھوڑوں کے دیکھنے میں یوں محو رہا کہ عبادت سے غفلت ہو گئی۔ گھوڑے جو اس غفلت کا باعث بنے تھے انہیں پھر واپس بلوایا اور تلوار سے ان کی گردنیں اور ٹانگیں کاٹ ڈالیں۔ اس صورت میں آیت کا ترجمہ یہ ہو گا کہ میں نے ترجیح دی ہے مال کی محبت کو اپنے رب کے ذکر پر۔ توارت کی ضمیر کا مرجع سورج ہو گا۔ حجاب سے مراد افق مغرب۔ طفق مسحاً کا مفہوم تلوار پھیرنا یعنی تلوار سے کاٹتے چلے جانا۔

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اس تاویل کو سخت ناپسند کیا ہے اور ان لوگوں پر اپنی انتہائی برہمی کا اظہار کیا ہے جنہوں نے آیت کی یہ تاویل کی۔ آپ فرماتے ہیں کہ آیت کا واضح مفہوم یہ ہے کہ اپنے والد ماجد حضرت داؤد کے بعد آپ مسند خلافت پر متمکن ہوئے۔ کفار سے جہاد کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہتا۔ اس لیے آپ کو گھوڑوں سے بڑی محبت تھی جن پر سوار ہو کر مجاہدین دشمنان دین سے جنگ لڑا کرتے تھے۔ آپ گاہے گاہے جہاد کے لیے تیار کیے جانے والے گھوڑوں کا خود معائنہ فرماتے۔ ایک روز آپ نے شاہی اصطبل کے داروغوں کو گھوڑے پیش کرنے کا حکم دیا۔ یکے بعد دیگرے گھوڑے آپ کے سامنے سے گزرتے رہے۔ آپ ان کو صحت مند اور چاق و چوبند دیکھ کر بہت خوش ہوتے اور فرماتے: انی احببت حب الخیر عن ذکر ربی کہ مجھے ان گھوڑوں سے محض اس لیے محبت اور پیار ہے کہ یہ راہ خدا میں جہاد کرنے کا ذریعہ ہیں۔ ان کی وجہ سے دین کو شوکت حاصل ہوتی ہے۔ میں ان سے اس لیے ہرگز محبت نہیں کرتا کہ یہ خوبصورت ہیں یا بہت قیمتی ہیں۔ میری ان سے یہ محبت محض رضائے الٰہی کے لیے ہے۔

آپ کے سامنے سے گھوڑوں کے گزرنے کا سلسلہ جاری رہا، یہاں تک کہ سب گھوڑے آپ کے ملاحظہ فرمانے کے بعد اپنے تھانوں پر پہنچ گئے۔ آپ نے پھر حکم دیا کہ ان گھوڑوں کو میرے سامنے دوبارہ پیش کرو۔ اب جب گھوڑے پیش ہونے شروع ہوئے تو آپ ہر گھوڑے کی گردن پر بھی پیار سے ہاتھ پھیرتے اور اس کی پنڈلیوں کو بھی ٹٹولتے۔ اس سے گھوڑوں کے ساتھ آپ کی محبت کا اظہار ہوتا ہے۔ نیز کیونکہ گھوڑوں کی بیماریوں کے بھی آپ ماہر تھے۔ ٹانگیں ٹٹولتے ہوئے یہ بھی خیال رکھتے کہ کسی گھوڑے میں کوئی نقص تو نہیں۔ نیز خلیفۂ وقت ہو کر خود یہ کام کرنا آپ کی عظمت اور فرض شناسی پر بھی دلالت کرتا ہے کہ امور جہانبانی امور تھے تو دوسروں کے سپرد ہی نہیں کر دیتے تھے بلکہ خود ہر چیز پر توجہ کرتے تھے۔

امام رازی اپنی اس توجیہ کی صحت ثابت کرنے کے لیے فرماتے ہیں کہ یہاں حضرت سلیمان کا ذکر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تسلی دینے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ اس مقام کا تقاضا یہ ہے کہ یہاں آپ کے فضائل و کمالات کا ذکر کیا جائے تاکہ حضور کو اطمینان حاصل ہو اور اس واقعہ کو یہاں بیان کرنے کا مقصد پورا ہو۔ اگر اس واقعہ کو اس طرح بیان کیا جائے کہ آپ ذرا سی بات پر غفلت کا شکار ہو گئے اور فریضہ عبادت کو ترک کر بیٹھے پھر سینکڑوں اصیل گھوڑوں کو مار ڈالا تو اس سے وہ مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے جس کے لیے

الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ۝ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ۭ فَطَفِقَ

پسند آئی ہے اپنے رب کی یاد کے لیے (پھر انہیں چلانے کا حکم دیا) یہاں تک کہ چھپ گئے پردہ کے پیچھے (حکم دیا) واپس لاؤ انہیں میرے پاس۔

مَسْحًاۢ بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى

تو ہاتھ پھیرنے لگے ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر۔ اور ہم نے فتنہ میں ڈالا سلیمان (علیہ السلام) کو اور ڈال دیا ان کے

كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا

تخت پر ایک بے جان جسم ۳۴ پھر وہ (ہماری طرف) متوجہ ہوئے۔ عرض کی میرے رب! مجھے معاف فرما دے اور عطا فرما مجھے

یہ قصہ بیان کیا گیا ہے۔ (تفسیر کبیر)

جن لوگوں نے پہلے قول کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے لَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ سے استدلال کیا ہے کہ فتنہ میں مبتلا کرنے کا یہی مطلب ہے کہ ان سے کوئی فروگذاشت سرزد ہوگئی جس کی وجہ سے وہ آزمائش میں مبتلا کر دیے گئے۔ شیخ اکبر قدس سرہ فرماتے ہیں کہ اس تکلف کی قطعاً ضرورت نہیں آزمائش اتنی تھی کہ حضرت سلیمان علیہ السلام ان گھوڑوں سے کیوں محبت کرتے ہیں؟ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے یا اس لیے کہ گھوڑے بڑے قیمتی اور خوبصورت ہیں۔ آپ نے فرما دیا۔ انی احببت الآیۃ یعنی میں گھوڑوں سے اس لیے محبت کرتا ہوں کہ ان کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ کا ذکر بلند ہوگا۔ مجاہد ان پر سوار ہو کر اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے کفار سے جہاد کریں گے۔ حق کو غلبہ ہوگا اور حق کا پرچم اونچا لہرائے گا۔

۳۴ یہاں بھی علماء یہود اور تاریخ بنی اسرائیل کی سند سے ایسی چیزیں نقل کر دی گئی ہیں جن کی تردید کرنے کی نیت سے بھی نقل کرنا طبع سلیم کو گوارا نہیں۔ جن لوگوں کو شانِ نبوت اور مقامِ سلیمانی کا ادنیٰ سا بھی علم ہے وہ ان خرافات کی تصدیق نہیں کر سکتے۔ علامہ ابن حیان کہتے ہیں: ان ھذہ المقالۃ من اوضاع الیھود و زنادقۃ السوفسطائیۃ (بحر) یہ روایت یہودیوں اور زندیقوں کی وضع کردہ ہے۔ علامہ ابن کثیر، امام رازی، علامہ آلوسی اور دیگر محققین نے شدومد سے اس کی تکذیب اور تردید کی ہے۔

ان آیات کی توجیہ بیان کرتے ہوئے امام رازی فرماتے ہیں کہ آپ کسی بیماری میں مبتلا ہوگئے۔ بیماری اتنی شدید اور اس کا عرصہ اتنا طویل تھا کہ آپ کا کڑیل جسم ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ گیا۔ وہ عظیم شاہی تخت جس پر آپ جب بیٹھتے تھے تو آپ کے رعب و جلال کی وجہ سے جن و انس پر لرزہ طاری ہو جاتا تھا اب ضعف اور نقاہت کے باعث جسم بہت لاغر ہو گیا تھا تخت پر جب تشریف رکھتے تو ایسا معلوم ہوتا کہ ایک بے روح اور بے جان جسم ہے جو کسی نے اٹھا کر کرسی پر ڈال دیا ہے۔ آپ نے بارگاہ الٰہی میں بڑے عجز و نیاز سے اپنی صحت کے لیے دعا کی جو قبول ہوئی۔ آپ بالکل صحت یاب ہوگئے اور جہانبانی کے فرائض پہلے کی طرح بڑی شان و شوکت سے انجام دینے لگے۔

يَنۢبَغِىْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِىْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ

ایسی حکومت جو کسی کو میسر نہ ہو میرے بعد ۳۸ بیشک تو ہی بے اندازہ عطا کرنے والا ہے ۳۹ پس ہم نے ہوا کو آپکے زیر فرمان کر

تَجْرِىْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّ

دیا چلتی تھی آپ کے حسب حکم آرام سے ۴۰ جدھر آپ جاتے۔ اور سب دیو بھی ماتحت کر دیے کوئی معمار اور

غَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِى الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ

کوئی غوطہ خور۔ اور ان کے علاوہ (جو سرکش تھے) باندھ دیئے گئے زنجیروں میں۔ (اے سلیمان!) یہ ہماری عطا ہے

۳۸ پہلے مغفرت کے لیے التجا کی۔ اس کے بعد ملک و حکومت بخشے جانے کا سوال کیا۔ ہر شخص کا سوال اپنے ظرف کے مطابق ہوا کرتا ہے نیز جس سے سوال کر رہا ہے اس کی قدرت و اختیار اور جود و عطا کو بھی پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ یہاں مانگنے والے حضرت سلیمان ہیں اور جس سے مانگ رہے ہیں وہ رب العالمین ہے، وہ اکرم الاکرمین ہے۔ اس سے بڑا صاحب قدرت و اختیار بھی کوئی نہیں اور اس جیسا سخی اور کریم بھی کوئی نہیں۔ حضرت علامہ پانی پتی فرماتے ہیں کہ اس سے کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ حضرت سلیمان کا مرتبہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بڑا ہے۔ حضور نے اپنی مرضی سے نبی ملک (بادشاہ نبی) بننے کے بجائے نبی عبد بننا پسند فرمایا۔ وکان النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نافذ الحکم علے الجن والانس۔

تَأْتِي بِدَعْوَتِهِ الْأَشْجَارُ سَاجِدَةً تَمْشِي إِلَيْهِ عَلَى سَاقٍ بِلَا قَدَمِ

یعنی حضور کریم کا حکم ہر جن وانس پر نافذ ہے۔ صاحب قصیدہ بردہ کہتے ہیں کہ حضور جب درختوں کو اشارہ کرتے ہیں تو وہ سجدہ کرتے ہوئے قدموں کے بغیر اپنے تنے کے سہارے خدمت اقدس میں حاضر ہوتے ہیں اور یہی حال خلفاء راشدین کا تھا جنہوں نے خلافت اور فقر دونوں کو جمع کیا اور تمام فضائل کے جامع بنے (مظہری)۔ صاحب روح البیان نے یہاں بڑی پیاری رباعی لکھی۔

در بزم احتشام تو سیارہ ہفت جام در مطبخ نوال تو افلاک نہ طبق

ہر خطبۂ کمال بنام تو شد ازل کس تا ابد ز لوح نمی خواندہ ایں سبق (روح البیان)

۳۹ تو جس کو چاہتا ہے جتنا چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔ تیرے دست سخا کو کوئی روکنے والا نہیں۔ جو ذات پاک بخشش اور سخاوت میں وہاب کی صفت سے موصوف ہو وہ اپنے محبوب بندوں کے دامن طلب کو جن لازوال نعمتوں سے بھرتا ہے اس کا کون اندازہ کر سکتا ہے۔

۴۰ کرۂ ہوائی کو آپ کے زیر فرمان کر دیا۔ ہواؤں کی رفتار آپ کے اختیار میں دے دی۔ شیطانوں کو آپ کا ماتحت کر دیا۔ ان میں سے کئی فن تعمیر میں ید طولیٰ رکھتے تھے اور کئی سمندروں کی گہرائیوں میں غوطہ لگا کر طرح طرح کے قیمتی موتی نکالنے کے فن میں ماہر تھے۔ ان میں سے ہر ایک کو آپ کے حکم کی زنجیروں میں جکڑ دیا۔ آپ کے اذن کے بغیر نہ وہ کہیں جا سکتے اور نہ کچھ کر سکتے۔

اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَ اِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَ حُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾

(کسی کو بخش کر احسان کرو) یا اپنے پاس رکھو ۳۱؎ تم سے کوئی بازپرس نہ ہوگی اور بیشک انہیں ہمارے ہاں بڑا قرب حاصل ہے اور خوبصورت انجام ۴۲؎

۴۱؎ یہ نعمتیں عطا فرمانے کے بعد ہر چیز کو اپنی مرضی سے خرچ کرنے نہ کرنے کا اختیار بھی دے دیا۔ بغیر حساب کہہ کر اس خدشہ کو بھی دور کر دیا کہ تم جس طرح چاہو استعمال کرو تم سے اس کے بارے میں بازپرس تک نہ کی جائے گی۔ فاعط من شئت او امسك عمن شئت بغير حساب اى غير محاسب على منه و امساكه لتفويض التصرف فيه اليه۔ یعنی جس کو چاہیں آپ دیں اور جس کو چاہیں آپ نہ دیں۔ آپ سے اس معاملہ میں کوئی بازپرس نہ ہوگی کیونکہ ان میں تصرف کرنے کا اختیار آپ کے سپرد کر دیا گیا۔ (مظہری)

علامہ آلوسی فرماتے ہیں: انه مفوض اليه تفويضا كليا۔ کہ یہ نعمتیں کلی طور پر ان کے حوالے کر دی گئی ہیں۔ (روح معانی)

صاحب روح البیان لکھتے ہیں۔ هذا عطاؤنا يشير الى ان للانبياء بتائيد الفيض الالهى ولاية افاضة الفيض على من هو اهله عند استفاضته ولهم امساك الفيض عند عدم الاستفاضة من غير اهله (روح البیان)

ترجمہ: قرآن کریم کے یہ الفاظ هذا عطاؤنا اس حقیقت کی طرف اشارہ کر رہے ہیں کہ انبیاء کرام کو فیض خداوندی کی تائید سے یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ جس طالب فیض پر جتنا چاہیں لطف و کرم فرما سکتے ہیں اور اپنے فیضانِ کرم سے اسے مالا مال کر سکتے ہیں اور جو نا اہل ہو اس کو فیضان سے محروم کر سکتے ہیں۔

علامہ عثمانی یہاں رقمطراز ہیں:

"یعنی کسی کو بخش دو یا نہ دو تم مختار ہو۔ اس قدر بے حساب دیا اور حساب و کتاب کا مؤاخذہ بھی نہیں رکھا۔ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ یہ اور مہربانی کی کہ اتنی دنیا دی اور مختار کر دیا حساب معاف کر کے لیکن وہ کھاتے تھے اپنے ہاتھ کی محنت ٹوکرے بنا کر"۔ حاشیہ عثمانی۔

جب حضرت سلیمان علیہ السلام پر یہ کرم ہے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو جو سرمدی نعمتیں اور طرح طرح کے بیشمار خزانے عطا فرمائے ہیں ان میں اللہ تعالیٰ کے اذن سے کیا حضور مختار نہیں ہوں گے یہ کتنی بڑی جسارت ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شانِ رفیع گھٹانے کے لیے اور خداداد اختیارات کا انکار کرنے کے جوش میں واضح آیات سے بھی اغماض کر لیا جاتا ہے اور آنکھیں بند کر لی جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کور باطنی سے بچائے۔

۴۲؎ صرف یہ ملک و سلطنت اور ان میں ہر طرح کے تصرف کے اختیارات دینے پر ہی بس نہیں۔ بلکہ یہ مژدہ بھی سنایا کہ انہیں ہماری بارگاہِ عزت میں بڑا قرب حاصل ہے اور انہیں حسن مآب کی خوشخبری بھی دے دی یعنی ان کا انجام بھی بہت اچھا ہوگا۔ جب حضرت سلیمان علیہ السلام کو حسن انجام کی بشارت سے نوازا گیا تو جو لوگ یہ کہتے ہوئے نہیں شرماتے کہ حضور فخر کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات کو اپنے انجام کے بارے میں خبر نہ تھی۔ ان کے متعلق آپ خود ہی فیصلہ کر لیں۔

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ

اور یاد فرمائیے ہمارے بندے ایوب کو ۴۳؎ جب انھوں نے پکارا اپنے رب کو (الٰہی!) پہنچائی ہے مجھے شیطان نے بہت تکلیف

وَّعَذَابٍ ۝۴۱ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ۝۴۲ وَ

اور دکھ ۴۴؎ (حکم ہوا) اپنا پاؤں (زمین پر) مارو۔ یہ نہانے کے لیے ٹھنڈا پانی ہے اور پینے کے لیے ۴۵؎ اور

وَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ۝۴۳

ہم نے عطا فرمایا انہیں ان کا اہل وعیال اور ان کی مانند اور ان کے ساتھ بطورِ رحمت اپنی جناب سے اور بطورِ نصیحت اہلِ عقل کے لیے ۴۶؎

۴۳؎ حضرت داؤد اور سلیمان علیہما السلام کو سلطنت، خزانے، ظاہری اور باطنی نعمتیں اور وسیع اختیارات دے کر آزمایا گیا تھا اب اپنے اس بندے کا ذکر فرمایا جا رہا ہے جسے تکلیف ومصائب نے گھیر لیا۔ ان کا سارا جسم پھوڑوں سے بھر گیا۔ بچے بچیاں عالمِ شباب میں لقمۂ اجل بن گئے۔ کھیت اور باغات برباد ہو گئے۔ اپنوں نے آنکھیں پھیر لیں۔ غرضیکہ ہر قسم کے رنج وآلام کی انتہا ہو گئی۔ لیکن اس کے باوجود اپنے رب سے گلہ ہے اور نہ کسی سے کوئی شکایت۔ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑ رکھا ہے اور غم واندوہ کے سمندر میں اپنی زندگی کا سفینہ لیے جا رہے ہیں۔ آپ کی اسی ادا نے رحمتِ خداوندی کو اپنی طرف مائل کر لیا۔ کس محبت بھرے انداز سے ان کے ذکر کا آغاز ہو رہا ہے۔ اذکر عبدنا ایوب ؛ اے میرے محبوب! ہمارے بندے ایوب کو یاد کرو۔ اہلِ محبت حسنِ ازل کی ایسی ہی ایک نگاہِ لطف کے لیے اپنا سب کچھ لٹا دیتے ہیں اور لٹا کر پھولے نہیں سماتے۔

۴۴؎ اگرچہ تکلیف اور مسرت، مرض اور صحت سب کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے لیکن ادب کا تقاضا یہ ہے کہ اچھی چیزوں کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی جائے اور تکلیف دہ امور کی نسبت اپنی طرف یا شیطان کی طرف کی جائے۔ حضرت خلیل ؑ نے بھی تو اسی طرح عرض کی تھی۔ واذا مرضتُ فهو يشفين کہ جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ مجھے شفا بخشتا ہے۔ نُصب: مشقت اور تکلیف۔ اس سے مراد جسمانی بیماریاں۔ عذاب سے مراد دل میں شیطان کی وسوسہ اندازی۔

۴۵؎ زور سے زمین پر پاؤں مارنے کو رکض کہتے ہیں۔ حکمِ خداوندی کے مطابق آپ نے زمین پر پاؤں مارا، قدرتِ الٰہی سے چشمہ جاری ہو گیا۔ یہاں عبارت میں حذف ہے۔ فرکض فنبعت عين ماء ؛ اس پانی سے غسل کیا تو جسم کی ساری بیماریاں دُور ہو گئیں پھر اسے پیا تو اندر کے سارے روگ ختم ہو گئے۔

۴۶؎ اجڑے ہوئے چمن میں پھر بہار آ گئی۔ وہ گھر جہاں اداسی اور افسردگی چھائی ہوئی تھی وہاں پھر چہل پہل ہونے لگی۔ بچے بچیاں، عزیز رشتہ دار، نیاز مند سب کا ایک میلہ سا لگ گیا۔ باغوں میں پھل اور کھیتوں میں فصلیں لہلہانے لگیں۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ یہ رونق پہلے سے بھی دوچند ہے۔ یہ سب ہماری خصوصی رحمت کی جلوہ نمائی تھی۔ مقصد یہ تھا کہ سمجھ دار لوگ اس سے عبرت پکڑ لیا

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ؕ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ

اور (حکم ملا) پکڑ لو اپنے ہاتھ سے تنکوں کا ایک مٹھا اور اس سے مارو اور قسم نہ توڑو ۷۷ بیشک ہم نے پایا انہیں صبر کرنے والا۔

نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَاۤ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

بڑا خوبیوں والا بندہ، ہر وقت ہماری طرف متوجہ ۷۸ اور یاد فرماؤ ہمارے (مقبول) بندوں ابراہیم، اسحٰق اور یعقوب کو

اُولِى الْاَيْدِىْ وَالْاَبْصَارِ ﴿۴۵﴾ اِنَّاۤ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ﴿۴۶﴾

بڑی قوتوں والے اور روشن دل تھے ۷۹ ہم نے مخصوص کیا تھا انہیں ایک خاص چیز سے اور وہ دار آخرت کی یاد تھی ۸۰

اور اگر وقتی طور پر کوئی تکلیف آبھی جائے تو ہماری رحمت سے مایوس نہ ہوں جس طرح ہم نے ایوب علیہ السلام پر کرم فرمایا اور ان کی زندگی کے اُفق کو طویل تاریکی کے بعد پھر خوشیوں، مسرتوں اور راحتوں کی روشنی سے منور کر دیا اسی طرح ہم تمہارے ساتھ بھی مہربانی کا سلوک کریں گے۔ (حضرت ایوب علیہ السلام کی حیات طیبہ کے متعلق ضیاء القرآن جلد دوم۔ سورۃ الانبیاء: آیات ۸۳-۸۴ کے حواشی ملاحظہ ہوں۔)

۷۷ ابتلاء و آزمائش کے اس طویل اور ہوشربا دور میں جب کہ سب لوگوں نے آپ سے منہ پھیر لیا آپ کی وفا شعار بیوی آپ کی خدمت میں سرگرم رہی۔ ان کی زبان سے کوئی ایسی بات نکل گئی جو آپ کی غیرت ایمانی کو سخت ناگوار گزری۔ آپ نے فرمایا کہ میں تجھے سو کوڑے لگاؤں گا جب آپ صحت یاب ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے ایسی ترکیب بتائی کہ قسم بھی نہ ٹوٹے اور اس خدمت گزار اور نیک سرشت بیوی کو اذیت بھی نہ پہنچے۔ فرمایا گھاس کا ایک مٹھا، جس میں سو تیلیاں ہوں اس سے مارو دونوں مطلب پورے ہو جائیں گے

اس آیت سے بعض لوگوں نے یہ استدلال کیا ہے کہ شرعی احکام سے بچنے کے لیے حیلوں سے کام لینا جائز ہے۔ حالانکہ یہ ہرگز درست نہیں۔ اس طرح احکام شرعیہ بچوں کا کھیل بن جائیں گے اور اغیار کو مذاق کرنے کا موقع مل جائے گا۔ نیز جن مقاصد کے لیے یہ احکام جاری کیے گئے ان کا حصول ناممکن ہو جائے گا۔ علامہ آلوسی نے اس مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے بڑی محققانہ اور جامع بات فرمائی ہے: عندی ان کل حیلة اوجبت ابطال حکمة شرعیة لاتقبل کحیلة سقوط الزکوة وحیلة سقوط الاستبراء (روح المعانی)۔ یعنی ہر وہ حیلہ جس سے حکم شرعیہ کی اس حکمت کا ابطال ہوتا ہو جس کے لیے یہ حکم شرعی نافذ کیا گیا۔ ایسا حیلہ قطعاً باطل ہے جیسے زکوٰۃ ساقط کرنے کے لیے لوگ حیلہ سازیاں کرتے ہیں اور استبراء سے بچنے کے لیے۔ وہ یہ نہیں جانتے کہ ایسا کر کے وہ اپنے رب سے دھوکہ کر رہے ہیں۔ ۷۸ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ عالی سے حضرت ایوب کو کیا اعلیٰ اعزازات مرحمت ہو رہے ہیں۔ انہی اعزازات کے حصول کے لیے رشک کرنے والوں کو رشک کرنا چاہیے۔

۷۹ اب حضرت ابراہیم اور ان کی آل پاک کا ذکر خیر ہو رہا ہے۔ یہ حضرات بڑی قوتوں والے تھے۔ ان کو جسمانی قوتوں کے ساتھ ساتھ

وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٧﴾ وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ

اور یہ (حضرات) ہمارے نزدیک چنے ہوئے بہت بہترین لوگ ہیں اور یاد فرمایئے اسمٰعیل، الیسع

وَذَا الْكِفْلِ ۖ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٨﴾ هٰذَا ذِكْرٌ ۚ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ

اور ذی الکفل کو ۵۱ یہ سب بہترین لوگوں میں سے ہیں۔ یہ نصیحت ہے ۵۲ اور بیشک پرہیزگاروں کے لیے بہت عمدہ

مَاٰبٍ ﴿٤٩﴾ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿٥٠﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ

ٹھکانا ہے۔ سدا بہار باغات، کھلے ہوں گے ان کے لیے سب دروازے۔ تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے ان میں۔

فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿٥١﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾

طلب فرماتے ہوں گے وہاں طرح طرح کے پھل اور مشروبات ۵۳ اور ان کے پاس نیچی نگاہوں والی (اور جمال وکمال میں) ہم شکل (حوریں)

یقین کی قوت، اعمالِ صالحہ بجالانے کی قوت اور رُوحانی قوت عطا فرمائی گئی تھی۔ اس کے علاوہ انہیں دین کی بصیرت اور معرفتِ الٰہی بھی عنایت کی گئی تھی۔

ای اولی القوۃ فی الطاعۃ و البصیرۃ فی الدین و المعرفۃ باللّٰہ۔

۵۰ ہم نے خصوصی نعمت کے ساتھ انہیں مخصوص کیا تھا یعنی انہیں آخرت کی یاد بخشی تھی وہ ہر وقت آخرت کی زندگی کو بہتر سے بہتر بنانے کی فکر میں رہتے تھے۔ انا اخلصناھم بان یذکروا الدار الاخرۃ ویتأھبوا لہا (قرطبی)

۵۱ اس آیت میں چند اور برگزیدہ شخصیتوں کا ذکر ہے۔

۵۲ یعنی ان کے اوصافِ حمیدہ کا یہ بیان جو قرآن میں کیا جا رہا ہے یہ ذکرِ خیر ہے۔ یہ ان کی پاکیزہ حیات کی یاد کو تازہ رکھنے کے لیے ہے۔ اس کے علاوہ جن اُخروی انعامات سے انہیں نوازا جائے گا۔ ان کا بیان اگلی آیتوں میں قدرے تفصیل سے ہے۔

۵۳ ای بالوان الفواکہ (قرطبی) یعنی ایک ہی قسم کے پھل بکثرت نہیں ہوں گے بلکہ مختلف اقسام کے رنگا رنگ میوے ہوں گے۔ ان نفوسِ قدسیہ کو جنت میں جن نعمتوں سے سرفراز فرمایا جائے گا اس کی کیا پیاری اور دلنشین تصویر پیش کی گئی ہے۔ قاصرات الطرف: مراد یہ ہے کہ وہ حوریں اپنے خاوندوں کے سوا کسی کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھیں گی۔ اتراب: ہم عمر یا آپس میں محبت و پیار کرنے والیاں۔ ای علی سن واحد قد تساوین فی الحسن والشباب۔ یعنی ہم عمر، حسن و شباب میں یکساں۔ وعن مجاھد متوافیات لایتباغضن کما تتباغض الضرات فی الدنیا۔ یعنی وہ آپس میں ایک دوسرے سے پیار کریں گی اور ان میں سوکنوں کی سی رقابت نہیں ہوگی۔

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ۝٥٣ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ۝٥٤

ہوں گی۔ یہ ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا کہ روزِ حساب (تمہیں ملے گا)۔ بیشک یہ ہمارا (دیا ہوا) رزق ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا۔

هٰذَا ۭ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ۝٥٥ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝٥٦

یہ تو پرہیزگاروں کے لیے، اور بلاشبہ سرکشوں کے لیے بُرا ٹھکانا ہوگا (یعنی) جہنم۔ وہ داخل ہوں گے اس میں۔ تو یہ کتنا تکلیف دہ بچھونا ہے۔

هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ۝٥٧ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ۝٥٨ هٰذَا

یہ کھولتا پانی اور پیپ ہے پس چاہیے کہ وہ اسے چکھیں ۵۵ اور اس کے علاوہ اس کی مانند طرح طرح کا عذاب یہ (ان)

فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ۭ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ۝٥٩ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ

دوسری فوج گھسنا چاہتی ہے تمہارے ساتھ ۵۶ کوئی خوش آمدید نہیں انہیں ۵۷ یہ ضرور آگ تاپنے والے ہیں۔ وہ کہیں گے (ظالمو!) تمہیں

لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ۭ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝٦٠ قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ

کوئی خوش آمدید نہ ہو ۵۸ تم نے ہی آگے کیا اس عذاب کو ہمارے لیے، سو بہت بُرا ٹھکانا ہے۔ کہیں گے اے ہمارے رب! جس

۵۴ اپنے محبوب بندوں کے ذکرِ خیر اور ان پر اپنے احسانات و انعامات کے بیان کے بعد اب ان بدنصیبوں کے خوفناک انجام کا ذکر فرمایا جا رہا ہے جن کی ساری عمریں سرکشی اور نافرمانی میں گزر گئیں۔

مشکل الفاظ: حمیم: بہت کھولتا ہوا پانی۔ هو الماء الحار الذی انتهى حرارة۔ غساق: پیپ ای یسیل من القیح والصدید من جلود اهل النار۔

۵۵ پینے کے لیے تو کھولتا ہوا پانی اور بدبودار پیپ ملے گی۔ اسی پر بس نہیں اسی قسم کے اذیت ناک عذاب اور بھی ہیں جن میں وہ مبتلا کیے جائیں گے۔

۵۶ پہلے بدکاروں کے سرداروں کو دوزخ میں پھینکا جائے گا ان کے پیچھے ان کے چیلے قطار در قطار فوج در فوج جہنم میں جھونکے جائیں گے اور جب ایک فوج جہنم میں گرائی جا رہی ہوگی تو دوزخ کے داروغے ان سرداروں کو کہیں گے۔ یہ تو تمہارے چیلوں کا ایک اور ٹولہ آگیا۔

۵۷ یہ سن کر وہ سردار کہیں گے ہم ان کو خوش آمدید کہنے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ ان کے لیے یہ جگہ کبھی فراخ اور آرام دہ نہ ہو۔

۵۸ آنے والے وہی بددعا اپنے ان سرداروں کے لیے کریں گے۔ غرضیکہ اسی طرح ایک دوسرے کو جلی کٹی سناتے رہیں گے۔

قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾ وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى

(بدبخت) سے آگے کیا ہے ہمارے لیے یہ عذاب پس بڑھا دے اس کا عذاب دوگنا آگ میں۔ اور کہیں گے کیا وجہ ہے کہ ہمیں نظر

رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ

نہیں آرہے (یہاں) وہ لوگ جنہیں ہم شمار کرتے تھے بُرے لوگوں میں ۵۹ ہم جن کا تمسخر اڑایا کرتے تھے یا بھٹک گئی ہیں ان کی طرف

الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّ

ہماری آنکھیں۔ یقیناً یہ سچ ہے ۶۰ دوزخی آپس میں جھگڑیں گے۔ (اے حبیب!) آپ فرمائیے میں تو فقط ڈرانے والا ہوں ۶۱

مَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا

اور نہیں ہے کوئی خدا مگر اللہ جو ایک ہے سب پر غالب ہے ۶۲ مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ

بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿٦٦﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿٦٧﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿٦٨﴾

ان کے درمیان ہے عزت والا بہت بخشنے والا۔ فرمائیے یہ بڑی اہم اور عظیم خبر ہے ۶۳ تم اس سے منہ موڑے ہوئے ہو۔

۵۹ آپس میں خوب الجھنے کے بعد وہ ادھر اُدھر دیکھیں گے اور غلامانِ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثنا کو ان کی آنکھیں ڈھونڈیں گی جب وہ نظر نہ آئیں گے تو ایک دُوسرے سے دریافت کریں گے کہ وہ لوگ جن کو ہم بُرا بھلا کہا کرتے تھے وہ کہاں ہیں وہ تو یہاں کہیں دکھائی نہیں دے رہے۔ وہ یہاں ہیں ہی نہیں یا ہماری نگاہیں پھسل گئی ہیں اور ہم کو وہ نظر نہیں آرہے۔

۶۰ یعنی دوزخیوں کا آپس میں اس طرح جھگڑنا بالکل درست ہے۔ اس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔

۶۱ اہلِ ایمان پر جو لطف وکرم کیا جانے والا ہے۔ کفار ومشرکین کو جس دردناک عذاب میں مبتلا ہونا ہے ان کا ذکر کرکے اللہ تعالیٰ اپنے محبوب پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حکم فرماتے ہیں کہ آپ اپنی قوم کو بتا دیجئے کہ تم جس راہ پر گامزن ہو وہ تو سیدھی جہنم کی طرف جاتی ہے۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے اس لیے مبعوث فرمایا ہے کہ میں تمہیں بروقت متنبہ کردوں تاکہ تم اپنی اصلاح کرلو اور شرک وکفر کو ترک کرکے توحیدِ خداوندی پر ایمان لاؤ تاکہ تمہیں بھی نعیمِ جنت سے بہرہ ور کیا جائے۔

۶۲ میری تعلیم کا خلاصہ اور ماحصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اپنی ذات میں اور اپنی جملہ صفات میں یکتا ہے اور سب پر غالب ہے۔ آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب اسی کا ہے۔ کوئی اس سے زیادہ طاقتور نہیں کوئی بڑے سے بڑا گنہ گار جس کا دامن کفر وعصیاں سے آلودہ ہو جب سچے دل سے توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اتنا مہربان ہے کہ اس

ع ۴

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍۭ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۶۹﴾ اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ

مجھے کوئی علم نہ تھا عالم بالا کے بارے میں جب وہ جھگڑ رہے تھے [۶۵] نہیں وحی کی جاتی میری طرف

مجرم کو بھی بخش دیتا ہے۔

[۶۴] "ھو" کا مرجع قرآن کریم ہے۔ نبأ اس خبر کو کہتے ہیں جو بڑی اہم ہو۔ بعض نے "ھو" کا مرجع قیامت بتایا ہے۔

[۶۵] مَلَأ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ آلوسی لکھتے ہیں: الملأ جماعة الاشراف لانهم يملؤن العيون روى عنه النفوس جلالة وبهاء (روح المعانی) یعنی سرداران قوم اور رؤسا کی جماعت جو اپنی خوبصورتی اور شگفتگی کے باعث آنکھوں کو بھر دیتی ہے اور اپنے جاہ وجلال کے باعث دلوں کو لبریز کر دیتی ہے۔ یہاں ملأ اعلےٰ سے مراد فرشتوں کی جماعت ہے جو اپنے شرف وقرب کے علاوہ عالم بالا کی مکین ہے ان کے ذریعے سے احکام کونیہ کی تنفیذ ہوتی ہے اور تدابیر خداوندی کو عملی جامہ پہنایا جاتا ہے۔ اس لیے ان میں اپنے متعلقہ فرائض کو انجام دینے کے لیے قیل وقال اور بحث وتمحیص کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ وہ امور جو وہاں زیر بحث آتے ہیں ان میں تخلیق آدم علیہ السلام کا واقعہ بھی ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ان امور کی اطلاع مجھے صرف بوحی الٰہی ہوتی ہے جن کو جاننے کا دوسرا کوئی ذریعہ نہیں۔ فرشتوں کی بحث وتمحیص کے متعلق ایک صحیح حدیث ہے جو ناظرین کے مطالعہ کے لیے پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔ حضرت معاذ بن جبل فرماتے ہیں کہ ایک دن صبح کی نماز کا وقت تھا اور حضور معمول کے مطابق تشریف نہ لائے ۔۔۔ قریب تھا کہ صبح طلوع ہو جائے پھر حضور تیزی سے تشریف لائے تکبیر ہوئی۔ حضور نے نماز پڑھائی سلام کے بعد ارشاد فرمایا: على مصافكم اپنی صفوں پر بیٹھے رہو پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ میں تمہیں دیر سے آنے کی وجہ بتاتا ہوں۔ انی قمت الليلة فقمت وصليت ماقدرلی ونعست فی صلاتی حتی استثقلت فاذا انا بربی تبارک وتعالیٰ فی احسن صورة فقال يا محمد: قلت لبيك ربی۔ قال فيم يختصم الملأ الاعلی قلت لا ادری فوضع كفه بين كتفی فوجدت برد انامله بين ثدی فتجلی لی كل شیٔ وعرفته فقال يا محمد، قلت لبيك قال فيم يختصم الملأ الاعلی قلت فی الدرجات والكفارات الی آخره۔ فقال ما الدرجات فقلت اطعام الطعام وافشاء السلام والصلوٰة بالليل والناس نيام قال صدقت فما الكفارات قلت اسباغ الوضوء فی المكاره۔ وانتظار الصلوٰة بعد الصلوٰة ونقل الاقدام الی الجماعة قال صدقت قال سل يا محمد۔ فقلت اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَاِذَا اَرَدْتَ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً فَاقْبِضْنِیْ اِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ اَحَبَّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُقَرِّبُنِیْ اِلٰی حُبِّكَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوْهُنَّ وَادْرُسُوْهُنَّ فَاِنَّهُنَّ حَقٌّ۔

ترجمہ: میں آج رات ذکر الٰہی میں کھڑا ہوا اور جتنا مقدور تھا اتنی نماز پڑھی۔ پھر مجھے نماز میں ہی نیند آگئی۔ یہاں تک کہ مجھے گرانی محسوس ہونے لگی۔ پھر میں کیا دیکھتا ہوں کہ میرا رب کریم بڑی پیاری صورت میں تشریف فرما ہے اور فرمایا یا محمد!

إِلَّا أَنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ۝٧٠ إِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا

مگر یہ کہ میں فقط کھلا ڈرانے والا ہوں (اے حبیب!) یاد فرمائیے جب کہا آپ کے رب نے فرشتوں سے کہ میں پیدا کرنے والا ہوں

میں نے عرض کی: لبیک ربی اے میرے رب حاضر ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے پوچھا یہ آسمان کے فرشتے کس بات میں جھگڑ رہے ہیں۔ میں نے عرض کی میں نہیں جانتا۔ پس اللہ تعالیٰ نے اپنی ہتھیلی میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھی یہاں تک کہ اس کی انگلیوں کی ٹھنڈک کو اپنے سینے میں پایا۔ فَتَجَلّٰى لِيْ كُلُّ شَيْءٍ۔ اس کی برکت سے میرے لیے ہر چیز روشن ہو گئی اور میں نے اس کو پہچان لیا۔ دوسری روایت میں ہے: فَعَلِمْتُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ یعنی جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں تھا میں نے اسے جان لیا۔ اللہ تعالیٰ نے پھر فرمایا یا محمد! میں نے عرض کی حاضر ہوں۔ پوچھا آسمان کے فرشتے کس بات پر جھگڑ رہے ہیں۔ میں نے عرض کی درجات اور کفارات میں۔ اللہ تعالیٰ نے پوچھا درجات کیا ہیں؟ میں نے عرض کی: اطعام الطعام وافشاء السلام والصلوٰۃ باللیل والناس نیام۔ کہ کھانا کھلانا، سلام پھیلانا اور رات کے وقت جب لوگ سو رہے ہوں اس وقت اٹھ کر نماز پڑھنا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا آپ نے سچ کہا ہے۔ اب بتاؤ کفارات کیا ہیں؟ میں نے عرض کی: اسباغ الوضوء فی المکارہ، انتظار الصلوٰۃ بعد الصلوٰۃ ونقل الاقدام الی الجماعۃ۔ کہ تکلیف کی حالت میں بھی مکمل وضو کرنا اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا اور جماعت میں شریک ہونے کے لیے چل کر جانا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے محبوب تو نے سچ کہا۔ اب مانگو جو مانگنا چاہتے ہو۔ میں نے عرض کی: الٰہی میں تجھ سے نیک کام کرنے کی، برے کاموں کو چھوڑنے کی اور مسکینوں سے محبت کرنے کی توفیق مانگتا ہوں۔ اور میں التجا کرتا ہوں کہ تو مجھے بخش دے مجھ پر رحم فرما اور جب اپنے بندوں کو تو کسی فتنہ میں مبتلا کرنا چاہے تو مجھے فتنہ سے بچا کر اپنی طرف بلا لے۔ اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، مجھے اپنی محبت عطا فرما اور جو تجھ سے محبت کرتا ہے اس کی محبت عطا فرما۔ اس کام کی محبت عطا فرما جو مجھے تیری محبت کے قریب کر دے۔ حضور نے صحابہ کو فرمایا دعا کے یہ فقرے تم بھی سیکھ لو اور لوگوں کو سکھاؤ، کیونکہ یہ حق ہے۔

اس حدیث کے متعلق امام ترمذی کہتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور فرماتے ہیں کہ میں نے اس کے متعلق امام بخاری سے پوچھا۔ آپ نے بھی فرمایا: ھذا حدیث صحیح۔ اس حدیث صحیح کے مطالعہ سے آپ کو معلوم ہو گیا ہو گا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو کتنا علم عطا فرمایا اور جب قدرت کا ہاتھ حضور کی پشت پر رکھا گیا تو سینے میں علم کے سمندر موجزن ہو گئے اور زمین و آسمان کی ہر چیز منکشف ہو گئی اور فرشتے جن معاملات میں بحث و تمحیص کر رہے تھے ان کا بھی علم ہو گیا، اور پھر وہی سوال اللہ تعالیٰ نے دہرایا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کے مفصل جوابات عرض کیے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: صدقت۔ اے میرے محبوب تو نے صحیح جواب دیا ——— نیز اس حدیث میں ایک دعا ہے جو اس مخصوص وقت میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے مولا کریم سے مانگی اور اپنے صحابہ کو بھی اس دعا کو یاد کرنے اور دوسروں کو سکھانے کی تلقین فرمائی۔ اس لیے یہاں اس دعا کو نمایاں طور پر لکھ دیا گیا ہے تاکہ ضیاء القرآن کا مطالعہ کرنے والا ان کلمات طیبات کو یاد کرے اور جب اس کریم اور غنی کی خدمت میں دامن طلب پھیلائے، تو

مِّنْ طِيْنٍ ﴿۷۱﴾ فَإِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ

بشر کو کیچڑ سے ۹۵ پس جب میں اس کو سنوار دوں اور پھونک دوں اس میں اپنی طرف سے خاص روح تو تم گر پڑنا اس کے آگے

سٰجِدِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُوْنَ ﴿۷۳﴾ إِلَّآ إِبْلِيْسَ ۭ اِسْتَكْبَرَ

سجدہ کرتے ہوئے ۹۶ پھر سجدہ کیا سب کے سب فرشتوں نے سوائے ابلیس کے۔ اس نے گھمنڈ کیا

وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ يٰٓإِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ

اور ہو گیا کافروں میں سے۔ ارشاد ہوا اے ابلیس! کس چیز نے باز رکھا تمہیں اس کو سجدہ کرنے سے جسے میں نے پیدا کیا

بِيَدَيَّ ۭ أَسْتَكْبَرْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿۷۵﴾ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۭ خَلَقْتَنِيْ

اپنے دونوں ہاتھوں سے ۹۷ کیا تو نے تکبر کیا یا تو اپنے آپ کو اس سے عالی مرتبہ خیال کرتا ہے ۹۸ وہ گستاخ بولا میں بہتر ہوں اس سے

ان کلماتِ طیبات سے بھیک مانگے یقین ہے اللہ کریم اپنے انمول خزانوں سے اس کے دامنِ طلب کو بھر دے گا۔

۹۵ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق پر حواشی متعدد مقامات پر گزر چکے ہیں وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

۹۶ سویتہ ای اتممت خلقہ: یعنی جب میں اس کی تخلیق مکمل کر لوں اور اس کی نوک پلک سنوار دوں۔ روحی: اضافت جزئیت اور بعضیت کی نہیں بلکہ تشریف کی ہے یعنی وہ روح جس کو میں نے اپنی خاص قدرت سے بنایا ہے اور جس میں گوناگوں صلاحیتیں اور قوتیں مضمر کر دی ہیں۔ جب ان کی صحیح آبیاری اور تربیت کی جاتی ہے تو فرشتے بھی اس کی گردِ راہ کو نہیں پہنچ سکتے۔

۹۷ اس کا لفظی معنی تو یہ ہے کہ جس کو میں نے اپنے دو ہاتھوں سے پیدا فرمایا۔ کیا اللہ تعالیٰ کے بھی ہاتھ ہیں؟ اسلاف کا مسلک یہ ہے کہ وہ ان کلمات کی تاویل نہیں کرتے بلکہ کہتے ہیں کہ ہاں اللہ تعالیٰ کے دو ہاتھ ہیں جس طرح آیت میں مذکور ہے لیکن وہ کیسے ہیں۔ ان کی حقیقت کیا ہے ہمیں اس کی خبر نہیں۔ اللہ تعالیٰ خود ہی ان کی حقیقت کو جانتا ہے۔ اور متاخرین علماء کہتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ دوسرے انسانوں کو میں نے ماں باپ کے واسطے سے پیدا کیا، لیکن آدم کو بلاواسطہ محض اپنی قدرت سے پیدا فرمایا۔ تو یہاں یَدٌ کا معنی قدرت ہے اور یہ استعمال لغتِ عرب میں عام ہے۔ اور دو ہاتھ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ انسان دو مختلف الحقیقت چیزوں سے مرکب ہے۔ جسم جو مادی ہے اور روح جو مجردات میں سے ہے۔ بنایا ایک ہاتھ سے اس کے ظاہری جسم کو اور دوسرے ہاتھ سے اس کے باطن یعنی روح کو تخلیق فرمایا۔

۹۸ شاید ابلیس کے سجدہ نہ کرنے کی دو وجہیں ہو سکتی تھیں۔ اس سے پوچھا جا رہا ہے کہ تو نے کس وجہ سے سجدہ نہیں کیا۔ کیا تو نے بلاوجہ گھمنڈ اور غرور کی وجہ سے میرے حکم کو نہیں مانا یا تو نے یہ تصور کر لیا ہے کہ تو بہت عالی مرتبت ہے۔ تجھے آدم کو سجدہ

مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿۷۶﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۷۷﴾

تُو نے پیدا کیا ہے مجھے آگ سے اور پیدا کیا ہے اسے کیچڑ سے ۔ حکم ملا دفع ہو بے حیا! (نکل جا جنت سے) بیشک تو پھٹکارا گیا ۔

وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْۤ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۷۸﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْۤ اِلٰى يَوْمِ

اور بے شک تجھ پر میری لعنت برسے گی قیامت تک ۔ ابلیس بولا (اگر یہی اٹل فیصلہ ہے) تو میرے رب! مجھے مہلت دیجئے

يُبْعَثُوْنَ ﴿۷۹﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۸۱﴾

روزِ حشر تک ۔ جواب ملا بیشک تو مہلت دیے جانے والوں میں سے ہے ۔ (یہ مہلت) مقررہ وقت کے دن تک ہے ۔

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۲﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۸۳﴾

کہنے لگا تیری عزت کی قسم! میں ضرور گمراہ کر دوں گا ان سب کو ۔ سوائے تیرے ان بندوں کے جنہیں ان میں سے تو نے چن لیا ہے [۷۹]

قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿۸۴﴾ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ

فرمایا تو میں حق ہوں اور میں سچ ہی کہتا ہوں [۸۰] کہ میں ضرور بھر دوں گا جہنم کو تجھ سے اور تیرے سب فرماں برداروں

اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾

سے ۔ آپ فرمائیے میں نہیں مانگتا تم سے اس پر کوئی اجر [۸۱] اور نہ میں بناوٹ کرنے والوں میں سے ہوں [۸۲]

نہیں کرنا چاہیے۔ یہ حکم فقط ان فرشتوں کو ہے جو کم درجے کے ہیں۔ اگر محض گھمنڈ کے باعث تُو نے ایسا کیا ہے تو تُو نے بہت بُرا کیا اور اگر تُو اس دوسری غلط فہمی کا شکار ہو گیا تو بھی یہ سراسر تیری کم فہمی اور نالائقی ہے ۔ توبیخ علی الشق الاول وانکار علی الشق الثانی (مظہری)

۷۹ شیطان اللہ تعالیٰ کی عزت وجلال کی قسم اٹھا کر دعویٰ کر رہا ہے کہ جس آدم کی وجہ سے تُو نے مجھے دھتکار دیا ہے میں اس کی ساری اولاد کو تیرا باغی بنا دوں گا۔ سب تجھے چھوڑ کر میرے پیچھے چلنے لگیں گے۔ صرف تیرے وہ بندے جن کو تُو نے چن لیا ان پر میرا جادو نہیں چلے گا۔

۸۰ پہلا الحق مرفوع اور دوسرا منصوب۔ پہلا حق یا تو خبر ہے اور اس کی مبتدا محذوف ہے یعنی انا الحق ۔ یا یہ مبتدا ہے اور اس کی خبر محذوف ہے یعنی الحق انا ۔ اور دوسرا الحق اقول کا مفعول ہے اور منصوب ہے ۔

۸۱ میں جو تمہیں رات دن راہِ حق کی طرف بلاتا رہتا ہوں۔ تم پتھر مارتے ہو میں مسکرا دیتا ہوں تم گالیاں بکتے ہو میں دعائیں دیتا ہوں۔ تم میری راہ میں کانٹے بچھاتے ہو اور میں تمہارے لیے فردوس کی راہ ہموار کرنے میں مصروف رہتا ہوں اور بڑی محنت اور دلسوزی

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿۸۸﴾

ع ۵ / ۱۴

نہیں ہے یہ (قرآن) مگر نصیحت سب جہانوں کے لیے ۸۷؎ اور (اے کفار!) تم ضرور جان لوگے اس کی خبر کچھ عرصہ بعد ۸۸؎

سے تمہارے دامن کو کفر و شرک کی آلودگیوں سے پاک کرنا چاہتا ہوں تم شاید یہ خیال کرتے ہو کہ اس میں میرا کوئی ذاتی فائدہ ہے اس طرح میں دولت جمع کرنا چاہتا ہوں یا اقتدار کی کرسی سنبھالنا چاہتا ہوں۔ کان کھول کر سُن لو میں نے تم سے کسی اجر اور معاوضہ کا سوال نہ آج تک کبھی کیا ہے اور نہ آئندہ کبھی کروں گا۔

۸۶؎ نیز میں اس معاملہ میں قطعاً کسی تصنع اور بناوٹ سے کام نہیں لے رہا یعنی میرے دل میں تو کچھ اور ہے اور محض دکھاوے کے لیے میں تم سے اقدار عالیہ اور اخلاقِ حسنہ کی باتیں کرتا ہوں، ایسا ہرگز نہیں مجھے تکلف اور تصنع سے دُور کا بھی واسطہ نہیں۔ میں تمہارے سامنے حقیقت کا اظہار کرتا ہوں اور سچی بات کہتا ہوں۔ میرے مواعظ، میری نصیحتیں میرا حال ہیں فقط قال نہیں متكلفين الذين يتصنعون ويتحلّون بما ليسوا من اهله۔

۸۷؎ یہ کتاب مقدس جو میں تمہیں صبح و شام پڑھ پڑھ کر سنایا کرتا ہوں، یہ تو سارے جہانوں کے لیے صحیفۂ رشد و ہدایت ہے۔

۸۸؎ اگر اب تم اس کی بیان کردہ حقیقتوں کو تسلیم نہیں کرتے تو بہت جلد وہ وقت آنے والا ہے جب تم طوعاً و کرہاً اس کی صداقت کا اعتراف کرو گے۔

الحمد لله تعالى والصلٰوة والسلام على رسوله الكريم وعلى آله واصحابه ومن تبعه الى يوم الدين۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم۔

محمد کرم شاہ

نظر ثانی : ۱۹ رجب ۹۲ھ
۳۰ اگست ۷۲ء
بھر دوسودھی

۱۹ رمضان المبارک ۹۱ھ
۹ نومبر ۷۱ء

تعارف

سُورۂ زُمر

نام : اس سُورت کی آیات نمبر ۱، اور نمبر ۳، میں زُمر کا لفظ مذکور ہے۔ یہی اس سورت کا نام ہے۔ اس سورت میں آٹھ رکوع ۵،۷ آیات، ایک ہزار ایک سو بہتر کلمات اور چار ہزار نو سو آٹھ حروف ہیں۔

زمانۂ نزول : یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ اس وقت نازل ہوئی جب اسلام اور مسلمانوں کے خلاف کفار و مشرکین کا بغض وعناد اور ظلم وستم انتہا کو پہنچ چکا تھا۔ مکہ کی فضا میں ان کے لیے اطمینان کا سانس لینا ممکن نہ رہا تھا۔ وہ یہاں رہ کر اپنے دین کے ارشادات کے مطابق اپنے پروردگار کی عبادت نہیں کر سکتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں یہ بتا دیا کہ اگر یہاں رہ کر تم اپنے بندگی کے فرائض انجام نہیں دے سکتے تو اللہ تعالیٰ کی زمین بڑی وسیع ہے۔ کسی ایسی جگہ چلے جاؤ جہاں تمہارا ایمان بھی محفوظ ہو اور تمہیں عبادت کرنے کی بھی آزادی ہو۔ چنانچہ مفسرین کرام نے آیت "وَ اَرْضُ اللّٰهِ واسعة" کے ضمن میں لکھا ہے کہ یہ آیات اس وقت نازل ہوئیں جب حضرت جعفر بن ابی طالب اپنے ہمراہیوں کے ساتھ مکہ سے ہجرت کر کے حبشہ روانہ ہوئے۔ سُورت کے مضامین اور اس قسم کی روایات سے بآسانی یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ یہ سورت اس زمانہ میں نازل ہوئی جب مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کا اذن مل گیا تھا۔

مضامین : ابتداء میں مشرکین مکہ کے شرک کی حقیقت بیان کر دی کہ وہ اپنے بُتوں کو خدا سمجھتے تھے اور ان کی عبادت کیا کرتے تھے اور وہ اس زعم باطل میں مبتلا تھے کہ ان بُتوں کی عبادت ان کے لیے قربِ الٰہی کا باعث ہے۔ ان کے اس زعم باطل کا قلع قمع کرنے کے لیے سُورت کا آغاز اس حقیقت کے بیان سے کیا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا ہے تو صرف اسی کی عبادت کرو۔ اس کے ساتھ اگر کسی غیر کی عبادت کرو گے تو وہ عبادت مردود اور نامنظور ہوگی۔ عبادت کے لائق صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور ہر چیز مخلوق ہے، حادث ہے، اپنے وجود اور اپنی بقا میں اللہ تعالیٰ کے لُطف وکرم کی محتاج ہے۔ وہ اس قابل کہاں کہ اس کی عبادت کی جائے اور اسے معبود مانا جائے۔

عقیدہ توحید کو ثابت کرنے کے لیے تکوینی آیات کو بیان کیا۔ آسمانوں اور زمینوں کو اس حُسن وخوبی اور محیر العقول نظم وضبط کے ساتھ پیدا فرمانے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ گردش لیل ونہار کا تسلسل قائم کرنے والا وہی ہے۔ مہر و ماہ اسی کے حکم کے پابند ہیں اور اپنے معینہ راستہ پر چل رہے ہیں۔ اسی نے تمہیں شکم مادر کے تہ در تہ اندھیروں میں اس حسن وخوبی کے ساتھ تخلیق فرمایا۔

اس سُورت کے مضامین میں سے زیادہ غور طلب یہ مضمون ہے کہ انسان دو قسم کے ہیں، ایک وہ خود فراموش ہیچ نہیں

جب مصائب و آلام اپنی گرفت میں لے لیتے ہیں تو چیخنے چلانے لگتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں فریادیں کرتے ہیں اور پکے وعدے کرتے ہیں کہ اگر اس مصیبت سے بچ گئے تو عمر بھر تیری بندگی اور تیری فرمانبرداری میں گزار دیں گے لیکن جب ہماری رحمت ان کی فریادرسی کرتی ہے تو انہیں یاد ہی نہیں رہتا کہ ان پر کس کا کرم ہے۔ بعض احمق اس تبدیلی کو اپنے علم و فضل، فنی مہارت اور کاروباری فراست کا نتیجہ سمجھتے ہیں۔ حالانکہ چند روز پہلے جب وہ بوکھلائے ہوئے فریادیں کرتے تھے تو ان کی علمیت، قابلیت تجربہ و فراست تو اس وقت بھی ان میں موجود تھا۔

دوسری قسم ان خودشناس لوگوں کی ہے جو اپنی زندگی کی ہر ساعت اپنے کریم پروردگار کی یاد اور بندگی میں بسر کرتے ہیں۔ ان کی راتیں عبادتِ الٰہی میں گزر جاتی ہیں کبھی دست بستہ کھڑے ہیں کبھی جبین نیاز سجدہ میں جھکائے ہوئے ہیں۔ اس کے باوجود اپنے رب کی بے نیازی سے ہر وقت ڈرتے رہتے ہیں۔ اپنی کسی عبادت اور نیکی پر انہیں ناز نہیں ہوتا انہیں اگر آس ہے تو اس کی رحمت کی۔ اگر سہارا ہے تو اس کے فضل و کرم کا۔

کفار اپنے دل میں سوچا کرتے کہ ہم پیغمبر اسلام اور اس کے ماننے والوں کو کسی نہ کسی وقت اپنے سانچے میں ڈھال لیں گے ان کی اس خام خیالی کو دور کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم کو حکم دیا کہ کفار سے کہہ دیں: قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ۔ اے میرے حبیب! آپ انہیں فرما دیجیے اے جاہلو! اے نادانو! کیا تم مجھے حکم کرتے ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی عبادت کروں:

کیا جلال ہے اس آیت کریمہ کا اور کیا رعب ہے ان چند کلمات میں۔

ایسے معاشرے کی اصلاح کی کوششیں ہو رہی ہیں جس کی کوئی کل بھی سیدھی نہ تھی۔ شرک و کفر کے علاوہ فسق و فجور، ظلم و ستم، راہزنی و قزاقی وغیرہ ہر قسم کی خرابیوں میں وہ بری طرح مبتلا تھے۔ وہ اپنے نامۂ عمل کی سیاہی کو دیکھ کر اپنی اصلاح اور اپنی نجات سے بالکل مایوس ہو چکے تھے۔ اسی مایوسی نے انہیں مزید گناہوں سے بھرپور زندگی بسر کرنے کا متوالا بنا دیا تھا۔ آیت ۵۳ میں لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ کا مژدۂ جانفزا سنایا اور انہیں بتا دیا کہ اگرچہ اب تک تم نے اپنے نفس پر ظلم کی حد کر دی ہے لیکن اگر اس کے در رحمت پر آکر دستک دو گے تو اس کی رحمت تمہیں مایوس نہیں کرے گی۔ تمہارے گزشتہ جرائم کو معاف کر دیا جائے گا اور تمہیں از سر نو پاکیزہ زندگی شروع کرنے کا ایک بار پھر موقع دے دیا جائے گا۔

سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَمَانِيْ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ زمر مکی ہے اس کی ۷۵ آیات اور ۸ رکوع ہیں
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ

اتاری گئی ہے یہ کتاب اللہ کی طرف سے جو عزیز (اور) حکیم ہے [۱] ہم نے اتاری ہے آپ کی طرف یہ کتاب

بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿۲﴾ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ۭ

حق کے ساتھ [۲] پس آپ عبادت کریں اللہ کی خالص کرتے ہوئے اس کیلئے اطاعت کو [۳] خبردار! خالص اللہ کیلئے ہے دین خالص [۴]

[۱] کفار اس غلط فہمی میں مبتلا تھے کہ یہ کتاب فصیح و بلیغ سہی لیکن یہ خدا کا کلام نہیں بلکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس کو خود بناتے ہیں اور پھر اسے اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر کے لوگوں کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی انہیں یہ خوش فہمی بھی تھی کہ ہماری موجودگی میں اس دین کے پھیلنے اور اس کے ترقی کرنے کا کوئی امکان نہیں اور نہ اس دین میں یہ صلاحیت ہے کہ گردش زمانہ اور اس کے ہر لحظہ بدلتے ہوئے تقاضوں کی تکمیل کر سکے۔ اس لیے اس کی یہ مقبولیت عارضی ہے۔ یہ دعوت خود بخود ختم ہو جائیگی اس کی عارضی کامیابی پر زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ اس طرح کی باتیں کر کے وہ ایک دوسرے کا دل بہلاتے اور اسلام کی بے پناہ مقبولیت کے باعث ان کے دلوں میں اضطراب کی جو آگ بھڑک اٹھی تھی اس پر وہ ایسی طفل تسلیوں کا پانی چھڑکا کرتے۔ اس آیت میں ان کی انہی غلط فہمیوں اور خوش فہمیوں کا ابطال کیا جا رہا ہے۔ پہلے یہ بتایا کہ یہ کتاب کسی انسان کی تصنیف نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی نازل فرمودہ ہے اور جس خداوند عالم نے اسے نازل فرمایا ہے وہ عزیز ہے یعنی سب پر غالب اور ہر چیز سے طاقتور۔ اس کے نافذ کیے ہوئے احکام کو روکنے کی کسی میں قوت نہیں۔ نیز وہ حکیم ہے زبردست دانا ہے۔ زمانہ اور زمانہ کے جلی و خفی تقاضے اس کے علم میں ہیں۔ زمانہ کتنی ترقی کر جائے۔ اس کے تمدنی، معاشرتی اور معاشی تقاضے کتنی ہی کروٹیں بدلتے رہیں۔ قرآن کی روشنی قیامت تک زندگی کے ہر افق کو منور کرتی رہے گی۔

[۲] اس کو ہم نے حق کے ساتھ نازل کیا ہے۔ اس میں باطل کی ذرا آمیزش نہیں۔ (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اول۔ آل عمران کی دوسری آیت کا حاشیہ)

[۳] شرک ایک ایسا گناہ ہے جس سے بڑا اور برا کوئی دوسرا گناہ نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی بھی عبادت کرتا ہے اور ساتھ ساتھ کسی دوسرے کی بھی عبادت و پرستش کرتا ہے، اس کی ساری نیکی اکارت جائے گی اس لیے یہاں حکم دیا جا رہا ہے کہ فقط اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اسی کے احکام کے سامنے سر تسلیم خم کرو۔ اپنے خالق حقیقی کے بغیر کسی کی بندگی کا تصور تک کرنا اور اپنے بادشاہ حقیقی کے احکام کو نظر انداز کر کے کسی غیر کی اطاعت کا دم بھرنا مرد مومن کے لیے زیبا نہیں، بلکہ ایسی حرکت کے ارتکاب

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى

اور جنہوں نے بنا لیے اس کے سوا اور والی (اور کہتے ہیں) ہم نہیں عبادت کرتے ان کی مگر محض اس لیے کہ یہ ہمیں اللہ کا

اللّٰهِ زُلْفٰى ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ڛ اِنَّ

مقرب بنا دیں ؎ بیشک اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمائے گا۔ ان کے درمیان جن باتوں میں یہ اختلاف کیا کرتے ہیں تم بلاشبہ

کے بعد اس کا نام اہل ایمان کی فہرست سے خارج کر دیا جائے گا۔

؎ دوبارہ تنبیہ فرما دی کہ اطاعت کاملہ کا حقیقی مستحق فقط اللہ تعالیٰ ہے۔ ابن مردویہ نے یزید الرقاشی سے ایک روایت نقل کی ہے کہ کسی شخص نے بارگاہ رسالت میں عرض کی یا رسول اللہ! ہم شہرت اور ناموری حاصل کرنے کے لیے مال خرچ کرتے ہیں کیا ہمیں اس پر کوئی اجر ملے گا۔ حضور نے فرمایا نہیں۔ پھر اس شخص نے گزارش کی یا رسول اللہ! ہم مال خرچ کرتے ہیں اور ہمارے پیش نظر ثواب اور شہرت دونوں کا حصول ہوتا ہے۔ کیا اس صورت میں مال خرچ کرنے پر ہمیں اجر ملے گا۔ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان اللہ تعالیٰ لا یقبل الا من اخلص لہ ثم تلا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ھذہ الایۃ الا للہ الدین الخالص۔ حضور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ صرف اس کے عمل کو قبول کرتا ہے جو صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کرتا ہے۔ پھر حضور نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ علامہ قرطبی نے الدین کا معنی اطاعت و فرمانبرداری کیا ہے اور بعض کا یہ قول بھی نقل کیا ہے کہ الدین سے مراد عبادت ہے۔ الدین ای الطاعۃ وقیل العبادۃ (قرطبی)

؎ کفار کا یہ طریقہ تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت نہیں کیا کرتے تھے بلکہ اپنے بتوں اور مصنوعی خداؤں کی پرستش کرتے اور اگر انہیں ٹوکا جاتا کہ تم یہ کیا حماقت کر رہے ہو۔ ہر لحظہ جو ان کی پوجا پاٹ میں لگے رہتے ہو کیا انہوں نے تمہیں پیدا کیا ہے۔ کیا اس عالم رنگ و بو کے خالق وہ ہیں؟ زمین کا فرش انہوں نے بچھایا ہے؟ آسمان کا نیلگوں سائبان اور اس میں آویزاں ان گنت ضیا بار قندیلیں ان کی قدرت کا کرشمہ ہیں؟ جواب دیتے نہیں تو پھر تم ان کی عبادت کیوں کرتے ہو تو کہتے ہیں کہ ان کی عبادت سے قرب الٰہی نصیب ہوتا ہے۔ یہ ہمیں خدا کا مقرب بنا دیتے ہیں۔

اسلام کا بنیادی عقیدہ یہ ہے کہ عبادت کے لائق صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہے اس کے بغیر کوئی بھی عبادت کا مستحق نہیں۔ اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت کرے گا تو وہ دائرہ اسلام سے خارج ہو جائے گا۔ مشرکین عرب نے اللہ تعالیٰ کی عبادت قطعاً ترک کی ہوئی تھی وہ کہتے ہم گنہگار اس قابل نہیں ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔ ہم تو فقط ان بتوں کی عبادت کریں گے اور ان کی عبادت سے ہمیں قرب الٰہی نصیب ہو گا۔ امام رازی رقمطراز ہیں: "حاصل الکلام لعباد الاصنام ان قالوا ان الالہ الاعظم اجلّ من ان یعبدہ البشر لکن اللائق بالبشر ان یشتغلوا بعبادۃ الاکابر من عباد اللہ مثل الکواکب ومثل الارواح السماویۃ ثم انہا تشتغل بعبادۃ الالہ الاکبر فھذا ھو المراد من قولھم ما نعبدھم الا لیقربونا الی اللہ زلفی (کبیر)

اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ③ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا

اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا اسے اس کو جو جھوٹا اور بڑا ناشکرا ہو۔ اگر اللہ چاہتا کہ کسی کو بیٹا بنائے

ترجمہ: یعنی بت پرستوں کے کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ کہتے کہ الا اعظم (سب سے بڑا خدا) کی شان اس سے بلند ہے کہ انسان اس کی عبادت کرے۔ انسان کے لائق یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بڑے بندوں کی عبادت میں مشغول ہو۔ مثلاً ستارے آسمانی روحیں اور پھر یہ چیزیں خداوند اکبر کی عبادت میں مشغول ہوں۔ مشرکین کے اس قول کی کہ ما نعبدهم الاية کا یہی مفہوم اور مطلب ہے۔

بعض صاحبان حصولِ دعا کے لیے اولیاء کرام کی خدمت میں حاضری کو بھی اسی ضمن میں شمار کرتے ہیں اور حاضر ہونے والوں پر بڑی بے رحمی سے شرک کا الزام لگاتے ہیں۔ وہ خود ہی انصاف فرماویں کہ جب کوئی مسلمان کسی ولی یا بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے اور دعا کے لیے عرض کرتا ہے تو گیا وہ ان کی عبادت کر رہا ہوتا ہے۔ العیاذ باللہ۔ اگر صرف طلب دعا کے لیے بھی کسی کے پاس جانا عبادت اور شرک ہے تو ان صاحبان کا صحابہ کرام کے متعلق کیا فتوے ہے جو حضور سرورِ عالم رحمتِ مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمتِ اقدس واطہر میں کبھی بارش کے نزول کے لیے کبھی بارش کے رکنے کے لیے کبھی بیماری سے شفایاب ہونے کے لیے کبھی دیگر مقاصد کے لیے حاضر ہوتے اور دعا کے لیے عرض کرتے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام دعا کے لیے دستِ مبارک بارگاہِ الٰہی میں اٹھاتے تو مشکلیں آسان ہو جاتیں، لاعلاج مریض شفایاب ہو جاتے، طویل خشک سالی کے بعد آنِ واحد میں گھنگھور گھٹائیں برسنے لگتیں اور برستے ہی چلی جاتیں۔

ہر مسلمان پر لازم ہے کہ وہ اس بات پر محکم یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کسی کی عبادت کفر ہے، شرک ہے گمراہی ہے اور ابدی عذاب کا موجب ہے اور ان بے رحم مفتیوں سے بھی مودبانہ التماس ہے کہ وہ شمع توحید کے پروانوں پر شرک کی جھوٹی تہمت لگانے کا شغل ترک کریں اور کوئی مفید مشغلہ اختیار فرماویں جس سے انہیں بھی فائدہ ہو اور ان کی قوم کا بھی بھلا ہو۔

آیت میں زلفٰی مفعول مطلق ہے کیونکہ تقریباً کا ہم معنی ہے اور فعل کے مصدر کا مترادف مفعول مطلق ہو سکتا ہے جیسے قَعَدْتُ جُلُوْسًا۔

ے مشرکین کا اپنے معبودوں کے بارے میں جو اختلاف ہے کوئی سورج کو، کوئی چاند کو، کوئی گنگا جمنا کو اور کوئی ہمالیہ پہاڑ کی بلند چوٹیوں کو اپنا معبود بنائے ہوئے ہے اس کا فیصلہ اللہ تعالیٰ ہی فرمائے گا۔ اس وقت انہیں اپنی گمراہی کی حقیقت معلوم ہوگی۔

ے ہدایت کوئی ایسی جنس ارزاں نہیں کہ خواہ مخواہ ہر ایک کی جھولی میں ڈال دی جائے۔ یہ دُرِ شہوار فقط اسے ملتا ہے جس کے دل میں اس کی سچی طلب اور تڑپ ہو۔ جو لوگ ازراہِ غرور و نخوت انبیاء کرام کی تکذیب کرتے ہیں اور ان کی دعوتِ حق کو ٹھکراتے رہتے ہیں انہیں اللہ تعالیٰ اس نعمت سے محروم کر دیا کرتا ہے۔

ے حضرت صدر الافاضل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جھوٹا اس بات میں کہ بتوں کو اللہ تعالیٰ سے نزدیک کرنے والا بتائے اور خدا کے لیے اولاد ٹھہرائے اور ناشکرا ایسا کہ بتوں کو پوجے۔ (خزائن العرفان)

لَّاصۡطَفٰى مِمَّا يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبۡحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الۡوَاحِدُ الۡقَهَّارُ ۝۴

تو چن لیتا اپنی مخلوق سے جس کو چاہتا ۹ وہ پاک ہے ۱۰ وہی اللہ ہے جو ایک ہے، سب سے زبردست

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيۡلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ

اس نے پیدا فرمایا ہے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ ۱۱ وہ لپیٹتا ہے رات کو دن پر اور لپیٹتا ہے

النَّهَارَ عَلَى الَّيۡلِ وَسَخَّرَ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجۡرِىۡ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

دن کو رات پر ۱۲ اور اسی نے مسخر کر دیا ہے سورج اور چاند کو۔ ہر ایک رواں ہے مقررہ میعاد تک

اَلَا هُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡغَفَّارُ ۝۵ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ

غور سے سنو! وہی عزت والا (اور) بہت بخشنے والا ہے ۱۳ اسی نے پیدا کیا ہے تمہیں فرد واحد سے ۱۴ پھر بنایا اسی سے

۹ بعض مشرکین اللہ تعالیٰ کی اولاد کے قائل تھے۔ ان کے اس باطل نظریہ کی تردید کی جارہی ہے۔

۱۰ اولاد کا ہونا تمہارے لیے تقویت اور عزت و وقار کا باعث ہے کیونکہ تم کمزور ہو، ضعیف ہو۔ دشمنوں کا تنہا مقابلہ کرنے سے عاجز ہو۔ تمہاری اولاد ہوگی تو تم طاقتور بن جاؤ گے۔ نیز تم فنا ہونے والے ہو تمہیں اولاد کی اس لیے بھی ضرورت ہے کہ تمہارے مرنے کے بعد تمہارا نام تمہاری اولاد کے ذریعے باقی رہے لیکن اللہ تعالیٰ جو قہار ہے جو حی لایموت ہے اس کے لیے اولاد کی ضرورت کا تصور بھی گستاخی اور بے ادبی ہے۔ وہ ان تمام چیزوں سے پاک ہے۔ اس لیے اولاد کا عقیدہ رکھنا اس کی شان کبریائی سے جہالت کی دلیل ہے۔

۱۱ اللہ تعالیٰ کی توحید قدرت اور حکمت کے دلائل تکوینی بیان فرمائے جارہے ہیں۔

۱۲ تکویر اللیل علی النہار تغشیتہ ایاہ: صحاح۔ یعنی دن کی روشنی جہاں سے سمٹی جاتی ہے رات کی تاریکی وہاں پھیلتی جاتی ہے۔ اسی طرح رات کا اندھیرا جہاں سے ختم ہوتا ہے دن کا اجالا وہاں نور افشانی کرتا جاتا ہے یہ تسلسل کبھی ٹوٹنے نہیں پاتا علامہ جوہری تکویر کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: کار العمامۃ علی رأسہ یکورھا کورًا ای لاثھا۔ کل دور کور۔ (صحاح) یعنی عمامہ کو سر پر لپیٹنا اور بل پر بل دیتے چلے جانا۔ ہر بل کو "کور" کہتے ہیں۔

۱۳ اس کی قدرت غالبہ کا تو یہ عالم ہے کہ وہ اگر چاہے تو تمہاری سرکشی کے باعث چشم زدن میں تمہیں تہس نہس کر کے رکھ دے لیکن اس کے ساتھ وہ غفار بھی ہے۔ اس کی بخشش اور پردہ پوشی کی بھی حد نہیں۔

۱۴ اللہ تعالیٰ کی توحید اور قدرت قاہرہ کی مزید دلیلیں بیان کی جارہی ہیں۔ پہلے صرف حضرت آدم کو پیدا فرمایا پھر ان سے

مِّنۡهَا زَوۡجَهَا وَ اَنۡزَلَ لَكُمۡ مِّنَ الۡاَنۡعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزۡوَاجٍ ؕ يَخۡلُقُكُمۡ

اس کا جوڑا اور پیدا کیے تمہارے لیے جانوروں میں سے آٹھ جوڑے وہ پیدا فرماتا ہے

فِىۡ بُطُوۡنِ اُمَّهٰتِكُمۡ خَلۡقًا مِّنۡۢ بَعۡدِ خَلۡقٍ فِىۡ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ

تمہیں تمہاری ماؤں کے شکموں میں (تدریجاً) ایک حالت سے دوسری حالت تین اندھیروں میں ۱۵

ذٰ لِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمۡ لَهُ الۡمُلۡكُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصۡرَفُوۡنَ ۝ اِنۡ

یہ (قدرت والا) اللہ تمہارا رب ہے اسی کی حکومت ہے ۱۶ نہیں کوئی معبود بجز اس کے پھر تم کدھر منہ پھیر کر جا رہے ہو۔ اگر تم

تَكۡفُرُوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِىٌّ عَنۡكُمۡ ۟ وَلَا يَرۡضٰى لِعِبَادِهِ الۡكُفۡرَ ۚ وَاِنۡ

ناشکری کرتے ہو تو بیشک اللہ کو تمہاری کوئی ضرورت نہیں، اور وہ پسند نہیں کرتا اپنے بندوں سے ناشکری کو اور اگر تم

تَشۡكُرُوۡا يَرۡضَهُ لَكُمۡ ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزۡرَ اُخۡرٰى ؕ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمۡ

شکر ادا کرو تو وہ پسند کرتا ہے اسے تمہارے لیے ۱۷ اور نہیں اٹھائے گا کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ ۱۸ پھر اپنے رب

حضرت حوا کی تخلیق کی یہاں تک کہ نسلِ انسانی کرۂ زمین کے دُور دراز گوشوں تک پھیل گئی نیز ان کو پیدا کر کے یوں ہی نہیں چھوڑ دیا گیا بلکہ اس کی خوراک کا بندوبست فرمایا۔ نقل و حمل کے ذرائع اور وسائل مہیا کیے خصوصی طور پر اونٹ، بیل، بھیڑ بکری جوڑا جوڑا کا ذکر کر دیا۔

۱۵ انسان کی آفرینش کی طرف مکرر توجہ دلائی یعنی جب نطفہ رحم میں قرار پکڑتا ہے تو تخلیق و تکمیل کا عمل شروع رہتا ہے۔ وہ قطرۂ آب بلکہ ایک ننھا سا جرثومہ مختلف مرحلوں سے گزر کر کامل انسان کی صورت اختیار کرتا ہے۔ اس کے ہر ہر عضو میں جو باریکیاں لطافتیں اور پیچیدگیاں ہیں یہ سب دن کی روشنی میں انجام پذیر نہیں ہوتیں بلکہ تہ در تہ اندھیروں میں یہ تکوینی عمل جاری رہتا ہے۔ تین اندھیروں سے مراد پیٹ کا اندھیرا، رحم کا اندھیرا اور رحم کے اندر جھلی کا اندھیرا جس میں بچہ کی تخلیق مکمل ہوتی ہے۔

۱۶ یہ بڑی شان والا عظیم قدرتوں والا، بالغ حکمتوں والا اللہ تعالیٰ تمہارا پروردگار ہے۔ بلندی و پستی میں، بحر و بر میں، کرہ ودمن میں ارض و سما میں ہر جگہ اس کی حکومت اور بادشاہی کا نقارہ بج رہا ہے اس کے علاوہ اور کوئی خدا نہیں کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اے لوگو! اس سے منہ موڑ کر تم کدھر جا رہے ہو۔ اگر تم انکار و کفر کی روش نہ چھوڑو گے تو خود عبرتناک انجام سے دوچار ہو گے۔ اللہ تعالیٰ کا تم کیا بگاڑ سکتے ہو تم ہر بات میں اس کے محتاج ہو اسے تمہاری قطعاً کوئی ضرورت نہیں۔

۱۷ وہ اس لیے تمہیں کفر سے منع نہیں کرتا کہ اس سے اس کی کبریائی میں فرق پڑ جائے گا، بلکہ وہ بار بار تمہیں اس لیے روکتا

مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۷

کی طرف تمہیں لوٹنا ہے پس وہ آگاہ کرے گا تمہیں ان کاموں سے جو تم کیا کرتے تھے۔ بیشک وہ خوب جاننے والا ہے سینوں کے رازوں کو۔

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً

اور جب پہنچتی ہے انسان کو کوئی تکلیف (اسوقت) پکارتا ہے اپنے رب کو دل سے رجوع کرتے ہوئے اس کی طرف ۱۹ پھر جب عطا

ہے کہ تم اس کی قدرت کے شاہکار ہو اس کو تم سے بڑا پیار ہے۔ کفر سے تم اپنا ستیاناس کر دو گے، تمہاری عظمتیں خاک میں مل جائیں گی اللہ تعالیٰ تمہاری اس ذلت و رسوائی کو پسند نہیں کرتا ہے وہ چاہتا ہے کہ تم شکر گزار بندے بن جاؤ تاکہ اس کے جود و کرم کی بارش تم پر برستی رہے اور ہر گھڑی تم بلند سے بلند تر منزل کی طرف مصروف پرواز رہو۔

علماء تفسیر نے یہاں ایک خاص بحث ذکر کی ہے جس کا اختصار سے بیان کرنا فائدہ سے خالی نہیں۔ وہ فرماتے ہیں یہ یاد رہے کہ اللہ تعالیٰ کی مشیت اور اللہ تعالیٰ کی رضا دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ دنیا میں کسی خیر و شر کا اچھی اور بری چیز کا ظہور مشیت الٰہی کے بغیر نہیں ہو سکتا، لیکن خیر اور نیکی پر وہ راضی ہوتا ہے اور شر اور برائی پر وہ راضی نہیں ہوتا۔ چور چوری کرتا ہے۔ ڈاکو ڈاکہ ڈالتا ہے۔ قاتل قتل کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی قوتوں سے یہ اعمال سرزد ہوتے ہیں۔ اگر اس کی مشیت اور ارادہ نہ ہو تو کوئی فعل بھی صادر نہیں ہو سکتا لیکن ان میں سے کوئی فعل اللہ تعالیٰ کی رضا کا باعث نہیں بلکہ یہ امور اس کے قہر و غضب کو دعوت دیتے ہیں۔ علامہ پانی پتی ؒ لکھتے ہیں کہ ارادہ اور مشیت الٰہی اور چیز ہے اور رضائے الٰہی اور چیز ہے ان دونوں کو مترادف سمجھنا غلطی ہے۔ فان ارادته يتعلق بالخير والشر كله ماشاء الله كان ومالم يشألم يكن ، ويستحيل تخلف المراد من ارادته کہ اللہ تعالیٰ کا ارادہ خیر و شر سب کے ساتھ متعلق ہوتا ہے جو چاہتا ہے وہ ہوتا ہے اور جس کو وہ نہیں چاہتا نہیں ہوتا۔ یہ محال ہے کہ وہ کسی کام کا ارادہ کرے اور وہ کام نہ ہو۔ (مظہری)

۱۸ یعنی وہ شخص جو اپنے گناہوں کے بوجھ کے نیچے دبا چلا جا رہا ہے وہ کسی دوسرے کا بوجھ کیوں کر اٹھا سکتا ہے یا اللہ تعالیٰ کا عدل اس بات کو برداشت نہیں کرتا کہ کسی کا بوجھ کسی پر لاد دیا جائے۔ یہ انصاف کے خلاف ہے۔

۱۹ جب انسان کسی تکلیف سے دوچار ہوتا ہے مصائب و آلام کے سیاہ بادل اسے چاروں طرف سے گھیر لیتے ہیں اور نجات کی کوئی راہ نظر نہیں آتی تو پھر ہر طرف سے منہ موڑ کر بڑے عجز و نیاز سے رب کریم کی بارگاہ میں فریاد کرتا ہے، لیکن جب اس کی مصیبت اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ٹل جاتی ہے اور اس پر طرح طرح کے انعامات کیے جاتے ہیں تو وہ اکڑ جاتا ہے۔ اسے وہ گھڑیاں مجبول جاتی ہیں جب وہ درد و غم سے نڈھال ہو کر چیخا چلایا کرتا تھا اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جبیں سائی کیا کرتا تھا۔ خوّله: اعطاه: عطا کرنا۔ اور دوسرا معنی یہ کیا گیا ہے: او جعله ذا حشم و اتباع والخول الحشم والاتباع۔ نوکر، خادم۔ ملازم

بعض علماء نے فرمایا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو فراموش کر دیتا ہے جس نے اپنے لطف و کرم سے اس کی چارہ سازی فرمائی تھی۔ اس صورت میں ما كان يدعوا اليه میں ما بمعنی مَن ہوگا اور ما بمعنی مَن بکثرت استعمال ہوتا ہے جیسے وما خلق الذكر والانثى۔

مِّنۡهُ نَسِیَ مَا كَانَ یَدۡعُوۤا اِلَیۡهِ مِنۡ قَبۡلُ وَ جَعَلَ لِلّٰهِ اَنۡدَادًا لِّیُضِلَّ

کرتا ہے اسے نعمت اپنی (جناب سے) تو بھول جاتا ہے اس تکلیف کو جس کے لیے فریاد کرتا رہا تھا اس سے پہلے اور بناتا ہے اللہ کے ہم مثل تاکہ بہکا

عَنۡ سَبِیۡلِهٖ ؕ قُلۡ تَمَتَّعۡ بِكُفۡرِكَ قَلِیۡلًا ۖۗ اِنَّكَ مِنۡ اَصۡحٰبِ النَّارِ ﴿۸﴾

دے اس کی راہ سے۔ (اے مصطفےٰ) آپ اسے فرمائیے لطف اٹھالے اپنے کفر سے تھوڑے دن۔ بیشک تو دوزخیوں میں سے ہے۔

اَمَّنۡ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّیۡلِ سَاجِدًا وَّ قَآئِمًا یَّحۡذَرُ الۡاٰخِرَةَ وَ یَرۡجُوۡا

بھلا جو شخص عبادت میں بسر کرتا ہے رات کی گھڑیاں کبھی سجدہ کرتے ہوئے کبھی کھڑے ہوئے (دباں ہمہ) ڈرتا ہے آخرت سے اور امید

رَحۡمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلۡ هَلۡ یَسۡتَوِی الَّذِیۡنَ یَعۡلَمُوۡنَ وَ الَّذِیۡنَ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ؕ

رکھتا ہے اپنے رب کی رحمت کی ۲۱ آپ پوچھیے کیا کبھی برابر ہو سکتے ہیں علم والے اور جاہل ۲۲

اِنَّمَا یَتَذَكَّرُ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ﴿۹﴾ قُلۡ یٰعِبَادِ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوۡا رَبَّكُمۡ ؕ

البتہ صرف عقلمند ہی نصیحت قبول کرتے ہیں۔ آپ فرمائیے: اے میرے بندو جو ایمان لے آئے ہو ڈرتے رہا کرو اپنے رب سے ۲۳

لِلَّذِیۡنَ اَحۡسَنُوۡا فِیۡ هٰذِهِ الدُّنۡیَا حَسَنَةٌ ؕ وَ اَرۡضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا

(اور یاد رکھو) ان کے لیے جنہوں نے نیک اعمال کیے اس دُنیا میں نیک صلہ ہے۔ اور اللہ کی زمین بڑی وسیع ہے (صفحہ والا) بیشک

ع ۵ | ۱۹

۲۰ے اور اس پر ستم یہ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے لگتا ہے اور اس کے شریک ٹھہرا دیتا ہے۔ انداد: ای شرکاء۔ علامہ بیضاوی نے ندّ کی تشریح بایں الفاظ کی ہے: المثل المناوی یعنی جو کسی کا ہم پایہ بھی ہو اور اس کا مخالف بھی ہو اس کو ندّ کہتے ہیں۔

۲۱ے مومن کے شب و روز کی کیفیت بیان کی جارہی ہے۔ نیاز مندیوں کا عالم یہ ہے کہ رات بھر دردانگیز نالے کرتے رہتے ہیں۔ اس کے در اقدس پر جبین نیاز جھکائے رہتے ہیں۔ اس کے باوجود اپنی عبادت پر نازاں نہیں ہوتے بلکہ اللہ تعالیٰ کی بے نیازی سے ہر وقت ڈرتے بھی ہیں اور اس کی رحمت کے اُمیدوار بھی رہتے ہیں۔

۲۲ے جو لوگ اللہ تعالیٰ کی شانِ کبریائی کو جانتے ہیں ان کی اُمید و بیم کا یہ حال ہے اور جو شانِ الٰہی سے بالکل ناواقف ہیں اُن کی سرکشی کی حد نہیں۔ کیا یہ دونوں گروہ یکساں ہو سکتے ہیں؟

۲۳ے اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے اپنے بندوں کو یہ پیغام پہنچا رہا ہے کہ ایمان لانے کے بعد تقویٰ کو اپنا شعار بنالو۔

يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ⑩ قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ

صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بے حساب دیا جائے گا ۲۴ فرمایئے : مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی

اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ⑪ وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ⑫ قُلْ

عبادت کروں خالص کرتے ہوئے اس کے لیے اطاعت کو ۲۵ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سب سے پہلا مسلمان بنوں۔ آپ

اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ⑬ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ

فرمایئے میں ڈرتا ہوں اگر میں حکم عدولی کروں اپنے رب کی اس بڑے دن کے عذاب سے۔ فرمایئے اللہ کی ہی میں عبادت کرتا

مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ⑭ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ

ہوں خالص کرتے ہوئے اسی کے لیے اپنے دین کو۔ پس تم عبادت کرو جس کی چاہو اس کے سوا ۲۶ (نیز) فرما دیجیے اصل نقصان اٹھانے

۲۴ اس کی تفصیل اس حدیث پاک سے ہوتی ہے جو میدانِ صبر و استقامت کے شہسوار سید الاحرار حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے جدِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔ قال سمعت جدی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یقول ادّ الفرائض تکن اعبد الناس وعلیک بالقنوع تکن من اغنی الناس یا بُنیّ ان فی الجنة شجرة یقال لها شجرة البلوی یؤتی باهل البلاء فلا ینصب لهم میزان ولا یُنشر لهم دیوان یُصب علیهم الاجر صبًّا ثم قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انما یوفی الصابرون الآیة (قرطبی)

ترجمہ: میں نے اپنے جدِ پاک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا اے حسین! فرائض ادا کیا کرو تمہارا شمار ان لوگوں میں ہوگا جو بڑے عبادت گزار ہیں۔ اے حسین! قناعت اختیار کرو تم سب لوگوں سے غنی ہو جاؤ گے اے حسین! جنت میں ایک درخت ہے جسے شجرۃ البلوی یعنی دکھ تکلیف کا درخت، کہتے ہیں۔ وہ لوگ جو تکالیف و مصائب میں مبتلا رہے ان کو وہاں لایا جائے گا۔ ایسے لوگوں کے لیے نہ کوئی ترازو رکھا جائے گا اور نہ ان کا دفترِ عمل کھولا جائے گا بلکہ یوں ہی موسلا دھار بارش کی طرح ان کا اجر ان پر برسے گا۔ پھر حضور نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

۲۵ راہِ حق میں ثابت قدم رہنے اور شمعِ توحید کو روشن رکھنے کی تاکید میں صرف تمہیں نہیں کر رہا بلکہ میرے رب نے مجھے بھی ایسا ہی کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ میں سب سے پہلے ایمان لانے والا ہوں۔ اس مقام پر مولانا عثمانی لکھتے ہیں: "چنانچہ آپ عالمِ شہادت میں اس امت کے لحاظ سے اور عالمِ غیب میں تمام اولین و آخرین کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کے سب سے پہلے حکم بردار بندے ہیں۔"

۲۶ اگر تم میری دعوت قبول کرنے کے لیے تیار نہیں اور میری نصیحت تمہارے لیے قابلِ قبول نہیں تو پھر جیسا تمہارا جی چاہتا ہے

الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ

والے وہ ہیں جو گھاٹے میں ڈالیں گے اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے دن۔ سنو! یہی کھلا گھاٹا

الْمُبِيْنُ ۝۱۵ لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ۭ ذٰلِكَ

ہے۔ ان (بدبختوں) کے لیے اوپر سے بھی آگ کے شعلے ہوں گے اور نیچے سے بھی آگ کے شعلے ٢٧ اس

يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ۭ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ۝۱۶ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ

(عذاب الیم) سے ڈراتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو۔ اے میرے بندو! مجھ سے ڈرتے رہا کرو۔ اور جو لوگ بچتے ہیں شیطان سے

اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ۝۱۷ الَّذِيْنَ

کہ اس کی عبادت کریں ٢٨ اور (دل سے) جھکتے ہیں اللہ کی طرف انہی کے لیے مژدہ ہے پس آپ مژدہ سنا دیں میرے ان بندوں کو جو غور

يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ

سے سنتے ہیں بات کو پھر پیروی کرتے ہیں اچھی بات کی۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی ہے

وَاُولٰۗىِٕكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝۱۸ اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ۭ

اور یہی لوگ دانشور ہیں بھلا جس پر واجب ہو گیا عذاب کا حکم۔

اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ۝۱۹ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ

تو کیا آپ چھڑا سکتے ہیں اسے جو آگ میں ہے؟ البتہ جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے ان کے لیے بالا خانے ہیں جن کے

کرتے رہو خواہ کسی پتھر کی پوجا کرو، خواہ کسی دریا کو خدا بناؤ خواہ کسی جن اور انسان کو اپنا معبود تصور کرو تم جانو اور تمہارا کام لیکن یہ یاد ہے کہ کفر و شرک اختیار کرنے سے تم ایسا نقصان اٹھاؤ گے اور تمہیں ایسا خسارہ ہوگا کہ پھر اس کی تلافی ممکن نہ ہوگی۔

٢٧ ظلل: ہر اس چیز کو کہتے ہیں جس کا سایہ کسی پر پڑ رہا ہو۔ مراد یہ ہے کہ اوپر اور نیچے سے آگ کے بھڑکتے ہوئے شعلے انہیں اپنی گرفت میں لے لیں گے۔

٢٨ اللہ تعالیٰ اپنے مقبول اور پیارے بندوں کا ذکر فرماتا ہے۔

فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۬ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ۭ لَا يُخْلِفُ

اوپر اور بالا خانے بنے ہوئے ہیں رواں ہیں جن کے نیچے سے نہریں۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿۲۰﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي

اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کیا کرتا۔ کیا تم نہیں دیکھتے ف۲۹ کہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے اتارا ہے آسمان سے پانی پھر جاری

الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا

کیا اسے زمین کے چشموں سے۔ پھر اگاتا ہے اس کے ذریعہ فصلیں جن کے رنگ جدا جدا ہیں پھر وہ خشک ہونے لگتی ہے پس

ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطٰمًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾ ع ۲ اَفَمَنْ

تو دیکھتا ہے اسے زردی مائل پھر وہ اس کو چورا چورا کر دیتا ہے یقیناً اس ذکر شدہ حقیقت میں نصیحت ہے اہل عقل کے لیے۔ بھلا وہ

شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ

(سعادت مند) کشادہ فرما دیا ہو اللہ نے جس کا سینہ اسلام کے لیے تو وہ اپنے رب کی طرف سے دیئے ہوئے نور پر ہے ف۳۰ پس ہلاکت ہے ان کی

ف۲۹ یہاں سے پھر اللہ تعالیٰ کی قدرت و حکمت کے تکوینی دلائل پیش کیے جا رہے ہیں۔ یَهِيْجُ : خشک ہونا، ای ییبس۔

ف۳۰ یہ اللہ تعالیٰ کا محض کرم ہے اگر وہ اسلام قبول کرنے کے لیے سینہ کھول دے۔ تعصب اور ضد کے پردے اٹھ جائیں اور نورِ حق اس کو نظر آنے لگے۔ اس وقت انسان بے ساختہ حق کی طرف لپکتا ہے اور اسے قبول کر لیتا ہے۔ اس کی راہ میں آگ کے سمندر کیوں حائل نہ ہو جائیں وہ پروا نہیں کرتا۔ اس وقت تک اسے چین ہی نہیں آتا جب تک وہ شمعِ حق پر پروانہ وار نثار نہ ہو جائے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ ایک آدمی بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور عرض کی :

"یا رسول اللہ! ای المومنین اکیس"۔ کہ اہلِ ایمان میں سے زیادہ عقلمند کون ہے۔

قال اکثرھم للموت ذکراً و احسنھم لہ استعداداً : فرمایا جو موت کو کثرت سے یاد کرے اور اس کے لیے اچھی طرح تیاری کرے۔

اس کے بعد حضور نے فرمایا جب دل میں نور داخل ہو جاتا ہے تو دل کشادہ اور وسیع ہو جاتا ہے۔ صحابہ نے عرض کی اے اللہ تعالیٰ کے نبی اس کی علامت کیا ہے : قال الانابۃ الی دار الخلود و التجافی عن دار الغرور والاستعداد للموت قبل نزول الموت۔ فرمایا اس کی نشانی یہ ہے کہ وہ شخص ہر وقت دار آخرت کی طرف متوجہ رہتا ہے۔ وہ اس دھوکہ والی دنیا سے کنارہ کشی

قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اُولٰٓىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۲۲ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ

دلوں کے لیے جو ذکر خدا سے متاثر نہیں ہوتے ۳۱؎ یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے بہترین

الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ڰ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ

عمدہ کلام یعنی وہ کتاب جس کی آیتیں ایک جیسی ہیں بار بار دہرائی جاتی ہیں اور کانپنے لگتے ہیں اس کے (پڑھنے) سے بدن انکے

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۭ

جو ڈرتے ہیں اپنے پروردگار سے۔ پھر نرم ہو جاتے ہیں ان کے بدن اور ان کے دل اللہ کے ذکر کی طرف ۳۲؎

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

یہ اللہ کی ہدایت ہے راہنمائی کرتا ہے اس کے ذریعے جسے چاہتا ہے۔ ۳۳؎ اور جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کردے تو اس کو

اختیار کرتا ہے اور موت کے آنے سے پہلے اس کے لیے تیاری شروع کر دیتا ہے۔

۳۱؎ ان لوگوں کی بدنصیبی کا کون اندازہ لگا سکتا ہے جن کے دل پتھر سے بھی زیادہ سخت ہو گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ذکر کا شوق ان کے دلوں میں کبھی پیدا ہی نہیں ہوا۔ انہیں یہ کبھی خیال ہی نہیں آیا کہ ان کا ایک خالق بھی ہے اور انہیں ایک روز اس دنیا سے کوچ بھی کرنا ہے۔

۳۲؎ یعنی یہ دل موہ لینے والی باتیں جو ایک کتاب کی صورت میں تمہارے پاس موجود ہیں انہیں اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے۔ ان کے مضامین ہم آہنگ ہیں سب ایک دوسرے کی موافقت اور تائید کرتے ہیں ان میں کسی قسم کا تضاد نہیں۔ اس کی یہ صفت بھی ہے کہ اس کو بار بار پڑھنے سے طبیعت نہیں اکتاتی، بلکہ ہر بار نئی لذت اور نیا سرور حاصل ہوتا ہے۔ اس کی اثر انگیزی کا یہ عالم ہے کہ جب عذاب الٰہی کا ذکر ہوتا ہے تو پرہیزگاروں پر خوف اور دہشت طاری ہو جاتی ہے اور وہ کانپنے لگتے ہیں اور جب اس کی رحمت کا ذکر ہوتا ہے تو ان کے دل اور چہرے خوشی سے چمک اٹھتے ہیں اور اس کے ذکر میں شوق و رغبت سے مشغول ہو جاتے ہیں تقشعر میں پہلی حالت کی طرف اشارہ ہے۔ ثم تلین میں دوسری کیفیت کا ذکر ہے۔ متشابھا یشبہ بعضہ بعضا فی الحسن والحکمۃ ویصدق بعضہ بعضا یعنی حسن اور حکمت میں اس کی آیتیں مشابہ ہیں ایک دوسرے کی تصدیق کرتی ہیں۔ ان میں کوئی تناقض اور اختلاف نہیں ہے اور مثانی کا معنی بیان کیا گیا۔ تثنی للتلاوۃ فلا یمل۔ کہ جب اسے بار بار پڑھا جائے تو انسان اکتاتا نہیں۔ اس کا یہ معنی بھی کیا گیا ہے کہ اس میں مواعظ اور قصص بار بار دہرائے جاتے ہیں۔ مثانی کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ پانی پتی لکھتے ہیں، مثانی مثناۃ کی جمع ہے جو اسم ظرف ہے اور یہ کتاب کی دوسری صفت ہے صفۃ اخری جمع مثناۃ اسم ظرف فانہ ثُنّی فیہ ذکر الوعد والوعید والامر والنھی والاخبار والاحکام۔

مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَقِيْلَ

کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ بھلا وہ شخص جو ڈھال بنائے گا شدید عذاب کے سامنے اپنے چہرہ کو روزِ قیامت (وہ کتنا بدنصیب

لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

ہوگا)، اور کہا جائے گا ظالموں کو (اب) چکھو جو کچھ تم کمایا کرتے تھے۔ جھٹلایا ان لوگوں نے جو ان سے پہلے گزرے

فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ

تو آیا ان پر عذاب وہاں سے جہاں سے وہ سمجھ ہی نہیں سکتے تھے۔ پس چکھائی انہیں اللہ نے ذلت اس

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

دنیوی زندگی میں اور آخرت کا عذاب اس سے بھی بڑا ہے۔ کاش! وہ جان لیتے۔

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ

اور ہم نے بیان کی ہیں لوگوں کے لیے اس قرآن (حکیم) میں ہر قسم کی مثالیں تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾ ضَرَبَ

نصیحت قبول کریں اور ہم نے دیا ہے (انہیں) قرآن جو عربی زبان میں ہے جس میں ذرا کجی نہیں تاکہ وہ اللہ سے ڈریں

اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَاۗءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ۭ

بیان فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے ایک مثال ۳۴؎ ایک غلام ہے جس میں کئی حصہ دار ہیں جو سخت بدخو ہیں اور ایک غلام ہے جو پورا ایک کا ہے۔

۳۳؎ خضوع و خشوع کی یہ حالت محض اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے نصیب ہوتی ہے جس کو چاہتا ہے اس کو یہ نعمت مرحمت فرماتا ہے۔

۳۴؎ اللہ تعالیٰ مشرک اور موحد کا حال بیان کرنے کے لیے مثال ذکر فرماتے ہیں۔ ایک غلام ہو جس کے کئی آقا ہوں اور وہ آقا آپس میں ہر وقت برسرِ پیکار رہتے ہوں چنانچہ ایک آقا کچھ حکم دیتا ہو اور دوسرا اس کے برعکس حکم دیتا ہو۔ اس بے چارے غلام کی جان تو عذاب میں مبتلا ہو جائے گی۔ وہ ہر وقت پریشان اور خستہ حال رہے گا۔ ایک اور غلام ہے جس کا صرف ایک آقا ہے۔ اب ان دونوں غلاموں کی حالت کا اندازہ کرو اور خود فیصلہ کرو کہ تمہارے لیے ایک خدا کا بندہ بننے میں آرام و راحت اور قلبی سکون ہے یا بہت سے

هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ

کیا ان دونوں کا حال یکساں ہے سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے۔ بیشک آپ نے بھی

وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾

(دنیا سے) انتقال فرمانا ہے اور انہوں نے بھی مرنا ہے ۳۵ پھر تم سب (روزِ حشر) اپنے رب کے حضور میں آپس میں جھگڑو گے۔

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ

پس اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھتا ہے ۳۶ اور تکذیب کرتا ہے

بِالصِّدْقِ اِذْ جَاۗءَهٗ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾

اس سچ کی جب وہ اس کے پاس آیا۔ کیا جہنم میں کفار کا ٹھکانا نہیں ہے؟

وَالَّذِيْ جَاۗءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ

اور وہ ہستی جو اس سچ کو لے کر آئی اور جنہوں نے اس سچائی کی تصدیق کی یہی لوگ ہیں جو

الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ جَزٰۗؤُا

پرہیزگار ہیں ۳۷ انہیں ملے گا جو وہ چاہیں گے اپنے رب کے پاس سے یہ صلہ ہے

جھگڑالو خداؤں کا بندہ بنتے ہیں۔ لفظ متشاکسین کی تشریح کرتے ہوئے علامہ جوہری لکھتے ہیں۔ رَجُلٌ مُتَشَاكِسٌ اي صعب الخلق۔ یعنی بدخُلق۔ راجز کہتا ہے شكس عبوس عنبس عذوّر۔

۳۵ اسلام کی روز افزوں ترقی کو دیکھ کر جلتے تھے اور یہ کہہ کر اپنے دلوں کو تسلی دیتے تھے کہ یہ چند روزہ کھیل ہے یہ فوت ہو جائیں گے ان کا کوئی بیٹا نہیں یہ سلسلہ خود بخود ختم ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ اے محبوب! اس دارِ فنا سے آپ نے رختِ سفر باندھنا ہے تو کیا یہ لوگ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ یہ کتنے نادان ہیں کس طرح اپنے آپ کو طفل تسلیاں دے رہے ہیں۔

۳۶ یہ کفار ایک تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت کو قبول نہیں کرتے۔ مزید برآں اللہ تعالیٰ پر جھوٹے بہتان لگاتے ہیں اور غلط باتیں منسوب کرتے ہیں۔ ان سے بڑھ کر اور کون ظالم ہوگا۔

۳۷ یعنی وہ نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جو اس ابدی صداقت کو لے کر تشریف لائے اور وہ اہلِ ایمان جنہوں نے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا

محسنوں کا ۳۸ تاکہ ڈھانپ لے اللہ تعالیٰ ان سے ان کے بدترین اعمال کو

وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾

اورعطا فرمائے انہیں اجر ان کے بہترین اعمال کا جو وہ کیا کرتے تھے ۴۰

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ

کیا اللہ کافی نہیں اپنے بندے کے لیے؟ (یقیناً کافی ہے) ۴۱ اور وہ (نادان) ڈراتے ہیں آپ کو ان معبودوں سے

دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ

جو اللہ کے سوا ہیں۔ اور جسے اللہ گمراہ ہونے دے تو اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ اور جس کو ہدایت بخش دے

سچے دل سے اس صداقت کو قبول کیا۔ یہی متقی اور پرہیزگار ہیں۔

۳۸ یہ پاک لوگ جس چیز کی آرزو کریں گے اللہ تعالیٰ کی جناب سے انہیں عطا فرمائی جائے گی۔ کیا مقام ہے نبی کریم کا اور کیا شان ہے آپ کے دامنِ کرم سے وابستہ ہونے والوں کی اور آپ کی دعوت پر صدقِ دل سے ایمان لانے والوں اور قربان ہونے والوں کی کہ جو وہ دعا کریں گے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ پوری ہوگی

۳۹ ان پر مزید کرم یہ کیا جائے گا کہ ایمان لانے سے پہلے جو سنگین جرم ان سے سرزد ہوئے تھے اور جن فحش گناہوں کا انہوں نے ارتکاب کیا تھا ان کو اس طرح ڈھانپ دیا جائے گا کہ ان کا سراغ تک بھی کسی کو معلوم نہ ہوگا۔ علامہ ابن منظور لسان العرب میں لکھتے ہیں: اصل الکفر تغطیۃ الشئ تغطیۃ "تستھلکہ" یعنی کفر کا اصل معنی یہ ہے کہ کسی چیز کو اس طرح ڈھانپ دینا کہ اس چیز کا نام ونشان بھی دکھائی نہ دے۔

۴۰ اور اسلام قبول کرنے کے بعد جو نیکیاں وہ کریں گے ان کا بہترین اجر انہیں دیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ کی نوازشات کا کیا کہنا ساری عمر برباد کرنے کے بعد بھی اگر کوئی نادم اور شرمسار ہو کر درِ اقدس پر حاضر ہوتا ہے تو اس کے لیے آغوشِ رحمت کو کشادہ کر دیا جاتا ہے۔ اس کے سابقہ نامۂ اعمال کی سیاہی دھو دی جاتی ہے اور اس پر ایسے ایسے کرم فرمائے جاتے ہیں جنہیں دیکھ کر دنیا حیران ہو جاتی ہے۔

۴۱ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو تسلی دے رہے ہیں کہ آپ کے ہر معاملہ میں اللہ تعالیٰ خود آپ کا حافظ وناصر ہے اور جس کا حافظ وناصر خود اللہ تعالیٰ ہو کیا ایسے شخص کو کسی دوسرے سہارے اور مددگار کی ضرورت باقی رہتی ہے، ہرگز نہیں۔

اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَیْسَ اللّٰهُ بِعَزِیْزٍ ذِی انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾

اللہ تعالیٰ تو اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں ۴۲ کیا نہیں ہے اللہ تعالیٰ زبردست انتقام لینے والا ؟

وَ لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ لَیَقُوْلُنَّ

اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ کس نے پیدا کیا ہے آسمانوں اور زمین کو ؟ تو ضرور کہیں گے

اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَیْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِیَ

اللہ نے ۴۳ آپ فرمائیے پھر ذرا یہ تو بتاؤ کہ جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوا اگر اللہ تعالیٰ مجھے

اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَةٍ هَلْ

کچھ تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا یہ معبود دُور کر دیں گے اس تکلیف کو یا اگر اللہ تعالیٰ مجھ پر کچھ رحمت فرمانا چاہے تو کیا

هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ؕ عَلَیْهِ یَتَوَكَّلُ

وہ روک سکتے ہیں اللہ تعالیٰ کی رحمت کو۔ فرما دیجیے مجھے کافی ہے اللہ تعالیٰ ۴۴ فقط اسی پر بھروسہ کرتے ہیں

اے محبوب! ساری دنیا بھی اگر آپ کی مخالفت پر کمربستہ ہو جائے تو آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے یہ لوگ کتنے احمق اور نادان ہیں جو آپ کو اپنے معبودانِ باطل کے غیظ و غضب سے ڈراتے ہیں۔

۴۲ ہدایت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ اللہ تعالیٰ جسے نورِ ہدایت بخش دیتا ہے پھر اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا۔

۴۳ جن بتوں کے غیظ و غضب سے یہ لوگ آپ کو ڈرا رہے ہیں اور ان کے بے پایاں اختیارات کے افسانے گھڑ گھڑ کر پیش کرتے ہیں آپ ذرا ان سے یہ تو پوچھیے کہ آسمان و زمین کا خالق کون ہے۔ تو ناچار ہو کر کہیں گے اللہ تعالیٰ۔ ان سے پھر پوچھیے کیا تمہارے بتوں میں یہ دم خم ہے کہ میرا رب اگر مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو یہ آڑے آجائیں اور مجھے اس تکلیف سے بچا لیں یا اگر اللہ تعالیٰ مجھ پر کرم فرمانا چاہے تو یہ رکاوٹ پیدا کر دیں اور مجھے اس کے کرم سے محروم کر دیں۔ جب یہ نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان تو پھر ایسے خداؤں کے ماننے اور ان کی پرستش کرنے کا کیا فائدہ ؟

۴۴ یہ لوگ آپ کو طرح طرح کی دھمکیاں دیتے ہیں آپ کو اپنے بتوں کی اذیت رسانی سے ڈراتے ہیں، آپ فقط انہیں اتنا کہہ دیجیے "حسبی اللہ" مجھے میرا اللہ تعالیٰ کافی ہے۔ تم مجھے جتنی اذیتیں پہنچا سکتے ہو، ان میں ذرا کمی نہ کرو، تم اسلام کو ناکام کرنے کے لیے جو کوششیں کر رہے ہو انہیں زور شور سے جاری رکھو۔ حسبی اللہ۔ مجھے میرا اللہ تعالیٰ کافی ہے۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ مرشد عالم

الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ

بھروسہ کرنے والے۔ فرمایئے اے میری قوم! تم عمل کیے جاؤ اپنی جگہ پر میں اپنا کام کرتا رہوں گا۔ پس

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ

تم ضرور جان لوگے کہ کس پر آتا ہے عذاب جو اسے رسوا کردے گا اور کون ہے جس پر

عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ

دائمی عذاب اترتا ہے۔ (اے حبیب!) ہم نے اتاری ہے آپ پر یہ کتاب لوگوں (کی ہدایت) کے لیے حق کے ساتھ۔

فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ

پس جو ہدایت قبول کرتا ہے تو وہ اپنا بھلا کرتا ہے اور جو بھٹکتا ہے تو وہ بھٹکتا ہے اپنے آپ کو گمراہ کرنے کے لیے

وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۴۱﴾ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ

اور آپ ان (بدبختوں) کے ذمہ دار نہیں [۵۵] اللہ تعالیٰ قبض کرتا ہے جانوں کو موت کے وقت

ع

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: من احب ان یکون اقوی الناس فلیتوکل علی اللہ ومن احب ان یکون اغنی الناس فلیکن بما فی ید اللہ عز وجل اوثق بما فی یدیہ۔ ومن احب ان یکون اکرم الناس فلیتق اللہ عز وجل (ابن کثیر) یعنی جو شخص اس بات کو دوست رکھتا ہے کہ وہ تمام لوگوں سے زیادہ طاقتور بن جائے تو اسے چاہیے کہ اللہ تعالیٰ پر توکل کرے اور جو اس بات کو پسند کرتا ہے کہ وہ سب لوگوں سے زیادہ غنی ہو جائے تو اسے چاہیے کہ جو دولت اس کے ہاتھ میں ہے اس سے زیادہ وہ اس پر یقین رکھے جو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ جو شخص چاہتا ہے کہ سب سے زیادہ مکرم معظم بن جائے تو اسے چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرا کرے۔ (ابن کثیر)

[۵۵] اے محبوب! ہم نے آپ پر ایسی کتاب نازل کی ہے جو سراپا حق ہے۔ اب اس کی روشنی سے جو فائدہ اٹھائے گا اس میں خود اس کا بھلا ہوگا اور جو آنکھوں پر پٹی باندھے رہے گا تو اس زندگی میں عمر بھر ٹھوکریں کھاتا رہے گا اور آخرکار کسی ایسے گڑھے میں گرے گا جس سے پھر نکلنا اس کے لیے دشوار ہو جائے گا۔ آپ ان کے ذمہ دار نہیں ہیں تاکہ آپ سے یہ بازپرس کی جائے کہ فلاں شخص کیوں ایمان نہیں لایا، فلاں شخص کیوں شرک کرتا رہا، فلاں شخص فسق و فجور کی دلدل میں کیوں عمر بھر پھنسا رہا۔ آپ کا کام دلنشین اور مؤثر انداز میں بڑی دلسوزی اور اخلاص کے ساتھ پیغام حق پہنچا دینا ہے۔ آپ نے اپنا فرض احسن طریق سے ادا کر دیا ہے۔ اب ان کی

مَوْتِهَا وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِهَا ۚ فَیُمْسِكُ الَّتِیْ قَضٰی

اور جن کی موت کا وقت ابھی نہیں آیا (ان کی روحیں) حالت نیند میں ۴۵ ؎ پھر روک لیتا ہے ان روحوں کو جن کی موت

عَلَیْهَا الْمَوْتَ وَیُرْسِلُ الْاُخْرٰۤی اِلٰۤی اَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ اِنَّ

کا فیصلہ کرتا ہے اور واپس بھیج دیتا ہے دوسری روحوں کو مقررہ میعاد تک۔ بے شک

فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ

اس میں (اس کی قدرت کی) نشانیاں ہیں ان کے لیے جو غور و فکر کرتے ہیں۔ کیا انہوں نے بنا لیے ہیں اللہ کو چھوڑ کر

اللّٰهِ شُفَعَآءَ ؕ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا یَمْلِكُوْنَ شَیْـًٔا وَّلَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۴۳﴾

اور سفارشی۔ آپ پوچھیے اگرچہ وہ (مزعومہ سفارشی) کسی چیز کے مالک نہ ہوں اور نہ عقل و شعور رکھتے ہوں ۴۶ ؎

گرامی کے متعلق آپ سے کسی طرح کا محاسبہ نہیں ہوگا۔

۴۵ ؎ آیت کا مفہوم واضح ہے۔ حضور نے سوتے وقت یہ دعا مانگنے کی تلقین فرمائی ہے۔ آپ بھی اسے یاد کرلیں اور سوتے وقت یہ دعا مانگ کر سویا کریں: بِاسْمِكَ رَبِّیْ وَضَعْتُ جَنْبِیْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِیْ فَارْحَمْهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصّٰلِحِیْنَ۔

ترجمہ: اے اللہ! میں تیرے نام سے اپنا پہلو بستر پر رکھتا ہوں اور تیرے نام کے ساتھ ہی اسے اٹھاؤں گا۔ اس اثنا میں اگر تو میری روح قبض کرے تو اس پر رحم کرنا اور اگر واپس کرنا تو اس کی اس سے حفاظت کرنا جس سے تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔

یتوفی کا لغوی معنی ہے کسی کو پوری طرح اپنے قبضہ میں لے لینا۔ توفیة الشئ بذله وافیاً واستیفاؤه تناوله وافیاً۔ قال تعالیٰ ووفیت كل نفس ما كسبت وقد عبّر عن الموت والنوم بالتوفی (مفردات)

اس توفی کی دو قسمیں ہیں ایک ہمیشہ کے لیے روح کو اپنے قبضہ میں کرنا اور دوسرا عارضی طور پر کچھ وقت کے لیے پہلی صورت میں اس کا معنی موت ہوگا۔ دوسری صورت میں یہ نیند کے معنی میں مستعمل ہوگا اور یہ بطور مجاز ہوگا۔

۴۶ ؎ یعنی یہ مشرک بھی عجیب دماغ کے لوگ ہیں کہ ایسے معبودوں کو انہوں نے اپنا سفارشی فرض کرلیا ہے جن کے پاس پھوٹی کوڑی بھی نہیں اور عقل و فہم سے بھی بالکل کورے ہیں۔ یہ ان کے پتھر لکڑی کے بت اور تانبے پیتل کے اصنام تھے جو بے جان ہونے کے باعث ہر قسم کے فہم و شعور سے اور قوت و اختیار سے محروم تھے۔

قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ؕ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

آپ فرمائیے سب شفاعت اللہ کے اختیار میں ہے ۶۲ اسی کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔

ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ

پھر اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور جب ذکر کیا جائے اکیلے اللہ کا تو کڑھنے لگتے ہیں ان لوگوں کے دل

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ

جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور جب ذکر کیا جاتا ہے اس کے سوا دوسروں کا تو اسی

اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

وقت وہ خوشیاں منانے لگتے ہیں ۶۳ آپ عرض کیجیے اے اللہ! اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے

۶۲ آپ ان کو فرما دیجیے کہ شفاعت کرنے کا اختیار تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیا جاتا ہے۔ اس کے اذن کے بغیر تو کسی کی مجال نہیں کہ لب کشائی بھی کر سکے اور ان کے معبودوں کو تو شفاعت کا کوئی اختیار نہیں دیا گیا یہ کیسے ان کی شفاعت کریں گے۔

۶۳ جب اللہ تعالیٰ کی توحید کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل گھٹنے لگتے ہیں۔ ان کے چہروں پر افسردگی چھا جاتی ہے اور جب کسی محفل میں ان کے بتوں اور جھوٹے خداؤں کی تعریف کی جاتی ہے تو ان کے چہرے خوشی اور فرط مسرت سے دمکنے لگتے ہیں۔

اشْمَاَزَّتْ: نفرت وانقبضت۔ یعنی دل کا نفرت کرنا اور گھٹ جانا۔

ہمارے بعض مہربان اپنی شوخیٔ مزاج سے مجبور ہو کر اس آیت کو خوب جھوم جھام کر پڑھتے ہیں اور اس کی تفسیر بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے محبوب کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے ثناخوانوں اور اولیاء اللہ کی مدح سرائی کرنے والوں پر اس آیت کی تطبیق کرتے ہیں۔ جوش خطابت میں ان کے منہ شریف سے جھاگ اڑ رہی ہوتی ہے اور فرماتے ہیں کہ یہ سنی ایسے بدعتی ہیں جو ہر وقت نبی کی توصیف میں رطب اللسان رہتے ہیں۔ ہر وقت اولیاء کرام کا ذکر کرتے رہتے ہیں دیکھو قرآن انکے بارے میں کیا کہتا ہے؟

ان حضرات والاصفات سے اتنا ہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پہلے قرآن کریم کی ان بیشمار آیات کو نکال دیجیے جن میں قرآن نازل فرمانے والے نے اپنے انبیاء، خصوصاً سید الانبیاء، اس کے صحابہ کرام اور اس کے غلاموں کی تعریف و توصیف کی ہے پھر ہم گمشتگان خنجر تسلیم پر مشق سخن فرمائیے۔ زیادہ نہیں تو کم از کم سورۃ والضحیٰ، الم نشرح، الکوثر کی تلاوت کو نمازوں میں ہی بند کرنے کا حکم صادر فرما دیجیے، اگر آپ ایسا کرنے کی سکت رکھتے ہیں۔ ورنہ جب تک یہ روح پرور آیات اور یہ ایمان افروز نورانی سورتیں قرآن میں موجود ہیں اس الزام سے آپ بھی نہیں بچ سکتے۔ خدارا غصہ سے اتنے بے قابو نہ ہو جایا کریں کہ حق و صداقت کا دامن بھی

عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِي مَا

اے جاننے والے غیب اور شہادت کے تو ہی فیصلہ فرمائے گا اپنے بندوں کے درمیان، ان امور میں

كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ

جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے۔ اور اگر ان کے پاس جنہوں نے شرک کیا زمین میں جو کچھ ہے

جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِنْ سُوءِ الْعَذَابِ يَوْمَ

سب ہو اور اتنا اور بھی اس کے ساتھ، تو جا ہیں گے کہ بطور فدیہ ادا کر دیں اسے بُرے عذاب کے عوض، قیامت

الْقِيَامَةِ ۚ وَبَدَا لَهُمْ مِنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ ۝

کے دن ۶۹؎ اور (اس روز) ظاہر ہو جائے گا ان پر اللہ کی طرف سے جس کا وہ گمان بھی نہیں کیا کرتے تھے۔

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ

اور ظاہر ہو جائیں گے ان پر وہ بُرے اعمال جو انہوں نے کمائے تھے اور گھیر لے گا انہیں وہ (عذاب) جس کا یہ

يَسْتَهْزِئُونَ ۝ فَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنَاهُ

مذاق اڑایا کرتے تھے۔ پس جب پہنچتی ہے انسان کو کوئی تکلیف تو ہمیں پکارتا ہے ۷۰؎ پھر جب ہم عطا کر دیتے ہیں

ہاتھ سے چھوٹ جائے۔

۶۹؎ آج تو یہ ایک دمڑی پر جان دیتے ہیں۔ راہِ خدا میں خرچ کرنے کے لیے انہیں کہا جائے تو مرنے لگتے ہیں۔ وہ دن آنے والا ہے جب عذابِ الٰہی انہیں چاروں طرف سے گھیرے گا اس وقت اپنا زندگی بھر کا سرمایہ فدیہ کے طور پر ادا کرنے کے لیے تیار ہو جائیں گے بلکہ دُنیا کے سارے خزانے بھی اگر ان کا بس چلے تو اپنی جان بچانے کے لیے بطور فدیہ دے دیں۔ اس وقت ان کی صرف ایک ہی آرزو ہو گی کہ عذاب سے نجات مل جائے خواہ انہیں کتنا ہی تاوان ادا کرنا پڑے۔

۷۰؎ جب انسان کسی تکلیف میں مبتلا ہو جاتا ہے تو اس وقت ہمیں پکارتا ہے، گڑگڑاتا ہے، فریاد کرتا ہے۔ لیکن جب اسے اس عذاب سے نجات مل جاتی ہے اور ہم اس پر اپنی گوناگوں رحمتوں کا مینہ برسا دیتے ہیں تو یہ نہیں کہتا کہ میرے ربّ نے مجھ پر احسان فرمایا ہے بلکہ کہتا ہے کہ یہ میری ذاتی قابلیت اور مہارت کا نتیجہ ہے۔ میرے جیسا لائق فائق انسان اس خوشحالی

نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ؕ بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ

اسے نعمت اپنی جناب سے تو کہنے لگتا ہے کہ یہ نعمت مجھے دی گئی ہے (اپنے) علم (وفضل) کے باعث ایسے غافل (یوں نہیں) بلکہ یہ

وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۹﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ

آزمائش ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ؀۱ کہی تھی یہی بات ان لوگوں نے جو ان سے

قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَاَصَابَهُمْ

پہلے تھے (جب ہم نے انہیں پکڑا) تو نہ فائدہ پہنچایا انہیں (مال و دولت نے) جو وہ کمایا کرتے تھے ؀۲ پس جو برے

سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ؕ وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ سَيُصِيْبُهُمْ

کام انہوں نے کیے ان کا نتیجہ انہیں بھگتنا پڑا۔ اور جنہوں نے ظلم کیا ہے ان لوگوں میں سے انہیں بھی عنقریب اپنی

سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۱﴾ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ

بداعمالیوں کی سزا بھگتنی ہوگی اور یہ (ہمیں) عاجز نہیں کر سکتے کیا وہ نہیں جانتے کہ بے شک

اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

اللہ تعالیٰ کشادہ عطا فرماتا ہے رزق جس کو چاہتا ہے اور تنگ کر دیتا ہے (جس کو چاہتا ہے)۔ یقیناً اس (تقسیم رزق) میں اس کی حکمت کی

؀۱ یہ شخص فریب خوردہ ہے حقیقت حال سے بالکل بے خبر ہے۔ اسے علم نہیں کہ ہم کس کو یہ ساری راحتیں اس لیے بخش رہے ہیں کہ اس کا امتحان لیں۔ غم و اندوہ کے زمانہ میں جس رب کریم کو وہ ہر وقت یاد کیا کرتا تھا اب عیش و آرام کے زمانہ میں بھی وہ اپنے منعم حقیقی کو یاد کرتا ہے یا نہیں۔ اس کا شکر گزار بندہ بنتا ہے یا نہیں۔ لیکن اکثر لوگ اس آزمائش کی طرف خیال ہی نہیں کرتے اور یوں ناکام ہو جاتے ہیں اور اپنے آپ کو تباہی کے گڑھے میں پھینک دیتے ہیں۔

؀۲ ایسی بے سروپا باتیں اس سے پہلے بھی فریب خوردہ لوگ کیا کرتے تھے ناشکری کے باعث ان سے وہ نعمتیں چھین لی گئیں اور انہیں ہولناک انجام سے دوچار کر دیا گیا۔ پھر نہ ان کی علمی قابلیت اور دانشمندی ان کو ہماری گرفت سے بچا سکی اور نہ ذاتی جد و جہد انہیں کوئی فائدہ پہنچا سکی۔

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ

نشانیاں ہیں اہل ایمان کے لیے ۳۳ آپ فرمائیے اے میرے بندو! جنہوں نے زیادتیاں کی ہیں اپنے نفسوں پر،

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ

مایوس نہ ہو جاؤ اللہ کی رحمت سے ۳۴ یقیناً اللہ تعالیٰ بخش دیتا ہے سارے گناہوں کو

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۳﴾ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ

بلاشبہ وہی بہت بخشنے والا، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اور (سچے دل سے) لوٹ آؤ اپنے رب کی طرف اور سر خم کردو اس کے سامنے

۳۳ رزق کے خزانے اس کے دستِ قدرت میں ہیں۔ جتنا چاہتا ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے کسی کو مجالِ اعتراض نہیں۔ اس تقسیم رزق میں بھی اس کی حکمت کی صدہا نشانیاں ہیں لیکن ان نشانیوں سے وہی لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں جن کے دل میں نورِ ایمان ہے۔

۳۴ جب نفسانی جذبات مشتعل ہو جاتے ہیں تو بڑے بڑے دانشمندوں سے انتہائی قبیح حرکتیں سرزد ہو جاتی ہیں جب انتقام کے شعلے بھڑکتے ہیں تو بڑے بڑے حلیم الطبع لوگوں کے ہاتھ سے بھی عدل و انصاف کا دامن چھوٹ جاتا ہے۔ غلط ماحول کے باعث غلط نظریات دل میں جم جاتے ہیں۔ ان حالات میں اگر کوئی شخص گناہوں اور بدکرداریوں سے اپنا دامن آلودہ کرے اور اس کے لیے توبہ کا دروازہ بند کر دیا جائے تو وہ اپنی اصلاح کی طرف متوجہ نہیں ہوگا اور گناہ و عصیاں کی دلدل میں بڑی بے باکی سے بڑھتا چلا جائے گا۔ اس طرح خود بھی برباد ہوگا اور کئی معصوم زندگیوں کو بھی دفن کر کے رکھ دے گا۔

اسی طرح اگر یہ بات کسی کے ذہن نشین ہو جائے کہ گناہ کرنے سے کوئی مضرت نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی رحمتِ واسعہ کے سامنے ہمارے ان گناہوں کی کیا حقیقت ہے۔ ہم کچھ بھی کرتے رہیں وہ بخش دے گا اور جنت کے دروازے ہمارے لیے کھول دیے جائیں گے۔ ایسا انسان بھی عمر بھر اپنی نفسانی خواہشات کے ہاتھوں میں کھلونا بنا رہتا ہے۔ خونریزی۔ بدکاری۔ راہزنی حق تلفی سے اسے کوئی نفرت نہیں رہتی۔ لوگوں کے حقوق پامال کرنے کے باوجود اور ملک میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑکانے کے باوجود اس کے دل میں خلش بھی پیدا نہیں ہوتی جو اس کو بے چین کر دے۔

یہ دونوں کیفیتیں انسان کے لیے سمِ قاتل ہیں۔ اس طرح وہ نہ فقط دوسروں کے لیے وبالِ جان بن جاتا ہے بلکہ اپنی ذات پر بھی ظلم عظیم کا مرتکب ہوتا ہے۔ اس کو جو تعمیری صلاحیتیں اور نیکی کی قوتیں بخشی گئی تھیں ان سے اگر وہ صحیح کام لیتا تو آسمانِ شہرت پر مہر و ماہ بن کر چمکتا اور قیامت تک دنیا اس کی نیکیوں کو یاد کرتی۔ اسے دعائیں دیتی، اب وہ بیکار پڑی رہیں اور برگ و بار لائے بغیر ختم ہو گئیں۔

اسلام جو دینِ فطرت ہے جس کا مقصدِ اولین فرد کی صحیح نشوونما اور راہنمائی کرنا ہے تاکہ سلجھے ہوئے اور اصلاح یافتہ افراد سے

ایک ایسی قوم معرض وجود میں آئے جو قیادت اُمم کی ذمّہ داری سنبھال سکے اور ساری انسانیت کی راہنمائی کا فریضہ ادا کر سکے۔ اس لیے اسلام نے انسان کو نہ تو بالکل بے لگام چھوڑ دیا ہے کہ وہ خرمستیاں کرتا رہے۔ چمن حیات کی نازک اور معصوم کلیوں کو مسلتا رہے اور ان کی رنگ و نکہت کو لوٹتا رہے اور اس کے باوجود دل میں اپنی بخشش کا بھی یقین رکھے اور نہ ہی اسلام نے انسان کو مایوسیوں اور ناامیدیوں کے گہرے گڑھے میں دھکیل دیا بلکہ صحیح خطوط پر اس کی تربیت کا پروگرام پیش کیا۔ ایک طرف اُسے اپنے اعمال نیک و بد کا ذمّہ دار ٹھہرایا اور اُسے ان نتائج سے آگاہ کیا جو اس کے اچھے یا بُرے اعمال پر سنت الٰہی کے مطابق مترتب ہو کر رہیں گے تاکہ کوئی کام کرنے سے پہلے وہ ان نتائج کا بھی اچھی طرح جائزہ لے لے اور یہ دیکھ لے کہ کیا وہ ان نتائج کی ذمّہ داری قبول کرنے کے لیے تیار ہے۔ اس کے ساتھ اس کو مایوس بھی نہیں ہونے دیا اُسے بتا دیا کہ گناہوں اور بدکاریوں سے تائب ہو کر جب اور جہاں سے وہ نئی پاکیزہ زندگی کا آغاز کرنا چاہے اُسے اس کا موقع دیا جائے گا۔

اس آیت طیبہ مبارکہ میں بھی ان لوگوں کو نوید رحمت دی جا رہی ہے جو عمر بھر اپنے اُوپر زیادتیاں کرتے رہے جن کے شب و روز فسق و فجور میں بسر ہوتے رہے جنہوں نے کفر و شرک کا ارتکاب کر کے اپنے آپ کو بالکل برباد کر دیا۔ ایسے لوگوں کو کہا جا رہا ہے کہ آؤ میری رحمت کا دروازہ تمہارے لیے کھلا ہوا ہے۔ اگر تم سچے دل سے تائب ہو کر نئی اور پاکیزہ زندگی شروع کرنے کا عزم کر چکے ہو تو تمہارے گناہ بے شمار اور نہایت سنگین کیوں نہ ہوں معاف کر دیے جائیں گے۔ تمہیں یہاں سے مایوس نہیں لوٹایا جائے گا۔

حدیث پاک میں اس کا شانِ نزول اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ:

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما ان ناساً من اھل الشرک کانوا قد قتلوا واکثروا وزنوا واکثروا فاتوا محمدا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فقالوا ان الذی تقول وتدعو الیہ لحسن لو تخبرنا ان لما عملنا کفارۃ ونزل قل یعبادی الذین اسرفوا - الایۃ

ترجمہ: حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ چند مشرک جنہوں نے سابقہ زندگی میں بکثرت قتل کیے تھے اور بکثرت زنا کا ارتکاب کیا تھا حضور کی خدمت میں آئے اور عرض کرنے لگے کہ جو آپ فرماتے ہیں اور جس چیز کی دعوت دیتے ہیں وہ بہت اچھی ہے لیکن آج سے قبل ہم اتنے گناہ کر چکے ہیں جن کی بخشش کی کوئی صورت نہیں کیا آپ اس کے کفارہ سے ہمیں آگاہ فرما سکتے ہیں۔ یعنی مقصد یہ تھا کہ اگر ہم اسلام قبول کر لیں تو کیا ہمیں ہمارے سابقہ گناہوں پر تو عذاب نہ ہوگا۔ اگر اسلام لانے کے بعد بھی ہم جہنم میں جھونک دیے جائیں تو ہمیں اپنے آبائی دین کو چھوڑنے کی ضرورت نہیں۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

جب کفار و مشرکین کے ساتھ رحمتِ الٰہی کا یہ برتاؤ ہے تو اہل ایمان کے ساتھ خواہ وہ کتنے گنہگار کیوں نہ ہوں۔ اگر وہ سچے دل سے توبہ کر لیں تو اللہ تعالٰی کی مہربانی اور شفقت کا کوئی کیا اندازہ کر سکتا ہے۔ اسی لیے حضور رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ما احب ان لی الدنیا وما فیہا بھذہ الآیۃ۔ یعنی اگر اس آیت کے عوض مجھے دُنیا اور مافیہا کی دولت بھی دی جائے تو میں اس سودا کو پسند نہیں کروں گا۔

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝ وَاتَّبِعُوْٓا

اس سے پہلے کہ آجائے تم پر عذاب ۵۵ پھر تمہاری مدد نہ کی جائے گی۔ اور پیروی کرو

اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ

عمدہ کلام کی جو اتارا گیا ہے تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اس سے پیشتر کہ تم پر اچانک

الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ

عذاب آجائے ۵۶ اور تمہیں خبر تک نہ ہونے پائے۔ (اس وقت) کوئی شخص یہ کہنے لگے

يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ

صد حیف! ان کوتاہیوں پر جو مجھ سے سرزد ہوئیں اللہ کے بارے میں ۵۷ اور میں تو

السّٰخِرِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ

تمسخر اڑانے والوں سے تھا۔ یا یہ کہے کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھے ہدایت دے دیتا تو میں ہو جاتا

السرف: تجاوز الحد فی کل فعل۔ ہر کام میں حد سے بڑھ جانا۔ القنوط: الیأس من الخیر۔ غیرہ علامہ آلوسی نے ان اللہ یغفر الذنوب کا مفہوم بتاتے ہوئے علماء نے فرمایا: المراد بمغفرۃ الذنوب التجافی عنها وعدم المؤاخذۃ فی الظاهر والباطن وهو المراد بسترها۔ وقیل المراد به محوها من الصحائف بالکلیة مع التجافی عنها۔ یعنی مغفرت ذنوب سے مراد یہ ہے کہ ان کے متعلق نہ ظاہر میں مؤاخذہ کیا جائے اور نہ باطن میں۔ اور بعض نے فرمایا کہ دفتر عمل سے ان کو بالکل مٹا دیا جائے اور ان کے بارے میں کوئی مؤاخذہ نہ ہو۔

۵۵ اس کا عطف لا تقنطوا پر ہے۔ پہلے تم اپنے رب کریم کی جانب سے رخ موڑے ہوئے تھے اور گمراہی کے راستہ پر گامزن تھے۔ اب سچے دل سے اپنے خالق کی طرف متوجہ ہو جاؤ اور اس کے احکام کے سامنے سر تسلیم خم کر دو۔ ایسا نہ ہو کہ سرکشی کی حالت میں ہی پیغام اجل آجائے اور تم عذاب میں مبتلا کر دیے جاؤ۔ اس وقت کوئی تمہاری مدد نہیں کر سکے گا۔

۵۶ ہم نے جو بہترین کلام تمہاری طرف نازل کیا ہے اس کو مضبوطی سے پکڑ لو اور اس کی اطاعت و پیروی شروع کر دو۔ ایسا نہ ہو کہ اچانک عذاب الٰہی نازل ہو اور تمہیں نیست و نابود کر کے رکھ دے۔

۵۷ اس وقت تم پچھتاؤ گے اپنی نالائقیوں پر اپنے آپ کو ملامت کرو گے لیکن سب بے سود۔

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً

پرہیزگاروں میں سے ۸۸ یا یہ کہنے لگے جب عذاب دیکھے کاش ! مجھے ایک بار پھر موقع دیا جائے

فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ

تو میں نیکوکاروں میں سے ہو جاؤں گا۔ ہاں ہاں ! آئی تھیں تیرے پاس میری آیتیں پس تو نے انہیں جھٹلایا

بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى

اور تو گھمنڈ کرتا رہا اور تو کفر کرنے والوں میں سے تھا ۸۹ اور روز قیامت آپ دیکھیں گے

الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ

انہیں جو اللہ پر جھوٹ باندھتے تھے اس حال میں کہ ان کے چہرے سیاہ ہونگے۔ کیا نہیں ہے جہنم میں ٹھکانا

مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾ وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۡ

تکبر کرنے والوں کا ؟ اور نجات دے گا اللہ تعالیٰ متقیوں کو کامیابی کے ساتھ

لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۡ

نہ چھوئے گی انہیں کوئی تکلیف اور نہ وہ غمگین ہوں گے ۹۰ اللہ تعالیٰ پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا۔

۸۸ ان کی حالت ناگفتہ بہ ہوگی۔ کبھی کچھ کہیں گے اور کبھی کچھ۔

۸۹ بارگاہِ الٰہی سے ایک ہی مسکت جواب ملے گا۔

۹۰ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے اس آیت کی یہ تفسیر نقل کی ہے :

قال ، کہ حضور نے فرمایا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ لوگوں کو ان کے اعمال سمیت حشر میں حاضر کرے گا۔ مومن کے عمل کی شکل بڑی خوبصورت اور اس کی مہک بڑی دل افروز ہوگی۔ جب کہیں ڈر اور خوف ہوگا تو وہ اسے تسلی دیتے ہوئے کہے گا کہ تم مت گھبراؤ یہ خوف اور ڈر تمہارے لیے نہیں۔ وہ مومن کہے گا تو نے مجھ پر بڑے احسان کیے ہیں تو ہے کون ؟ وہ جواب دے گا تم مجھے نہیں پہچانتے ، میں تمہارا نیک عمل ہوں۔ دنیا میں تو نے میرے بوجھ کو اٹھائے رکھا اب میں تمہیں اٹھاؤں گا۔

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۶۲﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ

اور وہی ہر چیز کا نگہبان ہے وہی مالک ہے آسمانوں اور زمین کی

وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۳﴾ ع

کنجیوں کا [۹۱] اور جو لوگ انکار کرتے ہیں اللہ کی آیتوں کا وہی لوگ خسارہ میں ہیں۔

قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَقَدْ

آپ فرمائیے اے جاہلو! کیا تم مجھے حکم دیتے ہو کہ اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت کروں [۹۲] اور بیشک وحی کی

اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ

گئی ہے آپ کی طرف اور ان کی طرف جو آپ سے پہلے تھے۔ کہ اگر (بفرض محال) آپ نے بھی شرک کیا تو ضائع ہو جائیگے

اور تجھ سے ہر مصیبت کو دور کروں گا۔ فھی التی قال اللہ تعالیٰ وینجی اللہ الآیہ اسی کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ الایہ

[۹۱] مقالید جمع ہے اس کا واحد مقلید یا مقلاد ہے اور اقلید کثیر الاستعمال ہے۔ اس کا معنی ہے المفتاح یعنی کنجی۔ وقال السدی خزائن السموٰت والارض : مقالید سے مراد آسمانوں اور زمین کے خزانے ہیں۔

علامہ بیہقی نے حضرت عبد اللہ بن عمر سے روایت کیا ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر پوچھی۔ حضور نے فرمایا آج تک کسی نے مجھ سے یہ تفسیر دریافت نہیں کی۔ پھر فرمایا آسمانوں اور زمین کی کنجیاں یہ کلمات طیبات ہیں۔ لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر و سبحان اللہ وبحمدہ۔ استغفر اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ ھو الاول والآخر والظاھر والباطن یحیی ویمیت بیدہ الخیر وھو علیٰ کل شیء قدیر۔

حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ نے مقالید کی تشریح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پوچھی تو حضور نے یہی کلمات دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام پڑھنے کی ہدایت کی۔ جو شخص اللہ کے رسول کی بتلائی ہوئی کنجیوں سے خزائن ارض وسما کے قفلوں کو کھولتا ہے اسی کا دامن بھرتا ہے اور وہی ان خزانوں کی قدر و قیمت کو پہچان سکتا ہے۔ اولو العزم اولیاء کرام اپنے ہادی و مرشد کی انہیں تعلیمات پر عمر بھر عمل پیرا رہے۔ ان وظائف و اوراد کا پابندی سے ورد کرتے رہے۔ انہیں کی برکت سے حریم قرب کے دروازے ان کے لیے کھلتے گئے۔ یہ اپنی ہمت کے پروں سے ان رفعتوں پر آشیانے بناتے رہے جہاں لوگوں کے طائر عقل و فکر کی رسائی ناممکن ہے۔ اے راہ عشق کے مسافرو! اے منزل محبت کے رہ نوردو! اٹھو ہمت سے کام لو اپنے مرشد برحق کے بتائے ہوئے کلمات طیبات کو حرز جاں بناؤ۔ تمہیں بھی ان بلندیوں پر سرفراز کیا جائے گا۔ [۹۲] کفار بارگاہ رسالت میں آئے اور کہنے لگے کہ آپ بھی (نعوذ باللہ) بتوں کی پوجا

ع ۷

عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۞ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ

آپ کے اعمال اور آپ بھی خاسرین میں سے ہوجائیں گے۔ بلکہ صرف اللہ کی ہی عبادت کیا کرو اور ہو جاؤ

مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ۞ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا

شکر گزاروں میں سے اور نہ قدر پہچانی انہوں نے اللہ تعالیٰ کی جس طرح قدر پہچاننے کا حق تھا اور اسکی شان تو یہ ہے ساری

قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۭ سُبْحٰنَهٗ

زمین اسکی مٹھی میں ہوگی قیامت کے دن اور سارے آسمان لپٹے ہوئے اس کے دائیں ہاتھ میں ہونگے ۶۳ پاک ہے وہ ہر

وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۞ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي

عیب سے اور برتر ہے لوگوں کے شرک سے۔ اور پھونکا جائے گا صور پس غش کھا کر گر پڑے گا جو آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ

میں ہے اور جو زمین میں ہے ۶۴ بجز ان کے جنہیں اللہ چاہے گا (کہ بیہوش نہ ہوں) ۶۵ پھر دوبارہ (جب)

کریں۔ آپ کے بزرگوں کا بھی یہی دین تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو حکم دیا کہ ان ظالموں کو یہ جواب دو۔

۶۳ اللہ تعالیٰ کی عظمت شان بیان کی جارہی ہے کہ قیامت کے دن زمین اپنی وسعتوں، فلک بوس پہاڑوں، بیکراں سمندروں سمیت ایک چھوٹی سی گیند کی طرح اللہ تعالیٰ کی مٹھی میں ہوگی اور ساتوں آسمان لپیٹ کر وہ اپنے دائیں ہاتھ میں لے لے گا۔ حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے: قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم یقبض اللہ الارض یوم القیامۃ ویطوی السماء بیمینہ ثم یقول انا الملک این ملوک الارض (شیخین)، کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ زمین کو اپنے ایک دست قدرت میں لے لے گا اور آسمانوں کو لپیٹ کر اپنے داہنے ہاتھ میں۔ پھر فرمائے گا میں ہوں بادشاہ! زمین کے بادشاہ کہاں ہیں؟

۶۴ حضرت صدر الافاضل لکھتے ہیں یہ پہلے نفخہ کا بیان ہے۔ اس نفخہ سے جو بے ہوشی طاری ہوگی اس کا اثر یہ ہوگا کہ ملائکہ اور زمین والوں میں سے اس وقت جو لوگ زندہ ہوں گے جن پر موت نہ آئی ہوگی وہ اس سے مرجائیں گے۔ اور جن پر موت وارد ہوچکی، پھر اللہ تعالیٰ نے انہیں حیات عنایت کی۔ وہ اپنی قبروں میں زندہ ہیں جیسے انبیاء، شہداء ان پر اس نفخہ سے بے ہوشی کی سی کیفیت طاری ہوگی۔ اور جو لوگ قبروں میں مرے پڑے ہیں انہیں اس نفخہ کا شعور بھی نہ ہوگا۔

۶۵ اس استثناء میں کون داخل ہے اس میں مفسرین کے بہت اقوال ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نفخہ ا

أُخْرٰى فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ۝ وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُوْرِ

اسمیں پھونکا جائے گا تو اچانک وہ کھڑے ہو کر (حیرت سے) دیکھنے لگ جائیں گے۔ اور جگمگا اٹھے گی زمین اپنے رب کے

رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ

نور سے ٦٦ اور رکھ دیا جائے گا دفترِ عمل اور حاضر کیے جائیں گے انبیاء اور دوسرے گواہ اور فیصلہ کردیا

بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا

جائے گا ان کے درمیان انصاف سے ٦٧ اور ان پر ذرہ بھر ظلم بھی نہیں کیا جائیگا۔ اور پورا پورا بدلہ دیا جائے گا ہر شخص کو جو

عَمِلَتْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا إِلٰى

اس نے کیا تھا اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو کام لوگ کرتے ہیں۔ اور ہانکے جائیں گے کفار جہنم کی طرف

جَهَنَّمَ زُمَرًا ۭ حَتّٰىٓ إِذَا جَاءُوْهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ

گروہ در گروہ ٦٨ جب اس کے پاس آئیں گے تو کھول دیے جائیں گے اس کے دروازے اور پوچھیں گے

مستثنیٰ ہیں تمام آسمان اور زمین والے مرجائیں گے سوائے جبرئیل و میکائیل و اسرافیل و ملک الموت کے پھر اللہ تعالیٰ دونوں نفخوں کے درمیان جو چالیس برس کی مدت ہے اس میں ان فرشتوں کو بھی موت دے دے گا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ مستثنیٰ شہداء ہیں جن کے لیے قرآن کریم میں بل احیاء آیا ہے۔ حدیث پاک میں بھی ہے کہ وہ شہداء ہیں جو تلواریں حمائل کیے گرد عرش حاضر ہوں گے تیسرا قول حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مستثنیٰ حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں چونکہ آپ طور پر بیہوش ہو چکے ہیں۔ اس لیے اس نفخہ سے آپ بیہوش نہیں ہوں گے بلکہ آپ متیقظ اور ہوشیار رہیں گے۔ چوتھا قول یہ ہے کہ مستثنیٰ جنت کی حوریں اور عرش و کرسی کے رہنے والے ہیں ضحاک کا قول ہے کہ مستثنیٰ رضوان، حوریں اور وہ فرشتے جو جہنم پر مامور ہیں وہ اور جہنم کے سانپ بچھو ہیں۔ (خزائن العرفان)

٦٦ زمین سے مراد یہ زمین نہیں بلکہ میدانِ حشر ہے۔ نور سے مراد سورج اور چاند وغیرہ کا نور نہیں بلکہ یہ ایک خاص نور ہے جو اس روز اذنِ الٰہی سے ہر چیز کو روشن کردے گا۔

٦٧ تمام لوگوں کو بارگاہِ الٰہی میں پیش کیا جائے گا۔ ان کے اعمال کے صحیفے رکھ دیے جائیں گے تو انبیاء تشریف لائیں گے جو اپنی اپنی امتوں پر گواہی دینگے اور دوسرے شہداء (گواہ) بھی طلب کیے جائیں گے اور عدل و انصاف کے ساتھ ان کا فیصلہ کردیا جائیگا۔

٦٨ عدالتِ عالیہ میں جن کو جہنم رسید کرنے کا فیصلہ صادر ہوگا ان کو اس طرح ہانک کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ

ان سے دوزخ کے پہرے دار کیا نہیں آئے تھے تمہارے پاس پیغمبر تم میں سے جو پڑھ کر سناتے تمہیں تمہارے رب

وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ

کی آیتیں اور ڈراتے تمہیں اس دن کی ملاقات سے ۔ کہیں گے بیشک آئے تھے لیکن ثبت ہو چکا تھا ازل سے محفوظ

الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝٧١ قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ

میں عذاب کا حکم کفار پر ۔ انہیں کہا جائے گا داخل ہو جاؤ دوزخ کے دروازوں سے اس حال میں

فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝٧٢ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ

کہ تم ہمیشہ اس میں رہو گے ۔ پس کتنا برا ٹھکانا ہے مغروروں کا ۔ اور لے جایا جائے گا انہیں جو ڈرتے رہے تھے (عمر بھر)

اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ

اپنے رب سے جنت کی طرف گروہ در گروہ ۹۶ حتیٰ کہ جب وہ وہاں پہنچیں گے اور جنت کے دروازے پہلے ہی کھول دیے گئے ہوں گے

لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ۝٧٣ وَقَالُوْا

تو کہیں گے انہیں جنت کے محافظ تم پر سلام ہو تم خوب رہے پس اندر تشریف لے چلو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اور وہ (خوش بخت)

۹۶ ۔ اور جن خوش نصیبوں کے بارے میں بخش دینے کا فیصلہ ہو گا ان کو بڑی عزت و اکرام سے نعیم جنت کی طرف فرشتے لے جائیں گے کیا دلکش منظر ہو گا ۔ ان پاک نفس لوگوں کو گروہ در گروہ جنت میں داخل کیا جائے گا اور سب سے پہلے داخل ہونے والے ہمارے آقا و مولیٰ حضور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں گے ۔ مسلم شریف کی حدیث ہے : انا اول من یقرع باب الجنۃ ۔ یعنی حضور نے فرمایا، میں سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا ۔

حضرت انس بن مالک سے مروی ہے : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آتی باب الجنۃ یوم القیامۃ فاستفتح فیقول الخازن من انت و اقول محمد (فداہ روحی وقلبی) صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔ قال فیقول بذا امرت ان لا افتح لاحد قبلک (مسند احمد) حضور نے فرمایا قیامت کے دن میں جنت کے دروازے پر آؤں گا اور اسے کھولنے کے لیے کہوں گا تو جنت کا خازن پوچھے گا ۔ آپ کون ہیں ۔ میں اپنا نام بتاؤں گا تو وہ کہے گا کہ مجھے آپ کے متعلق ہی حکم دیا گیا ہے کہ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ

کہیں گے ساری تعریفیں اس اللہ کریم کے لیے جس نے پُورا فرمایا ہمارے ساتھ اپنا وعدہ اور وارث بنا دیا ہمیں اس (پاک) زمین کا

مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَتَرَى

اب ہم ٹھہریں گے جنت میں جہاں چاہیں گے۔ پس کتنا عمدہ اجر ہے نیک کام کرنے والوں کا اور (اے حبیب!) آپ

الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ

دیکھیں گے فرشتوں کو حلقہ باندھے کھڑے ہوں گے عرش کے ارد گرد ؎ تسبیح پڑھ رہے ہوں گے اپنے رب (جلیل) کی حمد کے ساتھ

وَقُضِىَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۵﴾

اور فیصلہ کر دیا گیا ہو گا ان کے درمیان حق کے ساتھ۔ اور کہا جائے گا سب تعریفیں اللہ کے لیے جو رب العالمین ہے ؎

ع ۸ | ۵

آپ سے پہلے کسی کے لیے جنت کا دروازہ نہ کھولوں۔

؎ دوزخی جہنم میں پھینک دیے جائیں گے اور اہلِ جنت فردوس بریں میں اقامت گزیں ہو جائیں گے۔ اس وقت نورانی ملائکہ اللہ تعالیٰ کے عرش کے ارد گرد حلقہ باندھے اپنے رب کریم کی حمد و ثنا کے گیت گا رہے ہوں گے۔

؎ یہ حمد کرنے والا کون ہو گا۔ علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں: ای نطق الکون اجمع ناطقه وبهيمه لله رب العالمين۔ یعنی کائنات کی ہر چیز اپنے خالق و مالک کریم و رحیم پروردگار کی حمد کرے گی۔

الحمد لله رب العلمين والصلوة والسلام على سيد المرسلين شفيع المذنبين وعلى آله و اصحابه ومن تبعه واحبه الى يوم الدين - ربنا اغفر لى ولوالدى وللمؤمنين يوم يقوم الحساب۔۔

محمد کرم شاہ

۲۵ رمضان المبارک، یوم الاثنین ۹۱ھ

۱۵ نومبر ۱۹۷۱ء

نظرِ ثانی: ۳۰ رجب المرجب، یوم الاحد ۹۲ھ

۱۰ ستمبر: ۱۹۷۲ء

تعارف

سورۃ المومن

نام : اس سورہ مبارکہ کا نام المومن ہے جو آیت ۲۸ "وقال رجل مومن من آلِ فرعون" سے ماخوذ ہے۔ اس کے علاوہ اسے سورہ غافر اور سورہ الطول بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں نو رکوع اور پچاسی آیتیں ہیں۔ یہ ایک ہزار ایک سو ننانوے کلمات اور چار ہزار نو سو ساٹھ حروف پر مشتمل ہے۔

نزول : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ جابر بن زید سے مروی ہے کہ اس کا نزول سورہ زمر کے معاً بعد ہوا۔ (روح المعانی)

جمہور علماء تفسیر کا اس پر اتفاق ہے کہ اس کی تمام آیتیں مکی ہیں۔ بعض نے اِنَّ الذین یجادلون الآیۃ کو مدنی کہا ہے لیکن جمہور کا قول ہی صحیح ہے۔

زمانہ نزول : مکی دور کے اس مرحلہ میں یہ سورت نازل ہوئی جب اسلام اپنی دلآویز تعلیمات کے باعث دلوں کو فتح کرتا جارہا تھا۔ ہزاروں مشکلات کے باوجود سلیم الطبع لوگ اس کی دعوت کو تیزی سے قبول کرنے لگے تھے۔ کفر کے سرغنوں کو اپنے پاؤں تلے سے زمین سرکتی ہوئی دکھائی دینے لگی تھی۔ انہوں نے مشتعل ہو کر بے بنیاد الزامات اور جھوٹے بہتان لگانے کی مہم تیز تر کردی تھی کبھی حضور کی آفتاب سے تابندہ تر سیرت پر انگشت نمائی کی جاتی کبھی حضور کے عملی اقدامات پر اعتراض کیے جاتے کبھی قرآن کریم کے کلام الٰہی ہونے کا انکار کیا جاتا اور کبھی وقوعِ قیامت پر اعتراضات کی بوچھاڑ شروع کردی جاتی۔ وہ یہ چاہتے تھے کہ کسی طرح لوگ اسلام سے بدگمان ہوجائیں اور اسلام قبول کرنے کی جو تحریک زور پکڑتی جارہی ہے وہ ختم ہوجائے۔ اس سورت میں انہی کے اٹھائے ہوئے شکوک و شبہات کو دور کیا جارہا ہے۔

مضامین : اس سورت کا آغاز اتنا بارعب اور پرجلال ہے کہ قاری متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ فرمایا یہ کتاب کسی انسان کی تصنیف نہیں بلکہ اسے اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے وہ اللہ تعالیٰ جو عزیز و علیم بھی ہے، غافر الذنب قابل التوب اور صاحبِ جود و کرم بھی ہے۔ کیا ایسے خدا کی نازل کردہ کتاب میں کوئی نقص تلاش کیا جاسکتا ہے۔

دیگر مضامین کے علاوہ اس سورت میں دو امور کی طرف خصوصی توجہ مبذول کرائی گئی ہے۔ کفار مکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ہر بات پر جھگڑتے اور تکرار کیا کرتے۔ جس سے حضور کے قلبِ نازک کو اذیت پہنچتی۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کو تسلی دے رہے ہیں کہ گزشتہ اقوام کے کفار کا رویہ بھی اپنے رسولوں کے ساتھ اسی نوعیت کا تھا۔ وہ بات بات پر اپنے انبیاء سے جھگڑتے، ان کا مذاق اڑاتے، انہیں طرح طرح کی اذیتیں پہنچاتے، اس کا انجام یہ ہوا کہ غضبِ الٰہی کی بجلی کوندی اور

انہیں خاک سیاہ بنا کر رکھ دیا۔ اگر کفار مکہ نے اپنی یہ روش ترک نہ کی تو وہ بھی اسی ہولناک انجام کے لیے تیار ہو جائیں۔

ساتھ ہی یہ بھی بتا دیا کہ اے میرے حبیب! اگر یہ لوگ مجھے اپنا رب تسلیم نہیں کرتے، میری وحدانیت پر ایمان نہیں لاتے تو کیا ہوا۔ وہ انگنت نوری مخلوق جو عرش کو اٹھائے ہوئے ہے اور اس کے اردگرد مصروف طواف ہے وہ ہر وقت میری حمد بھی کر رہی ہے، میری تسبیح بھی کر رہی ہے نیز تیرے غلاموں کے لیے وہ ہر وقت میری جناب میں مغفرت کی دعائیں مانگ رہی ہے۔ یہ فرشتے صرف نیک اور متقی لوگوں کی بلندیٔ درجات کے لیے دعا گو نہیں بلکہ ان کے والدین، انکے اہل و عیال کی بخشش اور بلندی درجات کے لیے بھی مصروفِ التجا رہتے ہیں۔

دوسری چیز جو بڑی اہمیت سے اس سورت میں ذکر کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کو دعوت حق دی اور اپنے قول کی صداقت کو روشن معجزات سے ثابت کر دیا تو اس نے اعیانِ حکومت کی مجلسِ مشاورت طلب کی۔ اس میں اس کا وزیر ہامان اور دیگر اہم ملکی شخصیتیں شریک ہوئیں۔ فرعون نے موسیٰ علیہ السلام کو قتل کرنے کے منصوبہ کیلیے ان کی تائید حاصل کرنا چاہی۔ انہیں اس دعوت کے خطرناک مضرات سے آگاہ کیا اور انہیں بتایا کہ اگر تم نے موسیٰ کو یوں ہی کھلی چھٹی دیے رکھی تو وہ تمہارے عقائد کو بگاڑ کر رکھ دے گا اور ملک کے گوشہ گوشہ میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دے گا۔ بہتر یہ ہے کہ حالات کے بے قابو ہونے سے پہلے حضرت موسیٰ کو ختم کر دیا جائے۔ اس وقت قبطی قوم کا ایک فرد جس نے ابھی تک اپنا ایمان ظاہر نہیں کیا تھا۔ اٹھ کھڑا ہوا اور اس قوت سے موسیٰ علیہ السلام کا دفاع کیا کہ فرعون لاجواب ہو گیا۔ موسیٰ علیہ السلام کے کارناموں اور آپ کی دعوت کی برکات کو یوں وضاحت سے ذکر کیا کہ سامعین پر سناٹا چھا گیا۔ عاد و ثمود کے حالات سنا کر ان کو عبرتناک انجام سے بچنے کی ہدایت کی۔ اس مردِ مومن کے نعرۂ قلندرانہ نے فرعون کے سارے منصوبوں کو خاک میں ملا دیا۔

اب فرعون نے پینترا بدلا اور ایک نئی چال چلی۔ ہامان کو ایک بہت بلند مینار تعمیر کرنے کا حکم دیا تاکہ اس کے اوپر چڑھ کر آسمان میں جھانک کر تسلی کر لی جائے کہ موسیٰ کا خدا زمین میں بھی نہیں اور آسمان میں بھی نہیں تو اب ہم اسے ڈھونڈنے کہاں جائیں۔

اس سے واضح ہوا کہ بندۂ حق کیش جب نعرہ مستانہ بلند کرتا ہے تو باطل اپنے تمام کر و فر کے باوجود اسکا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

سورت میں مختلف مقامات پر اللہ تعالیٰ کی توحید اور کبریائی پر تکوینی دلائل پیش کیے گئے ہیں تاکہ سننے والے کو حق الیقین نصیب ہو جائے کہ جس کی قدرت کے یہ کرشمے ہیں وہی رب السموٰت والارض ہے۔

قیامت کے روز کفار و مشرکین کا جو حسرتناک انجام ہو گا، اس کی بھی تصویر کشی کر دی گئی ہے تاکہ جو لوگ اس ہولناک انجام سے بچنا چاہتے ہیں، وہ ابھی سے سنبھل جائیں۔

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ خَمْسٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ المؤمن مکی ہے ۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۔ ۸۵ آیتیں ، ۹ رکوع

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۲﴾ غَافِرِ

حا ۔ میم [1] اُتاری گئی ہے یہ کتاب اللہ تعالیٰ کی طرف سے [2] جو زبردست ہے سب کچھ جاننے والا ہے گناہ بخشنے والا

[1] حٰمٓ حروف مقطعات میں سے ہے ان کی وضاحت پہلے گزر چکی ہے بعض علماء نے فرمایا کہ یہ سورت کا نام ہے بعض کے نزدیک یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

قال عکرمة قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وآلہ وسلم حٰمٓ اسمٌ من اسماء اللہ تعالیٰ وھی مفاتیح خزائن ربك (قرطبی)

علامہ اسماعیل حقی اس ضمن میں لکھتے ہیں: اللہ تعالیٰ کا ہر اسم اس کے خزانوں میں سے کسی خزانہ کی کنجی ہوا کرتا ہے۔ جب کوئی شخص کسی اسم الٰہی کا ورد کرتا ہے تو اس شخص کی روح اور اس اسم میں ایک خاص مناسبت پیدا ہو جاتی ہے۔ جو رفتہ رفتہ بندے کو ذاتِ خداوندی کے قریب کر دیتی ہے۔ اس وقت اس بندہ پر انوارِ الٰہی کا ظہور ہونے لگتا ہے۔ اور حسبِ استعداد وہ فیضان حاصل کرتا ہے۔ فحینئذ یتجلی له الحق سبحانہٗ من مرتبة ذلك الاسم ویفیض علیه ماشاء بقدر استعدادہ وکل اسمائه تعالیٰ اعظم عند الحقیقة ۔ (روح البیان)

[2] تنزیل مصدر ہے لیکن منزل (اسم مفعول) کے معنی میں ہے ۔ تنزیل مصدر لکن المراد منه المنزل (کبیر) اس کی ترکیب میں متعدد اقوال ہیں یہ خبر ہے مبتدا محذوف (ھذا) کی یا حٰمٓ مبتدا ہے اور تنزیل اس کی خبر۔ یا یہ خود مبتدا ہے اور من اللہ اس کی خبر۔

جن ایام میں یہ سورت نازل ہوئی کفار نے بہتان طرازیوں اور افتراء پردازیوں کا ایک طوفان برپا کر رکھا تھا ہر طرح کے جھوٹے الزامات لگانے کی مہم زوروں پر تھی ۔ ذاتِ پاک مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ واجمل الثناء کی ذاتِ اقدس پر اور اسلامی عقائد پر اعتراضات کی بوچھاڑ شروع تھی ۔ اس جھوٹے پراپیگنڈہ سے کفار لوگوں کی توجہ اسلام سے ہٹانے کی کوشش میں دن رات مصروف تھے ۔ اس لیے اس سورت کا آغاز اسقدر پُرجلال اور پُرشکوہ انداز سے کیا جا رہا ہے تاکہ لوگ ہمہ تن گوش بن کر اس کی طرف متوجہ ہوں۔ بتایا جا رہا ہے کہ یہ کتاب کسی انسان کی تصنیف شدہ نہیں تاکہ اس میں طرح طرح کی خامیوں کا احتمال ہو بلکہ یہ آسمان سے اتاری گئی ہے اور اس کا اُتارنے والا خداوند ذوالجلال ہے جو عزیز ہے یعنی سب سے زبردست اور سب پر غالب اور علیم ہے یعنی ماضی، حال، مستقبل اس کے علم کے سامنے یکساں ہیں۔ وہ ہر چھوٹی بڑی ظاہر و مخفی چیز کو جاننے والا ہے وہ کتاب جو آسمان سے اُتری ہو اور اس کا اُتارنے والا ان عظمتوں اور قدرتوں کا مالک ہو۔ وہ کتاب اس قابل ہے کہ اُسے توجہ سے سنا

الذَّنۡۢبِ وَقَابِلِ التَّوۡبِ شَدِیۡدِ الۡعِقَابِ ۙ ذِی الطَّوۡلِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ

اور توبہ قبول فرمانے والا [۳] سخت سزا دینے والا [۴] فضل و کرم فرمانے والا ہے [۵] نہیں کوئی معبود

جائے خوب سمجھا جائے اور اس کے ارشادات کو تسلیم کیا جائے۔

[۳] قرآن نازل فرمانے والے خداوند قدوس کی چند دوسری صفات بیان کی جارہی ہیں۔

سورہ زمر کے آخر میں کفار کے ہولناک انجام کا ذکر کیا گیا تھا اب اپنی مغفرت و رحمت کی نوید سنا کر انہیں مایوسی کے اندھیرے سے نکالا جارہا ہے۔ وہ غافر الذنب ہے یعنی گناہوں کی پردہ پوشی فرمانے والا ہے۔ کوئی شخص کتنا ہی بدکار ہو جب وہ اس کے دربار میں ندامت و شرمندگی کی متاع لے کر آجاتا ہے تو وہ اس کے گناہوں کو اپنی رحمت کی چادر سے ڈھانپ دیتا ہے کسی کو پتہ ہی نہیں چلتا کہ اس نے کبھی کوئی گناہ یا قصور کیا تھا۔

قابل التوب، یعنی جب کوئی توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اس کی سابقہ سرکشیوں کے باعث اپنے باب کرم سے دھتکار نہیں دیتا بلکہ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے اور اس کے گناہوں کا نام ونشان بھی باقی نہیں چھوڑتا۔ توب: مصدر ہے تاب یتوب کا۔ اس کا لغوی معنی ہے رجوع کرنا، لوٹنا۔ اور اہل شریعت نے توبہ کی تشریح ان الفاظ سے کی ہے:

والتوبہ فی الشرع ترک الذنب لقبحہ والندم علی ما فرط منہ والعزیمة علی ترک المعاودة وتدارک ما امکنہ ان یتدارک من الاعمال بالاعادة (روح البیان)

یعنی شریعت میں توبہ ان چار چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے کہ گناہ کو قبیح سمجھتے ہوئے چھوڑ دے جو فروگذاشت اس سے پہلے ہو چکی ہے اس پر دل سے شرمسار ہو۔ دوبارہ اس کا ارتکاب نہ کرنے کا پختہ ارادہ کرلے اور جہاں تک ممکن ہو گزشتہ اعمال کا تدارک کرے۔

غافر اور قابل کے درمیان واؤ عطف ذکر کرکے اس طرف اشارہ فرمایا کہ یہ دونوں الگ الگ صفتیں ہیں، وہ توبہ کرنے والے کی توبہ بھی قبول کرتا ہے اور جو توبہ نہیں کرتے وہ اتنا کریم ہے کہ جس کو چاہتا ہے توبہ کے بغیر بھی بخش دیتا ہے کیونکہ توبہ کے بغیر بخشش میں اس کی شان کریمی کا ظہور زیادہ ہے اس لیے غافر الذنب کو پہلے ذکر کیا۔

[۴] اس کا عذاب بھی بہت شدید ہے جب پکڑتا ہے تو کوئی چھڑا نہیں سکتا۔ یہاں شدید عقاب کی صفت مقدمہ ہے۔

[۵] طول کہتے ہیں فضل و انعام کو۔ الطول بالفتح: المن یقال منہ طال علیہ وتطول علیہ اذا امتن علیہ (صحاح) ابن منظور نے اس کا معنی قدرت بھی لکھا ہے۔

ذی الطول ای ذی القدرة (لسان العرب)

اِلَّا هُوَ ؕ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ۝ مَا یُجَادِلُ فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِیْنَ

اس کے سوا لے اسی کی طرف (سب نے) لوٹنا ہے۔ سے نہیں تنازعہ کیا کرتے اللہ کی آیتوں میں مگر

لے جو ذات ان صفات جلیلہ کاملہ کی مالک ہے وہی عبادت کے لائق بھی ہے اس کے سوا نہ کوئی ان صفات جلیلہ سے متصف ہے اور نہ کوئی معبود بننے کی اہلیت رکھتا ہے۔

سے اس میں اطاعت گزاروں کے لیے مژدہ ہے اور عاصی نافرمانوں کے لیے سرزنش ہے۔

علمائے تفسیر نے یہاں بڑا روح افزا اور بصیرت افروز واقعہ بیان کیا ہے اس کا یہاں لکھنا فائدہ سے خالی نہ ہو گا۔ شام کا ایک آدمی امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا دوست تھا اس کی پارسائی، تقوی اور دین کے لیے اس کی حمیت کے باعث آپ اس کو اپنا بھائی کہہ کر پکارتے تھے۔ شام سے ایک آدمی آیا۔ آپ نے اس سے اپنے دوست کی خیریت دریافت کی۔ اس نے بتایا کہ وہ تو تباہ ہو گیا ہے۔ شراب پیتا ہے، گانا سنتا ہے اور وہ فسق و فجور کی زندگی بسر کر رہا ہے۔ یہ سن کر آپ کو از حد رنج ہوا فرمایا جب واپس جانے لگو تو مجھے ملتے جانا۔ روانگی کے وقت وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے اپنے کاتب کو بلایا اور فرمایا لکھو:

" من عمر بن الخطاب الی فلان سلام علیکم فانی احمد الیک اللہ الذی لا الہ الا ھو غافر الذنب وقابل التوب شدید العقاب ذی الطول لا الہ الا ھو الیہ المصیر۔"

ترجمہ: یہ خط عمر بن الخطاب سے فلاں شخص کی طرف۔ تم پر سلام ہو میں تیری طرف اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہوں جو وحدہٗ لاشریک ہے۔ گناہ معاف کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا سخت عذاب والا۔ بڑی قدرت والا اس کے بغیر اور کوئی معبود نہیں۔ اسی کی طرف سب نے لوٹنا ہے۔"

پھر خود بھی اس کی ہدایت کے لیے دعا مانگی اور حاضرین مجلس سے بھی اس کے لیے دعا منگوائی اور یہ خط اس شخص کو دیا اور فرمایا کہ یہ میرے دوست کو پہنچا دینا۔ جب اس دوست نے خط پڑھا، تو اس پر ایک عجیب کیفیت طاری ہو گئی۔ آنکھوں سے آنسوؤں کا مینہ برسنے لگا۔ روتا تھا اور خط کو بار بار پڑھتا تھا۔ یہاں تک کہ اس نے اپنے گناہوں سے توبہ کی فسق و فجور کی زندگی ترک کر کے اطاعت و انقیاد کی زندگی بسر کرنے لگا۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو جب اس کی توبہ کی اطلاع ملی تو آپ بڑے خوش ہوئے اور فرمانے لگے: ھکذا فاصنعوا اذا رأیتم اخاکم زل زلۃ فسددوہ ووفقوہ وادعوا اللہ لہ ان یتوب علیہ ولا تکونوا اعوانا للشیاطین علیہ۔ یعنی تم بھی جب اپنے کسی بھائی کو دیکھو کہ راہ راست سے اس کا قدم پھسل گیا ہے تو اس کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کیا کرو۔ اسے سیدھی راہ پر لانے کی کوشش کرو۔ اس کی ہدایت کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو اور اس کے خلاف شیطان کے مددگار نہ بن جاؤ یعنی اگر تم اسے برا بھلا کہنا شروع کر دو گے اس پر طعن و تشنیع کے تیر برسانے لگو گے تو وہ اپنی ضد پر تل جائے گا اور اسے اپنی عزت نفس کا سوال بنا کر گمراہی میں دور نکل جائے گا۔

سبحان اللہ! دعوت و ارشاد اور تبلیغ و اصلاح کا کیا حکیمانہ انداز ہے۔

كَفَرُوا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ۝٤ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ

کافر شہ پس نہ دھوکہ میں ڈالے تمہیں ان لوگوں کا دبدبے کروفر سے آنا جانا مختلف شہروں میں ۔ شہ جھٹلایا تھا ان سے پہلے قوم

نُوحٍ وَّالْأَحْزَابُ مِنْ بَعْدِهِمْ ۖ وَهَمَّتْ كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ

نوح نے اور کئی دوسرے گروہوں نے ان کے بعد۔ اور قصد کیا ہر امت نے اپنے رسول کے متعلق

لِيَأْخُذُوهُ وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ ۖ

کہ اسے گرفتار کرلیں اور جھگڑتے رہے (اس کے ساتھ) ناحق، تاکہ جھٹلادیں اسکے ذریعہ حق کو۔ پس میں نے پکڑلیا انہیں۔

فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝٥ وَكَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ

پس کتنا شدید تھا میرا عذاب شہ اور اسی طرح واجب ہوگیا اللہ کا فیصلہ

شہ بحث و تکرار کبھی افہام و تفہیم کے لیے، کوئی مشکل مسئلہ حل کرنے کے لیے کسی غلط فہمی کے ازالہ کے لیے اور منکرین حق کے اعتراضات کا جواب دینے کے لیے ہوتا ہے۔ یہ بحث و تکرار مستحسن ہے اور انبیاء کرام علیہم السلام کی سنت ہے اور قرآن میں اسے جادلھم بالتی ھی احسن فرمایا گیا ہے لیکن ایسا جدال اور مناظرہ جس سے مقصد فضول شبہات پیدا کرکے حق کو مشکوک کرنا، آیات الٰہی میں باہمی تناقض ثابت کرنا، ان کی تضحیک کرنا یا ان کی ایسی تاویل کرنا جس سے دوسری آیات کی نفی ہوتی ہو۔ ایسے جدال کی جرأت صرف وہی شخص کرسکتا ہے جس کے دل میں خدا اور رسول پر ایمان نہ ہو۔ مشرکین مکہ کا دن رات یہی شغل تھا، وہ قرآن کے بیان کردہ عقائد کو غلط ثابت کرتے۔ ایک آیت کو دوسری آیت سے متضاد ثابت کرتے طرح طرح کے شکوک و شبہات کا غبار اڑا کر حق کے حسن و جمال کو مستور کرتے۔ ان کی اس نازیبا اور غیر شائستہ حرکت پر انہیں سرزنش کی جارہی ہے۔

شہ بعض لوگوں کے دلوں میں یہ شبہ پیدا ہوتا کہ اگر واقعی یہ حق کے منکر ہیں اور اللہ تعالیٰ کے سچے رسول کو جھٹلاتے ہیں تو پھر اللہ تعالیٰ کا عذاب ان کو تباہ و برباد کیوں نہیں کردیتا۔ یہ کیوں بڑے کروفر سے کبھی اپنے تجارتی قافلے لے کر شام کی طرف اور کبھی یمن کی طرف جارہے ہیں اور ہر بار دولت و ثروت کے ڈھیر سمیٹ کر واپس آتے ہیں۔ ارشاد ہے: اے دیکھنے والے! تجھے یہ بات دھوکے میں نہ ڈال دے۔ ہم نے کچھ عرصہ کے لیے انہیں مہلت دے رکھی ہے۔ اگر انہوں نے اس مہلت سے فائدہ نہ اٹھایا تو ان کی تباہی یقینی ہے۔ خدا کا عذاب آئے گا اور ان کا نام و نشان مٹا کر رکھ دے گا۔

شہ ان سے پہلے بھی کئی بدبخت قوموں نے یہ وتیرہ اختیار کیا۔ انہوں نے اپنے رسولوں کو اپنا قیدی بنانے کے منصوبے بنائے اور غلط طریقوں سے ان کے ساتھ جھگڑتے رہے۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ اس طرح وہ حق کو مٹادیں گے لیکن ہمارے عذاب نے

كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۞ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ

کفار پر کہ وہ دوزخی ہیں ۔ ؎۱ جو فرشتے اُٹھائے ہوئے ہیں عرش کو ؎۲ اور وہ جو

حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ

عرش کے اردگرد (حلقہ زن) ہیں وہ تسبیح کرتے ہیں ؎۳ حمد کیساتھ اپنے رب کی اور ایمان رکھتے ہیں اس پر اور استغفار کیا کرتے ہیں

اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ

ایمان والوں کے لیے ؎۴ (کہتے ہیں) اے ہمارے رب! تو گھیرے ہوئے ہے ہر شے کو (اپنی) رحمت اور علم سے ؎۵ پس بخش دے

انہیں چاروں طرف سے گھیر لیا اور ان کا انجام تمہیں اچھی طرح معلوم ہے۔ اَدْحَضَ الحجۃ ابطلہا (منجد) کسی دلیل کے باطل کرنے کو عربی میں اَدْحَضَ کہتے ہیں۔

؎۱ صرف دُنیا میں ہی ان پر عذاب نہیں آئے گا بلکہ اللہ تعالیٰ نے حتمی فیصلہ فرما دیا ہے کہ جو کفر پر مرے گا وہ جہنم میں ہمیشہ کے لیے جھونک دیا جائے گا۔

؎۲ کفار و مشرکین مسلمانوں کی جس طرح دلآزاری کیا کرتے تھے اور ہادی برحق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس و اطہر پر جھوٹے بہتان لگاتے تھے ان کا ذکر پہلے گزرا۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ اہل ایمان کو یہ بتا کر تسلی دے رہے ہیں کہ یہ اوباش اور بے حیا لوگ اگر ایسا کرتے ہیں تو کیا ہوا۔ وہ عظیم المرتبت فرشتے جو عرش عظیم کو اٹھائے ہوئے ہیں اور وہ مقرب ملائکہ جو ہر لحظہ عرش الٰہی کے طواف میں سرگرم ہیں اور اپنے رب کریم کی حمد و ثنا میں مشغول رہتے ہیں وہ تو ہر لمحہ تمہارے لیے بارگاہ الٰہی میں دست بدعا رہتے ہیں اور تمہارے لیے استغفار کرتے ہیں۔ تمہارے مراتب کی بلندی، تمہارے اور تمہارے ماں باپ، ازواج و اولاد کے لیے دخول جنت کی التجائیں کرتے ہیں، پھر تمہیں غمزدہ ہونے کی کیا ضرورت ہے۔

؎۳ یہ فرشتے اپنے رب کی تسبیح بھی کرتے ہیں اور اس کی حمد و ثنا بھی کرتے ہیں۔ وہ کن کلمات سے تسبیح کرتے ہیں اس کے بارے میں ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: سبحان ذی العزۃ والجبروت۔ سبحان ذی الملک والملکوت سبحان الحی الذی لا یموت۔ سبوح قدوس رب الملائکۃ والروح۔ ان کے حیا اور ادب کا یہ عالم ہے کہ یہ ہمیشہ سر جھکائے رہتے ہیں آنکھ اُوپر اٹھا کر دیکھتے ہی نہیں، جلال الٰہی سے ہر وقت لرزاں ترساں رہتے ہیں۔

یومنون بہ کے کلمات سے مشرکین عرب کی غلطی کا ازالہ کر دیا کہ فرشتے نعوذ باللہ اس کی بیٹیاں ہیں فرمایا وہ بھی اس کے وجود پر اسکی توحید و کبریائی پر اسی طرح ایمان لے آئے ہیں جیسے دوسری مخلوق۔

؎۴ اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تحمید کے علاوہ ان ملائکہ کا دُوسرا وظیفہ یہ ہے کہ وہ اہل ایمان کی مغفرت کے لیے ہر لمحہ دُعائیں مانگتے رہتے ہیں۔

تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۷﴾ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ

انہیں جنہوں نے (کفر سے) توبہ کی ہے اور پیروی کی ہے تیرے راستہ کی اور بچالے انہیں عذاب جہنم سے ۱۶ے اے ہمارے رب! داخل فرما

جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَ

انہیں سدابہار باغوں میں جن کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور جو قابل بخشش ہیں ان کے والدین ،

اَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۸﴾ لا وَقِهِمُ

ان کی بیویوں اور ان کی اولاد سے۔ بیشک تو ہی سب پر زبردست (اور) حکمت والا ہے ۱۷ے اور بچالے انہیں

۱۵ے اصل عبارت یوں تھی وسعت کل شئ رحمتک وعلمک یعنی تیری رحمت اور علم ہر چیز کو اپنے احاطہ میں لیے ہوئے ہے لیکن اس کے بجائے وَسِعْتَ فرمایا کہ اس امر کی طرف اشارہ ہو کہ ذات باری سراپا رحمت اور سراسر علم ہے۔ اور یہاں علم سے رحمت کو مقدم کیا کیونکہ بخشش کا ذکر ہو رہا ہے۔ آداب دعا میں سے یہ ہے کہ پہلے اللہ تعالیٰ کی تعریف و تمجید کی جائے پھر حمد باری کے بعد اس رحیم و کریم کے حضور دستِ سوال دراز کیا جائے۔

۱۶ے یہاں ملائکہ کی دعا کا ذکر ہو رہا ہے۔ الٰہی کیونکہ تیری رحمت کا دامن بڑا وسیع ہے اس لیے توان کی توبہ کو قبول فرمالے الٰہی جن لوگوں نے توبہ کی اور تیرے نبی کے بتائے ہوئے راستہ پر چلے ان کو بخش دے اور انہیں عذاب جہنم سے بچالے اور انہیں جنت عدن میں داخل فرما۔

۱۷ے الٰہی! ان کے ماں باپ، ازواج اور اولاد کو بھی بخش دے جو مغفرت کی صلاحیت رکھتے ہیں اور بخشے جانے کے قابل ہیں بخشش اور مغفرت کا وہی مستحق ہوتا ہے جو ایماندار ہو۔ ان لوگوں کا متقی، عابد اور زاہد ہونا ضروری نہیں کیونکہ ایسے لوگ تو بذاتِ خود بخش دیے جاتے ہیں ان کو اپنی بخشش کے لیے اپنی اولاد یا والدین کے سہارے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں: لعل المراد بالصلاح ھٰھنا نفس الایمان۔ یعنی یہاں صلاح کا معنی صرف ایمان ہے۔ کیونکہ انسان جب صفت ایمان سے متصف ہو جاتا ہے تو وہ بخشش کے لائق ہو جاتا ہے۔ پھر لکھتے ہیں کہ یہ بات ہم نے اس لیے کہی ہے تاکہ معطوف اور معطوف علیہ میں تغایر پایا جائے۔ یہاں بھی صَلَحَ سے مراد زہد، تقویٰ اور نیکی ہو تو پھر یہ الذین تابوا کے زمرہ میں داخل ہو گئے ان کو علیحدہ ذکر کرنے کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ امام بغوی سعید بن جبیر سے روایت کرتے ہیں کہ جب مومن جنت میں داخل ہوگا تو پوچھے گا میرا باپ کہاں ہے؟ میری ماں کہاں ہے؟ میرے بچے کہاں ہیں۔ میری بیوی کہاں ہے؟ اسے بتایا جائے گا کہ انہوں نے تیری طرح نیک اعمال نہیں کیے اس لیے وہ یہاں موجود نہیں۔ تو وہ جنتی جواب میں کہے گا کہ میں اپنے لیے اور ان کے لیے نیک اعمال کیا کرتا تھا پھر کہا جائے گا کہ ان لوگوں کو بھی جنت میں داخل کرو۔ یہ روایت اگرچہ موقوف ہے لیکن مرفوع کے

ع۔ ۹

السَّيِّاٰتِ ؕ وَ مَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَ ذٰلِكَ

سزاؤں سے شہ اور جس کو تو بچالے سزاؤں سے اس دن تو گویا تو نے بڑی رحمت فرمائی اس پر اور یہی ہے

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ

بہت بڑی کامیابی ۹ے بے شک جن لوگوں نے کفر کیا انہیں ندا دی جائے گی کہ اللہ تعالیٰ کی (قسم ے)

اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ۝۱۰

بیزاری بہت زیادہ ہے اس بیزاری سے جو تمہیں اپنے آپ سے ہے (یاد ہے) جب تم بلائے جاتے ایمان کی طرف تو تم کفر کیا کرتے شہ

قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَ اَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا

وہ کہیں گے اے ہمارے رب! تو نے ہمیں دو مرتبہ موت دی اور دو مرتبہ زندہ کیا پس اب ہم اعتراف کرتے ہیں اپنے گناہوں

فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝۱۱ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗۤ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ

کا۔ سو کیا (یہاں سے) نکلنے کی بھی کوئی صورت ہے ۲۱ے اس کی وجہ یہ تھی کہ جب پکارا جاتا اللہ تعالیٰ کو اکیلا تو تم

حکم میں ہے۔ اس سے صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ آیت میں صَلَحَ سے مراد نفس ایمان ہے۔ (مظہری)

شہ سیئات کا ایک معنی عقوبات کیا گیا ہے یعنی الٰہی ان کو ہر قسم کی سزاؤں سے بچا۔ اور اس کا دوسرا معنی یہ کیا گیا ہے کہ الٰہی دُنیا میں ان کو گناہوں اور اعمال قبیحہ سے بچا۔ خود ان کی نگہبانی فرما اور نفس و شیطان کی شر انگیزی سے محفوظ رکھ۔

۹ے پہلی صورت میں اس کا معنی ہوگا کہ قیامت کے روز جن کو تو عذاب سے بچالے ان پر تو نے رحمت فرمائی۔ دوسری صورت میں معنی ہوگا کہ اس دُنیا میں جن کو تو نے گناہوں سے محفوظ رکھا ان پر تو نے بڑا احسان فرمایا۔ فرشتوں کے دل میں ہمارے لیے خلوص اور خیر خواہی کے یہ پاکیزہ جذبات کیونکر پیدا ہوئے اس کی وجہ محض ایمان ہے۔

۲۰ے قیامت کے دن کفار کو جب جہنم رسید کر دیا جائے گا اس وقت انہیں اپنی حماقتوں کا احساس ہوگا اور انہیں اپنے آپ پر بڑا غصہ آئے گا اپنی عقل و فہم پر نفریں بھیجیں گے اور اپنی ہٹ دھرمی کو کوسیں گے اور بڑے پیچ و تاب کھائیں گے۔ فرشتے ان کی یہ حالت دیکھ کر انہیں کہیں گے کہ جتنا غصہ آج تمہیں اپنے آپ پر آرہا ہے کل دُنیا میں جب اللہ تعالیٰ کا رسول اور اس کے نیک بندے تمہیں کفر و شرک سے باز رکھنے کی مخلصانہ کوشش کرتے تھے تو تم ان کا مذاق اڑایا کرتے تھے اس وقت اللہ تعالیٰ کی آتش غضب بھڑکتی تھی اور اس کو اس سے کہیں زیادہ غصہ تم پر آتا تھا۔ ۲۱ے کفار کہیں گے دو مرتبہ تو نے ہمیں موت کا مزا چکھایا اور دو مرتبہ زندہ کیا۔ دو موتوں اور دو زندگیوں کا ذکر پہلے

كَفَرْتُمْ وَإِنْ يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا ۚ فَالْحُكْمُ لِلَّهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ ﴿١٢﴾ هُوَ

انکار کر دیتے اور اگر شریک بنایا جاتا کسی کو اس کا تو تم مان لیتے ۲۲ پس حکم کا اختیار اللہ کے لیے ہے جو برتر اور بزرگ ہے ۲۳

الَّذِي يُرِيكُمْ آيَاتِهِ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِنَ السَّمَاءِ رِزْقًا ۚ وَمَا يَتَذَكَّرُ

وہی ہے جو دکھاتا ہے تمہیں اپنی آیتیں ۲۴ اور اتارتا ہے تمہارے لیے آسمان سے رزق ۲۵ اور نہیں نصیحت

إِلَّا مَنْ يُنِيبُ ﴿١٣﴾ فَادْعُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ

قبول کرتا مگر وہ جو اللہ کی طرف رجوع کرنے والا ہے ۲۶ تو عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی خالص کرتے ہوئے اس کے لیے دین کو

پارہ میں گزر چکا ہے۔ کیف تکفرون باللہ وکنتم امواتا فاحیاکم ثم یمیتکم ثم یحییکم ثم الیہ ترجعون۔ کفار کو جب دوزخ میں پھینک دیا جائے گا تو وہ اپنی غلطی کا اعتراف کریں گے اور تسلیم کریں گے کہ حیات بعد الموت جس کا آج تک وہ انکار کرتے رہے عین حق ہے۔ اعتراف گناہ کے بعد پوچھیں گے کہ کیا اب اس دوزخ سے نکلنے کی کوئی سبیل ہے۔ جواب ملے گا نہیں بالکل نہیں اب تمہیں یہیں رہنا پڑے گا۔

۲۲ یہ کس جرم کی سزا ہے کیا تم جانتے ہو؟ یہ اس جرم کی سزا ہے کہ جب بھی اللہ تعالیٰ کی توحید کا ذکر کیا جاتا تو تم اسے ماننے سے انکار کر دیتے اور اس کے ساتھ جب تمہارے معبودان باطل کو شریک ٹھہرایا جاتا تو تم فوراً اس بات کو تسلیم کر لیا کرتے تھے۔ خدا کی توحید کے انکار کی یہ سزا ہے جس میں تم مبتلا ہو۔

۲۳ تمہارے متعلق فیصلہ کرنے کا کُل اختیار اللہ تعالیٰ کے دستِ قُدرت میں ہے۔ تمہارے وہ معبود جن کو تم بڑے اصرار سے خدا کا شریک بنایا کرتے تھے وہ اس خدائی فیصلہ میں ردوبدل کا کوئی اختیار نہیں رکھتے۔ اللہ تعالیٰ تو تمہیں اس لیے نہیں بخشے گا کہ تم اس پر ایمان ہی نہیں لائے اور جب بھی اس کی توحید پر ایمان لانے کی تمہیں دعوت دی گئی تم فوراً بپھر جاتے تھے اور جن خداؤں کی پوجا میں تم مگن رہا کرتے تھے ان کا آج کوئی بس نہیں چلتا، بلکہ آج تو ان کا نام و نشان تک بھی نہیں ملتا۔ اس لیے اب تمہارے چھٹکارے کی کوئی صُورت نہیں۔

۲۴ یعنی وہ تمہیں ایسی نشانیاں دکھاتا ہے جن کے دیکھنے کے بعد اس کی وحدانیت، اس کی حکمت بالغہ، قُدرت کاملہ اور علم محیط کا اعتراف کیے بغیر کوئی چارہ نہیں رہتا۔

۲۵ اس کی وحدانیت اور اس کی حکمت کی ایک واضح نشانی بیان کر دی۔ رزق سے مُراد یہاں بارش ہے۔ رزقاً ای مطراً یکون سببا لرزقکم فیہ۔ اگر اسی ایک نشانی پر غور کیا جائے تو سارے حجاب اُٹھ جاتے ہیں۔

۲۶ لیکن اس سے فائدہ صرف وہی لوگ اُٹھاتے ہیں جن کے دلوں میں رجُوع الی اللہ کا جذبہ موجود ہو۔

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِى الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ

اگرچہ ناپسند کریں کفار ۲۶ بلند درجات پر فائز کرنے والا عرش کا مالک ۲۷ نازل فرماتا ہے وحی اپنے فضل سے

عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ

اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے ۲۹ تاکہ وہ ڈرائے ملاقات کے دن سے ۳۰ وہ دن جب وہ ظاہر ہونگے ۳۱

۲۶ کفار نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسروں کو شریک بنایا، ان کا انجام تم نے دیکھ لیا۔ تم یہ غلطی ہرگز نہ کرنا۔ فقط اسی کی عبادت کرنا اور اپنے عقیدہ میں شرک کی ذرا آمیزش نہ ہونے دینا۔ کفار کی برہمی اور ناراضگی کی قطعاً پروا نہ کرنا۔ اگر اس غلطی کا ارتکاب تم نے بھی کیا تو تمہارا انجام بھی بڑا اندوہناک ہوگا۔

۲۷ اس آیت طیبہ میں اللہ تعالیٰ کی مزید تین صفات کمال بیان فرمائی جا رہی ہیں۔ (۱) رفیع الدرجات یعنی وہ اپنی مخلوق کے مراتب و درجات کو ان کی طبعی استعداد اور ان کے حوصلہ و ہمت اور سعی پیہم کے مطابق یا محض اپنی جود و عطا سے بلند فرمانے والا ہے ۔۔۔۔ اس صورت میں رفیع بمعنی رافع ہوگا اور اگر رفیع بمعنی مرتفع ہو تو پھر اس کا مفہوم یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کی شان سب سے اونچی ہے کوئی چیز کسی حیثیت سے اس کی ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتی۔ (۲) ذوالعرش: وہ عرش کا مالک ہے یعنی عالم امکان کی فرمانروائی کا تخت اس کے تصرف میں ہے۔ ہر چیز اس کے فرمان کے مطابق ظہور پذیر ہو رہی ہے۔ اس کے اذن کے بغیر کوئی پتہ جنبش نہیں کر سکتا۔ کوئی ذرہ اپنی جگہ سے سرک نہیں سکتا۔ زندگی اور موت، عزت و ذلت، صحت و بیماری، غربت و ثروت سب اس کی شانِ ربوبیت کی جلوہ نمائیاں ہیں۔ (۳) یلقی الروح، روح سے مراد یہاں وحی ہے یعنی جس طرح آسمان سے بارش اتار کر ہر انسان کی مادی زندگی کے تقاضوں کی تکمیل کی گئی ہے۔ ہر چیز کو اس کی طبیعت، مزاج اور ضرورت کے مطابق رزق بہم پہنچایا جاتا ہے۔ اسی طرح انسان کی اخلاقی، روحانی ترقی اور نشو و نما کے لیے اللہ تعالیٰ وحی نازل فرماتا ہے۔

۲۹ حضرت ابن عباسؓ نے مِنْ اَمْرِہٖ کا معنی مِنْ فَضْلِہٖ کیا ہے۔ (مظہری) یعنی اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اس کو چن لیتا ہے اور اس پر وحی نازل کرتا ہے۔ کسی پر وحی کا نزول محض اس کا فضل و کرم ہے۔

۳۰ انبیاء کرام کو وحی سے سرفراز کرنے کا مقصد یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو خوابِ غفلت سے بیدار کریں اور انہیں غلط روی کے خطرناک انجام سے بروقت خبردار کریں۔ یوم التلاق سے مراد قیامت کا دن ہے کیونکہ اگلے پچھلے سب وہاں ملاقات کریں گے۔ ۳۱ سب قبروں سے نکل کر دست بستہ بارگاہ خداوند ذوالجلال میں حاضر ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے ان کا ظاہر و باطن عیاں ہوگا۔ بڑے بڑے تاجدار، کشور کشا، فاتح عالم بڑے بڑے فرعون و نمرود جو اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی کا نقارہ بجایا کرتے تھے۔ بڑے بڑے چنگیز اور ہلاکو وہاں کھڑے ہوں گے اس وقت اعلان کیا جائے گا۔ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ: اے سرکشو! اے متکبرو بتاؤ آج فرمانروائی کس کی ہے۔ ہر طرف سناٹا طاری ہو جائے گا۔ ہر طرف خاموشی اور سکوت ہوگا۔ کسی کو ہمت نہ ہوگی

لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ۭ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۭ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ

پوشیدہ نہ ہوگی اللہ تعالیٰ پر ان کے حالات سے کوئی شے کس کی بادشاہی ہے آج؟ (کسی کی نہیں) صرف اللہ کی جو واحد

الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ۭ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ۭ

(اور) قہار ہے۔ آج بدلہ دیا جائے گا ہر نفس کو جو اس نے کمایا تھا۔ ذرا ظلم نہیں ہوگا آج

اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ

بیشک اللہ تعالیٰ بہت تیزی سے حساب لینے والا ہے۔ اور آپ ڈرائیے انہیں قریب آنے والے دن [٣٢] سے جب کہ دل گلوں میں اٹک

لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ۭ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ

جائیں گے خوف و دہشت سے بھرے ہوئے [٣٣] نہ ہوگا ظالموں کے لیے کوئی دوست اور نہ ایسا سفارشی [٣٤] جس کی

کہ جواب دے سکے خود ہی خالق کائنات جواب دے گا۔ للّٰہ الواحد القہار۔

[٣٢] اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم کو حکم دے رہا ہے کہ آپ ان لوگوں کو ہولِ قیامت سے ڈرائیے تاکہ وہ توبہ کریں اور اس روز شدید کے عذاب سے بچ جائیں۔ آزفۃ کا معنی ہے بہت جلد آنے والی۔ قرآن مجید میں متعدد بار قیامت کے بارے میں یہی بات ذہن نشین کرائی گئی ہے کہ وہ بالکل قریب آپہنچی ہے۔ اس کے آنے میں دیر نہیں۔ مقصد یہ ہے کہ لوگ ابھی سے اس کی تیاری شروع کرسکیں۔ ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اپنے عقائد کی درستی اخلاق کی اصلاح کا اہتمام شروع کردیں۔

[٣٣] قیامت کی ہولناکی اور شدت کی تصویر کشی کی گئی ہے یعنی اس دن ہولناک مناظر کو دیکھ کر لوگوں پر اتنی دہشت اور خوف طاری ہوگا کہ دل پہلو سے اچھل کر گلے میں اٹک کر رہ جائیں گے۔ نہ اپنی جگہ پر واپس جاسکیں گے تاکہ سکون نصیب ہو اور نہ گلے سے باہر نکل سکیں گے تاکہ رشتہ حیات منقطع ہو اور قصہ ختم ہو بلکہ گلے میں اٹکے رہ جائیں گے نہ موت آئے گی کہ جان چھوٹے اور نہ ویسے آرام و سکون ہوگا۔

[٣٤] ایسے مشکل وقت میں کوئی جگری دوست انہیں نظر نہیں آئے گا جو ان کا غم غلط کرسکے یا ان کے بوجھ کو ہلکا کرسکے اور نہ کوئی ایسا سفارشی انہیں ملے گا جس کی شفاعت بارگاہ الٰہی میں قابل قبول ہو۔

ان لوگوں نے دنیا میں بڑے بڑے لوگوں سے یارانے گانٹھے تھے لیکن اس دن کوئی یار ان کے نزدیک تک سے گزرنا بھی روا نہ رکھے گا۔ یہ بتوں کی پوجا ذوق و شوق سے اس لیے کیا کرتے تھے کہ قیامت اگر آ بھی گئی اور انہیں دھر بھی لیا گیا تو یہ بت ان کی سفارش کریں گے اور ان کو آتش جہنم سے نکال لیں گے، لیکن ان بے چارے بتوں کو لب کشائی کی جرأت ہی نہ ہوگی۔ وہ اس

يُطَاعُ ﴿١٨﴾ يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ ﴿١٩﴾ وَاللَّهُ

سفارش مانی جائے۔ وہ جانتا ہے خیانت کرنے والی آنکھوں کو اور ان باتوں کو جنہیں سینے چھپائے ہوتے ہیں ۳۵ اور اللہ

يَقْضِي بِالْحَقِّ ۖ وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِهِ لَا يَقْضُونَ

فیصلہ فرمائے گا حق کے ساتھ ۳۶ اور جنہیں وہ اللہ کے بغیر پکارتے ہیں وہ کسی چیز کا فیصلہ نہیں

بِشَيْءٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ﴿٢٠﴾ أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي

کرسکتے۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہی سب کچھ سننے والا (اور) سب کچھ دیکھنے والا ہے۔ کیا انہوں نے سیر و سیاحت نہیں کی

الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ كَانُوا مِن قَبْلِهِمْ ۚ

زمین میں تاکہ وہ دیکھتے کہ کیا انجام ہوا ان لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے ۳۷

ع ۲ / ۷

دن ان کے کسی کام نہیں آئیں گے۔

۳۵۔ اللہ تعالیٰ کے علم محیط سے ظالموں کی کوئی حرکت، کوئی کرتوت پوشیدہ نہیں بلکہ اس کو تو ان کی آنکھوں کی خیانت اور بدنیتی کا بھی علم ہے اور ان کے سینوں کے پوشیدہ رازوں سے بھی وہ خوب واقف ہے۔

۳۶۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ تمام حقائق سے آگاہ ہے اس لیے اس کا فیصلہ برحق ہوگا اور کفار کے معبودانِ باطل جو اندھے بہرے جاہل بلکہ بے جان پتھر یا دھات کے مجسمے ہیں وہ کوئی فیصلہ نہیں کرسکتے۔

۳۷۔ اللہ تعالیٰ کا برگزیدہ رسول انہیں عرصہ سے دعوتِ حق دے رہا ہے۔ اپنی دعوت کی سچائی ثابت کرنے کے لیے طرح طرح کے شواہد اور معجزات پیش کر رہا ہے لیکن یہ لوگ پنبہ در گوش ہیں اور اخلاص بھری دعوت کو لائقِ التفات ہی نہیں سمجھتے۔ وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان کے یہ ٹھاٹھ سدا یوں ہی رہیں گے، ان کے پاس دولت کی فراوانی ہے۔ جزیرۂ عرب کے جس علاقے میں ان کا گزر ہوتا ہے لوگ فرطِ عقیدت سے اپنی آنکھیں فرشِ راہ کر دیتے ہیں۔ انہیں کیا ضرورت ہے کہ اس نبی کی دعوت کو قبول کریں جس کا لباس پھٹا ہوا ہے۔ جس کی مالی حالت ناگفتہ بہ ہے۔ جس کے ماننے والوں کو وہ مار مار کر ادھ موا کر دیتے ہیں اور ان سے بازپرس کی جرأت بھی کسی کو نہیں ہوتی۔

اس آیت سے ان کی غلط فہمی کو دور کیا جا رہا ہے کہ تم دنیا میں پہلے لوگ تو نہیں ہو جنہیں یہ جاہ و حشمت، دولت و ثروت میسر آئی ہو اور جنہیں بے کس دبے ہوئے لوگوں پر جور و ستم کی کھلی چھٹی ملی ہو۔ تم سے پہلے بھی یہاں صدہا قومیں آباد رہی ہیں جو دولت و قوت میں تم سے کہیں زیادہ تھیں۔ ان کے بنائے ہوئے فلک بوس محلات۔ پہاڑ کی مانند مستحکم قلعے، ان کے بسائے ہوئے شہر

كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ

وہ قوت کے لحاظ سے بھی ان سے طاقتور تھے اور زمین میں (چھوڑے ہوئے) آثار کے لحاظ سے بھی۔ تو پکڑ لیا انہیں اللہ تعالیٰ

بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۲۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ

نے ان کے گناہوں کے باعث اور نہیں تھا ان کے لیے اللہ سے کوئی بچانے والا۔ یہ اس لیے کہ آتے رہے انکے

تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِيٌّ

پاس ان کے رسول روشن نشانیاں تو انہوں نے (ہر بار) ماننے سے انکار کر دیا پس پکڑ لیا انہیں اللہ نے۔ بے شک وہ بڑا طاقتور

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾

سخت سزا دینے والا ہے۔ اور بے شک بھیجا ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیوں اور روشن سند کے ساتھ۔ ۳۰ ۳۱

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾ فَلَمَّا

فرعون، ہامان اور قارون کی طرف تو انہوں نے کہا (یہ) جادوگر ہے بڑا جھوٹا ہے ۳۲ پھر جب

ان کے لگائے ہوئے باغات کے نشانات آج بھی جگہ جگہ موجود ہیں اور ان کی عظمت و شوکت کی گواہی دے رہے ہیں اور تم جب اپنے تجارتی کارواں لے کر مختلف ممالک میں جاتے ہو تو تم نے بھی ان اجڑے ہوئے محلوں، قلعوں اور بستیوں کے کھنڈرات کو دیکھا ہو گا۔ تم جانتے ہو کہ انہیں کیوں تباہ و برباد کر دیا گیا؟ انہوں نے بھی تمہاری روش اختیار کی تھی۔ انہوں نے بھی اپنے نبیوں کی دعوت کو ٹھکرایا تھا اور وہ فسق و فجور اور بے راہروی کے خوگر ہو گئے تھے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ کا غضب ان پر بھڑکا اور انہیں خاک سیاہ بنا کر رکھ دیا۔ اس وقت انہیں بچانے کے لیے کوئی سامنے نہ آیا۔ یاد رکھو! اگر تم نے بھی اس روش کو ترک نہ کیا تو تمہارا بھی وہی انجام ہو گا اس وقت کوئی ہبل، کوئی منات تمہیں بچا نہ سکے گا۔

۳۰ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی دلجوئی اور حوصلہ افزائی کے لیے حضرت موسیٰ اور فرعون کے حالات بیان فرما رہے ہیں کہ جو الزامات کفار حضور پر لگاتے ہیں اسی طرح کے الزامات فرعون اور اس کے وزیروں نے ایک جلیل القدر رسول پر لگائے تھے لیکن آخر کار الزام لگانے والے کفر کرنے والے باوجود حشمت و جاہ مٹ گئے اور موسیٰ علیہ السلام اور ان کی بے نوا قوم کو کامیابی حاصل ہوئی۔ بعینہٖ یہی حال کفار مکہ کا بھی ہو گا۔

۳۱ آیات سے مراد وہ نو معجزات ہیں جن کا ذکر لقد اٰتینا موسیٰ تسع اٰیات بینات کے ضمن میں پہلے گزر چکا ہے۔

جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

موسیٰ لے کر آئے ان لوگوں کے پاس حق ہمارے ہاں سے۔ تو انہوں نے کہا کہ قتل کر ڈالو ان لوگوں کے بیٹوں کو جو ایمان لائے

مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ۭ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾

ساتھ ایمان لائے اور زندہ چھوڑ دو ان کی لڑکیوں کو ۴۰؎ اور نہیں ہے کافروں کا ہر مکر مگر رائیگاں ۴۱؎

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ

اور فرعون نے (جھنجھلا کر) کہا مجھے چھوڑ دو میں موسیٰ کو قتل کروں اور وہ بلائے اپنے رب کو (اپنی مدد کیلئے) ۴۲؎ مجھے اندیشہ

اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾ وَقَالَ

ہے کہ کہیں وہ تمہارا دین بدل نہ دے یا فساد نہ پھیلا دے ملک میں۔ ۴۳؎ اور موسیٰ (علیہ السلام)

سلطان مبین : حجۃ واضحۃ بینۃ۔ یعنی واضح اور روشن دلیل اور بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد تورات ہے۔

۳۹؎ اہلِ باطل جب دلیل و برہان کے میدان میں زچ ہو جاتے ہیں تو وہ جھوٹے الزامات پر اتر آتے ہیں۔ اور بہتان تراشی کا شیوہ اختیار کرتے ہیں یہی حال فرعون اور اس کے امراء کا ہے۔

۴۰؎ جب موسیٰ علیہ السلام دین حق لے کر ان کے پاس آئے اور اپنی صداقت اور اپنے دین کی حقانیت کو براہین قاطعہ سے ثابت کر دیا تو ان لوگوں نے آپ کو جادوگر اور جھوٹا کہنا شروع کر دیا۔ اس سے بھی جب بات نہ بنی تو تشدد پر اتر آئے یہ فیصلہ کیا کہ بنی اسرائیل کی نسل کشی کی جائے۔ بچے مار ڈالے جائیں، لڑکیاں زندہ رہنے دی جائیں۔ اس طرح بنی اسرائیل کی عددی قوت ختم ہو جائے گی اور وہ کسی طرح ہمارے لیے خطرہ کا باعث نہ بنے گی۔ لیکن ان کی یہ سازش بھی ناکام ہو گئی۔

۴۱؎ کیا پیارے الفاظ ہیں، وما کید الکافرین الا فی ضلال : یعنی انہوں نے تو یہ منصوبہ موسیٰ علیہ السلام کو کمزور کرنے کے لیے اور آپ کی دعوت کو بے اثر بنانے کے لیے سوچا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کی یہ چال سیدھی راہ سے بھٹک گئی اور اپنا مقصد حاصل کرنے میں ناکام رہی۔ ۴۲؎ فرعون شیخی بگھارتے ہوئے کہتا ہے کہ اے اعیان مملکت! اگر تم مجھے کچھ نہ کہو تو میں چشم زدن میں موسیٰ کا کام تمام کر دوں۔ مجھے تو تمہاری رائے کا پاس ہے اور میں اسے کچھ نہیں کہتا۔ گویا موسیٰ علیہ السلام پر امرائے حکومت کی پاسداری کی وجہ سے اب تک ہاتھ نہیں اٹھایا گیا۔ حالانکہ فرعون دل میں ڈر رہا تھا کہ اگر اس نے زیادتی کی تو کہیں موسیٰ کا ڈنڈا اژدہا بن کر اسے نگل نہ جائے۔

۴۳؎ اپنی رعایا کو اپنی پالیسی کے بارے میں مطمئن کرنے کے لیے فرعون نے دو خطروں کا ذکر کیا۔ پہلی بات تو یہ بتائی کہ اگر تم

مُوْسٰۤى اِنِّىْ عُذْتُ بِرَبِّىْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ

نے کہا میں پناہ مانگتا ہوں اپنے رب کی اور تمہارے پروردگار کی ہر اس متکبر کے شر سے جو روز حساب پر

بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾ وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ

ایمان نہیں رکھتا۔ ۳۳ اور کہنے لگا ایک مرد مومن جو فرعون کے خاندان سے تھا اور چھپائے

نے موسیٰ کے خلاف کوئی مؤثر کارروائی نہ کی تو یہ تمہارے عقائد و نظریات کی عمارت کو منہدم کرکے رکھ دے گا۔ دوسری یہ بات ہے کہ اب تو تم بڑے امن و سکون اور خیر و عافیت سے خوشحال کی زندگی بسر کر رہے ہو۔ نہ بیرونی حملے کا خطرہ ہے اور نہ اندرون ملک کوئی شورش برپا کر سکتا ہے۔ نیز بنی اسرائیل کے مرد اور عورتیں تمہارے غلام بنے ہوئے ہیں۔ تم انہیں جو حکم دیتے ہو اسے بجالاتے ہیں، وہ ذرا سستی نہیں کرتے۔ اگر موسیٰ کی دعوت کو پذیرائی نصیب ہوگئی تو یاد رکھو بغاوت کے شعلے بھڑک اٹھیں گے۔ پسماندہ اور مفلوک الحال لوگ تمہاری بالادستی کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں گے اور ملک بھر میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دیں گے عقلمندی اور دوراندیشی کا تقاضا یہ ہے کہ اس ابھرتے ہوئے خطرہ کا آج ہی مکمل طور پر انسداد کر دیا جائے۔ حقیقت میں اس کی ذات اور اس کا تخت شاہی خطرے سے دوچار تھا۔ وہ صرف مصریوں کا بادشاہ ہی نہ تھا بلکہ ان کا خدا بھی تھا۔ اس نے سوچا اگر موسیٰ علیہ السلام اپنی تبلیغ میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو لوگ اس کی خدائی کو ماننے سے انکار کر دیں گے۔ وہ صرف اللہ کی بندگی کو قبول کریں گے۔ نیز اس ظلم و ستم کی پھر اس حاکم قوم کو اجازت نہ ہوگی۔ دراصل دعوتِ موسوی سے اس کی ذات کو خطرہ لاحق تھا۔ عصائے موسوی کی ہیبت سے اس کا تخت کانپ اٹھا تھا۔ وہ موسیٰ علیہ السلام کے قتل پر اپنی قوم کو رضامند کرنا چاہتا تھا تاکہ اس کی ذات اور اس کا اقتدار سلامت رہے لیکن ایک چالاک اور شاطر سیاست دان کی طرح ظاہر یہ کرنا چاہتا تھا کہ یہ اقدامات قوم کے مذہب کی سلامتی اور ملک میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہیں۔ صدہا سال پہلے فرعون نے جو چال چلی فرعونی سیاست کے پیرو کار آج بھی حرف بحرف اس کی تقلید کر رہے ہیں۔ جب بھی کوئی اللہ تعالیٰ کا بندہ ان کی دھاندلیوں کے خلاف آواز بلند کرتا ہے اور اس ظالمانہ نظام کو بدلنے کے لیے اٹھ کھڑا ہوتا ہے تو ان عقل کے اندھوں کو یہ توفیق تو نہیں ہوتی کہ وہ اپنی خامیوں کی اصلاح کر لیں جور و ستم کا جو بازار انہوں نے گرم کر رکھا ہے اس کی جگہ قانون کی فرمانروائی بحال کریں۔ الٹا وہ لٹھ لے کر ان نیک بندوں کے پیچھے پڑ جاتے ہیں۔ ان کو فسادی، اقتدار کا بھوکا اور معلوم نہیں کن کن الزامات سے بدنام کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

۳۳ موسیٰ علیہ السلام کو جب فرعون کے اس منصوبہ کا علم ہوا تو آپ گھبرائے نہیں۔ پریشان نہیں ہوئے بلکہ آپ کی زبان سے وہی جملہ نکلا جو موسیٰ علیہ السلام جیسے برگزیدہ رسول کے شایان شان تھا۔ فرمایا مجھے اکیلا نہ سمجھو۔ مجھے اس ذوالجلال کی پناہ اور حفاظت حاصل ہے جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی مالک ہے تم لاکھ اس کی بندگی کا رشتہ توڑنا چاہو۔ تم فرعون کو اپنا خدا سمجھتے رہو۔ تم حقیقت کو بدل نہیں سکتے۔ بندے پھر بھی تم اسی رب کے ہو جس کا میں بندہ ہوں۔ میں نے ہر متکبر اور سرکش کے شر سے اس کے

اِیۡمَانَهٗۤ اَتَقۡتُلُوۡنَ رَجُلًا اَنۡ یَّقُوۡلَ رَبِّیَ اللّٰهُ وَقَدۡ جَآءَكُمۡ

ہوئے تھا اپنے ایمان کو کیا تم قتل کرنا چاہتے ہو ایک شخص کو اس وجہ سے کہ وہ کہتا ہے میرا پروردگار اللہ تعالیٰ

بِالۡبَیِّنٰتِ مِنۡ رَّبِّكُمۡ ؕ وَاِنۡ یَّكُ كَاذِبًا فَعَلَیۡهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنۡ

ہے حالانکہ وہ لے آیا ہے تمہارے پاس دلیلیں تمہارے رب کی طرف سے (اسے اپنے حال پر رہنے دو) اگر وہ حقیقۃً جھوٹا ہے تو اسکے جھوٹ کی شامت

یَّكُ صَادِقًا یُّصِبۡكُمۡ بَعۡضُ الَّذِیۡ یَعِدُكُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهۡدِیۡ

اس پر ہوگی اور اگر وہ سچا ہوا اور تم نے اس کو گزند پہنچائی تو ضرور پہنچے گا تمہیں عذاب جس کا اس نے تم سے وعدہ کیا ہے بیشک اللہ تعالیٰ ہدایت

مَنۡ هُوَ مُسۡرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾ یٰقَوۡمِ لَكُمُ الۡمُلۡكُ الۡیَوۡمَ ظٰهِرِیۡنَ

نہیں دیتا اسے جو حد سے بڑھنے والا بہت جھوٹ بولنے والا ہو ف۴۵ اے میری قوم! مانا آج حکومت تمہاری ہے۔ (نیز تمہیں) غلبہ حاصل ہے

فِی الۡاَرۡضِ ۫ فَمَنۡ یَّنۡصُرُنَا مِنۡۢ بَاۡسِ اللّٰهِ اِنۡ جَآءَنَا ؕ قَالَ

اس ملک میں (لیکن مجھے یہ تو بتاؤ) کون بچائے گا ہمیں خدا کے عذاب سے اگر وہ ہم پر آجائے ف۴۶ (یہ سن کر) فرعون کہنے لگا

دامنِ رحمت میں پناہ لی ہوئی ہے تم میرا بال بھی بیکا نہیں کر سکتے۔

ف۴۵ قبطی قوم کا ایک فرد حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لا چکا تھا لیکن اس نے اپنی قوم کو اپنے ایمان سے آگاہ نہیں کیا تھا۔ اس نے جب سنا کہ فرعون حضرت کلیم کو قتل کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے تو اس نے ان کو اس ارادہ سے باز آنے کی تلقین شروع کی۔ پہلے تو انہیں جھنجھوڑا کہ تم موسیٰ کے در پے آزار کیوں ہو، اس نے تمہارا کیا جرم کیا ہے۔ اس نے کونسی قانون شکنی کی ہے۔ محض اس لیے تم اسے قتل کرنا چاہتے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے اور اس نے اپنے عقیدہ کی حقانیت دلائل و معجزات سے ثابت کر دی ہے۔ تمہارا معاشرہ تو بڑا ترقی یافتہ ہے تم ان کے ذاتی عقیدہ میں کیوں دخل دیتے ہو۔ اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو۔ اگر بالفرض وہ غلط کہہ رہا ہے تو خود ہی کیفرِ کردار کو پہنچ جائے گا۔ ہمیں اپنے ہاتھ اس کے لہو سے سرخ کرنے کی کیا ضرورت ہے۔

ف۴۶ آج کل ہم بڑی عزت و آرام کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ حکومت ہماری ہے۔ ہمارے اشارۂ ابرو پر لوگوں کی قسمتیں بدلتی ہیں۔ کسی کی مجال نہیں کہ ہمارے فرمان سے سرتابی کرے۔ دولت، سامانِ عیش و عشرت کی فراوانی ہے۔ ہم اس حالت کو بدلنا نہیں چاہتے۔ ہماری پوری کوشش ہونی چاہیے کہ یہ حالات برقرار رہیں اگر موسیٰ (نعوذ باللہ) جھوٹے ہیں تو خدا مسرف کذاب سے خود نپٹ لے گا۔ اور اگر وہ سچا ہے اور ہم نے اسے قتل کر دیا تو یاد رکھو خدا کا غضب جوش میں آئے گا اور عیش و عشرت کی یہ

فِرْعَوْنُ مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ

میں تو تمہیں وہی مشورہ دیتا ہوں جس کو میں درست سمجھتا ہوں اور نہیں رہنمائی کرتا میں تمہاری مگر سیدھے

الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ

راستہ کی طرف ۵۲ اور کہنے لگا وہی ایمان والا اے میری قوم! میں ڈرتا ہوں کہ تم پر (بھی) کہیں (پہلی قوموں کی

يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿۳۰﴾ مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ

تباہی کے دن جیسا دن نہ آجائے ۵۳ جیسا حال ہوا تھا قوم نوح، عاد اور ثمود کا اور ان لوگوں کا جو

مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾ وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ

ان کے بعد آئے۔ اور اللہ نہیں چاہتا کہ بندوں پر ظلم کرے اور اے میری قوم! میں ڈرتا ہوں

عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿۳۲﴾ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

تمہارے بارے میں پکار کے دن سے ۵۴ جس روز تم بھاگو گے پیٹھ پھیرتے ہوئے نہیں ہوگا تمہارے لیے اللہ (کے عذاب)

بساط الٹ کر رکھ دی جائے گی۔ اس لیے مصلحت کا یہی تقاضا ہے کہ ہم موسیٰ کو نہ چھیڑیں۔ اس کو اپنے حال پر چھوڑ دیں اور مفروضہ خطرات سے حواس باختہ ہو کر کوئی ایسی غلطی نہ کر بیٹھیں کہ خدا کے عذاب میں یوں گرفتار ہو جائیں کہ نکلنے کی پھر کوئی صورت نہ رہے۔

۵۲ فرعون نے کہا کہ میں نے تمہیں جو مشورہ دیا ہے میرے نزدیک وہ درست ہے اور میں تمہیں اسی راہ پر گامزن کرنا چاہتا ہوں جس میں تمہاری بھلائی ہے۔

اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ فرعون مطلق العنان فرمانروا ہونے کے باوجود آج کل کے فرعونوں کی طرح تنگ مزاج اور کم ظرف نہیں تھا کہ ادھر کسی نے مخالف رائے دی جھٹ وہ غدار اور گردن زدنی قرار دے دیا گیا بلکہ وہ اختلاف رائے کو بڑے تحمل سے برداشت کرتا تھا۔

۵۳ اس مرد مومن نے جب دیکھا کہ اس کی پند و موعظت اثر انگیز نہیں ہو رہی تو اس نے مزید کھل کر گفتگو شروع کی اور گزشتہ زمانوں میں اپنی بد اعمالیوں کے باعث تباہ و برباد ہونے والی قوموں کا ذکر شروع کر دیا اور فرمایا ان تباہ ہونے والی قوموں کے حالات سے عبرت پکڑو اور اس غلط روش کو چھوڑ دو۔

۵۴ ذرا سا زلزلہ آجائے یا کوئی ناگہانی مصیبت آجائے تو اتنا شور و غل مچتا ہے کہ کانوں پڑی آواز سنائی نہیں دیتی۔ جب لوگ یکایک قیامت کی ہولناکیوں سے دوچار ہوں گے۔ قدموں کے نیچے زمین انگارے کی طرح تپ رہی ہوگی، اوپر سے سورج

مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ

سے کوئی بچانے والا ۴۹ اور جسے گمراہ کر دے اللہ تعالیٰ اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں ۔ اے میری قوم! بیشک

يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ۭ

آئے تمہارے پاس یوسف (موسیٰ علیہ السلام) سے پہلے روشن دلائل لیکر پس تم شک میں گرفتار رہے ہیں جو وہ لے کر آئے تھے ۵۱

حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ۭ كَذٰلِكَ

یہاں تک کہ جب وہ وفات پا گئے تو تم نے کہنا شروع کر دیا کہ نہیں بھیجے گا اللہ تعالیٰ ان کے بعد کوئی رسول ۵۲ یونہی

يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُۨ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ

گمراہ کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اسے جو حد سے بڑھنے والا (اور) شک کرنے والا ہوتا ہے (یونہی گمراہ کرتا ہے) انہیں جو جھگڑتے رہتے ہیں

کی کرنیں آگ برسا رہی ہوں گی۔ سامنے دوزخ کے شعلے بھڑک رہے ہوں گے۔ چاروں طرف سے فرشتوں نے گھیر رکھا ہوگا۔ اس سراسیمگی کے عالم میں شور و غل کا آپ خود اندازہ کر سکتے ہیں۔ اس لیے اس دن کو ہی یوم التناد یعنی ایک دوسرے کو پکارنے کا دن کہہ دیا۔

۵۰ لوگوں کی حالت کا نقشہ کھینچا جا رہا ہے۔

۵۱ پہلے جن قوموں کا ذکر ہوا وہ دور دراز علاقوں میں بسنے والی تھیں۔ اب اس نبی اور اس کے منکرین کا ذکر ہو رہا ہے جو کچھ عرصہ پہلے اسی ملک کے باشندے تھے۔ یوسف علیہ السلام کے نام سے کون ایسا مصری تھا جو واقف نہ تھا۔ ان کا دورِ حکومت مصر کی تاریخ کا وہ درخشاں دور تھا جب کہ ہر طرف عدل و انصاف کا نور برس رہا تھا۔ قانون کی بالادستی قائم تھی۔ غریبوں اور مظلوک الحالوں کی اس طرح دلداری کی جاتی تھی کہ سبحان اللہ! اس عام اور شدید قحط کی چیرہ دستیوں سے انہیں حضرت یوسف کے حسن انتظام کے باعث ہی پناہ ملی تھی۔ اس نبی اور عادل فرمانروا کے ساتھ اس کی قوم نے جو برتاؤ کیا مومن آلِ فرعون اس کا ذکر فرما کر انہیں تنبیہ کر رہا ہے ان کی بے داغ سیرت، ان کے بے عدیل نظامِ حکومت، ان کی عدل گستری اور ان کی رعایا پروری کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لینے کے باوجود وہ ان کو نبی ماننے کے لیے تیار نہ ہوئے بلکہ ان کی ساری عمر اسی ادھیڑ بن میں گزر گئی کہ یہ نبی ہے یا نہیں قطعی اور یقینی دلائل کے باوجود وہ تذبذب کا ہی شکار رہے اور شک کی وادیوں میں ہی بھٹکتے بھٹکتے عمر گزار دی۔

۵۲ اور جب وہ نیرِ تاباں غروب ہو گیا تو پھر کفِ افسوس ملنے لگے اور کہنے لگے ایسی ہستی اب دوبارہ پیدا نہیں ہوگی۔ ان کے بعد اب کوئی نبی نہیں آئے گا۔ پہلے ہدایت سے یوں محروم رہے۔ اب امکان یہ تھا کہ کوئی دوسرا نبی تشریف لائے تو یا اپنی گزشتہ غفلت اور کوتاہی کی تلافی کریں۔ یہ کہہ کر کہ اب اور کوئی ایسا نہیں آئے گا انہوں نے اس امکان کو بھی کالعدم کر دیا۔

ٰايٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَ عِنْدَ

اللہ کی آیتوں میں بغیر کسی (معقول) دلیل کے جو ان کے پاس آئی ہو (یہ طریقہ) بڑی ناراضگی کا باعث ہے اللہ کے نزدیک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾

اور مومنوں کے نزدیک۔ اسی طرح مُہر لگا دیتا ہے اللہ تعالیٰ ہر مغرور اور سرکش کے دل پر ۵۳

وَ قَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْۤ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿۳۶﴾

اور فرعون نے کہا اے ہامان! بنا میرے لیے ایک اُونچا محل (اس پر چڑھ کر) میں ان راہوں تک پہنچ جاؤں ۵۴

۵۳ آخر میں ایک اصول بیان فرمادیا کہ جس فرد یا قوم میں یہ تین عیوب پیدا ہو جائیں ان کے ہدایت پانے کی کوئی اُمید نہیں رہتی۔ کوئی معجزہ کوئی پند و نصیحت انہیں چاہِ ضلالت سے نہیں نکال سکتی۔ وہ اندھیروں سے اتنے مانوس ہو جاتے ہیں کہ نور سے انہیں گھبراہٹ ہونے لگتی ہے۔ وہ تین عیب یہ ہیں:

۱۔ مُسْرِف: حد سے بڑھنے والا جو احکام و اوامر اللہ تعالیٰ نے دیئے ہیں ان کی پابندی نہ کرنے والا۔ اسے ہزار سمجھایا جائے وہ اپنی ہٹ سے باز آجانے کا نام ہی نہیں لیتا۔

۲۔ مُرْتَاب: وہ شخص جو شک کی بیماری کا مریض ہو۔ اس کے سامنے روشن دلائل کے انبار لگا دو شک کے جراثیم اس کے ذہن سے نکلتے ہی نہیں۔

۳۔ من یجادل: جو اللہ تعالیٰ کی آیات میں بے جا تاویل کرتا ہے۔ ان میں عیب نکالتا ہے۔ تضاد ثابت کرتا ہے جس فرقہ میں یہ تین عیب ہوں خدا انہیں کبھی ہدایت نہیں دیتا۔

۵۴ فرعون نے جب یہ محسوس کیا کہ اس مردِ مومن کی گفتگو حاضرین کو متاثر کر رہی ہے تو اس نے فوراً پینترا بدلا اور کہنے لگا کہ موسیٰ کی صداقت کو پرکھنا کوئی اتنا مشکل کام نہیں کہ ہم اس کے بارے میں پریشان رہیں اور کسی حتمی فیصلہ پر نہ پہنچ سکیں۔ ابھی ایک بلند مینار تعمیر کرتے ہیں اور اس پر چڑھ کر موسیٰ کے خدا کا سراغ لگائیں گے زمین پر تو کہیں ہے نہیں اگر آسمان پر مل گیا تو ہم بھی مان لیں گے اور اگر آسمان پر بھی اس کا سراغ نہ ملا تو پھر سب کو یقین ہو جائے گا کہ موسیٰ کی بات غلط ہے۔ پھر ہامان کی طرف متوجہ ہو کر کہا: ہامان! اے وزیرِ باتدبیر! یہ کام تم کرو۔ میں ایک اُونچا بہت اُونچا مینار تعمیر کر دو۔ اس پر چڑھ کر ہم آسمان پر چڑھنے کا راستہ دریافت کر لیں گے اور آسمان کا گوشہ گوشہ چھان ماریں گے۔ (ضیاء القرآن جلد سوم سورۃ قصص آیت ۳۸)

ہر وہ چیز جس کے ذریعہ کسی جگہ تک رسائی حاصل کی جائے اُسے سبب کہتے ہیں یہاں اسباب سے مراد وہ راستے ہیں جو آسمان کی طرف جاتے ہیں یا ان سے مُراد آسمان کے دروازے جن کے ذریعہ آسمان میں داخل ہوتے ہیں۔ کل ما یؤدی

اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّىْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ۭ وَكَذٰلِكَ

یعنی آسمانوں کی راہوں تک پھر میں جھانک کر دیکھوں موسیٰ کے خدا کو اور میں تو یقین کرتا ہوں کہ وہ جھوٹا ہے ۵۵ اور

زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ۭ وَمَا كَيْدُ

یوں آراستہ کر دیا گیا فرعون کے لیے اس کا برا عمل اور روک دیا گیا اسے راہ (راست) سے ۔ اور نہیں تھا

فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ ۝۳۷ۧ وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ

فرعون کا سارا فریب مگر اس کی اپنی تباہی کے لیے ۵۶ اور کہنے لگا وہ جو ایمان لایا تھا اے میری قوم! میرے پیچھے چلو

اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ۝۳۸ۚ يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ۡ

میں دکھاؤں گا تمہیں ہدایت کی راہ ۵۷ اے میری قوم! یہ دنیوی زندگی تو (چند روزہ) لطف اندوزی ہے

وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ۝۳۹ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰٓى

اور آخرت ہی ہمیشہ ٹھہرنے کی جگہ ہے جو برے کام کرتا ہے اسے سزا دی جائے گی

اِلَّا مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ

اسی قدر اور جو نیک کام کرتا ہے خواہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ

الی شئ فهو سبب کالرشا ولاء والماء ۔ واسباب الثانی بیان لاول.

۵۵ ساتھ ہی اپنی رائے بھی ظاہر کر دی کہ میرا تو یہ خیال ہے کہ موسیٰ کی بات میں سچائی نام کو نہیں ۔ ظن : بمعنی گمان غالب بھی لیا جا سکتا ہے اور بمعنی یقین بھی۔

۵۶ یعنی اس کی مکاری، عیاری، حیلہ سازی اور دانستہ انکار حق کے باعث اس کے برے اعمال اسے حسین و خوشنما نظر آنے لگے، وہ انہی کے پیچھے پڑا رہا اور جو حیلہ سازیاں اس نے حضرت موسیٰ کے خلاف کی تھیں وہ سب خود اس کی تباہی اور بربادی کا سبب بنیں۔

۵۷ یعنی بھلائی اور نجات کا راستہ وہ نہیں جس پر فرعون تمہیں چلانا چاہتا ہے بلکہ آؤ میں تمہیں رشد و ہدایت کا راستہ دکھاتا ہوں جس پر چل کر تم اپنی منزل تک پہنچ سکتے ہو۔

ع ۹

فَأُولَٰٓئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُونَ فِيهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٤٠﴾ وَ

ایماندار ہو تو وہ داخل ہوں گے جنت میں رزق دیا جائے گا انہیں وہاں بے حساب اور

يَٰقَوْمِ مَا لِيٓ أَدْعُوكُمْ إِلَى النَّجَوٰةِ وَتَدْعُونَنِيٓ إِلَى النَّارِ ﴿٤١﴾

اے میری قوم! میرا بھی عجیب حال ہے کہ میں تو تمہیں بلاتا ہوں نجات کی طرف اور تم بلاتے ہو مجھے آگ کی طرف ۵۸

تَدْعُونَنِي لِأَكْفُرَ بِاللَّهِ وَأُشْرِكَ بِهِۦ مَا لَيْسَ لِي بِهِۦ عِلْمٌ وَأَنَا۠

تم مجھے دعوت دیتے ہو کہ میں اللہ کا انکار کروں اور میں شریک ٹھیراؤں اس کے ساتھ اسکو جس کا مجھے علم تک نہیں اور میں

أَدْعُوكُمْ إِلَى الْعَزِيزِ الْغَفَّٰرِ ﴿٤٢﴾ لَا جَرَمَ أَنَّمَا تَدْعُونَنِيٓ إِلَيْهِ لَيْسَ

حال یہ ہے کہ میں پھر بھی تمہیں اس خدا کی طرف بلاتا ہوں جو عزت والا بہت بخشنے والا ہے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ جس کی بندگی کی طرف

لَهُۥ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْآخِرَةِ وَأَنَّ مَرَدَّنَآ إِلَى اللَّهِ وَأَنَّ

تم مجھے بلاتے ہو اسے کوئی حق نہیں پہنچتا کہ اسے پکارا جائے اس دنیا میں اور نہ آخرت میں ۵۹ اور یقیناً ہم سب کو لوٹنا ہے

مردِ مومن کا سلسلۂ وعظ شروع ہے اب اس نے مصلحت کے سارے حجاب تار تار کر دیے ہیں اور اس کے نتائج اور خطرات سے بے نیاز ہو کر اعلانِ حق کرنا شروع کر دیا ہے۔

۵۸ یعنی میرے ساتھ بھی تم لوگوں کا رویہ عجیب و غریب ہے میں تمہیں نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے آگ میں گرنے کی دعوت دیتے ہو۔ میں تمہیں اس خدائے واحد کی بندگی کی تلقین کرتا ہوں جو سب سے زبردست بھی ہے اور اس کے باوجود بڑا بخشنے والا ہے۔ عمر بھر خطائیں کر کے بھی اگر اس کے درِ کرم پر کوئی آجائے تو معاف کر دیتا ہے اور تم مجھے کہتے ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کا انکار کر دوں اور اس کے ساتھ ایسے شریک بناؤں جو بالکل بے بس اور بے اختیار ہیں اور جن کی خدائی کا مجھے کوئی علم نہیں۔ میں تو تمہاری خیر خواہی میں سرگرم ہوں اور تم ہو کہ اپنے ساتھ مجھ غریب کو بھی ڈبو دینا چاہتے ہو۔ تم میرے عجیب دوست ہو۔ مجھے تمہاری ایسی دوستی کی ضرورت نہیں۔ مہربانی فرما کر مجھے اس قسم کی نصیحتیں نہ کیا کرو۔

۵۹ یعنی جن معبودانِ باطل کی عبادت اور بندگی کی تم مجھے نصیحت کر رہے ہو۔ یہ تو ایسے ہیں کہ انہیں یہ حق ہی نہیں پہنچتا کہ دنیا میں یا آخرت میں انہیں خدا تسلیم کیا جائے اور نہ انہوں نے خود کبھی اپنی خدائی کا دعویٰ کیا ہے اور اس کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ وہ اتنے بے بس اور بے اختیار ہیں کہ نہ دنیا میں ان کو پکارنے کا کوئی فائدہ ہے اور نہ قیامت کے دن کسی کی فریاد سنیں گے۔

الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ

اللہ کی طرف اور یقیناً حد سے گزرنے والے ہی جہنمی ہیں۔ پس (اے میرے ہم وطنو!) عنقریب تم یاد کرو گے جو میں (آج) تمہیں کہہ رہا ہوں ۶۰

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾ فَوَقٰىهُ

اور میں اپنا (سارا) کام اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ بیشک اللہ تعالیٰ دیکھنے والا ہے (اپنے) بندوں کو ۶۱ پس بچا لیا اسے

اللّٰهُ سَیِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾ ج

اللہ تعالیٰ نے ان اذیتوں سے جو پہنچانے کا انہوں نے حیلہ کیا اور ہر طرف سے گھیر لیا فرعونیوں کو سخت عذاب نے ۶۲

اَلنَّارُ یُعْرَضُوْنَ عَلَیْهَا غُدُوًّا وَّعَشِیًّا ۚ وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۫

دوزخ کی آگ ہے پیش کیا جاتا ہے انہیں اس پر صبح و شام اور جس روز قیامت قائم ہوگی (حکم ہوگا)

اَدْخِلُوْۤا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿۴۶﴾ وَاِذْ یَتَحَآجُّوْنَ فِی النَّارِ

داخل کر دو فرعونیوں کو سخت تر عذاب میں ۶۳ اور (کتنا ہوشربا سماں ہوگا) جب باہم جھگڑیں گے دوزخ میں

۶۰ فرعون جو اپنے آپ کو الٰہ کہلواتا تھا۔ اس کے رُوبرو اور بھرے دربار میں اتنی حق گوئی ایک مردِ مومن کو ہی زیبا ہے لیکن جب سامعین کو اس نے متاثر ہوتے نہ دیکھا تو اس نے صاف کہا کہ آج تو تم میری بات نہیں مان رہے اور میری تلخ نوائی تمہیں گراں گزر رہی ہے۔ عنقریب وہ وقت آئے گا جب عذاب الٰہی تم پر نازل ہوگا۔ اس وقت تم میری ان باتوں کو یاد کرو گے۔

۶۱ تمہارے پاس طاقت و اقتدار ہے اور میں نے مجمع عام میں تمہاری غلط روی پر تمہیں صاف الفاظ میں سرزنش کی ہے مجھے علم ہے کہ تم مجھے میری اس حق گوئی پر عتاب کرو گے اور مجھے قتل کرنے سے بھی باز نہ آؤ گے لیکن مجھے تمہاری ان سیہ کاریوں کی ذرا پروا نہیں۔ میں نے اپنے سارے معاملات اللہ کے سپرد کر دیے ہیں وہ اپنے بندوں کے حالات سے خوب واقف ہے۔

۶۲ چنانچہ فرعونیوں نے اس مردِ حق کیش کو قتل کرنے کی سازشیں کیں لیکن وہ سب ناکام رہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کی خود حفاظت فرمائی اور کوئی اس کا بال بیکا نہ کر سکا۔ اُلٹا فرعون اپنے لاؤ لشکر اور جاہ و حشمت سمیت غرق کر دیا گیا۔

۶۳ فرعون اور اس کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا لشکر سمندر میں غرق ہو گیا۔ موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو لے کر سلامتی سے کنارے پہنچ گئے۔ دنیا میں ہی حق کا بول بالا اور باطل کا منہ کالا ہو گیا۔ ان کا قصہ یہیں ختم نہیں ہوا بلکہ فرعون اور اس کے پرستاروں کو ہر صبح و شام دوزخ کی آگ پر پیش کیا جاتا ہے اور انہیں بتایا جاتا ہے کہ جب عالم برزخ کی میعاد ختم ہوگی تو قیامت قائم

فَيَقُولُ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ

پس کہیں گے کمزور لوگ انہیں جو تکبر کیا کرتے تھے کہ ہم تو تمہارے تابع تھے پس کیا تم دُور

اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا

کرسکتے ہو ہم سے کچھ حصہ آگ (کے عذاب) کا ۶۴ جواب دیں گے متکبر

اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

ہم سب آگ میں (جھلس رہے) ہیں بیشک اللہ تعالیٰ نے فیصلہ فرما دیا ہے بندوں کے متعلق (اب یہیں رہو بدل نہیں ہو سکتا) ۶۵

فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ

اور کہیں گے سارے دوزخی جہنم کے داروغوں کو دعا کرو اپنے رب سے کہ ایک دن تو ہمارے عذاب میں (کچھ) تخفیف فرما

الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ قَالُوْا

دے ۶۶ وہ (جواب میں) کہیں گے کیا نہیں آیا کرتے تھے تمہارے پاس تمہارے رسول روشن دلیلوں کے ساتھ۔ وہ

ہوگی۔ اس کے بعد انہیں اسی بھڑکتی ہوئی آگ میں جھونک دیا جائے گا۔

اس آیت سے علماء اہل سنت نے عذاب قبر کا اثبات کیا ہے۔ قبر سے مراد صرف وہ گڑھا ہی نہیں جس میں کسی کو دفن کیا جاتا ہے کیونکہ یہ قبر تو کسی کو نصیب ہوتی ہے اور کسی کو نصیب ہی نہیں ہوتی۔ بلکہ اس سے مراد عالم برزخ ہے۔ مرنے کے بعد اور قیامت سے پہلے کے وقت کو عالم برزخ کہتے ہیں۔ آل فرعون کو دیے جانے والے دو عذابوں کا یہاں ذکر ہو رہا ہے۔ ایک وہ جس میں قیامت سے پہلے وہ مبتلا ہیں۔ دوسرا وہ جو قیامت کے بعد انہیں دیا جائے گا۔ ھذہ الآیۃ اصل کبیر فی استدلال اھل السنۃ علی عذاب البرزخ فی القبور۔

۶۴ کافر سردار اور ان کے پیروکار سب ایک جگہ آتش جہنم میں جل رہے ہوں گے پیروکار کہیں گے اے ہمارے سردارو! دنیا میں تو تم بڑی ڈینگیں مارا کرتے تھے کہ ہم یوں کر دیں گے ہم یاں کر دیں گے۔ اب اپنے اثر و رسوخ سے کام لے کر ہمارے عذاب میں تو کچھ تخفیف کرا دو۔

۶۵ ان کی بے بسی دیدنی ہوگی۔

۶۶ پھر دوزخی ان فرشتوں کی منت سماجت کریں گے جو جہنم کی حفاظت کے لیے مقرر ہیں کہ تم ہمارے لیے دعا مانگو

بَلٰى ؕ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ اِنَّا

کہیں گے بیشک! وارڈ نے کہیں گے تم خود ہی دعا مانگو۔ اور حقیقت یہ ہے کہ نہیں ہے کافروں کی دعا مگر محض بے سود ۶۶ بیشک ہم

لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ

(اب بھی) مدد کرتے ہیں اپنے رسولوں کی اور مومنین کی۔ اس دنیوی زندگی میں اور اس دن بھی (مدد کریں گے)

الْاَشْهَادُ ﴿۵۱﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ

جس دن گواہ (گواہی دینے کے لیے) کھڑے ہونگے ۶۷ اس روز نفع نہ دے گی ظالموں کو ان کی عذر خواہی اور ان کے لیے لعنت ہوگی

وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا

اور ان کیلئے (دوزخ کا) بدترین گھر ہوگا۔ اور ہم نے عطا فرمایا موسیٰ کو (نور) ہدایت اور وارث بنایا

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿۵۳﴾ هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۵۴﴾

بنی اسرائیل کو کتاب کا جو سراپا ہدایت اور نصیحت تھی عقلمندوں کے لیے۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ

پس (اے محبوب) آپ صبر فرمایئے (کفار کی اذیتوں پر) بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور استغفار کرتے رہیے اپنی (امت) کے گناہوں کیلئے ۶۹ اور پاکی بیان

کر کسی دن تو ہمارے عذاب کی شدت کم کر دی جائے۔ فرشتے کہیں گے کہ ہم تو تمہارے جیسے ناشکروں اور نابکاروں کے لیے دعا مانگنے سے رہے۔ اس لیے تم جانو اور تمہارا کام۔

۶۶ اللہ تعالیٰ نے خود ہی فرما دیا کہ کفار کی دعا تو راہِ راست سے بھٹکی ہوئی ہے۔ قبولیت کی منزل تک یہ کبھی نہیں پہنچ سکتی۔ آج ان کا رونا پیٹنا، چیخنا، چلانا فریادیں کرنا سب بے سود ہے۔

۶۷ ہماری مدد اپنے رسولوں کے لیے اور اہلِ ایمان کے لیے مخصوص ہے۔ کافر وقتی طور پر کتنے ہی خوشحال اور کامگار ہوں، حقیقی کامیابی و کامرانی فقط ان کو نصیب ہوگی جن کی ہم دستگیری کریں گے۔

۶۹ افضل اور اولیٰ کا ترک عام لوگوں کے لیے جرم اور گناہ تصور نہیں ہوتا، لیکن مقربین بارگاہِ صمدیت سے غیر اولیٰ کا صدور بھی قابلِ مؤاخذہ ہوتا ہے۔ یہاں بھی جس ذنب سے استغفار کی ہدایت کی جا رہی ہے اس سے مراد لیے امر سے استغفار

رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ﴿۵۵﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ

کیجیے اپنے رب کی حمد کرتے ہوئے شام کے وقت اور صبح کے وقت ۔ بیشک جو لوگ جھگڑتے ہیں اللہ کی آیتوں کے بارے میں

بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ ۙ إِنْ فِي صُدُورِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَا هُمْ

بغیر کسی سند کے جو ان کے پاس آئی ہو نہیں ہے ان کے سینوں میں بجز بڑائی کی ایک ہوس کے جس کو وہ

بِبَالِغِيهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ﴿۵۶﴾ لَخَلْقُ

پا نہیں سکیں گے[۵۶] تو آپ اللہ کی پناہ طلب کیجیے[۵۷] بیشک وہی سب کچھ سننے والا ہے، دیکھنے والا ہے۔ بیشک پیدا

جو بذاتِ خود اگرچہ مباح اور جائز ہے لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقام رفیع اور شانِ عالی کے شایانِ شان نہیں اور سالکانِ راہِ محبت سے یہ چیز مخفی نہیں کہ منزلِ محبوب کی طرف ان کے سفر میں ایک لمحہ کے لیے توقف بھی ناقابلِ برداشت ہے اور لائقِ صد استغفار ہے۔

ہو سکتا ہے کہ یہ امر محض امرِ تعبدی ہو تاکہ اُمت کے لیے استغفار سنتِ نبوی بن جائے اور کوئی شخص خواہ اس کا رتبہ کتنا بلند ہو، اعترافِ قصور اور طلبِ عفو میں کوتاہی نہ کرے۔ بعض علما نے اس عبارت میں اُمت کا لفظ مقدر مانا ہے۔ اس صورت میں عبارت یوں ہوگی: واستغفر لذنب امتك یعنی حضور اپنی اُمت کے گناہوں کی معافی طلب کریں۔ علامہ قرطبی اس آیت کے ضمن میں لکھتے ہیں: هذا تعبد للنبي عليه السلام بالدعاء والفائدة زيادة الدرجات وان يصيرا لدعاء سنة لمن بعده (قرطبی) یعنی یہ محض تعمیلِ ارشادِ الٰہی ہے تاکہ حضور دعا مانگا کریں اور اس میں حکمت یہ ہے کہ استغفار سے حضور کے درجات بلند سے بلند تر ہوتے جائیں گے اور اُمت کے لیے دعا و استغفار اُن کے پیارے رسول کی سنت بن جائے گی۔

[۵۶] مشرکینِ مکہ کا رویہ قرآن، اسلام اور پیغمبرِ اسلام کے متعلق بڑا حیرت انگیز تھا۔ نکتہ چینی، حجت بازی، بغیر کسی معقول دلیل کے بحث و تکرار ان کا شیوہ بن گیا تھا۔ اچھے بھلے فہیدہ قسم کے لوگ بھی نادان بچوں کی طرح بات بات پر اُلجھنے لگتے۔ انسان یہ دیکھ کر حیران ہو جاتا تھا کہ باوجود فصیح و بلیغ ہونے کے وہ قرآن کریم جیسی کتاب کی آیات پر بلاوجہ کیوں اعتراض کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس راز سے پردہ اٹھاتے ہیں کہ ان کے دلوں میں اقتدارِ اعلیٰ کی ہوس تھی انہیں یہ اندیشہ تھا کہ اگر انہوں نے اس رسولِ کریم کو اپنا ہادی اور پیشوا مان لیا تو ان کی سرداری اور چودھراہٹ ختم ہو جائے گی اور وہ کسی قیمت پر اس سے دستبردار ہونے کے لیے تیار نہ تھے۔ علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر میں حضرت ابنِ عباس کا قول پیش کرتے ہیں: قال ابن عباس ای لا یحملهم على تكذيبك الا ما فى صدورهم من الكبر والعظمة. يتكبرون عليك ويتعظمون انفسهم عن اتباعك (مظہری)

اللہ تعالیٰ نے ماھم ببالغیه فرما کر ان کی اُمیدوں پر پانی پھیر دیا کہ وہ اب اپنے منصوبوں میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ اللہ تعالیٰ نے عزت و سروری اپنے محبوب کو ارزانی فرما دی ہے۔ اب جسے بڑائی اور عزت کی خواہش ہے وہ اپنے گلے میں تاجدارِ مدینہ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

کرنا آسمانوں اور زمین کا بہت بڑا کام ہے لوگوں کے پیدا کرنے سے لیکن بہت سے لوگ (اس

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ وَالَّذِيْنَ

دکھلی حقیقت کو) نہیں جانتے۔ ۵۲ اور یکساں نہیں ہے اندھا اور بینا ۵۳ اور (اسی طرح)

کی غلامی کا طوق ڈال کر حاضر ہو۔ صرف ایسے شخص کو ہی دونوں جہانوں کی عزتوں سے سرفراز کیا جائے گا۔

۵۱ وہ سازشیں کرتے ہیں تو انہیں کرنے دو، وہ شمع اسلام کو بجھانے کے لیے منصوبے بناتے ہیں، تو انہیں بنانے دو، وہ آپ کو اور آپ کے ساتھیوں کو قتل کرنے کی دھمکیاں دیتے ہیں تو پروا نہ کرو، آپ اپنے رب کی پناہ طلب کرو جس کو وہ اپنی پناہ اور حفاظت میں لے لیتا ہے ساری دُنیا بھی اگر اس کے خون کی پیاسی ہو تو اس کا کچھ بگاڑ نہیں سکتی۔ وہ آپ کی دعاؤں اور التجاؤں کو بھی سُنتا ہے اور ان کے منصوبوں کو بھی خوب دیکھ رہا ہے۔

۵۲ کفار کا اسلام پر سب سے بڑا اعتراض یہ تھا کہ وہ قیامت پر ایمان لانے کا حکم دیتا ہے۔ یہ بات انہیں خلافِ عقل نظر آتی وہ خود سوچتے اور دُوسروں کو کہتے کہ بھلا ہزارہا سال تک قبروں میں رہنے کے بعد پھر ہم زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے یہ بات صراحتہً باطل ہے اور عقلِ سلیم اس کو تسلیم کرنے سے قاصر ہے۔ ان کے اس اعتراض کا یہاں جواب دیا جا رہا ہے کہ مانا کسی مُردے کو ہزارہا سال گزرنے کے بعد زندہ کرنا جب کہ اس کی خاک کے ذرّے بھی کائنات کی وسعتوں میں گم ہو چکے ہونگے بڑا مشکل کام ہے لیکن یہ تو سوچو کہ یہ کس کے لیے مشکل ہے۔ ماوشما کے لیے تو واقعی مشکل ہے لیکن کیا خداوند تعالیٰ جو آسمانوں اور زمینوں کو اپنے امرِ کُن سے پیدا فرمانے والا ہے اس کے لیے بھی مشکل ہے ؟ تم خدا کی قدرت اور علم کو اپنی بے بسی اور بے علمی پر کیوں قیاس کرتے ہو۔ سوچ کا یہ انداز عالمانہ نہیں جاہلانہ ہے۔

۵۳ یہ تو تم بھی تسلیم کرتے ہو کہ اندھے اور بینا میں بڑا فرق ہے۔ اسی طرح جو لوگ عمر بھر نیکی کی راہ پر گامزن رہتے ہیں اپنے نفس کی خواہشات پر اپنے رب کی رضا کو ترجیح دیتے ہیں، اپنا ذاتی نقصان برداشت کر لیتے ہیں لیکن کسی کے ساتھ دھوکا نہیں کرتے۔ ان میں اور ان لوگوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے جن کی عمر نفس پرستی، عیش کوشی میں بسر ہوئی۔ انہوں نے اپنے ذاتی مفاد کی قربان گاہ پر دوسرے لوگوں کے مفادات کو قربان کر دیا۔ بلکہ اپنی ذاتی وجاہت اور فانی وقار کی خاطر اپنی قوم اور اپنے ملک کی عزت و آزادی کو قربان کر دیا۔ جب تم بھی اندھے اور بینا، نیک اور بد کو یکساں کہنے کی جرأت نہیں کر سکتے، بلکہ ان میں تفاوت کے قائل ہو تو اگر موت کو ہی سفرِ حیات کی آخری منزل یقین کر لیا جائے تو پھر یہ فرق کہاں نمایاں ہو گا۔ نیک کو اپنی نیکی کا کیا صلہ ملا، بُرے کو اپنی بدکاری کی کونسی سزا بھگتنی پڑی بلکہ اس نظریہ کے مطابق تو وہ بدکار جس نے اپنے دل کی بھڑاس نکال لی اور خوب دادِ عیش دی۔ وہ اس نیک سے بدرجہا بہتر ہے جس نے اپنے آپ کو اخلاقی ضابطوں کا پابند رکھا اور

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِیْٓءُ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

مومن نیکوکار اور بدکار بھی یکساں نہیں ۔ تم بہت کم غور کرتے ہو [illegible]

اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِیَةٌ لَّا رَیْبَ فِیْهَا وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

یقیناً قیامت آ کر رہے گی ذرا شک نہیں ہے اس میں لیکن بہت سے لوگ (قیامت پر)

لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَ قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ

ایمان نہیں لاتے [illegible] اور تمہارے رب نے فرمایا ہے مجھے پکارو میں تمہاری دعا قبول کروں گا [illegible] بیشک

ہر طرح کی محرومی کو بطیب خاطر گوارا کیا۔ اس لیے عقل سلیم کا فیصلہ یہ ہے کہ اس دار العمل کے بعد ایک دار الجزاء ہو۔ اس زندگی کے بعد ایک اور زندگی ہو جس میں نیک لوگوں کو جنت کی ابدی نعمتوں سے سرفراز کیا جائے اور منکرین کو اپنے کیے کی سزا ملے۔

[illegible] تم تو ان حقائق میں غور و فکر کی زحمت ہی گوارا نہیں کرتے اگر تم سوچ بچار کی تھوڑی سی تکلیف بھی برداشت کرو تو یہ حقائق کھل کر تمہارے سامنے آجائیں۔

[illegible] تمہارے انکار سے قیامت ٹل نہیں جائے گی بلکہ قیامت ضرور آئے گی یہ اللہ تعالیٰ کا حتمی فیصلہ ہے۔

[illegible] حضرت ابن عباس سے ادعونی استجب لکم کی یہ تفسیر منقول ہے۔ اعبدونی اثیبکم۔ تم میری عبادت کرو میں تمہیں اس کا ثواب اور اجر عطا کروں گا۔ یہ قول ضحاک، مجاہد اور مفسرین کی ایک جماعت سے مروی ہے۔ دیگر علماء نے اس کا مفہوم یہ بیان فرمایا ہے۔ اسئلونی اعطکم۔ یعنی تم مجھ سے مانگو میں تمہیں دوں گا۔ (معانی) حقیقت میں یہ دونوں تفسیریں ہم معنی ہیں۔ ان میں اصلاً کوئی تفاوت نہیں۔ دعا عبادت کی رُوح اور اس کا مغز ہے۔ کیونکہ انتہا درجہ کی عاجزی اور نیازمندی کو عبادت کہتے ہیں اور اس کا ظہور صحیح معنوں میں اسی وقت ہوتا ہے جب انسان مصائب میں گھرا ہو۔ دوست ساتھ چھوڑ گئے ہوں۔ ہر تدبیر ناکام ہو چکی ہو۔ حالات کی سنگینی نے اس کی قوت و طاقت کو ریزہ ریزہ کر ڈالا ہو جب ہر طرف سے امیدیں منقطع کر کے اپنے رب کریم کے در اقدس پر آ کر وہ سرِ نیاز جھکا دے۔ اس کی زبان گنگ ہو، دلِ درمند کی داستان اشک بار آنکھیں سُنا رہی ہوں اور اسے کو یقین ہو کہ وہ اس قادرِ مطلق کے سامنے اپنا قصۂ غم پیش کر رہا ہے اور اپنی مشکل کو بیان کر رہا ہے جس کے سامنے کوئی مشکل مشکل ہی نہیں۔ نیز اسے یہ پختہ اعتقاد ہو کہ یہاں سے کبھی کوئی سائل خالی نہیں گیا۔ میں کبھی خالی اور محروم نہیں لوٹایا جاؤں گا۔ جو عجز و نیاز، جو غایت تذلل، جو خضوع و خشوع اس وقت ظہور پذیر ہوتا ہے اس کی مثال کہاں ملے گی۔ اسی لیے تو رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: الدعاء مخ العبادۃ۔ دعا کی اہمیت کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کلمات طیبات سے ذکر فرمایا ہے۔ الدعاء سلاح المومن وعماد الدین ونور السموات والارض۔

یعنی دُعا مومن کا ہتھیار ہے۔ دُعا دین کا ستون ہے اور زمین و آسمان اس کے نُور سے منور ہیں۔ (المستدرک) دوسری حدیث میں ہے: عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من فُتح لہ منکم باب الدُعاء فُتحت لہٗ ابواب الرحمۃ: وما سئل اللہ شیئا احبّ الیہ من ان یسأل العافیۃ (ترمذی) یعنی حضور نے فرمایا کہ جس شخص کے لیے دُعا کا دروازہ کھول دیا گیا گویا اس کے لیے رحمت کے دروازے کھول دیے گئے۔ اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کرنا بہت ہی پسندیدہ ہے۔

مُرشدِ برحق علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دُعا مانگنے والے کو یہ تلقین بھی فرمائی ہے کہ جب وہ دُعا مانگے تو اس کے دل میں یہ یقین ہو کہ میرا کریم و رحیم پروردگار میری اس عاجزانہ التجا کو ضرور قبول فرمائے گا۔ عَنْ ابی ھریرۃ قال قال رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اُدْعُوا اللّٰهَ وَاَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ فَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی لَا یَسْتَجِیْبُ دُعَاءً مِنْ قَلْبٍ لَاهٍ: یعنی اللہ سے دُعا مانگو تو اس یقین سے مانگو کہ وہ قبول فرمائے گا اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ اس دُعا کو قبول نہیں کرتا جو غافل دل سے مانگی جائے۔

دُعا کی قبولیت کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ دُعا مانگنے والا جس چیز کے لیے دعا مانگ رہا ہے اس کے بارے میں اپنی شدّتِ احتیاج اور افتقار کا اظہار کرے تاکہ پتہ چلے کہ اگر اس کی یہ التجا منظور نہ ہوئی تو اس کو ناقابلِ تلافی نقصان اُٹھانا پڑے گا۔ اور یہ خسارہ برداشت کرنا اس کے بس کی بات نہیں۔ حدیث نبوی میں ہے: "اذا دعا احدکم فلا یقل اللّٰھم اغفرلی ان شئتَ ولکن لیعزم و لیعظم الرغبۃ فان اللہ تعالیٰ لا یتعاظمہ شیٔ اعطاہ۔ (مسلم) یعنی جب تم میں سے کوئی دُعا مانگے تو یوں نہ کہے کہ یا اللہ اگر تو چاہتا ہے تو میری مغفرت فرما بلکہ یہ عرض کرے کہ الٰہی مہربانی فرما کر ضرور بخش دے۔

حضرت فضالہ بن عبید فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما تھے تو ایک آدمی مسجد میں آیا۔ نماز ادا کی۔ پھر فوراً دعا مانگنے لگا۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ۔ اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما۔ حضور نے اس کی کیفیت دیکھی تو فرمایا: عَجِلْتَ اَیُّهَا الْمُصَلِّیْ۔ اے نمازی تُو نے بڑی عجلت کی۔ دعا یوں تو نہیں مانگی جاتی۔ اس کو دُعا کا طریقہ بتاتے ہوئے فرمایا: اِذَا صَلَّیْتَ فَقَعَدْتَ فَاحْمَدِ اللّٰهَ تَعَالٰی بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَصَلِّ عَلَیَّ ثُمَّ ادْعُهُ۔ یعنی جب تو نماز پڑھ چکے تو بیٹھ جا اور اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کر پھر مجھ پر درود بھیج، پھر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگ۔

اس شخص کے چلے جانے کے بعد ایک دُوسرا آدمی آیا۔ اس نے پہلے نماز پڑھی، پھر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی، پھر حضور پاک پر درود بھیجا۔ فقال لہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایھا المصلی اُدْعُ تُجَبْ: حضور نے اس کو فرمایا اے نمازی! اب دُعا مانگ تمہاری دُعا قبول کی جائے گی (رواہ الترمذی، ابوداؤد و النسائی) اس سے معلوم ہوا کہ اہلِ سُنّت نماز ادا کرنے کے بعد جو ذکرِ الٰہی کرتے ہیں، پھر درود پاک پڑھتے ہیں اور اس کے بعد دُعا مانگتے ہیں یہی دُعا مانگنے کا مسنون طریقہ ہے اور جو لوگ اس چیز سے روکتے ہیں وہ بے خبر لوگ ہیں۔

اگر کسی ولی سے اس کی ظاہری زندگی یا اس کے وصال کے بعد دُعا کے لیے التماس کیا جائے یا بارگاہِ رسالت میں استغاثہ

الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿۶۰﴾

جو لوگ میری عبادت کرنے سے تکبر کرتے ہیں وہ عنقریب جہنم میں داخل ہوں گے ذلیل و خوار ہو کر ؎

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ

اللہ ہی ہے جس نے بنائی ہے تمہارے لیے رات تاکہ تم آرام کرو اس میں اور بنایا ہے دن کو روشن ؎

کیا جائے تو اسے بھی بعض لوگ عبادت شمار کرتے ہیں اور ایسا کرنے والے کو بلا تامل مشرک کہہ دیتے ہیں۔ حالانکہ ایسا کرنے والا نہ ان کو خدا مانتا ہے نہ ان کو قادر مطلق سمجھتا ہے اور نہ اس کے دل میں یہ واہمہ ہوتا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نہ چاہے تب بھی یہ حضرات اس کی مشکل کشائی کر سکتے ہیں" البتہ وہ ان پاکیزہ ہستیوں کو اپنے سے بہتر متقی اور خداوند تعالیٰ کا فرمانبردار سمجھتے ہیں اور یہ حسن ظن رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی دعاؤں کو شرف قبولیت سے سرفراز فرماتا ہے اور کسی غیر سے دعا منگوانا ہرگز شرک نہیں۔ حضور سرور عالم نے تو حضرت سیدنا فاروق اعظم اور سیدنا علی مرتضیٰ کو وصیت فرمائی تھی کہ وہ اویس قرنی سے اپنے لیے اور امت مسلمہ کے لیے دعا کروائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں افراط و تفریط سے بچائے اور عقیدہ توحید پر ہر حالت میں ثابت قدم رکھے اور صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم۔

؎ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت سے تکبر کرتے ہیں یا جو اس کی جناب میں دست دعا دراز کرنے کو اپنی توہین خیال کرتے ہیں ایسے مغرور اور سرکش لوگوں کو ذلیل و رسوا کر کے جہنم رسید کیا جائے گا۔

؎ یہاں توحید باری کی ایسی دلیل پیش کی جا رہی ہے جسے سمجھنے کے لیے کسی بڑی عقل و فراست یا علم و فضل کی ضرورت نہیں بلکہ ایک ان پڑھ بھی اسے بخوبی سمجھ سکتا ہے اور اس سے ہر لحظہ استفادہ کر رہا ہے۔ یہ رات اور دن کا تسلسل ہزاروں لاکھوں برس سے قائم ہے۔ اور بڑی باقاعدگی سے آج سے لاکھ سال پہلے اس تاریخ کو جس افق سے سورج طلوع ہوا اور جس افق پر غروب ہوا اور جتنے بجکر جتنے منٹ پر ہوا اس میں سر مو تفاوت نہیں۔ اگر کوئی اور بھی کارخانہ قدرت میں شریک ہوتا تو کبھی تو اس کا حکم چلتا۔ معلوم ہوا کہ ایک خدا کے حکم کے مطابق تو سورج ۵ بجکر ۲۰ منٹ پر طلوع اور ۶ بجکر ۴۰ منٹ پر غروب ہونا تھا لیکن آج دوسرے خدا کا فرمان ہے کہ دس منٹ پہلے طلوع ہو اور دس منٹ دیر سے غروب ہو۔ جب ایسا کبھی نہیں ہوا تو معلوم ہوا خدا وہی ہے جس کا حکم ہمیشہ سے جاری اور نافذ العمل ہے۔

آٹھ پہروں کو رات اور دن میں تقسیم کرنے میں جو حکمتیں اور فائدے ہیں ان سے تو بچہ بچہ آگاہ ہے۔ اس وحدہٗ لاشریک کے بنائے ہوئے شب و روز سے فائدہ بھی اٹھاتے ہو اور اس کی وحدانیت کا انکار بھی کرتے ہو۔ اس سے بڑی ناشکری اور کیا ہو سکتی ہے۔ مُبصرًا : مضیئًا ، روشن۔

إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ

بیشک اللہ تعالیٰ بڑا فضل (وکرم) فرمانے والا ہے لوگوں پر لیکن بہت سے لوگ (اس کی نعمتوں کا)

لَا يَشْكُرُونَ ﴿٦١﴾ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَّا إِلَٰهَ إِلَّا

شکر ادا نہیں کرتے۔ وہ ہے اللہ تمہارا (رب)، پیدا کرنے والا ہر چیز کا کوئی عبادت کے لائق

هُوَ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ﴿٦٢﴾ كَذَٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِينَ كَانُوا بِآيَاتِ اللَّهِ

نہیں بجز اس کے۔ پس کیسے راہِ حق سے تم روگردانی کرتے ہو ۹ اسی طرح (راہِ حق سے) منہ پھیر دیا جاتا ہے ان بدنصیبوں کا جو

يَجْحَدُونَ ﴿٦٣﴾ اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ قَرَارًا وَالسَّمَاءَ

اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے بنایا ہے تمہارے لیے زمین کو قیام کی جگہ اور آسمان کو چھت کی مانند

۹ ـــ یہ اللہ تعالیٰ جس کی یہ شانیں اور قدرتیں ہیں جس کی وحدانیت اور کبریائی پر گلشنِ ہستی کی ہر کلی شہادت دے رہی ہے یہی تمہارا پروردگار ہے۔ ہر چیز کو خلعتِ وجود سے اسی نے نوازا ہے۔ اس کے بغیر کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ پس تمہیں یہ جرأت کیسے ہو رہی ہے کہ تم اس کی عبادت سے رُوگردانی کر کے اِدھر اُدھر باطل معبودوں کے آستانوں پر مارے مارے پھرو۔ علامہ جوہری صحاح میں لفظ افک کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ای قلبه وصرفه عن الشیء: یعنی کسی چیز سے روگردانی کرنا، منہ پھیر لینا۔ لیکن علامہ راغب اصفہانی نے اس لفظ کا جامع مفہوم یوں تحریر فرمایا:

الافك كل مصروف عن وجهه الذی یحق ان یكون علیه: یعنی ایسی چیز سے مُنہ پھیر لینا جس سے وابستہ رہنا اس پر لازم تھا۔ ایسی سمت سے مُنہ پھیر لینا جس کی طرف متوجہ ہونا ضروری ہوتا ہے۔

۱۰ ـــ اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کے مزید دلائل پیش کیے جا رہے ہیں جن میں قدرت کے ساتھ حکمت اور رحمت کی صفات کی جلوہ گری بھی نمایاں ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو قرارگاہ بنایا نہ وہ اتنی سخت ہے کہ تم اس پر چل ہی نہ سکو اور نہ آرام کر سکو اور نہ اس میں کھیتی باڑی کر سکو، اور نہ اتنی نرم ہے کہ قدم رکھو تو نیچے دھنسنے لگو۔ تمہارے سروں پر خیمۂ افلاک تان دیا گیا ہے جو دیکھنے والے کو گنبد نما نظر آتا ہے۔ اس طرح تم کو کئی ناگہانی آفتوں سے بچا لیا گیا ہے جن کا تمہیں شعور بھی نہیں اور یہ طاقت بھی نہیں ہے کہ خود بخود ان سے اپنا بچاؤ کر سکو۔

بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ

اور تمہاری صورت گری کی اور حسین بنا دیا تمہاری صورتوں کو ۸۱ اور کھانے کے لیے تمہیں پاکیزہ چیزیں عطا فرمائیں ۸۲

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ

ایسی خوبیوں والا اللہ تمہارا پروردگار ہے پس بڑی ہی برکتوں والا ہے اللہ تعالیٰ جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے ۸۳ وہی ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے

اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

کوئی عبادت کے لائق نہیں بجز اس کے پس اسی کی عبادت کرو اپنے دین کو اس کیلئے خالص کرتے ہوئے ۸۴ سب تعریفیں اللہ کے لیے جو سارے جہانوں

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۵﴾ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ

کا پروردگار ہے۔ آپ فرما دیجیے کہ مجھے منع کر دیا گیا ہے کہ میں عبادت کروں ان کی جن کو تم پکارتے ہو

۸۱ اسی نے تمہاری تصویر کشی بھی فرمائی ہے اور تمہاری صورتوں کو بڑا حسین اور دلکش بنایا ہے۔ ہمارے ذہنوں میں حسن کا ایک محدود تصور ہے۔ ناک ایسی ہو، آنکھ ایسی ہو، رخسار یوں ہوں، لیکن حقیقی دلکشی اور رعنائی تو یہ ہے کہ جس مقصد کے لیے اس کی تخلیق کی گئی ہے اس مقصد کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اس کے پاس پوری پوری صلاحیتیں ہوں۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں: حیث خلق کلا منکم منتصب القامۃ بادی البشرۃ متناسب الاعضاء والتخطیطات متھیئا لمزاولۃ الصنائع واکتساب الکمالات (روح المعانی)

یعنی یہاں حسن سے مراد یہ ہے کہ تمہیں قامت بالا بخشی اور تمہیں مناسب اور موزوں اعضا عطا کیے۔ تمہارے خدوخال کو دلکش بنایا تم ہر قسم کی صنعت وحرفت کے تقاضے پورے کر سکتے ہو۔ تمہیں کسب کمال کے لیے جسمانی، دماغی اور روحانی قوتیں مرحمت فرمائیں۔

۸۲ اور تمہارے پیدا کرنے سے پہلے ہی تمہارے لیے اپنی رنگا رنگ نعمتوں کا ایک دسترخوان بچھا دیا۔ یہ نعمتیں صرف تمہاری غذائی ضرورتوں کو پورا نہیں کرتیں بلکہ تمہارے ذوق لطیف کی تسکین کا سامان بھی بنتی ہیں۔ غذائیت اور ذائقہ دونوں سے وہ مالا مال ہیں۔

۸۳ یعنی وہ ذات پاک جس کی یہ صفات ہیں وہ اللہ تعالیٰ تمہارا پروردگار ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ جلّ شانہٗ کی مزید صفات کمال کا ذکر ہو رہا ہے۔

۸۴ جب اس کی یہ شان ہے تو اور کون ہے جسے اس کا شریک ٹھہرایا جائے۔ اس لیے اپنے عقیدہ کو ہر قسم کے جلی وخفی شرک کی آمیزش سے پاک کرتے ہوئے اسی کی عبادت کرو۔ فادعوہ: فاعبدوہ (روح المعانی)

فادعوہ ای فاعبدوہ واسئلو منہ حوائجکم یعنی فادعوہ کا مطلب فاعبدوہ ہے۔ یہاں دعا عبادت کے معنی میں مذکور ہے۔

دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ وَ اُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ

اللہ کے سوا (میں ان کی عبادت کیسے کر سکتا ہوں) جب آ گئی ہیں میرے پاس دلیلیں اپنے رب کی طرف سے۔ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۶۶ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ

سرِ تسلیم خم کروں رب العالمین کے سامنے ۹۶ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے پیدا کیا تمہیں مٹی سے پھر

نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا

نطفہ سے، پھر گوشت کے لوتھڑے سے پھر نکالا تمہیں (شکم مادر سے) بچہ بنا کر پھر (پرورش کی تمہاری) تاکہ

اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَ مِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ

تم پہنچو اپنی جوانی کو پھر (تمہیں زندہ رکھا) تاکہ تم بوڑھے ہو جاؤ۔ اور بعض تم میں سے فوت ہو جاتے ہیں پہلے ہی اور

وَ لِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۶۷ هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ

(یہ سارا انتظام اس لیے ہے) کہ تم پہنچ جاؤ مقررہ میعاد تک اور تاکہ تم (اپنے رب کی عظمتوں کو) سمجھنے لگ جاؤ ۹۷ وہی ہے جو جلاتا ہے

۹۶ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ ولید بن مغیرہ اور شیبہ بن ربیعہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں آئے اور حضور کو اپنے آبائی دین کی طرف رجوع کرنے کی دعوت دی۔ خدا معلوم اُنہوں نے کیسی چکنی چپڑی باتیں کی ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول کو حکم دیا کہ آپ ان بیہودہ لوگوں کو صاف صاف یہ بتا دیں کہ مجھے تو میرے رب نے تمہارے خداؤں کی عبادت سے روک دیا ہے میں تو اپنے رب کے ارشاد کی خلاف ورزی نہیں کر سکتا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی توحید کے ایسے ایسے دلائل قاطعہ اور براہین ساطعہ ارزانی فرمائے ہیں کہ میں اب تمہاری اس بیہودہ اور لغو دعوت کی طرف ذرا بھر بھی التفات نہیں کر سکتا۔ نیز مجھے تو یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں رب العلمین کے ہر حکم کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دوں۔ اس لیے مجھ سے کبھی یہ توقع نہ کرنا کہ میں تمہاری خوشنما باتوں میں پھنس کر تمہارے جھوٹے خداؤں کی پرستش کا تصور تک بھی کر سکتا ہوں۔

۹۷ اللہ تعالیٰ کی حکمتوں اور رحمتوں کے رُخ سے مزید نقاب سرکایا جا رہا ہے انسان کی تخلیق کے نقطۂ آغاز سے لے کر اس کی آخری منزل تک نیز وہ تمام مرحلے جہاں سے اس کی زندگی کا قافلہ گزرتا ہے ان کو بڑی عمدگی سے بیان کر دیا۔ نیز یہ بھی بتا دیا کہ ہم انسان کو ہم پیدا فرماتے ہیں، ہم نے اس کی موت کا وقت بھی پہلے ہی متعین کر دیا ہوتا ہے۔ کوئی بچپن میں ہی موت کی نیند سو جاتا ہے کسی کو عنفوانِ شباب میں پیغامِ اجل پہنچتا ہے اور کسی کو بڑھاپے تک پہنچنے کی مہلت ملتی ہے۔ اگر تم سمجھنے کی کوشش کرو، تو اس

وَيُمِيتُ ۚ فَإِذَا قَضَىٰٓ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُۥ كُن فَيَكُونُ ﴿٦٨﴾ أَلَمْ

اور مارتا ہے پس جب کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے تو صرف اتنا فرماتا ہے اسے کہ ہوجا تو وہ کام ہو جاتا ہے۔ کیا تم

تَرَ إِلَى ٱلَّذِينَ يُجَٰدِلُونَ فِىٓ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ أَنَّىٰ يُصْرَفُونَ ﴿٦٩﴾ ٱلَّذِينَ

نہیں دیکھتے ان (نادانوں) کی طرف جو جھگڑا کرتے ہیں اللہ کی آیات میں۔ یہ کہاں بھٹک رہے ہیں ؀۸ جن لوگوں نے

كَذَّبُوا۟ بِٱلْكِتَٰبِ وَبِمَآ أَرْسَلْنَا بِهِۦ رُسُلَنَا ۖ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٧٠﴾

جھٹلایا اس کتاب کو اور اس چیز کو بھی جو دے کر ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا تھا۔ انہیں (اپنی تکذیب کا انجام) معلوم ہو جائیگا ؀۸

إِذِ ٱلْأَغْلَٰلُ فِىٓ أَعْنَٰقِهِمْ وَٱلسَّلَٰسِلُ يُسْحَبُونَ ﴿٧١﴾ فِى ٱلْحَمِيمِ

جب طوق ان کی گردنوں میں ہوں گے اور زنجیریں۔ انہیں گھسیٹ کرلے جایا جائیگا ، کھولتے ہوئے پانی میں۔

ثُمَّ فِى ٱلنَّارِ يُسْجَرُونَ ﴿٧٢﴾ ثُمَّ قِيلَ لَهُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ

پھر دوزخ کی آگ میں جھونک دیے جائینگے ؀۹ پھر پوچھا جائے گا ان سے کہاں ہیں وہ جنہیں تم

میں اہل دانش کے لیے بڑی بڑی نشانیاں ہیں۔ مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں سورہ حج کی آیت ۵ کے حواشی۔

؀۷ ان ٹھوس اور قطعی دلیلوں کے باوجود وہ ہدایت قبول نہیں کرتے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی آیات میں جھگڑنا ان کی فطرت بن گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اس کے رسولوں کے ساتھ انہیں چڑ سی ہوگئی ہے سوچے سمجھے بغیر ہر وقت وہ ان کی تکذیب میں لگے رہتے ہیں۔ ان گوناگوں خرابیوں کے باعث ان کی ہدایت پذیری کی صلاحیت دم توڑ چکی ہے۔

؀۸ اس بے جا ضد اور ہٹ دھرمی کا انجام انہیں عنقریب ہی معلوم ہو جائے گا۔

؀۹ ان کے گلے میں طوق اور زنجیر ہوگی۔ انہیں گھسیٹ کر کھولتے ہوئے پانی کے چشموں پر لے جائیں گے اور انہیں کہا جائے گا کہ تم نے ہائے پیاس ؛ ہائے پیاس کا شور مچا رکھا تھا، اب پیٹ بھر کر پانی پی لو۔ جب وہ بادل نخواستہ چند گھونٹ زہر مار کریں گے، تو پھر انہیں آتش جہنم میں جھونک دیا جائے گا۔

یسحبون، سحب سے ہے، اس کا معنی ہے گھسیٹ کرلے جانا۔ یُسْجَرُونَ ، مجاہد اس کی تفسیر بیان کرتے ہیں : سجرت التنور، اوقدته وملأته۔ تنور کو ایندھن سے بھر دینا پھر اسے جلانا اسی مناسبت سے یسجرون کا معنی کیا گیا ہے یطرحون فیھا ویکونون وقودا لھا۔ یعنی انہیں دوزخ میں پھینک دیا جائیگا اور وہ اس کا ایندھن بن جائیں گے۔ (قرطبی)

تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۳﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا

شریک ٹھہراتے تھے، اللہ کے سوا ؎۹۰ (جواب میں) کہیں گے وہ تو گم ہو گئے ہم سے ؎۹۱ بلکہ ہم تو کسی چیز کو پوجتے ہی نہ

مِنْ قَبْلُ شَيْـًٔا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

تھے اس سے پہلے ؎۹۲ اسی طرح اللہ گمراہ کرتا ہے کافروں کو۔ یہ (سزا اور رسوائی) بدلہ ہے

تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾ اُدْخُلُوْٓا

اس کا کہ تم خوشیاں منایا کرتے تھے زمین میں (اپنے عارضی اقتدار پر) ناحق اور بدلہ ہے اس کا جو تم (اپنی فانی دولت پر) اترایا کرتے تھے ؎۹۳ اب داخل ہو جاؤ

اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾

جہنم کے دروازوں میں تم وہاں ہمیشہ رہنے والے ہو۔ پس یہ بہت برا ٹھکانا ہے تکبر و غرور کرنے والوں کا۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ

(اے حبیب!) آپ (ان کی نازیبا حرکتوں پر) صبر فرمائیے اللہ کا وعدہ سچا ہے ؎۹۴ سو ہم خواہ آپ کو دکھائیں اس عذاب کا کچھ حصہ جس کا

؎۹۰ اس وقت ان سے پوچھا جائے گا کہ اب بتاؤ تمہارا کیا حال ہے۔ تمہیں ہمارے رسولوں نے بار بار سمجھایا کہ شرک سے باز آجاؤ لیکن تم نے ایک نہ سنی۔ لو اب چکھو اپنے کرتوتوں کی سزا۔ نیز تمہارے وہ بت کہاں ہیں اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر تم جن کی عبادت کیا کرتے تھے۔ وہ آج تمہیں دوزخ سے نکال کر اور اس عذاب الیم سے چھڑا کر کیوں نہیں لے جاتے۔

؎۹۱ اس وقت ان کی پشیمانی کی انتہا ہو جائے گی وہ کہیں گے کہ آج تو وہ بت کہیں نظر ہی نہیں آتے۔

؎۹۲ اس کے ساتھ وہ مکر جائیں گے اور کہیں گے کہ ہم تو کسی غیر خدا کی پرستش کیا ہی نہیں کرتے تھے۔

؎۹۳ ان کی گمراہی اور نور ہدایت سے محرومی کی وجہ بیان کی جارہی ہے۔

؎۹۴ بڑی مخلصانہ کوششوں کے باوجود کفار اپنی روش کو ترک کرنے پر آمادہ نہ ہوتے تھے۔ اور اسلام کے خلاف انکی سرگرمیاں تیز سے تیز تر ہوتی جاتی تھیں۔ مولا کریم اپنے حبیب مکرم کو صبر کی تلقین فرمارہے ہیں نیز بتایا جارہا ہے کہ دین اسلام کی سربلندی اور مسلمانوں کی کامیابی کا جو وعدہ آپ کے ساتھ کیا گیا ہے، وہ پورا ہو کر رہے گا۔ دنیا کی کوئی طاغوتی قوت اس وعدہ کے ایفا میں مزاحم نہیں ہوسکتی۔ کفار اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے کہ کس طرح ان کے بتوں کی خدائی کا تخت اوندھا ہوتا ہے اور کس طرح دین محمدی کا پرچم اونچا بہت اونچا نیلگوں فضا میں لہراتا ہے اور اگر بعض کافر دین کے مکمل غلبہ کا نظارہ کرنے سے پہلے مر جائیں تو

نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

ان سے ہم نے وعدہ کیا ہے یا (اس سے پہلے ہی) آپکو دنیا سے اٹھالیں (بہر حال یہ نہیں بچ سکتے) آخر کار ہماری طرف ہی لوٹائے جائینگے اور ہم نے بھیجے تھے

رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ

پیغمبر آپ سے پہلے بھی ان میں سے بعض کا ذکر ہم نے آپ سے کر دیا اور ان میں سے بعض کا

لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ

ذکر (قرآن کریم میں) آپ سے نہیں کیا [95] اور کسی رسول کی مجال نہ تھی کہ وہ لے آتا کوئی نشانی

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ

اللہ کی اجازت کے بغیر پس جب آئے گا اللہ کا حکم (تو) فیصلہ کر دیا جائیگا حق (وانصاف) کے ساتھ اور باطل پرست

ان کو اپنی عمر بھر کی کوششوں کی ناکامی کا صدمہ دیکھنا نصیب نہ ہو تو آخر کار انہیں لوٹ کر ہمارے پاس ہی آنا ہے وہاں ان کا کچومر نکل جائیگا۔ علامہ ابوحیان اندلسی فرماتے ہیں کہ یہ صبر کی تلقین محض تانیس اور اطمینان کے لیے ہے ورنہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو صبر کا دامن پہلے ہی مضبوطی سے تھامے ہوئے تھے۔ اَمَرَ تعالٰی نبیہٗ بالصّبر تانیسًا لہٗ والا فھو علیہ السلام فی غایۃ الصبر (بحر)

[95] اللہ تعالیٰ اپنے حبیب مکرم کو مزید تسلی دے رہے ہیں کہ مشرکین مکہ طرح طرح کے معجزات کا آپ سے مطالبہ کرتے ہیں، اس سے آپ پریشان نہ ہوں۔ آپ سے پہلے بھی ہم نے رسول بھیجے۔ بعض کا تفصیلی حال قرآن میں مذکور ہے اور بعض کا تفصیلی ذکر ہم نے قرآن میں ابھی بیان نہیں کیا۔ ان کی قوموں نے بھی ان سے اسی قسم کے بیہودہ مطالبے کیے تھے۔ انہیں تو اپنے کیے کی سزا مل گئی یہ بھی کیفر کردار کو پہنچیں گے۔

اس سے کوئی اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو کہ جن انبیاء و رسل کا قرآن کریم میں ذکر ہے ان کا علم تو حضور کو ہے اور جن کا ذکر نہیں ان کو حضور نہیں جانتے۔ چنانچہ علامہ آلوسی لکھتے ہیں:

ایما کان لا دلالۃ فی الآیۃ علٰی عدم علمہٖ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم بعدد الانبیاء والمرسلین کما توھم بعض الناس — (روح المعانی)

یعنی کچھ بھی ہو اس آیت سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ حضور کو انبیاء اور مرسلین کی تعداد کا علم نہ تھا، جس طرح بعض لوگوں نے وہم کیا ہے۔ تمام انبیاء و رسل نے شب معراج امام الانبیاء کی اقتداء میں نماز ادا کی۔

هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا

وہاں (سراسر) گھاٹے میں رہیں گے ۹۶ اللہ پاک وہ ہے جس نے بنائے تمہارے لیے مویشی تاکہ انہیں سے کسی پر سواری کرو

مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا

اور کسی کا گوشت کھاؤ ۹۷ اور تمہارے لیے ان میں طرح طرح کے فائدے ہیں اور ان میں سے

حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾ ط

ایک یہ فائدہ بھی ہے کہ ان پر سوار ہو کر اس منزل تک پہنچو جو تمہارے سینوں میں ہے اور ان مویشیوں پر اور کشتیوں پر تم لادے پھرتے ہو ۹۸

۹۶ یعنی کوئی رسول اپنی مرضی سے اللہ تعالیٰ کے اذن کے بغیر معجزے نہیں دکھایا کرتا۔ یہ کوئی کھیل تماشا تو ہے نہیں کہ جب بھی چند بے فکرے اکٹھے ہو کر آگئے اور انہوں نے کسی معجزے کا مطالبہ کیا تو جھٹ معجزہ دکھا دیا گیا۔ ایسا نہیں ہوا کرتا۔ معجزہ تو ایک فیصلہ کن چیز ہے۔ جو لوگ معجزہ طلب کریں اور اپنا مطلوبہ معجزہ دیکھ لینے کے باوجود ایمان لانے میں پس و پیش کرنے لگیں تو پھر انہیں مزید مہلت نہیں دی جاتی۔ فوراً عذاب الٰہی آتا ہے اور ان کا کام تمام کر دیتا ہے۔ اس لیے کوئی نبی اس وقت تک معجزہ نہیں دکھاتا جب تک حکم الٰہی نہ ہو۔ اور جب اللہ تعالیٰ کے اذن سے نبی معجزہ دکھاتا ہے اور پھر بھی لوگ ہدایت قبول نہیں کرتے تو قضی بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وخسر هنالك المبطلون کا روح فرسا منظر سامنے آجاتا ہے۔

۹۷ اپنی مزید عنایات، نوازشات اور انعامات کا ذکر فرما کر حق کو قبول کرنے کی دعوت دی جا رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے یہ انعامات اگر ایک طرف اس کی قدرت کی گواہی دے رہے ہیں تو دوسری طرف اس کی حکمت اور رحمت کے آئینہ دار بھی ہیں یہ جانور جن کا ہم دودھ پیتے ہیں ذبح کر کے گوشت کھاتے ہیں۔ جن کی پیٹھ پر سوار ہو کر دور دراز کا سفر آسانی سے طے کر کے اپنی منزل مقصود تک پہنچتے ہیں اور جن کی پشت پر بھاری بھر کم بوجھ لاد کر یا انہیں گاڑیوں اور گڈوں میں جوت کر آرام سے ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتے ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ نے انہیں ہمارا تابع فرمان نہ بنا دیا ہوتا تو کیا ہم ان سے یہ خدمت لے سکتے تھے۔ یہ کس کی مہربانی ہے کہ گھوڑے جیسا برق رفتار طاقتور، گرانڈیل جانور ہمارے سامنے سرافگندہ حاضر ہے۔ چاہیں تو زین ڈال کر اس پر سوار ہو جائیں اور چاہیں تو اس کی پیٹھ پر منوں بوجھ لاد دیں۔ چاہیں تو کسی گاڑی میں جوت دیں بہرحال اسے تعمیل حکم سے کوئی انکار نہیں۔ یہی حال دوسرے جانوروں کا بھی ہے۔ گائے، بیل، بھینس غرضیکہ یہ بیشمار جانور جو خدمت انجام دینے کے قابل ہیں، اس کے لیے تیار کھڑے ہیں۔

۹۸ سمندروں اور دریاؤں کو اس قابل بنایا کہ ان میں جہاز رانی ہو سکے کشتیوں اور جہازوں میں ہزاروں ٹن بھاری بھر کم سامان لاد کر دنیا کے ایک گوشے سے دوسرے گوشے تک لے جا سکتے ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت سے پانی میں یہ صلاحیت

وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ فَأَيَّ آيَاتِ اللَّهِ تُنكِرُونَ ﴿٨١﴾ أَفَلَمْ يَسِيرُوا

اور وہ دکھاتا ہے تمہیں اپنی نشانیاں۔ پس اللہ تعالیٰ کی کن کن آیتوں کا تم انکار کروگے کیا ان مشرکوں نے کبھی سیر و سیاحت

فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

نہیں کی زمین میں تاکہ انہیں نظر آجاتا کہ کیا انجام ہوا ان (مشرکوں) کا جو ان سے پہلے گزرے ۹۹

كَانُوا أَكْثَرَ مِنْهُمْ وَأَشَدَّ قُوَّةً وَآثَارًا فِي الْأَرْضِ فَمَا أَغْنَىٰ

وہ لوگ ان سے تعداد میں زیادہ تھے اور قوت میں زبردست تھے اور زمین میں اپنی نشانیوں کے لحاظ سے انہیں بڑھ کر تھے

عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٨٢﴾ فَلَمَّا جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ

پس یہ بتائیں کیا فائدہ پہنچایا انہیں اس دولت نے جو وہ کماتے تھے۔ پس جب آئے ان کے پاس ان کے رسول روشن دلیلیں لے کر

فَرِحُوا بِمَا عِندَهُم مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ

تو انہوں نے کفر کیا اور نازاں رہے اس علم پر جو ان کے پاس تھا۔ اور (آخرکار) گھیر لیا انہیں جس کا وہ

يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٨٣﴾ فَلَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا قَالُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَحْدَهُ وَ

مذاق اڑایا کرتے تھے ۱۰۰ پھر جب انہوں نے دیکھ لیا ہمارا عذاب تو کہنے لگے ہم ایمان لائے ہیں ایک اللہ پر اور

نہ رکھی ہوتی تو صنعت و تجارت کی یہ گرم بازاری کبھی نہ ہوتی۔

۹۹ سابقہ قوموں کے حالات سے عبرت حاصل کرنے کی طرف مزید توجہ دلائی۔

۱۰۰ یعنی ان قوموں کا یہ دستور رہا ہے کہ ان کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے جب کوئی رسول صحیح علم لے کر آیا تو انہوں نے یہ کہہ کر اسے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا کہ تمہارے علم سے وہ علم جو ہمارے پاس ہے وہ زیادہ صحیح اور لائق اعتماد ہے۔ جو سنی سنائی باتیں ان کے پاس تھیں، جو فلسفیانہ نظریات انہوں نے اپنے فلسفیوں سے سیکھے تھے یا اپنے دیوی دیوتاؤں کے بارے میں جو من گھڑت افسانے انہوں نے اپنے مذہبی پیشواؤں سے سن رکھے تھے ان کو ہی انہوں نے اپنی فلاح و نجات کے لیے کافی سمجھ لیا اور انبیاء کرام کی پاکیزہ تعلیمات کی طرف ہرگز توجہ نہ دی۔ موسیٰ علیہ السلام اور سقراط فلسفی کا زمانہ ایک ہے۔ سقراط نے جب آپ کا چرچا سنا اور لوگوں نے اسے مشورہ دیا کہ بہتر ہے کہ ان کی خدمت میں حاضر ہو کر فیض حاصل

كَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ

ہم ان معبودوں کا انکار کرتے ہیں جنکو ہم اسکا شریک ٹھہرایا کرتے تھے۔ پس کوئی فائدہ نہ دیا انہیں ان کے ایمان نے

لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَ

جب دیکھ لیا انہوں نے ہمارا عذاب۔ یہی دستور ہے اللہ تعالیٰ کا جو (قدیم سے) اسکے بندوں میں جاری ہے اور

خَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

سراسر خسارہ میں رہے اسوقت حق کا انکار کرنے والے (۱۰۱)

کروتو اس نے کہا: نحن قوم مهذبون فلا حاجة لنا الى مايهدينا کہ ہم مہذب وشائستہ قوم ہیں۔ ہمیں کسی ہادی کی ضرورت نہیں۔

لئلہ ان ناہنجاروں نے مہلت کی گھڑیاں انبیاء کرام کا مذاق اڑاتے اور ان پر پھبتیاں کستے گزار دیں اور جب انجام کار عذاب الٰہی نے انہیں چاروں طرف سے گھیر لیا تو اس وقت ایمان کا اظہار کرنے لگے اور کفر سے بیزاری اور برأت کا اعلان شروع کر دیا، لیکن یہ بعد از وقت ایمان لانا ان کے کسی کام نہ آیا اور وہ تباہ و برباد کر دیئے گئے۔ اللہ تعالیٰ کا ہمیشہ سے یہی دستور ہے کہ وہ قوموں کو سوچنے سمجھنے اور سنبھلنے کی مہلت دیتا ہے اور جب وہ دعوتِ حق کو قبول کرنے سے انکار کر دیتے ہیں تو انہیں صفحۂ ہستی سے حرفِ غلط کی طرح مٹا دیا جاتا ہے۔

الحمد لله الذی تتم بتوفیقه الطاعات والصلوٰة والسلام علی رسوله المکرم الذی بجاهه تقبل الحسنات وعلی آله وصحبه ومن تبعهم الی یوم الدین۔ ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم

۶ ذیقعدہ: ۱۳۹۲ھ — عبدہ المسکین

۱۲ دسمبر: ۱۹۷۲ء — محمد کرم شاہ

تعارف

سورۃ حٰمٓ السجدہ

نام : متعدد سورتیں ہیں جن کی ابتدا حٰمٓ سے ہوتی ہے۔ اس سورت کی ابتدا بھی حٰمٓ سے ہوئی، لیکن اس قسم کی دوسری سورتوں سے جو چیز اسے ممتاز کرتی ہے وہ یہ ہے کہ اس کی آیت ۳۸ آیت سجدہ ہے اس لیے اس کو حٰمٓ السجدہ سے موسوم کیا گیا۔ اس کا دوسرا نام فصلت بھی ہے۔ یہ کلمہ تیسری آیت میں موجود ہے۔ یہ چھ رکوعوں اور چوّن آیات پر مشتمل ہے اس کے کلمات کی تعداد سات سو چھیانوے اور حروف کی تعداد تین ہزار تین سو پچاس ہے۔

زمانۂ نزول : یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس کے زمانۂ نزول کا تعین علماء تفسیر نے یوں کیا ہے کہ یہ سورت حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مشرف باسلام ہونے کے بعد اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے اسلام قبول کرنے سے پہلے درمیانی وقفہ میں نازل ہوئی۔

مضامین : قریش مکہ کی شدید مخالفت اور مزاحمت کے باوجود آہستہ آہستہ مگر مضبوطی سے اسلام اپنے قدم آگے بڑھاتا چلا جارہا تھا۔ آئے روز کوئی نہ کوئی ایسی ہستی اسلام قبول کر لیتی جس کے باعث کفار پر کوہ الم ٹوٹ پڑتا۔ اور اسلام کے خلاف ان کی انتقامی کارروائیوں میں بڑی شدت پیدا ہو جاتی۔ حضرت حمزہ جو اپنی شجاعت اور ناموری میں بے نظیر تھے چند روز ہوئے انہوں نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ ان کے مشرف باسلام ہونے سے وہ شدید ذہنی صدمہ سے دوچار ہو گئے۔ اس مشکل کا حل سوچنے کے لیے ان کی ایک میٹنگ حرم میں منعقد ہوئی۔ قریش کے دوسرے رؤساء کے علاوہ عتبہ بن ربیعہ بھی وہاں موجود تھا۔ اثنائے گفتگو اس نے اپنے آپ کو پیش کیا کہ وہ حضور کے پاس جاتا ہے اور انہیں سمجھا کر راہ راست پر لاتا ہے جس کا تفصیلی ذکر آیت ۴ کے حاشیہ میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔ جب اس نے اپنی لمبی چوڑی تقریر ختم کی تو اس کے جواب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہی سورت تلاوت فرمائی جسے سن کر وہ دم بخود ہو گیا اور اپنا سا منہ لے کر واپس آگیا۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کفار کے وہی سابقہ اعتراضات تھے جنہیں وہ ہر موقع پر بڑی شد و مد سے دہرا دیا کرتے۔ ان کا پہلا اعتراض اس پر تھا کہ قرآن کلام الٰہی ہے یہ بات ان کے ذہن میں آتی ہی نہ تھی۔ کبھی کہتے یہ خود گھڑ کر ہمیں سناتا ہے، کبھی کہتے کسی سے سیکھ کر آتا ہے اور پھر ہمیں سکھاتا ہے۔ یہ شبہ اتنا لغو تھا کہ اس کو ذکر کرنا بھی مناسب نہیں سمجھا گیا بلکہ بڑے حتمی اور قطعی انداز میں یہ فرما دیا کہ یہ اس رب کا کلام ہے جو رحمٰن و رحیم ہے۔ اس ارشاد الٰہی سے وہ شکوک و شبہات خود بخود ختم ہو گئے جو کفار کے ذہنوں میں پیدا ہوتے رہتے تھے۔

دوسرا اعتراض توحید باری پر تھا وہ اس بات کو تسلیم ہی نہیں کرتے تھے کہ خدا ایک ہے بلکہ بہت سے بتوں کو انہوں نے اپنا معبود بنا رکھا تھا۔ یہاں بھی ان کے اس خیالِ باطل کی تردید کرنے کے لیے دلائلِ تحریفیہ کا ذکر کیا گیا جس کے آئینہ میں اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ علمِ محیط اور کبریائی کے جلوے جھلک رہے ہیں۔

نیز انہیں متنبہ کیا کہ میرے محبوب کے خلاف جو روش تم نے اختیار کر رکھی ہے اس کا نتیجہ بڑا ہولناک ہوگا تم سے پہلے بھی بڑی بڑی طاقتور اور زور آور قومیں گزر چکی ہیں۔ جن کی مادی ترقی اور معاشی خوشحالی سن کر آج بھی تم حیران و ششدر ہو جاتے ہو۔ انہوں نے اپنے انبیاء کے ساتھ جب اس قسم کا سلوک کیا تو انہیں تباہ و برباد کر دیا گیا۔ اگر تم باز نہ آئے تو تمہیں بھی اسی قسم کے عذاب سے دوچار کر دیا جائے گا۔

قیامت کا ذکر کرتے ہوئے انہیں بتایا کہ تم جو کچھ کر رہے ہو تمہارے اعضاء عینی اور سلطانی گواہ کی حیثیت سے تمہارے خلاف شہادت دیں گے اس وقت تم اپنے جرائم پر کیسے پردہ ڈال سکو گے۔

کفار اپنے تمام حیلے بروئے کار لا چکے تھے تاکہ اسلام کی پیش قدمی کو وہ روک دیں۔ لیکن کلام الٰہی کی اثر انگیزی نے ان کے تمام منصوبوں کو خاک میں ملا دیا۔ اب انہوں نے یہ طے کیا کہ جب بھی قرآن کریم کی تلاوت کی جائے اس محفل میں غوغا آرائی شروع کر دو تاکہ شور و شغب میں کوئی قرآن نہ سن سکے لیکن ان کی یہ تدبیر بھی ناکام ثابت ہوئی۔

اس سورت میں اہلِ حق کی شانِ استقامت کو بیان فرمایا اور اس کے بعد ان انعامات و عنایات کا تذکرہ کیا جو اللہ تعالیٰ اپنے ایسے بندوں پر فرماتا ہے۔ ساتھ ہی ان مکارمِ اخلاق کا ذکر کیا جن سے ان کی سیرت مزین و آراستہ ہے۔

آخر میں بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ اپنے کلام کا خود محافظ و نگہبان ہے باطل کی یہ مجال نہیں کہ اس میں کسی جانب سے بھی گھسنے کی جرأت کر سکے۔

سُوۡرَةُ حٰمٓ السَّجۡدَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اَرۡبَعٌ وَّخَمۡسُوۡنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوۡعَاتٍ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

سورۃ حم السجدہ مکی ہے۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ ۵۴ آیتیں ، ۶ رکوع

حٰمٓ ۞۱ تَنۡزِيۡلٌ مِّنَ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۞۲ كِتٰبٌ فُصِّلَتۡ اٰيٰتُهٗ

حا۔میم [۱] اتارا گیا ہے (یہ قرآن) رحمٰن و رحیم (خدا) کی طرف سے [۲] یہ ایسی کتاب ہے جس کی آیتیں تفصیل سے [۳]

۱۔ اگر حم کو سورت یا قرآن کا نام قرار دیا جائے تو پھر یہ مبتدا اور تنزیل اس کی خبر ہوگا۔ ورنہ تنزیل مبتدا محذوف کی خبر ہوگا۔ بعض نے تنزیل کو مبتدا اور کتاب فصلت کو خبر کہا ہے۔

۲۔ کفار اس بات پر بضد تھے کہ قرآن خدا کا کلام نہیں بلکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خود گھڑ کر یا کسی سے سیکھ کر (نعوذباللہ) لوگوں کو سنا دیتے ہیں۔ ان کے اس زعم باطل کو دور کرنے کے لیے ان گنت روشن دلائل پیش کیے گئے، لیکن وہ اپنی ہٹ سے باز نہ آئے۔ ایسے لوگوں کے سامنے مزید دلائل پیش کرنا بے سود تھا۔ اس لیے یہاں بطور دعویٰ فرما دیا کہ تَنۡزِيۡلٌ مِّنَ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ یعنی تم تسلیم کرو یا نہ کرو یہ صحیفۂ رشد و ہدایت کسی انسانی دماغ کی تخلیق نہیں بلکہ اسے رحمٰن و رحیم نے نازل فرمایا ہے۔ آج نہیں مانتے تو کل تمہیں بھی ماننا پڑے گا۔

یہاں وہ اسمائے الٰہی ذکر کیے گئے جو اس کی رحمت بے پایاں اور اس کی عنایت بے انداز پر دلالت کرتے ہیں تاکہ سننے والوں کے دلوں میں اس کی محبت پیدا ہو اور وہ خود بخود کھچے چلے آئیں اور برضا و رغبت اس کے ارشادات کی تعمیل کو اپنا شعار بنا لیں۔ نیز قیامت تک آنے والی نسلوں کے دل سے اس غلط فہمی کو دور کر دیا کہ قرآن کی تعلیمات کسی وقت بھی ان کی معاشی، تمدنی، علمی اور اخلاقی ترقی میں رکاوٹ بن سکتی ہیں۔ بتا دیا کہ یہ کسی ایسے آمر مطلق کا مینی فیسٹو نہیں جس میں اس کو سب سے زیادہ اپنے جاہ و جلال اور اپنے اقتدار کو برقرار رکھنے کا فکر ہو اور اسے اس کی قطعاً کوئی پروا نہ ہو کہ اس کی رعایا پر کیا گزرتی ہے۔ ان کے جذبات کا کیسے خون ہوتا ہے یا وہ کس قسم کی ذہنی کوفت یا معاشی پسماندگی کا شکار ہوتے ہیں۔ فرمایا یہ اس ذات پاک کا نازل کیا ہوا صحیفہ ہے جو رحمان و رحیم ہے۔ اس کی شانِ رحمانی تو تمہیں پھولتا پھلتا، ترقی کی بلند منزلیں طے کرتا ہوا دیکھ کر خوش ہوتی ہے۔

اگر تم اپنے خداوند کریم کے احکام بجا لاؤ گے تو دین و دنیا کی سعادتیں تم پر نثار ہوں گی اور اگر تم نے اس کی طرف سے بے رخی برتی تو آخر کوئی نہ کوئی دستور تمہیں اپنانا پڑے گا۔ اس میں اور تو شاید بہت کچھ ہو لیکن اس میں رحمت و رأفت کا وہ عنصر ہرگز نہیں ہوگا جو رحمان و رحیم پروردگار کے ارشادات میں موجود ہے۔ یہ تمہاری بدبختی ہوگی کہ خداوند رحمٰن کی ہدایات کو چھوڑ کر تم کسی جاہل، خودسر، خودغرض اور کوتاہ فہم کے بنائے ہوئے دستور کو اپناتے پھرو۔

۳۔ رحمٰن و رحیم نے جو کتاب نازل فرمائی ہے اس کی بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ بالکل واضح اور عام فہم ہے۔ اس میں کوئی پیچیدگی

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝۳ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ

بیان کر دی گئی ہیں۔ یہ قرآن عربی زبان میں ہے ؎ ان لوگوں کیلئے ہے جو علم و فہم رکھتے ہیں ؎ یہ مژدہ سنانے والا اور (بروقت) خبردار کرنے والا ہے

فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝۴ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ

پس منہ پھیر لیا ان میں سے اکثر نے پس وہ (اسے) قبول نہیں کرتے ؎ اور (ان ہٹ دھرموں نے) کہا ہمارے دل غلافوں میں لپٹے ہوئے ہیں اس بات سے

وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا

جس کی طرف آپ ہمیں بلاتے ہیں ؎ اور ہمارے کانوں میں گرانی ہے اور ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان ایک حجاب ہے ؎ تم اپنا کام کرو ہم اپنے کام

عٰمِلُوْنَ ۝۵ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ

میں لگے ہوئے ہیں۔ آپ فرمائیے میں انسان ہی ہوں (بظاہر) تمہاری مانند ؎ (البتہ) وحی کی جاتی ہے میری طرف کہ تمہارا معبود خداوند

نہیں۔ اس میں التباس کا شائبہ تک نہیں جس کی تہ تک پہنچنے کے لیے غیر معمولی عقل و خرد کی ضرورت ہو۔ یہ ایسی کھلی اور واضح کتاب ہے کہ ہر شخص اپنی استعداد کے مطابق فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

؎ یہ قرآن عربی زبان میں ہے جو تمہاری مادری زبان ہے جس کے اسرار و معارف سمجھنے کی تم میں پوری استعداد ہے۔ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا منصوب علی المدح ہے۔

؎ اس سے فائدہ وہی لوگ اٹھا سکتے ہیں جو علم و فہم کی صفت سے موصوف ہیں۔ بے عقل اور اجڈ لوگ اس کی قدر و قیمت کو کیا جانیں۔

؎ بشیر اور نذیر قرآن کی دوسری صفتیں ہیں یعنی یہ ان لوگوں کو تو نجات و فلاح کی خوشخبری دیتا ہے جو اس کے احکام بجا لاتے ہیں اور جو لوگ اس کی ہدایات پر کاربند نہیں ہوتے انہیں بروقت ان کے انجام بد سے ڈراتا ہے تاکہ وہ اپنی اصلاح کر لیں۔

؎ کفار کی ہٹ دھرمی اور تعصب کا ذکر ہو رہا ہے۔ تمام باطل فرقے اپنی ہٹ پر اسی طرح قائم رہتے ہیں۔ انہیں لاکھ سمجھاؤ وہ سمجھنے کا نام نہیں لیتے۔ باطل پرستوں کے پاس حق کی یورش کے مقابلہ میں یہی ایک گوشۂ عافیت ہے کہ وہ نہ مانوں نہ مانوں کا ورد کرتے رہتے ہیں۔ اَكِنَّةٌ : كِنَانٌ کی جمع ہے۔ اس سے مراد وہ کپڑا یا غلاف ہے جس میں کسی چیز کو اچھی طرح لپیٹ کر رکھ دیا جاتا ہے۔ وَقْرٌ : صَمَمٌ یعنی بہرہ پن۔ حِجَابٌ : پردہ۔ یعنی ہمارے اور تمہارے درمیان ایسی دیوار حائل ہے کہ تمہارے حق کا نور اس سے نفوذ کر کے ہم تک نہیں پہنچ سکتا۔

؎ کفار کہتے تھے کہ ہمارے درمیان ایسا پردہ حائل ہے کہ افادہ اور استفادہ ممکن ہی نہیں۔ نہ آپ کا پیغام حق ہم تک

وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ؕ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۙ﴿۶﴾

یکتا ہی ہے ۹ پس متوجہ ہو جاؤ اس کی طرف اور مغفرت طلب کرو اس سے۔ اور ہلاکت ہے مشرکوں کے لیے ۱۰

الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۷﴾ اِنَّ

جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے منکر ہی رہتے ہیں ۱۱ بے شک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۸﴾ ع قُلْ

وہ لوگ جو ایمان لے آئے اور جنہوں نے نیک اعمال کیے ان کے لیے ایسا اجر ہے جو منقطع نہ ہوگا ۱۲ آپ (ان سے)

پہنچ سکتا ہے اور نہ ہم اسے قبول کر سکتے ہیں۔ ان کے اس قول کی تردید کی جا رہی ہے کہ تمہارا یہ خیال سراسر باطل ہے۔ اگر میں انسان نہ ہوتا فرشتہ یا جن ہوتا تو ہم ایک دوسرے کی بات نہ سمجھ سکتے نہ سمجھا سکتے۔ جب تم بھی انسان ہو اور میں بھی انسان ہوں تو پھر ہم میں مغائرت کی کونسی ایسی دیوار چن دی گئی ہے کہ افہام و تفہیم کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہو۔ تمہارا یہ کہنا سراسر لغو اور باطل ہے۔

علامہ آلوسی فرماتے ہیں: لَسْتُ مَلَكًا وَلَا جِنِّيًّا لَا يُمْكِنُكُمُ التَّلَقِّي مِنْهُ وَهُوَ رَدٌّ لِقَوْلِهِمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ حِجَابٌ (روح المعانی)

یعنی میں نہ فرشتہ ہوں اور نہ جن ہوں تاکہ تم اس سے استفادہ نہ کر سکو۔ اس آیت سے ان کے اس قول کی تردید کر دی گئی جس کا ذکر سابقہ آیت میں ہے بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ۔ حسن بصری فرماتے ہیں کہ اظہار تواضع کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ کہنے کا حکم دیا۔ قال الحسن علمہ اللہ التواضع۔

(اس مسئلہ کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد سوم۔ سورۂ کہف آیت ۱۱۰)

۹ انہیں کے قول کی تردید ہو رہی ہے یعنی اگر میں تمہیں کسی ایسی بات پر ایمان لانے کی دعوت دیتا جس کو تسلیم کرنے پر عقل سلیم تیار نہیں تو تمہاری یہ بے رخی کچھ معنی بھی رکھتی ہیں تو تمہیں اس سچائی کی طرف بلا رہا ہوں جس سے بڑی سچائی اس کائنات میں ہے ہی نہیں یعنی میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی توحید کی دعوت دے رہا ہوں۔ اسلئے تمہاری بہتری اس میں ہے کہ تم اس سچی دعوت کو قبول کر لو اور جو لغزشیں تم سے پہلے صادر ہو چکی ہیں ان کے لیے مغفرت طلب کرو۔

۱۰ جن کا دامن شرک سے آلودہ ہے انکے مقدر میں تباہی و بربادی رقم ہو چکی ہے اُن سے بڑھ کر اور کون بدبخت ہو سکتا ہے۔

۱۱ ان کی ہلاکت کی وجہ یہ ہے کہ انکے دلوں میں بخل نے ڈیرہ جما لیا ہے۔ کسی غریب پر انہیں رحم ہی نہیں آتا۔ کسی یتیم یا بیوہ کیلئے وہ اپنی دولت سے کچھ خرچ کرنے کے لیے تیار ہی نہیں۔ ایسے سنگدل اور بے رحم انسانوں پر جب پھٹکار نہ ہوگی تو کیا رحمت کے پھول برسیں گے۔ وہ تباہ و برباد نہ ہونگے تو کیا پھلیں پھولیں گے ہرگز نہیں۔ ان کی اس بے حسی اور سنگدلی کی وجہ یہ ہے کہ وہ آخرت کے منکر ہیں۔

۱۲ ان کے برعکس ایک دوسرا گروہ ہے جو نور ایمان سے بھی بہرہ ور ہے اور ان کی زندگی کا دامن نیکیوں کے تمغے سے ہوئے

قُلْ أَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُونَ بِالَّذِي خَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُونَ

پوچھیے کیا تم لوگ انکار کرتے ہو اس ذات کا جس نے پیدا فرمایا زمین کو دو دن میں ۱۳؎ اور ٹھہراتے ہو

لَهُ أَندَادًا ۚ ذَٰلِكَ رَبُّ الْعَالَمِينَ ﴿٩﴾ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ مِن

اس کے لیے مد مقابل۔ وہ تو رب العلمین ہے۔ (اس کا مد مقابل کون ہو سکتا ہے)۔ اور اس نے (ہی) بنائے ہیں زمین میں گڑے ہوئے پہاڑ

فَوْقِهَا وَبَارَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَا أَقْوَاتَهَا فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ سَوَاءً

جو اس کے اوپر (ابھرے ہوئے) ہیں ۱۴؎ اور اس نے بڑی برکتیں رکھی ہیں اس میں ۱۵؎ اور اندازے سے مقرر کر دی ہیں اس میں غذائیں (ہر ذی روح کیلئے) ۱۶؎ چار دنوں میں ۱۷؎ (اس کا حصول)

پھلوں سے بھرا ہوا ہے۔ بارگاہ الٰہی سے انہیں جو اجر ملے گا وہ کبھی ختم نہ ہو گا۔ غَيْرُ مَمْنُونٍ اَیْ غَيْرُ مَقْطُوعٍ۔ منقطع نہ ہونے والا، ختم نہ ہونے والا۔

۱۳؎ ان چار آیتوں میں اپنی توحید، اپنی قدرت کاملہ اور علم و حکمت کے ایسے دلائل و شواہد پیش کیے ہیں کہ کوئی سمجھدار آدمی ان کا انکار نہیں کر سکتا۔ ان دلائل کو بیان کرنے کے بعد کفار سے یہ دریافت کیا جاتا ہے کہ جن کو تم نے میرا ہمسر اور شریک بنا رکھا ہے، جن کی تم پوجا پاٹ کرتے ہو ذرا انصاف سے بتاؤ ان میں ان صفات عالیہ جلیلہ میں سے کسی صفت کا معمولی پرتو تک بھی موجود ہے اگر جواب نفی میں ہے اور یقیناً نفی میں ہے تو پھر تم سے بڑا ظالم اور احمق کون ہو گا جو ذرے کو آفتاب کا ہمسر اور قطرے کو سمندر کا ہم پایہ خیال کرتا ہے۔ پہلی آیت میں بتایا کہ یہ زمین جس پر تم آباد ہو اور جس کی فضا میں تم سانس لیتے ہو اس کو تمہارے کسی بت نے یا کسی دیوتا نے پیدا نہیں کیا ہے۔ یہ ساری چیزیں تو کل نیست سے ہست ہوئیں۔ زمین تو تمہارے ان معبودوں کی تخلیق سے پہلے موجود تھی۔ اس وسیع و عریض زمین کا پیدا فرمانے والا اللہ تعالیٰ ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔ جب حقیقت یہ ہے تو تمہیں حیا نہیں آتی کہ اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہو اور اپنے ان بتوں کو اس کا ہمسر یقین کرتے ہو۔ نیز اس کو یہ زمین بنانے میں عرصہ دراز صرف نہیں کرنا پڑا بلکہ دو دنوں میں اس کی آفرینش مکمل کر دی۔ اس کی قدرت تو اس کو چشم زدن میں بھی پیدا کر سکتی تھی، لیکن یہ تدریج اس کی حکمت کا تقاضا ہے۔

یوم سے مراد یہ دن نہیں بلکہ مطلق وقت ہے یا تخلیق کا دور۔ پہلے کئی مرتبہ اس لفظ کی وضاحت گزر چکی ہے۔

۱۴؎ رَوَاسِيَ جمع ہے رَاسِيَة کی: جو چیز زمین میں گڑی ہوئی ہو۔ بندرگاہ کو عربی میں مَرْسیٰ کہتے ہیں کیونکہ کشتیاں اور جہاز یہاں پہنچ کر اپنے لنگر ڈال دیتے ہیں۔ پہاڑوں کو رواسی اس لیے کہا کہ ان کی جڑیں زمین میں دور تک چلی گئی ہوتی ہیں۔ یوں نہیں کہ بس زمین کی سطح پر رکھ دیئے گئے ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے کرہ زمین کو اضطراری حرکت سے محفوظ کرنے کے لیے زمین میں جا بجا پہاڑوں کی میخیں ٹھونک دی ہیں۔ لیکن یہ پہاڑ کسی میخ کی طرح زمین میں سارے کے سارے دھنسے ہوئے نہیں

لِلسَّآئِلِيْنَ ۝۱۰ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَ

یکساں ہے طلبگاروں کے لیے ۱۸؎ پھر اس نے توجہ فرمائی آسمان کی طرف وہ اس وقت محض دھواں تھا ۱۹؎ پس فرمایا اسے اور

بلکہ زمین سے بہت اُونچے اُٹھے ہوئے ہیں۔ پہاڑوں کو اس طرح بنانے میں جو حکمتیں ہیں ان سے بچہ بچہ واقف ہے۔ ان ان گنت حکمتوں سے ایک یہ بھی ہے کہ پہاڑوں کے شکم گوناگوں دھاتوں اور معدنیات سے بھرے پڑے ہیں۔ کوئلہ سے لے کر سونے تک۔ کھریا مٹی سے لے کر پلاٹینیم تک کے یہاں انبار لگے ہوئے ہیں۔ انسان آسانی سے انہیں کھود کر نکال سکتا ہے۔ اگر یہ پہاڑ سارے کے سارے زمین میں دھنسے ہوتے تو ان معدنیات کو نکالنا مشکل ہو جاتا۔

۱۵؎ اللہ تعالیٰ نے زمین میں بے شمار خیرات و برکات رکھ دی ہیں۔ ہزاروں لاکھوں سالوں سے دھڑا دھڑ انہیں استعمال کیا جا رہا ہے لیکن کسی چیز کا سٹاک ختم نہیں ہوتا۔ پانی ہی کو لیجیے لاکھوں سال سے طرح طرح سے استعمال ہو رہا ہے لیکن چشمے پھر بھی ابل رہے ہیں۔ پہاڑی ندیاں شوخی و مستی سے اب بھی بہتی چلی جا رہی ہیں۔ دریا اپنی طوفانی موجوں سمیت رواں دواں ہیں اور سمندر کی بیکراں کا کون اندازہ کر سکتا ہے۔

۱۶؎ سطحِ زمین پر جتنی بھی جاندار مخلوق ہے ان سب کے لیے مختلف قسم کی جتنی غذا مطلوب ہے سب کا اہتمام پہلے دن ہی سے کر دیا۔ مور و ملخ، ممولا اور شہباز، شیر بکری۔ غرضیکہ ہوا میں اڑنے والوں، زمین پر رینگنے والوں، دو ٹانگ والوں، چارہ کھانے والوں، گھاس سے شکم پُر کرنے والوں، گوشت خوروں، جھینگے اور کیڑے کھانے والوں غرضیکہ ہر ایک نوع کی طبعی ضرورت کے مطابق ہر فرد کی انفرادی پسند کے مطابق قدرت کے وسیع و عریض دسترخوان پر ہر چیز چن دی گئی ہے۔ ان کے علاوہ کائنات کی اس رنگ رنگیلی برات کے دولہا حضرت انسان کے لیے کیا کچھ موجود نہیں۔ جس ہستی نے اتنا وسیع اور حیران کن انتظام ہمارے پیدا ہونے سے ہزاروں صدیاں پہلے کر دیا کیا اس کے علم، اس کی حکمت، اور اس کی قدرت کے بارے میں ادنیٰ سا شک بھی کیا جا سکتا ہے۔

۱۷؎ یعنی زمین کی تخلیق اور اس میں نباتاتی، حیوانی اور انسانی زندگی کی بقا اور نشوونما کے لیے یہ سارے انتظامات صرف چار دنوں میں یعنی چار دوروں میں مکمل کر دیے گئے۔

۱۸؎ یہ رزق و نعمت کے خزانے کسی خاص طبقہ یا فرد کی اجارہ داری نہیں جس میں طلب ہوگی، ہمت اور حوصلہ ہوگا، ہنرمندی اور فہم و فراست کا جوہر پایا جائیگا اسے اس کی ہمت اور حوصلہ کے مطابق ان نعمتوں سے حصّہ دیا جائے گا۔

اس آیت سے سوشلسٹ نظام کی تائید کے لیے جو استدلال کیا جاتا ہے وہ بالکل بے محل ہے۔

۱۹؎ استویٰ کا صلہ جب اِلیٰ ہو تو اس کا معنی توجہ کرنا ہوتا ہے۔ یعنی پھر اللہ تعالیٰ نے آسمان کی طرف توجہ فرمائی۔ یہ پہلے ایک دھواں سا تھا۔ سحابی اور دُخانی قسم کا مادّہ تھا جس سے اس نے اپنی قدرتِ کاملہ سے سات آسمان پیدا فرمائے۔

لِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآىِٕعِيْنَ ⑪ فَقَضٰىهُنَّ

زمین کو کہ آجاؤ (تعمیل حکم اور ادائے فرائض کے لیے) خوشی سے یا مجبوراً ۲۰ دونوں نے عرض کی ہم خوشی خوشی (دست بستہ) حاضر ہیں ۲۱ پس بنا دیا

سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ؕ وَزَيَّنَّا

انہیں سات آسمان ۲۲ دو دنوں میں اور وحی فرمائی ہر آسمان میں اس کے حسب حال اور ہم نے مزین کیا

السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖ وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ

آسمانِ دنیا کو چراغوں سے ۲۳ اور اسے خوب محفوظ کر دیا ۲۴ یہ (سارا) نظام ہے سب پر غالب سب کچھ جاننے

الْعَلِيْمِ ⑫ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ

والے (خدا) کا ہے ۲۵ پس اگر وہ (پھر بھی) روگردانی کریں تو آپ فرمائیے کہ میں نے ڈرایا ہے تمہیں اس کڑک سے جو

۲۰؎ زمین و آسمان کو حکم دیا کہ جس خدمت کی ادائیگی کے لیے جس فرض کو انجام دینے کے لیے تمہیں پیدا کیا گیا ہے اسے پورا کرنے کے لیے حاضر ہو جاؤ۔ اس میں تمہاری مرضی کا کوئی دخل نہیں بلکہ ہمارے حکم کی بجاآوری ضروری ہے۔ تم چاہو یا نہ چاہو ہر حال میں تمہیں ہمارے فرمان کی تعمیل کرنا ہو گی۔

۲۱؎ زمین و آسمان نے بیک زبان جواب دیا۔ اے ہمارے خالق و مالک ہم بصد خوشی تعمیل ارشاد کے لیے حاضر ہیں۔

۲۲؎ چنانچہ سات آسمان بنا دیے گئے اور ہر آسمان کے حسب حال وہاں احکام و ہدایات نازل فرما دیے تاکہ ہر آسمان کی مخلوق منشاء خداوندی کے مطابق اپنی زندگی گزارے۔

۲۳؎ جب سورج غروب ہو جاتا ہے، شام کا دھندلکا پھیلنے لگتا ہے تو ٹمٹماتے ہوئے ستارے آنکھ مچولی شروع کر دیتے ہیں رات کی وحشت اور تاریکی کی گھٹن اس چراغاں سے کافور ہو جاتی ہے۔ چرخ نیلوفری کی یہ سجی ہوئی چھت دل کو نیا سرور اور تازگی بخشتی ہے۔

۲۴؎ یہ مفعول مطلق ہے یعنی حَفِظْنَا حِفْظًا، یعنی ہم نے آسمان کو جتنا خوبصورت اور دلآویز بنایا ہے اتنا ہی مضبوط اور مستحکم بھی بنایا ہے۔ جس میں کوئی دراڑ نظر نہیں آتی۔ کوئی شگاف دکھائی نہیں دیتا۔ ہر طرح کی بیرونی دخل اندازیوں سے اسے محفوظ کر دیا گیا ہے۔

۲۵؎ یعنی یہ سارا الغنۃ ہر چیز کے لیے مناسب محل اور مقام کا تعین، ہر چھوٹی بڑی چیز کے لیے فرائض و واجبات کا تعین یہ محیر العقول انتظام، یہ ساری منصوبہ بندی اور اس منصوبہ بندی کی عملی تطبیق اس خداوند قدوس کی قدرت کا کرشمہ ہے

عَادٍ وَّثَمُوۡدَ ﴿۱۳﴾ اِذۡ جَآءَتۡهُمُ الرُّسُلُ مِنۡۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمِنۡ

عاد و ثمود کی کڑک کی مانند (ہلاکت خیز) ہوگی لیکھے (کچھ یاد ہے) جب آئے تھے انکے پاس رسول سامنے سے اور

جو سب سے زبردست اور بڑی حکمت والا ہے۔

اگرچہ قرآن حکیم ایسی کتاب نہیں جس میں کائنات کی تخلیق اس تخلیق کے ادوار اور مدارج کا تعین مقصود ہو۔ البتہ جو اشارات آفرینش عالم کے متعلق قرآن کے مختلف مقامات پر موجود ہیں۔ سائنس کی تحقیقات بھی مختلف مرحلوں سے گزر کر اسی طرف آرہی ہے علامہ آلوسی لکھتے ہیں :

اِنَّ عرشہٗ تعالیٰ کان قَبۡلَ خَلۡقِ السمٰوٰت والارض علی الماء فاحدث اللہ تعالیٰ فی الماء سخونۃ فارتفع زبدٌ و دخانٌ فاما الزبد فبقی علی وجہ الماء وخلق اللہ تعالیٰ فیہ الیبوسۃ واحدث سبحانہ منہ ارض و اما الدخان فارتفع وعلی ۔ فخلق اللہ تعالیٰ منہ السمٰوات ۔ (روح المعانی)

یعنی زمین و آسمان کی پیدائش سے پہلے اللہ تعالیٰ کا عرش پانی پر تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس پانی میں حرارت پیدا کردی۔ اس سے جھاگ اور دھواں بلند ہوا۔ جھاگ پانی کی سطح پر باقی رہی۔ اللہ تعالیٰ نے اس میں خشکی پیدا کی اور اس سے زمین بنائی اور دھواں اوپر اٹھا بلند ہوا۔ اس سے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو پیدا فرمایا۔

سائنس کی جدید تحقیقات بھی اس نظریہ سے بہت قریب ہیں۔

۲۶۔ ان آیاتِ بیّنات کے مشاہدہ کے بعد بھی وہ کفر و ضلال کی راہ کو چھوڑ کر اگر راہِ راست پر گامزن نہ ہوں تو وہ یاد رکھیں جس عذاب نے عاد و ثمود جیسی قوموں کو نیست و نابود کر کے رکھ دیا تھا وہ عذاب انہیں بھی راکھ کا ڈھیر بنادے گا جب وہ عذاب انہیں چاروں طرف سے گھیرے گا تو وہ یہ کہنے کے حقدار نہ ہوں گے کہ انہیں کسی نے بروقت خبردار ہی نہیں کیا تھا، ورنہ وہ اپنے بچاؤ کی تدبیر کرتے۔

اَنۡذَرۡتُ کا عام طور پر اتنا ہی مفہوم بیان کیا جاتا ہے کہ میں نے ڈرایا۔ حالانکہ نَذَرَ کے مادہ کا اطلاق اس ڈرانے پر ہوتا ہے جس میں کم از کم دو خصوصیتیں ہوں۔ ایک تو وہ ڈرانا بروقت ہو۔ یوں نہیں کہ جب پتھر آسمان سے برسنے شروع ہوجائیں تو خطرہ کا الارم بجنے لگے۔ دوسری بات یہ ہے کہ انذار سے مقصد صرف عذاب کی خبر دینا نہیں ہوتا بلکہ اصل مقصد اس شخص کی خیر خواہی ہوتا ہے کہ وہ اپنے بچاؤ کا انتظام کرے۔ لسان العرب میں ہے کہ عرب کہتے ہیں: اَنۡذَرۡتُ القوم سیر العدو الیھم فنذروا ای علمتھم ذلک فعلموا و تحرزوا۔ یعنی میں نے قوم کو دشمن کے حملے سے خبردار کیا۔ پس انہوں نے اپنا بچاؤ کر لیا۔ صاعقہ بادل کی اس شدید کڑک کو کہتے ہیں جس کے ساتھ بجلی بھی گرے۔ الصاعقۃ: الصوت الشدید من الرعد ۃ یسقط معہا قطعۃ نار۔ یہ اس کا لغوی معنی ہے لیکن اب اس کا اطلاق ہر مہلک عذاب پر بھی ہوتا ہے خواہ اس کی نوعیت کسی قسم کی ہو۔ کُلُّ عذابٍ مُھلِکٍ صاعقۃٌ (لسان العرب)

خَلْفِهِمْ أَلَّا تَعْبُدُوٓا۟ إِلَّا ٱللَّهَ ۖ قَالُوا۟ لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَأَنزَلَ مَلَٰٓئِكَةً

پیچھے سے (یعنی ہر طرف سے یہ سمجھانے کیلئے) کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو ۲۷ انہوں نے کہا اگر ہمارے رب کی مرضی ہوتی (کہ ہمیں کچھ سمجھائے)

فَإِنَّا بِمَآ أُرْسِلْتُم بِهِۦ كَٰفِرُونَ ﴿١٤﴾ فَأَمَّا عَادٌ فَٱسْتَكْبَرُوا۟ فِى ٱلْأَرْضِ

تو فرشتے نازل کرتا پس ہم جو دے کر تمہیں بھیجا گیا ہے (اسکا سراسر) انکار کرتے ہیں ۲۸ پس قوم عاد نے تو سرکشی اختیار کی زمین میں

۲۷ے اس سے مراد یا تو رسولوں کی کثرت ہے یعنی کثیر التعداد رسول ان کے پاس تشریف لائے اور راہ ہدایت پر گامزن ہونے کی انہیں دعوت دی اور یا اس کا مدعا یہ ہے۔ مِنۢ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ : کہ انہوں نے گزری ہوئی قوموں پر جو بیتی تھی اس کا تفصیلی تذکرہ بھی ان سے کیا۔ (وَمِنْ خَلْفِهِمْ) مستقبل میں اس ہٹ دھرمی کی جو سزا انہیں ملنے والی تھی اس سے بھی ڈرایا۔

۲۸ے لیکن انہوں نے دعوت حق قبول کرنے سے انکار کر دیا اور ان کے پیغمبر ان کی ہدایت کے لیے جو مخلصانہ کوششیں کرتے تھے انہوں نے انکا ان کا مذاق اڑانا شروع کر دیا۔ وہ کہتے کہ آپ خواہ مخواہ اپنے آپ کو ہلکان نہ کریں اور ہماری مزید سمع خراشی سے باز آجائیں۔ اگر خدا نے کسی کو رسول بنا کر بھیجنا ہوتا تو وہ کسی نوری فرشتہ کو ہماری راہنمائی کے لیے بھیجتا۔ آپ جو ہماری طرح محض گوشت پوست کے انسان ہیں اور ہماری طرح کھاتے پیتے ہیں آپ کو ہم رسول ماننے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ ہم ہرگز آپ کی رسالت کو نہیں مانیں گے۔ اہل باطل کی یہ حجت بازیاں ہیں جن سے وہ اہل حق کا دل دکھایا کرتے ہیں۔ کتب احادیث و تفسیر میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک روز ابو جہل اور چند دوسرے قریش کے سردار اکٹھے ہوئے۔ اسلام اور پیغمبر اسلام کے بارے میں گفتگو چھڑ گئی۔ کہنے لگے کہ اس شخص کی حقیقت ابھی تک ہم پر نہیں کھلی۔ اگر کوئی ایسا آدمی مل جائے جو سحر و کہانت کے فن میں ماہر ہونے کے ساتھ بہترین شاعر بھی ہو تو اسے ہم اس کے پاس بھیجیں تاکہ ان سے گفتگو کے بعد وہ ہمیں بتائے کہ یہ شاعر ہیں، جادوگر ہیں یا کاہن۔ عتبہ بن ربیعہ بولا: "مجھ سے زیادہ ماہر اور کون ہو گا"۔ چنانچہ طے پایا کہ عتبہ جائے اور ان سے گفتگو کرے اور پھر آکر ان کے متعلق اپنے تاثرات بتائے۔ عتبہ گیا اور ادھر ادھر کی باتیں کرنے کے بعد کہنے لگا، آپ خواہ مخواہ ہمارے آباؤ اجداد کو گمراہ کہتے ہیں، ہمارے معبودوں کی بے حرمتی کرتے ہیں۔ اگر اس تحریک سے آپ کا مقصد حکومت حاصل کرنا ہے تو ہم آج ہی آپ کی بادشاہی کا اعلان کر دیتے ہیں اور اگر کوئی رشتہ مطلوب ہے تو ہم ایک نہیں دس دوشیزائیں جن کی طرف آپ اشارہ کریں گے پیش کرنے کے لیے تیار ہیں۔ اور اگر روپیہ بٹورنے کے لیے یہ دھندا شروع کیا ہے تو ہم سونے چاندی کے ڈھیر آپکے قدموں میں لگا دیں گے جو آپ کی کئی پشتوں تک کے لیے کافی ہوں گے۔ یہ کہہ کر جب وہ خاموش ہوا تو فخر عالم نے پوچھا "اے عتبہ! کچھ اور بھی کہنا چاہتے ہو؟" اس نے کہا نہیں جو کہنا چاہتا تھا کہہ دیا۔ اس کے بعد حضور پر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سورہ حٰم کی تلاوت شروع کی۔ نبوت کی زبان رب کریم کا کلام بلاغت نظام تلاوت کر رہی ہے۔ سوز دروں اور ہمدردی کے جذبات نے اس قرأت

بِغَیۡرِ الۡحَقِّ وَ قَالُوۡا مَنۡ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّۃً ؕ اَوَ لَمۡ یَرَوۡا اَنَّ اللّٰہَ

ناحق ۲۹؎ اور کہنے لگے ہم سے زیادہ طاقتور کون ہے ؟ کیا اُنہوں نے نہ جانا کہ اللہ تعالےٰ جس

الَّذِیۡ خَلَقَہُمۡ ہُوَ اَشَدُّ مِنۡہُمۡ قُوَّۃً ؕ وَ کَانُوۡا بِاٰیٰتِنَا یَجۡحَدُوۡنَ ﴿۱۵﴾

نے ان کو پیدا کیا ہے وہ ان سے زیادہ قوی ہے اور وہ تو ہمیشہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے

فَاَرۡسَلۡنَا عَلَیۡہِمۡ رِیۡحًا صَرۡصَرًا فِیۡۤ اَیَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِیۡقَہُمۡ

پس ہم نے بھیج دی ان پر سخت ٹھنڈی تند ہوا ۳۰؎ منحوس دنوں میں تاکہ ہم انہیں چکھائیں

کو حد درجہ اثر انگیز بنا دیا ہے۔ عتبہ دم سادھے بیٹھا سنتا رہا گویا اس پر سکتہ کا عالم طاری ہوگیا جب حضور مثل صاعقة عاد وثمود تک پہنچے تو وہ تلملا کر اُٹھا اور حضور کے لب مبارک پر ہاتھ رکھ دیئے۔ کہنے لگا میں تمہیں رحم کا واسطہ دیتا ہوں کہ بس کیجیے ورنہ ہم برباد ہو جائیں گے۔ وہاں سے اُٹھا اور اس مجلس میں جانے کے بجائے جہاں قریش بڑی بے چینی سے اس کا انتظار کر رہے تھے، وہ سیدھا گھر چلا گیا اور خانہ نشین ہوگیا۔ کچھ دیر انتظار کرنے کے بعد ابُوجہل سب کو لے کر اس کے گھر پہنچا اور وہاں پہنچتے ہی اُسے ڈانٹنا شروع کر دیا۔ عتبہ! معلوم ہوتا ہے کہ تو نے محمد (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کا دین اختیار کر لیا ہے۔ اور اس کے دسترخوان نے تیرا دل موہ لیا ہے اگر تمہارے پاس لذیذ کھانے کیلئے پیسے نہیں تو ہم چندہ جمع کرکے پیش کر دیتے ہیں۔ عتبہ اس طعنہ سے بہت برہم ہُوا لیکن یہ بریہی بھی جہالت کی بڑی تھی، کہنے لگا مجھے قسم ہے اس کے بعد میں ان سے بات تک نہ کروں گا اور اے ابُوجہل تم خوب جانتے ہو کہ میں تم سب سے زیادہ دولتمند ہوں۔ بات یہ ہے کہ میں حسب پروگرام ان کے پاس گیا میں نے کھل کر اس موضوع پر ان سے تبادلہ خیال کیا لیکن اُنہوں نے مجھے جو جواب دیا بخدا نہ وہ شعر ہے نہ جادو ہے اور نہ کہانت۔ اس نے سورہ حٰم کی آیات پڑھنی شروع کر دیں کہنے لگا جب وہ صاعقة عاد و ثمود تک پہنچے تو میں نے انہیں رحم کا واسطہ دے کر خاموش ہونے کو کہا اور ان کے لبوں پر ہاتھ رکھ دیا۔ اور تم خوب جانتے ہو کہ محمد جب گفتگو کرتا ہے تو جھوٹ نہیں بولتا میں ڈر گیا کہ کہیں تم پر عذاب نازل نہ ہو۔ ولقد علمتم ان محمدا اذا قال شیئاً لم یکذب فخفت ان ینزل علیکم عذابٌ۔

۲۹؎ قوم عاد پر عذاب اس لیے نازل ہُوا کہ وہ ناحق تکبر کرتے تھے اور انہیں اپنی قوت وطاقت پر اتنا ناز تھا کہ وہ کسی کو بھی خاطر میں نہ لاتے تھے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کا خوف بھی ان کے دل سے نکل گیا تھا۔ ارشاد فرمایا، جاہلو! تمہیں گھمنڈ ہے کہ تمہاری تعداد کثیر ہے۔ مال و دولت فراواں ہے۔ تمہارے جوان بڑے جنگجو اور بہادر ہیں۔ آج کوئی قوم تمہارا مقابلہ نہیں کر سکتی تم درست کہتے ہو لیکن یہ بتاؤ کہ کیا اللہ جو تمہارا خالق ہے جو یہ ساز و سامان دینے والا ہے کیا تم اس سے بھی طاقتور ہو کہ اس کی نافرمانی کی جرأت کر سکتے ہو۔

۳۰؎ الصرۃ: الضجۃ والصیحۃ: ... وریح صَرْصَرٌ ای باردۃ (صحاح)، سخت ٹھنڈی ہوا کو صرصر کہتے ہیں۔ شدیدۃ

عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى

ذلّت آمیز عذاب اس دنیوی زندگی میں۔ اور آخرت کا عذاب تو بہت زیادہ رسوا کُن ہوگا

وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى

اور ان کی ہرگز مدد نہ کی جائے گی۔ باقی رہے ثمود ۳۱؎ تو انہیں ہم نے سیدھی راہ دکھائی انہوں نے پسند کیا اندھے پن کو

عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا

ہدایت پر تو پکڑ لیا انہیں اس عذاب کی کڑک نے جو رسوا کُن ہے ان کرتوتوں کے باعث جو وہ

يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَيَوْمَ يُحْشَرُ

کیا کرتے تھے۔ اور ہم نے ان لوگوں کو نجات دی جو ایمان لائے تھے اور (اللہ کی نافرمانی سے) ڈرتے رہتے تھے ۳۲؎ اور ذرا خیال

اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ

کرو، اس دن کا جب جمع کیے جائیں گے اللہ کے دشمن آتش جہنم کی طرف پھر وہ گروہوں میں بانٹ دیے جائیں گے ۳۳؎ یہاں تک کہ جب وہ دوزخ کے قریب

ع ۲ / ۱۶

البرد وقيل شديدة الصوت (لسان العرب)۔ سخت ٹھنڈی ہوا کو صرصر کہتے ہیں۔ نیز وہ ہوا جو شدید شور مچائے اس کو بھی صرصر کہتے ہیں۔ یعنی ان پر ایسی سخت ٹھنڈی ہوا بھیجی جس کے شور سے کانوں کے پردے پھٹے جاتے تھے وہ سات دن اور آٹھ رات تک چلتی رہی۔ اس نے ان کے مکانوں کو بنیادوں سے اکھیڑ کر پھینک دیا وہ خود اس کی شدت کی تاب نہ لا کر یوں زمین پر دھڑام سے گرتے جیسے جھکڑ سے کھجور کا بوسیدہ تنا اکھڑ جاتا ہے۔ جس کا تذکرہ پہلے بھی گزر چکا ہے اور آئندہ بھی مختلف مقامات پر آئیگا۔

۳۱؎ ہدایت کا لفظ دو معنوں میں مستعمل ہوتا ہے کسی کو منزل مقصود تک پہنچا دینا یا کسی کو منزل کی راہ دکھانا۔ یہاں فَهَدَيْنٰهُمْ میں دوسرا معنی مراد ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے حکم سے انبیاء کرام نے انہیں بتایا کہ یہ سیدھا راستہ ہے۔ اس پر چلے تو نجات پاؤ گے لیکن انہوں نے گمراہی کے اندھیروں کو پسند کیا اور ہدایت کی روشنی کو مسترد کر دیا ان پر ایسی کڑک آئی جس نے انہیں تباہ کر دیا۔

۳۲؎ اللہ تعالیٰ کی قدرت ملاحظہ ہو کہ جھکڑ نے تمام قوم عاد کو موت کی نیند سلا دیا، لیکن اہل ایمان کو ذرا گزند نہ پہنچائی۔ اسی طرح ثمود پر جو عذاب آیا اس کی زد سے حضرت صالح اور ان کے پیروکار بالکل محفوظ رہے۔

۳۳؎ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کو قبروں سے نکال کر جہنم کے کنارے تک ہانک کرلے جائیں گے اور وہاں جو پہلے پہنچیں گے انہیں روک لیا جائے گا تاکہ بعد میں آنے والے بھی آجائیں پھر ایک ساتھ سب کا حساب شروع ہو۔ کیونکہ عدل و انصاف کا

عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَأَبْصَارُهُمْ وَجُلُودُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٢٠﴾

آجائیں گے (تو حساب شروع ہوگا) اس وقت گواہی دیں گے ان کے خلاف ان کے کان، ان کی آنکھیں اور ان کی کھالیں ان کے بارے میں جو وہ کیا کرتے تھے ۳۴۔

وَقَالُوا لِجُلُودِهِمْ لِمَ شَهِدتُّمْ عَلَيْنَا ۖ قَالُوا أَنطَقَنَا اللَّهُ الَّذِي

اور وہ کہیں گے اپنی کھالوں سے ۳۵ تم نے ہمارے خلاف گواہی کیوں دی۔ وہ کہیں گے (ہم بے بس ہیں) ہمیں تو گویا کر دیا ہے اللہ

أَنطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ خَلَقَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٢١﴾

نے جس نے گویا کیا ہے ہر شے کو ۳۶ اور اسی نے تمہیں پیدا کیا تھا پہلی مرتبہ اور اب اسی کی طرف تم لوٹائے جا رہے ہو۔

وَمَا كُنتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَن يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا

اور تم نہیں چھپا سکتے تھے اپنے آپ کو اس امر سے کہ گواہی نہ دیں تمہارے خلاف تمہارے کان اور نہ

تقاضا یہ ہے کہ سب حاضرین کی موجودگی میں ہر شخص کے مقدمہ کا فیصلہ ہو تا کہ اگر کسی کو کوئی بطور گواہ پیش کرنا چاہتا ہے تو وہ اس کا نام لے اور گواہ حاضر ہو جائیں نیز نیک بندوں کے اعمال حسنہ سے بعد میں آنے والی نسلوں کو جو فائدہ اور فیض پہنچا اس کا بھی اندازہ لگایا جاسکے اور بدکاروں کی بداعمالیوں کے باعث معاشرہ کو جن تباہیوں کا سامنا کرنا پڑا انہیں سزا دیتے وقت ان کا بھی لحاظ رکھا جاسکے۔ یوزعون: الوزع کف النفس عن ھواھا ویقال وزعت الجیش اذا حبست اولھم علی آخرھم وفی التنزیل فھم یوزعون ای یحبس اولھم علی آخرھم (لسان العرب)

نفس کا اپنی خواہش سے رک جانا، اس کو عربی میں الوزع کہتے ہیں جب لشکر کے ہراول دستے کو پیش قدمی سے روک دیا جائے تاکہ لشکر کا آخری حصہ بھی جمع ہو جائے نیز وزع کا معنی تقسیم کر دینا۔ الگ الگ گروہوں میں بانٹ دینا بھی ہے۔ ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔

۳۴ ۔ گویا ہر چیز ٹیپ ریکارڈر کا کام دے رہی ہے اور ہمارے اعمال و افعال کا ناقابل تردید ریکارڈ تیار کیا جا رہا ہے۔ قیامت کے روز اگر کوئی شخص کراماً کاتبین کی گواہی ماننے سے انکار کرے گا تو ان اعضاء کو بولنے کا حکم دیا جائے گا۔ اس کے بعد کسی کو یارائے انکار نہ ہوگا۔

۳۵ ۔ وہ بڑے پٹپٹائیں گے اور اپنی کھالوں کو کوسنے لگیں گے۔

۳۶ ۔ وہ جواب دیں گے ہمارا کیا قصور ہے۔ ہمیں ناحق مطعون کر رہے ہو۔ ہمیں تو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا بولو تو ہم بولنے لگے۔ ہماری کیا مجال کہ حکم عدولی کر سکیں اور صرف ہم ہی نہیں ہر چیز بول رہی اور گواہی دے رہی ہے۔

أَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُودُكُمْ وَلَٰكِن ظَنَنتُمْ أَنَّ اللَّهَ لَا يَعْلَمُ

تمہاری آنکھیں اور نہ تمہاری کھالیں ۳۷؎ بلکہ تم تو یہ گمان کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہی نہیں تمہارے

كَثِيرًا مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿۲۲﴾ وَذَٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِي ظَنَنتُم

اکثر اعمال کو جو تم کرتے ہو۔ ۳۸؎ اور تمہارے اسی گمان نے جو تم اپنے رب کے بارے میں کیا

بِرَبِّكُمْ أَرْدَاكُمْ فَأَصْبَحْتُم مِّنَ الْخَاسِرِينَ ﴿۲۳﴾ فَإِن يَصْبِرُوا فَالنَّارُ

کرتے تھے تمہیں ہلاک کر دیا پس تم ہو گئے نقصان اٹھانے والوں سے۔ پس وہ صبر کریں (یا نہ کریں) آگ ہی ان کا

مَثْوًى لَّهُمْ ۖ وَإِن يَسْتَعْتِبُوا فَمَا هُم مِّنَ الْمُعْتَبِينَ ﴿۲۴﴾ وَ

ٹھکانا ہے ۳۹؎ اور اگر وہ (اس وقت) رضائے الٰہی چاہیں گے تو وہ ان میں سے نہیں ہوں گے جن پر اللہ راضی ہوا ۴۰؎

۳۷؎ تم دوسرے لوگوں سے تو گناہ کرتے وقت پردہ بھی کر سکتے تھے ان کی نظروں سے چھپ بھی سکتے تھے لیکن اپنے آپ اپنے اعضاء سے تمہارے لیے پردہ کرنا کیسے ممکن تھا۔

۳۸؎ بلکہ تمہارا تو یہ خیال تھا کہ تمہارے بعض اعمال کی خبر تو اللہ تعالیٰ کو بھی نہیں ہوتی اسی لیے تم نے فسق و فجور کا بازار گرم رکھا اور تمہارا یہی خیال تمہیں لے ڈوبا۔

۳۹؎ اس کے دو مفہوم بیان کیے گئے ہیں۔ (۱) جب انہوں نے دنیوی زندگی میں دوزخیوں کے اعمال پر صبر کیا تو اب وہ آتش جہنم میں جلیں۔ جو کام زندگی بھر وہ کرتے رہے ہیں اب اس کی سزا بھگتیں۔ (۲) یہاں اَوْ یجزعوا کا لفظ مقدر ہے اصل عبارت یوں ہے۔ فان یصبروا او یجزعوا۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ چاہے وہ صبر کریں یا جزع فزع کریں اب آگ سے نجات پانے کا کوئی راستہ انہیں نہیں ملے گا۔

۴۰؎ استعتب کا معنی ہے طلب العتبہ : العتبۃ : الرضا و کسی کی خوشنودی اور رضا طلب کرنا۔ عرب کہتے ہیں استعتبہ فاعتبنی ای استرضیتہ فارضانی (الصحاح) یعنی میں نے اس سے گزارش کی کہ وہ راضی ہو جائے تو وہ راضی ہو گیا۔ یہاں بتایا جا رہا ہے کہ کفار و مشرکین قیامت کے دن جب جہنم کے کنارے پر لا کر کھڑے کر دیے جائیں گے اور وہ بھڑکتے ہوئے شعلوں کو دیکھیں گے تو اس وقت اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کی کوشش کریں گے۔ بڑی معذرتیں پیش کریں گے زمین پر ناک رگڑ رگڑ کر معافی مانگیں گے لیکن سب بے سود۔ وما ھم من المعتبین : یعنی یہ ان لوگوں میں سے نہیں ہوں گے جن سے اللہ تعالیٰ راضی ہوگا۔

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ

اور ہم نے مقرر کردیے ان کے لیے کچھ ساتھی پس انہوں نے آراستہ کردکھایا انہیں اگلے اور پچھلے گناہوں کو ۴۱

وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ

اور ثابت ہوگیا ان پر فرمان (عذاب) ان قوموں کی طرح جو ان سے پہلے گزر چکی تھیں

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

جنوں اور انسانوں سے ۔ وہ سب (اگلے پچھلے) نقصان اٹھانے والے تھے اور کہنے لگے وہ کافر

لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿۲۶﴾

مت سنا کرو اس قرآن کو اور شوروغل مچادیا کرو اس کی تلاوت کے درمیان ۴۲ شاید تم (اس طرح) غالب آجاؤ۔

۴۱ ان لوگوں کو شاید کبھی یہ خیال تو آتا ہو کہ وہ راہِ راست سے بھٹک گئے ہیں انہیں اپنے برے اعمال پر شاید شرمندگی اور ندامت بھی محسوس ہوتی ہو لیکن ان کے مصاحب جن کا کام ہی خوشامد کرنا اور ناخوب کو خوب ظاہر کرنا ہوتا ہے، وہ ان کو بداعمالیوں سے باز نہیں آنے دیتے۔ ان کے برے کاموں کو بھی ایسے دلکش پیرایہ میں پیش کرتے ہیں کہ ان پر نیکیوں کا گمان ہونے لگتا ہے ظالم اور جابر حکمران اپنے سیاسی مخالفین کا قتل عام کرتے رہتے ہیں لیکن ان کے مصاحب انہیں باور کراتے رہتے ہیں کہ سرکار عالی! جو اقدام آپ نے کیا ہے اسی میں ملک اور ملت کی بقا کا راز مضمر ہے۔ یہ تعزیری قوانین جو آپ بنا رہے ہیں ناگزیر ہیں۔ جب تک یہ قانون نافذ نہ ہوگا حکومت چل ہی نہیں سکتی اور جب ان ظالمانہ اور جابرانہ قوانین کے خلاف ملک کے گوشہ گوشہ سے صدائے احتجاج بلند ہوتی ہے تو احتجاج کرنے والوں پر دشمن کے ایجنٹ ہونے کا الزام لگا دیا جاتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ خوشامدی ٹولہ اپنے ممدوح کا بیڑا غرق کر دیتا ہے۔ ہر شخص کو اس قسم کے خوشامدیوں اور بدقماش دوستوں سے اپنے آپ کو دور رکھنا چاہیے۔ خصوصاً ارباب اقتدار کا فرض ہے کہ وہ ایسے لوگوں کی گمراہ کن باتوں میں آکر اپنے آپ کو اور اپنی قوم و ملک کو تباہ و برباد نہ کردیں۔

۴۲ کفار قرآن کی ہیبت سے خوفزدہ ہیں۔ اس کی دل میں گھر کر جانے والی تاثیر سے لرزہ براندام ہیں۔ اس سے بچنے کی ایک ہی تدبیر انہیں سوجھی ہے کہ جس وقت قرآن پڑھا جائے تو اس وقت شور مچانا شروع کردیا جائے نہ خود قرآن کو سنیں اور نہ کسی دوسرے کو سننے دیں۔

فقط اسی تدبیر سے اسلام کے بڑھتے ہوئے سیلاب کے سامنے بند باندھا جاسکتا ہے۔

فَلَنُذِيقَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا عَذَابًا شَدِيدًا وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ

پس ہم ضرور چکھائیں گے کفار کو شدید عذاب (کا مزہ)، اور انہیں بدلہ دیں گے

أَسْوَأَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۲۷﴾ ذَٰلِكَ جَزَاءُ أَعْدَاءِ اللَّهِ

بہت برا اس (نافرمانی) کا جو وہ کیا کرتے تھے ۴۳۔ یہ ہے سزا اللہ کے دشمنوں کی

النَّارُ ۖ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ ۖ جَزَاءً بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا

یعنی آگ۔ ان کے لیے اس میں ہی ہمیشہ ٹھہرنے کا گھر ہے۔ یہ سزا ہے اس بات کی کہ وہ ہماری آیتوں کا

يَجْحَدُونَ ﴿۲۸﴾ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا رَبَّنَا أَرِنَا الَّذَيْنِ

انکار کیا کرتے تھے۔ اور کافر کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں دکھا وہ دونوں (شیطان)

أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُونَا

جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا جنوں اور انسانوں سے ہم انہیں روند ڈالیں گے اپنے قدموں کے نیچے تاکہ وہ ہو جائیں

مِنَ الْأَسْفَلِينَ ﴿۲۹﴾ إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا

پست ترین لوگوں سے ۴۴۔ بیشک وہ (سعادتمند) جنہوں نے کہا ہمارا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے پھر وہ اس قول پر پختگی سے قائم رہے

۴۳؎ لیکن اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس جرم کی جو سزا مقرر ہے بڑی سخت ہے۔ اس تجویز پر عمل کرنے سے پہلے وہ اپنی قوت برداشت کا جائزہ لے لیں۔ کیا ان میں اس عذاب الیم کو برداشت کرنے کی ہمت ہے۔

۴۴؎ جب انہیں دوزخ کے ابدی عذاب میں جھونک دیا جائے گا۔ اس وقت انہیں وہ لیڈر اور قائد یاد آئیں گے جن کے ورغلانے سے وہ اللہ تعالیٰ کے رسول کو ستایا کرتے تھے اور قرآن پر طرح طرح کے لغو اعتراضات کیا کرتے تھے۔ انہیں رہ رہ کر ان لیڈروں پر غصہ آئے گا اور دانت پیسیں گے اور کہیں گے:

"اے رب! ایک دفعہ ہمیں وہ شیطان دکھا دے جو جنوں اور انسانوں میں سے ہمیں گمراہ کیا کرتے تھے۔ اگر وہ آج ہمارے ہتھے چڑھ جائیں تو ہم ان کو اپنے پاؤں تلے رگید کر رکھ دیں اور ان کا حلیہ بگاڑ ڈالیں تاکہ اہل جہنم کی نظروں میں بھی ان کی ذلت اور پستی آشکارا ہو جائے"۔ ۴۵؎ اہل زیغ و باطل کی دنیوی زندگی اس میں ان کی طفلانہ حرکتوں اور آخرت میں جس

تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا

اُترتے ہیں ان پر فرشتے (اور انہیں کہتے ہیں) کہ نہ ڈرو اور نہ غم کرو ۴۶ تمہیں بشارت ہو

عذاب الیم میں انہیں مبتلا کیا جائے گا اور وہ کس طرح ایک دوسرے سے اُلجھیں گے۔ ان تمام کے اثر آفرین تذکرہ کے بعد اب اللہ تعالیٰ کے بندوں کا ذکر ہو رہا ہے اور دُنیا و آخرت میں جو عزتیں اور سرفرازیاں ان کو بخشی جانے والی ہیں ان کا دلنشین بیان کیا جا رہا ہے تاکہ دل خود بخود ان کے نقشِ پا کو خضرِ راہ بنانے کے لیے مجبور ہو جائیں۔

المختصر ان آیات میں دو حقیقتیں آشکارا کی گئی ہیں۔ شانِ بندگی کیا ہے؟ اور شانِ بندہ نوازی کس کو کہتے ہیں۔ شانِ بندگی تو یہ ہے کہ انسان زبان سے اقرار کرے کہ میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے اور پھر آخر دم تک اپنے عمل سے اپنے قول و فعل سے اپنے احساسات اور جذبات سے اپنی خلوتوں اور جلوتوں میں اس کی تصدیق کرتا رہے۔ زبان سے یہ کہہ دینا کہ میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے آسان ہے لیکن عمر بھر ثابت قدمی سے اس پر ڈٹے رہنا بڑی ہمت و مردانگی کا کام ہے۔

حضرت انس سے مروی ہے کہ رسولِ مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی پھر کہا، قد قال الناس ثم کفر اکثرھم فمن مات علیھا فھو ممن استقام (ترمذی) یعنی لوگ کہنے کو تو کہہ دیتے ہیں کہ رَبُّنَا اللّٰہ، لیکن پھر اکثر اس کا انکار کر دیتے ہیں جو آدمی آخر دم تک اس بات پر ثابت قدم رہا اس کا شمار اس زمرہ میں ہوگا۔

علامہ آلوسی نے خلفاء راشدین سے اس آیت کی تفصیل نقل کی ہے۔ ملاحظہ فرمائیے:

ایک بار حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی پھر پوچھا اس کا کیا مطلب ہے۔ لوگوں نے کہا لَمْ یُذْنِبُوْا کہ استقامت کا معنی یہ ہے کہ پھر اس سے گناہ صادر نہ ہو قَالَ قد حملتم الامر علی اشدہ: فرمایا تم نے تو یہ کام بڑا مشکل بنا دیا ہے۔ عرض کی گئی آپ ہی فرمائیے قَالَ لَمْ یرجعوا الی عبادۃ الاوثان: یعنی اللہ تعالیٰ کو اپنا رب ماننے کے بعد اس پر استقامت کا یہ مطلب ہے کہ پھر بتوں کی پوجا نہ شروع کر دیں۔ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے استقاموا کی تفسیر یوں کی:

استقاموا للہ تعالیٰ بطاعتہ لَمْ یروغوا روغان الثعلب یعنی وہ ثابت قدمی سے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتے ہیں اور لومڑی کی طرح حیلہ سازیاں کر کے راہِ فرار اختیار نہیں کرتے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ اخلصوا العمل: جو عمل کرتے ہیں اخلاص سے کرتے ہیں۔ ریا اور نمائش کا وہاں کوئی دخل نہیں ہوتا۔ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ نے فرمایا فرائض کی ادائیگی استقامت ہے۔

عارف باللہ مولانا ثناء اللہ لکھتے ہیں کہ استقامت ایک مختصر لفظ ہے۔ اس سے مراد شریعت کے تمام احکام کی بجا آوری اور جن امور سے روکا گیا ہے ان سے اجتناب اور آخر دم تک اس طریقہ کار پر ثابت قدمی۔

حضرت سفیان بن عبد اللہ الثقفی نے عرض کی یا رسول اللہ! قُلْ لِیْ فی الاسلام قَوْلًا لا اسئل عنہ احدًا بعدک۔ اے اللہ تعالیٰ کے رسول اسلام کے بارے میں مجھے ایسی بات بتائیے کہ حضور کے بعد مجھے کسی سے پوچھنے کی حاجت نہ رہے۔

بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٣٠﴾ نَحْنُ أَوْلِيَاؤُكُمْ فِي

جنت کی جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا — ہم تمہارے دوست ہیں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قُلْ آمَنْتُ بِاللّٰہِ ثُمَّ اسْتَقِمْ۔ کہہ کہ میں اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا اور پھر عمر بھر اس پر ثابت قدم رہ۔

۳۰ے شانِ بندگی کے ذکر کے بعد اب شانِ بندہ نوازی کا بیان شروع ہو رہا ہے۔ بتایا کہ اللہ تعالیٰ کے ان مقبول بندوں پر فرشتے نازل ہوتے ہیں اور ان کو طرح طرح سے تسلی دیتے ہیں کہ قبر و حشر سے بھی خوفزدہ ہونے کی تمہیں ضرورت نہیں اور اپنی اولاد اور عزیز و اقارب جو تم پیچھے چھوڑ جاؤ گے ان کے بارے میں بھی تمہیں پریشان نہیں ہونا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ ان کا حافظ و ناصر ہے۔ اور سنو ہم تمہیں یہ خوشخبری دیتے ہیں کہ جنت کے دروازے تمہارے لیے کھول دیے گئے ہیں اور وہاں کی نعمتیں بہاریں تمہارے لیے چشم براہ ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے بندوں پر فرشتوں کا نزول کس وقت ہوتا ہے اور کیا وہ فرشتوں کی باتوں کو اپنے ان ظاہری کانوں سے سنتے ہیں۔ بعض علماء کا یہ قول ہے کہ فرشتوں کا نزول موت کے وقت ہوتا ہے۔ لیکن اہل تحقیق کا یہ قول ہے کہ یہ سلسلہ عمر بھر جاری رہتا ہے جب بھی بندۂ مومن اپنے ایمان کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے اور اپنے فرائض سے عہدہ برآ ہونے کے لیے راہِ عمل پر گامزن ہوتا ہے تو قدم قدم پر تیز کانٹے اس کے پاؤں کی تواضع کرتے ہیں، ہر موڑ پر خشمگین مصیبتیں اس کی منتظر ہوتی ہیں۔ اور رنج و آلام کے بادل ہر طرف سے گھر کر آجاتے ہیں، اس وقت ملائکہ اس کی دلجوئی کے لیے نازل ہوتے ہیں۔ بعض مقبول بندے فرشتوں کی یہ باتیں اپنے کانوں سے سنتے ہیں اور جو ان کی باتیں نہیں سن سکتے ان کے دلوں میں طمانیت و تسکین کی ایک ایسی کیفیت نمودار ہو جاتی ہے کہ ان کے اکھڑے ہوئے قدم جم جاتے ہیں۔ باطل کے مقابلہ میں ان کی قوت مدافعت تند و تیز ہو جاتی ہے اور نئے ولولوں سے سرشار ہو کر وہ منزلِ مقصود کی طرف بڑھنا شروع کر دیتے ہیں۔ کوئی چیز ان کی راہ میں حائل نہیں ہو سکتی۔ مرتے وقت لحد میں اور روزِ حشر ان تمام مقامات پر انہیں ملائکہ کی رفاقت حاصل ہوگی۔ چنانچہ علامہ آلوسی رقمطراز ہیں:

تتنزل علیھم یمدّونھم فیما یعن ویعرج لھم من الامور الدینیۃ والدنیویۃ بما یشرح صدورھم و یدفع عنھم الخوف والحزن بطریق الالھام کما ان الکفرۃ یغویھم ما قیض لھم من قرناء السوء:

یعنی فرشتے ان پر اترتے ہیں اور دینی اور دنیوی مشکلات جو انہیں پیش آتی ہیں ان میں ان کی یوں امداد کرتے ہیں کہ ان کے سینے منشرح ہو جاتے ہیں اور بذریعہ الہام ان کے خوف و حزن کو دور کر دیتے ہیں۔ جس طرح کافروں کو ان کے برے ساتھی برے کاموں پر اکساتے ہیں۔

اس کے بعد علامہ مذکور فرماتے ہیں کہ کلام کے اطلاق اور عموم کے پیشِ نظر یہی قول اظہر ہے اور ہم تمہیں پہلے بتا چکے ہیں کہ بہت لوگوں کا یہ قول ہے کہ فرشتے اکثر اوقات متقیوں پر نازل ہوتے ہیں اور یہ لوگ ان سے کسبِ فیض کرتے ہیں (روح المعانی)

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ

دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی ۳۸ اور تمہارے لیے اس میں ہر وہ شے ہے جو تمہارا جی چاہے

وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ؕ﴿۳۱﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَ

اور تمہارے لیے اس میں ہر وہ چیز ہے جو تم مانگو گے ۳۹ یہ میزبانی ہے بہت بخشنے والے ہمیشہ رحم فرمانے والے کی طرف سے ۴۰ اور

مَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ

اس شخص سے بہتر کس کا کلام ہے جس نے دعوت دی اللہ کی طرف ۴۱ اور نیک عمل کیے ۴۲ اور کہا کہ

ع ۷ ۱۸

۳۸ یعنی نیک کاموں کی ادائیگی میں ہم تمہارے مددگار ہیں بذریعہ الہام حق بات تمہارے دلوں میں ڈال دیتے ہیں اور ان اُمور کی طرف تمہاری رہنمائی کرتے ہیں جن میں تمہارا بھلا اور کامیابی ہے اور آخرت میں ہم دوستی کا حق یُوں ادا کریں گے کہ شفاعت سے تمہاری امداد کریں گے اور جب قبر سے اٹھو گے تو تمہارا شاندار استقبال کریں گے۔ (روح معانی)

۳۹ تم جو چاہو گے، تم جو مانگو گے وہ دیا جائے گا۔

۴۰ یہ عنایاتِ خسروانہ یہ انعاماتِ بے پایاں تمہارے اعمال کا معاوضہ نہیں ہوگا بلکہ رب غفور رحیم کی طرف سے میزبانی ہوگی۔ بندہ مہمان اور خداوندِ عرش میزبان۔ سبحان اللہ کیا شان ہے۔ کیسا اعزاز ہے اور کتنا کرم ہے۔ اللّٰھم اجعلنا منھم بجاہ عبدک المکرم وقائدھم المحتشم ومرشدھم المعظم۔ اللّٰھم صل علیہ وعلٰی آلہٖ وصحبہ وبارک وسلم۔

۴۱ بیشک ایمان لانا اور اس پر ثابت قدم رہنا بہت بڑی بات ہے لیکن اس سے اونچا ایک اور مقام ہے جس پر آشیاں بند ہونے کے لیے کوشاں رہنا ہر بندۂ مومن پر لازم ہے۔ وہ یہ کہ لوگوں کو بھی خداوندِ قدوس کی وحدانیت وکبریائی پر ایمان لانے کی دعوت دے اس کے سچے رسول کی فرمانبرداری، اس کی نازل کی ہوئی کتاب کے احکام کو بجالانے کی ترغیب دے صرف اسی بات پر مطمئن نہ ہو جائے کہ اس نے اسلام کے چشمۂ شیریں سے اپنی پیاس کو بجھا لیا، بلکہ ان تشنہ لبوں کا درد بھی اس کو بیقرار کر دے جو ریگزارِ حیات میں ایک قطرۂ آب کے لیے ترس رہے ہیں۔ اس کے دل میں یہ شدید جذبہ ہو کہ جس طرح اس نے اپنی تاریک زندگی میں ایمان کی شمع روشن کر لی ہے۔ گمراہی کی ظلمتوں میں ٹھوکریں کھانے والا کوئی شخص بھی اس نورِ یقین سے محروم نہ رہے۔ خود سوچیے اس مقام کو مقامِ رفیع کیوں نہ کہا جائے۔ کیا اس سے بھی زیادہ خیر خواہی اور بھلائی کا کوئی جذبہ ہے۔

آیت کا عموم اس امر کا مقتضی ہے کہ اس کو کسی کے ساتھ مختص نہ کیا جائے بلکہ جو ایسا کرے اس کے لیے یہ درِ رحمت کشادہ ہے لیکن اس میں بھی کوئی شبہ نہیں کہ تبلیغ و ارشاد میں حضور سرورِ عالم نورِ مجسم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا جو مقام ہے اس سے کسی کو

اِنَّنِیۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ ﴿۳۳﴾ وَ لَا تَسۡتَوِی الۡحَسَنَۃُ وَ لَا السَّیِّئَۃُ ؕ

میں تو (اپنے رب کے) فرمانبردار بندوں سے ہوں ۵۲ نہیں یکساں ہوتی نیکی اور برائی ۵۳

کیا نسبت ہو سکتی ہے۔ حضرت حسن بصری اگرچہ اس آیت کو عام کہتے تھے اس کے باوجود جب کبھی یہ آیت تلاوت کرتے اور اس کی تشریح کرنے لگتے تو ان پر وجد کی ایک کیفیت طاری ہو جاتی اور یوں گوہر افشانی فرماتے۔ وکان الحسن اذا قرأ ھذہ الآیۃ یقول ھذا رسول اللہ۔ ھذا حبیب اللہ۔ ھذا ولی اللہ۔ ھذا صفوۃ اللہ۔ ھذا خیرۃ اللہ۔ ھذا واللہ احب اھل الارض الی اللہ (قرطبی) کہ اس اونچی شان کے مالک رسول اللہ ہیں، حبیب اللہ ہیں۔ ولی اللہ ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ ہیں۔ یہ تمام اہل زمین سے خدا تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہیں۔

۵۱ لوگوں کو دعوت دے کر خود غافل نہیں ہو جاتا جس طرح عام طور پر دیکھا جاتا ہے۔ بلکہ وہ خود بھی اللہ تعالیٰ کے احکام کی پابندی پوری تندہی سے کرتا ہے۔

۵۲ زبان سے یہ کہہ دینا کہ میں مسلمان ہوں، کون سے کمال کی بات ہے کہ اتنے اہتمام سے یہاں اس کو بیان کیا گیا ہے۔ ہم سب اپنی مسلمانی کے دعوے کرتے ہیں لیکن اس سے حق کو کیا فائدہ پہنچتا ہے۔ باطل کو کیا زک پہنچتی ہے۔ آج کل یہ شبہ بجا ہے۔ لیکن آپ ذرا تصور کریں اس ماحول کا جس ماحول میں یہ آیت نازل ہوئی۔ اس وقت جو شخص اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کرتا تھا وہ گویا لوگوں کو دعوتِ عام دیتا تھا کہ آؤ مجھ پر پتھر برساؤ، میری مشکیں کس کر مجھے تپتی ہوئی ریت پر لٹاؤ، بھاری بھرکم پتھر میری چھاتی پر رکھ دو، انگارے دہکاؤ اور مجھے ان دہکتے ہوئے انگاروں پر بچھا دو۔ میری دادرسی کے لیے کوئی نہیں آئے گا۔ تم سے کوئی باز پرس نہیں ہوگی۔ ایسے ماحول میں یہ کہنا کہ میں مسلمان ہوں۔ رب العلمین کا بندہ اور رحمۃ للعالمین کا غلام ہونے کا اعلان کرتا ہوں ایسا اعلان کرنا ہر ایک کے بس کی بات نہ تھی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ آج بھی اس اعلان کی ذمہ داریوں کو قبول کرنے کا پورا احساس کرتے ہوئے یہ کہنا انّنی من المسلمین بڑے ہی دل گردے کا کام ہے۔ اسی لیے تو علامہ مرحوم نے فرمایا تھا:

چو گویم من مسلمانم بلرزم   کہ دانم مشکلاتِ لا الٰہ را

اور اپنے انداز میں جگر مراد آبادی کا یہ شعر بھی خوب ہے:

یہ عشق نہیں آساں اتنا ہی سمجھ لیجیے   اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

۵۳ بیان حقیقت کے طور پر پہلے بتا دیا کہ نیکی اور برائی یکساں نہیں۔ نیکی ہر حال میں نیکی ہے خواہ معاشرہ میں اس کی پذیرائی نہ ہو اور برائی اپنی انتہائی مقبولیت کے باوجود برائی ہے۔ خواہ اس کو اپنانے والی بڑی بڑی ہستیاں ہوں۔ برائی کا خوگر برائی کا ارتکاب کیوں نہ کرتا ہو، لیکن اس کے دل میں یہ خلش ہمیشہ رہتی ہے کہ وہ برائی کر رہا ہے اور اس طرح اپنے اوپر ظلم کر رہا ہے۔

اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَ بَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ

برائی کا تدارک اس (نیکی) سے کرو جو بہتر ہے ٥٣ پس ناگہاں وہ شخص، تیرے درمیان اور اس کے درمیان عداوت

كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ ﴿٣٤﴾ وَ مَا یُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا ۚ وَ

ہے یوں بن جائیگا گویا تمہارا جانی دوست ہے ٥٤ اور نہیں توفیق دی جاتی ان خصائل حمیدہ کی بجز انکے جو صبر کرتے ہیں ٥٥

٥٣ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم کو اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذریعہ سے تمام داعیانِ حق کو یہ ارشاد فرما رہا ہے کہ جس جنگ میں تم شریک ہو اس کو جیتنے کا گر یہ ہے کہ لوگ تم سے برائی کریں اور تم اس کا بدلہ صرف نیکی سے نہیں بلکہ بہترین نیکی سے دو۔ لوگ تم پر پتھر برسائیں۔ پتھر کھا کر پتھر نہ مارنا نیکی ہے لیکن ان پر پھول برسانا تمہارا شیوہ ہونا چاہیے۔ لوگ تمہیں گالیاں دیں تم پر جھوٹے بہتان تراشیں، تمہارے خلاف غلط الزامات لگائیں اور پھیلائیں اور تم چپ رہو، یہ بھی قابلِ تعریف بات ہے، لیکن لطف تو تب ہے کہ تم رات کو اٹھ اٹھ کر سجدہ میں سرِ نیاز رکھ کر ان کی ہدایت پذیری کے لیے دعائیں مانگو۔

٥٤ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ خیر و شر کے اس معرکہ میں خیر کو فتح نصیب ہوگی اور شر کو ہزیمت، خواہ خیر کے پاس اسلحہ اور سازوسامان کی قلت ہو۔ خیر کے علمبرداروں کی تعداد بھی تھوڑی ہو اور شر کے قشون قاہرہ سے زمین کانپ رہی ہو پھر بھی خیر کو کامیابی اور شر کو ناکامی نصیب ہوگی بلکہ وہی لوگ جو شر کو پھیلانے اور اس کو غالب کرنے کے لیے جان کی بازی لگائے ہوئے تھے، وہ اس سے سارے ناطے توڑ کر شمع حق پر پروانہ وار نثار ہونے لگیں گے جو پہلے تمہارے اسلام لانے کی وجہ سے تمہاری جان کے دشمن اور تمہارے خون کے پیاسے بن گئے تھے اب وہ سو جان سے تم پر تصدق اور نثار ہونے لگیں گے اگر یقین نہ آئے تو خالد بن ولید، عکرمہ بن ابی جہل اور عمرو بن العاص رضی اللہ عنہم کی زندگیوں کا مطالعہ کرو۔

یہ تو مسلمان کی قومی اور دینی زندگی کا حال ہے انفرادی زندگی میں بھی صحیح اور پائیدار کامیابی حاصل کرنے کا یہی طریقہ ہے کسی شخص نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو کچھ نازیبا جملے کہے مکتبِ رسالت کے اس تربیت یافتہ نے جواب دیا کہ:
اِنْ کُنْتَ صَادِقًا فَغَفَرَ اللهُ لِیْ۔ وَ اِنْ کُنْتَ کَاذِبًا فَغَفَرَ اللهُ لَكَ۔ (قرطبی) اگر تو سچا ہے تو اللہ تعالیٰ مجھے معاف فرمائے اور اگر تو جھوٹا ہے تو اللہ تعالیٰ تجھے بخشے۔

سیدنا علی المرتضیٰ کے خادم قنبر کو کسی نے گالی دی۔ آپ سن رہے تھے۔ قنبر کو بلند آواز کر کے فرمایا: یا قنبر دع شاتمك واله عنه ترضی الرحمٰن وتسخط الشیطان۔ وتعاقب شاتمك فما عوقب احمق بمثل السكوت عنه (قرطبی)
اے قنبر! اپنے گالی نکالنے والے کو چھوڑ دو۔ اور اس کو بھلا دو اس طرح تو رحمان کو راضی کرے گا اور شیطان کو غضبناک کرے گا اور اپنے گالی دینے والے کو سزا دے گا، کیونکہ بیوقوف کی یہی سزا ہے کہ اس سے الجھنے کی بجائے خاموشی اختیار کی جائے۔

٥٥ اس مقام رفیع پر پہنچنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں جب تک صبر کا دامن مضبوطی سے نہ پکڑ لیا جائے اس وقت

وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۳۵﴾ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ

اور نہیں توفیق دی جاتی ان کی مگر بڑے خوش نصیب کو اور (اے سننے والے) اگر شیطان کی طرف سے تیرے

الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۶﴾

دل میں کوئی وسوسہ پیدا ہو تو (اس کے شر سے) اللہ کی پناہ مانگ ؎ یقیناً وہی سب کچھ سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا

اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے رات بھی ہے اور دن بھی، سورج بھی ہے اور چاند بھی ؎ مت سجدہ کرو

تک یہاں قدم رکھنا ممکن نہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ وہ شخص بڑا ہی خوش نصیب اور بلند اقبال ہے جس کو اس مقام تک رسائی حاصل ہوتی ہے۔ علامہ ابن منظور یُلَقّٰی کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: قال الازھری: والتلقی ھو الاستقبال ومنه قوله تعالیٰ وما یلقاھا الا الذین صبروا الخ۔ وقیل فی قوله ما یلقاھا ای ما یُعَلَّمُهَا ویوفق لها الا الصابر (لسان)

ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔

؎ اس مضمون کو ختم کرنے سے پہلے ایک بڑی پیاری بات کہہ دی۔ جتنا تم اپنے حُسنِ عمل سے خوبصورت روایات قائم کرنے کی کوشش کرو گے شیطان بھی تمہیں بچھاڑنے کے لیے اپنی کوششوں کو تیز تر کردے گا۔ وہ بھلا یہ کب گوارا کرسکتا ہے کہ تمہاری ذات میں نیکی، حسنِ خلق، پاکبازی کا ایک ایسا حسین پیکر دُنیا کے سامنے پیش ہو جسے دیکھ کر دل بے ساختہ اس کی طرف کھچے چلے آئیں وہ ضرور ڈنگ مارے گا اور پوری جدوجہد کرے گا کہ تجھ سے کوئی ایسی بات صادر ہو جائے جس کا تنکا بنا کر وہ تیری سیرت کی دلکشی اور جاذبیت کو ختم کردے اسلیے اپنے دشمن کے اس وار سے تجھے بھی ہمیشہ چوکنا رہنا چاہیے ایسا نہ ہو کہ تو بچھاڑ دیا جائے۔ جب بھی شیطان کوئی ایسی بات تیرے دل میں ڈالے تجھے چاہیے کہ ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اللہ تعالیٰ کی پناہ حاصل کرنے کے لیے التجا کر تا کہ وہ شیطان کے شر سے تجھے محفوظ رکھے۔ تو اس عیار کا تنہا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ تجھے اللہ تعالیٰ کی امداد اور توفیق کی ضرورت ہے اس لیے اپنی بے بسی اور ناتوانی کا اعتراف کرتے ہوئے بڑی عاجزی سے درخواست کر کہ وہ تجھے شیطان کی اس سازش سے بچالے۔ وہ تیری درخواست سُنے گا اُسے قبول فرمائے گا۔ وہ تیرے حالِ دل سے خوب آگاہ ہے۔

نَزَغَ يَنْزَغُ نَزْغًا کا معنی دل میں وسوسہ ڈالنا۔ وہ وسوسے جن کی وجہ سے انسان گناہ کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے اُسے نَزْغُ الشیطٰن کہتے ہیں۔ علامہ ابنِ منظور لکھتے ہیں: نزغ الشیطٰن وساوسهٗ ونَخْسُهٗ فی القلب بما یُسَوِّلُ للانسان من المعاصی (لسان)

؎ اب پھر شرک کے بطلان اور توحید کی حقانیت پر دلائل پیش کیے جا رہے ہیں۔ سورج اور چاند اکثر مشرک قوموں

لِلشَّمۡسِ وَلَا لِلۡقَمَرِ وَاسۡجُدُوۡا لِلّٰهِ الَّذِیۡ خَلَقَهُنَّ اِنۡ

سورج کو اور نہ چاند کو بلکہ سجدہ کرو اللہ کو جس نے انہیں پیدا فرمایا ہے ۵۹ اگر تم

كُنۡتُمۡ اِیَّاهُ تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۳۷﴾ فَاِنِ اسۡتَكۡبَرُوۡا فَالَّذِیۡنَ عِنۡدَ

واقعی اس کے پرستار ہو۔ پھر بھی، اگر وہ تکبر کرتے رہیں (تو ان کی قسمت)، پس وہ (فرشتے) جو آپ کے

رَبِّكَ یُسَبِّحُوۡنَ لَهٗ بِالَّیۡلِ وَالنَّهَارِ وَهُمۡ لَا یَسۡـَٔمُوۡنَ ﴿۳۸﴾

رب کے پاس ہیں تسبیح کرتے رہتے ہیں اس کی شب و روز ۶۰ اور وہ نہیں تھکتے ۶۱

وَمِنۡ اٰیٰتِهٖۤ اَنَّكَ تَرَی الۡاَرۡضَ خَاشِعَةً فَاِذَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَیۡهَا

اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تو دیکھتا ہے زمین کو کہ وہ (کسی وقت) خشک بنجر ہے پھر جب ہم اتارتے

الۡمَآءَ اهۡتَزَّتۡ وَرَبَتۡ ؕ اِنَّ الَّذِیۡۤ اَحۡیَاهَا لَمُحۡیِ الۡمَوۡتٰی ؕ اِنَّهٗ

ہیں اس پر (بارش کا) پانی تو جھومنے لگتی ہے اور پھول اٹھتی ہے ۶۲ بیشک وہ (قادر مطلق) جس نے زندہ کر دیا ہے زمین کو وہی زندہ

کے مسجود و معبود رہے ہیں۔ بتایا جا رہا ہے کہ یہ خود کچھ نہیں۔ یہ تو اس خالق کائنات کی قدرت و حکمت کی نشانیاں ہیں۔ جو کام اس نے ان کے سپرد کیا ہے اس کو انجام دینے میں مصروف ہیں۔ رات کو چاند طلوع ہوتا ہے اور سورج کا کہیں پتہ نہیں چلتا۔ صبح ہوتی ہے تو سورج نور افشانیاں کرتا ہوا نمودار ہوتا ہے اور چاند کو آنکھوں سے اوجھل کر دیتا ہے۔ اگر یہ معبود ہوتے تو ہر وقت ہر جگہ موجود رہتے۔ مزید غور فرمائیے، دونوں روشن ہیں لیکن ہر ایک کی روشنی کی مقدار الگ الگ اور تاثیر جدا جدا ہے۔ رفتار کسی کی تیز کسی کی سست ان گوناگوں اختلافات میں بھی ہزاروں حکمتیں ہیں جو اہل نظر سے پوشیدہ نہیں۔

۵۹ ان کو سجدہ نہ کرو بلکہ اس ہستی کو سجدہ کرو جو ان کی خالق ہے۔

۶۰ اگر کفار اس کھلی صداقت کو تسلیم نہ کریں اور غرور و تکبر سے باز نہ آئیں تو یہ اللہ تعالیٰ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے۔ اپنی عاقبت کو ہی تباہ کر رہے ہیں۔ ان گنت نوری فرشتے اپنی پاک زبانوں سے اس کی حمد و ثنا میں محو ہیں۔ نہ تھکتے ہیں نہ اکتاتے ہیں بلکہ اسی ذکر و تسبیح پر ہی ان کی زندگی کا انحصار ہے۔

۶۱ یہاں سجدۂ تلاوت کرنا چاہیے احناف کے نزدیک۔ امام مالک اور کئی ائمہ ایاہ تعبدون پر سجدۂ تلاوت لازم کرتے ہیں۔

۶۲ اپنی قدرت کی ایک اور روشن نشانی کا ذکر فرمایا جس کا مشاہدہ وہ آئے روز کیا کرتے تھے۔ اهتزت: خوشی سے

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٣٩ اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا

کرنے والا ہے مردوں کو بلاشبہ وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔ بیشک جو لوگ ہماری آیتوں میں اپنی طرف سے اضافے کرتے ہیں ۶۳

لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۭ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا

وہ ہم سے چھپے ہوئے نہیں ہیں۔ تو کیا جو پھینکا جائے گا آگ میں وہ بہتر ہے یا جو آئے گا امن و سلامتی کیساتھ

يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝٤٠

قیامت کے دن (وہ بہتر ہے) تم وہ کرو جو تمہاری مرضی یقیناً جو کچھ تم کرتے ہو وہ خوب دیکھ رہا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝٤١ۙ

بیشک وہ لوگ جنہوں نے قرآن کو ماننے سے انکار کیا جب وہ انکے پاس آیا ۶۴ (تو وہ بہت مجرم لوگ ہیں) اور بیشک یہ بڑی عزت والی کتاب ہے۔

لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ

اس کے نزدیک نہیں آسکتا باطل نہ اس کے سامنے سے اور نہ پیچھے سے ۶۵ یہ اُتری ہوئی ہے

حرکت کرنا۔ جھومنا۔ رَبَتْ پھلنا۔ پھولنا۔ بڑھنا۔

۶۳ علامہ ابن منظور الحاد کے معنی کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ اَلْمُلْحِدُ الْعَادِلُ عن الحق المُدْخِل فيه ما ليس فيه :
یعنی ملحد اس شخص کو کہتے ہیں جو حق سے روگردانی کرے اور اس میں ایسی چیز کی آمیزش کرے جو اس میں نہیں ہے اس کا ایک اور مفہوم بھی بتایا گیا ہے : يُلْحِدُوْنَ ای يَعْتَرِضُوْن۔ یعنی وہ اعتراض کرتے ہیں۔

وہ لوگ جو خود حق سے روگردانی کیے ہوئے ہیں لیکن صرف اسی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ حق میں ایسی چیزوں کی ملاوٹ کرتے رہتے ہیں جن کے باعث لوگ حق سے ہی نفرت کرنے لگتے ہیں یا جو لوگ آیاتِ الٰہی میں قطع و برید کرکے طرح طرح کے اعتراضات کرتے ہیں۔ وہ کتنے مکار اور عیار کیوں نہ ہوں ان کی فاسد نیت کتنی چھپی ہوئی کیوں نہ ہو وہ اللہ تعالیٰ سے مخفی نہیں۔ قیامت کے دن انہیں دوزخ میں پھینک دیا جائیگا۔ وہ خود سوچیں اور فیصلہ کریں کہ ان کی یہ حالت اچھی ہوگی یا اس شخص کی حالت بہتر ہوگی جسے قیامت کے دن کسی مواخذہ کا اندیشہ نہ ہوگا ہر خطرہ سے محفوظ ہوگا امن و عافیت سے وہاں اپنے جنت میں داخل ہونے کے اذن کا انتظار کر رہا ہوگا۔

۶۴ موصول اور صلہ مل کر مبتدا اور هالكون یا معاندون اس کی خبر محذوف مقدر ہے۔

۶۵ یہ ایسی کتاب ہے کہ کسی شیطان کی مجال نہیں کہ اس میں کمی بیشی کر سکے یا اس میں بیان کی ہوئی کسی سچائی کی تکذیب

مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾ مَا يُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ لِلرُّسُلِ

بڑے حکمت والے سب خوبیاں سراہے کی طرف سے۔ (اے حبیب!) نہیں کہا جاتا آپ کو مگر وہی جو کہا گیا پیغمبروں کو آپ

مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّ ذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَلَوْ

سے پہلے ۶۶ بیشک آپ کا پروردگار (اہل ایمان کے لیے) بہت بخشنے والا اور (منکرین کیلئے) دردناک عذاب دینے والا ہے۔ اور

جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ

بالفرض اگر ہم اسے بنا کر بھیجتے قرآن عجمی زبان میں تو کہتے کیوں نہ کھول کر بیان کی گئیں اس کی آیتیں ۶۷ کیا! عجیب ہے کتاب عجمی

وَّ عَرَبِيٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ ؕ وَالَّذِيْنَ

اور نبی عربی ۶۸ آپ فرمائیے یہ قرآن ایمان لانے والوں کے لیے تو ہدایت اور شفاء ہے ۶۹ اور جو

کرسکے۔ یہ ایسا مضبوط قلعہ ہے جس کے تمام اطراف محفوظ ہیں۔ کسی جہت سے اس کے اندر کوئی شخص داخل نہیں ہوسکتا۔ کفار مکہ نے اس میں گڑبڑ کرنے کی کوشش کی اور ہر بار منہ کی کھائی۔ رافضیوں نے اس کی آیتوں میں ردوبدل کرنے کی ناپاک سعی کی لیکن ہمیشہ ناکام رہے۔

۶۶ کفار جو اعتراض آج آپ پر کرتے ہیں بعینہٖ اسی قسم کے اعتراضات آپ سے پہلے جو رسول تشریف لے آئے ان کی اُمت کے نابکاروں نے ان پر بھی کیے۔ یہ لوگ پہلے معترضین کا انجام دیکھ لیں اگر یہ باز نہ آئے تو ان کے ساتھ بھی وہی سلوک ہوگا جو ان کے پیشروؤں کے ساتھ روا رکھا گیا تھا۔

۶۷ ان کفار کا بھی عجیب حال ہے قرآن کریم فصیح و بلیغ عربی زبان میں نازل کیا گیا ہے۔ اس کی آیات بالکل واضح اور ان کا مفہوم بالکل آشکارا ہے۔ لیکن یہ انہیں قبول نہیں کرتے۔ اور اگر یہ قرآن کسی عجمی زبان میں نازل کیا جاتا تو پھر یہ کہتے کہ یہ کیسی کتاب لانے والا رسول تو عربی اور جس زبان میں یہ کتاب اس پر نازل ہوئی وہ عجمی ہے۔ ہمیں کیا خبر کہ اس میں کیا لکھا ہے۔ غرضیکہ انہیں تو فقط اعتراض کرنے سے کام ہے عربی میں ہے تب بھی اعتراض کرتے ہیں، کسی عجمی زبان میں نازل ہوتی تب بھی اعتراض کرتے۔ خوئے بدرا بہانہ ہا بسیار والی بات ہے۔

۶۸ تقدیر کلام یوں ہے: اَیْ کِتَابٌ اَعْجَمِیٌّ وَ رَسُوْلٌ عَرَبِیٌّ ۔ یعنی کتاب عجمی ہے اور رسول عربی۔

۶۹ اے محبوب! آپ فرمائیے۔ قرآن کریم اہل ایمان کے لیے تو سراپا ہدایت اور پیغام شفا ہے۔ وہ تو اس کی تعلیمات کو دل سے قبول کرتے ہیں اور اس کے احکام کو صدق دل سے بجا لاتے ہیں اور اس کی نواہی سے دور رہتے ہیں، البتہ جن کے

لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ

ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں بہرہ پن ہے اور وہ ان پر ہر حال میں مشتبہ رہتا ہے۔ انہیں

يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۴۴﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

گویا بلایا جاتا ہے دور کی جگہ سے اور ہم نے عطا فرمائی موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب پس

فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ

اس میں بھی بہت اختلاف کیا گیا ہے لے اور اگر ایک بات طے نہ ہو گئی ہوتی آپ کے رب کی طرف سے تو (ابھی) فیصلہ

بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۴۵﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا

کر دیا جاتا انکے درمیان۔ اور بیشک وہ ایک شک میں مبتلا ہیں اسکے بارے میں جو بے چین کر دینے والا ہے۔ جو نیک عمل کرتا ہے

فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۴۶﴾

تو وہ اپنے بھلے کے لیے اور جو برائی کرتا ہے اس کا وبال اس پر ہے اور آپ کا رب تو بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَ

اسی اللہ کی طرف لوٹایا جاتا ہے قیامت کا علم لے اور نہیں نکلتا کوئی پھل اپنے غلافوں سے اور

دلوں میں کفر کے اندھیرے خیمہ زن ہیں انہیں اعتراضات سے ہی فرصت نہیں ملتی۔ اس پیغام حق کو سننے سے انکے کان بہرے ہیں اور وہ ہر وقت شک و شبہ میں ہی گرفتار رہتے ہیں۔

عمیٰ کا معنی دل کا اندھا ہونا ہے۔ یہاں اس سے مراد شبہ میں مبتلا ہونا۔ ای ظلمة و شبهة۔

لے موسیٰ علیہ السلام جو بڑے جلیل القدر پیغمبر تھے ان پر تورات نازل ہوئی تو اس میں بھی اہل زیغ نے گوناگوں اختلافات کا دروازہ کھول دیا۔ وہ شک جو انسان کو قلق و اضطراب سے دوچار کر دے اور سکون قلب کی دولت اس سے چھین لے اس کو شکٌ مُرِیبٌ کہتے ہیں۔

لے یہاں اللہ تعالیٰ کے علم محیط کا بیان ہو رہا ہے۔

مَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ۙ

نہ حاملہ ہوتی ہے کوئی مادہ اور نہ بچہ جنتی ہے اسکے علم کے بغیر۔ اور جس روز وہ انہیں پکارے گا کہ کہاں ہیں میرے شریک؟

قَالُوْۤا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ﴿۴۷﴾ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ

کہیں گے ہم (پہلے) عرض کر چکے ہیں ہم میں سے کوئی بھی (اس پر) گواہی نہ دے گا ۶۲ اور گم ہو جائیں گے ان سے جنکی وہ پہلے عبادت

مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۴۸﴾ لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ

کیا کرتے تھے اور وہ یقین کر لیں گے کہ اب بھاگ جانے کی کوئی جگہ نہیں۔ نہیں اکتاتا انسان بھلائی کی دُعا کرنے

الْخَيْرِ ۫ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ ﴿۴۹﴾ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا

سے ۶۳ اور اگر اسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو بالکل مایوس (اور) نا امید ہو جاتا ہے۔ اور اگر ہم چکھائیں اسے رحمت اپنی جناب

مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ

سے اس تکلیف کے بعد جو اسے پہنچی ہے تو کہتا ہے میں اسی کا مستحق ہوں ۶۴ اور میں نہیں خیال کرتا کہ قیامت برپا ہوگی۔

۶۲ قیامت کے روز ان سے پُوچھا جائے گا کہ تمہارے وہ من گھڑت خدا جن کو تم میرا شریک بنائے ہُوئے تھے، وہ کہاں ہیں تو وہ مکر جائیں گے اور کہیں گے کہ ہم نے تو پہلے ہی بتا دیا تھا کہ ہم ان کی خدائی پر گواہی دینے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ یا اس آیت کے اس حصّہ کا مطلب یہ ہے کہ وہ آج یہاں نظر نہیں آ رہے۔ ہم میں سے کوئی بھی ان کو آج یہاں نہیں دیکھ رہا۔

۶۳ جب یہ دُعائیں مانگنے لگتا ہے تو تھکتا ہی نہیں جن خیرات و برکات کا یہ مطالبہ کرتا ہے ان کی فہرست اتنی طویل ہے کہ ختم ہونے میں نہیں آتی اور اگر ذرا تکلیف پہنچے تو پھر بالکل مایوس ہو کر ہمت ہار بیٹھتا ہے اور اسے یُوں لگتا ہے کہ اب اس کے بچنے کی کوئی اُمید نہیں۔

۶۴ اور اگر ہم اس کو اپنی رحمت سے نوازتے ہیں تو پھر یہ احسان فراموش عجیب و غریب باتیں بناتا ہے۔ کہتا ہے کہ میں اپنی قابلیت، ذہانت اور تجربہ کے لحاظ سے اس کا ہی مستحق تھا کہ یہ نعمت مجھ پر کی جاتی اور اس منصب پر مجھے فائز کیا جاتا۔ یہ خشک مزاج مُلّا مجھے قیامت کی ہر وقت دھمکی دیتا ہے اور میرے عیش و عشرت میں بھنگ ڈالنا چاہتا ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ قیامت آئے گی ہی نہیں یہ یوں ہی ہمیں خواہ مخواہ ڈراتے رہتے ہیں۔ اور اگر بالفرض آ بھی گئی تو ہم لوگوں کو جو

وَلَئِنۡ رُّجِعۡتُ اِلٰی رَبِّیۡۤ اِنَّ لِیۡ عِنۡدَہٗ لَلۡحُسۡنٰی ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِیۡنَ

اور اگر میں لوٹایا گیا اپنے رب کی طرف تو یقیناً میرے لیے اسکے پاس بھی اکرام ہی اکرام ہوگا ۔ (یہ محض کیا خیالی ہے) بیں ہم تو آگاہ

کَفَرُوۡا بِمَا عَمِلُوۡا ۫ وَلَنُذِیۡقَنَّہُمۡ مِّنۡ عَذَابٍ غَلِیۡظٍ ﴿۵۰﴾ وَاِذَاۤ اَنۡعَمۡنَا

کریں گے کافروں کو جو کرتوت انہوں نے کیے۔ اور ہم ضرور چکھائیں گے انہیں سخت عذاب ۔ اور جب ہم احسان فرماتے

عَلَی الۡاِنۡسَانِ اَعۡرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِہٖ ۚ وَاِذَا مَسَّہُ الشَّرُّ فَذُوۡ دُعَآءٍ

ہیں انسان پر تو وہ (تکبر سے) منہ پھیر لیتا ہے اور پہلو تہی کرنے لگتا ہے اور جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو لمبی چوڑی دعائیں

عَرِیۡضٍ ﴿۵۱﴾ قُلۡ اَرَءَیۡتُمۡ اِنۡ کَانَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰہِ ثُمَّ کَفَرۡتُمۡ بِہٖ مَنۡ

کرنے لگ جاتا ہے۔ آپ فرمائیے (اے کافرو!) تم مجھے بتاؤ اگر یہ قرآن اللہ کی طرف سے ہو پھر تم اسکا انکار کرو تو کون

اَضَلُّ مِمَّنۡ ہُوَ فِیۡ شِقَاقٍۭ بَعِیۡدٍ ﴿۵۲﴾ سَنُرِیۡہِمۡ اٰیٰتِنَا فِی الۡاٰفَاقِ وَ

زیادہ گمراہ ہے اس سے جو اختلاف میں بہت دور نکل گیا ہو۔ ہم دکھائیں گے انہیں اپنی نشانیاں آفاق (عالم) میں

فِیۡۤ اَنۡفُسِہِمۡ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَہُمۡ اَنَّہُ الۡحَقُّ ؕ اَوَلَمۡ یَکۡفِ بِرَبِّکَ

اور ان کے اپنے نفسوں میں تاکہ ان پر واضح ہو جائے کہ قرآن واقعی حق ہے ۵۔ کیا یہ کافی نہیں کہ آپکا رب

یہاں وزارت وصدارت کے منصب پر فائز ہیں قیامت کے روز بھی ہمیں ہی اکیس توپوں کی سلامی دی جائے گی اور ان خشک زاہدوں کو تو وہاں بھی کوئی نہیں پوچھے گا۔

۵ حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم برسوں سے اپنی قوم کو توحید کی دعوت دے رہے تھے اپنے دعویٰ کی صداقت کے لیے ناقابل تردید عقلی اور تکوینی دلائل پیش فرما رہے تھے لیکن کفار نے اپنے ارد گرد تعصب اور ضد کی ایسی دیوار چن دی تھی جسے وہ کسی نہ کسی طرح قائم رکھے ہوئے تھے۔ اسلام کے خلاف ان کے جذبات بڑے شدید اور ان کے ارادے نہایت بھیانک تھے۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ جب چاہیں گے پھونک مار کر وہ یہ چراغ بجھا دیں گے۔ یہ مٹھی بھر مسلمان جن میں اکثریت غلاموں، ناداروں اور نچلے طبقہ سے تعلق رکھنے والوں کی ہے ان کی یہ مجال کہاں کہ ہمارے بتوں کی خدائی کا تختہ الٹ سکیں۔ ہم جب چاہیں گے ان کو ملیا میٹ کر کے رکھ دیں گے۔ ایک ظاہر بین ان نازک حالات میں اسلام کے روشن مستقبل کے بارے میں سوچ

بھی نہیں سکتا تھا ان حالات میں ہر چیز کو جاننے والے اور ہر شے پر پوری قدرت رکھنے والے خداوند تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور اس میں ایک پیشگوئی فرمائی جس کے الفاظ سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ ہو کر رہے گا۔ لیکن واقعات و حالات بتا رہے تھے کہ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ اس پیشگوئی کے پورا ہونے کا بظاہر قطعاً کوئی امکان نہیں۔

فرمایا ہم انہیں آفاقِ عالم میں اور خود ان کی اپنی ذات میں ایسی نشانیاں دکھائیں گے جن کے بعد جس حق کا وہ آج انکار کر رہے ہیں ، انہیں یقین ہو جائے گا کہ یہی حق اور سچ ہے اور سالہا سال تک عناد و حسد کی روش پر قائم رہنے کے بعد انقیاد و تسلیم کے بغیر ان کے لیے کوئی چارہ نہ رہ جائے گا تعصب کی پٹی اتر جائے گی۔ آنکھیں آفتابِ اسلام کی نور افشانیوں سے متنیر ہونے لگیں گی۔ دلوں پر لگے ہوئے قفل ٹوٹ جائیں گے اور ان کے تاریک سینے نورِ توحید سے جگمگانے لگیں گے۔ وہ دن آنے والا ہے اور اس دن کے آنے میں اب کوئی زیادہ دیر بھی نہیں۔ جب ان کے ہاتھ میں ہتھوڑے ہوں گے اور وہ ان باطل معبودوں کو ریزہ ریزہ کرنے میں ایک دوسرے سے سبقت لے جا رہے ہوں گے۔ ان بتوں کو اپنے ہاتھ سے توڑیں گے جو صدیوں سے ان کے آباء و اجداد کے معبود اور ان کی عقیدت کا مرکز بنے رہے ہیں۔

وہ آیات بینات کون سی ہیں اس میں علماء تفسیر کے دو قول ہیں :

وہ فتوحات جو ان بے سرو سامانوں اور اپنے گھروں سے نکالے ہوئے لوگوں کو اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک حاصل ہوئیں۔ مکہ کے متکبر اور مغرور سردار بدر کے میدان میں جس شکست سے دوچار ہوئے۔ کیا اس کا ان کے دلوں میں کبھی خیال تک بھی آیا تھا۔ وہ تو مسلمانوں کا شکار کھیلنے کے لیے بدر تک چلے آئے تھے۔ انہیں تو یہ شوق یہاں کھینچ لایا تھا کہ وہ ایک ایک مسلمان کو پکڑیں گے اس کو گھائل کریں گے اور رقص بسمل کا تماشا دیکھیں گے لیکن قدرت نے جو کرشمہ دکھایا اس نے ان کی آنکھیں کھول دیں اور وہ اسلام کے متعلق ایک بار پھر سوچنے پر مجبور ہو گئے۔ بھلا کوئی یہ بھی سوچ سکتا تھا کہ یہ چھپ چھپ کر اپنی متاعِ ایمان کو لے کر مکہ سے ہجرت کرنے والے زندگی میں پھر کبھی مکہ واپس آسکیں گے لیکن ابھی چند سال بھی نہ گزرے تھے کہ وہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم دس ہزار کا لشکرِ جرار لے کر مکہ کا رخ کر رہا تھا اور اس لشکر کے مختلف دستوں کے پرچم تھامنے والے وہی مکہ کے قریشی تھے جنہوں نے مسلمانوں کو یہاں سے نکالا تھا آج کفر و شرک میں اتنی طاقت بھی نہیں کہ اس لشکر کی پیشقدمی کو روک سکے یا اس پر اپنی ناگواری کا ہی اظہار کر سکے۔ پھر یہی لوگ مشرق و مغرب میں جو روستم کے قلعوں پر جب حملہ آور ہوئے تو نہ کسریٰ اور نہ اس کے رستم و اسفندیار ان کا راستہ روک سکے اور نہ قیصر اپنی ہزارہا سالہ قوت و حشمت کے ساتھ ان کے مقابلہ میں ٹھہر سکا۔ نہ صرف یہ کہ انہوں نے میدانِ جنگ میں دشمن کو پے درپے شکست دی اور ممالک فتح کیے بلکہ یہ لوگ جہاں گئے وہاں ابرِ رحمت بن کر برسے۔ انسانیت کے چہرہ سے ذلت و نکبت کے غبار کو صاف کیا۔ ملوک و سلاطین کی غلامی کی زنجیروں کو پارہ پارہ کیا اور غیر اللہ کی خدائی سے بھی ان کے قلوب و اذہان کو رہائی دلائی اور جہاں جہاں یہ پہنچے گلشنِ انسانیت میں بہار آگئی۔ وہاں کے لوگ اپنے فاتحین کے اخلاق، ان کے اطوار اور ان کی سیرت کی پختگی اور پاکیزگی سے اتنے متاثر ہوئے کہ انہوں نے اپنا آبائی مذہب چھوڑ کر عرب کے ان صحرا نشینوں کا دین قبول کیا۔ اپنی مادری زبان چھوڑ کر عربی زبان کو اپنا لیا۔ اپنے قدیم تمدن و ثقافت کو الوداع

اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۵۳﴾ اَلَاۤ اِنَّهُمْ فِیْ مِرْیَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ

ہر چیز پر گواہ ہے ۱۰۴ سُنو! یہ لوگ شک میں مُبتلا ہیں اپنے رب سے ملنے

رَبِّهِمْ ؕ اَلَاۤ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ﴿۵۴﴾

کے بارے میں ۱۰۵ یاد رکھو! وہ ہر چیز کو گھیرے ہُوئے ہے۔

کی اور عرب کے تمدن اور ثقافت کو اختیار کیا۔ اسلام کے برحق ہونے کی اس سے بڑی روشن دلیل اور کیا ہو سکتی تھی کہ اس نسخۂ جیسی قرآنیہ، جاہل، اُجڈ اور غیر شائستہ قوم کی چند سالوں میں کایا پلٹ کر رکھ دی۔ کہاں وہ دن کہ سارا جزیرہ جہالت و وحشت کی تاریکیوں میں ڈوبا ہوا تھا۔ مدارس و مکاتب نام کی وہاں کوئی چیز نہ تھی۔ مکہ جیسے مرکزی شہر میں گنتی کے چند آدمیوں کے سوا لکھنا تک کوئی نہ جانتا تھا اور کہاں وہ صبح نور کہ ہر طرف علم کے آفتاب و ماہتاب ضیا پاشیاں کرنے لگے۔ کہاں وہ بربریت اور سنگدلی کہ اپنی بچیوں کو اپنے ہاتھوں سے دفن کیا کرتے تھے اور کہاں یہ احساسِ ہمدردی و شفقت کہ عمرو بن العاص مصر فتح کرنے کی مہم میں اس خیمہ کو اکھیڑنے سے روک دیتے ہیں جس میں ایک کبوتری نے انڈے دے رکھے تھے۔ یہ فتوحات بھی معجزہ سے کم نہ تھیں اور لوگ سوچنے پر مجبور ہو جاتے تھے کہ کون سی قوت ہے جو ان کے بازوؤں میں بجلی بن کر کوند رہی ہے لیکن اس سے بھی زیادہ حیرت آفرین یمن و سعادت، خیر و برکت کا حامل وہ انقلاب تھا جو ان فتوحات کی رہنمائی کر رہا تھا۔

اس آیت کا دُوسرا مفہوم یہ بتایا گیا ہے کہ یہ کتاب انہیں مظاہرِ فطرت میں غور و فکر کی دعوت دے رہی ہے، لیکن لوگ ان میں غور و فکر کی زحمت برداشت نہیں کرتے۔ کائنات کے ذرہ ذرہ میں جو جہانِ معنی مستور ہے اس سے یہ غافل ہیں۔ اگر صرف اپنی آنکھ کی ساخت پر غور کریں اس میں جو نزاکتیں اور لطافتیں ملحوظ رکھی گئی ہیں، جسمِ انسانی کے مختلف اعضا کس طرح بنائے گئے ہیں اور کیا کیا کام انجام دیتے ہیں۔ ان کی بناوٹ میں ان کاموں کو مدِنظر رکھتے ہُوئے جو مناسبتیں رکھی گئی ہیں صرف ہاتھ کی وضع قطع کو دیکھتے ہی یقین آ جاتا ہے کہ یہ کسی علیم و حکیم ہستی کی تخلیق کا شاہکار ہے۔ انسان کے اردگرد جو چھوٹی بڑی چیزیں ہیں ان میں غور کرو تمہیں تسلیم کرنا پڑے گا کہ جس خداوندِ ذوالجلال کو ماننے کی قرآن دعوت دے رہا ہے اس کے بغیر اور کوئی خدا نہیں نہ پہاڑ، نہ دریا، نہ کواکب، نہ چاند، نہ سُورج اور نہ ہی کوئی بڑے سے بڑا انسان۔

۱۰۴ اے محبوب! ان گُم کردہ راہ انسانوں کو راہِ ہدایت پر چلانے کے لیے جس خلوص، جاں سوزی اور استقامت سے آپ شب و روز کوشش فرما رہے ہیں اور جس ہٹ دھرمی، عناد، کج فہمی اور ایذا رسانی کا طریقہ اُنہوں نے اختیار کر رکھا ہے یہ دونوں باتیں ہم جانتے ہیں ہم ان کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔ ہم آپ کے دُشمنوں کو ناکام کریں گے اور آپ کے سرِ مبارک پر کرامت و فلاح کا تابندہ تاج رکھیں گے۔

۱۰۵ آخر میں بتا دیا کہ جس کے دل میں قیامت کے بارے میں شبہ ہوتا ہے وہ سرکشی اور نافرمانی کی روش سے باز نہیں آتا اسے

سامنے ہزاروں دلائل پیش کیے جائیں وہ انہیں لائق التفات ہی نہیں سمجھتا۔ وہ اس دنیوی زندگی کو ہی سب کچھ جانتا ہے اس لیے اس کی ساری کوششیں ایک ہی نقطہ پر مرکوز ہو کر رہ جاتی ہیں کہ وہ زندگی کے ان ماہ و سال میں زیادہ سے زیادہ لطف اُٹھالے، زیادہ سے زیادہ دولت جمع کرلے اور اُونچے سے اُونچے منصب تک رسائی حاصل کرلے۔ اس کے لیے اسے اپنے شرفِ انسانی، عزتِ نفس اور اخلاقِ عالیہ کی قربانی بھی دینا پڑے تو وہ کوئی جھجک محسوس نہیں کرتا۔ وہ فقط اپنی ذات کو سنوارنے اور اس کو اُونچا کرنے کے لیے پوری بستی پُورے علاقہ بلکہ پوری اُمت کی قسمت کے ساتھ کھیل جاتا ہے۔ لیکن یہ سودا انہیں آخرکار مہنگا پڑے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے علم اور قدرت سے ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے اور یہ لوگ بھی اس کے علم و قدرت سے باہر نہیں۔ جب وہ علیم و قدیر ان سے انتقام لے گا تو انہیں اپنی عاقبت معلوم ہو جائے گی۔

الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علٰے سید المرسلین شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین سیدنا ومولانا محمد وعلی آلہٖ وصحبہٖ اجمعین۔

ربنا تقبل منّا انّک انت السمیع العلیم۔ رب اوزعنی ان اشکر نعمتک التی انعمت علیّ و علی والدی و ان اعمل صالحا ترضاہ واصلح لی فی ذریتی۔
انی تبت الیک وانی من المسلمین۔

محمد کرم شاہ

لیلۃ الجمعۃ ۹۔ ذی قعدہ ۱۳۹۲ھ

۱۴ دسمبر ۱۹۷۲ء

تعارف

سُورۃ الشُّوریٰ

نام: آیت نمبر ۳۸ میں شوریٰ کا لفظ ہے۔ یہی اس سورت کا نام ہے۔ اس سورت میں پانچ رکوع، ترپن آیتیں، آٹھ سو ساٹھ کلمات اور تین ہزار پانچ سو اٹھاسی حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: سورہ مومن سے الاحقاف تک یہ سات سورتیں ہیں جن کا آغاز حٰمٓ سے ہوا۔ ان سب کا زمانۂ نزول قریب قریب ہے۔ مضامین کی یکسانیت اس کی تائید کرتی ہے۔ اس کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سورت اس وقت نازل ہوئی جبکہ کفار کا عناد اور مخالفت اپنی انتہا کو پہنچ چکی تھی۔

مضامین: حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نبوت کا دعویٰ کیا تو اہل مکہ سراپا حیرت و تعجب بن کر رہ گئے۔ انسان جس کا دامن ہر طرح کی آلائشوں سے آلودہ ہے، ان میں سے کسی کو منصبِ نبوت پر فائز کر دیا گیا ہو، یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ ان کی اس حیرت کا ازالہ یہ کہہ کر کر دیا کہ نوعِ انسانی میں ظاہر ہونے والے اگر یہ پہلے نبی ہوتے، تو تم اظہارِ تعجب میں حق بجانب تھے، لیکن یہ سلسلۂ نبوت تو آدم علیہ السلام سے شروع ہے۔ ان میں سے کسی نبی کی نبوت پر تمہیں اعتراض نہیں۔ اعتراض ہے تو اس نبی برحق پر جو تمہاری ڈوبتی ہوئی کشتی کو ساحل پر پہنچانے کے لیے آیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے نبی کا انکار، اللہ تعالیٰ کی توحید کا انکار اور بے شمار معبودوں کی پوجا پاٹ کا جو گھناؤنا کاروبار تم نے شروع کر رکھا ہے اس کا تقاضا تو یہ تھا کہ آسمان پھٹ جاتا، نظامِ عالم درہم برہم ہو جاتا اور تمہارا نام و نشان بھی باقی نہ رہتا، لیکن اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ وہ تمہیں فوراً ہلاک نہیں کر دیتا، بلکہ مہلت دیتا ہے تاکہ تم غور و فکر کر سکو۔

یہ بھی بتا دیا کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو فرشتوں کی طرح سارے انسان بھی ذکر و فکر، عبادت و طاعت میں سرگرم رہتے اور کوئی بھی سرمو انحراف نہ کرتا، لیکن اس کی حکمت کا تقاضا تھا کہ انسان کو اختیار و ارادہ کی نعمت سے نوازا جائے تاکہ ان بلندیوں کی طرف جانے والا راستہ اس کے لیے ہموار ہو جائے جہاں کسی اور مخلوق کی رسائی نہیں۔ جو لوگ اپنی مرضی سے عقیدہ اور عمل کی گمراہی اختیار کرتے ہیں ان کو اپنے کیے کی سزا بھگتنی پڑے گی۔

اس حقیقت سے بھی پردہ اٹھا دیا کہ جس طرح وہ تمہارا خالق اور مالک ہے، اسی طرح اسی کو یہ زیبا ہے کہ وہ تمہارے لیے ایک ایسا نظامِ حیات تجویز کرے جس کو اپنا کر تم دارین کی سعادتوں سے بہرہ ور ہو سکو۔ جس طرح کسی غیر کو خالق نہیں مانا جا سکتا اسی طرح اس کے بغیر اس کی مخلوق کے لیے کسی کو ضابطۂ حیات مقرر کرنے کا اختیار بھی نہیں دیا جا سکتا۔

تمام انبیاء ابتداء سے ایک ہی دین کی دعوت دیتے آئے ہیں۔ انہوں نے انسانی معاشرے میں افتراق و انتشار کی کبھی تخم ریزی نہیں کی۔ البتہ ان کے بعد آنے والے اہل غرض نے اپنی سرداری کا سکہ جمانے کے لیے باہمی تفرقہ بازی کا آغاز کیا۔ آیت ۱۵ خصوصی توجہ کی مستحق ہے جس میں دس احکام دیے گئے ہیں۔

نبوت میرا کاروبار نہیں' اس کے ذریعے سے میں دولت کمانا نہیں چاہتا۔ میں اپنی اس دلسوزی کا تم سے کوئی اجر' کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا۔ ہاں میرا ایک ہی مطالبہ ہے کہ تم باہم شیر و شکر ہو جاؤ' ایک دوسرے سے محبت کرنے لگو تاکہ تمہاری یہ دنیوی زندگی ہر قسم کی بے چینیوں اور تکالیف سے محفوظ ہو جائے اور تم یکسوئی کے ساتھ اپنے رب کی عبادت اور اس کی مخلوق کی خدمت انجام دے سکو۔

رزق کی تقسیم وہ اپنے حکیمانہ انداز سے کرتا ہے۔ اگر ہر ایک کو رزق فراواں مل جائے تو لوگ سرکش اور باغی ہو جائیں۔

اہل ایمان کی متعدد خوبیاں پہلے بیان کیں۔ ان میں سے ایک یہ خوبی بھی بیان کی کہ وہ اپنے گھریلو' معاشی اور سیاسی تمام معاملات باہمی مشورے سے طے کرتے ہیں۔ اسلامی ریاست کا یہ وہ اصول ہے جس پر اگر عمل کیا جائے تو اسلامی سوسائٹی میں آمریت' مطلق العنانی اور ڈکٹیٹرشپ کا کوئی خطرہ نہیں رہتا۔

ان کی خوبیوں میں سے اس خوبی کو بطور خاص ذکر کیا (آیت ۳۹) کہ مسلمان بے غیرت اور بے حمیت نہیں ہوتا کہ مخالف اسے جوتیاں مارتا رہے' اس پر ظلم و تشدد روا رکھے اور یہ سر جھکائے خاموشی سے اس تذلیل کو برداشت کرتا رہے' بلکہ وہ انتقام کے لیے اٹھ کھڑا ہوتا ہے اور جب تک بدلہ نہ لے لے اسے چین نہیں آتا۔ دشمن پر قابو پا لینے کے بعد اس کو معاف کر دینا بھی مومن کا شیوہ ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے نبی کو جن مختلف طریقوں سے وحی پہنچاتا ہے ان کا ذکر بھی کر دیا تاکہ کسی کو غلط فہمی نہ رہے۔

سُورَةُ الشُّورٰى مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ شوریٰ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — ۵۳ آیات اور ۵ رکوع

حٰمٓ ۝۱ عٓسٓقٓ ۝۲ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۳ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝۴ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗئِكَةُ

حا میم۔ عین سین قاف [۱] اسی طرح کے مطالب نفیسہ وحی فرماتا رہا ہے آپ کی طرف [۲] اور ان (پیغمبروں) کی طرف جو آپ سے پہلے گزرے ہیں۔ اللہ جو زبردست (اور) بہت دانا ہے۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے [۳] اور وہی سب سے اعلیٰ (اور) عظمت والا ہے۔ قریب ہے کہ (جلال الٰہی سے) آسمان پھٹ پڑیں اپنے اوپر سے [۴] اور (ایسا نہیں ہوتا کیونکہ) فرشتے

[۱] یہ حروف مقطعات ہیں۔ ان کی تشریح بارہا گزر چکی ہے۔

[۲] حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا یہ اعلان کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کی جانب سے وحی نازل ہوتی ہے اور جو کلام میں تمہیں سناتا ہوں یہ میرا نہیں بلکہ رب العالمین کا کلام ہے۔ اس اعلان نے کفار مکہ کو گوناگوں حیرانیوں میں مبتلا کر دیا تھا۔ وہ اسے ایک انہونی بات سمجھتے تھے۔ ان کے نزدیک آج تک ایسا نہیں ہوا اور ایسا ہو بھی نہیں سکتا کہ خدا تعالیٰ کسی بندے سے ہمکلام ہو۔

ان کی اسی غلط فہمی کو دور کرنے کے لیے کذالک سے آیت کا آغاز کیا یعنی یہ کلام جو تم سن رہے ہو سراسر حکمت و برکت ہے اور یہ کوئی اچنبا نہیں بلکہ اسی طرح عزت و سعادت سے لبریز کلام ہم نے پہلے بھی انبیاء پر نازل فرمایا ہے۔ تمہارا یہ خیال کہ ایسا نہیں ہو سکتا باطل ہے ایسا ہونا صرف ممکن ہی نہیں بلکہ اس کی حکمت کا تقاضا بھی ہے۔ جب اس نے انسان کی جسمانی زندگی کے تقاضوں کو نظر انداز نہیں کیا تو اس کی حکمت انسان کی روحانی اور اخلاقی زندگی کی بقا اور نشوونما کو کیونکر پس پشت ڈال سکتی ہے۔ اسی لیے "العزیز" اور "الحکیم" کے اسمائے حسنیٰ یہاں ذکر کیے گئے۔

[۳] جب بلندیوں اور پستیوں میں جو چیز ہے وہ سب اس کی ملکیت ہے تو اس کے بغیر اور کس کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ انسان کے لیے کوئی ضابطہ حیات تجویز کرے بلکہ اس کے بغیر اور کون ہے جس کے پاس اتنا علم اور قدرت ہو کہ وہ اس نہایت پیچیدہ اور ازحد اہم کام کو حسن و خوبی سے انجام دے سکے۔ جن کو اس کا ہمسر بنایا جاتا ہے، یا جو بدقسمت اس کا ہمسر بننے کی ناکام کوشش کرتے ہیں، وہ تو سب اس کی مخلوق اور اس کے مملوک ہیں۔ ان کا علم بھی محدود ہے اور ان کی قدرت بھی ناتمام ہے۔ خود سوچو خالق و مخلوق، مالک و مملوک، عالم اور جاہل، قادر اور عاجز بھی کبھی ایک جیسے ہو سکتے ہیں؟ اللہ تعالیٰ سب سے اونچا اور اعلیٰ اور سب سے زیادہ عظمت و سطوت والا ہے۔

[۴] اللہ تعالیٰ نے انسان کو جو عزت اور شان بخشی ہے اس کا تقاضا تو یہ تھا کہ انسان اپنے رب کریم کی اطاعت سے سرمو انحراف

يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ

تسبیح کر رہے ہیں اپنے رب کی حمد کے ساتھ اور بخشش طلب کر رہے ہیں اہل زمین کے لیے۔ ؎ سن لو! یقیناً

اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهُ

اللہ ہی بہت بخشنے والا، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے۔ اور جنہوں نے بنا رکھے ہیں اللہ کے سوا (اور) دوست ؎

حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ڮ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ

اللہ تعالیٰ خوب آگاہ ہے ان کے حالات سے اور آپ ان کے ذمہ دار نہیں ہیں ؎ اور یونہی ہم نے وحی کے ذریعہ اتارا ہے

نہ کرتا اس کی خوشنودی کے حصول کے لیے اپنی ساری کوشش صرف کر دیتا لیکن اس نے فقط عملی طور پر ہی اللہ تعالیٰ کے ہر حکم سے سرتابی نہیں کی بلکہ اس کی عظمت و تقدس پر بھی حرف گیری شروع کر دی۔ کبھی اس کی صفات کمالیہ کا انکار کیا، کبھی اوصاف ذمیمہ کی نسبت اس کی طرف کرنے کی گستاخی کی۔ کبھی عاجز اور درماندہ مخلوق کو اس کا شریک ٹھہرایا اور کبھی سرے سے اس کے وجود کا ہی انکار کر دیا۔ انسان کی ان پیہم گستاخیوں اور بغاوتوں کا تقاضا تو یہ تھا کہ نظام کائنات بھک سے اڑ جاتا۔ آسمانوں کی مستحکم اور مضبوط چھتوں میں اوپر سے نیچے تک شگاف پڑ جاتے لیکن اللہ تعالیٰ حلیم اور کریم ہے اس کے حوصلے کی انتہا نہیں۔ اس کے جود و کرم کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ وہ ان سرکشوں کو پھر بھی سوچنے سمجھنے کی مہلت دے رہا ہے۔

؎ اکثر انسانوں کا تو یہ حال ہے لیکن فرشتے اپنی پاک اور نوری زبانوں سے ان تمام عیوب و نقائص سے اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کر رہے ہیں جو انسان اپنے خالق کی طرف منسوب کرتا ہے۔ اس کی صفاتِ کمال کا ذکر کر کے اس کی حمد و ثنا کے گیت گا رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ اولادِ آدم کے لیے مغفرت طلب کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے عذاب ٹلا ہوا ہے اور فسق و فجور کی گرم بازاری کے باوجود بساطِ عالم اُلٹ نہیں دی جاتی۔

بے شک اللہ تعالیٰ بہت ہی بخشنے والا اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس کی شانِ مغفرت اور اس کی رحمتِ بے پایاں کے باعث نظامِ کائنات قائم ہے۔

؎ کفار نے اپنا رشتہ عبودیت اپنے رب کریم سے توڑ کر اپنے باطل معبودوں کے ساتھ جوڑ لیا تھا اور وہ یہ سمجھتے تھے کہ ان کے کرتوتوں سے کوئی آگاہ نہیں اور نہ ان سے ان کے متعلق کوئی باز پرس ہوگی اس لیے وہ بڑے اطمینان سے ہر قسم کی رذیل حرکتیں کرتے۔ نہ انہیں کچھ شرم آتی اور نہ ان کے ہولناک انجام سے لرزہ براندام ہوتے۔ اللہ حفیظ سے ان کی اس غلط فہمی کو دور کیا جا رہا ہے اور انہیں آگاہ کیا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے ظاہر و باطن تمام اعمال کو دیکھ رہا ہے اور ان کا ریکارڈ محفوظ رکھا جا رہا ہے۔ لامحالہ انہیں اپنی کارستانیوں کے نتائج بھگتنے پڑیں گے۔ کفار نے ہر شعبہ زندگی کے لیے الگ الگ معبود مقرر کر رکھے تھے اور ہر بُت کو اس کے متعلقہ شعبہ جات میں مختار مطلق اور کارساز سمجھتے تھے۔ اس لیے اتخذوا من دونہ اولیاء کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ "ولی" کا لفظ اگرچہ لغت میں متعدد معانی میں استعمال ہوتا ہے لیکن یہاں اس کا معنی المتولی لامور العالم یعنی امورِ عالم کا کارساز۔ یہاں یہ لفظ اسی معنی میں استعمال ہوا ہے اور اس معنی میں کسی کو ولی کہنا شرک ہے۔

؎ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بڑی دلسوزی سے انہیں ہدایت کی طرف بلاتے، ان کے سامنے اپنے دعوے کی صداقت کو معجزات

إِلَيْكَ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِّتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَىٰ وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنذِرَ يَوْمَ

آپ کی طرف قرآن عربی زبان میں تاکہ آپ ڈرائیں اہل مکہ کو ۵ اور جو اس کے آس پاس (آباد) ہیں اور تاکہ آپ ڈرائیں اکٹھے

الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ ﴿۷﴾ وَلَوْ

ہونے کے دن سے جس (کی آمد) میں کچھ شبہ نہیں۔ (اس دن) ایک فریق ۶ جنت میں اور دوسرا فریق بھڑکتی آگ میں ہوگا۔ اور اگر

شَاءَ اللَّهُ لَجَعَلَهُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَٰكِن يُدْخِلُ مَن يَشَاءُ فِي

چاہتا اللہ تعالیٰ تو بنا دیتا ان (سب) کو ایک امت ۷ لیکن وہ داخل کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اپنی

اور دلائل سے ثابت کرتے، ان کے شکوک وشبہات کا بڑے مؤثر طریق پر قلع قمع فرماتے، اس کے باوجود جب وہ باطل سے چمٹے رہنے پر اصرار کرتے تو حضور ؐ کو از حد دکھ ہوتا اور بڑے افسردہ خاطر ہوتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے میرے حبیب! آپ اتنے رنجیدہ خاطر کیوں ہوتے ہیں۔ آپ پر ان کی گمراہی کی کوئی ذمہ داری نہیں اور نہ ان کے بارے میں آپ سے کوئی باز پرس ہوگی۔ آپ کا فرض تبلیغ حق تھا وہ آپ نے احسن طریق پر ادا کر دیا۔ اب یہ جانیں اور ان کی قسمت۔ آفتاب ہدایت طلوع ہو چکا۔ اس کی کرنوں سے سارا عالم جگمگا رہا ہے، لیکن یہ اب بھی آنکھوں پر تعصب کی پٹی باندھے کفر و شرک کے اندھیروں میں ٹامک ٹوئیاں مار رہے ہیں۔ الوکیل: الکفیل: جو کسی کا ضامن اور ذمہ دار ہو۔

۵ اے حبیب! یہ قرآن ہم نے عربی زبان میں آپ پر نازل فرمایا ہے تاکہ مکہ جو تمام بستیوں کی اصل ہے، اس کے رہنے والوں کو آپ بروقت خبردار کر دیں اور اس کے شرق و غرب میں پھیلے ہوئے جتنے دیہات، قصبے اور آبادیاں ہیں، ان کو آگاہ کر دیں کہ قیامت کا دن آنے گا ضرور آئے گا، اس کے آنے میں قطعاً کوئی شبہ نہیں۔

۶ اس روز انسانوں کی تقسیم عربی و عجمی، غریب و امیر، سفید فام اور سیاہ فام کی بنیادوں پر نہ ہوگی بلکہ نیک و بد اعمال کی بنا پر ہوگی۔ نیکوکار جنت میں اور بدکار دوزخ کی بھڑکتی آگ میں پھینک دیے جائیں گے۔

۷ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو انسان کو بھی ارادہ کی آزادی اور اختیار نہ دیتا۔ جس طرح دوسری مخلوقات بے چون و چرا اس کے احکام کی تعمیل کر رہی ہے اسی طرح حضرت انسان بھی اس کے احکام کے سامنے سرافگندہ رہتا، لیکن رحمت الٰہی نے یہ گوارا نہ کیا کہ اس کی صنعت تخلیق کا یہ شاہکار عمل کی آزادی سے محروم ہو۔ گدھے اور بیل کی طرح بے ارادہ اور بے اختیار زندگی گزار کر راہی ملک عدم ہو۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے انسان کو ارادہ اور عمل کی ایک گونہ آزادی عطا فرمائی تاکہ وہ راہ حق پر گامزن ہو تو اپنی مرضی سے، اور اگر کفر و گمراہی پر کاربند ہو تو اپنی مرضی سے۔ جو لوگ ہدایت قبول کریں گے اور سیدھی راہ پر چلتے رہیں گے قدم قدم پر نصرت الٰہی ان کی حوصلہ افزائی کرتی رہے گی اور جو بدنصیب دانستہ غلط راہ منتخب کریں گے تو ان کو ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے گا۔ اگر ہلاکت کے گڑھے میں گرنے پر وہ مُصر ہوں گے تو

رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ اَمِ اتَّخَذُوْا

رحمت میں اور جو ظلم کرنے والے ہیں نہ ان کا کوئی دوست ہے اور نہ مددگار۔ کیا انہوں نے بنا لیے

مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُـحْيِ الْمَوْتٰى ۡ وَهُوَ عَلٰي

ہیں اسے چھوڑ کر دوسرے کارساز لله پس اللہ ہی حقیقی کارساز ہے اور وہ زندہ کرتا ہے مُردوں کو اور وہ ہر چیز پر

ان کی منت سماجت نہیں کی جائے گی کہ بخشے، سو تم ایسا نہ کرو۔

لله جو لوگ جان بوجھ کر اور اچھی طرح سمجھ لینے کے بعد بھی اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کے بجائے اس کی نافرمانی کرتے ہیں وہ ظالم ہیں۔ ایسے ظالموں کا نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی مددگار ـــــ کتنے احمق ہیں کہ قادر و توانا پروردگار کو چھوڑ کر بتوں کو انہوں نے اپنا کارساز بنا لیا ہے۔ بھلا بے بس اور ناتواں بتوں کو اپنا کارساز بنا کر انہیں کیا فائدہ ہوگا۔ جو اپنی بگڑی نہیں بنا سکتے وہ ان کا کیا بھلا کریں گے۔ انسان کو چاہیے کہ وہ ایسی ہستی کو اپنا کارساز اور حامی بنائے جو ہر قسم کی قدرت کا مالک ہو اور وہ صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے جس کی قدرت اور طاقت کا یہ عالم ہے کہ چاہے تو مُردہ کو چشم زدن میں زندہ کر دے۔ مشکل سے مشکل کام کو آسان کر دے اور پیچیدہ سے پیچیدہ گرہ کو کھولنے کی طاقت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ صرف مُردہ جسموں کو ہی زندہ نہیں کرتا بلکہ مُردہ دلوں کو بھی زندہ فرماتا ہے۔ قال الواسطی رحمہ اللہ یحیی القلوب بالتجلی ویمیت الانفس بالاستتار : واسطی فرماتے ہیں کہ جب کسی دل پر اپنی تجلی فرماتا ہے تو وہ زندہ ہو جاتا ہے اور جب چھپ جاتا ہے تو نفوس اس سے مر جاتے ہیں۔ لیکن یہ سعادت فقط ان کو نصیب ہوتی ہے جو سرکشی اور نافرمانی کی روش کو ترک کر کے اطاعت و انابت کی راہ اختیار کرتے ہیں، جو غرور و کبر کے انداز چھوڑ کر عجز و نیاز کو اپنا شعار بناتے ہیں۔ مولانا رومؒ نے خوب کہا ہے۔

۱ــــ پیش یوسف نازش و خوبی مکن ـــ جز نیاز و آہِ یعقوبی مکن

۲ــــ از بہاراں کے شود سرسبز سنگ ـــ خاک شو تا گل بروئی رنگ رنگ

۳ــــ سالہا تو سنگ بودی دلخراش ـــ آزموں را یک زمانے خاک باش

ترجمہ :

۱ــــ یوسف کے سامنے ناز و ادا مت کرو۔ اظہارِ نیاز اور آہِ یعقوبی کے بغیر اس کے سامنے کچھ نہ کرو۔

۲ــــ موسم بہار میں پتھر سرسبز نہیں ہوتے۔ مٹی بن جا تا کہ تجھ سے رنگ برنگے پھول اُگنے لگیں۔

۳ــــ اے نادان ! سالہا سال تو دل دکھانے والا پتھر بنا رہا۔ ہماری بات کو آزماؤ اور کچھ عرصہ کے لیے مٹی بن جاؤ۔

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٩﴾ وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى

پوری طرح قادر ہے۔ اور جس بات میں تمہارے درمیان اختلاف رونما ہو جائے ۱۲ تو اس کا فیصلہ اللہ

اللَّهِ ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبِّي عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ﴿١٠﴾ فَاطِرُ

کے سپرد کر دو۔ یہی اللہ میرا رب ہے اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں ۱۳ وہ پیدا کرنے

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَمِنَ

والا ہے آسمانوں اور زمین کا ۱۴ اسی نے بنائے تمہارے لیے تمہاری جنس سے جوڑے اور مویشیوں

۱۲ کسی نظریہ کے حق یا باطل ہونے، کسی چیز کے حلال و حرام ہونے، کسی عمل کے مفید اور مضر ہونے میں اگر تمہارا کسی قوم سے اختلاف ہو یا آپس میں تمہارا کسی بات میں تنازع ہو تو اگر تم اپنی عقل و فہم سے ہی حل کرنے کی کوشش کرو گے تو جھگڑا بڑھتا ہی جائے گا، اختلاف کی خلیج وسیع ہوتی جائے گی۔ اس انتشار و افتراق سے نجات پانے کا یہی ذریعہ ہے کہ اپنی عقل ناتمام کو حَکَم بنانے کے بجائے اپنے خداوند قدوس کے فیصلہ کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا جائے۔ جو علیم بھی ہے اور حکیم بھی اور جو رحیم بھی ہے اور کریم بھی۔

۱۳ وہ ذات جو عدل و احسان دونوں صفات سے موصوف ہے یہ اللہ تعالیٰ ہے۔ یہی میرا پروردگار ہے۔ میں نے اپنے تمام کام اسی کے سپرد کر دیے ہیں اور جب بھی مجھے کوئی مشکل پیش آتی ہے تو میری نگاہیں اسباب و وسائل کے حجاب میں اٹک کر نہیں رہ جاتیں، میں خلوص دل سے اسی کی بارگاہ بیکس پناہ میں رجوع کرتا ہوں۔ تم خود دیکھ لو کہ کامیابی کس کے قدم چوم رہی ہے اور فتح و نصرت کا تاج کس کے سر پر جگمگا رہا ہے۔ تم اپنے وسائل کی کثرت، ساز و سامان کی بہتات اور طویل تجربات کے باوجود پسپا ہو رہے ہو اور میں اپنی بے سروسامانی کے باوجود اپنی منزلِ مقصود کی طرف بڑھتا چلا جا رہا ہوں۔ کیا یہ اس امر کا کھلا ثبوت نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنے والے میدان جیت لیا کرتے ہیں۔

۱۴ اللہ تعالیٰ کی دوسری صفاتِ جلیلہ کا بیان ہو رہا ہے کہ بلندیوں اور پستیوں کا پیدا کرنے والا بھی وہی ہے اور ان کو آباد و بارونق بنانے والا بھی وہی ہے۔ اس کی قدرت و حکمت کی نزاکتیں ملاحظہ ہوں کہ اس نے تنہا آدم علیہ السلام کو ہی پیدا نہیں کیا بلکہ زندگی کی جدوجہد میں اس کا دل بہلانے والی، اس کے حوصلوں کو بلند رکھنے والی، اسی کی جنس سے حوا بھی پیدا کر دی۔ اس کے ساتھ ساتھ افزائش نسل کا انتظام بھی فرما دیا تاکہ جب تک خالقِ کائنات کی مرضی ہو یہ گلشن آباد رہے، اس کی حنابندی ہوتی رہے، اس میں نئی نئی کونپلیں پھوٹتی رہیں۔ ہر صبح نئے غنچے کھل کر پھول بنتے رہیں۔

صرف انسانوں کی افزائش نسل کا انتظام نہیں فرمایا بلکہ طرح طرح کے حیوانات جو انسان کی گوناگوں خدمات سر انجام دے رہے ہیں

الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ۚ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَهُوَ

سے بھی جوڑے بنائے۔ وہ پھیلاتا رہتا ہے تمہاری نسل کو اس کے ذریعہ۔ نہیں ہے اس کی مانند کوئی چیز ۱۱ اور وہی

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۱۱﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَبْسُطُ

سب کچھ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ اسی کے قبضہ میں ہیں کنجیاں آسمانوں اور زمین (کے خزانوں) کی۔ ۱۲ کشادہ کرتا ہے

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۚ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ شَرَعَ لَكُمْ

رزق کو جس کے لیے چاہتا ہے اور تنگ کرتا ہے (جس کے لیے چاہتا ہے)، بے شک وہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ اس نے مقرر فرمایا ہے

مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا

تمہارے لیے وہ دین جس کا اس نے حکم دیا تھا نوح کو اور جسے ہم نے بذریعہ وحی بھیجا ہے آپ کی طرف اور جس کا

انہیں بھی نر اور مادہ پیدا کیا تاکہ ان کی نسل بھی بڑھتی رہے اور انسان کی روز افزوں ضروریات کی تکمیل کا اہتمام بھی ہوتا رہے۔ یذرؤکم: ای یکثرکم من الذرء: البث۔ (مظہری) یہ ذَرْءٌ سے مشتق ہے اس کا معنی ہے پھیل جانا یعنی وہ تمہاری تعداد کو بڑھا رہا ہے اور تمہیں دنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیلا رہا ہے۔ فیہ کی ضمیر کا مرجع التدبیر ہے۔ ای فی ھذا التدبیر وھو جعل الناس ازواجا۔ (مظہری) یعنی انسانوں اور حیوانوں کو جوڑا جوڑا پیدا کر کے اس نے ان کی نسل کے پھیلنے اور بڑھنے کا اہتمام کر دیا۔

۱۱ کوئی چیز ذات میں یا صفات میں اللہ تعالیٰ کی مانند نہیں تاکہ اگر اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اس کی پناہ لی جائے تو کام بن جائے انسان کو اپنے خالق کا در چھوڑ کر کہیں پناہ نہیں مل سکتی۔ وہ سمیع اور بصیر ہے۔ اپنی ہر مخلوق کی فریاد اور اس کا نالۂ درد بھی سن رہا ہے اور اس کی حالتِ زار کو دیکھ بھی رہا ہے۔ اور کون ہے جس کی یہ شان ہو۔

۱۲ بسا اوقات انسان نفع عاجل کے لیے بادشاہوں اور اربابِ ثروت کی محبت کا دم بھرنے لگتا ہے۔ اس طرح ان کے ظلم و ستم کا آلۂ کار اور لوٹ کھسوٹ کی سرگرمیوں میں ان کا ہاتھ بٹانے لگتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ جو کام وہ کر رہا ہے اور جو کام اس سے لیا جا رہا ہے یہ سراسر ظلم ہے' اس میں خدا کی نافرمانی' اس کے بندوں کی حق تلفی اور دل آزاری ہے' اس کا ضمیر بھی اس کو ملامت کر رہا ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود وہ باز نہیں آتا کیونکہ اس کو یہ کھٹکا لگا رہتا ہے کہ اگر اس نے ایسا نہ کیا تو اس کا رزق چھن جائیگا اور اپنے منصب سے اسے محروم کر دیا جائے گا۔ ایسے لوگوں کو بتایا جا رہا ہے کہ آسمانوں اور زمین کے خزانوں کی کنجیاں تو اللہ رب العالمین کے قبضۂ قدرت میں ہیں۔ رزق کی تقسیم کا کلی اختیار بھی اسی کو حاصل ہے۔ وہ جس کو چاہے بے حد و حساب عطا فرمائے اور جس کو چاہے تنگ دست کر دے۔ جو نعمت وہ اپنے کسی بندے کو عطا فرمانا چاہے اسے کوئی جابر و قاہر سلطان بھی روک نہیں سکتا اور جس کو محروم

وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَ

ہم نے حکم دیا تھا ۵۱ ابراہیم ، موسیٰ اور عیسیٰ (علیہم السلام) کو کہ اسی دین کو قائم رکھنا ۵۲ اور

کرنا چاہے اسے کوئی دے نہیں سکتا اس لیے بندہ بننا ہے تو اس کا بنو، حکم ماننا ہے تو احکم الحاکمین کا مانو، رزق و عزت کے طلبگار ہو تو اکرم الاکرمین کے دربار پر حاضر ہو کر دامن پھیلاؤ کیوں اس کے دشمنوں کے سامنے بھکاری بن کر جاتے ہو۔ اس طرح تم اپنی آبرو کو بھی داغدار بنا لوگے اور اپنے رب کریم کو بھی ناراض کر دوگے۔

۵۱ پہلے اللہ تعالیٰ کی جلالت شان اور عظمت و کبریائی کا بیان ہوا۔ اب اس دین قیم کے قائم کرنے اور قائم رکھنے کا حکم صادر فرمایا جا رہا ہے جس کی تاسیس اور تکمیل کے لیے سارے اولوالعزم رسول مصروف جہاد رہے۔ شَرَعَ کے دو مفہوم بیان کیے گئے ہیں۔ شرع : سَنَّ، کوئی طریقہ مقرر کرنا۔ شرع : اظہر، اوضح و بین۔ کسی مخفی چیز کو ظاہر کرنا۔ اس کو یوں عیاں اور آشکارا کرنا کہ شک و شبہ کی کوئی گنجائش تک باقی نہ رہے۔

ارشاد ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ جس کی جلالت شان کے تذکرے ہو رہے ہیں اسی نے اس دین کو تم پر واضح اور بین کر دیا جس کا حکم اس نے رسول اول حضرت نوح علیہ السلام کو دیا تھا اور جس پر آپ کو اے خاتم الانبیاء، بذریعہ وحی آگاہی بخشی ہے اور یہی وہ دین ہے جس کے بارے میں حضرات ابراہیم، موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام کو وصیت فرمائی گئی تھی۔ سپہر رسالت کے یہی وہ درخشندہ و تابندہ مہر و ماہ ہیں جنہیں اولوالعزم رسول کے جلیل لقب سے نوازا گیا ہے۔ فرمایا پہلا اور آخری رسول اور مختلف دہور و شہور میں تشریف لانے والے یہ جلیل القدر رسول ایک ہی دین اور ایک ہی نظام حیات کے داعی اور مبلغ تھے۔ صرف داعی اور مبلغ ہی نہیں بلکہ اس کے مؤسس اور اس کو پروان چڑھانے والے بھی تھے۔ انبیائے کرام نے ایک دوسرے کی تکذیب نہیں کی اور اپنے اپنے دور میں علیحدہ ادیان قبول کرنے کے لیے نہیں کہا بلکہ ایک اور صرف ایک دین کے لیے کوشاں رہے۔

۵۲ آیت کے اس حصے کا پہلے حصے سے کیا تعلق ہے، اس کے متعلق دو قول ہیں: یا تو یہ شَرَعَ کے مفعول کا بدل ہے۔ اس صورت میں یہ محلاً منصوب ہوگا یا یہ مبتدائے محذوف کی خبر ہے۔ کلام کے پہلے حصے کو سننے کے بعد یہ سوال دل میں کھٹکنے لگتا تھا کہ وہ کیا ہے جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے ان اولوالعزم رسولوں کو دیا تھا۔ فرمایا: "ھو اقامۃ الدین" تو ان اقیموا خبر ہے اور ھُوَ محذوف مبتدا۔ اس سے یہ امر واضح ہو گیا کہ تمام انبیاء کو یہی حکم دیا گیا تھا کہ اس دین کو قائم کرو۔ لوگوں کی عملی زندگیوں میں اسے رائج کرو، تاکہ لوگوں کے اعمال اسی دین کے قالب میں ڈھل جائیں۔ صرف زبانی دعوت دینا اور اس دعوت کے محاسن کو بیان کرتے رہنا ہی انبیاء کا فریضہ نہ تھا بلکہ ان کی ذمہ داری یہ تھی کہ جہاں یہ نظام حیات رائج نہیں وہاں اسے رائج کیا جائے اور جہاں یہ رائج ہے وہاں یہ اہتمام کیا جائے کہ یہ رواج پذیر رہے۔ ایسے عوامل اور محرکات سے اس کی پوری پوری حفاظت کی جائے جو اس کو عملی زندگی سے بے دخل کرنے پر منتج ہوں۔

یہ نصب العین جو انبیاء و رسل کی عظیم البرکات زندگیوں کا نصب العین تھا یہی نصب العین آج امت محمدیہ علی صاحبہا

لَا تَتَفَرَّقُوْا فِیْهِ ؕ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِیْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَیْهِ ؕ اَللّٰهُ یَجْتَبِیْۤ

تفرقہ نہ ڈالنا اس میں۔ بہت گراں گزرتی ہے مشرکین پر وہ بات جس کی طرف آپ انہیں بلاتے ہیں ؁ اللہ تعالیٰ چن لیتا ہے ؀

افضل الصلوات واجمل التسلیمات کے لیے من جانب اللہ مقرر کیا گیا ہے اور انہیں یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ وہ اپنے آراء واہواء کا اتباع کر کے اپنی جمعیت کو انتشار کا شکار نہ بنا دیں اور ایک اُمت کو متعدد فرقوں میں بانٹ کر بے وقار نہ کر دیں کیونکہ اگر انہوں نے اپنی وحدت اور یکجہتی کو فرقہ بازی کی نذر کر دیا تو پھر اقامتِ دین کے فریضہ سے وہ عہدہ برآنہ ہو سکیں گے۔ ان کا اتحاد پارہ پارہ ہو جائے گا۔ ان کی ہوا اکھڑ جائے گی نئے انسانی معاشروں میں اس کو قائم کرنا تو بڑی بات ہے، جہاں ان کے اسلاف کی کوششوں کے باعث دین قائم ہو چکا ہے وہاں اس کا باقی رہنا بھی مشکوک ہو جائے گا اور اس کا مشاہدہ ہم اپنے ہاں کر رہے ہیں۔ اس لیے قرآن کریم میں متعدد مقامات پر متحد و متفق رہنے کی ہدایات دی گئی ہیں اور حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار اپنے ارشاداتِ عالیہ حکیمانہ میں بے اتفاقی سے ڈرایا ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مَنْ فَارَقَ الجماعۃ شبرا فقد خلع ربقۃ الاسلام من عنقہ۔ جس نے دانستہ ایک بالشت بھر کے لیے بھی جماعت سے علیحدگی اختیار کر لی اس نے گویا اپنے گلے سے اسلام کا رشتہ اتار پھینکا۔

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ید اللہ علی الجماعۃ۔ اللہ تعالیٰ کی نصرت اور رحمت کا ہاتھ جماعت پر ہے۔ حضرت معاذ بن جبلؓ سے ایک بڑی پیاری حدیث منقول ہے: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اِنّ الشیطان ذئب الانسان کذئب الغنم یاخذ الشاذۃ والقاصیۃ والناحیۃ وایاکم والشعاب وعلیکم بالجماعۃ والعامۃ (رواہ احمد) یعنی حضورؐ نے فرمایا جس طرح بکریوں کے لیے بھیڑیا ہوتا ہے اسی طرح شیطان انسان کے لیے بھیڑیا ہوتا ہے۔ بھیڑیا اپنے ریوڑ سے الگ ہو جانے والی یا دُور آگے چلی جانے والی یا ایک طرف ہو جانے والی کو ہی پکڑتا ہے اور میں تمہیں اس بات سے ڈراتا ہوں کہ تم گروہ گروہ ہو جاؤ۔ تم پر لازم ہے کہ تم جماعت کے ساتھ اور عام لوگوں کے ساتھ رہو۔ (مظہری)

؁ اے محبوب! یہ دینِ حق جس کی دعوت آپ دے رہے ہیں مشرکین کو از حد ناگوار ہے۔ اس دین کو قبول کرنے کا مطلب تو یہ ہے کہ وہ اپنے ان معبودوں سے قطع تعلق کر لیں جن کی پوجا پاٹ یہ کئی نسلوں سے کرتے چلے آ رہے ہیں نیز اپنے قدیم رسم و رواج جن پر ان کا معاشرہ قائم ہے اور جن کے وہ عرصہ سے خوگر ہیں ان تمام کو جھٹک کر دور پرے پھینک دیں۔ وہ مشرک اس تبدیلی کو قبول کرنے کے لیے ہرگز تیار نہ تھے۔

؀ علامہ ابن منظور "یجتبی" کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں اجتباہ ای اصطفاہ یعنی اس نے چن لیا۔ ابن سیدہ کہتے ہیں اجتبی الشیئ ای اختارہ یعنی اس کو پسند کر لیا۔ وھو مشتق من جَبَیْتُ الشیئ اذا خلصتہ لنفسک۔ جب کسی چیز کو اپنے لیے مخصوص کرے تو عرب کہتے ہیں جَبَیْتُ الشیئ۔ اسی سے ہے جبیتُ الماء فی الحوض۔ یعنی میں نے حوض میں پانی جمع کر لیا۔ (لسان العرب) علامہ راغب اصفہانی اس لفظ کی لغوی تحقیق کرنے کے بعد لکھتے ہیں: واجتباء اللہ العبد تخصیصہ

اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا

اپنی طرف جس کو چاہتا ہے اور ہدایت دیتا ہے اپنی طرف جو (اس کی طرف) رجوع کرتا ہے۔ اور نہیں وہ فرقوں میں بٹے[42] مگر

مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ

اس کے بعد کہ آگیا ان کے پاس (صحیح) علم۔ (یہ تفرقہ) محض باہمی حسد کے باعث تھا۔ اور اگر یہ فرمان پہلے نہ ہوچکا ہوتا

ایاہ بفیض الٰہی یحصل لہ منہ انواع من النعم بلاسعی من العبد وذٰلک للانبیاء و بعض من یقاربهم من الصدیقین والشہداء۔ یعنی جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو چنتا ہے تو وہ اسے ایسے فیضِ الٰہی سے مخصوص کرتا ہے جس سے بغیر سعی کے اسے طرح طرح کی نعمتیں حاصل ہوتی ہیں۔ یہ نعمت انبیائے کرام اور صدیقین اور شہداء میں سے بعض مقربین کو مرحمت ہوتی ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کی دو صورتیں بیان کی گئی ہیں: (۱) ایک صورت تو یہ ہے کہ وہ محض اپنی مہربانی سے کسی کو اپنے قرب اور محبت کے لیے چن لے اور اس کو گوناگوں انعامات و احسانات سے سرفراز فرمائے۔ یہ لطفِ عمیم انبیاء کرام، صدیقین اور شہداء پر کیا جاتا ہے۔ (۲) دوسری صورت یہ ہے کہ انسان ہر طرف سے منہ پھیر کر اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لیے اپنی ہمت وقف کردے۔ جب کوئی شخص خلوصِ نیت سے راہِ طلب پر گامزن ہوتا ہے۔ آزمائش و ابتلا کے ابتدائی مرحلوں میں سرخرو ہوجاتا ہے تو پھر توفیقِ الٰہی اس کی دستگیری کرتی ہے اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے منزلِ مقصود تک پہنچا دیا جاتا ہے۔

نخست از طالبی از جملہ بگزر رو بدو آور کز آں حضرت ندا آید کہ اے سرگشتہ راہ اینک

ترجمہ: اگر تو اس کا طالب ہے تو پہلے سب سے قطع تعلق کرلے اور اس کی طرف رُخ پھیرلے یہاں تک کہ بارگاہِ الٰہی سے یہ ندا آنے لگے کہ اے میرے دیوانے راستہ یہ ہے۔

علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: قالت الصوفیة من یجتبیه و یجذبه الی نفسه من غیر اختیاره فهو مراد اللہ تعالیٰ هم الانبیاء والصدیقون۔ ومن اناب الی اللہ فهداه اللہ تعالیٰ فهو المرید وهم اولیاء اللہ الصالحون من عباده۔ (مظہری) یعنی صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ جس کو اللہ تعالیٰ خود چن لیتا ہے اور اسے اپنی ذات کی طرف کھینچ لیتا ہے جس میں اس بندے کے اختیار کا کوئی دخل نہیں ہوتا تو وہ اللہ تعالیٰ کی مراد ہوتا ہے اور وہ انبیاء اور صدیقین ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس کی رہنمائی فرماتا ہے تو وہ مرید ہے جیسے اولیاء کرام اور اس کے نیک بندے۔

[42] بتا دیا کہ لوگوں کا راہِ حق سے انحراف اور الگ الگ فرقوں کا معرضِ وجود میں آجانا یہ محض بے علمی اور غلط فہمی کے باعث نہیں ہوتا بلکہ اکثر و بیشتر اس انتشار و افتراق کا باعث ان کا باہمی حسد، عناد اور رقابت ہوا کرتی ہے۔ اپنی برتری کا سکہ جمانے کے لیے اپنی الگ پارٹی بناتے ہیں اور اس طرح ملت کی وحدت میں نقب لگانے کا آغاز کرتے ہیں۔ وہ یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ جس راہ کو وہ چھوڑ رہے ہیں، وہی سیدھی راہ ہے اور جو راستہ وہ اپنا رہے ہیں وہ ان کو اپنی منزل سے دور پھینک دے گا، لیکن اپنی ذاتی اغراض اور اپنی دنیاوی مصلحتیں انہیں ایسا

مِنْ رَّبِّكَ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِیَ بَیْنَهُمْ ؕ وَ اِنَّ الَّذِیْنَ اُوْرِثُوا

آپ کے رب کی طرف سے کہ انہیں ایک مقررہ مدت تک مہلت دی جائے تو فیصلہ ہو چکا ہوتا ان کے درمیان ۲۲ اور جو لوگ وارث بنائے گئے

الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِیْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِیْبٍ ﴿۱۴﴾ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ

تھے کتاب کے، ان کے بعد وہ اس کے متعلق ایسے شک میں مبتلا ہیں جو قلق انگیز ہے ۲۳ پس اس دین کی طرف آپ دعوت دیتے رہیے ۲۴

انہیں مجبور کرتی ہیں۔ وہ جانتے بوجھتے ہوئے غلط راہ پر چل نکلتے ہیں۔ بغیاً بینھم کے الفاظ ہم سب کے لیے بڑے توجہ طلب ہیں۔

۲۲ ان کے کرتوتوں کا تقاضا تو یہ ہے کہ انہیں فوراً تہس نہس کر کے رکھ دیا جائے لیکن آپ کے رب نے اپنی رحمت اور حکمت کے پیش نظر انہیں ایک مقررہ وقت تک مہلت دے دی ہے اس لیے اس وقت تک ان کی رسی ڈھیلی رہے گی۔ ہو سکتا ہے کہ اس اثنا میں ان کی چشم ہوش کھلے اور انہیں اپنی غلط کاریوں پر ندامت ہو اور وہ توبہ کر کے اپنی بخشش کا سامان کر لیں۔ اور اگر ان کی بے ہودگی کا یہی عالم رہا اور مقررہ میعاد تک انہوں نے سنبھلنے کی کوشش نہ کی تو جب مقررہ وقت آ جائے گا تو چشم زدن میں ان کو حرفِ غلط کی طرح مٹا دیا جائے گا۔ ان کا نام و نشان تک بھی باقی نہ رہے گا۔ ان کی عبرتناک تباہی پر دو آنسو بہانے والا بھی کوئی نہ ہو گا۔

۲۳ یہ مکہ کے مشرک جنہیں گزشتہ قوموں کی تباہی کے بعد قرآن حکیم جیسی کتاب کا وارث بننے کی سعادت نصیب ہوئی تھی، وہ عقل کے اندھے اسی تذبذب میں مبتلا ہیں کہ آیا یہ کتاب خدا کی نازل کردہ ہے یا نہیں۔ مُرِیْبٍ: مُقلق او مدخل فی الریب۔ (مظہری) جس شک و شبہ سے دل میں قلق اور بے چینی پیدا ہو اس کو مُرِیب کہتے ہیں۔ (مظہری)

۲۴ علامہ ابن کثیر اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس آیت کریمہ میں دس کلمات ہیں۔ ہر کلمہ اپنی جامعیت اور افادیت کے باعث ایک مستقل حکم ہے اور اگر اسے سیاق و سباق سے قطع نظر کر کے بھی دیکھا جائے تو اس کی افادیت میں کوئی فرق نہیں آتا۔ اس آیت کی نظیر صرف آیۃ الکرسی ہے جس میں اسی طرح کے دس احکام بیان کیے گئے ہیں۔

اب بڑے اختصار کے ساتھ الگ الگ ہر کلمہ کی وضاحت کی جاتی ہے:

۱ــــ فلذلك فادع۔ ذالک اسم اشارہ ہے۔ اس کے مشارٌ الیہ کے متعلق علماء کے دو قول ہیں: پہلا قول یہ ہے کہ باہمی حسد و عناد کی وجہ سے لوگ مختلف فرقوں میں بٹ چکے ہیں۔ ہر ایک اپنے آپ کو حق و صداقت کا ٹھیکیدار سمجھتا ہے۔ اے حبیب! آپ اپنی من موہنی اداسے انہیں حق قبول کرنے کی دعوت دیں تاکہ وہ اس انتشار کے ہاتھوں ذلیل و خوار ہونے سے بچ جائیں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا مشارٌ الیہ دین ہے جس کے اتباع کا حکم تمام انبیاء و رسل کو دیا گیا ہے اور جس پر کاربند ہونے کی آپ کو بھی ہدایت کی گئی ہے۔ آپ خلقِ خدا کو اسے قبول کرنے کی دعوت دیں۔ اس نظام صداقت سے صرف آپ یا چند خاص نفوس ہی بہرہ یاب نہ ہوں بلکہ شرق و غرب میں بسنے والا جو بھی اس دعوت کی دلآویزی سے متاثر ہو کر اسے قبول کرے وہ اس سے فیض یاب ہو سکے۔

۲ــــ واستقم کما اُمرت۔ صرف اس دعوت کو قبول کر لینا ہی کافی نہیں بلکہ اس کو قبول کر کے اس پر ڈٹ جانا اور ہجوم

وَاسْتَقِمْ كَمَآ أُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ ءَامَنتُ بِمَآ أَنزَلَ

اور ثابت قدم رہیے جس طرح آپ کو حکم دیا گیا ہے۔ اور نہ اتباع کیجیے ان کی خواہشات کا اور برملا فرمایئے کہ میں ایمان لایا ہر

ٱللَّهُ مِن كِتَٰبٍ ۖ وَأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمُ ۖ ٱللَّهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۖ لَنَآ

اس کتاب پر جو اللہ نے نازل کی اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں عدل کروں تمہارے درمیان اللہ تعالیٰ ہمارا بھی رب ہے اور تمہارا بھی

آلام و مصائب میں ثابت قدم رہنا اور ثابت قدمی کے اس معیار پر پورا اترنا جو اللہ تعالیٰ نے مقرر فرمایا ہے شیوۂ مردانگی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس استقامت کا حکم اپنے محبوب کو دیا اور حضور کے طفیل ساری امت اسلامیہ بلکہ جملہ بنی نوع انسان کو دیا جا رہا ہے اس فرمان الٰہی کی جلالت شان کا اندازہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس ارشاد گرامی سے لگایا جا سکتا ہے۔ شیبتنی سورۃ ھود واخواتھا وقیل لہ لم ذلک یا رسول اللہ فقال لان فیھا فاستقم کما امرت (روح البیان) حضور نے فرمایا کہ سورہ ہود اور اس کی مثل سورتوں نے مجھے بوڑھا کر دیا ہے۔ عرض کیا گیا اے اللہ تعالیٰ کے رسول یہ کیسے؟ ارشاد فرمایا کیونکہ اس میں فاستقم کما امرت کا حکم ہے یعنی اس طرح استقامت کا مظاہرہ کرو جس طرح آپ کو حکم دیا گیا ہے۔

نفس کے پجاریوں اور خسیس خواہشات کے پرستاروں کی پیروی کرنا آپ کا کام نہیں بلکہ ان احکام کی بجا آوری آپ کا فرض ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ پر نازل ہوئے ہیں۔ بفرض محال اگر آپ لوگوں کی پیروی کرنے لگیں تو انسانیت کا مستقبل تاریک ہو جائے گا اور اس کشتی کی سلامتی کی ساری امیدیں ختم ہو جائیں گی۔

آپ بکھری ہوئی انسانیت کی شیرازہ بندی کے لیے تشریف لائے ہیں۔ یہ کام تب ہی سرانجام پائے گا کہ آپ حق کو جزوی طور پر نہیں بلکہ کلی طور پر تسلیم کریں۔ حق جہاں بھی ہو اور جس روپ میں ہو آپ اس کی تصدیق فرما دیں۔ اس لیے آپ یہ اعلان فرما دیں کہ میں صرف اس کتاب پر ہی ایمان نہیں لایا جو مجھ پر نازل کی گئی ہے بلکہ میرے رب نے جو کتابیں نازل فرمائی ہیں میں ان سب کتابوں کو برحق مانتا ہوں۔

مجھے یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ میں ہر قسم کے ظلم و ستم کا خاتمہ کر دوں۔ تمام باطل امتیازات کا قلع قمع کر دوں زندگی کے ہر شعبے میں ایسا نظام رائج کروں کہ عدل و انصاف کے تقاضے پورے ہوں۔ تبلیغ اسلام میں بھی تنفیذ احکام میں بھی امیر و غریب، شاہ و گدا، رومی و حبشی میں کوئی امتیاز برقرار نہ رکھوں۔ گویا انسانی معاشرے سے ہر قسم کے جور و جفا کا خاتمہ اور عدل و انصاف کا قیام اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضور کی ذمہ داری ہے اور جب اسلام کو غلبہ اور اقتدار نصیب ہوا تو دوست و دشمن نے دیکھا، اپنوں اور بیگانوں نے دیکھا، ساری دنیا والوں نے دیکھا کہ کملی والے نے اور اس کے غلاموں نے کس خوبصورتی سے اس ذمہ داری کو ادا کیا۔ خون کے پیاسوں کے ساتھ بھی کوئی زیادتی روا نہیں رکھی گئی اور عزیز و اقارب کے ساتھ بھی بے جا رعایت نہیں کی گئی۔

ہمارا پروردگار بھی اللہ تعالیٰ ہے اور تمہارا پروردگار بھی اللہ تعالیٰ ہے۔ عبادت کریں گے تو اس کی۔ کارساز حقیقی سمجھیں گے تو اس کو۔ توکل کریں گے تو اس پر۔ اس کے در اقدس کو چھوڑ کر کسی معبود کی طرف جانا تو کجا آنکھ اٹھا کر دیکھنا بھی ہماری غیرت ایمانی

اَعْمَالُنَا وَ لَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۭ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ ۭ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ

رب ہے ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ۲۹ کسی بحث و تکرار کی ضرورت نہیں ہمارے اور تمہارے درمیان ۳۰ اللہ ہم سب کو جمع کرے گا ۳۱

وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۭ﴿۱۵﴾ وَ الَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا

اور اسی کی طرف (سب نے) پلٹنا ہے ۳۲ اور جو لوگ حجت بازی کرتے ہیں اللہ (کے دین) کے بارے میں اس کے بعد کہ (اکثر حق شناس)

اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ عَلَيْهِمْ غَضَبٌ

اس کو مان چکے ہیں، سو ان کی حجت بازی لغو ہے ۳۳ ان کے رب کے نزدیک اور ان پر (اللہ کا) غضب ہے

گوارا نہیں کرتی۔

۲۹ ہمارے نیک اعمال کا ثواب اور برے اعمال کی سزا ہمیں ملے گی۔ تمہارے نیک و بد اعمال کی جزا و سزا تمہیں ملے گی۔ ایسا نہیں ہوگا کہ نیکی تم کرو اور ثواب ہمیں مل جائے یا برائی ہم کریں اور دھر تم لیے جاؤ۔ اس لیے جب تمہارے اچھے اعمال کا اجر بھی تمہیں ملنا ہے تو تم نیکی کرنے میں سستی کیوں کرتے ہو اور جب سزا بھی اپنے کرتوتوں کی لامحالہ تمہیں نے بھگتنی ہے تو پھر اتنی بے پروائی سے گناہوں کا ارتکاب کیوں کرتے ہو۔

۳۰ حق واضح ہو گیا روشن اور قوی دلائل نے شک و ارتیاب کے حجابات کو تار تار کر دیا ہے، پھر بھی تم باطل سے چمٹے ہوئے ہو اور حق کو قبول نہیں کرتے تو تمہاری قسمت۔ اب مزید بحث و تکرار کی نہ کوئی گنجائش ہے اور نہ ضرورت اور نہ ہمارے پاس اتنا فالتو وقت ہے کہ ہم بے مقصد تمہارے ساتھ سر کھپاتے رہیں۔

۳۱ آخر میں فرمایا وہ دن آنے والا ہے جب اللہ تعالیٰ ہم سب کو جمع کرے گا اور ہم سب سے باز پرس ہوگی۔ اس روز معلوم ہو جائے گا کہ حق پر کون ہے اور غلط راستوں پر کون بھٹک رہا ہے۔

۳۲ سب نے اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور اگر کوئی خوشی سے وہاں جانے کے لیے آمادہ نہ ہوگا تو اُسے مجبوراً دھکیل کر وہاں لے جائیں گے۔

۳۳ آفتابِ ہدایت طلوع ہو چکا۔ لوگ خوابِ غفلت سے بیدار ہو گئے۔ تاریک سینے روشن اور سیاہ دل منور ہو گئے سلیم العقل لوگ ایک ایک کر کے کفر و شرک کی زنجیروں کو توڑ کر نعمتِ توحید سے مالا مال ہو رہے ہیں۔ ان حالات میں بھی جو بدبخت حق قبول کرنے والوں پر اعتراض کی بوچھاڑ کرتے ہیں ان پر خدا کی پھٹکار ہو اور وہ عذابِ الیم میں مبتلا کر دیے جائیں گے۔ دَحَضَ برجلہٖ: فحص بھا۔ کسی چیز کو پاؤں تلے روند ڈالا (قاموس)، ومن المجاز دَحَضَتِ الْحُجَّةُ دُحُوْضًا بَطَلَتْ۔ مجازاً باطل اور فضول دلیل کو حجتِ داحضہ کہتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ حق کی تردید کے لیے وہ اپنی طرف سے جو دلائل پیش کرتے ہیں وہ بالکل غلط اور پادر ہوا ہوتے ہیں۔ ان کی مثال ایسی ہے جیسے پاؤں تلے مسلی ہوئی کوئی چیز۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ﴿١٦﴾ اللَّهُ الَّذِي أَنزَلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ وَالْمِيزَانَ

اور انہی کے لیے سخت عذاب ہے۔ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے نازل کیا ہے کتاب کو حق کے ساتھ اور (نازل کیا ہے) میزان کو ۳۴

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيبٌ ﴿١٧﴾ يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِينَ

اور تمہیں کیا معلوم کہ شاید وہ گھڑی قریب ہی ہو۔ ۳۵ جلدی مچاتے ہیں اس کے لیے وہ لوگ

لَا يُؤْمِنُونَ بِهَا ۖ وَالَّذِينَ آمَنُوا مُشْفِقُونَ مِنْهَا وَيَعْلَمُونَ

جو ایمان نہیں رکھتے اس پر ۳۶ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ خوفزدہ رہتے ہیں اس سے۔ اور وہ جانتے ہیں

أَنَّهَا الْحَقُّ ۗ أَلَا إِنَّ الَّذِينَ يُمَارُونَ فِي السَّاعَةِ لَفِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ ﴿١٨﴾

کہ یہ حق ہے۔ خبردار! جو لوگ شک کرتے ہیں قیامت کے متعلق، وہ بڑی گمراہی میں (مبتلا) ہیں۔

اللَّهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ ۖ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ ﴿١٩﴾

اللہ تعالیٰ بہت مہربان ہے اپنے بندوں پر ۳۷ رزق دیتا ہے جس کو چاہتا ہے۔ اور وہی قوی (اور) زبردست ہے۔

۳۴ بالحق کی تشریح کے لیے دیکھیے ضیاء القرآن جلد اول سورہ آل عمران آیت ۳۔ میزان سے مراد شریعت ہے جس سے حقوق کا وزن کیا جا سکتا ہے اور لوگوں کے درمیان عدل اور مساوات قائم کی جا سکتی ہے۔ المیزان الذی یوزن بہ الحقوق ویسوّی بین الناس۔

۳۵ تم لمبی تان کر سوئے پڑے ہو اور بیدار ہونے کا نام نہیں لیتے۔ تمہیں کیا خبر کہ وہ گھڑی قریب آ گئی ہو جس کے آنے کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔ عقل مندی کا تقاضا تو یہ ہے کہ خواب غفلت سے فوراً آنکھیں کھولو اور ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اس کے لیے تیاری شروع کر دو۔

۳۶ یعنی وہ لوگ جو قیامت پر یقین نہیں رکھتے وہ تو اس کے جلد برپا ہونے کے لیے بے تاب ہیں اور ازراہ مذاق کہتے ہیں کہ قیامت جلدی برپا ہو جائے تاکہ ہمارا یہ باہمی جھگڑا ختم ہو جائے اور سب کو پتہ چل جائے کہ حق پر کون ہے۔ ہم یا یہ نئے دین کا پرچار کرنے والے۔ قیامت کے لیے کفار کی یہ عجلت اس لیے نہ تھی کہ وہ واقعی اس کے منتظر تھے اور دل سے چاہتے تھے کہ وہ فیصلہ کن گھڑی آ جائے بلکہ ان کا یہ کہنا محض ازراہ مذاق تھا۔ جن لوگوں کو قیامت کی آمد کا یقین ہے وہ تو اس کے تصور ہی سے کانپ اٹھتے ہیں۔

۳۷ لطیف اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ علامہ ابن منظور اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: قال ابن الاثیر فی تفسیرہ اللطیف ہو الذی اجتمع لہ الرفق فی الفعل والعلم بدقائق المصالح وایصالہا الی من قدرہا لہ من خلقہ۔ یعنی لطیف اس کو کہتے ہیں جس میں یہ تین چیزیں جمع ہوں: جو کام ہو اس میں درشتی اور سختی نہ ہو بلکہ نرمی اور رفق

منزل ۶

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ

جو طلب گار ہو آخرت کی کھیتی کا تو ہم (اپنے فضل و کرم سے) اس کی کھیتی کو اور بڑھا دیں گے ۳۵؎ اور جو شخص

يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۙ وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ﴿۲۰﴾

خواہش مند ہے (صرف) دنیا کی کھیتی کا تو ہم اسے دیں گے اس سے اور نہیں ہوگا اس کے لیے آخرت میں کوئی حصہ۔

کا پہلو نمایاں ہو۔ نیز وہ اپنے بندوں کی باریک سے باریک مصلحتوں اور منفعتوں پر آگاہ ہو اور جس کو کوئی نعمت عطا فرمانا چاہے اسے عطا فرمانے پر قادر ہو۔ سید الطائفہ جنید بغدادی فرماتے ہیں: اللطیف من نور قلبك بالهدٰی وربّی جسمك بالغذٰی ویخرجك من الدنیا بالایمان ویحرسك من نار اللظٰی هذا لطف اللطیف بالعبد الضعیف؛ لطیف اس ذاتِ پاک کو کہتے ہیں جو تیرے دل کو ہدایت سے منور کر دے۔ غذا سے تیرے جسم کی نشوونما کرے۔ تجھے دنیا سے ایمان کے ساتھ نکالے اور دوزخ کی آگ سے تجھے بچالے۔ (روح المعانی)

آیت کا معنی یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر لطف فرمانے والا ہے اور جس کو چاہتا ہے جتنا چاہتا ہے رزق عطا فرماتا ہے۔ کسی کو علم دے دیا، کسی کو دولت دے دی، کسی کو حسن صورت سے نوازا، کسی کو حسن سیرت سے سرفراز فرمایا، کسی کو سیم و زر کے انبار بخش دیے اور کسی کو قناعت کی دولت سے مالامال کر دیا۔ اس کے انعامات بے شمار اور اس کی عطائیں غیر محدود، اس کے بخشنے اور عطا کرنے کے انداز لَا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰی۔

۳۵؎ انسان جن مشاغل میں دن رات مشغول رہتا ہے، جن مقاصد کے حصول کے لیے وہ تگ و دو کرتا ہے اس سے اگر وہ اپنی آخرت سنوارنا چاہتا ہے اور اپنے رب کریم کو راضی کرنا چاہتا ہے تو اسے مبارک ہو۔ اسے اس کی محنت سے کم از کم دس گنا زیادہ اجر ملے گا اور اگر اس کے عمل میں عجز و نیاز زیادہ ہوا تو اجر بھی اسی نسبت سے بڑھتا جائے گا۔ اس کی آخرت سنور جائے گی اور جو لوگ صبح سے لے کر شام تک پسینہ میں شرابور ہو کر بھاگے پھرتے ہیں، رات بھر فکر اور سوچ کے گرداب میں غوطے کھاتے رہتے ہیں اور اس سے ان کا مقصد عاقبت سنوارنا نہیں بلکہ دنیا میں جاہ و جلال حاصل کرنا اور دولت و ثروت کے انبار جمع کرنا ہے، تو ان کے متعلق ایک بات تو یہ ہے کہ آخرت کی زندگی میں ان کے لیے کوئی آرام و آسائش اور کوئی عزت و پذیرائی نہیں ہوگی۔ رہی دنیا جس کے لیے وہ دیوانوں کی طرح مارے مارے پھرتے تھے اس میں سے بھی انہیں اتنا تو نہیں ملے گا کہ ان کی حسرت پوری ہو سکے البتہ کچھ نہ کچھ انہیں دے ہی دیا جائے گا۔ اس آیت کی صحیح تفسیر ایک ارشاد نبوی سے ہوتی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: من کانت نیته الاٰخرة جمع الله شمله وجعل غناه فی قلبه واتته الدنیا وهی راغمة فمن کانت نیته الدنیا فرق الله علیه امره وجعل فقره بین عینیه ولم یاته من الدنیا الا ما کتب له۔ یعنی جو اُخروی زندگی کی بہتری کے لیے عمل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی پریشانیوں کو دور کر دیتا ہے، اس کے دل کو غنی کر دیتا ہے اور دنیا ذلیل ہو کر اس کے پاس حاضر ہوتی ہے اور جو آدمی دنیا کی نیت سے کام کاج میں مصروف رہتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کی یکسوئی اور طمانیت کو درہم برہم کر دیتا ہے اور اس کے فقر کو اس کی آنکھوں کے سامنے رکھ دیتا ہے اور دنیا میں سے اسے اتنا ہی ملتا ہے جتنا اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے لکھا ہے۔

اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَأْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ؕ

کیا ان کے ایسے شریک ہیں جنہوں نے مقرر کیا ہے ان کے لیے ایسا دین جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی۔ ۲۹

وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ

اور اگر ان کے فیصلہ کی بات پہلے سے طے نہ ہوتی تو ان کا قصہ کبھی کا چکا دیا گیا ہوتا۔ ۳۰ اور جو ظالم ہیں یقیناً ان کے لیے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ

دردناک عذاب ہے۔ آپ دیکھیں گے ظالموں کو کہ ڈر رہے ہوں گے ان (کرتوتوں) سے جو انہوں نے کمائے اور وہ ان

وَاقِعٌۢ بِهِمْ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ

پر واقع ہو کر رہے گا ۳۱ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کیے وہ بہشتوں کے باغوں میں

الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۲۲﴾

ہوں گے۔ انہیں ملے گا جو وہ چاہیں گے اپنے رب کے پاس سے۔ یہی بڑا فضل ہے۔

ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ

یہ وہ چیز ہے جس کی خوشخبری اللہ تعالیٰ اپنے ان بندوں کو دیتا ہے جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے

۲۹ وہ دین جو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کے لیے پسند فرمایا ہے کفار اس کو تو مانتے نہیں اور ان قواعد و ضوابط کی ہر آن نافرمانی کرتے ہیں جو رحیم و کریم پروردگار نے اپنے بندوں کی فلاح و بہبود کے لیے مقرر کیے ہیں۔ حیرت ہے بندوں کے لیے دین تو وہ قابل قبول ہونا چاہیے جو ان کے خدا نے انہیں دیا ہے، کفار جن قواعد و ضوابط کی پیروی کر رہے ہیں، یہ خدائے برتر کے بھیجے ہوئے تو ہیں نہیں۔ پھر انہوں نے یہ کہاں سے لیے ہیں۔ کیا انہوں نے کوئی اور خدا بنائے ہوئے ہیں اور یہ ان کا نازل کیا ہوا دین ہے اور ان کے مقرر کردہ قواعد ہیں جن پر یہ اتنی سختی سے کاربند ہیں لاحول ولا قوۃ۔ اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی اور خدا نہیں ہو سکتا۔ کوئی اور قانون ساز نہیں ہو سکتا۔

۳۰ اللہ تعالیٰ نے ان کے فیصلے کے لیے ایک دن مقرر کر دیا ہے اس لیے یہ اتراتے پھرتے ہیں ورنہ کبھی کا ان کا کچومر نکل گیا ہوتا۔

۳۱ قیامت کے روز ان ظالموں کی جو کیفیت ہوگی اس کا ذکر ہو رہا ہے۔

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِى الْقُرْبٰى ؕ وَمَنْ يَّقْتَرِفْ

آپ فرمائیے میں نہیں مانگتا اس دعوتِ حق پر کوئی معاوضہ بجز قرابت کی محبت کے۔ ۴۲ اور جو شخص کماتا ہے

۴۲ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس زندگی کا ایک ہی مقصد تھا کہ اللہ تعالیٰ کے بندے جو طرح طرح کی گمراہیوں کے باعث اپنے رب سے بہت دور جا چکے ہیں پھر قریب ہو جائیں۔ کفر و شرک کے اندھیروں سے نکل کر پھر نورِ ہدایت سے اپنے قلب و نظر کو روشن کریں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے حضور کی لگن کا یہ عالم تھا کہ دن رات اسی میں مشغول رہتے۔ ان کو سمجھاتے وہ غصہ ہوتے تو حضور مسکرا دیتے، وہ گالیاں بکتے تو حضور دعائیں دیتے، وہ روشن معجزات دیکھ کر اور آیاتِ الٰہی سن کر بھی کفر سے چمٹے رہنے پر اصرار کرتے تو حضور کے شفیق دل پر غم و اندوہ کے بادل گھر آتے اور آپ رات بھر اللہ تعالیٰ کی جناب میں ان کی مغفرت اور ہدایت کے لیے دعائیں مانگتے۔ اخلاص و محبت کے یہ بے مثل انداز کفار مکہ نے بھلا کب کہیں دیکھے تھے۔ وہ دل ہی دل میں خیال کرتے کہ اس ساری جد و جہد اور شبانہ روز تگ و دو کے پس منظر میں کوئی بڑا مقصد ہے جس کے حصول کے لیے یہ شخص جانگسل محنت اور مشقت برداشت کر رہا ہے اور ہمارے جور و جفا پر اتنے حوصلہ اور حلم کا مظاہرہ کرتا ہے۔ یہ دولت جمع کرنا چاہتا ہے یا اقتدار کی ہوس ہے یا ہمارا بادشاہ بننا چاہتا ہے۔ آخر کوئی نہ کوئی بات ضرور ہے جس کے باعث انہوں نے اپنا یہ حال بنا رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو یہ اعلان کرنے کا حکم دیتے ہیں کہ اے نادانو! تم کس اندھیرے میں ہو۔ سن لو میں اپنی ان جانکاہیوں کا ان دلسوزیوں کا تم سے کسی قسم کا کوئی معاوضہ طلب نہیں کرنا چاہتا نہ آج نہ کل اور نہ کبھی قیامت تک۔ البتہ میری یہ خواہش ضرور ہے کہ تم نے آپس میں قتل و غارت کا جو بازار گرم کر رکھا ہے اور ایک دوسرے کو ایذا پہنچانے میں اپنی توانائیں صرف کر رہے ہو اس سے باز آ جاؤ اور آپس میں محبت اور پیار کرو۔ تمہاری باہمی رشتہ داریاں اور قرابتیں ہیں۔ تمہیں یہ زیب نہیں دیتا کہ بھائی بھائی کا گلا کاٹے، چھوٹا بڑے کی پگڑی اچھالے، کسی کی جان، کسی کا مال محفوظ نہ ہو۔ مجھے تمہارے یہ انداز پسند نہیں۔ میں تم سے یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ ایک دوسرے سے محبت اور ایک دوسرے کا احترام کرنا سیکھو تاکہ تمہاری زندگی میں ایک خوشگوار تبدیلی نمودار ہو جائے۔

اِلَّا حرفِ استثناء ہے۔ یہاں مستثنیٰ منقطع ہے یعنی الْمَوَدَّةَ فِى الْقُرْبٰى جو مستثنیٰ ہے۔ یہ مستثنیٰ منہ میں داخل نہیں تاکہ آیت کا یہ مفہوم ہو کہ میں تم سے کوئی اجر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا، مگر یہ اجر طلب کرتا ہوں کہ تم آپس میں پیار اور محبت کرو۔ تقریباً یہی مفہوم ایک دوسری آیت میں بیان کیا گیا قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا (الفرقان) یعنی میں اس پر تم سے کوئی اجر طلب نہیں کرتا۔ میرا یہی اجر ہے کہ تم میں سے کون معرفتِ الٰہی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے۔ اس آیت کا بھی یہی مقصد ہے کہ میں تم سے اپنے لیے کوئی اجر طلب نہیں کرتا سوائے اس کے کہ تم آپس میں محبت اور پیار کرنے لگو۔ مجھے صرف تمہاری بھلائی اور خیر خواہی مطلوب ہے۔ اگر تم سدھر جاؤ اور تمہارے طور اطوار درست ہو جائیں تو یہی میری کاوشوں کا بہترین معاوضہ ہے۔ اظہارِ خلوص کے لیے اس سے زیادہ اثر انگیز اسلوبِ بیان اختیار نہیں کیا جا سکتا۔ قرآن کریم میں متعدد مقامات پر مختلف انبیاء کے یہ اعلانات مذکور ہیں۔ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ میں تم سے کسی اجر کا سوال نہیں کرتا۔ میرا اجر تو رب العالمین

کے ذمہ ہے۔ جب دیگر انبیاء اپنی قوموں سے کسی اجر کا مطالبہ نہیں کر رہے، کسی مالی یا ادبی منفعت کی خواہش نہیں کر رہے تو فخر الانبیاء سید الرسل کے متعلق یہ کیسے باور کیا جا سکتا ہے کہ حضور نے کسی قسم کی منفعت کی خواہش کی ہو۔ دنیا کی کوئی بڑی سے بڑی نعمت کسی قارون کے بھرے ہوئے خزانے ربع مسکون کی فرمانروائی ان دعہائے نیم شبی ان گریہ ہائے سحر گاہی کا صلہ نہیں ہو سکتی جن سے اس رحمت عالمیان نے بنی نوع انسان کو مشرف فرمایا۔ سچ تو یہ ہے کہ اس مرتع دلبری و زیبائی کی نوک مژگاں پر لرزتا ہوا ایک آنسو سارے عالم سے زیادہ قیمتی ہے۔ اگر حضور اپنی ان دلسوزیوں، ان اشکباریوں کے معاوضہ کا تصور بھی کرتے تو شان رفیع سے بہت فروتر ہوتا۔ دشمنوں کو انگشت نمائی کا موقع مل جاتا۔ یہودی اور عیسائی ہمیں طعنے دیتے کہ ہمارے راہنماؤں نے تو یہ اعلان کیا کہ لا اسئلکم علیه اجرا ان اجری الا علی رب العالمین اور تمہارے رسول نے مودۃ قربیٰ کا مطالبہ کر کے اپنی محنت و مشقت کا معاوضہ طلب کیا۔ (العیاذ باللہ)

اس آیت سے تھوڑا پہلے فرمایا کہ من کان یرید حرث الدنیا نؤته منها ؛ جو شخص دنیا کی کھیتی کا خواہاں ہو گا ہم اسے اسی میں سے دیں گے۔ اس سیاق و سباق کو پیش نظر رکھتے ہوئے میرے نزدیک تو آیت کی یہی تفسیر زیادہ پسندیدہ ہے۔

حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے جملہ قرابت داروں خاندان بنو ہاشم خصوصاً اہل بیت کرام کی محبت ان کا ادب و احترام عین ایمان بلکہ جان ایمان ہے۔ جس کے دل میں اہل بیت کے لیے محبت نہیں وہ یوں سمجھے کہ اس کی شمع ایمان بجھی ہوئی ہے اور وہ منافقت کے اندھیروں میں بھٹک رہا ہے۔ جتنی کسی کی قرابت حضور سے زیادہ ہو گی اتنی ہی اس کی محبت و احترام زیادہ مطلوب ہو گا۔ ایک نہیں صدہا ایسی صحیح احادیث موجود ہیں جن میں اہل بیت پاک سے محبت کرنے اور ان کا ادب ملحوظ رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ بے شک اہل بیت پاک کی محبت ہمارا ایمان ہے لیکن یہ حضور کی رسالت کا اجر نہیں بلکہ یہ شجر ایمان کا ثمر ہے۔ یہ اس گل کی مہک ہے یہ اس خورشید کی چمک ہے۔ جہاں ایمان ہو گا وہاں حب آل مصطفیٰ ضرور ہو گی۔

یہ گرہ اب تک نہ کھل کر بعض لوگوں کے نزدیک حب آل مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء کے لیے بغض اصحاب حبیب کبریا کی شرط کہاں سے ماخوذ ہے۔ حضور نے اپنے اہل بیت کی محبت کا اگر حکم دیا ہے تو اپنے صحابہ کے احترام و اکرام کی بھی تاکید فرمائی ہے۔ ایک حدیث میں اہل بیت کے بارے میں فرمایا: مَثَلُ اَهْلِ بَيْتِيْ كَمَثَلِ سَفِيْنَةِ نُوْحٍ مَنْ رَكِبَ فِيْهَا نَجَا وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ۔ یعنی میرے اہل بیت کی مثال نوح علیہ السلام کی کشتی کی ہے۔ جو اس میں سوار ہوا نجات پا گیا اور جو پیچھے رہ گیا وہ ڈوب گیا۔ تو دوسرا ارشاد گرامی یہ بھی ہے اَصْحَابِيْ كَالنُّجُوْمِ میرے صحابہ درخشاں ستاروں کی طرح ہیں۔

بحمدہ تعالیٰ یہ شرف اہل سنت کو ہی حاصل ہے کہ ہم اہل بیت کی محبت کی کشتی میں سوار ہیں اور ہماری نگاہیں صحابہ کرام کی جگمگاتی ہوئی روشنی پر مرکوز ہیں۔ ہم زندگی کے سمندر کو آزمائشوں اور تکالیف کی کالی رات میں عبور کر رہے ہیں۔ جو اس کشتی میں سوار نہ ہوا وہ غرق ہو گیا اور جس نے ان روشن ستاروں سے ہدایت حاصل نہ کی وہ راہ راست سے بھٹک گیا۔

حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِیْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۲۳﴾ اَمْ

کوئی نیکی ہم دوبالا کر دیں گے اس کے لیے اس میں حسن ۳۳ بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا ،بڑا قدردان ہے ۳۴ کیا یہ

یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنْ یَّشَاِ اللّٰهُ یَخْتِمْ عَلٰی

لوگ کہتے ہیں کہ اس نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا ہے ۳۵ پس اگر اللہ چاہتا تو مہر لگا دیتا آپ کے

۳۳ ارشاد ہو رہا ہے کہ جو شخص نیک عمل کرتا ہے ہم اس کے اعمال کے حسن اور دلکشی میں اپنی طرف سے اضافہ کر دیتے ہیں۔ اس کی سعی و کوشش کے باوجود جو خامی رہ جاتی ہے ہم اپنے فضل و کرم سے وہ پوری کر دیتے ہیں۔ اس کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا کہ ایک نیکی کے بدلے اسے کم از کم دس نیکیوں کا اجر دیتے ہیں اور زیادہ کی تو حد نہیں۔ جتنا جتنا اس کے عجز و نیاز میں اور اس کے درد و سوز میں اضافہ ہوتا جائے گا اس کے اجر میں اتنا ہی اضافہ ہوتا جائے گا۔ یقترف : یکتسب : الاقتراف الاکتساب : واصل القرف: الکسب۔ (قرطبی) یقترف کا معنی کماتا ہے۔

آیت میں "حسنۃ" (نیک عمل) سے مراد ہر نیک عمل ہے اور ان اعمالِ حسنہ کے سرِ فہرست حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضور کے اہلِ بیت اور صحابہ کرام کی محبت ہے۔ جس کو یہ نعمت بخشی جاتی ہے اس کے مدارج رفیع سے رفیع تر ہو جاتے ہیں جو خوش نصیب اہلِ بیت کرام اور صحابہ کرام سے محبت کرتا ہے اسے عشقِ مصطفوی کی دولت سے مالا مال کر دیا جاتا ہے اور جس دل میں عشقِ حبیب کی شمع روشن ہوتی ہے اسے محبتِ الٰہی کی شرابِ طہور کے جام پر جام پلائے جاتے ہیں۔ علامہ ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں: من ههنا قالت الصوفية يحصل للصوفي اولا الفناء في الشيخ ثم الفناء في الرسول ثم الفناء في الله تعالى والفناء عبارة عن شدة الحب بحيث يذهل نفسه عند ذكر المحبوب حتى لا يرى من نفسه ولا من غيره عنها ولا اثرا ما عدا المحبوب۔ (مظہری) ترجمہ: اسی لیے صوفیائے کرام نے فرمایا کہ صوفی کو پہلے فنافی الشیخ کا مقام حاصل ہوتا ہے۔ پھر وہ فنافی الرسول کے درجہ پر فائز ہوتا ہے پھر وہ فنافی اللہ کی منزل تک رسائی حاصل کرتا ہے۔ فنا کا مطلب محبت کی وہ کیفیت ہے جب انسان اپنے محبوب کے ذکر کے وقت اپنے آپ کو بھی فراموش کر دیتا ہے اور اپنے محبوب کے علاوہ اسے کوئی چیز دکھائی ہی نہیں دیتی۔

علماء نے فرمایا ہے کہ یہ آیت حضرت صدیقِ اکبر کی شان میں نازل ہوئی کیونکہ آپ کے دل میں آل بیتِ کرام کی از حد محبت تھی اور وہ اپنی اولاد پر بھی خاندانِ مصطفوی کو ہر لحاظ سے ترجیح دیتے تھے۔

۳۴ اللہ تعالیٰ کی عنایات بے پایاں اور اس کے احسانات لامحدود ہیں۔ وہ اپنے بندوں کے بے شمار گناہوں کو بخشنے والا ہے اور ان کی قلیل و ناقص نیکیوں کو قبول فرمانے والا ہے۔ قال قتادة غفور للذنوب وشكور للحسنات وقال السدي غفور لذنوب آل محمد عليه السلام وشكور لحسناتهم قتادہ فرماتے ہیں کہ وہ گناہوں کو بخشنے اور نیکیوں کو قبول کرنے والا ہے اور سدی کہتے ہیں وہ آلِ مصطفےٰ کے گناہ بخشنے اور ان کی نیکیاں قبول کرنے والا ہے۔

۳۵ کفار عموماً ہرزہ سرائی کرتے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ کہنا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے محض غلط اور بہتان ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس

قَلْبِكَ ۭ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ

دل پر۔ اور مٹاتا ہے اللہ تعالیٰ باطل کو ۞ اور ثابت کرتا ہے حق کو اپنے ارشادات سے۔ بے شک وہ جاننے والا

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۲۴ وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَ

ہے جو کچھ سینوں میں ہے۔ اور وہی ہے جو توبہ قبول کرتا ہے اپنے بندوں کی ۞ اور

بے باکی پر اظہار حیرت کرتے ہیں اور اس کی تردید فرماتے ہیں کہ وہ شخص جو ہر آن اپنے رب سے ڈر رہا ہو جس کا دل اس کے خوف سے ہر وقت لبریز رہتا ہو، جس کی احتیاط کا یہ عالم ہو کہ وہ اپنی زبان پر اس کے اذن کے بغیر کوئی حرف بھی نہ لاتا ہو، کیا ایسی ہستی سے یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ وہ اپنے خداوند ذوالجلال کی طرف غلط باتیں منسوب کرے گا۔ ہاں اگر آپ کا دل اے محبوب اللہ تعالیٰ کے خوف سے معمور نہ ہوتا بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس پر مہر لگادی ہوتی پھر تو ایسا ممکن تھا، لیکن آپ کا قلب منور تو اپنے رب کے انوار و تجلیات کا مہبط ہے۔ آپ کے بارے میں تو اس افترا پردازی کا وہم تک بھی نہیں کیا جاسکتا۔

۞ اگر یہ کلام خداوند کریم کا نازل شدہ نہ ہوتا بلکہ آپ نے گھڑا ہوتا تو اللہ تعالیٰ اس کا نام و نشان بھی مٹا دیتا۔ اس کو یہ ترقی، یہ عروج ہرگز نصیب نہ ہوتا کیونکہ اللہ تعالیٰ کی یہ سنت ہے کہ وہ باطل کو آخر کار مٹا دیتا ہے اور حالات کتنے ہی سنگین کیوں نہ ہوں، حق کا بول بالا ہو کر رہتا ہے۔

اگر دجل و فریب کے باعث باطل کو چند روزہ فروغ نصیب ہو اور اہل حق کی غفلت اور فرض ناشناسی کی وجہ سے حق کمزور اور ضعیف ہو جائے تو اس سے نہ باطل حق ہو جاتا ہے اور نہ حق، باطل۔ آج کل کمیونزم کو جو عروج حاصل ہو رہا ہے اس کا کون انکار کرسکتا ہے۔ اباحیت اور فسق و فجور کو جو روز افزوں مقبولیت حاصل ہو رہی ہے، یہ کمیونزم کے حق اور اباحیت اور اخلاق باختگی کے صحیح ہونے کی دلیل نہیں ہو سکتی۔ اسی طرح بین الاقوامی سازشوں سے مسلمانوں میں افتراق و انتشار پیدا کرنے کے لیے مرزا کی جھوٹی نبوت کو اگر چند لالچی یا جاہل لوگ تسلیم کرلیں تو اس سے مرزا کی نبوت کی سچائی ثابت نہیں ہو سکتی۔ عنقریب وہ وقت آنے والا ہے جب یہ فتنہ و فساد کی آگ بجھ جائے گی اور اس کو ماننے والے اس پر پھٹکار بھیجیں گے اور اس سے اپنی برأت کا اظہار کریں گے، ان شاء اللہ۔

۞ ان نابکاروں کے گناؤنے جرم کے ذکر کے بعد یہ بتایا جا رہا ہے کہ توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔ جس کا جی چاہے آئے۔ اگر وہ سچے دل سے توبہ کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول فرمائے گا۔

حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ ایک اعرابی مسجد نبوی میں آیا اور کہنے لگا: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ وَكَبَّرَ۔ اے اللہ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں، پھر اس نے تکبیر تحریمہ کہی اور نماز پڑھنے لگا۔ جب نماز سے فارغ ہوا تو سیدنا علیؓ نے فرمایا ان سرعة اللسان بالاستغفار توبة الكذابين وتوبتك تحتاج الى التوبة کہ زبان سے تیز تیز توبہ کرنا جھوٹوں کی توبہ ہے۔ یہ ایسی توبہ ہے جس سے توبہ کرنا ضروری ہے۔ اس نے عرض کیا یا امیر المؤمنین توبہ کیا ہے؟

يَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ

درگزر کرتا ہے ان کی غلطیوں سے اور جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اور وہی قبول کرتا ہے دعائیں ان لوگوں کی جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ

ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے اور (ان کے حق میں) انہیں زیادہ (اجر) دیتا ہے اپنی مہربانی سے ۴۸ اور کفار،

لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا

ان کے لیے سخت عذاب ہے۔ اور اگر کشادہ کر دیتا اللہ تعالیٰ رزق کو اپنے (تمام) بندوں کے لیے تو وہ سرکشی

فِي الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ

کرنے لگتے زمین میں ۴۹ لیکن وہ اتارتا ہے ایک اندازے سے جتنا چاہتا ہے۔ بے شک وہ اپنے بندوں کے احوال سے خوب آگاہ ہے

بَصِيْرٌ ﴿۲۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ

سب کچھ دیکھنے والا ہے ۵۰ اور وہی ہے جو برساتا ہے مینہ اس کے بعد کہ لوگ مایوس ہو چکے ہوتے ہیں ۵۱ اور پھیلا دیتا ہے

آپ نے فرمایا جب چھ باتیں پائی جائیں تو توبہ مکمل ہوتی ہے۔ گزشتہ گناہوں پر ندامت۔ فوت شدہ فرائض کی قضا۔ جو کسی کا مال چھینا ہے اس کی واپسی۔ جس طرح تُو نے اپنے نفس کی پرورش کی ہے اسی طرح اطاعت سے اسے گلانا۔ اسے جس طرح تُو نے گناہوں کی مٹھاس چکھائی ہے اسی طرح اس کو فرمانبرداری کی کڑواہٹ چکھانا اور کثرتِ گریہ۔

۴۸ اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان کی صرف دعائیں ہی قبول نہیں فرماتا بلکہ اپنے فضل و کرم سے بن مانگے انہیں ان گنت نعمتیں مرحمت فرماتا ہے۔

۴۹ یعنی اگر اللہ تعالیٰ ہر ایک کو کثرتِ دولت و ثروت دے دے تو وہ سرکشی اور نافرمانی کو اپنا شعار بنالیں۔ فسق و فجور کا بازار گرم کر دیں۔ ساری زمین میں فتنہ و فساد کے شعلے بھڑک اٹھیں۔ یہ تو اللہ تعالیٰ کا خاص احسان ہے کہ وہ اندازہ اور مقدار کے مطابق ہر ایک کو رزق دیتا ہے۔ قتادہ فرماتے ہیں۔ خیر العیش مالا یلھیک ولا یُطغیک۔ بہترین زندگی وہ ہے جو تمہیں غافل بھی نہ کرے اور سرکش بھی نہ بنائے۔ (ابن کثیر)

۵۰ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے حالات سے خوب باخبر ہے۔ وہ جانتا ہے کہ کس کے لیے دولت کی کثرت تباہی کا باعث بنے گی اور کس کے لیے تنگ دستی وجہِ نجات ثابت ہوگی۔ اس کی جود و عطا کا سلسلہ اس کی حکمت کا آئینہ دار ہے۔

۵۱ اللہ تعالیٰ کی رحمت کی جلوہ نمائی کے صد ہا روپ ہیں۔ ان میں سے ایک کا بیان ذکر فرمایا جا رہا ہے۔

رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۸﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ

اپنی رحمت کو اور وہی کارسازِ حقیقی (اور) سب تعریفوں کے لائق ہے۔ اور اس کی قدرت کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی تخلیق

وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ

ہے۔ اور جو جاندار اس نے پھیلا دیے ہیں آسمان و زمین میں۔ اور وہ جب چاہے ان کو جمع کرنے پر

اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾ وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ

پوری قدرت رکھتا ہے ۵۱ اور جو مصیبت تمہیں پہنچی ہے تمہارے ہاتھوں کی کمائی کے سبب پہنچی ہے

اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۰﴾ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ

اور وہ درگزر فرما دیتا ہے (تمہارے) بہت سے کرتوتوں سے ۵۲ اور تم عاجز نہیں کر سکتے (اللہ تعالیٰ کو) زمین میں۔

۵۱ اللہ تعالیٰ کی قدرت و کبریائی کی مزید نشانیاں بیان فرمائی جا رہی ہیں۔

۵۲ قرآن کریم نے اہل نعمت کو شکر کا حکم دیا ہے اور اہل بلا کو صبر کی تلقین کی ہے۔ شکر کو نعمت کی بقا اور اس میں اضافہ کا سبب قرار دیا ہے اور صبر کو مصیبتوں اور تکلیفوں سے نجات کا ذریعہ بتایا ہے لیکن عام انسان خوش حالی اور اقبال مندی کے دنوں میں ناشکرے بن جاتے ہیں۔ دولت مند ہیں تو غریبوں اور بے نواؤں پر شفقت کرنے کے بجائے ان سے نفرت کرنے لگتے ہیں۔ اقتدار بخشا گیا ہے تو ظلم و تعدی کی آندھیاں چلنے لگتی ہیں۔ تاجر ہیں تو سادہ لوح گاہک کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا ان کا شعار بن جاتا ہے۔ دیانت و امانت کو اپنے کاروباری اداروں سے دھکا دے کر نکال دیتے ہیں اور جب ان کی دھاندلیوں کی حد ہو جاتی ہے اور مکافاتِ عمل کا چکر چلنے لگتا ہے تو چیختے ہیں، چلاتے ہیں، سر پھوڑتے ہیں۔ ان کا ذہن ان اسباب و عوامل کی طرف متوجہ نہیں ہوتا جو ان کی موجودہ تباہی کا باعث بنے ہیں۔ اس آیت میں ایسے لوگوں کی آنکھوں سے غفلت کا پردہ اٹھایا جا رہا ہے اور انہیں کہا جا رہا ہے کہ ذرا اپنے اعمال نامے پر ایک سرسری نظر ڈالو، ذرا اپنے گریبان میں جھانکو۔ یہ حقیقت خود عیاں ہو جائے گی کہ تمہیں تمہارے کرتوتوں کی سزا مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ تو بڑا کریم ہے۔ اس نے تمہاری بے شمار غلطیوں اور سرکشیوں کو معاف کر دیا ہے۔ اگر تمہیں تمہاری بدکاریوں کی پوری سزا دی جاتی تو تمہارا نام و نشان ہی مٹ گیا ہوتا۔ یہ معاملہ تو سرکشوں اور بیگانوں کا ہے لیکن فرمانبردار بندوں کو جو تکلیف پہنچتی ہے وہ ان کے گناہوں کا کفارہ ہو جاتی ہے۔ علامہ ابن کثیر نے یہ صحیح حدیث لکھی ہے کہ حضور سرورِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ والذی نفسی بیدہ ما یصیب المومن من نصب ولا وصب ولا ھم ولا حزن الا کفر اللہ عنہ بھا عن خطایاہ حتی الشوکۃ یشاکھا۔ ترجمہ: یعنی اس ذاتِ پاک کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے مومن کو کوئی تکلیف، کوئی رنج، کوئی غم نہیں پہنچتا، مگر اللہ تعالیٰ اس سے اس کی غلطیوں کا کفارہ بنا دیتا ہے یہاں تک کہ کانٹا

وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ﴿٣١﴾ وَمِنْ آيَاتِهِ

اور نہ تمہارا اللہ کے سوا کوئی دوست ہے اور نہ کوئی مددگار ف۵۲ اور اس کی قدرت کی نشانیوں میں

الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ﴿٣٢﴾ إِن يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ

سے وہ سمندر میں تیرنے والے جہاز ہیں جو پہاڑوں کی مانند ہیں ف۵۳ اگر وہ چاہے تو ہوا کو ساکن کر دے۔ پس وہ رُکے رہیں

رَوَاكِدَ عَلَىٰ ظَهْرِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ﴿٣٣﴾

سمندر کی پشت پر۔ بے شک اس میں اس کی قدرت کی نشانیاں ہیں ہر کمال درجہ صبر کرنے والے شکر کرنے والے کے لیے

أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَن كَثِيرٍ ﴿٣٤﴾ وَيَعْلَمَ الَّذِينَ

یا اگر وہ چاہے تو تباہ کر دے ف۵۴ انہیں لوگوں کے اعمالِ بد کی وجہ سے اور درگزر فرماتا ہے بہت سے گناہوں سے۔ اور (اس وقت) جان لیں گے جو

جو مومن کو پہنچتا ہے۔ بعض بندوں کو امتحان کے لیے مصائب و آلام میں مبتلا کر دیا جاتا ہے اور بعض مقربین کے مدارج اور مناصب بلند کرنے کے لیے انہیں گوناگوں تکالیف سے دوچار کر دیا جاتا ہے۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام معصوم نبی تھے لیکن نابکار یہودیوں نے آپ کو ذبح کیا اور آپ کا سر بنی اسرائیل کی ایک پیشہ ور رنڈی کو بطور تحفہ پیش کیا۔

ف۵۲ ولی کا معنی ہے متولیا الشیٔ من امورکم بالاستقلال یحمیکم من المصائب: یعنی وہ شخص جو مستقلاً تمہارے کسی کام کا متولی ہو اور تمہیں وہ مصیبتوں سے بچائے۔ "نصیر": یدفعہا عنکم۔ جو مصیبتوں کو تم سے دور کرے۔

ف۵۳ اللہ تعالیٰ اپنی قدرت اور رحمت بے پایاں کی ایک اور دلیل پیش فرماتا ہے کہ اے اہل مکہ تم تجارت پیشہ ہو۔ آئے روز تم بحر و بر میں سفر کرتے رہتے ہو یہ بتاؤ کہ وہ بادبانی جہاز جو پہاڑوں کی طرح بلند و بالا اور محلوں کی طرح آرام دہ ہوتے ہیں اور وزنی سامان اٹھائے پانی کی سطح پر تیرتے جاتے ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ ہواؤں کو چلنے سے روک دے تو تم کس طرح ان بھاری بھرکم جہازوں کو گھسیٹ کر منزلِ مقصود تک پہنچاؤ گے یا ان نرم نرم ہواؤں کے بجائے جن کے بل پر تمہارے جہاز خراماں خراماں ساحل کی طرف بڑھ رہے ہیں، اگر تند و تیز طوفان بھیج کر تمہارے کرتوتوں کے باعث تمہیں غرق کر دے تو تم کیا کر سکتے ہو۔ اتنے بے بس اور ضعیف ہو کر تم رب العالمین سے اکڑ رہے ہو۔ اپنی حقیقت کو پہچانو اور ان سرکشیوں سے باز آجاؤ۔ "جواری" کا واحد جاریۃ ہے۔ یعنی کشتی جو سطحِ آب پر رواں رہتی ہے۔ اعلام جمع ہے علم کی۔ اس کا معنی پہاڑ بھی ہے اور محل بھی۔ الاعلام الجبال وقال مجاھد الاعلام القصور۔ (قرطبی)

ف۵۴ اوبق کا معنی ہے ہلاک کرنا۔ یہاں اس کی دو صورتیں ہیں: یا تو ہواؤں کا چلنا ہمیشہ کے لیے موقوف کر دیا جائے یہاں تک کہ جہاز وسطِ سمندر میں کھڑے کے کھڑے رہ جائیں۔ دوسری صورت یہ ہے کہ سخت طوفان آجائیں اور جہازوں کو اُلٹ کر رکھ دیں۔ پرانے بادبانی

يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ۝ فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ

جھگڑا کرتے رہتے ہیں ہماری آیتوں میں کہ ان کے لیے کوئی جائے پناہ نہیں۔ پس جو کچھ تمہیں دیا گیا ہے یہ

شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ

دنیوی زندگی کا سامان ہے۔ اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ بہت عمدہ اور باقی رہنے والا ہے ان لوگوں کے لیے جو

اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ

ایمان لائے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں ۵۷ اور جو لوگ بچتے رہتے ہیں بڑے بڑے

الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ

گناہوں اور بدکاریوں سے اور جب وہ غضب ناک ہوتے ہیں تو وہ معاف کر دیتے ہیں ۵۸ اور جو اپنے

جہازوں کی جگہ آج کل سٹیم' بجلی اور ایٹمی توانائی سے چلنے والے جہازوں نے لے لی ہے لیکن سمندر میں اٹھنے والے طوفانوں کی قہرمانیوں کے سامنے ان کی حیثیت بھی تنکے سے زیادہ نہیں پہلے بھی اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے بادبانی کشتیاں ساحل تک پہنچتی تھیں آج بھی اسی کے کرم کے طفیل ایٹمی توانائی سے چلنے والے جہاز سلامتی سے منزل مقصود تک پہنچتے ہیں۔

سمندر ان کے' جہاز ان کے' ہوائیں ان کی فضائیں ان کی

گرہ بھنور کی کھلے تو کیونکر' گرہ ہے تقدیر کا بہانہ

۵۷ یہ دولت و ثروت' یہ حویلیاں اور محلات' یہ زمینیں اور کارخانے یہ سارے ٹھاٹھ فانی ہیں اور چند روزہ دنیوی زندگی میں کام آنے والی چیزیں ہیں۔ جس کم نگاہ نے ان فانی چیزوں کو اپنا ماحصل حیات بنا لیا' اس سے بڑا گھاٹے والا کون ہوگا۔ ادھر زندگی کا چراغ بجھے گا اُدھر سب کچھ درہم برہم ہو جائے گا۔ البتہ اہل ایمان کے لیے اور توکل کرنے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے جو لازوال نعمتیں اپنے پاس محفوظ رکھی ہیں وہ باقی اور سرمدی ہیں۔ سیدنا حضرت علی مرتضیٰؓ سے مروی ہے کہ جب حضرت صدیق اکبرؓ نے اپنا سارا مال راہ خدا میں قربان کر دیا تو کئی لوگ انہیں ملامت کرنے لگے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ (مظہری)

۵۸ سابقہ آیت میں ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے پاس جو خصوصی انعامات ہیں وہ ہمیشہ باقی رہنے والے ہیں۔ اس آیت میں ان لوگوں کا تعارف کرایا جا رہا ہے جنہیں یہ ابدی نعمتیں بخشی جائیں گی۔ بتایا کہ یہ اہل ایمان کا حصہ ہے۔ ان اہل ایمان کی خوبیوں اور خصائل حمیدہ کا بیان شروع ہے۔ ایک خوبی تو ان کی یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہیں۔ اس آیت میں بھی ان کی دو خوبیاں بیان کی جا رہی ہیں۔ ایک خوبی تو یہ ہے کہ وہ کبیرہ گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے دور رہتے ہیں' اپنے دامن کو ان سے آلودہ نہیں ہونے دیتے اور ان کی دوسری خوبی یہ ہے کہ جب انہیں

اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۖ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۖ

رب کا حکم مانتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں ۵۹ اور ان کے سارے کام باہمی مشورے سے طے ہوتے ہیں ۶۰

ستایا جاتا ہے یا انہیں اشتعال دلایا جاتا ہے تو یہ کچھ پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے غضب ناک ہو کر اپنے آپ سے باہر نہیں ہو جاتے اور واہی تباہی نہیں بکنے لگتے بلکہ بلا کے حلیم اور بردبار ہیں۔ کوئی لاکھ انہیں مشتعل کرنے کی کوشش کرے یہ اشتعال میں آنے کا نام نہیں لیتے۔ متانت اور سنجیدگی کا دامن ہاتھ سے چھوٹتا ہی نہیں بلکہ دل دکھانے والوں کو برا بھلا کہنے والوں کو معاف کر دیتے ہیں۔

صاحب لسان العرب نے اثم کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا الاثم: الذنب وقیل ان یعمل مالا یحل لہ۔ اثم کا معنی گناہ ہے یا ایسا کام کرنا جس کا کرنا حلال نہ ہو۔ علامہ راغب لکھتے ہیں کہ ہر وہ کام جو نیک اعمال میں تاخیر کا باعث ہو اسے اثم کہتے ہیں۔ الاثم: الذنب هو فعل مبطئ عن الثواب۔ (تاج العروس) اثم اس گناہ کو کہتے ہیں جو ثواب میں تاخیر کا باعث ہو۔ کبیرہ گناہوں کی تفصیل ضیاء القرآن جلد اول سورہ النساء کی آیت ۳۱ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیے۔

فواحش بھی اگرچہ گناہ کبیرہ میں داخل ہیں لیکن ان کبیرہ گناہوں کو فواحش کہتے ہیں جن میں پرلے درجے کی بے حیائی اور قباحت ہو۔ اس صورت میں عطف البعض علی الکل ہوگا اور بعض کا خیال ہے کہ یہ دونوں ایک ہی شے ہیں صرف متعدد الفاظ بر سبیل تکرار ذکر کیے گئے ہیں۔

۵۹ وہ سعادت مند جن کے لیے اللہ تعالیٰ کے ہاں ابدی نعمتیں ہیں ان کی چند مزید صفات حمیدہ کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ استجاب: کسی کی دعوت پر لبیک کہنا یعنی جب اللہ تعالیٰ کے رسول نے حق قبول کرنے کی دعوت دی تو انہوں نے صدق دل سے اس پر لبیک کہی۔ پھر بڑے ذوق و شوق سے اس کی عبادت اس کے احکام کے مطابق بجا لاتے ہیں۔

۶۰ علامہ راغب شوریٰ کی تحقیق کے ضمن میں لکھتے ہیں: التشاور والمشاورة والمَشُوْرَة استخراج الرأی بمراجعة البعض الی البعض من قولهم شرتُ العسل اذا اتخذته من موضعه واستخرجته منه یعنی آپس میں تبادلہ خیال اور بحث و تکرار کے بعد کوئی رائے قائم کرنے کو تشاور، مشاورت اور مشورہ کہتے ہیں۔ اس لیے جب چھتے سے شہد نکالا جائے تو عرب کہتے ہیں شرتُ العسل۔

امام ابن جریر لکھتے ہیں کہ مسلمانوں کا یہ دستور تھا کہ جب بھی کوئی مشکل یا پیچیدہ مسئلہ پیش آتا تو سب اکٹھے ہو کر اس کے ہر پہلو پر گفتگو کرتے اور آخرکار ایک نتیجے پر پہنچتے۔ لذا حزبهم أمر تشاوروا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ معمول تھا کہ جب بھی کوئی ایسی مشکل پیش آتی تو صحابہؓ کو بلا کر مجلس مشاورت منعقد فرماتے اور بحث و تمحیص کے بعد فیصلہ فرماتے۔ صحابہ کرامؓ کا بھی یہی طریقہ کار تھا حضرت فاروق اعظمؓ نے ایک مجلس شوریٰ مقرر کی ہوئی تھی جو جلیل القدر صحابہؓ پر مشتمل تھی اور تمام ملکی، سیاسی، جنگی اور قانونی معاملات زیر بحث آتے اور مجلس کے فیصلے کے مطابق عمل کیا جاتا۔ کسریٰ اور قیصر کے مقابلہ کے لیے حضرت فاروق اعظمؓ نے بنفس نفیس تشریف لے جانے کا ارادہ ظاہر کیا تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اس کو خلاف مصلحت سمجھا اور خود جانے سے روکا اور آپ کی رائے کے مطابق عمل کیا گیا۔ اس آیت میں اسلامی سیاست کا ایک اہم ترین اصول بتایا گیا ہے۔ جب ہر طرف ملوکیت اور شخصی آمریت کا بول بالا تھا۔ بادشاہ اور آمر اپنی ساری رعایا اور سارے ملک کے لیے

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ

اور جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے اس سے خرچ کرتے ہیں۔ اور جب ان پر زیادتی کی جاتی ہے تو وہ اس کا ۹۱

قانون بنانے کے مجاز تھے لیکن جن کے لیے قانون بنایا جا رہا ہوتا ان کی پسند اور ناپسند ان کے فائدہ اور نقصان کا جائزہ لینا قطعاً ضروری نہ خیال کیا جاتا۔ اس مطلق العنان حکمران کی جو مرضی میں آجاتا وہی ملک کا قانون قرار پاتا خواہ اس سے سارا ملک ہی گوناگوں مشکلات میں بگھر جائے۔ اسلام نے جہاں زندگی کے ہر شعبہ میں قابلِ قدر، دُور رس اور انقلابی نوعیت کی تبدیلیاں کیں وہاں سیاسی زندگی کو بھی نئے اصولوں سے آشنا کر دیا۔ ان میں ایک شورائی نظام ہے۔ یعنی ہر کام جس کا تعلق عوام سے ہو اس کے بارے میں ان لوگوں سے ضرور صلاح مشورہ کیا جائے۔ اس سے نہ صرف یہ کہ رعایا کی دل جوئی ہوتی ہے بلکہ انہیں اپنی اہمیت کا احساس ہوتا ہے اور استبدادی طریقہ کار سے جو مجبوری اور محرومی کی گھٹن قلب و روح کو ڈس رہی ہوتی ہے اس سے نجات حاصل ہوتی ہے نیز قومی سطح پر کسی اہم معاملے کے متعلق فردِ واحد کا فیصلہ نقد کرنا بہت بڑی زیادتی ہے۔ ہو سکتا ہے وہ اپنے محدود علم، ناقص تجربہ یا اپنی ذاتی منفعت کے باعث کوئی غلط فیصلہ کر دے جس کا نقصان ساری قوم کو برداشت کرنا پڑے اور پھر بھی اس کی تلافی ممکن نہ ہو سکے۔ اس لیے مشورہ کا حکم دیا کہ ہر ایک اپنی اپنی قابلیت، تجربہ اور معاملہ فہمی کی صلاحیتوں کے مطابق مشورہ دے اور اس کی برکت سے منزلِ مقصود تک رسائی آسان ہو جائے گی۔

۹۱ اس سے پہلے اہلِ ایمان کی جو خصوصی صفات بیان کی گئی ہیں ان میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اسے اگر تکلیف دی جاتی ہے یا ستایا جاتا ہے تو وہ غضبناک ہو کر اوچھی حرکتیں نہیں کرنے لگتا بلکہ بُردباری اور صبر سے کام لیتا ہے۔ اس آیت میں بندۂ مومن کی ایک اور خوبی کا ذکر ہو رہا ہے کہ اگر کوئی اس پر پیہم زیادتی کرتا رہتا ہے اور اسے کمزور سمجھ کر اس کو رگیدنا چاہتا ہے یا اس کے دینِ متین کے خلاف کوئی محاذ قائم کر لیتا ہے تو پھر یہ شیرِ نر کی طرح میدان میں اُترتا ہے اور اس وقت تک پیچھے ہٹنے کا نام نہیں لیتا جب تک باغیوں اور سرکشوں کے غرور کو خاک میں نہ ملا دے اور ان کی قوت کو پاش پاش کر کے نہ رکھ دے۔ اس وقت وہ طوفان بن کر اُٹھتا ہے، ظلم و تعدی، کفر و طغیان کے مغرور و متکبر علمبرداروں کو تنکوں کی طرح بہا لے جاتا ہے۔ عفو و درگزر اور چیز ہے۔ ذلت و بے چارگی اور چیز۔ مومن عفو و درگزر تو کرتا ہے لیکن کوئی سرکش اس سے ذلت اور بے چارگی کی توقع کرے تو یہ عبث ہے۔ مومن مغلوب اور ضعیف پر تو رحم کرتا ہے لیکن جو قوت و طاقت کے نشہ میں مغرور ہو کر اس کو ستانا چاہے تو اس کی وہ ٹانگیں توڑ دیتا ہے، وہ ہاتھ جن میں ظلم کی تلوار ہوتی ہے کاٹ دیے جاتے ہیں اور وہ آنکھ پھوڑ دی جاتی ہے جو ان کی طرف بُری نیت سے اٹھتی ہے۔

جس سے جگرِ لالہ میں ٹھنڈک ہو وہ شبنم
دریاؤں کے دل جس سے دہل جائیں وہ طوفان

ينتصرون ای ينتقمون علامہ ابن منظور لکھتے ہیں۔ الانتصار، الانتقام وانتصر منه ای انتقم (لسان) علامہ قرطبی لکھتے ہیں ای اذا نالهم ظلم من ظالم لم يستسلموا الظلمه۔ یعنی اگر کوئی ظالم ان پر ظلم کرتا ہے تو وہ اس کے سامنے سر نہیں جھکا دیتے بلکہ اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ جاتے ہیں۔ ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ نے اہلِ ایمان کے طرزِ عمل کو یوں بیان

هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا

(مناسب) بدلہ لیتے ہیں۔ اور بُرائی کا بدلہ ویسی ہی بُرائی ہے۔ ۶۲ پس جو معاف کر دے

فرمایا ہے۔ انهم كانوا يكرهون ان يذلوا انفسهم فيجترأ عليهم الفساق۔ یعنی اہل ایمان اس بات کو از حد ناپسند کرتے تھے کہ وہ اپنے آپ کو ذلیل و خوار بنادیں تاکہ فاسق اور فاجر ان پر دست درازی کر سکیں۔ بلکہ ایسے لوگوں کے سامنے وہ فولاد کی چٹان بن جاتے ہیں اور بدمست مغروروں کو کچل کر رکھ دیتے ہیں۔ علامہ بیضاوی نے اس آیت کی تفسیر کے ضمن میں خوب لکھا ہے۔ وقال البيضاوى وصفهم بسائر امهات الفضائل منها كراهة التذلل وهى لا تخالف وصفهم بالغفران فانه ينبأ عن عجز المغفور والانتصار عن مقاومة الخصم والحلم عن العاجز محمودٌ وعن المتغلب مذموم لانه اجراء واغراء۔ علامہ بیضاوی فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کی بنیادی خوبیوں سے توصیف فرمائی۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ وہ کسی کے سامنے اپنے آپ کو ذلیل و خوار ظاہر کرنے کو از حد ناپسند کرتے ہیں۔ اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ آیت پہلی آیت کے مخالف ہے جس میں غفران ان کی صفت بیان کی گئی ہے۔ کیونکہ اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ عاجز اور درماندہ سے عفو و درگزر کرنا بہتر ہے اور بدمقابل دشمن سے انتقام لینا عین حکمت ہے۔ کمزور سے حلم محمود ہے اور زبردست سے حلم مذموم ہے کیونکہ اس طرح وہ ظلم کرنے پر اور زیادہ جری ہو جائے گا۔ کسی نے خوب کہا ہے۔

اذا انت اكرمت الكريم ملكته
وان انت اكرمت اللئيم تمردا

اگر تو کسی شریف آدمی کی عزت کرے گا تو وہ مدت العمر ممنون رہے گا اور اگر تو کسی کمینہ فطرت آدمی کی عزت کرے گا تو وہ اور زیادہ سرکش ہو جائے گا۔

فوضع الندا فى موضع السيف بالعلا
مضرٌ كوضع السيف فى موضع الندا

یعنی جہاں تلوار استعمال کرنا چاہیے وہاں سخاوت سے کام لینا مضر ہے جس طرح سخاوت کے موقع پر تلوار کا استعمال خطرناک ہے۔

۶۲ کیونکہ ظالم سے انتقام لینے کو مستحسن قرار دیا گیا تھا۔ ہو سکتا تھا کہ انتقام لینے والا حد سے تجاوز کر جائے اور کل کا مظلوم جوشِ انتقام میں خود ظالم بن جائے اس لیے فوراً متنبہ کر دیا کہ انتقام میں بھی انصاف کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ جتنی زیادتی کسی نے تم پر کی ہے اتنی ہی زیادتی تم اس پر بھی کر سکتے ہو۔ انتقام کی اجازت سے کوئی اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو جائے کہ اب اسے کھلی چھٹی مل گئی ہے جس طرح چاہے وہ اپنے دل کی بھڑاس نکالتا رہے۔

وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَمَنِ

اور اصلاح کر دے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ پر ہے [۹۳] بے شک وہ ظالموں سے محبت نہیں کرتا [۹۴] اور جو

انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝ اِنَّمَا

بدلہ لیتے ہیں اپنے اوپر ظلم ہونے کے بعد پس یہ لوگ ہیں جن پر کوئی ملامت نہیں [۹۵] بے شک

السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ

ملامت ان پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور فساد برپا کرتے ہیں زمین میں

بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ

ناحق۔ یہی ہیں جن کے لیے دردناک عذاب ہے۔ اور جو شخص (ان مظالم پر) صبر کرے اور (طاقت کے

[۹۳] بسا اوقات انتقام لینے سے ظالم کا دماغ درست ہو جاتا ہے اور وہ لوگوں پر ظلم و تعدی سے باز آجاتا ہے اور بسا اوقات انتقامی کارروائی سے فتنہ بڑھتا ہے اور شور و شر میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ یہاں اہل ایمان کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرائی جا رہی ہے کہ اگر عفو و درگزر سے بگڑے ہوئے حالات اصلاح پذیر ہو جاتے ہوں اور مشتعل جذبات ٹھنڈے پڑ جاتے ہوں تو اگر کوئی شخص انتقام لینے کی اجازت کے باوجود معاف کر دے اور اپنے احساسات اور جذبات پر قابو پا لے تو گو وقتی طور پر اسے تکلیف ضرور ہوگی لیکن اسے یاد رکھنا چاہیے کہ اس کا اجر خداوند کریم ایسا عطا فرمائے گا کہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی اور دل مسرور ہو جائے گا۔

[۹۴] وہ شخص جو ظلم کی ابتدا کرتا ہے اور وہ مظلوم جو جوشِ انتقام میں اندھا ہو جاتا ہے اور حد سے تجاوز کرتا ہے، دونوں ظالم ہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی ظالم کو پسند نہیں کرتا۔

[۹۵] بعض لوگ ضرورت سے زیادہ امن پسند ہوتے ہیں۔ مظلوم اگر ظالم کا دستِ ظلم کاٹنے کے لیے تلوار بے نیام کرتا ہے تو شور مچانا شروع کر دیتے ہیں اور اس کو جوابی کارروائی پر ملامت کرنے لگتے ہیں۔ حقیقت میں ایسے ہی لوگوں کی وجہ سے ظالم کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اور وہ دل کھول کر لوگوں پر جور و جفا کے تیر چلاتا ہے۔ قرآن کا یہ فلسفہ نہیں ہے۔ صاف اعلان کیا جا رہا ہے کہ ظالم سے انتقام لینے کے لیے مظلوم جو کارروائی کرے گا، بشرطیکہ وہ حدِ اعتدال سے تجاوز نہ کرے اس پر کسی قسم کی ملامت نہ ہوگی۔ ملامت کے مستحق تو وہ لوگ ہیں جنہوں نے ظلم و زیادتی کا آغاز کیا اور زمین میں ناحق فتنہ و فساد کی آگ بھڑکائی۔

إِنَّ ذَٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ﴿٤٣﴾ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ

باوجود معاف کر دے تو یقیناً یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے ف۶۹ اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کر دے تو اس کا کوئی

مِن وَلِيٍّ مِّن بَعْدِهِ ۗ وَتَرَى الظَّالِمِينَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ

کارساز نہیں اس کے بعد ف۷۰ اور آپ ملاحظہ کریں گے ظالموں کو جب وہ دیکھیں گے عذاب (تو شپٹا جائیں گے)

يَقُولُونَ هَلْ إِلَىٰ مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ ﴿٤٤﴾ وَتَرَاهُمْ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا

پوچھیں گے کیا واپس لوٹنے کا بھی کوئی راستہ ہے؟ ف۷۱ اور آپ انہیں دیکھیں گے کہ پیش کیے جا رہے ہوں گے دوزخ

خَاشِعِينَ مِنَ الذُّلِّ يَنظُرُونَ مِن طَرْفٍ خَفِيٍّ ۗ وَقَالَ الَّذِينَ

پر اس حال میں کہ عاجز و درماندہ ہوں گے ذلت کے باعث۔ دیکھتے ہوں گے انکھیوں سے چوری چوری ف۷۲ اور کہیں گے

ف۶۹ لفظ عزم کی تحقیق کرتے ہوئے علماء لغت نے لکھا ہے قال اللیث ما عقد علیہ قلبك من امر انك فاعلہ۔ ایسے کام پر جس کو تو کرنے والا ہے تیرے دل کا پختہ ارادہ کرنا عزم کہلاتا ہے (لسان العرب) علامہ جوہری کہتے ہیں عزمت علی کذا اذا اردت فعلہ وقطعت علیہ۔ جب تو کسی کام کا قطعی ارادہ کرلے تو عرب کہتے ہیں عزمتُ علی کذا (الصحاح) علامہ راغب کہتے ہیں۔ العزم والعزیمۃ عقد القلب علی امضاء الامر کسی حکم کی تعمیل پر دل کا پختہ ارادہ کرنا عزم اور عزیمہ کہلاتا ہے۔ آیت کا مفہوم بیان کرتے ہوئے علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں کہ صبر اور مغفرت ان امور میں سے ہیں جنہیں بندہ کو اپنے نفس کے اوپر واجب کرنا چاہیے کیونکہ یہ امور اللہ تعالیٰ کے نزدیک محمود اور پسندیدہ ہیں ای من معزومات الامور ای مما یجب العزم علیہ من الامور بایجاب العبد علی نفسہ لکونہ من الامور المحمودۃ عند اللہ تعالیٰ (روح البیان)

ف۷۰ جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کر دے اسے کوئی راہ راست پر نہیں لا سکتا۔ رہی یہ بات کہ اللہ تعالیٰ کس کو گمراہ کرتا ہے اس کے متعلق قرآن کریم میں بار بار صراحۃً بتایا گیا ہے کہ جو لوگ پیہم نافرمانی اور سرکشی سے اپنی صلاحیتوں کو برباد کر دیتے ہیں۔ دعوت حق سننے اور نور حق دیکھنے سے اپنی گوش و چشم بند کر دیتے ہیں ان لوگوں کو گمراہ کر دیا جاتا ہے کیونکہ گمراہی کے بغیر وہ اور کسی چیز کے طلبگار ہی نہیں اور جس دل میں ہدایت کی خواہش ہی نہ ہو بلکہ دعوت حق کو حقارت سے ٹھکرا دینا ہی اس کا معمول بن چکا ہو تو قدرت زبردستی اس کو ہدایت قبول کرنے پر مجبور نہیں کرتی۔

ف۷۱ آج تو کفار کو سمجھایا جاتا ہے لیکن اس پند و موعظت کا ان پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ قیامت کے روز جب بھڑکتا ہوا جہنم دیکھیں گے تو اس وقت ان کی آنکھیں کھلیں گی اور ہوش آئے گا۔ اس وقت راہ فرار تلاش کریں گے لیکن اس روز نجات کے تمام راستے بالکل بند ہوں گے۔

ف۷۲ حضرت سعید بن جبیر نے طرف خفی کا معنی کیا ہے یسارقون النظر من شدۃ الخوف۔ یعنی شدت خوف کے باعث

اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ

اہل ایمان کہ حقیقی گھاٹے میں وہی لوگ ہیں جنہوں نے گھاٹے میں ڈالا اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے

الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿٤٥﴾ وَمَا كَانَ لَهُمْ

روز۔ سن لو! ظالم لوگ ضرور ابدی عذاب میں ہوں گے اور نہیں ہوں گے (اس روز)

مِّنْ اَوْلِيَاۗءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

ان کے لیے مددگار جو مدد کر سکیں ان کی اللہ کے بغیر۔ اور جس کو گمراہ کر دے اللہ تعالیٰ

فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿٤٦﴾ اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ

تو اس کے لیے (بچنے کی) کوئی راہ نہیں۔ (لوگو!) مان لو اپنے رب کا حکم اس سے پیشتر کہ آ جائے

يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَىِٕذٍ وَّمَا لَكُمْ

وہ دن جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ٹلنے والا نہیں نہ ہوگی تمہارے لیے کوئی پناہ گاہ اس روز اور نہ تمہاری طرف سے کوئی روک ٹوک

مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿٤٧﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۭ اِنْ

کرنے والا ہوگا پس اگر وہ (پھر بھی) رُوگردانی کریں تو ہم نے آپ کو ان کے اعمال کا ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا۔ آپ کا

چوری چوری کن انکھیوں سے دیکھیں گے (قرطبی) یونس کہتے ہیں کہ یہاں مِنْ بمعنی با ہے۔ ای ینظرون بطرف خفی ای ضعیف من الذل والخوف یعنی ذلت اور خوف کے باعث ان کی آنکھوں کی بینائی کمزور ہو چکی ہوگی اور وہ کمزور آنکھوں سے جہنم کی طرف دیکھیں گے۔

اہل ایمان جب جنت میں ان دوزخیوں کی حالتِ زار کا مشاہدہ کریں گے تو کہیں گے کہ ان ظالموں سے زیادہ گھاٹا کس کو ہوا ہوگا جنہوں نے اپنے آپ کو جہنم کا ایندھن بنایا اور اپنے اہل و عیال کو بھی تباہ و برباد کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔

قیامت کے روز کفار کی حالتِ زار بیان کرنے کے بعد انہیں پھر قبولِ اسلام کی دعوت دی جا رہی ہے اور انہیں اس پر برانگیختہ کیا جا رہا ہے تاکہ اس روز کفِ افسوس ملنے اور اشکِ ندامت بہانے کے بجائے آج ہی توبہ کر لیں۔ جب وہ دن آئے گا تو کوئی اس کو روک نہ سکے گا۔ اے مشرکو! تمہارے لیے اس روز کوئی پناہ لینے کی جگہ نہ ہوگی۔

آیت کے اس آخری فقرے کے متعدد مطالب بیان کیے گئے ہیں۔ بعض نے کہا ہے کہ نکیر کا معنی انکار کرنا ہے۔ یعنی قیامت

عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَ اِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ

فرض تو صرف (احکام کا) پہنچا دینا ہے ۴۳؎ اور ہم جب مزا چکھا دیتے ہیں انسان کو اپنی رحمت کا تو خوش ہو جاتا ہے اس سے۔

وَ اِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ۟

اور اگر انہیں کوئی تکلیف پہنچے اپنے کرتوتوں کے باعث (تو شور مچانے لگتا ہے) بے شک انسان بڑا ناشکر گزار ہے ۴۴؎

کے روز جب ان کا دفتر عمل کھول کر ان کے سامنے رکھا جائے گا تو انہیں یہ طاقت نہ ہوگی کہ اس کے مندرجات کا انکار کر سکیں (ابن جریر) مجاہد نے نکیر کا معنی ناصر اور مددگار کیا ہے یعنی قیامت کے دن ان کا کوئی ایسا مددگار نہ ہوگا جو انہیں عذاب الٰہی سے چھڑا سکے۔ بعض نے نکیر بمعنی منکر یعنی بدل دینے والا "تبدیل کر دینے والا" لکھا ہے۔ یعنی کوئی ایسا آدمی انہیں نہیں ملے گا جو اس عذاب میں رد و بدل کر سکے النکیر والانکار تغییر المنکر (قرطبی) ابن کثیر نے یہ مفہوم بتایا ہے تتنکرون عنها وتغیبون عن بصره عز و جل۔ یعنی تم اپنی شکل و صورت کو بدل کر اور اپنا حلیہ تبدیل کر کے اللہ تعالیٰ کی آنکھوں سے چھپ نہیں سکتے ہو اور بھاگ نہیں سکتے ہو۔

۴۳؎ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دے رہے ہیں کہ یہ کفار آپ کی اتنی مخلصانہ کوششوں کے باوجود حق کو قبول نہیں کرتے بلکہ روگردانی کیے ہوئے ہیں تو آپ دلگیر ہرگز نہ ہوں۔ ان کی گمراہی اور تباہی کے بارے میں آپ سے قطعاً کوئی باز پرس نہ ہوگی۔ آپ کا فرض پیغام حق کا پہنچانا تھا۔ آپ نے اپنا فرض باحسن وجوہ پورا کر دیا ہے۔ اب بھی اگر وہ باطل پر اڑے ہوئے ہیں تو یہ ان کی اپنی بدبختی ہے اور اس کی سزا یہ خود بھگتیں گے۔ حفیظ کا لفظ یہاں توجہ طلب ہے۔ علامہ پانی پتی نے اس کا معنی لکھا ہے رقیباً مواخذاً علی اعراضهم ایسا نگہبان جس سے ان کی روگردانی پر مواخذہ اور باز پرس کی جا سکے۔ تاج العروس میں اس کا یہ مفہوم بتایا گیا ہے۔ الحفیظ الموکل بالشیئ یحفظه؛ حفیظ اسے کہتے ہیں جسے کسی کا سپردار بنایا جائے اور اس کی نگہداشت و حفاظت اس کے ذمہ ہو۔ علامہ جوہری نے صحاح میں لکھا ہے۔ الحفیظ المحافظ؛ نگہبان۔ ان تمام تصریحات سے حفیظ کا یہی مفہوم سمجھ میں آتا ہے کہ ایسے نگہبان اور محافظ کو حفیظ کہتے ہیں جو ہر طرح سے کسی کا ذمہ دار ہو اور اس کے افعال کے لیے جواب دہ ہو۔

۴۴؎ انسان کی دوں ہمتی اور سفلہ مزاجی کا ذکر ہو رہا ہے کہ یہ حضرت بھی عجیب شے ہے۔ اگر راحت و آرام کے دن آ جائیں تو خوشی سے پھولے نہیں سماتا اور اگر اپنی بداعمالیوں کی پاداش میں رنج و محن کے بادلوں میں گھر جائے تو ناشکری کی انتہا کر دیتا ہے کہ میں تو ہمیشہ سے ایسی ہی خستہ حالی زندگی بسر کر رہا ہوں۔ میں نے تو عمر بھر کبھی خوشی دیکھی ہی نہیں۔ مسرت و شادمانی کے گزرے ہوئے سارے دن اسے بھول جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی گزشتہ تمام مہربانیوں کا انکار کر دیتا ہے بلکہ اس وقت بھی جب اپنے آپ کو مصائب میں گھرا ہوا پاتا ہے اس وقت بھی اللہ تعالیٰ کی بے شمار ایسی نعمتیں ہیں جن سے وہ لطف اندوز ہو رہا ہوتا ہے ان کا بھی اعتراف نہیں کرتا۔ منہ بسورے ہوئے اپنے رب سے روٹھا روٹھا پھرتا ہے اور آئندہ کے لیے بھی مایوس و ناامید ہو کر رہ جاتا ہے۔

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ

اللہ ہی کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔ پیدا فرماتا ہے جو چاہتا ہے۔ بخشتا ہے جس کو چاہتا ہے

اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ الذُّكُوْرَ ۝ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ

بچیاں اور عطا فرماتا ہے جس کو چاہتا ہے فرزند۔ یا ملا جلا کر دیتا ہے انہیں بیٹے اور بیٹیاں۔

وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَاۗءُ عَقِيْمًا ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ

اور بنا دیتا ہے جس کو چاہتا ہے بانجھ۔ بے شک وہ سب کچھ جاننے والا ہر چیز پر قادر ہے ۴۹ اور کسی بشر کی یہ شان نہیں کہ

اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَاۗئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا

کلام کرے اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ (براہ راست) مگر وحی کے طور پر یا پس پردہ یا بھیجے کوئی پیغامبر (فرشتہ)

فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ

اور وہ وحی کرے اس کے حکم سے جو اللہ تعالیٰ چاہے۔ بلاشبہ وہ اونچی شان والا بہت دانا ہے ۵۰ اور اسی طرح ہم نے بذریعہ وحی بھیجا

۴۹ یہاں بتایا جا رہا ہے کہ آسمانوں اور زمین میں اسی کی حکمرانی ہے۔ ہر چیز اسی کے تصرف میں ہے۔ جس کو چاہے جتنا چاہے دے دے اور اگر کسی کو کسی نعمت سے محروم رکھنا چاہے تو زبردستی اسے دینے پر کوئی مجبور نہیں کر سکتا۔ اولاد کے سلسلہ میں بھی لوگوں کی چار قسمیں ہیں ① وہ لوگ جن کو صرف بچیاں ہی دیتا ہے۔ بچے کے لیے وہ ترستے رہتے ہیں اور ان کی حسرت پوری نہیں ہوتی ② وہ لوگ جن کو صرف بچے دیے جاتے ہیں۔ ③ جن کو ملے جلے بچے اور بچیاں عطا فرماتا ہے۔ ④ وہ لوگ جو بانجھ ہیں جن میں اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت ہی مفقود ہے۔ ان کے ہاں نہ بچہ پیدا ہوتا ہے اور نہ بچی۔ آخر میں فرمایا کہ میں علیم بھی ہوں اور قدیر بھی۔ میں ہی بہتر جانتا ہوں کہ کس کو کیا دینا ہے اور کس کو کچھ نہیں دینا ہے۔

۵۰ اس مقام پر وحی کے لفظ کی لغوی تحقیق اور پھر اس کا اصطلاحی مفہوم ذکر کر دینا فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔ صاحب تاج العروس لفظ وحی کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اصل الایحاء ان یسّر بعضہم الی بعض کما فی قولہ تعالیٰ یُوحی بعضہم الی بعض زخرف القول غُرورًا: ھذا اصل الحرف ثم قُصِر ایحاہ علی معنی الھمہ۔ فقال ابو اسحاق اصل الوحی فی اللغۃ اعلام فی خفاء ولذلک صار الالھام یسمّی وحیًا قال الازھری وکذلک الاشارۃ والایماء یسمّی وحیًا والکتابۃ تسمّی وحیًا۔ (تاج العروس، ج ۱۰، صفحہ ۳۸۵) یعنی ایحاء کا اصل معنی تو یہ ہے کہ راز داری میں کسی کو کچھ کہنا۔ قرآن کریم میں ہے یُوحی بعضہم

الی بعض یہ اس کا اصلی معنی ہے۔ پھر کبھی اس کا اطلاق صرف الہام پر ہوتا ہے۔ ابو اسحاق کہتے ہیں وحی کا اصلی لغوی معنی پوشیدہ طور پر کسی کو کوئی چیز بتا دینا ہے۔ اسی وجہ سے الہام کو بھی وحی کہتے ہیں۔ ازہری کہتے ہیں اشارہ کرنے اور لکھ کر کوئی چیز دینے کو بھی وحی کہا جاتا ہے کیونکہ اس میں بھی تیسرے آدمی کو خبر نہیں ہوتی۔

علامہ راغب اصفہانی نے اس کی مزید وضاحت کی ہے۔ ان کی تحقیق کا خلاصہ بھی ہدیۂ ناظرین ہے:

"اصل الوحی الاشارۃ السریعۃ . . . . . وذالك یکون بالکلام علی سبیل الرمز . . . . وباشارۃ بعض الجوارح وبالکتابۃ . . . . وعلی ہذہ الوجوہ قولہ وکذالك جعلنا لکل نبی عدوا شیاطین الانس والجن یوحی بعضہم الی بعض زخرف القول غرورا فذالك الوسواس المشار الیہ بقولہ من شر الوسواس الخناس. ویقال الکلمۃ الالٰہیۃ التی تلقی الی انبیاءہ واولیاءہ وحی وذالك اضرب. حسبما دل علیہ قولہ تعالیٰ وما کان لبشر الایۃ وذالك اما برسول مشاھد تری ذاتہ ویُسمع کلامہ کتبلیغ جبرئیل للنبی فی صورۃ معینۃ واما بسماع کلام من غیر معاینۃ کسماع موسیٰ کلام اللہ تعالیٰ واما بالقاء فی الروع کما ذکر علیہ السلام ان روح القدس نَفَث فی رُوعی واما بالالہام نحو اوحینا الی ام موسیٰ ان ارضعیہ واما بتسخیر نحو قولہ تعالیٰ واوحیٰ ربك الی النحل او بمنام کما قال علیہ الصلوٰۃ والسلام انقطع الوحی وبقیت المبشرات رؤیا المومن فالالہام والتسخیر والمنام دل علیہ قولہ الا وحیا وسماع الکلام معاینۃ دل علیہ قولہ او من وراء حجاب وتبلیغ جبرئیل فی صورۃ معینۃ دل علیہ قولہ او یرسل رسولا فیوحی الیہ۔"

ترجمہ:

وحی کا اصل معنی اشارۂ سریعہ ہے۔ یہ کبھی ایسے کلام سے ہوتا ہے جو بطور رمز مستعمل ہو . . . . یا بعض اعضا کے اشارے سے یا کتابت سے۔ ان مذکورہ وجوہات کے لیے ملاحظہ ہو یہ آیت وکذالك جعلنا الایۃ یعنی اسی طرح بنا دیئے ہم نے ہر نبی کے لیے دشمن یعنی سرکش انسان اور جن چپکے چپکے سکھاتے تھے ایک دوسرے کو خوش نما باتیں۔ دوسروں کو دھوکا دینے کے لیے شیطانوں کی اس باہمی گفتگو کو وسواس کہتے ہیں جس کی طرف من شر الوسواس الخناس سے اشارہ کیا گیا ہے اور کلمۂ الٰہی جس کا القاء انبیاء یا اولیاء کی طرف کیا جاتا ہے اسے وحی کہتے ہیں اور اس وحی کی کئی قسمیں ہیں جن کا ذکر اس آیت میں ہے وما کان لبشر الایۃ۔ یہ وحی یا تو بذریعہ فرشتہ ہو گی جس کو وہ نبی دیکھے گا اور اس کے کلام کو سنے گا جس طرح جبرئیل شکل معین میں حاضر ہوتے تھے یا یہ وحی اس صورت میں ہو گی کہ کلام تو سنائی دے رہا ہے لیکن متکلم دکھائی نہیں دے رہا جس طرح موسیٰ علیہ السلام کا کلام الٰہی سننا یا یہ وحی بصورت القاء ہو گی جیسے حضورؐ نے فرمایا ان روح القدس نفث فی روعی۔ رُوح القدس نے یہ بات میرے دل میں ڈال دی یا بذریعہ الہام ہو گی جیسے واوحینا الی ام موسیٰ ہم نے موسیٰؑ کی والدہ کو وحی فرمائی یعنی انہیں بذریعہ الہام بتایا یا یہ وحی بذریعہ تسخیر ہو گی یعنی اس چیز کی فطرت اور طبیعت میں کوئی بات ڈال

اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ

آپ کی طرف ایک جانفزا کلام اپنے حکم سے ۵۵ نہ آپ یہ جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ یہ کہ ایمان کیا ہے ۵۶

وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِیْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ

لیکن (اے حبیب!) ہم نے بنا دیا اس کتاب کو (سراپا) نور، ہم ہدایت دیتے ہیں اس کے ذریعہ جس کو چاہتے ہیں اپنے بندوں سے۔ اور بلاشبہ آپ

دی گئی جس کی بجا آوری پر وہ چیز طبعاً مجبور ہے جیسے اوحی ربك الی النحل۔ آپ کے رب نے شہد کی مکھی کی طرف وحی کی یا بذریعہ خواب ہو گی جیسے حضورؐ نے فرمایا وحی کا سلسلہ ختم ہو گیا اب خوش خبریاں رہ گئیں یعنی مومن کو جو خواب دکھائے جاتے ہیں۔ پس الہام، تسخیر اور خواب کی شکل میں جو وحی ہوتی ہے اس پر آیت کے اس فقرہ نے دلالت کی ما کان لبشر ان یکلمہ اللہ الا وحیا۔ اور پس پردہ کلام سننے کی صورت میں جو وحی ہوتی ہے اسے او من وراء حجاب سے تعبیر کیا اور جو وحی جبرئیل لے کر آتے تھے اس پر آیت کے اس فقرہ او یرسل رسولا نے روشنی ڈالی۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ یہ تیسری قسم انبیاء کرام سے مخصوص ہے۔ بل انہ مخصوص بالانبیاء علیہم السلام (روح المعانی)

۵۵ یہاں رُوح سے مراد قرآن کریم ہے۔ جس طرح روح جسم کو زندہ کرتی ہے اسی طرح قرآن حکیم دلوں کو حیات جاوید عطا کرتا ہے، اس لیے اسے بھی رُوح فرمایا گیا۔ کذالک سے مراد وحی کی مذکورہ تمام قسمیں ہیں کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر وحی کی ان تمام قسموں کا نزول ہوتا تھا۔

۵۶ بظاہر اس آیت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نبوت سے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نہ کتاب کا علم تھا نہ ایمان کا۔

تحقیق طلب امر یہ ہے کہ کیا انبیاء کرام کو بعثت سے پہلے ایمان و کتاب کا علم ہوتا ہے یا نہیں؟ آیات قرآنی اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا ثابت ہوتا ہے؟ جب ہم قرآن حکیم کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہم یہ آیت پڑھتے ہیں واٰتینٰہ الحکم صبیا۔ اللہ تعالیٰ حضرت یحییٰ علیہ السلام کے متعلق فرماتے ہیں کہ آپ ابھی بچے ہی تھے کہ ہم نے انہیں علم و حکمت سے مشرف فرمایا۔ حضرت ابن عباس کے قول کے مطابق آپ کی عمر تین سال تھی اور حکم سے مراد تفقہ فی الدین ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے گہوارہ میں ہی اعلان فرمایا انی عبداللہ اٰتٰنی الکتاب وجعلنی نبیا وجعلنی مبارکا این ما کنت۔ یعنی میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اس نے مجھے کتاب دی ہے اور مجھے نبی بنایا ہے اور اس نے مجھے بابرکت بنایا ہے جہاں بھی میں ہوں۔ حضرت یوسف علیہ السلام ابھی کمسن ہی تھے کہ بھائیوں نے ان کے گلے میں رسہ ڈال کر کنویں میں لٹکا دیا تھا۔ اس وقت انہیں اللہ تعالیٰ نے یہ مژدہ سنایا تھا کہ واوحینا الیہ لتنبئنھم بامرھم ھذا۔ یعنی ہم نے ان کی طرف وحی کی کہ آپ انہیں ان کے اس فعل پر آگاہ کریں گے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام نے بچپن میں ہی حضرت خلیل سے عرض کیا تھا یا ابت افعل ما تؤمر ستجدنی ان شاء اللہ من الصابرین۔ اے پدر بزرگوار! آپ کو جو حکم دیا گیا ہے اس کی تعمیل کیجیے۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو آپ مجھے صابروں میں پائیں گے۔

اگر ان حضرات انبیاء کو بچپن میں ہی ان امور پر آگاہی بخش دی گئی تھی اور ان سے وہ محیّر العقول کارنامے صادر ہوئے جو صرف اللہ تعالیٰ پر کامل ایمان کا ہی ثمر ہو سکتے ہیں تو حضور فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق یہ کیسے فرض کر لیا جائے کہ حضورؐ کو ایمان اور کتاب کا علم نہ تھا۔ سرور کائنات کی قبل از اعلان نبوت زندگی کا مطالعہ کیا جائے تو وہ بھی اس مفروضے کی تکذیب کرتی ہے۔ حدیث پاک میں ہے۔ لما نشأت بغضت الی الاوثان وبغض الی الشعر ولم اھم بشیئ مما کانت الجاھلیۃ تفعلہ الا مرتین فعصمنی اللہ منھما اثمر لم اعد۔ جب میں بڑا ہوا تو میرے دل میں بتوں اور شعر گوئی کے متعلق بغض اور نفرت پیدا ہو گئی اور میں نے جاہلیت کے کاموں کا کبھی ارادہ نہیں کیا۔ صرف دو مرتبہ خیال آیا لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے بچا لیا اور پھر میں نے ان کا قصد نہیں کیا۔

حضورؐ بچپن میں اپنے چچا ابو طالب کے ہمراہ ملک شام گئے۔ اسی سفر میں بحیرہ راہب سے ملاقات ہوئی۔ اس نے حضورؐ میں نبوت کی علامات دیکھیں تو آزمانے کے لیے اس نے حضورؐ کو لات وعزّیٰ کی قسم کھانے کے لیے کہا۔ حضورؐ نے اپنی کمسنی کے باوجود ارشاد فرمایا۔ لا تسئلنی بھما فواللہ ما ابغضت شیئا قط بغضھما۔ یعنی اے راہب! مجھ سے ان بتوں کے واسطے کوئی بات مت پوچھو۔ بخدا مجھے جتنی نفرت ان سے ہے اور کسی سے نہیں۔

انبیاء کے بچپن کے احوال لکھنے کے بعد علامہ قرطبی فرماتے ہیں: ثم یتمکن الامر لھم وتترادف نفحات اللہ علیھم وتشرق انوار المعارف فی قلوبھم حتی یصلوا الغایۃ ویبلغوا باصطفاء اللہ تعالیٰ لھم بالنبوۃ فی تحصیل الخصال الشریفۃ دون ممارسۃ ولا ریاضۃ۔ پھر ان کے حالات میں پختگی پیدا ہونے لگتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا نزول پے در پے ہوتا ہے۔ ان کے دلوں میں معرفت کے انوار چمکنے لگتے ہیں یہاں تک کہ وہ انتہا تک پہنچتے ہیں اور اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ نبوت کے لیے انہیں چن لیتا ہے۔ وہ اوصاف حمیدہ میں کمال حاصل کر لیتے ہیں۔ انہیں کسی مشق اور ریاضت کی بھی ضرورت نہیں ہوتی۔

علامہ موصوف فرماتے ہیں الصواب انہ معصوم قبل النبوۃ من الجھل باللہ وصفاتہ والتشکک فی شیئ من ذلک وقد تعاضدت الاخبار والآثار عن الانبیاء بتنزیھھم عن ھذہ النقیصۃ منذ ولدوا ونشأتھم علی التوحید والایمان بل علی اشراق انوار المعارف ونفحات الطاف السعادۃ ومن طالع سیرھم منذ صباھم الی مبعثھم حقق کذلک۔ (قرطبی) صحیح یہ ہے کہ انبیاء کرام نبوت سے پہلے بھی اس بات سے معصوم ہوتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات سے جاہل ہوں یا ان میں سے کسی بات میں ان کو شک ہو۔ بکثرت ایسی احادیث وآثار موجود ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ انبیاء بچپن میں ہی ان عیوب سے پاک ہوتے ہیں اور ان کی نشوونما توحید اور ایمان پر ہوتی ہے بلکہ معرفت کے انوار ان پر ضوفشاں رہتے ہیں، سعادت ارجمندی کے الطاف کی مہک سے وہ معطر رہتے ہیں۔ جنہوں نے ان کی سیرتوں کا مطالعہ کیا ہے ان کے نزدیک یہ امر مسلّم ہے۔

جب حقیقت حال یہ ہے تو اب اس آیت کا مفہوم کیا ہے؟ علامہ قرطبی نے متعدد جواب نقل کیے ہیں۔ مجھے یہ جواب ان میں سے زیادہ پسند ہے:

ما کنت تدری ما الکتاب لولا انعامنا علیک ولا الایمان لولا ھدایتنا لک۔ یعنی آپ پر اگر ہمارا لطف وانعام نہ ہوتا

لَتَهْدِیْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍۙ۝۵۲ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی

رہنمائی فرماتے ہیں صراطِ مستقیم کی طرف ۵۳ جو اللہ کی راہ ہے وہ اللہ جو مالک ہے ہر اس چیز کا جو

السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ۠۝۵۳

آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے ۵۴ خوب سن لو سب کاموں کا انجام اللہ تعالیٰ کی طرف ہی ہے ۵۵

تو آپ کتاب کو نہ جان سکتے اور اگر ہم آپ کی رہنمائی نہ فرماتے تو آپ کو ایمان کا علم بھی نہ ہوتا۔

(ملخصا عن تفسیر القرطبی)

نیز درایت کی نفی سے علم کی نفی نہیں ہوتی کیونکہ درایت کہتے ہیں المعرفة المدرکة بضرب من الختل (مفردات) یعنی کسی چیز کو ظن وتخمین سے یا اٹکل پچو سے جاننا۔ تاج العروس میں اس کا یہ معنی لکھا گیا ہے دریته و دریت به۔ علمته او علمته بضرب من الحیلة ولذا لا یطلق علی اللہ تعالیٰ۔ یعنی حیلے سے کسی چیز کے جاننے کو درایت کہتے ہیں۔ اسی لیے اس کا اطلاق اللہ تعالیٰ پر نہیں کیا جاتا۔

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ ہیں جنہیں دلائلِ عقلیہ سے پہچانا جا سکتا ہے اور دوسری وہ ہیں جن کی معرفت دلائلِ سمعیہ کے بغیر ممکن نہیں۔ یہ دوسری قسم کی معرفت نبوت سے پہلے نہ تھی۔ (کبیر)

بعض علماء نے اس آیت کا یہ مطلب بیان کیا ہے۔ ای کنت من قوم اُمّیین لا یعرفون الکتاب ولا الایمان حتی اکون قد اخذت ما جئتهم به عن من کان یعلم ذلك منهم وهو کقوله تعالیٰ۔ وما کنت تتلو من قبله من کتاب ولا تخطه بیمینك اذا لارتاب المبطلون۔

۵۳ یعنی ہم نے قرآن کو نور بنا دیا ہے اور اس کے ذریعہ ہم جس کو چاہتے ہیں منزلِ مقصود تک پہنچا دیتے ہیں اور اے محبوب! آپ بھی صراطِ مستقیم کی طرف لوگوں کی رہنمائی فرماتے رہتے ہیں۔ یہ صراطِ مستقیم اللہ تعالیٰ کا راستہ ہے۔

۵۴ آخر میں پھر اللہ تعالیٰ کی جلالتِ شان کا ذکر فرما دیا کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب کا خالق و مالک وہی ہے اور اس میں ہر طرح کا تصرف کرنے کی بھی قدرت رکھتا ہے۔

۵۵ اس میں اطاعت گزار اور فرمانبردار بندوں کے لیے بشارت ہے اور سرکشوں اور نابکاروں کے لیے دھمکی اور سرزنش ہے بتایا جا رہا ہے کہ سب مخلوقات کے دنیوی اور اخروی امور بارگاہِ الٰہی میں انجام پاتے ہیں۔ ہر چھوٹے بڑے کام کی وہی تدبیر فرماتا ہے۔ اس کی قضا وقدر کے بغیر کوئی پتہ بھی جنبش نہیں کر سکتا۔ علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "نزد محققان بازگشت ہمہ امور در ہمہ اوقات واحوال بحضرت اوست وبار تفاع حجب ووسائط شاہدۂ ایں معنی دست دہد۔ . . . . وذلك لانّ تعالیٰ مبدأ کل شیٔ ومرجعه ومصیره اما بالفناء الاختیاری او بالفناء الاضطراری۔" یعنی اہلِ تحقیق کے نزدیک تمام اوقات اور جملہ احوال میں ہر کام کی بازگشت

اسی کی جناب میں ہے۔ جب پردے اٹھتے ہیں اور وسائط دُور ہوتے ہیں تب اس مفہوم کا مشاہدہ نصیب ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر چیز کا آغاز بھی اللہ تعالیٰ ہے اور انتہا بھی اسی تک۔ اب چاہے کوئی اپنی مرضی اور اختیار سے اپنے آپ کو اس کی رضا میں فنا کر دے، ورنہ اضطرارًا تو ایسا ہو کر رہے گا۔ عقل مندی کا تقاضا تو یہ ہے کہ جس چیز سے مفر نہ ہو اسے خوشی سے قبول کر لیا جائے۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ایک جنازے کی تدفین میں شریک ہوئے۔ جب اس پر مٹی ڈال دی گئی تو اتنا روئے کہ آنسوؤں سے مٹی تر ہو گئی۔ پھر فرمایا اے مردمان! آخر دنیا گور است اول آخرت گور است چہ مزنازید بعالمے آخرش اینست یعنی گور وچرا نمی ترسید از عالمے کہ اولش اینست یعنی گور۔ (روح البیان) اے لوگو! دنیا کا انجام قبر ہے اور آخرت کی ابتدا قبر ہے۔ اس جہان پر ناز کرنا کتنی حماقت ہے جس کا انجام قبر ہے اور اس جہان سے کیوں نہیں ڈرتے ہو جس کی پہلی منزل قبر ہے۔

الحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علی اول نور اشرق من شمس الازل۔ اللّٰھم اجعل دنیانا خیر مزرعۃ للاٰخرۃ واجعل قبورنا روضۃ من ریاضات الجنۃ وآنس وحشتنا بأنسك وبرؤیۃ الوجہ الصبیح الذی لا زلنا مشتاقین الی رؤیاہ اللّٰھم صل علی صاحب الوجہ الجمیل والخد الاسیل والطرف الکحیل وعلی آلہ وصحبہ وبارك وسلم۔

تعارف

سُورۃ زخرف

نام: اس کا نام زخرف ہے۔ یہ کلمہ آیت ۳۵ میں مستعمل ہوا ہے۔ اس سورت میں سات رکوع نواسی آیات اور تین ہزار چار سو حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: یہ بھی ان سات سورتوں میں سے ایک ہے جن کی ابتدا حٰمٓ سے ہوئی اور اس کا زمانۂ نزول بھی اس سلسلے کی سورتوں کے زمانۂ نزول کے قریب قریب ہے۔

مضامین: ویسے تو قرآن کریم کی ہر سورت کی طرح اس سورت کی ہر آیت بھی شمع نور ہے جو شاہراہ حیات کو منور کر رہی ہے جب آپ اس کا مطالعہ کریں گے تو اس سے لطف اندوز ہوں گے' البتہ چند ایسی باتیں ہیں جو آپ کی خصوصی توجہ کی مستحق ہیں:

۱۔ عام طور پر ایسا ہوتا ہے کہ اگر محسن کے احسان کا شکریہ ادا نہ کیا جائے' بلکہ الٹا ناشکری اور سرکشی کو اپنا شعار بنا لیا جائے تو محسن اپنے احسان کا سلسلہ بند کر دیتا ہے۔ لوگوں کی ہدایت کے لیے اللہ تعالیٰ نے از راہ لطف و احسان انبیاء کی بعثت اور وحی کے نزول کا سلسلہ جاری کیا تاکہ لوگ ہدایت کی راہ سے بھٹک نہ جائیں' لیکن اس نعمت کی قدر کرنے کے بجائے کفار نے اس کا مذاق اڑانا شروع کر دیا۔ چاہیے تو یہ تھا کہ ان کی ناشکری کے باعث یہ سلسلہ بند کر دیا جاتا اور گمراہی کے گھپ اندھیروں میں انہیں دھکے کھانے کے لیے چھوڑ دیا جاتا' لیکن اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ انتقامی کارروائی نہیں کی جائے گی' تمہیں نفس اور شیطان کے رحم و کرم پر چھوڑ نہیں دیا جائے گا' بلکہ قرآن کریم آفتاب ہدایت بن کر تمہارے مطلع حیات پر چمکتا رہے گا تاکہ اس کی روشنی سے فائدہ اٹھا کر جس وقت بھی کوئی شخص اپنی منزل کی طرف بڑھنا چاہے' تو وہ بڑھ سکے۔ ہم تم سے تمہاری سرکشیوں کے باعث ناراض ہو کر یہ نعمت سلب نہیں کر لیں گے۔

۲۔ تم خود مانتے ہو کہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے' پھر تم ان اندھے بہرے بتوں کو خدا کیوں مانتے ہو اور ان کی پوجا کیوں کرتے ہو؟ اس وقت کہتے کہ ہم تو وہی کچھ کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی مرضی ہوتی ہے۔ اس نے چاہا' تو ہم نے بتوں کو پوجا' اگر وہ نہ چاہتا تو بھلا ہماری کیا مجال تھی کہ ان بتوں کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھتے۔ ہم پر یہ اعتراض نہ کرو' بلکہ ہمارے خدا پر کرو جس کے ارادہ و مشیت کے ہم پابند ہیں۔ ان کے اس مغالطے کو یہ کہہ کر رد کر دیا کہ یہ محض جہالت اور حماقت ہے۔ اگر ان کی اس توجیہ کو قبول کر لیا جائے تو پھر دنیا بھر کے گناہوں کو سند جواز مل جائے گی کہ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو قتل کیے

زنا وغیرہ) ہوئے ہیں' اگر وہ نہ چاہتا تو کسی کی کیا مجال تھی کہ وہ کوئی ناز یبا حرکت کرتا اور جب خدا کے چاہنے سے سب کچھ ہو رہا ہے تو پھر یہ سارے کام عین ثواب ہوئے۔ یہ جاہل لوگ رضا اور مشیت کا فرق بھی نہیں جانتے۔ بے شک اس جہان میں جو کچھ ہو رہا ہے' اس کے ارادہ و مشیت سے ہو رہا ہے' لیکن ضروری نہیں کہ وہ اس پر راضی اور خوش بھی ہو۔ اس کی رضا انہی کاموں سے حاصل ہوتی ہے جن کے کرنے کا اس نے حکم دیا ہے۔

۳۔ انہیں اس بات پر بھی سخت اعتراض تھا کہ منصبِ نبوت کے لیے ایسے شخص کو چُنا گیا ہے جس کے پاس نہ مال و زر ہے اور نہ اعوان و انصار کا مضبوط جتھہ۔ وہ کہتے جزیرۂ عرب میں دو مشہور شہر ہیں' مکہ اور طائف' ان میں بڑے بڑے رئیس ہیں جن کی ثروت و امارت کی گرد و نواح میں دھوم مچی ہوئی ہے' جن کے اثر و اقتدار کے آگے کسی کو دم مارنے کی مجال نہیں' ان میں سے اگر کسی کو اس منصب پر فائز کر دیا جاتا تو یہ دعوت بڑی سرعت سے ملک عرب کے کونے کونے میں پھیل جاتی۔ ان کے اس اعتراض کو یہ فرما کر ٹھکرا دیا کہ نبوت اللہ تعالیٰ کا انعام ہے۔ اس کو تقسیم کرنے کا انہیں قطعاً کوئی اختیار نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے کہ اس نعمتِ عظمیٰ کی اہلیت کس میں پائی جاتی ہے اور اس انعام کا کون حقدار ہے۔

یہ بھی بتا دیا کہ یہ کتابِ مقدس' یہ صحیفۂ رشد و ہدایت جو ہم نے آپ پر نازل فرمایا ہے' اس کا نزول آپ کے لیے اور آپ کی ساری قوم کے لیے وجہ عزت و شرف ہے۔ اس کی برکت سے تمہیں سمندر کی روانیاں' مہر و ماہ کی تابانیاں اور عرش کی بلندیاں نصیب ہوں گی۔ اس کے فیضان سے قافلہ انسانیت کی قیادت کا منصب تمہیں سونپ دیا جائے گا۔ اسے بوجھ مت سمجھو اس کی تعلیمات کو اپنی ترقی کی راہ میں رکاوٹ مت خیال کرو' بلکہ شرح صدر سے اسے قبول کر لو اور خوشی خوشی اس پر عمل پیرا ہو جاؤ۔

اسی ضمن میں حضرت ابراہیم' حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام کے حالات کی طرف بھی اختصار کے ساتھ اشارہ فرما دیا تاکہ ہجوم مصائب میں ان کی اولوا العزمی باعثِ تسکین ثابت ہو۔

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الزخرف مکی۔ اس کی اٹھاسی آیتیں ہیں اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

حٰمٓ ﴿١﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

حا، میم [1] قسم ہے اس کتاب مبین کی [2] ہم نے اتارا ہے اسے قرآن ، عربی زبان میں [3] تاکہ تم (اس کے

[1] یہ حروف مقطعات ہیں۔ ان کی وضاحت پہلے گزر چکی ہے۔ بعض علماء نے ارشاد فرمایا کہ "حا" حی اور "میم" قیوم کی طرف اشارہ ہے۔

[2] واؤ قسم کے لیے ہے یعنی کتاب مبین کی قسم۔ "مبین" ابان یُبین باب افعال کا اسم فاعل ہے۔ یہ لفظ لازم اور متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ پہلی صورت میں معنی ہوگا کہ اس کتاب کی قسم جو بالکل واضح ، ظاہر اور روشن ہے۔ اس کے مطالب اور معارف شک و شبہ سے پاک ہیں۔ اختلاف و تضاد کا وہاں شائبہ تک نہیں۔ متعدی ہونے کی صورت میں مفہوم یہ ہوگا کہ اس کتاب کی قسم جو حق اور باطل کو واضح کرنے والی ہے۔ راہ ہدایت کو راہ ضلالت سے ممتاز کرنے والی ہے۔ مُبین کے ایک لفظ سے قرآن کریم کی دونوں صفات کو بیان کر دیا کہ یہ کتاب بذاتِ خود بڑی واضح اور روشن ہے۔ اس میں کسی قسم کا الجھاؤ اور التباس نہیں۔ نیز یہ حق و باطل کو نمایاں اور آشکارا کرنے والی ہے۔ جن لوگوں کی دل کی آنکھیں اس کے نور سے بینا ہوتی ہیں وہ گومگو کی حالت میں نہیں رہتے۔ وہ بڑی آسانی سے ہدایت اور گمراہی کو پہچان لیتے ہیں۔ علامہ ابن منظور لسان العرب میں اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے رقمطراز ہیں :

"ابان ، استبان ، وتبین تتعدّی هذه الثلاثة ولا تتعدّی وقالوا بان الشیئ واستبان وتبین وابان بمعنی واحد والکتاب المبین ای الکتاب البیّن وقیل معنی المبین الذی ابان طرق الهدیٰ من طرق الضلالة وابان کل ما تحتاج الیه الامة"۔

ترجمہ : یعنی ابان ، استبان اور تبین متعدی اور لازمی دونوں طرح سے استعمال ہوتے ہیں اور حٰمٓ والکتاب المبین کا ایک معنی یہ ہے کہ یہ کتاب بذاتِ خود واضح اور روشن ہے اور دوسرا معنی یہ ہے کہ یہ ہدایت کے راستوں کو گمراہی کی راہوں سے الگ کرنے والی ہے اور ہر وہ چیز جس کی طرف امت کو احتیاج ہے اس کو کھول کر بیان کرتی ہے۔

[3] کتاب مبین کی قسم اٹھانے کے بعد جواب قسم کے طور پر بتایا جا رہا ہے کہ ہم نے اس کتاب کو عربی میں ، جو تمہاری مادری زبان ہے ، نازل فرمایا اور اس کو یوں نازل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ تم ان حقائق و معارف کو اچھی طرح سمجھ لو ان قواعد و ضوابط کو پوری طرح ذہن نشین کر لو

منزل ۶ | عند المتقدمین ۱۲

تَعۡقِلُوۡنَ ۝۳ وَاِنَّهٗ فِیۡۤ اُمِّ الۡكِتٰبِ لَدَیۡنَا لَعَلِیٌّ حَكِیۡمٌ ۝۴ اَفَنَضۡرِبُ

مطالب کو) سمجھو۔ اور بے شک یہ قرآن ہمارے ہاں لوحِ محفوظ میں ثبت ہے ؎ اونچی شان والا حکمت سے لبریز ؎ کیا ہم روک لیں گے

جن پر تمہاری سعادت وارجمندی کا دارومدار ہے۔ وہ قوم کتنی خوش بخت ہے جس کو ایسی کتاب سے سرفراز کیا گیا ہو۔

ضروری معلوم ہوتا ہے کہ یہاں جَعَلَ کے لفظ کی تحقیق ذکر کی جائے کیونکہ اس لفظ میں تدبر نہ کرنے کے باعث ایک بہت بڑا فتنہ خلق قرآن کا رونما ہوا جس نے کئی صدیوں تک اُمت کو گوناگوں ذہنی پریشانیوں اور دیگر مصائب و آلام میں مبتلا رکھا۔

علامہ راغب اصفہانی نے مفردات القرآن میں اس کی جو تحقیق کی ہے اس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔ وہ لکھتے ہیں جَعَلَ پانچ وجوہ پر استعمال ہوتا ہے:

۱۔ صار اور طفق کا ہم معنی۔ اس وقت یہ لازمی ہوتا ہے جیسے جعل زید یقول (زید کہنے لگا)

۲۔ یہ اوجد اور خلق یعنی پیدا کرنے کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ اس وقت یہ فقط ایک مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے جیسے جعل الظلمات والنور (اس نے اندھیروں اور نور کو پیدا فرمایا)

۳۔ کسی چیز سے کوئی اور چیز بنا دینا جیسے جعل لکم من الجبال اکنانا (یعنی اس نے تمہارے لیے پہاڑوں میں گھر بنا دیے)

۴۔ کسی چیز کو ایک حالت پر مخصوص کر دینا جیسے الذی جعل لکم الارض فراشا (اس نے تمہارے لیے زمین کو بستر بنادیا) اسی ضمن میں علامہ راغب نے یہ آیت ذکر کی ہے۔ یعنی ہم نے اس کتاب کو قرآن عربی بنادیا۔

۵۔ کسی چیز پر کسی چیز کا جھوٹا یا سچا حکم لگا دینا۔ ویجعلون للہ البنات یا انا رادوہ الیک وجاعلوہ من المرسلین۔

اس تحقیق سے واضح ہو گیا کہ جعلنا کا معنی یہاں خلقنا نہیں ہے، ورنہ یہ ایک مفعول کی طرف متعدی ہوتا حالانکہ یہاں دو مفعول مذکور ہیں۔

صاحب قرطبی نے اس کا ترجمہ کیا ہے: ای انزلناہ بلسان العرب۔ خازن نے بھی لکھا ہے وقیل انزلناہ یعنی ہم نے اس کو عربی زبان میں اتارا ہے۔ میں نے ترجمہ انہی حضرات کی تحقیق کے مطابق کیا ہے۔

؎ اُمّ الکتاب سے مراد لوحِ محفوظ ہے۔ بعض علماء نے اُمّ الکتاب کی تعبیر العلم الازلی سے کی ہے۔ تعبیر جدا سہی مدلول ایک ہی ہے۔ قیل العلم الازلی (روح المعانی)

؎ یہ قرآن کریم کوئی معمولی کتاب نہیں۔ جس ربِّ قدوس نے اسے نازل فرمایا ہے اس کے حضور تو اس کا مرتبہ بہت اونچا اور شان بڑی بلند ہے۔ کوئی دوسری کتاب لفظی اور معنوی اعجاز اور اسرار و معارف میں اس کی ہم پایہ نہیں۔ ای رفیع الشان بین الکتب لاعجازہ واشتمالہ علی عظیم الاسرار۔ (روح المعانی) لفظ حکیم کی تشریح کرتے ہوئے علامہ آلوسی لکھتے ہیں۔ حکیم: ذو حکمۃ بالغۃ او محکم لاینسخہ غیرہ او حاکم علی غیرہ من الکتب (روح المعانی)

یعنی حکیم سے کئی معانی مراد لیے جا سکتے ہیں۔ یہ سراسر حکمت ہے یا یہ محکم ہے اسے کوئی دوسری کتاب یا اس کے احکام کو کوئی دوسری

عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۝٥ وَكَمْ اَرْسَلْنَا

تم سے اس ذکر کو ناراض ہو کر اس وجہ سے کہ تم لوگ حد سے بڑھنے والے ہو ٥ اور ہم نے بکثرت بھیجے ہیں

مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ۝٦ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

نبی پہلے لوگوں میں ٦ اور نہیں آیا ان کے پاس کوئی نبی مگر وہ (کفار) اس کا

شریعت منسوخ نہیں کر سکتی۔ یا یہ حاکم ہے یعنی جتنے بھی نظامہائے حیات ہیں ان سب پر اس کا فیصلہ ناطق ہے اور اس کا حکم نافذ ہے۔

٥ بڑی پیاری آیت ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں سے جو بے پایاں محبت ہے اور ان کے حال پر جو خصوصی نظر عنایت ہے اس آیت میں اس کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کفار و مشرکین کو آیات ربانی پڑھ کر سنایا کرتے۔ عظیم معجزات سے اسلام کی صداقت ثابت کرتے۔ حضور کی اپنی زندگی کا ہر پہلو آفتاب سے تابندہ تر تھا۔ یہ کوشش بڑے خلوص اور جانکاہی سے برسوں سے شروع تھی۔ اس کے باوجود ان کا انکار اور اس انکار پر ان کا بے جا اصرار آئے روز بڑھتا ہی جاتا تھا۔ چاہیے تو یہ تھا کہ ایسے ناشکر گزاروں سے چشم عنایت پھیر لی جاتی' ان کو ہمیشہ کے لیے نظر انداز کر دیا جاتا تاکہ وہ ابدی محرومیوں کے سنسان اندھیروں میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بھٹکتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میری رحمت' میری رأفت اور میری شفقت ایسا نہیں کرے گی۔ ہم ہر حالت میں انہیں دعوت حق دیتے رہیں گے۔ خواہ وہ قبول حق سے انکار کرتے رہیں اور اسلام کو ناکام بنانے میں عقل و دانش کے تمام تقاضوں کو پس پشت ڈال دیں۔

اس آیت کے کلمات بھی غور طلب ہیں۔

علامہ قرطبی کہتے ہیں کہ جب کوئی شخص کسی چیز سے منہ پھیر لے اور اسے نظر انداز کر دے تو عرب کہتے ہیں "قد ضربت عنه صفحًا اذا اعرضت عنه وتركته" (قرطبی)

علامہ ابن منظور اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ ای نهملكم ولا نعرفكم ما يجب عليكم لان كنتم قومًا مسرفين اى لان اسرفتم (لسان العرب) یعنی کیا ہم تم کو نظر انداز کر دیں گے اور تمہیں ان فرائض و واجبات سے مطلع نہیں کریں گے جن کی تعمیل تم پر لازمی ہے اور یہ اس لیے کہ تم اسراف کے خوگر ہو۔ "صفحًا" کے متعلق علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ یہ "نضرب" کا مفعول مطلق ہے جیسے قعدت جلوسًا۔ اسے مفعول لہ اور حال بھی قرار دیا جا سکتا ہے۔ اس وقت صفحًا صافحين کے معنی میں ہوگا۔ (روح المعانی)

٦ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب محتشم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قلب مضطر کو تسلی دیتے ہیں کہ کفار کا آپ کے ساتھ یہ نامعقول اور سراسر غیر انسانی رویہ کوئی نرالی بات نہیں۔ جو رسول ہم نے آپ سے پہلے بھیجے تھے ان کے ساتھ بھی ان کی قوموں نے اسی قسم کا برتاؤ کیا تھا۔ "کم" یہاں استفہامیہ نہیں بلکہ خبریہ ہے۔ "كم هنا خبرية والمراد بها التكثير" (قرطبی)

يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝٧ فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ۝٨

مذاق اڑایا کرتے۔ پس ہم نے ان کو ہلاک کر ڈالا جو ان سے زیادہ طاقتور تھے ث اور گزر چکا ہے حال پہلے لوگوں کا ؏

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ

اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ کس نے پیدا کیا ہے آسمانوں اور زمین کو ؎ تو ضرور کہیں گے پیدا کیا ہے انہیں بڑے

الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝٩ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

زبردست سب کچھ جاننے والے نے۔ جس نے بنا دیا ہے تمہارے لیے زمین کو گہوارہ ؏ اور بنا دیئے ہیں تمہارے لیے

ث جب ان قوموں کا عناد حد سے تجاوز کر گیا اور ان کی ہدایت پذیری کے سارے امکانات ختم ہو گئے تو ہم نے ان کو تہس نہس کر دیا۔ ان بچارے مکہ والوں کی کیا حقیقت ہے۔ بڑی بڑی طاقت ور اور ترقی یافتہ قومیں ہمارے عذاب کے سامنے لمحہ بھر کے لیے نہ جم سکیں۔ یہ تو مہلت کی گھڑیاں ہیں جو ہم نے ان کو سوچنے، سمجھنے اور سنبھلنے کے لیے ارزانی فرمائی ہیں اور یہ نادان اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ ان کا کوئی کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔ وہ اپنی تدبیر یا قوت بازو سے عذاب الٰہی کو روکے ہوئے ہیں۔ وہ اسی طرح سدا داد عیش دیتے رہیں گے، حق کا منہ چڑاتے رہیں گے اور اہل حق کو ذلیل و رسوا کرتے رہیں گے۔ یہ ان کی کم فہمی ہے۔ جونہی مہلت کی گھڑی ختم ہوگی انہیں فوراً دھر لیا جائے گا۔

؏ گزشتہ نافرمان قوموں کا جو عبرتناک حشر ہوا اس کا تذکرہ جا بجا قرآن کریم میں بیان ہو چکا ہے اور وہ بارہا اسے پڑھ سن چکے ہیں۔ کیا پھر بھی وہ کوئی عبرت حاصل نہیں کرتے۔

؎ اگرچہ وہ شمع اسلام کو گل کر دینے کے درپے ہیں، اگرچہ وہ پیغمبر اسلام کے خون کے پیاسے ہیں، اگرچہ وہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ سینکڑوں بتوں کی پوجا پاٹ بڑی شد و مد سے کرتے ہیں، لیکن حق اتنا واضح اور کھلا اتنا بین ہے کہ اس کے انکار کی ہمت ان میں بھی نہیں۔ اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کا خالق کون ہے تو انہیں طوعاً و کرہاً کہنا پڑے گا کہ ان کا خالق اللہ تعالیٰ ہے جو عزیز بھی ہے اور علیم بھی ـــــ لات و ہبل یا کسی دوسرے دیوی دیوتا کا ان کی تخلیق میں رائی کے برابر بھی کوئی حصہ نہیں۔ اس اعتراف کے بعد ان کا کسی کو خدا سمجھنا اور اس کی عبادت کرنا اتنی بڑی بیہودگی اور نادانی ہے کہ اس کے بطلان کے لیے کسی دلیل کی ضرورت ہی نہیں۔

؏ اللہ تعالیٰ اپنی شان کبریائی کا ذکر فرما رہا ہے۔ یعنی میں وہ عزیز اور علیم ہوں جس نے تمہارے لیے اس زمین کو یوں آرام دہ بنا دیا ہے جس طرح بچے کے لیے پنگھوڑا۔ تمہاری آسائش و راحت کے جملہ اسباب فراہم کر دیئے گئے ہیں۔ پھر اس نے طرح طرح کی گزرگاہیں بنا دی ہیں تاکہ تم ان پر چل کر اپنی منزل تک پہنچ سکو۔

فِيهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٠﴾ وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً

اس میں راستے تاکہ تم منزل مقصود تک پہنچ سکو۔ اور جس نے اتارا آسمان سے پانی اندازہ کے

بِقَدَرٍ فَأَنشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ﴿١١﴾ وَالَّذِي

مطابق۔ پس ہم نے زندہ کر دیا اس سے ایک مُردہ شہر کو۔ یونہی تمہیں بھی (قبروں سے) نکالا جائے گا ؎۱۲ اور جس نے

خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا

ہر قسم کی مخلوق پیدا فرمائی ؎۱۳ اور بنا دیں تمہارے لیے کشتیاں اور مویشی جن پر تم

اگر تم ان احسانات کی قدر پہچانو گے اور ان کا شکر ادا کرو گے تو تمہیں وہ راہ بھی مل جائے گی جو تمہیں حریم ذات تک لے جائے گی اور تم اس کے نورِ عرفان سے اپنے دل کی دنیا کو روشن کرو گے۔

"مَھد" گہوارے کو کہتے ہیں۔ آلوسی فرماتے ہیں۔ "مکانا ممهدا ای موطأ وماآل بسطها لكم تستقرون فيها ولا ينافى ذالك كريتها لمكان العظم" (روح المعانی) یعنی یہ زمین کے کروی ہونے کے منافی نہیں کیونکہ زمین کا کرہ اتنا وسیع اور کشادہ ہے کہ یہاں اس کی کرویت کا احساس نہیں ہوتا بلکہ حدِ نگاہ تک صاف چٹیل میدان دکھائی دیتا ہے۔

؎۱۲ ایک اور شانِ کبریائی بیان فرمائی جا رہی ہے۔ اس کا ہر کام ایک اندازے کے مطابق ہوتا ہے۔ اسی طرح بارش برستی ہے تو اندھا دھند نہیں بلکہ ایک طے شدہ اندازے کے مطابق۔ پھر تم دیکھتے ہو کہ وہ بستی جس میں چند لمحے پہلے خاک اُڑ رہی تھی، ہر طرف افسردگی اور مُردنی چھائی تھی، یکایک اس میں تازگی اور شادابی کے آثار نمایاں ہونے لگتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی فرما دیا کہ جو خداوند ذوالجلال لمحہ بھر میں ایک اُجڑی ہوئی بستی کو آباد کر دیتا ہے وہی تمہیں قبروں سے زندہ کر کے میدانِ حشر میں لا کھڑا کرے گا۔ اس کے لیے یہ قطعاً مشکل نہیں۔

؎۱۳ زوج سے مراد یہاں صنف اور نوع ہے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں: "ای اصناف المخلوقات فالزوج هنا بمعنى الصنف لا بمعناه المشهور"۔ اس کی تائید میں انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول نقل کیا ہے۔ عن ابن عباس الازواج الضروب والانواع كالحلو والحامض والابيض والاسود والذكر والانثى یعنی اللہ تعالیٰ نے گوناگوں اور قسم قسم کی مخلوق پیدا کی۔ ذائقہ کے اعتبار سے کوئی میٹھی، کوئی ترش۔ رنگ کے اعتبار سے کوئی سپید کوئی سیاہ۔ پھر کوئی بے جان اور جاندار، پھر کوئی نر اور کوئی مادہ۔ یہ تنوع اتنا وسیع، اتنا دلچسپ اور اتنا مفید ہے کہ انسان اس میں جتنا غور کرے اتنا ہی اللہ تعالیٰ کی قدرت اور حکمت پر ایمان پختہ ہوتا جاتا ہے۔

تَرْكَبُوْنَ ⁽۱۲⁾ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا

سوار ہوتے ہو ۱۲ تاکہ تم جم کر بیٹھو ان کی پیٹھوں پر پھر دلوں میں یاد کرو اپنے رب کی نعمت کو جب

اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا

تم خوب جم کر بیٹھ جاؤ ان پر اور زبان سے یہ کہو پاک ہے وہ ذات جس نے فرمانبردار بنا دیا ہے اسے ہمارے لیے اور ہم اس پر قابو پانے

كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ⁽۱۳⁾ وَاِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ⁽۱۴⁾ وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ

کی قدرت نہ رکھتے تھے ۱۳ اور یقیناً ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اور بنا دی ہے مشرکوں نے اس کے لیے

۱۲ بحر و بر میں تمہاری سواری کا بندوبست کر دیا گیا ہے تاکہ تم اپنے ساز و سامان کے ساتھ دشوار گزار راستوں کو طے کرتے ہوئے آسانی سے اپنی منزل پر پہنچ سکو۔ کشتیوں اور جہازوں میں بیٹھ کر تم دریاؤں اور بیکراں سمندروں کو عبور کرتے ہو۔ اور گھوڑوں، اونٹوں، ریل گاڑیوں، کاروں پر سوار ہو کر تم خشکی کا سفر کرتے ہو۔

۱۳ تاکہ جب تم ان کی پیٹھ پر بیٹھ کر سوئے منزل روانہ ہو تو تمہارے دل اپنے ربِ کریم کے شکر سے لبریز ہوں، تمہاری روحیں اس کے احسانات کی یاد سے سرشار ہوں اور اپنی ناتوانی اور بے بسی کے اعتراف کے ساتھ ساتھ ان پاکیزہ کلمات سے اپنے رب کی پاکی کے تم گیت گا رہے ہو۔ پاک ہے وہ ذات جس نے اس کو ہمارا مطیع اور فرمانبردار بنا دیا، ورنہ اتنا گراں ڈیل اور طاقتور سرکشی پر اتر آئے تو کسی کو نزدیک نہ پھٹکنے دے۔ ایک دولتی جھاڑ دے تو بڑے طاقتور انسان کا کچومر نکال دے۔ اتنی طاقت والا حیوان ہمیں اپنی پشت پر لادے ہوئے کالے کوسوں کی مسافت چپکے چپکے طے کرتا جا رہا ہے۔ نہ تھکاوٹ کی شکایت اور نہ بھوک و پیاس کا شکوہ۔ یہ اطاعت، یہ سرافگندی اسے میرے رب تو نے اس کے دل میں ڈال دی ہے۔ ہم اس حقیقت کو بھی صدقِ دل سے تسلیم کرتے ہیں کہ ہم سب نے تیری جناب میں ہی لوٹ کر حاضر ہونا ہے۔

اسلام کی جامعیت کی یہ بین دلیل ہے کہ اس کی روشنی سے زندگی کے سارے گوشے منور ہو رہے ہیں اور اس کے فیض سے ہماری زندگی کا ہر شعبہ بہرہ ور ہو رہا ہے۔ ان آیات میں کسی مرکب پر (جانور ہو یا کشتی ہو یا کوئی اور) پر سوار ہونے کے اسلامی آداب سکھائے جا رہے ہیں۔ ایک حدیثِ پاک ملاحظہ فرمائیے۔ حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم گھوڑے پر سوار ہونے لگے تو جس وقت رکاب میں قدم رکھا تو فرمایا بسم اللہ۔ جب اس کی پشت پر تشریف فرما ہوئے تو الحمد للہ۔ پھر یہ آیت پڑھی سبحان الذی . . الی لمنقلبون۔ اس کے بعد تین مرتبہ الحمد للہ اور اللہ اکبر کہا۔ پھر تین مرتبہ کہا لا الہ الا انت ظلمت نفسی فاغفر لی ذنوبی فانہ لا یغفر الذنوب الا انت۔ پھر آپ ہنس دیے۔ عرض کی گئی امیر المومنین ہنسنے کی کیا وجہ ہے؟ فرمایا کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے رسول کو دیکھا کہ حضورؐ نے ایسا کیا جیسا میں نے کیا۔ وہی کلمات کہے جو میں نے کہے پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہنس دیے۔ ہم نے عرض کی حضورؐ

عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ؕ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ

اس کے بندوں سے اولاد ۱۵؎ بے شک انسان کھلا ہوا ناشکر گزار ہے ۱۶؎ کیا اللہ تعالیٰ نے پسند کرلی ہیں (اپنے لیے) اپنی

بَنٰتٍ وَّ اَصْفٰىكُمْ بِالْبَنِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَ اِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ

مخلوق سے بیٹیاں اور مخصوص کردیا ہے تمہیں بیٹوں کے ساتھ ۱۷؎ اور جب اطلاع دی جاتی ہے ان میں سے کسی کو اس کی جس کی نسبت اس نے

آپ کیوں ہنسے ہیں۔ ارشاد فرمایا کہ جب بندہ یہ الفاظ کہتا ہے رب اغفرلی الخ تو اللہ تعالیٰ اس کے یہ کلمات سن کر بہت خوش ہوتا ہے۔ تعجب کا اظہار کرتا ہے اور فرماتا ہے کہ میرا بندہ اس حقیقت کو تسلیم کرتا ہے کہ گناہوں کو بخشنے والا میں ہی ہوں، اور کوئی نہیں بخش سکتا۔ جب منزل مقصود پر پہنچ جائے اور سواری سے اترے تو اس وقت یہ پڑھے۔ اللھم انزلنا منزلا مبارکا وانت خیر المنزلین۔ کشتی یا جہاز میں سوار ہوتے ہوئے یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ جب گھر سے سفر پر روانہ ہونے لگے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ یہ دعا پڑھے۔ آپ بھی اسے یاد کرلیں۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ وَالْمَالِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَاٰبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِي الْاَهْلِ وَالْمَالِ۔ اے اللہ! سفر میں تو میرا ساتھی ہے اور میرے اہل اور مال کا نگہبان ہے۔ اے اللہ! میں سفر کی مشقتوں سے اور لوٹنے کی اداسی سے اور حالات کی درستگی کے بعد ابتری سے اور اپنے اہل اور مال میں برے منظر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اب آیات کے چند کلمات پر غور فرمائیے۔ "استوی" سواری پر جم کر بیٹھ جانا۔ ظھورہ "ضمیر کا مرجع الفلک اور الانعام ہے جو جمع ہے۔ قاعدے کے مطابق ظھورھا ہونا چاہیے تھا لیکن ماترکبون میں ما موصولہ کے لفظ کی رعایت کرتے ہوئے واحد مذکر کی ضمیر ذکر کردی۔ "مقرنین" قال الجوھری واقرن لہ ای اطاقہ وقوی علیہ قال اللہ تعالیٰ وما کنا لہ مقرنین ای مطیقین (الصحاح) یعنی کسی پر قابو پانا اور اس کو اپنا مطیع کرلینا۔

۱۵؎ کفار فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں کہا کرتے تھے اور بیٹی باپ کا جزو ہوا کرتی ہے۔ ارشاد فرمایا جارہا ہے کہ کفار کے اقوال کا تضاد قابل دید ہے۔ ایک طرف تو یہ کہتے ہیں کہ زمین اور آسمان کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ پھر کہتے ہیں کہ اس کی بیٹیاں بھی ہیں۔ انسان ذرا غور کرے ان کے یہ خرافات کتنے لغو اور بیہودہ ہیں۔ انسان تو اولاد کا اس لیے خواہش مند ہوتا ہے کہ بڑھاپے میں وہ عصائے پیری ثابت ہو۔ غربت اور بیماری کی حالت میں اس کی خدمت کرے۔ مرنے کے بعد اس کی جائیداد کی وارث بنے اور اس کی یاد کو تازہ رکھے۔ لیکن خالق کائنات بڑھاپے، مرض، موت وغیرہ سے پاک ہے۔ وہ ان ضرورتوں سے بالاتر ہے۔ وہ واجب الوجود ہے۔ عقل وفہم سے جو لوگ بے بہرہ ہیں اور جن کے ہوش وخرد کے چراغ بجھ چکے ہیں وہی یہ کہنے کی جرأت کرسکتے ہیں کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں۔

۱۶؎ الانسان سے مراد یہاں کافر ہے۔ کفور مبالغہ کا صیغہ ہے۔ ازحد ناشکر گزار۔

۱۷؎ اللہ تعالیٰ جس طرح بیٹیوں سے منزہ ہے اسی طرح بیٹوں سے بھی مبرا ہے۔ یہاں فقط کفار کی اس بدذہانت کے بھونڈے پن

لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۱۷﴾ اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا

رحمان کی طرف کی ہے تو اس کا چہرہ دن بھر رنج سے سیاہ ہو جاتا ہے اور اس کا دل غم سے بھر جاتا ہے ۱۹؎ کیا وہ (اللہ) ایسی اولاد چنے گا جو پرورش پاتی

فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴿۱۸﴾ وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ

چڑھتی ہے زیوروں میں اور وہ مباحثہ کے وقت اپنا مدعا واضح نہیں کر سکتی ۲۰؎ اور انہوں نے ٹھہرا لیا ہے فرشتوں کو

کی طرف اشارہ ہے کہ اپنے لیے تو بیٹوں کو پسند کرتے ہیں اور بیٹیوں کو اللہ تعالیٰ کے کھاتے میں ڈال دیتے ہیں۔

۱۹؎ یعنی ان کی اپنی حالت یہ ہے کہ اگر ان کو بتایا جائے کہ ان کے ہاں بیٹی پیدا ہوئی ہے تو ان کے گھر میں صف ماتم بچھ جاتی ہے۔ چہروں پر مایوسی کی سیاہی پھیل جاتی ہے۔ دل غم واندوہ سے بھر جاتا ہے۔ بڑی حیرت کی بات ہے کہ ایسی جنس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کرنے میں انہیں حیا نہیں آتی۔ ان کی بیوی بیٹی جنے تو گھر میں آنا جانا بند کر دیتے ہیں، ان کی چہیتی بیگم ان کو چڑیل کی مانند ڈراؤنی نظر آنے لگتی ہے۔ ایک عرب عورت اپنے خاوند کی اس بے رخی کو یوں بیان کرتی ہے:

مالأبی حمزة لایاتینا — یظل فی البیت الذی یلینا

غضبان ان لانلد البنینا — وانما نأخذ ما اعطینا

یعنی میرے خاوند ابو حمزہ کو کیا ہو گیا ہے کہ اب وہ ہمارے ہاں آتا ہی نہیں اور ساتھ والے مکان میں ہی رہتا ہے۔ وہ اس لیے غضب ناک ہے کہ ہم بیٹے کیوں نہیں جنتیں۔ اس میں ہمارا کیا قصور ہے۔ ہمیں جو ملتا ہے وہی ہم لیتی ہیں۔

۲۰؎ ان کی اس تقسیم کے معیوب ہونے کو ایک دوسرے انداز سے بیان کیا جا رہا ہے۔ یعنی بچیاں تو ناز و نعم میں پلتی ہیں اور کسی مجلس میں اپنا مدعا واضح طور پر بیان کرنے سے ہچکچاتی ہیں۔ کیا ان سے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ مملکت خداوندی کے فرائض و مہمات کو وہ کامیابی سے انجام دے سکیں۔ نہ ان میں زور بازو کہ شمشیر و سناں بکف میدان میں اتر سکیں اور نہ ان میں جرأت و بیان کی استعداد کہ وہ زبان سے حق کا بول بالا کر سکیں۔ ایسی بے مصرف اولاد کی اللہ تعالیٰ کو کیا ضرورت ہے۔

اس آیت سے علماء نے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے کہ عورتوں کو زیور پہنانا جائز ہے۔ حدیث نبوی سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ عن ابی موسیٰ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لبس الحریر والذھب حرام علی ذکور امتی وحلال لاناثھا۔ یعنی ریشم اور سونے کا استعمال میری امت کے مردوں پر حرام ہے اور عورتوں کے لیے حلال ہے۔

علامہ ابو بکر جصاص متعدد احادیث نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ عہد نبوت سے لے کر آج تک عورتیں زیور پہنتی آئی ہیں اور کبھی کسی نے اس کو ناجائز نہیں کہا۔ اس لیے اخبار آحاد سے عورتوں کے لیے زیور کی ممانعت ثابت نہیں ہو سکتی۔ (احکام القرآن ج ۳)

الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ

جو (خداوند) رحمٰن کے بندے ہیں، عورتیں [۲۱] کیا یہ موجود تھے ان کی پیدائش کے وقت؟ لکھ لی جائے گی

شَهَادَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ

ان کی گواہی اور ان سے بازپرس ہوگی [۲۲] اور (کفار) کہتے ہیں کہ اگر چاہتا (خداوند) رحمٰن تو ہم انہیں نہ پوجتے [۲۳]

[۲۱] یہ ان کی لاف زنیاں اور لن ترانیاں حقیقت کے سراسر خلاف ہیں۔ فرشتے تو اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں جو ہر وقت اس کے ذکر میں محو رہتے ہیں اور اس کے جملہ احکام کی بے چون وچرا اطاعت کرتے ہیں۔ ان کو ظالموں نے خدا کی بیٹیاں کہنا شروع کر دیا ہے۔ یہ کتنا ظلم اور کس قدر ناانصافی ہے۔

[۲۲] ایسی نامعقول اور لغو بات پر ان کا یوں اُڑ جانا آخر اس کی کوئی وجہ بھی تو ہو۔ کیا یہ لوگ اس وقت موجود تھے جب اس نے فرشتوں کو پیدا کیا اور ذاتی مشاہدہ کی بنا پر یہ ان کو بیٹیاں کہہ رہے ہیں۔ اگر ایسی بات ہے تو وہ اس پر شہادت پیش کریں۔ ان کی یہ شہادت قلمبند کرلی جائے گی۔ جب وہ روزِ قیامت ہمارے رُوبرُو پیش ہوں گے تو ہم اس شہادت کے متعلق ان سے بازپرس کریں گے۔ ان کو جواب دہی کے لیے آج ہی سے تیار ہو جانا چاہیے۔

[۲۳] اگر کوئی نادان اس غلط فہمی کا شکار ہو جائے کہ وہ بڑا زیرک اور دانا ہے یا اگر کوئی جاہل اپنی جہالت کو علم وفضل خیال کرنے لگے تو افہام وتفہیم کا مرحلہ بڑا پیچیدہ ہو جاتا ہے اور اس کے نتیجہ خیز ہونے کے امکانات بہت قلیل رہ جاتے ہیں۔ وہ اپنی سراسر نامعقول بات کو معقولیت کی جان یقین کرتا ہے اور اگر اس کو اس کی نامعقولیت کی طرف متوجہ کیا جائے تو وہ بات تک سننے کا روادار نہیں ہوتا۔

اہلِ مکہ اسی قسم کی صورتِ حال سے دوچار تھے۔ جب انہیں ٹوکا جاتا کہ فرشتوں کی عبادت نہ کیا کرو، وہ تو اللہ کی مخلوق اور اس کے بندے ہیں۔ یہ بڑی نامناسب بات ہے کہ خالق کو چھوڑ کر مخلوق کی بندگی شروع کر دی جائے تو کہتے کہ ہم عرصۂ دراز سے ایسا کرتے چلے آ رہے ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند نہ ہوتی تو ہماری مجال نہ تھی کہ ہم ایسا کر سکتے۔ اس نے ہمیں ایسا کرنے سے باز نہیں رکھا۔ یہ اس امر کی دلیل ہے کہ یہ کام اسے پسند ہے۔ یہ دلیل پیش کر کے وہ یہ سمجھتے کہ انہوں نے اپنے موقف کی حقانیت کو ایسی دلیل سے ثابت کر دیا ہے جس کی صداقت میں شک وشبہ کی ادنیٰ گنجائش بھی نہیں۔ لیکن اگر اس میں ذرا تامل کیا جائے تو یہ دلیل تارِ عنکبوت سے بھی کمزور اور ضعیف ہے۔ اگر یہ اصول تسلیم کر لیا جائے کہ جو کچھ ہو رہا ہے وہ اللہ تعالیٰ کو پسند ہے تو پھر فسق وفجور کی محفلیں ہر شب سجتی ہیں، ظلم وستم کی مشق ہر لمحہ مظلوموں اور کمزوروں پر ہوتی رہتی ہے۔ قتل، زنا، چوری، ڈاکہ زنی، ملک وقوم سے غداری کی جو وارداتیں آئے دن وقوع پذیر ہوتی رہتی ہیں ان کے بیان کردہ اصول کے مطابق یہ عین صواب ہے اور ان پر نہ کسی کو اعتراض کا حق ہے اور نہ ان کا ارتکاب کرنے والوں کو کوئی سزا ملنی چاہیے۔ کیا وہ اپنی پیش کردہ دلیل کے مطابق ان سب خرافات کو جائز اور مستحسن قرار دینے کی جرأت کر سکتے ہیں۔ اگر ایسا نہیں ہے

مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ﴿٢٠﴾ أَمْ آتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا

انہیں اس حقیقت کا کوئی علم نہیں۔ وہ محض قیاس آرائیاں کر رہے ہیں ۲۴ کیا ہم نے دی انہیں کوئی کتاب

مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُونَ ﴿٢١﴾ بَلْ قَالُوْٓا إِنَّا وَجَدْنَآ آبَآءَنَا

اس سے پہلے پس وہ اسے مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہیں ۲۵ بلکہ وہ تو کہتے ہیں کہ ہم نے پایا اپنے باپ دادا کو

عَلٰٓى أُمَّةٍ وَّإِنَّا عَلٰٓى آثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَكَذٰلِكَ مَآ أَرْسَلْنَا مِنْ

ایک طریقہ پر اور ہم ان کے نقوش پا پر چل رہے ہیں ۲۶ ۔۔ اور اسی طرح جب بھی ہم نے بھیجا

قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ إِنَّا وَجَدْنَآ

آپ سے پہلے کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا تو کہا وہاں کے عیش پرستوں نے کہ ہم نے پایا

آبَآءَنَا عَلٰٓى أُمَّةٍ وَّإِنَّا عَلٰٓى آثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿٢٣﴾ قٰلَ أَوَلَوْ جِئْتُكُمْ

اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ پر اور ہم ان کے نشانات قدم کی پیروی کرنے والے ہیں ۲۷ اس نبی نے فرمایا اگرچہ میں لے آؤں تمہارے

تو پھر وہ عقیدہ توحید اور دینی معاملات میں ہی اس دلیل پر اعتماد کیوں کرتے ہیں۔

۲۴ بالکل اکھڑ اور جاہل ہیں۔ علم و فہم کی انہیں ہوا تک نہیں لگی۔ اپنی قیاس آرائیوں کو انہوں نے دلیل سمجھ رکھا ہے۔

۲۵ اگر ہم نے ان کی طرف کوئی ایسی کتاب نازل کی ہے جس میں ہم نے انہیں شرک کرنے کی اجازت دی ہو یا ان لغو رسم و رواج کی پابندی کا حکم دیا ہو تو وہ سب لوگوں کے سامنے پیش کریں تاکہ ہر روز کا جھگڑا ختم ہو اور دنیا کو معلوم ہو جائے کہ ان کے عقائد ان کے اعمال اس کتاب کے مطابق ہیں جو انہیں عطا کی گئی ہے۔

۲۶ ان کے پاس نہ کوئی عقلی دلیل ہے اور نہ کوئی نقلی دلیل۔ جب ہر طرف سے عاجز اور لاجواب ہو جاتے ہیں تو اپنے گم کردہ راہ آباؤ اجداد کی تقلید کا سہارا لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو جس راہ پر چلتے دیکھا ہم اس کو چھوڑنے کے لیے تیار نہیں۔
الامۃ: الطریقۃ والدین۔ کسی طریقہ اور دین کو امت کہتے ہیں۔ (الصحاح للجوہری)

۲۷ یہ اہل مکہ کا ہی انداز فکر نہیں بلکہ ان سے پہلے بھی جو اہل زیغ و باطل گزرے ہیں اپنے رسولوں کے ساتھ وہ بھی اسی طرح کی حجت بازی کیا کرتے تھے۔ اپنے موقف کی سچائی کو ثابت کرنے کے لیے جب کوئی عقلی اور نقلی دلیل دستیاب نہ ہوتی تو وہ بھی اپنے آباء و اجداد کی تقلید کی آڑ لے کر اپنا دفاع کرتے۔ یہ بات غور طلب ہے کہ انبیاء کی اصلاحی تحریکوں کی مزاحمت کرنے والے ہمیشہ خوش حال طبقہ کے عیش پرست

بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ

پاس زیادہ درست چیز اس سے جس پر پایا ہے تم نے اپنے باپ دادا کو (تب بھی)؟ انھوں نے جواب دیا ہم جو دے کر تمہیں بھیجا گیا ہے اس کو

كٰفِرُوْنَ ﴿۲۴﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۵﴾

نہیں مانتے ۲۸؎ پس ہم نے ان سے انتقام لیا ذرا دیکھو کیسا (المناک) انجام ہوا جھٹلانے والوں کا ۲۹؎

ع

لوگ کیوں ہوتے ہیں۔ چاہیے تو یہ کہ جب وہ فکرِ معاش سے آزاد ہیں، معاشرہ میں ہر شخص ان کا احترام کرتا ہے، انہیں اپنی رائے کے اظہار میں ہر طرح کی آزادی میسر ہے۔ انہیں تو چاہیے تھا کہ آگے بڑھ کر حق کا جھنڈا تھام لیتے۔ سابقین اولین میں ان کا نام سرفہرست ہوتا۔ راہِ حق پر انہیں گامزن دیکھ کر دوسرے لوگ بھی باطل سے اپنا رشتہ منقطع کر کے ہدایت کو قبول کرتے۔ ان کے اثر و رسوخ اور کوشش سے سارا معاشرہ گمراہی و ضلالت کی گھمبیر ظلمتوں سے نکل کر ہدایت کی روشنی میں آجاتا، لیکن وہ اس کے بجائے اہلِ حق سے محاذ آرائی شروع کر دیتے ہیں اور اپنے چیلوں کو ورغلا کر اہلِ حق کے خلاف طوفانِ بدتمیزی برپا کر دیتے ہیں۔ اس کی آخر وجہ کیا ہے؟ اس کی کئی وجوہات ہیں۔ ان لوگوں کے پاس دولت کی فراوانی ہوتی ہے اور وہ اس کے نشہ میں یوں سرشار ہوتے ہیں کہ کسی کا مطیع اور فرمانبردار بننے میں اپنی کسرِ شان سمجھتے ہیں، سیادت کی جس مسند پر وہ بیٹھے ہوتے ہیں اس کو خالی کرنا ان پر سخت گراں گزرتا ہے۔ نیز معاشرہ میں لوٹ کھسوٹ کی جو گرم بازاری ہوتی ہے اس میں وہ برابر کے شریک ہوتے ہیں۔ غریب طبقہ کا معاشی استحصال ان کی دولت و ثروت کا سرچشمہ ہوتا ہے۔ اگر وہ اصلاحِ معاشرہ کی ان کوششوں میں مصلحین کا ساتھ دیں تو عیش و آرام کی زندگی جس کے وہ عادی ہو چکے ہوتے ہیں اس کی بساط الٹ جاتی ہے اور سب سے بڑی وجہ شاید یہ ہے کہ وہ دین اور مذہب کو مفلسوں اور کنگالوں کا دھندا سمجھتے ہیں، جنہیں رہنے کے لیے آرام دہ بنگلے سواری کے لیے بہترین کاریں، اور ہوسِ نفس کو بجھانے کے لیے دولتِ فراواں میسر ہو اسے کیا پڑی کہ وہ مذہب کے بارے میں سوچتا رہے۔ اسی قسم کی دیگر رکاوٹیں ان لوگوں کی راہ میں پہاڑ بن کر کھڑی ہو جاتی ہیں۔ وہ اپنے آپ کو بدلنے کی تکلیف دہ عمل کے بجائے یہ آسان سمجھتے ہیں کہ حق کی بات کو سختی سے دبا دیں اور اہلِ حق کو پھلنے پھولنے کا موقع نہ دیں۔ اگرچہ وہ اس کوشش میں بری طرح ناکام ہوتے ہیں۔

۲۸؎ اللہ تعالیٰ کے پیغمبر جب ان پر اس حقیقت کو روزِ روشن کی طرح واضح کر دیتے ہیں کہ ان کے آباء و اجداد کا طریقہ گمراہ کن اور ان کی ذہنی، مادی اور روحانی ترقیوں میں سنگِ گراں کی حیثیت رکھتا ہے اور زندگی کا جو پروگرام ہم نے پیش کیا ہے وہ ہر حیثیت سے تمہارے لیے مفید ہے تو اس وقت وہ انکار کی روش اختیار کرتے ہیں کہ تم لاکھ دلیلیں پیش کرو، ہمارے راستہ پر علم و حکمت کی ہزاروں قندیلیں روشن کر دو ہم نہیں مانیں گے، ہرگز نہیں مانیں گے۔

۲۹؎ جب ان کے اصلاح پذیر ہونے کے تمام امکانات ختم ہو جاتے ہیں، پھر قدرت ان سے عبرت ناک انتقام لیتی ہے۔ اگر تمہیں دیدۂ بینا اور گوشِ شنوا میسر ہے تو ان اجڑے ہوئے کھنڈروں کی شکستہ دیواروں سے پوچھو جہاں حق کو جھٹلانے والے کبھی بڑے ٹھاٹھ باٹھ سے زندگی بسر کیا کرتے تھے۔

وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ لِاَبِیْهِ وَ قَوْمِهٖۤ اِنَّنِیْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِلَّا

اور یاد کیجیے! جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے کہ میں بیزار ہوں ان سے جن کی تم عبادت کرتے ہو ۳۰ بجز

الَّذِیْ فَطَرَنِیْ فَاِنَّهٗ سَیَهْدِیْنِ ﴿۲۷﴾ وَ جَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِیَةً فِیْ

اس کے جس نے مجھے پیدا فرمایا ہے بے شک وہی میری رہنمائی کرے گا ۳۱ اور آپ نے بنا دیا کلمۂ توحید کو باقی رہنے والی بات اپنی

۳۰ حضور سرور عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روشن معجزات دیکھنے کے باوجود، قرآن کریم کی دل ہلا دینے والی آیات کو سننے کے باوصف کفار مکہ شرک پر اڑے ہوئے تھے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ اپنے باپ دادا کی پیروی چھوڑنے کے لیے تیار نہ تھے۔ انہوں نے اپنے آپ کو اندھی تقلید کی آہنی زنجیروں میں یوں جکڑ دیا تھا کہ عقل و دانش کے تقاضوں کو وہ بڑی خوش دلی سے نظر انداز کر دیا کرتے۔ ان کے سامنے ان کے جد امجد حضرت ابراہیم علیہ السلام کا طریقہ کار پیش کیا جا رہا ہے کہ دیکھو حضرت خلیل نے جب اپنے اسلاف کو اور اپنی قوم کو راہ حق سے بھٹکا ہوا پایا تو ان سے قطع تعلق کر لیا۔ تم لوگ جو حضرت ابراہیم کی اولاد ہو اور ان کے بنائے ہوئے کعبہ کے متولی اور خدمت گزار ہو۔ اسی نسبت کے باعث ملک بھر میں تمہیں عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے جب انہوں نے اپنے گمراہ پیشروؤں کی روش کو اعلانیہ ترک کر دیا تھا تو تم بھی آپ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے گمراہ آباء و اجداد سے اپنی برأت کا اعلان کر دو۔ گھبراؤ مت، آسمان نہیں گر پڑے گا۔ نیز ان آیات سے انہیں یہ بات بھی سمجھا دی کہ اگر تم عقل و ہوش سے کام لینا نہیں چاہتے اور تقلید کرنے پر ہی مُصر ہو تو پھر تقلید کرنا ہے تو ابراہیم علیہ السلام کی کرو۔ یہ کیا مذاق ہے کہ عقل کا چراغ بھی گل کر رکھا ہے اور تقلید کے لیے ابراہیم جیسے صدق شعار اور راستباز کو چھوڑ کر ایسے لوگوں کی تقلید پر اُدھار کھائے بیٹھے ہو جو انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں۔

بَرَآءٌ: مصدر ہے اور اسم صفت کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ واحد، تثنیہ، جمع، تذکیر و تانیث سب حالتوں میں یہ اسی طرح مستعمل ہوتا ہے۔ علامہ قرطبی امام لغت جوہری کا قول نقل کرتے ہیں قال الجوهري "وتبرأت من كذا وانا منه براء لا يثنى ولا يجمع لانه مصدر في الاصل"۔ اور اگر بَرِیْءٌ مستعمل ہو تو وہ تثنیہ، جمع، تذکیر و تانیث میں اپنے موصوف کے مطابق ہوگا۔

۳۱ شرک سے برأت کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ میں تمہارے ان تمام معبودوں سے بیزار ہوں جن کی تم پرستش کرتے ہو۔ میں صرف اس کا پرستار ہوں جس نے مجھے پیدا فرمایا۔ وہی مجھے راہ ہدایت پر ثابت قدم رکھے گا اور بلند سے بلند مقامات اور درجات کی طرف میری رہنمائی فرمائے گا۔ ای سیثبتنی علی الهداية ويرشدني فوق ما ارشدني اليه۔ تم جن معبودوں کی پوجا کرتے ہو نہ وہ کسی چیز کے خالق ہیں اور نہ وہ کسی کی رہنمائی کر سکتے ہیں اور جس پروردگار کی بارگاہ میں میری جبین نیاز سجدہ ریز ہے وہ تو میرا خالق بھی ہے اور میرا دستگیر بھی۔ میں اسے چھوڑ کر کسی غیر کی طرف کیوں دیکھوں؟

عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝۲۸ بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى

اولاد میں ۳۲؎ تاکہ وہ (اس کی طرف) رجوع کریں ۳۳؎ بلکہ میں نے لطف اندوز ہونے دیا انہیں اور ان کے آباء و اجداد کو یہاں تک

جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝۲۹ وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا

کہ آگیا ان کے پاس حق اور کھول کر بیان کرنے والا رسول ۳۴؎۔ اور جب آگیا ان کے پاس حق تو وہ کہنے لگے یہ تو جادو

سِحْرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝۳۰ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ

ہے اور ہم اس کے منکر ہیں۔ اور کہنے لگے کیوں نہ اتارا گیا یہ قرآن کسی ایسے آدمی پر جو ان

مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ۝۳۱ اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ نَحْنُ قَسَمْنَا

دو شہروں میں بڑا ہے ۳۵؎ کیا وہ بانٹا کرتے ہیں آپ کے رب کی رحمت کو؟ ہم نے خود تقسیم کیا ہے

۳۲؎ حضرت خلیل خود ہی عقیدۂ توحید پر ایمان نہیں لائے بلکہ اپنی آنے والی نسل کو بھی تاکید کی کہ خبردار اس راہِ حق سے بھٹک نہ جانا اپنا رشتۂ عبودیت اپنے رب کریم سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے پختہ اور مستحکم رکھنا۔ قرآن کریم میں متعدد مقامات پر اس کا ذکر گزر چکا ہے۔ سورۂ بقرہ کی آیت ملاحظہ ہو ووصّٰی بها ابراهيم بنيه ويعقوب الآیۃ کہ حضرت ابراہیم نے اپنے بیٹوں کو اور اپنے پوتے یعقوب کو دینِ حق پر ثابت قدم رہنے کی وصیت فرمائی۔ العقب : الذریۃ۔ یعنی اولاد اور نسل۔

۳۳؎ یعنی اے محبوب! آپ قریشِ مکہ کو حضرت ابراہیم کے حالات سنائیے۔ شاید وہ اس طرح دینِ حق کو قبول کر لیں اور راہِ ہدایت پر گامزن ہو جائیں۔

۳۴؎ ان لوگوں نے عرصۂ دراز سے مسلکِ ابراہیمی کو ترک کر دیا تھا اور شرک و کفر کو اختیار کر لیا تھا۔ چاہیے تو یہ تھا کہ انہیں اس ناشکری اور نافرمانی کی فوراً سزا دی جاتی اور ان کو نیست و نابود کر دیا جاتا لیکن ہماری رحمت نے ان کو مہلت دی اور یہ دنیوی زندگی کے ساز و سامان سے اور عیش و آرام سے لطف اندوز ہوتے رہے۔ عرصۂ دراز کے بعد ان کے افقِ حیات پر آب نورِ حق جلوہ گر ہوا۔ انہیں چاہیے تھا کہ وہ اس نورِ مبین سے اپنے سینوں کو روشن کرتے اور ہمارے رسولِ کریم کی حیات آفریں تعلیمات اور روح پرور ارشادات پر عمل کرتے لیکن ان بدنصیبوں نے ایسا نہ کیا۔ اُلٹا اسے جادو کے نفرت انگیز لفظ سے تعبیر کیا اور اس پر ایمان لانے سے صاف صاف انکار کر دیا۔

۳۵؎ پہلے تو کفارِ عرب اس بات کو تسلیم کرنے کے لیے ہی تیار نہ تھے کہ کوئی انسان نبوت کے منصب پر فائز ہو سکتا ہے۔ وہ کہتے اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ ایسا ہو سکتا ہے تو پھر اس منصب کے لیے کسی ایسے شخص کا انتخاب ہونا چاہیے جو اثر و رسوخ کا مالک ہو۔ سردار اور مالدار ہو اس کا رعب ہر برنا و پیر کے دل میں بیٹھا ہو۔ اس ملک کے دو مشہور شہر ہیں۔ مکہ اور طائف۔ ان میں بڑے بڑے زر دار اور بارسوخ سردار موجود

بَیْنَهُمْ مَّعِیْشَتَهُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ

ان کے درمیان سامانِ زیست کو اس دنیوی زندگی میں ۳۶ اور ہم نے ہی بلند کیا ہے بعض کو بعض پر مراتب

ہیں، منصبِ نبوت کے لیے ان میں سے کسی کو منتخب کرنا چاہیے تھا تاکہ لوگ اس کی زبان سے نکلی ہوئی دعوت کو فوراً قبول کرتے اور اس کے احکام کے سامنے سرِ تسلیم خم کرتے چنانچہ ولید بن مغیرہ سے مروی ہے کہ اس نے کہا "لوکان مایقوله محمد صلی الله علیه وسلم حقا لنزل علی او علی ابی مسعود" یعنی جو کچھ یہ کہہ رہے ہیں اگر یہ حق ہوتا تو یہ مجھ پر نازل ہوتا یا طائف کے سردار ابو مسعود ثقفی پر۔

بے شک اس بارِ نبوت کے اٹھانے کا حوصلہ ہر کہ ومہ میں نہیں، بے شک کوئی عظیم انسان ہی اس امانتِ عظمیٰ کا متحمل ہو سکتا ہے اور اس منصبِ جلیل کی نازک ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو سکتا ہے لیکن اے کفار! عظمت کا جو معیار تم نے مقرر کر رکھا ہے کہ زر و دولت مند ہو، ساز و سامان کی بہتات ہو، خدم و حشم کا لشکرِ جرار اس کے ساتھ ہو۔ اس منصب کی اہلیت کے لیے عظمت و بڑائی کا یہ معیار نہیں بلکہ اس کا معیار یہ ہے کہ دل ہر قسم کی آلائشوں سے پاک ہو، کردار بے داغ اور سیرت آفتاب سے تابندہ تر ہو، عزم و حوصلہ کا یہ عالم ہو کہ مصائب و آلام کے پہاڑ ٹوٹ پڑیں تو نہ گھبرائے اور نہ پسپائی اختیار کرے بلکہ بڑے سکون اور وقار کے ساتھ جنتم کناں منزل کی طرف بڑھتا چلا جائے۔ علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: فان الرسالة من الله منصب عظیم لایلیق الا العظیم ولم یعلموا انها رتبة روحانیة تستدعی عزم النفس بالتحلی بالفضائل والکمالات القدسیة و کمال الاستعداد للتجلیات الذاتیة والصفاتیة لا التزخرف بالزخارف الدنیویة۔

ترجمہ: یعنی رسالت ایک منصبِ عظیم ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیا جاتا ہے اور یہ کسی عظیم ہستی ہی کو سزاوار ہے۔ کفار یہ نہیں سمجھتے تھے کہ یہ ایک روحانی رتبہ ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ نفس فضائل اور قدسی کمالات کی جلوہ گاہ ہو اور اس میں ذاتی اور صفاتی تجلیات کو برداشت کرنے کی کامل استعداد ہو۔ دنیاوی زیب و زینت اور ساز و سامان کی یہاں کوئی اہمیت نہیں۔

۳۶ نبوت و رسالت اللہ تعالیٰ کی مخصوص ترین رحمت ہے۔ کیا یہ لوگ اس کی رحمت کے خزانوں کی تقسیم پر مقرر ہیں۔ جس کو چاہیں کچھ دے دیں اور جس کو چاہیں محروم کر دیں۔ نہ ان کا یہ مقام ہے اور نہ اس بخشش و عطا میں ان کی پسند و ناپسند کا کچھ دخل ہے۔ یونہی جھک مار رہے ہیں۔

یہ مال و دولت جس پر یہ پھولے نہیں سماتے اور جس کو یہ نبوت کی اہلیت کے لیے بنیادی شرط قرار دیتے ہیں یہ بھی تو ہم ہی نے ان کو عطا کی ہے اور اس عطا میں گوناگوں حکمتیں اور مصلحتیں ہیں۔ کسی کو غنی کر دیا، کسی کو فقیر، کسی کو جسمانی صحت و توانائی بخش دی، کسی کو فنی مہارت اور کسی ہنر میں کمال عطا فرما دیا، کسی کو اقلیمِ ادب و سخن کا سلطان بنا دیا، کسی کو ریاضی اور سائنس کے دقیق اور پیچیدہ مسائل کو حل کرنے کی قابلیت بخش دی، کسی کو دولت دی اور کسی کو کاروباری اور انتظامی صلاحیتوں سے مالا مال کر دیا تاکہ خلقت کی ساری ضرورتیں پوری ہوتی رہیں۔ اگر سب سائنس دان ہی ہوتے تو تجربہ گاہوں میں تو رونق رہتی لیکن ہل کون چلاتا اور کارخانوں میں کام کون کرتا۔ اگر سب لوگ انتظامی صلاحیت کے مالک ہوتے تو انتظام کس کا کرتے۔ اگر سارے شاعر ہوتے خواہ وہ ترقی پسند شاعر ہی ہوتے تو ساری دنیا مجلسِ مشاعرہ تو بن

دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۭ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا

میں تاکہ وہ ایک دوسرے سے کام لے سکیں ۳۷؎ اور آپ کے رب کی رحمت (خاص) بہت بہتر ہے اس سے

يَجْمَعُوْنَ ۝ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ

جو وہ جمع کرتے ہیں ۳۸؎ اور اگر یہ خیال نہ ہوتا کہ سب لوگ ایک اُمّت بن جائیں گے تو ہم بنا دیتے ان کے لیے جو انکار

يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ۝

کرتے ہیں رحمٰن کا، ان کے مکانوں کے لیے چھتیں چاندی کی اور سیڑھیاں جن پر وہ چڑھتے ہیں (وہ بھی چاندی کی)

وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ۝ وَزُخْرُفًا ۭ وَاِنْ كُلُّ

اور ان کے گھروں کے دروازے بھی چاندی کے اور وہ تخت جن پر وہ تکیہ لگاتے ہیں وہ بھی چاندی اور سونے کے ۳۹؎ اور یہ سب

جاتی لیکن کھانے پینے کے لیے من وسلویٰ کا انتظار کرنا پڑتا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمتِ کاملہ سے بعض لوگوں کو بعض امور میں فضیلت دی اور بعض کو دوسرے کاموں میں فوقیت بخشی تاکہ سب ایک دوسرے سے کام لے کر اس بزمِ ہستی کی رونق کا باعث بنیں۔

۳۷؎ علامہ محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ اس کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ لیستعمل بعضهم بعضا فی مصالحهم ویستخدموهم فی مهنهم ویسخروهم فی اشغالهم حتی یتعایشوا ویترافدوا ویصلوا الی مرافقهم (روح المعانی) یعنی تاکہ بعض لوگ دوسروں کو اپنی مصلحت میں استعمال کریں اور مختلف پیشوں میں ان سے خدمت لیں اور مختلف کاموں میں ان سے فائدہ اٹھائیں تاکہ وہ مل جل کر آرام و راحت کی زندگی بسر کریں اور اپنی آسائشوں پر رسائی حاصل کریں۔

۳۸؎ اے محبوب! تیرے ربِ کریم کی خصوصی رحمت یعنی منصبِ رسالت و ختمِ نبوت جس سے اس نے آپ کو سرفراز فرمایا ہے، اس کے مقابلہ میں دنیا بھر کے تاجروں کے خزانوں کی کیا حیثیت؟ "رحمۃ ربک" کے کلمات میں کیا لطف ہے! رب تو وہ سارے جہانوں کا ہے لیکن اس کی شانِ ربوبیت کی جو خصوصی نسبت آپ کی ذات سے ہے وہ تو کسی دوسرے کو نصیب نہیں۔ آیتِ کے اس حصے نے بتا دیا کہ جب معیشتِ دُنیا کی تقسیم میں ان کا کوئی دخل نہیں تو نبوت جو بڑی ہی قیمتی و گراں بہا متاع ہے اس کی بخشش میں ان کی رائے کون پوچھتا ہے۔

۳۹؎ ارشاد ہے کہ اگر یہ خیال نہ ہوتا کہ سارے لوگ گمراہ ہو جائیں گے تو ہم کفار کو اتنی دولت دیتے، ان کے ہاں سونے چاندی کی اتنی افراط ہوتی کہ ان کے بنگلوں کی چھتیں چاندی کی بنی ہوتیں، ان کے زینے، ان کے مکانوں کے دروازے اور پلنگ بھی چاندی کے بنے ہوتے اور زیب و آرائش کا یہ عالم ہوتا کہ ان کی چمک دمک اور حسن و جمال کو دیکھ کر آنکھیں خیرہ ہو جاتیں یہ ناپسندیدہ چیز ہم صرف ناپسندیدہ لوگوں کو ہی دیتے لیکن ایسا نہیں کیا گیا مبادا کم فہم لوگ کفار کی سج دھج کو دیکھ کر ان کو ہدایت یافتہ سمجھنے لگیں اور سب انکی راہ پر گامزن ہو جائیں۔

ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾

(سنہری روپہلی) چیزیں دنیوی زندگی کا سامان ہے اور آخرت (کی عزت و کامیابی) آپ کے رب کے نزدیک پرہیزگاروں کے لیے ہے ۳۱

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾

اور جو شخص (دانستہ) اندھا بنتا ہے رحمان کے ذکر سے ۳۲ تو ہم مقرر کر دیتے ہیں اس کے لیے ایک شیطان پس وہ ہر وقت اس کا رفیق رہتا ہے ۳۳

"زخرف" کے لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں: الزخرف: الزينة المزوقة ومنه قيل للذهب زخرف. یعنی وہ زینت جو گوناگوں نقش و نگار سے آراستہ ہو اور اسی وجہ سے سونے کو بھی زخرف کہتے ہیں کہ یہ بھی زیب و آرائش کا ذریعہ ہے۔

بظاہر زخرفا کا عطف سقفا پر ہے اس صورت میں اس کا معنی نقش و نگار زیب و زینت ہوگا۔ قال الحسن ای نقوشا وتزويقا. قال ابن زيد الزخرف اثاث البيت وتجملاته. (سامان آرائش و زینت) اور اگر زخرف سے مراد سونا ہو تو پھر اس کا عطف "من فضة" پر ہوگا اور اس کی نصب محل کی وجہ سے ہوگی اور آیت کا معنی ہوگا کہ ان کی چھتیں ان کے زینے ان کے دروازے ان کے پلنگ بعض سونے کے بنے ہوتے اور بعض چاندی کے بنے ہوتے وكان الاصل سقفا من فضة وزخرف يعنی بعضها من فضة وبعضها من ذهب ونصب عطفا على المحل (روح المعانی)

یہ سب کچھ محض چند روزہ دنیا میں کام آنے والا سامان ہے اس آیت میں دنیا کے ساز و سامان کی بے مائیگی اور تحقیر کو بیان کر کے تقویٰ و پارسائی کو اپنا شعار بنانے کی رغبت دلائی جا رہی ہے یہاں ایک حدیث پاک بھی سماعت فرمایئے سہل بن سعد سے مروی ہے:

"قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم لو كانت الدنيا تعدل عند الله جناح بعوضة ما سقى منها كافرا شربة ماء"

(ترمذی، ابن ماجہ) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس دنیا کی قدر و منزلت اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی تو کسی کافر کو ایک گھونٹ پانی بھی نصیب نہ ہوتا۔

۳۱ قیامت کے دن ساری سرفرازیاں اور سرخروئیاں فقط متقی لوگوں کو بخش دی جائیں گی۔

۳۲ اس آیت کی تشریح سے پہلے چند الفاظ کی لغوی تحقیق از بس ضروری ہے "یعش" علامہ زبیدی تاج العروس میں اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ العشا مقصورة: سوء البصر بالليل والنهار يكون فى الناس والدواب والابل والطير كما فى المحكم. قال الراغب: ظلمة تعترض العين كالعشاوة او هو العمى اى ذهاب البصر مطلقا وقوله تعالى من يعش عن ذكر الرحمن اى يعم یعنی بینائی کی کمزوری خواہ رات میں ہو یا دن میں اس کو عشا کہتے ہیں یہ انسانوں، حیوانوں اور پرندوں سب میں پائی جاتی ہے۔ راغب کہتے ہیں وہ تاریکی جو آنکھوں پر چھا جاتی ہے اور اس کا ایک معنی اندھا ہو جانا، بینائی کا بالکل ضائع ہو جانا ہے۔ علامہ زبیدی لکھتے ہیں کہ اس آیت میں من یعش کا معنی یعم اندھا ہو جانا ہے یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کے ذکر سے نابینا ہو جائے۔ علامہ ابن منظور اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں عشا من الشيء يعشو: ضعف بصره عنه. ويخبط خبط عشواء لم يتعمده (لسان العرب) بینائی کا کمزور ہو جانا۔ وہ اونٹنی جو ضعف بصر کے باعث یونہی منہ اٹھائے چلی جاتی ہے ایسی اونٹنی کو الناقة العشواء کہتے ہیں۔ اس کے بعد علامہ ذکر کرتے ہیں جب کوئی شخص کسی چیز سے منہ پھیر لے تو عرب کہتے ہیں عشوت عنه اور اس آیت قرآنی میں من یعش کا یہی مفہوم ہے۔ قال الفراء معناه من يعرض عن ذكر الرحمن (لسان العرب) فراء کہتے

وَإِنَّهُمْ لَيَصُدُّونَهُمْ عَنِ السَّبِيلِ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ مُّهْتَدُونَ ۝٣٧

اور شیاطین روکتے ہیں ان (اندھوں) کو راہِ ہدایت سے اور یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں ۴۳

حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءَنَا قَالَ يَٰلَيْتَ بَيْنِى وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ

یہاں تک کہ جب وہ اندھا ہمارے پاس آئے گا (اور آنکھیں کھل جائیں گی) کہے گا کاش! میرے درمیان اور (اے شیطان!) تیرے درمیان مشرق و مغرب کی دُوری ہوتی۔ (تو

ہیں اس کا معنی یہ ہے کہ جو رحمان کے ذکر سے منہ پھیرلے۔

۴۲ قیض: کہتے ہیں اس خول کو جو انڈے پر ہوتا ہے۔ اسی اعتبار سے نقیض لہٗ شیطانا کا معنی ہوگا کہ ہم اس کے لیے ایک شیطان مخصوص کر دیتے ہیں جو اس پر اس طرح چھاجاتا ہے اور اس کو ہر جانب سے اس طرح گھیر لیتا ہے جس طرح انڈے کا خول انڈے کو ہر طرف سے گھیرے رہتا ہے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں: ای نُتیح لہٗ شیطانا لیستولی علیہ استیلاء القیض علی البیض وھو القشر الاعلی۔ یعنی ہم اس کے لیے ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں جو اس پر اس طرح چھاجاتا ہے جس طرح انڈے کا خول انڈے پر چھایا ہوتا ہے۔ علامہ راغب نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے: ای نُتح لیستولی علیہ استیلاء القیض علی البیض وھو القشر الاعلی۔ یعنی ہم اس سے الگ ہو جاتے ہیں۔ ہماری توفیق اس کو نظر انداز کر دیتی ہے تاکہ اس پر شیطان یوں تسلط جمائے جس طرح چھلکا انڈے پر مستولی ہوتا ہے۔

ان الفاظ کی لغوی تحقیق آپ پڑھ چکے اب اس کی روشنی میں اس آیت کا مفہوم سمجھنے کی کوشش کریں۔ لطف آجائے گا۔ یعنی وہ شخص جو ذکرِ رحمٰن سے اندھا بن جاتا ہے یا اپنی بینائی کی کمزوری کی وجہ سے انوارِ ربانی اور تجلیاتِ رحمانی کی تاب نہ لا کر آنکھیں جھپکنے لگتا ہے یا جو شخص ذکرِ رحمٰن سے منہ پھیر لیتا ہے اور دوسری لغویات میں منہمک ہو جاتا ہے۔ خداوند ذوالجلال فرماتے ہیں کہ ہم اس کو اس کی غفلت کی یہ سزا دیتے ہیں کہ ہماری توفیق اس سے الگ ہو جاتی ہے اور شیطان کو اس پر یوں مسلط کر دیا جاتا ہے جس طرح انڈے کا خول انڈے کو ہر طرف سے گھیرے ہوتا ہے۔ وہ بدنصیب مکمل طور پر شیطان کے سامنے سپر انداز ہو جاتا ہے۔ اس کی انفرادیت شیطان کی اطاعت و رضا جوئی میں کھو جاتی ہے۔ اس کے شعور و تحت الشعور میں عقل و فہم کے جتنے دیے روشن تھے بجھ جاتے ہیں۔ وہ شیطان کے پھیلائے ہوئے اندھیروں سے اتنا مانوس ہو جاتا ہے کہ اسے روشنی کی ایک کرن بھی ناگوار گزرتی ہے اور شیطان کی یہ رفاقت پل دو پل کے لیے نہیں ہوتی بلکہ وہ زندگی بھر اس کا رفیق اور ساتھی رہتا ہے۔ قرین: ایسے ساتھی کو کہتے ہیں جو ہر وقت ساتھ رہے جیسے وہ رسی سے بندھا ہوا ہو۔

اب آپ ایسے بدبختوں کی زندگیوں کا مطالعہ کریں۔ آپ کو اس آیت کی ہو بہو تصویر وہاں نظر آئے گی۔

۴۳ شیطان انہیں راہِ حق پر چلنے سے روک دیتے ہیں۔ انہیں فسق و فجور کا خوگر بنا لیتے ہیں۔ دُنیا کی ہوس ان کے دلوں میں یوں جڑ لگا دیتے ہیں کہ وہ ساری قوم کا خون چوسنے کے باوجود تشنہ لب دکھائی دیتے ہیں۔ وہ قوم کی آزادی کا سودا کرنے سے بھی نہیں ہچکچاتے۔ ان تمام گل کاریوں کے باوجود وہ اپنے بارے میں بڑا حسنِ ظن رکھتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ جو کچھ کر رہے ہیں بس وہی صحیح ہے۔ جو راہ انہوں نے اختیار کر رکھی ہے وہی سیدھی راہ ہے۔ قوم کی ترقی و خوشحالی کے لیے جو پروگرام انہوں نے طے کر رکھا ہے اس سے بہتر سوچا ہی نہیں جا سکتا۔

الْقَرِيْنُ ﴿٣٨﴾ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ إِذْ ظَّلَمْتُمْ أَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ

بہت برا ساتھی ہے ۴۴؎ اور یہ (شور وفغاں) تمہیں کچھ فائدہ نہیں پہنچا سکتا آج جبکہ تم دنیا میں ظلم کرتے رہے تم (سب) اس عذاب میں

مُشْتَرِكُوْنَ ﴿٣٩﴾ أَفَأَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ أَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ

حصہ دار ہو ۴۵؎ کیا آپ سنانا چاہتے ہیں بہروں کو یا راہ دکھانا چاہتے ہیں اندھوں کو اور انہیں جو

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٠﴾ فَإِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَإِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿٤١﴾ أَوْ

کھلی گمراہی میں ہیں ۴۶؎ پس اگر ہم لے جائیں آپ کو (اس دارِ فانی سے) تو پھر بھی ہم ان سے بدلہ لیں گے۔ یا ہم

نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَإِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿٤٢﴾ فَاسْتَمْسِكْ

آپ کو دکھا دیں گے وہ عذاب جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے، پس ہم ان پر پوری طرح قادر ہیں ۴۷؎ پس مضبوطی سے پکڑے رہیے

۴۴؎ اس خودستائی اور خود فریبی میں زندگی کا سورج ڈوب جاتا ہے۔ موت کی تاریک شام در آتی ہے۔ وہ بزمِ نشاط جو انہوں نے بڑے ارمانوں سے سجائی تھی اس سے انہیں اٹھا کر ہمارے روبرو کھڑا کر دیا جاتا ہے۔ اب آنکھیں کھلتی ہیں اور مارے حسرت و ندامت کے کھلی کی کھلی رہ جاتی ہیں۔ بڑے پچھتاتے ہیں، کسمساتے ہیں اور اپنے اس دوست کے باعث جس پر وہ جان چھڑکتے رہے اور اس کے اشاروں پر ناچتے رہے۔ اس کے باعث جب وہ اپنے آپ کو ہلاکت میں گھرا ہوا پاتے ہیں تو فرطِ ندامت سے چیخ اٹھتے ہیں اور کہتے ہیں۔ یالیت بینی الخ کاش! میں نے اس منحوس کو نہ جانا ہوتا۔ کاش! میرے اور اس کے درمیان اتنا بُعد، اتنی دوری ہوتی جتنی مشرق اور مغرب کے درمیان ہے۔ اس جیسا بدبخت، منحوس اور بدتمیز ساتھی اور کوئی نہیں۔

۴۵؎ اب شور مت مچاؤ۔ یہ آہ و فغاں سب بے کار ہیں۔ عمر بھر ظلم و طغیان کرتے رہے۔ اب کس سے جاگتے ہو۔ تمہیں بھی اور تمہارے ان جانی دوستوں کو بھی اکٹھی سزا دی جائے گی اور ایک ہی جہنم کا ایندھن بنایا جائے گا۔

۴۶؎ اے محبوب! یہ بہرے، یہ اندھے نہ سنیں اور نہ کچھ دیکھیں، آفتاب چمکتا رہے، انہیں کیا دکھائی دے گا۔ دنیا بقعۂ نور بنی رہے ان کے دلوں میں گھپ اندھیری رات ہوگی۔ حق کی دلنواز صدا نے سوئے ہوئے بختوں کو بیدار کر دیا لیکن ان ازلی بدبختوں نے ان کو نہ سنا اور نہ ہدایت کو قبول کیا۔ آپ ان کی حرماں نصیبی پر غمزدہ نہ ہوں۔

۴۷؎ ہر بدکار کو سزا ملے گی ہر نابکار کو اپنی کشتِ عمل کاٹنی پڑے گی لیکن اللہ تعالیٰ کے سارے کام حکمت کے مطابق ہوتے ہیں۔ اس نے ہر کام کے لیے ایک مناسب وقت مقرر کر رکھا ہے۔ لوگوں کے جلدی مچانے سے وہ اپنے فیصلوں کو بروئے کار لانے میں تقدیم و تاخیر سے کام نہیں لیتا۔ جلد بازی تو وہ کرے جسے یہ اندیشہ ہو کہ اگر حریف اب قابو سے نکل گیا پھر ہاتھ نہ آئے گا۔ اللہ تعالیٰ کو تو ایسا کوئی خدشہ نہیں۔ وہ

بِالَّذِیْٓ اُوْحِیَ اِلَیْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۴۳﴾ وَ اِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ

اس (قرآن) کو جو آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے۔ بے شک آپ سیدھی راہ پر ہیں ۴۸ اور بے شک یہ بڑا شرف ہے ۴۹

وَ لِقَوْمِكَ ۚ وَ سَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَ سْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ

آپ کیلئے اور آپ کی قوم کیلئے اور (اے فرزندانِ اسلام) تم سے جواب طلبی ہوگی ۵۰ اور آپ پوچھیے ان سے جنہیں بھیجا ہم نے آپ سے پہلے

کسی سرکش کو کتنی ڈھیل دے اور وہ اس عرصہ میں بظاہر کتنا طاقتور ہو جائے' اللہ تعالیٰ کے سامنے اس کی حیثیت ایک چیونٹی سے بھی کم ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو فرما رہے ہیں کہ ان کفار کو سزا ملے گی اور ضرور ملے گی' لیکن ہر شخص کو سزا دینے کے لیے ایک وقت مقرر ہے۔ بعض تو آپ کے سامنے کیفرِ کردار کو پہنچ جائیں گے اور جو بچ جائیں گے انہیں آپ کے وصال کے بعد عذاب کے شکنجہ میں کس دیا جائے گا۔

۴۸ اے میرے رسول! آپ ان کی شر انگیزیوں کا کوئی اثر قبول نہ کریں۔ جو کتابِ ہدایت ہم آپ پر نازل فرما رہے ہیں' اس کو بڑی مضبوطی سے تھامے رہیں۔ بلاشبہ آپ راہِ راست پر گامزن ہیں۔ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ آپ کے دین کو غلبہ نصیب ہوگا۔ آپ کا آفتابِ عظمت ہمیشہ ہمیشہ تابندہ و درخشندہ رہے گا۔ ناکامیاں اور محرومیاں فقط ان لوگوں کا مقدر ہیں جنہوں نے تیرا دامن چھوڑ دیا' تیری ذاتِ انور کے بغیر کسی اور کو اپنی عقیدت کا مرکز بنا لیا۔

۴۹ ذکر کا معنی یہاں شرفِ عظیم ہے۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں لَذِكْرٌ اى لشرف عظيم (روح المعانی) یعنی یہ قرآن حکیم کوئی معمولی چیز نہیں' یہ ایسی نعمتِ عظمیٰ ہے کہ آپ کے لیے بھی یہ باعثِ صد عز و شرف ہے اور آپ کی امت کے لیے بھی سرمایۂ افتخار و نازش ہے۔ کیا پیاری بات فرمائی۔ جس نبی مکرم' رسولِ معظم اور حبیبِ محتشم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو رب العزت نے ایسا لاثانی تحفہ مرحمت فرمایا اس کی شانِ رفیع کا کون اندازہ لگا سکتا ہے اور جس اُمت کو یہ جامع نظامِ حیات مرحمت فرمایا گیا' وہ اس پر شکر کے جتنے سجدے کرے' بجا ہے۔

۵۰ امتِ محمدیہ علی صاحبہا افضل الصلوٰۃ والطیب التحیۃ کو ذمہ داری کا احساس دلایا جا رہا ہے' یعنی یہ نورِ مبین تمہیں اس لیے نہیں دیا گیا کہ اس سے تم صرف اپنے قلب و نگاہ کو روشن کرو بلکہ تمہارا فرض ہے کہ جہاں جہاں اندھیروں نے اپنے پنجے گاڑ رکھے ہیں' وہاں پہنچو اور اس نور سے وہاں اجالا کر دو۔ ہم تم سے اس کے بارے میں پوچھیں گے اور اچھی طرح باز پرس ہوگی۔

شومیٔ قسمت ملاحظہ ہو۔ آج حالت یہ ہے کہ سب سے زیادہ اندھیرا وہیں ہے جہاں حاملینِ قرآن کی بستیاں ہیں' معاشی پسماندگی' اخلاقی انحطاط اپنے عروج پر ہے۔ کہیں کہیں عشرت کدے آباد ہیں۔ اس کے برعکس جگہ جگہ غربت و افلاس کی اُداسیاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور میں کل ہم کیا منہ لے کر جائیں گے؟ ہمارے لیے کیونکر ممکن ہوگا کہ اتنی رُوسیاہی کے باوجود محبوبِ خدا کے دامنِ شفاعت کو پکڑ سکیں۔

مِنْ رُّسُلِنَآ ۙ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَقَدْ

اپنے رسولوں سے کیا ہم نے بنائے ہیں خدا خدائے رحمٰن کے علاوہ اور خدا تاکہ ان کی پوجا کی جائے ۴۱ اور ہم نے

اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ

بھیجا موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف ۴۲ پس آپ نے (انہیں) کہا بیشک میں رب العالمین کا

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا

فرستادہ ہوں ۴۳ پس جب آپ آئے ان کے پاس ہماری نشانیاں لے کر تو اس وقت وہ ان سے ہنسنے لگے۔ اور ہم نہیں

نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۡ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ

دکھاتے تھے انہیں کوئی نشانی مگر وہ بڑی ہوتی پہلی سے۔ اور ہم نے مبتلا کر دیا انہیں عذاب میں

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ

تاکہ وہ باز آجائیں ۴۴ اور وہ بولے اے جادوگر! دعا مانگیے ہمارے لیے اپنے رب سے بسبب اس عہد کے جو اس نے تمہارے ساتھ کیا ہے ۴۵

خداوند عالم! تو ہی رحم فرما! اے اس کارواں کے سالار تم ہی لاج رکھیو!

۴۱؎ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور خدا نہیں۔ سب رسولوں سے بھی اگر آپ پوچھیں گے تو وہ اس کی تصدیق کریں گے۔

۴۲؎ اس رکوع میں موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس سے بھی تسلی دینا چاہتے ہیں کہ قوم کا یہ معاندانہ رویہ صرف آپ کے ساتھ ہی نہیں پہلے بھی کوتاہ اندیش لوگ اپنے انبیاء کے ساتھ ایسا ہی سلوک روا رکھا کرتے تھے۔ ساتھ ہی کفار مکہ کو بھی تنبیہ کر دی کہ فرعون کے ہولناک انجام سے بچنا چاہتے ہو تو ہوش سے کام لو اور اس نبی رحمت پر ایمان لے آؤ۔

۴۳؎ موسیٰ علیہ السلام فرعون کے دربار میں تشریف لے گئے۔ وہاں اعیان مملکت اور سرداران قوم بھی اپنی زرنگار کرسیوں پر بیٹھے تھے آپ نے جا کر اعلان کر دیا کہ میں سارے جہانوں کے مالک کا فرستادہ ہوں۔ میری بات سنو اور اپنے رب کو پہچانو اور اس کی اطاعت کو اپنا شعار بناؤ۔ ان لوگوں نے آپ کی بات کو ذرا اہمیت نہ دی' الٹا مذاق اڑانا شروع کر دیا۔

۴۴؎ موسیٰ علیہ السلام انہیں راہ حق پر چلانے کے لیے پے در پے معجزات پیش کرتے رہے اور ہر معجزہ پہلے معجزہ سے اعلیٰ ہوتا لیکن بے سود۔ آخر اس سرکشی سے انہیں باز رکھنے کے لیے طرح طرح کی تکلیفوں میں مبتلا کر دیا گیا تاکہ وہ خواب غفلت سے بیدار ہوں اور حق کو قبول کریں۔

۴۵؎ فرعون کی قوم مصائب و آلام میں گرفتار ہے۔ رہائی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ آخر کار حضرت موسیٰ سے دعا کی درخواست

إِنَّنَا لَمُهْتَدُونَ ﴿٤٩﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِذَا هُمْ يَنْكُثُونَ ﴿٥٠﴾

ہم ضرور ہدایت قبول کریں گے۔ پس جب ہم نے دُور کردیا ان سے عذاب تو فوراً وہ عہد شکنی کرنے لگے۔

وَنَادَىٰ فِرْعَوْنُ فِي قَوْمِهِ قَالَ يَا قَوْمِ أَلَيْسَ لِي مُلْكُ مِصْرَ وَ

اور پکارا فرعون اپنی قوم میں (اور) کہنے لگا اے میری قوم! کیا میں مصر کا فرمانروا نہیں؟ اور

هَٰذِهِ الْأَنْهَارُ تَجْرِي مِنْ تَحْتِي ۖ أَفَلَا تُبْصِرُونَ ﴿٥١﴾ أَمْ أَنَا خَيْرٌ مِنْ

یہ نہریں جو میرے نیچے بہہ رہی ہیں کیا تم (انہیں) دیکھ نہیں رہے؟ کیا میں بہتر نہیں ہوں

هَٰذَا الَّذِي هُوَ مَهِينٌ وَلَا يَكَادُ يُبِينُ ﴿٥٢﴾ فَلَوْلَا أُلْقِيَ عَلَيْهِ أَسْوِرَةٌ

اس شخص سے جو ذلیل ہے اور بات بھی صاف نہیں کرسکتا ۵۶ (اگر یہ سچا نبی ہے) تو کیوں نہ اتارے گئے اس پر

کرتے ہیں لیکن اس وقت بھی اے رسول کے الفاظ سے آپ کو خطاب نہیں کرتے بلکہ ایّھا السّاحر کہہ کر آپ کو پکارتے ہیں۔
بعض علماء نے فرمایا ہے کہ ساحر ان کے نزدیک بڑا معزز اور محترم ہوا کرتا تھا۔ سحر کو وہ اشرف العلوم تصور کرتے تھے یہاں ایّھا السّاحر تحقیر کے لیے نہیں بلکہ احترام کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ دوسرے علما کا خیال ہے کہ غرور و سرکشی میں وہ اتنے بڑھ چکے تھے کہ اپنی انتہائی بے بسی کے باوجود آپ کو جادوگر کہہ کر پکارتے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام معمولی دل گردے کے تو آدمی نہ تھے کہ اتنی سی بات پر خفا ہو جاتے۔ آپ نے ان کی اس بدتہذیبی کے باوجود دعا مانگی۔ عذاب ٹل گیا لیکن نہ انہوں نے حق کو قبول کرنا تھا اور نہ کیا۔ نیز مکمل بربادی جو ان کا مقدر بن چکی تھی اس کی طرف وہ آہستہ آہستہ یوں بڑھ رہے تھے کہ اُدھر سے انعامات ہوتے ہیں اور اِدھر سے سرکشی، اُدھر سے پیہم عفو و درگزر، اِدھر سے مسلسل کفر و طغیان۔ حتیٰ کہ جب وہ غرق ہوئے تو ان کی اس تباہی پر کسی کو حیرت نہ ہوئی۔
۵۶ انسان کو چاہیے کہ ان آیات کو بار بار پڑھے اور ان میں غور و فکر کرے۔ ان آیات میں مادہ پرست ذہنیت کے خسیس نظریات نیز آمر اور ڈکٹیٹر کی نفسیات کی ایسی سچی تصویر پیش کی گئی ہے جو آج بھی اسی طرح حقیقت ہے جس طرح ہزاروں سال پہلے مصر کے فراعنہ کے زمانے میں ایک حقیقت تھی۔
فرعون نے جب محسوس کیا کہ موسیٰ علیہ السلام کے معجزات دیکھ کر اس کی قوم ان کی طرف مائل ہوتی جارہی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ کسی روز وہ اس کو خدا ماننے سے برملا انکار کردیں اور اس کی حکومت کے خلاف علم بغاوت بلند کردیں۔ اس نے بھرے دربار میں اپنی ساری قوم کو خطاب کرتے ہوئے کہا اے میری قوم! مصر کے وسیع و عریض علاقہ میں کس کی شاہی کا نقارہ بج رہا ہے! اس کی نیلگوں فضاؤں میں کس کا پرچم لہرا رہا ہے۔ دریائے نیل سے نہریں کس نے نکالی ہیں اور کس کی تدبیر کا یہ اعجاز ہے کہ دُور دراز صحراؤں

مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ

سونے کے کنگن یا کیوں نہ آئے اس کے ساتھ فرشتے قطار در قطار ۵۳ یوں اس نے احمق بنا دیا اپنی قوم کو ۵۴

ہیں جہاں لوگ ایک بوند پانی کے لیے ترستے تھے نہروں کا جال بچھا دیا گیا۔ تمہارے ریگستانوں میں یہ لہلہاتے ہوئے کھیت اور شاداب باغات کس کی حسنِ تدبیر کا کرشمہ ہے۔ ان نہروں کا میں مالک ہوں۔ ان میں پانی میرے حکم سے بہتا ہے۔ اے اہلِ مصر! یہ ایسی حقیقت ہے جس کا تم اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر رہے ہو۔ اب خود ہی فیصلہ کرو کہ میں بہتر ہوں یا یہ موسیٰ جس کی نہ تو کوئی عزت ہے اور نہ ہی اس کی کوئی اہمیت ہے اور باتیں ایسی ایچ پیچ کرتا ہے کہ کچھ پلے نہیں پڑتا۔ تم بتاؤ کہ تم میرے جیسے صاحبِ عظمت و جبروت، وسیع اختیارات کے مالک، فراعنہ کے تخت و تاج کے وارث کی اطاعت کرنا پسند کرتے ہو یا کیا موسیٰ جیسے فقیر کی غلامی اختیار کرتے ہو جس کے پاس پھوٹی کوڑی بھی نہیں۔ وہ اور اس کی ساری قوم صدیوں سے تمہاری غلام چلی آ رہی ہے۔

"مهين": "ضعيف اور حقير۔ لايكاد يبين" اس کا ایک مفہوم تو یہ بیان کیا گیا ہے کہ آپ کی زبان میں لکنت تھی۔ اگرچہ دعا سے اس میں شدت تو باقی نہ رہی تھی لیکن اس کا اثر ابھی کچھ باقی تھا۔ فرعون نے اس لفظ سے اسی کی طرف اشارہ کیا۔ اس کا دوسرا مفہوم یہ بیان کیا گیا ہے کہ اس کی باتیں بڑی الجھی ہوئی ہیں۔ عقل کے معیار پر پوری نہیں اترتیں۔

۵۳ ان کے ہاں یہ رواج تھا کہ بادشاہ جس کو وزارت و سفارت کے منصب پر فائز کرتا تو اسے خلعتِ فاخرہ سے نوازتا اور بازوؤں میں سونے کے کنگن پہناتا۔ اس کو خدام کا ایک دستہ بھی دیا جاتا جو اس کے آگے پیچھے موجود رہتا اور اس کے احکام بجا لاتا۔ فرعون اپنی قوم کو خطاب کرتے ہوئے کہتا ہے کہ ہم تو اگر کسی کو کسی اہم منصب پر فائز کرتے ہیں تو اسے سونے کے کڑے پہناتے ہیں۔ موسیٰ کہتا ہے کہ میں سارے جہان کے مالک کا فرستادہ ہوں۔ اگر ایسا ہے تو اس کی کلائیاں بھی سونے کے مرصع کنگنوں سے مزین ہوتیں۔ اس کے ہمراہ بھی فرشتوں کا ایک دستہ ہوتا جو پرا باندھے دست بستہ اس کے پیچھے پیچھے چلتا۔ اس کی کلائیوں میں کڑے تو کجا، اس کی جیب میں تو پھوٹی کوڑی بھی نہیں۔ فرشتوں کا جھگمٹا تو بڑی بات ہے یہ تو بازار سے سودا سلف بھی خود اٹھا کر لاتا ہے۔ تم خود سوچو اللہ تعالیٰ کا رسول اور یہ خستہ حالی! کیا تم اس کا دعویٰ تسلیم کرنے کے لیے تیار ہو؟

۵۴ قرآنِ کریم کے ان کلمات نے مطلق العنان بادشاہوں، آمروں اور ڈکٹیٹروں کی نفسیات کا پردہ چاک کر دیا۔ یعنی وہ یہ باتیں اس لیے نہیں کرتا تھا کہ وہ انہیں حقیقت اور سچ مانتا تھا یا وہ اپنی قوم کا بہی خواہ تھا اور موسیٰ علیہ السلام سے اپنی قوم کو اس لیے دور رکھنا چاہتا تھا کہ وہ ان کی راہ اختیار کر کے ادبار و انحطاط کی پستیوں میں نہ گر جائیں یا ان کی خوشحالی، تنگ دستی و بدحالی سے نہ بدل جائے۔ اسے محض اپنے اقتدار کی فکر تھی۔ اسے صرف اپنے تاج و تخت کی سلامتی سے مطلب تھا۔ یہ جانتے ہوئے کہ وہ جھوٹ بول رہا ہے، وہ ان چکنی چپڑی باتوں سے اپنی قوم کو دھوکہ دینا چاہتا تھا اور ان کو اپنی ہمدردی اور بہی خواہی کا یقین دلا کر اپنے دامِ فریب میں پھانسے رکھنا چاہتا تھا۔ ایسے جابر سلطانوں، ظالم ڈکٹیٹروں اور بے رحم آمروں کا یہی دستور پہلے تھا، آج بھی یہی ہے اور جب تک لوگ اپنی سادہ لوحی کے باعث ایسے شاطروں اور فسوں سازوں کے بچھائے ہوئے جالوں میں پھنسنے کے لیے آمادہ ہوں گے، ایسا ہوتا رہے گا۔

فَاَطَاعُوْهُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَمَّاۤ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا

سو وہ اس کی پیروی کرنے لگے۔ درحقیقت یہ نافرمان لوگ تھے ۵۹ پس جب انہوں نے ہمیں ناراض کر دیا تو ہم نے ان سے

مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾

انتقام لیا پھر ہم نے ان سب کو غرق کر دیا ۶۰ اور بنا دیا انہیں پیش رو اور کہاوت پچھلوں کے لیے ۶۱

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ

اور جب بیان کیا جاتا ہے مریم کے فرزند (عیسیٰ) کا حال تو آپ کی قوم اس سے شور و غل مچا دیتی ہے ۶۲ اور

ابن الاعرابی فاستخف کی توضیح کرتے ہوئے لکھتے ہیں فاستخف قومہ، فاستجھل قومہ۔ اپنی قوم کو احمق اور الّو بنایا اور اپنی چکنی چپڑی باتوں سے انہیں دھوکہ دینے میں کامیاب ہوگیا۔

۵۹ فرعون کی قوم اس کے دھوکے میں آگئی۔ انہوں نے ان مظالم کو فراموش کر دیا جو وہ ان پر توڑتا تھا انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کی عظیم شخصیت، ان کے بے داغ کردار اور پاکیزہ سیرت کو نظر انداز کر دیا۔ فرعون کی اطاعت کا بڑے زور شور سے ازسرنو وعدہ کیا۔ قرآن کریم نے ان کے اس طرز عمل کی وجہ بتا دی کہ وہ فاسق لوگ تھے۔ حق و صداقت کی ان کے نزدیک کوئی اہمیت نہ تھی۔ انہیں اپنی ذات اور اپنے مفادات کا تحفظ مطلوب تھا۔ اس کے لیے اگر انہیں کسی ظالم کی غلامی بھی قبول کرنی پڑتی اور انہیں اپنی عزت نفس اور قومی مفاد سے بھی ہاتھ دھونا پڑتے تو وہ اس کے لیے آمادہ تھے۔ مظلوموں کی چیخیں، بے بسوں کی آہیں، ملک و قوم کی اخلاقی اور معاشی تباہی کی بھی انہیں ذرا پروا نہیں تھی بشرطیکہ ان کی ذات محفوظ ہو اور ان کے مفادات پر کوئی آنچ نہ آئے۔ ظالم کے سامنے ڈٹ جانا، حق کی سربلندی کے لیے جان کی بازی لگا دینا، مظلوموں اور بے کسوں کی امداد کے لیے تمام مصلحتوں کو پس پشت ڈال کر میدان میں کود پڑنا فاسقوں کو زیب نہیں دیتا اور نہ یہ ان کے بس کا روگ ہے۔ اس کے لیے تو اولو العزم ہستیاں ہی منتخب کی جاتی ہیں۔

۶۰ حضرت ابن عباس "اسفونا" کا معنی کرتے ہیں غاظونا و اغضبونا: ہمیں انہوں نے ناراض کر دیا۔ ان لوگوں نے جو مناقفانہ رویہ اختیار کیا تھا، وہ ان کو غضب الٰہی سے بچا نہ سکا، چنانچہ وہ غرق کر دیئے گئے۔

۶۱ سلف کہتے ہیں پیش رو کو۔ والسلف المتقدم اور مثلا کا معنی عبرت اور پند و موعظت ہے۔ مثلا ای عبرۃ لھم یعنی قوم فرعون کے بعد جو امتیں آئیں ان کے لیے ان کے حالات میں پند و موعظت اور عبرت ہے اور ان کا تذکرہ ضرب المثل کے طور پر کیا جاتا ہے۔

۶۲ اس مقام پر حضرت صدر الافاضل رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں کہ جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے سامنے یہ آیت پڑھی وما تعبدون من دون اللہ حصب جھنم (یعنی اے مشرکین! تم اور جو چیز اللہ کے سوا تم پوجتے ہو سب جہنم کا ایندھن ہے)

قَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ۭ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ۭ بَلْ هُمْ قَوْمٌ

کہتے ہیں کیا ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ۔ وہ نہیں بیان کرتے یہ مثال آپ سے مگر کج بحثی کے لیے۔ درحقیقت یہ لوگ بڑے

خَصِمُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ

جھگڑالو ہیں۔ نہیں ہے عیسیٰ مگر ایک بندہ ہم نے انعام فرمایا ہے ان پر اور ہم نے بنا دیا ہے انہیں ایک نمونہ بنی

اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿۵۹﴾ وَلَوْ نَشَاۗءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰۗىِٕكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ﴿۶۰﴾

اسرائیل کے لیے۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہم بنا دیتے تمہارے بدلے فرشتے زمین میں جو تمہارے جانشین ہوتے ۹۳

وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ

اور بےشک وہ ایک نشانی ہیں قیامت کے لیے پس ہرگز شک نہ کرو اس میں اور میری پیروی کیا کرو ۹۴ یہ سیدھا

قریش کو مشرکین کو بہت غصہ آیا اور ابن زبعری کہنے لگا کہ یا محمد! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کیا یہ خاص ہمارے اور ہمارے معبودوں ہی کے لیے ہے یا ہر اُمت اور گروہ کے لیے ہے؟ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تمہارے اور تمہارے معبودوں کے لیے بھی ہے اور سب امتوں کے لیے بھی۔ اس پر اس نے کہا کہ آپ کے نزدیک عیسیٰ ابن مریم نبی ہیں اور آپ ان کی والدہ کی تعریف کرتے ہیں اور آپ کو معلوم ہے کہ نصاریٰ ان دونوں کو پوجتے ہیں اور حضرت عزیر اور فرشتے بھی پوجے جاتے ہیں تو اگر یہ حضرات (معاذ اللہ) جہنم میں ہوں تو ہم راضی ہیں کہ ہم اور ہمارے معبود بھی ان کے ساتھ ہوں اور یہ کہہ کر کفار خوب ہنسے، اس پر یہ آیت اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰۗىِٕكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ۔ اور یہ آیت نازل ہوئی وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ الخ جس کا مطلب یہ ہے کہ جب ابن زبعری نے اپنے معبودوں کے لیے حضرت عیسیٰ ابن مریم کی مثال پیش کی اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مجادلہ کیا کہ نصاریٰ انہیں پوجتے ہیں تو قریش اس کی بات پر خوب ہنسے۔ (خزائن القرآن) علامہ ابن منظور نے يَصِدُّوْنَ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے صَدَّ يَصِدُّ صَدًّا: اِسْتَغْرَبَ ضَحِكًا کہ حیرت و تعجب کے باعث ہنسا اور اس کا دوسرا معنی ہے ضَجَّ وَعَجَّ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ يضجون ويعجون۔ شور و غل مچانا۔ وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا مطلب یہ تھا کہ آپ کے نزدیک حضرت عیسیٰ علیہ السلام بہتر ہیں تو اگر (معاذ اللہ) وہ جہنم میں ہوئے تو ہمارے معبود بھی ہوا کریں۔ (خزائن العرفان)

۹۳ علامہ قرطبی اس آیت کا مفہوم بتاتے ہیں وجعلنا بدلا منكم یعنی اگر ہم چاہتے تو نہ آدم کو پیدا کرتے نہ اولاد آدم کو اور نہ تم یوں اندھیر گردی کرتے۔ تمہیں تو شکر ادا کرنا چاہیے کہ ہم نے تمہیں نیست سے ہست کیا، اُلٹا تم ناشکری کرتے ہو۔

۹۴ حضرت ابن عباس، مجاہد، قتادہ، حسن اور دیگر مفسرین کا قول یہ ہے کہ اِنَّهٗ کی ضمیر کا مرجع حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں کیونکہ

مُّسْتَقِیْمٌ ﴿۶۱﴾ وَ لَا یَصُدَّنَّكُمُ الشَّیْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ﴿۶۲﴾ وَ لَمَّا

راستہ ہے۔ کہیں روک نہ دے تمہیں شیطان (اس راہ سے) بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور جب

جَآءَ عِیْسٰی بِالْبَیِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَ لِاُبَیِّنَ لَكُمْ

آئے عیسیٰ (علیہ السلام) روشن نشانیاں لے کر تو فرمایا میں آیا ہوں تمہارے پاس حکمت لے کر اور (میں) بیان کروں گا تم سے

بَعْضَ الَّذِیْ تَخْتَلِفُوْنَ فِیْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوْنِ ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ

کچھ وہ بات جس میں تم اختلاف کرتے ہو۔ پس ڈرتے رہا کرو اللہ سے اور میری فرمانبرداری کیا کرو ۶۵۔ یقیناً اللہ تعالیٰ وہی

آپ کا قیامت سے پہلے تشریف لانا وقوعِ قیامت کی شرائط میں سے ہے اس لیے جب آپ نازل ہوں گے تو لوگوں کو علم ہو جائے گا کہ اب قیامت قائم ہونے کا وقت قریب آگیا ہے۔ علامہ زمخشری لکھتے ہیں کہ ای شرط من اشراطها تعلم به۔ فسمی الشرط علما لحصول العلم به۔ (کشاف) یعنی وقوعِ قیامت کی علامتوں میں سے ایک ہیں اور اس علامت اور شرط کو علم کہا گیا کیونکہ ان سے علم حاصل ہوتا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول احادیث صحیحہ سے ثابت ہے جن کے انکار کی جرأت کوئی ایمان دار انسان نہیں کر سکتا۔ ان متعدد صحیح احادیث میں سے ایک حدیث ملاحظہ فرمایئے جسے صحیح مسلم اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔ عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لینزلن عیسی ابن مریم حکما عادلا فلیکسرن الصلیب ولیقتلن الخنزیر و لیضعن الجزیة ولتترکن القلاص فلا یسعی علیها ولتذهبن الشحناء والتباغض والتحاسد ولیدعون الی المال فلا یقبله احد۔ یعنی یقیناً عیسیٰ ابن مریم حاکم عادل کی حیثیت سے آسمان سے نازل ہوں گے صلیب کو توڑ دیں گے خنزیر کو قتل کریں گے جزیہ اٹھا لیا جائے گا اور اونٹنیوں کو آزاد چھوڑ دیا جائے گا۔ عداوت، بغض اور حسد کا نام ونشان نہ رہے گا۔ لوگوں کو مال قبول کرنے کی دعوت دی جائے گی لیکن اسے قبول نہ کیا جائے گا۔ مزید وضاحت کے لیے ملاحظہ فرمایئے سورۃ الاحزاب کی آیت ۴۰ کا حاشیہ ضیاء القرآن۔

۶۵۔ عیسیٰ علیہ السلام کو جلیل القدر معجزات سے مؤید کر کے بنی اسرائیل کی اصلاح کے لیے مبعوث فرمایا گیا۔ اس وقت بنی اسرائیل کی حالت یہ تھی کہ مذہبی بحثیں اور مناظرے روز مرہ کا معمول تھے۔ ایک دوسرے کی تکفیر پسندیدہ مشغلہ تھا۔ دین ان کے لیے اتحاد و اتفاق کا منبع نہ رہا تھا بلکہ خلفشار و انتشار کا سبب بن گیا تھا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انہیں فرمایا کہ آؤ میں نورِ حکمت لے کر آیا ہوں۔ اگر تم تعصب اور بے جا ضد کا طریقہ چھوڑ دو گے تو تمہارے بہت سارے مختلف فیہ مسائل حل ہو جائیں گے۔ مناظرہ بازی کا چکر ختم ہو جائے گا۔ ساتھ ہی یہ تنبیہ بھی فرما دی کہ میری رہنمائی سے وہی فائدہ اٹھا سکے گا جس کے دل میں خدا کا خوف ہو اور وہ میری اطاعت کرنے کے لیے تیار ہو۔

رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦٤﴾ فَاخْتَلَفَ

میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے، پس اس کی عبادت کیا کرو، یہی سیدھا راستہ ہے ۶۶ پھر اختلاف کرنے لگ گئے

الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ

(ان کے) گروہ آپس میں ۶۷ پس ہلاکت ہے ظالموں کے لیے دردناک عذاب کے دن

اَلِيْمٍ ﴿٦٥﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ

سے۔ کیا یہ لوگ قیامت برپا ہونے کے منتظر ہیں کہ آ جائے ان پر اچانک اور انہیں

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٦٦﴾ اَلْاَخِلَّاۗءُ يَوْمَىِٕذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا

خبر تک نہ ہو۔ گہرے دوست اس روز ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے بجز ان کے جو متقی (اور

الْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٧﴾ۧ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿٦٨﴾ۚ اَلَّذِيْنَ

پرہیزگار) ہیں ۶۸ اے میرے (پیارے) بندو! آج تم پر کوئی خوف نہیں اور نہ تم (آج) غمزدہ ہو گے۔ (یعنی) وہ بندے جو

۶۶ نیز آپ نے انہیں فرمایا کہ یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لو کہ میرا اور تمہارا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کی عبادت کرنا ہی راہ ہدایت ہے۔ آپ نے اپنی امت کو پہلے ہی ان لغزشوں پر تنبیہ کر دی جن میں وہ مبتلا ہونے والے تھے۔

۶۷ ان کے باہمی اختلافات کی تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اول سورۃ النساء آیت ۱۷۱۔ نیز ضیاء القرآن سورہ مریم آیت ۳۷۔ جلد سوم

۶۸ قیامت کے دن دنیا کے سارے بھائی چارے یارانے اور دوستیاں ختم ہو جائیں گی۔ ہر شخص یہ چاہے گا کہ اس کے حصے کا عذاب بھی اس کے دوست پر مسلط کر دیا جائے۔ وہ ایک دوسرے سے دور بھاگنے کی کوشش کریں گے۔ ایک دوسرے سے بیزاری کا اعلان کریں گے لیکن وہ لوگ جو پرہیزگار تھے اور عمر بھر اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہے ان کی دوستی اس روز بھی سلامت رہے گی۔ چنانچہ امام مسلم نے یہ روایت نقل کی ہے عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ۔ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ یقول یوم القیامۃ این المتحابون بجلالی الیوم اظلھم فی ظلی یوم لا ظل الا ظلی یعنی کہاں ہیں وہ آپس میں محبت کرنے والے؟ مجھے اپنے جلال کی قسم میں ان کو آج اپنے سائے کے نیچے جگہ دوں گا جبکہ میرے سائے کے بغیر اور کوئی سایہ نہیں ہے۔ بیہقی نے شعب الایمان میں یہ حدیث ذکر کی ہے۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو ان عبدین تحابا فی اللہ عز وجل واحد فی المشرق وآخر فی المغرب لجمع اللہ بینھما یوم القیامۃ یقول ھذا الذی کنت تحبہ فیّ۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ

اٰمَنُوْا بِاٰیٰتِنَا وَ كَانُوْا مُسْلِمِیْنَ ﴿۶۹﴾ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَ اَزْوَاجُكُمْ

ایمان لے آئے تھے ہماری آیتوں پر اور فرمانبردار تھے ۶۹ (حکم ہوگا) داخل ہو جاؤ جنت میں تم اور تمہاری بیویاں

تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾ یُطَافُ عَلَیْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّ اَكْوَابٍ ۚ وَ فِیْهَا

خوشی خوشی ۷۰ گردش میں ہوں گے ان پر سونے کے تھال اور جام اور وہاں

مَا تَشْتَهِیْهِ الْاَنْفُسُ وَ تَلَذُّ الْاَعْیُنُ ۚ وَ اَنْتُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَ

ہر چیز موجود ہوگی جسے دل پسند کریں اور آنکھوں کو لذت ملے۔ (مزید برآں) تم وہاں ہمیشہ رہو گے ۷۱ اور

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِیْۤ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۲﴾ لَكُمْ فِیْهَا فَاكِهَةٌ

یہی وہ جنت ہے جس کے تم وارث بنا دیئے گئے ہو ان اعمال کے باعث جو تم کیا کرتے تھے۔ تمہارے لیے یہاں بکثرت پھل

نے فرمایا اگر دو بندے اللہ کے لیے ایک دوسرے سے محبت کرتے تھے اور ان میں سے ایک مشرق میں اور دوسرا مغرب میں رہتا تھا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان کو اکٹھا کرے گا اور فرمائے گا کہ یہ وہ آدمی ہے جس کے ساتھ تو میرے لیے محبت کرتا تھا۔ (مظہری)

۶۹ یہی لوگ جو اللہ تعالیٰ کے لیے آپس میں محبت کیا کرتے تھے، انہیں یہ مژدہ جانفزا سنایا جائے گا۔ حدیث شریف میں ہے المرء مع من احب کہ روز حشر ہر آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ اسے محبت تھی'' تو غور فرمائیے کہ جب عشاق جمال مصطفوی صاحب لواء الحمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنگت اور رفاقت میں ہوں گے تو پھر خوف کیسا اور حزن کیوں؟

۷۰ ان خوش نصیبوں کو کہا جائے گا کہ تم بھی جنت میں تشریف لے چلو اور تمہاری بیویاں بھی۔ علامہ پانی پتی تحبرون کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں ای تسرون سرورا یظہر حبارۃ علی وجوھکم یعنی تم اس روز اتنے خوش ہو گے کہ مسرت کی نشانیاں تمہارے شگفتہ چہروں اور چمکتی ہوئی آنکھوں سے نمایاں ہوں گی۔ تحبرون کا ایک اور معنی بھی کیا گیا ہے۔ قال زجاج فی قولہ تعالیٰ انتم و ازواجکم تحبرون معناہ تکرمون اکراما یبالغ فیہ (لسان العرب) یعنی تمہیں اور تمہاری بیویوں کو بڑی شان و عزت سے جنت میں جانے کا اذن ملے گا۔

۷۱ نفس جو چاہیں گے اور آنکھیں جس سے محظوظ ہوں گی، ہر شخص کو وہی ملے گا، البتہ سب نفس ایک ہی چیز کے طلب گار نہیں ہوں گے۔ سب آنکھیں ایک جیسی چیزوں کو دیکھ کر روشن نہیں ہوا کریں گی۔ ہر شخص کا اپنا ذوق اور ہر شخص کی اپنی نگاہ ہو گی۔

مجھے تو پسند اور مجنوں کو لیلیٰ
نگاہ اپنی اپنی، پسند اپنی اپنی

كَثِيرَةٌ مِّنْهَا تَأْكُلُونَ ﴿٧٣﴾ إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ﴿٧٤﴾

ہیں ان میں سے کھاؤ گے (جو جی چاہے) ۔ بے شک مجرم عذاب جہنم میں ہمیشہ رہیں گے ۷۱

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ ﴿٧٥﴾ وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِن كَانُوا

نہ ہلکا کیا جائے گا ان سے (یہ عذاب) اور وہ اس میں آس توڑ بیٹھیں گے ۔ اور ہم نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا لیکن وہ (اپنی جانوں پر) ظلم

هُمُ الظَّالِمِينَ ﴿٧٦﴾ وَنَادَوْا يَا مَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۖ قَالَ إِنَّكُم

ڈھانے والے تھے ۷۳ اور وہ پکاریں گے اے مالک! بہتر ہے کہ تمہارا رب ہمارا خاتمہ ہی کر ڈالے۔ وہ جواب دے گا کہ تمہیں

مَّاكِثُونَ ﴿٧٧﴾ لَقَدْ جِئْنَاكُم بِالْحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُونَ ﴿٧٨﴾

تو یہاں ہمیشہ (بلکتے) رہنا ہے ۷۴ بے شک ہم لے آئے تمہارے پاس (دین) حق لیکن تم میں سے اکثر حق سے نفرت کرنے والے تھے۔

حضرت ثوبان، ربیعہ ابن کعب اور ان کے ہم مشرب رضی اللہ تعالیٰ عنہم بارگاہ رسالت کی حاضری پر سب کچھ قربان کرنے والے ہوں گے، بعض دیدار الٰہی کی تمنا لیے وہاں حاضر ہوں گے۔ فالصوفی الذی مشتهاه الوصل العریان بلا کیف ودوام رؤیة الله سبحانه فله ذلك واما غیره فله من نعماء الجنة ما یشتهیه۔ (مظہری) یعنی وہ صوفی جس کا مقصد وحید اللہ کا دیدار بے حجاب اور وصال دائمی ہے اسے یہ نعمت بخشی جائے گی اور اس کے علاوہ دوسرے لوگوں کو جنت کی نعمتوں سے ان کی چاہت کے مطابق سرفراز کیا جائے گا۔ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا جنت میں گھوڑے ہوں گے؟ ایک اعرابی بولا کیا وہاں اونٹ ہوں گے؟ دونوں کو فرمایا اگر تمہیں خدا جنت میں لے گیا تو تمہاری ہر خواہش پوری ہو گی۔ (مظہری)

۷۲ پہلے اپنے مطیع و فرمانبردار بندوں پر اپنے بے پایاں انعامات اور غیر محدود احسانات کا ذکر فرمایا۔ اب ان کا حال زار بیان کیا جا رہا ہے جو عمر بھر بنے رہے بغاوت و سرکشی کا علم بلند کیے رہے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور اس کے رسولوں کی دل آزاری ان کا شعار رہا۔ کسی چیز کی شدت کے کم ہونے کو عربی میں "فتر" کہتے ہیں جب شدید بخار ہو اور پھر وہ ہلکا ہو جائے تو کہتے ہیں فترت عنه الحمى اذا سكنت قليلا۔ مبلسون: آيسون من الرحمة۔ رحمت الٰہی سے مایوس ہونے والے۔ یعنی عرصہ دراز گزرنے کے باوجود ان کے عذاب میں تخفیف نہ کی جائے گی۔ وہ چیختے چلاتے رہیں گے، سر پھوڑتے رہیں گے، فریادیں کرتے رہیں گے لیکن کوئی شنوائی نہ ہو گی یہاں تک کہ وہ مایوس ہو جائیں گے اور یقین کر لیں گے کہ اب اس جہنم سے رہائی کی کوئی امید نہیں۔

۷۳ لیکن یہ ان کا اپنا قصور ہے۔ ہم نے ان پر قطعاً کوئی زیادتی نہیں کی۔ انہیں عقل و فہم کی قوتیں بخشیں، ان کے پاس اپنے رسول بھیجے، پھر انہیں عرصہ دراز تک سوچنے اور سمجھنے کی مہلت دی۔ پھر انہیں خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لیے طرح طرح کے آلام و مصائب میں مبتلا کیا۔ بایں ہمہ وہ نہ سمجھے اور کفر پر اڑے رہے۔ اب اپنے کیے کی سزا بھگت رہے ہیں۔

۷۴ زندگی بڑی عزیز چیز ہے۔ موت کو کوئی پسند نہیں کرتا لیکن دوزخی داروغہ جہنم سے کہیں گے کہ اگر ہماری معافی اور بخشش کی

أَمْ أَبْرَمُوا أَمْرًا فَإِنَّا مُبْرِمُونَ ﴿٧٩﴾ أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَ

ہاں اگر انہوں نے کوئی قطعی فیصلہ کر لیا ہے تو ہم بھی اپنا قطعی فیصلہ کرنے والے ہیں کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ ہم نہیں سنتے ان کے رازوں اور سرگوشی

نَجْوَاهُمْ ۚ بَلَىٰ وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُونَ ﴿٨٠﴾ قُلْ إِنْ كَانَ لِلرَّحْمَٰنِ

کو۔ ہاں ہم سنتے ہیں اور ہمارے فرشتے ان کے پاس بیٹھے لکھتے بھی رہتے ہیں آپ فرمائیے (بفرض محال) اگر رحمٰن کا کوئی

وَلَدٌ فَأَنَا أَوَّلُ الْعَابِدِينَ ﴿٨١﴾ سُبْحَانَ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبِّ

بچہ ہوتا تو میں سب سے پہلے اس کا پجاری ہوتا پاک ہے آسمانوں اور زمین کا پروردگار (اور)

کوئی صورت نہیں تو اے مالک! پھر اپنے رب سے عرض کر کہ وہ ہمیں موت دے دے، ہمارا کام تمام کر دے۔ جواب ملے گا اب موت کہاں، تم زندہ رہو گے اور انہی انگاروں پر لوٹتے رہو گے یہی شعلے تمہارا مقدر ہیں اور یہی جہنم تمہارا ابدی ٹھکانہ ہے۔

جوہری لکھتے ہیں ابرمت الشیئ: أحکمتہ (صحاح) کسی چیز کو پختہ کرنا۔ کفار نے دارالندوہ میں مجلس مشاورت منعقد کی طویل بحث و تمحیص کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کر دینے پر سب متفق ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اگر تم نے میرے محبوب کو شہید کرنے کا پختہ فیصلہ کر لیا ہے تو ہم بھی غافل نہیں، ہم نے بھی یہ حتمی فیصلہ کر لیا ہے کہ ہم اپنے محبوب کی حفاظت کریں گے۔ تم ان کا بال بھی بیکا نہ کر سکو گے اور تمہاری یہ سازشیں تمہارے لیے ہی ناکامی و نامرادی کا سبب بنیں گی۔

کیا کفار یہ خیال کیے بیٹھے ہیں کہ وہ چھپ چھپ کر جو چپکے چپکے منصوبے بنا رہے ہیں ان کا ہمیں علم نہیں اس لیے بالا بالا وہ چالیں چلتے رہیں گے۔ نہیں، ایسا ہرگز نہیں۔ اے کفار! ہمارے فرشتے تمہاری ہر محفل میں شریک ہوتے ہیں، جو سرگوشیاں تم کرتے ہو ہم ان کو سنتے ہیں اور ہمارے فرشتے تمہاری زبان پر آنے والا ہر لفظ لکھ رہے ہیں۔ تمہارا کوئی راز ہم سے پوشیدہ نہیں۔

جس طرح اللہ عزوجل اس سے پاک ہے کہ وہ کسی کا بیٹا نہیں، اسی طرح وہ اس سے بھی منزہ ہے کہ اس کی کوئی اولاد ہو، ورنہ خدا واجب الوجود نہ رہے گا بلکہ ممکن ہو جائے گا اور جو ممکن ہو وہ خدا نہیں ہو سکتا۔ اس کے خدا ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان عیوب سے مبرا ہو۔ اس مضمون کو پہلے بھی نہایت مدلل اور موثر انداز سے کئی بار ذکر کیا گیا ہے۔ یہاں یہ مضمون ایک اچھوتے اسلوب سے بیان کیا جا رہا ہے۔

اے کفار! تم سب جانتے ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کا پرستار اور عبادت گزار ہوں۔ تم سب معبودان باطل کے آستانوں پر سجدہ ریز ہو۔ ایک میں ہوں کہ تمہارے طعنے سہتا ہوں، تمہاری زبان درازیاں سنتا ہوں، تمہاری زیادتیوں کو برداشت کرتا ہوں لیکن اس کے باوجود اپنے معبود برحق اور اپنے مالک و خالق کے بغیر کسی کی عبادت نہیں کرتا۔ تم ذرا سوچو جس کے دل میں اپنے رب کی اتنی محبت اور اتنا عشق ہو، جس کی زبان اپنے مالک کی تعریف میں ہر وقت زمزمہ سنج رہتی ہو، جس کی یاد میں میری راتیں بیت جاتی ہوں، اگر اس کا کوئی بیٹا

الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا

عرش کا رب ہر اس عیب سے جو یہ بیان کرتے ہیں ۸۲ پس (اے حبیب!) آپ چھوڑ دیں انہیں کہ بیہودہ باتیں بنانے میں اور کھیل تماشا کرتے رہیں حتیٰ کہ

يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي

ملاقات ہو جائے ان کی اپنے اس دن سے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے ۸۳ اور وہی ایک آسمان میں خدا ہے اور زمین میں بھی

الْاَرْضِ اِلٰهٌ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۴﴾ وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

خدا ہے۔ اور وہی بہت دانا سب کچھ جاننے والا ہے ۸۴ اور بڑی برکت والا ہے وہ جس کی سلطنت ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾

اور زمین میں اور جو کچھ ان کے درمیان ہے۔ اور اسی کے پاس ہے قیامت کا علم اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

ہوتا تو کیا میں اس کے سامنے بے ساختہ طور پر سربسجود نہ ہو جاتا۔ میرا ایسا نہ کرنا اس بات کی روشن دلیل ہے کہ اس کی کوئی اولاد نہیں۔ وہ اس سے پاک اور بہت پاک ہے کہ کسی کو اس کا بیٹا یا بیٹی کہا جائے۔

یہاں شرط بھی محال ہے اور جزا بھی محال ہے اور ایک محال دوسرے محال کو مستلزم ہے یعنی اللہ تعالیٰ کا بیٹا ہونا بھی محال اور میرا اس کی عبادت کرنا بھی محال ہے۔

اس آیت کا یہ مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے کہ یہاں اِنْ شرطیہ نہیں بلکہ نافیہ ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کا کوئی بیٹا نہیں۔ عابدین کا معنی آنفین ہے یعنی میں اس کذب وافتراء کو تسلیم کرنے سے سب سے پہلے انکار کرتا ہوں اور اس کے خلاف علم بغاوت بلند کرتا ہوں۔

قال الجوهري: وقال ابو عمرو قوله فانا اول العابدين من الانف والغضب۔ قال ابن الاعرابي فانا اول العابدين اي الغضاب الآنفين (قرطبی)

۸۲ کفار کی بہتان طرازیوں کے ذکر کے بعد اب اللہ تعالیٰ کی تنزیہ وتقدیس کا بیان ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی وہ ذات جو آسمانوں کا خالق بھی ہے اور مالک بھی، زمین بنائی بھی اسی نے ہے اور اس میں حکم بھی اسی کا چلتا ہے۔ عرش پر بھی اسی کی کبریائی کے پرچم لہرا رہے ہیں۔ ایسی عظیم وجلیل ہستی کو اولاد کی قطعاً ضرورت نہیں۔ ہر چیز اس کی محتاج ہے اور وہ صمد اور بے نیاز ہے۔

۸۳ اے محبوب! آپ انہیں نظر انداز کر دیجیے اور ان کے بارے میں فکرمند نہ رہیے ان میں ہدایت قبول کرنے کی صلاحیت ہی نہیں۔ ای اترکهم يخوضوا في باطلهم ويلعبوا في دنياهم (قرطبی) جب قیامت کا دن آئے گا تو اس وقت ان کی آنکھیں کھلیں گی۔

۸۴ آسمانوں میں بھی اسی کی عبادت کی جاتی ہے اور زمین میں بھی اسی کی عبادت کی جاتی ہے۔ نہ اس کا کوئی شریک ہے اور نہ

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنْ شَهِدَ

اور نہیں اختیار رکھتے جنہیں یہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں شفاعت کرنے کا ہاں شفاعت کا حق انہیں ہے جو حق کی گواہی دیں

بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿۸۶﴾ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ

اور وہ (اس کو) جانتے بھی ہیں ۸۱ اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ انہیں کس نے پیدا کیا تو یقیناً کہیں گے اللہ نے

فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ﴿۸۷﴾ وَقِيلِهِ يَا رَبِّ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ قَوْمٌ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۸۸﴾ فَاصْفَحْ

پھر کدھر یہ الٹے پھرے جا رہے ہیں ۸۲ اور قسم ہے میرے رسول کے اس قول کی کہ اے میرے رب! یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان نہیں لاتے ۸۳ پس (اے

عَنْهُمْ وَقُلْ سَلَامٌ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿۸۹﴾

حبیب!) رخِ انور پھیر لیجیے ان سے اور فرمائیے تم سلامت رہو وہ اس کا انجام ضرور جان لیں گے ۸۴

اس کی کوئی اولاد ہے۔

۸۱ کفار اس گھمنڈ میں تھے کہ یہ بت اور فرشتے ان کی شفاعت کریں گے۔ بتا دیا کہ ایسا نہیں ہوگا ہر ایک کی مجال نہیں کہ بارگاہِ رب العزت میں شفاعت کرنے کی جرأت کر سکے اور نہ ہر شخص اس قابل ہے کہ اس کی شفاعت کی جائے۔ شفاعت کرنے کا وہ مجاز ہوگا جو اللہ تعالیٰ کی توحید کی گواہی دیتا ہے اور اس کی یہ گواہی علم یقین پر مبنی ہو۔ اسی طرح شفاعت اس کی کی جائے گی جس کا خاتمہ ایمان پر ہوا ہو۔ یہ بات خوب ذہن نشین رہے کہ شفاعت صرف ان گناہ گاروں کے لیے ہوگی جو ایمان کے ساتھ اس دنیا سے رخصت ہوئے اور جن کا خاتمہ کفر یا شرک پر ہوگا ان کے لیے شفاعت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوگا۔

۸۲ عجیب احمق لوگ ہیں یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ان کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ پھر اس کے علاوہ دوسروں کو اپنا معبود بناتے ہیں اور اس طرح راہِ حق سے روگردانی کرتے ہیں۔

۸۳ حضور رحمتِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حق کو آشکارا کر دیا۔ شک و شبہ کے بادل چھٹ گئے۔ قرآن کریم کے اعجاز نے ان منکرین کے چھکے چھڑا دیئے اور ان پر سکتہ طاری کر دیا۔ اس کے باوجود وہ اپنے باطل سے چمٹے رہنے پر مصر تھے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے خداوند ذوالجلال کی بارگاہ میں عرض کی الٰہی! یہ بڑے ضدی اور ہٹ دھرم لوگ ہیں یہ مانتے ہی نہیں۔ آفتابِ ہدایت طلوع ہو چکا ہے لیکن یہ اسے تسلیم ہی نہیں کرتے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے محبوب کی یہ ادا بڑی پسند آئی اور اس قول کی قسم اٹھائی جو لبِ مصطفےٰ علیہ افضل التحیۃ واجمل الثناء سے نکلا۔

۸۴ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں اے میرے حبیب! آپ بھی ان سے رخِ انور پھیر لیجیے۔ اب ان سے الجھنے کی ضرورت نہیں۔

ان کے لیے سلامتی اور ہدایت کی دعا مانگتے رہا کیجیے۔ عنقریب ان کی آنکھیں کھل جائیں گی اور حقیقتِ حال جان لیں گے۔ اگر حق کو قبول نہ کیا تو اپنی سزا پائیں گے اور اگر قبول کر لیا تو فردوسِ بریں کے دروازے ان پر کھول دیے جائیں گے۔

علامہ ابو حیان الاندلسی اور علامہ محمود آلوسی کی رائے یہ ہے کہ یہاں "سلام" دعائیہ نہیں بلکہ ان سے اپنی برأت اور قطعِ تعلق کے اعلان کے لیے مستعمل ہوا ہے۔ فلیس ذلك امرا بالسلام علیهم والتحیة وانما امر بالمتارکة وحاصله اذا بیتم القبول فامری التسلم منکم (روح المعانی) علامہ ابو حیان لکھتے ہیں وعید لهم وتهدید وموادعة (بحر محیط) یعنی قل سلام میں کفار کو عذاب کی وعید اور دھمکی دی جا رہی ہے اور ان سے جدائی کا اعلان مقصود ہے۔

اللّٰهم لك الحمد ولك الشكر على ما انعمت علیّ ووفقتنی وعلی حبیبك وصفیك ونبینا وشفیعنا محمد وآله واصحابه افضل الصلوات واجمل التسلیمات واحسن التحیات۔ ربنا اغفر لی ولوالدی وللمومنین یوم یقوم الحساب۔ فاطر السموات والارض انت ولی فی الدنیا والآخرة توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔

تعارف
سُورۃ الدُّخان

نام : اس سورت کا نام الدخان ہے۔ یہ کلمہ آیت ۱۰ میں مذکور ہے۔ اسی سے اس کا نام ماخوذ ہے۔ اس میں تین رکوع، ستاون یا انسٹھ آیتیں، تین صد چھیالیس کلمات اور ایک ہزار چار سو اکتیس حروف ہیں۔

زمانۂ نزول : وہ سورتیں جن کی ابتدا حٰمٓ سے ہوتی ہے ان سب کا زمانۂ نزول قریب قریب ہے۔ اگرچہ سال و ماہ کے تعین کے لیے ہمارے پاس کوئی قطعی دلیل نہیں، لیکن جس واقعے کا ذکر سورہ دُخان میں ہے اس سے اس کے زمانۂ نزول کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

کفار کا عناد اور اسلام سے ان کی عداوت جب حد سے بڑھنے لگی اور انہوں نے اسلام قبول کرنے کے جرم میں فقراء و مساکین پر ظلم و تشدد شروع کر دیا، سرورِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عرض کی الٰہی! ان کو عہدِ یوسفی کے قحط کی طرح قحط میں مبتلا کر تاکہ دولت کا خمار ان کے دماغوں سے نکلے اور جب پے در پے فاقوں سے جان لبوں پر آئے تو شاید ان کے دل پسیج جائیں اور دینِ حق کو قبول کر لیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب مکرم کی دعا قبول فرمائی۔ مینہ برسنا بند ہو گیا۔ خشک سالی سے ہر طرف خاک اڑنے لگی۔ اشیائے خوردنی بازار میں نایاب ہو گئیں۔ وہ مُردار کھانے پر مجبور ہو گئے۔ انہیں یقین ہو گیا کہ یہ حضور کی دعا کا اثر ہے اور جب تک حضور کے دستِ مبارک دعا کے لیے بارگاہِ الٰہی میں نہیں اٹھیں گے یہ بلا نہیں ٹلے گی۔ چنانچہ ان کے متکبر سرداروں کا ایک وفد جس میں ابوسفیان بھی تھا، بارگاہِ نبوت میں حاضر ہوا اور ملتجی ہوا کہ حضور دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ ہمیں اس قحط سے نجات بخشے۔ ہم ضرور ایمان لائیں گے۔ سراپا رحمت و رافت نبی کے مبارک ہاتھ دعا کے لیے اٹھے، مینہ برسنا شروع ہو گیا اور قحط کی ہلاکت انگیزیوں سے انہیں نجات مل گئی۔

مضامین : اہلِ مکہ کی وہی دیرینہ بیماریاں ہیں اور انہیں کا علاج یہاں مقصود ہے۔ قرآنِ کریم کو وہ کلامِ الٰہی ماننے کے لیے تیار نہ تھے۔ اس سلسلہ میں شکوک و شبہات کے وہ انبار لگا دیا کرتے۔ ان کے ازالہ کے لیے فرمایا یہ تو کتاب مبین ہے۔ اس کا اندازِ بیان، اس کے پُر از حکمت مضامین خود بتا رہے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔ تم یہ سمجھتے ہو کہ اس کتاب کے نزول سے تم گوناگوں مصائب اور پریشانیوں میں مبتلا ہو گئے ہو اور تمہیں نحوست نے چاروں طرف سے گھیر لیا ہے یہ تمہاری کج فہمی ہے۔ یہ کتاب تو یمن و برکت کا سرچشمہ ہے۔ وہ رات جس میں یہ نازل ہوئی، اس کے نزول کے باعث دوسری راتوں پر فوقیت لے گئی۔ سال کے بعد جب وہ رات لوٹ کر آتی ہے، اللہ تعالیٰ کے دریائے رحمت میں جوش آجاتا ہے اور ان گنت گناہگاروں کو نویدِ بخشش سنا دی جاتی ہے۔

دوسرا روگ جس میں وہ بری طرح مبتلا تھے، شرک تھا جس نے ان کی توانائیوں کا آخری قطرہ تک چوس لیا تھا۔ اس سورت میں اس کے علاج کی طرف توجہ مبذول کی جا رہی ہے۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ جن بتوں اور معبودانِ باطل کو تم اپنا خدا سمجھتے ہو، جو کل تک ان گھڑے پتھر کی صورت میں کسی پہاڑ میں پڑے ہوئے تھے، تمہارے سنگتراش نے انہیں اٹھایا اور اپنے فن کی قوت سے اس سے ایک صورت تراش دی۔ تم خود ہی بتاؤ یہ بے جان پتھر بھی بھلا کہیں تمہارے نفع و نقصان کے مالک بن سکتے ہیں۔

کفار کو مخاطب کر کے فرمایا جا رہا ہے کہ تم اپنی دولت اور اثر و رسوخ پر بڑے نازاں ہو اور اپنے حالات پر پوری طرح مطمئن ہو۔ تمہارا یہ خیال ہے کہ تمہیں اصلاحِ احوال کے لیے کسی نئی دعوت کو قبول کرنے کی ضرورت نہیں۔ تم نے زندگی بسر کرنے کا جو طریقہ اختیار کیا ہے، وہ بالکل سیدھا سادا ہے، جن نظریات و افکار کی بنیادوں پر تم اپنے اعمال کی دنیا تعمیر کر رہے ہو وہ بالکل صحیح ہیں، تم نے زندگی بسر کرنے کے جو انداز اختیار کر رکھے ہیں، ان میں کسی اصلاح کی گنجائش نہیں، اس لیے تم نہ آیاتِ الٰہی میں غور کرتے ہو اور نہ اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول کی مخلصانہ کوششوں کو بار آور ہونے دیتے ہو۔ یہ گھمنڈ تمہیں مہنگا پڑے گا تم سے پہلے فرعون نے یہی روش اختیار کی تھی اور تم خوب جانتے ہو کہ باں جاہ و جلال اس کا انجام کتنا عبرتناک ہوا تھا۔

وہ لوگ قیامت کے بھی منکر تھے اور اس انکار پر انہیں شدید اصرار تھا۔ وقوعِ قیامت کی حکمت بیان فرما دی کہ اگر قیامت کے عقیدے کو خارج کر دیا جائے، تو یہ جہان ایک کھیل تماشا بن کر رہ جائے گا جس میں "جس کی لاٹھی اس کی بھینس" کا قانون نافذ ہو گا۔

سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ دخان مکی | اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے | آیات ۵۹ رکوع ۳

حٰمٓ ۚ۝۱ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۙ۝۲ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا

حامیم [1] حق کو واضح کرنے والی کتاب کی قسم [2] بیشک ہم نے اتارا ہے اسے [3] ایک بابرکت رات میں [4] ہماری یہ شان ہے کہ ہم ڈرانے والے تھے

[1] یہ بھی حروف مقطعات میں سے ہیں ان کی وضاحت پہلے گزر چکی ہے۔ بعض علماء نے فرمایا ہے: حٰ حیّ اور میم قیوم کی طرف اشارہ ہے۔

[2] اس کی وضاحت بھی سورۂ زخرف میں گزر چکی ہے۔

[3] یہ مقسم علیہ ہے۔ یعنی ہمیں اس کتاب مبین کی قسم۔ اس کتاب کو ہم نے ہی نازل فرمایا ہے۔ نہ یہ انسانوں اور جنوں میں سے کسی فرد واحد کی تصنیف ہے اور نہ دانشوروں کے کسی بورڈ نے باہمی مشوروں سے اس کا مسودہ تیار کیا ہے۔

[4] یعنی ہم نے ہی اس کو نازل کیا ہے اور بڑی خیر و برکت والی رات میں اس کو نازل کیا ہے۔ وہ کون سی رات تھی' علماء کے اس میں دو قول ہیں۔ حضرات ابن عباس' قتادہ اور اکثر مفسرین کی رائے یہ ہے کہ وہ لیلۃ القدر تھی' کیونکہ سورۂ قدر میں اس کی وضاحت کر دی گئی ہے انا انزلناہ فی لیلۃ القدر۔ اور عکرمہ اور ایک جماعت کا خیال ہے کہ یہ پندرہ شعبان کی رات تھی لیکن صحیح پہلا قول ہے۔

ویسے نصف شعبان کی رات بھی بڑی برکتوں والی رات ہے۔ اس کی فضیلت میں متعدد احادیث مروی ہیں۔ ان میں سے ایک حدیث سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کانت لیلۃ النصف من شعبان فقوموا لیلہا وصوموا نہارہا فان اللہ تعالیٰ ینزل فیہا لغروب الشمس الی سماء الدنیا فیقول الا مستغفر فاغفر لہ۔ الا مسترزق فارزقہ۔ الا مبتلی فاعافیہ۔ الا کذا الا کذا حتی یطلع الفجر۔ ابن ماجہ والبیہقی (روح المعانی)

ترجمہ: رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب شعبان کی پندرھویں رات ہو تو رات کو جاگا کرو اور اس کے دن میں روزہ رکھو۔ جب سورج غروب ہوتا ہے اس وقت سے اللہ تعالیٰ اپنی شان کے مطابق آسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ ہے کوئی مغفرت طلب کرنے والا تاکہ میں اس کو بخش دوں' ہے کوئی رزق طلب کرنے والا تاکہ میں اس کو رزق دوں' ہے کوئی مصیبت زدہ تاکہ میں اس کو اس سے نجات دوں۔ یہ اعلان طلوع فجر تک ہوتا رہتا ہے۔

دوسری حدیث ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے۔ کہتی ہیں کہ ایک رات میں نے حضور کو اپنے بستر پر نہ پایا تو میں حضور کی تلاش میں نکلی۔ میں نے حضور کو جنت البقیع میں پایا کہ آسمان کی طرف حضور نے سر اٹھایا ہوا تھا مجھے دیکھ کر حضور نے فرمایا ان اللہ تعالیٰ ینزل لیلۃ النصف من شعبان الی السماء الدنیا فیغفر لاکثر من عدد شعر غنم کلب۔ رواہ الترمذی وغیرہ۔ اللہ تعالیٰ نصف شعبان کی رات کو آسمان دنیا پر جلوہ گر ہوتا ہے اور قبیلہ کلب کی بکریوں کے جس قدر بال ہیں اتنے ہی

مُنۡذِرِیۡنَ ۝۳ فِیۡهَا یُفۡرَقُ کُلُّ اَمۡرٍ حَکِیۡمٍ ۝۴ اَمۡرًا مِّنۡ عِنۡدِنَا ؕ اِنَّا کُنَّا

خبردار کردیا کرتے ہیں شے اسی رات میں فیصلہ کیا جاتا ہے ہر اہم کام کا شے ہر حکم ہماری جناب سے صادر ہوتا ہے شے ہم ہی

لوگوں کو اللہ تعالیٰ بخش دیتا ہے۔

علمائے کرام نے اس آیت کے ضمن میں یہ بحث بھی کی ہے کہ بعض اوقات اور مقامات کو ذاتی لحاظ سے دوسروں پر فضیلت ہے یا نہیں۔ عز بن عبد السلام کہتے ہیں کہ ذاتی طور پر کوئی فضیلت نہیں، البتہ کسی خاص وقت یا مکان میں بعض اعمال کے رونپذیر ہونے کے باعث ان کو فضیلت حاصل ہو جاتی ہے۔ نیز ان کی نسبت کسی مقدس شخصیت کی طرف ہو جائے تو اس کے باعث وہ وقت اور وہ جگہ مشرف و محترم ہو جاتی ہے۔ اس مقام پر علامہ آلوسی لکھتے ہیں البقعۃ التی ضمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فانہا افضل البقاع الارضیۃ والسماویۃ حتی قیل وبہ اقول انہا افضل من العرش (روح المعانی)

ترجمہ: وہ جگہ جہاں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم استراحت فرما ہیں وہ زمین و آسمان کے تمام مقامات سے افضل ہے۔ یہاں تک کہا گیا ہے اور میرا مذہب بھی یہی ہے کہ وہ جگہ عرش سے بھی افضل ہے۔ اصحاب طریقت و معرفت فرماتے ہیں اشد اللیالی برکۃ وقدرا لیلۃ یکون العبد فیہا حاضر القلب۔ مشاھد الرب۔ یتنعم بانوار الوصل۔ یعنی وہ رات برکت اور منزلت کے اعتبار سے بہت بڑی ہے جب بندہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں دل سے حاضر ہوتا ہے، اپنے رب کی تجلیات کا مشاہدہ کرتا ہے اور نور وصال سے لذت حاصل کرتا ہے۔

شے نزولِ کتاب کی حکمت بیان کی جا رہی ہے، یعنی ہماری شان یہ ہے کہ ہم آنے والے مصائب و آلام سے بروقت آگاہ کر دیا کرتے ہیں تاکہ جو ان سے بچنا چاہے، وہ اپنا بچاؤ کرلے۔ وانزلناہ لان من شاننا الانذار والتحذیر من العقاب (کشاف)

شے امام لغت جوہری نے فرق یفرق کا معنی بَیَّنَ کیا ہے یعنی کسی چیز کو واضح کر دینا (صحاح) صاحب تاج العروس نے اس معنی کے علاوہ دوسرا معنی یقضی کیا ہے یعنی فیصلہ کرنا (تاج العروس) حکیم: ذو الحکمۃ او ھو المحکم ای الذی لا اختلاف فیہ ولا اضطراب (لسان العرب) حکیم کے دو معنی ہیں حکمت والا اور پختہ جس میں کوئی اختلاف نہ ہو۔

بتایا جا رہا ہے کہ اس بابرکت رات میں وہ ملائکہ جو عالم تکوین میں مختلف فرائض کی انجام دہی کے لیے متعین ہیں، سال بھر کے لیے ان کو ان کے متعلقہ فرائض کے بارے میں تفصیل سے بتایا جاتا ہے اور اگر یفرق بمعنی یقضی ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ آنے والے امور کے متعلق اپنا فیصلہ صادر فرماتا ہے۔ امر حکیم سے مراد یہ ہے کہ ایسا کام جو سراسر حکمت ہی حکمت ہو یا حکیم سے مراد محکم ہے یعنی یہ فیصلہ محکم ہے۔ اس میں کسی طرح کا تغیر ممکن نہیں۔

شے یعنی یہ فیصلے میری بارگاہِ اقدس و جلالت سے صادر ہوتے ہیں اور جو فیصلہ ہماری بارگاہ سے صادر ہوگا یقیناً وہ خیر و برکت کا حامل ہوگا، عدل و احسان کا آئینہ دار ہوگا۔ اس مبارک رات میں جو فیصلے کیے جاتے ہیں ان کی عظمتِ شان کے اظہار کے لیے امرًا من عندنا کے الفاظ ذکر کیے گئے۔ امام رازی نے "امرًا" کے منصوب ہونے کی دو وجہیں ذکر فرمائی ہیں۔ اف۔ نُصب علی

مُرْسِلِيْنَ ۝ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبِّ السَّمٰوٰتِ

(کتاب و) رسول بھیجنے والے ہیں ۸ سراپا رحمت آپ کے رب کی طرف سے بیشک وہی سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے ۹ وہ جو رب ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ

اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے۔ اگر تم ایماندار ہو ۱۰ نہیں کوئی معبود بجز اس کے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے ۱۱

وقف لازم

الاختصاص۔ کہ مخصوص ہونے کی وجہ سے منصوب ہوا۔ یا یہ حال ہے۔ اس کا ذوالحال انزلناہ کی ضمیر فاعل ہوگی۔ یا ضمیر مفعول۔

۸ ہم قرآن کریم کو نازل کرنے والے اور صاحب قرآن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مبعوث فرمانے والے ہیں۔ قرآن جیسی کتاب مبین کا نزول اور آپ جیسے رسول معظم کی بعثت آپ کے رب کریم کی رحمت بے پایاں ہے۔ آپ کے رب کی رحمت کا تو یہ حال ہے کہ وہ شکم مادر میں بچے کی غذا، نشوونما کے تمام وسائل مہیا فرماتا ہے۔ اس سے یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ اپنے بندوں کو ہوا و ہوس کے تند و تیز ریلوں کے حوالے کر دے اور ان کی دستگیری نہ کرے۔ انہیں گمراہی کے اندھیروں میں بھٹکنے کے لیے چھوڑ دے اور ان کی رہنمائی نہ کرے۔

۹ وہ اپنی مخلوق کی التجاؤں کو سنتا بھی ہے اور انہیں قبول بھی فرماتا ہے۔ وہ اپنی مخلوق کی ہر طرح کی ضروریات سے باخبر ہے اور ان کے دلوں کے احساسات و حالات کو بخوبی جانتا ہے۔

۱۰ اس آیت سے جہاں اللہ تعالیٰ کی ربوبیت عامہ کا پتہ چلتا ہے جس کی وسعتیں بلندیوں اور پستیوں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہیں اور جس کی ذرہ نوازیاں ہر خورد و کلاں کا سہارا بنی ہوئی ہیں۔ وہاں قرآن کی رفعت شان اور جلالت منزلت کا علم بھی حاصل ہوتا ہے۔ نیز یہ بھی بتا دیا کہ جب ہر چیز کا پروردگار وہ ہے تو حکم بھی اسی کا ناطق ہوگا۔ کسی بندے کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ چون و چرا کرے۔ ان کنتم موقنین سے کفار کو متنبہ کیا جا رہا ہے کہ زبان سے تو تم بھی اعتراف کرتے ہو کہ زمین و آسمان کا خالق و مالک اللہ تعالیٰ ہے۔ اگر تمہارے دل بھی اس کو مانتے ہیں تو پھر تمہیں اس کتاب اور صاحب کتاب کی اطاعت میں لیت و لعل کرنے کا کوئی حق نہیں۔ رب ماننا اور اس کا حکم نہ ماننا، مالک کہنا اور اس کے بھیجے ہوئے رسول سے مخاصمت، کوئی ہوش مند ایسا نہیں کیا کرتا۔

۱۱ یہ حقیقت جب روز روشن کی طرح واضح ہو گئی کہ بلندیوں اور پستیوں میں جو کچھ ہے اس کا خالق و مالک اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہیں، اس کا ہر فیصلہ اس کی رحمت کا مظہر ہے۔ اب اس حقیقت سے انکار بھی پرلے درجے کی حماقت ہے کہ لا الٰہ الا ھو بے شک صرف وہی معبود ہے، وہی اس کا سزاوار ہے کہ اس کی بندگی اور عبادت کی جائے۔ زندہ کرنا اور مارنا اسی کی شان ہے۔ کان کھول کر سن لو! تمہارا خالق و مالک بھی وہی ہے اور تمہارے آباؤ اجداد کا جن کا نام لے کر تم جیتے ہو جن کی طرف اپنی نسبت پر تم اتراتے ہو اور جن کی جائیدادوں کے مالک اور وارث ہو۔ ان کا خالق اور مالک بھی وہی ہے۔ ایسی با کمال اور ذوالجلال والاکرام ہستی پر ایمان نہ لانا بڑی نادانی ہے۔

رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآىِٕكُمُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۸﴾ بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ یَّلْعَبُوْنَ ﴿۹﴾ فَارْتَقِبْ

تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا بھی رب ہے۔ بلکہ وہ شک میں پڑے کھیل رہے ہیں ۱۲؎ پس آپ انتظار کریں

یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱۰﴾ یَّغْشَى النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۱۱﴾

اس دن کا جب ظاہر ہو گا آسمان پر صاف نظر آنے والا دھواں — جو چھا جائے گا لوگوں پر۔ یہ دردناک عذاب ہو گا۔

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ

(اس وقت کہیں گے) اے ہمارے رب! دور کر دے ہم سے یہ عذاب۔ ہم (ابھی) ایمان لاتے ہیں ۱۳؎ ان کے نصیحت قبول کرنے کی امید کہاں حالانکہ ان

۱۲؎ یہ لوگ درحقیقت نورِ یقین سے محروم ہیں۔ ان کا یہ کہنا کہ زمین و آسمان کا خالق اللہ تعالیٰ ہے ان کے دل کی آواز نہیں۔ حالات کی سنگینیاں جب انہیں اپنے نرغے میں لے لیتی ہیں، اس وقت وہ اپنے معبودانِ باطل کو بے بس پاتے ہیں تو مجبوراً مان لیتے ہیں کہ اس عالم کا کوئی خالق ہے اور جب حالات کی شدت میں تخفیف ہونے لگتی ہے تو پھر وہ اپنے پرانے کفر کی طرف لوٹ آتے ہیں۔ شک کی دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں، زندگی کو انہوں نے ایک دل لگی سمجھ رکھا ہے۔ جسم و نفس کی ضروریات پوری ہوتی رہیں تو پھر انہیں کسی اور چیز سے سروکار نہیں۔ خدا کو ماننا یا نہ ماننا ان کے نزدیک کوئی اتنی اہم بات نہیں۔ ان کی ساری توجہ اور ساری کوششیں ایک نقطہ پر مرکوز ہیں اور وہ ہے ان کی معاشی خوش حالی۔ اس کے علاوہ تمام چیزیں کھیل اور مذاق ہیں۔

۱۳؎ انہیں اپنی دولت و ثروت پر بڑا ناز ہے، ان کے تجارتی کارواں زر و سیم سے لدے ہوئے واپس آتے ہیں۔ اس خوش حالی نے انہیں مغرور بنا دیا ہے۔ وہ حق کی آواز کو توجہ سے سنتے ہی نہیں۔ قرآنِ کریم کی آیاتِ بینات میں تدبر کرنے کی ضرورت انہوں نے کبھی محسوس ہی نہیں کی۔ اے محبوب! آپ ذرا انتظار کریں۔ ہم انہیں قحط سالی کے شکنجہ میں یوں کس دیں گے کہ انہیں چھٹی کا دودھ یاد آ جائے گا۔ نہ بادل گھر کر آئیں گے نہ مینہ برسے گا۔ نہ ان کے صحراؤں میں لہلہاتے کھیت بہار دکھائیں گے، ان کے کھیت اور چراگاہیں ویران ہو جائیں گی، ہر طرف خاک اڑے گی، ساری فضا گرد آلود ہو جائے گی۔ یوں محسوس ہو گا کہ ہر طرف دھواں ہی دھواں پھیل گیا ہے۔ یا بھوک کی وجہ سے اتنی نقاہت ہو جائے گی کہ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جائے گا اور یوں محسوس ہو گا جیسے ہر چیز دھوئیں میں چھپ کر رہ گئی ہے۔

حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ طیبہ میں نزولِ اجلال فرمایا تو اہلِ مکہ اور گرد و نواح میں بسنے والوں کو قحط نے آ لیا۔ نوبت یہاں جا رسید کہ مردار اور کتے کھا کھا کر وقت گزارنے لگے۔ اپنے چھوٹے بڑے سب بتوں کے سامنے بڑی دردمندانہ التجائیں کیں لیکن سب بے سود۔ آخر ابوسفیان بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ آپ یہ خیال فرماتے ہیں کہ آپ کو رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے۔ آپ کی قوم بھوک سے ہلاک ہو گئی ہے۔ آپ دعا فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ اس مصیبت سے ہمیں نجات بخشے۔ فدعا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وسقوا الغیث۔ چنانچہ حضور نے دعا فرمائی اور بارش برسنے لگی۔

وقف لازم

جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّا

کے پاس تشریف لے آیا روشن رسول ۔ پھر انہوں نے منہ پھیر لیا تھا اس سے اور کہا سکھایا ہوا ہے، دیوانہ ہے ۱۳ہم

وقف لازم

كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ﴿۱۵﴾ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ

دور کرنے والے ہیں عذاب کو قلیل عرصہ کے لیے تم پھر کفر کی طرف لوٹ جاؤ گے ۔ جس روز ہم انہیں پوری شدت سے پکڑیں گے

الْكُبْرٰى اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ

(اس روز) ہم (ان سے) بدلہ لے لیں گے ۱۵ اور ہم نے آزمایا تھا ان سے پہلے قوم فرعون کو اور آیا تھا ان کے پاس

یہ آیات مکہ مکرمہ میں نازل ہوئیں۔ ان میں قحطِ شدید کی آمد کی اطلاع دی گئی پھر اس قحط سے مجبور ہو کر مشرکین کے رویہ میں جو تبدیلی آنے والی تھی اس کا ذکر کیا گیا۔ اَنّٰى لَهُمُ سے بتا دیا گیا کہ ان کا یہ کہنا (انا مومنون) محض وقتی مجبوری کے باعث تھا ورنہ جب انہوں نے رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روشن تعلیمات اور روشن معجزات کے باوجود ایمان قبول نہیں کیا تو اب اتنی سی بات سے وہ ہدایت کیسے قبول کر سکتے ہیں۔ انا کاشفوا الخ سے بتا دیا گیا کہ ان سے وہ عذاب ایک عرصہ کے لیے ٹال دیا جائے گا لیکن وہ اپنے کرتوتوں سے باز نہیں آئیں گے۔

آیات کی یہ تفسیر جو بخاری سے منقول ہے اس کو ان احادیث سے متعارض کہنا جن میں دخان علاماتِ قیامت کے ضمن میں مذکور ہے قطعاً درست نہیں۔ بے شک قیامت سے پہلے بھی دھواں ظاہر ہو گا جیسے حدیث میں مذکور ہے۔ وہ دھواں علاماتِ قیامت میں سے ہو گا اور یہ الگ واقعہ ہے جس کا ذکر ان آیات میں ہے۔ اس لیے قطعاً کوئی تعارض نہیں جیسے بعض حضرات کو غلط فہمی ہوئی ہے۔

۱۴ جب انہوں نے اللہ تعالیٰ کے رسول کے روشن معجزات اور کمالات دیکھ کر بھی نصیحت قبول نہیں کی اور حضورؐ سے منہ موڑ لیا اور بجانت بجانت کی بولیاں بولنے لگے۔ کوئی کہتا کسی نے اس کو یہ باتیں سکھائی ہیں، کوئی کہتا نہیں، دماغ چل گیا ہے اسی لیے ایسی ان ہونی باتیں کرتا ہے کہ کوئی عقل مند انہیں مان نہیں سکتا۔ یقیناً انہیں جنون کا مرض لاحق ہو گیا ہے۔ غرضیکہ جتنے منہ اتنی باتیں۔ قال بعضهم هو معلم. قال بعضهم هو مجنون. (مظہری)

۱۵ جب ہمارے عذاب کا کوڑا ان کی پیٹھ پر لگا تو بلبلا اٹھے۔ منتیں کرنے لگے کہ اگر یہ عذاب ایک مرتبہ ٹل گیا تو ہم نافرمانی سے باز آ جائیں گے۔ ہمیں علم ہے کہ وہ ہرگز ایمان نہیں لائیں گے اور اپنی کجروی سے باز نہیں آئیں گے۔ پھر بھی ہم کچھ وقت کے لیے ان سے عذاب ٹال دیتے ہیں اور ابھی سے انہیں بتائے دیتے ہیں کہ تم وہی کرتوت کرنے لگو گے، البتہ جس روز ہم تم کو سختی سے پکڑیں گے تو بدلہ لے کر چھوڑیں گے۔ اس دن سے مراد بدر کا دن بھی ہو سکتا ہے اور قیامت کا دن بھی۔

رَسُولٌ كَرِيمٌ ﴿١٧﴾ أَنْ أَدُّوٓا إِلَيَّ عِبَادَ ٱللَّهِ ۖ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٨﴾ وَ

معزز رسول ۱۶؎ (اس نے فرمایا تھا) کہ میرے حوالے کر دو اللہ کے بندوں کو۔ میں تمہارے لیے معتبر رسول ہوں ۱۷؎ اور

أَن لَّا تَعْلُوا۟ عَلَى ٱللَّهِ ۖ إِنِّيٓ ءَاتِيكُم بِسُلْطَٰنٍ مُّبِينٍ ﴿١٩﴾ وَإِنِّي عُذْتُ

نہ سرکشی کرو اللہ کے مقابلہ میں ۱۸؎ میں لے آیا ہوں تمہارے پاس (اپنی رسالت کی) روشن دلیل ۱۹؎ اور میں نے پناہ لے لی ہے

۱۶؎ مشرکین مکہ کے معاندانہ رویے کے ذکر کے بعد اب فرعون اور اس کی قوم کے حالات بیان کیے جا رہے ہیں تاکہ اہل مکہ فرعونیوں کے حسرتناک انجام سے عبرت حاصل کریں۔ "فتنا" کا معنی آزمانا ہے۔ یہاں ان کی آزمائش کی صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف حضرت موسیٰ کو مبعوث فرمایا۔ آپ نے ان کو ان کے باطل عقائد و نظریات پر متنبہ کیا، ان کی سیاسی دھاندلیوں پر انہیں ٹوکا، وہ جن اخلاقی پستیوں میں گرے ہوئے تھے ان سے باہر نکلنے کی انہیں دعوت دی، اپنی صداقت کو عیاں کرنے کے لیے بڑے بڑے معجزات دکھائے۔ اس کے باوجود وہ لوگ اپنی مصلحتوں اور معاشی مفادات کے باعث حق کو قبول کرنے پر آمادہ نہ ہوئے۔ یہی ان کی آزمائش تھی۔ رسول کریم وہ رسول بارگاہ رب العزت میں جس کی بڑی قدر و منزلت ہے نیز اپنے اخلاق حسنہ اور اطوار جمیلہ کے باعث لوگوں کی نگاہوں میں بڑی عزت و احترام سے دیکھا جاتا ہے۔

۱۷؎ فرعون اور اس کی قوم قبطی تھے۔ بنی اسرائیل کا اصل وطن کنعان تھا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے عہد میں یہ کنعان سے ترک سکونت کر کے مصر میں آکر آباد ہو گئے تھے۔ یہاں رہتے انہیں صدیاں بیت گئیں۔ اپنی خداداد صلاحیتوں، محنت و جفاکشی کے باعث انہوں نے مصر میں اپنا مقام پیدا کر لیا۔ ان کی خوشحالی کے باعث مصری ان سے حسد کرنے لگے۔ قبطیوں نے قومی عصبیت کے جذبہ کو ہوا دے کر ان کے خلاف ایک مستحکم محاذ قائم کر لیا۔ حکومت کو بھی ان کے خلاف اکسایا جانے لگا۔ ان پر حکومت کا تختہ الٹنے کی سازشوں کا بھی الزام لگایا جانے لگا۔ یہاں تک کہ بنی اسرائیل کو مصر کی شہریت کے حقوق سے محروم کر کے غلامانہ زندگی بسر کرنے پر مجبور کر دیا گیا۔ ان پر طرح طرح کے مظالم توڑے جانے لگے۔ بات بات پر انہیں سزائیں دی جاتیں۔ ان سے جبری مشقت کے ایسے کام لیے جاتے جن سے حیوانات بھی پناہ مانگتے۔ ان کے مرد قبطیوں کے کھیتوں میں کام کرتے، ان کے مکانات تعمیر کرتے۔ ان کی نجی خدمت انجام دیتے۔ ان کی عورتیں باندیوں کی مانند ان کے گھروں میں صبح سے شام تک گھریلو کاموں میں جتی رہتیں۔ ان کے بچوں کا قتل عام کیا جاتا۔ غرضیکہ کوئی ایسی ذلت نہ تھی جس سے وہ دوچار نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے ان مظلوموں کی فریاد سنی اور انہی میں سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو شرف رسالت سے مشرف کر کے فرعون کی طرف بھیجا تاکہ آپ اس کو توحید کی دعوت بھی دیں اور اس سے بنی اسرائیل کو آزاد کرنے کا مطالبہ بھی کریں۔ آپ نے بھرے دربار میں جا کر کہا کہ بنی اسرائیل اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں جن کو تم نے مدت سے اپنا غلام بنا رکھا ہے اور ان کا استحصال کر رہے ہو اور ان کو ہر قسم کے بنیادی حقوق سے محروم کر رکھا ہے۔ اب تم اس سے باز آجاؤ اور ان کو میرے حوالے کر دو اور ساتھ ہی یہ بھی بتا دیا کہ مجھے رب العالمین نے تمہاری طرف بھیجا ہے اور میں ایسا رسول ہوں جو خدا کے نزدیک بھی معتبر ہے اور ساری قوم بھی اس پر کامل اعتماد کرتی ہے۔

۱۸؎ میرا دوسرا مطالبہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور سرکشی سے باز آجاؤ۔ تمہارے ذہن میں خود خدا بننے کا جو خبط سمایا ہوا ہے اس کو نکال باہر کرو۔ بندوں کو بندگی ہی زیب دیتی ہے۔ بندہ اگر خدا بن بیٹھے گا تو خود بھی برباد ہو گا اور اپنے ماننے والوں کو بھی تباہ کر دے گا۔

۱۹؎ میرا یہ دعویٰ رسالت بے دلیل نہیں۔ میں ایسی مضبوط دلیلیں اور روشن معجزات لے کر تمہارے پاس آیا ہوں کہ ان کا انکار ممکن نہیں۔

بِرَبِّیْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿٢٠﴾ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿٢١﴾

اپنے رب کی اور تمہارے رب کی کہ تم مجھ پر پتھراؤ کر سکو ۲۰؎ اور اگر تم ایمان لانے کے لیے تیار نہیں تو پھر مجھ سے کنارہ کش ہو جاؤ ۲۱؎

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿٢٢﴾ فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّكُمْ

پس پکارا موسیٰ نے اپنے رب کو (الٰہی!) بلاشبہ یہ مجرم لوگ ہیں ۲۲؎ (حکم ملا) لے چلو میرے بندوں کو راتوں رات۔ تمہارا تعاقب کیا

مُّتَّبَعُوْنَ ﴿٢٣﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿٢٤﴾ كَمْ تَرَكُوْا

جائے گا ۲۳؎ اور رہنے دو سمندر کو تھما ہوا۔ بے شک وہ ایسا لشکر ہے جو غرق ہو کر رہے گا ۲۴؎ وہ چھوڑ گئے

۲۰؎ فرعون اور اس کی قوم موسیٰ علیہ السلام کی جرأت اور بے باکی پر پیچ پا ہو گئی اور لگے آپ کو دھمکیاں دینے جیسے ہوش باختہ اہل اقتدار کا شیوہ ہوتا ہے۔ آپ نے ان کی اس بڑھکی پر نگاہ غلط انداز ڈالی اور فرمایا تم خواہ مخواہ گرم ہو رہے ہو اور جھاگ بہا رہے ہو تم میرا بال بھی بیکا نہیں کر سکتے۔ تم جانتے ہو کہ مجھے کس قادر و توانا کی پناہ حاصل ہے۔ کان کھول کر سن لو میں اس کی پناہ میں ہوں جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی۔ اگر مجھ پر ہاتھ اٹھایا تو اس کی سزا بھگتنی پڑے گی۔ تَرْجُمُوْنِ سے مراد پتھر برسانا بھی ہے اور بد کلامی کرنا بھی۔

۲۱؎ بہتر تو یہ ہے کہ تم میری بات مان لو اور ایمان لے آؤ۔ اسی میں تمہارا بھلا ہے اور دارین کی سعادت ہے لیکن اگر تمہاری بدنصیبی تمہیں راہ ہدایت پر گامزن ہونے کی اجازت نہیں دیتی اور تم اپنی بدمستیوں ہی میں مگن رہنا چاہتے ہو تو تمہاری مرضی۔ میں نے نصیحت و خیر خواہی کا حق ادا کر دیا البتہ ایک بات سن لو میرے راستے سے ہٹ جاؤ، مجھ سے کنارہ کش ہو جاؤ، میرے فرض کی ادائیگی میں مزاحم نہ ہو ورنہ اس کا انجام بڑا دردناک ہوگا۔ فاعتزلون الخ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ دعونی کفافا لا لی ولا علی قیل خلوا سبیلی وکفوا عن اذای۔ یعنی میرا راستہ چھوڑ دو اور مجھے اذیت پہنچانے سے باز رہو۔

۲۲؎ جب وعظ و تبلیغ کرتے کرتے عرصہ دراز گزر گیا، بڑے بڑے معجزات دکھائے گئے لیکن وہ متاثر نہ ہوئے بلکہ آئے دن ان کے ظلم و ستم میں اضافہ ہی ہوتا چلا گیا تو کلیم نے اپنے رب کریم کے حضور عرض حال کے لیے ہاتھ اٹھائے۔ الٰہی! میں نے ان کی اصلاح میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا لیکن یہ لوگ جرائم کے خوگر ہو گئے ہیں، یہ باز نہیں آتے۔ اب تو ہی ان سے سمجھ۔

۲۳؎ حکم ہوا میرے بندوں کو راتوں رات لے کر آپ روانہ ہو جائیں لیکن یہ خیال رہے کہ فرعونی آپ کا تعاقب کریں گے رات کو سفر کرنے کی دو حکمتیں ہو سکتی ہیں۔ تاکہ گھر سے نکلتے ہی نہ پکڑے جائیں، یا دن کو گرمی میں سفر دشوار ہوتا ہے۔ اس لیے ٹھنڈے ٹھنڈے رات کو سفر کریں تاکہ سورج طلوع ہونے سے پہلے اپنی منزل پر پہنچ جائیں۔

۲۴؎ موسیٰ علیہ السلام جب سمندر سے بخیر و عافیت پار اتر گئے تو آپ نے چاہا کہ عصا مار کر سمندر کو اپنی پہلی حالت پر لوٹا دیں مبادا فرعون اور اس کا لشکر جو بھاگا چلا آ رہا ہے انہی راستوں سے سمندر کو عبور کر کے ہمیں پکڑ لے۔ حکم ہوا موسیٰ! سمندر کو یونہی رہنے دو اور تم

مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝۲۵ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ۝۲۶ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا

بہت سے باغات اور چشمے ۔ (سرسبز) کھیتیاں اور شاندار مقامات ۔ اور بہت سارا ساز و سامان جس میں وہ

فٰكِهِيْنَ ۝۲۷ كَذٰلِكَ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ۝۲۸ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ

عیش کیا کرتے تھے ۲۵ یونہی ہوا۔ اور ہم نے وارث بنا دیا ان تمام چیزوں کا دوسرے لوگوں کو ۔ پس نہ رویا ان (کی بربادی) پر آسمان

وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ۝۲۹ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ

اور نہ زمین اور نہ انہیں مزید مہلت دی گئی ۔ اور بے شک ہم نے نجات دی بنی اسرائیل کو

الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ۝۳۰ مِنْ فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ۝۳۱

رسوا کن عذاب سے ۲۶ (یعنی) فرعون (کی غلامی) سے ۔ بلاشبہ وہ بڑا متکبر (اور) حد سے بڑھنے والوں میں سے تھا۔

وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝۳۲ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ

اور ہم نے چن لیا تھا بنی اسرائیل کو جان بوجھ کر، جہان والوں پر ۲۷ اور ہم نے عطا فرمائیں انہیں ایسی نشانیاں

لشکر کو وہاں میں سے ایک بھی بچ کر نہیں جانے گا ہم سب کو غرق کر دیں گے۔ قال لموسیٰ دع البحر قائماً ساکناً واعبر انت البحر۔ علامہ قرطبی کہتے ہیں کہ رھو کا معنی سکون نہیں بلکہ اس کشادہ جگہ کو کہتے ہیں جو دو چیزوں کے درمیان ہوتی ہے قیل لیس الرھو من السکون بل ھو الفرجۃ بین الشیئین (قرطبی)

۲۵ کتنی اثر انگیز تعبیر ہے اور عبرت حاصل کرنے والوں کے لیے کیا عمدہ درس ہے۔ وہ لوگ جو یہ سمجھتے تھے کہ ان کے دم قدم سے ہی بزم ہستی کی ساری رونقیں ہیں۔ اگر وہ نہ رہیں تو گلشن عالم میں خزاں آ جائے۔ نہ کوئی کونپل پھوٹے نہ کوئی غنچہ چٹکے نہ کوئی عندلیب نغمہ سرا ہو علم و حکمت کے سارے چراغ گل ہو جائیں ہر سو ویرانی ہی ویرانی ہو۔ درحقیقت یہ محض ان کی خود فریبی تھی کہ وہ اپنے آپ کو اتنا اہم سمجھ بیٹھے تھے۔ جب ان پر عذاب الٰہی آیا اور وہ نیست و نابود کر دیے گئے تو ان کی تباہی پر نہ کوئی دل تڑپا، نہ کوئی آنکھ اشکبار ہوئی اور نہ کسی نے دوبارہ انہیں یاد کرنے کی ضرورت محسوس کی۔ انہوں نے چمن گیتی کو اپنی ہوسناکیوں سے لوٹنے اور پامال کرنے کی کوششیں تو عمر بھر کی تھیں لیکن اس کو سنوارنے اور اس کو آراستہ کرنے کی انہیں توفیق ہی نصیب نہ ہوئی تھی پھر ان کو یاد کرتا تو کون اور ان کے فراق میں آنسو بہائے جاتے تو کیوں؟

۲۶ غلامی کو عذاب مہین کہا گیا ہے یعنی رسوا کن عذاب۔ بے شک کسی قوم پر اس سے بڑا عذاب مسلط نہیں کیا جا سکتا کہ اس کی آزادی اس سے سلب کر لی جائے۔ اللہ تعالیٰ اپنے ہر عذاب سے خصوصاً کفار و مشرکین کی غلامی سے محفوظ رکھے۔ آمین ثم آمین!

۲۷ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو جملہ اقوام عالم سے چن لیا اور دعوت حق کا شرف انہیں ارزانی فرمایا۔ یہ سب کچھ بلاوجہ نہ تھا

مَا فِيهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِينٌ ۝٣٣ إِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُولُونَ ۝٣٤ إِنْ هِيَ إِلَّا مَوْتَتُنَا

جن میں صریح آزمائش تھی ۲۸؎ ۔ بے شک یہ (کفار مکہ) یہی کہتے ہیں ۲۹؎ نہیں ہے (ہمارے لیے) مگر ہماری (یہی)

الْأُولٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِينَ ۝٣٥ فَأْتُوا بِآبَآئِنَآ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ۝٣٦

پہلی موت اور نہ ہمیں دوبارہ اٹھایا جائے گا ۔ بھلا ہمارے باپ دادوں کو تو زندہ کر کے لے آؤ اگر تم سچے ہو ۳۰؎

بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے علم سے ان کو اس منصب جلیل کے لیے منتخب فرمایا کیونکہ اس زمانہ میں جتنی قومیں تھیں ان سب سے اس بار امانت کو اٹھانے کی اہلیت صرف بنی اسرائیل میں تھی۔

۲۸؎ ان کے دلوں کو نور یقین سے منور کرنے کے لیے انہیں بے شمار معجزات دکھائے گئے' درحقیقت یہ ان کا امتحان تھا' یہ ان کی آزمائش تھی کہ آیا وہ اس اعزاز کا حق رکھتے ہیں جو انہیں بخشا گیا ہے یا نہیں۔

۲۹؎ پہلے گفتگو کفار مکہ سے ہو رہی تھی اور ان کو کفر سے باز آنے کی تلقین کی جا رہی تھی' لیکن جب ان کی ضد میں کوئی فرق نہ آیا تو ان کو سمجھانے کے لیے فرعون اور اس کی قوم کا ذکر کر دیا۔ بتایا کہ ان کی روش بھی ہٹ دھرمی اور تعصب کی تھی جس طرح تمہاری ہے لیکن ان کی جاہ و حشمت اور حکومت و سلطنت سے تم کو تو دور کی بھی نسبت نہیں' وہ بہت بڑی سلطنت کے مالک تھے' ان کے خزانے سونے چاندی سے بھرے تھے' ان کے پاس وسیع و عریض زرخیز زرعی زمینیں تھیں جن کو دریائے نیل سے نکل ہوئی نہریں سیراب کرتی تھیں۔ جب انہوں نے قبول حق سے انکار کر دیا تو یہاں جاہ و حشمت ان کو حرف غلط کی طرح مٹا دیا گیا۔ تم خود سوچو کہ تم میں یہ طاقت ہے کہ غضب الٰہی کا مقابلہ کر سکو؟

اس ضمنی بحث کے بعد اب پھر گفتگو اہل مکہ کے بارے میں ہو رہی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ آپ ہمیں خواہ مخواہ قیامت اور عذاب جہنم سے ڈراتے رہتے ہیں۔ پہلی دفعہ جب ہم موت کا پیالہ پئیں گے تو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے زندگی کا سلسلہ منقطع ہو جائے گا۔ اس کے بعد نہ کوئی زندگی ہے نہ کوئی حشر و نشر۔

الموتۃ الاُولیٰ سے مراد پہلی موت۔ پہلی موت کے لیے ضروری نہیں کہ کوئی دوسری موت بھی ہو۔ قال الاسنوی فی التمہید الاول فی اللغۃ ابتداء الشیء ثم قد یکون لہ ثان وقد لا یکون۔ اسنوی اپنی کتاب التمہید میں کہتے ہیں کہ لغت میں اول شے کی ابتدا کو کہتے ہیں۔ کبھی اس کے بعد دوسرا ہوتا ہے اور کبھی نہیں ہوتا۔

۳۰؎ وقوع قیامت پر ان کے سامنے بیسیوں دلائل پیش کیے گئے۔ وہ نہ مانے' نہ مانوں کی رٹ لگاتے اور کہتے کہ ہم تمہاری اس بات کو تب تسلیم کریں گے جب تم ہماری مطلوبہ دلیل پیش کرو۔ ہم کہتے ہیں کہ ہمارے آباء و اجداد جو مر چکے ہیں تم ان کو زندہ کر دو۔ ہم مان لیں گے کہ ہم بھی زندہ ہوں گے اور قیامت بھی قائم ہو گی۔ ان کا یہ مطالبہ سراسر ناحق تھا بھلا ان سے کس نے یہ کہا تھا کہ وہ اسی دنیا میں مرنے کے بعد زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے۔

أَهُمْ خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ أَهْلَكْنَاهُمْ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا

والے لوگ ذرا سوچو) کیا یہ لوگ بہتر ہیں یا تُبّع کی قوم ۳۱؎ اور جو لوگ ان سے پہلے گزرے ہیں ہم نے انہیں (باوجود شوکت و حشمت) ہلاک کر دیا بیشک وہ

۳۱؎ جس طرح ایران کے بادشاہ کو کسریٰ اور چین کے سلطان کو خاقان کہا جاتا تھا اسی طرح یمن اور حضر موت کے فرمانروا کا لقب تُبّع تھا۔ یہ علاقہ اس وقت آبپاشی کے ترقی یافتہ نظام کے باعث بڑا زرخیز اور آباد تھا۔ یہاں کے لوگ متمول اور خوش حال تھے۔ یہاں کے سلاطین کے خزانے بھرے ہوئے تھے، ان کی شوکت اور سطوت کے باعث ان کے معاصر سلاطین اور ملوک میں ان کی بڑی دھاک بیٹھی ہوئی تھی اور سب ان سے خائف رہا کرتے تھے۔

اہل مکہ کو کہا جا رہا ہے کہ تم اتنے بدمست کیوں بنے پھرتے ہو۔ تمہاری تو بساط ہی کیا ہے۔ تُبّع کی قوم تم سے کہیں زیادہ دولت مند اور طاقتور تھی، انہیں زندگی کی جو راحتیں اور سہولتیں میسر تھیں تمہیں تو ان کا عشر عشیر بھی نصیب نہیں، ان کی عظمت و ثروت کے افسانے خود تمہارے ہاں زبان زد عوام ہیں۔ تمہیں خوب علم ہے کہ جب انہوں نے راہ راست سے منہ موڑا اور ہماری نافرمانی اور بغاوت پر آمادہ ہو گئے تو ہم نے ان کو ہلاک کر دیا، ان کا نام و نشان تک بھی باقی نہ رہا۔ بلکہ تم سے پہلے جتنی قومیں گزری ہیں انہوں نے جب سرکشی کو اپنا وطیرہ بنا لیا تو ان کو اسی حسرت ناک انجام سے دوچار ہونا پڑا۔ اب ذرا یہ بتاؤ کہ تم کس بل بوتے پر ہمارے رسول کی عداوت پر کمربستہ ہو اور ہماری آیات کو جھٹلاتے ہو۔ کیا کبھی تم نے اس بات پر غور کیا کہ تمہاری اس روش کا انجام کس قدر خوفناک ہے۔ ہوش میں آؤ! عقل سے کام لو!

مفسرین کرام نے لکھا ہے کہ اس خاندان میں سے ایک تُبّع مشرف بہ اسلام ہوا تھا۔ اس کا نام ابوکرب بتایا جاتا ہے۔ اسی نے سب سے پہلے خانہ کعبہ پر قیمتی غلاف چڑھایا۔ جب اس کا گزر مدینہ طیبہ کے مقام سے ہوا تو اس کے لشکر کے علماء نے اسے بتایا کہ یہ نبی آخر الزمان کی ہجرت گاہ ہے۔ اس فضا میں اسے ایسی کشش اور روحانی جاذبیت محسوس ہوئی کہ اس نے حضورؐ کے نام ایک عرضداشت لکھی جس میں اپنے ایمان لانے کا ذکر کیا اور یہ التجا بھی کی کہ میرا ایمان قبول ہو اور روز قیامت مجھے اپنی شفاعت سے محروم نہ کیا جائے۔ علامہ قرطبی اور دیگر علماء تفسیر نے اس واقعہ کو بڑی تفصیل سے لکھا ہے۔ علامہ قرطبی نے وہ خط تحریر کیا ہے جس میں تُبّع نے اپنے ایمان لانے کا ذکر کیا ہے۔ اس کے آخری الفاظ یہ ہیں:

"وان لم ادرک فاشفع لی ولا تنسنی یوم القیامۃ فانی من اُمتک الاولین الخ۔

ترجمہ: اگر میں اس حیاتِ مستعار میں حضورؐ کی زیارت سے بہرہ مند نہ ہو سکوں تو میری شفاعت فرمائیے اور قیامت کے روز مجھے فراموش نہ کیجیے کیونکہ میں آپ کے ان اُمتیوں میں سے ہوں جو پہلے گزرے ہیں۔"

اس کے ہمراہ علماء بھی تھے۔ ان میں سے ایک جماعت نے اسی جگہ اقامت کی اجازت چاہی۔ بادشاہ نے ان کی رہائش کے لیے مکانات تعمیر کروائے، ان کو زندگی کی ضروریات فراہم کیں اور ان میں جو سب سے زیادہ متبحر عالم تھا اپنا مکتوب اس کے حوالے کیا اور اُسے وصیت کی کہ اگر تجھے زیارت نصیب ہو تو میرا عریضہ پیش خدمت کرنا، ورنہ اپنی اولاد کو ہدایت کرتے جانا کہ جس کو یہ سعادت نصیب

مُّجْرِمِیْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا لٰعِبِیْنَ ﴿۳۸﴾ مَا

مجرم تھے۔ اور نہیں پیدا فرمایا ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کھیل کے طور پر ۳۲ نہیں

خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ یَوْمَ الْفَصْلِ

پیدا فرمایا ہم نے آسمان وزمین کو مگر حق کے ساتھ لیکن ان میں سے اکثر اس حقیقت کو نہیں جانتے۔ یقیناً فیصلہ کا دن ان سب کو دوبارہ

مِیْقَاتُهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۴۰﴾ یَوْمَ لَا یُغْنِیْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَیْــٴًا وَّلَا هُمْ

زندہ کرنے کے لیے مقرر وقت ہے ۳۳ جس روز کوئی دوست کسی دوست کے ذرا کام نہیں آئے گا اور نہ ان کی

ہو وہ میرا خط پیش کرے۔ تُبّع کا زمانہ عہدِ رسالت سے ایک ہزار سال پہلے کا ہے۔ جب رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ طیبہ پہنچے تو جس گھر کے سامنے ناقۂ مبارک بیٹھی وہ حضرت ابو ایوب انصاری کا دولت کدہ تھا اور یہ اس عالم کی اولاد سے تھے جس کو یہ خط ملا تھا۔ انہوں نے وہ عریضہ پیش کیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کو حکم دیا کہ پڑھ کر سنائیں۔ حضورؐ نے یہ خط سُن کر اس کا ایمان قبول فرمایا اور اس کی شفاعت کی درخواست کو بھی منظور فرمایا۔

۳۲ تُبّع کی قوم نے بھی یوم الحساب کا انکار کر دیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ رنگ رلیاں منانا اور جی بھر کر عیش کرنا ان کی زندگی کا مقصد بن گیا جو اُن کی تباہی کا باعث ہوا۔ اے اہلِ مکہ! تم بھی روزِ قیامت کا انکار کر کے مکافاتِ عمل کے اٹل اصول سے غافل بن گئے ہو کبھی اس کے انجام پر بھی غور کیا کرو۔ اس آیت میں ان کی توجہ کائنات کے حکیمانہ اور دقیق نظام کی طرف مبذول کرائی گئی ہے۔

اس کارخانۂ ہستی کے ہر ہر ذرہ میں جو نظم وضبط پایا جاتا ہے، اس کے نظام میں جو سنجیدگی اور گیرائی نظر آرہی ہے، اس کے مشاہدہ کے بعد کوئی شخص یہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتا کہ یہ سب کچھ کھیل تماشا ہے اور اس کے بنانے والے نے اسے محض تفریحِ طبع کے لیے بنایا ہے۔ کائنات کی ہر چیز پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ میرا صانع بڑا حکیم ہے، اس کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہیں۔ ہر چیز بامقصد ہے۔ جب پتھر اور روڑے بھی بےکار نہیں تو اس خلّاقِ عظیم کا یہ حسین وجمیل شاہکار حضرتِ انسان جسے دیگر اَن گنت خوبیوں کے علاوہ عقل وشعور کی نعمت بھی بخشی گئی ہے، اس کی زندگی بھلا بےمقصد کیسے ہو سکتی ہے۔ اس کے اعمال وافعال بےنتیجہ کیسے ہو سکتے ہیں۔ قیامت آئے گی اور ضرور آئے گی۔ اس روز تم اپنے خالق کے رُوبرُو پیش کیے جاؤ گے جہاں بیگانوں سے بیگانگی کا اظہار کیا جائے گا اور اپنے عاشقانِ دلفگار پر ابرِ کرم کھل کر برسے گا۔

۳۳ وقوعِ قیامت کے لیے ایک وقت مقرر ہو چکا ہے، تمہیں اس کے بارے میں پہلے سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔ اب یہ تمہاری صوابدید پر منحصر ہے کہ چاہے اس پر ایمان لے آؤ اور اس دن کی کامیابی کے لیے تیاری شروع کر دو اور چاہے تو اس دن

يُنْصَرُوْنَ ﴿٤١﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٤٢﴾ اِنَّ شَجَرَتَ

مدد کی جائے گی ۳۴؎ سوائے ان کے جن پر اللہ نے رحم فرمایا ہے ۳۵؎ بیشک وہ سب پر غالب ہمیشہ رحم کرنے والا ہے ۳۶؎ بلاشبہ زقوم کا

الزَّقُّوْمِ ﴿٤٣﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿٤٤﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿٤٥﴾ كَغَلْيِ

درخت گنہگار کی خوراک ہوگا ۳۷؎ پگھلے تانبے کی مانند، پیٹوں میں جوش مارے گا جیسے کھولتا پانی جوش

الْحَمِيْمِ ﴿٤٦﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿٤٧﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ

مارتا ہے ۳۸؎ (حکم ہوگا) اس (نابکار) کو پکڑو پھر اسے گھسیٹ کر لے جاؤ جہنم کے وسط میں۔ پھر انڈیلو اس کے سر کے

سے بے خوف ہو کر داد عیش دیتے رہو اور جب قیامت برپا ہو اور تمہیں قبروں سے نکال کر بارگاہ ذوالجلال میں کھڑا کر دیا جائے تو اس وقت ندامت و خجالت سے سر جھکائے کف افسوس ملتے رہو۔

میقات کہتے ہیں وہ وقت جو کسی کام کے لیے متعین کر دیا گیا ہو۔ اس سے یہ بتانا مقصود ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے علم و حکمت سے وقوع قیامت کے لیے ایک وقت مقرر کر دیا ہے۔ تمہاری جلد بازی سے اس پروگرام میں رد و بدل نہیں کیا جا سکتا۔ تم کہتے ہو کہ ہم قیامت پر تب ایمان لائیں گے کہ ہم سے پہلے جو لوگ مر چکے ہیں ان میں سے کسی کو زندہ کر کے تمہارے سامنے لا کر کھڑا کر دیا جائے۔ اس دنیا میں تو مُردوں کو دوبارہ زندہ کرنے کا کوئی پروگرام ہی نہیں جب قیامت کا مقررہ وقت آ جائے گا قیامت برپا ہو جائے گی۔

۳۴؎ ہر وہ قرابت اور تعلق جس کی وجہ سے کوئی شخص کسی کی امداد و اعانت کرتا ہے اسے مولیٰ کہتے ہیں، خواہ وہ تعلق نسب کا ہو، دوستی کا ہو، ہم عقیدہ ہونے کا ہو یا آزاد کرنے کا۔ والمعنی الذی یتوقع منہ النصرة اما القریب فی الدین او النسب او المعتق کل هولاء یسمون بالمولی۔ آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ کوئی قریبی رشتہ دار یا دوست کسی کے کام نہیں آئے گا اور نہ کسی کی مدد کی جائے گی۔ پہلے وقوع قیامت کا ذکر کیا گیا، اب احوالِ قیامت کا بیان شروع ہے۔

۳۵؎ البتہ وہ خوش نصیب جن پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوگی ان کی دوستی بھی کام آئے گی اور ان کی رشتہ داری بھی۔ ان کے ساتھ کسی قسم کا بھی ربط ہوگا تو وہ بے سود نہ ہوگا۔

۳۶؎ یہاں دشمنوں اور دوستوں دونوں کا ذکر ہو رہا ہے اس لیے اللہ تعالیٰ کے ایسے دو اسم یہاں ذکر کیے گئے جن سے اس سلوک کا پتہ چل جائے جو دونوں گروہوں کے ساتھ ہونے والا ہے۔ فرمایا وہ العزیز ہے یعنی سب سے زبردست اور سب پر غالب اگر اپنے دشمنوں سے انتقام لینا چاہے تو وہ اس پر قادر ہے اور اپنے دوستوں کے ساتھ وہ الرحیم ہے۔ ای المنتقم من اعدائہ الرحیم باولیاءہ۔

۳۷؎ اہل نار کو جو غذا دی جائے گی اس کا ذکر ہو رہا ہے۔ الزقوم: دوزخ کا ایک درخت ہے۔ خاردار، کڑوا، کسیلا۔ نہ شنی نہ پتہ، نہ پھل نہ پھول، تھوہر سے ایک گونہ مماثلت کے باعث الزقوم کہا گیا ہے۔ اثیم: بدکار، فاجر۔ المھل: النحاس المذاب۔

رَأْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾ ذُقْ ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾ إِنَّ

اوپر کھولتا پانی (اسے) عذاب دینے کے لیے ۳۸؎ (چکھو) ۳۹؎ تم بڑے معزز و مکرم ہو۔ بے شک

هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ أَمِيْنٍ ﴿۵۱﴾

یہ وہ ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھے۔ یقیناً پرہیزگار امن کی جگہ میں ہوں گے ۴۰؎

فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۲﴾ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّإِسْتَبْرَقٍ

باغات میں اور (بہتے ہوئے) چشموں میں۔ پہنے ہوئے ہوں گے لباس باریک اور دبیز ریشم کا۔

مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۵۳﴾ كَذٰلِكَ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۵۴﴾ يَدْعُوْنَ فِيْهَا

آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے ۴۱؎ یہاں (یونہی ہوگا) اور ہم بیاہ دیں گے انہیں گوری گوری آہو چشم عورتوں سے۔ وہ منگوا لیا کریں گے وہاں

پگھلا ہوا تانبا۔ اس کا دوسرا معنی تیل کا تلچھٹ بھی کیا گیا ہے۔

۳۸؎ علامہ قرطبی فاعتلوا کا معنی لکھتے ہیں العتل: ان تاخذ بتلابیب الرجل وتعتلہ ای تجرہ الیک۔ کسی کو گریبان سے پکڑ کر کھینچنا۔ علامہ آلوسی نے اس کی وضاحت ان الفاظ میں کی اقصفوہ کما یقصف الحطب یعنی اس کو آگ میں جھونک دو جس طرح ایندھن جھونکا جاتا ہے۔ سواء الجحیم: ای وسط الجحیم یعنی جہنم کے وسط میں۔ صبّوا: انڈیلو۔

۳۹؎ اس عذاب الیم پر یہ سرزنش: الحذر یا کون ہے جو اسے برداشت کرسکے۔

۴۰؎ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں، تقویٰ و پارسائی کو اپنا شعار بنانے والوں پر جو لطف و کرم اس روز فرمایا جائے گا اب اس کا ذکر شروع ہے۔ بتایا کہ جہاں انہیں ٹھہرایا جائے گا وہاں انہیں کسی قسم کا اندیشہ نہ ہوگا۔ نہ بیماری کا، نہ تنگ دستی کا، نہ غم واندوہ کا۔ امام مسلم اپنی صحیح میں حضرت ابوہریرہؓ اور ابوسعید خدریؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہل جنت سے کہہ دیا جائے گا کہ یہاں تم ہمیشہ تندرست رہو گے، کبھی بیمار نہ ہوگے۔ ہمیشہ زندہ رہو گے کبھی نہ مرو گے۔ ہمیشہ خوش حال رہو گے، کبھی خستہ حال نہ ہوگے ہمیشہ جوان رہو گے، کبھی بوڑھے نہ ہوگے۔ جہاں انسان ان تمام آفات اور پریشانیوں سے ہر طرح محفوظ ہو اس سے بڑھ کر بھی کوئی امن والی جگہ ہو سکتی ہے۔

السندس: الرقیق من الدیباج۔ باریک ریشمی کپڑا۔ الاستبرق: غلیظہ۔ دبیز ریشمی کپڑا۔

۴۱؎ رُوبرو۔ آمنے سامنے یعنی دلوں میں غبار اور طبائع میں کدورت نہیں ہوگی کہ ایک دوسرے کی طرف پیٹھ کیے بیٹھے ہوں۔ بلکہ باہمی محبت و مودّت کی ایسی کیفیت ہوگی کہ ایک دوسرے کے روبرو بیٹھیں گے جیسے باہمی دیدار کا شوق ہو اور نگاہیں ایک دوسرے

بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ

ہر قسم کا پھل اطمینان سے ۴۲ نہ چکھیں گے وہاں موت کا ذائقہ بجز اس

الْاُوْلٰىۚ وَوَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۶﴾ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَؕ ذٰلِكَ

پہلی موت کے۔ اور اللہ نے بچا لیا ہے انہیں عذاب جہنم سے۔ محض آپ کے رب کی مہربانی سے ۴۳ یہی وہ

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

بڑی کامیابی ہے (جس کی انہیں آرزو تھی) پس ہم نے آسان کر دیا ہے قرآن کو آپ کی زبان میں تاکہ وہ نصیحت قبول کریں۔

فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾

سو آپ بھی انتظار کیجیے وہ بھی انتظار کرنے والے ہیں ۴۴

کی بلائیں لے رہی ہوں۔ حُوْر۔ حَوْرَاء۔ اس کا معنی ہے گوری رنگت والی۔ عِیْن۔ جمع ہے عَیْنَاء کی، وہ عورت جس کی آنکھیں بڑی اور خوبصورت ہوں۔

۴۲ جو پھل طلب کریں گے، جتنی بار اور جتنی مقدار میں، وہ فوراً پیش کر دیا جائے گا۔ نہ یہ فکر ہو گا کہ مطلوبہ مقدار نہیں ملے گی اور نہ ذخیرہ ختم ہونے کا اندیشہ ہو گا۔

۴۳ یہ سب بندہ نوازیاں، یہ سب ذرہ پروریاں، یہ سب کرم گستریاں اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان کا ثمر ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ نے ہم پر اس دنیا میں ہی ایسے ایسے انعامات کیے ہیں کہ ہم عمر بھر شکر ادا کرتے رہیں تو کسی ایک نعمت کا شکر بھی ادا نہیں ہو سکتا۔ ہم میں سے بڑے سے بڑا متقی اور پارسا یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اس کے اعمال صالحہ ہر لحاظ سے مکمل ہیں اور ان میں کسی قسم کا کوئی نقص نہیں۔ اس لیے قیامت کے روز جو عنایات وہ اپنے مقبول بندوں پر فرمائے گا اسے اس کا فضل و احسان ہی کہا جا سکتا ہے۔

۴۴ ہم نے قرآن کو آپ کی مادری زبان میں نازل فرمایا جس کا سمجھنا ان کے لیے آسان ہے۔ اب بھی اگر وہ نصیحت قبول نہیں کرتے تو ان کی قسمت۔ پس اے حبیب کرم! آپ بھی انتظار فرمائیں اور وہ بھی انتظار کریں۔ جب ان کی بربادی کی مقررہ ساعت آ پہنچے گی تو ان کو ان کے کرتوتوں کی سزا مل کر رہے گی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ الْمَبْعُوْثِ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

تعارف

سُورۃ الجاثیہ

نام : اس کا نام جاثیہ ہے۔ یہ لفظ آیت نمبر ۲۸ میں مذکور ہے۔ اس سورت میں چار رکوع، سینتیس آیات، چار سو اٹھاسی کلمات اور دو ہزار ایک سو اکیانوے حروف ہیں۔

زمانۂ نزول : ان سات سورتوں میں سے ایک ہے جن کا آغاز حٰمٓ سے کیا گیا ہے۔ مضامین و مطالب میں یکسانیت اس بات پر بھی دلالت کر رہی ہے کہ ان کا نزول یکساں حالات میں ہوا۔

مضامین : ① عقیدۂ توحید کو تسلیم کرنا ان کے لیے بڑا دشوار تھا۔ اسی دشواری کی دیوار کو منہدم کرنے کے لیے عالمِ رنگ و بو کی بلندیوں اور پستیوں میں بکھری ہوئی ان روشن نشانیوں کی طرف قارئین کی توجہ مبذول کرائی جو پکار پکار کر اپنے بنانے والے کی حکمتِ بالغہ، قدرتِ کاملہ اور علمِ محیط کی شہادت دے رہی ہیں۔ چشمِ خرد کھول کر زمین و آسمان کی پہنائیوں کو دیکھو، خود اپنے وجود اور اس کی بوقلمونیوں کی سیر کرو، حیوانات کے بے شمار انواع و اقسام پر نگاہ ڈالو، گردشِ لیل و نہار کے دقیق نظام میں غور و فکر کرو، ہر چیز تمہیں اس خالقِ علیم کا پتہ دے گی جو قدیر و حکیم بھی ہے اور وحدہٗ لاشریک بھی! البتہ کذاب اور بدکار لوگ قدم قدم پر فروزاں ان روشن قندیلوں کو نہ دیکھ سکتے ہیں اور نہ ان سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کے بعد ان مزید احسانات کا ذکر فرمایا جن سے انسان کو بہرہ ور کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی بتا دیا کہ ان کی قدر و منزلت وہی لوگ جان سکتے ہیں جو تفکر اور تدبر کے خوگر ہیں۔

② بنی اسرائیل پر جو بے پایاں الطاف کیے گئے، انہیں بیان کیا۔ بتایا کہ ہم نے اس قوم کو کتاب، حکومت اور نبوت کی گراں بہا نعمتیں ارزانی فرمائیں۔ انہی عنایات کے باعث اس زمانے کی تمام اقوامِ عالم پر انہیں فضیلت اور بزرگی بخشی لیکن کچھ عرصہ بعد ان میں باہمی حسد و عداوت کی وبا پھوٹ پڑی۔ وہ ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے مختلف دھڑوں میں بٹ گئے اور اس آسمانی دین کو انہوں نے اس طرح پارہ پارہ کر دیا کہ وہ ان کی اجتماعی زندگی میں رہنمائی کی قوت سے محروم ہو گیا۔

اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرمایا کہ ہم نے آپ کو بھی ایک شریعت، ایک جامع نظامِ حیات عطا فرمایا ہے۔ آپ پر لازم ہے کہ اس کا اتباع کریں اور ان جاہلوں اور نادانوں کی اطاعت نہ کریں جو اپنے نفسوں کی خواہشات کے بندے بن کر رہ گئے ہیں۔ اگر آپ نے (بالفرض محال) ایسا کیا تو پھر دنیا کی کوئی طاقت ہماری گرفت سے آپ کو نہ بچا سکے گی۔

اے غلامانِ مصطفیٰ! اے سرزمینِ پاکستان میں بسنے والے فرزندانِ اسلام! اپنے خالق و مالک کا فرمان سن رہے ہو! کیا

اس کے بعد بھی ہمارے سربراہان مملکت کو، ہمارے قانون ساز اداروں کو اور انکے مقرر کردہ کمشنوں کے ارکین کو مزید کسی تنبیہ اور سرزنش کی ضرورت ہے۔ صاف صاف بتادیا کہ ہماری دی ہوئی شریعت پر عمل کرو، ورنہ عذاب الٰہی سے تمہاری نجات کی سب راہیں بند ہو جائیں گی۔

آیت ۲۳ میں بھی غور فرمائیے۔ ارشاد ہے جو ہمارے قانون پر عمل نہیں کرتا گویا وہ ہمیں خدا نہیں مانتا اور جو نفس کی ہر فرمائش کو پورا کرتا ہے گویا اس نے اسے اپنا خدا اور معبود بنا لیا ہے۔ ایسا شخص علم وفضل کا پتلا ہی کیوں نہ ہو، وہ راہ راست سے بھٹک جاتا ہے۔ ایسے بدبخت سے فہم و تدبر کی قوتیں سلب کر لی جاتی ہیں اور اس کے ہدایت قبول کرنے کا امکان ہی باقی نہیں رہتا۔

کفار کا عقیدہ تھا کہ بس یہی زندگی ہے۔ گردش زمانہ ان کی موت کا پیغام لاتی ہے۔ نہ قیامت برپا ہوگی اور نہ دوبارہ جی اٹھنے کا سوال پیدا ہوگا۔ یہ عقیدہ انہیں اپنے آباء واجداد سے ورثے میں ملا تھا۔ وہ کسی قیمت پر اس سے دستبردار ہونے کے لیے تیار نہ تھے۔

سورت کے اختتام سے پہلے ان کو اس دلدل سے نکلنے کی طرف توجہ فرمائی گئی اور ارشاد ہوا کہ قیامت کا برپا ہونا خلاف عقل نہیں بلکہ عین حکمت ہے اور عقل کے تقاضوں سے کلیۃً ہم آہنگ ہے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک شخص جس نے عمر بھر تقویٰ کو اپنا شعار بنائے رکھا وہ اور ایک داد عیش دینے والا شخص دونوں یکساں ہوں۔ دنیاوی عیش و عشرت نے ان کی آنکھوں پر پٹی باندھ دی ہے، ورنہ وہ اس روشن حقیقت سے انکار نہ کرتے۔

سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سَبْعٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ جاثیہ مکی — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — ۳۷ آیتیں۔ ۴ رکوع!

حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۲ اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ

حا۔میم۔ اتاری گئی ہے یہ کتاب اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ [1] بے شک آسمانوں اور زمین

وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۳ وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ

میں (اس کی یکتائی اور قدرت کی) نشانیاں ہیں اہل ایمان کے لیے [2] اور (خود) تمہاری پیدائش میں اور ان حیوانات میں جن کو وہ پھیلا رہا ہے

اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝۴ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں۔ نیز گردشِ لیل و نہار میں اور جو اتارا ہے اللہ تعالیٰ نے

[1] پہلی دو سورتوں کی طرح اس سورت کا آغاز بھی اس حقیقت کو آشکارا کرنے سے ہو رہا ہے کہ یہ کتاب اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی ہے۔ کفار کا یہ خیال سراسر باطل ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود اس کے مصنف ہیں یا کوئی اور شخص آپ کو یہ کلام سکھاتا ہے۔ کفار کی یہ باتیں بالکل لغو اور بیہودہ ہیں۔ اس کا پرشکوہ اسلوبِ بیان، اس کے دلآویز حکیمانہ مواعظ، اس کا بیان کردہ فلسفۂ حیات سب بتا رہے ہیں کہ یہ اس ارفع و اعلیٰ، ہمہ بین، ہمہ دان ہستی کا کلام ہے جو عزیز بھی ہے اور حکیم بھی۔ اس لیے تمہاری فلاح اسی میں ہے کہ اس عزیز و حکیم کے ارشادات پر بڑے اطمینان سے عمل پیرا رہو اور یقین کرو کہ ایسی ہستی کی فرمانبرداری میں ہی تمہاری کامیابی اور کامرانی کا راز مضمر ہے۔

تنزیل: مصدر ہے اسم مفعول مُنَزَّل کے معنی میں۔

[2] اسلام کو یہ ہرگز گوارا نہیں کہ لوگ غفلت کی چادر تانے سوئے رہیں۔ عیش و عشرت کا گھن زندگی کی تعمیری صلاحیتوں کو کھوکھلا کرتا رہے، فسق و فجور کے بدنما داغ ان کی انسانیت کو مسخ کرتے رہیں۔ اسلام اس صورتِ حال کے خلاف علمِ جہاد بلند کرتا ہے اور انہیں یکسر بدل ڈالنے کے لیے اپنی ساری قوت بروئے کار لاتا ہے۔ لیکن بایں ہمہ وہ جبر و تشدد کا قائل نہیں۔ وہ زبردستی اپنے نظریات کسی پر نہیں تھوپ دیتا۔ وہ صرف غور و فکر کی دعوت دیتا ہے، وہ آیاتِ بینات جو خالقِ کون و مکان کی وحدانیت اور اس کی صفاتِ کاملہ پر ناقابلِ تردید شہادت دے رہی ہیں، ان کی طرف ضرور متوجہ کرتا ہے تاکہ اگر دل میں حق پذیری کی صلاحیت موجود ہے تو وہ اسے شوق و رغبت سے قبول کرے، اگر آنکھوں میں بینائی ہے تو وہ حسنِ ازل کی دلفریبیوں سے لطف اندوز ہو سکے۔ اسی مقصد کے لیے قرآن کریم اپنے قارئین کو آفاقِ عالم کی ان تابندہ آیات میں غور کرنے کی دعوت دے رہا ہے۔

مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيفِ

آسمان سے رزق (کا سبب یعنی مینہ) پھر زندہ کر دیا اس کے ذریعہ زمین کو اس کے مُردہ ہونے کے بعد ۳ اور ہواؤں کے ادھر ادھر چلنے

الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝۵ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ

میں نشانیاں ہیں ان کے لیے جو عقلمند ہیں ۴ یہ سب نشانیاں ہیں اللہ کی (قدرت کی) ہم بیان کرتے ہیں انہیں آپ پر حق کے ساتھ۔

فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۝۶ وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝۷

پس وہ کونسی ایسی بات ہے جس پر وہ اللہ اور اس کی آیتوں کے بعد ایمان لائیں گے ۵ ہلاکت ہے ہر جھوٹے بدکار کے لیے ۶

۳ اگر ہمیشہ رات ہوتی یا ہمیشہ ہی دن رہتا تو دنیا کا منظر اس طرح خوشنما اور دلفریب نہ ہوتا جس طرح اب ہے۔ رات دن کا بڑی باقاعدگی سے یکے بعد دیگرے آنا، پھر ایک کا آہستہ آہستہ گھٹتے چلے جانا اور دوسرے کا بڑھنا اپنے اندر اتنے فوائد رکھتا ہے جو اہلِ بصیرت کو پکار پکار کر کہہ رہے ہیں کہ اس نظام کا برپا کرنے والا بڑی قدرت، وسیع علم اور گہری حکمت کا مالک ہے۔

۴ اس کرۂ ہوائی پر نظر ڈالو۔ اس کی یکسانیت میں حیران کن تنوع ہے اور اس تنوع میں جو ان گنت اثرات مضمر ہیں اس کا اندازہ لگانا اربابِ فہم کے لیے مشکل نہیں۔ کہیں بادِ نسیم کے جھونکے خواب آلود غنچوں کو جگا رہے ہیں۔ کہیں سبز پتوں پر شبنم کے موتی سجا رہے ہیں، کہیں طوفان بن کر اُمڈ رہے ہیں، کہیں بادل کے بکھرے ہوئے ٹکڑوں کو یکجا کرنے کی خدمت انجام دی جا رہی ہے، کہیں گھنگھور گھٹاؤں کو آنِ واحد میں ناپید کر رہے ہیں۔ کبھی بہار کا پیغام لا رہے ہیں، کبھی خزاں کی چیرہ دستیوں میں اضافہ کر رہے ہیں۔ کہیں انسان کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ کو تمام کرہ میں آناً فاناً پھیلا رہے ہیں۔ کرۂ ہوا کی بوقلمونیوں کو دیکھتے ہی انسان یہ کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ اس کے پیدا کرنے والے کی قدرت، حکمت اور علم بے نظیر اور لاجواب ہے اور ان حقائق کے مشاہدہ کے بعد ہر وہ شخص جس کے دل میں ایمان اور یقین کا نور موجود ہے اور عقل و فہم کا چراغ روشن ہے، اسے آسانی سے عرفانِ الٰہی نصیب ہو سکتا ہے۔

۵ سورج طلوع ہو چکا ہو، اس کی کرنوں سے زمین کا گوشہ گوشہ جگمگا رہا ہو، پھر بھی اگر کسی کو کچھ نظر نہ آئے، اسے ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا محسوس ہو تو کیا ایسے شخص کی راہ میں کوئی دیا جلا کر رکھا جائے تو اس کو کچھ نظر آنے لگے گا۔ قرآنِ کریم کی آیاتِ بینات کے بعد بھی اگر کسی کو نورِ ایمان نصیب نہیں ہوتا تو اس کے ظلمت کدۂ دل میں کسی اور ذریعہ سے اُجالا کرنا ناممکن ہے۔

۶ ان آیات میں کفار کے ایک مخصوص گروہ کے طرزِ عمل کو بیان کیا جا رہا ہے کہ وہ آیاتِ الٰہی کو سنتے ہیں لیکن ماننے اور ایمان لانے کے لیے نہیں بلکہ ان کو جھٹلانے کے لیے۔ ان کا یہ طے شدہ پروگرام ہے کہ وہ آیاتِ قرآنی کو ہرگز نہیں مانیں گے بلکہ اس خیال سے سنیں گے کہ اس میں کوئی عیب نکال سکیں یا اس کا مذاق اڑا سکیں۔ ایسے لوگوں کو رسوا کن عذاب میں مبتلا کر دیا جائے گا جس سے چھٹکارا ممکن نہ ہو گا۔ نہ ان کی کمائی ہوئی دولت ان کے کام آئے گی اور نہ ان کی اولاد ان کو اس مصیبت سے بچا سکے گی، نہ وہ بت جن کی وہ

يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ

جو سنتا ہے اللہ کی آیتوں کو جو پڑھی جاتی ہیں اس کے سامنے پھر بھی وہ (کفر پر) اڑا رہتا ہے غرور کرتے ہوئے گویا اس نے انہیں سنا ہی نہیں۔

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ۭ

پس آپ اسے دردناک عذاب کا مژدہ سنا دیں۔ اور جب وہ آگاہ ہوتا ہے ہماری آیتوں میں سے کسی پر تو ان کا مذاق اڑانے لگتا ہے۔

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا

یہی وہ (بدقماش) ہیں جن کے لیے رسوا کن عذاب ہے۔ ان کے آگے جہنم ہے۔ اور ان کے ذرا کام نہ آئے گا جو انہوں نے (اکٹھا)

كَسَبُوْا شَيْئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

کمایا اور نہ وہ کسی کام آئیں گے جن کو انہوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر مددگار بنایا تھا ؁ اور ان کے لیے بڑا عذاب ہوگا۔

هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝

یہ قرآن سراپا ہدایت ہے ؁ اور جنہوں نے انکار کیا اپنے رب کی آیتوں کا ان کے لیے دردناک عذاب ہے سخت ترین عذاب میں سے ؁

عبادت کیا کرتے تھے اور نہ وہ رؤسا جن کو خوش کرنے کے لیے نبی برحق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور شمع اسلام کے پروانوں کو اذیت دیا کرتے تھے ان کی دستگیری کر سکیں گے۔ افاک: کذاب، بہت جھوٹا۔ اثیم: بڑا بدکار۔

؁ ان کے ایمان نہ لانے کی یہ وجہ نہیں کہ آیات قرآنی پر انہیں کوئی معقول اعتراض ہے۔ جن عقائد کی تلقین کی گئی ہے وہ غلط ہیں جس نظام حیات کو پیش کیا گیا ہے وہ فرسودہ ہے اور انسان کی ترقی میں رکاوٹ ہے۔ نہیں! ان میں سے کوئی وجہ ان کو ایمان لانے سے باز نہیں رکھتی بلکہ غرور و نخوت انہیں اجازت نہیں دیتی کہ وہ اس نبی کریم کی اطاعت قبول کریں۔ اس لیے وہ باطل پر اڑ گئے ہیں اور اس سے چمٹے رہنے پر مصر ہیں۔ آیات الٰہی کا تمسخر اڑانا ان کا شیوہ ہے۔

؁ اس سے مراد یا تو وہ بت ہیں جن کی وہ پوجا کیا کرتے تھے یا وہ رئیس، سردار اور سیاسی لیڈر ہیں جن کی خوشامد میں وہ ہر طرح کی خسیس حرکت کرنے کے لیے تیار رہتے تھے۔ حتیٰ کہ قرآن اور منزل قرآن کی نافرمانی بھی ان کا شعار بن گئی تھی۔

؁ یعنی یہ قرآن سراپا ہدایت ہے۔ جو اس کی بتائی ہوئی راہ پر چلے گا منزل مقصود پر پہنچ جائے گا۔ جو اس کے ذریعے اکتساب نور کرے گا اس کا دل بھی منور ہو جائے گا۔

؁ اس آیت میں رِجز کا لفظ غور طلب ہے۔ علامہ ابن منظور اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: قال ابو اسحٰق رجز معنی

اَللّٰهُ الَّذِیْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِیَ الْفُلْكُ فِیْهِ بِاَمْرِهٖ وَ لِتَبْتَغُوْا

اللہ وہ ہے جس نے مسخر کر دیا ہے تمہارے لیے سمندر کو تاکہ رواں رہیں اس میں کشتیاں اس کے حکم سے ۱۱؎ اور تاکہ تم (بحری تجارت)

مِنْ فَضْلِهٖ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی

تلاش کرو اس کا فضل ۱۲؎ اور تاکہ تم اس کا شکر ادا کیا کرو۔ اور اس نے مسخر کر دیا ہے تمہارے لیے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ

الرجز فی القرآن هو العذاب المُقَلقِل لشدته وله قلقلة شديدة متتابعة (لسان العرب) یعنی ابو اسحٰق کہتے ہیں کہ رجز کا لفظ جو قرآن میں مذکور ہے اس کا معنی ہے ایسا عذاب جو اپنی شدت کے باعث لرزہ خیز ہو۔ اس کے جھٹکے شدید اور لگاتار ہوں۔ آیت کا مفہوم یہ ہے کہ وہ بدبخت جو از راہِ غرور و تکبر اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہیں انہیں شدید عذاب میں سے بڑے دردناک عذاب میں مبتلا کیا جائے گا۔

۱۱؎ پہلے ان آیاتِ بینات کے ذکر کا سلسلہ شروع تھا جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کی صفاتِ کمال پر دلالت کرتی تھیں۔ درمیان میں کفار کے ایک گروہ کی ہٹ دھرمی کا ذکر آ گیا۔ اب پھر انہی آیات کا سلسلہ شروع ہو رہا ہے۔

علماءِ لغت لفظ تسخیر کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ سخره تسخيرا: كلفه عملا بلا اجرة (الصحاح للجوہری) کسی کو اجرت اور معاوضہ دیے بغیر کوئی کام کرنے پر مجبور کرنا۔ علامہ ابن منظور لسان العرب میں تسخیر کا یہی مفہوم نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔ قال الزجاج: تسخير ما في السموات تسخير الشمس والقمر والنجوم للآدميين وهو الانتفاع بها في بلوغ منابتهم والاقتداء بها في مسالكهم وتسخير ما في الارض تسخير بحارها وانهارها ودوابها وجميع منافعها۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی وہ ذات ہے جس نے سمندر کو تمہاری مفت خدمت انجام دینے پر مقرر کر دیا ہے۔ اس کی سطح کو اس طرح نرم بنا دیا ہے کہ تم اس میں غوطہ لگا سکتے ہو۔ تمہارے بڑے بڑے مسافر بردار جہاز، مال بردار جہاز اور وہ ٹینکر جو لاکھوں ٹن تیل اٹھا کر دور دراز مقامات تک پہنچتے ہیں وہ اس پر تیرتے ہوئے چلے جاتے ہیں۔ تم اس میں غوطہ لگا کر آبدار موتی نکالتے ہو، مچھلیاں پکڑ کر ان کو بیچتے بھی ہو اور کھاتے بھی ہو۔ اس کے علاوہ اور بے شمار خدمات ہیں جو سمندر انجام دے رہا ہے اور تم سے ان خدمات کا کوئی معاوضہ بھی طلب نہیں کیا جاتا۔

خود سوچو اگر سمندروں کی سطح سخت ہوتی تو تم اس میں غوطہ کیسے لگا سکتے۔ اگر اس میں بھاری بھر کم جہازوں کو اٹھانے کی صلاحیت نہ ہوتی تو بین الاقوامی تجارت کی یہ گرم بازاری سرے سے مفقود ہوتی۔ یہ سب اس کا فضل ہے جس کو تم تلاش کرتے ہو۔

۱۲؎ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو کسبِ حلال کا شوق دلاتا ہے اور پاکیزہ رزق تلاش کرنے کے لیے بحر و بر میں سفر اختیار کرنے والوں کے بارے میں فرماتا ہے کہ وہ میرے فضل کے متلاشی ہیں۔ اس لفظ میں کاسبِ حلال کی جو عزت افزائی ہے وہ کسی سے مخفی نہیں۔

الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ قُلْ لِّلَّذِيْنَ

زمین میں ہے سب کا سب اپنے حکم سے ۲۳ بے شک اس (نظام) میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو غور و فکر کیا کرتے ہیں ۲۴ (اے حبیب!)

اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا ۢ بِمَا كَانُوْا

فرمائیے اہلِ ایمان کو کہ درگزر کرتے رہیں ان لوگوں سے جو امید نہیں رکھتے اللہ کے دنوں کی تاکہ اللہ خود بدلہ دے ہر قوم کو جو وہ کیا

۲۳ صرف سمندروں پر ہی کیا منحصر ہے' آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے' وہ تمہاری خدمت گزاری کے لیے وقف ہے اور اس تسخیر میں تمہارا یا تمہارے دیوی دیوتاؤں کا کوئی دخل نہیں۔ یہ محض اس کا فضل و کرم ہے۔ سائنس دان اپنی محیر العقول ایجادات کے باوجود کسی چیز کے خالق اور موجد نہیں۔ انہوں نے تو صرف ان مستور قوتوں کو آشکارا کر دیا ہے جو پہلے سے موجود تھیں اور نامعلوم تھیں۔ مثلاً جب انسان بولتا ہے اور اس کے متحرک ہونٹ ہوائی لہروں سے ٹکراتے ہیں تو سارے کرہ ہوائی میں ایک ارتعاش سا پیدا ہوتا ہے اور وہ آواز دنیا کے کونے کونے تک گونج جاتی ہے۔ سائنس کے قدیم ماہرین کو اس راز کی خبر نہ تھی اس لیے وہ اس سے استفادہ نہ کر سکے۔ اب انہوں نے اس راز کو پا لیا' اس لیے اب ریڈیو وغیرہ کے ذریعے آپ دور دراز کی آوازیں سن لیتے ہیں۔ "مِنْهُ" سے اسی حقیقت کی طرف اشارہ ہے۔

امریکہ کا شہرۂ آفاق سائنس دان تھامس ایڈیسن جس نے ایک ہزار سے زیادہ ایجادات کیں' ایک روز کہنے لگا میرے متعلق لوگ کہتے ہیں کہ میں بہت بڑا موجد ہوں۔ یہ بالکل غلط ہے۔ میں قطعاً ایسا موجد نہیں جو قابلِ ذکر ہو۔ جب میں سوچتا ہوں کہ میں ایک زیرک انسان تو کجا ایک بے وقوف آدمی بنانے پر بھی قادر نہیں جو احمقوں کی سی باتیں کر سکے' اس کے باوجود مجھے موجد کہنا بڑی بے انصافی ہے۔ پھر اس نے اپنی انگلی سے آسمان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ "THAT IS THE REAL INVENTOR" حقیقی موجد اس کی ذات ہے۔

("ریڈرز ڈائجسٹ" اگست ۱۹۷۳ء)

۲۴ ان آیات کے آئینوں میں حسنِ حقیقی اور کمالِ ازلی کا عکسِ جمیل وہی دیکھ سکتے ہیں جو غور و فکر کرنے کے عادی ہوں' لیکن جنہوں نے غور و فکر کی کٹھن وادیوں میں قدم رنجہ فرمانے کی کبھی زحمت نہیں کی' انہیں ان جلووں کی رعنائیوں کی کیا خبر۔ تاریخ کا یہ بہت بڑا المیہ ہے کہ وہ قوم جو قرآن جیسی کتاب کی حامل ہے' بے حسی اور جمود کے آغوش میں اونگھ رہی ہے۔ اسے اونگھتے صدیاں بیت چکی ہیں اور ابھی تک وہ جاگنے کا نام نہیں لیتی۔ اقبالؒ نے اسی لیے بددعا یا دعا کی تھی:

خدا تجھے کسی طوفاں سے آشنا کر دے
کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں

يَكْسِبُونَ ﴿١٤﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ۖ ثُمَّ

کرتے تھے ۱۵؎ جو نیک عمل کرتا ہے پس وہ اپنے بھلے کے لیے کرتا ہے۔ اور جو برا کرتا ہے تو اس کا وبال اسی پر ہو گا ۱۶؎ پھر

إِلَىٰ رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ﴿١٥﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ

اپنے رب کی طرف تمہیں لوٹایا جائے گا۔ اور بے شک ہم نے عطا فرمائی بنی اسرائیل کو کتاب ، حکومت

وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ ﴿١٦﴾

اور نبوت ۱۷؎ اور ہم نے ان کو پاکیزہ رزق دیا ۱۸؎ اور انہیں بزرگی دی (اپنے زمانے کے) اہل جہاں پر ۱۹؎

۱۵؎ اہل ایمان کو عفو و درگزر کی تلقین کی جا رہی ہے کہ کفار جنہیں اللہ تعالیٰ کے عذاب کا کوئی خوف نہیں وہ تمہیں طرح طرح کی اذیتیں دیتے ہیں اور دکھ دیتے ہیں تم ان سے الجھنا شروع کر دو اور ان سے انتقام لینے کے درپے ہو جاؤ۔ عفو و درگزر سے کام لیا کرو۔ تمہارے مقام رفیع کو یہی بات زیب دیتی ہے۔ رہا ان کی سزا کا معاملہ تو اسے اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دو۔ وہ ہر چیز پر قادر بھی ہے، اسے جلی و خفی کا علم بھی ہے اور وہ حکیم بھی ہے۔ جب مناسب ہو گا ان کو عذاب کے شکنجہ میں کس دے گا۔ قوما سے مراد اہل ایمان بھی ہو سکتے ہیں۔ اس صورت میں معنی ہو گا کہ اہل ایمان قدرت و طاقت کے باوجود حکم الٰہی کی تعمیل کرتے ہوئے ان منکرین سے درگزر کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو اجر دے گا۔

بڑی اہمیت کے تاریخی واقعات کو مجازاً الایام کہا جاتا ہے، چنانچہ وہ جنگیں جو زمانہ جاہلیت میں لڑی گئیں جن میں انسانی خون پانی کی طرح بہایا گیا جن کی تلخ یاد مدت مدید تک تازہ رہی۔ انہیں ایام العرب کہتے ہیں۔ نیز ایام کا معنی عذاب بھی کیا گیا ہے۔ اس صورت میں یرجون۔ یخافون کا ہم معنی ہو گا۔ یعنی جو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نہیں ڈرتے۔

۱۶؎ ہر شخص اپنے اعمال نیک و بد کا خود ذمہ دار ہے۔

۱۷؎ بنی اسرائیل پر جو انعامات فرمائے گئے اب ان کا ذکر ہو رہا ہے۔ پہلے ان انعامات کا ذکر کیا جو دین سے متعلق ہیں یعنی ہم نے ان کو تورات جیسی عظیم کتاب مرحمت فرمائی۔ پھر انہیں حکم سے سرفراز فرمایا۔ حکم سے مراد حکومت ہے یعنی ہم نے ان کو حکومت عطا فرمائی تاکہ وہ احکام الٰہی کی تنفیذ کر سکیں اور ارشاد خداوندی کے مطابق اپنے مقدمات کا فیصلہ کر سکیں اور حکم کا دوسرا معنی کتاب کا فہم اور اس کے مطالب کا ادراک بھی ہو سکتا ہے یعنی ہم نے انہیں کتاب بھی دی اور اس کے اسرار و معارف کی سمجھ بھی ارزانی فرمائی۔

۱۸؎ ان دینی عنایات کے علاوہ انہیں پاکیزہ رزق بھی عطا فرمایا جب تک دشت تیہ میں رہے من و سلویٰ اترتا رہا جب شام و فلسطین پر ان کی حکومت قائم ہوئی تو وہاں کی سرسبز و شاداب زمینوں نے ان کو مالا مال کر دیا۔

۱۹؎ یعنی اس زمانے میں جتنی قومیں موجود تھیں ان میں سب سے زیادہ یہی لوگ بار امانت کو اٹھانے کی صلاحیت رکھتے تھے۔ اس

وَاٰتَیْنٰهُمْ بَیِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْۤا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ

اور ہم نے انہیں دین کے معاملہ میں واضح دلائل دیے ۲۰ پس آپس میں انہوں نے جھگڑنا شروع نہیں کیا مگر اس کے بعد کہ انہیں (حقائق کا)

الْعِلْمُ ۙ بَغْیًۢا بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا

صحیح علم آگیا محض باہمی حسد و عناد کے باعث ۲۱ یقیناً آپ کا رب فیصلہ فرمائے گا ان کے درمیان قیامت کے دن جن باتوں

كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰی شَرِیْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا

میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے ۲۲ پھر ہم نے پختہ کر دیا آپ کو صحیح راہ پر دین کے معاملہ میں ۲۳ پس آپ اس کی

لیے اپنی معاصر اقوام پر ان کو فضیلت بخشی گئی اور تبلیغ حق کی ذمہ داری ان کے سپرد کی گئی۔

۲۰ الامر سے مراد دین ہے۔ یعنی دین کے معاملہ میں انہیں کسی تخمص اور ابہام میں نہیں رہنے دیا گیا۔ بلکہ عقائد صحیحہ اعمال حسنہ اور اخلاق پسندیدہ کے بارے میں انہیں واضح ہدایات دے دی گئیں اور پختہ دلائل سے انہیں ثابت کر دیا گیا۔ دلائل ظاھرۃ فی امر الدین۔ (روح المعانی)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ الامر سے مراد حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات اقدس ہے یعنی حضور کے متعلق ایسی واضح نشانیاں انہیں بتا دی گئیں جن سے وہ بآسانی حضور کو پہچان کر ایمان لا سکتے تھے۔ (روح المعانی۔ قرطبی)

۲۱ بنی اسرائیل متعدد فرقوں میں بٹے ہوئے تھے اور ان کا یہ اختلاف شدید نوعیت کا تھا۔ اس انتشار نے ان کی دینی اور اخلاقی زندگی کو گوناگوں خرابیوں کی آماجگاہ بنا دیا تھا۔ فرقہ بندی کے باعث ان کی ظاہری قوت بھی پاش پاش ہو گئی تھی۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ان کے اس اختلاف اور انتشار کی وجہ ان کی بے علمی اور جہالت نہ تھی۔ سب کچھ جانتے تھے۔ محض باہمی حسد اور کینہ کے باعث وہ الگ الگ ٹکڑیوں میں بٹ گئے تھے اور ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں ایڑی چوٹی کا زور صرف کرنے لگے۔

۲۲ قیامت کے روز ان کے باہمی اختلاف کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔

۲۳ لغت میں شریعت نہر یا دریا کے اس مقام کو کہتے ہیں جہاں لوگ بآسانی بیٹھ کر پانی پی سکتے ہیں اور غسل وغیرہ کر سکتے ہیں۔ اسی طرح وہ راستہ جو منزل کی طرف لے جاتا ہے اس کو عربی میں شارع کہتے ہیں۔ یہاں شریعت کا معنی ہے ماشرع اللہ لعبادہ من الدین۔ یعنی وہ عقائد عبادات اور معاملات جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لیے مقرر فرمائے ہیں جن کی پابندی سے وہ اپنے مالک کے شکر گزار بندے کہلا سکتے ہیں اور ان کا وجود ان کے اپنے لیے اور سارے معاشرہ کے لیے یمن و برکت کا باعث بن جاتا ہے۔

بنی اسرائیل پر جو عنایات کی گئی تھیں اور انہوں نے باہمی حسد و بغض سے جس طرح اپنے آپ کو مختلف دھڑوں میں تقسیم کر کے

وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٨﴾ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ

پیروی کرتے رہیں اور ان لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کریں جو بے علم ہیں ۲۴ یہ لوگ اللہ کے مقابلے میں آپ کو قطعاً کچھ فائدہ ۲۵

اپنی افادیت کھو دی تھی اور اب وہ اس قابل نہ رہے تھے کہ دعوت حق کے منصب پر متمکن رہیں۔ ان کے حالات بیان کرنے کے بعد روئے سخن اپنے محبوب رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف ہے۔ یعنی ہم نے آپ کو دین کے معاملہ میں ایک واضح شریعت عطا فرمادی ہے جس میں کسی قسم کا نقص نہیں۔ دین و دنیا کی تمام ضرورتوں کو پورا کرنے والی ہے اور اس پر عمل کرنے والا، فرد ہو یا اُمّت فلاح دارین کے شرف سے مُشرف ہوگا۔

۲۴ اے میرے پیارے حبیب! اب آپ پر فرض ہے کہ آپ اس کی پیروی کریں۔ نفس کے پرستار اور دنیا کے پجاری لاکھ شور مچائیں آپ ان کی طرف قطعاً التفات نہ کریں۔ بڑی ثابت قدمی اور استقامت کے ساتھ آگے بڑھتے جائیں۔ جس ذات نے آپ کو یہ جامع شریعت عطا فرمائی ہے وہ علیم و خبیر ہے اور اعتراض کرنے والے لوگ جاہل اور نفس پرست ہیں۔ اگر علیم و خبیر کی واضح ہدایات پر ان جاہلوں کی نفسانی خواہشات کو ترجیح دی جائے گی تو اس پر جو نتیجہ مرتب ہوگا وہ واضح ہے۔

۲۵ یاد رکھو اگر تم نے ایسا کیا اور اللہ تعالیٰ کی نظر لطف و کرم سے محروم کر دیے گئے تو پھر اس کے غضب سے دنیا کی کوئی طاقت تمہیں بچا نہیں سکے گی۔

اہل پاکستان کے لیے یہ آیات خصوصی توجہ کی مستحق ہیں۔ ہم آزادی کے بعد ابتدائی سالوں میں یورپ اور امریکہ کی مادی ترقی پر فریفتہ رہے۔ اپنی پاکیزہ ثقافت اور خوبصورت تمدن کو مغربی تہذیب کی کنیز بنانے پر مُصر رہے۔ ان کے ادنیٰ اشارے پر اپنی سیاست کو رنگ دیتے رہے۔ میں پچیس سال تک مغرب کی کورانہ تقلید کا نتیجہ یہ نکلا کہ ہماری معاشیات سرمایہ داری نظام کے قالب میں ڈھل گئی۔ چند خاندان امیر بن گئے، باقی ساری قوم قلاش ہو گئی۔ اس تباہ کن پالیسی کے خطرناک اثرات ظاہر ہوئے تو ہم چونکے اور اپنے آپ کو کوسنا شروع کر دیا لیکن شومئی قسمت ملاحظہ ہو اگر پہلے لندن اور واشنگٹن ہمارا مرکزِ عقیدت تھا تو اب ماسکو ہمارا قبلہ حاجات بنتا جارہا ہے اور حالات بتا رہے ہیں کہ جانے موجودہ قائدین ہمیں سوشلزم کی دلدل میں پھنسا کر دم لیں گے۔ کاش! کوئی مرد دانا ان نازک لمحوں میں ہمیں قرآن کریم کے بتائے ہوئے نظام پر عمل پیرا کر دیتا اور اسلام کا وہی نظام جسے رحمت عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرب کے جہنم زار میں نافذ کر کے اُسے رشکِ فردوس بنا دیا تھا، اسی کو وہ اس پاکستان میں نافذ کر کے ہماری کشتی کو بھی ساحل آشنا کر دیتا۔ ہم کب تک دریوزہ گری نے در در کی ٹھوکریں کھاتے رہیں گے۔ اپنے نبی برحق کے دامنِ رحمت کو چھوڑ کر اغیار کے سایۂ دیوار میں پڑے رہیں گے؟ اس انقلاب کے لیے ضروری ہے کہ قوم میں فکری اتحاد ہو اور قیادت ایسی جاندار اور نورِ ایمان سے مالا مال ہو کہ مخالفین کی غوغا آرائی میں قرآن کی اس آیت پر فاتبعہا ولا تتبع اھواء الذین لا یعلمون پر عمل پیرا ہونے کی ہمت رکھتی ہو۔

قافلۂ حجاز میں ایک حسین بھی نہیں
گرچہ ہے تابدار ابھی گیسوئے دجلہ و فرات

اللّٰهِ شَيْـًٔا ۚ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾

دے بچا سکیں گے۔ بلاشبہ ظالم لوگ ایک دوسرے کے دوست ہیں اور اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کا دوست ہے [۲۶]

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْ حَسِبَ

یہ بصیرت افروز باتیں ہیں سب لوگوں کے لیے اور باعث ہدایت و رحمت ہیں ان کے لیے جو یقین رکھتے ہیں [۲۷] کیا خیال کر رکھا ہے

الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ

ان لوگوں نے جو ارتکاب کرتے ہیں برائیوں کا کہ ہم بنا دیں گے انہیں ان لوگوں کی مانند جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے کہ

سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۗ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ

یکساں ہو جائے ان دونوں کا جینا اور مرنا [۲۸] بڑا غلط فیصلہ ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور پیدا فرمایا اللہ تعالیٰ نے آسمانوں

[۲۶] اگر تم قرآن کریم کے بتائے ہوئے راستہ کو چھوڑ دو گے تو ظالم بن جاؤ گے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی نصرت اور تائید کے مستحق نہیں رہو گے۔ اللہ تعالیٰ تو صرف ان لوگوں کی اعانت فرماتا ہے اور دستگیری کرتا ہے جو اس کی نافرمانی سے لرزہ براندام رہتے ہیں اور اس کی اطاعت اور فرمانبرداری کو اپنی زندگی کا شعار بناتے ہیں۔

[۲۷] قرآن کریم تمام انسانوں کے لیے نور ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ جو اس سے مستفید ہونا چاہے وہ محروم واپس نہیں جائے گا۔ وہ خوش نصیب جو اس کی بیان کردہ حقیقتوں پر یقین رکھتے ہیں ان کے لیے یہ سراپا ہدایت و رحمت ہے۔ اس کا دامن پکڑ کر اور اس کے ارشادات کو خضر راہ بنا کر ہم اپنی منزل مراد تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

[۲۸] کفار عرب قیامت پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔ ہر طرح کی بازپرس سے بے غم تھے ان کی زندگی کا سب سے اعلیٰ مقصد یہ تھا کہ وہ خوب داد عیش دیں اور معاشرہ میں احترام کی نگاہ سے دیکھے جائیں۔ جب اسلام نے انہیں قیامت کے محاسبہ سے ڈرایا اور انہیں ان بدکاریوں سے باز آنے کی تلقین کی جن کا وہ ارتکاب کیا کرتے تھے تو ان میں سے جو بڑے سرکش تھے برملا کہنے لگے کہ پہلے تو قیامت کا برپا ہونا ہی خلاف عقل اور محال ہے اگر بالفرض ایسا ہو بھی گیا تو وہی خدا وہاں بھی ہوگا جو یہاں ہے جب اس نے ہمیں یہاں گوناگوں نعمتوں اور آسائشوں سے بہرہ ور کیا ہے تو وہ ہمیں اس روز بھی محروم نہیں رکھے گا۔ وہ بڑی شوخی سے کہا کرتے۔ لَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى : اگر بالفرض میں اپنے رب کی طرف لوٹ کر گیا تو مجھے وہاں بڑی عمدہ چیزیں ملیں گی۔ ان کی اس غلط فہمی کو دور کیا جا رہا ہے کہ کیا بدکار اور فجار اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ ان کی زندگی اور موت ان لوگوں جیسی ہوگی جو اللہ تعالیٰ اور رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر سچے دل سے ایمان لائے اور ساری عمر اطاعت و فرمانبرداری میں گزار دی؟ کیا وہ لوگ ان کے ہم پلہ ہو سکتے ہیں جو عمر بھر شرک کرتے رہے

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾

اور زمین کو حق کے ساتھ ۲۹؎ تاکہ بدلہ دیا جائے ہر شخص کو جو اس نے کمایا اور ان پر (قطعاً) ظلم نہیں کیا جائے گا۔

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى

ذرا اس کی طرف تو دیکھو جس نے بنا لیا ہے اپنا خدا اپنی خواہش کو ۳۰؎ اور گمراہ کر دیا ہے اسے اللہ نے باوجود علم کے اور مُہر لگا دی

نفس کی سفلی خواہشات کی تسکین کے لیے تمام اخلاقی ضابطوں کو روندتے رہے اور حصولِ مال و جاہ کے لیے اللہ تعالیٰ کی مقرر کی ہوئی حدوں کو توڑتے رہے۔ اگر ایسا ہے تو پھر اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے۔ کان کھول کر سن لو ایسا ہرگز نہیں ہو گا۔ بلکہ جس طرح ان کی دُنیوی زندگیاں یکساں نہیں تھیں اسی طرح ان کی آنے والی زندگیاں بھی یکساں نہیں ہوں گی۔ اطاعت گزاروں اور فرمانبرداروں کو فردوسِ بریں میں بصد عزت و اکرام داخل کیا جائے گا اور بدکاروں اور سرکشوں کو دھکے دے کر جہنم کے شعلہ زاروں میں پھینک دیا جائے گا۔

اس آیت کی ترکیب پر ذرا سرسری نظر ڈال لیجیے۔ اَمْ منقطعہ ہے۔ اس کا کوئی خاص مدلول نہیں۔ محض ایک بیان سے دوسرے بیان کی طرف انتقال کے لیے ذکر کیا گیا ہے یا استفہام انکار کے لیے ہے یعنی انہ لا یلیق وانہ لا ینبغی لظہور خلافہ۔ حسب کا فاعل الذین ہے۔ قاعدہ کے مطابق حسب کے دو مفعول ہونے چاہئیں۔ یہاں صرف ایک مفعول ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اَن نجعلہم اگرچہ بظاہر ایک مفعول ہے لیکن دو کے قائم مقام ہے۔ نجعل کا معنی نصیر ہے۔ ھُمْ اس کا مفعولِ اوّل ہے اور کالذین اٰمنوا مفعولِ ثانی ہے۔ سواء بدل ہے اور کاف مبدل منہ ہے جو یہاں مثل کے معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ سواء مصدر ہے اور مستو کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ محیاہم و مماتہم اس کا فاعل ہیں۔ اگرچہ اور بھی اقوال ہیں لیکن زیادہ صحیح اور صاف یہی ترکیب ہے۔

اب آیت کا مطلب واضح ہو گیا کہ بدکاروں کا یہ خیال باطل محض ہے۔ ہم انہیں اور اہلِ ایمان کو ایک جیسا کر دیں گے اور ان سے یکساں سلوک کیا جائے گا۔ یعنی ہم کفار کی زندگی اور موت، اہلِ ایمان کی زندگی اور موت کی طرح کر دیں گے۔ ان کا خیال بالکل غلط ہے۔

۲۹؎ یہ کارخانۂ ہستی کھیل تماشا نہیں بلکہ بڑی سنجیدگی اور متانت سے اس کی تخلیق کی گئی ہے اور اس کو برقرار رکھنے کے انتظامات کر دیئے گئے ہیں۔

۳۰؎ اپنی خواہش کو خدا بنانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس کام کو کرتا ہے جو اس کے نفس کو پسند ہو اور ہر ایسے کام سے رُوگردانی کرتا ہے جس سے اس کا نفس انکار کرے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احکامات کی ذرا پروا نہیں کرتا جب کسی شخص پر اس کی خواہشات کا اس طرح قابو ہو جائے تو گویا وہ اپنی خواہش کا بندہ بن گیا ہے اور اس نے اپنی خواہش کو اپنا خدا بنا لیا ہے۔ قرآنِ کریم نے بھی ہوائے نفس کی اتباع کی جگہ جگہ مذمت کی ہے اور احادیثِ مبارکہ میں بھی اس سے اجتناب کا حکم دیا گیا ہے۔ قال شداد بن اوس عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الکیس من دان نفسہ وعمل لما بعد الموت والفاجر من اتبع نفسہ

سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ

ہے اس کے کانوں اور اس کے دل پر [۳۱] اور ڈال دیا ہے اس کی آنکھوں پر پردہ [۳۲] پس کون ہدایت دے سکتا ہے اسے اللہ کے

هواها وتمنّٰى على الله۔ یعنی دانا وہ ہے جس کا نفس حکمِ الٰہی کا پابند ہوتا ہے اور آنے والی زندگی کے لیے عمل کرتا ہے اور فاجر وہ ہے جو اپنی خواہشِ نفس کی پیروی کرتا رہتا ہے اور پھر اللہ تعالیٰ سے بڑی بڑی توقعات وابستہ رکھتا ہے۔ وقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثلاث مُهلكات وثلاث مُنجيات: تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں اور تین چیزیں نجات دینے والی ہیں۔ المهلكات شحّ مطاع، وهوى متبع، واعجاب المرء بنفسه۔ والمنجيات خشية الله في السر والعلانية، والقصد في الغناء والفقر، والعدل في الرضا والغضب۔ پس ہلاک کرنے والی یہ چیزیں ہیں: بخل جو مسلط ہو جائے۔ خواہشِ نفس جس کی پیروی کی جانے لگے اور خود بینی یعنی اپنے آپ کو سب کچھ سمجھنے کی عادت۔ اور نجات دینے والی چیزیں یہ ہیں: ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کا خوف، رضامندی اور ناراضگی میں عدل و انصاف اور خوش حالی اور افلاس میں میانہ روی۔

مردانگی بھی یہی ہے کہ انسان ہوائے نفس کا مقابلہ کرے اس کی ترغیبات و تحریصات کے باوجود راہِ حق پر ثابت قدم رہے اور اگر کوئی شخص ایسی عزیمت کا مظاہرہ کرتا ہے تو نفس سرِ اطاعت خم کر دیتا ہے اور آہستہ آہستہ اس کی خواہشات اور مطالبات احکامِ الٰہی سے ہم آہنگ ہو جاتے ہیں۔ صاحبِ قصیدۂ بُردہ کہتے ہیں:

النفس كالطفل ان تهمله شب على
حب الرضاع وان تفطمه ينفطم

ترجمہ: نفس بچے کی مانند ہے اگر تم اس کا دودھ نہ چھڑاؤ تو وہ اسی عادت پر جوان ہو جائے گا اور اگر تم اس کا دودھ چھڑا دو تو چند دن رونے کے بعد وہ دودھ پینا چھوڑ دے گا۔" لیکن اگر نفس کا مطالبہ ماننا شروع کر دیا جائے تو نفس کے مطالبات میں ہر لحظہ اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔

ابو عبید الطوسی کہتے ہیں:
والنفس ان اعطيتها مناها
فاغرة نحو هواها فاها

ترجمہ: اگر تو نفس کی خواہشات کی تکمیل کرتا رہے تو یہ اپنی مزید خواہشات کی طرف منہ کھولے ہوئے بڑھتا جائے گا۔

[۳۱] علی علم حال ہے۔ اس کا ذوالحال اضل کا فاعل اللہ جل جلالہ بھی ہو سکتا ہے اور مفعول اَضَلَّهٗ ھو ضمیر بھی۔ پہلی صورت میں معنی ہوگا کہ اللہ تعالیٰ پہلے سے جانتا ہے کہ یہ شخص صرف اپنے نفس کی خواہش کی پیروی کرے گا۔ دعوتِ حق کی طرف قطعاً التفات نہ کرے گا نہ اس کے دل میں ہدایت کا شوق ہے اور نہ اس نے حصولِ ہدایت کے لیے کوئی کوشش کی ہے۔ اس لیے اس کو گمراہ کر دیا گیا۔ دوسری صورت میں آیت کا معنی ہوگا کہ یہ شخص جانتے بوجھتے حق سے گریزاں رہا اور باطل سے چمٹا رہا۔ وہ اسی قابل تھا کہ اسے نعمتِ ہدایت سے محروم کر دیا جائے اور بادیۂ ضلالت میں بھٹکنے کے لیے چھوڑ دیا جائے۔

[۳۲] اس اتباعِ ہوٰی کی نحوست اس پر ایسی پڑی کہ کان آوازِ حق سننے سے بہرے ہو گئے اور دلوں میں عرفانِ صداقت کی جو

اللّٰهِ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا

بعد (لوگو!) کیا تم غور نہیں کرتے۔ اور وہ کہتے ہیں نہیں (کوئی دوسری) زندگی مگر ہماری دنیا کی زندگی کے (یہیں) ہم نے مرنا اور زندہ

وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا

رہنا ہے اور نہیں فنا کرتا ہمیں مگر زمانہ ۳۳ حالانکہ انہیں اس حقیقت کا کوئی علم نہیں۔ وہ محض ظن (و تخمین) سے

استعداد تھی وہ ختم ہو گئی آنکھوں سے نورِ حق کو دیکھنے کی بینائی سلب کر لی گئی۔ اب ایسے بدبخت کو کون ہدایت دے سکتا ہے۔

۳۳ کفارِ عرب کی ذہنیت یہاں بالکل بے نقاب ہو کر سامنے آگئی ہے۔ وہ صرف قیامت اور حیات بعد الموت کے ہی منکر نہ تھے بلکہ وہ ایسی ہستی کے بھی قائل نہ تھے جو اس سارے جہان کی خالق ہو اور اس میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات، تغیرات اور احوال کی حقیقی فاعل ہو۔ حیات اور موت، فتح و شکست، عروج اور زوال اس کے قبضۂ قدرت میں ہو۔ ان کا نظریہ یہ تھا کہ زمانہ ہی موثر حقیقی ہے۔ رنج و راحت، ادبار و اقبال، کامیابی و ناکامی، صحت اور مرض، بہار اور خزاں سب کا تعلق فلک الافلاک کی گردش سے ہے۔ جب وہ خالقِ کائنات کے ہی منکر تھے تو پھر رسالت، قیامت، نزولِ وحی پر ان کا ایمان کیسے ہو سکتا تھا اس لیے وہ اسی زندگی کو ہی سب کچھ سمجھتے تھے اسی کو خوب سے خوب تر بنانا ان کے تخیل کی پرواز کی انتہا تھی۔

"الدھر" کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں، الدھر فی الاصل اسم لمدة العالم من مبدأ وجوده الی انقضاءه ..... ثم یعبر به عن کل مدة کثیرة۔ یعنی "دہر" اصل میں جہان کی ابتداء سے لے کر اس کے اختتام تک کی مدت کو کہتے ہیں۔ پھر طویل مدت کو بھی "دہر" کہا جاتا ہے۔

بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ حدیث میں ہے "فان الله هو الدهر" کہ زمانہ ہی اللہ تعالیٰ ہے۔ علامہ ابوبکر جصاص لکھتے ہیں کہ صحیح حدیث کے الفاظ یہ ہیں، عن ابی هريرة عن النبی صلی الله تعالی علیہ وسلم قال يقول الله تعالی يؤذينی ابن آدم يسب الدهر وانا الدهر بيدی الامر اقلب الليل والنهار۔ اس کا معنی یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ابن آدم مجھے اذیت دیتا ہے کیونکہ وہ "دہر" کو برا بھلا کہتا ہے حالانکہ (انا الدھر) میں زمانہ کا موجد ہوں۔ سارا اختیار میرے دستِ قدرت میں ہے۔ میں رات اور دن کو بدلتا رہتا ہوں۔

اس حدیث میں الدھر مرفوع نہیں ہے تاکہ اس کا معنی ہو کہ میں دہر ہوں، ورنہ "الدھر" بھی اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ سے ہوتا بلکہ انا الدھر ہے اور الدھر ظرفیت کے باعث منصوب ہے۔ مقصد یہ ہے کہ کفارِ عرب مصائب و آلام کا حقیقی فاعل دہر کو سمجھتے ہیں اور دہر کو برا بھلا کہتے ہیں حالانکہ حقیقی فاعل دہر نہیں ہے "میں ہوں"۔ جس نے زمانہ کو پیدا کیا اور مختلف تغیرات کا اس کو سبب بنایا۔ گویا ان کا سب و شتم میری طرف منسوب ہوتا ہے۔ علامہ موصوف لکھتے ہیں، انما غلط بعض الرواة فنقل المعنی عنده وقال لا تسبوا الدهر فان الله هو الدهر" (احکام القرآن للجصاص) یعنی بعض راویوں نے اس حدیث کے بعینہٖ الفاظ نقل نہیں کیے بلکہ روایت بالمعنیٰ کی ہے۔

يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾ وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّاۤ اَنْ

کام لے رہے ہیں ۳۴؎ اور جب پڑھ کر سنائی جاتی ہیں ان کے سامنے ہماری روشن آیتیں تو ان کے جواب میں، ان کے پاس کوئی دلیل نہیں

قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآىِٕنَاۤ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ

ہوتی بجز اس کے کہ وہ کہتے ہیں کہ لے آؤ ہمارے باپ دادا کو اگر تم سچے ہو ۳۵؎ فرمایئے اللہ نے زندہ فرمایا ہے تمہیں پھر وہی مارے گا تمہیں

ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

پھر جمع کرے گا تمہیں روزِ قیامت جس میں ذرا شک نہیں ۳۶؎ لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو)

اس طرح ان سے یہ غلطی سرزد ہو گئی اور انہوں نے فان اللہ ھو الدھر نقل کیا، حالانکہ حدیث کے صحیح الفاظ یہ تھے انا الدھر۔

یہ نظریہ عرب کے بادیہ نشینوں کا تھا جو جہالت و بربریت کی آغوش میں پروان چڑھے تھے۔ اسی نظریہ کو عصرِ حاضر کے ملحد فلسفی اور مادہ پرست سائنس دان بڑی شد و مد سے پیش کرتے ہیں اور ہمارے سادہ لوح نوجوان جو خود علم و حکمت کے بحرِ بے پیدا کنار میں غواصی کی جرأت نہیں کرتے کیونکہ ان کی تن آسانی اور غفلت کیشی انہیں ان جانفشانیوں اور زہرہ گدازیوں کی اجازت نہیں دیتی جو ایک طالبِ علم کے لیے ناگزیر ہیں۔ وہ صرف حرف چینی پر ہی قانع ہیں اور ذہنی طور پر اتنے مرعوب ہیں کہ وہ یہ بھی نہیں سوچتے کہ یہ تو وہی پرانا بوسیدہ اور ازکار رفتہ نظریہ ہے جس کو عرب کے گنواروں نے اختیار کیا ہوا تھا۔ عہدِ جدید کے بعض ملاحدہ اگر یہی عقیدہ رکھتے ہیں تو اس کو ترقی یافتہ اور محققانہ نظریہ نہیں کہا جا سکتا۔ ترقی یافتہ اور محققانہ نظریہ وہی ہے جسے قرآن کریم نے بیان کیا ہے اور جس کا اعلان اور تبلیغ محبوبِ رب العالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمائی ہے۔

۳۴؎ خالقِ مختار کے انکار اور بعثت و قیامت کے بطلان کے لیے ان کے پاس کوئی دلیل نہیں۔ وہ محض ظن و تخمین کے گھوڑے دوڑا رہے ہیں۔

۳۵؎ وقوعِ قیامت کے امکان بلکہ اس کے ضروری اور عین حکمت ہونے پر تو ٹھوس اور ناقابلِ تردید دلائل پیش کیے جا چکے ہیں لیکن ان کے پاس انکارِ قیامت کی کوئی دلیل نہیں۔ زیادہ سے زیادہ اگر وہ کچھ کہتے ہیں تو اتنا ہی کہتے ہیں کہ ہمارے مرے ہوئے باپ دادوں کو زندہ کر دکھاؤ، ہم مان جائیں گے کہ قیامت برپا ہو گی۔ ان کے اس قول کی لغویت واضح ہے۔ ان سے یہ کس نے کہا ہے کہ اس دنیا میں انہیں دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔ دعویٰ تو یہ ہے کہ روزِ قیامت انہیں زندہ کیا جائے گا۔ ان کے اس مہمل قول کو حجت اس لیے کہا گیا ہے کہ وہ اسے ایک قوی حجت کے طور پر پیش کرتے تھے۔ لانہم ادلوابہ کما یدلی المحتج لحجتہ او لانہ فی حسبانہم وتقدیرہم حجۃ۔

۳۶؎ ان کے تمام نظریاتِ باطلہ کی تردید کر دی گئی۔ انہیں بتا دیا گیا کہ زمانہ بیچارہ خود مخلوق ہے۔ اس کی صبحیں اور شامیں اس کی

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ

نہیں جانتے ۔ اور اللہ تعالیٰ کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی ۳۷؎ اور جس روز برپا ہوگی قیامت

يَوْمَىِٕذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۣ كُلُّ اُمَّةٍ

اس روز سخت نقصان اٹھائیں گے باطل پرست ۔ اور آپ دیکھیں گے ہر گروہ کو گھٹنوں کے بل گرا ہوا ۳۸؎ ہر گروہ کو بلایا جائے

تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ هٰذَا كِتٰبُنَا

گا اس کے صحیفہ (عمل) کی طرف۔ (انہیں کہا جائے گا) آج تمہیں بدلہ دیا جائے گا جو تم کیا کرتے تھے ۔ یہ ہمارا نوشتہ ہے

يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَمَّا

جو بولتا ہے تمہارے بارے میں سچ ۳۹؎ ہم لکھ لیا کرتے تھے جو تم (دنیا میں) عمل کیا کرتے تھے ۔ پس

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ

جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو انہیں ان کا رب اپنی رحمت میں داخل فرمائے گا۔

بہار اور خزاں، اس کے خالق کے اشارہ کی مرہون منت ہیں نہ اس میں شعور نہ ادراک، نہ قدرت نہ اختیار، وہ کیسے مؤثر حقیقی ہو سکتا ہے۔ دہر نہیں بلکہ خالق دہر تمہیں زندہ بھی کرتا ہے اور مارتا بھی ہے۔ وہی تمہیں قیامت کے دن ایک جگہ جمع کرے گا، اس میں ذرا شک نہیں، ناواقف و بے خبر لوگ ہی اس حقیقت کو تسلیم نہیں کرتے۔

۳۷؎ آسمانوں اور زمین کا خالق بھی وہی ہے اور مالک بھی وہی۔ ایسے قادر و قیوم کے لیے تمہیں دوبارہ زندہ کرنا کیا مشکل ہے اس حقیقت کو آج تسلیم کر لو ورنہ قیامت کے روز فرط ندامت سے ہونٹ کاٹو گے اور اس وقت حسرت و ندامت کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

۳۸؎ حساب کے خوف اور بازپرس کی ہیبت سے لوگ اتنے مرعوب اور دہشت زدہ ہوں گے کہ ان کے لیے سیدھا کھڑا ہونا مشکل ہو جائے گا۔ بڑے بڑے سرکش اور مغرور لوگ گھٹنوں کے بل گرے ہوں گے۔ ہر گروہ کو ان کے صحیفۂ عمل کی طرف بلایا جائے گا اور اسی کے مطابق ان سے بازپرس ہوگی۔

۳۹؎ انہیں کہا جائے گا یہ صحیفۂ اعمال ہے جو آج تمہارے متعلق بلا کم و کاست سچی گواہی دے گا۔ تمہارے اعمالِ حسنہ میں سے کسی عمل کو نظر انداز نہیں کیا گیا اور تمہیں مجرم گرداننے کے لیے تم پر غلط الزامات نہیں لگائے گئے۔ جو نیک و بد اعمال تم کرتے رہے، یہ اسی کا مصدقہ ریکارڈ ہے۔

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۰﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۗ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ

یہی وہ روشن کامیابی ہے ۳۰؎ اور جو لوگ کفر کرتے رہے ۳۱؎ (ان سے پوچھا جائے گا) کیا میری آیتیں تمہارے

تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا قِيْلَ

سامنے تلاوت نہیں کی جاتی تھیں پھر تم (سن کر) تکبر کیا کرتے تھے اور تم لوگ (عادی) مجرم تھے ۔ اور جب (تمہیں) کہا جاتا تھا کہ

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا

اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت (کے آنے) میں کوئی شک نہیں تو تم (بڑے غرور سے) کہتے ہم نہیں جانتے قیامت

السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَبَدَا لَهُمْ

کیا ہے ۔ ہمیں تو یونہی ایک گمان سا ہوتا ہے اور ہمیں اس پر (قطعاً) یقین نہیں ۔ اور ظاہر ہو گئے ان کے لیے

سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَقِيْلَ

بُرے نتائج ان کے کرتوتوں کے اور (ہر طرف سے) گھیر لیا انہیں اس (عذاب) نے جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے ۔ اور (انہیں) کہہ دیا گیا

ہمارے حکم سے فرشتے تمہارے اعمال کو ضبطِ تحریر میں لاتے رہے۔ اللہ تعالیٰ کس طرح ہمارے جملہ اعمال کو لکھواتا ہے اس کی حقیقت کے ادراک سے اگرچہ ہم قاصر بھی ہوں تو بھی اس کا انکار ممکن نہیں۔ کسی کی گفتگو کو بعینہٖ اس کے صوتی لہجوں کے ساتھ محفوظ کرنے کے کتنے طریقے چند سالوں میں ایجاد کر لیے گئے ہیں جن کا کل تک ہم تصور بھی نہیں کر سکتے تھے۔ ٹیپ کی ایک چھوٹی سی ریل میں کیا کچھ محفوظ نہیں کر لیا جاتا۔ عین ممکن ہے کہ کل ہم اس سے بھی زیادہ محیر العقول طریقے دریافت کر لیں جن کے ذریعے الفاظ، حرکات و سکنات کو اسی طرح منضبط کیا جا سکے۔ جب انسانی مہارت کا یہ عالم ہے تو اللہ تعالیٰ کی قدرت سے کیا بعید ہے کہ وہ ہماری زندگی کے روز و شب کی سرگرمیوں کو پوری طرح ریکارڈ کر لے۔

۳۰؎ وہ اہلِ ایمان جو عمر بھر صراطِ مستقیم پر گامزن رہے نفس و شیطان کے بہکانے میں نہ آئے ان کو اللہ تعالیٰ اپنے خیابانِ رحمت میں داخل فرمائے گا۔ اس رحمتِ خاصہ کی شان ذٰلک ھو الفوز المبین کے آئینہ میں ملاحظہ فرمائیے۔ طالبِ مولیٰ کو اس سے بڑھ کر اور کیا چاہیے کہ اس کا ربِ کریم اس کا محبوبِ حقیقی اس کو شاندار کامیابی کا مژدہ سنائے۔ اے میرے بندے! تمہیں لاکھ لاکھ مبارک تو نے اس امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔

۳۱؎ ان آیات میں کفار کے عبرت ناک انجام کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ ہم نے تمہیں خوابِ غفلت سے

اَلْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَ

آج ہم تمہیں فراموش کر دیں گے جس طرح تم نے فراموش کیے رکھا اپنے اس دن کی ملاقات کو اور تمہارا ٹھکانا آگ ہے اور

مَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۞ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ

تمہارا کوئی مددگار نہیں ۔ یہ اس لیے کہ تم نے بنا رکھا تھا اللہ کی آیتوں کو مذاق اور فریب میں مبتلا کر دیا تھا

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۞

تمہیں دنیوی زندگی نے پس آج وہ نہیں نکالے جائیں گے آگ سے اور نہ انہیں توبہ کر کے اپنے رب کو راضی کرنے کا موقع دیا جائے گا [۴۲]

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ وَلَهُ

پس اللہ کے لیے ہیں سب تعریفیں جو رب ہے آسمانوں کا اور رب ہے زمین کا اور وہی سارے جہانوں کا پروردگار ہے [۴۳] اور فقط اسی

الْكِبْرِيَآءُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۞

کے لیے بڑائی ہے آسمانوں اور زمین میں اور وہی عزت والا، حکمت والا ہے۔

بیدار کرنے میں کوئی کمی نہیں چھوڑی۔ سرکشی اور نافرمانی کی جو راہ تم نے اپنے لیے پسند کی تھی ہم نے اس کے ہولناک انجام سے تمہیں بار بار آگاہ کیا لیکن تم ماننے سے انکار کرتے رہے اور ہماری آیتوں کا مذاق اڑاتے رہے۔ جاؤ جہنم میں! آج تمہاری فریاد رسی کرنے والا کوئی نہیں۔

[۴۲] الاستعتاب : طلبك الى المسئ الرجوع من اساءته۔ یعنی کسی بدکار سے یہ مطالبہ کرنا کہ وہ اپنی بدکاری سے رجوع کرے۔ مقصد یہ ہے کہ قیامت کے روز جب حقیقت ان پر عیاں ہو جائے گی' ان کی ساری غلط فہمیاں دور ہو جائیں گی' اپنے غرور و سرکشی کے برے نتائج ان کو اپنے نرغہ میں لے لیں گے۔ دوزخ کے بھڑکتے ہوئے شعلوں کو وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے۔ اس وقت وہ چاہیں گے کہ انہیں ایک بار توبہ کا موقع دیا جائے اور ایک مرتبہ اپنے کریم و رحیم پروردگار کو راضی کرنے کی مہلت مل جائے لیکن ایسا نہ ہوگا۔ ای لا یطلب منهم ان یرضوا ربهم بالتوبة لفوات اوانه قال علیه الصلوٰة والسلام لا بعد الموت من مستعتب۔ (مظہری) حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ موت کے بعد پھر توبہ کرنے کی مہلت نہیں ملے گی۔

[۴۳] اس سورت کا اختتام کس شاندار اور اثر آفریں انداز سے ہو رہا ہے۔ عالم کے صانع مختار کا انکار کرنے والے انکار کرتے رہیں اور اس پر اپنے لاطائل دلائل کا انبار لگاتے رہیں۔ شرک کرنے والے اپنا منہ کالا کرتے رہیں اور شرک کو ثابت کرنے کے لیے وہ لاکھ

جتن کرتے رہیں، ان کے انکار سے حقیقت نہیں بدل جائے گی۔ کوئی مانے یا نہ مانے ہر قسم کی تعریفوں اور شکرگزاریوں کے لائق صرف اللہ تعالیٰ ہے جو آسمانوں کا رب، زمین کا رب بلکہ سب جہانوں کا رب ہے۔ سچی اور سرمدی عظمتیں اور ہر نوع کی بڑائیاں اسی کو زیبا ہیں۔ آسمانوں اور زمین میں اسی کی کبریائی کا ڈنکا بج رہا ہے۔ وہی سب پر غالب اور بڑا دانا ہے۔

فللّٰہ الحمد رب السموات ورب الارض رب العلمین ولہ الکبریاء فی السموات والارض وھو العزیز الحکیم۔

والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ النبی الامی سیدنا ومولینا محمد شفیع المذنبین انیس الغرباء والمساکین وعلی آلہ وصحبہ ومن تبعہ الی یوم الدین۔

فاطر السموات والارض انت ولی فی الدنیا والاخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔

رب ارحمہما کما ربیانی صغیرا۔

تعارف

سُورۃ الاحقاف

نام: آیت ۲۱ میں الاحقاف کا کلمہ مذکور ہے یہی اس سورۂ مبارکہ کا نام ہے۔ اس سورت میں چار رکوع اور پینتیس آیتیں ہیں۔ اس کے کلمات کی تعداد چھ سو چوالیس اور حروف کی تعداد دو ہزار پانچ سو پچانوے ہے۔

زمانۂ نزول: یہ سورت ہجرت سے کچھ عرصہ پہلے مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس کی آخری آیت فاصبر کما صبر اولو العزم من الرسل (اے حبیب! آپ یوں صبر فرمائیے جس طرح اولوالعزم رسولوں کا شیوہ تھا) کے کلمات صاف بتا رہے ہیں کہ یہ مکی زندگی کے اس دور میں نازل ہوئی جب کفار کے ظلم و تشدد کی انتہا ہو گئی تھی۔ وہ اسلام کی روز افزوں ترقی کو دیکھ کر غضب ناک ہو رہے تھے وہ ہر قیمت پر اس شمع کو بجھا دینا چاہتے تھے۔ قرابت، رشتہ داری، ہمسائیگی کے سارے رشتوں کو پاؤں تلے روند چکے تھے۔ ہم وطن اور ہم قوم ہونے کا بھی کوئی پاس نہ رہا تھا۔ یہاں تک کہ انہوں نے مکہ کے تمام کافر قبائل کو جمع کر کے بنو ہاشم اور مسلمانوں سے معاشرتی قطع تعلق سوشل بائیکاٹ کا تحریری معاہدہ کیا تھا اور اس کو ایک صندوقچی میں بند کر کے بڑی حفاظت سے کعبہ میں رکھ دیا تھا۔ اس معاہدے میں یہ تحریر کیا گیا کہ سارے قبائل بنو ہاشم سے لین دین، شادی بیاہ کا سلسلہ کلیۃً بند کر دیں گے۔ کھانے پینے کی اشیا بھی انہیں فروخت نہیں کریں گے۔ تین سال تک حضور اپنے خاندان اور اپنے جان نثاروں کے ہمراہ شعب ابی طالب میں محصور رہے۔ الغرض کفار نے اذیت رسانی کی حد کر دی۔ مکی زندگی کے یہ آخری سال تھے جب اس سورۂ کریمہ کا نزول ہوا۔

اس سورت میں جنات کی حاضری کا بھی ذکر ہے۔ جنات نے متعدد بار شرف باریابی حاصل کیا۔ جس حاضری کا ان آیات میں ذکر ہے اس کے بارے میں متعدد اقوال ہیں۔ بعض کا خیال ہے کہ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سوق عکاظ سے واپس تشریف لا رہے تھے۔ حضور کے ہمراہ چند صحابہ بھی تھے اور صبح کی نماز ادا کی جا رہی تھی۔ حضرت ابن عباسؓ، سعید بن جبیرؓ، مجاہد اور دیگر اکابر کا خیال یہ ہے کہ جب حضور طائف سے واپس تشریف لا رہے تھے، اس وقت جنات نے حاضری دی۔ اس قول کے مطابق سورت کا زمانۂ نزول نبوت کا دسواں سال یا گیارہویں سال کا آغاز ہوگا کیونکہ دسویں سال میں جناب ابو طالب کی وفات ہوئی ایک ماہ بعد اُمّ المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا انتقال فرما گئیں۔ حضور کے قلب نازک کو سخت صدمہ پہنچا۔ اس سال کو حضور نے عام الحزن (یعنی رنج و اندوہ کا سال) فرمایا۔ کفار کے جور و ستم میں ہوشربا اضافہ ہو گیا۔ ان روح فرسا حالات میں حضور نے طائف کا رخ کیا کہ شاید بنی ثقیف کے سردار اس دعوت کو قبول کرنے پر آمادہ ہو جائیں۔ لیکن انہوں نے انتہائی شقاوت کا مظاہرہ کیا۔ وہ تین بھائی تھے۔ عبد یا لیل، مسعود، حبیب۔ قریش کی ایک خاتون بھی ان کے ہاں بیاہی ہوئی تھی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کو ایمان لانے کی دعوت دی۔ ان میں سے ایک صاحب کہنے لگے: اگر آپ کو اللہ تعالیٰ نے رسول بنا کر بھیجا ہو تو میں غلاف کعبہ نوچ کر پھینک دوں گا۔

دوسرے بولے: کیا خدا کو آپ کے سوا رسول بنانے کے لیے کوئی دوسرا نہ ملا؟ تیسرے بھائی نے یوں اظہار خیال کیا: بخدا میں آپ سے ہرگز بات نہیں کروں گا کیونکہ اگر آپ اللہ کے رسول ہیں تو آپ کی شان اتنی اونچی ہے کہ میری مجال نہیں کہ میں آپ کی بات کا جواب دوں اور اگر آپ خود ساختہ رسول ہیں، تو پھر آپ اس قابل نہیں کہ آپ سے گفتگو کی جائے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب واپس جانے لگے تو انہوں نے شہر کے لفنگوں اور اوباشوں کو پیچھے لگا دیا۔ وہ طرح طرح کے آوازے کستے، گستاخیاں کرتے اور پتھر مارتے پیچھے ہو لیے۔ حضور کی پنڈلیاں زخموں سے لہولہان ہو گئیں، جوتیاں خون پاک سے بھر گئیں۔ اسی حالت میں طائف سے باہر تشریف لائے۔ قریب ہی ربیعہ کے بیٹوں عتبہ اور شیبہ کا ایک باغ تھا۔ حضور وہاں سستانے کے لیے ٹھہرے اور اپنے دل دردمند کی فریاد اپنے کریم اور قدیر رب کی بارگاہ میں بایں الفاظ پیش کی:

"الٰہی! اپنی کمزوری، اپنی بے بسی اور لوگوں کے نزدیک اپنی بے مائیگی کا شکوہ میں تیری جناب میں کرتا ہوں۔ اے ارحم الراحمین! کمزوروں کا تو ہی آسرا ہے اور میرا رب تو ہی ہے۔ تو مجھے کس کے سپرد کر رہا ہے؟ ایسے بندے کی طرف جو ترش روئی سے مجھ سے باتیں کرتا ہے۔ کیا کسی دشمن کو تو نے میرے کام کا مالک بنا دیا ہے اور مجھ پر تیری ناراضگی نہ ہو تو مجھے (ان آلام و مصائب) کی ذرا پروا نہیں، لیکن تیرا دامن عافیت میرے لیے بہت وسیع ہے۔ میں تیرے روئے پاک کے نور کی پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ تیرا غضب مجھ پر نازل ہو یا تیری ناراضگی مجھ پر اترے۔"

"لک العتبیٰ حتّٰی ترضٰی لاحول ولاقوۃ الا باللہ" (ترجمہ) عتبہ اور شیبہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس حالت میں دیکھا تو ان کا دل پسیج گیا۔ انہوں نے اپنے غلام عداس کو بلایا اور کہا کہ انگوروں کا ایک گچھا لے لو اس کو ایک طشتری میں رکھو اور اس کے پاس لے جاؤ۔ جب عداس نے وہ طبق حضور کی خدمت میں پیش کیا، تو حضور نے بسم اللہ کہا اور کھانا شروع کیا۔ عداس نے تعجب سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف دیکھا اور کہا کہ اس علاقہ کے لوگ تو کھانے سے پہلے اللہ تعالیٰ کا نام نہیں لیا کرتے۔ حضور نے پوچھا تم کس علاقہ کے رہنے والے ہو اور تمہارا دین کیا ہے؟ کہنے لگا میں نصرانی ہوں اور نینویٰ کا رہنے والا ہوں۔ حضور نے پوچھا کیا تم مرد پاک یونس بن متی کے شہر کے رہنے والے ہو۔ عداس کہنے لگا آپ کو یونس کا کیسے علم ہے؟ فرمایا وہ تو میرے بھائی ہیں۔ وہ بھی نبی تھے اور میں بھی نبی ہوں۔ عداس نے جھک کر حضور کے سر مبارک کو بوسہ دیا اور دونوں ہاتھوں اور پاؤں کو چوم لیا۔ واپس گیا، تو عتبہ اور شیبہ نے پوچھا تم نے ان کی قدم بوسی کیوں کی۔ کہنے لگا اس وقت روئے زمین پر ان سے بہتر کوئی شخص نہیں۔ انہوں نے مجھے ایک ایسی بات بتائی ہے جو نبی کے بغیر کوئی نہیں بتا سکتا۔

وہاں سے روانہ ہو کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام وادی نخلہ میں پہنچے۔ وہاں شب باش ہوئے۔ صبح کی نماز میں حضور تلاوت فرما رہے تھے کہ نصیبین کے جنات کا ایک گروہ وہاں سے گزرا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلاوت سنی تو سب وہیں جم کر کھڑے ہو گئے اور اللہ تعالیٰ کے پاک کلام کو اس کے نبی کی پاک زبان سے سننے میں محو ہو گئے۔ جب اپنی قوم میں واپس گئے تو قرآنی تعلیمات سے انہیں بھی آگاہ کیا۔

مضامین: جیسے مندرجہ بالا سطور سے واضح ہوا کہ یہ سورت نبوت کے دسویں سال کے آخر یا گیارھویں سال کے آغاز میں مکہ میں نازل ہوئی' اس لیے اس میں ان کی اصلاح کی طرف پوری توجہ دی گئی ہے۔ ان کے معبودانِ باطل کی بےبسی اور بیکسی کا پردہ چاک کرکے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر استدلال کیا گیا ہے۔ قیامت کے بارے میں وہ جن شبہات میں بری طرح الجھے ہوئے تھے' ان سے نکلنے کا انہیں راستہ بتایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کے بیمار اذہان جس خودستائی اور خودفریبی کے مرض کا شکار تھے' اس کو عیاں کیا گیا ہے۔

عوام الناس اسلام کی سچی تعلیمات سے متاثر ہو کر اور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی پاکیزہ سیرت و صورت سے مسحور ہو کر اسلام کی طرف راغب ہونے لگتے تو یہ لوگ ان سادہ منش عوام کو یہ کہہ کر اسلام سے برگشتہ کر دیتے کہ اے لوگو! ہمیں دیکھو' اس بھرے شہر میں' اس سارے علاقہ میں' علم و فہم میں ہمارے پائے کا کوئی دوسرا آدمی ہے؟ کوئی ایسا شخص ہے جسے احوالِ عالم کا تجربہ ہم سے زیادہ ہو؟ تمہارا مشاہدہ ہے کہ جنگ اور صلح ہر حالت میں ہماری رائے ہی صائب اور درست ہوتی ہے۔ مزید برآں ہماری قسمت کا ستارہ بڑی بلندی پر ہے۔ اپنے بخت کی ارجمندی کے باعث ہر اچھی بات کی طرف ہم سب لوگوں پر سبقت لے جاتے ہیں۔ اگر اسلام کوئی اچھا دین ہوتا تو بایں علم و فہم' تجربہ اور فراست کیا اس کو قبول کرنے میں ہم پیچھے رہ جاتے اور یہ بھاڑ جھونکنے والے اس معاملے میں ہم سے سبقت لے جاتے؟ یہ کیونکر ممکن تھا' اس لیے ہمارا اس دین کو قبول نہ کرنا اس بات کے لیے کافی سند ہے کہ یہ دین کسی مصرف کا نہیں' بیکار محض ہے۔

یہ ان کی ابلہ فریبی تھی جس میں وہ عمر بھر مبتلا رہے۔ خود بھی اسلام کے سرچشمہ شیریں سے فیض یاب نہ ہوئے اور جہاں تک بن پڑا' عوام کو بھی اس سے دُور رکھتے رہے۔

اسلام کی پاکیزہ تعلیمات جس رُوح پرور انقلاب سے اپنے ماننے والوں کو ہمکنار کر دیتی ہیں' اس کی وضاحت دو آدمیوں کے خیالات کا تذکرہ کرکے فرما دی۔ ایک مومن اور دوسرا کافر۔

آیت ۱۵ کے آخر میں جو دعا ہے اس کے آئینہ میں بندہ مومن کی آرزوؤں اور تمناؤں کا عکسِ جمیل آپ کو نظر آئے گا اور آیت ۱۷ میں ایک کافر کی کج خلقی اور کج فہمی کی تصویر صاف دکھائی دے رہی ہے۔

اہلِ مکہ کو قومِ عاد کے انجام سے عبرت حاصل کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔ ان کی بربادی کی وجہ بتاتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں بڑی قوت و طاقت عطا فرمائی تھی۔ انہیں ظاہری اور باطنی صلاحیتیں مرحمت کی تھیں۔ وہ اگر چاہتے تو اپنے پروردگار کی نعمتوں کا شکر ادا کرتے اور مزید انعامات و احسانات کے مستحق بن جاتے لیکن آیاتِ الٰہی سے بےاعتنائی' بلکہ ان کا استہزاء اور انبیاء کی تکذیب کی عادت نے انہیں برباد کرکے رکھ دیا۔ پھر نہ مال و دولت ان کو ہمارے عذاب سے بچا سکی' نہ علم و فن میں ان کا کمال و مہارت ان کے کسی کام آئی۔ اپنی بدکاریوں کے باعث وہ حرفِ غلط کی طرح نیست و نابود کر دیے گئے۔

کفار و مشرکین کی طرف سے جب حد درجہ عناد و عداوت کا اظہار کیا جانے لگا' وہ مسلمانوں کو اذیت پہنچانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرتے' خود ذاتِ پاک حبیبِ کبریا علیہ التحیۃ والثناء کو بھی جی بھر کر ستاتے' تو ان کی بربریت کا مقابلہ کرنے کے لیے

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو صبر کی ڈھال استعمال کرنے کا حکم دیا۔ ارشاد فرمایا فاصبر کما صبر اولوا العزم من الرسل۔ بے شک اہل حق کے لیے ہمیشہ سے صبر ہی ایک ایسا ہتھیار ہے جس سے وہ دشمن کے مکر و فریب کا بھی مقابلہ کرتے ہیں اور اسی سے مسلح ہو کر دشمنان حق کے جدید ترین مہلک جنگی اسلحہ کو بھی ناکارہ کر کے رکھ دیتے ہیں۔ ہمارے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بھی اسی ہتھیار سے باطل کو شکست دی اور حق کا پرچم بلند کیا اور ہم غلاموں کے لیے بھی کامیابی اور فلاح کا یہی طریقہ ہے۔

سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الاحقاف مکی ہے اور اس کی پینتیس آیات اور چار رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۲ مَا خَلَقْنَا

حا۔میم ۔ اُتاری گئی ہے یہ کتاب اللہ کی طرف سے جو سب پر غالب بہت دانا ہے ۔[1] نہیں پیدا فرمایا ہم نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے مگر حق کے ساتھ [2] اور مدت مقررہ تک [3]

[1] کفار کی مخالفت اپنے شباب پر ہے۔ وہ بڑی شدومد سے اس بات کا انکار کر رہے ہیں کہ قرآن اللہ کا کلام ہے۔ سورۂ جاثیہ کی طرح یہاں بھی سورت کا افتتاح کرتے ہوئے بڑی فصاحت و بلاغت سے بتا دیا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ جو عزیز بھی ہے اور حکیم بھی۔ اس قرآن پاک کی ہر آیت اس کی عزت اور اس کی حکمت کی گواہی دے رہی ہے۔ تنزیل مصدر ہے اور اسم مفعول مُنزّل کے معنی میں یہاں مستعمل ہوا ہے۔

[2] آسمانوں اور زمین کی تخلیق بے مقصد اور محض کھیل تماشا نہیں بلکہ اس میں اَنگنت حکمتیں ہیں۔ علامہ آلوسی آیت کے اس حصے کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں، خلقا متلبسا بالحق الذی تقتضیہ الحکمۃ التکوینیۃ والتشریعیۃ (روح المعانی) یعنی تکوینی اور تشریعی حکمتوں اور نزاکتوں کا پورا لحاظ کرتے ہوئے اس کی تخلیق کی گئی ہے۔ بنانے والے نے اسے اس خوبی اور مہارت سے بنایا ہے کہ اس میں کسی قسم کی اصلاح اور ترمیم کی گنجائش نہیں۔ جو چیز جیسی بنا دی ویسے ہی بننی چاہیے تھی جو چیز جہاں سجا دی گئی ہے وہی اس کی موزوں ترین جگہ ہے۔ کوئی مہندس، کوئی مصور، فنونِ لطیفہ کا کوئی ماہر یہ نہیں کہہ سکتا کہ اگر یوں نہ ہوتا یا ایسا ہوتا تو زیادہ مفید، زیادہ کارآمد اور حسن و خوبی کے اعتبار سے زیادہ دل کش ہوتا۔ جتنا زیادہ کوئی غور و فکر کرے گا اس نظام کی خوبیوں اور لطافتوں کو دیکھ کر دنگ رہ جائے گا۔ اے انسان! تُو تو اس خلاقِ عظیم کا شاہکار ہے۔ تیرے بارے میں اس نے خود بڑے فخر سے فرمایا لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم۔ ذرا اپنی رعنائیوں اور دلربائیوں کو آئینہ فطرت میں دیکھ، تجھے محسوس ہو گا کہ زمین کی وسعتیں، پہاڑوں کی بلندیاں، سمندروں کی روانیاں، آسمانوں کی پہنائیاں تیری عظمتوں کو سلام کر رہی ہیں۔ تُو ان میں نہ کھو جا۔ تُو مخدوم ہے، خادم نہ بن۔ تُو مطلوب ہے، طالب نہیں۔ اگر طالب بننا ہے تو اس کا بن جس نے تجھے یہ حسن یہ رعنائی عطا فرمائی ہے۔

[3] "اجلِ مسمّٰی" فرما کر بتا دیا کہ اس جہاں کی کوئی چیز ہمیشہ رہنے والی نہیں، ہر چیز کو اس کے خالق نے جس طرح بڑی حکمت

الجزء السادس والعشرون ۲۶

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝۳ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ

اور کفار اس چیز سے جس سے انہیں ڈرایا جاتا ہے روگردانی کرنے والے ہیں۔ فرمائیے (اے کفار!) کبھی تم نے غور سے دیکھا ہے جنہیں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ

تم اللہ کے سوا خدا سمجھ کر پکارتے ہو (بھلا) مجھے بھی تو دکھاؤ جو پیدا کیا ہے انہوں نے زمین سے یا ان کا آسمانوں (کی تخلیق) میں

فِي السَّمٰوٰتِ ؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ

کچھ حصہ ہے ؎۴ لاؤ میرے پاس کوئی کتاب جو اس سے پہلے اتری ہو یا کوئی (دوسرا) علمی ثبوت ؎۵

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۴ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ

اگر تم سچے ہو۔ اور کون زیادہ گمراہ ہے اس (بدبخت) سے جو پکارتا ہے اللہ کو چھوڑ کر

سے پیدا فرمایا ہے۔ اسی طرح اس کے لیے ایک میعاد بھی مقرر کر دی ہے۔ جب مقررہ میعاد پوری ہو جائے گی تو وہ چیز فنا ہو جائے گی۔ تم آسمانوں کی پختگی اور زمین وغیرہ کی مضبوطی کو دیکھ کر اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو جاؤ کہ دنیا یونہی رہے گی، کبھی فنا نہ ہو گی۔ اس دنیا کی عمر طویل ہو سکتی ہے لیکن اسے ایک روز ختم ضرور ہونا ہے۔ اس کے بعد تمہیں پھر زندہ کیا جائے گا اور تم سے تمہارے اعمال کی باز پرس ہو گی۔ خوش نصیب وہ ہے جو بروقت ہوشیار ہو جاتا ہے اور اپنے مستقبل کو درخشاں کرنے کے لیے سرگرم عمل رہتا ہے۔ وہ لوگ جو شرک و فسوق کے باعث قلب سلیم کی نعمت سے محروم ہو چکے ہیں وہ اس پند و موعظت کی قدر نہیں کرتے بلکہ الٹا ناراضگی اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے منہ موڑ لیتے ہیں۔

۴ مشرکین جو بڑے زور شور سے اپنے بتوں کی عبادت کیا کرتے تھے اور اگر اس پر انہیں ٹوکا جاتا تو وہ بہت برہم ہوتے۔ ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ جن کو تم نے معبود بنا رکھا ہے اللہ تعالیٰ کی عبادت کو چھوڑ کر تم نے ان کی پوجا شروع کر رکھی ہے۔ کیا اس کی کوئی معقول وجہ بھی تم بتا سکتے ہو؟ کیا کرۂ زمین کی کسی چیز کے وہ خالق ہیں؟ آسمان کی آفرینش میں کیا ان کا کوئی حصہ ہے؟ اگر تمہارے پاس کوئی تحریری ثبوت ہے تو پیش کرو اور اگر تم خود اس بات کا اعتراف کرتے ہو کہ اس وسیع و عریض کائنات کی ہر چھوٹی بڑی چیز کا خالق اللہ ہے تو پھر اس خالق و حکیم کو چھوڑ کر کسی پتھر، کسی بے روح یا ذی روح شے کی پوجا کرنا کتنی بڑی حماقت ہے۔ ماتدعون: ماتعبدون (روح المعانی) اس آیت میں ماتدعون کا معنی ماتعبدون ہے یعنی جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ ماتدعون: ماتعبدون (مظہری) ماتدعون: تعبدون (بحر)

۵ اگر تمہارے بتوں نے زمین و آسمان کی تخلیق میں کچھ حصہ لیا ہے تو اسے دلیل سے ثابت کرو۔ قرآن کریم کو تو تم تسلیم نہیں

اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗۤ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ

ایسے معبود کو جو قیامت تک اس کی فریاد قبول نہیں کر سکتا اور وہ ان کے پکارنے سے ہی

غٰفِلُوْنَ ۝ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ

غافل ہیں ۵ اور جب جمع کیے جائیں گے لوگ (روز محشر) تو وہ معبود ان کے دشمن ہوں گے اور ان کی عبادت کا صاف

کرتے۔ آخر اس سے پہلے بھی کئی آسمانی کتابیں نازل ہوئی ہیں، ان میں سے کسی میں یہ لکھا ہوا دکھا دو کہ تمہارے فلاں بُت یا فلاں معبود نے زمین و آسمان کی فلاں چیز بنائی ہے۔ اگر تم اس قسم کا کوئی حوالہ کسی آسمانی کتاب سے نہیں دکھا سکتے تو چلو کوئی عقلی ثبوت ہی پیش کر دو۔

علامہ ابن حیان اندلسی اثارۃ من علم کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں ای بقیۃ من علم ای من علوم الاولین۔ یعنی وہ علم جو پہلے علماء و عقلاء سے منقول ہوتا چلا آ رہا ہے۔ ابو سلمی بن عبد الرحمٰن اور قتادہ نے فرمایا او خاصۃ من علم یعنی وہ علم جو صرف تمہیں حاصل ہوا تم سے پہلے جو لوگ گزرے ہیں ان کی رسائی اس تک نہیں ہوئی۔ اگر تمہارے پاس نہ کوئی نقلی دلیل ہے اور نہ عقلی دلیل، تو پھر بلاوجہ جان بوجھ کر ایسی غلطی نہ کرو جس کی سزا ابدی جہنم ہے۔

۵ مشرکین بتوں کی پرستش کیا کرتے تھے۔ انہوں نے بیت اللہ شریف میں ۳۶۰ بت نصب کر رکھے تھے۔ اپنے اپنے گھروں میں جو مورتیاں انہوں نے سجا رکھی تھیں وہ ان کے علاوہ تھیں۔ ان کی اس کھلی گمراہی بلکہ حماقت کو بڑے مؤثر انداز میں پیش کیا جا رہا ہے کہ اے عقل کے اندھو! تم ان بتوں کی پوجا کرتے ہو جو نہ سن سکتے ہیں نہ جواب دے سکتے ہیں۔ وہ بھلا کسی مشکل وقت میں تمہاری مدد کیا خاک کریں گے اس سے زیادہ نادان اور گمراہ اور کون ہو سکتا ہے۔ علامہ ابن کثیر اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں ای اضل من یدعوا من دون اللہ اصناما و یطلب منہا ما لا تستطیعہ الی یوم القیامۃ وھی غافلۃ عما یقول لا تسمع ولا تبصر ولا تبطش لانہا جماد حجارۃ صم (تفسیر ابن کثیر)

یعنی اس آدمی سے زیادہ گمراہ اور کوئی نہیں جو اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر بتوں کی پوجا کرتا ہے اور ان سے ایسی چیزیں مانگتا ہے جو وہ قیامت تک نہیں دے سکتے۔ جو وہ کہہ رہا ہے وہ اس سے غافل ہیں، نہ سنتے ہیں، نہ دیکھتے ہیں، نہ پکڑتے ہیں کیونکہ وہ بے جان پتھر ہیں جو بالکل بہرے ہیں۔

علامہ ابو حیان اندلسی کی عبارت بھی ملاحظہ ہو:

یدعون من دونہ جمادا لا یستجیب لہم ولا قدرۃ بہ علی استجابۃ۔

یعنی وہ ایسے بے جان پتھر کو پکارتے ہیں جو انہیں نہ جواب دے سکتا ہے اور نہ اس میں جواب دینے کی طاقت ہے۔

بعض نیم مُلّا لوگ جو ملت کے اتحاد کو انتشار کا شکار بنانا چاہتے ہیں، رات دن اس دُھن میں لگے رہتے ہیں کہ ملت میں نئی ملت تخلیق کریں۔ وہ یہ آیت اہلِ سنت پر چسپاں کرتے ہیں (معاذ اللہ) بحمدہ تعالیٰ اہلِ سنت میں سے کوئی اَن پڑھ سے اَن پڑھ بھی اللہ جل مجدہ کے سوا

کسی کی خدائی اور الوہیت کا عقیدہ فاسدہ نہیں رکھتا۔ جب وہ اللہ تعالیٰ کے محبوب، تمام نبیوں کے سردار، تمام رسولوں کے سرتاج، اپنے آقا و مولیٰ اور دونوں جہان کے آسرا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ اشھد ان محمدًا عبدہٗ ورسولہٗ اور نماز میں کئی کئی بار اس شہادت کا اعادہ کرتا ہے، تو وہ کسی اور کو کیونکر خدا یا خدا کا ہمسر اور شریک تصور کر سکتا ہے۔ یہ محض بہتان اور افتراء عظیم ہے کہ اہل سنت کسی کو خدا کا شریک بناتے ہیں۔ ھذا افک مبین وبھتان عظیم۔

ضیاء القرآن میں مختلف مقامات پر اس کی تشریح گزر چکی ہے۔

خارجیوں (جدید اور قدیم) کے علاوہ تمام امت اس بات پر متفق ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ بیکس پناہ میں جب کوئی غلام صلوٰۃ وسلام عرض کرتا ہے تو حضور اس کو سلام کا جواب فرماتے ہیں جس کو خواص اپنے کانوں سے سنتے ہیں اور لذت جواب سے سرشار ہوتے ہیں۔ مصر کے مشہور ولی کامل حضرت سیدا احمد رفاعی رحمۃ اللہ علیہ جب روضۂ اقدس پر حاضر ہوئے تو بصد ادب و نیاز عرض کی الصلوٰۃ والسلام علیک یا جدی۔ اے میرے نانا پاک آپ پر صلوٰۃ وسلام ہو۔ روضۂ اقدس سے جواب آیا۔ وعلیک السلام یا ولدی۔ اے میرے بچے تجھ پر بھی سلام۔ یہ سن کر آپ پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی اور فی البدیہہ یہ عرض کی:

فِیْ حَالَةِ الْبُعْدِ رُوْحِیْ کُنْتُ اُرْسِلُهَا　　تُقَبِّلُ الْاَرْضَ عَنِّیْ وَهِیَ نَائِبَتِیْ

جب میرا جسد خاکی یہاں سے دور تھا تو میں آستانہ بوسی کے لیے اپنی روح کو بھیجا کرتا تھا

وَهٰذِهٖ دَوْلَةُ الْاَشْبَاحِ قَدْ حَضَرَتْ　　فَامْدُدْ یَمِیْنَكَ کَیْ تَحْظٰی بِهَا شَفَتِیْ

اب تو میں خود بارگاہ اقدس میں حاضر ہوں۔ دست پاک نکالیے تاکہ میں بوسہ دے کر دل کی حسرت پوری کر سکوں۔

دست مبارک باہر آیا جس کو آپ نے بوسہ دیا۔ ہزارہا آدمیوں نے اس کو دیکھا۔

اس واقعہ کو دیگر علماء کے علاوہ علامہ سیوطی نے شرح الصدور میں اور مولانا تھانوی نے اپنے رسائل میں بیان کیا ہے۔

حضرت شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کو فالج کا مرض لاحق ہوا۔ نصف جسم بے کار ہو گیا۔ آپ نے حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جناب میں فریاد کی۔ اسی رات زیارت سے مشرف ہوئے۔ حضور نے دست مبارک ان کے بدن پر پھیرا۔ یہ فوراً شفایاب ہو گئے۔ مولانا اشرف علی تھانوی نشر الطیب مطبوعہ دیوبند ص ۲۴۲ پر اس واقعہ کو لکھنے کے بعد تحریر کرتے ہیں، اسے آپ بھی پڑھیے:

"اور یہ اپنے گھر سے نکلے تھے کہ ایک درویش سے ملاقات ہوئی اور اس نے درخواست کی کہ مجھ کو وہ قصیدہ سنا دیجیے جو آپ نے مدح نبوی میں کہا ہے۔ انہوں نے پوچھا کون سا قصیدہ؟ اس نے کہا جس کے اول میں ہے اَمِنْ تَذَکُّرِ جِیْرَانٍ بِذِیْ سَلَمٍ۔ ان کو تعجب ہوا کیونکہ انہوں نے کسی کو اطلاع نہیں دی تھی۔ اس درویش نے کہا واللہ! میں نے اس کو اس وقت سنا ہے جب یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پڑھا جا رہا تھا اور آپ خوش ہو رہے تھے۔"

یہ قصیدہ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسے پسند فرمایا ہے۔ اس کا ایک شعر آپ بھی سن لیں۔ ان شرک سازوں کے فتووں کی حقیقت کھل جائے گی۔

كٰفِرِيْنَ ۝ وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

انکار کریں گے [6] اور جب پڑھی جاتی ہیں ان کے سامنے ہماری آیتیں جو روشن ہیں [6] تو کہتے ہیں کفار

لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ

حق کے بارے میں جب ان کے پاس آیا کہ یہ کھلا جادو ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ نبی نے اس کو خود گھڑ لیا ہے۔ فرمائیے

يَا اَكْرَمَ الْخَلْقِ مَا لِيْ مَنْ اَلُوْذُ بِهٖ ۔۔۔ سِوَاكَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمَمِ

اے ساری مخلوق سے زیادہ سخی اصحاب و آلام کے وقت حضور کے بغیر میں کس کے دامن میں پناہ لوں۔

ہمارے عہد کے نابغہ روزگار شاعر عبد العزیز خالد کے یہ اشعار بھی سن لیجیے:

تو خورشید سحر، تو بدر کامل، مہر او تیری ۔۔۔ نگاہیں مشک آگیں عنبر افشاں یا رسول اللہ

تیری رحمت کے دروازے کھلے ہیں ہر کہ و مہ پہ ۔۔۔ ہے تو واحد امیں مستنداں یا رسول اللہ

عزیز خاطر آشفتہ حالاں کون دنیا میں ۔۔۔ ترے دیوانے کریں کس کا داماں یا رسول اللہ

آخر میں شاہ اسمٰعیل دہلوی کی یہ عبارت بھی پیش نظر رکھیے۔ وہ اپنے پیر سید احمد بریلوی کے متعلق لکھتے ہیں کہ حضرت غوث الاعظم اور حضرت بہاء الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہما نے ان کو بیک وقت قادری اور نقشبندی سلسلہ کا فیض بخشا۔ چشتی سلسلے سے حصول فیض و نسبت کے متعلق دہلوی صاحب لکھتے ہیں:

"روزے حضرت ایشاں بسوئے مرقد منور حضرت خواجہ خواجگاں خواجہ قطب الاقطاب بختیار کاکی قدس سرہ العزیز تشریف فرما شدند و بر مرقد مبارک ایشاں مراقب نشستند دریں اثنا بروح پر فتوح ایشاں ملاقات متحقق شد و آنجناب بر حضرت ایشاں توجہ بس قوی فرمودند کہ بسبب آں توجہ ابتدائی حصول نسبت چشتیا متحقق شد۔" (صراط مستقیم ص ۱۶۶ مطبع فخر المطابع لکھنؤ)

یعنی ایک دن سید احمد صاحب حضرت خواجہ خواجگان خواجہ قطب الاقطاب بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک پر تشریف لے گئے اور وہاں مراقبہ میں بیٹھے۔ اسی اثنا میں حضرت کی روح پر فتوح سے ملاقات نصیب ہوئی۔ خواجہ خواجگاں نے آپ پر بڑی زور دار توجہ فرمائی۔ اس توجہ کی برکت سے نسبت چشتیہ کے حصول کی ابتدا ہوئی۔

[6] بتوں کے پجاریوں کو بتایا جا رہا ہے کہ روز محشر جب تمہیں پکڑ کر لایا جائے گا تمہارے عقائد فاسدہ اور اعمال بد کی باز پرس شروع ہو گی تو تمہارے وہ جھوٹے معبود جن کی عمر بھر تم عبادت کرتے رہے تھے وہ تمہارے دشمن بن جائیں گے اس وقت تمہیں معلوم ہو گا کہ جن کو تم اپنی نجات کا ذریعہ سمجھتے تھے وہ تمہاری تباہی و بربادی کا سبب بن گئے ہیں وہ تمہاری پوجا پاٹ کا صاف صاف انکار کر دیں گے۔ سابقہ آیت میں یدعوا اور عن دعائھم کے الفاظ ہیں مفسرین نے ان کا معنی یعبدون اور عبادتھم سے کیا ہے۔ اس آیت نے ان کی اس تفسیر کی تصدیق کر دی۔ فرمایا وکانوا بعبادتھم کافرین۔

[6] انصاف اور عقلمندی کا تقاضا تو یہ تھا کہ آیات ربانی کو سن کر وہ اپنی ہٹ دھرمی سے باز آ جاتے حق کو قبول کر لیتے اور ان کے

إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَلَا تَمْلِكُونَ لِي مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَا

اگر میں نے اس کو خود گھڑا ہے تو تم اس طاقت کے مالک نہیں کہ مجھے اللہ سے چھڑا لو۔ وہ خوب جانتا ہے جن باتوں میں تم

تُفِيضُونَ فِيهِ ۖ كَفَىٰ بِهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۖ وَهُوَ الْغَفُورُ

مشغول ہو ۹؎ وہ کافی ہے بطور گواہ میرے درمیان اور تمہارے درمیان ۱۰؎ اور وہ بہت بخشنے والا ہمیشہ

الرَّحِيمُ ﴿٨﴾ قُلْ مَا كُنتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ

رحم فرمانے والا ہے۔ آپ کہیے میں کوئی انوکھا رسول تو نہیں ہوں ۱۱؎ اور میں (از خود) نہیں جان سکتا کہ کیا کیا جائے گا

دونوں جہان سنور جاتے لیکن ان بدبختوں نے الٹا یہ کہنا شروع کر دیا کہ یہ صاف جادو ہے۔

۹؎ کفار کے اس افترا اور بہتان کا جواب دینے کا حکم مل رہا ہے۔ اگر یہ کتاب اللہ تعالیٰ نے نازل نہیں کی، میں نے خود اس کو گھڑا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف اس کی جھوٹی نسبت کر رہا ہوں تو یہ ایک سنگین جرم ہے جس کی سزا بڑی المناک ہے اور تم میں سے کسی میں یہ ہمت اور قوت نہیں کہ اگر مجھے سزا ملنے لگے تو تم مجھے چھڑا سکو تم خود سوچو کیا میں اپنی جان پر ایسا ظلم ڈھا سکتا ہوں اور اپنے آپ کو خدا کے غضب کا ہدف بنا سکتا ہوں، ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔ تم بھلا یہ سمجھو کہ جو مذاق تم کر رہے ہو اور جس شغل میں تم لگے ہوئے ہو اللہ تعالیٰ اس کو بھی خوب جانتا ہے اور تمہاری اس بہتان تراشی کی سزا ضرور وہ تمہیں دے گا۔

تفیضون: الافاضة فی الشیئ: الخوض فیہ والاندفاع افاضوا فی الحدیث ای اندفعوا فیہ۔ کسی کام میں کھو جانا۔ منہمک ہو جانا۔ کسی گفتگو میں محو ہو جانا۔

۱۰؎ میں حق پر ہوں یا تم اس کا گواہ خود اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کی گواہی کے بعد کسی دوسرے گواہ کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ "بہ" میں باء زائدہ ہے اور ضمیر مرفوع فاعل ہے۔ فالباء زائدة والضمیر فی محل الرفع علی الفاعلیة۔ (مظہری)

۱۱؎ حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی نبوت پر کفار طرح طرح کے اعتراضات کرتے کبھی کہتے یہ بشر ہے۔ بھلا بشر بھی منصبِ نبوت پر فائز ہو سکتا ہے؟ کبھی کہتے یہ تو بالکل ہماری طرح کھاتا پیتا ہے، بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔ بھلا رسول سے بھی ایسے معمولی کام سرزد ہوتے ہیں؟ کبھی کہتے اگر خدا کو رسول بنا کر بھیجنا ہی تھا تو وہ کیا ایسے شخص کو رسول بناتا جس کے پاس نہ مال، نہ دولت، نہ خدم، نہ حشم، نہ جاہ، نہ اعوان و انصار، بھلا یہ بھی کوئی تک ہے؟ ہمارے ہاں بڑے بڑے رؤسا ہیں جو زیرک بھی ہیں اور تجربہ کار بھی۔ ان کے اثر و رسوخ کا دائرہ بڑا وسیع ہے۔ عرب کے تمام قبائل کے دلوں پر ان کی دھاک بیٹھی ہوئی ہے۔ ان کی دولت و ثروت کے افسانے دُور دُور تک مشہور ہیں۔ منصبِ رسالت کے لیے اللہ تعالیٰ نے ان میں سے کیوں کسی کو منتخب نہ کیا پھر وہ فرمائش کرتے ہیں کہ ہم تب مانیں گے اگر یہ خشک کالے پہاڑیاں سے دُور ہٹا دیے جائیں، حدِ نگاہ تک ہموار میدان ہو، اس میں چشمے اُبلنے لگیں، نہریں بہنے لگیں وغیرہ وغیرہ

بِیْ وَلَا بِكُمْ ۭ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰۤى اِلَیَّ وَمَاۤ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝۹

میرے ساتھ اور کیا کیا جائے گا تمہارے ساتھ۔ میں تو پیروی کرتا ہوں جو وحی میری طرف کی جاتی ہے اور میں نہیں ہوں مگر صاف صاف ڈرانے والا ۱۲

ان سب ہرزہ سرائیوں کے جواب میں صرف ایک ہی پُرمغز بات فرمانے کا حکم دیا کہ اے رونقِ بزمِ ہستی! اے شمعِ محفلِ امکان! آپ انہیں کہیں کہ کیا میں نرالا رسول ہوں، مجھ سے پہلے کوئی نبی اور رسول نہیں آیا؟ اگر میں پہلا رسول ہوتا تو تمہاری ان اٹکڑی اٹکڑی باتوں میں کچھ وزن ہوتا اور ان کے جواب کی طرف توجہ کی جاتی۔ جب مجھ سے پہلے کثیر تعداد میں پیغمبر آچکے ہیں اور ان میں سے بعض کو تم بھی مانتے ہو اور ان کا احترام کرتے ہو۔ کیا وہ انسان نہ تھے؟ کیا وہ کھاتے پیتے نہ تھے؟ کیا وہ زر و سیم کے انباروں کے مالک تھے؟ کیا وہ اپنی امت کی ایسی بے ہودہ فرمائشوں کو پورا کیا کرتے تھے؟ جب ایسا نہیں تھا تو تم میرے متعلق یاوہ گوئی کیوں کرتے ہو۔ میرا کام ظاہری چشمے جاری کرنا نہیں۔ میں تو معرفتِ الٰہی کے چشموں سے تمہارے اُجڑے ہوئے چمنِ حیات کو از سرِ نو بہار آشنا کرنے آیا ہوں۔ ان پہاڑوں کو تو تم ڈائنامٹ سے بھی اُڑا سکتے ہو۔ میں ایسے حجابات اٹھانے کے لیے آیا ہوں جنہوں نے تمہارے دلوں کی آنکھوں کو اندھا بنا رکھا تھا۔ مجھ سے جو اور چنے کے بھاؤ نہ پوچھو۔ مجھ سے اپنے ربِ کریم کے قرب و رضا کے طریقے سیکھو۔ میں تمہیں اس بتکدۂ تصورات سے نکال کر حریمِ ذات تک لے جاؤں گا۔ مجھ سے اس چور کے بارے میں سوال نہ کرو جو تمہارا گھوڑا اور اونٹ چرا کر لے گیا ہے۔ مجھ سے اس راہزن اور ڈاکو کا پتہ پوچھو جو دن دہاڑے تمہارے ایمان و ایقان کے خزانوں پر ڈاکہ ڈال رہا ہے۔ اس کا پورا پتہ اور نشان بتاؤں گا، تم اسے رنگے ہاتھوں پکڑ لو گے۔ کیا ہوا اگر میرے پاس خزانے نہیں۔ کیا دنیا کے شہنشاہوں کے خزانوں کے قیمتی موتی، علوم و معارف، اسرار و لطائف کے ان دریائے آبدار کا مقابلہ کر سکتے ہیں جن سے میرے رب نے مجھے سرفراز فرمایا ہے۔ پیغمبر تمہارا نوکر نہیں ہوتا کہ تمہاری فرمائشوں کی تعمیل میں لگا رہے، وہ اللہ تعالیٰ کا بندہ اور تمہارا آقا ہے۔ وہ تو صرف اور صرف اپنے رب کی فرمانبرداری کرے گا۔ ہاں! تمہاری عزت و شرف اس میں ہے کہ تم بے چون و چرا اس کی اطاعت کرو۔

ایک ہی فقرہ سے ان کی تمام ہزلیات کا دندان شکن رد فرما دیا۔

۱۲ آیت کے اس حصہ کی تفسیر کرتے ہوئے علماء کرام نے متعدد اقوال ذکر کیے ہیں۔ پہلے میں ان کے ارشادات نقل کروں گا اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی توفیق سے جو مفہوم میں سمجھا ہوں اسے آپ کی خدمت میں پیش کروں گا۔

بعض کے نزدیک اس سے مراد یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی عاقبت اور انجام کے بارے میں (معاذ اللہ) کچھ خبر نہ تھی اور نہ ہی دوسرے لوگوں کے احوالِ آخرت کا کوئی علم تھا۔ اس قول کے مطابق آیت کا معنی ہوگا کہ مجھے معلوم نہیں کہ قیامت کے روز میرے ساتھ کیا سلوک ہوگا اور نہ مجھے یہ علم ہے کہ تمہارے ساتھ کیا برتاؤ کیا جائے گا۔

کفار، یہود اور منافقین نے جب یہ آیت سنی تو کہنے لگے کہ ایسے نبی پر ایمان لانے سے کیا حاصل! جسے اپنے انجام کی بھی خبر نہیں۔ ہم نہ کہتے تھے کہ یہ قرآن ان کا اپنا گھڑا ہوا ہے۔ اگر یہ منزل من اللہ ہوتا تو کیا اللہ تعالیٰ انہیں یہ بھی نہ بتاتا کہ روزِ حشر ان کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے کفار کی ہرزہ سرائی کو ختم کرنے کے لیے یہ آیت نازل فرمائی لِّیَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ

مِنۡ ذَنۡۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ۔ اس آیت سے وہ پہلی آیت (مَآ اَدْرِیْ) منسوخ ہو گئی۔ صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ! مبارک ہو کہ حضور کو تو اپنے بارے میں علم ہو گیا لیکن ہم غلاموں کا کیا حال ہو گا؟ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی لِّيُدۡخِلَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ۔ اللہ تعالیٰ ایماندار مردوں اور عورتوں کو جنت میں داخل کرے گا جہاں نہریں بہتی ہیں۔

علماء محققین نے اس قول کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا کیونکہ یہ خبر ہے اور نسخ اخبار کا نہیں ہوتا' اوامر و نواہی کا ہوتا ہے۔ نیز یہ آیت مکی ہے اور سورۂ فتح کی آیت صلح حدیبیہ کے موقع پر سالہا سال بعد نازل ہوئی حالانکہ اگر کسی آیت میں اجمال ہو تو اس کے بیان میں تاخیر نا روا ہے۔ نیز سورت کی ابتداء سے خطاب کفار و مشرکین سے ہے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو حکم دیں کہ تم کفار کو بتا دو کہ مجھے اپنے انجام کی کوئی خبر نہیں۔ کفار بڑی آسانی سے یہ کہہ کر حضور کی دعوت کو مسترد کر سکتے تھے کہ جب آپ کو اپنے بارے میں کچھ خبر نہیں تو پھر ایک غیر یقینی چیز کی طرف دعوت دینے کے لیے یہاں کیسے آ دھمکے؟ جائیے تشریف لے جائیے۔ چنانچہ ابن جریر طبری' قرطبی' مظہری اور دیگر اکابر نے اس قول کو تسلیم نہیں کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ حضور پُرنور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو روز اول سے اپنی نجات کا یقین تھا۔

قرآن کریم کی کثیر التعداد آیات ہیں جن میں اہل ایمان کو مغفرت کا مژدہ ہے اور منکرین کو دوزخ کی وعید۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اعزازات کا ذکر قرآن میں بھی بڑی شرح و بسط سے موجود ہے اور احادیث طیبہ میں بھی مقام محمود' مقام شفاعت کبریٰ' کوثر وغیرہ ان امور کا کیسے انکار کیا جا سکتا ہے؟ ایک مرتبہ حضور نے ارشاد فرمایا اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَلَا فَخْرَ بِيَدِیْ لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ وَاٰدَمُ وَمَا سِوَاهُ تَحْتَ لِوَائِیْ وَلَا فَخْرَ۔ قیامت کے روز اولاد آدم کا میں سردار ہوں گا۔ حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہو گا۔ آدم اور دیگر پیغمبروں کو میرے جھنڈے کے نیچے پناہ ملے گی۔ یہ باتیں فخریہ طور پر نہیں کہہ رہا' حقیقت کا اظہار کر رہا ہوں۔

ایسی بے شمار احادیث صحیحہ ہیں جن میں حضور کے مقامات رفیعہ اور درجات سنیّہ کا ذکر موجود ہے۔ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تو اپنے متعدد غلاموں کے بارے میں نام لے لے کر ان کے جنتی ہونے کی بشارت دی۔ عشرۂ مبشرہ کے اسمائے گرامی سے کون واقف نہیں' حسنین کریمین کے متعلق فرمایا سیدا شباب اهل الجنة۔ یہ دونوں شہزادے اہل جنت کے جوانوں کے سردار ہوں گے۔ حضرت ثابت بن قیس جن کا تفصیلی ذکر سورۂ حجرات میں آ رہا ہے کے متعلق فرمایا اے ثابت! اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَعِيْشَ حَمِيْدًا وَتُقْتَلَ شَهِيْدًا وَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ۔ کیا تم اس بات سے راضی نہیں کہ تم عزت و آرام سے زندگی بسر کرو۔ تمہیں شہادت کا شرف بخشا جائے اور تم جنت میں داخل ہو۔ اس قسم کے سینکڑوں واقعات سے کتب احادیث بھری پڑی ہیں۔

ان آیات محکمات اور احادیث صحیحہ کی موجودگی میں یہ کہنا بڑی گستاخی ہے کہ حضور کو اپنے انجام کی خبر نہ تھی۔ (معاذ اللہ)

دوسرا قول یہ ہے کہ دنیا کے حالات سے بے خبری کا اعلان مقصود ہے کہ مجھے اس کا علم نہیں کہ دنیا میں میرا کیا حال ہو گا۔ میں شہید کیا جاؤں گا یا یہاں سے نکال دیا جاؤں گا۔ اسلام کامیاب ہو گا یا کفر کو غلبہ ہو گا۔ مسلمانوں کا مستقبل تابناک ہو گا یا تاریک وغیرہ وغیرہ لیکن اگر اس آیت کو دوسری قرآنی آیات کی روشنی میں دیکھا جائے اور منکرین حدیث کی طرح تمام احادیث کو محض گھڑت نہ قرار دیا جائے تو یہ قول بھی درست معلوم نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ نے دین حق کے غلبہ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کامیابی کا ذکر قرآن کریم میں بار بار فرمایا ہے۔

هُوَ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ۔ دوسری جگہ ہے اِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ۔ ارشاد ہے وَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ کہ مسلمانوں کے ساتھ نصرت اور کامیابی کا پختہ وعدہ بھی کیا گیا ہے۔ وَكَانَ حَقًّا عَلَیْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ یعنی ہمارے ذمہ کرم پر یہ لازم ہے کہ ہم اہلِ ایمان کی مدد ضرور کریں گے۔

وہ آیات جو عہدِ نبوت کے بالکل ابتدائی ایام میں نازل ہوئیں ان کے نزول کے بعد بھی اپنے مستقبل کے بارے میں حضورؐ کو کوئی شبہ نہیں ہو سکتا۔ سورۃ والضحیٰ میں صاف طور پر ارشاد فرمایا وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى۔ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى۔ اے محبوب! آپ کا ہر آنے والا لمحہ گزرے ہوئے لمحہ سے بہتر ہوگا۔ آپ کا رب آپ کو اتنا دے گا کہ آپ خوش ہو جائیں گے۔

غزوہ خندق پر نگاہ ڈالیے۔ صرف کفارِ مکہ نہیں بلکہ جزیرہ عرب کے جملہ مشرک قبائل نے مدینہ پر دھاوا بول دیا ہے۔ ان کا ایک لشکرِ جرار مدینہ کی طرف بڑھ رہا ہے۔ ان کے دفاع کے لیے خندق کھودی جا رہی ہے۔ کڑاکے کی سردی ہے، کئی کئی وقت کا فاقہ ہے۔ یہودی جو مدینہ طیبہ میں آباد ہیں انہوں نے کفارِ مکہ کے ساتھ ساز باز کر رکھی ہے کہ باہر سے تم ہلہ بول دینا، اندر سے ہم یلغار کر دیں گے۔ ظاہری حالات اس قدر مخدوش ہیں اور فضا اتنی ناسازگار ہے کہ ایک عام شخص بڑی خوش فہمی کے باوجود مسلمانوں کی کامیابی کی پیش گوئی نہیں کر سکتا۔ ان حالات میں اللہ تعالیٰ کا محبوب جب ایک چٹان کو توڑنے کے لیے ضرب لگاتا ہے تو چٹان کا تیسرا حصہ ٹوٹ کر الگ ہو جاتا ہے اور ساتھ ہی زبانِ نبوت سے یہ اعلان ہوتا ہے کہ مجھے ملکِ ایران کی کنجیاں دے دی گئیں۔ مجھے قیصر کے شاہی خزانے دیے گئے۔ مجھے یمن کی کنجیاں دے دی گئیں اور جن ممالک کی کنجیاں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو عطا فرمائی تھیں ان کا عملی طور پر ظہور حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ مبارک میں ہوا۔

حضرت حذیفہ بن یمان جن کا لقب رازدانِ رسول ہے فرماتے ہیں واللہ انی لاعلم الناس بکل فتنۃ ھی کائنۃ فیما بینی وبین الساعۃ وما بی الا یکون رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسرالی فی ذالک شیئ الخ (مسلم شریف جلد دوم ص ۳۹۰)

حضرت حذیفہ فرماتے ہیں کہ آج سے لے کر قیامت تک آنے والے جتنے فتنے ہیں ان میں سے ہر فتنہ کے متعلق میں تمام لوگوں سے زیادہ جانتا ہوں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان فتنوں کی ہمیں خبر دی۔

عن ثوبان رضی اللہ عنہ قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وانہ سیکون فی امتی کذابون ثلاثون کلھم یزعم انہ نبی وانا خاتم النبیین لا نبی بعدی (ابوداؤد کتاب الفتن)

ترجمہ: حضرت ثوبان فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ میری امت میں تیس کذاب ہوں گے ہر ایک یہ دعویٰ کرے گا کہ وہ نبی ہے حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد اور کوئی نبی نہیں ہوگا۔

ان آیات واحادیث کی موجودگی میں یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ حضورؐ کو یہ علم نہیں تھا کہ دنیا میں آپ کے ساتھ، آپ کے دین کے ساتھ اور آپ کی امت کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے گا۔

تیسرا قول یہ ہے کہ "ما ادری" سے تفصیلی علم کی نفی ہے کہ میں تفصیلاً نہیں جانتا۔ اگرچہ اجمالاً جانتا ہوں۔ ان تینوں اقوال سے

کوئی بھی ایسا نہیں جو دل کو مطمئن کر سکے۔ لیکن اگر "ما ادری" کی تحقیق کی جائے تو ساری تشویش دُور ہو جاتی ہے۔ حقیقت روزِ روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے۔

علامہ راغب اصفہانی اپنی شہرۂ آفاق مفردات القرآن میں اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: الدرایۃ: المعرفۃ المدرکۃ بضرب من الختل یقال دریت به دریۃ نحو فطنت وشعرت . . . . . والدرایۃ لا تستعمل فی اللہ تعالٰی وقول الشاعر لاھم لا ادری وانت الداری فمن تعجرف اجلاف العرب (مفردات) یعنی درایت اس معرفت کو کہتے ہیں جو ظن وتخمین سے حاصل ہوتی ہے۔ فہم وذہانت سے کسی چیز کو سمجھنا۔ اس کے بعد لکھتے ہیں کہ درایت کا لفظ اللہ تعالٰی کے لیے استعمال نہیں ہوتا۔ شاعر کا یہ مصرع جس میں اللہ تعالٰی کو "الداری" کہا گیا ہے یہ شاعر کا جاہلانہ اُجڈپن ہے۔

علامہ زبیدی شارح قاموس اپنی مایۂ ناز تصنیف تاج العروس میں اس کی تحقیق کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

دریتُه وبه . . . . . علمتُه۔ قال شیخنا صریحه اتحاد العلم والدرایۃ۔ وصرح غیرہ بان الدرایۃ اخص من العلم او علمٌ بضرب من الحیلۃ ولذا لا یطلق علی اللہ تعالٰی ولما قول الراجز لاھم لا ادری وانت الداری فمن عجرفۃ الاعراب (تاج العروس)

ترجمہ (یعنی درایت بذاتِ خود بھی متعدی ہوتا ہے اور ب کے ساتھ بھی اس کا تعدیہ کیا جاتا ہے۔ درایت کا معنٰی ہے میں نے جان لیا۔ میرے شیخ کہتے ہیں کہ علم و درایت ہم معنی ہیں لیکن دوسرے علماء لغت نے تصریح کی ہے کہ درایت علم سے خاص ہے یا حیلہ وقیاس سے کسی کو جاننا درایت کہلاتا ہے۔ اسی لیے اس کا اطلاق اللہ تعالٰی پر نہیں کیا جاتا اور ایک رجز گو نے درایت کی نسبت اس مصرع میں ذاتِ باری کی طرف کی ہے یہ اس کا گنوارپن ہے۔

علامہ ابن عابدین نے درایت کی تشریح ان الفاظ سے کی ہے۔ الدرایۃ ای ادراک العقل بالقیاس علی غیرہ۔ یعنی عقل کا بذریعہ قیاس کسی چیز کو جاننا۔ (رد المحتار جلد اول ص ۹۷)

ان تصریحات سے واضح ہو گیا کہ درایت کا مفہوم یہ ہے کہ غور و فکر، ظن وتخمین اور قیاس آرائی سے کسی چیز کا علم حاصل کرنا۔ یہ مفہوم ذہن نشین کر کے اب آیت میں غور کریں ادنیٰ سا شبہ بھی باقی نہ رہے گا۔ نہ تخصیص کی ضرورت پڑے گی۔ نہ نسخ کا قول کرنا پڑے گا۔ آیاتِ قرآنی میں باہمی تضاد یا احادیثِ صحیحہ سے تعارض کی نوبت بھی نہ آئے گی۔

اللہ تعالٰی اپنے حبیب مکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم کو حکم دے رہے ہیں کہ آپ ان کفار کو بتا دیجیے کہ میں اپنی عقل و فہم، ذہانت وفطانت اور قیاس سے نہیں جانتا ہوں کہ آخرت میں میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا کیا جائے گا۔ نہ میں یہ جان سکتا ہوں کہ اس دنیا میں میرا مجھ پر ایمان لانے والوں کا اور میری اس دعوت کا انجام کیا ہو گا یا تمہاری سرکشی کی تمہیں کب اور کیا سزا ملے گی۔ ان امور کو میں اپنی فہم وفراست سے نہ تفصیلاً جان سکتا ہوں اور نہ اجمالاً۔ میرا علمی سرمایہ میری عقل و شعور کا اثر نہیں بلکہ اللہ تعالٰی کا دیا ہوا ہے۔ اگر میں نے غور و فکر سے ان حقائق کو جانا ہوتا تو اس میں شک و شبہ کی گنجائش ہو سکتی تھی اور تمہیں یہ حق پہنچتا تھا کہ اس کو جانچو اور اپنی کسوٹی پر پرکھو لیکن میرا علم تو اللہ تعالٰی کا دیا ہوا ہے۔ اس میں شک و شبہ کا ذرا شائبہ نہیں۔

مَا اَدْرِیْ سے درایت کی نفی ہے۔ مَا یُوْحٰٓی اِلَیَّ سے علم خداداد کا ثبوت ہے۔ سکھلانے والا اللہ تعالیٰ ہو اور سیکھنے والا مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثنا ہو' استاذ عالم الغیب والشہادہ ہو اور تلمیذ غار حرا کا گوشہ نشین ہو' بھیجنے والا رب العالمین ہو اور آنے والا رحمۃ للعالمین ہو' وہاں کمی رہے گی تو کیسے؟ کوئی نقص ہو گا تو کس جانب سے؟

آخر میں مفسرین کرام کی چند آرا بھی ملاحظہ فرمائیے۔ آپ کا آئینۂ دل ہر قسم کے گرد و غبار سے پاک ہو جائے گا۔

علامہ ابن جریر طبری نے اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے متعدد اقوال لکھے ہیں ان میں سے ایک قول حضرت حسن بصریؒ کا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: اما فی الآخرۃ فمعاذ اللہ قد علم انہ فی الجنۃ حین اخذ میثاقہ فی الرسل ولکن قال ما ادری ما یفعل بی ولا بکم فی الدنیا أخرج کما أخرجت الانبیاء۔

یعنی یہ کہنا کہ حضورؐ کو یہ علم نہ تھا کہ آخرت میں حضورؐ کے ساتھ کیا کیا جائے گا تو ایسی نازیبا بات سے ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں۔ حضورؐ کو اس وقت سے اپنے ناجی ہونے کا علم تھا جب روز اول ارواحِ انبیاء سے حضورؐ پر ایمان لانے کا وعدہ لیا گیا تھا۔ بلکہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ میں نہیں جانتا کہ دنیا میں مجھے سابقہ انبیاء کی طرح جلا وطن کر دیا جائے گا یا نہیں۔ ابن جریرؒ حسن بصری کے قول کو صحیح قرار دیتے ہیں ولکن ذالک کما قال الحسن ثم بین اللہ لنبیہ ماھو فاعل بہ وبمن کذب بما جاء بہ من قومہ وغیرہ۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس دنیا میں جو معاملہ حضورؐ سے کیا جانے والا تھا اور جو سلوک آپ کی قوم اور دوسرے مکذبین کے ساتھ ہونے والا تھا اس کو بیان کر دیا۔

علامہ نیشاپوری لکھتے ہیں: وانہ لم ینف الا الدرایۃ من قبل نفسہ وما نفی الدرایۃ من جھۃ الوحی۔ یعنی خود بخود جان لینے کی نفی کی گئی ہے اور جو بذریعہ وحی عطا ہوا اس کی نفی نہیں۔

علامہ آلوسی نے توبڑی شرح و بسط کے ساتھ اس حقیقت کو بیان کیا ہے۔ والذی اختارہ ان المعنی علی نفی الدرایۃ من غیر جھۃ الوحی سواء کانت الدرایۃ تفصیلیۃ او اجمالیۃ وسواء کان ذلک فی الامور الدنیویۃ او الأخرویۃ واعتقد انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم لم ینتقل من الدنیا حتی أوتی من العلم باللہ تعالیٰ وصفاتہ وشئونہ والعلم باشیاء یعد العلم بھا کمالا ما لم یعطہ احد غیرہ من العالمین۔ (روح المعانی)

ترجمہ: میرے نزدیک پسندیدہ قول یہ ہے کہ نفی اس درایت کی ہے جو وحی کے بغیر ہو۔ خواہ تفصیلی ہو یا اجمالی' اس کا تعلق دنیوی واقعات سے ہو یا اخروی حالات سے۔ آلوسی کہتے ہیں کہ میرا عقیدہ یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس دنیا سے انتقال نہیں فرمایا جب تک حضورؐ کو اللہ تعالیٰ کی ذات' اس کی صفات اور اس کے شئون کا علم اور تمام ایسی اشیاء کا علم جو وجہ کمال ہے' نہ دے دیا گیا۔

واللہ اعلم بالصواب وعندہ حسن الثواب والیہ المآب۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ

فرمائیے کیا تم نے کبھی اس پر غور کیا کہ اگر یہ اللہ کی طرف سے ہو اور تم اس کا انکار کر دو تو اس کا انجام کیا ہوگا؟ ۱۳ حالانکہ گواہی دے چکا

شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ؕ

ہے ایک گواہ بنی اسرائیل سے اس کی مثل پر اور وہ ایمان بھی لے آیا اور تم نے تکبر کیا ۱۴

اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۠﴿۱۰﴾ وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ

بے شک اللہ تعالیٰ نہیں ہدایت دیتا ظالم لوگوں کو۔ اور کفار اہل ایمان کے بارے میں

اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَیْرًا مَّا سَبَقُوْنَاۤ اِلَیْهِ ؕ وَاِذْ لَمْ یَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَیَقُوْلُوْنَ

کہتے ہیں کہ اگر یہ (اسلام) کوئی بہتر چیز ہوتی تو یہ ہم سے سبقت نہ لے جاتے اس کی طرف ۱۵ اور چونکہ انہیں ہدایت نصیب نہیں ہوئی قرآن سے تو یہ

۱۳ اے کفار! مجھے یہ بتاؤ کہ اگر یہ قرآن اللہ تعالیٰ کا نازل کردہ ہو اور تم اس کا انکار کر رہے ہو تو تم نے کبھی سوچا اس کا انجام کس قدر ہولناک ہوگا۔ اس لیے ضد اور عناد کو دل سے نکال دو اور اس کتاب الٰہی کو تسلیم کرو۔

۱۴ تعجب ہے کہ بنی اسرائیل کے پاس موسیٰ علیہ السلام تشریف لائے۔ انہیں تورات عطا کی گئی۔ بنی اسرائیل نے اس کتاب کو بھی مان لیا اور موسیٰ علیہ السلام کی نبوت پر بھی ایمان لے آئے۔ تمہارے پاس قرآن کریم جیسی عظیم اور بے مثل کتاب آئی ہے اور اس کتاب کو لے کر آنے والی وہ ہستی ہے جس کی عظمتوں کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے باوجود تم کتاب پر ایمان لاتے ہو اور نہ اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول پر۔ تم نے غرور و سرکشی کی روش اختیار کر رکھی ہے۔ سن لو! جو قوم ظلم کو اپنا شعار بنا لیتی ہے اللہ تعالیٰ حق قبول کرنے کی توفیق سے اس کو محروم کر دیتا ہے۔

بعض مفسرین نے شَاهِدٌ سے مراد عبداللہ بن سلامؓ کو لیا ہے، لیکن یہ درست نہیں۔ کیونکہ حضرت عبداللہ ہجرت کے بعد ایمان لائے اور یہ آیت ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ حضرت مسروق کا قول ہے: "قال مسروق فالتوراة مثل القرآن وموسیٰ مثل محمد وامنوا بالتوراة وبرسولهم وكفرتم" (ابن جریر)

۱۵ غرور اور تکبر نے انہیں اس غلط فہمی میں مبتلا کر دیا تھا کہ وہ عقل کل ہیں۔ جس بات کو وہ پسند کریں وہی پسندیدہ ہے اور جس کو وہ مسترد کر دیں اسے ردی کی ٹوکری میں پھینکنا چاہیے۔ حق و باطل کے پرکھنے کے لیے وہ اپنے آپ کو معیار قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ جب دعوت اسلام لوگوں کو اپنی طرف کھینچنے لگی اور ان میں اکثریت غلاموں، کنیزوں، غریبوں اور فقیروں کی تھی تو انہوں نے لوگوں کو اسلام سے دور رکھنے کے لیے یہ کہنا شروع کر دیا کہ اگر اس دین میں کوئی خوبی ہوتی تو بھلا ہم اس کو رد کرتے۔ کیا یہ ممکن ہے

هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ﴿۱۱﴾ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۗ وَ

اب ضرور کہیں گے کہ (اجی) یہ تو وہی پرانا جھوٹ ہے ۱۶ حالانکہ اس سے پہلے کتاب موسیٰ رہنما اور رحمت بن کر آچکی ہے ۔ اور

هٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَبُشْرٰى

یہ کتاب (قرآن) تو اس کی تصدیق کرنے والی ہے عربی زبان میں ہے تاکہ بروقت خبردار کر دے ظالموں کو اور خوش خبری ہے

لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ

نیکوکاروں کے لیے ۱۷ بے شک جن لوگوں نے کہا ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر وہ اس پر ثابت قدم رہے پس کوئی خوف نہیں

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ

انہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے ۱۸ یہی لوگ جنتی ہیں ہمیشہ رہیں گے اس

کہ ایک اچھی چیز کو قبول کرنے میں یہ لوگ جو علم، تجربہ، دولت، شہرت ہر لحاظ سے ہم سے فروتر ہیں، سبقت لے جاتے ؟— ہرگز نہیں — ہم نے اسلام کو خوب جانچا ہے۔ اس میں ایسی خرابیاں دیکھی ہیں جن کی وجہ سے ہم نے اس کو قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ اے لوگو! تم خود بتاؤ کہ تم ان غلاموں، مفلسوں جو بے علم بھی ہیں، کم سمجھ بھی ہیں اور ناتجربہ کار بھی، ان کا منتخب کیا ہوا راستہ اپنے لیے پسند کرنا چاہتے ہو یا جو راہ ہم دانشوروں اور جہاندیدہ مشائخ و رؤسا نے اختیار کی ہے اس پر چلنا چاہتے ہو۔

۱۶ یہ لوگ خود بدنصیب تھے۔ شقاوت نے ان کو قبولِ حق سے محروم رکھا۔ اب ان کی مرضی ہے کہ ساری دنیا اس فیض سے محروم رہے، اس لیے وہ بڑی شد و مد سے اسلام کے بارے میں جھوٹا پروپیگنڈہ کرتے ہیں کہ یہ جھوٹ ہے ایسا جھوٹ جو صدیوں سے بولا جا رہا ہے۔ خبردار اس کے نزدیک نہ جانا۔

۱۷ ان کے اس دعوے کے رد میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ قدیم جھوٹ نہیں بلکہ قدیم سچائی ہے۔ ایسی سچائی جس کو ہر زمانہ کے پاکباز لوگوں نے قبول کیا اور حرزِ جان بنایا۔ قرآن کریم سے پہلے ہم نے موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل کی جو بعینہٖ وہی دعوت دیتی رہی جس کی دعوت قرآن دیتا ہے۔ قرآن کریم تورات کی تصدیق کرتا ہے اور جو لوگ ظلم اور نافرمانی کی روش اختیار کیے ہوئے ہیں ان کو بروقت ہولناک انجام سے آگاہ کرتا ہے اور جن لوگوں نے تقویٰ و پارسائی کو اپنا شعار بنا رکھا ہے انہیں نوید رحمت سناتا ہے اور ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

۱۸ اس کا بیان حٰمٓ السجدہ میں گزر چکا ہے۔ آیات ۳۰، ۳۱، ۳۲ کے حواشی ملاحظہ ہوں۔

فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ

ہیں۔ یہ جزا ہے ان نیکیوں کی جو وہ کیا کرتے تھے۔ اور ہم نے حکم دیا ہے انسان کو کہ اپنے والدین کے ساتھ اچھا

اِحْسٰنًا ۭ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۭ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ

سلوک کرے ۱۹؎ (اپنے شکم میں) اٹھائے رکھا اس کو اس کی ماں نے بڑی مشقت سے اور جنا اس کو بڑی تکلیف سے اور اس کے حمل اور اس کے دودھ

۱۹؎ عام طور پر قرآن کریم میں توحید، دلائل توحید اور فرائض بندگی کے ذکر کے بعد حقوق والدین کی طرف زور دار الفاظ میں توجہ دلائی جاتی ہے۔ یہاں بھی مشرکین کی غلط فہمیوں کے ازالہ کے بعد اور اہل استقامت کی کامرانیوں کے بیان کے بعد قارئین کی توجہ والدین کی خدمت اور دلجوئی کی طرف مبذول کرائی جارہی ہے۔ علامہ ابن منظور لکھتے ہیں کہ وصیت کا فاعل جب اللہ تعالیٰ ہو تو اس کا معنی فرض کرنا ہوتا ہے۔ لان الوصیۃ من اللہ انما ھی فرض (لسان العرب) اگرچہ ماں باپ دونوں کے ساتھ حسن سلوک اور ان کی خدمت اور ہر طرح سے دلجوئی کا حکم بار بار دیا ہے۔ بایں ہمہ اس آیت سے صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ ماں کا حق باپ سے کئی گنا زیادہ ہے۔ یہاں ان تکالیف اور مشقتوں کا مفصل تذکرہ ہے جو بچے کے سلسلہ میں صرف ماں برداشت کرتی ہے۔ جس روز رحم مادر میں حمل قرار پکڑتا ہے اس وقت سے ماں کی ساری جسمانی قوتیں جنین کی پرورش اور نگہداشت میں صرف ہونے لگتی ہیں، اس کی اپنی صحت کا نظام بُری طرح متاثر ہوتا ہے۔ نیند، بھوک وغیرہ معمولات میں نمایاں فرق رُونما ہو جاتا ہے۔ طبیعت گراں اور افسردہ رہتی ہے اور آئے دن ان مشقتوں میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ پیدائش کے لمحے تو ماں کو جان کنی کی کیفیت سے دوچار کر دیتے ہیں۔ ان جان لیوا مرحلوں سے گزرنے کے بعد پھر ایک طویل ریاضت کا عمل شروع ہو جاتا ہے۔ دُودھ پلانا، صبح و شام اس کی نگہداشت کرتے رہنا، بیماری کی صورت میں رات رات بھر اس کو گود میں اٹھائے رکھنا، اس کے آرام کی خاطر اپنا آرام بڑی خوشی اور محبت سے قربان کرنا صرف ماں کا حصہ ہے۔ ان تمام مشقتوں کا ذکر کر کے بتا دیا کہ ماں کی خدمت کا حق باپ سے کئی گنا زیادہ ہے۔ ایک شخص نے رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا یا رسول اللہ! میں کس سے نیکی کروں؟ فرمایا ماں سے۔ اس نے عرض کی اس کے بعد، فرمایا ماں سے۔ عرض کی اس کے بعد۔ فرمایا ماں سے۔ عرض کی اس کے بعد، چوتھی بار فرمایا اپنے باپ سے۔

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ جو مفسر ہونے کے علاوہ اپنے عہد کے مایۂ ناز فلسفی بھی تھے۔ انہوں نے اس آیت کے ضمن میں ان تبدیلیوں کا ذکر کیا ہے جن میں سے جنین کو دورانِ حمل گزرنا پڑتا ہے۔ آپ بھی اس کا خلاصہ سماعت فرمایئے اور دیکھیے کہ وہ خلاقِ عظیم انسان کی پیچیدہ ترین مشینری کو کس طرح بناتا ہے۔

امام لکھتے ہیں کہ جب منی رحم مادر میں پہنچتی ہے تو وہاں کی حرارت کی وجہ سے اس کی ہیئت میں گوناگوں تبدیلیاں رُونما ہونے لگتی ہیں۔ چھٹے دن وہ جھاگ کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ پھر اس میں خون کے تین نقطے ظاہر ہوتے ہیں۔ درمیانی نقطہ

ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَ بَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ

چھڑانے تک تیس مہینے لگ گئے ۲۰؎ یہاں تک کہ جب وہ اپنی پوری قوت کو پہنچا اور چالیس برس کا

بعد میں جا کر دل بنتا ہے۔ اوپر والا دماغ اور دائیں طرف والا جگر، پھر سُرخ رنگ کے دھاگے ظاہر ہوتے ہیں جو ان کو آپس میں ملاتے ہیں۔ یہ عمل تین دن میں ہوتا ہے۔ نو دن کے بعد یہ سارا مادہ خون میں بدلنے لگتا ہے اور چھ روز کی مدت میں وہ لوتھڑا بن جاتا ہے۔ پندرہ روز کے بعد یہ لوتھڑا گوشت کی شکل اختیار کرنے لگتا ہے۔ بارہ دن کی مدت میں تینوں اعضا متمیز ہونے لگتے ہیں اور مغز کا گودا پھیلنے لگتا ہے۔ ستائیس دن کے بعد پانچواں مرحلہ شروع ہوتا ہے۔ سر کندھوں سے الگ ہونے لگتا ہے۔ پسلیاں، بازو اور پیٹ اپنی ابتدائی شکل اختیار کرتے ہیں۔ اس تبدیلی میں نو دن لگتے ہیں۔ چھٹا مرحلہ جو چار دن کا ہوتا ہے اس میں مختلف اعضا اپنی مخصوص شکلیں اختیار کر لیتے ہیں۔ اس طرح چالیس دن کے عرصہ میں حضرت انسان کا ابتدائی ڈھانچہ تیار ہو جاتا ہے۔ کبھی کبھی یہ عرصہ پینتالیس دن کا ہوتا ہے اور اس کی کم از کم مدت تیس دن ہے۔ امام رازی فرماتے ہیں کہ ان طبی تحقیقات نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس ارشاد کی تصدیق کر دی۔ یجمع خلق احدکم فی بطن امہ اربعین یوما یعنی ماں کے شکم میں تمہاری آفرینش چالیس دن میں پوری ہوتی ہے۔ باقی عرصہ اس ڈھانچہ کو کامل و مکمل کرنے اور اس کی نوک پلک سنوارنے میں صرف ہوتا ہے۔

سبحان من یصور فی الارحام کیف یشاء۔ یقیناً ہر عیب سے پاک ہے وہ ذات جو رحموں میں تصویر بناتی ہے جیسی چاہتی ہے۔

۲۰؎ اس آیت سے اہل علم نے یہ مسئلہ مستنبط کیا ہے کہ حمل کی کم از کم مدت چھ ماہ ہے۔ کیونکہ یہ تیس مہینے حمل اور دُودھ پلانے کی مجموعی مدت ہے۔ دُودھ پلانے کی مدت دوسری آیت میں دو سال متعین ہے۔ والوالدات یرضعن اولادھن حولین کاملین یعنی مائیں اپنی اولاد کو پورے دو سال دُودھ پلائیں۔ اس کے بعد چھ ماہ بچتے ہیں اور یہ حمل کی اقل مدت ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں ایک عورت پیش کی گئی جس نے شادی کے چھ ماہ بعد بچہ جنا تھا۔ آپ نے اس کے متعلق صحابہ کرام سے مشورہ کیا۔ سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس پر کوئی رجم نہیں۔ کیا آپ نے ملاحظہ نہیں کیا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وحملہ وفصالہ ثلاثون شھرا۔ اس کے حمل اور فصال کی مدت تیس ماہ ہے۔ پھر فصال کی مدت کے متعلق فرمایا وفصالہ فی عامین دودھ چھڑانے کی مدت دو سال ہے۔ اس کے بعد حمل کے لیے صرف چھ ماہ رہ جاتے ہیں۔ حضرت فاروق اعظم نے اس عورت کو چھوڑ دیا۔ (مظہری)

قدیم اطباء کی بھی یہی تحقیق ہے۔ حکیم جالینوس سے منقول ہے کہ میں اس امر کی کھوج میں لگا رہا کہ حمل کی کم سے کم مدت کتنی ہے۔ یہاں تک کہ میں نے ایک ایسی عورت دیکھی جس نے ۱۸۴ دنوں (چھ ماہ چار دن) میں بچہ جنا۔ جدید تحقیقات سے بھی یہ ثابت ہو چکا ہے کہ بچے کو کم از کم ۲۸ ہفتے یعنی ۱۹۶ دن رحم میں رہنا پڑتا ہے۔ یہ چھ ماہ اور سولہ دن بنتے ہیں۔ دنوں کا یہ شمار اس وقت سے شروع ہوتا ہے جب عورت حیض سے فارغ ہوتی ہے اور اس طہر کا آغاز ہوتا ہے جس میں حمل قرار پاتا ہے۔ ضروری تو نہیں کہ طہر کے پہلے

قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ

ہو گیا ۲۱؎ تو اس نے عرض کی اے میرے رب! مجھے والہانہ توفیق عطا فرما کہ میں شکر ادا کرتا رہوں تیری اس نعمت کا جو تو نے مجھ پر اور

وَعَلٰى وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ

میرے والدین پر فرمائی اور (میں) ایسے نیک کام کروں جن کو تو پسند فرمائے اور صلاح (و رشد) کو میرے لیے میری اولاد

دنوں میں ہی حمل قرار پائے بلکہ جدید تحقیقات سے تو یہ بھی ثابت ہو چکا ہے کہ آئندہ حیض سے ۱۲ دن پہلے دو چار روز کے عرصہ میں عمل تلقیح وقوع پذیر ہوتا ہے۔ اس طرح یہ سولہ دن کا فرق بھی نہیں رہتا۔

حمل کی زیادہ سے زیادہ کتنی مدت ہے؟ قرآنِ کریم میں اس کا ذکر نہیں۔ البتہ بوعلی سینا نے اپنی مشہور کتاب "الشفا" کے نویں مقالہ میں لکھا ہے کہ مجھے نہایت باوثوق ذریعے سے معلوم ہوا ہے کہ ایک عورت کے ہاں حمل کے چوتھے سال بچہ پیدا ہوا۔ اس کے منہ میں دانت اگ آئے تھے۔ پھر وہ زندہ سلامت رہا۔ ارسطاطالیس نے کہا ہے کہ دیگر حیوانات کے لیے تو حمل کی مدت مقرر ہے لیکن انسان کے بارے میں یقینی تحدید مشکل ہے۔

امام رازی فرماتے ہیں کہ اس میں کیا حکمت ہے کہ قرآن کریم نے دودھ پلانے کی تو زیادہ سے زیادہ مدت بیان کی اور حمل کی کم سے کم مدت؟ اس کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں: ان المقصود من تقدیر اقل الحمل ستۃ اشھر وتقدیر اکثر الرضاع حولین کاملین السعی فی دفع الضرر والفواحش وانواع التھمۃ عن المرأۃ فسبحان من لہ تحت کل کلمۃ من ھذا الکتاب اسرار عجیبۃ ونفائس لطیفۃ تعجز العقول عن الاحاطۃ بکمالھا۔ (تفسیر کبیر)

ترجمہ: یعنی اس میں حکمت یہ ہے تاکہ عورت سے ہر قسم کی تہمت کا سدباب کیا جائے ضرر رسانی اور فحاشی کا قلع قمع ہو سکے۔ پاک ہے وہ ذات جس نے اس کتاب کے ہر کلمہ میں ہزاروں حکمتیں اور لطیفے ودیعت فرمائے ہیں جن کے احاطے سے عقل عاجز ہے۔

۲۱؎ جب انسان کی عمر چالیس سال ہوتی ہے تو اس کی جسمانی اور ذہنی قوتیں پورے شباب پر ہوتی ہیں۔ اس وقت نہ عنفوانِ شباب کا وہ اندھا جوش باقی رہتا ہے نہ بڑھاپے کی کمزوریوں نے پنجے گاڑے ہوتے ہیں۔ جسمانی اور ذہنی اعتبار سے یہ وقت بڑا معتدل ہوتا ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ ان الشیطان یجر یدہ علی وجہ من زاد علی الاربعین ولم یتب ویقول بابی وجہ لا یفلح۔ یعنی وہ آدمی جس کی عمر چالیس سال سے متجاوز ہوا اور پھر بھی وہ تائب نہ ہو تو شیطان اس کے منہ پر ہاتھ پھیرتا ہے (پنجہ مارتا ہے) اور کہتا ہے کہ یہ ایسا چہرہ ہے جو کبھی سرخرو نہ ہوگا۔ حضرت ابن عباس سے منقول ہے من اتی علیہ الاربعون سنۃ فلم یغلب خیرہ شرہ فلیتجھز الی النار (روح المعانی)

ترجمہ: جس کے چالیس سال گزر جائیں پھر بھی اس کی نیکی اس کی برائی پر غالب نہ ہو تو ایسے شخص کو دوزخ کی تیاری کرنی چاہیے۔

ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ

میں راسخ فرمادے۔ بے شک میں توبہ کرتا ہوں تیری جناب میں اور میں تیرے حکم کے سامنے سر جھکانے والوں میں سے ہوں ۲۲؎ یہی وہ

الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ

(خوش نصیب) ہیں قبول کرتے ہیں ہم جن کے بہترین اعمال کو اور درگزر کرتے ہیں ہم جن کی برائیوں سے،

۲۲؎ بندہ مومن کے عقائد و نظریات، اس کے افکار اور سوچ کا انداز، اس کی آرزوؤں اور امنگوں اور اس کی منزل مراد کا عکس جمیل اس آیت کے آئینے میں دیکھا جاسکتا ہے۔

سب سے پہلے وہ ان انعامات و احسانات کا اعتراف کرتا ہے جو اس پر کیے گئے ہیں، جن سے نہ صرف اس کو بلکہ اس کے والدین کو بھی نوازا گیا ہے۔ اعترافِ نعمت پر بس نہیں کرتا بلکہ ان کا کماحقہ شکر ادا کرنے کی توفیق مانگ رہا ہے اور یہ توفیق وَفِّقْنِیْ کے لفظ سے نہیں بلکہ اَوْزِعْنِیْ کے کلمہ سے طلب کی جارہی ہے کیونکہ اس لفظ سے طلب توفیق کے ساتھ ساتھ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جس چیز کی توفیق مانگی جارہی ہے اس کے دل میں اس کی شدید لگن اور حد درجہ شیفتگی بھی پائی جاتی ہے۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں رغبنی و وفقنی من اوزعته بکذا ای جعلته مولعًا به راغبًا فی تحصیله (روح المعانی) علامہ ابن منظور فرماتے ہیں اس آیت میں اوزعنی کا معنی یہ ہے کہ میرے دل میں شکر کا جذبہ القاء کر اور مجھے اس کا شوق دے ومعنی اوزعنی: الھمنی واولعنی (لسان العرب)

اس لفظ نے اس دعا کو کہاں سے کہاں تک پہنچا دیا۔

اس کے بعد عمل صالح کے لیے التجا کی جارہی ہے، لیکن وہ عمل صالح نہیں جس کو لوگ تو صالح کہیں، لوگ تو تحسین و آفرین کے پھول برسائیں لیکن ریا یا کسی دوسری خرابی کے باعث بارگاہ الٰہی میں اسے مسترد کر دیا جائے۔ اس لیے عرض کی کہ ایسے نیک اعمال کی توفیق مرحمت فرما جو تجھے بھی پسند ہوں۔ پھر عرض کرتا ہے کہ الٰہی ایسا نہ ہو کہ جب تک میری شمع حیات روشن ہے نیکی اور خلوص کا اجالا چھیتا رہے، ادھر یہ شمع گل ہو اور ادھر غفلت کا اندھیرا چھا جائے۔ میرے اللہ! جو اولاد تو نے اپنے اس بندے کو عطا فرمائی ہے میرے سفید بالوں کی لاج رکھنا، ان کو شیطان کے نرغے میں پھنسنے سے بچانا، ان کی جبینیں تیرے حضور میں جھکتی رہیں، ان کے دلوں پر تیرے انوارِ رحمت کی برکھا ہوتی رہے۔ ان کے سینوں کو اپنے محبوب کریم شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سچی غلامی اور زندہ عشق کی دولت سے مالا مال فرما، جب تک زندہ رہیں تیرے بندے بن کر، تیرے پیارے رسول کے غلام بن کر اور تیرے دین حنیف کے سچے مخلص اور بلند اقبال خادم بن کر زندہ رہیں۔

واصلح لی فی ذریتی میں "لی" اور "فی" کے الفاظ بڑے معنی خیز ہیں۔

دعا کے آخری جملے کیا ہیں اظہار بندگی کی انتہا، تسلیم و رضا کا مظہر اتم، بندہ عرض کرتا ہے میرے رب! سب سے منہ

فِیْۤ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِیْ كَانُوْا یُوْعَدُوْنَ ۝۱۶ وَالَّذِیْ

یہ جنتیوں میں سے ہوں گے۔ یہ اللہ کا، سچا وعدہ ہے جو (اہل ایمان سے) کیا گیا ہے ۲۳ے اور جس نے

قَالَ لِوَالِدَیْهِ اُفٍّ لَّكُمَاۤ اَتَعِدٰنِنِیْۤ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ

کہا اپنے والدین کو ۲۴ے افسوس ہے تمہارے حال پر کیا تم مجھے دھمکی دیتے ہو اس کی کہ میں (قبر سے) نکالا جاؤں گا حالانکہ گزر چکی ہیں کئی صدیاں

مِنْ قَبْلِیْ ۚ وَهُمَا یَسْتَغِیْثٰنِ اللّٰهَ وَیْلَكَ اٰمِنْ ۖۗ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

مجھ سے پہلے (ان میں سے تو کوئی اب تک زندہ نہ ہوا) اور اس کے والدین بارگاہ الٰہی میں فریاد کرتے ہیں (اور اسے کہتے ہیں) تیرا ستیاناس (خانہ خراب ہو) ایمان لے آ۔

حَقٌّ ۚ فَیَقُوْلُ مَا هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ۝۱۷ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ

یقیناً اللہ کا وعدہ سچا ہے تو وہ (جواباً) کہتا ہے نہیں ہیں یہ دھمکیاں مگر پہلے لوگوں کی فرسودہ کہانیاں ۲۵ے یہی وہ (بدبخت) ہیں جن پر

حَقَّ عَلَیْهِمُ الْقَوْلُ فِیْۤ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ

ثابت ہو چکا ہے عذاب کا فرمان ان گروہوں میں جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں جنوں

موڑ کر میں تیری طرف، صرف تیری طرف رجوع کرتا ہوں، میں ان لوگوں میں سے ایک ہوں جنہوں نے حضرت خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنت پر عمل کرتے ہوئے قولاً، عملاً، حالاً انی اسلمت لرب العالمین کا نعرۂ مستانہ لگایا اور اپنی گردنیں جھکا دیں۔

مومن کو چاہیے کہ اس دعا کو یاد کرے اور ورد زبان رکھے ہر وقت ان پاکیزہ کلمات سے صدا دیتا رہے۔

۲۳ے پہلے شانِ بندگی کا اظہار تھا، یہاں شانِ بندہ نوازی پوری ادائے دلبری سے جلوہ نما ہے۔ انسان کو یہ مقام نصیب ہو جائے تو اسے اور کیا چاہیے۔

۲۴ے سابقہ آیات میں بندۂ مومن کا کردار بیان کیا گیا کہ وہ اپنے رب کا اطاعت گزار اور اپنے والدین کا فرمانبردار ہوتا ہے۔ جن گرانقدر نعمتوں سے اسے سرفراز کیا جاتا ہے ان کا شکریہ ادا کرتا رہتا ہے۔ اب ایسے شخص کا کردار بیان کیا جا رہا ہے جسے آخرت پر ایمان نہیں۔ وہ اپنے خالق سے روگرداں ہے۔ اپنے ماں باپ کا گستاخ ہے۔ انہیں بات بات پر جھڑکتا ہے۔ اگر وہ اس کی اصلاح احوال کے لیے کوشش کرتے ہیں تو ان کا مذاق اڑاتا ہے۔ ان کو احمق اور بیوقوف سمجھتا ہے۔ کہتا ہے یہ پرانے لوگوں کے من گھڑت قصے ہیں۔ ان دونوں کرداروں کا بنظر غائر مطالعہ کیجیے۔ آپ کو از خود پتہ چل جائے گا کہ آخرت پر ایمان لانے والے اور آخرت کا انکار کرنے والے میں کتنا اور کیسا فرق ہوتا ہے۔

۲۵ے ماں باپ کی شفقت ملاحظہ ہو بارگاہ الٰہی میں بھی اس کے ہدایت یافتہ ہونے کی عاجزانہ دعائیں کر رہے ہیں اور ساتھ ساتھ

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ۝۱۸ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ

اور انسانوں میں سے ۲۶؎ بے شک وہ سراسر گھاٹے میں تھے۔ اور ہر ایک کے لیے مرتبے ہوں گے ان کے اعمال کے مطابق ۲۷؎

وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝۱۹ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ

اور اللہ تعالیٰ پورا پورا دے گا انہیں ان کے اعمال کا بدلہ اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ اور جس روز لا کر کھڑا کر دیا جائے گا

كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ۭ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ

کفار کو آگ کے سامنے (تو انہیں کہا جائے گا) تم نے ختم کر دیا تھا اپنی نعمتوں کا حصہ اپنی دنیوی زندگی میں اور خوب لطف اٹھا لیا تھا تم نے

بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي

ان سے ۲۸؎ آج تمہیں رسوائی کا عذاب دیا جائے گا بوجہ اس گھمنڈ کے جو تم

اسے بھی سمجھا رہے ہیں۔

۲۶؎ بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ آیت حضرت صدیق اکبرؓ کے بیٹے عبدالرحمٰن یا عبداللہ کے حق میں نازل ہوئی کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ اس قسم کا سلوک کرتے تھے۔ اس آیت سے اس رائے کی تردید ہوتی ہے کیونکہ ان لوگوں کے بارے میں بتا دیا کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ ان کے بارے میں عذاب کا فیصلہ قطعی ہے، لیکن حضرت عبداللہ اور حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہما دونوں مشرف باسلام ہوئے اور ان کا شمار اکابر اسلام میں ہوتا ہے۔

۲۷؎ اہل زیغ وضلال کو بھی دوزخ میں ان کے اعمال کے مطابق جگہ ملے گی۔

۲۸؎ کفار کو روزِ حشر جہنم کے کنارے لا کھڑا کیا جائے گا۔ انہیں اپنی دنیوی شان وشوکت یاد آئے گی۔ دنیا میں جو اچھے کام انہوں نے کیے تھے وہ انہیں یاد کریں گے۔ انہیں بتایا جائے گا کہ جو تم نے اچھے کام کیے تھے ان کا معاوضہ تمہیں دنیا ہی میں دے دیا گیا تھا۔ تمہیں دولت دی، عزت دی، شہرت دی۔ تمہارا سارا حساب چکا دیا گیا۔ آج تو تمہیں اس کفر وشرک کی سزا دی جائے گی جو عمر بھر تم کرتے رہے اور بار بار سمجھانے کے باوجود اس سے باز نہیں آئے۔

حضور فخرِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عمداً زندگی کی آسائشوں، لذیذ کھانوں اور شاندار مکانات سے اجتناب فرمایا کرتے تھے۔ ایک روز حضرت عمر رضی اللہ عنہ خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا پیارا رسول ایک چٹائی پر آرام فرما ہے جو ریت پر بچھی ہوئی ہے اور ریت ایک پہلو کو لگی ہوئی ہے۔ چمڑے کا ایک گدا ہے جس میں کھجور کے پتے بھرے ہیں۔ حضرت عمر نے عرض کی یا رسول اللہ! قیصر وکسریٰ یوں آرام وعیش کی زندگی بسر کریں اور اللہ تعالیٰ کا حبیب یوں ریت پر لیٹے۔ یا رسول اللہ! دعا فرمایئے اللہ تعالیٰ آپ کی امت کو وسیع رزق عطا فرمائے۔ سرورِ کائنات نے فرمایا اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْاٰخِرَةُ۔

الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ۭ اِذْ

زمین میں ناحق کیا کرتے تھے اور بوجہ تمہاری نافرمانیوں کے۔ (اے حبیب!) ذکر سنائیے انہیں قوم عاد کے بھائی

اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ

(ہود) کا جب ڈرایا اس نے اپنی قوم کو احقاف میں ۲۹؎ اور گزر چکے تھے ڈرانے والے ان سے پہلے بھی اور

اے عمر! کیا تم اس پر راضی نہیں کہ انہیں دنیا دے دی جائے اور ہمیں آخرت۔

اس حسنِ تربیت اور نگاہ شفقت کا نتیجہ تھا کہ حضرت فاروق اعظم ؓ ہمیشہ لذت و عشرت سے کنارہ کش رہے۔ اپنے عہد خلافت میں بھی سادگی کو اپنا شعار بنائے رکھا۔ فتح بیت المقدس کے سلسلہ میں آپ شام تشریف لے گئے۔ آپ کے اعزاز میں بڑی پرتکلف دعوت کا اہتمام کیا گیا۔ دستر خوان پر چنے ہوئے رنگ برنگ کھانوں کو دیکھ کر فرمایا یہ تو ہمارے لیے ہے ان فقیر مسلمانوں کو کیا ملا جنہوں نے عمر بھر جو کی روٹی بھی سیر ہو کر نہ کھائی۔ حضرت خالد نے عرض کی "لهم الجنة"۔ انہیں تو جنت مل گئی۔ یہ سن کر آپ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور فرمایا کہ اگر ہمارے لیے دنیا کا یہ ایندھن ہے اور انہیں جنت مل گئی ہے تو وہ ہم سے بہت آگے نکل گئے۔

۲۹؎ قریش مکہ کو ایک ایسی قوم کی تباہی کا حال سنایا جا رہا ہے جو ان سے جسمانی قوت، مال و دولت کے اعتبار سے کہیں بڑھے ہوئے تھے اور اپنے سیاسی اثر و رسوخ کے باعث سارے عرب میں معروف تھے لیکن جب انہوں نے راہ حق سے انحراف کر لیا اور اپنے نبی حضرت ہود علیہ السلام کے سمجھانے کے باوجود باز نہ آئے تو ان کو نیست و نابود کر دیا گیا۔

الاحقاف: مشہور جغرافیہ دان یاقوت حموی اس عنوان کے ضمن میں لکھتے ہیں:

الاحقاف جمع حقف من الرمل والعرب تسمى الرمل المعوج حقافا واحقافا والاحقاف المذكور في الكتاب العزيز الاحقاف رمل فيما بين عمان الى حضرموت۔ (معجم البلدان جلد دوم)

ترجمہ: احقاف، حقف کی جمع ہے اور عرب ریت کے بل کھاتے ہوئے ٹیلے کو حقاف یا احقاف کہتے ہیں۔ قرآن کریم میں احقاف سے مراد وہ ریگستان ہے جو عمان سے حضر موت تک پھیلا ہوا ہے۔

اس کا کل رقبہ تین لاکھ مربع میل بتایا جاتا ہے۔ اسے "الربع الخالی" بھی کہتے ہیں۔ بعض مقامات پر ریت اتنی باریک ہے کہ جو چیز وہاں پہنچے اندر دھنستی چلی جاتی ہے۔ بڑے بڑے مہم جو سیاح بھی اس کو عبور کرنے کی جرأت نہیں کرتے۔

یہی وہ علاقہ ہے جہاں کسی زمانہ میں اپنے عہد کی ایک طاقتور، زبردست اور متمول قوم آباد تھی جس کی دولت و ثروت کے افسانے دور و نزدیک ہر زبان زدِ عوام تھے۔ جب انہوں نے اپنے نبی کی دعوت کو ٹھکرا دیا تو عذاب الٰہی نے ان کا نام و نشان تک بھی باقی نہ رہنے دیا۔ آج اس علاقہ کی ویرانی اور بربادی کو دیکھ کر یہ اندازہ ہی نہیں لگایا جا سکتا کہ یہ علاقہ قوم عاد کا مسکن تھا یہاں

صحرائے الاحقاف ۔ متعلقہ آیت ۲۱ سورہ الاحقاف

جبل طویق
صحرائے دھناء
الربع الخالی
صحرائے الاحقاف
حضرموت
عمان
مسقط
خلیج عمان

مِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ

ان کے بعد بھی ۳۰ کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کسی کی عبادت نہ کرو (ورنہ) مجھے اندیشہ ہے کہ تم پر بڑے دن کا عذاب نہ

عَظِیْمٍ ۝۲۱ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ

آجائے۔ وہ (برافروختہ ہوکر) بولے (اے ہود) کیا تم اس لیے ہمارے پاس آئے ہو کہ ہمیں ہمارے خداؤں سے برگشتہ کردو ۳۱ لے آؤ وہ عذاب جس

كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ۝۲۲ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ٘ وَ اُبَلِّغُكُمْ مَّآ

کی تم ہمیں دھمکیاں دیتے رہتے ہو اگر تم سچے ہو۔ ہود نے فرمایا کہ نزول عذاب کا علم تو اللہ کے پاس ہے ۳۲ اور میں (بار بار) پہنچا رہا ہوں

اُرْسِلْتُ بِهٖ وَ لٰكِنِّیْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ۝۲۳ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا

تمہیں وہ پیغام جو میں دے کر بھیجا گیا ہوں لیکن میں تمہیں دیکھتا ہوں کہ تم جاہل قوم ہو۔ پس جب انہوں نے دیکھا عذاب کو

مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِیَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ؕ بَلْ هُوَ مَا

بادل کی صورت میں کہ وہ ان کی وادیوں کی طرف آرہا ہے تو بولے یہ بادل ہے ہم پر برسنے والا ہے ۳۳ (نہیں نہیں!) بلکہ یہ تو وہ

کبھی گنجان شہر اور بارونق بستیاں آباد تھیں، یہاں کبھی پھول کھلتے اور بلبلیں چہچہاتی تھیں، یہاں کبھی میٹھے پانی کے چشمے ابلتے اور نہریں بہتی تھیں۔ اے مکہ کے سرکشو! غور کرو کیا تم ایسے عبرت ناک انجام کے لیے تیار ہو!

۳۰ یہ جملہ معترضہ ہے۔ بتایا حضرت ہود ان میں آنے والے پہلے نبی نہ تھے بلکہ ان سے پیشتر کئی نبی تشریف لا چکے تھے اور بعثت انبیاء کا سلسلہ ان کے بعد بھی جاری رہا۔

۳۱ انہوں نے ہود علیہ السلام کی دعوت کو سنا تو غصہ سے لال پیلے ہوگئے۔ کہنے لگے اچھا تم اس لیے آئے ہو کہ ہمیں اپنے خداؤں سے برگشتہ کردو، ہمیں اپنے آباء و اجداد کے مذہب سے بہکا دو۔ جاؤ ہم تمہاری بات نہیں مانتے۔ جس عذاب سے تم ہمیں ہر وقت ڈراتے ہو اسے لے آؤ۔

۳۲ آپ نے فرمایا عذاب کا وقت مقرر ہو چکا ہے۔ جب موعودہ گھڑی آئے گی تو عذاب خود بخود آجائے گا۔ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے کہ اس نے تمہاری تباہی کے لیے کون سی تاریخ مقرر فرمائی ہے۔ میرا کام تمہیں بروقت خبردار کرنا ہے اور تم ہو کہ جاہلوں اور نادانوں کی سی باتیں بنا رہے ہو۔

۳۳ جب مقررہ وقت آپہنچا تو افق پر انہیں کالی گھٹا نظر آئی جو ان کی وادی کی طرف مستانہ وار بڑھتی چلی آرہی تھی اسے دیکھ

اسْتَعْجَلْتُم بِهِ ۖ رِيحٌ فِيهَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢٤﴾ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍ بِأَمْرِ

عذاب ہے جس کے لیے تم جلدی مچا رہے تھے، (یہ) تند ہوا ہے اس میں دردناک عذاب ہے ۳۴ تہس نہس کر کے رکھ دے گی ہر چیز کو اپنے

رَبِّهَا فَأَصْبَحُوا لَا يُرَىٰ إِلَّا مَسَاكِنُهُمْ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ

رب کے حکم سے پس جب ان پر صبح ہوئی تو نہ دکھائی دی کوئی چیز بجز ان کے ویران مکانوں کے۔ اسی طرح ہم سزا دیتے

الْمُجْرِمِينَ ﴿٢٥﴾ وَلَقَدْ مَكَّنَّاهُمْ فِيمَا إِن مَّكَّنَّاكُمْ فِيهِ وَجَعَلْنَا

ہیں مجرموں کو۔ اور ہم نے ان کو وہ قوت و طاقت بخشی تھی جو ہم نے تمہیں نہیں دی اور ہم نے عطا کیے تھے

لَهُمْ سَمْعًا وَأَبْصَارًا وَأَفْئِدَةً فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَا

انہیں کان، آنکھیں اور دل ۳۵ لیکن ان کے کسی کام نہ آئے ان کے کان، نہ

أَبْصَارُهُمْ وَلَا أَفْئِدَتُهُم مِّن شَيْءٍ إِذْ كَانُوا يَجْحَدُونَ بِآيَاتِ

ان کی آنکھیں اور نہ ان کے دل کیونکہ وہ انکار کیا کرتے تھے اللہ تعالیٰ کی آیتوں

کہ وہ باغ باغ ہو گئے۔ لو بادل آیا، ابھی برسے گا، کہ وہ دمن سیراب ہو جائیں گے۔ ندیاں، نالے اور وادیاں پانی سے لبریز ہو جائیں گی۔

۳۴ نادانو! یہ بارش نہیں، المناک عذاب ہے جو تند و تیز آندھی کی شکل میں نمودار ہو رہا ہے۔ چنانچہ سات راتیں اور آٹھ دن مسلسل جھکڑ چلتا رہا۔ وہ لاکھوں ٹن ریت کے نیچے دفن ہو گئے۔ ان کے باغات کا نام و نشان باقی نہ رہا اور مستحکم محلات کی بنیادیں لرز گئیں۔

۳۵ قوت و مال میں وہ تم سے کہیں زیادہ تھے۔ انہیں سننے کے لیے کان، دیکھنے کے لیے آنکھیں اور سمجھنے کے لیے دل دیئے گئے تھے لیکن انہوں نے اس سے فائدہ نہ اٹھایا اور آیات الٰہی کا پیہم انکار کرتے رہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی ساری صلاحیتیں بانجھ ہو کر رہ گئیں اور ان کا انجام بڑا دردناک ہوا۔

ان آیات کو پڑھ کر یوں ہی آگے نہ بڑھ جائیے بلکہ لمحہ دو لمحہ کے لیے توقف فرمائیے۔ ان آیات میں آپ کے لیے جو درس عبرت ہے اس کو سمجھنے کی کوشش کیجیے۔

قرآن حکیم نے ان واقعات کو کہانی اور افسانے کے طور پر پیش نہیں کیا بلکہ اپنے قارئین کے شعور کو جھنجھوڑنے کے لیے، ان کو اپنا محاسبہ کرنے پر مائل کرنے کے لیے، ان کے اعمال کے آئینہ میں انہیں ان کا چہرہ دکھانے کے لیے ان واقعات کو پیش کیا ہے۔ غور کیجیے اور بتائیے کیا ہم اپنے کانوں، اپنی آنکھوں اور فہم و فراست کی قوتوں کو صحیح استعمال کر رہے ہیں۔ یاد رکھیے قدرت کے قوانین اٹل ہیں۔ یہ

اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا

کا اور احاطہ کر لیا ان کا اس (عذاب) نے جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے۔ اور ہم نے برباد کر دیے وہ گاؤں

حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَوْلَا

جو تمہارے اردگرد (آباد) تھے [۳۷] اور ہم نے مختلف انداز میں اپنی نشانیاں پیش کیں شاید وہ (حق کی طرف) لوٹ آئیں۔ پس کیوں

نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ بَلْ ضَلُّوْا

مدد نہ کی ان کی [۳۸] ان معبودوں نے جنہیں اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر انہوں نے تقرب کے لیے اپنے خدا بنا رکھا تھا [۳۹] بلکہ وہ تو ان سے

عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ

نو دو گیارہ ہو گئے۔ اور یہ محض ان کا ڈھونگ تھا اور بہتان جو وہ باندھتے تھے۔ اور جس وقت ہم نے متوجہ کیا آپ کی

ہمیشہ یکساں رہتے ہیں۔ کسی کی خاطر ان میں رد و بدل نہیں کیا جاتا۔

[۳۷] اے اہل مکہ! تمہارے قرب و جوار میں بھی حجر ثمود، قوم لوط کے کئی اُجڑے ہوئے شہروں اور ویران بستیوں کے کھنڈرات موجود ہیں۔ تمہارے تجارتی قافلے ان کے پاس سے گزرتے ہیں۔ ان کے اُداس در و دیوار سے پوچھو کہ ان پر کیا بیتی۔ وہ تمہیں بتائیں گے کہ اللہ تعالیٰ کے نبیوں نے یہاں بسنے والوں کو بہتیرا سمجھایا، طرح طرح کے معجزات دکھلائے لیکن بدبختی نے ان پر یوں قبضہ جما رکھا تھا کہ انہوں نے ان کی ایک نہ سنی۔ وہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر معبودانِ باطل کی بندگی کا دم بھرتے رہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اللہ تعالیٰ کے غضب کا شکار ہو گئے۔

[۳۸] انہیں اپنے بتوں اور دیوی دیوتاؤں کی قوت پر بڑا ناز تھا لیکن جب اللہ تعالیٰ کا عذاب آیا تو وہ یوں غائب ہو گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔ اس آڑے وقت میں انہوں نے اپنے پجاریوں کی خبر تک نہ لی۔ ان بتوں کی خدائی کا دعویٰ ان بے جان معبودوں کی مدد پر بھروسا اور ان کی شفاعت پر یقین یہ سراسر فریب ہے۔ اس میں کوئی حقیقت نہیں۔ اس آیت سے بھی کفار کے عقیدہ کی حقیقت واضح ہو گئی کہ وہ اپنے بتوں کو الٰهة یعنی خدا اور معبود یقین کرتے تھے۔ جو بھی کسی کو اللہ تعالیٰ کے سوا خدا اور معبود خیال کرتا ہے اس کا یہی حال اور انجام ہوگا۔

[۳۹] علامہ قرطبی الذین اتخذوا من دون اللہ قربانا الٰهة کی ترکیب کرتے ہوئے لکھتے ہیں اتخذوا کا مفعول اول ضمیر محذوف ہے جس کا مرجع الذین ہے اور الٰهة مفعول ثانی ہے اور قربانا حال ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ قربانا کو مفعول ثانی اور الٰهة کو اس کا بدل بنانا درست نہیں۔

نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ

طرف جنات کی ایک جماعت کو کہ وہ قرآن سنیں ۳۰ تو جب آپ کی خدمت میں پہنچے تو بولے خاموش ہو کر سنو۔

فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝۲۹ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا

پھر جب تلاوت ہو چکی تو لوٹے اپنی قوم کی طرف ڈر سناتے ہوئے۔ انہوں نے (جا کر) کہا اے ہماری قوم!

سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

ہم نے (آج) ایک کتاب سنی ہے جو اتاری گئی ہے موسیٰ (علیہ السلام) کے بعد تصدیق کرنے والی ہے پہلی کتابوں کی

يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۳۰ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ

رہنمائی کرتی ہے حق کی طرف اور راہِ راست کی طرف۔ اے ہماری قوم! قبول کر لو اللہ کی طرف

۳۰ جنات بھی حضور کی امتِ دعوت میں شامل ہیں۔ اس آیت میں بارگاہِ رسالت میں جنات کی پہلی حاضری کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ اکثر مفسرین کے قول کے مطابق یہ واقعہ وادی نخلہ میں پیش آیا جبکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام عشاء کی نماز یا صبح کی نماز میں تلاوت فرما رہے تھے۔ جنوں کے ایک گروہ کا گزر اس وادی سے ہوا۔ یہ اثر انگیز کلام سن کر وہ رک گئے اور ایک دوسرے کو تاکید کی کہ خاموشی سے سنیں۔ جب انہوں نے قرآن کریم کی آیات کو سنا تو ان کے دل کی دنیا بدل گئی۔ خود اسلام قبول کیا اور اسلام کے داعی اور مبلغ بن کر اپنی قوم کے پاس پہنچے۔ انہیں بتایا کہ کس طرح انہیں کلام الٰہی سننے کی سعادت نصیب ہوئی ہے۔ وہ ایسا کلام ہے جو گزشتہ انبیاء اور ان کی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے۔ راہِ حق کو واضح کرتا ہے۔ ان جنوں نے اپنی قوم کو دعوت دی کہ وہ ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اس پر ایمان لائیں۔ ان کے گناہ بخش دیے جائیں گے۔ انہیں عذابِ الٰہی سے نجات مل جائے گی۔

اس کے علاوہ ہجرت سے پہلے اور ہجرت کے بعد جنات کی حاضری کا سلسلہ جاری رہا۔ وہ حضور کی زبانِ اقدس سے کلام الٰہی سنتے۔ شریعت کے مسائل دریافت کرتے اور اپنی قوم میں جا کر ان کی تبلیغ کرتے۔ علامہ خفاجی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ہجرت سے پہلے چھ بار جنات حاضرِ خدمتِ اقدس ہوئے۔ اس طرح وہ احادیث جن میں اس واقعہ کو مختلف انداز سے بیان کیا گیا ہے ان میں بھی تطبیق ہو جائے گی۔

جنات کی تبلیغ کا ایک عجیب واقعہ علامہ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے۔ آپ بھی ملاحظہ فرمائیے:

"حضرت براء بن عازب فرماتے ہیں کہ ایک روز حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ آپ نے پوچھا تم میں سواد بن قارب ہے؟ خاموشی طاری رہی۔ آئندہ سال پھر آپ نے یہی سوال دہرایا۔ میں نے عرض کی یہ سواد کون صاحب ہیں؟ فرمایا ان

نقشہ متعلق سورہ الاحقاف
آیت نمبر ۲۹

اللّٰہِ وَ اٰمِنُوْا بِہٖ یَغْفِرْ لَکُمْ مِّنْ ذُنُوْبِکُمْ وَ یُجِرْکُمْ مِّنْ عَذَابٍ

بلانے والے کی دعوت کو اور اس پر ایمان لے آؤ بخش دے گا تمہارے لیے تمہارے گناہوں کو اور بچالے گا تمہیں دردناک عذاب

اَلِیْمٍ ۝ وَ مَنْ لَّا یُجِبْ دَاعِیَ اللّٰہِ فَلَیْسَ بِمُعْجِزٍ فِی الْاَرْضِ وَ

سے ۔ اور جو قبول نہیں کرتا اللہ کی طرف بلانے والے کی دعوت کو تو وہ اللہ کو عاجز کرنے والا نہیں زمین میں (کہ اس سے بچ کر

لَیْسَ لَہٗ مِنْ دُوْنِہٖۤ اَوْلِیَآءُ ؕ اُولٰٓئِکَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝ اَوَ لَمْ

بھاگ نکلے) اور نہیں اس کے لیے اللہ کے سوا کوئی مددگار ۔ یہ (منکر لوگ) کھلی گمراہی میں ہیں ۔ کیا انہوں نے

کے ایمان لانے کا واقعہ بڑا عجیب و غریب ہے۔ اسی اثنا میں حضرت سواد بھی آپہنچے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا اے سواد! اپنے ایمان لانے کا واقعہ بیان کرو۔ سواد بولے: اے امیر المومنین! میں ہند میں تھا اور ایک جن میرا تابع تھا۔ ایک شب میں سویا ہوا تھا اور اس نے آکر مجھے خواب میں کہا اٹھو اور میری بات غور سے سنو اللہ تعالیٰ نے قبیلہ لؤی بن غالب سے ایک نبی مبعوث فرمایا ہے۔ وہ دعوت دے رہا ہے اس پر ایمان لاؤ۔ تین رات یوں ہی ہوتا رہا۔ اس کے بار بار کہنے سے میرے دل میں اسلام کی محبت پیدا ہو گئی۔ میں اونٹنی پر سوار ہوا اور مکہ مکرمہ پہنچا۔ وہاں میں نے دیکھا کہ لوگ حضورؐ کے آس پاس حلقہ بنائے بیٹھے ہیں۔ جب حضور کی نظر مجھ پر پڑی تو فرمایا مرحبا بک یا سواد بن قارب! قد علمنا ما جاء بک۔ اے سواد! خوش آمدید۔ جو تجھے لے آیا ہے ہم اس کو بھی جانتے ہیں۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ! میں نے چند شعر عرض کیے ہیں۔ اجازت ہو تو پیش کروں۔ حضورؐ نے اجازت دی۔ انہوں نے قصیدہ پیش کیا۔ ابتدا میں اپنے خواب کا واقعہ بیان کیا۔ پھر بڑے محبت بھرے انداز میں اپنے ایمان کا اعلان کیا۔ چند شعر آپ بھی سنیے:

① فَاَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ لَا رَبَّ غَيْرُهٗ ۔۔۔ وَاَنَّكَ مَاْمُوْنٌ عَلٰى كُلِّ غَائِبِ

② وَاَنَّكَ اَدْنَى الْمُرْسَلِيْنَ وَسِيْلَةً ۔۔۔ اِلَى اللّٰهِ يَا ابْنَ الْاَكْرَمِيْنَ الْاَطَايِبِ

③ فَمُرْنَا بِمَا يَاْتِيْكَ يَا خَيْرَ مُرْسَلٍ ۔۔۔ وَاِنْ كَانَ فِيْمَا جَاءَ شَيْبُ الذَّوَائِبِ

④ وَكُنْ لِّيْ شَفِيْعًا يَوْمَ لَا ذُوْ شَفَاعَةٍ ۔۔۔ سِوَاكَ بِمُغْنٍ عَنْ سَوَادِ بْنِ قَارِبِ

ترجمہ ① میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی رب نہیں ہے اور آپ کو ہر قسم کے غیبوں کا امین بنایا گیا ہے۔

② اے بزرگوں اور پاکبازوں کے فرزند تمام رسولوں سے آپ کا وسیلہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں بہت قریب ہے۔

③ جو وحی آپ کے پاس آتی ہے آپ ہمیں اس کا حکم دیجیے ہم حضورؐ کے ارشاد کی تعمیل کریں گے خواہ تعمیل حکم میں ہمارے بال ہی سفید ہو جائیں۔

④ یارسول اللہ! اس روز سواد بن قارب کی شفاعت فرمائیے جبکہ حضور کے بغیر کسی کی شفاعت کوئی فائدہ نہ پہنچائے گی۔

يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ لَمْ یَعْیَ بِخَلْقِهِنَّ

نہ جانا کہ وہ اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور ذرا تھکن محسوس نہ کی ان کے بنانے میں

بِقٰدِرٍ عَلٰۤى اَنْ یُّحْیِۦَ الْمَوْتٰىؕ بَلٰۤى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۳۳﴾

وہ ضرور اس پر قادر ہے کہ مُردوں کو زندہ کردے [۴۱] بلکہ وہ تو ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے۔

وَ یَوْمَ یُعْرَضُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِؕ اَلَیْسَ هٰذَا بِالْحَقِّؕ

اور جس روز کفار آگ کے سامنے لائے جائیں گے (ان سے کہا جائے گا) کیا یہ حق نہیں۔

قَالُوْا بَلٰى وَ رَبِّنَاؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۴﴾

کہیں گے ہمارے رب کی قسم یہ حق ہے [۴۲] اللہ فرمائے گا اچھا اب چکھو عذاب کا مزہ اس کفر کے باعث جو تم کیا کرتے تھے۔

عشق و محبت، ایمان و یقین سے لبریز یہ اشعار سن کر حضور ہنس دیئے یہاں تک کہ دندان مبارک ظاہر ہو گئے اور مجھے فرمایا افلحت یا سواد! اے سواد! تو دونوں جہانوں میں کامیاب ہو گیا۔

امیر المومنین نے پوچھا کیا وہ جن اب بھی تمہارے پاس آتا ہے؟ عرض کی جب سے میں نے قرآن کریم پڑھنا شروع کیا پھر نہیں آیا۔ میں خوش ہوں کہ اس جن کے عوض مجھے قرآن کریم جیسا صحیفۂ ہدایت مل گیا۔

اس آیت میں من بعد موسیٰ کے الفاظ سے پتہ چلتا ہے کہ وہ جن حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اُمتی تھے۔

[۴۱] روئے سخن کفار مکہ کی طرف ہے جو قیامت کے منکر تھے۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ اس کارخانۂ حیات کو پیدا کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ تھک نہیں گیا کہ اب وہ تمہاری موت کے بعد تمہیں زندہ نہ کر سکے۔ اس کی قدرت اور اس کی طاقت کے سامنے نہ اس کارخانۂ حیات کو پہلی مرتبہ پیدا فرمانا کوئی کٹھن کام تھا اور نہ اس کو درہم برہم کرنے کے بعد دوبارہ پیدا کرنا اس کے لیے کچھ دشوار ہے۔ تم مر کر خاک میں مل جاؤ تمہارے خاک کے ذرے آفاق عالم میں بکھر جائیں جب وہ تمہیں دوبارہ زندہ کرنا چاہے گا تو صرف کُن کہے گا اور تم زندہ ہو جاؤ گے۔ اس کے برعکس تورات میں متعدد جگہ مرقوم ہے کہ چھ دنوں میں اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان وغیرہ کو پیدا کیا اور ساتویں دن اپنی تھکاوٹ دور کرنے کے لیے اور اپنے آپ کو تازہ دم کرنے کے لیے آرام کیا۔ ایک حوالہ آپ بھی ملاحظہ فرمائیے۔ چنانچہ تورات کتاب خروج باب ۳۱ کی آیت ۱۷ میں ہے:

"اس لیے کہ چھ دن میں خداوند نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اور ساتویں دن آرام کر کے تازہ دم ہوا۔"

ذاتِ باری کے متعلق قرآن کریم نے جو تصور پیش کیا ہے اس کی روشنی میں تورات کی اس آیت کا مطالعہ فرمائیے۔

[۴۲] کفار مکہ کو تنبیہ کی جا رہی ہے کہ ضلالت و گمراہی سے اب باز آ جاؤ اور دینِ اسلام کو قبول کر لو۔ قیامت کے دن جب انہیں

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ؕ

پس اے محبوب! آپ صبر کیجیے جس طرح اولوالعزم رسولوں نے صبر کیا تھا ۴۲ اور ان کے لیے (بددعا کرنے میں) جلدی نہ کیجیے۔

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ يَلْبَثُوْۤا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ

جس روز وہ اس عذاب کو دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے تو خیال کریں گے کہ وہ نہیں ٹھہرے تھے دنیا میں مگر دن کی فقط ایک گھڑی۔

بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

یہ پیغام حق ہے۔ پس کیا نافرمانوں کے علاوہ بھی کسی کو ہلاک کیا جائے گا ۴۳

دوزخ کے سامنے لا کھڑا کیا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا یہ وہ دوزخ ہے جس کا تم عمر بھر انکار کرتے رہے۔ بتاؤ یہ ایک حقیقت ہے یا نہیں۔ اس وقت انہیں تسلیم کیے بغیر چارہ نہ ہوگا لیکن اب بخشش کہاں۔ انہیں جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

۴۲ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہیں کہ اے محبوب! کفار کی شرانگیزیوں، فتنہ پردازیوں اور اسلام کے خلاف ان کی سازشوں سے دل برداشتہ نہ ہونا بلکہ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رکھنا۔ آپ سے پہلے بھی جو انبیاء و رسل ہم نے مبعوث فرمائے تھے ان کے ساتھ بھی ان کی قوموں کا سلوک بڑا ظالمانہ اور سنگدلانہ تھا۔ انہوں نے ہمیشہ عزیمت و حوصلہ سے کام لیا۔ ان کی مخالفتوں کی پرواہ نہ کی اور اپنا فریضۂ دعوت انجام دیتے رہے۔ آپ بھی انہی کی سنت پر عمل کرتے رہیں۔ بڑی اولوالعزمی اور پامردی سے اسلام کی دعوت دیتے رہیں۔ فریضۂ تبلیغ پوری قوت سے انجام دیں۔ اگر یہ کفر و عصیان سے باز نہیں آتے تو خود ہی پچھتائیں گے۔ آیت میں بَلٰغٌ کا لفظ ہے، وہ مرفوع ہے اور اس کی مبتدا ہٰذا محذوف ہے۔

۴۳ وہی لوگ ہلاک ہوتے ہیں جو نافرمانی کی راہ پر گامزن رہتے ہیں اور فسق و فجور میں اپنی قیمتی زندگی اور گراں بہا صلاحیتیں برباد کرتے رہتے ہیں۔ جو لوگ اطاعت و انابت کو اپنا شعار بناتے ہیں، اللہ تعالیٰ خود ان کا محافظ و نگران ہوتا ہے۔ دشمن کی شرانگیزیوں سے خود ان کو بچاتا ہے۔ نفس و شیطان کے مکر و فریب سے خود ان کی نگہداشت کرتا ہے۔

○

اللّٰهم لك الحمد ولك الشكر

وعلى حبيبك المصطفٰى وصفيك المجتبٰى التحية والثناء

اللّٰهم صل على سيدنا ومولانا محمد وعلى آل سيدنا ومولانا محمد وبارك وسلم

فاطر السموات والارض انت ولي في الدنيا والاٰخرة توفني مسلمًا والحقني بالصالحين

تعارف

سُورۃ محمّد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم

نام: اس سورۂ مبارکہ کے دو مشہور نام ہیں۔ سورۃ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) اور سورۃ القتال۔ اس سورت میں چار رکوع، اڑتیس آیتیں، پانچ سو اٹھاون کلمات اور دو ہزار چار سو پچھتر حروف ہیں۔ دوسری آیت میں یہ نام نامی مذکور ہے۔ یہی اس سورت کا نام بھی مقرر کیا گیا، کیونکہ انسانیت کو جن دو حصوں 'مومن اور کافر' میں تقسیم کیا جا رہا ہے، اس کا دارومدار اس کتاب پر ایمان لانے اور ایمان نہ لانے پر ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے رسول محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی۔ نیز اس سورت کی آیت نمبر ۲۰ میں 'قتال' کا ذکر بھی موجود ہے۔ اس کو اس سورت کا عنوان بنایا گیا۔ اس سورت میں اسلام اور کفر کے مابین جنگ کا تذکرہ اور اس کے احکام بیان کیے گئے ہیں۔

زمانۂ نزول: جب مکہ کی سرزمین کفار کے ظلم و ستم کے باعث اہل اسلام کے لیے تنگ ہو گئی تو وہ اپنی دولتِ ایمان کو ان کی دست بُرد سے بچانے کے لیے اپنے گھر بار، زمینیں اور کاروبار سب چھوڑ چھاڑ کر مدینہ طیبہ پہنچ گئے۔ سب کچھ ان سے چھین گیا تھا، لیکن وہ خوش تھے کہ دامنِ مصطفیٰ تو ان کے ہاتھوں سے نہیں چھوٹا۔ ان کا خیال تھا کہ اب وہ یہاں پوری دلجمعی کے ساتھ اپنے رب کے ذکر اور اس کی عبادت میں اپنے شب و روز بسر کریں گے۔ دعوتِ دین کا جو کام مکہ میں پوری طرح نہیں ہو سکا، یثرب کے پُرامن ماحول میں بآسانی تکمیل پذیر ہوگا، لیکن اہل مکہ نے انہیں یہاں بھی آرام کا سانس نہ لینے دیا۔ ان کی مختلف ٹولیاں آتیں، مدینہ کے گرد و نواح میں لوٹ مار مچاتیں، اونٹ، بھیڑ بکریاں ہانک کر لے جاتیں۔ اکا دکا مسلمان بھی تھے چڑھ جاتا تو اس کو بھی قتل کرنے سے گریز نہ کرتیں۔

غریب الوطن مسلمانوں کے لیے انہوں نے ایسے حالات پیدا کر دیئے کہ یا تو مسلمان بے بسی کا مظاہرہ کریں، یہاں تک کہ سے اٹھنے والی آندھیاں کسی روز اسلام کی شمع ہی کو گل کر دیں اور ان کو بھی صفحۂ ہستی سے مٹا دیں اور اگر وہ اس دین جو فرزندانِ اسلام کو جان و وطن سے بھی زیادہ عزیز ہے اس کے چراغ کو بجھتا نہیں دیکھ سکتے اور اپنی اہمیت کا بھی احساس ہے کہ بزمِ عالم کو نورِ ہدایت سے منور کرنے کے لیے ان کا زندہ رہنا، بلکہ شان و شوکت اور قوت و سطوت کے ساتھ زندہ رہنا ضروری ہے تو پھر انہیں معرکۂ میدانِ جنگ میں آنا ہوگا۔ انہوں نے تیرہ سال صبر کیا۔ بڑے ضبط و تحمل کے ساتھ مظالم برداشت کیے۔ اس بارے میں اب مزید صبر خودکشی کے مترادف ہے، لیکن وہ تو اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول کے حکم کے پابند تھے۔ از خود تو کچھ نہیں کر سکتے تھے، چنانچہ سورۃ الحج کی آیت نمبر ۳۹ میں کفار سے جنگ کرنے کی اجازت مرحمت ہوئی۔ سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۹۰ نے جہاد کا حکم دیا۔ وَقَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَکُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے راستہ میں ان لوگوں سے جنگ کرو جو تم سے جنگ کرتے ہیں۔ حد سے تجاوز نہ کرو۔ بے شک

اللہ تعالیٰ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

حالات بے شک اس امر کا تقاضا کر رہے تھے کہ کفار کے ساتھ پنجہ آزمائی کی جائے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ کیا مسلمان اس پوزیشن میں تھے کہ وہ کفار کے خلاف مسلح جدوجہد کا آغاز کر سکیں۔

افرادی طاقت بہت قلیل تھی پہلے معرکے میں صرف تین سو تیرہ مجاہد شریک ہو سکے تھے۔ مدینہ کی چھوٹی سی بستی جس کے وسائل بڑے محدود تھے کیا جنگ کی ضروریات 'اسلحہ' خوراک' سواری کے جانور مہیا کر سکتی تھی؟ کہ مدینہ کے مقابلے میں کئی گنا بڑا شہر تھا۔ وہاں کے اکثر لوگ تجارت پیشہ تھے۔ نہ دولت کی وہاں کمی تھی نہ وسائل کی قلت۔ افرادی تعداد بھی مسلمانوں سے کئی گنا زیادہ تھی لیکن ان ناسازگار حالات کے باوجود مسلمانوں کے لیے فیصلہ کن گھڑی آپہنچی تھی۔ یہ حالات تھے جب یہ سورہ مبارکہ نازل ہوئی۔

مضامین: اس سورت کے نزول سے تذبذب کی کیفیت ختم ہوگئی۔ کفار کی تعداد کی کثرت' وسائل کی فراوانی کے باعث مسلمانوں کو جو خدشہ تھا' وہ دُور ہو گیا۔ ابتدائی آیتوں ہی میں واضح طور پر بتا دیا کہ کفار جو خود بھی گمراہ ہیں اور نورِ حق کو پھیلنے سے بھی روک رہے ہیں' اسلام اور پیغمبر اسلام کے خلاف ان کی جدوجہد کبھی کامیاب نہ ہوگی۔ ان کی ساری محنت اور کوشش خاک میں مل جائے گی۔ اہل ایمان کی کمزوریوں کو دُور کر دیا جائے گا اور کامیابی کا تاج ان کے سر پر سجایا جائے گا۔

یہ فرمانے کے بعد مسلمانوں کو حکم دیا کہ میدانِ جنگ میں وہ کفار کے پرخچے اڑا دیں۔ اسیرانِ جنگ کے ساتھ جو برتاؤ انہوں نے کرنا ہے' اس کے اصول بتا دیے۔ ساتھ ہی واضح کر دیا کہ میدانِ جہاد میں جو مسلمان قتل ہوگا' اسے شہادت کی خلعتِ فاخرہ سے نوازا جائے گا۔ اسلام کے جس گلشن کی آبیاری وہ اپنے خون سے کریں گے' وہ سدا شاداب و سرسبز رہے گا اور ان کی قربانیوں کے طفیل آنے والی نسلیں بھی نورِ حق سے اپنے دلوں کو منور کرتی رہیں گی۔

اہل ایمان کو صاف لفظوں میں بتا دیا کہ اگر تم نے سچے دل سے اپنی پوری قوت اور توانائیوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دینِ اسلام کی مدد کی' تو کفر کے تند و تیز ریلے کے سامنے اللہ تعالیٰ تمہیں تنہا نہیں چھوڑے گا' بلکہ اس کی نصرت تمہاری پشت پناہی کرے گی' آسمان کے فرشتے تمہارے دوش بدوش کفار سے نبرد آزما ہوں گے اور اس کی تائید تمہیں نازک حالات میں بھی ثابت قدم رکھے گی۔ کفار کی ظاہری سج دھج کو دیکھ کر مت گھبراؤ' کفر کا انجام تباہی اور نامرادی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تم اگرچہ کمزور و بے نوا ہو لیکن تمہارا مددگار اللہ تعالیٰ ہے جو بڑی قوت و طاقت کا مالک ہے' کفار کو تائید الٰہی نصیب نہیں اور یہ کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ کامیاب وہی ہوتا ہے جس کی مدد خدا کرتا ہے۔

اس ضمن میں منافقین کے ایمان کا حال بھی آشکارا کر دیا جو جہاد کے حکم کے نزول سے پہلے بڑی ڈینگیں مارا کرتے تھے' اپنی بہادری اور جاں نثاری کے لمبے چوڑے دعوے کیا کرتے تھے۔ کہتے ہم بڑی بے تابی سے اس گھڑی کا انتظار کر رہے ہیں جب ہمیں کفار کے ساتھ جنگ کرنے کا اذن ملے گا۔ اس کے بعد دنیا دیکھے گی کہ ہم کس طرح شمع اسلام پر پروانوں کی طرح جان قربان کرتے ہیں۔ اب جب کہ جہاد کے نقارے پر چوٹ لگ گئی ہے' ان کی حالت قابلِ دید ہے۔ یوں پتہ چلتا ہے جیسے موت کی غشی طاری ہوگئی ہو' آنکھیں پتھرا گئی ہیں' چہرے کی رنگت زرد ہوگئی ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ پر سچے دل سے ایمان لانے والوں کی آزمائش کی گھڑیوں میں یہ حالت ہوا کرتی ہے

اسلام کے جانباز اور غیور سپاہیوں کو آیت ۳۵ میں ایک خصوصی حکم دیا کہ جنگ میں حالات کتنے ہی رُوح فرسا کیوں نہ ہوں کمزوری مت دکھاؤ۔ صلح کی درخواست مت کرو۔ اگر تم نے کمزوری کا مظاہرہ کیا یا صلح کے لیے اپنی بے تابی کا اظہار کیا تو دشمن جری ہو جائے گا۔ تمہاری اس پیش کش کو کمزوری اور بزدلی پر محمول کرے گا۔ تم خوب جانتے ہو کہ اس کا انجام کتنا خطرناک ہوتا ہے۔ سُن لو تم ہی سربلند ہوگے کیونکہ خود اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے۔ تمہاری محنت اور کوشش کو وہ ضائع نہیں ہونے دے گا۔

آخر میں مالی جہاد کی طرف متوجہ کیا۔ اگر اسلام کو تمہارے مال کی ضرورت پڑے تو بڑی دریادلی سے اس کو پیش کرو۔ اگر تم نے مال خرچ کرنے میں بخل سے کام لیا تو اس سے اللہ تعالیٰ کو تو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ البتہ تمہارا ستیاناس ہو جائے گا اور تمہاری جگہ یہ عزت کسی اور کو بخش دی جائے گی۔ پھر تم ہاتھ ملتے رہ جاؤ گے۔ اللہ تعالیٰ کے دین کا علم تو لہراتا ہی رہے گا۔ اگر کوئی قوم اس کو اٹھانا بوجھ سمجھے گی تو دوسری قوم شوق سے یہ خدمت بجالانے کے لیے اپنے آپ کو پیش کرے گی۔

اہلسنت کے علماء و مشائخ اس پُرجلال آیت کو بار بار پڑھیں۔ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ۔

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٍ وَثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ محمد مدنی — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — ۳۸ آیات ۴ رکوع

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ①

جنہوں نے خود بھی حق کا انکار کیا اور دوسروں کو بھی اللہ کی راہ سے روکتے رہے، اللہ نے ان کے عملوں کو برباد کر دیا [1]

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ

اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور ایمان لے آئے جو اتارا گیا (رسول معظم) محمد پر اور وہی

[1] جو لوگ حق کو قبول نہیں کرتے اور باطل سے چمٹے رہنے پر اصرار کرتے ہیں، وہ دو گونہ خرابیوں کا باعث بنتے ہیں۔ پہلی خرابی تو یہ کہ ان کی اپنی زندگی نورِ ہدایت سے محروم رہتی ہے، وہاں اندھیرا ہی اندھیرا ہوتا ہے، ان کی ساری عمر ٹھوکریں کھاتے گزر جاتی ہے جو بے پایاں صلاحیتیں قدرت نے انہیں ودیعت کی ہیں وہ پرورش نہیں پاتیں، ان کا دم گھٹ کر رہ جاتا ہے۔ دوسری خرابی یہ ہے کہ ان کا وجود دوسرے لوگوں کے لیے حجاب بن جاتا ہے۔ سادہ لوح عوام جو خود غور و فکر کرنے کے عادی نہیں ہوتے وہ انہیں دیکھ کر ان کی گمراہی کی تقلید کرنے لگتے ہیں۔ نیز حق سے انہیں جو خدا واسطے کا بَیر ہوتا ہے۔ وہ انہیں مجبور کرتا ہے کہ وہ حتی المقدور حق کی ترقی میں روڑے اٹکاتے رہیں اور لوگوں کو طائف الحیل سے حق سے متنفر کرتے رہیں۔ خود بھی اندھے بنے رہے اور لوگوں کی آنکھوں میں بھی دھول ڈالتے رہے۔ خود بھی حق کو قبول کرنے سے گریزاں رہے اور دوسرے لوگوں کو بھی حق سے دور کرنے کے لیے جتن کرتے رہے۔ اس سے بڑی بدبختی اور کیا ہو سکتی ہے۔

ایسے لوگوں کے بارے میں فرمایا کہ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ان کے اعمال ضائع اور رائیگاں جاتے ہیں۔ انہیں کامیابی اور کامرانی نصیب نہیں ہوتی۔ بظاہر جو نیک کام وہ کرتے ہیں آخرت میں انہیں ان کا کوئی صلہ نہیں ملے گا۔ نہ انہوں نے رضائے الٰہی کے لیے کوئی قدم اٹھایا اور نہ انہیں رضائے الٰہی کی سعادت سے نوازا گیا۔ دنیا میں شہرت، نیک نامی، کاروباری ترقی وغیرہ جو چیزیں انہیں مطلوب تھیں وہ ان کو دے دی گئیں۔

واضل اعمالھم کا ایک مفہوم یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اسلام کو ناکام کرنے کے لیے جو جتن انہوں نے کیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف جو سازشیں انہوں نے کیں، شمعِ اسلام کو گل کرنے کے لیے جو منصوبے انہوں نے بنائے وہ سب ناکام ہو کر رہ گئے۔ ان کی ساری کوششوں کے باوجود اسلام کا آفتابِ اقبال بلند ہوتا گیا۔ قدم قدم پر انہیں منہ کی کھانی پڑی، ان کی ہر تدبیر الٹی ہو گئی۔ "المعنی اَبْطَلَ جَلَّ وَعَلَا مَا عَمِلُوْا مِنَ الْكَيْدِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَصْرِ رَسُوْلِهٖ وَاِظْهَارِ دِيْنِهٖ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَ لَعَلَّهٗ اَوْفَقُ لِمَا بَعْدَهٗ. (روح المعانی)

الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝۲ ذٰلِكَ

حق ہے ان کے رب کی طرف سے[1] اللہ تعالیٰ نے دور کر دیں ان سے ان کی برائیاں اور سنوار دیا ان کے حالات کو[2] (یوں) اس

بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا

لیے کہ جنہوں نے کفر کیا وہ باطل کی پیروی کرتے تھے اور جو ایمان لائے تھے وہ حق کی پیروی کرتے تھے جو

الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝۳ فَاِذَا لَقِيْتُمُ

ان کے رب کی طرف سے تھا[3] اسی طرح اللہ بیان کرتا ہے لوگوں کے لیے ان کے حالات۔ پھر جب (میدان جنگ میں)

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا

تمہارا کفار سے آمنا سامنا ہو تو ان کی گردنیں اڑا دو[4] یہاں تک کہ جب انہیں خوب قتل کر لو تو پھر کس کر باندھو

صدَّ لغت میں لازمی اور متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے لیکن یہاں مناسب دوسرا معنی ہے کیونکہ لازمی کا مفہوم کفروا میں آگیا۔

[1] ان کے برعکس جو خوش نصیب دولتِ ایمان سے مالا مال ہوئے، کجروی کو چھوڑ کر انہوں نے راست روی اختیار کی، اپنے اعمال کو رضائے الٰہی اور اطاعتِ مصطفوی کے سانچے میں ڈھال لیا، قرآن کریم جو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل کیا اس کو تسلیم کر لیا، ان کے ساتھ ہمارا رویہ یہ ہوگا کہ جو گناہ آج تک وہ کرتے چلے آئے ہیں وہ سب معاف کر دیے جائیں گے عادات و شمائل کی طرح طرح کی جو خرابیاں ان میں پیدا ہو گئی ہیں وہ دور کر دی جائیں گی۔ اب وہ سوچیں گے تو صحیح نہج پر قدم اٹھائیں گے تو سیدھی راہ پر۔

[2] لفظ بال کی تشریح کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ مجاہد نے اس کا معنی شان، قتادہ نے اس کا معنی حال اور ابن عباس نے اس کا معنی امور کیا ہے۔ مفہوم کے لحاظ سے ان میں کوئی فرق نہیں، یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کے حالات کو درست کر دیا ہے۔ پہلے وہ مفلس اور کمزور تھے اب وہ تونگر اور طاقتور ہیں، پہلے وہ کفار کے جور و تشدد کا نشانہ بنے رہتے تھے۔ اب کفار ان کے دامنِ رحمت میں پناہ تلاش کرتے ہیں، پہلے وہ آزادی سے عبادت بھی نہیں کر سکتے تھے اب ان کی عظمت کا پرچم سارے جزیرۂ عرب میں لہرا رہا ہے۔

[3] دونوں گروہوں کے ساتھ جو الگ الگ برتاؤ کیا جا رہا ہے اس کی وجہ بتا دی۔ پہلا گروہ باطل کا پرستار ہے۔ جو شخص جھوٹ اور گناہ کا بیوپار کرے گا اسے حتماً نقصان اٹھانا پڑے گا اور جو شخص نورِ حق کی پیروی کرے گا منزل خود کھنچ کر اس کے قریب آجائے گی۔ فوز و کامرانی بے تابانہ اس کی طرف بڑھے گی۔

[4] پہلے کفار کے معاندانہ اور جاہلانہ طرزِ عمل کے بارے میں بتایا گیا اور ان کے مقابلہ میں فرزندانِ اسلام کی حق پرستی اور راست روی

الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَ اِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۛۚ

رسیاں ۳ بعدازاں یا تو احسان کرکے ان کو رہا کردو یا ان سے فدیہ لو یہاں تک کہ جنگ اپنے ہتھیار ڈال دے ۴

کا ذکر کیا گیا۔ ان حالات میں ان دو متضاد قوتوں کا ٹکراؤ ناگزیر ہے۔ اس لیے مسلمانوں کو حکم دیا جارہا ہے کہ اگر جنگ کے بغیر چارہ کار نہ ہے تو پھر کسل مندی، سستی، کوتاہ اندیشی اور بزدلی کا مظاہرہ مت کرنا بلکہ بڑی جراءت اور بہادری سے باطل کے ساتھ ٹکرا جانا اور سردھڑ کی بازی لگا دینا۔ اس وقت رحم و شفقت کا اظہار کمزوری اور ضعف کی علامت ہے۔ جو کافر سامنے آئے اس کی گردن اڑا کر رکھ دو، باطل کا کوئی سرغنہ تمہاری ضرب سے جان بچا کر بھاگ نہ جائے۔ ایسے مواقع بار بار میسر نہیں آتے، دشمن کی طاقت کو کچل کر رکھ دو تاکہ وہ پھر سر اٹھانے کے قابل ہی نہ رہے۔ یہاں ضَرْبَ مصدر اِضْرِبُوْا امر کا قائم مقام ہے اور اپنے مفعول کی طرف مضاف ہے۔ جو رعب اور جلال ضرب الرقاب میں ہے وہ فَاقْتُلُوْهُمْ کے الفاظ میں نہیں۔

۳ وہ کپڑا جس کی بناوٹ گھنی اور عمدہ ہو اسے ثَوْبٌ ثَخِيْنٌ کہتے ہیں۔ ابوالعباس نے اس کا معنی غلبتموھم وکثر فیھم الجراح کیا ہے۔ یعنی جب تم ان پر غالب آجاؤ اور ان کی اکثریت زخمی ہو جائے۔ ابن اعرابی نے اس کا معنی کیا ہے الاثخان فی الشیئ المبالغۃ فیہ والاکثار منہ۔ یعنی کسی چیز میں مبالغہ کرنا اور اس میں کثرت کرنا۔ مقصد یہ ہے کہ جب تم ان کے کشتوں کے پشتے لگا دو انہیں زخموں سے چور چور کر دو حتیٰ کہ وہ بالکل مقہور و مغلوب ہو کر رہ جائیں تو اس وقت جنگ بند کر دو اور بقیۃ السیف کو اسیر کر لو ان کی مشکیں خوب کس کر باندھ لو۔ ایسا نہ ہو کر وہ بھاگ جائیں اور تمہارے لیے نئی مصیبت کھڑی کر دیں۔

۴ اسیران جنگ کے ساتھ کس طرح کا سلوک کیا جانا چاہیے؛ اس کو بیان کیا جارہا ہے۔ بعض علماء ابن جریج، سدی اور قتادہ کا خیال ہے کہ یہ آیت منسوخ ہے اور اس کی ناسخ فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموھم ہے۔ جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ یہ آیت محکم ہے منسوخ نہیں اور اسیر کو قتل کرنا جائز نہیں۔ اسیر کے ساتھ وہی معاملہ کیا جاسکتا ہے جو اس آیت میں مذکور ہے۔ چنانچہ استدلال کے طور پر وہ یہ روایت پیش کرتے ہیں کہ حجاج نے حضرت ابن عمر کو کہا کہ فلاں اسیر جنگ کو قتل کر دو۔ آپ نے فرمایا لیس بھذا امرنا کہ ہمیں قیدیوں کو قتل کرنے کا حکم نہیں دیا گیا۔ اس کے بعد یہ آیت تلاوت فرمائی۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز بھی اسیران جنگ کو قتل نہیں کرتے تھے۔ علامہ ابن جریر یہ اقوال لکھنے کے بعد اپنی تحقیق کا یوں اظہار کرتے ہیں:

والصواب من القول عندنا ان ھذہ الاٰیۃ محکمۃ لیست منسوخۃ کہ صحیح قول یہ ہے کہ یہ آیت محکم ہے منسوخ نہیں ہے۔ اس کی وجہ بھی ساتھ ہی بیان کر دی کہ نسخ کی ضرورت تب پیش آتی ہے جب دونوں کو جمع کرنا ممکن نہ ہو۔ یہاں ایسی صورت نہیں۔ وغیر مستنکر ان یکون جعل الخیار فی المن والفداء والقتل الی الرسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم والی القائمین بعدہ بامر الامۃ۔ یعنی یہ کوئی تعجب انگیز بات نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے قیدیوں کے ساتھ مذکورہ صورتوں میں برتاؤ کرنے کا حق حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضور کے خلفاء کے سپرد کیا ہو پھر کہتے ہیں کہ یہاں قتل کو اس لیے ذکر نہیں کیا کہ اس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔

احادیث میں جہاں کسی اسیر کو قتل کرنے کا حکم دیا گیا ہے وہاں مخصوص حالات کی بنا پر دیا گیا ہے۔ اس آیت کی وضاحت امام ابو عبید القاسم ابن سلام (ولادت ۱۵۰ھ وفات ۲۲۴ھ) نے اپنی تصنیف کتاب الاموال میں کی ہے جو بہت عمدہ ہے۔ ناظرین کرام کی خدمت میں اس کا خلاصہ پیش ہے:

ابو عبید فرماتے ہیں حدیث نبوی سے پتہ چلتا ہے کہ مشرک اسیران جنگ کے ساتھ تین طرح کا سلوک روا رکھا جاتا تھا۔ مَن، فدا، قتل۔ قرآن حکیم میں بھی یہی ارشاد ہے اِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً۔ اس میں پہلی اور دوسری صورت کا بیان ہے۔ فاقتلوا المشرکین الخ اس میں تیسری صورت کا ذکر ہے۔ احسان و مروّت کی مثال اہل مکہ سے حضور کا سلوک ہے۔ اس روز حضور کی طرف سے ایک منادی کرنے والے نے اعلان کیا اَلَا لَا یُجْهَزَنَّ علی جریح ولا یتبعن مدبر ولا یقتلن اسیر ومن اغلق بابه فهو اٰمن۔ یعنی زخمی کا کام تمام نہ کرنا، پیٹھ پھیرنے والے کا تعاقب نہ کرنا، کسی قیدی کو قتل نہ کرنا اور جس نے اپنا دروازہ بند کر لیا اسے امن۔ فتح مکہ کے موقع پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے چار آدمیوں کے سوا سب کو امان دے دی اور معاف فرما دیا اور جن چار کو مستثنیٰ فرمایا ان کی خاص وجوہات تھیں۔ خیبر فتح ہوا تو وہاں کے یہودیوں کو بھی حضور نے امان دی اور معاف فرما دیا۔ بدر کے اسیرانِ جنگ کے بارے میں جبیر بن مطعم نے بتایا کہ میں جنگی قیدیوں کی سفارش کرنے کے لیے حضور کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ اس وقت حضور مغرب یا عشاء کی نماز پڑھا رہے تھے۔ جب حضور نے یہ آیت تلاوت کی اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۙ مَا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ یعنی تیرے رب کا عذاب ضرور واقع ہوگا اور اسے کوئی روک نہیں سکتا، تو دہشت کے مارے میرا دل پھٹنے لگا۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے اپنی حاضری کی وجہ بیان کی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا شیخ لو کان اتانا فیهم شفعناه یعنی اباه مطعم بن عدی۔ یعنی یہ اس سردار کا بیٹا ہے کہ اگر وہ ہمارے پاس ان لوگوں کی شفاعت کرے تو ہم ان کی شفاعت قبول کریں۔

یہ واقعات نقل کرنے کے بعد امام ابو عبید لکھتے ہیں فهذا اسنن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی المن وقد علمت بهذا الائمة بعده (کتاب الاموال صہ ۱۱۲)

یعنی قیدیوں کے ساتھ احسان کرنے کا یہ طریقہ ہے جو حضور نے ہمارے لیے سنت بنایا۔ بعد ازاں انہوں نے خلافتِ راشدہ کے عہد کے ایسے واقعات لکھے ہیں جہاں حضرت صدیق رضی اللہ عنہ و فاروق رضی اللہ عنہ نے جنگی قیدیوں کو آزاد کر دیا۔

فدیہ کے متعلق علامہ آلوسی نے تفصیلاً لکھا ہے کہ امام صاحب کا ایک قول یہ ہے کہ مسلمان قیدیوں کے ساتھ غیر مسلم قیدیوں کا تبادلہ نہ کیا جائے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ ایسا تبادلہ جائز ہے۔ امام محمد، امام ابو یوسف، امام شافعی، مالک اور احمد کا بھی یہی قول ہے۔ امام شافعی فرماتے ہیں للامام ان یختار احد اربعة امور هی القتل والاسترقاق والمن وهو الاطلاق من غیر عوض والفداء بالاسری المسلمین او بمال (نیشاپوری) یعنی امام قیدیوں کے ساتھ ان چار امور سے کوئی ایک اختیار کر سکتا ہے۔ مناسب سمجھے تو قتل کر دے، چاہے قیدی بنا لے، یا بلا عوض آزاد کر دے یا فدیہ لے کر انہیں چھوڑ دے۔

اس کے بعد لکھتے ہیں هذه هی روایة السیر الکبیر قیل هو اظهر الروایتین عن الامام ابی حنیفة۔ یعنی السیر الکبیر میں یونہی مروی ہے اور حضرت امام کا بھی یہی قول اظہر اور راجح ہے۔

ذٰلِكَ ؕ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَاۡ بَعْضَكُمْ

یہی حکم ہے ۵ اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو خود ہی ان سے بدلہ لے لیتا لیکن وہ آزمانا چاہتا ہے تمہیں بعض کو

بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝۴

بعض سے ۶ اور جو مار ڈالے گئے اللہ کی راہ میں پس اللہ ان کے اعمال ضائع نہیں ہونے دے گا ۷

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ قیدیوں کی تقسیم سے پہلے تو یہ تبادلہ جائز ہے لیکن تقسیم کے بعد ناجائز۔ اور امام محمد کے نزدیک ہر وقت جائز ہے۔ اس کی دلیل میں انہوں نے یہ حدیث پیش کی ہے۔ حضرت سلمہ سے مروی ہے کہ حضور نے حضرت ابو بکر کی قیادت میں ایک سریہ روانہ کیا۔ میں بھی اس میں شریک تھا۔ غنیمت میں ایک کنیز مجھے ملی۔ دوسرے روز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بازار میں شرف ملاقات حاصل ہوا۔ حضور نے فرمایا سلمہ وہ کنیز مجھے دے دو جو تجھے غنیمت میں ملی ہے۔ میں نے عرض کی حضور مجھے بہت پسند ہے۔ دوسرے روز پھر ملاقات ہوئی۔ حضور نے پھر یہی ارشاد فرمایا۔ میں نے عرض کی ھی لک یا رسول اللہ! میں حضور کی خدمت میں پیش کرتا ہوں پس حضور نے اسے مکہ بھیجا اور انہوں نے اس کے بدلے میں مسلمان قیدی لے دیے۔

کیا مال لے کر اسیران جنگ کو رہا کرنا درست ہے؟ اس کے متعلق آلوسی لکھتے ہیں کہ احناف کا مشہور مذہب تو یہ ہے کہ ایسا کرنا درست نہیں کیونکہ یہ قیدی رہا ہو کر پھر ہمارے خلاف نبرد آزما ہوں گے۔ لیکن السیر الکبیر میں ہے انہ لا بأس بہ اذا کان بالمسلمین حاجۃ (روح المعانی) اگر انہیں آزاد کرنا مصلحت ملکی کے خلاف ہو اور مشرکین فدیہ ادا کرنے کے لیے بھی تیار نہ ہوں اور مسلمان جنگی قیدیوں کے ساتھ تبادلہ کی صورت بھی نہ ہو تو پھر انہیں ہمیشہ کے لیے قیدی بنا کر نہیں رکھا جائے گا بلکہ غازیوں میں انہیں تقسیم کر دیا جائے گا۔ ان کو عملی زندگی میں بھرپور حصہ لینے کی اجازت ہوگی، اپنے مالک کی اجازت سے وہ کاروبار وغیرہ میں بھی حصہ لے سکتے ہیں۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اسیران جنگ کا معاملہ حکومت وقت کی صوابدید پر موقوف ہے۔ مندرجہ بالا طریقوں میں سے جو طریقہ مناسب حال یا قومی اور ملکی مفادات سے ہم آہنگ پائیں اس کو اختیار کر سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۵ ذٰلک یا تو منصوب ہے اور افعلوا مقدر ہے یعنی ایسا کیا کرو یا مبتدا ہے اور مرفوع ہے اور اس کی خبر ذٰلک حکم الکفار یعنی کفار کا یہ حکم ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں ہذا ذٰلک ایسا کلمہ ہے کہ جب کوئی فصیح ایک کلام سے دوسرے کلام کی طرف انتقال کرنا چاہتا ہے تو اسے استعمال کیا جاتا ہے۔

۶ یعنی اللہ تعالیٰ چاہتا تو تمہیں زحمتِ جہاد نہ دیتا اور خود بخود ان سرکشوں کا غرور خاک میں ملا دیتا۔ لیکن اس کی حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ میدان کارزار گرم ہو۔ اہل حق، حق کو سربلند کرنے کے لیے سر دھڑ کی بازی لگائیں۔ کفار و مشرکین، باطل کا بول بالا کرنے کے لیے اپنا سب کچھ داؤ پر لگا دیں۔ سب دنیا کو پتہ چل جائے کہ مومن و کافر میں کتنا فرق ہے۔ مومن کا مقصد حیات کتنا بلند اور پاکیزہ ہے اور کافر کا مدعا کتنا خسیس اور ذلیل ہے۔

۷ احد کے معرکہ میں مسلمان کثرت سے شہید اور زخمی ہوئے۔ ابو سفیان نے خوشی سے دیوانہ ہو کر نعرہ لگایا اُعْلُ هُبَل۔ ہبل زندہ باد۔ مسلمانوں نے جوابی نعرہ لگایا اَللّٰهُ اَعْلٰى وَاَجَلّ۔ اللہ تعالیٰ بلند اور بزرگ ہے۔ ابو سفیان نے کہا کہ یہ دن، بدر کا بدلہ ہوا۔ اور

سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝٥ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝٦

وہ پہنچائے گا انہیں بلند مدارج پر اور سنوار دے گا ان کے حالات کو ؂۱۱ اور داخل کرے گا انہیں بہشت میں جس کی پہچان اس نے انہیں کرادی تھی ؂۱۲

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تَنصُرُوا اللَّهَ يَنصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ ۝٧

اے ایمان والو! اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد فرمائے گا اور (میدان جہاد میں) تمہیں ثابت قدم رکھے گا ؂۱۳

لڑائی کا پانسہ پلٹتا رہتا ہے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا اے فرزندان اسلام! اس سے کہو تم ہم سے برابری کا دعویٰ کیسے کر سکتے ہو۔ ہمارے مقتول اللہ تعالیٰ کے ہاں زندہ ہیں اور تمہارے مقتول دوزخ کا ایندھن۔ مشرکین نے کہا اِنَّ لَنَا الْعُزّٰى وَلَا عُزّٰى لَكُمْ۔ ہمارا عزیٰ ہے اور تمہارے پاس کوئی عزیٰ نہیں۔ فقال المسلمون اَللّٰهُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلٰى لَكُمْ۔ مسلمانوں نے جواب میں کہا اللہ تعالیٰ ہمارا مددگار ہے اور تمہارا کوئی مددگار نہیں۔

فلن یضل اعمالهم کا جملہ بامعنی خبر ہے یعنی ان شہیدانِ حق کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی بلکہ ان پر بڑے خوش آئند نتائج مرتب ہوں گے۔ اس قربانی کا صلہ انہیں تو یہ ملے گا کہ جنت میں رفیع الشان محلات میں وہ تشریف فرما ہوں گے اور ان کی ملت کو ان کی جانفشانیوں کے صدقے عزت و سربلندی نصیب ہوگی اور جس مقصد کے لیے انہوں نے اپنی جوانیاں نثار کی تھیں، وہ مقصد حاصل ہوگا۔ حق کی روشنی سے کوہ و دمن میں اجالا ہو جائے گا۔ ان پاکبازوں نے جان دے کر اتنے عظیم مقاصد حاصل کر لیے ان سے بڑھ کر کون خوش نصیب ہو سکتا ہے۔

؂۱۱ یعنی جنت اور رضائے الٰہی کی ذی شان منزل تک انہیں رسائی حاصل ہو جائے گی۔ راہ کی رکاوٹیں دور کر دی جائیں گی۔ فاصلے سمٹ کر رہ جائیں گے اور ان کے حالات سنور جائیں گے یعنی جو لغزشیں ان سے ہوئی تھیں، جن گناہوں کا انہوں نے ارتکاب کیا تھا وہ سب معاف کر دیے جائیں گے۔ مقربین اور متقین کے زمرہ میں ان کا شمار ہوگا۔

اس کا یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ ان کی برکت سے دوسرے لوگ راہ ہدایت پر گامزن ہو جائیں گے۔ ان کی قوم کی بگڑی ہوئی حالت سنور جائے گی۔ شکست و نامرادی کے جو داغ ان کی قوم کے چہرے کو بدنما بنا رہے تھے وہ دور ہو جائیں گے، فوز و کامرانی کا نور ان پر ضو فشانی کرنے لگے گا۔

؂۱۲ جب جنت میں قدم رنجہ فرمائیں گے تو اپنے محلات کی طرف اس طرح جائیں گے جیسے وہ مدت سے یہاں آباد ہیں اور سارے راستے ان کے جانے پہچانے ہیں، کسی سے پوچھنے کی ضرورت ہی نہیں۔

؂۱۳ دین اور رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امداد کو اللہ تعالیٰ کی امداد فرمایا گیا ہے۔ جان کی بازی لگانے والوں کے لیے اس سے بڑھ کر مژدہ کیا ہو سکتا ہے۔ وہ مجاہد نصرتِ الٰہی جن کی پشت پناہی کر رہی ہو، ہر نازک مرحلہ پر تائید ایزدی جن کے دلوں کی ڈھارس ہو، دشمن کا کوئی طوفانی حملہ ان کے قدموں میں لغزش نہ پیدا کر سکے، تو ایسے جانباز مجاہدوں کو دنیا کی کوئی طاغوتی طاقت

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝۸ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا

اور جنہوں نے (حق کا) انکار کیا خدا کرے وہ منہ کے بل اوندھے گریں اور اللہ ان کے اعمال کو برباد کر دے ۱۴؎ یہ اس لیے کہ انہوں نے ناپسند کیا

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝۹ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا تھا پس اس نے ضائع کر دیے ان کے اعمال ۱۵؎ تو کیا انہوں نے سیر و سیاحت نہیں کی زمین میں تاکہ وہ خود دیکھ لیتے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۡ وَلِلْكٰفِرِيْنَ

کہ کیسا انجام ہوا ان (منکروں) کا جو ان سے پہلے گزرے۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر تباہی نازل کر دی اور کفار کے لیے اسی قسم

اَمْثَالُهَا ۝۱۰ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ

کی سزائیں ہیں ۱۶؎ یہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ اہل ایمان کا مددگار ہے ۱۷؎ اور کفار کا کوئی

شکست نہیں دے سکتی۔ شرط یہ ہے کہ یہ جنگ وہ دنیاوی مفادات کے لیے نہ کر رہے ہوں، یہ خونریزی کسی حقیر مقصد کے لیے نہ ہو، محض اللہ تعالیٰ کے نام کو بلند کرنے کے لیے ہو اور دین حق کو غالب کرنے کے لیے ہو۔

۱۴؎ اب کفار کا حال بیان کیا جا رہا ہے۔ تَعْس کی تحقیق کرتے ہوئے ابن منظور لکھتے ہیں التعس: الانحطاط والعثور۔ گرپڑنا، لڑکھڑانا، پھسلنا۔ فراء کہتے ہیں کہ یہاں تَعْسًا مصدر منصوب ہے اور بطور بددعا کے ہے۔ قال الفراء نصب علی المصدر علی سبیل الدعاء۔ ابن منظور کہتے ہیں بِاَنْ یُّکِبَّھُمُ اللّٰہُ لمنخریھا خدا انہیں منہ کے بل گرائے۔ میں نے ترجمہ اسی کے مطابق کیا ہے۔

اضل اعمالھم سے ان کی حرماں نصیبی کا ذکر کیا کہ انہوں نے حق کو نیچا دکھانے کے لیے مال و دولت بھی خرچ کی۔ زخموں سے چور چور بھی ہوئے۔ اکثر نے اپنے سر بھی کٹائے اور جان بھی دی لیکن نتیجہ؟ دنیا میں ذلت و رسوائی آخرت میں عذاب الیم۔

۱۵؎ اتنے زیرک اور تجربہ کار ہو کر کیوں منہ کے بل گر کر رسوا ہوئے۔ کیوں ان کی قربانیاں رائیگاں گئیں؟ اس کی وجہ بتا دی کہ انہوں نے احکام الٰہی کو ناپسند کیا تھا۔ جن اعمال سیئہ کے وہ خوگر ہو چکے تھے انہیں چھوڑنے پر آمادہ نہ ہوئے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ان کی ساری زندگی ضائع ہو گئی۔

۱۶؎ وہ متعدد ممالک کی سیاحت پر گئے۔ انہوں نے پہلی بدکار قوموں کے اجڑے ہوئے کھنڈرات دیکھے۔ اللہ تعالیٰ نے جس طرح ان کو نیست و نابود کیا تھا اس سے یہ بے خبر نہیں، لیکن انہوں نے خود سیر و سیاحت سے کوئی عبرت حاصل نہ کی اور ان پر وہی عذاب نازل ہوا جو ان جیسے کفار پر پہلے نازل ہو چکا تھا۔

۱۷؎ اعمال اور جدوجہد اپنی ظاہری صورت کے اعتبار سے تو یکساں تھے۔ اہل ایمان نے بھی مال خرچ کیا اور انہوں نے بھی

لَا مَوْلٰى لَهُمْ ﴿١١﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

مددگار نہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ داخل فرمائے گا جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَ

(سدا بہار) باغات میں رواں ہیں جن کے نیچے نہریں۔ ﷺ۱۸ اور جنہوں نے کفر کیا وہ عیش اڑا رہے ہیں اور

يَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿١٢﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ

محض کھانے پینے میں مصروف ہیں ڈنگروں کی طرح حالانکہ آتش جہنم ان کا ٹھکانا ہے۔ اور بہت سی ایسی بستیاں تھیں

هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ

جو قوت و شوکت میں تمہاری اس بستی سے کہیں زیادہ تھیں جس (کے باشندوں) نے آپ کو نکال دیا ۱۹ ہم نے ان بستیوں کے مکینوں کو ہلاک کر دیا

مال خرچ کیے، وہ بھی میدانِ جہاد میں زخمی ہوئے، یہ بھی زخمی ہوئے۔ انہوں نے بھی شمعِ حق پر جانیں قربان کیں، انہوں نے بھی سرکٹانے میں بخل سے کام نہیں لیا۔ پھر کیا وجہ ہے کہ نتائج بالکل مختلف رونما ہوئے؟ بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان کا حامی و ناصر تھا۔ اس کو راضی کرنے کے لیے انہوں نے یہ سب کچھ کیا۔ سو اس نے اپنے مخلص بندوں کی تائید و حمایت کی اور ان کفار کا نہ اللہ تعالیٰ پر ایمان تھا نہ اس نے ان کی دستگیری کی۔ جن بتوں کو انہوں نے اپنا معبود بنا رکھا تھا وہ ان کے کسی کام نہ آئے اس لیے نتائج کا اختلاف ایک طبعی امر ہے۔

۱۸ اہلِ ایمان تو خلوصِ نیت اور حسنِ عمل کی برکت سے جنت کی بہاروں سے لطف اندوز ہوں گے اور کفار کا ٹھکانہ دوزخ کا بھڑکتا ہوا آتش کدہ ہوگا۔ انہوں نے اپنی زندگی کا مقصد ہی نہ پہچانا۔ ساری عمر عیش و عشرت میں گزار دی۔ ڈنگروں کی طرح عمدہ، لذیذ اور زیادہ سے زیادہ مقدار میں کھانا کھانا ہی ان کا محبوب مشغلہ بنا رہا۔ نہ انہوں نے اپنے انجام کے بارے میں سوچنے کی زحمت گوارا کی نہ اپنے خالق کو پہچانا نہ اس کو راضی کرنے کا شوق ان کے دل میں پیدا ہوا۔ ان کے طرزِ عمل کا انجام وہی ہونا چاہیے تھا جس سے وہ اب دوچار ہیں۔

۱۹ اہلِ مکہ کو متنبہ کیا جا رہا ہے کہ تم نے اپنے نبی مکرم کو بڑی سنگدلی سے اپنا پیارا وطن چھوڑنے پر مجبور کر دیا۔ سنو! یہ کوئی معمولی بات نہیں کہ اس پر تمہیں کوئی سزا نہ ملے گی۔ بلکہ تم سے پہلے جن قوموں نے اپنے نبیوں کے ساتھ ایسا ناروا سلوک کیا وہ اگرچہ تم سے زیادہ طاقت ور، زور آور اور خوش حال تھیں لیکن ہم نے ان کو ملیامیٹ کر دیا اور کسی کو جرأت نہ پڑی کہ ان کی مدد کرے۔ سن لو! اگر تم باز نہ آئے اور توبہ نہ کی تو تمہارے ساتھ بھی ایسا سلوک ہی کیا جائے گا۔

لَهُمْ ﴿۱۳﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ

پس کوئی انکا مددگار نہ تھا۔ کیا وہ شخص جس کے پاس روشن دلائل ہیں اپنے رب کے پاس سے ۲۰ اس (بدبخت) کی مانند ہے آراستہ کردیئے گئے جس

وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ

کے لیے اس کے بُرے عمل اور وہ پیروی کرتے رہے اپنی خواہشوں کی۔ احوال اس جنت کے جس کا وعدہ متقیوں سے کیا گیا ہے۔ اس میں نہریں ہیں ایسے

مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ

پانی کی جس کی بُو اور مزہ نہیں بگڑتا ۲۱۔ اور نہریں ہیں دُودھ کی جس کا ذائقہ نہیں بدلتا۔ اور نہریں ہیں شراب

خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَلَهُمْ فِيْهَا

کی جو لذت بخش ہے پینے والوں کے لیے۔ اور نہریں ہیں شہد کی جو صاف ستھرا ہے۔ اور ان کے لیے اس میں

مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ

ہر قسم کے پھل ہوں گے اور (مزید براں) ان کے لیے بخشش ہوگی اپنے رب کی طرف سے (سوچو!) کیا یہ ان کی مانند ہوں گے جو ہمیشہ آگ میں

وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ

رہیں گے اور انہیں کھولتا پانی پلایا جائے گا اور وہ کاٹ دے گا ان کی آنتوں کو ۲۲۔ اور ان میں کچھ ایسے ہیں جو کان لگائے رکھتے ہیں آپ کی طرف۔

۲۰۔ بتا دیا کہ جس کے پاس اپنے رب کی طرف سے روشن دلائل ہیں اور ان کی روشنی میں زندگی کی مسافت طے کرکے منزل مقصود کی طرف بڑھتا چلا آرہا ہے۔ اس کا انجام اس بدبخت کے انجام سے بالکل مختلف ہوگا جس کے بُرے اعمال اس کی نگاہوں میں خوشنما بنا دیئے گئے ہیں اور وہ اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی میں گُم رہتا ہے۔

۲۱۔ متقی اور پرہیزگار لوگوں کو جو جنت مرحمت ہوگی اس کا قدرے تفصیلی بیان ہو رہا ہے۔ غیر اٰسن کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں ای غیر متغیر الرائحۃ وقد اٰسن الماء یاسن اسنا واسونا اذا تغیرت رائحتہ۔ وہ چیز جس کی بُو نہ بدلے اس کو غیر آسن کہتے ہیں۔ اس کا مادہ اٰسن یاسن الخ ہے جس کا معنی ہے بُو کا بدل جانا۔

۲۲۔ اس جنت میں لطف و سرور کی زندگی بسر کرنے والے خوش نصیب کے ساتھ اس بدنصیب کو کیا نسبت جو اپنے کرتوتوں کی پاداش میں جہنم رسید کر دیا گیا۔ اس کی رہائی پانے کی امید بھی ہمیشہ کے لیے ختم ہوگئی۔ انہیں ایسا گرم کھولتا ہوا پانی ملے گا جو ان کی آنتوں

حَتّٰىٓ اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۗ

حتیٰ کہ جب نکلتے ہیں آپ کے پاس سے تو کہتے ہیں اہل علم سے (کہ ذرا فرمائیے) یہ صاحب ابھی ابھی کیا کہہ رہے تھے ۲۳

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ

یہی وہ (بدبخت) ہیں مہر لگا دی ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر اور وہ پیروی کرتے ہیں اپنی خواہشوں کی۔ اور جو لوگ راہِ

اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

ہدایت پر چلے اللہ تعالیٰ بڑھا دیتا ہے ان کے نورِ ہدایت کو اور انہیں تقویٰ کی توفیق بخشتا ہے ۲۴ پس کیا یہ لوگ انتظار کر رہے ہیں

السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ

قیامت کا کہ آجائے ان پر اچانک ۲۵ بے شک اس کی نشانیاں تو آ ہی گئی ہیں ۲۶ (تو) جب قیامت ان پر آگئی تو اس وقت ان

کو کہاں سے نصیحت حاصل ہو گی

۲۳ جمعہ کے خطبوں اور دیگر اجتماعات میں اہلِ ایمان کے ساتھ منافقین بھی شریک ہوا کرتے تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشاداتِ طیبات، اہلِ ایمان تو ہمہ تن گوش ہو کر سنتے اور اپنے دل میں انہیں محفوظ کر لیتے، لیکن منافقین حضورؐ کے فرامین تو سنتے، مگر ان کی طبیعت پر بڑے گراں گزرتے جب محفل برخاست ہوتی تو صحابہ کرام سے پوچھتے کہ ابھی ابھی انہوں نے کچھ فرمایا ہے، ذرا بتائیے تو انہوں نے کیا فرمایا ہے؟ ہمیں تو یاد نہ رہا یا ہم سمجھ نہیں سکے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے ان کے دلوں پر مہریں لگا دیں اور وہ صرف اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی میں لگے رہتے ہیں، اس لیے انہیں سرورِ عالم کے ارشادات کیسے یاد رہ سکتے ہیں۔

۲۴ جو نیک بخت حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشادات اور کلامِ بلاغت نظام سے ہدایت حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، ان پر مزید کرم یہ کیا جاتا ہے کہ انہیں علم و بصیرت اور شرحِ صدر کی دولت سے مالا مال کر دیا جاتا ہے اور انہیں احکامِ الٰہیہ پر عمل کی توفیق بھی بخشی جاتی ہے یا ان چیزوں سے بچا لیا جاتا ہے جو دوزخ میں لے جانے کا باعث ہوتی ہیں۔ تقویٰ کے یہ دونوں مفہوم درست ہیں۔

۲۵ حق واضح ہو گیا، دلائل و براہین سے شک و شبہ کا غبار چھٹ گیا، اس کے باوجود یہ لوگ کیوں ایمان نہیں لاتے۔ کیا وہ اس انتظار میں ہیں کہ اچانک قیامت برپا ہو جائے تب وہ ایمان لے آئیں گے۔

۲۶ قیامت کی علامات کے بارے میں احادیثِ نبوی میں واضح ارشادات ہیں۔ مندرجہ ذیل دو احادیث ملاحظہ فرمائیے۔ (مظہری)

(۱) عن ابی ھریرۃ قال بینما النبی صلی اللہ علیہ وسلم یحدث اذ جاء اعرابی قال متی الساعۃ قال اذا ضیعت الامانۃ فانتظر الساعۃ قال کیف اضاعتھا قال اذا وُسِّدَ الامر الی غیر اھلہ فانتظر الساعۃ (رواہ البخاری)

ایک روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گفتگو فرما رہے تھے کہ ایک اعرابی آیا۔ اس نے پوچھا قیامت کب آئے گی۔ ارشاد فرمایا جب امانت کو ضائع کیا جائے گا تو اس وقت قیامت کا انتظار کرنا۔ اس نے عرض کی امانت ضائع کرنے کی کیا صورت ہوگی۔ فرمایا جب کام نااہلوں کے سپرد کیے جائیں گے تو پھر قیامت کا انتظار کرنا۔

(۲) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک اور جامع فرمان ہے جس میں ہم سب کے لیے عبرت کے ہزاروں سامان ہیں۔ ذرا غور سے پڑھیے:

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا اُتخذ الفئ دُوَلاً والامانۃ مغنمًا والزکاۃ مغرمًا وتُعلّم لغیر الدین واطاع الرجل امراتہ وعق اُمّہ وادنٰی صدیقہ واقصٰی اباہ وظھرت الاصوات فی المساجد وساد القوم فاسقُھم وکان زعیم القوم اَرذَلَھم واکرم الرجل مخافۃ شرہ وظھرت القینات والمعازف وشربت الخمور ولعن اٰخر ھذہ الامۃ اولھا فارتقبوا عند ذالک ریحًا حمراء وزلزلۃً وخسفًا ومسخًا الخ (ترمذی)

ترجمہ: رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب مال غنیمت کو باہم بانٹ دیا جائے گا اور امانت کو لوٹ کا مال سمجھا جائے گا اور زکوٰۃ کو تاوان خیال کیا جائے گا اور دنیوی مقاصد کے لیے دینی تعلیم حاصل کی جائے گی، جب مرد اپنی بیوی کا فرمانبردار اور اپنی ماں کا نافرمان ہو جائے گا، جب وہ اپنے دوست کو قریب کرے گا اور اپنے باپ کو دور بھگائے گا، جب مسجدوں میں طرح طرح کی آوازیں بلند ہونے لگیں گی، جب فاسق، قوم کا سردار بن جائے گا، جب رذیل شخص قوم کا قائد ہوگا، جب کسی شخص کی عزت اس کی خوبیوں کی وجہ سے نہیں بلکہ اس کے شر سے بچنے کے لیے کی جائے گی، جب گانے والیاں اور گانا بجانا عام ہو جائے گا، جب کھلے بندوں شراب پی جائے گی، جب بعد میں آنے والے امت کے پہلے حضرات پر لعنت بھیجیں گے۔ اس وقت سرخ آندھی کا، زلزلہ کا، خسف اور مسخ کا انتظار کرو۔

علامہ آلوسی نے اس موضوع پر کھل کر لکھا ہے۔ فرماتے ہیں:

"بعض لوگوں نے قیامت کے بارے میں مختلف قسم کی قیاس آرائیاں کی ہیں۔ کسی نے چودہ صدیاں، کسی نے کم و بیش مدت مقرر کی ہے۔ بعض نے فلاسفہ یونان سے دنیا کی عمر اڑسٹھ ہزار سال نقل کی ہے، بعض نے چھتیس ہزار برس۔ کل ذالک خبط لا دلیل علیہ۔ یہ سب تُک بندیاں ہیں، اس پر کوئی دلیل نہیں۔ اس سے بھی زیادہ تعجب انگیز بات وہ ہے جو بعض اسلامیوں سے منقول ہے کہ قیامت چودہ سو سات ہجری میں قائم ہوگی۔ علامہ موصوف آخر میں لکھتے ہیں: وانت تعلم ان مثل ذالک مما لا ینبغی لعاقل ان یُعوّل علیہ او یلتفت الیہ والحزم والجزم بانہ لا یعلم ذالک الا اللطیف الخبیر۔ (روح المعانی)

یعنی تُو جانتا ہے کہ عقل مند آدمی ایسے اقوال کی طرف التفات ہی نہیں کرتا۔ احتیاط اور یقین کا فیصلہ یہ ہے کہ قیامت کے وقوع پذیر ہونے کو صرف اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو لطیف و خبیر ہے۔"

ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ

کو سمجھنا کب نصیب ہوگا پس آپ جان لیں کہ نہیں کوئی معبود بجز اللہ کے ۲۷ اور دعا مانگا کریں کہ اللہ آپ کو گناہ سے محفوظ رکھے ۲۸ نیز مغفرت طلب کریں

۲۷ اہل ایمان کی سعادت اور کفار کی شقاوت کا حال بیان کرنے کے بعد اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ توحید کا عرفانِ کامل جو آپ کو بخشا گیا ہے اسے ہمیشہ یاد رکھیے۔ علماء فرماتے ہیں کہ اس بات میں تو ادنیٰ شائبہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا علم حضورؐ کو ان آیات سے حاصل نہیں ہوا بلکہ روزِ الست سے حاصل ہے۔ اس لیے یہاں اِعْلَمْ بمعنی اُثْبُتْ ہے۔ یعنی آپ اس پر ثابت قدم اور پختہ رہیے۔ لیکن بعض اکابر نے فرمایا کہ حضورؐ کو اس عقیدہ پر ثبات اور پختگی بھی پہلے سے حاصل ہے اس لیے فاعلم بمعنی تذکر ہے یعنی اس حقیقت کو ہمیشہ یاد رکھیے۔

۲۸ علامہ قرطبی نے اس کے دو معنی ذکر کیے ہیں۔ یعنی ① اِسْتَغْفِرِ اللّٰهَ اَنْ يَّقَعَ مِنْكَ ذَنْبٌ۔ یعنی آپ اس بات سے اللہ کی مغفرت طلب کریں کہ آپ سے کوئی گناہ سرزد ہو۔ میں نے ترجمہ اسی کے مطابق کیا ہے۔

② اِسْتَغْفِرْهُ لِيَعْصِمَكَ مِنَ الذُّنُوْبِ۔ یعنی استغفار کریں تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کو گناہوں سے بچائے رکھے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درجات میں ہر لحظہ اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ اوپر والے درجے پر پہنچ کر جب نیچے والے درجے پر نگاہ پڑتی تو موجودہ رفعت کے مقابلہ میں وہ قصور محسوس ہوتا اس لیے حضورؐ کثرت سے استغفار کیا کرتے۔ وقد ذکروا ان لنبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی کل لحظة عروجا الی مقام اعلیٰ مما کان فیہ۔ فیکون ما عرج منہ فی نظرہ الشریف ذنبا بالنسبة الی ما عرج الیہ فیستغفر منہ (روح المعانی)

عارف باللہ حضرت مولانا ثناء اللہ لکھتے ہیں: اس حکم میں دو حکمتیں ہیں ① اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کے احکام کی بجا آوری میں خواہ کتنی ہی کوشش کی جائے انسان پر لازم ہے کہ اپنے قصور کا اعتراف کرتا ہے اور یہ سمجھے کہ جیسا کچھ مجھے کرنا چاہیے تھا مجھ سے نہیں ہو سکا۔ منعمِ حقیقی نے جو بے پایاں احسانات مجھ پر فرمائے ہیں میں ان کا حق شکر ادا نہیں کر سکا۔ یہ تصور انسان کا کمال ہے نقص نہیں۔ ھٰذا ھضم النفس واظہار التقصیر فی العبادة بالنسبة الی جلال ربك وعظمتہ۔ یعنی آپ ازراہِ تواضع یہ کہیے اور اللہ تعالیٰ کی عظمت وجلال کے پیشِ نظر اپنی تقصیر کا اعتراف کیجیے۔

② دوسری حکمت یہ ہے کہ استغفار امت کے لیے سنت بن جائے۔

امام فخر الدین رازی نے اس آیت کے ضمن میں لکھا ہے کہ اس آیت کی دو توجیہیں کی گئی ہیں۔ ایک توجیہ یہ ہے کہ خطاب اگرچہ حضورؐ سے ہے لیکن مراد امت ہے۔ یہ توجیہ درست نہیں کیونکہ مومنین کے لیے استغفار کا علیحدہ حکم ہے۔ دوسری توجیہ یہ ہے کہ یہاں ذنب سے مراد گناہ یا نافرمانی نہیں بلکہ ترکِ افضل ہے۔ امام لکھتے ہیں وحاشاہ من ذلک کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذاتِ والا صفات اس سے منزہ ہے کہ وہ افضل کو چھوڑ کر غیر افضل کریں۔ اس لیے امام رازی نے اپنی توجیہ پیش کی ہے۔ فرماتے ہیں۔ ان المراد توفیق العمل الحسن واجتناب العمل السیئ۔ اچھے کام کی توفیق اور برے کاموں سے اجتناب۔ کیونکہ استغفار کا معنی طلب غفران

وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ

مومن مردوں اور عورتوں کے لیے ۲۹؎ اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے تمہارے چلنے پھرنے اور آرام کرنے کی جگہوں کو۔ اور اہل ایمان کہتے ہیں

اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا

کیوں نہ اتری کوئی نئی سورت (جہاد کے بارے میں) ۳۰؎ پس جب اتاری جاتی ہے کوئی واضح سورت اور اس میں جہاد کا ذکر

الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ

ہوتا ہے تو آپ دیکھتے ہیں ان لوگوں کو جن کے دلوں میں (نفاق کا) روگ ہوتا ہے کہ وہ تکتے ہیں آپ کی طرف

ہے اور غفران کا معنی کسی قبیح چیز کو ڈھانپ دینا۔ اس کی دو صورتیں ہیں کہ اللہ تعالیٰ کسی قبیح چیز کے ارتکاب سے ہی محفوظ رکھے جس طرح حضور کی شان ہے، یا گناہ کے ارتکاب کے بعد اس کو ڈھانپ دے جس طرح کہ مومنین اور مومنات کا حال ہے۔

آپ کے سامنے علمائے ربانیین کے ارشادات پیش کر دیے گئے ہیں۔ ان کا خلاصہ وہی ہے جو علامہ قرطبی نے ذکر کیا ہے۔

۲۹؎ اللہ تعالیٰ نے امت مسلمہ کو یہ اعزاز بخشا ہے کہ ان کے لیے مغفرت مانگنے کا حکم اپنے محبوب کو دیا۔ علامہ بغوی کہتے ہیں:

هذا اكرام من الله تعالى لهذه الامة حيث امر نبيهم صلى الله تعالى عليه وسلم ان يستغفر لذنوبهم وهو الشفيع المجاب فيهم یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس امت کی یہ عزت افزائی کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو حکم دیا کہ امت کے گناہوں کے لیے مغفرت طلب کریں اور حضور کی ذات پاک وہ شفیع ہے جس کی شفاعت اور دعا مقبول ہے۔

۳۰؎ مسلمان ہجرت سے پہلے بڑے صبر و سکون کے ساتھ کفار کے مظالم برداشت کرتے رہے اور زیادتیاں سہتے رہے، یہاں تک کہ انہیں ہجرت کی اجازت مل گئی۔ ان کا خیال تھا کہ مکہ سے اڑھائی تین سو میل دور مدینہ طیبہ میں آرام کا سانس لینا نصیب ہوگا لیکن کفار مکہ کی دست درازیوں نے نیند حرام کر دی۔ کوئی مسلمان تنہا ہاتھ آتا تو اسے قتل کر دیتے۔ مدینہ کے نواح میں جو چراگاہیں تھیں، ان پر دھاوا بول دیتے اور جو مویشی ہاتھ چڑھتے لے کر بھاگ جاتے۔ مسلمان اس صورت حال سے تنگ آ گئے تھے۔ وہ بڑی بے چینی سے اذن جہاد کے منتظر تھے۔ منافقین بھی بڑی ڈینگیں مارتے تھے کہ اگر جہاد کا اذن مل گیا تو ہم کافروں کو عبرت انگیز سزا دیں گے اور میدان جہاد میں اپنی شجاعت کے ایسے کارنامے دکھائیں گے کہ دنیا عش عش کر اٹھے گی۔ جب اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو کفار کے ساتھ جہاد کرنے کا اذن دے دیا تو اہل ایمان نے شکر الٰہی ادا کیا لیکن اس وقت منافقین کی حالت دیدنی تھی۔ حواس باختہ ہو گئے تھے اور اوسان خطا ہو گئے۔ یوں محسوس ہوتا کہ نزع کا عالم ہے۔ موت کی غشی ان پر طاری ہو گئی ہے۔ اب مرے کہ اب مرے۔ بے شک امتحان کے وقت ہی مومن اور منافق کی پہچان ہوتی ہے۔ باتیں بنانے میں تو منافقین بڑے چرب زبان ہوتے ہیں۔

الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَأَوْلَىٰ لَهُمْ ﴿٢٠﴾ طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَّعْرُوفٌ ۚ

جیسے تکتا ہے جس پر موت کی غشی طاری ہو۔ پس ان کے لیے بہتر یہ تھا ۳۱؎ کہ اطاعت کرتے اور اچھی بات کہتے۔

فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللَّهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿٢١﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ

پھر جب حکم ناطق ہو چکا تو اگر وہ سچے رہتے اللہ تعالیٰ سے تو یہ ان کے لیے بہتر ہوتا۔ پھر تم سے یہی توقع ہے کہ

إِن تَوَلَّيْتُمْ أَن تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ ﴿٢٢﴾ أُولَٰئِكَ

اگر تم کو حکومت مل جائے تو تم فساد برپا کرو گے زمین میں اور قطع کرو گے اپنی قرابتوں کو ۳۲؎ یہی وہ لوگ ہیں جن پر

۳۱؎ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ان کے لیے بہتر تو یہ تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے اور جب جہاد کے بارے میں قطعی حکم نازل ہو گیا تو اس وقت اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان قربان کرنے کے جو وعدے اور دعوے انہوں نے کیے تھے انہیں پورا کر دکھاتے۔ اگر وہ ایسا کرتے تو ان کے دونوں جہان سنور جاتے، لیکن ان کے دل ایمان کے نور سے محروم ہیں۔ ان سے یہ کیسے توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ اہل ایمان کی طرح اسلام کو سربلند کرنے کے لیے جان کی بازی لگا دیں گے۔

لفظ اَولٰی کی تحقیق کرتے ہوئے علماء سے دو قول منقول ہیں ① اَولٰی بمعنی اَلْیَقُ واحق یعنی زیادہ مناسب، زیادہ صحیح۔ اس صورت میں طاعۃ مبتدا مؤخر ہوگا اور یہ خبر مقدم۔ ای الطاعۃ اَولٰی واَلْیَقُ بھم۔ ② وَیْلٌ سے اَفْعَل کے وزن پر بنایا گیا ہے۔ پہلے وَیْلٌ میں قلب کیا گیا یعنی عین کلمہ کو لام کلمہ اور لام کلمہ کو عین کلمہ بنایا گیا۔ پھر افعل کے وزن پر اَولٰی بنایا گیا۔ اس صورت میں اس کا معنی ہلاکت و بربادی ہوگا۔ اصمعی نے اَولٰی لھم کا یہ معنی لکھا ہے مَعْنَاہُ قَارَبَہٗ مَا یُھْلِکُہٗ۔ یعنی اس کو ہلاک کرنے والی چیز قریب ہو گئی۔ ثعلب کہتے ہیں لم یَقُل اَحَدٌ فی اولی اَحسن مما قال الاصمعی (قرطبی) یعنی اولیٰ کی تحقیق میں اصمعی کا قول نہایت پسندیدہ ہے۔

۳۲؎ اس آیت میں خطاب ان منافقین سے ہے جو جہاد کا حکم سن کر مرے جا رہے تھے۔ آیت میں تولّیتم کے دو معنی ہو سکتے ہیں۔ اول: تولّیتم ای اعرضتم عن الاسلام (بحر محیط) یعنی اگر تم اسلام سے منہ پھیر لو تو پھر تم زمانہ جاہلیت کی طرف لوٹ آؤ گے۔ زمین میں فتنہ و فساد برپا کرو گے، ایک دوسرے کا گلا کاٹو گے، نہ تمہیں عدل و انصاف کے تقاضے یاد رہیں گے اور نہ تم ایک دوسرے کے ساتھ احسان و مروت کا سلوک کرو گے۔ سابقہ وحشت و بربریت کا دور پھر آ جائے گا۔

دوم: تولّیتم ولایت سے ہے یعنی اگر زمام اقتدار تمہارے ہاتھ میں آ جائے تو تم سے کسی بھلائی کی توقع عبث ہے۔ تم جیسے بزدل جو راہ حق میں جہاد کرنے سے جی چراتے ہیں، ان سے یہ کیسے امید کی جا سکتی ہے کہ وہ مسند اقتدار پر بیٹھ کر عدل و انصاف قائم کریں گے یا اپنے رشتہ داروں کے حقوق ادا کریں گے۔ ان نااہلوں کو اگر حکومت مل جائے تو وہ جور و ستم کی آگ بھڑکائیں گے۔ ملک کے امن و سکون کو تہ و بالا کر کے رکھ دیں گے۔ بزدل ہمیشہ ظالم اور ستم گر ہوا کرتا ہے۔

الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ أَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ

اللہ نے لعنت کی پھر (حق سننے سے) انہیں بہرا کر دیا اور ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا ۳۳؎ کیا یہ لوگ غور نہیں کرتے

الْقُرْآنَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾ إِنَّ الَّذِينَ ارْتَدُّوا عَلَىٰ أَدْبَارِهِم

قرآن میں یا ان کے دلوں پر قفل لگا دیے گئے ہیں۔ بے شک جو لوگ پیٹھ پھیر کر پیچھے ہٹ گئے

مِّن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطَانُ سَوَّلَ لَهُمْ وَأَمْلَىٰ لَهُمْ ﴿۲۵﴾

باوجودیکہ ان پر ہدایت (کی راہ) ظاہر ہو چکی تھی۔ شیطان نے انہیں فریب دیا اور انہیں لمبی زندگی کی آس دلائی ۳۴؎

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِينَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللَّهُ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ

یہ اس لیے کہ انہوں نے کہا ان لوگوں کو جنہوں نے ناپسند کیا جو اللہ نے اتارا کہ ہم تمہاری ایک بات میں اطاعت

الْأَمْرِ ۖ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾ فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ

کریں گے۔ اور اللہ تعالیٰ ان کے پوشیدہ مشوروں کو جانتا ہے ۳۵؎ پس ان کا کیا حال ہو گا جب فرشتے ان کی روحوں کو قبض کریں گے اور چوٹیں

۳۳؎ یہی وہ بدنصیب ہیں جن کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے دُور کر دیتا ہے۔ ان کی بزدلی اور ان کے ظلم و عدوان کے باعث ان کے کان بہرے ہو جاتے ہیں۔ وہ حق کی صدائے دلنواز سن ہی نہیں سکتے۔ ان کی آنکھیں اندھی ہو جاتی ہیں۔ نورِ ہدایت انہیں نظر ہی نہیں آتا۔

۳۴؎ حق جب نکھر کر سامنے آ جاتا ہے تو اس کی کشش خود بخود دلوں کو اپنی طرف جذب کرنے لگتی ہے۔ اس کے باوجود جو لوگ حق کو قبول کرنے سے روگردانی کرتے ہیں اور باطل سے چپٹے رہتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ شیطان باطل عقائد اور برے اعمال کو ان کے سامنے آراستہ و پیراستہ کر کے پیش کرتا ہے۔ ان کو جھوٹی امنگوں سے بہلاتا ہے۔ ان کے دل میں ڈالتا ہے کہ ابھی تو عنفوانِ شباب ہے۔ موت تو بڑی دیر کے بعد آئے گی۔ ان لمحوں کو ضائع مت کرو اور جی بھر کر عیش و نشاط کرو۔ سول لھم زین لھم خطایاھم یعنی ان کے گناہوں کو ان کے سامنے خوبصورت بنا کر پیش کرتا ہے۔ املی لھم ای مد لھم الشیطان فی الامل و وعدھم طول العمر۔ یعنی شیطان انہیں طرح طرح کی امیدیں دلاتا ہے اور ان سے وعدہ کرتا ہے کہ تمہاری عمر بڑی لمبی ہو گی۔ توبہ کرنے کی اتنی جلدی کیا ہے۔ جب بڑھاپا آ جائے گا اس وقت توبہ کر لینا۔

۳۵؎ منافقین درونِ پردہ مشرکوں سے سازباز کرنے میں مصروف رہتے تھے اور انہیں یقین دلا چکے تھے کہ اگرچہ ہم بظاہر مسلمان

وُجُوْهَهُمْ وَ اَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَاۤ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَ كَرِهُوْا

لگائیں گے ان کے چہروں اور پشتوں پر۔ یہ درگت اس لیے بنے گی کہ انہوں نے پیروی کی اس کی جو اللہ کی ناراضگی کا باعث تھا اور ناپسند کیا اس

رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

کی خوشنودی کو پس اس نے ان کے اعمال ضائع کر دیئے ۳۶ کیا خیال کرتے ہیں وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے کہ اللہ تعالیٰ

اَنْ لَّنْ یُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾ وَ لَوْ نَشَآءُ لَاَرَیْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ

ظاہر نہیں کرے گا ان کے دلی کھوٹوں کو ۳۷ اور اگر ہم چاہیں تو آپ کو دکھا دیں یہ لوگ ۳۸ سو آپ پہچان تو چکے ہیں

بنے ہوئے ہیں لیکن اگر تم مسلمانوں پر حملہ کرو گے تو ہم تمہارے مقابلہ کے لیے میدان جنگ میں نہیں آئیں گے۔ تم ہماری طرف سے مطمئن رہو۔ منافقین کی یہ یقین دہانیاں اگرچہ بڑی مخفی تھیں لیکن اللہ تعالیٰ سے تو پوشیدہ نہ تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کی سازشوں سے آگاہ کر دیا۔

قالوا کا فاعل منافق و یہودی ہیں۔ الذین کرھوا سے مراد مشرکین مکہ ہیں۔ بعض الامر سے مراد جنگ کی صورت میں مسلمانوں کے ساتھ تعاون نہ کرنے کا معاہدہ ہے۔

۳۶ ان کی موت اتنی اندوہناک کیوں ہوگی اس کی وجہ بیان کی جا رہی ہے۔

۳۷ منافقین تصنع اور ریاکاری کے پردے ڈال کر اپنے دلوں کے بغض کو چھپانے کی بڑی کوشش کر رہے ہیں لیکن کیا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ اپنے نفاق کو چھپانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ ان کے دلوں میں اسلام کے خلاف نفرت و عداوت کے جو شعلے بھڑک رہے ہیں کسی کو ان کی خبر نہ ہوگی یہ ان کی خام خیالی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کا پردہ چاک کر دے گا اور ان کے دلوں میں چھپے ہوئے راز آشکارا ہو جائیں گے۔ اضغان جمع ہے۔ اس کا واحد ضغن ہے بغض اور کینہ۔ الضغن والضغینۃ : الحقد (جوہری)

۳۸ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں مَا خَفِیَ عَلَی النَّبِیِّ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعد ھٰذہ الاٰیۃ احدٌ من المنافقین۔ یعنی اس آیت کے نزول کے بعد کوئی منافق حضور پر مخفی نہ رہا۔ علامہ ابن جریر طبری نے بڑی شرح و بسط کے ساتھ لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو منافقین کا علم عطا فرما دیا تھا۔

مندرجہ ذیل آیات کی تعمیل اسی وقت ہو سکتی ہے جب حضور کو منافقین کے بارے میں پورا پورا علم ہو۔ وَلَا تُصَلِّ عَلٰۤى اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ (توبہ) آپ کسی منافق کی نماز جنازہ نہ پڑھیے اور کسی کی قبر پر تشریف نہ لے جائیے۔ قُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِیَ اَبَدًا وَّ لَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِیَ عَدُوًّا۔ اے محبوب! آپ منافقین کو فرمایئے کہ اس کے بعد تم کبھی میرے ساتھ جہاد کے لیے روانہ نہ ہو گے اور نہ میرے ساتھ مل کر کسی دشمن کے ساتھ جنگ کرو گے۔

بِسِيمٰهُمْ ۚ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِي لَحْنِ الْقَوْلِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَعْمَالَكُمْ ﴿٣٠﴾

ان کو ان کے چہرے سے ٣٩ اور آپ ضرور پہچان لیا کریں گے انہیں ان کے انداز گفتگو سے اور اللہ جانتا ہے تمہارے اعمال کو۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِينَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِينَ ۙ وَنَبْلُوَا أَخْبَارَكُمْ ﴿٣١﴾

اور ہم ضرور آزمائیں گے تمہیں تاکہ ہم دیکھ لیں تم میں سے جو مصروف جہاد رہتے ہیں اور صبر کرنے والے ہیں اور ہم پرکھیں گے تمہارے حالات کو۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ

بے شک جو لوگ خود بھی کفر کرتے رہے اور لوگوں کو بھی روکتے رہے اللہ کی راہ سے اور مخالفت کرتے رہے رسول (کریم) کی باوجودیکہ

مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا ۗ وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ ﴿٣٢﴾

ظاہر ہو چکی تھی ان کے لیے راہ ہدایت وہ قطعاً اللہ تعالیٰ کو کچھ ضرر نہیں پہنچا سکتے اور اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو اکارت کر دے گا ٤٠

يٰأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ ﴿٣٣﴾

اے ایمان والو! اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول (کریم) کی اور نہ ضائع کرو اپنے عملوں کو۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ

بے شک جو لوگ خود بھی کفر کرتے رہے اور دوسروں کو بھی راہ حق سے روکتے رہے پھر وہ مر گئے کفر کی حالت میں تو اللہ تعالیٰ انہیں ہرگز

فَلَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿٣٤﴾ فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى السَّلْمِ ۖ وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ ۖ

نہیں بخشے گا۔ اے فرزندان اسلام! ہمت مت ہارو اور (کفار کو) صلح کی دعوت مت دو ٤١ تم ہی غالب آؤ گے۔

٣٩ اس جملہ کا میں نے وہ ترجمہ کیا ہے جو مولانا محمود الحسن صاحب نے کیا ہے۔

٤٠ اسلام کے خلاف ان کے منصوبے دھرے کے دھرے رہ جائیں گے۔ ان کی ہر سازش ناکام ہو گی یا جو نیکیاں انہوں نے مسلمانوں کے ساتھ مل کر کی ہیں ان کا انہیں کوئی اجر نہ ملے گا۔

٤١ اللہ تعالیٰ کی رحمت ان مٹھی بھر مسلمانوں کی حوصلہ افزائی فرما رہی ہے جنہیں چاروں طرف سے کفار نے نرغہ میں لے رکھا ہے جن کی تعداد کم ہے۔ جن کے وسائل محدود ہیں اور سارا ماحول جن کے خلاف نبرد آزما ہے۔ انہیں فرمایا جا رہا ہے کہ ہمت مت ہارو۔

وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۵﴾ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ

اور اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے اور وہ تمہارے اعمال (اور کوششوں) کو ضائع نہیں ہونے دیگا۔ یہ دنیوی زندگی تو محض ایک کھیل اور تماشا ہے۔

وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿۳۶﴾

اور اگر تم ایمان لاؤ اور پرہیزگار بن جاؤ تو وہ تمہیں تمہارے اجر عطا کرے گا اور وہ طلب کرے گا تم سے تمہارے مال [۴۲]

اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿۳۷﴾ هٰۤاَنْتُمْ

اگر وہ طلب کرے تم سے تمہارے مال اور اس پر اصرار کرے تو تم بخل کرنے لگو اور دیں ظاہر کر دیگا تمہاری ناگواریوں کو۔ ہاں تم ہی

دشمن کی کثرت و قوت سے ڈر کر صلح کی خواہش مت کرو۔ میں تمہارے ساتھ ہوں۔ دنیا کی کوئی طاقت تمہیں مغلوب نہیں کر سکتی۔ تم سربلند اور غالب رہو گے۔ اسلام کی سربلندی کے لیے جو مخلصانہ کوششیں کر رہے ہو، گلشن توحید کو سیراب کرنے کے لیے جس طرح تم اپنے خون کے دریا بہا رہے ہو وہ ضائع نہیں جائیں گے۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو صلح کی درخواست میں پہل نہیں کرنی چاہیے۔ اس طرح دشمن دلیر ہو جائے گا اور اپنے لوگ اپنے آپ کو کمزور اور بے بس محسوس کرنے لگیں گے۔ دشمن کے تابڑ توڑ حملوں کے سامنے ڈٹ جاؤ، اس کا بے جگری سے مقابلہ کرتے رہو۔ اللہ تعالیٰ کی مدد تمہارے ساتھ ہے چنانچہ علمائے اسلام نے تصریح کی ہے۔ فَلَا يَجُوْزُ مُهَادَنَةُ الْكُفَّارِ اِلَّا عِنْدَ الضَّرُوْرَةِ (قرطبی) یعنی کفار کے ساتھ جنگ بندی شدید ضرورت کے بغیر جائز نہیں۔

[۴۲] اللہ تعالیٰ تمہیں یہ حکم نہیں دے گا کہ تم اپنا سارا سرمایہ اس کی راہ میں خرچ کر دو اس کو تمہاری ضرورتوں اور کمزوریوں کا بخوبی علم ہے۔ اگر وہ تمہیں اپنی ساری دولت خرچ کرنے کا حکم دے تو تم بخل کرنے لگو گے اور تمہارے دلوں میں مال و دولت کی محبت جو مخفی ہے وہ آشکارا ہو جائے گی۔

صاحب تاج العروس ضِغن کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں قد ضَغِنَ اليه وعليه مال واشتاق وحقد۔ اس لفظ کے تین معنے ہیں کسی چیز کی طرف مائل ہونا، کسی چیز کا شوق دل میں پیدا ہونا اور کینہ و بغض۔ اس آیت میں روئے سخن اگر منافقین کی طرف ہو تو پھر اس کا معنی یہ ہوگا کہ تمہارے دلوں میں اسلام کے بارے میں جو بغض و عناد ہے جسے تم بڑی مہارت سے چھپائے ہو وہ ظاہر ہو جائے گا۔ لیکن اگر اس سے مراد اہل ایمان ہوں تو پھر اس سے مراد دولت کی محبت ہوگی کیونکہ ہر شخص صدیق اکبرؓ نہیں ہوا کرتا کہ اپنے محبوب کریم کے اشارۂ ابرو پر اپنے گھر کا سارا اثاثہ اٹھا کر لے آئے اور اس کے قدموں میں ڈھیر کر دے۔ بعض لوگوں کو دنیا سے محبت ہوتی ہے وہ کسی حد تک تو قربانی کے لیے آمادہ ہوتے ہیں لیکن اگر انہیں سارا مال خرچ کرنے کا حکم دیا جائے اور اس پر اصرار کیا جائے تو بعض لوگ دولت سے اپنے دلی لگاؤ کو چھپا نہیں سکتے۔ ضِغن کے یہ متعدد معانی ہیں محل اور موقع کی مناسبت سے اس کا معنی

هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ یَّبْخَلُ ۚ وَ

وہ لوگ ہو جنہیں دعوت دی جاتی ہے کہ اپنے مال خرچ کرو اللہ کی راہ میں ٤٣ پس تم میں سے کچھ بخل کرنے لگتے ہیں اور جو

مَنْ یَّبْخَلْ فَاِنَّمَا یَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ الْغَنِیُّ وَ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ

شخص بخل کرتا ہے تو وہ اپنی ذات سے بخل کر رہا ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ تو غنی ہے (کسی کا محتاج نہیں) بلکہ تم (اس کے) محتاج ہو۔

وَ اِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا یَكُوْنُوْۤا اَمْثَالَكُمْ ؑ ﴿٣٨﴾

اور اگر تم روگردانی کرو گے (تو اس سعادت سے محروم کر دیئے جاؤ گے) اور تمہارے عوض وہ دوسری قوم لے آئے گا پھر وہ تم جیسے نہ ہوں گے ٤٤

متعین کیا جائے گا۔

٤٣ ھا حرفِ تنبیہ ہے۔ انتم مبتدا اور ھٰٓؤُلَآءِ خبر ہے۔

اللہ تعالیٰ تمہیں دعوت دیتا ہے کہ تم اس کی راہ میں اپنے مال خرچ کرو۔ اس میں سراسر تمہارا ہی بھلا ہے۔ زکوٰۃ نکالو گے اور اپنے معاشرہ کے غریب اور مفلوک الحال لوگوں کی ضروریات بہم پہنچاؤ گے تو تمہیں معاشی سکون و اطمینان نصیب ہوگا۔ اگر جہاد کے موقع پر مجاہدین کی ضروریات کا انتظام کرو گے اور وہ میدانِ جنگ میں دشمن کو شکست دیں گے تو تمہاری عزت میں اضافہ ہوگا۔ تمہاری مالی حالت میں خوش آئند تبدیلی ہوگی۔ اس میں سراسر تمہارا ہی فائدہ ہے۔ ہم اپنے لیے تو تم سے کچھ طلب نہیں کرتے۔ اس کے باوجود تم میں ایسے کوتاہ اندیش لوگ بھی ہیں جو اس حقیقت کو نہیں سمجھتے۔ درحقیقت وہ ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچا رہے بلکہ اپنے آپ کو ثواب سے محروم کر رہے ہیں، نیز قوم کے ضرورت مند طبقہ میں ان کے خلاف نفرت کے جذبات پرورش پائیں گے اور ان کی زندگی اجیرن ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ تو غنی ہے۔ اس کو تمہاری دولت کی ضرورت نہیں، تم محتاج ہو، تمہیں اس کی عنایت و رحمت کی ہر لحظہ حاجت ہے۔ تم کم نگاہ ہو، اس ہمہ دان اور ہمہ بین کی رہنمائی کے بغیر تم منزلِ مقصود پر نہیں پہنچ سکتے۔

حضرت ابن مسعود سے مروی ہے ایک دن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں سے پوچھا تم میں سے کون شخص ہے جس کو اپنے مال سے زیادہ اپنے وارث کا مال محبوب ہو۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جس کو اپنے وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ عزیز ہو۔ حضور نے ارشاد فرمایا فَاِنَّ مَالَهٗ مَا قَدَّمَ وَمَالَ وَارِثِهٖ مَا اَخَّرَ کہ انسان کا اپنا مال وہ ہے جو اس نے راہِ خدا میں خرچ کر دیا اور جو پیچھے چھوڑ گیا وہ اس کا مال نہیں، اس کے وارث کا مال ہے۔

٤٤ اللہ تعالیٰ جس قوم کو اپنے دین کا علمبردار بننے کی سعادت بخشتا ہے اور اصلاحِ عالم کا اہم اور عظیم فریضہ تفویض کرتا ہے جب تک وہ قوم اپنے فرائض کی انجام دہی میں کوشاں رہتی ہے اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اس کے شاملِ حال رہتی ہے اس

کی ہر تدبیر ہم آہنگِ تقدیر ثابت ہوتی ہے۔ اس کا ہر قدم منزل کی طرف اٹھتا ہے اور ہر قسم کی عزتیں اور سرفرازیاں اس پر نچھاور کی جاتی ہیں لیکن جب کوئی قوم اس نعمت کی قدر نہیں کرتی، اللہ کی راہ میں جان دینے سے کتراتی ہے اور مال خرچ کرنے میں بخل سے کام لینے لگتی ہے اس کی قوتِ عمل میں کاہلی اور سستی کے آثار نمایاں ہونے لگتے ہیں تو اسے کو مناسب انداز سے اس کی کوتاہیوں پر متنبہ کیا جاتا ہے۔ اگر پھر بھی وہ اپنی اصلاح نہیں کرتی تو اسے اس منصبِ جلیل سے ہٹا دیا جاتا ہے اور کسی دوسری قوم کو وہ منصب سنبھالنے کی عزت بخشی جاتی ہے۔ وہ نئی قوم نہ جان کی بازی لگانے میں پس و پیش کرتی ہے اور نہ مال خرچ کرنے میں دریغ کرتی ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ ہمیشہ ایسا ہی ہوتا آیا ہے اور قرآن حکیم کا فیصلہ ہے کہ ہمیشہ ایسا ہی ہوتا رہے گا۔ جو قومیں بلکہ جو افراد اس منصب پر فائز ہیں انہیں اپنے اس منصب کی نازک ذمہ داریوں کا پورا پورا احساس ہونا چاہیے اور انہیں ہر لحظہ چوکنا رہنا چاہیے کہ ادائے فرض میں ان سے کوئی کوتاہی سرزد نہ ہونے پائے۔

الحمد للہ رب العالمین الذی جعلنا من امۃ حبیبہ سید المرسلین
ومن حملۃ کتابہ القرآن العظیم۔
اللھم صل علیہ وعلی الہ واصحابہ وبارک وسلم
نسالک التوفیق لنقتفی اثار سلفنا الصالحین
الذین بذلوا ارواحھم واموالھم وتضحوا بکل ما یملکون من قوۃ وعلم ونباھۃ
فکر لتکون کلمۃ اللہ ھی العلیا وکلمۃ الذین کفروا السفلی۔
لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

تعارف

سُورۃ الفتح

نام: یہ سورہ مبارکہ الفتح کے نام سے موسوم ہے۔ جو اس کی پہلی آیت میں مذکور ہے۔ یہ اس کا نام بھی ہے اور اس میں بیان کیے گئے مضامین و مطالب کا عنوان بھی۔ یہ چار رکوع اور انتیس آیات پر مشتمل ہے۔ اس کے کلمات کی تعداد پانچ صد ترسٹھ اور حروف کی تعداد دو ہزار پانچ صد اڑسٹھ ہے۔

زمانۂ نزول: اس بات پر سب علماء متفق ہیں کہ یہ سورت ماہ ذی القعدہ ۶ ہجری میں اس وقت نازل ہوئی جب سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حدیبیہ کے مقام پر مشرکین مکہ سے صلح کا معاہدہ کرنے کے بعد مدینہ طیبہ واپس تشریف لے جا رہے تھے۔

تاریخی پس منظر: مشرکینِ مکہ کے ظلم و ستم سے تنگ آکر مسلمان مکہ کو چھوڑ کر اڑھائی تین سو میل دور مدینہ طیبہ میں جا کر آباد ہوئے یہاں بھی کفار نے انہیں آرام کا سانس نہ لینے دیا۔ اکا دکا جھڑپوں کے علاوہ یکے بعد دیگرے بدر، اُحد اور خندق کی جنگیں ہوئیں۔ جنگ و جدال کا یہ سلسلہ جاری رہا۔ اہل مکہ نے مسلمانوں کے لیے مکہ کے دروازے بند کر دیے۔ خانہ کعبہ کے طواف و زیارت کے لیے سرزمین عرب کا ہر شخص آسکتا تھا لیکن مسلمانوں پر یہ قدغن تھی کہ وہ حرم شریف کی زیارت کا قصد نہیں کر سکتے اللہ تعالیٰ نے ان کے اس ناروا اقدام کی متعدد مقامات پر مذمت کی ہے۔ ایک جگہ ارشاد ہے: وَ مَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَ هُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ یعنی اللہ تعالیٰ ان مشرکوں کو کیوں عذاب نہ دے حالانکہ انہوں نے اہل ایمان کو مسجد حرام میں آنے سے روک دیا ہے۔

مدینہ طیبہ میں مہاجرین و انصار کو بیت اللہ شریف کی زیارت کا شوق ہر وقت بے چین رکھتا تھا۔ اپنی اس خواہش کا اظہار وہ بارگاہِ رسالت میں بھی کرتے رہتے تھے۔ حضور انہیں صبر کی تلقین کے ساتھ ساتھ یقین دلاتے کہ عنقریب وہ دن آنے والا ہے جب یہ سب رکاوٹیں دور ہو جائیں گی اور تم بڑی آزادی سے حج و عمرہ کے ارکان ادا کر سکو گے۔

ایک روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو یہ نوید جانفزا سنائی کہ میں نے خواب دیکھا ہے کہ ہم سب امن و سلامتی کے ساتھ مسجد حرام میں داخل ہو رہے ہیں۔ یہ سن کر صحابہ کرام کی خوشی کی حد نہ رہی۔ انہوں نے اللہ کریم کی حمد و شکر کے نعرے بلند کیے اور یہ خبر آنِ واحد میں سارے شہر میں پھیل گئی۔ صحابہ کرام یہ جانتے تھے کہ نبی کریم کا خواب عام خواب نہیں ہے بلکہ یہ وحی الٰہی ہے اور اس میں ہماری دیرینہ آرزو کے بر آنے کی بشارت دی گئی ہے۔ اتنا تو انہیں یقین تھا کہ

ایسا ضرور ہوگا، لیکن کس طرح ہوگا اس کے بارے میں مختلف وسوسے ان کو پریشان کرنے لگے۔ کیا قریش کے ساتھ جنگ ہوگی اور وہ انہیں شکست دے کر مسجد حرام میں داخل ہوں گے؟ کیا وہ زور بازو سے اہل مکہ کو شہر خالی کرنے پر مجبور کر دیں گے؟ کیا اہل مکہ خود بخود ان کے لیے شہر کے دروازے کھول دیں گے۔ بہرحال سفر کی تیاریاں زور شور سے شروع ہوگئیں۔ مدینہ طیبہ سے باہر جو قبائل مسلمان ہو چکے تھے انہیں بھی دعوت دی گئی کہ وہ بھی اس سفر میں شریک ہوں۔

یکم ذیقعدہ کو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قیادت میں عشاق کا یہ قافلہ سوئے حرم روانہ ہوا۔ اس کی تعداد چودہ صد اور پندرہ صد کے درمیان تھی۔ حضور اپنی ناقہ قصویٰ پر سوار تھے۔ ستر اونٹ قربانی کے لیے ساتھ تھے۔ ان کے گلوں میں قلاوے ڈال دیے گئے تھے تاکہ پہچان ہو سکے کہ یہ قربانی کے جانور ہیں۔ یہ قافلہ جب مدینہ طیبہ سے چھ سات میل دور ذو الحلیفہ نامی گاؤں میں پہنچا تو سب نے عمرہ کا احرام باندھا۔ ان کے پاس ایک ایک تلوار تھی جو میان میں بند تھی۔ اس کے علاوہ کوئی ہتھیار نہ تھا۔ ازواج مطہرات میں سے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو اس سفر میں حضور کی ہمرکابی کا شرف حاصل ہوا۔

قریش کو جب نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روانگی کی اطلاع ملی تو ان کے دلوں میں وسوسوں اور اندیشوں کے طوفان امڈنے لگے۔ انہوں نے یہ خیال کیا کہ عمرہ محض بہانہ ہے۔ اصل مقصد مکہ پر قبضہ کرنا ہے۔ انہوں نے طے کر لیا کہ وہ کسی قیمت پر مسلمانوں کو شہر میں قدم رکھنے کی اجازت نہیں دیں گے۔

حضور جب عسفان کے مقام پر پہنچے جو مکہ سے تقریباً دو دن کی مسافت پر واقع ہے تو بنی کعب قبیلہ کا ایک آدمی ملا۔ حضور نے اس سے قریش مکہ کے بارے میں دریافت کیا۔ اس نے جواب دیا کہ انہیں آپ کی روانگی کی خبر پہنچ گئی ہے۔ وہ مکہ سے نکل کر ذوطویٰ کے مقام پر خیمہ زن ہو گئے ہیں۔ انہوں نے یہ عہد کر لیا ہے کہ آپ کو مکہ میں ہرگز داخل نہیں ہونے دیں گے۔ نیز انہوں نے آپ کی پیشقدمی کو روکنے کے لیے دو صد شہسواروں کا دستہ دے کر خالد بن ولید کو کراع الغمیم کی طرف بھیج دیا ہے۔ یہ بستی عسفان سے صرف آٹھ میل کے فاصلہ پر تھی۔

یہ سن کر حضور نے فرمایا صد حیف! قریش کو جنگوں نے کھوکھلا کر دیا ہے لیکن پھر بھی وہ اپنی ضد سے باز نہیں آئے۔ کیا حرج تھا اگر وہ میرے درمیان اور دیگر عرب قبائل کے درمیان حائل نہ ہوتے اگر عرب قبائل ہمارا خاتمہ کر دیتے تو ان کا مقصد پورا ہو جاتا اور اگر اللہ تعالیٰ مجھے ان پر غلبہ بخشتا تو وہ اپنی عددی کثرت کے ساتھ اسلام میں داخل ہو جاتے اور اگر اس وقت بھی اسلام قبول کرنے کے لیے تیار نہ ہوتے تو پھر مجھ سے جنگ کرتے، اس وقت وہ طاقتور ہوتے۔ آخر میں حضور نے فرمایا: فما تظن قریش! فو اللہ لا ازال اجاھد علی الذی بعثنی اللہ بہ حتی یظھرہ اللہ او تنفرد ھذہ السالفۃ۔ ترجمہ: قریش کیا سوچ رہے ہیں! بخدا میں اس وقت تک اس دین کے لیے جہاد کرتا رہوں گا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کو غالب کر دے یا میری زندگی ختم ہو جائے۔

حضور نے جنگ و قتال سے بچنے کے لیے یہ مناسب سمجھا کہ اس مشہور راستہ کو چھوڑ کر کوئی اور راستہ اختیار کر کے مکہ پہنچیں حضور نے پوچھا: تم میں سے کوئی ایسا شخص ہے جو کسی غیر معروف راستہ سے ہمیں مکہ لے جائے۔ ایک شخص نے حامی بھری؛

چنانچہ ایک نہایت ہی کٹھن اور دشوار گزار راستہ پر چل کر حضور حدیبیہ کے مقام پر پہنچ گئے۔ یہ جگہ حرم شریف کی سرحد پر واقع ہے۔ اس طرح خالد کے گھوڑ سوار دستے سے ٹکراؤ ٹل گیا اور قریش کی یہ تدبیر ناکام ہو گئی کہ مسلمانوں کو راستے میں ہی الجھا دیا جائے۔

نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب حدیبیہ کے مقام پر پہنچے تو حضور کی ناقہ قصویٰ بیٹھ گئی۔ لوگوں نے خیال کیا کہ تھکاوٹ کی وجہ سے بیٹھ گئی ہے۔ نبی کریم نے فرمایا: انما حبسها حابس الفیل عن مکۃ۔ "اسے اس ذات نے آگے بڑھنے سے روک دیا ہے جس نے ہاتھیوں کو مکہ جانے سے روکا تھا"۔ حضور نے حکم دیا کہ یہیں فروکش ہو جاؤ۔ لوگوں نے عرض کی:

"یا رسول اللہ! یہاں تو پانی کی ایک بوند نہیں، سارے کنوئیں خشک پڑے ہیں، یہاں لشکرِ اسلام نے قیام کیا تو پانی کی نایابی کی وجہ سے بڑی تکلیف کا سامنا کرنا پڑے گا۔" حبیبِ کبریا نے اپنے ترکش سے ایک تیر نکالا اور ایک صحابی کو حکم دیا کہ کسی کنوئیں میں اتر جائے اور یہ تیر اس میں گاڑ دے۔ انہوں نے تعمیلِ ارشاد کی۔ تیر گاڑنے کی دیر تھی کہ پانی جوش مار کر ابلنا شروع ہو گیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے کنواں پانی سے بھر گیا۔

قریش بضد تھے کہ وہ کسی قیمت پر حضور کو آگے نہیں بڑھنے دیں گے۔ حضور کی خواہش تھی کہ جنگ نہ ہونے پائے اور سارے معاملات حسن و خوبی سے طے پا جائیں۔ اسی اثنا میں بُدیل بن ورقاء، جو بنی خزاعہ قبیلہ کا سردار تھا، اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ حضور کی خدمت میں آیا اور حضور سے یہاں آمد کا مقصد پوچھا۔ حضور نے اسے بتایا کہ ہم حج کے ارادہ سے نکلے ہیں۔ بیت اللہ شریف کی زیارت کا شوق ہمیں کشاں کشاں یہاں لے آیا ہے۔ جنگ کرنے کا ہمارا قطعاً کوئی ارادہ نہیں اور نہ ہی ہم کسی بہانے سے مکہ پر قابض ہونا چاہتے ہیں۔ احرام کی دو چادریں ہمارے زیب تن ہیں۔ قربانی کے جانور ہمارے ساتھ ہیں۔ کیا تم یہ باور کر سکتے ہو کہ ایک تلوار لے کر ہم تمہارے ساتھ اتنی مسافت طے کر کے لڑنے کے ارادے سے آئے ہیں۔ بُدیل کو اطمینان ہو گیا؛ چنانچہ وہ اہلِ مکہ کے پاس گیا اور انہیں جا کر کہا کہ مسلمان صرف کعبہ کی زیارت اور طواف کے لیے آئے ہیں۔ جنگ کرنے کا ان کا قطعاً کوئی ارادہ نہیں تم ان کا راستہ نہ روکو۔ قریش نے اسے ڈانٹ دیا اور صاف کہا کہ تم بدو لوگ ان باریکیوں کو نہیں سمجھتے ہم کسی قیمت پر مسلمانوں کو شہر میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دے سکتے۔

چند قبائل جنہیں احابیش کہا جاتا تھا مکہ کے نواح میں آباد تھے۔ قریش کے ساتھ ان کا دوستانہ معاہدہ تھا۔ مسلمانوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اہلِ مکہ کو ان کی بڑی ضرورت تھی۔ یہ لوگ بلا کے تیر انداز اور جنگجو تھے۔ اہلِ مکہ نے ان کے سردار حُلیس بن علقمہ کو اپنا نمائندہ بنا کر حضور کی خدمت میں بھیجا تاکہ وہ مجبور کرے کہ حضور واپس چلے جائیں۔ ان کا خیال تھا کہ اگر حضور نے اس کی بات نہ مانی تو وہ برافروختہ ہو کر مسلمانوں کے خلاف اپنی پوری قوت استعمال کرے گا۔ حضور نے جب اسے اپنی لشکر گاہ کی طرف آتے دیکھا تو صحابہ کو ارشاد فرمایا کہ قربانی کے جانوروں کی قطاریں اس کے سامنے سے گزارو۔ حُلیس نے جب یہ منظر دیکھا تو بہت متاثر ہوا۔ حضور سے گفتگو کیے بغیر قریش کے پاس واپس آ گیا۔ اور جو کچھ دیکھا تھا وہ آ کر بیان کر دیا اور انہیں یقین دلایا کہ مسلمان نہ جنگ کرنے کی غرض سے آئے ہیں اور نہ مکہ پر قبضہ کرنے کا کوئی ارادہ ہے۔ اس کی بات سن کر قریش کے غیظ و غضب کی حد نہ رہی۔ اُسے کہا او بدو! بیٹھ جاؤ تمہیں ان چیزوں کا کیا علم ہے۔ حُلیس غصہ سے بے قابو ہو گیا اور انہیں کہا کہ ہم نے تمہارے

ساتھ اس لیے دوستی نہیں کی کہ زائرین کعبہ کا راستہ روکنے کے لیے تمہاری امداد کریں۔ اگر تم اپنی ضد سے باز نہ آئے تو میں اپنے قبیلے کے لوگوں کو لے کر یہاں سے چلا جاؤں گا۔ قریش اس کی منت سماجت کرنے لگے کہ ذرا صبر سے کام لو ہمیں سوچنے کا موقع دو۔ اس کے بعد اہل مکہ نے عروہ بن مسعود ثقفی کو کہا کہ وہ مسلمانوں کے ساتھ جا کر گفتگو کرے اور انہیں واپس چلے جانے پر آمادہ کرے۔ اپنے پہلے سفیروں کے ساتھ انہوں نے جو برتاؤ کیا تھا۔ وہ اس نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ اس نے معذرت کرتے ہوئے کہا کہ تم میرے ساتھ بھی وہی سلوک کرو گے اس لیے میں یہ خدمت انجام دینے سے قاصر ہوں۔ قریش نے اسے یقین دلایا کہ اس کی شخصیت ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے۔ اس کی دانائی اور فراست پر انہیں کلی اعتماد ہے؛ چنانچہ وہاں سے روانہ ہو کر بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا اور بڑی سلیقہ مندی سے گفتگو کا آغاز کیا کہنے لگا مکہ آپ کی قوم کا مرکز ہے اگر آپ ان آوارہ منش لوگوں کی فوج اکٹھی کر کے اس پر حملہ کر کے اس کو ویران کر دیں گے اور یہاں کے باشندوں میں قتل و غارت کا بازار گرم کر دیں گے تو یہ داغ پھر کبھی نہیں مٹے گا اور اگر جنگ کی نوبت آئی تو آپ کے یہ ساتھی آپ کو تنہا چھوڑ کر میدان جنگ سے بھاگ جائیں گے۔ حضرت صدیق اکبر اس کی یہ گفتگو سن رہے تھے۔ جب اس نے یہ آخری بات کہی تو آپ کو یارائے ضبط نہ رہا اور کڑک کر فرمایا اولات کے غلیظ چیتھڑے کو چومنے والے! تم نے کیا کہا۔ کیا ہم حضور کو چھوڑ کر چلے جائیں گے؟ عروہ نے یہ سنا تو ہکا بکا ہو کر رہ گیا۔

عرب کے دستور کے مطابق عروہ اثنائے گفتگو کبھی کبھی اپنے ہاتھ سے سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ریش مبارک کو چھو لیتا۔ حضرت مغیرہ جو پاس کھڑے تھے اس کے ہاتھ کو سختی سے جھٹک دیتے۔ اگرچہ آپ عروہ کے ممنون احسان تھے کہ اس نے ان کی طرف سے تیرہ آدمیوں کا خوں بہا ادا کیا تھا جو ان سے قبل از اسلام قتل ہوئے تھے۔

عروہ نے حضور سے تبادلہ خیال کیا اسے یقین ہو گیا کہ حضور کا مقصد نہ اہل مکہ سے جنگ کرنا ہے اور نہ مکہ پر قبضہ کرنا ہے بلکہ حضور اپنے مخلص ساتھیوں کے ساتھ حج بیت اللہ کی غرض سے یہاں آئے ہیں؛ چنانچہ اسلامی کیمپ میں کچھ وقت گزارنے کے بعد جب وہ واپس گیا تو اس نے اہل مکہ کو اپنے مشاہدات کے نتیجہ سے آگاہ کیا اور انہیں یہ مشورہ دیا کہ وہ مسلمانوں کی مزاحمت کا ارادہ ترک کر دیں۔ انہیں حج و زیارت بیت اللہ سے نہ روکیں۔ وہ چند دن یہاں ٹھہر کر واپس مدینہ چلے جائیں گے اس نے انہیں یہ بھی بتایا کہ وہ قیصر و کسریٰ اور کئی دوسرے بادشاہوں کے درباروں میں گیا ہے لیکن جاں نثاری اور عقیدت کے جو جذبات اس نے غلامان محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے دلوں میں موجزن دیکھے ہیں ان کی نظیر اسے کہیں بھی نظر نہیں آئی۔ وہ اگر تھوکتے ہیں تو لعاب دہن کو تبرک سمجھ کر ہاتھوں پر لے لیتے ہیں۔ اگر وہ وضو فرماتے ہیں تو وضو کے پانی کا ایک قطرہ زمین پر نہیں گرنے دیتے بلکہ آگے بڑھ کر اسے اپنے چہروں اور اپنے سینوں پر مل لیتے ہیں۔ اگر کوئی کام کرنے کا اشارہ کرتے ہیں، تو حکم بجا لانے میں سب ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کے لیے بیتاب ہو جاتے ہیں۔ میں نے اطاعت کیشی جاں نثاری خلوص اور محبت کے یہ دلکش مناظر کسی شاہی دربار میں نہیں دیکھے۔ اگر تم یہ خیال کرتے ہو کہ مشکل وقت میں مسلمان اپنے نبی کو چھوڑ کر بھاگ جائیں گے تو یہ تمہاری خام خیالی ہے میں نے حقیقت حال سے تمہیں آگاہ کر دیا ہے۔ اب جو تم مناسب سمجھو وہ کرو۔

قریش نے مسلمانوں کے خلاف جو روش اختیار کر رکھی تھی۔ انہیں اس بات کا اندیشہ تھا کہ جزیرۂ عرب کے طول و عرض

میں اس کا ردِ عمل ان کے خلاف ہوگا۔ لوگ یہ سمجھنے لگیں گے کہ قریش کعبہ کے خادم نہیں ہیں بلکہ مالک ہیں انہیں یہ اختیار ہے کہ جس کو چاہیں وہاں آنے دیں اور جس کو چاہیں وہاں آنے سے روک دیں۔ قریش کی کوشش تھی کہ اہلِ مکہ کے اذہان میں ان کے متعلق یہ تاثر پیدا نہ ہو یہی وجہ تھی جس کے باعث وہ مسلمانوں پر برملا حملہ کرنے سے گریزاں تھے۔ ان کی یہ خواہش تھی کہ ایسے حالات پیدا کر دیے جائیں کہ مسلمان مشتعل ہو کر جنگ کا آغاز کریں؛ چنانچہ انہوں نے بار بار ایسی حرکتیں کیں جن سے جنگ کے شعلے بھڑک سکتے تھے۔ ایک دفعہ رات کی تاریکی میں ان کے چالیس پچاس آدمی اسلامی کیمپ میں گھس آئے اور مسلمانوں پر پتھروں اور تیروں کی بارش شروع کر دی۔ مسلمانوں نے صبر و ضبط سے کام لے کر جنگ کو پھیلنے نہیں دیا بلکہ ان سب کو گرفتار کر کے حضور کی خدمتِ اقدس میں پیش کر دیا۔ رحمتِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کسی سے انتقام نہیں لیا بلکہ سب کو آزاد کر دیا۔ اس طرح قریش کی اس سازش کو ناکام بنا دیا۔ ایک روز مسلمان صبح کی نماز ادا کرنے میں مصروف تھے تنعیم[1] کی طرف سے ۸۰ آدمیوں کے ایک دستہ نے مسلمانوں پر حملہ کر دیا۔ مسلمانوں نے ان سب کو بھی گرفتار کر لیا لیکن سرورِ عالم نے ان کے لیے بھی عفوِ عام کا اعلان کر دیا۔ یوں قریش کی دوسری سازش بھی ناکام بنا دی گئی۔

حالات کوئی فیصلہ کن صورت اختیار نہیں کر رہے تھے۔ اہلِ مکہ نے جتنے سفیر بھیجے مسلمانوں کی حُسنِ نیت کے بارے میں وہ خود تو مطمئن ہو کر آئے لیکن اہلِ مکہ کو مطمئن نہ کر سکے۔ چنانچہ نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عثمان کو اپنا سفیر بنا کر اہلِ مکہ کی طرف بھیجا تاکہ یہ اپنی ذاتی وجاہت اور خاندانی اثر و رسوخ کے باعث اہلِ مکہ کی غلط فہمیوں کو دور کر سکیں اور قریش کو اس بات پر آمادہ کریں کہ وہ مسلمانوں کو زیارت و طوافِ کعبہ سے نہ روکیں۔

آپ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے رخصت ہو کر مکہ گئے۔ رؤسائے قریش سے ملاقات کی۔ صحیح صورتِ حال سے انہیں آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا اے عثمان! تمہیں کعبہ کا طواف کرنے کی اجازت ہے۔ آپ نے جواب دیا: مَاكُنْتُ لَأَطُوْفَ بِالْبَيْتِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ لَمْ يَطُفْ؛

ترجمہ: جب تک اللہ تعالیٰ کا پیارا رسول خانہ کعبہ کا طواف نہیں کرے گا، میں طواف نہیں کروں گا۔

آپ نے انہیں بتایا کہ ہم جنگ کرنے کی غرض سے نہیں آئے۔ ہم نے احرام باندھا ہوا ہے، قربانی کے جانور ہمارے ساتھ ہیں۔ اسلحہ ہمارے پاس نہیں۔ اگر ہمارا ارادہ مکہ پر قبضہ کرنے یا تم سے جنگ آزمائی کا ہوتا تو کیا ہم اس بے سروسامانی کی حالت میں یہاں آتے۔ آپ نے انہیں یقین دلانے کی کوشش کی کہ ہم یہاں چند روز قیام کرنے کے بعد واپس چلے جائیں گے لیکن وہ اپنی ضد پر اڑے رہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے قسم کھائی ہے کہ مسلمانوں کو مکہ میں نہیں آنے دیں گے۔ آپ اس وقت واپس چلے جائیں۔ آئندہ سال کے بارے میں سوچا جا سکتا ہے۔ اہلِ مکہ نے حضرت عثمان کو اپنے پاس روک لیا تاکہ بات چیت کا سلسلہ جاری رہے۔

---

[1] یہ مکہ کے قریب حرم کی حدود سے باہر ایک مقام ہے۔ مکہ کے لوگ بالعموم عمرہ کرنے کی خاطر اسی مقام پر جا کر احرام باندھتے ہیں اور پھر واپس آ کر عمرہ ادا کرتے ہیں۔

اسی اثنا میں یہ افواہ پھیل گئی کہ اہل مکہ نے حضرت عثمان کو شہید کر دیا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اعلان کر دیا کہ جب تک عثمان کے خون کا بدلہ نہیں لے لیں گے یہاں سے نہیں ٹلیں گے۔ صحابہ کو حکم دیا کہ وہ جان کی بازی لگا دینے کے لیے بیعت کریں۔ سرورِ عالم ایک درخت کے نیچے جلوہ افروز ہیں۔ صحابہ کرام پروانوں کی طرح شوقِ شہادت سے سرشار بیعت کر رہے ہیں۔ انہیں یہ بات اچھی طرح معلوم ہے کہ وہ اپنے مرکز سے اڑھائی سو میل دُور ہیں۔ ان کی تعداد صرف چودہ پندرہ سو ہے۔ جنگ کے لیے جس قسم کے اسلحہ اور ساز و سامان کی ضرورت ہوتی ہے اس کا فقدان ہے۔ بادیہ نشین قبائل میں سے کوئی بھی ان کی مدد کرنے کے لیے تیار نہیں۔ دُشمن اپنے علاقہ میں ہے وہ مکہ کے سارے جنگجوؤں کو میدان میں لا سکتا ہے۔ ضرورت کے وقت دوست قبائل بھی ان کی کمک کو پہنچ سکتے ہیں۔ ان حالات کو سمجھتے ہوئے بھی وہ عشق اور ایمان کے تقاضوں سے باخبر ہیں اور ان کو عمدگی سے پُورا کرنے کی جرأت بھی رکھتے ہیں۔ نتائج سے بے نیاز ہو کر وہ اپنے ہادی و مُرشد کے دستِ مبارک پر سر کٹانے اور جان دینے کی بیعت کر رہے ہیں۔ سرفروشی، جاں نثاری کا یہ رُوح پرور منظر چشمِ فلک پیر نے کب دیکھا ہوگا۔ ان پاکباز اور نیک نہاد عشاق کے جذبۂ ایثار پر عالمِ بالا کے مکینوں کو بھی وجد آ گیا ہوگا۔ اسی حالت میں جبریلِ امین آئے اور خداوندِ کریم کا یہ پیغام سنا کر شمعِ جمالِ مُصطفوی کے پروانوں کو یُوں مژدہ جانفزا سنایا:

لقد رضی اللہ عن المؤمنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ۔

ترجمہ "بیشک راضی ہو گیا ہے اللہ تعالیٰ مومنین سے جب وہ درخت کے نیچے آپ کے دستِ حق پرست پر سر دھڑ کی بازی لگانے کی بیعت کر رہے تھے"۔

یہ بیعت تاریخ اسلام میں بیعتِ رضوان کے نام سے مشہور ہے۔ آج بھی اس کے تذکرہ سے ایمان کو جلا اور عشق کو نئی توانائیاں نصیب ہوتی ہیں۔

اس بیعت کی اطلاع جب اہل مکہ کو ملی تو ان کے اوسان خطا ہو گئے۔ جس ہٹ دھرمی کا وہ اب تک مظاہرہ کرتے رہے تھے، اس کی تُندی کافور ہو گئی۔ انہوں نے صُلح کی بات چیت کرنے کے لیے سُہیل بن عمرو کو حضرت عثمان کے ہمراہ حضور نبی کریم کی خدمتِ اقدس میں بھیجا۔

گفت و شنید کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔ آخر کار ایک معاہدہ صلح طے پایا جس کی اہم شرائط درج ذیل ہیں:

۱۔ فریقین دس سال تک ایک دُوسرے سے جنگ نہیں کریں گے۔ اور کوئی فریق خُفیہ یا اعلانیہ ایسی حرکت نہ کرے گا جو امن و آشتی کو درہم برہم کر دے۔

۲۔ اس عرصہ میں اگر کوئی قریشی اپنے ولی کی اجازت کے بغیر مکہ سے بھاگ کر حضور کے پاس چلا جائیگا تو حضور اسے واپس کر دیں گے لیکن اگر کوئی مُسلمان اپنے دین سے مرتد ہو کر مکہ چلا جائیگا تو اہل مکہ اسے واپس نہیں کریں گے۔

۳۔ عرب کے بادیہ نشین قبائل آزاد ہیں۔ مسلمانوں یا کفار جس کے ساتھ چاہیں دوستی کا معاہدہ کر سکتے ہیں۔

۴۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے ساتھ عمرہ کیے بغیر امسال واپس چلے جائیں گے۔ البتہ آئندہ سال آ کر وہ عمرہ ادا

کرسکیں گے۔ انہیں تین دن تک مکہ میں ٹھہرنے کی اجازت ہوگی۔ تلوار کے سوا ان کے پاس کوئی ہتھیار نہیں ہوگا اور تلوار بھی میان میں رہے گی۔

۵۔ اہل مکہ ان تین دنوں میں مکہ سے باہر چلے جائیں گے لیکن مسلمان جب واپس جائیں گے تو مکہ کے کسی شخص کو ساتھ نہیں لے جائیں گے۔

مسلمانوں نے معاہدہ کی جب یہ شرائط سُنیں تو ان پر رنج واندوہ کا گویا پہاڑ ٹوٹ پڑا۔ ان کی غیرت ایمانی یہ کب گوارا کر سکتی تھی کہ حق وصداقت کے علمبردار ہوتے ہُوئے وہ باطل سے دَب کر صُلح کریں۔ راہِ حق میں جان دے دینا اور سر کٹا دینا انہیں ہرگز گراں نہ تھا لیکن یہ بات ان کے لیے ناقابلِ برداشت تھی کہ کفار من مانی شرائط پر ان سے صلح کریں۔ ہر شخص رنجیدہ خاطر تھا۔ ہر دل میں بے چینی اور بیقراری تھی۔ حتیٰ کہ حضرت فاروقِ اعظم جیسا بالغ نظر بھی مضطربانہ حالت میں اپنے قلبی اضطراب کے اظہار کرنے پر مجبور ہوگیا۔ ایک اللہ تعالیٰ کا نبی تھا جس کی نگاہِ نبوت ان خوش آئند نتائج اور عواقب کو دیکھ رہی تھی جو مستقبل قریب میں اس معاہدہ پر مرتب ہونے والے تھے، اور ایک اس کے یارِ غار صدیقِ اکبر کی شخصیت تھی جس کے دل میں اطمینان اور سکون تھا۔ اسے یقین تھا کہ اللہ کا رسُول جو کرتا ہے اپنے رب کے حکم سے کرتا ہے اور اپنے رب کے حکم کی تعمیل میں بندوں کی بھلائی اور سرفرازی ہے۔

ابھی معاہدہ لکھا جا رہا تھا کہ کُفار کے نمائندے سُہیل بن عمرو کا لڑکا ابُو جندل جو مُسلمان ہوچکا تھا اور جسے زنجیروں میں جکڑ دیا گیا تھا، زنجیروں کو گھسیٹتا ہُوا حدیبیہ کے میدان میں پہنچ گیا اور دادرسی کے لیے فریاد کی۔ حضور نے فرمایا ہم معاہدہ کرچکے ہیں، اب معاہدہ کو نہیں توڑ سکتے۔ تم صبر کرو، اللہ تعالیٰ تمہاری خلاصی کی کوئی صُورت پیدا فرما دے گا۔ اس چیز نے صحابہ کے زخمی جذبات پر نمک پاشی کا کام کیا، لیکن کسی کو دم مارنے کی مجال نہ تھی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہیں احرام کھول دیا، اپنے قربانی کے جانوروں کو ذبح کیا۔ حضور کے سارے ساتھیوں نے اپنے آقا کے عمل کی اقتدا کرتے ہُوئے احرام کھول دیے اور اپنے جانوروں کو ذبح کردیا۔ اور یہیں سے یہ پیکرانِ تسلیم ورضا مراجعت فرمائے مدینہ طیبہ ہُوئے۔ راستہ میں جب ضجنان کے مقام پر پہنچے جو مکہ سے پچیس میل کے فاصلہ پر ہے۔ یا بقول بعض کراع الغیم کے مقام پر پہنچے، یہ سورت مبارکہ نازل ہُوئی جس کی پہلی آیت: انا فتحنا لك فتحًا مُبينًا نے اس حقیقت کو آشکارا کردیا کہ جس صُلح سے تم کبیدہ خاطر ہو، جن شرائط کے باعث تمہارے دل غمزدہ ہوگئے ہیں یہ حقیقت میں فتح مبین ہے۔ چنانچہ چند سال میں ہی جب اس معاہدہ میں مضمر برکات کا ظہور ہُوا تو ہر ایک کو یہ اعتراف کرنا پڑا کہ واقعی یہ صُلح اسلام کے لیے اور ہادیٔ اسلام کے مشن کی تکمیل کے لیے اور اُمتِ مسلمہ کے لیے ایک عظیم الشان فتح تھی۔ کفار نے ان شرائط کو مان کر مسلمانوں کی آزاد حیثیت کو گویا تسلیم کرلیا تھا۔ وہ اب اپنی قوم سے بھٹکے ہُوئے چند افراد کی ٹولی نہیں تھے، بلکہ ایک آزاد قوم تھے جن کی آزاد مملکت تھی، جس کے اپنے مساویانہ حقوق تھے اور وہ لوگ جو اس کی اس حیثیت کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہ تھے۔ انہوں نے بھی آج اس حقیقت کو تسلیم کرلیا تھا۔ نیز صُلح ہوجانے کے بعد مکہ اور مدینہ کے درمیان حالتِ جنگ کی کیفیت اختتام پذیر ہوگئی۔ آنے جانے پر پابندیاں اُٹھ گئی تھیں؛ چنانچہ تبلیغ اسلام کا کام اس

زور شور سے ہُوا اور ایسی کامیابیاں حاصل ہوئیں کہ گزشتہ اُنیس سال کی جدوجہد ایک طرف اور صُلح کے بعد دو سال کی جدّوجہد ایک طرف۔ قبائل کے قبائل فوج در فوج مدینہ طیبہ کا رُخ کر رہے تھے اور حضور کے دستِ حق پرست پر اسلام قبول کر رہے تھے۔

اس سفر میں حضور کے ہمراہیوں کی تعداد چودہ سو کے قریب تھی اور دو سال بعد جب فتح مکہ کے لیے حضور رَوانہ ہُوئے تو دس ہزار کا لشکرِ جرار ہمراہ تھا۔

نیز امن قائم ہو جانے کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ موقع مل گیا کہ جو علاقے اسلام کے زیر نگین ہو چکے ہیں انہیں اسلامی حکومت کو مستحکم بُنیادوں پر قائم کر دیا جائے اور اسلامی قانون کے نفاذ سے مُسلم معاشرہ کو ایک نئی تہذیب اور تمدن کے سانچے میں ڈھال دیا جائے۔

اس صلح کا یہ فائدہ بھی کچھ کم اہم نہیں کہ قریش کی جانب سے جب اطمینان ہوا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شمالی عرب اور وسط عرب کی مخالف طاقتوں کو مسخر کرنے کے لیے عنانِ توجہ مبذول فرمائی۔ صُلح حدیبیہ کے تین ماہ بعد یہودیوں کے اہم مراکز خیبر، فدک، وادی القریٰ، تیماء اور تبوک پر اسلام کا پرچم لہرانے لگا اور وسط عرب میں پھیلے ہُوئے بادیہ نشین قبائل جو پہلے قریش کے حلیف تھے ایک ایک کر کے حلقہ اسلام میں داخل ہو گئے یا حضور کی اطاعت قبول کر لی۔

صُلح نامہ کی جو شرط مسلمانوں کے لیے سب سے زیادہ پریشانی کا باعث بنی تھی وہ شرط نمبر ۲ تھی جس کی رُو سے اگر اہل مکہ کا کوئی آدمی بھاگ کر مدینہ طیبہ میں چلا جاتا تو اس کو واپس کرنا ضروری تھا۔ اس کے برعکس اگر مسلمانوں کا کوئی آدمی بھاگ کر مکہ چلا جاتا تو مُسلمان اسے واپس نہیں لے سکتے تھے۔ لیکن قلیل عرصہ کے بعد خود اہل مکہ کی درخواست پر یہ شرط معاہدہ سے خارج کر دی گئی۔ ہوا یوں کہ ابو بصیر جو اسلام لا چکا تھا اور جسے اہل مکہ نے اس جرم کی پاداش میں قید کر دیا تھا۔ قید سے بھاگ نکلا اور مدینہ طیبہ پہنچ گیا۔ کفار نے اسے واپس لانے کے لیے آدمی بھیجے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے معاہدہ کا احترام کرتے ہُوئے اسے واپس چلے جانے کا حکم دیا۔ راستہ میں وہ پھر ان لوگوں کے قبضہ سے بھاگ نکلنے میں کامیاب ہو گئے، اور بحر احمر کے ساحل پر اس جگہ ڈیرا لگا لیا جہاں سے قریش کے تجارتی قافلے گزرتے تھے۔ جب دُوسرے مُسلمانوں کو پتہ چلا جو مکہ میں قید و بند کی سختیاں جھیل رہے تھے تو وہ قید سے جان چھڑا کر ابو بصیر کے پاس جمع ہونے لگے یہاں تک کہ ستر آدمی وہاں جمع ہو گئے۔ قریش کا جو قافلہ ادھر سے گزرتا وہ اسے لُوٹ لیتے۔ اور اگا دُکا جو کافر ملتا اسے موت کے گھاٹ اتار دیتے۔ اس صُورتِ حال سے اہل مکہ بہت پریشان ہو گئے؛ چنانچہ اُنہوں نے اپنا ایک وفد مدینہ طیبہ بھیجا اور یہ درخواست کی کہ ابو بصیر اور ان کے ساتھیوں کو اپنے پاس مدینہ بلا لیں اور اس شرط کو منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا۔ اس طرح انا فتحنا لک فتحاً مبیناً کی عملی تصویر اپنوں اور بیگانوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لی۔

اس سورت کے اس تاریخی پس منظر کو پیش نظر رکھتے ہُوئے اگر آپ اس کا مطالعہ کریں گے تو از بس مفید ہو گا۔

سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ الفتح مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — انتیس آیات اور چار رکوع

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ﴿۱﴾ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ

یقیناً ہم نے آپ کو شاندار فتح عطا فرمائی ہے[1] تاکہ دُور فرمادے آپ کے لیے اللہ تعالیٰ[2] جو الزام آپ پر (ہجرت سے) پہلے لگائے گئے

[1] اگرچہ بعض روایات میں اس فتح مبین سے مراد فتح مکہ بیان کی گئی ہے اور بعض حضرات نے اس سے مراد فتح خیبر لی ہے لیکن صحیح قول یہ ہے کہ اس فتح مبین سے مراد صلح حدیبیہ ہے۔ چنانچہ امام زہری لکھتے ہیں۔ لقد کان الحدیبیة اعظم الفتوح وذلك ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم جاء الیها فی الف واربعمائة فلما وقعت الصلح مشی الناس بعضهم فی بعض وعلموا وسمعوا عن الله تعالیٰ فما اراد احد الاسلام الا تمکن منه فما مضت تلك السنتان الا والمسلمون قد جاءوا الی مكة فی عشرة آلاف۔ (قرطبی)

ترجمہ: صلح حدیبیہ ایک عظیم الشان فتح تھی۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ اس موقع پر صرف چودہ صد صحابہ حضورؐ کے ہمرکاب تھے۔ صلح کے بعد لوگوں نے آنا جانا شروع کر دیا۔ اس طرح انہیں اللہ تعالیٰ کے دین کے بارے میں جاننے اور سننے کے مواقع میسر آئے اور جس نے اسلام لانے کا ارادہ کیا وہ بآسانی اسلام لے آیا۔ صرف دو سال کے عرصہ کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مکہ فتح کرنے کے لیے جب تشریف لائے تو دس ہزار جانباز حضورؐ کے ہمرکاب تھے۔

[2] بظاہر اس آیت کا مفہوم یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیے ہیں۔ عفو و غفران کا مژدہ بجا، لیکن اس سے یہ تو ثابت ہو گیا کہ حضورؐ سے گناہوں کا صدور پہلے بھی ہوتا رہا اور بعد میں بھی ہوتا رہے گا (العیاذ باللہ) حالانکہ اس عقیدہ پر امت کا اجماع ہے کہ ہر نبی خصوصاً نبی الانبیاء، سید الرسل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معصوم ہیں۔ حضورؐ کے دامنِ عصمت پر گناہ کا کوئی داغ نہیں ہے۔

اس شبہ کو دُور کرنے کے لیے علمائے تفسیر نے متعدد جواب دیے ہیں جن کا خلاصہ پیشِ خدمت ہے:

۱۔ یہاں گناہ سے مراد گناہِ صغیرہ ہے۔

۲۔ یہاں گناہ سے مراد خلافِ اَولیٰ ہے اور حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَيِّئَاتُ الْمُقَرَّبِيْنَ کے قاعدے کے مطابق خلافِ اَولیٰ کو گناہ کہا گیا ہے۔

۳۔ وہ فعل اگرچہ نہ گناہِ صغیرہ ہے نہ خلافِ اَولیٰ، لیکن حضورؐ کی نگاہِ عالی میں وہ نہیں جچا اس لیے حضورؐ کے مقامِ رفیع کے باعث اسے ذنب (گناہ) کہہ دیا گیا ہے۔

۴۔ بعض علماء نے غَفَرَ کا معنی بچا لینا اور محفوظ کر لینا کیا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہر قسم کے گناہوں سے محفوظ

اور معصوم رکھتا ہے۔ اس حفاظتِ ربانی کے باعث نہ پہلے آپ سے کبھی کوئی گناہ سرزد ہوا اور نہ آئندہ کبھی کوئی گناہ سرزد ہوگا۔

۵۔ بعض علماء نے یہ توجیہ کی ہے کہ آیت کا مقصد یہ ہے کہ مغفرتِ عامہ کی بشارت دے کر حضورؐ کے قلبِ مبارک کو مطمئن کر دیا جائے۔ یعنی پہلے تو آپ سے کوئی غلطی سرزد ہی نہیں ہوئی، بالفرض اگر کوئی سہواً سرزد ہو گئی ہو تو بھی اس سے عفو و درگزر کا مژدہ سُنایا جاتا ہے تاکہ کسی قسم کی خلش یا مواخذے کا اندیشہ نہ رہے۔

یہ سارے جوابات اپنی اپنی جگہ نہایت اہم ہیں، لیکن کلام کے سیاق و سباق کو پیشِ نظر رکھا جائے تو ان میں سے کوئی مفہوم یہاں چسپاں نہیں ہوتا۔ فتح مبین کی غرض و غایت یا اس کا نتیجہ اور انجام مغفرت بتایا گیا ہے، لیکن فتح اور مغفرت میں کوئی مناسبت نہیں۔ اس لیے اس آیت میں مزید غور و خوض کی ضرورت ہے تاکہ آیات کا باہمی ربط بھی واضح ہو جائے اور عصمتِ نبوت پر بھی کسی کو انگشت نمائی کا موقع نہ ملے۔

ذنب کے لفظ پر غور کیا جائے تو یہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

ذنب کا معنی عام طور پر گناہ کیا جاتا ہے۔ گناہ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے کسی حکم کی نافرمانی کو، لیکن اہلِ لغت لفظ ذنب کو الزام کے معنی میں بھی استعمال کرتے رہتے ہیں اور الزام میں یہ ضروری نہیں کہ وہ فعل اس شخص سے صادر بھی ہوا ہو، بلکہ بسا اوقات بلاوجہ اس فعل کی نسبت اس شخص کی طرف کر دی جاتی ہے۔ اسی مادہ کے دو اور لفظ ہیں ذَنَبٌ اور ذَنُوْبٌ۔ ذَنَبٌ کا معنی دُم ہے جو جانور کے جسم کے آخر میں چپکی ہوتی ہے۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ اس کے جسم کا حصہ نہیں، بلکہ باہر سے اس کے ساتھ چپکا دی گئی ہے۔ اور پانی نکالنے والے ڈول کو ذَنُوْبٌ کہتے ہیں جو رسی کے ایک سرے سے بندھا رہتا ہے۔ اسی مناسبت سے ذَنْبٌ کا اطلاق الزام پر بھی ہو سکتا ہے جو کسی شخص کی طرف منسوب کر دیا جاتا ہے، خواہ اس نے اس کا ارتکاب نہ کیا ہو۔

قرآن کریم میں بھی ذَنْبٌ کا لفظ الزام کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ ایک روز موسیٰ علیہ السلام نے ایک اسرائیلی اور ایک قبطی کو باہم لڑتے دیکھا، قبطی اسرائیلی کو زد و کوب کر رہا تھا۔ اسرائیلی نے حضرت موسیٰؑ کو دیکھا تو انہیں مدد کے لیے پکارا۔ آپ نے پہلے قبطی کو منع کیا کہ غریب اسرائیلی پر ظلم و زیادتی نہ کرے۔ جب وہ باز نہ آیا تو آپ نے اسے ایک مُکّا دے مارا جو اس کے لیے جان لیوا ثابت ہوا۔ اپنے زیردست ساتھی کی مدد کرنا، اس کے بچاؤ اور اپنے دفاع کے لیے حملہ آور کو مُکّا مارنا نہ شرعاً کوئی جرم ہے نہ عرف میں یہ فعل قبیح ہے، لیکن فرعون چونکہ آپ کا دشمن تھا اور انہیں حکومت کا باغی تصور کرتا تھا، اس نے آپ پر قتل کا الزام رکھا تھا اور اگر اس کا بس چلتا تو وہ آپ کو وہی سزا دیتا جو قتلِ عمد کی ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ فرعون کے پاس جاؤ اور اسے دعوتِ حق دو، تو آپ نے بارگاہِ الٰہی میں عرض کی:

وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَأَخَافُ أَنْ يَقْتُلُوْنِ ۝ (۲۶ : ۱۴)

ترجمہ: انہوں نے مجھ پر الزام قتل لگا رکھا ہے، پس مجھے اندیشہ ہے کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے۔

اس آیت میں ذَنْبٌ سے مراد گناہ نہیں بلکہ الزام ہے۔ کیونکہ آپ نے اپنے اور اپنے امتی کے بچاؤ کے لیے یہ اقدام کیا تھا۔ آپ کا ارادہ اس کو قتل کرنے کا ہرگز نہ تھا اور نہ عام طور پر مکا لگنے سے موت واقع ہوتی ہے۔

ان آیات کے سیاق و سباق کو مدِنظر رکھا جائے تو یہی معنی (الزام) یہاں موزوں اور مناسب معلوم ہوتا ہے۔ غَفَرَ کا معنی 'چھپا دینا' 'دُور کر دینا'۔ مَا تَقَدَّمَ سے مراد ہجرت سے پہلے اور مَا تَأَخَّرَ سے مراد ہجرت کے بعد۔

یعنی اے حبیب! جو الزامات کفار آپ پر ہجرت سے پہلے عائد کیا کرتے تھے اور جو الزامات ہجرت کے بعد اب تک وہ لگاتے رہے ہیں، اس فتحِ مبین سے وہ سارے کے سارے نیست و نابود ہو جائیں گے اور ان کا نام و نشان بھی باقی نہیں رہے گا۔

پہلے ہم قرآن حکیم اور کتبِ حدیث سے ان الزامات کی چھان بین کرتے ہیں اور اس کے بعد یہ وضاحت کریں گے کہ وہ الزامات اس فتحِ مبین سے کس طرح دُور ہو گئے۔

ہجرت سے پہلے جو الزامات کفار کی طرف سے حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر عائد کیے جاتے تھے، وہ یہ ہیں: یہ کاہن ہے، یہ شاعر ہے، یہ مجنون ہے، یہ ساحر ہے، یہ اوروں سے سُن سُن کر فسانے بنا لیتا ہے، اسے کوئی اور پڑھاتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

ہجرت کے بعد الزامات کی فہرست کچھ یوں ہے:

وہ کہتے یہ قوم میں اختلاف، انتشار پیدا کرنے والا ہے، اس نے جنگ کی آگ بھڑکا کر مکہ کو اجاڑ ڈالا ہے، بھائی کو بھائی سے، اولاد کو اپنے ماں باپ سے جدا کرنے والا ہے۔ اس نے ہمارے محفوظ تجارتی راستوں کو خطرناک بنا دیا ہے۔ ہمارے قومی انتظامات کو درہم برہم کر دیا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

اس صلح سے پہلے مسلمانوں اور مشرکین کے درمیان حالتِ جنگ تھی۔ ایک دوسرے کے ہاں آنا جانا، مل بیٹھنا، تبادلۂ خیال کرنا ناممکن تھا۔ حضور کے خلاف جو بہتان اہلِ غرض تراشتے، سادہ لوح عوام انہیں سچ تسلیم کر لیتے اور اسلام سے کھچے کھچے رہتے۔ مسلمان صرف مدینہ طیبہ میں محصور ہو کر رہ گئے تھے۔ ہجرت کے بعد مکہ میں ان کی آمد و رفت ممنوع قرار دے دی گئی تھی۔ مکہ کے سردار اپنے آدمی بھیج کر بادیہ نشین قبائل میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف جھوٹا پراپیگنڈہ کرتے اور ان کے دلوں میں مسلمانوں سے نفرت اور عداوت کی آگ بھڑکاتے رہتے۔ یوں عرصہ تک بدو قبائل میں تبلیغِ اسلام کے امکانات نہ ہونے کے برابر تھے۔

حدیبیہ کے موقع پر جو صلح ہوئی، اس کی مشہور دفعات آپ سورت کے تعارف میں ملاحظہ کر چکے ہیں۔

اس معاہدے پر سرسری نظر ڈالنے سے تو یہی پتہ چلتا ہے کہ مسلمانوں نے بہت دب کر صلح کی ہے اور کفار اپنی من مانی شرائط منوانے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ اسی وجہ سے لشکرِ اسلام کو ان شرائط کا جب علم ہوا، تو انہیں بہت گراں گزرا حضرت

وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّ

اور جو ہجرت کے بعد لگائے گئے اور مکمل فرمائے اپنے انعام کو آپ پر ۳؎ اور چلائے آپ کو سیدھی راہ پر ۴؎ اور

يَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ

تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کی ایسی مدد فرمائے جو زبردست ہے ۵؎ وہی ہے جس نے اتارا اطمینان کو اہل ایمان کے

فاروقِ اعظمؓ جیسی ہستی بھی بے تاب ہو گئی۔ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر اپنی بے چینی کا اظہار کیا۔ اللہ تعالیٰ کے حبیبؐ نے ارشاد فرمایا: انا عبد الله ورسوله لن اُخَالِفَ اَمْرَهٗ وَلَنْ يُّضَيِّعَنِيْ۔

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔ میں اس کے حکم کی ہرگز مخالفت نہیں کروں گا اور وہ مجھے ہرگز ضائع نہیں ہونے دے گا۔

اور ایسا ہی ہوا کہ اس صلح کی وجہ سے فریقین میں جنگ بند ہو گئی۔ امن قائم ہو گیا۔ آمد و رفت کی پابندیاں ختم ہو گئیں مسلمانوں کو ان الزامات کی تردید کا سنہری موقع مل گیا۔ شکوک و شبہات کی کالی گھٹائیں چھٹ گئیں۔ حقیقت اپنے رُوئے زیبا کے ساتھ آشکارا ہو گئی۔ غلط پراپیگنڈے کے باعث دلوں پر جما ہوا غبار دُور ہو گیا اور لوگ دھڑا دھڑ دینِ اسلام کو قبول کرنے لگے۔ چنانچہ اس واقعہ کے صرف دو سال بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فتح مکہ کی مہم کے لیے مکہ روانہ ہوئے تو دس ہزار جانباز اور سرفروش غلاموں کا لشکرِ جرار ہمرکاب تھا۔

آپ ان آیات کو اب پھر پڑھیے۔ حقیقتِ حال روزِ روشن کی طرح واضح ہو جائے گی۔

۳؎ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فتح مبین سے بہرہ ور کرنے کے ساتھ اپنے پے در پے احسانات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اے محبوب! ہم نے اپنی نعمتوں کی انتہا کر دی۔ دین کو مکمل کر دیا۔ اسلام کی عظمت کا ڈنکا آفاقِ عالم میں بج رہا ہے۔ اس کے غلبہ کو دشمنوں نے بھی تسلیم کر لیا ہے۔ باعلاء الدین وانتشاره فی البلاد وغیر ذلك مما افاضه تعالیٰ علیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من النعم الدینیة والدنیویة

یعنی یہ تکمیلِ نعمت عبارت ہے دین کی سربلندی اور دُور دراز ممالک میں اس کے پھیل جانے سے، اس کے علاوہ جو دینی اور دنیوی نعمتیں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پر فرمائی ہیں وہ سب اس میں داخل ہیں۔

۴؎ فرائضِ رسالت کی انجام دہی اور احکامِ شریعت کی تنفیذ کوئی معمولی کام نہیں۔ اس میں سرِ مُو کوتاہی بھی ناقابلِ برداشت ہے اور سنگین نتائج کا باعث بن جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے میرے حبیب! ہم نے آپ کو ان کٹھن، دشوار اور نہروگداز ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے خود براہِ راست ہمکہ رہنمائی فرما دی ہے۔ کوئی مشکل راہ میں حائل نہیں ہو سکتی۔ کوئی اشکال باعثِ اضطراب نہیں بن سکتا۔ علامہ آلوسی نے بھی یہی تشریح کی ہے۔ ای فی تبلیغ الرسالة واقامة الحدود (روح المعانی)

۵؎ ان انعاماتِ خصوصی کے آخر میں فرمایا وینصرك الله۔ یعنی اللہ تعالیٰ آپ کی ایسی نصرت فرمائے گا کہ حضور ہمیشہ

الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ

دلوں میں ۳ے تاکہ وہ اور بڑھ جائیں (قوتِ) ایمان میں اپنے (پہلے) ایمان کے ساتھ۔ اور اللہ کے زیر فرمان ہیں سارے لشکر آسمانوں

غالب رہیں گے اور کسی قسم کی کمزوری رونما نہ ہوگی۔

یہاں ایک نکتہ غور طلب ہے۔ ان آیات میں مذکور تمام افعال کا فاعل اللہ تعالیٰ ہے لیکن لیغفر اور وینصر کے بعد اللہ عزّ اسمہٗ کو ظاہراً ذکر کیا۔ اس کی حکمت یہ بیان کی گئی ہے کہ مغفرت کا تعلق عالم آخرت کے ساتھ ہے اور نصرت و غلبہ کا تعلق دنیا کے ساتھ۔ گویا فرما دیا اے محبوب! تیری دنیا اور تیری آخرت کے تمام امور ہمارے سپرد ہیں۔ نہ اس دنیا میں آپ کو فکرمند ہونے کی ضرورت ہے اور نہ عقبیٰ کے بارے میں کسی اندیشہ کی ضرورت ہے۔ ان اللہ عز وجل ھو الذی یتولی امرک فی الدنیا والاٰخرۃ (روح المعانی) یعنی اللہ تعالیٰ آپ کے دنیوی اور اخروی تمام امور کا ذمہ دار ہے۔

۳ے صلح حدیبیہ کے بعد سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے جاں نثاروں کی معیت میں مدینہ طیبہ روانہ ہوئے تو راستہ میں اس سورت کی پہلی آیتیں نازل ہوئیں۔ حضور نے ارشاد فرمایا کہ مجھ پر ایک ایسی آیت نازل ہوئی ہے جو مجھے ساری دنیا سے محبوب تر اور عزیز تر ہے۔ حضور نے دوسری آیت پڑھ کر سنائی۔ جب زبانِ پاک سے لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تأخر کے کلماتِ طیبات ادا ہوئے، تو صحابہ خوشی سے بے قابو ہوگئے۔ مبارکیں پیش کرنے لگے۔ عرض کی ھنیئًا لک یا رسول اللہ۔ اے اللہ تعالیٰ کے رسول! مبارک صد مبارک، اللہ تعالیٰ نے حضور کو تو بتا دیا جو معاملہ وہ آپ سے فرمانے والا ہے۔ وما ذا لنا یا رسول اللہ۔ ہمارے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا۔ اس وقت یہ آیات نازل ہوئیں۔

سکینہ۔ اس اطمینان اور تسلی کو کہتے ہیں جس سے دل کو قرار آجائے اور ہر قسم کے قلق اور تشویش کا قلع قمع ہو جائے۔ صحابہ کرام کو صلح حدیبیہ سے جو پریشانی اور تشویش تھی اور جس کے باعث ان کے دل بے چین اور بے قرار تھے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ہم نے ان کے مضطرب اور بے چین دلوں میں سکون و طمانیت کا نور اتار دیا۔ وہ اضطراب جس میں وہ بُری طرح گرفتار تھے، وہ اطمینان سے بدل گیا۔

اگر بنظر غائر دیکھا جائے تو یہ مہم جن مرحلوں سے گزری، ہر ہر مرحلہ بڑا صبر آزما اور بہت کٹھن تھا۔ حالات کا دباؤ اتنا شدید تھا کہ کوئی قوم پر بھی نظم و ضبط کے بند ٹوٹ سکتے تھے۔ جب زائرین حرم کا یہ قافلہ روانہ ہوا تو منافقوں نے برملا کہنا شروع کر دیا کہ یہ لوگ موت کے منہ میں کودنے کو جا رہے ہیں۔ تھوڑی سی تعداد اور وہ بھی غیر مسلح، ان کا بچ کر واپس آنا ممکن نہیں۔ لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شمع جمال کے پروانوں نے اس کی قطعاً پروا نہ کی۔ راستہ میں جب یہ اطلاع ملی کہ کفار اُدھار کھائے بیٹھے ہیں کہ وہ کسی قیمت پر مسلمانوں کو مکہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے اور وہ جنگ کی مکمل تیاری کر چکے ہیں، پھر بھی مسلمانوں کے دلوں میں خوف و ہراس پیدا نہ ہوا۔ بلکہ بڑی شیر دلی سے آگے بڑھتے گئے۔ پھر جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی افواہ گرم ہوئی اور بیعتِ رضوان کی دعوت دی گئی اس وقت بھی ان کا جذبۂ جاں فروشی دیدنی تھا۔ آگے بڑھ کر بیعت کر رہے تھے اور اس عہد کو نبھانے کا عزم کیے ہوئے تھے اور جب صلح کی

وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

اور زمین کے ۔ اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا بہت دانا ہے ؂ تاکہ داخل کر دے ایمان والوں اور ایمان والیوں کو ؂

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ

باغوں میں رواں ہیں جن کے نیچے نہریں وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے اور دُور فرما دے ان سے ان کی

سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ

بُرائیوں کو ؂ اور یہ اللہ کے نزدیک بڑی کامیابی ہے ۔ اور تاکہ عذاب میں مبتلا کرے منافق مردوں

شرائط طے پا گئیں جو بادی النظر میں کفار کی فتح اور مسلمانوں کی ہار دکھائی دیتی تھیں تو اس وقت بھی حضورؐ کی قیادت پر انہیں اس قدر اعتماد اور بھروسہ تھا کہ سرِ تسلیم خم کر دیا۔ ان تمام مرحلوں میں نظم وضبط کا دامن مضبوطی سے تھامے رکھا۔ بیک وقت خوف وہراس، اشتعال وانتقام، مایوسی اور بددلی کے تھپیڑوں کے سامنے ثابت قدم رہنا صرف اسی گروہ سے متوقع ہو سکتا ہے جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے تسکین واطمینان کی دولت سے مالا مال کر دیا ہو۔

؂ اسی تسلیم ورضا، جرأت ودلیری اور ہمت واستقامت جس کا مظاہرہ انہوں نے قدم قدم پر کیا اس کا اجر انہیں یہ دیا گیا کہ ان کی قوتِ ایمان دوچند ہو گئی اور ان کے یقین کو پختگی نصیب ہوئی۔

زمین وآسمان کے سارے لشکر اللہ تعالیٰ کے زیرِ فرمان ہیں۔ اس کا اشارہ ملے تو چشم زدن میں ساری طاغوتی قوتیں تہس نہس کر کے رکھ دی جائیں۔ ان کو دم مارنے کی بھی مہلت نہ ملے۔ لیکن اس کو محض اپنی قوت کا اظہار مطلوب نہیں۔ وہ تمام حالات کو اچھی طرح جانتا ہے۔ ماضی، حال اور مستقبل سب اس کے سامنے عیاں ہیں اور اس کے سارے کام حکمت کے مطابق ہوتے ہیں۔ یہ صلح اس لیے نہیں کی گئی کہ کفار طاقت ور تھے اور مسلمان کمزور اور ان کی ٹکر نہیں لے سکتے تھے بلکہ اس صلح میں گوناگوں حکمتیں ہیں جو اپنے اپنے موقع پر نمایاں ہوں گی۔

؂ اس کا تعلق انزل کے ساتھ ہے۔ یعنی مسلمانوں پر سکینہ کا نزول اس لیے ہوا کہ اہلِ ایمان مردوں اور عورتوں کو ان انعامات سے نوازا جائے جن کا بیان اس آیت میں کیا گیا ہے۔

؂ یکفر کا معنی یُغطیہا۔ کسی چیز کو ڈھانپ دینا۔ کسی چیز پر اس طرح پردہ ڈال دینا کہ کسی کو اس کے وجود کا پتہ ہی نہ چلے۔ علامہ آلوسی اس لفظ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ ای یغطیہا ولا یظہرھا والمراد یمحوھا سبحانہ ولا یؤاخذھم بہا۔ (روح المعانی) مقصد یہ ہے کہ اس سفر میں جو غلامانِ مصطفےٰ ہمرکاب تھے ان کے اعمال نامے سے ان کی بُرائیوں، ان کی خطاؤں اور ان کی لغزشوں کو محو کر دیا جائے گا۔ ان کا نام ونشان بھی باقی نہ رہے گا۔ یہ کمالِ مغفرت کی طرف اشارہ ہے۔ اس سے بڑی کامیابی اور کیا ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی خطاؤں اور لغزشوں پر قلم عفو پھیر دے اور قیامت کے روز جب انسان بارگاہِ خداوندِ ذوالجلال میں پیش ہو تو فرشتے اس کے نامۂ اعمال

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ

اور منافق عورتوں، مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو جو اللہ کے بارے میں بُرے گمان رکھتے ہیں۔

عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ

انہیں پر ہے بُری گردش ۱۱ اور ناراض ہوا ہے اللہ تعالیٰ ان پر اور (اپنی رحمت سے) انہیں دُور کر دیا ہے اور تیار کر رکھا ہے

جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝۶ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ

ان کے لیے جہنم۔ اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے۔ اور اللہ کے زیر فرمان ہیں سارے لشکر آسمانوں اور زمین کے۔ اور

اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۷ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝۸

اللہ تعالیٰ سب پر غالب بڑا دانا ہے۔ بے شک ہم نے بھیجا ہے آپ کو گواہ بنا کر ۱۲ (اپنی رحمت کی) خوشخبری سنانے والا (اور عذاب الٰہی سے) بروقت ڈرانے والا۔

سے ایک جرم بھی بطورِ ثبوت پیش نہ کر سکیں۔ اسی کو اللہ تعالیٰ نے فوزِ عظیم فرمایا ہے اور اس فوزِ عظیم کے اولین مستحق اسلام کے وہ چودہ سو جانباز اور سرفروش ہیں جو اس سفر مبارک میں اپنے محبوب آقا کے ہمراہ تھے۔

۱۱ مدینہ میں منافق اس زعمِ باطل میں مبتلا تھے کہ اب مسلمان زندہ بچ کر واپس نہیں آئیں گے۔ کفارِ مکہ ان کا کچومر نکال کر رکھ دیں گے۔ کفارِ مکہ خوشی سے پھولے نہیں سماتے تھے کہ انہوں نے پہلی دفعہ من مانی شرائط پر مسلمانوں کو صلح کرنے پر مجبور کر دیا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ان دونوں گروہوں کی یہ غلط فہمی بہت جلد دُور ہو جائے گی۔ پیغمبرِ اسلام کا قدم عزت و غلبہ کی منزل کی طرف اٹھے گا۔ اسلام کا آفتابِ اقبال نصف النہار پر چمکے گا۔ جزیرہ عرب کے قبائل فوج در فوج اسلام کو قبول کر لیں گے۔ مکہ کے قابلِ فخر سردار خود چل کر آئیں گے اور حضور سرورِ عالم و عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہو کر طوقِ غلامی زیبِ گلو کریں گے اور اس غلامی پر فخر و ناز کریں گے۔ اسلام کی ترقی اور پیغمبرِ اسلام کی بے مثال کامیابی کو دیکھ کر منافقین و مشرکین پر دنیا تاریک ہو جائے گی۔ ان کے گھروں میں صفِ ماتم بچھ جائے گی۔ ان کے دلوں سے غم و الم کا دُھواں اٹھے گا۔ تباہی و بربادی کا جو چکر چلا کر وہ مسلمانوں کو ریزہ ریزہ کرنا چاہتے تھے خود ان کو پیس کر رکھ دے گا۔

۱۲ شاہد کا معنی گواہ ہے۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی اُمت کے نیک اعمال اور بُرے اعمال پر گواہ ہیں۔ شاهدا عليهم باعمالهم من طاعة ومعصية شاهدا عليهم يوم القيامة فهو شاهد افعالهم اليوم والشهيد عليهم يوم القيامة۔ (قرطبی) یعنی حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس دنیا میں اپنی اُمت کے نیک و بد اعمال کا مشاہدہ فرما رہے ہیں اور قیامت کے دن ان پر گواہی دیں گے۔ علامہ زمخشری لکھتے ہیں۔ تشهد على امتك كقوله تعالى ويكون الرسول عليكم،

لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ تُعَزِّرُوْهُ وَ تُوَقِّرُوْهُ ؕ وَ تُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ

تاکہ اے لوگو! تم ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور تاکہ تم ان کی مدد کرو اور دل سے ان کی تعظیم کرو ۱۲ ۔ اور پاکی بیان کرو اللہ کی صبح اور

اَصِيْلًا ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ

شام۔ (اے جانِ عالم!) بیشک جو لوگ آپ کی بیعت کرتے ہیں ۱۳ ۔ درحقیقت وہ اللہ تعالیٰ سے بیعت کرتے ہیں۔ اللہ کا ہاتھ ان کے

شهيدا (کشاف) یعنی حضور اپنی امت کے بارے میں گواہی دیں گے جس طرح ارشاد ہے۔ ويكون الرسول عليكم شهيدا۔ علامہ خازن لکھتے ہیں۔ اي شاهدا على اعمال امته۔ اپنی امت کے اعمال کی گواہی دیں گے۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں۔ اخرج عبد بن حميد و ابن جرير عن قتادة اي شاهدا على امتك وشاهدا على الانبياء عليهم السلام انهم قد بلغوا (روح المعانی) یعنی عبد بن حمید اور ابن جریر نے حضرت قتادہ سے نقل کیا ہے کہ حضور اپنی امت پر گواہ ہیں اور سابقہ انبیاء کے بارے میں بھی گواہی دیں گے کہ انہوں نے تبلیغ کا حق ادا کیا۔ اس کی مزید تحقیق کے لیے ملاحظہ فرمایئے سورۂ بقرہ آیت ۱۴۳ ، سورۃ النساء آیت ۴۱ ، الاحزاب آیت ۴۵۔

۱۲ ۔ علامہ راغب اصفہانی اس کلمہ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ التعزير: النصرة مع التعظيم کہ کسی کی نصرت و اعانت کرنا اور اس کے ساتھ اس کی تعظیم و تکریم کو بھی ملحوظ رکھنا (المفردات) علامہ ابن منظور لکھتے ہیں۔ التعزير: النصر باللسان والسيف۔ زبان اور تلوار سے کسی کی امداد کرنا (لسان العرب) عزّرہٗ: فخّمہٗ و عظّمہٗ کسی کی تفخیم و تعظیم کرنا۔ توقیر کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ وقّر الرجل: بجّله والتوقير التعظيم والترزين۔ یعنی کسی کی تعظیم و احترام کرنا۔ یہاں حکم دیا جا رہا ہے کہ میرے پیارے رسول پر سچے دل سے ایمان بھی لاؤ۔ اس کی نصرت و اعانت میں سر دھڑ کی بازی لگا دو۔ اس کے دین کی سربلندی کے لیے اپنے جملہ مادی اور ادبی وسائل کو پیش کر دو اور اس کے ساتھ ساتھ میرے محبوب کے ادب و احترام کو ہمیشہ ملحوظ رکھو۔ ایسا نہ ہو کہ تم دین کی خدمت تو کرو لیکن بارگاہِ نبوت کے آداب کو ملحوظ نہ رکھو۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اعانت اور اسی طرح حضور کی تعظیم و تکریم یکساں اہمیت کی حامل ہیں۔

علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ تعزروہ اور توقروہ میں ضمیرِ مفعول کا مرجع حضور کی ذات والاصفات ہے۔ یہاں وقف تام ہے اور تسبحوہ سے نیا کلام شروع ہوتا ہے اور یہاں مفعول کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی تسبیح کیا کرو۔ بعض علماء نے تمام افعال میں مفعول کی ضمیروں کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات کو قرار دیا ہے تاکہ تفریقِ ضمائر لازم نہ آئے۔ ومن فرق الضمائر فقد ابعد۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں کہ امام بغوی کا قول ہے کہ پہلے دو فعلوں میں ضمیرِ مفعول کا مرجع حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور تسبحوہ میں ضمیر کا مرجع اللہ عزّ اسمہٗ ہے۔ لکھتے ہیں۔ استبعده الزمخشري لكونه مستلزما لانتشار الضمائر قلنا لا بأس به عند قيام القرينة وعدم اللبس (مظہری) یعنی زمخشری نے اس قول کو پسند نہیں کیا کیونکہ اس طرح انتشارِ ضمائر لازم آتا ہے اور ہم کہتے ہیں کہ جب قرینہ موجود ہو اور التباس کا احتمال معدوم ہو تو اس وقت انتشارِ ضمائر میں کوئی قباحت نہیں۔

۱۳ ۔ حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حدیبیہ کے مقام پر خیمہ زن ہیں۔ کفارِ مکہ بضد ہیں کہ کسی قیمت پر مسلمانوں کو عمرہ کرنے کے لیے مکہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ دربارِ رسالت کے سفیر بن کر مکہ گئے ہوئے ہیں۔ اسی اثنا میں

اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا

ہاتھوں پر ہے ؎۱۲ پس جس نے توڑ دیا اس بیعت کو تو اس کے توڑنے کا وبال اس کی ذات پر ہوگا۔ اور جس نے ایفا کیا اس عہد کو جو اس نے

یہ افواہ پھیلتی ہے کہ کفار نے حضرت عثمانؓ کو شہید کر دیا ہے۔ اگرچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضور کے ساتھی جنگ کے لیے تیار ہو کر نہیں آئے تھے۔ احرام کی دو چادریں اور قربانی کے جانور یہی ان کا زادِ سفر تھا۔ لیکن یکایک ایسی صورتِ حال پیدا ہو گئی کہ تعداد کی قلت اور اسلحہ کے فقدان کی پروا کیے بغیر محض قوتِ ایمانی پر بھروسہ کرتے ہوئے باطل سے ٹکرانا ناگزیر ہو گیا۔ چنانچہ رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک درخت کے نیچے تشریف فرما ہوتے ہیں اور بیعت کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔ حضرت جابرؓ راوی ہیں یہ بیعت اس بات پر تھی کہ جب تک ہمارے جسموں میں جان ہے جب تک بدن میں خون کا ایک قطرہ موجود ہے ہم میدانِ جنگ میں ڈٹے رہیں گے اور اہلِ مکہ کو اس خیانت اور سفیر کشی کی عبرت ناک سزا دیں گے۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ غلامانِ حبیبِ کبریا علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات پروانہ وار دوڑ دوڑ کر حاضر ہو رہے ہیں اور اپنے آقا و مولا کے دستِ مبارک پر اپنا ہاتھ رکھ کر جاں بازی اور سرفروشی کی بیعت کر رہے ہیں۔ الغرض چودہ سو ہمراہیوں میں سے کوئی ایک بھی اس سعادت سے محروم نہ رہا۔ البتہ جد بن قیس جو حقیقت میں منافق تھا اس نے بیعت نہ کی۔ بخدا مجھے اب بھی وہ منظر نظر آ رہا ہے کہ وہ اپنی اونٹنی کے پیٹ کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اور اپنے آپ کو لوگوں کی نظروں سے چھپانے کی کوشش کر رہا ہے۔

حضور سرورِ عالمیان ؐ نے اپنے ان چودہ سو جاں نثاروں اور سرفروش مجاہدین کے بارے میں اپنی زبانِ حق ترجمان سے فرمایا۔ انتم خير اهل الارض اليوم اے اسلام کے قابلِ فخر مجاہدو! آج روئے زمین پر تم سب سے بہترین لوگ ہو۔ حضرت جابرؓ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد بھی منقول ہے۔ لا يدخل النار احد ممن بايع تحت الشجرة۔ جنہوں نے اس درخت کے نیچے میرے ساتھ بیعت کی ہے ان میں سے کوئی بھی دوزخ میں داخل نہیں ہوگا۔ (ابن کثیر)

ملا فتح اللہ کاشانی شیعہ اپنی تفسیر منہج الصادقین میں لکھتے ہیں: "آنحضرت اصحاب را در تحت شجرہ جمع کردہ ایشاں را تجدیدِ بیعت امر نمود و اصحاب برغبتِ تمام و جدی لاکلام دست بر دستِ پیغمبر نہادہ بیعت کردند کہ تا حینِ موت طریقِ متابعت با آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرعی دارند و در ہیچ زمان طریقِ فرار سلوک ننمایند و بجہتِ کمال رغبتِ ایشاں بود کہ ایں بیعت مسمّٰی شد بہ بیعتِ رضوان و در اثنائے آں ایں آیہ نازل شدہ" (منہج الصادقین۔ جلد ۸ صفحہ ۳۶)

ترجمہ: آنحضرت نے اصحاب کو درخت کے نیچے جمع کیا اور انہیں از سرِ نو بیعت کرنے کا حکم دیا۔ صحابہ کرام انتہائی شوق و رغبت اور بڑی سنجیدگی سے آگے بڑھے اور حضور کے دستِ مبارک پر ہاتھ رکھ کر اس بات پر بیعت کی کہ تا دمِ واپسیں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی متابعت کے راستے پر گامزن رہیں گے اور کسی وقت بھی راہِ فرار اختیار نہیں کریں گے۔ صحابہ کرام کے بے پناہ اشتیاق اور کمال رغبت کے باعث اس بیعت کا نام بیعتِ رضوان رکھا گیا اور اسی اثنا میں یہ آیت نازل ہوئی۔

؎۱۲ یہ بیعت بظاہر اگرچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دستِ حق پرست پر ہو رہی ہے لیکن درحقیقت یہ بیعت اللہ تعالیٰ کے

ساتھ تھی۔ اگرچہ بظاہر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہاتھ تھا لیکن درحقیقت یہ دست خدا تھا۔ جس طرح حضورؐ کی اطاعت کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کہا گیا ہے۔ اسی طرح حضورؐ سے بیعت اللہ سے بیعت اور حضورؐ کا ہاتھ اللہ تعالیٰ کا ہاتھ فرمایا گیا ہے۔

علامہ اسمٰعیل حقی صوفیاء کی اصطلاح کے مطابق اس آیت کی یہ شرح کرتے ہیں۔ وقال اهل الحقيقة هذه الاٰية كقوله تعالیٰ من يطع الرسول فقد اطاع الله فالنبي عليه السلام قد فنی عن وجوده بالكلية فتحقق بالله في ذاته وصفاته وافعاله وكل ما صدر عنه صدر عن الله (روح البيان)

یعنی اہل حقیقت کہتے ہیں کہ یہ آیت بعینہٖ اس فرمان خداوندی کی طرح ہے کہ جو رسول کی اطاعت کرتا ہے وہ اللہ کی اطاعت کرتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ذات وصفات سے فنا ہو کر بقا باللہ کے مقام پر فائز ہو چکے تھے اس لیے جو فعل حضورؐ سے صادر ہوتا وہ درحقیقت اللہ سے صادر ہوتا۔

آج کل جو ہم کسی ولی کامل کے ہاتھ پر بیعت کرتے ہیں وہ اسی سنت کا اتباع ہے۔ علامہ اسمٰعیل حقی لکھتے ہیں۔ يقول الفقير ثبت بهذه الاٰية سنة المبايعة ولخذ التلقين من المشائخ الكبار وهم الذين جعلهم الله قطب ارشاد بان اوصلهم الى التجلي العيني بعد التجلي العلمي (روح البيان) یعنی فقیر کہتا ہے کہ اس آیت سے بیعت کی سنت اور مشائخ کبار سے اکتساب فیض ثابت ہوتا ہے۔ وہ مشائخ جنہیں اللہ تعالیٰ نے قطب ارشاد کے مقام پر فائز کیا ہے۔ وہ اس طرح کہ علمی تجلی سے ترقی دے کر انہیں مشاہدہ کی تجلی تک پہنچا دیا جاتا ہے۔

حضرت شداد ابن اوس اور عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے:

قالوا كنا عند رسول الله عليه السلام فقال هل فيكم غريب يعني اهل الكتاب قلنا لا يا رسول الله فامر بغلق الباب فقال ارفعوا ايديكم فقولوا لا اله الا الله فرفعنا ايدينا ساعة ثم وضع رسول الله يده ثم قال الحمد لله اللهم انك بعثتني بهذه الكلمة وامرتني بها ووعدتني عليها الجنة . انك لا تخلف الميعاد . ثم قال ابشروا فان الله تعالى غفر لكم.

ترجمہ: ان دونوں نے کہا کہ ایک روز ہم بارگاہ رسالت میں حاضر تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دریافت فرمایا تم میں کوئی بیگانہ (اہل کتاب) تو نہیں؟ ہم نے نفی میں جواب دیا۔ ارشاد ہوا دروازہ بند کر دو اور اپنے ہاتھ بلند کر دو اور کہو لا الٰہ الا اللہ۔ ایک گھڑی ہم نے اپنے ہاتھوں کو بلند رکھا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک نیچے کیا اور گویا ہوئے الحمد للہ۔ اے اللہ! تو نے مجھے اس کلمہ کے ساتھ مبعوث فرمایا اور اس کلمہ کا حکم دیا اور میرے ساتھ وعدہ فرمایا کہ جو اس کلمہ کو پکارے گا وہ جنت میں داخل ہوگا اور تو اپنے وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ پھر فرمایا اے فرزندان اسلام! تمہیں مژدہ ہو۔ اللہ تعالیٰ نے تم سب کو معاف فرما دیا ہے۔

اس قسم کی متعدد صحیح روایات ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ حضورؐ اپنے غلاموں سے بیعت لیا کرتے تھے مستورات کو بھی اس شرف سے مشرف فرماتے۔ لیکن ان کی بیعت کا طریقہ یہ تھا کہ پانی کے ایک پیالہ میں پہلے حضورؐ اپنا دست مبارک رکھتے۔ اس کے بعد ان کو اس پیالہ میں ہاتھ ڈالنے کا حکم دیتے۔ حضورؐ نے کبھی کسی اجنبیہ کے ساتھ مصافحہ نہیں کیا۔

عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۰﴾ سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ

اللہ سے کیا تو وہ اس کو اجر عظیم عطا فرمائے گا ۔ ۱۵ عنقریب آپ سے عرض کریں گے وہ دیہاتی جو پیچھے

مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ

چھوڑے گئے تھے ۱۶ ہمیں بہت مشغول رکھا ہمارے مالوں اور اہل وعیال نے پس جناب ہمارے لیے معافی طلب کریں۔ اے حبیب! یہ اپنی زبانوں سے ایسی

۱۵ اللہ تعالیٰ کے رسول مکرم کے ساتھ بیعت کر کے جس نے بیعت کو توڑ دیا۔ اس نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا اور جس نے اس بیعت کو پورا کیا اور اس عہد کو ایفا کیا اس کو اللہ تعالیٰ اجر عظیم عطا فرمائے گا۔ وہ جنت میں اقامت گزیں ہوں گے اور اس میں انہیں ایسی نعمتوں سے نوازا جائے گا جن کو نہ کسی آنکھ نے آج تک دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی کے دل میں وہ کھٹکیں۔ هوالجنة وما يكون فيها مما لا عين رأت ولا اذن سمعت ولا خطر على قلب بشر۔

جن نفوس قدسیہ نے اس درخت کے نیچے بیعت کی سعادت حاصل کی ان میں سے کسی نے اس بیعت کو نہیں توڑا حضرت جابرؓ فرماتے ہیں، بايعنا رسول الله صلى الله عليه وسلم تحت الشجرة على الموت وعلى ان لا نفر فما نكث احد منا البيعة الا جد بن قيس وكان منافقا اختبأ تحت ابط بعيره (كشاف) یعنی ہم نے اس درخت کے نیچے اس بات پر اللہ کے رسول سے بیعت کی کہ ہم جان دے دیں گے لیکن راہ فرار اختیار نہیں کریں گے۔ پس ہم میں سے کسی نے اس بیعت کو نہیں توڑا بجز جد بن قیس کے وہ درحقیقت منافق تھا اور جب مسلمان بیعت کر رہے تھے تو وہ اپنے اونٹ کی بغل میں چھپا ہوا تھا۔

۱۶ اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جب سفر مکہ کی تیاری شروع کی تو مدینہ طیبہ کے نواح میں جو قبائل جہینہ، مزینہ، غفار، اشجع، دیل اور اسلم آباد تھے جو اکثر اسلام سے اپنی وفاداری کا اظہار کرتے رہتے تھے۔ ان کو دعوت دی گئی کہ وہ بھی اس سفر میں ہمراہ چلیں۔ یہ قوی اندیشہ تھا کہ کفار کو شرارت سے باز نہیں آئیں گے۔ اگر مسلمانوں کی جمعیت زیادہ ہو گی تو وہ ہر قسم کی خباثت سے باز رہیں گے قبائل نے سوچا کہ اس سفر میں شرکت تو موت کے منہ میں چھلانگ لگانے کے مترادف ہے۔ اہل مکہ جن کی جنگی مہارت اور شجاعت مسلّم ہے جن کی قوت کا یہ عالم ہے کہ وہ مدینہ پر حملہ آور ہو چکے ہیں اور مسلمان خندق کھود کر صرف دفاعی جنگ لڑ سکے ہیں۔ اگر مسلمان احرام کی حالت میں ان کے گھروں میں جائیں گے تو وہ ان کی تکا بوٹی کر ڈالیں گے۔ صرف قریش سے ہی مقابلہ نہ ہو گا بلکہ ثقیف، کنانہ اور دیگر قبائل جو مکہ کے ارد گرد آباد ہیں وہ بھی قریش کی امداد کے لیے نکل آئیں گے۔ ان حالات میں یہ لوگ فخر عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ساتھ دینے کے لیے تیار نہ تھے لیت ولعل میں وقت گزار دیا صرف چودہ سو جانباز اپنے آقا علیہ السلام کی معیت میں نتائج سے بے پرواہ ہو کر عمرہ کرنے کی غرض سے مکہ روانہ ہوئے۔

منافقین کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ انہیں یقین تھا کہ ان میں سے کوئی بھی بچ کر واپس نہیں آئے گا۔ مکہ کے جنگجو ان سب کو تہ تیغ کر دیں گے۔ اس طرح اسلام کا چراغ ہمیشہ کے لیے بجھ جائے گا۔ لیکن جب ان کی توقعات پیش گوئیوں اور اندازوں کے بالکل برعکس حضور علیہ السلام کا کارواں ایک عظیم صلح کر کے مکہ سے مدینہ کے لیے روانہ ہوا تو اب ان میں کھلبلی مچ گئی۔ جن کی تباہی کی خبر سننے کے لیے وہ ہر لحظہ گوش برآواز

بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

باتیں کرتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ۔ ؁ آپ (انہیں) فرمائیے کون ہے جو اختیار رکھتا ہو تمہارے لیے اللہ کے مقابلے میں

شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ؕ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا

کسی چیز کا اگر ارادہ فرمائے تمہارے لیے کسی ضرر کا یا ارادہ فرمائے تمہارے لیے کسی نفع کا ؁ بلکہ اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کر رہے ہو اس سے

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۱﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

پوری طرح باخبر ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ تم نے خیال کر لیا تھا کہ اب ہرگز لوٹ کر نہیں آئے گا پیغمبر اور ایمان والے

تھے وہ تو بعافیت واپس آ رہے ہیں۔ انہوں نے اب طرح طرح کے بہانے سوچنے شروع کر دیئے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو پہلے ہی مطلع فرما دیا کہ اے محبوب! جب آپ مدینہ پہنچیں گے تو بادیہ نشین قبائل آپ کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور اپنی عدم شمولیت کے لیے طرح طرح کے عذر بیان کریں گے۔ وہ کہیں گے یا رسول اللہ! ہم تو دل و جان سے آپ کے حکم کی تعمیل کے لیے تیار تھے لیکن ہمارے مال اور اہل و عیال کی حفاظت کا ہم کوئی انتظام نہ کر سکے۔ انہیں یونہی چھوڑ کر چلے جانا قرین دانشمندی نہیں تھا۔ ہمارے دشمن اس تاک میں بیٹھے تھے کہ ہم کہیں سفر پر جائیں تو وہ دھاوا بول کر ہمارے مال مویشی ہانک لے جائیں اور ہمارے بچوں اور عورتوں کی بے حرمتی کریں۔ اگر یہ بھیانک خطرہ درپیش نہ ہوتا تو ہم سو جان سے آپ پر فدا ہوتے۔ پھر بھی ہم اس فروگزاشت پر بڑے نادم ہیں۔ ہمارے لیے مغفرت کی دعا فرمائیے۔

؁ اگر ان کی غیر حاضری کی کوئی معقول وجہ ہوتی یا انہیں اپنی غلطی کا احساس ہوتا۔ اس پر انہیں پشیمانی اور قلق ہوتا تو کوئی بات بھی تھی۔ وہ تو محض بہانہ سازی کر رہے ہیں۔ نہ ان کی غیر حاضری کی کوئی معقول وجہ تھی نہ ہی ان کو اپنی اس نازیبا حرکت پر کوئی ندامت تھی اور نہ ہی وہ حضور کی استغفار کو کوئی اہمیت دیتے تھے۔ وہ تو محض ملمع سازی سے کام لے رہے تھے اور اپنی منافقت کو ایک دوسرے روپ میں ظاہر کر رہے تھے۔ ایسے ناہنجاروں کے لیے نہ استغفار کی ضرورت ہے اور نہ اب مزید پردہ پوشی کی ضرورت ہے۔

؁ اے محبوب! آپ انہیں فرمائیے کہ تم مال و عیال کی حفاظت کا بہانہ بنا رہے ہو۔ ذرا یہ تو بتاؤ کہ اگر تمہاری موجودگی میں کسی کو پیام اجل آ جاتا تو کیا تم اس کو بچا سکتے۔ تمہاری موجودگی میں اگر کوئی وبا تمہارے ڈنگروں میں پھوٹ پڑتی تو تم کیا کر لیتے۔ تمہارے کھیتوں پر اگر اولے برسائے جاتے تو کیا تم ان پر چھتری تان کر ان کو بچا لیتے۔ نیز اگر تم سفر میں میرے ہمرکاب ہوتے تو کیا اللہ تعالیٰ کی رحمت و کرم کا دروازہ بند ہو جاتا۔ یہ سب تمہارے نفاق کی نحوست ہے کہ تم ان گوناگوں سعادتوں سے محروم ہو گئے ہو جو میرے ساتھیوں کو ارزانی ہوئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ تمہارے کرتوتوں سے خوب واقف ہے۔ اس قسم کے بہانے بنا کر تم اپنے کفر و نفاق کو چھپا نہیں سکتے۔

إِلَىٰٓ أَهْلِيهِمْ أَبَدًا وَزُيِّنَ ذَٰلِكَ فِى قُلُوبِكُمْ وَظَنَنتُمْ ظَنَّ ٱلسَّوْءِ

اپنے اہل خانہ کی طرف کبھی ۱۹ اور بڑا خوشنما لگتا تھا یہ ظن فاسد تمہارے دلوں کو ۲۰ اور تم طرح طرح کے برے خیالوں میں محو رہے

وَكُنتُمْ قَوْمًۢا بُورًا ﴿۱۲﴾ وَمَن لَّمْ يُؤْمِنۢ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ فَإِنَّآ أَعْتَدْنَا

اس وجہ سے تم برباد ہونے والی قوم بن گئے ۲۱ اور جو نہ ایمان لے آئے اللہ اور اس کے رسول پر تو بے شک ہم نے ان تمام کافروں

لِلْكَٰفِرِينَ سَعِيرًا ﴿۱۳﴾ وَلِلَّهِ مُلْكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۚ يَغْفِرُ لِمَن يَشَآءُ

کے لیے بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔ بخش دیتا ہے جس کو چاہتا ہے۔

وَيُعَذِّبُ مَن يَشَآءُ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿۱۴﴾ سَيَقُولُ ٱلْمُخَلَّفُونَ

اور سزا دیتا ہے جس کو چاہتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ کہیں گے (پہلے سفر جہاد سے) پیچھے چھوڑے جانے

إِذَا ٱنطَلَقْتُمْ إِلَىٰ مَغَانِمَ لِتَأْخُذُوهَا ذَرُونَا نَتَّبِعْكُمْ ۖ يُرِيدُونَ

والے جب تم روانہ ہو گے اموال غنیمت کی طرف تاکہ تم ان پر قبضہ کرو ہمیں بھی اجازت دو کہ تمہارے پیچھے پیچھے آئیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ وہ

۱۹؎ اس سفر میں ان کی عدم شمولیت کی اصل وجہ بیان کی جا رہی ہے۔

۲۰؎ وہ اسے اپنی دُور بینی اور عاقبت اندیشی قرار دے رہے تھے اور اس پر بڑے نازاں تھے کہ انہوں نے ہوا کا رخ پہچان لیا ہے اور اپنے آپ کو ان خطرات سے بچا لیا ہے جن میں مسلمان پھنسنے والے تھے۔ یہ سوچ انہیں بڑی حسین اور صحیح معلوم ہوتی تھی اور اس پر وہ دل ہی دل میں بڑے نازاں اور فرحاں تھے۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ اگر تمہارے دلوں میں اسلام اور فرزندانِ اسلام کے لیے خیر سگالی کا ذرا بھی جذبہ ہوتا تو تمہیں مسلمانوں کی اس متوقع تباہی پر کم از کم رنج اور افسوس تو ہوتا کہ بیچارے یونہی اپنی جانیاں گنوانے جا رہے ہیں، لیکن تمہارا تو یہ حال ہے کہ تم یہ خیال کر کے پھولے نہیں سماتے۔ تمہارے نزدیک اسلام اور اہلِ اسلام کی بربادی کا تصور ہی بڑا دل کش اور از حد پسندیدہ تھا۔

۲۱؎ حقیقت یہ ہے کہ اپنے آپ کو برباد کرنے والے وہ نہیں جنہوں نے حق کو قبول کیا اور اس کی سربلندی کے لیے سرکفِ میدان میں جانے کے لیے ہر لحظہ بے قرار رہے، بلکہ تم وہ بدبخت ہو جنہوں نے نورِ حق کو دیکھنے سے آنکھیں بند کر لیں۔ "بُوْر" مصدر ہے اس لیے یہ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر، مؤنث سب کی صفت واقع ہوتا ہے۔

علامہ جوہری لفظ "بُور" کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

أَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ

اللہ کے حکم کو بدل دیں ۲۲ فرمایئے تم قطعاً ہمارے پیچھے نہیں آسکتے یونہی فرمادیا ہے اللہ تعالیٰ نے پہلے سے۔

فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵﴾

پھر وہ کہیں گے کہ (نہیں) بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو ۲۳ (ان کا یہ غلط خیال ہے) درحقیقت وہ (احکام الٰہی کے اسرار کو) بہت کم سمجھتے ہیں ۲۴

البور: الرجل الفاسد الهالك الذي لاخير فيه۔ یعنی بور اس شخص کو کہتے ہیں جو فاسد اور تباہ حال ہو جس میں نیکی اور بھلائی کا شائبہ تک نہ ہو۔ چنانچہ عبداللہ ابن الزبعری جب مشرف باسلام ہوا تو بارگاہ رسالت میں عرض کیا۔

یارسول الملیك ان لسانی راتق مافتقت اذ انا بور

یعنی اے مالک الملک کے رسول! جب میں گمراہ اور تباہ حال تھا اس وقت میری زبان نے جو چاک کیے اب میں ان کو سینا اور رفو کرنا چاہتا ہوں۔

یہ مؤنث کی صفت بھی واقع ہوتا ہے۔ کہتے ہیں امراۃ بور۔ تباہ حال عورت۔ جمع کے لیے بھی قوم بور ای هلکی۔ یعنی اُجڑی ہوئی قوم۔ اس کے بعد جوہری کہتے ہیں کہ بعض نے کہا ہے کہ بور جمع ہے۔ اس کا واحد بائر ہے۔ مثل حائل وحول۔ لیکن اخفش نے اس کی تردید کی ہے۔

۲۲ جہینہ، مزینہ اور دیگر قبائل جنہوں نے سفر حدیبیہ میں مسلمانوں کا ساتھ نہیں دیا تھا گزشتہ آیت میں اس کی اصلی وجہ بتادی۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ ایک اور ہونے والے واقعہ سے اپنے رسول مکرم کو مطلع فرمارہے ہیں۔ اے حبیب! عنقریب جب تم ایک دوسرے سفر جہاد پر روانہ ہونے لگو گے جہاں کامیابی کے امکانات بالکل روشن ہیں، خطرات کم اور مال غنیمت کے حصول کی توقع بہت زیادہ ہے یہ موقع پرست لوگ اس وقت آپ کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور اپنے ایمانی جوش اور جذبہ جہاد کا اظہار زور شور سے کریں گے اور اس جہاد میں شمولیت کے لیے اپنے آپ کو پیش کریں گے۔ ان کا مقصد تلافی مافات نہیں ہوگا بلکہ محض اموال غنیمت کے حصول کے لیے اپنے جذبات جاں نثاری کا مظاہرہ کریں گے۔ آپ انہیں دو ٹوک بتا دیجیے کہ اس سفر جہاد میں تمہیں شرکت کی اجازت نہیں مل سکتی کیونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ فیصلہ ہے کہ اس جہاد میں صرف وہ لوگ شریک ہو سکتے ہیں جو بیعت رضوان سے مشرف ہوئے ہیں میری مجال نہیں کہ میں اپنے رب کے فیصلے کو بدل ڈالوں۔

۲۳ بجائے اس کے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے فیصلہ کے سامنے سر تسلیم خم کریں اور خوشی سے اسے مان لیں۔ ان کے دلوں میں چھپا ہوا نفاق نمودار ہو کر رہے گا اور سوئے ظن سے کام لیتے ہوئے کہیں گے کہ ہمیں خدا نے منع نہیں کیا بلکہ اصلی وجہ یہ ہے کہ یہ مسلمان ہم سے حسد کرتے ہیں ہم سے جلتے ہیں۔ انہیں یہ گوارا نہیں کہ مال غنیمت میں سے ہمیں بھی کچھ حصہ ملے۔ سارا مال خود ہڑپ کرنا چاہتے ہیں۔

۲۴ بڑے احمق ہیں۔ جس طرح خود لالچی اور حریص ہیں، خیال کرتے ہیں کہ مسلمان بھی دولت کے پرستار ہیں اور ان کا ہادی و مرشد بھی (معاذ اللہ) دولت سمیٹنے کے لیے یہ سب کچھ کر رہا ہے۔ کتنے نادان اور ناسمجھ ہیں۔ جس کی سیرت کا دامن آفتاب سے تابندہ تر ہے، اس کے

قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ

فرما دیجیے ان پیچھے چھوڑے جانے والے بدوی عربوں کو کہ عنقریب تمہیں دعوت دی جائے گی ایک ایسی قوم سے جہاد کی جو بڑی سخت جنگجو ہے

شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا

تم ان سے لڑائی کرو گے یا وہ ہتھیار ڈال دیں گے ۲۵ پس اگر تم نے اس وقت اطاعت کی تو اللہ تعالیٰ تمہیں بہت اچھا

حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶﴾

اجر دے گا۔ اور اگر تم نے (اس وقت بھی) منہ موڑا جیسے پہلے تم نے منہ موڑا تھا تو تمہیں اللہ تعالیٰ دردناک عذاب دے گا۔

لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ

نہ اندھے پر کوئی گناہ ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی گناہ ہے اور نہ ہی مریض پر کوئی گناہ ہے۔ (اگر شریک جہاد

بارے میں ایسی بدگمانی کا شکار ہیں۔

۲۵ مدینہ طیبہ کے گرد و نواح میں بسنے والے قبائل غزوۂ خیبر میں شریک ہونے کے لیے بڑے بے تاب تھے۔ ان کی یہ بے تابی اور بے چینی اس لیے نہ تھی کہ وہ اپنی گزشتہ کوتاہیوں کی تلافی کرنا چاہتے تھے بلکہ ان کا مقصد یہ تھا کہ خیبر میں انہیں اموالِ غنیمت ملنے کی توقع تھی۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ جب کفارِ مکہ ان مسلمانوں کی تاب نہیں لا سکے تو بے چارے یہودیوں میں یہ ہمت کہاں کہ وہ مسلمانوں کو مغلوب کر سکیں۔ مسلمان اس مہم میں یقیناً فتح یاب ہوں گے۔ یہودیوں کے باغات، زرخیز زمینیں اور کئی پشتوں سے جمع کیا ہوا مال انہیں مفت ہاتھ آئے گا۔ علاوہ ازیں ان کا شمار بھی غازیانِ اسلام میں ہونے لگے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتا ہے کہ آپ ان بدوی عربوں کو فرما دیجئے کہ گھبراؤ نہیں۔ کفر و اسلام کا یہ آخری معرکہ نہیں کہ اگر تم اس میں شریک نہ ہوسکے تو پھر تمہیں اپنی جانبازی اور سرفروشی کے جوہر دکھانے کا موقع ہی نہیں ملے گا۔ اس ستیزہ گاہِ عالم میں یہ سلسلہ تا حشر جاری رہے گا۔ ایک طاقتور، جنگجو اور بہادر قوم سے عنقریب ٹکر ہونے والی ہے۔ اس وقت تمہیں دعوتِ جہاد دی جائے گی۔ اگر اس وقت تم نے اس دعوت پر لبیک کہی، میدانِ جہاد میں دادِ شجاعت دی اور اپنی جاں نثاری کا ثبوت پیش کیا تو تمہیں اللہ تعالیٰ بہترین اجر عطا فرمائے گا اور اگر اس وقت بھی تم نے اپنی روایتی بزدلی اور منافقت کے باعث روگردانی کی اور جہاد میں شریک ہونے سے گریز کیا تو یاد رکھو تمہیں دردناک عذاب میں مبتلا کیا جائے گا۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ دعوتِ جہاد ان قبائل کو کب دی گئی۔ وہ قوم جس کو قرآن نے "اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ" بڑی طاقتور اور جنگجو قوم کا خطاب دیا ہے، وہ کون سی قوم ہے۔ تاریخی روایات میں متعدد اقوال مذکور ہیں۔ انسان ان کے مطالعہ سے پریشان ہو جاتا ہے کہ الٰہی! ان میں سے کون سی روایت واقعہ کے مطابق ہے۔ لیکن اگر قرآن کریم کے الفاظ میں غور کیا جائے تو حقیقت نکھر کر سامنے آ جاتی ہے اور کسی

شک وشبہ کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔

ارشادِ خداوندی ہے کہ تمہیں ایسی قوم کے ساتھ لڑنے کی دعوت دی جائے گی جو بڑی طاقتور، جنگجو اور بہادر ہوگی۔ اس جنگ کا انجام بھی قرآن نے بتا دیا کہ تقاتلونھم او یسلمون یعنی تم ان سے جنگ کر کے انہیں خاک وخون میں ملا دو گے یا وہ اسلام قبول کریں گے یا تمہارے سامنے ہتھیار ڈال دیں گے۔ ان تصریحات کو سامنے رکھتے ہوئے اب آپ روایات کا غیر جانبداری سے مطالعہ کریں، آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ صحیح قول کون سا ہے۔

تاریخ کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ غزوۂ خیبر کے بعد عہدِ رسالت میں کفر واسلام کے درمیان مندرجہ ذیل معرکے ہوئے: غزوۂ موتہ، فتح مکہ، جنگِ حنین وطائف، غزوۂ تبوک۔ ان میں سے کوئی بھی اس آیت کا مصداق نہیں بن سکتا۔ غزوۂ موتہ میں رومیوں کے ساتھ ٹکر ہوئی۔ مسلمانوں کی تعداد فقط تین ہزار تھی۔ رومیوں کی تعداد باختلافِ روایات ایک لاکھ یا دو لاکھ تھی لیکن اس جنگ کا نتیجہ یقاتلون او یسلمون نہیں تھا بلکہ مسلمانوں کے تین جرنیل شہید ہوئے۔ اس کے بعد حضرت خالد بن ولید نے لشکر کی قیادت سنبھالی۔ آپ کی جنگی مہارت، عبقریت اور بے مثال شجاعت کا نتیجہ یہ نکلا کہ مسلمانوں کا لشکر جو ٹڈی دل رومیوں کے محاصرہ میں پھنس گیا تھا اور جس کے بچنے کی بظاہر کوئی امید نہ تھی، حضرت خالد کے دشمن کے محاصرہ سے نکالنے میں کامیاب ہو گئے۔ یہ جنگ فیصلہ کن نہ تھی اسی لیے جب یہ لشکر مدینہ طیبہ واپس آیا تو صحابہ کرام نے ان کا استقبال اس طرح نہ کیا جس طرح ایک فاتح لشکر کا کیا جاتا ہے، بلکہ بعض نے تو انہیں بھگوڑا (فرارون) تک کہا لیکن رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا "بل انتم کرارون"۔

اس کے بعد فتح مکہ کے لیے روانگی کا وقت آیا۔ ایک لشکر جرار ہمرکاب تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں پہلے ہی خوشخبری سنا دی تھی۔ لتدخلن المسجد الحرام ان شاء اللہ آمنین محلقین رؤسکم ومقصرین لا تخافون۔ یعنی آپ انشاء اللہ تعالیٰ مسجد حرام میں داخل ہوں گے امن کے ساتھ اور آپ کو قطعاً کوئی خوف نہ ہوگا۔ اس مژدہ کے بعد یہ وہم بھی نہیں کیا جا سکتا کہ حضور جنگ کے ارادے سے مکہ کی طرف روانہ ہوئے تھے۔ اتنے بڑے لشکر کو لے جانے کا مقصد یہ تھا کہ کفارِ مکہ اتنے مرعوب ہو جائیں کہ اگر کسی کے دل میں شرارت اور فتنہ انگیزی کا خیال ہو بھی تو وہ اس کی ہمت نہ کر سکے۔ تاریخ اس پر شاہد ہے کہ جب اسلام کی فوجِ ظفر موج اپنے ہادی ومرشد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی زیرِ قیادت مکہ میں داخل ہوئی تو اکا دکا واقعات کے سوا کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آیا اور جنگ کا تو اہلِ مکہ نے ارادہ تک نہ کیا۔ قریشِ مکہ اگر پہلے اولی باس شدید کا مصداق ہوں تو ہوں لیکن بدر، احد اور خصوصاً غزوۂ احزاب کے بعد تو ان میں یہ دم خم ہی نہ رہا تھا کہ وہ اسلام کے خلاف سینہ سپر ہو سکیں۔ اب تو وہ اپنی دیرینہ ہٹ اور عداوت کو نباہ رہے تھے۔ ورنہ ان کی قوت کھوکھلی ہو چکی تھی۔ جب قریش کے حریف بنی بکر نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حلیف بنی خزاعہ پر شب خون مار کر عہد شکنی کی تو اہلِ مکہ کی نیند اڑ گئی۔ انہیں ہر وقت یہ دھڑکا لگا رہتا کہ اب مسلمان ہم سے انتقام لینے کے لیے چڑھائی کر دیں گے۔ چنانچہ ابو سفیان مدینہ طیبہ حاضر ہوا۔ بڑی لجاجت اور خوشامد سے اس صلح نامہ کو برقرار رکھنے کی درخواستیں کرتا رہا۔ کئی صحابہ کرام کی بھی بڑی منت سماجت کی کہ بارگاہِ رسالت میں اس کی سفارش کریں لیکن بے نیلِ مرام وہ مکہ واپس آیا۔ اسی لیے فتح مکہ کے وقت قریش اور ان کے حلیف قطعاً اس قابل نہ تھے کہ قرآن کریم میں ان کے بارے میں اولی باس شدید کے الفاظ استعمال ہوتے۔

ہوازن اور ثقیف نے بے شک اکٹھے ہو کر مسلمانوں کے ساتھ جنگ کرنے کا عزم کیا لیکن اسلام کے بارہ ہزار بہادروں کے سامنے ان دو تین ہزار آدمیوں کی کیا حقیقت تھی۔ جنگِ حنین کی ابتدا میں جو واقعات رونما ہوئے جن کے باعث ہوازن کا پلہ بھاری نظر آتا ہے وہ میدانِ جنگ میں پیش نہیں آئے تھے بلکہ مسلمانوں کا لشکر بے ترتیبی سے ان کی وادی "اوطاس" کی طرف بڑھ رہا تھا۔ انہوں نے کمین گاہوں میں اپنے تیر انداز چھپا کر بٹھائے ہوئے تھے۔ بے خبری اور بے دھیانی کی حالت میں جب لشکرِ اسلام کی چند ٹکڑیاں اس تنگ درہ سے گزرنے لگیں تو انہوں نے اچانک تیروں کی بوچھاڑ شروع کر دی جس سے بھگدڑ مچ گئی لیکن جونہی حضور علیہ السلام کے ارشاد کے مطابق حضرت عباسؓ نے اپنی گرج دار آواز سے مسلمانوں کو للکارا یا معشر الانصار الذین آووا ونصروا یا معشر المہاجرین الذین بایعوا تحت الشجرۃ ان محمدا حیؐ فھلموا۔ وادی کے کونہ کونہ سے لبیک، لبیک کی صدائیں گونجنے لگیں۔ سب پروانہ وار دوڑتے چلے آئے اور لمحہ بھر میں جنگ کا پانسہ پلٹ کر رکھ دیا۔ ہوازن و ثقیف اپنی عورتوں، بچوں اور مال مویشی کو پیچھے چھوڑ کر بھاگ گئے علامہ ابن خلدون کے قول کے مطابق صرف چار مسلمان شہید ہوئے۔

واستشھد من المسلمین یوم حنین اربعۃ ایمن ابن ام ایمن اخو اسامۃ لامہ ویزید بن زمعۃ ابن اسود وسراقہ بن حرث من بنی العجلان وابو عامر الاشعری۔ (تاریخ ابن خلدون جلد ۲۔ صفحہ ۸۱۵)

ان حقائق کو سامنے رکھ کر آپ غزوۂ حنین کا جائزہ لیں، آپ کا دل مان جائے گا کہ اس آیت میں جس جنگ کا ذکر ہے وہ یہ معمولی جھڑپ نہیں ہو سکتی۔

رہا غزوۂ تبوک تو اس کے بارے میں سب جانتے ہیں کہ وہاں رومیوں کو ہمت ہی نہ ہوئی کہ وہ مسلمانوں کے سامنے صف آرا ہو سکیں۔ تقاتلونھم او یسلمون کا مفہوم وہاں بھی نہیں پایا جاتا۔

ہاں غزوۂ خیبر کے بعد سب سے پہلے اسلام اور باطل کی جو خونریز لڑائی ہوئی وہی اس آیت کا مصداق بن سکتی ہے۔

یہ وہ جنگ ہے جو عہدِ صدیقی میں مسیلمہ کذاب کے ساتھ لڑی گئی۔ جن لوگوں نے اس جنگ کے حالات پڑھے ہیں وہی اس کی شدت کا کچھ احساس کر سکتے ہیں۔ بڑے اختصار کے ساتھ اس خونریز معرکہ کا ذکر کیا جاتا ہے تاکہ آپ کو پورا اطمینان ہو جائے۔

حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی رحلت کے بعد عرب کے نو مسلم قبائل میں قبائلی عصبیت کا فتنہ جاگ اٹھا اور ارتداد کی آگ بھڑک اٹھی۔ کسی نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا، کوئی خلافتِ اسلامیہ کی حاکمیت کے خلاف اٹھ کھڑا ہوا۔ بعض طالع آزما ایسے بھی تھے جنہوں نے نبوت کا دعویٰ کر دیا۔ سب سے زیادہ خطرناک یہی فتنہ تھا۔ ان لوگوں میں سے جنہوں نے نبوت کا دعویٰ کیا، مسیلمہ کی قوت، اس پر ایمان لانے والوں کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان تمام خطرات کا قلع قمع کرنے کے لیے موثر اقدامات شروع کر دیے۔ مسیلمہ کذاب کی روز افزوں قوت اسلام اور اسلامی مملکت کے لیے شدید ترین خطرہ بن کر ابھر رہی تھی۔ دو سالوں میں مسیلمہ کے ارد گرد اس کا اپنا کثیر التعداد قبیلہ بنو حنیفہ جمع ہو گیا جو بسالت، جنگی مہارت اور شجاعت کے باعث عرب بھر میں مشہور تھا۔ ارد گرد کے دوسرے قبائل بھی ان کے ساتھ آ کر مل گئے۔ قبائلی عصبیت نے ان کو اس قدر اندھا کر دیا تھا کہ وہ مسیلمہ کو جھوٹا سمجھتے ہوئے بھی اس کی مدد کرنا ضروری سمجھتے تھے۔ چنانچہ طلیحہ النمری جو بنی نمر قبیلہ کا سردار تھا یمامہ میں آیا۔ اس نے لوگوں سے پوچھا کہ مسیلمہ کہاں ہے؟ مسیلمہ کے عقیدت مندوں نے جواب دیا کہ تم نام

لے کر مسیلمہ کا ذکر کرو جو کہ اس کو رسول اللہ کہو۔ طلیحہ نے جواب دیا جب تک میں اس کو دیکھ نہ لوں میں اس کو رسول نہیں کہوں گا۔ جب دونوں کی ملاقات ہوئی تو طلیحہ نے پوچھا کہ تمہارے پاس کون آتا ہے؟ مسیلمہ نے کہا رحمان۔ پھر اس نے دریافت کیا "اَفِی نُوْرٍ اَمْ ظُلْمَةٍ؟" روشنی میں یا تاریکی میں؟ مسیلمہ نے کہا تاریکی میں۔ طلیحہ نے جواب دیا۔ اشهد انك كذاب وان محمدا (علیہ الصلوٰۃ والسلام) صادق لكن كذاب ربيعة احب الينا من صادق مضر۔

یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ تو جھوٹا ہے اور محمد (علیہ الصلوٰۃ والسلام) سچے ہیں لیکن ربیعہ قبیلہ کا جھوٹا ہمیں مضر قبیلہ کے سچے سے زیادہ محبوب ہے۔

اسی ایک واقعہ سے آپ قبائلی عصبیت کا بآسانی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

دیکھتے ہی دیکھتے مسیلمہ کی قوت اس قدر بڑھ گئی کہ سارے علاقہ پر اس کی دھاک بیٹھ گئی۔ پہلے مسلمانوں کا لشکر عکرمہ ابن ابی جہل کی قیادت میں آیا لیکن ان کے شدید حملہ کی تاب نہ لا کر پسپا ہو گیا۔ اس کے بعد شرحبیل ابن حسنہ نے مسیلمہ پر دھاوا بولا لیکن نتیجہ پسندیدہ نہ تھا۔ حضرت صدیق اکبرؓ نے حضرت خالدؓ کو جنہیں حضورؐ نے اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار (سیف من سیوف اللہ) فرمایا تھا اس فتنہ کی سرکوبی کے لیے بھیجا۔ اسلامی لشکر میں اکابر مہاجرین اور اجلہ انصار کی کثیر تعداد تھی۔ حفاظ قرآن بھی کافی تعداد میں تھے۔ چنانچہ عقربا کے گاؤں کے کھلے میدان میں دونوں لشکر صف آرا ہوئے مسیلمہ کے جاں فروش سپاہیوں کی تعداد ساٹھ ہزار تھی۔ اتنا بڑا لشکر اہل عرب نے اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ سارے سپاہی فولادی زرہوں میں غرق تھے۔ اسلحہ کی فراوانی تھی۔ زاد راہ کی کمی نہ تھی۔ جب یہ جنگ شروع ہوئی جس کے نتیجہ پر اسلام کے مستقبل کا انحصار تھا تو مرتدین نے پہلا حملہ اس شدت سے کیا کہ مسلمانوں کے قدم اکھڑ گئے۔ دشمن بڑھتے بڑھتے اس خیمہ تک چلا آیا جو کمانڈر انچیف کا ہیڈ کوارٹر تھا۔ حضرت خالدؓ کی عبقریت اور بے نظیر شجاعت کام آئی۔ حضرت خالدؓ خود گھوڑے پر سوار ہوئے "یا محمداه" کا نعرہ لگایا اور مسیلمہ پر حملہ کر دیا۔ چند گھنٹوں کی خونریز لڑائی میں دشمن کے سات ہزار سے زیادہ سپاہی ہلاک ہو گئے۔ حضرت خالدؓ نے چکر کاٹا اور مسیلمہ کے گرد حلقہ بنا کر کھڑے ہونے والے سپاہیوں پر برق خاطف بن کر گرے اور ان کو گاجر مولی کی طرح کاٹنا شروع کر دیا۔ اس اچانک اور بے پناہ حملہ سے ان کے اوسان خطا ہو گئے۔ انہوں نے مسیلمہ سے پوچھنا شروع کیا۔ اين ما كنت تعدنا۔ جس نصرت کا تم ہم سے وعدہ کیا کرتے تھے وہ کہاں ہے؟ مسیلمہ نے کہا۔ قاتلوا على احسابكم۔ میری موعودہ مدد کا انتظار نہ کرو۔ اب اپنی خاندانی عزت و حمیت کے لیے جنگ کرو۔ یہ کہا اور میدان جنگ سے بھاگ نکلا۔ محکم ابن طفیل نے جب اپنی قوم کی یہ رسوائی دیکھی اور افراتفری کے عالم میں میدان سے شکست کھا کر بھاگتے دیکھا تو پکارا۔ يا بنى حنيفة الحديقة۔ اے بنی حنیفہ باغ میں داخل ہو جاؤ۔ وہاں قریب ہی ایک وسیع باغ تھا جس کی چار دیواری بڑی مضبوط اور اونچی تھی اور آہنی دروازے بڑے پختہ تھے۔ وہاں جا کر انہوں نے پناہ لی۔ حضرت براءؓ ابن مالک نے جب یہ دیکھا کہ دشمن قلعہ نما باغ میں پناہ گزیں ہو گیا ہے تو آپ نے اپنے ساتھیوں کو کہا کہ مجھے اوپر اٹھا کر کسی طرح باغ کی دیوار پر چڑھا دو۔ انہوں نے منع کیا لیکن ان کا اصرار برقرار رہا چنانچہ آپ کو دیوار پر پہنچا دیا گیا۔ وہاں پہنچ کر آپ نے بڑی پھرتی سے دروازے کی طرف بڑھنا شروع کر دیا۔ راستہ میں جو مرتد ملا اس کو تہ تیغ کر دیا یہاں تک کہ دروازے کے قریب پہنچے اور اسے کھول دیا۔ مسلمان مجاہدین اندر داخل ہو گئے۔ بڑے گھمسان کی لڑائی شروع ہوئی۔ یہاں تک کہ وحشی (قاتل سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے مسیلمہ کو قتل کر دیا۔ جب اس کے لشکریوں کو

حَرَجٌ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

نہ ہو سکیں ۲۶ اور جو شخص اطاعت کرتا ہے اللہ اور اس کے رسول کی داخل فرمائے گا اسے باغات میں رواں ہیں جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۟ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ

نہریں۔ اور جو شخص رُو گردانی کرے گا اللہ تعالیٰ اسے دردناک عذاب دے گا۔ یقیناً راضی ہو گیا اللہ تعالیٰ ۲۷ اُن

علم ہوا تو انہوں نے ہتھیار ڈال دیے۔ سات ہزار کفار وہاں مارے گئے۔ دشمن کے مقتولوں کی مجموعی تعداد اکیس ہزار بتی ہے مسلمانوں کا بھی شدید جانی نقصان ہوا۔ ہزاروں کی تعداد میں جلیل القدر صحابہؓ نے جامِ شہادت نوش کیا۔ اس طرح حضرت ابو بکر صدیقؓ کی عظیم قیادت، حضرت خالدؓ کی بے نظیر عبقریت اور صحابہ کرامؓ کی بے مثل شجاعت و بہادری نے فتنۂ انکارِ ختم نبوت کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جڑ سے اکھیڑ کر پھینک دیا۔

یہ وہ پہلا معرکہ ہے جو اس آیت کے نزول کے بعد مسلمانوں اور ایک ایسی قوم کے درمیان ہوا جس پر اولی باس شدید کا صحیح اطلاق ہوتا ہے اور اس کا انجام بھی تقاتلونھم او یسلمون کے عین مطابق ہوا حضرت نافع ابن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

واللہ لقد کنا نقرأ ھذہ الآیۃ فی ما مضٰی ستدعون الی قوم اولی بأس شدید فلا نعلم من ھم حتی دعانا ابوبکر الی قتال بنی حنیفۃ فعلمنا انھم ھم۔

بخدا پہلے ہم یہ آیت پڑھا کرتے تھے لیکن ہمیں یہ علم نہ تھا کہ وہ جنگجو قوم کون سی ہے جس کے ساتھ ہمیں جنگ کی دعوت دی جائے گی۔ جب صدیق اکبرؓ نے ہمیں بنی حنیفہ کے ساتھ جنگ کرنے کی دعوت دی تو ہم جان گئے کہ یہی وہ قوم ہے جس کا اس آیت میں ذکر کیا گیا ہے۔

۲۶ مدینہ طیبہ میں کئی مخلص مسلمان جو نابینا یا لنگڑے یا بیمار تھے وہ بھی اس جہاد میں شریک نہ ہو سکے۔ انہوں نے جب مخلفین کے بارے میں یہ آیت سنی تو بے چین ہو گئے کہ مبادا ان کا شمار بھی کہیں ان کے زمرہ میں ہو۔ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر گزارش کی کیف بنا یا رسول اللہ اے اللہ کے رسول! ہمارا کیا بنے گا؟ ہم بھی تو اس سفر میں شریک نہ تھے۔ ان کے اطمینان کے لیے یہ آیت نازل ہوئی۔

۲۷ آیت ہذا میں حضور سرورِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے دستِ مبارک پر بیعت کرنے کی اہمیت کو بیان کیا گیا کہ اللہ کے رسول کے دستِ مبارک پر ہاتھ رکھ کر بیعت کرنا کوئی معمولی بیعت نہیں ہے۔ یہ ہاتھ اللہ کا ہے۔ رسول کے ساتھ بیعت رسول کے خالقِ ذوالجلال کے ساتھ بیعت ہے۔ گویا تم براہِ راست اپنے رب کے ساتھ معاہدہ کر رہے ہو کہ اے مجھے نیست سے ہست کرنے والے! اے مجھے اپنے گرانگروں انعامات واحسانات سے سرفراز فرمانے والے! اے میرے نہاں خانۂ دل میں شمعِ ایمان کو نورِ عشق سے فروزاں کرنے والے! تیرا یہ بندہ وعدہ کرتا ہے کہ تیری رضا میرا حاصلِ زیست ہے اور اس کے حصول میں مر مٹنا میری معراج ہے۔

وعدہ کرنے والے تو بہت ہوتے ہیں لیکن اس کو نباہنے والے کم ہوتے ہیں۔ وہاں اس بات کی بھی تصریح کر دی کہ جو وعدہ کرکے

توڑے گا وہ اپنی ہی رسوائی اور روسیاہی کا باعث بنے گا لیکن جس نے پیمانِ وفا باندھا اور پھر اس کے تقاضوں کو پورا کیا اللہ تعالیٰ اس کو اجرِ عظیم عطا فرمائے گا جس اجر کو قرآن عظیم کہہ رہا ہے اس کی عظمت کا اندازہ کون لگا سکتا ہے۔

ان آیات میں اُن مردانِ پاکباز، عاشقانِ وفاکیش، منزلِ مہر و وفا کے بلند اقبال مسافروں کا ذکر تعیین کے ساتھ کیا جا رہا ہے جنہوں نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دستِ ہدایت بخش پر بیعت کی اور پھر اس کا حق ادا کر دیا۔ ساتھ ہی اس جاں سپاری اور وفاشعاری کا جو صلہ بارگاہِ ربِ جلیل سے انہیں ارزانی ہوا اس کو بیان کر دیا تاکہ دنیا دیکھ لے کہ اللہ کے محبوب کے غلام، اس کے آغوشِ لطف و کرم کے پروردہ، اسلام کے لشکر کے یہ جیالے غازی کس قسم کے لوگ تھے۔

سنہ ۶ھ ذی القعدہ کے مہینہ میں حضور سرورِ کائنات علیہ اطیب الصلوٰۃ واجمل التحیات اپنے چودہ سو جاں نثاروں کے ساتھ عمرہ ادا کرنے کی نیت سے مکہ کی طرف روانہ ہوئے۔ انہوں نے احرام باندھے ہوئے تھے۔ قربانی کے جانور ساتھ تھے۔ ذاتی حفاظت کے لیے ایک تلوار کے علاوہ کسی قسم کا سامانِ جنگ ان کے پاس نہ تھا۔ اللہ کے بندوں کا یہ گروہ اللہ کے گھر کی زیارت کے شوق سے سرشار ہو کر مکہ کی طرف بڑھ رہا تھا۔ اہلِ مکہ کو جب ان کی آمد کا علم ہوا تو انہوں نے فیصلہ کر لیا کہ وہ کسی قیمت پر مسلمانوں کو مکہ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دیں گے۔ نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مناسب سمجھا کہ ان کے پاس اپنا سفیر بھیج کر انہیں اپنی آمد کے مقصد سے آگاہ کریں اور ان کی اس غلط فہمی کو دور کر دیں کہ مسلمان مکہ پر قبضہ کرنے کی نیت سے آئے ہیں۔ اس نازک اور اہم مقصد کی تکمیل کے لیے نگاہِ رسالت نے چودہ سو صحابہؓ میں سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو منتخب کیا۔ آپ کے وہاں جانے کے بعد یہ افواہ پھیل گئی کہ کفارِ مکہ نے آپ کو شہید کر دیا ہے۔ مسلمانوں میں ایک ہیجان پیدا ہو گیا۔ نبی برحق علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس نازک صورتِ حال میں ایک ایسا اقدام کیا جس سے دنیا بھر کے جرنیل سبق حاصل کر سکتے ہیں کہ قوم کے جوش و خروش کو کس طرح تعمیری مقصد کے لیے استعمال میں لایا جاتا ہے۔ حضور ایک درخت (سمرہ) کے نیچے تشریف فرما ہو گئے اور فرزندانِ اسلام کو دعوت دی کہ وہ اس بات پر بیعت کریں کہ جب تک خونِ عثمانؓ کا بدلہ نہ لے لیں گے میدانِ جنگ سے نہ ہٹیں گے۔ اس بیعت کی برکت سے مسلمانوں میں ایسا جوش و خروش پیدا ہو گیا اور جاں بازی کا وہ بے پناہ جذبہ بیدار ہو گیا جس کو دنیائے کفر کے تشونِ قاہرہ بھی شکست نہیں دے سکتے تھے۔ اس کا فوری اثر یہ ہوا کہ کفار کے حوصلے پست ہو گئے اور انہوں نے صلح کر لینے میں ہی اپنی خیریت سمجھی۔ اس بیعت کی دوسری برکت یہ ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ان پاکباز بندوں اور اپنے محبوب کی شمعِ جمال کے پروانوں کے سروں پر اپنی رضا کا تاج سجا دیا۔

مبارک صد مبارک اے اسلام کے سر کف مجاہدو! تمہارا رب تم پر راضی ہو گیا۔ مبارک صد مبارک اے محمدی مکتب کے شاگردو! تم اپنی زندگی کے امتحان میں کامیاب ہو گئے۔ مبارک صد مبارک! راہِ عشق کو اپنے حسنِ عمل اور خلوصِ نیت کے رنگین پھولوں سے آراستہ کرنے والو! قیامت تک آنے والے اربابِ وفا کی راہ میں تم نے ایسے چراغ روشن کر دیے ہیں جن کو کوئی آندھی بجھا نہ سکے گی۔ تمہاری جاں فروشی کے طفیل محبت کی دنیا آباد رہے گی۔ جادۂ حق کے مسافر تمہارے کارناموں سے تا ابد اکتسابِ فیض کرتے رہیں گے۔

آیت کے ان نورانی کلمات میں غور کیجیے اللہ تعالیٰ کیا فرما رہا ہے۔ کس انداز سے فرما رہا ہے اور کن کے بارے میں فرما رہا ہے۔ لَقَدْ لام تاکید قد برائے تاکید۔ رضی ماضی کا صیغہ جو تحقق اور وقوع پر دلالت کرتا ہے۔ اسم جلالت کو ظاہر ذکر کر دیا یعنی بلاشک و شبہ

الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ

مومنوں سے جب وہ بیعت کر رہے تھے آپ کی اس درخت کے نیچے پس جان لیا اس نے جو کچھ ان کے دلوں میں تھا ف۲۸

فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً

پس اتارا اس نے اطمینان کو ان پر ف۲۹ اور بطور انعام انہیں یہ قریبی فتح بخشی ف۳۰ اور بہت سی غنیمتیں بھی (عطا کیں)

اللہ تعالیٰ راضی ہو گیا ہے کن سے؟ المؤمنین سے۔ اس میں یہ انعام مل رہا ہے۔ کیوں اور کس وقت؟ جب کہ اے حبیب! آپ اس درخت کے نیچے تشریف فرما تھے اور آپ کے یہ غلام دیوانہ وار حاضر ہو کر آپ کے دستِ پاک پر سرفروشی، جان بازی اور وفا شعاری کی بیعت کر رہے تھے۔

اہل علم آیت کی بلاغت پر غور فرمائیں کہ رضی ماضی کا صیغہ استعمال کیا اور یبایعون مضارع کا۔ رضی کا صیغہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو گیا۔ رضائے خداوندی کی دولت سرمدی سے ان کو مالا مال کر دیا اور یبایعون مضارع ذکر کرتے ہیں۔ لطف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں کی یہ ادا اتنی پسند اور محبوب ہے کہ اسے ماضی کے حوالے نہیں کیا جا سکتا۔ بیعت کا وہ ایمان افروز منظر اب بھی نگاہوں میں ہے کہ آپ بیٹھے ہیں، آپ کے جاں نثار ذوق و شوق سے دوڑے چلے آ رہے ہیں اور بیعت کر رہے ہیں۔ یہ سہانا منظر اور اس کی ایمان پرور یاد ہمیشہ حال ہی رہے گی، ماضی کی داستان نہیں بنے گی۔

ف۲۸ یعنی ہم ان کے دلوں کی کیفیت، خلوص اور سچی محبت کو خوب جانتے ہیں اور اسی بنا پر ہم نے ان کو اپنی رضامندی کی سند سے سرفراز فرمایا ہے۔ ایک شیعہ مفسر طبرسی اس آیت کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: فعلم ما فی قلوبہم من الیقین والصبر والوفاء (مجمع البیان جلد ۹ صفحہ ۱۱۶)۔ یعنی ان کے دلوں میں یقین، صبر اور وفا کے پاکیزہ جذبات تھے اللہ تعالیٰ نے انہیں جان لیا۔ پھر دوسرے شیعہ مفسر ملا فتح اللہ کاشانی لکھتے ہیں: فعلم ما فی قلوبہم آنچہ در دل ہائے ایشاں است از خلوص عقیدت و صفائے نیت در زیر درخت وفا و صداقت نسبت بتو (منہج الصادقین جلد ۸ صفحہ ۳۷۴)۔ یعنی ان کے دلوں میں جو عقیدت کا خلوص اور نیت کی صفائی اور آپ سے دوستی کی وفا کے جذبات تھے ان کو جان لیا۔ قرآن کریم کی اس آیت سے بیعت رضوان سے مشرف ہونے والوں کا خلوص اور ایمان ثابت ہو گیا۔ اس کی تصدیق چار و ناچار شیعہ عالموں کو بھی کرنا پڑی۔ جن کے دلوں کے نور ایمان سے منور ہونے کا گواہ خود علیم بذات الصدور ہو، انہیں کسی دوسرے کی شہادت کی قطعاً ضرورت نہیں۔

ف۲۹ اللہ تعالیٰ نے ان مخلص بندوں کو جن انعامات اور نوازشات سے نوازا ان جملوں میں ان کا ذکر ہو رہا ہے۔

پہلا احسان تو یہ فرمایا کہ ان کے دلوں کو سکون اور طمانیت سے معمور کر دیا۔ شاید کسی بے شعور کو اس انعام کی اہمیت کا صحیح اندازہ نہ ہو۔ آپ کسی ایسے شخص سے اس کی قدر و قیمت پوچھیں جو چاروں طرف سے دشمن کے نرغے میں ہو، دشمن سے نبرد آزما ہونے کے لیے اس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہوں، اپنے وطن اور اپنے دوستوں سے سینکڑوں میل دور ہو، ایسی حالت میں پاؤں نہ لرزیں، ہاتھ نہ کانپیں، آنکھیں خیرہ نہ ہوں، دل جوان رہے، روحِ پر شباب کی کیفیت طاری ہو، دشمن کی کثرت، اس کا اسلحہ، اس کا ماحول اس کے لیے پست ہمتی نہ ہو بلکہ اس کے حوصلوں اور عزائم کو نئی قوت سے سرشار کر رہا ہو، اس سے پوچھو فانزل السکینۃ علیہم کیسی نعمت ہے، کتنا بڑا احسان ہے۔ یہ انعام کن لوگوں کو دیا گیا؟ فرمایا علیہم: ان پر، جنہوں نے حدیبیہ کے مقام پر اس درخت کے نیچے میرے محبوب کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ طبرسی اس جملہ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: وھو اللطف المقوی لقلوبہم والطمانینۃ یعنی اللہ نے ان پر لطف فرمایا، ان کے دلوں کو مضبوط کر دیا اور اطمینان سے لبریز کر دیا۔ (مجمع البیان جلد ۹ صفحہ ۱۱۶)

ف۳۰ یہ دوسرا انعام ہے جس سے مخلصین کی اس جماعت کو بہرہ اندوز کیا گیا، یعنی عنقریب ہم تمہیں دشمن کے مقابلہ میں فتح عطا فرمائیں گے اور عمرہ

يَأْخُذُوْنَهَا ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٩﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً

جن کو وہ عنقریب حاصل کریں گے ۳۱ اور اللہ تعالیٰ بڑا زبردست بڑا دانا ہے۔ اے غلامان مصطفیٰ! اللہ نے تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ فرمایا ہے جنہیں تم اپنے

ترک نے کا جو صدمہ تمہیں پہنچا ہے اس کا ازالہ ہو جائے گا۔ جب کفر سرنگوں ہو گا اور اسلام کا پرچم اونچا لہرائے گا تو تمہارے رنجیدہ دل فرحت اور انبساط سے باغ باغ ہو جائیں گے۔

یہاں بھی "اثابھم" میں ضمیر مفعول کا مرجع وہی لوگ ہیں جنہوں نے بیعت الرضوان کا شرف حاصل کیا تھا۔

اس خوش خبری کا مصداق فتح خیبر ہے کیونکہ سفر حدیبیہ کے فوراً بعد یہی غزوہ پیش آیا۔ یہودیوں کے سارے قلعے اور تمام گڑھیاں فتح ہوئیں اور اسلام کو شاندار کامیابی نصیب ہوئی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب خیبر کی طرف روانہ ہوئے تو حکم دیا کہ اس سفر میں صرف وہی لوگ ہمرکابی کا شرف حاصل کریں گے جو حدیبیہ کے سفر میں ہمارے ساتھ تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس ارشاد سے بھی فاثابھم کی ضمیر کا مرجع متعین ہو گیا۔

۳۱؎ یہ تیسرا انعام ہے جس سے جاں فروشوں کے اس گروہ کو سرفراز فرمایا جا رہا ہے یعنی ہم انہیں مال غنیمت دیں گے اور بکثرت دیں گے جس سے ان کے افلاس کا خاتمہ ہو جائے گا۔ یا اموال غنیمت جنہیں مغانم کثیرۃ کہا گیا ہے خیبر سے حاصل ہونے والے منقولہ اور غیر منقولہ اموال واملاک ہیں۔

حدیبیہ میں کفار مکہ کے ساتھ جس صلح نامہ پر دستخط ہوئے اس کی مدت دس سال تھی۔ اس صلح سے اہل مکہ اور ان کے حلیف قبائل جو مکہ کے گرد و نواح اور جنوبی حجاز میں پھیلے ہوئے تھے ان کی طرف سے حملہ کا اندیشہ ختم ہو گیا۔ اس طرح مدینہ طیبہ جو مسلسل کئی سال سے دشمن سے برسرپیکار تھا شب و روز ان کی یلغار کا کھٹکا لگا رہتا تھا اس سے سکون ملا تو فوراً نبی برحق نے ایک دوسرے محاذ کی طرف توجہ فرمائی۔ یہ محاذ خیبر کے یہودیوں کا تھا۔ اسلام اور پیغمبر اسلام سے عداوت میں یہ لوگ کفار مکہ سے دو قدم آگے تھے۔ ان کے پاس دولت کی فراوانی تھی۔ خیبر کی زرخیز وادی ان کی ملکیت تھی۔ وہاں انہوں نے اونچی چٹانوں پر متعدد قلعے اور گڑھیاں بنائی ہوئی تھیں جو دفاعی نقطہ نظر سے بڑی مستحکم تھیں۔ بنی قریظہ اور بنی نضیر کی جلاوطنی نے ان کی عداوت کو اور بھڑکا دیا تھا۔ ان کے پاس افرادی طاقت کی بھی کمی نہ تھی۔ خیبر کے قلعوں میں جنگجو بہادروں کی مجموعی تعداد دس ہزار تھی۔ انہوں نے اسلحہ کے انبار اکٹھے کر رکھے تھے۔ ان کے پاس خوراک کے اتنے ذخائر تھے جو محاصرہ کی صورت میں کافی مدت تک ان کے کام آ سکتے تھے۔ عرب کے مشرک قبائل پر ان کا اعتماد باقی نہ رہا تھا۔ حجاز میں مختلف مقامات پر وادی القریٰ تیماء میں جو یہودی قبائل آباد تھے وہ ان کو ساتھ ملا کر مدینہ پر چڑھائی کرنے کے منصوبے بنا رہے تھے۔ قبیلہ غطفان سے بھی ان کے گہرے تعلقات تھے۔

ایسے خطرناک اور کینہ توز دشمن کی طرف سے صرف نظر یا انہیں حملہ کی تیاری کے لیے مزید مہلت دینا سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جنگی حکمت عملی کے خلاف تھا۔ حضور نے خیبر پر حملہ کرنے کی تیاری شروع کر دی اور اس مہم میں شرکت کے لیے انہی جانباز بہادروں کو دعوت دی گئی جو حدیبیہ کے مقام پر بیعت رضوان سے مشرف ہوئے تھے۔ یہ سفر بڑی راز داری اور بڑی تیزی سے کیا گیا۔ ایک رات لشکر اسلام خیبر کی طرف رواں دواں تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت عامر بن اکوع کو یاد فرمایا۔ انزل یا ابن الاکوع فحد لنا من ھناتک۔

اے اکوع کے فرزند ذرا نیچے اترو اور اپنا کلام سناؤ۔ وہ اترے اور انہوں نے بڑی خوش الحانی سے یہ اشعار پڑھے۔

واللہ لولا اللہ ما اھتدینا   ولا تصدقنا ولا صلینا

بخدا اگر اللہ تعالیٰ مہربانی نہ فرماتا تو ہم کو نہ ہدایت نصیب ہوتی اور نہ صدقہ دیتے اور نماز پڑھنے کی توفیق میسر آتی۔

انا اذا قوم بغوا علینا   وان ارادوا فتنۃ ابینا

ہم وہ جان باز ہیں کہ اگر کوئی قوم ہم پر سرکشی کرتی ہے اور ہمیں کسی آزمائش میں مبتلا کرنا چاہتی ہے تو ہم اس کے سامنے سر جھکانے سے انکار کر دیتے ہیں۔

فانزلن سکینۃ علینا   وثبت الاقدام ان لاقینا

الٰہی! ہم پر سکینہ نازل فرما اور جب دشمن سے ہمارا مقابلہ ہو تو ہمیں ثابت قدم رکھ۔

ان کے یہ شعر سن کر حضورؐ بڑے خوش ہوئے اور فرمایا۔ یرحمک ربک اے عامر! تیرا رب تجھ پر رحم فرمائے یہ سن کر حضرت عمرؓ فوراً بول اٹھے۔ وجبت یا رسول اللہ لو امتعتنا بہ فقتل یوم خیبر شہیدا اے اللہ کے پیارے رسول! آپ کے اس غلام پر شہادت واجب ہو گئی۔ کاش حضورؐ کچھ مدت اور ہمیں ان سے مستفید ہونے دیتے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور آپ نے غزوہ خیبر میں شہادت پائی۔

عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ خیبر ایک شہر کا نام ہے۔ وہاں ایک ہی قلعہ تھا۔ جب وہ فتح ہوا تو خیبر پر اسلام کا پرچم لہرانے لگا۔ اس طرح صحابہ کرامؓ نے خیبر کو سر کرنے میں جن جانبازیوں کا مظاہرہ کیا اور جس طرح داد شجاعت دی ان کا صحیح علم نہیں ہو سکتا۔ میں قارئین کرام کی اجازت سے حقیقت حال ذرا تفصیل سے لکھنا چاہتا ہوں۔

خیبر ایک علاقہ کا نام ہے جس میں کئی آبادیاں، متعدد قلعے اور گڑھیاں تھیں۔ یہ علاقہ دو حصوں میں منقسم ہے۔ ایک کا نام "نطاۃ" ہے۔ یہ پہاڑی حصہ ہے۔ اس میں چٹانیں، اونچے نیچے ٹیلے اور پتھریلی زمین ہے۔ دوسرے کا نام "شق" ہے۔ یہ نرم زمین میں واقع ہے۔ اس کی آب و ہوا صحت کے لیے مضر ہے۔ "نطاۃ" کے مشہور قلعوں کے نام یہ ہیں: حصن ناعم، حصن الصعب، ابن معاذ، حصن زبیر ——
اور "شق" کے مشہور قلعوں کے نام یہ ہیں: سوان، نمل، قموص، وطیح اور سلالم۔

جب حضورؐ خیبر کی وادی میں داخل ہونے لگے تو سب کو حکم دیا: "قفوا" رک جاؤ۔ پھر یہ دعا مانگی:

اللھم رب السموات وما اظللن ورب الارضین وما اقللن ورب الشیاطین وما اضللن ورب الریاح وما ذرین فانا نسألک خیر ھذہ القریۃ وخیر اھلھا ونعوذ بک من شرھا وشر اھلھا وشر ما فیھا۔ اے اللہ! اے آسمانوں کے رب اور جس پر وہ سایہ فگن ہیں اور اے زمینوں کے رب اور جسے وہ اٹھائے ہوئے ہیں۔ اے شیاطین کے رب اور جنہیں انہوں نے گمراہ کیا ہے۔ اے ہواؤں کے رب اور جنہیں وہ اڑاتی ہیں۔ میں اس گاؤں اور اس میں رہنے والوں کی بھلائی کی تجھ سے التجا کرتا ہوں اور میں گاؤں اس میں رہنے والوں اور جو کچھ اس میں ہے اس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔ (ہر بستی میں داخل ہوتے وقت یہ دعا مانگا کرتے۔)

پھر وادی خیبر میں داخل ہوئے۔ صبح کا وقت تھا۔ یہودی حسب معمول روزمرہ کے کام کے لیے کدالیں، کسیاں اور ٹوکرے اٹھائے

ہوئے اپنے قلعوں سے باہر نکل کر کام کاج کے لیے جا رہے تھے لشکرِ اسلام کو وہاں دیکھ کر دنگ رہ گئے۔ "واللّٰہ محمد والخمیس" خدا کی قسم یہ محمد ہیں اور ان کا لشکر۔ یہ کہتے ہوئے واپس بھاگے۔ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ہاتھ مبارک بلند کرتے ہوئے نعرہ مارا: اللّٰہ اکبر خربت خیبر انا اذا نزلنا بساحۃ قوم فساء صباح المنذرین۔ اللہ سب سے بڑا ہے خیبر اجڑ گیا ہم جب کسی قوم کے صحن میں اترتے ہیں تو ان کی صبح بڑی خطرناک ہوتی ہے۔

تمام مورخین اس بات پر متفق ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سب سے پہلے قلعہ ناعم کا محاصرہ کیا۔ (ابن کثیر، ابن اثیر، ابن خلدون) بڑی شدید جنگ ہوئی۔ یہودیوں نے بڑی شجاعت سے مقابلہ کیا۔ یہ سلسلہ کئی دن تک جاری رہا۔ یہاں تک کہ لشکرِ اسلام کو فتح ہوئی اور قلعہ پر اسلام کا پرچم لہرا دیا گیا۔ طبرانی نے حضرت جابرؓ سے روایت کی ہے کہ حضورؐ نے اس روز ارشاد فرمایا کہ دشمن سے مقابلہ کی تمنا نہ کرو بلکہ اللہ تعالیٰ سے عافیت اور سلامتی مانگا کرو۔ لیکن جب جنگ کے بغیر کوئی چارہ کار نہ رہے فقولوا اللّٰھم ربنا و ربھم نواصینا ونواصیھم بیدك انما تقتلھم انت ثم الزموا الارض جلوسا فاذا غشوکم فانھضوا وکبروا۔ یعنی دشمن جب حملہ بول دے اس وقت کہو اے اللہ! تو ہی ہمارا اور ان کا رب ہے۔ ہماری پیشانیاں اور ان کی پیشانیاں تیرے ہاتھ میں ہیں۔ تو ہی ان کو قتل کرتا ہے۔ یہ کہہ کر زمین پر بیٹھ جاؤ، پھر جب دشمن تم پر حملہ بول دیں تو کھڑے ہو جاؤ اور زور سے نعرۂ تکبیر بلند کرو۔

قلعہ ناعم سر کرنے کے بعد "قلعہ صعب" کا محاصرہ کیا گیا۔ یہ قلعہ بڑا مضبوط تھا۔ اس میں ان کے خوراک کے ذخائر تھے۔ اس کی حفاظت کا انہوں نے بڑا اہتمام کیا ہوا تھا۔ تین روز تک جنگ ہوتی رہی۔ دونوں فریق دادِ شجاعت دیتے رہے۔ مسلمانوں کے پاس خوراک کی شدید قلت تھی۔ حضرت خبابؓ ابن منذر کو حضورؐ نے یاد فرمایا۔ ان کو علم دیا اور اپنی دعاؤں کے ساتھ میدانِ جنگ کی طرف روانہ کیا۔ یہود کی طرف سے یوشع نامی پہلوان میدان میں آیا اور دعوتِ مبارزت دی۔ حضرت خبابؓ نے ایک ہی وار میں اس کو ڈھیر کر دیا۔ پھر زیال نامی یہودی اپنی تلوار لہراتا ہوا آیا۔ عمارہ ابن اکوع الغفاری نے اس کو واصل بجہنم کیا۔ آخر یہ قلعہ بھی فتح ہوا۔ اس میں جَو، کھجور، گھی، شہد، زیتون، چربی وغیرہ کے اتنے ذخائر مسلمانوں کے ہاتھ آئے جن کا وہ تصور بھی نہ کر سکتے تھے۔ اس طرح مسلمانوں کی فاقہ کشی کا خاتمہ ہوا۔

لیکن علامہ ابن اثیر اور ابن خلدون کے قول کے مطابق "قلعہ قموص" کا محاصرہ کیا گیا۔ یہ یہودیوں کے سردار ابی الحقیق کے بیٹوں کا قلعہ تھا۔ اس میں یہودیوں کی عورتیں جمع تھیں۔ آپ خود اندازہ کر سکتے ہیں کہ یہ قلعہ کتنا مضبوط ہوگا، لیکن چند دن کی شدید جنگ کے بعد اس پر بھی مسلمانوں کا قبضہ ہو گیا۔

علامہ پانی پتی کے قول کے مطابق قلعہ صعب کے بعد صحابہؓ نے قلعہ زبیرؓ کو اپنے گھیرے میں لے لیا۔ یہ قلعہ ایک پہاڑی کی چوٹی پر واقع تھا۔ تین دن گزر گئے یہ قلعہ فتح نہ ہوا۔ اس اثنا میں "غزال" نامی ایک یہودی حضورؐ کی خدمت میں آیا اور کہنے لگا اے ابو القاسم! اگر آپ مجھے امان دیں تو میں آپ کو ایسا طریقہ بتاؤں کا جس سے یہ مشکل حل ہو جائے گی۔ ویسے اگر آپ ایک مہینہ تک بھی اس کا محاصرہ کیے رہیں تو یہودیوں کو پروا تک نہ ہوگی۔ قلعہ میں سرنگیں ہیں۔ رات کے وقت وہ ان سرنگوں سے نکل کر پانی بھر لاتے ہیں۔ اگر ان سرنگوں کو تباہ کر دیا جائے تو یہودی فوراً ہتھیار ڈال دیں گے۔ چنانچہ حضورؐ نے ایسا ہی کیا۔ یہودی اب کھلے میدان میں نکل کر لڑنے مرنے پر تیار ہو گئے۔ سخت جنگ ہوئی۔ بہت سے صحابہ کرامؓ نے جامِ شہادت نوش کیا اور یہودیوں کے کشتوں کے پشتے لگ گئے۔ آخر کار اللہ تعالیٰ کی مدد سے حضورؐ کو فتح ہوئی۔

"نطاۃ" کے علاقہ کا یہ آخری قلعہ تھا۔ اس علاقہ سے فراغت ہوئی تو "شق" کے علاقہ میں یہودیوں کے قلعوں کو سر کرنے کی طرف حضور متوجہ ہوئے۔ سب سے پہلے "قلعہ سموان" کا محاصرہ کیا گیا۔ فریقین نے اپنی اپنی شجاعت کے خوب جوہر دکھلائے "عزول" نامی یہودی دعوت مبارزت دیتا ہوا میدان میں آیا حضرت حباب ابن منذر نے آگے بڑھ کر اس کو جہنم رسید کیا۔ اس کے بعد ایک اور یہودی بہادر نے مسلمانوں کو للکارا حضرت ابودجانہؓ نے اس کا کام تمام کر دیا۔ مسلمانوں نے نعرۂ تکبیر بلند کیا۔ قلعہ پر دھاوا بول دیا۔ اس کے آہنی دروازے کو توڑ کر مسلمان قلعہ میں داخل ہو گئے۔ حضرت ابودجانہ پیش پیش تھے۔ ان کی تلوار یہود پر بجلی بن کر گر رہی تھی۔ یہاں بھی مسلمانوں کو بہت سا قیمتی سامان، ریوڑ اور خوراک کے ذخائر دستیاب ہوئے۔ یہاں شکست کھانے کے بعد یہودی جان بچا کر اسی علاقہ کے دوسرے "قلعہ حصن نزل" میں اپنے ساتھیوں سے جا ملے۔ ایک کثیر جمعیت قلعہ بند ہو کر بیٹھ گئی اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ فیصلہ کن جنگ کرنے کا عزم کر لیا۔ ان لوگوں نے لشکرِ اسلام پر سنگ باری اور تیر افگنی کی حد کر دی۔ کئی تیر حضور کے لباس کے ساتھ آکر پیوست ہو گئے۔ رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی مٹھی میں کنکریاں لیں اور انہیں اس قلعہ کی طرف پھینکا۔ قلعہ کی بنیادیں لرز گئیں۔ ان پر ایسا رعب طاری ہوا کہ ان کے حوصلے ٹوٹ گئے اور انہوں نے ہتھیار ڈال دیے۔

ابن کثیر، ابن اثیر اور ابن خلدون کی روایات کے مطابق آخری قلعے جن پر مسلمانوں نے حملہ کیا وہ "وطیح" اور "سلالم" کے قلعے تھے۔ انہیں میں سے ایک قلعہ میں مرحب نامی ایک پہلوان تھا جس کی قوت، بہادری اور فنی مہارت کی دھوم سارے جزیرہ عرب میں مچی ہوئی تھی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نامور صحابہؓ نے جب یہودیوں کے ان آخری مورچوں پر حملہ کیا تو انہوں نے بھی جان کی بازی لگا دی۔ کئی دن یہ لڑائی کا سلسلہ جاری رہا۔ ایک دن حضور نے حضرت صدیق اکبرؓ کو لشکر کے ساتھ بھیجا۔ دن بھر گھمسان کی جنگ ہوتی رہی، لیکن قلعہ فتح نہ ہوا۔ شام کو یہ لشکر اپنی قیام گاہ پر واپس آگیا۔ دوسرے روز حضرت فاروق اعظمؓ کی قیادت میں لشکر نے اس قلعہ پر حملہ کیا۔ شدید لڑائی ہوئی لیکن کوئی فیصلہ نہ ہوا۔ حضور سرور عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ اما واللہ لاعطینھا غدا رجلا یحب اللہ و رسولہ ویحبہ اللہ و رسولہ یاخذھا عنوۃ۔ بخدا کل میں یہ جھنڈا ایسے شخص کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے اور جس سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتا ہے۔ وہ اس قلعہ کو زبردستی یہودیوں سے چھین لے گا۔ صبح ہوئی۔ حضور نے حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو یاد فرمایا۔ عرض کی گئی ان کی آنکھیں دکھتی ہیں۔ فرمایا انہیں لے آؤ۔ سلمہ کہتے ہیں میں آپ کو ہاتھ سے پکڑ کر بارگاہ رسالت میں لے آیا۔ حضور نے پوچھا علی! کیا ہوا؟ عرض کی آنکھیں دکھنے لگی ہیں، سخت درد ہے۔ کچھ نظر نہیں آتا۔ فرمایا میرے نزدیک آؤ۔ میں قریب گیا تو حضور نے میرا سر اپنی گود میں رکھ لیا۔ اپنا لعاب دہن اپنی مبارک ہتھیلیوں پر ملا اور میری آنکھوں پر لگا دیا۔ پھر کیا تھا درد غائب۔ آشوب چشم کافور۔ ایسے معلوم ہوا جیسے مجھے کوئی تکلیف تھی ہی نہیں۔ حضور نے اپنے دستِ مبارک سے اسلام کا پرچم شیر خدا کو مرحمت فرمایا اور اپنی دعاؤں کے ساتھ میدان جنگ کی طرف رخصت کیا اور ہدایت فرمائی کہ ان کو پہلے اسلام قبول کرنے کی دعوت دینا۔ اگر ایک شخص کو بھی تیری وجہ سے ہدایت نصیب ہو گئی تو یہ بے شمار سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔ آپ نے قلعہ کے قریب پہنچ کر ایک میدان میں جھنڈا گاڑ دیا۔ اس روز آپ نے سرخ لباس زیب تن فرمایا ہوا تھا۔ قلعہ کی دیوار سے ایک یہودی نے جھانکا اور پوچھا تمہارا نام کیا ہے؟ آپ نے جواب دیا علی ابن ابی طالب۔ اس نے قلعہ بند یہودیوں کو کہا اب تمہاری شکست یقینی ہے۔ "غلبتم یا معشر الیہود" مرحب مست ہاتھی کی طرح دندناتا ہوا قلعہ سے باہر نکلا۔ اس کے سر پر آہنی خود تھا۔ اس کے جسم

پر چمک دار آہنی زرہ تھی۔ وہ یہ رجز پڑھ رہا تھا۔

قد علمت خیبر انی مرحب   شاکی السلاح بطل مجرب

یعنی خیبر کے درودیوار جانتے ہیں کہ میں مرحب ہوں۔ پوری طرح مسلح ہوں، بہادر ہوں، ماہر اور تجربہ کار ہوں۔
اس کی اس بڑ کو سن کر علی المرتضیٰ شیرِ خدا شیر کی طرح گرجے اور فرمایا۔

انا الذی سمتنی امی حیدرہ   اکیلکم بالسیف کیل السندرہ

لیث بغابات شدید قسورہ   (ابن اثیر)

میں وہ ہوں جس کا نام اس کی ماں نے حیدر رکھا ہے۔ میں اپنی شمشیر خارہ گداز کے ساتھ خوب ناپ تاپ کر دوں گا۔ میں جنگلوں کا شیر ہوں، بہت سخت، بہت نڈر۔

دونوں پہلوان ایک دوسرے پر حملہ آور ہوئے۔ رعد کی طرح ان کے نعرے گونج رہے تھے۔ بجلی کی تیزی سے ایک دوسرے پر تلوار کے وار کر رہے تھے۔ آخر ذوالفقار حیدری صاعقہ موت بن کر اس پر گری۔ ڈھال پارہ پارہ ہو گئی۔ خود کو کاٹتی، زرہ کو چیرتی، اس کے جسم میں تیرتی اور اس کے دو ٹکڑے کرتی ہوئی پار نکل گئی۔ مرحب کا گرانڈیل جثہ دو ٹکڑے ہو کر خاک و خون میں تڑپ رہا تھا۔ لشکرِ اسلام میں نعرہ تکبیر کی صدائیں بلند ہو رہی تھیں اور یہودیت کا یہ آخری حصار بھی ضربتِ حیدری سے مسمار ہو گیا۔

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے اپنے محبوب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو جاں بازوں، بہادروں کی ایسی فوج ظفر موج عطا فرمائی تھی جنہوں نے خیبر کے ان مضبوط قلعوں کو ایک ایک کر کے فتح کیا اور ان پر اسلام کا پرچم لہرا دیا۔ ان قلعوں کے فتح ہونے سے ہر قسم کے اموالِ غنیمت کے ڈھیر لگ گئے۔ نہ اجناسِ خوردنی کا اندازہ لگایا جا سکتا تھا اور نہ دیگر قیمتی ساز و سامان کا۔ جو سامانِ جنگ دستیاب ہوا وہ بھی بے اندازہ تھا۔ خیبر کی زرخیز وادی جس میں دور دور تک سرسبز و شاداب باغات تھے اور لہلہاتے ہوئے کھیت تھے۔ سب اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو عطا فرما دیئے۔ اس طرح وہ وعدہ پورا ہوا جو اس آیت میں کیا گیا تھا "و مغانم کثیرۃ یاخذونھا"۔

اب آپ اس آیت کو دوبارہ پڑھیے۔ آپ کو پتہ چل جائے گا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان صحابہ کرام کا کتنا بلند مقام ہے جنہوں نے حدیبیہ کے میدان میں اپنے آقا و مولیٰ کے دستِ مبارک پر سرفروشی کی بیعت کی تھی۔ ان خوش نصیبوں کو چند ماہ کے اندر اندر ایک خطرناک دشمن پر فتح عطا فرمائی۔ مالِ غنیمت اتنا دیا جس کا انہوں نے کبھی تصور تک بھی نہ کیا تھا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ان کے خلوص اور ایمان کی خود گواہی دی اور ان کو اپنی خوشنودی کے مژدہ سے خورسند فرمایا اور اپنی رضا کا ایسا زریں تاج ان کے سروں پر سجایا جس کی آب و تاب چشمِ مہر و ماہ کو تا قیامت خیرہ کرتی رہے گی جس کی چمک دمک میں ہر لحظہ اضافہ ہوتا رہے گا۔ جنہوں نے اپنے رب کو راضی کر لیا، جن پر ان کا رب راضی ہو گیا۔ اگر کوئی بدباطن یا کم فہم ان سے برہم یا ناراض ہوتا ہے تو ہوتا رہے۔ ان کی شانِ رفیع میں گستاخی کرتا ہے تو کرتا رہے۔ اس طرح وہ اپنا نامۂ اعمال ہی سیاہ کرے گا۔ ان نفوسِ قدسیہ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

اِذَا کُنْتَ عَنِّیْ یَا مُنَی الْقَلْبِ رَاضِیًا   اَرٰی کُلَّ مَنْ فِی الْکَوْنِ لِیْ یَتَبَسَّمُ

اے میرے دل کی مراد! اگر تو مجھ پر راضی ہو جائے تو مجھے یوں لگتا ہے کہ کائنات کی ہر چیز میرے لیے مسکرا رہی ہے۔

تَأْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ

اپنے وقت پر حاصل کرو گے ۳۲ پس جلدی عطا فرما دی ہے تمہیں یہ (صلح) ۳۳ اور روک دیا ہے اس نے لوگوں کے ہاتھوں کو تم سے ۳۴ اور تاکہ ہو جائے یہ

اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲۰﴾ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا

ہماری نصرت کی نشانی اہل ایمان کے لیے ۳۵ اور تاکہ ثابت قدمی سے گامزن رکھے تمہیں صراطِ مستقیم پر ۳۶ اور کئی مزید فتوحات بھی جن پر تم قدرت نہیں

۳۲ سابقہ آیت میں اس فتح اور ان غنائم کا ذکر کیا جو جلد ہی بخشی جانے والی تھیں۔ اس آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ نوازشات کا یہ سلسلہ یہیں ختم نہیں ہو گا بلکہ جب تک تم اطاعت و خلوص کا مظاہرہ کرتے رہو گے ہمارا ابرِ رحمت تم پر برستا ہی رہے گا۔ ہم تم سے وعدہ کرتے ہیں کہ بے شمار غنیمتوں سے ہم تمہیں مالا مال کرتے رہیں گے اور اس سے پیشتر کہ نوازشات کا یہ سلسلہ شروع ہو ہم نے تمہیں صلح حدیبیہ سے نوازا ہے۔ جو تمہاری مستقبل کی کامرانیوں اور فتوحات کی تمہید ہے۔ اس آیت میں جن "مغانم" کا ذکر ہے حضرت ابن عباس اور مجاہد فرماتے ہیں کہ ان سے مراد قیامت تک حاصل ہونے والی غنیمتیں ہیں۔ قال ابن عباس ومجاهد انها المغانم التي تكون الى يوم القيامة۔ (القرطبی)

۳۳ اس جملہ میں ھٰذہٖ کا مشار الیہ صلح حدیبیہ ہے۔ قال ابن عباس عجل لكم صلح الحديبية۔ اور بعض نے ھٰذہٖ کا مشار الیہ غنائم خیبر کو بنایا ہے۔

۳۴ یہاں ایک اور احسان کا ذکر فرمایا جا رہا ہے کہ جب تم احرام باندھے ہوئے اور قربانی کے جانور ہانکتے ہوئے عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے لیے حدیبیہ میں پہنچے تو کفار نے مزاحمت کا پکا ارادہ کر لیا۔ تم اپنے وطن سے اڑھائی تین سو میل دور تھے۔ فوری طور پر کمک یا اسلحہ پہنچنے کا کوئی امکان نہ تھا۔ کفار صرف تیرہ میل کے فاصلے پر تھے۔ ضرورت پڑتی تو بڑی آسانی سے انہیں رسد، سامانِ جنگ، مزید جنگجو مہیا ہو سکتے تھے اور گرد و نواح کے قبائل بھی ان کے حلیف تھے۔ بظاہر حالات بڑے تشویشناک تھے۔ یہ ہمیں نے تم پر کرم فرمایا کہ ان کے دل ٹوٹ گئے۔ ان کے حوصلے پست ہو گئے۔ ان پر ایسی دہشت اور رعب طاری ہوا کہ انہوں نے صلح کو غنیمت جانا اور انہیں ہمت نہ ہوئی کہ وہ تم سے جنگ کریں۔

آیت کی تفسیر یوں بھی کی گئی ہے کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مدینہ طیبہ سے اپنے جاں نثار صحابہ کے ہمراہ مکہ کی طرف روانہ ہوئے تو عین ممکن تھا وہاں کے یہودی مسلمانوں کے اہل و عیال پر دھاوا بول دیتے اور خونریزی کا بازار گرم کر دیتے۔ ان کے مال مویشی لوٹ لیتے۔ اگر ایسا ہوتا تو تمہاری پریشانی کی حد نہ رہتی لیکن تمہارے خداوند ذوالجلال نے یہودیوں کو یہ ہمت نہ دی کہ وہ ایسی حرکت کر سکیں اور تمہارے لیے پریشانی کا باعث بنیں۔

۳۵ اس سفر میں جو واقعات رونما ہوئے قدم قدم پر نصرتِ خداوندی نے جس انداز سے تمہاری یاوری فرمائی اور تمہیں ہر طرح کی گزند سے سلامت رکھا اور تمہارے دشمنوں پر خوف اور رعب مسلط کر دیا۔ یہ تمام باتیں واشگاف الفاظ میں اعلان کر رہی ہیں کہ تم خدا کے ہو اور خدا تمہارا ہے اور تمہارا دین اللہ کا دین ہے جس کی حفاظت اور کامیابی کا وہ ذمہ دار ہے اور تمہارا نبی کریم اس کا محبوب بندہ ہے جس کے ساتھ اس نے ورفعنا لك ذكرك کا وعدہ فرمایا ہوا ہے ہر آن کہ ہر لحظہ اور ہر آن وہ اس وعدہ کے ایفا کا ثبوت مہیا کرتا رہتا ہے۔

۳۶ تم پر اس کی یہ مہربانیاں ہر قسم کے شک و شبہ کو دور کرنے کے لیے کافی ہیں۔ ان نوازشات سے وہ تمہیں صراطِ مستقیم پر

عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝۲۱

رکھتے تھے ۳۷ لیکن وہ اللہ کے احاطۂ قدرت میں ہیں ۳۸ اور اللہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔ ۳۹

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّ

اور اگر جنگ کرتے تم سے یہ کفار تو پیٹھ دے کر بھاگ جاتے پھر نہ پاتے کسی کو (دنیا بھر میں) اپنا دوست

لَا نَصِيْرًا ۝۲۲ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ

اور مددگار ۴۰ یہ اللہ کا دستور ہے جو پہلے سے چلا آ رہا ہے ۴۱ اور اللہ کے دستور میں تو ہرگز

ثابت قدمی سے سوئے منزل بڑھتے چلے جانے کا عزم عطا فرمانا چاہتا ہے۔

۳۷ اس آیت سے ان فتوحات کا مژدہ اور ان اموالِ غنیمت کے حصول کی بشارت ہے جن کا مسلمان ان دنوں تصور بھی نہ کر سکتے تھے مغرب میں شام، فلسطین، مصر، شمالی افریقہ، سپین اور مشرق میں عراق، ایران، افغانستان، برصغیر وغیرہ ممالک کی فتوحات مراد ہیں۔ قال ابن عباس ھی الفتوح التی فتحت علی المسلمین کارض فارس والروم وجمیع ما فتحہ المسلمون۔ (القرطبی)

اس آیت میں فتح مکہ کی خبر بھی دی گئی ہے۔ اس وقت یہ پیشین گوئی کون کر سکتا تھا کہ عنقریب مکہ پر اسلام کا پرچم لہرانے لگے گا۔ کس کی عقل یہ سوچ سکتی تھی کہ عرب کے یہ بادیہ نشین چند سالوں میں مشرق و مغرب کی دو عظیم طاقتوں کو بیک وقت یوں پچھاڑ دیں گے کہ پھر وہ سنبھل نہ سکیں گی اور ایک صدی کے اختتام سے پہلے معلوم دنیا کے تین بر اعظموں میں لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی صدائے دلنواز گونجنے لگے گی۔

۳۸ اس کا ایک مفہوم تو یہ ہے کہ ایسا کرنا تمہارے بس کی بات تو نہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی قدرت سے یہ باہر نہیں۔ علامہ قرطبی نے اس کا ایک اور مفہوم بیان کیا۔ وقیل حفظھا اللہ علیکم لیکون فتحھا لکم یعنی اللہ تعالیٰ نے ان ملکوں اور مالوں کو محفوظ رکھا ہوا ہے تاکہ تم آ کر انہیں فتح کرو۔ ان کے قلعے اور شہر تمہارے استقبال کے لیے اپنے دروازے کھول دیں، قیصر و کسریٰ کے جو زر و سیم اور جواہرات کے انبار ہیں وہ تمہارے قدموں میں ڈھیر کر دیے جائیں۔

۳۹ آیت کا یہ فقرہ کتنا برمحل، اثر انگیز اور حوصلہ پرور ہے۔

۴۰ یعنی اگر کفارِ مکہ تمہارے ساتھ جنگ آزما ہوتے تو انہیں ایسی رسوا کن شکست دی جاتی کہ میدانِ جنگ سے پیٹھ پھیر کر سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ جاتے اور اس شکستہ حالی میں کوئی بھی ان کا ساتھ نہ دیتا۔

۴۱ اللہ تعالیٰ کا یہ معمول ہے کہ آخر کار اپنے رسول اور اس کے فرمانبردار امتیوں کو فتح و کامرانی سے ہمکنار کرتا ہے۔ کفر و باطل کو شرمناک شکست ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ ہمیشہ سے دستور ہے۔ تا ابد ایسا ہی رہے گا۔ کوئی طاقت سنتِ الٰہی کو بدل نہیں سکتی۔

اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ

کوئی تبدیلی نہیں پائے گا۔ اور اللہ وہی ہے جس نے روک دیا تھا ان کے ہاتھوں کو تم سے اور تمہارے ہاتھوں کو ان سے ۴۲

بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا

وادیٔ مکہ میں باوجودیکہ تمہیں ان پر قابو دے دیا تھا۔ اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کر رہے

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾ هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

تھے خوب دیکھ رہا تھا ۴۳ یہی وہ (بدنصیب) ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تمہیں بھی روک دیا مسجد حرام (میں داخل ہونے)

الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ

سے اور قربانی کے جانوروں کو بھی کہ وہ بندھے رہیں اور اپنی جگہ تک نہ پہنچ سکیں۔ اور اگر نہ ہوتے (مکہ میں) چند مسلمان مرد

وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَـُٔوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ

اور چند مسلمان عورتیں جن کو تم نہیں جانتے (اور یہ اندیشہ نہ ہوتا) کہ تم روند ڈالو گے انہیں سو تمہیں پہنچے گی ان کی وجہ سے

۴۲ اگرچہ حدیبیہ کے مقام پر باقاعدہ لڑائی کی نوبت نہیں آئی لیکن کفار کے کئی جتھے بغض باطن سے مجبور ہو کر مسلمانوں سے چھیڑ چھاڑ کرتے رہے۔ حضرت انس سے مروی ہے کہ ایک دفعہ مکہ کے اسی شوریدہ سر پوری طرح مسلح ہو کر جبل تنعیم سے اترے تاکہ بے خبری میں لشکرِ اسلام پر دھاوا بول دیں لیکن اس سے پیشتر کہ وہ ہم پر حملہ کرتے ہم نے ان کو اپنے محاصرہ میں لے لیا اور گرفتار کر لیا لیکن رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو معاف کر دیا۔ اسی طرح ایک دفعہ عکرمہ ابن ابی جہل نے پانچ سو آدمیوں کو ساتھ لے کر لشکرِ اسلام پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ حضور نے اپنے صحابہ کا ایک دستہ ان کی سرکوبی کے لیے بھیجا لیکن وہ دم دبا کر بھاگ نکلے اور مکہ کی گلیوں میں جا کر پناہ لی۔ اس قسم کے کئی واقعات رونما ہوئے جن سے جنگ کے شعلے بھڑک سکتے تھے اور صلح کی کوششیں ناکام ہو سکتی تھیں لیکن اللہ تعالیٰ نے ایسی صورتِ حال پیدا ہونے دی کہ کفار کو بھی یہ جرأت نہ ہوئی کہ وہ تم پر حملہ کر دیں اور تمہیں بھی یہ حوصلہ بخشا کہ تم ان اشتعال انگیزیوں سے برافروختہ ہو کر ان پر حملہ نہ کر دو۔

۴۳ یہاں یہ نہیں فرمایا کہ ہم کفار کی کارستانیوں اور تمہارے اعمال کو دیکھ رہے تھے بلکہ فرمایا جو کچھ تم کر رہے تھے۔ مال اندیشی اور اشتعال انگیز ماحول میں صبر و ضبط سے کام لے رہے تھے۔ یہی امور دینی تھے اور ہم انہیں ہی دیکھ رہے تھے تمہارے کارنامے ہی اس قابل تھے کہ چشم قدرت ادھر التفات فرمائے باقی رہے کفار کے کرتوت اور ان کی کارستانیاں تو وہ آئی گئی تھیں کہ نہ قابلِ توجہ تھیں اور نہ قابلِ ذکر۔

مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا

مارے بے علمی کے باعث ۴۴ (نیز) تاکہ داخل کر دے اللہ اپنی رحمت میں جسے چاہے ۴۵ اگر یہ (کفر کو) الگ ہو جاتے

لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

تو (اس وقت) جنہوں نے کفر کیا ان میں سے تو ہم انہیں دردناک عذاب میں مبتلا کر دیتے ۴۶ جب جگہ دی کفار نے

۴۴ یہ ایک مسلّم اصول تھا کہ جو شخص حج و عمرہ کی نیت سے مکہ مکرمہ میں آتا اس کو روکا نہ جاتا۔ خواہ آنے والے شخص یا قبیلہ سے اہل مکہ کی کتنی ہی عداوت ہوتی۔ اس اصول پر بڑی سختی سے عمل کیا جاتا لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے انہیں اتنی عداوت تھی کہ اس مسلّمہ اصول کو بھی انہوں نے پس پشت ڈال دیا اور مسلمانوں کو مکہ میں داخل ہونے سے روک دیا اور قربانی کے جو جانور مسلمان اپنے ہمراہ لائے تھے ان کے متعلق بھی اجازت نہ دی گئی کہ منیٰ میں لیجا کر انہیں ذبح کیا جائے۔ ان کے جرائم کی فہرست بڑی طویل اور شرمناک تھی۔ ان سنگین جرائم کی پاداش میں چاہیے تو یہ تھا کہ مسلمانوں کو ان پر حملہ کرنے کا حکم دے دیا جاتا اور وہ کفر و شرک کے ان مغرور علمبرداروں کو پیس کر رکھ دیتے لیکن کفر کی اس اندھیر نگری میں چند ایسے مرد اور خواتین بھی تھیں جو مشرف بہ اسلام ہو چکے تھے۔ اپنی بے بسی کے باعث نہ وہ اسلام ظاہر کر سکتے تھے اور نہ وہاں سے ہجرت کر سکتے تھے۔ مسلمانوں کو بھی ان کی پوری پہچان نہ تھی۔ اگر جنگ چھڑ جاتی تو وہ بھی رَونْدے جاتے۔ جب تمہیں اپنے مسلمان بہن بھائیوں کے یوں پس جانے کا علم ہوتا تو تم پر کوہِ الم ٹوٹ پڑتا۔ فتح کی خوشی غم میں بدل جاتی۔ کفار بھی تم پر زبانِ طعن دراز کرتے کہ دیکھو یہ اپنے مسلمان بھائیوں کو بھی قتل کرنے سے باز نہیں آتے۔ اس طرح تمہارے خلاف ناپاک پراپیگنڈے کا طوفان برپا کر دیا جاتا۔ کفار کے خلاف جنگ کا اذن نہ دینے میں یہ ایک حکمت تھی۔

۴۵ جنگ سے باز رکھنے کی دوسری مصلحت یہ تھی کہ اہل مکہ میں بہت سے ایسے لوگ موجود تھے جو اگرچہ تاحال مشرف بہ اسلام نہ ہوئے تھے لیکن ان میں حق پذیری کی صلاحیتیں موجود تھیں۔ انہیں ابھرنے کا رآنے کے لیے خوشگوار ماحول اور مناسب حالات کی ضرورت تھی۔ اگر اس وقت جنگ چھڑ جاتی تو ان کفار کے ساتھ جن کے دلوں پر مہریں لگ چکی تھیں، یہ لوگ بھی موت کے گھاٹ اتار دیئے جاتے اور ہمیشہ کے لیے دوزخ کا ایندھن بن جاتے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت نے یہ نہ چاہا کہ ان کی صلاحیتیں اور قابلیتیں برباد ہو جائیں اس لیے جنگ کی نوبت نہیں آنے دی تاکہ ان لوگوں کو خوابِ غفلت سے بیدار ہونے کا مزید موقع مل جائے اور وہ کفر سے اپنا ناطہ توڑ کر اپنے رب کریم سے عبودیت کا رشتہ جوڑ سکیں۔ چنانچہ تاریخ شاہد ہے کہ اس صلح کے بعد ہی حضرت خالدؓ جیسا نابغہ روزگار جرنیل، حضرت عمرو ابن العاص جیسا ماہر سیاست دان، عثمان ابن طلحہ کلید بردار کعبہ اور مکہ کے کئی جلیل القدر فرزند کشاں کشاں بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے اور دولتِ ایمان سے مالا مال ہوئے۔

۴۶ اگر یہ مسلمان مرد اور یہ مسلمان عورتیں کفار سے الگ کی جا سکتیں اور ان کو ضرر پہنچنے کا اندیشہ نہ ہوتا تو ہم کفار کو اسی وقت ایسے المناک عذاب میں مبتلا کر دیتے کہ انہیں چھٹی کا دودھ یاد آ جاتا اور ان کے سارے نشے ہرن ہو جاتے۔ اس آیت سے فقہاء نے

فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِیَّةَ حَمِیَّةَ الْجَاهِلِیَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِیْنَتَهٗ عَلٰی

اپنے دلوں میں ضد کو وہی (زمانہ) جاہلیت کی ضد ۵۴ تو نازل فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنی تسکین کو اپنے

ایک مسئلہ مستنبط کیا ہے کہ اگر کفار کسی قلعہ میں مورچہ لگا کر بیٹھ گئے ہوں اور ان کے ساتھ اس قلعہ میں چند مسلمان قیدی بھی ہوں تو کیا اسلامی لشکر کے لیے اس پر گولہ باری یا بمباری جائز ہے یا نہیں؟ اسی طرح اگر کفار کا لشکر مسلمان قیدیوں کو سامنے کی صف میں کھڑا کر دیتا ہے اور مسلمانوں کے مقابلہ میں ان سے ڈھال کا کام لینا چاہتا ہے تو کیا اس حالت میں ان پر فائرنگ جائز ہے یا نہیں؟ یا کفار کا کوئی بحری جہاز ہے جس میں کافر فوج کے علاوہ چند مسلمان بھی ہیں۔ کیا ایسے جہاز کو غرق کرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟

امام مالکؒ ان تمام صورتوں میں گولہ باری کی اجازت نہیں دیتے۔ لیکن امام اعظم ابوحنیفہؒ اور ان کے اصحاب اس کی اجازت دیتے ہیں اور اس کی وجہ یہ کہتے ہیں کہ اس میں جماعۃ المسلمین کی بقا کا راز مضمر ہے۔ اگر لشکرِ اسلام چند مسلمان قیدیوں کی موجودگی کے باعث کفار کے ایسے قلعہ کی اینٹ سے اینٹ نہیں بجائے گا تو اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ کفار لشکرِ اسلام کو پسپا کر دیں گے اور اس کے بعد ان قیدیوں کو تہ تیغ کرنے میں پس و پیش نہیں کریں گے۔

علامہ قرطبیؒ جو خود مالکی ہیں انہوں نے صراحۃً لکھا ہے کہ ان حالات میں مسلمان اسیروں کا لحاظ نہیں رکھا جائے گا جنہیں کفار ڈھال کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ لیکن اس اجازت کو انہوں نے بعض شرائط کے ساتھ مشروط کیا ہے۔ آپ بھی ان کی عبارت ملاحظہ فرمائیں:

وذالك اذا كانت المصلحة ضرورية كلية قطعية (قرطبی) یعنی مسلمان قیدیوں کی موجودگی کے باوجود جنگی کارروائیاں اس وقت جائز ہیں جبکہ تین شرطیں پائی جائیں۔ مسلمان قیدیوں کو گولی کا نشانہ بنائے بغیر دشمن کو شکست دینے کی اور کوئی صورت نہ ہو۔ ایسا کرنے سے جمہور امت کا مفاد وابستہ ہو۔ ایسا کرنے سے اسلام کی فتح قطعی اور یقینی ہو۔

لیکن اگر ان شرائط میں سے کوئی شرط بھی مفقود ہو تو پھر مسلمان قیدیوں کو ہلاک کرنا جائز نہیں۔ اس آیت کے چند کلمات تحقیق طلب ہیں۔

اَلْهَدْیَ وَالْهَدِیَّ: اس میں دونوں لغتیں ہیں۔ وہ جانور جو کعبہ میں قربانی کے لیے پیش کیا جائے۔ مَایُهْدٰی اِلَی الْكَعْبَة۔

مَعْكُوْفًا: ای محبوسا جسے کسی جگہ روک دیا جائے۔

مَحِلَّهٗ: مكانه الذی یحل فیه نحره۔ وہ جگہ جہاں اس کو ذبح کرنا جائز ہے یعنی منیٰ۔

تَطَئُوْهُمْ: الوطی والدوس عبارة عن الایقاع والابادة۔ یعنی روند ڈالنا، پیس دینا۔ برباد کر دینا۔

المعرة: العیب وهی مفعلة من العر۔ عیب، ننگ و عار۔

تَزَیَّلُوْا: تفرقوا وتمیز بعضهم عن بعض۔ جدا جدا ہونا۔ الگ الگ ہونا۔

۵۴ اس آیت میں بڑے بلیغ اور دل نشین انداز سے اس تفاوت کو بیان کیا گیا ہے جو کفار اور اہل ایمان کے طریقۂ کار میں تھا۔ پہلے حمیّۃ کی تحقیق ذہن نشین کر لیجیے۔

علامہ قرطبیؒ حمیۃ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ الحمیة فعیلة وهی الانفة یقال حمیت عن كذا حمیة

وحمية اذا أنفت منه وداخلك عارٌ وأنفةٌ ان تفعله۔

الوان من منهم وعرض عرضهم   كذى الأنف يحمى أنفه ان يكشما

یعنی حمیت کا وزن فعیلۃ ہے۔ اس کا معنی خودداری اور کسی چیز سے نفرت ہے۔ کہا جاتا ہے حمیت عن کذا یعنی میں نے اس کام سے اجتناب اختیار کیا کیونکہ اس کام کا کرنا میرے لیے باعث ننگ و عار تھا۔

علامہ ابن حیان لکھتے ہیں۔ كانت حمية جاهلية لانها بغير حجة وفى غير موضعها فانما ذالك محض تعصب۔

کفار کی حمیت کو حمیت جاہلیت اس لیے کہا گیا ہے کہ ان کی ضد بغیر کسی دلیل کے تھی غیر محل میں تھی اور اس کی وجہ محض تعصب اور ہٹ دھرمی تھی۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو عمرہ سے باز رکھنا ان کے صدیوں سے مروجہ دستور اور مسلّم اصول کے سراسر خلاف تھا ان کے بڑے بوڑھے بھی انہیں اس قبیح حرکت سے روک رہے تھے۔ انہیں یہ بخوبی علم تھا کہ حضور کا یہ سفر محض عمرہ کرنے کے لیے ہے۔ اس کے باوجود وہ اپنی ضد پر اڑے ہوئے تھے۔ اسی کو قرآن کریم نے حمیتِ جاہلیت فرمایا ہے۔ چنانچہ انہوں نے اپنے موقف کو ان الفاظ میں بیان کیا۔ قتلوا ابنائنا واخواننا ثم يدخلون علينا فى منازلنا واللات والعزى لا يدخلون ابدا۔ کہ ان مسلمانوں نے ہمارے بچوں اور بھائیوں کو قتل کیا۔ کیا اب ہم انہیں اپنے گھروں میں داخل ہونے کی اجازت دیں۔ لات و عزیٰ کی قسم ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔

کفار کی بے جا ضد اور تعصب کا تو یہ حال ہے۔ ان کے برعکس میرے رسول اور اس پر ایمان لانے والوں کی کیفیت یہ ہے کہ انہیں خواہ کوئی ایسی بات کرنے کا حکم ملے جو ان کے جذبات کے خلاف اور ان کی خودداری کے سراسر منافی ہو' یہ اللہ کا حکم ملتے ہی بکمال تسلیم و رضا ان جاتے ہیں۔ دل میں اضطراب کی جو موجیں سر ابھار رہی ہوتی ہیں' فوراً سہم جاتی ہیں۔ ان کا یہ اضطراب ان کی بے کلی اپنی ذات یا اپنے مفاد کے لیے نہیں محض اسلام کے لیے اور نبی مکرم کے لیے ہے۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ ہر میدان میں ظاہراً اور باطناً اسلام کو غلبہ حاصل ہو۔ ان کے محبوب کی عظمت کا ڈنکا بجے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے اگر ان کے مال کی ضرورت ہے تو وہ سب کا سب قدموں میں ڈھیر کرنے کے لیے بصد خوشی آمادہ ہیں۔ اگر ان کی جانوں کی ضرورت ہے تو وہ اپنے سر کٹنے کے لیے اور اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہانے کے لیے آمادہ ہی نہیں بلکہ بے تاب ہیں۔ مکہ کے بت پرستوں کی عارضی کامیابی اور وقتی مسرت بھی ان کے لیے سوہانِ روح بن جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے دلوں کی اس کیفیت سے پوری طرح باخبر ہے۔ اس لیے اس کی نگاہوں میں ان کی بڑی قدر ہے۔ جب وہ ان کے دلوں میں ناموسِ اسلام اور ناموسِ رسالت کے لیے اضطراب و بے کلی کے طوفان اٹھتے ہوئے دیکھتا ہے تو وہ ان کے دلوں کو سکون و طمانیت سے نوازتا ہے۔ ان کی بے تابیاں اور بے چینیاں مسرتوں میں بدل جاتی ہیں۔

خوشا وہ دل جسے عشق محبوب میں اضطراب و بے قراری کی لذتیں بخشی جائیں۔ خوشا وہ لذت اضطراب جو محبوب کی چشم لطف و کرم کو اپنی طرف مبذول کرے۔ تسکین وہاں آئے گی جہاں بے چینیاں ہوں گی۔ دلاسا اسے دیا جائے گا جو درد فراق سے ماہی بے آب کی طرح تڑپ رہا ہوگا۔ جہاں غم ہجر میں آنکھیں اشکبار نہ ہوں وہاں ابر رحمت برسے تو کیوں برسے جہاں مقصد کے لیے تڑپ نہیں وہاں اطمینان دلانے کی کیا ضرورت ہے۔

رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ

رسول مکرم پر اور اہل ایمان پر اور انہیں استقامت بخش دی تقویٰ کے کلمہ پر ۴۸ اور وہ اس کے حقدار بھی تھے

بِهَا وَاَهْلَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝۲۶ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ

اور اس کے اہل بھی تھے ۴۹ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے ۵۰ یقیناً اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو

صلح حدیبیہ کے موقع پر جو شرائط طے پائی تھیں وہ بظاہر کفر کے غلبہ اور اسلام کی کمزوری کی غماز تھیں اس لیے ان جانفروشوں کا بے چین و مضطرب ہونا قدرتی امر تھا جنہوں نے دست مبارک پر جان کی بازی لگا دینے کا پختہ وعدہ کیا۔ جتنا کسی کا جذبہ ایثار توانا تھا اتنا ہی اس کا اضطراب شدید تھا۔ حضرت فاروق اعظم سب سے زیادہ مضطرب تھے کیونکہ ان کی غیرت ایمانی اس تحقیر کو برداشت نہ کر سکتی تھی لیکن اللہ اور اس کے رسول نے حکم دیا تو سب نے بخوشی سر جھکا دیا، سمعنا و اطعنا کہتے سب مطمئن ہو گئے۔

۴۸ خود سپردگی کی یہ ادا اللہ تعالیٰ کو بہت پسند آئی۔ ارشاد ہوا وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى۔ ان چند کلمات میں الطاف و اعطاف کی جو دنیا سمو دی گئی ہے کاش آپ اس میں غور کریں۔ الزم کہتے ہیں کسی چیز کو کسی کے ساتھ یوں چسپاں کر دینا کہ وہ اس سے جدا نہ ہو سکے چنانچہ علماء لغت لکھتے ہیں۔ الزم الشیئ اثبتہ و ادامہ (المنجد)، صاحب لسان العرب رقمطراز ہیں۔ الزمہ ایاہ فالتزمہ و رجل لزمۃ یلازم الشیئ فلا یفارقہ۔ یعنی کسی چیز کا کسی چیز کے ساتھ یوں چمٹ جانا کہ وہ اس سے الگ نہ کی جا سکے۔

قاموس میں ہے۔ الزمہ ایاہ فالتزمہ و ھو لزمۃ ای اذا لزم شیئا لا یفارقہ۔

کلمۃ التقویٰ سے مراد لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے حضرت علی اور ابن عمر کا ارشاد ہے کلمۃ التقویٰ سے مراد لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر ہے۔

اب آپ خود انصاف کیجئے کہ جن نفوس قدسیہ کے متعلق اللہ رب العزت فرماتا ہے کہ میں نے کلمہ توحید ان کے دلوں میں یوں ثبت کر دیا اور ان کے لوح دل پر اس طرح نقش کر دیا کہ اب یہ نقوش محو نہیں ہو سکتے۔ اب یہ مٹ نہیں سکتا۔ جسے اللہ تعالیٰ ثبات و دوام بخشے کون سی ایسی قوت ہے جو اسے فنا کر سکے۔

وہ لوگ جو صحابہ کرام کے ایمان پر زبان طعن دراز کرتے ہیں اس آیت کے ان تین لفظوں پر غور کریں انہیں اپنی کوتاہی فکر اور غلطی کا احساس ہو جائے گا۔ یہ الگ بات ہے کہ کوئی اپنی بدنصیبی کے باعث حمیت جاہلیت کی بیماری میں مبتلا ہو اور اس آیت میں غور کرنے کے بعد بھی اپنی ضد پر اڑا رہے۔

۴۹ اللہ تعالیٰ صحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کی جو بارش فرما رہا ہے تم سمجھو کہ اب اس کا سلسلہ ختم ہو گیا نہیں ہوا۔ ارشاد ہوتا ہے وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا۔ جو عنایات کریمانہ اور انعامات خسروانہ ان پاکبازوں پر فرمائے گئے ہیں وہ بلاوجہ نہیں بلکہ وہ اس کے مستحق ہیں۔ اپنے نیازمندوں کا اس دلکش انداز میں انہوں نے اظہار کیا ہے جس خلوص سے میرے حبیب کے دست پاک پر انہوں نے بیعت کی ہے ایمانی حمیت اور اسلامی غیرت جس کے باعث وہ شرائط صلح پر حیران ہو گئے تھے ان تمام چیزوں نے انہیں اس کا حقدار بنا دیا ہے کہ ہم دل کھول کر ان پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائیں۔ ساتھ ہی وَاَهْلَهَا کہہ کر یہ واضح کر دیا کہ وہ ان اہل میں ہیں کہ انہیں ان نوازشات کی قدر نہ ہو بلکہ وہ ان کے اہل ہیں۔ ان میں یہ صلاحیت اور قابلیت ہے کہ وہ ان کی قدر کریں اور ان سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

اللہ تعالیٰ جن نفوس قدسیہ کے استحقاق اور اہلیت کی گواہی دے رہا ہے ان کے بارے میں سوء ظن سے کام لینا کسی مرد دانا کو زیب نہیں دیتا۔

۵۰ صحابہ کرام پر یہ نوازشات کسی ایسی ہستی نے نہیں فرمائیں جو ظاہر کو تو جانتی ہو باطن سے بے خبر ہو۔ زبان پر آنے والے کلمات کو تو سن

رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

سچا خواب دکھایا حق کے ساتھ ؎ کہ تم ضرور داخل ہوگے مسجد حرام میں جب اللہ نے چاہا!

لے لیکن نہاں خانۂ دل میں جذبات و احساسات کی زبان سے ناآشنا ہو۔ حال میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات اور رونما ہونے والے حادثات کو تو وہ جانتا ہو لیکن مستقبل میں کیا ہوگا۔ کوئی کل کیا کرے گا۔ اس کا اسے پتہ نہ ہو۔ یوں اپنی آگاہی کی خامی اور علم کی ناتمامی کے باعث اس نے صحابہ کرام کی وقتی قربانیوں اور ظاہری وفاداریوں اور زبانی دعووں سے متاثر ہو کر انہیں ان شاندار القابات اور ان بشارات سے نوازدیا ہو اور اس کے بعد ان لوگوں نے ایسی حرکتیں کی ہوں اور ایسے جرائم کا ارتکاب کیا ہو کہ وہ ان القابات و بشارات کے مستحق نہ رہے ہوں اور انہیں ان سعادتوں سے بعد میں محروم کر دیا گیا ہو۔ اس قسم کی ابلیسی تلبیسات اور شیطانی وساوس کا بھی اس آخری جملے سے خاتمہ کر دیا۔ فرمایا اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جانتا ہے۔ کسی شخص کا باطن کیسا ہے۔ کس کا انجام کیسا ہے۔ آئندہ زمانے میں کیسے افعال صادر ہوں گے اور وہ مرنے سے پہلے کیا کیا حرکتیں کرے گا۔ مخفی نہیں اور اس سب کچھ جاننے والے نے اپنے حبیب لبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وفاشعار صحابہ کو ان انعامات' احسانات اور نوازشات سے سرفراز فرمایا ہے۔

قرآن کریم کا یہی حسن بیان ہے جس نے عرب کے فصحاء و بلغاء کو دنگ کر دیا تھا۔ اس کی جامعیت کا یہی اعجاز ہے جس کے سامنے شعراء اور خطباء نے اپنے سر جھکا لیے تھے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس نیر اعظم سے اکتساب نور کی توفیق بخشے۔ آمین!

؎ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک شب خواب دیکھا کہ حضور اپنے صحابہ سمیت مکہ مکرمہ تشریف لے گئے ہیں۔ کعبہ شریف کا طواف کیا ہے اور ارکان عمرہ ادا کیے ہیں۔ صبح نبی رحمت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ خواب صحابہؓ کو سنایا۔ وہ دل جو مدت سے بیت اللہ شریف کی زیارت کے لیے تڑپ رہے تھے یہ خواب سن کر ان کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ ماہ ذی قعدہ میں اللہ کے پاک بندوں کا کارواں روانہ ہوا۔ لبیک اللّٰھم لبیک کی روح پرور صداؤں سے دشت و جبل گونجنے لگے۔ صحراؤں کی فراخیوں میں نور ہی نور پھیل گیا۔ وفور شوق سے قدم رکتے ہی نہیں۔ آنکھیں بے تابی سے اس لمحہ کی منتظر ہیں جب بیت اللہ نظر آئے گا۔ جب مسلمان حدیبیہ کے مقام پر پہنچے تو وہ واقعات پیش آئے جن کا ذکر آپ پہلے پڑھ چکے ہیں چنانچہ صلح نامہ پر دستخط ہونے اور مسلمانوں کو بیت اللہ کی زیارت کیے بغیر واپس لوٹنا پڑا۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے تمام مسلمانوں کی ترجمانی کرتے ہوئے عرض کی یا رسول اللہ! حضورؐ نے ہمیں فرمایا تھا کہ ہم بیت اللہ کی زیارت کریں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ حضورؐ نے جواب میں فرمایا بیشک لیکن کیا میں نے تمہیں یہ بتایا تھا کہ تم اس سال یہ شرف حاصل کرو گے؟ حضرت عمرؓ نے جواب دیا نہیں حضورؐ نے یہ تو نہیں بتایا تھا۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فانک آتیہ ومطوف بہ۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یقیناً تم بیت اللہ کے پاس آنے والے ہو اور اس کا طواف کرنے والے ہو۔ اس ایک جملہ سے وہ خلش دور ہو گئی جس نے دلوں کو پریشان کر رکھا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے اسی سلسلے میں یہ آیت نازل فرمائی اور گوناگوں تاکیدات کے ساتھ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول کو جو خواب دکھایا ہے وہ بالکل سچا ہے۔ اس کے حق ہونے میں قطعاً کوئی شبہ نہیں۔

لقد صدق اللہ رسولہ الرؤیا کے جملہ میں صدق کا کلمہ کس معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ علامہ ابن منظور لکھتے ہیں عرب جب

اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ

امن وامان سے سر منڈواتے ہوئے اپنے سروں کو یا ترشواتے ہوئے۔ تمہیں (کسی کا) خوف نہ ہوگا ۲۵ پس وہ جانتا ہے جو تم نہیں

تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝۲۷ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ

جانتے تو اس نے عطا فرما دی (تمہیں) اس سے پہلے ایک فتح جو قریب ہے۔ وہ (اللہ) ہی ہے جس نے بھیجا ہے اپنے رسول کو

کہتے ہیں صَدَقَهُ الحدیث تو اس کا معنی ہوتا ہے اَنْبَأَهُ بالصدق یعنی اس نے اسے صحیح اور سچی بات سے آگاہ کیا۔ اسی طرح صدقت القوم کا معنی ہے قلت لھم صدقا یعنی میں نے ان سے سچی بات کہی ہے۔ اس تحقیق کے مطابق آیت کا وہی معنی ہوگا جو میں نے کیا ہے۔ یہ معنی بڑا واضح اور ہر قسم کے تکلف سے پاک ہے۔

بعض حضرات نے یہ معنی بھی کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے خواب کو سچا کر دکھایا۔ اگرچہ لغت میں صدق اس معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے لیکن اس مقام پر یہ مناسب معلوم نہیں ہوتا کیونکہ یہ آیت حدیبیہ سے واپسی پر راستہ میں نازل ہوئی۔ اس خواب کی تعبیر تو دوسرے سال ہوئی جب مکہ فتح ہوا۔ اس صورت میں یہاں تاویل کا سہارا لینا پڑے گا۔

۲۵ یہ فرمانے کے بعد کہ میرے رسول کرم نے جو خواب دیکھا ہے وہ میں نے دکھایا ہے اور میں نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھایا ہے۔ اس میں ادنیٰ شبہ کی بھی گنجائش نہیں۔ اب اس خواب کا ذکر ہے جو دکھایا گیا۔ آیت بالکل واضح ہے۔ سادہ ترجمہ سے ہی اس کا مفہوم ذہن نشین ہو جاتا ہے۔ البتہ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ کا فقرہ غور طلب ہے۔ اِنْ شک کے لیے استعمال ہوتا ہے اور یہ اللہ کا کلام ہے، اس میں شک کا کیا دخل؟ گزارش ہے کہ یہاں اِنْ کا معنی اِذْ ہے یعنی جب اللہ تعالیٰ چاہے گا تم مسجد حرام میں داخل ہو گے۔ اِنْ بمعنی اِذْ کا استعمال عام ہے۔ صاحب لسان لکھتے ہیں۔ وتجیٔ اِنْ بمعنی اذ ضرب قوله اتقوا الله وذروا ما بقی من الربوٰا ان کنتم مومنین المعنی اذ کنتم مومنین۔ یعنی اللہ سے ڈرو۔ باقی سود چھوڑ دو جبکہ تم ایمان لا چکے ہو۔ اس آیت میں بھی اِنْ کا معنی اِذْ ہے۔

اِنْ شَاءَ اللّٰهُ کا فقرہ یہاں ذکر کرنے کی ایک حکمت یہ بھی ہے کہ نبی کریم ؐ اور صحابہ کرام ؓ کا اس دفعہ مکہ نہ جانا اس لیے نہیں کہ کفار بہت طاقت ور تھے اور مسلمان ان کی قوت سے خائف ہو کر واپس چلے گئے، بلکہ اللہ کی مشیت یہ تھی کہ وہ واپس چلے جائیں کیونکہ اس میں وہ حکمتیں تھیں جن کو اللہ تعالیٰ تو جانتا تھا لیکن تم نہیں جانتے تھے۔

فعلم مالم تعلموا سے اسی کی طرف اشارہ ہے۔ جب یہ مصلحتیں پوری ہو جائیں گی اللہ تعالیٰ اس وقت اپنے حبیب کے قدوم میمنت لزوم سے مکہ کی پیاسی زمین کو مشرف فرمائے گا۔ دوسری حکمت یہ ہے کہ اپنے بندوں کو بھی بتا دیا کہ تمہاری یہ فتحیابی میرے لطف و کرم کی مرہون منت ہے۔ تم میں خود یہ ہمت نہ تھی کہ تم ان طاغوتی قوتوں کا مقابلہ کر سکو۔ چنانچہ علامہ آلوسیؒ اور دیگر مفسرین لکھتے ہیں۔ وفیه تعریض لان وقوع الدخول من مشیئته تعالیٰ لا من جلادتهم وتدبیرهم (روح المعانی)

چنانچہ دوسرے سال سات ہجری ماہ ذی قعدہ میں حضورؐ اپنے صحابہؓ کو ہمرکاب لے کر عمرہ کی قضا کے لیے مکہ مکرمہ تشریف لے

بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا ؕ﴿۲۸﴾

(کتاب) ہدایت اور دینِ حق دے کر ۵۳ تاکہ غالب کر دے اسے تمام دینوں پر ۵۴ اور (رسول کی صداقت پر) اللہ کی گواہی کافی ہے۔

گئے جب مسلمانوں کے مکہ میں داخل ہونے کا وقت آیا تو کفر و باطل کے سرغنے مکہ چھوڑ کر چلے گئے تاکہ وہ اس ایمان افروز منظر کو نہ دیکھیں۔ ان کے علاوہ یہ نورانی منظر دیکھنے کے لیے مکہ کے مرد و عورتیں، بچے راستوں میں، مکانوں کی چھتوں پر جہاں کسی کو جگہ ملی جم کر بیٹھ گئے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ناقہ قصویٰ پر سوار ہیں۔ اسلام کے متوالوں کا جمگھٹا ہے۔ لبیك اللّٰهم لبیك کی صدائیں بلند ہو رہی ہیں۔ قدسیوں کا یہ گروہ ان گلیوں کو نئی رونقیں بخش رہا ہے جو سالہا سال سے سونی پڑی تھیں۔ جو اللہ کا نام سننے کے لیے ترس گئی تھیں۔ جن فضاؤں کو کفر کی ظلمتوں نے اپنے نرغے میں لے رکھا تھا آج پھر وہاں لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ کے نعرے گونج رہے ہیں۔

حج و عمرہ ادا کرنے والوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ مناسک سے فارغ ہونے کے بعد سر منڈائیں یا بال ترشوائیں لیکن ترشوانے سے منڈانا افضل ہے۔ حضورؐ نے حلق کرنے والوں کے لیے تین بار دعا فرمائی۔ اللّٰهم اغفر للمحلقین۔ اے اللہ تعالیٰ سر منڈانے والوں کو بخش دے۔

۵۳ اس آیت طیبہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنی شانِ کبریائی اور اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقامِ رفیع اور منصبِ عالی کا ذکر فرمایا ہے کہ انہیں منصبِ رسالت پر فائز کرنے والا میں ہوں، میں نے ہی اس یتیمِ مکہ کو کتابِ ہدایت عطا فرمائی ہے۔ جس کے مقدر میں اس ظلمت کدۂ عالم کو منور کرنا ہے۔ میں نے اس کو ایسا جامع نظامِ حیات اور شریعت بیضاء دے کر مبعوث فرمایا ہے جو افراط و تفریط، گوناگوں بدعنوانیوں سے روندے ہوئے گلشنِ انسانیت کے لیے پیغامِ بہار ہے۔ جس کو میں نے اس منصبِ رفیع پر فائز کیا ہے کوئی طاقت اس کو اس شرف سے محروم نہیں کر سکتی۔ ساری دنیا انکار کر دے اس کی عظمت کا ماہِ تمام چمکتا ہی رہے گا۔ اے کفار! تم نے میرے محبوب کے اسمِ گرامی کے ساتھ 'رسول اللہ' کے الفاظ مٹا دینے پر اصرار کیا۔ اس ورق سے تو تم نے محو کر دیئے لیکن لوحِ محفوظ، عرش و کرسی کے بلند کنگروں، جنت کے ایوانوں اور اہلِ ایمان و محبت کے الواحِ قلب پر محمد رسول اللہ کے الفاظ ہمیشہ تابندہ و درخشندہ رہیں گے۔ وہاں سے تو تم نہیں مٹا سکتے۔

"رَسُوْلَهٗ" میں اضافت غور طلب ہے۔ سارے رسول اسی نے بھیجے ہیں لیکن اس رسول کو جو نسبت ہے اس کی شان ہی نرالی ہے۔ برقِ غضب بن کر باطل کو خاکستر کرنے کے لیے نہیں آیا، بلکہ ابرِ رحمت بن کر پیاسی دنیا کو سیراب کرنے کے لیے آیا ہے۔ فرمایا اسے ہدایت اور دینِ حق دے کر مبعوث کیا گیا ہے۔ ہدایت سے مراد قرآن، دینِ حق سے مراد شریعت یا ہدایت سے مراد علم، دین سے مراد عمل۔ دین الحق میں اضافت موصوف الی الصفۃ ہے یعنی الدین الحق۔ ایسا دین جو حق ہے۔

۵۴ بتا دیا کہ جو دین نبی کریمؐ لے کر آئے ہیں وہ باطل سے مغلوب نہیں رہے گا بلکہ میری تائید اور اپنی فطری توانائیوں سے ساری طاغوتی قوتوں کو سرنگوں کر دے گا۔ یہ غاروں میں چھپ کر اور خانقاہوں میں دبک کر رہنے والوں کا دین نہیں، یہ کشاکشِ حیات سے دامن بچا کر کنجِ عافیت میں زندگی بسر کرنے والوں کا دین نہیں، کسی مصلحت کے پیشِ نظر باطل سے مفاہمت و مصالحت کرنے والوں کا دین نہیں، یہ تو اللہ تعالیٰ کے شیروں کا دین ہے جو گرجتے ہیں تو باطل کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ یہ ان عقابوں اور شاہینوں کا دین ہے کہ جب وہ پر کشا

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ

(رہان عالم) محمد اللہ کے رسول ہیں ۵۵ اور وہ (سعادتمند) جو آپ کے ساتھی ہیں کفار کے مقابلہ میں بہادر اور طاقتور ہیں آپس میں بڑے رحم دل ہیں ۵۶

ہوتے ہیں تو فضا کی پہنائیاں سمٹ کر رہ جاتی ہیں۔ یہاں بہادروں اور جوانمردوں کا دین ہے جو زندگی کی کشتی کو حادثات کے طوفانوں میں کھینا جانتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا کہ وہ اس دین کو تمام مروجہ ادیان، مذاہب اور نظامہائے حیات پر غلبہ بخشے گا۔ اس وعدہ کو پورا کرنے میں زیادہ دیر نہیں لگی۔ عہد رسالت میں ہی اسلام کا پرچم عرب پر لہرانے لگا جو کفر و شرک کا گڑھ تھا۔ خلافت راشدہ میں ایشیا اور افریقہ کے بڑا عظموں میں اس کی عظمت کے ڈنکے بجنے لگے۔ شرق و غرب میں کلمۂ توحید کی صدائیں گونجنے لگیں۔ غالب آنے کا مطلب یہ ہے کہ یا لوگ اس کو قبول کر لیں گے یا اس کی برتری کو تسلیم کر لیں گے۔ مسلمانوں کے دورِ انحطاط میں بھی نظر و فکر کے میدانوں میں اسلام کا پرچم لہراتا رہا۔

آخر میں فرمایا کہ میں اپنے رسول کی رسالت کا بھی گواہ ہوں اور اس حقیقت کا بھی گواہ ہوں کہ وہ کتاب ہدایت اور دین رحمت لے کر آیا ہے اور اس بات کا بھی ضامن ہوں کہ یہ دین سب ادیان پر غالب آئے گا۔ اور میری گواہی کے بعد ان سچائیوں کو ثابت کرنے کے لیے کسی دوسرے گواہ کی ضرورت نہیں۔

۵۵ اس کی ترکیب میں دو مشہور قول یہ ہیں: ① مُحَمَّدٌ مبتدا اور رَسُوْلُ اللّٰہِ اس کی خبر۔ ② ھُوَ مبتدا محذوف مُحَمَّدٌ موصوف۔ رسول اللہ صفت۔ یا عطف بیان۔ دونوں مل کر خبر۔

یہ جملہ مستانفہ ہے۔ اس میں اس چیز کا بیان ہے جس پر اللہ تعالیٰ کی گواہی کافی ہے اور رسول اللہ کے الفاظ جملہ اوصاف جمیلہ اور خصائل حمیدہ پر مشتمل ہیں۔ وھو مشتمل علی کل وصف جمیل۔ (ابن کثیر)

۵۶ یہاں سے اختتام سورت تک اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہؓ کی توصیف فرما رہا ہے۔ فرمایا کہ میرے رسول مکرم پر ایمان لانے والے اور اس کی صحبت سے فیض یاب ہونے والے کفار کے مقابلے میں بڑے بہادر، بڑے طاقتور ہیں یہ سر کٹا سکتے ہیں لیکن ظلم کے سامنے اسے جھکا نہیں سکتے۔ یہ بکاؤ مال نہیں کہ دشمنان اسلام ان کو خرید لیں، یہ بزدل اور ڈرپوک نہیں کہ جور و ستم سے ان کو اس راہ محبت سے برگشتہ کیا جائے۔ اشداء شدید کی جمع ہے اور لفظ شدت کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ ابن منظور نے لسان العرب اور علامہ زبیدی نے تاج العروس میں لکھا ہے۔

الشدۃ: النجدۃ وثبات القلب والشدید۔ الشجاع۔ والقوی من الرجال والجمع اشداء (تاج العروس) یعنی شدت قوت اور دل کی مضبوطی کا نام ہے اور الشدید شجاع اور طاقتور مرد کو کہتے ہیں۔ اس کی جمع اشداء ہے۔ اشداء کا جب تک یہ مفہوم ذہن نشین نہ ہو جائے کا حسن آشکارا نہیں ہوتا۔ اُلٹا انسان اس بدگمانی کا شکار ہو جاتا ہے کہ اسلام کے یہ ماننے والے بڑے بے رحم اور سخت دل تھے اور کفار پر جور و ستم کرنے سے باز نہیں آتے تھے، حالانکہ آیت کا یہ مفہوم نہیں۔

کفار کے مقابلے میں تو یہ فولاد کی چٹان ہیں جنہیں کوئی طوفان اپنی جگہ سے سر مو سرکا نہیں سکتا۔ لیکن اپنے دینی بھائیوں کے ساتھ

ان کا معاملہ بالکل دوسرا ہے۔ بڑے نرم، بڑے شفیق اور بڑے مہربان ہیں۔ ان کی باہمی رافت و رحمت کی کیفیت کو جس طرح اس حدیث میں بیان کیا گیا ہے اس سے زیادہ بیان کرنا ممکن نہیں۔

قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مَثَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ فِیْ تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ الْوَاحِدِ وَاِذَا اشْتَكٰى مِنْهُ عُضْوٌ تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالْحُمّٰى وَالسَّهَرِ۔

ترجمہ: یعنی مسلمانوں کی مثال باہمی محبت اور ایک دوسرے پر شفقت کرنے میں ایسی ہے جیسے ایک جسم اگر اس کا کوئی عضو بیمار ہو جاتا ہے تو سارا جسم بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے اور نیند کافور ہو جاتی ہے۔ دوسرا ارشاد گرامی ہے:

قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا، وَشَبَّكَ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بَيْنَ اَصَابِعِهٖ۔

ترجمہ: مومن کا تعلق مومن کے ساتھ ایسا ہے جیسے دیوار کا ایک حصہ دوسرے حصہ کو سہارا دیئے ہوئے ہوتا ہے۔ حضورؐ نے یہ فرمایا اور اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ایک دوسرے میں ملا دیا۔ (بخاری)

ایک عرب شاعر نے بھی اس مضمون کو ادا کیا ہے۔

حلیم اذا ما الحلم زین اھلہٗ — علی انہٗ عند العدو مھیبٌ

کہ میرا ممدوح اس وقت تک بڑا حلیم اور بردبار ہے، جب تک کہ حلم باعث زینت ہو لیکن دشمن کے مقابلہ میں وہ بڑا خوفناک ہے۔

ترجمان حقیقت کا ارشاد بھی سنیے۔

اگر ہو رزم تو شیرانِ غاب سے بڑھ کر — اگر ہو بزم تو رعنا غزالِ تاتاری

اہل ایمان کی باہمی محبت اور وابستگی کا یہ حال ہے کہ جب آمنے سامنے ہوتے ہیں تو اجنبیوں کی طرح پہلو بچا کر نکل نہیں جاتے بلکہ مصافحہ کرتے ہیں اور ایک دوسرے کو سلامتی کی دعا دیتے ہیں۔ قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ وَتَصَافَحَا وَحَمِدَا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَاهُ غُفِرَ لَهُمَا۔ یعنی جب دو مسلمان ملیں اور ایک دوسرے سے مصافحہ کریں، اپنے رب کی تعریف کریں اور اس سے مغفرت طلب کریں، تو اللہ تعالیٰ ان دونوں کو بخش دیتا ہے۔

اس موقع پر علامہ آلوسی کی اس عبارت کا مطالعہ بھی فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔ بلکہ کئی شبہات دور ہو جائیں گے۔

واما ما اعتاد الناس بعد صلوٰتی الصبح والعصر فلا اصل لہ ولکن لا باس بہ فان اصل المصافحۃ سنۃ وکونھم محافظین علیھا فی بعض الاحوال ومفرطین فی کثیر منھا لا یخرج ذالک البعض عن کونہ من المصافحۃ التی ورد الشرع باصلھا وجعل ذالک العز بن عبد السلام فی قواعدہ من البدع المباحۃ۔ (روح المعانی)

ترجمہ: یعنی ہمارے ہاں لوگوں کی عادت ہے کہ صبح اور عصر کی نماز کے بعد مصافحہ کرتے ہیں اس کی کوئی دلیل نہیں ہے لیکن ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ اصل مصافحہ سنت ہے۔ بعض حالات میں اس کی پابندی بلکہ اس میں غلو اس کو مسنون مصافحہ سے خارج نہیں کر دیتا۔ چنانچہ شیخ الاسلام عز بن عبد السلام نے اپنی کتاب "القواعد" میں اسے بدعت مباحہ شمار کیا ہے۔

تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ

تو دیکھتا ہے انہیں کبھی رکوع کرتے ہوئے کبھی سجدہ کرتے ہوئے ۹۷ طلب گار ہیں اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے ۹۸ ان (کے ایمان وعبادت)

فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۖۛ وَ مَثَلُهُمْ

کی علامت ان کے چہروں پر سجدوں کے اثر سے نمایاں ہے ۹۹ یہ ان کے اوصاف تورات میں مذکور ہیں۔ نیز ان کی صفات

اس سے واضح ہو گیا کہ امت میں مروجہ ایسے اعمال جن کی اصل قرآن و سنت سے ثابت ہے ان کو کسی خاص وقت یا مقام پر پابندی سے ادا کیا جائے تو اس میں کوئی قباحت نہیں۔ ان کو بدعت کہہ کر امت میں فساد و انتشار پیدا کرنا قرین دانشمندی ہے۔ اذان کے بعد درود شریف، نماز جنازہ کے بعد دعا وغیرہ اسی قسم کے مسائل ہیں۔

۹۷ اپنے رب کریم کی عبادت میں ان کے ذوق و شوق کا یہ عالم ہے کہ جب بھی تم انہیں دیکھو گے، انہیں اپنے رب کی عبادت میں مصروف پاؤ گے۔ کبھی وہ حالت رکوع میں جھکے سُبحان ربی العظیم کا ورد کر رہے ہوں گے، کبھی اس کی بارگاہ اقدس میں اپنی جبین نیاز رکھے سُبحان ربی الاعلیٰ کہہ کر اپنی بندگی، اپنی نیازمندی اور اپنی عاجزی کے اعتراف کے ساتھ ساتھ اپنے مولا کریم کی بزرگی اور کبریائی کی گواہی دے رہے ہوں گے۔

رُكَّعًا: رَاكِعٌ کی جمع ہے۔ سُجَّدًا: سَاجِدٌ کی جمع ہے۔

۹۸ دشمنان اسلام کے مقابلے میں ان کا شیر کی طرح گرجنا اور اپنے دینی بھائیوں کے لیے ان کی شفقت اور رحمت، شب و روز رکوع و سجود میں محو رہنا، ان تمام اعمال سے ان کی غرض کیا ہے، وہ چاہتے کیا ہیں؟ بتایا کہ دنیا اور دنیا کی وابستگیوں کو تو انہوں نے اپنے دامن سے گرد و غبار کی طرح جھاڑ دیا ہے۔ وہ صرف اپنے خداوند کریم کے فضل کے طلب گار ہیں اور اس کی رضا و خوشنودی کے متمنی۔ اس کے سوا انہیں نہ کسی چیز سے سروکار ہے اور نہ کوئی خواہش و آرزو۔ خود سوچیے جس جماعت کے مقاصد، جس کی تمنائیں اور آرزوئیں سمٹ کر اس ایک نقطہ پر مرکوز ہو جائیں، اس جماعت سے پاکیزہ تر، مبارک تر کوئی جماعت ہو سکتی ہے اور کیا ایسے افراد کی عظمت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے؟

۹۹ سِيْمَا کا معنی علامت ہے۔ یعنی قدسیوں کی اس جماعت کو پہچاننا مشکل نہیں۔ ان کے چہروں پر نور ایمان کے جلوے صاف دکھائی دیتے ہیں۔ دیکھنے والا دیکھتے ہی انہیں پہچان لیتا ہے کہ یہ آغوش نبوت کے پروردہ ہیں، یہ نگاہ رسالت کے فیض یافتہ ہیں۔ ان کے حسین اعمال کا نکھار اور ان کے قلوب کی پاکیزگی اور روح کی طہارت دلوں کو بے ساختہ اپنی طرف کھینچ رہا ہے۔

سِیْمٰی سے مراد وہ گٹا نہیں جو عام طور پر پیشانی پر نمودار ہو جاتا ہے، کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو عبارت یوں ہوتی۔ سِيْمَاهُمْ فِيْ جِبَاهِهِمْ۔ ان کی پیشانیوں پر نشانیاں۔ بلکہ اس سے مراد وہ نور باطن ہے جو ان کے چہروں پر نمایاں ہوتا ہے۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ مجاہد سے دریافت کیا گیا کہ کیا اس سِیْمَا سے مراد وہ نشان ہے جو پیشانی پر ظاہر ہو جاتا ہے۔ فرمایا نہیں۔ بسا اوقات اونٹ کے گھٹنے کے برابر یہ نشان کسی شخص کے ماتھے پر ہوتا ہے۔ اس کے باوجود اس کا دل پتھر سے زیادہ سخت ہوتا ہے

فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْاَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى

انجیل میں بھی (مرقوم) ہیں ۔ (میرے صحابہ) ایک کھیتی کی مانند ہیں جس نے نکالا اپنا پٹھا پھر طاقتور بنایا اسے پھر قوت دی اس کو پھر وہ مضبوط ہوگیا پھر سیدھا کھڑا ہوگیا

عبدالعزیز کی سے منقول ہے کہ اس سے مراد وہ لاغری اور زردی بھی نہیں بلکہ اس سے وہ نور مراد ہے جو عبادت گزاروں اور شب زندہ داروں کے باطن سے ان کے چہروں پر جھلکتا ہے خواہ وہ حبشی زنگی اور حبشی کیوں نہ ہو۔ لکنہ نور یظهر علی وجوہ العابدین یبدو من باطنھم علی ظاہرھم . . . . . ولوکان فی زنجی او حبشی۔ (روح المعانی)

علامہ ابن کثیر نے اس آیت کے ضمن میں لکھا ہے :

قال بعض السلف من کثرت صلوتہ باللیل حسن وجھہ بالنھار کہ بعض بزرگوں نے فرمایا جو رات کے وقت بکثرت نماز پڑھتا ہے دن کے وقت اس کا چہرہ بڑا دلکش ہو جاتا ہے۔ حضرت جابرؓ سے یہی الفاظ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مروی ہیں لیکن ابن کثیر کہتے ہیں۔ والصحیح انہ موقوف وقال بعضھم ان الحسنۃ نور فی القلب وضیاء فی الوجہ وسعۃ فی الرزق ومحبۃ فی قلوب الناس۔ بعض بزرگوں کا قول ہے کہ نیکی کرنے سے دل میں ایک نور چہرے میں چمک، رزق میں فراخی اور لوگوں کے دلوں میں اس کے لیے محبت پیدا ہو جاتی ہے۔

امیر المؤمنین حضرت سیدنا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد ہے۔ ما اسر احدٌ سریرۃ الا ابداھا اللہ تعالیٰ علی صفحات وجھہ وفلتات لسانہ۔ یعنی جو شخص کوئی کام چھپ کر بڑی رازداری سے کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے آثار اس کے چہرے اور اس کے کلام میں نمایاں کر دیتا ہے۔

حضرت امام مالک سے مروی ہے آپ فرماتے ہیں کہ جب نصاریٰ نے ان صحابہ کرامؓ کو دیکھا جنہوں نے شام کا ملک فتح کیا تو وہ کہہ اٹھے۔ وَاللّٰهِ لَهٰٓؤُلَآءِ خَيْرٌ مِّنَ الْحَوَارِيِّيْنَ۔ خدا کی قسم! یہ لوگ عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں سے بدرجہا بہتر ہیں۔

۱۵؎ امام لغت جوہری مَثَلٌ کے لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ مثل الشیئ ایضا صفتہ (صحاح) یعنی مثل کے دوسرے معانی کے علاوہ ایک معنی یہ بھی ہے کہ کسی چیز کی صفت و حالت کو مثل کہتے ہیں۔ قال ابن سیدہ ومنہ قولہ تعالیٰ مثل الجنۃ التی وعد المتقون . . . . وقال ابو اسحاق معناہ صفۃ الجنۃ۔ (تاج العروس، لسان) ابن سیدہ کہتے ہیں کہ اس آیت میں بھی مثل کا معنی صفت ہے۔ ابو اسحاق سے بھی یہی معنی منقول ہے۔

اب آیت کا مفہوم ہوگا کہ میرے رسول کے صحابہ کے یہ اوصاف اور صفات ہیں جو تورات اور انجیل میں مذکور ہیں۔ بعض نے تورات پر وقف کیا ہے۔ ان کے نزدیک مثلھم فی الانجیل کا تعلق اگلے جملہ کزرع سے ہے۔ یعنی یہ تو وہ اوصاف ہیں جو تورات میں مذکور ہیں۔ انجیل میں ان کی جو صفت بیان کی گئی ہے اس کا ذکر کزرع اخرج سے ہو رہا ہے۔

۱۶؎ آیت کے اس حصہ میں جو مشکل الفاظ ہیں پہلے ان کی وضاحت ضروری ہے۔

زرع : جو فصل زمین سے اگتی ہے اسے زرع کہتے ہیں۔ الزرع نبات کل شیئ یحرث (لسان) یہاں مراد ایک بال یا

عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

اپنے تنے پر اس کا جوبن خوش کر رہا ہے بونے والوں کو ۶۲؎ تاکہ آتش غیظ میں جلتے رہیں انہیں دیکھ کر کفار ۶۳؎ اللہ نے وعدہ فرمایا ہے جو ایمان

انگوری ہے جو پہلے نمودار ہوتی ہے۔ قال مقاتل ھو نبت واحد۔ (قرطبی)

شطاٗہٗ : فراخہ واولادہ (قرطبی) والشطا : فروخ الزرع (معانی) وہ بچیاں پودے کی جڑوں سے پھوٹتی ہیں۔

آزرہٗ : اعانہ وقواہ قال الحسن (روح المعانی) کسی چیز کی اعانت کرنا، اسے مضبوط و مستحکم بنا دینا۔ آزر کا فاعل شطأ اور ؤ ضمیر کا مرجع زرع ہے۔ یعنی وہ پہلی بالی تنہا اور کمزور تھی۔ اس کے پہلو میں اسی کی جڑ سے جو اور بچیاں نکل آئی ہیں انہوں نے اسے مضبوط و مستحکم کر دیا ہے۔ استغلظ : موٹا ہونا یعنی وہ بالی جو پہلے لاغر اور کمزور تھی، کوئی بوجھ سہارنے کے قابل نہ تھی، ہوا کا معمولی جھونکا اسے دوہرا کر دیتا تھا۔ اب اس کی کمزوری باقی نہیں رہی۔ وہ دبیز اور موٹی ہو گئی ہے۔ فاستوی : سیدھا کھڑا ہو جانا۔ سُوق جمع ساق : پنڈلی یعنی تنا۔

يُعْجِبُ : خوش کرنا۔

اس لفظی تشریح کے بعد آیت کا مفہوم بالکل واضح ہے۔ یعنی ابتدا میں حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تنہا تھے۔ بعد میں صحابہ نے حضور کی دعوت کو قبول کیا، رفتہ رفتہ ان کی تعداد میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ یہاں تک کہ اسلام ایک تناور اور مضبوط درخت بن گیا۔ مخالفت کی تند آندھیاں بھی اسے گزند نہیں پہنچا سکتیں۔

۶۲؎ اسلام کے چمن کو ہرا بھرا دیکھ کر، کشتِ ایمان کو سرسبز و شاداب دیکھ کر اللہ تعالیٰ کا رسول خوش ہے کہ اس کی مساعی بار آور ہوئیں، اس کی کوششیں کامیاب رہیں۔ ہر سمت توحید کا اجالا پھیلتا جا رہا ہے۔ بحر و بر میں لا الٰہ الا اللّٰہ کی صدائیں گونج رہی ہیں۔ استبداد اور تشدد کی جن آہنی زنجیروں میں انسان جکڑا ہوا تھا وہ ایک ایک کر کے ٹوٹ رہی ہیں۔ انسان نے اپنی جہالت اور کم فہمی کے باعث جتنے اور جس قسم کے بت کدے بنائے ہوئے تھے وہ ایک ایک کر کے پیوند زمین ہو رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا رسول یہ سہانا منظر دیکھ کر اور نوری فرشتے اس بابرکت انقلاب کو دیکھ کر خوش ہو رہے ہیں۔ لیکن کفار کے گھروں میں صفِ ماتم بچھ گئی ہے۔ جو لوگ جبر و تشدد سے انسانیت کی تذلیل کیا کرتے تھے اور خوشی سے اس پر تالیاں بجایا کرتے تھے، اسلام کی کامیابی پر وہ آتش حسد میں جل رہے ہیں۔ ان کے چہروں پر ہوائیاں اُڑ رہی ہیں۔ ان کے غیظ و غضب کا عالم قابل دید ہے۔

۶۳؎ اس آیت سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے خلوص و محبت، جذبۂ جاں فروشی، جادۂ حق پر ان کی استقامت اور عزیمت دیکھ کر اس کا رسول آزردہ ہے اور کفار ان ایمان افروز مناظر کو دیکھ کر جل بھن جاتے ہیں۔ آج بھی صحابہ کرام سے محبت و عقیدت ایمان کی علامت ہے اور ان سے کینہ و عداوت، ان کی بدگوئی اور غیبت، ان کے حیرت انگیز کارناموں کا انکار وہی لوگ کرتے ہیں، جن کے دلوں میں کھوٹ ہوتا ہے، جن کو اسلام کی ترقی سے ذہنی اذیت پہنچتی ہے، جو حضور کی شان رحمۃ للعالمینی کے فیض عام کی وسعتوں اور گیرائیوں کو سمجھنے کی تاب نہیں رکھتے۔ یہی لوگ ان پاکیزہ ہستیوں پر طرح طرح کی الزام تراشیاں کرتے ہیں جن کی تعریف سے قرآن کریم بھرا ہوا ہے، جن کے خلوص و ایمان کا عینی شاہد خود اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے۔

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۲۹﴾

لے آئے اور نیک اعمال کرتے رہے ان سے مغفرت کا اور اجرِ عظیم کا ۶۴

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو علم تھا کہ ایک ایسا گروہ پیدا ہوگا جن کے دلوں میں صحابہ کرامؓ کا بغض وعناد ہوگا۔ اس لیے حضورؐ نے پہلے ہی اپنی امت کو اس گروہ کی شرانگیزیوں سے آگاہ کر دیا چند احادیث آپ بھی سماعت فرمایئے:

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِیْ فَلَوْ اَنَّ اَحَدَکُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ اَحَدِهِمْ وَلَا نَصِیْفَهٗ (متفق علیہ)

رسول کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا میرے صحابہ کو برا بھلا نہ کہا کرو۔ اگر تم میں سے کوئی اُحد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کرے تو ان کے ایک پیمانہ کے برابر بھی نہیں ہو سکتا بلکہ نصف پیمانہ کے برابر بھی نہیں ہو سکتا۔

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اَللّٰهَ اللّٰهَ فِیْ اَصْحَابِیْ۔ اَللّٰهَ اللّٰهَ فِیْ اَصْحَابِیْ لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا مِنْ بَعْدِیْ فَمَنْ اَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّیْ اَحَبَّهُمْ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِیْ اَبْغَضَهُمْ۔ وَمَنْ اٰذَاهُمْ فَقَدْ اٰذَانِیْ وَمَنْ اٰذَانِیْ فَقَدْ اٰذَی اللّٰهَ فَیُوْشِكُ اَنْ یَّاْخُذَهٗ (ترمذی)

ترجمہ: رسول کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا میرے صحابہ کرام کے بارے میں اللہ تعالٰی سے ڈرو۔ میرے صحابہ کرام کے بارے میں اللہ تعالٰی سے ڈرو۔ میرے بعد ان کو طعن وتشنیع کا ہدف نہ بنا لینا۔ جو شخص ان سے محبت کرتا ہے وہ میری محبت کی وجہ سے ان سے محبت کرتا ہے اور جو شخص ان سے بغض رکھتا ہے میرے بارے میں اس کے دل میں جو بغض ہے اس کی وجہ سے ان سے بغض رکھتا ہے۔ جس نے میرے صحابہ کو اذیت پہنچائی اس نے مجھے اذیت پہنچائی۔ جس نے مجھے اذیت پہنچائی اس نے اللہ تعالٰی کو اذیت پہنچائی اور جس نے اللہ تعالٰی کو اذیت پہنچائی تو اللہ تعالٰی اس کو اپنی گرفت میں لے لے گا۔

شیخ الطائفہ طوسی (شیعہ) اپنی تفسیر التبیان میں لکھتے ہیں۔ لیغیظ بھم الکفار معناہ لیغیظ بالنبی واصحابہ الکفار والمشرکین۔ کفار اور مشرکین نبی اور اس کے صحابہ کو دیکھ کر غصے سے پیچ وتاب کھاتے ہیں۔

جو لوگ کسی غلط فہمی کے باعث صحابہ کرامؓ کے بارے میں سوءِ ظن میں مبتلا ہیں انہیں چاہیے کہ لیغیظ بھم الکفار کے جملہ میں غور کریں اور ان ارشاداتِ رسالتمآب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو غور سے پڑھیں۔

۶۴ اس سورۂ طیبہ کی بیشتر آیات میں اللہ تعالٰی نے اپنے پیارے رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے صحابہ کرامؓ کی تعریف وتوصیف کی ہے۔ آخر میں وعد اللہ کے کلماتِ طیبات سے انہیں مغفرت اور اجرِ عظیم کا مژدہ جانفزا سنایا ہے۔ بڑا خوش نصیب ہے وہ گروہ جو ان خصوصی انعامات سے بہرہ ور ہوا۔ بڑا ہی بلند اقبال صاحبِ یمن وکمال ہے وہ نبی جس کی سعی اور توجہِ باطنی سے خاک کے ان ذروں کو مہر وماہ کی تابانی نصیب ہوئی لیکن بعض لوگوں کے دلوں میں اسلام سے عداوت کی جڑیں اتنی گہری ہیں کہ وہ حق سننے اور حق قبول کرنے سے گریزاں ہیں۔ چنانچہ اس آیت سے بھی انہوں نے صحابہؓ کی تنقیص کا پہلو نکال لیا ہے۔ کہتے ہیں کہ اس آیت میں "منھم" کا لفظ ہے

اور یہ مِنْ تبعیضیہ ہے۔ اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ میدان حدیبیہ میں حاضر سب صحابہ کے ساتھ مغفرت اور اجر عظیم کا وعدہ نہیں بلکہ بعض کے ساتھ ہے۔ ایک حق پسند کے نزدیک یہ قول از قسم خرافات ہے' ورنہ اس سورت کی بہت سی آیات پر خط تنسیخ کھینچنا پڑے گا۔ اللہ تعالیٰ نے ان سب کے دلوں کے خلوص کی گواہی دی ہے۔ ان سب پر اپنی جناب سے تسکین و طمانیت کے نزول کی خبر دی ہے' ان سب کو اپنی رضا سے خورسند کیا ہے۔ اس سورت کی آیات ۴ - ۵ - ۱۸ - ۲۶ اور ۲۸ کا دوبارہ مطالعہ کریں۔ ان کی بے نوسالی آپ پر آشکارا ہو جائے گی۔

اگر مِنْ فقط تبعیض کے لیے ہوتا تو ان کا یہ اصرار بجا تھا لیکن یہ لفظ چودہ مختلف معانی پر دلالت کرتا ہے۔ محل اور موقع کی مناسبت سے اس کا معنی متعین کیا جائے گا۔ صاحب تاج العروس لکھتے ہیں۔ ومن بالکسر حرف خفض یاتی علی اربعۃ عشر وجھا الاوّل لابتداء الغایۃ . . . . والثانی للتبعیض والثالث لبیان الجنس الخ کہ مِنْ حرف جار ہے۔ اس کے استعمال کی چودہ صورتیں ہیں ابتدا' تبعیض اور بیان وغیرہ۔

اس آیت میں منھم کا مِنْ تبیین کے لیے ہے۔ جس طرح ننزل من القرآن ما ھو شفاء میں مِنْ تبعیض کے لیے نہیں' بیان کے لیے ہے ورنہ لازم آئے گا کہ بعض قرآن تو شفا ہے اور بعض شفا نہیں۔ اسی طرح فاجتنبوا الرجس من الاوثان میں مِنْ بیان کے لیے ہے ورنہ لازم آئے گا کہ بعض بتوں کی پرستش سے باز آؤ اور بعض کی پوجا کرتے رہو۔

خود شیعہ مفسرین نے بھی مِنْ کو بیانیہ لکھا ہے۔ شیخ الطائفہ طوسی اپنی تفسیر التبیان میں لکھتے ہیں۔ منھم قیل انہ بیان یخصھم بالوعد دون غیرھم۔ (جلد ۹ صفحہ ۳۳۵ مطبوعہ نجف اشرف) یعنی مِنْ بیان کے لیے ہے' یہ وعدہ مغفرت اور اجر عظیم صرف اصحاب کے ساتھ مخصوص ہے۔ ان کے علاوہ دوسروں کے ساتھ نہیں۔ ملا فتح اللہ کاشانی اپنی تفسیر منہج الصادقین جلد ۸ صفحہ ۳۹۹ پر لکھتے ہیں: ومن از برائے بیان است از قبیل فاجتنبوا الرجس من الاوثان۔ یعنی جس طرح "من الاوثان" میں مِنْ بیانیہ ہے اسی طرح یہاں بھی بیانیہ ہے۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں عمرو بن حبیب محدث ایک روز خلیفہ ہارون الرشید کے ہاں تشریف فرما تھے۔ ایک مسئلہ پر بحث شروع ہو گئی۔ ایک شخص نے اپنا دعویٰ ثابت کرنے کے لیے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت کردہ حدیث پیش کی۔ دوسرے فریق نے اس حدیث کو صحیح ماننے سے انکار کر دیا اور کہا ہم ابو ہریرہ کی روایات کو نہیں مانتے کیونکہ یہ متہم ہے۔ عمرو بن حبیب کہتے ہیں میں نے دیکھا کہ ہارون بھی انہی کی طرف مائل ہے اور ان کی تائید کرنے لگا ہے۔ میں نے کہا کہ یہ حدیث بالکل صحیح ہے اور حضرت ابو ہریرہ روایت احادیث میں ثقہ اور سچے ہیں۔ ہارون نے خشمناک نظروں سے میری طرف دیکھا۔ میں وہاں سے اٹھ کر گھر چلا آیا۔ ابھی تھوڑی دیر ہی گزری تھی کہ مجھے بتایا گیا کہ خلیفہ کا خاص ایلچی دروازے پر کھڑا ہے۔ جب وہ اندر آیا تو اس نے کہا اجب امیر المومنین اجابۃ مقتول وتحنط وتکفن۔ فوراً امیر المومنین کی خدمت میں حاضر ہو۔ تجھے قتل کیا جائے گا اس لیے کفن بھی پہن لو اور خوشبو بھی لگا لو۔ میں نے یہ سنا تو بارگاہ الٰہی میں عرض کی میرے رب! تو جانتا ہے کہ میں نے تیرے نبی کے صحابی کا دفاع کیا ہے۔ اس طرح تیرے نبی کریم کی شان کو بلند کیا ہے۔ الٰہی! مجھے ہارون کے شر سے بچانا۔ یہ دعا مانگی اور ہارون کی طرف روانہ ہوا۔ وہ زرنگار کرسی پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس نے اپنی آستینیں چڑھائی ہوئی تھیں۔ اس کے ہاتھ میں ننگی تلوار تھی اور اس کے سامنے نطع (چمڑے کا ٹکڑا) بچھا ہوا تھا۔ مجھے دیکھ کر بولا: اے عمرو! میری بات کو آج تک ایسی گستاخی سے کسی نے

رد نہیں کیا جس طرح تو نے کیا۔ میں نے کہا امیر المومنین! میں نے صرف اس بات کی تردید کی ہے جس سے شانِ رسالت پر حرف آتا تھا اور حضور کی لائی ہوئی شریعت کی توہین ہوتی تھی۔ اگر یہ مان لیا جائے کہ حضور کے صحابہ جھوٹ بولا کرتے تھے تو شریعت باطل ہو جائے گی۔ نماز، روزہ، طلاق، نکاح اور حدود کے بارے میں جتنے احکام ہیں سب مردود اور غیر مقبول ٹھہریں گے۔ میری یہ بات سن کر یوں معلوم ہوا کہ ہارون کو ہوش آگیا۔ اس کا غصہ کافور ہو گیا اور مجھے کہنے لگا۔ احییتنی یا عمرو بن حبیب احیاک اللہ۔ اے عمرو بن حبیب تو نے مجھے از سرِ نو زندہ کر دیا۔ اللہ تجھے سلامت رکھے۔ پھر دس ہزار دینار بطورِ انعام مجھے دینے کا حکم دیا۔ (قرطبی)

آخر میں حضور رسالتمآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی پیش کر کے اس سورۂ پاک کا اختتام کرتا ہوں۔

روی عویم بن ساعدۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اللہ عزوجل اختارنی واختارلی اصحابی فجعل لی منھم وزراء واختانا واصھارا فمن سبّھم فعلیہ لعنۃ اللہ والملئکۃ والناس اجمعین ولا یقبل اللہ منہ یوم القیامۃ صرفا ولا عدلا۔ (قرطبی)

عویم بن ساعدہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب مخلوقات سے اللہ تعالیٰ نے مجھے چنا اور پھر میرے لیے اصحاب کا انتخاب فرمایا۔ ان میں سے میرے لیے وزیر، داماد اور سسر بنائے۔ پس جس نے ان کو برا بھلا کہا پس اس پر اللہ تعالیٰ کی، فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہو۔ روزِ قیامت اللہ تعالیٰ ان سے کوئی معاوضہ اور کوئی بدلہ قبول نہ کرے گا۔

◎

اَللّٰھم لک الحمدُ علی جلالک وکبریائک ولک الشکر علی ما اسبغت علیّ من توفیقاتک ونعمائک اسئلک فضلک ورضوانک واسئلک بصفاتک الجمیلۃ والجلیلۃ وباسمائک الحسنٰی ان تصلی وتسلم وتبارک علی سید الانبیاء وکہف الوری حبیبک ونبیک وصفیک سیدی ومولائی وقرۃ عینی ونور قلبی ووسیلتی فی حضرتک محمدٍ وعلی اٰلہٖ واصحابہٖ ومن تبعہ واحبہ الی یوم الدین۔ فاطر السموات والارض انت ولیّ فی الدنیا والاٰخرۃ توفنی مسلمًا والحقنی بالصالحین۔ رب اجعلنی مقیم الصلوۃ ومن ذریتی ربنا وتقبل دعاء ربنا اغفرلی ولوالدیّ وللمومنین یوم یقوم الحساب۔

تعارف

سُورۃ الحُجُرات

نام : اس سُورۂ مبارکہ کا نام الحُجُرات ہے۔ یہ کلمہ آیت نمبر ۴ میں مذکور ہے۔ اس میں دو رکوع' اٹھارہ آیتیں' تین سو پینتیس کلمات اور ایک ہزار چار سو چھتر حروف ہیں۔

زمانۂ نزول : حضرت حسن بصری' قتادہ' عکرمہ اور دیگر علما کے نزدیک یہ ساری سُورت مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک قول یہ بھی مروی ہے کہ باقی آیات مدنی ہیں۔ صرف آیت نمبر ۱۳ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی لیکن پہلا قول ہی صحیح ہے۔

آیت نمبر ۴ اس وقت نازل ہوئی جب بنی تمیم کا وفد شرفِ باریابی حاصل کرنے کے لیے مدینہ طیبہ حاضر ہوا حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اُس وقت گھر تشریف لے جا چکے تھے۔ وفد نے حضورؐ کی آمد کا انتظار نہ کیا۔ حجرے کے باہر کھڑے ہو کر آوازیں دینے لگے کہ باہر آئیے' باہر آئیے۔ ان کو تنبیہ کرنے کے لیے یہ آیت نازل ہوئی۔ کتب سیرت کے مطابق یہ وفد ۹ھ میں آیا تھا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سورت مدنی زندگی کے آخری دَور میں نازل ہوئی۔ نیز آیت نمبر ۶ میں جس واقعہ کا ذکر ہے اس کا تعلق ولید بن عُقبہ بن ابی مُعیط سے ہے اور وہ فتح مکہ کے بعد مسلمان ہوا تھا۔

مضامین : اس سُورۂ مبارکہ کی آیتوں کی تعداد اگرچہ صرف اٹھارہ ہے' لیکن اس میں نہایت اہم موضوعات بیان کیے گئے ہیں جن پر اعتقاد' اخلاق' سیرت اور کردار کا محل تعمیر کیا جا سکتا ہے اور جن کی برکت سے معاشرے میں اُنس' محبت اور ایثار کی فضا پیدا کی جا سکتی ہے۔

سب سے پہلے بارگاہِ رسالت کے ادب و احترام کے بارے میں حتمی احکام صادر فرمائے' صاف صاف بتا دیا کہ کان کھول کر سُن لو' اگر تم نے گستاخانہ لہجے میں میرے پیارے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں اپنی آواز بھی اُونچی کی تو عمر بھر کے اعمالِ صالحہ نیست و نابود ہو جائیں گے۔ میرا پیارا رسولؐ آرام فرما ہو تو باہر کھڑے ہو کر آوازیں مت دو' بلکہ خاموشی سے انتظار کرو۔ جس وقت حضورؐ تشریف لائیں' اُس وقت اپنی معروضات پیش کرو۔ مختلف طریقوں سے بارگاہِ نبوت کے ادب و احترام کا نقش لوحِ دل پر ثبت فرمایا تاکہ بُھولے سے بھی کوئی مومن یہ گستاخی نہ کر بیٹھے۔

اس کے بعد مسلمانوں کو بتایا کہ اتنے سادہ لوح بھی نہ بن جاؤ کہ جس کسی نے کوئی بات کہہ دی' فوراً اسے پلّے باندھ لیا اور اس پر اپنے ردِ عمل کا اظہار کر دیا۔ جب بھی کوئی غیر معتبر آدمی کوئی بات آ کر بتائے تو پہلے خوب چھان بین کر لیا کرو' پھر کوئی قدم اٹھایا

کرو، ورنہ شدید ندامت کا سامنا کرنا پڑے گا۔

حضورؐ کے صحابہ کے بارے میں صراحتاً اعلان کر دیا کہ ہم نے ایمان کو ان کا محبوب بنا دیا ہے اور ان کی آنکھوں میں اسے یوں آراستہ کر دیا ہے کہ وہ اسے چھوڑ کر کسی غیر کی طرف نظر اُٹھا کر دیکھنا بھی پسند نہیں کرتے۔ اس کے ساتھ ساتھ کفر و فسوق کی نفرت اور بُغض اُن کے دل میں یوں پیدا کر دیا ہے کہ وہ اس کی طرف مائل ہونے کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ جن نفوسِ قُدسیہ کی حالت کلامِ الٰہی میں ان نورانی الفاظ سے بیان کی گئی ہو، اُنکے ایمان کے بارے میں شک کرنا اور ان کے دامنِ عمل پر کیچڑ اُچھالنا بدبختی اور محرومی کی انتہا ہے۔

انسانی معاشرے میں تعلقات کا کشیدہ ہو جانا قطعاً بعید از امکان نہیں۔ اگر ایسی صورتِ حال پیدا ہو جائے اور اہلِ ایمان کے دو گروہ آپس میں دست و گریبان ہو جائیں، تو دوسرے مسلمانوں کو خاموش تماشائی بننے کی اجازت نہیں، بلکہ انہیں حکم دیا جا رہا ہے کہ وہ آگے بڑھیں اور ان کے درمیان صلح کرا دیں اور اپنا پورا اثر و رسوخ بھی استعمال کریں۔ پھر بھی اگر ایک فریق صلح پر آمادہ نہ ہو تو اس کی امداد کریں جو حق پر ہے۔

آیت نمبر ۱۰ میں تصریح کر دی کہ مومن زمین کے کسی گوشہ میں آباد ہو، کوئی بولی بولتا ہو، کسی بھی نسل سے متعلق ہو جب وہ اس دین کو قبول کر لیتا ہے، تو وہ اخوتِ اسلامی کے رشتے میں پرو دیا جاتا ہے۔ بیگانگی اور مغائرت کے سارے حجابات یکلخت اُٹھ جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ اسلامی معاشرے کو صحت مند بنیادوں پر استوار کر کے ترقی اور خوش حالی کی راہ پر گامزن دیکھنا چاہتا ہے اس لیے ان تمام باتوں سے سختی کے ساتھ روک دیا جو دلوں میں نفرت، حقارت، حسد اور عداوت کی تخم ریزی کرتے ہیں۔ ایک دوسرے کا مذاق اُڑانا، ایک دوسرے کی عیب جوئی اور نکتہ چینی کرنا، چغلی کھانا، ایک دوسرے کو بُرے القاب سے یاد کرنا وغیرہا یہ سب باتیں ایسی ہیں جن سے دل ایک دوسرے سے نفرت کرنے لگتے ہیں، اس لیے اہلِ ایمان کو حکم دیا کہ وہ ان چیزوں سے دُور رہیں۔

آیت نمبر ۱۳ میں ان تمام باطل امتیازات کا قلع قمع کر دیا جو انسانی معاشرے کو رنگ، نسل، زبان، دولت وغیرہ کی بنیادوں پر متحارب گروہوں میں تقسیم کر دیتے ہیں۔ انہیں بتا دیا کہ تم سب آدم و حوا کی اولاد ہو اور تمہاری قدر و منزلت کا معیار دولت، حکومت وغیرہ نہیں بلکہ تمہارا تقویٰ ہے۔ جو زیادہ متقی ہوگا اللہ تعالیٰ کی جناب میں اسی کا مقام بلند ہوگا۔

یہ آیت اسلام کے معاشرے کی خشتِ اول ہے۔ جو باطل امتیازات آج بھی بڑی بڑی ترقی یافتہ قوموں کو آپس میں دست و گریبان کیے ہیں، اسلام نے اس ایک حکم سے ان تمام کو ملیامیٹ کر کے رکھ دیا۔

آخر میں بتا دیا کہ اہلِ ایمان اللہ تعالیٰ کے راستے میں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے ہیں۔ جو دینِ اسلام کو قبول کرتے ہیں وہ اسلام پر کوئی احسان نہیں کرتے بلکہ اللہ تعالیٰ کا ان پر احسان ہے کہ اس نے اس دینِ حق کو قبول کرنے کی انہیں توفیق عطا فرمائی۔

سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ الحجرات مدنی ہے اور اس کی اٹھارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا

اے ایمان والو! [1] آگے نہ بڑھا کرو اللہ اور اس کے رسول سے [2] اور ڈرتے رہا کرو

[1] امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ قطراز ہیں کہ اس سے پہلی سورت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم نبی معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا مقام عالی اور شان رفیع بیان فرمائی کہ یہ وہ رسول ہے جس کی رسالت کے ہم گواہ ہیں۔ جس کے دین کو تمام ادیان پر غلبہ حاصل ہوگا۔ اس کے غلام ان صفات جلیلہ سے موصوف ہیں جن کا ذکر خیر سابقہ آسمانی کتب میں بھی موجود ہے۔ اس سورت میں اس رسول ذی شان کی عزت و تکریم کا حکم دیا جا رہا ہے۔ ادب و احترام کے انداز سکھائے جا رہے ہیں۔ چونکہ ادب ہوگا تو دل میں تعظیم ہوگی۔ تعظیم ہوگی تو اس کے ہر حکم کی تعمیل کا جذبہ پیدا ہوگا۔ جب تعمیل حکم کی خو پختہ ہوگی تو محبت کی نعمت مرحمت فرمائی جائے گی اور جب محبوب خداوند ذوالجلال کے عشق کی شمع فروزاں ہوگئی تو حریم کبریائی تک جانے والا سارا راستہ منور ہو جائے گا۔

[2] ادب و احترام کے درس کا آغاز لَا تُقَدِّمُوْا سے فرمایا جا رہا ہے۔ علامہ ابن جریر لکھتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے پیشوا یا امام کے ارشاد کے بغیر خود ہی امر و نہی کے نفاذ میں جلدی کرے تو عرب کہتے ہیں کہ فلان یقدم بین یدی امامہ۔ یعنی فلاں شخص اپنے امام کے آگے آگے چلتا ہے۔ علامہ ابن کثیر نے حضرت ابن عباسؓ سے اس جملہ کی تفسیر ان الفاظ میں نقل کی ہے۔ عن ابن عباس لا تقولوا خلاف الکتاب والسنۃ۔ کہ کتاب و سنت کی خلاف ورزی مت کرو۔

حقیقت تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی کریم پر ایمان لانے کے بعد کسی کو یہ حق ہی نہیں پہنچتا کہ وہ اپنے رب کریم اور اس کے رسول کرم کے ارشاد کے علی الرغم کوئی بات کہے یا کوئی کام کرے۔ جب انسان اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کرتا ہے تو وہ اس امر کا بھی اعلان کر رہا ہوتا ہے کہ آج کے بعد اس کی خواہش، اس کی مرضی، اس کی مصلحت خدا اور اس کے رسول کے حکم پر بلا تامل قربان کر دی جائے گی۔

یہ ارشاد فقط اہل ایمان کی شخصی اور انفرادی زندگی تک ہی محدود نہیں بلکہ قومی اور اجتماعی زندگی کے تمام گوشوں، سیاسی، اقتصادی اور اخلاقی کو بھی محیط ہے۔ نہ کسی فرد کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ کوئی ایسا قانون بنائے جو کتاب و سنت سے متصادم ہو اور نہ کسی عدالت کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ احکام شرعی کے برعکس کوئی فیصلہ کرے۔

اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ① يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ

اللہ تعالیٰ سے بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا، جاننے والا ہے۔ اے ایمان والو! نہ بلند کیا کرو اپنی آوازوں کو

فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ

نبی (کریم) کی آواز سے ۳ے اور نہ زور سے آپ کے ساتھ بات کیا کرو جس طرح زور سے تم ایک دوسرے سے باتیں کرتے ہو۔

لاتقدموا بین یدی اللہ و رسولہ کے مختصر کلمات میں معانی و مطالب کا بحر بیکراں موجزن ہے۔

یہاں ایک چیز غور طلب ہے۔ لاتقدموا متعدی ہے لیکن اس کا مفعول مذکور نہیں۔ اس کی حکمت یہ ہے کہ اگر کسی چیز کو ذکر کر دیا جاتا تو صرف اس کے بارے میں حکم کی خلاف ورزی ممنوع ہوتی۔ مفعول کو ذکر نہ کر کے بتا دیا کہ کوئی عمل ہو، کوئی قول ہو، زندگی کے کسی شعبہ سے اس کا تعلق ہو، اس میں اللہ اور اس کے رسول کے ارشاد سے انحراف ممنوع ہے۔ نیز اگر مفعول ذکر کیا جاتا تو سامع کی توجہ اُدھر بھی مبذول ہو جاتی۔ اس کو ذکر نہ کر کے بتا دیا کہ تمہاری تمام تر توجہ لاتقدموا کے فرمان پر مرکوز ہونی چاہیے۔

زمخشری لکھتے ہیں۔ احدھما ان یحذف لیتناول کلما یقع فی النفس مما یقدم والثانی ان لا یقصد قصد مفعول ولا حذفہ ویتوجہ بالنھی الی نفس التقدمۃ۔ (کشاف)

۳ے اس آیت طیبہ میں بھی بارگاہِ رسالت کے آداب کی تعلیم دی جارہی ہے۔ سابقہ آیت میں بتایا کہ قول و عمل میں سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سبقت نہ کرو۔ اب گفتگو کا طریقہ بتایا جارہا ہے کہ اگر تمہیں وہاں شرفِ باریابی نصیب ہو اور ہمکلامی کی سعادت سے بہرہ ور ہو تو یہ خیال رہے کہ تمہاری آواز میرے محبوب کی آواز سے بلند نہ ہونے پائے۔ جب حاضر ہو تو ادب و احترام کی تصویر بن کر حاضری دو۔ اگر اس سلسلہ میں تم نے ذرا سی غفلت برتی اور بے پروائی سے کام لیا تو سارے اعمالِ حسنہ ہجرت، جہاد، عبادات وغیرہ تمام کے تمام اکارت ہو جائیں گے۔ پہلی آیت میں بھی۔ یاایھا الذین اٰمنوا سے خطاب ہو چکا تھا۔ یہاں خطاب کی چنداں ضرورت نہ تھی لیکن معاملہ کی نزاکت اور اہمیت کے پیشِ نظر دوبارہ اہلِ ایمان کو یاایھا الذین اٰمنوا سے خطاب کیا۔ انہیں جھنجوڑا اور بتایا کہ یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ بلکہ اس پر زندگی بھر کی طاعتوں، نیکیوں اور حسنات کے مقبول و نامقبول ہونے کا انحصار ہے۔

جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے آہستہ آہستہ کلام کرنے کو اپنا معمول بنا لیا۔ حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ! مجھے اس ذات کی قسم جس نے آپ پر یہ قرآن نازل فرمایا، میں تادمِ واپسیں حضور سے آہستہ آہستہ بات کروں گا۔ جب کوئی وفد حضور سے ملاقات کے لیے مدینہ طیبہ پہنچتا تو حضرت صدیقِ اکبر ان کی طرف ایک خاص آدمی بھیجتے جو انہیں حاضری کے آداب بتاتا اور ہر طرح ادب و احترام ملحوظ رکھنے کی تلقین کرتا۔ وارسل الیھم ابوبکر من یعلمھم کیف یسلمون ویأمرھم

بالسکینۃ والوقار عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ (روح المعانی)

صحابہ کرام جو پہلے ہی سراپا ادب و احترام تھے' اس آیت کے نزول کے بعد مزید محتاط ہو گئے۔ حضرت ثابت ابن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو قدرتی طور پر بلند آواز تھے' اس آیت کے نزول سے ان پر تو گویا قیامت ٹوٹ پڑی۔ گھر میں بیٹھ رہے۔ دروازہ کو قفل لگا دیا اور دن رات زار و قطار رونا شروع کر دیا۔ مرشد کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے جب ایک دو روز ثابت کو نہ دیکھا تو ان کے بارے میں دریافت کیا۔ عرض کیا گیا کہ انہیں تو دن رات رونے سے کام ہے۔ دروازہ بند کر رکھا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بلا بھیجا اور رونے کی وجہ پوچھی۔ غلام اطاعت شعار نے عرض کیا یا رسول اللہ! میری آواز اونچی ہے۔ مجھے اندیشہ ہے کہ یہ آیت میرے حق میں نازل ہوئی ہے۔ میری تو عمر بھر کی کمائی غارت ہو گئی۔ اس دلنواز آقا نے تسلی دیتے ہوئے یہ مژدہ جانفزا سنایا۔ اما ترضی ان تعیش حمیدا وتقتل شہیدا وتدخل الجنۃ۔ کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ تم قابل تعریف زندگی بسر کرو اور شہید قتل کیے جاؤ اور جنت میں داخل ہو جاؤ۔ عرض کیا رضیت۔ اپنے رب کریم کی اس نوازش بے پایاں پر یہ بندہ راضی ہے۔ (روح المعانی)

علامہ ابن قیم اس حدیث کو لکھنے کے بعد فرماتے ہیں کہ جب مسیلمہ کذاب کے خلاف یمامہ کے مقام پر گھمسان کا رن پڑا تو مسلمانوں کے قدم ڈگمگانے لگے۔ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ اور حضرت سالم رضی اللہ عنہ نے آپس میں کہا کہ عہد رسالت میں ———— تو ہم کفار سے اس طرح نہیں لڑا کرتے تھے۔ دونوں نے اپنے اپنے لیے گڑھا کھودا اور اس میں جم کر دشمن پر تیروں کی بوچھاڑ شروع کر دی حتیٰ کہ دونوں نے جام شہادت نوش کیا۔ اس روز حضرت ثابت رضی اللہ عنہ نے ایک نفیس اور قیمتی زرہ پہن رکھی تھی۔ ایک شخص آپ کی نعش کے پاس سے گزرا تو اس نے وہ زرہ اتار لی اور جا کر چھپا دی۔ اسی شب حضرت ثابت رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو خواب میں فرمایا کہ میں تمہیں ایک وصیت کرتا ہوں۔ خبردار! یہ خیال نہ کرنا کہ یہ محض خواب ہے اور اس کی کوئی اہمیت نہیں۔ سنو میں کل جب مقتول ہوا تو ایک آدمی میرے پاس سے گزرا اور میری زرہ اتار لی۔ اس کی رہائش گاہ پڑاؤ کے آخری کنارہ پر ہے۔ اس کی نشانی یہ ہے کہ اس کے خیمے کے نزدیک ایک گھوڑا چر رہا ہے جس کے پاؤں میں ایک لمبی رسی بندھی ہے۔ اس شخص نے میری زرہ پر ایک دیگچہ الٹا رکھ دیا ہے۔ اس کے اوپر اونٹ کا کجاوہ ہے۔ تم صبح حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اور انہیں کہو کہ میری زرہ اس شخص سے لے لیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جب تم مدینہ طیبہ پہنچو تو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنا کہ ثابت پر اتنا قرض ہے۔ وہ ادا کر دیں اور میرے فلاں فلاں غلام کو آزاد کر دیں۔

جب وہ شخص بیدار ہوا تو حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور اپنا خواب سنایا۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے وہ زرہ وہاں سے تلاش کر لی اور حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ثابت رضی اللہ عنہ کی وصیت کو عملی جامہ پہنایا۔ (کتاب الروح)

جن خوش نصیبوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کے حبیب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ادب ہوتا ہے ان کی رفعت شان کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔

اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ

(اس بے ادبی سے) کہیں ضائع نہ ہو جائیں تمہارے اعمال سے اور تمہیں خبر تک نہ ہو سے بے شک جو پست رکھتے ہیں اپنی آوازوں

اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ

کو اللہ کے رسول کے سامنے۔ یہی وہ لوگ ہیں مختص کر لیا ہے اللہ نے ان کے دلوں کو

سے یہاں لام مقدر ہے اور یہ لام عاقبت کے لیے ہے۔ یعنی اگر تم سے آواز اونچا کرنے کی بے ادبی ہو گئی تو اس کا انجام یہ ہو گا کہ تمہارے سارے اعمال برباد ہو جائیں گے۔ اولاً اور بالذات یہ خطاب صحابہ کرام کو ہو رہا ہے جن کا ایثار بے نظیر، جن کی قربانیاں بے مثال، جن کی عبادتیں خشوع و خضوع میں ڈوبی ہوئی تھیں، جو سراپا تسلیم و رضا تھے۔ انہیں کہا جا رہا ہے کہ اگر تم نے میرے پیارے رسول کی جناب میں آواز بھی اونچی کی تو یہ ایسی گستاخی متصور ہو گی کہ تمہاری سب نیکیاں ملیامیٹ ہو جائیں گی۔ آج جو لوگ حضور کی شان رفیع میں سوقیانہ باتیں کرتے ہیں، حضور کے علم خداداد پر معترض ہوتے ہیں، ادب و احترام کو ملحوظ نہیں رکھتے۔ اپنے علم پر، اپنی نیکیوں پر اور اپنے ایمان سوز لمبے لمبے وظیفوں پر مغرور ہیں وہ اپنے انجام کے بارے میں خود سوچ لیں۔

یاد رکھو! ؎ ادب گاہیست زیر آسمان از عرش نازک تر

نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید اینجا

شے اس جملہ میں گستاخوں کی اس محرومی و بدنصیبی کا بیان ہے۔ اس کو سن کر بھی علم و زہد کا خمار اگر نہ اترے، فضیلت و پارسائی کا طلسم اگر نہ ٹوٹے تو بدقسمتی کی انتہا ہے۔ فرمایا جا رہا ہے کہ تمہارے سارے اعمال غارت ہو جائیں گے، سب نیکیاں ملیامیٹ ہو جائیں گی اور تمہیں خبر تک نہ ہو گی۔ تم اس غلط فہمی کا شکار ہو گے کہ تم بڑے نمازی اور غازی ہو۔ صائم الدہر اور قائم اللیل ہو، مفسر ہو، محدث ہو، واعظ آتش بیان ہو اور جنت تمہارا انتظار کر رہی ہے اور جب وہاں پہنچو گے تو اس وقت پتہ چلے گا کہ اعمال کا جو باغ تم نے لگایا تھا اسے تو بے ادبی اور گستاخی کی باد صرصر نے خاک سیاہ بنا کر رکھ دیا ہے۔ اس وقت کف افسوس ملو گے، سر پیٹو گے لیکن بے سود

وا حاصل۔

؎ ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

یہ جملہ حال ہے۔ اعمالکم میں ضمیر مخاطب ذوالحال ہے اور تشعرون کا مفعول محذوف ہے۔

اسی آیت سے استدلال کرتے ہوئے علماء نے فرمایا ہے کہ انسان جب روضۂ مقدسہ پر حاضری دینے کی سعادت سے بہرہ ور ہو تو وہاں بھی آواز اونچی نہ کرے۔ جہاں حدیث پاک کا درس ہو رہا ہو وہاں بھی آواز بلند نہ کرے۔ علمائے ربانیین کی خدمت میں حاضر ہو تو اس وقت بھی چلا چلا کر گفتگو نہ کرے اور اپنے پیر و مرشد سے بھی ادب و احترام ملحوظ رکھے۔

بارگاہ رسالت میں اگر کوئی اس طرح اونچا بولے گا جس سے خاطر عاطر کو اذیت پہنچے تو یہ منع ہے، لیکن ضرورت کے وقت

لِلتَّقْوٰى ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ

تقویٰ کے لیے۔ انھی کے لیے بخشش اور اجر عظیم ہے ۳ بے شک جو لوگ پکارتے ہیں آپ کو

بلند آواز سے بولنا منع نہیں۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ حضور کی موجودگی میں بلند آواز سے اذان دیتے تھے۔ جنگ میں بلند آواز سے نعرے لگائے جاتے جنگِ حنین میں حضور نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ بلند آواز سے صحابہ کو بلائیں۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ حضور کی موجودگی میں بلند آواز سے اپنے قصائد سناتے تھے۔ الغرض نیت پر انحصار ہے۔

علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں۔ لیس المراد ما یقع الرفع والجھر فی حرب او مجادلة معاند او ارھاب عدو او نحو ذالك فانه مما لا بأس به (روح البیان)

اسی پر بلند آواز سے مل کر درود شریف یا کوئی نعت پڑھنے کو قیاس کیا جا سکتا ہے۔

۳ اب ان لوگوں پر اپنی عنایات کا ذکر فرمایا جا رہا ہے جو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ادب واحترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے آہستہ آہستہ گفتگو کرتے ہیں۔ اس آیت کا مفہوم بیان کرنے سے پہلے اس کے دو لفظوں کی تشریح کرنا ضروری ہے۔

يَغُضُّوْنَ : غض البصر۔ آنکھیں نیچی کرنا۔ غض الصوت۔ آواز کو آہستہ کرنا۔

اِمْتَحَنَ : علامہ ابی عبد اللہ قرطبی نے علمائے لغت وتفسیر کے مختلف اقوال نقل کیے ہیں۔

قال الفراء : ای اخلصها للتقوىٰ۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے ان باادب حضرات کے دلوں کو تقویٰ کے لیے خالص کر لیا ہے۔

قال الاخفش : اختصها۔ اخفش کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو تقویٰ کے لیے مخصوص کر لیا ہے۔ پھر فرماتے ہیں۔ الامتحان افتعال من محنت الادیم محنا حتی اوسعته فمعنی امتحن اللہ قلوبھم للتقوىٰ وسعھا وشرحھا للتقوىٰ۔ یعنی امتحان باب افتعال ہے۔ اس کا لغوی معنی ہے چمڑے کو کھلا کرنا۔ اس مفہوم کے پیش نظر آیت کا معنی ہوگا کہ ہم نے ان کے دلوں کو تقویٰ اور پرہیزگاری کے لیے کشادہ اور وسیع کر دیا ہے۔ وہ تقویٰ کی راہ پر چلتے ہوئے کوئی گھٹن یا بوجھ محسوس نہیں کرتے۔

علامہ زمخشری اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے ایک اور نکتہ پیدا کیا ہے۔ لکھتے ہیں۔ من قولك امتحن فلان لامر كذا وجرب له ودرب للنهوض به فهو مضطلع به غير وان عنه (كشاف) یعنی جب کوئی شخص کسی چیز کا خوگر اور عادی بن جائے اور اسے اس کی خوب مشق کرا دی جائے تو عرب کہتے ہیں امتحن فلان لامر كذا۔ جب کوئی شخص مسلسل ریاضت اور مشق سے کسی چیز کا عادی بن جاتا ہے اس وقت وہ اس بارگراں کو آسانی سے اٹھا لیتا ہے اور اس میں کسی ضعف اور کمزوری کا مظاہرہ نہیں کرتا۔

ان لغوی تحقیقات کے بعد اب اس آیت کو غور سے پڑھیے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو لوگ میرے محبوب کا ادب ملحوظ رکھتے ہیں ہم ان پر تین خصوصی احسان فرماتے ہیں۔ پہلا احسان تو یہ ہے کہ ہم ان کے دلوں کو تقویٰ کا عادی بنا دیتے ہیں۔ اس بارگراں کے اٹھانے میں انہیں کوئی دقت نہیں ہوتی۔

وَرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى

حجروں کے باہر سے ان میں سے اکثر ناسمجھ ہیں ۴ اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ

دوسرا احسان یہ ہے کہ ان سے اگر کوئی غلطی سرزد ہو جاتی ہے تو ہم بخش دیتے ہیں۔ تیسرا یہ کہ ہم انہیں اجر عظیم سے بہرہ ور فرمائیں گے مغفرت اور اجر کی تنکیر تعظیم کے لیے ہے اور اجر کو عظیم سے موصوف کر کے اس کی عظمت میں مبالغہ کیا گیا ہے۔ کیونکہ وہ اجر ایسا ہے جو کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی دل میں اس کا خیال گزرا۔ تنکير مغفرة واجر للتعظيم ففي وصف اجر بعظيم مبالغة فى عظمه وانه لاعين رأت ولا اذن سمعت ولا خطر على قلب بشر۔ (روح المعانی)

۴ اسلام سے پہلے عرب کا خطہ جہالت و ناشائستگی کا گہوارہ تھا۔ مکہ جیسے مرکزی شہر میں گنتی کے چند آدمیوں کے سوا ساری آبادی معمولی نوشت و خواند سے بھی قاصر تھی۔ تہذیب و معاشرت کے آداب سے یہ لوگ بالکل کورے تھے۔ صحرانشین بدوؤں کی حالت اور بھی ناگفتہ بہ تھی۔ اس آیت کریمہ میں بھی وہ آداب سکھائے جا رہے ہیں جن کا بارگاہ رسالت میں ملحوظ رکھنا ازحد ضروری ہے۔

ایک دفعہ بنی تمیم کا وفد جو ستر اسی نفوس پر مشتمل تھا، مدینہ طیبہ آیا۔ اس وفد میں زبرقان بن بدر، عطارد بن حاجب اور قیس ابن عاصم ان کے سردار بھی تھے۔ دوپہر کا وقت تھا سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے حجرۂ مبارک میں قیلولہ فرما رہے تھے۔ ان لوگوں نے حضور کی آمد تک انتظار کو اپنی شان کے خلاف سمجھا اور باہر کھڑے ہو کر صدائیں لگانے لگے۔ یا محمد اخرج علینا۔ حضور کا نام نامی لے کر کہنے لگے کہ ہمارے پاس باہر آئیے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لے آئے تو ان لوگوں نے شیخی بگھارتے ہوئے کہا یا محمد ان مدحنا زين وان شتمنا شين ونحن اكرم العرب۔ یعنی ہم جس کی مدح کرتے ہیں اسے مزین کر دیتے ہیں، جس کی مذمت کرتے ہیں اس کو معیوب بنا دیتے ہیں۔ ہم تمام عربوں سے اشرف ہیں۔ سچے نبی نے فرمایا كذبتم بل مدح الله تعالىٰ زين وشتمه شين واكرم منكم يوسف ابن يعقوب ابن اسحاق ابن ابراهيم

اے بنی تمیم تم نے غلط بیانی سے کام لیا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی مدح باعث زینت ہے اور اس کی ہی مذمت باعث تحقیر ہے اور تم سے اشرف حضرت یوسف ہیں۔ پھر انہوں نے کہا ہم مفاخرت کی غرض سے آئے ہیں۔ چنانچہ پہلے ان کا خطیب عطارد ابن حاجب کھڑا ہوا اور اپنے قبیلے کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملا دیئے اور اپنی فصاحت و بلاغت کا مظاہرہ کیا۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ثابت ابن قیس کو اس کا جواب دینے کا حکم دیا۔ کتب نبوت کا یہ تلمیذ ارشد جب لب کشا ہوا تو ان کے چھکے چھوٹ گئے اور وہ سہم کر رہ گئے۔

اس کے بعد ان کا شاعر زبرقان ابن بدر کھڑا ہوا اور اپنی قوم کی مدح میں ایک قصیدہ پڑھ ڈالا۔ حضور نے حضرت حسان کو اشارہ فرمایا حضرت حسان نے فی البدیہہ ان کے مفاخر کی دھجیاں بکھیر دیں اور اسلام کی صداقت اور حضور کی عظمت کو اس انداز میں بیان فرمایا کہ ان کا غرور خاک میں مل گیا۔ آخر انہیں تسلیم کرنا پڑا کہ ہمارا خطیب حضور کے خطیب کا ہم پلہ ہے اور نہ ہمارا شاعر دربار رسالت کے شاعر سے کوئی نسبت رکھتا ہے۔

تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۞ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

آپ باہر تشریف لاتے ان کے پاس تو یہ ان کے لیے بہت بہتر ہوتا ؑ اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ اے ایمان

اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنا خصوصی کرم فرمایا اور ان کے دلوں کو اسلام کے لیے کشادہ کر دیا۔ سارے کے سارے مشرف بایمان ہوئے۔ رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انعام واکرام سے انہیں مالا مال کر دیا۔

لفظ وراء کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ آلوسی لکھتے ہیں۔

الوراء من المواراة والاستتار وما استتر عنك فهو وراءك خلفا كان او قداما۔ یعنی وراء موارات سے ہے۔ اس کا معنی چھپنا اور پوشیدہ ہونا ہے۔ جو چیز تیری آنکھوں سے اوجھل ہوگی خواہ وہ پیچھے ہو یا سامنے اس کو وراءك کہیں گے۔ بعض اہل لغت کے نزدیک وراء اضداد سے ہے۔

ؑ ان کی اس غیر شائستہ حرکت پر سرزنش کے بعد اب انہیں بتایا جا رہا ہے کہ ان کے لیے بہتر یہ تھا کہ وہ حضور کا انتظار کرتے یہاں تک کہ نبی کریم قیلولہ کرنے کے بعد خود باہر تشریف لاتے۔ اس وقت وہ زیارت کی سعادت حاصل کرتے اپنے احوال بھی بیان کرتے اور اس بحرِ جود وکرم سے سیراب بھی ہوتے۔

علامہ آلوسی رقمطراز ہیں کہ ان آیات میں بارگاہِ نبوت میں بے ادبی کی قباحت عیاں کرنے کے ساتھ ساتھ محاسنِ آداب کی بھی تعلیم دی جا رہی ہے۔ علمائے کرام نے ان آیات سے خوب استفادہ کیا ہے۔ حضرت ابو عبید جو بلند پایہ عالم تھے فرمایا کرتے میں نے کبھی کسی استاد کے دروازہ پر دستک نہیں دی۔ بلکہ میں ان کا منتظر رہتا۔ جب وہ از خود تشریف لاتے تو ان سے استفادہ کرتا۔

قاسم ابن سنان کوفی سے بھی اسی قسم کا قول منقول ہے۔

حضرت ابن عباسؓ معارفِ قرآن کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے حضرت اُبیؓ کے گھر جاتے تو ان کا دروازہ نہ کھٹکھٹاتے بلکہ خاموشی سے ان کا انتظار کرتے یہاں تک کہ وہ اپنے معمول کے مطابق باہر آتے۔ حضرت اُبیؓ کو یہ بات بڑی گراں گزری۔ کہا آپ نے دروازہ کیوں نہ کھٹکھٹایا تاکہ میں فوراً باہر آجاتا اور آپ کو انتظار کی زحمت نہ اٹھانا پڑتی۔ آپ نے جواب میں کہا العالم فی قومہ کالنبی فی امتہ وقد قال اللہ تعالیٰ فی حق نبیہ علیہ الصلوۃ والسلام ولو انهم صبروا حتى تخرج اليهم لكان خيرا لهم۔ یعنی عالم اپنی قوم میں اس طرح ہے جس طرح نبی اپنی امت میں ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کے بارے میں فرمایا ہے۔ ولو انهم صبروا الخ

اس کے بعد علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ میں نے یہ واقعہ بچپن میں پڑھا تھا اور عمر بھر اس کے مطابق اپنے اساتذہ کے ساتھ معاملہ کرتا رہا۔ الحمد للہ علی ذالك (روح المعانی)

مغربی تہذیب کے برے اثرات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ شاگردوں کے دلوں سے اساتذہ کا احترام ختم ہو گیا ہے ان کے ساتھ گستاخانہ گفتگو کی جاتی ہے۔ ان پر آوازے کسے جاتے ہیں نقلیں اتاری جاتی ہیں پھر اس پر کوئی شرمندگی محسوس نہیں کی جاتی۔ انا

أَمَنُوٓا إِن جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوٓا أَن تُصِيبُوا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ

والو! اگر لے آئے تمہارے پاس کوئی فاسق کوئی خبر تو اس کی خوب تحقیق کر لیا کرو ایسا نہ ہو کہ تم ضرر پہنچاؤ کسی قوم کو بے علمی میں

فَتُصْبِحُوا عَلَىٰ مَا فَعَلْتُمْ نَٰدِمِينَ ﴿۶﴾ وَاعْلَمُوٓا أَنَّ فِيكُمْ رَسُولَ

پھر تم اپنے کیے پر پچھتانے لگو ۹ اور خوب جان لو تمہارے درمیان رسول اللہ تشریف فرما

فخر کیا جاتا ہے۔ اسی طرح بزرگوں کا احترام، اپنے ماں باپ کی تعظیم و تکریم کا جذبہ بھی دم توڑتا جا رہا ہے۔ آج کل کے ترقی یافتہ لوگوں کا معاشرہ انسانی معاشرہ سے زیادہ حیوانی معاشرہ کی تصویر پیش کرتا ہے۔

آئیے! اسلام کے آداب معاشرت کو اپنائیں اور مکارم اخلاق سے اپنے آپ کو مزین و آراستہ کریں جن کی تعلیم ہمیں اپنے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دی ہے۔

حضور کا ارشاد ہے۔ من لم یرحم صغیرنا ولم یوقر کبیرنا فلیس منا۔ یعنی جو شخص چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا اور بڑوں کی توقیر نہیں کرتا، وہ ہماری جماعت میں سے نہیں۔

۹ اس آیت کی شان نزول کے سلسلہ میں اکثر علمائے تفسیر نے یہ روایت ذکر کی ہے۔ بنو مصطلق کا سردار حارث ابن ابی الضرار بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا اور مشرف بہ اسلام ہوا۔ حضورؐ نے زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم دیا تو اس نے اسے بھی قبول کر لیا اور عرض کیا کہ میں واپس اپنے قبیلے کے پاس جاتا ہوں۔ انہیں اسلام کی دعوت دوں گا۔ جن لوگوں نے یہ دعوت قبول کی ان سے زکوٰۃ بھی وصول کروں گا۔ آپ فلاں وقت اپنا کوئی آدمی بھیج دیں جو جمع شدہ زکوٰۃ وصول کرلے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے وقت مقررہ پر ولید ابن عقبہ ابن ابی مُعیط کو بنی مصطلق کی طرف بھیجا تاکہ وہ زکوٰۃ وصول کرے۔ زمانہ جاہلیت میں ولید کے ذمہ ان کا ایک قتل تھا۔ اسے خدشہ ہوا کہ مبادا وہ اسے قتل کر دیں۔ وہ راستہ سے لوٹ آیا اور آکر خبر دی کہ انہوں نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا۔ وہ میرے قتل کے درپے ہو گئے تھے مشکل سے جان بچا کر یہاں پہنچا ہوں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب اس کی یہ بات سنی تو حضرت خالدؓ کو ایک دستہ دے کر ان کی طرف روانہ کیا اور حکم دیا کہ پہلے حقیقت حال معلوم کر لینا پھر کوئی کارروائی کرنا۔ جلد بازی سے کام نہ لینا۔ امرہ ان یتثبت ولا یعجل (قرطبی)

حسب ارشاد حضرت خالدؓ رات کے وقت وہاں پہنچے۔ خود ان کے علاقے سے باہر پڑاؤ کیا اور اپنے جاسوس بھیجے تاکہ ان کے احوال پر آگاہی حاصل کریں۔ انہوں نے آکر گواہی دی کہ وہ اسلام پر پختہ ہیں۔ ہم نے ان کی اذانیں سنی ہیں اور ان کو باجماعت نماز ادا کرتے دیکھا ہے۔ حضرت خالدؓ صبح کے وقت ان کے ہاں گئے اور اپنے جاسوسوں کی فراہم کردہ اطلاعات کو درست پایا۔ حضرت خالدؓ نے واپس آکر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حقیقت حال عرض کر دی۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ نبی مکرم اکثر فرمایا کرتے۔ التأنی من اللہ والعجلۃ من الشیطان۔ سوچ سمجھ کر کام کرنا اللہ تعالیٰ کی توفیق ہے اور جلد بازی کرنا شیطان کی انگیخت ہے۔

اللّٰهِ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ

ہیں [۹] اگر وہ مان لیا کریں تمہاری بات اکثر معاملات میں تو تم مشقت میں پڑ جاؤ۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے محبوب بنا دیا ہے تمہارے نزدیک

ہر سوسائٹی میں ایسے غلط مزاج لوگ ہوتے ہیں جن کا محبوب مشغلہ بے پرکی اڑانا اور غلط افواہیں پھیلانا ہوتا ہے۔ ایسی افواہیں خاندانوں، قبیلوں، بسا اوقات قوموں کی تباہی کا پیش خیمہ ثابت ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ بڑی سختی سے مسلمانوں کو یہ ہدایت فرما رہا ہے خبردار! اگر کوئی فاسق اور بدکار تمہارے پاس کوئی اہم خبر لے آئے تو اس کو فوراً قبول نہ کیا کرو۔ ہو سکتا ہے کہ وہ جھوٹ بک رہا ہو اور تم اس کی جھوٹی خبر سے مشتعل ہو کر کوئی ایسی کارروائی کر بیٹھو جس پر خوفناک نتائج مرتب ہوں اور پھر تم ساری عمر فرطِ ندامت سے کفِ افسوس ملتے رہو۔ اس لیے جب کوئی خبر تمہارے کانوں تک پہنچے تو اس کو بے تحقیق تسلیم کر لینا قطعاً قرینِ دانش مندی نہیں۔ پہلے اچھی طرح اس کی چھان پھٹک کر لو اور پھر مناسب قدم اٹھاؤ۔ خیال رہے کہ یہاں "النبأ" کا لفظ مستعمل ہے اور عربی میں "النبأ" غیر اہم خبر کو نہیں کہا جاتا۔ بلکہ ایسی خبر جس سے دُور رس نتائج نکل سکتے ہوں اس کو "نبأ" کہتے ہیں۔

علامہ راغب اصفہانی اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ النبأ خبر ذو فائدة عظيمة (مفردات)

امام ابوبکر جصاص اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ ومقتضى الآية ايجاب التثبت في خبر الفاسق والنهي عن الاقدام على قبوله الا بعد التبين۔

یعنی اس آیت کا مقتضیٰ یہ ہے کہ فاسق کی خبر کی تحقیق کرنا واجب ہے۔ جب تک حقیقتِ حال پوری طرح واضح نہ ہو جائے اس پر عمل کرنا ممنوع ہے۔ اس کے بعد فرماتے ہیں اسی لیے ہم نے کہا ہے کہ جن امور کا حقوق کے ساتھ تعلق ہے، فاسق کی شہادت مردُود ہو گی۔ روایتِ حدیث میں بھی اس کا کوئی اعتبار نہ ہو گا۔ کسی قانون، کسی شرعی حکم اور کسی انسان کے حق کے ثبوت کے لیے بھی اس کی خبر غیر معتبر اور غیر مقبول ہو گی۔ (احکام القرآن لجصاص)

نادمین : علامہ زمخشری لکھتے ہیں کہ ندامت ایک خاص قسم کے غم کو کہتے ہیں۔ وہ یہ کہ تُو ایسی بات پر غم زدہ ہو جس کا تجھ سے ارتکاب ہوا ہے اور جس کے متعلق تمہارا یہ خیال ہے کہ کاش میں نے یہ کام نہ کیا ہوتا۔

الندم ضرب من الغم وهو ان تغتم على ما وقع منك تتمنى انه لم يقع۔ (کشاف)

[۹] ولید ابن عقبہ نے جب بنو مصطلق کے بارے میں من گھڑت قصہ آ کر سنایا تو بعض سامعین مشتعل ہو گئے اور فرطِ جوش میں بنو مصطلق کے خلاف فوجی کارروائی کا مطالبہ زور شور سے شروع کر دیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بعض مصالح کے پیشِ نظر حضرت خالد کو ایک دستہ دے کر روانہ فرمایا اور ساتھ ہی تنبیہ فرما دی کہ جلد بازی سے کام نہ لیں بلکہ تحقیق کے بعد مناسب اقدام کریں جس طرح آپ ابھی پڑھ چکے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور ان لوگوں کی اصلاح اور تربیت کا اہتمام فرما دیا بلکہ جملہ اہلِ اسلام کو ایک واضح حقیقت سے آگاہ کر دیا۔ انہیں بتا دیا کہ جب اللہ تعالیٰ کا برگزیدہ رسول تمہارے درمیان موجود ہے، وہ اپنے نورِ نبوت سے

الْاِیْمَانَ وَزَیَّنَهٗ فِیْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَیْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَ

ایمان کو اور آراستہ کر دیا ہے اسے تمہارے دلوں میں ۱۱ اور قابلِ نفرت بنا دیا ہے تمہارے نزدیک کفر، فسق اور

الْعِصْیَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ﴿۷﴾ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ

نافرمانی کو۔ یہی لوگ راہِ حق پر ثابت قدم ہیں ۱۲ (یہ سب کچھ) محض اللہ کا فضل اور انعام ہے ۱۳

وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ﴿۸﴾ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا

اور اللہ سب کچھ جاننے والا بڑا دانا ہے ۱۴ اور اگر اہلِ ایمان کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں

ہر پیچیدہ گتھی کو سلجھا سکتا ہے۔ تم سے کہیں زیادہ انجام و عواقب کا صحیح اور بروقت اندازہ لگا سکتا ہے اور تمہیں چاہیے کہ ان کے اشارۂ ابرو پر عمل پیرا رہو۔ جو حکم دیں اس کی تعمیل کرو۔

اگر تم اپنی بات منوانے پر اصرار کرو گے تو تم مشقت و ہلاکت میں پھنس جاؤ گے۔ ہو سکتا ہے کہ عجلت سے اٹھا ہوا قدم تمہیں کسی عمیق گڑھے میں گرا دے۔

۱۱ بنو مصطلق کے خلاف ان لوگوں کا یہ غصہ اپنی ذات یا اپنے مفادات کے لیے نہ تھا بلکہ اس کی وجہ محض ایمانی غیرت اور اسلامی حمیت تھی۔ بنو مصطلق کے خلاف وہ اس لیے بھڑک اٹھے تھے کہ اس قبیلہ نے ان کے نبی مکرم کے قاصد کے ساتھ ناروا برتاؤ کیا تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ آیت کے اس جملہ میں بڑی وضاحت کے ساتھ ارشاد فرماتا ہے کہ اپنے پیارے رسول کے جاں نثار صحابہ کے دلوں میں ایمان کی محبت میں نے پیدا کی ہے۔ ان حضرات کو ایمان کے حسن و زیبائی پر میں نے فریفتہ کر دیا ہے۔ کفر، نافرمانی اور سرکشی سے ان کے دلوں کو میں نے متنفر کر دیا ہے۔ اس لیے شیطان کی کوئی وسوسہ انگیزی انہیں راہِ حق سے منحرف نہیں کر سکتی۔

۱۲ علامہ قرطبی راشدون کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ الرشد: الاستقامة علی طریق الحق مع تصلب فیه من الرشد وهی الصخرة . . . . . .

یعنی رُشد جادۂ حق پر ایسی ثابت قدمی کو کہتے ہیں جس میں تصلب اور پختگی ہو۔ تذبذب کا وہاں نشان تک نہ ہو۔ یہ رشدہ سے مشتق ہے جس کا معنی چٹان ہے۔

۱۳ یہ حَبَّبَ، زَیَّنَ، کَرَّہَ کا مفعول لہٗ ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کے صحابہ کے دلوں میں ایمان کو محبوب بنا دیا، اس کو ان کی نگاہوں میں حسین و جمیل بنا دیا، ان کے دلوں کو کفر اور نافرمانی سے متنفر کر دیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنا فضل فرمایا اور ان پر اپنی نعمت و احسان کی انتہا کر دی۔

۱۴ اللہ تعالیٰ کا یہ فضل اور نعمت ان پر بلاوجہ نہیں بلکہ وہ ان کے دلوں کے خلوص و نیاز کو خوب جانتا ہے۔ وہ اس بات کے

فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِىْ

توان کے درمیان صلح کرادو ۱۶؎ اور اگر زیادتی کرے ایک گروہ دوسرے پر تو پھر سب (مل کر) لڑو اس سے جو زیادتی

تَبْغِىْ حَتّٰى تَفِىْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا

کرتا ہے یہاں تک کہ وہ لوٹ آئے اللہ کے حکم کی طرف۔ پس اگر لوٹ آئے تو صلح کرادو ان کے درمیان

مستحق ہیں کہ ان پر یہ نوازش کی جائے نیز وہ حکیم بھی ہے۔ اس کی حکمت کا یہ تقاضا ہے کہ قدسیوں کا ایک ایسا گروہ تیار ہو جائے جو نیکی پر فریفتہ اور بدی سے طبعاً گریزاں اور متنفر ہو تاکہ اس پاکباز گروہ سے تبلیغ اسلام کا اہم کام لیا جائے اور دنیا کے جس گوشہ میں یہ اسلام کی دعوت لے کر پہنچیں ان کی دعوت کی صداقت کے لیے سب سے بڑی برہان ان کی اپنی سیرت اور کردار ہو۔

جو کم نگاہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے صحابہؓ کے بارے میں طرح طرح کے شبہات اور ظنون کا شکار ہیں' وہ قرآن کریم کی ان آیتوں میں بار بار غور کریں۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو حقیقت روز روشن کی طرح واضح ہو جائے گی۔

۱۶؎ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی بعثت سے پہلے جزیرۂ عرب کی سرزمین فتنوں اور جنگ و جدل کی سرزمین تھی۔ ہر قبیلہ دوسرے قبیلہ سے برسرپیکار تھا۔ ہر ہمسایہ دوسرے ہمسایہ کے درپے آزار تھا۔ کسی کی جان' مال اور آبرو محفوظ نہ تھی۔ اشہر حرام (حرمت والے مہینے) کے علاوہ سفر ازحد خطرناک اور دشوار تھا۔ حضورؐ کی آمد سے نقشہ ہی بدل گیا۔ عداوت و مخاصمت کی جگہ محبت و ایثار اور خلوص و مروت نے لے لی۔ قرآن کریم میں بے شمار آیتیں ہیں اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ان گنت ارشادات ہیں جن میں مسلمانوں کو متحد رہنے' آپس میں محبت کرنے اور ایک دوسرے کا احترام اور حقوق کا پاس رکھنے کے تاکیدی احکامات ہیں اور ایسی باتوں کو ایمان واسلام کے منافی قرار دیا گیا ہے جن کے باعث آپس میں نفرت اور عداوت پیدا ہوتی ہے۔

چند احادیث پاک ملاحظہ ہوں۔ ① المسلم اخو المسلم لا یظلمہ ولا یسلمہ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ نہ خود اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اسے بے یار و مددگار کسی ظالم کے حوالے کرتا ہے۔

② واللہ فی عون العبد ماکان العبد فی عون اخیہ۔ (بخاری شریف) اللہ تعالیٰ اپنے اس بندے کی مدد فرماتا رہتا ہے جب تک وہ بندہ اپنے بھائی کی امداد و اعانت میں لگا ہے۔

③ اذا دعا المسلم لاخیہ من ظہر الغیب قال الملک آمین ولک مثلہ۔ حضورؐ نے فرمایا جب کوئی مسلمان اپنے بھائی کے لیے اس کی عدم موجودگی میں اس کے لیے دعا مانگتا ہے تو فرشتہ اس پر آمین کہتا ہے اور کہتا ہے کہ یہی دعا تیرے حق میں بھی مقبول ہو۔

④ مثل المومنین فی توادھم وتراحمھم وتواصلھم کمثل الجسد الواحد اذا اشتکی منہ عضو تداعی لہ سائر الجسد بالحمی والسھر کہ مسلمانوں کی مثال ایک دوسرے سے محبت کرنے میں ایک دوسرے پر رحم کرنے میں ایک

دوسرے سے صلہ رحمی کرنے میں ایسی ہے جیسا ایک جسم ہو۔ جب اس کا کوئی عضو بیمار پڑ جائے تو سارا جسم بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے اور بیدار رہتا ہے۔

⑤ المومن للمومن کالبنیان یشد بعضہ بعضا۔ ایک مومن دوسرے مومن کے لیے دیوار کی مانند ہے جس کی ہر اینٹ دوسری اینٹ کو سہارا دیتی ہے۔

بایں ہمہ انسانی معاشرہ میں باہمی شکر رنجی کا پیدا ہونا بعید از قیاس نہیں۔ نفسانی خواہشات' ذاتی طمع اور لالچ اور بسا اوقات غلط فہمیوں کے باعث جنگ و جدل کی نوبت آہی جاتی ہے۔ ان حالات میں ہمیں کیا کرنا چاہیے۔ ہمارا طرزِ عمل کیسا ہونا چاہیے۔ اس آیت میں ان امور کو بڑے دل نشین پیرایہ میں سمو دیا گیا ہے۔

آیت کا ترجمہ آپ پڑھ چکے ہیں۔ اس کے کلمات میں جو لطافتیں اور نزاکتیں ہیں ان پر نظر ڈال لیجیے۔ اس کے بعد تفصیلات کا ذکر ہو گا۔

امام رازی لکھتے ہیں۔ "اِنْ" اشارۃ الی ندرۃ القتال یعنی اِنْ کا لفظ ذکر کر کے اس طرف اشارہ کر دیا کہ قرآن و سنت نے مسلمانوں کو اتفاق و اتحاد کی جو تعلیم دی ہے اس کے پیش نظر ایسا شاذ و نادر ہی ہو سکتا ہے کہ فرزندانِ اسلام آپس میں لڑ پڑیں۔ طائفتان فرمایا فرقتان نہیں فرمایا کیونکہ طائفہ' فرقہ سے بھی کم افراد کا مجموعہ ہوتا ہے۔ یعنی اگر جنگ کی نوبت آئی تو ساری امت یا اس کی اکثریت خانہ جنگی میں شریک نہیں ہو گی۔ ایک مختصر سا گروہ ہی راہِ اعتدال سے بھٹک سکتا ہے اور اسلام کے واضح احکامات کو پس پشت ڈالنے کی جرأت کر سکتا ہے۔ ان طائفتان من المومنین فرمایا' منکم نہیں فرمایا۔ اس میں بھی اس بات کی ترغیب دی جا رہی ہے کہ تم جو لٹھ اٹھائے' تلواریں بے نیام کیے ایک دوسرے پر پل پڑنے کی تیاریاں کر رہے ہو' ذرا دیکھو تو سہی تم کون ہو۔ تم تو مومن ہو' اللہ کے بندے اور اس کے محبوب کے غلام ہو' بھلا یہ ناشائستہ حرکت تمہیں زیب دیتی ہے۔ ہر گز نہیں۔

نحو کا عام قاعدہ تو یہ ہے کہ اِنْ اپنے فعل کے ساتھ مذکور ہو۔ یہاں اِنْ اور اس کے فعل اقتتلوا کے درمیان طائفتان من المومنین کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس کی حکمت یہ ہے کہ باہمی جنگ و قتال سے پہلے وہ اپنے مومن ہونے کی حیثیت پر غور کر لیں۔ اقتتلوا ماضی کا صیغہ ذکر کیا۔ یقتتلوا نہیں فرمایا کیونکہ مضارع میں استمرار کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ یہاں بتایا جا رہا ہے کہ اگر کبھی کبھار جنگ و جدال کی نوبت آ جائے تو یہ سلسلہ جاری نہیں رہتا۔ بلکہ اہلِ رشد و صلاح فوراً مداخلت کر کے اس فتنہ کو فرو کر دیتے ہیں۔

اقتتلوا میں طائفتان کے معنی کو ملحوظ رکھا گیا ہے اور جمع کی ضمیر لوٹائی گئی ہے۔ بینھما میں لفظ کا لحاظ کرتے ہوئے تثنیہ کی ضمیر ذکر کی گئی ہے۔ (تفسیر کبیر)

بغت ۔ بغی سے ہے۔ اس کا معنی ہے طلب العلو بغیر حق۔ یعنی کسی حق کے بغیر برتری کا خواہاں ہونا۔

اب ذرا آیت کے معانی و مطالب کی طرف توجہ فرمائیے۔

مسلمانوں میں جنگ نہیں ہونی چاہیے۔ اگر بدقسمتی سے ایسا ہو تو پھر اس ناگوار صورتِ حالات سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ہمیں اس ارشادِ خداوندی کے مطابق عمل کرنا چاہیے۔ اس باہمی جنگ و جدل کی مختلف صورتیں ہیں اور ہر صورت کے اپنے اپنے خصوصی

احکام ہیں۔ سب سے پہلے جس امر پر زور دیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ اگر فتنہ و فساد کی آگ بھڑک اٹھے تو قطع نظر اس کے کہ لڑنے والے کثیر التعداد ہیں یا مختصر سا گروہ ہے، یہ تصادم حکومت سے ہے یا ایک قبیلہ کا دوسرے قبیلے یا ایک گروہ کا دوسرے گروہ سے، ان تمام صورتوں میں دوسرے مسلمانوں کو محض تماشائی بن کر رہنے کی اجازت نہیں، بلکہ انہیں اپنے اثر و رسوخ سے کام لیتے ہوئے اس فتنہ کو فرو کرنے کی ہر امکانی کوشش کرنی چاہیے۔ اگر یہ لڑائی دو خاندانوں یا رعایا کے دو گروہوں کے درمیان ہے تو ان کے درمیان مصالحت اور اصلاحِ احوال کی اوّلین ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے اثر و اختیار سے کام لے کر صورتِ حال پر قابو پائے اور اگر اربابِ حکومت اس میں دلچسپی نہ لیں یا معاملہ ان تک پہنچا ہی نہ ہو تو پھر اہلِ محلہ یا علاقہ کے با اثر لوگوں کا فرض ہے کہ مصالحت کی مخلصانہ کوشش کریں۔

اگر ان کی مساعی صلح کرانے میں کامیاب ہو جائیں تو فبہا، بصورتِ دیگر تمہیں یہ چاہیے کہ دیکھو دونوں میں سے غلطی پر کون ہے، زیادتی اور تعدی کا ارتکاب کس نے کیا ہے۔ جو مظلوم اور ستم رسیدہ ہو اس کی امداد کرو۔ اپنا سارا وزن اس کے پلڑے میں ڈال دو۔ مظلوم کی دادرسی اور ظالم کو ظلم سے باز رکھنے کے جو وسائل تمہارے پاس ہوں ان کو بروئے کار لاؤ۔ یہاں تک کہ ظالم گھٹنے ٹیک دے اور حقدار کو اس کا حق مل جائے۔ تمہارا غیر جانبدار بن کر مظلوم کو پٹتے ہوئے دیکھتے رہنا ہرگز جائز نہیں۔ اگر تم غیر جانبداری کی روش اختیار کرو گے تو اس کا صاف مطلب یہ ہوگا کہ تم ظلم و ستم کو پھلنے پھولنے کا موقع دے رہے ہو تم اتنے سنگدل اور بے رحم ہو کہ مظلوم کی آہ و فغاں سے بھی متأثر نہیں ہوتے۔ اسلام اس قسم کی غیر جانبداری کا قائل نہیں اور نہ اپنے ماننے والوں کو ایسی بزدلی کی اجازت دیتا ہے۔ اس وقت قرآن کا واضح ارشاد ہے وقاتلوا التی تبغی یعنی جو شر و فساد برپا کر رہا ہو اس کی راہ میں چٹان بن کر کھڑے ہو جاؤ۔

دوسری صورت یہ ہے کہ کوئی گروہ حکومت سے متصادم ہوتا ہے، اگر یہ گروہ محض لوٹ مار اور قتل و غارت کے لیے ہی میدان میں آیا ہے تو یہ لوگ باغی قرار نہ دیے جائیں گے بلکہ ان کے ساتھ عام مجرموں کا برتاؤ کیا جائے گا اور انہیں ان کے جرائم کے مطابق سزا دی جائے گی اور اگر وہ گروہ حکومت کا تختہ الٹنا چاہتا ہے اور ان کے ساتھ اتنی جمعیت اور قوت ہے کہ وہ ایسا کر سکتے ہیں تو مسلمانوں کا فرض ہے کہ حکومت کے ساتھ مل کر ان سے جنگ کریں اور ان کا قلع قمع کر دیں، لیکن ان کے ساتھ لڑائی شروع کرنے سے پہلے ان کو سمجھانے کی کوشش کی جائے گی۔ اگر وہ کسی غلط فہمی کا شکار ہو کر آمادۂ بغاوت ہوتے ہیں تو ان کی غلط فہمی دور کی جائے گی۔ اگر وہ کسی شبہ میں مبتلا ہیں تو ان کے ان شبہات کے ازالہ کی بڑی سنجیدگی سے کوشش کی جائے گی۔ جس طرح خارجیوں سے جنگ کرنے سے پہلے امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضرت ابن عباسؓ کو ان کے پاس بھیجا تھا اور آپ کی مساعی جمیلہ سے بہت سے لوگ اپنی روش ترک کر کے لشکرِ اسلام میں شامل ہو گئے تھے۔ اگر افہام و تفہیم کی کوششیں بار آور نہ ہوں تو پھر ان کے ساتھ جنگ لازمی ہو جائے گی اور جب تک وہ ہتھیار نہ ڈال دیں اور اپنی باغیانہ سرگرمیوں سے دست کش نہ ہو جائیں اس وقت تک ان کے ساتھ جنگ جاری رہے گی۔ ان سے کسی نرمی کا مظاہرہ نہیں کیا جائے گا۔ جب وہ ہار مان لیں اور ہتھیار ڈال دیں تو اس کے بعد جو سلوک ان سے کیا جائے گا، وہ اس حدیث شریف میں مذکور ہے جو امام ابوبکر الجصاص نے اپنی تفسیر احکام القرآن میں نقل کی ہے۔

روی کوثر ابن حکیم عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا ابن ام عبد کیف

حکم اللہ فی من بغی من ھذہ الامۃ قال اللہ ورسولہ اعلم قال لا یجھز علی جریحھا ولا یقتل اسیرھا ولا یطلب ھاربھا۔

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن مسعودؓ سے پوچھا کہ اے ام عبد کے فرزند! اس امت میں سے اگر کوئی بغاوت کرے تو اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے؟ انہوں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا اس باغی گروہ کے زخمی کو جان سے نہیں مارا جائے گا، ان سے جو قید ہوا ہے قتل نہیں کیا جائے گا اور میدان جنگ سے جو بھاگ نکلے اس کا تعاقب نہیں کیا جائے گا۔ باغیوں کے احکام کی تفصیل ہمیں سیدنا علی مرتضیٰؓ کے طریقہ کار سے ملتی ہے اور فقہا نے اکثر احکام کا استنباط آپ ہی کے اسوہ کریمہ سے کیا ہے۔

جنگ جمل میں جب آپ فتحیاب ہوئے اور مخالف گروہ کو شکست ہوئی تو حضرت نے فوراً اعلان فرمادیا لا تقتلوا اسیرًا ولا تجھزوا علی جریح ومن القی السلاح فھو آمن۔ کسی قیدی کو مت قتل کرو، کسی زخمی کو مت جان سے مارو، جو ہتھیار پھینک دے اس کو امان ہے۔

اگر حاکم فاسق و فاجر ہے، احکام اسلامیہ کی کھلم کھلا نافرمانی کرتا ہے، اس کے خلاف صلحا کی کوئی جماعت علم بغاوت بلند کرے گی جن کا مقصد حکومت کے ظلم وستم کا خاتمہ اور عدل وانصاف بحال کرنا ہے تو ان کے بارے میں فقہاء کی آراء مختلف ہیں۔

اکثر فقہا کی رائے یہ ہے کہ جب کوئی شخص ایک بار خلیفہ بن جائے اور اس کی وجہ سے ملک میں امن وامان قائم ہو جائے تو اس کے خلاف بغاوت کرنا خواہ وہ ظالم اور فاسق ہی ہو، جائز نہیں۔ کیونکہ اس بغاوت سے اصلاح کی بجائے فساد کا اندیشہ زیادہ ہے۔ اس بغاوت سے فتنہ کی آگ بھڑک اٹھے گی، سارا ملک اس کی لپیٹ میں آجائے گا، قتل وغارت کا بازار گرم ہوگا، صدہا بے گناہ مارے جائیں گے، آباد بستیاں ویران ہو جائیں گی۔ اس لیے ضروری ہے کہ لوگ اس فرماں روا کی امداد کریں تاکہ ملک کا وجود ہی خطرہ میں نہ پڑ جائے۔

لیکن بہت سے جلیل القدر علماء کا یہ فتویٰ ہے اور حضرت امام اعظمؒ اس گروہ کے سرخیل ہیں کہ ظالم حکمران کے خلاف اگر صالحین کا کوئی گروہ اٹھ کھڑا ہو تو ان کی امداد کی جائے گی تاکہ یہ کامیاب ہو کر اس ظالم اور فاسق کو مسند اقتدار سے ہٹا سکیں اور ملک میں پھر از سر نو احکام شرعیہ کا نفاذ کر سکیں۔

باغیوں کے بارے میں چند اہم مسائل ذہن نشین کر لیں۔

ان کے قیدی اگر یقین دلادیں کہ وہ آئندہ ایسا نہیں کریں گے تو انہیں رہا کر دیا جائے گا۔

اثنائے جنگ میں باغیوں نے جو جانی اور مالی نقصان کیا ہوگا، ہتھیار ڈالنے کے بعد ان سے اس کا کوئی قصاص یا تاوان وصول نہیں کیا جائے گا۔

باغیوں نے اگر کسی علاقہ پر قبضہ کر لیا اور وہاں کے باشندوں سے زکوٰۃ، عشر اور دیگر محصولات کی رقوم وصول کرتے ہے اگر وہ علاقہ پھر اسلامی حکومت کے تسلط میں آجائے تو وہاں کے باشندوں سے زکوٰۃ وغیرہ کا دوبارہ مطالبہ نہیں کیا جائے گا۔

بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۞ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ

عدل وانصاف سے اور انصاف کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے انصاف کرنے والوں سے۔ بے شک اہل ایمان بھائی بھائی

اپنے مقبوضہ علاقوں میں باغیوں نے اگر عدالتیں قائم کیں اور وہاں مقدمات کے فیصلے ہوتے رہے۔ اگر قاضی عادل تھا اور اس نے شرعی قواعد کے مطابق فیصلے صادر کیے تو وہ برقرار رہیں گے اور اگر اس نے دھاندلی کی ہوگی اور احکام شرعیہ کی صریح خلاف ورزی کا مرتکب ہوا ہوگا تو اسلامی عدالت میں وہ مقدمہ دوبارہ دائر کیا جا سکے گا اور پہلا فیصلہ کالعدم قرار پائے گا۔

باہمی جنگ وجدال سے کوئی فریق دائرہ اسلام سے خارج نہیں ہو جاتا۔ بخاری شریف میں موجود ہے کہ ایک روز حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ ارشاد فرمایا۔ اس وقت منبر پر حضرت حسن ؓ بھی موجود تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی ان کی طرف دیکھتے اور کبھی لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے۔ پھر فرمایا ان ابنی ھذا سید ولعل اللہ تعالیٰ ان یصلح بہ بین فئتین عظیمتین من المسلمین۔

میرا یہ بیٹا سردار ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ سے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح کرا دے گا۔ حضور کی یہ پیشین گوئی پوری ہوئی اور آپ کے زمانہ خلافت میں امیر معاویہ ؓ کے ساتھ جو جنگ کا سلسلہ عرصہ سے جاری تھا وہ ختم ہو گیا اور مسلمانوں کے دونوں گروہوں میں صلح ہو گئی۔

حضرت امیر معاویہ ؓ اور ان کی جماعت کو بھی حضور ؐ نے مسلمان قرار دیا۔

حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے پوچھا گیا کہ جن لوگوں نے آپ سے جمل اور صفین کی جنگیں لڑی ہیں کیا وہ مشرک ہو گئے ہیں؟ آپ نے فرمایا مِنَ الشِّرْكِ فَرُّوْا۔ ہرگز نہیں! وہ تو شرک سے بھاگ کر آئے تھے۔

پھر کہا گیا کیا وہ منافق ہو گئے ہیں؟ فرمایا ہرگز نہیں! منافق تو وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت کم کرتے ہیں۔ اور یہ لوگ تو ذکر الٰہی دن رات کرتے تھے۔ پھر پوچھا گیا اگر وہ مشرک اور منافق نہیں تو کیا ہیں؟ امیر المومنین نے فرمایا۔ اخواننا بغوا علینا۔ یہ ہمارے اسلامی بھائی ہیں لیکن انہوں نے ہمارے خلاف بغاوت کی ہے۔

باغیوں کا مال، مال غنیمت متصور نہیں ہوگا۔ جنگ کے دوران میں اگر ان کے اسلحہ اور گھوڑوں کے استعمال کی ضرورت ہو تو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

یہ چند اہم احکام ہیں جنہیں اختصار سے یہاں ذکر کیا گیا ہے۔ تفصیل کے لیے کتب فقہ کی طرف رجوع فرمائیے۔

۱۲؎ یہ جملہ بھی غور طلب ہے۔ یعنی اگر صلح کراتے وقت عدل وانصاف سے کام نہیں لیا جائے گا ظلم اور بے انصافی کی بنیاد پر صلح کرائی جائے گی تو وہ صلح پائیدار ثابت نہ ہوگی۔ مظلوم فریق مطمئن نہیں ہوگا اور اپنی حق رسی کے لیے موقع کا منتظر ہوگا۔ جب حالات اجازت دیں گے تو پھر فتنہ کی آگ بھڑکائے گا۔ اس لیے اسلام کو ایسی صلح سے کوئی دلچسپی نہیں جس کی بنیاد ظلم پر ہو اور جو ناپائیدار ہو۔

اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْكُمْ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ⑩

ہیں ۱؎ پس صلح کرادو اپنے دو بھائیوں کے درمیان۔ اور ڈرتے رہا کرو اللہ سے تاکہ تم پر رحم فرمایا جائے۔

۱؎ خانہ جنگی، باہمی قتال وجدال اور ان کے بارے میں احکام کا ذکر ہوچکا۔ اب پھر باہمی محبت و پیار اور الفت و ایثار کے جذبات کو بیدار کرنے کے لیے فرمایا جارہا ہے کہ اہل ایمان تو سگے بھائی ہیں۔ ان کا نفع اور نقصان، ان کی خوشی اور غمی، ان کی فتح اور شکست سب ایک ہیں۔ یہ تھوڑی سی رنجش جو پیدا ہوگئی ہے بالکل عارضی نوعیت کی ہے۔ ان کے بہی خواہوں پر فرض ہے کہ مداخلت کرکے ان کے درمیان صلح کرادیں تاکہ وہ پہلے کی طرح پھر شیر و شکر ہوجائیں۔

اخویکم کے لفظ میں کیا لطف ہے کہ یہ آپس میں لڑنے والے ایک دوسرے کے بھائی ہیں اور تمہارے بھی بھائی ہیں۔ اجنبیت اور بیگانگی کا نام و نشان تک نہیں، اس لیے تم بے تعلق نہ بنے رہو اور ان کا تماشا نہ دیکھتے رہو۔ فوری مداخلت کرو اور ان میں صلح صفائی کرادو۔

جب دو طاقت ور گروہوں کے دست و گریبان ہونے کا وقت تھا اس وقت بھی حکم دیا کہ ان میں صلح کرادو۔ یہاں جب دو فرد آپس میں گتھم گتھا ہیں تو بھی حکم دیا کہ ان میں صلح کرادو۔ لیکن پہلے صلح کے بعد واتقوا اللہ نہیں فرمایا گیا اور یہاں امر صلح کے بعد واتقوا اللہ کا اضافہ کیا گیا کیونکہ جب فتنہ عام ہو تو ہر شخص کو یہ اندیشہ ہوتا ہے کہ کہیں میں بھی اس کے شعلوں کی لپیٹ میں نہ آجاؤں۔ بہی خواہی کا جذبہ نہ بھی ہو تو انسان اپنی سلامتی کے لیے ہی اس آگ کو بجھانے کے درپے ہوجاتا ہے۔ لیکن جب معاملہ صرف دو آدمیوں تک محدود ہو تو اس کو اپنے زد میں آنے کا خدشہ نہیں ہوتا اس لیے ان حالات میں لوگ عام طور پر بے پروائی کرتے ہیں اور مصالحت کے لیے کوشش نہیں کرتے لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک جس طرح مسلمانوں کا اجتماعی امن و سکون اہم ہے اسی طرح چند افراد کی خوشی اور سلامتی بھی اسے از حد عزیز ہے اس لیے یہاں اصلحوا کے حکم پر واتقوا اللہ کا اضافہ بھی کردیا یعنی خدا سے ڈرو اور ان دو بھائیوں کے درمیان صلح صفائی کرادو تاکہ ان کو بھی امن و امان نصیب ہو اور ان کے گھروں میں بھی آسودگی حاصل ہو۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت کے تم اسی وقت مستحق ہوسکتے ہو جب امت مسلمہ انفرادی اور اجتماعی سطح پر ایک دوسرے سے محبت و پیار کا مظاہرہ کرے۔

ایسی دل نشینی، ایسی شیرینی، ایسی مٹھاس صرف اللہ تعالیٰ کے کلام میں ہی پائی جاسکتی ہے۔ قرآن کا یہ وہ اعجاز ہے جس نے فصحائے عرب کو دم بخود کردیا تھا۔ یہاں صاحب جوامع الکلم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی بھی سماعت فرمائیے:

عن ابی الدرداء قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا اخبرکم بافضل من درجة الصیام والصلوٰة والصدقة۔ قالوا بلٰی یا رسول اللہ قال اصلاح ذات البین وفساد ذات البین الحالقة۔

حضرت ابودرداء سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں ایسے عمل پر آگاہ نہ کروں جس کا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا

اے ایمان والو! نہ تمسخر اڑایا کرے مردوں کی ایک جماعت دوسری جماعت کا شاید وہ ان مذاق اڑانے والوں سے بہتر

مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا

ہوں اور نہ عورتیں مذاق اڑایا کریں دوسری عورتوں کا شاید وہ ان سے بہتر ہوں ۱۸ اور نہ

درجہ روزے، نماز اور صدقہ سے افضل ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! ضرور مہربانی فرمائیے۔ فرمایا وہ آدمیوں کے درمیان صلح کرا دینا۔ ساتھ ہی بتایا کہ دو آدمیوں کے درمیان فساد کرانا ایمان کو مونڈ کر رکھ دیتا ہے۔

۱۸ پہلے ان احکام کا ذکر ہوا جن کی ضرورت اس وقت پڑتی ہے جب مسلمان ایک دوسرے کے خلاف صفیں آراستہ کر لیں اور جنگ و قتال شروع ہو جائے۔ لیکن اسلام اصلاحِ احوال کی صرف اسی صورت کا قائل نہیں کہ پہلے حالات کو بگڑنے دیا جائے۔ مختلف عوامل کو کشیدگی پیدا کرنے اور جذبات کو مشتعل کرنے کی کھلی چھٹی دی جائے۔ جب عداوت کے شعلے بھڑکنے لگیں اور خون کی ندیاں بہنے لگیں تو آگے بڑھ کر اس آگ کو بجھانے کی کامیاب یا ناکام کوشش کی جائے۔ اسلام اس سے بھی زیادہ ان محرکات کی بیخ کنی پر توجہ دیتا ہے اور ان اسباب و علل کے سامنے بند باندھتا ہے جو اس صورتِ حال کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

ان آیات میں مسلمانوں کو تمام ایسی باتوں سے سختی سے روکا جا رہا ہے جن کے باعث اسلامی معاشرہ کا امن و سکون برباد ہوتا ہے، محبت و پیار کے رشتے ٹوٹ جاتے ہیں اور خون خرابہ شروع ہو جاتا ہے۔ اس سلسلہ میں پہلا حکم یہ دیا کہ اے ایمان والو! ایک دوسرے کا مذاق نہ اڑایا کرو۔ مذاق اسی کا اڑایا جاتا ہے جس کی عزت اور احترام دل میں نہ ہو جب آپ کسی کا مذاق اڑاتے ہیں تو گویا آپ اس چیز کا اعلان کر رہے ہوتے ہیں کہ اس شخص کی میرے دل میں کوئی عزت نہیں۔ جب آپ اس کی عزت نہیں کرتے تو اسے کیا پڑی ہے کہ وہ آپ کا احترام کرے۔ جب دلوں سے ایک دوسرے کے لیے عزت اور احترام کا جذبہ ختم ہو جاتا ہے تو انسان عداوت و دشمنی کی گہری کھڈ کی طرف لڑھکتا چلا جاتا ہے۔ کوئی رکاوٹ ایسی نہیں رہتی جو اسے اپنے انجام سے دوچار ہونے سے روک سکے۔ استہزاء کی کئی صورتیں ہیں۔

زبان سے مذاق کرنا۔ نقلیں اتار کر اس کا منہ چڑانا۔ اس کے لباس یا رفتار و گفتار پر ہنسنا سب ممنوع ہیں۔

یوں تو شریعت کے سارے احکام عموماً مرد و زن سب کے لیے ہوتے ہیں اور بطورِ تغلیب صیغہ مذکر کا ہی استعمال ہوتا ہے لیکن جو خرابی عورتوں میں نسبتاً زیادہ پائی جاتی ہے اس کو روکنے کے لیے عورتوں کو الگ مخاطب بنایا جاتا ہے۔ یہاں بھی عورتیں چونکہ دوسروں کا مذاق اڑانے اور ان پر پھبتی کسنے میں بڑی تیز رفتار ہوتی ہیں اس لیے یہاں اس نازیبا حرکت سے باز رہنے کا الگ حکم دیا اور اس کی وجہ بھی بتا دی کہ جن کو تم حقیر سمجھتے ہو اور ان کا مذاق اڑاتے ہو ممکن ہے بارگاہِ الٰہی میں ان کی شان تم سے کہیں زیادہ بلند ہو۔

تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ

عیب لگاؤ ایک دوسرے پر [۹] اور نہ بُرے القاب سے کسی کو بلاؤ [۱۰] کتنا ہی بُرا نام ہے مسلمان ہو کر فاسق

[۹] دوسرا حکم یہ دیا کہ لَا تَلْمِزُوْا اَنْفُسَکُمْ۔

لفظ لمز کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ ابن منظور لکھتے ہیں۔ اللمز: العیب فی الوجه واصل الاشارة بالعین والرأس والشفة مع کلام خفی۔

کسی کے منہ پر اس کی عیب جوئی کرنے کو اللمز کہتے ہیں۔ اصل میں آنکھ، سر کے اشارے یا زیر لب آہستہ سے کسی کی عیب چینی کی جائے تو کہتے ہیں لمز فلان۔ لَا تَلْمِزُوْا فرما کر بتا دیا کہ کسی طرح بھی تمہیں یہ اجازت نہیں کہ اپنے بھائی کے عیب گنواؤ اور اس کی خامیوں اور کمزوریوں کو اچھالتے رہو۔ علامہ راغب لکھتے ہیں اللمز تتبع المعاب۔ کسی کی کمزوریوں اور عیوب کا کھوج لگاتے رہنا۔ ہر آدمی میں کوئی نہ کوئی عیب ہوتا ہے۔ وہ نہیں چاہتا کہ اس کا عیب ظاہر ہو۔ اگر کوئی شخص اس کی خامیوں کا برملا اظہار کرتا ہے اور اس کے عیوب کے کھوج میں لگا رہتا ہے تو اس کا کبیدہ خاطر ہونا ایک قدرتی امر ہے۔ اور قرآن حکیم اس کی اجازت نہیں دیتا۔ قرآن کا اسلوب ملاحظہ ہو۔ یہ نہیں کہا کہ تم ایک دوسرے کی عیب چینی نہ کیا کرو بلکہ فرمایا لَا تَلْمِزُوْا اَنْفُسَکُمْ۔ یعنی تم اپنی عیب جوئی نہ کیا کرو۔ مقصد یہ ہے کہ جس کی بُرائیاں کرتے تم نہیں تھکتے وہ کوئی غیر تو نہیں۔ تمہارا بھائی ہے۔ اس کی بدنامی تمہاری بدنامی ہے۔ اس کی فضیحت ہوئی تو شرمندہ تم ہوگے۔ اس سے یہ مطلب بھی لیا جا سکتا ہے کہ جب تم کسی کی پردہ دری کرو گے تو وہ تمہارے عیوب و نقائص کو طشت ازبام کرے گا۔ تم اس کی عیب جوئی نہ کرتے تو وہ تمہاری نہ کرتا۔ اب تمہیں جو خجالت ہو رہی ہے یہ تمہارے اپنے کرتوتوں کا ثمر ہے۔ اگر اپنی عزت کو محفوظ رکھنا چاہتے ہو تو کسی کی عزت پر ہاتھ مت ڈالو۔

[۱۰] تیسرا حکم یہ دیا کہ لَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ۔

لفظ تنابزوا کی تشریح کرتے ہوئے علامہ ابن منظور لکھتے ہیں۔ النبز: اللقب۔ التنابز: التداعی بالالقاب وهو یکثر فیما کان ذما (لسان العرب)

یعنی کسی کو کسی لقب سے ملقب کرنے کو لغت میں نبز کہتے ہیں لیکن عموماً اس کا استعمال اس لقب کے لیے ہوتا ہے جس میں کسی کی مذمت ہو اور جسے وہ شخص ناپسند کرے۔ کسی اندھے کو اندھا اور کانے کو کانا کہنا بھی جائز نہیں۔ ہمیشہ ایسے اسماء اور القاب سے ایک دوسرے کو بلاؤ جس سے سننے والا خوش ہوتا ہو۔

بَعْدَ الْإِيمَانِ ۚ وَمَنْ لَمْ يَتُبْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿١١﴾ يَا أَيُّهَا

کہلانا ٢١ اور جو لوگ باز نہیں آئیں گے (اس روش سے) تو وہی بے انصاف ہیں ٢٢ اے

الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ

ایمان والو! دور رہا کرو بکثرت بدگمانیوں سے ٢٣ بلاشبہ بعض بدگمانیاں گناہ ہیں

٢١ بڑے پیارے انداز سے اپنے بندوں کو تنبیہ فرمائی جارہی ہے کہ تم اب میرے ہو چکے ہو تمہیں اب ایسی کوئی نازیبا حرکت نہیں کرنی چاہیے جس کی وجہ سے تمہیں بدکار اور فاسق کہا جائے۔ اگر تم اسلام قبول نہ کرتے، میرے محبوب رسول پر ایمان نہ لاتے اور شتر بے مہار بنے من مانیاں کرتے رہتے تو تم سے کسی کو شکایت نہ ہوتی۔ اب تم مشرف بہ اسلام ہو چکے ہو، لوگ بجا طور پر تم سے توقع رکھتے ہیں کہ تم خیر و صلاح کا عملی نمونہ پیش کرتے رہو گے۔ نیکی اور پارسائی تمہارا شعار ہو گا۔ غلامان مصطفےٰ کہلا کر اگر تم فسق و فجور سے اپنا دامن نہیں بچاتے تو بڑی بے حیائی اور افسوس کی بات ہے۔ حضرت علامہ نے کیا خوب کہا ہے۔ ؎

گر نہ داری از محمدؐ رنگ و بو از زبانِ خود میالا نامِ او

یعنی اگر تمہاری سیرت اور کردار اپنے محبوب کے رنگ و بُو سے بہرہ ور نہیں تو تمہیں قطعاً یہ زیب نہیں دیتا کہ اپنی ناپاک زبان سے اس کا پاک نام لو۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے اس جملہ کا یہ معنی بتایا ہے۔ کہتے ہیں۔ وبئس الوسم الفسوق بعد الایمان فلا تفعلوا شیئا توصفوا فیہ باسم الفسوق۔

اس جملہ کی مزید تشریح کرتے ہوئے علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں کہ یہاں اسم نہ تو لقب و کنیت کا مدمقابل ہے اور نہ فعل و حرف کا، بلکہ یہاں ذکر و تفوق کے معنی میں مستعمل ہوا ہے جیسے کہتے ہیں۔ طار اسمہ فی الناس بالکرم ای ذکرہ۔ بئس کا فاعل الاسم ہے۔ فسوق مخصوص بالذم ہے۔ یہاں مضاف مقدر ہے۔ تقدیر کلام یوں ہے۔ بئس الذکر ذکر الفسوق بعد الایمان جس کا معنی یہ ہے۔ بئس الذکر المرتفع للمؤمنین ان یذکروا بالفسوق بعد دخولھم الایمان۔ (روح البیان)

٢٢ آخر میں فرمایا جو شخص ان ناشائستہ حرکات سے تائب نہیں ہوتا وہ ظالم ہے۔ آیت کے اس جملہ سے فقہائے کرام نے ہتک عزت کا اسلامی قانون اخذ کیا ہے۔ کوئی شخص کسی پر زنا کی تہمت لگائے تو نص قرآنی کے مطابق اس پر حد قذف لگائی جائے گی لیکن اس کے علاوہ بھی اگر کوئی شخص کسی کے حق میں بُرے الفاظ استعمال کرتا ہے تو اس کے خلاف اسلامی عدالت میں ہتک عزت کا دعویٰ دائر کیا جا سکتا ہے اور قاضی کو حق پہنچتا ہے کہ وہ ایسے شخص پر اس کے مناسب حال تعزیر لگائے۔ روح البیان میں وہ الفاظ تفصیل سے مرقوم ہیں جن کے باعث تعزیر لگ سکتی ہے۔ ان میں خبیث، مخنث اور پلید کے الفاظ بھی ہیں جنہیں ہمارے ہاں بڑی بے پروائی سے استعمال کیا جاتا ہے۔

٢٣ اہل اسلام معاشرہ کو ہر قسم کی شکر رنجی سے محفوظ رکھنے کے لیے جو ہدایات دی جارہی تھیں ان کا سلسلہ اس آیت میں بھی جاری

وَلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ

اور نہ جاسوسی کیا کرو اور ایک دوسرے کی غیبت بھی نہ کیا کرو ۲۴؎ کیا پسند کرتا ہے تم میں سے کوئی شخص کہ

ہے۔ فرمایا بکثرت ظن وگمان کرنے سے اجتناب کیا کرو، کیونکہ بعض ظن ایسے ہیں جو گناہ ہوتے ہیں۔ اگر تم ظن وگمان کے شیدائی بن جاؤ تو ہو سکتا ہے تم ایسے گمان بھی کرنے لگو جو سراسر گناہ ہیں۔ ان کلمات کو دیکھا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ مطلقاً ظن سے نہیں روکا اور نہ ہر قسم کے ظن کو گناہ کہا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کئی ظن جائز ہیں۔ اس لیے علمائے کرام نے ظن کی متعدد قسمیں ذکر کی ہیں۔

واجب، مستحب، مباح اور ممنوع۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسن ظن کرنا واجب ہے۔ حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے وصال سے تین روز پہلے فرمایا لا یموتن احدکم الا وھو یحسن الظن باللہ عزوجل۔ تم میں سے کوئی نہ مرے مگر اس حالت میں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسن ظن رکھتا ہو۔ دوسرا ارشاد نبوی ہے۔ یقول اللہ انا عند ظن عبدی بی فلیظن بی ما شاء۔ کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے ساتھ وہی معاملہ کرتا ہوں جس کا وہ مجھ سے ظن رکھتا ہے۔ اب اس کی مرضی جیسا چاہے میرے ساتھ ظن رکھے۔

مستحب کی مثال: مومن کے ساتھ جس کا ظاہری حال اچھا ہو حسن ظن کرنا مستحب ہے۔ ایسا شخص جس کے احوال مشکوک ہوں اس کے متعلق سوء ظن کرنا مباح ہے لیکن جب تک یقینی دلائل موجود نہ ہوں اس وقت تک محض ظن کے مطابق اس کے خلاف کارروائی کرنا جائز نہیں۔ اسی کے متعلق حضورؐ کی حدیث ہے۔

اذا ظننتم فلا تحققوا یعنی اگر کسی کے بارے میں شبہ پیدا ہو جائے تو اس کی تحقیق میں نہ لگ جاؤ۔ شریعت میں نصوص کے خلاف ظن وتخمین سے کام لینا ممنوع ہے۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ آیت میں ظن سے مراد تہمت ہے۔ قال علماءنا فالظن فی الآیۃ ھو التھمۃ۔ اور اس قول کی دلیل انہوں نے یہ پیش کی ہے کہ بعد میں فلا تجسسوا فرمایا ہے کیونکہ جب کسی پر تہمت لگتی ہے تو طبیعت چاہتی ہے اس کا سراغ لگایا جائے اور صحیح حالات پر آگاہی حاصل کی جائے۔

۲۴؎ کسی مسلمان کے عیبوں کا سراغ لگانا اور اس کے پوشیدہ حالات کو کریدنا ممنوع ہے۔ اس طرح اس کی پردہ دری ہوتی، حالانکہ ہمیں پردہ پوشی کا حکم دیا گیا ہے۔ ارشاد نبوی ہے من ستر مسلما سترہ اللہ یوم القیامۃ۔ جو اس دنیا میں کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔ ابو برزہ الاسلمی فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یا معشر من امن بلسانہ ولم یدخل الایمان قلبہ لا تغتابوا المسلمین ولا تتبعوا عوراتھم فان من اتبع عوراتھم یتبع اللہ عورتہ ومن یتبع اللہ عورتہ یفضحہ فی بیتہ۔

یعنی اے وہ گروہ جو زبان سے تو ایمان لایا ہے لیکن ایمان اس کے دل میں ابھی داخل نہیں ہوا مسلمانوں کی غیبت مت کیا کرو۔ ان کی پوشیدہ باتوں کا سراغ مت لگایا کرو۔ جو مسلمانوں کی پوشیدہ باتوں کا پیچھا کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی مخفی باتوں کا پیچھا

يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ

اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھائے۔ تم اسے تو مکروہ سمجھتے ہو ۲۵؎ اور ڈرتے رہا کرو اللہ سے۔ بے شک اللہ تعالیٰ بہت توبہ قبول کرنے

کرتا ہے اور جس کی مخفی باتوں کا پیچھا خدا کرے تو وہ اس کو اپنے گھر میں رُسوا کر دیتا ہے۔ اسی طرح ارباب حکومت کو بھی بلاوجہ لوگوں کے مخفی رازوں پر آگاہی حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔ حضرت امیر معاویہؓ روایت کرتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔

انك ان اتبعت عورات الناس افسدتهم او كدت ان تفسدهم۔

یعنی اگر تم لوگوں کی پوشیدہ باتیں جاننے کے درپے ہو گے تو تم انہیں خراب کر کے چھوڑو گے۔ انسان کی پرائیویٹ زندگی کا اسلام میں جس قدر احترام ہے اس کا اندازہ آپ اس مشہور تاریخی واقعہ سے بآسانی لگا سکتے ہیں جو خرائطی نے ثور کندی کے واسطہ سے مکارم الاخلاق میں نقل کیا ہے۔ ایک رات حضرت فاروق اعظمؓ مدینہ طیبہ کی گلیوں میں گشت لگا رہے تھے۔ ایک گھر سے آپ کو ایک شخص کے گانے کی آواز آئی۔ دیوار پھاند کر آپ اندر داخل ہو گئے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ ایک آدمی ہے۔ اس کے پاس ایک عورت بیٹھی ہے۔ قریب ہی شراب رکھی ہے۔ حضرت عمرؓ غصہ سے بے قابو ہو گئے اور فرمایا یا عدو الله اظننت ان الله يسترك وانت على معصية۔ اے اللہ کے دشمن! کیا تجھے یہ گمان تھا کہ تو ایسی نافرمانی بھی کرے گا اور اللہ تعالیٰ تیری پردہ پوشی بھی کرے گا۔ اس شخص نے کہا اے امیر المومنین! عجلت سے کام نہ لیں۔ اگر میں نے اللہ تعالیٰ کی ایک نافرمانی کی ہے تو آپ نے تین نافرمانیاں کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ لا تجسسوا کسی کی جاسوسی نہ کیا کرو۔ آپ نے میری جاسوسی کی ہے۔ فرمانِ خداوندی ہے۔ واتوا البيوت من ابوابها گھروں میں دروازہ سے داخل ہو۔ آپ دیوار پھاند کر داخل ہوئے ہیں۔ ارشاد ہے۔ لا تدخلوا بيوتا غير بيوتكم حتى تستانسوا۔ داخل ہونے سے پہلے اہل خانہ سے اجازت لو اور آپ میری اجازت کے بغیر اندر آ گئے ہیں۔ آپ نے فرمایا اگر میں اب تم کو معاف کر دوں تو کیا تم آئندہ ان جرائم کا ارتکاب نہ کرو گے۔ اس نے کہا ہاں۔ البتہ اگر کسی کی سرگرمیاں ملک و ملت کے خلاف ہوں وہ دشمن سے ساز باز کر رہے ہوں یا کسی کو قتل کرنے کے مشورے کر رہے ہوں تو ایسے لوگوں کے احوال کی جانچ پڑتال کرنا مباح ہے۔

وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ

غیبت کی تعریف خود زبانِ رسالت نے بیان فرمائی ہے۔ ایک دن حضورؐ نے دریافت کیا تم جانتے ہو غیبت کیا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا الله ورسوله اعلم اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا ذكرك اخاك بما يكره۔ اپنے بھائی کا ایسا ذکر جسے وہ ناپسند کرے۔ عرض کی گئی اگر وہ بات اس میں پائی جاتی ہو تو بھی اس کا ذکر غیبت ہو گی۔ فرمایا اگر وہ بات اس میں پائی جاتی ہے اور تو اس کا ذکر کرے تو تو نے غیبت کی اور اگر ایسی بات کا ذکر کرے جو اس میں نہیں پائی جاتی تو تو نے اس پر بہتان باندھا۔

۲۵؎ قرآن کریم نے لوگوں کو غیبت سے متنفر کرنے کے لیے ایک ایسی تشبیہ دی جس کو سن کر کوئی سلیم الطبع غیبت کی طرف

راغب نہیں ہوسکتا۔ فرمایا کیا کوئی شخص انسانی گوشت کھانا پسند کرے گا اور انسان بھی وہ جو مُردہ ہو اور مُردہ بھی وہ جو اس کا بھائی ہو اسی چیز کو ایک مرتبہ حضورؐ نے ایک اور انداز سے بیان فرمایا کہ جب ماعزؓ نے اعترافِ زنا کیا اور حضورؐ نے اسے رجم کرنے کا حکم دیا تو حضورؐ نے سُنا کہ دو آدمی آپس میں اس طرح کی گفتگو کر رہے ہیں کہ اس شخص کی طرف دیکھو جس کا گناہ اللہ تعالیٰ نے ڈھانپ دیا تھا مگر اس نے خود انکشاف کیا پھر اسے اس طرح سنگسار کیا گیا جس طرح کتّے کو کیا جاتا ہے۔ حضورؐ نے یہ بات سُنی اور خاموش رہے۔ پھر کچھ وقت حضورؐ چلتے رہے یہاں تک کہ ایک مُردار گدھے کے پاس سے گزرے۔ فرمایا فلاں فلاں آدمی کہاں ہیں؟ ان دونوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم حاضر ہیں۔ فرمایا اترو اور اس مُردار گدھے کو کھاؤ۔ وہ کہنے لگے اے نبی اللہ اس مُردار کو کون کھاتا ہے۔ حضورؐ نے فرمایا فما نلتما من عرض اخیکما اشد من الاکل منہ والذی نفسی بیدہ انہ الاٰن لفی انھار الجنۃ ینغمس فیھا۔ یعنی تم مُردہ گدھا کھانے سے تو نفرت کرتے ہو لیکن اپنے بھائی کی عزت پر جو تم نے حملہ کیا ہے وہ مُردار کھانے سے بھی زیادہ بدتر ہے۔ پھر فرمایا اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قُدرت میں میری جان ہے' وہ تو اس وقت جنّت کی نہروں میں نہا رہا ہے۔ اس میں کوئی شُبہ نہیں کہ غیبت کبیرہ گناہوں سے ہے۔ اگر کوئی شخص غیبت کر بیٹھے تو وہ توبہ کرے۔ اگر ہو سکے تو جس کی غیبت اس نے کی ہے اس سے بخشوا لے۔

حضرت حسن بصری سے مروی ہے کہ غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ جس کی غیبت تم نے کی ہے اس کے لیے بکثرت مغفرت کی دُعا مانگو۔

لیکن بعض صُورتیں ایسی ہیں جبکہ غیبت مباح ہو جاتی ہے۔ وہ فاسق جو اعلانیہ فسق و فجور کا ارتکاب کرتا ہے اس کے عیوب کا ذکر غیبت نہیں۔ حدیث شریف میں ہے۔ من القی جلباب الحیاء فلا غیبۃ لہ۔ جو شخص حیاء کی چادر اتار کر پھینک دے اس کی کوئی غیبت نہیں۔ دوسرا ارشاد ہے۔ اذکروا الفاجر بما فیہ کی یحذرہ الناس۔ فاجر کی خرابیاں بیان کیا کرو تاکہ لوگ اس سے بچتے رہیں۔

ان ارشادات سے معلوم ہوا کہ اس شخص کی غیبت مشروع ہے جو اپنی پردہ پوشی کرتا ہے۔ اسی طرح بدعقیدہ عالم اور ظالم بادشاہ کے عیوب بیان کرنا بھی غیبت نہیں۔ اگر کوئی شخص قاضی کے پاس دعویٰ کرتا ہے۔ اس ضمن میں اپنے خصم کے عیوب بیان کرتا ہے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں۔ ہندہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا۔ ان ابا سفیان رجل شحیح لا یعطینی ما یکفینی انا و ولدی فاٰخذ من غیر علمہ کہ ابوسفیان بخیل آدمی ہے مجھے اتنا نہیں دیتا جس سے میرا اور میرے بچوں کا گزر ہو سکے کیا میں اس کے مال سے اس کی اجازت کے بغیر لے سکتی ہوں۔ حضورؐ نے فرمایا نعم فخذی۔ ہاں لے سکتی ہو۔

ایک اور حدیث شریف میں ہے لصاحب الحق مقال۔ جس کا حق ہو اسے بات کرنے کی اجازت ہے۔ اسی طرح رشتہ کے بارے میں اگر کوئی مشورہ کرے تو اسے صحیح صورتِ حال سے آگاہ کرنا جائز ہے۔

فاطمہ بنت قیس کو جب اس کے خاوند نے طلاق دے دی تو معاویہؓ اور ابوجہمؓ نے پیغام بھیجا وہ مشورہ کرنے کے لیے حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی تو حضورؐ نے فرمایا۔ فاما معاویۃ فصعلوک فلا مال لہ واما ابوجھم فلا یدع عصاہ عن عاتقہ۔

رَّحِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ

والا ہمیشہ رحم کرنے والا ہے۔ اے لوگو! ہم نے پیدا کیا ہے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے اور بنا دیا ہے تمہیں مختلف

شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ

قومیں اور مختلف خاندان تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو بیشک تم میں سے زیادہ معزز اللہ کی بارگاہ میں وہ ہے جو تم میں سے زیادہ متقی ہے۔

یعنی معاویہ مفلس اور قلاش ہے اور ابو جہم اپنے کندھے سے عصا دُور نہیں کرتا یہ اس لیے تھا کہ فاطمہ بنت قیس کو دھوکا نہ ہو۔

۲۶ دُورِ جاہلیت کے عرب دیگر گوناگوں خرابیوں کے ساتھ ساتھ تفاخر کی بیماری میں بُری طرح مبتلا تھے۔ وہ اپنے آپ کو سب سے برتر، اشرف اور اعلیٰ خیال کرتے۔ ان سب میں قریش کے فخر و مباہات کی شان ہی الگ تھی جب مکہ فتح ہوا اور اس کی فضاؤں میں اسلام کا پرچم لہرانے لگا تو حضورؐ نے حضرت بلالؓ کو یاد فرمایا اور حکم دیا کہ کعبہ کی چھت پر چڑھ جاؤ اور اذان دو۔ تعمیل ارشاد میں بلالؓ نے کعبے کے اُوپر چڑھ کر اذان دینی شروع کی تو شرفائے قریش پر کوہِ الم ٹوٹ پڑا۔ ان کے دلی حزن و ملال کا اندازہ اس مکالمے سے لگائیے جو اُن میں ہوا۔

عتاب ابن اسید بولا اللہ کا شکر ہے میرا باپ یہ رُوح فرسا منظر دیکھنے سے پہلے مر گیا۔ حارث ابن ہشام کہنے لگا کہ اس کالے کوے کے بغیر محمد (فداہ ابی و امی) کو اور کوئی مؤذن نہیں ملا۔ سہیل ابن عمرو نے کہا جیسے اللہ کی مرضی۔ ابوسفیان نے کہا میں تو کچھ نہیں کہتا۔ ایسا نہ ہو کہ ہماری اس گفتگو پر اللہ تعالیٰ اس کو آگاہ کر دے۔ اسی وقت یہ آیت نازل ہوئی اور ان کے اس زعمِ باطل کو پاش پاش کر کے رکھ دیا۔

تفاخر کا یہ نظریہ فقط جاہل اور غیر مُہذب عربوں تک ہی محدود نہ تھا بلکہ رُوئے زمین پر جو متمدن اور شائستہ قومیں آباد تھیں وہ سب کی سب کسی نہ کسی صورت میں اس بیماری میں مبتلا تھیں۔ کہیں اپنی نسل اور قومیت پر فخر کیا جاتا تھا۔ کہیں ان کے وطن کی سرزمین ان کی بڑائی اور برتری کا باعث تھی۔ کہیں زبان و رنگ وجہِ افتخار بنے ہوئے تھے۔ اس فاسد نظریہ نے مختلف قوموں کو متحارب گروہوں میں تقسیم کر دیا تھا ہر قوم اپنی نسلی شرافت اور اپنے خطۂ زمین کی عظمت کے باعث اپنا یہ حق سمجھتی تھی کہ وہ دوسرے ممالک کو تاخت و تاراج کرے، ان کی دولت کو لُوٹے ان کے باشندوں کو اپنا غلام بنائے اور انہیں اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرے۔ اس شرانگیز نظریہ کے باعث جنگ و جدال کا لامتناہی سلسلہ جاری رہا اور شرفِ انسانی کی قبا تہذیب و تمدن کے علمبرداروں کے ہاتھوں تار تار ہوتی رہی۔ یہ گمراہیاں صرف اس زمانہ میں ہی موجود نہ تھیں جنہیں ازمنۂ مظلمہ کہا جاتا ہے بلکہ آج بھی ان کی ہلاکت آفرینیوں سے انسانیت کی جبیں شرم کے مارے عرق آلود ہوتی رہتی ہے۔ بھارت جسے دنیا بھر میں سب سے بڑا جمہوری ملک ہونے کا دعویٰ ہے وہاں آج بھی طبقاتی امتیازات بُحوں کے تُوں قائم ہیں۔ بھارت کے طول و عرض میں اس بیسویں صدی میں بھی اچھوت نہ اعلیٰ ذات کے ہندوؤں کے مندروں میں جا کر پُوجا پاٹ کر سکتے ہیں اور نہ ہی ان کے کنوؤں سے پانی بھر سکتے ہیں۔ امریکہ میں بے شمار ایسے ہوٹل ہیں جن کے

اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۳﴾ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ۭ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ

بے شک اللہ تعالیٰ علیم (اور) خبیر ہے ۔ ٣٢ اعراب کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے ۔ آپ فرمائیے تم ایمان تو نہیں لائے البتہ یہ کہو کہ

قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاِنْ تُطِيْعُوا

ہم نے اطاعت اختیار کر لی ہے اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا ۔ اور اگر تم (سچے دل سے) اطاعت کرو گے

دروازوں پر جلی حروف میں لکھا ہوتا ہے: "ریڈ انڈین (وہاں کے اصل باشندے) اور کتے داخل نہیں ہو سکتے" سفید فام باشندوں کے سکول اور کالج تک مخصوص ہیں جہاں سیاہ فام حبشی تعلیم حاصل نہیں کر سکتے۔ اپنی قومی برتری کا یہ غرور تھا جس نے جرمن قوم میں ہٹلر کا رُوپ اختیار کیا اور کروڑوں انسانوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔

وطنیت، قوم، رنگ، نسل اور زبان کے بتوں کی پوجا آج بھی اسی زور شور سے ہو رہی ہے۔ اس مختصر سی آیت میں ان تمام بنیادوں کو منہدم کر کے رکھ دیا جن پر مختلف قوموں نے اپنی اپنی برتری اور شرافت کے ایوان تعمیر کر رکھے تھے۔

فرمایا اے لوگو! تم ایک ہی باپ اور ایک ہی ماں کی اولاد ہو تمہاری نسل کا سلسلہ اس ایک اصل سے جا کر ملتا ہے۔ تمہارا خالق بھی ایک ہے۔ تمہارا مادۂ تخلیق بھی یکساں ہے۔ تمہاری پیدائش کا طریقہ بھی ایک جیسا ہے۔ اتنی بڑی یکسانیتوں کے باوجود تمہارا ایک دوسرے پر برتری کا دعویٰ سراسر کم فہمی اور نادانی ہے۔ اولادِ آدم کا مختلف شعوب و قبائل میں بٹنا اس لیے نہیں کہ ایک قبیلہ دوسرے قبیلہ کو حقیر سمجھے اور اپنے آپ کو اشرف و اعلیٰ خیال کرے بلکہ اس لیے ہے کہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو اور باہمی معاملات میں گڑبڑ پیدا نہ ہو۔

الشعوب: رؤس القبائل مثل ربیعة، مضر، الاوس والخزرج۔

شعوب کا واحد شعب ہے۔ وہ ایسے اصل کو کہتے ہیں جس سے کئی قبیلے نکلتے ہوں۔ ان کی ترتیب یہ ہے:

شعب، قبیلہ، فصیلہ، عمارہ، بطن اور فخذ۔

٣٢ کسی خاندان میں پیدا ہونا، کسی زمین کا باشندہ ہونا اور چہرے کی کوئی خاص رنگت اس میں انسان کی اپنی کوشش اور سعی کا کوئی دخل نہ تھا اس لیے قرآن کریم نے اس کو وجہِ افتخار قرار نہ دیا البتہ ایک چیز ہے جس سے انسان کا مرتبہ دوسرے لوگوں سے برتر و اعلیٰ ہو جاتا ہے اور اس میں انسان کی ذاتی کوشش کا بھی دخل ہے اور وہ ہے تقویٰ۔

تقویٰ کی بنا پر جو معزز و محترم ہو گا وہ فخر و غرور سے یکسر پاک ہو گا اور ایسے شخص کا وجود نہ صرف اپنے ملک اور قوم کے لیے باعثِ خیر و برکت ہو گا بلکہ تمام نوعِ انسانی اس کے فیوض و برکات سے مستفیض ہوتی رہے گی۔ حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف مواقع پر بڑے اثر انگیز انداز میں اس حقیقت کو بیان فرمایا ہے۔ چند ارشاداتِ نبوی سماعت فرمائیے:

فتح مکہ کے دن حضور نے اپنی اونٹنی قصویٰ پر سوار ہو کر طواف کیا۔ مسجد لوگوں سے کھچا کھچ بھری ہوئی تھی۔ اونٹنی کے بیٹھنے کے لیے بھی جگہ نہ تھی۔ حضور لوگوں کے بازوؤں کا سہارا لے کر اونٹنی سے اترے۔ حضور نے خطبہ ارشاد فرمایا۔

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اللہ اور اس کے رسول کی تو وہ ذرا کمی نہیں کرے گا تمہارے اعمال میں ۲۸ بے شک اللہ تعالیٰ غفور

یاایہا الناس ان اللہ تعالیٰ قد اذہب عنکم عیبۃ الجاھلیۃ وتعظمہا باٰبائہا فالناس رجلان۔ رجل بر تقی کریم علی اللہ تعالیٰ ورجل فاجر۔ شقی ھین علی اللہ تعالیٰ۔ الناس کلھم بنو آدم وخلق اللہ آدم من تراب۔ (بیہقی شعب الایمان ترمذی)

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ کے لیے جس نے تم سے عہد جاہلیت کی خامیاں دور کر دیں اور تمہیں تکبر سے پاک کر دیا۔ اے لوگو! انسانوں کے بس دو ہی گروہ ہیں۔ ایک نیک متقی جو اللہ کے نزدیک محترم ہے۔ دوسرا بدکار، بدبخت جو اللہ کے نزدیک حقیر ہے۔ ورنہ سارے انسان آدم کی اولاد ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آدم کو مٹی سے پیدا فرمایا۔

حجۃ الوداع کے موقع پر حضورؐ نے خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا:

یاایہا الناس، الا ان ربکم واحد، لا فضل لعربی علی عجمی ولا لعجمی علی عربی، ولا لاسود علی احمر ولا لاحمر علی اسود الا بالتقوی۔ ان اکرمکم عند اللہ اتقکم۔ الا ھل بلغت؟ قالوا بلی یارسول اللہ قال فلیبلغ الشاھد الغائب۔ (بیہقی)

ترجمہ: اے لوگو! تمہارا رب ایک ہے۔ کسی عربی کو عجمی پر، کسی عجمی کو عربی پر کوئی فضیلت نہیں، نہ کسی کالے کو سُرخ پر اور نہ کسی سُرخ کو کالے پر برتری حاصل ہے بجز تقویٰ کے۔ اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ متقی ہوگا۔ لوگو! کیا میں نے اللہ کا حکم پہنچا دیا؟ سب نے یک زبان ہو کر کہا یارسول اللہ! بے شک آپ نے پہنچا دیا۔ فرمایا جو یہاں موجود ہیں وہ یہ حکم ان لوگوں تک پہنچا دیں جو یہاں موجود نہیں ہیں۔

کلکم بنو آدم وآدم خلق من تراب لینتھین قوم یفخرون باٰبائھم اولیکونن اھون علی اللہ من الجعلان (بزار)

ترجمہ: تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم کو مٹی سے پیدا کیا گیا تھا۔ لوگ اپنے باپ دادا پر فخر کرنے سے باز آ جائیں ورنہ وہ اللہ کے نزدیک گوبر کے کالے کیڑے سے بھی حقیر و ذلیل ہوں گے۔

ان اللہ لا یسئلکم عن احسابکم ولا عن انسابکم یوم القیامۃ، ان اکرمکم عند اللہ اتقکم (تفسیر ابن جریر)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ روزِ محشر تم سے تمہارے حسب و نسب کے بارے میں باز پرس نہیں کرے گا۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم میں سے زیادہ محترم وہ ہوگا جو زیادہ متقی ہوگا۔

ان اللہ لا ینظر الی صورکم واموالکم ولکن ینظر الی قلوبکم واعمالکم۔ (مسلم)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تمہاری شکلوں اور مالوں کی طرف نہیں دیکھتا بلکہ وہ تمہارے عملوں کی طرف دیکھتا ہے۔

قرآن کریم کی اس تعلیم اور نبی کریم کے ان ارشادات کا اعجاز تھا کہ ایک ایسی اُمت معرضِ وجود میں آگئی جن کے نزدیک عظمت و بزرگی کا معیار فقط التقویٰ اور پارسائی تھی۔ باقی تمام جھوٹے امتیازات مٹ گئے۔ فخر و مباہات کے جملہ اسباب کا قلع قمع ہو گیا۔

۲۸ قبیلہ بنو اسد کے لوگ ایک سال قحط کا شکار ہوئے۔ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر زبان سے اسلام کا اقرار کیا لیکن ان

رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا

رحیم ہے۔ (کامل) ایماندار تو وہی ہیں جو ایمان لے آئے اللہ اور اس کے رسول پر پھر (اس میں) کبھی شک نہیں کیا

وَ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

اور جہاد کرتے رہے اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ساتھ اللہ کی راہ میں ۲۹ یہی لوگ

الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۵﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

راستباز ہیں۔ آپ فرمایئے کیا تم آگاہ کرتے ہو اللہ کو اپنے دین سے۔ حالانکہ اللہ جانتا ہے ہر اس چیز کو جو آسمانوں میں

کے دل نورِ ایمان سے محروم تھے۔ انہوں نے مدینہ کے راستوں کو غلاظت سے بھر دیا۔ وہ حضور کی خدمت میں آکر عرض کرتے کہ ہم اپنے بال بچے لے کر آپ کے پاس آگئے ہیں۔ دوسرے قبائل کی طرح ہم نے آپ کے ساتھ جنگ نہیں کی۔ اس لیے آپ ہمیں ہماری ضروریات مہیا فرمایئے۔ اس طرح وہ حضور پر اپنا احسان جتلاتے۔ ان کے علاوہ اور بھی کئی قبائل مزینہ، جہینہ اور اسلم تھے جو احسان جتلانے کے لیے ایسی باتیں کرتے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو حکم دیا کہ انہیں فرمائیں تمہارے دلوں نے ایمان قبول نہیں کیا۔ تم تو فقط دنیوی مفاد حاصل کرنے کے لیے اور قتل و اسیری سے بچنے کے لیے مسلمانوں کے زمرہ میں شامل ہو گئے ہو۔ اگر تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کو اپنا شعار بنا لو گے تو تمہیں تمہارے اعمال کا پورا پورا اجر دیا جائے گا۔

لَاتَه: نقصه۔ کسی چیز میں کمی کرنا۔

۲۹ اعراب بنی اسد اپنے آپ کو زبانی اقرار کے بعد مسلمان خیال کرتے تھے۔ اس آیت میں سچے مومن کی وضاحت کر دی کہ ہر شخص جو اپنے آپ کو مسلمانوں کے گروہ میں شامل کر لے مومن کہلانے کا مستحق نہیں بلکہ اس کے لیے ضروری ہے کہ اس کا دل ہر شک اور شبہ سے پاک ہو اور حب اسلام کی سربلندی کے لیے مال اور جان قربان کرنے کا موقع آئے تو وہ بلا تامل ہر چیز بخوشی قربان کر دے۔

اس آیت سے بعض لوگ اس غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں کہ قرآن کی اصطلاح میں ایمان اور اسلام دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ مومن وہ کہلاتا ہے جس کا دل نورِ ایمان سے منور ہو اور مسلمان اسے کہتے ہیں جو بظاہر مطیع اور فرمانبردار ہو اگرچہ اس کا دل ایمان سے محروم ہو۔ ایسا سمجھنا کم فہمی کی دلیل ہے۔ قرآن کریم کی بیشتر آیتیں ہیں جو اس کی تردید کرتی ہیں۔

ارشاد ہے:

ان الدين عند الله الاسلام۔ یقیناً اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقبول دین صرف اسلام ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے متعلق ہے۔ ماکان ابراھیم یھودیا ولا نصرانیا ولکن کان حنیفا مسلما۔ حضرت ابراہیم نہ یہودی تھے نہ عیسائی، بلکہ یکسر اللہ کی طرف مائل ہونے والے مسلم تھے۔

وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿۱۶﴾ يَمُنُّونَ عَلَيْكَ أَنْ

اور جو زمین میں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جاننے والا ہے۔ وہ احسان جتلاتے ہیں آپ پر کہ وہ اسلام

أَسْلَمُوا ۖ قُلْ لَا تَمُنُّوا عَلَيَّ إِسْلَامَكُمْ ۖ بَلِ اللَّهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ أَنْ

لے آئے۔ فرمائیے مجھ پر مت احسان جتلاؤ اپنے اسلام کا۔ بلکہ اللہ نے احسان فرمایا ہے تم پر کہ

هَدَاكُمْ لِلْإِيمَانِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿۱۷﴾ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ غَيْبَ

تمہیں ایمان کی ہدایت بخشی ؁۳۰ اگر تم (اپنے ایمان کے دعویٰ میں) سچے ہو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ آسمانوں اور

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ پاک کے متعلق ارشاد ہے:

قل انی أمرت ان اکون اول من اسلم۔

آپ فرمائیے مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سب سے پہلے اسلام لے آؤں۔

؁۳۰ عرب کے بعض بادیہ نشین قبائل اسلام قبول کرتے اور پھر آ کر احسان جتلاتے کہ دیکھو ہم نے اپنا آبائی دین ترک کر دیا ہے اور آپ کا دین قبول کر لیا ہے۔ ہم نے غیر مسلم قبائل سے اپنے دیرینہ تعلقات آپ کی خاطر توڑ لیے ہیں۔ ہمیں اناج کی ضرورت ہے وہ دو۔ ہمارے پاس سواری کے لیے جانور نہیں ہیں وہ مہیا کرو۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ان کی اس غلط فہمی کو دور کر دیا کہ تمہارا احسان نہیں کہ تم نے اسلام قبول کیا بلکہ یہ تو تم پر اللہ تعالیٰ نے احسان فرمایا کہ تمہیں اسلام قبول کرنے کی توفیق مرحمت فرمائی۔ اگر وہ تمہیں قبولِ حق کی توفیق نہ بخشتا تو تم اس نعمتِ عظمیٰ سے محروم ہی رہتے۔ کفر پر مرتے اور جہنم رسید ہوتے احسان نہ جتلاؤ بلکہ اپنے رب کے اس فضل و کرم پر سجدہ ہائے شکر بجا لاؤ کہ آج تمہارا شمار غلامانِ مصطفیٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء میں ہو رہا ہے۔

دانائے شیراز علیہ الرحمۃ نے اس کی خوب تفسیر فرمائی ہے۔

شکر خدائے کن کہ موفق شدی بخیر — ز انعام و فضل او نہ معطل گزاشتت
منت منہ کہ خدمتِ سلطاں ہمی کنی — منت شناس ازو کہ بخدمت بداشتت

یعنی خداوند کریم کا شکر ادا کر کہ اس نے تجھے نیکی کی توفیق دی ہے۔

اور اس نے تجھے اپنے انعام و احسان سے محروم نہیں رکھا۔

یہ احسان مت جتلا کہ تو بادشاہ کی خدمت کر رہا ہے۔

بلکہ اس کا احسان سمجھ کہ اس نے تجھے اپنی خدمت کا موقع دیا ہے۔

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾

زمین کے سب پوشیدہ بھیدوں کو خوب جانتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ خوب دیکھ رہا ہے جو تم کرتے ہو ۳۱

۳۱ اے بندے! تیرا معاملہ اس خدا سے ہے جس کا علم کائنات کے ذرہ ذرہ کو محیط ہے۔ آسمانوں اور زمینوں کی بیکراں وسعتوں میں کوئی چیز بھی تو ایسی نہیں جو اس سے مخفی ہو۔ فراز عرش سے لے کر قعر زمین تک جب ہر چیز اس کے سامنے عیاں ہے تو تیرے دل کی مختصر سی دنیا کا کوئی گوشہ اس سے پوشیدہ رہ سکتا ہے؟ ایسے علیم و بصیر کے ساتھ معاملہ کی بنیاد مکر و نفاق پر جو رکھتا ہے وہ پرلے درجہ کا احمق ہے۔ دانا اور خوش بخت وہ ہے جس کا ظاہر و باطن یکساں ہے۔ جس کی زبان بھی اس کے ذکر میں مشغول اور اس کا دل بھی اس کی یاد سے معمور رہتا ہے۔ جس کا بدن بھی اس کا فرمانبردار اور جس کی روح بھی اس کی بندگی پر نازاں اور شاداں رہتی ہے۔

○

اللّٰھم انی عبدك وابن عبدك وابن امتك ناصیتی بیدك ماض فی حکمك و عدل فی قضاءك اسئلك بكل اسم ھولك سمیت به نفسك وانزلته فی کتابك اوعلمته احدًا من خلقك اواستاثرت به فی علم عندك ان تجعل القرآن العظیم ربیع قلبی ونور صدری وجلاء حزنی وذھاب ھمی وغمی۔

اللّٰھم مننت علی عبدك البائس المسکین فوفقته لخدمة کتابك المبین وتقبل منه انك انت السمیع العلیم۔

اللّٰھم صل وسلم وبارك علی حبیبك وصفیك ونبیك سیدی ومولائی محمد وعلی اٰله واصحابه من الصلوٰة ازکٰھا ومن التسلیمات اسنٰھا ومن البرکات اوفٰھا وارزقنا حبه واتباعه وشفاعته واحشرنا تحت قدمیه الطیبتین یا رب المشرقین والمغربین۔

○

تعارف
سُورۃ قٓ

نام : اس کا نام سورہ قٓ ہے جو پہلی آیت کا پہلا حرف ہے۔ اس کے تین رکوع اور پینتالیس آیات ہیں۔ یہ تین سو ستاون کلمات اور ایک ہزار چار سو چورانوے حروف پر مشتمل ہے۔

زمانۂ نزول : اگرچہ کسی مستند روایت سے اس کا سالِ نزول متعین نہیں ہوتا، لیکن اس کے مضامین میں غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ان سورتوں میں سے ہے جو مکی عہد کے درمیانی زمانے میں نازل ہوئیں جبکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کھل کر اسلام کی تبلیغ شروع کر دی تھی۔ سعادتمند روحیں دوڑ کر اس دعوت کو قبول کرنے لگی تھیں۔ مکہ کے کافر معاشرے میں ایک ہلچل پیدا ہوگئی تھی اور انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ناکام بنانے کے لیے طعن وتشنیع کے تیر برسانے شروع کر دیے تھے۔

مضامین : اہلِ عرب کے لیے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ساری دعوت ایسی تھی جس نے انہیں ورطۂ حیرت میں ڈال دیا تھا، لیکن اس بات کو تو وہ ماننے کے لیے قطعاً تیار نہ تھے کہ مرنے کے بعد انہیں پھر زندہ کر دیا جائے گا۔ ان کے پراگندہ اجزا اور منتشر ذروں کو پھر جوڑ دیا جائے گا۔ یہ چیز ان کے نزدیک ناممکن بھی تھی اور خلافِ عقل بھی، اس لیے وہ برملا کہتے تھے کہ ہم آپ کی یہ بات ماننے کے لیے کسی قیمت پر تیار نہیں۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ بے شک یہ کام ازحد دشوار اور ازبس مشکل ہے بکھرے ہوئے ذرے جنہیں ہوا کے جھونکے کہاں کہاں اڑا کر پھینک آئے، ان کو اکٹھا کرنا تمہارے بس کی بات نہیں، کیونکہ تمہارا علم ناتمام اور قدرت محدود ہے، لیکن اس ذات کے لیے اس میں ذرا بھی دشواری نہیں جس کا علم کائنات کے ذرے ذرے کو اور یہاں رونما ہونے والی معمولی تبدیلیوں کو بھی جانتا ہے، جس نے ان کا مکمل ریکارڈ تیار کر رکھا ہے۔ اگر تم اللہ تعالیٰ کی بے پایاں قدرت کو جاننا چاہتے ہو، تو عالمِ بالا کی بے پایاں اور وسیع پہنائیوں کو دیکھو اور اگر اس کی کمالِ حکمت کا اندازہ لگانا چاہتے ہو، تو اس وسیع وعریض اور پیچیدہ عالم میں جو بے نظیر نظم وضبط اور ہم آہنگی پائی جاتی ہے اس میں غور کرو، تمہیں یقین آجائے گا کہ ایسی ہستی کے لیے انسان کو موت کی نیند سلانا اور پھر اس کو عرصۂ دراز کے بعد وقتِ مقررہ پر زندہ کر دینا قطعاً مشکل نہیں۔

جی چاہتا ہے کہ اختصار کے ساتھ عالمِ بالا کی بیکراں وسعتوں کا تذکرہ کر دوں تاکہ قدرتِ خداوندی کی عظمتوں کا قارئین کو کچھ تصور ہو جائے۔

جدید ماہرینِ فلکیات کی تحقیقات کے مطابق یہ نظامِ شمسی جس میں ہمارا کرۂ زمین بھی ہے' یہ ایک کہکشاں کا (GALAXY) حصہ ہے۔ اس ایک کہکشاں میں ایک لاکھ ملین[1] ستارے موجود ہیں۔ اس کہکشاں کا قطر دس لاکھ نوری سال ہے' اس کی موٹائی دس ہزار نوری سال[2] ہے۔ سورج کہکشاں کے مرکز سے پچیس یا تیس ہزار نوری سال دور ہے۔ سائنسدان تسلیم کرتے ہیں کہ کائنات کی وسعتوں کا اندازہ لگانا ان کے امکان سے خارج ہے۔ ابھی تک انہوں نے کائنات کے ایک حقیر سے حصہ کا مشاہدہ کیا ہے لیکن یہ مختصر حصہ بھی اتنا ہے کہ اگر کوئی شخص روشنی کی رفتار (ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل فی سیکنڈ) سے سفر کرے تو اس کی سرحد تک پہنچنے کے لیے اسے چھ ہزار ملین سال درکار ہوں گے۔

یہ کہکشاں جس سے ہمارا تعلق ہے نسبتاً چھوٹی ہے۔ اس کے علاوہ ہزاروں ملین چھوٹی بڑی کہکشائیں ہیں۔ اس چھوٹی کی وسعت کا اندازہ لگائیے کہ زمین سے چاند دو لاکھ چالیس ہزار میل دور ہے' سورج زمین سے ساڑھے نو کروڑ میل دور ہے۔ اس کا قطر آٹھ لاکھ پینسٹھ ہزار میل ہے اور وہ زمین سے بارہ لاکھ گنا بڑا ہے۔

آسمان اور زمین کی وسعتوں کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا: تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ۔ کاش! وہ امت جو حامل قرآن ہے' وہ نوجوان جو غلامیٔ مصطفےٰ کا دم بھرتے ہیں' وہ اہلِ علم طلبہ اور اساتذہ خوابِ خرگوش سے بیدار ہوں' تحقیق و تجسس کو اپنا شعار بنائیں' اسرارِ قدرت کی نقاب کشائی میں ہمتِ مردانہ کا ثبوت دیں تو ملتِ اسلامیہ کا مقدر چمک اٹھے' ادبار و انحطاط کا چکر ختم ہو جائے۔

منکرینِ قیامت کو تنبیہ فرمائی کہ جس سرکشی اور ہٹ دھرمی کا تم مظاہرہ کر رہے ہو' اس سے پہلے بھی چند قوموں نے یہی طریقہ اپنایا تھا' انجام کار وہ تباہ کر دی گئیں۔ کیا تم بھی اپنا یہی انجام دیکھنا چاہتے ہو؟

اس حقیقت کی وضاحت بھی کر دی کہ اللہ تعالیٰ بندوں سے دور نہیں' بلکہ ان کی شہ رگ سے بھی وہ زیادہ ان کے قریب ہے۔ کسی کی کوئی حرکت نہ اللہ تعالیٰ سے مخفی ہے اور نہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے قابو سے باہر ہے۔ بایں ہمہ دو فرشتے دائیں بائیں تمہارے ساتھ مقرر کر دیے گئے ہیں جو تمہارے اقوال و اعمال کا ریکارڈ تیار کر رہے ہیں۔

سورت کے اختتام سے پہلے فرمایا اے حبیب! آپ ان لوگوں کی یاوہ گوئیوں اور ہرزہ سرائیوں سے رنجیدہ خاطر نہ ہوا کریں' بلکہ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہیں۔ صبح و شام ہر وقت میرا ذکر اور میری تسبیح کرتے رہیں۔ یقیناً کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

---

[1] ملین: دس لاکھ کو ایک ملین کہتے ہیں۔

[2] نوری سال سمجھنے کے لیے یہ خیال فرمائیے کہ روشنی ایک سیکنڈ میں ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل سفر طے کرتی ہے۔ اس کو ساٹھ سے ضرب دیجئے پھر حاصل ضرب کو ساٹھ سے پھر حاصل ضرب کو چوبیس سے۔ یہ حاصل ضرب ایک نوری دن ہو گا۔ پھر دنوں کے مہینے اور مہینوں کے سال بنا لیجئے۔ اس عرصہ میں جتنی مسافت طے ہو گی اسے ایک نوری سال کہیں گے۔

۱۸۶۰۰۰ × ۶۰ × ۶۰ × ۲۴ = ۱۶،۰۷،۰۴،۰۰،۰۰۰ یعنی سولہ ارب سات کروڑ چار لاکھ میل (ایک دن میں)

سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّ اَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ قٓ مکی ہے اور اس کی پینتالیس آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ① بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ

قاف [۱] قسم ہے قرآن مجید کی (کہ میرا رسول سچا ہے) [۲] مگر یہ (نادان) حیران ہیں اس بات پر کہ آیا ہے ان کے پاس ڈرانے والا ان میں

[۱] یہ حروفِ مقطعات میں سے ہے۔ بعض علماء کے نزدیک یہ اس سورت کا نام ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے ان اسمائے حسنیٰ کی کنجی ہے جن کی ابتدا میں ق ہے۔ مثلاً القدیر، القادر، القہار وغیرہ۔

علامہ پانی پتی لکھتے ہیں والحق انه رمز بین الله و رسوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم کہ حق یہ ہے کہ یہ اللہ اور اس کے رسول کے درمیان ایک رمز ہے جسے بعض راسخین فی العلم بھی جانتے ہیں۔

علامہ اسمٰعیل حقی لکھتے ہیں قال ابن عطا اقسم الله بقوة قلب حبيبه محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حيث تحمل الخطاب والمشاهدة ولم يؤثر ذلك فيه لعلو حاله (روح البیان)

یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم کے دل کی قوت کی قسم کھائی ہے کہ عینِ حق کا مشاہدہ بھی کیا اور شرفِ تکلم بھی حاصل ہوا لیکن کلیم کی طرح ایک تجلی صفت سے غش کھا کر گر نہیں پڑے۔

بعض کتب میں لکھا ہے کہ ق سے مراد ایک پہاڑ (کوہِ قاف) ہے جو ساری زمین کو گھیرے ہے۔ وہ زبرجد کا بنا ہوا ہے۔ آسمان کی نیلاہٹ اسی زبرجد کا عکس ہے وغیرہ وغیرہ۔ علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں کہ یہ اسرائیلی خرافات ہیں جو مسلمانوں نے علماء اہل کتاب سے سنیں اور بغیر تحقیق اپنی کتب میں لکھ دیں بلکہ ان میں سے بعض جو زندیق تھے انھوں نے ایسی روایتیں گھڑیں تاکہ لوگوں کو دینِ حق سے بدگمان کیا جائے۔

وعندی ان هٰذا وامثاله واشباهه من اختلاق بعض زنادقتهم۔ اسی ضمن میں حضرت ابن عباس سے جو اثر منقول ہے اس کے بارے میں علامہ موصوف لکھتے ہیں لا يصح سنده عن ابن عباس کہ حضرت ابن عباس سے اس کی سند صحیح نہیں ہے۔ (ابن کثیر)

صاحب روح المعانی نے بھی اس قول کی تردید کی ہے۔

[۲] اللہ تعالیٰ قرآن مجید کی قسم اٹھا رہے ہیں کہ میرا محبوب میرا سچا رسول ہے۔ صاحب لسان العرب لکھتے ہیں کہ جب مجید قرآن کی صفت ہو تو اس کا معنی ہوتا ہے الرفيع العالي: عالی شان، بلند مرتبہ۔ علامہ راغب کہتے ہیں کہ قرآن کریم چونکہ مکارم دنیوی اور

فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ

تو کہنے لگے کفار کہ یہ تو بڑی عجیب و غریب بات ہے ۳؎ وہ کہتے ہیں کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی ہو جائیں گے

ذٰلِكَ رَجْعٌ بَعِيْدٌ ۝ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَ

(تو پھر زندہ کیے جائیں گے) یہ واپسی تو (عقل سے) بعید ہے ۴؎ ہم خوب جانتے ہیں جو زمین ان کے جسموں سے گھٹاتی ہے اور

عِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ

ہمارے پاس ایک کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہے ۵؎ بلکہ انہوں نے جھٹلایا دین حق کو جب وہ ان کے پاس آیا پس

اُخروی کو شامل ہے اس لیے مجید کہا گیا۔ فوصفہ بذالک لکثرۃ ما یتضمن من المکارم الدنیویۃ والاخرویۃ (مفردات امام راغب)

۳؎ چاہیے تو یہ تھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت پر وہ لوگ اللہ تعالیٰ کا شکر بجا لاتے کہ اس نے ان کی طرف ایک راہبر بھیجا ہے اور مزید کرم یہ فرمایا ہے کہ وہ ان کا ہم قوم اور ہم وطن ہے اور وہ اس کی سیرت و کردار سے پوری طرح آگاہ ہیں لیکن یہ عجیب الٹی کھوپڑی کے لوگ ہیں۔ انہیں اگر اعتراض ہے تو اس پر کہ ان میں سے ایک آدمی کو منصب نبوت پر کیوں فائز کر دیا گیا۔ اگر کسی ہادی کو آنا ہی تھا تو کسی غیر ملک سے آتا بلکہ نوع انسانی کے بجائے جن یا فرشتہ ہوتا تاکہ وہ اس کی عظمت کو پہچان سکتے اور اس پر ایمان لاتے۔

۴؎ کفار کہتے کہ پہلے تو یہ بات ہی بڑی حیرت انگیز ہے کہ ایک انسان نبی بن کر آنے کا دعویٰ کر رہا ہے لیکن اس سے بھی زیادہ عقل کو سراسیمہ کرنے والی بات یہ ہے جو وہ ہمیں بتا رہا ہے کہ مرنے کے بعد تمہیں دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔ یہ ایسی بات ہے جو بعید از امکان ہے۔ اسے عقل تسلیم کرنے کے لیے قطعاً تیار نہیں۔ ایسی انہونی اور ناقابل فہم باتیں کرنے والا نبوت کا مدعی ہو، بڑی حیرت انگیز بات ہے اور ہم جیسے دانشوروں سے وہ یہ توقع رکھے کہ ہم اس پر ایمان لائیں گے، یہ بات پہلی سے بھی زیادہ حیرت انگیز ہے۔

۵؎ وقوع قیامت پر انہیں اعتراض یہ تھا کہ جب مردہ کو زمین میں دفن کیا جاتا ہے تو زمین اس کے گوشت پوست اور ہڈیوں کو کھا جاتی ہے۔ پھر وہ مٹی غبار بن کر کہیں سے کہیں پہنچ جاتی ہے۔ ان منتشر ذروں کو یکجا کرنا ناممکن ہے۔ ان کے اس شبہ کا ازالہ کیا جا رہا ہے کہ زمین میت کے جس جس جزو کو کھاتی ہے اللہ تعالیٰ کو اس کا تفصیلی علم ہے۔ بلکہ اس کے پاس تو ایسی جامع کتاب ہے جس میں کائنات علوی و سفلی میں ہر لحظہ رونما ہونے والی ساری تبدیلیوں کا ریکارڈ محفوظ ہے، تو وہ ذات جس کا علم ہر چیز کو اور اس میں رونما ہونے والے ہر تغیر کو محیط ہے اور جو عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ کی صفت سے موصوف ہے۔ اس کے لیے تو مردوں کو از سر نو زندہ کرنا کوئی مشکل نہیں۔

اس آیت کے ضمن میں علامہ قرطبی لکھتے ہیں وثبت ان الانبیاء والاولیاء والشہداء لا تاکل الارض اجسادہم

فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ۝٥ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَ

(اس وجہ سے وہ) بڑی الجھن میں پھنس گئے ہیں ؎ کیا انہوں نے نہیں دیکھا آسمان کی طرف جو ان کے اوپر ہے ہم نے اسے کس طرح بنایا ہے

زَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۝٦ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا

اور اسے کیسے آراستہ کیا ہے اور اس میں کوئی شگاف نہیں ؎ اور زمین کو ہم نے پھیلا دیا اور جمادیے اس پر

یعنی یہ ایک مسلمہ بات ہے کہ انبیاء، اولیاء اور شہداء کے جسموں کو زمین نہیں کھاتی۔ اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ ان کے جسموں کو کھائے۔ علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ ہم نے اس مسئلہ کو اپنی کتاب "التذکرہ" میں بڑی وضاحت کے ساتھ لکھا ہے۔

؎ وہ نبی کریم کی بعثت پر حیرت اور آپ کی تعلیمات کو فقط بعید از قیاس کہنے پر اکتفا نہیں کر رہے بلکہ انہوں نے تو اس حق کو سراسر جھوٹ کا پلندہ کہنے کی رٹ لگا رکھی ہے۔ کہتے ہیں (معاذ اللہ) یہ جھوٹا ہے، اس کی لائی ہوئی کتاب جھوٹی ہے، اس کے پیش کیے ہوئے عقائد غلط ہیں۔ لیکن تکذیب حق کے بعد کیا ان کے دلوں کو قرار نصیب ہے۔ کیا ان کے ذہنوں نے ان کی اس بات کو درست تسلیم کر لیا ہے۔ نہیں، ہرگز نہیں! اس تکذیب کی وجہ سے تو ان کا ذہنی سکون برباد ہو گیا ہے۔ ان کے دل مضطرب اور بے چین ہیں۔ انہیں کسی پہلو قرار نہیں۔ کسی ایک بات پر ان کے قدم نہیں جمتے۔ کبھی کہتے ہیں یہ جادوگر ہے۔ کبھی اسے شاعر کہتے ہیں، کبھی اسے دیوانہ بتلاتے ہیں اور کبھی اس پر افترا باز ہونے کا الزام لگاتے ہیں۔ واقعی جو حق کا انکار کرتا ہے اس سے سکون و قرار چھین لیا جاتا ہے۔ عمر بھر قلق و اضطراب کی موجیں اسے تنکوں کی طرح اٹھا کر دائیں بائیں پھینکتی رہتی ہیں۔ آیت کے آخر میں مریج کا لفظ غور طلب ہے۔ علامہ قرطبی اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں اصل المرج: الاضطراب والقلق۔

؎ کفار کو مرنے کے بعد جی اُٹھنے کے منکر تھے اور اس انکار پر انہیں شدید اصرار تھا۔ ان چند آیات میں ان کے اس انکار کی بیخ کنی کی جا رہی ہے۔ مُردوں کو دوبارہ زندہ کرنے کا دعویٰ اگر کسی ایسی ہستی نے کیا ہوتا جو کمزور، بے بس اور ناتواں ہے تو اس دعویٰ کے انکار کا تمہیں حق پہنچتا تھا لیکن یہ دعویٰ جس ہستی نے کیا ہے، بلندیاں اور پستیاں سب اس کے زیر فرمان ہیں۔ ذرا آنکھ اٹھا کر اُوپر دیکھو تمہیں کیا نظر آ رہا ہے۔ نیلگوں بے کراں آسمان ہے جس میں مہر و ماہ اور ان گنت ستارے جگمگا رہے ہیں۔ انہیں بنے ہوئے لاکھوں سال گزر چکے ہیں۔ کیا ان میں بوسیدگی اور کہنگی کے کہیں کوئی آثار تمہیں نظر آ رہے ہیں۔ ان کے معمولات میں کبھی ایک لمحہ کا تقدم و تاخر ہوا ہے۔ جدید سائنسی آلات کے ذریعے فضا میں جو نئے انکشافات ہوئے ہیں ان کے مطالعہ سے عالم بالا کی وسعتوں کا تصور کر کے ہی انسان اللہ تعالیٰ کی کبریائی کے سامنے تصویر حیرت بن کر رہ جاتا ہے۔

رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ﴿۷﴾ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى

بڑے بڑے پہاڑ ۸ اور اگادی ہیں اس میں ہر قسم کی رونق افزا چیزیں۔ یہ آثار قدرت بصیرت افروز اور یاد دہانی ہیں

لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿۸﴾ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ

ہر اس بندے کے لیے جو اپنے رب کی طرف مائل ہے ۹ اور ہم نے اتارا آسمان سے برکت والا پانی ۱۰ پس ہم نے اگائے اس سے

جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ﴿۹﴾ وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ﴿۱۰﴾ رِّزْقًا

باغات اور اناج جس کا کھیت کاٹا جاتا ہے۔ اور کھجور کے لمبے لمبے درخت جن کے گچھے پھل سے اٹے ہوتے ہیں، بندوں کی

لِّلْعِبَادِ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ﴿۱۱﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

روزی کے لیے اور ہم نے زندہ کر دیا اس پانی سے مردہ شہر یونہی (روز محشر ان کا) نکلنا ہو گا ۱۱ (حق کو) جھٹلایا تھا ان (اہل مکہ)

۸ ذرا اس کرۂ زمین کی طرف چشم ہوش سے دیکھو یہ کتنا وسیع اور کشادہ ہے۔ قدرت والے نے کس طرح اس کو دور دور تک پھیلا دیا ہے۔ کس شان سے اونچے اونچے پہاڑ یہاں نصب کر دیے ہیں۔ زمین کی مٹی میں روئیدگی کی بے پناہ قوت کس حکمت سے ودیعت کر دی ہے۔ ہر قسم کے درخت، پھل، پودے، پھول، اناج، جڑی بوٹیاں اپنی اپنی بہار دکھا رہی ہیں۔ اگر تم کائنات کی رنگینیوں پر نگاہ ڈالو تو تمہیں تسلیم کرنا پڑے گا کہ جس قادر و قیوم نے یہ جہان بنایا اور اسے بسایا ہے اس کی قدرت کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ اب تم ہی بتاؤ کہ اگر یہ قادر و قیوم مرنے کے بعد تمہیں زندہ کر دے تو کیا یہ بعید از قیاس ہے؟ کیا تم اسے عقل کے خلاف کہو گے؟ آیت کے چند الفاظ کی لغوی تحقیق ملاحظہ ہو۔ رواسی جمع ہے راسی کی جس کا معنی ہے پہاڑ۔ زوج کا معنی یہاں جوڑا نہیں بلکہ نوع ہے۔ ای من کل نوع من النبات۔ بھیج: تر و تازہ، شگفتہ، دلوں کو لبھانے والی۔

۹ کائنات کی ہر چیز پکار پکار کر اپنے خالق کی عظمت و کبریائی کی شہادت دے رہی ہے۔ لیکن یہ آواز فقط وہی لوگ سن سکتے ہیں جو آثار قدرت میں غور و تدبر کرنے کے خوگر ہوتے ہیں۔

۱۰ اس آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ تم وقوع قیامت کو بعید از قیاس کہتے ہو حالانکہ اس کا مشاہدہ تم بار بار اپنی آنکھوں سے کرتے ہو۔ قحط سالی کے دوران میں گھاس، جڑی بوٹیاں، تناور درخت سوکھ جاتے ہیں۔ ان میں نباتاتی زندگی کا شائبہ تک باقی نہیں رہتا لیکن جب بادل گھر کر آتے ہیں اور بارش برساتے ہیں تو ہر سو سبزہ ہی سبزہ ہو جاتا ہے۔ روئیدگی کی خفتہ صلاحیتیں یک دم بیدار ہو جاتی ہیں۔ نئی نئی کونپلیں، تر و تازہ ٹہنیاں، ان پر مسکراتی ہوئی کلیاں اور مہکتے ہوئے پھول دل لبھانے لگتے ہیں۔ جس ذات نے مینہ برسا کر مردہ زمین سے شاداب مرغزار اور پر بہار کھیت اگا دیے ہیں کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ تمہیں مارنے کے بعد دوبارہ زندہ کر دے۔

۱۱ یہ فرما کر تمام شکوک و شبہات کا ازالہ فرما دیا۔ ان آیات میں جو مشکل الفاظ ہیں ان کی تشریح کئی بار پہلے گزر چکی ہے۔

قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ﴿۱۲﴾ وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ

سے پہلے قوم نوح، اہل رس اور ثمود نے۔ اور (جھٹلایا تھا) عاد، فرعون اور قوم

لُوْطٍ ﴿۱۳﴾ وَّاَصْحٰبُ الْاَیْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ؕ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ

لوط نے۔ نیز ایکہ کے باشندوں اور تبع کی قوم نے۔ ان سب نے جھٹلایا تھا رسولوں کو پس پورا ہو گیا ہمارا عذاب

وَعِیْدِ ﴿۱۴﴾ اَفَعَیِیْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ بَلْ هُمْ فِیْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ

کا وعدہ ۱۲ تو کیا ہم تھک گئے ہیں پہلی مرتبہ مخلوق کو پیدا کر کے ایسا نہیں ۱۳ بلکہ یہ (کفار) از سر نو پیدا ہونے کے بارے میں شک

جَدِیْدٍ ﴿۱۵﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ

میں ہیں ۱۴ اور بلاشبہ ہم نے ہی انسان کو پیدا کیا ہے اور ہم (خوب) جانتے ہیں اس کا نفس جو وسوسے ڈالتا ہے۔

ع ۱ ۱۵

۱۲ ان آیات میں جن قوموں کا ذکر کیا جا رہا ہے ان کے تفصیلی حالات پہلے گزر چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تسلی دے رہے ہیں کہ پہلے بھی انبیاء کو ان کی امتوں نے جھٹلایا تھا۔ اس کے باوجود وہ اپنی رسالت کی ذمہ داریوں کو ادا کرتے رہے۔ مشکل ترین حالات میں بھی صبر کا دامن کبھی نہیں چھوڑا۔ اے میرے نبی! آپ بھی ان کفار کی تکلیف سے پریشان نہ ہوں، اپنا فرض ادا کرنے میں مصروف رہیں۔

نیز کفار کو بھی ڈرایا جا رہا ہے کہ ان قوموں کا انجام تمہارے سامنے ہے۔ تمہارے تجارتی قافلے اکثر ان علاقوں سے گزرتے ہیں۔ کیا ان ویران کھنڈروں کو دیکھ کر تمہیں عبرت حاصل نہیں ہوتی۔ تم نے کبھی نہیں سوچا کہ یہ خوبصورت بستیاں کیوں اجڑ گئیں۔ ان عالی شان محلوں میں آج الو کیوں بول رہے ہیں؟ ذرا غور کرو یہ ان لوگوں کے ٹھکانے ہیں جنہوں نے اپنے انبیاء کی تکذیب کی۔ جب انہوں نے اپنی اپنی قوم کو قیامت کے روز جواب دہی کا خوف دلا کر فسق و فجور اور فتنہ و فساد سے باز آنے کی تلقین کی تو انہوں نے بھی قیامت کے تصور کو غلط اور محال قرار دیا اور ہر قسم کے محاسبہ سے بے خوف ہو کر گناہوں کی زندگی بسر کرتے رہے۔ یہاں تک کہ عذاب الٰہی نے ان کو نیست و نابود کر کے رکھ دیا۔ اے اہل مکہ! سوچ بچار کے لیے جو مہلت تمہیں دی گئی ہے اگر تم نے اسے ضائع کر دیا تو پھر ایسا عذاب آئے گا جو تمہیں پیس کر رکھ دے گا۔

۱۳ اے اہل مکہ! تم سمجھتے ہو کہ ان گنت اور بے شمار انسانوں کو دوبارہ زندہ کرنا بڑا ہی مشکل کام ہے۔ کیا ہم آسمان و زمین کا یہ وسیع و عریض اور پیچیدہ نظام پیدا کرنے کے بعد تھک گئے ہیں؟ اب ہم میں یہ سکت نہیں رہی کہ تمہیں از سر نو زندہ کر سکیں؟ تم بچوں کی طرح کیسی بہکی بہکی باتیں کر رہے ہو۔

۱۴ وقوع قیامت پر ناقابل تردید دلائل پیش کیے جا چکے ہیں۔ کفار میں نہ تو یہ سکت ہے کہ وہ ان کی تردید کر سکیں نہ ان میں

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ⑯ اِذْ یَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّیٰنِ عَنِ

اور ہم اس سے شہ رگ سے بھی زیادہ نزدیک ہیں ۱۵؎ جب اس کے اعمال کو لیتے ہیں دو لینے والے ان میں سے ایک

الْیَمِیْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِیْدٌ ⑰ مَا یَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَیْهِ

دائیں جانب اور دوسرا بائیں جانب بیٹھا ہوتا ہے ۱۶؎ وہ نہیں نکالتا اپنی زبان سے کوئی بات مگر اس کے پاس ایک نگہبان

یہ جرأت ہے کہ حق کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دیں اور قیامت پر ایمان لائیں کیونکہ اس طرح ان کی ساری بساطِ عیش و نشاط اُلٹ کر رہ جائے گی اور گناہ و لذت کی جس زندگی کے وہ خوگر ہو چکے ہیں اس سے دست کش ہونا پڑے گا اور اتنے بڑے انقلاب کے لیے وہ تیار نہیں اس لیے بیچ میں لٹک کر رہ گئے ہیں۔ "نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن" والا معاملہ ہے۔

لبس: کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ لبس علیہ الامر۔ یہ کام اس پر ملتبس ہو گیا اور اس کے بارے میں آدمی شک و شبہ میں مبتلا ہو گیا۔

۱۵؎ ارشاد ہے کہ انسان کو ہم نے پیدا فرمایا ہے۔ اس کی خوبیاں اور کمزوریاں ہم پر عیاں ہیں۔ اس کا کوئی قول اور عمل ہم سے مخفی نہیں، حتیٰ کہ وہ وسوسے جو اس کے نہاں خانۂ دل میں پیدا ہوتے ہیں ہم ان کو بھی جانتے ہیں۔ ہم اس کی رگِ جاں سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں۔ وہ خود اپنے بعض احوال سے بے خبر ہو سکتا ہے۔ اس کے نفس کے کئی گوشے اس کی اپنی نگاہ سے اوجھل ہو سکتے ہیں لیکن ہمارا علم اس کے ظاہر اور باطن پر محیط ہے۔ صد حیف کہ اتنے قرب کے باوجود وہ ہم سے بے خبر ہے۔ شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے۔ ؎

دوست نزدیک تر از من بمن است	وین عجب تر کہ من از وی دورم
چہ کنم با کہ توان گفت کہ او	در کنار من و من مہجورم

یعنی دوست مجھ سے بھی زیادہ میرے نزدیک ہے۔ تعجب اس پر ہے کہ میں اس سے دُور ہوں۔ میں کیا کروں اور کس سے یہ بات کہوں کہ محبوب تو میری آغوش میں ہے اور میں ہجر کی سختیاں برداشت کر رہا ہوں۔

علمائے ظاہر نے تو اس سے قربِ علمی مراد لیا ہے لیکن اولیائے کرام نے اس قرب کی حقیقت کو جس طرح بیان فرمایا ہے وہ انہیں کا حصہ ہے۔

علامہ پانی پتی لکھتے ہیں یدرك ذلك القرب بنور الفراسة لا بالمشاعر والاستدلال یعنی نورِ فراست ہی سے اس قرب کا ادراک کیا جا سکتا ہے، حواسِ ظاہری اور قوتِ عقل اس کے ادراک سے عاجز ہیں۔

مزید تحقیق کے لیے اس مقام پر تفسیر مظہری کا مطالعہ فرمائیے۔

۱۶؎ اللہ تعالیٰ ہر انسان کے جمیع احوال سے خود بخوبی آگاہ ہے لیکن اس نے اپنی حکمت کے پیشِ نظر اس انسان کے لیے دو

رَقِيبٌ عَتِيدٌ ﴿۱۸﴾ وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ۖ ذَٰلِكَ مَا كُنتَ

(لکھنے کے لیے) تیار ہوتا ہے ۱۷ اور آپہنچی موت کی بے ہوشی سچ مچ ۔ (اے نادان!) یہ ہے وہ جس سے

مِنْهُ تَحِيدُ ﴿۱۹﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ ۚ ذَٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيدِ ﴿۲۰﴾ وَجَاءَتْ كُلُّ

تو دور بھاگا کرتا تھا ۱۸ اور صور پھونکا جائے گا ۔ یہی وعید کا دن ہوگا ۱۹ اور حاضر ہوگا ہر

فرشتے بھی مقرر کر دیے ہیں ۔ ان میں سے ایک اس کی دائیں جانب بیٹھا رہتا ہے اور دوسرا بائیں جانب ۔ عبارت میں ذرا غور فرمائیے ۔ عن الیمین اور عن الشمال جار مجرور ہیں اور قعید کے ساتھ متعلق ہیں اور قعید ، المتلقیان کا بدل ہے ۔ اصل عبارت یوں تھی عن الیمین قعید وعن الشمال قعید لیکن آخری قعید پر اکتفا کیا گیا اور عن الیمین کے ساتھ قعید کی صراحت کی ضرورت نہ رہی ۔

۱۷ انسان جس وقت کوئی لفظ بولتا ہے ، وہ دونوں فرشتے فوراً اسے لکھ لیتے ہیں ۔

رقیب ، نگہداشت کرنے والا ۔ عتید : الحاضر المھیا یعنی جو ہر وقت حاضر اور مستعد ہو ۔ اس آیت میں یہ بتا دیا گیا کہ انسان کی کوئی بات اور اس کی کوئی حرکت ایسی نہیں جس پر وہ فرشتے مطلع نہ ہوں ۔ اس سے جس قسم کا فعل جس وقت صادر ہوتا ہے ، وہ فرشتے اسے فوراً ریکارڈ کر لیتے ہیں ۔ قیامت کے روز جب انسان پرسش اعمال کے لیے بارگاہ الٰہی میں پیش کیا جائے گا تو سب کچھ جاننے کے باوجود اللہ تعالیٰ ملائکہ کو حکم دیں گے کہ اس شخص کے دفاترِ عمل کو بطور دستاویزی ثبوت پیش کیا جائے ۔ ریڈیو اور ٹیلی ویژن کی اختراع نے ثابت کر دیا کہ انسان کی آواز کو ہو بہو منضبط کرنے کے لیے قدرت نے ہر جگہ ٹیپ لگا دیے ہیں اور اس کی حرکات وسکنات کو بعینہٖ محفوظ رکھنے کے لیے قدرتی ٹیلی ویژن کیمرے ہر جگہ نصب ہیں ۔ جب بھی اللہ تعالیٰ چاہے گا انسان کو ہو بہو اس کی آواز اور بعینہٖ اس کی حرکات وسکنات کا مشاہدہ کرا دے گا اور اس میں انکار کی ہمت نہ ہوگی ۔ یہاں تک تو علم انسانی کی رسائی ہو چکی ہے ، لیکن فرشتے ہماری زندگی کے ڈراما کو جس خوبی اور دقت سے محفوظ کر رہے ہیں اس کا اندازہ کرنا اس دنیا میں ہمارے لیے بہت مشکل ہے ۔ البتہ سائنس کے ان انکشافات کے بعد عقل حیلہ جو کو اب انکار کی ہمت نہیں رہی ۔

۱۸ موت کی سختی اور شدت کو سکرۃ الموت کہتے ہیں ۔ یعنی جب انسان مرنے کے قریب ہوتا ہے ، اس پر جان کنی کے آثار نمودار ہوتے ہیں تو اس وقت حقیقتِ حال عیاں ہو جاتی ہے ۔ جو لوگ آج تک انکار اور نافرمانی کی روش پر گامزن رہے تھے وہ اپنی آنکھوں سے آنے والے جہان کا مشاہدہ کرنے لگتے ہیں اور دوزخ کے لپکتے ہوئے سرخ شعلے انہیں نظر آنے لگتے ہیں ۔ اس وقت انہیں کہا جائے گا کہ یہ ہے وہ عالم آخرت جس سے تم منہ موڑتے رہے اور جس کو تسلیم کرنے سے تم گریز کرتے رہے ۔ اب یہ حق اور سچ بن کر تمہاری آنکھوں کے سامنے ہے ۔ اس وقت کیا تم اس کا انکار کرنے کی جرأت کر سکتے ہو ۔ حق سے مراد یہاں موت ہے ۔ الحق ھو الموت ۔ حاد یحید حَیُوْدًا وحَیْدَۃً وحَیْدُوْدَۃً : مال عنہ وعدل ۔

۱۹ عرصہ دراز عالم برزخ میں گزرے گا ۔ پھر صور پھونکا جائے گا ۔ اس کی آواز سے ہر شخص چونک کر اپنی قبر سے نکلے گا اور میدان حشر

نَفۡسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّ شَهِيۡدٌ ﴿۲۱﴾ لَقَدۡ كُنۡتَ فِىۡ غَفۡلَةٍ مِّنۡ هٰذَا

شخص اس طرح کہ اس کے ہمراہ ایک (اسے) ہانکنے والا اور ایک گواہ ہوگا ۲۰؎ تو (عمر بھر) غافل رہا اس دن سے

فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيۡدٌ ﴿۲۲﴾ وَقَالَ قَرِيۡنُهٗ

پس ہم نے اٹھا دیا ہے تیری آنکھوں سے تیرا پردہ سو تیری بینائی آج بڑی تیز ہے ۲۱؎ اور کہے گا اس کا (عمر بھر کا)

هٰذَا مَا لَدَىَّ عَتِيۡدٌ ﴿۲۳﴾ اَلۡقِيَا فِىۡ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيۡدٍ ﴿۲۴﴾ مَّنَّاعٍ

ساتھی یہ (اعمال نامہ) جو میرے پاس تھا بالکل تیار ہے ۲۲؎ جہنم میں جھونک دو ۲۳؎ ہر کافر سرکش کو۔ جو سختی سے روکنے والا تھا

میں کھڑا کر دیا جائے گا۔ جو لوگ قیامت کا انکار کرتے رہتے تھے۔ انہیں کہا جائے گا یہی وہ عذاب کا دن ہے جس سے ہمارے انبیاء تمہیں ڈرایا کرتے تھے اور تم بے پروائی سے ان کی بات سننے کے روادار بھی نہ تھے۔ اب بتاؤ قیامت برپا ہوئی ہے یا نہیں؟ خداوند عالم نے تمہیں قبروں سے زندہ نکال کر میدانِ حشر میں لا کھڑا کیا ہے یا نہیں؟ اس روز کون ہوگا جو اس جیتی جاگتی حقیقت کا انکار کر سکے۔

۲۰؎ ہر شخص کے لیے دو فرشتے مقرر کر دیئے جائیں گے۔ ایک اس کو پیچھے سے ہانک کر بارگاہِ خداوندی میں پیش کرے گا' دوسرا اس کا دفترِ عمل لیے ساتھ ہوگا تاکہ اس کے اعمال کے بارے میں گواہی دے۔ یہ وہی دو فرشتے ہوں گے جو دنیوی زندگی میں اس کے ہم نشین رہے تھے اور اس کا دفترِ عمل مرتب کرنے پر متعین کیے گئے تھے۔

۲۱؎ اسے کہا جائے گا کیوں صاحب دنیوی زندگی میں تو تم غافل بنے رہے۔ اب بتاؤ چودہ طبق روشن ہوئے ہیں یا نہیں؟ تمہاری آنکھوں پر جتنے پردے پڑے ہوئے تھے وہ آج اٹھ گئے ہیں۔ آج تو تمہاری بینائی بڑی تیز ہو گئی ہے۔ ہر حقیقت تمہیں صاف نظر آنے لگی ہے۔

۲۲؎ حضرات حسن، قتادہ اور ضحاک کے نزدیک قرین سے مراد وہی فرشتہ ہے جو عمر بھر اس کے ساتھ رہا۔ وہ بارگاہِ الٰہی میں عرض کرے گا کہ یہ وہ شخص ہے جس کی نگہداشت میرے سپرد کی گئی تھی اور یہ ہے اس کا صحیفۂ عمل جو بڑی دیانت سے میں نے تیار کیا ہے جو فیصلہ مناسب ہو صادر فرمایا جائے۔ وقال مجاهد اقول هذا الذى وكلت به من بنى آدم قد احضرته واحضرت ديوان عمله (قرطبی)

بعض علماء کی رائے ہے کہ قرین سے مراد شیطان ہے جو عمر بھر اس پر مسلط رہا۔

۲۳؎ اسی فرشتہ کو حکم ملے گا کہ اسے پکڑو اور جہنم رسید کر دو۔

قرین واحد ہے تو یہاں اَلْقِ (صیغہ واحد حاضر) ہونا چاہیے تھا۔ القيا تثنیہ کا صیغہ کیوں ذکر کیا' اس کی متعدد وجوہات بیان کی گئی ہیں۔

خلیل اور اخفش کہتے ہیں کہ فصحائے عرب واحد کے لیے بھی بسا اوقات تثنیہ کا لفظ استعمال کر لیتے ہیں۔ جس طرح ایک دوست

لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِۙ ۝ الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي

نیکی سے حد سے بڑھنے والا شک کرنے والا تھا ۲۶؎ جس نے بنا رکھے تھے اللہ کے ساتھ کئی اور خدا پس جھونک دو اس (بد بخت) کو

الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ۝ قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ

عذاب شدید میں ۔ اس کا ساتھی (شیطان) بول اٹھے گا اے ہمارے پروردگار میں نے تو اسے سرکش نہیں بنایا تھا بلکہ وہ خود ہی

کے لیے خَلِیلِیْ کی بجائے خَلِیلَیَّ (تثنیہ) عام مروج ہے۔ امرؤ القیس اپنے ایک رفیق سفر کو مخاطب کر کے کہتا ہے۔

قفا نبك من ذكرى حبيب ومنزل

اے میرے دوست ذرا ٹھہرو تاکہ ہم اپنے محبوب اور اس کی منزل کو یاد کر کے کچھ آنسو بہائیں۔ قِف کی بجائے قِفَا تثنیہ کا صیغہ استعمال ہوا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ اَلْقِیَا تثنیہ کا صیغہ نہیں بلکہ اصل میں امر بانون تاکید خفیفہ تھا (اَلْقِیَنْ)، اب یہ نون بدل کر الف ہو گیا۔ ایک توجیہ یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ قرین سے مراد ایک نہیں بلکہ دو ساتھی ہیں جن کا ذکر ابھی ابھی گزرا ہے اور قرین کا لفظ واحد کی طرح تثنیہ اور جمع کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔

۲۴؎ کَفَّار، سخت ناشکر گزار یا پرلے درجہ کا منکر۔

العنید: المعرض عن الحق وھو یعرفہ۔ جو حق کو پہچانے اور اس کے باوجود اسے متروک کر دے۔ کفار و عنید کی مزید تشریح کی جا رہی ہے۔

مناع: مانع کا مبالغہ ہے۔ بکثرت روکنے والا اور سختی سے روکنے والا۔ خیر کا معنی اگر مال ہو تو مطلب یہ ہوگا بڑا کنجوس۔ خدا کے دیے ہوئے مال سے اس کی رضا کے لیے ایک "حبہ" تک خرچ نہیں کرتا۔ نہ کسی غریب پر اسے ترس آتا ہے اور نہ کسی فاقہ کش کے لیے اس کا دل پسیجتا ہے اور اگر خیر کا معنی نیک اور بھلے کام ہوں تو پھر مطلب یہ ہوگا کہ خود بھی نیک کام نہیں کرتا اور دوسروں کو بھی نیک کام کرنے سے سختی سے روکتا ہے اور بار بار روکتا ہے۔

مُعتد: حد سے تجاوز کرنے والا یعنی اس نے کبھی حق و انصاف کے حدود کا لحاظ نہیں رکھا۔ بلکہ اس کی گفتگو، اس کے کردار اور اس کے احکام میں سرکشی اور سرتابی کی جھلک صاف نمایاں ہے۔

مُرِیب: جو خود کسی شک میں مبتلا ہو اس کو بھی مُرِیب کہتے ہیں اور جو شخص دوسروں کی متاعِ یقین کو غارت کرنے کے درپے ہو اور وسوسہ اندازی سے اس کے خرمن ایمان میں آگ لگانے کے لیے کوشاں رہے اسے بھی مُرِیب کہتے ہیں یہاں یہ لفظ ان دونوں معنوں میں استعمال ہو سکتا ہے۔

ضَلٰلٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۲۷﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ

گمراہی میں دُور تک چلا گیا تھا ۲۵؎ (اللہ) فرمائے گا مت جھگڑو میرے روبرو میں تو پہلے ہی تم کو وعید سنا

بِالْوَعِيْدِ ﴿۲۸﴾ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۲۹﴾ يَوْمَ

چکا ہوں ۲٦؎ میرے ہاں حکم بدلا نہیں جاتا اور نہ میں اپنے بندوں پر ظلم کرتا ہوں۔ (یاد کرو) وہ

ع ۲

نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ﴿۳۰﴾ وَاُزْلِفَتِ

دن جب ہم جہنم سے پوچھیں گے کیا تو پُر ہو گئی وہ (جواباً) کہے گی کیا کچھ اور بھی ہے ۲۷؎ اور قریب کر دی جائے گی

الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿۳۱﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ

جنت پرہیزگاروں کے لیے وہ (ان سے) دُور نہیں ہو گی ۲۸؎ یہی ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا یہ ہر اس شخص کیلئے ہے جو اللہ کی طرف رجوع

۲۵؎ جب فرشتے اس کا نامۂ اعمال پیش کریں گے تو وہ کہے گا میرے رب! یہ سب کچھ ان فرشتوں کی کارستانی ہے۔ انہوں نے جو چاہا میرے سر تھوپ دیا۔ میں نے تو کبھی کوئی نازیبا حرکت نہیں کی۔ وہ فرشتہ جواب میں عرض کرے گا۔ اور اگر قرین سے مراد وہ شیطان ہو جو اس کو ورغلاتا رہتا تھا تو پھر اس کا مطلب یہ ہو گا کہ وہ شخص کہے گا الٰہی! میرا کوئی قصور نہیں سب گناہ اس خبیث کا ہے۔ اس نے مجھے راہ راست پر کبھی چلنے نہیں دیا۔ میں نے اس سے چھٹکارا پانے کی بڑی کوشش کی لیکن اس بدمعاش نے میرا پیچھا نہ چھوڑا۔ اس لیے سزا مجھے نہیں اسے ملنی چاہیے۔ شیطان جواب دے گا کہ میں نے اس کو کبھی مجبور نہیں کیا تھا کہ یہ حق کو چھوڑ کر باطل کے ساتھ چمٹا رہے۔ یہ ہر وقت نافرمانی پر کمربستہ رہتا۔ میں نے تو اسے فقط اشارہ کیا اور یہ دوڑتا چلا آیا اور گمراہی اختیار کرنے میں بڑا دور چلا گیا۔

۲٦؎ ارشاد ہو گا بکواس بند کرو۔ تمہارے بارے میں کبھی کا فیصلہ ہو چکا۔ اب اس میں رد و بدل ممکن نہیں۔

۲۷؎ کفار و فساق کو جہنم سے خوفزدہ کرنے کے لیے بتایا جا رہا ہے کہ جہنم کوئی محدود اور تنگ سی جگہ نہیں کہ چند کروڑ نفوس سے بھر جائے گی اور اس میں تمہارے لیے کوئی گنجائش نہ ہو گی۔ بتا دیا کہ وہ اتنی کشادہ اور فراخ ہے کہ تم اس کا اندازہ ہی نہیں لگا سکتے۔ جب اس میں سارے جہنمی پھینک دیے جائیں گے اس وقت اللہ تعالیٰ پوچھیں گے کیا تو بھر گئی تو وہ جواب میں عرض کرے گی کچھ ہیں تو لائیے، میرے تو ابھی کئی گوشے خالی پڑے ہیں۔

بعض علماء کی رائے ہے کہ جہنم بھر جائے گی۔ جب اس سے دریافت کیا جائے گا کہ تو بھر گئی تو وہ گھبرا کر کہے گی الٰہی! ابھی اور مجرم باقی ہیں؟ میں تو کچا کچ بھر گئی ہوں۔ یہاں تو تل دھرنے کی جگہ بھی نہیں ہے۔

۲۸؎ جہنمیوں کے ذکر کے بعد اب اپنے دوستوں کا تذکرہ فرمایا جا رہا ہے۔ فرمایا کہ جن لوگوں نے ہم سے ڈرتے ہوئے زندگی

بسر کی اور تمام عمر ہمارے احکام کی بجا آوری میں کوشاں رہے، قیامت کے دن ان کی عزت افزائی کا عجیب ہی منظر ہوگا۔ انہیں جب جنت میں داخل ہونے کا اذن ملے گا تو جنت تک کا طویل فاصلہ طے کرنے کی انہیں زحمت نہیں دی جائے گی بلکہ جنت ان کے قدموں میں حاضر کر دی جائے گی۔ یہ نہیں فرمایا کہ انہیں جنت کے نزدیک کر دیا جائے گا بلکہ فرمایا جنت ان کے قریب کر دی جائے گی۔ اس میں اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ اطاعت و انقیاد کی راہ پر گامزن رہنے والے جنت کے طالب نہیں کہ اس کے پیچھے بھاگے بھاگے پھریں بلکہ وہ مطلوب ہیں، جنت کی بہاریں سمٹ کر ان کے قدموں میں حاضر ہو جائیں گی۔

جس مادی دنیا میں ہم آج آباد ہیں اس میں زمان و مکان، قرب و بعد اور سرعت و تاخیر کے جو مفہوم ہمارے ذہن میں راسخ ہو چکے ہیں، قیامت کے دن یہ سارے تصورات بدل جائیں گے۔ وہاں ان سارے الفاظ کو نئے مفہوم بخشے جائیں گے۔ اس کا اندازہ اس دنیا میں رہتے ہوئے کرنا ہمارے لیے بہت مشکل ہے۔ وہاں زمین و آسمان سے بڑی وسعتیں چشم زدن میں طے ہو جائیں گی۔ آواز حتی دور سے بھی آئے، یوں معلوم ہوگا بالکل نزدیک سے آرہی ہے۔ یوں سمجھ لیجئے کہ جو لوگ اس دنیا میں رہتے ہوئے خواہشاتِ نفسانی کے زنداں سے رستگاری حاصل کر لیتے ہیں اور ان کی رُوح ذکرِ الٰہی سے سرشار ہو جاتی ہے اور ان کی آنکھ نورِ خداوندی سے بینا ہو جاتی ہے تو ان کے لیے بھی زمان و مکان کی یہ قیود باقی نہیں رہتیں۔ وہ مدینہ طیبہ میں ہوتے ہوئے بھی نہاوند کے پہاڑوں میں لڑنے والے ساریہ کی رہنمائی کر سکتے ہیں۔

یہ نعمت جن کے لیے مخصوص کی گئی ہے ان کی دو صفتیں اوّاب اور حفیظ بیان کی جا رہی ہیں۔ اوّاب کہتے ہیں بکثرت رجوع کرنے والا۔ یعنی جب بھی اس سے کوئی غلطی سرزد ہوتی ہے تو فوراً ندامت و خجالت سے پانی پانی ہو جاتا ہے اور آنسو بہاتے ہوئے توبہ کرتا ہے۔ جتنی بار اس کا قدم جادۂ حق سے پھسلے وہ فوراً توبہ کا دروازہ کھٹکھٹانے لگتا ہے۔ نہ تو سرکشی کی راہ اختیار کر کے وہ گناہ پر مُصر رہتا ہے اور نہ مایوس ہو کر بیٹھ جاتا ہے کہ میں نے بار بار توبہ توڑی ہے۔ اب میری توبہ کیسے قبول ہوگی، بلکہ جہاں اسے اپنی لغزش پر ندامت ہے وہاں اسے اپنے ربِ کریم کی رحمتِ بے پایاں پر بھی یقین ہے کہ جب بھی کوئی شرمسار ہو کر معافی مانگتا ہے تو اسے معافی دے دی جاتی ہے۔

شعبی اور مجاہد نے اوّاب کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے هو الذی یذکر ذنوبه فی الخلوة فیستغفر الله فیها یعنی جو شخص تنہائی میں اپنے گناہوں کو یاد کرے اور استغفار کرے۔

عبید ابن عمر فرماتے ہیں کہ ہم اوّاب اور حفیظ اسے کہا کرتے تھے جو اپنی مجلس سے جب اٹھے تو یہ کہے سبحان الله وبحمده اللّٰهم انی استغفرك مما اصبت من مجلسی هذا۔ الٰہی! اس نشست میں جو غلطی مجھ سے ہوئی ہے اس کے لیے میں مغفرت طلب کرتا ہوں۔

ابوبکر الوراق فرماتے ہیں هو المتوکل علی الله فی السراء والضراء۔ اوّاب وہ ہے جو خوشحالی اور تکلیف دونوں حالتوں میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھے۔ قاسم کا قول ہے هو الذی لا یشتغل الا بالله عز وجل۔ جو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے سوا کسی اور بات میں مشغول نہ ہو۔

حَفِيظٍ ۝ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيبِ ۝

کرنے والا اپنی توبہ کی حفاظت کرنے والا ہے۔ جو ڈرتا تھا رحمٰن سے بن دیکھے ۲۹ اور ایسا دل لیے ہوئے آیا جو یاد الٰہی کی طرف متوجہ تھا ۳۰

ادْخُلُوهَا بِسَلٰمٍ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُودِ ۝ لَهُمْ مَّا يَشَآءُونَ فِيهَا وَلَدَيْنَا

داخل ہو جاؤ جنت میں سلامتی سے، یہ ہمیشگی کا دن ہے ۳۱ انہیں ہر وہ چیز ملے گی جس کی وہاں خواہش کریں گے اور ہمارے پاس تو

حفیظ کی وضاحت کرتے ہوئے حضرت قتادہ فرماتے ہیں حفیظ لما استودعہ اللہ تعالیٰ من حقہ ونعمتہ وائتمنہ علیہ۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے حقوق کی ادائیگی اس کی گراں قدر نعمتوں کا شکر کرے اور جو قوتیں اور صلاحیتیں، جو وسائل و اختیارات اسے بطور امانت دیئے گئے ہیں ان میں خیانت نہ کرے۔

بے شک یہی لوگ اس قابل ہیں کہ جنت ان کے قدموں میں حاضر کی جائے۔

۲۹ یہ جملہ یا تو اَوَّابٍ حَفِيظٍ کا بدل ہے یا اس کی صفت ہے یعنی اواب کون ہے۔ بتایا وہ جو خداوند رحمٰن سے اس وقت بھی ڈرتا ہے جب اسے کوئی آنکھ دیکھ نہ رہی ہو۔ یعنی فی الخلوۃ حین لا یراہ احد۔

یہاں رحمٰن کا اسم پاک ذکر کرنے میں خاص لطف ہے۔ یعنی وہ بندہ جانتا ہے کہ اس کا خدا رحمٰن ہے۔ اس کی رحمت کے سامنے اس کے بے شمار گناہوں کی بھی کوئی وقعت نہیں۔ لیکن اپنے رب کی رحمانیت پر یقین محکم کے باوجود وہ گناہ اور نافرمانی کی راہ پر قدم تک نہیں رکھتا۔ اسے حیا آتی ہے کہ وہ اپنے کریم مالک کی نافرمانی کرے۔ تنہائی میں بھی شیطان اسے بدی پر نہیں اکسا سکتا۔ وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت پر مغرور ہو کر سرکش نہیں بن جاتا۔ تخصیص الرحمٰن للاشعار بانھم مع علمھم بصفۃ رحمتہ لا یغترون برحمتہ [illegible]

۳۰ یہ جملہ بھی اس کی صفت ہے کہ اس کے سینے میں جو دل ہے وہ ہر وقت اپنے رب کی طرف مائل رہتا ہے۔ حوادثِ دہر اسے کتنا ہی پریشان کریں، مصائب و آلام کے پہاڑ اس پر کیوں نہ ٹوٹتے رہیں اس کے دل کی کیفیت نہیں بدلتی۔ بندگی اور تسلیم و رضا کی جس لذت سے اسے نوازا گیا ہے ہر وقت وہ اسی سے سرشار رہتا ہے۔ مُنِيبٍ: مخلص، مقبل علی الطاعۃ۔ یعنی جو اخلاص کے ساتھ اطاعت کی طرف متوجہ رہے۔

۳۱ اس روز ان خوش نصیبوں کو کہا جائے گا کہ جنت میں تشریف لے جائیے، وہاں تمہیں کسی قسم کا اندیشہ نہیں ہوگا۔ یعنی سالمین من العذاب والھموم وزوال النعمۃ۔

سلٰم کا دوسرا مفہوم یہ بیان کیا گیا ہے کہ جب تم جنت میں قدم رکھو گے تو تمہاری پیشوائی کے لیے فرشتے صف بستہ کھڑے ہوں گے جو تمہیں السلام علیک کے دعائیہ جملے سے خوش آمدید کہیں گے بلکہ خود رب قدوس بھی اپنے ان البیلے عشاق کو سلامت رہو، سلامت رہو کی دعا دے رہا ہوگا۔ یعنی اے اپنی آنکھوں کو جمالِ غیر سے اور اپنے دلوں کو خیالِ غیر سے محفوظ رکھنے والو! آؤ آج تمہیں اپنے محبوبِ حقیقی کے حریمِ ناز میں اذنِ باریابی بخشا جا رہا ہے۔ اس کے جلووں کو دیکھو اور خوب سیر ہو کر دیکھو اور ہمیشہ دیکھتے رہو۔

مَزِيْدٌ ۝ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا

(ان کے لیے اس سے بھی زیادہ ہے ۳۲ اور قریش مکہ سے پہلے ہم نے برباد کر دیا بہت سی قوموں کو جو شوکت و قوت میں ان سے کہیں زیادہ تھیں۔

فَنَقَّبُوْا فِى الْبِلَادِ ۭ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى

پس وہ گھومتے رہے شہروں میں کیا عذاب الٰہی سے انہیں کوئی پناہ گاہ ملی؟ ۳۳ بے شک اس میں نصیحت ہے اس

یہ صبح وصال ابدی ہے۔ اب ہجر کی رات نہیں آئے گی۔ اب ایسا نہیں ہوگا کہ تم پر یہ کیفیت طاری ہو۔ ؎

کھٹکا لگا ہے ہجر کا مجھ کو دمِ وصال   خوفِ خزاں سے تلخ ہے عیشِ بہار بھی

انہیں بتایا جا رہا ہے کہ اب ایسا نہیں ہوگا۔

۳۲ ابر رحمت کی رم جھم ملاحظہ ہو۔ اپنی کرم نوازیوں کا ذکر جاری ہے جن سے وہ اپنے بندوں کو سرفراز فرمائے گا یعنی میری بخشش قلیل اور محدود نہیں ہوگی کہ جو کچھ وہ چاہیں گے ہم انہیں اتنا ہی دیں گے کیونکہ ان کا دامنِ طلب کتنا ہی وسیع کیوں نہ ہو، الطافِ خسروانہ کے سامنے وہ بھی تنگ ہے۔ ان کا ظرفِ دل کتنا ہی کشادہ کیوں نہ ہو، بحرِ کرم کے سامنے اس کی کیا حقیقت ہے۔ فرمایا ہم صرف اتنا ہی نہیں دیں گے۔ جتنا وہ مانگیں گے اور جتنا وہ چاہیں گے وہ بھی دیں گے اور اس کے علاوہ ہمارے پاس ان کے لیے اور بھی بہت کچھ موجود ہے۔ اب اس لدینا مزید کا کیا کوئی اندازہ لگا سکتا ہے۔ حضرات انس و جابر سے مروی ہے المزید النظر الی وجہ اللہ بلا کیف۔ یعنی اس مزید سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات کا دیدار ہے۔ حضرت صدیق اکبرؓ سے مروی ہے۔ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ تعالیٰ یبعث یوم القیامۃ منادیا ینادی یسمعہ اولھم وآخرھم یا اھل الجنۃ ان اللہ وعدکم الحسنیٰ وزیادۃ۔ الحسنیٰ الجنۃ۔ والزیادۃ النظر الی وجہ الرحمٰن (مظہری) کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ایک منادی کرنے والا بھیجیں گے جو ندا کرے گا جسے سب سنیں گے۔ اے جنتیو! اللہ نے تم سے الحسنیٰ اور زیادہ کا وعدہ فرمایا ہے۔ الحسنیٰ سے مراد جنت ہے اور الزیادہ سے مراد رحمٰن کے چہرہ کی طرف نظر کرنا ہے۔

۳۳ اہل مکہ کو بتایا جا رہا ہے کہ تم سے پہلے کئی قومیں گزر چکی ہیں۔ انہوں نے اپنی قوت اور عسکری طاقت کے بل بوتے پر دوسرے ممالک پر لشکر کشی کی اور ان کو اپنا زیرنگیں بنایا۔ وہاں بھی ان کا ڈنکا بجتا تھا اور ان کا سکہ رواں تھا۔ وہ اپنی سرزمین کے معاشی وسائل کے علاوہ مفتوحہ ممالک کے وسائلِ معیشت سے بھی بھرپور فائدہ اٹھایا کرتے تھے۔ ان کی آن بان اور ٹھاٹھ باٹھ دیکھنے والوں کو حیرت زدہ کر دیا کرتی تھی لیکن یہ ساری قوتیں اور خوش حالیاں انہیں ہماری گرفت سے نہ بچا سکیں۔ اے اہل مکہ! تم کس برتے پر یہ نخرے کر رہے ہو۔

نَقَّبُوْا کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ آلوسی لکھتے ہیں وفسر التنقیب فی البلاد بالتصرف فیھا بما لکھا ونحوھا۔ یعنی کسی ملک کا مالک و بادشاہ بن کر اس میں ہر طرح کا تصرف کرنے کو عربی میں تنقیب فی البلاد کہتے ہیں۔ نقبوا فی البلاد

لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا

کے لیے جو دل (بینا) رکھتا ہو یا (کلامِ الٰہی کو) کان لگا کر سنے متوجہ ہو کر ۳۴؎ اور ہم نے پیدا فرمایا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾

آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دنوں میں ۳۵؎ اور ہمیں تھکن نے چھوا تک نہیں ۳۶؎

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ

پس آپ صبر فرمائیے ان کی دل دکھانے والی باتوں پر اور پاکی بیان کیجیے اپنے رب کی حمد کے ساتھ طلوعِ آفتاب سے پہلے اور

کا یہی معنی ہے۔ سیر و سیاحت کے لیے کسی ملک میں جانا۔ کاروبار اور تجارت کے لیے کسی ملک میں جگہ جگہ اقامت گزیں رہنا یہ بھی اس لفظ کا مدلول ہو سکتا ہے۔

دولت مند لوگ جب کسی بیماری میں مبتلا ہوتے ہیں اور اپنے ملک کے معالجین کے علاج سے فائدہ نہیں ہوتا تو وہ موت سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے دُور دراز ممالک میں جاتے ہیں۔ سفر کی صعوبتیں برداشت کرتے ہیں، لاکھوں روپے خرچ کرتے ہیں لیکن جب موت کا مقررہ وقت آتا ہے تو کوئی ڈاکٹر اور حکیم انہیں نہیں بچا سکتا۔ لمن کان له قلب۔ قلب سے مراد دلِ بینا ہے جو حقیقت کو دیکھتا اور سمجھتا ہے۔ جو دل دیکھنے اور سمجھنے سے محروم ہو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے اور اس کو دل کہنا بھی صحیح نہیں۔

۳۴؎ یعنی جو وحی اسے سنائی جا رہی ہے اس کو وہ بڑے غور سے کان لگا کر سنتا ہے۔

زجاج کہتے ہیں کہ جب وہ سن رہا ہوتا ہے تو اس کا دل حاضر ہوتا ہے۔ قال الزجاج ای وقلبه حاضر فیما یسمع۔ سفیان کہتے ہیں کہ ایسا نہیں ہوتا کہ جب آیاتِ الٰہی کی تلاوت کی جا رہی ہو اس وقت اس کا جسم تو موجود ہو لیکن دل غائب ہو۔

۳۵؎ چھ دنوں سے مراد یہ ہمارے بارہ چودہ گھنٹے کے دن نہیں بلکہ اس سے چھ مختلف ادوار مراد ہیں۔ اس کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے۔

۳۶؎ اس میں یہود و نصاریٰ کے اس زعمِ باطل کی تردید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے چھ دن میں کائنات کی تخلیق کی اور ساتویں دن آرام کیا۔ گویا کائنات کی تخلیق سے اللہ تعالیٰ تھک گیا اور اسے آرام کی ضرورت محسوس ہوئی۔ موجودہ تورات میں ہے "خداوند نے چھ دن میں آسمان اور زمین، دریا اور سب کچھ جو ان میں ہے بنایا اور ساتویں دن آرام کیا۔" (خروج ۲۰: ۱۱) اسی باب میں دوسری جگہ ہے۔ "چھ دن میں خداوند نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اور ساتویں دن آرام کیا اور تازہ دم ہوا۔" (خروج ۳۱: ۱۷) انجیل میں ہے۔ "خدا نے اپنے سارے کاموں کو پورا کر کے ساتویں دن آرام کیا۔" (عبرانیوں ۴: ۴)

قَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿٣٩﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿٤٠﴾ وَاسْتَمِعْ يَوْمَ

غروبِ آفتاب سے پہلے۔ اور رات کے وقت بھی اس کی پاکی بیان کیجیے اور نمازوں کے بعد بھی ۳۷؎ اور کان کھول کر سنو ۳۸؎ اس

يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿٤١﴾ يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ

دن کے بارے میں جب پکارنے والا قریب سے پکارے گا ۳۹؎ جس دن سنیں گے سب لوگ ایک گرجدار آواز بالیقین۔ وہی دن قبروں سے

يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿٤٢﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿٤٣﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ

نکلنے کا دن ہوگا۔ بے شک ہم ہی زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہماری طرف ہی (سب نے) لوٹنا ہے۔ جس روز زمین پھٹ جائے گی ۴۰؎

۳۷؎ حضرت ابن عباس سے مروی ہے الصلوٰۃ قبل الطلوع الفجرُ وقبل الغروب الظہرُ والعصرُ ومن اللیل العشاءان وادبار السجود النوافل بعد الفرائض۔ یعنی طلوعِ آفتاب سے قبل نماز سے مراد فجر ہے اور غروب سے قبل مراد ظہر اور عصر ہے اور من اللیل سے مغرب اور عشاء۔ ادبار السجود سے وہ نوافل مراد ہیں جو فرائض کے بعد پڑھے جاتے ہیں۔ (روح المعانی)

ادبار السجود سے مراد وہ اذکار بھی ہیں جو فرائض کے بعد پڑھے جاتے ہیں اور جو احادیث صحیحہ میں بکثرت موجود ہیں۔ ان میں سے ایک حدیث ملاحظہ فرمائیے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر نمازِ فرض کے بعد تینتیس مرتبہ سبحان اللہ تینتیس مرتبہ الحمد للہ اور تینتیس مرتبہ اللہ اکبر کہتا ہے اور آخر میں کہتا ہے لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیئ قدیر تو اللہ تعالیٰ اس کی خطاؤں کو بخش دیتا ہے خواہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ (رواہ الشیخان)

۳۸؎ جو بات اب بتائی جانے والی ہے وہ بڑی اہم ہے اس لیے اس کے ذکر سے پہلے اِسْتَمِعْ کہہ کر سامع کو جھنجوڑا کہ کان کھول کر سن لے یوں ہونے والا ہے۔

۳۹؎ اس روز منادی کرنے والا منادی کرے گا اور ہر شخص یوں محسوس کرے گا کہ یہ آواز کہیں دور سے نہیں آرہی بلکہ بالکل قریب سے آرہی ہے۔

۴۰؎ قبروں سے ان کے نکلنے کا منظر بیان کیا جارہا ہے کہ زمین اوپر سے پھٹ جائے گی اور وہ جھٹ پٹ قبروں سے نکلنا شروع ہوجائیں گے۔

سراعًا جمع ہے سریع کی اور یحشرون مقدر میں ھم ضمیر فاعل کا حال ہے۔ جمع سریع حال من الضمیر المرفوع فی الفعل المقدر یعنی یحشرون سراعًا (مظہری)

الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۭ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ

ان کے اوپر سے جلدی سے نکل پڑیں گے۔ یوں حشر ہے یہ ہمارے لیے بالکل آسان ہے ۴۱؎ ہم خوب جانتے ہیں جو وہ کہتے ہیں

وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۣ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿۴۵﴾

اور آپ ان پر جبر کرنے والے نہیں ۴۲؎ پس آپ نصیحت کرتے رہیے اس قرآن سے ہر اس شخص کو جو میرے عذاب سے ڈرتا ہے ۴۳؎

۴۱؎ یہ ہے حشر کی کیفیت۔ یہ نہیں کہا کہ یہ آسان ہے بلکہ فرمایا یہ ہمارے لیے بالکل آسان ہے کیونکہ ہمارا علم اور ہماری قدرت ہر چیز کو احاطہ میں لیے ہوئے ہیں۔

۴۲؎ سالہا سال سے اللہ کا محبوب انہیں خواب غفلت سے بیدار کر رہا ہے۔ انہیں اللہ کی آیتیں پڑھ کر سنا رہا ہے لیکن ان کی ہٹ دھرمی میں دن بدن اضافہ ہی ہوتا جاتا ہے جس سے حضور کو بڑا دکھ ہوتا۔ اللہ تعالیٰ تسلی دے رہے ہیں کہ اے حبیب! ہم ان کی کارستانیوں سے خوب واقف ہیں۔ ان کی باتوں کو خوب سن رہے ہیں۔ آپ رنجیدہ خاطر کیوں ہوتے ہیں۔ ہم نے آپ کو اس لیے تو نہیں بھیجا کہ سختی اور تشدد سے کام لے کر آپ ان کو اسلام قبول کرنے پر مجبور کریں۔ ان کے بارے میں آپ جواب دہ نہیں۔

۴۳؎ اے میرے پیارے رسول! آپ قرآن کریم کی آیات سے ان کو یاد دہانی کراتے رہیے جو ہمارے عذاب سے لرزاں و ترساں رہتے ہیں۔ وہی اس کو کان لگا کر سنیں گے وہی اس کو سمجھیں گے اور انہی خوش نصیبوں کو اس پر عمل کرنے کی توفیق نصیب ہوگی۔

○

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى حَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى وَنَبِيِّكَ الْمُرْتَضٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَمَنْ تَبِعَهٗ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ۔

تعارف

سُورۃ الذّٰریٰت

نام : اس کا نام الذاریات ہے' جو اس کا پہلا کلمہ ہے۔ اس میں تین رکوع، ساٹھ آیتیں، تین سو ساٹھ کلمے، ایک ہزار دو سو انتالیس حروف ہیں۔

نزول : باتفاق علماء اس کا نزول مکہ مکرمہ میں ہوا۔

مضامین : عقیدۂ قیامت' اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ہے۔ زندگی کا جو پروگرام اسلام پیش کرتا ہے اس پر صحیح طور پر عمل اسی وقت ہو سکتا ہے۔ اس کے فیوض و برکات سے انسان اسی وقت مستفیض ہو سکتا ہے جب قیامت پر اس کا یقین محکم ہو۔ اس لیے متعدد چیزوں کی قسمیں کھا کر یہ بتایا گیا کہ قیامت کی آمد کا وعدہ سچا ہے اور وہ دن ضرور آنے کا جب نیک کو جزا و سزا ملے گی۔ کفار جو قیامت کا انکار کرتے ہیں۔ ان کے پاس اس انکار کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے صرف قیاس آرائیاں ہیں۔ جن کی کوئی حقیقت نہیں اور وہ ان قیاس آرائیوں سے اس لیے مطمئن ہیں کہ وہ عیش و عشرت کے نشہ میں مدہوش ہیں۔ جب موت کا تلخ گھونٹ پئیں گے اس وقت خوفناک حقائق سے ان کی آنکھیں چار ہوں گی۔ مگر اس وقت بجز حسرت و ندامت کچھ حاصل نہ ہو گا۔

پھر بتایا ان کے برعکس کچھ اور لوگ بھی ہیں جو ہر وقت اپنے رب کریم سے لرزاں ترساں رہتے ہیں۔ اس کے ہر ارشاد کی تعمیل کرتے ہیں۔ ان کی راتیں اس کے ذکر میں گزرتی ہیں اور سحری کے وقت اپنی کوتاہیوں اور غفلتوں پر مغفرت طلب کرتے رہتے ہیں اور جو مال انہیں اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اس میں سے غریبوں اور محروموں کو دیتے رہتے ہیں۔

دوسرے رکوع میں متقیوں کے سرتاج اور مقبولین کے امام حضرت سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حالات بیان فرمائے اور پیرانہ سالی میں انہیں فرزند ارجمند کی ولادت کا مژدہ سنایا۔

اس کے بعد چند ایسی قوموں کا تذکرہ کیا جو فسق و فجور کی زندگی میں سرشار رہیں۔ اپنے نبیوں کی دعوت کو ٹھکراتی رہیں۔ اس سرکشی کی پاداش میں ان کا جو انجام ہوا' وہ سب کے لیے باعث عبرت ہے۔

تیسرے رکوع میں اللہ تعالیٰ کی شان و عظمت بیان کرنے کے بعد بتایا کہ اسی کے دامن کرم میں پناہ لو۔ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ پہلے بھی لوگوں نے اپنے انبیاء کو ساحر اور مجنون کہا اور سرکش بنے رہے۔ اے محبوب! اگر یہ کفار آپ کے بارے میں ایسی نازیبا باتیں کرتے ہیں تو آپ ان سے رُخ موڑ لیں' اور نصیحت کرتے رہیں' اہل ایمان اس نصیحت سے

نفع حاصل کریں گے۔ پھر جن وانس کی تخلیق کی غایت بتادی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں اور اس کے احکام کی پابندی کریں۔ اللہ تعالیٰ کو ان کی ضرورت نہیں۔ نہ وہ ان سے رزق مانگتا ہے نہ خوراک کا طلبگار ہے بلکہ ساری کائنات اُس کے دسترخوانِ کرم کی ریزہ چین ہے اور جو لوگ اس حقیقت کو نہیں سمجھتے اُن کے لیے ہلاکت اور خرابی ہے۔

نیوڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۳۰-۴-۷۷

سُوْرَةُ الذّٰرِیٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ الذاریات مکی ہے اس کی ساٹھ آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۝۱ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۝۲ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۝۳ فَالْمُقَسِّمٰتِ

قسم ہے ان ہواؤں کی جو اڑا کر بکھیرنے والیاں ہیں پھر ان بادلوں کی جو بارش کا بوجھ اٹھانے والے ہیں پھر کشتیوں کی جو آہستہ چلنے والیاں ہیں پھر فرشتوں کی جو حکم الٰہی سے [1]

[1] عرب کہتے ہیں ذرت الریح التراب، اطارتہ وفرقتہ۔ ہوا نے مٹی کو اڑایا اور اسے منتشر کر دیا۔ اسی سے الذاریات ہے۔ معنی ہو گا اڑا کر بکھیر دینے والیاں۔ وقر: بوجھ۔ الجاریات: چلنے والیاں۔ یُسرًا: آہستہ آہستہ، نرم خیز۔ مُقَسِّمَات: تقسیم کرنے والیاں۔

اس سورت کی ابتدا بڑی پُرجلال ہے۔ پے در پے چار قسمیں کھائی گئی ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ وقوع قیامت کی اہمیت کفار کے ذہن نشین کی جائے اور اس کے بارے میں جو شکوک و شبہات ان کو پریشان کرتے رہتے ہیں ان کا قلع قمع کیا جائے یعنی جس چیز کے وقوع پذیر ہونے کی خبر اللہ تعالیٰ دے رہا ہے اور قسم پر قسم کھا رہا ہے اس کے بارے میں تو کسی کو ادنیٰ سا تردد بھی نہیں ہونا چاہیے۔

ان آیات کی تفسیر حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے منقول ہے۔ آپ کے ارشاد کے بعد کسی کا قول کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ امیر المومنین نے ایک روز برسر منبر یہ اعلان فرمایا کہ مجھ سے پوچھ لو جو پوچھنا چاہتے ہو۔ ولن تسئلوا بعدی مثلی پھر میرے جیسا بتانے والا تمہیں کوئی نہیں ملے گا۔ ابن الکواء نامی ایک شخص اٹھا۔ اس نے ان آیات کا مطلب دریافت کیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا۔ فالذاریات: الریاح کہ ذاریات سے مراد ہوائیں ہیں جو چیزوں کو اڑاتی اور بکھیرتی رہتی ہیں۔ حاملات سے مراد السحاب یعنی بادل ہیں جو پانی کی عظیم مقدار بخارات کی صورت میں اٹھائے پھرتے ہیں۔ الجاریات سے مراد الفلک یعنی کشتیاں ہیں جو سینکڑوں آدمیوں اور ہزاروں من سامان کو اٹھائے آہستہ آہستہ سطح آب پر منزل مقصود کی طرف رواں دواں رہتی ہیں۔ المقسمات سے مراد الملئکۃ یعنی وہ فرشتے جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے رزق اور نعمتوں کی تقسیم پر متعین ہیں۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول سے اس کی تصدیق ہوتی ہے۔ میں نے ترجمہ اسی کے مطابق کیا ہے۔

بعض علما نے ان چاروں صفات کا موصوف ہواؤں کو بنایا ہے۔ اس میں یکسانیت تو بے شک ہے، لیکن مقسم بہ کے تعدد سے کلام میں جو قوت اور جلال پیدا ہوتا ہے وہ محتاج بیان نہیں اور یہاں یہی مقصود ہے۔

اَمْرًا ۝۴ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۝۵ وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ۝۶ وَالسَّمَآءِ

بانٹنے والے ہیں۔ بےشک جو وعدہ تم سے کیا گیا ہے وہ سچا ہے ؎۲ اور یقیناً جزا و سزا کا دن ضرور آئے گا ؎۳ قسم ہے آسمان

ذَاتِ الْحُبُكِ ۝۷ اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ۝۸ يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ

کی جس میں راستے ہیں ؎۴ بےشک تم مختلف (بے ربط) باتوں میں پڑے ہو ؎۵ منہ پھیرے ہے اس (قرآن) سے جس کا مقدر ازل سے

؎۲ تم سے جو وعدہ کیا گیا ہے کہ تمہیں دوبارہ زندہ کیا جائے گا، اس دنیوی زندگی کے بارے میں تم سے باز پرس ہوگی اور تمہیں تمہارے اعمال کے مطابق جزا یا سزا دی جائے گی۔ ہم بار بار قسم کھا کر تمہیں بتا رہے ہیں کہ یہ وعدہ سچا ہے۔ اس میں قطعاً کوئی شک نہیں۔

؎۳ اور بےشک جزا و سزا وقوع پذیر ہو کر رہے گی۔ قرآن کریم نے اس عقیدہ کو تسلیم کرنے پر اس لیے اتنا زور دیا ہے کہ وہ پاکیزہ انسانی معاشرہ جو اسلام قائم کرنا چاہتا ہے اس کے بغیر ممکن نہیں۔ قانون کتنا سخت اور مکمل کیوں نہ ہو انسانی زندگی کے ایک محدود حصہ پر اپنی بالادستی قائم کر سکتا ہے۔ پھر اس قانون میں بھی تاویلات کے بے شمار امکانات ہیں۔ انسان کی جلوت و خلوت اسی وقت نفس اور شیطان کی دست درازیوں اور ہنگامہ آرائیوں سے محفوظ رہ سکتی ہے جب اسے یقین ہو کہ قیامت کے روز اسے اس ہستی کے سامنے جوابدہ ہونا ہے جو اس کے ظاہر و باطن سے پوری طرح آگاہ ہے اور جس سے اس کی کوئی بات مخفی نہیں۔

عقل کا تقاضا بھی یہ ہے کہ انسان جسے عقل و فہم کی نعمت بخشی گئی ہے، جسے بے پناہ وسائل کا مالک بنا دیا گیا ہے، جسے اختیار و ترک کی پوری آزادی دی گئی ہے، اس سے اس کے تمام اعمال کے بارے میں باز پرس کی جائے، ورنہ ایک حیوان اور انسان میں کوئی تفاوت باقی نہیں رہے گا۔

؎۴ حُبُك جمع ہے۔ اس کا واحد حباك ہے۔ اس لفظ کے متعدد معانی بیان کیے گئے ہیں: وہ کپڑا جس کو بُننے والے نے بڑی نفاست اور خوبصورتی سے بُنا ہو تو عرب کہتے ہیں حبك الثوب يحبكه حبكا۔

حبك: ان لہروں کو بھی کہتے ہیں جو ہوا کے چلنے سے ریت پر یا ساکن پانی میں پیدا ہوتی ہیں۔ حبك کا معنی طرق: راستے بھی ہے اور حبك کہکشاں کو بھی کہتے ہیں۔ نیز گھنگھریالے بالوں میں جو سلوٹیں ہوتی ہیں انہیں بھی حبك کہا جاتا ہے۔ (قرطبی)

اکثر علماء نے اس سے مراد طرائق یعنی راستے لیے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آسمان کی قسم کھا رہا ہے، وہ آسمان جس میں ستاروں کی مختلف قسم کی حرکات کے باعث ان گنت راستے بنے ہوئے معلوم ہوتے ہیں جو مختلف اور متباین سمتوں میں جا رہے ہیں۔ کہکشاں کا معنی بھی انسب ہے۔ اس کے باعث آسمان کا حسن دوبالا ہوتا ہے اور اس کے بارے میں جدید تحقیقات نے حیرت انگیز انکشافات کیے ہیں یعنی کہکشاں والے آسمان کی قسم۔

؎۵ اے کافرو! راستوں والے آسمان کی قسم، تمہاری کوئی رائے قطعی نہیں، تمہاری کوئی بات حتمی نہیں۔ حضور نبی اکرم کے بارے میں لاف زنی کرتے ہو تو کبھی کہتے ہو یہ جادوگر ہے۔ کبھی اسے کاہن اور مجنون کہتے ہو اور کبھی اس پر شاعر ہونے کی تہمت لگاتے ہو۔ اسی طرح

أُفِكَ ﴿۹﴾ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ﴿۱۱﴾

جو پھیر دیا گیا ہے ف۹ ستیاناس ہو اٹکل پچو باتیں بنانے والوں کا ف۱۰ جو غفلت (کے نشہ) میں بے سُدھ پڑے ہیں ف۱۱

قرآن کریم کے بارے میں بھی تمہاری کوئی متفقہ رائے نہیں۔ کبھی اسے سحر کہتے ہو اور کبھی اسے شعر کہتے ہو اور تم میں سے جو زیادہ منہ پھٹ ہیں وہ اس پُر از حکمت کتاب کو اساطیر الاولین (جھوٹے افسانے) کہنے سے بھی نہیں شرماتے۔ قیامت کے بارے میں بھی تمہاری آرا کا تضاد حیرت انگیز ہے۔ تم میں اکثر تو اسے ابعد از عقل کہتے ہیں۔ بعض تناسخ کے قائل ہیں۔ غرضیکہ جتنے منہ اتنی باتیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تم ہوش و فہم سے کام نہیں لیتے۔ دلائل و براہین سے کوئی نتیجہ اخذ نہیں کرتے بلکہ محض ظن و تخمین کی وادیوں میں بھٹکتے پھر رہے ہو اور وہم و گمان پر اپنے مفروضات کی بنیاد رکھے ہوئے ہو۔

ف۹ علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ أَفَكَهُ۔ يَأْفِكُهُ۔ إِفْكًا۔ اي قَلَبَهُ وَصَرَفَهُ عَنِ الشَّيْءِ۔ کسی شے سے کسی کا رُخ پھیر دینا۔

صاحب قاموس لکھتے ہیں رجل مأفوك: مصروف عن الحق الى الباطل۔ یعنی جو شخص حق سے منہ موڑ کر باطل کی طرف متوجہ ہو جائے اسے مأفوك کہتے ہیں۔ آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ جو شخص حق قبول کرنے سے منہ موڑ لیتا ہے اللہ تعالیٰ کی توفیق اس کی دستگیری نہیں کرتی اور اسے گمراہی کی ڈگر پر دوڑنے کے لیے آزاد چھوڑ دیا جاتا ہے۔ حضرت حسن بصری کہتے ہیں ای یصرف عن الایمان بمحمد والقرآن من صرف۔ یعنی جو روگردانی کرتا ہے اسے اللہ کے نبی اور قرآن پر ایمان لانے سے روک دیا جاتا ہے۔

ف۱۰ قتل کا معنی جان سے مار دینا ہے لیکن یہاں بددعا کے لیے استعمال ہوا ہے۔ یعنی ان پر لعنت اور پھٹکار ہو۔ خرص: بغیر تحقیق کے محض قیاس و گمان سے کوئی بات کہہ دینے کو عربی میں خرص کہتے ہیں۔ اسی مناسبت سے کھجور کے درختوں اور انگور کی بیلوں پر لگے ہوئے پھل کے بارے میں صرف اندازہ سے جو مقدار بتایا کرتا ہے اسے خراص کہتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ کفار حضور نبی کریم، قرآن مجید اور قیامت کے بارے میں جو بھانت بھانت کی بولیاں بول رہے ہیں یہ محض ان کی قیاس آرائیاں اور ٹامک ٹوئیاں ہیں۔ جو لوگ زندگی کی ان بنیادی حقیقتوں کے بارے میں محض قیاس آرائی پر اکتفا کرتے ہیں انہیں بڑی بھیانک ناکامی اور روح فرسا مایوسی سے دوچار ہونا پڑے گا۔ خود سوچو جس دن ان لوگوں کو حشر کے میدان میں لا کھڑا کیا جائے گا اور انہیں کہا جائے گا کہ اپنی دنیوی زندگی کا حساب پیش کرو۔ تم نے ہماری دی ہوئی قوتوں کو کیسے استعمال کیا۔ ہماری بخشی ہوئی دولت کو کس طرح خرچ کیا۔ ہمارے احکام کی کہاں تک تعمیل کی۔ اس وقت ان لوگوں پر جو گزرے گی اس کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ اسی لیے قتل الخراصون کے رعب دار الفاظ سے ان کو خواب غفلت سے بیدار کرنے کی سعی فرمائی گئی ہے۔

ف۱۱ علامہ راغب اصفہانی غمرة کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ اصل الغمر: ازالة اثر الشيء ومنه قيل للماء الكثير الذي يزيل اثره سيله غمر وغامر۔ والغمرة معظم الماء الساترة لمقرها وجعل مثلا للجهالة التي تغمر صاحبها۔ یعنی غمر کا اصل معنی کسی چیز کے اثر و نشان کو مٹا دینا ہے۔ کثیر پانی کو بھی غمر کہتے ہیں کیونکہ یہ بھی اپنے بہنے کی جگہ

يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿١٢﴾ يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ﴿١٣﴾

وہ پوچھتے ہیں روزِ جزا کب آئے گا ۹؎ یہ اس دن ہوگا جب وہ آگ پر تپائے جائیں گے ۱۰؎

ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ۭ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿١٤﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ

اپنی سزا کا مزہ چکھو ۱۱؎ یہی ہے وہ جس کے لیے تم جلدی مچا رہے تھے۔ البتہ اللہ سے ڈرنے والے

فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿١٥﴾ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا

(اس روز) باغات اور چشموں میں ہوں گے ۱۲؎ (بصد شکر) لے رہے ہوں گے جو ان کا رب انہیں بخشے گا ۱۳؎ بے شک یہ لوگ

قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿١٦﴾ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿١٧﴾ وَ

اس سے پہلے بھی نیکوکار تھے ۱۴؎ یہ لوگ رات کو بہت کم سویا کرتے تھے ۱۵؎ اور

کو چھپا دیتا ہے۔ کیونکہ جہالت بھی جاہل کو بالکل ڈھانپ دیتی ہے اور لوگوں کی آنکھوں سے اسے اوجھل کر دیتی ہے اس لیے اسے بھی غمرۃ کہا گیا ہے۔

۹؎ ان کا یہ سوال طلبِ علم کے لیے نہ تھا بلکہ بطور استہزا تھا۔

۱۰؎ اسی قسم کا ہی انہیں جواب بھی دیا گیا عرب کہتے ہیں فتنت الذھب ای احرقتہ لتختبرہ یعنی جب تو سونے کو پرکھنے کے لیے آگ میں جلائے تو کہا جاتا ہے فتنت الذھب۔ آیت میں یفتنون اسی معنی میں مستعمل ہے یعنی جس روز انہیں آگ میں تپایا جائے گا۔

۱۱؎ انہیں کہا جائے گا کہ اپنے کرتوتوں کا عذاب چکھو۔

۱۲؎ اغیار کے ذکر کے بعد اب احباب کا ذکر ہو رہا ہے۔ ارشاد فرمایا یہ جنت کے سدا بہار باغات میں لطف اندوز ہو رہے ہوں گے ان کی شاداب ٹہنیوں پر رنگ برنگ پھول کھل رہے ہوں گے۔ ان کی شاخیں لذیذ، رسیلے اور خوبصورت پھلوں سے لدی ہوں گی۔ وہاں میٹھے اور ٹھنڈے پانی کے چشمے پھوٹ رہے ہوں گے اور اس ماحول کو مزید شگفتہ اور شاداب بنا رہے ہوں گے۔

۱۳؎ بڑا پر لطف جملہ ہے۔ مولا کریم اپنے دستِ کرم سے خود انہیں نعمتیں عطا فرما رہے ہوں گے اور یہ بصد شکر و ہزار مسرت انہیں وصول کر رہے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ دے رہا ہو اور بندہ لے رہا ہو اس میں جو مزہ اور لطف ہے اس کا اندازہ ہمارے لیے آسان نہیں۔

۱۴؎ ان نوازش ہائے بے پایاں کی حکمت بیان کی جا رہی ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنی دنیوی زندگی میں نیکوکار تھے۔ ان کے دامنِ حیات پر نافرمانی کا کوئی داغ نہیں۔ جب وہ عبادت کرتے تھے اس وقت ان کی محویت کا یہ عالم ہوتا تھا کہ وہ دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو جاتے اور اپنے محبوب کے حسنِ لازوال کے مشاہدہ میں مستغرق ہو جاتے۔

۱۵؎ ان کی دوسری خوبی یہ تھی کہ ان کی راتیں فسق و فجور کی نذر نہیں ہو جایا کرتی تھیں اور نہ یہ شام سے دن چڑھے تک غفلت کی

چادر اوڑھے نیند میں مست پڑے رہتے تھے بلکہ تھوڑی دیر ستانے کے بعد یہ اٹھ کھڑے ہوتے اور باقی رات ذکر و عبادت میں بسر کر دیتے۔ جب سحری کا وقت ہو جاتا تو یہ اپنی کوتاہیوں اور خامیوں کے احساس سے مضطرب ہو جاتے اور بادیدۂ گریاں اپنی تقصیرات پر مغفرت طلب کرتے۔ کیونکہ وہاں دل شکستہ ہی رحمت کا مستحق سمجھا جاتا ہے۔

در کوئے عشق شوکتِ شاہی نمی خرند اقرارِ بندگی کن و دعوئ چاکری

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے غلاموں کو سحری کے وقت اللہ کریم کی یاد میں مشغول رہنے کی بڑے دلنشیں انداز میں ترغیب دی ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینزل اللہ الی السماء الدنیا کل لیلۃ حین یبقی ثلث اللیل ویقول انا الملک من الذی یدعونی فاستجیب لہ، من الذی یسئلنی فاعطیہ، من الذی یستغفرنی فاغفرلہ۔

یعنی جب رات کا تیسرا حصہ باقی رہ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ آسمانِ دنیا پر نزولِ اجلال فرماتے ہیں اور اعلان کرتے ہیں کہ میں بادشاہ ہوں کون ہے جو مجھ سے دعا مانگے اور میں اس کی دعا قبول کروں۔ کون ہے جو مجھ سے سوال کرے اور میں اس کا سوال پورا کروں۔ کون ہے جو مجھ سے مغفرت طلب کرے اور میں اس کے گناہ بخش دوں۔

حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم بلاناغہ تہجد ادا فرمایا کرتے اور اس کے بعد جو کلمات دعا حضور فرمایا کرتے وہ پیشِ خدمت ہے۔ خدا کرے کوئی صاحبِ دل اس کو یاد کرلے اور اسے اپنا وظیفہ بنالے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ حَقٌّ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ اَنْتَ رَبُّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ۔

ترجمہ: اے اللہ! ساری تعریفیں تیرے لیے ہیں۔ تو ہی آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے کو قائم رکھنے والا ہے۔ ساری تعریفیں تیرے لیے ہیں۔ تو ہی آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے کا بادشاہ ہے۔ ساری تعریفیں تیرے لیے ہیں۔ تو حق ہے۔ تیرا وعدہ حق ہے تیری لقاء حق ہے۔ تیرا فرمان حق ہے۔ آگ حق ہے۔ سارے نبی حق ہیں اور تیرا محبوب، محمد (علیہ السلام) حق ہے اور قیامت حق ہے۔ اے اللہ! میں نے اپنا سر تیرے آگے خم کر دیا ہے۔ میں تجھ پر ایمان لے آیا ہوں۔ تجھ پر ہی میرا بھروسہ ہے۔ میں تیری طرف ہی دل سے مائل ہوں میں تیری مدد سے ہی دشمن کا مقابلہ کرتا ہوں اور تجھے ہی اپنا حکم تسلیم کرتا ہوں۔ تو ہی سب کا رب ہے اور تیری طرف ہی ہم نے لوٹنا ہے۔ اے اللہ! میرے گزشتہ گناہ بھی بخش دے اور آئندہ گناہ بھی معاف کردے جو میں نے چھپ کر کیے ہیں اور جو میں نے اعلانیہ

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۱۹﴾

سحری کے وقت اپنی خطاؤں کی بخشش طلب کرتے تھے ۱۶؎ اور ان کے اموال میں حق تھا سائل کے لیے اور محروم کے لیے ۱۷؎

وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۲۱﴾

اور زمین میں ہماری قدرت کی نشانیاں ہیں اہلِ یقین کے لیے ۱۸؎ اور تمہارے وجود میں بھی (نشانیاں ہیں) کیا تمہیں نظر نہیں آتیں ۱۹؎

کیے ہیں اور میری وہ خطائیں بھی بخش دے جنہیں تو مجھ سے بہتر جانتا ہے۔ تو ہی سب سے پہلے ہے تو ہی سب سے بعد بھی ہے تیرے سوا کوئی خدا نہیں تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

۱۶؎ سحری کا وقت کس قدر بابرکت ہے اور جو لوگ اللہ کی جناب میں اس وقت حاضر ہو کر دامنِ طلب پھیلاتے ہیں ان پر کیسی کیسی نوازشات کی جاتی ہیں اس کا اندازہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جنہیں یہ توفیق نصیب ہوئی ہو۔ حافظ شیرازی کہتے ہیں۔

ہر گنج سعادت کہ خدا داد بحافظ ۔۔۔ از یمنِ دعائے شب و وردِ سحری بود

اور حضرت علامہ اقبال علیہ الرحمۃ کا ارشاد بھی سنیئے۔

عطار ہو، رومی ہو، رازی ہو، غزالی ہو ۔۔۔ کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی

۱۷؎ ان کی تیسری خوبی یہ تھی کہ اگر کوئی سائل ان کے در پر آ جاتا تو وہ اسے مایوس اور تہی دست واپس نہ کرتے۔ اگر انہیں پتہ چل جاتا کہ فلاں شخص کسبِ معاش سے معذور ہے، مرض یا قرض نے اس کی کارکردگی کی صلاحیت کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے یا محلہ میں فلاں بیوہ ہے جس کا کوئی پرسانِ حال نہیں یا کسی گھر میں کوئی یتیم بچہ ہے تو وہ خود وہاں دوڑے ہوئے جاتے اور حسبِ مقدور ان کی خدمت بجا لاتے اور ایسا کرنا وہ اپنا فرض سمجھتے نہ کسی پر احسان جتلاتے اور نہ کسی سے شکر گزاری کی تمنا کرتے۔

اکثر علماء کا یہی قول ہے کہ اس سے مراد زکوٰۃ نہیں بلکہ اس کے علاوہ ہے۔

۱۸؎ پہلے تو صرف یہ کہا گیا کہ اے کفار! ہم تمہیں یقین دلاتے ہیں کہ قیامت ضرور برپا ہو گی۔ اب ان کی توجہ تکوینی اور آفاقی دلائل کی طرف مبذول کرائی جا رہی ہے جو زبانِ حال سے شہادت دے رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان سچا ہے۔ فرمایا اس زمین، اس کی ساخت اور اس میں رونما ہونے والے عجیب و غریب تغیرات میں غور کرو، قدم قدم پر تمہیں ایسے آثار و نشانات ملیں گے جن کو اگر تم نے غور سے دیکھا تو حقیقت عیاں ہو جائے گی۔

۱۹؎ انہیں کہا جا رہا ہے کہ اگر ان کی فکری رسائیاں کہ وہ اپنے ارد گرد پھیلی ہوئی کائنات کے یکتا نظام کی باریکیوں اور نزاکتوں کو سمجھ سکیں تو وہ اپنی ذات میں ہی غور و فکر کریں کہ کس طرح ایک حقیر قطرہ سے اس کی آفرینش کا آغاز ہوتا ہے، کس طرح پے در پے نازک ترین تغیر کی منزلیں طے کرتا ہوا وہ بے جان قطرہ ایک زندہ انسان کی شکل میں نمودار ہوتا ہے۔ پھر وہ ننھا ناتواں بچہ کس طرح آہستہ آہستہ پروان چڑھتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کی خوبیاں پرورش پا کر عروجِ کمال تک پہنچتی ہیں۔ حصولِ علم کے لیے جو ظاہری اور باطنی وسائل اسے بخشے گئے ہیں،

وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ ﴿٢٢﴾ فَوَرَبِّ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ

اور آسمان میں ہے تمہارا رزق اور ہر وہ چیز جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے ۲۰ پس قسم ہے آسمان اور زمین کے رب کی یہ

لَحَقٌّ مِّثْلَ مَا أَنَّكُمْ تَنطِقُونَ ﴿٢٣﴾ هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ

حق ہے ۲۱ بعینہٖ اسی طرح جس طرح تم باتیں کر رہے ہو۔ اے حبیب! کیا پہنچی ہے آپ کو خبر ۲۲ ابراہیم (علیہ السلام) کے معزز

الْمُكْرَمِينَ ﴿٢٤﴾ إِذْ دَخَلُوا عَلَيْهِ فَقَالُوا سَلَامًا ۖ قَالَ سَلَامٌ قَوْمٌ مُّنكَرُونَ ﴿٢٥﴾

مہمانوں کی ۲۳ جب وہ آپ کے پاس آئے تو انہوں نے سلام عرض کیا آپ نے فرمایا تم پر بھی سلام ہو (دل ہی دل میں سوچا) بالکل انجان لوگ ہیں ۲۴

ع ۱۸ — وقف لازم

عمل اور اختیار کی جس آزادی سے اسے نوازا گیا ہے۔ اس کی روح میں فرازِ عرش پر خیمہ زن ہونے کی جو صلاحیتیں ودیعت کی گئی ہیں اگر ان تمام امور میں غور کیا جائے اور ان حقائق کو چشمِ بصیرت سے دیکھا جائے تو اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ، حکمتِ بالغہ اور علمِ محیط پر یقین حاصل ہو جاتا ہے اور اس میں کوئی خلش باقی نہیں رہتی کہ ایسی ہستی اگر مردوں کو دوبارہ زندہ کرنا چاہے تو قطعاً کوئی مشکل نہیں۔

۲۰ یہاں رزق سے مراد ہر وہ چیز ہے جس کی انسان کو اپنی بقاء اور اپنی ذہنی، جسمانی اور روحانی نشوونما کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔ فرمایا ہر قسم کی نعمتوں کے خزانے ہمارے پاس ہیں۔ ہم سے مانگو ہم تمہاری جھولیاں بھر دیں گے۔

۲۱ پہلے مختلف چیزوں کی قسمیں کھائیں۔ اب اللہ تعالیٰ اپنی ذاتِ والاصفات کی قسم اٹھا کر فرما رہے ہیں کہ یوم جزا حق ہے، وہ ضرور آئے گا۔ اس روز تمہیں تمہارے اعمال کے مطابق بدلہ دیا جائے گا یا قرآن اللہ کی سچی کتاب ہے۔ اسے کسی انسان نے تصنیف نہیں کیا۔ انہ لحق میں ضمیر کا مرجع قرآن اور آخرت دونوں ہو سکتے ہیں۔

۲۲ یہاں سے قانونِ مکافات کی سچائی کو ثابت کرنے کے لیے تاریخی دلائل کا سلسلہ شروع ہو رہا ہے۔ اس رکوع میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ ان متعدد قوموں کا ذکر ہے جو راہِ راست سے بھٹک گئیں۔ ان کو ہدایت دینے کے لیے انبیائے کرام تشریف لائے۔ انہوں نے بڑی دلسوزی سے انہیں سمجھایا لیکن جب ان کی مخلصانہ کوششیں بھی بارآور نہ ہوئیں اور وہ لوگ گمراہی میں آگے ہی نکلتے چلے گئے تو انجام کار مکافاتِ عمل کا قانون حرکت میں آیا اور انہیں نیست و نابود کر کے رکھ دیا گیا۔ رکوع کی ابتداء میں حضرت ابراہیم علیہ السلام، آپ کے معزز مہمانوں اور ایک فرزند ارجمند کی ولادت کی بشارت کا ذکر کیا گیا ہے اور پھر بات اصل مقصد کی طرف بڑھتی چلی گئی ہے۔

یہ واقعہ دوسرے مقامات پر گزر چکا ہے۔ ملاحظہ ہو سورۂ ہود ضیاء القرآن، سورۂ حجر ضیاء القرآن اور دیگر مقامات پر۔

۲۳ آپ کے پاس آنے والے مہمانوں کی تعداد زیادہ سے زیادہ گیارہ اور کم سے کم تین بتائی گئی ہے لیکن ضیوف (جمع) کی بجائے ضیف (واحد) کا لفظ استعمال کیا گیا ہے کیونکہ ضیف مصدر ہے اور مصدر ایک، دو یا زیادہ کے معنوں میں بھی بولا جاتا ہے۔

۲۴ ان کی شکل و صورت دیکھ کر دل ہی دل میں کہا یہ لوگ غریب الدیار اور اجنبی معلوم ہوتے ہیں۔ اس علاقہ کے لوگوں سے

فَرَاغَ اِلٰۤى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ﴿۲۶﴾ فَقَرَّبَهٗۤ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا

پس چپکے سے اپنے اہل خانہ کی طرف گئے اور ایک (بھنا ہوا) موٹا تازہ بچھڑا لے آئے ۲۵ لا کر ان کے قریب رکھ دیا فرمایا کھاتے کیوں

تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ ؕ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ

نہیں ۲۶ پس دل ہی دل میں ان سے خوف کرنے لگے۔ وہ بولے ڈریے نہیں ۲۷ اور انہوں نے بشارت دی آپ کو

عَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِىْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ

ایک صاحب علم بیٹے کی۔ پس آئی آپ کی بیوی چیخیں بلند کرتی ہوئی ۲۸ اور فرط حیرت سے طمانچہ مارا اپنے چہرہ پر اور بولی (میں) بوڑھی (اور)

عَقِيْمٌ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۰﴾

بانجھ (کیا میرے ہاں بچہ ہوگا؟) انہوں نے کہا ایسا ہی تیرے رب نے فرمایا ہے۔ بے شک وہی بڑا دانا، سب کچھ جاننے والا ہے۔

ان کی وضع قطع بالکل مختلف نظر آرہی ہے۔

۲۵ راغ کا معنی ہے اِنْسَلَّ خفیۃ فی سرعۃ۔ تیزی سے چپکے چپکے کھسک جانا۔ یعنی اپنے مہمانوں کو آرام سے بٹھایا، خود چپکے سے اٹھے اور ان کی ضیافت کے انتظام میں مصروف ہو گئے۔ جلدی جلدی ایک موٹا تازہ بچھڑا ذبح کیا، اس کو بھونا اور لا کر ان کی خدمت میں پیش کر دیا۔

۲۶ کھانا دسترخوان پر چن دیا گیا ہے لیکن مہمان ہیں کہ کھانے کے لیے ہاتھ نہیں بڑھاتے۔ آپ نے فرمایا آپ لوگ کھانا تناول نہیں کریں گے؟ قبائلی زندگی میں ایک دستور تھا کہ اگر مہمان ضیافت قبول کر لیتا تو سمجھا جاتا کہ اس کا آنا خیر سے ہوا ہے۔ لیکن اگر وہ کھانا تناول کرنے سے انکار کر دیتا تو سمجھ لیا جاتا کہ یہ کسی بری نیت سے یہاں آیا ہے۔ جب فرشتوں نے ہاتھ آگے نہ بڑھائے تو آپ کو ان سے ایک گونہ خدشہ سا محسوس ہونے لگا۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ جب آپ نے دیکھا کہ وہ ہاتھ نہیں بڑھا رہے تو آپ سمجھ گئے کہ یہ انسان نہیں بلکہ فرشتے لباس بشری میں آئے ہیں اور ان کا اس طرح لباس بشری میں آنا خطرہ سے خالی نہیں۔ عن ابن عباس انہ علیہ السلام وقع فی نفسہ انہم ملائکۃ ارسلوا للعذاب فخاف۔

۲۷ فرشتوں نے تسلی دیتے ہوئے کہا کہ آپ ہراساں نہ ہوں۔ ہم تو آپ کو ایک فرزند ارجمند کی بشارت دینے حاضر ہوئے ہیں۔

۲۸ حضرت سارہ قریب ہی کہیں بیٹھی یہ گفتگو سن رہی تھیں۔ اس وقت آپ کی عمر نوے سال اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر ۱۰۰ سال سے متجاوز تھی۔ انہوں نے جب یہ سنا کہ ایک بچے کی ولادت کا مژدہ سنایا جا رہا ہے تو اپنے جذبات تحیر کو ضبط نہ کر سکیں اور جہاں حضرت ابراہیمؑ فرشتوں سے مصروف گفتگو تھے وہاں آ پہنچیں اور کہنے لگیں کہ آپ لوگ کیسی باتیں کر رہے ہیں۔ میں بوڑھی اور بانجھ،

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿۳۱﴾ قَالُوا إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمٍ

آپ نے پوچھا تمہارے آنے کا کیا مقصد ہے اے فرشتو! ۲۹ وہ بولے ہم بھیجے گئے ہیں ایک قوم کی طرف جو

میرے ہاں بچہ پیدا ہو گا، یہ کیونکر ممکن ہے۔ آیت میں دو لفظ تحقیق طلب ہیں۔ صرۃ اور فصکت۔

علامہ ابن منظور نے صرۃ کی تحقیق کرتے ہوئے کئی صفحات لکھے ہیں جن کا خلاصہ یہ ہے۔ قال الزجاج الصرۃ اشد الصیاح تکون فی الطائر والانسان وغیرھما۔ یعنی زور سے چیخنے کو صرۃ کہتے ہیں خواہ وہ چیخ پرندہ کی ہو یا انسان کی۔ یعنی جب مائی صاحبہ نے بچہ کی ولادت کا مژدہ سنا تو ان کے تحیر کی کوئی حد نہ رہی، چیختی اور شور مچاتی وہاں آئیں۔ صرۃ کا دوسرا معنی ابن منظور نے جماعت لکھا ہے۔ اس صورت میں آیت کا مفہوم یہ ہو گا کہ جب آپ نے یہ بات سنی تو جو عورتیں اس وقت ان کی خدمت میں حاضر تھیں ان کو ساتھ لے کر آپ تشریف لے آئیں۔

آخر میں انہوں نے اس لفظ کا ایک اور معنی بھی لکھا ہے۔ چونکہ وہی مناسب حال ہے اس لیے میں نے اسی کو پسند کیا ہے اور اسی کے مطابق ترجمہ کیا ہے۔ لکھتے ہیں۔ الصرۃ تقطیب الوجہ من الکراھۃ۔ اظہار ناپسندیدگی کے لیے چہرہ پر بل ڈالنا بھی کبھی ہوتا جب انسان از حد متحیر ہوتا ہے اس کی پیشانی پر بل پڑ جانا اور اس کا چیں بر جبیں ہونا ایک قدرتی امر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

فصکت، عورتوں کی عام عادت ہوتی ہے کہ جب وہ حیرت زدہ ہوتی ہیں تو اپنے منہ پر طمانچے سے مارتی ہیں۔ شوہر محترم کی عمر سو سال اور اپنی عمر نوے سال، اس پر یہ بشارت کہ تم بچہ جنوگی۔ اس پر مائی صاحبہ جتنا بھی اظہار حیرت کرتیں بجا تھا۔

بعض نادان لوگ فصکت وجہہا کے لفظ سے ماتم کرنے اور پیٹنے کے جواز پر استدلال کرتے ہیں اور اسے حضرت سارہ کی سنت کہتے ہیں۔ وہ خود ہی فرمائیں کہ کیا انہیں حضرت امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت سے ایسی ہی حیرت اور مسرت ہوئی ہے جس طرح حضرت سارہ کو فرزند کی بشارت سے ہوئی تھی۔ اگر ایسا ہی ہے تو انہیں زور زور سے منہ پر طمانچے مارنے چاہئیں۔ خاندان نبوت کی پامالی پر وہ جتنا حیرت اور جس طرح مسرت کا اظہار کریں انہیں اس کا حق پہنچتا ہے کیونکہ ان لوگوں نے امام پاک کو دھوکے سے کوفہ بلایا اور پھر ابن زیاد کے ساتھ مل کر گلستان نبوت کو تاخت و تاراج کیا۔ اگر ایسے نامبارک منصوبے کی کامیابی پر وہ خوش نہ ہوں گے تو اور کون خوش ہو گا۔ لیکن وہ ایمان دار جن کے دل سانحہ کربلا سے ٹکڑے ٹکڑے ہیں، جن کی آنکھیں اس حادثہ فاجعہ سے اشک بار رہتی ہیں وہ کس طرح خوشی کا اظہار کر سکتے ہیں۔

خوشی اور حیرت کے موقع پر کسی عورت کا اپنے منہ پر یوں طمانچہ لگانا اور ہے اور کسی کے غم میں اپنا منہ اور سینہ لہولہان کرنا اور ہے۔ اسلام جو صبر کا سبق دیتا ہے وہ ان مردان پاکباز کا ماتم کرنے کی اجازت ہرگز نہیں دے سکتا جنہوں نے اپنے رب کریم کا نام بلند کرنے کے لیے اپنا سر کٹایا ہو، اپنا گھر لٹایا ہو اور اپنے بھائی اور بچے ذبح کرائے ہوں۔ اسلام تو ان کو مردہ تسلیم ہی نہیں کرتا اور اپنے ماننے والوں کو بتاتا ہے کہ وہ زندہ ہیں۔ ان کے بارے میں یہ گمان کرنا ہی سراسر غلط ہے کہ وہ مردہ ہیں۔

۲۹ اس گفتگو سے فارغ ہونے کے بعد ان سے ان کے آنے کا مقصد دریافت کرتے ہیں۔ فرشتوں کا بشری لباس میں آنا کوئی معمولی

مُّجْرِمِيْنَ ﴿٣٢﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿٣٣﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ

جرائم پیشہ ہے۔ ۳۰ تاکہ ہم برسائیں ان پر گارے کے بنے ہوئے پتھر (کنکر) جن پر نشان لگے ہیں آپ کے رب

رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿٣٤﴾ فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٣٥﴾

کی طرف سے حد سے بڑھنے والوں کے لیے۔ (نزولِ عذاب سے پہلے) ہم نے نکال لیا وہاں کے تمام ایمانداروں کو ۳۱

فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٣٦﴾ وَتَرَكْنَا فِيْهَا اٰيَةً

پس نہ پایا ہم نے اس (ساری) بستی میں بجز ایک مسلم گھر کے۔ اور ہم نے باقی رہنے دی وہاں ایک

لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٣٧﴾ وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى

نشانی ان لوگوں (کی عبرت پذیری) کے لیے جو دردناک عذاب سے ڈرتے ہیں ۳۲ اور (داستانِ) موسیٰ میں بھی نشانی ہے جب ہم نے انہیں بھیجا

بات نہ تھی اس لیے آپ نے پوچھا کون سی مہم درپیش ہے جس کو سر کرنے کے لیے آپ تشریف لائے۔ الخطب کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں: الخطب: الامر العظیم یکثر فیہ التخاطب (مفردات) یعنی وہ اہم کام جس کے بارے میں بکثرت تبادلۂ خیال کیا جاتا ہے۔ منجد میں ہے الخطب: الشان، الامر، صغر او عظم۔ وغلب استعمالہ للامر العظیم المکروہ۔ یعنی ویسے تو الخطب ہر کام کو کہتے ہیں بڑا ہو یا چھوٹا لیکن اس کا غالب استعمال کسی اہم لیکن ناخوشگوار کام کے لیے ہوتا ہے۔

۳۰ فرشتوں نے بتایا کہ وہ قوم لوطؑ کو فنا کرنے کے لیے بھیجے گئے ہیں۔ سرکاری اسلحہ خانہ میں ان کے لیے ایسے پتھر تیار کیے گئے ہیں جن پر خاص نشان لگا دیے گئے ہیں اور ہر پتھر ایک مجرم کی سرکوبی کے لیے مختص کر دیا گیا ہے۔ ہمیں حکم ملا ہے کہ ان نشان زدہ پتھروں کی ان مجرموں پر موسلا دھار بارش کریں۔ مسومۃ: جن پر نشان لگا دیا گیا ہو۔

۳۱ حضرت خلیل کے پوچھنے پر یا فرشتوں نے از خود یہ بتا دیا کہ آپ فکر نہ کریں حضرت لوطؑ اور ان کے اہلِ خانہ پر کوئی آنچ نہیں آئے گی۔ اس ساری بستی میں یہ ایک ہی خاندان ہے جس نے حق کا پرچم بلند رکھا۔ نہ باطل کو قبول کیا اور نہ اس سے مصالحت کی بلکہ اس کو نیچا دکھانے کے لیے مقدور بھر جدوجہد کرتا رہا۔ سو ہم نے ان کو وہاں سے نکالنے کا پوری طرح انتظام کر لیا ہے۔

آپ یہ جانتے ہیں کہ حضرت لوطؑ، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے سگے بھتیجے تھے۔

۳۲ بحرِ مُردار (DEAD SEA) کا محلِ وقوع بتا رہا ہے کہ یہاں پہلے بڑے بڑے شہر آباد تھے جو بعد میں کسی زلزلہ کی وجہ سے زمین میں دھنس گئے۔ مولانا مودودی لکھتے ہیں: ۱۹۶۵ء میں آثارِ قدیمہ کی تلاش کرنے والی ایک امریکی جماعت کو الّسان (اس بحیرہ کا جنوبی حصہ) پر بہت بڑا قبرستان ملا ہے جس میں بیس ہزار سے زیادہ قبریں ہیں۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ قریب میں کوئی بڑا شہر

فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾

فرعون کی طرف ایک روشن دلیل دے کر ۳۳ پس اس نے روگردانی کی اپنی قوت کے بل بوتے پر اور کہنے لگا یہ شخص جادوگر ہے یا دیوانہ ۳۴

فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِى الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾ وَفِىْ عَادٍ اِذْ

تو ہم نے اس کو اس کے لشکر سمیت پکڑا اور انہیں سمندر میں پھینک دیا اور وہ قابل ملامت بن گیا ۳۵ اور (قصہ) عاد میں بھی نشان عبرت ہے

ضرور آباد ہوگا مگر کسی ایسے شہر کے آثار آس پاس کہیں موجود نہیں ہیں جس سے متصل اتنا بڑا قبرستان بن سکتا ہو۔ اس سے بھی یہ شبہ تقویت پاتا ہے کہ جس شہر کا یہ قبرستان تھا وہ بحیرہ میں غرق ہو چکا ہے۔ (تفہیم القرآن، سورۃ الذاریات)

مزید وضاحت کے لیے ضیاء القرآن، سورۂ اعراف آیات ۸۰ تا ۸۴ کا مطالعہ کیجیے۔

۳۳ اب بتایا جا رہا ہے کہ اے اہل مکہ! جس طرح تمہارے پاس پیارا رسول مکرم دلائل و براہین کی روشنی لے کر آیا ہے اسی طرح ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو سلطان مبین (روشن دلیل) دے کر فرعون کی طرف بھیجا تھا تاکہ اس کو قبول حق کی دعوت دے لیکن فرعون نے اپنے لشکر جرار، اپنی بے پایاں طاقت اور اپنی ذاتی قوت کے بل بوتے پر ایک درویش صفت رسول کی بات ماننے سے منہ پھیر لیا پھر اس کا جو انجام ہوا وہ سب کو معلوم ہے۔

۳۴ تولی برکنہ کے الفاظ تحقیق طلب ہیں۔ رکن کا معنی ذاتی قوت بھی کیا گیا ہے اور اس سے مراد اس کا لشکر، اس کی فرمانبردار رعایا بھی لی جا سکتی ہے۔ "ب" مصاحبۃ کی بھی ہو سکتی ہے اور تعدیہ کی بھی۔ مصاحبۃ کی صورت میں معنی یہ ہوگا کہ اس نے اپنے لشکر، اپنے اعوان و انصار اور اپنی قوم سمیت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت کو سننے سے منہ پھیر لیا اور اگر "ب" تعدیہ کے لیے ہو تو اس سے مراد یہ ہوگی کہ اس نے اپنے لشکر جرار، اپنے اعوان و انصار یا اپنی ذاتی طاقت سے مغرور ہو کر موسیٰ علیہ السلام کی دعوت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ حضرت ابن عباس اور قتادہ سے مروی ہے۔ برکنہ: ای بقوتہ۔ یعنی اس نے اپنی ذاتی قوت کے بل بوتے پر آپ کی دعوت کو ٹھکرا دیا اور اس نے موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کہا یہ شخص یا تو جادوگر ہے اور یا اس کا دماغ چل گیا ہے۔ اسے یہ خبر ہی نہیں کہ وہ کس کے دربار میں کھڑا ہے اور کیا بات کر رہا ہے۔

۳۵ جب یہ واقعہ ہوا ہوگا تو آناً فاناً فرعون اور اس کے لشکر جرار کی غرقابی کی خبر ارد گرد کے علاقوں میں پہنچ گئی ہوگی لیکن اس عظیم سانحہ پر کوئی آنکھ نمناک نہ ہوئی۔ کسی نے بھی اظہار افسوس تک نہ کیا، بلکہ سب کی زبان پر ایک ہی بات تھی کہ "خس کم جہاں پاک"۔ فرعون بڑا ظالم تھا اور اس کا یہی انجام ہونا تھا۔ وھو ملیم میں اس امر کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ مرنے کے بعد بھی اس کو لوگ ملامت کرتے رہے اور برا بھلا کہتے رہے۔ ملیم کی تحقیق کرتے ہوئے صاحب لسان العرب کہتے ہیں۔ الام الرجل فھو ملیم اذا اتی ذنبا یلام علیہ۔ جب کوئی شخص ایسے گناہ کا ارتکاب کرے جو قابل ملامت ہو تو اس شخص کو ملیم کہتے ہیں۔

سیبویہ کہتے ہیں الام: صار ذا لائمۃ۔

أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيحَ الْعَقِيمَ ﴿٤١﴾ مَا تَذَرُ مِن شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ

جب ہم نے ان پر آندھی بھیجی جو خیر و برکت سے خالی تھی ۳۶ نہیں چھوڑتی تھی کسی چیز کو جس پر گزرتی

إِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيمِ ﴿٤٢﴾ وَفِي ثَمُودَ إِذْ قِيلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوا حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٤٣﴾

مگر اسے کر دیتی ریزہ ریزہ۔ اور (واقعہ) ثمود میں بھی نشانی ہے جب انہیں کہہ دیا گیا کہ لطف اٹھالو ایک وقت تک ۳۷

فَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ وَهُمْ يَنظُرُونَ ﴿٤٤﴾ فَمَا

پس انہوں نے سرکشی کی اپنے رب کے حکم سے تو پکڑ لیا انہیں ایک خوفناک کڑک نے دراں حال کہ وہ دیکھ رہے تھے۔ پھر ان

اسْتَطَاعُوا مِن قِيَامٍ وَمَا كَانُوا مُنتَصِرِينَ ﴿٤٥﴾ وَقَوْمَ نُوحٍ مِّن

میں نہ اٹھنے کی طاقت رہی ۳۸ اور نہ وہ (ہم سے) انتقام لے سکے ۳۹ اور قوم نوح کا اس سے

۳۶ قوم عاد کا انجام بھی بڑا عبرت ناک ہوا۔ ان کی سرکشی کی جب حد ہو گئی ان کو راہ راست پر لانے کی ساری پیغمبرانہ مساعی ناکام ہو گئیں تو ان پر ایسی ہوا کا جھکڑ مسلط کر دیا گیا جو عقیم تھی۔ عقیم بانجھ عورت کو کہتے ہیں۔ اس سے مراد وہ ہوا ہے جو خیر و برکت سے یکسر عاری ہو۔ نہ بادلوں کو اڑا کر لائے نہ درختوں کو بار آور کرے نہ اس میں رحمت کا کوئی شائبہ ہو۔ وھی التی لا تلقح سحابا و لا شجرا و لا رحمة فیھا و لا برکة و لا منفعة (قرطبی) دوسرے مقامات پر تصریح کی گئی ہے کہ یہ جھکڑ آٹھ دن اور سات رات تک مسلسل چلتا رہا اور جو چیز بھی اس کی زد میں آئی اس کو ریزہ ریزہ کر کے رکھ دیا۔

۳۷ قوم ثمود نے جب نافرمانی اور سرکشی کی انتہا کر دی اور اس اونٹنی کی کونچیں بھی کاٹ ڈالیں جو بطور معجزہ ظاہر کی گئی تھی تو انہیں بتا دیا گیا کہ تمہاری بربادی میں صرف تین دن کی مہلت رہ گئی ہے۔ جی بھر کر داد عیش دے لو اور خرمستیاں کر لو لیکن انہیں پھر بھی ہوش نہ آیا۔ تین روز بعد ایک ایسی کڑک دار آواز پیدا ہوئی کہ مارے دہشت کے ان کے کلیجے پھٹ گئے اور ان میں اتنی سکت بھی نہ رہی کہ وہ بیٹھے ہوئے اٹھ سکیں۔

۳۸ من قیام کا ایک مفہوم یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ وہ عذاب الٰہی کو برداشت نہ کر سکے۔ ای ما اطاقوا ان یستقلوا بعذاب اللہ وان یتحملوہ ویقوموا بہ۔

۳۹ اس کے دو معنے ہیں۔ انتصر من عدوہ ای انتقم و انتصر علی خصمہ استظھر۔ پہلی صورت میں معنی یہ ہوگا کہ ہم نے ان پر اپنا عذاب مسلط کیا وہ لوگ جنہیں اپنی طاقت کا بڑا گھمنڈ تھا ان میں سکت نہ رہی کہ وہ ہم سے انتقام لے سکیں اور دوسری صورت میں معنی یہ ہوگا کہ وہ ہم پر غالب نہ ہو سکے اور اپنی قوت سے ہمارے بھیجے ہوئے عذاب کو ٹال نہ سکے۔

قَبْلُ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ﴿٤٦﴾ وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْدٍ وَإِنَّا

پہلے (یہی حشر ہوا) بے شک وہ لوگ بھی (پرلے درجے کے) نافرمان تھے ۴۰ اور ہم نے آسمان کو (قدرت کے) ہاتھوں سے بنایا ۴۱ اور ہم نے

لَمُوسِعُونَ ﴿٤٧﴾ وَالْأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُونَ ﴿٤٨﴾ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ

ہی اس کو وسیع کر دیا ۴۲ اور زمین کا ہم نے فرش بچھا دیا پس ہم کتنے اچھے فرش بچھانے والے ہیں ۴۳ اور ہم نے ہر چیز کے

۴۰ قوم نوح علیہ السلام کی قوم کی داستان بھی بڑی بصیرت افروز ہے۔ انہوں نے بھی فسق و فجور کو اپنا شعار بنا لیا تھا چنانچہ پانی کا طوفان آیا اور انہیں تنکوں کی طرح بہا لے گیا۔

۴۱ اس کا عطف قوم نوح پر ہے۔ یعنی پہلے ہم نے تمہیں اپنی قدرت کے تاریخی دلائل سنائے ہیں۔ اب ذرا آفاقی دلائل سماعت فرمایئے۔ پہلے بتایا آسمان کو اس کی وسعت اور فراخی کے ساتھ ہم نے خود بنایا۔ نہ تو اس کے بنانے میں کوئی شریک ہے اور نہ اس کے بنانے میں ہمیں کسی سے کوئی مشورہ یا کوئی امداد لینے کی ضرورت پڑی۔ ہم نے خود محض اپنی قدرت اور اپنی حکمت سے اس کی تخلیق کی ہے۔ بایید: ای بقوۃ عن ابن عباس۔ (بحر)

۴۲ مُوْسِعُوْن، اوسع سے ہے۔ یہ متعدی اور لازم دونوں طرح سے استعمال ہوتا ہے۔ متعدی ہونے کی صورت میں اس جملہ کا یہ مفہوم ہوگا کہ ہم نے اسے بڑا وسیع اور کشادہ بنایا ہے۔ یہاں تک کہ زمین کا یہ طویل و عریض کرہ اس کے سامنے ایسا ہے جیسا دائرہ کے وسط میں ایک نقطہ اور لازمی ہونے کی صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ ہم بڑی وسعت اور غناء کے مالک ہیں۔ ہماری قدرت بے کراں ہے۔ علامہ ابن منظور لکھتے ہیں۔ اوسعہ و وسعہ : صیرہ واسعا وقیل اوسع الرجل صار ذا سعۃ وغنی وقولہ انا لموسعون ای اغنیاء قادرون۔ (لسان العرب) ابھی آپ نے سورۃ ق کا تعارف پڑھا ہوگا۔ اس کے مطالعہ سے آپ کو آسمان کی بے اندازہ وسعتوں کا اندازہ ہو گیا ہوگا۔ اب وقوع قیامت کا انکار کرنے والے سوچیں اور انصاف سے بتائیں کہ ایسی قدرت والے پر مُردوں کو زندہ کرنا کیا کوئی مشکل امر ہے۔

۴۳ یہ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے کہ زمین جس پر تم آباد ہو اسے کس نے ایک آرام دہ فرش کی طرح بچھا دیا ہے اور اس میں تمہارے رزق اور ضرورت کے تمام اسباب مہیا کر دیئے ہیں۔ فنعم سے یہ بتایا کہ ہم نے صرف اسے بچھایا ہی نہیں بلکہ اس کو تمہارے لیے آرام دہ بنا دیا ہے۔ اس بچھانے میں جو خوبی اور حکمت ہے چشم بینا اسے دیکھ کر دنگ رہ جاتی ہے۔ زرخیز، ہموار اور وسیع میدان ہیں۔ مناسب مقامات پر دریا بہہ رہے ہیں۔ جگہ جگہ پہاڑ نصب کر دیئے گئے ہیں زمین کی تہہ میں نیچے میٹھے اور ٹھنڈے پانی کے سمندر رواں ہیں۔ میدانی علاقوں میں زمین کھود کر پانی نکالا جاتا ہے لیکن پہاڑوں کی بلندیوں پر بغیر کسی کے کھودے چشمے بہہ رہے ہیں۔ ہر قسم کی اجناس، پھل اور سبزیاں اگ رہی ہیں۔ موسم میں از خود خوشگوار تبدیلیاں رونما ہوتی رہتی ہیں۔ لیل و نہار کی گردش کا سلسلہ جاری ہے۔ زمین کو سورج سے اتنی دوری اور اس ہیئت پر رکھ دیا گیا ہے کہ زندگی اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ محو خرام ناز ہے۔

آپ اس فرش زمین کو کسی نقطہ نظر سے دیکھیں آپ کو اس کے بنانے والے کی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کا اعتراف کرنا

خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ

جوڑے بنائے ۴۴ تاکہ تم غور و فکر کرو۔ پس دوڑو اللہ کی طرف (اور اس کی پناہ لے لو) ۴۵ بیشک میں تمہیں اس

مُّبِيْنٌ ۝ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ ۭ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

کے غضب سے کھلا ڈرانے والا ہوں ۴۶ اور نہ بناؤ اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ۴۷ بیشک میں تمہیں اس کے غضب سے کھلا ڈرانے والا ہوں۔

پڑے گا ایسی ہستی اگر کہے کہ میں روزِ حشر زندہ کروں گا کون بھلا اس کا انکار کر سکتا ہے۔

۴۴ قدرت و حکمت کا ایک اور نشان پیش کیا جا رہا ہے کہ ہم نے جو چیز بنائی ہے اسے جوڑا جوڑا پیدا کیا ہے تاکہ باہم اختلاط سے افزائشِ نسل کا سلسلہ جاری رہے۔ انسان اور حیوانات میں زوج زوج کا ہونا سب کو ہمیشہ سے معلوم ہے۔ نباتات کی دنیا میں بھی زوجیت کا یہ اصول جس دقت اور خوبی سے کارفرما ہے اس کا پوری طرح اب انکشاف ہوا ہے۔ علمی تحقیقات کے قدم جب آگے بڑھیں گے تو جمادات وغیرہ میں بھی یہ اصولِ زوجیت کارفرما نظر آئے گا۔

ان کے علاوہ بھی تضادات اور تقابلات کی ایک دنیا آباد ہے۔ رات اور دن، شقاوت و سعادت، ہدایت و ضلالت، آسمان و زمین، سیاہی و سفیدی، صحت و مرض، کفر و ایمان۔ انسان کہاں تک گنتا جائے۔ قال مجاهد اشارة الى المتضادات والمتقابلات كالليل والنهار والشقاوة والسعادة والهدى والضلال والسماء والارض والسواد والبياض والصحة والمرض والكفر والايمان۔ (البحر المحيط)

۴۵ مقصد تو یہ ہے کہ انہیں ایمان قبول کرنے کی دعوت دی جائے لیکن یہاں ففروا کا حکم استعمال کیا گیا ہے۔ گویا بتایا جا رہا ہے کہ شیطان تمہارے پیچھے ہے۔ نہ معلوم کس وقت اگر تمہیں دبوچ لے اس لیے جلدی کرو بھاگو اور ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اللہ کی پناہ میں آجاؤ۔ جسے وہاں پناہ مل جائے اسے شیطان کی وسوسہ اندازیاں کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتیں۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں۔ ففروا من كل شيئ الى الله بالتوحيد والمحبة والاستغراق وامتثال الاوامر۔ یعنی ہر چیز سے دامن بچا کر اس کی طرف بھاگو۔ اس راہ میں جو چیز حائل ہو اسے ٹھوکر سے پرے ہٹا دو۔ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی تمہاری توجہ اور محبت کا مرکز بن جائے۔ اس کے ذکر اور اس کے انوار کے مشاہدہ میں ہی تم محو ہو اور اس کے ہر حکم کی تعمیل بڑے ذوق و شوق سے کرو۔

۴۶ اکثر علماء نے منہ کی ضمیر کا مرجع عذاب اور غضب بتایا۔ یعنی میں تمہیں عذاب سے ڈرانے آیا ہوں۔ لیکن علامہ حقی نے منہ کا مرجع ذاتِ باری کو بنایا ہے۔ (روح البیان) یعنی میں از خود تمہارے پاس نہیں آیا یا کسی اور نے مجھے تمہاری طرف نہیں بھیجا بلکہ میں تو اللہ تعالیٰ کا فرستادہ ہوں۔ اس نے مجھے اپنی طرف سے بھیجا ہے کہ میں تمہیں خوابِ غفلت سے بروقت بیدار کروں مجھے یہ قول بہت پسند ہے۔

۴۷ یہ آفاقی اور انفسی دلائل جن کا تمہارے سامنے انبار لگا دیا گیا ہے ان سے جس طرح روزِ قیامت کا ثبوت ملتا ہے اسی طرح یہ

كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ

اسی طرح نہیں آیا ان سے پہلے لوگوں کے پاس کوئی رسول مگر انہوں نے یہی کہا کہ یہ ساحر ہے یا

مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ

دیوانہ ۴۸ کیا پہلوں نے پچھلوں کو یہی وصیت کی تھی (نہیں) ۴۹ بلکہ یہ لوگ سرکش ہیں ۵۰ پس آپ ان سے رخ انور پھیر لیجئے آپ پر کوئی

بِمَلُوْمٍ ﴿۵۴﴾ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ

الزام نہیں۔ اور آپ سمجھاتے رہیے یقیناً سمجھانا اہل ایمان کے لیے فائدہ بخش ہے ۵۱ اور نہیں پیدا فرمایا میں نے جن

حقیقت بھی عیاں ہو گئی ہے کہ وہ وحدہٗ لاشریک ہے۔ جب اس محیّر العقول کارخانۂ کائنات کا خالق اور مالک وہی ہے تو پھر اور کون ہے جس کو اس کا کسی جہت سے بھی ہمسر بنایا جائے یا اس کی عبادت کی جائے۔ اس لیے یہاں واضح طور پر تنبیہ کر دی کہ خبردار اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی غیر کو خدا اور معبود نہ بنانا ورنہ ابدی عذاب میں مبتلا کر دیے جاؤ گے۔ نجات کے سارے دروازے بند ہو جائیں گے۔ مجھے اس نے تمہاری طرف بھیجا ہے کہ تمہیں بروقت خبردار کر دوں۔

۴۸ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے حبیب! یہ اہل عرب آپ کو کبھی ساحر کہتے ہیں اور کبھی دیوانہ کہتے ہیں۔ یہ کوئی نرالی بات نہیں آپ سے پہلے بھی جو انبیاء تشریف لائے ان کی قدر ناشناس قوموں نے ایسے ہی القابات سے انہیں نوازا ہے۔

۴۹ زمان و مکان کے واضح بُعد اور تفاوت کے باوجود ان کے فکر اور قول میں یہ یکسانیت کہاں سے آ گئی۔ ہر داعی حق کو ہر زمانہ میں ان الفاظ سے کیوں یاد کیا گیا ہے۔ کیا ایسا تو نہیں ہوا کہ اگلے پچھلوں کو وصیت کرتے گئے ہوں کہ ہم نے اپنے نبیوں کے ساتھ ایسا سلوک کیا ہے اور ان کے ایسے ایسے نام رکھے ہیں۔ یاد رکھنا اگر تمہارے پاس بھی کوئی نبی آئے تو تم بھی ہماری طرح اس کو ساحر اور مجنون ہی کہنا۔

۵۰ پہلی بات کی تردید کر دی۔ نہیں ایسی کوئی بات نہیں ہوئی۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ بھی سرکش لوگ ہیں اور پہلے بھی سرکش اور نافرمان لوگ تھے۔ اسی سرکشی نے ان میں فکر و خیال کی یہ یکسانیت پیدا کر دی ہے۔ جب بھی کوئی خیر اندیش کسی سرکش کو اس کی سرکشی سے باز رہنے کی تلقین کرتا ہے تو وہ اسے اپنی توہین تصور کرتا ہے اور اسے یہ نصیحت جس میں اس کی بھلائی مقصود ہے، اسے ذاتی معاملات میں مداخلت بے جا محسوس ہوتی ہے اور وہ اپنے ناصح و مشفق کو دیوانہ یا ساحر کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

۵۱ سرکشوں کی سرکشی سے آپ کو کیا خوف ہے اے محبوب! آپ تو اس کے لیے جواب دہ نہیں۔ آپ کا کام نصیحت کرنا ہے آپ اپنے محبت بھرے انداز سے اپنا فرض ادا کرتے رہیے۔ کج طبع لوگ اگر اس سے فائدہ نہیں اٹھاتے تو ان کی قسمت۔ اہل ایمان تو اس چشمۂ فیض سے اپنی کشت ایمان کو سیراب کر رہے ہیں اور تا قیامت سیراب کرتے رہیں گے۔ سورج کا کام چمکنا اور ہر سو نور افشانی کرنا ہے اگر اندھے

وَالۡاِنۡسَ اِلَّا لِيَعۡبُدُوۡنِ ﴿٥٦﴾ مَاۤ اُرِيۡدُ مِنۡهُمۡ مِّنۡ رِّزۡقٍ وَّمَاۤ اُرِيۡدُ اَنۡ

وانس کو مگر اس لیے کہ وہ میری عبادت کریں ٥٢ نہ طلب کرتا ہوں میں ان سے رزق اور نہ یہ طلب کرتا ہوں کہ وہ

يُّطۡعِمُوۡنِ ﴿٥٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الۡقُوَّةِ الۡمَتِيۡنُ ﴿٥٨﴾ فَاِنَّ لِلَّذِيۡنَ

مجھے کھلائیں ٥٣ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی سب کو روزی دینے والا قوت والا اور زور والا ہے ٥٤ پس ان ظالموں کے لیے

ظَلَمُوۡا ذَنُوۡبًا مِّثۡلَ ذَنُوۡبِ اَصۡحٰبِهِمۡ فَلَا يَسۡتَعۡجِلُوۡنِ ﴿٥٩﴾ فَوَيۡلٌ

عذاب کا ویسا ہی حصہ ہے جیسا ان کے ہم مشربوں کو حصہ ملا تھا پس یہ جلد بازی نہ کریں ٥٥ پس تباہی ہے

اس کی روشنی سے مستفیض نہیں ہو رہے تو کیا ہوا، آنکھوں والے تو فیض یاب ہو رہے ہیں۔ اندھوں کی وجہ سے سورج چمکنا چھوڑ دے یہ کیسے ہو سکتا ہے۔

٥٢ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اس آیت کی تشریح یوں بیان فرمائی ہے۔ وما خلقت الجن والانس الا لآمرھم بالعبادۃ۔ یعنی میں نے جن وانس کو اس لیے پیدا کیا ہے کہ میں انہیں حکم دوں کہ وہ میری عبادت کریں۔ انسان کو عقل و فہم اختیار و انتخاب کی جو نعمتیں ارزانی کی گئی ہیں ان کا تقاضا ہے کہ وہ اپنی جبین نیاز اسی ذات کے سامنے جھکائے جس نے اسے پیدا فرمایا اور اپنے گوناگوں احسانات سے اسے مالامال فرمایا۔ اب اگر وہ کسی اور کی عبادت کرنے لگے جو نہ اس کا خالق ہے اور نہ اس کا پروردگار ہے یا بالکل الحاد و دہریت کا راستہ اختیار کرے تو گویا وہ اپنی فطرت سے جنگ آزما ہے اور اپنی طبع سلیم کو مسخ کرنے کی کوششیں کر رہا ہے۔

٥٣ میں ان سے رزق کا طلب گار نہیں اور نہ اس لیے ان کو اپنی عبادت کا حکم دے رہا ہوں کہ مجھے ان کے سجدوں اور ان کی طاعتوں کی حاجت ہے۔ نہیں ہرگز نہیں! اس میں انہی کا فائدہ ہے۔ میرے حضور میں جب وہ سر نیاز جھکائیں گے تو ان کی خفتہ صلاحیتیں بیدار ہو جائیں گی۔ حیوانی اور شیطانی ہتھکنڈوں سے ان کو چھٹکارا مل جائے گا۔ ان کا عقاب ہمت ایسی بلندیوں پر پرکشا ہوگا جہاں فرشتوں کی رسائی بھی نہیں ہو سکتی۔ جو اللہ تعالیٰ کی عبادت سے محروم رہتے ہیں، ساری عمر ان کا قدم حیوانی زندگی کے دائرہ سے ہی باہر نہیں نکلتا۔ انہیں انسانی عظمتوں اور اس کی صلاحیتوں کی بیکرانیوں کا علم ہی نہیں ہوتا۔ حیوانی زندگی کی لذتوں میں ہی وہ مگن رہتے ہیں اور اپنی اصلاح کے زریں مواقع کو ضائع کر دیتے ہیں۔

٥٤ رزق دینے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ وہی قوت والا اور مضبوط ہے۔ وہ کسی کا دست نگر نہیں۔ ہر چیز اپنے وجود اور اپنی بقا میں اسی کے جود و کرم کی محتاج ہے۔

٥٥ ذنوب بڑے ڈول کو کہتے ہیں جس سے کنویں سے پانی نکالا جاتا ہے۔ ڈول میں جتنا پانی آتا ہے وہ ڈول کھینچنے والے کا ہی حصہ ہوتا ہے اس لیے ذنوب کا لفظ حصہ اور نصیب کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ کفار مکہ

فَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۶۰﴾

ان کے لیے جنہوں نے کفر کیا اس دن سے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے ۵۶

کے لیے بھی عذاب کا ایک حصہ مقرر ہے۔ جس طرح اپنے اپنے وقت پر پہلی قوموں کے ناستین کو اپنا اپنا حصہ ملا۔ ان لوگوں کو بھی مل کر رہے گا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت کے پیش نظر ان پر نزول عذاب کے لیے ایک وقت مقرر کر رکھا ہے۔ یہ لوگ جلدبازی سے کام لے رہے ہیں۔ سوچنے اور سمجھنے کی جو مہلت انہیں دی گئی ہے اسے بھی عبث تکرار میں ضائع کر رہے ہیں۔ آپ انہیں فرمایئے کہ نزول عذاب کے لیے جلدی مت مچاؤ، عذاب آئے گا اور ضرور آئے گا، لیکن اپنے مقررہ وقت پر۔ جب یہ عذاب آئے گا تو یہ ہزار بھاگیں گے، لیکن وہ ان کا پیچھا نہ چھوڑے گا۔

۵۶ منکرین حق جو آفتاب ہدایت کی ضیا پاشیوں کے باوجود اندھے بنے ہوئے ہیں اور کفر و الحاد کی راہ پر بھاگے چلے جا رہے ہیں۔ جب وہ دن طلوع ہوگا جو ان کی تباہی کے لیے متعین ہے تو اس روز ان بدبختوں کی حالت زار بڑی خوفناک ہوگی۔

○

اللّٰهم انت ربي واشهد بقلبي واقر بلساني بانه لا اله الا انت لا شريك لك لك الملك ولك الحمد وانك على كل شيئ قدير. لاحول ولا قوة الا بك لا ملجأ ولا منجا منك الا اليك اني عبدك وابن عبدك وابن امتك ناصيتي بيدك. واشهد بقلبي واقر بلساني بان سيدي ومولاي وحبيبي وقرة عيني محمدا عبدك ورسولك ونبيك وصفيك اللّٰهم صل عليه وعلى اٰله واصحابه واولياء امته من الصلوات اطيبها ومن التسليمات ازكٰها ومن التحيات اسنٰها ومن البركات اجملها كلما ذكرك وذكره الذاكرون وكلما غفل عن ذكرك وذكره الغافلون فاطر السمٰوات والارض انت ولي في الدنيا والاٰخرة توفني مسلمًا والحقني بالصالحين. آمين بحق طٰهٰ ويٰسين.

○

تعارف
سُورۃ الطُّور

نام: اس سورت کا نام الطُّور ہے اور یہ اس سورت کا پہلا لفظ ہے۔ اس میں دو رکوع، انچاس آیتیں، تین سو بارہ کلمات اور ایک ہزار پانچ سو حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: اس سورہ مبارکہ کے مضامین، لب ولہجہ اور طرز استدلال میں سابقہ سورتوں سے بہت یکسانیت رکھتے ہیں جس سے بآسانی یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ان کے زمانۂ نزول میں کوئی زیادہ بُعد نہیں۔

مضامین: کفار یہ سن کر بہت سیخ پا ہیں کہ قیامت آئے گی اور انہیں صدہا ہزار سال بعد زندہ کر کے داورِ محشر کے سامنے پیش کیا جائے گا جہاں ان سے ان کی دُنیوی زندگی کے بارے میں بازپرس ہوگی۔ کفار اسے ناممکن اور خلافِ عقل کہنے کی رٹ لگا رہے ہیں اور اعلانیہ کہہ رہے ہیں کہ وہ قیامت پر ہرگز ایمان نہیں لائیں گے۔ آغازِ سورت میں کئی اہم چیزوں کی قسمیں کھا کر اعلان کیا جارہا ہے کہ قیامت آئے گی ضرور آئے گی۔ دنیا میں کوئی ایسی قوت نہیں جو قیامت کو برپا ہونے سے روک دے۔ اگر ایک حقیقت کو نہ مانا جائے تو وہ حقیقت مٹ نہیں سکتی۔ تم اگر ایک سچائی کو تسلیم نہ کرو تو وہ سچائی جھوٹ میں تبدیل نہیں ہوجائے گی۔ تمہاری ناپسندیدگی، تمہارا شور وغل خداوندی فیصلوں کو بدلنے کی قوت نہیں رکھتا۔ ذرا غور کرو اگر تم انکار ہی کرتے رہو اور یہاں سے چل دو۔ پھر الٰہی فیصلہ کے مطابق تمہیں میدانِ حشر میں لاکر کھڑا کر دیا گیا تو بتاؤ تمہارا کیا حال ہوگا؟ جس چیز سے مفر نہ ہو اس کو شرحِ صدر سے تسلیم کر لینا ہی دانائی ہے۔

منکرین اور متقین کے ساتھ قیامت کے روز جو برتاؤ ہوگا اس کی تفصیل بڑے دلنشین انداز میں بیان کی گئی ہے تاکہ انسان خود فیصلہ کرے کہ وہ کس گروہ میں اپنا حشر پسند کرتا ہے۔

كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ (آیت ۲۱) فرما کر ایک ابدی صداقت کو آشکارا کر دیا گیا کہ جیسا کرو گے ویسا ہی بھرو گے، جو بوؤ گے وہی کاٹو گے۔

حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا رُخِ زیبا اور سیرتِ پاک اسلام کی صداقت کی ایسی روشن دلیل تھی جس کا ان کے پاس کوئی توڑ نہ تھا۔ وہ اس کی اثر انگیزی اور جلال کے سامنے اپنے آپ کو بے دست وپا محسوس کرتے تھے اس لیے کسی ایک موقف پر ٹھہرے رہنا ان کے بس میں نہ تھا۔ کبھی کاہن کہتے، کبھی مجنون۔ کبھی شاعر ہونے کا الزام لگاتے اور کبھی کہتے یہ کتاب خدا کا کلام نہیں، بلکہ ان کے ذہن کی اختراع ہے۔ ان الزامات کا بڑی خوبی سے رد کر دیا۔

کفار کو جب اللہ وحدہٗ لاشریک کی عبادت کی دعوت دی جاتی تو تڑ لوگ مچانے لگتے۔ ان سے پوچھا جارہا ہے کہ اس اکڑفوں کی وجہ کیا ہے؟ کیا تمہارا کوئی خالق نہیں یا تم خود اپنے خالق ہو یا زمین وآسمان کی آفرینش میں تمہارا کچھ حصہ ہے؟ جب ان سوالات

کا جواب نفی میں ہے تو پھر اپنے خالق و مالک کی بارگاہ میں سر نیاز خم کرنے میں تمہیں ہرگز تامل نہیں ہونا چاہیے۔

آخر میں اپنے حبیب پاک کو بتایا کہ یہ لاعلاج مریض ہیں۔ ان کے دل کی آنکھ اندھی ہو چکی ہے۔ اپنی صداقت کا کتنا ہی بڑا معجزہ آپ ان کو دکھائیں یہ ایمان نہیں لائیں گے۔ آپ فکر نہ کریں ہم آپ سے بے خبر نہیں ہیں۔ آپ کو دشمنوں کے حوالے کر کے آپ سے لاتعلق نہیں ہو گئے۔ وَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا۔ آپ ہماری آنکھوں میں بس رہے ہیں۔ کس کی مجال ہے کہ آپ کو کوئی گزند پہنچائے۔ البتہ دو چیزیں آپ اپنے اوپر لازم کر لیں (۱) اس راہ میں پیش آنے والی مشکلات اور مصائب کا مقابلہ صبر سے کریں (۲) ہماری تسبیح و تحمید کو اپنا وظیفہ بنا لیں۔ اس سے آپ کے دل کو تقویت ملے گی اور کسی قسم کا خوف و ہراس آپ کو پریشان نہ کر سکے گا۔

اپنے ہادی برحق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اتباع میں دعوت و ارشاد کی راہ پر چلنے والے راہرو کا فرض ہے کہ وہ ان دونوں باتوں کا خوب خیال رکھے۔

سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً فِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ طور مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — انچاس آیتیں اور دو رکوع

وَالطُّوْرِ ۙ﴿۱﴾ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۙ﴿۲﴾ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۙ﴿۳﴾ وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۙ﴿۴﴾

قسم ہے کوہ طور کی اور کتاب کی جو لکھی گئی ہے۔ کھلے ورق پر۔ اور قسم ہے بیت معمور کی۔

وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۙ﴿۵﴾ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۙ﴿۶﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۙ﴿۷﴾

اور بلند چھت کی۔ اور سمندر کی جو لبالب بھرا ہے۔ یقیناً آپ کے رب کا عذاب واقع ہو کر رہے گا [۱]

[۱] ابتدائی آٹھ آیتوں میں جو تشریح طلب الفاظ ہیں پہلے ان کی تشریح کی جائے گی۔ اس کے بعد ان آیات کے مطالب اور معانی بیان کیے جائیں گے۔ بیدہ ازمۃ التوفیق۔

طور سریانی لغت کا لفظ ہے۔ اس پہاڑ کو کہتے ہیں جو سرسبز و شاداب ہو۔ خشک پہاڑ کو طور نہیں کہتے۔ بعض نے اسے عربی لغت کا لفظ کہا ہے۔ لیکن اب طور اس پہاڑ کو کہا جاتا ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی ہمکلامی کے شرف سے نوازا۔ انہیں نبوت سے سرفراز فرمایا، ید بیضاء اور عصا کے معجزات سے مؤید فرما کر اس وقت کی دنیا کے سب سے طاقتور اور ظالم حکمران کو دعوتِ حق دینے کے لیے بھیجا جو خدائی کا دعویدار تھا جس نے بنی اسرائیل کو اپنی غلامی کی زنجیروں میں جکڑ رکھا تھا۔ جس کی سطوت و جبروت کے سامنے کوئی شخص دم مارنے کی جرأت نہ کر سکتا تھا۔

مسطور: لکھی ہوئی مرتب کتاب۔

الرق: اس کا معنی ہے کھال، چمڑا۔ قدیم زمانہ میں جبکہ کاغذ سازی کی صنعت ابھی اپنے ابتدائی دور میں تھی۔ حسب ضرورت پائیدار کاغذ نایاب تھا اس لیے دستور یہ تھا کہ کھال کو رگڑ رگڑ کر خوب باریک اور مصفّٰی بنایا جاتا۔ اس میں چمک سی پیدا ہو جایا کرتی اور ایسی تیار شدہ کھال پر آسمانی صحائف، قیمتی دستاویزات اور شاہی فرامین لکھے جاتے۔

منشور: کھلی ہوئی۔ جس کا جی چاہے آئے اور مطالعہ کرے۔

البیت المعمور: اس کا لغوی معنی آباد گھر ہے۔ جس میں خوب چہل پہل ہو۔ حضرت حسن بصری کے نزدیک یہاں اس سے مراد کعبہ شریف ہے جو اللہ تعالیٰ کے بندوں سے ہر وقت آباد رہتا ہے۔ کوئی طواف کر رہا ہے، کوئی نماز پڑھ رہا ہے، کوئی دعا مانگ رہا ہے، کوئی ذکر الٰہی میں مشغول ہے۔ رات دن میں کوئی ایسی گھڑی نہیں آتی جبکہ وہ عبادت کرنے والوں سے خالی ہو۔ بعض علماء کا قول ہے کہ جس طرح زمین میں کعبہ شریف ہے اسی طرح ہر آسمان میں وہاں کے مکینوں کے لیے ایک قبلہ گاہ موجود ہے جو وہاں کے ذاکرین اور عابدین کا مرکز توجہ ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ ساتویں آسمان پر جو قبلہ ہے وہ کعبہ شریف کے عین اوپر ہے۔ یہاں اسی کی قسم کھائی جا رہی ہے کیونکہ حدیث معراج

میں اسی کو البیت المعمور فرمایا گیا ہے۔

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام فی السماء السابعۃ اذا انا بابراھیم مسند ظھرہ الی البیت المعمور واذا ھو یدخلہ کل یوم سبعون الفا لا یعودون الیہ۔ یعنی جب میں ساتویں آسمان پر پہنچا' وہاں میری ملاقات حضرت ابراہیم سے ہوئی جو بیت المعمور کے ساتھ پشت لگائے بیٹھے تھے۔ اس میں ہر روز ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں۔ دوبارہ انہیں موقع نہیں ملتا جب نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے آسمان ہفتم کے قبلہ کا نام بیت المعمور فرما دیا تو اس کے بعد کسی اور توجیہ کی ضرورت نہیں رہتی۔

السقف المرفوع : اونچی بلند و بالا چھت۔ اس سے مراد آسمان ہے۔

والبحر المسجور: عربی زبان میں مسجور کے کئی معنی ہیں :

① المسجور الذی ذھب ماؤہ۔ وہ چشمہ یا تالاب جس کا پانی خشک ہو جائے یا زمین میں جذب ہو جائے اسے مسجور کہتے ہیں۔

② وہ تنور جسے ایندھن سے بھر دیا گیا ہو اور وہ خوب بھڑک رہا ہو اسے بھی التنور المسجور کہتے ہیں۔

③ مسجور جو پانی سے بھرا ہوا ہو اور متحرک نہ ہو بلکہ ساکن ہو۔

④ حضرت ابن عباس سے مسجور کا معنی محبوس منقول ہے یعنی جس کا پانی ایک جگہ رکا رہے وہاں سے بہہ کر کہیں چلا نہ جائے بے شک وقوع قیامت کے وقت سمندروں کا پانی خشک ہو جائے گا اور قیامت کے روز وہ ابلنے لگا' لیکن یہاں قسم سمندروں کی موجودہ حالت کی اٹھائی جا رہی ہے۔ اس لیے یہاں اس کا تیسرا معنی مراد ہو گا یعنی قسم ہے اس سمندر کی جو پانی سے لبریز ہے یا جس کے پانی کو مقررہ حدود میں بند کر دیا گیا ہے۔

دافع : دُور کرنے والا' ٹالنے والا۔

پہلے پانچ قسمیں اٹھائی گئیں۔ ان عذاب جواب قسم ہے کہ مجھے ان پانچ عظیم الشان چیزوں کی قسم' مجرمین و منکرین پر عذاب آکر رہے گا۔ کسی کی مجال نہیں کہ اس عذاب کو ٹال سکے یا روک سکے۔

کفار مکہ کو اپنی بہادری' اپنی قوت اور کثرتِ تعداد پر بڑا گھمنڈ تھا۔ کعبہ شریف کے باعث سارا جزیرہ عرب ان کا عقیدت مند تھا اور ان کا دل سے احترام کرتا تھا۔ اس بات نے ان کے نشہ پندار کو مزید تیز کر دیا تھا۔ وہ دل میں یہ سمجھے بیٹھے تھے کہ پہلے تو عذاب آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور نہ مرنے کے بعد کوئی دوبارہ زندہ ہو گا' لیکن اگر ایسا ہو بھی گیا اور عذاب آ بھی گیا تو ہم اپنی قوت و شوکت اور اپنے حلیف قبائل کی اعانت سے اسے بآسانی روک لیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی اس خام خیالی کا قلع قمع کر دیا کہ جو خدا طور پر اپنے ایک بندے کو بھیج کر فرعون جیسے متکبر فرمانروا کی سرکوبی کر سکتا ہے' جس خدا نے اپنے انبیاء و رسل پر جو کتابیں نازل کی ہیں ان سب میں یہ لکھا ہے کہ ہر شخص کو اس کے اعمالِ بد کی سزا مل کر رہے گی' جس خدا کی عظمت و کبریائی کا اعتراف کرنے کے لیے اس کے حضور جبین نیاز جھکانے کے لیے بیت المعمور میں فرشتوں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ جس نے آسمان کی یہ اونچی اور پائیدار چھت بنائی ہے اور وہ خدا جس کے امرِ کُن سے ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر معرضِ وجود میں آ گئے ہیں۔ ظالمو تم کہتے ہو کہ ہم ایسے جبار و قہار کے عذاب کو روک دیں گے ذرا عقل کے ناخن لو تم کیسی کی کی باتیں کر رہے ہو جب اس نے تمہیں تباہ کرنے کا اعلان فرما دیا تو اس کی آتش غضب سے کوئی چیز تمہیں نہیں بچا سکے گی۔

مَا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۝۸ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۝۹ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ۝۱۰

اسے کوئی ٹالنے والا نہیں ۔ جس روز آسمان بری طرح تھرتھرا رہا ہوگا ۷ اور پہاڑ اپنی جگہ چھوڑ کر تیزی سے چلنے لگیں گے ۸

فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۱ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ۝۱۲

پس بربادی ہوگی اس روز جھٹلانے والوں کے لیے ۹ جو محض تفریح طبع کے لیے فضول باتوں میں لگے رہتے ہیں ۱۰

يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۝۱۳ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا

اس روز انہیں دھکے دے کر آتش جہنم میں پھینک دیا جائے گا ۱۱ (انہیں کہا جائے گا) یہی وہ آگ ہے جسے تم

وقف لازم

۷ وقوع قیامت کے وقت کائنات میں جو اضطراب اور توڑ پھوڑ کا عالم ہوگا اس کو بڑے پرجلال انداز میں بیان فرمایا گیا ہے۔ لفظ تمور کی تشریح کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

قال اهل اللغة مار الشئ يمور مورا اى تحرك وجاء وذهب كما تتكفأ النخلة العيدان اى الطويلة:

اہل لغت کہتے ہیں کبھی آگے بڑھے کبھی پیچھے ہٹے اور اس طرح جھومے جس طرح تیز جھکڑ میں لمبی کھجور جھومتی ہے تو اس حالت کو بیان کرنے کے لیے مار یمور کے لفظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ مقصد یہ بتانا ہے کہ یہ وسیع و عریض آسمان جس کو اپنے مقام سے کبھی بال برابر سرکتے نہیں دیکھا گیا، کبھی اضطرابی حرکت اس میں رونما نہیں ہوئی وہ اس روز ایک معمولی اور ہلکی چیز کی مانند ڈول رہا ہوگا، جھول رہا ہوگا۔

۸ پہاڑ جو بڑے گہرے زمین میں گڑے ہوئے ہیں جنہیں آج تک اپنی جگہ سے کوئی بھی ہلا نہیں سکا وقوع قیامت کے وقت وہ ہوا میں اڑتے ہوں گے۔ یوں معلوم ہوگا کہ کسی نے تنکوں سے انہیں اکھیڑ پھینکا ہے اور ہوا کے جھونکے انہیں پتوں کی طرح اڑائے پھرتے ہیں۔ اس وقت جب ان دو قوی ہیکل چیزوں کی بے بسی کا یہ عالم ہوگا تو دوسری اشیاء جو حیثیت میں ان سے کم ہیں ان کی حالت کا آپ بآسانی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

۹ جو لوگ آج اللہ تعالیٰ کی آیتوں اور اس کے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں وہ دن ان کی تباہی اور بربادی کا دن ہوگا۔

۱۰ علامہ راغب خوض کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ الخوض هو الشروع فى الماء والمرور فيه ويستعار فى الامور واكثر ما ورد فى القرآن ورد فيما يذم الشروع فيه (مفردات)

یعنی خوض کا اصل معنی تو پانی میں گھسنا اور اس میں سے گزرنا ہے۔ بطور استعارہ کوئی کام شروع کرنے کو بھی کہتے ہیں لیکن قرآن کریم میں عموماً کسی ایسے کام میں شروع ہونے کے لیے استعمال ہوا ہے جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مذموم اور ناپسندیدہ ہے۔ یہاں اس کا مفہوم یہ ہے کہ کفار توحید اور اسلام کے دوسرے نظریات کے بارے میں تبادلہ خیالات کرتے ہیں لیکن سنجیدگی اور متانت سے نہیں محض دل بہلانے کے لیے محض اپنا وقت گزارنے کے لیے تحقیق حق ان کے پیش نظر نہیں ہوتی بلکہ ان کا مقصد اس کا استہزا کرنا اور پھبتیاں کسنا ہوتا ہے۔

۱۱ یعنی انہیں دھکے دے کر زبردستی جہنم میں پھینکا جائے گا۔ دَعَّ يَدُعُّ دَعًّا۔ معناه يدفعون الى جهنم بشدة وعنف۔

تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا

جھٹلایا کرتے تھے ۷ کیا یہ (آگ) جادو کا کرشمہ ہے یا تمہیں یہ نظر ہی نہیں آرہی ۸ اس میں (تشریف لے) چلو ۹ اب چاہے

اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

صبر کرو یا نہ کرو دونوں برابر ہیں تمہارے لیے۔ تمہیں اسی کا بدلہ دیا جا رہا ہے جو تم کیا کرتے تھے ۱۰

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ نَعِيْمٍ ۙ﴿۱۷﴾ فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَ

بے شک پرہیزگار (اس روز) باغوں میں اور نعمتوں میں ہوں گے۔ شاد و مسرور ان نعمتوں پر جو انہیں ان کے رب نے دی ہوں گی ۱۱ اور

وَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۱۸﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـئًۢا بِمَا كُنْتُمْ

بچا لیا انہیں ان کے رب نے دوزخ کے عذاب سے ۱۲ (حکم ملے گا) کھاؤ اور پیو خوب مزے لے لے کر ان (نیکیوں) کے بدلے جو تم

---

۷ ادھر ان کو زنجیروں میں جکڑ کر جہنم میں پھینکا جا رہا ہوگا اور ساتھ ہی انہیں یہ بھی کہا جا رہا ہوگا کہ یہ ہے وہ دوزخ کی بھڑکتی ہوئی آگ جس سے تمہیں ڈرایا جاتا تھا اور تم اس کو جھٹلایا کرتے تھے اور اس کا مذاق اڑایا کرتے تھے۔

۸ ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ تمہاری آنکھوں کے سامنے آگ دہک رہی ہے۔ سرخ سرخ شعلے اٹھ رہے ہیں یہ کوئی جادو کا کرشمہ نہیں کہ اس کی حقیقت تو کچھ نہ ہو صرف دکھائی دے رہی ہو۔ ذرا آگے تشریف لے چلو خود بخود ہی حقیقت آشکارا ہو جائے گی اور ہمارے انبیا نے اس کے بارے میں جو کچھ تمہیں بتایا تھا اس کی تصدیق تم خود کر لوگے۔ اے کفار! جہنم کے یہ چیختے چنگھاڑتے ہوئے شعلے تمہیں نظر ہی نہیں آرہے یا تم اسے جادو کی نظر فریبی قرار دے رہے ہو۔

۹ یہ صَلِيَ يَصْلٰى صَلْيًا کا امر ہے۔ یہ دو معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ آگ میں کسی چیز کو بھوننا اور گرم کرنا یا آگ میں کسی چیز کو جھونک دینا۔ داخل کر دینا۔ وقیل صلی النار: دخل فیها واصلاها غیره (المفردات) آیت میں دوسرا معنی زیادہ مناسب ہے۔

۱۰ اب چیخنا چلانا بے سود ہے۔ اب تو تمہیں اپنے کرتوتوں کی سزا ہر حالت میں بھگتنی ہوگی۔

۱۱ اللہ تعالیٰ اپنے نیک اور پرہیزگار بندوں پر جو فضل و احسان فرمائے گا ان آیات میں اس کا بیان ہو رہا ہے۔ فرمایا جن لوگوں نے ہماری رضا کے لیے نفس کی خواہشات اور دنیاوی حقیر لذات سے عمر بھر کنارہ کشی اختیار کی ہم انہیں سدا بہار باغات میں ٹھہرائیں گے۔ ان پر انواع و اقسام کی گوناگوں نعمتوں کی برسات کریں گے اور ان کے دلوں کی دنیا میں مسرت و شادمانی کے چراغ روشن کر دیں گے۔ ہر لفظ کی معنویت توجہ طلب ہے۔ النعیم: النعمة الکثیرة۔ بے پایاں نعمتیں۔ (المفردات)

۱۲ اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں بھی داخل فرمائے گا اور انہیں عذاب جہنم سے بھی بچائے گا۔ اس کو علیحدہ ذکر کرنے کی وجہ یہ

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَ زَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾

کیا کرتے تھے۔ تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے بچھے ہوئے پلنگوں پر اور ہم انہیں بیاہ دیں گے گوری گوری آہو چشموں سے ۱۳؎

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ اتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ

اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی پیروی کی ان کی اولاد نے ایمان کے ساتھ، ہم ملا دیں گے ان کے ساتھ ان کی اولاد کو ۱۴؎

کہ عذاب دوزخ سے بچنا محض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم پر موقوف ہے ورنہ انسان کے اعمال تو اس قابل نہیں کہ دوزخ سے بچنے کی ضمانت بن سکیں۔ ہم جو نیک اعمال کرتے ہیں ان میں بھی ایسی ایسی خامیاں اور کمزوریاں پائی جاتی ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رحمت سے قبول نہ فرمائے تو ان کی حیثیت کھوٹے سکے سے زیادہ نہیں ہوتی۔ یہ تو صرف اس کی مہربانی ہے کہ وہ ہماری ناقص عبادتوں کو شرف قبولیت بخشے اور ہمیں جہنم سے بچالے۔

۱۳؎ اپنے انعامات کو ذرا تفصیل سے بیان کیا جا رہا ہے۔ ان دو آیتوں کے چند کلمات کے معانی ملاحظہ فرمایئے۔ ھنیئا: کل ما لا یلحق فیہ مشقۃ ولا یعقب وخامۃ (المفردات) جس کے حصول میں تکلیف اور مشقت نہ ہو اور جس کو کھا لینے کے بعد بدہضمی وغیرہ کی شکایت نہ ہو یعنی لذیذ و خوشگوار پر لطف۔ متکئین: تکیہ پر ٹیک لگا کر بیٹھنا۔ اس انداز کی نشست اطمینان اور خوشی کے وقت ہوتی ہے۔ سُرُر: سریر کی جمع ہے اس کا معنی ہے پلنگ، تخت۔ مصفوفہ: صفوں کی صورت میں بچھے ہوئے۔ حُور: حوراء کی جمع ہے جو احور کی تانیث ہے۔ سفید گوری رنگت والے کو بھی کہتے ہیں اور اس کو بھی جس کی آنکھوں کا سفید حصہ خوب سفید ہو اور سیاہ حصہ خوب سیاہ ہو۔ یہ آنکھوں کی خوبصورتی کی حد ہے۔ اسی طرح عِین: عیناء کی جمع ہے جو اعین کی تانیث ہے۔ اس شخص کو کہتے ہیں جس کی آنکھیں نیل گائے کی آنکھوں کی طرح بڑی بڑی بھی ہوں اور سیاہ بھی۔

۱۴؎ ایک مزید انعام کا ذکر ہو رہا ہے جس سے اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کو سرفراز فرمائے گا۔ اگر ان کی اولاد با ایمان اس دنیا سے رخصت ہوتی ہے تو جنت میں وہ اپنے والدین کے ساتھ ملا دی جائے گی، اگرچہ ان کے اعمال زیادہ اچھے نہ ہوں۔ یہ مضمون اس سے پہلے سورہ الرعد آیت نمبر ۲۳ اور سورہ المومن آیت نمبر ۸ میں بھی گزر چکا ہے کہ مقبولانِ بارگاہِ الٰہی کے والدین، ان کی بیویاں اور ان کی اولاد کو ان کے طفیل مقاماتِ رفیعہ پر فائز کر دیا جائے گا۔ لیکن وہاں ماں باپ کے نیک اور صالح ہونے کی قید ہے اور یہاں صرف ایمان کی شرط ذکر کی گئی ہے۔ نیز پہلی دو آیتوں میں جنتِ عدن میں داخل ہونے کا ذکر تھا یہاں فرمایا کہ ہم ان کو ان کے حقیقی والدین کے ساتھ ملا دیں گے۔ وہ انہیں کے پاس ان کے مقاماتِ رفیعہ میں ہمارے لطف و احسان سے محظوظ ہوتے رہیں گے۔ اپنے بچوں کو اپنے پاس یوں خوش و خرم دیکھ کر ہمارے پیارے بندوں کی آنکھیں ٹھنڈی اور دل مسرور ہوں گے۔

عن ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ عزوجل لیرفع ذریۃ المومن معہ فی درجتہ فی الجنۃ وان کان لم یبلغہا بعملہ لتقر بہم عینہ ثم قرء والذین اٰمنوا واتبعتہم ذریتہم بایمان الاٰیۃ (قرطبی)

وَمَآ أَلَتْنٰهُم مِّنْ عَمَلِهِم مِّن شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍۭ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ ﴿٢١﴾

اور ہم کمی نہیں کریں گے ان کے عملوں (کی جزاء) میں ذرہ بھر ۱۸؎ ہر شخص اپنے اپنے اعمال میں اسیر ہوگا ۱۹؎

وَأَمْدَدْنٰهُم بِفٰكِهَةٍ وَلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ﴿٢٢﴾ يَتَنٰزَعُونَ فِيهَا كَأْسًا

اور ہم مسلسل دیتے رہیں گے انہیں (ایسے) میوے اور گوشت جو وہ پسند کریں گے ۲۰؎ وہ چھینا جھپٹی کریں گے وہاں جام شراب پر

حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل مومن کی اولاد کو بھی جنت میں اس کا درجہ عطا فرمائے گا اگرچہ وہ اپنے عمل کے ذریعہ وہاں رہنے کا مستحق نہ ہو یہ اس لیے تاکہ انہیں اس مقام پر فائز دیکھ کر اس نیک بندے کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔ پھر حضورؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ (قرطبی)

علامہ زمخشری لکھتے ہیں فیجمع اللّٰہ بھم انواع السرور بسعادتھم فی انفسھم وبمزاوجۃ الحور العین وبموانسۃ الاخوان المومنین وباجتماع اولادھم ونسلھم بھم (کشاف) یعنی اللہ تعالیٰ ان کے لیے گوناگوں مسرتیں فراہم کرے گا وہ بذات خود جنت کی نعمتوں سے سعادت اندوز ہوں گے۔ حورعین کے ساتھ نکاح کیا ہوگا۔ اپنے مومن بھائیوں کے ساتھ وہ دل بہلائیں گے۔ ان کی اولاد اور ان کی نسل کو بھی ان کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔

۱۸؎ والدین کو اپنی کم مرتبہ اولاد کے ساتھ ملانے کی ایک یہ صورت بھی تھی کہ انہیں اپنی بلند منازل سے نیچے بھیج دیا جاتا۔ ان الفاظ سے اس احتمال کی تردید کر دی گئی ہے کہ ان کے درجات میں کمی نہیں کی جائے گی اور نہ ان کے ثواب میں کوئی نقصان ہوگا۔ ان نیکوکاروں کو تو ان کے اعمال صالحہ کا پورا پورا اجر ملے گا۔ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ان کے دلوں کو مسرور کرنے کے لیے ان کی اولاد کو بلند درجات پر فائز فرمائے گا۔ الت (ثلاثی مجرد) اور الات (مزید) دونوں ہم معنی ہیں۔ فقصہ حقالہ (مفردات) کسی کے حق میں کمی کرنا۔ علامہ جوہری لکھتے ہیں ما التہ من عملہ شیئا ای ما نقصہ۔ (الصحاح)

۱۹؎ علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کو عمل کی جو قوتیں اور عقل و فہم کی جو نعمتیں عطا فرمائی ہیں وہ بطور قرض ہیں اور ان کے بدلہ میں بندے کا نفس اللہ تعالیٰ کے پاس بطور رہن ہے۔ اگر وہ قرض ادا کرے گا تو وہ رہن شدہ نفس اسے واپس دے دیا جائے گا ورنہ بحق قرض خواہ ضبط ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے اس قرض کی ادائیگی کی صورت یہ ہے کہ انسان ان قوتوں اور نعمتوں کو اس کے حکم کے مطابق استعمال کرے۔ اگر اس نے ایسا کیا تو وہ نفس اسے واپس مل جائے گا بصورت دیگر وہ گروی ہی رہے گا اور اس کو رہائی نصیب نہیں ہوگی۔

اس جملے سے یہ بتانا مقصود ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی جو اولاد نعمت ایمان ہی سے محروم ہو اور جن کی موت کفر و شرک پر ہوئی ہو وہ دوسرے کفار کی طرح دوزخ کا ایندھن بنیں گے۔ مغفرت، شفاعت اور اپنے پاکباز بزرگوں کے ساتھ الحاق کی شرط اول یہ ہے کہ انسان مومن ہو۔ اگر ایمان ہی نصیب نہیں تو اس کی مغفرت ہوگی نہ شفاعت ہوگی اور نہ اس کے بزرگوں کی اطاعتیں اس کے کسی کام آئیں گی۔

۲۰؎ اہل جنت کی خوشیوں اور لطف اندوزیوں کی کیفیت بیان کی جا رہی ہے۔ پہلے بتایا کہ ان کے دسترخوان پر ان کے

لَّا لَغۡوٌ فِيهَا وَلَا تَأۡثِيمٌ ۝٢٣ وَيَطُوفُ عَلَيۡهِمۡ غِلۡمَانٌ لَّهُمۡ كَأَنَّهُمۡ لُؤۡلُؤٌ

(لیکن) اس میں نہ کوئی لغویت ہوگی اور نہ گناہ ١٨ اور خدمت بجالانے کے لیے چکر لگاتے ہوں گے ان کے گرد ان کے غلام (اپنے حسن کے باعث) یوں

مَّكۡنُونٌ ۝٢٤ وَأَقۡبَلَ بَعۡضُهُمۡ عَلَىٰ بَعۡضٍ يَتَسَآءَلُونَ ۝٢٥ قَالُوٓاْ إِنَّا كُنَّا

معلوم ہوں گے گویا وہ چھپے موتی ہیں ١٩ اور وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر پوچھیں گے ٢٠ کہیں گے ہم بھی اس سے

قَبۡلُ فِيٓ أَهۡلِنَا مُشۡفِقِينَ ۝٢٦ فَمَنَّ ٱللَّهُ عَلَيۡنَا وَوَقَىٰنَا عَذَابَ ٱلسَّمُومِ ۝٢٧

پہلے اپنے اہل خانہ میں (اپنے انجام کے بارے میں) سہمے رہتے تھے۔ سو بڑا احسان فرمایا ہے اللہ نے ہم پر اور بچا لیا ہے ہمیں گرم لُو کے عذاب سے۔

پسندیدہ پھل اور مرغوب گوشت چن چن دیے جائیں گے۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ ادھر وہ ختم ہوتے جائیں گے ادھر ساتھ ہی پھلوں سے بھری ہوئی طشتریاں اور لذیذ گوشت سے پُر قابیں آتی جائیں گی جب تک ان کی مرضی ہوگی یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

١٨ جنت میں منعقد ہونے والی مجلس نشاط و سرور کی کتنی عمدہ تصویر کشی کی گئی ہے۔ اہل جنت جب اپنی مجلس نشاط سجائیں گے، مہروش ساقی بلوریں جاموں میں شراب طہور ڈال کر پیش کریں گے اور چھلکتے ہوئے جام جب گردش میں آئیں گے تو انس و محبت اور بے تکلفی کے عالم میں وہ ایک دوسرے سے چھینا جھپٹی بھی کریں گے۔ یہ اس کے ہاتھوں سے جام چھینے گا اور وہ اس سے اچکنے کی کوشش کرے گا۔ یہ سب کچھ ازراہ ملاعبت و ملاطفت ہوگا۔ لیکن کیف و سرور کے اس عالم میں بھی وہ بے ہودہ گوئی اور ہرزہ سرائی کے قریب تک نہیں جائیں گے۔ کوئی ناشائستہ حرکت اور گناہ اس وقت بھی ان سے صادر نہیں ہوگا۔ علامہ آلوسی نے بڑے پیارے انداز سے یتنازعون کی تفسیر لکھی ہے۔ ای یتجاذبونها فی الجنة هم وجلساءهم تجاذب ملاعبة كما يفعل ذلك الندامى بينهم فی الدنيا بشدة سرورهم (روح المعانی) یعنی وہ لوگ اپنے ندیموں سے ازراہ ملاعبت و ملاطفت پیالے چھینیں گے جس طرح اس دنیا میں مے خواری کے وقت مے خوار کیا کرتے ہیں۔

اسی طرح علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں: المراد بالتنازع هنا التعاطی والتداول علی طريق التجاذب يعنی تجاذب الملاعبة لفرط السرور والمحبة وفيه نوع لذة (روح البيان) کاس اس پیالہ کو کہتے ہیں جو شراب سے بھرا ہوا ہو۔ خالی پیالہ کو کاس نہیں کہتے۔ لغو: بیہودہ گوئی فضول گفتگو۔ تاثیم: جس کے ارتکاب سے گناہ لازم آئے۔

١٩ دیگر آسائشوں کے علاوہ اہل جنت کو خدمت گار بھی مہیا کیے جائیں گے جو ہر وقت ان کے ارد گرد گھومتے رہیں گے تاکہ ان کے ہر اشارۂ ابرو کی فوراً تعمیل کر سکیں۔ وہ خدمت گزار دنیا کے خدام کی طرح بدوضع، غلیظ اور اکھڑ مزاج نہیں ہوں گے بلکہ بہت خوبصورت اور صاف ستھرے ہوں گے۔ یوں محسوس ہوگا کہ وہ آبدار موتی ہیں جو اب تک آغوش صدف میں مستور رہے اور ابھی ابھی باہر نکلے ہیں۔

٢٠ جب بے تکلف دوست کسی دعوت میں شرکت کرتے ہیں تو کھانا کھا کر چلے نہیں جاتے بلکہ اس کے بعد مل بیٹھتے ہیں اور راز و نیاز، محبت و پیار کی باتیں ہوتی ہیں۔ ہر ایک اپنے دل کی بات کہتا ہے اور دوسرے کی سنتا ہے۔ جنت میں جنتی بھی کھانے پینے سے

إِنَّا كُنَّا مِن قَبْلُ نَدْعُوهُ ۖ إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ ﴿٢٨﴾ فَذَكِّرْ فَمَا أَنتَ بِنِعْمَتِ

بے شک ہم پہلے بھی (دنیا میں) اس سے دعا کیا کرتے تھے[۲۱] یقیناً وہ بہت احسان کرنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ پس آپ سمجھاتے رہیے۔ آپ اپنے رب

رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَلَا مَجْنُونٍ ﴿٢٩﴾ أَمْ يَقُولُونَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهِ رَيْبَ

کی مہربانی سے نہ کاہن ہیں اور نہ مجنون[۲۲] کیا یہ (نابکار) کہتے ہیں کہ آپ شاعر ہیں (اور) ہم انتظار کر رہے ہیں ان کے متعلق

فارغ ہو کر اسی طرح مل بیٹھیں گے سلسلہ گفتگو شروع ہو گا طبعی طور پر جنت اور جنت کی نعمتوں کا تذکرہ ہو گا۔ اس وقت وہ کہیں گے ہم نے اپنی دنیوی زندگی بہت ڈر ڈر کر گزاری تھی مبادا کوئی قصور ہو جائے اور ہم اپنے رب کو ناراض کر بیٹھیں۔ گھر میں بھی جب اپنے اہل و عیال کے ساتھ مل بیٹھنے کا موقع ملتا تو اکثر و بیشتر ہماری گفتگو کا موضوع یہی ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کی بے نیازی اور اپنی کوتاہیوں کا احساس ہمہ وقت بے چین و مضطرب رکھتا۔ دیکھو ہمارے کریم و رحیم پروردگار نے ہم پر کتنا احسان فرمایا ہے کہ دنیا میں ہمیں شیطان کے فریب سے محفوظ رکھا اور یہاں ہمیں نعیم جنت میں پہنچا دیا اور ہمیں دوزخ کے لپکتے ہوئے شعلوں اور اس کی گرم لُو سے بھی بچا لیا۔

[۲۱] ہم دنیا میں ہمیشہ اس سے دعا مانگا کرتے تھے کہ الٰہی ہمیں ہمیشہ راہ ہدایت پر ثابت قدم رکھ اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا۔ دیکھو اس رحیم و کریم نے ہم عاجز بندوں کی دعاؤں کو قبول فرما لیا اور ہمیں اپنے انعامات و احسانات سے سرفراز فرمایا۔ بے شک وہ بہت ہی احسان کرنے والا اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

[۲۲] اس رکوع میں کفار و مشرکین کے اقوال، ان کے اعمال اور ان کے نظریات پر اس طرح سخت تنقید کی جا رہی ہے اور ان کا محاسبہ کیا جا رہا ہے جس کے بعد انہیں اپنی لغویت اور گمراہی کے بارے میں کوئی شبہ باقی نہیں رہا اور اندھے تعصب اور بے جا ہٹ دھرمی کے بغیر ان کے لیے گوشۂ عافیت باقی نہ رہا۔ وہ تمام احتمالات، امکانات اور غلط یا صحیح توجیہات جن کا آسرا لے کر وہ حضورؐ کی نبوت اور حضورؐ کی تعلیمات کا انکار کرتے تھے ان تمام کا بودا پن ان پر روز روشن کی طرح عیاں کر دیا گیا ہے۔ چھوٹے چھوٹے فقرے ہیں لیکن کفار کے فکری اور نظریاتی قلعوں پر بجلی بن کر گر رہے ہیں اور ان کو خاکستر بناتے چلے جا رہے ہیں۔ حضرت جبیر ابن مطعم کہتے ہیں کہ جنگ بدر کے اسیروں کی رہائی کے متعلق بات چیت کرنے کے لیے میں حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا جب میں مدینہ طیبہ پہنچا اس وقت حضورؐ مغرب کی نماز پڑھا رہے تھے اور سورۃ الطور کی تلاوت فرما رہے تھے۔ جب میں نے اس سورت کو سنا تو مجھے یوں محسوس ہوا گویا میرا دل پھٹ گیا ہے۔ فکان اول ما صدع قلبی۔ بعد میں یہی واقعہ میرے ایمان لانے کا باعث بنا۔ اب آپ بھی انتہائی توجہ کے ساتھ ان آیات کو پڑھیے اور ان کے مطالب کو سمجھنے کی صدق دل سے کوشش کیجیے۔ پہلی آیت میں تو اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرما رہے ہیں کہ لوگوں کو دعوت حق دینے کا جو فریضہ آپ کو سونپا گیا ہے آپ اس کو بڑی خوش اسلوبی سے انجام دیتے رہیں۔

اس کے فوراً بعد کفار نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو بہتان لگاتے تھے ان کی تردید کر دی اور اس کی لغویت کو فاش کر دیا یہ لوگ آپ کو کبھی کاہن کہتے ہیں اور کبھی مجنون۔ ان کا یہ قول خود اپنی تردید کر رہا ہے۔ ایک ہی شخص کاہن اور مجنون نہیں ہو سکتا۔ کاہن تو وہ

الْمَنُوْنِ ۝ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِیْنَ ۝ؕ اَمْ تَاْمُرُهُمْ

گردشِ زمانہ کا ۲۲ فرمایئے رہاں ضرور انتظار کرو پس میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں سے ہوں ۲۳ کیا حکم دیتی ہیں انہیں ان

شخص ہے جو اپنے اندر مافوق الفطرت بصیرت اور فراست کا مدعی ہوتا ہے۔ وہ لوگوں کو غیب کی باتیں بتاتا ہے اور ان کے سربستہ رازوں کا انکشاف کرتا ہے۔ اس کا کلام مقفّٰی اور مسجّع ہوتا ہے۔ اس کا اسلوب اور اس کا لہجہ عام لوگوں سے بالکل مختلف ہوتا ہے۔ اس کے برعکس مجنون اس شخص کو کہتے ہیں جس کی عقل میں فتور واقع ہو جائے۔ جو غور و فکر کی صلاحیت سے محروم ہو جائے۔ اس کی باتیں بے ربط اور اس کے کام بے ہودہ ہوتے ہیں۔ تمہارے اس الزام کے ابطال کے لیے کسی خارجی دلیل کی ضرورت نہیں بلکہ وہ از خود اپنے ابطال کے لیے کافی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے محبوب! اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ نہ کاہن ہیں اور نہ مجنون۔ یہ اپنی زبان سے بکتے ہیں تو بکتے رہیں۔

۲۲ کفار جب یہ سوچتے کہ ہم کیسے بے سروپا الزامات لگا رہے ہیں، کوئی سُنے گا تو کیا کہے گا، چنانچہ پھر پہلو بدلتے ہیں اور کہتے ہیں یہ شاعر ہے۔ حالانکہ ان سے بڑھ کر اس حقیقت سے اور کون واقف ہے کہ جو کلام بلاغت نظام یہ پیش کرتے ہیں اس کا شاعری کے ساتھ دُور کا واسطہ بھی نہیں ہے۔ بہرحال وہ اپنے دل کو تسلی دینے کے لیے یہ کہا کرتے یہ شاعر ہے۔ بہت جلد اس کی زندگی کا پیمانہ لبریز ہو جائے گا اور اس کے بعد دنیا اسے اور اس کے اقوال کو فراموش کر دے گی جس طرح دوسرے نامی گرامی شعراء کا حال ہوا ہے اس لیے تمہیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ خواہ مخواہ اپنے آپ کو ہلکان مت کرو۔ بس انتظار کی چند گھڑیاں ہیں، انہیں گزار لو۔ معاملہ خود ہی رفع دفع ہو جائے گا۔ اس آیت میں ریب المنون کا لفظ غور طلب ہے۔ منون زمانہ کو کہتے ہیں کیونکہ اس کے شب و روز زندگی کو کاٹتے رہتے ہیں۔ ریب مصدر ہے۔ یہ کسی کو بے چین کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ اس سے مراد حوادثات ہیں۔

والریب مصدر رابہ، اذا اقلقہ ارید بہ حوادث الدھر وصروفہ لانھا تقلق النفوس۔ یعنی ریب 'رَابَ' کا مصدر ہے۔ معنی ہے قلق و اضطراب میں مبتلا کر دینا۔ اس سے مراد زمانہ کے حوادثات اور لیل و نہار کی گردش ہے جو انسان کو پریشان کرتی رہتی ہے۔

۲۳ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے پیارے نبی! ان بے سروپا امیدیں باندھنے والوں سے کہو بڑی اچھی بات ہے، تم بھی انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کروں گا۔ وقت خود ہی فیصلہ کر دے گا کون حق پر تھا کون گمراہ تھا۔ کامیابیاں کس کے قدم چومتی ہیں اور عذاب الٰہی کس پر نازل ہوتا ہے۔

أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلَامُهُم بِهَٰذَا ۚ أَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُونَ ﴿٣٢﴾ أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ ۚ بَل

کیا حکم دیتی ہیں انہیں ان کی عقلیں ان (مہمل) باتوں کا ۲۵؎ یا یہ لوگ ہی سرکش ہیں ۲۶؎ کیا وہ لوگ کہتے ہیں کہ انہوں نے خود ہی (قرآن) گھڑ لیا ہے ۲۷؎

لَّا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٣﴾ فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ ﴿٣٤﴾ أَمْ

درحقیقت یہ بے ایمان ہیں ۲۸؎ پس (گھڑ کر) لے آئیں وہ بھی اس جیسی کوئی (زور دار پر) بات اگر وہ سچے ہیں ۲۹؎ کیا

۲۵؎ حضور کے بارے میں یہ لوگ کسی ایک بات پر متفق نہیں تھے۔ کبھی کاہن کہتے کبھی مجنون کہتے اور کبھی شاعری کا الزام لگاتے۔ ان کی نفی تو پہلے کر دی گئی ہے۔ لیکن اب ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ تم جو کبھی کچھ کہتے ہو اور کبھی کچھ، یہ بتاؤ کیا تمہاری عقل اور سمجھ تمہیں ایسی متضاد باتیں کہنے کا حکم دیتی ہے۔

۲۶؎ اس جملہ سے اس کی نفی کر دی گئی کہ ان کی عقل تو ایسی لغو باتوں کا انہیں حکم نہیں دیتی۔ بات دراصل یہ ہے کہ عقل کا چراغ تو انہوں نے پہلے دن ہی گل کر دیا ہے۔ عقل و فہم سے تو انہوں نے کبھی کا رشتہ توڑ لیا ہے۔ یہ سرکش لوگ ہیں اور ان کی سرکشی ان کو باطل سے چمٹے رہنے پر مجبور کر رہی ہے اور سچی حقیقتوں کو سمجھ لینے کے باوجود وہ انکار کرتے چلے جاتے ہیں۔

ان الفاظ میں ان پر کتنی زبردست چوٹ ہے۔

۲۷؎ اسی طرح قرآن کریم کے بارے میں بھی ان کی آراء مختلف تھیں۔ ان کا ایک خیال یہ بھی تھا کہ یہ قرآن اللہ کا کلام نہیں ہے بلکہ یہ خود مسلسل کئی رات سوچتے رہتے ہیں اور خود فقرے گھڑ کر لوگوں کے سامنے آ کر پڑھتے ہیں اور لوگوں کو مرعوب کرنے کے لیے کہتے ہیں کہ یہ کلام اللہ تعالیٰ نے مجھ پر نازل کیا ہے۔ تقوله: ابتدعه كذبا (منجد) اپنی طرف سے جھوٹ گھڑ لینا۔

۲۸؎ اس سے اس چیز کی طرف اشارہ ہے کہ اپنے اس قول کی صحت پر انہیں قطعاً یقین نہیں۔ وہ خود جانتے ہیں کہ وہ غلط بات کہہ رہے ہیں۔ لیکن چونکہ انہوں نے طے کر رکھا ہے کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے اس لیے کوئی نہ کوئی عذر اپنے ایمان نہ لانے کا تلاش کر لیتے ہیں۔ اس طرح اپنے آپ کو دھوکہ دیتے رہتے ہیں اور لوگوں کو بھی اس غلط فہمی میں مبتلا کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ ان کا رویہ بے جا ضد پر موقوف نہیں بلکہ ان کے پاس دلائل ہیں جن پر اسلام کے بارے میں ان کے طرز عمل کا دارومدار ہے۔

۲۹؎ اور اگر وہ اپنے اس قول میں پختہ ہیں اور انہیں یقین ہے کہ وہ سچ کہہ رہے ہیں کہ یہ کلام ان کا اپنا بنایا ہوا ہے تو پھر ایسا کیوں نہیں کرتے کہ اس جیسا کوئی کلام پیش کر دیں اور بات ہی ختم ہو جائے۔ ان میں بڑے بڑے فصیح و بلیغ شاعر اور خطیب ہیں۔ وہ کوشش کریں، باہمی مشورہ کریں اور چند سطریں اس جیسی بنا کر پیش کر دیں۔ لیکن اگر جزیرہ عرب کے تمام فصحاء و بلغاء اپنی انتہائی خواہش اور کوشش کے باوجود ایسا کلام پیش کرنے سے قاصر رہیں تو پھر انہیں اپنی ہرزہ سرائی سے باز آ جانا چاہیے۔

خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ۝۳۵ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ

وہ پیدا ہو گئے بغیر کسی (خالق) کے یا وہ خود ہی (اپنے) خالق ہیں؟ ۳۰؎ کیا انہوں نے پیدا کیا ہے آسمانوں

وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ۝۳۶ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ

اور زمین کو؟ (ہرگز نہیں) بلکہ وہ یقین سے محروم ہیں ۳۱؎ کیا ان کے قبضہ میں ہیں آپ کے رب کے خزانے یا انہوں نے ہر چیز

الْمُصَيْطِرُوْنَ ۝۳۷ اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ ۚ فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ

پر تسلط جما لیا ہے ۳۲؎ کیا ان کے پاس کوئی سیڑھی ہے (جس پر چڑھ کر) وہ (غیبی باتیں) سن لیا کرتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو لے آئے ان میں سے

۳۰؎ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کی تلقین فرمایا کرتے لیکن وہ از راہِ غرور اس فرمان کو بھی پس پشت ڈال دیا کرتے۔ ان کے اس طرز عمل کے بارے میں ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ کیا وہ بغیر کسی خالق کے خود بخود پیدا ہو گئے ہیں یا انہوں نے اپنے آپ کی خود تخلیق کی ہے۔ کیا آسمانوں اور زمین کو انہوں نے پیدا کیا ہے۔ اگر یہ ساری باتیں غلط ہیں اور انہیں بھی اعتراف ہے کہ نہ وہ خود بخود پیدا ہوئے ہیں نہ انہوں نے اپنے آپ کو پیدا کیا ہے اور نہ زمین و آسمان کی آفرینش میں ان کا کوئی دخل ہے تو پھر ان کا اپنے خالق کی عبادت نہ کرنا اور اس کے حضور میں جبین نیاز نہ رکھنا کہاں کی دانشمندی ہے۔

۳۱؎ اس سے اس حقیقی علت سے پردہ اٹھا دیا جس کی وجہ سے وہ عبادت نہیں کرتے یعنی اگر ان سے پوچھا جائے کہ تمہیں کس نے پیدا کیا ہے تو جواب دیتے ہیں اللہ نے۔ اس زمین اور آسمان کا خالق کون ہے تو کہتے ہیں اللہ تعالیٰ۔ جب وہ اللہ تعالیٰ کو خالق مانتے ہیں تو پھر اس کی عبادت سے انکار کیوں کرتے ہیں۔ فرمایا یہ صرف زبان سے کہتے ہیں کہ اللہ ان کا خالق ہے۔ وہی زمین و آسمان کا پیدا کرنے والا ہے لیکن ان کے دلوں میں کوئی ایمان اور یقین نہیں ہے۔ ان کے نفاق کو کس طرح آشکارا فرما دیا۔

۳۲؎ ان کی ایک اور غلط فہمی کا ازالہ کیا جا رہا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ نے کسی کو نبی بنا کر ضرور بھیجنا ہی تھا تو مکہ اور طائف میں بڑے بڑے رئیس، دولت مند اور با اثر لوگ موجود تھے۔ ان میں سے کسی کو منتخب کیا ہوتا۔ یہ کیا تماشہ ہے کہ نبی بنایا تو اس کو جس کے پاس نہ زمین نہ زر نہ جاگیر نہ اعوان و انصار کا کوئی جتھہ، ہم کیسے مان لیں کہ یہ انتخاب اللہ تعالیٰ کا ہے۔

فرمایا نبوت تو اللہ تعالیٰ کی دین اور اس کی نعمت ہے۔ اس کی مرضی جس کو چاہے اس نعمت سے سرفراز فرمائے۔ ان کفار کو مداخلت کا حق کس نے دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے خزانوں کی کنجیاں اگر ان کے پاس ہوتیں اور تقسیم کرنے کا اختیار انہیں تفویض ہوتا تو کوئی بات بھی تھی۔ جب خزانے اس کے اپنے ہیں اور تقسیم کا کلی اختیار بھی اس کے دست قدرت میں ہے تو یہ کہاں سے آ گئے اللہ تعالیٰ کی عطا پر انگشت نمائی کرنے والے۔ مصیطرون کی تشریح کرتے ہوئے علامہ جوہری لکھتے ہیں۔ المصیطر: المسلط علی الشیئ یشرف علیہ ویتعاھد احوالہ (صحاح) یعنی جو کسی چیز پر مسلط ہو اس کی نگہبانی کرے اور اس کے تمام حالات سے خبردار ہو اسے مصیطر کہتے ہیں۔

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٨﴾ اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿٣٩﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا

سننے والا روشن دلیل ۳۳ (ظالمو) کیا اللہ کے لیے نری بیٹیاں اور تمہارے لیے نرے بیٹے ۳۴ (اے حبیب) کیا آپ ان سے کوئی

فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿٤٠﴾ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿٤١﴾

اجرت مانگتے ہیں پس وہ چٹی کے بوجھ سے دبے جارہے ہیں ۳۵ کیا ان کے پاس غیب (کا علم) ہے پس وہ لکھتے جاتے ہیں ۳۶

۳۳ یہ لوگ نبی کی نبوت اور اس کی تعلیمات کا انکار کرتے ہیں۔ آخر اس انکار کی ان کے پاس کوئی دلیل بھی ہے۔ اگر ان کے پاس کوئی ایسا زینہ ہوتا جس کے ذریعے وہ آسمان پر چڑھ جاتے اور وہاں قضا و قدر کے جو فیصلے ہو رہے ہیں انہیں سن لیتے یا لوح محفوظ تک رسائی حاصل کر کے کسی چیز کے صحیح یا غلط ہونے کا انہیں علم ہو جاتا تو کوئی بات بھی تھی لیکن ان کے پاس تو آسمان پر چڑھنے کے لیے کوئی زینہ نہیں ہے۔ یہ جو کچھ کہتے ہیں یہ محض ان کی اپنی قیاس آرائیاں ہیں اور ان کے وہم و گمان کی پیداوار ہیں۔ انہیں قطعاً یہ بات زیب نہیں دیتی کہ اللہ تعالیٰ کے رسول کے ارشادات کا انکار کریں جس کا علم یقینی ہے جس کی دانش نورانی ہے اور جس کی فراست کی رسائی بہت دور تک ہے اور اگر انہیں اس بات کا دعویٰ ہے کہ وہ آسمان تک پہنچ سکتے ہیں تو اپنے دعوے کو ثابت کرنے کے لیے کوئی روشن دلیل پیش کریں۔

۳۴ وہ کم بخت بڑے وثوق سے یہ کہتے تھے کہ (معاذ اللہ) فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں۔ اگر وہ آسمان پر چڑھ کر فرشتوں کو دیکھ سکتے اور اپنے مشاہدہ کی بنا پر یہ بات کہتے تو کوئی بات بھی ہوتی یونہی الل ٹپ باتیں بنا رہے ہیں۔ ان کی یہ جسارت از حد قبیح ہے۔ نیز اپنے لیے تو بیٹے پسند کرتے ہیں۔ اگر ان کے ہاں لڑکی پیدا ہو جائے تو شرم کے مارے منہ نہیں دکھا سکتے۔ عجیب ذہنیت ہے ان کی۔ جسے اپنے لیے ناپسند کرتے ہیں وہ اللہ کے حصہ میں ڈال دیتے ہیں۔ ان کی ساری باتیں بے ڈھبی اور عقل و دانش کے سراسر خلاف ہیں۔

۳۵ اے میرے پیارے رسول! اگر آپ ان سے اپنی ذات کے لیے چندہ طلب کرتے، سیم و زر مانگتے، خوراک اور دیگر ضروریات فراہم کرنے کا مطالبہ کرتے اور ان سے اپنے وعظ و نصیحت کا معاوضہ طلب کرتے اور یہ لوگ ہر روز کی فرمائشوں سے تنگ آکر دین حق سے منہ موڑ لیتے تو کوئی بات بھی ہوتی۔ آپ تو بلا معاوضہ ان کی بہتری کے لیے کوشاں ہیں۔ اپنے دن کا آرام اور رات کی نیند اس غرض کے لیے قربان کر دی ہے کہ خدا کرے ان کا بجھا ہوا چراغ روشن ہو جائے۔ پھر یہ کیوں اتنے نادان بنے ہوئے ہیں کہ سرمدی نعمتیں مفت مل رہی ہیں اور یہ دم دبائے بھاگے چلے جا رہے ہیں۔ مغرم، ما یعطی من المال علی کرہ (منجد) وہ مال جو جبراً ادا کرنا پڑتا ہے۔ مثقلون، اثقل سے ہے جس کا معنی ہے کسی پر بھاری بوجھ لاد دینا۔ اثقل، حملہ ثقیلا (منجد) مثقل، وہ شخص جس پر بھاری بوجھ لاد دیا گیا ہو۔

۳۶ کیا انہیں غیب کا علم ہے اور اس علم کے باعث وہ اللہ کے رسول کی نبوت کا انکار کرتے ہیں اور اس کی تعلیمات کو جھٹلاتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو وہ تھوڑی سی زحمت گوارا کریں اور اس مضمون کی ایک تحریر لکھ دیں تاکہ یہ تحریر بوقت ضرورت کام آئے۔

أَمْ يُرِيدُوْنَ كَيْدًا ۖ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ﴿٤٢﴾ أَمْ لَهُمْ

کیا وہ (رسول خدا سے) کوئی فریب کرنا چاہتے ہیں تو وہ کافر خود ہی اپنے فریب کا شکار ہو جائیں گے ۳۷؎ کیا ان کا کوئی اور خدا

إِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٤٣﴾ وَإِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ

ہے اللہ کے سوا۔ پاک ہے اللہ تعالیٰ اس شرک سے جو وہ کرتے ہیں ۳۸؎ اور اگر وہ دیکھ لیں آسمان کے کسی

السَّمَآءِ سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ﴿٤٤﴾ فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ

ٹکڑے کو گرتا ہوا تو یہ (احمق) کہیں گے یہ تو بادل ہے تہ در تہ ۳۹؎ پس انہیں (ابھی) چھوڑ دیجیے یہاں تک کہ وہ اپنے اس

۳۷؎ ان کی ایک اور غلط فہمی کو دور کیا جا رہا ہے۔ وہ دار الندوہ میں بیٹھتے اور باہمی مشورہ کرتے کہ کوئی ایسا منصوبہ تیار کیا جائے جس سے دین کی روز افزوں مقبولیت کو روک دیا جا سکے۔ ان کی یہ محفلیں بکثرت منعقد ہوا کرتیں اور رات گئے تک وہ سوچ بچار میں لگے رہتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے کفار! کان کھول کر سن لو کہ میرے دین اور میرے رسول کے خلاف تمہاری کوئی سازش کامیاب نہ ہو گی بلکہ تمہاری یہ سازشیں انجام کار تمہارے لیے ہی تباہی اور بربادی کا پیش خیمہ ثابت ہوں گی۔

جس چراغ کو اللہ تعالیٰ روشن کرے اسے کوئی آندھی بجھا نہیں سکتی۔ جس دین کو غالب کرنے کا ذمہ اس نے لیا ہو دنیا کی کوئی طاقت اسے مغلوب نہیں کر سکتی۔ اس لیے یہ عبث کوششیں چھوڑ دو۔ تم کبھی کامیابی سے ہمکنار نہیں ہو گے۔ علامہ قرطبی ھم المکیدون کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں ای الممکور بھم۔ یعنی نبی رحمت کے خلاف مکر و فریب کے جو جال وہ بن رہے ہیں اس میں وہ خود ہی پھنسیں گے۔ جو گڑھا وہ مسلمانوں کے لیے کھود رہے ہیں اس میں وہ خود گریں گے اور ہلاک و برباد ہو جائیں گے۔

۳۸؎ آخر میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر اگر کوئی معبود برحق ہوتا تو بے شک اس کی عبادت کرتے۔ جب اس کے بغیر اور کوئی معبود ہے ہی نہیں تو اب اس کے بغیر کسی کی عبادت کرنا کتنی بڑی حماقت ہے۔ جن چیزوں کو وہ خدا کا شریک سمجھتے ہیں اللہ تعالیٰ ان تمام سے پاک ہے۔ کوئی اس کا شریک نہیں، کوئی اس کا ہمسر نہیں۔

یہ بیان جو مسلسل کئی آیات پر مشتمل ہے اس میں کفار کے تمام شبہات اور احتمالات کو دلائل و شواہد سے مسترد کر دیا گیا ہے اور ہر جگہ بتایا گیا ہے کہ باطل سے ان کے چمٹے رہنے کی وجہ یہی ہے کہ سرکشی کو انہوں نے اپنا شعار بنا لیا ہے۔ ان میں ایمان اور ایقان کا فقدان ہے۔ اپنے موقف کو صحیح ثابت کرنے کے لیے ان کے پاس کوئی ایسی دلیل نہیں جسے عقل سلیم قبول کر سکے۔

۳۹؎ آخر میں ان کی ہٹ دھرمی کی کیفیت بیان کی جا رہی ہے کہ اگر آسمان کا ٹکڑا کاٹ کر بھی ان کی ہدایت کے لیے نیچے پھینک دیا جائے تو وہ نہیں مانیں گے بلکہ یہ کہیں گے کہ یہ بادل کی ایک گھٹا ہے جو امڈ کر ان کی طرف آ رہی ہے۔ مرکوم: رکم یرکم رکماً سے ماخوذ ہے۔ رکم کا معنی ہے کسی چیز کو ایک دوسرے کے اوپر رکھ کر ڈھیر لگا دینا جس طرح ریت کا ٹیلہ ہوتا ہے۔ رکم۔ جمعہ وجعل بعضہ

الَّذِي فِيهِ يُصْعَقُونَ ﴿٤٥﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِي عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَلَا هُمْ

دن کو پالیں جس میں وہ غش کھا کر گر پڑیں گے ۴۰ جس روز ان کی فریب کاری ان کے کسی کام نہ آئے گی اور نہ ان کی مدد

يُنْصَرُونَ ﴿٤٦﴾ وَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا عَذَابًا دُونَ ذَٰلِكَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ

کی جائے گی۔ اور بے شک ظالموں کے لیے ایک (اور) عذاب (دنیا میں) اس سے پہلے بھی ہے ۴۱ لیکن ان میں سے اکثر

لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٧﴾ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

(اس سے) بے خبر ہیں۔ اور آپ صبر فرمایئے اپنے رب کے حکم سے ۴۲ پس آپ بلاشبہ ہماری نظروں میں ہیں ۴۳ اور پاکی بیان کیجیے اپنے رب کی حمد کرتے

فوق بعض حتی یصیر رکاما مرکوما کرکام الرمل (منجد) بادل جب سخت گھنا اور تاریک ہو تو اسے سحاب مرکوم کہتے ہیں۔

۴۰ اے محبوب! یہ متعصب لوگ حق کو ہرگز قبول نہیں کریں گے۔ آپ ان کو نظر انداز کر دیجیے۔ جب موت کی بجلی کڑکے گی پھر ان کی آنکھیں کھلیں گی۔ اس وقت انہیں پتہ چلے گا کہ ان کی تمام حیلہ سازیاں ان کے کسی کام نہ آئیں اور ان کے دوست اس مشکل لمحہ میں انہیں بے یار و مددگار چھوڑ کر چلے گئے۔

یصعقون: صعق کے دو معنی ہیں۔ غشی علیہ وذھب عقلہ من صوت یسمعہ کالھدۃ الشدیدۃ۔ بیہوش ہو جانا کسی زوردار آواز کو سن کر عقل کا مختل ہو جانا۔ اس کا دوسرا معنی مات یعنی مرجانا۔ اکثر علما کا یہی خیال ہے یصعقون: یموتون۔

۴۱ بتایا جا رہا ہے کہ عذاب قیامت سے پہلے منکرین کو طرح طرح کے آلام و مصائب میں گرفتار کر دیا جائے گا لیکن اس سے بھی انہیں تنبیہ نہیں ہوگی بلکہ اپنی پرانی روش پر وہ گامزن رہیں گے۔ ایسے ناسمجھ کی مثال ایک حدیث شریف میں بیان کی گئی ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان المنافق اذا مرض ثم اعفی کان کالبعیر عقلہ اھلہ ثم ارسلوہ فلم یدر لم عقلوہ ولم یدر لم ارسلوہ (ابوداؤد، کتاب الجنائز)

کہ منافق جب بیمار ہوتا ہے اور پھر صحت یاب ہو جاتا ہے تو اس کی مثال ایک اونٹ کی سی ہے جسے گھر والوں نے پہلے باندھا اور پھر آزاد چھوڑ دیا۔ اسے اس کی خبر نہیں ہوتی کہ اسے باندھا کیوں گیا تھا اور اسے کھول کیوں دیا ہے۔

۴۲ جس قوم کو دعوت حق دینے کے لیے اے حبیب! آپ کو مبعوث فرمایا گیا ہے ان کے حالات سے آپ باخبر ہیں۔ وہ اکھڑ مزاج ہیں، عقل و دانش کے چراغ انہوں نے گل کر دیئے ہیں، غور و تدبر سے کام لینا ان کا معمول ہی نہیں۔ ہر وقت آپ کو اذیت پہنچانے اور دین حق کی شمع گل کرنے کے لیے وہ آپس میں مشورے کرتے رہتے ہیں۔ ہم نے آپ کو بھیجا ہے تاکہ ان کے بے نور سینوں کو آپ روشن کریں۔ ان درندہ صفت لوگوں کو فرشتہ سیرت بنا دیں۔ ان کی ہٹ دھرمی کی خو کو یکسر بدل دیں اور تسلیم و رضا کا ان کو ایسا درس دیں کہ حق قبول کرنے میں انہیں پھر کبھی تامل نہ ہو۔ اتنا بڑا انقلاب برپا کرنا آسان نہیں۔ اس کے لیے آپ کو

بڑی محنت کرنی پڑے گی، بڑے دکھ سہنے پڑیں گے، بڑی مصیبتیں برداشت کرنا ہوں گی۔ اس لیے آپ صبر و استقامت کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہیں اور اپنا فرض پوری دل سوزی سے انجام دیتے رہیں۔ ان کلمات میں آپ پھر غور کیجیے۔ یہ نہیں فرمایا کہ ان کی اذیت رسانی پر صبر کیجیے، بلکہ فرمایا کہ صبر کیجیے کیونکہ یہ آپ کے رب کا حکم ہے۔ اپنے مالک کے حکم کے باعث صبر کرنے میں جو لطف ہے اسے اہل محبت ہی سمجھ سکتے ہیں۔

۴۲ آپ ہماری نگاہوں میں ہیں۔ ہم خود آپ کے محافظ اور نگہبان ہیں۔ کوئی دشمن آپ کو ناکام نہیں بنا سکتا۔

اہل معرفت علما کہتے ہیں کہ اسی قسم کا جملہ موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں بھی فرمایا گیا۔ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ (طٰہٰ آیت ۳۹) تاکہ آپ میری نگاہ کے سامنے تیار ہوں لیکن اس آیت میں عین واحد اور حرف جار علیٰ استعمال ہوا ہے جس کا معنی ہے میری ایک آنکھ کے سامنے، لیکن یہاں فرمایا بِاَعْيُنِنَا۔ حرفِ جار با اور اعین جمع۔ یعنی ایک آنکھ نہیں بلکہ ہماری ساری آنکھوں میں علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں۔

ونحن نراك بجميع عيون الصفات والذات بنعت المحبة والعشق ننظر بها اليك شوقا اليك وحراسة لك۔ یعنی ہم آپ کو دیکھتے ہیں اپنی ذات اور اپنی صفات کی تمام آنکھوں سے بڑے محبت بھرے انداز سے، ہم شوق سے آپ کی طرف دیکھتے ہیں اور آپ کی نگہبانی کرتے ہیں۔

علامہ آلوسی اس جملہ کی تشریح کے بعد لکھتے ہیں:

ومن نظر بعين بصيرته علم من الأيتين الفرق بين الحبيب والكليم عليهما افضل الصلوٰة واكمل التسليم (روح المعانی)

یعنی جو شخص نگاہِ بصیرت سے ان دو آیتوں کا مطالعہ کرے گا اسے حبیب و کلیم کے درمیان جو فرق ہے وہ معلوم ہو جائے گا۔

حضرت ابراہیم بن ادہم بلخی قدس سرہ نے اپنے مریدین کو صبح اور شام کے وقت یہ دعا مانگنے کی تلقین فرمائی۔ آپ بھی اگر ان نورانی کلمات سے دستِ طلب پھیلائیں گے تو خداوند کریم اسے خالی واپس نہ کرے گا۔

اَللّٰهُمَّ احْرُسْنَا بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَاحْفَظْنَا بِرُكْنِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ وَارْحَمْنَا بِقُدْرَتِكَ عَلَيْنَا فَلَا نَهْلِكُ وَاَنْتَ ثِقَتُنَا وَرَجَاؤُنَا۔ (روح البیان)

ترجمہ: اے اللہ! ہماری اس آنکھ سے نگہبانی فرما جو سوتی نہیں ہے اور اس گوشہ میں ہماری حفاظت فرما جس کا کوئی جابر قصد نہیں کر سکتا اور اپنی اس قدرت سے ہم پر رحم فرما جو تجھے ہم ناچیز بندوں پر حاصل ہے۔ جب تک تو ہمارا بھروسا اور ہماری امید ہے ہم ہلاک نہیں ہوں گے۔

حِیۡنَ تَقُوۡمُ ﴿۴۸﴾ وَ مِنَ الَّیۡلِ فَسَبِّحۡهُ وَ اِدۡبَارَ النُّجُوۡمِ ﴿۴۹﴾

ہوتے جبکہ آپ اٹھتے ہیں۔ اور رات کے کسی حصہ میں بھی اس کی تسبیح کیجیے اور اس وقت بھی جب ستارے ڈوب رہے ہوتے ہیں ۴۳

۴۳ راہ حق میں پیش آنے والی مشکلات پر صبر کرنا کوئی آسان کام نہیں۔ بڑے بڑے پیل تن بہادر میدان سے بھاگ جاتے ہیں۔ جب آفت پر آفت اور مصیبت پر مصیبت ٹوٹتی ہے تو بڑے بڑے جوانمردوں کے قدم اکھڑ جاتے ہیں۔ اس لیے صبر کا حکم دینے کے بعد ہدایت فرمائی کہ اپنے پروردگار کی حمد و تسبیح میں ہر وقت مشغول رہا کریں۔ ذکر الٰہی سے ہی ایسی قوت پیدا ہوتی ہے کہ انسان پر مصائب کے پہاڑ ٹوٹتے ہیں اور وہ اُف تک نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ صبر کی توفیق ان سعادت مندوں کو بخشتا ہے جو دن رات اس کے ذکر میں محو رہتے ہیں۔ فرمایا جب بھی آپ کھڑے ہوں تو اپنے رب کی حمد اور اس کی پاکی بیان کریں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے غلاموں کو بھی یہی تلقین فرمایا کرتے۔ امام ترمذی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔ وقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مَنْ جَلَسَ فِیْ مَجْلِسٍ وَکَثُرَ فِیْهِ لَغَطُهٗ فَقَالَ قَبْلَ اَنْ یَّقُوْمَ مِنْ مَّجْلِسِهٖ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ جو کسی مجلس میں بیٹھتا ہے اور خوب گپیں ہانکتا ہے لیکن اس مجلس سے اٹھنے سے پہلے یہ کہتا ہے سبحانک اللھم الخ اللہ تعالیٰ اس مجلس میں جو گناہ اس سے ہوئے ہیں بخش دیتا ہے۔

اسی طرح اگر رات کو سوئے سوئے انسان کی آنکھ کھل جائے تو اس وقت یہ تسبیح پڑھے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ یہ کہنے کے بعد جو دعا مانگے گا وہ قبول ہوگی اور اگر وضو کرکے نماز پڑھے تو اس کی وہ نماز بھی قبول ہوگی۔ (بخاری شریف)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا معمول مبارک تھا کہ جب خطبہ ارشاد فرماتے تو اس کی ابتدا اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح سے کرتے۔

وادبار النجوم سے مراد نماز صبح ہے کیونکہ سورج کے طلوع ہونے کا وقت جب قریب آجاتا ہے تو ستاروں کی روشنی ماند پڑنے لگتی ہے۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ گویا رات بھر نور افشانی کرنے کے بعد وہ یہاں سے پیٹھ پھیر کر کہیں جا رہے ہیں۔

اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ نماز صبح کے بعد ذکر بڑی بابرکت چیز ہے۔ اہل سنت کی مساجد میں نماز صبح کے بعد بڑے اہتمام اور پورے شوق سے کلمہ شریف اور درود شریف کا ذکر دراصل اسی آیت کی تعمیل ہے۔

◎

رب اوزعنی ان اشکر نعمتك التی انعمت علی وعلی والدی وان اعمل صالحا ترضٰہ واصلح لی فی ذریتی انی تبت الیك وانی من المسلمین۔

سبحانك اللھم وبحمدك لیلا ونھارا، سرا وجھارا۔

والصلوٰۃ والسلام علی نور عرشك وعروس مملکتك کثیرا کثیرا۔

مطبع ________ تخلیق مرکز پرنٹرز لاہور
کتابت ________ اقبال اختر عبدالرحمٰن ناصر۔ خوشی محمد ناصر
متن ________ بشکریہ تاج کمپنی لمیٹڈ۔ کراچی
فوٹوگرافی ________ حاجی رحیم بخش (الیف۔ آر۔ پروسیسنگ)
تعداد ________ تین ہزار
تاریخ طباعت ________ ربیع الثانی ۱۴۰۰ ھ
ناشر ________ ضیاء القرآن پبلی کیشنز۔ لاہور

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	سُورة النجم	۵
۲	سُورة القمر	۴۹
۳	سُورة الرحمٰن	۶۳
۴	سُورة الواقعہ	۸۴
۵	سُورة الحدید	۱۰۴
۶	سُورة المجادلہ	۱۳۳
۷	سُورة الحشر	۱۵۵
۸	سُورة الممتحنہ	۱۸۹
۹	سُورة الصف	۲۰۸
۱۰	سُورة الجمعہ	۲۲۷
۱۱	سُورة المنافقون	۲۴۳
۱۲	سُورة التغابن	۲۵۸
۱۳	سُورة الطلاق	۲۷۱
۱۴	سُورة التحریم	۲۹۱
۱۵	سُورة الملک	۳۰۸
۱۶	سُورة القلم	۳۲۷
۱۷	سُورة الحاقہ	۳۴۵
۱۸	سُورة المعارج	۳۵۷
۱۹	سُورة نوح	۳۷۱
۲۰	سُورة الجنّ	۳۸۳
۲۱	سُورة المزمل	۳۹۹
۲۲	سُورة المدثر	۴۱۳
۲۳	سُورة القیامہ	۴۲۸
۲۴	سُورة الدھر	۴۴۰
۲۵	سُورة المرسلٰت	۴۵۱
۲۶	سُورة النبأ	۴۶۳
۲۷	سُورة النّٰزعٰت	۴۷۷
۲۸	سُورۃ عَبَسَ	۴۸۹
۲۹	سُورۃ التکویر	۴۹۸
۳۰	سُورۃ انفطار	۵۰۷
۳۱	سُورۃ المطففین	۵۱۳
۳۲	سُورۃ انشقاق	۵۲۲
۳۳	سُورۃ البروج	۵۲۷
۳۴	سُورة الطارق	۵۳۴
۳۵	سُورۃ الاعلیٰ	۵۳۹
۳۶	سُورۃ الغاشیہ	۵۴۷
۳۷	سُورۃ الفجر	۵۵۳
۳۸	سُورۃ البلد	۵۶۳

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۳۹	سُورۃُ الشمس	۵۷۰	۵۲	سُورۃ الھمزہ	۶۵۶
۴۰	سُورۃُ الّیل	۵۷۶	۵۳	سُورۃ الفیل	۶۶۰
۴۱	سُورۃُ والضحیٰ	۵۸۳	۵۴	سُورۃ قریش	۶۶۱
۴۲	سُورۃُ الانشراح	۵۹۵	۵۵	سُورۃ الماعون	۶۷۷
۴۳	سُورۃُ التین	۶۰۳	۵۶	سُورۃ الکوثر	۶۸۲
۴۴	سُورۃُ العلق	۶۰۹	۵۷	سُورۃ الکافرون	۶۹۱
۴۵	سُورۃُ القدر	۶۱۷	۵۸	سُورۃ النصر	۶۹۷
۴۶	سُورۃُ البیّنہ	۶۲۳	۵۹	سُورۃ لَہب	۷۰۱
۴۷	سُورۃُ الزلزال	۶۳۰	۶۰	سُورۃ اخلاص	۷۰۹
۴۸	سُورۃُ العٰدیات	۶۳۶	۶۱	سُورۃ الفلق والنّاس	۷۱۹
۴۹	سُورۃُ القارعہ	۶۴۱	۶۲	تحقیقاتِ لغویہ	۷۳۹
۵۰	سُورۃُ التکاثر	۶۴۶	۶۳	تحقیقات نحویہ	۷۴۹
۵۱	سُورۃُ والعصر	۶۵۱	۶۴	فہرست مطالب	۷۵۰

تحقیقاتِ لُغویّہ

	سُورۃ	حاشیہ نمبر
ا ــــــ		
اَشِر	٥٤	٢١
اثام	٥٥	١٠
الاء	٥٥	١٣
المومن	٥٩	٣٥
آنٍ	٥٥	٣٤
اجاج	٥٦	٢٧
یأنِ	٥٧	٢١
الامیّین	٦٢	٢
یؤفکون	٦٣	٨
انّٰی	٦٣	٨
مؤتفکٰت	٦٩	٨
ارائک	٧٦	١٦
استبرق	٧٦	٢٠
اسرھو	٧٦	٢٧
ابًّا	٨٠	١٦
اخدود	٨٥	٤
آنیۃ	٨٨	٣
ابابیل	١٠٥	٤
احد	١١٢	١
مؤتفکۃ	٥٣	٤٩
ازفت الآزفۃ	٥٣	٥٣

	سُورۃ	حاشیہ نمبر
استبرق	٥٥	٣٨
ب ــــــ		
تبوّؤا	٥٩	١٧
باری	٥٩	٣٧
بطائن	٥٥	٣٨
بُسّت	٥٦	٥
منبثًّا	٥٦	٥
تبارک	٦٧	١
تبتّل	٧٣	٨
بشر	٧٤	١٨
بَرِق	٧٥	٧
بصیرا	٧٥	١١
باسرۃ	٧٥	١٦
ابرار	٧٦	٨
بعثرت	٨١	١
بیّنۃ	٩٨	١
ابتر	١٠٨	٣
ت ــــــ		
مترفین	٥٦	١٦
ترائب	٨٦	٤
متربہ	٩٠	١٠

	سُورۃ	حاشیہ نمبر
ث		
يثقفوكم	۶۰	۵
ثيبات	۶۶	۸
لايستثنون	۶۸	۱۱
ثجاجا	۷۸	۱۲
ثبورا	۸۴	۹
ج		
الجانّ	۵۵	۱۵
الجوار	۵۵	۲۰
جنا	۵۵	۳۹
الجلاء	۵۹	۶
الجبّار	۵۹	۳۵
بمجنون	۶۸	۲
جزوع	۷۰	۱۴
جن	۷۲	۴
الجوارى	۸۱	۱۱
جمّا	۸۹	۱۵
جيد	۱۱۱	۶
ح		
المحتضر	۵۴	۲۱
يحادون	۵۸	۱۰
الحشر	۵۹	۲
حاجة	۵۹	۱۹
حور	۵۵	۴۶
يحموم	۵۶	۱۵

	سُورۃ	حاشیہ نمبر
استحوذ	۵۸	۲۷
حواريون	۶۱	۱۴
حمّلوا	۶۲	۶
تحِلّة	۶۶	۳
حسير	۶۷	۶
حاصب	۶۷	۲۱
حلّاف	۶۸	۸
حردٍ	۶۸	۱۳
الحاقة	۶۹	۱
حسوما	۶۹	۶
تحرّوا	۷۲	۱۴
لن تحصوه	۷۳	۱۹
احقابا	۷۸	۲۰
حدائق	۷۸	۳۲
الحافرة	۷۹	۹
احوىٰ	۸۷	۶
الحجر	۸۹	۳
حاميه	۱۰۱	۶
الحطمة	۱۰۴	۴
حاسد	۱۱۳	۵
خ		
خشعًا	۵۴	۹
خالق	۵۹	۳۷
مخضود	۵۶	۱۲
مستخلفين	۵۷	۸

	سُورة	حاشیہ نمبر
مختال	۵۷	۲۹
خشب مسندة	۶۳	۵
خاسئًا	۶۷	۶
خُلُق	۶۸	۴
د ـــــ		
دنیٰ فتدلّیٰ	۵۳	۹
دُسُر	۵۴	۱۶
الدھان	۵۵	۳۱
مدھامّتان	۵۵	۴۴
مدھنون	۵۶	۳۵
مدینین	۵۶	۳۹
الدّنیا	۶۷	۷
تُدھن	۶۸	۷
سنستدرجھم	۶۸	۲۱
دُکّت	۶۹	۱۱
دانیه	۶۹	۱۶
أدری	۷۲	۲۴
مدّثر	۷۴	۱
الدھر	۷۶	۱
دھاقا	۷۸	۲۴
دحاھا	۷۹	۲۱
دسّٰھا	۹۱	۱۰
دمدم	۹۱	۱۳
یدعّ	۱۰۷	۲

	سُورة	حاشیہ نمبر
ذ ـــــ		
ذلول	۶۷	۱۹
ذرأ	۶۷	۳۱
ذاغصّة	۷۳	۱۲
ذُلّلت	۷۶	۱۶
ر ـــــ		
راودوه	۵۴	۲۲
الرّحمٰن	۵۵	۱
ریحان	۵۵	۱۲
رفرف	۵۵	۴۷
رُجّت	۵۶	۲
تربّصتم	۵۷	۱۹
رھبانیة	۵۷	۳۴
رکاب	۵۹	۱۰
رجومًا	۶۷	۸
رابیة	۶۹	۹
ترجون	۷۱	۱۱
رھقًا	۷۲	۷
رتّل	۷۳	۳
الرُّجز	۷۴	۵
سأرھقه	۷۴	۱۳
رھینة	۷۴	۲۸
التّراق	۷۵	۱۷
مرصاد	۷۸	۱۸
رادفة	۷۹	۷

	سورة	حاشیہ نمبر
رین	۸۳	۴
رحیق	۸۳	۷
الروح	۹۷	۳
ز——		
زاغ	۵۳	۱۸
مزدجر	۵۴	۶
ازدجر	۵۴	۱۲
زنیمٌ	۶۸	۸
زعیمٌ	۶۸	۱۷
المزّمّل	۷۳	۱
زمهریر	۷۶	۱۶
زرابی	۸۸	۶
زبانیة	۹۶	۹
زُلزِلت	۹۹	۱
زُرتُمُ	۱۰۲	۲
س——		
سامدون	۵۳	۵۷
سُعُرٌ	۵۴	۲۱
سُلطان	۵۵	۲۷
مسکوب	۵۶	۱۲
سموم	۵۶	۱۵
مَسبُوقین	۵۶	۲۱
سَبّح	۵۷	۱
السّلام	۵۹	۳۵
اسفار	۶۲	۶
سائحات	۶۶	۸
اَسلَفتُمْ	۶۹	۱۷
اِستَمع	۷۲	۲
یَسلُکهُ	۷۲	۱۶
سَبحًا	۷۳	۶
سُدًی	۷۵	۲۲
سُندُسٍ	۷۶	۲۰
سباتًا	۷۸	۷
سرابًا	۷۸	۱۷
سُیّرَت	۷۸	۱۷
السابقات	۷۹	۳
الساهرة	۷۹	۱۲
سَمکَهَا	۷۹	۱۹
سفَرة	۸۰	۸
سجّین	۸۳	۳
مسغبه	۹۰	۱۰
سَجٰی	۹۳	۲
لَنَسفَعًا	۹۶	۹
ش——		
الشعرٰی	۵۳	۴۷
شِرب	۵۴	۲۱
اشیاعکم	۵۴	۲۵
شواظ	۵۵	۲۸
مشئمة	۵۶	۶
الشحّ	۵۹	۲۰

	سُورة	حاشیہ نمبر
شکور	۶۴	۲۶
شهیقا	۶۷	۱۰
شرکاء	۶۸	۱۷
الشوٰی	۷۰	۱۲
شطط	۷۲	۵
شامخات	۷۷	۱۲
شتّٰی	۹۲	۲
الم نشرح	۹۴	۱
شانئ	۱۰۸	۳
ص ــــــ		
صاحب	۵۳	۲
المصور	۵۹	۳۷
صلصال	۵۵	۱۴
یصدّعون	۵۶	۹
صدّوا	۶۳	۳
صغت	۶۶	۵
صٰفّٰت	۶۷	۲۳
الصریم	۶۸	۱۱
صرصر	۶۹	۶
صبّا	۸۰	۱۶
الصاخة	۸۰	۱۷
المصیطر	۸۸	۹
ض ــــــ		
ضلّ	۵۳	۲
ضیزٰی	۵۳	۲۱
الضنین	۸۱	۱۷
ضریع	۸۸	۵
ضحٰی	۹۱	۱
ضحٰی	۹۳	۱
تضلیل	۱۰۵	۳
ط ــــــ		
طغٰی	۵۳	۱۸
طمسنا	۵۴	۲۲
طلح	۵۶	۱۲
طباقا	۶۷	۵
طائف	۶۸	۱۱
طاغیة	۶۹	۵
اطوارا	۷۱	۱۲
طرائق	۷۲	۱۰
طُمست	۷۷	۴
مستطیرا	۷۶	۱۱
الطامة	۷۹	۲۳
طارق	۸۶	۱
طحٰی	۹۱	۶
ظ ــــــ		
یظاهرون	۵۸	۱
ظهیر	۶۶	۷
ع ــــــ		
عسر	۵۴	۱۱
تعاطٰی	۵۴	۲۱

	سُورة	حاشیہ نمبر		سُورة	حاشیہ نمبر
عقر	۵۴	۲۱	المعصرات	۷۸	۱۲
العصف	۵۵	۱۲	العشار	۸۱	۴
اعلام	۵۵	۲۰	عَسْعَس	۸۱	۱۲
عبقری	۵۵	۴۱	عاملة	۸۸	۲
عربا	۵۶	۱۳	عماد	۸۹	۵
العزیز	۵۷	۲	العقبه	۹۰	۹
العزیز	۵۹	۳۵	العٰدِیات	۱۰۰	۱
یعلم	۵۷	۳۲	عیشة	۱۰۱	۴
عدوّی	۶۰	۱	والعصر	۱۰۳	۱
عصم الکوافر	۶۰	۲۲	عصفٍ	۱۰۵	۵
تعاقبتم	۶۰	۲۴	اعطینا	۱۰۸	۱
تعاسرتم	۶۵	۱۸	غ		
عتوّ	۶۷	۲۷	غوی	۵۳	۲
عظیم	۶۸	۴	غَرور	۵۷	۱۹
معتدٍ	۶۸	۸	تغابن	۶۴	۱۱
عتلّ	۶۸	۸	غسلین	۶۹	۲۱
عاتیة	۶۹	۶	غدقًا	۷۲	۱۵
مَعارج	۷۰	۲	غسّاقًا	۷۸	۲۱
العِهن	۷۰	۷	غُلبًا	۸۰	۱۶
〃	۱۰۱	۳	غثاءً	۸۷	۶
عزین	۷۰	۲۵	غاشیة	۸۸	۱
عجبًا	۷۲	۳	مغیرات	۱۰۰	۱
معاذیر	۷۵	۱۱	غاسق	۱۱۳	۳
عبوسًا	۷۶	۱۴	ف		
عمّ	۷۸	۲	فخّار	۵۵	۱۴

	سُورۃ	حاشیہ نمبر
سنفرغ	۵۵	۲۶
افنان	۵۵	۳۶
تفکّھون	۵۶	۲۵
فتنتم	۵۷	۱۹
تفسّحوا	۵۸	۲۰
اَفاء	۵۹	۱۰
فخور	۵۷	۲۹
فتـنة	۶۰	۱۱
تفاوت	۶۷	۶
فـطور	۶۷	۶
تـفور	۶۷	۱۰
مفتون	۶۸	۵
فجاجًا	۷۱	۱۵
فاقرة	۷۵	۱۶
فرجت	۷۷	۴
فُراتًا	۷۷	۱۲
مفازًا	۷۸	۲۴
منفکّین	۹۸	۱
الفـلق	۱۱۳	۱
ق———		
قاب قوسین	۵۳	۱۰
اقنی	۵۳	۴۶
القدوس	۵۹	۳۵
قفینا	۵۷	۳۳
تقسطوا	۶۰	۱۵

	سُورۃ	حاشیہ نمبر
القارعة	۶۹	۴
قطوفها	۶۹	۱۶
تقوّلَ	۶۹	۲۴
الاقاویل	۶۹	۲۴
قددًا	۷۲	۱۰
القاسطون	۷۲	۱۳
اقوم قیلا	۷۳	۵
قسورة	۷۴	۳۲
قمطریرا	۷۶	۱۴
قواریر	۷۶	۱۶
قضبًا	۸۰	۱۶
اقتحم	۹۰	۹
قدر	۹۷	۱
قـیّمة	۹۸	۳
قـیّمة	۹۸	۶
قدحًا	۱۰۰	۱
القارعه	۱۰۱	۱
ک———		
کاشفه	۵۳	۵۴
اکمام	۵۵	۱۱
کُبِـتُوا	۵۸	۱۱
المتـکبّر	۵۹	۳۵
اکواب	۵۶	۹
کأس	۵۶	۹
کأس	۷۶	۸

	سُورة	حاشیہ نمبر
کفرنابکم	۶۰	۷
یکفّر	۶۶	۱۳
کرّتین	۶۷	۶
کبّار	۷۱	۱۷
کثیب	۷۳	۱۳
الکُبَر	۷۴	۲۵
کِفاتًا	۷۷	۱۲
کلّا	۷۸	۳
کِذّابا	۷۸	۲۲
کواعب	۷۸	۲۴
کُوّرت	۸۱	۱
انکدرت	۸۱	۲
کُشطت	۸۱	۹
الکنّس	۸۱	۱۱
کادح	۸۴	۶
الکبد	۹۰	۳
اکرم	۹۶	۳
کنود	۱۰۰	۲
التکاثر	۱۰۲	۱
کید	۱۰۵	۳
الکوثر	۱۰۸	۱
کفوًا	۱۱۲	۴
ل——		
لمم	۵۳	۳۳
الواح	۵۴	۱۶

	سُورة	حاشیہ نمبر
لجّوا	۶۷	۲۷
مُلتحدا	۷۲	۲۰
لواحة	۷۴	۱۸
لوامة	۷۵	۲
لقّی	۷۶	۱۵
لمّا	۸۹	۱۴
لُبدا	۹۰	۵
الهمها	۹۱	۸
لُمزة	۱۰۴	۱
م——		
مِرّة	۵۳	۶
تُمارونه	۵۳	۱۳
تتمارٰی	۵۳	۵۱
مستمر	۵۴	۳
تماروا	۵۴	۲۲
الملك	۵۹	۲۵
مارج	۵۵	۱۵
مَرَج	۵۵	۱۸
مقتا	۶۱	۳
تمیّز	۶۷	۱۰
تمور	۶۷	۲۱
ممنون	۶۸	۳
مهین	۶۸	۸
مشاء بنمیم	۶۸	۸
المهل	۷۰	۷

	سورۃ	حاشیہ نمبر		سورۃ	حاشیہ نمبر
منوع	۷۰	۱۴	نطفه	۷۵	۲۳
یمطی	۷۵	۲۰	نطفة	۷۶	۲
امشاج	۷۶	۲	نسفت	۷۷	۴
ممددة	۱۰۴	۷	النذر	۷۶	۱۰
الماعون	۱۰۷	۷	النازعات	۷۹	۱
مسد	۱۱۱	۶	الناشطات	۷۹	۲
ن——			نخرة	۷۹	۱۰
نذر	۵۴	۷	فلیتنافس	۸۳	۸
نکر	۵۴	۸	ناصبة	۸۸	۲
نجم	۵۵	۵	نمارق	۸۸	۶
نجوی	۵۸	۱۴	النجدین	۹۰	۱۸
المنشئات	۵۵	۲۰	انقض	۹۴	۲
نحاس	۵۵	۲۸	فانصب	۹۴	۵
نضاختان	۵۵	۴۴	نادیة	۹۶	۹
منضود	۵۶	۱۲	نقعاً	۱۰۰	۱
انشاء	۵۶	۱۳	لَیُنْبَذَنَّ	۱۰۴	۴
المنفقون	۶۳	۱	نفّثت	۱۱۳	۴
مناقب	۶۷	۱۹	و——		
نفور	۶۷	۲۷	وضعها	۵۵	۱۰
ن	۶۸	۱	موضونة	۵۶	۹
نفر	۷۲	۲	ولدان مخلدون	۵۶	۹
ناشئه	۷۳	۵	توعظون	۵۸	۵
انکالا	۷۳	۱۲	اوجفتم	۵۹	۱۰
ناقور	۷۴	۸	وَدُّوا	۶۸	۷
نذیراً	۷۴	۲۶	وتین	۶۹	۲۴

	سُورة	حاشیہ نمبر
وقارا	۷۱	۱۱
وطأ	۷۳	۵
وبيلا	۷۳	۱۵
وزر	۷۵	۹
"	۹۴	۲
اولى لك فاولى	۷۵	۲۲
ويل	۷۷	۴
وهاجا	۷۸	۱۱
واجفة	۷۹	۸
الاوتاد	۸۹	۸
مؤصدة	۹۰	۱۴
مؤصدة	۱۰۴	۸
موريات	۱۰۰	۱
موازين	۱۰۱	۴
تواصوا	۱۰۳	۴
وقب	۱۱۳	۳

	سُورة	حاشیہ نمبر
وسواس	۱۱۴	۲
ھ ———		
هوى	۵۳	۱
هوى	۵۳	۲۹
مهطعين	۵۴	۱۰
منهمر	۵۴	۱۲
مهيمن	۵۹	۳۵
الهيم	۵۶	۱۶
همّاز	۶۸	۸
هلوع	۷۰	۱۴
مهيلا	۷۳	۱۳
هل	۷۶	۱
همزة	۱۰۴	۱
ی ———		
ميمنة	۵۶	۶

بمنّه تعالیٰ و فضله تم الشروع العظیم الحمد للہ رب العلمین
والصلوٰة والسلام علی رحمة للعلمین وعلی اٰله واصحابه اجمعین

محمد کرم شاہ

دربار شریف بھیرہ

۱۵۔ صفر المظفر ۱۴۰۰ھ

۴۔ جنوری ۱۹۸۰ء

تحقیقاتِ نحویہ

	سُورة	حاشیہ نمبر
حکمة بالغة، فما تغن النذر	۵۴	۷
خشعا ابصارهم	۵۴	۹
ما اصحاب الميمنة	۵۶	۶
ما اصحاب المشئمة	۵۶	۶
والسابقون السابقون	۵۶	۶
الا قيلا سلاما سلاما	۵۶	۱۱
لئلا يعلم اهل الكتاب	۵۷	۳۷
تلقون اليهم بالمودة	۶۰	۲
ان كنتم خرجتم جهادا في سبيلي	۶۰	۳
تسرون اليهم بالمودة	۶۰	۴
آخرين منهم لما يلحقوا بهم	۶۲	۳
خيرا لانفسكم	۶۴	۲۳
قد انزل الله اليكم ذكرا رسولا	۶۵	۲۵
صالح المومنين	۶۶	۶
الذي خلق الموت والحياة	۶۷	۴
الذي خلق سبع سموت	۶۷	۵
فسحقا لاصحاب السعير	۶۷	۱۴
هاؤم اقرءوا كتابيه	۶۹	۱۵
اقم الليل الا قليلا نصفه او انقص منه	۷۳	۲
تبتل اليه تبتيلا	۷۳	۸
هو خيرا واعظم اجرا	۷۳	۲۵
ومن خلقت وحيدا	۷۴	۹
لا اقسم بيوم القيامة	۷۵	۱
من نطفة امشاج	۷۶	۲
كانت قواريرا قوارير من فضة	۷۶	۱۶
كلا سيعلمون	۷۸	۳
جزاء وفاقا	۷۸	۲۲
جزاء من ربك، عطاء حسابا	۷۸	۲۵
رب السموت والارض	۷۸	۲۶
ما ادرىك ما عليون	۸۳	۶
قتل اصحاب الاخدود النار	۸۵	۵
لا اقسم بهذا البلد وانت حل بهذا البلد	۹۰	۱
ناقة الله وسقيها	۹۱	۱۲
ان سعيكم لشتى	۹۲	۲
البينة ۝ رسول من الله	۹۸	۲
دين القيمة	۹۸	۶
لايلف قريش ايلفهم	۱۰۶	۱
فذلك الذي يدع اليتيم	۱۰۷	۲
ولا انتم عابدون ما اعبد	۱۰۹	۵
تبت يدا ابي لهب وتب	۱۱۱	۱
حمالة الحطب	۱۱۱	۵

فہرست مطالب

اللہ جل مجدہ

توحید

	سُورۃ	آیت
اُس کے سوا اور کوئی خدا نہیں	۵۹	۲۲
* * * * * * *	۵۹	۲۳
* * * * * * *	۶۴	۱۳
* * * * * * *	۷۳	۹
وُہی ایک خدا ہے (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ)	۱۱۲	۱ تا ۴ مع حواشی
زمین و آسمان کی ہر چیز اُسی کی تسبیح کرتی ہے	۵۷	۱
* * * * * * * * * *	۵۹	۲۴
زمین و آسمان کی ہر چیز اُسی کی پاکی بیان کرتی ہے۔	۶۱	۱
* * * * * * * * * *	۶۲	۱
* * * * * * * * * *	۶۴	۱
اللہ تعالیٰ کے اسمائے حُسنیٰ	۵۹	۲۴،۲۳،۲۲
اُس کی ذات بڑی برکتوں والی ہے	۶۷	۱
اللہ ہمیشہ رہے گا۔ وُہ ذوالجلال والاکرام ہے۔	۵۵	۲۷
اُس کے سوا ہر چیز فانی ہے	۵۵	۲۶

دلائل توحید

	سُورۃ	آیت
شمس و قمر حساب کے مطابق گرم سیر ہیں	۵۵	۵
سُورج کو روشنی اور گرمی کا منبع بنایا	۷۸	۱۳
ستارے اور درخت اسی کو سجدہ کرتے ہیں	۵۵	۶
اُسی نے آسمان کو بلند کیا اور میزان عدل قائم کیا۔	۵۵	۷
اُسی نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا۔	۶۴	۳
وُہی ساتوں آسمانوں اور زمین کا خالق ہے ہر چیز کو اپنے علم سے احاطہ کیے ہوئے ہے	۶۵	۱۲
آسمانوں کی ایسی تخلیق فرمائی کہ تلاش بسیار کے باوجود ان میں تمہیں کوئی عیب نظر نہیں آئے گا۔	۶۷	۴،۳
آسمانوں کو ستاروں سے آراستہ کیا	۶۷	۵
ستاروں کو رجوماً للشیاطین بنایا	۶۷	۵
زمین کو اُسی نے نرم بنایا۔ تم اس کی سطح پر چلتے ہو۔ اُس کے خوانِ کرم سے اپنا رزق کھاتے ہو۔	۶۷	۱۵

	سورۃ	آیت
کیا زمین سے پہلے آسمان کی تخلیق ہوئی	۷۹	۳۰ حاشیہ
آسمان، پہاڑ، زمین سب اس کی قدرت کی جلوہ گاہیں ہیں	۸۸	۱۸، ۱۹، ۲۰
اُسی نے زمین کو بچھونا بنایا اور پہاڑوں کو میخیں۔	۷۸	۶ - ۷
اُسی نے تمہارے اُوپر سات مضبوط آسمان بنائے۔	۷۸	۱۲
قطرۂ آب سے اِنسان کو اللہ ہی نے پیدا کیا۔	۵۶	۵۷-۵۸، ۵۹
اُسی نے اِنسان کو حُسنِ صُورت سے نوازا	۹۴	۳
اُسی نے اِنسان کو پیدا کیا اور اُسے سمع، بصر اور قلب کی نعمتیں بخشیں۔	۶۷	۲۳
اُسی نے تمھیں زمین میں پھیلا دیا ہے اور اُسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے	۶۷	۲۴
اُسی نے اِنسان کو حقیر قطرۂ آب سے پیدا کیا۔	۷۷	۲۰ تا ۲۳
اِنسانی تخلیق میں قُدرتِ الٰہی کی حکمتیں	۸۰	۱۸ تا ۲۲
اِنسان کی بقا اور نشوونما کے لیے دسترخوان نعمت بچھا دیا	۸۰	۲۴ تا ۳۲
اِنسان کے مویشیوں کے لیے چارے کا انتظام فرمایا۔	۸۰	۳۲

	سورۃ	آیت
زمین، پھل، اناج، بھوسہ، پھول اس کی قدرت کی نشانیاں ہیں	۵۵	۱۰-۱۱-۱۲
کھیتوں کو وُہی اُگاتا ہے	۵۶	۶۳ تا ۶۷
میٹھا پانی وُہی برساتا ہے	۵۶	۶۸ تا ۷۰
آگ اسی نے پیدا فرمائی ہے	۶۶	۷۱-۷۲
اُس کی توحید کے متعدد تکوینی دلائل	۷۸	۶ تا ۱۶
	۷۹	۲۷ تا ۳۳

* * * * * * *

	سورۃ	آیت
دو دریاؤں کا پانی میلوں ساتھ بہتا چلا جاتا ہے لیکن برزخ کے باعث مِل نہیں سکتا	۵۵	۱۹-۲۰
ان سے موتی اور مرجان نکلتے ہیں	۵۵	۲۲ مع حاشیہ
بڑے سمندری جہاز سطحِ آب پر تیرتے چلے جاتے ہیں۔	۵۵	۲۴
ہر چیز اس کے درِ کرم پر سوالی ہے ہر روز وُہ نئی شان سے تجلّی فرماتا ہے	۵۵	۲۹ مع حاشیہ
فضا میں پرندوں کی پرواز اس کی قدرت کی نشانیاں ہیں	۶۷	۱۹
اُونٹ کی طرف دیکھو اُسے کیسا بنایا	۸۸	۱۷
اُسی نے اپنے رسُول کو ہدایت اور دینِ حق دے کر بھیجا۔	۶۱	۹
اُسی نے اُمّیوں میں ایک جلیل القدر رسُول مبعوث فرمایا۔	۶۲	۲

صفاتِ الٰہی

علمِ الٰہی

	سورۃ	آیت
ان کے سارے اعمال صحائف میں مرقوم ہیں	۵۴	۵۲
ہر چھوٹی بڑی چیز ان میں لکھی ہے	۵۴	۵۳
اللہ تعالیٰ مرنے والے سے زیادہ قریب ہوتا ہے	۵۶	۸۵
وُہ ہر چیز کو خُوب جانتا ہے (وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ)	۵۷	۳
" " " " " " " "	۵۸	۷
" " " " " " " "	۶۴	۱۱
" " " " " " " "	۶۵	۱۲
زمین میں جو داخل ہوتا ہے اُور جو نکلتا ہے آسمان سے جو نازل ہوتا ہے اُور جو عروج کرتا ہے اُسے وُہ جانتا ہے۔	۵۷	۴
وُہ ہر وقت تمھارے ساتھ ہوتا ہے	۵۷	۴
جو تم کرتے ہو اُسے دیکھ رہا ہے	۵۷	۴
وُہ سینے کے رازوں کو جاننے والا ہے	۵۷	۶
جو تم کرتے ہو اُس سے خبردار ہے (بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ)	۵۷	۱۰
" " " " " " " "	۶۳	۱۱
" " " " " " " "	۵۸	۱۱
" " " " " " " "	۵۸	۱۳
جو تم کرتے ہو اُس سے خبردار ہے (بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ)	۵۹	۱۸
" " " " " " " "	۶۴	۸
اللہ تعالیٰ سمیع وبصیر ہے	۵۸	۱
اللہ تعالیٰ دیکھ رہا ہے کہ کون اس کے رسُولوں کی امداد کرتا ہے	۵۷	۲۵
تمام اعمال کو گن رکھا ہے	۵۸	۶
وُہ ہر چیز پر گواہ ہے	۵۸	۶
زمین وآسمان کی ہر چیز کو جانتا ہے	۵۸	۷
" " " " " " " "	۶۴	۴
وُہ تمھارے ظاہر وباطن کو جانتا ہے	۶۴	۴
" " " " " " " "	۸۷	۷
وُہ دلوں کے رازوں کو جانتا ہے	۶۴	۴
اگر وُہ تین ہوں تو چوتھا وُہ ہوتا ہے اگر وُہ پانچ ہوں تو چھٹا وُہ ہوتا ہے الخ	۵۸	۷
وُہ غیب وشہادت کا جاننے والا ہے	۵۹	۲۲
" " " " " " " "	۶۴	۱۸
جو تم کرتے ہو وُہ دیکھ رہا ہے	۶۰	۳
" " " " " " "	۶۴	۲
" " " " " " "	۶۷	۱۹
وُہ علیم وحکیم ہے	۶۰	۱۰
" " " " "	۶۶	۲

	سورۃ	آیت
وُہ علیم و حکیم ہے	۷۶	۳۰
تم آہستہ بات کرو یا بلند آواز سے، وُہ دلوں کے بھیدوں کو جانتا ہے	۶۷	۱۳
وُہ اپنی مخلوق کو جانتا ہے اُور لطیف خبیر ہے	۶۷	۱۴
جو گمراہ ہیں وُہ اُن کو بھی جانتا ہے اُور جو ہدایت یافتہ ہیں وُہ اُن سے بھی واقف ہے	۵۳	۳۰
〃 〃 〃 〃 〃	۶۸	۷
وُہ ظالموں کو خُوب جانتا ہے	۶۲	۷
جب تم شکم مادر میں تھے اللہ اس وقت بھی تمھیں جانتا تھا	۵۳	۳۲
وُہ متقیوں کو بھی جانتا ہے	۵۳	۳۲
ان کا رب اُس دن اُن سے خُوب باخبر ہوگا	۱۰۰	۱۱

رحمت و مغفرتِ الٰہی

	سورۃ	آیت
وُہ رحمٰن ہے۔ اُسی نے قرآن سکھایا	۵۵	۱-۲
اُس کی شانِ رحمانیت	۵۵	ا کا حاشیہ
اُس کی نعمتوں کا اِنکار نہیں کیا جاسکتا	۵۵	۱۳
زمین و آسمان کی ہر چیز اُس کے درِ کرم پر سوالی ہے	۵۵	۲۹
ہر روز وُہ ایک نئی شان سے تجلّی فرماتا ہے	۵۵	۲۹
اس کا نام بڑی برکت والا، وُہ خود عظمت والا اِحسان فرمانے والا ہے	۵۵	۷۸
اللہ تعالیٰ تمھارے ساتھ رؤف رحیم ہے	۵۷	۹
یہ اللہ کا فضل ہے وُہ جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے	۵۷	۲۱
اللہ فضلِ عظیم کا مالک ہے	۵۷	۲۱
اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے	۵۷	۲۸
〃 〃 〃 〃 〃	۵۸	۱۲
〃 〃 〃 〃 〃	۶۰	۷
〃 〃 〃 〃 〃	۶۰	۱۲
فضل اللہ تعالیٰ کے اِختیار میں ہے جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے	۵۷	۲۹
وُہ صاحبِ فضلِ عظیم ہے	۵۷	۲۹
〃 〃 〃 〃 〃	۶۲	۴
اللہ تعالیٰ عفوّ غفور ہے	۵۸	۲
وُہ رحمٰن رحیم	۵۹	۲۲
اللہ تعالیٰ غنی حمید ہے	۶۰	۶
اللہ تعالیٰ رحمٰن ہے۔ اسی پر ہم نے توکّل کیا ہے	۶۷	۲۹
اِنسان کی کمزوری کے پیشِ نظر شب بیداری میں تخفیف کردی	۷۳	۲۰ مع حاشیہ
وُہ اہل التقویٰ اُور اہل المغفرۃ ہے	۷۴	۵۶
آپ کے رب کی مغفرت بڑی وسیع ہے	۵۳	۳۲
وُہ غفور، ودُود اُور عرشِ مجید کا مالک ہے	۸۵	۱۴-۱۵
راہنمائی کرنا ہمارے ذمۂ کرم پر ہے	۹۲	۱۲

وُہ ہر چیز کا خالق و مالک ہے

	سورۃ	آیت
ہر چیز کو اندازے سے پیدا فرمایا	۵۴	۴۹
〃 〃 〃 〃 〃	۶۵	۳

	سُورة	آیت
وُہ بادشاہ ہے۔ قادرِ مُطلق ہے	۵۴	۵۵
اِنسان کو اسی نے پیدا فرمایا	۵۵	۳
قطرۂ آب سے اِنسان کی تخلیق اُسی کا شاہکار ہے	۵۶	۵۷ تا ۵۹
اِنسان کو پیدا کیا اَور اسے حُسن وجمال کا مرقع بنا دیا۔	۶۴	۳
اپنے رب کا نام لے کر پڑھیے جس نے سب کو پیدا فرمایا۔ جس نے اِنسان کو خُون کے لوتھڑے سے تخلیق کیا	۹۶	۱
جس نے قلم کو ذریعۂ علم بنایا	۹۶	۴
اِنسان کو اس کا علم دیا جس کو وُہ نہیں جانتا	۹۶	۵
اسی نے موت کو تمھارے لیے مقرر فرمایا	۵۶	۶۰
موت وحیات کا وُہی خالق ہے	۵۷	۲
آسمانوں اَور زمین میں اسی کی بادشاہی ہے	۵۷	۲-۵
آسمانوں اَور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا	۵۷	۴
وُہ الملک القدوس ہے	۵۹	۲۳
" " "	۶۲	۱
وُہی خالق، باری اَور مصوّر ہے	۵۹	۲۴
زمین اَور آسمان کے خزانے اُسی کے ہیں	۶۳	۷
مُلک اَور حمد اسی کے لیے ہے	۶۴	۱
آسمانوں اَور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا۔	۶۴	۳
ساتوں آسمانوں اَور زمین کو پیدا کیا	۶۵	۱۲
اس کے احکام کا ان میں ہر وقت نزول ہوتا رہتا ہے	۶۵	۱۲

	سُورة	آیت
سب بادشاہی اس کے دستِ قُدرت میں ہے	۶۷	۱
سات آسمانوں کو اُوپر نیچے پیدا کیا۔	۶۷	۳
وُہ مشرق ومغرب کا رب ہے اُسے اپنا کارساز بنائیے۔	۷۳	۹
وُہی پیدا کرنے والا وُہی لَوٹانے والا ہے	۸۵	۱۳
جو چاہتا ہے کرتا ہے (فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ)	۸۵	۱۶
ہر چیز کو اُسی نے پیدا کیا پھر اُسے دُرست کیا۔ اس کا اندازہ مقرر کیا۔ پھر اُسے راہِ راست دکھائی۔	۸۷	۲-۳
جانوروں کے لیے چارہ پیدا کیا	۸۷	۴-۵
اللہ تعالیٰ احکم الحاکمین ہے	۹۵	۸
دُنیا وآخرت سب اللہ کے قبضۂ قدرت میں ہے	۵۳	۲۵
زمین وآسمان کی ہر چیز اللہ کی ہے	۵۳	۳۱
اُسی نے نر اَور مادہ کو منی سے پیدا کیا	۵۳	۴۵-۴۶

ہر چیز پر قادر ہے

	سُورة	آیت
وُہی ہنساتا وُہی رُلاتا ہے	۵۳	۴۳
وُہی زندہ کرتا اَور مارتا ہے	۵۳	۴۴
وُہی دُوسری بار پیدا فرمائے گا	۵۳	۴۷
وُہی غنی کرتا ہے وُہی مفلس بناتا ہے	۵۳	۴۸
وُہی شعریٰ ستارے کا رب ہے	۵۳	۴۹ مع حاشیہ
اُسی نے عاد، ثمود اَور قومِ نوح کو برباد کیا	۵۳	۵۰-۵۱-۵۲

	سورۃ	آیت
اُس کا ہر حکم چشم زدن میں پورا ہو جاتا ہے	۵۴	۵۰
وہ ملیک مقتدر ہے	۵۴	۵۵
وہ عزیز و حکیم ہے	۵۷	۱
" " " " "	۵۹	۲۴
" " " " "	۶۱	۱
" " " " "	۶۲	۱
" " " " "	۶۲	۳
" " " " "	۶۴	۲۸
وہی زندہ کرتا ہے وہی مارتا ہے	۵۷	۲
ہر چیز پر قادر ہے	۵۷	۲
" " " " "	۶۴	۱
" " " " "	۶۶	۸
" " " " "	۶۷	۱
دن کو رات میں، رات کو دن میں داخل کرتا ہے	۵۷	۶
اللہ تعالیٰ مردہ زمین کو زندہ کر دیتا ہے	۵۷	۱۷
وہ قوی عزیز ہے	۵۷	۲۵
" " " "	۵۸	۲۱
وہ چاہے تو تمہارے اور تمہارے دشمنوں کے درمیان محبت پیدا کر دے	۶۰	۷
کفار کی کوششوں کے باوجود اللہ اس دین کو روشن رکھے گا (واللہ متم نورہ)	۶۱	۸
اس نے اپنے رسول کو دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ سب دینوں پر اس دین حق کو غالب کر دے	۶۱	۹

	سورۃ	آیت
ہم چاہیں تو ان سے بہتر قوم لا سکتے ہیں	۷۰	۴۱
آپ کے رب کی پکڑ بہت سخت ہے		

اللہ تعالیٰ کن سے محبت کرتا ہے

	سورۃ	آیت
اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے	۶۰	۸
ان مجاہدوں سے محبت کرتا ہے جو صف باندھ کر باطل سے جنگ کرتے ہیں	۶۱	۴

وہ کن سے محبت نہیں کرتا

	سورۃ	آیت
مغرور اور شیخی باز سے اللہ تعالیٰ محبت نہیں کرتا	۵۷	۲۳
جو خود بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو بخل کا حکم دیتے ہیں اُن سے بھی محبت نہیں کرتا	۵۷	۲۴

وہ کسے ہدایت نہیں دیتا

	سورۃ	آیت
جو حق سے روگردانی کرے اللہ اُس سے بے نیاز ہو جاتا ہے	۵۷	۲۴
وہ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا	۶۱	۵
" " " " " "	۶۳	۶
وہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا	۶۱	۷
" " " " " "	۶۲	۵

متفرق

	سورۃ	آیت
وہی اول، وہی آخر، وہی ظاہر، وہی باطن ہے	۵۷	۳

	سُورۃ	آیت
وُہ غنی و حمید ہے	٥٧	٢٤
	٦٤	٦
* * * *		
وُہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے	٦٢	١١
جب وقت آجاتا ہے تو اللہ تعالےٰ کسی کو ڈھیل نہیں دیتا	٦٣	١١

	سُورۃ	آیت
اللہ تعالیٰ شکور و حلیم ہے	٦٤	١٧
قیامت کے روز دیدارِ الٰہی	٧٥	٢٣ مع حاشیہ
ذکرِ الٰہی سے قُربِ الٰہی نصیب ہوتا ہے	٧٣	١٩ مع حاشیہ
سب نے لَوٹ کر ہماری طرف آنا ہے	٨٨	٢٥
سب کا حساب ہم خود لیں گے	٨٨	٢٦

سیّدنا و مولانا محمّد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

نبوّت و رسالت

	سُورۃ	آیت
اللہ تعالیٰ مُعجزات اور کتاب دے کر رسُول مبعُوث کرتا ہے تاکہ وُہ عدل قائم کریں	۵۷	۲۵
اس مقصد کی تکمیل کے لیے انھیں لوہے کا ڈنڈا (قوتِ مادی) بھی عطا فرماتا ہے	۵۷	۲۵ مع حاشیہ
آخر کار اللہ اور اُس کے رسُولوں کو ہی غلبہ حاصل ہوتا ہے	۵۸	۲۱
دینِ حق غالب ہونے کے لیے آیا ہے	۶۱	۹
نبی کریم کی بعثت کے مقاصد۔ تلاوتِ آیات، تزکیۂ قلوب، تعلیمِ کتاب و حکمت	۶۲	۲
نبی اللہ زندہ ہیں اور رزق دیے جاتے ہیں	۶۲	۹ کا حاشیہ
اگر نبی خود کلام گھڑ کر اللہ کی طرف منسوب کرے تو اس کی رگِ جان کاٹ دی جائے	۶۹	۴۶
ابتدائی احکام۔ اُٹھیے لوگوں کو ڈرائیے، اللہ کی بڑائی بیان کیجیے۔	۷۴	۲ تا ۷
آپ لوگوں کو نصیحت کیا کریں۔ جو اللہ سے ڈرتا ہے وُہ سمجھ جائے گا۔ بدبخت دُور رہ جائے گا	۸۸	۲۱-۲۲
ماضل صاحبکم وماغوٰی	۵۳	۲
آپ اپنی مرضی سے بات ہی نہیں کرتے	۵۳	۳-۴

رحمت و خُلقِ عظیم

	سُورۃ	آیت
حضرت اوس بن صامت پر ظہار کا کفارہ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی رأفت و شفقت	۵۸	۱ مع حاشیہ
مُسلمان عورتوں کے لیے استغفار کا حکم (واستغفرلھن)	۶۰	۱۲
حضرت حاطب سے لغزش اور حضور کا درگزر	۶۰	۱
فیضانِ نبوت فضلِ الٰہی ہے جس کو چاہتا ہے اُسے اس سے سرفراز فرماتا ہے	۶۲	۳
حضور اندھیروں سے نکال کر نُور کی طرف لے جاتے ہیں	۶۵	۱۱
رحمتِ فراواں کے باعث حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو منافقین پر سختی کرنے کا حکم دیا جارہا ہے (واغلظ علیھم)	۶۶	۹
حضور خلقِ عظیم کے مالک ہیں خلق کی تعریف اور دیگر مباحث اس آیت کے حاشیے میں ملاحظہ فرمائیں۔	۶۸	۴
کفار نے نزولِ عذاب کی دُعا مانگی اللہ تعالیٰ نے فرمایا جب تک میرا حبیب تم میں ہے میں عذاب نازل نہیں کروں گا	۷۰	۱ کا حاشیہ

	سورۃ	آیت
آپ صبر جمیل فرمایئے	۷۰	۵
اے حبیب! آپ کفار کی دل آزاریوں پر صبر فرمائیں	۷۳	۱۰ - ۱۱
حضور کی شفاعت گنہگاروں کے لیے حق ہے۔ اس کا منکر اس سے محروم ہوگا	۷۴	۴۸ کا حاشیہ
فقراء سے حضور کی محبت	۸۰	۱ تا ۱۰
اپنی امت کی مغفرت کے لیے دعائیں	۹۳	۵ مع حاشیہ
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت سے پچاس دن پہلے ابرہہ کی لشکر کشی اور اس کی تباہی کا واقعہ پیش آیا	۱۰۵	۱ تا ۵
قریش پر احسان کہ ان کے دلوں میں تجارت کی الفت پیدا کر دی اور انھیں فاقہ کشی سے خوشحالی بخشی اور فتنہ و فساد سے امان دی	۱۰۶	۱ تا ۴
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی امت کے لیے استغفار کا حکم	۱۱۰	۳

شانِ مصطفوی ﷺ

	سورۃ	آیت
معجزہ شق القمر؛ اس کا نقلی و عقلی ثبوت	۵۴	۱ مع حاشیہ
حضور جن و انس کے نبی ہیں	۵۵	۱۵ کا حاشیہ
حضور کا معراج پر تشریف لے جانا	۵۵	۳۳ کا حاشیہ
اپنے عظیم پروردگار کی آپ تسبیح بیان کیا کیجیے	۵۶	۹۶ حاشیہ
حضور سے سرگوشی کرنے سے پہلے صدقہ دیا کرو	۵۸	۱۲
حضرت عیسیٰ نے حضور کا نام (احمد) بتا کر آمد کی بشارت دی	۶۱	۶
نام نامی احمد کا مفہوم تفصیلی حاشیہ	۶۱	۶ مع حاشیہ
کفار چراغ مصطفوی کو بجھانا چاہتے ہیں لیکن اللہ اسے روشن رکھے گا	۶۱	۸
اللہ نے اپنے رسول کو نور ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا تاکہ اس دین کو سب دینوں پر غلبہ حاصل ہو	۶۱	۹
فیضان نبوت، تلاوت آیات، تزکیہ قلوب تعلیم کتاب و حکمت	۶۲	۲
قیامت تک آنے والے امتی فیضان نبوت سے فیض یاب ہوتے رہیں گے (وآخرین منھم لما یلحقوا بھم)	۶۲	۳ مع حاشیہ
جمعہ کے روز بکثرت درود شریف پڑھنے کا حکم اور عقیدہ حیات النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام	۶۲	۹ کا حاشیہ
عزت اللہ کے لیے، اس کے رسول کے لیے اور مومنین کے لیے ہے	۶۳	۸
فی کل ارض آدم کادم ونوح کنوح ونبی کنبیکم یہ حدیث موضوع ہے اس کا راوی کذاب ہے	۶۵	۱۲ کا حاشیہ
پیار بھی ہے اور عتاب بھی دونوں کی مٹھاس ناقابل بیان ہے (لم تحرم ما احل اللہ لک)	۶۶	۱ مع حاشیہ
اس آیت کا شان نزول	۶۶	۱ حاشیہ
اللہ آپ کا مددگار ہے	۶۶	۱

	سُورۃ	آیت
جبرئیلؑ، نیک مومن اور فرشتے آپ کے خدمت گار ہیں	۶۶	۴
اللہ چاہے تو اپنے حبیب کو ہمہ صفت موصوف دُوسری بیویاں عطا فرماوے	۶۶	۵
قلم کی قسم آپ مجنون نہیں ہیں	۶۸	۲
آپ کے لیے نہ ختم ہونے والا اجر ہے	۶۸	۳
گستاخ رسالت کو کن بُرے القاب سے یاد کیا گیا ہے	۶۸	۱۰ تا ۱۶
کفار کی نظر بد سے حضور کی حفاظت	۶۸	۵۱
حضور کا وجود سارے جہانوں کے لیے وجہ عزو شرف ہے	۶۸	۵۲
رافع بن عمیر کا اسلام - ایک جن نے ان کی راہنمائی کی	۷۲	۶ کا حاشیہ
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام عبد اللہ ہیں	۷۲	۱۹
یَآ اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ سے خطاب	۷۳	۱
سحر خیزی کی تلقین	۷۳	۲ تا ۷
آپ کو گواہ بنا کر بھیجا گیا ہے	۷۳	۱۵
یَآ اَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ کا خطاب دلنواز اور اس کے معانی	۷۴	۱ حاشیہ
حدیث لولاک لما خلقت الافلاک	۷۸	۳۶ حاشیہ
حدیث شفاعت	۷۸	۳۸ حاشیہ
بڑی شان والا فرشتہ آپ کے پاس	۸۱	۱۹ - ۲۰
قرآن لے کر آیا ہے		۲۱
آپ مجنون نہیں ہیں	۸۱	۲۲
آپ نے اس فرشتہ کو دیکھا ہے	۸۱	۲۳

	سُورۃ	آیت
مکہ کی قسم کہ آپ اس میں بس رہے ہیں	۹۰	۱ - ۲
رُخ انور کی قسم، گیسوئے عنبریں کی قسم	۹۳	۱ - ۲
نہ آپ کو چھوڑا نہ ناراض ہوا	۹۳	۳
ہر آنے والی گھڑی پہلی سے بہتر ہے	۹۳	۴
آپ کا رب آپ کو اِتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے	۹۳	۵ مع حواشی
آپ کو یتیم پایا تو آپ کو اپنی آغوش رحمت میں جگہ دی	۹۳	۶ مع حاشیہ
وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى، ضالا کی تشریح	۹۳	۷ مع حاشیہ
آپ کو عیالدار پایا اور غنی کر دیا اس کی تشریح	۹۳	۸
آپ کا فقر اختیاری تھا	۹۳	۸ حاشیہ
یتیم پر سختی نہ کیجیے	۹۳	۹
سائل کو نہ جھڑکیے	۹۳	۱۰
کار ہمہ بدست ہمت و کرامت او	۹۳	۱۰
انفق، حضور کی شان جُود و سخا	۹۳	۱۰ حاشیہ
حدیث انفق - ولا تخش من ذی العرش اقلالا۔		
تحدیث نعمت	۹۳	۱۱
اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ (حضور کے علُوم و معارف کا بیان)	۹۴	۱ مع حاشیہ
ہم نے آپ کا بوجھ اُٹھا لیا	۹۴	۲ - ۳
ہم نے آپ کے ذکر کو بلند کر دیا	۹۴	۴ مع حاشیہ
اپنے رب کے نام سے پڑھیے جس نے سب کو پیدا کیا	۹۶	۱ - ۲

	سُورۃ	آیت
آپ کا رب بڑا کریم ہے جس نے قلم کو ذریعۂ علم بنایا جس نے انسان کو علم سکھایا	۹۶	۳-۴-۵
حضور کی ولادت کے سال ابرہہ کو شکست دی اور کعبہ کی حفاظت فرمائی	۱۰۵	۱ تا ۵
ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمایا	۱۰۸	۱
کوثر کی تشریح اور اس کے مطالب	۱۰۸	۱ کا حاشیہ
فَصَلِّ لِرَبِّكَ سے حضور کی امتیازی شان کا بیان	۱۰۸	۲ کا حاشیہ
آپ کا دشمن ابتر ہے	۱۰۸	۳
حضور کے طفیل ناقص نعمتوں کی تکمیل	۱۱۰	۳
بارگاہ رسالت کے گستاخ ابولہب اور اس کی بیوی کا دردناک انجام، گستاخوں پر غضب الٰہی	۱۱۱	۱ تا ۵

معراج شریف

	سُورۃ	آیت
تابندہ ستارے (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی قسم	۵۳	۱
وہ وحی کے بغیر بولتے ہی نہیں	۵۳	۳-۴
آپ کو تعلیم دینے والا اللہ تعالیٰ ہے	۵۳	۵-۶
دنیٰ فتدلیٰ کا مفہوم	۵۳	۸ کا حاشیہ
قاب قوسین او ادنیٰ کی تشریح	۵۳	۹
وحی فرمائی اپنے بندے کی طرف جو وحی فرمائی (خداداد علوم کا بیان)	۵۳	۱۰ مع حاشیہ
آنکھ نے جو دیکھا دل نے اس کی تصدیق فرمائی	۵۳	۱۱
اس پر تمہارا جھگڑنا بے سود ہے	۵۳	۱۲
سدرۃ المنتہیٰ کے پاس دوبارہ دیکھا	۵۳	۱۳-۱۴-
" " " " "		۱۵-۱۶
آنکھ نہ درماندہ ہوئی نہ حد سے بڑھی	۵۳	۱۷
کیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے لیلۃ المعراج کو دیدار الٰہی کیا، مفصل بحث	۵۳	۱۷ کا حاشیہ
حضور نے اللہ تعالیٰ کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں	۵۳	۱۸

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا علم

	سُورۃ	آیت
اللہ تعالیٰ ہی نے حضور کو قرآن اور اس کا بیان سکھایا	۵۵	۲-۴
تعلیم الٰہی سے علوم کے سمندر موجزن ہو گئے	۵۵	۴ مع حاشیہ
بیان سے مراد علم ماکان و مایکون ہے	۵۵	۴ مع حاشیہ
حضرت عکاشہ ان ستر ہزار میں سے ہیں جو بغیر حساب جنت میں جائیں گے (ارشاد نبوی)	۵۵	۳۹ کا حاشیہ
حضور روز حشر اپنی امت کو پہچان لیں گے	۵۷	۱۲ حاشیہ
علم نبوت، تعلیم الٰہی	۶۲	۲ حاشیہ
ماکان و مایکون کا علم عطا ہوا	۶۸	۲ حاشیہ
قل ان ادری اقریب الآیۃ میں درایت کی نفی ہے۔ درایت کی تحقیق	۷۲	۲۵ حاشیہ
عالم الغیب فلا یظہر۔ الآیۃ	۷۲	۲۶
غیب کی تحقیق، حضور کا علم غیب باعلام اللہ تعالیٰ ہے	۷۲	۲۶ حاشیہ
آپ غیب بتانے میں بخیل نہیں	۸۱	۲۴ مع حاشیہ

	سُورۃ	آیت
اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم اپنے حبیب کو خود پڑھایا ہے	۸۷	۶ - ۷
حضور کو قرآن کی تعلیم دینے والا اللہ ہے	۵۳	۵ - ۶
فرمایا، اے علی! پچھلوں میں سب سے زیادہ بدبخت آپ کا قاتل ہے	۹۱	۱۲ حاشیہ
حضور کا علم (الم نشرح لک صدرک)	۹۴	۱
علم اللوح والقلم سطر من سطور علمہ ونهر من بحور علمہ (مُلّا علی قاری)	۹۴	۱ مع حاشیہ
مالم تعلم سے اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسُول کو ایسے علوم سکھائے گا جن کا احاطہ عقل نہیں کر سکتی	۹۶	۵ حاشیہ
حضور کو علوم الاوّلین والآخرین عطا فرمائے	۹۶	۵
اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ	۱۰۸	۱
کیا حضور اجتہاد کیا کرتے تھے؟	۵۳	۴ حاشیہ

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت

	سُورۃ	آیت
سُنّتِ نبوی بیانِ قرآن ہے۔ اور وُہ بھی تعلیمِ الٰہی ہے	۵۵	۴
اللہ اور اُس کے رسُول کی اطاعت کرو	۵۸	۱۳
اطاعتِ رسُول کا حکم	۶۴	۱۲
کتابتِ حدیث کا حکم "اکتب ما خرج منی الا الحق"	۵۳	۴ حاشیہ
جو اللہ کا رسُول تمہیں دے اُسے پکڑ لو جس سے منع کرے اس سے رُک جاؤ	۵۹	۷
جو اللہ اور اس کے رسُول کی مخالفت کرے گا ذلیل ہوگا	۵۸	۲۰
منکرینِ سُنّت کا اعتراض اور اُس کا جواب قرآن کا بیان بھی مُنزل من اللہ ہے	۷۵	۱۶ تا ۱۹

اظہارِ عبودیت

	سُورۃ	آیت
اپنے رب کے حکم کے لیے صبر کرو کسی گنہگار، ناشکر گزار کی پیروی مت کرو	۷۶	۲۴
عَبَسَ وَتَوَلّٰى عتاب کی حکمت	۸۰	۱ تا ۱۰ مع حواشی
فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ	۱۰۸	۲
جب فتح و نصرت نصیب ہو تو اللہ تعالیٰ کی حمد کے ساتھ اُس کی تسبیح کیجئے	۱۱۰	۳

اِسلام

	سُورۃ	آیت
اِسلام		
صحابۂ کرام کس طرح اور کن اُمور پر بیعتِ اسلام کیا کرتے تھے	۵۷	۸ کا حاشیہ
دلوں میں خشوع پیدا کرنے کی ضرورت	۵۷	۱۶ حاشیہ
اسلام میں رہبانیت کا مقام	۵۷	۲۷ حاشیہ
اسلام میں رہبانیت نہیں ہے	۷۳	۸
کفار اللہ کے نور (اسلام) کو بجھانا چاہتے ہیں لیکن یہ روشن رہے گا	۶۱	۸
توبۂ نصوح کرنے کا حکم اور اس کے اثرات	۶۶	۸
اسلام کا نظامِ عبادات انسان کی فطری کمزوریوں کی اصلاح کر کے اس کی کایا پلٹ دیتا ہے	۷۰	۱۹ تا ۳۵
کسی پر کسی کے گناہ کا بوجھ نہیں لادا جاتا	۵۳	۳۸
لَیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی۔ اس کا صحیح مفہوم، اس کی غلط تاویلیں اور ان کی تردید	۵۳	۳۹
اِیصالِ ثواب کی تفصیلی بحث	۵۳	۳۹ کا حاشیہ
اسلامی اخلاق و آداب		
اپنی خودستائی مت کرو	۵۳	۳۲
ہر شخص کو اپنی جدوجہد کی پوری جزا ملتی ہے	۵۳	۴۰-۴۱

	سُورۃ	آیت
نیکی کے کاموں اور تقوٰے کے لیے مشورے کیا کرو	۵۸	۹
مسلمانوں کو اللہ پر توکل کرنا چاہیے	۵۸	۱۰
مجلس میں کھل کر بیٹھنے کو کہا جائے تو کھل کر بیٹھ جایا کرو	۵۸	۱۱
جب کہا جائے کہ اُٹھ کھڑے ہو تو اُٹھ کھڑے ہوا کرو	۵۸	۱۱
جس کو بخل (شح) سے بچایا گیا اُس نے فلاح پائی	۵۹	۹
” ” ” ” ” ” ” ”	۶۴	۱۶
وُہ بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں	۶۱	۱
یہ چیز اللہ کی ناراضگی کا باعث ہے	۶۱	۳
اللہ پر توکل اہلِ ایمان کا شیوہ ہے	۶۴	۱۳
خوشی میں شکر، مصیبت میں صبر، مومن کا طُرّۂ امتیاز ہے	۶۴	۱۱ حاشیہ
عفو و درگزر سے اللہ کی رحمت ملتی ہے	۶۴	۱۴
جو اللہ پر توکل کرتا ہے وُہ اُس کے لیے کافی ہے	۶۵	۳ مع حاشیہ
اولاد کی حُسنِ تربیت کا حکم	۶۶	۶ حاشیہ
سحر خیزی کی ترغیب	۷۳	۷ کا حاشیہ
مسلمان تاجر ذخیرہ اندوزی سے اجتناب کریں	۷۳	۲۰ حاشیہ

	سُورۃ	آیت
زیادہ بدلے کے لیے احسان مت کرو وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ	۷۴	۶
صبر و ترحم کی وصیت کرنا	۹۰	۱۷
جو شخص سخاوت، تقویٰ اور تصدیقِ حق کو اپنا شعار بنا لیتا ہے۔ راہِ فطرت اس کے لیے آسان ہو جاتی ہے	۹۲	۵-۶-۷
جو بخل کرتا ہے اور بے پروا بنتا ہے وہ خلافِ فطرت طریقہ کا دلدادہ بن جاتا ہے	۹۲	۸-۹-۱۰
تمہاری کوششیں متنوع قسم کی ہیں	۹۲	۱ تا ۴
جب ایک کام سے فارغ ہو تو فوراً دوسرا کام شروع کر دو۔ بے کار مت رہو	۹۴	۷
حضرت فاروق اعظمؓ کا ارشاد۔ مومن مشکل پسند ہوا کرتا ہے	۹۴	۷ حاشیہ
ہلاکت ہے اس کے لیے :- جو رُو برُو طعنے دیتا ہے پس پُشت عیب جوئی کرتا ہے مال جمع کرتا ہے اور گن گن کر رکھتا ہے۔ اور سمجھتا ہے کہ مال اُسے لافانی بنا دے گا	۱۰۴	۱-۲-۳

انبیاء علیہم السلام

	سُورۃ	آیت
ابراهیم علیہ السلام		
ہم نے ابراہیم کو رسول بنا کر بھیجا اور اس کی نسل کو بھی نبوت و کتاب سے سرفراز فرمایا	۵۷	۲۶
دشمنانِ اسلام سے قطع تعلقی میں حضرت ابراہیم کے اُسوہ پر عمل کرو	۶۰	۴
صالح علیہ السلام		
قوم ثمود نے آپ کو جھٹلایا	۵۴	۲۳
ہم اپنے جیسے بشر کی اطاعت نہیں کریں گے	۵۴	۲۴
دیگر اعتراضات	۵۴	۲۵
اُونٹنی	۵۴	۲۶
ان کا دردناک انجام	۵۴	۲۷ تا ۳۱
ثمود نے قیامت کو جھٹلایا۔ ان کا انجام	۶۹	۴-۵
ثمود جنہوں نے چٹانوں کو تراشا اپنی بدکاریوں کے باعث تباہ ہو گئے	۸۹	۹-۱۱-۱۲-۱۳
قوم ثمود نے سرکشی کی۔ اُونٹنی کی کونچیں کاٹیں۔ تباہ کر دیے گئے	۹۱	۱۱ تا ۱۵

	سُورۃ	آیت
عیسٰی علیہ السّلام		
آپ کو انجیل بخشی۔ آپ کے ماننے والوں کے دلوں میں رأفت و رحمت کے جذبات ودیعت کیے۔	۵۷	۲۷
آپ کی اُمّت میں رہبانیت کا آغاز		
اس کے اچھے بُرے نتائج	۵۷	۲۷ مع حواشی
اسلام میں رہبانیت کا حکم		
تحریک رہبانیت کی تاریخ پر ایک نظر		
آپ نے حضورؐ کی آمد کا مژدہ دیا۔ اور نام بھی احمد بتایا	۶۱	۶
انجیل برنباس کے بارے میں تحقیق اور اس کے حوالہ جات	۶۱	۶ حاشیہ
آپ صرف بنی اسرائیل کی طرف بھیجے گئے تھے	۶۱	۶ حاشیہ
آپ کی دعوت من انصاری الی اللّٰہ	۶۱	۱۴
حواریوں کا جواب نحن انصار اللّٰہ		
حضرت مریمؑ بنت عمران، آپ کی عصمت		
حضرت عیسٰیؑ کی ولادت، کلماتِ الٰہی پر	۶۶	۱۳
آپ کا ایمان، آپ فرمانبردار بندوں میں سے تھیں		
ابرہہ عیسائی تھا جس نے کعبہ مشرفہ پر لشکر کشی کی اور تباہ ہوا	۱۰۵	۱ تا ۵ مع حواشی
لُوط علیہ السّلام		
آپ کی قوم نے آپ کو جھٹلایا	۵۴	۳۳

	سُورۃ	آیت
ان کا دردناک انجام	۵۴	۳۴
آلِ لُوط پر اللہ تعالیٰ کا احسان	۵۴	۳۵-۳۴
آپ کے مہمانوں پر دست درازی کا قصد اور انجام	۵۴	۳۸-۳۷ ۳۹
لُوط علیہ السّلام کی بیوی۔ اُس کی خیانت اور انجام	۶۶	۱۰
مُوسٰی وہارُون علیہما السّلام		
فرعون کا جُھٹلانا اور غرق ہونا	۵۴	۴۲-۴۱
آپ نے اپنی قوم (بنی اسرائیل) سے فرمایا تم مجھے کیوں اذیت دیتے ہو	۶۱	۵
حضرت آسیہ زوجہ فرعون کی استقامت اور دُعا	۶۶	۱۱ مع حاشیہ
وادیِ طوٰی میں آپ کو اللہ تعالیٰ نے ندا دی اور فرعون کی ہدایت کے لیے بھیجا اور اس کو تبلیغ کرنے کا طریقہ سکھایا	۷۹	۱۵ تا ۲۰
فرعون کا انکار۔ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى کا دعوٰی اور اس کا انجام	۷۹	۲۱ تا ۲۶
فرعون کو ذی الاوتاد کہنے کی وجہ	۸۹	۱۰ مع حاشیہ
اس کی تباہی کی وجہ	۸۹	۱۳-۱۲-۱۱
نُوح علیہ السّلام		
قوم نے جُھٹلایا، جھڑکا، مجنُون تک کہا	۵۴	۹
آپ کی بد دُعا	۵۴	۱۰
مُوسلا دھار بارش اور طُوفان کی آمد	۵۴	۱۲-۱۱

	سُورۃ	آیت
آپ کا کشتی میں سوار ہونا اور اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں روانہ ہونا	۵۴	۱۳-۱۴
ہم نے نوح کو رسُول بنا کر بھیجا اور نبوت و کتاب سے اس کی نسل کو بھی سرفراز کیا	۵۷	۲۶
حضرت نوح کی بیوی۔ اس کی خیانت اور انجام	۶۶	۱۰
حضرت نوح کو اُن کی قوم کی طرف ڈرانے کے لیے بھیجا گیا ہے	۷۱	۱
آپ کا نسب نامہ، آپ کے آبا سب مومن تھے	۷۱	۱ حاشیہ
آپ کا وعظ	۷۱	۲-۳-۴
بارگاہِ الٰہی میں آپ کی فریاد	۷۱	۵-۶-۷
	۷۱	۲۱
آپ کا وعظ، اس میں عقلی اور تکوینی دلائل	۷۱	۸ تا ۲۰
کفار کے لیے بد دُعا کہ ان کا نام و نشان مٹا دے	۷۱	۲۶

	سُورۃ	آیت
ان پانچ بُتوں کی تحقیق جن کی عبادت قوم نوح کیا کرتی تھی	۷۱	۲۳ مع حاشیہ
آپ کی اپنے لیے، اپنے والدین اور اہل ایمان کے لیے دُعا	۷۱	۲۸
ہُود علیہ السّلام		
قوم عاد نے آپ کو جھٹلایا	۵۴	۱۸
قوم عاد کا دردناک انجام	۵۴	۱۹-۲۰
عاد نے قیامت کو جھٹلایا	۶۹	۴
ان پر سات رات آٹھ دن آندھی چلتی رہی جس نے ان کو تباہ کر دیا	۶۹	۶-۷-۸
قوم عاد ارم ذات العماد۔ ان کا جو انجام ہوا کیا تم اسے جانتے ہو	۸۹	۶-۷-۸
یُونس علیہ السّلام		
یُونس علیہ السّلام کا واقعہ۔ اللہ تعالیٰ کے لطف و کرم نے ان کی چارہ سازی کی۔ انہیں چُن لیا اور نیکوں میں شامل کر لیا۔	۶۸	۴۸ تا ۵۰

اِنسان

اس کی عظمت کا قرآنی تصور

	سُورۃ	آیت
انسان کو الرحمٰن نے پیدا فرمایا	۵۵	۳
اسے قرآن اور اس کا بیان سکھایا	۵۵	۲-۴
انسان کو مٹی اور جان کو آگ سے پیدا کیا	۵۵	۱۴-۱۵
تخلیق آدم کے تدریجی مراحل	۵۵	۱۴ مع حاشیہ
جنات کے وجود اور ان کے مکلف ہونے کا ثبوت	۵۵	۱۵ حاشیہ
اے جن و انس تم زمین و آسمان کی سرحدوں سے سلطان کے بغیر نہیں نکل سکتے	۵۵	۳۳
سلطان کی تشریح	۵۵	۳۳ کا حاشیہ
آیات نازل فرمائیں تاکہ تم سمجھو	۵۷	۱۷
اہل علم و ایمان کے درجات کو بلند فرماتا ہے	۵۸	۱۱
انسان کو چاہیے کل کی فکر کرے	۵۹	۱۸
جو خدا فراموش ہوتا ہے وہ خود فراموش ہوتا ہے	۵۹	۱۹
انسان کو حسن و جمال کا مرقع بنایا	۶۴	۳
مفلس کون ہے	۶۴	۹ حاشیہ
بعض بیویاں اور بچے تمہارے دشمن ہیں ان سے ہوشیار رہو	۶۴	۱۴
مال و اولاد فتنہ ہے	۶۴	۱۵
مقدور بھر تقویٰ اختیار کرو	۶۴	۱۶
جسے بخل سے بچایا گیا وہ فلاح پا گیا	۶۴	۱۶
موت و حیات سے تمہاری آزمائش مقصود ہے	۶۷	۲
انسان کی تربیت میں خوفِ الٰہی کا بڑا حصہ ہے	۶۷	۱۲ مع حاشیہ
انسان کو سمع، بصر اور قلب کی نعمتوں سے سرفراز فرمایا	۶۷	۲۳
قلم اور ما یسطرون کی قسم کھا کر علم کی عزت افزائی فرمائی	۶۸	۱
انسان کی فطری کمزوریاں اور ان کی اصلاح کا اسلامی طریقہ	۷۰	۱۹ تا ۳۵
انسان کو مہمل نہیں چھوڑ دیا جائے گا	۷۵	۳۶
انسان اپنے اعمال میں گروی ہے	۷۴	۳۸
ہر انسان پر ایک ایسا وقت گزرا ہے جب وہ قابل ذکر چیز نہ تھا	۷۶	۱
انسان کو عقل و فہم کی جو نعمتیں بخشی گئی ہیں اس سے مقصد اس کی آزمائش ہے	۷۶	۲-۳
تخلیق انسان اور اس پر گوناگوں نوازشات	۸۰	۱۸ تا ۲۲
ماغرّک بربّک الکریم۔ جس نے تجھ پر بے حساب انعامات کیے	۸۲	۶ تا ۸
قیامت پر ایمان نہ ہونے کی وجہ سے یہ	۸۲	۹

	سُورة	آیت
غلطیاں سرزد ہوتی رہتی ہیں	۸۲	۹
ہر شخص اپنے نیک یا بد اعمال کی انجام دہی میں کوشاں رہتا ہے۔ موت کے بعد اس کا پُورا اجر یا سزا اسے ملتی ہے	۸۴	۶
ہر اِنسان کے لیے محافظ مقرر کر دیے گئے ہیں	۸۶	۱ تا ۴
اِنسان کی تخلیق اس پانی سے ہوتی ہے جو صلب اَور ترائب کے درمیان میں سے نکلتا ہے	۸۶	۵-۶-۷
یخرج من بین الصلب والترائب کی تشریح	۸۶	۷ کا حاشیہ
اِنسان کو کبھی اِنعامات سے آزمایا جاتا ہے اَور کبھی آلام و مصائب سے	۸۹	۱۵-۱۶
دولت کی کثرت اللہ کی رضا اَور قلت اس کی ناراضگی کا معیار نہیں ہے	۸۹	۱۶ حاشیہ
اِنسان کو محنت و مشقت کی زندگی گزارنے کے لیے پیدا کیا گیا ہے	۹۰	۴
اِنسان پر اللہ تعالیٰ کے اِحسانات :- دو آنکھیں، زبان، دو ہونٹ نیز نیکی کی دشوار گھاٹی میں اُوپر چڑھنے کی ہدایت بخشی	۹۰	۸ تا ۱۱
اِنسان کے شایانِ شان افعال :- غلام کو آزاد کرنا یتیم اَور مسکین کو کھانا کھلانا کتنی قسمیں کھا کر فرمایا :-	۹	۱۲ تا ۱۶
جس نے اپنے نفس کو پاک کیا وُہ کامیاب ہو گیا۔ جس نے اس کو آلُودہ کیا نامُراد ہو گیا۔	۹۱	۱ تا ۱۰
لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِيْ أَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ اَحسن تقویم کی تفصیلی بحث	۹۵	۱ تا ۵
اِنسان دولت کی محبت میں بہت سخت ہے، وُہ بڑا ناشکرا ہے اِن دو باتوں کا وُہ خود گواہ ہے	۱۰۰	۷-۸
سب اِنسان خسارے میں ہیں بجز اُن کے جن میں یہ چار صفات ہوں۔ ایمان، عملِ صالح، حق اَور صبر کی وصیت	۱۰۳	۱-۲-۳

اَوامر

	سُورة	آیت
وزن کو انصاف کے ساتھ قائم رکھو	۵۵	۹
ہر معاملہ میں عدل و انصاف کو ملحوظ رکھو	۵۵	۹ حاشیہ
اپنے عظیم پروردگار کی پاکی بیان کرو	۵۶	۷۴
" " " " " " "	۵۶	۹۶
اللہ اَور رسُول پر ایمان لے آؤ اَور اُن مالوں سے خرچ کرو جن میں اس نے تمہیں اپنا نائب بنایا ہے	۵۷	۷
مغفرت اَور جنت کی طرف تیزی سے آگے بڑھو	۵۷	۲۱
تقویٰ اختیار کرنے کا حکم، دوگنا رحمت اَور نور کی نوید	۵۷	۲۸
نیکی اَور تقویٰ کے لیے مشورے کیا کرو	۵۸	۹

	سورة	آیت
اللہ سے ڈرتے رہا کرو	۵۸	۹
	۵۹	۱۸
اللہ کے دین کے مددگار بن جاؤ	۶۱	۱۴
اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ فلاح پاؤ	۶۲	۱۰
موت سے پہلے اللہ کے دیئے ہوئے مال سے خرچ کرلو ورنہ پچھتاؤ گے	۶۳	۱۰
جتنا تمہاری طاقت ہے اتنا اللہ سے ڈرو	۶۴	۱۶
اپنے آپ کو، اپنے اہل و عیال کو آتش دوزخ سے بچاؤ	۶۶	۶
اپنے رب کے نام کا ذکر کرو فَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا	۷۳	۸
اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنے کا حکم	۸۷	۱
اے قریش! اس گھر کے رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں رزق اور امن دیا	۱۰۶	۳-۴
اے حبیب! جو ہمارے ذکر سے روگردانی کرے اس سے رخ انور پھیر لیجئے	۵۳	۲۹

بنی اسرائیل

	سورة	آیت
قبیلہ بنی نضیر کی غداری اور جلاوطنی	۵۹	۲
ان کا یہ خیال غلط ثابت ہوا کہ ان کے قلعے ان کی حفاظت کریں گے اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا وہ اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں سے برباد کر رہے ہیں	۵۹	۲
وہ خدا سے زیادہ تم سے ڈرتے ہیں	۵۹	۱۳
یہ بزدل ہیں۔ کھلے میدان میں تمہارے ساتھ جنگ نہیں کریں گے	۵۹	۱۴
وہ بظاہر متحد نظر آتے ہیں درحقیقت متفرق ہیں	۵۹	۱۴
موسیٰ علیہ السلام کو اذیت رسانی	۶۱	۵
حضرت عیسیٰ کے بتانے کے باوجود انہوں نے حضور کو ماننے سے انکار کر دیا اور "سحر مبین" کہا	۶۱	۶
جنہیں تورات دی گئی لیکن انہوں نے اس پر عمل نہ کیا ان کی مثال گدھے کی ہے جس پر کتابوں کا انبار لدا ہو	۶۲	۵
اگر تمہارا یہ دعویٰ درست ہے کہ تم اللہ کے دوست ہو تو موت کی تمنا کیوں نہیں کرتے	۶۲	۶
وہ اپنے کرتوتوں کے پیش نظر یہ تمنا ہرگز نہ کریں گے	۶۲	۷
اہل کتاب دلائل کے باوجود فرقوں میں بٹ گئے ہیں	۹۸	۴
حالانکہ انہیں حکم ملا تھا کہ وہ خلوص کے ساتھ اللہ کی عبادت کریں۔ نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں۔ یہی سچا دین ہے	۹۸	۵
یہ جہنمی ہیں۔ یہ شر البریۃ ہیں	۹۸	۶

جبر و قدر

	سورة	آیت
جو مصیبت پہنچتی ہے وہ پہلے لکھی جا چکی ہے	۵۷	۲۲

	سُورۃ	آیت
جو نہ ملے اس پر رنجیدہ نہ ہو۔ جو ملے اس پر اتراو مت	۵۷	۲۳
جب وہ ٹیڑھے ہوئے تو اللہ نے ان کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا	۶۱	۵
کرتوتوں کے باعث دلوں پر مُہر لگ جاتی ہے	۶۳	۳
اِنسان اور اُس کی صلاحیتوں کو پیدا کرنا اللہ تعالیٰ کا فعل ہے ان کو استعمال کرنا اِنسان کا کام ہے	۶۴	۲
اُنہوں نے منہ پھیرا۔ اللہ اُن سے بے نیاز ہو گیا	۶۴	۶
اللہ کے علم کے بغیر کوئی مصیبت نہیں پہنچتی	۶۴	۱۱
مصائب میں تسلیم و رضا کی کیفیت ایمان سے پیدا ہوتی ہے	۶۴	۱۱
جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے ہدایت دے دیتا ہے	۷۴	۳۱ مع حاشیہ
جس کو اللہ چاہتا ہے وُہ نصیحت قبُول کرتا ہے	۷۴	۵۶
وما تشاءون الا ان یشاء اللہ	۷۶	۳۰
اعمالِ بد سے آئینۂ دل زنگ آلود ہو جاتا ہے	۸۳	۱۴

جہاد

	سُورۃ	آیت
غزوہ تبوک کے وقت مالی قربانی کی ترغیب	۵۷	۷ مع حاشیہ
انبیاء کو معجزات و کُتب کے علاوہ لوہے کا ڈنڈا بھی بخشا تاکہ معاشرہ کے سرکش افراد کی سرکوبی کر کے عدل قائم کریں	۵۷	۲۵ مع حاشیہ
قبیلہ بنی نضیر کی جلاوطنی		
اس کے اسباب		
سامان حرب اور مضبُوط قلعوں کے باوجُود ان کی مرعُوبیت		
مدینہ طیبہ سے ان کا خروج		
تفصیلات آیت بالا کے حواشی میں دیکھیں	۵۹	۲
ان کا یہ انجام اللہ اور اُس کے رسُول کی مخالفت کے باعث ہوا	۵۹	۴
جو درخت جنگ میں حارج ہوں اُنہیں بے شک کاٹ دو	۵۹	۵
دیگر آدابِ جنگ	۵۹	۵ حاشیہ
اموالِ فیٔ کون کون سے ہیں۔ ان کا حکم	۵۹	۶ مع حاشیہ
اموالِ فیٔ کے مصارف	۵۹	۷
کَیْ لَا یَکُوْنَ دُوْلَۃً بَیْنَ الْاَغْنِیَاءِ (دولت اغنیاء ہی میں نہ گھومتی رہے)	۵۹	۷
متعلقہ مسائل کی تفصیل ان آیات کے حواشی میں ملاحظہ فرمائیں۔		
یہُودی بڑے بزدل ہیں۔ کھلے میدان میں تم سے جنگ نہیں کریں گے	۵۹	۱۴
بظاہر متحد ہیں درحقیقت منتشر ہیں	۵۹	۱۴
اسلامی جہاد کی خصوصیت کہ وُہ صرف راہِ خدا میں ہوتا ہے	۶۱	۴

	سُورة	آیت
جہاد کا طریقہ یہ ہے کہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر لڑو	۶۱	۴
وُہ تجارت جو عذاب الیم سے نجات دیتی ہے۔ ایمان، جانی اَور مالی جہاد فی سبیل اللہ	۶۱	۱۰ - ۱۱
اِس کی برکت سے گناہ بخش دیئے جائیں گے اور جنت ملے گی	۶۱	۱۲
مزید برآں فتح و کامرانی ارزانی ہوگی	۶۱	۱۳
کفّار و منافقین کے ساتھ جہاد جاری رکھو اَور ان پر سختی کرو	۶۶	۹
مجاہدین کے گھوڑوں کی قسم	۱۰۰	۱ تا ۵

جِنّ

	سُورة	آیت
جِنّ کو آگ سے پیدا کیا گیا ہے	۵۵	۱۵
جنّات کے وجود اَور اُن کے مکلف ہونے کا ثبوت	۵۵	۱۵ مع حاشیہ
اَے جِنّ و انس تم زمین و آسمان کی حدُود سے سُلطان کے بغیر نہیں نکل سکتے	۵۵	۳۳
اِنسانوں کی طرح جنّات بھی دعوتِ اسلام کے مخاطب ہیں		
جِنّوں کا قرآن سُننا، مُسلمان ہونا واپس جا کر اپنی قوم کو ہدایت کی دعوت دینا ان کا وعظ	۷۲	۱ تا ۱۹
شہاب ثاقب سے جنّات کی سرکوبی	۷۲	۸ - ۹
جنّات میں سے بعض نیک ہیں اَور بعض بُرے	۷۲	۱۱
جنّات میں سے بعض مُسلمان ہیں اَور بعض کافر	۷۲	۱۴ - ۱۵

دُعائیں

	سُورة	آیت
وُہ دُعا جو قبول ہوتی ہے	۵۴	۵۵ حاشیہ
قرض اَور افلاس سے نجات کی دُعا	۵۷	۳ حاشیہ
پچھلوں کو پہلوں کے لیے دعا مانگنا چاہیے اس سے ان کو فائدہ پہنچتا ہے	۵۹	۱۰ مع حاشیہ
ابراہیمی دُعا	۶۰	۴ - ۵
مشکلات کے لیے وظیفہ	۶۵	۳ حاشیہ
صحابہ کی دُعا۔ اتمم لنا نورنا واغفرلنا	۶۶	۸
نظرِ بد کا تعویذ اَور دم	۶۸	۵۱ حاشیہ
دُعا مانگنے کا طریقہ:- پہلے اللہ کی تعریف کرو پھر اس کے حبیب پر دُرُود شریف پڑھو پھر دُعا مانگو (احادیث نبوی)	۸۷	۱۴ حاشیہ
ایک دُعا جو حضور صحابہ کو یاد کرایا کرتے تھے	۹۰	۸ حاشیہ
گم شدہ چیز کی بازیابی کی دُعا	۹۳	۱۱ حاشیہ
مقبول دُعا	۱۱۲	[illegible]
ہر چیز کے شر سے پناہ کی دُعا رات کی تاریکی کے شر سے پناہ کی دُعا جادُو منتر کرنے والیوں کے شر سے پناہ کی دُعا شرِ حاسد سے پناہ کی دُعا	۱۱۳	۱ تا ۵ مع حواشی
شیاطین جِنّ و انس کے شر سے پناہ کی دُعا	۱۱۴	۱ تا ۶ مع حواشی

سیاسیات

مضمون	سُورۃ	آیت
اللہ کے اور اپنے دشمنوں کو اپنا دوست مت بناؤ	۶۰	۱
دشمن کی جاسوسی کرنے والے کا حکم	۶۰	حاشیہ آیت بالا
اگر کافر تم پر قابو پالیں تو تمہیں ہر طرح کی اذیت پہنچائیں	۶۰	۲
جو کفار تم سے برسرِ پیکار نہیں ان پر بے شک احسان کرو	۶۰	۸
البتہ جو کافر تم سے برسرِ پیکار ہیں تمہیں گھروں سے نکالا ہے ان کو دوست نہ بناؤ ورنہ ظالم بن جاؤ گے	۶۰	۹
جب دشمن پر مکمل فتح حاصل ہو جائے تو غرور و تکبر نہ کرو بلکہ اپنے رب کی حمد و تسبیح بیان کرو	۱۱۰	۲
شریعتِ اسلامیہ میں قانون سازی کا حق	۵۸	۵
سلاطین کو خلافِ شرع قانون بنانے کی اجازت نہیں	۵۸	۵ حاشیہ
حکومت کو قانون سازی کا کہاں کہاں حق ہے	۵۸	۵
کسی پر کسی کے گناہ کا بوجھ نہیں لادا جائے گا	۵۳	۳۸

شرک اور اس کا ابطال

مضمون	سُورۃ	آیت
اللہ تعالیٰ پاک ہے ان سے جنہیں وہ شریک ٹھہراتے ہیں	۵۹	۲۳
مساجد میں اللہ کے بغیر کسی کی عبادت نہ کرو	۷۲	۱۸
میں صرف اپنے رب کی عبادت کرتا ہوں کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھہراتا	۷۲	۲۰
اللہ کے اذن کے بغیر میں نہ ضرر پہنچا سکتا ہوں نہ فائدہ	۷۲	۲۱
مجھے اللہ سے کوئی پناہ نہیں دے سکتا	۷۲	۲۲
لات، عزّیٰ اور منات بتوں کے تفصیلی حالات	۵۳	۱۹۔۲۰ مع حواشی
اپنے لیے بیٹے، خدا کے لیے نری بیٹیاں، کتنی ظالمانہ تقسیم ہے	۵۳	۲۱۔۲۲
یہ محض فرضی نام ہیں کوئی حقیقت نہیں	۵۳	۲۳
شرک کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔ کبیرہ گناہوں کی تفصیل	۵۳	۳۲ مع حاشیہ

(نوٹ: وہ تمام دلائل جو توحید کے ثبوت کے لیے قرآن کریم میں مذکور ہیں اُن سے شرک کا ابطال بھی ہوتا ہے۔)

شریعتِ اسلامیہ

۱۔ شریعتِ اسلامیہ کی خصوصیات

مضمون	سُورۃ	آیت
جو قانون سازی کا حق اپنے ہاتھ میں لیتے ہیں اُنہیں رُسوا کر دیا جاتا ہے	۵۸	۵ مع حاشیہ
سلاطین کو خلافِ شرع قانون بنانے کی اجازت نہیں	۵۸	۵ حاشیہ
حکومت کو قانون سازی کا کہاں کہاں حق ہے	۵۸	۵ حاشیہ
تارکِ حکم اور منکرِ حکم میں فرق	۵۸	۱۲ حاشیہ

	سُورۃ	آیت
جو اللہ کی حدوں کو توڑتا ہے وُہ اپنے اُوپر ظلم کرتا ہے	۶۵	۱
اسلامی نظامِ عبادات کی برکت سے انسان کی کایا پلٹ جاتی ہے	۷۰	۱۹ تا ۳۵
کسی پر کسی کے گناہ کا بوجھ نہیں لادا جائے گا	۵۳	۳۸
ہر شخص کو وُہی ملتا ہے جس کے لیے وُہ سعی کرتا ہے	۵۳	۳۸
۲۔ نماز		
نماز ادا کرنے کا حکم	۵۸	۱۳
نمازِ جمعہ کی فرضیت	۶۲	۹
دیگر متعلقہ مسائل	۶۲	حاشیہ آیت ۱۰
نماز پر دوام	۷۰	۲۳
صبح و شام ذکرِ الٰہی میں مشغول رہو	۷۶	۲۵-۲۶
۳۔ زکوٰۃ (صدقات)		
راہِ خدا میں مال خرچ کرنے کی ترغیب	۵۷	۷ مع حاشیہ
جو اللہ کی راہ میں مال خرچ کرتا ہے گویا وُہ اللہ تعالیٰ کو قرضِ حسنہ دے رہا ہے جس کے بدلے اُسے کئی گنا ملے گا	۵۷	۱۱
صدقہ دینے والے مرد و زن۔ ان کو کئی گنا ملے گا	۵۷	۱۸
ان کے لیے اجرِ کبیر ہے	۵۷	۱۸
زکوٰۃ دینے کا حکم	۵۸	۱۳
ان کے اموال میں سائل اور محروم کا حق ہے	۷۰	۲۴-۲۵
۴۔ جرائم و عقوبات		
دشمن کی جاسوسی کرنا	۶۰	۱ کا حاشیہ

	سُورۃ	آیت
۵۔ ظہار		
اسلام میں ظہار کا پہلا واقعہ۔ اس کا حکم	۵۸	۱ مع حاشیہ
بیوی کو اپنی ماں کہنا بُری بات ہے اور جھوٹ ہے	۵۸	۲
اس طرح وُہ تمہاری ماں نہیں بن جاتی	۵۸	۲
ظہار کی تعریف ظہار کا کفارہ تفصیلات	۵۸	۳ مع حواشی
۶۔ مہاجر عورت		
جب کوئی عورت ہجرت کر کے آئے تو اس کا امتحان لو اگر وُہ دل سے ایمان لا چکی ہے تو اسے واپس نہ کرو	۶۰	۱۰
وُہ اب کفار کے لیے حلال نہیں	۶۰	۱۰
مہاجر عورت کے امتحان کا طریقہ	۶۰	حاشیہ آیت مذکورہ
مومن اور کافر کے درمیان ازدواج کی ممانعت	۶۰	۱۰
مہاجر عورت کی عدت کا حکم	۶۰	آیت ۱۰ حاشیہ ۲۱
ان کے ساتھ نکاح کا حکم	۶۰	۱۰
کافر عورتوں کو مسلمان بھی آزاد کریں	۶۰	۱۰
ان عورتوں کے مہر کا مسئلہ	۶۰	۱۰
۷۔ طلاق		
طلاق مباح ہے لیکن از حد ناپسندیدہ اسے ابغض الحلال کہا گیا ہے اس سے عرش کانپ جاتا ہے	۶۵	۱ کا حاشیہ

	سُورۃ	آیت
طلاق دینے کا اسلامی طریقہ، اس کی حکمت حضرت ابن عمر کا حالتِ حیض میں طلاق دینا اور حضور کی ناراضگی	۶۵	۲ حاشیہ
طلاق کی قسمیں سنی اور بدعی اور ان کی تشریح	۶۵	۲
۸۔ عدت		
عدت کے احکام، مدتِ عدت کا نفقہ اور سکنٰی مرد کے ذمہ ہے اثنائے عدت میں زوجین میں سے کوئی فوت ہو جائے تو وراثت کا حکم اثنائے عدت میں نکاح باطل ہے	۶۵	متعلقہ حواشی
عدت گزارنے کے بعد عورت آزاد ہے عدت گزرنے سے پہلے طے کر لو کہ اس سے رجوع کرنا ہے یا نہیں بصورتِ ثانی اُسے عمدگی سے رُخصت کر دو۔	۶۵	متعلقہ حواشی
دونوں صورتوں میں گواہ بنانا افضل ہے نصیحت ان کے لیے ہے جو اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہیں	۶۵	متعلقہ حواشی

	سُورۃ	آیت
جن عورتوں کو حیض نہ آتا ہو، اُن کی عدت کا حکم	۶۵	۴مع حاشیہ
حاملہ عورت کی عدت کا حکم	۶۵	۴مع حاشیہ
عدت گزارنے والی عورتوں کے مختلف احوال اور ان کا حکم	۶۵	۶مع حاشیہ
انہیں تنگ کرنے کے لیے ضرر نہ دو	۶۵	۶
۹۔ نفقہ۔ سکنٰی	۶۵	۶
بیوہ جو حاملہ ہو اُس کے نفقہ اور سکنٰی کا حکم	۶۵	۶ حاشیہ
مطلقہ اپنے بچے کو دودھ پلائے تو وہ اُجرت لینے کی حقدار ہے	۶۵	۶ حاشیہ
دیگر متعلقہ مسائل		
وسعت والا اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرے	۶۵	۷

شیطان

	سُورۃ	آیت
شیطان پہلے بڑے مکر و فریب سے انسان کو کفر اور گناہ کے گڑھے میں گراتا ہے۔ پھر اسے بے یار و مددگار چھوڑ دیتا ہے اور اس کا تماشا دیکھتا ہے	۵۹	۱۶

صحابہ کرام اہل بیت عظام اُمّتِ مُسلمہ

	سُورۃ	آیت
صحابہ کرام السابقون السابقون ہیں	۵۶	۱۰
یہی حضرات مقرب ہیں اور جنتِ نعیم میں ہیں	۵۶	۱۱۔ ۱۲
اِبتداء میں ان کی تعداد زیادہ بعد میں کم	۵۶	۱۳۔ ۱۴
ان کی عزت افزائیاں	۵۶	۱۵ تا ۲۶
حضرت عکاشہ ان ستر ہزار میں سے ہیں جن سے حساب نہیں لیا جائے گا	۵۶	۳۹ کا حاشیہ
صحابہ کی سجدہ گاہوں اور مزارات کی قسم	۵۶	۷۵ حاشیہ
جنہوں نے فتح مکہ سے پہلے مال خرچ کیا اور جہاد کیا بعد میں آنے والے ان کے ہمسر نہیں ہو سکتے	۵۷	۱۰
ان کا درجہ بہت بڑا ہے (اولئک اعظم درجۃ)	۵۷	۱۰
فتح کے بعد خرچ کرنے والوں اور جہاد کرنے والوں کو بھی ان کا اجر ملے گا	۵۷	۱۰
حضرت صدیقؓ کا عبا، کو کانٹوں سے کانٹھنا، رضائے الٰہی کو نوید حاملین عرش کا یہی لباس زیب تن کرنا	۵۷	۱۱ حاشیہ
حضرت ابو دحداح کی شانِ ایثار، یہ آیت سُن کر قیمتی باغ اللہ تعالیٰ کو قرض دے دیا	۵۷	۱۱ حاشیہ
حضرت فاروق اعظمؓ کا علم، بڑھیا کی باتیں دیر تک کھڑے سنتے رہے	۵۸	۱ حاشیہ

	سُورۃ	آیت
سیدنا علی المرتضیٰؓ کے سوالات حضور کے جوابات	۵۸	۱۲ حاشیہ
اہل ایمان دُشمنانِ اسلام سے محبت نہیں کرتے۔ خواہ وُہ ان کے باپ ہوں یا بیٹے یا قریبی رشتہ دار	۵۸	۲۲
جنگ کے میدان میں صحابہ کا اپنے کافر رشتہ داروں کو قتل کرنا	۵۸	حاشیہ آیت ۲۲
ان کے دلوں میں ایمان نقش کر دیا گیا ہے۔ روحٌ منہ سے ان کی تائید، جنت کا مژدہ، اللہ ان سے راضی وُہ اللہ سے راضی	۵۸	۲۲
یہی اللہ کا لشکر ہیں اور یہی غالب ہیں	۵۸	۲۲
حضرت صدیقؓ نے پہلے پہل جامِ شہادت نوش کرنے کی اجازت طلب کی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ انت منی بمنزلۃ سمعی وبصری۔ تو میرے کانوں اور آنکھوں کی جا بجا ہے	۵۸	حاشیہ آیت ۲۲
مہاجرین اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے طالب ہیں	۵۹	۸
اللہ اور اس کے رسُولوں کی مدد کرتے ہیں۔ اولئک ھم الصادقون۔ یہی سچے ہیں	۵۹	۸
انصار کا اپنے مہاجر بھائیوں کے لیے ایثار	۵۹	۹

	سُورۃ	آیت
انصار کے ایثار کی چند مثالیں	۵۹	۹ حاشیہ
اولٰئک ھم المفلحون یہی دونوں جہانوں میں کامیاب ہیں	۵۹	۹
گزشتہ مسلمانوں کے لیے دعائے مغفرت رافضی یہود و نصاریٰ سے ایک قدم آگے ہیں۔ حاشیہ نمبر ۲۲	۵۹	۱۰
رافضیوں کا صحابہ پر اعتراض، اور اس کا رد	۶۲	۱۱
شیخین کی خلافت کی بشارت	۶۶	۲ حاشیہ
تفسیر مجمع البیان کا حوالہ	۶۶	۲ حاشیہ
حضرت صدیقہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما کو توبہ کا حکم (صغت سے ذاغت نہیں)	۶۶	۴
جو لوگ حضور کے ساتھ ایمان لائے ہیں انہیں اللہ تعالیٰ روزِ حشر رسوا نہیں کرے گا	۶۶	۸
اُن کا نور روزِ حشر ان کے آگے پیچھے پھیل رہا ہوگا	۶۶	۸
ان کی دُعا	۶۶	۸
حضرت آسیہ زوجۂ فرعون کی استقامت اور دُعا	۶۶	۱۱ مع حاشیہ
حضرت مریمؑ	۶۶	۱۲
سیجنبھا الاتقی الذی یؤتی مالہ یتزکّٰی۔ یہ آیات صدیقِ اکبرؓ کی شان میں نازل ہوئیں	۹۲	۱۷ تا ۲۱

عورت

	سُورۃ	آیت
زمانۂ جاہلیت کے ایک رواج (ظہار) کے بارے میں قرآن کا فیصلہ؛ اسلام میں ظہار کا پہلا واقعہ	۵۸	۱ مع حاشیہ
بیوی کو اپنی ماں کہنا بُری بات ہے اور جھوٹ	۵۸	۲
اِس طرح وُہ تمہاری ماں نہیں بن جاتی	۵۸	۲
ظہار کی تعریف؛ ظہار کا کفارہ؛ تفصیلی احکام؛ تفصیلی بحث	۵۸	۳
مندرجہ ذیل عناوین شریعت اسلامیہ کے عنوان کے ضمن میں ملاحظہ فرمائے جائیں۔		
۶۔ دار الحرب سے ہجرت کرکے آنے والی مُسلمان خاتون		
۷۔ طلاق		
۸۔ عدت		
۹۔ نفقہ، سکنیٰ ملاحظہ فرمائیں		
عورتوں کی بیعت کی اجازت؛ ان کی بیعت کے مقاصد؛ ان کی بیعت کا طریقہ	۶۰	۱۲ مع حاشیہ
بچیوں کے ساتھ محبت اور اُن کی عزت کرنے کی ترغیب (احادیث)	۸۱	۸ کا حاشیہ

	سُورۃ	آیت
## قرآن کریم		
نصیحت قبول کرنے والے کے لیے قرآن آسان بنا دیا گیا ہے	۵۴	۱۷،۲۲،۳۲، ۴۰
قرآن کریم رحمٰن نے سکھایا ہے	۵۵	۲
مواقع النجوم کی قسم کھا کر فرمایا یہ قرآن کریم ہے	۵۶	۷۷
اسے صرف پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں	۵۶	۷۹
اسے رب العالمین نے اتارا ہے	۵۶	۸۰
قرآنی آیات اپنے بندہ پر اللہ تعالیٰ نے نازل کی ہیں تاکہ وہ اندھیروں میں بھٹکنے والوں کو نور کی طرف لے آئے	۵۷	۹
اگر قرآن کریم پہاڑ پر اترتا تو وہ ریزہ ریزہ ہو جاتا	۵۹	۲۱
ایمان لاؤ قرآن پر جو نور ہے	۶۴	۸
قرآن کریم سب کے لیے وجہ عزو شرف ہے	۶۸	۵۲
قرآن نہ کسی شاعر کا قول ہے نہ کسی کاہن کا	۶۹	۴۱-۴۲
بلکہ یہ رب العالمین کی طرف سے نازل شدہ ہے	۶۹	۴۳
اگر آپ خود گھڑ کر ہماری طرف منسوب کرتے تو رگ دل کاٹ دی جاتی	۶۹	۴۴،۴۵،۴۶
نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قرآن یاد کرانا پھر اس کا مفہوم سمجھانا اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لے لیا ہے	۷۵	۱۶ تا ۱۹
قرآن نصیحت ہے جس کا جی چاہے نصیحت قبول کرلے	۷۴	۵۴-۵۵
قرآن کریم نصیحت ہے	۷۶	۲۹
قرآن کریم نصیحت ہے جس کا جی چاہے نصیحت قبول کرے	۸۰	۱۱-۱۲
قرآن کریم تھوڑا تھوڑا کر کے نازل فرمایا	۷۶	۲۳
شانِ قرآن	۸۰	۱۳ تا ۱۶
قرآن کریم کو ایک جلیل القدر فرشتہ لے کر آیا ہے	۸۱	۱۹-۲۰-۲۱
یہ ذکر "للعالمین" ہے	۸۱	۲۷
یہ قرآن مجید ہے لوح محفوظ میں	۸۵	۲۱-۲۲
قرآن کریم قول فیصل ہے ہنسی مذاق نہیں	۸۶	۱۱ تا ۱۴
قرآن کریم ہم نے لیلۃ القدر میں نازل کیا	۹۷	۱
لیلۃ القدر ہزار مہینے سے بہتر ہے	۹۷	۲-۳
وجہ تسمیہ یہ کس مہینہ کی کونسی رات ہے	۹۷	مع حواشی
اس میں فرشتے نازل ہوتے ہیں	۹۷	۴-۵
## دیگر آسمانی کُتب		
حضرت عیسیٰ نے تورات کی تصدیق کی	۶۱	۶
موجودہ اناجیل کی تدوین و ترتیب تفصیلات حواشی میں ملاحظہ فرمائیں	۶۱	۶ حاشیہ
برنباس کی شخصیت اور اس کی انجیل کی علمی اور تاریخی حیثیت پر تفصیلی بحث	۶۱	۶ حاشیہ
انجیل میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آمد کی متعدد بشارتیں	۶۱	۶ حاشیہ

	سُورة	آیت
صُحُفِ ابراہیم و موسیٰ میں بھی وُہی ہدایات ہیں جو اس قرآن کریم میں ہیں کہ آخرت اس دُنیا سے بہتر ہے اور باقی رہنے والی ہے	٨٧	١٨-١٩

قیامت

	سُورة	آیت
قیامت بالکل قریب آگئی ہے	٥٤	١ مع حاشیہ
اس کی دلیل	٥٤	١
روزِ قیامت آسمان پھٹ جائے گا اور اس کا رنگ سُرخ ہو جائے گا	٥٥	٣٧
اس کے گناہ کے بارے میں کسی جن و انس سے نہ پُوچھا جائے گا۔ وُہ خود ہی جواب دہ ہو گا	٥٥	٣٩
مجرموں کا حال	٥٥	٤١ تا ٤٤
قیامت ضرور واقع ہو گی کوئی جھٹلا نہ سکے گا	٥٦	١-٢
قیامت کسی کو ذلیل اور کسی کو سرفراز کرے گی	٥٦	٣
وقوعِ قیامت کا ہوش رُبا منظر	٥٦	٤-٥-٦
قیامت کے روز اوّل آخر سب جمع کیے جائیں گے	٥٦	٤٩-٥٠
قیامت کے روز تمہیں پیدا کرنا مشکل نہیں	٥٦	٦١-٦٢-٦٣
روزِ قیامت رشتہ دار اور اولاد فائدہ نہ دے گی	٦٠	٣
کفار کا انکارِ قیامت اور اس کی پُرزور تردید	٦٤	٧
قیامت کو یوم تغابن کہنے کی وجہ	٦٤	٩
کفار پُوچھتے ہیں قیامت کب آئے گی؟ آپ فرمائیے اس کا علم اللہ کے پاس ہے	٦٧	٢٥-٢٦
قُربِ قیامت کے وقت کفار کی حالت	٦٧	٢٧
قیامت آکر رہے گی۔ (الحاقة)	٦٩	١-٢-٣
قیامت پر ایمان اصلاح کا ضامن ہے	٥٩	حاشیہ آیت بالا
جب صُور پھُونکا جائے گا تو زمین اور پہاڑ ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے۔ آسمان پھٹ جائے گا۔	٦٩	١٣ تا ١٦
فرشتے ہر طرف کھڑے کر دیئے جائیں گے	٦٩	١٧
آٹھ فرشتے عرش الٰہی کو اُٹھائے کھڑے ہوں گے	٦٩	١٧
قیامت کے روز آسمان اور پہاڑوں کی حالت	٧٠	٨-٩
کوئی جگری دوست کسی جگری دوست کو نہیں پُوچھے گا	٧٠	١٠
وُہ چاہے گا کہ اپنے بچوں، بیوی بلکہ سب کو بطور فدیہ دے دے اور خود چھُوٹ جائے لیکن ناممکن	٧٠	١١ تا ١٨
قسمیں کھا کر بتایا کہ قیامت ضرور آئے گی	٧٥	١-٢
انسان کا یہ خیال باطل ہے کہ وقوعِ قیامت ناممکن ہے	٧٥	٣-٤
قیامت کے انکار کی وجہ	٧٥	٥
وقوعِ قیامت کے وقت کا منظر	٧٥	٦ تا ٩
اُس روز کفار کے لیے کوئی پناہ گاہ نہ ہو گی	٧٥	١٠-١١-١٢
انسان کو اس کے اعمال سے آگاہ کیا جائے گا	٧٥	١٣
انسان ہزار بہانے بنائے اُسے حقیقتِ حال کا علم ہے	٧٥	١٤-١٥

	سُورۃ	آیت
اہلِ ایمان کے چہرے تر و تازہ ہوں گے	۷۵	۲۲-۲۳
بدکاروں کے چہروں پر نحوست برس رہی ہوگی	۷۵	۲۴-۲۵
جس نے اِنسان کو قطرۂ آب سے بنایا اُس کو دوبارہ زندہ بھی کر سکتا ہے	۷۵	۳۷ تا ۴۰
جب صُور پھُونکا جائے گا تو کفّار کے لیے وُہ بڑا سخت دِن ہوگا	۷۴	۸-۹-۱۰
دوزخ بہت بڑی آفت ہے	۷۴	۳۲ تا ۳۶
پانچ قسمیں کھا کر بتایا کہ قیامت ضرُور آئے گی	۷۷	۱ تا ۷
قیامت کا ہولناک منظر	۷۷	۸ تا ۱۴
اُس روز جھٹلانے والوں کی تباہی ہوگی	۷۷	۱۵
جہنّم کا ہولناک منظر	۷۷	۲۹ تا ۳۳
روزِ قیامت "یوم الفصل" ہے، مجرموں سے قوّتِ گویائی سلب کر لی جائے گی	۷۷	۳۵ تا ۳۹
قیامت کے بارے میں ان کے شکوک اور اُن کا ردّ	۷۸	۱ تا ۵
وقوعِ قیامت پر تکوینی دلائل	۷۸	۶ تا ۱۶
وقوعِ قیامت کے لیے ایک وقت مقرر ہے	۷۸	۱۷
منظرِ قیامت	۷۸	۱۸ تا ۲۰
عذابِ قیامت	۷۸	۲۱ تا ۲۶
قیامت ضرُور آئے گی	۷۹	۱ تا ۵
وقوعِ قیامت پر کفّار کا اظہارِ حیرت	۷۹	۱۰ تا ۱۲
جب قیامت برپا ہوگی اِنسان کو اپنے	۷۹	۳۵

	سُورۃ	آیت
سارے اعمال یاد آجائیں گے	۷۹	۳۵
روزِ حشر اِنسان اپنے بھائی، ماں، باپ، بیوی اور بچوں سب سے بھاگے گا	۸۰	۳۳ تا ۳۷
کتنے چہرے خوش و خرّم مُسکراتے ہوں گے	۸۰	۳۸-۳۹
کئی چہرے غبار آلُود اور سیاہ ہوں گے	۸۰	۴۰-۴۱
وقوعِ قیامت کا منظر	۸۰	۴۳
سُورج اور ستارے بے نُور، پہاڑ محوِ گردش، سمندر کے شعلے (اس کی وجہ)	۸۱	۱ تا ۶
زندہ درگور لڑکی سے پُوچھا جائے گا کہ اُسے کیوں زندہ درگور کیا گیا تھا	۸۱	۸
جو کچھ اُس نے کیا روزِ قیامت عیاں ہو جائے گا	۸۲	۱ تا ۵
کئی قسمیں کھا کر فرمایا قیامت ضرُور آئے گی	۸۹	۱ تا ۵
جب قیامت برپا ہوگی اُس وقت اِنسان کی آنکھ کھُلے گی لیکن بے سُود	۸۹	۲۱ تا ۲۴
وقوعِ قیامت کا منظر	۹۹	۱ تا ۵
روزِ قیامت لوگ گروہ در گروہ نکلیں گے۔ جس نے ذرّہ بھر نیکی کی ہوگی اُسے اُس کا اجر ملے گا۔ جس نے ذرّہ برابر گناہ کیا ہوگا اُسے اُس کی سزا ملے گی	۹۹	۶-۷-۸
سخت کھڑک، لوگ بکھرے ہُوئے پروانوں کی طرح اور پہاڑ اُون کی مانند ہوں گے	۱۰۱	۱ تا ۹
اُس روز جس کے پلڑے بھاری ہوں گے وُہ خوش و خرّم ہوگا	۱۰۱	۶

	سُورۃ	آیت
جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے وہ دوزخ میں ہوں گے	۱۰۱	۸ - ۹
قیامت کے منکر یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ سنگدلانہ سلوک کرتے ہیں نماز میں سستی اور ریاکاری اُن کا شعار ہے	۱۰۷	۱ تا ۷

کفّار و مُشرکین

	سُورۃ	آیت
ان کے عقائد		
ان کے اطوار		
عبرت ناک انجام		
کفار معجزات دیکھ کر منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ جادو ہے	۵۴	۲
وحی کی تکذیب، ہوائے نفس کی پیروی اُن کا شیوہ ہے	۵۴	۳
روزِ قیامت ان کی حالتِ زار	۵۴	۷ - ۸
کفار کس غلط فہمی میں مبتلا ہیں	۵۴	۴۳-۴۴
انہیں یقیناً شکست ہوگی	۵۴	۴۵
روزِ قیامت اُن کا حالِ زار	۵۴	۴۷-۴۸
اصحاب المشئمہ	۵۶	۹
ان کی حالتِ زار	۵۶	۴۱ تا ۴۴
اس کی وجہ	۵۶	۴۵-۴۶
وہ منکرین قیامت تھے	۵۶	۴۷
اس کی سزا	۵۶	۵۱ تا ۵۶
ان کی بدقسمتی ملاحظہ ہو کہ ان کے حصہ میں تکذیب قرآن کے سوا کچھ نہیں	۵۶	۸۱-۸۲

	سُورۃ	آیت
مکذبین کا انجام	۵۶	۹۲،۹۳-۹۴
اے کفار! تمہارے ایمان نہ لانے کی وجہ کیا ہے؟	۵۷	۸
کفار کے لیے دردناک عذاب ہے	۵۸	۴
جو اللہ اور رسول کی حدوں کو توڑتے ہیں انہیں ذلیل و رسوا کیا جاتا ہے	۵۸	۵
کفار کے لیے رسوا کن عذاب ہے	۵۸	۵
اگر کفار تم پر غلبہ پا لیں تو تمہاری تکہ بوٹی کر دیں	۶۰	۲
بڑا ظالم ہے جو اللہ پر افترا باندھتا ہے	۶۱	۷
یہ اللہ کے نور کو پھونکوں سے بجھا دینا چاہتے ہیں لیکن کامیاب نہ ہوں گے	۶۱	۸
کفار کو اپنے کفر کی سزا ملی	۶۴	۵
انہوں نے اللہ کے رسولوں کا انکار کیا، انہوں نے منہ پھیرا، اللہ بھی اُن سے بے نیاز ہو گیا	۶۴	۶
اللہ اور اُس کے رسول کے نافرمانوں کو سخت سزا دی جائے گی	۶۵	۸
کفار کا کوئی عذر مقبول نہ ہوگا	۶۶	۷
کفار کے لیے جہنم	۶۷	۶
کفار کا دوزخ میں پھینکا جانا اور دیگر ہولناک مناظر	۶۷	۷-۸-۹
کفار کا اعتراف کہ ہم خطاکار تھے	۶۷	۱۰-۱۱
کفار اللہ کے عذاب سے کیوں نہیں ڈرتے	۶۷	۱۶-۱۷
گزشتہ برباد شدہ قوموں سے عبرت حاصل کرو	۶۷	۱۸
کیا اُن کے پاس ایسا لشکر ہے جو انہیں اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بچا سکے؟	۶۷	۲۰

	سُورۃ	آیت
اگر وُہ رزق بند کرے تو وُہ کیا کریں گے؟	۶۷	۲۱
کفار مُنہ اوندھا کیے ہُوئے چلے جا رہے ہیں	۶۷	۲۲
کفار کو تنبیہ کہ اُنہیں عذاب سے کون بچائے گا	۶۷	۲۸
کفار تمنا کرتے ہیں کہ آپ نرمی اختیار کریں تاکہ وُہ بھی شدت ترک کر دیں	۶۸	۹
ایسے کافر کے پیچھے چلنے سے ممانعت جس میں یہ عیوب ہوں	۶۸	۱۰ تا ۱۶
باغ والے کفار کی تباہی کا تذکرہ	۶۸	۱۷ تا ۳۳
کیا کفار کے پاس کوئی عقلی یا نقلی دلیل ہے کہ سارے کام ان کی منشاء کے مُطابق ہوں گے	۶۸	۳۷ تا ۴۱
کفار کو روزِ قیامت سجدہ کرنے کا حکم دیا جائے گا لیکن وُہ سجدہ نہ کر سکیں گے	۶۸	۴۳
کفار کو بصُورتِ استدراج بھی سزا دی جاتی ہے	۶۸	۴۴ مع حاشیہ
جن اقوام نے رسُولوں کی مخالفت کی اُنہیں سختی سے پکڑ لیا گیا	۶۸	۹-۱۰
کفار کے بائیں ہاتھ میں اُن کا نامۂ عمل دیا جائے گا	۶۹	۲۵
ان کا واویلا	۶۹	۲۵ تا ۲۹
حکم ہوگا اسے پکڑ لو اور زنجیروں میں جکڑ کر جہنم رسید کر دو	۶۹	۳۰ تا ۳۲
کیونکہ نہ یہ اللہ پر ایمان لاتا تھا اور نہ مسکین	۶۹	۳۳-۳۴

	سُورۃ	آیت
کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیا کرتا تھا	۶۹	۳۳-۳۴
اس کا آج کوئی دوست نہیں۔ اس کا کھانا غسلین ہے	۶۹	۳۵-۳۶ ۳۷
کفار جس عذاب کا مطالبہ کر رہے ہیں وُہ بالکل تیار ہے اُسے کوئی روک نہیں سکتا	۷۰	۱-۲
روزِ قیامت پچاس ہزار سال کے برابر ہوگا	۷۰	۴
ان کو کھیل کود میں مگن رہنے دیں	۷۰	۴۱ تا ۴۴
قومِ نوح کے رئیس لوگوں کو کہتے، اپنے بُتوں کو ہرگز نہ چھوڑنا۔ خصوصاً "وَدّ" "سُواع" "یغوث" اور "نسر" کو	۷۱	۲۳
بُت پرستی کا آغاز اور رواج	۷۱	۲۳ حاشیہ
ان پانچ بُتوں کی مزید تحقیق	۷۱	" "
عذابِ قبر کا ثبوت قرآن و سُنّت سے	۷۱	۲۵
ان کی اولاد کے بارے میں آپ کا علم کہ سب گمراہ پیدا ہوں گے	۷۱	۲۷
اپنی موت کے وقت کفار کی حالت	۷۵	۲۶ تا ۳۰
نہ قرآن کی تصدیق کی، نہ نماز ادا کی بلکہ جھٹلایا اور منہ موڑ لیا	۷۵	۳۱ تا ۳۳
اس کی تباہی قریب آگئی	۷۵	۳۴-۳۵
اگر تم کفر کرتے رہے تو روزِ حشر کیسے بچو گے	۷۳	۱۷-۱۸
ولید بن مغیرہ کے بارے میں غیض و غضب کا اظہار	۷۴	۱۱ تا ۲۳
وُہ واقعہ جو قہرِ الٰہی کا باعث بنا	۷۴	۱۸ کا حاشیہ

	سُورۃ	آیت
وُہ کہتا ہے کہ قرآن جادو ہے یہ جادوگر ہیں	۷۴	۲۴-۲۵
اس کو دوزخ میں پھینکا جائے گا	۷۴	۲۶ تا ۲۹
کفار کے لیے شفاعت نہیں	۷۴	۴۸
کفار ان گدھوں کی طرح ہیں جو شیر کو دیکھ کر بھاگے جا رہے ہیں	۷۴	۴۹-۵۰ ۵۱
کفار ایمان لانے کے لیے شرائط پیش کرتے ہیں	۷۴	۵۲
کفار کے لیے بھڑکتی آگ اور طوق و سلاسل	۷۶	۴
یہ لوگ عاجل نعمتوں کو پسند کرتے ہیں اور آخرت کی نعمتوں کو نظرانداز کرتے ہیں	۷۶	۲۷
سرکشوں اور دُنیا کو آخرت پر ترجیح دینے والوں کا ٹھکانہ جہنم ہوگا	۷۹	۳۷-۳۸ ۳۹
ناشکرا انسان ہلاک ہوگا	۸۰	۱۷
وُہ اپنی تخلیق پر غور کیوں نہیں کرتے	۸۰	۱۸ تا ۲۲
صرف سرکش اور بدکار ہی قیامت اور قرآن کا اِنکار کرتے ہیں	۸۳	۱۱۔۱۲۔۱۳
انہیں دیدارِ الٰہی سے محروم کر دیا جائے گا	۸۳	۱۵
پھر انہیں جہنم رسید کر دیا جائے گا	۸۳	۱۶-۱۷
جس کتاب میں کفار کے اعمال ہوں گے اُسے "سجین" کہا جاتا ہے	۸۳	۷-۸
اہل ایمان کا مذاق اُڑانا ان کا دستور ہے	۸۳	۲۹ تا ۳۲
ان کا نامۂ عمل انہیں پس پشت دیا جائے گا	۸۴	۱۰
اس پر اس کا شور و غوغا	۸۴	۱۱۔۱۲۔۱۳۔۱۴
اصحاب الاخدود تباہ ہو گئے، ان کے لیے ابدی عذاب	۸۵	۱ تا ۷

	سُورۃ	آیت
مسلمانوں پر ان کی ناراضگی کی صرف یہ وجہ تھی کہ وُہ اللہ تعالےٰ پر ایمان لاتے تھے	۸۵	۸-۹
کفار مکر و فریب کر رہے ہیں میں اُنہیں ناکام بنا دُوں گا	۸۶	۱۵
روزِ قیامت کفار کی حالتِ زار	۸۸	۱ تا ۷
بدبخت آگ میں جلیں گے	۹۲	۱۴۔۱۵۔۱۶
اِنسان جب اپنے آپ کو مستغنی دیکھتا ہے تو سرکشی کرنے لگتا ہے	۹۶	۷-۸
ابوجہل کی گستاخانہ قسم اور اس کا نتیجہ	۹۶	۹-۱۰
اگر وُہ ہدایت قبول کرتا تو کتنا اچھا ہوتا	۹۶	۱۱-۱۲
اگر وُہ ان گستاخیوں سے باز نہ آیا تو ہم اُس کو اس کی پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر گھسیٹیں گے	۹۶	۱۵ تا ۱۹
کفار و مشرکین کفر کو نہیں چھوڑیں گے۔		
کیا وُہ نہیں جانتے کہ قیامت کے روز قبروں کو ظاہر کر دیا جائے گا۔ اور سینے کے راز افشاء ہوں گے	۱۰۰	۹-۱۰
مال زیادہ کرنے کی ہوس نے تمہیں غافل کر دیا ہے	۱۰۱	۱ تا ۵
ہلاکت ہے طعنے دینے والوں کے لیے پس پُشت عیب جوئی کرنے والوں کے لیے	۱۰۴	۱
جو مال جمع کرتا ہے اور اسے گن گن کر رکھتا ہے	۱۰۴	۲

	سُورۃ	آیت
خیال کرتا ہے کہ اس کا مال اُسے باقی بنا دے گا	۱۰۴	۳
اس کے لیے "حطمۃ" ہے حطمہ کی توضیح	۱۰۴	۴ تا ۹
کعبہ پر ابرہہ کی لشکرکشی اور ابابیل سے اس کی بیخ کنی (تفصیلات)	۱۰۵	۱ تا ۵
کفار کو بتا دیا کہ نہ پہلے میں نے تمہارے بتوں کی پوجا کی نہ آئندہ کروں گا اسی طرح تم کو بھی میرے معبودِ برحق کی عبادت کی توفیق نصیب نہ ہوئی ہے نہ ہوگی	۱۰۹	۱ تا ۶
مشرکوں نے بتوں کے فرضی نام رکھ چھوڑے ہیں جن کی کوئی سند نہیں	۵۳	۲۳
یہ محض ظن اور ہوائے نفس کی پیروی کرتے ہیں	۵۳	۲۳
کفار کے لیے شفاعت نہیں	۵۳	۲۶ مع حاشیہ
مشرکین فرشتوں کے نام عورتوں کے سے رکھتے ہیں	۵۳	۲۷
یہ محض ظن کے پیروکار ہیں	۵۳	۲۸
اور ظن کوئی فائدہ نہیں دیتا	۵۳	۲۸
کفار کے اخلاق و اطوار	۵۳	۳۲،۳۳،۳۴

معاشیات

	سُورۃ	آیت
تولنے میں زیادتی اور کمی کی ممانعت	۵۵	۸-۹ مع حواشی
والارض وضعھا للانام سے "اشتراکیت" کا نظریہ ثابت کرنا غلط ہے	۵۵	۱۰ حاشیہ
دولت کی فراوانی کبھی سرکشی و طغیان کا باعث بھی بن جاتی ہے	۵۶	۴۵
جو اموال تمہارے پاس ہیں ان میں تم اللہ کے نائب ہو	۵۷	۷
جو لوگ راہِ خدا میں مال خرچ کرتے ہیں ان کے لیے اجرِ کبیر ہے	۵۷	۷
جو لوگ راہِ خدا میں خرچ کرتے ہیں وہ اللہ کو قرضِ حسن دیتے ہیں	۵۷	۱۱
جو لوگ راہِ خدا میں مال خرچ کرتے ہیں ان کے لیے اجرِ کبیر ہے	۵۷	۱۸
دُنیوی زندگی لہو و لعب ہے۔ زینت، مال اور اولاد کی کثرت پر تفاخر ہے	۵۷	۲۰
اس کی مثال	۵۷	۲۰
ما الحیوۃ الدنیا الا متاع الغرور	۵۷	۲۰
مالِ فیئ کی تعریف اس کے مصارف مالِ غنیمت	۵۸	۶-۷ مع حواشی
اسلامی اقتصادیات کا زریں اصول کہ دولت اغنیاء ہی میں گھومتی نہ رہے	۵۸	۷
اسلامی بیت المال اس کے ذرائع آمدن اور مصارف تفصیلی بحث	۵۹	۹ مع حاشیہ
نمازِ جمعہ کے بعد کسبِ معاش کے لیے زمین میں پھیل جاؤ	۶۲	۱۰

	سُورة	آیت
کسبِ معاش کو اللہ کا فضل فرمایا	۶۲	۱۰
اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنا تمہارے لیے بہتر ہے	۶۴	۱۶
بخل سے بچنے کی ترغیب	۶۴	۱۶
راہِ خدا میں جو مال تم خرچ کرتے ہو وُہ گویا اُسے قرض دے رہے ہو جو کئی گُنا کر کے واپس کیا جائے گا	۶۴	۱۷
جو مساکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا اُسے ستر گز لمبی زنجیر میں جکڑ کر دوزخ رسید کیا جائے گا	۶۹	۳۳-۳۴
کسبِ رزقِ حلال کو جہاد کے برابر درجہ دیا گیا	۷۳	۲۰ مع حاشیہ
احتکار (ذخیرہ اندوزی) سے نفرت	۷۳	۲۰
راہِ خدا میں خرچ کرنے کا ثواب	۷۳	۲۰
دوزخی کہیں گے ہم نماز نہیں پڑھا کرتے تھے اور مسکینوں کو کھانا نہیں کھلایا کرتے تھے	۷۴	۴۲، ۴۳، ۴۴
کم تولنے اور کم ماپنے سے سخت ممانعت اور ایسے لوگوں کے لیے تباہی کی پیشین گوئی	۸۳	۱-۲-۳
انہیں قیامت کے خوفناک دن سے ڈرنا چاہیے	۸۳	۴-۵-۶
یتیموں کی تکریم نہ کرنا، غریب کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہ دینا، مال سے بے پناہ محبت اِنسان کو اللہ تعالیٰ کے نزدیک ذلیل کر دیتی ہے	۸۹	۱۷ تا ۲۰
اعمالِ فتی :-		
غلام کو آزاد کرنا، یتیم و غریب کو کھانا کھلانا	۹۰	۱۲ تا ۱۶
سیدنا علیؓ بیت المال کے در و دیوار سے کہتے، گواہ رہنا میں نے تمہیں حق کے ساتھ بھرا اور حق کے ساتھ خالی کیا	۹۹	۴ حاشیہ
قریش کے دلوں میں تجارت کی اُلفت پیدا کر دی۔ یوں اُنہیں خوشحال بنا دیا	۱۰۶	۱ تا ۴
یتیموں کو دھکے دے کر نکالنا، مساکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہ دینا۔ اِستعمال کی چیزوں کو روکے رکھنا۔ یہ قیامت پر ایمان نہ ہونے کی نشانی ہے	۱۰۷	۱ تا ۷
لیس للانسان الا ما سعیٰ۔ اِس آیت سے اِشتراکیوں کا غلط استدلال	۵۳	۳۹ کا حاشیہ

مومنین اور متقین

	سُورة	آیت
باغات اور نہریں	۵۴	۵۴
اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ اقدس میں شرف یابی اور دیگر اعزازات	۵۴	۵۵ مع حاشیہ
اولیاء اللہ کو جب فرشتے جنت کی طرف چلنے کی دعوت دیں گے تو کہیں گے کہ ہمارا مقصود تو اللہ تعالیٰ ہے	۵۴	۵۵ حاشیہ
جو اللہ کے حضور کھڑا ہونے سے ڈرتا رہتا ہے اُسے دو جنتیں ملیں گی	۵۵	۴۶

	سُورۃ	آیت
ان دو جنتوں کے تفصیلی حالات	۵۵	۴۸ تا ۵۹
ان کے علاوہ انہیں دو اَور باغ ملیں گے ان کی تفصیل	۵۵	۶۲ تا ۷۶
فاصحاب المیمنۃ (دائیں بازو والے)	۵۶	۸
اصحاب المیمنۃ کی عزت افزائیاں	۵۶	۲۷ تا ۳۸
مقربین کی عزت افزائی	۵۶	۸۸۔۸۹
اصحاب یمین پر مہربانیاں	۵۶	۹۰۔۹۱
اہل ایمان جب قبروں سے اٹھیں گے تو ان کا نورِ ایمان آگے اَور دائیں جانب ضوفشاں ہوگا	۵۷	۱۲
کیا ابھی وُہ گھڑی نہیں آئی کہ اہل ایمان کے دل ذکرِ الٰہی کے لیے خشوع کریں	۵۷	۱۶ مع حاشیہ
اہل کتاب کی طرح نہ ہو جاؤ کہ وقت گزرنے کے ساتھ ان کے دل سخت ہو جائیں	۵۷	۱۶
جو اللہ اَور رسُول پر ایمان لائے وُہ صدیق و شہید ہے	۵۷	۱۹
نیکی اَور تقویٰ کے بارے میں مشورہ کیا کرو	۵۸	۹
گناہ، ظلم اَور نافرمانی کے بارے میں مشورہ کی ممانعت	۵۹	۹
اللہ تعالیٰ اہل ایمان اَور اہل علم کے درجات کو بلند فرمادے گا	۵۸	۱۱
اہل ایمان اللہ اَور اس کے رسُول کے مخالفین سے محبت نہیں کرتے خواہ وُہ ان کے قریبی رشتہ دار ہوں	۵۸	۲۲

	سُورۃ	آیت
ایسے لوگوں پر انعاماتِ الٰہی	۵۸	۲۲
اَے مومنین! اللہ سے ڈرو، کل کی فکر کرو	۵۹	۱۸
خدا فراموش نہ ہو ورنہ خود فراموش بن جاؤ گے	۵۹	۱۹
اہل جنت اَور دوزخی برابر نہیں ہو سکتے	۵۹	۲۰
اللہ کے دشمنوں کو اپنا دوست مت بناؤ	۶۰	۱
ان کی میٹھی باتوں پر مت جاؤ وُہ سنگدل ظالم ہیں	۶۰	۲
تمہارے رشتہ دار اَور اَولاد تمہیں نفع نہ پہنچائے گی	۶۰	۳
اہل ایمان و عمل کی جزا: تکفیرِ سیئات اَور دخولِ جنت	۶۴	۹
ایمان سے تسلیم و رضا کی کیفیت نصیب ہوتی ہے	۶۴	۱۱
مومن اللہ پر ہی بھروسہ کرتے ہیں	۶۴	۱۳
اَے اہل ایمان! کئی بیویاں اَور کئی بچے تمہارے دشمن ہیں ان سے ہوشیار رہو	۶۴	۱۴
مال و اولاد بڑی آزمائش ہیں	۶۴	۱۵
جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی نجات کی راہ بنا دیتا ہے اَور وہاں سے رزق دیتا ہے جہاں سے گمان نہیں ہوتا	۶۵	۲۔۳
جو اللہ پر توکل کرتا ہے وُہ اُسے کافی ہے	۶۵	۳
جو تقویٰ اختیار کرے گا اللہ اُس کے کام کو آسان بنا دے گا۔	۶۵	۴

	سورۃ	آیت
جو تقویٰ اختیار کرے گا اس کی بُرائیوں کو محو کر دیا جائے گا اور اُسے بڑا اجر ملے گا۔	۶۵	۵
اہلِ ایمان ہی اہلِ خرد ہیں	۶۵	۱۰
جو بن دیکھے اللہ سے ڈرتے ہیں ان کے لیے مغفرت اور اجرِ کبیر ہے	۶۷	۱۲
متقین کے لیے جنّتِ نعیم ہے	۶۸	۳۴
مسلمان اور کافر یکساں نہیں	۶۸	۳۶-۳۵
اہلِ ایمان کو ان کے نامہ ہائے عمل دائیں ہاتھ میں دیئے جائیں گے۔ ان کی خوشی	۶۹	۱۹ تا ۲۴
جذبِ الٰہی اور شیخ کامل کی توجہ کے بغیر فنائے قلب کے مقام تک رسائی ممکن نہیں	۷۰	۴ حاشیہ
شیخ کامل کی توجہ سے وُہ مقام ملتا ہے جو ہزار سالہ عبادت و ریاضت سے نہیں ملتا	۷۳	۸ کا حاشیہ
ابرار کے لیے جنّت کی نعمتیں	۷۶	۵-۶
ابرار کی صفاتِ حمیدہ۔ وُہ نذر پُوری کرتے ہیں اور قیامت سے ڈرتے ہیں۔	۷۶	۷
اللہ کی محبت کے لیے وُہ مسکین، یتیم اور اسیر کو کھانا کھلاتے ہیں	۷۶	۸-۹-۱۰
اللہ تعالےٰ اُنھیں قیامت کے شر سے بچائے گا	۷۶	۱۱
دیگر انعامات	۷۶	۱۱ تا ۲۲
متقین پر عنایات	۷۸	۳۱ تا ۳۳
مدبرات امر میں وُہ شامل ہیں	۷۸	۵
ان کی قبوُر کی زیارت کی وجہ سے زائرین کی مشکلیں حل ہوتی ہیں	۷۸	۵ کا حاشیہ
اللہ کے مقبولوں کو روزِ قیامت کوئی حزن نہ ہوگا	۷۹	۹ حاشیہ
جو اللہ کی جناب میں حاضر ہونے سے ڈرتا رہا اور نفس کو سرکشی سے روکتا رہا اس کا مقام جنّت ہے	۷۹	۴۰-۴۱
ہوائے نفس سے بچنے کا طریقہ۔ شیخ کامل کا دامن مضبوطی سے پکڑے۔	۷۹	۴۰ کا حاشیہ
جس کتاب میں ابرار کے اعمال محفُوظ ہیں اس کا نام علّیین ہے	۸۳	۱۸-۱۹-۲۰
علّیین کی مزید تحقیق	۸۳	حاشیہ آیت بالا
ابرار پر مزید عنایات	۸۳	۲۲ تا ۲۸
ان کو نامۂ عمل دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور وُہ خوشی خوشی واپس لوٹیں گے	۸۴	۷-۸-۹
اہلِ ایمان کے لیے نہ ختم ہونے والا اجر ہے	۸۴	۲۵
جو تزکیۂ نفس کرتا ہے۔ اپنے رب کا ذکر کرتا ہے۔ نماز ادا کرتا ہے۔ وُہ کامیاب ہوگا	۸۷	۱۴-۱۵
اہلِ ایمان کے شگفتہ چہرے اور دیگر بے شمار انعامات	۸۸	۸ تا ۱۶
نفسِ مطمئنہ کو بشارتیں (ارجعی الی ربک)	۸۹	۲۷،۲۸،۲۹،۳۰
متقی اور سخی آگ سے بچ جائیں گے	۹۲	۱۷ تا ۲۰

	سورۃ	آیت
حضرت غوث اعظمؒ کا ارشاد (قدمی ھذہ علی رقبۃ کل ولی اللہ)	۹۳	۱۱ حاشیہ
ایمان والوں کے لیے اجر غیر ممنون ہے	۹۵	۶ مع حاشیہ
اہل ایمان خیر البریہ ہیں انہیں جنت ملے گی	۹۶	۷ - ۸
اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی	۹۶	۸
یہ سعادت اُسے ملتی ہے جو اللہ سے ڈرتا ہے	۹۶	۸
مرشدِ کامل کی توجہ سے مُریدوں کے فطری نقائص اور خامیاں بھی دُور ہوجاتی ہیں	۱۱۰	۴ کا حاشیہ

مُنافقین

	سورۃ	آیت
روزِ قیامت منافق کہیں گے۔ اے اہل ایمان ہمیں بھی اپنے ساتھ لے چلو۔ تاکہ تمہارے نورِ ایمان میں ہم بھی یہ فاصلہ طے کریں۔ ان کا جواب	۵۷	۱۳
منافق پکاریں گے کیا دُنیا میں ہم تمہارے ساتھ نہ تھے۔ مسلمانوں کا جواب	۵۷	۱۴
آج ان سے اور کفّار سے کوئی فدیہ قبول نہ ہوگا	۵۷	۱۵
مُنافقین گناہ، ظلم اور رسُول کی نافرمانی کے لیے سرگوشیاں کرتے ہیں حالانکہ انہیں روکا گیا ہے	۵۸	۸
منافقین کی دِلی ہمدردیاں کفّار کے ساتھ ہیں	۵۸	۱۴ حاشیہ
وُہ جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں	۵۸	۱۴
ان کے لیے شدید عذاب تیار ہے	۵۸	۱۵
اُنہوں نے قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے اِس طرح وُہ لوگوں کو اسلام سے روکتے ہیں	۵۸	۱۶
ان کے مال اور ان کی اولاد اُنہیں عذابِ الٰہی سے بچا نہ سکے گی	۵۸	۱۷
یہ قیامت کے دن بھی جھوٹی قسمیں کھائیں گے	۵۸	۱۷
شیطان نے ان پر تسلط جما رکھا ہے اور یادِ خُدا سے اُنہیں غافل کر دیا ہے	۵۸	۱۹
یہی لوگ حزب الشیطان ہیں	۵۸	۱۹
منافقین نے بنی نضیر کو کہلا بھیجا کہ وُہ ہرگز مدینہ نہ چھوڑیں۔ ہم تمہارے ساتھ ہیں تمہارے ساتھ مریں گے اکٹھے یہاں سے نکلیں گے	۵۹	۱۱
وُہ ہرگز ایسا نہیں کریں گے۔ وُہ پرلے درجے کے جھوٹے اور بُزدل ہیں	۵۹	۱۲
منافقین اور یہود کی مثال ایسی ہے جیسے شیطان اور انسان	۵۹	۱۶-۱۷
منافق زبانی حضُور کی رسالت کی گواہی دیتے۔ اللہ تعالیٰ ان کی تکذیب فرماتا ہے	۶۳	۱
اپنی قسموں کو اُنہوں نے ڈھال بنا رکھا ہے	۶۳	۲
ان کے کرتوتوں کے باعث ان کے دِلوں پر مُہر لگادی گئی	۶۳	۳
ان کے ظاہر خوشنما، باتیں بڑی رسیلی۔ لیکن خود بے کار	۶۳	۴

	سورۃ	آیت
پہلے درجے کے بزدل	۶۳	۴
یہ دشمن ہیں ان سے ہوشیار رہیے	۶۳	۴
طلبِ مغفرت کے لیے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہونے سے انکار	۶۳	۵
جو تیری بارگاہ میں حاضر نہ ہوگا اُس کو بخشا نہیں جائے گا	۶۳	۶
عبداللہ بن ابی کا کہنا کہ مسلمانوں کی روٹی اور چندہ بند کردو۔ یہ خود ہی تتر بتر ہوجائیں گے	۶۳	۷ حاشیہ
منافقین بے سمجھ ہیں	۶۳	۷
منافق کہتے ہیں مدینہ جاکر عزت والے ذلیلوں کو نکال دیں گے۔ اس کا ردّ	۶۳	۸

نواہی

	سورۃ	آیت
اپنی خودستائی مت کرو	۵۳	۳۲
تولنے میں زیادتی مت کرو	۵۵	۸
کم مت تولو	۵۵	۹
گناہ، ظلم اور رسُول کی نافرمانی کے بارے میں خفیہ مشوروں کی ممانعت	۵۸	۹
اللہ کے دشمنوں کو اپنا دوست نہ بناؤ	۶۰	۱
اے ایمان والو! جن پر اللہ ناراض ہے اُنہیں دوست نہ بناؤ	۶۰	۱۳
تمہیں اموال و اولاد ذکرِ الٰہی سے غافل نہ کردیں۔	۶۳	۹

سرٹیفکیٹ

میں نے اس قرآن مجید کو حرفاً حرفاً نہایت غور اور امعان نظر سے پڑھا ہے اور
میں تصدیق کرتا ہوں کہ اس کے متن میں کوئی کمی بیشی اور کتابت کی کوئی غلطی نہیں ہے۔

ابوالفیض محمد عبدالکریم
خطیب جامع مسجد خانقاہ ڈوگراں
ضلع شیخوپورہ

ابوالفیض محمد عبدالکریم
ابدالوی چشتی

تعارف سُورۃ النجم

نام: اس سُورۃ مبارکہ کا نام النجم ہے جو اس کا پہلا کلمہ ہے۔ اس میں تین رکوع، باسٹھ آیتیں، ۳۶۰ کلمے اور ۱۴۰۵ حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: حضرات حسن بصری، عکرمہ، عطاء، جابر اور دیگر علماء کے نزدیک یہ سُورۃ مکہ مکرمہ میں نازل ہُوئی۔ اس کے مدنی ہونے کا قول محض غلط ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ سے مروی ہے: هی اول سورة اعلنها رسول الله صلی الله علیه وسلم بمكة۔ یعنی یہ پہلی سُورۃ ہے جس کو حضورؐ نے مکہ مکرمہ میں علانیہ مجمع عام میں پڑھ کر سنایا۔ جب آخری آیت کی تلاوت کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سجدہ ریز ہُوئے تو سامعین پر محویت کا ایسا عالم طاری تھا کہ مومن اور مُشرک سب کے سب سجدے میں گر گئے۔ ان لوگوں میں وہ کافر بھی تھے جو قرآن سُننا بھی گوارا نہ کرتے تھے لیکن جب حضورؐ نے حرم شریف میں اس کی تلاوت شروع کی تو اس کے اسلوبِ بلیغ نے ان کو یُوں وارفتہ کر دیا کہ مخالفت کے سارے منصوبے دھرے کے دھرے رہ گئے اور وہ اس کو سُننے میں محو ہو گئے۔

سورۂ والنجم کے سالِ نزول کے بارے میں بعض مصنفین نے یہ لکھا ہے کہ یہ سُورت نبوت کے پانچویں سال ماہِ رمضان میں نازل ہُوئی اس کی دلیل انہوں نے یہ بیان کی ہے کہ یہ سُورت جب نازل ہُوئی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حرم شریف میں مجمع عام میں اس کی تلاوت فرمائی اور جب اس کی آخری آیت تلاوت کی فاسجدوا لله واعبدوا اور حضورؐ نے بھی سجدہ کیا اور اس محفل میں مُسلمان اور کافر جتنے حاضرین تھے سب سربسجود ہو گئے۔ اس سے یہ بات عام ہو گئی کہ تمام اہل مکہ مشرف باسلام ہو گئے ہیں۔ یہاں تک کہ یہ افواہ حبشہ میں ہجرت کر کے جانے والے مُسلمانوں تک بھی جا پہنچی جو ماہِ رجب میں ہجرت کر کے وہاں پہنچے تھے ان کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ چنانچہ ان میں سے بعض تو حبشہ میں ہی سکونت پذیر رہے لیکن بعض نے فیصلہ کیا کہ جب اہل مکہ مُسلمان ہو گئے ہیں تو ظلم و ستم کا وہ دور ختم ہو گیا ہو گا۔ اس لیے جلاوطنی کی زندگی بسر کرنے کے بجائے ان کے لیے بہتر یہ ہے کہ وہ اپنے وطن واپس چلے جائیں چنانچہ وہ ماہِ شوال میں مکہ پہنچے لیکن یہاں وہی کفر و شرک کی ظلمت چھائی ہوئی تھی اور مسلمانوں پر حسبِ سابق ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے جا رہے تھے۔ اب ان لوگوں کے لیے اس کے بغیر کوئی چارہ کار نہ رہا کہ وہ مشرکین میں سے کسی کی پناہ لے کر مکہ میں داخل ہوں یا اس طرح چوری چھپے اپنے شہر میں داخل ہوں کہ کسی کافر کو ان کی واپسی کی خبر تک نہ ہو۔ اس واقعہ سے ان مصنفین نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ یہ سورۂ مبارکہ نبوت کے پانچویں سال ماہِ شوال سے پہلے نازل ہو چکی تھی چنانچہ انہوں نے ماہِ رمضان کو اس کے نزول کا مہینہ متعین کیا ہے لیکن اگر بنظرِ غائر دیکھا جائے تو یہ استدلال کئی وجوہ سے ناقابلِ تسلیم ہے۔

اس سُورت کے مضامین اس قول کی تردید کرتے ہیں کہ اس کا نزول بعثت کے پانچویں سال میں ہوا کیونکہ اس کی ابتدائی آیتوں میں معراج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تذکرہ ہے خصوصاً عند سدرة المنتهى عندها جنة المأوى یہ دو آیتیں اس امر پر قطعی دلالت

کرتی ہیں کہ اس سورت کے ابتدائی حصہ میں ان احوال کا بیان ہے جو سفر معراج میں پیش آئے کیونکہ علی اختلاف الروایات وہاں جبرئیل امین کا دیدار ہوا ہو یا رویت باری کا شرف حاصل ہوا ہو۔ یہ رویت بہر حال سدرۃ المنتہیٰ کے مقام پر ہوئی اور سدرۃ المنتہیٰ پر حضور کی معراج کی رات میں تشریف آوری ہوئی ہے اس سے پہلے نہیں ہوئی اور معراج کے بارے میں محدثین کا اتفاق ہے کہ یہ واقعہ ہجرت سے ایک سال یا ڈیڑھ سال قبل وقوع پذیر ہوا اس لیے وہ سورت جس میں ایسا واقعہ مذکور ہے جو نبوت کے دسویں یا گیارھویں سال رونما ہوا۔ اس سورت کا نزول نبوت کے پانچویں سال میں کیونکر متصور ہو سکتا ہے۔ دوسری وجہ جو اس قول کی تردید کرتی ہے وہ یہ ہے کہ علامہ ابن ہشام نے اپنی سیرت کی شہرۂ آفاق کتاب میں مہاجرین حبشہ کے حالات کو بڑی شرح وبسط کے ساتھ بیان کیا ہے۔ حتیٰ کہ تمام مہاجرین کے اسماء اور ان کے قبائل کے نام بھی بالترتیب درج کیے ہیں۔ وہ آخر میں لکھتے ہیں: وبلغ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الذین خرجوا الی ارض الحبشۃ اسلام اھل مکۃ فاقبلوا لما بلغھم من ذلک حتی اذا دنوا من مکۃ بلغھم ان ما کانوا تحدثوا بہ من اسلام اھل مکۃ کان باطلا۔ (سیرت ابن ہشام ص ۳۸۸ ج ۱)

یعنی رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وہ اصحاب جو سرزمین حبشہ کی طرف ہجرت کر گئے تھے، انہیں یہ اطلاع ملی کہ اہل مکہ نے اسلام قبول کر لیا ہے۔ یہ سن کر وہ واپس لوٹے لیکن جب وہ مکہ کے نزدیک پہنچے تو انہیں معلوم ہوا کہ اہل مکہ کے مسلمان ہونے کی اطلاع جھوٹی تھی۔

اس روایت میں نہ تو علامہ مذکور نے یہ ذکر کیا ہے کہ حضور نے سورہ النجم کی تلاوت کی اور اسے سن کر تمام کفار نے سجدہ کیا اس وجہ سے یہ افواہ مہاجرین حبشہ کو ملی تھی اور نہ انہوں نے مہاجرین کی واپسی کے لیے نبوت کے پانچویں سال کے ماہ شوال کو تعیین کیا ہے۔ اگر یہ روایت قابل اعتنا ہوتی تو علامہ مذکور نے جب دیگر تمام تفصیلات کا احاطہ کیا تھا وہ ان دونوں چیزوں کا تذکرہ بھی ضرور کرتے۔

اسی طرح امام احمد بن حنبل نے اپنی مسند میں حضرت ام المومنین ام سلمیٰ رضی اللہ عنہا کے واسطے سے ہجرت حبشہ کا مفصل حال نقل کیا ہے۔ اس میں بھی واپسی کے بارے میں سورۃ النجم کے نزول کا کوئی ذکر نہیں۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابن عباس سے یہ روایت نقل کی ہے کہ جب سورۃ النجم نازل ہوئی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حرم شریف کے صحن میں ایک مجمع عام کے سامنے اس کی تلاوت کی اور آیت سجدہ کی تلاوت کے بعد حضور نے خود بھی سجدہ کیا اور تمام حاضرین نے جنہیں مسلمان کافر جن انس سب شامل تھے۔ اس روایت میں نہ حبشہ کے مہاجرین کی واپسی کا ذکر ہے اور نہ پانچویں سال کا تذکرہ ہے۔

امام مسلم، ابوداؤد، نسائی اور دیگر مستند محدثین نے اسی طرح کی روایات نقل کی ہیں۔ وہ روایت جس میں سورۃ النجم کی تلاوت اور تمام حاضرین کے سربسجود ہونے کے ساتھ سنہ نبوی میں مہاجرین حبشہ کی واپسی کا بھی تذکرہ ہے اس میں تلک الغرانیق العلیٰ والے من گھڑت اور جھوٹے قصے کا بیان بھی ہے جس کی علماء محققین نے شدومد سے تکذیب بھی کی ہے اور عقلی ونقلی دلائل سے اس کی تردید بھی کی ہے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیے سورۂ حج کی آیت ۵۲ کا حاشیہ ضیاء القرآن جلد سوم صفحہ ۲۲۳ تا ۲۲۷۔

اسلیے وہ روایت قطعاً اس قابل نہیں کہ اس پر اعتماد کرتے ہوئے سورہ النجم کے نزول کے لیے نبوت کا پانچواں سال متعین کیا جائے۔

بیشک حبشہ میں یہ افواہ پھیلی تھی کہ اہل مکہ مسلمان ہو گئے ہیں لیکن اس کی وجہ یہ نہ تھی جو اس روایت میں بیان کی گئی ہے بلکہ اس کا باعث یہ تھا کہ ان کی مکہ سے روانگی کے بعد دو ایسی ہستیاں مشرف باسلام ہو گئی تھیں۔ جن کی قوت، شجاعت اور ہیبت سے سارا مکہ خائف اور ترساں رہتا تھا یعنی

حضرت سیدنا حمزہ اور حضرت سیدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ ان کے مشرف باسلام ہونے سے مسلمانوں کی بے بسی اور بے کسی کا خاتمہ ہو گیا تھا۔ اب وہ کھلے بندوں حرم کعبہ میں عبادت کیا کرتے اور باجماعت نماز ادا کرتے۔ اس خوش کن تبدیلی کے باعث یہ افواہ گرد کے قبائل میں پھیل گئی کہ اہل مکہ مسلمان ہو گئے ہیں اور یہ بات حبشہ کے مہاجرین نے بھی سنی نیز حبشہ میں بھی خانہ جنگی کے شعلے بھڑکنے لگے تھے حبشہ کے بادشاہ نجاشی کے خلاف آئے روز بغاوتیں شروع ہو گئی تھیں۔ ان وجوہات کے باعث مسلمانوں نے مکہ واپس آنے کا عزم کیا لیکن جب وہ مکہ پہنچے، تو یہاں حالات ان کی توقعات کے بالکل برعکس تھے اسلئے ان میں سے جو وہاں کسی کی پناہ لیکر آرام کی زندگی بسر کر سکتے تھے وہ وہیں رک گئے اور اکثر حبشہ واپس چلے گئے۔ شیخ محمد ابو زہرہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سیرت کی کتاب خاتم النبیین میں اس افواہ کی ایک اور وجہ بھی تحریر کی ہے جو قرین قیاس ہے کہ عمرو بن عاص جب نجاشی کو اس بات پر برانگیختہ کرنے میں ناکام رہے کہ وہ مسلمانوں کو حبشہ سے نکل جانے کا حکم دیدے تو انہیں اپنی یہ ناکامی بہت گراں گزری۔ انہوں نے یہ چال چلی کہ اس خبر کو حبشہ میں اپنے کارندوں کے ذریعے مشہور کر دیا کہ اہل مکہ مسلمان ہو گئے ہیں۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ اس طرح مسلمان خود بخود اپنے وطن واپس چلے آئینگے اور ہم ان کو دبوچ لیں گے اور ظلم و ستم سے جس طرح چاہیں گے ان کا کچومر نکال دیں گے۔

بہرحال اس افواہ کے مشہور ہونے کی کوئی اور وجہ تو ہو سکتی ہے لیکن یہ وجہ ہرگز نہیں ہو سکتی جو اس روایت پر اعتماد کرنے والے مصنفین نے ذکر کی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مضامین: اس سورۃ میں سب سے پہلے ان الزامات کی تردید کی گئی ہے جو کفار سرور عالم پر عائد کیا کرتے تھے کبھی کہتے یہ راہ راست سے بھٹک گئے ہیں کبھی بہکی باتیں کرتے ہیں اپنی ساری قوم کی تکذیب کرتے ہیں اور جو کلام یہ پڑھ کر سناتے ہیں اسے خود گھڑ کر لاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دیتے ہیں۔ پہلی آیتوں میں قسم اٹھا کر ان الزامات کی تردید فرما دی۔ ما ضل صاحبکم وما غوی۔۔۔ الخ۔ ساتھ ہی یہ بتا دیا کہ نہ یہ خود ان آیتوں کو گھڑتے ہیں اور نہ سنی سنائی باتیں کرتے ہیں بلکہ جو ذات انہیں یہ کلام بلاغت نظام سکھاتی ہے اسکا انہوں نے دیدار بھی کیا ہے۔ بات شنید تک محدود نہیں بلکہ دید تک جا پہنچی ہے اسلیے کفار کا اس کلام کے بارے میں ہر قسم کا شک معقولیت سے کوسوں دور ہے۔ اس کے بعد کفار کو خطاب فرمایا کہ جن معتقدات و نظریات پر تم بڑی سختی سے چمٹے ہوئے ہو انکی بنیاد وہم و گمان کے سوا کچھ نہیں انکی حقانیت ثابت کرنے کیلئے نہ تمہارے پاس کوئی عقلی دلیل ہے اور نہ نقلی دلیل ہے۔ تم اپنے نفس کی خواہشات سے اس قدر مغلوب ہو کہ تمہارا نفس جو کہتا ہے اسی کو حق یقین کر لیتے ہو تم نے کبھی ان باتوں میں چھان بین کی ضرورت محسوس ہی نہیں کی۔ تم خود سوچو کیا ظن و تخمین میں اتنی طاقت ہے کہ وہ ٹھوس حقائق کو بدل ڈالیں؟ تمہارے کہنے سے نہ حق باطل بن جائیگا اور نہ تمہارے انکار سے حق مٹ جائیگا۔ تمہاری سلامتی اسی میں ہے کہ تم نفس کی اندھی پیروی کو ترک کر دو اور چشم حقیقت شناس سے حق کے رخ زیبا کو دیکھو اور پہچانو۔

اسکے باوجود کفار اپنے آپ کو ہدایت یافتہ یقین کرتے تھے۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ جو لوگ ان کے راستے سے ہٹ گئے ہیں وہ گمراہ ہیں۔ بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ اس حقیقت کو بہتر جانتا ہے کہ کون کس حال میں ہے؟ کون گم کردہ راہ ہے؟ اور کس کے دل کو نور ہدایت سے منور کر دیا گیا ہے؟

بعد ازاں چند ایسے احکام کا ذکر کر دیا جو قرآن کریم کے نزول سے ہزاروں سال پہلے نازل ہونے والے صحیفوں میں مندرج تھے جو حضرت ابراہیم اور موسیٰ علیہما السلام پر نازل ہوئے تاکہ اہل مکہ جنہیں ابراہیمی نسبت پر فخر و ناز ہے انہیں معلوم ہو جائے کہ نبی کریم کوئی نیا دین اور زندگی کے لیے کوئی انوکھا نظام لے کر نہیں آئے بلکہ یہ انہی سچائیوں کی دعوت دے رہے ہیں جن کی دعوت پہلے انبیاء دیتے رہے ہیں۔ خصوصاً حضرت ابراہیم خلیل اللہ جن کی تم اولاد ہو جن کے تعمیر کردہ کعبے کی مجاوری کے باعث تم جہاں جاتے ہو لوگ فرط عقیدت سے تمہاری راہ میں آنکھیں بچھاتے ہیں۔

آخر میں تنبیہ فرمادی کہ ان سچائیوں کا انکار کرنے والے تم پہلے لوگ نہیں ہو تم سے پیشتر بھی کئی بدنصیب قوموں نے ان کو ماننے سے انکار کیا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ تباہ کر دی گئیں۔ اگر تمہارا بھی یہی وتیرہ رہا تو سن لو اس کا نتیجہ بھی مختلف نہ ہوگا۔ اس نصیحت پر اس سورت کا اختتام ہوتا ہے کہ اے مکہ کے باشندو! کلام الٰہی سن کر تم غرور و نخوت سے اکڑتے ہوئے بڑی بے پرواہی سے گزر جاتے ہو۔ یہ مہلت کی گھڑیاں ختم ہونے والی ہیں۔ پھر واویلا کرنے سے کچھ حاصل نہ ہوگا تمہاری نجات اسی میں ہے کہ تم ان جھوٹے باطل خداؤں سے رشتہ توڑ کر اپنے حقیقی خالق اور سچے معبود کی عبادت میں مصروف ہو جاؤ۔

سُورَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اِثْنَتَانِ وَسِتُّونَ آيَةً وَثَلٰثُ رُكُوعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ النجم مکی ہے اس میں ۶۲ آیات اور تین رکوع ہیں

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۝١ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۝٢ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ

قسم ہے اس روشن ستارے کی جب وہ نیچے اترا لے تمہارا (زندگی بھر کا) ساتھی نہ راہ حق سے بھٹکا اور نہ بہکا ۲ے اور وہ تو بولتا ہی نہیں اپنی

لے آیت کے الفاظ کا مفہوم پہلے ذہن نشین کر لیجیے۔ نجم: مطلق ستارہ کو بھی کہتے ہیں اور النجم ذکر کرکے اس سے ثریا پروین) مراد لینا بھی اہل عرب میں عام مروج ہے۔ یہاں دونوں معنے لیے جا سکتے ہیں۔ ھَوٰی: یہ مادہ دو بابوں میں مستعمل ہوتا ہے: باب عَلِمَ يَعْلَمُ: هَوِيَ يَهْوٰى۔ اس وقت اس کا معنی محبت کرنا ہوتا ہے۔ هَوَاهُ: أَحَبَّهُ۔ دوسرا باب ضَرَبَ يَضْرِبُ: هَوٰى يَهْوِيْ جیسے یہاں مذکور ہے۔ اس صورت میں یہ دو متضاد معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ نیچے گرنا اور بلند ہونا۔ چنانچہ هوى الشيئ: سقط من علو الى اسفل۔ ارتفع وصعد۔ جب کوئی چیز اوپر سے نیچے گرے تب بھی کہتے ہیں هوى الشيئ اور جب کوئی چیز پستی سے بلندی کی طرف جائے اس وقت بھی کہتے ہیں هوى الشيئ۔ البتہ مصدر دونوں حالتوں میں الگ الگ ہوگا۔ نیچے گرنے کے معنی میں ہو تو کہیں گے هَوٰى يَهْوِيْ هُوِيًّا اور بلند ہونے کے معنی میں ہو تو کہیں گے هَوٰى يَهْوِيْ هَوِيًّا۔

ستارہ رات کے اندھیرے میں روشنی بھی بہم پہنچاتا ہے۔ فضا کو بھی اپنی تابناکی سے حسن و زینت بخشتا ہے۔ لق و دق صحراؤں میں مسافر ستاروں ہی سے اپنی منزل کی سمت کا تعین کرتے ہیں۔ ستارہ جب آسمان کے وسط میں ہو تو اس وقت وہ راہنمائی نہیں کر سکتا اس لیے صرف النجم کی قسم نہیں اٹھائی بلکہ اس کی خاص حالت کی جب وہ طلوع ہو رہا ہو یا ڈھل رہا ہو کیونکہ رہنمائی کا فائدہ اسی وقت حاصل ہوتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے هو النبي صلى الله تعالى عليه وسلم وهُوِيُّهُ نزوله من السماء ليلة المعراج ويجوز على هذا ان يراد بهوا صعوده وعروجه عليه الصلوة والسلام الى منقطع الاين۔ (روح المعانی)

یعنی النجم سے مراد ذات پاک مصطفیٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء ہے۔ اِذَا هَوٰى سے مراد حضور کا شب معراج آسمان سے واپس زمین پر نزول فرمانا ہے۔ اس کے بعد آلوسی فرماتے ہیں کہ اذا ھوی سے یہ مراد لینا بھی جائز ہے کہ حضور کا شب معراج وہاں تک عروج کرنا جہاں مکان کی سرحدیں ختم ہو جاتی ہیں۔

قرآن کریم کی وہ مقدار جو ایک مرتبہ نازل ہو اس کو بھی نجم کہتے ہیں۔ بعض علماء نے یہاں النجم سے بھی قرآن کریم کا نازل شدہ حصہ مراد لیا ہے۔ قيل اراد بذالك القران النُّجُمِ المنزل قدرًا فقدرًا۔

یہاں النجم مقسم بہ ہے۔ اس کا جو معنی لیا جائے وہاں خاص مناسبت پائی جاتی ہے جو اہل نظر پر عیاں ہے۔

۲ے یہ جواب قسم ہے۔ آیت کے کلمات کی تحقیق پہلے سماعت فرمائیے۔ آیت میں صاحبکم سے مراد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

الْهَوٰى ۝۳ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰى ۝۴ عَلَّمَهٗ شَدِیْدُ الْقُوٰى ۝۵ ذُوْ مِرَّةٍ

خواہش سے ۳ نہیں ہے یہ مگر وحی جو ان کی طرف کی جاتی ہے ۴ انہیں سکھایا ہے زبردست قوتوں والے نے ۵ بڑے دانا نے ۶

کی ذات بابرکات ہے۔ صاحب کا معنی سید اور مالک بھی ہے۔ کہتے ہیں صاحب البیت، گھر کا مالک اور اس کا معنی ساتھی اور رفیق بھی ہے لیکن صرف ایسے ساتھی کو صاحب کہا جاتا ہے جس کی رفاقت اور سنگت بکثرت ہو ولا یقال فی العرف الا لمن کثرت ملازمتہ (مفردات) علامہ راغب ضلال کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: الضلال: العدول عن الطریق المستقیم ویضادہ الهدایة ویقال الضلال لکل عدول عن المنهج عمدا کان او سهوا یسیرا کان او کثیرا (مفردات) سیدھے راستے سے روگردانی کو ضلال کہتے ہیں۔ اس کی ضد ہدایت ہے۔ بعض نے مزید تشریح کی ہے کہ راستے سے روگردانی دانستہ ہو یا بھول کر، تھوڑی ہو یا زیادہ ہو اس کو ضلال کہتے ہیں اور فاضل موصوف غوی کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: الغی جهل من اعتقاد فاسد۔ (مفردات) یعنی وہ جہالت جو باطل عقیدہ کی وجہ سے ہو۔ علامہ اسمٰعیل حقی لکھتے ہیں: الغوایة هی الخطاء فی الاعتقاد خاصة والضلال اعم منها یتناول الخطاء فی الاقوال والافعال والاخلاق والعقائد۔ (روح البیان) عقائد کی غلطی کو غوایۃ کہتے ہیں اور ضلال عام ہے۔ یہ اقوال، افعال، اخلاق اور عقائد کی غلطی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

حضور رحمت عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب توحید کی دعوت کا آغاز کیا اور اہل مکہ کو کفر و شرک سے باز آنے کی تبلیغ شروع کی تو اہل مکہ نے کہنا شروع کیا کہ آپ گمراہ ہو گئے ہیں۔ اپنی قوم کا راستہ چھوڑ دیا ہے۔ ان کا عقیدہ بگڑ گیا ہے۔ خالق ارض و سماء نے پہلے قسم کھائی پھر ان کے الزام کی تردید کی۔ فرمایا ان کے قول، عمل اور کردار میں گمراہی کا نام و نشان تک نہیں۔ ان کے عقیدہ میں کوئی غلطی اور کجی نہیں اور صاحبکم فرما کر اپنے حبیب کی کتاب حیات کھول کر ان کے سامنے رکھ دی یعنی یہ کوئی اجنبی نہیں جو دیار غیر سے آکر یہاں فروکش ہو گئے ہیں اور نبوت کا دھندا شروع کر لیا ہے۔ تم ان کے ماضی سے، ان کے خاندانی پس منظر سے، ان کے اطوار و احوال سے اور سیرت و کردار سے اچھی طرح واقف ہو۔ ان کا بچپن تمہارے سامنے گزرا، ان کا عہد شباب اسی ماحول میں اور تمہارے اس شہر میں بسر ہوا۔ انہوں نے تمہارے ساتھ اور تمہارے سامنے کاروبار بھی کیا ہے۔ سماجی، قومی اور ملکی مسائل میں ان کی فراست کے تم چشم دید گواہ ہو۔ ان کی کتاب زیست کا کون سا باب ہے جو تم سے پوشیدہ ہے، کون سا ورق ہے جو تم سے مخفی ہے۔ جب ان کی ساری زندگی شبنم کی طرح پاکیزہ، پھول کی طرح شگفتہ اور آفتاب کی طرح بے داغ ہے تو تمہیں ان پر ضلالت و غوایت کے الزام لگاتے ہوئے شرم نہیں آتی۔ کتنا بارعب، حسین اور مدلل انداز بیان ہے۔

نیز اس آیت سے وَوَجَدَكَ ضَآلًّا کا مفہوم بھی واضح ہو گیا کہ اس آیت میں ضال کا معنی گمراہ نہیں بلکہ کسی کی محبت میں سرگرداں اور حیران ہونا ہے جو اس لفظ کا دوسرا معنی ہے۔ تحقیق سورۃ الضحیٰ میں ملاحظہ فرمایئے۔

۳ پہلی آیت کی مزید تائید کی جا رہی ہے یعنی کوئی غلط قدم اٹھانا، کسی باطل عقیدہ کو اپنانا تو بڑی دور کی بات ہے ان کا تو یہ عالم ہے کہ وہ خواہش نفس سے لبوں کو جنبش بھی نہیں دیتے۔ ان کی زبان پر کوئی ایسی بات آتی ہی نہیں جس کا محرک ان کی ذاتی خواہشات ہوں۔

۴ ھُوَ کا مرجع قرآن کریم ہے۔ یہ آیت ایک سوال کا جواب ہے۔ جب وہ اپنی خواہش سے بولتے ہی نہیں تو پھر جو کلام یہ لوگوں کو پڑھ کر سناتے ہیں وہ کیا ہے؟ اس کا جواب دیا یہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی کیا جاتا ہے اور جیسے وحی نازل ہوتی ہے بعینہٖ وہ اسی

طرح لوگوں کو پڑھ کر سنا دیتے ہیں اس میں سر مو رد و بدل نا ممکن ہے۔

بعض علماء کی رائے ہے کہ وحی کا مرجع صرف قرآن کریم نہیں بلکہ قرآن کریم اور جوابات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زبان فیض ترجمان سے نکلتی ہے وہ سب وحی ہے۔ وحی کی دو قسمیں ہیں: جب معانی اور کلمات سب منزل من اللہ ہوں، اسے وحی جلی کہتے ہیں جو قرآن کریم کی شکل میں ہمارے پاس موجود ہے اور جب معانی کا نزول تو من جانب اللہ ہو لیکن ان کو الفاظ کا جامہ حضور نے خود پہنایا ہو، اسے وحی خفی یا وحی غیر متلو کہا جاتا ہے جیسے احادیث طیبہ۔ بعض علما نے ان آیات کے پیش نظر حضور کے اجتہاد کا انکار کیا ہے، یعنی حضور کوئی بات اپنے اجتہاد سے نہیں کہتے، بلکہ جو ارشاد ہوتا ہے، وہ وحی الٰہی کے مطابق ہوتا ہے، لیکن جمہور فقہا نے حضور کے اجتہاد کو تسلیم کیا ہے اور ساتھ ہی تصریح فرمائی ہے کہ یہ اجتہاد بھی باذن اللہ ہوا کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ خود ہی اس اجتہاد کی پاسبانی کرتا ہے۔ حضور جو بات بذریعہ اجتہاد فرماتے ہیں، وہ بھی عین منشاء خداوندی ہوا کرتی ہے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں: ان اللہ اذا سوغ لہ علیہ الصلوٰۃ والسلام الاجتہاد کان الاجتہاد ما یسند الیہ وحیا لا نطقا عن الھوی (روح المعانی)

کتب احادیث میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص کا یہ واقعہ منقول ہے وہ کہتے ہیں میرا یہ دستور تھا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے جو کچھ سنتا، وہ لکھ لیا کرتا۔ قریش کے بعض احباب نے مجھے اس سے منع کیا اور کہنے لگے تم حضور کا ہر قول لکھ لیا کرتے ہو، حالانکہ حضور انسان ہیں، کبھی غصے میں بھی کوئی بات فرمایا کرتے ہیں، چنانچہ میں نے لکھنا بند کر دیا۔ بعد میں اس کا ذکر بارگاہ رسالت میں ہوا اور میں نے سلسلۂ کتابت بند کرنے کی وجہ بیان کی، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اُكْتُبْ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا خَرَجَ مِنِّيْ اِلَّا الْحَقُّ۔ اے عبداللہ! تم میری ہر بات کو لکھ لیا کرو۔ اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے، میری زبان سے کبھی کوئی بات حق کے سوا نہیں نکلی۔ اس مسئلے پر مزید تحقیق کے لیے ملاحظہ فرمائیے فقیر کی تصنیف سنت خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

ﷺ اس آیت سے لے کر لقد رای من آیات ربہ الکبری تک کی تفسیر میں علمائے کرام میں اختلاف ہے۔ ایسی روایات موجود ہیں جن سے صراحتہً پتہ چلتا ہے کہ عہد صحابہ میں بھی ان آیات کے بارے میں اختلاف موجود تھا۔ جہاں تک آیات کی نصوص کا تعلق ہے ان سے دونوں مفہوم اخذ کیے جا سکتے ہیں اور کوئی ایسی حدیث مرفوع بھی موجود نہیں جو ان آیات کے مفہوم کو متعین کر دے اور ایسے ارشاد نبوی کی موجودگی میں ایسا اختلاف سرے سے رونما ہی نہ ہوتا۔ اسی طرح بعد میں آنے والے علمائے کرام ان آیات کے بارے میں دو گروہوں میں منقسم ہیں۔ اپنی دیانتدارانہ تحقیق کی روشنی میں ہمیں یہ حق تو پہنچتا ہے کہ ان دو قولوں میں سے کوئی ایک قول اختیار کر لیں لیکن ہمیں یہ حق ہرگز نہیں کہ دوسرے قول کے قائلین کے بارے میں کسی بدگمانی کا شکار ہوں۔

یہ ہیچمیرز پہلے عام مفسرین کی رائے کے مطابق ان آیات کی تشریح پیش کرے گا اور اس کے بعد دوسرے مکتب فکر کی تحقیق پیش کی جائے گی۔ قارئین کرام اس کے بعد خود فیصلہ کر لیں کہ کس فریق کا قول زیادہ قرین صواب ہے۔

عام مفسرین کے نزدیک شدید القوی سے مراد حضرت جبرئیل ہیں یعنی جبرئیل امین نے حضور کو قرآن کریم سکھایا۔ جبرئیل کے شدید القوی ہونے میں کسی کو کیسے شک ہو سکتا ہے جو چشم زدن میں سدرۃ المنتہیٰ سے فرش زمین پر پہنچ جائے، جو وحی کے بار گراں کا متحمل ہو، جس نے لوط کی بستیوں کو جڑ سے اکھیڑا، پھر انہیں آسمان کی بلندیوں تک اٹھایا، پھر انہیں اوندھا کر کے پھینک دیا۔ ایسی ہستی کی قوت و طاقت کا کیا کہنا۔

فَاسْتَوٰى ⑥ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ⑦ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ⑧ فَكَانَ قَابَ

پھر اس نے (بلندیوں کا) قصد کیا ۵ اور وہ سب سے اونچے کنارہ پر تھا ۶ پھر وہ قریب ہوا اور قریب ہوا ۷ یہاں تک کہ صرف دو کمانوں کے برابر بلکہ

۵ مِرَّة: اصل میں رسّی کو بٹنے اور بل دے کر پختہ اور مضبوط بنانے کو کہتے ہیں۔ اصلہ من شدۃ فتل الحبل (قرطبی) اسی لیے ذو مرہ کا معنی ذو قوۃ یعنی طاقتور اور زور آور کیا گیا ہے۔ یہ لفظ جسمانی اور ذہنی دونوں قوتوں کے لیے استعمال ہوتا ہے اس لیے حکیم اور دانا کو بھی ذو مرۃ کہتے ہیں۔ وقال قطرب: تقول العرب لکل جزل الرای حصیف العقل ذو مرۃ۔ (قرطبی)

شدید القوٰی سے حضرت جبرئیل کی جسمانی قوتوں کا بیان ہے اور ذُو مِرَّة سے ان کی دانش مندی اور عقلمندی کا ذکر ہے۔ بےشک جو ہستی تمام انبیائے کرام کی طرف اللہ تعالیٰ کی وحی لے کر نازل ہوتی رہی اور پوری دیانت داری سے اس امانت کو ادا کرتی رہی اس کی دانش مندی اور فرزانگی کے بارے میں کسے شک ہو سکتا ہے۔

۶ فاستوٰی کا فاعل بھی جبرئیل امین ہیں۔ مطلب یہ ہے فاستقام علی صورتہ الحقیقیۃ التی خلقہ اللہ تعالیٰ علیہا۔ یعنی جبرئیل امین اپنی حقیقی شکل میں نمودار ہوئے۔ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا کہ وہ اپنی اصلی شکل میں ظاہر ہو کر پیش ہوں۔ اوائل نبوت کا زمانہ ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام غار حرا کے باہر تشریف فرما ہیں مشرقی افق پر جبرئیل اپنے چھ سو پروں سمیت نمودار ہوئے۔ آپ کے وجود سے آسمان کے شرقی غربی کنارے بھر گئے۔ حالانکہ ابھی آپ نے اپنے چھ سو پروں سے صرف دو پر ہی پھیلائے تھے۔ انبیائے کرام میں سے صرف حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہی جبرئیل کو اپنی اصلی شکل میں دیکھا۔

فاستوٰی کا ایک اور مطلب بھی ذکر کیا گیا ہے۔ ای فاستوی القرآن فی صدرہ۔ یعنی جو قرآن جبرئیل نے آپ کو سکھایا وہ آپ کے سینہ مبارک میں قرار پکڑ گیا۔ اب اس کے بھول جانے کا کوئی امکان نہیں۔

۷ ھُوَ کا مرجع بھی جبرئیل امین ہیں۔ اُفق اس کنارے کو کہتے ہیں جہاں آسمان و زمین آپس میں ملتے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔ اَعْلٰی: بلند ترین۔ آیت کا مطلب یہ ہوا کہ جبرئیل آسمان کے شرقی کنارے پر جہاں سے سورج طلوع ہوتا ہے اپنی اصلی شکل میں نمودار ہوئے۔

۹ دَنٰی اور تَدَلّٰی دونوں فعلوں کا فاعل بھی جبرئیل امین ہیں۔ دَنٰی کا معنی ہے قریب ہونا اور تَدَلّٰی کا معنی کسی بلند چیز کا نیچے کی طرف اس طرح لٹکنا کہ اس کا تعلق اپنی اصلی جگہ سے بھی قائم رہے۔ جب ڈول کو کنویں میں لٹکایا جائے اور اس کی رسّی لٹکانے والے نے پکڑ رکھی ہو تو کہتے ہیں اَدْلٰی دَلْوَہٗ۔ اسی طرح پھلوں کے وہ گچھے جو شاخوں سے لٹک رہے ہوتے ہیں ان کو بھی دوالی کہتے ہیں۔ الدوالی: الثمر المعلق کعناقید العنب۔ جو شخص پلنگ پر بیٹھا ہو اور اپنی ٹانگیں لٹکائے ہو اس کے بارے میں بھی کہتے ہیں: دَلّٰی رِجْلَیْہِ مِنَ السَّرِیْر۔ (روح المعانی)

علامہ قرطبی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اصل التدلی: النزول الی الشیئ حتی یقرب منہ۔ اس صورت میں آیت

قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝۹ فَاَوْحٰۤى اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى ۝۱۰ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ

اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا ۹ پس وحی کی اللہ نے اپنے محبوب بندے کی طرف جو وحی کی ۱۱ نہ جھٹلایا دل نے جو دیکھا

مَا رَاٰى ۝۱۱ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝۱۲ وَ لَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝۱۳

چشم مصطفیٰ نے ۱۲ کیا تم جھگڑتے ہو ان سے اس پر جو انہوں نے دیکھا ۱۳ اور انہوں نے تو اسے دوبارہ بھی دیکھا ۱۴

کا مفہوم ہوگا کہ جبریل جو اپنی اصلی شکل میں اپنے چھ سو پروں سمیت شرقی افق پر نمودار ہوئے تھے وہ حضور کے نزدیک آئے اور افق کی بلندیوں سے نزول کر کے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بالکل قریب ہو گئے۔

۹ جبریل امین رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کس قدر قریب ہوئے اس کو اس آیت میں بیان فرمایا جا رہا ہے۔ قاب کا معنی مقدار اور اندازہ ہے۔ قوسین، قوس (کمان) کا تثنیہ ہے۔ نہایت قرب کو بیان کرنے کے لیے اہل عرب یہ الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عہد جاہلیت میں یہ دستور تھا کہ دو قبیلوں کے سردار جب اپنی باہمی دوستی کا اعلان کرنا چاہتے تو وہ اپنی اپنی کمانوں کو ملا دیتے۔ یکجا شدہ کمانوں میں ایک تیر رکھ کر دونوں سردار اس کو چھوڑتے۔ یہ گویا اس بات کا اعلان ہوتا کہ یہ دونوں سردار متحد و متفق ہو گئے ہیں۔ ان میں سے کسی پر بھی کسی نے حملہ کیا یا زیادتی کی تو دونوں مل کر اس کے مقابلے میں سینہ سپر ہوں گے۔

بعد میں یہ الفاظ کامل یگانگت اور اتحاد کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیے جانے لگے۔

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ جبریل رسول کریم کے بالکل نزدیک آ گئے جس طرح دو ملی ہوئی کمانیں ایک دوسرے کے نزدیک ہوتی ہیں۔ اَوْ اَدْنٰى کہہ کر مزید قرب کی طرف اشارہ کر دیا کہ دو کمانوں میں تو پھر بھی کچھ نہ کچھ فاصلہ اور مغائرت باقی رہتی ہے یہاں تو اس سے بھی زیادہ قرب تھا۔ آیت میں اَوْ تشکیک کے لیے نہیں بلکہ بَلْ کے معنی میں استعمال ہوا ہے جس طرح وارسلنا الی مائة الف او یزیدون یعنی بل یزیدون (مظہری)

۱۰ اَوْحٰى کا فاعل بھی جبریل ہے۔ عبدہ کی ضمیر کا مرجع بالاتفاق اللہ تعالیٰ ہے یعنی جبریل امین نے اللہ تعالیٰ کے بندے کی طرف وحی کی جو وحی کی بعض نے پہلے اَوْحٰى کا فاعل جبریل اور دوسرے اَوْحٰى کا فاعل اللہ تعالیٰ کو قرار دیا ہے۔ اس وقت آیت کا ترجمہ ہوگا جبریل نے اللہ تعالیٰ کے بندے کو وحی کی جو اللہ تعالیٰ نے جبریل پر وحی کی تھی۔

۱۲ یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب جبریل امین کو ان کی اصلی شکل میں اپنی ان آنکھوں سے دیکھا تو دل نے اس کی تصدیق کی کہ آنکھیں جو کچھ دیکھ رہی ہیں یہ ایک حقیقت ہے۔ واقعی یہ جبریل ہے جو اپنی اصلی صورت میں نظر آ رہا ہے۔ یہ نظر کا فریب نہیں، نگاہوں نے دھوکا نہیں کھایا کہ حقیقت کچھ اور ہو اور نظر کچھ اور آ رہا ہو۔ ہر شخص کو کبھی نہ کبھی اس صورتِ حال سے ضرور واسطہ پڑا ہوگا کہ آنکھوں کو تو کچھ نظر آ رہا ہے لیکن دل اس کو ماننے کے لیے تیار نہیں۔ فرمایا جا رہا ہے کہ یہاں ایسی صورتِ حال نہیں ہے۔ آنکھیں جبریل کو دیکھ رہی ہیں اور دل تصدیق کر رہا ہے کہ واقعی یہ جبریل ہے۔ دل کو یہ عرفان اور ایقان کیونکر حاصل ہوتا ہے؟ اللہ تعالیٰ

عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ﴿۱۴﴾ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ﴿۱۵﴾ اِذْ يَغْشَى

سدرۃ المنتہیٰ کے پاس ۱۵ اس کے پاس ہی جنت الماویٰ ہے ۱۶ جب سدرہ پر

السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ﴿۱۶﴾ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ﴿۱۷﴾ لَقَدْ رَاٰى مِنْ

چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا ۱۷ نہ درماندہ ہوئی چشم (مصطفےٰ) اور نہ (حد ادب سے) آگے بڑھی ۱۸ یقیناً انہوں نے اپنے

انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو شیطان کی وسوسہ اندازیوں اور نفسانی شکوک و شبہات سے بالکل محفوظ رکھتا ہے۔ جس طرح ان کو منجانب اللہ اپنی نبوت پر یقین محکم ہوتا ہے، اس بارے میں انہیں قطعاً کوئی تردد نہیں ہوتا، اسی طرح ان پر جو وحی اتاری جاتی ہے، جو فرشتے ان کی طرف بھیجے جاتے ہیں، جن انوار و تجلیات کا انہیں مشاہدہ کرایا جاتا ہے، ان کے بارے میں انہیں ذرا تردد نہیں ہوتا۔ یہ علم اور یقین اللہ تعالیٰ کی طرف سے انہیں عطا کیا جاتا ہے۔ اسی طرح کا یقین حسب مراتب انسانوں بلکہ حیوانات کو بھی مرحمت ہوتا ہے۔ ہمیں اپنے انسان ہونے کے بارے میں قطعاً کوئی تردد نہیں۔ بطخ کے بچے کو انڈے سے نکلتے ہی یہ عرفان بخشا جاتا ہے کہ وہ پانی میں تیر سکتا ہے، چنانچہ وہ بلا تامل پانی میں کود جاتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

۱۳ تمارون: المراء سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے جھگڑنا، بحث و تکرار کرنا۔ من المراء وھو المجادلۃ۔ یعنی اے کفار! تم میرے رسول سے اس بات پر جھگڑتے ہو جس کا مشاہدہ انہوں نے اپنی آنکھوں سے کیا ہے۔ یہ تمہاری سراسر زیادتی ہے۔

۱۴ تم تو اس بات پر جھگڑ رہے ہو کہ میرے رسول نے جبرئیل کو ایک بار بھی دیکھا ہے یا نہیں، حالانکہ انہوں نے جبرئیل کو دوسری مرتبہ بھی دیکھا ہے۔

۱۵ دوسری بار دیکھنے کی جگہ کا ذکر فرمایا جا رہا ہے کہ دوسری دید سدرۃ المنتہیٰ کے قریب ہوئی۔ سدرۃ: عربی میں بیری کے درخت کو کہتے ہیں۔ منتہیٰ: آخری کنارہ، آخری سرحد۔ اس کا لفظی ترجمہ یہ ہوگا کہ بیری کا وہ درخت جو مادی جہان کی آخری سرحد ہے۔ اس کے بارے میں کتاب و سنت میں جو کچھ ہے، ہم اس کو بلا تاویل تسلیم کرتے ہیں، البتہ وہ درخت کیسا ہے؟ اس کی حقیقت کیا ہے؟ اس کی شاخوں، پتوں اور پھلوں کی نوعیت کیا ہے؟ ہمیں ان کی ماہیت معلوم نہیں اور نہ ان کی ماہیت جاننے میں ہمارا کوئی دنیوی اور اخروی مفاد ہے، ورنہ اللہ تعالیٰ اس حقیقت کو خود بیان فرما دیتا۔ یہ ان اسرار میں سے ہے جنہیں اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ہی جانتا ہے۔

۱۶ ماویٰ: اسم ظرف ہے۔ اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں انسان قرار پکڑتا ہے، آرام کرتا ہے۔ اس جنت کو جنت الماویٰ کیوں کہا گیا ہے؟ علمائے کرام نے اس کی متعدد توجیہیں ذکر کی ہیں۔ شہداء کی روحیں یہاں تشریف فرما ہیں۔ جبرئیل اور دیگر ملائکہ کی یہ رہائش گاہ ہے۔ پرہیزگار اہل ایمان کی روحیں یہاں ٹھہرتی ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۱۷ یعنی جن انوار و تجلیات کے ہجوم نے سدرہ کو ڈھانپ لیا، ان کو بیان کرنے کے لیے نہ کسی لغت میں کوئی لفظ موجود ہے اور نہ اس کی حقیقت کو سمجھنے کی کسی میں طاقت ہے۔ یہ جس طرح ذکر و بیان سے ماوراء ہے، اسی طرح فہم و ادراک کی رسائی سے بھی بالاتر

ہے۔ اس دلآویز منظر کی تصویر کشی اس کے بغیر ممکن نہیں کہ یہ کہہ دیا جائے اِذْ یَغْشَی السِّدْرَةَ مَا یَغْشٰی۔

۱۸؎ علامہ جوہری نے زاغ کے دو معنی لکھے ہیں۔ الزیغ: المیل وقد زاغ یزیغ وزاغ البصر ای کَلَّ (صحاح) یعنی کسی چیز کا دائیں یا بائیں مڑ جانا، اِدھر اُدھر ہو جانا۔ اس کو بھی زیغ کہتے ہیں۔ اس معنی کے مطابق آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ سرورِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نگاہ اپنے مقصود کی دید میں محو رہی۔ اِدھر اُدھر، دائیں بائیں کسی چیز کی طرف مائل نہیں ہوئی۔ دوسرا معنی ہے نگاہ کا درماندہ ہو جانا۔ جیسے دوپہر کے وقت انسان سورج کو دیکھنے کی کوشش کرے تو آنکھ سورج کی روشنی کی تاب نہیں لا سکتی اور چندھیا جاتی ہے۔ فرمایا میرے محبوب کی آنکھیں ان انوار کی چمک دمک سے خیرہ ہو کر چندھیا نہیں گئیں، درماندہ ہو کر بند نہیں ہو گئیں، بلکہ جی بھر کر ان کا دیدار کیا۔

وما طغٰی سے اپنے حبیب کی چشمِ پاک کی دوسری شان بیان کی گئی ہے۔ طغیٰ کہتے ہیں حد سے تجاوز کر جانا۔ طغی یطغی وطغوا ای جاوز الحد (صحاح)

یہاں تک ہم نے ایک مکتبِ فکر کے مطابق ان آیات کی تشریح کی ہے۔ اس ضمن میں الفاظ کی لغوی تحقیق بھی کافی حد تک کر دی گئی ہے۔ ان کے اعادے کی چنداں ضرورت نہیں پڑے گی۔

دوسرے مکتبِ فکر کے علمائے اعلام کے سرخیل امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ ان حضرات نے ان آیات کی جو تفسیر بیان کی ہے اس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

علّمہ کا فاعل اللہ تعالیٰ ہے۔ شدید القوٰی اور ذومرّة اللہ تعالیٰ کی صفتیں ہیں۔ یعنی اللہ تعالیٰ جو زبردست قوتوں والا ہے اس نے اپنے نبی کریم کو قرآن کریم کی تعلیم دی۔ جس طرح الرحمٰن علّم القرآن میں صراحۃً مذکور ہے۔

فاستوٰی کا فاعل نبی کریم ہیں۔ یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قصد فرمایا جب کہ آپ سفرِ معراج میں افقِ اعلیٰ پر تشریف فرما ہوئے۔ پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکان کی سرحدوں کو پار کرتے ہوئے لامکان میں رب العزت کے قریب ہوئے اور وہاں فائز ہو کر فتدلّٰی (سجدہ ریز ہو گئے) پس اتنے قریب ہوئے جتنا دو کمانیں قریب ہوتی ہیں جب انہیں ملایا جاتا ہے بلکہ ان سے بھی زیادہ قریب۔ اس حالتِ قرب میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب بندے پر وحی فرمائی جو وحی فرمائی۔ اس حریم ناز میں صفاتی تجلیات اور ذاتی انوار کا جو مشاہدہ بے تاب نگاہوں نے کیا، دل نے اس کی تصدیق کی اور تمہارا یہ جھگڑا کہ یہ دیکھا وہ نہیں دیکھا، محض بے سود ہے۔ دکھلانے والے نے جو دکھانا تھا، دکھا دیا۔ دیکھنے والے نے جو دیکھنا تھا وہ جی بھر کے دیکھ لیا۔ اب تم بے مقصد بحثوں میں وقت ضائع کر رہے ہو۔ یہ نعمتِ دیدار فقط ایک بار نصیب نہیں ہوئی بلکہ اترتے ہوئے دوسری بار بھی نصیب ہوئی۔ یہ دوبارہ شرفِ دید سدرة المنتہٰی کے پاس ہوا۔

اس پُرتقصیر کے نزدیک یہی قول راجح ہے اور اس کی کئی وجوہ ہیں۔ عبد کی عبد سے ملاقات کو اس اہتمام، اس تفصیل اور اس کیف انگیز اسلوب سے بیان نہیں کیا جاتا۔ اگر یہاں حضور کی جبرئیل امین سے ملاقات کا ذکر ہوتا تو ایک آیت ہی کافی تھی۔ کیف انگیز اندازِ بیان صاف بتا رہا ہے کہ یہاں عبدِ کامل کی اپنے معبودِ برحق کے ساتھ ملاقات کا ذکر ہے۔ جہاں ایک طرف عشق ہے نیاز سے لبریز درماندگی ہے اور دوسری طرف حسن ہے، شانِ صمدیت ہے اور شانِ بندہ نوازی اپنے جوبن پہ ہے۔ حضور کی ملاقات جبرئیل سے بھی بے شک بڑے فوائد کی حامل ہے لیکن حضور کے لیے باعثِ ہزار سعادت و وجہِ فضیلت فقط اپنے محبوبِ حقیقی کی ملاقات ہے۔ ان آیات کو

ایک مرتبہ پھر پڑھیے۔ آپ کا وجدان اسلوب بیان کی رعنائیوں پر جھوم جھوم اٹھے گا۔

نیز کفار کا اعتراض یہ تھا کہ جو کلام آپ پڑھ کر انہیں سناتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کا کلام نہیں۔ یا یہ خود گھڑ کر لاتے ہیں یا انہیں کوئی آکر سکھا پڑھا جاتا ہے۔ اس کی تردید اسی طرح ہونی چاہیے کہ فرمایا جائے یہ کلام نہ انہوں نے خود گھڑا ہے نہ کسی نے انہیں سکھایا ہے بلکہ اس خالق کائنات نے انہیں اس کی تعلیم دی ہے جو بڑی قوتوں والا ہے اور حکیم و دانا ہے۔ اس کے علاوہ انتشار ضمائر کی وجہ سے ذہن میں جو پریشانی پیدا ہوتی ہے اور جو قرآن کے معیار فصاحت سے بھی مناسبت نہیں رکھتی' اس سے رستگاری کا صرف یہی راستہ ہے کہ حضرت حسن بصری کے قول کو تسلیم کیا جائے۔

ان تمام وجوہ ترجیح کو اگر نظر انداز بھی کر دیا جائے تو وہ احادیث صحیحہ جن میں واقعات معراج کا بیان ہے' وہ اس مفہوم کی تائید کے لیے کافی ہیں۔ میں یہاں فقط دو احادیث نقل کرنے پر اکتفا کروں گا اور ان کا بھی فقط وہ حصہ جس سے ان آیات کے سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

امام مسلم اپنی صحیح میں ایک مفصل حدیث روایت کرتے ہیں جس کا وہ حصہ درج ذیل ہے جس کا ہمارے مدعا سے تعلق ہے۔

"...... ثم عرج بنا الی السماء السابعة فاستفتح جبرئیل فقیل من ھٰذا قال جبرئیل۔ قیل ومن معك قال محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قیل قد بعث الیه قال قد بعث الیه ففتح لنا فاذا انا بابراھیم علیه الصلوٰة والسلام مسندا ظھرہ الی البیت المعمور واذا ھو یدخله کل یوم سبعون الف ملك لا یعودون الیه ثم ذھب بی الی السدرة المنتھٰی فاذا ورقھا کاٰذان الفیل واذا ثمرھا کالقلال قال فلما غشیھا من امر اللہ ما غشی تغیرت وما احد من خلق اللہ یستطیع ان ینعتھا من حسنھا فاوحی الی ما اوحی ففرض علی خمسین صلوٰة فی کل یوم ولیلة فنزلت الی موسٰی علیه السلام فقال ما فرض ربك علی امتك قلت خمسین صلوٰة قال ارجع الی ربك فاسئله التخفیف فان امتك لا یطیقون ذٰلك فانی قد بلوت بنی اسرائیل وخبرتھم قال فرجعت الی ربی فقلت یارب خفف علی امتی فحط عنی خمسا فرجعت الی موسٰی وقلت حط عنی خمسا قال ان امتك لا یطیقون ذٰلك فارجع الی ربك فاسئله التخفیف قال فلم ازل ارجع بین ربی وبین موسٰی علیه السلام حتی قال یا محمد انھن خمس صلوات کل یوم ولیلة لکل صلوٰة عشر فذٰلك خمسون صلوٰة ومن ھم بحسنة فلم یعملھا کتبت له حسنة فان عملھا کتبت له عشرا ومن ھم بسیئة ولم یعملھا لم تکتب له شیئا فان عملھا کتبت سیئة واحدة قال فنزلت حتی انتھیت الی موسٰی علیه السلام فاخبرته فقال ارجع الی ربك فاسئله التخفیف وقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فقلت قد رجعت الی ربی حتی استحییت منه۔"

(مسلم شریف جلد اول صفحہ ۹۱)

"...... پھر مجھے اور جبرئیل کو ساتویں آسمان پر لے جایا گیا۔ جبرئیل نے دروازہ کھولنے کے لیے کہا۔ آواز آئی کون ہے؟ کہا میں جبرئیل ہوں۔ پوچھا ساتھ کون ہے؟ جبرئیل نے کہا محمد (علیہ الصلوٰۃ والسلام) پھر پوچھا کیا انہیں بلایا گیا ہے؟ جبرئیل نے کہا ہاں۔ پس دروازہ کھلا۔ میں کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بیت المعمور کے ساتھ ٹیک لگائے تشریف فرما ہیں۔ بیت المعمور وہ

مقدس مقام ہے جس میں ہر روز ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں لیکن دوبارہ انہیں یہ سعادت کبھی نصیب نہیں ہوتی۔ پھر مجھے سدرۃ المنتہیٰ تک لے جایا گیا۔ (فقط مجھے لے جایا گیا) اس کے پتے ہاتھی کے کانوں کی مانند اور پھل مٹکوں کے برابر ہیں۔ حضور نے فرمایا پھر جب ڈھانپ لیا اس سدرہ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جس نے ڈھانپ لیا" تو وہ اتنا خوبصورت ہو گیا کہ مخلوق میں سے کوئی بھی اس کے حسن و جمال کو بیان نہیں کر سکتا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی میری طرف جو وحی فرمائی اور مجھ پر دن رات میں پچاس نمازیں فرض کیں۔ میں وہاں سے اتر کر موسیٰ کے پاس آیا۔ انہوں نے پوچھا فرمایئے آپ کے رب نے آپ کی امت پر کیا فرض کیا ہے۔ میں نے کہا پچاس نمازیں۔ موسیٰ نے کہا اپنے رب کی طرف واپس جایئے اور تخفیف کی التجا کیجیے۔ آپ کی امت اس بوجھ کو نہیں اٹھا سکے گی میں نے بنی اسرائیل کو آزما کر دیکھا ہے۔ چنانچہ میں اپنے رب کی طرف لوٹا اور عرض کی اے پروردگار! میری امت پر تخفیف فرما۔ پس اللہ تعالیٰ نے پانچ کم کر دیں . . . . . .
چنانچہ میں بار بار اپنے رب اور موسیٰ کے درمیان آتا جاتا رہا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے محبوب! یہ تعداد میں تو پانچ ہیں لیکن حقیقت میں پچاس ہیں۔ (اپنے حبیب کی امت پر مزید کرم کرتے ہوئے فرمایا) آپ کے امتیوں میں سے جس نے نیک کام کرنے کا ارادہ کیا لیکن اس ارادہ پر عمل نہ کیا" تو میں اس کے لیے ایک نیکی لکھ دوں گا اور اگر اس پر عمل بھی کیا" تو دس نیکیاں لکھوں گا اور جس نے برائی کا ارادہ کیا" لیکن اس پر عمل نہ کیا" تو کچھ بھی نہ لکھا جائے گا اور اگر اس نے اس برائی کو کیا" تو اس کے بدلے ایک گناہ لکھا جائے گا۔ اس کے بعد میں اتر کر موسیٰ کے پاس آیا اور انہیں خبر دی۔ انہوں نے کہا پھر اپنے رب کے پاس جایئے اور تخفیف کے لیے عرض کیجیے" تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں کئی بار اپنے رب کے حضور میں حاضر ہوا ہوں اب مجھے شرم آتی ہے۔"

اس حدیث کے خط کشیدہ جملوں کو دوبارہ غور سے پڑھیے" حقیقت حال روز روشن کی طرح واضح ہو جائے گی۔ ساتویں آسمان تک تو جبرئیل گئے۔ یہاں تک کے لیے عُرِجَ بِنَا جمع کی ضمیر استعمال کی جاتی رہی۔ اس کے آگے جبرئیل کی حد پرواز ختم ہو گئی اور حضور کو اکیلے لے جایا گیا" اس لیے ذُھِبَ بِیْ میں واحد متکلم کی ضمیر استعمال کی گئی۔ پھر فاوحی الیّ ما اوحی اور فاوحی الی عبدہ ما اوحی میں جو یکسانیت ہے" وہ محتاج بیان نہیں۔ وحی کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے اور اس مقام پر وحی کی جا رہی ہے جہاں جبرئیل امین کی مجال نہیں۔ پھر فرض کا فاعل خود اللہ تعالیٰ ہے۔ موسیٰ علیہ السلام سے جب ملاقات ہوتی ہے" تو وہ بارگاہ الٰہی میں واپس لوٹنے کا مشورہ دیتے ہیں" جبرئیل کے پاس نہیں۔ حضور فرماتے ہیں میں بار بار اپنے رب کی بارگاہ عزت و جلال میں شرف باریابی حاصل کرتا رہا۔
دنیٰ فتدلّٰی فکان قاب قوسین او ادنیٰ فاوحی الی عبدہ ما اوحی ما کذب الفؤاد ما رأی . . . ولقد راٰہ نزلۃ اُخریٰ
ان کلمات طیبات میں آپ جتنا غور کریں گے" حقیقت آشکارا ہوتی چلی جائے گی۔

نویں مرتبہ جب بارگاہ رب العزت میں حاضری ہوئی تو صرف پانچ نمازیں ہی معاف نہیں کیں" بلکہ مزید کرم یہ فرمایا کہ اے حبیب! تیری امت کا کوئی فرد اگر نیکی کا ارادہ کرے گا تو اسے ایک ثواب دوں گا اور اگر عمل کرے گا تو دس نیکیاں اس کے نامہ عمل میں لکھوں گا" لیکن اگر برائی کا ارادہ کرے گا تو اس کے نامہ عمل میں کوئی گناہ نہیں لکھا جائے گا اور جب گناہ کر بیٹھے گا تو فقط ایک گناہ لکھا جائے گا۔

قربان جائے انسان اللہ تعالیٰ کے محبوب کی نیاز مندیوں پر اور قربان جائے انسان اس کے رب کریم کی بندہ نوازیوں پر۔

یہاں یہ امر بھی توجہ طلب ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کو علم تھا کہ آخر میں پانچ نمازیں ہی فرض کی جائیں گی" تو پھر پہلے پچاس فرض

کرنے میں کونسی حکمت ہے۔ اس میں بھی اپنے بندوں کو اپنے محبوب کے احسانوں کو یہ بتانا مقصود ہے کہ یہ سارا لطف و کرم اس محبوب کریم کے صدقے تم پر ہوا ہے۔ اگر اس کا واسطہ درمیان میں نہ ہوتا تو تمہارے کندھوں پر یہ بارِ گراں لاد دیا جاتا۔ اس کے بعد یہ چیز بھی توجہ طلب ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کے محبوب نے تخفیف کے لیے التجا کی تو ایک بار ہی پینتالیس نمازیں کیوں نہ معاف کر دی گئیں؟ اس راز کو صرف اہلِ محبت ہی سمجھ سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو یہ ادا بہت ہی پسند ہے کہ میرا حبیب مانگتا جائے' میں دیتا جاؤں' وہ بار بار دامنِ طلب پھیلاتا جائے اور میں اس کو بھرتا جاؤں۔ اس بار بار کے مانگنے اور بار بار کے دینے میں جو لذت و سرور ہے اس سے بڑھ کر کوئی لطف اندوز نہیں ہو سکتا۔

موسیٰ علیہ السلام نے ایک بار پھر حاضر ہونے کا مشورہ دیا تو آپ نے فرمایا کہ مجھے اب اپنے رب سے حیا آتی ہے کہ میری امت ایسی نااہل ہے اور اتنی ناشکر گزار ہے کہ وہ چوبیس گھنٹے میں پانچ بار بھی اپنے خالق و مالک کی بارگاہ میں سجدہ ریز نہیں ہوگی۔ ہم غلامانِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثنا کا فرض ہے کہ حدیث کے اس آخری جملے کو کبھی فراموش نہ کریں۔

اب آئیے' ایک اور حدیث ملاحظہ فرمائیے:

"۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ثم مررت بابراھیم علیہ السلام فقال مرحبا بالنبی الصالح والابن الصالح قال قلت من ھذا قال ھذا ابراھیم۔ قال ابن شھاب واخبرنی ابن حزم ان ابن عباس وابا حبۃ الانصاری یقولان قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم عرج بی حتی ظھرت لمستوی اسمع فیہ صریف الاقلام قال ابن حزم وانس بن مالک قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ففرض اللہ علی امتی خمسین صلوۃ قال فرجعت بذلک حتی امر بموسیٰ علیہ السلام وقال موسیٰ ماذا فرض ربک علی امتک قال قلت فرض علیھم خمسین صلوۃ قال لی موسیٰ فراجع ربک فان امتک لا تطیق ذلک قال فراجعت ربی فوضع شطرھا الخ

(مسلم شریف ص ۹۳ مشکوٰۃ شریف متفق علیہ)

ترجمہ "۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ حضور فرماتے ہیں پھر میں ابراہیم کے پاس سے گزرا۔ آپ نے مجھے دیکھ کر فرمایا اے نبی صالح مرحبا! اے فرزندِ ارجمند خوش آمدید! میرے پوچھنے پر جبرئیل نے بتایا یہ ابراہیم ہیں۔ ابن شہاب کہتے ہیں مجھے ابن حزم نے خبر دی کہ ابن عباس اور ابو حبہ انصاری کہا کرتے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہاں سے مجھے اوپر لے جایا گیا یہاں تک کہ میں اس مقام پر پہنچ گیا جہاں سے مجھے اقلامِ تقدیر کے چلنے کی آواز سنائی دینے لگی۔ ابن حزم اور انس بن مالک کہتے ہیں کہ حضور نے فرمایا وہاں اللہ تعالیٰ نے مجھ پر پچاس نمازیں فرض کیں۔ جب میں لوٹا اور موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گزرا تو آپ نے پوچھا کہ آپ کے رب نے آپ کی امت پر کیا فرض کیا ہے؟ میں نے بتایا ان پر پچاس نمازیں فرض کی ہیں تو موسیٰ علیہ السلام نے کہا اپنے رب کے پاس لوٹ کر جاؤ۔ آپ کی امت اس بوجھ کو نہیں اٹھا سکے گی۔ چنانچہ میں اپنے رب کے حضور میں لوٹ کر گیا اور کچھ حصہ معاف ہوا۔ ۔ ۔ الخ"

ان خط کشیدہ جملوں کو ذرا غور سے پڑھیے۔ کیا جس مقام کا یہاں ذکر ہے وہاں جبرئیل موجود تھے؟ کیا ان کی رسائی وہاں ممکن تھی؟ کیا نمازوں کی فرضیت میں جبرئیل واسطہ تھے یا بار بار کی تخفیف میں کوئی اور واسطہ تھا؟ اب یہ آپ کے ذوق پر منحصر ہے کہ آپ علمہ شدید القوی سے لے کر مازاغ البصر وما طغی تک کی آیات کو جبرئیل پر منطبق کرتے ہیں یا ان احوال و واقعات پر جو زبانِ رسالت

سے ان احادیث صحیحہ میں ذکر کیے گئے ہیں۔

سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم۔

اس مقام پر انہی آیات کی تفسیر کرتے ہوئے علماء مفسرین نے اس مسئلے پر سیر حاصل بحث کی ہے کہ کیا حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو شب معراج دیدار الٰہی نصیب ہوا یا نہیں۔ حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے پیروکار اس طرف گئے ہیں کہ شب معراج دیدار الٰہی نصیب نہیں ہوا۔ لیکن حضرت ابن عباس، دیگر صحابہ، تابعین اور ان کے ہمنواؤں کی یہ رائے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے شب معراج اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دولت دیدار سے مشرف فرمایا۔ آیئے فریقین کے پیش کردہ دلائل کا تجزیہ کریں۔ اللہ تعالیٰ ہماری رہنمائی فرمائے۔ آمین!

جہاں تک امکان رویت کا تعلق ہے اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔ سب تسلیم کرتے ہیں کہ اس دنیا میں بیداری کی حالت میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ممکن ہے۔ اگر محال ہوتا تو موسیٰ علیہ السلام اس کا سوال نہ کرتے۔ کیونکہ انبیا کو اس کا علم ہوتا ہے کہ فلاں چیز ممکن ہے اور فلاں چیز محال اور ممتنع۔ محال اور ممتنع کے بارے میں سوال کرنا درست ہی نہیں ہوتا۔

پہلے ہم وہ دلائل پیش کریں گے جن سے رویت باری کا انکار کرنے والے استدلال کرتے ہیں:

۱۔ عن ابن مسعود فی قولہ تعالیٰ وکان قاب قوسین او ادنیٰ وفی قولہ ماکذب الفؤاد ما رایٰ وفی قولہ لقد رایٰ من آیات ربہ الکبریٰ۔ رایٰ جبرئیل علیہ السلام لہ ستمائۃ جناح۔ (متفق علیہ)

ترجمہ: حضرت ابن مسعودؓ نے ان آیات کے بارے میں فرمایا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جبرئیل کو دیکھا کہ ان کے چھ سو پر تھے۔

۲۔ ماکذب الفؤاد ما رایٰ، قال ابن مسعود رایٰ رسول اللہ جبرئیل فی حلۃ من رفرف قد ملأ ما بین السماء والارض۔ (رواہ الترمذی)

ابن مسعود نے اس آیت کی یوں تشریح کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل کو ایک ریشمی حلہ (پوشاک) میں دیکھا کہ آپ نے آسمان و زمین کے مابین خلا کو پر کر دیا۔

۳۔ وللترمذی والبخاری فی قولہ تعالیٰ لقد رایٰ من آیات ربہ الکبریٰ۔ قال ابن مسعود رایٰ رفرفا اخضر سد افق السماء۔

ترمذی اور بخاری نے اس آیت کے ضمن میں لقد رایٰ الآیۃ میں لکھا ہے کہ حضرت ابن مسعود نے فرمایا کہ حضور نے سبز رفرف کو دیکھا جس نے آسمان کے افق کو ڈھانپ دیا تھا۔

۴۔ عن الشعبی قال لقی ابن عباس کعبا بعرفۃ فسالہ عن شیئ فکبر حتی جاوبتہ الجبال فقال ابن عباس انا بنو ہاشم فقال کعب ان اللہ قسم رؤیتہ وکلامہ بین محمد و موسیٰ۔ وکلم موسیٰ

مرتین و راٰہ محمد مرتین. قال مسروق فدخلت علی عائشۃ وقلت هل رای محمد ربہ وقالت لقد تکلمت بشیئ قف لہ شعری قلت رویدا ثم قرأت لقد رای من ایات ربہ الکبری فقالت این تذھب بك انما ھو جبرئیل من اخبرك ان محمدا رای ربہ . . . . . . فقد اعظم الفریۃ ولکنہ رای جبرئیل ولم یرہ فی صورتہ الا مرتین. مرۃ عند سدرۃ المنتھی ومرۃ فی اجیاد قد سد الافق. (رواہ الترمذی)

ترجمہ : شعبی کہتے ہیں عرفہ کے میدان میں ابن عباس نے کعب سے ملاقات کی اور ان سے کسی چیز کے بارے میں دریافت کیا۔ حضرت کعب نے زور سے نعرۂ تکبیر بلند کیا جس کی گونج پہاڑوں میں سنائی دی۔ ان کی حیرت کو دیکھ کر ابن عباس نے کہا کہ ہم بنو ہاشم ہیں۔ ہمارا تعلق خاندان نبوت سے ہے۔ میں کوئی معمولی آدمی نہیں کہ آپ میرے سوال کو ٹال دیں، تو کعب نے کہا، گویا یہ حضرت ابن عباس کے سوال کا جواب تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دیدار اور اپنے کلام کو محمد اور موسیٰ کے درمیان تقسیم کر دیا۔ موسیٰ سے دو مرتبہ کلام فرمایا اور محمد مصطفیٰ نے دو مرتبہ اللہ تعالیٰ کا دیدار کیا علیہم السلام۔ مسروق کہتے ہیں یہ سن کر میں حضرت عائشہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے یہی سوال پوچھا کیا حضور نے اپنے رب کو دیکھا؟ آپ بولیں تو نے ایسی بات کی ہے جسے سن کر میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ میں نے عرض کی مادرِ محترم ذرا ٹھہریے۔ پھر میں نے یہ آیت پڑھی لقد رای الایۃ آپ نے فرمایا تم کدھر جا رہے ہو۔ اس سے مراد تو جبرئیل ہے۔ جو شخص تمہیں یہ خبر دے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے رب کا دیدار کیا ہے، اس نے بہت بڑا بہتان باندھا ہے۔ بلکہ حضور نے جبرئیل کو دیکھا اور اس کی اصلی صورت میں صرف دو مرتبہ دیکھا ایک بار سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اور ایک بار اجیاد کے پاس کہ اس نے سارے افق کو ڈھانپ لیا۔

امام مسلم روایت کرتے ہیں : عن مسروق قال کنت متکئا عند عائشۃ وقالت یا ابا عائشۃ ثلاث من تکلم بواحدۃ منھن فقد اعظم علی اللہ الفریۃ. قلت ما ھن قالت من زعم ان محمدا رای ربہ وقد اعظم علی اللہ الفریۃ قال وکنت متکئا وجلست وقلت یا ام المؤمنین انظرینی ولا تعجلینی الم یقل اللہ تعالیٰ ولقد راٰہ بالافق المبین ولقد راٰہ نزلۃ اخری وقالت انا اول ھذہ الامۃ سأل عن ذلك رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال انما ھو جبرئیل علیہ السلام لم ارہ علی صورتہ التی خلق علیھا غیر ھاتین المرتین رایتہ منھبطا من السماء سادا عظم خلقہ ما بین السماء والارض وقالت اولم تسمع ان اللہ عزوجل یقول لا تدرکہ الابصار وھو یدرك الابصار وھو اللطیف الخبیر. اولم تسمع ان اللہ یقول وما کان لبشر ان یکلمہ اللہ الا وحیا او من وراء حجاب او یرسل رسولا. الایۃ (مسلم)

ترجمہ : مسروق سے مروی ہے انہوں نے کہا میں ام المومنین کی خدمت میں حاضر تھا، تو آپ نے فرمایا اے مسروق! (ابو عائشہ ان کی کنیت ہے) تین چیزیں ہیں جس نے ان میں سے کسی کے ساتھ تکلم کیا اس نے اللہ تعالیٰ پر بہت بڑا بہتان باندھا۔ میں نے پوچھا وہ کیا ہیں؟ آپ نے کہا جو شخص یہ خیال کرے کہ حضور نے اپنے رب کو دیکھا ہے تو اس نے اللہ تعالیٰ پر بڑا بہتان باندھا۔ میں ٹیک لگائے ہوئے تھا، اٹھ کر بیٹھ گیا اور عرض کی اے ام المومنین! میری طرف دیکھیے۔ جلدی نہ کیجیے کیا اللہ تعالیٰ نے

خود نہیں فرمایا: ولقد راٰہ بالافق المبین کہ آپ نے اسے افق مبین میں دیکھا اور دوبارہ دیکھا۔ آپ نے جواب دیا اس امت سے میں پہلی ہوں جس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا۔ حضور نے فرمایا وہ جبرئیل علیہ السلام ہیں۔ میں نے ان کو ان کی اصلی شکل میں صرف دو مرتبہ دیکھا۔ . . . . . اے مسروق! کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد نہیں سنا لاتدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار وھو اللطیف الخبیر کہ آنکھیں اس کو نہیں پاسکتیں۔ وہ آنکھوں کو پالیتا ہے۔ وہ لطیف و خبیر ہے۔

اور کیا تو نے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد نہیں سنا وماکان لبشر الآیۃ کسی انسان کو یہ طاقت نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے کلام کرے مگر بذریعہ وحی یا پس پردہ یا کوئی فرشتہ بھیجے۔ (مسلم)

۵۔ روی الشیخان قال مسروق قلت لعائشۃ این قولہ ثم دنی فتدلّٰی فکان قاب قوسین او ادنٰی قالت ذاک جبرئیل کان یاتیہ فی صورۃ رجل وانہ اتاہ فی ھذہ المرۃ فی صورتہ التی ھی صورتہ فسد الافق۔ (مشکوٰۃ شریف)

ان روایات کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود کی بھی یہ رائے تھی کہ حضور نے اللہ تعالیٰ کا دیدار نہیں کیا۔ حضرت عائشہ بھی اس بارے میں بڑی متشدد تھیں۔ انہوں نے اپنے موقف کو ثابت کرنے کے لیے دو آیتوں سے استدلال بھی کیا ہے۔

اب ان لوگوں کے دلائل سماعت فرمائیے جو دیدار الٰہی کے قائل ہیں:

۱۔ عن ابن عباس ماکذب الفواد مارایٰ ولقد راٰہ نزلۃ اخریٰ قال راٰہ بفؤادہٖ مرتین۔ (رواہ مسلم)

ترجمہ: حضرت ابن عباس نے ان آیات کے بارے میں فرمایا کہ حضور نے اپنے رب کا دیدار اپنے دل کی آنکھوں سے دو مرتبہ کیا۔

امام ترمذی روایت کرتے ہیں قال ابن عباس رایٰ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ربہٗ قال عکرمۃ قلتُ الیس اللہ یقول لاتدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار قال ویحک ذاک اذا تجلّٰی بنورہ الذی ھو نورہٗ وقد رایٰ ربہ مرتین۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کا دیدار کیا۔ عکرمہ (آپ کے شاگرد) کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ کیا اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد نہیں لاتدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار کہ آنکھیں اس کا ادراک نہیں کرسکتیں۔ آپ نے فرمایا افسوس تم سمجھے نہیں، یہ اس وقت ہے جبکہ وہ اس نور کے ساتھ تجلی فرمائے جو اس کا نور ہے۔ حضور نے اپنے رب کو دو مرتبہ دیکھا۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "ابن عمر دریں مسئلہ مراجعت بوے کردہ پرسید کہ ھل رایٰ محمد ربہٗ پس وے گفت راٰہ پس ابن عمر تسلیم نمودہ وقطعا براہ تردد و انکار نرفتہ"۔ (اشعۃ اللمعات چہارم صہ ۴۳)

ترجمہ: حضرت ابن عمر نے حضرت ابن عباس سے اس مسئلہ کے بارے میں رجوع کیا اور پوچھا کیا حضور نے اپنے رب کا دیدار کیا پس ابن عباس نے جواب دیا کہ حضور نے اپنے رب کا دیدار کیا حضرت ابن عمر نے ان کے اس قول کو تسلیم کیا اور تردد و انکار کا راستہ اختیار نہیں کیا۔

۲۔ علامہ بدرالدین عینی شرح بخاری میں مندرجہ ذیل روایات نقل کرتے ہیں:

روی ابن خزیمہ باسناد قوی عن انس قال رأی محمد ربہٗ وبہ قال سائر اصحاب ابن عباس وکعب الاحبار والزھری وصاحبہ معمر۔

ترجمہ: ابن خزیمہ نے قوی سند سے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ آپ نے کہا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے رب کو دیکھا۔ اسی طرح ابن عباس کے شاگرد، کعب احبار، زہری اور معمر کہا کرتے تھے۔

۳۔ اخرج النسائی باسناد صحیح وصححہ الحاکم ایضا من طریق عکرمۃ عن ابن عباس اتعجبون ان تکون الخلۃ لابراھیم والکلام لموسیٰ والرؤیۃ لمحمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یہ روایت نسائی نے سندِ صحیح کے ساتھ اور حاکم نے بھی صحیح سند کے ساتھ عکرمہ کے واسطے سے حضرت ابن عباس سے نقل کی ہے۔ آپ کہا کرتے کہ کیا تم لوگ اس پر تعجب کرتے ہو کہ خلت کا مقام ابراہیم علیہ السلام کے لیے اور کلام کا شرف موسیٰ علیہ السلام کے لیے اور دیدار کی سعادت محمد رسول اللہ کے لیے ہو۔

۴۔ امام مسلم حضرت ابوذر سے روایت کرتے ہیں: قال سألت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ھل رأیت ربک قال نورٌ انّی اراہ۔ اس لفظ کو دو طرح سے پڑھا گیا ہے۔ نُوْرٌ اَنّٰی اَرَاہُ۔ دوسرا نُوْرٌ اِنِّیْ اَرَاہُ۔ پہلی صورت میں اس کا معنی یہ ہوگا: ابوذر کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا کیا حضور نے اپنے رب کا دیدار کیا ہے۔ آپ نے فرمایا وہ نور ہے، میں اسے کیونکر دیکھ سکتا ہوں۔ دوسری صورت میں معنی یہ ہوگا کہ وہ سراپا نور ہے، میں نے اسے دیکھا۔

۵۔ مسلم کے اسی صفحے پر ایک روایت ہے: عن عبد اللہ بن شقیق قال قلت لابی ذر لو رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لسألتہٗ فقال عن ای شیئ کنت تسألہ قال کنت اسألہٗ ھل رأیت ربکَ قال ابو ذر قد سألتہٗ فقال رأیتُ نُوْرًا کہ میں نے نور دیکھا ہے۔ یہ روایت بھی دوسری توجیہ کی تائید کرتی ہے۔

۶۔ حکی عبد الرزاق عن معمر عن الحسن انہ حلف ان محمدا رأی ربہٗ (عمدۃ القاری ص۱۹۹ جلد ۱۹) کہ حسن بصری اس بات پر قسم کھاتے تھے کہ حضور نے اپنے رب کا دیدار کیا۔

۷۔ واخرج ابن خزیمۃ عن عروۃ بن زبیر اثباتا۔ عروہ بن زبیر سے ابن خزیمہ نے نقل کیا ہے کہ وہ بھی رؤیت کے قائل تھے۔

۸۔ علامہ ابن حجر نے امام احمد کے بارے میں لکھا: فروی الخلال فی کتاب السنۃ عن المروزی قلت لاحمد انھم یقولون ان عائشۃ قالت من زعم ان محمدا رأی ربہ وقد اعظم علی اللہ الفریۃ فبای شیئ یدفع قولھا۔ قال

بقول النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رأیت ربی. قول النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اکبر من قولها۔ (فتح الباری ص ۴۹۴ جلد ۸)

ترجمہ: مروزی کہتے ہیں کہ میں نے امام احمد سے کہا کہ لوگ کہتے ہیں ام المومنین یہ کہا کرتیں کہ جس نے یہ کہا کہ حضور نے اپنے رب کو دیکھا ہے تو اس نے اللہ تعالیٰ پر بڑا بہتان باندھا ہے' تو حضرت عائشہ کے اس قول کا کیا جواب دیا جائے؟ آپ نے فرمایا حضور کے اس ارشاد کے ساتھ رأیت ربی کہ میں نے اپنے رب کو دیکھا حضرت عائشہ کے قول کا جواب دیں گے اور حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد حضرت عائشہ کے قول سے بہت بڑا ہے۔

یہ مختلف اقوال ہیں جو قائلین رویت کی طرف سے بطور استدلال پیش کیے جاتے ہیں۔ ان میں فحول صحابہ مثلاً ابن عباس' کعب احبار' انس' ابی ذر کے علاوہ کبار تابعین عروہ بن زبیر' حسن بصری' عکرمہ جیسے اکابر تابعین بھی موجود ہیں اور حضرت امام احمد کا قول بھی آپ سن چکے ہیں۔ ان اقوال کے علاوہ متعدد احادیث بھی ذکر کی گئی ہیں۔

ان تمام دلائل کو بالتفصیل پیش کرنے کے بعد علامہ نووی لکھتے ہیں:

اذا صحت الروایات عن ابن عباس فی اثبات الرویة وجب المصیر علی اثباتها فانها لیست مما یدرک بالعقل ویؤخذ بالظن فانما یتلقی بالسماع ولا یستجیز احد ان یظن بابن عباس انه تکلم بهذه المسئلة بالظن والاجتهاد ثم ان ابن عباس اثبت شیئا نفاه غیره والمثبت مقدم علی النافی۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس سے جب صحیح روایات ثبوت کو پہنچ گئیں کہ انہوں نے ایسا کہا ہے' تو اب ہم یہ خیال نہیں کر سکتے کہ آپ نے اتنی بڑی بات محض اپنے قیاس اور ظن کی بنا پر کہی ہو۔ یقیناً انہوں نے کسی مرفوع حدیث کی بنا پر ایسا کہا ہوگا۔ نیز ابن عباس ایک چیز کو ثابت کر رہے ہیں۔ دوسرے حضرات نفی کر رہے ہیں اور یہ قاعدہ ہے کہ مثبت کا قول نافی پر مقدم ہوتا ہے۔

خلاصہ کلام کو علامہ نووی ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

الحاصل ان الراجح عند اکثر العلماء ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رأی ربه بعینی رأسه لیلة الاسراء...... وهذا مما لا ینبغی ان یتشکک فیه کہ حاصل بحث یہ ہے کہ اکثر علماء کے نزدیک راجح قول یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب معراج اللہ تعالیٰ کو اپنے سر کی آنکھوں سے دیکھا اور اس میں شک کی کوئی گنجائش نہیں۔ علامہ نووی نے یہ بھی کہا ہے کہ حضرت ابن مسعود اور حضرت صدیقہ نے اپنے موقف کی تائید میں کوئی حدیث مرفوع پیش نہیں کی بلکہ محض اپنے قیاس اور اجتہاد سے کام لیا ہے۔ اس پر علامہ ابن حجر نے کہا ہے کہ صحیح مسلم جس کی شرح علامہ نووی کر رہے ہیں اسی کے اگلے صفحہ پر حدیث مرفوع موجود ہے۔ ام المومنین نے فرمایا کہ میں نے ولقد راٰہ بالافق المبین اور ولقد راٰہ نزلة اخری کے بارے میں حضور سے پوچھا تو حضور نے فرمایا وہ جبرئیل امین تھے۔ جب مسلم میں یہ حدیث موجود ہے تو حیرت ہے کہ شارح مسلم علامہ نووی نے کیسے انکار کیا۔

علامہ ابن حجر کے اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ حضرت صدیقہ نے ولقد راٰہ بالافق المبین کے بارے میں حضور

سے استفسار کیا اور حضور نے فرمایا کہ وہ جبرئیل ہیں اور یہ بلاشبہ درست ہے کیونکہ یہ آیت سورۃ تکویر کی ہے اور وہاں حضرت جبرئیل کا ہی ذکر ہے۔ ارشاد ہے وانہ لقول رسول کریم ذی قوۃ عند ذی العرش مکین مطاع ثم امین وما صاحبکم بمجنون ولقد راٰہ بالافق المبین۔ یہ سارا ذکر جبرئیل امین کا ہے۔ ہم پہلے بتا آئے ہیں کہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب انہیں ان کی اصلی صورت میں دیکھنے کی خواہش کی تو آپ آسمان کے افق پر نمودار ہوئے۔ وہ افق جہاں جبرئیل نمودار ہوئے اسے افق مبین کہا گیا ہے لیکن یہاں جس افق کا ذکر ہو رہا ہے وہ ھو بالافق الاعلیٰ ہے۔ آسمان اور زمین کے افق کو افق مبین تو کہہ سکتے ہیں لیکن افق اعلیٰ وہ ہوگا جو تمام آفاق سے بلند تر ہو یعنی فلک الافلاک کا کنارہ۔ اس لیے امام نووی کا قول ہی درست ہے کہ شب معراج نفی رویت کے بارے میں کوئی حدیث مرفوع نہیں ہے۔

علامہ سید محمود آلوسی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ ان آیات کی تفسیر و تشریح سے فارغ ہونے کے بعد دیدار الٰہی کے بارے میں اپنی ذاتی رائے کو یوں بیان کرتے ہیں:

وانا اقول برؤیتہ صلی اللہ علیہ وسلم ربہ سبحانہ وبدنوہ منہ سبحانہ علی الوجہ اللائق (روح المعانی)

اور میں یہ کہتا ہوں کہ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنے رب کریم کے دیدار سے مشرف ہوئے اور حضور کو قرب الٰہی نصیب ہوا لیکن اس طرح جیسے اس کی شان کبریائی کے لائق ہے۔

حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے جب دریافت کیا جاتا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے رب کا دیدار کیا، تو آپ جواب یوں فرماتے:

راٰہ راٰہ حتی ینقطع نفسہ (روح المعانی)

ہاں حضور نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا، ہاں حضور نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا۔ یہ جملہ اتنی بار دہراتے کہ آپ کا سانس ٹوٹ جاتا۔

مولانا سید انور شاہ صاحب اس مسئلے پر مفصل بحث کرنے کے بعد رقمطراز ہیں:

ولکنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم تشرف برؤیتہ تعالیٰ ومنّ علیہ ربہ بہا وکرمہ وتفضل علیہ بنوالہ و افاض علیہ من افضالہ فراٰہ کما قال احمد رحمہ اللہ مرتین الا انہ راٰہ کما یری الحبیب الی الحبیب والعبد الی مولاہ لاھو یملک ان یکف عنہ نظرہ ولا ھو یستطیع ان یشخص الیہ بصرہ وھو قولہ تعالیٰ مازاغ البصر وما طغیٰ۔ (فیض الباری شرح البخاری)

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیدار الٰہی سے مشرف ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے اس دولت سرمدی سے آپ کو نوازا اور اپنے فضل واحسان سے عزت افزائی فرمائی۔ پس حضور نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا حضور نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا جس طرح امام احمد نے فرمایا ہے مگر یہ دیدار ایسا تھا جیسے حبیب اپنے حبیب کا دیدار کرتا ہے۔ نہ وہ آنکھیں بند کرنے کی قدرت رکھتا ہے اور نہ اس میں یہ طاقت ہوتی ہے کہ ٹکٹکی باندھ کر روئے دلدار کو دیکھتا رہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا یہی مفہوم ہے مازاغ البصر وما طغیٰ۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اشعۃ اللمعات کی جلد چہارم میں اس مسئلے کی تحقیق کرتے ہوئے اسی قول کو پسند فرمایا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے دیدار کا شرف حاصل کیا۔ والحمد للہ علیٰ ذالک۔

اٰیٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿۱۸﴾ اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿۱۹﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ

رب کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں ۱۹ (اے کفار!) کبھی تم نے غور کیا لات و عزیٰ کے بارے میں ۲۰ اور مناۃ کے بارے میں جو

۱۹ آیاتِ کبریٰ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

والمراد بالآيات العجائب الملكوتية التي رأها في ليلة المعراج في مسيره وعوده من البراق والسموات والانبياء والملائكة والسدرة المنتهى وجنة المأوى. (تفسیر مظہری)

یعنی آیاتِ کبریٰ سے مراد عالم ملکوت کی وہ عجیب و غریب چیزیں ہیں جن کا مشاہدہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سفر معراج پر جاتے ہوئے اور واپسی کے دوران میں کیا جیسے براق، سمٰوات، انبیاء، فرشتے، سدرۃ المنتہیٰ، جنت الماویٰ وغیرہا۔

پھر علامہ مذکور فرماتے ہیں اگرچہ کائنات کی چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی اللہ تعالیٰ کی قدرت و حکمت کی بہت بڑی نشانی ہے ان اشیاء کو آیاتِ کبریٰ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ ان آیات کے ساتھ جن مخصوص تجلیات کا تعلق ہے اور اللہ کی رحمتوں اور برکات کا نزول جس کثرت سے ان پر ہوتا ہے، وہ کسی دوسری آیت کو نصیب نہیں۔

۲۰ خداوند ذوالجلال کی صفاتِ کمال کے بیان کے بعد اب مشرکین کو زجر و توبیخ کی جارہی ہے کہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ اس حیّ و قیوم، قادر و حکیم خدا کو چھوڑ کر تم بے جان بتوں کی پوجا پاٹ میں اپنی عمریں برباد کر رہے ہو۔ اگرچہ کفارِ عرب بے شمار بتوں کی پوجا کیا کرتے تھے، تین سو ساٹھ بت تو صرف کعبہ میں رکھے ہوئے تھے، مگر یہاں ان تین دیویوں کا نام لے کر ان کا ذکر کیا جن کی جزیرہ عرب میں بڑی کثرت سے پرستش ہوتی تھی۔ قربانی کے جانور لا کر ان کے لیے ذبح کیے جاتے تھے اور نذرانوں کے ڈھیر لگتے تھے۔

پہلے ہم ان بتوں کی وجہ تسمیہ، ان کے مخصوص مقامات اور جو قبائل ان کے خاص طور پر معتقد تھے، ان کا ذکر کریں گے بعد میں آیات کی تشریح کی جائے گی۔

لات: قتادہ کہتے ہیں کہ لات قبیلہ ثقیف کا بت تھا جس کا استھان طائف میں تھا۔ اس شعر سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

وفرت ثقيف الى لاتها   بمنقلب الخائب الخاسر

یعنی بنو ثقیف خائب اور خاسر ہو کر بھاگتے ہوئے اپنے لات کے پاس لوٹ آئے۔

بنو ثقیف اس کے بڑے معتقد تھے۔ جب ابرہہ کا لشکر کعبے کو گرانے کے قصد سے مکہ جاتے ہوئے طائف سے گزرا تو انہوں نے اسے رہبر مہیا کیے اور دیگر سہولتیں بہم پہنچائیں تاکہ وہ ان کے معبود لات کے استھان کو منہدم نہ کرے۔

لات کے ماخذ کے بارے میں علماء کے متعدد اقوال ہیں۔ بعض کے نزدیک "ت" اس کا حرفِ اصلی ہے۔ اس کے اصل حروف ل۔ ی۔ ت یا ل۔ و۔ ت ہیں۔ بعض کہتے ہیں اس کا اصل لوی یلوی ہے جس کا معنی جھکنا اور مڑنا ہے، کیونکہ اس کے

پرستار اس کے ارد گرد چکر لگایا کرتے اور جھک جھک کر اس کو سجدے کیا کرتے، آداب بجا لایا کرتے اس لیے اس کو لات کہا گیا۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ لت یلت سے ماخوذ ہے جس کا معنی ستو میں گھی وغیرہ ڈال کر تھیڑنا ہے۔ زمانہ جاہلیت میں ایک شخص حجاج کے لیے ستو اسی طرح تیار کیا کرتا تھا۔ اس کے مرجانے کے بعد جس چٹان پر بیٹھ کر وہ یہ کام کیا کرتا تھا، اس کی پرستش شروع ہو گئی۔ کہتے ہیں یہ شخص طائف کا رہنے والا تھا۔

لیکن مجھے ان تمام توجیہات سے علامہ راغب کی تحقیق زیادہ پسند ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

واصل اللات الله فحذفوا منه الهاء وادخلوا التاء فيه وانثوه تنبيها على قصوره عن الله وجعلوه مختصا لما يتقرب به الى الله تعالى فى زعمهم (مفردات)

ترجمہ: اس کا اصل اللہ ہے۔ ہ کو حذف کر دیا اور اس کے آخر میں ت داخل کر دی گئی تاکہ یہ مؤنث بن جائے اور اس چیز پر دلالت کرے کہ اس کا درجہ اللہ سے کم ہے۔ وہ اپنے گمان میں اسے تقرب الی اللہ کا ذریعہ خیال کیا کرتے تھے۔

عُزّٰی: اس کا ماخذ عزت ہے یہ اعزّٰی کی تانیث ہے۔ سوق عکاظ کے قریب وادی نخلہ میں حراض نامی ایک بستی تھی عزّٰی کا مندر اس جگہ تھا۔ بنو غطفان اس کی پوجا کیا کرتے تھے۔ بعض کے نزدیک یہ بنی شیبان کی دیوی تھی جو بنی ہاشم کے حلیف تھے۔ قریش اور دوسرے قبائل اس کی زیارت کے لیے آیا کرتے۔ قربانی کے جانور یہاں لا کر ذبح کرتے اور نذرانے چڑھاتے۔ تمام دوسرے بتوں سے زیادہ اس کی عزت و تکریم کی جاتی۔

مَنات: اس کا مندر قُدَید کے مقام پر تھا جو مکہ اور مدینہ کے درمیان بحر احمر کے کنارے ایک آبادی ہے۔ یثرب کے اوس و خزرج کے علاوہ بنو خزاعہ بھی اس کے بہت معتقد تھے۔ کعبہ کی طرح اس کا حج بھی کیا جاتا۔ قربانی کے جانور بھی اس کے لیے ذبح کیے جاتے۔ حج کعبہ سے فارغ ہونے کے بعد جو لوگ اس کا حج کرنا چاہتے وہ وہیں سے لبیک لبیک کے نعرے لگاتے ہوئے قُدَید کی طرف چل پڑتے۔

اگرچہ ان بتوں کے مخصوص مندر مختلف مقامات پر تھے جس طرح آپ پڑھ آئے ہیں، لیکن ابو عبیدہ کہتے ہیں کہ انہی ناموں کے بت کعبے میں بھی رکھے ہوئے تھے اور دوسرے بتوں کے ساتھ ان کی وہاں بھی پوجا پاٹ کی جاتی تھی۔ علامہ ابو حیان اندلسی نے 'بحر محیط' میں اسی رائے کو ترجیح دی ہے اور دلیل یہ پیش کی ہے کہ اُحد کے میدان میں ابوسفیان نے بڑے فخر و ناز سے کہا تھا لنا العزّٰی ولا عزّٰی لکم کہ ہمارے لیے تو عزّٰی دیوی ہے اور تمہارے پاس کوئی عزّٰی نہیں۔ نیز افرأیتم میں خطاب کی ضمیر کا مرجع قریش مکہ ہیں۔

قال ابوعبيدة كانت بالكعبة ايضا واستظهر ابوحيان انها ثلاثتها كانت فيها. قال: لان المخاطب فى قوله افرأيتم قريش. (روح المعانی)

ان بتوں کی پوجا کرنے والوں کا یہ عقیدہ تھا کہ فرشتے (معاذ اللہ) اللہ کی بیٹیاں ہیں اور یہ بت جنیات کا مسکن ہیں اور یہ جنیات بھی اللہ کی بیٹیاں ہیں۔ بعض کا یہ خیال تھا کہ یہ بت فرشتوں کے ہیکل ہیں اور یہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں۔ (نعوذ باللہ

الْاُخْرٰى ۝ اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ۝ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ۝

تیسری ہے ۔ کیا تمہارے لیے تو بیٹے ہیں اور اللہ کے لیے نری بیٹیاں ۔ یہ تقسیم تو بڑی ظالمانہ ہے ۲۱

اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

نہیں ہیں یہ مگر محض نام جو رکھ لیے ہیں تم نے اور تمہارے باپ دادا نے نہیں نازل کی اللہ نے

من ذالک)

ان باتوں کو ذہن نشین کرنے کے بعد اب آیت کا معنی سمجھنے کی کوشش کیجیے:

پہلا کلمہ افرأیتم ہے۔ اس پر غور کیجیے۔ ہمزہ استفہام انکار کے لیے ہے۔ فا تعقیب کے لیے ہے۔

فالمعنی اعقیب ماسمعتم من اثار کمال عظمة اللہ فی ملک وملکوتہ وجلالہ وجبروتہ واحکام قدرتہ ونفاذ امرہ فی الملأ الاعلی وتحت الثری ومابینھما رأیتم ھذہ الاصنام مع غایة حقارتھا بنات لہ تعالٰی (روح المعانی وغیرہ)

یعنی ملک اور ملکوت میں اللہ تعالیٰ کی عظمت' اس کے جلال و جبروت' اس کی حکم قدرت اور آسمان و زمین میں اس کے احکام کی تنفیذ کے آثار دیکھنے سننے کے بعد بھی تم یہ سمجھتے ہو کہ یہ حقیر و ذلیل بُت اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں۔ تم خود سوچو اس سے بڑھ کر کوئی حماقت اور نادانی ہو سکتی ہے۔

بعض کتب تفسیر میں یہاں ایک روایت لکھ دی گئی ہے کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حرم شریف کے صحن میں کفار کے مجمع کے سامنے یہ سورت تلاوت فرمائی تو اس آیت کے بعد حضور کی زبان سے یہ جملہ نکلا (العیاذ باللہ)

تلك الغرانیق العلی وان شفاعتھن لترتجی۔

یہ جملہ سن کر مشرکین کے دلوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ وغیرہ وغیرہ۔

یہ روایت سراسر لغو' باطل' موضوع اور جھوٹ کا پلندہ ہے۔ اس پر سیر حاصل بحث ضیاء القرآن سورۃ الحج کی آیت ۵۲ کے ضمن میں آپ ملاحظہ فرمائیں۔

۲۱ مشرکین کو کہا جا رہا ہے کہ تمہاری حماقت کی بھی کوئی حد ہے۔ اپنے لیے تو تم لڑکے پسند کرتے ہو کسی کے گھر میں بیٹی پیدا ہوتی ہے تو اس کے ہاں صف ماتم بچھ جاتی ہے اور جو خالق کائنات ہے جسے نہ بیٹے بیٹیوں کی ضرورت ہے نہ خواہش ہے جو بے نیاز اور برتر ہے' اس کے لیے نری بیٹیاں ہی تجویز کرتے ہو۔

تلك اذا قسمة ضیزیٰ۔ نحو و لغت کے امام الکسائی لفظ ضیزیٰ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: یقال ضاز یضیز ضیزا وضاز یضوز ضوزا وضاز یضاز ضازا اذا ظلم وتعدی وبخس انتقص قال امرؤالقیس ؎

ضازت بنواسد بحکمھم   اذ یجعلون الراس کالذنب

بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ

ان کے بارے میں کوئی سند ۲۲ نہیں پیروی کر رہے یہ لوگ مگر گمان کی اور جسے ان کے نفس چاہتے ہیں ۲۳

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ؕ﴿۲۳﴾ اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿۲۴﴾

حالانکہ آ گئی ہے ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے ہدایت ۲۴ کیا انسان کو ہر وہ چیز مل جاتی ہے جس کی وہ تمنا کرتا ہے۔

یہ مادہ تین باب پر آتا ہے ضَرَبَ یَضْرِبُ، نَفَسَ یَنْفَسُ اور مصموز العین۔ اس کا معنی ہے ظلم کرنا، زیادتی کرنا، کسی کے حصہ میں کمی کرنا۔ امرؤ القیس کہتا ہے: "بنو اسد نے اپنا فیصلہ کرتے ہوئے بڑی زیادتی کی ہے کہ انہوں نے سر کو دم کی مانند بنا دیا ہے۔" (قرطبی)

ضیزیٰ کا اصل وزن فُعلیٰ ہے مثل طُوبیٰ اور حُبلیٰ، لیکن یٰ کی وجہ سے اس کے ماقبل کو کسرہ دے دیا۔

یعنی تمہاری یہ تقسیم عدل و انصاف سے دُور کا واسطہ بھی نہیں رکھتی۔ عقل و خرد بھی اس کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔ تمہارا دعویٰ تو یہ ہے کہ تم بڑے دانا اور زیرک ہو، بڑے عادل اور منصف ہو لیکن تمہاری زبان سے باتیں ایسی نکلتی ہیں جن کو سن کر فکرِ سلیم سر پیٹ لیتی ہے اور عقل رو پڑتی ہے۔

۲۲ یہ دیویاں، یہ دیوتا جن کو تم اپنا معبود اور مسجود تسلیم کیے ہو ان میں الوہیت کا نام و نشان تک نہیں۔ یہ تمہارے من گھڑت نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے بغیر کسی معقول دلیل کے تجویز کیے ہیں۔ اگر تمہارے پاس کوئی اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی سند موجود ہے تو ہمیں بھی دکھاؤ۔

۲۳ نہ ان کے پاس کوئی آسمانی نوشتہ ہے جس سے معلوم ہو کہ ان پتھر کے اصنام میں الوہیت کی ادنیٰ سی کوئی جھلک بھی پائی جاتی ہے، نہ عقلِ سلیم اس کو ماننے کے لیے تیار ہے کہ انسان جو اشرف المخلوقات ہے، ان بتوں کو اپنا خدا بنائے جو ان کے کسی کاریگر نے کسی دھات سے ان کی آنکھوں کے سامنے گھڑے ہیں یا کسی ماہر سنگتراش نے کسی پتھر سے تراشے ہیں جو نہ دیکھ سکتے ہیں نہ سن سکتے ہیں، نہ چل پھر سکتے ہیں۔ جب حقیقت یہ ہے تو پھر یہ کفار جو دنیا کے معاملات میں بڑے زیرک ہیں، کیوں ایسا کرتے ہیں۔ بتا دیا کہ یہ سب کچھ ان کے ظن و تخمین کی گل کاریاں ہیں اور ان کے نفوس کی خواہشات ہیں جن کی وہ پیروی کر رہے ہیں۔ ایسی چیزوں کو معبود ماننے پر انہیں کوئی اعتراض نہیں جو کچھ نذر و نیاز لے کر ان کے خیال کے مطابق ان کی مصیبتوں کو ٹال دیں اور اگر بفرضِ محال قیامت قائم ہو جائے تو ان کی شفاعت کی ذمہ داری قبول کر لیں۔ ایسے خداؤں کو وہ ماننے کے لیے تیار ہیں اور ان کے لیے قربانی کے جانور ذبح کرنے کے لیے تیار ہیں، لیکن ایسے خدا کو ماننا جو احکام صادر کرے، ایسے احکام جو ان کے بنیادی مفاد کو نقصان پہنچانے کا سبب بن سکتے ہیں، ایسے احکام جو اُن کی بساطِ عیش و طرب کو اُلٹنے کا موجب بن سکتے ہیں، جو ان کی آزادی پر قدغن لگا دیتے ہیں، ایسے خدا کی خدائی وہ تسلیم کرنے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔

حقیقت میں وہ ان بتوں کے پجاری نہیں بلکہ خواہشاتِ نفس کے پرستار ہیں۔ ایسے لوگوں سے یہ توقع عبث ہے

فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ۝۲۵ وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ

پس اللہ کے دستِ قدرت میں ہے آخرت اور دنیا ۲۵ اور کتنے فرشتے ہیں آسمانوں میں جن کی شفاعت

شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ۝۲۶

کسی کام نہیں آسکتی مگر اس کے بعد کہ اللہ تعالیٰ اذن دے جس کے لیے چاہے اور پسند فرمائے ۲۶

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ۝۲۷

بے شک جو لوگ ایمان نہیں لاتے آخرت پر وہ فرشتوں کے نام عورتوں کے سے رکھتے ہیں۔

کہ وہ عقل و خرد سے صحیح کام لیں گے اور اللہ کے رسولوں کی دعوت کو غور سے سنیں گے۔

۲۴ یتبعون کی ضمیر سے حال ہے یعنی اللہ کی طرف سے ان کی رہنمائی کے لیے ایسا رسول کامل تشریف لے آیا ہے جو اپنے نورانی ارشادات سے ان کے دلوں کی تاریک دنیا کو منور کر رہا ہے۔ ان کے پاس قرآن جیسی کامل کتاب بھی ہے، لیکن یہ بدنصیب اللہ کی بھیجی ہوئی ہدایت کو درخورِ اعتنا نہیں سمجھتے اور رذیل خواہشات کی دلدل میں دھنستے چلے جا رہے ہیں۔ آیت میں الھدیٰ سے مراد یا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات ہے یا اس سے مراد قرآن مجید ہے۔

۲۵ آیت میں الانسان سے مراد یا تو کافر ہے۔ اس وقت آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ ان کفار نے ان بتوں سے جو طرح طرح کی توقعات وابستہ کر رکھی ہیں کہ یہ بُت ان کو رزقِ وافر، اولادِ نرینہ دیں گے اور اگر بالفرض قیامت برپا ہو گئی تو وہ ان کو خدا کے عذاب سے چھڑا لیں گے۔ یہ محض فریب اور دھوکہ ہے ان کی یہ توقعات کبھی پوری نہیں ہوں گی۔ یا الانسان سے مراد عام انسان بھی لیا جا سکتا ہے۔ اس وقت آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ ایسا نہیں ہوا کرتا کہ انسان جو چاہے وہ ضرور پورا ہو کر رہے۔ کچھ امیدیں بر آتی ہیں اور کچھ پوری نہیں ہوتیں۔ ہر چیز اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ اس دنیا میں جو کچھ ہوا اور جو کچھ ہو رہا ہے اس کے اذن سے ہو رہا ہے اور عالمِ آخرت میں جو کچھ ہوگا اس کے حکم سے ہوگا۔ دونوں جہانوں کی بادشاہی اسی کے لیے مخصوص ہے۔

۲۶ کفار کی اس غلط فہمی کو دور کیا جا رہا ہے جس میں وہ بُری طرح مبتلا تھے۔ وہ سمجھتے تھے کہ ان کی یہ دیویاں اور دیوتا قیامت کے روز ان کی شفاعت کریں گے اور عذابِ جہنم سے انہیں بچا لیں گے۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ ان بے چارے بتوں کی تو حقیقت ہی کیا ہے کہ وہ ہماری جناب میں ان مشرکوں کی شفاعت کے لیے لب کشائی کی جرأت کر سکیں۔ فرشتے جو نورانی مخلوق ہیں اور ہر وقت ہماری عبادت اور اطاعت میں مشغول رہتے ہیں ان کی بھی یہ مجال نہیں کہ جس کی چاہیں خود بخود شفاعت کریں اور اس کو بخشوا کر جنت میں پہنچا دیں، بلکہ فرشتے بھی اس وقت شفاعت کریں گے جب ہم انہیں اس

وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ

حالانکہ انہیں اس کا کچھ علم ہی نہیں ۲۷؎ وہ محض ظن کی پیروی کرتے ہیں۔ اور ظن حق کے مقابلہ میں کسی کام

مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ﴿۲۸﴾ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا

نہیں آسکتا ۲۸؎ پس آپ رُخ انور پھیر لیجیے اس (بدنصیب) سے جس نے ہمارے ذکر سے روگردانی کی اور نہیں خواہش رکھتا

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ

مگر دنیوی زندگی کی ۲۹؎ یہ ہے ان کا مبلغ علم ۳۰؎ بے شک آپ کا رب ہی خوب جانتا ہے جو

کی اجازت دیں گے اور فقط ان کے لیے شفاعت کریں گے جو شفاعت کے اہل ہوں۔ جن بدبختوں کی موت کفر پر ہوگی وہ تو اس قابل ہی نہیں کہ ان کی شفاعت کی جائے۔ شفاعت تو گناہ گار اہل ایمان کے لیے ہے۔ جب فرشتے بھی کفر و شرک پر مرنے والوں کی شفاعت نہیں کر سکتے تو یہ بُت تمہاری نجات کا سبب کیونکر بن سکتے ہیں؟

۲۷؎ جو لوگ فرشتوں کو مونث خیال کرتے ہیں اور انہیں خدا کی بیٹیاں بنائے ہوئے ہیں اور اس لیے ان کی پوجا پاٹ میں لگے رہتے ہیں اور ان سے طرح طرح کی توقعات وابستہ کیے ہوئے ہیں ان کی ان لغزشوں اور غلطیوں کا ایک ہی سبب ہے کہ وہ قیامت کے وقوع پر ایمان نہیں رکھتے' اس لیے ان میں ذمہ داری کا احساس بالکل ختم ہو گیا ہے۔ کسی چیز کو مانتے ہیں تو اس لیے نہیں کہ ان کے پاس اسے ماننے کی کوئی ٹھوس دلیل ہے یا اگر کسی چیز کا انکار کرتے ہیں تو اس لیے نہیں کہ کسی اللہ کے نبی نے انہیں انکار کا حکم دیا ہے یا ان کی عقل سلیم نے اس کے انکار کا فیصلہ کیا ہے' بلکہ جب ترنگ میں آئے کسی چیز کو مان لیا اور جب چاہا کسی چیز کا انکار کر دیا۔ احساس ذمہ داری کا چراغ جب سے بجھا ہے' انہوں نے عقل و خرد سے کام لینا چھوڑ دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بغیر کسی دلیل اور تحقیق کے انہوں نے فرشتوں کو مونث بنا ڈالا ہے اور پھر ان پر خدا کی بیٹیاں ہونے کی تہمت لگا دی ہے۔

۲۸؎ حقیقی علم کا سرچشمہ تو نبی کی ذات ہوتی ہے جسے بارگاہِ الٰہی سے براہ راست علم و عرفان کی دولت عطا فرمائی جاتی ہے' نبی کی ذات سے تو انہیں بَیر ہے۔ وحی کے چشمہ صافی سے سیراب ہونے کی تو انہیں توفیق ہی نہیں۔ ان کے پاس لے دے کے ظن و تخمین کے گھوڑے ہیں جن پر سوار ہو کر وہ وہم و گمان کے ریگزاروں میں خاک اڑاتے پھرتے ہیں' اس لیے زندگی کی بنیادی سچائیوں تک یہ رسائی حاصل نہیں کر سکتے اور بھاگ دوڑ میں عمر برباد کر دیتے ہیں اور انہیں حقیقت کا سراغ نہیں ملتا۔ وہ اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ ان کے طائرِ فکر کی پرواز بڑی اونچی ہے۔ ان کی جھولی سچے موتیوں سے بھری ہوئی ہے' حالانکہ ان کے پاس کچھ بھی نہیں۔

ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

بھٹک گیا اس کی راہ سے اور وہی بہتر جانتا ہے جس نے راہ راست پائی ۳۱؎ اور اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ

اور جو کچھ زمین میں ہے تاکہ وہ بدلہ دے بدکاروں کو ان کے اعمال کا اور بدلہ دے نیکوکاروں کو

اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ﴿۳۱﴾ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا

ان کی نیکیوں کا ۳۲؎ جو لوگ بچتے رہتے ہیں بڑے بڑے گناہوں سے اور بے حیائی کے کاموں سے مگر

۲۹؎ آیت میں ذکر سے مراد قرآن مجید بھی ہو سکتا ہے، حضور کے مواعظ حسنہ اور نصائح جلیلہ بھی اور مطلق ذکر الٰہی بھی۔
مطلب یہ ہے کہ جن کے سامنے ہماری کتاب کی آیات تلاوت کی جاتی ہیں، لیکن وہ ان کی طرف التفات نہیں کرتے۔ میرا رسول انہیں وعظ و نصیحت کرتا ہے تو اس کے سننے کے لیے بھی وہ تیار نہیں ہوتے یا جہاں میرے بندے میرے ذکر کی شمع روشن کیے بیٹھے ہوتے ہیں، وہاں سے بھی وہ دور بھاگتے ہیں نیز دنیوی زندگی کی لذتوں اور زیب و آرائش میں وہ یوں کھوئے ہوئے ہیں کہ عاقبت کے بارے میں انہوں نے غور و فکر کرنے کی زحمت کبھی گوارا نہیں کی۔ رات دن دولت سمیٹنے میں مصروف رہتے ہیں۔
اے حبیب! اس قماش کے لوگ ہرگز اس لائق نہیں کہ آپ ان کے لیے متفکر ہوں۔ انہیں اپنے حال پر چھوڑ دیجیے انہیں بادیۂ ضلالت میں دھکے کھانے دیجیے۔ اگر قعر مذلت میں چھلانگ لگانے کا یہ لوگ قصد کر چکے ہیں تو انہیں مت روکیے۔ جب اپنے کرتوتوں کا ذائقہ چکھیں گے تو خود بخود ان کی آنکھیں کھل جائیں گی۔

۳۰؎ ان کے علم کی رسائی یہاں تک ہی ہے۔ ان کی عقل کی آنکھ دنیوی لذتوں سے ماورا کچھ دیکھ ہی نہیں سکتی اس کے علاوہ وہ کچھ اور سوچ ہی نہیں سکتے۔ ان دوں ہمتوں اور کم نظروں کو ان کے حال پر چھوڑ دیجیے۔

۳۱؎ جو لوگ کفر و شرک کے مرتکب ہیں اور اس کے باوجود دعویٰ کرتے ہیں کہ وہی راہ حق پر گامزن ہیں، جو کچھ وہ کر رہے ہیں وہی درست ہے، جس منزل پر وہ پہنچنے کے لیے کوشاں ہیں، انسانی زندگی کی صحیح منزل وہی ہے اور جنہوں نے اسلام کی دعوت قبول کر لی ہے، انہیں مارا پیٹا جاتا ہے۔ طرح طرح کے دکھ پہنچائے جاتے ہیں، لیکن اے حبیب! وہ تیرا دامن چھوڑنے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ ان اہل حق کو یہ لوگ نادان اور گم کردہ راہ سمجھتے ہیں۔ یہ سراسر ان کی زیادتی ہے اور ان کی بھول ہے۔ کون گمراہ ہے، کون ہدایت یافتہ ہے، اس کا فیصلہ اللہ تعالیٰ خود کرے گا جو سب سے زیادہ علم والا ہے اور اسی کا فیصلہ صحیح اور آخری ہو گا۔

۳۲؎ وہ ذات پاک جو گمراہ اور ہدایت یافتہ کو جانتی ہے، جس کی بادشاہی کا پرچم آسمانوں کی بلندیوں اور زمین کی پستیوں میں لہرا رہا ہے، اسی کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ بدکاروں کو ان کی بدکاریوں کی سزا دے اور نیکوکاروں کو ان کی نیکیوں

اللَّمَمَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ

شاذ و نادر۔ بلاشبہ آپ کا رب وسیع بخشش والا ہے ۳۳؎ وہ اس وقت سے خوب جانتا ہے تمہیں جب اس نے تمہیں زمین سے

کی جزا دے۔

۳۳؎ یہ آیت الذین احسنوا کا بدل ہے یا عطفِ بیان ہے یا صفت ہے۔ یہاں مضارع کا صیغہ اس لیے بیان کیا گیا ہے تاکہ اجتناب کے تجدد اور استمرار پر دلالت کرے۔ وہ ہمیشہ گناہوں سے اجتناب کرتے رہتے ہیں۔

گناہ کبیرہ اور فاحشہ کے مفہوم کے بارے میں علماء کے متعدد اقوال ہیں جن میں سے چند پیش کیے جاتے ہیں:

کبائر الاثم سے مراد شرک ہے کیونکہ یہ تمام کبیرہ گناہوں سے بڑا اور گھناؤنا گناہ ہے اور فاحشہ سے مراد زنا ہے جو بے حیائی کی انتہا ہے۔

مقاتل کہتے ہیں ہر گناہ جس کی سزا آتشِ جہنم ہے وہ کبیرہ ہے اور جس کی سزا کوئی شرعی حد ہے وہ فاحشہ ہے۔

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کا ارشاد ہے کہ کبیرہ گناہ سات ہیں۔ صحیحین کی اس حدیث سے بھی آپ کے ارشاد کی تصدیق ہوتی ہے:

اجتنبوا السبع الموبقات الاشراك بالله تعالیٰ والسحر وقتل النفس التی حرم الله تعالیٰ الا بالحق واکل مال الیتیم واکل الربٰو والتولی یوم الزحف وقذف المحصنات الغافلات المومنات۔

ترجمہ: سات برباد کرنے والی چیزوں سے اجتناب کیا کرو۔ شرک باللہ، جادو، قتلِ بے گناہ، یتیم کا مال کھانا، سود کھانا، میدانِ جنگ سے بھاگنا، پاک دامن بے خبر مومن عورتوں پر تہمت لگانا۔

گناہ کبیرہ کے بارے میں متعدد روایات ہیں۔ کسی میں ان کی تعداد پانچ، کسی میں سات، کسی میں چودہ اور کسی میں پچیس مذکور ہے جن کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر وہ کام جس سے کتاب و سنت کی صریح نص سے منع کیا گیا ہو یا اس کے لیے کوئی حد شرعی مقرر ہو یا جس کی سزا جہنم بتائی گئی ہو یا جس کے مرتکب کو لعنت کا مستحق قرار دیا گیا ہو یا جس پر عذاب کے نزول کی خبر دی گئی ہو۔ ایسی تمام باتیں کبیرہ گناہ ہیں۔ ان کے علاوہ جو دوسرے گناہ ہیں انہیں گناہ صغیرہ کہا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ گناہ صغیرہ پر اصرار اور شریعت کے کسی فرمان کا استخفاف اور تحقیر کا شمار بھی کبیرہ گناہوں میں ہوتا ہے۔

اللمم کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں: اللمم مقاربة المعصية ويعبر به عن الصغيرة ويقال فلان يفعل كذا لمما ای حينا بعد حين (مفردات)

یعنی معصیت کے قریب ہونے کو لمم کہتے ہیں۔ گناہِ صغیرہ کو بھی لمم سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ نیز جو کام گاہے گاہے کیا جائے اس کو بھی لمم کہتے ہیں۔

قال ابو اسحٰق الزجاج: اصل اللمم والالمام ما يعمله الانسان المرة بعد المرة ولا يتعمق فيه ولا يقيم عليه يقال

الْاَرْضِ وَ اِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ

پیدا کیا اور جبکہ تم حمل تھے اپنی ماؤں کے شکموں میں پس اپنی خود ستائی نہ کیا کرو۔

هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿۳۲﴾ اَفَرَءَیْتَ الَّذِیْ تَوَلّٰى ﴿۳۳﴾ وَ اَعْطٰى قَلِیْلًا وَّ

وہ خوب جانتا ہے کہ کون پرہیزگار ہے ۳۳ کیا آپ نے ملاحظہ فرمایا جس نے روگردانی کی ۳۵ اور تھوڑا سا مال دیا پھر

الممت به اذا زرته وانصرفت عنه (قرطبی)

یعنی زجاج کہتے ہیں کہ لمم اور المام اس کام کو کہتے ہیں جو کبھی کبھی کیا جائے اور اس میں تعمق نہ کیا جائے اور اس میں ہمیشگی نہ کی جائے۔ جب تو کسی آدمی کی ملاقات کے لیے جائے اور مل کر فوراً واپس چلا جائے تو کہتے ہیں الممت به۔

عرب شاعر کا ایک شعر بھی اسی مفہوم پر دلالت کرتا ہے:

الممت فحییت ثم قامت فودعت   فلما تولت کادت النفس تزهق

ترجمہ: وہ تھوڑی دیر کے لیے آئی، اس نے سلام کیا، پھر وہ اٹھ کھڑی ہوئی اور اس نے الوداع کہا۔ جب اس نے پیٹھ پھیری تو قریب تھا کہ روح پرواز کر جائے۔

آیت کے ان کلمات کا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ بڑے بڑے گناہوں سے گریزاں رہتے ہیں، بے حیائی کے کاموں سے دور بھاگتے ہیں، الا یہ کہ کبھی کبھی ان سے کوئی غلطی صادر ہو جاتی ہے تو فوراً اس سے دامن کش ہو جاتے ہیں۔ اے محبوب! آپ کا رب انہیں اپنی مغفرت کے وسیع دامن میں پناہ دے گا۔ بے شک آپ کے رب کی مغفرت کا دامن بڑا وسیع ہے۔

۳۴؎ بعض کم ظرف لوگ اپنی نیکیوں پر اترانے لگتے ہیں، اپنی پارسائی اور پرہیزگاری کے قصے جھوم جھوم کر بیان کرتے ہیں۔ یہ باتیں اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہیں۔ یہ خود نمائی اور خود ستائی ان کے سارے اعمال حسنہ کا بیڑا غرق کر دے گی، اس لیے منع فرمایا جا رہا ہے کہ لوگوں پر اپنے تقویٰ اور نیکی کا رعب جمانے کی عادت ترک کر دو، کیونکہ تمہارا معاملہ اللہ تعالیٰ سے ہے جو تمہارے ظاہر اور باطن کو خوب جانتا ہے۔ صرف آج سے ہی نہیں، بلکہ اس وقت سے جب تمہارا نطفہ رحم مادر میں قرار پانے کے بعد اپنی تکمیل کے مرحلے طے کر رہا تھا، بلکہ اس سے بھی ہزاروں سال پہلے جب تمہارے باپ آدم کا خمیر مٹی سے تیار کیا جا رہا تھا اور تمہارا ہیولیٰ اس کی پشت میں ودیعت کیا جا رہا تھا۔ جو خدا تمہیں ابتدائے آفرینش سے جانتا ہے اس کے سامنے شیخی بگھارنا تمہیں زیب نہیں دیتا۔ وہ خود جانتا ہے کہ تم میں سے متقی اور پرہیزگار کون ہے اور فسق و فجور کی آلائشوں سے کون آلودہ ہے۔ تمہارے بتانے کی اسے حاجت نہیں۔ اگر وہ تمہاری لغزشوں پر فوری گرفت نہیں کرتا یا تمہارے جرائم کا پردہ فاش نہیں کرتا تو یہ محض اس کا لطف و کرم ہے۔ اس میں تمہاری پاکبازی کا کوئی دخل نہیں۔

۳۵؎ بعض علمائے تفسیر نے لکھا ہے کہ یہ آیت ولید ابن مغیرہ کے بارے میں نازل ہوئی۔ ولید حضور علیہ الصلوٰۃ

وَاَكْدٰى ۝ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ۝ اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ

کنجوس بن گیا ۳۵ کیا اس کے پاس علم غیب ہے اور وہ دیکھ رہا ہے ۳۶ کیا وہ آگاہ نہیں ہوا جو

والسلام کی خدمت عالیہ میں اکثر حاضر ہوتا اور آیات قرآنی سُناکرتا جنہیں سُن کر وہ بے اختیار کہہ اٹھتا کہ بخدا یہ کلام بڑا سرسبز ہے اس کی شاخیں پھلوں سے لدی ہیں۔ اس کی رونق و شگفتگی دل موہ لینے والی ہے۔ نہ یہ جادو ہے اور نہ شعر۔

اس کے احباب اور رشتہ داروں کو جب ان باتوں کا پتہ چلا تو انہیں یہ فکر دامنگیر ہوئی کہ کہیں وہ اسلام قبول کرنے کا برملا اعلان نہ کر دے، چنانچہ اس کا ایک بے تکلف دوست اس کے پاس آیا اور اسے بڑی لعنت ملامت کی کہ تم اپنے آباء و اجداد اور اپنے بڑوں کے مذہب کو چھوڑ رہے ہو اور ایک نیا دین اختیار کر رہے ہو۔ بڑے شرم کی بات ہے۔ اس نے کہا کہ مجھے عذاب قیامت سے بڑا ڈر لگتا ہے۔ اس دوست نے کہا کہ میں تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ اگر تم اتنا مال مجھے دے دو تو قیامت کے روز میں تمہارے حصے کا عذاب بھی اپنے سر پر اٹھالوں گا، چنانچہ ولید نے اسلام لانے کا ارادہ ترک کر دیا اور جس مال کا وعدہ اس ضامن سے کیا تھا اس میں سے کچھ تو اسے دے دیا بقیہ دینے سے مکر گیا۔

اللہ تعالیٰ اپنے رسول کریم کو فرماتے ہیں کہ کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے حق قبول کرنے سے منہ پھیر لیا۔ پھر اپنے ضامن کو پورا معاوضہ بھی نہ دیا۔ یہ شخص کتنا احمق ہے جو یہ سمجھتا ہے کہ روز حساب کوئی شخص اس کے حصے کا عذاب برداشت کرے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ کتنا بڑا بخیل ہے کہ جتنا مال دے کر اپنی جان بخشی کروانے کا اس نے سودا کیا تھا وہ بھی اس نے پورا ادا نہیں کیا۔ حماقت اور بخل دونوں عیب اس میں پائے جاتے ہیں۔

۳۶ے اَکْدٰی، علامہ راغب لکھتے ہیں اَلْکُدْیَۃُ صلابۃ فی الارض یقال حفر فاکدیٰ اذا وصل الی کُدْیَۃ و استعیر ذٰلک للطالب المخفق والمعطی المقل (مفردات)

ترجمہ: زمین کھودتے ہوئے اگر پتھریلی تہہ آجائے تو عرب کہتے ہیں حَفَرَ فَاَکْدٰی اس نے زمین کھودی اور نیچے سے چٹان نکل آئی۔ بطور استعارہ ناکام طلبگار اور تھوڑا دینے والے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

علامہ فیروز آبادی قاموس میں لکھتے ہیں، اکدیٰ: بخل او قل خیرہ او قل عطاءہ۔ بخل کرنا، کسی کی بھلائی کا کم ہونا، کسی کی عطا کا قلیل ہونا۔ المنجد میں ہے اکدیٰ اِکداءً: بَخِلَ فی العطاء: اس نے دینے میں بخل سے کام لیا۔

۳۷ے یعنی اس نے جو یہ خیال کر لیا کہ فلاں شخص قیامت کے روز اتنی رقم کے بدلے میں اس کا عذاب اپنے سر لے لے گا۔ کیا اس کے پاس غیب کا ایسا علم ہے جس کے باعث اس کو اپنی اس سودا بازی کے درست ہونے کا یقین ہو گیا ہے۔

صُحُفِ مُوسٰى ﴿۳۶﴾ وَإِبْرٰهِيمَ الَّذِي وَفّٰى ﴿۳۷﴾ أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ

موسیٰ (علیہ السلام) کے صحیفوں میں ہے اور ابراہیم (علیہ السلام) کے صحیفوں میں جو پوری طرح احکام بجالائے ۳۸؎ کہ کوئی شخص دوسرے کے گناہ کا بوجھ نہیں

أُخْرٰى ﴿۳۸﴾ وَأَنْ لَّيْسَ لِلْإِنْسَانِ إِلَّا مَا سَعٰى ﴿۳۹﴾ وَأَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ

اٹھائے گا ۳۹؎ اور نہیں ملتا انسان کو مگر وہی کچھ جس کی وہ کوشش کرتا ہے ۴۰؎ اور اس کی کوشش کا نتیجہ جلد

۳۸؎ اگر اس نے سابقہ آسمانی کتابوں کا مطالعہ کیا ہوتا تو اسے اپنی اس غلط اندیشی کا علم ہوجاتا۔ صحف، صحیفہ کی جمع ہے۔ صحف موسیٰ سے مراد تورات ہے جو متعدد اسفار پر مشتمل ہے۔ یہ محرف شکل میں آج بھی موجود ہے۔ صحف ابراہیم سے مراد وہ آسمانی کتاب ہے جو حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہوئی تھی۔ اس وقت اس کا کہیں نام ونشان نہیں ملتا۔ اس کے اہم مضامین کے بارے میں قرآن کریم نے ہی کچھ بتایا ہے۔ صحفِ ابراہیم کا ذکر قرآن کریم میں دو مقامات پر آیا ہے۔ ایک اس مقام پر، دوسری مرتبہ سورۃ الاعلیٰ کی آخری آیت میں۔ جن سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر بھی صحیفے نازل ہوئے تھے۔ ان دو مقامات پر ان تعلیمات کا اشارۃً ذکر کر دیا جو ان میں مندرج تھیں۔

۳۹؎ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پہلے یہ قانون رائج تھا کہ اگر ایک شخص کسی کو قتل کرتا تو قاتل کی سزا اس کے باپ، اس کے بیٹے، اس کے بھائی اور اس کی بیوی یا اس کے غلام کو بھی دی جاتی۔ ان میں سے کسی کو پکڑ کر قتل کر دیا جاتا۔

قال البغوي عن عكرمة عن ابن عباس قال كانوا قبل ابراهيم عليه السلام ياخذون الرجل بذنب غيره وكان الرجل يُقتل بقتل ابيه وابنه واخيه وامرأته وعبده۔

جب آپ مبعوث ہوئے تو آپ نے اللہ تعالیٰ کا یہ پیغام سنایا:

الا تزر وازرة وزر اخرىٰ کہ کسی کا گناہ کسی دوسرے پر نہیں ڈالا جائے گا یوں اس ظالمانہ قانون کا قلع قمع ہوا۔

یہ نہ سمجھا جائے کہ کسی سابق رسول کی شریعت کا یہ مسئلہ تھا، بلکہ یہ ان کے دورِ جاہلیت کا ایک رواج تھا جو صدیوں سے ان میں چلا آرہا تھا اور کبھی کسی نے اس کے خلاف صدائے احتجاج بلند نہ کی تھی۔ بعینہٖ اسی طرح جیسے حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے عرب میں یہ دستور تھا کہ اگر کسی غریب قبیلے کا غلام یا عورت طاقتور قبیلے کے کسی فرد کو قتل کر دیتی تو طاقتور قبیلہ بطور قصاص اس قاتل غلام یا عورت کو قتل کرکے مطمئن نہ ہوتا، بلکہ عورت کے بجائے ان کے کسی مرد اور غلام کے بجائے ان کے کسی آزاد مرد کو قتل کیا جاتا۔ الحر بالحر والعبد بالعبد الخ۔ نازل ہوئی تو جہالت کے اس ظالمانہ دستور کا خاتمہ ہوا۔

بظاہر بعض آیتیں اور حدیثیں اس آیت سے متعارض معلوم ہوتی ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے من سن سنة سيئة فله وزرها و وزر من عمل بها الى يوم القيامة۔ اخرجه احمد ومسلم من حديث جرير ابن عبد الله۔

یعنی امام احمد اور مسلم نے جریر بن عبداللہ سے یہ حدیث روایت کی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جو شخص بُرا طریقہ رائج کرتا ہے اس پر اس کا بوجھ بھی لادا جائے گا اور قیامت تک جو لوگ اس طریقے کو اختیار کریں گے، ان کا بوجھ بھی اس پر لادا جائے گا۔

اس سے معلوم ہوا کہ دوسروں کے گناہ کا بوجھ بھی کسی پر لاد دیا جاتا ہے، حالانکہ آیت اس کی نفی کرتی ہے۔ اس کا جواب یہ دیا گیا کہ چونکہ یہ شخص قیامت تک آنے والے بدکاروں کی بدکاری کا سبب بنا ہے، اس لیے وہ ان بدکاریوں میں شریک ہے۔ اسی کی سزا اسے ملے گی۔ یہ نہیں کہ ان بدکاروں کو کوئی سزا نہ دی جائے گی اور ان سب کی سزا اس شخص کو دی جائے گی۔

دوسری حدیث ہے جس کے راوی ابن عمر ہیں: اذا انزل اللّٰه بقوم عذابا اصاب العذاب من كان فيه ثم بعثوا على اعمالهم (متفق علیہ)

یعنی جب کسی قوم پر اللہ تعالیٰ عذاب نازل کرتا ہے تو اس قوم کے تمام افراد (نیک و بد) اس عذاب میں مبتلا ہوتے ہیں پھر قیامت کے دن وہ اپنے اعمال کے مطابق قبروں سے اٹھائے جائیں گے۔

اس حدیث سے بھی یہ معلوم ہوا کہ عذاب ان لوگوں پر بھی نازل ہوتا ہے جو مجرم نہیں ہوتے، حالانکہ آیت اس کی تردید کرتی ہے، تو اس کا جواب یہ دیا گیا ہے جو لوگ ان جرائم کا ارتکاب نہیں کیا کرتے تھے، لیکن مجرموں کو منع بھی نہیں کرتے تھے بلکہ خاموشی سے ان گناہوں کو دیکھتے رہتے تھے، ان کی یہ خاموشی ان کا گناہ تھا جس کی وجہ سے وہ اس عذاب میں مبتلا کیے گئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایک حدیث جو سنن اربعہ میں مروی ہے اس میں یہ تصریح موجود ہے کہ جب لوگ ظالم کو دیکھتے ہیں اور ظلم سے اس کا ہاتھ نہیں پکڑ لیتے تو ان پر بھی عذاب نازل ہوگا۔ اسی طرح ایک اور حدیث میں بتایا گیا ہے کہ جب انسان فوت ہوتا ہے اور اس کے رشتہ دار ماتم کرتے ہیں تو ان کے ماتم کرنے کے گناہ کا عذاب اس میت کو دیا جاتا ہے۔

یہ حدیث بھی اس آیت کے منافی ہے۔ اس کے بارے میں علما فرماتے ہیں کہ میت کو اس وقت عذاب ہوگا جب یا تو وہ وصیت کر جائے کہ مجھ پر ماتم کرنا یا اسے معلوم تھا کہ اس کے گھر والے اس کے مرنے پر ماتم کریں گے اور اس نے ان کو منع نہیں کیا۔ اب یہ عذاب اس کے اپنے گناہ کا ہوگا۔

بہر حال اس آیت سے معلوم ہو گیا کہ حضرت ابراہیم اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کے صحیفوں میں جو یہ حکم نازل ہوا تھا وہ شریعتِ محمدیہ میں بھی باقی ہے۔ کسی کے گناہ کے بدلے میں کسی دوسرے کو سزا نہیں دی جائے گی، ہر شخص اپنے فعل کا خود ذمہ دار ہے۔

۴۰۔ یہ حکم صحفِ موسیٰ اور ابراہیم علیہما السلام میں بھی موجود تھا اور شریعتِ اسلامیہ میں بھی یہ قانون باقی ہے، لیکن بعض کج فہموں نے اس آیت کو ایسے معانی پہنائے ہیں جن سے متعدد دوسری آیات کی تردید اور تکذیب ہوتی ہے، اس لیے ہمیں بڑے اطمینان سے ان باطل معانی کا جائزہ لینا چاہیے اور اس کے حقیقی مفہوم کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے، کیونکہ یہ طریقہ کسی طرح بھی مستحسن نہیں کہ ایک آیت کی ایسی من مانی تشریح کی جائے جس سے متعدد آیات کی تغلیط ہوتی ہو۔

اشتراکی ذہنیت رکھنے والے جو محنت کو ضرورت سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں وہ اس آیت کا یہ مفہوم بیان کرتے ہیں

کہ ہر انسان صرف اسی چیز کا حقدار ہے جو اس نے اپنی محنت اور کوشش سے حاصل کی ہو اور اپنے اس نظریہ کو قرآن کریم کی اس آیت کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ اگر وہ ایسا نہ کرتے تو ہمیں ان سے کسی بحث کی ضرورت نہ تھی۔ ہر شخص اپنی پسند کے مطابق جس نظریہ کو چاہے اپنائے۔ ہمیں اس پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے' لیکن اپنے من گھڑت نظریات کو قرآن کی طرف منسوب کرنا ایک ایسی زیادتی ہے جس پر خاموش رہنا ہمارے لیے ممکن نہیں۔ ہم ان صاحبان سے پوچھتے ہیں کہ کیا قرآن کریم کی متعدد آیات میں میراث کے احکام مذکور نہیں۔ باپ کے مرنے کے بعد اولاد کو جو جائیداد منقولہ اور غیر منقولہ ورثہ میں ملتی ہے کیا اس میں ان کی محنت اور کوشش کا کوئی دخل تھا۔ ایسی جائیداد کا قرآن نے انہیں کامل مالک ٹھہرایا ہے' خصوصاً بچیاں یا شیر خوار بچے جنہوں نے کسی طرح بھی اس جائیداد کے بنانے میں کوئی حصہ نہیں لیا' وہ بھی وارث ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ زکوٰۃ، صدقات جب کوئی شخص کسی مستحق کو دیتا ہے تو مستحق اس کا کامل مالک بن جاتا ہے۔ اس میں ہر قسم کا تصرف کر سکتا ہے، حالانکہ اس نے اس مال کے کمانے میں ایک قدم تک نہیں اٹھایا۔ آیت کا یہ خود ساختہ مفہوم اختیار کر کے کیا یہ لوگ ان صدہا آیات پر قلم تنسیخ پھیر دیں گے جن میں میراث' وصیت' زکوٰۃ' صدقات اور ہبہ کے احکام مذکور ہیں۔

ان اشتراکی اذہان کے علاوہ ایک اور فرقہ گزرا ہے جو تاریخ اسلام میں معتزلہ کے نام سے مشہور ہے۔ انہوں نے اس آیت کا یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ کسی کے عمل کا ثواب کسی دوسرے انسان کو نہیں پہنچ سکتا۔ ہر شخص کو انہی اعمال کا اجر ملے گا جو اس نے خود کیے ہیں' کیونکہ قرآن کریم کی اس آیت میں تصریح کی گئی ہے کہ لیس للانسان الا ما سعی۔

ان کی خدمت میں گزارش ہے کہ اگر کسی کا عمل کسی کے لیے نفع بخش نہیں ہے تو قرآن کریم کی متعدد آیات میں مسلمانوں کے لیے استغفار کا حکم دیا گیا ہے اور متعدد آیات میں یہ بتایا گیا ہے کہ فرشتے مسلمانوں کے گناہوں کی بخشش کے لیے استغفار کرتے ہیں۔ کئی ایسی آیتیں ہیں جن میں انبیائے کرام نے اپنے والدین' اپنی اولاد اور مومن مردوں اور عورتوں کے لیے بخشش کی دعائیں مانگی ہیں۔ اگر استغفار اور دعاؤں کا میت کو کوئی نفع نہیں پہنچتا تو پھر ان لاحاصل کاموں میں انبیاء اور ملائکہ کیوں وقت ضائع کرتے ہے اور ہمیں مسلمان بھائیوں کے لیے دعائے مغفرت کا کیوں حکم دیا گیا ہے۔ ساری امت مسلمہ نماز جنازہ ادا کرتی ہے۔ اس میں کسی فرقہ کی تخصیص نہیں۔ یہ نماز جنازہ بھی دعائے مغفرت ہے۔ اگر یہ بے سود اور لاحاصل ہے تو اس تکلف کو بجالانے کا اسلام نے کیوں حکم دیا۔ معتزلہ کے اس مفہوم کو اگر صحیح تسلیم کر لیا جائے تو قرآن کریم کی کثیر التعداد آیتیں بے معنی ہو کر رہ جاتی ہیں' اس لیے امت کا اجماع اس بات پر ہے کہ ہم اپنے اعمال کا ثواب اپنے والدین اور دوسرے مومنین کو پہنچا سکتے ہیں اور اس سے انہیں فائدہ بھی پہنچتا ہے۔ اصولی طور پر تو تمام علمائے اسلام کا اس پر اتفاق ہے۔ تفصیلات میں کچھ اختلاف ہے جس کا خلاصہ پیش نظر ہے:

عبادات کی کئی قسمیں ہیں۔ خالص بدنی عبادات مثلاً نماز' روزہ' تلاوت قرآن۔ خالص مالی عبادات جیسے صدقات وغیرہ۔ مالی اور بدنی عبادات کا مرکب جیسے حج وغیرہ۔

امام مالک اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ خالص بدنی عبادات کا ثواب دوسرے کو نہیں پہنچ سکتا، البتہ عبادات کی دوسری دو قسموں کا ثواب دوسرے کو پہنچ سکتا ہے' لیکن احناف کا مسلک یہ ہے کہ ہر شخص اپنے ہر نیک عمل کا ثواب دوسرے کو بخش سکتا

ہے خواہ اس نیک عمل کا تعلق عبادت کی کسی قسم سے ہو نماز، روزہ، تلاوت قرآن، ذکر، صدقہ، حج، عمرہ جو نیک عمل بھی وہ کرے اس کے بارے میں وہ اللہ تعالیٰ کے حضور عرض کر سکتا ہے الٰہی اس کا ثواب فلاں شخص کو پہنچا۔ اس بارے میں اتنی کثرت سے صحیح احادیث موجود ہیں کہ کوئی مسلمان ان کے انکار کی جرأت نہیں کر سکتا۔

یہاں ہم ان میں سے چند احادیث ہدیۂ ناظرین کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں :

۱۔ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا مات الانسان انقطع عملہ الا من ثلاث صدقۃ جاریۃ وعلم ینتفع بہ او ولد صالح یدعولہ (رواہ مسلم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب انسان فوت ہو جاتا ہے تو اس کے عمل کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے، بجز تین اعمال کے کہ ان کا سلسلہ منقطع نہیں ہوتا۔ صدقۂ جاریہ، ایسا علم جس سے نفع حاصل کیا جائے یا نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرے۔

پہلے دو کام تو ایسے ہیں جن میں اس شخص کا بھی کچھ عمل دخل ہے، لیکن لڑکے کی دعا لڑکے کا اپنا فعل ہے۔ اس سے بھی میت کو فائدہ پہنچتا ہے۔

۲۔ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لیرفع الدرجۃ للعبد الصالح فی الجنۃ فیقول یارب انّٰی لی ھذہ فیقول باستغفار ولدک لک (رواہ طبرانی)

ترجمہ: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جنت میں کسی عبد صالح کے درجے کو بلند فرما دیتا ہے۔ وہ بندہ پوچھتا ہے یارب میرا درجہ کیسے بلند ہوا؟ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تیرے لڑکے نے تیرے لیے استغفار کی اس کی برکت سے تیرا درجہ بلند ہوا۔

۳۔ عن ابن عباس قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما المیت فی قبرہ الا شبہ الغریق المتغوث ینتظر دعوۃ ملحقۃ من اب وام او ولد او صدیق ثقۃ واذا الحقتہ کانت احب الیہ من الدنیا وما فیھا وان اللہ لیدخل علی القبور من دعاء اھل الارض امثال الجبال وان ھدیۃ الاحیاء الی الاموات الاستغفار لھم (رواہ بیہقی والدیلمی)

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قبر میں میت کی مثال ڈوبنے والے کی طرح ہوتی ہے جو فریاد کر رہا ہوتا ہے اور اس چیز کا منتظر ہوتا ہے کہ اس کے باپ، اس کی ماں یا لڑکے یا باوفا دوست کی دعا اسے پہنچے اور جب وہ دعا اسے پہنچتی ہے تو اس کی قدر و منزلت اس کے نزدیک دنیا و مافیہا سے زیادہ ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اہل زمین کی دعاؤں کی برکت سے قبروں پر رحمت کے پہاڑ بھیجتا ہے اور مرے ہوؤں کے لیے دوستوں کا تحفہ یہ ہے کہ وہ ان کے لیے دعائے مغفرت کیا کریں۔

۴۔ عن عائشۃ ان رجلا قال یارسول اللہ ان امی افتلتت نفسھا ولم توص واظنھا لو تکلمت تصدقت فھل لھا اجر ان تصدقت عنھا قال نعم (متفق علیہ)

ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ! میری ماں اچانک فوت ہو گئی اور کوئی وصیت نہ کر سکی۔ میرا خیال ہے اگر اسے

بولنے کا موقع ملتا تو وہ صدقہ دیتی۔ اگر میں اس کی طرف سے صدقہ دوں تو کیا اسے اس کا اجر ملے گا۔ حضور نے فرمایا بے شک!

۵۔ عن ابن عباس ان سعد بن عبادہ توفیت امہ وھو غائب فاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم ان امی ماتت و انا غائب فھل ینفعھا ان تصدقت عنھا قال نعم وقال انی اشھدک ان حائطی صدقۃ عنھا۔ (رواہ البخاری)

حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ سعد ابن عبادہ کی والدہ نے وفات پائی تو آپ موجود نہ تھے جب واپس آئے تو حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور گزارش کی یارسول اللہ! میری والدہ نے میری غیر حاضری میں وفات پائی۔ اگر میں اس کی طرف سے صدقہ دوں تو کیا اسے کوئی نفع پہنچے گا تو حضور نے فرمایا ہاں پہنچے گا۔ انہوں نے عرض کی حضور آپ گواہ رہیں میں نے اپنا باغ اس کی طرف سے صدقہ کیا۔

۶۔ عن انس سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما من اھل بیت یموت منھم ویتصدقون عنہ بعد موتہ الا اھدیٰ لہ جبرائیل علی طبق من نور ثم یقف علی شفیر القبر فیقول یا صاحب القبر العیق ھذہ ھدیۃ اھداھا الیک اھلک فاقبلھا فیدخل علیہ فیفرح بھا فیستبشر ویحزن جیرانہ الذین لا یھدی الیھم شیئ (رواہ طبرانی فی الاوسط)

حضرت انس کہتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جب کوئی شخص کسی گھر سے فوت ہوتا ہے اور گھر والے اس کی طرف سے صدقہ کرتے ہیں تو جبرئیل امین نور کے تھال پر اسے رکھتے ہیں پھر اس کی قبر کے دہانے پر کھڑے ہو کر کہتے ہیں اے گہری قبر کے رہنے والے! یہ ہدیہ ہے جو تیرے گھر والوں نے تیری طرف بھیجا ہے تو اسے قبول کر۔ اس کی خوشی اور مسرت کی کوئی حد نہیں رہتی اور اس کے پڑوسی جن کی طرف کوئی ہدیہ نہیں بھیجا جاتا وہ بڑے غمناک ہوتے ہیں۔

۷۔ عن انس قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان ابی مات ولم یحج حجۃ الاسلام فقال ارأیت لو کان علی ابیک دین کنت تقضیہ عنہ قال نعم قال فانہ دین علیہ فاقضہ (رواہ بزاز والطبرانی بسند حسن)

حضرت انس فرماتے ہیں ایک شخص نبی کریم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا میرا باپ فوت ہو گیا ہے اور اس نے حج نہیں کیا۔ حضور نے فرمایا یہ بتاؤ اگر تیرے باپ پر قرضہ ہوتا تو کیا تو اسے ادا کرتا۔ اس نے عرض کیا یارسول اللہ! ہاں ادا کرتا۔ حضور نے فرمایا یہ حج بھی اس پر قرض ہے۔ اس کو ادا کرو۔

۸۔ عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ من مر علی المقابر وقرأ قل ھو اللہ احد احدی عشر مرۃ و وھب اجرہ للاموات اعطی من الاجر بعدد الاموات۔ (رواہ ابو محمد السمرقندی)

ابو محمد سمرقندی نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے یہ حدیث مرفوع نقل کی ہے کہ جو شخص قبرستان میں سے گزرے اور گیارہ مرتبہ قل شریف پڑھ کر اہل قبرستان کو بخشے تو جتنے لوگ وہاں دفن ہوں گے ان کی تعداد کے برابر اسے ثواب ملے گا۔

۹۔ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من دخل المقابر ثم قرأ فاتحۃ الکتاب وقل ھو اللہ احد والھاکم التکاثر ثم قال انی جعلت ثواب ما قرأت من کلامک لاھل المقابر من المومنین والمومنات کانوا شفعاء لہ الی اللہ۔ (رواہ ابو القاسم سعد ابن علی)

ابو القاسم سعد ابن علی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص قبرستان میں داخل ہو، پھر سورہ فاتحہ، قل شریف اور الہاکم التکاثر پڑھے، پھر یہ کہے کہ الٰہی! میں نے تیرے کلام سے جو پڑھا ہے اس کا ثواب اس مقبرہ کے مومن مردوں اور عورتوں کو بخشتا ہوں، تو یہ لوگ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی جناب میں اس کی شفاعت کریں گے۔

۱۰۔ عن انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من دخل المقبرۃ فقرأ سورۃ یٰسٓ خفف اللہ عنھم۔
(اخرجہ عبد العزیز صاحب الخلال بسندہ)

حضرت انس سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قبرستان میں داخل ہوتا ہے اور سورۃ یٰسٓ پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اہل قبور پر تخفیف کر دیتا ہے۔

کثیر التعداد احادیث میں سے یہ چند مرفوع احادیث ہیں جو اوپر نقل کی گئی ہیں صحابہ کرام کا بھی اسی پر تعامل تھا۔

حضرت امام حسن اور حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شہادت کے بعد آپ کو ایصال ثواب کرنے کے لیے غلام آزاد کیا کرتے تھے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بھائی حضرت عبدالرحمٰن وفات پا گئے تو حضرت عائشہ نے ان کے لیے غلام آزاد کیا اور فرمایا کہ مجھے امید ہے کہ وفات کے بعد یہ چیز انہیں نفع پہنچائے گی۔

مسلمانوں کا ہمیشہ سے یہ معمول رہا ہے کہ وہ اپنے وفات پانے والوں کی روح کو ایصال ثواب کرتے ہیں، علامہ پانی پتی لکھتے ہیں قال الحافظ شمس الدین ابن عبد الواحد مازالوا فی کل مصر یجتمعون ویقرؤن لموتٰھم من غیر نکیر فکان ذلک اجماعا۔

ترجمہ: حافظ شمس الدین ابن عبد الواحد کہتے ہیں ہر شہر میں مسلمانوں کا یہ طریقہ رہا ہے کہ وہ اکٹھے ہوتے ہیں اور اپنے فوت شدگان کے لیے قرآن کریم کی قرأت کرتے ہیں اور کبھی کسی عالم نے اس پر اعتراض نہیں کیا گویا اس پر امت کا اجماع ہے۔

۱۱۔ اخرج الخلال عن الشعبی کانت الانصار اذا مات لھم المیت اختلفوا الی قبرہ یقرؤن القرآن۔

امام شعبی سے مروی ہے کہ انصار کا یہ طریقہ تھا کہ جب ان کا کوئی آدمی فوت ہوتا تو وہ اس کی قبر پر جایا کرتے اور وہاں قرآن کریم کی تلاوت کیا کرتے۔

۱۲۔ وفی الاحیاء عن احمد ابن حنبل قال اذا دخلتم مقابر فاقرؤا بفاتحۃ الکتاب والمعوذتین وقل ھو اللہ احد واجعلوا ذلک لاھل المقابر فانہ یصل الیھم۔

امام احمد بن حنبل نے فرمایا جب تم قبرستان میں داخل ہو تو سورۂ فاتحہ اور تینوں آخری قل پڑھو، پھر اس کا ثواب

يُرٰى ﴿٤٠﴾ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ﴿٤١﴾ وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ﴿٤٢﴾ وَ

نظر آجائے گا ۴۱؎ پھر اس کو اس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا ۴۲؎ اور یہ کہ سب کو آپ کے رب کے پاس ہی پہنچنا ہے ۴۳؎ اور

قبرستان والوں کو پہنچاؤ۔ وہ انہیں پہنچے گا۔

جب اس کثرت سے ایصال ثواب کے بارے میں احادیث موجود ہیں تو پھر اس کا انکار کسی مسلمان کو زیب نہیں دیتا' لیکن آیت کے بارے میں کیا کہا جائے گا۔

حضرت ابن عباس کا ارشاد ہے کہ یہ آیت منسوخ ہے اور اس کی ناسخ یہ آیت ہے :

والذین اٰمنوا واتبعتھم ذریتھم بایمان الحقنا بھم ذریتھم۔

یعنی جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد ایمان کے ساتھ ان کی پیروی کرتی رہی تو ہم (مدارج اور مراتب میں) ان کی اولاد کو ان کے ساتھ ملا دیں گے۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ آباؤ اجداد کی نیکیاں اولاد کے مراتب کو بلند کر دیتی ہیں۔ بعض نے اس آیت کی توجیہہ یہ کی ہے کہ یہاں الانسان سے مراد کافر ہے کہ کفار کو کسی کی نیکیاں کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتیں، لیکن اگر بنظر غائر دیکھا جائے تو الجھن خود بخود دور ہو جاتی ہے۔ ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ ایصال ثواب سے صرف اس شخص کو نفع پہنچتا ہے جو ایمان کی حالت میں فوت ہوا ہو جس کی موت کفر پر ہوئی ہو اسے قطعاً کوئی نفع نہیں پہنچتا، تو معلوم ہوا کہ یہ سارے اعمال صالحہ جن کا ثواب ایک مومن کو پہنچایا جا رہا ہے درحقیقت اس کے ایمان کے درخت کا پھل ہیں اور ایمان کا درخت اس شخص کی اپنی سعی کا نتیجہ ہے تو گویا یہ ساری چیزیں اس کی ذاتی کوشش میں شمار ہوں گی یہی وجہ ہے کہ جو لوگ اپنے ایمان کے درخت کی اعمال صالحہ سے آبیاری کرتے رہتے ہیں اور گناہوں کی ژالہ باری سے اس کو بچائے رکھتے ہیں ان پر پھل بھی زیادہ لگتا ہے اور لوگ کثرت سے ان کی ارواح کو ایصال ثواب کرتے ہیں۔ اولیائے کرام کے مزارات پر فاتحہ پڑھنے والوں کا ہجوم اس بات کی شہادت دیتا ہے کہ ان مقبول ترین بندوں نے ایمان کا جو درخت لگایا اور عمر بھر اپنے گریۂ سحری سے اسے سینچتے رہے اس کی بہار اور اس کا جوبن قابل دید ہے۔

ارشاد ربانی ہے مثل کلمۃ طیبۃ کشجرۃ طیبۃ اصلھا ثابت و فرعھا فی السماء تؤتی اکلھا کل حین باذن ربھا۔ کہ کلمۂ طیبہ کی مثال ایک پاکیزہ درخت کی طرح ہے جس کی جڑیں پاتال تک چلی گئی ہیں اور اس کی شاخیں آسمان تک پہنچی ہوئی ہیں۔ یہ درخت ہر لحظہ پھل دے رہا ہے۔

اس مسئلہ کے دیگر مباحث ضیاء القرآن سورہ النحل کی آیت ۱۱۵ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیے۔

(نوٹ : اس آیت کی تشریح میں ایصال ثواب کے بارے میں جو احادیث درج کی گئی ہیں اور جو آثار نقل کیے گئے ہیں وہ تفسیر مظہری سے ماخوذ ہیں۔)

۴۱؎ ہر انسان اپنی زندگی کے لمحات کو جن مقاصد کے لیے صرف کر رہا ہے اور اپنی ساری قوتیں اور توانائیاں ان کے

اَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَ اَبْكٰى ﴿۴۳﴾ وَ اَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَ اَحْيَا ﴿۴۴﴾ وَ اَنَّهٗ خَلَقَ

یہ کہ وہی ہنساتا ہے اور رلاتا ہے ۴۳ اور یہ کہ وہی مارتا ہے اور جلاتا ہے اور یہ کہ اسی نے پیدا فرمائیں

حصول کے لیے وقف کیے ہوئے ہے' قیامت کے روز ان کی پوری طرح جانچ پڑتال کی جائے گی اور اس کے مقاصد اور اس کی نیت کے مطابق اس کی جدوجہد کے نتائج برآمد ہوں گے' اس لیے آج اپنے اعمال کا خود احتساب کیا کرو تاکہ قیامت کے روز تمہیں نادم اور شرمسار نہ ہونا پڑے۔

۴۲ ہر شخص کو اس کے اعمال اور اس کی مساعی کی پوری پوری جزا دی جائے گی۔ اگر وہ زندگی بھر نفس کی خواہشات کی تکمیل میں لگا رہا' کبھی اپنے رب کی یاد اور عبادت کا اسے خیال نہ آیا تو اس کا بدلہ ملے گا اور جو شخص اپنے کریم پروردگار کی رضا حاصل کرنے کے لیے مصروف رہا' مصائب و آلام کی پروا کیے بغیر تسلیم و رضا کی راہ پر قدم بڑھاتا رہا تو اس کی جو پذیرائی ہوگی اس کا اندازہ نہیں کیا جاسکتا۔

۴۳ ہر چیز کو روزِ محشر اپنے رب کی بارگاہ میں پیش ہونا ہے۔ کوئی شخص کہیں چھپ نہیں سکے گا اور کوئی شخص کہیں بھاگ کر روپوش نہیں ہو جائے گا۔

بعض حضرات نے اس کا دوسرا مفہوم بیان کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ منتہیٰ مصدر میمی ہے۔ اس کا معنی انتہا ہے یعنی فکرِ انسانی حقائقِ اشیاء کے میدان میں گرم سیر رہتا ہے' لیکن جب حرمِ ذات تک پہنچ جاتا ہے تو پھر رک جاتا ہے۔ اس سے آگے دم مارنے کی اسے مجال نہیں ہوتی۔

وقیل المعنی انه عزوجل منتهی الافکار فلا تزال الافکار تسیر فی بید الحقائق الاشیاء وماهیاتها والاحاطة بما فيها حتى اذا وجهت الى حرم ذات الله عزوجل وحقائق صفاته وقفت وحرنت وانتهى سيرها۔

حضرت ابن عباس کی روایت اس قول کی تصدیق کرتی ہے:

قال مر النبی صلی الله تعالی علیه وسلم علی قوم یتفکرون فی الله فقال تفکروا فی الخلق ولا تفکروا فی الخالق فانکم لن تقدروه۔ (ابن ماجه)

یعنی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک روز ایک ایسی قوم کے پاس سے گزرے جو ذاتِ الٰہی میں غور و فکر کر رہے تھے تو حضور نے انہیں ارشاد فرمایا مخلوق میں تو بے شک غور و فکر کیا کرو' لیکن ذاتِ خالق کو اپنی سوچ کا موضوع مت بناؤ کیونکہ یہ چیز تمہاری طاقت اور قدرت سے ماوراء ہے۔

حضرت ابوذر سے بھی اسی سے ملتی جلتی حدیث منقول ہے:

قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وآله وسلم تفکروا فی خلق الله ولا تفکروا فی الله فتهلکوا۔ (روح المعانی)

یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ اللہ کی مخلوق میں تو غور و فکر کیا کرو' لیکن اس کی ذات میں فکر نہ کیا کرو' ورنہ

الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنْثٰى ﴿۴۵﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰى ﴿۴۶﴾ وَاَنَّ عَلَيْهِ

دونوں قسمیں نر اور مادہ (وہ بھی) ایک بوند سے جب ٹپکتی ہے ۔ اور یہ کہ اسی (اللہ تعالیٰ) کے ذمہ

النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ﴿۴۷﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰى ﴿۴۸﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ

ہے دوسری بار پیدا فرمانا ۴۵ اور یہ کہ وہی غنی کرتا ہے اور مفلس بناتا ہے ۴۶ اور یہ کہ وہی شعریٰ (ستارے) کا

الشِّعْرٰى ﴿۴۹﴾ وَاَنَّهٗ اَهْلَكَ عَادَا ِۨ الْاُوْلٰى ﴿۵۰﴾ وَثَمُوْدَا فَمَا اَبْقٰى ﴿۵۱﴾ وَقَوْمَ

رب ہے ۴۷ اور یہ کہ اسی نے ہلاک کیا عادِ اول (قوم ہود) کو ۴۸ اور ثمود کو بھی پھر کسی کو نہ چھوڑا ۔ اور ہلاک کیا قوم

ہلاک ہو جاؤ گے۔

۴۴ چاہے تو کسی کو خوش کر کے ہنسا دے اور چاہے تو کسی کو غم و اندوہ میں مبتلا کر کے اسے رُلا دے۔ مسرتیں اور غم اسی کے دستِ قدرت میں ہیں۔ عقل مندی کا تقاضا تو یہ ہے کہ اسی کی بندگی کا قلادہ گلے میں ڈال کر اس کے دربار میں حاضر ہو جاؤ۔ اس سے خوشی کی بھیک مانگو اور حزن و ملال سے اسی کی پناہ طلب کرو۔ اس کے در کو چھوڑ کر ادھر ادھر خوشیوں کی تلاش میں بھٹکتے پھرنا محض جہالت اور نادانی ہے۔

۴۵ موت و حیات بھی اسی کے دستِ قدرت میں ہے۔ منی کی بوند ایک جیسی ہوتی ہے۔ وہ اپنی حکمت سے کسی سے نر پیدا کرتا ہے اور کسی سے مادہ۔ جو خالق اتنی طاقت اور قوت کا مالک ہے' اس کے لیے قطعاً یہ امر مشکل نہیں کہ وہ قیامت کے روز تمہارے بکھرے ہوئے ذروں کو جمع کر کے ان میں نئی زندگی پھونک دے۔

۴۶ اللہ تعالیٰ کی ایک دوسری شان بیان فرمائی جا رہی ہے۔ مال و دولت کے خزانے بھی اسی کے قبضے میں ہیں۔ چاہے تو کسی کو مالا مال کر دے اور اسے بے حساب رزق عطا فرمائے اور چاہے تو کسی کو مفلس اور کنگال کر دے' وہ پارۂ نان کے لیے ترستا ہے اور اسے وہ بھی نصیب نہ ہو۔ یہ اس کی حکمت کے کرشمے ہیں۔ ان میں جو اسرار پنہاں ہیں ان کی حقیقت سے وہی خوب واقف ہے۔ اقنیٰ کے کئی اور معانی بھی بتائے گئے ہیں لیکن میرے نزدیک اس کا وہی معنی یہاں زیادہ مناسب ہے جو میں نے بیان کیا ہے۔

۴۷ ایک نہایت روشن ستارہ ہے جو جوزا کے بعد طلوع ہوتا ہے۔ اس کو شعریٰ کہتے ہیں۔ شعریٰ نام کے دو ستارے ہیں: ایک کو شعریٰ عبور اور دوسرے کو شعریٰ غمیصا کہتے ہیں۔ اساطیرِ عرب میں ہے کہ یہ دونوں سہیل ستارہ کی بہنیں ہیں۔ بعض عربی خرافات میں یوں مذکور ہے کہ سہیل اور شعریٰ دونوں میاں بیوی تھے۔ سہیل نیچے کی طرف ڈھل آیا اور یمانی ہو گیا۔ شعریٰ اس کی بیوی کہکشاں کو عبور کر کے اس کے پیچھے پیچھے پہنچ گئی' اس لیے اسے الشعریٰ العبور کہتے ہیں اور دوسری وہیں رک گئی اس لیے اس کو الشعریٰ الغمیصا کہتے ہیں۔ اس کا دوسرا نام کلب الجبار بھی ہے' کیونکہ یہ جوزا' جسے جبار کہا جاتا ہے' اس کے پیچھے پیچھے کتے کی طرح چلتا ہے۔

نُوۡحٍ مِّنۡ قَبۡلُ ؕ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا هُمۡ اَظۡلَمَ وَ اَطۡغٰى ﴿۵۲﴾ وَ الۡمُؤۡتَفِكَةَ

نوح کو ان سب سے پہلے۔ وہ بڑے ظالم اور سرکش تھے۔ اور (لوط کی) اوندھی بستی کو بھی

اَهۡوٰى ﴿۵۳﴾ فَغَشّٰهَا مَا غَشّٰى ﴿۵۴﴾ فَبِاَىِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿۵۵﴾ هٰذَا

برنج دیا ۴۹ پس ان پر چھا گیا جو چھا گیا ۵۰ پس اے سننے والے بتا تو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلائے گا ۵۱ یہ

اگرچہ اللہ تعالیٰ تمام ستاروں کا رب ہے لیکن اسے خصوصیت سے رب الشعریٰ کہا گیا ہے کیونکہ بقول سدی حمیر اور خزاعہ کے قبیلے اس کی عبادت کیا کرتے تھے۔ سب سے پہلے جس نے اس کی عبادت شروع کی اس کا نام ابو کبشہ ہے۔ عرب کے دوسرے قبائل اگرچہ اس کی عبادت نہیں کیا کرتے تھے لیکن اس کی عزت و تکریم کرنے میں سب شریک تھے اور ان کا یہ عقیدہ تھا کہ شئون کائنات میں یہ بہت موثر کردار ادا کرتا ہے۔

شعری ستارے کے انگریزی میں کئی نام ہیں۔ اسے SIRIUS، DOG STAR اور CANIS MAJORIS بھی کہا جاتا ہے انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا میں SIRIUS کے عنوان کے ضمن میں جو معلومات فراہم کی گئی ہیں ان کا خلاصہ پیش خدمت ہے: یہ ستارہ مجموعہ نجوم میں روشن ترین ستارہ ہے۔ سورج سے بھی اس کی روشنی اکیس گنا زیادہ ہے اور حجم میں بھی یہ سورج سے بڑا ہے۔ اس کی سطح کا درجہ حرارت بھی کافی زیادہ ہے۔ زمین سے اس کا فاصلہ آٹھ اعشاریہ چھ (۸۰۶) نوری سال ہے۔ قدیم مصری اس کو بہت مقدس مانتے تھے کیونکہ جس موسم میں یہ طلوع ہوتا اس وقت دریائے نیل میں سیلاب کی آمد آمد ہوتی۔ تمام علاقہ سیراب ہو کر سرسبز و شاداب ہو جاتا۔ مصریوں کا عرصہ دراز تک یہی عقیدہ رہا کہ شعریٰ ستارہ کے طلوع کے باعث مصر میں خوشحالی کا دور دورہ ہوتا ہے اس لیے وہ اسے ہر قسم کی سرسبزیوں اور شادابیوں کا خالق یقین کرتے تھے اور اس کی عبادت کیا کرتے تھے۔ (انسائیکلو پیڈیا، جلد ۲۰)

ہو سکتا ہے کہ اہل عرب میں اس کی عبادت کا تصور مصر ہی سے آیا ہو۔

۴۸ عاد اولیٰ سے مراد عاد بن ارم بن عوص بن سام بن نوح کی اولاد ہے۔ اسے اولیٰ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ نوح علیہ السلام کی قوم کی غرقابی کے بعد سب سے پہلے اس قبیلے پر عذاب نازل ہوا۔ ان کی طرف ہود علیہ السلام کو مبعوث کیا گیا تھا لیکن جب ان کی سرکشی حد سے تجاوز کر گئی تو اللہ تعالیٰ نے ان پر زور دار جھکڑ بھیجا جس نے ان کو برباد کر کے رکھ دیا۔ ان میں سے فقط وہی لوگ بچے جو حضرت ہود پر ایمان لائے تھے۔ انہیں کی اولاد کو عاد الآخرہ کہا جاتا ہے۔

ثمود جو حضرت صالح علیہ السلام کی قوم تھی اور قوم نوح جب ان کی نافرمانیاں اور عصیاں شعاریاں انتہا کو پہنچ گئیں تو ان کو بھی تباہ و برباد کر دیا گیا۔

۴۹ اس سے مراد مدائن قوم لوط علیہ السلام ہیں جنہیں جڑوں سے اکھیڑ کر اوپر اٹھایا گیا اور اوندھا کر کے ان کو زمین پر دے مارا گیا۔ اس کا مادہ اِفْكٌ ہے۔ عرب کہتے ہیں افکتہ ای قلبتہ وصرفتہ یعنی میں نے کسی چیز کو الٹ پلٹ کر پھینک دیا۔ ائتفکت

نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْأُوْلٰى ﴿٥٦﴾ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿٥٧﴾ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ

ڈرانے والا رسول عربی بھی پہلے ڈرانے والوں کی طرح ہے ۵۲ قریب آنے والی قریب آ گئی ۵۳ اللہ کے سوا اس کو کوئی

اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿٥٨﴾ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَتَضْحَكُوْنَ وَ

ظاہر کرنے والا نہیں ۵۴ بھلا کیا تم اس بات سے تعجب کر رہے ہو ۵۵ اور (بے شرموں کی طرح) ہنس رہے ہو اور

بهم ای انقلبت وصار عالیها سافلها۔

أَهْوَى: ای خسف بهم بعد رفعها: یعنی پہلے اٹھایا اور پھر زور سے اوندھا پھینک دیا تاکہ وہ زمین میں دھنس جائے۔

۵۰ قوم لوط کی بستیاں زمین میں دھنس گئیں اور بحر مردار کا پانی ان پر چھا گیا اور ان کو موجوں سے ڈھانپ لیا۔ ابھی تک بحر مردار کے پانی میں یہ بستیاں ڈوبی ہوئی ہیں۔ سمندر کا پانی ان پر چھایا ہوا ہے۔

۵۱ تتماری: تشکک وتجادل (مظہری) تتماری کے دو معنی ہیں۔ کسی چیز میں شک کرنا اور جھگڑا کرنا۔ سامعین کو تنبیہ کی جا رہی ہے کہ عاد، ثمود، قوم نوح کیوں عذاب کی چکی میں پیس کر رکھ دی گئیں۔ ان کا یہی تو جرم تھا کہ وہ اللہ کی نعمتوں میں شک کرتے تھے۔ انہیں یہ یقین نہ تھا کہ ان انعامات سے انہیں ان کے رب نے سرفراز کیا ہے، بلکہ وہ بتوں کو بھی اس میں شریک سمجھتے تھے اور جب ان کے انبیاء انہیں اس غلط فہمی سے نجات کا راستہ بتاتے تو یہ ان سے جھگڑتے۔ ان کو جھٹلاتے، ان پر طرح طرح کی الزام تراشیاں کرتے، ان کا مذاق اڑاتے۔ وہ اپنے کیے کی سزا پا گئے۔ اے سننے والے! کیا تو بھی یہی روش اختیار کرنا چاہتا ہے۔ اگر ایسا ہے تو پھر ایسے دردناک عذاب اور عبرت ناک انجام کے لیے تمہیں بھی تیار رہنا چاہیے۔

جن انبیاء اور اقوام کا یہاں ذکر ہوا ہے ان سب کا تعلق ابراہیم علیہ السلام کے ماقبل زمانے سے ہے، اس لیے ہو سکتا ہے کہ یہاں تک جو مضامین بیان ہوئے ہیں وہ صحف ابراہیم میں ہوں اور انہیں ہی یہاں ذکر کر دیا گیا ہو، کیونکہ ان میں ہدایت کا جو درس ہے، حاملین قرآن کے لیے بھی اسی طرح مفید ہے جس طرح امت ابراہیمی کے لیے مفید تھا۔

۵۲ ھٰذا کے مشار الیہ کے بارے میں تین قول ہیں۔ (۱) حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم۔ اس صورت میں آیت کا معنی یہ ہوگا کہ پیغمبر اسلام بھی پہلے ڈرانے والوں کی طرح ہیں۔ (۲) قرآن کریم یعنی یہ قرآن بھی پہلی آسمانی کتابوں کی طرح ڈرانے والا ہے۔ (۳) یہ واقعات جو تمہیں سنائے گئے ہیں، گزشتہ برباد ہونے والی قوموں کے حالات ہیں۔

۵۳ علامہ جوہری صحاح میں ازف کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: أَزِفَ التّرحل یأزف أزفا: دنا وأفد۔ کوچ کے وقت کا قریب ہونا۔ بتایا جا رہا ہے کہ قیامت لحظہ بلحظہ قریب سے قریب تر ہو رہی ہے۔ تمہاری موت کی گھڑی بھی نزدیک آتی جا رہی ہے اور تمہیں معلوم بھی نہیں کہ کس لمحے تمہاری زندگی کا چراغ بجھ جائے گا، اس لیے لیت و لعل میں قیمتی وقت ضائع نہ کرو۔ ابھی جو کچھ کرنا ہے کر لو۔ ایسا نہ ہو کہ مہلت کی گھڑیاں اچانک ختم ہو جائیں اور پھر تمہیں کف افسوس ملنا پڑے۔

وَلَا تَبْكُونَ ﴿٦٠﴾ وَأَنتُمْ سَامِدُونَ ﴿٦١﴾ فَاسْجُدُوا لِلَّهِ وَاعْبُدُوا ۩ ﴿٦٢﴾

روتے نہیں ہو۵۶ اور تم نے کھیل مذاق بنا رکھا ہے۵۷ پس سجدہ کرو اللہ تعالیٰ کے لیے اور اس کی عبادت کیا کرو۵۸

۵۴ کشف کا معنی ظاہر کرنا کسی چھپی ہوئی چیز سے پردہ ہٹا دینا۔ یعنی قیامت کو ظاہر کرنا صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے جب وہ چاہے گا اس کو آشکارا کرے گا اور برپا ہو جائے گی۔ علامہ قرطبی نے اس کا ایک اور مفہوم بھی بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں ای لیس لہا من دون اللہ من یؤخرھا او یقدمھا؛ یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا اسے کوئی مؤخر کر سکتا ہے اور نہ مقدم کر سکتا ہے۔

۵۵ یہاں تعجب سے مراد وہ تعجب ہے جو کسی چیز کو ناقابلِ تسلیم خیال کرتے ہوئے کیا جاتا ہے۔ کفار کو سرزنش کی جا رہی ہے کہ میرا رسول ایسی کتاب لے کر تمہارے پاس تشریف لایا ہے جس کی ہر آیت سے ہدایت کے انوار پھوٹ رہے ہیں تمہیں تو اس کی قدر کرنی چاہیے تھی اور ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اس پر ایمان لے آنا چاہیے تھا۔ اُلٹے تم اس کی ہدایات پر اظہارِ حیرت و تعجب کر رہے ہو۔ گویا یہ کوئی ایسی باتیں ہیں جو تمہارے لیے تسلیم کرنے کے قابل ہی نہیں۔

۵۶ تمہیں تو چاہیے تھا کہ گزشتہ برباد ہونے والی قوموں کے حالات پڑھ کر تم خوفِ الٰہی سے رو پڑتے اور اپنی گزشتہ لغزشوں پر آنسوؤں کے دریا بہا دیتے۔ اُلٹا تم بے حیاؤں کی طرح ہنس رہے ہو۔

۵۷ علامہ راغب سمد کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ السامد اللاھی الرافع رأسہ؛ جو شخص غفلت و بے پرواہی سے سر اٹھا کر چلا جا رہا ہو اسے سامد کہتے ہیں۔ علامہ قرطبی نے اس کے کئی اور معانی بیان کیے ہیں۔ حضرت ابن عباس نے اس کا معنی لاھون معرضون کیا ہے یعنی غفلت سے منہ موڑنے والے۔ عکرمہ نے آپ سے یہ معنی بھی نقل کیا ہے وھو الغناء بلغۃ حمیر۔ گانے بجانے کو سمود کہتے ہیں۔ حضور جب انہیں قرآن کریم پڑھ کر سناتے تو وہ گانے بجانے میں مشغول ہو جاتے تاکہ یہ پاک کلام انہیں سنائی نہ دے مبادا اس کی تاثیر سے وہ اپنے باطل عقائد کو چھوڑنے پر مجبور ہو جائیں۔

قال الضحاک سامدون شامخون متکبرون۔ وفی الصحاح سمد سُمودا رفع رأسہ تکبرا۔

۵۸ یہ سورۃ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حرم کعبہ میں مشرکین کے مجمع عام میں پڑھ کر سنائی۔ سارے حاضرین پر ایک عجیب کیفیت طاری تھی نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ آیت پڑھی تو سجدے میں گر گئے۔ سامعین جن میں کفار اور مشرکین کی بھی بہت بڑی تعداد تھی سب کے سب سجدہ ریز ہو گئے۔ امیہ بن خلف بھی وہاں موجود تھا۔ اس نے نیچے سے مٹی اٹھائی اسے ہتھیلی پر رکھا اور اسی پر ماتھا رکھ دیا کہنے لگا میرے لیے اتنا ہی کافی ہے۔

کفار کی خرمستیوں اور غفلت شعاریوں کو بیان کرنے کے بعد اہلِ ایمان کو حکم دیا کہ تم عجز و نیاز سے اپنے پروردگار کی جناب میں سجدہ ریز ہو جاؤ۔ تمام باطل معبودوں کو چھوڑ کر صرف اسی وحدہٗ لاشریک کی عبادت کرو جو عبادت کے لائق ہے۔ یہی معراجِ انسانیت ہے ——————— یہی وہ سب سے اونچی چوٹی ہے جس پر رسائی حاصل کرنے سے انسان اپنی منزلِ مراد پر پہنچ جاتا ہے۔

یہ آیت سجدہ ہے۔ امام ابوحنیفہ، امام شافعی اور اکثر اہل علم کے نزدیک اس آیت کی تلاوت کرنے والے اور اسے سننے والے پر سجدہ واجب ہے۔ امام مالک کے نزدیک یہاں سجدہ واجب نہیں۔ اگر اپنی مرضی سے کوئی کرے تو ٹھیک ہے۔ امام مالک جب یہ آیت تلاوت کرتے تو خود سجدہ کیا کرتے۔

احناف کے پاس اس سجدے کے وجوب کی کئی دلیلیں ہیں۔ ایک تو یہی روایت جو ابھی مذکور ہوئی کہ حرم شریف میں حضور نے اس سورۃ کی تلاوت فرمائی اور خود بھی سجدہ کیا اور سامعین بھی سجدہ ریز ہو گئے۔

اس کے علاوہ موطا میں امام مالک نے حضرت عمر کا یہ فعل نقل کیا ہے کہ آپ نے صبح کی نماز میں سورہ النجم پڑھی پھر سجدۂ تلاوت کیا، پھر اٹھے اور سورۂ زلزال پڑھی، پھر رکوع کیا۔

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی رحمۃ للعلمین وعلی الہ واصحابہ اجمعین۔

قد فرغت من تسوید ھذہ السطور بعد الساعۃ الثامنۃ صباح یوم الجمعۃ المبارک۔

وانا سجین فی سجن مدیریۃ سرگودھا ۶ مایو سنۃ ۱۹۷۷م

وشیی الی احب من اعماق قلبی ان تکون کلمۃ اللہ ھی العلیا وکلمۃ الذین کفروا السفلی۔

ربنا ھب لنا من ازواجنا وذریاتنا قرۃ اعین واجعلنا للمتقین اماما۔

تعارف

القمر

نام : پہلی آیت میں القمر کا کلمہ ہے۔ یہی اس کا نام ہے۔ اس میں تین رکوع، پچپن آیتیں، تین سو بیالیس کلمے اور ایک ہزار چار سو تیئس حروف ہیں۔

نزول : اس کے نزول کے بارے میں یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ یہ اس وقت نازل ہوئی جب انشقاقِ قمر کا معجزہ رونما ہوا اور یہ معجزہ مکہ مکرمہ میں ہجرت سے پانچ سال پہلے منیٰ کے میدان میں ظہور پذیر ہوا۔

مضامین : آئے روز وہ ایسے معجزات کا مشاہدہ کرتے رہتے تھے جن کو دیکھنے کے بعد کوئی سلیم الطبع انسان حضور کی رسالت کا انکار نہیں کر سکتا تھا۔ لیکن عقل کے اندھے ان کو جادو کہہ کر ٹال دیا کرتے۔ آخر کار ایک بار ان کی فرمائش پر شق القمر کا معجزہ دکھایا گیا۔ مکہ کے سارے باشندے منیٰ کے کھلے میدان میں حاضر تھے۔ آسمان پر چاند چمک رہا تھا۔ سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والتحیات نے انگلی کا اشارہ کیا۔ اشارہ کرنے کی دیر تھی کہ چاند کا کرہ دو ٹکڑے ہو گیا۔ دیکھنے والوں کو یوں محسوس ہوا کہ اس کا ایک حصہ پہاڑ کے اس طرف اور دوسرا دوسری طرف چلا گیا ہے۔ پھر وہ آناً فاناً جڑ گیا۔ کفار یہ دیکھ کر تصویرِ حیرت بن گئے اُن کے پاس حضور کی رسالت کے انکار کا اب کوئی عذر باقی نہ رہا۔ اتنے میں ابوجہل بولا کہ بڑا زبردست جادوگر ہے اس کا جادو آسمان پر بھی اثر کرتا ہے۔

ان کے اس طرح انکار سے حقیقت تو مسخ نہیں کی جا سکتی۔ آخر انہوں نے اس چیز کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا تھا کہ اتنا بڑا کرہ جو ان کی زمین سے کئی گنا بڑا ہے پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا۔ اگر یہ کرہ پھٹ سکتا ہے تو دوسرے کرے کیوں پھٹ نہیں سکتے۔ یہی تو قیامت ہے جس کا وہ انکار کیا کرتے ہیں۔ بتا دیا کہ ان کے انکار کی وجہ کوئی عقلی استحالہ نہیں بلکہ یہ لوگ محض اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں۔ اور کیونکہ ان کا عشرت پسند نفس یہ چاہتا ہے کہ قیامت کبھی نہ آئے اس لیے یہ قیامت کا انکار کرتے ہیں۔ ان بدنصیبوں کو اس وقت ہوش آئے گا جب قیامت کے دن فرشتے ان کو ہانک کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں لے جا رہے ہوں گے۔ اس کے بعد ان کے سامنے چند گزشتہ قوموں کے احوال بیان کیے گئے کہ کس طرح انہوں نے اللہ کے نبیوں کو جھٹلایا۔ ان کی دعوت کا مذاق اڑایا۔ اپنی ظاہری قوت کے باعث ظلم و تشدد اور فسق و فجور کی زندگی بسر کرتے رہے لیکن جب مہلت کی مقررہ مدت ختم ہو گئی تو عذابِ خداوندی آیا اور ان کو نیست و نابود کر کے رکھ دیا۔

ہر قوم کے حالات ذکر کرنے کے بعد ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر کی آیت کو دہرایا گیا جس سے قارئین کو تنبیہ کی گئی کہ قرآن کوئی معموں کی کتاب نہیں جس کو سمجھنا ان کے بس سے باہر ہو یہ تو ایک مکمل اور واضح کتاب ہے جو شخص بھی خلوصِ نیت سے اس کو سمجھنے کی کوشش کرے گا۔ اس کے لیے اس کو سمجھنا آسان ہوگا۔

گزشتہ قوموں کی بربادی کے قصے بیان کرنے کے بعد کفارِ مکہ کو مخاطب کیا جا رہا ہے کہ کیا تمہیں کوئی سرخاب کے پر لگے ہیں کہ تم جو کچھ کرتے رہو تمہیں کچھ نہیں کہا جائے گا؟ کیا تمہارے پاس اللہ کا لکھا ہوا کوئی وعدہ ہے کہ تم حرم خلیل میں اگر تین سو ساٹھ بتوں کی پرستش کرتے رہو گے تو تمہیں معاف کر دیا جائے گا۔ اگر تمہیں اپنی جمعیت اور اپنے جنگجو بہادروں کی قوت پر ناز ہے تو کان کھول کر سن لو کہ تم اور تمہارے لڑاکے اللہ تعالیٰ کا مقابلہ کرنے کی جرأت نہیں کر سکتے۔

ہم نے تمہارے تمام اعمال کو لکھ رکھا ہے۔ روزِ محشر تم اپنی غلط کاریوں اور کرتوتوں کا انکار نہیں کر سکو گے۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا
۳۰-۴-۷۷

سُورَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَّخَمْسُونَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ قمر مکی ہے اس کی ۵۵ آیات اور ۳ رکوع ہیں۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ① وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا

قیامت قریب آگئی ہے [1] اور چاند شق ہو گیا [2] اور اگر وہ کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں

[1] حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ اس اثنا میں سورج غروب ہونے کے قریب ہو گیا تو رحمت عالم نے فرمایا مابقی من دنیاکم فیما مضی الا مثل مابقی من ھذا الیوم فی ما مضی۔ یعنی دنیا کی مقررہ مدت میں سے اب اسی قدر وقت باقی ہے جتنا اس دن سے سورج غروب ہونے میں باقی ہے۔ یعنی کافی زمانہ گزر گیا اب وقوع قیامت میں تھوڑی مدت باقی رہ گئی ہے۔ حضرت سہل ابن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا بعثت انا والساعۃ ھکذا و اشار باصبعیہ السبابۃ والوسطی۔ حضور نے اپنی دو انگلیوں سبابہ اور وسطی سے اشارہ کیا اور فرمایا میری بعثت اور قیامت یوں ملی ہوئی ہیں۔ اس آیت میں بھی یہی بتایا کہ قیامت برپا ہونے کا اللہ تعالیٰ نے جو وقت متعین کیا ہے وہ اب قریب آلگا ہے۔ زیادہ عرصہ گزر چکا، اب تھوڑا وقت باقی ہے۔

[2] تم لوگ وقوع قیامت کا انکار کرتے ہو۔ تمہیں بڑا اچنبھا ہوتا ہے کہ کس طرح یہ سارا نظام درہم برہم کر دیا جائے گا آسمان، پہاڑ، ستارے اتنی بڑی بڑی قوی ہیکل چیزیں کہاں جائیں گی۔ دیکھو چاند کو دو ٹکڑے ہوتے تم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ اگر چاند دو ٹکڑے ہو سکتا ہے تو باقی تمام چیزیں خواہ کتنی ہی بڑی ہوں اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ بھی ٹوٹ پھوٹ سکتی ہیں۔

علامہ قرطبی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ ایک دفعہ مشرک اکٹھے ہو کر حضور کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے اگر آپ سچے ہیں تو چاند کو دو ٹکڑے کر دکھایئے۔ حضور نے فرمایا ان فعلت تؤمنون۔ اگر میں ایسا کر دوں تو کیا ایمان لے آؤ گے؟ وہ بولے ضرور۔ اس رات کو چودھویں تاریخ تھی۔ اللہ کے پیارے رسول نے اپنے رب سے عرض کی کہ کفار نے جو مطالبہ کیا ہے اسے پورا کرنے کی قوت دی جائے۔ چنانچہ چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مشرکین کا نام لے لے کر فرما رہے تھے یا فلان یا فلان اشھدوا۔ اے فلاں اے فلاں اب اپنی آنکھوں سے دیکھ لو اور اس بات پر گواہ رہنا۔ تمہاری فرمائش پوری ہو گئی۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کفار نے جب اس عظیم معجزہ کو دیکھا تو ایمان لانے کے بجائے انہوں نے کہا ھذا من سحر ابن ابی کبشۃ۔ یہ ابی کبشہ کے بیٹے کی نظر بندی کا اثر ہے۔ اس نے تمہاری آنکھوں پر جادو کر دیا ہے۔ چند دنوں تک باہر سے قافلے آنے والے ہیں۔ ہم ان سے پوچھیں گے۔ اس جادو کی حقیقت خود بخود کھل جائے گی۔ جب وہ قافلے مکہ آئے اور ان سے پوچھا گیا کہ کیا فلاں رات کو چاند کو شق ہوتے تم نے دیکھا ہے۔ سب نے اس کی تصدیق کی لیکن اس کے باوجود کفار مکہ کو ایمان لانے کی توفیق نصیب نہ ہوئی۔

یہ معجزہ ہجرت سے پانچ سال پہلے وقوع پذیر ہوا۔ یہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔ بڑے جلیل القدر صحابہ نے اسے روایت کیا ہے جن میں سے بعض کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ سیدنا علی مرتضیٰ، انس، ابن مسعود، حذیفہ، جبیر ابن مطعم، ابن عمر، ابن عباس وغیرہم رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں والاحادیث الصحیحۃ فی الانشقاق کثیرۃ۔ یعنی شق قمر کے بارے میں صحیح احادیث بکثرت ہیں۔ یہاں تک کہ بعض نے انہیں متواتر بھی کہا ہے۔ شارح مواقف کی بھی یہی رائے ہے۔

امام تاج الدین سبکی ابن حاجب کی المختصر کی شرح میں لکھتے ہیں الصحیح عندی ان انشقاق القمر متواتر منصوص علیہ فی القرآن مروی فی الصحیحین وغیرہما من طرق شتی بحیث لا یمتری فی تواترہ (روح المعانی) علامہ سبکی کہتے ہیں کہ میرے نزدیک انشقاق قمر متواتر ہے اور قرآن کریم کی نص سے ثابت ہے۔ صحیحین کے علاوہ دیگر کتب احادیث میں بھی اتنی سندوں سے مروی ہے کہ اس کے تواتر میں شک کی گنجائش نہیں رہتی۔

بعض قصہ گوؤں نے اس واقعہ پر مضحکہ خیز اضافے کیے ہیں کہ چاند حضور کے گریبان میں داخل ہوا اور آستین سے نکل گیا۔ علماء نے کہا ہے کہ اس کی کوئی اصل نہیں اور یہ سراسر باطل ہے۔

کثیر التعداد صحیح احادیث کے باوجود بعض لوگ اس واقعہ کا انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ واقعہ وقوع قیامت کے وقت ظہور پذیر ہوگا۔ انشق اگرچہ ماضی کا صیغہ ہے لیکن یہاں مستقبل پر دلالت کرتا ہے اور لغت عرب میں اس کی بکثرت مثالیں موجود ہیں۔ ان کے انکار کی کئی وجوہات ہیں۔ وہ کہتے ہیں اگر ایسا واقعہ پیش آیا ہوتا تو ساری دنیا میں اس کی دھوم مچ جاتی۔ اس زمانہ کے مورخ اپنی تاریخوں میں اس کا ذکر کرتے۔ علم نجوم کے ماہرین اپنی تصنیفات میں اس کو بطور یادگار واقعہ نقل کرتے۔ اس کے متعلق گزارش ہے کہ چونکہ یہ واقعہ رات کو ہوا تھا اس لیے جزیرۂ عرب کے مغرب میں جو ممالک تھے وہاں اس وقت دن تھا لہٰذا وہاں تو دیکھے جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ نیز یہ واقعہ رات کو پیش آیا اور اچانک پیش آیا۔ لوگوں کو کیا خبر تھی کہ ایسا واقعہ رونما ہونے والا ہے تاکہ وہ بے تابی سے اس کا انتظار کرتے۔ رات کو دنیا سو رہی ہوگی۔ کسی کو کیا خبر کہ آن کی آن میں کیا وقوع پذیر ہوگیا۔ اگر کوئی اس وقت جاگ بھی رہا ہو تو ممکن ہے وہ کسی اور کام میں مشغول ہو اور اس نے اس کی طرف توجہ ہی نہ کی ہو یا توجہ کی ہو اور اس نے دیکھا بھی ہو لیکن ان پڑھ ہو یا لکھا بھی ہو اور پھر ضائع ہوگیا۔ غرضیکہ بیسیوں احتمالات ہو سکتے ہیں۔ اتنے احتمالات کی موجودگی میں ہم صحیح روایات سے ثابت شدہ واقعہ کو کس طرح غلط کہہ سکتے ہیں۔

علامہ سلیمان ندوی نے اپنی کتاب خطبات مدراس میں لکھا ہے کہ ابھی ابھی سنسکرت کی ایک پرانی کتاب ملی ہے جس میں لکھا ہے کہ مالابار کے راجہ نے اپنی آنکھوں سے چاند کو دو ٹکڑے ہوتے ہوئے دیکھا ہے۔

بعض لوگ اس وجہ سے اس واقعہ کا انکار کرتے ہیں کہ اتنا بڑا کرہ پھٹ کر دو ٹکڑے ہو جائے اور وہ دونوں ٹکڑے اگر جڑ جائیں، یہ ناممکن ہے۔ لیکن جدید سائنسی تحقیقات کی روشنی میں اسے ناممکن کہنا مشکل ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ایک کرہ کے اندر آتش فشاں مادہ ہو اور وہ اس طرح سے پھٹے کہ اس کے دو ٹکڑے ہو جائیں، لیکن مرکز کی مقناطیسی قوت آنی طاقت ور ہو کہ وہ ان دونوں ٹکڑوں کو پھر سے یکجا کر دے۔ ہمیں ان تکلفات کی تب ضرورت پیش آتی جب خود بخود چاند کے پھٹنے کا واقعہ رونما ہوتا۔ جب ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ

سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝٢ وَكَذَّبُوا وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ وَكُلُّ أَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝٣

یہ بڑا زبردست جادو ہے ۳؎ اور انہوں نے جھٹلایا (رسولِ خدا کو) اور پیروی کرتے رہے اپنی خواہشات کی ۴؎ اور ہر کام کے لیے ایک انجام ہے ۵؎

نے اپنے محبوب کی رسالت کی تصدیق کے لیے چاند کو دو ٹکڑے کیا تو اب کسی کو شک کی مجال نہیں رہتی کیونکہ جس خالقِ حکیم نے اس چاند کو بنایا ہے وہ اسے توڑ بھی سکتا ہے اور توڑ کر جوڑ بھی سکتا ہے۔

جو لوگ کہتے ہیں کہ انشقاقِ قمر وقوعِ قیامت کے وقت ہوگا' قرآن کا سیاق وسباق ان کی اس توجیہ کو قبول نہیں کرتا کیونکہ ان یروا آیۃ والا جملہ صاف بتارہا ہے کہ انہوں نے انشقاقِ قمر دیکھا ـــــ اتنے عظیم الشان اور محیر العقول معجزہ کا مشاہدہ کیا ـــــ لیکن پھر بھی ایمان لانے سے انکار کر دیا۔ یہ کلام اسی وقت درست ہو سکتا ہے جبکہ شقِ قمر ہو چکا ہو۔ واللہ علیٰ کل شیئ قدیر۔

۳؎ انہوں نے اس معجزہ کا خود مطالبہ کیا تھا اور وعدہ کیا تھا کہ اگر یہ معجزہ انہیں دکھا دیا جائے تو وہ ضرور ایمان لائیں گے' لیکن جب یہ معجزہ ظہور پذیر ہوا تو ان کو ایمان کی توفیق نہ ہوئی۔ الٹا کہنے لگے یہ ایک بڑا زبردست جادو ہے۔

مُستمر کے دو معنی بتائے گئے ہیں۔ قال ابو العالیہ والضحاک: محکم قوی شدید وھو من المرۃ وھی القوۃ۔ ابو العالیہ اور ضحاک کہتے ہیں کہ یہ مِرّۃ جس کا معنی قوت ہے' سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے مضبوط طاقت ور۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ ان کا جادو بڑا زور والا ہے۔ زمین پر ہی نہیں آسمانی چیزوں پر بھی اثر انداز ہوتا ہے۔ لیکن قتادہ' مجاہد اور دوسرے حضرات نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے ذاھب من قولھم مر الشیئ واستمر اذا ذھب (قرطبی) اس کا معنی ہے گزر جانے والا۔ جب کوئی چیز آئے اور گزر جائے تو عرب کہتے ہیں مر الشیئ واستمر۔

دوسری صورت میں اس جملہ کا مقصد یہ ہوگا کہ وہ اپنے دوستوں کو تسلی دینے لگے کہ گھبرانے کی کوئی بات نہیں۔ پلک بھر شق قمر رہا پھر ٹھیک ہوگیا۔ یہ آنی فانی چیز تھی۔ لوگ اس کو جلدی بھول جائیں گے۔ ہمارے بتوں کی خدائی کو ایسے جادو سے کوئی خطرہ نہیں۔

۴؎ اس سے پتہ چلتا ہے جب تک انسان ہٹ دھرمی کی روش کو ترک نہ کرے' اتنا بڑا معجزہ بھی اس کی ہدایت کا سبب نہیں بن سکتا۔ ہدایت ایسی چیز نہیں جو بلا طلب کسی پر ٹھونس دی جائے۔ یہ تو متاعِ عزیز ہے' صرف اسی کو بخشی جاتی ہے جو اس کے حصول کے لیے بے تاب ہو۔

جب کفار ایمان لانے کے لیے تیار ہی نہ ہوئے تو انہیں نعمتِ ایمان سے آخر کیوں سرفراز کیا جاتا۔ انہوں نے تو دل میں یہ طے کر لیا تھا کہ وہ کسی قیمت پر بھی ایمان نہیں لائیں گے۔ عقل کا چراغ انہوں نے گل کر دیا تھا اور غور وتدبر کا دروازہ انہوں نے سختی سے بند کر دیا تھا۔ ایسے لوگوں کو ہدایت نصیب ہو جائے یہ سنتِ الٰہی کے خلاف ہے' اس لیے انہوں نے اس کے باوجود اللہ کے رسول کی تکذیب کی اور وحی کی روشن آیات کو چھوڑ کر اپنے نفس کی خواہشات کی تکمیل میں لگ گئے۔

۵؎ یعنی ہر کام کا کوئی نہ کوئی انجام ہے۔ جو ایمان لائے گا اور تقویٰ کا راستہ اختیار کرے گا اس کا انجام یہ ہوگا کہ اُولٰئِکَ ھُمُ المُفْلِحُونَ کا تاج اس کے سر پر سجا دیا جائے گا اور جس شخص نے کفر و نافرمانی کو اختیار کیا' نفس وشیطان کا غلام بے دام بنا رہا اس کا

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ﴿۴﴾ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا

اور بے شک آچکی ہیں ان کے پاس (پہلی قوموں کی بربادی کی) اتنی خبریں جن میں بڑی عبرت ہے ۔ ؎ وہ خبریں سراسر حکمت ہیں پس ڈرانے والوں

تُغْنِ النُّذُرُ ﴿۵﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ﴿۶﴾

نے کوئی فائدہ نہ پہنچایا ؎ پس آپ رُخِ انور پھیر لیں ان سے ۔ ایک روز بلائے گا (انہیں) بلانے والا ایک ناگوار چیز کی طرف ؎

خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ

(خوف سے) ان کی آنکھیں جھکی ہوں گی ؎ قبروں سے یوں نکلیں گے جیسے وہ پراگندہ ٹڈیاں

انجام یہ ہوگا اُولٰئِکَ ھُمُ الْخٰسِرُوْنَ کے زمرہ میں اسے داخل کردیا جائے گا۔ علامہ قرطبی نے اس کا معنی کیا ہے ای لیستقر بکل عامل عملہ فالخیر مستقر باھلہ فی الجنۃ والشر مستقر باھلہ فی النار۔ یعنی ہر عمل اپنے عامل کو کسی خاص ٹھکانے پر پہنچائے گا عمل خیر لوگوں کو جنت میں لے جائے گا اور عمل شر دوزخ میں۔

؎ ان کو راہِ راست پر لانے کی یہ پہلی کوشش نہیں۔ گزشتہ گمراہ قوموں کے عبرت ناک انجام سے انہیں بار بار خبردار کیا گیا ہے۔ یہ واقعات اتنے اثر انگیز تھے کہ اگر ان کے کان حق نیوش ہوتے تو انہیں کسی مزید تنبیہ کی ضرورت نہ رہتی۔

مزدجر: ازدجر سے ہے۔ اس کا معنی ہے طردہ صائحا بہ۔ بلند آواز سے کسی کو کسی کام سے باز رکھنا اور جھڑکنا۔ یعنی یہ واقعات انہیں سختی سے منع کر رہے تھے کہ تم گمراہی کی یہ روش چھوڑ دو۔

؎ پہلی آیت میں جو "ما" ہے اس کا یہ بدل ہے۔ یعنی وہ چیزیں ان کو باز رکھنے والی بھی تھیں اور سراپا حکمت بھی تھیں۔ بدل من ما فاعل جاء او خبر لمبتدا محذوف ای ھو۔ یا ھو مبتدائے محذوف کی یہ خبر ہے۔

نذر: یا تو نذیر کی جمع ہے، یعنی آپ سے پہلے بھی کئی انبیاء تشریف لائے اور یا مصدر ہے اور اس کا معنی ڈرانا ہے۔

؎ اے حبیب! آپ ان کے ایمان نہ لانے سے غم زدہ نہ ہوں بلکہ ان سے اپنا رُخِ انور ہی پھیر لیں۔ انہیں خوب رنگ رلیاں منانے دیں۔ وہ دن آنے والا ہے جب انہیں ایک بُلانے والا ایسی چیز کی طرف بُلائے گا جو انہیں از حد ناگوار ہوگی۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں۔ الداعی اسرافیل علیہ السلام یقف علی صخرۃ بیت المقدس یقول ایتھا العظام النخرۃ والجلود المتمزقۃ والاشعار المتقطعۃ ان اللہ یأمرکن ان تجتمعن لفصل الخطاب۔ (مظہری) یعنی اسرافیل علیہ السلام بیت المقدس کی چٹان پر کھڑے ہوکر کہیں گے اے بوسیدہ ہڈیو! اے پھٹے ہوئے چمڑو! اے ٹوٹے ہوئے بالو! اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم اکٹھے ہوجاؤ اور فیصلے کے لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش ہوجاؤ۔ نکر: فظیع خوفناک یعنی قیامت کا دن۔

؎ لفظ خشع کی تحقیق کرتے ہوئے ابن منظور لکھتے ہیں خشع واختشع وتخشع: رمیٰ ببصرہ نحو الارض

مُّنْتَشِرٌ ۙ﴿۷﴾ مُّهْطِعِیْنَ اِلَى الدَّاعِ ؕ یَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا یَوْمٌ عَسِرٌ ﴿۸﴾

ہیں۔ ڈرتے ڈرتے بھاگے جارہے ہوں گے بلانے والے کی طرف [۱۰] کافر کہتے ہوں گے یہ بڑا سخت دن ہے [۱۱]

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَ قَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّ ازْدُجِرَ ﴿۹﴾

جھٹلایا ان سے پہلے قوم نوح نے یعنی انہوں نے جھٹلایا ہمارے بندے کو اور کہا یہ دیوانہ ہے اور اسے جھڑکا بھی گیا [۱۲]

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾ فَفَتَحْنَاۤ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ

آخر کار آپ نے دعا مانگی اپنے رب سے کہ میں عاجز آگیا ہوں پس تو ان سے بدلہ لے [۱۳] پھر ہم نے کھول دیئے آسمان کے دروازے موسلا دھار بارش

وغضه وخفض صوته۔ نگاہ زمین میں گاڑ لینا، آنکھیں بند کر لینا اور آواز کا آہستہ ہو جانا۔ خُشَّعًا جمع ہے۔ اس کا واحد خاشع ہے۔ یخرجون میں ھم ضمیر کا حال ہے اس لیے منصوب ہے۔

[۱۰] ابن منظور لکھتے ہیں هطع واهطع۔ اقبل مسرعا خائفا ولا یکون الا مع خوف (لسان العرب) یعنی ڈرتے ہوئے تیزی سے کسی کی طرف جانا۔ هطع اس تیزی کو کہتے ہیں جس میں خوف بھی پایا جاتا ہو۔ مقصد یہ ہے کہ جب بلانے والا انہیں بلائے گا تو ان کی مجال نہیں ہوگی کہ اس پکار پر سستی برتیں بلکہ سینوں میں دل خوف سے دھڑک رہے ہوں گے پھر بھی کشاں کشاں دوڑے چلے جارہے ہوں گے۔ ان آیات میں ان کے قبروں سے نکلنے اور وہاں سے بھاگنے کی منظر کشی کی جارہی ہے۔ یعنی جب وہ قبروں سے باہر نکلیں گے تو شرم سے آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی۔ ترساں ولرزاں بھاگتے ہوئے بلانے والے کی طرف جارہے ہوں گے۔ یوں معلوم ہوگا جیسے ٹڈیوں کا ایک بہت بڑا لشکر ایک متعین سمت میں اڑا چلا جارہا ہے۔

[۱۱] اس وقت کافر کہیں گے کہ یہ دن تو بڑا خوفناک اور ہولناک ہے۔ عَسِرٌ: ای یوم شدید الهول عبوس قمطریر۔ لیکن اس روز قیامت کے دن کے بارے میں ان کا یہ کہنا بے سود ہوگا۔ اے کفار مکہ! وہ سخت دن آنے گا اور ضرور آئے گا۔ اس دن سر پیٹنے سے کچھ نہیں ہوگا۔ آج ہی چشم ہوش وا کرو۔ آج ہی میرے رسول کا دامن پکڑ لو۔

[۱۲] یہاں سے چند گزشتہ قوموں کے عبرتناک انجام کا ذکر شروع ہو رہا ہے۔ ان کے مفصل حالات مختلف مقامات پر پہلے گزر چکے ہیں۔ تفصیلات کے لیے ادھر رجوع کیا جائے۔ یہاں فقط مشکل کلمات کی تشریح یا کوئی نئی چیز مذکور ہوئی ہے تو اس کی وضاحت پر اکتفا کیا جائے گا۔ نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب اپنی قوم کو کفر و شرک اور بدکاریوں سے روکا تو ان کم بختوں نے صرف ان کو جھٹلایا ہی نہیں، صرف انہیں دیوانہ ہی نہیں کہا، بلکہ ان کو بری طرح جھڑکتے اور دھمکیاں بھی دیتے تھے کہ اگر تم نے اپنے وعظوں کا سلسلہ بند نہ کیا تو ہم تمہیں سنگسار کر دیں گے۔ ازدجر: ای انتھروہ وزجروہ وتواعدوہ لئن لم تنتہ یانوح لتکونن من المرجومین۔ انہوں نے انہیں سختی سے جھڑکا اور دھمکی دی کہ اے نوح! اگر تم باز نہ آئے تو تمہیں رجم کر دیا جائے گا۔

[۱۳] نو سو سال سے زیادہ عرصہ آپ ان کو وعظ و نصیحت کرتے رہے لیکن ان کی حالت اور بگڑتی گئی اور ان کی سرشت

مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّ فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰۤى اَمْرٍ قَدْ

کے ساتھ ۱۳؎ اور جاری کر دیا ہم نے زمین سے چشموں کو پھر دونوں پانی مل گئے ایک مقصد کے لیے جو پہلے مقرر ہو چکا

قُدِرَ ﴿۱۲﴾ وَ حَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّ دُسُرٍ ﴿۱۳﴾ تَجْرِیْ بِاَعْیُنِنَا ۚ جَزَآءً

تھا ۱۴؎ اور ہم نے سوار کر دیا نوح کو تختوں اور میخوں والی (کشتی) پر ۱۵؎ وہ بہتی جاری تھی ہماری آنکھوں کے سامنے ۱۶؎

لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿۱۴﴾ وَ لَقَدْ تَّرَكْنٰهَاۤ اٰیَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۵﴾ فَكَیْفَ

(یہ طوفان) بدلہ تھا اس (نبی) کا جس کا انکار کیا گیا تھا اور ہم نے باقی رکھا اس (قصہ) کو بطور نشانی پس ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا ۱۷؎ سو کیسا (خوفناک)

كَانَ عَذَابِیْ وَ نُذُرِ ﴿۱۶﴾ وَ لَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ

تھا میرا عذاب اور (کتنے سچے تھے) میرے ڈراوے اور بے شک ہم نے آسان کر دیا ہے قرآن کو نصیحت پذیری کے لیے پس ہے کوئی نصیحت قبول

اور زیادہ بری ہوتی گئی تو آپ نے بارگاہ الٰہی میں عرض کی۔ الٰہی! میں مغلوب اور بے بس ہوں، تو میری مدد فرما یا تو میرا انتقام لے۔

۱۳؎ منھمر: المنصب المتدفق۔ موسلا دھار اور بڑی قوت سے پانی گرنے لگا۔ زمین کی تہ میں جو پانی کے سمندر دفن تھے انہیں حکم ملا وہ جگہ جگہ سے چشموں کی طرح بہ نکلے۔

۱۴؎ ادھر زمین اپنے پانی کے ذخائر کو انڈیل رہی تھی ادھر آسمان سے پانی کا سیلاب اُمڈا آرہا تھا۔ دونوں پانی یکجا ہوئے تو سارا علاقہ زیر آب آگیا۔ اونچے اونچے مکانات، بلند ٹیلے بلکہ پہاڑ بھی غرقاب ہو گئے اور اس مجرم قوم کو تباہ کرنے کا جو فیصلہ کیا گیا تھا وہ پایہ تکمیل کو پہنچ گیا۔

۱۵؎ نوح علیہ السلام نے حکم الٰہی کے مطابق لکڑی کے لمبے لمبے تختے چیر کر اور انہیں بڑے بڑے کیلوں اور مضبوط میخوں سے جوڑ کر جو کشتی تیار کی تھی اس میں آپ اپنے ساتھیوں کے ساتھ سوار ہو گئے۔

اَلْوَاح جمع ہے لوح کی، لکڑی کے تختے۔ دُسُر: اس کا واحد دسار ہے۔ اس کا معنی المسمار یعنی میخ یا کیل ہے۔

۱۶؎ بے شک کشتی بڑی مضبوط تھی لیکن طوفان بڑا شدید اور اس میں اٹھنے والی لہریں بڑی خطرناک تھیں۔ کشتی کا ان کی زد سے بچ نکلنا آسان نہ تھا۔ فرمایا کشتی ہماری حفاظت میں چل رہی تھی۔ ہم خود اس کی نگہبانی فرما رہے تھے۔ اس لیے اسے کوئی خطرہ نہ تھا۔ وہ سلامتی سے ان طوفانی موجوں میں خراماں خراماں تیرتی چلی جا رہی تھی۔

۱۷؎ ہم نے اس طوفان کی یاد کو تازہ رکھا۔ لوگ نسلاً بعد نسلٍ ایک دوسرے کو بتاتے گئے۔ واقعہ نگاروں نے اسے اپنی کتابوں میں تحریر کیا تاکہ آنے والے لوگ اس کو سن کر نصیحت قبول کریں۔ ترکنٰھا کی ضمیر واقعہ کی طرف ہے۔ یرید ھذہ الفعلۃ

مُّدَّكِرٍ ﴿١٧﴾ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿١٨﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَا

کرنے والا ؟ ۱۹ عاد نے بھی جھٹلایا تھا پھر کیسا (خوفناک) تھا میرا عذاب اور میرے ڈراوے ۔ ہم نے ان

عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ﴿١٩﴾ تَنزِعُ النَّاسَ

پر تند و تیز آندھی بھیجی ایک دائمی نحوست کے دن میں ۲۰ وہ اکھاڑ کر پھینک دیتی لوگوں

كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنقَعِرٍ ﴿٢٠﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٢١﴾ وَ

کو گویا وہ تنے ہیں اکھڑی ہوئی کھجور کے ۔ پس کیسا (سخت) تھا میرا عذاب اور (کتنے سچے تھے) میرے ڈراوے۔

عبرة ۔ (قرطبی) بعض علماء نے اس ضمیر کا مرجع کشتی کو بتایا ہے۔ قتادہ کہتے ہیں ابقاھا اللہ بباقردی من ارض الجزیرۃ عبرۃ وآیۃ۔ اللہ تعالیٰ نے اسے باقی رکھا اور وہ سرزمین جزیرہ کے باقردی گاؤں میں ہزاروں سال پڑی رہی یہاں تک کہ جب مسلمانوں نے اس علاقہ کو فتح کیا اس وقت بھی اس کے آثار باقی تھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۹ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ قرآن ایک آسان سی کتاب ہے۔ ہر کوئی اس کے اسرار و رموز تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ آیت میں کوئی ایسا لفظ نہیں جس کا یہ معنی ہو کہ قرآن آسان ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جو شخص نصیحت قبول کرنے اور ہدایت پانے کے لیے قرآن کریم کی طرف رجوع کرتا ہے ہم اس کے لیے اس کتاب مقدس کو آسان کر دیتے ہیں۔ اس کی فہم کو نور فراست سے روشن کر دیتے ہیں۔ اس کے ذہن کو جلا اور اس کے فکر کو بالغ نظری بخش دیتے ہیں۔ عروس معنی الفاظ کا نقاب خود اٹھا دیتی ہے۔ لیکن جو ہدایت پذیری کے لیے اس کی طرف متوجہ نہیں ہوتا اس کو صحیح سمجھ سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ وہ سرپٹختا رہ جاتا ہے اور قرآن کے الفاظ اس سے گفتگو ہی نہیں کرتے۔ اس کا ایک اور مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے کہ سمجھانے کے دو طریقے ہیں۔ ایک یہ کہ مجرم کو اس کے جرم کی سزا دی جائے۔ قاتل کو تختہ دار پر لٹکا دیا جائے۔ اس وقت وہ سمجھ جاتا ہے کہ اس نے برا کام کیا تھا۔ اسی کی سزا میں آج اس کے گلے میں پھانسی کا پھندا ڈالا جا رہا ہے۔ سمجھ تو انسان اس طرح جاتا ہے اور خوب سمجھ جاتا ہے لیکن سمجھنے اور سمجھانے کا یہ انداز بڑا سخت اور تلخ ہے اور سمجھنے والے کو اس سے کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔ سمجھانے کا دوسرا طریقہ یہ ہے جو قرآن نے اختیار کیا ہے۔ وہ لوگ جو گمراہ ہیں اور نافرمانیوں میں اپنی عمر برباد کر رہے ہیں ان کے سامنے بڑے موثر پیرائے میں اس فعل بد پر مرتب ہونے والے المناک نتائج سے اس گم کردہ راہ کو قبل از وقت آگاہ کر دیا جائے اور اس کے سامنے ایسے واقعات کے ڈھیر لگا دیے جائیں جن سے اسے یقین ہو جائے کہ اگر وہ اپنے کرتوتوں سے باز نہ آیا تو اس کا بھی یہی حال ہو گا۔ ہر شخص خود فیصلہ کرے کہ قرآن کا انداز افہام و تفہیم آسان ہے یا عذاب کے شکنجہ میں جکڑے جانے کے بعد کسی کی آنکھ کھل جائے تو یہ آسان ہے۔

۲۰ قوم عاد نے اپنے نبی کی دعوت کو مسترد کر دیا۔ آخر کار ان پر تیز جھکڑ کا عذاب بھیجا گیا۔ ہوا کے بے رحم جھونکے انہیں اٹھاتے اور اٹھا کر انہیں زمین پر پٹخ دیتے۔ ان کے لمبے تڑنگے بھاری بھرکم لاشے دیکھ کر یوں لگتا کہ یہ کسی کھجور کے تنے ہیں جنہیں کسی تیز آندھی نے جڑ سے

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٣٢﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿٢٣﴾

بے شک ہم نے آسان کر دیا ہے قرآن کو نصیحت پذیری کے لیے پس ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا۔ ثمود نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا۔

فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿٢٤﴾ ءَاُلْقِيَ

پھر وہ کہنے لگے کیا ایک انسان جو ہم میں سے ہے (اور) اکیلا ہے ہم اس کی پیروی کریں پھر تو ہم گمراہی اور دیوانگی میں مبتلا ہو جائیں گے۔ کیا اتاری گئی

الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿٢٥﴾ سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ

ہے وحی اس پر ہم سب میں سے (یہ کیونکر ممکن ہے) بلکہ وہ بڑا جھوٹا شیخی باز ہے۔ کل انہیں معلوم ہو جائے گا کہ کون بڑا

الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ﴿٢٦﴾ اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ

جھوٹا، شیخی باز ہے۔ ہم بھیج رہے ہیں ایک اونٹنی ان کی آزمائش کے لیے پس (اے صالح!) ان کے انجام کا انتظار کرو

وَاصْطَبِرْ ﴿٢٧﴾ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿٢٨﴾

اور صبر کرو۔ اور انہیں آگاہ کر دیجیے کہ پانی تقسیم کر دیا گیا ہے ان کے درمیان۔ سب اپنی اپنی باری پر حاضر ہوں ۲۱

اکھاڑ لے اور زمین پر دے مارے۔

فِیْ یَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ۔ علامہ سید محمود آلوسی نے یہاں بڑی تفصیل سے بحث کی ہے۔ بہت سی ایسی روایات اور اقوال نقل کیے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ فلاں دن مبارک ہے اور فلاں دن منحوس۔ فلاں دن یہ کام کرنا چاہیے اور فلاں دن یہ کام۔ آخر میں فرماتے ہیں اس قسم کی تمام روایات صحیح سند سے ثابت نہیں بلکہ بعض تو بالکل ساقط الاعتبار اور موضوع ہیں۔ ان کا آخری جملہ نقل کرنے پر اکتفا کرتا ہوں۔ وقصاری ما اقول ما شاء اللہ کان وما لم یشاء لم یکن ولا دخل فی ذالک لوقت ولا لغیرہ۔ یعنی المختصر حقیقت یہ ہے اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہ ہو جاتا ہے اور جو نہیں چاہتا وہ نہیں ہوتا۔ وقت کو یا کسی اور چیز کو اس میں کوئی دخل نہیں۔ پھر فرماتے ہیں نعم لبعض الاوقات شرف لاینکر کیوم الجمعۃ وشھر رمضان وغیر ذالک (روح المعانی) ہاں بعض اوقات برکت اور شرف والے ہوتے ہیں جیسے جمعہ کا دن یا رمضان کا مہینہ۔

۲۱۔ یہاں سے قوم ثمود کی بد باطنی کا ذکر ہو رہا ہے۔ جب صالح علیہ السلام نے انہیں آکر توحید کی دعوت دی تو وہ آپے سے باہر ہو گئے اور کہنے لگے اگر ہم اس کی بات کو مان لیں پھر تو ہم راہ راست سے بھٹک جائیں گے اور ارد گرد کے قبائل ہمیں دیوانہ اور احمق کہیں گے۔ ایک تو یہ ہماری طرح بشر ہے پھر ہماری قوم کا ایک فرد ہے اور اس کے ساتھ کوئی جتھہ بھی نہیں۔ ایسے شخص کو نبی مان لینا پڑے

فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَىٰ فَعَقَرَ ﴿۲۹﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿۳۰﴾

پس ثمودیوں نے بلایا اپنے ایک ساتھی (قدار) کو پس اس نے وار کیا اور (اونٹنی کی) کونچیں کاٹ دیں۔ پھر (معلوم ہے) کیسا تھا میرا عذاب اور میرے ڈراوے

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿۳۱﴾

ہم نے بھیجی ان پر ایک چنگھاڑ پھر وہ اس طرح ہو کر رہ گئے جیسے روندی ہوئی خاردار باڑھ۔

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ

بے شک ہم نے آسان کر دیا قرآن کو نصیحت پذیری کے لیے پس ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا۔ قوم لوط نے بھی جھٹلایا تھا

بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا إِلَّا آلَ لُوطٍ ۖ نَّجَّيْنَاهُم بِسَحَرٍ ﴿۳۴﴾

پیغمبروں کو۔ ہم نے بھیجی ان پر پتھر برسانے والی ہوا سوائے لوط کے گھرانے کے۔ ہم نے ان کو بچا لیا سحری کے وقت۔

نِّعْمَةً مِّنْ عِندِنَا ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي مَن شَكَرَ ﴿۳۵﴾ وَلَقَدْ أَنذَرَهُم

یہ خاص مہربانی تھی ہماری طرف سے۔ اسی طرح ہم جزا دیتے ہیں جو شکر کرتا ہے۔ اور بے شک ڈرایا تھا انہیں لوط علیہ السلام نے ہماری گرفت

بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿۳۶﴾ وَلَقَدْ رَاوَدُوهُ عَن ضَيْفِهِ فَطَمَسْنَا

سے پس جھگڑنے لگے ان کے ڈرانے کے بارے میں ۲۲ اور انہوں نے پھسلانا چاہا لوط کو اپنے مہمانوں سے تو ہم نے میٹ دیا ان کی آنکھوں کو

درجہ کی گمراہی اور نادانی ہے۔ سُعُر کا معنی جنون ہے (لسان العرب)۔ ان گستاخوں نے آپ پر ایمان لانے سے ہی انکار نہیں کیا بلکہ بدزبانی کی حد کر دی۔ کہنے لگے یہ کذاب اشر ہے۔ کذاب مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس کا معنی ہے بڑا جھوٹا یا پرلے درجہ کا جھوٹا۔ اَشِر: بطر۔ وہ شخص جو ایسے کمال کا دعویٰ کرے جو اس میں نہ پایا جائے۔ جو بغیر استحقاق کے بڑا بننے کی کوشش کرے۔

شرب: پانی کی باری۔ فتعاطیٰ: تناول کسی کام کو کرنا۔ عقر: کونچیں کاٹ ڈالنا۔ المحتظر: بکریوں کے لیے خاردار ڈھنگروں سے جو باڑہ بنایا جاتا ہے اسے عربی میں حظیرہ کہتے ہیں اور باڑہ بنانے والے کو المحتظر کہتے ہیں۔ ریوڑ کے بار بار گزرنے سے جب ڈھنگر روندے ہو کر ریزہ ریزہ ہو جاتے ہیں تو ان چور چور شدہ ڈھنگروں کو ہشیم کہتے ہیں۔ ہشیم المحتظر فرما کر یہ بتایا کہ جب خوفناک کڑک ہوئی اور وہ بے سدھ ہو کر زمین پر گر پڑے تو ان کی یہی حالت تھی جیسے کسی باڑہ کے چورا چور ہونے والے ڈھنگر ہوں۔

سورہ اعراف اور سورہ ہود میں یہ واقعہ با تفصیل گزر چکا ہے۔ ضیاء القرآن جلد دوم ملاحظہ فرمائیے۔

۲۲ تماروا: جھگڑا کرنا اور شک کرنا، دونوں معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ راودوا: بہلانا، پھسلانا۔ فطمسنا: طمس کہتے ہیں کسی چیز کا

أَعْيُنَهُمْ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدْ صَبَّحَهُم بُكْرَةً عَذَابٌ

تو اب چکھو اے بے حیاؤ! میرے عذاب اور میرے ڈرانے کا مزہ ۔ پس صبح سویرے ان پر ٹھہرنے والا عذاب

مُّسْتَقِرٌّ ﴿٣٨﴾ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٩﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ

نازل ہوا۔ تو اب چکھو میرے عذاب اور میرے ڈرانے کا مزہ۔ اور بے شک ہم نے آسان کر دیا قرآن کو نصیحت پذیری کے لیے

فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدْ جَاءَ آلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿٤١﴾ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كُلِّهَا

پس ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا۔ اور آئے آل فرعون کے پاس ڈرانے والے ۲۳ انہوں نے جھٹلایا ہماری ساری آیتوں کو

ع ۲ ۱۸ ۹

فَأَخَذْنَاهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿٤٢﴾ أَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ أُولَٰئِكُمْ أَمْ لَكُم

پھر ہم نے ان کو پکڑ لیا جیسے کوئی زبردست قوت والا پکڑتا ہے۔ کیا تمہاری قوم کے کفار بہتر ہیں ان سے یا تمہارے لیے

بَرَاءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿٤٣﴾ أَمْ يَقُولُونَ نَحْنُ جَمِيعٌ مُّنتَصِرٌ ﴿٤٤﴾ سَيُهْزَمُ

معافی لکھ دی گئی ہے آسمانی نوشتوں میں۔ یا وہ کہتے ہیں کہ ہم ایسی جماعت ہیں جو غالب ہی رہے گی۔ عنقریب پسپا ہوگی

الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ ﴿٤٥﴾ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهَىٰ

یہ جماعت اور پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے ۲۴ بلکہ ان کے وعدہ کا وقت (روز) قیامت ہے اور قیامت بڑی خوفناک

نام و نشان مٹا دینا۔ جب ان کی قوم کو پتہ چلا کہ چند خوش شکل نوجوان لوط علیہ السلام کے پاس آئے ہیں تو دندناتے ہوئے آدھمکے پہلے بہت دو پیار سے ان کو قائل کرنا چاہا کہ وہ ان نوجوانوں کو ان کے حوالے کر دیں۔ بعد میں ہاتھا پائی پر اتر آئے تو ان کی آنکھوں کو سلب کر لیا گیا یا جبریل نے پر مارا اور ان کی آنکھوں کا نام و نشان تک باقی نہ رہا۔ سارا چہرہ سپاٹ ہو گیا گویا یہاں کبھی کوئی آنکھ تھی ہی نہیں۔

لوط علیہ السلام اور ان کی قوم کا تفصیلی تذکرہ ضیاء القرآن جلد اول اور دوم میں ملاحظہ فرمائیے۔

۲۳ یہی حال فرعون اور اس کی قوم کا بھی ہوا۔

۲۴ اے اہل عرب! تم سے پہلے جن قوموں نے انبیاء کی تکذیب کی ان کے ساتھ گستاخانہ سلوک کیا ان قوموں کو جس انجام بد سے دوچار ہونا پڑا وہ تم سن چکے ہو۔ لیکن ابھی تک کوئی ایسے آثار نظر نہیں آتے کہ تم اپنی اصلاح کی طرف متوجہ ہو رہے ہو۔ کیا تم اس گھمنڈ میں ہو کہ تم کچھ بھی کرتے رہو تم سے باز پرس نہیں ہوگی۔ تمہاری اس خام خیالی کی آخر کیا وجہ ہے۔ کیا تمہارے کافر پہلے کافروں سے بہتر ہیں؟ ان کا لحاظ

وقف لازم

وَاَمَرُّ ﴿٤٦﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿٤٧﴾ يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي

اور تلخ ہے۔ بے شک مجرم گمراہی اور پاگل پن کا شکار ہیں۔ اس روز انہیں گھسیٹا جائے گا

النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ؕ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ﴿٤٨﴾ اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ

آگ میں منہ کے بل (انہیں کہا جائے گا) چکھو اب آگ میں جلنے کا مزہ۔ ہم نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے ایک

بِقَدَرٍ ﴿٤٩﴾ وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ﴿٥٠﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ

اندازے سے۔ اور نہیں ہوتا ہمارا حکم مگر ایک بار جو آنکھ جھپکنے میں واقع ہو جاتا ہے ۲۵ے اور بے شک ہم نے ہلاک کر دیا

اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٥١﴾ وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ ﴿٥٢﴾ وَ

جو کفر میں تمہارے ہم مشرب تھے پس ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا۔ اور جو کچھ انہوں نے کیا ہے ان کے نامۂ اعمال میں درج ہے۔ اور

کیا جائے گا یا تم نے کسی آسمانی کتاب میں یہ لکھا ہوا دیکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے عرب کے کفار کچھ بھی کرتے رہیں ہم انہیں کچھ بھی نہیں کہیں گے یا تم اس زعم میں ہو کہ تم بڑے جنگجو اور بہادر ہو۔ تمہاری جمعیت اور نفری بہت زیادہ ہے۔ پہلی قومیں بزدل اور کمزور تھیں اس لیے خدا کے غضب نے انہیں آکر دبوچ لیا اور تمہیں اللہ تعالیٰ کا عذاب کچھ گزند نہیں پہنچا سکتا۔ یہ تینوں باتیں سراسر غلط ہیں۔ عنقریب جب اسلام کے شیروں سے تمہارا مقابلہ ہوگا تمہارے لشکر کو بڑی عبرت ناک شکست ہوگی اور تم وہاں سے دُم دبا کر بھاگ نکلو گے۔ چنانچہ بدر کے میدان میں یہ پیشین گوئی پوری ہوگئی۔

حضرت سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو میں سمجھ نہ سکا کہ وہ کونسا لشکر ہے جو پسپا ہو کر بھاگے گا لیکن جب روز بدر میں نے حبیب کبریا علیہ التحیۃ والثناء کو زرہ زیب تن فرمائے ہوئے دیکھا اور اپنے رب سے یہ التجا کرتے سنا اللهم ان قریشا جاءتك تحادك وتحاد رسولك بفخرها وخيلائها فاهلكهم الغداة ثم قال سيهزم الجمع ويولون الدبر فعرفت تاويلها۔ یا اللہ یہ قریش ہیں تجھ سے اور تیرے رسول سے مقابلہ کرنے کے لیے بڑے فخر و غرور سے آئے ہیں۔ الٰہی! کل انہیں ہلاک کر دے۔ پھر حضور نے یہ آیت پڑھی سیھزم الجمع ویولون الدبر۔ اس وقت مجھے اس آیت کا مصداق معلوم ہوا۔ (قرطبی)

۲۵ے ہم ایک بار ہی حکم دیں گے اور چشم زدن میں اس کی تکمیل ہو جائے گی۔ لمح کہتے ہیں تیزی سے دیکھنا النظر بالعجلۃ۔ اشیاعکم۔ قرطبی لکھتے ہیں اشباهکم فی الکفر من الامم الخالیۃ۔ یعنی گزری ہوئی امتوں میں سے جو عقیدہ اور عمل میں تمہاری مثل تھے۔ مستطر: مکتوب۔

كُلُّ صَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿۵۳﴾ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿۵۴﴾

ہر چھوٹی اور بڑی بات (اس میں) لکھی ہوئی ہے۔ بے شک پرہیزگار باغوں میں اور نہروں میں ہوں گے ۲۶

فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۵۵﴾

بڑی پسندیدہ جگہ میں عظیم قدرت والے بادشاہ کے پاس (بیٹھے) ہوں گے ۲۷

۲۶۔ آخر میں اپنے مقبول بندوں کا ذکر فرمایا جارہا ہے۔ وہ جنتوں میں ابدی نعمتوں سے لطف اندوز ہورہے ہوں گے میٹھے پانی، شرابِ طہور، صاف مصفیٰ شہد اور تازہ دودھ کی نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ اواخرِ آیات کی رعایت کرتے ہوئے لفظ واحد ذکر کیا ہے، لیکن مراد انہار ہے۔

۲۷۔ مقعد: بیٹھنے کی جگہ۔ صدق: مرضی یعنی پسندیدہ۔ یہاں موصوف صفت کی طرف مضاف ہے۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مدح المکان بالصدق فلا یقعد فیہ الا اھل الصدق یعنی اللہ تعالیٰ نے اس جگہ کو صفتِ صدق سے موصوف فرمایا ہے اس لیے وہاں اہلِ صدق ہی کو بیٹھنے کی جگہ ملے گی۔ اس نشست گاہ کو مقعدِ صدق اسلیے فرمایا گیا ہے وھو المقعد الذی یصدق اللہ تعالیٰ مواعید اولیاءہ بانہ یبیح عز وجل لھم النظر الی وجھہ الکریم۔ (روح المعانی) کہ یہ وہ مقام ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے اپنے اولیاء کے ساتھ جو وعدے فرمائے ہیں وہ پورے فرمائے گا۔ اس وقت ان عاشقانِ دلفگار کو اذنِ عام ہوگا کہ اے آتشِ عشق میں جلنے والو! اے شوقِ دیدار میں ماہیِ بے آب کی طرح عمر بھر تڑپنے والو! محبوبِ ازل اپنے رخِ زیبا سے پردہ اٹھارہا ہے آنکھیں اٹھاؤ اور سیر ہوکر شاہدِ رعنا کا دیدار کرو۔

علامہ قرطبی خالد بن معدان سے نقل کرتے ہیں: ہمیں یہ خبر پہنچی کہ قیامت کے روز دو فرشتے مومنین کے پاس حاضر ہوں گے اور کہیں گے یا اولیاء اللہ انطلقوا! اے اللہ کے دوستو تشریف لے چلیے۔ وہ پوچھیں گے کدھر؟ فرشتے کہیں گے جنت کی طرف۔ اہلِ ایمان جواب دیں گے: انکم تذھبون بنا الی غیر بغیتنا اے ملائکہ! تم ہمیں ادھر تو نہیں لے جارہے ہو جو ہماری آرزو و تمنا تھی۔ فرشتے پوچھیں گے تمہاری آرزو کیا تھی؟ فیقولون مقعد صدق عند ملیک مقتدر۔ ہم تو قدرت والے بادشاہ کی بارگاہ میں حاضر ہونا چاہتے ہیں۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک رات مسجد میں گیا۔ کچھ وقت گزرا تو مجھے خیال آیا کہ صبح ہوگئی ہے لیکن پتہ چلا کہ ابھی رات ہے۔ وہاں میرے سوا کوئی نہ تھا چنانچہ میں پھر سوگیا۔ میں نے اپنے پیچھے کوئی حرکت سنی میں گھبرا گیا۔ میں نے سنا کوئی کہہ رہا ہے ایھا المتلی قلبہ فرقا لا تفرق وقل اللھم انک ملیک مقتدر ما تشاء من امر یکون ثم سل ما بدالک۔ قال فما سالت اللہ تعالیٰ شیئا الا استجاب لی۔ یعنی اے شخص جس کا دل خوف سے بھر گیا ہے مت گھبرا بلکہ پہلے یہ کہہ اللھم انک ملیک مقتدر ما تشاء من امر یکون۔ اے اللہ! تو بادشاہ ہے بڑی قدرت والا ہے جو کام تو چاہتا ہے وہ ہوجاتا ہے۔ یہ کہنے کے بعد جو تیرے جی میں آئے وہ مانگ۔ سعید کہتے ہیں جو بھی میں اپنے رب سے مانگتا ہوں وہ مجھے عطا فرماتا ہے۔

یہ لکھنے کے بعد علامہ سید محمود آلوسی لکھتے ہیں: انا اقول (میں کہتا ہوں) اور اسی طرح اللہ تعالیٰ کا یہ ناچیز بندہ بھی عرض کرتا ہے:

اللھم انک ملیک مقتدر ما تشاء من امر یکون فاسعدنی فی الدارین وکن لی ولا تکن علی وانصرنی علی من بغی علی واعذنی من ھم الدین وقھر الرجال وشماتۃ الاعداء وصل اللھم وسلم علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ والحمد للہ رب العٰلمین۔

تعارف

سُورۃ الرَّحمٰن

نام: اس مبارک سورۃ کا پہلا کلمہ الرحمٰن ہے۔ یہی اس کا نام ہے۔ نیز اس سورۃ میں اللہ تعالیٰ کی شانِ رحمانیت کی تجلیاں ہر سُو جلوہ طراز ہیں۔ اس لیے اس سورت کے مضامین سے یہ نام بڑی مناسبت رکھتا ہے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے اس کا نام "عروس القرآن" بھی مروی ہے۔

اس میں تین رکوع، چھتر یا اٹھتر آیتیں، تین سو اکیاون کلمے، ایک ہزار چھ سو چھتیس حروف ہیں۔

نزول: اگرچہ چند حضرات نے اسے مدنی سورتوں میں شمار کیا ہے لیکن اکثر علمائے تفسیر کی یہی رائے ہے کہ اس کا نزول مکہ مکرمہ میں ہوا۔ اس کے مضامین بھی اس کی تائید کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ روایاتِ صحیحہ میں بھی اس کی صراحت موجود ہے۔ علامہ قرطبی اس سورت کے ابتدائیہ میں لکھتے ہیں:

"حضرت عروہ ابن زبیر سے مروی ہے کہ ایک روز صحابہ کہنے لگے کہ قریش نے آج تک قرآن کو سنا نہیں بغیر سنے اس کی مخالفت کرتے رہتے ہیں۔ اگر کوئی صاحب ہمت کرکے اور بلند آواز سے ان کو قرآن حکیم سنائے تو کتنا اچھا ہو۔ حضرت ابن مسعود نے کہا یہ سعادت میں حاصل کروں گا۔ صحابہ نے کہا تمہارا سنانا مناسب نہیں۔ ایسا نہ ہو کہ وہ تمہیں کمزور اور ضعیف سمجھ کر زدوکوب کریں۔ کسی ایسے آدمی کو یہ فریضہ انجام دینا چاہیے جس کا قبیلہ زور آور ہو تاکہ اس کے خوف سے کوئی کافر اس پر دست درازی نہ کرسکے لیکن ابن مسعود نے ان کی ایک نہ سنی۔ اٹھے مقامِ ابراہیم کے پاس جاکر کھڑے ہوگئے۔ اور اپنی سُریلی آواز سے بلند آواز میں سورۃ الرحمٰن کی تلاوت شروع کردی۔ قریش جو اپنی اپنی مجلسیں جمائے بیٹھے تھے پہلے تو انہوں نے کوئی توجہ نہ دی۔ بعد میں جب انہیں پتہ چلا کہ یہ قرآن کی تلاوت کر رہے ہیں تو اٹھ کھڑے ہوئے اور ان کے قریب آکر انہیں مارنا شروع کیا۔ بڑی بیدردی سے انہیں پیٹا یہاں تک کہ ان کا چہرہ زخمی ہوگیا۔"

اس سے معلوم ہوا کہ یہ سورت مکہ مکرمہ میں اس واقعہ سے پہلے نازل ہوچکی تھی۔

نخلہ کے مقام پر جب جنات کا ایک گروہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس سے گزرا تو اس وقت حضورؐ نماز صبح میں اسی سورت کی تلاوت کر رہے تھے اور یہ واقعہ بھی ہجرت سے پہلے کی زندگی کا ہے۔ ان روایاتِ صحیحہ کے بعد اس کے نزول کے بارے میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔

مضامین : اسمائے حُسنیٰ میں سے الرحمٰن کے ساتھ اس سورۃ کا آغاز ہو رہا ہے۔ الرحمٰن رحمت و لُطف کی اُن وسعتوں اور بلندیوں کو شامل ہے جن کا تصور کرنا بھی ہمارے حیطۂ امکان سے باہر ہے۔ انسان کو اس نے پیدا فرمایا اس میں ایسی صلاحیتیں ودیعت کیں اور ایسی استعدادوں کی تخم ریزی کی۔ جن میں سے بعض کا تعلق اس کی رُوحانی بالیدگی اور ارتقاء سے ہے اور بعض کا تعلق اس کی مادی زندگی کی نشوونما سے ہے۔

پہلے اُس نعمت کو بیان کیا جس کا تعلق اُس کے قلب و رُوح سے ہے یعنی قرآن کریم کا علم اور اسکے اظہار و بیان کی قوت۔ اس کے بعد آسمانی اور زمینی اُن نعمتوں کا ذکر کیا جو انسان کی غذا اور اس کی صحت کے لیے ناگزیر ہیں اس کے ضمن میں چند احکامات بھی ارشاد فرمائے۔ ساتھ ساتھ اپنی شانِ کبریائی کا بھی تذکرہ کر دیا۔

نوعِ انسانی کے ساتھ ایک دُوسری نوع کا ذکر بھی یہاں خصوصیت سے کیا گیا ہے جسے جن کہا جاتا ہے۔ ان دونوں کے مادۂ تخلیق میں جو فرق ہے۔ وہ بھی بتا دیا اور فبای آلآء ربکما تکذبان کے بار بار تکرار سے اس حقیقت سے بھی آگاہ کر دیا کہ قرآن کے مخاطب صرف انسان ہی نہیں بلکہ جنات بھی ہیں اور جب وہ قرآن کے احکام پر عمل کرنے کے مکلف ہیں تو واضح ہو گیا کہ وہ حضورِ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمتی ہیں اور حضور جن و انس دونوں کے نبی ہیں۔

دوسرے رکوع میں جن و انس میں سے جو سرکش افراد ہیں اُن کے انجام کے بارے میں بڑی وضاحت سے بتا دیا اور آخری رکوع میں بڑے رُوح پرور انداز سے اُن انعامات اور احسانات کا تذکرہ کر دیا جو مولائے کریم جن و انس میں سے اپنے نیک اور فرماں بردار بندوں پر فرمائے گا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی نافرمانی سے بچائے اور اپنے ہر قسم کے عذاب سے پناہ دے، اپنے پیارے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی غلامی کی توفیقِ رحمت فرماوے اور محبت کی دولت سے مالامال کرے۔ اور اپنے اُن سعادت مند بندوں میں شامل کرے جن پر وہ راضی ہے۔ اللّٰھم نسئلک و انت اکرم المسئولین بجاہ حبیبک رحمۃ للعالمین۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا
۳۰ - ۴ - ۷۷

سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ رحمان مدنی ہے اس کی ۷۸ آیات اور ۳ رکوع ہیں

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ ۝۱ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝۲ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝۳ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝۴

رحمٰن نے ۱ (اپنے حبیب کو) سکھایا ہے قرآن ۲ پیدا فرمایا انسان (کامل) کو ۳ (نیز) اسے قرآن کا بیان سکھایا۔

۱ اس سورۂ مبارکہ میں ان تمام روحانی اور جسمانی، دنیوی اور اخروی نعمتوں کا ذکر تفصیل سے ہو رہا ہے جن سے جن و انس کو ابتدائے آفرینش سے سرفراز فرمایا گیا، سرفراز فرمایا جا رہا ہے یا عالم آخرت میں سرفراز فرمایا جائے گا۔ اس لیے اس کی ابتدا الرحمٰن سے ہوئی جو مبالغہ کا صیغہ ہے۔ از حد مہربان بہت ہی رحمت فرمانے والا جس کا دسترخوان جود و کرم اتنا کشادہ ہے کہ مومن و کافر، مطیع و عاصی، اپنے اور بیگانے کسی نہ کسی صورت میں مستفید ہو رہے ہیں اور جس کا دامن رحمت اتنا وسیع ہے کہ فقط یہ دنیائے فانی ہی نہیں بلکہ از ازل تا ابد سب اس کے سایۂ عاطفت میں پناہ لیے ہوئے ہیں۔

حضرت امام غزالی الرحمٰن کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

الرحمٰن: العطوف علی العباد بالایجاد اولاً و بالهدایة الی الایمان واسباب السعادة ثانیاً والاسعاد بالاخرة ثالثاً والانعام بالنظر الی وجهه الکریم رابعاً۔

یعنی الرحمٰن اپنے بندوں پر از حد لطف و عنایت فرمانے والا۔ اس کا پہلا احسان تو یہ ہے کہ پیدا فرمایا۔ دوسرا لطف یہ ہے کہ پیدا کرنے کے بعد وادیٔ ضلالت میں آوارہ بھٹکنے کے لیے نہیں چھوڑ دیا بلکہ حق کی طرف رہنمائی فرمائی اور اسباب سعادت سے بہرہ ور فرمایا۔ تیسری ذرہ نوازی یہ کرے گا کہ روز حشر ان کی مغفرت فرمائے گا اور غایتِ رحمت کا ظہور اس وقت ہو گا جب عاشقانِ زار کو، محبانِ دلفگار کو، مشتاقانِ دیدار کو شرفِ دیدار سے مشرف فرمائے گا۔

نیز کفار کے ایک سوال کا جواب بھی ہے۔ انہوں نے جب اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں الرحمٰن سنا تو کہنے لگے۔ الرحمٰن کون ہے۔ ہم تو اس کو نہیں جانتے۔ بتا دیا کہ الرحمٰن وہ ہے جس کی شانِ رفیع تم اس سورۂ مبارکہ میں سنو گے۔

۲ اپنے بے شمار انعامات میں سے سب سے پہلے تعلیم قرآن کا ذکر کیا کیونکہ یہی وہ آفتاب ہے کہ جب مطلع حیات پر طلوع ہوتا ہے تو زندگی کی شب دیجور صبح سعادت سے آشنا ہوتی ہے۔ انسان جب اس کی ہدایات کو خضر راہ بناتا ہے تو شرف انسانی کی منزل تک پہنچ جاتا ہے۔ یہی وہ صحیفۂ رشد و ہدایت ہے کہ بھٹکے ہوئے انسان کا رشتہ اپنے خالق کریم سے جوڑ دیتا ہے۔

عَلَّمَ دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے یعنی کس کو سکھایا اور کیا سکھایا۔ یہاں دوسرا مفعول تو ذکر کر دیا کہ قرآن کی تعلیم دی لیکن پہلا مفعول کہ کس کو تعلیم دی، مذکور نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ مفعول اتنا عیاں ہے کہ عدم ذکر کے باوجود کسی کو اس کے بارے میں تردد نہیں ہو سکتا اور وہ ہے ذاتِ پاک محمد مصطفیٰ، حبیب کبریا علیہ اطیب التحیۃ واجمل الثنا۔ حضور کے سوا علوم قرآنیہ

سے جتنا کچھ حصہ کسی کو ملا ہے وہ سب حضورؐ کے واسطے اور حضورؐ کے طفیل ملا ہے۔

ذرا غور فرمایئے، متعلم محمد ابن عبد اللہ روحی وقلبی فداہ ہے اور معلم خود خالق ارض وسما ہے۔ شاگرد مکہ کا اُمّی ہے اور استاد عالم الغیب والشہادۃ ہے اور پڑھایا کیا جا رہا ہے؟ قرآن . . . . کون سا قرآن؟ جو سراپا رحمت ہے، جو مجسّم ہدایت ہے، جو نورٌ علیٰ نور ہے، جس کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا هٰذا بیان للناس وهُدًى وموعظة للمتقین۔ جس کے بارے میں ارشادِ خداوندی ہے لا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین (کوئی خشک وتر چیز ایسی نہیں جس کا ذکر اس کتاب مبین میں موجود نہ ہو) اس تعلیم سے جو تجربے پیدا کنار اس صدرِ فشرح میں موجزن ہوا اس کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔

خلیفۃ اللہ فی الارض آدم علیہ السلام کے متعلق فرمایا علم آدم الاسماء کلها اور خلیفۃ اللہ فی العالم کے بارے میں فرمایا علم القرآن . . . .

ع ببیں تفاوت راہ از کجاست تا بکجا

۳ے اس سے نعمتِ ایجاد کا ذکر ہو رہا ہے۔ یہاں انسان سے مراد نوعِ انسانی ہے۔ بعض علما کا خیال ہے کہ اس سے مراد حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ سے یہ قول بھی منقول ہے کہ الانسان سے مراد حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں۔ قال ابن عباس ایضا وابن کیسان الانسان ههنا یراد به محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم (قرطبی)

علامہ پانی پتی لکھتے ہیں جاز ان یقال خلق الانسان یعنی محمدا صلی الله تعالیٰ علیه واٰله وسلم علمه البیان یعنی القرآن فیه بیان ما کان وما یکون من الازل الی الابد۔ یعنی یہ درست ہے کہ یہاں انسان سے مراد محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہوں اور علمه البیان سے قرآن مراد ہو جس میں ما کان وما یکون جو کچھ ہو چکا اور جو کچھ ہو رہا ہے ازل سے ابد تک کا بیان ہے۔

علامہ پانی پتی فرماتے ہیں فعلی هذا الجملتان الاخیرتان بیان وتفصیل للاولیٰ ولهذا لم یورد العاطف بینها وکلها اخبار مترادفة للرحمٰن۔ یعنی جب الانسان سے حضورؐ کی ذات والاصفات مراد ہو اور علمه البیان سے بھی حضورؐ کو بیان کی تعلیم ہو تو یہ دونوں آیتیں پہلی آیت کی تفصیل ہوں گی یعنی جس کو قرآن کا علم دیا ہے اسی انسان کی پیدائش اور اسی کو بیان سکھانے کا ذکر ہو رہا ہے۔ الرحمٰن مبتدا ہے اور یہ تینوں یکے بعد دیگرے اس کی خبریں۔ علامہ خازن، علامہ بغوی اور دیگر مفسرین نے بھی اس آیت کی تفسیر میں یہی قول نقل کیا ہے۔

خلق الانسان میں الانسان سے مراد اگر نوعِ انسانی ہو اور علمه البیان میں بھی اسی کو بیان کی تعلیم کا ذکر ہو تو بلاشبہ یہ بھی الرحمٰن کی شانِ رحمانیت کا روشن ظہور ہے۔ لیکن آپ خود بتائیں "الانسان" سے مراد اگر وہ باعثِ تخلیق کائنات، فخرِ آدم و بنی آدم ہو جسے خداوند کریم نے رحمۃ للعالمین کے دلنواز لقب سے مشرف فرمایا ہے اور "علمه البیان" سے مراد بیانِ حقیقت اور اظہارِ اسرار کی وہ بے پناہ صلاحیت ہو جو شانِ نبوت کا خاصہ ہے تو شانِ رحمانیت کی ضیا باریوں کا کیا عالم ہوگا۔

یہ بھی بتا دیا کہ خود اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول اور برگزیدہ بندے کو قرآن سکھایا اور خود ہی اسے بیانِ قرآن کی تعلیم دی۔ ۵

اَلشَّمۡسُ وَالۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍ ۝۵ وَّالنَّجۡمُ وَالشَّجَرُ یَسۡجُدٰنِ ۝۶ وَالسَّمَآءَ

سورج اور چاند حساب کے پابند ہیں ؏ اور آسمان کے تارے اور زمین کے درخت اسی کو سجدہ کناں ہیں ؏ اور آسمان اسی

رَفَعَهَا وَوَضَعَ الۡمِیۡزَانَ ۝۷ اَلَّا تَطۡغَوۡا فِی الۡمِیۡزَانِ ۝۸ وَاَقِیۡمُوا

نے بلند کیا ؏ اور میزانِ (عدل) قائم کی ؏ تاکہ تم تولنے میں زیادتی نہ کرو ۔ اور وزن کو

قرآن اس نے خود گھڑا ہے اور نہ اس کا بیان خود ساختہ ہے۔ قرآن بھی اللہ تعالیٰ نے اتارا ہے اور اس کا بیان بھی اسی نے سکھایا ہے۔ اب جو شخص آیاتِ قرآنی کو وہ معانی پہناتا ہے جو سنتِ نبوی کے خلاف ہیں تو وہ صرف سنت کا انکار نہیں کر رہا بلکہ قرآن کے بیانِ خداوندی سے روگردانی کر رہا ہے۔

؏ اس مہر و ماہ کے ذکر کے بعد جس سے عالمِ روحانیت کے در و بام جگمگا رہے ہیں، اب اس شمس و قمر کا ذکر کیا جا رہا ہے جن سے ہماری یہ مادی دنیا اکتسابِ نور کر رہی ہے۔ فرمایا کہ یہ سورج اور چاند مقررہ حساب کے مطابق حرکت کر رہے ہیں۔ جو منزلیں اور بروج ان کے لیے مقرر ہیں نہ ان سے تجاوز کرتے ہیں اور نہ روگردانی۔ اپنے مدار میں مصروفِ سیر ہیں۔ کیا مجال کہ سرِ مو دائیں یا بائیں سرکیں یا لمحہ بھر کی بھی تقدیم و تاخیر ہو۔ قال ابن عباس وقتادة ای یجریان بحساب فی منازل لا یعدوانها ولا یحید انها۔ اسی نظام کی پابندی کے باعث وقت پر موسم بدلتے ہیں۔ وقت پر دن طلوع ہوتا ہے اور رات آتی ہے۔ ہر روز مقررہ وقت پر ان کا طلوع و غروب ہوتا ہے اسی لیے تم ماہ و سال کا حساب کر سکتے ہو۔ اگر اس نظام میں ذرا سا خلل بھی آ جائے تو ساری کائنات چشم زدن میں درہم برہم ہو جائے۔ نظامِ شمسی میں جو باقاعدگی اور نظم و ضبط ہے کیا یہ اللہ کی شانِ رحمانیت کا ظہور نہیں ہے؟ یقیناً ہے۔

؏ شجر اس درخت کو کہتے ہیں جس کا تنا ہو اور نجم ان جڑی بوٹیوں کو کہتے ہیں جن کا تنا نہ ہو جیسے ترکاریاں، بیلیں وغیرہ۔ النجم مالا ساق له والشجر ماله ساق۔

سجود سے مراد اللہ تعالیٰ کے حکم کے سامنے سر جھکا دینا ہے۔ اصل السجود فی اللغة الاستسلام والانقیاد لله عزوجل یعنی فضا کے عظیم کرے جس طرح ایک ضابطہ پر سختی سے کاربند ہیں اسی طرح ہماری زمین کے درخت اور ادنیٰ جڑی بوٹیاں بھی قانونِ الٰہی کی پابند ہیں۔ اگر النجم سے مراد ستارے لیے جائیں تو یہ بھی درست ہے۔ ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔

؏ آسمان کو اللہ تعالیٰ نے ہی بلند کیا ہے۔ نہ یہ مادے میں ہیجان کے باعث خود بخود معرضِ وجود میں آیا ہے اور نہ کسی اور دیوی دیوتا نے اس کی تخلیق کی ہے۔ اس کی موجودہ ساخت میں بھی اللہ تعالیٰ کی شانِ رحمانیت جلوہ نما ہے۔

؏ علامہ آلوسی اس جملہ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں، ای شرع العدل وامر به۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے ہی عدل کا قانون بنایا اور اس پر عمل کرنے کا حکم دیا۔ اسی عدل کے باعث نظامِ کائنات باایں حسن و خوبی قائم ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے بالعدل قامت السموٰت والارض۔ اور یہاں عدل کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان اور اس میں آباد ہر چیز کو اس طرح پیدا کیا

الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ ﴿٩﴾ وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ﴿١٠﴾

ٹھیک رکھو انصاف کے ساتھ [8] اور تول کو کم نہ کرو [9] اور اس نے زمین کو پیدا کیا ہے مخلوق کے لیے [10]

ہے جو اس کے مناسب تھی۔ ان کی بقا اور نشو ونما کے لیے ایسے وسائل مہیا کر دیے ہیں جن کی انہیں ضرورت تھی۔ مجاہد، ابن جریر طبری اور اکثر علمائے وضع المیزان کا یہی مفہوم منقول ہے۔ کئی علمائے یہاں بھی میزان سے ترازو مراد لیا ہے۔ یعنی جس نے آسمان کو بلند بنایا اسی نے ترازو بھی بنایا ہے تاکہ لین دین میں عدل وانصاف ملحوظ رہے۔

[8] جب تم ایک ایسی کائنات میں رہتے ہو جہاں عدل وانصاف کی فرمانروائی ہے اور ہر اعلیٰ اور ادنیٰ چیز قانون اور ضابطہ کی پابند ہے تو اے اولادِ آدم! تم پر بھی ضروری ہے کہ اپنے قول وعمل میں عدل وانصاف کو ملحوظ رکھو۔

علامہ راغب اصفہانی نے وزن کے لفظ کے ماتحت اس آیت کا یہی مفہوم بیان کیا ہے۔ هذا اشارة الى مراعات المعدلة فى جميع ما يتحراه من الافعال والاقوال۔ مجاہد اور دیگر علمائے تفسیر نے اس آیت کا یہ معنی بتایا ہے کہ "وزن کرو تو انصاف کے ساتھ۔ نہ دیتے وقت کم تولو اور نہ لیتے وقت زیادہ تولو۔

[9] اللہ تعالیٰ نے ہمیں کاروباری دیانت کا سبق دیا ہے اور ان ہدایات پر سختی سے عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ یہ بھی اس کی شانِ رحمانیت کا ایک ظہور ہے۔ جس معاشرہ میں لین دین میں دیانت داری ختم ہو جاتی ہے۔ بددیانتی اور لوٹ کھسوٹ کا رواج ہو جاتا ہے وہ معاشرہ زیادہ دیر تک پھل پھول نہیں سکتا۔ وہ ایسے اخلاقی اور معاشی بحرانوں میں پھنس جاتا ہے جن سے اس کا بچ نکلنا ممکن نہیں رہتا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا لطف وکرم ہی ہے کہ اس نے ہمیں اس راہ پر قدم اٹھانے سے روک لیا جو بربادی کی راہ ہے۔

[10] علامہ راغب وضعها کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں الوضع هنا الايجاد والخلق یعنی اللہ تعالیٰ نے زمین کو اس طرح بنایا ہے کہ اس میں ہر جاندار آرام اور سکون سے اپنی زندگی بسر کر سکتا ہے۔ ہوا، روشنی، پانی، آگ، اشیائے خوردنی، آسائش وآرام کے دیگر لوازمات یہاں فراہم کر دیے گئے ہیں تاکہ ہر چیز اپنی ضروریاتِ زندگی حاصل کر سکے اور طبعی مقاصد کو پایۂ تکمیل تک پہنچا سکے۔ انام: قال ابن عباس وغيره الحيوان كله۔ قال الحسن الانس والجن۔ ابن عباس فرماتے ہیں ہر جاندار کو انام کہتے ہیں۔

بعض لوگ اشتراکیت کی عینک سے قرآن کا مطالعہ کرتے ہیں اور بے سمجھے اس کی آیات سے اشتراکی تعلیمات ثابت کرتے ہیں۔ یہاں بھی انہوں نے ٹھوکر کھائی۔ انہوں نے لغتِ عرب کے ساتھ زیادتی کرتے ہوئے انام کو انسان کا مترادف قرار دیا اور کہا کہ اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ زمین سب انسانوں کے لیے مشترک ہے اور چونکہ ہر ملک کی حکومت وہاں کے باشندوں کی نمائندہ ہوتی ہے اس لیے زمین کی ملکیت کے حقوق صرف حکومت کو حاصل ہیں۔ اس طرح یہ لوگ قرآن کی آیت پر زیادتی کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے بھی نہیں شرماتے۔ انام سے مراد انسان، حیوان، چرند پرند، مور وملخ سب جاندار چیزیں ہیں۔

فِيهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ ۝ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ

اس میں گوناگوں پھل ہیں اور کھجوریں غلافوں والی [11] اور اناج بھی بھوسہ والا

وَالرَّيْحَانُ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن

اور خوشبودار پھول [12] پس (اے انس وجان) تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے [13] پیدا فرمایا انسان کو بجنے والی

[11] الکمام ، جمع ہے کِمٌّ کی۔ اس سے مراد وہ غلاف ہے جو قدرتی طور پر پھلوں پر چڑھا ہوتا ہے تاکہ ان کی رس اور ان کا نرم گودا ضائع نہ ہو جائے۔ موسمی تغیرات اس کو خراب نہ کر دیں۔ مکھیاں اور مچھر اس کو گندا نہ بنا دیں۔ جس مولائے کریم نے تمہاری خوراک کے قدرتی اسباب کو اتنی خوبصورتی سے "پیک" کر دیا ہے اور ان کو ہر طرح کے بیرونی مضر اثرات سے بچا رکھا ہے تاکہ جب تیرے منہ میں کھجور کا دانہ یا آم کی کوئی قاش پہنچے تو وہ بالکل پاک صاف اور تازہ ہو۔ کیا اس کی شانِ رحمانیت کا تم انکار کر سکتے ہو۔

[12] الحَبُّ : اناج کے دانے۔ العصف ، گندم اور جَو کے پودے کے پتے جو بھوسہ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

الرَّيْحَان : طرح طرح کے خوشبودار پھول یعنی جو اجناس پیدا کیے ہیں ان کا کچھ حصہ تمہارے کھانے کے کام آتا ہے۔ ان کا کچھ حصہ تمہارے جانوروں کی خوراک بنتا ہے اور کہیں رنگ برنگے پھول کھلے ہیں جو تمہاری افسردہ طبیعت کو تازگی اور شگفتگی بخش رہے ہیں۔ الغرض جدھر بھی تم دیکھو اور جو چیز بھی دیکھو اس کی رحمت کے جلوے تمہیں نظر آئیں گے۔

[13] آلاء، جمع ہے۔ اس کا واحد أَلَى و إِلَى وإِلْيٌ ہے۔ اس کا معنی ہے النعم نعمتیں۔ (لسان العرب)

سورۃ کے آغاز سے کر یہاں تک بڑی بڑی عظیم الشان نعمتوں کو شمار کیا۔ ان میں ایسی نعمتیں بھی ہیں جن پر ہماری روحانی اور اُخروی زندگی کی کامیابی کا انحصار ہے۔ بعض وہ ہیں جن سے ہماری یہ دنیوی زندگی طرح طرح کی راحتوں اور آسائشوں سے بہرہ مند ہوتی ہے۔ بعض وہ ہیں جن میں ہماری مرضی اور رائے کو دخل نہیں۔ نیز عدل و انصاف کے بارے میں ایسے احکام بھی ہیں جن سے ہمیں امن و سکون میسر آسکتا ہے۔ ان نعمتوں کے ذکر کرنے کے بعد اب جنوں اور انسانوں کو کہا جا رہا ہے کہ تم ہماری ان بے شمار نعمتوں میں سے کس کس کا انکار کرو گے۔

حضرت جابر ابن عبد اللہؓ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے پوری سورۃ الرحمٰن کی تلاوت فرمائی۔ پھر فرمایا کیا وجہ ہے کہ تم بالکل گم سُم ہو کر بیٹھے رہے۔ تم سے تو جنوں نے بہتر جواب دیا۔ جب بھی میں یہ آیت پڑھتا (فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ) تو وہ جواب میں کہتے وَلَا بِشَيْءٍ مِنْ نِعَمِكَ رَبَّنَا نُكَذِّبُ فَلَكَ الْحَمْدُ۔ اے ہمارے رب ہم تیری کسی نعمت کا انکار نہیں کرتے اور سب تعریفیں تیرے لیے ہیں۔

ہم پر ضروری ہے کہ جب ہم یہ سورۃ سنیں اور جب بھی یہ آیت پڑھی جائے تو اس کے جواب میں ہم بھی یہ کہیں۔

صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿١٥﴾ فَبِاَيِّ

مٹی سے ٹھیکری کی مانند ۱۴؎ اور پیدا کیا جان کو آگ کے خالص شعلے سے ۱۵؎ پس (اے انس وجان)

۱۴؎ یہاں انسان سے مراد بالاتفاق آدم علیہ السلام ہیں کیونکہ آپ ہی کی تخلیق بلاواسطہ صلصال سے ہوئی۔ آدم علیہ السلام کی پیدائش کا ذکر قرآن کریم میں مختلف مقامات پر کیا گیا ہے۔

پہلے مٹی (تراب) لی گئی۔ پھر اس میں پانی ملا کر گارا تیار کیا گیا جسے طین کہا گیا۔ پھر وہ گارا کچھ عرصہ یونہی پڑا رہا یہاں تک کہ اس میں چکناہٹ اور لیس پیدا ہوگئی۔ اسے طین لازب فرمایا گیا۔ اسی طرح کچھ عرصہ وہ گارا اور پڑا رہا تو اس میں بدبو پیدا ہوگئی اور اس کی رنگت سیاہی مائل ہوگئی۔ اسے حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ کہا گیا۔ پھر وہ لیس دار اور بدبودار گارا خشک ہوگیا اور وہ یوں بجنے لگا جس طرح پکا ہوا ٹھیکرا ہوتا ہے۔ اس کے بعد اس کو بشریت کا جامہ پہنایا گیا۔ پھر اس میں اپنی خاص روح پھونکی گئی۔ اب وہ آدم خاص کی عظمت وشان کے آگے ملائکہ سجدہ ریز ہوگئے۔

قرآن کریم میں ان تدریجات کا یوں ذکر کیا گیا ہے:

کمثل آدم خلقه من تراب (العمران ۵۹)، بدء خلق الانسان من طين (السجدہ ۷)، انا خلقنهم من طين لازب (الصّٰفّٰت ۱۱)، ولقد خلقنا الانسان من صلصال من حماٍ مسنون (الحجرات ۲۶)، خلق الانسان من صلصال كالفخار

کیونکہ ان آیات میں تخلیق آدم کے مختلف مدارج کو بیان کیا گیا ہے اس لیے ان میں کوئی تضاد نہیں۔ پھر تخلیق آدم کے بعد نسل انسانی کی تخلیق ایک قطرۂ آب سے ہوئی جو رحم مادر میں قرار پکڑ کر مختلف مرحلے طے کرتا ہوا انسانی شکل میں پیدا ہوتا ہے۔

۱۵؎ جانّ جنوں کے پہلے باپ کا نام ہے۔ جس طرح آدم علیہ السلام کی تخلیق مٹی سے ہوئی اسی طرح جان کی تخلیق خالص آگ سے ہوئی۔ پھر جنوں کی نسل کو چلانے کے لیے ازدواج کا وہی نظام یہاں بھی جاری ہے جو انسانوں میں ہے۔ مارج کہتے ہیں خالص آگ کو جس میں دھوئیں کا نام ونشان نہ ہو۔ قرآن کریم کی ان دو آیتوں میں صراحتہً بتا دیا کہ انسان اور جن دو مختلف نوع ہیں۔ ایک کا اصل مٹی ہے اور دوسرے کا اصل آگ ہے۔ اب جو لوگ جنات کو الگ نوع تسلیم نہیں کرتے بلکہ نوع انسانی کے بعض افراد کو جن کہتے پر بضد ہیں وہ قرآن کریم کی ان آیتوں کو بار بار پڑھیں۔

اس سے کئی اور مسائل بھی معلوم ہوجاتے ہیں کہ جس طرح انسان باشعور اور با اختیار ہونے کے باعث احکام شرعی کی بجاآوری کا مکلف ہے اسی طرح جنات بھی باشعور اور با اختیار ہیں اور احکام شرعیہ کی بجاآوری ان پر بھی ضروری ہے۔

نیز حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس طرح بنی نوع انسان کی طرف نبی بن کر تشریف لائے ہیں اسی طرح جنات کے لیے بھی نبی ہیں۔ نیز فبای الاء ربکما تکذبٰن میں ضمیر تثنیہ کا مرجع جن وانس دونوں ہیں۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ جنات مادہ سے مجرد نہیں۔ بلکہ انسان کے خاکی پیکر کی طرح ان کا آتشی پیکر ہے۔ وفی الاٰیۃ رد علی من یزعم ان الجن نفوس مجردۃ۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٦﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾ فَبِاَيِّ

تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ۱۶؎ وہی دونوں مشرقوں کا رب ہے اور دونوں مغربوں کا رب ہے ۱۷؎ پس اے جن وانس!

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٨﴾ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿١٩﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ

تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ اس نے رواں کیا ہے دونوں دریاؤں کو جو آپس میں مل رہے ہیں۔ ان کے درمیان آڑ ہے آپس میں

لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿٢٠﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢١﴾ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ

گڈمڈ نہیں ہوتے ۱۸؎ پس اے جن وانس! تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ نکلتے ہیں ان سے موتی

۱۶؎ اے انسان! تیری اصل مٹی ہے۔ دیکھ تیرے رب نے اس مشتِ خاک کو کتنا حسین پیکر بخشا ہے اور اس میں بے شمار قوتیں پیدا کر دی ہیں۔ آنکھ دیکھتی ہے، کان سنتے ہیں، زبان کا ذائقہ بولتا ہے، دل تمام جسم میں خون پہنچاتا ہے۔ تیرے کاسۂ سر میں کیسے خودکار آلات نصب کر دیے ہیں۔ تیرے شکم میں نظامِ ہضم کو کیسی مستحکم بنیادوں پر قائم کر دیا ہے۔ یہی حال جنات کا ہے۔ ان کو بھی مخصوص حواس اور بے پایاں قوتیں بخشی گئی ہیں۔ اے جن وانس! تم بتاؤ کہ تم اللہ تعالیٰ کی کس کس نعمت پر ناشکری کرو گے۔

۱۷؎ موسم گرما کا مشرق اور ہے اور موسم سرما کا مشرق اور۔ اسی طرح دونوں کے مغرب بھی الگ الگ ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ہر دن کا مشرق و مغرب الگ ہے۔ وہ مشرقین و مغربین کا ہی رب نہیں بلکہ وہ تو رب المشارق والمغارب ہے۔ خود ہی بتاؤ مشرقین

ومغربین میں کس کی خدائی کا پرچم لہرا رہا ہے اور کس کے حکم کے آگے ہر چیز سرافگندہ ہے۔ فبای اٰلآء ربکما تکذبٰن۔ اگر سال بھر ایک ہی مشرق اور ایک ہی مغرب ہوتا تو نہ موسم بدلتے اور نہ ہر موسم کے ساتھ مخصوص پھل، اناج اور دیگر چیزیں پیدا ہوتیں۔ تمہاری زراعت، تمہاری باغبانی بلکہ صنعت و حرفت کی ترقی کے امکانات بالکل محدود ہوتے اور تمہاری راتیں بے کیف اور تمہارے دن اتنے بوجھل ہوتے کہ تم شاید زندگی کا بوجھ زیادہ دیر تک نہ اٹھا سکتے۔ بتاؤ تم اپنے رب کی کس نعمت کا انکار کرتے ہو۔

۱۸؎ جب آپ کسی جانور کو چرنے کے لیے کھلا چھوڑ دیں تو کہا جاتا ہے مرجت الدابۃ۔ اسی لیے چراگاہ کو بھی عربی میں مرج و مروج کہتے ہیں۔ اس آیت کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دونوں پانی میٹھے اور کھاری کو آزاد چھوڑ دیا ہے۔ اپنی اپنی بہنے کی جگہوں میں بہے چلے جا رہے ہیں۔ گلے سے گلے آپس میں مل بھی جاتے ہیں، لیکن ایک دوسرے میں خلط ملط نہیں ہوتے۔ قدرت نے ان دونوں کے درمیان ایک ایسی رکاوٹ قائم کر دی ہے جو دکھائی نہیں دیتی لیکن مضبوط اتنی ہے کہ انہیں آپس میں گڈمڈ نہیں ہونے دیتی۔ میٹھا پانی الگ اور کڑوا الگ میلوں ایک ساتھ بہتا چلا جاتا ہے۔ طالب علمی کے زمانے میں اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ مراد آباد سے ہم نینی تال کے لیے روانہ ہوئے۔ ریلوے کا آخری سٹیشن شاید کاٹھ گودام تھا۔ رات وہاں بسر کی اور شوقِ سیاحت میں

وَالْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۳﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ

اور مرجان ۱۹ پس اے جن وانس! تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ اور اسی کے زیر فرمان ہیں وہ جہاز جو سمندر میں

فِی الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۲۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۵﴾ كُلُّ مَنْ

پہاڑوں کی مانند بلند نظر آتے ہیں ۲۰ پس اے جن وانس! تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ۲۱ جو کچھ زمین پر ہے

فیصلہ کیا کہ یہاں سے پیدل سیر و سیاحت کرتے ہوئے نینی تال جائیں گے۔ راستے میں ہم نے دو مختلف وادیوں سے دو نالے آتے ہوئے دیکھے۔ ایک کا رنگ نیلا تھا اور دوسرے کا رنگ سفید۔ وہ ایک جگہ آکر اکٹھے ہو جاتے ہیں اور کئی فرلانگ تک ہم اس کے کنارے کنارے چلتے گئے۔ دونوں پانی یکجا بہنے کے باوجود آپس میں خلط ملط نہ ہوئے۔ یہ میرا ذاتی مشاہدہ ہے۔ سمندر میں سفر کرنے والے لوگوں نے عجیب عجیب انکشافات کیے ہیں کہ سمندر میں جہاں کھاری پانی ٹھاٹھیں مار رہا ہوتا ہے اس کے عین وسط میں میٹھے پانی کے قطعات ہوتے ہیں۔ بحری سفر کرنے والے ان سے اپنے ذخائر بھر لیتے ہیں۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں ضیاء القرآن جلد سوم سورۂ فرقان: ۵۳) اے جن وانس! تم کہاں تک اپنے رب کریم کی نعمتوں کا انکار کرتے رہو گے اور اس کے کس کس انعام کی ناشکری کرو گے۔

۱۹ میٹھا اور کھاری پانی جہاں ملتا ہے وہاں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں۔ جن کو تم زینت و آرائش کے لیے کام میں لاتے ہو۔ مختلف بیماریوں میں یہ دوا کا کام بھی دیتے ہیں۔ اور بھی ان سے طرح طرح کے تم فائدے اٹھاتے ہو۔ لؤلؤ: بڑا موتی۔ مرجان: مونگا اور چھوٹے موتی کو بھی مرجان کہتے ہیں۔

۲۰ جوار: السفن الكبار جمع جارية۔ یعنی بڑی کشتیاں۔ اس کا واحد جاریۃ ہے۔ المنشئات: السفن المرفوعة الشرع۔ وہ کشتیاں جن کے بادبان بلند کر دیے جاتے ہیں۔ اعلام جمع ہے علم کی۔ اس کا معنی ہے پہاڑ یعنی سمندروں میں پہاڑوں کی مانند بڑی بڑی کشتیاں اور جہاز تمہیں تیرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ دیکھو کس شان سے سطحِ آب پر یہ اپنی منزلِ مقصود کی طرف بڑھتے چلے جا رہے ہیں۔ یہ سب اسی خالقِ حقیقی کے تابعِ فرمان ہیں۔ اسی خالقِ حکیم نے پانی میں یہ خوبی پیدا کر دی ہے کہ وہ لاکھوں ٹن بوجھ اٹھائے رہتا ہے۔ اسی نے ایسی چیزیں پیدا فرمائی ہیں جن سے کشتیاں اور جہاز بنتے ہیں۔ بھاری بھرکم ہونے کے باوجود ڈوبتے نہیں بلکہ تیرتے چلے جاتے ہیں اور اسی نے انسان کو وہ سمجھ عطا فرمائی جس سے اس نے جہاز سازی کی صنعت میں کمال حاصل کیا۔

۲۱ اللہ تعالیٰ اگر ایسی چیزیں پیدا نہ فرماتا جو پانی پر تیر سکتی ہیں یا پانی میں یہ صلاحیت نہ ہوتی کہ اس میں آسانی سے جہاز رانی ہو سکے بلکہ دلدل کی طرح ہر چیز اس میں دھنستی چلی جاتی تو کیا دور دراز ملکوں میں جن کے درمیان بحر اوقیانوس اور بحر الکاہل جیسے سمندر حائل ہیں تمہاری آمد و رفت ممکن ہو سکتی یا تم ایک ملک کی مصنوعات اور خوردنی اجناس دوسرے ممالک میں لے جا سکتے؟ کیا یہ سب اس کی رحمت کے کرشمے نہیں۔ اے جن وانس! چشمِ ہوش کھولو۔ اپنے خالق و مالک کو پہچانو اور اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرو۔ انکار اور ناشکری کی راہ پر کب تک چلتے رہو گے۔

عَلَيْهَا فَانٍ ﴿۲۶﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۲۷﴾ فَبِاَيِّ

فنا ہونے والا ہے۔ اور باقی رہے گی آپ کے رب کی ذات جو بڑی عظمت اور احسان والی ہے ۲۲ پس (اے گروہ جن و انس!)

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۸﴾ يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ كُلَّ يَوْمٍ

تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ۲۳ مانگ رہے ہیں اس سے (اپنی حاجتیں) سب آسمان والے اور زمین والے ۲۴ ہر روز وہ ایک نئی

هُوَ فِىْ شَاْنٍ ﴿۲۹﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۰﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ

شان سے تجلی فرماتا ہے ۲۵ پس (اے جن و انس!) تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ ہم عنقریب توجہ فرمائیں گے تمہاری طرف

۲۲ اگر کسی کو عزت و جاہ حاصل ہو، اگر کسی کے پاس دولت و ثروت کی فراوانی ہو، اگر اسے کسی محدود علاقے میں اقتدار و اختیار مل جائے تو اسے اکڑ نہیں جانا چاہیے۔ اپنے رب کریم کو بھلا کر شیطان سے یارانہ نہیں گانٹھ لینا چاہیے۔ اسے یہ حقیقت اچھی طرح ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ وہ خود اور اس کا جاہ و حشم بلکہ اس زمین میں جو کچھ اسے دکھائی دے رہا ہے سب فانی ہے۔ سب ناپائیدار ہے۔ بقا اور دوام فقط اللہ ذوالجلال والاکرام کا حصہ ہے۔ وجہ : وجود الباری تعالیٰ۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات۔ حضرت انس ؓ سے مروی ہے۔ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اَلِظُّوْا بِیَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یعنی دعا مانگتے وقت یا ذا الجلال والاکرام ضرور کہا کرو۔

۲۳ زندگی نعمت ہے تو فنا اور موت بھی نعمت ہے۔ ان سے پوچھیے جو کسی اذیت ناک بیماری میں مبتلا ہوتے ہیں۔ رات کو قرار ہے نہ دن کو چین۔ ہر وقت درد سے تڑپتے رہتے ہیں۔ ان بوڑھوں سے پوچھیے جن کی لمبی عمر ان کے لیے وبالِ جان بن گئی۔ نہ آنکھیں دیکھتی ہیں، نہ زبان بولتی ہے، نہ ہاتھ ہلتے ہیں، نہ ٹانگیں چلتی ہیں۔ معدہ کمزور، جگر بے کار اور دل بیمار ہے۔ دماغ نے کام کرنا چھوڑ دیا ہے۔ انسان اپنے اہل و عیال کے لیے بھی ایک ناپسندیدہ اور ناقابل برداشت بوجھ بن کر رہ گیا ہے۔ کیا ان کے لیے موت کی آغوش امید افزا اور راحت بخش نہیں۔ نیز موت تو وہ راستہ ہے جس پر چل کر انسان مصائب و آلام کی اس دنیا سے چھٹکارا حاصل کر کے عالم آخرت کی ابدی نعمتوں سے بہرہ ور ہوتا ہے اور اہل محبت تو کہتے ہیں الموت جسر یوصل الحبیب الی الحبیب کہ موت ایک پل ہے جو یار کو یار سے ملاتا ہے۔

۲۴ زمین و آسمان میں جو چیز ہے، نوری ہو یا خاکی، آبی ہو یا ناری، بڑی ہو یا چھوٹی، عزیز ہو یا حقیر، بلا استثناء سب کے سب اس کے دربارِ دُربار میں اپنے سوال کا دامن پھیلائے ہوئے ہیں اور اس کے جود و کرم پر آس لگائے بیٹھے ہیں۔ بیمار صحت مانگ رہا ہے، بھوکا رزق مانگ رہا ہے۔ طالب علم گوہرِ علم کے لیے جھولی پھیلائے ہے۔ دولت کے طلب گار سیم و زر مانگ رہے ہیں اور اربابِ صدق و اخلاص اس کی رضا مانگ رہے ہیں۔ کون ہے جو وہاں سائل نہیں، کون ہے جو اس در کا گدا نہیں۔

۲۵ مخلوق کا تو یہ حال ہے اور خالق اپنی مخلوق کی التجاؤں کو سن رہا ہے اور ان کی دعاؤں کو قبول فرما رہا ہے۔ کسی کو تاجِ سلطانی بخشا جا رہا ہے۔ کسی کو نعمتِ علم عطا ہو رہی ہے۔ کسی کے سینہ میں چراغِ معرفت فروزاں کیا جا رہا ہے اور کسی کو اپنے درد کی نعمت بخشی جا رہی ہے۔

الثَّقَلٰنِ ﴿۳۱﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ

اے جن وانس! ۳۲ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ اے گروہ جن و انس!

اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا

اگر تم میں طاقت ہے کہ تم نکل بھاگو آسمانوں اور زمین کی سرحدوں سے تو نکل کر بھاگ جاؤ۔

کوئی پیدا ہو رہا ہے، کوئی مر رہا ہے، کوئی بن رہا ہے، کوئی بگڑ رہا ہے۔ کہیں قحط کی چیرہ دستیاں ہیں اور کہیں ابر رحمت برس رہا ہے۔ کسی کو نوازا جا رہا ہے اور کسی کو اس کی پیہم ناشکر گزاریوں کے باعث اپنی نعمتوں سے محروم کیا جا رہا ہے۔ ہر روز اس کی شان کا ظہور ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کسی بادشاہ نے اپنے وزیر سے اس آیت کا مفہوم پوچھا۔ وہ نہ بتا سکا اور کل تک کی مہلت طلب کی اور بڑا افسردہ اور پژمردہ گھر آیا۔ اس کا ایک سیاہ فام غلام تھا۔ اس نے پوچھا میرے آقا آپ پریشان کیوں ہیں؟ اس نے پریشانی کی وجہ بتائی۔ غلام نے کہا آپ مجھے سلطان کے پاس لے چلیں۔ میں اسے اس آیت کا مفہوم بتاؤں گا۔

وہ غلام جب سلطان کے سامنے پیش کیا گیا تو وہ گویا ہوا۔ ایھا الامیر! شانہ ان یولج اللیل فی النھار ویولج النھار فی اللیل ویخرج الحی من المیت ویخرج المیت من الحی یشفی سقیما ویسقم سلیما ویبتلی معافا ویعافی مبتلا ویعز ذلیلا و یذل عزیزا ویفقر غنیا ویغنی فقیرا۔

یعنی اے بادشاہ! اللہ تعالیٰ کی شان یہ ہے کہ وہ رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے۔ وہ بیمار کو صحت یاب اور صحت یاب کو بیمار کرتا ہے۔ آرام و عافیت والے کو مصیبت میں مبتلا کرتا ہے اور جو مصیبت میں مبتلا ہے اس کو آرام و سکون عطا فرماتا ہے۔ وہ ذلیل کو عزت بخشتا ہے اور عزت والے کو ذلیل کرتا ہے۔ وہ غنی کو فقیر اور فقیر کو غنی بناتا ہے۔ بادشاہ نے یہ سن کر اسے قلمدانِ وزارت سونپ دیا۔ غلام نے کہا یا مولائی ھذا من شان اللہ تعالیٰ میرے آقا یہ بھی میرے اللہ تعالیٰ کی ایک شان ہے۔

عبد اللہ ابن طاہر نے حسین ابن فضل کو بلایا اور کہا کہ جب یہ بات صحیح ہے کہ ان القلم جف بما ھو کائن الی یوم القیٰمۃ کہ قیامت تک جو کچھ وقوع پذیر ہونے والا ہے وہ لکھا جا چکا ہے اور قلم اب خشک ہو چکا ہے یعنی اب مزید کچھ نہیں لکھا جائے گا تو پھر اس آیت کا کیا مطلب ہے کل یوم ھو فی شان۔ حسین نے برجستہ جواب دیا فانھا شئون یبدیھا لا شئون یبتدیھا۔ یعنی شان سے مراد ازل میں طے شدہ فیصلوں کا اظہار اور نفاذ ہے نہ کہ نئے فیصلوں کا آغاز۔

۳۳ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس وقت بہت مصروف ہے۔ بڑی کٹھن مہمات درپیش ہیں۔ بڑے اہم معاملات تصفیہ طلب ہیں۔ تم سے نپٹنے کے لیے اس کے پاس وقت نہیں۔ جب ان مہمات سے فراغت ہوگی تو پھر تم سے بازپرس فرمائے گا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات والاصفات اس سے برتر ہے کہ کوئی کام اسے یوں مشغول کر دے کہ وہ دوسرے کام کرنے سے معذور

لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾ یُرْسَلُ

(سنو!) تم نہیں نکل سکتے بجز سلطان کے (اور وہ تم میں مفقود ہے) ۲۷۔ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ بھیجا جائے گا

ہوجائے۔ یہاں فرغ بمعنی قصد مستعمل ہوا ہے۔ چنانچہ علامہ ابن منظور لکھتے ہیں۔ سنفرغ لکم ایھا الثقلان قال ابن الاعرابی ای سنعمد لکم واحتج بقول جریر فرغت الی العبد المقید فی الحجل قال معنی فرغت قصدت وفی حدیث ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ افرغ الی اضیافک ای اعمد واقصد (لسان العرب) کہ سنفرغ کا معنی توجہ کرنا، قصد کرنا ہے۔ جریر کے مصرع میں فرغت بمعنی قصدت ہے اور حضرت صدیقؓ کے اس قول افرغ الی اضیافک کا معنی ہے اپنے مہمانوں کی طرف متوجہ ہو۔ نیز عرب جب کسی کو دھمکی دیتے ہیں تو کہتے ہیں اذا اتفرغ الیک ای اقصدک کہ میں اب تیری طرف متوجہ ہوں گا اور تیری خبر لوں گا۔ اور ثقلان سے مراد جن و انس ہیں۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں گناہوں سے بوجھل ہونے کی وجہ سے انہیں ثقلان کہا گیا ہے۔ لانھما مثقلان بالذنوب۔

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ ابھی تو ہم نے تمہیں غور و فکر کرنے سوچنے اور اپنی اصلاح کر لینے کی مہلت دی ہوئی ہے۔ تم گناہ کرتے ہو، نافرمانی کرتے ہو، ہم درگزر کر دیتے ہیں۔ لیکن جب مہلت کی گھڑیاں ختم ہو جائیں گی یا دار العمل سے تم دار الجزاء میں پہنچ جاؤ گے اس وقت ہم تمہاری طرف متوجہ ہوں گے، پھر دیکھیں گے کون ہے خان ہے جو سرتابی کی جرأت کرتا ہے۔

۲۷؎ جنات کو اپنی قوت و طاقت پر بڑا گھمنڈ ہوتا ہے اس لیے یہاں ان کا ذکر صراحت سے کیا اور انسانوں سے پہلے کیا۔ یعنی اگر تم غلط فہمی میں مبتلا ہو کہ تمہیں کوئی نہیں پکڑ سکتا یا اگر تمہیں پکڑنے کے لیے کوئی فرشتہ آیا تو تم کنی کترا کر دوسری طرف نکل جاؤ گے اور ہماری دسترس سے باہر چلے جاؤ گے تو اس غلط خیال کو اپنے دل سے نکال دو۔ تم زمین و آسمان سے نکل کر کہیں نہیں جا سکتے۔ جب حشر کے میدان میں تمہیں لا کر کھڑا کیا جائے گا تو ساتوں آسمانوں کے فرشتے تمہارے اردگرد گھیرے ڈال لیں گے۔ کیا ان سات گھیروں کو توڑ کر تم نکل کر کہیں جا سکو گے۔ ساتھ ہی فرمایا کہ اس گھیرے کو توڑنے کے لیے تو سلطان (قوت و طاقت) چاہیے۔ تم نحیف و ناتواں کب یہ حلقہ توڑ سکتے ہو۔

عارف باللہ مولانا پانی پتی فرماتے ہیں بسلطان سے مراد (بسلطانی) میری قوت ہے۔ یعنی ویسے تو زمین و آسمان کے دائرہ کو توڑ کر نکلنا ممکن نہیں البتہ میری قوت کسی کو حاصل ہو جائے تو وہ ان حدبندیوں سے باہر نکل سکتا ہے۔ کما ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نفذ ببدنہ لیلۃ المعراج من السمٰوات السبع الی سدرۃ المنتھی والصوفی ینفذ من دائرۃ الامکان الی مدارج القرب بحول اللہ وقوتہ (مظہری)

یعنی جس طرح نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج اپنے جسم اطہر کے ساتھ ساتوں آسمانوں سے پار تشریف لے گئے اور صوفی دائرۂ امکان سے مدارج قرب تک نفوذ اللہ تعالیٰ کی طاقت اور قوت سے کرتا ہے۔

عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۚ﴿۳۵﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

تم پر آگ کا شعلہ اور دھواں ۲۸؎ پھر تم اپنا بچاؤ بھی نہ کرسکو گے ۲۹؎ پس اے جن وانس تم اپنے رب

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۚ﴿۳۷﴾

کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ۳۰؎ پھر جب پھٹ جائے گا آسمان تو سرخ ہو جائے گا، جیسے رنگا ہوا سرخ چمڑا ۳۱؎

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ

پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ تو اس روز کسی انسان اور جن سے اس کے گناہ کے بارے میں

وَّ لَا جَآنٌّ ۚ﴿۳۹﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ

نہ پوچھا جائے گا ۳۲؎ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ پہچان لیے جائیں گے مجرم

۲۸؎ اگر اس روز تم نے بھاگنے کی کوشش کی تو تم پر آگ کا خالص شعلہ اور کالا دھواں چھوڑا جائے گا۔ وہ اسی قدم پر تمہیں بھون کر رکھ دے گا۔ شواظ: اللھب الذی لا دخان فیہ۔ وہ شعلہ جس میں دھوئیں کا نام ونشان نہ ہو۔

نحاس: الدخان الذی لا لھب فیہ۔ وہ دھواں جس میں شعلہ نہ ہو۔ نحاس کا دوسرا معنی پگھلا ہوا تانبا بھی ہے۔

۲۹؎ پھر تم اپنی مدد بھی نہ کرسکو گے یا تم ایک دوسرے کی مدد نہ کرسکو گے۔ نہ جن انسانوں کی نہ انسان جنوں کی۔

۳۰؎ یہ بھی اللہ تعالیٰ کا انعام ہے کہ اس نے بدکاروں کو بروقت ان کے انجام بد سے خبردار کردیا تاکہ اگر وہ بچنا چاہیں تو بروقت توبہ کرلیں۔

۳۱؎ وقوع قیامت کے وقت آسمان کی کیفیت بیان کی جا رہی ہے۔ وردۃ، گلاب کا پھول جس کا رنگ سرخ ہوتا ہے۔ الدھان: رنگا ہوا سرخ چمڑا۔

۳۲؎ یعنی جس شخص نے گناہ کیا ہے اسی سے باز پرس ہوگی، کسی اور انسان یا جن کو اس کا جواب دہ قرار نہیں دیا جائے گا۔ قال ابو العالیہ لا یسئل غیر المجرم عن ذنب المجرم۔

اس آیت کا یہ معنی بھی بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو یہ ضرورت نہیں ہوگی کہ وہ مجرم سے پوچھے کہ اس نے یہ جرم کیا ہے کیونکہ وہ تو پہلے ہی جانتا ہے، بلکہ اس سے یہ سوال کیا جائے گا کہ تم نے ایسا کیوں کیا۔

بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اپنے چہروں سے تو انہیں پکڑ لیا جائے گا پیشانی کے بالوں سے اور ٹانگوں سے ۳۳ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں

تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ يَطُوْفُوْنَ

کو جھٹلاؤ گے۔ یہی وہ جہنم ہے جسے جھٹلایا کرتے تھے مجرم۔ وہ گردش کرتے رہیں گے جہنم

بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾ وَلِمَنْ خَافَ

اور کھولتے ہوئے پانی کے درمیان جو از حد گرم ہوگا ۳۴ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ اور جو ڈرتا رہا اپنے رب کے

مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾ ذَوَاتَاۤ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾

روبرو کھڑا ہونے سے اس کو دو باغ ملیں گے ۳۵ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ دونوں باغ گھنی شاخوں والے ہوں گے ۳۶

۳۳ فرشتے دور سے دیکھ کر ہی مجرم کو پہچان لیں گے۔ ان کے چہرے سیاہ اور ان کی آنکھیں خوف سے نیلی ہوں گی۔ انہیں پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ اس وقت انہیں کہا جائے گا کہ یہ ہے وہ جہنم جس کا تمہارے ساتھ وعدہ کیا گیا تھا اور جس کا تم انکار کیا کرتے تھے۔

۳۴ جحیم اور حمیم کے درمیان سرگرداں پھرتے رہیں گے۔ جہنم کے دہکتے انگاروں اور لپکتے ہوئے شعلوں سے تنگ آ جائیں گے اور پیاس کی شدت کے باعث پانی پانی کہیں گے تو انہیں کھولتا ہوا گرم پانی دیا جائے گا۔ شدید پیاس کے باعث اسے ہونٹوں کے قریب لے جائیں گے تو اس کی حدت ہونٹوں کو جلا کر رکھ دے گی۔ آنٍ : ماء بالغ من الحرارة اقصاها۔ وہ پانی جو انتہا درجہ گرم ہو۔

۳۵ یہاں مقام اگر اسم ظرف ہو تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ لوگ جو اس جگہ سے ہر وقت خائف و لرزاں رہتے ہیں جہاں کھڑا کر کے ان سے حساب لیا جائے گا اور اگر اسے مصدر میمی بنایا جائے تو پھر اس کے دو مفہوم ہوں گے۔ ایک یہ کہ جو لوگ ہر وقت اس بات سے خوف زدہ رہتے ہیں کہ ان کا رب ان کی نگرانی کر رہا ہے۔ وہ ان کے افعال و اقوال سے پوری طرح باخبر ہے۔ وہ ڈرتے ہیں کہ کوئی ایسی بھول نہ ہو جائے جس کے باعث ان کا رب ان سے ناراض ہو جائے۔ دوسرا مفہوم یہ ہوگا کہ وہ لوگ جو اپنے رب کی جناب میں کھڑا ہونے سے ہر وقت ڈرتے رہتے ہیں۔

عطاء سے منقول ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک روز قیامت کے بارے میں سوچنے لگے میزان، جنت و دوزخ وغیرہ واقعاتِ بالمد پر غور کرتے کرتے لرز اٹھے اور کہنے لگے اے کاش میں چارہ ہوتا کوئی جانور آکر مجھے چر لیتا یا میں پیدا ہی نہ ہوتا۔ ہولِ قیامت اور اللہ تعالیٰ کے جلال کا خیال کر کے بے قرار ہوتے رہے۔ اس وقت یہ آیتیں اتریں کہ جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کو

وقف لازم
ع ۲ ۱۲

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿۵۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ دونوں باغوں میں دو چشمے جاری ہوں گے۔ پس تم اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ ان دونوں باغوں میں ہر طرح کے میووں کی دو دو قسمیں ہوں گی ۳۷ پس اے جن وانس! تم اپنے

اللہ تعالیٰ ایک نہیں کئی کئی جنتیں عطا فرمائے گا۔

جنت سے یہاں اس کا لغوی معنی باغ اور گلستان مراد لینا بہت مناسب ہے۔ یعنی جو لوگ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ڈرتے زندگی بسر کرتے ہیں انہیں جنّاتِ عدن میں دو دو باغ عطا فرمائے جائیں گے۔ ایک وہ جس میں ان کا رہائشی محل ہوگا جہاں وہ اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ رہیں گے۔ دوسرا وہ جہاں ان کی عام نشست ہوگی۔ دوست احباب سے ملاقاتیں ہوں گی۔ نشاط وطرب کی محفلیں منعقد ہوں گی اور یتنازعون فیہا کاسا لا لغو فیہا ولا تاثیم کا دل کش سماں ہوگا۔

علامہ بغوی نے ایک بڑی پیاری حدیث نقل کی ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من خاف ادلج ومن ادلج بلغ المنزل الا ان سلعة اللہ غالیة الا ان سلعة اللہ الجنة۔

جس مسافر کو راہزنوں کا ڈر ہوتا ہے وہ سوتا نہیں رات بھر چلتا رہتا ہے اور جو رات بھر چلتا رہتا ہے وہ اپنی منزل تک پہنچ جاتا ہے۔ خبردار! اللہ تعالیٰ کا سامان بہت گراں ہے۔ سُن لو! اللہ تعالیٰ کا سامان جنت ہے۔

۳۶ یہاں سے ان دو باغوں کی توصیف شروع ہے۔ ان دونوں باغوں کے درخت بڑے شاندار ہوں گے ان شاخوں پر سبز پتے، ان میں خوبصورت پھول اور لذیذ پھل بڑی بہار دکھاتے ہوں گے۔

مذکر کے لیے ذَوَا استعمال ہوتا ہے جو اصل میں ذَوَیٰ ہے۔ مونث کے لیے ذات جو اصل میں ذوات ہے۔ تخفیف کے لیے واؤ گرادی اور ذوا اور ذات ہو گیا۔ قاعدہ ہے تثنیہ لفظ کو اپنے اصل کی طرف لوٹا دیتا ہے۔ ذات کا جب تثنیہ بنایا گیا تو ذواتا ہو گیا۔

افنان جمع ہے۔ اس کا واحد فَنَنٌ ہے جس کا معنی ہے شاخ، ٹہنی۔ بعض نے افنان کو فن کی جمع کہا ہے۔ اس وقت افنان کا معنی ہوگا الوان الفاکھة وانواع الاشجار والثمار۔ یعنی وہ جنت ایسے ہوں گے جن میں رنگ برنگے پھل قسم قسم کے درخت لہلہاتے ہوں گے۔ ہر باغ میں چشمے جاری ہوں گے پانی کی فراوانی ہوگی۔

۳۷ ہر پھل کی دو قسمیں ہوں گی۔ ایک وہ جسے تم جانتے ہو۔ اسے دیکھا بھی ہوگا، چکھا بھی ہوگا لیکن اسی پھل کی ایک قسم جو جنت میں ہی پائی جاتی ہے تمہارے لیے بالکل نئی ہوگی۔

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٣﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍ بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ

رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ وہ تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے بستروں پر جن کے استر قنادیز کے ہوں گے ۳۸

وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿٥٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٥﴾ فِيْهِنَّ

اور دونوں باغوں کا پھل نیچے جھکا ہوگا ۳۹ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ ان میں

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿٥٦﴾ فَبِاَيِّ

نیچی نگاہوں والی (حوریں) ہوں گی جن کو نہ کسی انسان نے چھوا ہوگا ان سے پہلے اور نہ کسی جن نے ۴۰ پس تم

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٧﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٥٨﴾ فَبِاَيِّ

اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ یہ تو گویا یاقوت اور مرجان ہیں ۴۱ پس تم

۳۸ وہ لوگ جنہوں نے ڈرتے ڈرتے اپنی ساری عمریں گزار دی تھیں، یہاں بڑے مطمئن اور پرسکون ہوں گے۔ بستر بچھے ہوں گے جن کا استر قنادیز کا ہوگا۔ ان میں بے مثل چمک اور گداز ہوگا۔ یہ لوگ ان پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ ہر فکر سے دور، ہر اندیشہ سے بے نیاز۔ بطائن بطانۃ کی جمع ہے۔ اس کپڑے کو کہتے ہیں جو اندر کی طرف لگا ہو۔ استبرق ریشم کا بنا ہوا کپڑا، دیباج، قنادیز۔

۳۹ جنا اسم ہے بمعنی وہ پھل جو چنا جاتا ہے۔ بتانا یہ مقصود ہے کہ وہاں پھلدار درختوں کے خوشے یوں جھکے ہوں گے کہ ان کو توڑنا بالکل آسان ہوگا۔ کھڑے، بیٹھے، لیٹے جس حالت میں بھی آپ ان سے محظوظ ہونا چاہیں گے وہ بالکل آپ کے منہ کے قریب جھک آئیں گے۔

۴۰ ان باغات میں جو محلات اور مکانات ان جنتیوں کے لیے بنائے گئے ان میں ایسی عورتیں ہوں گی جو شرم و حیا کا پیکر ہوں گی۔ ان کی نگاہیں جھکی ہوں گی۔ وہ اپنے شوہروں کے بغیر کسی کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنا بھی پسند نہیں کریں گی۔ باشرم و باحیا ہونے کے ساتھ ساتھ وہ اتنی پاکدامن اور عفت مآب ہوں گی کہ آج تک انہیں کسی جن و انس نے چھوا تک نہ ہوگا۔

۴۱ ان کے چہرے یاقوت کی طرح سرخ ہوں گے اور ان کے بدن مرجان کی طرح سفید اور شفاف ہوں گے۔

آپ ذرا غور فرمائیں ان کے ظاہری حسن و جمال کے ذکر سے پہلے قرآن کریم نے ان کی شان عفت و حیا کا ذکر فرمایا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ عورت کا حقیقی جمال اور اس کی سچی دلربائی، اس کی پاک دامنی اور اس کی آنکھوں کا شرمیلا پن ہے۔

گھر میں آب گھر کے سوا کچھ اور نہیں

ع

یہ نہ ہو تو وہ خضرۃ الدمن ہے یعنی کوڑے کے ڈھیر پر اگا ہوا سبزہ۔ اس کی طرف گدھے تو لپک کر جا سکتے ہیں اور اس کو اپنا

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾ فَبِاَیِّ

پس (اے جن و انس) اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ کیا احسان کا بدلہ بجز احسان کے کچھ اور بھی ہوتا ہے ۴۳ پس

تر نوالہ بنا کر زور سے پھینک سکتے ہیں' لیکن ایک شریف النفس اور باذوق آدمی کو تو اس سے بدبو آئے گی۔ اس کی سڑاند سے اس کا دماغ پھٹنے لگے گا۔

دنیا میں بھی امتِ مصطفویہ کی بہو بیٹیوں کو عفت و حیا کے زیور سے آراستہ ہونا چاہیے۔

یہ قٰصرٰت الطرف کون ہوں گی؟ وہ نیک بیبیاں جو دنیا میں اللہ کے نیک بندوں کے نکاح میں تھیں وہی جنت میں ان کے محلات کی زینت بنیں گی۔ ان کے علاوہ انہیں حوریں بھی دی جائیں گی۔ نیز وہ مسلمان عورتیں جو کسی کے نکاح میں نہ تھیں یا جن کے خاوند جہنم رسید کیے گئے ان کو بھی جنتی مردوں کے ساتھ بیاہ دیا جائے گا۔ یہی حال مومن جنوں اور بالایان جنیوں کے ساتھ بھی ہو گا۔

علامہ قرطبی مختلف اقوال لکھنے کے بعد فرماتے ہیں۔ والذی یغلب علی الظن ان الانسی یعطی من الانسیات والحور والجنی یعطی من الجنیات والحور (روح المعانی)

حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں میں نے عرض کی یا رسول اللہ! دنیا کی بیویاں افضل ہوں گی یا جنت کی حوریں۔ حضورؐ نے فرمایا نساء دنیا افضل من الحور العین کفضل الظھارۃ علی البطانۃ۔ یعنی دنیا کی عورتیں جنتی حوروں سے افضل ہوں گی جس طرح ابری استر سے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ کیسے؟ حضورؐ نے فرمایا بصلوٰتھن وصیامھن وعبادتھن۔ اپنی نمازوں' اپنے روزوں اور اپنی عبادات کے باعث وہ افضل ہوں گی۔ پھر فرمایا اللہ تعالیٰ ان کے چہروں کو نورانی بنائے گا۔ ان کے جسم ریشم سے نرم' ان کے چہرے سفید' ان کے لباس سبز اور ان کے زیورات سونے کی طرح زرد۔ ان کی انگوٹھیاں موتیوں کی اور ان کی کنگھیاں سونے کی۔ وہ اللہ تعالیٰ کی ظاہری اور باطنی نعمتوں سے نہال ہو کر کہیں گی۔ الا ونحن الخالدات فلا نموت ابدا۔ الا ونحن الناعمات فلا نبأس ابدا طوبیٰ لمن کنا لہ وکان لنا۔ کان کھول کر سنو! ہم ہمیشہ رہنے والیاں ہیں۔ ہمیں موت نہیں آئے گی۔ سن لو! ہم نازک اندام ہیں اور خوبصورت ہیں۔ خوش قسمت ہے وہ جس کے حصہ میں ہم آئیں گی اور وہ ہمارے حصہ میں آئے گا۔

۴۳؎ یعنی جس نے بندہ ہوتے ہوئے اپنے بندگی کے حقوق کو حسن و خوبی سے انجام دیا' کیا خداوندِ عالم اپنی شانِ بندہ نوازی میں کوئی کمی باقی رہنے دے گا۔ اللہ تعالیٰ کسی کی نیکی کو ضائع نہ کرے گا اور اس کا اجر دینے میں بخل سے کام نہ لے گا۔

ایک دفعہ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی اور پوچھا ھل تدرون ما قال ربکم۔ تم جانتے ہو تمہارے رب نے کیا فرمایا ہے؟ قالوا اللہ ورسولہ اعلم تو صحابہ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا یقول ھل جزاء من انعمت علیہ بالتوحید الا الجنۃ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جس کو میں نے نعمتِ توحید

آلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

وانس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ اور ان دو کے علاوہ دو اور باغ بھی ہیں ۴۳ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾ فِیْهِمَا

جھٹلاؤ گے۔ دونوں نہایت سرسبز و شاداب ۴۴ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ ان میں

عَیْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾ فِیْهِمَا فَاكِهَةٌ

دو چشمے جوش سے ابل رہے ہوں گے۔ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ ان میں میوے ہوں گے

وَّ نَخْلٌ وَّ رُمَّانٌ ﴿۶۸﴾ فَبِاَیِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۹﴾ فِیْهِنَّ خَیْرٰتٌ

اور کھجوریں اور انار ہوں گے۔ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ ان میں اچھی سیرت والیاں اچھی صورت

حِسَانٌ ﴿۷۰﴾ فَبِاَیِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِیَامِ ﴿۷۲﴾

والیاں ہوں گی ۴۵ پس (اے جن و انس) تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ یہ حوریں پردہ دار خیموں میں ۴۶

سرفراز فرمایا۔ کیا جنت کے بغیر بھی اس کی کوئی جزا ہو سکتی ہے۔

۴۳۔ جن دو باغوں کا ذکر پہلے ہوا ان سے کم درجے کے دو باغ اور ہیں۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ انہیں خوش نصیبوں کو یہ دو باغ بھی مرحمت فرمائے جائیں گے اور بعض کا یہ خیال ہے کہ پہلے جن پُر بہار باغوں کا ذکر گزرا وہ سابقین و مقربین کے لیے ہیں اور یہ دو باغ جو اُن سے کم درجہ کے ہیں اہل الیمین کو دیئے جائیں گے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم۔

۴۴۔ یعنی یہ دو باغ بھی بڑے سرسبز و شاداب ہوں گے۔ مُدْهَآمّ اس سبزہ کو کہتے ہیں جو سیاہی مائل ہو۔ ان باغوں میں چشمے ہوں گے جن سے پانی پھوٹ پھوٹ کر بہہ رہا ہوگا۔ النضخ: فوران الماء۔ پانی کا زور سے اُبلنا۔

۴۵۔ ان میں بھی عورتیں ہوں گی۔ اخلاق کے اعتبار سے بھی بے مثال اور حُسن و جمال میں بھی بے نظیر۔ خیرات: خیرات الاخلاق حسان الوجوہ۔ یعنی جن کے اخلاق بہترین اور چہرے خوبصورت ہوں گے۔

۴۶۔ حُورٌ جمع ہے۔ اس کا واحد حوراء ہے۔ ھی الشدیدۃ بیاض العین والشدیدۃ سواد ھا یعنی جس کی آنکھ کا سیاہ حصہ بہت زیادہ سیاہ ہو اور سفید حصہ بہت ہی زیادہ سفید ہو۔ مقصورات فی الخیام فرما کر ان کے باحیا اور باشرم ہونے کا ذکر فرما دیا کہ وہ آوارہ پھرنے والیاں نہیں ہیں بلکہ اپنے اپنے خیموں میں جلوہ افروز رہتی ہیں۔ ان کے ظاہری اور باطنی

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝۷۳ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ

پس اے جن وانس! تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ ان کو بھی اب تک نہ کسی انسان نے چھوا ہوگا اور

لَا جَآنٌّ ۝۷۴ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝۷۵ مُتَّکِـِٕیْنَ عَلٰی رَفْرَفٍ

نہ کسی جن نے۔ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ وہ تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے سبز مسند پر

خُضْرٍ وَّ عَبْقَرِیٍّ حِسَانٍ ۝۷۶ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝۷۷

جو از حد نفیس، بہت خوبصورت ہو گی ۷۲؎ پس اے انسانو اور جنو! تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔

حسن وجمال سے ان کے خیموں کا گوشہ گوشہ معطر اور منور ہے۔ ان کے گھر کی فضا خوشی اور مسرت سے معمور رہتی ہے۔

۷۲؎ رفرف کے کئی معنے بیان کیے گئے ہیں۔ سبز رنگ کی ریشمی چادر جو بستر پر بچھائی جاتی ہے اور تکیہ جس پر ٹیک لگائی جاتی ہے۔ الرفرف ضرب من بسط وقیل الوسائد۔ (کشاف) اور علامہ قرطبی نے رفرف کے بہت سے معانی بیان کیے ہیں۔ ایک معنی یہ بھی لکھا ہے قد قیل ان الرفرف شیئ اذا استوی علیه صاحبه رفرف به واهوی به کالمرجاح یمینا وشمالا و رفعا وخفضا یتلذذ مع انیسه۔ رفرف ایک ایسی چیز کو کہتے ہیں جس پر جب انسان بیٹھتا ہے تو کبھی وہ اوپر جاتی ہے کبھی نیچے، کبھی دائیں کبھی بائیں۔ وہ جنتی اپنے مونس وہمدم کے ساتھ بیٹھا لطف اندوز ہو رہا ہوگا۔ لطف ومسرت کے لحاظ سے یہ معنی زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔

عبقری: ثیاب منقوشة تبسط۔ پھولدار نقش ونگار والا قالین۔ ایسا قالین خود ہی بڑا خوبصورت ہوتا ہے لیکن اس کی خوبصورتی اور نفاست کا اندازہ اس سے لگائیے کہ اللہ تعالیٰ بھی اسے حسان، بہت خوبصورت فرما رہا ہے۔

علامہ جوہری اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں العبقر موضع تزعم العرب انه من ارض الجن ثم نسبوا الیه کل شیئ تعجبوا من حذقه او جودة صنعته وقوته (صحاح) یعنی عبقر ایک موضع کا نام ہے جس کے بارے میں عرب کا گمان ہے کہ وہ جنات کی سرزمین ہے۔ پھر ہر چیز جس کی ذہانت ومہارت یا اس کی بناوٹ کی عمدگی اور نفاست یا اس کی قوت وزور سے متعجب ہوتے ہیں تو اس کو عبقر کی طرف منسوب کر کے عبقری کہہ دیتے ہیں۔

سوچیے اگر یہ چند روزہ زندگی اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب رسول محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی فرمانبرداری میں انسان گزارے اور اس کے بدلے میں ان عدیم النظیر اور لازوال روحانی اور جسمانی لذتوں اور مسرتوں سے اسے نوازا جائے تو یہ بڑا نفع والا سودا ہے کتنا خوش بخت ہے وہ جس نے زندگی کو اس کاروبار میں صرف کیا۔ اس سورۂ پاک میں الرحمٰن کی شانِ رحمانیت کے آپ نے کتنے دل موہ لینے والے مظاہر دیکھے۔ اللہ تعالیٰ محض اپنی رحمت سے اپنے محبوب رحمة للعالمین کے طفیل اس روسیاہ کو اس کے اہل بچہ

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ﴿۷۸﴾

(اے حبیب!) بڑا بابرکت ہے آپ کے رب کا نام ، بڑی عظمت والا ، احسان فرمانے والا ۴۸؎

کو اس کی رفیقۂ حیات کو اور اہل و عیال اور دوست احباب کو اپنی ان حقیقی اور سرمدی نعمتوں سے مالا مال فرمائے ۔ آمین ثم آمین!

صلی اللہ علی حبیبہ و آلہ و صحبہ وسلم۔

۴۸؎ اس سورت کا آغاز کتنا دل آویز تھا اور اس کا اختتام کتنا روح پرور اور نشاط انگیز ہے ۔ فرمایا جا رہا ہے اے محبوب! تیرے رب کا نام پاک کتنا برکت والا ہے ۔ تیرے اس پروردگار کا نام جو بڑی عظمت والا اور بڑے احسان فرمانے والا ہے ۔

اللھم تبارك اسمك وتعالٰی جدك وجل ثناءك ولا اله غیرك ۔

رب اوزعنی ان اشكر نعمتك التی انعمت علیّ وعلی والدیّ وان اعمل صالحًا ترضاه واصلح لی فی ذریتی انی تبت الیك وانی من المسلمین ۔

اللھم صل وسلم وبارك علی حبیبك ومحبوبك وصفیك ونبیك قائد الانبیاء وسید الوریٰ وعلی اٰله المجتبیٰ واصحابه الكرماء وعلینا وعلی سائر امته معه یا رب العٰلمین یا ذا الجلال والاكرام اٰمین ۔

تعارف

سُورۃ الواقعہ

نام : اس کی پہلی آیت میں "الواقعہ" کا کلمہ ہے یہی اس کا نام ہے۔اس سورۃ میں تین رکوع ، چھیانوے آیتیں، تین سو اٹھتر کلمے اور ایک ہزار سات سو تین حروف ہیں۔

نزول : حضرت حسن بصری، عکرمہ، جابر اور عطاء کے نزدیک یہ تمام کی تمام مکہ میں نازل ہوئی۔ البتہ حضرت ابن عباس کا ایک قول یہ ہے کہ اس کی چند آیات مدنی ہیں۔ صحیح یہی ہے کہ یہ تمام کا تمام مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

علامہ سیوطی نے "الاتقان" میں حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ترتیبِ نزول یہ لکھی ہے۔ پہلے سورۃ "طٰہٰ" پھر "الواقعہ" اور اس کے بعد "الشعراء"

حضرت فاروق اعظم ۵ نبوی میں ایمان لائے۔ یہ سورۃ اس سے پہلے نازل ہو چکی تھی کیونکہ جب آپ نے اپنے بہنوئی اور بہن کو زدوکوب کیا تو آپ کی بہن کا سر پھٹ گیا، اور اس کا خون بہنے لگا۔ اس سے آپ کا دل بہت متاثر ہوا۔ آپ نے کہا مجھے وہ کتاب دکھاؤ جو تم پڑھ رہے تھے۔ آپ کی ہمشیرہ فرمانے لگیں "اے عمر! تم مشرک ہو اور مشرک ناپاک ہوتا ہے۔ وَإِنَّهُ لَا يَمَسُّهَا إِلَّا الطَّاهِرُ۔ اور اس صحیفہ کو صرف پاک ہی ہاتھ لگا سکتا ہے۔ یہ مسئلہ اسی سورت کی ایک آیت لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ : ۷۹۔ میں مذکور ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سورت حضرت عمرؓ کے ایمان لانے سے پہلے نازل ہو چکی تھی۔

مضامین : جس زمانہ کے ساتھ اس سورت کے نزول کا تعلق ہے اُس وقت صرف تین باتیں زیر بحث تھیں توحید، قرآن اور قیامت۔

وقوعِ قیامت کے بارے میں اُن کا انکار ازبس شدید تھا۔ وہ اسے محال اور خلافِ عقل یقین کرتے تھے، اس لیے وہ سورتیں جو اس زمانہ میں نازل ہوئیں اُن میں قیامت کے بارے میں ان کی غلط فہمیوں کو دُور کرنے کی طرف خصوصی توجہ مبذول فرمائی گئی ہے۔

اس سُورۃ کا آغاز وقوعِ قیامت کے ذکر سے ہو رہا ہے نیز بتایا کہ اس روز نوعِ انسانی تین گروہوں میں بانٹ دی جائے گی۔ داہنی طرف والے، بائیں طرف والے اور سبقت لے جانے والے۔

پہلے رکوع میں بڑی تفصیل سے السابقون اور اصحاب الیمین کے حالات ذکر کیے گئے ہیں۔ دُوسرے رکوع میں

(اصحاب الشمال (بائیں طرف والے) کی خستہ حالی کی کیفیت بیان کی گئی ہے۔ جسے پڑھ کر دل پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے۔

آیت نمبر ۵۷ سے دوسرے رکوع کے اختتام تک اللہ تعالیٰ کے وجود اور اس کی وحدانیت کے دلائل ایسے رنگ میں پیش کیے گئے ہیں جن کو تسلیم کرنے سے وہ بھی گریز نہیں کر سکتے۔

آخری رکوع میں قرآن کریم کی حقانیت اور کلام الٰہی ہونے پر دلائل پیش کیے گئے ہیں: "مواقع النجوم" کی قسم اُٹھا کر سامعین کو متوجہ کیا جا رہا ہے کہ جس بے نظیر نظام، بے مثال باقاعدگی اور ہم رنگی کا مشاہدہ تم کواکب کی دنیا میں کر رہے ہو اسی طرح کا بے عدیل نظم و نسق اور ہر آیت کی دوسری آیت سے وابستگی تمہیں قرآن حکیم میں بھی نظر آئے گی، لیکن اس کے معانی اور معارف تک رسائی ہر شخص کا نصیب نہیں۔ وہ لوگ جن کا دل پاک، نگاہ پاک اور نیت پاک ہوتی ہے عروس معنی فقط ان کے لیے اپنے رُخِ زیبا سے نقاب سرکاتی ہے۔ بجائے اس کے کہ تم اس چشمۂ شیریں سے سیراب ہوتے اپنی پیاس بجھاتے، اپنے گلستانِ حیات کی آبیاری کرتے تم نے اسے جھٹلانا شروع کر دیا ہے اور روز و شب جھٹلاتے ہی رہتے ہو۔ کیا تمہارا مقدر ہی صرف انکار اور تکذیب ہی ہے۔ صد حیف! تمہاری اس نادانی پر۔

آیات: ۸۳ تا ۸۶ میں انہیں موت کی یاد دلا کر جھنجھوڑ دیا کہ کب تک بدمست و مخمور رہو گے؟ کیا اس وقت تک بے سدھ پڑے رہو گے جب فرشتۂ اجل آکر تمہاری شہ رگ پر اپنا آہنی ہاتھ رکھ دے؟

سورت کے اختتام سے پہلے پھر گزشتہ تین طبقوں کے حالات کو بالاختصار دہرا دیا۔

خصوصیت: اس سورۃ کی ایک خصوصیت کے بیان میں چند احادیث مذکور ہیں۔ قارئین کے لیے ان کا مطالعہ خیر و برکت کا باعث ہو سکتا ہے۔ اس لیے انہیں یہاں درج کر رہا ہوں۔

۱۔ عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من قرأ سورۃ الواقعۃ کل لیلۃ لم تصبہ فاقۃ ابدا (البیہقی وغیرہ)

ترجمہ: حضرت ابن مسعود کہتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ جو شخص ہر رات کو سورۂ واقعہ پڑھتا ہے، اسے فاقہ ہرگز نہیں آئے گا۔

۲۔ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قرأ سورۃ الواقعۃ کل لیلۃ لم تصبہ فاقۃ ابدا (ابن عساکر)

ترجمہ: حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہر رات کو سورہ واقعہ پڑھتا ہے، اسے کبھی فاقہ نہ ہو گا۔

۳۔ عن انس رضی اللہ عنہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال سورۃ الواقعۃ سورۃ الغنی فاقرأوھا وعلموھا اولادکم (ابن مردویہ)

ترجمہ: حضرت انسؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ سورۃ الواقعہ دولت و ثروت کی

سورۃ ہے ۔ اسے خود بھی پڑھا کرو اور اسے اپنی اولاد کو بھی تعلیم دو۔

عن انس عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علموا نساءکم سورۃ الواقعۃ فانہا سورۃ الغنی (الدیلمی ۔ کذا من الدر المنثور)

ترجمہ : حضرت انس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے نقل کیا ہے کہ حضور نے فرمایا اپنے گھر کی مستورات کو یہ سکھاؤ (یعنی یاد کرادو) کیونکہ یہ دولت و ثروت کی سورۃ ہے۔

علامہ قرطبی نے یہاں ایک بڑا دلچسپ مکالمہ نقل کیا ہے جو حضرت عثمان اور عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے درمیان ہوا۔ حضرت ابن مسعود جب آخری مرتبہ بیمار ہوئے تو حضرت عثمان اُن کی بیمار پرسی کے لیے ان کے ہاں تشریف لے آئے اور پوچھا :

"ما تشتکی ؟" آپ کو کیا بیماری ہے ؟

آپ نے کہا : "ذنوبی " مجھے اپنے گناہوں کی بیماری ہے۔

پھر حضرت عثمان نے پوچھا : "فما تشتھی ؟" آپ کیا چاہتے ہیں ؟

انہوں نے جواب دیا : "رحمۃ ربی " میں اپنے رب کی رحمت چاہتا ہوں۔

پھر آپ نے کہا : " افلا ندعولک طبیباً " ؟ کیا ہم آپ کے لیے کوئی حکیم نہ بلائیں ؟

انہوں نے کہا : الطبیبُ امرضنی حکیم نے ہی مجھے بیمار کیا ہے۔

پھر حضرت عثمان نے پوچھا : " افلا نامر لک بعطائک ؟" کیا ہم آپ کو آپ کا ماہانہ عطیہ ادا کرنے کا حکم نہ دیں ؟

آپ نے کہا : " مجھے اس کی ضرورت نہیں "۔

آپ نے انہیں نصیحت کرتے ہوئے کہا : آپ کی وفات کے بعد آپ کی بچیوں کے کام آئے گا "۔

حضرت عبداللہ ابن مسعود نے جواب میں کہا : کیا آپ کو یہ فکر ہے کہ میری وفات کے بعد میری بچیاں بھوک اور افلاس کا شکار ہوں گی، ایسا نہیں ہوگا۔ میں نے انہیں حکم دیا ہے کہ وہ ہر رات کو سورۃ واقعہ پڑھا کریں اور میں نے اللہ کے رسول صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص ہر رات کو سورۃ واقعہ کی تلاوت کرتا ہے اُسے کبھی بھی بھوک اور افلاس سے واسطہ نہیں پڑے گا۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل ۔ سرگودھا ۔

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتٌّ وَّ تِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّ ثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الواقعہ مکی ہے اور اس میں ۹۶ آیتیں اور ۳ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿۲﴾ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿۳﴾

جب قیامت برپا ہو جائے گی [1] نہیں ہوگا جب یہ برپا ہو گی (اسے) کوئی جھٹلانے والا [2] کسی کو پست کرنے والی کسی کو بلند کرنے والی [3]

اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿۴﴾ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿۵﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً

جب زمین تھر تھر کانپے گی [4] اور ٹوٹ پھوٹ کر پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں گے۔ پھر غبار بن کر بکھر

وقف لازم

[1] قرآن کریم میں قیامت کو مختلف ناموں سے یاد کیا گیا ہے۔ الصاخۃ، الطامۃ، الآزفۃ۔ اسی طرح اس کا ایک نام الواقعۃ بھی ہے، کیونکہ یہ ضرور وقوع پذیر ہوگی۔ کوئی ایسی طاقت نہیں جو اسے روک سکے اس لیے اسے الواقعۃ کہا گیا ہے۔

[2] زجاج نے کاذبۃ کا یہ معنی بتایا ہے ای لا یردھا شیئ۔ یعنی کوئی چیز اس کو رد نہیں کر سکتی۔ کسی میں ایسی طاقت نہیں ہے جو اسے وقوع پذیر ہونے سے روک سکے۔

ثوری نے اس کا یہ مفہوم ذکر کیا ہے۔ لیس لوقعتھا احد یکذب بھا۔ یعنی جب یہ وقوع پذیر ہو جائے گی تو کوئی شخص انکار نہیں کر سکے گا۔ کسی میں یہ جرأت نہ ہو گی کہ اس کے واقع ہونے کو جھٹلا سکے۔ اس کا ایک اور معنی بھی بتایا گیا ہے۔ ان قیامھا جدٌ لا ھزل لہ۔ یعنی قیامت کا رونما ہونا کوئی مذاق نہیں بلکہ یہ سچی بات ہے۔

کفار قیامت کا انکار کیا کرتے تھے اور یہ سمجھتے کہ مرنے کے بعد جی اٹھنا ناممکن ہے۔ وہ ہرگز اس بات کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہ تھے کہ یہ زمین، یہ فلک، یہ چاند، یہ تارے سب کچھ درہم برہم ہو جائے گا۔ اس لیے قرآن کریم نے حتمی انداز میں یہ بتا دیا کہ تم لاکھ انکار کرو قیامت ضرور برپا ہوگی۔ تم سب مل کر بھی اسے روکنا چاہو تو اسے روک نہیں سکو گے۔ تم آج انکار کر رہے ہو، کل جب اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرلو گے تو تم اس کو جھٹلا نہیں سکو گے۔

[3] حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں خفضت اعداء اللّٰہ فی النار و رفعت اولیاء اللّٰہ فی الجنۃ یعنی قیامت اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کو آتش جہنم میں نگونسار کرے گی اور اولیاء اللہ کو جنت میں سربلند و سرفراز کرے گی۔

[4] حضرت ابن عباس فرماتے ہیں الرجۃ، الحرکۃ الشدیدۃ۔ شدید حرکت۔ مفسرین لکھتے ہیں۔ ترج کما یرتج

مُّنۡۢبَثًّا ۙ﴿۶﴾ وَّ کُنۡتُمۡ اَزۡوَاجًا ثَلٰثَۃً ؕ﴿۷﴾ فَاَصۡحٰبُ الۡمَیۡمَنَۃِ ۬ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ

جائیں گے ۶ اور تم لوگ تین گروہوں میں بانٹ دیے جاؤ گے ۷ پس (ایک گروہ) دائیں ہاتھ والوں کا ہو گا، کیا شان ہو گی دائیں ہاتھ

الۡمَیۡمَنَۃِ ؕ﴿۸﴾ وَ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَۃِ ۬ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَۃِ ؕ﴿۹﴾ وَ السّٰبِقُوۡنَ

والوں کی۔ اور (دوسرا گروہ) بائیں ہاتھ والوں کا ہو گا، کیا (خستہ) حال ہو گا بائیں ہاتھ والوں کا۔ اور (تیسرا گروہ ہر کار خیر میں) آگے رہنے

السّٰبِقُوۡنَ ﴿ۚۙ۱۰﴾ اُولٰٓئِکَ الۡمُقَرَّبُوۡنَ ﴿ۚ۱۱﴾ فِیۡ جَنّٰتِ النَّعِیۡمِ ﴿۱۲﴾ ثُلَّۃٌ مِّنَ

والوں کا وہ (اس روز بھی) آگے آگے ہوں گے۔ وہی مقرب بارگاہ ہیں۔ عیش و سرور کے باغوں میں۔ ایک بڑی جماعت

الصبی فی المھد حتی یتھدم کل ما علیھا۔ یعنی بچہ جس طرح جھولے میں جھلایا جاتا ہے، کبھی اوپر اٹھتا ہے کبھی نیچے جھکتا ہے۔ اسی طرح زمین بھی اضطراراً جھولے کی طرح جھولے گی۔ یہاں تک کہ اس کے اوپر جو کچھ ہے مکانات، درخت، پہاڑ سب گر پڑیں گے اور جڑ سے اکھڑ جائیں گے۔

۵ کسی چیز کا ٹوٹ پھوٹ جانا، ریزہ ریزہ ہو جانا۔ بسّ الشیئ اذا فتّتہ قال الفراء صارت دقیقا۔ فراء کہتے ہیں کسی چیز کا پس پس کر آٹے کی طرح باریک ہو جانا۔

روشن دان سے جب دھوپ اندر داخل ہوتی ہے تو اس میں غبار کے جو ذرے اڑتے ہوئے نظر آتے ہیں ان کو ھباء کہتے ہیں۔ منبث، منتشر، پراگندہ۔

۷ ازواج کا معنی یہاں اصناف ہے۔ جب کسی چیز کے مقابلے میں دوسری چیز ذکر کی جائے تو اسے زوج کہتے ہیں۔ ای اصنافا کل صنف یکون او یذکر معہ صنف آخر زوج (مظہری)

اس روز لوگوں کو تین گروہوں میں بانٹ دیا جائے گا پہلا گروہ اصحب المیمنۃ، دوسرا اصحاب المشئمۃ اور تیسرا السابقون۔

میمنۃ: یا تو یمین سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے دایاں ہاتھ کیونکہ ان نیک بختوں کو دائیں ہاتھ سے پکڑ کر جنت میں لے جائیں گے یا ان کا نامۂ اعمال ان کے دائیں ہاتھ میں پکڑایا جائے گا یا اس لیے کہ ان کی روحیں حضرت آدم علیہ السلام کے دائیں جانب تھیں اس لیے انہیں اصحاب المیمنۃ کہا گیا ہے۔ یا یہ یمن سے ماخوذ ہے جس کا معنی یمن و برکت والا۔ کیونکہ ان کی ساری زندگی اپنے رب کریم کی بندگی میں بسر ہوئی، اسی کی یاد میں ان کے رات دن کٹتے تھے، اس کو راضی کرنے کے لیے وہ جدوجہد کرتے رہے۔ ایسے لوگوں سے بڑھ کر یمن و برکت والا کون ہو سکتا ہے۔ اس لیے اصحاب المیمنۃ کہا گیا۔

اصحاب المشئمۃ: اس کی وجہ تسمیہ میں بھی مختلف اقوال ہیں۔ یا تو یہ شؤمٰی سے مشتق ہے جس کا معنی ہے بایاں ہاتھ کیونکہ

الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۴﴾ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ﴿۱۵﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ

پہلوں سے ؎ اور قلیل تعداد پچھلوں سے ؎ ان پلنگوں پر جو سونے کی تاروں سے بنے ہوں گے ؎ تکیہ لگائے بیٹھے

عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿۱۶﴾ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ﴿۱۷﴾ بِاَكْوَابٍ

ہوں گے ان پر آمنے سامنے۔ گردش کرتے ہوں گے ان کے ارد گرد نوخیز لڑکے جو ہمیشہ ایک جیسے رہیں گے۔ (ہاتھوں میں) پیالے

ان بدبختوں کو بائیں ہاتھ سے پکڑ کر جہنم رسید کیا جائے گا یا ان کے عمر بھر کے گناہوں کا پلندہ ان کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا۔ یا اس لیے کہ ان کی روحیں آدم علیہ السلام کے بائیں ہاتھ تھیں، اس لیے اصحاب المشئمۃ کہا گیا یا یہ شئوم سے ماخوذ ہے جس کا معنی نحوست اور بدبختی ہے۔ بے شک جن لوگوں نے اپنی ساری عمر نافرمانی اور غفلت میں بسر کی، ان سے بڑا منحوس اور بدبخت کون ہو سکتا ہے۔

اب ذرا ما اصحاب المیمنۃ کی ترکیب پر غور فرمائیے۔ اصحاب المیمنۃ مبتدا ہے۔ ما مبتدائے ثانی اصحاب المیمنۃ خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر خبر ہوا مبتدائے اول کی۔ ما استفہامیہ برائے تعجب ہے۔ یعنی دائیں ہاتھ والوں کی عظمت شان کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔ یہی کیفیت اصحاب المشئمۃ کی بھی ہے۔

السابقون: آخر میں تیسری قسم کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ ساتھ ہی ان کے مدارج عالیہ اور ان پر جو فضل و کرم کیا جانے والا ہے اس کو بھی بیان کر دیا۔ السابقون کا معنی ہے سبقت لے جانے والے۔ اس سے مراد وہ ازلی سعادت مند ہیں جنہیں جب دعوت حق دی گئی تو انہوں نے اسے فوراً قبول کر لیا۔ جب بھی انہیں کسی کار خیر کی طرف بلایا گیا یہ اپنے ساتھیوں سے چار قدم آگے ہی دکھائی دیئے۔ دین کی سر بلندی کے لیے اگر ان کے مال کی ضرورت پڑی تو سب کچھ لا کر قدموں میں ڈھیر کر دیا۔ اگر جان کی ضرورت ہوئی تو بصد مسرت سر بکف میدان میں حاضر ہو گئے۔ غرضیکہ نیکی اور بھلائی کے ہر کام میں یہ ہمیشہ پیش پیش رہے۔ ان کی تعریف رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ان کلمات سے فرمائی ہے۔

انہ قال السابقون الذین اذا اعطوا الحق قبلوہ واذا سئلوا بذلوہ وحکموا للناس کحکمہم لانفسہم۔

یعنی جب ان کے سامنے حق پیش کیا گیا تو انہوں نے بلا تامل قبول کر لیا۔ جب مال اور جان کی قربانی دینے کو کہا گیا تو انہوں نے ہر چیز پیش کر دی اور جب وہ حکومت کی مسند پر بیٹھے تو لوگوں کے ساتھ انہوں نے وہی معاملہ کیا جو وہ اپنے لیے پسند کرتے تھے۔

السابقون مبتدا ہے اور دوسرا السابقون اس کی تاکید اور اولئک المقربون اس کی خبر ہے۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ پہلا السابقون مبتدا اور الف لام جنسی اور دوسرا خبر ہے اور الف لام عہد ذہنی ہے۔ اولئک المقربون جملہ مستانفہ ہے اور ما شانہم کا جواب ہے۔

؎ یعنی امت کے اولین دور میں ایسے جانبازوں اور سرفروشوں کی تعداد بہت زیادہ ہوگی اور بعد میں آنے والے اوقات میں ان کی تعداد گھٹتی جائے گی۔

وَّ اَبَارِيْقَ ۙ وَ كَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۙ﴿۱۸﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَ لَا يُنْزِفُوْنَ ۙ﴿۱۹﴾

آفتابے اور شراب طہور سے چھلکتے جام لیے ہوئے۔ نہ سر درد محسوس کریں گے اس سے اور نہ مدہوش ہوں گے۔

وَ فَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ۙ﴿۲۰﴾ وَ لَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ؕ﴿۲۱﴾ وَ

اور میوے بھی (پیش کریں گے) جو وہ جنتی پسند کریں گے۔ اور پرندوں کا گوشت بھی جس کی وہ رغبت کریں گے۔ اور

حُوْرٌ عِيْنٌ ۙ﴿۲۲﴾ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ۚ﴿۲۳﴾ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا

حوریں خوبصورت آنکھوں والیاں۔ (یکتا) موتیوں کی مانند جو چھپا رکھے ہوں۔ یہ اجر ہوگا ان نیکیوں کا جو وہ

معلوم ہوا کہ عہد نبوت میں جن لوگوں نے اس منبع فیض سے کسب فیض کیا اور اس آفتاب ہدایت سے اپنے دل کی دنیا کو منور کیا، جنہوں نے اس وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست حق پرست پر اسلام کی بیعت کی جبکہ اسلام قبول کرنا مصائب وآلام کو دعوت دینے کے مترادف تھا۔ جنہوں نے اللہ کے رسول کے لیے اپنے گھر بار اور وطن اور عیال کو چھوڑ دیا اور جب بھی جہاد کے نقارہ پر چوٹ لگی وہ کفن بردوش حاضر ہو گئے۔ یہ اس طائفہ سعیدہ کے سرخیل ہیں جن پر اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا بے حجابا نزول ہوتا ہے۔ افسوس ہے ان کم فہم لوگوں پر جو ان نفوس قدسیہ کے بارے میں زبان طعن دراز کرتے ہیں جن کی توصیف اور ثنا سے قرآن کریم بھرا پڑا ہے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی نقل کرتے ہیں لا تسبوا اصحابی فلو ان احدکم انفق مثل احد ذھبا ما بلغ مد احدھم ولا نصیفہ۔ اے لوگو! میرے صحابہؓ کو سب وشتم مت کرو۔ اگر تم کوہ احد کے برابر سونا بھی خرچ کرو تو ان کے ایک مد یا نصف مد غلہ کے برابر بھی نہیں ہو سکتا۔

ف بعد کے زمانہ میں ایسے سعادت مندوں کی تعداد گھٹتی جائے گی۔ انہیں اپنی اخروی زندگی کو بہتر بنانے کے بجائے اپنی دنیوی زندگی کو پرکشش اور آرام دہ بنانے کی فکر زیادہ ہوگی۔

ف آیات نمبر ۱۵ تا ۲۴ کا مفہوم بالکل واضح ہے۔ صرف مشکل الفاظ کی تشریح پر اکتفا کیا جائے گا۔

موضونۃ: منسوجۃ بالذھب والجواھر۔ یعنی ایسے پلنگ جو سونے کی تاروں سے بنے ہوئے ہوں گے اور جگہ جگہ موتی اور جواہر سے انہیں مرصع کر دیا گیا ہوگا۔ متقٰبلین: ایک دوسرے کی طرف رخ کیے ہوئے ہوں گے۔ ولدان: غلمان مخلدون: ایک ہی کیفیت پر ہمیشہ رہیں گے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان میں کبر سنی اور بڑھاپے کے آثار ظاہر نہیں ہوں گے۔ یہ وہ بچے ہوں گے جن کے ماں باپ مشرف باسلام نہ ہوئے اور بچپن میں ہی فوت ہو گئے۔ ان کو اہل جنت کا خادم بنا دیا جائے گا۔ رہے اہل ایمان کے کم سن بچے تو انہیں ان کے ماں باپ کے ساتھ مقامات رفیعہ میں رکھا جائے گا جس طرح پہلے گزر چکا ہے۔ اکواب: جمع کوب کی معنی بے گول پیالہ۔ اباریق: جمع ابریق کی۔ آفتابہ۔ کاس: شراب سے بھرا ہوا پیالہ۔ صداع: سر درد۔ نزف: مدہوشی۔

يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَأْثِيْمًا ﴿٢٥﴾ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا

کرتے رہے تھے۔ نہ سنیں گے وہاں لغو باتیں اور نہ گناہ والی باتیں ۱۰؎ بس ہر طرف سے سلام ہی سلام کی

سَلٰمًا ﴿٢٦﴾ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿٢٧﴾ فِيْ سِدْرٍ

آواز آئے گی ۱۱؎ اور دائیں ہاتھ والے، کیا شان ہوگی دائیں ہاتھ والوں کی ۱۲؎ بے خار

مَّخْضُوْدٍ ﴿٢٨﴾ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿٢٩﴾ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ﴿٣٠﴾ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ﴿٣١﴾

بیریوں میں اور کیلے کے گچھوں میں اور لمبے لمبے سایوں میں اور پانی کے آبشاروں میں

وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ﴿٣٢﴾ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ﴿٣٣﴾ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ﴿٣٤﴾

اور پھلوں کی بہتات میں نہ وہ ختم ہوں گے اور نہ ان سے روکا جائے گا اور بستر بچھے ہوں گے اونچے اونچے پلنگوں پر۔

۱۰؎ اہل جنت کو یہ شرف بھی بخشا جائے گا کہ وہاں کوئی ایسی گفتگو ان کے لیے بارِ گوش نہ ہوگی جو لغو اور بیہودہ ہو اور نہ ہی وہاں کذب بیانی، غیبت، گلہ، سب و شتم پر مشتمل کوئی گفتگو ہوگی جو سراسر گناہ ہے۔

۱۱؎ ان کی گفتگو خیر ہی خیر ہوگی۔ وہ اس طرح کی بات چیت کریں گے جس سے باہمی محبت و پیار میں اضافہ ہو، فضا کیف و سرور سے معمور ہو جائے۔ دلوں کے غنچے کھل اٹھیں۔ بیگانگی اور وحشت کا نام تک نہ رہے۔

قیلاً: یسمعون کا مفعول ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور سلٰماً: یقولون محذوف کا مقولہ ہے۔ سلٰماً سے مراد خیر ہے۔ یعنی اچھی باتیں۔ قیلا منصوب بیسمعون: وسلٰماً سلٰماً منصوبان بالقول ای انھم یقولون الخیر۔

۱۲؎ یہاں سے ان نوازشات و انعامات کا ذکر شروع ہو رہا ہے جن سے اصحاب الیمین کو نوازا جائے گا۔ آیات نمبر ۲۷ تا ۴۰ کا مضمون واضح ہے۔ صرف مشکل الفاظ کی تشریح کی جائے گی۔

سدر: بیری کا درخت۔ مخضود: جس پر کانٹے نہ ہوں۔ بیری کی ایسی قسمیں بھی ہیں، جن کا پھل بڑا شیریں اور خوشبودار ہوتا ہے۔ پھر جو بیری جنت میں ہوگی اس کی نفاست اور عمدگی کا کیا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ طلح: کیلا۔ منضود: گچھے دار یعنی اس پر پھلیوں کے گنجان گچھے لٹک رہے ہوں گے۔ ظل ممدود: وہ سایہ جو دور تک پھیلا ہوا ہو۔ جنت میں ایسے درخت بھی ہوں گے کہ اگر ایک درخت کے سایہ میں ایک سوار سو سال تک چلتا رہے تو وہ ختم نہ ہوگا۔

ماء مسکوب: ایسا پانی جو ہمیشہ بہتا رہے۔ مقطوعۃ: جنت کے پھل موسمی نہیں ہوں گے کہ سال میں ایک مرتبہ وہ درخت پر نظر آئیں اور سال کے باقی مہینے وہ پھلوں سے خالی رہیں، بلکہ وہ درخت ہمیشہ پھلوں سے لدے رہیں گے۔

إِنَّآ أَنشَأْنَٰهُنَّ إِنشَآءً ﴿٣٥﴾ فَجَعَلْنَٰهُنَّ أَبْكَارًا ﴿٣٦﴾ عُرُبًا أَتْرَابًا ﴿٣٧﴾

ہم نے پیدا کیا ان کی بیویوں کو حیرت انگیز طریقہ سے ۱۳؎ پس ہم نے بنا دیا انہیں کنواریاں۔ دل و جان سے پیار کرنے والیاں ہم عمر۔

لِّأَصْحَٰبِ ٱلْيَمِينِ ﴿٣٨﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ ٱلْأَوَّلِينَ ﴿٣٩﴾ وَثُلَّةٌ مِّنَ ٱلْءَاخِرِينَ ﴿٤٠﴾

(یہ سب نعمتیں) اصحاب یمین کے لیے مخصوص ہوں گی۔ ایک بڑی جماعت اگلوں سے اور ایک بڑی جماعت پچھلوں میں سے ہو گی ۱۴؎

جونہی آپ ایک پھل توڑیں گے اس کی جگہ دوسرا فوراً موجود ہو گا۔

دوسری خوبی ان میں یہ ہو گی کہ ان کو توڑنے میں کوئی دقت یا رکاوٹ نہ ہو گی۔ جب آپ کا جی چاہے گا اونچی ٹہنیوں پر لگے ہوئے خوشے آپ کے ہونٹوں کے قریب ہو جائیں گے۔

۱۳؎ یہاں اہل جنت کی نیک بیویوں کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ یعنی جب وہ جنت میں داخل ہوں گی تو ان کی خلقت بالکل بدلی ہوئی ہو گی۔ اگرچہ دنیا میں وہ خوش شکل نہ تھیں، مرتے وقت وہ بالکل بوڑھی ہو گئی تھیں، لیکن جب جنت میں داخل ہوں گی تو بھرپور جوانی ہو گی مجسم حسن و رعنائی ہوں گی اور کنواری بنا کر انہیں جنت میں داخل کیا جائے گا۔ حدیث شریف میں اس آیت کی یہی تفسیر مذکور ہے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے عرض کرنے پر حضورؐ نے فرمایا یا ام سلمہ۔ ھن اللواتی قبضن فی الدنیا عجائز شمطا عمشا رمصا جعلھن اللہ بعد الکبر اترابا علی میلاد واحد فی الاستواء۔ اے ام سلمہ ان سے مراد یہی بیویاں ہیں۔ اگرچہ وفات کے وقت وہ بالکل بوڑھی تھیں۔ ان کے بال سفید تھے، ان کی بینائی کمزور تھی، آنکھیں میلی کچیلی رہتی تھیں لیکن جب وہ جنت میں داخل ہوں گی تو ساری ہم عمر ہوں گی۔

عُرُبًا: ان کی دو صفتیں اور بیان کی ہیں۔

عرب: اس کا واحد عروبٌ ہے۔ علامہ قرطبی کہتے ہیں فالعروب تبین محبتھا لزوجھا بشکل وغنج وحسن کلام۔ یعنی وہ عورت جو ناز و ادا اور خوش گفتاری سے اپنی محبت کا اظہار اپنے خاوند سے کرے۔ یہ عورت کی ایسی صفت ہے جس میں اس کی نسوانیت کی ساری خوبیاں سمٹ آتی ہیں۔ حسین و جمیل بھی ہو، ناز و ادا والی بھی ہو، خوش گفتار بھی ہو اور ہنس مکھ بھی اور اپنے خاوند کو دل سے چاہنے والی بھی ہو اور اپنی چاہت کو چھپانے والی نہ ہو بلکہ اس کا اظہار کرنے والی ہو۔

صاحب لسان العرب اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ المرأۃ الضحکۃ وقیل ھی المتحببۃ الی زوجھا والمظھرۃ لہ وقیل ھی العاشقۃ لہ۔ اتراب: ہم عمر۔

۱۴؎ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ھم جمیعا من امتی۔ یعنی اس امت کا اول و آخر مراد ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جنتیوں کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی اور ان میں سے اسی صفیں امت محمدیہ کی ہوں گی۔ علی صاحبہا الف الف صلوٰۃ وسلام۔

امام بخاری حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک روز نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم باہر تشریف لائے اور

وَ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ۬ مَاۤ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ؕ﴿۴۱﴾ فِیْ سَمُوْمٍ وَّ حَمِیْمٍ ۙ﴿۴۲﴾

اور بائیں ہاتھ والے ، کیسی خستہ حالت ہوگی بائیں ہاتھ والوں کی ۵۱ یہ بدنصیب جھلتی لُو اور کھولتے ہوئے پانی میں

وَّ ظِلٍّ مِّنْ یَّحْمُوْمٍ ۙ﴿۴۳﴾ لَّا بَارِدٍ وَّ لَا کَرِیْمٍ ﴿۴۴﴾ اِنَّهُمْ کَانُوْا قَبْلَ

اور سیاہ دھوئیں کے سایہ میں ہوں گے نہ یہ ٹھنڈا ہوگا اور نہ آرام دہ بے شک یہ لوگ پہلے

ذٰلِکَ مُتْرَفِیْنَ ۚۖ﴿۴۵﴾ وَ کَانُوْا یُصِرُّوْنَ عَلَی الْحِنْثِ الْعَظِیْمِ ۚ﴿۴۶﴾

بڑے خوش حال تھے ۵۲ اور وہ اصرار کیا کرتے تھے بڑے بھاری گناہ پر۔

فرمایا آج میرے سامنے ساری امتیں پیش کی گئیں۔ ایسے نبی بھی میرے سامنے سے گزرے جن کے ساتھ صرف ایک امتی تھا کسی کے ساتھ دو اور بعض کے ساتھ ایک گروہ اور بعض ایسے نبی تھے جن کے ساتھ ایک امتی بھی نہ تھا۔ پھر میں نے ایک جم غفیر دیکھا جس نے آسمان کے کنارے کو گھیر لیا تھا۔ کہا گیا یا رسول اللہ یہ آپ کی امت ہے۔ مع ھٰؤلاء سبعون الفا یدخلون الجنة بغیر حساب۔ ان میں ستر ہزار آپ کے وہ غلام ہیں جو بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے۔ آپ کے ایک صحابی جن کا نام عکاشہ ابن محصن تھا آگے بڑھے اور عرض کیا۔ امنھم انا یا رسول اللہ! اے اللہ کے رسول کیا میں ان میں سے ہوں؟ قال نعم فرمایا ہاں تو ان میں سے ہے۔ فقام آخر وقال امنھم انا؟ فقال سبقک عکاشہ۔ پھر ایک اور اٹھا اور عرض کیا کہ کیا میں ان میں سے ہوں۔ آپ نے فرمایا عکاشہ تم سے سبقت لے گیا۔

اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ہمارا حشر بھی اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں کرے اور ہم گناہ گاروں کو شفیع المذنبین کی شفاعت نصیب کرے۔ آمین ثم آمین!

۵۱ یہاں سے ان بدنصیبوں کا حالِ زار بیان کیا جا رہا ہے جنہیں قیامت کے روز ان کے اعمال نامے بائیں ہاتھ میں دیئے جائیں گے۔ مشکل الفاظ کی تشریح ملاحظہ ہو: سموم جھلسا دینے والی لُو۔ حمیم: سخت کھولتا ہوا پانی۔ یحموم: ای دخان جھنم اسود شدید السواد: جہنم کا سخت سیاہ دھواں۔ لا کریم: ما لا خیر فیہ۔ جس میں ان کے لیے کوئی آرام اور سکون نہ ہوگا۔

قاعدہ ہے کہ جب انسان کو گرم لُو جھلس دیتی ہے تو وہ پیاس محسوس کرتا ہے۔ ٹھنڈے پانی کی خواہش کرتا ہے اور گھنے سائے کی طرف بھاگتا ہے لیکن یہ بدبخت جب آتشِ جہنم میں جھونے جائیں گے اور پیاس کی شدت سے تلملانے لگیں گے تو انہیں ٹھنڈے اور میٹھے پانی کے بجائے گرم اور کھولتا ہوا پانی ملے گا اور جب کسی گھنے سائے میں پناہ لینا چاہیں گے تو بجز جہنم سے اٹھتے ہوئے سیاہ دھوئیں کے سایہ کے اور کوئی سایہ انہیں نصیب نہ ہوگا۔ اب خود ہی ان کی حالتِ زار کا اندازہ لگا لیجیے۔

۵۲ وہ اس المناک انجام سے کیوں دوچار ہوئے اس کی وجوہات بیان کی جا رہی ہیں۔ ایک وجہ تو یہ تھی کہ وہ مترف

وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ اَىِٕذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

اور کہا کرتے تھے کہ کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں بن جائیں گے تو کیا ہم دوبارہ

لَمَبْعُوْثُوْنَ ۙ﴿۴۷﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۹﴾

زندہ کیے جائیں گے۔ اور کیا ہمارے پہلے باپ دادا کو بھی (زندہ کرنا ممکن ہے) آپ فرمادیجیے بے شک اگلوں کو بھی اور پچھلوں کو بھی۔

لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۵۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا

سب کو جمع کیا جائے گا ایک مقررہ وقت پر ایک جانے ہوئے دن میں۔ پھر تمہیں اے گمراہ ہونے

الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ۙ﴿۵۱﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ۙ﴿۵۲﴾ فَمَالِــُٔوْنَ

والو! اے جھٹلانے والو! حتماً کھانا پڑے گا زقوم کے درخت سے۔ پس تم بھرو گے

مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوْنَ

اس سے اپنے پیٹوں کو۔ پھر پینا پڑے گا اس پر کھولتا پانی۔ اس طرح پیو گے جیسے

تھے۔ المترف: المتنعم المتوسع فی ملاذ الدنیا وشھواتھا (لسان العرب) یعنی ان کے پاس دولت کی فراوانی تھی۔ دنیا کی لذتوں اور نفس کی خواہشوں میں وہ اپنا سارا وقت ضائع کرتے تھے۔ انہیں نہ کبھی خدا یاد آیا اور نہ ان کے دلوں میں کبھی حاجت مند لوگوں کی امداد کرنے کا خیال پیدا ہوا۔ ساری عمر انہوں نے عیش و عشرت میں برباد کر دی۔ ان کی تباہی کی دوسری وجہ یہ تھی کہ وہ شرک پر مصر تھے۔ انہیں اللہ تعالیٰ کی توحید کے روشن نشانات دکھائے گئے لیکن وہ اپنے عقیدہ شرک پر اڑے رہے۔ حنث گناہ عظیم کو کہتے ہیں اور اس سے مراد شرک ہے۔

تیسری وجہ یہ تھی کہ وہ قیامت کے منکر تھے۔ ان وجوہات کے باعث انہیں یہ دردناک سزا بھگتنی پڑی۔

الھیم: اس کا واحد اھیم ہے اور اس کی مونث ھیمی۔ اس اونٹ کو کہتے ہیں جو پیاس کی ایسی بیماری میں مبتلا ہو کہ جتنا پانی پی جائے اس کی پیاس نہ بجھے۔ الابل العطاش التی لا تروی بداء یصیبھا۔ ضحاک اور اخفش نے اس کا ایک اور معنی بتایا ہے۔ ھیم الارض السھلۃ ذات الرمل۔ ریتلی زمین جسے جتنا سیراب کیا جائے وہ خشک ہی رہتی ہے۔ فرمایا جا رہا ہے کہ ان لوگوں کو بھوک اتنا ستائے گی کہ یہ زقوم کا بدبودار اور کڑوا درخت کھانے پر مجبور ہو جائیں گے اور پیاس کی شدت کا یہ حال ہو گا کہ پینے کے لیے انہیں کھولتا ہوا پانی ملے گا جس سے ہونٹ اور منہ جل جائے گا۔ آنتیں ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گی، لیکن وہ اس کھولتے ہوئے پانی کو پیاسے اونٹ کی طرح پیتے چلے جائیں گے۔

شُرْبَ الْهِيمِ ﴿٥٥﴾ هَٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّينِ ﴿٥٦﴾ نَحْنُ خَلَقْنَاكُمْ

پیاس کا مارا اونٹ پیتا ہے۔ یہ ان کی ضیافت ہوگی قیامت کے دن ۷۷ (آج غور کرو) ہم نے ہی تم کو پیدا کیا ہے پس تم

فَلَوْلَا تُصَدِّقُونَ ﴿٥٧﴾ أَفَرَأَيْتُمْ مَا تُمْنُونَ ﴿٥٨﴾ أَأَنْتُمْ تَخْلُقُونَهُ

قیامت کی تصدیق کیوں نہیں کرتے ۷۸ بھلا دیکھو تو جو منی تم ٹپکاتے ہو ۷۹ (اور سچ سچ بتاؤ) کیا تم اس کو (انسان) بنا کر پیدا کرتے

۷۷ یہ لوگ آج تو رنگ برنگے لذیذ کھانے کھاتے ہیں، سر روز ان کے دستر خوان پر طرح طرح کے کھانے چنے جاتے ہیں۔ کبھی انہوں نے یہ بھی سوچا ہے کہ قیامت کے دن ان پر کیا بیتے گی۔ انہیں کھانے کے لیے کیا ملے گا اور پینے کے لیے کیا دیا جائے گا۔

۷۸ مشرکین اور منکرین قیامت کو طرح طرح کے دلائل پیش کر کے سمجھایا جارہا ہے کہ وہ شرک سے باز آجائیں۔ توحید باری پر ایمان لے آئیں اور یقین کرلیں کہ اللہ تعالیٰ قیامت کو ضرور بالضرور برپا کرے گا۔

یہاں سے پہلی دلیل شروع ہوتی ہے کہ تم خوب جانتے ہو کہ تم عدم محض تھے۔ ہم نے تم کو نیست سے ہست کیا۔ اگر ہم تم کو عدم سے موجود کرسکتے ہیں تو تمہارے مرنے کے بعد تم کو از سر نو پیدا کر دینا ہمارے لیے کیا مشکل ہے۔ مشکل ابتدا ہوا کرتی ہے، اعادہ مشکل نہیں ہوا کرتا۔

۷۹ بچے کی پیدائش میں انسان کا تو بس اتنا دخل ہے کہ وہ منی کا قطرہ شکم مادر میں ٹپکا دے۔ انسان کا مادۂ تولید لاتعداد ان گنت نہایت باریک جرثوموں پر مشتمل ہوتا ہے جن میں مادہ کے بیضہ سے ملنے اور عمل تلقیح سر انجام پانے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ بار بار کروڑوں جرثومے ضائع ہوجاتے ہیں اور عمل تلقیح رونما نہیں ہوتا۔ کس کا دست قدرت ان بے شمار جرثوموں میں سے ایک جرثومہ کا انتخاب کرتا ہے اور پھر اس کو عورت کے بیضہ سے جا کر ملا دیتا ہے۔ پھر رحم کے ایک تنگ و تاریک گوشہ میں اس کو قرار بخشتا ہے۔ پھر اس میں آہستہ آہستہ عقل کو دنگ کردینے والے تغیرات کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔ یہاں تک کہ اس میں زندگی کی برقی رو دوڑنے لگ جاتی ہے۔ پھر اس میں مختلف اعضا نمودار ہونے لگتے ہیں۔ اس کے دل و دماغ میں صلاحیتوں اور قابلیتوں کا ایک سمندر سمو دیا جاتا ہے۔ وہی اندھا بہرہ، بے جان جرثومہ نو ماہ کے بعد جب باہر قدم رکھتا ہے تو اس کا گول مٹول چاند سا چہرہ اور اس کے خد و خال دل کو موہنے لگتے ہیں۔ اے کفار! سچ سچ بتاؤ، اس قطرۂ آب کو یہ روپ، یہ رنگ کس نے مرحمت فرمایا۔ یہ چمکتی ہوئی آنکھیں، یہ ہونٹ، یہ زبان، یہ ناک، یہ کان اور دیگر معنوی خوبیاں کس کا انعام ہیں۔ کیا اس میں بچے کے باپ کا یا اس کی ماں کا کوئی عمل دخل ہے۔ کیا تمہارے بے بس اور بے خبر خداؤں نے اس میں کوئی کارنامہ انجام دیا ہے۔ کیا اندھی فطرت کے حیطۂ امکان میں یہ بات ہے۔ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر اس سے بڑی حماقت اور کیا ہوسکتی ہے کہ اس خداوند ذوالجلال کا انکار کیا جائے یا اس کے ساتھ کسی دیوی دیوتا کو شریک کیا جائے۔ پھر ذرا اس پر بھی غور کرو کہ جس خدا کی قدرت و حکمت کا یہ عالم ہے، کیا مرنے کے بعد تمہیں دوبارہ زندہ کرنا اس کے لیے مشکل ہے؟

أَمْ نَحْنُ الْخَالِقُونَ ﴿۵۹﴾ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ

ہو یا ہم پیدا کرنے والے ہیں۔ ہم ہی نے مقرر کی ہے تمہارے درمیان موت ۲۰؎ اور ہم (اس سے)

بِمَسْبُوقِينَ ﴿۶۰﴾ عَلَىٰ أَن نُّبَدِّلَ أَمْثَالَكُمْ وَنُنشِئَكُمْ فِي مَا

عاجز نہیں ہیں ۲۱؎ کہ تمہاری جگہ تم جیسے اور لوگ پیدا کر دیں اور تم کو ایسی صورت میں پیدا کر دیں جس کو

لَا تَعْلَمُونَ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ الْأُولَىٰ فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ﴿۶۲﴾

تم نہیں جانتے ۲۲؎ اور تمہیں اچھی طرح علم ہے اپنی پہلی پیدائش کا پس تم (اس میں) کیوں غور و خوض نہیں کرتے ۲۳؎

۲۰؎ ہم نے ہی تم کو نیست سے ہست کیا ہے۔ ہم نے ہی تمہارے لیے موت کا وقت مقرر کر دیا ہے۔ تمہاری پیدائش اور موت دونوں ہمارے قبضہ میں ہیں۔ اگر تم میرے احکام کی خلاف ورزی کرو یا میرے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراؤ تو اس سے بڑھ کر اور حماقت کیا ہو سکتی ہے۔

۲۱؎ جب ہم چاہیں گے قیامت کے روز تمہیں پھر زندہ کر دیں گے۔ کوئی ایسی طاقت نہیں جو ہمیں ایسا کرنے سے روک دے۔ مسبوقین: مغلوبین۔ اس کا ایک مفہوم یہ بھی بیان کیا گیا ہے اگر ہم تم کو فنا کر دیں اور تمہاری جگہ تمہاری مثل اور لوگ لے آئیں تو ہم ایسا کرنے کی پوری قدرت رکھتے ہیں۔

۲۲؎ اور ہم اس بات پر بھی قادر ہیں کہ تمہاری خلقت کو بالکل بدل دیں۔ تمہاری قد و قامت، تمہاری رنگت، تمہارے خد و خال یکسر مختلف ہوں۔ جو صلاحیتیں اب تمہارے اندر موجود ہیں، ان کے برعکس اور صلاحیتیں تمہیں ودیعت کر دیں۔ اب بھی ہم نے اپنی مرضی سے جیسا چاہا پیدا فرما دیا اور اگر ہم تمہاری موجودہ حالت میں رد و بدل کرنا چاہیں تو ہمیں کوئی روک نہیں سکتا۔

نیک لوگ اگر اس دنیوی زندگی میں خوبصورت نہ تھے، لیکن قیامت کے دن ان کے چہرے چاند کی طرح چمک رہے ہوں گے۔ ان کے حسن کا نکھار، دلوں کو لبھا رہا ہوگا اور گناہگاروں کے چہروں پر نحوست برس رہی ہوگی۔ انہیں دیکھ کر طبیعت میں وحشت پیدا ہوگی۔

۲۳؎ تم اپنی پہلی پیدائش کے بارے میں تو جانتے ہو کہ کس طرح ایک جرثومہ سے تمہارا آغاز ہوا اور کس طرح تمہیں مرتبہ کمال تک پہنچایا گیا۔ اگر تم ذرا غور و تدبر کرو گے تو تمہیں یہ باور کرنے میں ذرا تردد نہ ہوگا کہ تمہارا خالق تمہارے مرنے کے بعد تمہیں دوبارہ زندہ کرنے کی پوری قدرت رکھتا ہے۔

أَفَرَءَيْتُم مَّا تَحْرُثُونَ ﴿٦٣﴾ ءَأَنتُمْ تَزْرَعُونَهُۥٓ أَمْ نَحْنُ ٱلزَّٰرِعُونَ ﴿٦٤﴾

کیا تم نے (غور سے) دیکھا ہے جو تم بوتے ہو ؎۲۴ (سچ سچ بتاؤ) کیا تم اس کو اگاتے ہو یا ہم ہی اس کو اگانے والے ہیں۔

لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَٰهُ حُطَٰمًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ ﴿٦٥﴾ إِنَّا لَمُغْرَمُونَ ﴿٦٦﴾

اگر ہم چاہیں تو اس کو چورا چورا بنا دیں پھر تم کفِ افسوس ملتے رہ جاؤ ؎۲۵ (ہائے) ہم تو قرضوں کے بوجھ تلے دب کر رہ گئے

بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ ﴿٦٧﴾ أَفَرَءَيْتُمُ ٱلْمَآءَ ٱلَّذِى تَشْرَبُونَ ﴿٦٨﴾ ءَأَنتُمْ

بلکہ ہم تو ہیں ہی بڑے بدنصیب۔ کیا تم نے (غور سے) دیکھا ہے پانی جو تم پیتے ہو ؎۲۶ (سچ سچ بتاؤ) کیا تم

أَنزَلْتُمُوهُ مِنَ ٱلْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ ٱلْمُنزِلُونَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنَٰهُ

نے اس کو بادل سے اتارا ہے یا ہم ہی اتارنے والے ہیں۔ اگر ہم چاہتے تو اس کو کھاری

؎۲۴ توحید باری اور وقوعِ قیامت پر ایک دوسری دلیل پیش کی جا رہی ہے۔ کھیتی باڑی کے متعلق تمہیں تفصیلی علم ہے تمہارا کام صرف اتنا ہے کہ زمین میں ہل چلاؤ اور اس میں بیج ڈالو۔ اس کے بعد اس کے پک کر تیار ہونے تک جو حیران کن تغیرات وقوع پذیر ہوتے ہیں، کیا اس میں تمہارا بھی کوئی دخل ہے۔ پھر ان کے لیے جتنی حرارت، ٹھنڈک، روشنی، ہوا، رطوبت وغیرہ عوامل کی ضرورت ہوتی ہے، ان کو مناسب مقدار میں اور بروقت کون مہیا کرتا ہے۔ کیا تمہارے بتوں، دیوی دیوتاؤں میں یہ قدرت ہے۔ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر تم اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا انکار کیوں کرتے ہو۔ نیز جو ذات اس دانے کو جو زمین میں گل جاتا ہے، اس کو پھر ایک تن آور پودا بنا دیتی ہے کیا اس کے لیے مشکل ہے کہ وہ انسان کو خاک میں ملنے کے بعد نئی زندگی عطا فرمائے۔

؎۲۵ اگر ہم چاہیں تو لہلہاتے کھیتوں کو تہس نہس کر کے رکھ دیں۔ نہ وہ انسانوں کی خوراک بن سکیں اور نہ حیوانات کے لیے چارہ کا کام دے سکیں۔ تم نے زراعت کو نفع بخش بنانے کے لیے کافی روپیہ خرچ کیا تھا۔ اعلیٰ بیج مہنگے داموں خریدا تھا۔ کھاد فراہم کی تھی۔ آب پاشی کے لیے بڑے مصارف برداشت کیے تھے۔ تمہیں یہ توقع تھی کہ بڑی آمدنی ہوگی، لیکن خرچہ بھی پلے نہ پڑا۔ اس وقت تم حسرت و یاس سے کفِ افسوس ملنے لگو گے اور کہو گے ہائے افسوس! ہماری لاگت بھی ضائع ہوگئی۔ افسوس! ہم بڑے بدنصیب ثابت ہوئے۔

تَفَكَّهُونَ: تَتَنَدَّمُونَ (لسان العرب) یعنی نادم ہونا۔

؎۲۶ انسان صرف بھوک ہی محسوس نہیں کرتا اسے پیاس بھی لگتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جس طرح ہم نے تمہاری خوراک کا انتظام فرمایا ہے اسی طرح تمہاری پیاس بجھانے کے لیے پانی کی فراہمی بھی ہم نے اپنے ذمۂ کرم پر لی ہوئی ہے۔ ذرا غور کرو جو پانی تم کنوؤں، چشموں، دریاؤں سے پیتے ہو یہ کہاں سے آتا ہے۔ یہی نا کہ بادل گھر کر آتے ہیں۔ بارش برستی ہے۔ کچھ پانی دریاؤں میں بہنے لگتا ہے۔ کچھ مقدار

أُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُونَ ﴿٧٠﴾ أَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ ﴿٧١﴾ ءَأَنتُمْ

بنا دیتے ۲۷ پھر تم کیوں شکر ادا نہیں کرتے ۲۸ کیا تم نے (غور سے) دیکھا ہے آگ کو جو تم سلگاتے ہو ۲۹ (ذرا یہ تو) بتاؤ کیا تم نے

أَنشَأْتُمْ شَجَرَتَهَا أَمْ نَحْنُ الْمُنشِـُٔونَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنَاهَا تَذْكِرَةً وَ

اس کے درخت کو پیدا کیا ہے یا ہم ہی پیدا کرنے والے ہیں۔ ہم نے ہی بنایا ہے اس کو نصیحت اور

تالابوں میں بھر جاتی ہے اور اس کا اکثر حصہ زمین میں جذب ہو جاتا ہے اور تہ زمین پانی کے ذخائر جمع ہو جاتے ہیں جن کو مختلف طریقوں سے تم کشید کرتے ہو۔ الغرض ہر قسم کے پانی کا اصل سرچشمہ بارش ہے۔ بھلا بتاؤ اس میں کسی غیر کی کوئی مداخلت ہے لبالب بھرے ہوئے سمندر کس کے ہیں۔ سورج کی جو کرنیں ان پانیوں کو بخارات میں تبدیل کر دیتی ہیں وہ کس کی ہیں۔ پھر ہوائیں کس کے حکم سے ان بخارات کو اٹھا کر مناسب بلندی پر پہنچا دیتی ہیں۔ وہ برودت جو ان بخارات کو پانی میں تبدیل کرتی ہے وہ کون مہیا کرتا ہے۔ پھر کس کے حکم سے بادل ایک مقررہ مقدار میں بارش برساتے ہیں۔ جب یہ ساری کارروائی اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہو رہی ہے تو پھر اس کا انکار یا کسی کو اس کی خدائی میں شریک کرنا کہاں کی عقلمندی ہے۔

۲۷ اجاج سخت کڑوے کو کہتے ہیں۔ علماء اعراب یہاں سے اپنی ایک اور حکمت کی طرف اشارہ فرمایا کہ بارش ان بخارات سے بنتی ہے جو سمندروں کے پانی سے اٹھتے ہیں۔ سمندروں کا پانی کھاری نمکین ہوتا ہے۔ نیز اس میں ایک خاص قسم کی بدبو اور چپچپاہٹ بھی ہوتی ہے۔ لیکن جب بارش برستی ہے تو اس کے پانی میں نہ سمندر کا کھاری پن پایا جاتا ہے اور نہ اس بدبو کا کہیں نام و نشان ہوتا ہے۔ میٹھا اور شفاف آب زلال ان بادلوں سے ٹپکتا ہے۔ ذرا سوچو سورج کی کرنوں کو کس نے یہ سلیقہ سکھایا کہ جب پانی کشید کرو تو اس کی نمکینی اور بدبو کو مت کشید کرو۔ صرف خالص پانی کے اجزا کو بخارات میں تبدیل کرنا۔ اگر یہ اہتمام نہ کیا جاتا تو جہاں بارش کا کھاری پانی برستا وہاں ساری زمین شور اور ناقابل کاشت ہو جاتی۔ میٹھے پانی کے جو ذخیرے پہلے سے موجود تھے وہ بھی استعمال کے قابل نہ رہتے انسانی زندگی تو کجا حیوانی اور نباتاتی زندگی کے آثار بھی مٹ جاتے۔ فتبارك الله احسن الخالقين۔

۲۸ کفران نعمت تو تمہیں زیب نہیں دیتا۔ آؤ اپنے رب کا شکر ادا کرو تاکہ وہ اپنے احسانات سے تمہیں مزید مالا مال کر دے۔

۲۹ انسانی تمدن کی ترقی اور معاشرہ کی بہبود میں آگ کو جتنا دخل ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ اس سے گرمی حاصل کی جاتی ہے اس سے روشنی حاصل کی جاتی ہے۔ اس سے طرح طرح کے کھانے پکائے جاتے ہیں۔ صنعت و حرفت میں اس سے کام لیا جاتا ہے۔ غرضیکہ اگر آگ کا وجود نہ ہوتا تو زندگی کا نقشہ کچھ اور ہوتا۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی توجہ اپنی اس گراں قدر نعمت کی طرف مبذول کرا رہا ہے۔

عرب میں دو درخت تھے۔ ایک کا نام مرخ تھا اور دوسرے کا نام عفار۔ مرخ کو اوپر اور عفار کو نیچے رکھ کر جب رگڑا جاتا تو اس سے پانی کے قطرے ٹپکتے جن سے آگ نکلنے لگتی۔ اوپر والی لکڑی (مرخ) کو زند کہا جاتا اور نیچے والی لکڑی (عفار) کو زندہ کہا جاتا۔ اس درخت سے مراد وہ سارے درخت بھی ہو سکتے ہیں جو ایندھن کا کام دیتے ہیں۔

مَتَاعًا لِّلْمُقْوِينَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿٧٤﴾ فَلَا أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ

فائدہ مند مسافروں کے لیے ۳۰ تو اے حبیب! تسبیح کیجیے اپنے رب عظیم کے نام کی ۳۱ پس میں قسم کھاتا ہوں ان جگہوں کی جہاں

النُّجُومِ ﴿٧٥﴾ وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ ﴿٧٦﴾ إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ ﴿٧٧﴾

ستارے ڈوبتے ہیں ۳۲ اور اگر تم سمجھو تو یہ بہت بڑی قسم ہے ۔ بے شک یہ قرآن ہے بڑی عزت والا۔

۳۰ قواء اس زمین کو کہتے ہیں جو بنجر اُجاڑ ہو اور آبادی سے بہت دُور ہو۔ القواء ھی الارض القفر الخالیۃ البعیدۃ من العمران۔ اقوا کا معنی ہے ایسی بنجر اجاڑ زمین میں فروکش ہونا۔ اسی لیے مسافر کو مقوی کہتے ہیں، کیونکہ بسا اوقات سفر میں انہیں ایسے مقامات پر فروکش ہونا پڑتا ہے جہاں پانی وغیرہ دستیاب نہیں ہوتا۔

اگرچہ آگ مقیم اور مسافر سب کے لیے مفید ہے، لیکن ایک مسافر کے لیے اس کی افادیت بہت زیادہ ہے نیز ویران ریگزاروں میں جب آگ جلتی ہے تو اس کی روشنی میلوں تک دکھائی دیتی ہے۔ کئی راہگیر جن کی کوئی پناہ نہیں ہوتی آبادی کے اس نشان کو دیکھ کر وہاں آجاتے ہیں۔ عرب کا یہ دستور تھا کہ وہ رات کے وقت اپنے ڈیروں پر اونچی جگہ الاؤ روشن کر دیتے تھے بھولے بھٹکے مسافر وہاں آجاتے اور وہ ان کی خاطر مدارات کرتے۔ عرب کا ایک شاعر اپنی سخاوت کا اظہار اس طرح کرتا ہے۔

وما اخمدت نار لنا دون طارق

ولا ذمنا فی النازلین نزیل

یعنی آدھی رات کو آنے والا مسافر ہماری آگ کو بجھا ہوا نہیں پاتا اور ہمارے مہمان ہماری مذمت نہیں کیا کرتے۔

۳۱ اے حبیب اپنے عظمت والے رب کی پاکی بیان کرو جس کی قدرت، حکمت، رحمت اور علم کے گوناگوں شواہد پیش کیے گئے ہیں۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ وہ ہر قسم کے نقص، ضعف اور عیب سے پاک ہے۔

۳۲ یہاں "لا" نفی کے لیے نہیں بلکہ تاکید کے لیے زیادہ کیا گیا ہے جس طرح لئلا یعلم اھل الکتاب میں لا زائدہ للتاکید ہے۔ اس میں دوسرا قول یہ ہے کہ لام قسم کے لیے ہے۔ اس میں اشباع کی وجہ سے الف بڑھ گیا جیسے اعوذ باللہ من العقراب —

مواقع، موقع کی جمع ہے۔ قتادہ کا ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد ستاروں کے غروب ہونے کے مقامات ہیں، کیونکہ ان کے غروب سے ہی اللہ تعالیٰ کی توحید اور ان اجرام سماوی کے فانی ہونے کا ثبوت ملتا ہے اور قتادہ کا دوسرا قول یہ ہے کہ مواقع النجوم سے مراد ان کی منزلیں اور ان کی مداریں ہیں۔ انھا منازلھا ومجاریھا۔

بعض علماء نے مواقع النجوم کی یہ تفسیر بیان کی ہے کہ نجوم سے مراد صحابہ کرام اور مواقع سے مراد ان کی سجدہ گاہیں ہیں جہاں وہ اپنے رب کے حضور میں سربسجود رہا کرتے تھے۔ بعض کے نزدیک مواقع سے مراد ان کی مزارات پر انوار ہیں جہاں وہ جہاد اکبر یا جہاد اصغر میں جام شہادت نوش کرنے کے بعد استراحت فرما ہیں۔ ملا جیون رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی تفسیر احمدی میں لکھتے ہیں او النجوم

فِیۡ کِتٰبٍ مَّکۡنُوۡنٍ ﴿۷۸﴾ لَّا یَمَسُّہٗۤ اِلَّا الۡمُطَہَّرُوۡنَ ﴿۷۹﴾ تَنۡزِیۡلٌ مِّنۡ رَّبِّ

ایک کتاب میں جو محفوظ ہے ۳۳ اس کو نہیں چھوتے مگر وہی جو پاک ہیں ۳۴ یہ اتارا گیا ہے رب العالمین

الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۸۰﴾ اَفَبِہٰذَا الۡحَدِیۡثِ اَنۡتُمۡ مُّدۡہِنُوۡنَ ﴿۸۱﴾ وَ تَجۡعَلُوۡنَ

کی طرف سے۔ کیا تم اس قرآن کے بارے میں کوتاہی کرتے ہو ۳۵ اور (اس کی بے پایاں برکتوں سے) تم نے اپنا

نجوم الصحابۃ ومواقعھا مساجدھم او مقابرھم۔ علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں وقیل النجوم الصحابۃ والعلماء الھادون ومواقعھم القبور۔ (روح البیان)

۳۳ قسم اس بات پر اٹھائی جا رہی ہے کہ یہ کتاب جادو، شعر اور اساطیر کہن نہیں جیسے کفار گمان کرتے ہیں بلکہ یہ کتاب کریم ہے۔ اسے کریم کہنے کی متعدد وجوہات ہیں: کریم عند اللہ۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی جناب میں یہ بڑی مکرم و معظم ہے۔ قیل کریم لانہ یدل علی مکارم الاخلاق ومعالی الامور وشرائف الافعال۔ یہ کریم ہے کیونکہ یہ مکارم اخلاق کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ اعلیٰ مقاصد کی رغبت دلاتی ہے اور پسندیدہ افعال پر اکساتی ہے۔ وقیل کریم لنزولہ من عند کریم بواسطۃ الکرام الی اکرم الخلق۔ یہ کریم ہے کیونکہ یہ رب کریم کی طرف سے اتری ہے، کرامت والے فرشتے اسے لے کر نازل ہوئے ہیں اور اکرم الخلق پر نازل ہوئی ہے۔ کتاب مکنون: لوح محفوظ۔

۳۴ یہاں لا اگرچہ نافیہ ہے لیکن نہی کے معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ اس عزت والی کتاب کو طہارت کی حالت میں ہی چھونا چاہیے۔ فقہ کا مسئلہ یہ ہے کہ جنبی، حائضہ اور نفاس والی عورت نہ اسے چھو سکتی ہے اور نہ اسے پڑھ سکتی ہے اور کوئی شخص بے وضو ہو تو پڑھ سکتا ہے لیکن مصحف کو ہاتھ نہیں لگا سکتا۔ البتہ اگر اس کے اوپر کوئی غلاف ہے تو پھر ہاتھ لگا سکتا ہے۔ بچے جو تعلیم حاصل کرتے ہیں ان کے لیے باوضو ہونا ضروری نہیں۔ اس کا دوسرا مفہوم یہ بھی ہے کہ اس کے لطائف و معارف، اسرار و رموز اور شاہدِ معنی تک رسائی کی سعادت ہر کس و ناکس کو نہیں بخشی جاتی بلکہ یہ صرف ان نفوسِ قدسیہ کا حصہ ہے جن کا ظاہر و باطن، جن کا دل اور ذہن ہر قسم کی آلائشوں سے پاک ہے۔ اس صورت میں لا نفی کا ہو گا۔

۳۵ قرآن کریم کی صفاتِ جلیلہ ذکر کرنے کے بعد کفار کو تنبیہ کی جا رہی ہے کہ اے کفار! تمہاری طرف ایسی جلیل القدر کتاب نازل کی گئی ہے اور تم اسے اہمیت ہی کوئی نہیں دیتے۔ اس کے روشن دلائل سنتے ہو اور آیاتِ بینات دیکھتے ہو لیکن اس کی دعوت کو قبول نہیں کرتے۔

علامہ آلوسی فرماتے ہیں مدھنون: ای متھاونون۔

رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾ وَاَنْتُمْ

یہی نصیب لیا ہے کہ تم اس کو جھٹلاتے رہو گے ۳۶؎ پس تم کیوں لوٹا نہیں دیتے جب رُوح حلق تک پہنچ جاتی ہے اور تم اس وقت

حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

(پاس بیٹھے) دیکھ رہے ہوتے ہو ۳۷؎ اور ہم (اس وقت بھی) تم سے زیادہ مرنے والے کے قریب ہوتے ہیں البتہ تم دیکھ نہیں سکتے ۳۸؎

فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿۸۶﴾ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ

پس اگر تم کسی کے پابند حکم نہیں ہو تو پھر کیوں نہیں لوٹا دیتے (مرنے والے کی رُوح)

صٰدِقِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۸۸﴾ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ

اگر تم سچے ہو ۳۹؎ پس وہ (مرنے والا) اگر اللہ کے مقرب بندوں سے ہوگا تو اس کے لیے راحت، خوشبودار غذائیں اور

۳۶؎ چاہیے تو یہ تھا کہ اس نعمتِ عظمیٰ سے جی بھر کر فائدہ اٹھاتے۔ اپنے دلوں کو نورِ معرفت سے منور کرتے۔ زندگی کا ہر لمحہ اس کے ارشادات کے مطابق بسر کرتے۔ لیکن تمہاری بدقسمتی کی کوئی حد نہیں کہ اس احسانِ عظیم سے تمہیں یہی حصہ ملا کہ تم نے اس کا انکار کر دیا۔ خوش نصیب لوگ اللہ کی رحمت کے خزانوں سے جھولیاں بھر بھر کر لے گئے اور تم کفر و انکار کی دلدل میں پھنسے رہے۔

۳۷؎ انہیں اپنی قوت اور جوانی، اپنی سطوت اور سلطانی اور دولت کی فراوانی پر بڑا گھمنڈ تھا۔ اسی لیے تو میرے رسول کی باتوں کو توجہ سے نہیں سنتے اور میرے اس کلام پر ایمان نہیں لاتے، حالانکہ ان کا یہ گھمنڈ سراسر بے جا ہے۔ ذرا وہ بتائیں کہ ان کا کوئی پیارا دم توڑ رہا ہو، وہ خود اس کے پاس بیٹھے ہوں، کیا ان میں یہ کس بل ہے کہ وہ آگے بڑھ کر گلے میں اٹکی ہوئی رُوح کو بدن میں واپس کر دیں۔ وہ کچھ نہیں کر سکتے۔

انسان کی بے بسی کی اس سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہے کہ وہ اپنے لختِ جگر کو بھی موت کے پنجہ سے چھڑا نہیں سکتا۔

۳۸؎ اگرچہ تم سرہانے بیٹھے ہو، اگرچہ تم نے اسے اپنی گود میں اٹھا رکھا ہے لیکن جو قرب ہمیں اس سے حاصل ہے وہ تمہیں میسر نہیں۔ ہم اپنی قدرت، علم اور رؤیت کے اعتبار سے اس سے بہت زیادہ قریب ہیں لیکن تم اس قرب کی حقیقت کو سمجھنے سے قاصر ہو۔

۳۹؎ آیت میں غیر مدینین کا لفظ غور طلب ہے۔ صاحب لسان العرب لکھتے ہیں۔ الدین، الذل والمدین العبد والمدینۃ: الامۃ المملوکۃ کانھما اذلھما العمل۔

یعنی دین کا معنی سرافگندی اور تابعداری ہے۔ غلام کو مدین اور کنیز کو مدینہ کہتے ہیں کیونکہ وہ دونوں اپنے مالک کے

وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ۝ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ فَسَلٰمٌ

سرور والی جنت ہوگی ۳۸ اور اگر وہ اصحاب یمین (کے گروہ) سے ہوگا تو اسے کہا جائے گا،

لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ

تمہیں سلام ہو اصحاب یمین کی طرف سے۔ اور اگر (وہ مرنے والا) جھٹلانے والے گمراہوں

الضَّآلِّيْنَ ۝ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ۝ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ۝ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

سے ہوگا۔ تو اس کی مہمانی کھولتے پانی سے ہوگی۔ اور داخل ہونا پڑے گا اسے بھڑکتے دوزخ میں۔ بے شک (جو بیان ہوا) یہ

حَقُّ الْيَقِيْنِ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝

یقیناً حق ہے۔ پس اے حبیب! پاکی بیان کیجیے اپنے رب کے نام کی جو بڑی عظمت والا ہے ۴۱

رکوع ۱۶

حکم کے سامنے سرافگندہ ہوتے ہیں اور اس کے حکم سے انہیں سرتابی کی مجال نہیں ہوتی۔ اس کے بعد علامہ ابن منظور لکھتے ہیں وقول تعالیٰ فلولا ان کنتم غیر مدینین، قال الفراء غیر مدینین ای غیر مملوکین۔ اس آیت میں فراء کہتے ہیں کہ غیر مدینین کا معنی ہے غیر مملوکین۔ یعنی اگر تم کسی کے زیر فرمان اور تابع حکم نہیں بلکہ اپنی مرضی کے مالک ہو جو جی میں آئے وہ کر گزرتے ہو تو پھر گلے تک آئی ہوئی روح کو اپنے اختیار اور قدرت سے واپس کیوں نہیں لوٹا دیتے۔ تمہاری انتہائی آرزو ہے کہ تمہارا پیارا زندہ رہے۔ تم نے اس کی صحت کے لیے بڑے جتن کیے ہیں۔ قابل ترین طبیبوں سے علاج کرایا ہے۔ اس کے باوجود تم اپنے بیٹے کو بچا نہیں سکتے۔ تم سے زیادہ بڑھ کر بے بس اور کون ہو سکتا ہے۔ قدرت کا مالک اللہ تعالیٰ ہے، جو چاہے کر سکتا ہے۔

۴۰ اس کے بعد اب متوفی کا ذکر ہو رہا ہے کہ اگر وہ مقربین کے زمرے میں سے ہے تو اس کا اعزاز و اکرام اس طرح کیا جائے گا۔ اگر وہ اصحاب الیمین میں سے ہے تو اس کی پذیرائی یوں ہوگی اور اگر وہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلانے والوں اور گمراہوں میں سے ہے تو اس کی درگت یوں بنے گی۔ یہ جو کچھ تمہیں بتایا جا رہا ہے یہ حق ہے، یہ سچ ہے۔ اس میں شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔

۴۱ اے محبوب! اپنے عظمت والے رب کی پاکی بیان کرو۔ تو اس کی صفت ربوبیت کا شاہکار ہے۔ جس طرح اس کی عظمت و کبریائی کا بیان تو کر سکتا ہے اس طرح اور کوئی نہیں کر سکتا۔ حضرت داؤد کی تسبیح سن کر تو صرف پرندے اور دشت و جبل اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرنے لگے تھے۔ اے حبیب! جب آپ اپنے رب جلیل کی تسبیح بیان کریں گے تو آسمانوں کی بلندیاں، زمین

کی پہنائیاں، سمندروں کی وسعتیں اور فضاؤں کی بے کرانیاں اللہ تعالیٰ کے ذکر، اس کی تحمید و تمجید، اس کی تسبیح و تہلیل سے گونج اٹھیں گی۔

◎

سُبحان ربی العظیم سُبحان ربی الاعلیٰ۔

لا الٰہ الا انت سُبحانك انی کنت من الظالمین۔

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ وحدہ لاشریك لہ لہ الملك ولہ الحمد وھو علی کل شیءٍ قدیر۔

اللّٰھم انی عبدك وابن عبدك وابن امتك ناصیتی بیدك ماض فی حکمك عدل فی قضاؤك اسئلك بکل اسم ھو لك سمیت بہ نفسك وانزلتہ فی کتابك وعلمتہ احدا من خلقك او استاثرت بہ فی علم الغیب عندك ان تجعل القرآن العظیم ربیع قلبی ونور صدری وجلاء حزنی وذھاب ھمی وغمی بجاہ حبیبك المصطفیٰ ورسولك المرتضیٰ ونبیك المجتبیٰ الذی علمنا ھذا الدعاء اللّٰھم صل وسلم وبارك علیہ وعلی آلہ واصحابہ من الصلوات ازکاھا ومن التسلیمات اسناھا ومن البرکات اوفاھا الی یوم الدین یاذا الجلال والاکرام۔

○

تعارف

سُورۃ الحدید

نام : اس سورت کی پچیسویں آیت میں "و انزلنا الحدید" کا جملہ ہے۔ اسی سے اس کا نام الحدید رکھا گیا ہے۔ اس میں چار رکوع، انتیس آیتیں، پانچ سو چوالیس کلمے، دو ہزار چار سو چھتر حروف ہیں۔

نزول : باتفاق علماء یہ سورت مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی۔

مضامین : اس کی آیات میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا نزول غزوۂ اُحد اور صلح حدیبیہ کے درمیانی عرصہ میں ہوا جب کہ اسلام اور کفر کی جنگ بڑے نازک اور فیصلہ کن مرحلہ میں داخل ہو چکی تھی۔ بدر اور اُحد کی جنگیں مسلمانوں اور صرف کفارِ مکہ کے درمیان تھیں۔ دیگر عرب قبائل جو مکہ کے دور و نزدیک آباد تھے وہ ان دو جنگوں میں ملوث نہیں تھے۔ ان کا یہ خیال تھا کہ یہ کشمکش مکہ کے باشندوں کے دو گروہوں تک محدود ہے۔ اس میں انہیں دخل دینے کی ضرورت نہیں۔ اہلِ مکہ بھی یہ خیال کیے ہوئے تھے کہ بے یار و مددگار اور غریب الدیار مسلمانوں کو نیست و نابود کرنے کے لیے اُن کے اپنے نبرد آزما جوان کافی ہیں۔ انہیں کسی دوسرے قبیلے سے امداد کی درخواست کرنے کی ضرورت نہیں، لیکن بدر کی غیر متوقع شکستِ فاش نے ان کی آنکھیں کھول دیں۔ اس کا انتقام لینے کے لیے کفارِ مکہ نے جس مہم کا پروگرام بنایا تھا اس میں انہوں نے اپنے تمام مادی وسائل اور افرادی قوت کو جھونک دیا۔ ابوسفیان جو اس بپھرے ہوئے لشکر کا سالار تھا جس کی تعداد تین ہزار تھی۔ اسے یقین تھا کہ اس کا لشکر مسلمانوں کو تہس نہس کر کے رکھ دے گا۔ جب اُحد پہاڑ کی ترائی میں اس کا مقابلہ مٹھی بھر مسلمانوں سے ہوا تو اس کے ہوش اُڑ گئے۔ مسلمانوں نے پہلے ہلہ میں ہی ان کو میدانِ جنگ سے بھاگنے پر مجبور کر دیا۔ اگر مسلمانوں کے تیر افگن دستے سے غلطی سرزد نہ ہوتی تو جنگِ اُحد کا نتیجہ ان کے لیے بدر سے کہیں زیادہ حوصلہ شکن، بلکہ تباہ کن ہوتا۔ ابوسفیان اگرچہ اپنے لشکر کو بچا لانے میں کامیاب ہو گیا، لیکن اپنی مکمل فتح اور مسلمانوں کو کلیۃً مٹا دینے کے جو ارادے لے کر وہ گیا تھا اس میں اُسے بری طرح ناکامی ہوئی۔ اب اہلِ مکہ کو پتہ چل گیا کہ وہ جلاوطن مسلمانوں سے تنہا ٹکر نہیں لے سکتے۔ اس لیے انہوں نے مختلف قبائل کے پاس اپنے وفد بھیجے اور اپنے بتوں کی دہائی دے کر انہیں مسلمانوں کے خلاف امداد کی دعوت دی۔

مسلمانوں کے لیے صورتِ حال اب مزید خطرناک اور پریشان کن ہو گئی۔ اب انہیں اپنے بچاؤ اور اپنی جان سے عزیز تر اسلام کی بقا کے لیے پہلے سے بھی کہیں زیادہ جانی اور مالی قربانیاں پیش کرنے کی ضرورت تھی۔ اب اُن کے مدِ مقابل صرف اہلِ مکہ نہ تھے بلکہ اُن کی جنگ جزیرہ عرب کے سارے مُشرک قبیلوں سے چھڑ گئی تھی۔

ان حالات میں یہ سورت نازل ہوئی۔ اس میں انہیں کوئی حکم دینے سے پہلے خداوند قدوس کی صفاتِ کمال اور شانِ کبریائی سے متعارف کرایا پھر انہیں اسلام کی سربلندی کے لیے بڑی فیاضی سے اپنے مال خرچ کرنے کا حکم دیا۔ ساتھ ہی انہیں یہ بات بھی سمجھا دی کہ یہ مال و متاع جو آج تمہارے پاس ہے کل کسی اور کی ملکیت تھا۔ کیا معلوم دو روز بعد یہ تم سے لے کر کسی اور کو دے دیا جائے۔ تم اس کے حقیقی مالک نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ جو حقیقی مالک ہے تم اس کے نائب ہو۔ اس کے نام کو بلند کرنے کے لیے اگر اس مال کو خرچ کرنے کا موقع آئے تو اسے غنیمت جانو۔ تمہیں اس کا بڑا اجر ملے گا۔

آیت نمبر ۱۰ میں بتا دیا کہ حالات ہمیشہ ایک جیسے نہیں رہیں گے۔ اسلام کے دشمن ہمیشہ اسی طرح گرجتے اور غراتے نہیں رہیں گے مسلمانوں کی کمزوری کی کیفیت بھی عارضی ہے۔ اللہ کے فضل سے حالات بدل جائیں گے۔ باطل کی قوت کو کچل کر رکھ دیا جائے گا۔ کفر کے سرغنے مسلمانوں کا نام سن کر لرزنے لگیں گے۔ اس وقت اسلام کو تمہاری مالی اعانت کی اتنی ضرورت نہیں رہے گی جتنی آج ہے۔ اس وقت جو تم خرچ کرو گے اس کا جو تمہیں اجر ملے گا بعد کے حالات میں تمہیں اتنا اجر نہیں ملے گا۔ اس لیے بجلی کی تیزی سے بدلنے والے حالات سے فائدہ اٹھاؤ جو بن آتا ہے خرچ کر ڈالو۔ ایسی قیمتی گھڑیاں شاید تمہیں پھر ہاتھ نہ آئیں۔ ساتھ ہی یہ بھی سمجھا دیا کہ جو تم خرچ کر رہے ہو وہ ضائع نہیں ہو رہا بلکہ یوں سمجھو کہ تم اللہ کو قرض دے رہے ہو، وہ کئی گنا بڑھا کر تمہیں واپس کرے گا۔ اس کے علاوہ تم بہت بڑے اجر کے مستحق قرار پاؤ گے۔

قیامت کے روز ایسے ہی خدا کار اہلِ ایمان کے آگے آگے اور دائیں طرف نور ہی نور ہو گا اور انہیں فردوس بریں میں داخل ہونے کی خوشخبریاں دی جائیں گی۔

اس کے بعد منافقوں کے بارے میں بتایا کہ یہ بظاہر مسلمان بننے کے دعویدار تھے لیکن اللہ کی راہ میں نہ جان لٹانے کا جذبہ ان کے دل میں تھا اور نہ دولت خرچ کرنے کا شوق۔ قیامت کے روز وہ اپنے گناہوں کے اندھیروں میں بھٹک رہے ہوں گے۔ اہلِ ایمان سے نور کی ایک کرن کی بھیک مانگیں گے لیکن ان کی یہ التجا مسترد کر دی جائے گی۔

آیت نمبر ۱۶ سے اہلِ ایمان کو ذکرِ الٰہی کی ترغیب دلائی جا رہی ہے اور ان کی غفلت کیشی پر انہیں جھڑکا جا رہا ہے کہ تم بھی اہلِ کتاب کی طرح نہ ہو جانا جن پر کتاب نازل ہوئی پہلے تو وہ بڑی سرگرمی سے اس پر عمل پیرا ہوئے لیکن وقت کے گزرنے کے ساتھ ساتھ ان کے دل پتھر کی طرح سخت ہوتے گئے۔

اس حقیقت سے بھی آگاہ کر دیا کہ ہر شخص صدیقین اور شہداء کے زمرہ میں داخل نہیں ہو جاتا بلکہ پہلے ایمان کے تقاضے پورے کرنے پڑتے ہیں۔ جانی و مالی قربانیاں پیش کرنی پڑتی ہیں تب یہ شرف نصیب ہوتا ہے۔

اہلِ نفاق اور اہلِ ایمان کے درمیان زندگی کے بارے میں جو بنیادی تفاوت ہے اس کو بڑے مؤثر انداز میں بتایا۔ اور ساتھ ہی یہ نصیحت بھی کر دی کہ تمہاری جدوجہد کا مقصد مغفرت اور جنت کا حصول ہونا چاہیے۔

ایک اور حقیقت سے بھی اپنے بندوں کو خبردار کر دیا کہ سب کچھ پہلے لکھا جا چکا ہے جو تمہیں ملنا ہے، اور جو نہیں ملنا اس کے بارے میں اٹل فیصلہ صادر ہو چکا ہے۔ اس لیے اگر کوئی نعمت ملے تو خوشی سے بے قابو نہ ہو جایا کرو اور اگر کوئی

تکلیف پہنچے تو افسردہ اور مایوس نہ ہو جایا کرو۔ لوگوں کی رہنمائی کے لیے اللہ تعالیٰ نے جو رسول مبعوث فرمائے ہیں، اُن کے بارے میں بتا دیا کہ انہیں روشن دلیلیں مرحمت فرمائیں۔ اپنی آسمانی کتاب سے نوازا۔ عدل کا ترازو بھی عطا کیا تاکہ وہ ہر حق دار کو اس کا جائز حصہ پُورا پُورا ادا کریں۔ ان عطیات کے علاوہ لوہا نازل کیا تاکہ اس سے سرکشوں کی سرکوبی کی جاسکے۔ اللہ تعالیٰ دیکھنا چاہتا ہے کہ کون اس کی اور اس کے رسولوں کی امداد کے لیے سربکف میدانِ جہاد میں قدم رکھتا ہے۔

آخری رکوع میں مسلمانوں کو ہوشیار کیا کہ تم سے پہلے انبیاء تشریف لائے اور لوگوں کو دعوتِ حق پہنچائی۔ اُن کے بعض اُمتیوں نے اطاعت کا حق ادا کیا اور بعض اس سعادت سے محروم رہے۔ اب تمہاری باری ہے، دیکھنا تم اس میں بازی ہار نہ جانا۔ ایمان کی شمع کو ہر طوفان میں روشن رکھنا۔ تقویٰ کو اپنا شعار بنانا۔ اللہ تعالیٰ تمہیں ایک نور مرحمت فرمائے گا جس کی روشنی میں تم شاہراہِ حیات پر بے خوف و خطر بڑھتے چلے جاؤ گے۔ تمہارے گناہ بخش دیے جائیں گے۔

اہلِ کتاب کا یہ خیال سراسر بے حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل کے وہ اجارہ دار ہیں۔ نہیں اُس کے فضل و کرم کے خزانے اُس کے اپنے ہاتھ میں ہیں جس کو چاہتا ہے، جتنا چاہتا ہے بخش دیتا ہے۔ تم بھی اُس ذوالفضل العظیم کے سامنے دامن پھیلاؤ پھر دیکھو اس کی نوازشات کی بارش کیسے برستی ہے؟

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا
١-٥-٧٧

سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ الحدید مدنی ہے اس کی آیات ۲۹ اور رکوع ۴ ہیں

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ لَهٗ مُلْكُ

اللہ تعالیٰ کی تسبیح کر رہی ہے ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے [۱] اور وہی سب پر غالب بڑا دانا ہے [۲] اسی کے لیے ہے بادشاہی

[۱] تسبیح کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کو تمام ایسی چیزوں سے منزہ اور پاک سمجھنا جو اس کی شایانِ شان نہیں۔ انسان کا اعتقاد بھی یہی ہو وہ اپنے قول سے بھی اس کا اقرار کرے اور اس کا عمل بھی اس کی شہادت دے رہا ہو۔ التسبیح علی المشهور تنزیه الله تعالیٰ اعتقادا وقولا وفعلا عما لا یلیق بجنابه سبحانه (روح المعانی)

آسمانوں اور زمین کی ہر چیز گواہی دے رہی ہے کہ ان کا خالق اور مالک ہر نقص اور ہر عیب سے پاک ہے۔ ان میں سے ذوی العقول کی شہادت تو قولاً ہے۔ فرشتے، انسان اور جنات کہہ رہے ہیں سبحان اللہ، سبحان اللہ ۔ ۔ ۔ البتہ غیر ذوی العقول اپنی زبانِ حال سے اپنے پیدا کرنے والے کی عظمت وکبریائی بیان کر رہے ہیں۔ لیکن زجاج کا قول یہ ہے کہ ہر چیز اپنی زبان سے قولاً اس کی تسبیح بیان کر رہی ہے ورنہ اس آیت کا کیا معنی ہوگا وان من شیء الا یسبح بحمده ولکن لا تفقهون تسبیحهم یعنی ہر چیز اللہ کی تسبیح بیان کر رہی ہے لیکن تم اس کا ادراک نہیں کر سکتے۔ اگر زبانِ حال سے تسبیح مراد ہو تو پھر اس کے ادراک نہ کرنے کا کوئی مطلب نہیں۔ اسی طرح قرآن کریم میں حضرت داؤد علیہ السلام کی یہ خصوصیت بیان کی گئی ہے کہ جب وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتحمید میں زمزمہ سنج ہوا کرتے تھے تو پہاڑوں کے پتھر اور سنگریزے بھی ان کے ساتھ مل کر اپنے رب کی پاکی بیان کیا کرتے تھے۔ یہ خصوصیت تب ہی پائی جا سکتی ہے جب وہ زبانِ قال سے تسبیح کریں۔

علامہ آلوسی اسی رائے کو پسند کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں۔

نفسِ ناطقہ اور ادراک انسان کی ہی خصوصیت نہیں بلکہ حیوانات اور جمادات کو بھی ان کے حسبِ حال یہ نعمتیں بخشی گئی ہیں۔

وھو مبنی علی ثبوت النفوس الناطقة والادراك بسائر الحیوانات والجمادات علی ما یلیق بکل۔ (روح المعانی)

صوفیائے کرام کا مسلک بھی یہی ہے۔

یہاں سورۂ حدید نیز سورۃ الحشر اور الصف کی ابتداء سَبَّحَ صیغہ ماضی سے کی گئی ہے لیکن سورۂ جمعہ اور تغابن کا افتتاح یُسَبِّحُ مضارع سے کیا گیا ہے تاکہ پتہ چل جائے کہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح کسی زمانے کے ساتھ مختص نہیں بلکہ پہلے بھی ہر چیز اس کی تسبیح بیان کرتی رہی ہے اب بھی ایسا ہی ہو رہا ہے اور آئندہ بھی ایسا ہی ہوتا رہے گا۔ یہ سلسلہ کبھی منقطع نہ ہوگا۔

[۲] کائنات کا ذرہ ذرہ آخر اس کی پاکی کیوں بیان نہ کرے اس کی حمد کے گیت کیوں نہ گائے۔ ایک وہی تو ہے جو عزیز بھی ہے اور حکیم بھی۔ خبر اور مبتدا دونوں کو معرفہ ذکر کر کے حصر کی طرف اشارہ کر دیا۔ عزیز: اس قادر اور زبردست کو کہتے ہیں جس کا کوئی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ هُوَ

آسمانوں اور زمین کی۔ وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے ۳؎ وہی

الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ هُوَ

اوّل، وہی آخر، وہی ظاہر، وہی باطن۔ اور وہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے ۴؎ وہی

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى

ہے جس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پھر متمکن ہوا تختِ

الْعَرْشِ ۚ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ

حکومت پر۔ وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے اور جو کچھ اس سے نکلتا ہے اور جو آسمان سے

مقابلہ کر سکے۔ جس کے فرمان کو کوئی ٹال نہ سکے۔ العزیز القادر الغالب الذی لا ینازعہ ولا یمانعہ شیٔ۔ اس کی قدرتِ مطلقہ کا یہ عالم ہے کہ ہر چیز کو جس شکل وصورت جس قد وقامت اور جن مقاصد کی انجام دہی کے لیے پیدا فرما دیا اس میں آج تک کسی قسم کا رد وبدل نہیں ہو سکا۔ انا کل شیٔ خلقناہ بقدر کے جلوے ہر چھوٹی بڑی چیز میں نظر آ رہے ہیں، لیکن یہ قوت، یہ بیکراں قدرت اندھی نہیں ہے کہ ترنگ آئی تو بلاوجہ کسی چیز کو نیست ونابود کر دیا۔ پیس کر رکھ دیا۔ موج میں آئے تو بلا استحقاق عزت وسرفرازی بخش دی نہیں، اللہ تعالیٰ عزیز ہونے کے ساتھ ساتھ حکیم بھی ہے۔ اس کا کوئی کام، اس کا کوئی حکم، اس کا کوئی فیصلہ حکمت کے بغیر نہیں اور اسی میں اس گلشنِ کائنات کی بقا اور پر بہار ہونے کا راز مضمر ہے۔ وہ اپنی مخلوق کے ساتھ قادر وتوانا ہونے کے باوجود رحمت و رافت کا برتاؤ کرتا ہے۔ وہ غلط کاروں کو فوراً انتقام کی چکی میں پیس نہیں دیتا بلکہ ان کے ساتھ بڑے تحمل اور حلم کا سلوک کرتا ہے۔ تمام عمر سرکشی اختیار کرنے والا جب بھی اس کے درِ رحمت پر آ کر گر پڑتا ہے تو وہ اس کو اپنے دامنِ رحمت میں ضرور جگہ دے دیتا ہے۔

۳؎ آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والا بھی وہی ہے اور ان میں حکومت وفرمانروائی بھی اسی کی ہے۔ فنا اور بقا اسی کے اختیار میں ہے۔ ہر چیز اس کے فرمان کے سامنے بے چون وچرا سرافگندہ ہے۔

۴؎ اس آیت کی تشریح خود حضور رسالتمآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمائی۔ یہ دعا ہے جو حضور اپنے بسترِ راحت پر لیٹے ہوئے اکثر مانگا کرتے تھے۔ قرض کی ادائیگی اور بھوک سے نجات کے لیے یہ دعا اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ آپ بھی اس دعا کو یاد کر لیں۔ رات کو اگر سوئے ہوئے آنکھ کھل جائے تو یہ دعا مانگ لیں۔

عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یقول وھو مضطجع

مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا

اترتا ہے اور جو اس کی طرف عروج کرتا ہے ؎ اور وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے جہاں بھی تم ہو ؎ اور اللہ تعالیٰ جو کچھ

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۴ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ

تم کرتے ہو اسے خوب دیکھنے والا ہے۔ اسی کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔ اور اللہ کی طرف ہی سارے کام لوٹائے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى وَمُنَزِّلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْفُرْقَانِ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ۔

اے اللہ! اے آسمانوں اور زمین کے رب! اے عرش عظیم کے رب! اے ہمارے رب! اے ہر چیز کے رب! اے دانے اور گٹھلی کو چیرنے والے! اے تورات، انجیل اور فرقان کو اتارنے والے! میں تجھ سے ہر اس چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جس کی پیشانی کو تو پکڑے ہوئے ہے۔ اے اللہ! تو اول ہے پس تجھ سے پہلے کوئی چیز نہیں۔ تو آخر ہے پس تیرے بعد کوئی چیز نہیں۔ تو ظاہر ہے (غالب) تجھ سے برتر اور کوئی نہیں۔ تو باطن ہے، تجھ سے مخفی اور کوئی نہیں۔ ہمارا قرض ادا فرمادے اور ہمیں فقر و افلاس سے غنی کر دے۔

انت الباطن فلیس دونک شیئ کا مطلب ہے کہ تیری کنہ اور حقیقت پر کوئی آگاہی حاصل نہیں کر سکتا۔

؎ وھو الذی خلق السمٰوٰت الخ کی تشریح متعدد مقامات پر پہلے گزر چکی ہے۔ وہاں ملاحظہ فرمایئے۔

یعلم ما یلج: یہاں سے خالق ارض و سما کے علم محیط کا ذکر ہو رہا ہے کہ وہ صرف کلیات کا جاننے والا نہیں بلکہ جزئیات کا بھی عالم ہے۔ صرف بڑی بڑی چیزوں سے باخبر نہیں بلکہ حقیر سے حقیر، باریک سے باریک چیز سے بھی آگاہ ہے۔ جو چیز زمین میں داخل ہوتی ہے بیج ہو، بارش کا کوئی قطرہ ہو، ویسے کوئی چیز اس میں چھپا دی جائے، کسی مردہ کو اس میں دفن کیا جائے، ویسے کوئی چیز گل سڑ کر اس میں تحلیل ہو جائے۔ وہ ان تمام چیزوں سے باخبر ہے۔ اسی طرح زمین سے جو چیز نکلتی ہے پانی کا چشمہ ہو، زمین سے اگنے والے درخت ہوں، کھیت ہوں، معدنیات ہوں، قدرتی گیس ہو، پٹرول ہو، وہ بخارات ہوں، غرضیکہ جو چیز زمین سے نکلتی ہے اس پر بھی وہ مطلع ہے۔ اسی طرح آسمان سے جو چیز اترتی ہے فرشتے ہوں، وحی ہو، احکام الٰہی ہوں، رزق ہو، بارش ہو، غرضیکہ جو چیز اوپر سے نیچے نازل ہوتی ہے وہ ہر چیز کو اچھی طرح جانتا ہے۔ اسی طرح جو چیزیں نیچے سے عالم بالا کی طرف صعود کرتی ہیں ملائکہ ہوں، اعمال حسنہ ہوں، اہل ایمان کی روحیں ہوں، کچھ بھی ہو ان کا بھی اسے بخوبی علم ہے۔

؎ وہ عرش پر بھی جلوہ فرما ہے اور تم سے بھی الگ اور بے تعلق نہیں۔ تم جہاں کہیں بھی ہو وہ اپنے علم اور قدرت سے تمہارا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ صوفیائے معیت سے ایسی معیت مراد لی ہے جس کی کیفیت بیان نہیں کی جا سکتی معیۃ غیر متکیفۃ۔

الْاُمُوْرُ ۞ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ۚ وَهُوَ

جائیں گے۔ داخل فرماتا ہے رات (کا کچھ حصہ) دن میں اور داخل کرتا ہے دن (کا کچھ حصہ) رات میں اور وہ

عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۞ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ

خوب جانتا ہے جو سینوں میں پوشیدہ ہے۔ ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول پر گے اور خرچ کرو اس کی راہ میں ان مالوں سے

علامہ اسماعیل حقی نے یہاں بڑی پیاری بات لکھی ہے۔ اہل ذوق کی تسکین قلب کے لیے لکھ رہا ہوں۔ فی التاویلات النجمیة وھو معکم لا بالمعیة المفھومة للعوام والخواص ایضا۔

ای معیت می نگنجد در بیاں — نے زماں دارد خبر زو نے مکاں

بل بالمعیة للذوقة بالذوق الکشفی الشھودی ای انا معکم بحسب مراتب شھودکم ان کنتم فی مشھد الفعل فانا معکم بالتجلی الذاتی ما اتقدم ولا اتاخر عنکم۔ (اس کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔ اہل دل خود ہی سمجھ لیں)

گے کبھی ایمان لانے کی دعوت ان لوگوں کو دی جاتی ہے جو نعمت ایمان سے محروم ہیں اور گاہے گاہے ان لوگوں کو بھی دعوت ایمان دی جاتی ہے جو ایمان تو لے آئے ہوتے ہیں لیکن ایمان کے تقاضوں کو پورا کرنے میں غفلت اور سستی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ اسلام کو سربلند کرنے کے لیے اگر کسی مالی اور جانی قربانی کی انہیں دعوت دی جاتی ہے تو وہ شوق اور آمادگی ان میں نظر نہیں آتی جو ایمان کا تقاضا ہے۔ یہ آیات غزوۂ تبوک کے موقع پر ایسے ہی لوگوں کے حق میں نازل ہوئیں۔ یہ غزوہ عرب کے کسی قبیلے کے خلاف نہ تھا۔ مکہ کے قریش کے خلاف نہ تھا بلکہ رومی سلطنت کے خلاف تھا جو مدینہ پر حملہ آور ہو کر مسلمانوں کو ملیامیٹ کر دینے کے منصوبے بنا رہی تھی۔ تیس ہزار کا لشکر جرار لے کر حضور پیش قدمی کرتے ہوئے رومی علاقہ میں تبوک کے مقام پر آکر خیمہ زن ہوئے تھے۔ ایسی مہم کو سرانجام دینے کے لیے جتنے سرمایہ کی ضرورت تھی وہ محتاج بیان نہیں۔ حضرت صدیق اکبرؓ، حضرت فاروق اعظمؓ، عثمان غنیؓ اور دیگر اکابر صحابہؓ نے ایثار و فدائیت کے ایسے ایسے مظاہرے کیے کہ انہیں پڑھ کر آج بھی ایمان تازہ ہو جاتا ہے۔ لیکن بعض ایسے لوگ بھی تھے جو مسلمان تو تھے مگر اللہ کی راہ میں مال پیش کرنا ان کے لیے بڑا جان جوکھوں کا کام تھا۔ ان کو برانگیختہ کرنے کے لیے انہیں پھر دعوت ایمان دی جا رہی ہے اور جو عہد وہ پہلے کر چکے ہیں وہ یاد دلایا جا رہا ہے تاکہ آزمائش کے اس وقت میں وہ ناکام نہ ہو جائیں۔

علامہ ابوحیان الاندلسی لکھتے ہیں، امر تعالیٰ عبادہ المومنین بالثبات علی الایمان ودوامہ والنفقة فی سبیل اللہ۔ قال الضحاک نزلت فی غزوة تبوک۔ (البحر المحیط)

یعنی اللہ تعالیٰ اپنے مومن بندوں کو حکم فرما رہے ہیں کہ وہ ایمان پر ثابت قدم رہیں اور اللہ کی راہ میں دل کھول کر خرچ کریں۔ ضحاک فرماتے ہیں کہ یہ آیت غزوۂ تبوک کے موقع پر نازل ہوئی۔

مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ⑦

جن میں اس نے تمہیں اپنا نائب بنایا ہے۔ پس جو لوگ ایمان لائے تم میں سے اور راہِ خدا میں خرچ کرتے رہے ان کے لیے بہت بڑا اجر ہے ۞

۞ اہلِ ایمان کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے مال خرچ کرنے کی ترغیب دی جا رہی ہے۔ اندازِ بیان ایسا ہے کہ انسان میں معمولی سا شعور بھی ہو تو راہِ حق میں سب کچھ لٹانے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ ارشاد ہے وانفقوا مما جعلکم مستخلفین فیہ۔ اس کے دو مفہوم بیان کیے گئے ہیں۔ ایک تو یہ کہ جو مال آج تمہارے قبضہ میں ہے تم اس کے حقیقی مالک نہیں ہو۔ اس کا حقیقی مالک تو اللہ تعالیٰ ہے۔ اس نے تم پر اپنا فضل و کرم فرمایا اور ان تمام چیزوں میں تمہیں اپنا نائب اور خلیفہ مقرر کر دیا۔ حقیقی مالک وہ ہے۔ تم اس کے خلیفہ ہو۔ اب یہ کہاں کی عقلمندی ہے کہ مالک حکم دے اور نائب اس کی بجا آوری میں لیت و لعل کرے۔

یہاں ارشاد ہے کہ جن اموال میں اس نے تمہیں اپنا خلیفہ مقرر کیا ہے، جب وہ ارشاد فرمائے تو بلا تامل اس مال کو خرچ کر دو۔ تمہیں جنت میں اس کی خوشنودی حاصل ہو جائے گی۔ ای جعلکم سبحانہ خلفاء عنہ عزوجل فی التصرف فیہ من غیر ان تملکوہ حقیقۃ۔

اس کا دوسرا مفہوم یہ ہے کہ کچھ عرصہ پہلے یہ مکان، یہ زمین، یہ زیورات کسی اور کے تصرف میں تھے۔ وہ انہیں چھوڑ کر چلے گئے۔ اب یہ چیزیں تمہارے قبضہ اور تصرف میں ہیں۔ تم نے بھی ایک روز یہاں سے رختِ سفر باندھنا ہے۔ اس وقت یہ چیزیں کسی اور کے تصرف میں چلی جائیں گی۔ جتنے عرصہ کے لیے تمہیں ان چیزوں کا مالک بنایا گیا ہے تم اس سے فائدہ اٹھاؤ اور انہیں اس طرح خرچ کرو کہ تمہارا پروردگار تم پر راضی ہو جائے۔ جب یہ چیزیں تمہارے قبضہ سے نکل جائیں گی تو پھر کچھ نہ کر سکو گے۔ او جعلکم خلفاء عن من کان قبلکم فیما کان بایدیھم فانتقل لکم۔ (روح المعانی)

حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے حکیمانہ انداز میں یہ سبق اپنے صحابہ کو خوب ذہن نشین کرا دیا تھا۔ مطرف اپنے باپ عبد اللہ سے ذکر کرتے ہیں رضی اللہ عنہما۔ قال انتھیت الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وھو یقول الھٰکم التکاثر یقول ابن ادم مالی مالی وھل لک من مالک الا ما اکلت فافنیت او لبست فابلیت او تصدقت فامضیت وما سوی ذٰلک فذاھب وتارکہ للناس (مسلم)، عبد اللہ کہتے ہیں میں حضور کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضور فرما رہے تھے الھٰکم التکاثر تمہیں مال کی کثرت نے غافل کر دیا ہے۔ انسان کہتا ہے میرا مال میرا مال۔ اے انسان تیرے مال میں سے تیرا حصہ کچھ نہیں بجز اس کے جو تو نے کھا لیا اور ختم کر دیا یا پہن لیا اور اسے پرانا کر دیا یا صدقہ کیا اور راہِ آخرت کے لیے بطور زادِ بھیج دیا۔ اس کے سوا جو کچھ بھی ہے وہ جانے والا ہے اور تو لوگوں کے لیے چھوڑنے والا ہے۔

ایک روز ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایک دنبہ ذبح کیا۔ اس کا ایک بازو رکھ لیا اور باقی سب مسکینوں میں بانٹ دیا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کاشانۂ اقدس میں تشریف لائے تو پوچھا کوئی چیز اس سے بچی بھی ہے۔ ام المومنین نے عرض کی ما بقی منھا الا کتفھا۔ باقی سب ختم ہو گیا ہے صرف ایک بازو بچا ہے۔ اس مرشدِ کامل نے ارشاد فرمایا بقی کلھا غیر کتفھا۔

وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ ۚ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ لِتُؤْمِنُوا بِرَبِّكُمْ وَ

آخر تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے حالانکہ اس کا رسول دعوت دے رہا ہے تمہیں کہ ایمان لاؤ اپنے رب پر ف

قَدْ أَخَذَ مِيثَاقَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۞ هُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ عَلَىٰ

اور اللہ تعالیٰ تم سے وعدہ بھی لے چکا ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو ف۲ وہی ہے جو نازل فرما رہا ہے اپنے (محبوب)

عَبْدِهِ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ لِيُخْرِجَكُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَإِنَّ اللَّهَ

بندہ پر روشن آیتیں تاکہ تمہیں نکال لے (کفر کے) اندھیروں سے (ایمان کے) نور کی طرف۔ اور بے شک اللہ تعالیٰ تمہارے

بِكُمْ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ۞ وَمَا لَكُمْ أَلَّا تُنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلِلَّهِ

ساتھ بڑی شفقت فرمانے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ آخر تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم خرچ نہیں کرتے (اپنے مال) راہ خدا میں حالانکہ اللہ تعالیٰ ہی

اے عائشہ! جو تم نے راہ خدا میں دیا وہ ہمیشہ کے لیے محفوظ ہوگیا۔ فنا تو صرف وہ بازو ہوگا جو تم نے اپنے لیے رکھا ہے۔ یہ تھا وہ ذہن جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تیار فرمایا تھا۔

ف علامہ ابو حیان لکھتے ہیں یہ استفہام زجر و توبیخ کے لیے ہے۔ ای کیف لا تثبتون علی الایمان۔ تم کیوں ایمان پر ثابت قدم نہیں رہتے حالانکہ اللہ کا رسول تمہیں اس کی طرف بار بار بلا رہا ہے اور تمہیں دلائل اور براہین سے سمجھا رہا ہے۔ انسان زبان سے اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کا دعویٰ کرتا ہے لیکن اگر آزمائش کے وقت وہ صدق و یقین کا مظاہرہ کرنے سے قاصر رہے تو پتہ چل جاتا ہے کہ اس کا ایمان ناقص ہے۔ اسے چاہیے کہ اپنے ایمان کو مستحکم بنانے کا جو زریں موقع اسے نصیب ہوا اس سے پورا فائدہ اٹھائے اور اس سے بہتر اور کون سا موقع ہوگا جب اللہ کا پیارا حبیب دعوت دے رہا ہے۔ اس کے نورانی بیان سے شک و شبہ کی تاریکیاں چھٹ رہی ہیں، حق اپنی پوری تابانیوں سے جلوہ نما ہے۔ جس نے اس زریں موقع سے فائدہ نہ اٹھایا اس سے بڑھ کر بدنصیب کون ہوگا۔

ف۲ جب تم نے اسلام قبول کیا تھا اس وقت میرے رسول نے تم سے پختہ وعدہ لیا تھا۔ کیا وہ تمہیں یاد نہیں رہا۔ ایسے پختہ وعدے کے بعد بھی تم قدم قدم پر تذبذب کا مظاہرہ کر رہے ہو۔ کچھ تو ہوش کرو۔ اس میثاق کا ذکر قرآن کریم کی اس آیت میں بھی ہے۔ واذکروا نعمة اللہ علیکم ومیثاقہ الذی واثقکم بہ اذ قلتم سمعنا واطعنا۔ اللہ تعالیٰ نے جو نعمت تم پر کی ہے اور اس پختہ وعدہ کو یاد کرو جو تم نے اس کے ساتھ کیا جب تم نے کہا تھا ہم نے تیرا حکم سنا اور ہم نے تیری اطاعت کی۔ حضرت عبادہ ابن صامت نے اس میثاق کا تفصیل سے ذکر کیا ہے جو بیعت کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم لیا کرتے تھے۔ آپ فرماتے ہیں بایعنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم علی السمع فی النشاط والکسل وعلی النفقة فی العسر والیسر وعلی الامر بالمعروف والنہی عن المنکر

مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ

آسمانوں اور زمین کا وارث ہے [۱۱] تم میں سے کوئی برابری نہیں کرسکتا ان کی جنہوں نے فتح مکہ سے پہلے (راہِ خدا میں)

الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ

مال خرچ کیا اور جنگ کی [۱۲] ان کا درجہ بہت بڑا ہے ان سے جنہوں نے فتح مکہ کے بعد مال خرچ کیا

وعلی ان نقول فی اللہ تعالی ولا نخاف لومۃ لائم۔ (مسند امام احمد)

ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات پر بیعت کی کہ ہم حضور کے ہر فرمان کی تعمیل کریں گے۔ نشاط کی کیفیت ہو یا کسل مندی کی حالت۔ ہم اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کریں گے خواہ ہم تنگ دست ہوں یا خوش حال۔ ہم نیکی کا حکم دیں گے برائی سے روکیں گے۔ اللہ تعالیٰ کے بارے میں سچی بات کہیں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے خائف نہ ہوں گے۔

[۱۱] اس آیت میں پھر اللہ تعالیٰ کی رضا اور دین کی سربلندی کے لیے مال خرچ کرنے کی ترغیب دلائی جا رہی ہے۔ دل کھول کر راہِ خدا میں اپنا مال خرچ کرو اور اس بات کی ذرا پرواہ نہ کرو کہ تمہاری اولاد کا کیا بنے گا۔ تمہاری زندگی کی ضروریات کیسے پوری ہوں گی۔ تمہارا معاملہ اپنے ربِ کریم کے ساتھ ہے۔ زمین و آسمان کے سارے خزانے اس کے دستِ قدرت میں ہیں۔ ہر چیز کا مالک وہ ہے۔ وہ بڑا غیور ہے۔ اس کی غیرت ہرگز برداشت نہیں کرتی کہ اس کی راہ میں گھر بار لٹانے والا کسی غیر کا دست نگر ہو۔ وہ خزانۂ غیب سے اسے اس طرح فراواں رزق دیتا ہے کہ دیکھنے والے دنگ رہ جاتے ہیں۔

[۱۲] یہاں ایک فقرہ محذوف ہے۔ عبارت یوں ہونی چاہیے تھی۔ لا یستوی من انفق قبل الفتح وقاتل ومن انفق بعد الفتح وقاتل۔ یعنی برابر نہیں ہو سکتا وہ شخص جس نے فتح سے پہلے خرچ کیا اور جنگ کی اور جس نے فتح کے بعد خرچ کیا اور جنگ کی۔ لیکن مضمون چونکہ بالکل واضح تھا اس لیے اس فقرہ کو حذف کر دیا۔ فتح سے مراد فتح مکہ ہے۔ بعض نے صلح حدیبیہ بھی مراد لیا ہے۔ فتح سے پہلے حالات بڑے نازک اور مخدوش تھے۔ ہر لحظہ یہ خطرہ تھا کہ کفار کا سیلاب آئے گا اور گلشنِ اسلام کو بہا کر لے جائے گا۔ ان تشویشناک اور غیر یقینی حالات میں جن لوگوں نے دل کھول کر اپنے مال پیش کیے اور ذوق و شوق سے اپنی جانیں قربان کیں ان کے پیشِ نظر فقط اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی رضا تھی۔ کسی قسم کی مالی یا سیاسی منفعت کا گمان تک نہ تھا نیز اس وقت قربانیوں کی ضرورت شدید تھی اور قربانی دینے والے چند لوگ تھے۔ فتح مکہ کے بعد حالات یکسر پلٹ گئے۔ اب اسلام ایک سیاسی قوت کی حیثیت سے ابھر رہا تھا۔ اس کے جاں نثاروں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا تھا۔ اس کے دشمنوں کی قوت گھٹتی جا رہی تھی۔ مالی وسائل میں بھی قابلِ قدر اضافہ ہو رہا تھا۔ اس لیے جن لوگوں نے بے بسی کے عالم میں اپنے مالک کو راضی کرنے کے لیے اور محض حق کو سربلند کرنے کے لیے اپنے مال بھی خرچ کیے اور جانیں بھی پیش کیں، بعد میں آنے والے ان کے برابر نہیں ہو سکتے۔

اس آیت میں ان مہاجرین و انصار کے متعلق زبانِ قدرت یہ اعلان فرما رہی ہے۔ اولٰئک اعظم درجۃ۔ ان کا درجہ

وَقٰتَلُوْا ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۰﴾

اور جنگ کی ہو لیکن سب کے ساتھ اللہ نے وعدہ کیا ہے بھلائی کا۔ اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو اس سے بخوبی خبردار ہے ۱۳

مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ

کون ہے جو دے اپنا مال، اللہ تعالیٰ کو بطور قرضِ حسنہ ۱۴ اور اللہ تعالیٰ کئی گنا بڑھا دے اس کے مال کو اس کے لیے (اسکے علاوہ)

بڑا اونچا ہے، ان کا مقام بڑا بلند ہے۔ حضرت صدیقِ اکبر، حضرت فاروقِ اعظم، حضرت عثمان ذوالنورین، حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی قربانیاں اپنی نظیر نہیں رکھتیں۔ اللہ تعالیٰ خود ان کی توصیف فرما رہا ہے۔ قرآن ان کی عظمت کی گواہی دے رہا ہے۔ اب جو لوگ ان پاک لوگوں کی عظمتِ شان کو تسلیم نہیں کرتے بلکہ الٹا ان پر زبانِ طعن دراز کرتے ہیں، وہ ذرا سوچیں اور خود ہی بتائیں کہ ان صحابہ کرام کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا فیصلہ حق ہے یا ان کا فیصلہ۔ ہم خدا کی بات مانیں، قرآن کی شہادت کو سچ سمجھیں یا ان کی بات کو۔ یہاں پر علمائے تفسیر نے ایک بڑا ایمان افروز واقعہ لکھا ہے۔ حضرت عبداللہ ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں بارگاہِ رسالت میں حاضر تھا حضرت ابوبکرؓ صدیق بھی وہاں بیٹھے تھے۔ آپ نے عبا پہنی ہوئی تھی اور اس کو آگے باندھا ہوا تھا جبریل امینؑ آئے اور عرض کیا یا نبی اللہ مالی ارٰی ابابکر علیہ عباءۃ قد خللھا فی صدرہ بخلال۔ اے اللہ کے نبی۔ یہ کیا بات ہے کہ میں دیکھ رہا ہوں ابوبکر نے ایسی عبا پہنی ہوئی ہے جسے سامنے سے کانٹوں سے بخیہ کیا ہوا ہے۔ حضور نے فرمایا اس نے اپنا سارا مال مجھ پر خرچ کر دیا ہے۔ جبریل نے کہا اللہ تعالیٰ آپ کو حکم دیتے ہیں کہ آپ اللہ تعالیٰ کا سلام ابوبکر کو پہنچائیں اور ان سے پوچھیں کیا وہ اس فقر و تنگ دستی پر خوش ہیں یا ناراض۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدیق کو سلام پہنچایا اور یہ سوال پوچھا۔ اس پیکرِ تسلیم و رضا نے کتنا پیارا جواب دیا۔ عرض کیا ااسخط علی ربی۔ انی عن ربی لراض۔ انی عن ربی لراض۔ یعنی میں اپنے رب پر کیسے ناراض ہو سکتا ہوں۔ میں اپنے رب سے راضی ہوں، میں اپنے رب سے راضی ہوں، میں اپنے رب سے راضی ہوں۔ حضورؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ میں تجھ پر راضی ہوں جس طرح تو مجھ پر راضی ہے۔ یہ سن کر حضرت ابوبکرؓ رو پڑے۔ حضرت جبریل نے پھر عرض کیا یا رسول اللہ! اس خدا کی قسم جس خدا نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا، تمام حاملینِ عرش اسی قسم کی عبائیں پہنے ہوئے ہیں اور اسی طرح سے خلال کیے ہوئے ہیں جس طرح کہ آپ کے اس یار نے کیا ہے۔ (قرطبی و دیگر کتبِ تفسیر)

۱۳ے یہ فرما کر اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا کہ فتح مکہ کے بعد جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں مالی اور جانی قربانیاں دیں، وہ رائیگاں ہرگز نہیں گئیں بلکہ انہیں بھی اللہ تعالیٰ بہترین اجر عطا فرمائے گا۔ ان کو بھی مدارجِ عالیہ پر فائز کرے گا۔ حسنِ نیت کے مطابق ان کے اعمال کا انہیں ثواب ملے گا۔ کسی کی کوئی نیکی ضائع نہیں ہو گی۔ واللہ بما تعملون خبیر فرما کر قیامت تک آنے والے مخلصین کی دلجوئی فرما دی۔

۱۴ے اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ کرنے کی ترغیب ایک نئے انداز سے دی جا رہی ہے۔ فرمایا اللہ کی راہ میں جو مال تم

أَجْرٌ كَرِيمٌ ﴿۱۱﴾ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَسْعَىٰ نُورُهُم بَيْنَ

بے شمار اجر بھی ملے گا۔ ﷺ جس روز آپ دیکھیں گے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو کہ ضوفشانی کر رہا ہو گا ان کا نور ان کے

أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِم بُشْرَاكُمُ الْيَوْمَ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا

آگے بھی اور ان کی دائیں جانب بھی۔ (مومنو!) تمہیں مژدہ ہو آج ان باغوں کا بہ رہی ہیں جن کے نیچے

الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ يَقُولُ

نہریں تم ہمیشہ وہاں رہو گے۔ یہی وہ عظیم الشان کامیابی ہے ۱۶ اس روز کہیں گے

خرچ کرو گے اس کی حیثیت قرض کی ہو گی۔ جسے قرض دیا جاتا ہے اس پر لازم ہوتا ہے کہ وہ اس کو واپس ادا کرے۔ اسی طرح راہِ خدا میں جو تم خرچ کرو گے وہ اللہ تعالیٰ کے ذمہ قرض ہو گا۔ وہ اسے ضرور لوٹائے گا۔ یہاں ایک نکتہ غور طلب ہے۔ اللہ تعالیٰ کو مطلق قرض دینے کی ترغیب نہیں دلائی گئی بلکہ قرضِ حسنہ دینے کی ترغیب دلائی گئی ہے اور قرضِ حسنہ تب ہو گا جب اس میں بقول علامہ آلوسی مندرجہ ذیل شرائط پائی جائیں: حلال مال ہو، اعلیٰ درجہ کی چیز ہو، خود بھی اس کی اشد ضرورت ہو، پوشیدہ طور پر دے، احسان نہ جتائے، اذیت نہ پہنچائے، مقصد رضائے الٰہی ہو، جتنا بھی خرچ کرے اسے تھوڑا خیال کرے۔ ان آیات کو سن کر صحابہ کرام پر کیا اثر ہوتا تھا اس کا اندازہ آپ اس ایک واقعہ سے لگا سکتے ہیں:

جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت ابو الدحداح حاضرِ خدمت ہوئے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا اللہ تعالیٰ ہم سے قرض مانگتا ہے۔ حضورؐ نے فرمایا ہاں۔ وہ بولے اپنا دستِ مبارک مجھے دکھائیے۔ انہوں نے حضور کا ہاتھ پکڑا اور گزارش کی میں نے اپنا یہ باغ اللہ تعالیٰ کو قرض دیا۔ اس باغ میں کھجور کے چھ سو درخت تھے۔ ان کی بیوی اور بچے اسی میں رہائش پذیر تھے۔ حضرت ابو الدحداح یہ کرنے کے بعد اپنے باغ کی طرف آئے اور باہر کھڑے ہو کر اپنی بیوی کو آواز دی اے دحداح کی ماں! اس نے جواب دیا لبیک۔۔ فرمایا اخرجی قد اقرضته ربی عزوجل۔ اس باغ سے بال بچے کر نکل آؤ۔ میں نے یہ باغ اپنے رب کو قرض دے دیا ہے۔ اس نیک بخت بیوی نے جب یہ سنا تو پکار اٹھیں۔ ربح بیعك یا ابا الدحداح۔ اے دحداح کے باپ تم نے بڑا نفع والا سودا کیا ہے۔ خود بھی باہر نکل آئیں۔ اپنے بال بچے اور سازوسامان کو بھی وہاں سے نکال دیا۔ مکتبِ عشق و ایثار کے یہی وہ طلبہ تھے جن پر ان کے استاد کو بھی ناز تھا اور ان کے خالق کو بھی ناز تھا۔ ان کے کارناموں کے باعث انسانیت کا سر آج بھی اونچا ہے۔

۱۵؎ جو تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا بدلہ دس سے سات سو گنا تک ملے گا بلکہ اس سے بھی زیادہ اور اس کے علاوہ اجرِ عظیم بھی۔

۱۶؎ اہلِ ایمان قبروں سے نکل کر جب حشر کے میدان میں تشریف لائیں گے تو ان کی عجیب شان ہو گی۔ ان کے آگے

الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ

منافق مرد اور منافق عورتیں ایمان والوں سے وہ کہیں گے: ذرا ہمارا بھی انتظار کرو ہم بھی روشنی حاصل کر لیں تمہارے نور سے۔

قِیْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ بَیْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ

انہیں کہا جائے گا لوٹ جاؤ پیچھے کی طرف اور وہاں نور تلاش کرو۔ پس کھڑی کر دی جائے گی ان کے اور اہل ایمان کے درمیان

بھی نور ہوگا۔ ان کے دائیں جانب بھی نور ہوگا۔ یہ نور ہر شخص کی قوت ایمان اور اعمال حسنہ کے مطابق ہوگا۔ اس دنیا میں جس قدر کسی نے ایمان کی پختگی کا مظاہرہ کیا ہوگا، جس قدر اس نے نیکیاں کی ہوں گی اسی نسبت سے اس کا نور ضوفشاں ہوگا۔ حدیث پاک میں ہے کہ بعض مومن ایسے ہوں گے جن کے نور سے مدینہ اور عدن کی طویل مسافت جگمگا رہی ہوگی۔ بعض کے نور سے مدینہ اور صنعاء کا درمیانی علاقہ روشن ہو رہا ہوگا۔ بعض کا نور اس سے کم ہوگا اور بعض کے نور سے صرف ان کے قدم رکھنے کی جگہ روشن ہوگی۔

ان من المومنین من یضئ نورہ کما بین المدینۃ وعدن ابعد بین المدینۃ وصنعاء ودون ذلک حتی یکون منہم من لا یضئ نورہ الا موضع قدمیہ۔ (قرطبی)

آیت کا مطلب یہ نہیں کہ صرف آگے اور دائیں طرف نور ہوگا اور بائیں طرف اور پیچھے اندھیرا ہوگا، بلکہ مقصد یہ ہے کہ نور تو آگے اور دائیں طرف ہوگا لیکن اس کی روشنی چاروں طرف ہوگی۔

حضرت ابو الدرداء اور حضرت ابوذر روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا روز قیامت سب سے پہلے مجھے سجدہ کرنے کی اجازت دی جائے گی اور سب سے پہلے مجھے ہی سجدہ سے سر اٹھانے کا اذن ملے گا۔ میں آگے پیچھے دائیں بائیں دیکھوں گا اور ساری امتوں سے اپنی امت کو پہچان لوں گا۔ ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے نبی! امتوں کے اس ہجوم میں حضور اپنی امت کو کیسے پہچانیں گے۔ فرمایا اعرفہم محجلون من اثر الوضوء ولا یکون لاحد من الامم غیرہم واعرفہم یعطون کتبہم بایمانہم واعرفہم بسیماہم فی وجوہہم واعرفہم بنورہم یسعی بین ایدیہم۔ یعنی میں ان کو پہچان لوں گا ان کے ہاتھ اور پاؤں وضو کے اثر سے چمک رہے ہوں گے۔ یہ چیز کسی دوسری امت میں نہ پائی جائے گی۔ میں انہیں پہچان لوں گا کیونکہ ان کے نامۂ اعمال ان کے دائیں ہاتھ میں دیے جائیں گے۔ میں ان کو اس نشانی سے پہچانوں گا جو ان کے چہروں میں ہوگی۔ میں انہیں اس نور سے پہچانوں گا جو ان کے سامنے ضوفشانی کر رہا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل ہم غریبوں پر بھی یہ کرم فرمائے۔ آمین۔

بشریٰکم: فرشتے آگے بڑھ کر انہیں جنت کا مژدہ سنائیں گے۔

بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ؕ ﴿١٣﴾

ایک دیوار جس کا ایک دروازہ ہوگا۔ اس کے باطن میں رحمت اور اس کے ظاہر کی جانب عذاب ہوگا ١٧

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ

منافق پکاریں گے اہل ایمان کو کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے ١٨ کہیں گے بے شک! لیکن تم نے اپنے آپ کو خود فتنوں میں ڈال دیا اور

وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَ

ہماری تباہی کا انتظار کرتے رہے اور شک میں مبتلا رہے اور دھوکہ میں ڈال دیا تمہیں جھوٹی امیدوں نے یہاں تک کہ اللہ کا فرمان آپہنچا اور

غَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿١٤﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ

دھوکہ دیا تمہیں اللہ کے بارے میں شیطان دغاباز نے ١٩ پس آج نہ تم سے فدیہ قبول کیا جائے گا اور نہ

١٧ منافق مرد اور منافق عورتیں جو اس دنیا میں اپنے آپ کو بڑے زیرک اور چالاک سمجھتے ہیں قیامت کے روز ان کی حالت دیدنی ہوگی۔ چاروں طرف گھپ اندھیرا، نجات کے سارے راستے بند۔ اس سراسیمگی اور بے چارگی کے عالم میں وہ اہل ایمان کو کہیں گے ذرا اپنی روشنی میں ہمیں بھی تو چلنے دو۔ ذرا اپنا نورانی چہرہ ہماری طرف بھی تو کرو شاید اس تاریکی سے ہم رستگاری حاصل کر سکیں۔ انہیں کہا جائے گا پیچھے لوٹ کر جاؤ اور وہاں سے نور تلاش کرو۔ جب وہ پیچھے مڑیں گے تو ان کے درمیان اور اہل ایمان کے درمیان ایک دیوار قائم کر دی جائے گی اس کے دروازوں کی اندرونی جانب جو جنت کی طرف ہوگی وہ رحمت والی ہوگی اور باہر والی جانب جو دوزخ کی طرف ہوگی وہ عذاب والی ہوگی۔

١٨ جب دیوار کھینچ دی جائے گی تو اہل جنت منافقوں کی نظروں سے اوجھل ہو جائیں گے تو وہ زور زور سے انہیں پکاریں گے اے بندگان خدا! اے غلامان مصطفیٰ! کیا دنیا میں ہم تمہارے ساتھ نہیں رہتے تھے۔ ہم تو آپس میں بڑے گہرے دوست بھی تھے۔ باہمی رشتہ داریاں بھی تھیں۔ آج ہم سے تم نے یوں منہ موڑ لیا جیسے کبھی شناسائی ہی نہ تھی۔

١٩ اہل ایمان انہیں جواب دیں گے بے شک تم بظاہر ہمارے ساتھ تھے لیکن تمہیں خوب علم ہے کہ تمہارے باطن میں کیا پنہاں تھا۔ یہاں منافقین کی ان خصلتوں کا ذکر ہو رہا ہے جو ان کی تباہی کا باعث بنیں۔ ہمیں بھی چاہیے کہ ان کلمات میں سنجیدگی سے غور کریں اور پھر اپنا جائزہ لیں کہ کہیں منافقین کی کوئی خصلت ہم میں تو نہیں پائی جاتی۔

پہلی بات جو منافقین کو کہی جائے گی وہ یہ ہے فتنتم انفسکم۔ علامہ راغب اس کا معنی کرتے ہیں اوقعتموھا فی بلیۃ وعذاب۔ یعنی تم نے اپنے نفسوں کو ابتلاء اور عذاب میں پھینک دیا۔ صاحب لسان العرب لکھتے ہیں استعملتموھا فی الفتن۔

الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ مَأْوَاكُمُ النَّارُ ۖ هِيَ مَوْلَاكُمْ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿١٥﴾

کفار سے۔ تم (سب) کا ٹھکانا آتش (جہنم) ہے۔ وہ تمہاری رفیق ہے اور بہت بری جگہ ہے لوٹنے کی ۲۰

أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ

کیا ابھی وہ وقت نہیں آیا اہل ایمان کے لیے کہ جھک جائیں ان کے دل یاد الٰہی کے لیے اور اس سچے کلام

تم نے اپنے آپ کو فتنہ و فساد کی آگ بھڑکانے میں استعمال کیا۔ منافقین دنیا میں اسی طرح زندگی بسر کرتے رہے۔ اسلام پر جب بھی کوئی کٹھن گھڑی آئی تو انہوں نے اسلام کی مشکلات میں اضافہ کرنے میں اپنے سارے وسائل صرف کر دیئے۔ . . . دوسری بات جو انہیں کہی جائے گی وہ یہ ہے وتربصتم ۔ یعنی کفر و اسلام کی کشمکش جب عروج پر تھی تمہارا فرض تھا کہ تم نتائج سے بے پروا ہو کر اپنی قسمت اسلام کے ساتھ وابستہ کر دیتے۔ توحید و رسالت کی جو شہادت تم نے زبان سے دی تھی تم پر لازم تھا کہ اپنے عمل سے اس کو سچا کر دکھاتے لیکن تم انتظار کرتے رہے کہ دیکھیے اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے۔ پانسہ کس کے حق میں پلٹتا ہے۔ عشق اور مصلحت بینی، ایمان اور موقع پرستی دو متضاد چیزیں ہیں۔ تربص کا ایک معنی ذخیرہ اندوزی بھی کیا گیا ہے۔ لسان العرب میں ہے المتربص: المحتکر۔ علامہ جوہری بھی کہتے ہیں المتربص: المحتکر (صحاح) ذخیرہ اندوزی کرنے والا اس انتظار میں رہتا ہے کہ جب جنس بازار میں نایاب ہو جائے اور اس کا نرخ بڑھ جائے اس وقت وہ اسے فروخت کرے۔

تیسرا نقص جس میں وہ ملوث تھے وہ ارتبتم سے بیان کیا گیا۔ یعنی ساری عمر تم شک میں مبتلا رہے۔ اسلام قبول کرنے سے جو یقین اور اذعان دل میں پیدا ہو جاتا ہے اس سے تم محروم تھے۔ کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم واقعی اللہ کے رسول ہیں، کیا قرآن واقعی اللہ کا کلام ہے، کیا قرآن کی یہ بات سچی ہے کہ اللہ کی راہ میں جو لوگ جان دے دیتے ہیں وہ سر جدا ہونے کے باوجود مردہ نہیں بلکہ زندۂ جاوید ہیں، اسلام کی سربلندی کے لیے مال خرچ کرنے سے انسان مفلس و نادار نہیں ہوتا بلکہ تونگر و غنی بن جاتا ہے۔ یہ ساری باتیں تھیں جنہیں تم شک کی نظر سے دیکھتے رہے اور اسی شک کے باعث تم اس عزیمت سے عمر بھر محروم رہے جو بندہ مومن کی خصوصیت ہے۔ آخر میں انہیں بتایا کہ جھوٹی امیدوں اور کھوکھلی توقعات نے تمہیں ہمیشہ دھوکا میں رکھا۔ شیطان بھی تمہیں گناہوں پر اکساتا رہا۔ اس کی طفل تسلیوں میں تم یوں مگن رہے کہ اپنی اصلاح کا تمہیں کبھی خیال ہی نہ آیا۔ یہاں تک کہ موت نے تمہارا رشتۂ حیات کاٹ کر رکھ دیا۔ غرور سے مراد شیطان ہے۔

۲۰؎ کفار اور منافقین دونوں ایمان سے محروم ہوتے ہیں۔ اس لیے دونوں کی سزا کی نوعیت یکساں ہے۔ نہ اس کے لیے بخشش ہے نہ اس کے لیے مغفرت۔ ھی مولٰکم ای ھی اولٰی بکم: یعنی تمہارے لیے آگ ہی مناسب مقام ہے۔

مِنَ الۡحَقِّ وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ

کے لیے جو اترا ہے ۲۱؎ اور نہ بن جائیں ان لوگوں کی طرح جنہیں کتاب دی گئی اس سے پہلے پس لمبی

۲۱؎ یأن ، اس کے دو مادے ہیں اور معنی دونوں کا ایک ہی ہے۔ أنیٰ یأنی اور أن یئین۔ دونوں کا معنی قرب حان ہے۔ قریب ہونا، نزدیک ہونا۔

جب تک دل میں کمال عجز و نیاز پیدا نہ ہو، نہ ایمان کا لطف آتا ہے نہ عبادات میں مزہ آتا ہے۔ جب تک دل اس احساس سے لبریز نہ ہو کہ کہاں خالق ارض و سما اور کہاں یہ بندۂ حقیر و بے نوا، اس کی شان کبریائی اور اس کے عظمت و جلال پر جب نگاہیں جم کر رہ جاتی ہیں اس وقت نہ اپنی ذات نظر آتی ہے نہ اپنی حسنات۔ اسی وقت دل میں درد محبت اٹھتا ہے۔ اسی وقت آنکھیں اشکبار ہوتی ہیں۔ یہی وہ گھڑی ہوتی ہے جب اس پر 'احسان' کے دروازے کھولے جاتے ہیں۔

صحابہ کرام کی نمازیں، ان کی عبادتیں، ان کی تلاوتیں ہمیشہ اس رنگ میں رنگی ہوئی ہوتی تھیں۔ اس ارشاد سے اسی نعمت کے حصول کی طرف متوجہ کیا جا رہا ہے۔ اس آیت کی تاثیر سے کئی گم کردہ راہ، راہِ ہدایت پر گامزن ہو گئے۔ کئی غفلت میں ڈوبے ہوئے ذکر و فکر کی لذتوں سے آشنا ہو گئے اور کئی ہجر و فراق کے مارے مژدۂ وصال سے بہرہ ور ہو گئے۔ حضرت فضیل ابن عیاض علماء و صوفیاء دونوں گروہوں کے سرخیل ہیں۔ ان کی تقدیر کو اسی آیت نے بدل دیا۔ جوانی کے ایام میں ایک عورت کے دامِ عشق میں اسیر ہو گئے۔ بڑی مشکل سے اس نے ایک رات ملاقات کی اجازت دی۔ وقتِ مقررہ پر وہ شوق سے وارفتہ قدم اٹھاتے ادھر جا رہے تھے کہ کہیں سے یہ صدا فردوسِ گوش بنی۔ کوئی پڑھ رہا تھا۔ الم یأن للذین امنوا ان تخشع قلوبھم لذکر اللہ۔ یہ سنتے ہی ان کے قدم رک گئے۔ ہوا و ہوس کا جو طوفان امڈ آیا تھا وہ تھم گیا۔ اسی وقت واپس مڑ گئے اور جا کر سچے دل سے توبہ کی اور مقام ولایت پر فائز ہوئے۔

احمد ابن ابی الحواری کہتے ہیں میں بصرہ کی ایک سڑک پر جا رہا تھا کہ میں نے ایک خوفناک چیخ سنی۔ مڑ کر دیکھا تو ایک شخص کو بے ہوش گرا ہوا پایا۔ میں نے پوچھا کیا معاملہ ہے۔ لوگوں نے بتایا کوئی شخص یہ آیت پڑھ رہا تھا الم یأن الخ۔ اس آدمی نے جب یہ آیت سنی تو غش کھا کر زمین پر گر پڑا۔ ہم آپس میں یہ باتیں کر رہے تھے کہ وہ آدمی ہوش میں آ گیا اور یہ اشعار پڑھنے لگا۔

اما آن الھجران ان یتصرما　　ولغصن غصن البان ان یتبسما

وللعاشق الصب الذی ذاب وانحنیٰ　　الم یأن ان یبکی علیہ ویرحما

یعنی کیا ابھی ہجر کے خاتمہ کا وقت نہیں آیا۔ کیا ابھی وہ گھڑی نہیں آئی جب بان کی ٹہنی مسکرانے لگے۔ کیا ابھی وہ وقت نہیں آیا کہ عاشقِ صب جو گل گیا ہے اور جھک گیا ہے اس پر رحم کیا جائے۔ یہ اشعار پڑھے، پھر غش کھا کر گرا اور محبوبِ حقیقی کے وصال سے مشرف ہو گیا۔

اسی لیے مرشد اپنے مرید کو ایسا وظیفہ تلقین کرتا ہے جس سے دل میں گداز پیدا ہو۔ دل کی سختی دور ہو جائے۔ انسان اپنی

عَلَیۡہِمُ الۡاَمَدُ فَقَسَتۡ قُلُوۡبُہُمۡ ؕ وَ کَثِیۡرٌ مِّنۡہُمۡ فٰسِقُوۡنَ ﴿۱۶﴾ اِعۡلَمُوۡۤا اَنَّ

مدت گزر گئی ان پر تو سخت ہو گئے ان کے دل اور ایک کثیر تعداد ان میں سے نافرمان بن گئی ۲۲۔ جان لو !

اللّٰہَ یُحۡیِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِہَا ؕ قَدۡ بَیَّنَّا لَکُمُ الۡاٰیٰتِ لَعَلَّکُمۡ

اللہ تعالیٰ زندہ کر دیتا ہے زمین کو اس کے مرنے کے بعد۔ ہم نے کھول کر بیان کر دی ہیں تمہارے لیے (اپنی) نشانیاں تاکہ تم

تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ الۡمُصَّدِّقِیۡنَ وَ الۡمُصَّدِّقٰتِ وَ اَقۡرَضُوا اللّٰہَ قَرۡضًا

سمجھو ۲۳۔ بے شک صدقہ دینے والے اور صدقہ دینے والیاں اور جنہوں نے اللہ تعالیٰ کو قرضہ

حَسَنًا یُّضٰعَفُ لَہُمۡ وَ لَہُمۡ اَجۡرٌ کَرِیۡمٌ ﴿۱۸﴾ وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰہِ وَ

حسنہ دیا کئی گنا بڑھا دیا جائے گا ان کے لیے (ان کا مال) اور انہیں فیاضانہ اجر ملے گا۔ اور جو لوگ ایمان لائے اللہ اور اس کے

عاجزی اور اپنے محبوبِ حقیقی کی عظمت اور جلالتِ شان سے پوری طرح آگاہ ہو جائے تاکہ بارگاہِ صمدیت سے جب انوار و تجلیات، انعامات واحسانات کی بارش برسے تو اسے وہ اپنا کمال یا استحقاق نہ سمجھے بلکہ اسے محض اپنے مولائے کریم کا لطف و احسان یقین کرے۔ یہی کمال بندگی ہے۔ یہی معراج عبدیت ہے۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین میں سالک راہ کو اسی کی تلقین کی گئی ہے۔

۲۲؎ موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام سے جن لوگوں نے براہ راست فیضان حاصل کیا تھا، ان کے دلوں میں عجز و نیاز پیدا ہو گیا تھا لیکن جب عرصۂ دراز گزر گیا، عہد رسالت کے برکات اور اثرات آہستہ آہستہ ماند پڑتے گئے تو بعد میں آنے والے لوگوں کے دل سخت ہوتے گئے۔ فسق و فجور کی طرف طبیعت راغب ہوتی گئی۔ اپنے آباء و اجداد کی انابت و انقیاد کی راہ کو دشوار اور پُر خار خیال کر کے انہوں نے ترک کر دیا اور گناہوں کی رنگیلی دنیا میں کھو کر رہ گئے۔

۲۳؎ خوب جان لو اللہ تعالیٰ مردہ زمینوں پر ابر رحمت برساتا ہے اور انہیں زندہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح دل کی بنجر زمینوں پر جب کسی اللہ کے مقبول بندے کی نظر رحمت پڑتی ہے تو وہاں بھی ذکر و عبادت کے گلستان آباد ہو جاتے ہیں، یاد الٰہی کے پھول کھلنے لگتے ہیں اور انوار کی تجلیاں مسکرانے لگتی ہیں۔ ؎

دمِ عارف نسیمِ صبحدم ہے
اسی سے ریشۂ معنی میں نم ہے
اگر کوئی شعیب آئے میسر
شبانی سے کلیمی دو قدم ہے

رُسُلِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ لَهُمْ

رسولوں پر، وہی (خوش نصیب) اللہ کی جناب میں صدیق اور شہید ہیں۔ ان کے لیے (مخصوص)

اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اجر اور ان کا مخصوص نور ہے اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ تو

الْجَحِيْمِ ۟ اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّ

دوزخی ہیں۔ خوب جان لو! کہ دنیوی زندگی محض کھیل، تماشا اور (سامان) آرائش ہے اور

تَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِى الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ؕ كَمَثَلِ غَيْثٍ

آپس میں (حسب ونسب پر) اترانا اور ایک دوسرے سے زیادہ مال اور اولاد حاصل کرنا ہے ۲۴؎ اس کی مثال یوں سمجھیے

۲۴؎ لوگ دنیوی زندگی پر اس قدر فریفتہ ہیں کہ انہیں اپنی عاقبت سنوارنے کی فرصت ہی نہیں ملتی۔ وہ اس کے لیے بڑی سے بڑی تکلیف بخوشی برداشت کرتے ہیں۔ اس کے لیے قانون شکنی، ملت فروشی، وطن سے غداری کے ارتکاب سے بھی باز نہیں آتے۔ اس آیت میں ان کی اس کم ظرفی اور کم عقلی پر انہیں متنبہ فرمایا جا رہا ہے۔ دنیوی زندگی کے دامن میں جو رنگین کھلونے ہیں، ان میں سے ایک ایک کا ذکر کر دیا اور پھر انسان کو جھنجھوڑا اور اس سے دریافت کیا کہ ان کھلونوں میں سے کوئی کھلونا اتنا قیمتی ہے کہ اسے اس کی زندگی کا حاصل قرار دیا جاسکے۔ اگر نہیں تو پھر قرین دانش مندی یہ ہے کہ وہ اپنے طرز عمل پر نظر ثانی کرے۔ فرمایا دنیوی زندگی عبارت ہے لہو ولعب سے جو بچوں کا کام ہے۔ زینت و آرائش سے جو عورتوں کا شیوہ ہے، تفاخر و تکاثر سے جس میں احمق اور نادان ہی اپنے آپ کو مشغول رکھ سکتا ہے۔

اے بندۂ مومن تیری زندگی بڑی قیمتی ہے۔ اسے بچوں کی طرح لہو ولعب میں برباد مت کر۔ تیری ذات خود بڑی ہی حسین و جمیل ہے۔ تجھے ان عارضی آرائشوں کی کیا ضرورت ہے۔ ؎

حاجت مشاطہ نیست روئے دل آرام را

تجھے اپنے آباء و اجداد اور اپنے حسب و نسب پر فخر کرنا زیب نہیں دیتا۔ تجھے ہر وقت اپنے اعمال حسنہ میں اضافہ کی طرف متوجہ رہنا چاہیے تاکہ تیرے حسن عمل سے تیری ذات ہی نہیں، تیری بستی ہی نہیں، بلکہ تیرا سارا ملک اور بنی نوع انسان اس سے فیض یاب ہوتے رہیں۔ دولت کے انبار اور اولاد کی کثرت انسان کی عزت میں اضافہ نہیں کرتے۔ اللہ تعالیٰ کی جناب میں وہی معزز و مکرم ہوتا ہے جس کا ظاہر و باطن تقویٰ کے نور سے جگمگا رہا ہو۔ اس کے علاوہ یہ ساری چیزیں فانی ہیں۔ "چار دن کی چاندنی اور پھر اندھیری رات ہے۔"

أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُونُ حُطَامًا ؕ

بادل برسے اور نہال کر دے کسانوں کو اس کی شادابی سرسبز کھیتی پھر وہ دیکھا یک سوکھنے لگے تو تم دیکھتے کہ اس کا رنگ زرد پڑ گیا ہے پھر وہ ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے ۲۵

وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ؕ وَ

اور دنیا پرستوں کے لیے آخرت میں سخت عذاب ہو گا اور خدا پرستوں کے لیے اللہ کی بخشش اور اس کی خوشنودی ہو گی ۲۶

مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ ۝ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ

اور نہیں ہے دنیوی زندگی مگر نرا دھوکہ ۲۷ تیزی سے آگے بڑھو اپنے رب کی مغفرت

انسان کو چاہیے کہ اپنے عمل سے ایسے چراغ روشن کرے جن سے وہ اندھیری رات منور ہو جائے۔ حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک بڑی پیاری حدیث ہے۔ ارشاد ہے۔ من حسن اسلام المرء ترکہ مالا یعنیہ کہ مسلمان کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ ہر غیر ضروری چیز کو نظر انداز کرتا چلا جائے۔

۲۵ دنیوی زندگی کی حقیقت کو ایک مثال کے ذریعہ واضح کیا جا رہا ہے۔ بارش برستی ہے تو فصلیں لہلہانے لگتی ہیں۔ ان کی سرسبزی اور شادابی کو دیکھ کر ان کا مالک خوشی سے پھولے نہیں سماتا۔ دیکھتے ہی دیکھتے اس کی تازگی ماند پڑنے لگتی ہے۔ وہ خشک ہونے لگتی ہے۔ پھر اس کا رنگ زرد پڑ جاتا ہے۔ پھر وہ ریزہ ریزہ ہو کر گر پڑتی ہے۔ یہی حال انسان کی دنیوی زندگی کا ہے۔ جب عہد شباب کا آغاز ہوتا ہے تو انسان کا چہرہ دلکش، جسم قوت و توانائی سے بھرپور، انگ انگ سے زندگی پھوٹ پھوٹ کر باہر نکل رہی ہوتی ہے۔ جب جوانی بڑھاپے کی طرف بڑھتی ہے تو رنگت بدل جاتی ہے۔ چہرے پر جھریاں نمودار ہو جاتی ہیں۔ ہاتھ پاؤں میں خارا شگافی کی قوت باقی نہیں رہتی۔ دل میں شیر افگنی کے ولولے سرد پڑ جاتے ہیں۔ آخر کار ضعف کی وجہ سے بستر پر پہلو بدلنا دشوار ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ موت کا جھونکا اس کے چراغ زیست کو ہمیشہ کے لیے بجھا دیتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی اس کے سارے ٹھاٹھ باٹھ، عزت و احتشام اور کروفر کا جنازہ اٹھ جاتا ہے۔ اسی طرح دنیوی زندگی میں اگر وہ رنج و الم میں مبتلا رہا تو اس کا خاتمہ بھی ہو جاتا ہے۔

۲۶ لیکن آخرت کی خوشیاں بھی ابدی ہیں اور رنج و غم بھی ہمیشہ رہنے والا ہے۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو دنیوی زندگی کی فانی لذتوں اور عزتوں سے کنارہ کش ہو کر اپنی اخروی زندگی کو ہمیشہ باقی رہنے والی خوشیوں اور مسرتوں سے مالا مال کر لیتے ہیں اور کتنے بدبخت ہیں وہ لوگ جنہوں نے دنیا کی عارضی خوشیوں کے بدلے اپنے لیے جہنم میں ابدی ٹھکانا بنا لیا۔

۲۷ جو لوگ دنیا کی نعمتوں سے اپنی آخرت کو نہیں سنوارتے ان کے لیے دنیا کے ساز و سامان میں دھوکا اور فریب کے سوا کچھ نہیں۔

رَبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ

کی طرف اور اس جنت کی طرف جس کی چوڑائی آسمان اور زمین کی چوڑائی کے برابر ہے۔ جو تیار کردی گئی ہے

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ

ان کے لیے جو ایمان لے آئے اللہ پر اور اس کے رسولوں پر۔ یہ اللہ کا فضل (وکرم) ہے عطا فرماتا ہے جس کو چاہتا ہے۔

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢١﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي

اور اللہ تعالیٰ بڑا ہی فضل فرمانے والا ہے ۲۸؎ نہیں آئی کوئی مصیبت زمین

الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ۭ

پر اور نہ تمہاری جانوں پر مگر وہ لکھی ہوئی ہے کتاب میں اس سے پہلے کہ ہم ان کو پیدا کریں

اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٢٢﴾ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰي مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا

بے شک یہ بات اللہ کے لیے بالکل آسان ہے۔ (ہم نے تمہیں یہ اس لیے بتادیا ہے) کہ تم غمزدہ نہ ہو اس چیز پر جو تمہیں نہ ملے اور نہ اترانے لگو

بِمَآ اٰتٰىكُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِۨ ﴿٢٣﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ

اس چیز پر جو تمہیں مل جائے۔ اور اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا کسی مغرور، شیخی باز کو ۲۹؎ جو لوگ خود بھی بخل کرتے ہیں

۲۸؎ دنیا کے طلب گاروں کے درمیان مقابلہ کی دوڑ جاری ہے۔ ہر ایک دوسرے سے اس میدان میں گوئے سبقت لے جانا چاہتا ہے۔ دوسروں سے زیادہ مال جمع کرنے اپنے قصر کو زیادہ سے زیادہ عالیشان اور آراستہ کرنے میں محو ہے۔ اے آخرت کے طلب گارو! تم اللہ تعالیٰ کی مغفرت حاصل کرنے کے لیے دوسروں سے آگے بڑھنے کی کوشش کرو۔ وسیع وعریض جنت جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے نیک بندوں کے لیے آراستہ کر رکھا ہے اس کی بہاریں تمہارے لیے چشم براہ ہیں۔ وہاں کی حوریں پھولوں کے گجرے پروئے تمہاری راہ دیکھ رہی ہیں۔ کوشش کرنا تمہارا کام ہے منزلِ مقصود تک پہنچانا اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان پر موقوف ہے۔ جو سچے دل سے اس کی راہ طلب میں چل پڑتے ہیں، جو خلوص سے اس کی خوشنودی کے طلبگار ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ کی رحمت انہیں مایوس نہیں کرتی۔ اس کا فضل عظیم ہے۔ اس کی نعمتیں بے کراں ہیں۔

۲۹؎ عام انسانوں کا یہ وتیرہ ہے کہ جب مصیبتیں انہیں چاروں طرف سے گھیر لیتی ہیں تو وہ دل شکستہ اور مایوس ہو کر بیٹھ جاتے ہیں۔ اپنی قسمت کو کوستے ہیں گردشِ روزگار کو گالیاں سناتے ہیں اور حوصلہ ہار بیٹھتے ہیں، لیکن جب حالات سازگار ہوتے ہیں

وَيَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ

اور لوگوں کو بھی بخل کا حکم دیتے ہیں۔ اور جو (اللہ کے حکم سے) روگردانی کرے تو بے شک اللہ ہی بے نیاز، ہر تعریف

الْحَمِيْدُ ۝ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ

کا مستحق ہے ؀ یقیناً ہم نے بھیجا ہے اپنے رسولوں کو روشن دلیلوں کے ساتھ اور ہم نے اتاری ہے ان کے ساتھ کتاب

وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ

اور میزان (عدل) تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں۔ اور ہم نے پیدا کیا لوہے کو اس میں بڑی قوت

کاروبار میں نفع ہوتا ہے کھیتی باڑی اور باغات سے خوب آمدنی ہوتی ہے تو پھر خوشی سے پھولے نہیں سماتے۔ یہ خیال کرنے لگتے ہیں کہ یہ سب ان کے طالع ارجمند کی برکت ہے۔ وہ خود بڑے زیرک اور معاملہ فہم ہیں۔ کاروبار اور زراعت کے اسرار و رموز پر انہیں کامل دسترس حاصل ہے۔ یہ ساری کامیابیاں ان کی اپنی ذہانت اور ہوش مندی کا نتیجہ ہیں۔

یہ دونوں حالتیں انسان کے لیے انتہائی خطرناک ہیں۔

ان آیات میں اس حقیقت کو واضح کر دیا کہ جو مصیبت تم پر آئی ہے اس سے کوئی مفر نہ تھا تمہارے پیدا ہونے سے پہلے یہ تمہاری تقدیر میں لکھا جا چکا تھا۔ اس لیے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہو اور اپنی جدوجہد کو جاری رکھو اور جو نعمتیں تمہیں بخشی گئی ہیں وہ بھی تمہارے پیدا ہونے سے پہلے تمہاری تقدیر میں رقم ہو گئی تھیں۔ ان پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو تاکہ وہ اپنے احسانات سے تمہیں ہمیشہ بہرہ ور رکھے۔ مختال: اس متکبر کو کہتے ہیں جو اپنی ذاتی خوبی اور کمال پر فخر و ناز کرے اور فخور اس متکبر کو کہتے ہیں جو اپنے جاہ و منصب یا مال و دولت پر گھمنڈ کرے۔

؀ اس سورت کی ابتدا سے اہل ایمان کو اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے کی ترغیب دلائی جا رہی ہے۔ بعض لوگ ایسے بھی تھے جن کے دلوں میں کھوٹ تھا۔ وہ اسلام کے لیے اپنا مال خرچ کرنا گھاٹے کا سودا خیال کرتے تھے۔ صرف خود ہی بخل سے کام نہیں لیتے تھے بلکہ دوسرے لوگوں کو بھی کہتے تھے کہ تم کیوں ایک ایسے مقصد کے لیے گاڑھے پسینہ کا کمایا ہوا مال پانی کی طرح خرچ کرتے ہو جس کا مستقبل خطرات سے لبریز ہے۔ تمہیں اپنے بال بچے کا بھی خیال کرنا چاہیے۔ تمہاری اپنی بھی بیسیوں ضرورتیں ہیں۔ آخر یہ کہاں کی عقل مندی ہے کہ جب بھی تمہیں مال خرچ کرنے کی دعوت دی جاتی ہے تو اپنے گھر کا سارا اثاثہ اٹھا کر ان کے قدموں میں ڈھیر کر دیتے ہو۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے لیے فرماتے ہیں کہ یہ لوگ جو خود بھی بخیل ہیں اور لوگوں کو بھی بخل کا سبق دیتے ہیں اللہ تعالیٰ کو ان کی قطعاً پروا نہیں۔ یہ اپنی دولت اپنے پاس رکھیں۔ اللہ تعالیٰ غنی ہے اور حمید ہے۔ وہ اپنے بھرے ہوئے خزانوں سے اپنے محبوب کی امداد فرمائے گا اور اسلام کی ضرورتوں کو پورا کرے گا۔

شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ مَنْ يَنْصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ

ہے اور طرح طرح کے فائدے ہیں لوگوں کے لیے ۱۳۱؎ اور یہ سب اس لیے تاکہ دیکھ لے اللہ تعالیٰ کون مدد کرتا ہے اس کی اور اس کے رسولوں کی بن دیکھے

۱۳۱؎ اس آیت میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے بڑی وضاحت سے انبیاء کی بعثت کے مقاصد کو ذکر فرمایا ہے۔ پہلے فرمایا کہ ہم جن رسولوں کو دعوت حق پہنچانے کے لیے مبعوث فرماتے ہیں انہیں ایسے روشن معجزات عطا کیے جاتے ہیں جن سے ہر کس وناکس پر یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ خود بخود ناصح بن کر نہیں آگئے بلکہ انہیں بھیجنے والے نے بھیجا ہے۔ عقائد و اعمال کی اصلاح کے لیے جو یہ کوششیں کر رہے ہیں یہ ان کا خود ساختہ پروگرام نہیں بلکہ یہ پروگرام اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے تجویز فرمایا ہے اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ ہم انہیں اس دعوت کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے اور اس انقلاب کو پوری طرح برپا کرنے کے لیے چند خصوصی نعمتیں عطا فرماتے ہیں۔

کتاب، میزان اور حدید۔ علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں کہ کتاب سے مراد وہ وحی ہے جو ہر پیغمبر پر نازل ہوتی ہے جس میں عقائد صحیحہ اور اعمال حسنہ کی پوری تفصیل موجود ہوتی ہے۔ الکتاب هو النقل الصحيح۔ اور میزان کے متعلق لکھتے ہیں کہ اس سے مراد عدل ہے۔ قتادہ اور مجاہد نے اس کی تشریح یوں کی ہے۔ وهو الحق الذی تشهد به العقول الصحيحة المستقيمة المخالفة للآراء السقيمة۔ یعنی اس سے وہ حق مراد ہے جس پر عقل صحیح اور فہم سلیم گواہی دیتی ہے۔ جو مریض افکار کے مخالف ہوا کرتا ہے اور حدید سے مراد وہ قوت ہے جو منکرین حق اور معاندین کو کج روی سے باز رکھنے کے کام آتی ہے۔ ای رادعا لمن ابی الحق وعانده بعد قيام الحجة عليه (ابن کثیر)

اور ان چیزوں کی غرض وغایت یہ بیان کر دی لیقوم الناس بالقسط کہ لوگ عدل اور انصاف پر قائم ہو جائیں۔

کسی معاشرہ میں عدل کے قیام کی یہی صورت ہے کہ حقوق اللہ بھی پوری طرح ادا کیے جائیں، یعنی اس کی توحید کا اقرار کیا جائے کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرایا جائے۔ اس کی عبادت میں کوتاہی نہ کی جائے۔ زندگی گزارنے کے لیے جو اصول اس نے مقرر فرمائے ہیں ان کی بجاآوری میں غفلت نہ برتی جائے۔ اسی طرح حقوق العباد کا بھی پورا پورا لحاظ رکھا جائے۔ کسی کا حق تلف نہ کیا جائے۔ کسی پر زیادتی نہ کی جائے۔ کسی کے جان، مال اور آبرو پر دست درازی نہ کی جائے۔ انفرادی طور پر اور اجتماعی طور پر عدل و انصاف کو بروئے کار لایا جائے اور اگر باہمی تنازعہ پیدا ہو جائے تو اس کا تصفیہ اس میزان یعنی عقل سلیم کے مطابق کیا جائے جسے حق و باطل میں امتیاز کی صلاحیت بخشی گئی ہو اور اگر حق و انصاف کے سامنے کوئی شخص سر تسلیم خم نہیں کرتا، روشن اور واضح دلائل و براہین کے بعد بھی باطل سے چمٹا رہتا ہے اور حق کو نیچا دکھانے کے لیے کوشاں رہتا ہے تو اس وقت اس کی سرکوبی کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء اور رُسل کو لوہے کا ڈنڈا بھی عطا فرمایا ہے جس کی ایک ضرب اچھے اچھے بدماغوں کا دماغ درست کر سکتی ہے۔ اللہ کا رسول صرف حق سنانے کے لیے نہیں آتا بلکہ حق کو پھیلانا اور اس کی بالادستی کو قائم کرنا بھی اس کے فرائض میں داخل ہوتا ہے۔ ليظهره على الدين كله۔ کی شان کا وہ مظہر بن کر آتا ہے۔ ابتداء میں وہ مخالفین کی سختیوں کو برداشت کرتا ہے۔ شب و روز اس کے پیش نظر ایک ہی مقصد ہوتا ہے کہ حق واضح ہو جائے، حق کی حقانیت میں کوئی شک وشبہ نہ رہے۔ اس کے لیے اسے دار ارقم میں بھی ٹھہرنا پڑتا ہے شعب ابی طالب

ع ۱۹ ۳

إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا وَإِبْرَاهِيمَ وَجَعَلْنَا فِي

یقیناً اللہ تعالیٰ بڑا زور آور (سب پر) غالب ہے ۳۲ اور ہم نے نوح اور ابراہیم (علیہما السلام) کو پیغمبر بنا کر بھیجا اور ہم نے رکھ دی

ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ ۖ فَمِنْهُم مُّهْتَدٍ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ﴿۲۶﴾

ان دونوں کی نسل میں نبوت اور کتاب پس ان میں سے چند تو ہدایت یافتہ ہیں اور ان میں بہت سے نافرمان ہیں۔

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلَىٰ آثَارِهِم بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَآتَيْنَاهُ

پھر ہم نے ان کے پیچھے انہیں کی راہ پر اور رسول بھیجے اور ان کے پیچھے عیسیٰ ابن مریم کو اور انہیں انجیل

الْإِنجِيلَ وَجَعَلْنَا فِي قُلُوبِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ رَأْفَةً وَرَحْمَةً

عطا فرمائی۔ اور ہم نے رکھ دی ان لوگوں کے دلوں میں جو عیسیٰ کے تابعدار تھے، شفقت اور رحمت ۳۳

میں بھی کئی سال بسر کرنے پڑتے ہیں۔ طائف کی سڑکوں پر بھی لوگوں کی سنگباری کا منظر دیکھنا پڑتا ہے، لیکن جب وہ حق کو الم نشرح کرنے کا فریضہ انجام دے چکتا ہے اور اتمام حجت کر چکتا ہے تو پھر بدر، خندق، خیبر کے معرکوں میں وہ اپنی تلوار کو بھی بے نیام کرتا ہے تاکہ دشمن لوگوں کا سر غرور خاک میں ملائے اور حق کا بول بالا کرے۔

لوہے کے متعلق فرمایا اس میں جنگی قوت بھی ہے اور اس کے علاوہ انسانی معاشرہ کو بام عروج پر پہنچانے میں بھی اس کو بڑا دخل ہے۔

۳۲ے اس جگہ یَعْلَمُ کا معنی یَریٰ ہے۔ یعنی تاکہ اللہ تعالیٰ دیکھ لے اور یا اس علم سے مراد وہ علم ہے جس پر جزا و سزا کا دارومدار ہے۔ ویسے تو اللہ تعالیٰ کو کائنات کے پیدا کرنے سے پہلے ہی کائنات کا تفصیلی علم ہے۔ اس کو اپنے تمام بندوں کے بارے میں یہ علم ہے کہ جب وہ پیدا ہوگا تو کیا کیا اچھا یا برا عمل کرے گا، لیکن اس علم ازلی پر انسان کو جزا یا سزا نہیں دی جاتی بلکہ جب انسان پیدا ہوتا ہے اور عقل و بلوغ کی منزل پر پہنچ جاتا ہے تو جو نیک یا بد کام وہ کرتا ہے اس کے مطابق وہ جزا یا سزا کا مستحق قرار پاتا ہے۔ جب وہ ایسے کام کر رہا ہوتا ہے تو اس وقت بھی اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ فلاں شخص یہ کام کر رہا ہے۔ لیعلم اللہ میں اسی علم کی طرف اشارہ ہے۔ مختلف مقامات پر پہلے بھی اس لفظ کی تشریح گزر چکی ہے۔

۳۳ے قفا: گردن کے پچھلے حصے گدی کو کہتے ہیں۔ اسی سے فعل قفینا ہے جس کا معنی ہے پیچھے پیچھے چلانا۔ آثار اس راستے کو کہتے ہیں جس سے آگے جانے والوں کا سراغ لگتا ہے۔ یقال للطریق المستدل بہ علی من تقدم آثار (مفردات)

وَرَهْبَانِيَّةَ ۨابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ

اور رہبانیت کو انہوں نے خود ایجاد کیا تھا ہم نے اسے ان پر فرض نہیں کیا تھا البتہ انہوں نے رضائے الٰہی کے حصول کے لیے اسے اختیار کیا تھا

اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ

پھر اسے وہ نباہ نہ سکے جیسے اس کے نباہنے کا حق تھا ۲۲ پس ہم نے عطا فرمایا جو ان میں سے ایمان لے آئے تھے ان کے حسن عمل اور حسن نیت کا اجر

ارشاد ہے ان انبیاء کے بعد ہم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بھیجا۔ انہیں انجیل جیسی کتاب مرحمت فرمائی۔ آپ کیونکہ سراپا رأفت و شفقت تھے اس لیے ان کے سچے تابعداروں میں یہی صفات نمایاں طور پر موجود تھیں۔

۲۲ یہاں سے ایک نہایت اہم مضمون شروع ہوتا ہے جس میں کلیسا کی ساری تاریخ سمو دی گئی ہے، اس لیے اس کو سمجھنے کے لیے خصوصی توجہ اور محنت کی ضرورت ہے۔ پہلے تو ہم یہ سمجھنے کی کوشش کریں گے کہ اس آیت کا لفظی ترجمہ کیا ہے۔ پھر لفظ رہبانیت کی لغوی اور اصطلاحی تشریح کریں گے۔ اس کے بعد یہ بتائیں گے کہ رہبانیت کی ابتداء کس نے کی اور کن حالات میں ہوئی۔ بعد ازاں اس میں جو طرح طرح کی خرابیاں پیدا ہوئیں اور جس طرح رہبانیت سے سارا عیسائی معاشرہ اور کلیسائی نظام متاثر ہوا اس کا ذکر کیا جائے گا۔

اس جملہ کے ترجمہ میں علماء کے دو قول ہیں: (۱) "اور رہبانیت کو انہوں نے خود ایجاد کر لیا تھا، ہم نے اسے ان پر فرض نہیں کیا تھا۔ البتہ انہوں نے رضائے الٰہی کے حصول کے لیے اختیار کیا تھا۔" اس صورت میں إلّا کا تعلق ابتدعوھا کے ساتھ ہو رہا ہے۔

(۲) "اور رہبانیت کو انہوں نے خود ایجاد کیا، ہم نے ان پر فرض نہیں کیا تھا، مگر یہ کہ وہ ہماری رضا کے طلب گار رہیں۔" اس صورت میں مستثنیٰ متصل ہوگی اور پہلی صورت میں مستثنیٰ منقطع ہوگی۔

رہبانیت میں دو لغتیں ہیں: رَهْبَانِيَّت (بفتح را) اور رُهْبَانِيَّت (بضم را) پہلی صورت میں یہ رَهَب سے ماخوذ ہوگا جس کا معنی خوف اور ڈر ہے اور دوسری صورت میں یہ رُهْبَان (جو راہب کی جمع ہے) کی طرف منسوب ہوگا۔ پہلی صورت میں اس کا معنی ہے وہ مسلک اور وہ طرز حیات جس کی بنیاد خوف اور ڈر پر ہے۔ دوسری صورت میں اس کا معنی ہوگا ان لوگوں کا مسلک اور طرز زندگی جو ہر وقت ڈرنے والے اور خوفزدہ رہنے والے ہیں۔ علامہ راغب لکھتے ہیں۔ والرهبانية غلو في تحمل التعبد من فرط الرهبة (مفردات) یعنی فرط خوف سے عبادات و ریاضات میں حد درجہ غلو کرنا۔ علامہ پانی پتی اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں وهي المبالغة في العبادة والرياضة والانقطاع عن الناس وترك الشهوات حتى المباحة منها (مظہری) یعنی عبادت و ریاضت میں مبالغہ، لوگوں سے قطع تعلق، جائز اور مباح خواہشات کو بھی ترک کر دینا۔ علامہ ابن منظور نے ان الفاظ میں اس کی وضاحت کی ہے۔ التخلي من اشغال الدنيا وترك ملاذها والزهد فيها والعزلة عن اهلها وتعمد مشاقها حتى ان منهم من كان يخصي نفسه ويضع السلسلة في عنقه وغير ذلك من انواع التعذيب (لسان العرب) یعنی دنیا کے مشاغل

کو ترک کر دیا، اس کی لذتوں کو نظر انداز کر دیا، اہلِ دنیا سے عزلت گزینی اپنے آپ کو طرح طرح کی مشقتوں میں مبتلا کر دیا۔ ان میں سے بعض لوگ اپنے آپ کو خصی کر دیا کرتے تھے اور بعض لوہے کی زنجیریں ڈال لیا کرتے اور اپنے آپ کو طرح طرح کے عذابوں میں مبتلا کر دیتے تھے۔ اب یہ عرض کرنا ہے کہ رہبانیت کی ابتدا کن حالات میں ہوئی اور کن لوگوں نے کی۔ ہمارے پاس صحیح حدیث موجود ہے جس سے حقیقتِ حال کھل کر سامنے آجاتی ہے۔

عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کنت ردیف النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم علی حمار فقال لی یا ابن ام عبد هل تدری من این اتخذت بنو اسرائیل الرهبانیة فقلت اللہ ورسولہ اعلم قال ظهرت علیهم الجبابرة بعد عیسیٰ علیہ السلام یعملون بالمعاصی فغضب اهل الایمان فقاتلوهم فهزم اهل الایمان ثلث مرات فلم یبق منهم الا القلیل فقالوا ان ظهرنا لهؤلاء افنونا ولم یبق للدین احد یدعو الیه فقالوا تعالوا نتفرق فی الارض الی ان یبعث اللہ النبی الذی وعدنا بہ عیسیٰ علیہ السلام یعنون محمدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فتفرقوا فی غیران الجبال واحدثوا رهبانیة ومنهم من تمسک بدینه ومنهم من کفر ثم تلا هذه الآیة۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں گدھے پر نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے پیچھے سوار تھا حضور نے فرمایا اے اُمِّ عبد کے فرزند! کیا تم جانتے ہو کہ بنی اسرائیل نے رہبانیت کو کہاں سے اختیار کیا۔ میں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ حضور نے فرمایا کہ عیسیٰ علیہ السلام کے بعد بنی اسرائیل پر جابر لوگ غالب آگئے اور انہوں نے فسق و فجور کا بازار گرم کر دیا۔ اہلِ ایمان نے غیرتِ ایمانی سے ان کے خلاف جہاد کیا۔ ان کے ساتھ جنگ کی لیکن تین مرتبہ انہیں شکست ہوئی اور صرف چند لوگ زندہ بچے۔ انہوں نے آپس میں کہا کہ اگر ہم نے پھر ان کے ساتھ لڑائی کی تو وہ ہم سب کو فنا کر کے رکھ دیں گے اور ایک شخص بھی ایسا نہیں بچے گا جو دینِ حق کی طرف لوگوں کو بلائے۔ انہوں نے مشورہ کیا کہ ہم زمین میں منتشر ہو جائیں۔ یہاں تک کہ وہ نبی مکرم تشریف لائے جس کی آمد کا وعدہ عیسیٰ علیہ السلام نے کیا تھا۔ پس وہ پہاڑوں کی غاروں میں منتشر ہو گئے اور انہوں نے رہبانیت کا آغاز کیا۔ ان میں سے کچھ لوگ تو اپنے دین کو مضبوطی سے پکڑے رہے اور بعض نے کفر اختیار کر لیا۔ پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت پاک تلاوت فرمائی۔

اس طرح اللہ کے بندے اپنے دین اور ایمان کو بچانے کے لیے جنگلوں اور پہاڑوں میں جا کر گوشہ نشین ہو گئے اور اپنی ساری زندگی عبادت و ریاضت میں بسر کر دی۔ اس عزلت گزینی سے ان کا مقصد صرف اللہ تعالیٰ کی خوشنودی تھا۔

اس حدیث پاک سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ جبر و تشدد کے ان اوقات میں ان کا یہ ایک اضطراری فعل تھا۔ ان کے ذہن میں قطعاً یہ بات نہ تھی کہ دنیا اور اہلِ دنیا سے کنارہ کشی دینِ عیسوی کی رُوحِ رواں ہے۔ اس کے بغیر نہ انسان روحانی ترقی کر سکتا ہے اور نہ اسے قربِ الٰہی کا شرف حاصل ہو سکتا ہے۔ انہوں نے جابر اور ظالم بادشاہوں کے ظلم و ستم سے اپنے آپ کو اور اپنے ایمان کو بچانے کے لیے مجبوراً یہ قدم اٹھایا تھا لیکن بعد میں آنے والوں نے اسی کو دین بنا لیا اور جیسے جیسے وقت گزرتا گیا اس میں اختراعات کا اضافہ ہوتا گیا۔ لوگوں نے اپنے اوپر تشدد اور پابندیوں کا اتنا بوجھ لاد لیا کہ زندگی وبالِ جان ہو گئی۔ کلیسا کے خانقاہی نظام کی تاریخ کا مطالعہ کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے کس طرح اپنی جائز خواہشات کا گلا گھونٹا۔ ازدواجی زندگی کو خیرباد کہی۔ یہاں تک کہ جو شخص کسی مذہبی خدمت

کو انجام دینے پر مقرر ہوتا اس کے لیے شادی شدہ ہونا بڑا عیب شمار ہوتا۔ غیر شادی شدہ آدمی اگر کلیسا کا عہدیدار بنتا تو اس کا شادی کرنا خارج از بحث تھا۔ لیکن جو لوگ پہلے سے شادی شدہ تھے ان پر لازمی تھا کہ وہ اپنی بیوی سے ازدواجی تعلقات منقطع کر دیں۔ اسی طرح عورتوں کو بھی شادی نہ کرنے پر طرح طرح سے ترغیب دی جاتی۔ سینٹ جیروم جیسا ممتاز مسیحی عالم کہتا ہے کہ "جو عورت مسیح کی خاطر راہبہ بن کر ساری عمر کنواری رہے وہ مسیح کی دلہن ہے اور اس عورت کی ماں کو خدا یعنی مسیح کی ساس ہونے کا شرف حاصل ہے۔"

ماں باپ، بھائی بہن اور اولاد سے بھی قطع تعلق رُوحانی مدارج طے کرنے کے لیے شرط اول تھی۔ جو لوگ رہبانیت اختیار کرتے وہ عمر بھر اپنے اہل وعیال اور ماں باپ سے الگ تھلگ رہتے۔ ایسے واقعات بھی تاریخ میں درج ہیں جنہیں پڑھ کر دل کٹ جاتا ہے اور رہبانیت کے اس سنگ دلانہ طرزِ حیات پر رونے کو جی چاہتا ہے۔ ایک دردناک واقعہ آپ بھی سُن لیجیے:

سینٹ سیمون (St. Simeon) اپنے ماں باپ کو تڑپتا چھوڑ کر کسی دَیر میں راہب بن گیا۔ ماں باپ کو اپنے بیٹے کا کچھ پتہ نہ چلا۔ باپ تو بیٹے کی جدائی میں راہیٔ ملکِ عدم ہوا۔ ماں تڑپنے اور رونے کے لیے باقی رہ گئی۔ اس پر ستائیس سال کا طویل عرصہ گزر گیا۔ جب اس سینٹ کی شہرت دور دور تک پھیل گئی تو ماں کو اپنے بیٹے کی قیامگاہ کا پتہ چلا۔ وہ بوڑھی ضعیفہ راہ کی مشقتیں برداشت کرتی ہوئی وہاں پہنچی۔ اس کی خانقاہ میں عورتوں کو داخلے کی اجازت نہ تھی۔ اس لیے اسے کسی نے اندر نہ جانے دیا۔ اس نے اپنے بیٹے کو کہلا بھیجا کہ میں تیری فرقت کی ماری ماں ہوں۔ صرف تمہیں ایک نظر دیکھنا چاہتی ہوں۔ یا مجھے اندر آنے کی اجازت دے یا خود باہر آکر مجھے اپنے مکھڑے کی ایک جھلک دکھا۔ لیکن اس سنگ دل بیٹے نے اپنی تڑپتی بلکتی ماں پر ذرا ترس نہ کھایا اور ملنے سے صاف انکار کر دیا۔ تین دن اور تین رات وہ بے چاری دروازے پر پڑی منتیں کرتی رہی۔ آخر اس نے وہیں دم توڑ دیا۔ اس وقت سینٹ صاحب تشریف لائے اور اپنی ماں کے لیے مغفرت کی دعا کی۔ اسے یہ خیال نہ آیا کہ جو بیٹا اپنی ماں کے بارے میں اس قدر سنگ دل اور بے رحم ہے اس کی دُعا کسی رحمت کی مستحق نہیں۔

اس کے علاوہ اپنے نفس کو اذیت پہنچانے کا ذوق بڑھنے لگا۔ انہوں نے عجیب عجیب اختراعیں کیں۔ کسی نے اپنے آپ کو زنجیر وسلاسل میں جکڑ دیا۔ کسی نے بھاری بوجھ اپنے اوپر لاد لیا۔ کسی نے اپنے اوپر نیند حرام کر لی۔ چنانچہ اسکندریہ کا سینٹ مکاریوس ہر وقت اپنے جسم پر اسّی پونڈ کا بوجھ اٹھائے رکھتا۔ چھ مہینے تک وہ ایک دلدل میں سوتا رہا اور زہریلی مکھیاں اس کے برہنہ جسم کو کاٹتی رہیں۔ یہ تحریک پھر اس زور سے چلی کہ عیسائی دنیا میں ایسی خانقاہوں کی بھرمار ہو گئی جہاں راہب مرد یا راہبہ خواتین آکر جمع ہو گئیں۔

انسانی فطرت کے تقاضوں سے جنگ کرنا کوئی آسان کام نہیں۔ عارضی فتوحات تو حاصل کی جا سکتی ہیں لیکن کلیۃً ان کی بیخ کنی ناممکن ہے۔ بلکہ جب رُکے ہوئے جذبات سیلاب کی طرح امڈ کر آتے ہیں تو سارے بند ٹوٹ جاتے ہیں۔ یہی حال کلیسا کے خانقاہی نظام کا ہوا۔ بڑے بڑے پوپ اور سینٹ دولت و ثروت میں اپنے وقت کے قارونوں کو بھی مات کر گئے۔ جن محلات میں وہ رہائش پذیر تھے ان کے سامنے شاہی ایوانوں کی بھی کوئی وقعت نہ تھی۔ وہ خانقاہیں جو کنواری راہبات کے لیے مختص تھیں، حرام کاری کے اڈوں میں تبدیل ہو گئیں۔ ان کی فصیلوں کے پرے نوزائیدہ بچوں کی لاشیں اکثر پڑی ہوئی دکھائی دیتیں۔ کلیسا کی تاریخ کا یہ بڑا اندوہناک اور شرمناک باب ہے جو اُن کے اپنے مؤرخین نے لکھا ہے۔

انہی بدعنوانیوں اور بدکاریوں کو قرآن حکیم میں فما رعوها حق رعایتها کے ایک جملہ میں بیان کر دیا ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ انہوں نے ترہب کو طلب ریاست کے لیے بطور زینہ استعمال کیا اور اس طرح لوگوں کے مال ہڑپ کرتے رہے۔

اسلام نے اپنے ماننے والوں کو اللہ تعالیٰ کی عبادت کی ترغیب دی۔ خواہشاتِ نفس کی پیروی سے روکا۔ دولت کی محبت اور دنیوی آسائشوں میں غرق ہونے سے منع کیا، لیکن اس نے ترک دنیا اور نفس کشی کا وہ طریقہ اپنے ماننے والوں کو نہیں سکھایا جو عیسائیت کے نظام رہبانیت کا خاصہ ہے۔ اسلام نے شادی کی اجازت دی ہے۔ اس نے کھیتی باڑی، تجارت اور صنعت کا شوق دلایا ہے۔ پاک صاف رہنے کی تلقین کی ہے۔ ماں باپ، بہن بھائی اور بیوی بچوں کے حقوق کی ادائیگی لازم قرار دی ہے۔ بلکہ اس نے ہر شخص پر ضروری قرار دیا ہے کہ وہ اپنے نفس کا حق بھی ادا کرے اور اسے ایسی مشقتوں میں مبتلا نہ کرے جو مضرِ صحت ہوں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم فرمایا کرتے :

لا تشددوا على انفسكم فيشدد الله عليكم فان قوما شددوا فشدد الله عليهم فتلك بقاياهم في الصوامع والديار۔ (ابوداؤد)

یعنی اپنے نفسوں پر سختی نہ کیا کرو، ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تم پر سختی کرے گا۔ ایک قوم نے اپنے اوپر ناروا سختی کی تو اللہ تعالیٰ نے بھی ان پر سختی کی۔

راہب خانوں اور خانقاہوں میں ان کے باقی ماندہ لوگ موجود ہیں۔ انہیں دیکھ لو۔

ایک دفعہ چند صحابہ آپس میں گفتگو کر رہے تھے۔ ایک نے کہا میں ہمیشہ ساری رات نماز پڑھا کروں گا۔ دوسرے نے کہا میں ہمیشہ روزہ رکھا کروں گا۔ تیسرے نے کہا میں شادی نہیں کروں گا۔ رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان کی یہ باتیں سنیں تو ارشاد فرمایا:

أما والله أني لأخشاكم لله وأتقاكم له لكني أصوم وأفطر وأصلي وأرقد وأتزوج النساء فمن رغب عن سنتي فليس مني۔ (بخاری ومسلم)

"خدا کی قسم! تم سب سے زیادہ میں اللہ سے ڈرنے والا ہوں۔ سب سے پرہیزگار ہوں۔ میرا معمول یہ ہے کہ میں روزہ بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں۔ راتوں کو نماز بھی پڑھتا ہوں اور سویا بھی کرتا ہوں اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں۔ جس نے میری اس سنت سے روگردانی کی اس کا میرے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔"

حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک غزوہ میں حضور کے ہمراہ سفر پر گئے۔ ہمارا ایک ساتھی ایک غار کے قریب سے گزرا جس میں پانی کا چشمہ تھا۔ اس کے دل میں خیال آیا کہ وہ اس غار میں آکر رہائش اختیار کرے گا۔ پینے کے لیے پانی بھی موجود ہے کھانے کے لیے سبزیاں کافی ہیں۔ دنیا سے بے تعلق ہو کر اپنا سارا وقت اللہ تعالیٰ کی یاد میں بسر کرے گا۔ کہنے لگا میں حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنا یہ ارادہ عرض کرتا ہوں۔ اگر حضور نے اجازت مرحمت فرمائی تو ایسا کروں گا اور اگر اجازت نہ ملی تو خیر۔ چنانچہ وہ حاضر خدمت ہوا اور اپنی خواہش کا اظہار کیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا :

اني لم ابعث باليهودية ولا بالنصرانية ولكني بعثت بالحنيفية السمحة والذي نفس محمد بيده لغدوة

وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَسِقُونَ ۝٢٧ يَاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوا

اور ان میں سے اکثر فاسق (و فاجر) تھے ۳۵؎ اے ایمان والو! تم ڈرتے رہا کرو اللہ سے اور (سچے دل سے) ایمان لے آؤ

بِرَسُولِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ

اس کے رسول (مقبول) پر اللہ تمہیں عطا فرمائے گا دو حصے اپنی رحمت سے اور بنا دے گا تمہارے لیے ایک نور جس کی روشنی میں تم

بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٢٨ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ

چلو گے اور بخش دے گا تمہیں۔ اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے ۳۶؎ (تم پر یہ خصوصی کرم اس لیے کیا) تاکہ جان لیں اہل کتاب

او روحة فی سبیل اللہ خیر من الدنیا وما فیہا ولمقام احدکم فی الصف الاول خیر من صلاتہ ستین سنة (مسند احمد قرطبی)

ترجمہ: میں یہودیت اور نصرانیت کے ساتھ مبعوث نہیں کیا گیا، بلکہ ملت حنیفیہ دے کر بھیجا گیا ہوں جس میں آسانی اور فراخی ہے اس ذاتِ پاک کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے ایک صبح یا ایک شام راہِ خدا میں جہاد دنیا اور مافیہا سے افضل ہے اور تمہارا مجاہدین کی صفِ اول میں کھڑا ہونا ساٹھ سال کی (نفلی) نماز سے بہتر ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان لکل امة رهبانية ورهبانية هذه الامة الجهاد فی سبیل اللہ (البغوی)

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہر امت کے لیے رہبانیت ہے اور میری امت کی رہبانیت راہِ خدا میں جہاد ہے۔ نصاریٰ نے تو ظالموں اور جابروں سے اپنی جان اور اپنا ایمان بچانے کے لیے جنگلوں اور پہاڑوں کی راہ لی، لیکن غلامانِ مصطفیٰ علیہ اطیب الصلوٰۃ وازکی الثناء کے لیے یہ طریقہ کار روا نہیں۔ باطل کے سامنے سینہ سپر رہنا، سیف و سناں، قلم و زباں سے معرکہ جہاد گرم رکھنا اور اسی حالت میں جان دے دینا اسلامی رہبانیت کا کمال ہے۔

۳۵؎ جن لوگوں نے خلوصِ نیت سے رہبانیت کو اختیار کیا۔ پھر اس کے تقاضوں کو پورا کیا اللہ تعالیٰ انہیں ان کے خلوصِ نیت اور حسنِ عمل کے مطابق اجر عطا فرمائے گا۔ لیکن ان میں سے اکثر لوگ ایسے تھے جنہوں نے ترکِ دنیا کو حصولِ مال و جاہ کا ذریعہ بنایا۔ راہِ اعتدال سے بھٹک گئے اور فسق و فجور کی غلاظتوں میں ڈوب گئے۔

۳۶؎ علمائے تفسیر نے اس آیت کے دو مفہوم بیان کیے ہیں: اہل کتاب میں سے جو لوگ حضرت موسیٰ اور عیسیٰ علیہما السلام کے صحیح دین پر قائم تھے انہیں ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ تمہیں پہلے انبیاء پر ایمان لانے کی سعادت حاصل ہے۔ اب خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بھی ایمان لے آؤ جن پر ایمان لانے کی تاکید تمہارے انبیاء نے کی ہے اور جن کی آمد کی بشارتوں سے تمہاری آسمانی کتب بھری پڑی ہیں۔ ان پر بھی سچے دل سے ایمان لاؤ تو تمہیں اس کی رحمت سے دوہرا حصہ ملے گا۔ قرآن کریم جو سراپا نور ہے اس کے انوار سے تمہاری

اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ

کہ ان کا کوئی قابو نہیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم پر ۳۷ اور یہ کہ فضل تو اللہ تعالیٰ کے دست قدرت

اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾

میں ہے نوازتا ہے اس سے جس کو چاہتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ صاحب فضل عظیم ہے ۳۸

دنیا اور آخرت جگمگانے لگے گی۔ تمہارے سابقہ گناہ بخش دیے جائیں گے۔

آیت کا دوسرا مفہوم یہ بیان کیا گیا ہے کہ مسلمانوں کو ہی تقویٰ کا حکم دیا جا رہا ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر ایمان لانے کے تقاضوں کو پورا کرنے کی تلقین کی جا رہی ہے۔

۳۷ اہل کتاب اس زعم میں مبتلا تھے کہ وہ حضرت موسیٰ جیسے جلیل القدر رسول اور کلیم کے اُمتی ہیں۔ انہیں اس نبی عربی کی اطاعت اور اس پر ایمان لانے کی کیا ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ساری رحمتیں اور انعامات ان ہی کے لیے مخصوص ہیں۔ ان عرب کے بدوؤں کا رحمتِ الٰہیہ میں کوئی حصہ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے ایمان والو! تقویٰ کو اپنا شعار بنالو۔ میرے پیارے رسول پر ایمان لانے کا حق ادا کرو اور اس کی غلامی پر فخر و ناز کرو تاکہ میں تم پر اپنی عنایات اور انعامات کی انتہا کر دوں جنہیں دیکھ کر اہل کتاب کو پتہ چل جائے کہ میرے رحمت کے خزانے پر ان کا کوئی قابو نہیں۔ میں جس کو چاہوں جتنا چاہوں عطا فرماتا ہوں۔

لئلا یعلم میں لا زائد ہے۔ معنی ہے لیعلم۔ قال ابن جریر لان العرب تجعل لا صلة فی کل کلام دخل فی اوله او اٰخره جحد غیر مصرح۔ یعنی وہ کلام جس کے اول یا آخر میں غیر مصرح انکار ہو' وہاں "لا" بطور صلہ استعمال ہوتا ہے۔

۳۸ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور جود و عطا کی کوئی انتہا نہیں۔ نہ اس کے خزانے ختم ہوتے ہیں اور نہ اس کے ہاتھ تھکتے ہیں۔ لینے والے کا حوصلہ بلند، ظرف وسیع اور دامن کشادہ ہو تو پھر اللہ تعالیٰ کی سخاوت کے انداز دیدنی ہوتے ہیں۔

○

اللّٰھم یا ذا الفضل العظیم والجود العمیم ھذا الفقیر المسکین حاضر علی باب رحمتك مادا یدیه الی جنابك مسترحما مستغفرا ملتجیا ملاذك ومعترفا بقصوره وذنوبه وخطیئاته وسیئاته التی لا تعد ولا تحصیٰ اللّٰھم اغفرلی بجاہ حبیبك اللّٰھم ارحمنی واسترنی فی الدنیا والاٰخرة وایدنی بروح القدس ووفقنی لما تحب وترضی یا حی یا قیوم برحمتك استغیث لا تکلنی الی نفسی طرفة عین واصلح لی شانی کله۔ اللّٰھم یا رب صل وسلم وبارك علی نبیك المحترم ورسولك المعظم وصفیك الاکرم شفیع المذنبین رحمة للعٰلمین وعلی اٰله واصحابه۔ من الصلوات ازکاھا ومن التسلیمات اسناھا ومن البرکات انماھا سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰه الا اللہ واللہ اکبر وللہ الحمد۔

تعارف

سُورہ المجادلہ

نام : اس کے دو نام ہیں اَلْمُجَادَلَہ جو باب مفاعلہ کا مصدر ہے۔ اس کا معنی ہے "بحث و تکرار"۔ دوسرا نام "اَلْمُجَادِلَہ" جو اسی باب کا اسم فاعل مؤنث کا صیغہ ہے۔ اس کا معنی ہے "بحث و تکرار کرنے والی"۔ اس میں تین رکوع، بائیس آیتیں، چار سو تہتر کلمے اور سترہ سو بانوے حروف ہیں۔

زمانۂ نزول : یہ سورۃ مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی اور اغلب خیال یہ ہے کہ اس کا نزول غزوۂ احزاب (شوال ۵ ھ) کے بعد ہوا۔ سورۂ احزاب میں جو اس غزوہ کے بعد نازل ہوئی ظہار کے مسئلہ کو اجمالاً بیان کیا گیا ہے اور اس سورۃ میں اسی مسئلہ کو وضاحت اور پوری تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سورت سورۂ احزاب کے بعد نازل ہوئی۔

شانِ نزول : حضرت خولہ بنت ثعلبہ اپنے چچا زاد اوس ابن صامت کے ساتھ بیاہی ہوئی تھیں حضرت اوس جب بوڑھے ہو گئے تو ان کے مزاج میں چڑچڑا پن آگیا۔ بات بات پر وہ لڑنا جھگڑنا شروع کر دیتے۔ ایک روز جھگڑتے ہوئے انہوں نے اپنی بیوی کو کہہ دیا "اَنْتِ عَلَیَّ کَظَهْرِ اُمِّی (تو مجھ پر اس طرح ہے جس طرح میری ماں کی پیٹھ) زمانۂ جاہلیت میں یہ طلاق کے الفاظ تھے۔ خولہ یہ سن کر از حد پریشان ہوئیں۔ بڑھاپے میں اپنے گھر کے اجڑنے کا غم اور اپنے ننھے بچے بچیوں کے فکر نے انہیں بے چین کر دیا۔ بارگاہِ رسالت میں آکر اپنے بارے میں دریافت کیا۔ حضور نے فرمایا کہ اس مسئلہ کے بارے میں ابھی مجھ پر کوئی حکم نازل نہیں ہوا۔ وہ بار بار عرض کرتیں میں اس پیرانہ سالی میں کہاں جاؤں گی، میرے بچوں کا کیا بنے گا میرا بنا بنایا گھر اجڑ جائے گا۔ حضور یہی جواب فرماتے رہے یہاں تک کہ حضور پر وحی کی کیفیت طاری ہو گئی اور اس مسئلہ کے بارے میں تفصیلی احکام نازل ہوئے۔

قرآنِ کریم میں اُن کا تذکرہ آنے کے باعث صحابہ کی نگاہوں میں ان کی قدر و منزلت بہت بڑھ گئی سب ان کا احترام کیا کرتے۔ ایک روز حضرت فاروقِ اعظم اپنے دورِ خلافت میں کہیں جا رہے تھے۔ آپ کے ساتھ دوسرے بہت سے لوگ بھی تھے۔ ایک بوڑھی عورت سامنے آئی اور آپ کو رکنے کے لیے کہا۔ آپ فوراً رک گئے اور اس کے قریب تشریف لے گئے۔ اُس کی باتیں سُننے کے لیے اس کی طرف اپنا سر جھکا دیا اور اپنے ہاتھ اُس کے کندھے پر رکھ دیے یہاں تک کہ وہ اپنی پوری داستان ختم کر کے واپس چلی گئیں۔ ایک شخص نے عرض کیا :

" امیرالمومنین ! آپ نے ایک بڑھیا کے لیے اتنے قریش کو منتظر رکھا۔ " آپ نے فرمایا : " اے کم فہم ! تم جانتے

ہو یہ کون ہے ؟ اس نے کہا نہیں ۔ آپ نے فرمایا : یہ وہ عورت ہے جس کے شکوہ کو اللہ تعالیٰ نے سات آسمانوں کے اُوپر سن لیا ، یہ خولہ بنتِ ثعلبہ ہیں ۔ اگر یہ رات تک کھڑی رہتیں تو میں یوں ہی کھڑا رہتا “

مضامین : ابتدائی چار آیتوں میں ظہار کے مسئلہ کو تفصیل سے بیان کر دیا گیا ہے ۔ پانچویں اور چھٹی آیت میں اُن لوگوں کو تنبیہ کی گئی جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں ۔ ساتویں اور آٹھویں آیت میں منافقین جو خفیہ منصوبے بناتے اور چھپ چھپ کر مشورے کرتے اور اسلام کے خلاف طرح طرح کی سازشیں کرتے ، انہیں خبردار کر دیا گیا کہ جہاں بھی سر جوڑ کر تم بیٹھتے ہو اور سرگوشیاں کرتے ہو اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہوتا ہے ، تمہاری باتوں کو سن رہا ہوتا ہے اور تمہاری حرکتوں سے خوب واقف ہوتا ہے ۔ وہ یقین رکھیں کہ اپنی ان ناپاک کوششوں سے وہ اسلام کو کوئی گزند نہیں پہنچا سکیں گے ، البتہ اس کی پاداش میں انہیں جہنم کا ایندھن بنا دیا جائے گا ، اور یہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے ۔

اس کے بعد مسلمانوں کو نصیحت فرمائی جا رہی ہے کہ تمہاری سرگوشیاں اور مشورے اپنے خدا کے خلاف علمِ بغاوت بلند کرنے کے لیے نہیں ہونے چاہئیں بلکہ تمہیں اپنی مجلسوں میں ایسی تدابیر پر غور و فکر کرنا چاہیے جن سے نیکی کو فروغ حاصل ہو اور خدا کے دین کا بول بالا ہو ۔

آیات ۱۱ ، ۱۲ ، ۱۳ میں مجلسی آداب کی تعلیم دی جا رہی ہے کہ جب تم کسی محفل میں بیٹھے ہو اور باہر سے کوئی آدمی آجائے تو سکڑ جاؤ اور اس کو اپنے پہلو میں جگہ دو ۔ ایسا نہ ہو کہ اسے دہلیز پر بیٹھنا پڑے یا وہ کھڑا رہنے پر مجبور ہو اور یا وہ محروم واپس چلا جائے نیز تمہیں یہ بھی خیال رکھنا چاہیے کہ جس شخص کی ملاقات کے لیے تم آئے ہو اس کی اپنی مصروفیتیں بھی ہیں ۔ اس لیے ضرورت کے مطابق بیٹھو اور اس کے بعد خود بخود اجازت لے کر چلے جاؤ ۔ اگر اس نے تمہیں اپنی محفل سے اٹھنے کے لیے کہا تو تمہاری دل شکنی ہوگی ۔ اسی طرح کی کئی اور رسمیں جو عہدِ جاہلیت میں ان کی زندگی کا حصہ بن چکی تھیں ان کو ترک کرنے کا حکم دیا ۔

آخری رکوع میں بتا دیا کہ انسانوں کے دو گروہ ہیں ایک حزب الشیطان ہے اور دوسرے گروہ کا نام حزب اللہ ہے ۔ دونوں گروہوں کے حالات اور ان کی خصوصیات بھی بیان کر دیں تاکہ ہر شخص اپنے بارے میں فیصلہ کر سکے کہ وہ کس گروہ میں شامل ہونا چاہتا ہے ۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۲۲-۴-۷۷

سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اثْنَتَانِ وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ المجادلہ مدنی ہے اوراس کی ۲۲ آیتیں اور ۳ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ

بے شک اللہ تعالیٰ نے سُن لی اس کی بات جو تکرار کر رہی تھی آپ سے اپنے خاوند کے بارے میں اور (ساتھ ہی) شکوہ کیے جاتی تھی اللہ سے

اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ①

(اپنے رنج وغم کا) اور اللہ سُن رہا تھا تم دونوں کی گفتگو۔ بے شک اللہ (سب کی باتیں) سننے والا (سب کچھ) دیکھنے والا ہے [1]

[1] اسلام سے پہلے عرب میں یہ رواج تھا کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے یہ کہتا کہ انتِ علیّ کظھر اُمی۔ تُو مجھ پر اس طرح ہے جس طرح میری ماں کی پشت تو اس قول سے وہ نکاح ٹوٹ جاتا اور وہ عورت اس پر ہمیشہ کے لیے حرام ہو جاتی۔ رجوع کا دروازہ بھی بند ہو جاتا۔ اس کو وہ اپنی اصطلاح میں ظہار کہا کرتے۔

اسلام میں سب سے پہلے ظہار کا جو واقعہ پیش آیا اس کے بارے میں اس سورت کی ابتدائی آیات نازل ہوئیں جن میں ظہار کے متعلق قرآنی احکام کو وضاحت سے بیان کر دیا گیا۔

ہوا یوں کہ ایک روز حضرت عبادہؓ کے بھائی اوس ابن صامتؓ اپنی بیوی حضرت خولہ بنت ثعلبہ پر کسی وجہ سے ناراض ہو گئے۔ بڑھاپے کی وجہ سے ان کا مزاج بڑا چڑچڑا ہو گیا تھا۔ غصے سے کہہ دیا انتِ علیّ کظھر اُمی۔ زبان سے تو کہہ بیٹھے لیکن لگے پچھتانے۔ خولہ کو پاس بلانے کی کوشش کی۔ اس نیک بندی نے جواب دیا۔ اس خدا کی قسم جس کے قبضہ میں خولہ کی جان ہے۔ جب تک اللہ اور اس کا رسول ہمارے بارے میں فیصلہ نہ فرمائیں تم میرے نزدیک نہیں آسکتے۔ خولہ اٹھیں اور حضورؐ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا اے اللہ کے پیارے رسول! اوس نے جب میرے ساتھ شادی کی تھی اس وقت میں جوان تھی، صاحبِ مال تھی، میرے گھر والے بھی موجود تھے۔ اب میرا شباب رخصت ہو چکا۔ میں بوڑھی ہو گئی۔ میرے گھر والے بھی نہ رہے۔ مال بھی خرچ ہو گیا۔ اب اوس نے مجھے یہ الفاظ کہے ہیں۔ حضور کیا ہمارے لیے کوئی گنجائش ہے کہ ہم ایک ساتھ رہ سکیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ تیرے بارے میں ابھی تک مجھے کوئی حکم نہیں ملا۔ اس نے پھر عرض کیا یا رسول اللہ اس نے طلاق کا لفظ تو نہیں کہا۔ وہ بار بار یہ کہتی رہی اور حضور یہی جواب دیتے رہے ساتھ ہی وہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں بھی فریاد کرتی رہی کہ الٰہی میں اپنی تنہائی اور اپنے خاوند سے جدائی کا شکوہ تجھ سے کرتی ہوں۔ ایک روایت

الَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ؕ

جو لوگ تم میں سے ظہار کرتے ہیں اپنی بیویوں سے وہ ان کی مائیں نہیں ہیں۔

اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـِٔيْ وَلَدْنَهُمْ ؕ وَ اِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا

نہیں ہیں ان کی مائیں بجز ان کے جنہوں نے انہیں جنا ہے [۲] بے شک یہ لوگ کہتے ہیں بہت بُری

ہیں ان کے یہ الفاظ درج ہیں: "اپنے فاقہ اور خستہ حالی کا شکوہ میں اللہ تعالیٰ سے کرتی ہوں۔ میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔ اگر میں انہیں ان کے باپ کے سپرد کرتی ہوں تو وہ ضائع ہو جائیں گے اور ان کو اپنے پاس رکھتی ہوں تو وہ بھوکوں مر جائیں گے۔" بار بار وہ آسمان کی طرف منہ اٹھاتیں اور فریاد کرتیں۔ بحث و تکرار کا سلسلہ ابھی جاری تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی غم زدہ اور پریشان حال بندی کی فریاد سن لی اور جبریل امین یہ آیات لے کر نازل ہوئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا یا خولۃ اِبشری اے خولہ مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ نے تیرے بارے میں حکم نازل فرمادیا۔ جاؤ اپنے خاوند کو بلا لاؤ۔ اوس حاضر ہوئے تو حضور نے ارشاد فرمایا کہ غلام آزاد کرو۔ عرض کیا میرے پاس تو کوئی غلام نہیں۔ فرمایا پھر دو ماہ متواتر روزے رکھو۔ عرض کیا یا رسول اللہ اگر میں دن میں تین مرتبہ نہ کھاؤں تو میری بینائی جواب دینے لگتی ہے۔ میں اتنی مدت کیسے روزے رکھ سکتا ہوں۔ ارشاد ہوا پھر ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔ عرض کرنے لگے آقا میں بہت غریب و نادار ہوں۔ حضور میری مدد فرمائیں تو میں کھانا کھلا سکتا ہوں۔ اس غریب پرور آقا نے انہیں پندرہ صاع اپنے پاس سے عطا فرمائے انہوں نے ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلایا۔ اس طرح حضرت خولہ پھر اپنے گھر میں آباد ہو گئیں۔ قد سمع اللہ کی آیت انہی کے بارے میں نازل ہوئی۔

اس خصوصیت کی وجہ سے صحابہ کرام ان کا بہت زیادہ احترام کیا کرتے تھے۔ ایک دفعہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے عہد خلافت میں حضرت خولہ کے پاس سے گزرے آپ دراز گوش پر سوار تھے۔ لوگوں کا ایک ہجوم ساتھ تھا۔ حضرت خولہ نے ان کو روک لیا اور نصیحت کرنے لگیں۔ کہا اے عمرؓ! وہ دن تجھے یاد ہیں جب تمہیں عُمیر کہا جاتا تھا۔ پھر تمہیں عمر کہا جانے لگا اور اب تمہیں لوگ امیر المؤمنین کہنے لگے ہیں۔ پس اے عمر اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو۔ جو شخص موت پر یقین رکھتا ہے اسے اندیشہ رہتا ہے کہ کوئی ضروری چیز رہ نہ جائے۔ جسے حساب کا یقین ہوتا ہے وہ عذاب سے ڈرتا رہتا ہے۔ آپ بڑے صبر و تحمل سے کھڑے ان کی نصیحت کو سنتے رہے جب کافی وقت گزر گیا تو لوگوں نے عرض کیا اے امیر المؤمنین اس بڑھیا کے لیے آپ اتنی دیر کھڑے رہیں گے۔ آپ نے فرمایا بخدا اگر یہ مجھے صبح سے شام تک روکے رکھے تو میں کھڑا رہوں گا۔ صرف نماز کے اوقات میں رخصت لوں گا۔ کیا تم نہیں جانتے یہ بوڑھی کون ہے۔ یہ خولہ بنت ثعلبہ ہے۔ جس کی فریاد کو اللہ تعالیٰ نے سات آسمانوں کے اوپر سنا۔ کیا یہ ہو سکتا ہے کہ رب العالمین تو اس کی بات سُنے اور عمر نہ سُنے؟

[۲] اس آیت میں اس طریقہ کار کی مذمت کی جا رہی ہے کہ یہ کتنی بے ہودہ اور بُری حرکت ہے کہ انسان اپنی بیوی کو

مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝ وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ

بات اور جھوٹ۔ اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ بہت درگزر فرمانے والا بہت بخشنے والا ہے[۳] جو لوگ ظہار کر بیٹھیں

مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ

اپنی عورتوں سے[۴] پھر وہ پلٹنا چاہیں اس بات سے جو انھوں نے کہی تو (ان کا تاوان) غلام آزاد کرنا ہے اس سے

اپنی ماں کہنا شروع کر دے۔ کیا اس کے اس طرح کہنے سے وہ اس کی ماں بن سکتی ہے۔ ماں تو وہ ہوتی ہے جس نے اس کو جنا۔ ایک عورت جس نے اس کو جنا نہیں بلکہ عرصے سے اس کی بیوی بنی ہوئی ہے اور اس کے بطن سے اس کے کئی بچے اور بچیاں جنم لے چکے ہیں، اب اگر اس عورت کو اپنی ماں کہنے لگے تو اس سے بے ہودہ اور لغو بات اور کیا ہو سکتی ہے؟ فرمایا ایسی بات ایک تو فی نفسہٖ بڑی لغو ناشائستہ اور غیر پسندیدہ ہے، دوسرا یہ سراسر جھوٹ ہے۔ جو اس کی ماں نہیں اس کو وہ اپنی ماں کہہ رہا ہے۔

۳؎ چاہیے تو یہ تھا کہ اسے اس بیہودہ سرائی پر سخت سزا دی جاتی، لیکن اللہ تعالیٰ بہت درگزر فرمانے والا اور اپنے بندوں کے قصوروں کو بخشنے والا ہے۔ اس لیے اس کریم نے عفو و درگزر سے کام لیا اور جرم جتنا سنگین تھا اس کے مطابق سزا اتنی سخت مقرر نہیں کی۔

۴؎ آپ پہلے پڑھ چکے ہیں کہ ظہار اصطلاح میں اس کو کہا جاتا ہے کہ کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے انتِ علیَّ کظھر امّی ایسے شخص پر لازم ہے کہ وہ بیوی سے قربت سے پہلے کفارہ ادا کرے۔ اس ضمن میں ظہار کے چند ضروری فقہی احکام لکھے جاتے ہیں تفصیلات کے لیے کتب فقہ کی طرف رجوع فرمائیے۔

① اگر کسی شخص نے ماں کی پشت کے علاوہ کسی ایسے عضو کا ذکر کیا جس کو دیکھنا اس کے لیے حلال نہیں تو بھی ظہار پایا جائے گا اور اس پر کفارۂ ظہار لازم ہو گا۔

② اگر اس نے اپنی بیوی کو کسی ایسی عورت کی پیٹھ یا اس کے اعضاء سے جن کو دیکھنا حرام ہے، تشبیہ دی جو اس پر ہمیشہ کے لیے ابتداءً حرام ہیں، مثلاً دادی، نانی، پھوپھی، خالہ، بہن، بیٹی تو یہ بھی ظہار ہو گا۔

③ اسی طرح ایسی عورتوں سے تشبیہ دینا جو ابتداءً تو حرام نہیں لیکن بعد میں کسی وجہ سے ہمیشہ کے لیے حرام ہو گئی ہیں تو یہ بھی ظہار ہو گا۔ مثلاً رضاعی ماں، باپ کی دوسری بیوی وغیرہ۔

④ مدخولہ اور غیر مدخولہ دونوں بیویوں سے ظہار درست ہے۔

⑤ اگر ایک سے زائد بیویاں تھیں اور سب سے ظہار کیا تو جتنی بیویاں ہوں گی اتنے کفارے دینے ہوں گے۔

⑥ عورت کو ظہار کرنے کا حق نہیں ہے یعنی اگر عورت اپنے خاوند کو کہے کہ تو مجھ پر ایسا ہے جیسے میرے باپ کی پشت یا میں تجھ پر ایسی ہوں جیسے تیری ماں کی پشت تو یہ ظہار نہیں ہو گا، کیونکہ ظہار کا حق اسے ہی ہے جسے طلاق کا حق حاصل ہے۔ البتہ عورت

قَبۡلِ اَنۡ یَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِکُمۡ تُوۡعَظُوۡنَ بِہٖ ؕ وَ اللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ

قبل کہ وہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں۔ یہ ہے جس کا تمہیں حکم دیا جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ جو تم کر رہے ہو (اس سے)

خَبِیۡرٌ ﴿۳﴾ فَمَنۡ لَّمۡ یَجِدۡ فَصِیَامُ شَہۡرَیۡنِ مُتَتَابِعَیۡنِ مِنۡ

آگاہ ہے ۵ پس جو شخص غلام نہ پائے تو وہ دو ماہ لگاتار روزے رکھے اس سے

کا یہ قول قسم ہوگی۔ گویا اس نے قسم اٹھائی ہے کہ وہ مخالفت نہیں کرے گی اس لیے اس پر قسم کا کفارہ ہوگا۔

⑦ اگر کسی عورت نے نکاح سے پہلے کسی مرد کے بارے میں ظہار کے الفاظ استعمال کیے تو اس وقت یہ ظہار ہوگا اور نکاح کے بعد عورت پر لازم ہوگا کہ وہ کفارۂ ظہار ادا کرے۔ اس کی تائید کے لیے ایک روایت پیش کی جاتی ہے۔ حضرت طلحہ کی صاحبزادی عائشہ کے متعلق حضرت مصعب بن زبیر نے نکاح کا پیغام بھیجا۔ انھوں نے اس پیغام کو رد کر دیا اور کہا کہ اگر میں مصعب سے نکاح کروں تو ھو علی کظھر ابی۔ وہ مجھ پر اس طرح ہے جس طرح میرے باپ کی پشت۔ لیکن بعد میں وہ اس شادی پر رضامند ہوگئیں۔ مدینہ طیبہ کے فقہاء سے یہ مسئلہ پوچھا گیا تو انھوں نے کہا کہ عائشہ پر کفارۂ ظہار لازم آتا ہے۔ کیونکہ اس نے یہ بات اس وقت کہی تھی جب اسے نکاح کرنے یا نہ کرنے کا اختیار تھا۔ اگر نکاح کے بعد وہ ایسا کہتیں تو ظہار نہ ہوتا بلکہ یمین ہوتی اور انہیں کفارۂ یمین ادا کرنا پڑتا۔

⑧ جن الفاظ سے ظہار ثابت ہوتا ہے ان کی دو قسمیں ہیں، صریح اور کنایہ۔ صریح تو یہ ہیں کہ اپنی بیوی کو اپنی ماں کی پشت یا کسی ایسے عضو سے تشبیہ دے جس کا دیکھنا اس کے لیے حلال نہیں تو یہ صراحتاً ظہار ہے۔ اسی طرح اپنی بیوی کو ان عورتوں کی پشت یا ان کے ایسے اعضاء سے تشبیہ دے جن کا دیکھنا حلال نہیں جو ابتداً یا بعد میں کسی وجہ سے مؤبداً حرام ہیں تو یہ بھی صراحتاً ظہار ہے۔ اس میں اس کی نیت کا اعتبار نہیں۔ وہ ہزار کہے کہ میرا مقصد ظہار کا نہ تھا تو قابلِ تسلیم نہ ہوگا۔

اور اگر اپنی بیوی کے متعلق یہ کہے کہ یہ مجھ پر اس طرح ہے جس طرح یہ عورتیں جو مذکور ہوئیں اور ان کے کسی عضو کا نام نہ لے تو اس صورت میں یہ کنایہ ہوگا۔ اس کا معنی متعین کرنے میں اس کی نیت کو دخل ہوگا۔ اگر وہ کہے کہ میں نے عزت و تکریم کے لیے یہ لفظ استعمال کیا ہے تو مان لیا جائے گا اور اگر ظہار کی نیت سے کہا ہوگا تو ظہار ہوگا اور اگر اس نے اس لفظ سے طلاق کی نیت کی ہے تو طلاق ہو جائے گی۔

۵ یعنی ایک مرتبہ تو خاوند نے ایسی بات زبان سے نکالی ہے جس سے اپنی بیوی سے مقاربت اس کے لیے جائز نہیں رہی لیکن اگر وہ اس کہی ہوئی بات سے واپس لوٹنا چاہے یعنی اپنی بیوی کو پہلے کی طرح اپنے لیے حلال کرنا چاہے تو اس وقت اس پر کفارہ ادا کرنا لازم ہوگا اور اگر وہ کفارہ ادا نہ کرے تو عورت عدالت سے رجوع کر سکتی ہے اور عدالت اس خاوند کو حکم دے گی کہ وہ کفارہ ادا کرے اور اس طرح حرمت کی اس دیوار کو درمیان میں سے ہٹائے جو اس نے اپنے اور اپنی بیوی کے درمیان قائم کر دی تھی۔ اگر وہ شخص اس کے باوجود کفارہ ادا نہ کرے تو عدالت اسے کوڑے لگانے یا قید کرنے یا دونوں سزائیں دے سکتی ہے۔

قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ۚ

قبل کہ وہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں ؎ اور جو اس پر بھی قادر نہ ہو تو وہ کھانا کھلائے ساٹھ مسکینوں کو ؎

ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۚ وَ

یہ اس لیے کہ تم تصدیق کرو اللہ اور اس کے رسول (کے فرمان) کی۔ اور یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدیں ہیں ؎ اور

اگر کوئی شخص کفارہ ادا کیے بغیر عورت کے ساتھ مقاربت کرتا ہے تو وہ گنہگار ہوگا۔ اسے سچے دل سے توبہ کرنی چاہیے لیکن کفارہ ایک ہی اسے ادا کرنا پڑے گا۔ ثم یعودون لما قالوا کا ایک اور مفہوم بھی علمائے ظاہر نے بتایا ہے۔ وہ یہ کہ اگر ایک مرتبہ اس نے ایسے الفاظ کہے تو اس سے کوئی مواخذہ نہ ہوگا لیکن اگر وہ دوبارہ ان الفاظ کو دہرائے تب اس پر کفارہ لازم آئے گا۔ یہ قول بالاتفاق مردود ہے۔

فتحریر رقبۃ: یہاں سے کفارۂ ظہار کا تفصیلی بیان شروع ہو رہا ہے۔ اس پر سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ وہ رقبۃ آزاد کرے۔ خواہ وہ مرد ہو یا عورت، بڑا ہو یا چھوٹا۔ قبل ان یتماسا سے یہ بات بیان کر دی کہ غلام آزاد کرنے سے پہلے وہ اس کو ہاتھ بھی نہیں لگا سکتا۔ گویا مقاربت اور اس کے دواعی سب حرام ہیں۔ آیت میں توعظون به کا معنی علامہ قرطبی نے تؤمرون به کیا ہے یعنی تمہیں یہ حکم دیا جاتا ہے۔ اور علامہ آلوسی نے اس کا معنی تزجرون به کیا ہے یعنی اس کفارہ کے ذریعے تمہیں زجر و توبیخ کی جا رہی ہے کہ تم پھر ایسی حرکت نہ کرو۔

؎ لیکن اگر غلام دستیاب نہیں یا اس کے پاس کوئی غلام نہیں اور اس میں غلام خریدنے کی طاقت بھی نہیں تو وہ لگاتار دو ماہ روزے رکھے۔ اس کے لیے بھی شرط یہ ہے کہ اسے چھونے سے پہلے یہ روزے مکمل کرے۔ اگر اس نے درمیان میں مقاربت کی تو اس کو نئے سرے سے روزے رکھنے پڑیں گے۔ روزہ رکھنے والے کو چاہیے کہ وہ ایسے وقت میں روزے شروع کرے کہ اس مدت میں ماہ رمضان، عید الفطر اور ایام تشریق نہ آئیں تاکہ وہ مسلسل روزے رکھ سکے۔

اگر کسی شخص نے روزے رکھنے شروع کیے اور وہ بیمار ہو گیا یا اسے سفر پر جانا پڑا اور وہ روزے نہ رکھ سکا تو احناف کے نزدیک از سر نو روزے شروع کرے۔

؎ لیکن اگر وہ روزہ رکھنے پر بھی قادر نہ ہو تو پھر وہ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔ قادر نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس کی جسمانی صحت اس کی متحمل نہ ہو یا وہ بوڑھا ہو اور اتنا عرصہ لگاتار روزے رکھنا اس کے لیے دشوار ہو یا اسے اندیشہ ہو کہ وہ مسلسل دو ماہ تک عورت سے احتراز نہیں کر سکتا۔ درمیان میں اس سے پھر بے احتیاطی ہو جائے گی۔

؎ یہاں لتؤمنوا سے مراد لتصدقوا یعنی تم پر لازم ہے کہ تم اس کی تصدیق کرو کہ یہ اللہ اور اس کے رسول کا ارشاد ہے۔ اس کا مفہوم یہ بھی بیان کیا گیا ہے ای ذالک لتکونوا مطیعین للہ تعالیٰ واقفین عند حدوده لا تتعدوها یعنی

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَ

منکرین کے لیے دردناک عذاب ہے ۶ بے شک جو لوگ مخالفت کر رہے ہیں اللہ اور اس کے

رَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَ قَدْ اَنْزَلْنَاۤ

رسول کی ۷ انہیں ذلیل کیا جائے گا جس طرح ذلیل کیے گئے وہ (مخالفین) جو ان سے پہلے تھے ۸ اور بے شک ہم نے

تم اللہ تعالیٰ کے مطیع ہو جاؤ۔ اس کی مقرر کی ہوئی حدود کے پاس کھڑے ہو جاؤ اور ان کو پامال مت کرو۔

۶ یہاں کفار سے مراد وہ لوگ نہیں جو اللہ تعالیٰ کی توحید یا حضور کی رسالت کا انکار کرتے ہیں بلکہ اس سے وہ لوگ مراد ہیں جو اللہ تعالیٰ کے احکام کو تسلیم نہیں کرتے اور اس کی قائم کی ہوئی حدود کو پھاند کر آگے نکل جاتے ہیں۔

علامہ پانی پتی لکھتے ہیں: الذين لا يقبلون احكام الله تعالى ولا يمتنعون عن المحرمات ويتجاوزون عن حدوده۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں: الذين يتعدونها ولا يعملون بها واطلق الكافر على متعدى الحدود تغليظا بزجره ونظير ذلك قوله تعالى ومن كفر فان الله غنى عن العالمين (روح المعانی)

یعنی جو لوگ حدود سے تجاوز کرتے ہیں اور ان پر عمل نہیں کرتے ایسے لوگوں کو کافر اس لیے کہا گیا ہے تاکہ ان کو سختی سے باز رکھا جائے۔ جس طرح ومن کفر میں کفر سے مراد حقیقی کفر نہیں بلکہ زجر و توبیخ کے لیے انکار کو کفر سے تعبیر کیا گیا ہے۔

۷ یحادون کا مصدر محادۃ ہے۔ اس لفظ کی تشریح کرتے ہوئے ابن منظور لکھتے ہیں: المحادة: المعاداة والمخالفة والمنازعة وهو مفاعلة من الحد كان كل واحد منهما يجاوز حده الى الأخر (لسان العرب)

یعنی محادۃ کا معنی عداوت کرنا، مخالفت کرنا اور جھگڑا کرنا ہے۔ اس کا اصل ماخذ حدٌّ ہے کیونکہ دونوں اپنی اپنی حد سے تجاوز کر کے دوسرے کی حد میں مداخلت کرنا چاہتے ہیں اس لیے اسے محادۃ کہا جاتا ہے۔

اس تشریح کی روشنی میں آیت کا مطلب یہ ہو گا کہ جو لوگ اپنی بندگی کی حدود کو پھاند کر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی حدود میں مداخلت بے جا کا ارتکاب کرتے ہیں، قانون سازی کا جو حق صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے لیے مخصوص ہے اس حق کو اپنے ہاتھ میں لے لیتے ہیں اور اللہ کے بندوں کے لیے خود قانون وضع کرنا شروع کر دیتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جن کا ذکر اس آیت طیبہ میں کیا جا رہا ہے۔ علامہ بیضاوی نے اس آیت کی تفسیر ان الفاظ سے کی ہے: او يضعون او يختارون حدودا غير حدود الله تعالى ورسوله صلى الله تعالى عليه واله وسلم۔ یعنی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وضع کردہ حدود اور قوانین کے برعکس اپنی طرف سے حدود و قوانین وضع کرتے ہیں۔ ان کا حکم اس آیت میں بتایا جا رہا ہے۔ علامہ آلوسی نے شیخ الاسلام سعد اللہ چلپی کا قول نقل کیا ہے۔ وہ بھی غور طلب ہے۔ وعلى هذا ففيه وعيد عظيم للملوك وامراء السوء الذين وضعوا امورا خلاف ما حده الشرع وسموها السياسة والقانون والله تعالى المستعان على ما يصفون۔ یعنی اس آیت میں ایسے بادشاہوں اور بُرے حکام کے لیے

اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ؕ وَ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۟ۚ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ

آتاری ہیں روشن آیتیں ۔ اور کفار کے لیے رسوا کن عذاب ہے ۱۲ یاد کرو جس روز اللہ تعالیٰ ان

وعید شدید ہے جو شریعت کی حدود کے برعکس کوئی قوانین وضع کرتے ہیں۔ جو کچھ وہ بیان کرتے ہیں ہم اس کے لیے اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرتے ہیں۔

علامہ آلوسی نے یہاں اس مسئلہ کو بڑی تفصیل سے لکھا ہے اور بتایا ہے کہ حکومت کو نئی قانون سازی کا کہاں کہاں اختیار ہے اور کہاں اختیار نہیں ہے۔ اس کا خلاصہ درج ذیل ہے' امید ہے فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔

فوجوں کی تربیت' انہیں جنگی مشقیں کرانا' انہیں ہر قسم کا اسلحہ مہیا کرنا جس سے دشمن پر غلبہ پانے کے امکانات روشن ہوں' جنگ کے لیے منصوبہ بندی' میدان جنگ میں فوجوں کی نقل و حرکت کے ضابطے۔ ان تمام امور میں حکام وقت کو کلی اختیارات حاصل ہیں۔ مسلمانوں کے لیے جو بہتر اور مفید ہو اس کے لیے تدابیر اختیار کی جائیں۔ اسی طرح مناسب مقامات پر قلعوں کو تعمیر کرنا شہروں کی حفاظت کے لیے تجاویز سوچنا بھی حکام کا کام ہے۔ وہ جرائم جن کی سزا شریعت میں مقرر نہیں ان کے لیے مناسب سزائیں مقرر کرنا بھی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ حکومت کو ان جرائم کے لیے ایسی مؤثر سزائیں مقرر کرنی چاہئیں جن سے جرائم کا سدباب ہو سکے' لیکن ان تعزیرات کو اتنا سخت کرنا بھی درست نہیں جو بسا اوقات قتل سے بھی زیادہ دردناک اور اذیت رساں ہوں۔

اسی طرح کاروبار اور لین دین کے لیے ایسے قواعد و ضوابط مرتب کرنا جن سے کسی شرعی حکم کی خلاف ورزی لازم نہ آتی ہو' درست ہے لیکن کوئی ایسا ضابطہ بنانا جس سے کسی شرعی حکم کی صراحتاً خلاف ورزی لازم آئے' ہرگز جائز نہیں جیسے سود کے جواز کا قول کرنا اور اس کے بغیر معاشی اور صنعتی ترقی کو محال سمجھنا یہ سب حرام ہے۔

بیت المال اور اراضی کے بارے میں جو احکام صحیح روایات سے حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں ان کی خلاف ورزی کسی صورت میں بھی جائز نہیں' لیکن جو احکام خلفاء کرام نے اپنے اجتہاد سے وضع کیے اگر زمانہ کے حالات کے پیش نظر ان کے بارے میں ایسے احکام وضع کیے جائیں جن میں لوگوں کے لیے آسانی اور سہولت ہو اور ان میں عوام کا فائدہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن خلفاء کے اجتہادی احکام کے بجائے ایسے جدید قوانین مرتب کرنا جن میں لوگوں کی مشقتوں میں اضافہ ہو جائے یہ کسی طرح جائز نہیں۔

وہ حدود جو اللہ تعالیٰ نے چوروں' بدکاروں اور رہزنوں کے بارے میں مقرر کی ہیں ان میں کسی قسم کا رد و بدل روا نہیں ہے۔

آخر میں فرماتے ہیں کہ جو شخص اسلامی قوانین کو ناقص سمجھتا ہے اور ان کی تحقیر کرتا ہے اور جدید وضع کردہ قوانین کو ان سے بہتر اور زیادہ مفید کہتا ہے اس کے کفر میں شک کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں۔

۱۱ انہی لوگوں کے بارے میں ارشاد ہوتا ہے کہ ان کو ذلیل و رسوا کر دیا جائے گا۔ انہیں منہ کے بل گرا دیا جائے گا جس طرح ان سے پہلے جو سرکش قومیں گزری ہیں ان کو ذلت کے گڑھے میں پھینک دیا گیا تھا۔

الکبت : صرع الشیئ لوجھہ۔ کسی چیز کو منہ کے بل گرا دینا۔ یہ ذلت و رسوائی کی انتہا ہے۔

۱۲ اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو آیات کا انکار کرتے ہیں۔ ان کو حق تسلیم نہیں کرتے۔ یہ خیال رہے کہ جاحد اور

اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۭ

سب کو زندہ کرے گا پھر انہیں آگاہ کرے گا جو کچھ انہوں نے کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اعمال کو گن رکھا ہے اور وہ بھلا چکے۔

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۶ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا

اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر شاہد ہے ۱۳؎ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ

آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے۔ نہیں ہوتی کوئی سرگوشی تین آدمیوں میں

اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى

مگر وہ ان کا چوتھا ہوتا ہے اور نہ پانچ میں مگر وہ ان کا چھٹا ہوتا ہے اور نہ اس

مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ

سے کم میں اور نہ زیادہ میں مگر وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے جہاں کہیں وہ ہوں۔ پھر

يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

وہ انہیں آگاہ کرے گا جو کرتوت (وہ کرتے رہے) قیامت کے دن ۱۴؎ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب

منافی میں فرق ہے۔ ترکِ احکام سے انسان گنہگار ضرور ہو جاتا ہے لیکن کافر نہیں ہوتا۔ البتہ اگر احکامِ الٰہیہ کا انکار کرے اور ان کی حقانیت کو تسلیم نہ کرے تو یقیناً کافر ہے۔

۱۳؎ کفار اور منکرین احکامِ الٰہی کا جو انکار کرتے ہیں اور ان کی خلاف ورزیاں کرتے ہیں شاید ان کی نظروں میں یہ غیر اہم باتیں ہوں جن کو محفوظ نہیں رکھا جاتا اور فراموش کر دیا جاتا ہے لیکن یہ ان کی غلط فہمی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی ان تمام حرکتوں کو گن گن کر محفوظ رکھا ہوا ہے جو یہ لوگ فراموش کر چکے ہیں۔ قیامت کے دن جب انہیں قبروں سے اٹھایا جائے گا تو ان کے ایک ایک کرتوت پر انہیں آگاہ کر دیا جائے گا۔

۱۴؎ منافقین اسلام کی روز افزوں ترقی سے بڑے ہراساں رہا کرتے۔ ان میں یہ ہمت تو نہ تھی کہ کھل کر مسلمانوں کی مخالفت کریں لیکن ان کا خبثِ باطن انہیں اسلام کے خلاف سازشیں کرنے اور منصوبے بنانے میں مصروف رکھا کرتا تھا۔ جہاں کہیں تین چار

عَلِيمٌ ۞ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نُهُوا عَنِ النَّجْوَىٰ ثُمَّ يَعُودُونَ

جاننے والا ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا ان لوگوں کی طرف جنہیں (اسلام کے خلاف) سرگوشیوں سے روکا گیا پھر وہ بار وہی کرتے ہیں

لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَيَتَنَاجَوْنَ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ

جس سے انہیں روکا گیا اور سرگوشیاں کرتے ہیں گناہ، ظلم اور رسول کی نافرمانی کے

الرَّسُولِ وَإِذَا جَاءُوكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللَّهُ وَ

بارے میں ۱۵ اور جب آپ کی خدمت میں آتے ہیں تو آپ کو اس طرح سلام دیتے ہیں جیسے اللہ نے آپ کو سلام نہیں دیا ۱۶

يَقُولُونَ فِي أَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللَّهُ بِمَا نَقُولُ ۚ حَسْبُهُمْ

اور وہ کہا کرتے ہیں آپس میں کہ (اگر یہ سچے رسول ہیں) تو اللہ تعالیٰ ہماری ان باتوں پر ہمیں عذاب کیوں نہیں دیتا۔ کافی ہے انہیں

مل بیٹھتے بڑی رازداری سے مسلمانوں کو پریشان کرنے، ان کی بڑھتی ہوئی طاقت کو مفلوج کرنے، ان کی صفوں میں انتشار و افتراق پیدا کرنے کے لیے کھسر پھسر شروع کر دیتے اور یہ خیال کرتے کہ ان سرگوشیوں کی کسی کو خبر نہیں اور ان کی سازشوں پر کوئی آگاہ نہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں ان کی اس غلط فہمی پر تنبیہ فرما رہا ہے کہ تم سراسر غلط فہمی میں مبتلا ہو۔ تم جہاں کہیں بھی ہو، تمہاری تعداد کتنی ہی ہو، میں تمہیں دیکھ رہا ہوتا ہوں۔ تمہاری سرگوشیوں کو خوب سن رہا ہوتا ہوں۔ قیامت کے روز تمہاری ایک ایک شرارت پر تمہیں آگاہ کر دیا جائے گا۔

نجویٰ ۔ اسم مصدر مشتق من النجوۃ وھی ما ارتفع من الارض فان السر امر مرفوع الی الذھن لا یتیسر لکل احد ان یطلع علیہ۔ (مظہری) یعنی نجویٰ اسم مصدر ہے۔ یہ نجوۃ سے مشتق ہے اور نجوۃ اونچی جگہ کو کہتے ہیں جہاں ہر کسی کی رسائی نہیں ہو سکتی کیونکہ راز بھی خفا کی بلندیوں میں ہوتے ہیں اس لیے نجویٰ کہا گیا ہے۔ صاحب لسان العرب لکھتے ہیں: النجویٰ والنجیٰ: السر والنجو۔ السر بین اثنین یقال نجوتہ نجواً ای ساررتہ۔ یعنی دو آدمیوں کے رازداری سے بات کرنے کو نجویٰ کہتے ہیں۔

۱۵ یہود اور منافقین کی یہ عادت تھی کہ جب وہ مسلمانوں کو دیکھتے تو الگ بیٹھ کر سرگوشیاں کرنے لگتے۔ اس اثنا میں مسلمانوں کی طرف بار بار دیکھتے اور اشارے کرتے۔ ان کا مقصد یہ ہوتا کہ مسلمان یہ خیال کریں گے کہ یہ لوگ ان کے بارے میں مشورے کر رہے ہیں، ان کے خلاف منصوبے بنا رہے ہیں۔ مسلمانوں کو ان کے اس طریقے سے بڑی وحشت ہوتی، چنانچہ صحابہؓ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ان کی بارہا شکایت کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کو ایسا کرنے سے روکا لیکن وہ اپنی ان حرکتوں سے باز نہ آتے۔ ہر جگہ ان کی سرگوشیوں کا سلسلہ جاری رہتا۔ جہاں کہیں دو چار مل بیٹھے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف صلاح مشورے ہونے لگتے۔

۱۶ یہودی جب خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتے تو اس طرح سلام عرض نہ کرتے جس طرح اللہ تعالیٰ اپنے پیارے حبیب کو

جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

جہنم اس میں داخل ہوں گے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے ۱۷ اے ایمان والو!

إِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ

جب تم خفیہ مشورہ کرو تو مت خفیہ مشورہ کرو گناہ، زیادتی اور رسول (کریم) کی نافرمانی

الرَّسُولِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوَىٰ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي إِلَيْهِ

کے متعلق بلکہ نیکی اور تقویٰ کے بارے میں مشورہ کیا کرو ۱۸ اور ڈرتے رہو اللہ سے جس کی (بارگاہ میں) تمہیں

سلام فرماتا ہے یا جس طرح اس نے اہل ایمان کو دربار نبوی میں حاضری کے آداب سکھائے لیکن ان کا خبث باطن انہیں تہذیب و شائستگی کے حدود سے بھی باہر نکال لے جاتا اور وہ بجائے سلامتی کی دعا عرض کرنے کے السام علیک کہتے۔ (السام کا معنی موت ہے) اور ان الفاظ کا تلفظ اس طرح کرتے کہ عام آدمی ان کی خباثت پر خبردار نہ ہوتا۔ ایک دن وہ حضور کی بارگاہ میں آئے اور کہا السام علیک یا ابا القاسم حضور نے حسب معمول ارشاد فرمایا وعلیکم (اور تم پر بھی) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سن رہی تھیں۔ انہوں نے غصہ سے فرمایا السام علیکم ولعنکم اللہ وغضب علیکم۔ اے مردودو! تم ہلاک ہو، تم پر خدا کی پھٹکار اور غضب ہو۔ حضور نے ام المومنین رضی اللہ عنہا سے فرمایا مھلاً یا عائشۃ علیک بالرفق وایاک والعنف والفحش۔ اے عائشہ صبر کرو، نرمی سے پیش آؤ اور بدکلامی نہ کرو۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ نے غور نہیں فرمایا کہ انہوں نے کیا بکا ہے۔ فرمایا میں نے جواب میں کہہ دیا وعلیکم (اور تم پر بھی موت آئے)

۱۷ یہود ایسی بدزبانی اور گستاخی کرتے۔ پھر ایک دوسرے سے یہ کہتے کہ اب ہمیں یقین آگیا ہے کہ یہ نبی نہیں۔ اگر یہ نبی ہوتے اور ہم ایسی گستاخی کرتے تو خدا کا عذاب فوراً ہمیں تہس نہس کر کے رکھ دیتا۔ ہم ایسی گستاخیاں کرتے ہیں اور ہماری تو کبھی نکسیر تک نہیں پھوٹی، ہمیں تو کبھی ہلکا سا درد سر بھی نہیں ہوا۔ معلوم ہوا کہ یہ خدا کے نبی نہیں ہیں۔ انہیں کہا جا رہا ہے کہ ان گستاخیوں کی پاداش میں تمہارا ٹھکانا جہنم بنا دیا گیا ہے۔ تمہیں پکڑ کر اس میں دھکیل دیا جائے گا۔ ہمیشہ اس میں جلتے رہو گے اور تڑپتے رہو گے۔ جو میرے محبوب کے گستاخ ہیں ان کا ٹھکانا جہنم ہے۔ وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔ اس میں نہ ایک لمحہ آرام ملے گا اور نہ اس سے باہر نکلنے کی کوئی امید ہو گی۔

۱۸ ایسی سرگوشیاں ممنوع ہیں جن میں کسی گناہ کے بارے میں مشورے ہوں۔ لوگوں کو اذیت پہنچانے کے لیے تجویزیں سوچی جائیں یا اللہ کے رسول کی نافرمانی اور مخالفت کے لیے سکیمیں تیار کی جائیں۔ مسلمانوں کو کسی ایسی میٹنگ میں شریک نہیں ہونا چاہیے۔ البتہ اگر کسی نیک کام کے لیے کسی منفعت کے لیے باہم مل کر صلاح مشورہ کیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

تُحۡشَرُوۡنَ ۝۹ اِنَّمَا النَّجۡوٰی مِنَ الشَّیۡطٰنِ لِیَحۡزُنَ الَّذِیۡنَ

جمع کیا جائے گا۔ (کفار کی) سرگوشیاں تو شیطان کی طرف سے ہیں تاکہ وہ غمزدہ کردے

اٰمَنُوۡا وَ لَیۡسَ بِضَآرِّهِمۡ شَیۡـًٔا اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ وَ عَلَی اللّٰهِ

ایمان والوں کو حالانکہ وہ انہیں کچھ بھی ضرر نہیں پہنچا سکتا اللہ کے حکم کے بغیر۔ اور اللہ پر ہی

فَلۡیَتَوَکَّلِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۝۱۰ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا قِیۡلَ لَکُمۡ

توکل کرنا چاہیے اہل ایمان کو ۱۹ اے ایمان والو! جب تمہیں کہا جائے کہ (رکھنے والوں کے لیے)

تَفَسَّحُوۡا فِی الۡمَجٰلِسِ فَافۡسَحُوۡا یَفۡسَحِ اللّٰهُ لَکُمۡ ۚ وَ اِذَا قِیۡلَ

جگہ کشادہ کرو مجلس میں تو کشادہ کردیا کرو اللہ تمہارے لیے کشادگی فرمائے گا ۲۰ اور جب کہا جائے کہ

۱۹ اس قسم کی سرگوشیاں شیطان کی انگیخت سے ہوتی ہیں اور ان کا مقصد مسلمانوں کو خوف زدہ اور ہراساں کرنا ہوتا ہے۔ اپنے بندوں کو بتادیا کہ ان کی یہ ساری سرگوشیاں اور سازشیں تمہیں کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتیں۔ اللہ تعالیٰ نہ چاہے تو یہود اور منافقین کے چاہنے سے تمہارا بال بھی بیکا نہ ہوگا۔ اس لیے ایسی باتوں سے تمہیں پریشان نہیں ہونا چاہیے اور اللہ تعالیٰ پر مکمل بھروسہ کرنا چاہیے۔

حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اپنے غلاموں کو آداب مجلس کی بھی تعلیم دی ہے۔ حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اذا کان ثلٰثۃ فلا یتناجی اثنان دون الواحد۔ اگر تم تین آدمی اکٹھے بیٹھے ہو تو تیسرے آدمی کو چھوڑ کر دو آپس میں سرگوشی نہ کرو (دیکھیں)۔ دوسری حدیث جو ابن مسعودؓ سے مروی ہے اس میں اس کی حکمت بھی بتادی۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کنتم ثلٰثۃ فلا یتناجی اثنان دون الاٰخر حتی تختلطوا بالناس من اجل ان یحزنہ۔ حضورؐ نے فرمایا کہ جب تم تین آدمی بیٹھے ہو تو تیسرے کو چھوڑ کر دو مشورہ کرنے لگ جاؤ اس طرح وہ آدمی آزردہ خاطر ہوگا۔ وہ یہ خیال کرے گا کہ مجھے بیگانہ خیال کیا جارہا ہے یا ان کی نظروں میں میری کوئی عزت نہیں۔ اور اگر اس آدمی کے پاس اور آدمی آکر بیٹھ جائیں تو پھر ان دو کی سرگوشی منع نہیں کیونکہ اب وہ آزردہ نہ ہوگا۔

۲۰ اس آیت میں بھی مسلمانوں کو مل بیٹھنے کے ایسے آداب سکھائے جارہے ہیں جن پر عمل کرنے سے باہمی محبت بڑھے اور ایک دوسرے کا احترام پیدا ہو۔ فرمایا اگر مجلس میں لوگ بیٹھے ہوئے ہوں اور باہر سے دوسرے حضرات آجائیں تو پہلے سے بیٹھے ہوئے لوگوں کے لیے یہ مناسب نہیں کہ آنے والوں کی پروا تک نہ کریں اور اس بات کا انہیں خیال ہی نہ آئے کہ انہیں بیٹھنے

انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ

اٹھ کھڑے ہو تو اٹھ کھڑے ہوا کرو ۲۱ اللہ تعالیٰ ان کے جو تم میں سے ایمان لے آئے اور جن کو علم دیا گیا

اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱﴾ يٰۤاَيُّهَا

درجات بلند فرمادے گا ۲۲ اور اللہ تعالیٰ جو تم کرتے ہو اس سے خوب آگاہ ہے۔ اے

کے لیے جگہ مل جایا نہیں بلکہ ان پر ضروری ہے کہ وہ انہیں عزت سے بٹھائیں اور اگر بھیڑ بہت زیادہ ہو پھر بھی انہیں چاہیے کہ جتنا سکڑ سکتے ہیں سکڑیں اور آنے والوں کے لیے جگہ نکالیں۔ فرمایا اگر تم اپنے بھائیوں کے لیے کشادہ دلی کا مظاہرہ کرو گے اور ان کے بیٹھنے کے لیے جگہ بنا دو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں اس کا اجر عطا فرمائے گا۔ تمہارے رزق کو کشادہ کرے گا۔ بلکہ دنیا و آخرت میں تمہیں فراخی اور کشادگی نصیب فرمائے گا۔

جو لوگ پہلے سے بیٹھے ہوئے تھے ان کو تو یہ تعلیم دی کہ وہ آنے والوں کے لیے جگہ کشادہ کریں لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آنے والوں کو بھی یہ ہدایت فرمائی کہ وہ ایسا نہ کریں کہ پہلے سے بیٹھے ہوئے لوگوں کو اٹھا دیں اور ان کی جگہ خود بیٹھ جائیں۔ ارشاد نبوی ہے۔ لا يقيم الرجل الرجل من مجلسه ثم يجلس فيه۔ اسی طرح اگر مسجد میں کوئی شخص بیٹھا ہوا ہے تو کسی کو اجازت نہیں کہ اسے اٹھا کر خود اس کی جگہ بیٹھ جائے اگر کسی شخص نے کسی آدمی کو بھیجا کہ تم پہلے جا کر میرے لیے ایک نشست محفوظ کر لو اور وہاں بیٹھ جاؤ جب وہ شخص وہاں جائے تو وہ اس آدمی کو اٹھا سکتا ہے۔ اسی طرح اگر کسی نے اپنی جائے نماز بھیج دی کہ پہلی صف میں اس کے لیے بچھا دی جائے تو یہ درست ہے جس وقت بھی وہ آئے جائے نماز پر بیٹھ سکتا ہے۔ (قرطبی)

تفسحوا: ای توسعوا۔

۲۱؎ جب حاضرین مجلس کو کہا جائے کہ اب آپ تشریف لے جائیں تو انہیں فوراً چلے جانا چاہیے، ورنہ اہل خانہ یا منتظمین مجلس کو بڑی کوفت ہوگی۔ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب صحابہ کو اپنے گھر میں مدعو فرماتے تو کھانا کھا لینے کے بعد بھی بار بار کہنے کے باوجود کئی لوگ وہاں سے اٹھنے کا نام نہ لیتے۔ ان کی یہ تمنا ہوتی کہ سب سے آخر میں اپنے آقا و مولیٰ سے مصافحہ کریں۔ انہیں بتایا گیا کہ تمہاری محبت بجا، لیکن حضور کے آرام کا بھی تمہیں خیال رکھنا چاہیے۔ نیز حضور کی دیگر مصروفیات بھی ہیں۔ ان کے لیے بھی تمہیں مہلت دینی چاہیے۔

۲۲؎ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بلندی مراتب اور رفع درجات کا ذریعہ ایمان اور علم ہے۔ ایک ایمان دار شخص نادار اور مفلس ہی کیوں نہ ہو، کافر رئیسوں سے اس کا درجہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں بہت بلند ہے۔

علامہ مرحوم فرماتے ہیں ؎

قطرۂ آب وضو قنبرے — خوب تر از خون ناب قیصرے

الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا نَاجَیۡتُمُ الرَّسُوۡلَ فَقَدِّمُوۡا بَیۡنَ یَدَیۡ

ایمان والو! جب تنہائی میں بات کرنا چاہو رسول (مکرم) سے تو سرگوشی سے پہلے

نَجۡوٰىكُمۡ صَدَقَةً ؕ ذٰلِكَ خَیۡرٌ لَّكُمۡ وَاَطۡهَرُ ؕ فَاِنۡ لَّمۡ

صدقہ دیا کرو۔ یہ بات تمہارے لیے بہتر ہے اور دلوں کو پاک کرنے والی ہے۔ اور اگر تم (اس کی سکت)

تَجِدُوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۱۲﴾ ءَاَشۡفَقۡتُمۡ اَنۡ تُقَدِّمُوۡا بَیۡنَ یَدَیۡ

نہ پاؤ تو بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے ۲۳ کیا تم (اس حکم سے) ڈر گئے کہ تمہیں سرگوشی

نَجۡوٰىكُمۡ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذۡ لَمۡ تَفۡعَلُوۡا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَیۡكُمۡ

سے پہلے صدقہ دینا چاہیے۔ پس جب تم ایسا نہیں کر سکے تو اللہ نے تم پر نظرِ کرم فرمائی

یعنی قنبر جو سیدنا علی کا غلام تھا اس کے وضو کے پانی کا قطرہ قیصر کے خون سے زیادہ عزت والا ہے۔

اسی طرح صاحبِ علم، جاہل سے اعلیٰ ہے خواہ وہ جاہل بڑا جاگیردار اور دولت مند کیوں نہ ہو۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ علماء صحابہ کو خواہ وہ عمر میں چھوٹے ہی کیوں نہ ہوتے بڑے بوڑھوں پر ترجیح دیتے۔ ان کو اپنے قریب بٹھاتے اور ان کی عزت افزائی فرماتے۔

احادیث میں بھی علماء کی بڑی شان بیان کی گئی ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من جاءہ الموت وھو یطلب العلم لیحیی بہ الاسلام فبینہ وبین النبیین درجۃ۔

حضورؐ نے فرمایا جو شخص علم حاصل کر رہا ہو تاکہ وہ اس علم سے اسلام کو زندہ کرے اس اثنا میں اسے موت آجائے تو اس کے درمیان اور انبیاء کے درمیان صرف ایک درجہ کا فرق ہوگا۔

دوسری حدیث میں حضورؐ نے ارشاد فرمایا:

یشفع یوم القیامۃ ثلثۃ، الانبیاء ثم العلماء ثم الشھداء۔

قیامت کے دن تین گروہ شفاعت کریں گے۔ پہلے انبیاء پھر علماء اور پھر شہداء۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اختیار دیا کہ علم، حکومت اور مال میں سے ایک چیز پسند کر لو۔ آپ نے علم کو پسند کیا اللہ تعالیٰ نے اس کی برکت سے آپ کو بادشاہی اور مال بھی عطا فرمائے۔

۲۳ حضرت صدر الافاضل مراد آبادی قدس سرہ اس آیت کا شانِ نزول بیان فرماتے ہیں:

فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ

پس (اب تم) نماز صحیح صحیح ادا کیا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور تابعداری کیا کرو اللہ اور اس کے رسول کی۔

وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۟ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا

اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو تم کرتے رہتے ہو۔ کیا تم نے نہیں دیکھا ان (نادانوں) کی طرف جنہوں نے دوست بنالیا ایسی

غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ

قوم کو جن پر خدا کا غضب ہوا ۲۴؎ نہ یہ لوگ تم میں سے ہیں اور نہ ان میں سے یہ جان بوجھ کر جھوٹی

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جب اغنیا نے عرض و معروض کا سلسلہ دراز کیا اور نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ فقرا کو اپنی عرض پیش کرنے کا موقع کم ملنے لگا تو عرض پیش کرنے والوں کو عرض پیش کرنے سے پہلے صدقہ پیش کرنے کا حکم دیا گیا اور اس حکم پر حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے عمل کیا۔ ایک دینار صدقہ کر کے دس مسائل دریافت کیے۔ عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

① وفا کیا ہے؟ فرمایا توحید اور توحید کی شہادت دینا۔
② عرض کیا فساد کیا ہے؟ فرمایا کفر و شرک۔
③ عرض کیا حق کیا ہے؟ فرمایا اسلام، قرآن اور ولایت جب تجھے ملے۔
④ عرض کیا حیلہ (یعنی تدبیر) کیا ہے؟ فرمایا ترک حیلہ۔
⑤ عرض کیا مجھ پر کیا لازم ہے؟ فرمایا اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت۔
⑥ عرض کیا اللہ تعالیٰ سے کیسے دعا مانگوں؟ فرمایا صدق و یقین کے ساتھ۔
⑦ عرض کیا کیا مانگوں؟ فرمایا عافیت۔ ایک روایت میں عاقبت کا لفظ ہے۔
⑧ عرض کیا اپنی نجات کے لیے کیا کروں؟ فرمایا حلال کھا اور سچ بول۔
⑨ عرض کیا سرور کیا ہے؟ فرمایا جنت۔
⑩ عرض کیا راحت کیا ہے؟ فرمایا اللہ کا دیدار۔

جب حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان سوالوں سے فارغ ہو گئے تو یہ حکم منسوخ ہو گیا اور رخصت نازل ہوئی اور سوائے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے اور کسی کو اس پر عمل کرنے کا وقت نہیں ملا۔

۲۴؎ منافقین اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر رہے تھے کہ اسلام روز افزوں ترقی کر رہا ہے۔ اس کی فتوحات کا دائرہ وسیع ہوتا جا رہا ہے۔ مال غنیمت کی ریل پیل ہونے والی ہے۔ دنیاوی منفعت کے حصول کے لیے وہ مسلمانوں میں گھسے ہوئے تھے لیکن ان کی

عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿١٤﴾ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا

باتوں پر قسمیں کھاتے ہیں۔ تیار کر رکھا ہے اللہ نے ان کے لیے سخت عذاب۔

إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٥﴾ اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً

بلاشبہ یہ لوگ بہت بُرے کام کیا کرتے تھے۔ انہوں نے بنا رکھا ہے اپنی قسموں کو ڈھال

فَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ ﴿١٦﴾ لَنْ

پس وہ (اس طرح) روکتے ہیں اللہ کی راہ سے سو ان کے لیے رسواکن عذاب ہے۔ کچھ نفع

تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا أُولَٰئِكَ

نہیں پہنچائیں گے انہیں ان کے مال اور نہ ان کی اولاد عذاب الٰہی سے بچانے کے لیے۔ یہ لوگ

أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿١٧﴾ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعًا

جہنمی ہیں۔ یہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں ۲۵ جس روز اللہ تعالیٰ ان سب کو اٹھائے گا

دلی ہمدردیاں یہودیوں کے ساتھ تھیں اور انہیں کو اپنا دوست سمجھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ان بدبختوں نے ایک ایسی قوم سے دوستی قائم کر رکھی ہے جن پر خدا کا غضب ہے۔ نہ یہ مسلمانوں میں داخل ہیں اور نہ یہودیوں میں۔ حدیث شریف میں ہے۔ مثل المنافق مثل الشاة العائرة بين غنمين لا تدري ايهما تتبع۔ یعنی منافق کی مثال اس بھیڑ کی سی ہے جو دو ریوڑوں میں سرگرداں پھر رہی ہو۔ اسے یہ معلوم نہ ہو کہ اس نے کس ریوڑ کے پیچھے جانا ہے۔

ایک روز سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنے حجرہ شریفہ میں تشریف فرما تھے۔ چند صحابہ بھی حاضر تھے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا۔ يدخل عليكم رجل قلبه قلب جبار وينظر بعين شيطان۔ ابھی تمہارے پاس ایک آدمی آئے گا جس کا دل بڑا سخت ہے اور جو شیطان کی آنکھوں سے دیکھتا ہے۔ چنانچہ عبداللہ ابن نبتل جھٹ آگیا جس کی آنکھیں نیلی قد چھوٹا اور ڈاڑھی پتلی تھی۔ حضورؐ نے فرمایا تُو اور تیرے ساتھی کیوں گالیاں دیتے رہتے ہیں۔ اس نے قسم کھائی کہ اس نے کبھی گالی نہیں دی۔ اس کے ساتھی آئے انہوں نے بھی قسمیں کھائیں، حالانکہ وہ جانتے تھے کہ وہ جھوٹی قسمیں کھا رہے ہیں۔

۲۵ جھوٹی قسموں کو اپنی ڈھال بنا کر وہ اپنے آپ کو بھی بچا رہے تھے اور اس آڑ میں وہ لوگوں کو اسلام سے نفرت دلاتے اور اسلام کے خلاف گھڑ گھڑ کر باتیں کرتے اور اس طرح ان کے سلسلام قبول کرنے کی راہ میں رکاوٹ بن کر کھڑے ہو جاتے۔ ان

فَيَحْلِفُونَ لَهُ كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ عَلَىٰ

تو وہ قسمیں کھائیں گے اللہ کے سامنے جس طرح تمہارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں اور خیال کریں گے کہ وہ کسی مفید چیز پر تکیہ کیے

شَيْءٍ ۚ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْكَاذِبُونَ ⑱ اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ

ہیں خبردار! یہی وہ جھوٹے لوگ ہیں ٢٦ تسلط جمالیا ہے ان پر شیطان نے

فَأَنْسَاهُمْ ذِكْرَ اللَّهِ ۚ أُولَٰئِكَ حِزْبُ الشَّيْطَانِ ۚ أَلَا إِنَّ حِزْبَ

اور اس نے اللہ کا ذکر انہیں فراموش کرادیا ہے۔ یہ لوگ شیطان کا ٹولہ ہیں۔ خوب سن لو! شیطان کا ٹولہ ہی

الشَّيْطَانِ هُمُ الْخَاسِرُونَ ⑲ إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ

یقیناً نقصان اٹھانے والا ہے ٢٧ بے شک جو لوگ مخالفت کرتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کی

کے انجام سے ان کو باخبر کردیا۔

٢٦ جھوٹ ان کی نس نس میں رچ گیا تھا۔ انہیں جھوٹ بولنے سے ذرا شرم نہیں آتی تھی۔ وہ بار بار جان بوجھ کر جھوٹ بولتے نہ ان کی زبان لڑکھڑاتی، نہ ان کا دل انہیں ملامت کرتا۔ دوسرا ظلم وہ یہ کرتے کہ اپنی جھوٹی بات کو سچ ثابت کرنے کے لیے دھڑا دھڑ جھوٹی قسمیں کھانے لگتے جھوٹ اب ان کی فطرت ثانیہ بن چکا ہے۔ حتیٰ کہ قیامت کے روز جب اللہ تعالیٰ کے روبرو حاضر ہوں گے تو وہاں بھی جھوٹ بولنے سے باز نہیں آئیں گے اور جھوٹی قسموں کا تانتا باندھ دیں گے۔ واللہ ربنا ما کنا مشرکین۔ خدا کی قسم، ہمارے پروردگار کی قسم ہم قطعاً مشرک نہ تھے اور دل ہی دل میں بڑے مطمئن ہوں گے کہ اس طرح جھوٹ بول کر اور جھوٹی قسمیں کھا کر انہوں نے اللہ تعالیٰ کو بھی دھوکہ دے لیا ہے اور اپنے آپ کو اس کی گرفت سے بچا لیا ہے۔ اب انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ سراسر جھوٹے ہیں۔

٢٧ منافقین ایسی بھونڈی حرکتیں کیوں کرتے ہیں، وہ ایسی جھوٹی قسمیں کیوں کھاتے ہیں جن کا جھوٹ اظہر من الشمس ہوتا ہے اس کے متعلق فرمایا کہ ان کی عقل و ہوش پر شیطان نے پوری طرح تسلط جما لیا ہے۔ وہ خود سوچنے سمجھنے سے قاصر ہیں۔ جو پٹی وہ ظالم انہیں پڑھاتا ہے اور جس راہ پر وہ انہیں چلاتا ہے آنکھیں بند کیے ہوئے وہ اس پر چل کھڑے ہوتے ہیں۔ ای غلب علی عقولھم بوسوستہ وتزیینہ حتی اتبعوہ فانساھم۔ اب حالت یہ ہے کہ انہیں ذکر الٰہی کی فرصت ہی نہیں ملتی۔ انہوں نے اپنے رب کی یاد کو ہی فراموش کر دیا ہے۔ وہ اب شیطانی فوج میں بھرتی ہو گئے ہیں اور جو شیطان کا چیلہ بن جائے وہ ایسی ناشائستہ حرکتیں نہیں کرے گا تو اور کیا کرے گا۔ وہ یاد رکھیں کہ انجام کار انہیں شدید نقصان اٹھانا پڑے گا۔ نفع تو کجا اصل سرمایہ بھی غارت ہو جائے گا۔

أُولَٰئِكَ فِي الْأَذَلِّينَ ﴿٢٠﴾ كَتَبَ اللَّهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي ۚ

وہ ذلیل ترین لوگوں میں شمار ہوں گے ۲۸؎ اللہ نے یہ لکھ دیا ہے کہ میں اور میرے رسول ضرور غالب آکر رہیں گے۔

إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ ﴿٢١﴾ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ

بے شک اللہ تعالیٰ طاقتور (اور) زبردست ہے ۲۹؎ تو ایسی قوم نہیں پائے گا جو ایمان رکھتی ہو اللہ اور قیامت پر

الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءَهُمْ

(پھر) وہ محبت کرے ان سے جو مخالفت کرتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کی خواہ وہ (مخالفین) ان کے باپ ہوں

أَوْ أَبْنَاءَهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ كَتَبَ فِي

یا ان کے فرزند ہوں یا ان کے بھائی ہوں یا ان کے کنبہ والے ہوں ۳۰؎ یہ وہ لوگ ہیں نقش کر دیا ہے اللہ نے

۲۸؎ ان کے بارے میں پہلے فرمایا کُبِتُوا یعنی یہ لوگ منہ کے بل گرا دیے جائیں گے۔ یہاں ان بدبختوں کے بارے میں فرمایا أُولٰئِكَ فِي الْأَذَلِّينَ یعنی ان کا شمار ذلیل ترین مخلوق میں ہو رہا ہے۔ ان سے زیادہ ذلیل اور حقیر کوئی چیز نہیں ہے۔ ای من جملۃ الاذلاء لا اذل منھم۔ (قرطبی)

۲۹؎ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ اللہ کا دین اور اس کے رسول ہر میدان میں ضرور غالب ہوں گے۔ تیغ و سناں کی جنگ ہو یا حجت و برہان کا معرکہ کامیابی کا سہرا اہل حق کے سر ہی باندھا جائے گا۔

۳۰؎ اس آیت میں بڑی صراحت سے اس حقیقت کو بیان فرمایا جا رہا ہے کہ جو اللہ تعالیٰ پر اور روز قیامت پر ایمان لانے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ اگر وہ اس دعویٰ میں سچے ہیں تو یہ ناممکن ہے کہ ان کے دلوں میں اللہ اور اس کے رسول کے دشمنوں کی محبت پائی جائے۔ جس طرح پاک اور پلید پانی ایک برتن میں اکٹھے نہیں رہ سکتے اسی طرح نور ایمان اور دشمنان اسلام کی دوستی ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتی جو شخص ایمان کا مدعی ہے اور کفار و منافقین کے ساتھ بھی دوستی کے تعلقات رکھتا ہے وہ اپنے آپ کو فریب دے رہا ہے۔ اللہ کا بندہ اللہ کریم کے دشمنوں سے خواہ وہ اس کے قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں ہر قسم کے تعلقات منقطع کر دیتا ہے۔ ان میں سے چند قریبی رشتوں کا صراحتاً ذکر فرما دیا۔ اولاد کو اپنے والدین سے محبت بھی ہوتی ہے اور ان کا ادب اور لحاظ بھی ہوتا ہے لیکن اگر باپ دین کا دشمن ہو تو بیٹا اس کی پروا تک نہیں کرتا۔ اسی طرح باقی رشتے بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت کے مقابلہ میں کوئی وقعت نہیں رکھتے۔ چنانچہ دنیا نے دیکھا کہ جب غلامان مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء بدر و اُحد کے میدانوں میں اپنے قریبی رشتہ داروں کے سامنے صف آرا ہوئے تو جو بھی ان کا مدمقابل بنا انہوں نے بلا تامل اس کو خاک و خون میں ملا دیا۔

قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٍ مِّنْهُ ۖ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ

ان کے دلوں میں ایمان اور تقویت بخشی ہے انہیں اپنے فیض خاص سے ۳۱؎ اور داخل کرے گا انہیں باغوں میں

تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

رواں ہیں جن کے نیچے نہریں وہ ہمیشہ رہیں گے ان میں۔ اللہ تعالیٰ راضی ہو گیا ان سے

حضرت ابو عبیدہ جب میدان بدر میں گئے تو ان کا باپ عبداللہ ان کے سامنے آیا۔ آپ نے اپنی تلوار کے وار سے اس کا سر قلم کر دیا۔

ایک دفعہ حضرت صدیق اکبرؓ کے والد ابو قحافہ نے شان رسالت میں کچھ گستاخی کی تو آپ نے اسے اس زور سے دھکا دیا کہ وہ منہ کے بل زمین پر آگرا۔ حضورؐ نے پوچھا تو ابوبکر نے عرض کیا میرے آقا اگر اس وقت میرے پاس تلوار ہوتی تو میں اس کو قتل کر دیتا۔

بعد میں حضرت ابو قحافہ مشرف باسلام ہو گئے تھے۔

بدر کے دن صدیق اکبرؓ نے اپنے بیٹے عبداللہ کو للکارا اور حضور سے جنگ کی اجازت طلب کرتے ہوئے عرض کیا دعنی اکون فی الرعلۃ الاولیٰ میرے آقا مجھے اجازت دیجیے تاکہ میں شہداء کے پہلے گروہ میں داخل ہو جاؤں۔ حبیب کبریا علیہ اطیب التحیۃ والثناء نے فرمایا متعنا بنفسک یا ابابکر ما تعلم انک عندی بمنزلۃ سمعی وبصری۔

اے ابوبکر ہمیں اپنی ذات سے فائدہ اٹھانے دے۔ تو نہیں جانتا کہ تو میرے نزدیک میرے کان اور میری آنکھ کی طرح ہے۔

اسی طرح حضرت مصعب ابن عمیر نے اپنے بھائی عبید کو اُحد کے روز قتل کیا۔ بدر کی جنگ میں ایک انصاری نے ان کے بھائی ابو عزیز بن عمیر کو گرفتار کر لیا۔ وہ اسے رسی سے باندھ رہا تھا تو حضرت مصعب نے دیکھ لیا اور پکار کر کہا اس کو خوب کس کر باندھنا۔ اس کی ماں بڑی مالدار ہے۔ گراں قدر فدیہ ادا کرے گی۔ ابو عزیز نے کہا مصعب! تم بھائی ہو کر ایسی بات کہہ رہے ہو! آپ نے جواب دیا تیرا میرا بھائی چارہ ختم۔ اب یہ انصاری میرا بھائی ہے جو تمہیں باندھ رہا ہے۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے اپنے ماموں عاص ابن ہشام ابن مغیرہ کو قتل کیا اور سیدنا علی، سیدنا حمزہ، سیدنا عبیدہؓ نے اپنے قریبی رشتہ داروں عتبہ، شیبہ اور ولید کو تہ تیغ کیا۔ شمع نبوت کے پروانوں نے عملی نمونہ پیش کیا اور دنیا کو بتا دیا کہ ان کے دلوں میں صرف اللہ اور اس کے رسولؐ کی محبت ہے اور بس۔

۳۱؎ یہی وہ خوش نصیب اور ارجمند حضرات ہیں جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان نقش کر دیا ہے۔ یہ نقش مٹ سکتا ہے نہ دھندلا پڑ سکتا ہے اور ان کو ہی اللہ تعالیٰ نے اپنی جناب سے رُوح سے تقویت بخشی ہے۔ رُوح کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ آلوسی لکھتے ہیں المراد بالروح نور القلب وهو نور يقذفه الله تعالىٰ في قلب من يشاء من عباده تحصل به الطمانينة: یعنی رُوح سے مراد وہ نور ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے جس بندے کے دل میں چاہتا ہے ڈال دیتا ہے۔ اس نور سے اس کو

وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ

اور وہ اس سے راضی ہوگئے۔ یہ (بلند اقبال) اللہ کا گروہ ہیں۔ سن لو! اللہ تعالیٰ کا گروہ ہی دونوں جہانوں میں

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾

کامیاب و کامران ہے ۳۲؎

طمانیت و تسکین نصیب ہوتی ہے (روح المعانی) کیونکہ اس کی وجہ سے پاکیزہ ابدی زندگی نصیب ہوتی ہے اس لیے اسے بطور مجاز روح فرمایا گیا۔

۳۲؎ یہ بھی اللہ تعالیٰ کا اپنے ان بندوں پر بڑا احسان تھا کہ اس نے ان کے لوحِ قلب پر ایمان نقش کر دیا پھر ان کے دل میں وہ نور ڈال دیا جس سے ان کو طمانیت اور استقامت نصیب ہوئی۔ اسی کی قوت سے عشق کے امتحان میں وہ کامیاب نکلے۔ اب ان انعامات کا ذکر فرمایا جا رہا ہے جن سے ان وفا شعار سرفروشوں کو نوازا جائے گا۔ مژدۂ جنت سنانے کے بعد فرمایا یہ وہ بلند اقبال اور فیروز بخت ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوگیا اور وہ اپنے اللہ سے راضی ہوگئے۔ اب اس کی حقیقت کو ان خوش نصیبوں کے بغیر کون سمجھ سکتا ہے یا اس کی قدر و منزلت کو پہچان سکتا ہے جن پر یہ عنایت خاص فرمائی گئی۔ آخر میں انہیں یہ خوشخبری بھی سنا دی کہ تم جانتے ہو اور دنیا و آخرت کی کامیابی کا تاج صرف ان کو پہنایا جاتا ہے جو تمہارے ہوتے ہیں۔

◎

اللّٰھم لک الحمد والشکر ولک المجد والکبریاء اللّٰھم انت کریم وباب رحمتک مفتوح اکتب الایمان علی قلبی وایدنی بروح منک وادخلنی فی جناتک التی تجری من تحتھا الانھار وارض عنی وارضنی عنک وادخلنی فی حزبک الا ان حزبک ھم المفلحون۔

رب اوزعنی ان اشکر نعمتک التی انعمت علی وعلی والدی وان اعمل صالحا ترضہ واصلح لی فی ذریتی انی تبت الیک وانی من المسلمین اللّٰھم صل وسلم وبارک علی حبیبک ومحبوبک ونبیک وصفیک سیدنا ومولانا محمد وعلی الہ الطیبین الطاھرین وازواجہ الطاھرات امھات المؤمنین وسائر الصحابۃ والتابعین واولیاء امتہ الکاملین وعلماء ملتہ الصالحین وعلینا معھم اجمعین یاذا الجلال والاکرام۔

○

تعارف
سورۃ الحشر

نام : اس سورت مبارکہ کا نام الحشر ہے ۔ یہ لفظ دُوسری آیت میں مذکور ہے ۔ اس میں تین رکوع ، چوبیس آیتیں ، ۴۴۵ کلمے ، ایک ہزار نو سو تیرہ حروف ہیں ۔

زمانہ نزول : اس بات پر تو سب کا اتفاق ہے کہ اس سورت میں غزوہ بنی نضیر کا تذکرہ کیا گیا ہے ۔ حضرت سعید بن جبیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس سے اس سورت کے بارے میں پوچھا تو اُنہوں نے فرمایا اُنزلت فی بنی نضیر یعنی یہ بنی نضیر کے بارے میں نازل ہوئی ۔ (بخاری و مسلم) انہیں سے دُوسری روایت یُوں ہے کہ میں نے اس سُورت کے بارے میں حضرت ابن عباس سے دریافت کیا ۔ اُنہوں نے فرمایا "سورۃ بنی نضیر" یعنی اس سُورت کا نام ہی بنی نضیر ہے ۔

لیکن اس میں اختلاف ہے کہ اس سورت کا نزول اور غزوہ بنی نضیر کس سال میں ہوا ۔ ایک قول یہ ہے کہ جنگ بدر کے چھ ماہ بعد غزوہ بنی نضیر وقوع پذیر ہوا لیکن صحیح بات یہ ہے کہ یہ غزوہ ماہ ربیع الاول سنہ ۴ ہجری میں پیش آیا ۔ اس سے پہلے بئر معونہ کا المناک حادثہ رونما ہو چکا تھا ۔ بلاذری ، ابن ہشام اور ابن سعد نے اسی قول کی تصدیق کی ہے ۔

یہود یثرب میں

اس غزوہ کے پس منظر کو سمجھنے کے لیے ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ یہود جن کا اصلی وطن فلسطین تھا وہ حجاز کے اس دُور افتادہ علاقہ میں کب اور کن حالات میں پہنچے ۔ کتب تاریخ کے مطالعہ سے تین چیزیں سامنے آتی ہیں جن کی روشنی میں یثرب میں یہود کی آمد کے بارے میں کوئی رائے قائم کی جاسکتی ہے ۔

(۱) علامہ ابن خلدون نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے اور دیگر عربی مراجع سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ یثرب شہر کو آباد کرنے والے عمالقہ تھے جس شخص نے اس کا سنگ بُنیاد رکھا اس کا نام یثرب بن مَہلائیل بن عُوص بن عملیق تھا ۔ گویا یہ شہر اپنے بسانے والے کے نام سے ہی مشہور ہو گیا ۔ عمالقہ کا کام فتنہ و فساد برپا کرنا ، راہزنی ، قزاقی اور بدمعاشی تھا ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت یوشع کی قیادت میں بنی اسرائیل کا ایک لشکر عمالقہ کی بیخ کنی کے لیے یثرب روانہ کیا اور اُسے حکم دیا کہ ان میں سے کسی کو زندہ نہ چھوڑیں ۔ یوشع نے اپنی اسرائیلی فوج کے ساتھ یثرب پر حملہ کیا ، ان کو شکست فاش دی اور اس نسل کے جتنے آدمی تھے سب کو تہ تیغ کر دیا ۔ صرف ان کے بادشاہ سُمَیدَع بن ہُومر کا ایک نوجوان لڑکا جو حد درجہ خوبصورت تھا اُسے اُنہوں نے زندہ رہنے دیا تاکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام خود اس کے بارے میں فیصلہ کریں ۔ جب یہ فاتح لشکر اپنے وطن کی طرف لوٹا تو اس کے پہنچنے سے پہلے حضرت موسیٰ علیہ السلام رحلت فرما گئے ۔ وہاں کے یہودیوں کو جب پتہ چلا کہ یوشع نے عمالقہ کے بادشاہ کے لڑکے کو قتل نہیں کیا

تو وہ بخت برہم ہو گئے۔ اور ان پر موسیٰ علیہ السلام کے حکم کی نافرمانی کا الزام لگایا اور انہیں اپنے علاقہ میں سکونت کی اجازت دینے سے انکار کر دیا۔ ان لوگوں نے یہ سوچا کہ بجائے اس کے کہ ہم ادھر اُدھر مارے مارے پھریں کیوں نہ اس شہر میں جا کر آباد ہو جائیں جس کو اُنہوں نے ابھی ابھی فتح کیا ہے۔ چنانچہ وہ یثرب واپس آ گئے اور وہیں رہائش اختیار کر لی۔ یہ پہلا یہودی گروہ ہے جو یہاں آ کر آباد ہُوا۔

۲۔ بخت نصر نے جب یروشلم پر حملہ کیا اور اس کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ ہیکل سلیمانی کو گرا کر پیوند زمین کر دیا بہت سے یہودیوں کو بے دریغ قتل کر دیا اور بے شمار لوگوں کو جنگی قیدی بنا کر اپنے ہمراہ لے گیا اس وقت یہودیوں کے چند قبائل یثرب میں آ کر آباد ہو گئے۔ یاد رہے کہ بخت نصر نے ۵۸۶ قبل مسیح کو یروشلم پر حملہ کیا تھا۔ علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں: "من ذلك الزمان (زمان بخت نصر) تفرقت بنو اسرائيل في البلاد فنزلت طائفة منهم الحجاز وطائفة يثرب وطائفة وادي القرى وذهبت شرذمة منهم الى مصر۔ (البدایہ والنہایۃ ص ۳۹-ج ۲)

ترجمہ: یعنی بخت نصر کے حملہ کے زمانہ میں بنو اسرائیل مختلف ملکوں میں تتر بتر ہو گئے۔ ان میں سے ایک طائفہ حجاز میں، ایک یثرب میں، ایک وادی القریٰ میں جا کر اقامت گزیں ہو گیا اور ایک چھوٹا سا گروہ مصر چلا گیا۔

۳۔ جب رومیوں نے شام، فلسطین اور نواحی علاقوں پر قبضہ کیا اور یہودی آبادیوں کو ویرانوں میں بدل دیا۔ ان کے مردوں کو قتل کر کے ان کی عورتوں کے ساتھ نکاح کر لیا۔ اس ہنگامہ میں بنو نضیر، بنو قریظہ اور بنی بہدل وہاں سے جان بچا کر بھاگ آئے اور یثرب میں اقامت اختیار کر لی۔ ابن خلدون لکھتے ہیں: وظهر الروم على بني اسرائيل بالشام فقتلوهم وسبوا وخرج بنو نضير وبنو قريظة وبنو بهدل هاربين الى الحجاز وتبعهم الروم فهلكوا عطشا۔" جلد دوم ص ۵۹۵

ترجمہ: "جب رومی بنی اسرائیل پر ملک شام میں غالب آ گئے تو اُنہوں نے انہیں قتل کیا۔ انہیں گرفتار کیا۔ ان حالات میں بنو نضیر، بنو قریظہ اور بنی بہدل حجاز کی طرف بھاگ آئے۔ رومیوں نے ان کا تعاقب کیا لیکن عرب کی صحرا کی دھوپ برداشت نہ کر سکے اور پیاس کی شدت سے ہلاک ہو گئے۔"

ڈاکٹر احمد امین نے فجر الاسلام میں اسی قول کی تائید کی ہے۔ (ص ۲۳، ۲۴)

یہ تینوں اقوال کتب تاریخ میں پائے جاتے ہیں ان میں سے کسی کو صحیح اور کسی کو غلط کہنا بلا وجہ تکلف ہے کیونکہ ان تینوں اقوال میں کوئی تعارض نہیں ہو سکتا ہے کہ سب سے پہلے یوشع اور ان کے ساتھی یثرب میں آ کر آباد ہوئے ہوں، پھر جب ۵۸۶ ق م میں بخت نصر نے یروشلم کو آ کر تباہ و برباد کر دیا تو اس وقت یہودیوں کے چند قبائل بھاگ نکلے اور حجاز کے مختلف خطوں میں آ کر آباد ہو گئے ہوں۔ تیماء، فدک، خیبر، وادی القریٰ کے سرسبز علاقے اُنہوں نے اپنی رہائش کے لیے منتخب کر لیے ہوں۔ پھر جب رُومیوں نے آ کر شام و فلسطین پر قبضہ کر لیا اور یہودیوں پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے ہوں تو اس وقت یہ تین قبیلے کسی طرح جان بچا کر حجاز کی طرف بھاگ آئے ہوں اور یثرب میں جہاں پہلے سے ان کے دینی بھائی رہائش پذیر تھے وہاں پہنچ گئے ہوں۔ جب قومیں ہجرت کرتی ہیں تو اس کے تمام افراد یکبارگی نقل مکانی نہیں کیا کرتے کسی حادثہ کے وقت ان میں سے

بعض ترک وطن میں پیش قدمی کرتے ہیں۔ جب کوئی اور اُفتاد پڑتی ہے تو بعض دُوسرے کسی پناہ گاہ کی تلاش میں اپنے وطن کو خیر باد کہتے ہیں۔ پھر کسی نئی قیامت کے برپا ہونے پر باقیماندہ لوگ بھی کُوچ کر جاتے ہیں۔ یہی حال یہودیوں کی ہجرت کا ہے جو مختلف مقامات اور مختلف حالات میں وقوع پذیر ہوئی۔

اوس اور خزرج جن کو بعد میں انصار اسلام بننے کا شرف حاصل ہُوا اور اسی لقب سے مشہور عالم ہُوئے۔ ان کا اصل وطن یمن تھا اور ان کا تعلق یمن کے ایک مشہور قبیلہ بنی ازد سے تھا جو یمن کے خوشحال ملک میں عیش و آرام کی زندگی بسر کر رہا تھا، لیکن جب اللہ تعالیٰ کے انعامات کی ناشکری کی پاداش میں وہ تباہ کن سیلاب آیا جس نے سدِّ مآرب کے پرخچے اُڑا دیے تو سارا یمن تہ و بالا ہو گیا جس کا تفصیلی تذکرہ آپ سورۂ سبا کے حواشی میں ضیاء القرآن جلد چہارم میں پڑھ آئے ہوں گے۔ جو لوگ اس طوفان کی زد میں آ گئے وہ تو لقمۂ اجل بن گئے لیکن جو لوگ بچ گئے ان کے باغات، ان کی زرعی زمینیں، ان کے قصور و محلات سب تباہ و برباد ہو گئے انہوں نے بھی اسی میں سلامتی سمجھی کہ یہاں سے نقلِ مکانی کر کے کسی ایسے گوشہ میں رہائش اختیار کریں جہاں وہ امن و سکون کی زندگی بسر کر سکیں۔ انہی میں سے ازد کا قبیلہ بھی تھا۔ ابن خلدون لکھتے ہیں:

نزلت ازد شنوءة الشام بالسراة خزاعة بطوی و نزلت غسان بصری وارض الشام و نزلت ازد عمان الطائف و نزلت الاوس والخزرج یثرب (ص ۵۹۶ - ج ۲)

ترجمہ: یعنی سیل العرم کے بعد ازد یمن سے نکلے، ان کا ایک حصّہ ازد شنوءہ شام سراۃ میں جا کر آباد ہُوا۔ خزاعہ طوی میں غسان بصری میں اور سرزمین شام میں اور ازد عمان طائف میں، اوس اور خزرج یثرب میں جا کر اقامت گزین ہُوئے۔

اوس و خزرج نے یثرب کی نواحی آبادیوں اور ارد گرد کے گاؤں میں سکونت اختیار کی لیکن ازد نے کب ہجرت کی اور وہ تباہ کن سیلاب کب آیا جس نے اس سنگین چٹانوں سے بنے ہُوئے بند کو درہم برہم کر دیا اس کے بارے میں کُتبِ تاریخ میں متعدد اقوال مذکور ہیں۔ (۱) سدِّ مآرب میں پہلا زبردست شگاف ولادتِ مسیح علیہ السلام کے قریبی زمانہ میں ہوا۔ اگرچہ سارا ڈیم برباد نہیں ہوا تھا لیکن یہ شگاف اتنا ہولناک تھا کہ اب اس بند کی پختگی پر مزید بھروسہ نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اس لیے لوگوں نے وہاں سے ترکِ وطن کا سلسلہ شروع کر دیا۔ جرجی زیدان "العرب قبل الاسلام" میں لکھتے ہیں:

وتفرقت قبائل الازد وغیرها فی جزیرة العرب بسبب ذلک بان ذلک وقع حوالی تاریخ المیلاد۔

یعنی سب سے پہلے شگاف مسیح علیہ السلام کے قریبی زمانہ میں ہوا جس سے لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا اور انہوں نے نقلِ مکانی کر کے محفوظ مقامات پر آباد ہونا شروع کر دیا۔

اس قول کے مطابق اوس و خزرج پہلی صدی عیسوی میں یثرب میں جا کر آباد ہوئے۔

(۲) ڈاکٹر احمد امین "فجر الاسلام" میں ۳۰۰ء میں اوس و خزرج کی آمد یثرب میں ثابت کرتے ہیں۔

(۳) بعض کا خیال ہے کہ سیلاب عظیم جس نے بند کو ہمیشہ کے لیے تباہ و برباد کر دیا وہ ۴۴۷ء عیسوی یا ۴۵۰ء عیسوی میں آیا۔ اس تیسرے قول کے مطابق یثرب میں اوس و خزرج کی آمد پانچویں صدی کے نصف آخر میں ہو گی۔

یہ تو ممکن ہے کہ سیلاب عظیم ۴۵۰ء میں آیا ہو، لیکن اس سے پہلے قولوں کی تردید نہیں ہو سکتی۔ ممکن ہے کہ ابتدا میں کوئی شگاف پڑے ہوں اور اس ڈیم میں ذخیرہ شدہ پانی بہہ گیا ہو، لیکن اس سے ڈیم کلیتاً تباہ نہ ہوا ہو اور سیلاب کے اختتام پر حکومتِ وقت نے اس کی مرمت کردی ہو اور اس طرح ڈیم کسی نہ کسی طرح باقی رہا ہو۔

اوس و خزرج اپنے اہل و عیال کے ساتھ جب یثرب پہنچے تو وہاں یہودی صدیوں سے آباد تھے۔ بازار اور منڈیاں ان کے قبضہ میں تھیں۔ زرعی زمینوں اور باغات کے وہ مالک تھے۔ سیاسی لحاظ سے بھی ان کا کوئی مدمقابل نہ تھا۔ جو عرب قبائل وہاں آباد تھے ان کی کوئی سیاسی حیثیت نہ تھی، وہ یہودیوں کے زیر فرمان اپنی زندگی بسر کر رہے تھے۔ اوس و خزرج یثرب کی نواحی بستیوں یا اردگرد کے گاؤں میں سکونت پذیر رہے۔ ابتدا میں انہوں نے یہود کی پناہ لی اور ان کی بالادستی کو تسلیم کیا۔ کچھ عرصہ تک حالات ایسے ہی رہے۔ اس اثنا میں اوس و خزرج کی تعداد بڑھتی گئی یہاں تک کہ ان کی جمعیت میں کافی اضافہ ہو گیا۔ یہاں تک کہ ان میں ایک مردِ میدان مالک بن عجلان پیدا ہوا۔ جب اس نے اپنے قبیلہ کی قیادت سنبھالی تو اس نے یہود کے تسلط سے اپنے قبیلہ کو رہائی دلانے کے لیے سوچنا شروع کر دیا۔ اس وقت ان کا ایک بھائی بنام ابو جُبیلہ شام میں غسان کے علاقہ کا فرمانروا تھا۔ اس کا قبیلہ بھی سیلِ عرم کے باعث یمن سے ترکِ سکونت کر کے شام میں جا کر آباد ہو گیا تھا، مالک اس کی خدمت میں پہنچا، اپنی اور اپنی قوم کی خستہ حالی اور غربت و افلاس کا شکوہ کیا۔ نیز یہودیوں کی بالادستی سے بھی اسے مطلع کیا۔ ابی جُبیلہ نے کہا کہ جس طرح ہم نے اہلِ غسان پر غلبہ حاصل کر لیا ہے تم نے یثرب کے یہودیوں کو اپنا زیر نگین کیوں نہیں بنایا؟ اس نے مالک سے وعدہ کیا کہ میں لشکر لے کر تمہاری امداد کے لیے آؤں گا تم تیار رہنا۔ مالک ابو جُبیلہ سے پختہ وعدہ لینے کے بعد واپس یثرب آیا اور اپنی قوم کو حقیقتِ حال سے خبردار کیا۔ انہیں کہا کہ وہ ہر وقت چُست رہیں۔ کچھ عرصہ بعد ابو جبیلہ ایک لشکرِ جرار لے کر اپنے بھائیوں کی امداد کے لیے یثرب کی طرف روانہ ہُوا۔ ذی حُرُض کے مقام پر پہنچ کر اس نے قیام کیا اور اوس و خزرج کو اپنی آمد کی اطلاع دینے کے لیے قاصد روانہ کیا۔ اُسے یہ اندیشہ تھا کہ یہودی اس کی آمد کے بارے میں سُن کر اپنی گڑھیوں میں قلعہ بند نہ ہو جائیں۔ اس نے یہودیوں کو خصوصی دعوت بھیجی کہ وہ آ کر اس سے شرفِ ملاقات حاصل کریں۔ چنانچہ یہودی اپنے نوکروں، خادموں سمیت وہاں پہنچے۔ جب وہ اس کی حویلی میں داخل ہُوئے تو اس نے اپنے لشکریوں کو کہا کہ ان سب کو تہ تیغ کر دو، کوئی بھی بچنے نہ پائے۔ پھر اس نے اوس و خزرج کے نوجوانوں کو کہا اگر اب بھی تم نے اس علاقہ پر قبضہ نہ کیا تو میں تم تمام کو نذرِ آتش کر دوں گا۔ یہ کہہ کر خود شام کی طرف لوٹ آیا۔ اس طرح یہودیوں کا غلبہ ختم ہُوا اور اوس و خزرج کو سیاسی برتری حاصل ہو گئی اور اُن کی قوت و شوکت کے سامنے یہود کو سر جھکانا پڑا۔ (ابن خلدون ص ۵۹۷، ج ۲)

اس وقت یہودیوں کے تین مشہور قبیلے وہاں آباد تھے۔ بنو قینقاع، بنی نضیر اور بنو قریظہ۔ بنو قینقاع، زرگری، آہنگری اور برتن سازی کا کام کیا کرتے تھے۔ انہیں بنی خزرج کی پناہ حاصل تھی۔ نیز ان کی دوسرے یہودی قبیلوں بنی نضیر اور بنو قریظہ سے سخت اَن بن تھی۔ اس لیے وہ یثرب کے شہر میں رہتے تھے اور کوئی ان سے مزاحمت نہیں کرتا تھا، لیکن اس قتلِ عام کے بعد بنی نضیر اور بنی قریظہ نے سلامتی اسی میں سمجھی کہ وہ یثرب شہر کے اندر رہنے کے بجائے باہر اپنی بستیاں قائم کریں تاکہ وہ آزادی

کے ساتھ اپنی زندگی بسر کرسکیں ۔ بے شک اب اقتدار اور سیاسی قوت کے مالک اوس و خزرج تھے لیکن یہود کا اثر و نفوذ بھی کچھ کم نہ تھا۔ وہ سُودی کاروبار میں بڑے چُست و چالاک تھے۔ لوگوں کو قرض دیتے اور بھاری شرح پر سُود وصُول کرتے اور سُود در سود کا چکر تو ایسا تھا کہ جو شخص ایک مرتبہ اس چکر میں پھنس جاتا عمر بھر نکلنے کی صُورت پیدا نہ ہوتی۔ کاروبار، منڈیاں اور بازار سب یہودیوں کے تصرف میں تھے اس لیے مالی لحاظ سے ان کا گہرا اثر تھا۔

کچھ عرصہ تک اوس اور خزرج کے قبائل میں اتحاد و اتفاق رہا۔ اس کی برکت سے وہ خوشحالی کی زندگی بسر کرتے رہے، لیکن آخر کار اُن میں باہمی رنجشیں اور حسد و بغض کے آثار رُونما ہونے لگے۔ یہودی تو ان لمحات کے لیے ترس رہے تھے۔ فوراً اُنہوں نے دو برادر قبائل کے درمیان افتراق و انتشار کی خلیج کو وسیع تر کرنے کی سازشیں شروع کردیں۔ ان کے مالی مفادات کا تقاضا تو یہی تھا کہ وہ پُر امن زندگی بسر کریں، کسی لڑائی اور فساد میں حصّہ نہ لیں لیکن ان دو قبیلوں کے اتحاد میں انہیں اپنی موت نظر آتی تھی ۔ وہ ان کو آپس میں لڑانا بھڑانا ضروری سمجھتے تھے اور اس کے لیے وہ مالی بحران کا خندہ پیشانی سے استقبال کرنے کے لیے تیار تھے۔ چنانچہ جب اوس و خزرج میں جنگ ہوتی تو ہر یہودی قبیلہ اپنے حلیف کے ساتھ مل کر اپنے یہودی بھائیوں کے ساتھ لڑنے سے باز نہ آتا۔ یہ حالات تھے جب اسلام کی کرنیں آہستہ آہستہ یثرب کی تاریک فضا کو منور کرنے لگیں۔ کچھ عرصہ بعد حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے ہجرت کرکے یثرب میں تشریف لے آئے۔ یہودی اپنی مذہبی کتابوں کے مطالعہ کے باعث اچھی طرح جانتے تھے کہ ایک نبی آخر الزماں تشریف لانے والا ہے۔ اس کی آمد سے ان کے مصائب کی شبِ تار بھی صبح آشنا ہوگی۔ جب تبع نے یثرب کی بستی کو برباد کرنے کا عزم کیا تو وہ یہودی علماء ہی تھے جنہوں نے اسے یہ کہہ کر اس اقدام سے روکا کہ تم اس بستی پر کبھی غلبہ نہیں پا سکتے۔ اس نے وجہ پوچھی تو بتایا کہ یہ نبی آخر الزمان کی ہجرت گاہ ہے اس پر کوئی جابر غالب نہیں آسکتا۔ انہیں کے بتانے پر تبع نے اسلام قبول کیا تھا جس کی تفصیل آپ ضیاء القرآن جلد چہارم ص ۴۴۲ سورہ دخان آیت ۳۷) کے حواشی میں ملاحظہ فرما چکے ہوں گے۔

نیز جس وقت انہیں کسی کافر حملہ آور سے نبرد آزما ہونا پڑتا تو وہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں حضور نبی کریم کے وسیلہ سے فتح کی دُعا مانگا کرتے۔ (بقرہ ص ۸۹، جلد اوّل، ضیاء القرآن)

اسی لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مدینہ طیبہ تشریف لائے تو حضورؐ کے استقبال کرنے والوں میں یہ بھی پیش پیش تھے۔ رحمتِ عالمؐ نے مدینہ طیبہ پہنچ کر وہاں امن و امان کی فضا برقرار رکھنے کے لیے معاہدات کا سلسلہ شروع کیا۔ سب سے پہلے انصار اور مہاجرین کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا تاکہ برائے نام قسم کی اجنبیت کا احساس بھی باقی نہ رہے۔ تمام مسلمان محبت و اُلفت کے رنگ میں رنگے جائیں۔ مدینہ طیبہ میں دُوسری جمعیت یہود کی تھی، اگرچہ اُنہوں نے اسلام قبول نہیں کیا تھا۔ اس کے باوجود حضورؐ نے ان کے ساتھ دوستی کا معاہدہ مساوی بُنیادوں پر کیا۔ معاہدہ کی دفعات کا مطالعہ کرکے انسان حیران ہو جاتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طرح ان کو مذہبی آزادی، معاشرتی اور معاشی مساوی حیثیت سے بہرہ اندوز فرمایا تھا۔ اس معاہدہ کی چند دفعات آپ بھی ملاحظہ فرمائیں:

"وان الیھود ینفقون مع المؤمنین ماداموا محاربین۔ وان یھود بنی عوف امۃ مع المؤمنین للیھود دینھم وللمسلمین دینھم موالیھم وانفسھم من ظلم واثم فانہ لایوتغ الانفسہ واھل بیتہ .... وان علی الیھود نفقتھم وعلی المسلمین نفقتھم وان بینھم النصر علی من حارب اھل ھذہ الصحیفۃ فان یثرب حرام جوفھا لاھل ھذہ الصحیفۃ (ابن ھشام ص ۱۲۲۔ ج ۲)

ترجمہ: "یہودی اور مسلمان اپنے اپنے خرچ کے ذمہ دار ہوں گے جب تک وہ مل کر جنگ کریں گے اور بنی عوف کے یہودی مسلمانوں کے ساتھ ایک گروہ ہیں۔ یہودیوں کے لیے ان کا دین، مسلمانوں کے لیے ان کا دین، سوائے اس شخص کے جو ظلم کرتا ہے اور گناہ کا ارتکاب کرتا ہے پس وہ اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو برباد کرتا ہے۔ یہود پر اپنے مصارف کی ذمہ داری ہے، مسلمانوں پر اپنے مصارف کی۔ اس معاہدہ میں شریک ہونے والے لوگوں کے ساتھ جو شخص جنگ کرے گا۔ یہ ایک دوسرے کی اس کے مقابلہ میں امداد کریں گے اور ان کے درمیان ایک دوسرے کے لیے خلوص وخیرخواہی لازمی ہے۔ گناہ سے اجتناب ضروری ہے اور یثرب کے اندر کسی قسم کا فتنہ وفساد کرنا شرکائے معاہدہ کے لیے حرام ہے۔"

جن منصفانہ بلکہ فیاضانہ شرائط پر یہ معاہدہ طے ہوا تھا۔ توقع تو یہی تھی کہ اس معاہدہ کے جملہ شرکاء صدق دل سے اس کی پابندی کریں گے۔ مہاجر وانصار ہر وقت اس معاہدہ کی شرائط کو پیش نظر رکھتے لیکن یہودیوں نے کچھ عرصہ بعد اس معاہدہ کی اہمیت کو نظر انداز کرنا شروع کر دیا جس کی متعدد وجوہات تھیں۔

۱۔ انہوں نے مسلمانوں کے استقبال میں گرمجوشی سے اس لیے حصہ لیا تھا کہ ان کا گمان تھا کہ یہ لٹے پٹے مہاجر جن کی مالی حالت از حد خستہ ہے ان کے ممنون احسان ہو کر رہیں گے اور وہ ان نو وارد مسلمانوں کی طرح طرح کی مجبوریوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے انہیں آلۂ کار بنائیں گے۔ انہیں معلوم نہ تھا کہ اسلام نے اپنے ماننے والوں میں جو ذہنی انقلاب برپا کیا ہے اس نے ان کو بالکل ایک نئے سانچے میں ڈھال دیا ہے۔ ان کا سر اطاعت صرف اپنے رب اپنے ہادی ومرشد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ عالی میں جھک سکتا ہے کسی اور قوت کے سامنے ان کی گردن خم نہیں ہو سکتی۔ ان کا ایک اپنا تشخص ہے جو انہیں از حد عزیز ہے۔ وہ کسی قیمت پر اس سے دستبردار ہونے کے لیے تیار نہیں۔ اس چیز نے یہودیوں کو مسلمانوں سے متنفر کرنا شروع کر دیا۔ پھر انہوں نے دیکھا کہ اوس وخزرج جو ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے نبی رحمت کے طفیل آپس میں بھائی بھائی بنتے جا رہے ہیں۔ انہیں اس اتحاد میں اپنے منصوبوں کی ناکامی کا خدشہ نظر آنے لگا۔ نیز شریعت اسلامیہ کے وہ احکام جن کا تعلق معاشی، اخلاقی زندگی سے تھا وہ سراسر ان کے مفادات سے ٹکراتے تھے۔

اسلام، سود سے بڑی سختی سے منع کرتا ہے بلکہ سود خوروں کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے جنگ کی دھمکی دیتا ہے اور یہودیوں کی ساری خوشحالی کا دارومدار سود خوری پر تھا وہ کب یہ گوارا کر سکتے تھے کہ ایک ایسی منظم جماعت وجود میں

آجائے جو طاقت میں آنے کے بعد بزور بازو سُودی کاروبار کو ہمیشہ کیلیے ختم کر دے۔ کم تولنا، کم ناپنا۔ خریدار کی سادہ لوحی سے ناجائز فائدہ اٹھانا اسلام نے قطعاً حرام قرار دیا تھا لیکن ان کی تجارت کا فروغ نفع اندوزی کے ان ناجائز ذرائع پر تھا۔ چنانچہ مسلمانوں سے جو جین توقعات انہوں نے وابستہ کر رکھی تھیں ان کے پُورے ہونے کی اُمید نہ رہی۔ نیز ان کا وجود ان کی معاشی خوشحالی اور اخلاق آوارگی کے لیے پیامِ مرگ تھا۔ اس لیے وہ کوئی ایسا موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے جب وہ اسلام کو نقصان پہنچا سکتے ہوں۔

بدر میں اللہ تعالیٰ نے مُسلمانوں کو فتح مبین عطا فرمائی۔ اہلِ مکہ کے ہر گھر میں صفِ ماتم بچھ گئی۔ اسلام کے خلاف نفرت و عداوت کے شعلے تیزی سے بھڑکنے لگے۔ کعب بن اشرف جو بنی نضیر کا سردار تھا وہ چپکے سے مکہ آیا اور میدانِ بدر میں ان کے مقتولوں کی تعزیت کے بعد ان کے پسماندگان کو مُسلمانوں سے انتقام لینے پر بھڑکایا اور بڑے پُر جوش قصیدے کہے جن میں مرنے والوں کا مرثیہ بھی تھا اور مسلمانوں سے فیصلہ کن جنگ لڑنے کی ترغیب بھی تھی۔ اس کے بعد غزوۂ اُحد ہُوا جس میں مُسلمانوں کا کافی جانی نقصان ہُوا۔ اس کے معاً بعد بئر معونہ کا حادثۂ فاجعہ پیش آیا۔ ان چیزوں نے یہودیوں کے حوصلوں کو تقویت دی اور وہ معاہدہ کی شرائط کو پُورا کرنے میں بڑی بے پرواہی کا مظاہرہ کرنے لگے۔ ان کے شعراء مُسلم خواتین کا نام لے کر عشقیہ غزلیں لکھا کرتے۔ اگر کوئی مُسلمان خاتون ان کے محلے میں جا نکلتی تو اس کی توہین کرنے سے بھی باز نہ آتے۔ ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دو مقتولوں کی دیت ادا کرنے کے بارے میں بنی نضیر کے ہاں گئے۔ اُنہوں نے آپ کو دیوار کے قریب بٹھایا اور در پردہ یہ سازش کی کہ ان میں سے ایک آدمی اُوپر جا کر ایک بھاری پتھر آپ پر لڑھکا دے۔ اس قسم کے نازیبا واقعات تھے جو یکے بعد دیگرے پیش آرہے تھے۔ چنانچہ بنی نضیر کی بیخ کنی کے لیے فیصلہ کن اقدام ناگزیر ہو گیا ورنہ یہ مارِ آستین کسی وقت ڈس کر نقصانِ عظیم پہنچا سکتے تھے۔ اس سورۂ مبارکہ میں اسی غزوہ کا ذکر ہے۔ اس کی تفصیلات آپ آیات کی تفسیر کے ضمن میں ملاحظہ کریں گے۔

مضامین: اس سورت میں جو اہم مضامین بیان کیے گئے ہیں۔ اب اختصار کے ساتھ ان کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

سُورت کا آغاز اس حقیقت کے بیان سے ہو رہا ہے کہ زمین و آسمان کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کی تسبیح پڑھ رہی ہے اور اسکی پاکی بیان کر رہی ہے کیونکہ وہی بڑی عزت والا اور بڑی حکمت والا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی دانائی اور حکمت کو ثابت کرنے کیلیے بنی نضیر کے انجام کی طرف مُسلمانوں کو متوجہ کیا کہ دیکھو ان کے قلعے کتنے سنگین، ان کی گڑھیاں کتنی مضبوط تھیں۔ ان کے پاس اسلحہ کے کتنے ذخائر تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو یوں مرعوب کر دیا کہ وہ اپنے ہاتھوں سے اپنے شاندار گھروں کو برباد کرنے لگے اور بغیر جنگ کیے ہُوئے اپنے صدہا سال کے وطنِ عزیز کو چھوڑنے پر رضامند ہو گئے۔ پھر یہ بتایا کہ انہیں یہ سزا اس لیے دی گئی کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُول کی مخالفت کرتے تھے اور جو بھی یہ وتیرہ اختیار کرے گا اس کو اسی قسم کے انجام سے دوچار ہونا پڑے گا۔ (۲) اس کے بعد بتایا کہ دشمن کو شکست دینے کے لیے جنگی تدابیر ناگزیر ہیں اور جنگی ضرورتوں کے لیے دُشمن کے پھل دار درختوں کو کاٹنا مباح ہے۔

(۳) مالِ فئے کی تقسیم کا حکم بتایا نیز آیت ۷ میں اسلامی نظامِ معاشیات کے اہم ستون کا ذکر کر دیا۔ کَیْ لَا یَکُوْنَ دُوْلَۃً

بين الاغنياء منكم"

اس کے بعد اپنے محبوب کی غیر مشروط اطاعت کا حکم دیا۔ پھر مہاجرین و انصار کی تعریف کر کے انکی عزت افزائی فرمائی۔

دُوسرے رکُوع میں منافقین کی رذیل حرکات پر انہیں سرزنش کی کہ بظاہر تو وہ اپنے آپ کو مُسلمان کہا کرتے ہیں، لیکن درحقیقت وہ کفر کے دلدادہ ہیں اور اسلام کے دُشمن۔ جب حضور نے بنی نضیر کو الٹی میٹم دیا کہ اتنے روز میں مدینے سے نکل جاؤ تو عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین نے ان کو کہلا بھیجا کہ مت نکلنا۔ میں دو ہزار کا لشکر لے کر تمہاری مدد کے لیے آجاؤں گا۔ اللہ تعالےٰ نے بتا دیا کہ یہ منافقین جھوٹ بولتے ہیں۔ اگر جنگ چھڑ گئی تو وہ یہود کا کبھی ساتھ نہیں دیں گے۔

آخری رکُوع میں دُوسرے مضامین کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ کا ذکر فرمایا جس سے اللہ تعالیٰ کی عظمت کا پتہ چلتا ہے۔ قرآن کریم میں اتنے اسماءِ حسنیٰ اور کہیں یکجا نہیں۔

سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ الحشر مدنی ہے اور اس میں ۲۴ آیتیں اور ۳ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ' ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ①

اللہ ہی کی پاکی بیان کر رہی ہے ہر چیز جو آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے۔ اور وہی سب پر غالب ' بڑا دانا ہے لے

هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ

وہی تو ہے جو باہر نکال لایا اہل کتاب کے کافروں کو ان کے

دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

گھروں سے پہلی جلاوطنی کے وقت۔ تم نے کبھی یہ خیال بھی نہ کیا تھا کہ وہ نکل جائیں گے اور وہ بھی گمان کرتے تھے کہ

مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ

انہیں ان کے قلعے بچالیں گے اللہ (کے قہر) سے ٹے پس آیا ان پر اللہ (کا قہر) اس جگہ سے جس کا انہیں

لے اس سورت میں مدینہ کی نوخیز اسلامی ریاست کو ایک عظیم فتنہ سے نجات دینے کا ذکر ہو رہا ہے اور نجات بھی ان حالات میں جبکہ بظاہر اس کا کوئی امکان نہ تھا اور نجات اس طرح کہ مسلمانوں کا کوئی جانی نقصان نہ ہوا اور اس کا تیجہ یہ نکلا کہ بنی نضیر کا قبیلہ جو مار آستین بن کر مسلمانوں کو ڈستا رہتا تھا وہ خود جلاوطنی کے لیے تیار ہو گیا۔ مسلمان ان کے مکانات ' ان کے سرسبز و شاداب باغات اور زرخیز زمینوں کے مالک بن گئے جس سے ان کی مالی حالت بہت حد تک سدھر گئی۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم تھا ورنہ مسلمان قطعاً اس پوزیشن میں نہ تھے کہ اپنے زور بازو سے ان کو یہاں سے باہر نکال دیں۔ اس لیے اس سورت کی ابتداء اللہ تعالیٰ کی تسبیح ' اس کی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کے ذکر سے کی گئی ہے تاکہ قیامت تک آنے والے مسلمان اس کو محض اپنے رب کا فضل و احسان یقین کریں اور اس کا شکر ادا کرتے رہیں۔

ٹے اس آیت میں جن کفار اہل کتاب کا ذکر ہے ان سے مراد یہود کا قبیلہ بنو نضیر ہے۔ مدینہ طیبہ کے مضافات میں ان کی الگ بستی تھی۔ انہوں نے اپنے گھروں کو قلعہ نما بنایا ہوا تھا۔ کئی گڑھیاں تعمیر کر رکھی تھیں اور سامان جنگ کے ذخیرے اکٹھے کر رکھے تھے تاکہ کسی حملہ کے وقت

يَحْتَسِبُوْا وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ

خیال بھی نہ آیا تھا اور اللہ نے ڈال دیا ان کے دلوں میں رعب ۳ چنانچہ وہ برباد کر رہے ہیں اپنے گھروں کو

بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ فَاعْتَبِرُوْا يٰۤاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۲﴾

اپنے ہاتھوں سے اور اہل ایمان کے ہاتھوں سے ۴ پس عبرت حاصل کرو اے دیدۂ بینا رکھنے والو! ۵

اپنا دفاع کر سکیں۔ اپنی بہادری پر بھی انہیں بڑا ناز تھا۔ انہوں نے کبھی یہ سوچا ہی نہ تھا کہ مٹھی بھر مسلمان ان پر غالب آسکتے ہیں۔ اسی بنا پر وہ اس معاہدے کا بہت کم احترام کیا کرتے جو اُن کے درمیان اور حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان طے پا چکا تھا جب بھی انہیں موقع ملتا معاہدے کی خلاف ورزی سے باز نہ آتے۔

ایک روز حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک جھگڑے کا تصفیہ کرانے کے لیے ان کے محلہ میں تشریف لے گئے۔ انہوں نے دیوار کے قریب حضور کی نشست گاہ بنائی۔ جب حضور تشریف فرما ہوئے اور گفتگو میں مصروف ہو گئے تو انہوں نے طے شدہ منصوبے کے مطابق ایک نابکار کو بھیجا کہ اوپر سے بھاری پتھر حضور پر لڑھکا دے۔ اس طرح وہ اس شمع نور کو گل کرنا چاہتے تھے جس کو تا ابد فروزاں رکھنے کا ذمہ اللہ تعالیٰ نے خود اٹھایا ہوا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو ان کے ناپاک ارادہ سے آگاہ فرما دیا۔ حضور وہاں سے اٹھ کر چلے گئے۔ اس طرح ان کی یہ غداری اور سازش ناکام ہو گئی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں معاہدہ کی صریح خلاف ورزی اور غداری کی پاداش میں دس دن کے اندر مدینہ طیبہ سے نکل جانے کا الٹی میٹم دے دیا۔ عبد اللہ بن ابی منافق نے انہیں کہلا بھیجا کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں، مت گھبراؤ اور اس الٹی میٹم کو مسترد کر دو۔ انہیں اپنے مضبوط قلعوں، اپنی جنگی مہارت اور شجاعت پر بڑا گھمنڈ تھا۔ عبد اللہ کے پیغام نے انہیں مزید تقویت پہنچائی۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں ایسا خوف و ہراس پیدا کر دیا اور انہیں ایسا مرعوب کر دیا کہ ابھی الٹی میٹم کی مدت ختم ہونے میں چار دن باقی تھے کہ انہوں نے ہتھیار ڈال دیے اور مدینہ سے جلا وطنی قبول کر لی۔ اپنے آراستہ و پیراستہ مکانوں اور شاداب باغوں اور زرخیز زمینوں کو چھوڑ کر چلے جانا کوئی معمولی بات نہیں تھی۔ وہ یہاں صدیوں سے آباد تھے۔ منڈی اور بازاروں پر ان کا قبضہ تھا۔ ان کے پاس مضبوط قلعے بھی تھے۔ ان گراں بہا منقولہ و غیر منقولہ جائیدادوں سے دستبردار ہو جانا ان کی مرعوبیت کی انتہا تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو جو معجزات عطا فرمائے تھے ان میں ایک معجزہ رعب تھا۔

۳ے اس جملہ میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔ یعنی ان کا خیال تو یہ تھا کہ جنگ ہوگی اور وہ مسلمانوں کو مار بھگائیں گے۔ یہ تو انہوں نے سوچا بھی نہ تھا کہ وہ لڑے بغیر سب کچھ چھوڑ کر چلے جائیں گے۔

۴ے انہوں نے عرض کیا کہ اسلحہ کے بغیر جتنا سامان وہ اونٹوں پر لے جا سکتے ہیں اسے لے جانے کی اجازت دی جائے۔ حضور نبی کریم الفنفس نے ان کی یہ درخواست قبول فرمالی۔ چنانچہ وہ اپنے گھروں کا سارا سامان اٹھا کر لے گئے۔ بلکہ ان کے مکانوں میں جو قیمتی لکڑی لگی ہوئی تھی اس کو لے جانے کے لیے انہوں نے مکانوں کی چھتیں ادھیڑ دیں۔ کواڑ، کھڑکیاں، الماریاں غرضیکہ جو چیز وہ اکھیڑ کر لے جا سکتے تھے

وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِى الدُّنْيَا ؕ

اور اگر نہ لکھ دی ہوتی اللہ نے ان کے حق میں جلاوطنی تو انہیں عذاب دے دیتا اس دنیا میں ۶

وہ لے گئے۔ اس طرح انہوں نے اپنے ہاتھوں سے اپنے شیش محلوں کو برباد کر دیا۔ جب وہ اپنے آراستہ و پیراستہ شبستانوں کو خود کھنڈر بنا رہے ہوں گے تو ان کے دلوں پر کیا بیت رہی ہوگی اور ان کے چلے جانے کے بعد جب مسلمان وہاں پہنچے تو باقی ماندہ کھنڈرات کو انہوں نے منہدم کر دیا ہوگا تاکہ اپنے بسنے کے لیے نئے مکانات تعمیر کر سکیں۔

آیت میں لِاَوَّلِ الْحَشْرِ کا لفظ توجہ طلب ہے۔ حشر کا معنی ہے متفرق چیزوں کو جمع کرنا، منتشر افراد کو اکٹھا کرنا۔ قیامت کو حشر کہنے کی وجہ بھی یہی ہے کہ اس وقت تمام انسان جو دور دراز ملکوں میں بکھرے ہوئے تھے ان کو یکجا کر دیا جائے گا۔ آیت میں "حشر" سے مراد کیا ہے، علماء کے اس بارے میں متعدد اقوال ہیں۔ اس سے مراد بنی نضیر کی مدینہ طیبہ سے جلاوطنی ہے، کیونکہ مرد و زن، خورد و کلاں، شیخ و شاب کو ایک جگہ جمع کیا گیا پھر مدینہ طیبہ سے انہیں نکل جانے کا حکم دے دیا گیا۔ ابن قتیبہ نے غریب القرآن میں اس کا یہی مفہوم لکھا ہے۔ وھو الجلاء۔ یہاں "اول" کی قید سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ ان کی پہلی جلاوطنی ہے۔ دوسری جلاوطنی بھی ہوگی اور یہ عہد فاروقی میں ہوئی جب انہیں خیبر سے شام کی طرف جلاوطن کیا گیا۔ ان کا آخری حشر قیامت کے دن ہوگا۔ وہاں سے وہ سیدھے جہنم رسید ہوں گے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ حشر سے مراد اسلامی فوج کا ان کے محاصرہ کے لیے جمع ہونا ہے۔ اس وقت آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ جب مسلمانوں نے یہود کے خلاف پہلی مرتبہ لشکر کشی کی تو یہ بزدل جنگ کیے بغیر اپنا صدیوں کا وطن چھوڑ کر چلے گئے۔ (روح المعانی)

۵ حکم ہے کہ اس سارے واقعہ کا دقت نظر سے مطالعہ کرو۔ تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ جب کوئی فرد، کوئی قبیلہ، کوئی قوم اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتی ہے اور اس کے رسول کرم کے مقابلے پر ڈٹ جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ ان کے دلوں میں بزدلی پیدا کر دیتا ہے۔ ان کے پاس اسلحہ کے انبار کیوں نہ ہوں، ان کے مورچے کتنے ہی مستحکم کیوں نہ ہوں، کوئی چیز بھی انہیں شکست سے نہیں بچا سکتی۔

۶ یہ تو اچھا ہوا کہ وہ جلاوطنی پر آمادہ ہو گئے۔ اگر وہ جنگ کرتے تو انجام بڑا ہولناک ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کے شیروں کی تلواریں جب بے نیام ہوتیں تو ان لومڑیوں میں سے کوئی بھی جان بچا کر نہ جا سکتا۔ سب تہ تیغ کر دیے جاتے۔ ان کا ساز و سامان، زیورات و جواہرات سب ان سے چھین جاتے۔ انہوں نے جلاوطنی قبول کر کے اپنے آپ کو بچا لیا۔ لیکن آخرت میں جہنم کا ایندھن تو انہیں بننا ہی پڑے گا۔

وطن سے نکال دینے کے لیے دو لفظ استعمال ہوتے ہیں۔ اخراج اور جلاء۔ لیکن ان میں دو طرح کا فرق ہے۔ اگر کسی کو بال بچے سمیت ملک بدر کر دیا جائے تو اس کو جلاء کہتے ہیں۔ اخراج کا لفظ اس وقت بھی استعمال ہوتا ہے جب کسی کو تنہا ملک بدر کیا جائے نیز جلاء کا لفظ اس وقت استعمال ہوتا ہے جبکہ ایک جتھہ اور جماعت کو ملک سے نکالا جائے لیکن اخراج کا لفظ جماعت اور فرد واحد کے ملک بدر کرنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ﴿٣﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ

اور ان کے لیے آخرت میں تو آگ کا عذاب ہے۔ یہ سزا اس لیے دی گئی کہ انہوں نے مخالفت کی تھی اللہ

وَرَسُولَهُ ۖ وَمَن يُشَاقِّ اللَّهَ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٤﴾

اور اس کے رسول کی۔ اور جو اللہ کی مخالفت کرتا ہے تو اللہ عذاب دینے میں بڑا سخت ہے۔ ؎

مَا قَطَعْتُم مِّن لِّينَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلَىٰ أُصُولِهَا

جو کھجور کے درخت تم نے کاٹ ڈالے یا جن کو تم نے چھوڑ دیا کہ کھڑے رہیں اپنی جڑوں پر ؎

فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِينَ ﴿٥﴾ وَمَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ

تو یہ (دونوں باتیں) اللہ کے اذن سے تھیں تاکہ وہ رسوا کرے فاسقوں کو ؎ اور جو مال پلٹا دیے اللہ نے اپنے رسول کی طرف

؎ یعنی جو افتاد بنی نضیر پر پڑی اور بستے بستے گھروں سے انہیں کان پکڑ کر باہر نکال دیا گیا اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی مخالفت پر کمربستہ ہو گئے تھے اور نافرمانی کو اپنا وتیرہ بنا لیا تھا۔ جو بھی اس جرم کا ارتکاب کرے گا اس کا انجام ظاہر ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو ایسی شدید سزا دیتا ہے کہ اس کا نام و نشان تک باقی نہیں رہتا۔

؎ مسلمانوں نے جب ان کی آبادی کا محاصرہ کر لیا تو اس کے اردگرد کا علاقہ کھجور کے باغات سے پٹا پڑا تھا۔ ان کے قلعوں کے نزدیک ایسی کھلی جگہ نہ تھی جہاں مسلمان صفیں آراستہ کر کے ان پر حملہ کر سکیں۔ اس لیے بعض مقامات پر کھجور کے درخت کاٹ دیے گئے اور جو درخت لڑائی میں حارج نہ تھے ان کو باقی رہنے دیا گیا۔ منافقین اور یہودیوں نے بات کا بتنگڑ بنا دیا کہ دیکھو لوگوں کو زمین میں فساد برپا کرنے سے روکتے ہیں اور خود ہرے بھرے پھلدار درختوں کو اس بے دردی سے کاٹ رہے ہیں۔ مسلمانوں کو بھی تشویش ہوئی کہ کہیں ان کا یہ فعل فساد فی الارض میں تو داخل نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جن درختوں کو تم نے کاٹا ہے اور جن کو باقی رہنے دیا ہے تم پر کوئی گرفت نہیں۔ تمہیں ایسا کرنے کی اجازت ہے۔

اس آیت سے فقہاء نے یہ مسئلے اخذ کیے ہیں: مسلمانوں کا لشکر اگر کفار کے علاقہ میں داخل ہوا اور انہیں اپنی جنگی ضروریات کے لیے درختوں کو کاٹنا پڑے یا کوئی مکان گرانا پڑے یا کوئی پل توڑنا پڑے یا کسی نہر کو کاٹنا پڑے تو انہیں شرعاً اس کی اجازت ہے۔ لیکن بلاضرورت توڑ پھوڑ کی اجازت نہیں۔ ایسا کرنا فساد فی الارض میں داخل ہے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے جب اسلامی لشکر کو غزوہ موتہ کی طرف روانہ کیا تو انہیں ہدایت فرمائی کہ پھلدار درختوں کو نہ کاٹنا، فصلوں کو خراب نہ کرنا اور بستیوں کو نہ اجاڑنا۔ انتہائی جنگی ضروریات کے لیے ایسا کرنے کی اجازت ہے۔

مِنۡهُمۡ فَمَآ اَوۡجَفۡتُمۡ عَلَيۡهِ مِنۡ خَيۡلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ

ان سے کر تو نہ تم نے اس پر گھوڑے دوڑائے اور نہ اونٹ ۱۰ بلکہ

۹ یعنی ان درختوں کو کاٹنا اور ان کو یونہی سلامت رکھنا دونوں کا مقصد یہ تھا کہ یہودی فاسقین کی تذلیل ہو۔ کاٹنے میں تو ان کی تذلیل کی یہ صورت ہے کہ جن باغات کو انہوں نے شوق سے لگایا، بڑی محنت سے ان کو پروان چڑھایا، اب مسلمان ان کو کاٹ رہے ہیں۔ یہودی اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں لیکن بے بس ہیں دم نہیں مار سکتے اور وہ درخت جو باقی رہ گئے ہیں ان میں ان کی تذلیل کا پہلو یہ ہے کہ وہ ان باغات کو چھوڑے جا رہے ہیں۔ ان کے بعد ان کے دشمن ان پر قابض ہوں گے۔ اگر ان کا بس چلے تو ایک درخت بھی کھڑا نہ رہنے دیں، سب کو کاٹ دیں، جلا کر راکھ کر دیں لیکن وہ ہرے بھرے درختوں کو چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ ان کو ایک پتا توڑنے اور ایک شاخ کاٹنے کی بھی اجازت نہیں۔ دونوں صورتوں میں ان کی ذلت و رسوائی اظہر من الشمس ہے۔

۱۰ یہود بنی نضیر اپنی غداری اور عہد شکنی کی پاداش میں مدینہ طیبہ چھوڑ کر خیبر وغیرہ کی طرف چلے گئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انہیں اجازت دے دی کہ اسلحہ کے سوا جو سامان وہ اونٹوں پر لاد کر لے جا سکتے ہیں لے جائیں۔ اس کے بعد بھی بہت کچھ بچ گیا تھا۔ اموالِ منقولہ کے علاوہ جو مکانات ان کی توڑ پھوڑ سے بچ گئے تھے، باغات اور زرخیز زرعی اراضی اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول مکرم کو لوٹا دیں۔ یہ جملہ اموالِ منقولہ و غیر منقولہ سب اللہ تعالیٰ کے حبیب کے تصرف میں ہیں۔ ان پر قبضہ کرنے کے لیے مسلمانوں کو کسی زحمت کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ نہ انہوں نے گھوڑوں اونٹوں پر سوار ہو کر حملہ کیا نہ جنگ و قتال کی نوبت آئی اس لیے ان اموال اور اراضی میں کسی کا کوئی حق نہیں۔ ہر چیز اللہ تعالیٰ کے رسول کی ملکیت ہے۔ جس طرح حضورؐ چاہیں اسے صرف کر سکتے ہیں۔

آیت میں اَفَاءَ کا کلمہ بڑا معنی خیز ہے۔ افاء کا معنی ہے کسی چیز کو لوٹا دینا۔ واپس کر دینا۔ سایہ کو بھی فیئ کہتے ہیں کیونکہ یہ بھی پلٹ کر واپس آتا ہے۔ یہاں اس حقیقت کی طرف اشارہ کر دیا کہ ہر چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے اس کے حقدار اس کے فرمانبردار بندے ہیں۔ اصل میں ہر چیز انہی کی ملکیت ہے۔ نافرمان لوگ جو بعض چیزوں پر قبضہ جما لیتے ہیں یہ ان کا قبضہ مخالفانہ ہے۔ اللہ تعالیٰ جب چاہتا ہے ان چیزوں کو غاصب لوگوں سے لے کر ان کے اصل حقداروں تک پہنچا دیتا ہے۔ یہاں بھی بنی نضیر کے جو املاک رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمائے گئے ہیں وہ حقیقتاً یہودیوں کے نہ تھے۔ انہوں نے انہیں غصب کیا ہوا تھا۔ اب اللہ تعالیٰ نے ان کے غاصبانہ قبضہ کو ختم کر کے اپنے رسول کو واپس دے دیئے ہیں جو ان کے حقیقی حقدار تھے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں فیہ اشعار بانها كانت حرية بان تكون له صلى الله تعالى عليه وسلم وانما وقعت في ايديهم بغير حق فارجعها الله تعالى الى مستحقها (روح المعانی)۔ علامہ ابوبکر العربی نے احکام القرآن میں بھی اسی حقیقت کو بیان کیا ہے اور یہاں افاء کا کلمہ استعمال کرنے کی یہی حکمت ذکر کی ہے۔

اوجف، وجیف سے ہے۔ اس کا معنی ہے سرعتِ سیر، تیز رفتاری۔ اَوۡجَفۡتُمۡ کا مطلب یہ ہے کہ حملہ کرتے وقت سواریاں

اللّٰهَ یُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۶﴾

اللہ تعالیٰ تسلط بخشتا ہے اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے [۱۱]

مَاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰی فَلِلّٰهِ وَ لِلرَّسُوْلِ

جو مال پلٹا دیا ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی طرف ان گاؤں کے رہنے والوں سے [۱۲] تو وہ اللہ کا ہے اس کے رسول کا ہے

کو تیز چلانا۔ ہشام کہتے ہیں اَوْجَفْتُم: اَتْعَبْتُمْ تھکا دینا۔ رِکاب: اونٹوں کو کہتے ہیں۔ اس کا واحد راحلہ ہے۔ اس کے اپنے مادہ سے اس کا واحد نہیں۔ راکب صرف اونٹ کے سوار کو کہتے ہیں گھوڑ سوار کو فارس کہا جاتا ہے۔

[۱۱] اللہ تعالیٰ کا یہ دستور ہے کہ وہ اپنے رسولوں کو کفار کے اموال و املاک پر تسلط ارزانی فرماتا ہے۔ اسی سنتِ الٰہیہ کے مطابق حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو بنی نضیر جیسے بہادر اور جنگجو قبیلے کے املاک کا کسی جنگ کے بغیر مالک بنا دیا۔ بے شک ہر چیز اس کے قبضہ قدرت میں ہے۔ جس کو چاہے دے اور جس سے چاہے لے لے۔

[۱۲] اس آیت کو واؤ عاطفہ کے ذریعے کلام سابق پر معطوف نہیں کیا کیونکہ جہاں عطف آتا ہے وہاں مغایرت ہوتی ہے یہاں کیونکہ پہلی آیت کا ہی تفصیل بیان ہے اس لیے یہ گویا دونوں ایک ہیں۔ یہاں عطف کی ضرورت نہیں۔ امام رازی کا ارشاد ہے لم یدخل العاطف علی ھٰذہ الجملۃ لانھا بیانٌ للاولی وھی منھا وغیر اجنبیۃ عنھا (تفسیر کبیر)

یہ پہلا موقع تھا کہ جنگ کیے بغیر کفار کے اموال اور زرعی املاک مسلمانوں کے قبضہ میں آئے تھے۔ یہ اس سلسلہ کا آغاز تھا اس نے ابھی بہت پھیلنا تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان املاک کی تقسیم اور ان کے حقداروں کا تفصیل سے ذکر کر دیا تاکہ مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل میں کوئی تردد نہ ہو۔

تفصیل میں جانے سے پہلے ابتداءِ بحث میں چند چیزیں ذہن نشین کر لیں۔

کفار کے جو املاک مسلمانوں کو حاصل ہوتے ہیں ان کی دو صورتیں ہیں۔ یا تو کفار کو میدان جنگ میں شکست دینے کے بعد ان کے املاک پر قبضہ کیا ہو گا یا بغیر لڑے کفار نے ہار مان لی اور مسلمان ان کے علاقوں کے مالک بن گئے پہلی قسم کے املاک کو غنیمت کہا جاتا ہے اور دوسری قسم کو فئی۔ پہلی قسم کا ذکر جب قرآن کریم نے کیا تو ان کے حصول کی نسبت مسلمانوں کی طرف کی فرمایا واعلموا انما غنمتم الآیۃ۔ دوسری قسم میں کیونکہ کسی کی کوشش کا دخل نہیں ہوتا اس لیے اس کی نسبت اپنی طرف فرمائی ہے۔ ارشاد ہے ما افاء اللّٰہ علٰی رسولہ۔

اس واضح فرق کی وجہ سے ان املاک کے احکام اور مصارف بھی مختلف ہیں۔ مالِ غنیمت کے بارے میں تو فرمایا اس کے پانچ حصے کیے جائیں گے۔ چار حصے مجاہدین میں تقسیم کیے جائیں گے اور پانچواں حصہ درج ذیل مصارف میں خرچ ہو گا۔ ارشاد ربانی ہے وَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ لِلرَّسُوْلِ وَ لِذِی الْقُرْبٰی وَ الْیَتٰمٰی وَ الْمَسٰكِیْنِ وَ ابْنِ السَّبِیْلِ (انفال آیت ۴۱)

وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ ۙ

اور رشتہ داروں ، یتیموں ، مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے [۱۳]

لیکن اموالِ فئی میں سے کوئی حصہ بطورِ حق مجاہدین میں تقسیم نہیں کیا جائے گا بلکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سارے کا سارا مال اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق تقسیم فرمائیں گے۔

فئی سے حاصل ہونے والے منقولہ اور غیر منقولہ سب اموال کا حکم یکساں ہے، لیکن غنیمت سے حاصل ہونے والے اموال میں فرق ہے۔ وہ منقولہ اموال جو میدانِ جنگ اور حالتِ جنگ میں مسلمانوں کے قبضہ میں آئیں وہ اموالِ غنیمت ہیں اور ان کے احکام مندرجہ بالا آیت میں بیان کیے گئے ہیں۔ لیکن غیر منقولہ املاک مثلاً مکانات، زمین، باغات، قلعے وغیرہ یہ سب فئی ہوں گے۔ اسی طرح اگر جنگ ختم ہو جائے اور اس کے بعد جو منقولہ اموال مسلمانوں کے قبضہ میں آئیں ان کا حکم بھی فئی کا ہوگا۔

اس کی دلیل یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عہد ہمایوں میں خیبر اور مکہ عنوۃً (زور بازو سے) فتح ہوا۔ یہاں کی زمینوں اور سکنی جائیداد پر بھی مسلمانوں کا قبضہ ہو گیا۔ منقولہ املاک تو غانمین میں آیت کے مطابق تقسیم کر دی گئیں لیکن دونوں مقامات پر اراضی تقسیم نہیں کی گئیں۔ خیبر سے حاصل ہونے والی اراضی کو نصف نصف کیا گیا۔ نصف زمینیں غازیوں میں تقسیم کی گئیں۔ بقیہ نصف کو بیت المال کے لیے مختص کر دیا گیا اور مکہ کی تمام اراضی ان کے مالکوں کے پاس ہی رہنے دی گئیں۔ حضور کے اس تعامل سے ثابت ہوا کہ وہ ممالک جو لشکر کشی سے فتح ہوں ان کی اراضی غنیمت نہیں ہیں۔ اسی سنتِ نبوی کے مطابق حضرت عمرؓ نے حضرت سعدؓ (فاتح عراق و ایران) کو خط لکھا فَانْظُرْ مَا اَجْلَبُوْا بِهٖ عَلَيْكَ فِي الْعَسْكَرِ مِنْ كُرَاعٍ اَوْ مَالٍ فَاقْسِمْهُ بَيْنَ مَنْ حَضَرَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاتْرُكِ الْاَرْضِيْنَ وَالْاَنْهَارَ لِعُمَّالِهَا لِيَكُوْنَ ذٰلِكَ فِيْ اَعْطِيَاتِ الْمُسْلِمِيْنَ۔ (کتاب الخراج لابی یوسف ص ۲۴ - کتاب الاموال لابی عبید ص ۵۹)

یعنی جو اموالِ منقولہ آپ کے پاس جمع ہوں ان کو مسلمانوں میں بانٹ دو اور زمینوں اور نہروں کو وہاں کے کاشتکاروں کے پاس چھوڑ دو تاکہ اس آمدنی سے مسلمانوں کو عطیات دیے جائیں۔ امام یوسف فرماتے ہیں کہ جو کچھ دشمنوں کے لشکر سے مسلمانوں کے ہاتھ آئے جو سامان، اسلحہ اور جانور وہ اپنے کیمپ میں سمیٹ لائیں وہ مالِ غنیمت ہوں گے اور جنگ ختم ہونے کے بعد جو چیز حاصل ہوگی وہ مالِ غنیمت نہیں ہوگی بلکہ فئی ہوگی۔ (کتاب الاموال ص ۲۵۴)

[۱۳] مالِ فئی اور مالِ غنیمت میں جو فرق ہے وہ آپ نے سمجھ لیا۔ اب اموالِ فئی کے حقدار کون کون ہیں ان کی تفصیل بھی ملاحظہ فرمایئے:

پہلا حقدار اللہ اور اس کا رسول ہے۔ جمہور علماء کے نزدیک اللہ تعالیٰ کا اسمِ نامی بطور تبرک اور حضور کی رفعتِ شان ظاہر کرنے کے لیے لایا گیا ہے۔ کما روی عن ابن عباس وحسن بن محمد بن حنفیه افتتاح کلام للتیمن والتبرک وفیه تعظیم لشان الرسول علیه الصلوٰۃ والسلام۔ (روح المعانی) لیکن ابو العالیہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا مستقل علیحدہ حصہ ہے جو بیت اللہ شریف پر خرچ

کیا جائے گا۔ وہاں ضرورت نہ ہو تو دیگر مساجد اس کا مصرف ہوں گی لیکن یہ درست نہیں۔

حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا حصہ مستقل ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کانت اموال بنی نضیر مما افاء اللہ تعالیٰ علی رسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاصۃ فکان ینفق علی اھلہ منھا نفقۃ سنۃ ثم یجعل ما بقی فی السلاح والکراع عدۃ فی سبیل اللہ۔ رواہ البخاری، مسلم، ابوداؤد، ترمذی، نسائی (روح المعانی)

یعنی بنی نضیر کے اموال بغیر لشکر کشی کے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کریم کو عطا فرمائے تھے پس یہ حضور کے لیے مخصوص تھے۔ حضور اس کی آمدنی سے اپنے اہل وعیال کے لیے ایک سال کا خرچہ رکھ لیتے بقیہ آمدنی جہاد کے لیے اسلحہ وغیرہ کی فراہمی کے لیے خرچ کرتے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال کے بعد اس حصہ کے بارے میں دو قول ہیں۔ امام شافعی کہتے ہیں کہ حضور کا جو خلیفہ ہوگا یہ حصہ اس کو ملے گا کیونکہ حضور کو یہ حصہ بحیثیت امام اور حاکم کے ملاکرتا تھا بحیثیت رسول کے نہیں۔ کیونکہ اس طرح اجر کا شبہ گزرتا ہے۔ جمہور علماء کا قول یہ ہے کہ یہ حصہ بیت المال میں داخل ہوگا تاکہ اسے حضور کے مشن کی تکمیل کے لیے صرف کیا جائے۔ علماء شافعیہ میں سے اکثر کی یہی رائے ہے۔

دوسرے حقدار حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے رشتہ دار ہیں۔ ان سے مراد بنی ہاشم اور بنی مطلب ہیں۔ عبد شمس اور نوفل کی اولاد اگرچہ رشتہ میں یکساں ہے لیکن حضور نے فرمایا نحن وبنو مطلب شیئ واحد وشبک بین اصابعہ (یعنی ہم (بنو ہاشم) اور بنی مطلب ایک شے ہیں۔ پھر حضور نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں پیوست کر دیا۔ کیونکہ اسلام اور جاہلیت دونوں زمانوں میں بنو مطلب، بنو ہاشم کے ساتھ رہے۔ امام شافعی فرماتے ہیں کہ بنو مطلب اور بنو ہاشم کے غنی اور فقیر، مرد اور عورتیں، چھوٹے اور بڑے سب حقدار ہیں۔ امام مزنی اور امام ثوری کا بھی یہی قول ہے کہ اس میں مرد، عورت، قریبی اور دور کا رشتہ دار، غنی اور فقیر یکساں ہیں۔ کیونکہ آیت مطلق ہے۔ (روح المعانی)

امام مالک کہتے ہیں اَلْاَمْرُ مُفَوَّضٌ اِلَی الْاِمَامِ اِنْ شَاءَ قَسَمَ بَیْنَھُمْ وَاِنْ شَاءَ اَعْطٰی بَعْضَھُمْ دُوْنَ بَعْضٍ وَاِنْ شَاءَ اعطی غیرھم ان کان امرھم اھم من امرھم۔

یعنی اس حصہ کی تقسیم امام کی صوابدید پر ہے۔ چاہے تو بنو ہاشم اور بنو مطلب کے تمام افراد میں اس مد کی آمدن کو تقسیم کر دے چاہے تو ان میں سے جو زیادہ ضرورت مند ہیں ان کو دے اور جنہیں ضرورت نہیں ان کو نہ دے اور چاہے تو ان کے علاوہ دوسرے افراد کو دے جن کی ضرورت ان کی ضرورتوں سے کہیں اشد ہے۔

۳ : یتامیٰ۔ امت کے یتیموں کو بھی بلا امتیاز اس مد سے حصہ دیا جائے گا۔

۴ : مساکین بھی اس کے مستحق ہیں۔

۵ : ابن السبیل۔ مسافر جن کا زادِ راہ ختم ہوگیا ہو اور وہ امداد کے مستحق ہوں۔

امام شافعی اور ائمہ ثلاثہ میں ایک اور قابلِ ذکر اختلاف ہے۔ امام شافعی کے نزدیک اموال فئی کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ چار حصے خلیفۂ وقت اپنی صوابدید سے مصالح مسلمین پر خرچ کرے گا اور پانچواں حصہ ان پانچ حقداروں میں برابر تقسیم ہوگا لیکن دیگر ائمہ کے نزدیک فئی کا سارا مال مصالح مسلمین کے لیے ہے۔ حکومتِ وقت جہاں مناسب سمجھے اپنی صوابدید کے مطابق خرچ کر سکتی ہے۔

كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ۭ وَمَآ اٰتٰىكُمُ

تاکہ وہ مال گردش نہ کرتا رہے تمہارے دولت مندوں کے درمیان ۱۴؎ اور رسول (کریم) جو تمہیں عطا فرما دیں

۱۴؎ اسلام سے پہلے اس قسم کے اموال کی تقسیم کا طریقہ یہ تھا کہ سب سے پہلے قبیلہ کا سردار یا لشکر کا سپہ سالار چوتھا حصہ لیتا جسے مرباع کہا جاتا۔ اگر بقیہ مال سے اسے کوئی چیز پسند آتی وہ بھی چن لیتا۔ باقی مال دولت مند اور بااثر لوگ آپس میں بانٹ لیتے اور غریبوں کو برائے نام کوئی چیز دے دی جاتی۔ ابتدا میں مسلمانوں نے بھی اسی دستور کے مطابق عرض کیا یا رسول اللہ! آپ اس مال سے چہارم لے لیں، باقی مال ہم آپس میں بانٹ لیں گے۔ اللہ تعالیٰ اس بے انصافی کو کیسے گوارا فرماتے، چنانچہ اموال غنیمت کی تقسیم کا الگ طریقہ مقرر فرمایا اور اموال فئی کی تقسیم کے لیے الگ طریقہ مقرر کیا گیا اور اس تقسیم کا بنیادی اصول یہ طے پایا کہ ان اموال کو اس طرح تقسیم نہ کرو کہ صرف امراء اور مراعات یافتہ طبقہ میں ہی یہ مال گردش کرتا رہے اور غریب بیچارے حسرت سے ان کا منہ دیکھتے رہیں۔ صاف طور پر حکم دیا کہ اللہ کے نزدیک یہی چیز پسندیدہ ہے کہ وسائل معیشت کی تقسیم اس طرح کی جائے کہ غریب، امیر سب یکساں فائدہ اٹھا سکیں۔

یہ اصول صرف اموال غنیمت و فئی کی تقسیم میں ہی اسلام نے ملحوظ نہیں رکھا بلکہ اسلامی نظام حیات کی یہ روح رواں ہے۔ اسلام یہ چاہتا ہے کہ ملکی وسائل سمٹ کر ایک مخصوص طبقے میں مرتکز نہ ہو جائیں بلکہ وہ چاہتا ہے کہ ان کا پھیلاؤ زیادہ سے زیادہ وسیع ہو۔ اس نے تمام ایسی پیش بندیاں کر دی ہیں جن سے سرمایہ سمٹنے کے عمل کو روکا جا سکتا ہے اور اس کے دائرۂ اثر کو وسیع سے وسیع تر کیا جا سکتا ہے۔ وہ پیش بندیاں جو سرمایہ کو سمٹنے سے روکتی ہیں ان پر ایک سرسری نظر ڈالتے جائیے:

کسب معاش کے وسائل کو دو حصوں میں بانٹ دیا گیا ہے۔ حلال اور حرام۔ حرام میں تمام ایسے وسائل ذکر کر دیے ہیں جن کے ذریعہ محنت کے بغیر خطرات کا مقابلہ کیے بغیر بڑی آسانی سے دولت امڈتی چلی آتی ہے۔ سود، جوا، سٹہ، ذخیرہ اندوزی، سمگلنگ، چور بازاری، رشوت کا شمار انہی حرام وسائل میں ہوتا ہے۔ بلاخوف تردید پورے وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ آج جس جس جگہ آپ کو دولت کی بے پناہ ریل پیل نظر آتی ہے وہاں ان ممنوع وسائل معاش میں سے ایک آدھ کی کارفرمائی ضرور ہے۔ آج پاکستان میں بائیس خاندانوں کا رونا رویا جاتا ہے۔ ماہرین اقتصادیات خود ہی بتائیں اگر یہاں سود ممنوع ہوتا اور بڑے بڑے بینک آسان شرح سود پر انہیں قرض نہ دیتے تو کیا یہ بائیس خاندان سارے ملک کا سرمایہ سمیٹ سکتے تھے۔ سب کچھ لٹا کر راہزن کو کوسنے دینے کی رسم اسلام کو پسند نہیں، وہ پہلے سے وہ راہ بند کر دیتا ہے جہاں سے راہزن کے داخلے کا امکان ہو۔

اگر پاکستان میں معاشی لوٹ مار کے ذرائع کو ختم کر دیا جائے تو چند ماہ میں آپ کو کَیْ لَا یَکُوْنَ دُوْلَۃً کی برکتوں کا احساس ہونے لگے۔ حلال وسائل سے جو دولت کمائی جاتی ہے وہ ضخامت میں اس قدر تکلیف دہ نہیں ہوتی۔ پھر بھی اس کا بہاؤ فقراء اور عوام کی طرف کرنے کے لیے اسلام نے موثر تدابیر اختیار کی ہیں۔ زکوٰۃ، عشر، صدقات اور ان کے علاوہ نظام وراثت، زندگی بھر کے اندوختہ کو اس طرح بانٹ دیتا ہے کہ مقصد بھی پورا ہو جاتا ہے اور کسی پر گراں بھی نہیں گزرتا۔

الغرض یہ جدید اسلامی نظام معاشیات کا ستون ہے۔ ہمارے ماہرین دیگر فرسودہ اور ناکارہ نظریات اپنانے کے بجائے اگر یکسوئی

الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

وہ لے لو اور جس سے تمہیں روکیں تو رک جاؤ ۱۵ اور ڈرتے رہا کرو اللہ سے۔

اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۞ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ

بے شک اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والا ہے۔ (نیز وہ مال) نادار مہاجرین کے لیے ہے جنہیں

اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ

(جبراً) نکال دیا گیا تھا ان کے گھروں سے اور جائیدادوں سے یہ (نیک بخت) تلاش کرتے ہیں اللہ کا

اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

فضل اور اس کی رضا اور (ہر وقت) مدد کرتے رہتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کی۔ یہی راستباز

الصّٰدِقُوْنَ ۞ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ

لوگ ہیں ۱۶ اور (اس مال میں) ان کا بھی حق ہے جو دار ہجرت میں مقیم ہیں اور ایمان میں (ثابت قدم ہیں) مہاجرین کی آمد سے پہلے ۱۷

نے اسلام کے نظام مالیات کو بھی پوری دیانت داری اور اخلاص سے اس کو عملی جامہ پہنائیں تو کیپٹلزم اور کمیونزم کے دو پاٹوں میں پستی ہوئی دنیا ان کی ممنون ہوگی۔

اصل مصیبت یہ ہے کہ جن ہاتھوں میں زمام اقتدار ہے ان کے دل نور ایمان سے خالی ہیں۔ اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے کے لیے جس ذوق اور یقین کی ضرورت ہے وہ مفقود ہے۔ ضرورت صرف ایسے یقین کی ہے جو تمام مشکلات کے سامنے سینہ سپر ہونے کی ہمت رکھتا ہو۔ ضرورت اس ایمان کی ہے جس کے چراغ کو کوئی آندھی نہ بجھا سکے۔ جو گھپ اندھیروں کو بقعۂ نور اور رشک صد طور بنانے کی اہلیت رکھتا ہو۔

۱۵ صرف غنائم کے اموال تقسیم کرنے کے بارے میں نہیں بلکہ زندگی کے ہر شعبہ میں احکام رسالت کی پابندی کیجیے۔ انہیں سر آنکھوں پر رکھیے۔ اسی میں تمہاری فلاح ہے۔

اس آیت میں اگر غور کیا جائے تو فتنۂ انکار سنت کی بیخ کنی کے لیے مزید کسی دلیل کی ضرورت نہیں۔

۱۶ علامہ زمخشری کے نزدیک للفقراء المهاجرين بدل ہے اور لذی القربی الآیۃ مبدل منہ ہے اور امام شافعی کے نزدیک مبدل منہ الیتامی والمساکین وابن السبیل ہے۔ ذی القربی مبدل منہ میں داخل نہیں۔ علماء نے اس پر بحث کی ہے کہ

کیا مہاجرین کے استحقاق کے لیے فقیر ہونا شرط ہے یا نہیں۔ اکثر علما کا یہی فیصلہ ہے کہ شرط نہیں۔ بلکہ بیان حال کے لیے یہ قید بڑھا دی گئی ہے۔ علامہ پانی پتی نے یہ مسئلہ بڑی تفصیل سے لکھا ہے۔ فرماتے ہیں۔ وعندی الذین تبوّء وا معطوف علی الفقراء و وصف الفقر لیس شرطا لاستحقاقھم ...... وانما ذکر وصف الفقر للمھاجرین جریا علی الغالب لان اکثر المھاجرین کانوا فقراء (مظہری) یعنی میرے نزدیک استحقاق کے لیے فقیر ہونا شرط نہیں، کیونکہ اس وقت مہاجرین کی غالب اکثریت فقیر تھی اس لیے بیان واقعہ کے لیے یہ قید ذکر کر دی۔ اپنے اس موقف کی دلیل پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ انما قلت ھذا للاجماع علی ان مال الفیء ھو للمسلمین کافۃ غنیھم وفقیرھم یصرف فی مصالحھم۔ میں نے یہ بات اس لیے کی ہے کہ امت کا اس پر اجماع ہے کہ مال فیء تمام مسلمانوں کے لیے ہے۔ غنی اور فقیر کی کوئی تخصیص نہیں۔ سب کے مصالح میں اسے خرچ کیا جائے گا۔

وہ لوگ جنہیں اسلام لانے کے جرم میں طرح طرح کی اذیتیں دے کر گھروں سے نکل جانے پر مجبور کیا گیا تھا ان کا وقت بڑی عسرت سے گزر رہا تھا۔ ان کی مستقل آبادکاری کا ابھی انتظام نہ ہو سکا تھا جب بنی نضیر کے اموال واملاک اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم کو عطا فرمائے تو ان لوگوں کو بھی ان کا مستحق قرار دیا گیا۔ اس طرح پہلی دفعہ ان لوگوں کی مستقل آبادکاری کے لیے اہتمام کیا گیا۔

یہ معطوف ہے اور اس کا معطوف علیہ للفقراء المھاجرین ہے۔ بتایا یہ جا رہا ہے کہ اموال فیء کے حقدار صرف مہاجرین ہی نہیں بلکہ یہ لوگ بھی ہیں جن کا ذکر اس آیت میں کیا جا رہا ہے اور یہ انصار ہیں جنہوں نے اسلام کی مدد اس انداز سے کی کہ ان کا نام ہی انصار یعنی اللہ تعالیٰ کے دین کے مددگار پڑ گیا۔ قیامت تک وہ اسی نام سے یاد کیے جائیں گے۔ اس پاک گروہ کا ذکر مولا کریم نے جس محبت بھرے انداز سے کیا ہے وہ آپ کی خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔

مدینہ کے مسلمان یا انصار کے الفاظ سے ان کا ذکر شروع نہیں فرمایا بلکہ ارشاد ہے والذین تبوّء و الدار والایمان من قبلھم۔ تبوّأ کہتے ہیں نزل واقام (لسان العرب) کہیں اترنا اور وہاں اقامت گزین ہو جانا۔ دار سے مراد دارالاسلام مدینہ طیبہ ہے یعنی جو لوگ مہاجرین کی آمد سے پہلے یہاں آباد تھے۔ والایمان ایک دوسرے فعل کا مفعول ہے۔ ای اخلصوا الایمان۔ معنی یہ ہوگا کہ وہ لوگ جو یہاں مقیم ہیں اور ایمان میں مخلص ہیں۔ عربی زبان میں ایسا بکثرت ہوتا رہتا ہے کہ دو چیزوں سے پہلے ایک فعل ذکر کیا جاتا ہے جس کا تعلق ان دو میں سے ایک چیز کے ساتھ ہوتا ہے اور دوسری چیز کے لیے مناسب حال فعل مقدر مان لیا جاتا ہے جیسے علفتھا تبنًا وماءً باردًا (میں نے اس کو چارا ڈالا بھوسا اور ٹھنڈا پانی۔ بھوسہ تو علفتھا کا مفعول بن سکتا ہے لیکن ٹھنڈا پانی چارا تو نہیں کہ کھلایا جائے۔ اس کے لیے تو پلانے کا فعل ہونا چاہیے۔ اس لیے کہتے ہیں کہ اصل یوں ہے۔ علفتھا تبنًا واسقیتھا ماءً باردًا۔ میں نے اسے بھوسہ کھلایا اور ٹھنڈا پانی پلایا۔ اسی طرح عرب کہتے ہیں متقلدا سیفا ورمحا کہ وہ تلوار اور نیزہ حمائل کیے ہوئے میدان جنگ میں گیا۔ تلوار تو حمائل کی جاتی ہے لیکن نیزہ تو گلے میں نہیں لٹکایا جا سکتا۔ وہ کاندھے پر رکھا جاتا ہے یا ہاتھ میں پکڑا جاتا ہے۔ اس لیے اصل عبارت یوں ہوگی متقلدا سیفا و واحمار محا۔

علامہ ابن منظور نے اس کی ایک بڑی پرلطف توجیہ کی ہے۔ لکھتے ہیں جعل الایمان محلا لھم یعنی ایمان کو بھی ان کے لیے ٹھہرنے کی جگہ بنایا گیا۔ جس طرح کوئی شخص اپنے مکان میں رہائش اختیار کرتا ہے اسی طرح ان اللہ کے بندوں نے ایمان کو اپنا مسکن بنا لیا ہے

يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ

محبت کرتے ہیں ان سے جو ہجرت کر کے ان کے پاس آتے ہیں ۱۸ اور نہیں پاتے اپنے سینوں میں کوئی

حَاجَةً مِّمَّاۤ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ

خلش اس چیز کے بارے میں جو مہاجرین کو دے دی جائے اور ترجیح دیتے ہیں (انہیں) اپنے آپ پر ۱۹ اگرچہ خود انہیں اس چیز کی

اور انہوں نے اس میں پکے ڈیرے ڈال دیئے ہیں۔ اس صورت میں الایمان فعل مذکور کا ہی مفعول ہوگا۔

علامہ ابو حیان اندلسی نے ایک اور توجیہ ابن عطیہ سے نقل کی ہے کہ واؤ یہاں معیت کے معنی میں ہے۔ آیت کا معنی یہ ہے

قال ابن عطیه المعنی تبوؤا الدار مع الایمان (بحر محیط) یعنی وہ مدینہ طیبہ میں رہائش پذیر ہیں اور ایمان کی شمع روشن کیے ہوئے ہیں۔

ان الفاظ سے اللہ تعالیٰ نے ایمان میں ان کی پختگی اور خلوص کا ذکر فرما دیا۔

من قبلھم کا تعلق تبوؤا سے ہے۔ یعنی مہاجرین کے آنے سے پہلے انصار مدینہ میں رہائش پذیر تھے۔

۱۸ ان کی دوسری صفت یہ بیان فرمائی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اپنے گھر بار چھوڑ کر آنے والے مہاجرین سے بڑی محبت کرتے ہیں۔ ان کی محبت کا عملی ثبوت ان کے ہر ہر اقدام سے ملتا ہے۔ جب لٹے پٹے خانماں برباد مہاجر وہاں پہنچے تو انصار نے اپنے گھروں کے دروازے ان کے لیے کھول دیئے۔ اپنی زمینوں اور باغات میں ان کو حصہ دار بنا دیا۔ جن کی ایک سے زائد بیویاں تھیں انہوں نے یہ پیشکش بھی کی کہ اگر وہ چاہیں تو اپنی بیویوں کو بھی طلاق دے دیں تاکہ عدت گزارنے کے بعد مہاجر ان سے نکاح کر سکیں۔ ایسی قلبی محبت اور اخلاص کی مثال دنیا کی تاریخ میں کوئی قوم پیش نہیں کر سکتی۔ یہ صرف غلامان محبوب رب العالمین کی ہی خصوصیت ہے۔

۱۹ مہاجرین کے ساتھ انصار کی محبت اور خلوص کی ایک روشن دلیل پیش کی جا رہی ہے۔ پہلے آپ ذرا لفظی ترجمہ سمجھ لیجیے۔ فرمایا کہ وہ اپنے دلوں میں حاجت ہی نہیں پاتے جو مہاجرین کو دیا گیا۔ لفظ حاجت کی تشریح کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ کل مایجد الانسان فی صدرہ مما یحتاج الی ازالتہ فھو حاجۃ۔ یعنی اموال فئی جو مہاجرین میں تقسیم کر دیئے گئے انصار اپنے دلوں میں ان کی حاجت ہی محسوس نہیں کرتے۔ گویا یہ سب چیزیں ایسی ہیں جن کی انہیں ضرورت ہی نہیں۔ ان کے حصول کی ان کے دلوں میں خواہش ہی نہیں۔ استغنا کا یہ کتنا اونچا مقام ہے۔ علامہ راغب کہتے ہیں الحاجۃ الی الشیئ الفقر الیہ مع محبتہ۔ یعنی کسی چیز کی حاجت کا معنی یہ ہے کہ اس سے محبت بھی ہو اور اس کی ضرورت بھی ہو۔ وقیل الحاج ضرب من الشوک۔ ایک قسم کا کانٹا ہے جسے حاج کہتے ہیں۔ یعنی اس تقسیم سے ان کے دلوں میں قطعاً کوئی خلش پیدا نہیں ہوتی نہ وہ اس سے کانٹے کی چبھن محسوس کرتے ہیں۔

جب بنی نضیر کے اموال حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قبضہ و تصرف میں آ گئے تو حضورؐ نے ثابت بن قیس بن شماس کو یاد فرمایا۔ انہیں حکم دیا کہ اپنی قوم کو بلا لائیں۔ انہوں نے عرض کی اپنے قبیلہ خزرج کے لوگوں کو بلا لاؤں یا سب انصار کو؟ فرمایا سب کو جب اوس و خزرج حاضر ہو گئے تو رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی۔ پھر انصار کی ان قربانیوں کا ذکر فرمایا جو

انھوں نے مہاجرین کے لیے دیں۔ پھر فرمایا اگر تم چاہو تو تمہارے اموال اور فیء کے اموال سب یکجا کر دیے جائیں۔ پھر ان سب کو مہاجرین و انصار میں تقسیم کر دیا جائے اور اگر تمہاری مرضی ہو تو تمہارے مکانات اور زمینیں جو تم نے مہاجرین کو دے رکھی ہیں وہ تمہیں واپس کر دی جائیں اور بنی نضیر کے اموال مہاجرین میں تقسیم کر دیے جائیں۔

اللہ اللہ! کیا روح پرور منظر ہوگا۔ کیا نور برس رہا ہوگا اس محفل پر۔ حضورؐ کا ارشاد سن کر سعد بن زرارہ اور سعد بن معاذ نے عرض کیا یا رسول اللہ! بل تقسمه بين المهاجرين ويكونوا في دورنا كما كانوا۔ یا رسول اللہ! ہمارے مال ان کے پاس ہی رہنے دیجیے اور بنی نضیر کے سب اموال بھی ہمارے مہاجر بھائیوں میں تقسیم فرما دیجیے۔ سب انصار نے ان کی تائید کرتے ہوئے عرض کیا رضينا وسلّمنا۔ یا رسول اللہ! ہمیں یہ تجویز منظور ہے۔ ہم اس پر خوش ہیں۔ اس ایثار کو دیکھ کر اللہ کے محبوبؐ کا دل خوش ہو گیا۔ زبان اقدس سے دعا فرمائی۔ اللّٰهم ارحم الانصار۔ الٰہی دین کے ان بے لوث مددگاروں پر اپنی خصوصی رحمت فرما۔ چنانچہ انصار کے مشورہ سے یہ تمام اموال مہاجرین میں تقسیم کر دیے گئے۔ انصار میں سے صرف تین آدمیوں کو جو بہت نادار تھے حصہ ملا۔ ابو دجانہ، سہیل بن حنیف۔ ان کے علاوہ مشہور یہودی سردار ابن ابی الحقیق کی تلوار حضرت سعد بن معاذ کو عطا فرمائی گئی (مظہری)۔ یہ کمال استغنا یہ شان بے نیازی، غلامان حبیب کبریا، علیہ اجمل الصلوٰۃ واطیب الثناء کا ہی حصہ ہے۔ جمال یار نے جن کے دلوں اور آنکھوں سب کو سیراب کر دیا تھا۔

نخستیں بادہ کاندر جام کردند
ز چشم مستِ ساقی وام کردند

ان کے کمال استغنا کی توصیف اسی پر ختم نہیں ہوتی بلکہ ارشاد ہوتا ہے: ويؤثرون على انفسهم الخ۔ یہ نہیں کہ مالی طور پر وہ بڑے تونگر تھے، ہر چیز کی ان کے پاس بہتات تھی، اس لیے وہ اموال کی طرف متوجہ نہ ہوئے۔ درحقیقت وہ خود ضرورتمند تھے۔ ان کی مالی حالت بھی قابل رحم تھی لیکن وہ اپنی ضرورت پر اپنے مہاجر بھائیوں کی ضرورت کو ترجیح دیتے تھے۔ حضورؐ نے اپنی نگاہ کرم سے سارے اسلامی معاشرے کو ہی اس رنگ میں رنگ دیا تھا۔

ایک روز ایک شخص بارگاہ نبوت میں حاضر ہوا۔ عرض کیا سخت بھوکا ہوں۔ حضورؐ نے ازواج مطہرات سے پوچھا۔ وہاں پانی کے سوا کچھ نہ تھا۔ صحابہ کو فرمایا کوئی ہے جو آج رات اس کی میزبانی کرے۔ اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے۔ انصار میں سے ایک آدمی اٹھا۔ عرض کی یہ سعادت میں حاصل کروں گا اور اس نووارد کو اپنے گھر لے گیا۔ اپنی بیوی سے کہا یہ اللہ تعالیٰ کے رسولؐ کا مہمان ہے۔ اس کی خدمت میں بخل نہ کرنا۔ اس نے کہا بخدا میرے پاس تو بچوں کے کھانے کے سوا کچھ بھی نہیں۔ انصاری نے کہا بچوں کو بہلا کر سلا دینا۔ جب ہم کھانا کھانے بیٹھیں تو دیا بجھا دینا۔ آج رات ہم بھوکے گزاریں گے۔ جب کھانا تیار ہوا تو بچوں کو سلا دیا گیا۔ وہ نیک خاتون دیے کو درست کرنے کے بہانے اٹھی اور دیا بجھا دیا۔ ایک ہی دسترخوان پر سب بیٹھ گئے۔ میاں بیوی اس طرح ظاہر کرتے رہے کہ وہ کھا رہے ہیں۔ مہمان کو احساس ہی نہ ہونے دیا کہ انھوں نے کھانا نہیں کھایا۔ رات بھوکے گزار دی۔ صبح بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے تو حضورؐ نے فرمایا لقد اعجب اللہ او ضحک من فلان وفلانة۔ فلاں شخص اور اس کی زوجہ نے جو کام کیا ہے اللہ تعالیٰ نے اسے بہت پسند کیا

خَصَاصَةٌ ؕ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۹

شدید حاجت ہو۔ اور جس کو بچا لیا گیا اپنے نفس کی حرص سے تو وہی لوگ بامراد ہیں ۲۰ے

ہے یا اللہ تعالیٰ اس پر ہنستے ہیں۔

اسی طرح ایک دفعہ کسی آدمی نے بکری کا سر ایک صحابی کو بطور تحفہ بھیجا۔ انھوں نے خیال کیا کہ میرے فلاں بھائی کا چھوٹا چھوٹا بال بچہ ہے اس کو مجھ سے زیادہ اس کی ضرورت ہے چنانچہ اس کی طرف وہ سر اسیج دیا۔ اس نے تیسرے کے پاس تیسرے نے چوتھے کے پاس۔ یہاں تک کہ نو گھروں سے پھر کر پہلے آدمی کے پاس واپس پہنچ گیا۔

جنگ یرموک میں جب اسلام کو فتح ہوئی تو لوگ زخمیوں کو پانی پلانے کے لیے میدان جنگ میں مشکیزے لے کر پہنچ گئے۔ ایک جگہ عکرمہ، کون عکرمہ؟ ابوجہل کا بیٹا عکرمہ زخموں سے چور پڑا تھا۔ پانی پلانے کے لیے پیالہ آگے بڑھایا گیا تو پاس سے العطش، العطش کی آواز آئی۔ عکرمہ نے اشارہ کیا مجھے رہنے دو میرے بھائی کے پاس جاؤ۔ اس کے پاس گئے تو کسی اور نے العطش کی صدا بلند کی۔ اس نے کہا مجھے چھوڑو اسے پلاؤ۔ پانی پلانے والا وہاں پہنچا تو وہ جام شہادت سے اپنی پیاس بجھا چکا تھا اور اسی طرح دوسرا اور جب عکرمہ کے پاس آیا تو وہ بھی جنت الفردوس کو سدھار چکے تھے۔ (ابن کثیر)

یہ قرآنی تعلیمات کا اعجاز تھا اور حضور کی نگاہ کرم کا فیض تھا۔

۲۰ے الشُّحّ: البخل وقیل هو البخل مع الحرص، وقیل البخل بالمال والشُّحّ بالمال والمعروف۔ یعنی شح کا معنی بخل ہے۔ بعض نے کہا بخل اور حرص کے مجموعہ کو شح کہتے ہیں۔ بعض نے کہا مال میں کنجوسی کو بخل کہتے ہیں۔ مال اور کوئی نیک کام کرنے میں کنجوسی کو شح کہتے ہیں۔

آخر میں ایک اصولی بات بتادی کہ جس کو شح سے بچا لیا گیا وہی فلاح پانے والا ہے۔

عن جابر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ایاکم والظلم فان الظلم ظلمات یوم القیامة واتقوا الشح فان الشح اھلک من کان قبلکم۔

یعنی حضرت جابر نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی کہ حضور نے فرمایا ظلم سے بچو کیونکہ ظلم قیامت کے دن تہ در تہ اندھیروں کی صورت میں نمودار ہوگا اور شح سے بچو کیونکہ تم سے پہلے جو قومیں تھیں ان کو اسی بخل نے ہلاک کردیا۔

ایک دوسری حدیث پاک میں ہے ایاکم والشح فانه اھلک من کان قبلکم امرھم بالظلم فظلموا وامرھم بالفجور ففجروا وامرھم بالقطیعة فقطعوا۔

یعنی شح سے اپنے آپ کو بچاؤ کیونکہ اس نے جو تم سے پہلے تھے ان کو ہلاک کر دیا۔ وہ اس طرح کہ جب بخل نے ان کو ظلم کرنے کا حکم دیا تو وہ ظلم کرنے لگے، جب انہیں فسق و فجور کا حکم دیا تو وہ اس کا ارتکاب کرنے لگے اور جب انہیں قطع رحمی کا حکم دیا تو انھوں نے قطع رحمی اختیار کر لی۔

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ

اور (اس مال میں) ان کا بھی حق ہے جو ان کے بعد آئے [۲۱] جو کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار! ہمیں بھی بخش دے اور

آخر میں ایک اور حدیث بھی سن لیجیے۔ عن انس بن مالك عن رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم قال بری من الشح من ادّی الزکاۃ وقری الضیف واعطی فی النائبۃ۔ (ابن کثیر)

یعنی رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے زکوٰۃ ادا کی، مہمان کی ضیافت کی، ناگہانی مصیبت میں کسی کی امداد کی اس نے شح سے رہائی حاصل کرلی۔

قرآن کریم نے یہ نہیں فرمایا کہ جو شح سے بچ جائے۔ کیونکہ انسان کا از خود اس بیماری سے نجات پانا بہت مشکل ہے۔ بلکہ فرمایا جس کو شح سے بچا لیا گیا یعنی جس پر اللہ تعالیٰ نے کرم فرمایا اور اس مذموم خصلت سے بچا لیا وہی بچ سکتا ہے۔

[۲۱] اس کا عطف للفقراء المهاجرين پر ہے۔ اس آیت سے بتا دیا کہ اموال فئی میں مہاجرین و انصار کے علاوہ یہ لوگ بھی حقدار ہیں۔ یہ وہ مسلمان ہیں جو قیامت تک آئیں گے۔

یہ آیتیں اسلامی بیت المال کی آمدن کے ذرائع، ان کی حیثیت اور ان کے مصارف متعین کرنے میں بڑی اہمیت کی حامل ہیں، اس لیے ہم ذرا تفصیل سے بحث کریں گے۔

حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں عظیم الشان فتوحات کا سلسلہ شروع ہوا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کسریٰ اور قیصر کے خزانوں کے بارے میں جو بشارتیں دی تھیں وہ عملی صورت میں نمودار ہونے لگیں۔ اس وقت ان وسیع و عریض اراضی کی تقسیم کا سوال پیدا ہوا۔ بعض صحابہ کبار جن میں عبدالرحمٰن بن عوف، زبیر اور بلال رضی اللہ عنہم پیش پیش تھے انہوں نے امیر المومنین سے مطالبہ کیا کہ ان اراضی کو ان کے کسانوں سمیت خمس نکالنے کے بعد مجاہدین میں تقسیم کر دیا جائے۔ فاروق اعظم کو یہ رائے پسند نہ آئی۔ آپ نے حضرت سیدنا علی سے مشورہ کیا۔ انہوں نے یہ رائے دی کہ دعهم يكونوا مادة للمسلمين۔ (کتاب الخراج لابی یوسف) یعنی زمینوں کو ان کے کاشت کاروں سمیت رہنے دیجیے تاکہ عام مسلمانوں کے لیے آمدنی کا ذریعہ بنی رہیں۔ حضرت معاذ بن جبل کی رائے یہ تھی کہ ان اراضی کو تقسیم نہ کیا جائے ورنہ یہ وسیع و عریض زرعی زمینیں ان چند فاتحین کی اولاد میں محصور ہو کر رہ جائیں گی۔ عام مسلمانوں کو کچھ نہیں ملے گا۔ اسلامی سرحدوں کی حفاظت کا بندوبست پھر کیسے ہو سکے گا۔ (کتاب الاموال ص۵۹، فتح الباری جلد ۲ ص۲۳۰) چنانچہ امیر المومنین نے مجلس شوریٰ طلب کی اور اس کے سامنے یہ معاملہ پیش کیا۔ یہ بحث دو تین دن تک جاری رہی۔ حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت طلحہ، حضرت ابن عمر اور دیگر حضرات حضرت عمر سے متفق تھے لیکن دوسرے لوگ ابھی مطمئن نہ تھے۔ ایک رات امیر المومنین اسی مسئلہ میں غور و فکر کر رہے تھے کہ آپ کے خیال میں سورۂ حشر کی یہ آیتیں آگئیں۔ صبح جب شوریٰ کا اجلاس شروع ہوا تو آپ اٹھے اور آپ نے فرمایا مجھے کتاب اللہ سے دلیل مل گئی ہے جو اس بارے میں فیصلہ کن ہے۔ پھر آپ نے یہی آیات ما افاء الله سے ربنا انك رؤف رحيم تک تلاوت کیں اور ان سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ ان املاک میں صرف ان زمانہ

کے لوگوں کا ہی حصہ نہیں بلکہ بعد میں آنے والوں کو بھی اللہ تعالیٰ نے ان کے ساتھ شریک کیا ہے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ہم ان مفتوحہ اراضی کو فاتحین میں تقسیم کر دیں اور بعد میں آنے والوں کے لیے کچھ نہ چھوڑیں نیز آپ نے آیت کے اس جملے سے بھی استدلال کیا کے لا یکون دولۃ (احکام القرآن جصاص) اگر انہیں تقسیم کر دیا گیا تو پھر یہ اموال دولت مندوں کے ایک طبقہ میں ہی چکر لگاتے رہیں گے آپ کی یہ تقریر سن کر تقسیم کا مطالبہ کرنے والے اپنے مطالبہ سے دستبردار ہو گئے اور اسی پر امت کا اجماع ہو گیا۔

امیر المومنین نے حضرت عثمان بن حنیف اور حذیفہ بن یمان کو زمین کی پیمائش اور درجہ بندی کے لیے روانہ کیا اور ان کی رپورٹ کے مطابق ان اراضی پر خراج مقرر کیا گیا۔ حیرت ہوتی ہے کہ یہ لوگ اگرچہ حجاز کے صحرائی باشندے تھے جہاں اس قسم کی اراضی کا فقدان ہے لیکن انہوں نے سواد عراق کی اراضی کی جو درجہ بندی کی وہ اس قدر درست ثابت ہوئی کہ عرصہ دراز تک نظر ثانی کی ضرورت نہ ہی صحرا نشینوں کو یہ فہم کہاں سے نصیب ہوا کہ وہ مزروعہ اراضی کی اس طرح درجہ بندی کر سکیں جو وہاں کے ماہرین زراعت سے بھی ممکن نہ تھی۔ اس کے بغیر اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ یہ سب نگاہ نبوت کا فیضان تھا۔ کسی کو جرنیل بنا دیا کسی کو مالیات کا ماہر بنا دیا کسی کو اراضی کی حیثیت متعین کرنے کی استعداد بخش دی۔ بے ساختہ یہ کہنا پڑتا ہے۔

؎ حسن کی تیرے خیرات سب کو ملی   پھول کو رنگ و بو سرو کو بانکپن   (حضرت قمر سیالوی)

ابو بکر جصاص لکھتے ہیں فدل ذالک علی ان الغانمین لا یستحقون ملک الارضین ولا رقاب اهلها (احکام القرآن) یعنی اس سے معلوم ہو گیا کہ زمین اور اس پر کھیتی باڑی کرنے والے کاشتکار مجاہدین میں تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔ عہد نبوت میں اس قسم کی اراضی کے بارے میں جو رویہ اختیار کیا گیا اس کے بارے میں جصاص لکھتے ہیں۔ فحصل بدلالة الاية واجماع السلف والسنة تخيير الامام فی قسمة الارضين او ترکها ملکا لاهلها ووضع الخراج۔

اس آیت اجماع امت اور سنت سے یہ نتیجہ نکلا کہ اراضی کی تقسیم کا مسئلہ امام وقت کی صوابدید پر موقوف ہے۔ چاہے تو پہلے مالکان کے قبضہ میں ہی رہنے دے اور ان پر خراج عائد کر دے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ زمین کی تقسیم کے بارے میں علما کا اختلاف ہے۔ وقال مالک للامام ان یوقفها لمصالح المسلمین وقال ابو حنیفة الامام مخیر بین ان یقسمها او یجعلها وقفا لمصالح المسلمین وقال الشافعی لیس للامام حبسها عنهم بغیر رضاهم۔ یعنی امام مالک کہتے ہیں کہ امام کو حق پہنچتا ہے کہ ان اراضی کو مسلمانوں کے عام مفادات کے لیے وقف کر دے۔ امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ امام کو اختیار حاصل ہے کہ چاہے انہیں تقسیم کر دے اور چاہے تو مسلمانوں کے مفادات کے لیے وقف کر دے۔ امام شافعی کہتے ہیں کہ مجاہدین کی خوشنودی کے بغیر امام از خود ان اراضی کو وقف نہیں کر سکتا۔

لیکن خیبر و مکہ کی اراضی کے بارے میں حضور کا عمل اور عہد فاروقی میں تمام صحابہ کا اجماع احناف کے مسلک کی تائید کرتا ہے۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک قول بڑا جامع ہے جس میں آپ نے ہر قسم کے اموال کے مصارف کا ذکر فرما دیا ہے۔ آپ نے یہ آیت پڑھی انما الصدقات للفقراء" تا علیم حکیم۔ فرمایا اموال صدقہ کے مصرف یہ لوگ ہیں۔ پھر یہ آیت تلاوت کی واعلموا انما غنمتم من شیئ تا ابن السبیل۔ فرمایا مال غنیمت کے حقدار یہ لوگ ہیں۔ پھر یہ آیت تلاوت کی ما افاء اللہ علی رسولہ من اھل القریٰ تا والذین جاءو من بعدھم الایة۔ فرمایا اس آیت نے تمام مسلمانوں کو گھیر لیا ہے۔ اگر میں زندہ

لِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا

ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ہم سے پہلے ایمان لے آئے اور نہ پیدا کر ہمارے دلوں میں

رہا تو آئندہ سال بہر حال اسے کو اس کا حصہ وہاں پہنچے گا جہاں وہ اپنے ڈنگر چرا رہا ہے۔ یہ حصہ لینے میں اس کو کسی مشقت کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ (تفسیر احمدیہ اور دیگر کتب)

اس بحث کے آخر میں علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ وہ اموال جن میں ائمہ اور حکام کو تصرف و مداخلت کا حق ہے ان کی تین قسمیں ہیں

(۱) جو اموال مسلمانوں کے دلوں اور ان کے اموال کو پاک کرنے کے لیے ان سے لیے جائیں جیسے زکوٰۃ، صدقات وغیرہ۔

(۲) وہ اموال جو کفار سے لڑائی کے بعد مسلمانوں کو حاصل ہوں انہیں غنائم کہا جاتا ہے۔

(۳) اموالِ فئی جو جنگ اور لشکر کشی کے بغیر مسلمانوں کو حاصل ہوں۔ ان میں یہ اموال بھی شامل ہیں:

ﺍ : صلح سے جو سامان، مکانات اور اراضی کفار چھوڑ کر چلے جائیں جیسے اموالِ بنی نضیر۔

ب : جزیہ جو اسلامی ریاست کی غیر مسلم رعایا پر لگایا جاتا ہے اور اس کے ادا کرنے کے بعد وہ جنگی خدمات سے مستثنیٰ قرار دے دیے جاتے ہیں۔

ج : خراج جو مفتوحہ (عنوۃً یا صلحاً) اراضی پر لگایا جاتا ہے۔

د : وہ کسٹم ڈیوٹی جو کافر تاجروں سے لی جاتی ہے جب وہ اسلامی ریاست میں داخل ہوتے ہیں۔

ہ : وہ مال و جائیداد جنہیں چھوڑ کر مشرکین بھاگ جائیں۔

و : وہ اموال جن کے کافر مالک مر جائیں اور اپنے پیچھے کوئی وارث چھوڑ کر نہ جائیں۔ (قرطبی جلد ۱۸ صفحہ ۱۴)

علامہ کاشانی نے چند اموال کا اور اضافہ کیا ہے:

ز : زرِ فدیہ جو کسی علاقہ کے لوگوں نے جنگ کے بغیر ہی مسلمانوں سے امان حاصل کرنے کے لیے ادا کرنا قبول کر لیا ہو۔

ح : وہ اراضی جو کسی کے قبضہ میں نہ تھی۔

ط : سابق حکمران خاندانوں کی جاگیریں۔

ی : سابق حکومتوں کے املاک۔

ک : بنی تغلب کی زکوٰۃ۔ (بدائع الصنائع جلد ۷ صفحہ ۱۸۔۱۱۶)

ان اموال کے مصرف کے بارے میں امام ابو حنیفہ، امام احمد، امام مالک کی رائے یہ ہے لا یُخمّس بل جمیعہ لمصالح المسلمین کسد الثغور وبناء القناطیر والجسور وبعطی القضاۃ والمحتسبین وعمالھم وعلماء ھم. کذا فی الھدایۃ۔ (مظہری ج ۹ ص ۲۳۹)

یعنی ان اموال کا خمس نہیں نکالا جائے گا بلکہ تمام کے تمام عام مسلمانوں کی بہبود کے لیے خرچ کیے جائیں گے جس طرح سرحدوں

ع ۱

غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى

بغض اہل ایمان کے لیے اے ہمارے رب! بے شک تو رؤف رحیم ہے ۲۲ کیا آپ نے منافقوں

الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ

کی طرف نہیں دیکھا جو کہتے ہیں اپنے بھائیوں سے جنہوں نے کفر کیا اہل کتاب

الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ

میں سے کہ اگر تمہیں (یہاں سے) نکالا گیا تو ہم بھی ضرور تمہارے ساتھ یہاں سے نکل جائیں گے اور ہم تمہارے بارے میں کسی کی بات

اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ

ہرگز نہیں مانیں گے، اور اگر تم سے جنگ کی گئی تو ہم ضرور تمہاری مدد کریں گے۔ اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ لوگ بالکل

کی حفاظت، پلوں کی تعمیر، قاضیوں، دیگر ملازمین اور ان کے ماتحتوں وغیرہ کو تنخواہیں۔

۲۲ یہ بعد میں آنے والے جنہیں اموال فئی کا حقدار بنایا گیا ہے، ان کے حصول میں ان کا کوئی عمل دخل نہ تھا۔ یہ مہاجرین اور انصار کی قربانیوں کا پھل کھا رہے ہیں، اس لیے ان کا فرض ہے کہ ان کو اپنی نیک دعاؤں میں یاد رکھیں۔

انسان کی بدبختی ہے کہ اپنی زندگی ان پاک ہستیوں کی غیبت میں ضائع کر دے جن کی تعریف و توصیف سے قرآن بھرا ہوا ہے۔ عمرو بن شرجیل کا یہ قول بڑا عبرت آموز ہے۔ کہتے ہیں کہ رافضی، یہود و نصاریٰ سے بھی ایک قدم آگے ہیں۔ اگر یہود سے پوچھا جائے کہ تمہاری ملت میں سب سے افضل کون ہے تو وہ جواب دیں گے اصحاب موسیٰ۔ عیسائیوں سے یہی سوال پوچھا جائے تو وہ کہیں گے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے حواری، لیکن اگر رافضیوں سے پوچھا جائے کہ مَنْ شَرُّ اَهْلِ مِلَّتِكُمْ: تمہاری ملت سے بدترین لوگ کون ہیں تو یہ بدبخت کہیں گے اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

اللہ تعالیٰ نے تو حکم دیا ہے کہ ان کے لیے دعائیں مانگو، اپنے دلوں کو سابقہ مسلمانوں کے بغض سے پاک رکھو، لیکن رافضیوں کی زندگی کا مدعا یہ ہے کہ لوگوں کے دلوں میں ان نفوس ذکیہ کے بارے میں نفرت و عناد پیدا کریں جنہوں نے اپنا سب کچھ اسلام کے نام پر قربان کر دیا تھا۔ استغفر اللہ العظیم۔

اس آیت سے یہ مسئلہ بھی ثابت ہو گیا کہ پچھلوں کو پہلوں کے لیے مغفرت کی دعا کرنی چاہیے۔ اس سے ان کے گناہ بخشے جاتے ہیں اور ان کے مدارج بلند ہوتے ہیں۔

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۱﴾ لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا

جھوٹ بول رہے ہیں۔ (سن لو!) اگر یہودیوں کو نکالا گیا تو یہ نہیں نکلیں گے ان کے ساتھ۔ اور اگر ان سے جنگ کی گئی

لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲﴾

تو یہ ان کی مدد نہیں کریں گے۔ اور اگر (بفرض محال) انہوں نے ان کی مدد کی تو یقیناً پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے پھر ان کی مدد نہ کی جائے گی ۲۳

لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

اے فرزندان اسلام! ان یہودیوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ سے زیادہ تمہارا ڈر ہے۔ یہ اس لیے کہ

قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۳﴾ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ

وہ ناسمجھ لوگ ہیں ۲۴ یہ بڑے بزدل ہیں کبھی اکٹھے ہو کر کھلے میدان میں تم سے جنگ نہیں کریں گے جنگ کریں گے تو قلعہ بند

اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ۭ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ۭ تَحْسَبُهُمْ

بستیوں میں یا دیواروں کی آڑ لے کر ۲۵ ان کا اختلاف آپس میں بہت سخت ہے۔ تم انہیں متحد

۲۳ جب حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور بنی نضیر کے درمیان کشیدگی بڑھ رہی تھی کسی وقت بھی جنگ چھڑ جانے کا امکان تھا اس وقت وہاں کے منافقوں نے جن کے سرغنہ عبداللہ ابن ابی اور ابن قتل تھے کہلا بھیجا کہ مسلمانوں سے ڈرو نہیں، ان کے مقابلہ میں ڈٹ جاؤ۔ تم اکیلے نہیں ہو ہم سب تمہارے ساتھ ہیں۔ ضرورت پڑی تو ہم دو ہزار مسلح بہادروں کا لشکر لے کر تمہارے ساتھ آملیں گے تمہیں جلاوطن ہونے کا جو حکم دیا گیا ہے اس کو ماننے سے صاف انکار کر دو۔ اگر مدینہ چھوڑنا ہی پڑا تو تم تنہا مدینہ نہیں چھوڑو گے ہم تمہارے ساتھ اس شہر کو چھوڑ جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو بتا دیا کہ یہ منافق جھوٹ بک رہے ہیں۔ اگر جنگ شروع ہوئی تو یہ ہرگز ان کی مدد نہیں کریں گے۔ اگر بنی نضیر کو یہاں سے نکل بدر ہونا پڑا تو یہ ہرگز ان کے ساتھ نہیں جائیں گے۔ بفرض محال اگر ان بزدلوں نے میدان میں آنے کی جسارت کی تو تمہیں دیکھتے ہی بھاگ جائیں گے۔ چنانچہ بعینہٖ اسی طرح ہوا جس طرح اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا۔

۲۴ اللہ تعالیٰ کے خوف سے تو ان کے دل خالی ہیں لیکن تمہاری ہیبت سے وہ تھر تھر کانپ رہے ہیں۔ ان کے چہروں پر ہوائیاں اڑ رہی ہیں۔ چاہیے تو یہ تھا کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے جو مالک اور قادر ہے لیکن یہ پہلے درجے کے بے وقوف ہیں۔

۲۵ اگر ان کے ساتھ کہیں جنگ کی نوبت آجائے تو کھلے میدان میں تمہارے ساتھ جنگ کرنے کی جرأت ہرگز نہیں کریں

جَمِيعًا وَّقُلُوبُهُمْ شَتّٰى ۚ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ۝

خیال کرتے ہو حالانکہ ان کے دل متفرق ہیں ۲۶ یہ اس لیے کہ یہ بے عقل لوگ ہیں۔ ۲۷

كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَ

یہ ان لوگوں کی مانند ہیں جو ان سے پہلے ابھی ابھی اپنے کرتوتوں کا مزہ چکھ چکے ہیں۔ اور

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ

ان کے لیے دردناک عذاب ہے ۲۸ منافقین اور یہود کی مثال شیطان کی سی ہے جو (پہلے) انسان کو کہتا ہے

اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ

انکار کرے۔ اور جب وہ انکار کر دیتا ہے تو شیطان کہتا ہے میرا تجھ سے کوئی واسطہ نہیں میں تو ڈرتا ہوں اللہ سے جو

لگے۔ اپنی گڑھیوں میں قلعہ بند ہو کر یا دیواروں کے پیچھے چھپ کر کوئی ایک آدھ تیر چلا دیں تو اور بات ہے۔ کھل کر مقابلہ کی ہمت ان بیچاروں میں کہاں سے آئے گی جرأت تو پیدا ہوتی ہے حق سے۔ زندگی سے موت اس وقت عزیز معلوم ہوتی ہے جب حق کے لیے مرمٹنے کا موقع آئے یا کوئی بلند نصب العین سامنے ہو۔ یہاں تو زیادہ سے زیادہ جیتے رہنے کے بغیر اور کوئی مقصد ہی نہیں۔ یہ موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کیسے میدان میں آ سکتے ہیں۔

۲۶ ان کی ایک اور پوشیدہ کمزوری سے مسلمانوں کو خبردار کر دیا کہ بظاہر تو یہ متفق اور متحد دکھائی دیتے ہیں لیکن حقیقت ایسی نہیں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے عداوت کے بغیر ان کے سامنے کوئی قدر مشترک نہیں۔ وہ صرف یہ چاہتے ہیں کہ اسلام کا چراغ بجھ جائے۔ ان کے اقتدار ان کے مادی مفادات کو مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی طاقت سے جو خطرہ ہے وہ ٹل جائے۔ اس کے علاوہ کوئی ایسی چیز نہیں جو انہیں متحد رکھ سکے۔ ایک دوسرے کے خلاف ان کے دلوں میں حسد و عداوت کا جوالا مکھی دہک رہا ہے۔

۲۷ اس کی وجہ بتا دی کہ عقل و دانش سے ان کا دور کا بھی واسطہ نہیں۔

۲۸ ہمیشہ سے یہی ہوتا آیا ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے بھیجے ہوئے رسولوں کی مخالفت میں کمر بستہ ہو جاتے ہیں ان کا انجام بڑا عبرت ناک ہوتا ہے۔ ابھی ابھی بدر میں تم قریش کی نخوت کو پامال ہوتے دیکھ چکے ہو۔ بنی قینقاع کا جو حشر ہوا وہ تمہیں بھولا نہ ہوگا۔ تمہارے ساتھ بھی یہی برتاؤ کیا جائے گا۔

الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦﴾ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِى النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ؕ

رب العالمین ہے ۲۹؎ پھر ان دونوں (شیطان اور اس کے چیلے) کا انجام یہ ہوگا کہ دونوں آگ میں ڈالے جائیں گے اس میں ہمیشہ جلتے رہیں گے۔

وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

اور یہی ظالموں کی سزا ہے۔ اے ایمان والو! ڈرتے رہا کرو اللہ سے

وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ ۢ

اور ہر شخص کو دیکھنا چاہیے کہ اس نے کیا آگے بھیجا ہے کل کے لیے۔ اور ڈرتے رہا کرو اللہ تعالیٰ سے۔ بے شک اللہ تعالیٰ خوب آگاہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٨﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ

ہے جو تم کرتے رہتے ہو ۳۰؎ اور ان نادانوں کی مانند نہ ہو جانا جنہوں نے بھلا دیا اللہ تعالیٰ کو پس اللہ نے ان کو

۲۹؎ شیطان کا یہ کام ہے کہ وہ پہلے دوست اور خیرخواہ کے روپ میں آتا ہے اور انسان جب اس کے جال میں پھنس جاتا ہے تو وہ اسے بے یار و مددگار چھوڑ کر رفوچکر ہو جاتا ہے۔ بدر کے موقع پر بھی ایسا ہی ہوا۔ کئی لوگوں نے ابوجہل کو مشورہ دیا۔ جس قافلہ کی حفاظت کے لیے ہم گھر سے نکلے تھے وہ بخیریت مکہ پہنچ گیا ہے۔ اب اس لشکر کشی کا کوئی مقصد نہیں۔ ہمیں واپس چلے جانا چاہیے۔ لیکن شیطان ایک نجدی سردار کے لباس میں نمودار ہوا اور یہ کہہ کر انہیں اکسایا لا غالب لکم الیوم من الناس انی جارٌ لکم۔ آج کوئی بھی تم پر غالب نہیں آسکتا۔ میں تمہارا پشت پناہ ہوں لیکن جب دونوں لشکر ٹکرائے تو یہ کہتا ہوا دم دبا کر بھاگا انی بریٔ منکم انی اریٰ مالا ترون انی اخاف اللہ رب العالمین۔ اے ابوجہل اور اس کے ساتھیو! میں تم سے بری الذمہ ہوں۔ میں وہ دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھ سکتے۔ مجھے اللہ تعالیٰ سے ڈر لگتا ہے۔

شیطان کا ہمیشہ سے یہی دستور رہا ہے۔ یہی حالت ان منافقین اور بنی نضیر کی تھی۔ پہلے وہ بنی نضیر کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکاتے رہے لیکن وقت پر ان سے منہ پھیر لیا۔

۳۰؎ یہود کے غدر اور عہد شکنی کی سزا اور منافقین کے مکر و نفاق کے ذکر کے بعد اب ایمان والوں کو جھنجھوڑا جا رہا ہے اور انہیں نصیحت کی جا رہی ہے کہ اے فرزندانِ اسلام! تقویٰ کو اپنا شعار بناؤ۔ ہوشیار! ایسی راہ پر قدم نہ اٹھے جس سے تمہارے رب نے تمہیں روکا ہے اور اس کے احکام کی تعمیل میں کوتاہی نہ ہو۔ نیز یہ بھی تاکید فرمائی کہ ہر شخص اپنا محاسبہ کرتا رہے کہ اس نے اپنی عاقبت کے لیے کیا ذخیرہ تیار کیا ہے۔ جو شخص آج کی خوشیوں میں یوں کھو جائے کہ اسے کل کا ہوش نہ رہے وہ دانا نہیں، نادان ہے۔ تم ایسا نہ کرنا تم اللہ تعالیٰ کے حبیب کے غلام ہو۔ قیامت کے روز تمہاری شان نرالی ہونی چاہیے۔ تمہاری زندگی کے گرد نور کا ہالہ ہو۔

أَنفُسَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴿١٩﴾ لَا يَسْتَوِي أَصْحَابُ النَّارِ

خود فراموش بنا دیا۔ یہی نافرمان لوگ ہیں ۳۱ یکساں نہیں ہو سکتے دوزخی

وَأَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۚ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَائِزُونَ ﴿٢٠﴾ لَوْ أَنزَلْنَا

اور اہل جنت۔ اہل جنت ہی تو کامیاب لوگ ہیں اگر ہم نے اتارا ہوتا

هَٰذَا الْقُرْآنَ عَلَىٰ جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ

اس قرآن کو کسی پہاڑ پر تو آپ اس کو دیکھتے کہ وہ جھک جاتا (اور) پاش پاش ہو جاتا اللہ کے خوف

اللَّهِ ۚ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ﴿٢١﴾

سے۔ اور یہ مثالیں ہم بیان کرتے ہیں لوگوں کے لیے تاکہ وہ غور و فکر کریں ۳۲

اس نورانی ہالہ کے اندر تم چودھویں کے چاند کی طرح چمک رہے ہو تب لطف ہے۔ دوبارہ پھر تقویٰ کی تاکید فرما دی اور بتا دیا کہ تم جو کچھ کام کرتے ہو تمہارا خداوند ذوالجلال اس سے خوب باخبر ہے۔

۳۱؎ بڑی ہی اہم حقیقت کی طرف بڑے ہی دل نشیں پیرایہ میں متوجہ کیا جا رہا ہے۔ بتایا جو خدا کو فراموش کر دیتا ہے وہ صرف خدا فراموش ہی نہیں ہوتا وہ خود فراموش بھی بن جاتا ہے۔ اسے اپنے نفع و نقصان کا صحیح اندازہ نہیں ہوتا۔ وہ سوچتا ہے کہ یہ کام اس کے لیے مفید ہو گا۔ اس کی فارغ البالی کا سبب بنے گا۔ اس کی عزت کو چار چاند لگائے گا۔ اس کے اقتدار کو استحکام بخشے گا در حقیقت وہ کام اس کی ہلاکت کا پیش خیمہ ثابت ہوتا ہے۔ تاریخ انسانی میں اس کی بیسیوں نہیں سینکڑوں مثالیں موجود ہیں۔ فرعون نے بنی اسرائیل کے بچوں کا قتل عام جاری کر رکھا تاکہ کوئی ایسا بچہ جنم نہ لے سکے جو کل اس کے قصر اقتدار کو مسمار کر دے۔ لیکن یہی اقدام اس کی غیر مقبولیت کا سبب بنا۔ بنی اسرائیل بھی ہمیشہ کے لیے اس سے متنفر ہو گئے۔ اپنی قوم میں بھی اس کی حیثیت ایک ظالم قاتل کی ہو گئی۔ ابوجہل ابولہب اس لیے اسلام میں داخل نہ ہوئے کہ ان کی چودھراہٹ ختم ہو جائے گی۔ وہ اب قوم کے سردار ہیں۔ مسلمان ہونے کے بعد انہیں اللہ تعالیٰ کے رسول کا غلام بن کر رہنا پڑے گا۔ ان کی یہی دانش مندی ان کی بربادی کا باعث بن گئی۔ ہر جگہ آپ کو یہ کلیہ کار فرما نظر آئے گا کہ جو شخص خدا فراموش ہوتا ہے وہ خود فراموش بھی ہوتا ہے۔ اپنا خیر اندیش بھی وہی ہوتا ہے جو اپنے رب کے ذکر کی شمع کو روشن رکھتا ہے۔ کس عمدگی سے ذکر الٰہی کی ترغیب دلائی گئی ہے۔

۳۲؎ یعنی پہاڑ کو اگر عقل و فہم عطا کیا جاتا اور پھر قرآن اس پر نازل کیا جاتا تو وہ اس کی ہیبت و جلال سے سر تسلیم خم کر دیتا اور ریزہ ریزہ ہو جاتا۔ انسان جو ایک مشت خاک ہے اسے یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ ایسے کلام کے مواعظ میں غور نہ کرے اور اس

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ

اللہ وہی تو ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ۳۳ جاننے والا ہر چھپی ہوئی اور ہر ظاہر چیز کا ۳۴ وہی

الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ

بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اللہ وہی تو ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ سب کا بادشاہ،

الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ

نہایت مقدس، سلامت رکھنے والا، امان بخشنے والا، نگہبان، عزت والا، ٹوٹے دلوں کو جوڑنے والا، متکبر ہے ۳۵

چشمۂ فیض سے سیراب نہ ہو۔

۳۳ ان آخری آیات میں شرح وبسط کے ساتھ صفاتِ جلیلہ حمیدہ کاملہ کا بیان ہو رہا ہے یعنی جس خداوند کی عبادت، اطاعت اور فرمانبرداری کا تمہیں حکم دیا جا رہا ہے وہ خدا کن کن صفاتِ کمال سے متصف ہے۔ سب سے پہلے اس کی شانِ توحید بیان کی گئی۔ وہی خدا ہے، وہی معبود ہے۔ اس کے سوا اور کوئی ہے ہی نہیں جو خدائی کے تخت پر جلوہ فرما ہو سکے۔ کوئی ایسی ہستی ہے ہی نہیں جو عبادت و پرستش کے لائق ہو۔ اگر کسی چیز میں کوئی کمال یا کمالات پائے جاتے ہیں تو اس میں نقائص وعیوب کی بھی کمی نہیں۔ اگر کوئی اور نقص نہ ہو تو اس نقص سے تو اس کے سوا کوئی بھی منزہ نہیں کہ وہ ممکن ہے۔ یعنی پہلے نہیں تھا، اس کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا اور پھر نہیں ہوگا۔

۳۴ صفتِ توحید بیان کرنے کے بعد اس کی صفتِ علم کا ذکر فرمایا کہ اس کا علم ادھورا اور ناقص نہیں بلکہ وہ ان چیزوں کو بھی جانتا ہے جو تم سے چھپی ہوئی ہیں اور ان کو بھی جانتا ہے جو ظاہر ہیں۔ ماضی بھی اس کے سامنے ہے، مستقبل بھی اس سے پوشیدہ نہیں۔ وہ رحمن ورحیم بھی ہے۔ اس کی رحمت بے انداز ہے۔ دنیا وآخرت میں اپنے اور بیگانے سب اس کے خوانِ نعمت سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

۳۵ دیگر صفات بیان کرنے سے پہلے ایک بار پھر اس کی توحید کا ذکر کیا۔ یہاں جو اسمائے حسنیٰ مذکور ہیں اختصار کے ساتھ ان کی لغوی تحقیق ملاحظہ فرمائیے۔

الملک: بادشاہ۔ جو چاہے کرے اور اس کے فعل پر کسی کو مجالِ اعتراض نہ ہو۔

القدوس: المنزہ من کل نقص والطاھر من کل عیب۔ جو ہر نقص سے منزہ اور ہر عیب سے پاک ہو۔

السلام: ای ذو سلامۃ من النقائص۔ یعنی ہر قسم کی خامیوں سے محفوظ۔ اور بعض نے کہا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ وہ اپنے بندوں کو آلام ومصائب سے بچاتا ہے۔

سُبۡحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ

پاک ہے اللہ تعالیٰ اس شرک سے جو لوگ کر رہے ہیں ۳۶ وہی اللہ سب کا خالق سب کو پیدا کرنے والا ۳۷ سب کی مناسب صورت بنانے والا ہے ۳۸ سارے

المومن: ای المصدق لرسلہ باظہار معجزاتہ علیھم۔ اپنے انبیاء سے معجزات کا اظہار کر کے ان کی رسالت کی تصدیق فرماتا ہے یا اپنے دوستوں کو عذاب سے امن دیتا ہے۔

المھیمن: الشاھد۔ گواہ۔ اور اس کو بھی کہتے ہیں جو کسی کو خوف سے امان دے۔ اس کا اصل آمَنَ فھو مُؤَاْمِنٌ ہے۔ دوسرا ہمزہ "یاء" سے اور پہلا ہمزہ "ہ" سے بدل دیا گیا۔ اس طرح مھیمن بن گیا۔ (الصحاح)

العزیز: زبردست۔ سب پر غالب۔

الجبار: المُصلح امور خلقہ المتصرف فیھم بما فیہ صلاحھم۔ یعنی اپنی مخلوقات کے امور کو درست کرنے والا اور ان میں ایسا تصرف کرنے والا جس میں ان کی فلاح اور بہبود ہوتی ہے۔ اس صورت میں یہ جبر سے مشتق ہو گا جس کا معنی اصلاح ہے۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی پر پٹی باندھ کر اسے درست کرنے کو بھی جبر کہتے ہیں۔ جَبَرْتُ العظم فَجَبَرَ۔ اس کا معنی یہ بھی کیا گیا ہے کہ جس کی سطوت کو برداشت نہ کیا جا سکے۔ الذی لا تُطاق سطوتہ۔ قال ابن عباس ھو العظیم۔

المتکبر: جس کی عظمت و کبریائی انتہا کو پہنچی ہوئی ہو۔ اللہ تعالیٰ کے لیے متکبر ہونا صفت ہے لیکن مخلوق کے لیے یہ ذمت کا سبب ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ فی الصحیح عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال فیما یرویہ عن ربہ تبارک وتعالیٰ انہ قال الکبریاء ردائی والعظمۃ ازاری ومن نازعنی فی واحد منھما قصمتہ وقذفتہ فی النار۔

ترجمہ: حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ کبریائی میری چادر ہے اور عظمت میری ازار ہے۔ جو ان کو اوڑھنے کی کوشش کرے گا میں اس کی کمر توڑ دوں گا اور اس کو دوزخ میں پھینک دوں گا۔

۳۶ یعنی اللہ تعالیٰ تو وہ ہے جو ان صفات و کمالات سے متصف ہے۔ جن کو ان احمقوں نے خدا کا شریک بنا رکھا ہے کیا ان میں یہ خوبیاں پائی جاتی ہیں یا ان میں سے کوئی ایک خوبی پائی جاتی ہے۔ جب ان کمالات کا ان میں شائبہ تک نہیں تو ان کو اللہ تعالیٰ کا شریک بنانا کتنی بڑی حماقت ہے۔ اس لیے آخر میں فرما دیا کہ اللہ تعالیٰ کی ذات ان معبودانِ باطل سے پاک ہے جنہیں یہ نادان اس کا شریک بناتے ہیں۔

۳۷ اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی مزید صفات بیان کی گئی ہیں۔

خالق: اندازہ کرنے والا اور باری اس اندازے اور تجویز کو عملی جامہ پہنانے والا۔ بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کائنات کی ہر چیز کا منصوبہ بھی بناتا ہے تجویز بھی کرتا ہے۔ اندازے بھی مقرر کرتا ہے اس لیے وہ خالق ہوا اور ان اندازوں کے مطابق انہیں پیدا بھی کرتا ہے اس لیے وہ باری بھی ہوا۔

۳۸ المصور: تصویر بنانے والا۔ یعنی جس طرح چاہتا ہے اس قسم کی شکل عطا فرما دیتا ہے کسی کو خوبصورت کسی کو بدصورت۔

الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾

خوبصورت نام اسی کے ہیں۔ اس کی تسبیح کر رہے ہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں ۳۹ اور وہی عزت والا حکمت والا ہے ۴۰

کسی کو کیسے کسی کو کیسے۔ اگنت انسان ہیں لیکن کسی کی شکل کسی کے ساتھ ہوبہو نہیں ملتی۔ ہر پیدا ہونے والے انسان کے لیے الگ نقشہ، علیحدہ علیحدہ خدوخال بنا دینا اسی کی قدرت کا کرشمہ ہے۔

۳۹ یہاں اس کے خوبصورت اور پیارے ناموں میں سے چند اسماء ذکر کیے گئے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ سارے خوبصورت نام اسی کے لیے مخصوص ہیں۔ ہر چیز اسی کی تسبیح بیان کر رہی ہے۔

۴۰ وہی عزیز ہے وہی حکیم ہے۔ قوت و حکمت کا یہ امتزاج کتنا حسین اور معنی خیز ہے۔

یا من له الاسماء الحسنی اسئلك بكل اسم هو لك سميت به نفسك او انزلته في كتابك او علمته احدا من خلقك او استاثرت به في علم الغيب عندك ان تجعل القرآن العظيم ربيع قلبي ونور صدري وجلاء حزني وذهاب همي وغمي۔

اللهم صل وسلم وبارك على سيدي ومولائي وحبيبي وقرة عيني وراحة خاطري محمد وعلى آله وصحبه ومن تبعه باحسان الى يوم الدين۔

تعارف

سُورۃ المُمتحنہ

نام : اس سورت کا نام اس کی آیت نمبر ۱ کے کلمہ فامتحنوھن سے ماخوذ ہے۔ اسے مُمتحِنہ اور مُمتحَنہ دونوں طرح پڑھا گیا ہے پہلی صورت میں اس کا معنی ہوگا امتحان لینے والی سورت، اور دوسری صورت میں اس کا معنی ہوگا وہ عورت جس کا امتحان لیا گیا ہے۔ یہ دو رکوعوں، تیرہ آیتوں، تین سو اڑتالیس کلمات اور ایک ہزار پانچ سو دس حروف پر مشتمل ہے۔

زمانۂ نزول : اس سورۃ میں جو واقعات مذکور ہیں اُن سے بآسانی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ صلح حدیبیہ اور فتح مکہ کے درمیانی عرصہ میں یہ سورت نازل ہوئی۔

مضامین : حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی مہم پر جانے کا ارادہ فرماتے تو اس کو صیغۂ راز میں رکھتے تاکہ دشمن قبل از وقت مطلع ہوکر اپنے دفاع کی تیاری مکمل نہ کرلے۔ اذنِ الٰہی کے مطابق جب فتح مکہ کے لیے تیاری شروع کی گئی تو حسبِ معمول نہایت رازداری سے کام لیا گیا تاکہ کفار مکہ اس منصوبہ پر آگاہ ہو کر کوئی جوابی کاروائی نہ کرسکیں۔ حضرت حاطب ابن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک سنگین غلطی سرزد ہوئی۔ ان کے بال بچے مکہ میں تھے، وہاں ان کا کوئی ایسا قریبی رشتہ دار نہ تھا جو اُن کا پرسانِ حال ہوتا۔ اُنہوں نے خفیہ طور پر مکہ کے ایک سردار کو خط لکھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارادہ سے اُسے آگاہ کیا تاکہ وہ اس احسان کے بدلے اُن کے بال بچے کا خیال رکھے۔ اس کا تفصیلی تذکرہ تو آیات کی تشریح کے ضمن میں آئے گا۔ یہاں فقط اتنا اشارہ کرنا کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کو سخت تنبیہ فرمادی کہ ایمان لانے کے بعد کفار کے ساتھ تمہارا یارانہ سخت ناپسندیدہ حرکت ہے۔ تم اپنی صاف دلی کے باعث انہیں بھی اپنے جیسا خیال کرتے ہو حالانکہ کفر نے ان کو ان صفاتِ عالیہ سے محروم کردیا ہے جن کی تم اُن سے توقع رکھتے ہو۔ ان کے سینوں میں تمہارے خلاف بغض و عناد کے شعلے بھڑک رہے ہیں اگر تم نے احتیاط سے کام نہ لیا تو تم خود بھی زک اٹھاؤ گے اور مسلمانوں کو بھی طرح طرح کی مشکلات میں مبتلا کردو گے۔ اگر وہ تم پر قابو پالیں تو تم پر ذرہ برابر رحم نہیں کریں گے، اور ہر ممکن ذریعے سے تمہیں نقصان پہنچائیں گے۔ حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسوۂ حسنہ تمہارے سامنے ہے جب اُن کے قریبی رشتہ داروں نے اُن کی دعوتِ توحید کو قبول کرنے سے انکار کردیا تو آپ نے اُن سے مکمل بائیکاٹ کردیا۔ تمہیں بھی چاہیے کہ اس اسوۂ حسنہ کی پیروی کرو۔

یہاں ایک نکتہ کی وضاحت کردی گئی کہ قطع تعلق فقط اُن کفار کے ساتھ ہے جو تم سے برسرِ پیکار ہیں۔ جنہوں نے

تمہیں جلاوطن کر دیا ہے لیکن جو کافر تمہارے خلاف جارحیت کے مرتکب نہیں ہیں اُن سے ایسے مقل بائیکاٹ کا حکم نہیں دیا جا رہا۔

صلح حدیبیہ کے بعد ایک نئی صورتِ حال پیدا ہو گئی تھی۔ معاہدہ صلح میں یہ تو طے پایا تھا کہ اگر کوئی مسلمان مرد آج کے بعد مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ آئے گا تو اسے واپس کر دیا جائیگا لیکن عورتوں کے بارے میں کوئی صراحت نہ تھی۔ صلح حدیبیہ کے بعد کئی عورتیں جو مسلمان ہو چکی تھیں وہ اپنے کافر شوہروں کو مکہ میں چھوڑ کر مدینہ طیبہ پہنچنے میں کامیاب ہو گئی تھیں۔ شرائط صلح کی رُو سے کیا انہیں بھی واپس کر دینا ہو گا۔ اللہ تعالیٰ نے بتا دیا کہ جب کوئی عورت ہجرت کر کے تمہارے پاس آجائے تو تم اس کے ایمان کا جائزہ لو۔ اگر وہ سچے دل سے ایمان لائی ہو تو اسے مت واپس کرو کیونکہ آج سے کوئی مومن عورت کسی مشرک کے نکاح میں نہیں رہ سکتی۔ اسی طرح کئی مسلمان مرد اپنی کافر بیویاں مکہ میں چھوڑ آئے تھے۔ اُن کے بارے میں بھی بتا دیا کہ کافر عورتیں بھی مسلمانوں کے عقد نکاح میں باقی نہیں رہیں گی۔ وہ اب آزاد ہیں جس سے چاہیں شادی رچائیں ان کے بارے میں تفصیلی احکام آیات کی تشریح کے ضمن میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔

مکہ مکرمہ فتح ہونے والا تھا وہ دن طلوع ہونے کے قریب تھا جب مردوں کی طرح عورتیں گروہ در گروہ اسلام قبول کریں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو قبل از وقت بتا دیا کہ جب مشرک عورتیں اسلام قبول کرنے کے لیے حاضر ہوں تو ان امور پر ان کی بیعت لی جائے۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۷۷-۴-۲۳

سُوْرَۃُ الْمُمْتَحَنَۃِ مَدَنِیَّۃٌ وَّھِیَ ثَلٰثَ عَشْرَۃَ اٰیَۃً وَّفِیْھَا رُکُوْعَانِ

سورہ الممتحنہ مدنی ہے اور اس میں ۱۳ آیتیں اور ۲ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَ عَدُوَّكُمْ اَوْلِیَآءَ

اے ایمان والو! نہ بناؤ میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو (اپنے) جگری دوست [1]

[1] ان آیات کی شانِ نزول حضرت صدر الافاضل قدس سرہ کے جامع الفاظ میں سماعت فرمایئے:

بنی ہاشم کے خاندان کی ایک باندی سارہ مدینہ طیبہ میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوئی جبکہ حضورؐ فتح مکہ کا سامان فرما رہے تھے۔ حضورؐ نے اسے فرمایا کیا تو مسلمان ہو کر آئی ہے؟ اس نے کہا نہیں۔ فرمایا کیا ہجرت کر کے آئی ہے؟ عرض کیا نہیں۔ فرمایا پھر کیوں آئی؟ اس نے کہا محتاجی سے تنگ ہو کر۔ بنی عبد المطلب نے اس کی امداد کی۔ کپڑے پہنائے۔ سامان دیا۔ حاطب ابن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس سے ملے۔ اس کو دس دینار دیے۔ ایک چادر دی اور ایک خط اہلِ مکہ کے پاس اس کی معرفت بھیجا جس کا مضمون یہ تھا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم پر حملہ کا ارادہ رکھتے ہیں۔ تم سے اپنے بچاؤ کی جو تدبیر ہو سکے کر لو۔ سارہ یہ خط لے کر روانہ ہو گئی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبؐ کو اس کی خبر دی۔ حضورؐ نے اپنے چند اصحابؓ کو جن میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے گھوڑوں پر روانہ کیا اور فرمایا مقام روضۂ خاخ پر تمہیں ایک مسافر عورت ملے گی۔ اس کے پاس حاطب ابن ابی بلتعہ کا خط ہے جو اہلِ مکہ کے نام لکھا گیا ہے۔ وہ خط اس سے لے لو اور اس کو چھوڑ دو۔ اگر انکار کرے تو اس کی گردن مار دو۔ یہ حضرات روانہ ہوئے اور عورت کو ٹھیک اسی مقام پر پایا جہاں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ اس سے خط مانگا وہ انکار کر گئی اور قسم کھا گئی۔ صحابہؓ نے واپسی کا قصد کیا۔ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بقسم کہا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خبر خلافِ واقعہ ہو ہی نہیں سکتی اور تلوار کھینچ کر عورت سے فرمایا یا خط نکال یا گردن رکھ۔ جب اس نے دیکھا کہ حضرت بالکل آمادۂ قتل ہیں تو اپنے جوڑے میں سے خط نکالا۔ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا کر فرمایا کہ اے حاطب! اس کا کیا باعث؟ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں جب سے ایمان لایا کبھی میں نے کفر نہیں کیا اور جب سے حضور کی نیازمندی میسر آئی کبھی حضور کی خیانت نہیں کی اور جب سے اہلِ مکہ کو چھوڑا کبھی ان کی محبت نہ آئی لیکن واقعہ یہ ہے کہ میں قریش میں رہتا تھا اور ان کی قوم سے نہ تھا میرے ساتھ اور جو مہاجرین ہیں ان کے مکہ مکرمہ میں رشتہ دار ہیں جو ان کے گھر بار کی نگرانی کرتے ہیں مجھے اپنے گھر والوں کا اندیشہ تھا اس لیے میں نے یہ چاہا کہ اہلِ مکہ پر کچھ احسان رکھ دوں تاکہ وہ میرے

گھر والوں کو دستا ہیں اور یہ میں یقین سے جانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اہل مکہ پر عذاب نازل فرمانے والا ہے، میرا یہ خط انہیں بچا نہ سکے گا۔
حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا یہ عذر قبول فرمایا اور ان کی تصدیق کی۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اجازت دیجیے کہ اس منافق کی گردن ماردوں۔
حضورؐ نے فرمایا اے عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اللہ تعالیٰ خبردار ہے جب ہی اس نے اہل بدر کے حق میں فرمایا کہ جو چاہو کرو میں نے تمہیں بخش دیا۔ یہ سن کر حضرت عمرؓ کے آنسو جاری ہو گئے اور یہ آیات نازل ہوئیں۔ (خزائن العرفان)

اگرچہ یہ آیتیں حضرت حاطبؓ کے متعلق نازل ہوئیں لیکن ان میں روئے سخن صرف انہی کی طرف نہیں بلکہ ساری ملت اسلامیہ کو مخاطب بنایا گیا ہے۔ سب کو نصیحت کی جا رہی ہے اور ایسی غلطی کے ارتکاب سے روکا جا رہا ہے جس سے اسلام اور اہل اسلام کے مفاد کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو، خواہ اس کی نیت کچھ بھی ہو۔

اس آیت کے ضمن میں قاضی ابن عربی الاندلسی نے اپنی تفسیر احکام القرآن میں چند فقہی مسائل لکھے ہیں جن کا خلاصہ پیش خدمت ہے:

۱۔ اگر کوئی مسلمان اسلامی حکومت کے سربستہ راز دشمن تک پہنچائے تو اس کا یہ فعل اگرچہ سنگین جرم اور کبیرہ گناہ ہے لیکن وہ اس سے دائرۂ اسلام سے خارج نہیں ہو جاتا بشرطیکہ اس کے ایمان میں کوئی تزلزل نہ ہو۔ اگر اس طرح کفر لازم آتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حاطبؓ کو از سر نو مسلمان ہونے کا حکم فرماتے۔

۲۔ کیا ایسا مسلمان واجب القتل ہے؟ امام مالکؒ، ابن قاسم اور اشہب فرماتے ہیں کہ امام جو سزا اسے مناسب سمجھے دے سکتا ہے۔ عبدالملک کہتے ہیں کہ اگر یہ چیز اس کی عادت بن جائے تو اسے قتل کر دیا جائے گا کیونکہ وہ جاسوس ہے اور امام مالک جاسوس کے قتل کا فتویٰ دیتے ہیں اور یہی صحیح ہے۔ کیونکہ اس نے مسلمانوں کو ضرر پہنچایا اور ملک میں فتنہ و فساد برپا کیا۔ وھو صحیح لاضرارہ بالمسلمین وسعیہ بالفساد فی الارض۔

حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ غلطی صرف ایک بار صادر ہوئی تھی اس لیے معاف کر دیا گیا۔

۳۔ اگر جاسوس کافر ہو تو امام اوزاعی کہتے ہیں کہ ذمی کافر نے جاسوسی کر کے اپنا معاہدہ توڑ دیا اور حربی جاسوس کو قتل کرنا جائز ہے۔ مسلمان اور ذمی جاسوس کو سخت سزا دی جائے گی لیکن اگر وہ بار بار ایسا کریں گے اور مسلمانوں کے خلاف دشمن کی مدد کریں گے تو انہیں بھی قتل کی سزا دی جا سکتی ہے۔

یہاں سے ایک اور مسئلہ بھی ثابت ہوتا ہے جس کی آج کل اشد ضرورت ہے۔ وہ یہ کہ اگر کسی شخص پر وطن دشمنی کا یا کوئی اور الزام عائد کیا جائے تو ایسے شخص کو اس وقت تک سزا نہیں دی جا سکتی جب تک اس کی تحقیق نہ کر لی جائے اور ملزم کو اپنی صفائی کا موقع نہ دیا جائے۔ محض الزام اور شک پر کسی کو سزا دینا اسلامی قانون میں ہرگز جائز نہیں۔ جب حضرت حاطبؓ کا خط پکڑا گیا تو انہیں صفائی پیش کرنے کا موقع دیا گیا اور ان کے اس بیان کو بھی جس کی تائید دیگر قرائن و شواہد سے ہو رہی تھی تسلیم کر لیا گیا۔

حضرت حاطبؓ جن سے یہ جرم سرزد ہوا تھا ان کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی تو اس کی ابتدا یایھا الذین اٰمنوا

تُلْقُوْنَ اِلَیْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَ قَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ

تم تو اظہار محبت کرتے ہو ان سے ۲؎ حالانکہ وہ انکار کرتے ہیں (اس دین) حق کا جو تمہارے پاس آیا ہے۔

یُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَ اِیَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ؕ اِنْ

انہوں نے نکالا ہے رسول (مکرم) کو اور تمہیں بھی (مکہ سے) محض اس لیے کہ تم ایمان لائے ہو اللہ پر جو تمہارا پروردگار ہے۔ اگر

سے کی گئی حضرت حاطبؓ نے جب یہ آیت سنی تو ان کی خوشی کی کوئی حد نہ رہی کہ ان کی اس غلطی کی وجہ سے ان کو مسلمانوں کی فہرست سے خارج نہیں کر دیا گیا۔ صرف سرزنش اور عتاب پر اکتفا کیا گیا ہے اور عتاب اسی کو کیا جاتا ہے جس سے محبت ہو۔ کسی نے خوب کہا ہے۔ ؎

اعاتب ذالمودة من صدیق ... اذا ما رابنی منه اجتناب

اذا ذهب العتاب فلیس ودٌّ ... ویبقی الود ما بقی العتاب

یعنی میں اس دوست کو ہی عتاب کرتا ہوں جس سے محبت ہو۔ جب مجھے یہ شک گزرے کہ وہ مجھ سے اجتناب کر رہا ہے۔

جہاں عتاب نہ ہو وہاں محبت نہیں ہوتی۔ جب تک عتاب کا سلسلہ باقی ہے محبت بھی باقی ہے۔

اس آیت میں چند فقرے اور چند الفاظ توجہ طلب ہیں:

عدو اگرچہ واحد ہے لیکن اس کا اطلاق جمع پر بھی ہوتا رہتا ہے۔ زمخشری کہتے ہیں والعدو: فعول من عدا كعفو من عفا ولكونه على زنة المصدر اوقع على الجمع ايقاعه على الواحد۔ (کشاف)

یعنی یہ مصدر کے وزن پر ہے اس لیے یہ جمع اور واحد دونوں معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔

۲؎ تلقون الیهم بالمودة کا مفہوم کیا ہے اور کلام سابق سے اس کا ربط کیا ہے؟

ربط کے بارے میں تین قول ہیں: (۱) لا تتخذوا کی ضمیر کا حال ہے۔ (۲) اولیاء کی صفت ہے۔ (۳) یہ کلام مستانف ہے۔ یہ نیا جملہ ہے۔ پہلے سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

بالمودة کی باء زائدہ برائے تعقیب بھی ہو سکتی ہے اور ثابتہ بھی ہو سکتی ہے۔

پہلی صورت میں القاء بالمودة کا معنی اظہار المودة ہو گا۔ (روح المعانی) یعنی تم ان سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہو۔ دوسری صورت میں یہ باء تعدیہ کے لیے ہو گی اور «مودة» تلقون کا مفعول ہو گا۔ اس کا معنی وہی ہو گا جو پہلے ذکر کیا گیا ہے اور اگر باء سببیت کے لیے ہے تو اس وقت تلقون کا مفعول محذوف ماننا پڑے گا۔ عبارت یہ ہو گی۔ تلقون الیهم اخبار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بسبب المودة التی بینکم وبینهم (کشاف) یہاں القاء ارسال کے معنی میں ہو گا یعنی تم رسول کی خبریں ان کو خط

كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِي سَبِيلِي وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِي

تم جہاد کرنے نکلے ہو میری راہ میں اور میری رضا جوئی کے لیے (تو) انہیں دوست مت بناؤ[۳]

تُسِرُّونَ إِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا

تم بڑی رازداری سے ان کی طرف محبت کا پیغام بھیجتے ہو[۴] حالانکہ میں جانتا ہوں جو تم نے چھپا رکھا ہے اور جو

أَعْلَنْتُمْ وَمَنْ يَفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ①

تم نے ظاہر کیا۔ اور جو ایسا کرے تم میں سے تو وہ بھٹک گیا راہِ راست سے

کو بھیجتے ہو اس محبت کی وجہ سے جو تمہارے درمیان اور ان کے درمیان ہے۔

۳۔ ان کنتم خرجتم الخ یہ شرط ہے۔ اس کی جزا محذوف ہے اور کلام سابق لا تتخذوا اس پر دلالت کرتا ہے۔ یعنی اگر تم اللہ کے راستہ میں جہاد کرنے کے لیے نکلے ہو اور اس کی رضا کے طلب گار ہو تو کافروں کو اپنا دوست نہ بناؤ۔

۴۔ تسرون الیھم الخ یہ تلقون سے بدل بھی ہو سکتا ہے لیکن مناسب یہ ہے کہ اس کو کلام مستانف بنایا جائے۔ اس کے دونوں مفہوم ہو سکتے ہیں ای تفضون الیھم بمودتکم سرا یعنی تم انہیں اپنی محبت اور دوستی کا چپکے چپکے یقین دلاتے ہو۔

دوسرا مفہوم یہ ہے تسرون الیھم اسرار رسول اللہ بسبب المودۃ (کشاف) کہ تم باہمی دوستی کی وجہ سے حضور کے راز ان تک پہنچاتے ہو، حالانکہ اللہ تعالیٰ تمہاری ساری حرکتوں کو خوب جانتا ہے۔ تم لاکھ چھپانے کی کوشش کرو اس علیم و خبیر سے نہیں چھپا سکتے۔

آیت کا خلاصہ یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ اے ایمان والو! جو لوگ میرے دین کے دشمن ہیں اور جو لوگ تمہارے بھی بدخواہ ہیں ان کو اپنا دوست مت بناؤ۔ تم ان سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہو، حالانکہ وہ اس دین حق کا انکار کرتے ہیں جو تمہارے پاس اللہ کا رسول لے کر آیا ہے اور ان کی عداوت کی اس سے بڑی روشن دلیل تمہیں اور کیا چاہیے کہ انہوں نے اللہ کے محبوب ﷺ کو بھی گھر چھوڑنے پر مجبور کر دیا اور تمہیں بھی جلا وطن کر دیا۔ تم نے ان کا کوئی قصور نہیں کیا تھا۔ تم نے ان پر کوئی زیادتی نہیں کی تھی۔ ان کی نظروں میں تمہارا اللہ پر ایمان لانا ایک ایسا گناہ ہے جو قابل عفو نہیں۔ اگر تم اللہ کی راہ میں جہاد کے لیے میدان میں آئے ہو اور اس کی خوشنودی کے جویا ہو تو تمہیں اللہ تعالیٰ یہ حکم دیتا ہے کہ تم انہیں اپنا دوست مت بناؤ۔ تم میں سے بعض لوگ خفیہ طور پر کفار کو اپنی دوستی اور خیر خواہی کا یقین دلاتے ہیں۔ کیا انہیں یہ بات بھول جاتی ہے کہ ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ سے ہے اور اللہ تعالیٰ چھپی ہوئی اور ظاہر ہر چیز کو بخوبی جانتا ہے۔ قیامت تک آنے والے مسلمانوں میں سے اگر کسی نے ایسی غلطی کی تو وہ راہ راست سے بھٹک گیا اور اپنی منزل سے بہک گیا۔

إِن يَثْقَفُوكُمْ يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَاءً وَيَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ

اگر وہ تم پر قابو پالیں تو وہ تمہارے دشمن ہوں گے اور بڑھائیں گے تمہاری طرف اپنے ہاتھ

وَأَلْسِنَتَهُم بِالسُّوءِ وَوَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ ﴿٢﴾ لَن تَنفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ

اور اپنی زبانیں برائی کے ساتھ وہ تو چاہتے ہیں کہ تم (ان کی طرح) کافر بن جاؤ ؁ نہ نفع پہنچائیں گے تمہیں تمہارے رشتہ دار

وَلَا أَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا

اور نہ تمہاری اولاد روز قیامت ۔ اللہ تعالیٰ جدائی ڈال دے گا تمہارے درمیان اور اللہ تعالیٰ جو

تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٣﴾ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ

تم کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہے ؁ بے شک تمہارے لیے خوب صورت نمونہ ہے ابراہیم

؁ علامہ آلوسی کہتے ہیں ان یثقفوکم ای ان یظفروا بکم۔ یعنی اگر وہ تم پر غالب آجائیں اور تم پر قابو پالیں۔

اس آیت میں حاطبؓ اور ان کی روش اختیار کرنے والوں کو بتایا جا رہا ہے کہ اگر یہ کفار تم پر غالب آجائیں اور تم پر قابو پالیں تو ایسی عداوت اور بربریت کا مظاہرہ کریں کہ تمہیں ہوش آجائے۔ وہ ہاتھوں سے تمہیں تہ تیغ کرنے میں دریغ نہ کریں گے اور زبان سے تم پر گالیوں کی بوچھاڑ کریں گے۔ تم پر طرح طرح کے بہتان تراشیں گے۔ تم سادہ لوح لوگ ہو۔ ان کے دلوں میں تو تمہارے لیے عداوت و حسد کا آتش فشاں دہک رہا ہے اور تمہیں خبر تک نہیں۔ وہ صرف تمہارے مال اور تمہاری جان کے دشمن نہیں ان کا بس چلے تو آنکھ جھپکنے میں تمہارے ایمان کی متاع عزیز کو تاخت و تاراج کر ڈالیں۔ تمہارے ایمان کے چراغ کو گل کر دیں اور پھر گھپ اندھیروں میں تمہیں تا ابد ٹھوکریں کھانے کے لیے چھوڑ دیں۔ جان، مال، آبرو اور ایمان کے دشمنوں کے بارے میں کسی خوش فہمی میں مبتلا ہونا پرلے درجے کی حماقت ہے۔ بندہ مومن کو تو ایسے دشمنوں سے ہر وقت چوکنا اور ہوشیار رہنا چاہیے۔

؁ حضرت حاطبؓ کو بال بچے کی محبت نے اس حرکت پر اکسایا تھا۔ بتا دیا کہ قیامت کے دن یہ رشتہ دار اور اولاد کسی کام نہ آئے گی۔ ہر شخص کو اپنے کفر کی سزا خود بھگتنی پڑے گی۔ یفصل بینکم یعنی اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان جدائی ڈال دے گا۔ تم ایک دوسرے سے بھاگنے میں اپنی سلامتی سمجھو گے۔ اسی چیز کو دوسرے مقام پر یوں بیان فرمایا گیا ہے۔

یوم یفر المرء من اخیہ وامہ وابیہ وصاحبتہ وبنیہ۔

یعنی اس دن انسان بھاگے گا اپنے بھائی سے، اپنی ماں سے، اپنے باپ سے، اپنی بیوی سے اور اپنے بچوں سے۔

وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا

اور ان کے ساتھیوں (کی زندگی) میں جب انہوں نے برملا کہہ دیا اپنی قوم سے کہ ہم بیزار ہیں تم سے اور ان معبودوں

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؗ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ

سے جن کی تم پوجا کرتے ہو اللہ کے سوا۔ ہم تمہارا انکار کرتے ہیں ؎ اور ہمارے اور تمہارے درمیان

الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا

ہمیشہ کے لیے عداوت اور بغض پیدا ہوگیا ہے یہاں تک کہ تم ایمان لاؤ ایک اللہ پر ؎ مگر

؎ اپنے قریبی رشتہ داروں سے اپنے بیوی بچوں سے قطع تعلق کوئی آسان کام نہیں لیکن ایمان کا تقاضا ہے کہ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے ہو تو ایمان کو بچانے کے لیے ماں باپ سے، بہن بھائی سے، بیوی بچوں سے بھی اگر قطع تعلق کرلینا پڑے تو ذرا نہ گھبراؤ۔ سارے رشتے توڑ دو۔ سارے بندھن کاٹ ڈالو جو تمہارے ایمان میں رخنہ اندازی کرتے ہیں۔ ان لوگوں کے سامنے حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام اور ان کے وفا شعار امتیوں اور ساتھیوں کی مثال پیش کی کہ دیکھو انہوں نے اپنے خداوند کریم کو راضی کرنے کے لیے کس طرح ان تعلقات کو پس پشت ڈال دیا اور کس جوش سے برملا اعلان کر دیا کہ ہمارا اور تمہارا اب کوئی تعلق نہیں رہا۔ ہمارا تمہارے معبودوں سے بھی کوئی سروکار نہیں۔ بے شک حکومت و اقتدار تمہارے پاس ہے۔ جاگیریں اور زمینیں تمہارے قبضہ میں ہیں اور دولت و ثروت کے انبار تمہارے ہاں لگے ہیں لیکن تمہاری حیثیت ہماری نظروں میں خس و خاشاک سے بھی کم ہے۔ ہمیں تمہاری اور تمہارے جاہ و جلال کی ذرا پروا نہیں۔

یہاں کفرنا بکم کا ایک معنی تو یہ ہے کہ ہم تمہارے بھی منکر ہیں اور تمہارے خداؤں کو بھی تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہیں اور ہوتا بھی ایسا ہی ہے۔ جو اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتا ہے وہ طاغوت سے کفر ضرور کرتا ہے۔ اسے معبودانِ باطل کا انکار ضرور کرنا پڑتا ہے۔ فمن یکفر بالطاغوت ویؤمن باللہ فقد استمسک بالعروۃ الوثقیٰ۔ یعنی جو شخص طاغوت سے انکار کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتا ہے اس نے درحقیقت مضبوط سہارا پکڑ لیا جو ٹوٹنے والا نہیں۔

لیکن کفرنا بکم کا ایک دوسرا مفہوم بھی علمائے تفسیر نے ذکر کیا ہے۔ علامہ آلوسی کی عبارت ملاحظہ ہو: والکفر بھم مجاز اوکنایۃ عن عدم الاعتداد فکانہ قیل انا لانعتد بشانکم ولا بشان الھتکم وما انتم عندنا علی شیء۔

یعنی بطور مجاز یا کنایہ کفر سے مراد یہاں عدم اعتداد ہے (پروا نہ کرنا) گویا یہ کہا جا رہا ہے کہ ہم تمہیں خاطر میں لاتے ہیں اور نہ تمہارے خداؤں کی پروا کرتے ہیں۔ ہماری نگاہوں میں تمہاری ذرہ بھر کوئی وقعت نہیں۔

؎ ابراہیم اور آپ کے ساتھیوں نے صاف صاف اعلان کر دیا کہ اے ہماری قوم کے کافرو! خونی رشتے، قریبی تعلقات،

قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ

ابراہیم کا اپنے باپ سے یہ کہنا اس سے مستثنیٰ ہے کہ میں ضرور مغفرت طلب کروں گا تمہارے لیے اور میں مالک نہیں ہوں

مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ

تمہارے لیے اللہ کے سامنے کسی نفع کا ؂ (پھر کہا) اے ہمارے رب! ہم نے تجھی پر بھروسہ کیا اور تیری طرف ہی رجوع کیا اور تیری طرف

الْمَصِيْرُ ۝ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا

ہی ہمیں پلٹ کر آنا ہے ؂ اے ہمارے رب! ہمیں نہ بنانا فتنہ کافروں کے لیے اور ہمیں بخش دے

رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ

اے ہمارے رب! بے شک تو ہی عزت والا (اور) حکمت والا ہے ؂ بے شک تمہارے لیے ان میں خوبصورت

سابقہ دوستیاں بھائی چارے ہم ان سب کو یک قلم فسوخ کرتے ہیں۔ جب تک تم کفر سے باز نہیں آ گے ہم تمہارے دشمن رہیں گے تمہیں نیچا دکھانے کے لیے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں گے۔ ہم سے اب پہلے پیار اور محبت کی توقع عبث ہے۔ اگر تم راہ راست پر آ جاؤ اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اقرار کر لو تو ہم دوبارہ شیر و شکر ہو جائیں گے۔

؂ پہلے ارشاد فرمایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زندگی اور ان کا طرز عمل تمہارے لیے ایک بہترین نمونہ ہے۔ اس کی تمہیں اقتدا کرنی چاہیے۔ یہاں سے اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ ایک بات ایسی ہے جس کی تمہیں اقتدا نہیں کرنی چاہیے۔ وہ یہ کہ انہوں نے اپنے کافر باپ کی مغفرت کے لیے دعا مانگی۔ تمہیں ایسا کرنا جائز نہیں۔ آپ نے بھی اپنے باپ کو صاف صاف بتا دیا کہ اگر تو شرک سے باز نہ آیا تو میں تیرا کچھ بھلا کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ ای ما ادفع عنک من عذاب اللہ شیئا ان اشرکت بہ۔ (قرطبی)

؂ حضرت ابراہیم اور آپ کے ساتھیوں نے اپنی قوم سے قطع تعلق کرنے کے بعد اللہ عزوجل کی جناب میں دست دعا پھیلائے اور عرض کیا کہ الٰہی! ہم نے سارے سہارے ختم کر دیے۔ اب ہمارا بھروسہ صرف تیری ذات پر ہے۔ دنیا بھر سے منہ موڑ کر ہم نے اپنا رخ اب تیری طرف کر لیا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ ہم نے ایک روز تیرے پاس لوٹ کر آنا ہے۔

؂ حضرت ابن عباس نے اس کا مطلب یہ بیان فرمایا ہے کہ اے اللہ کفار کو ہم پر مسلط نہ فرما۔ ای لا تسلطهم علینا قالہ ابن عباس فالفتنة مصدر بمعنی المفعول۔ اس صورت میں فتنہ جو مصدر ہے اسم مفعول کے معنی میں ہو گا۔ اس فتنہ کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ کفار غالب آ جائیں اور ان کا یہ غلبہ تمہیں اس غلط فہمی میں مبتلا کر دے کہ وہ حق پر ہیں اس لیے ان کو فتح نصیب ہوئی ہے۔ کفر و شرک اور فسق و فجور جس پر وہ کاربند ہیں یہی حق اور سچ ہے۔ نیز کفر کے غلبہ سے اس فتنہ کا بھی اندیشہ ہے کہ بعض ضعیف الایمان

أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ وَمَنْ

نمونہ ہے اس کے لیے جو اللہ اور روزِ قیامت کا امیدوار ہے۔ اور جو

يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٦﴾ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ

روگردانی کرے اس سے تو بلاشبہ اللہ ہی بے نیاز ہے سب خوبیوں سراہا ۱۲ یقیناً اللہ پیدا فرما دے گا

بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ

تمہارے درمیان اور ان کے درمیان جن سے تم (اس کی رضا کے لیے) دشمنی رکھتے ہو محبت۔ اور اللہ تعالیٰ بڑی قدرت والا ہے۔

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٧﴾ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ

اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے ۱۳ اللہ تعالیٰ تمہیں منع نہیں کرتا کہ جن لوگوں نے تم سے

لوگ اس کو اسلام کے باطل ہونے کی دلیل نہ بنالیں اور یوں مرتد نہ ہوجائیں اور یہ بھی فتنہ ہے کہ مسلمان کسی عذاب اور تکلیف سے دل برداشتہ ہوکر کوئی ایسی حرکت نہ کربیٹھیں جو اسلام کے اجلے دامن پر ایک بدنما داغ بن جائے۔ الغرض قرآن کے یہ الفاظ اتنے جامع ہیں کہ فتنہ کی جتنی امکانی شکلیں ہیں ان سب کا احاطہ کیے ہوئے ہیں اور جب بندۂ مومن ان کلمات سے اپنے رب کے حضور دعا مانگتا ہے تو وہ گویا اپنے آپ کو اور دوسرے لوگوں کو گوناگوں فتنوں سے بچانے کے لیے التجا کر رہا ہوتا ہے (ملاحظہ فرمائیے ضیاء القرآن جلد دوم سورۂ یونس آیت ۸۵)

۱۲ اس پاکیزہ اور بہترین نمونہ سے وہی استفادہ کرسکتا ہے جو یہ تسلیم کرتا ہے کہ قیامت کا دن آئے گا اور اسے اس کی قبر سے اٹھا کر عالم الغیب والشہادہ کی بارگاہ میں پیش کردیا جائے گا جہاں اس سے گزشتہ زندگی کے بارے میں بازپرس کی جائے گی۔ وہی ایسے نمونوں کی قدر کرتا ہے، وہی ان پاکبازوں کے نقشِ قدم کو خضرِ راہ بناتا ہے۔

۱۳ اہل ایمان نے اپنے تعلقات اور رشتے کفار سے منقطع کردیے۔ اسلام کے لیے اگر ان کے سر قلم کرنے کی بھی کبھی نوبت آئی تو انہیں اس میں ذرا تامل نہ ہوتا۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اہل ایمان کو یہ مژدہ سنایا کہ عنقریب یہ لوگ اسلام قبول کرلیں گے کفر کی جو خلیج تمہارے اور ان کے درمیان حائل ہے وہ بھر جائے گی۔ پھر تم آپس میں شیروشکر ہوجاؤ گے۔ اسلام کو سربلند دیکھنے کی جو لگن آج تمہارے دلوں کو بے چین کررہی ہے یہی تڑپ انہیں بھی بخش دی جائے گی۔ تم شانہ بشانہ کھڑے ہوکر باطل کا سرِ غرور خاک میں ملانے کے لیے جہاد کرو گے۔ سابقہ محبت اور پیار نئے روپ میں ظاہر ہوگا اور یہ روپ ہر لحاظ سے پہلے روپ سے زیادہ توانا اور دلکش ہوگا۔ دنیا نے دیکھ لیا کہ فتح مکہ کے بعد کفارِ عرب فوج در فوج مشرف بہ اسلام ہوئے اور تعلقات کے دیرینہ رشتے پھر سے استوار ہوگئے۔

يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ أَن

دین کے معاملہ میں جنگ نہیں کی اور نہ انہوں نے تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا کہ تم ان کے ساتھ

تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ﴿٨﴾ إِنَّمَا

احسان کرو ۱۴ اور ان کے ساتھ انصاف کا برتاؤ کرو ۱۵ بے شک اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُم

اللہ تمہیں صرف ان لوگوں سے روکتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے معاملہ میں جنگ کی اور تمہیں تمہارے

مِّن دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَىٰ إِخْرَاجِكُمْ أَن تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَن

گھروں سے نکالا یا مدد دی تمہارے نکالنے میں کہ تم انہیں دوست بناؤ اور جو

۱۴ پہلی آیت میں کفار کو دوست بنانے سے روک دیا۔ اس کی وجہ بھی بتا دی کہ انہوں نے حضور نبی اکرم کو اور بے قصور مسلمانوں کو اپنے وطن اور اپنے گھربار سے نکال دیا۔ اس آیت میں ان کفار سے حسنِ سلوک کی اجازت دی جا رہی ہے جنہوں نے مسلمانوں سے نہ جنگ کی اور نہ انہیں جلاوطن کیا۔

حضرت صدیق اکبر کی ایک بیوی قُتَیلہ نامی تھی جس کو آپ نے قبل از اسلام طلاق دے دی تھی۔ اس کے بطن سے آپ کی صاحبزادی حضرت اسماء تھیں۔ ہجرت کے بعد وہ اپنی بیٹی کے لیے چند تحفے تحائف لے کر مدینہ آئی۔ حضرت اسماء نے اسے گھر آنے سے روک دیا اور تحائف قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ اس واقعہ کا ذکر انہوں نے بارگاہِ رسالت میں کیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسماء کو اجازت دی کہ وہ اپنی ماں کو گھر میں آنے دے اس کے تحائف قبول کرے اور اس کے ساتھ احسان و مروت کا برتاؤ کرے۔

۱۵ اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ جب کفار نے تمہارے خلاف جنگ نہیں لڑی اور نہ انہوں نے تمہیں کوئی اذیت پہنچائی ہے تو انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ تم بھی ان کے ساتھ نیکی اور احسان کا رویہ اختیار کرو۔ اگر تم محارب کافروں کی طرح ان مصالح کافروں کے ساتھ بھی جبر و تشدد کرو گے تو یہ عدل و انصاف کے خلاف ہو گا۔ اس کا یہ معنی ہرگز نہیں کہ ایسے کفار کے ساتھ تو انصاف کرو جنہوں نے تم پر زیادتی نہیں کی اور جنہوں نے تم پر زیادتی کی ہے ان پر تمہیں ظلم کرنے کی اجازت ہے۔ اسلام کسی کے ساتھ کسی حالت میں ظلم کی اجازت نہیں دیتا۔

علامہ ابن عربی احکام القرآن میں لکھتے ہیں کہ تقسطوا کا معنی یہ ہے کہ ایسے کفار کو بطور تبرع اور حسن سلوک اپنے اموال کا کچھ حصہ دو تاکہ ان کی دلجوئی ہو جائے۔ یہاں تقسطوا سے مراد عدل نہیں کیونکہ عدل تو مسلمان پر ہر حالت میں واجب ہے خواہ معاملہ جنگجو کفار سے ہو خواہ ایسے کفار سے جنہوں نے جنگ نہیں کی۔ ان کی عبارت ملاحظہ ہو۔ قولہ تعالیٰ تقسطوا الیھم ای تعطوھم قسطا

يَتَوَلَّهُمْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿٩﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا

انہیں دوست بناتے ہیں تو وہی اپنے آپ پر ظلم توڑتے ہیں ۱۶؎ اے ایمان والو! جب

جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوهُنَّ ۖ اللَّهُ أَعْلَمُ بِإِيمَانِهِنَّ ۖ

آجائیں تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کرکے ۱۷؎ تو ان کی جانچ پڑتال کرلو ۱۸؎ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے ان کے ایمان کو۔

من اموالکم ولیس یرید بہ من العدل فان العدل واجب فی من قاتل وفی من لم یقاتل (احکام القرآن)

۱۶؎ جو لوگ ایسے دشمنانِ جان وایمان سے محبت کی پینگیں بڑھاتے ہیں وہ ظالم ہیں۔ ان کی یہ حرکت ان کی قوم اور خود ان کے حق میں تباہ کن ثابت ہوگی۔ وہ اپنے بھولپن کے باعث ان کے شر سے مطمئن ہوجائیں گے اور وہ ان کو غافل پاکر ایسا دھکا دیں گے کہ پھر اٹھ نہیں سکیں گے۔ بلاشبہ ایسا شخص بڑا ظالم ہے۔

۱۷؎ صلح حدیبیہ کے موقع پر جو معاہدہ طے پایا تھا اس میں کفار مکہ کی طرف سے ان کے نمائندے سہیل ابن عمرو نے یہ شرط پیش کی تھی کہ اگر کفار کا کوئی آدمی مسلمان ہوکر مدینہ طیبہ آجائے گا تو کفار اس کو مکہ واپس لے جاسکتے ہیں لیکن اگر کوئی مسلمان مکہ میں کفار کے پاس آجائے تو مسلمان اس کو واپس لینے کا مطالبہ نہیں کرسکتے۔

چنانچہ ابوبصیر جو اہل مکہ کے مظالم سے بہت تنگ تھے حدیبیہ میں پہنچ گئے، لیکن اس معاہدے کا پاس کرتے ہوئے حضور نے انہیں واپس کردیا۔ بعد ازاں مسلمان عورتیں بھی ترکِ وطن کرکے مدینہ طیبہ آنے لگیں۔ عقبہ ابن ابی معیط جو اسلام کے بدترین دشمنوں میں سے تھا اس کی لختِ جگر ام کلثوم کشاں کشاں مدینہ پہنچی۔ اس کے علاوہ سبیعہ بنت الحارث اور امیمہ بنت بشر اپنے ازدواجی بندھنوں کو توڑتی ہوئی بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوگئیں اور یہ سلسلہ چل نکلا۔ انہیں واپس لانے کے لیے کسی کا بھائی، کسی کا خاوند کسی کا ولی مدینہ طیبہ پہنچے۔ اس پیچیدہ مسئلہ کو حل کرنے کے لیے یہ آیت نازل ہوئی کہ اگر مسلمان عورتیں ہجرت کرکے تمہارے پاس آجائیں تو تم ان کی جانچ پڑتال کرکے تسلی کرلو۔ اگر ان کے آنے کا مقصد صرف ایمان کا تحفظ ہے تو انہیں واپس نہ کرو۔

اکثر لوگ اس حکم کے بارے میں بڑی الجھن محسوس کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں جب معاہدہ طے پاگیا تھا تو پھر ان عورتوں کو واپس نہ کرنا اس کی صریح خلاف ورزی تھی۔ حالانکہ اسلام عہد شکنی کو کسی قیمت پر روا نہیں رکھتا۔ اس کا جواب صحیح بخاری کی مندرجہ ذیل روایت میں صراحتہً مذکور ہے۔

امام بخاری نے اپنی صحیح کی کتاب الشروط کے باب الشروط فی الجہاد والمصالحہ میں یہ الفاظ روایت کیے ہیں جو سہیل ابن عمرو نے لکھوائے تھے۔ علی انہ لا یاتیک منا رجل وان کان علی دینک الا رددتہ علینا۔ یعنی اگر ہم میں سے کوئی مرد آپ کے پاس آئے خواہ وہ مسلمان ہی کیوں نہ ہو آپ اسے ہماری طرف لوٹا دیں گے۔

آپ نے ملاحظہ فرمایا اس عبارت میں رجل کا لفظ صراحتہً موجود ہے جس کا معنی ہے مرد۔

فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ

پس اگر تمہیں معلوم ہو جائے کہ وہ مومن ہیں تو انہیں کفار کی طرف مت واپس کرو [19]

لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ ۖ وَآتُوهُم مَّا أَنفَقُوا ۚ

نہ وہ حلال ہیں کفار کے لیے اور نہ وہ (کفار) حلال ہیں مومنات کے لیے [20] اور دے دو کفار کو جو مہر انہوں نے خرچ کیے [21]

اللہ تعالیٰ کی حکمت ملاحظہ ہو کہ اس نے کفار کے نمائندہ کی زبان سے ایسے الفاظ نکلوائے جن کی وجہ سے مہاجر خواتین کا مسئلہ کسی عہد شکنی یا نسخ و تاویل کا تکلف کیے بغیر حل ہو گیا۔ جب کفار نے ان مسلم خواتین کی واپسی کا مطالبہ کیا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے معاہدہ کے اصل الفاظ ان کے سامنے دہرا دیے۔ یہ سن کر کفار کو سانپ سونگھ گیا اور لاجواب ہو کر انہیں واپس جانا پڑا۔ معاہدہ کی نص ارشادِ مصطفوی کی تصدیق کر رہی ہے اور آیت میں اسی مسئلہ کو کھول کر بیان کیا گیا ہے۔

[18] یعنی مدینہ طیبہ گھروں سے بھاگی ہوئی عورتوں کی پناہ گاہ نہیں کہ جو عورت اپنے خاوند سے دل برداشتہ ہو جائے یا کسی اور وجہ سے تنگ وطن کرنا چاہے تو وہ سیدھی یہاں چلی آئے اور مسلمان اس کو اپنی حفاظت میں لے لیں۔ اسلام کے نزدیک یہ حرکت سخت قبیح اور ناروا ہے۔ اس لیے حکم دیا گیا کہ اگر کوئی عورت اپنے آپ کو ایمان دار بتائے اور ہجرت کر کے تمہارے پاس چلی آئے تو تم بلا تحقیق اس کو اپنے اندر شامل نہ کر لو بلکہ اس کی اچھی طرح جانچ پڑتال کر لو۔ اگر تمہیں اطمینان ہو جائے کہ یہ عورت صرف اپنے دین و ایمان کی خاطر اپنا گھر بار چھوڑ کر آئی ہے تو اس کو کفار کے حوالے مت کرو اور اگر اس کی آمد کی غرض و غایت اس کے علاوہ کوئی اور چیز ہو تو پھر اسے واپس کر دو۔ احادیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے امتحان کا طریقہ مذکور ہے جس سے ساری حقیقت کھل کر سامنے آجاتی ہے۔

جب کوئی عورت مکہ سے مدینہ آتی تو حضورؐ اس سے اس طرح قسم لیتے:

باللہ الذی لا الٰہ الا ھو ما خرجت من بغض زوجی۔ اس اللہ کی قسم جس کے بغیر اور کوئی خدا نہیں، میں اپنے خاوند سے بغض و عداوت کی وجہ سے نہیں نکلی۔

باللہ ما خرجت رغبۃ عن الارض یا عن ارض الی ارض۔ خدا کی قسم میں پہلی جگہ سے دل برداشتہ ہو کر اس نئی جگہ نہیں آئی۔

باللہ ما خرجت التماس الدنیا۔ خدا کی قسم میں دنیا کی طلب کے لیے گھر سے نہیں نکلی۔

باللہ ما خرجت الا حبا للہ و رسولہ۔ بخدا میں صرف اللہ اور اس کے رسول کی محبت کے باعث اپنا وطن چھوڑ کر آئی ہوں۔

[19] علم سے مراد غلبہ ظن اور حصولِ اطمینان ہے کیونکہ ہمارے لیے اس کے دل کی حالت پر یقینی آگاہی حاصل کرنا ممکن نہیں۔

[20] ایسی عورتوں کو کفار کے حوالے نہ کرنے کی وجہ بیان کی جارہی ہے۔ یہ مومن عورتیں کافروں کے لیے حلال نہیں اور نہ کافر

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۚ

اور تم پر کوئی حرج نہیں کہ تم ان عورتوں سے نکاح کرلو جب تم انہیں ان کے مہر ادا کر دو۔

وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْأَلُوا مَا أَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْأَلُوا

اور (اسی طرح) تم بھی نہ روکے رکھو (اپنے نکاح میں) کافر عورتوں کو ۲۲ اور مانگ لو جو تم نے (ان پر) خرچ کیا اور کفار بھی مانگ لیں

مَا أَنْفَقُوا ۚ ذَٰلِكُمْ حُكْمُ اللَّهِ ۖ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ

جو انہوں نے خرچ کیا۔ یہ اللہ کا فیصلہ ہے۔ وہ تمہارے درمیان فیصلہ فرماتا ہے۔ اور اللہ سب کچھ جاننے والا

مردان ایمان دار خواتین کے لیے حلال ہیں۔

اس آیت کے نزول سے پہلے مسلمانوں اور کافروں کے درمیان باہمی ازدواج جائز تھا۔ مسلمان عورتیں کفار کے ساتھ نکاح کرتیں اور مسلمان مرد کافر عورتوں سے شادی کرتے۔ اس قسم کی متعدد مثالیں اس معاشرہ میں موجود تھیں۔ لیکن اس آیت نے باہمی ازدواج کا دروازہ بند کر دیا۔ کوئی مسلمان مرد اہلِ کتاب کے علاوہ کسی کافر عورت سے نکاح نہیں کر سکتا اور کوئی مسلمان عورت کسی کافر سے خواہ وہ اہلِ کتاب سے ہی کیوں نہ ہو نکاح نہیں کر سکتی۔

۲۱ یہاں ایک نیا حکم بیان کیا جا رہا ہے کہ جو مسلمان عورتیں ہجرت کر کے دارالاسلام میں آجائیں تو حکومتِ اسلامیہ پر لازم ہے کہ ان کے شوہروں نے جو مہر انہیں دیا تھا وہ بیت المال سے انہیں واپس کر دیا جائے اور پھر اگر وہ عورتیں کسی مسلمان کے ساتھ نکاح کرنا چاہیں تو انہیں اس کی اجازت ہے اور نئے خاوند پر ضروری ہے کہ وہ اسے مہر ادا کرے۔

امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک جس وقت وہ عورت دارالاسلام میں ہجرت کر کے پہنچے گی اسی وقت اس کا سابقہ نکاح کالعدم قرار دے دیا جائے گا اور اسی وقت وہ جس مسلمان سے چاہے نکاح کر سکتی ہے۔ عدت گزارنے کی کوئی ضرورت نہیں لیکن مقاربت کے لیے استبرا ضروری ہے۔ یعنی یقین کر لیا جائے کہ اس کا رحم پہلے خاوند سے مشغول نہیں ہے۔ اس کے لیے ایک حیض کا آجانا کافی ہے۔ اگر وہ عورت حاملہ ہو تب بھی اس کے ساتھ نکاح جائز ہے لیکن اس کے ساتھ مقاربت تب کر سکتا ہے جب وہ بچہ جن چکے۔ دوسرے ائمہ کے نزدیک اس عورت کو بھی شرعی عدت گزارنی پڑے گی۔ اگر غیر حاملہ ہو تو تین حیض اور اگر حاملہ ہے تو وضع حمل۔ اس کے بعد وہ کسی سے نکاح پڑھا سکتی ہے۔

۲۲ یہاں سے مسلمانوں کو منع کیا جا رہا ہے کہ آج سے پہلے جو کافر عورتیں تمہارے نکاح میں تھیں ان کو مت روکے رکھو بلکہ ان کو آزاد کر دو۔ چنانچہ اس آیت کے نزول کے بعد جن مسلمانوں کے گھروں میں ایسی عورتیں تھیں ان کو طلاق دے دی گئی۔ حضرت عمرؓ کی دو کافر بیویاں تھیں جو مکہ میں رہ گئی تھیں۔ امیر المومنین نے ان دونوں کو طلاق دے دی۔

حَكِيمٌ ﴿١٠﴾ وَإِن فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ

بڑا دانا ہے ۲۳؎ اور اگر بھاگ جائے تم سے کوئی عورت تمہاری بیویوں سے کفار کی طرف پھر تمہاری باری آجائے

فَآتُوا الَّذِينَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُم مِّثْلَ مَا أَنفَقُوا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ

(کہ کوئی کافرہ تمہارے قبضہ میں آجائے) تو جن کی بیویاں ان کے قبضہ سے نکل گئیں جتنا انہوں نے خرچ کیا اتنا انہیں دے دو ۲۴؎ اور ڈرتے رہا کرو اللہ سے

الَّذِي أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ ﴿١١﴾ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ

جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔ اے نبی (مکرم) جب حاضر ہوں آپ کی خدمت میں مومن عورتیں

يُبَايِعْنَكَ عَلَىٰ أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ

تاکہ آپ سے اس بات پر بیعت کریں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بنائیں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ بدکاری کریں گی اور

وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ

نہ اپنے بچوں کو قتل کریں گی اور نہیں لگائیں گی جھوٹا الزام جو انہوں نے گھڑ لیا ہو اپنے

عِصَم جمع ہے عصمت کی۔ اس سے مراد نکاح ہے۔ کوافر جمع ہے کافرہ کی۔ یعنی کافرہ عورتوں کے ساتھ جو تمہارے نکاح میں ان کو پکڑے نہ رکھو بلکہ ان عورتوں کو آزاد کر دو۔ وہ اس قابل نہیں کہ تمہاری بیویاں بن سکیں۔

۲۳؎ پہلے فرمایا تھا کہ جو عورتیں مسلمان ہو کر ہجرت کر کے دارالاسلام میں چلی جائیں ان کے کافر خاوندوں کو مہر ادا کر دیا جائے اب فرمایا جا رہا ہے کہ تمہاری بیویاں جو دارالکفر میں رہ گئیں تم نے انہیں جو مہر دیا تھا اس کا مطالبہ تم ان سے کر سکتے ہو۔ یہ اللہ کا حکم ہے۔ وہ اللہ جو علیم و حکیم ہے۔ وہ حال و مستقبل پر نظر رکھتا ہے۔ اس کا ہر فرمان حکمت پر مبنی ہوتا ہے۔

۲۴؎ اگر کوئی شخص اسلام لا کر ہجرت کر جائے اور اس کی بیوی کفر کی حالت میں وہیں رہ جائے تو قاعدہ کے مطابق ان کفار کو چاہیے کہ وہ اس عورت کا مہر اس کے مسلمان خاوند کو واپس کر دیں کیونکہ اب ان کے درمیان رشتۂ ازدواج منقطع ہو گیا ہے۔ لیکن اگر کفار ایسا نہ کریں تو مسلمانوں کو چاہیے کہ مال غنیمت تقسیم کرنے سے پہلے اس مسلمان خاوند کو مہر کی رقم ادا کر دیں۔ اس کے بعد بقیہ مال غنیمت حسب قانون تقسیم کریں۔ بعض علماء کے نزدیک یہ مہر مال فئی سے بھی ادا کیا جا سکتا ہے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو مسلمان ہو کر آنے والی مہاجر عورتوں کا مہر جو مسلمانوں کے ذمہ ہے اسے کفار کی طرف نہ لوٹایا جائے بلکہ اس طرح جو رقم جمع ہو اس سے ایسے لوگوں کو ان کی بیویوں کا مہر ادا کیا جائے جو دارالحرب میں کفر کی حالت میں رہ گئیں۔

اَیْدِیْهِنَّ وَ اَرْجُلِهِنَّ وَلَا یَعْصِیْنَكَ فِیْ مَعْرُوْفٍ فَبَایِعْهُنَّ

ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان اور نہ آپ کی نافرمانی کریں گی کسی نیک کام میں ۲۵ تو (اے میرے محبوب!) انہیں بیعت فرما لیا کرو

آیت میں فعاقبتم کا کلمہ عقاب سے مشتق نہیں جس کا معنی سزا ہے بلکہ عقبۃ سے مشتق ہے جس کا معنی ہے نوبت یا باری۔ اسی کے مطابق ترجمہ کیا گیا ہے۔ من العقبۃ لا من العقاب وهی فی الاصل النوبۃ فی رکوب احد الرفیقین علی دابۃ لهما۔ (روح المعانی) علامہ آلوسی اس آیت کا خلاصہ ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں۔ وحاصل المعنی ان لحق احد من ازواجکم بالکفار او فاتکم شیئ من مهورهن ولزمکم اداء المهر کما لزم الکفار (روح المعانی)

۲۵۔ جب مکہ مکرمہ فتح ہوا اور وہاں کے مرد لوگ حضور کی بیعت کر کے مشرف باسلام ہونے لگے تو مکہ کی عورتیں بھی بیعت کے لیے حاضر ہوئیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو عورتوں کی بیعت لینے پر مقرر فرمایا اور جن باتوں کا اس آیت میں ذکر ہے ان پر عمل کرنے کا ان سے پختہ وعدہ لیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عورتوں سے کئی بار بیعت لی لیکن کسی عورت کے ساتھ بیعت لیتے وقت مصافحہ نہ کیا۔ کبھی تو زبانی ان امور کی پابندی کا وعدہ لیا۔ کبھی پانی سے بھرے ہوئے پیالہ میں اپنا دست مبارک ڈالا اور اس کے بعد بیعت کرنے والی عورتوں کو اپنا ہاتھ رکھنے کا حکم دیا۔ کبھی کپڑا دست مبارک میں لے کر عورتوں سے بیعت لی۔

جن امور پر بیعت لی گئی ان میں سر فہرست یہ ہے کہ وہ کسی چیز کو اللہ تعالیٰ کا شریک نہ ٹھہرائیں گی۔ دوسری بات یہ ہے کہ وہ چوری نہیں کریں گی۔ تیسری بات یہ ہے کہ وہ بدکاری نہیں کریں گی۔ چوتھی بات یہ ہے کہ وہ اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی کیونکہ عرب معاشرہ میں اپنی بچیوں کو زندہ درگور کر دینا وجہ عزت و فخر تھا۔ نیز کئی لوگ بھوک سے تنگ آ کر بھی اپنی اولاد کو مار ڈالا کرتے تھے۔ اسی میں اسقاط حمل بھی داخل ہے جب اس میں جان پڑ چکی ہو۔ جائز اور ناجائز دونوں حملوں کے اسقاط کا ایک ہی حکم ہے۔ شریعت اسلامیہ میں اس کو قتل شمار کیا جاتا ہے۔ پانچویں چیز جس سے منع کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ عورتیں اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے آگے کوئی الزام اور بہتان تراشی نہ کریں۔ اس کی مختلف صورتیں ہو سکتی ہیں۔

کسی کے نوزائیدہ بچے کو اچک کر اپنی گود میں ڈال لینا اور پھر یہ دعویٰ کرنا کہ یہ میرا بچہ ہے۔ اسی طرح بدکاری سے جو حمل قرار پائے اسے اپنے خاوند کی طرف منسوب کر دینا۔ نیز کسی دوسری عورت پر بدفعلی کا الزام لگانا۔ یہ تمام صورتیں اس آیت میں داخل ہیں اور اسلام نے ان تمام مذموم حرکتوں سے باز رہنے کا تاکیدی حکم فرمایا ہے۔ چھٹی بات یہ ہے جس کی پابندی کا ان سے وعدہ لیا جا رہا ہے کہ ہر نیک کام جس کا حضور حکم دیں گے وہ اس کی نافرمانی نہیں کریں گی۔

فقہائے اسلام نے فی معروف کی قید سے یہ قانون اخذ کیا ہے کہ حاکم وقت کو اس بات کی اجازت نہیں کہ وہ شریعت اسلامیہ کے کسی قانون کے خلاف کوئی حکم صادر کرے۔ اسی طرح کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ کسی حاکم کی فرمانبرداری میں اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کا مرتکب ہو۔ وہ فرماتے ہیں کہ فی معروف کی قید یہاں اس لیے ذکر نہیں کی گئی کہ حضور غیر معروف کا بھی حکم دے سکتے ہیں۔ حضور کا تو جو ارشاد بھی ہوگا وہ حق ہوگا، وہ سچ ہوگا، اللہ تعالیٰ کی مشیت کے عین مطابق ہوگا۔ یہ ممکن ہی نہیں کہ حضور

کسی غیر معروف کا حکم دیں۔ یہ قید محض اس لیے ذکر کی گئی ہے کہ جب اللہ کے رسولؐ کی اطاعت کے لیے معروف شرط ہے جہاں غیر معروف کا احتمال ہی نہیں، تو اور کون ہے جس کو یہ حق پہنچے کہ وہ شریعت اسلامیہ کے خلاف غیر معروف قانون سازی کرے اور اس پر عمل کرنے کا لوگوں کو حکم دے۔

امام ابوبکر جصاص لکھتے ہیں وقد علم الله ان نبيه لا يامر الا بمعروف الا انه شرط في النهي عن عصيانه اذا امرهن بالمعروف لئلا يترخص احد في طاعة السلاطين اذا لم تكن طاعة الله تعالى (كتاب الاحكام) یعنی اللہ جانتا ہے کہ اس کا نبی مکرم معروف کے بغیر کسی اور چیز کا حکم نہیں دیتا لیکن یہاں معروف کی شرط اس لیے لگائی تاکہ کوئی شخص بادشاہوں کے ان احکام کی اطاعت کا جواز بھی نہ نکال لے جن میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پائی جاتی ہے۔

جب افضل البشرؐ کی اطاعت کے لیے معروف کی شرط ہے تو اور کون اس سے مستثنیٰ ہو سکتا ہے۔

نیز اس سے یہ بھی آشکارا ہو جاتا ہے کہ اسلامی مملکت میں قانون کی بالادستی ہو گی۔ ہر چھوٹے اور بڑے کو قانون کے سامنے تسلیم خم کرنا ہو گا۔ کسی بڑے سے بڑے حاکم کو بھی اس بات کی اجازت نہیں کہ وہ دھاندلیاں کرتا ہے اور پھر قانون سازی سے ان کے لیے وجہ جواز مہیا کرتا ہے۔

اس مقام پر مفسرین نے ہندہ زوجہ ابوسفیان کا دلچسپ واقعہ لکھا ہے آپ بھی سماعت فرمائیے کہ جب عورتیں بیعت کرنے کے لیے حاضر ہوئیں تو ہندہ بھی بھیس بدل کر منہ کو چھپائے ہوئے حاضر ہوئی۔ اسے یہ خوف تھا کہ حضورؐ اس کو پہچان نہ لیں۔ حضورؐ نے ان عورتوں سے فرمایا میں اس شرط پر تمہیں بیعت کرتا ہوں کہ تم وعدہ کرو کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ گی۔

ہندہ چپ نہ رہ سکی کہنے لگی کہ جس شرط کے بغیر مردوں کی بیعت قبول نہیں ہوئی، اس کے بغیر ہماری بیعت کیسے قبول ہو سکتی ہے۔ یعنی شرک سے اجتناب کی شرط واضح اور یقینی ہے۔ پھر حضورؐ نے فرمایا دوسری شرط یہ ہے کہ تم چوری نہیں کرو گی۔ ہندہ پھر بولی میں ابوسفیان کے مال سے کچھ لے لیا کرتی تھی معلوم نہیں وہ میرے لیے حلال ہے یا نہیں؟ ابوسفیان پاس کھڑے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آج تک جو تم نے لیا ہے وہ تمہارے لیے حلال ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام یہ سن کر ہنس پڑے اور اس کو پہچان لیا۔ فرمایا تو ہندہ دختر عتبہ ہے؟ کہنے لگی نعم فاعف عما سلف یا نبی الله عفی الله عنك۔ میں ہندہ ہی ہوں۔ جو گزر چکا ہے اے اللہ کے نبی اسے معاف فرما دیجیے۔ اللہ تعالیٰ آپ سے درگزر فرمائے۔ حضورؐ نے فرمایا تیسری شرط یہ ہے کہ تم زنا نہیں کرو گی۔ ہندہ بولی کیا آزاد عورتیں بھی ایسا کرتی ہیں۔ پھر حضورؐ نے فرمایا چوتھی شرط یہ ہے کہ تم اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گی۔ ہندہ کی رگ ظرافت پھر پھڑکی۔ کہنے لگی کہ ان کے باپوں کو تو آپ نے قتل کر دیا اب ان کے بچوں کے لیے آپ ہم کو نصیحت کرتے ہیں۔ یہ بات سن کر حضرت فاروق اعظمؓ ہنستے ہنستے لوٹ پوٹ ہو گئے اور حضورؐ کے لب مبارک بھی تبسم آشنا ہوئے۔ حضورؐ نے فرمایا پانچویں بات یہ ہے کہ تم کسی پر جھوٹا بہتان نہیں باندھو گی۔ اس نے کہا بے شک بہتان تراشی قبیح چیز ہے اور اللہ تعالیٰ ہدایت اور مکارم اخلاق کے بغیر اور کسی چیز کا حکم نہیں دیتا۔ پھر حضورؐ نے فرمایا یہ وعدہ کرو کہ جس نیک کام کا میں حکم دوں گا اس کو تم بجا لاؤ گی۔ ہندہ بولی کہ ہم آپ کے قدموں میں حاضر بیٹھی ہیں اور ہمارے دل میں قطعاً یہ خیال نہیں کہ ہم حضورؐ کے کسی حکم کی سرتابی کریں گی۔

وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⁽¹²⁾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور اللہ سے ان کے لیے مغفرت مانگا کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے ۳۶ اے ایمان

اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَىِٕسُوْا مِنَ

والو! نہ دوست بناؤ ان لوگوں کو غضب فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے جن پر یہ آخرت (کے ثواب) سے مایوس

الْاٰخِرَةِ كَمَا يَىِٕسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ⁽¹³⁾

ہوگئے ہیں جیسے وہ کفار مایوس ہوچکے ہیں جو قبروں میں ہیں ۳۷

یہ واقعہ لکھنے کے بعد علامہ آلوسی فرماتے ہیں وکان ھذا امنھا دون غیرھا من النساء لمکان ام حبیبۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مع انھا حدیثۃ عھد بجاھلیۃ۔ کہ ہندہ کے کلام میں یہ شوخی اس وجہ سے تھی کہ ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ تھی نیز اس کی ساری زندگی جہالت کی گود میں گزری تھی۔ ابھی ابھی اس نے اسلام قبول کیا تھا۔

۳۶ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو حکم دیتے ہیں کہ جو عورتیں ان شرائط کو قبول کرلیں اور ان باتوں کی پابندی پر آمادہ ہوجائیں تو آپ ان کو بیعت فرمالیں اور انہیں بیعت فرمانے کے بعد ان کے لیے مغفرت کی دعا مانگیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے جب آپ کے ہاتھ اٹھیں گے تو انہیں خالی نہیں لوٹا دیا جائے گا بلکہ اللہ تعالیٰ آپ کی دعا کی برکت سے ان کے عمر بھر کے گناہوں کو جن میں شرک وکفر سرفہرست ہیں بخش دے گا اور ان کے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے گا۔

۳۷ آخر میں پھر اسی حکم کا اعادہ کردیا۔ ارشاد فرمایا اے ایمان والو! وہ لوگ جو اسلام کی عداوت میں پیش پیش ہیں جنہوں نے اپنی آنکھوں پر تعصب کی پٹی باندھ رکھی ہے اور ان کی پیہم سرکشی کے باعث ان پر خدا کا غضب نازل ہوچکا ہے" ان کو اپنا دوست مت بناؤ۔ آخرت میں کسی ثواب اور کسی خیر کی انہیں امید نہیں۔ وہ بالکل مایوس ہوچکے ہیں۔ جس طرح قبروں میں پڑے ہوئے کفار اپنی بخشش سے مایوس اور ناامید ہیں۔

اصحٰب القبور سے پہلے حرف بیانیہ ہے۔ یعنی وہ کفار جو مرکر قبروں میں دفن کیے جاچکے ہیں، کیونکہ ان کی موت کفر پر ہوئی اس لیے اب ان کی نجات کی کوئی صورت نہیں۔ وہ اپنی بخشش کے بارے میں مکمل طور پر مایوس ہوچکے ہیں۔ علامہ محمود آلوسی نے اس کا مفہوم ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔ ای الذین ھم اصحاب القبور ای الکفار الموتی۔ جس طرح قبروں میں پڑے ہوئے کافر اپنی نجات سے مایوس ہوچکے ہیں۔

وکون من بیانیۃ مروی عن مجاھد وابن جبیر وابن زید وھو اختیار ابن عطیۃ

(روح المعانی)

یعنی مجاہد، ابن جبیر، ابن زید سے مروی ہے کہ یہاں مَنْ بیانیہ ہے۔ ابن عطیہ کے نزدیک بھی یہی قول پسندیدہ ہے۔

○

الحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ خاتم انبیاء اللہ وآخر رسل اللہ سیدنا محمد الذی بعث الی الاسود والاحمر وکافۃ للناس بشیرا ونذیرا وعلیٰ آلہ واصحابہ ومن تبعہ باحسان الیٰ یوم الدین۔

فاطر السمٰوات والارض انت ولی فی الدنیا والاٰخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔
یاحی یاقیوم برحمتک استغیث لاتکلنی الیٰ نفسی طرفۃ عین واصلح لی شانی کلہ۔

◎

تعارف
سورۃ الصّف

نام : اس سورۂ مبارکہ کا نام الصف ہے۔ یہ کلمہ اس کی چوتھی آیت میں مذکور ہے۔ اس میں دو رکوع، چودہ آیتیں دو سو اکیس کلمات اور نو سو حروف ہیں۔

نزول : یہ مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی۔

مضامین : مکی زندگی کی مشکلات کی الگ نوعیت تھی۔ مدنی زندگی میں جن مشکلات کا مسلمانوں کو سامنا کرنا پڑ رہا تھا اُن کی نوعیت جدا تھی۔ یہاں مسلمانوں کو اذنِ جہاد مل گیا اور کفار کے ساتھ کھلم کھلا ٹکراؤ کے عہد کا آغاز ہو گیا اب ایسے جانباز اور بہادر مجاہدوں کی ضرورت تھی جن کے قول و عمل میں مکمل ہم آہنگی ہو۔ جو کچھ وہ اپنی زبان سے کہیں ٹھیک ٹھیک اس پر عمل کر کے دکھائیں۔ جن لوگوں کے قول و عمل میں تضاد ہوتا ہے وہ اپنی قوم کے لیے ہرگز باعث شرف نہیں ہوا کرتے۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو یہاں تنبیہ فرمائی ہے کہ وہ ایسی باتیں نہ کیا کریں جن پر وہ عمل نہیں کر سکتے۔ یہ طریقہ اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے بلکہ اس کی ناراضگی اور اس کے غضب کا باعث ہے۔

ساتھ ہی بتا دیا کہ کفار سے جب لڑنے کے لیے میدانِ جہاد کا رُخ کرو تو صفیں باندھ لو اور سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جاؤ تاکہ کفر و طاغوت کے طوفان اس سے ٹکرا ٹکرا کر واپس لوٹ جائیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہوئے تھے لیکن ان کی قوم نے اُن کی قدر نہ پہچانی، جی بھر کر انہیں ستایا اور جھٹلایا۔ مسلمانوں کو تنبیہ کی جا رہی ہے کہ وہ اپنے پیارے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایسا سلوک نہ کریں۔

آیت نمبر ۸۔ ۹ میں اسلام کے مکمل غلبہ کی بشارت دے دی کہ آندھیاں کتنی تُند و تیز کیوں نہ ہوں، اللہ کے روشن کیے ہوئے اس چراغ کو نہیں بجھا سکتیں۔ جو پیغامِ ہدایت اور دینِ حق اللہ کا محبوب لے کر آیا ہے وہ سارے ادیان پر غالب ہو گا۔ زمین کے گوشہ گوشہ میں اس کا ڈنکا بجے گا۔

دوسرے رکوع میں مسلمانوں کو ایسے کاروبار سے آگاہ کیا جس میں نفع ہی نفع ہے وہ یہ کہ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کے دین کو بلند کرنے کے لیے مالی اور جانی جہاد کرو۔ اسکے عوض جنت کی ابدی نعمتوں کے ساتھ ساتھ دُنیا میں بھی فتح و نُصرت سے تمہیں سرفراز کیا جائے گا۔

آخری آیت میں اہلِ ایمان کو دعوت دی کہ وہ آگے بڑھیں اور اللہ کے دین کی تائید و نُصرت کے لیے اپنے آپ کو پیش کریں۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مدد فرمائے گا اور وہ کامیاب و کامران ہوں گے۔

سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ الصف مدنی ہے اور اس کی ۱۴ آیتیں ہیں اور اس میں ۲ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

اللہ کی تسبیح کرتی ہے جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے۔ اور وہی سب پر غالب

الْحَكِيْمُ ① يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ②

بڑا دانا ہے [1] اے ایمان والو! تم کیوں ایسی بات کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو [2]

[1] اس آیت کی تشریح کئی بار پہلے گزر چکی ہے۔ اسی آیت سے اس سورت کا آغاز کرنے میں یہ حکمت ہے کہ سابقہ سورت کے آخر میں لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی مدد کرنے کی دعوت دی گئی ہے کوئی نادان اس غلط فہمی کا شکار نہ ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ بندوں کی امداد کا محتاج ہے اور اگر بندے اپنی جانیں اور اپنے مال قربان نہیں کریں گے تو خدا کی خدائی میں فرق پڑ جائے گا۔ ابتدا میں ہی اس حقیقت کو واضح کر دیا کہ وہ تو عزیز و حکیم ہے۔ آسمان اور زمین کی ہر چیز اس کی تسبیح کر رہی ہے۔ اس کی عظمت کے گیت گا رہی ہے تمہیں جہاد کا جو حکم اس نے دیا ہے اس میں تمہارا اپنا ہی فائدہ ہے۔ حق کا بول بالا ہو گا تو تمہاری جانیں تمہارے مال تمہاری آبروئیں محفوظ ہو جائیں گی کوئی طوفان تمہارے ایمان کے چراغ کو نہ بجھا سکے گا اور اگر تم نے جہاد میں بزدلی کا مظاہرہ کیا اور باطل کو غلبہ نصیب ہو گیا تو ساری زمین میں فتنہ و فساد کے شعلے بھڑک اٹھیں گے۔ ہر انسان کا سکھ چین اٹھ جائے گا۔ حق کا نظام عدل و احسان برپا کرنے کے لیے تمہیں اسی لیے دعوت دی جا رہی ہے اور طاغوتی قوتوں کے مقابلہ میں جان کی بازی لگانے کا تمہیں فقط اسی لیے شوق دلایا جا رہا ہے۔ اگر تم سوچو گے تو تمہیں پتہ چل جائے گا کہ اس میں سراسر تمہارا ہی فائدہ ہے۔

[2] کئی لوگوں کا یہ دستور تھا کہ جب اکٹھے بیٹھتے تو بڑی لافیں مارتے اور کہتے اگر ہمیں معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک کونسا عمل سب سے زیادہ پسندیدہ ہے تو ہم اس پر عمل کرتے اور اس کی خاطر اپنا سب کچھ لٹا دیتے۔ جب جہاد کے بارے میں حکم نازل ہوا اور اُحد کا معرکہ پیش آیا تو بڑھ چڑھ کر باتیں بنانے والے میدان میں ٹھہر نہ سکے۔ اس آیت سے اس قسم کے لوگوں کو عار دلائی جا رہی ہے اور مسلمانوں کو تربیت دی جا رہی ہے کہ نیکی کی دعوت جو بڑے جوش و خروش سے وہ لوگوں کے سامنے پیش کرتے ہیں خود بھی اس پر عمل کر کے دکھائیں تاکہ سننے والوں کو ان کی بات کا یقین آ جائے۔

كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ③ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

بڑی ناراضگی کا باعث ہے اللہ کے نزدیک کہ تم ایسی بات کہو جو کرتے نہیں ہو ۳ے بے شک اللہ تعالیٰ محبت کرتا

الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ④

ہے ان مجاہدوں سے جو اس کی راہ میں جنگ کرتے ہیں پرا باندھ کر گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں ۴ے

انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَيْتُ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِيْ عَلٰى قَوْمٍ تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيْضَ مِنْ نَارٍ كُلَّمَا قُرِضَتْ وَفَتْ قُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرِيْلُ قَالَ هٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ اُمَّتِكَ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ وَلَا يَفْعَلُوْنَ وَيَقْرَءُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَلَا يَعْمَلُوْنَ۔ (قرطبی)

ترجمہ: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شب معراج میرا گزر ایک ایسی قوم پر ہوا جن کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جارہے تھے۔ جب ہونٹوں کو کاٹا جاتا تو وہ پھر پہلے کی طرح درست ہوجاتے۔ میں نے پوچھا اے جبریل! یہ کون لوگ ہیں۔ جبریل نے کہا یہ آپ کی امت کے خطباء ہیں جو کہتے ہیں اور کرتے نہیں۔ جو کتاب اللہ کی تلاوت کرتے ہیں اور اس پر عمل نہیں کرتے۔

نفسیاتی طور پر بھی جو شخص یا جو قوم صرف باتیں بنانے اور لمبے چوڑے دعوے کرنے کی عادی ہوجاتی ہے وہ عمل کے میدان میں کسی نمایاں کارکردگی کا اظہار نہیں کرسکتی۔ مسلمان کو چاہیے کہ جو زبان سے کہے اس پر خود عمل کرکے لوگوں کو دکھائے۔

۳ے پہلے مضمون کو ہی ایک دوسرے انداز سے دہرایا گیا۔ اہل لغت المقت کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں اَلْمَقْتُ اَشَدُّ الْاِبْغَاضِ، اَلْمَقْتُ بُغْضٌ مِنْ اَمْرٍ قَبِيْحٍ رَكِبَهُ۔ یعنی حد درجہ کا بغض۔ خصوصاً وہ بغض جو کسی قبیح حرکت کے باعث ہو۔

اہل ایمان کو بتایا جارہا ہے کہ اگر تم ایسی باتیں کروگے جن پر خود عمل نہ کروگے تو اللہ تعالیٰ تم پر از حد ناراض ہوگا کیونکہ اللہ تعالیٰ کو یہ بات سخت ناپسند ہے کہ اپنے آپ کو اس کا بندہ کہلانے والے لوگوں کو تو نیکی کی دعوت دیں اور خود اس پر عمل نہ کریں۔

۴ے اسلام امن و سلامتی کا دین ہے۔ قتل و غارت اور خونریزی اس کی فطرت کے خلاف ہے۔ اس نے جب بھی جنگ کی اجازت دی ہے وہاں چند شرائط بھی عائد کی ہیں جن کا پورا ہونا از حد ضروری ہے۔ سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ وہ فی سبیل اللہ ہو یعنی اس کا مقصد حق کو سربلند کرنا اور باطل کی سرکوبی کرنا ہو۔ نیکی کی قوتوں کو آزاد کرانا اور برائی اور اس کے علمبرداروں کو پابجولاں کرنا ہو۔ جس قوم کے سامنے اتنا عظیم اور اعلیٰ مقصد ہو وہ اگر متحد و منظم ہوکر باطل کی قوتوں سے نبرد آزما ہوگی تو وہ قوتیں اسے پیس کر رکھ دیں گی۔ اس قوم کی شکست صرف اس کی ذات تک محدود نہ رہے گی بلکہ وہ بلند نظریات جن پر ساری انسانیت کی فلاح کا انحصار ہے وہ شکست کھاجائیں گے اور یہ اتنا بڑا المیہ ہوگا کہ اس کی تلافی کے لیے مدت مدید درکار ہوگی۔

اس لیے اس آیت میں وضاحت سے بتادیا کہ اللہ تعالیٰ صرف ان باہمت جوانمردوں سے محبت اور پیار کرتا ہے جن کی جنگ کی غرض و غایت محض حق کا بول بالا ہو اور جب وہ کسی میدانِ کارزار میں معرکہ آرا ہوں تو ان میں انتشار اور افتراق کا نام و نشان تک نہ

وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُونَنِي وَقَد تَّعْلَمُونَ

اور یاد کرو جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم! تم مجھے کیوں ستاتے ہو حالانکہ تم خوب جانتے ہو کہ میں تمہاری طرف

أَنِّي رَسُولُ ٱللَّهِ إِلَيْكُمْ ۖ فَلَمَّا زَاغُوٓا۟ أَزَاغَ ٱللَّهُ قُلُوبَهُمْ ۚ وَٱللَّهُ

اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں ۔ شہ پس جب انہوں نے کجروی اختیار کی تو اللہ نے بھی ان کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا شہ اور اللہ تعالیٰ

ہو۔ بڑے منظم ہو کر وہ دشمن کی طرف بڑھیں اور ان کی منظم پیش قدمی کو دیکھ کر دیکھنے والے باور کر لیں کہ یہ غیر منظم افراد کی بھیڑ نہیں ہے بلکہ یہ ایک مضبوط اور مستحکم دیوار ہے جس میں پگھلا ہوا سیسہ ڈال کر یکجان کر دیا گیا ہے۔

شہ موسیٰ علیہ السلام کو جس قوم سے واسطہ پڑا تھا اس کے کردار اور سیرت کے خدوخال سے مختلف مقامات پر آپ آگاہ ہو چکے ہیں۔ حق کو پہچانتے ہوئے اس کا انکار ان کی فطرتِ ثانیہ بن چکی تھی۔ اپنے نبی کو طرح طرح کی فرمائشیں کر نا ان کا دستور تھا۔ موسیٰ علیہ السلام جب فرعون کی غلامی سے انہیں آزاد کرانے کے لیے جہاد کر رہے تھے اس وقت بھی آپ کی قوم آپ کو ستانے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیتی۔ لیکن جب وہ بحرِ احمر کو سلامتی سے عبور کر کے ساحل پر پہنچے اور اپنی آنکھوں سے فرعون کو مع لشکر غرق ہوتے ہوئے دیکھ لیا تو پھر بھی ان کے عناد میں کوئی کمی نہ آئی۔ ایک بت پرست قوم کو دیکھ کر انہوں نے فرمائش کی کہ اے موسیٰ ہمارے لیے ایسے خدا بنا دیں جس طرح اس قوم کے خدا ہیں۔ جب آپ طور پر تشریف لے گئے تو سامری کی معمولی سی انگیخت پر انہوں نے بچھڑے کی پوجا شروع کر دی۔ اس کے علاوہ کلیم اللہ پر طرح طرح کے الزام تراشے۔ تورات کے صفحات ان گستاخیوں سے بھرے پڑے ہیں۔ حضرت موسیٰ نے انہیں فرمایا اے میری قوم! تم جانتے ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں اور پھر بھی تم میری دلآزاری سے باز نہیں آتے۔ تمہارے لیے ڈوب مرنے کا مقام ہے۔

سے اللہ تعالیٰ نے عقل و فہم کی جو صلاحیتیں انہیں بخشی تھیں جب انہوں نے ان سے فائدہ نہ اٹھایا اور دانستہ راہِ حق کو چھوڑ کر گمراہی کے راستہ پر چلتے رہے، وہ روشن معجزات جو حضرت کلیم نے انہیں دکھائے تھے وہ بھی ان کی اصلاح کے لیے موثر ثابت نہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا۔ جو فرد یا قوم راہِ ضلالت پر پورے جوش و خروش سے گامزن رہتی ہے آخر کار وہ اس منزل پر پہنچ جاتی ہے جب اس سے حق پذیری کی صلاحیتیں سلب کر لی جاتی ہیں۔ وہ آنکھ جو نورِ حق کو دیکھ سکتی ہے اور پہچان سکتی ہے وہ اندھی ہو جاتی ہے۔ کیونکہ یہ دنیا دار العمل ہے اللہ تعالیٰ کے نیک بندے تشریف لاتے ہیں، ضلالت و ہدایت کو دلائل و شواہد سے آشکارا کرتے ہیں۔ اس کے بعد ہر شخص آزاد ہوتا ہے کہ وہ اپنی مرضی سے ان دو میں سے ایک کا انتخاب کر لے۔ جو ہدایت قبول کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو اپنی توفیقات سے سرفراز کرتا ہے۔ وہ راہ کی دشواریوں کا مقابلہ کرتے ہوئے فلاح و کامرانی کی منزل کی طرف بڑھتا رہتا ہے اور جو ضلالت سے چمٹے رہنا پسند کرتا ہے اس کی منت نہیں کی جاتی کہ جناب والا ایسا نہ کرو۔ انہیں اسی حال میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔ علامہ پانی پتی فرماتے ہیں۔ فَلَمَّا زَاغُوٓا أَيْ عَدَلُوا عَنِ الْحَقِّ وَلَمْ يَمْتَنِعُوا عَنِ الْإِيذَاءِ، أَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوبَهُمْ أَيْ صَرَفَهَا عَنْ قَبُولِ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

فاسق لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا شہ اور یاد کرو جب فرمایا عیسیٰ فرزند مریم نے

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ

اے بنی اسرائیل! میں تمہاری طرف اللہ کا (بھیجا ہوا) رسول ہوں میں تصدیق کرنے والا ہوں

يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ

تورات کی جو مجھ سے پہلے آئی ہے شہ اور مژدہ دینے والا ہوں ایک رسول کا جو تشریف لائے گا میرے بعد اس کا نام نامی

الْحَقِّ وَالْمَيْلِ اِلَى الصَّوَابِ.

یعنی جب انہوں نے حق سے انحراف کیا اور اذیت رسانی سے باز نہ آئے تو اللہ تعالیٰ نے قبول حق سے ان کے منہ پھیر دیے۔

شہ ایسے فاسق و فاجر لوگ جو جان بوجھ کر گمراہی کو پسند کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کا یہ دستور نہیں کہ وہ انہیں ہدایت جیسی گراں بہا نعمت زبردستی ارزانی فرمائے۔

شہ اس آیت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تین ارشادات بیان کیے گئے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں۔ اس سے ان لوگوں کی تردید ہو گئی جو آپ کو خدا یا خدا کا بیٹا کہتے ہیں اور ان یہودی گستاخوں کی بھی تردید ہو گئی جو آپ پر اور آپ کی پاکباز والدہ پر گستاخانہ بہتان لگاتے ہیں۔ الیکم کے لفظ سے آپ نے یہ بتا دیا کہ مجھے صرف تمہاری طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہے۔ میری رسالت کا دائرہ بنی اسرائیل تک محدود ہے۔ آپ کے ان الفاظ پر عیسائی مشنریوں کو بھی غور کرنا چاہیے جو عیسائیت کا پرچار ہر جگہ کرتے پھرتے ہیں۔ قرآن کریم کے اس فرمان کی تائید انجیل سے بھی ہوتی ہے۔ ملاحظہ ہو متی باب ۱۵۔ آیت ۲۴: اس نے جواب میں کہا: میں اسرائیل کے گھرانے کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے سوا اور کسی کے پاس نہیں بھیجا گیا۔"

اسی انجیل متی کے باب ۱۰ کی آیت ۶ سے ہر قسم کا اشتباہ دور ہو جاتا ہے۔

پہلی آیات میں ان بارہ رسولوں کے نام بتائے گئے ہیں جن کو آپ نے تبلیغ و اشاعت کے لیے بھیجا اور ان کو یہ حکم دے کر کہا:
"غیر قوموں کی طرف نہ جانا اور سامریوں کے کسی شہر میں داخل نہ ہونا بلکہ اسرائیل کے گھرانے کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے پاس جانا۔"

جب حضرت مسیح نے اپنے شاگردوں اور رسولوں کو غیروں کے پاس جانے سے روکا ہے اور اپنی تبلیغی اور اعجازی سرگرمیوں کو بنی اسرائیل کے خاندان میں محدود کر دیا ہے تو اب کسی عیسائی مبلغ کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ بنی اسرائیل کے علاوہ کسی اور کو عیسائیت کی دعوت دے۔

اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۶﴾

احمد ہو گا ۹ پس جب وہ (احمد) آیا ان کے پاس روشن نشانیاں لے کر تو انہوں نے کہا یہ تو کھلا جادو ہے ۱۰

دوسری بات آپ نے یہ فرمائی کہ میں موسیٰ علیہ السلام کی تکذیب کے لیے نہیں آیا بلکہ ان پر جو آسمانی کتاب تورات نازل ہوئی ہیں اس کی تصدیق کرتا ہوں۔ موسیٰ علیہ السلام سچے رسول تھے اور تورات خدا کی سچی کتاب ہے۔ تمام رسول کیونکہ اللہ تعالیٰ کے فرستادہ ہوتے ہیں اس لیے یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ وہ ایک دوسرے کی تکذیب کریں۔ ان کا کام تو سب کی تصدیق کرنا ہوتا ہے۔

۹ تیسری بات آپ نے یہ فرمائی کہ میں تمہیں ایک بڑی ندرح پرور خوش خبری سناتا ہوں۔ وہ یہ کہ میرے بعد ایک جلیل القدر، عظیم المرتبت رسول تشریف لے آئے گا۔ اس کا اسم گرامی اور نام نامی احمد ہوگا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم۔

یہاں چند سوالات جواب طلب ہیں :

۱ — کیا حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسم گرامی احمد ہے ؟

۲ — کیا اس بشارت سے مراد حضور کی ذاتِ اقدس ہے ؟

۳ — کیا موجودہ انجیل میں یہ بشارت موجود ہے ؟

۴ — کیا وہ شخص جس کا نام غلام احمد ہے وہ اس پیشین گوئی کا مصداق بن سکتا ہے ؟

پہلے سوال کے بارے میں گزارش ہے

کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جو اسمائے گرامی صحیح احادیث سے ثابت ہیں ان میں یہ اسم مبارک بھی ہے۔ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اِنَّ لِیْ اَسْمَاءً اَنَا مُحَمَّدٌ وَاَنَا اَحْمَدُ وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِیْ یُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰی قَدَمِیْ۔ (مالک، بخاری، مسلم وغیرہا)

یعنی حضور نے فرمایا میرے کئی نام ہیں۔ میں محمد ہوں۔ میں احمد ہوں' میں الحاشر ہوں۔ لوگوں کا حشر میرے قدموں پر ہوگا۔ صحابہ کرام میں حضور کا یہ اسم گرامی معروف و مستعمل تھا۔ حضرت حسان یہی نام لے کر بارگاہِ رسالت میں صلوٰۃ وسلام عرض کرتے ہیں

ے صَلَّی الْاِلٰہُ وَمَنْ یَّحُفُّ بِعَرْشِہٖ　　وَالطَّیِّبُوْنَ عَلَی الْمُبَارَکِ اَحْمَدِ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ، حاملینِ عرش اور تمام پاکیزہ لوگ اس مبارک ہستی پر درود و سلام بھیجیں جس کا اسم گرامی احمد ہے۔

احمد کا معنی ہے اَحْمَدُ الْحَامِدِیْنَ لِرَبِّہٖ ، تمام حمد کرنے والوں سے بڑھ کر اپنے رب کی حمد کرنے والا۔ اپنے رب کی حمد کی کثرت کی برکت سے ہی آپ مُحَمَّد بھی ہے۔ فَالْمُحَمَّدُ هُوَ الَّذِیْ حُمِدَ مَرَّةً بَعْدَ مَرَّةٍ یعنی جس کی بار بار حمد کی جا رہی ہو وہ محمد ہے۔ نہ اپنے رب کی حمد و ثنا کرنے میں آپ کا کوئی مثیل ہے، کوئی فرشتہ، کوئی رسول، کوئی نبی اپنے خداوند کی حمد سرائی اور ثنا گستری میں اس مقام پر نہیں پہنچا اور نہ پہنچ سکتا ہے جس مقام پر اللہ تعالیٰ کا یہ پیارا حبیب فائز ہے۔ اسی طرح مخلوق میں سے جتنی حمد اور جتنی ستائش اس عبد محبوب کی ہو رہی ہے اور ہوتی رہے گی، کسی اور کو نصیب نہیں۔ جن وانس اس کے ثنا خوان ہیں حور و ملک

اس کی توصیف میں رطب اللسان ہیں اور خود خدا بھی اس کی مدح فرما رہا ہے۔ صرف اس فانی دنیا ہی میں نہیں بلکہ عالم آخرت میں بھی حضورؐ کی شان نرالی ہوگی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ اس شان محمدیت کی تابانیوں کا صحیح اندازہ اس وقت ہوگا جب دست مبارک میں لوائے حمد تھامے ہوئے اللہ تعالیٰ کا یہ حبیب مقام محمود پر جلوہ فرما ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم کا یہ انداز بھی نرالا ہے کہ حضور سے پہلے کبھی کسی شخص نے اپنے فرزند کا نام احمد نہیں رکھا تاکہ اس بشارت کے مصداق کے بارے میں ذرا سا شائبہ بھی پیدا نہ ہو۔ لیکن جب اس اسم کو ذات پاک مصطفوی سے نسبت ہوگئی تو یہ نام اس قدر مقبول ہوا کہ اب اس نام کے لوگوں کا شمار نہیں ہو سکتا۔

حضور سے پہلے کیونکہ بعثت محمدی کا چرچا عام تھا، یہ بات مشہور ہو چکی تھی کہ ایک نبی آنے والا ہے جس کا نام محمد ہوگا چنانچہ بعض والدین نے اپنے بچوں کے نام محمد تجویز کیے کہ شاید یہ سعادت ان کے حصہ میں آئے۔ حضور سے پہلے سات ایسے آدمی ملتے ہیں جن کا نام محمد ہے لیکن ان میں سے کسی نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص حکمت سے اپنے پیارے بندے کے ان دو ناموں کو ہر اشتباہ اور التباس سے بالاتر رکھا۔

دوسرے سوال کے متعلق عرض ہے

کہ بے شک اس بشارت کا مصداق صرف نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات اطہر ہے۔ کیونکہ الفاظ یاتی من بعدی میرے بعد آئے گا اور تاریخ اس پر شاہد ہے کہ حضرت عیسیٰ کے بعد حضور علیہ السلام کے سوا کسی نے بھی رسالت کا دعویٰ نہیں کیا۔ دوسری نشانی ذکر کی کہ ان کا نام احمد ہوگا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا خاص لطف ہے کہ حضور سے پہلے کسی نبی یا رسول کا احمد نام ہوتا تو کجا کسی فرد بشر کا نام بھی احمد نہ تھا کیونکہ حضرت عیسیٰ کے بعد صرف آپ نے ہی رسالت کا دعویٰ فرمایا اور صرف آپ کا اسم گرامی ہی احمد تھا اس لیے اس بارے میں ذرا شک نہ رہا کہ اس بشارت کا مصداق حضورؐ ہی کی ذات گرامی ہے۔

رہا تیسرا سوال کہ کیا موجودہ انجیل میں یہ بشارت بعینہٖ موجود ہے؟ تو اس کے لیے ذرا تفصیل درکار ہے۔

اس وقت عیسائیوں کے پاس چار انجیلیں ہیں جن کو مستند قرار دیا گیا ہے۔ انجیل متی، انجیل مرقس، انجیل لوقا، انجیل یوحنا۔ ان میں سے کوئی انجیل بھی ۶۰ھ سے پہلے مدون نہیں ہوئی۔ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے یہ الفاظ غور طلب ہیں:

ITS EXACT DATE AND ITS EXACT PLACE OF ORIGIN ARE UNCERTAIN, BUT IT APPEARS TO DATE FROM THE LATER YEARS OF THE 1ST CENTURY (P.513_VOL 3)

ترجمہ: اس کی متعین تاریخ اور اس کے معرض وجود میں آنے کا صحیح مقام غیر یقینی ہیں لیکن ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ اس کا تعلق پہلی صدی کے آخری سالوں سے ہے۔ (جلد سوم ص ۵۱۳)

اس کے چند سطر بعد اسی کالم میں رقمطراز ہیں:

WE HAVE NO CERTAIN KNOWLEDGE AS TO HOW OR WHERE THE FOURFOLD GOSPEL CANON CAME TO BE FORMED

ترجمہ: ہمارے پاس کوئی یقینی علم نہیں ہے کہ یہ چار مستند انجیلیں کیسے اور کہاں معرض وجود میں آئیں۔

پھر جن لوگوں نے انہیں مرتب کیا وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صحابہ میں سے نہ تھے بلکہ اس وقت انہوں نے نصرانیت کو قبول ہی نہیں کیا تھا اور نہ ان مرتب کرنے والوں نے ان لوگوں کا نام بتایا ہے جن کے واسطے سے ان تک یہ اناجیل پہنچی ہیں۔ آپ خود سوچیے کہ ستر سال تک جو کتاب مرتب نہیں ہوئی اور اس طویل عرصے کے بعد جن لوگوں نے اسے مرتب کیا انہوں نے یہ بتانے کی زحمت گوارا نہیں کی کہ کن لوگوں سے انہیں یہ چیز ملی ہے تاکہ ان کے بارے میں جانچ پڑتال کی جا سکے تو ایسے مجموعوں پر کس طرح اعتماد کیا جا سکتا ہے۔

اس پر طرفہ یہ ہے کہ وہ اصل نسخے جو سریانی زبان میں لکھے گئے تھے وہ سرے سے غائب ہیں ان کا سراغ تک نہیں ملتا تاکہ ان تراجم کا اصل کے ساتھ موازنہ کیا جا سکے۔ ان سریانی اناجیل کا ترجمہ بعد میں یونانی زبان میں کیا گیا لیکن ان تراجم کا بھی کوئی اصلی نسخہ دستیاب نہیں۔ اناجیل کا جو سب سے قدیم یونانی ترجمہ ملتا ہے وہ چوتھی صدی کا ہے اور اس پر مزید ستم یہ ہے کہ عیسائی علماء اناجیل میں تحریف کو ہرگز قبیح نہیں سمجھتے تھے۔ اگر وہ کسی چیز کا اضافہ کرنا مناسب خیال کرتے تو بے جھجک کر لیتے۔

جہاں صورت حال یہ ہو وہاں آپ بآسانی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اناجیل کیا سے کیا بن گئی ہوں گی اور ان میں کس طرح کے تصرفات راہ پا چکے ہوں گے۔ اس لیے اگر ایسی انجیلوں میں یہ بشارت نہ ملے تو قرآن پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی شان ملاحظہ ہو کہ تحریف و بگاڑ کے سیلاب کے باوجود جو صدیوں موجزن رہا اب بھی بڑی صریح عبارتیں موجود ہیں جن میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آمد کے بارے میں پیشین گوئیاں کی گئی ہیں جن کا تذکرہ ضیاء القرآن میں مختلف مقامات پر آپ پڑھ آئے ہوں گے۔ یہاں بطور نمونہ چند چیزیں عرض ہیں:

۱۔ اگر تم مجھ سے محبت رکھتے ہو تو میرے حکموں پر عمل کرو گے اور میں باپ سے درخواست کروں گا تو وہ تمہیں دوسرا مددگار بخشے گا کہ ابد تک تمہارے ساتھ رہے۔ (انجیل یوحنا باب ۱۴ آیت ۱۶-۱۷)

مددگار کے لفظ پر بائبل کے حاشیہ میں "یا وکیل یا شفیع" بھی تحریر ہے۔

۲۔ اس کے بعد میں تم سے بہت سی باتیں نہ کروں گا کیونکہ دنیا کا سردار آتا ہے اور مجھ میں اس کا کچھ نہیں۔ (یوحنا باب ۱۴ آیت ۳۱)

۳۔ لیکن جب وہ مددگار آئے گا جس کو میں تمہارے پاس باپ کی طرف سے بھیجوں گا یعنی سچائی کا روح جو باپ سے صادر ہوتا ہے، تو وہ میری گواہی دے گا اور تم بھی گواہ ہو کیونکہ شروع سے میرے ساتھ ہو۔ (یوحنا باب ۱۵ آیت ۲۶-۲۷)

یہاں بھی مددگار کے لفظ پر حاشیہ میں "یا وکیل یا شفیع" مرقوم ہے۔

۴۔ لیکن میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ میرا جانا تمہارے لیے فائدہ مند ہے کیونکہ اگر میں نہ جاؤں تو وہ مددگار تمہارے پاس نہ آئے گا لیکن اگر جاؤں گا تو اسے تمہارے پاس بھیج دوں گا اور وہ آکر دنیا کو گناہ اور راستبازی اور عدالت کے بارے میں قصوروار ٹھہرائے گا۔ (یوحنا باب ۱۶ آیت ۸-۹)

۵۔ اس باب کی تیرہویں اور چودھویں آیات ملاحظہ فرمائیں:

مجھے تم سے اور بھی بہت سی باتیں کہنا ہے مگر اب تم ان کی برداشت نہیں کر سکتے۔ لیکن جب وہ یعنی سچائی کا روح آئے گا تو تم کو تمام سچائی کی راہ دکھائے گا اس لیے کہ وہ اپنی طرف سے نہ کہے گا لیکن جو کچھ سنے گا وہی کہے گا اور تمہیں آئندہ کی خبریں دے گا۔

مندرجہ بالا حوالہ جات سے یہ بات واضح ہو گئی کہ کوئی آنے والا ہے جس کی آمد کی خبر حضرت عیسیٰ بار بار اپنے امتیوں کو دے رہے ہیں۔ اس آنے والے کی جن صفات و خصوصیات کا ذکر ان آیات میں کیا گیا ہے ان کا مصداق بجز ذات پاک حبیب کبریا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کوئی نہیں ہو سکتا۔

لیکن اگر از راہ تعصب کوئی شخص مُصر ہو کہ مجھے انجیل میں حضور کا اسم گرامی دکھائیے تو اس کے بارے میں گزارش ہے کہ جیسے آپ اوپر پڑھ آئے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی زبان سریانی تھی، انجیل اسی میں نازل ہوئی، لیکن چار انجیلیں جو متداول ہیں اور اس کے بعد مدون ہوئیں، وہ یونانی زبان میں تھیں اور ایسے لوگوں نے جمع کیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے براہ راست شاگرد نہ تھے۔ لازمی طور پر انہوں نے یہ اناجیل اُن عیسائیوں سے ان کی اصلی زبان سریانی میں سُنی ہوں گی اور سریانی سے انہیں یونانی کے قالب میں ڈھالا ہو گا۔ بدقسمتی سے جو یونانی تراجم پہلی صدی عیسوی کے آخری حصے میں مدون ہوئے ان کے اصلی نسخے بھی نایاب ہیں اور جو یونانی تراجم دستیاب ہیں ان کا تعلق چوتھی صدی عیسوی سے ہے۔ یونانی زبان سے اناجیل کے ترجمے لاطینی زبان میں کیے گئے۔ ان لاطینی ترجموں سے یورپ اور ایشیا کی دوسری زبانوں میں یہ کتب منتقل ہوئیں۔ ترجمہ در ترجمہ کے اس عمل سے اس انجیل میں جو رد و بدل اور تحریف و قطع و برید ہوئی ہو گی وہ محتاج بیان نہیں۔ اگر ان تراجم میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم گرامی نہ ملے تو قطعاً تعجب کی بات نہیں۔

فلسطین وغیرہ ممالک جب مسلمانوں نے فتح کیے تو اس وقت وہاں کے لوگوں کی زبان بدستور سریانی تھی اور اسلامی فتح کے تقریباً تین سو سال تک یہی سریانی وہاں کی علاقائی زبان کی حیثیت سے باقی رہی۔ اتنے عرصے کے بعد عربی نے کہیں جا کر اپنا سکہ جمایا اور وہاں کے باشندوں کی مادری زبان بنی۔ فتح کے بعد مسلمان علما کی آمد و رفت اس علاقے میں شروع ہو گئی۔ عیسائی علما سے ان کے تعلقات قائم ہوئے اور وہ ان سے براہ راست سریانی زبان میں استفادہ کرتے رہے۔ اس طرح اناجیل کے بارے میں علمائے اسلام کو جو معلومات علمائے اہل کتاب سے حاصل ہوئیں وہ اصل سے زیادہ قریب تھیں۔ وہ انہیں سریانی سے بلاواسطہ عربی میں حاصل ہوئیں۔ ترجمہ در ترجمہ کے جو حجابات عیسائیوں کو در پیش آئے مسلمان علما کو ان سے سابقہ نہیں پڑا۔ اس لیے جب ہم سیرت ابن ہشام کا مطالعہ کرتے ہیں تو حقیقت بالکل واضح ہو جاتی ہے۔ یاد رہے کہ علامہ ابن ہشام نے جن کی وفات ۲۱۳ھ میں ہوئی، محمد بن اسحاق سے جن کی وفات ۱۵۱ھ میں ہوئی اپنے استاد ابو محمد البکائی العامری کے واسطے نقل کی ہے۔ بکائی کی وفات کا سال ۱۸۳ھ ہے۔ اس میں یوحنا کے باب ۱۵ کی آیت ۲۶ کا عربی متن یوں ہے:

"فلو قد جاء المُنحمنّا هذا الذی یرسلہ اللہ الیکم من عند الرب روح القدس هذا الذی من عند الرب خرج فهو شهید علیّ وانتم ایضا لانکم قدیما کنتم معی فی هذا۔ قلت لکم لکی ما تشکوا۔ (ابن ہشام جلد اول صفحہ ۲۵۱)

اس کے بعد لکھتے ہیں۔ اَلْمُنْحَمَنّا بالسریانیة محمد صلی اللہ علیہ وسلم وهو بالرومیة البرقلیطس۔

یعنی منحمنا سریانی لفظ ہے۔ اس کا معنی محمد ہے۔ رومی زبان میں اس کا ترجمہ برقلیطس کیا گیا ہے۔

برقلیطس کا رومی ہجہ اگر یہ ہو PERICLYTOS پھر تو معاملہ صاف ہے۔ اس کا معنی ہے تعریف کیا گیا اور محمد کا بھی بعینہٖ یہی معنی ہے لیکن اگر

اس کا ہجے یوں ہو PARACLETUS تو اگرچہ دونوں لفظوں کے تلفظ میں تو بڑی مشابہت ہے لیکن اس کا معنی پہلے لفظ سے مختلف ہے۔ خود انجیل کے مترجمین کو اس کا ترجمہ کرنے میں بڑی دقت پیش آئی ہے۔ اردو کی بائبل کے متن میں اس کا ترجمہ "مددگار" کیا گیا ہے اور حاشیہ پر وکیل یا شفیع مرقوم ہیں۔ کسی نے اس کا ترجمہ CONSOLATOR تسلی دینے والا، کسی نے TEACHER استاد اور آرگسٹن نے ADVOCATE کیا ہے۔

کیا خبر کہ الفاظ کا یہ ہیر پھیر عیسائی علماء کے معمول کا کرشمہ ہو اور اسی وجہ سے وہ خود بھی پریشانی کا شکار ہو گئے ہوں۔

یہ صورت حال تو اس وقت ہے جبکہ ان چار انجیلوں پر اعتماد کیا جائے لیکن صدیوں کی گمنامی سے پردۂ غیب سے ایک انجیل ظہور میں آئی ہے جس کو انجیل برناباس کہتے ہیں۔ اس کے مطالعہ سے بڑے بڑے پیچیدہ عقدے حل ہو جاتے ہیں اور شکوک و شبہات کا غبار خود بخود چھٹ جاتا ہے۔ اس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بیسیوں ایسے ارشادات موجود ہیں جن میں نام لے لے کر حضور کی آمد کی بشارتیں دی گئی ہیں اور بار بار اپنے امتیوں کو حضور کا دامن رحمت مضبوطی سے تھام لینے کے تاکیدی احکام دیئے گئے ہیں۔ اس سے پیشتر کہ ہم وہ ایمان افروز حوالہ جات آپ کے سامنے پیش کریں پہلے برناباس اور اس کی انجیل کے بارے میں کچھ وضاحتیں ضروری ہیں تاکہ کوئی شخص بلاوجہ اور نامعقول اعتراض کر کے آپ کو پریشان نہ کر سکے۔

برناباس قبرص کا باشندہ تھا۔ اس کا پہلا مذہب یہودیت تھا۔ اس کا نام JOSES تھا۔ لیکن دین عیسوی کی اشاعت اور ترقی کے لیے اس نے سر دھڑ کی بازی لگا دی تھی۔ حواری اس کو برناباس کے نام سے پکارا کرتے تھے جس کا معنی ہے "واعظ نصیحت کا فرزند"۔ بڑا کامیاب مبلغ تھا۔ جاذب قلب و نظر شخصیت کا مالک تھا۔ حضرت مسیح کے ساتھ مدت العمر جو قرب اسے نصیب رہا اس نے اس کو اپنے حلقہ میں بڑا اہم مقام عطا کر دیا تھا۔

ابتدا میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیروکار اپنے آپ کو یہود سے الگ کوئی امت تصور نہیں کیا کرتے تھے۔ نہ ان کی علیحدہ عبادت گاہیں تھیں لیکن یہودی انہیں شک و شبہ کی نظر سے دیکھتے تھے۔ حضرت عیسیٰ کی حقیقت، آپ کی فطرت اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ آپ کا تعلق ان کے پہلے ماننے والوں کے نزدیک قطعاً وجہ نزاع نہ تھا۔ سب آپ کو انسان اور اللہ کا برگزیدہ بندہ سمجھتے تھے۔ اس وقت کے عیسائی یہودیوں سے بھی زیادہ توحید پرست تھے۔ یہاں تک کہ سینٹ پال نے عیسائی مذہب قبول کیا۔ اس طرح عیسائیت میں ایک نئے باب کا آغاز ہوا جس کے نظریات اور معتقدات کا منبع انجیل یا حضرت مسیح کے اقوال نہ تھے بلکہ اس کی ذاتی سوچ بچار کا نتیجہ تھے۔ پال یہودی تھا۔ طرسوس کا باشندہ تھا۔ کافی عرصہ روم میں رہا۔ ان کے فلسفہ اور مشرکانہ عقائد سے وہ بہت متاثر ہوا۔ عیسائیت کو اس نے اسی مشرکانہ سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کی جو عوام کو بہت پسند تھا لیکن حضرت عیسیٰ کے حواری اس کو قبول کرنے کے لیے تیار نہ تھے۔ اپنے مذہب کی ترقی اور اشاعت کے لیے برناباس اور سینٹ پال کچھ عرصہ ایک ساتھ کام کرتے رہے لیکن دن بدن اختلافات کی خلیج بڑھتی گئی۔ پال نے حلال و حرام کے بارے میں موسوی احکام کو بالائے طاق رکھ دیا۔ نیز ختنہ کی سنت ابراہیمی کو بھی نظر انداز کر دیا۔ برناباس کے لیے اس کے ساتھ مل کر کام کرنا مشکل ہو گیا۔ چنانچہ دونوں علیحدہ ہو گئے۔ پال کو عوام الناس کی تائید کے علاوہ حکومت کی ہمدردیاں بھی حاصل تھیں۔ اس لیے اس کے پھیلائے ہوئے عقائد کو لوگوں نے دھڑا دھڑ قبول کرنا شروع کر دیا۔ اس طرح برناباس اور اس کے ساتھی پس منظر میں چلے گئے۔ بایں ہمہ چوتھی صدی عیسوی تک برناباس کے ہم عقیدہ لوگ کافی تعداد میں موجود تھے جو خدا کی باپ کی حیثیت سے نہیں بلکہ مالک الملک اور قادر مطلق کی حیثیت سے عبادت کرتے تھے۔ اس وقت انطاکیہ کے بشپ پال کا بھی یہی عقیدہ

تھا کہ حضرت عیسیٰ نہ خدا ہیں نہ خدا کے بیٹے بلکہ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ انطاکیہ کا دوسرا بشپ جس کا نام LUCIAN تھا اور جو تقویٰ اور علم میں بڑی شہرت کا مالک تھا وہ بھی تثلیث کے عقیدے کا سخت مخالف تھا۔ اس نے انجیل سے ایسی عبارتیں نکال دیں جن سے تثلیث ثابت ہوتی تھی۔ اس کا خیال تھا کہ یہ جملے بعد میں بڑھائے گئے۔ اس کو ۳۱۲ء میں شہید کر دیا گیا۔ اس کے بعد اس کے شاگرد ARIUS نے توحید کا پرچم بلند کیا۔ اسے کئی بار کلیسا کے عہدے پر بھی فائز کیا گیا اور کبھی معزول کیا گیا۔ لیکن اس نے اپنا مشن جاری رکھا۔ کلیسا کی مخالفت کرنا آسان کام نہ تھا لیکن ARIUS نے ان مشرکانہ عقائد کی ڈٹ کر مخالفت کی اور لوگ جوق در جوق اس کے نظریات کو قبول کرتے چلے گئے۔

اس اثنا میں دو ایسے واقعات رونما ہوئے جنہوں نے یورپ کی تاریخ بدل کر رکھ دی۔ شاہ قسطنطین جس نے یورپ کے بڑے حصے پر قبضہ کر لیا تھا اس نے عیسائیت قبول کیے بغیر عیسائیت کی امداد شروع کر دی' لیکن عیسائی فرقوں کے باہمی اختلافات نے اسے سراسیمہ کر دیا۔ شاہی محل میں بھی یہ نظریاتی کشمکش زوروں پر تھی۔ مادر ملکہ قوپال کے نظریات کی حامل تھی جبکہ بادشاہ کی بہن ایریس کی معتقد تھی۔ بادشاہ کے پیش نظر تو صرف ملک میں امن و امان کا قیام تھا اور اس کی صرف یہ صورت تھی کہ سارے فرقے ایک کلیسا کو قبول کر لیں۔ ایریس اور بشپ الیگزینڈر کی مخالفت روز بروز شدت اختیار کرتی جا رہی تھی۔ بادشاہ کے لیے مداخلت ناگزیر ہو گئی۔ چنانچہ ۳۲۵ء میں "نیقیا" کے مقام پر ایک کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ متواتر کئی روز تک اس کے اجلاس ہوتے رہے۔ فیصلہ نہ ہو سکا۔ بادشاہ نے امن و امان کی خاطر کلیسا کی حمایت حاصل کرنا ضروری سمجھا' اس لیے اس نے ایریس کو جلاوطن کر دیا۔ اس طرح توحید کے بجائے تثلیث کا عقیدہ ملک کا سرکاری مذہب بن گیا۔ کلیسا کی منظور شدہ انجیل کے بغیر کوئی انجیل اپنے پاس رکھنا جرم قرار دے دیا گیا۔ دو سو سے زیادہ مختلف انجیلوں کے نسخے نذر آتش کر دیے گئے۔ شہزادی قسطنطین کو یہ بات ناپسند ہوئی۔ اس کی کوشش سے ۳۳۴ء میں ایریس کو واپس بلایا گیا۔ جب وہ فاتحانہ انداز میں قسطنطنیہ میں داخل ہو رہا تھا' اس کی موت واقع ہو گئی۔ بادشاہ نے اسے قتل عمد قرار دیا۔ اس جرم کی پاداش میں سکندریہ کے بشپ کو دو اور بشپوں کے ساتھ جلاوطن کر دیا اور خود ایریس کے ایک معتقد بشپ کے ہاتھ پر عیسائیت قبول کر لی۔

توحید سرکاری مذہب قرار پایا۔ ۳۴۱ء میں انطاکیہ میں ایک کانفرنس ہوئی اور توحید کو عیسائی مذہب کا بنیادی عقیدہ قرار دیا گیا۔ چنانچہ ۳۵۹ء میں سینٹ جیروم (S. JEROME) نے لکھا کہ ایریس کا مذہب مملکت کے تمام باشندوں نے قبول کر لیا۔ پوپ ہونوریس (HONORIUS) (جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہم عصر تھا) کا بھی یہی عقیدہ تھا۔ ۶۳۸ء میں اس نے وفات پائی۔ لیکن ۶۸۰ء میں پھر تثلیث کے حق میں ایک اسرائیلی قسطنطنیہ میں پھر اجلاس ہوا جس میں پوپ ہونوریس کو ملعون اور مردود قرار دیا گیا اور اس کے نظریات کو مسترد کر دیا گیا۔ اگرچہ آج عیسائی دنیا تثلیث کو ایک مسلمہ اصول کی حیثیت سے تسلیم کرتی ہے' اس کے باوجود ان میں ایسے لوگ بکثرت موجود ہیں جو اللہ تعالیٰ کی توحید کے قائل ہیں' لیکن اس کے اظہار سے کتراتے ہیں۔

برناباس کی انجیل ۳۲۵ء تک مستند انجیل تسلیم کی جاتی رہی۔ ایرانیس (IRANAEUS) نے جب سینٹ پال کے مشرکانہ عقائد کے خلاف مہم شروع کی تو اس نے برناباس کی انجیل سے بکثرت استدلال کیا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ پہلی دو صدیوں میں یہ انجیل معتبر تسلیم کی جاتی تھی اور اپنے دین کے بنیادی مسائل ثابت کرنے کے لیے اس کی عبارتوں کو بطور حجت پیش کیا جاتا تھا۔ لیکن ۳۲۵ء میں جو کانفرنس نیقیا میں ہوئی اس میں یہ طے پایا کہ عبرانی زبان میں جتنی انجیلیں موجود ہیں' ان سب کو ضائع کر دیا جائے جس کے پاس یہ انجیل ملے' اس کی گردن اڑا دی جائے۔

۳۸۳ء میں پوپ نے انجیل برناباس کا نسخہ حاصل کیا اور اپنی پرائیویٹ لائبریری میں اسے محفوظ کر لیا۔ زینو بادشاہ کی حکمرانی کے چوتھے سال برناباس کی قبر کھودی گئی۔ اس انجیل کا ایک نسخہ جو اس نے اپنے قلم سے لکھا تھا اس کے سینے پر رکھا ہوا ملا۔ پوپ SIRITUS (۴۹۰۔۴۸۵ء) کا ایک دوست تھا جس کا نام فرامارینو (FRAMARINO) تھا۔ اسے پوپ کی ذاتی لائبریری میں اس کا وہ نسخہ ملا۔ فراکو اس سے بڑی دلچسپی تھی۔ کیونکہ اس نے ایرانیس کی تحریروں کا مطالعہ کیا تھا جس میں اس نے برناباس کی انجیل کے بکثرت حوالے دیے تھے۔ اطالوی زبان میں لکھا ہوا یہ مسودہ مختلف لوگوں سے ہوتا ہوا ایسٹرڈم (AMSTERDAM) کی ایک مشہور و معروف ہستی کے ہاں پہنچا یہاں سے پرشیا کے بادشاہ کے مشیر جے۔ ایف۔ کریمر کو ملا۔ اس سے سیوے کے ایک علم دوست شہزادے یوگین (EUGENE) نے ۱۷۱۳ء میں حاصل کیا۔ ۱۷۳۸ء میں شہزادے کی پوری لائبریری کے ساتھ یہ نسخہ بھی وائنا پہنچا۔ اب بھی یہ نسخہ وہاں محفوظ رکھا ہے۔

ٹولینڈ (TOLAND) نے اپنی تصنیف "MISCELLANEOUS WORKS" جو اس کی وفات کے بعد ۱۷۴۷ء میں شائع ہوئی کی جلد اول صفحہ ۳۸۰ پر ذکر کیا کہ انجیل برناباس کا قلمی نسخہ اب بھی محفوظ ہے۔ اسی کتاب کے پندرھویں باب میں لکھا ہے کہ ۴۹۶ء میں ایک حکم کے ذریعے اس انجیل کو ان کتب میں شامل کیا گیا جن کو کلیسا نے ممنوع قرار دے دیا تھا۔ اس سے پہلے ۴۶۵ء میں پوپ انوسینٹ (POPE INNECENT) نے بھی اسی قسم کا حکم جاری کیا تھا نیز ۳۸۲ء میں مغربی کلیسا نے متفقہ طور پر اس پر بندش عائد کی تھی۔

مسٹر اور مسز رگ (RAGG) نے ۱۹۰۷ء میں ایک لاطینی نسخے سے اس کا انگریزی میں ترجمہ کیا جو اب ہمارے سامنے ہے۔ آکسفورڈ کے کلیرنڈن پریس نے اسے چھاپا۔ آکسفورڈ یونیورسٹی پریس نے اسے شائع کیا۔ جب اس کا انگریزی ترجمہ چھپ کر بازار میں آیا تو اس کے سارے نسخے پُراسرار طریقے پر بازار سے غائب کر دیے گئے۔ صرف دو نسخے محفوظ رہے۔ ایک برٹش میوزیم میں اور دوسرا واشنگٹن کی کانگریس لائبریری میں۔ یہ پیش نظر انگریزی ترجمہ مائیکرو فلم کے ذریعے پبلشر نے ایک دوست کی وساطت سے واشنگٹن کی کانگریس لائبریری سے حاصل کیا ہے۔

برناباس کے حالات اور اس کی انجیل کی تاریخ کو قدرے شرح و بسط کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے تاکہ قارئین کرام کو حالات کا پوری طرح علم ہو اور اس الزام کی قلعی کھل جائے جو بعض عیسائی حلقوں کی طرف سے لگایا جا رہا ہے کہ اس انجیل کا مصنف کوئی ایسا شخص ہے جو عیسائیت سے مرتد ہو کر مسلمان ہوا اور دجل و تزویر سے ایک کتاب تصنیف کر کے اسے برناباس کی طرف منسوب کر دیا۔

جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے کئی سو سال پہلے کلیسا نے اس کتاب کو ممنوعہ لٹریچر میں شامل کر دیا تھا اور اس شخص کو واجب القتل قرار دیا تھا جس کے پاس یہ کتاب پائی جائے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں جو بشارتیں اس میں بکثرت موجود ہیں، کلیسا کے غیظ و غضب کا گو سبب نہ تھیں لیکن ان کے علاوہ اس میں کچھ ایسی تعلیمات تھیں جو سینٹ پال کے پیش کردہ عیسائی مذہب کی بیخ کنی کرتی تھیں اس لیے کلیسا کو یہ آخری اقدام کرنا پڑا۔ قدم قدم پر اس میں عقیدۂ تثلیث کا ابطال کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی توحید کو زوردار دلائل سے بڑے حسین انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ خود حضرت عیسیٰ کے ارشادات سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ آپ نہ خدا تھے نہ خدا کے بیٹے بلکہ اس کے بندے اور رسول تھے۔ کلیسا کے نزدیک یہ باتیں ناقابلِ برداشت تھیں اس لیے انہوں نے اس کو اپنی مقدس کتب کی فہرست سے خارج کر دیا۔

برناباس نے اپنے رسول کی تعلیمات کو بلاکم وکاست بیان کیا۔ اسی طرح حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں جو بشارتیں حضرت عیسیٰ نے ایک بار نہیں بلکہ بار بار دی تھیں ان کا اس میں مندرج ہونا بھی قدرتی امر ہے۔ چنانچہ ان بے شمار بشارتوں میں سے صرف چند پیش کرنے پر اکتفا کرتا ہوں۔ ان کا مطالعہ کیجیے اپنے ایمان کو تازہ کیجیے اور انہی کی روشنی میں اس آیت کی صحیح تفسیر ملاحظہ فرمائیے:

انجیل برناباس کے باب ۱۷ کا ایک حوالہ ملاحظہ فرمائیے:

"BUT AFTER ME SHALL COME THE SPLENDOUR OF ALL THE PROPHETS AND HOLY ONES, AND *SHALL* SHED LIGHT UPON THE DARKNESS OF ALL THAT THE PROPHETS HAVE SAID BECAUSE HE IS THE MESSENGER OF GOD."

"لیکن میرے بعد وہ ہستی تشریف لائے گی جو تمام نبیوں اور نفوس قدسیہ کے لیے آب و تاب ہے اور پہلے انبیاء نے جو باتیں کی ہیں ان پر روشنی ڈالے گی کیونکہ وہ اللہ کا رسول ہے۔"

2. FOR I AM NOT WORTHY TO *UNLOOSE* THE TIES OF THE HOSEN OR THE LATCHETS OF THE SHOES OF THE MESSENGER OF THE GOD WHOM YE CALL "MESSIAH" WHO WAS MADE BEFORE ME, AND *SHALL* COME AFTER ME, AND SHALL BRING THE WORDS OF TRUTH, SO THAT HIS FAITH *SHALL* HAVE NO END.

"یعنی جس ہستی کی آمد کا تم ذکر کر رہے ہو میں تو اللہ کے اس رسول کی جوتیوں کے تسمے کھولنے کے لائق بھی نہیں جس کو تم مسیحا کہتے ہو۔ اس کی تخلیق مجھ سے پہلے ہوئی اور تشریف میرے بعد لائے گا۔ وہ سچائی کے الفاظ لائے گا اور اس کے دین کی کوئی انتہا نہ ہوگی۔" (باب ۴۲)

"I AM INDEED SENT TO THE HOUSE OF ISRAEL AS A PROPHET OF SALVATION, BUT AFTER ME SHALL COME THE MESSIAH SENT OF GOD TO ALL THE WORLD, FOR WHOM GOD HATH MADE THE WORLD AND THEN THROUGH ALL THE WORLD WILL GOD BE WORSHIPPED, AND MERCY RECEIVED."

حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں: "بے شک میں تو فقط اسرائیل کے گھرانے کی نجات کے لیے نبی بنا کر بھیجا گیا ہوں لیکن میرے بعد مسیحا تشریف لائے گا جسے اللہ تعالیٰ سارے جہان کے لیے مبعوث فرمائے گا۔ اسی کے لیے اللہ تعالیٰ نے ساری کائنات تخلیق کی ہے اور اسی کی کوششوں کے باعث ساری دنیا میں اللہ تعالیٰ کی پرستش کی جائے گی اور اس کی رحمت نصیب ہوگی۔" (باب ۸۲)

آپ پریشان ہیں کہ لوگوں نے آپ کو خدا اور خدا کا بیٹا کہنا شروع کر دیا ہے۔ رومی گورنر اور بادشاہ آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہتے ہیں کہ ہم روم کے شہنشاہ سے ایک ایسا فرمان جاری کروائیں گے جس میں سب کو آپ کے متعلق ایسی باتیں کہنے سے روک دیا جائے گا۔ ان کے جواب میں آپ فرماتے ہیں مجھے تمہاری ان باتوں سے اطمینان حاصل نہیں ہوا۔

"BUT MY CONSOLATION IS IN THE COMING OF MESSENGER. WHO *SHALL* DESTROY EVRY FALSE OPINION OF ME, AND HIS *FAITH SHALL SPREAD* AND SHALL TAKE HOLD OF THE WHOLE WORLD, FOR SO HATH GOD PROMISED TO ABRAHAM OUR FATHER."

"بلکہ میرا اطمینان تو اس رسول کی تشریف آوری سے ہوگا جو میرے بارے میں تمام جھوٹے نظریات کو نیست و نابود کر دے گا۔ اس کا دین پھیلے گا اور سارے جہان کو اپنی گرفت میں لے لے گا۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے باپ ابراہیم سے اسی طرح کا وعدہ کیا ہے۔"

اس کے بعد پادری نے ایک اور سوال پوچھا کہ کیا اس رسول کی آمد کے بعد اور نبی بھی آئیں گے؟ آپ نے ارشاد فرمایا:

"THERE SHALL NOT COME AFTER HIM TRUE PROPHETS SENT BY GOD, BUT THERE SHALL COME A GREAT DEAL OF FALSE PROPHETS, WHEREAT I SORROW. FOR SATAN SHALL RAISE THEM UP."

"یعنی آپ کے بعد اللہ کا بھیجا ہوا کوئی سچا نبی نہیں آئے گا، البتہ کثرت سے جھوٹے نبی آئیں گے جنہیں شیطان کھڑا کرے گا۔"

اس پادری نے دوسرا سوال کیا: اس مسیحا کا نام کیا ہوگا اور کن علامات سے اس کی آمد کا پتہ چلے گا؟ اس کے جواب میں آپ ارشاد فرماتے ہیں:

"THE NAME OF THE MESSIAH IS ADMIRABLE, FOR GOD HIMSELF GAVE HIM THE NAME WHEN HAD CREATED HIS SOUL, AND PLACED IT IN A CELESTIAL SPLENDOUR. GOD SAID: "WAIT MUHAMMAD FOR THY SAKE I WILL TO CREATE PARADISE, THE WORLD, AND A GREAT MULTITUDE OF CREATURES"

.... I SHALL SEND THEE INTO THE WORLD I SHALL SEND THEE AS MY MESSENGER OF SALVATION AND THY WORD SHALL BE TRUE, IN SO MUCH THAT HEAVAN AND EARTH SHALL FAIL, BUT THY FAITH SHALL NEVER FAIL."

"MUHAMMAD IS HIS BLESSED NAME."

"مسیحا کا نام قابل تعریف ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جب ان کی روح مبارک کو پیدا کیا اور آسمانی آب و تاب میں رکھا تو خود ان کا نام رکھا۔ اللہ نے فرمایا: اے محمد! انتظار کرو، میں نے تیری خاطر جنت کو پیدا کیا ہے، ساری دنیا کو پیدا کیا ہے اور بے شمار مخلوقات کو پیدا کیا ہے۔ جب میں تجھے دنیا میں بھیجوں گا تو تمہیں نجات دہندہ رسول بنا کر بھیجوں گا، تیری بات سچی ہوگی۔ آسمان اور زمین فنا ہو سکتے ہیں لیکن تیرا دین کبھی فنا نہیں ہو سکتا۔"

آپ نے کہا کہ محمد اس کا بابرکت نام ہے۔"

پھر تمام سامعین یہ سن کر گریہ کرتے ہوئے فریاد کرنی شروع کی:

"O GOD SEND US THY MESSENGER. O MUHAMMAD, COME QUICKLY FOR THE SALVATION OF THE WORLD."

"اے خدا! اپنے رسول کو ہماری طرف بھیج، یا رسول اللہ! دنیا کی نجات کے لیے جلدی تشریف لے آئیے۔" (باب ۹۷)

۵۔ حضرت مسیح اپنے حواری برنباس سے اپنے آخری حالات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: میرے قتل کی سازش کی جائے گی چند ٹکوں کے لالچ میں مجھے میرا ایک حواری گرفتار کرائے گا، لیکن وہ مجھے پھانسی نہیں دے سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ مجھے زمین سے اٹھالے گا اور جس نے میرے ساتھ دھوکہ کیا ہے اس کو میرے بجائے سُولی پر چڑھا دیا جائے گا۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى

اور اس سے بڑا ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹے بہتان باندھتا ہے حالانکہ اسے بلایا جارہا ہے

اِلَى الْاِسْلَامِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ يُرِيْدُوْنَ

اسلام کی طرف ۔ اور اللہ تعالیٰ (ایسے) ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔ یہ (نادان) چاہتے ہیں

فرماتے ہیں:

I SHALL ABIDE IN THAT DISHONOUR FOR A LONG TIME IN THE WORLD, BUT WHEN MOHAMMAD SHALL COME, THE SACRED MESSENGER OF GOD, THAT INFAMI SHALL BE TAKEN AWAY. AND THIS SHALL GOD DO, BECAUSE I HAVE CONFESSED THE TRUTH OF THE MESSIAH, WHO SHALL GIVE ME THIS REWARD, THAT I SHALL BE KNOWN TO BE ALIVE AND TO BE A STRANGER TO THAT DEATH OF INFAMI.

"طویل عرصہ تک لوگ مجھے بدنام کرتے رہیں گے لیکن جب محمد تشریف لائیں گے جو خدا کے مقدس رسول ہیں تب میری یہ بدنامی اختتام پذیر ہو گی اور اللہ تعالیٰ یوں کرے گا کیونکہ میں اس مسیحا کی صداقت کا اعتراف کرتا ہوں' وہ مجھے یہ انعام دے گا۔ لوگ مجھے زندہ جاننے لگیں گے اور انہیں معلوم ہو جائے گا کہ اس رسوائی کی موت سے میرا دُور کا بھی واسطہ نہیں"۔ (باب ۱۱۲)

آپ نے متعدد مقامات پر اس بات کی تصریح کی ہے کہ یہ ذی شان رسول حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی نسل سے ہوگا۔ اس مقام کی تنگ دامانی اس بات کی اجازت نہیں دیتی کہ میں ان تمام حوالوں کو آپ کی خدمت میں پیش کروں۔ امید ہے اگر بنظرِ انصاف آپ ان اقتباسات کا مطالعہ کریں گے تو حقیقت کا رُوئے زیبا یقیناً بے نقاب ہو جائے گا۔

رہا آخری سوال کہ جس شخص کا نام غلام احمد ہو وہ اس آیت کا مصداق بن سکتا ہے اور اسے احمد قرار دیا جاسکتا ہے؟

اس کے بارے میں اتنا ہی سمجھ لیں کہ ایک شخص جس کا نام عبداللہ ہو وہ اپنے نام سے عبد حذف کرکے اگر اللہ نہیں کہلا سکتا تو اسی طرح غلام احمد نامی شخص غلام کا لفظ کاٹ کر اپنے آپ کو احمد کہلائے گا تو اس سے بڑھ کر قرآن کی کوئی تحریف نہیں ہو سکتی۔

ٹ پس جب وہ رسول جس کا نام نامی احمد ہے، حضرت مسیح کی پیشین گوئی کے مطابق تشریف لے آیا اور روشن معجزات سے اپنی صداقت کو آشکارا کر دیا تو ان لوگوں کو ایمان لانے کی توفیق نصیب نہ ہوئی اور معجزاتِ نبوت کے بارے میں کہنے لگے کہ یہ تو کھلا ہوا جادو ہے۔

يُرِيدُونَ لِيُطْفِئُوا نُورَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُورِهٖ وَلَوْ كَرِهَ

کہ بجھادیں اللہ کے نور کو اپنی پھونکوں سے ۔ لیکن اللہ اپنے نور کو کمال تک پہنچا کر رہے گا خواہ سخت ناپسند

الْكٰفِرُونَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ

کریں اس کو کافر[۱۱] وہی تو ہے جس نے بھیجا ہے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ

لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا

تاکہ وہ غالب کردے اسے سب دینوں پر [۱۲] خواہ سخت ناپسند کریں اس کو مشرک ۔ اے

[۱۱] کفار سرتوڑ کوشش کر رہے ہیں کہ اسلام کا یہ روشن چراغ بجھ جائے۔ لیکن وہ کان کھول کر سن لیں کہ ان کی کوششیں رائیگاں جائیں گی۔ یہ نور حق اپنے شباب اور کمال کو پہنچے گا۔ اس کی تجلیات سے بحر و بر، دشت و جبل چمک اٹھیں گے اور اللہ تعالیٰ کا یہ آخری پیغام دنیا کے گوشہ گوشہ میں پہنچے گا۔ کافروں کو بے شک اسلام کی ترقی سخت ناپسند ہے۔ وہ اسلام کو ناکام کرنے کے لیے اپنا تن من دھن سب کچھ لٹا دیں گے لیکن انہیں بجز حسرت کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ یہ آیت کسی ایسے موقع پر نازل نہیں ہوئی جب اسلام کے پرچم تلے لشکر جرار جمع ہو چکے تھے۔ مسلمانوں کی دھاک لوگوں کے دلوں پر بیٹھ چکی تھی۔ مخالفت کی آندھیاں تھم گئی تھیں اور اسلام کی کامیابی کے آثار ہر شخص کو دکھائی دینے لگے تھے۔ بلکہ یہ آیت غزوۂ احد کے بعد نازل ہوئی جبکہ مسلمانوں کو بڑی شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ میدان جنگ میں ان کا بڑا جانی نقصان ہوا تھا۔ حضرت حمزہؓ اور حضرت مصعبؓ جیسے عظیم المرتبت بہادر جام شہادت نوش کر چکے تھے۔ قرب و جوار میں بسنے والے بدو قبائل کے دلوں میں مسلمانوں کا رعب باقی نہ رہا تھا۔ ان ناگفتہ بہ اور غیر یقینی حالات میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور سب دنیا نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان حرف بحرف پورا ہوا۔

[۱۲] اللہ تعالیٰ اپنی عظمت و کبریائی کا ذکر فرما رہا ہے کہ میں وہ قادر و حکیم ہوں جس نے ساری دنیا کی رہبری کے لیے ایک رسول بھیجا۔ اس کو نور ہدایت کا امین اور حق کا علمبردار بنایا اور اس لیے مبعوث فرمایا تاکہ اس کے لائے ہوئے دین کو غلبہ عطا فرماؤں۔ چار دانگ عالم میں اس کا ڈنکا بجے۔ اس کے مجاہد میدان کارزار میں باطل کے پرستاروں کو تیر و سناں سے مغلوب کر رہے ہوں۔ اس کے علماء دلیل و برہان سے شرک کے علمبرداروں کو شکست دے رہے ہوں اور اسلامی معاشرہ اپنے پاکیزہ تمدن، اپنی نورانی تہذیب، اپنے منصفانہ نظام معیشت اور اخلاق حسنہ کے باعث اسلام کی برتری اور فتح مندی کا پرچم لہرا رہا ہو۔

اسلام چھپ چھپ کر وقت گزارنے کے لیے یا باطل سے مصالحت کر کے زندہ رہنے کے لیے نہیں آیا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے شیروں کا دین ہے، یہ شمع حق کے پروانوں کا دین ہے۔ سارا کفر و شرک اگر اپنی قوتوں کو یکجا بھی کر لے تب بھی وہ ان کو ہراساں نہیں کر سکتا، ان کو پسپا نہیں کر سکتا۔

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ

ایمان والو! کیا میں آگاہ کروں تمہیں ایسی تجارت پر جو بچالے تمہیں دردناک عذاب

اَلِيْمٍ ⑩ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ

سے ۱۳ (وہ تجارت یہ ہے کہ) تم ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول پر اور جہاد کرو اللہ کی راہ

اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ⑪

میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے۔ یہی طریقہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم (حقیقت کو) جانتے ہو۔

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اللہ تعالیٰ بخش دے گا تمہارے لیے تمہارے گناہوں کو اور داخل کرے گا تمہیں باغات میں رواں ہیں جن کے نیچے

۱۳؎ دوسرے لوگ بھی تجارت کرتے ہیں اس میں نفع بھی ہوتا ہے اور نقصان بھی۔ بسا اوقات تو سرمایہ تک برباد ہو جاتا ہے۔ اگر نفع ہو تو یہی ہو گا کہ دولت کی فراوانی اور اسباب عیش و آرام مہیا ہو جائیں گے لیکن ایک تجارت وہ ہے جس سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو باخبر کر رہا ہے اور اس میں حصہ لینے کی ترغیب دے رہا ہے اور اس تجارت کی چند خصوصیات ہیں۔ اس میں نفع ہی نفع ہے نقصان کا ذرا احتمال نہیں۔ اس کا نفع عارضی اور فانی نہیں بلکہ ابدی اور سرمدی ہے۔ اس کے فوائد سے اس کا تاجر صرف قیامت کے روز ہی بہرہ ور نہ ہو گا بلکہ اس دنیا میں بھی اس کا نفع اسے ملے گا اور نفع بھی یہ ہے کہ جس میدان میں قدم رکھے گا تنہا نہیں ہو گا۔ اللہ تعالیٰ کی نصرت اس کے ہمراہ ہو گی اور فتح و کامرانی اس کے قدم چومے گی۔ جہاں بھی وہ جائے گا ہر چیز اس کے آگے دست بستہ حاضر ہو گی۔ پہاڑ اس کی ٹھوکر سے اور سمندر اس کی ضرب سے راستہ چھوڑ دیں گے۔ اور وہ تجارت یہ ہے کہ سچے دل سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اپنے اموال اور اپنی جانیں اپنے رب کے راستہ میں قربان کر دو۔ بتایا کہ مال کو بچا بچا کر رکھنے میں تمہارا نفع نہیں بلکہ اس کی رضا کے لیے گھر بار لٹا دینا یہ تمہارے لیے سود مند ہے۔ جان کو بحفاظت رکھنے میں تمہاری سلامتی نہیں۔ تمہاری سلامتی اس میں ہے کہ اس کے نام کو بلند کرنے کے لیے اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہا دو اور اپنا سر قربان کر دو۔ تمہیں حیات جاوید بخش دی جائے گی۔ موت تمہارا دامن چھو تک نہ سکے گی۔

برتر از اندیشۂ سود و زیاں ہے زندگی
ہے کبھی جاں اور کبھی تسلیم جاں ہے زندگی (علامہ اقبال)

دنیوی زندگی میں۔ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اور اس کی مہربانی سے فتح و کامرانی بہت بڑی چیز ہے۔ بہر حال آخرت کی سرخروئی

الْاَنْهٰرُ وَ مَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾

نہریں اور پاکیزہ مکانوں میں جو سدا بہار باغوں میں ہیں ۔ یہی بڑی کامیابی ہے ۔

وَ اُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَ بَشِّرِ

اور ایک اور چیز جو تمہیں بڑی پسند ہے وہ بھی ملے گی، یعنی اللہ کی جناب سے نصرت اور فتح جو بالکل قریب ہے اور (اے حبیب!)

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ

مومنوں کو یہ بشارت سنا دیجیے ۔ اے ایمان والو! اللہ کے (دین کے) مددگار بن جاؤ ۱۴ جس طرح کہا تھا

عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ

عیسیٰ بن مریم نے اپنے حواریوں سے کون ہے میرا مددگار اللہ کی طرف بلانے میں؟ حواریوں نے

الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْۤ

جواب دیا ہم اللہ کے (دین کے) مددگار ہیں پس ایمان لے آیا ایک گروہ بنی

اس سے بھی اعلیٰ و افضل ہے اس لیے اس کے ذکر کو مقدم کیا۔

۱۴ اللہ تعالیٰ کو کسی کی مدد کی ضرورت نہیں۔ نہ اس کا کوئی کام ہماری اعانت کا محتاج ہے۔ جو لوگ دین کی سربلندی کے لیے کوشاں رہتے ہیں وہ گوناگوں برکات سے اپنی زندگی کو مالا مال کرتے ہیں اور محض اپنا اور اپنی آئندہ نسلوں کا بھلا کرتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کریم ہے۔ ان کے جذبۂ اخلاص کی قدر فرماتے ہوئے ان کو انصار اللہ کے معزز لقب سے یاد فرماتا ہے۔ یہ اس کی کمال مہربانی، شانِ بندہ پروری اور ذرہ نوازی ہے۔

حَوَارِيُّوْن : جمع ہے۔ اس کا واحد حواریؒ جو حوار سے مشتق ہے۔ حوار سفیدی کو کہتے ہیں۔ دھوبی کو عربی میں حواری کہتے ہیں کیونکہ وہ میلے کپڑوں کو پاک اور اجلا کرتا ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ابتدائی شاگرد دھوبی تھے اس لیے انہیں حواریون کہا گیا۔ بعد میں پُرخلوص دوست اور باوفا ساتھی کو حواری کہا جانے لگا۔

علامہ ابن منظور کہتے ہیں۔ التحویر: التبییض. والحواریون: القصارون لتبییضهم لانهم كانوا قصارين ثم غلب حتى صار كل ناصر وكل حميم حوارياً (لسان العرب)

إِسْرَآءِيلَ وَكَفَرَت طَّآئِفَةٌ ۖ فَأَيَّدْنَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَىٰ

اسرائیل سے اور کفر کیا دوسرے گروہ نے۔ پھر ہم نے مدد کی جو ایمان لائے دشمنوں کے

عَدُوِّهِمْ فَأَصْبَحُوا ظَاهِرِينَ ﴿۱۴﴾

مقابلہ میں بالآخر وہی غالب رہے ۲۴

۲۴۔ جب سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو مَنْ اَنْصَارِیْٓ اِلَی اللّٰہِ کہہ کر دعوتِ حق دی تو سلیم الطبع لوگ لبیک لبیک کہتے ہوئے حاضر ہوئے اور مشرف بایمان ہوئے لیکن بنی اسرائیل کے ہٹ دھرم اور ضدی لوگ چڑ گئے اور کفر پر آمادہ ہو گئے۔ اپنی سنت کے مطابق اللہ تعالیٰ نے ایمان دار گروہ کی امداد فرمائی اور ان کو غلبہ اور کامیابی سے سرفراز فرمایا۔

اللّٰھم اجعلنا من انصار نبیک المصطفیٰ ورسولک المجتبیٰ علیہ و علی آلہٖ افضل الصلوٰۃ و اجمل الثناء۔ وأیدنا علی جمیع اعداء دینک لیصبح بتائیدک ونصرتک ظاھرا علی الادیان کلھا انک علی کل شیئ قدیر۔

تعارف

سُورۃ الجُمُعَۃ

نام : اس سورۃ کی آیت نمبر ۹ میں "الجمعۃ" کا کلمہ ہے۔ اسی کو اس سورۃ کا نام تجویز فرمادیا گیا۔ اس میں دو رکوع، گیارہ آیتیں، ایک سو اسی کلمے اور سات سو بیس حروف ہیں۔

زمانہ نزول : حضرات ابن عباس، ابن زبیر، حسن، مجاہد، عکرمہ اور قتادہ بلکہ جمہور اُمت کے نزدیک اس کا نزول مدینہ طیبہ میں ہوا۔ اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جو صحیح بخاری میں ہے۔

حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ میں اس روز بارگاہ نبوت میں حاضر تھا جس روز سورۃ جمعہ نازل ہوئی اور سب کو علم ہے کہ حضرت ابوہریرہ صلح حدیبیہ کے بعد اور غزوۂ خیبر سے پہلے شرف بہ اسلام ہوئے اور غزوۂ خیبر ۷ھ میں ہوا ابن ہشام کے نزدیک محرم کا مہینہ تھا اور ابن سعد کے نزدیک جمادی الاولیٰ کا۔

نیز اس کے مضامین بھی اس کے مدنی ہونے کی تائید کرتے ہیں۔ اس میں یہودیوں کو خطاب کیا گیا ہے نیز جمعہ ادا کرنے کا تاکیدی حکم بھی ہے اور ان دونوں کا تعلق مدنی عہد سے ہے۔

مضامین : اللہ تعالیٰ کی تسبیح اور اس کی صفاتِ حمیدہ کے بیان سے اس سورۃ کا آغاز ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی شانِ رفیع کے حکم کے بعد اپنے محبوب کریم علیہ التحیۃ والصلوٰۃ کے محامد و کمالات بیان فرمائے ہیں۔ اُمیین کا ذکر کرکے یہود کے اس زعم باطل کی تردید فرمادی جو یہ خیال کیے ہوئے تھے کہ نبوت فقط اسرائیل کے خانوادہ کی جاگیر ہے۔ کوئی غیر اسرائیلی نبی نہیں بن سکتا۔ بتادیا کہ نبوت اللہ تعالیٰ کا فضل ہے اور وہ قادر و مختار ہے۔ جس کو چاہے اپنے فضل سے سرفراز فرمادے۔ نہ کوئی اس کو ایسا کرنے سے منع کرسکتا ہے اور نہ کسی کو اس کی اس عطا پر معترض ہونے کا اختیار ہے اس نے اپنی مہربانی سے اُمیین میں ایسا جلیل القدر، رفیع الشان رسول مبعوث فرمایا جس کی خیرات و برکات کا یہاں ذکرِ خیر ہو رہا ہے۔ جو آیاتِ ربانی پڑھ کر سناتا ہے۔ یہ وہ مینارہ ہے جس سے تاابد رُشد وہدایت کی شعاعیں نکلتی رہیں گی۔ اس کا فیضانِ نگاہ اس کے زمانے تک محدود نہیں بلکہ فیضان کا یہ چشمہ قیامت تک جاری رہے گا۔ جو خوش نصیب اس کی بارگاہ میں دامنِ طلب پھیلائے گا' بامراد واپس آئے گا۔

مشرکین عرب کے علاوہ یہودی بھی اسلام کی عداوت میں پیش پیش تھے۔ وہ ہر وقت اسی اُدھیڑبن میں مصروف رہتے کہ اسلام کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ کی چٹانیں کھڑی کردیں۔ بلکہ ان کا بس چلے تو باعثِ ایجادِ عالم محبوبِ رب العٰلمین

صلی اللہ علیہ وسلم کی شمعِ حیات کو ہی گُل کردیں۔ ان کے بارے میں بتادیا کہ اُن کا دعویٰ تو یہ ہے کہ وہ موسیٰ کلیم اللہ کی اُمّت ہیں۔ اُن کے پاس تورات جیسا آسمانی صحیفہ موجود ہے لیکن صد حیف انہیں اس سے استفادہ کی توفیق کبھی نصیب نہیں ہوئی۔ وہ اس کی آیتیں بیچ کر متاعِ دُنیا جمع کرنے میں لگے رہتے ہیں۔ ان کی مثال اُس گدھے کی ہے جس پر قیمتی علمی کتابوں کا بوجھ لدا ہوا ہو، لیکن اُسے یہ خبر نہ ہو کہ اس میں علم و حکمت کے کتنے قیمتی موتی موجود ہیں۔

ایک اور غلط فہمی بھی ان کی بدنصیبی کا باعث تھی۔ وہ اپنے آپ کو اللہ کا لاڈلا خیال کرتے تھے۔ کسی غیر اسرائیلی کا اتباع ان کے نزدیک ان کی توہین اور ہتک کا باعث تھا۔ بتادیا کہ تمہارا یہ گمان سراسر غلط ہے۔ دل کی گہرائیوں میں تم بھی اسے غلط سمجھتے ہو ورنہ تم موت سے نہ ڈرتے۔ تمہارے خیال کے مطابق تو چاہیے تھا کہ تم موت کے خواہاں ہوتے تاکہ اللہ تعالیٰ اپنے لاڈلوں کو اپنی نعمتوں سے سرفراز کرتا۔ تمہاری بزدلی کا تو یہ عالم ہے کہ خیبر جیسے مستحکم قلعے اور جنگی ہتھیاروں کے انبار بھی تمہیں مردِ میدان بننے کی عزت نہ بخش سکے۔

دوسرے رکوع کے مدنی ہونے میں تو کسی کو کلام نہیں لیکن بعض علماء کی یہ تحقیق ہے کہ اس کا نزول ہجرت کے فوراً بعد ہوا جب کہ مسلمانوں کو اجتماعی عبادتوں کی تربیت دینے کی ضرورت تھی۔ یہاں مسلمانوں کو نمازِ جمعہ کے آداب سکھائے جارہے ہیں اور تاکید کی جارہی ہے کہ جب اللہ کا حبیب خطبہ ارشاد فرمارہا ہو تو کسی دُنیوی مقصد کے حصول کی خاطر وہاں سے اُٹھ کر چلے نہ جایا کرو۔ البتہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد کسبِ معاش کے لیے اللہ کی زمین میں پھیل جاؤ اور ہر حالت میں کثرت سے اپنے اللہ کریم کا ذکر کیا کرو۔

سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰى عَشَرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ الجمعہ مدنی ہے اور اس کی ۱۱ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ

اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتی ہے ہر وہ چیز جو آسمانوں میں ہے اور ہر وہ چیز جو زمین میں ہے، جو بادشاہ ہے، نہایت مقدس ہے،

الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۱ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ

زبردست ہے حکمت والا ہے ۱؎ وہی (اللہ) جس نے مبعوث فرمایا اُمیوں میں ایک رسول انہیں میں سے

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَ

جو پڑھ کر سناتا ہے انہیں اس کی آیتیں اور پاک کرتا ہے ان (کے دلوں) کو اور سکھاتا ہے انہیں کتاب اور حکمت۔

۱؎ اس سے پہلی سورت میں سَبَّحَ ماضی کا صیغہ استعمال ہوا ہے۔ یہاں يُسَبِّحُ مضارع کا صیغہ ذکر ہوا جو حال و مستقبل دونوں زمانوں پر دلالت کرتا ہے تاکہ پتہ چل جائے کہ اس کی تسبیح زمانی حدود کی پابند نہیں۔ ازل سے کائنات کی ہر چیز اس کی تسبیح کر رہی ہے اور ابد تک ایسا ہی ہوتا رہے گا۔ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے وہ اپنی استعداد، اپنی مخصوص زندگی اور شعور کے مطابق اسی کی تسبیح بیان کرنے میں منہمک ہے۔

اس کے بعد چند اسمائے حسنہ ذکر کر دیئے گئے تاکہ اس ہمہ گیر تسبیح کی وجہ بتا دی جائے۔ وہ کائنات کا حقیقی بادشاہ اور فرمانروا ہے۔ جہانِ ہست و بود اور اس سے ماوراء اسی کی سلطانی کا ڈنکا بج رہا ہے۔ وہ قدوس ہے۔ ہر نقص سے پاک، بالکل پاک۔ نہ وہاں عجز کا شائبہ ہے نہ وہاں ظلم و تعدی کا احتمال ہے۔ وہ عزیز ہے۔ اس کا فیصلہ اٹل ہے۔ کسی کی مجال نہیں کہ اسے ٹال سکے یا مسترد کر سکے۔ وہ ان جملہ صفاتِ کمال سے متصف ہونے کے باوجود حکیم ہے۔ اس کے سارے کام عین حکمت، عین صواب ہیں۔

اس آیت کے بعد محبوبِ رب العالمین رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی بعثتِ مبارکہ کا ذکر آ رہا ہے۔ اس لیے اپنی صفاتِ جمال و جلال کو پہلے بیان کر دیا تاکہ کوئی کم فہم اس رسول کی شانِ رحمۃ للعالمینی کی وسعتوں کا انکار نہ کر سکے۔ کیونکہ اس کو بھیجنے والا وہ خداوند جل وعلا ہے جس کی صفات کا یہ عالم ہے۔

اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿۲﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا

اگرچہ وہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے ۲؎ اور دوسرے لوگوں کا بھی ان میں سے تزکیہ کرتا ہے تعلیم دیتا ہے جو

۲؎ اسی خداوند عالم نے جو ان صفات جمیلہ و جلیلہ سے متصف ہے ان اُمیوں میں سے ایک گرامی منزلت رسول مبعوث فرمایا۔ رسولاً منھم کی تشریح کرتے ہوئے علمائے تفسیر نے لکھا ہے۔ امی من جملتھم اُمیا مثلھم (مظہری۔ روح المعانی وغیرہ) یعنی حضورؐ انہی میں سے تھے اور ان کی طرح اُمی تھے۔

لفظ اُمی کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ ابن منظور لکھتے ہیں۔ والامی الذی لایکتب قال الزجاج الامی الذی علی خِلقَۃِ الاُمَّۃِ لم یتعلم الکتاب فھو علی جبلتہ وقیل للعرب الامیون لان الکتابۃ کانت فیھم عزیزۃ او عدیمۃ۔ یعنی اُمی وہ ہے جو لکھ نہ سکے۔ زجاج کہتے ہیں کہ امی اس کو کہتے ہیں جو اپنی پیدائش کے وقت کی حالت پر رہے۔ جس نے لکھنا نہ سیکھا ہو۔ اہل عرب کو بھی اُمیین کہا جاتا کیونکہ ان میں لکھنا نادر بلکہ معدوم تھا۔

علامہ سید محمود آلوسی تحریر فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو امی مبعوث کرنے میں اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرت کی طرف اشارہ ہے کہ جب وہ کسی کے سینے کو علوم و معارف سے لبریز کرتا ہے تو اسے تحصیل علم کے مروجہ طریقوں کی ضرورت نہیں رہتی اشارۃ الی عظیم قدرتہ عزوجل وان افاضۃ العلوم لاتتوقف علی الاسباب العادیۃ۔ اسی کے ضمن میں وہ لکھتے ہیں۔ اُمی ولی بھی ہو سکتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے ذکر اور یاد کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے اور اس کی روح ہر قسم کی آلائشوں سے پاک ہو جاتی ہے تو اس کے دل پر انوار الٰہیہ کا القا کیا جاتا ہے اور انہی انوار سے وہ علوم ربانیہ اور معارف لدنیہ کا ادراک کر سکتا ہے۔ ومن انقطع الی اللہ عزوجل وخلصت روحہ افیض الی قلبہ انوار الٰھیۃ تھیأت بھا بادراک العلوم الربانیۃ والمعارف اللدنیۃ۔

علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب لکھا ہے۔ لم یحتج الیہ من کان القلم الاعلی یخدمہ واللوح المحفوظ مصحفہ ومنظرہ۔ وعدم کتابۃ مع علمہ بھا معجزۃ باھرۃ علیہ السلام۔

یعنی قلم اعلیٰ جس کا خادم ہو اور لوح محفوظ جس کی نگاہوں میں ہو اس کو نوشت و خواند کی کیا ضرورت۔ اور جاننے کے باوجود نہ لکھنا یہ بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا روشن معجزہ ہے۔ کسی عارف نے لکھا ہے۔

فیض ام الکتاب پرورشش — لقب اُمی ازاں خدا کردش

لوح تعلیم ناگرفتہ بہ بر — ہمہ ز اسرار لوح دادہ خبر

بر خط او ست انس و جاں را سر — گر نہ خواند ست خط ازاں چہ خطر

ترجمہ: ام الکتاب (قرآن شریف) کے فیض نے کیونکہ آپ کی پرورش کی ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کا لقب اُمی رکھا ہے۔ اگرچہ آپ نے علم سیکھنے کی تختی اپنی بغل میں نہیں پکڑی لیکن لوح محفوظ کے تمام رازوں سے خبر دی ہے۔ انس و جن نے حضورؐ کے خط پر اپنے سر رکھ دیے ہیں۔ اگر ظاہری خط نہ پڑھے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو امی مبعوث کرنے میں یہ بھی حکمت ہے کہ کوئی شخص حضور پر یہ الزام نہ لگا سکے کہ جو حکیمانہ کلمات اور پاکیزہ تعلیمات آپ سکھاتے ہیں وہ حکماء کی کتابوں کے طویل اور عمیق مطالعہ کا نتیجہ ہے۔

جب اہل نظر یہ دیکھیں گے کہ اس ہستی نے کسی استاد کے سامنے زانوئے تلمذ تہ نہیں کیا۔ کبھی نہ کچھ لکھا اور نہ کچھ پڑھا پھر جو حکیمانہ کلام آپ سناتے ہیں یہ آپ کا کلام نہیں بلکہ رب العالمین کا کلام ہے۔

حضور کی رسالت کے فرائض کو اس آیت میں بڑی وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔ آپ کا پہلا فریضہ تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی آیاتِ طیبات کو اپنی پاکیزہ زبان سے تلاوت فرمائیں تاکہ وہ دلوں میں اُترتی چلی جائیں۔ صرف ان آیات کی تلاوت پر بس نہ کریں بلکہ اس کتاب کی انہیں تعلیم بھی دیں۔ اس کی حکمتوں اور اس کے اسرار و معارف سے آگاہ بھی کریں۔ صرف تلاوتِ آیات اور تعلیم کتاب و حکمت سے ہی فریضۂ رسالت ادا نہیں ہو جاتا، بلکہ اپنی نگاہِ رحمت سے دلوں کو ہر طرح کی آلائشوں سے پاک اور مطہر کر دیں۔ رسالتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا اجمل الصلوٰۃ واطیب السلام کی شان کا پتہ اسی وقت چلتا ہے جب انسان اس معاشرہ پر نظر ڈالتا ہے جو حضور کے قدوم میمنت لزوم سے مشرف ہوا۔ وہ لوگ پہلے کن گمراہیوں میں بھٹک رہے تھے۔ لیکن حضور کے فیضِ نظر سے ریگزارِ عرب کے حقیر ذرّے آفتاب و ماہتاب بن کر چمکنے لگے۔ علامہ اقبال فرماتے ہیں۔ ؎

نے نبود کہ ما از اثرِ حکمتِ او   واقف از سِرِّ نہاں خانۂ تقدیر شدیم

علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ یتلوا علیھم سے اس استفاضے کی طرف اشارہ کیا گیا جو زبانِ قال سے صحابہ کو نصیب ہوا اور یزکیھم سے اس قلبی فیضان کی طرف اشارہ فرما دیا جو نبوت کی نگاہِ فیض اثر اور توجہ باطنی سے انہیں میسر آتا تھا۔ اولیائے کرام اپنے مریدین پر اسی سنتِ نبوی کے مطابق انوار کا القاء کرتے ہیں یہاں تک کہ ان کے دل اور ان کے نفوس پاک اور طاہر بن جاتے ہیں۔

علامہ مذکور فیضانِ نگاہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ ومع ھذا لا انکر برکۃ کل من الامرین التوجہ والرابطۃ وقد شاھدت ذلک من فضل اللہ عزوجل۔ مرشدِ کامل کی توجہ اور تعلق خاطر کی برکت کا میں انکار نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے میں نے خود مشاہدہ کیا ہے۔ (روح المعانی)

بعض یہود نے اس آیت سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام صرف اُمّیین یعنی اہل عرب کی طرف رسول بنا کر بھیجے گئے تھے۔ لیکن یہ استدلال سراسر باطل ہے۔ اگر قرآن کریم میں الی الامیین ہوتا تو ان کے قول میں کچھ وزن ہوتا یہاں تو فی الامیین کے الفاظ ہیں اور اس میں کیا شک ہے کہ حضور کی بعثت امیین میں ہوئی۔ لیکن آپ کی بعثت ان امیین تک محدود نہ تھی جس طرح قرآن کریم میں متعدد مقامات پر تصریح کر دی گئی ہے۔ کافۃ للناس بشیرا ونذیرا۔ وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعٰلمین۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں المذکور فی الآیۃ قومہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وجنس الذین بعث فیھم واما المبعوث الیھم لم یتعرض لہ فیھا نفیا واثباتا وقد تعرض لاثباتہ فی آیات أخر۔ (روح المعانی)

نیز اس آیت کے متصل جو آیت ہے اس نے اس ضعیف احتمال کی بھی بیخ کنی کر دی ہے۔

يَلۡحَقُوۡا بِهِمۡ ؕ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۳﴾ ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ

ابھی ان سے آکر نہیں ملے ۳؎ اور وہی سب پر غالب، حکمت والا ہے ۴؎ یہ اللہ کا فضل ہے عطا فرماتا ہے اسے

مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ ﴿۴﴾ مَثَلُ الَّذِيۡنَ حُمِّلُوا

جسے چاہتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ صاحب فضل عظیم ہے ۵؎ ان کی مثال جنہیں تورات کا

التَّوۡرٰىةَ ثُمَّ لَمۡ يَحۡمِلُوۡهَا كَمَثَلِ الۡحِمَارِ يَحۡمِلُ اَسۡفَارًا ؕ بِئۡسَ

حامل بنایا گیا تھا پھر انہوں نے اس کا بار نہ اٹھایا اس گدھے کی سی ہے جس نے بھاری کتابیں اٹھا رکھی ہوں ۶؎ اس سے بھی زیادہ بری

۳؎ پہلے ذرا اس کے اعراب ملاحظہ فرمالیجیے۔ اگر اس کا معطوف علیہ امیین بنایا جائے تو اس صورت میں یہ فی کا مجرور ہوگا اور اگر اس کا معطوف علیہ یعلمھم میں ضمیر مفعول ہو تو اس صورت میں منصوب ہوگا۔ یعنی یعلمھم ویعلم الاٰخرین الکتاب والحکمۃ یعنی حضور ان امیین کو بھی کتاب و حکمت کی تعلیم دیتے ہیں اور ان کے دلوں کو پاک کرتے ہیں نیز جو لوگ قیامت تک حضور کے دین حنیف کو قبول کریں گے وہ بھی فیض نبوت سے فیض یاب ہوتے رہیں گے عوام بالواسطہ اور خواص بالواسطہ بھی اور براہ راست اور بلا واسطہ بھی۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں۔ اشارۃ الی عدم انقطاع فیضہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن امتہ الی یوم القیامۃ وقد قالوا بعدم انقطاع فیض الولی ایضا بعد انتقالہ من دار الکثافۃ والفناء الی دار التجرد والبقاء۔ یعنی اس سے یہ بھی پتہ چلا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فیض اپنی امت سے تا قیامت منقطع نہیں ہوگا اور صوفیائے کرام کہتے ہیں کہ ولی کا فیض بھی دار فنا سے دار بقا کی طرف انتقال کرنے کے بعد بھی منقطع نہیں ہوتا۔

۴؎ آخر میں پھر بتادیا کہ جس رب کریم نے ذات مصطفوی کو قیامت تک آنے والوں کے لیے منبع فیض اور مصدر رشد و ہدایت بنایا ہے جس نے اپنے محبوب کی ردائے رحمت کو اتنا وسیع کیا ہے کہ عالمین اس کے زیر سایہ ہیں۔ وہ العزیز اور الحکیم ہے۔ ہے کوئی جو اس العزیز کے سامنے دم مار سکے؟ ہے کوئی جو اس الحکیم کے فیصلہ میں عیب نکال سکے۔

۵؎ اس مقام پر اس آیت کا نازل ہونا اپنے اندر معانی و اسرار کا ایک جہان سمیٹے ہوئے ہے۔ سچ تو یہ ہے صاحب فضل عظیم پروردگار کے جود و کرم اور فضل و عطا کی بیکرانیوں کا اندازہ کچھ وہی خوش نصیب لگا سکتے ہیں جنہیں مقام محمدی کا عرفان بخشا گیا ہے۔ اللھم صل علی حبیبک ومحبوبک حامل لواء الحمد صاحب المقام المحمود وعلی الہ واصحابہ اجمعین اللھم ارزقنا حبہ و اتباعہ واحشرنا فی زمرتہ یا ارحم الراحمین یاذا الجلال والاکرام۔

۶؎ اس آیت میں ان یہودیوں کا ذکر کیا جارہا ہے جنہیں تورات جیسی عظیم کتاب کا حامل بنایا گیا تھا۔ وہ ان کثیر التعداد پیشگوئیوں سے آگاہ تھے جن میں رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کا ذکر تھا اور حضور پر ایمان لانے کی بار بار تاکید کی گئی تھی۔ اس کے باوجود وہ حضور پر ایمان لانے کے لیے آمادہ نہ تھے۔ انہیں اصرار تھا کہ وہ کسی ایسے نبی کو ماننے کے لیے تیار نہیں جو اسرائیلی نہ ہو خواہ وہ خدا کا فرستادہ ہو۔

مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

حالت ہے ان لوگوں کی جنہوں نے جھٹلایا اللہ کی آیتوں کو۔ اور اللہ تعالیٰ (ایسے) ظالموں کی

الظّٰلِمِيْنَ ۝۵ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ

رہنمائی نہیں کرتا ؎ آپ فرمایئے اے یہودیو! اگر تم دعویٰ کرتے ہو کہ صرف تم ہی اللہ کے دوست

لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶

ہو اور لوگ (دوست) نہیں ہیں تو ذرا مرنے کی آرزو تو کرو اگر تم سچے ہو۔

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗۤ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

اور (اے حبیب!) وہ اس کی تمنا کبھی نہ کریں گے بوجہ ان اعمال کے جو وہ اپنے ہاتھوں پہلے بھیج چکے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ خوب

بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۷ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ

جانتا ہے ظالموں کو ؎ آپ (انہیں) فرمایئے یقیناً وہ موت جس سے تم بھاگتے ہو وہ ضرور تمہیں مل کر رہے گی

فرمایا یہ لوگ گدھے کی مانند ہیں جس پر بڑی بڑی کتابیں لادی ہوں لیکن وہ اس سے کوئی فائدہ حاصل نہ کر رہا ہو۔ حملوا التوراۃ ای کلفوا العمل بما فیہا عن ابن عباس رضی اللہ عنہ۔

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ تورات پر عمل کرنے کا انہیں حکم دیا گیا تھا۔ قال الجرجانی وھو من الحمالۃ ای الکفالۃ۔ جرجانی کہتے ہیں حملوا حمالۃ سے ماخوذ ہے جس کا معنی کفالۃ یعنی ذمہ داری ہے۔ یعنی ان پر عمل کرنے کی ذمہ داری ڈالی گئی تھی۔ لم یحملوھا ای لم یعملوا بھا۔ یعنی انہوں نے اس پر عمل نہیں کیا تھا۔ الاسفار۔ اس کا واحد سِفْرٌ ہے۔ وھو الکتاب الکبیر یعنی ضخیم کتاب کو سِفْر کہتے ہیں۔

؎ یعنی جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں کی تکذیب کی وہ گدھوں سے بھی بدتر ہیں کیونکہ گدھے علم اور سمجھ سے بے بہرہ ہیں اور یہ لوگ علم و فہم رکھتے ہوئے بھی آیاتِ ربانی کو جھٹلاتے ہیں۔ وھو انھم کذبوا علی اللہ تعالیٰ کان فی غایۃ الشر والفساد۔ (رازی)

؎ یہود بڑے طمطراق سے یہ دعویٰ کیا کرتے تھے کہ نحن ابناء اللہ واحباءہ۔ ہم خدا کے بیٹے اور لاڈلے ہیں۔ نیز کہتے لن یدخل الجنۃ الا من کان ھودًا یعنی جنت میں صرف وہی داخل ہو سکے گا جو یہودی ہے۔ اس زعمِ باطل کی قلعی کھولی جا رہی ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ والذی نفس محمد بیدہ لو تمنوا الموت ما بقی علی ظہرھا یہودی الا مات۔ اس ذات کی قسم

ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ فَیُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

پھر لوٹا دیا جائے گا تمہیں اس کی طرف جو جاننے والا ہے ہر چھپے اور ظاہر کو۔ پس وہ آگاہ کرے گا تمہیں ان (اعمال) سے جو تم

تَعْمَلُوْنَ۠ ۝۸ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ یَّوْمِ

کیا کرتے تھے ۝ اے ایمان والو! جب (تمہیں) بلایا جائے نماز کی طرف جمعہ

الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَ ذَرُوا الْبَیْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ

کے دن تو دوڑ کر جاؤ اللہ کے ذکر کی طرف ۝۱۰ اور (فوراً) چھوڑ دو خرید و فروخت ۝۱۱ یہ تمہارے لیے بہتر ہے

ع ۱

جس کی قدرت میں میری جان ہے اگر وہ موت کی تمنا کرتے تو ان میں سے ایک بھی زندہ نہ رہتا۔

اس آیت میں حضور کا معجزہ بھی ہے۔ خبر دے دی کہ وہ موت کی تمنا کبھی نہ کریں گے اور واقعی وہ مرنے کی تمنا کبھی نہ کر سکے۔

۝ ان کا مرنا موت کی تمنا پر موقوف نہیں، وہ ہزار اس سے بھاگیں، وہ لاکھ اس سے بچنے کی کوشش کریں انہیں ضرور بالضرور لامحالہ ایک روز موت کا پیالہ پینا ہی پڑے گا۔

۝۱۰ اس رکوع میں نماز جمعہ کے احکام اور آداب کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ یہاں مخاطب صرف فرزندانِ اسلام ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے کہ اے ایمان والو! جب تم نماز جمعہ کی اذان سنو تو جلدی سے اللہ کے ذکر کی طرف پہنچنے کی کوشش کرو اور اسی وقت خرید و فروخت بند کر دو۔ نُوْدِیَ سے مراد جمعہ کی اذان ہے اور احناف کے نزدیک یہ پہلی اذان ہے جو خطبہ سے کچھ دیر پہلے دی جاتی ہے۔ اسعوا کا معنی دوڑنا یا بھاگنا نہیں ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھاگ کر نماز میں شرکت کرنے سے منع فرمایا ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ثوب بالصلوٰۃ فلا تأتوھا وانتم تسعون ولکن ائتوھا وعلیکم السکینۃ والوقار وما ادرکتم فصلوا وما فاتکم فاتموا یعنی سرکار دو عالم نے ارشاد فرمایا نماز کی اقامت سنو تو بھاگ کر نہ آؤ بلکہ بڑے سکون اور وقار کے ساتھ نماز کی طرف آؤ۔ جو رکعتیں مل جائیں وہ امام کے ساتھ پڑھو اور جو فوت ہو جائیں انہیں سلام کے بعد پورا کرو۔

اس لیے علماء نے سعی کا معنی یہ کیا ہے اخلاص النیۃ والعمل یعنی ارادہ کر لو اور وہاں جانے کی تیاری شروع کر دو۔

۝۱۱ صرف خرید و فروخت کو ختم کرنے یا بند کرنے کا حکم نہیں بلکہ تمام وہ مشاغل جو جمعہ کی حاضری میں رکاوٹ بن سکیں تمام کو ترک کرنا ضروری ہے اور خرید و فروخت کا خصوصی ذکر اس لیے ہوا کہ جمعہ کے روز لوگ باہر سے آتے اور بیچنے کے لیے اپنا سامان بھی لاتے اور شہر سے اپنی ضروریات خرید کر بھی لے جاتے ملحقہ بستیوں کے لوگوں کے آنے کی وجہ سے جمعہ کے دن بڑی چہل پہل ہو جاتی اور خرید و فروخت کا بازار خوب گرم ہو جاتا اس لیے خصوصیت سے وذروا البیع کا حکم فرمایا گیا۔

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٩﴾ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي

اگر تم (حقیقت کو) جانتے ہو۔[۱۲] پھر جب پوری ہو چکے نماز تو پھیل جاؤ

۱۲ یعنی خرید و فروخت اور جملہ مشاغل کو پس پشت ڈال کر مکمل تیاری سے نماز جمعہ میں حاضری تمہارے لیے تمام چیزوں سے زیادہ سود مند اور نفع بخش ہے۔

جمعہ کی وجہ تسمیہ اس کی ابتدا اور جمعہ کے بارے میں چند ضروری مسائل بالاختصار ذکر کر دیے جاتے ہیں:

زمانہ جاہلیت میں اس دن کو عروبہ کہا جاتا تھا۔ بعض روایات میں یہ ہے کہ حضور کے جد امجد کعب ابن لوی اس روز قریش کو اکٹھا کر کے خطبہ دیا کرتے تھے اور انہیں حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت کی خوشخبری سناتے اور انہیں تاکید کرتے کہ حضور پر ایمان لائیں اور حضور کی نصرت میں غفلت سے کام نہ لیں۔ ان کا ایک شعر بڑا مشہور ہے۔ ؎

یا لیتنی شاھداً نجوی دعوتہٖ اذا قریش تبغ الحق خذلانا

کاش میں حضور کی دعوت کے وقت حاضر ہوتا جب قریش حق کو ناکام بنانے کی کوشش کر رہے ہوتے۔ حضرت کعب نے ہی اس دن کا نام یوم الجمعہ رکھا لیکن اس نام کو شہرت نہ ہوئی۔ اہل عرب اسے یوم العروبہ ہی کہتے رہے۔ کعب ابن لوی اور حضور کی بعثت کے درمیان پانچ سو ساٹھ سال کا فاصلہ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تشریف آوری سے پہلے حضرت مصعب ابن عمیر کو تبلیغ کیلئے یثرب روانہ کیا تھا۔ ان کی مساعی جمیلہ سے یثرب کے کافی لوگوں نے اسلام قبول کر لیا۔ ان کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ ہفتہ میں یہودی ایک دن یوم سبت مل کر عبادت کرتے ہیں۔ اسی طرح نصاریٰ اتوار کو اجتماع کرتے ہیں۔ ہمیں بھی چاہیے کہ ہفتہ میں کوئی دن مقرر کریں۔ اس دن سب چھوٹے بڑے اکٹھے ہو کر اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اس کی عبادت کریں اور اس کا شکر ادا کریں۔ انہوں نے اپنے اس اجتماع کے لیے عروبہ کا دن منتخب کیا، چنانچہ اس روز یثرب کے سارے مسلمان اکٹھے ہوئے اور حضرت اسعد ابن زرارہ نے خطبہ دیا اور نماز پڑھائی۔ یہ پہلا جمعہ تھا جو ادا کیا گیا۔ حضرت کعب ابن مالک جب جمعہ کی اذان سنتے تو دعا مانگتے کہ اے اللہ سب پر اپنی رحمتیں نازل فرما۔ چنانچہ ان مسلمانوں کی ایمانی بصیرت نے دو چیزوں کی طرف ان کی رہنمائی کی۔ ایک یہ کہ انہیں ہفتہ میں ایک روز عبادت، ذکر اور شکر کے لیے مخصوص کرنا چاہیے۔ دوسری یہ کہ وہ دن ہفتہ اور اتوار نہیں ہونا چاہیے بلکہ ان کے علاوہ کوئی اور دن مقرر کرنا چاہیے۔ تاکہ ہماری ملی انفرادیت برقرار و نمایاں ہو۔ یہ فیصلہ انہوں نے از روئے اجتہاد کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اس اجتہاد پر مہر تصدیق ثبت کر دی اور اس وقت سے اس دن کا نام عروبہ سے یوم الجمعہ ہو گیا اور اسی نام کو پھر قبولیت عام اور شہرت دوام حاصل ہو گئی۔ رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ سے ہجرت کر کے تشریف لائے تو چند روز یثرب کی نواحی بستی قبا میں قیام فرمایا اور مسجد قبا کی بنیاد رکھی۔ سوموار، منگل، بدھ، جمعرات قبا میں ہی ٹھہرے اور جمعہ کے روز یہاں سے یثرب کی طرف روانہ ہوئے تاکہ اسے مدینہ طیبہ بننے کا شرف عطا فرمائیں۔ بنی سالم بن عوف کی وادی میں پہنچے تو نماز جمعہ کا وقت ہو گیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے وہیں توقف فرمایا، خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا اور نماز جمعہ پڑھائی۔ یہ پہلا جمعہ ہے جو حضور رحمت دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ادا کیا۔

چند مسائل

جمعہ فرض عین ہے۔ اس کی فرضیت کتاب وسنت اور اجماع امت سے ثابت ہے اور اس کا انکار کفر ہے۔ قرآن کریم کی یہ آیت جمعہ کی فرضیت کی محکم دلیل ہے۔ ارشاد ہے کہ جب نماز جمعہ کی اذان سنو تو سب کاروبار فوراً چھوڑ دو اور تیزی سے اس کو ادا کرنے کے لیے روانہ ہو جاؤ۔

سعی کا حکم اور خرید و فروخت چھوڑ دینے کا امر اس کی فرضیت پر واضح دلالت کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ بکثرت احادیث موجود ہیں جن سے اس کی فرضیت کا پتہ چلتا ہے۔ عن ابن عمر وابی ھریرۃ قالا سمعنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول علی اعواد المنبر لینتھین اقوام عن ودعھم الجمعات اولیختمن اللہ علی قلوبھم ثم لیکونن من الغافلین۔ (رواہ مسلم)

حضرت ابن عمر اور حضرت ابی ہریرہ کہتے ہیں ہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر بیٹھے ہوئے یہ فرماتے سنا جو لوگ جمعہ ترک کرتے ہیں وہ اس سے ضرور باز آجائیں ورنہ اللہ تعالیٰ ان کے دلوں پر مہر لگا دے گا اور وہ غافل ہو جائیں گے۔

عن ابی الجعد الضمری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من ترک ثلاث جمع تھاونا بھا طبع اللہ علی قلبہ۔ (ابوداؤد، ترمذی، نسائی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے نماز جمعہ کو معمولی اور حقیر سمجھتے ہوئے تین جمعے ترک کیے اللہ تعالیٰ اس کے دل پر مہر لگا دے گا۔

عن جابر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من کان یومن باللہ والیوم الاخر فعلیہ الجمعۃ الا مریض او مسافر او امرأۃ او صبی او مملوک فمن استغنی بلھو او تجارۃ استغنی اللہ عنہ۔ واللہ غنی حمید۔ (الدار قطنی)

حضرت جابر کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے اس پر جمعہ فرض ہے سوائے مریض، مسافر، عورت، نابالغ اور غلام کے۔ جو شخص کسی لہو ولعب یا تجارت کے باعث اس سے بے پرواہی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے بے پرواہی کرے گا اور اللہ تعالیٰ غنی اور حمید ہے۔

اس کے علاوہ اور بہت سی احادیث ہیں۔

علامہ پانی پتی یہ احادیث ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں فاجمع العلماء انہ فرض علی الاعیان وغلط من قال انھا فرض کفایۃ (مظہری)

ان تمام علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ ہر شخص پر جمعہ فرض ہے اور جس نے اس کو فرض کفایہ کہا ہے وہ بالکل غلط ہے۔

مسئلہ: جن لوگوں پر جمعہ فرض نہیں ہے یہ اگر ادا کریں گے تو ہو جائے گا۔ نابینا شخص جس کو پکڑ کر مسجد تک لے جانے والا کوئی نہ ہو اس کا شمار بھی بیماروں میں ہے۔ اس پر جمعہ فرض نہیں۔

مسئلہ: اس پر سب کا اتفاق ہے کہ صحرا میں جمعہ جائز نہیں اور جمعہ کے لیے جماعت شرط ہے۔ اس کے بعد اب اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ جمعہ کس مقام پر فرض ہے اور جمعہ کی جماعت میں کتنے لوگوں کی شرکت ضروری ہے۔ امام شافعی، امام احمد اور اسحاق کا قول یہ ہے کہ ایسا قریہ جہاں چالیس آزاد عاقل بالغ مرد مستقل طور پر اقامت گزیں ہوں وہاں جمعہ کی اقامت واجب ہے

اور ان کے نزدیک جماعت میں ایسے ہی چالیس آدمیوں کا ہونا ضروری ہے۔ امام مالک فرماتے ہیں کہ وہ قریہ جس میں مکانات متصل ہوں وہاں مسجد بھی ہو اور بازار بھی وہاں جمعہ واجب ہے۔ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مصر جامع کے بغیر جمعہ صحیح نہیں اور مصر جامع کی یہ تعریف کی گئی ہے المصر هو كل بلد فيها سكك واسواق ولها رساتيق ووالي ينصف المظلوم من الظالم او عالم يرجع اليه في الحوادث وقيل ما لا يسع اكبر مساجده اهله مصر۔ یعنی مصر اس شہر کو کہتے ہیں جس میں گلی کوچے ہوں' بازار ہوں' اس کے ساتھ چھوٹی چھوٹی آبادیاں ہوں۔ وہاں ایک والی ہو جو ظالم سے مظلوم کی دادرسی کرے یا وہاں ایسا عالم ہو جو ضرورت کے وقت اس کی طرف رجوع کیا جاسکے۔ بعضوں نے مصر کی یہ تعریف کی ہے کہ وہاں کی ساری آبادی وہاں کی مسجد میں نہ سماسکے۔

<u>مسئلہ</u>: مصر کے کسی حصہ میں جمعہ ادا کیا جاسکتا ہے اور وہ کھلا میدان جو اس شہر سے ملحق ہو وہاں بھی جمعہ جائز ہے۔ امام صاحب اس کی دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد میں صرف مسجد نبوی میں جمعہ ادا ہوتا تھا۔ اردگرد جو آبادیاں تھیں وہاں کے لوگ مدینہ آکر پڑھتے تھے۔ اگر دیہات میں جمعہ جائز ہوتا تو اہل قباء وہیں جمعہ ادا کرتے۔ مسجد نبوی کے علاوہ سب سے پہلے جہاں جمعہ قائم کیا گیا اس کے متعلق امام بخاری لکھتے ہیں۔ بجواثٰی قرية بالبحرين کہ پہلا جمعہ جواثی میں پڑھا گیا جو بحرین میں ایک قریہ ہے۔ اس سے ہر گاؤں میں جمعہ کے جواز پر استدلال نہیں کیا جاسکتا' کیونکہ قریہ کا استعمال مصر پر بھی ہوتا رہتا ہے۔ لولا نزل هذا القرآن على رجل من القريتين عظيم یہاں مکہ اور طائف کو قریہ کہا گیا ہے' حالانکہ طائف کے مصر ہونے میں کوئی اختلاف نہیں نیز جواثی کوئی ایسا دیہات نہ تھا جس پر مصر کی تعریف نہ صادق آتی ہو۔ علامہ جوہری نے الصحاح میں لکھا ہے ان جواثی حصن بالبحرين کہ بحرین میں ایک قلعہ ہے جس کا نام جواثی ہے۔ اور جہاں قلعہ ہوتا ہے وہاں حاکم بھی ہوتا ہے اور عالم بھی۔ وفي المبسوط انها مدينة بالبحرين۔

امام یوسف' امام محمد' اوزاعی کے نزدیک امام سمیت تین آدمیوں کا جماعت میں شریک ہونا ضروری ہے۔ امام صاحب کے نزدیک امام سمیت چار آدمیوں کا ہونا ضروری ہے۔

<u>مسئلہ</u>: امام صاحب کے نزدیک والی کا ہونا یا اس کا اذن جمعہ کی صحت کے لیے شرط ہے اور امام مالک' شافعی اور امام احمد کے نزدیک شرط نہیں۔

<u>مسئلہ</u>: امام صاحب کے نزدیک جمعہ کی ادائیگی کے لیے اذن شرط ہے۔

<u>مسئلہ</u>: اگر کوئی شخص کسی گاؤں میں مقیم ہے کیا اس پر واجب ہے کہ وہ شہر میں جاکر جمعہ ادا کرے؟ امام صاحب اور امام محمد صاحب کے نزدیک اس پر شہر میں آکر جمعہ ادا کرنا واجب نہیں۔ البتہ امام یوسف' امام شافعی' امام احمد اور اسحاق کا فتویٰ یہ ہے کہ اگر اس گاؤں تک شہر کے مؤذن کی آواز پہنچتی ہے تو اس پر جمعہ فرض ہے ورنہ نہیں۔ امام مالک کا بھی یہی قول ہے۔

<u>مسئلہ</u>: امام شمس الائمہ سرخسی کہتے ہیں کہ حضرت امام صاحب کے مذہب کے مطابق ایک شہر میں متعدد مقامات پر نماز جمعہ ادا کی جاسکتی ہے۔ ابن ہمام کہتے ہیں وبه نأخذ ہمارا اسی پر عمل ہے' لیکن یہ خیال رہے کہ بلاضرورت ہر جگہ جمعہ کی نماز ادا کرنا اس حکمت کے منافی ہے جس کے لیے جمعہ جاری کیا گیا تھا۔ قال سرخسي الصحيح من مذهب ابي حنيفة جواز اقامتها في مصر

والحد في مسجدين او اكثر وقال ابن همام وبه نأخذ۔

مسئلہ : علامہ ابن ہمام کہتے ہیں کہ اگر لوگوں پر جمعہ کی شرائط کا پایا جانا مشتبہ ہو جائے تو انہیں چاہیے کہ نماز جمعہ کے بعد چار رکعت پڑھیں اور اس کی نیت یوں کریں۔ آخری فرض ظہر جس کا وقت میں نے پایا ہے اور اس کو ادا نہیں کیا اس کو ادا کر رہا ہوں۔ اگر وہاں جمعہ کی شرائط فی الواقع پائی جاتی ہوں گی تو یہ نفل ہو جائے گی اور اگر کوئی شرط مفقود ہوگی تو یہ ظہر کے قائم مقام ہو جائے گی۔ قال ابن همام اذا اشتبه على الناس وجود شرائط الجمعة ينبغي ان يصلى اربعا بعد الجمعة ينوي بها اٰخر فرض ظهر ادركتُ وقتهٗ ولم اُؤد بعد۔

مسئلہ : انعقاد جمعہ کے لیے خطبہ شرط ہے۔ خطبہ کے بغیر جمعہ نہیں ہو سکتا۔ خطبہ میں پانچ چیزوں کا ہونا ضروری ہے۔ حمد باری تعالیٰ درود و سلام، تقویٰ کی وصیت، قرأت قرآن اور اہل ایمان کے لیے دعا۔

خطبہ میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر، خلفائے راشدین اور صحابہ کرام کا ذکر سب ذکر الٰہی میں داخل ہیں۔ لیکن اس میں ظالم بادشاہوں یا اُمرا کا ذکر، ان کے القاب، ان کی ثنا اور ان کی مدح کا اللہ کے ذکر کے ساتھ دور کا واسطہ بھی نہیں۔ اما ذكر الظلمة والقابهم والثناء عليهم والمدح لهم فهو بعيدٌ من ذكر الله بمراحل معاذ الله۔

مسئلہ : اگر امام کے سلام پھیرنے سے پہلے کوئی آدمی شریک ہو جائے گا تو وہ اٹھ کر دو رکعت ہی پڑھے گا۔ امام صاحب کے نزدیک اس کی نماز جمعہ ادا ہو جائے گی۔ بعض ائمہ فقہ کے نزدیک اگر نماز جمعہ کی ایک رکعت امام کے ساتھ پالے گا تو اس کی نماز جمعہ ہوگی ورنہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد ظہر کی چار رکعتیں ادا کرے گا۔

چند چیزیں نماز جمعہ کے لیے مسنون ہیں۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے کرنے کے متعلق ارشاد فرمایا ہے۔ جمعہ کے روز غسل کرے۔ حضرت ابن عمر فرماتے ہیں قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا جاء احدكم الى الجمعة فليغتسل۔ (متفق علیہ) جب کوئی شخص نماز جمعہ ادا کرنے کے لیے آئے تو غسل کرے۔ نئے یا دھلے ہوئے کپڑے پہننا، مسواک کرنا، خوشبو لگانا مسنون ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من اغتسل يوم الجمعة واستاك ومس من طيب ان كان عنده ولبس من احسن لباسه ثم خرج حتى يأتي المسجد فلم يتخط رقاب الناس ثم ركع ماشاء الله ان يركع فانصت اذا خرج الامام كانت كفارة ما بينها وبين الجمعة التي قبلها (ابوداؤد)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے، مسواک کرے اگر اس کے پاس خوشبو ہو تو وہ لگائے اور اچھا لباس پہنے پھر گھر سے نکل کر مسجد کی طرف آئے پھر لوگوں کی گردنوں کو پھاندتا ہوا آگے نہ جائے اور پھر اللہ کی توفیق سے نفل پڑھتا ہے اور جب امام خطبہ دینے کے لیے آئے تو خاموشی سے بیٹھ جائے تو اس کا یہ عمل کفارہ بن جائے گا ان کوتاہیوں اور غفلتوں کا جو گزشتہ جمعہ سے اس جمعہ تک اس سے سرزد ہوئی ہیں۔

جمعہ کے دن کی فضیلت کے بارے میں متعدد احادیث مذکور ہیں۔ ان میں سے چند آپ بھی سماعت فرمائیے۔ عن اوس بن اوس قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من افضل ايامكم يوم الجمعة فيه خلق آدم وفيه قبض وفيه النفخة وفيه الساعة فاكثروا علي من الصلوٰة فان صلوٰتكم معروضة علي قالوا يا رسول الله فكيف تعرض صلوٰتنا عليك وقد

الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا

زمین میں اور تلاش کرو اللہ کے فضل سے ١٣ اور کثرت سے اللہ کی یاد کرتے رہا کرو ١۴

ارمت قال ان اللہ تعالیٰ حرم علی الارض اجساد الانبیاء۔ (ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، دارمی)

اوس بن اوس کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے دنوں میں سب سے افضل جمعہ کا دن ہے۔ اسی دن آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اسی دن وفات پائی۔ اسی دن صور پھونکا جائے گا مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو کیونکہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ وصال کے بعد حضور پر کیسے پیش کیا جائے گا جبکہ آپ خاک میں مل چکے ہوں گے۔ حضور نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیاء کے جسموں کو کھائے۔

اس ارشاد سے حضور نے صحابہ کی اس غلطی کی اصلاح کر دی۔ ایک دوسری حدیث سماعت فرمائیے۔ عن ابی درداء قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثروا الصلوٰۃ علی یوم الجمعۃ فانہ مشھود یشھدہ الملئکۃ۔ وان احدا لم یصل علی الا عرضت علی صلوتہ حتی یفرغ منھا۔ قال قلت وبعد الموت قال ان اللہ حرم علی الارض اجساد الانبیاء فنبی اللہ حی یرزق۔ (رواہ ابن ماجہ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جمعہ کے دن کثرت سے مجھ پر درود پڑھا کرو کیونکہ اس دن کثرت سے ملائکہ حاضر ہوتے ہیں اور جب بھی کوئی شخص مجھ پر درود پڑھتا ہے تو اس کے فارغ ہونے سے پہلے وہ درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ میں نے عرض کیا وفات کے بعد بھی؟ حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کے اجساد کو حرام کر دیا ہے۔ پس اللہ کا نبی (اپنے مزار میں) زندہ ہے اسے رزق دیا جاتا ہے۔ اور حدیث شریف میں یہ بھی ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات فوت ہوتا ہے قبر کے فتنے سے اللہ پاک اسے محفوظ رکھتا ہے۔

اس کے علاوہ مزید مسائل کے لیے کتب فقہ کی طرف رجوع کریں۔

١٣ ارشاد ہے کہ جب نماز جمعہ سے فارغ ہو جاؤ تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ تعالیٰ کا فضل تلاش کرو۔ یہ حکم وجوب کے لیے نہیں بلکہ اباحت کے لیے ہے کیونکہ جمعہ کی اذان کے بعد کاروبار سے منع کر دیا گیا تھا اب اس کی اجازت دی گئی ہے اور کئی سلف صالحین کا یہ معمول تھا کہ وہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد اس حکم کی تعمیل میں بازار کا چکر لگایا کرتے تھے تاکہ اس حکم کی تعمیل ہو جائے۔

١۴ اللہ تعالیٰ کے ذکر کو صرف نماز تک محدود نہیں رکھنا چاہیے بلکہ جب بھی موقع ملے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا چاہیے۔ آپ کوئی کام کر رہے ہوں اس وقت بھی آپ کو اللہ کے ذکر سے اپنی زبان کو تر و تازہ رکھنا چاہیے۔

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰﴾ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا

تاکہ تم فلاح پاؤ ۔ ﴿۱۵﴾ اور (بعض لوگوں نے) جب دیکھا کسی تجارت یا تماشا کو تو بکھر گئے اس کی طرف

وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ۭ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ

اور آپ کو کھڑا چھوڑ دیا۔ (اے حبیب!) انہیں، فرمائیے کہ جو نعمتیں اللہ کے پاس ہیں وہ کہیں بہتر ہیں لہو اور

التِّجَارَةِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾

تجارت سے۔ اور اللہ تعالیٰ بہترین رزق دینے والا ہے ﴿۱۶﴾

﴿۱۵﴾ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل اور اس کے ذکر کی کثرت سے ہی فلاحِ دارین نصیب ہو سکتی ہے۔

﴿۱۶﴾ اس آیت میں ایک واقعہ کی طرف اشارہ کر دیا جو ہجرت کے فوراً بعد پیش آیا تھا اور اس کے ذکر سے مسلمانوں کی تربیت فرما دی کہ آئندہ ان سے ایسی حرکت ہرگز سرزد نہ ہو۔

مدینہ طیبہ میں سخت قحط پڑا۔ اشیائے خورد و نی نایاب اور گراں ہو گئیں۔ لوگ اس سلسلے میں بہت پریشان ہو گئے۔ اچانک جمعہ کے روز جبکہ حضور خطبہ ارشاد فرما رہے تھے، دحیہ کلبی ابن خلیفہ سامانِ تجارت لے کر شام سے مدینہ طیبہ پہنچا۔ ابھی یہ مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ انہوں نے اپنی آمد کی اطلاع اہل شہر کو دینے کے لیے ڈھول بجانے شروع کر دیے۔ جب حاضرینِ مسجد نے ڈھولوں کی آواز سنی اور دحیہ کی واپسی کا علم ہوا تو اس اندیشے سے کہ اگر وہ نماز میں مشغول رہے تو سامانِ خورد و نوش دوسرے لوگ خرید لیں گے اس لیے وہ فوراً وہاں پہنچے اور حضور کی خدمت میں صرف بارہ آدمی رہ گئے جن میں حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی مرتضیٰ شامل تھے۔ اللہ تعالیٰ کو مسلمانوں کی یہ حرکت سخت ناپسند ہوئی اور یہ آیت نازل ہوئی۔ اس میں ان کو اس حرکت کی قباحت کی طرف متوجہ کیا گیا اور انہیں آئندہ اس سے باز رہنے کا تاکیدی حکم دیا گیا۔ انہیں یہ بتایا گیا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے پاس نعمتوں کے جو خزانے ہیں وہ اس لہو و لعب اور اس تجارت سے افضل اور اعلیٰ ہیں۔ رزق کے خزانے اس کے دستِ قدرت میں ہیں۔ تمہیں اپنا رزق اس سے طلب کرنا چاہیے۔

آخر میں ایک اعتراض اور اس کے جواب کا ذکر ضروری سمجھتا ہوں۔

شیعہ کی طرف سے صحابہ کرام پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ انہوں نے لہو و تجارت کے لیے نماز جمعہ ترک کر دی اور اس حال میں مسجد سے نکل کھڑے ہوئے جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ اس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ ان کے دل میں دین و آخرت سے دنیا اور سامانِ رزق کی قدر و منزلت بہت زیادہ تھی۔ اسی لیے تو وہ حضور کو مسجد میں کھڑے چھوڑ کر چلے گئے۔

اس کے بارے میں گزارش ہے کہ اکابر صحابہ جن میں خلفائے راشدین اور عشرہ مبشرہ تھے وہ سب حاضر رہے ــــ چنانچہ باقی رہنے والوں میں ان کے اسماء صراحت سے درج ہیں۔ نیز یہ واقعہ ہجرت کے بعد بالکل قریبی دور کا ہے جبکہ لوگوں کو صحبتِ نبوی سے

فیض یاب ہونے کا موقع بہت کم ملتا تھا۔ اور یہ کمال تو حضور کی چشم کرم کا تھا کہ ان کے دلوں میں بجز اللہ تعالیٰ کی یاد کے اور کسی قسم کی حسرت باقی نہ رہی تھی۔ اس مقام تک پہنچنے کے لیے تربیت کی ضرورت تھی۔ اس کے لیے وقت درکار تھا۔ اس اثنا میں ان سے لغزش کے صدور کا قوی امکان تھا۔ جب کبھی ان سے ایسی لغزش ہوئی فوراً اس پر انہیں متنبہ کر دیا گیا اور ان کی اصلاح کر دی گئی۔

اس پیہم تربیت اور فیض صحبت نے وہ اثر دکھایا کہ انہوں نے جانبازی اور سرفروشی کے میدان میں ایسے عدیم المثال کارہائے نمایاں انجام دیے کہ آسمان کے ستارے، عالم بالا کے ملائک اور بہشت بریں کی بہاریں جھوم اٹھیں۔ سروش غیب نے انہیں لقد رضی اللہ عن المؤمنین کا مژدہ جانفزا سنایا۔ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا کی ایمان افروز نوید فردوس گوش بنی۔ اس سے بڑھ کر بے انصافی اور کیا ہو سکتی ہے کہ ایک شخص کے طالب العلمی کے زمانہ کی کوتاہیاں بیان کر کے اس کی علمی بزرگی اور اخلاقی فضیلت پر زبان طعن دراز کی جائے۔ یہ کس نے کہا ہے کہ صحابہ کرام اس اسلامی تربیت سے پہلے ہی ہمہ صفت موصوف تھے۔ یہ کس نے دعویٰ کیا ہے کہ آغوش رسالت کی برکتوں کے بغیر ہی ان میں للہیت و ایثار خلوص اور تقویٰ کے آثار نمایاں ہو گئے تھے۔ یہ سب کمالات قرآن کریم، حامل کتاب مبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہ کیمیا اثر کا نتیجہ ہیں۔

◎

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ۔

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰي سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ سَيِّدِيْ وَمَوْلَائِيْ وَحَبِيْبِيْ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَمَنْ تَبِعَهٗ اِلٰي يَوْمِ الدِّيْنِ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

○

تعارف

سُورۃ المُنافِقون

نام : پہلی آیت کی ابتدا میں المنافقون کا لفظ ہے۔ نیز اس سورۃ میں منافقین کے احوال ہی بیان کیے گئے ہیں۔ اس لیے اس کا نام المنافقون رکھا گیا۔ اس میں دو رکوع، گیارہ آیتیں، ایک سو اسی کلمے اور نو سو تہتر حروف ہیں۔

نزول : غزوۂ بنی مصطلق ۵ھ میں واقع ہوا۔ یہ سورت ایک ایسے حادثہ کے بارے میں نازل ہوئی جو اس وقت پیش آیا جب مسلمان اس غزوہ میں فتح یاب ہونے کے بعد مریسیع نامی ایک کنوئیں پر ٹھہرے ہوئے تھے۔ اس لیے اس سورت کے بارے میں وثوق سے کہا جاسکتا ہے کہ ہجرت کے چھٹے سال جنگ سے واپسی کے سفر میں یا مدینہ طیبہ میں پہنچنے کے فوراً بعد اس کا نزول ہوا۔

فتنۂ نفاق کا تاریخی جائزہ : اس واقعہ کے اسباب وعلل کو پوری طرح سمجھنے کے لیے ہمیں فتنۂ نفاق کی تاریخ کا مطالعہ کرنا پڑے گا۔ تب ہی ہم اس واقعہ کی سنگینی کا صحیح اندازہ لگا سکتے ہیں۔

یہ تو آپ جانتے ہیں کہ یثرب میں دو قبیلے اوس اور خزرج آباد تھے۔ ان میں دیرینہ رنجشیں اور رقابتیں تھیں جو معمولی بات پر جنگ کے شعلوں میں بدل جاتیں اور جب ایک مرتبہ جنگ کے شعلے بھڑک اٹھتے تو پھر برسوں بجھنے کا نام نہ لیتے۔ مسلسل خانہ جنگی کے باعث دونوں قبیلے کمزور ہو گئے تھے، صلح وامن سے زندگی بسر کرنے کی خواہش انکے دلوں میں چٹکیاں لینے لگی تھی، لیکن ان میں کوئی ایسی شخصیت نہ تھی جو دونوں قبیلوں کے لیے قابلِ قبول ہو۔ آخر کار عبداللہ ابن ابی جو خزرجی تھا۔ وہ ایک ایسے قائد کی حیثیت سے ابھرا جس کی قیادت پر دونوں قبیلے متفق ہو گئے۔ اس کی تاجپوشی کی رسم ادا ہونے والی تھی۔ اس کے لیے تاج سنار کے پاس بن رہا تھا۔ اس اثنا میں یثرب کی فضا میں اسلام کے اثرات بڑی قوت سے نمودار ہونے لگے۔ عقبۂ اولیٰ میں چند یثربی مشرف باسلام ہوئے۔ واپس آکر انہوں نے بڑی گرمجوشی سے اسلام کی تبلیغ شروع کی۔ دوسرے سال اسی موقع پر دونوں قبیلوں کے پچھتر افراد مکہ پہنچے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دستِ حق پرست پر اسلام کی بیعت کی۔ ان میں سے حضرت عباس ابن عبادہ بن نضلہ انصاری بھی تھے۔ ان کی رائے یہ تھی کہ ابھی بیعت نہ کی جائے۔ عبداللہ ابن ابی کو بھی اس میں شریک کر لیا جائے تاکہ اتحاد و تعاون کی جو فضا یثرب میں بڑی مدت کے بعد پیدا ہوئی ہے اس میں کوئی بدمزگی رونما نہ ہو لیکن دوسرے ساتھیوں نے ان کی اس تجویز کو کوئی اہمیت نہ دی اور سب نے شرفِ بیعت حاصل کر لیا جب یہ قافلہ واپس یثرب پہنچا اور عبداللہ بن ابی اور اس کے حواریوں کو اس کا علم ہوا تو ان کے غم و غصہ کی کوئی حد نہ رہی۔

اُسے یقین ہوگیا کہ اس کی تاجپوشی کی رسم اب کبھی ادا نہ ہوگی۔ یہاں کے مُسلمان جن میں اوس وخزرج کے رؤسا بھی شامل تھے، حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر کسی دُوسرے کو اپنا رئیس بنانا ہرگز پسند نہ کریں گے۔ معاہدہ کے مطابق مکّہ سے ہجرت کا سلسلہ شروع ہوا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی کچھ عرصہ کے بعد ہجرت کر کے یثرب تشریف لے گئے۔ حضور کے قدم رنجہ فرمانے سے یثرب مدینۃ النبی بن گیا۔ عبداللہ اور اس کے ہمراز ساتھیوں نے جب اپنے آقا کے ساتھ مسلمانوں کی والہانہ محبت کو دیکھا تو انہوں نے اپنا بھلا اسی میں سمجھا کہ وہ بھی مسلمانوں میں شامل ہوجائیں۔ ظاہری طور پر انہوں نے کلمۂ شہادت بھی پڑھ لیا۔ نمازوں میں بھی حاضر ہوتے، بادلِ نخواستہ زکوٰۃ بھی دیا کرتے، لیکن حضور اور اسلام کے بارے میں بُغض وعناد کے جذبات شدت اختیار کرتے گئے۔ وہ اس گھات میں رہتے کہ مُسلمانوں میں کوئی فتنہ کھڑا کر کے ان کی جمعیت کو منتشر و پراگندہ کردیں اور دوبارہ ایسے حالات پیدا ہوجائیں کہ اوس وخزرج دونوں قبیلے حضور سے مایوس ہوکر عبداللہ ابن ابی کو اپنا قائد اور رئیس تسلیم کرلیں۔ لیکن عبداللہ تھا بڑا عیّار، جب بھی اسے موقع ملتا وہ اپنی جھوٹی عقیدت کو بڑے زوردار الفاظ سے ظاہر کرتا۔ تاکہ اس کے دل کا کھوٹ لوگوں پر عیاں نہ ہونے پائے۔ اُس نے یہ معمول بنا رکھا تھا کہ جُمعہ کے روز جب مدینہ اور مضافات کے تمام مسلمان اپنے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیچھے نمازِ جُمعہ ادا کرنے کے لیے جمع ہوتے تو یہ بھرے مجمع میں اُٹھ کر یہ اعلان کرتا۔ بھائیو! یہ اللہ کے رسول ہیں جو ہمارے درمیان جلوہ فرما ہیں۔ ان کی ذات سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں عزت اور شرف بخشا ہے۔ آپ لوگ دل وجان سے ان کی تائید کریں۔ ان کے ہر ارشاد کو گوشِ ہوش سے سُنا کریں اور جو حکم دیں اس کی تعمیل کیا کریں۔ اس کے باوجود بسا اوقات اُس کے دل میں چھپا ہُوا بغض آشکارا ہوجاتا۔ ایک دفعہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لے جارہے تھے کہ راستہ میں اس سے مڈبھیڑ ہوگئی۔ اُس نے بڑی بدتمیزی کا مظاہرہ کیا۔ حضور علیہ السلام نے سعد ابن عبادہ کو بُلا کر شکایت کی۔ انہوں نے عرض کیا یارسُول اللہ یہ شخص قابلِ رحم ہے۔ حضور کی آمد سے پہلے اس کے لیے تاج بن رہا تھا اور اس کی تاجپوشی کی تقریب منانے کی تیاریاں ہورہی تھیں۔ حضور کے آنے سے اس کے سارے خواب پریشان ہوگئے اور اسکے پروگرام دھرے کے دھرے رہ گئے۔ یہ تو سمجھتا ہے کہ حضور نے اس کا تاج اور تخت چھین لیا ہے۔ اس لیے اس سے نرمی کا برتاؤ ہی بہتر ہے۔

جنگِ بدر کے بعد یہُودی قبیلہ بنی قینقاع نے عہد شکنی کی تو حضور نے اُن کی گوشمالی کے لیے ان پر چڑھائی کا ارادہ فرمایا۔ یہ منافق اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکا اور ان کی حمایت کے لیے تیار ہوگیا اور حضور کی زرہ کے دامن کو پکڑ کے کھینچ کر کہنے لگا۔ یہ قبیلہ سات سو جنگجو مردوں پر مشتمل ہے۔ یہ میرے حلیف ہیں، میرے اشارہ پر سر بکف میدان میں آکُودتے ہیں۔ کیا آپ میرے حلیفوں کو ایک دن میں ہی قتل کردینا چاہتے ہیں۔

جنگِ اُحد کا معرکہ مُسلمانوں کے لیے انتہائی کرب واضطراب کا باعث تھا۔ کفارِ مکّہ تین ہزار کا لشکرِ جرار لے کر مدینہ طیبہ پر دھاوا بولنے کے ارادہ سے بڑھے آرہے تھے۔ مُسلمان مجاہدین کی تعداد صرف ایک ہزار تھی۔ مدینہ کی چھوٹی سی بستی سے اس سے زیادہ جنگجو افراد کا ملنا ممکن نہ تھا۔ ان میں سے تین سو عبداللہ ابن ابی کے حواری تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ایک ہزار کے لشکر

کو لے کر میدانِ اُحد کی طرف روانہ ہوئے تو عبداللہ اپنے تین سو حواریوں سمیت الگ ہو گیا اور مدینہ واپس لوٹ آیا۔ آپ خود اندازہ لگائیے کہ مسلمانوں پر کیا گزری ہو گی۔ پہلے ہی مسلمانوں کی تعداد دشمن کے مقابلہ میں بہت کم تھی عین لڑائی کے وقت تین سو ساتھیوں کا الگ ہو جانا مسلمانوں کے صبر و شکیب کی بڑی سخت آزمائش تھی لیکن اس ظالم کو ایسی بے وفائی سے ذرا شرم نہ آئی۔

اس کا نفاق جس کو وہ اب تک بڑی ہوشیاری اور عیاری سے چھپائے ہوئے تھا مسلمانوں پر ظاہر ہو گیا۔ جنگ اُحد کے بعد نمازِ جمعہ کے لیے لوگ مسجد میں جمع ہوئے تو حسبِ معمول اس نے وہی جملے دہرانے چاہے جو ہر جمعہ کو وہ دہرایا کرتا تھا تو ایک مسلمان نے اُسے جھڑک کر کہا: کم بخت بیٹھ جاؤ تمہیں ایسی باتیں اب زیب نہیں دیتیں۔ اس نے اس چیز کو اپنی توہین خیال کیا اور بڑبڑاتا ہوا لوگوں کے سروں سے پھلانگتا ہوا مسجد سے نکل گیا۔ مسجد کے دروازہ پر بعض انصار نے اُسے ایسا کرنے سے منع کیا اور اُسے نصیحت کی کہ ابھی حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی اس غلطی کی معافی مانگ لو۔ وہ بگڑ کر بولا: میں ان سے معافی مانگنے کے لیے ہرگز تیار نہیں ہوں۔ (ابن ہشام)

غزوہ بنی نضیر کے بارے میں آپ سورۂ حشر کے ضمن میں پڑھ چکے ہیں۔ اس موقع پر بھی اس کا نفاق کھل کر سامنے آ گیا۔ بنی نضیر کی عہد شکنی اور غداری کی سزا دینے کے لیے جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کے خلاف اعلانِ جنگ کر دیا تو اس خبیث نے انہیں کہلا بھیجا کہ گھبراؤ مت میں اور میرے ساتھی تمہارے ساتھ شانہ بشانہ میدانِ جنگ میں مسلمانوں کا مقابلہ کریں گے اور مسلمانوں کو چھٹی کا دودھ یاد آ جائے گا۔ اور اگر ہمیں شکست ہوئی اور تمہیں یہاں سے جلا وطن ہونا پڑا تو تنہا تم ہی مدینہ کو نہیں چھوڑو گے ہم بھی تمہارے ساتھ مدینہ سے چلے جائیں گے۔ ان کی اس سازش سے یہود کے حوصلے کتنے بلند ہو گئے ہوں گے اور مسلمانوں کو کتنی مشکل کا سامنا کرنا پڑا ہو گا اس کا اندازہ بہ آسانی لگایا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو ان کی اس سازش سے مطلع فرما دیا۔ اس طرح ان کی منافقت کا بھانڈا چوراہے میں پھوڑ ڈالا۔

اگرچہ حضور علیہ السلام اور سارے مسلمانوں پر ان لوگوں کی منافقت ظاہر ہو چکی تھی، لیکن مصلحت کا تقاضا یہی تھا کہ ان کو کلیتہً اسلام سے خارج کرنے کا اعلان نہ کیا جائے۔ بیرونی دشمنوں سے جنگوں کا سلسلہ جاری تھا۔ اس لیے مدینہ کے اندر ایک نئے محاذ پر جنگ کا آغاز مناسب نہ تھا۔ نیز عبداللہ کے حواریوں میں اوس اور خزرج دونوں قبیلوں کے ذی اثر لوگ کافی تعداد میں تھے۔ ان حالات میں ان سے لڑائی بڑے خلفشار کا باعث بن سکتی تھی۔ دوسری طرف عبداللہ اور اس کے ساتھی بھی اس پوزیشن میں نہ تھے کہ وہ مسلمانوں کے ساتھ اعلانیہ جنگ کر سکیں۔ انہوں نے بھی یہی مناسب سمجھا کہ مسلمانوں کے ساتھ مل جل کر رہیں۔ اس طرح وہ مسلمانوں سے ہر طرح کا مفاد بھی حاصل کر سکتے تھے اور انہیں مناسب موقع پر مؤثر طریقہ سے گزند بھی پہنچا سکتے تھے۔

یہی حالات تھے جب غزوہ بنی مصطلق کی نوبت پیش آئی اور دوسرے اہلِ ایمان کے ساتھ عبداللہ اور اس کی پارٹی کے لوگوں کو بھی شرکت کا موقع مل گیا۔ اس سفر کے دوران میں رئیس المنافقین عبداللہ ابن ابی نے مسلمانوں پر دو ایسے مہلک

کیے کہ اگر اللہ تعالیٰ کا خاص لطف و کرم مسلمانوں کی دستگیری نہ فرماتا تو مسلمان ان مہلک واروں سے جانبر نہ ہو سکتے۔ ایک واقعہ افک جس کے متعلق آپ سورۂ نور میں پڑھ چکے ہوں گے۔ دوسرا یہ واقعہ جس کی تفصیل اب پیش خدمت کی جا رہی ہے۔

بنو مصطلق کا قبیلہ قدید کی سمت میں ساحل سمندر کے قریب آباد تھا۔ حضور کو اطلاع ملی کہ اس کا سردار حارث ابن ضرار اپنے قبیلے کے جنگجو بہادروں کو مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لیے اکٹھا کر رہا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے زید ابن حارثہ اور بقول ابن ہشام ابوذر غفاری کو مدینہ طیبہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا اور خود بنی مصطلق کی سرکوبی کے لیے روانہ ہوئے۔ مریسیع کے کنوئیں کے قریب دونوں لشکروں میں سخت لڑائی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کی نصرت سے مسلمانوں کو فتح ہوئی اور بنو مصطلق شکست کھا کر وہاں سے بھاگے۔ بہت سا مالِ غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ آیا۔

فتح کے بعد حضور نے چند روز اسی جگہ پر قیام فرمایا تاکہ مسلمان مجاہد جنگ کی تھکاوٹ کو دور کر لیں۔ اور واپسی کے سفر سے پہلے تازہ دم ہو جائیں۔ اسی اثنا میں ایک خطرناک واقعہ رونما ہوا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جہجاہ ابن مسعود غفاری کو بطور خدمت گار اپنے ہمراہ لے گئے تھے تاکہ آپ کے گھوڑے کی دیکھ بھال کرے۔ جہجاہ کنوئیں پر پانی لینے کے لیے گئے تو ان کا ایک شخص سنان بن وبرہ الجہنی سے پانی بھرنے پر جھگڑا ہو گیا۔ بات بڑھ گئی اور ہاتھا پائی تک نوبت جا پہنچی۔ جہجاہ کی ایک ضرب سے سنان کو زخم آگیا اور خون بہنے لگا۔ اس نے زمانۂ جاہلیت کے دستور کے مطابق زور سے پکارا: "یامعشر الانصار" (اے انصار میری مدد کو پہنچو) چونکہ اس کا قبیلہ انصار کا حلیف تھا۔ جہجاہ نے اپنے بچاؤ کے لیے "یامعشر المہاجرین" (اے مہاجرین میری مدد کو پہنچو) کا نعرہ بلند کیا۔ دونوں طرف سے لوگ ہتھیار لیے ہوئے اپنے اپنے ساتھی کی مدد کو پہنچ گئے۔ قریب تھا کہ مسلمانوں کے دو گروہوں میں جنگ چھڑ جاتی اور بنی مصطلق پر انہیں جو فتح حاصل ہوئی تھی وہ شکست میں بدل جاتی۔ حضور اپنے خیمہ سے جلدی جلدی تشریف لے آئے اور دونوں فریقوں کو مخاطب کر کے فرمایا:

"مابالُ دعوى الجاهلية ؟ مالكم ولدعوة الجاهلية دعوها فانّها مُنتنة ۔"

"یہ تم نے جاہلیت کے نعرے لگانے کیسے شروع کر دیے ہیں۔ اسلام قبول کرنے کے بعد جاہلیت کی پکار بڑی بری بات ہے۔ یہ بڑی گندی چیز ہے۔"

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مداخلت سے فتنہ و فساد کے بھڑکتے ہوئے شعلے سرد ہو گئے۔ سنان نے جہجاہ کو معاف کر دیا اور معاملہ رفع دفع ہو گیا۔ منافقین تو اس واقعہ سے بہت خوش تھے۔ یکایک یہ آگ بجھ گئی، تو ان کے دلوں میں حسد کی جو چنگاریاں سلگ رہی تھیں وہ بھڑک اٹھیں۔ ایک ایک کر کے عبداللہ کے پاس پہنچے اور اس پر برس پڑے کہ تو نے اس موقع پر ہماری کوئی امداد نہیں کی۔ اگر تو ذرا بھی گرمجوشی کا مظاہرہ کرتا تو آج ہم ان بھکمنگوں کا کچومر نکال دیتے۔ معلوم ہوتا ہے کہ تم بھی اب ان کے طرفدار بن گئے ہو، اور ہماری وہ توقعات جو ہم نے تم سے وابستہ کر رکھی تھیں ان پر تم نے پانی پھیر دیا ہے۔ وہ نابکار پہلے ہی غصہ سے بھرا بیٹھا تھا۔ ان کا یہ طعنہ سن کر وہ پھٹ پڑا اور کہنے لگا یہ سب تمہارے اعمال کا پھل ہے اب اسے چکھو۔ تم نے ان مہاجروں کو آنکھوں پر بٹھایا۔ ان کے لیے اپنے گھروں کے دروازے کھول دیے، انکے قدموں

میں دولت کے ڈھیر لگا دیے۔ اب وہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہوگئے ہیں تو ہمیں گھورنے لگے ہیں۔ تمہاری مثال بالکل ایسی ہی ہے جیسے کسی نے کہا ہے؛ "سَمِّنْ کَلْبَكَ یَاکُلُكَ" (اپنے کتے کو پال کر موٹا کرو تاکہ وہ تمہیں ہی کاٹنے لگے)۔ اگر تم ان لوگوں کو اپنا بچا کھچا کھانا دینا بند کردو تو دو دن میں ان کے دماغ درست ہو جائیں اور بھوک سے تنگ آکر حضور کا نام لے کر کہنے لگا، اس کو چھوڑ کر بھاگ جائیں گے۔ مجھے مدینہ واپس جانے دو پھر تم تماشا دیکھنا۔

"اِنَّا وَاللّٰہِ لَئِنْ رجعنا الی المدینة لیخرجن الاعز منها الاذل"۔

اگر ہم مدینہ واپس پہنچ گئے تو بخدا عزت والا وہاں سے ذلیل کو نکال دے گا۔

الاعز سے اس نے اپنے آپ کو مراد لیا اور دوسرے لفظ (اذل) سے حضور کی طرف اشارہ کیا۔ حضرت زید ابن ارقم بھی اس مجلس میں موجود تھے، یارائے ضبط نہ رہا، تڑاخ سے بولے:

انت واللہ الذلیل القلیل المبغض فی قومك ومحمد صلی اللہ علیہ وسلم فی عز من الرحمن ومودۃ من المسلمین (بخدا تو ذلیل ہے تو قلیل ہے تو اپنی قوم میں مبغوض ہے اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو خداوند رحمن نے عزتیں بخشی ہیں اور اہل ایمان ان سے والہانہ محبت کرتے ہیں۔)

ابن ابی بولا خاموش ہو جاؤ میں تو یوں ہی مذاق کر رہا تھا۔ حضرت زید غصہ سے کانپتے ہوئے بارگاہ رسالت میں پہنچے اور سارا واقعہ کہہ سنایا۔ حضور کو یہ سن کر بڑی کوفت ہوئی۔ رخ انور کا رنگ بدل گیا۔ بات ٹالنے کے لیے حضور نے فرمایا اے نوجوان! شاید تم اس کے بارے میں غلط بیانی سے کام لے رہے ہو، شاید تمہیں شبہ ہوا ہو، شاید تیرے کانوں نے سننے میں غلطی کی ہو۔ ہر بار زید نے عرض کیا: واللہ یارسول اللہ (خدا کی قسم اے اللہ کے رسول میں صحیح عرض کر رہا ہوں)۔ سارے لشکر میں یہ بات پھیل گئی۔ انصار کے ایک گروہ نے بھی زید کو ملامت کرنا شروع کی کہ نا سمجھ بچے نے خواہ مخواہ ہمارے سردار پر الزام لگایا اور اسے بدنام کیا ہے۔ حضرت زید نے کہا بخدا جو میں نے اپنے کانوں سے سنا ہے وہی بتایا ہے۔

حضرت عمرؓ کو علم ہوا تو خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ عرض کیا میرے آقا مجھے اجازت دیجیے کہ میں اس منافق کی گردن اڑا دوں۔ اگر میرا اس کو قتل کرنا مصلحت کے خلاف ہے تو خود انصار میں سے معاذ ابن جبل یا عبادا ابن بشر یا سعد ابن معاذ یا محمد ابن مسلمہ کو حکم فرمایئے کہ وہ اس کا سر قلم کردیں۔ اللہ کے محبوب نے فرمایا "ایسا نہ کرو۔ لوگ کہیں گے کہ محمد اپنے ساتھیوں کو قتل کر رہا ہے۔" اس کے بعد حضور نے فوراً کوچ کا حکم دیا اور تیس گھنٹے تک لگاتار سفر جاری رہا۔ نہ رات کو آرام نہ دن کو قیلولہ۔ لوگ تھک کر چور ہوگئے۔ جب حضور نے ایک جگہ قیام فرمایا تو لوگ سواریوں سے اترتے ہی زمین پر لیٹ گئے اور گہری نیند سوگئے۔ مقصد یہ تھا کہ مریسیع کے کنویں پر جو سانحہ ہوا تھا لوگوں کی توجہ اس طرف سے ہٹ جائے۔ راستے میں حضرت اسید بن حضیر نے عرض کیا یارسول اللہ! اس بے وقت سفر کا سبب کیا ہے پہلے تو حضور کا یہ معمول نہ تھا؟ ارشاد فرمایا: "تمہیں علم نہیں کہ عبداللہ ابن ابی نے کیا گل کھلایا ہے۔" انہوں نے اپنی لاعلمی کا اظہار کیا تو حضور نے اس منافق کی زبان سے

نکلا ہوا جملہ دہرا دیا۔ وہ بصد ادب عرض پرداز ہوئے یا رسول اللہ خدا کی قسم عزت والے تو آپ ہیں اور وہ ذلیل ہے۔ آپ جب چاہیں اُسے نکال سکتے ہیں۔ رفتہ رفتہ اس بات کا چرچا سارے لشکر میں ہوگیا۔ تمام انصار کو بھی اس کی گستاخی کا علم ہوگیا۔ ان کے غصّہ کی حد نہ رہی۔ بعض لوگوں نے ازراہِ خیر خواہی عبداللہ کو کہا جاؤ حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر معافی مانگ لو حضور کریم ہیں تیری خطا بخش دیں گے۔ وہ بے حیا جھٹ سے بولا "تم نے کہا ان پر ایمان لے آؤ، میں ایمان لے آیا۔ تم نے کہا کہ اپنے مال کی زکوٰۃ دو، میں نے تمہاری یہ بات بھی مان لی اور زکوٰۃ دیتا رہا۔ اب بس یہ کسر رہ گئی ہے کہ میں محمد کو سجدہ کروں۔" اُس کا یہ گستاخانہ جواب سن کر سارے مجاہدین غصّہ سے بے تاب ہوگئے۔ اور سب کے دلوں میں اُس کے خلاف نفرت و حقارت کے جذبات بھڑک اُٹھے۔ ایک عجیب بات یہ ہوئی کہ جب یہ لشکر مدینہ طیبہ میں داخل ہونے لگا تو عبداللہ ابن ابی کا لڑکا اُن کا نام بھی عبداللہ تھا، تلوار کو بے نیام کر کے اپنے باپ کا راستہ روک کر کھڑا ہوگیا اور بولا؛ اے باپ تم نے کہا ہے کہ مدینہ پہنچ کر عزت والا ذلت والے کو نکال دے گا۔ اب تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ عزت والا کون ہے اور ذلیل کون ہے۔ خدا کی قسم تم اس وقت تک مدینہ میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تمہیں اجازت نہ دیں۔

اپنے بیٹے کے منہ سے یہ الفاظ سن کر عبداللہ چلّا اُٹھا اے خزرج کے لوگو ذرا دیکھو میرا بیٹا مجھے مدینہ میں داخل ہونے سے روک رہا ہے۔ یہ خبر جب نبی کریم کو ملی تو حضور نے فرمایا "عبداللہ سے کہو کہ اپنے باپ کو گھر آنے سے نہ روکے"۔ عبداللہ نے کہا اگر میرے آقا کا یہ حکم ہے تو اب میں اپنے باپ کو مدینہ میں داخل ہونے کی اجازت دیتا ہوں۔

اس وقت حضور نے حضرت عمر کو فرمایا: "اے عمرؓ اگر تم اس وقت اس کو قتل کر دیتے تو انصار کے کئی لوگ ناراض ہوتے آج اگر میں چاہوں تو اسے قتل کیا جا سکتا ہے اور اس پر کوئی معترض بھی نہ ہوگا۔" حضرت عمرؓ نے عرض کیا۔ خدا کی قسم اب مجھے معلوم ہوگیا کہ اللہ کے رسول کی بات میری بات سے بہت زیادہ مبنی بر حکمت تھی۔

یہ حالات تھے جن میں اس سورۂ پاک کا نزول ہوا۔ ان حالات کو پیش نظر رکھ کر اگر آپ سورت کا مطالعہ کریں گے تو اس کے مندرجات سمجھنے میں آپ کو بہت مدد ملے گی۔

سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ المنافقون مدنی ہے اور اس میں گیارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ

اے نبی مکرم! جب منافق آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں تو کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ یقیناً اللہ کے رسول ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ بھی

يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۚ ①

جانتا ہے کہ آپ بلاشبہ اس کے رسول ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے کہ منافق قطعی جھوٹے ہیں [1]

[1] علامہ ابن منظور لفظ منافق کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: یسمی المنافق منافقا للنفق وھو السرب فی الارض وقیل انما سمی منافقا لانہ نافق کالیربوع وھو دخولہ نافقاءہ ولہ جحر آخر یقال لہ القاصعاء ــــ وھو یدخل فی النافقاء ویخرج من القاصعاء او یدخل فی القاصعاء ویخرج من النافقاء۔ (لسان العرب)

یعنی منافق، نفق سے ماخوذ ہے جس کا معنی سرنگ ہے اور بعض نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ لومڑی اپنی بل کے دو منہ رکھتی ہے ایک کا نام نافقاء اور دوسری کا نام قاصعاء ہے۔ ایک طرف سے وہ داخل ہوتی ہے جب کوئی شکاری اس سے اس کا تعاقب کرتا ہے تو دوسری طرف سے نکل جاتی ہے اور اگر دوسری جانب سے اس کا کوئی تعاقب کرتا ہے تو پہلے سوراخ سے نکل جاتی ہے۔ کیونکہ اس کی بل کی ایک طرف کا نام نافقاء ہے اسی سے منافق ماخوذ ہے۔ اس کے بھی دو پہلو ہیں۔ ایک کفر جو اس کے دل میں ہے دوسرا ایمان جو اس کی زبان پر ہے۔ اگر کفر سے اسے کسی نقصان کا اندیشہ ہو تو وہ اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرنے لگتا ہے اور اگر اسلام کے باعث اسے کوئی تکلیف پہنچ رہی ہو تو فوراً اپنے کافر ہونے کا اعلان کر دیتا ہے۔

مکہ مکرمہ میں تو دو ہی قسم کے لوگ تھے کافر اور مومن۔ منافقین کا وہاں کوئی وجود نہ تھا کیونکہ وہاں ظاہری غلبہ کفار کو حاصل تھا اسلام لانا تو اپنے آپ کو طرح طرح کی پریشانیوں اور تکلیفوں میں مبتلا کر دینے کے مترادف تھا۔ کسی کو کیا پڑی تھی کہ ایسا دین قبول کرکے اپنے آپ کو گوناگوں اذیتوں اور رسوائیوں کا ہدف بنا دے جس دین پر اس کا ایمان نہیں۔ اس وقت تو صرف وہی مردان وفاکیش حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے غلاموں کے زمرے میں اپنے آپ کو شامل کرتے تھے جو سچے دل سے اسلام کی صداقت کو تسلیم کرتے تھے اور اس کے لیے ہر قسم کے مصائب و آلام کو خوشی برداشت کرنے کے لیے آمادہ ہوا کرتے تھے۔ لیکن مدینہ طیبہ میں حالات بڑے مختلف

وقف لازم

اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ

انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے اس طرح روکتے ہیں اللہ کی راہ سے ۔ بےشک یہ لوگ بہت بُرے

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۲ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى

کرتوت ہیں جو یہ کر رہے ہیں ۔ (ان کا یہ طریق کار) اس لیے ہے کہ وہ پہلے ایمان لائے پھر وہ کافر ہو گئے ۔ پس مہر لگا دی گئی ان کے

تھے ۔ یہاں اوس و خزرج کے بیشتر افراد کے مشرف باسلام ہونے اور مہاجرین کے وہاں اکٹھے ہو جانے کے بعد اسلام ایک عظیم قوت کی حیثیت سے ابھر رہا تھا۔ ادنیٰ سُوجھ بُوجھ رکھنے والا بھی اس کے مستقبل کے بارے میں حُسنِ ظن سے کام لے سکتا تھا۔ اس لیے ایک ایسا گروہ پیدا ہو گیا تھا جن کے دل میں تو کفر کا کھوٹ تھا لیکن اپنی مصلحت بینی کے باعث وہ بظاہر اسلام سے اپنا رابطہ قائم رکھنا چاہتے تھے تاکہ اگر اسلام کو غلبہ نصیب ہو تو وہ بھی اس میں برابر کے حصہ دار ہوں۔ باوجود ہزار کوشش کے دل کا کفر کسی نہ کسی شکل میں ان کی زبان پر آ ہی جاتا تھا اور ان کے نفاق کا پردہ فاش ہو جاتا تھا۔

اللہ تعالیٰ اس حقیقت سے اپنے حبیب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو آگاہ فرما رہا ہے کہ اے حبیب! یہ منافق جب تیری خدمت میں حاضر ہوتے ہیں تو بڑے جوش و خروش سے آپ کی رسالت کی گواہی دیتے ہیں۔ اے حبیب! اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ آپ واقعی اس کے رسول ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ اس بات کی بھی شہادت دیتا ہے کہ یہ منافقین جھوٹے ہیں۔ زبان سے جو کچھ یہ کہہ رہے ہیں ان کے دل اس کی تصدیق نہیں کرتے۔ بتا دیا کہ مشہود بہ (آپ کی رسالت) تو سچ ہے لیکن ان کی شہادت جھوٹی ہے کیونکہ ان کے دل اس کی تکذیب کرتے ہیں۔

۲؎ جھوٹا شخص جانتا ہے کہ لوگ میری بات نہیں مانیں گے، اپنے آپ کو سچا ظاہر کرنے کے لیے وہ ضرورت و بلا ضرورت قسمیں اٹھاتا ہے۔ یہی حالت ان منافقین کی بھی تھی۔ ہر بات پر قسمیں اٹھانے اور اپنے آپ کو پکے اور سچے مومن ثابت کرنے کی کوشش کرتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنایا ہوا ہے اور اس کی آڑ میں وہ طرح طرح کے فوائد حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ مسلمان ان سے وہی سلوک روا رکھیں جو اہلِ ایمان کے ساتھ روا رکھا جاتا ہے۔ ان کے مال اور جان کی حفاظت کی جائے۔ مالِ غنیمت سے انہیں حصہ ملتا رہے اور کئی طرح سے ان کی ناز برداریاں کی جائیں۔ اس کے علاوہ اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کر کے لوگوں کو اسلام سے روکتے ہیں۔ جب کوئی شخص ان سے اس بارے میں مشورہ طلب کرتا ہے تو اسے اسلام سے یہ کہہ کر متنفر کرتے ہیں کہ ہم تو خود بڑے شوق سے اس دین میں شامل ہوئے تھے، کئی سال گزر چکے ہیں، ہمیں تو آج تک اس میں کوئی اچھی چیز نظر نہیں آئی۔ ہم تو خود بڑے دل برداشتہ ہیں۔ خبردار تم اس جال میں نہ پھنس جانا۔ اس طرح ان قسموں کی آڑ میں شکار کھیلتے۔

صَدُّوْا، لازمی اور متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ خود رُکتے ہیں اور اسلام سے منہ موڑتے ہیں یا لوگوں کو اسلام سے باز رکھتے ہیں۔

۳؎ اس کی وجہ یہ ہے کہ زبان سے تو وہ ایمان لانے کا اقرار کرتے ہیں اور اپنے آپ کو اسلامی برادری میں شامل کرکے طرح طرح

قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا یَفْقَهُوْنَ ﴿۳﴾ وَ اِذَا رَاَیْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ

دلوں پر سو (اب) وہ کچھ سمجھتے ہی نہیں۔ اور جب آپ انہیں دیکھیں تو ان کے جسم آپ کو بڑے خوشنما معلوم ہوں گے۔

وَ اِنْ یَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ

اور اگر وہ گفتگو کریں تو توجہ سے آپ ان کی بات سنیں گے ۵ درحقیقت وہ بیکار لکڑیوں کی مانند ہیں جو دیوار کے ساتھ کھڑی کر دی گئی ہوں۔

کے فائدے اٹھاتے ہیں لیکن جب اپنے شیطانوں کے پاس جاتے ہیں تو پھر کفر کرنے لگتے ہیں۔ وَ اِذَا خَلَوْا اِلٰى شَیٰطِیْنِهِمْ قَالُوْۤا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ (۲ : ۱۴)

۴ اس منافقت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر لگادی اور ان سے حق پذیری کی استعداد چھین لی اور ان کے دل کی وہ آنکھ ہی اندھی کر دی جو نورِ حق کو دیکھ سکتی ہے اور دیکھ کر پہچان سکتی ہے۔ بے شک دیدۂ حق شناس اللہ تعالیٰ کی گراں بہا نعمت ہے اور اس کی یہ سنت ہے کہ جو لوگ اس کی نعمتوں کی قدر نہیں کرتے اور ناشکری کرتے ہیں ان سے وہ نعمتیں واپس لے لی جاتی ہیں۔ آیت کا مقصد یہ نہیں کہ ان کے دلوں پر پہلے ہی مہر لگا دی گئی تھی اس لیے وہ حق کو قبول نہ کر سکے اور کفر سے چمٹے رہے، بلکہ مدعا یہ ہے کہ انہیں حق قبول کرنے کی صلاحیت بخشی گئی تھی لیکن جب وہ جان بوجھ کر حق سے روگردانی کرتے رہے تو انہیں اس صلاحیت سے محروم کر دیا گیا۔

۵ عبداللہ بن ابی، جد بن قیس اور معتب بن قشیر شکل و صورت کے اعتبار سے بڑے خوبصورت تھے۔ نگاہیں ان کے چہروں پر جم کر رہ جاتی تھیں۔ اس کے ساتھ ساتھ پرلے درجے کے باتونی اور چرب زبان تھے۔ ان کی گفتگو سن کر انسان عش عش کر اٹھتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کے جسموں کو دیکھا جائے تو بڑے دلکش معلوم ہوتے ہیں۔ ان کی گفتگو سنی جائے تو اس میں بڑی جاذبیت اور اثر ہوتا ہے۔ لیکن اگر ان کی حقیقت پر نظر ڈالی جائے تو پتہ چلتا ہے کہ جاہل خربوزے ہیں، باہر سے خوبصورت اندر سے پھیکے۔ اسلامی کمالات تو کجا ان میں تو انسانی خوبیوں کا نام و نشان تک بھی نہیں۔ قرآن کریم نے ان کو خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ سے تشبیہ دے کر ان کی لغویت کو عیاں کر دیا۔ خشب کا معنی لکڑی۔ مسندۃ کا معنی جسے دیوار کے ساتھ کھڑا کر دیا گیا ہو۔ جب تک لکڑی کارآمد ہوتی ہے اس سے شہتیر، کڑی یا کواڑ وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔ صرف بے کار لکڑی کو دیوار کے ساتھ کھڑا کر دیا جاتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ وہ آگ جلانے کے کام آسکتی ہے۔

يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ۭ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ۭ قٰتَلَهُمُ

گمان کرتے ہیں کہ ہر گرج ان کے خلاف ہی ہے ۶ یہی حقیقی دشمن ہیں پس آپ ان سے ہوشیار رہیے ۷ ہلاک کرے انہیں

اللّٰهُ ۡ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ④ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ

اللہ تعالیٰ ۸ کیسے سرگرداں پھرتے ہیں۔ اور جب انہیں کہا جاتا ہے کہ آؤ تاکہ اللہ کا رسول تمہارے لیے مغفرت طلب

اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ⑤

کرے تو (انکار سے) اپنے سروں کو گھماتے ہیں اور تو انہیں دیکھے گا کہ وہ (حاضری سے) رک رہے ہیں تکبر کرتے ہوئے ۹

۶ ان کی بزدلی کا بیان ہو رہا ہے۔ مدینہ کے کسی سمت میں کوئی آواز کسی وجہ سے بلند ہو ان کے دل دھڑکنے لگتے ہیں۔ وہ یہی سمجھتے ہیں کہ ان کی اسلام دشمنی کسی وجہ سے بے نقاب ہو گئی ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کو تہ تیغ کرنے کا حکم صادر فرما دیا ہے۔

۷ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مطلع فرماتے ہیں کہ یہ منافق اسلام کے اور آپ کے حقیقی دشمن ہیں۔ ان سے محتاط رہیے۔ گویا دشمن سے محتاط اور ہوشیار رہنا قرآن کریم کی تعلیم ہے۔ ایسی سادگی اور بھولے پن کی اسلام اجازت نہیں دیتا کہ اپنے آپ کو مسلمان کہلانے والا دشمن کے دام فریب میں پھنستا رہے۔

۸ یہ بددعائیہ فقرہ ہے جس میں ان کی مذمت بھی ہے اور زجر و توبیخ بھی۔ کلمة ذم و توبیخ۔ يؤفكون: قتادہ: يعدلون عن الحق۔ الحسن: معناه يصرفون عن الرشد۔ یعنی حق سے روگردانی کرنے اور راہِ ہدایت سے منہ موڑنے کو افک کہتے ہیں۔ انّٰی بمعنی کیف۔ اظہارِ تعجب کے لیے ہے کہ اتنی روشن دلیلوں کے باوجود وہ حق سے روگرداں ہیں آفتاب ہدایت کے طلوع ہونے کے بعد بھی وہ اندھیرے میں بھٹک رہے ہیں۔

۹ منافقوں کی ایک اور علامت بتائی جا رہی ہے۔ حالات نے ان کے نفاق کا پردہ جب چاک کر دیا اور لوگوں کو ان کے خبثِ باطن پر آگاہی ہو گئی تو ان کے دوستوں نے انہیں کہا کہ تم ساری عمر کفر کرتے رہے، نفاق کا نقاب اوڑھ کر مسلمانوں کی صفوں میں انتشار پھیلاتے رہے۔ اسلام کو نقصان پہنچانے میں تم نے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ اب تو تمہارا نفاق ظاہر ہو گیا ہے۔ چلو بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں اور جا کر معافی مانگو۔ حضور تمہارے لیے اللہ تعالیٰ کی جناب میں دعا کریں گے۔ اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہاری عاقبت سنور جائے گی۔ قسمت اچھی ہوتی بخت بیدار ہوتا تو رحمت للعالمین کی خدمت میں حاضر ہو جاتے۔ نبی رؤف رحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ان کی مغفرت کے لیے دعا مانگتے تو اللہ تعالیٰ ضرور کرم فرما دیتا اور ان کے گناہوں کے ماضی پر قلمِ عفو پھیر دیتا۔ لیکن ان ازلی بدبختوں نے جب اپنے دوستوں کا یہ مشورہ سنا تو بڑے غرور اور گھمنڈ سے سروں کو گھمانا شروع کر دیا کہ یہ نہیں ہو سکتا۔ ہم اپنے گناہوں کی آمرزش کے لیے ان کے پاس تو کسی قیمت پر نہیں جائیں گے۔

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ یَّغْفِرَ

یکساں ہے ان کے لیے کہ آپ طلب مغفرت کریں ان کے لیے یا طلب مغفرت نہ کریں ان کے لیے ۔ اللہ تعالیٰ ہرگز

علامہ قرطبی نے ایک بڑی بصیرت افروز بات لکھی ہے کہ عبداللہ بن ابی کو جب اس کے قبیلہ والوں نے سمجھایا کہ اب بھی حاضر خدمت ہو کر معافی مانگ لو حضور تیری بخشش کے لیے دعا فرمائیں گے۔ تیری شقاوت، سعادت سے بدل جائے گی۔ تو اس نے ازراہ کبر و نخوت نفی میں سر ہلایا اور کہنے لگا۔ امرتمونی ان اؤمن فقد اٰمنتُ وان اعطی زکوٰۃ مالی فقد اعطیت فما بقی الا ان اسجد لمحمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) یعنی تم نے مجھے ایمان لانے کا حکم دیا تو میں ایمان لے آیا۔ تم نے مجھے اپنے مال کی زکوٰۃ دینے کا حکم دیا تو میں نے زکوٰۃ بھی ادا کر دی۔ اب ایک ہی بات باقی ہے کہ میں محمد (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کو سجدہ کروں۔ یہ میں نہیں کروں گا۔ اس روایت میں آپ غور کریں۔ منافق کا ذہن کس طرح غلط راہ پر چلتا ہے۔ اس کی سوچ میں کس قدر بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے۔ بارگاہ نبوت میں حاضری اور اللہ تعالیٰ کے محبوب سے اپنی مغفرت کی دعا کرانے میں اس کو صریح شرک نظر آنے لگتا ہے۔ وہ اپنے اعمال نماز، زکوٰۃ وغیرہ پر ہی نازاں رہتا ہے اور یہ ضرورت محسوس نہیں کرتا کہ اللہ تعالیٰ کے حبیب کے در کرم پر حاضر ہو کر اس کی رحمتوں سے اپنے دامن کو لبریز کرے۔ اس زمانہ میں بھی ہمیں ایسے لوگ نظر آتے ہیں جنہیں بارگاہ رسالت میں حاضری شرک اور بدعت معلوم ہوتی ہے۔ خود بھی اس سعادت سے بہرہ ور نہیں ہوتے اور لوگوں کو بھی محروم رکھنے میں ایڑی چوٹی کا زور صرف کرتے ہیں اور اس کو اپنے موحد ہونے کا معیار قرار دیتے ہیں۔ وہ ذرا اس آیت میں اور اس روایت میں تو غور کریں کہیں ان کا رویہ منافقین کے رویہ سے مشابہت تو نہیں رکھتا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ایسے حجابوں سے بچائے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں حاضری کی سعادت نصیب فرمائے۔ حضور کی دعا کی برکت سے ہمارے گناہوں کو بخشے اور ہمیں دونوں جہان کی سعادتوں سے بہرہ ور فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

اے خدا جس نے تجھ کو سراپا کرم بنایا ہمیں بھیک مانگنے کو تیرا آستاں بتایا

؎ یہ منافق جن کی زبان پر تو اسلام کا دعویٰ ہے لیکن ان کے دلوں میں ایمان کی شمع روشن نہیں، جو قدم قدم پر اپنے خبث باطن کا اظہار کرتے رہتے ہیں اور آپ کے دین کو ناکام کرنے کے لیے سازشوں کے جال بنتے رہتے ہیں اور آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہونے سے روکتے ہیں، وہ پرلے درجے کے فاسق ہیں اور ایسے فساق کے لیے آپ بھی اگر مغفرت کی دعا مانگیں گے تو ہم انہیں نہیں بخشیں گے۔ جو تیرے دربار میں حاضر ہونے سے انکار کرے وہ بخشا جائے یہ میرے قانون کے خلاف ہے۔ میں حد سے تجاوز کرنے والوں کو ہدایت کی نعمت نہیں بخشا کرتا۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رحمت اور رافت کا تقاضا یہی تھا کہ کوئی بھی گمراہ نہ رہے۔ کوئی بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محروم نہ رہے۔ اسی لیے حضور اپنی جان کے دشمنوں اور خون کے پیاسوں کے لیے بھی دعا فرمایا کرتے اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ۔ الٰہی! میری قوم کو ہدایت دے، وہ نادان ہیں۔ حضور پر سچے دل سے ایمان لانے والے جب اپنے آقا و مولا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بصد ادب و نیاز حاضر ہوتے ہیں اور اپنے عمر بھر کے گناہوں کی بخشش کے لیے دعا کی التجا کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کی رحمت

اللّٰهُ لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ هُمُ الَّذِيْنَ

نہ بخشے گا انہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ فاسقوں کی رہبری نہیں کرتا۔ یہی لوگ ہیں

يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰي مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ۭ

جو کہتے ہیں نہ خرچ کرو ان درویشوں پر جو اللہ کے رسول کے پاس رہتے ہیں یہاں تک کہ وہ بھوک سے تنگ آ کر تتر بتر ہو جائیں[11]

جوش میں آجاتی ہے اور انہیں یہ مژدۂ جانفزا سنایا جاتا ہے لوجدوا اللہ توابا رحیما۔ یعنی اے ساری عمر اپنی جانوں پر ظلم توڑنے والو! تم میرے محبوب کے در کرم پر حاضر ہو گئے ہو اور اس نے تمہاری مغفرت کے لیے درخواست کی ہے۔ سن لو اللہ تعالیٰ کو تم توبہ قبول کرنے والا اور بے حد رحمت کرنے والا پاؤ گے۔

الٰہی! ہمیں ان بدبختوں میں سے نہ کر جو تیرے پیارے رسول کی بارگاہ میں طلب استغفار کے لیے حاضر نہیں ہوتے بلکہ اس کو کفر و شرک کہنے پر مصر ہیں۔ الٰہ العالمین! ہمیں ان خوش نصیبوں میں کر جن کے دل نور ایمان سے منور ہیں جو تیرے حبیب کی بارگاہ میں حاضری کو اپنے لیے باعث ہزار سعادت یقین کرتے ہیں۔ آمین ثم آمین!

[11] یہی بدبخت منافق اپنے قبیلہ والوں، اپنی پارٹی والوں اور اپنے چیلوں کو کہتے ہیں کہ حضور کے اردگرد مفت خوروں کا جو جمگھٹا تمہیں دکھائی دیتا ہے یہ تمہارے ٹکڑوں پر پل رہا ہے۔ تم آج اگر ان کی روٹی بند کر دو اور چندہ دینے سے باز آجاؤ تو یہ بھوک سے تنگ آکر خود بخود تتر بتر ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے منافقو! تم میرے رسول کے رزاق ہو اور نہ میرے رسول کے ان نیازمند غلاموں کے رزاق ہو۔ زمین و آسمان کے سارے خزانے میرے ہیں۔ جب میں ان کا ہوں اور وہ میرے ہو گئے ہیں تو میں انہیں تمہارا محتاج نہیں ہونے دوں گا۔ تم اپنے چندے اور اپنی امانتیں بند کر کے دیکھ لو۔ تمہیں پتہ چل جائے گا کہ میں انہیں کس طرح اپنے بھرپور خزانوں سے مالا مال کرتا ہوں۔ اس آیت کی وضاحت کے لیے مندرجہ ذیل واقعہ ملاحظہ فرمائیے:

بنو مصطلق ساحل کے قریب مریسیع نامی چشمہ پر اقامت گزین تھے۔ مدینہ طیبہ میں اطلاع پہنچی کہ وہ مسلمانوں پر حملہ کرنے کا پروگرام بنا رہے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انہیں اتنی مہلت ہی نہ دی کہ وہ مدینہ پر چڑھائی کریں، بلکہ خود پیش قدمی فرماتے ہوئے ان پر دھاوا بول دیا جس میں انہیں بری طرح شکست ہوئی۔ مسلمانوں کو فتح مبین اور مال غنیمت بکثرت دستیاب ہوا۔ اسی اثنا میں ایک ناخوشگوار واقعہ وقوع پذیر ہوا۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا خادم جہجاہ اور عبداللہ بن ابی کا حلیف سنان مشلل چشمہ پر اکٹھے ہوئے۔ ان میں پانی لینے پر تلخ کلامی ہوئی۔ معاملے نے طول پکڑا۔ سنان نے انصار کو پکارا، جہجاہ نے مہاجرین کو پکارا۔ قریب تھا کہ باہمی قتل و غارت کا بازار گرم ہو جاتا حضور خود تشریف فرما ہوئے اور ارشاد فرمایا۔ مابال دعوی الجاھلیۃ دعوھا فانھا فتنۃ ولینصر الرجل اخاہ ظالما کان او مظلوما ان کان ظالما فلینھہ فانہ ناصر وان کان مظلوما فلینصرہ۔

ترجمہ: تم زمانہ جاہلیت کے دستور کے مطابق اپنے اپنے قبیلوں کو مدد کے لیے کیوں بلاتے ہو۔ اس طرح کی للکار کو ترک کرو۔

اس میں سراسر فتنہ ہے۔ تمہیں چاہیے کہ اپنے بھائی کی ہر حال میں مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم۔ ظالم کی مدد کا تو یہ طریقہ ہے کہ اس کو ظلم سے روکا جائے اور مظلوم کی مدد کا یہ طریقہ ہے کہ اس کی اعانت کرو تاکہ اس کی دادرسی ہو جائے۔

نبی کریم کی تشریف آوری سے یہ فتنہ فرو ہو گیا۔ عبداللہ بن ابی کے حلیف سنان کو جہجاہ نے طمانچہ مارا تھا۔ اپنی جماعت میں جب وہ آکر بیٹھا تو غصہ سے اس کے نتھنے پھولے ہوئے تھے۔ کہنے لگا ہم نے ان لوگوں کو پناہ دی۔ ان کی خورد و نوش کا سارا انتظام کیا۔ آج یہ ہم پر دھونس جمانے لگے ہیں۔ یہ تو ایسا ہی ہے جیسے مثل مشہور ہے کہ سمن کلبک یا کلک۔ تم اپنے کتے کو موٹا کرو تاکہ وہ تمہیں ہی کاٹ کھائے تم ان کا کھانا بند کر دو۔ ان پر آئندہ ایک پیسہ بھی خرچ نہ کرو۔ ان کا دماغ خود بخود درست ہو جائے گا اور بھوک سے تنگ آکر یہ منتشر ہو جائیں گے۔ پھر کہنے لگا ہمیں ذرا سفر سے واپس مدینہ جا لینے دو۔ پھر جو طاقتور اور معزز ہے (یعنی وہ خود) کمزور اور ذلیل کو اس شہر سے باہر نکال دے گا۔ زید بن ارقم ایک نوجوان بھی وہاں بیٹھا ہوا تھا۔ وہ اگرچہ ابن ابی کی پارٹی کا آدمی تھا لیکن یہ بکواس سن کر اسے یارائے ضبط نہ رہا کہنے لگا اے ابن ابی بخدا تو ذلیل و خوار ہے اور اپنی قوم میں تیری کوئی وقعت نہیں۔ خداوند رحمٰن نے ساری عزتیں اپنے محبوب محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بخشی ہیں اور مسلمان آپ کے عشق میں وارفتہ ہیں۔ تیری اس بیہودہ گفتگو کے بعد میری تیری دوستی ختم عبداللہ نے زید کو کہا برخوردار چپ رہو میں تو صرف دل لگی کر رہا تھا۔

زید بن ارقم نے اپنے چچا کو ساری بات بتا دی۔ انہوں نے حضور کے گوش گزار کر دیا۔ حضور نے ابن ابی کو بلا کر پوچھا تو صاف مکر گیا اور قسمیں کھا کھا کر کہا کہ میں نے ہرگز ایسی بات نہیں کی۔ زید نے جھوٹ بولا ہے اور اپنی طرف سے یہ سارا قصہ گھڑ کر پیش کیا ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کی قسموں کی وجہ سے اس سے درگزر فرمایا۔ زید کہتے ہیں مجھے بڑی ندامت ہوئی۔ اس صدمہ سے میں نڈھال ہو گیا۔ امام ترمذی کے الفاظ میں بقیہ واقعہ سنیے:

زید کہتے ہیں کہ میں سفر میں حضور کے ہمراہ تھا لیکن بار ندامت سے میرا سر جھکا ہوا تھا پیچھے سے دلنواز آقا تشریف لائے محبت سے میرا کان مروڑا اور میری طرف رخ انور کر کے ہنس دیے۔ اس عنایت خصوصی سے مجھے اتنی مسرت ہوئی کہ اگر مجھے ابدی زندگی مل جاتی تب بھی مجھے اتنی خوشی نہ ہوتی۔ اذ اتانی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فعرک اذنی وضحک فی وجھی فما کان یسرنی ان لی بھا الخلد فی الدنیا۔

حضرت ابوبکر پیچھے سے آئے پوچھا کہ حضور نے کیا ارشاد فرمایا۔ میں نے ساری بات بتائی تو صدیق نے فرمایا اَبْشِرْ مبارک باد۔ پھر حضرت عمرؓ آپہنچے۔ واقعہ سن کر انہوں نے بھی بشارت دی جب رات گزر گئی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دوسرے روز صبح سورہ المنافقون کی تلاوت فرمائی۔ قال ابو عیسیٰ ھٰذا حدیث حسن صحیح۔ امام ترمذی فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

جب عبداللہ بن اُبی کی یہ گفتگو حضور کی خدمت میں بیان کی گئی حضرت فاروق اعظم بھی وہاں حاضر تھے۔ عرض کیا دعنی اضرب عنقہ مجھے اجازت فرمائیے میں اس مردود کی گردن اڑا دوں۔ حضور نے جو جواب ارشاد فرمایا وہ تمام اہل ایمان خصوصاً کارپردازان حکومت کے لیے بڑا سبق آموز ہے۔ فرمایا وکیف یا عمر اذا تحدث الناس ان محمداً یقتل اصحابہ۔ اے عمر! یہ اجازت کیسے دے دوں۔ لوگ باتیں بنائیں گے کہ ذرا دیکھو کہ اب اپنے ساتھیوں کو قتل کرنا شروع کر دیا ہے۔

وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

اور اللہ کے لیے ہی ہیں خزانے آسمانوں اور زمین کے لیکن منافقین (اس حقیقت کو)

لَا يَفْقَهُوْنَ ۝٧ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ

سمجھتے ہی نہیں۔ منافق کہتے ہیں کہ اگر ہم لوٹ کر گئے مدینہ میں تو نکال دیں گے عزت

الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ۭ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ

والے وہاں سے ذلیلوں کو ١٢ حالانکہ ساری عزت تو صرف اللہ کے لیے اس کے رسول کے لیے اور ایمان والوں کے

لٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٨ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ

لیے ہے مگر منافقوں کو (اس بات کا) علم ہی نہیں ١٣ اے ایمان والو! تمہیں غافل نہ کردیں

ع ٨ ١٣

اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ

تمہارے اموال اور نہ تمہاری اولاد اللہ کے ذکر سے ١٤ اور جنہوں نے ایسا کیا

١٢ آیت کے اس حصہ میں فرمایا گیا کہ کفار و منافقین کو کیا حق پہنچتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو معزز و محترم خیال کرنے لگیں حقیقی عزت کا مالک تو اللہ تعالیٰ ہے یا اس کا رسول مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اس کے ماننے والے جن کو اللہ تعالیٰ نے عزت و کرامت کی خلعت سے سرفراز فرمایا ہے۔ کفار و منافقین جو کفر و نفاق کی ذلتوں میں گرفتار ہیں بزدلی کے باعث کھل کر سامنے نہیں آسکتے۔ جھوٹی قسمیں کھانے سے باز نہیں آتے معمولی سے دنیوی فائدہ کے لیے اپنے نظریات کا صاف صاف انکار کردیتے ہیں۔ مسلمانوں کے دامنِ شفقت میں آرام کی زندگی بسر کرتے ہیں۔ اس کے باوجود جب موقع ملے تو انہیں ڈسنے سے باز نہیں آتے۔ جن لوگوں کا یہ کردار ہو کیا انہیں یہ زیب دیتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو معزز اور محترم کہیں۔ انسانی عزت مال و جاہ سے نہیں زرق برق لباس میں نہیں۔ انسان کی عزت و وقار کا راز تو اس کے بلند کردار اس کی بے داغ سیرت اور مکارمِ اخلاق میں مضمر ہے جس سے یہ لوگ کوسوں دور ہیں۔

١٣ لیکن اس حقیقت کا منافقوں کو علم نہیں۔ وہ تنگ نظر اسی کو عزت سمجھتے ہیں کہ جنہیں پہننے کے لیے خوبصورت لباس، کھانے کے لیے لذیذ کھانے اور رہنے کے لیے شاندار محلات حاصل ہوں وہی محترم و مکرم ہیں۔

١٤ فرزندانِ اسلام کو منافقین کے طریقہ کار سے اجتناب کی تاکید فرمائی جارہی ہے کہ ان لوگوں کو تو ان کے اموال نے اور ان کی اولاد نے اپنے خالق کی یاد سے غافل کردیا ہے۔ اے مسلمانو! تم ایسا نہ کرنا۔ جس شخص کو دنیا کی دلچسپیاں اپنے پروردگار کی بندگی اور اطاعت

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹﴾ وَ اَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ

تو وہی لوگ گھاٹے میں ہوں گے۔ اور خرچ کرو اس رزق سے جو ہم نے تم کو دیا اس سے پیشتر کہ

اَنْ یَّاْتِیَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَیَقُوْلَ رَبِّ لَوْ لَاۤ اَخَّرْتَنِیْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ

آجائے تم میں سے کسی کے پاس موت تو (اس وقت) وہ یہ کہنے لگے کہ اے میرے رب! تو نے مجھے تھوڑی مدت کے لیے کیوں

قَرِیْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَ اَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰﴾ وَ لَنْ یُّؤَخِّرَ اللّٰهُ

مہلت نہ دی تاکہ میں صدقہ (وخیرات) کر لیتا اور نیکوں میں شامل ہو جاتا ۱۵؎ اور اللہ تعالیٰ مہلت نہیں دیا کرتا

نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَ اللّٰهُ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱﴾ ع

کسی شخص کو جب اس کی موت کا وقت آجائے ۱۶؎ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو تم کیا کرتے ہو ۱۷؎

سے محروم کر دیتی ہیں وہ انسان سراسر خسارے اور گھاٹے میں ہے۔ حقیقی نفع حاصل کرنے والے وہ لوگ ہیں جو اپنی فانی زندگی کے لمحات اپنے رب کی یاد اور اپنے پیارے رسول کی غلامی اور محبت میں بسر کر دیتے ہیں۔

۱۵؎ اللہ تعالیٰ نے جو نعمتیں تم کو عطا فرمائی ہیں انہیں اس کی راہ میں خرچ کرو اور خرچ کرنے میں لیت ولعل اور تاخیر سے کام نہ لو۔ ایسا نہ ہو کہ موت کا وقت آجائے اور تم کف افسوس ملتے رہ جاؤ۔ اس وقت تمہاری آنکھیں کھلیں اور اس طویل سفر کے لیے کوئی زاد راہ مہیا نہ کرنے کا تمہیں احساس ستانے لگے تم ایڑیاں رگڑ رگڑ کر التجائیں کرو کہ ایک مرتبہ یہ موت ٹل جائے تھوڑا سا وقت مل جائے تاکہ میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں جی بھر کر اپنا مال لٹاؤں اور اس کے نیک بندوں میں شامل ہو جاؤں، پھر موت آجائے میں بصد مسرت پیام اجل کو قبول کر لوں گا۔

۱۶؎ سن لو! اللہ تعالیٰ کا یہ اٹل فیصلہ ہے کہ جب کسی کی موت کا مقررہ وقت آجاتا ہے تو پھر اس میں ایک لمحہ کی تاخیر بھی نہیں کی جاتی جب تم جانتے ہو کہ موت نے بہرحال آنا ہے تو قرین دانشمندی یہی ہے کہ آج ہی سے اس کے لیے تیاری شروع کر دو۔

۱۷؎ کسی کا کوئی عمل اللہ تعالیٰ سے مخفی نہیں۔ خلوت اور جلوت سب اس کے نزدیک یکساں اور عیاں ہے۔

○

اللّٰھم انت خبیر بما نعمل فوفقنا لما تحب وترضی یا حی یا قیوم برحمتك استغیث لا تکلنی الی نفسی طرفۃ عین واصلح لی شانی کلہ اللّٰھم صل وسلم وبارك علی نبیك وحبیبك سیدنا ومولانا محمد والہ وصحبہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ وسائر المؤمنین والمؤمنات والمسلمین والمسلمات۔ یا ارحم الراحمین ویا اکرم الاکرمین یاذا الجلال والاکرام۔

تعارف

سُورَۃُ التغابُن

نام: اس سورت کی آیت نمبر ۹ میں التغابن کا کلمہ ہے یہی اس کا نام تجویز کیا گیا۔ اس میں دو رکوع، اٹھارہ آیتیں، دو سو اکتالیس کلمے، ایک ہزار ۷۰ حروف ہیں۔

نزول: اکثر علماء کا قول یہ ہے کہ اس کا نزول مدینہ طیبہ میں ہوا۔ ابن مردویہ اور بیہقی نے حضرت ابن عباس سے یہی قول نقل کیا ہے۔ ابن الزبیر سے بھی یہی مروی ہے۔ اگرچہ بعض مفسرین اسے مکی کہتے ہیں لیکن پہلا قول راجح ہے۔

مضامین: پہلی چار آیتوں میں اللہ تعالیٰ کی صفاتِ جلیلہ کو بیان فرمایا گیا ہے۔ ان صفات کا جو تعلق کائنات کی تخلیق خصوصاً انسان کی تخلیق سے ہے، اُسے ساتھ ساتھ واضح کر دیا گیا۔ بتایا کہ آسمانوں اور زمین کی ہر چیز اس کی پاکی بیان کر رہی ہے۔ بلندیوں اور پستیوں میں اسی کی حکمرانی ہے۔ ہر قسم کی تعریف کا وہی حقدار ہے جو ہر چیز پر قادر ہے۔ انسان کو بھی اسی نے پیدا کیا۔ بعض خوش نصیب وہ ہیں جنہوں نے اپنے خالق کو پہچانا اور اس کی وحدانیت پر ایمان لے آئے ہیں اور اُس کے انعامات پر اس کا شکر ادا کرتے ہیں اور بعض ایسے بدنصیب ہیں جو اس سعادت سے محروم رہے۔ اللہ تعالیٰ کی ہمہ دانی کا یہ حال ہے کہ کوئی چیز اس سے مخفی نہیں۔

حمدِ الٰہی کے بعد گزشتہ زمانوں کے کفار کا حال بیان کیا کہ انہوں نے اپنے رب کا انکار کیا اور اس کے بھیجے ہوئے رسولوں کی تکذیب کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ ہلاک کر دیے گئے۔ اے لوگو! تم اُن سے عبرت پکڑو اور ایسی راہ اختیار نہ کرو جس کا انجام تباہی ہو۔

آیت نمبر ۱۴ اور ۱۵ میں اہلِ ایمان کو ایک اہم خطرے سے متنبہ کر دیا تاکہ وہ اس سے بچتے رہیں۔ بیوی اور اولاد کی محبت انسان کے لیے بہت بڑی آزمائش ہے۔ لوگ اپنی بیویوں کو خوش کرنے اور اپنی اولاد کو خوشحال دیکھنے کے جنون میں کیا کچھ نہیں کر گزرتے۔ ہر شخص یہ سمجھ لے کہ اس کی حسین و جمیل بیوی جس کی ایک ادا پر وہ سب کچھ قربان کرنے کے لیے تیار ہے یا اس کی پیاری اولاد جس کو خوش و خرم دیکھنے کا وہ از حد متمنی ہے۔ اگر اس نے فرزند و زن کے لیے اپنے پروردگار کی نافرمانی کی تو اس کی عاقبت برباد ہو جائے گی۔ یہ بیوی، یہ بچے کسی کام نہ آئیں گے۔ اس وقت اُسے پتہ چلے گا کہ یہ اس کے دشمن تھے۔ تم اب چوکنے رہو اور ان کی ناجائز نازبرداری سے اجتناب کرو۔ تاکہ تمہیں قیامت کے روز پچھتانا نہ پڑے۔

آخر میں یہ ہدایت فرما دی کہ جہاں تک تمہارے امکان میں ہے تقویٰ اور پرہیزگاری کو اپنا شعار بنالو۔ اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے میں فیاضی سے کام لو۔ اس کا وہ تمہیں اتنا اجر دے گا جس کا ابھی تم اندازہ بھی نہیں لگا سکتے۔

سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورہ التغابن مدنی ہے اور اس میں اٹھارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَ

اللہ ہی کی تسبیح کر رہی ہے ہر چیز جو آسمانوں میں ہے اور ہر چیز جو زمین میں ہے [1] اسی کی حکومت ہے اور

لَهُ الْحَمْدُ ۖ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ① هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ

اسی کے لیے ساری تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے [2] وہی ہے جس نے تمہیں پیدا فرمایا

فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ②

پھر تم میں سے بعض کافر ہیں اور تم میں سے بعض مومن ہیں [3] اور اللہ تعالیٰ جو تم کرتے ہو خوب دیکھ رہا ہے۔

[1] اس سورت میں جو معارف و مطالب بیان کیے گئے ہیں ان کا آغاز اس آیت سے زیادہ موزوں نہیں ہو سکتا انسان کی تخلیق، اس میں متعدد اور متضاد نوعیت کی صلاحیتوں کا ودیعت کیا جانا، اس کی صورت کا حسین و جمیل ہونا، آسمانوں اور زمین کا اور ان میں جو کچھ ہے اس کا حق کے ساتھ پیدا کیا جانا، یہ ساری چیزیں اس امر کا تقاضا کرتی ہیں کہ ان کا خالق تمام صفاتِ کمال سے متصف ہے اور ہر عیب و نقص سے مبرا اور منزہ ہے۔ بلندیوں پستیوں میں حقیقی فرمانروائی اسی کی ہے۔ ہر خوبی اور ہر کمال جہاں کہیں دکھائی دیتا ہے وہ اسی کا ہے یا اس کا بخشا ہوا ہے اس لیے ہر حمد کا وہی مستحق ہے۔

[2] جب ہر چیز ممکن ہے اس کی تخلیق کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف یکساں ہے تو اس کی قدرت کی نسبت بھی ہر چیز سے مساوی ہو گی۔

[3] جبر و قدر کے نظریات نے عرصہ تک لوگوں کو پریشان رکھا۔ اس افراط و تفریط کے درمیان اہلسنت نے راہِ اعتدال اختیار کی۔ نہ ہم انسان کو جمادات کی طرح مجبور محض سمجھتے ہیں اور نہ اسے مختارِ مطلق مانتے ہیں کہ جو چاہے وہ کرے اور جو اس کی مرضی ہو وہ ہوتا چلا جائے۔ اس کا اور اس کی جملہ صلاحیتوں کا مالک اللہ تعالیٰ ہے۔ ان صلاحیتوں کا برتنے کا ارادہ، اچھے یا برے انداز سے ان کو استعمال کرنا یہ انسان کا فعل اور کسب ہے۔ اسی کسب کے باعث وہ جزا و سزا کا مستحق سمجھا جاتا ہے۔ اس آیت میں بتا دیا گیا ہے کہ تمہیں عدم سے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ

اس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ اور اس نے تمہاری صورتیں بنائیں اور تمہاری صورتوں کو خوبصورت بنایا ۲

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ③ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ

اور اسی کی طرف (سب نے) لوٹنا ہے۔ وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے نیز وہ جانتا ہے

ہست کرنے والا، تم میں گوناگوں صلاحیتیں پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ پھر کسی نے اس نعمت وجود کو پہچانا، اس کا اعتراف کیا اور اپنے منعم کا شکر ادا کرتے ہوئے اس کی توحید کو تسلیم کیا، کسی نے اس نعمت کی قدر نہ کی اور نفس وشیطان کے بتائے ہوئے راستہ پر گامزن رہا اور اپنے رب کا انکار کرتا رہا۔ انسان کو اس کی صلاحیتوں کو پیدا کرنا اللہ تعالیٰ کا فعل ہے لیکن انہیں صحیح یا غلط انداز سے استعمال کرنا انسان کا فعل ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ زجاج نے کہا ھی احسن الاقوال کہ یہ رائے ہی تمام آراء سے بہتر ہے۔

۲ آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کرنے کا مطلب متعدد مقامات پر بیان کیا جا چکا ہے۔ مختصر الفاظ میں یوں سمجھ لیجیے کہ ہر چیز کو رب کریم نے اس طرح بنایا جس طرح اسے بنایا جانا چاہیے تھا تاکہ وہ اپنی تخلیق کے مقاصد کو صحیح طریقے سے انجام دے سکے۔ کائنات کی کسی چھوٹی یا بڑی چیز میں آپ غور کریں آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ اسے ایسا ہی ہونا چاہیے تھا۔ چیونٹی کا ننھا سا جسم، اس کی باریک باریک ٹانگیں اور اس کے بقیہ جسم کی ساخت ایسی ہی ہونی چاہیے تھی جیسے ہے۔ ہاتھی کا یہ بھاری بھر کم جثہ، اس کی موٹی موٹی مضبوط ٹانگیں اس کے چوڑے چوڑے کان، اس کی لمبی سوراخ دار سونڈ ایسی ہی ہونی چاہیے تھی جیسے ہمیں نظر آ رہی ہے۔ ہوا میں جو خوبیاں ہیں، پانی کی جو خصوصیتیں ہیں ان میں ردوبدل کی قطعاً گنجائش نہیں۔ جو بنایا ہے، جیسے بنایا ہے وہی حق اور درست ہے۔ اس میں رائی کے دانے کے برابر بھی کوئی بڑے سے بڑا انجینئر تبدیلی نہیں کر سکتا۔ اس مقام پر اللہ تعالیٰ نے اپنی تخلیق کے شاہکار حضرت انسان کا خصوصی طور پر ذکر فرما دیا کہ دیکھو ہم نے اسے بنایا اور کتنا خوبصورت بنایا۔ اس کا قد زیبا، اس کے ہاتھ اور اس کے بازو کتنے متناسب ہیں۔ اگر پانچ کے بجائے ہاتھ میں سات انگلیاں ہوتیں یا چار ہوتیں تو کیا وہ کام تم اس خوبی سے انجام دے سکتے جیسے اب دے رہے ہو۔ پھر اس کے چاند سے چہرے کی طرف دیکھو، آنکھیں، کان، ناک، منہ کتنے قرینے سے سجائے گئے ہیں۔ ان میں سے کسی کو آگے پیچھے یا اوپر نیچے کر کے تصور کرو کتنی خوفناک اور بھیانک صورت رونما ہو جائے گی۔ پھر صرف اس کا ظاہر ہی حسن و دلکشی کا مرقع نہیں بلکہ اس کا باطن بھی گوناگوں خوبیوں کا مخزن ہے۔ اس مشت خاک میں فضا کو مسخر کرنے، سمندروں کو کھنگال دینے کی قوتیں کس نے ودیعت کی ہیں؟ اسے نیک و بد کے درمیان تمیز کی استعداد کس نے بخشی ہے؟ وہ ہمت بلند جس کے زور سے وہ مادی دنیا کی زنجیروں کو توڑ کر سدرۃ المنتہیٰ پر اپنا آشیانہ بناتا ہے وہ کس کا عطیہ ہے۔ اس کو ارادہ وعمل کی گوناگوں آزادی دے کر چمن ہستی کی حنابندی کا کیا حیران کن اہتمام کر دیا گیا ہے۔

کوئی لاکھ دور بھاگے، کوئی لاکھ سرکشی کرے، کوئی اپنی خودی کے خمار میں کتنا سرمست رہے آخر کار سب نے اسی کے دربار میں لوٹ کر جانا ہے۔

مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

جسے تم چھپاتے ہو اور جسے تم ظاہر کرتے ہو ۞ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو سینوں میں (پوشیدہ) ہے۔

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۫ فَذَاقُوْا وَبَالَ

کیا نہیں آئی تمہارے پاس ان کی خبر جنہوں نے کفر کیا اس سے پہلے پس چکھ لیا انہوں نے اپنے کام (یعنی کفر)

اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ

کا وبال اور ان کے لیے آخرت میں) دردناک عذاب ہے ۞ اس کی وجہ یہ تھی کہ آتے رہے ان کے پاس

۞ اس کی بے پایاں قدرت میں اس کی حکمت کے جلوے قدم قدم پر ؎ نظارہ ز دامن دل میکشد کہ جا ایں جاست کا منظر پیش کر رہے ہیں۔ یہاں اس کے علم کی گہرائی اور وسعت کا اندازہ بھی ممکن نہیں۔ بلندیوں اور پستیوں میں کوئی حقیر سے حقیر چیز بھی ایسی نہیں جس کا اسے علم نہ ہو۔ اگر اس کو خشخاش کے باریک سے دانے کا علم نہ ہو جو زمین کے تاریک شکم میں بو دیا جاتا ہے تو وہ اگ کیسے بڑا کیسے ہو، اس پر پھول کیسے آئیں اور وہ پک کر تیار کیسے ہو۔

انسان کا مقام ساری مخلوقات میں اعلیٰ وارفع ہے اس لیے اس کا ذکر ہر موقع پر خصوصیت سے کیا جاتا ہے۔ یہاں بھی فرمایا کہ آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کو جاننے والا اے انسان تجھے بھی جانتا ہے اور کوئی فعل اس سے مخفی نہیں تو ہزار پردوں کے پیچھے چھپ کر بھی کوئی کام کرے گا تب بھی اس کو اس کا علم ہے، بلکہ جو خیال تیرے نہاں خانۂ دل میں ابھی انگڑائیاں لے رہا ہے اس سے بھی وہ پوری طرح باخبر ہے۔ اس لیے سرکشی کا انداز ترک کر دو۔ اطاعت و انقیاد کو اپنا شعار بنالو اسی میں تمہاری بھلائی اور دونوں جہانوں کی فلاح کا راز پوشیدہ ہے۔

قرآن کریم ہر مناسب مقام پر انسان کو یہ احساس دلاتا ہے کہ تو اشرف المخلوقات ہے۔ جو شکل و صورت تجھے دی گئی ہے وہ بھی بے نظیر ہے، جو فہم و شعور تجھے بخشا گیا ہے اس کی بھی مثال نہیں۔ فعل و ترک کی جو آزادی تجھے دی گئی ہے کسی اور مخلوق کو نہیں دی گئی۔ اب تیرا بھی فرض ہے کہ اپنے کریم رب کو پہچان۔ اپنی زندگی کو اس کے احکام کے سانچے میں ڈھال۔ اس کی نعمتوں کا شکر ادا کر۔ اس سے دو مقصد پورے ہو جائیں گے۔ تیرا خدا بھی راضی ہو جائے گا اور تیری شخصیت کو بھی چار چاند لگ جائیں گے اور تو اپنے مقصد حیات کو بھی عمدہ طریقہ سے انجام دے سکے گا۔

۞ جن لوگوں نے اس حقیقت کو نہ پہچانا اور اپنے رب کا شکر ادا کرنے کے بجائے سرکشی کی راہ پر چل نکلے اور کفر و شرک اور فسق و فجور کے خارزاروں میں پھنس کر رہ گئے ان کے دردناک انجام کی خبریں زبان زد عوام ہیں۔ تم نے بارہا سنی ہوں گی۔

رُسُلُهُم بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوٓا أَبَشَرٌ يَّهْدُونَنَا فَكَفَرُوا وَتَوَلَّوا

ان کے پیغمبر روشن نشانیاں لے کر پس وہ بولے کیا انسان ہماری رہبری کریں گے ۔ پس انہوں نے کفر کیا اور منہ پھیر لیا

وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ۚ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ۝٦ زَعَمَ الَّذِينَ كَفَرُوٓا أَن

اور اللہ تعالیٰ بھی (ان سے) بے نیاز ہو گیا ۷ اور اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے، سب خوبیوں سراہا ہے۔ گمان کرتے ہیں کفار کہ انہیں ہرگز دوبارہ

لَّن يُّبْعَثُوا ۚ قُلْ بَلٰى وَرَبِّي لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۚ

زندہ نہ کیا جائے گا۔ فرمائیے کیوں نہیں مجھے رب کی قسم تمہیں ضرور زندہ کیا جائے گا ۸ پھر تمہیں آگاہ کیا جائے گا جو تم کیا کرتے تھے ۔

وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ ۝٧ فَاٰمِنُوا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهٖ وَالنُّورِ الَّذِيٓ

اور یہ اللہ کے لیے بالکل آسان ہے ۔ پس ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول پر اور اس نور پر جو ہم نے

۷ ان کی گمراہی کی وجہ بتائی جا رہی ہے کہ ہم نے ان کو عقل و فہم بھی عطا کیا۔ مزید کرم یہ فرمایا کہ ان کی طرف اپنے رسول مبعوث کیے جو انہیں راہِ حق دکھائیں اور ان پیغمبروں کو معجزے بھی دیئے تاکہ وہ ان کو پہچان سکیں لیکن ان احمقوں نے یہ کہہ کر ان کی دعوت قبول کرنے سے انکار کر دیا کہ ہم اپنے جیسے انسانوں کا اتباع نہیں کریں گے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے بھی ان کی طرف سے بے پروائی اختیار کر لی اور انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیا۔ بندوں کو اللہ تعالیٰ کے جود و کرم کی ضرورت ہے۔ وہ بندوں کے سجدوں اور عبادتوں کا محتاج نہیں۔ اس کی کوئی بھی تعریف نہ کرے پھر بھی وہ غنی اور حمید ہے۔

۸ کفار کو اس بات پر یقین تھا کہ قیامت ہرگز نہیں آئے گی، بلکہ آسکتی ہی نہیں۔ اس لیے وہ بڑے دعوے سے کہتے تھے لَنْ يُّبْعَثُوا۔ انہیں قبروں سے زندہ کر کے ہرگز نہیں اٹھایا جائے گا۔ ان کے اس بے جا دعوے کے رد میں ان کے اندازِ گفتگو لن یبعثوا سے بھی صد ہا گنا پُر زور انداز میں وقوعِ قیامت کے بارے میں اعلان فرمانے کا اپنے رسول کو حکم دیا کہ اے حبیب! آپ فرمائیے کہ تمہارا یہ خیال سراسر باطل ہے کہ تمہیں دوبارہ زندہ نہیں کیا جائے گا۔ میں اپنے رب کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تمہیں ضرور دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔ صرف اسی پر بس نہیں بلکہ تمہاری زندگی کا سارا دفترِ عمل تمہارے سامنے کھول کر رکھ دیا جائے گا اور تم میں یہ طاقت نہ ہوگی کہ تم کسی ایک بات کا بھی انکار کرو۔ ایسا کرنا میرے رب کے لیے قطعاً دشوار نہیں۔ جس طرح اس نے کائنات کی تخلیق کے وقت فرمایا کُنْ اور یہ سارا جہان اپنی بوقلمونیوں کے ساتھ نیست سے ہست ہو گیا' اسی طرح اس وقت بھی اس کا ایک اشارہ ہو گا تم سر جھکائے قبروں سے نکل کھڑے ہو گے۔ تمہارے لیے تو واقعی بکھرے ہوئے ذروں کو یکجا کرنا مشکل بلکہ ناممکن ہے لیکن میں تو اپنے رب کی بات کر رہا ہوں جو علیٰ کل شیئٍ قدیر ہے۔

اَنۡزَلۡنَا ؕ وَ اللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرٌ ﴿۸﴾ یَوۡمَ یَجۡمَعُکُمۡ لِیَوۡمِ الۡجَمۡعِ

نازل کیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو اس سے خبردار ہے ف جس دن تمہیں اکٹھا کرے گا جمع ہونے کے دن ۱۰

ذٰلِکَ یَوۡمُ التَّغَابُنِ ؕ وَ مَنۡ یُّؤۡمِنۡ بِاللّٰہِ وَ یَعۡمَلۡ صَالِحًا یُّکَفِّرۡ

یہی گھاٹے کے ظہور کا دن ہے ۱۱ اور جو ایمان لے آیا اللہ پر اور نیک عمل کرتا رہا اللہ دور فرمادے گا

ف کفر و انکار انسان کو جن ہلاکتوں سے دوچار کر دیتا ہے پہلے ان کا ذکر کیا' پھر قیامت کے وقوع پذیر ہونے کا حتمی اعلان کرایا۔ اب ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ تمہاری سلامتی اور بہتری اسی میں ہے کہ تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لے آؤ اور قرآن کریم جو سراسر نور ہدایت ہے اس کو اللہ کا سچا کلام تسلیم کر لو۔ یہ نور تمہاری زندگی کے گوشہ گوشہ کو منور کر دے گا۔ اس کی چمک سے تمہارے تصورات کے ظلمت کدہ میں اجالا ہو جائے گا۔ حق اور باطل میں تم بآسانی امتیاز کر سکو گے۔ تمہاری معاشی خوشحالی' تمہاری اخلاقی برتری اور تمہاری روحانی ترقی کی منزل کی طرف بھی نور تمہاری رہنمائی کرے گا۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں وھو القرآن فانہ باعجازہ بین بنفسہ و مبین لغیرہ کما ان النور کذالک (روح المعانی) یعنی یہاں نور سے مراد قرآن کریم ہے کیونکہ وہ اپنے اعجاز بیان کے باعث خود بھی روشن ہے اور دوسرے حقائق کو بھی آشکارا کرنے والا ہے۔

۱۰ یَوْمَ ۔ لَتُنَبَّؤُنَّ کا ظرف ہے اس لیے منصوب ہے' قیامت کو یوم الجمع اکٹھے ہونے یا اکٹھا کیے جانے کا دن کہا گیا ہے کیونکہ ابتدائے آفرینش سے قیام قیامت تک ساری مخلوق وہاں جمع ہو گی تاکہ ان سے ان کے اعمال کا حساب لیا جا سکے۔

۱۱ فرمایا یوم الجمع یعنی جمع ہونے کا دن ہی حقیقت میں یوم التغابن ہو گا۔ علامہ راغب نے اختصار کے ساتھ بڑی جامع اور واضح تشریح کی ہے۔ لکھتے ہیں الغبن ان یبخس صاحبک فی معاملۃ بینک و بینہ بضرب من الاخفاء (مفردات) یعنی پوشیدہ طور پر اپنے ساتھی کو باہمی معاملہ میں نقصان پہنچانے کو غبن کہتے ہیں اگر یہ نقصان مالی ہو تو اس کا ماضی غَبَنَ مفتوح العین ہو گا اور اگر اس کی رائے اور فہم میں ہو تو غَبِنَ مکسور العین ہو گا۔ قیامت کو یوم التغابن کہنے کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ عمر بھر جس غافل کاروبار میں وہ ہمہ تن مصروف رہے۔ اس کے نتائج کھل کر ان کے سامنے آ جائیں گے اور انہیں علم ہو جائے گا کہ انہوں نے کتنے گھاٹے کا سودا کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو ناراض کر کے انہوں نے اپنے آپ کو نعیم جنت سے محروم کیا اور نفس و شیطان کی پیروی کر کے اپنے آپ کو دوزخ کا ایندھن بنایا۔

بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہ باب تفاعل ہے' اس میں دو یا دو سے زائد آدمیوں کی شرکت ضروری ہے اس لیے انہوں نے یوم التغابن کی تشریح یوں کی ہے کہ اہل جنت جب جنت میں داخل ہوں گے تو انہیں اپنے محلات کے علاوہ ان لوگوں کے محلات بھی مرحمت فرما دیے جائیں گے جنہوں نے غلط روی کے باعث اپنے آپ کو جہنم کا سزاوار بنایا۔ اور جہنمی جب دوزخ میں پھینکے جائیں گے تو انہیں اپنے ٹھکانوں کے علاوہ ان لوگوں کے ٹھکانے بھی دے دیے جائیں گے جو راہ راست پر گامزن ہونے کے باعث دوزخ کے عذاب سے

نجات پاگئے گویا اس روز دوزخی اور جنتی آپس میں لین دین کریں گے۔ اہل جنت اپنے دوزخ کے ٹھکانے جہنمیوں کو دے دیں گے اور ان کے عوض جنت میں دوزخیوں کے لیے جو ایوان آراستہ کیے گئے تھے وہ انہیں مل جائیں گے۔ اس روز دوزخی بآسانی یہ فیصلہ کر سکیں گے کہ زندگی کے میدان میں کون جیتا اور کون ہارا۔ اس کاروبار میں انہوں نے کیا کھویا اور کیا پایا۔

بخاری شریف کی روایت سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے۔ حضور نے فرمایا:

مَامِنْ عَبْدٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا أُرِيَ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ لَوْ أَسَاءَ لِيَزْدَادَ شُكْرًا وَمَامِنْ عَبْدٍ يَدْخُلُ النَّارَ إِلَّا أُرِيَ مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ لَوْ أَحْسَنَ لِيَزْدَادَ حَسْرَةً۔ یعنی ہر جنتی جب جنت میں داخل ہوگا تو اسے جہنم میں اس کی وہ جگہ دکھائی جائے گی جو اگر وہ بدکار ہوتا تو اس کو ملتی۔ یہ اس لیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا مزید شکر ادا کرے اور دوزخی کو جنت میں اس کی وہ جگہ دکھائی جائے گی جو اگر وہ نیک ہوتا تو اس کو ملتی تاکہ اس کی حسرت میں مزید اضافہ ہو۔

صحیح مسلم اور ترمذی کی ایک حدیث بھی مطالعہ فرمائیے تاکہ آپ کو پتہ چلے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے درمیان کس طرح عدل فرمائے گا۔ حضرت ابوہریرہ روایت کرتے ہیں:

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قَالَ أَتَدْرُونَ مَنِ الْمُفْلِسُ قَالُوا الْمُفْلِسُ فِينَا مَنْ لَا دِرْهَمَ لَهُ وَلَا مَتَاعَ قَالَ إِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ أُمَّتِي مَنْ يَأْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصَلٰوةٍ وَصِيَامٍ وَزَكٰوةٍ وَيَأْتِي قَدْ شَتَمَ هٰذَا وَقَذَفَ هٰذَا وَأَكَلَ مَالَ هٰذَا وَسَفَكَ دَمَ هٰذَا وَضَرَبَ هٰذَا فَيُعْطَى هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ فَإِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهُ قَبْلَ أَنْ يُقْضٰى مَا عَلَيْهِ أُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ وَطُرِحَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ۔

ترجمہ: ایک روز رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پوچھا اے لوگو! تم جانتے ہو مفلس کون ہے۔ انہوں نے عرض کیا کہ ہم تو اس کو مفلس کہتے ہیں جس کے پاس نہ روپیہ ہو نہ ساز و سامان۔ فرمایا میری امت کا مفلس وہ ہے جو روز حشر آئے گا۔ اس کے ساتھ اس کی نمازیں، اس کے روزے اور اس کی زکوٰۃ ہوگی نیز وہ اس حالت میں آئے گا کہ اس نے دنیا میں کسی کو گالی نکالی ہوگی، کسی پر بہتان باندھا ہوگا، کسی کا ناحق مال کھایا ہوگا، کسی کا خون بہایا ہوگا، کسی کو مارا پیٹا ہوگا۔ ان مظلوموں کی داد رسی کرنے کے لیے اس کی نیکیاں ان لوگوں میں بانٹی جائیں گی اور اگر مظلوموں کی حق رسی سے پہلے اس کی نیکیوں کا ذخیرہ ختم ہو گیا تو مظلوموں کے گناہ لے کر اس کے سر پر لاد دیے جائیں گے اور پھر اسے دھکا دے کر آتش جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک اور نصیحت آموز ارشاد بھی سنتے جائیے۔

قال من كان عنده مظلمة لاخيه فليتحلله منها فى الدنيا فانه ليس ثمه دينار ولا درهم ان كان عمل صالح اخذ منه بقدر مظلمته وان لم يكن له حسنات اخذ من سيئات صاحبه فحمل عليه (بخاری شریف)

ترجمہ: یعنی اگر کسی نے اپنے بھائی پر ظلم کیا ہے تو اس دنیا میں ہی وہ اسے معاف کرا لے کیونکہ قیامت کے روز دینار و درہم نہیں ہوں گے۔ اگر اس ظالم نے کچھ نیک اعمال کیے ہوں گے تو وہ لے کر اس مظلوم کو دے دیے جائیں گے اور اگر اس کے پاس صالح اعمال کا ذخیرہ نہ ہوگا تو مظلوم کے گناہ اس کے سر پر لاد دیے جائیں گے۔

عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اس سے اس کے گناہوں کو ۱۲ اور داخل فرمائے گا اسے باغوں میں رواں ہوں گی جن کے نیچے ندیاں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے تا ابد۔ یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔ اور جنہوں نے کفر کیا

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَبِئْسَ

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ دوزخی ہوں گے ہمیشہ اس میں رہیں گے ۱۳ اور یہ بہت بری

وہ لوگ جو تلاشِ زر میں آج دیوانے بنے پھرتے ہیں، حلال و حرام، جائز و ناجائز کی تمیز بھی نہیں کرتے، جو لوگ اپنے کارخانوں کی اونچی اونچی چمنیوں سے سیاہ دھواں نکلتا دیکھ کر پھولے نہیں سماتے، جو آج اپنے کروفر میں اتنے مست ہیں کہ انہیں راہِ حق پر ایک قدم چلنا بھی گوارا نہیں، انہیں اگر فرصت ملے تو وہ یوم التغابن کا بھی تصور کریں۔ جب انہیں خالقِ کائنات کے حضور لاکر کھڑا کر دیا جائے گا اس وقت ان کی آنکھ کھلے گی اور انہیں اپنی حماقت کا احساس ہوگا۔ اس روز انہیں پتہ چلے گا کہ جس کاروبار کو بڑا نفع بخش سمجھ رہے تھے، وہ درحقیقت سراسر گھاٹے کا کاروبار تھا۔

علامہ ابن منظور نے حضرت حسن بصری سے تغابن کا ایک اور مفہوم نقل کیا ہے۔

سُئِلَ الحسن عن قولہ تعالیٰ ذٰلک یوم التغابن فقال غبن اھل الجنۃ اھل النار ای استنقصوا عقولھم باختیارھم الکفر علی الایمان (لسان العرب) یعنی حضرت حسن بصری سے یوم التغابن کے بارے میں پوچھا گیا۔ آپ نے فرمایا اس روز اہلِ جنت دوزخیوں کے فہم و خرد کی تنقیص کریں گے کہ تم لوگ کتنے احمق تھے۔ تم نے ایمان کو چھوڑ دیا اور کفر کو اختیار کر لیا۔ تمہاری دانش مندی نے تمہیں یہ بھی حقیقت بھی دسمجھائی کہ دانا باقی کے بدلے فانی نہیں لیا کرتے۔ اس صورت میں تغابن، غبن سے ماخوذ ہوگا جس کا معنی عقل و رائے میں نقصان ہے۔

۱۲ یوم التغابن کے ذکر کے بعد پھر اس حقیقت کو واضح کر دیا کہ جو شخص ایمان لائے گا اور ایمان کے تقاضے پورے کرتے ہوئے اعمالِ حسنہ سرانجام دے گا اللہ تعالیٰ اس کی سابقہ خطائیں دور کر دے گا۔ اس کے نامۂ اعمال میں کوئی ایسا نقص نہیں رہے گا جس سے قیامت کے دن اس پر فردِ جرم عائد کی جاسکے اور اس کے لیے جنت کے دروازے کھول دیے جائیں گے۔ علامہ جوہری کفر کا مفہوم یوں بیان کرتے ہیں۔ التکفیر فی المعاصی کالاحباط فی الثواب (صحاح) اعمالِ صالحہ کا ثواب ضائع ہو جائے تو اس کے لیے حبط کا لفظ استعمال ہوتا ہے اور گزشتہ گناہ کالعدم کر دیے جائیں تو اس کے لیے تکفیر کا کلمہ استعمال ہوتا ہے۔

۱۳ لیکن جو بدبخت اتنی نصیحتوں کے باوجود کفر پر اڑے رہے اور آیاتِ ربانی کی تکذیب کرتے رہے ان کا دردناک انجام بھی بتا دیا تاکہ وہ اس کے لیے اپنے آپ کو تیار کر لیں۔

الْمَصِيْرُ ۝١٠ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ

پلٹنے کی جگہ ہے۔ نہیں پہنچتی (کسی کو) کوئی مصیبت بجز اللہ کے اذن کے [١٣] اور جو شخص

[١٣] یہ دنیا دار المحن ہے۔ مصائب و آلام سے کسی کو مفر نہیں۔ بیماری، صدمے، تجارت و زراعت میں خسارہ، کسی عزیز ترین مقصد میں انتہائی مساعی کے باوجود ناکامی۔ یہ ایسے حالات ہیں جن سے کم و بیش ہر شخص کو واسطہ پڑتا ہے۔ لیکن آلام و مصائب کے ہجوم میں ہر شخص کا ردعمل یکساں نہیں ہوتا۔ وہ لوگ جن کا خدا کی ذات پر ایمان نہیں ہوتا وہ اپنے آپ کو ان حالات میں ایک بے بس تنکا محسوس کرتے ہیں جسے ہوا کے جھونکے اِدھر سے اُدھر پھینک رہے ہوتے ہیں۔ اس وقت جس ذہنی پستی اور اخلاقی انحطاط کا یہ لوگ مظاہرہ کرتے ہیں اسے دیکھ کر شرافت کی پیشانی پر پسینہ آجاتا ہے اور آنکھیں فرطِ ندامت سے جھک جاتی ہیں۔ لیکن جن کو خدا پر ایمان ہوتا ہے اور ایمان بھی ایسا مستحکم اور استوار کہ اس میں ذرہ برابر لچک نہیں ہوتی۔ ان کی شان اس وقت دیدنی ہوتی ہے۔ شیروں کے نرغے میں بھی وہ مسکرا رہے ہوتے ہیں۔ بے رحم طوفانوں میں بھی ان کے یقین کی شمع فروزاں رہتی ہے۔ وہ یہ جانتے ہیں کہ وہ بے آسرا نہیں۔ خدا کی ذات ان کا آسرا ہے اور یہ بہت بڑا آسرا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کا یہ بھی ایمان ہے کہ ان کے پروردگار کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں۔ اگر اس نے انہیں کسی آزمائش میں مبتلا کر دیا ہے تو یہ اس کا ظلم یا بے انصافی نہیں یا اپنے فرمانبردار بندے سے اس کا تغافل اور اس کی بے رخی نہیں، بلکہ اسی میں ان کی بہتری اور بھلائی ہے۔ یہی عین مصلحت ہے۔ اس طرح ان کے دل مضطرب اور بے چین نہیں ہوتے۔ آزمائش کی اس پُرخار وادی کو بڑے صبر و تحمل اور سکون و وقار کے ساتھ طے کرتے چلے جاتے ہیں۔

ایمان باللہ میں کس بلا کی قوت ہے؟ اس قوت کے بل بوتے پر انسان کس طرح ثابت قدمی اور جوانمردی کا مظاہرہ کرتا ہے اس کے لیے آپ فرعون کے ساحروں کے رویہ پر نظر ثانی کیجیے۔ فرعون انہیں دھمکیاں دے رہا ہے اگر تم باز نہ آئے تو میں تمہارے ہاتھ پاؤں کاٹ دوں گا۔ تمہیں سولی پر چڑھا دوں گا۔ انہیں اس کا بخوبی علم تھا کہ یہ ظالم ایسا کر کے رہے گا۔ لیکن وہ ایمان جو ان کے دلوں میں پیدا ہو گیا تھا وہ انہیں ثابت قدم رکھتا ہے۔ ان میں لغزش نہیں آنے دیتا۔ وہ بھرے دربار میں یہ اعلان کرتے ہیں۔ فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ۔ اے فرعون! جو تیرا جی چاہے کر گزر، ہم اس نعمتِ ایمان کو ہرگز اپنے ہاتھوں سے نہیں جانے دیں گے۔

جب انسان کو اللہ تعالیٰ کی ذات پر، اس کی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ پر یقین راسخ نصیب ہوتا ہے تو ان نہرہ گداز حالات میں اللہ تعالیٰ ان کے دلوں کو صبر و رضا اور تسلیم کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ میں اسی خصوصی عنایت کی طرف اشارہ ہے۔ اس آیت کی تفسیر کے ضمن میں علامہ ابن کثیر نے ایک حدیث لکھی ہے جو صحیحین سے منقول ہے۔ آپ بھی اسے غور سے پڑھیے اور اسے یاد رکھیے تاکہ زندگی کا کارواں جب لالہ زاروں اور مرغزاروں سے نکل کر خارزاروں اور اداس و ویران ریگزاروں سے گزرنے لگے تو آپ کے چہرے پر اس وقت بھی طمانیت کا نور جھلک رہا ہو۔ تمہارے دل میں اضطراب و پریشانی کی کوئی علامت موجود نہ ہو۔ آپ کے آقا و مولا، مرشد برحق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ عجبا للمؤمن لا یقضی اللہ قضاء الا کان خیرا لہ ان اصابتہ ضراء صبر فکان خیرا لہ وان اصابتہ سراء شکر فکان خیرا لہ ولیس ذلک لاحد الا للمؤمن۔

يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾ وَاَطِيْعُوا

اللہ پر ایمان لے آئے اللہ اس کے دل کو ہدایت بخشتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے ۱۵ اور اطاعت کرو

اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ

اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول (مکرم) کی ۱۶ پھر اگر تم نے روگردانی کی (تو تمہاری قسمت) ہمارے رسول کے ذمہ فقط کھول کر (پیغام)

الْمُبِيْنُ ﴿۱۲﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾

پہنچانا ہے۔ اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی خدا نہیں پس اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے ایمان والوں کو ۱۷

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ

اے ایمان والو! تمہاری کچھ بیبیاں اور تمہارے بچے تمہارے دشمن ہیں

ترجمہ: یعنی مومن کی بھی عجیب حالت ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے بارے میں جو فیصلہ کرے وہی اس کے لیے بہتر ہوتا ہے۔ اگر اسے تکلیف پہنچے اور اس پر وہ صبر کرے تو یہ تکلیف اس کے لیے بہتر ہے اور اگر اسے مسرت ارزانی ہو اور وہ اس پر شکر کرے تو یہ اس کے لیے بہتر ہے اور یہ سعادت صرف مومن کے لیے مخصوص ہے۔

۱۵ یہ فرما کر اہلِ ایمان کو تسلی دے دی کہ تمہارا واسطہ اس خدا سے نہیں جس کو تمہاری حالت کی خبر نہ ہو۔ تم اس کے لیے ہلکان ہوتے رہو، نقصان پر نقصان اٹھاتے رہو، تکلیف پر تکلیف جھیلتے رہو اور اسے پتہ ہی نہ ہو کہ اس کے بندے اس کی راہ میں کن کن آفتوں سے ٹکرا رہے ہیں۔ ایسا ہرگز نہیں۔ اس کی راہ میں جو کانٹا تمہیں چبھتا ہے، گرم لُو کا جھونکا جو تمہارے جسم کو جھلس کر نکل جاتا ہے، اسے اس کا بھی علم ہے، اس کا بھی وہ تمہیں اجرِ عظیم عطا فرمائے گا۔ تمہارا دشمن کتنا جابر و قاہر کیوں نہ ہو جب اس کی مدد آئے گی تو دشمن کا نام و نشان تک باقی نہ رہے گا۔ صبر کا دامن مضبوطی سے تھامے رہو۔ اس کی رحمت پر بھروسہ رکھو، حالات کا رُخ پھیرتے ہیں اسے دیر نہیں لگتی۔ کس پیارے انداز سے اپنے محبانِ دلفگار کی دلجوئی فرمائی جا رہی ہے۔

۱۶ ہر حالت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کو اپنا شعار بنائے رکھو۔ اگر تم نے خوشی و آرام کے دنوں میں اس کو بھلا دیا یا غم و اندوہ کی تاریک راتوں میں اس کی رحمت سے مایوس ہو کر بے راہروی اختیار کر لی تو یاد رکھو اس کا نقصان تمہیں ہی ہو گا۔ ہمارے رسول کی تو یہی ذمہ داری تھی کہ وہ تمہیں حق کا پیغام پہنچا دے۔ اس کو قبول کرنا یا نہ کرنا تمہارا کام ہے۔

۱۷ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان اور اس پر توکل بندۂ مومن کا طرۂ امتیاز ہے۔

فَاحۡذَرُوۡهُمۡ ۚ وَاِنۡ تَعۡفُوۡا وَتَصۡفَحُوۡا وَتَغۡفِرُوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ

پس ہوشیار رہو ان سے ۱۸ اور اگر تم عفو و درگزر سے کام لو اور بخش دو تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ غفور

رَّحِيۡمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَاۤ اَمۡوَالُكُمۡ وَاَوۡلَادُكُمۡ فِتۡنَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عِنۡدَهٗۤ اَجۡرٌ

رحیم ہے ۱۹ بے شک تمہارے مال اور تمہاری اولاد تو بس آزمائش ہیں ۲۰ اور اللہ ہی ہے جس کے پاس اجر

عَظِيۡمٌ ﴿۱۵﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسۡتَطَعۡتُمۡ وَاسۡمَعُوۡا وَاَطِيۡعُوۡا وَاَنۡفِقُوۡا

عظیم ہے ۲۱ پس ڈرتے رہو اللہ سے جتنی تمہاری استطاعت ہے ۲۲ اور (اللہ کا فرمان) سنو اور مانو اور (اس کی راہ میں) خرچ کرو

۱۸ راہ حق کے مسافر کے لیے وہ لمحے بڑے خطرناک ہوتے ہیں جب اس کی محبوب بیوی یا پیاری اولاد سنگ راہ بن کر سامنے آتی ہے۔ جب ایمان کے تقاضوں اور ان کے مطالبات میں تصادم شروع ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے نازک لمحوں میں اپنے بندوں کی رہنمائی فرماتا ہے۔ انہیں یہ بتاتا ہے کہ بے شک تیری بیوی تیری ارضی جنت کی حور ہے، اگرچہ تیری اولاد تیری آنکھوں کا نور اور دل کا سرور ہے لیکن اگر یہ تجھے راہ راست سے بھٹکانے کی کوشش کرتے ہیں تو خبردار! یہ تیرے دشمن ہیں۔ یہ تیری عاقبت کو برباد کرنا چاہتے ہیں۔ تجھے اپنے مالک کی بغاوت پر اکساتے ہیں ان کی ان چالوں سے ہوشیار رہنا۔ ایسا نہ ہو کہ ان کی نازبرداریاں کرتے ہوئے اپنی متاع ایمان لٹا بیٹھو۔ یہ خسارہ ناقابل برداشت ہوگا۔

۱۹ ان کی کھلی عداوت کے باوجود ان کے ساتھ حسن سلوک اور عفو و درگزر کا درس دیا جا رہا ہے۔ یہ وسیع القلبی اور تسامح اسلام کے بغیر آپ کو کسی اور دین میں نہیں ملے گی۔

۲۰ مال اور اولاد کی محبت اگر یاد حق میں مخل انداز ہو تو یہ ایک بہت بڑا فتنہ ہے۔ مومن کو چاہیے کہ ان کی محبت میں ایسا وارفتہ نہ ہو جائے کہ یاد حق میں غفلت اور احکام شریعت کی پابندی میں تساہل ہونے لگے۔

مال اور اولاد اس اعتبار سے بھی آزمائش ہیں کہ اللہ تعالیٰ جب یہ نعمتیں عطا فرماتا ہے تو وہ دیکھتا ہے کہ میرا بندہ ان کو صحیح طور پر استعمال کرتا ہے یا نہیں جب اولاد بخشتا ہے تو وہ یہ دیکھتا ہے کہ ماں باپ اپنی اولاد کی صحیح تعلیم و تربیت میں اپنی ذمہ داری کس حد تک پوری کرتے ہیں۔ ان کو انسانیت کی اعلیٰ قدروں سے متصف کرنے کی کہاں تک کوشش کرتے ہیں۔ انہیں ایسا فرد بنانے میں ان کا کتنا حصہ ہے جو اپنے علم اپنے عمل اور اپنی سیرت کے باعث اپنی قوم اور ملک کو چار چاند لگائے۔ جو والدین اپنی اولاد کی صحیح تربیت نہیں کرتے انہیں علم کے جوہر سے مزین نہیں کرتے ان کے کردار کو اعلیٰ سانچوں میں ڈھالنے کی کوشش نہیں کرتے وہ اس آزمائش میں ناکام ہو جاتے ہیں۔ اس امتحان میں صرف وہی ماں باپ کامیاب ہوتے ہیں جو اپنی اولاد کو مومن کی صفات جمیلہ کا پیکر جمیل بنا دیتے ہیں۔

۲۱ اگر تم اپنے اموال اور اپنی اولاد کے سلسلہ میں اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے انجام دو گے تو بارگاہ الٰہی سے تم پر مزید فضل و احسان کی بارش کی جائے گی اور تمہاری اس عملی شکر گزاری کو مزید انعامات سے نوازا جائے گا۔

۲۲ سورہ آل عمران کی آیت ۱۰۲ میں ہے یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ۔ اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس

خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۗ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾

یہ بہتر ہے تمہارے لیے ۲۳ اور جنہیں بچا لیا گیا ان کے نفس کے بخل سے تو یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں ۲۴

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ

اگر تم اللہ تعالیٰ کو قرض حسن دو تو وہ اسے کئی گنا کر دے گا تمہارے لیے اور بخش دے گا تمہیں ۲۵ اور اللہ تعالیٰ

شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾

بڑا قدردان اور بہت علم والا ہے ۲۶ ہر نہاں اور عیاں کا جاننے والا ہے، سب پر غالب، بڑا دانا ہے ۲۷

ع ۲
۱۶

طرح اللہ سے ڈرنے کا حق ہے۔ یہاں ارشاد فرمایا کہ اپنے اللہ سے ڈرو جتنا تمہارا مقدور ہے، جتنا تمہارے امکان میں ہے۔ اس اختلاف کی وجہ بیان کرتے ہوئے علامہ اسماعیل حقی رقمطراز ہیں: اشارة الى الفرق بين الابرار والمقربين فى حال التقوى وقوله فاتقوا الله ما استطعتم ناظر الى الابرار وقوله تعالى فاتقوا الله حق تقاته ناظر الى المقربين. فان حالهم الخروج عن الوجود المجازى بالكلية وهو حق التقوى۔

یعنی ابرار اور مقربین کے تقویٰ میں جو فرق ہے اس کی طرف اشارہ کر دیا۔ اس آیت میں ابرار کی حالت کو پیش نظر رکھا گیا ہے اور پہلی آیت میں مقربین کے احوال کو ملحوظ رکھا گیا ہے، کیونکہ وہ لوگ اپنے وجود مجازی سے کلیۃً دستکش ہو جاتے ہیں اور یہی تقویٰ کا منتہائے کمال ہے۔ ہر شخص اولوالعزم نہیں ہو سکتا، ہر شخص میں وہ صلاحیتیں نہیں پائی جاتیں جن سے اللہ تعالیٰ نے اکابر صحابہ اور اکابر اولیاء کرام کو مشرف فرمایا۔ اس لیے سب کے لیے تقویٰ کا دروازہ کھول دیا۔ جتنی تمہاری بساط ہے، جتنی ہمت کے تم مالک ہو اتنا تقویٰ اختیار کرو، مزید ارتقاء تقویٰ کی توفیق وہ جب چاہے گا اپنی جناب سے تمہیں عطا فرمائے گا۔

۲۳ مزید ہدایات دے دیں کہ اللہ تعالیٰ کا کلام اور اس کے نبی کے ارشادات پوری توجہ سے سنو۔ اس کے احکام کو بجا لاؤ اور اس کی راہ میں اس کے دیئے ہوئے مال سے خرچ کرتے رہو۔ یہی تمہارے لیے بہتر ہے۔ خیرًا، کان مقدر کی خبر ہے۔ یعنی تم ایسا کیا کرو ایسا کرنا تمہارے لیے بہتر ہے۔ یکون خیرًا لکم۔

۲۴ اس کی تشریح سورۂ حشر کی آیت ۹ میں گزر چکی ہے۔

۲۵ اخلاص اور خوشی سے اللہ تعالیٰ کے دین کو سربلند کرنے کے لیے جو شخص اپنا مال خرچ کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کے ذمہ گویا قرض ہوگا اور وہ اسے کئی گنا کر کے دیتا رہے گا۔ ایک کا دس، بلکہ سات سو بلکہ اس سے بھی زیادہ۔ اس کے علاوہ اس کے گناہ بھی معاف کر دیئے جائیں گے۔

۲۶ شکور کا معنی ہے قدردان۔ بندہ تھوڑا سا کام اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کرتا ہے اللہ تعالیٰ بے حساب اسے اجر عطا فرماتا

ہے۔ واللہ شکور یعنی انہ کثیر الصنائع علی عبدہ۔

حلیم : یعنی تم گناہ کرتے ہو وہ فوراً ہی پکڑ نہیں لیتا۔ اس کے علم کا اندازہ ہی نہیں لگایا جا سکتا۔

۲۷ـ اس کا علم مکمل ہے۔ کوئی چیز اس کے علم سے پنہاں نہیں۔ اس کی قدرت عظیم ہے۔ کسی کی مجال نہیں کہ اس کے فیصلہ کو ٹال سکے اور اس کی قضاء کو مسترد کر سکے۔ ہمہ دان اور قادر مطلق ہونے کے ساتھ ساتھ وہ حکیم ہے۔ اس کے ہر حکم میں اس کے ہر فیصلہ میں اس کی حکمت کے جلوے نظر آ رہے ہیں۔

◎

اللّٰھم انت عالم الغیب والشھادۃ وانک انت العزیز الحکیم فاطر السمٰوٰت والارض انت ولی فی الدنیا والاخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔

اللّٰھم صل من الصلوات ازکٰھا ومن التسلیمات اطیبھا ومن التحیات اسنٰھا علی حبیبک ومحبوبک ونبیک ورسولک سیدنا ومولٰنا محمد وعلی الہ واصحابہ ومن تبعہ باحسان الی یوم الدین۔

○

تعارف

سُورۃُ الطّلاق

نام : اس سورۃ میں طلاق کے مسائل مذکور ہیں اس لیے اس کا نام "الطلاق" تجویز ہوا۔ اس میں دو رکوع ۱۲ آیتیں دو سو انچاس کلمے اور ایک ہزار ساٹھ حروف ہیں۔

زمانۂ نزول : یہ سورت مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ سورت بقرہ کی وہ آیات جن میں طلاق عدت کے احکام بیان ہوئے ہیں، ان آیات کے بعد یہ سورۃ نازل ہوئی۔

مضامین : عہدِ جاہلیت کا عرب معاشرہ از اول تا آخر بگڑ چکا تھا۔ لغو رسم و رواج کی پابندی نے ان کی خانگی زندگی کو باہمی اعتماد اور سچی خوشیوں سے محروم کر دیا تھا۔ نکاح، طلاق، عدت، نفقہ، رضاعت اور دوسرے مسائل جن کا عائلی زندگی سے گہرا تعلق ہے ہر قسم کی معقولیت سے عاری تھے۔ اسلام نے یک لخت پہلے نظام کو درہم برہم کر کے نہیں رکھ دیا بلکہ اس کی اصلاح کے لیے تدریجی اقدامات کیے تاکہ مقصد بھی پورا ہو جائے اور عجلت میں کی گئی اصلاحات سے جو مشکلات اور پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں ان سے بھی کم سے کم سابقہ پڑے۔

پہلے شوہر اپنی بیوی کو ان گنت طلاقیں دے سکتا تھا اور عدت گزرنے سے پہلے رجوع کر لیا کرتا جس سے عورت کی زندگی اس کے لیے عذاب بن گئی تھی۔ سورۂ بقرہ کی آیت دو سو انتیس (۲۲۹) میں بتا دیا کہ شوہر زیادہ سے زیادہ تین طلاقیں دے سکتا ہے، اس کے بعد وہ رجوع نہیں کر سکتا۔

البقرہ کی آیت دو سو اٹھائیس (۲۲۸) میں مدخولہ عورت کی عدت بتا دی کہ تین حیض ہے۔ اسی آیت میں یہ بھی بتا دیا کہ رجعی طلاق کی صورت میں عدت ختم ہونے سے پہلے خاوند رجوع کر سکتا ہے اور تجدید نکاح کی بھی ضرورت نہیں ہوتی۔ البقرہ کی آیت دو سو تیس (۲۳۰) میں طلاق مغلظہ کی صورت میں دوبارہ نکاح کا حکم بیان کر دیا اور اسی سورت کی آیت دو سو چونتیس (۲۳۴) میں اس عورت کی عدت بتا دی جس کا خاوند فوت ہو جائے۔

عائلی زندگی سے متعلق ایک حکم سورۃ الاحزاب کی آیت انچاس (۴۹) میں بیان کر دیا کہ اگر نکاح کے بعد دخول سے پہلے طلاق واقع ہو جائے تو پھر مطلقہ کو عدت گزارنے کی ضرورت نہیں وہ اسی وقت نکاح کر سکتی ہے۔

لیکن عائلی زندگی کے متعلق کئی مسائل ایسے رہ گئے تھے جن کے جوابات مطلوب تھے۔ کئی دیگر احکامات کے بارے میں وضاحت کی ضرورت تھی تاکہ عمل کرنے والا منشائے الٰہی کے مطابق ان پر عمل کر سکے۔ اس سورت کو نازل فرما کر اس خلا کو

پر کر دیا۔ نیز طلاق جس کی اجازت اسلام نے صرف ناگزیر حالات میں دی ہے جب کہ میاں بیوی کے مل کر رہنے کا کوئی امکان نہ ہو اور اسے ابغض المباحات قرار دیا ہے۔ اس کے لیے ایسی پابندی لگا دی کہ اگر اس کو پیش نظر رکھا جائے تو طلاق کا وقوع بہت ہی کم ہو جائے۔

پہلے اس مطلقہ مدخولہ کی عدت بیان کی گئی تھی۔ جسے حیض آتا ہو یہاں اُن مدخولہ عورتوں کی عدت بیان کی جارہی ہے۔ جنہیں حیض آنا ابھی شروع ہی نہ ہوا ہو یا وہ عمر کے اس حصہ میں پہنچ گئی ہوں جب حیض کا آنا بند ہو جاتا ہے۔

حاملہ عورت کو اگر خاوند طلاق دے دے یا اس کا خاوند فوت ہو جائے تو اُسے کتنی عدت گزارنی ہوگی؟ اس مسئلہ کی بھی یہاں تصریح کر دی۔

مطلقہ جب عدت گزار رہی ہو تو اس کی سکونت اور نفقہ کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے؟ شیر خوار بچے کی رضاعت کا انتظام اور اس کے اخراجات کون برداشت کرے گا؟ ان تمام مسائل کو یہاں تفصیلاً ذکر کر دیا۔

اس سورت کا ایک اور پہلو آپ کی خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔ بلاشبہ اس میں اہم اور دُور رس نتائج کے حامل قوانین بیان کیے گئے ہیں۔ اس کے باوجود قرآن کریم کی انفرادیت قائم ہے۔ یہ صرف قوانین کی کتاب نہیں جو متعدد دفعات پر مشتمل ہو اور جن سے سرتابی کرنے والا مختلف سزاؤں کا مستوجب قرار پاتا ہو بلکہ اس میں جگہ جگہ ان احکام کی بجا آوری کی ترغیب دینے کے لیے ایسے جملوں کا اضافہ کیا گیا ہے جنہیں پڑھ کر ان پر عمل کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ ان احکام کی پابندی تقویٰ ہے اور جو شخص تقویٰ اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے نجات کی راہیں کھول دیتا ہے اور اسے یوں رزق دیتا ہے جس کا اُسے وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔

انسان جب ان آیات میں غور و فکر کرتا ہے اور اُسے پتہ چلتا ہے کہ ان احکام پر عمل کرنے سے اُس کا رب کریم اُس پر راضی ہو جائے گا، تو پھر بڑی خوشدلی سے ان احکام کو بجا لاتا ہے خواہ اُسے کتنا مالی خسارہ بھی برداشت کرنا پڑے یہی قرآن کریم کی وہ خصوصیت ہے جو اسے قوانین کا مجموعہ ہونے کے باوجود قوانین کی دیگر کُتب سے ممتاز کرتی ہے۔

دوسرے رکوع میں بتا دیا کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے احکام کی نافرمانی کرتے ہیں اُن کا انجام بڑا دردناک ہوتا ہے اور جو لوگ اللہ کے رسول کی لائی ہوئی ہدایات پر عمل کرتے ہیں انہیں ہر قسم کے اندھیروں سے نکال کر ایسی جگہ پہنچا دیا جاتا ہے جہاں حق کا آفتاب ضیاء افشانی کر رہا ہوتا ہے۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۲۷-۴-۷۷

سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِثْنَتَا عَشْرَةَ اٰيَةً فِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورہ طلاق مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں بارہ آیات اور دو رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا

اے نبی (مکرم! مسلمانوں سے فرماؤ) جب تم (اپنی) عورتوں کو طلاق دینے کا ارادہ کرو[1] تو انہیں طلاق دو ان کی عدت کو ملحوظ رکھتے ہوئے[2] اور شمار کرو

[1] اگرچہ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو خطاب سے مشرف فرمایا جا رہا ہے لیکن حکم ساری امت کے لیے ہے۔ تقدیر کلام یوں ہے یاایھا النبی قل لامتک اذا طلقتم الآیۃ۔ یعنی اے نبی! آپ اپنی امت کو حکم دیں کہ جب وہ طلاق دینے کا ارادہ کریں۔ الخ۔ سردار قوم کو جو حکم دیا جاتا ہے اس قوم کے افراد از خود اس میں شامل ہو جاتے ہیں۔ علامہ آلوسی نے ایک اور نکتہ بیان کیا ہے کہ آیت میں طلاق دینے کا ذکر ہے جو ایک ناپسندیدہ فعل ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول کو مخاطب فرمانے کے بعد طلاق دینے کی نسبت حضور کی طرف نہیں کی بلکہ ازواجات کی طرف کی ہے۔ اہل نظر غور کریں کہ رب العزت اپنے محبوب کی شان رفیع کا کس طرح پاس رکھتا ہے۔ لما فی الطلاق من الکراھۃ فلم یخاطب بہ تعظیما (روح المعانی) یعنی کیونکہ طلاق میں ایک گونہ کراہت ہے اس لیے اپنے محبوب کی رفعت شان کا لحاظ رکھتے ہوئے اس سے خطاب نہیں فرمایا۔

اذا طلقتم: المعنی اذا اردتم تطلیقھن۔ اس جملہ کا معنی یہ ہے کہ جب تم طلاق دینے کا ارادہ کرو تو تم پر مندرجہ ذیل ہدایات کی پابندی ضروری ہے۔ تنزیل المشارف الی الفعل منزلۃ الشارع فیہ۔ (روح المعانی) جو کام کو عنقریب شروع کرنے والا ہے اس کو اس شخص کی مانند خیال کر لیا جس نے کام شروع کر لیا ہے۔

[2] اسلام کے نزدیک رشتۂ ازدواج بڑا مقدس رشتہ ہے۔ صحت مند بنیادوں پر جتنا یہ مستحکم ہوگا خاندان اور معاشرہ دونوں اتنا ہی مسرتوں سے مالا مال ہوں گے اور خوشحالی کی فضا میں نشوونما پائیں گے۔ اسلام اس بات میں بڑا حریص ہے کہ اس رشتہ کا تقدس مجروح نہ ہونے پائے۔ اس رشتہ پر صرف مرد و زن کی خوشی اور آبادی موقوف نہیں بلکہ ان کی معصوم اولاد، فریقین کے قریبی رشتہ دار بلکہ سارے خاندان کا مفاد وابستہ ہے۔ اس لیے اسلام پوری کوشش کرتا ہے کہ یہ رشتہ ٹوٹنے نہ پائے لیکن بعض حالات میں یہ تعلق وبال جان بن جاتا ہے۔ دونوں کی بھلائی اسی میں ہوتی ہے کہ انہیں اس قید سے رہائی مل جائے۔ ان ناگزیر حالات میں اسلام نے اس کو ختم کرنے کی اجازت دی ہے اور وہ بھی بادل نخواستہ۔ ارشاد نبوت ہے ان من ابغض الحلال الی اللہ الطلاق۔ وہ حلال جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک سخت ناپسندیدہ ہے وہ طلاق ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ تزوجوا ولا تطلقوا فان الطلاق یھتز منہ العرش۔ شادی کیا کرو اور طلاق نہ دیا کرو کیونکہ طلاق سے اللہ تعالیٰ کا عرش لرز جاتا ہے۔ اس لیے اسلام نے طلاق کا جو قانون پیش کیا ہے اس میں اس امر کا پوری طرح خیال رکھا گیا ہے کہ طلاق دینے والا عجلت بازی میں طلاق نہ دے۔ کوئی وقتی رنجش یا عارضی نفرت اس کا باعث نہ ہو۔ طلاق دینے والا سوچ سمجھ کر اس کے نتائج و عواقب کو مدنظر رکھتے ہوئے طلاق دے۔ چنانچہ اس آیت میں حکم دیا جا رہا ہے کہ

جب تم اپنی بیوی کو طلاق دو تو اس کی عدت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دو۔ اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ طلاق حیض کی حالت میں نہ دی جائے نیز ایسے طُہر میں بھی طلاق نہ دی جائے جس میں مباشرت ہو چکی ہو کیونکہ ان دونوں طریقوں سے عدت میں طوالت ہو جائے گی اور مطلقہ کو تکلیف برداشت کرنا ہو گی۔ کیونکہ اگر اس نے حالتِ حیض میں طلاق دی تو وہ حیض تو عدت میں شمار نہیں ہو گا۔ اس حیض کے علاوہ تین مزید حیضوں کا اسے انتظار کرنا پڑے گا۔ اسی طرح اگر ایسے طُہر میں اس نے طلاق دی جس میں مباشرت ہوئی ہو تو اس سے مرد وزن دونوں کو خبر نہیں کہ اس مباشرت سے حمل قرار پایا ہے یا نہیں۔ اس سے بھی عدت میں گڑبڑ ہو گی اور عورت کو ناراحت اٹھانا پڑے گی اس لیے مسنون طریقہ طلاق دینے کا یہ ہے کہ طلاق ایسے طُہر میں دی جائے جس میں عورت سے مقاربت نہ ہوئی ہو حالتِ حیض میں طلاق دینا یا ایسے طُہر میں طلاق دینا جس میں مباشرت کی گئی ہو گناہ ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں طلاق دی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور کی خدمت عالیہ میں یہ واقعہ عرض کیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سخت ناراض ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ عبداللہ اس طلاق سے رجوع کرے یہاں تک اس کی بیوی پاک ہو جائے۔ طُہر کے بعد پھر حیض آئے اور پھر پاک ہو۔ اب اگر وہ اپنی بیوی کو طلاق دینا چاہے تو مباشرت سے پہلے طلاق دے۔ حدیث کے آخری الفاظ یہ ہیں۔ فليطلقها طاهرا قبل ان يمسها فتلك العدة التى امر بها الله عزوجل یعنی حالتِ طُہر میں مباشرت سے پہلے طلاق دے اور یہی وہ عدت ہے جس کی پابندی کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے۔ (بخاری شریف)

اس پابندی میں کئی اور حکمتیں بھی ہیں۔ حیض کی حالت میں عورت مرد کے لیے مرغوبِ خاطر نہیں ہوتی۔ وہ اپنی صفائی کی طرف سے بھی بے اعتنائی برتتی ہے۔ ان دنوں اس کی طبیعت بھی نڈھال اور مضمحل ہوتی ہے۔ اس لیے اگر اس حالت میں مرد طلاق دے دے تو ہو سکتا ہے کہ یہ عارضی بے رغبتی طلاق دینے میں محرک ہو اور جب یہ ایام گزر جائیں تو پھر اس کو اپنے کیے پر ندامت ہو اور ایسا طُہر جس میں وہ مقاربت کر چکا ہو اس میں بھی عورت کی طرف کشش کم ہو جاتی ہے۔ اس لیے قرآن کریم نے اپنے ماننے والوں کو حکم دیا کہ اگر طلاق دینا ہی ہو تو ایسی حالت میں طلاق دو جبکہ رغبت اور کشش اپنے عروج پر ہو۔ ایسی حالت میں اگر تم طلاق دو گے تو سو مرتبہ پہلے سوچو گے اور تب یہ اقدام کرو گے۔ اس طرح تمہارا طلاق دینا حقیقی اسباب پر مبنی ہو گا۔

اس آیت سے استدلال کرتے ہوئے فقہائے کرام نے طلاق کی دو قسمیں بیان کی ہیں۔ ① سُنّی یعنی سنت کے مطابق اور ② بدعی۔ احناف نے سُنّی طلاق کی پھر دو قسمیں ذکر کی ہیں۔ ① احسن اور ② حسن۔ احسن طلاق تو یہ ہے کہ ایسے طُہر میں جس میں اس نے مباشرت نہیں کی ایک مرتبہ طلاق دے اور پھر انقضائے عدت تک دوسری طلاق نہ دے۔ عدت پوری ہونے کے بعد سابقہ نکاح ٹوٹ جائے گا لیکن تجدیدِ نکاح کا دروازہ کُھلا ہو گا۔ طلاقِ حسن اس کو کہتے ہیں کہ ایسے طُہر میں ایک طلاق دے۔ ایک حیض گزرنے کے بعد جب وہ پاک ہو تو اسے دوسری طلاق دے اور تیسرے طُہر میں تیسری طلاق دے۔ اس کے علاوہ طلاق کی ساری صورتیں طلاقِ بدعی شمار ہوں گی۔ اس طرح طلاق دینے والا گنہگار ہو گا، لیکن ائمہ اربعہ کے نزدیک وہ طلاق واقع ہو جائے گی۔ اگرچہ بعض اکابر سے مروی ہے کہ ایسی طلاق واقع نہ ہو گی۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وقت کے لحاظ سے طلاق سُنّی اور بدعی ہوتی ہے عدد کے لحاظ سے نہیں یعنی ایسے طُہر میں جس میں مباشرت نہ کی گئی ہو طلاق دینا سُنّی ہے۔ خواہ ایک طلاق دے تین طلاقیں دے پھر بھی وہ سُنّی رہے گی لیکن اگر اس وقت

الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ رَبَّكُمْ ۖ لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِنْ بُيُوتِهِنَّ وَلَا

عدت کو ۳ اور ڈرتے رہا کرو اللہ سے جو تمہارا پروردگار ہے ۔ نہ نکالو انہیں ان کے گھروں سے ۵ اور نہ

میں طلاق نہ دے تو امام شافعی کے نزدیک وہ طلاق بدعی ہوگی۔ حنابلہ کے نزدیک طلاق کا سنت طریقہ یہ ہے کہ ایسے طہر میں ایک طلاق دے جس میں مباشرت نہ کی گئی ہو۔ اس کے بعد کوئی طلاق نہ دے یہاں تک کہ عدت ختم ہو جائے۔ اس کے علاوہ سب طلاقیں بدعی ہیں یاد رہے کہ یہ اس عورت کی طلاق کی تفصیل ہے جو عورت بالغہ مدخولہ ہو اور سن ایاس کو نہ پہنچی ہوئی ہو اور جس کا حمل ظاہر نہ ہوا ہو۔ جس عورت سے خلوت صحیحہ نہیں ہوئی یا ابھی نابالغ ہے یا سن ایاس کو پہنچ چکی ہے اور حیض کا آنا ہمیشہ کے لیے منقطع ہو چکا ہے یا حاملہ ہے۔ ان عورتوں کی طلاق اور عدت کے احکام اپنے اپنے مقام پر مذکور ہیں۔

۳ ۔ عدت کے ساتھ بہت سے فقہی مسائل وابستہ ہیں۔ ایام عدت میں عورت کا نفقہ اور سکنی مرد کے ذمہ ہے۔ ایام عدت میں اگر زوجین میں سے کوئی ایک فوت ہو جائے تو دوسرا متوفی کا وارث ہوتا ہے۔ عدت گزارنے سے پہلے عورت کسی کے ساتھ نکاح نہیں کر سکتی۔ عدت گزر جانے کے بعد عورت آزاد ہے جس سے چاہے نکاح کرے۔ پہلا خاوند یا اس کے رشتہ دار اس کو روک نہیں سکتے۔ اس کے علاوہ کئی دیگر مسائل کا عدت سے گہرا تعلق ہے۔ اگر اس کو معمولی سی بات سمجھ لیا گیا' اس کی ابتدا اور انتہا کا پوری طرح خیال نہ کیا گیا تو طرح طرح کی پیچیدگیاں پیدا ہو جائیں گی۔ عدالت بھی اس وقت تک کوئی فیصلہ صادر نہ کر سکے گی جب تک عدت کی ابتدا اور انتہا کا صحیح علم نہ ہو جائے۔ اس لیے حکم دیا کہ عدت کو پوری احتیاط کے ساتھ شمار کرو۔ یہ حکم صرف مردوں کے لیے ہی نہیں عورتیں بھی اس میں داخل ہیں کیونکہ دونوں کے متنوع قسم کے مفادات کا اس پر دارومدار ہے۔

۴ ۔ کیونکہ ان مسائل کا تعلق مرد اور عورت کی پرائیویٹ زندگی سے ہے ان کا صحیح علم انہی کو حاصل ہے' دوسرے لوگ ان حالات پر آگاہ نہیں ہو سکتے اس لیے یہاں خاص طور پر فریقین کو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنے کی تاکید کی گئی ہے۔

۵ ۔ مردوں کو حکم دیا جا رہا ہے کہ طلاق دینے کے فوراً بعد وہ اپنی بیوی کو اس کی رہائش گاہ سے باہر نہ نکال دیں۔ اس کو یوں بے سہارا اور بے آسرا کر کے گھر سے نکال دینا بڑی سنگ دلی ہے۔ جب تک وہ عدت گزار رہی ہے اس کا نفقہ اور اس کی رہائش کا انتظام مرد کے ذمہ ہے۔ اسی طرح عورت کو بھی حکم دیا کہ وہ طلاق مل جانے کے بعد اپنے اس پہلے گھر سے فوراً نہ نکل جائے بلکہ ایام عدت وہاں ہی پورے کرے۔ اس کے نان نفقہ کی ذمہ داری مرد پر عائد کر دی گئی ہے اور اس کی رہائش کا انتظام بھی مرد کے ذمہ ہی ہے۔ اس کی حکمت آیت کے آخری جملہ لا تدری لعل اللہ الآیۃ میں بیان کی گئی ہے کہ طلاق رجعی کی صورت میں اگر وہ ایک جگہ رہیں گے تو عین ممکن ہے کہ خاوند کے دل میں اس کے بارے میں جو نفرت پیدا ہو گئی ہے وہ محبت سے بدل جائے۔ وقتی جوش میں آکر اس نے جو اقدام کیا ہے اس پر وہ نظر ثانی کرے یا عورت اپنی کوتاہیوں پر نادم ہو کر اپنے خاوند کو راضی کر لے اور اس طرح ایک اجڑا ہوا گھر پھر آباد ہو جائے۔

آپ نے دیکھا اسلام آخری وقت میں بھی دلوں کو جوڑنے کی کس طرح کوشش کرتا ہے۔ بگڑے ہوئے حالات کو سنوارنے کا آخری موقع بھی ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ (یہاں چند فقہی مسائل کا ذکر کر دینا فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔)

يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ

وہ خود نکلیں بجز اس کے کہ وہ ارتکاب کریں کسی کھلی بے حیائی کا ۃ اور یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدیں

اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۭ لَا تَدْرِيْ

ہیں ۓ اور جو تجاوز کرتا ہے اللہ کی حدوں سے تو بے شک اس نے اپنی جان پر ظلم کیا۔ تجھے کیا خبر

لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ① فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

کہ اللہ تعالیٰ اس کے بعد کوئی اور صورت پیدا کر دے تو جب وہ پہنچنے لگیں اپنی میعاد کو

① وہ عورت جسے خاوند نے رجعی یا بائن طلاق دے دی ہو وہ اپنے گھر سے نہ دن کو نکل سکتی ہے نہ رات کو، البتہ بیوہ عورت کو ضروری کام کے لیے دن میں نکلنے کی اجازت ہے لیکن رات وہ اپنے گھر میں آکر بسر کرے۔

② اگر طلاق رجعی ہے تو پھر مرد اور عورت کے درمیان کسی حجاب کی ضرورت نہیں بلکہ عورت کے لیے مستحسن ہے کہ وہ بناؤ سنگھار کرے تاکہ دلوں کی کدورت دور ہو جائے۔

③ اگر طلاق بائن ہے تو پھر عورت کو مرد سے پردہ کرنا چاہیے بہتر ہے کہ کوئی ایسی ثقہ عورت ان کے پاس رہے جس کی موجودگی میں یہ کوئی غیر شرعی حرکت نہ کر سکیں۔

④ اگر خاوند فاسق ہے یا مکان بہت تنگ ہے تو پھر مرد کو کہا جائے گا کہ وہ اس گھر سے نکل جائے۔

ۃ ہاں عورت اگر حرام کاری کا ارتکاب کرتی ہے یا چوری چکاری سے باز نہیں آتی یا بڑی بدزبان ہے اور اپنے خاوند کے ماں باپ بھائی بہن سے گالی گلوچ کرتی اور بڑا جھگڑا کرتی رہتی ہے یا اب بھی خاوند کے سامنے سرکشی اور نافرمانی کا مظاہرہ کرتی ہے تو ان تمام صورتوں میں خاوند اسے اپنے گھر سے نکال سکتا ہے۔ یہ مختلف اقوال نقل کرنے کے بعد علامہ جصاص لکھتے ہیں۔ فهذه المعاني كلها يحتملها اللفظ وجائز ان يكون جميعها مرادا۔ آیت کے الفاظ ان تمام معانی کا احتمال رکھتے ہیں اور جائز ہے کہ آیت سے یہ تمام معانی مراد ہوں۔ (احکام القرآن للجصاص)

ۓ تنبیہ فرما دی کہ یہ مسائل ایسے نہیں کہ جن پر عمل کرنا یا نہ کرنا تمہاری مرضی پر موقوف ہو، بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کی ہوئی حدیں ہیں جو سراسر حکمت ہیں تمہارے لیے اطمینان و سکون کا باعث ہیں جو شخص ان کی پابندی سے گریز کرے گا، وہ اپنے آپ پر ظلم توڑے گا۔ اس کی زندگی سکون اور اطمینان سے محروم ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ کے عذاب کا بھی وہ حقدار بن جائے گا۔

فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَیْ

تو روک لو انہیں بھلائی کے ساتھ یا جدا کر دو انہیں بھلائی کے ساتھ ؂ اور گواہ مقرر کر لو دو

عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِیْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ یُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ

معتبر آدمی اپنے میں سے اور گواہی ٹھیک ٹھیک اللہ کے واسطے دو ؂ ان باتوں سے نصیحت کی جاتی ہے اس شخص کو جو

یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ

ایمان رکھتا ہو اللہ تعالیٰ پر اور یوم آخرت پر۔ اور جو (خوش بخت) ڈرتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ سے بنا دیتا ہے اللہ اس کے لیے

؂ خاوند اگر ایک طلاق دے یا دو طلاقیں دے تو اسے رجوع کرنے کا حق ہے۔ بعض لوگ جو اس حق کو ناجائز طور پر استعمال کرتے ہیں وہ بظاہر رجوع کر لیتے ہیں لیکن ان کا ارادہ اسے آباد کرنے کا نہیں ہوتا بلکہ وہ اس کی عدت کی میعاد کو لمبا کر کے اس کو اذیت پہنچانا چاہتے ہیں۔ اس لیے یہ حکم دیا جا رہا ہے کہ عدت ختم ہونے سے پہلے تم یہ فیصلہ کر لو کہ آیا تم اس کو اپنی رفیقہ حیات بنا کر اپنے پاس رکھنا چاہتے ہو یا اس کو آباد کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے۔ پہلی صورت میں تمہیں اجازت ہے کہ تم رجوع کر لو اور حسب سابق اس کے ساتھ محبت و شفقت کا برتاؤ کرو اور اسے اپنی اہلیہ بنا کر رکھو اور اگر تمہارا ایسا ارادہ نہیں تو صرف اس کو ستانے کے لیے رجوع مت کرو، بلکہ اس کو جدا کر دو۔ جدائی کا انداز بھی غیر شریفانہ نہ ہو کہ فریقین ایک دوسرے کو برا بھلا کہہ رہے ہوں، طعن و تشنیع کے تیر چل رہے ہوں۔ مسلمان کو یہ زیب نہیں دیتا۔ جب تم اسے جدا کر دو تو اس کی دلجوئی کرو، اس کی مالی امداد کرو، ضروریات زندگی اس کو مہیا کر دو۔ اس طرح اس کے غم و اندوہ کا بوجھ کچھ ہلکا ہو جائے گا۔ موافقت کی صورت میں احسان و مروت ہر کوئی کرتا ہے لیکن عدم موافقت اور قطع تعلقات کے وقت بھی دلجوئی اور مروت کی تلقین اس دین رحمت کی خصوصیت ہے اور اس کے ماننے والوں کا شیوہ ہے۔

؂ اپنی بیوی کو طلاق دو یا رجوع کرو، دونوں صورتوں میں تمہیں دو معتبر گواہ مقرر کر لینے چاہئیں تاکہ اگر کسی وقت فریقین میں نزاع پیدا ہو جائے اور معاملہ عدالت تک پہنچے تو شہادت کی روشنی میں قاضی صحیح فیصلہ کر سکے۔ یہ حکم وجوبی نہیں بلکہ استحبابی ہے۔ ائمہ اربعہ کا یہ متفقہ قول ہے کہ طلاق و رجعت پر گواہ مقرر کرنا فرض نہیں بلکہ مستحب ہے۔ اگر بغیر گواہوں کے کسی نے طلاق دے دی تو وہ طلاق معتبر ہوگی یا اگر اس نے بغیر گواہوں کے رجوع کر لیا تو وہ رجوع بھی شرعاً معتبر ہوگا۔ البتہ گواہ بنانا افضل ہے اور تمہارے لیے بہتر ہے۔ اختلاف و نزاع کے سدباب کا یہ بڑا موثر طریقہ ہے۔ یہاں گواہ بنانے کا حکم ویسا ہی ہے جیسے اس آیت میں۔ واشھدوا اذا تبایعتم الآیۃ کہ جب تم خرید و فروخت کرو تو گواہ بنا لیا کرو۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اگر تم نے گواہوں کی عدم موجودگی میں خرید و فروخت کی تو وہ جائز نہ ہوگی بلکہ مقصد یہ ہے کہ تمہارے لیے یہی بہتر ہے کہ تم خرید و فروخت کے وقت گواہ بنا لیا کرو تاکہ اگر کبھی کوئی تنازعہ پیدا ہو جائے تو اس کا فیصلہ کرنے میں آسانی ہو۔

مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ

نجات کا راستہ ؎ اور اسے (وہاں سے) رزق دیتا ہے جہاں سے اس کو گمان بھی نہیں ہوتا۔ اور جو (خوش نصیب) اللہ پر بھروسہ

؎ طلاق، عدت، نفقہ، سکنی وغیرہ جو احکام یہاں بیان کیے گئے ہیں ان کی پابندی میں خوف خدا کو جو اپنا شعار بنائے گا اور خلوص نیت سے ان کی پیروی کرے گا تو اللہ تعالیٰ ان مشکلات سے نجات کی کوئی نہ کوئی صورت ضرور پیدا کر دے گا۔ یہ قاعدہ صرف ان احکام کی بجا آوری کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ عام ہے۔ جو شخص تقویٰ کو اپنا شعار بنا لیتا ہے کسی قسم کے دباؤ میں آکر ارشادات خداوندی سے سرِ مو انحراف نہیں کرتا بڑی استقامت اور جوانمردی سے اوامر و نواہی کی پابندی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی نجات کے اسباب یقیناً پیدا کر دیتا ہے اور اس کو وہاں سے رزق مہیا کرتا ہے جہاں سے اسے وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔

ہماری حالت بھی عجیب ہے۔ عام حالات میں تو احکام شرعی کی ہم کچھ نہ کچھ پاسداری کرتے ہیں لیکن جب ہم کسی مشکل میں پھنس جاتے ہیں تو اس سے نکلنے کے لیے جائز و ناجائز حرکات کے ارتکاب میں ذرا تامل نہیں کرتے۔ غربت و افلاس کی گرفت سخت ہو جائے تو رشوت، چوری، لوٹ کھسوٹ اور حرام خوری کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ کسی مقدمہ میں پھنس جائیں تو اس میں کامیاب ہونے کے لیے جھوٹی گواہی سے کام چلا لیتے ہیں۔ دشمن کا دباؤ بڑھ جائے تو جھوٹ اور مکر و فریب سے گلو خلاصی کی تدبیریں سوچنے لگتے ہیں۔ درحقیقت یہ سب نفس کا فریب اور شیطان کا دھوکہ ہے۔ ایسا کرنے سے مشکلیں گھٹتی نہیں بڑھتی ہیں۔ مطلع حیات مزید ابر آلود ہو جاتا ہے۔ ناکامیاں اور رسوائیاں انسان کا مقدر بن جایا کرتی ہیں۔ اس کے برعکس قرآن کریم نے مشکلات سے نجات پانے اور مصائب کے نرغے سے رہائی حاصل کرنے کا ایک طریقہ بتایا ہے۔ وہ یہ کہ اپنے دل میں خوف خدا پیدا کرو۔ جن کاموں سے اس نے روکا ہے بھولے سے بھی ان کے قریب مت پھٹکو۔ جن احکام کی بجا آوری کا اس نے حکم دیا ہے ان کی پوری طرح پابندی کرو۔ اس کی یاد اور اس کے ذکر میں صدق دل سے مشغول ہو جاؤ۔ تم دیکھو گے کہ اس کا دستِ کرم کس طرح آگے بڑھ کر تمہاری چارہ سازی کرتا ہے۔ اس کی چشم رحمت کس طرح تمہاری بگڑی بنا دیتی ہے۔ وہ اپنے خزانوں کے منہ تمہارے لیے کس طرح کھول دیتا ہے۔ اس آیت طیبہ میں بندہ مومن کو اس کی یقینی نجات، حقیقی کامرانی اور سچی خوشی کا راستہ دکھایا گیا ہے۔ کاش ہم کان کھول کر سن لیں۔ دلوں میں اس کو جگہ دیں اور صدق دل سے اس پر عمل کریں۔

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔ قال جعل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتلو علیّ ھٰذہ الاٰیۃ ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب۔ حتی فرغ من الاٰیۃ ثم قال یا اباذر لو ان الناس کلھم اخذوا بھا لکفتھم۔ (ابن کثیر)

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے یہ آیت سناتے رہے اور جب فارغ ہوئے تو ارشاد فرمایا اے ابوذر! اگر سارے لوگ اس پر عمل کرنا شروع کر دیں تو یہ آیت ان سب کے لیے کافی ہو جائے۔

علامہ قرطبی اس آیت کی تفسیر میں ایک واقعہ لکھتے ہیں کہ عوف بن مالک اشجعی بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! میرے لڑکے کو دشمنوں نے قید کر لیا ہے اور اس کی ماں اس کی جدائی میں سخت بے چین ہے۔ مجھے حضور کیا فرماتے ہیں۔

عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ

کرتا ہے تو اس کے لیے وہ کافی ہے [11] بے شک اللہ تعالیٰ اپنا کام پورا کرنے والا ہے [12] مقرر کر رکھا ہے اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کے

حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا۔ اتق اللّٰہ واصبر وامرك وایاھا ان تستکثرا من قول لاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ۔ یعنی اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑ لو۔ میں تجھے اور تیری بیوی کو حکم دیتا ہوں کہ تم کثرت سے لاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ کا ورد کیا کرو۔ ارشاد نبوی سن کر وہ اپنے گھر لوٹ آئے اور اپنی بیوی کو سارا ماجرا آ کر بتایا۔ وہ نیک بخت کہنے لگی۔ نعم ما امرنا بہ۔ حضور نے جس چیز کا ہمیں حکم دیا ہے وہ بہت ہی عمدہ ہے۔ پھر ان دونوں میاں بیوی نے بکثرت ورد شروع کر دیا چنانچہ اس کی برکت سے دشمن ان کے بیٹے کی طرف سے غافل ہو گئے اور وہ ان کی غفلت کا فائدہ اٹھا کر وہاں سے بھاگ نکلا اور ان کی بھیڑ بکریاں ہانکتا ہوا بخیر و عافیت اپنے ماں باپ کے پاس پہنچ گیا۔

علامہ پانی پتی نے اپنی تفسیر مظہری میں اس آیت کے ضمن میں حل مشکلات کے لیے ایک وظیفہ لکھا ہے جو ہدیہ ناظرین ہے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے دینی اور دنیوی منافع کے حصول، دینی اور دنیوی مشکلات کے حل کے لیے یہ وظیفہ بتایا کہ ہر روز پانچ سو مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھے۔ اول و آخر ایک ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے۔

[11] یعنی جو شخص اپنا کام اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیتا ہے وہ اس کا ذمہ دار ہو جاتا ہے۔ اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ توکل کا معنی عمل سے لاتعلق ہو جانا ہے اور اسباب سے قطع نظر کرنا ہے۔ توکل کا یہ مقصد نہیں۔ بلکہ اس کا یہ مقصد ہے کہ اسباب بجا لائے لیکن نتائج کے ظہور کے لیے اسباب پر اعتماد نہ کرے۔ صرف اپنے رب پر بھروسہ کرے۔ بے عملی اور جد وجہد سے بیزاری کا اسلام کے نظریۂ توکل سے دور کا واسطہ بھی نہیں۔ مولانا روم فرماتے ہیں۔ ؎

① گر توکل میکنی در کار کن — کشت کن پس تکیہ بر جبار کن

② رمز الکاسب حبیب اللّٰہ شنو — از توکل در سبب کاہل مشو

ترجمہ: ① یعنی اگر تو توکل کا دعویٰ کرتا ہے تو کام میں مشغول ہو جا۔ پہلے تخم ریزی کر پھر اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر۔

② اس حدیث میں جو رمز ہے اس کو سن۔ اکسب کرنے والا اللہ تعالیٰ کا دوست ہے۔ توکل کی وجہ سے اسباب کے فراہم کرنے میں سستی مت کر۔

بلکہ سلف صالحین تو تاکید کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ اتجروا واکتسبوا فانکم فی زمان اذا احتاج احدکم کان اول ما یاکل دینہ۔ ترجمہ: کاروبار کرو اور رزق حلال کماؤ کیونکہ تم ایسے زمانہ میں ہو کہ جب کوئی شخص محتاج ہو جاتا ہے تو سب سے پہلے وہ اپنی متاع دین و ایمان کو بیچنا شروع کر دیتا ہے۔

[12] اللہ تعالیٰ نے جو ارادہ فرمایا ہے وہ اس کو پورا کر کے رہتا ہے۔ کوئی چیز اس کے ارادے کے سامنے رکاوٹ نہیں بن سکتی۔

شَیۡءٍ قَدۡرًا ﴿۳﴾ وَالّٰٓئِیۡ یَئِسۡنَ مِنَ الۡمَحِیۡضِ مِنۡ نِّسَآئِکُمۡ اِنِ

لیے ایک اندازہ۔ اور تمہاری (مطلقہ) عورتوں میں سے جو حیض سے مایوس ہو چکی ہوں [۱۳] اگر

[۱۳] وہ مطلقہ جس کو حیض آتا ہو، اور وہ عورت جس کا خاوند فوت ہو گیا ہو ان کی عدت کے احکام سورہ بقرہ میں آپ پڑھ چکے ہیں۔ یہاں ان عورتوں کی عدت بیان کی جا رہی ہے جنہیں حیض نہ آتا ہو۔ ان کی تین قسمیں ہیں: (۱) وہ عورتیں جو سن ایاس کو پہنچ چکی ہوں، جن کو حیض آنے کی قطعاً امید نہ ہو۔ بعض علما نے پچپن سال اور بعض نے ساٹھ سال کی عمر کو سن ایاس کہا ہے، لیکن صحیح قول یہ ہے کہ جس عمر میں حیض کا آنا یقیناً بند ہو جائے۔ (۲) وہ عورتیں جو ابھی نابالغ ہوں یا جن کو حیض تو نہیں آیا لیکن وہ عمر کے اعتبار سے بالغ ہو گئی ہوں۔ (۳) جو حاملہ ہوں۔

پہلی دو قسموں کی عدت تین ماہ ہے۔ آئسہ طلاق کے بعد تین ماہ گزارے، اسی طرح نابالغہ۔

حاملہ کی عدت کا ذکر بعد میں آ رہا ہے۔

وہ عورتیں جن کا حیض کسی عارضہ کی وجہ سے بند ہو گیا ہو ان کی عدت کے بارے میں علما کے مختلف اقوال ہیں۔ حضرات عثمان، علی، زید بن ثابت، عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی رائے یہ ہے کہ یہ عورت انتظار کرے، یہاں تک کہ سن ایاس کو پہنچ جائے اور اس کے بعد تین ماہ عدت گزارے۔ اگر اس عورت کو پھر حیض شروع ہو جائے تو پھر تین حیض عدت گزارے۔ احناف نے اسی قول کو اختیار کیا ہے۔ امام ثوری، لیث اور امام شافعی کا بھی یہی مسلک ہے۔

سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ عورت نو ماہ انتظار کرے۔ اگر اس اثنا میں اسے حیض نہ آئے تو تین ماہ عدت گزارے اور اگر نو ماہ میں حمل کے آثار ظاہر ہوں تو پھر اس کی عدت وضع حمل ہو گی۔ حضرت ابن عباس کا بھی یہی قول ہے۔ امام مالک کا یہی مسلک ہے۔

امام اوزاعی کہتے ہیں کہ اگر کسی شخص نے اپنی جوان بیوی کو طلاق دی اور اسے حیض آنا بند ہو گیا تو پورا سال عدت گزارے۔

امام حسن بصری کہتے ہیں کہ وہ سال بھر انتظار کرے۔ اگر اس عرصہ میں حیض نہ آئے تو پھر تین ماہ عدت گزارے۔ یہاں تین ماہ سے مراد قمری مہینے ہیں۔ اگر پہلی تاریخ کو طلاق ہوئی تو تین چاند شمار ہوں گے۔ انتیس کے ہوں یا تیس کے۔ اور اگر درمیان میں طلاق ہوئی تو پھر اس تاریخ سے نوے دن گنے جائیں گے۔ صاحبین کے نزدیک وہ مہینہ تیس کا شمار ہو گا۔ اس کے بعد دو مہینے چاند کے حساب سے شمار ہوں گے۔

یہ حکم مطلقہ کے لیے ہے۔ لیکن جس کا خاوند فوت ہو جائے تو اس کی عدت کا حکم یہ ہے کہ اگر وہ حاملہ نہ ہو تو پھر ہر حال میں چار ماہ دس دن عدت گزارے گی خواہ وہ صغیرہ ہو، آئسہ ہو یا جوان ہو۔

یہ آیت اگرچہ عام ہے مطلقہ اور بیوہ دونوں کو شامل ہے لیکن اجماع سے اس عموم کی تخصیص ہو گئی۔ (تفسیرات احمدیہ ملا جیون۔ احکام القرآن للجصاص)

ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓـِٔیْ لَمْ یَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ

تمہیں شبہ ہو تو ان کی عدت تین ماہ ہے اور اسی طرح ان کی بھی جنہیں ابھی حیض آیا ہی نہیں۔ اور

الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ یَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ

حاملہ عورتوں کی میعاد ان کے بچہ جننے تک ہے [۱۴] اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہتا ہے تو وہ

[۱۴] اب حاملہ عورت کی عدت بیان کی جا رہی ہے۔ اس میں تو کوئی اختلاف نہیں کہ اگر مطلقہ حاملہ ہو تو اس کی عدت وضع حمل ہے۔ اختلاف اس میں ہے کہ اگر بیوہ حاملہ ہو تو اس کی عدت کیا ہوگی؟ اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ سورۂ بقرہ کی ایک آیت میں مطلق بیوہ کی عدت چار ماہ دس دن مقرر کی گئی ہے اور یہاں مطلق حاملہ کی عدت وضع حمل بتائی گئی ہے۔ اگر بیوہ غیر حاملہ ہو تو اس کی عدت بالاتفاق چار ماہ دس دن ہوگی اور اگر مطلقہ حاملہ ہو تو اس کی عدت بالاتفاق وضع حمل ہوگی۔ لیکن اگر بیوہ ہو اور حاملہ بھی ہو تو اس کی عدت میں اختلاف ہے۔ حضرت سیدنا علی، حضرت ابن عباس کے نزدیک دونوں آیتوں پر عمل کرتے ہوئے ابعد الاجلین عدت ہوگی یعنی اگر خاوند کی وفات کے فوراً بعد بچہ پیدا ہوا تو چار ماہ دس دن عدت گزارے گی اور اگر مدتِ حمل چار ماہ دس دن سے تجاوز کر گئی تو پھر وضع حمل کے وقت اس کی عدت ختم ہوگی۔

لیکن حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ یہ آیت سورۂ بقرہ کے بعد نازل ہوئی ہے اس لیے یہ آیت پہلی آیت کی مخصص ہوگی۔ گویا چار ماہ دس دن اس عورت کی عدت ہوگی جو حاملہ نہ ہو اور جو حاملہ ہو خواہ مطلقہ ہو یا بیوہ اس کی عدت وضع حمل تک ہوگی۔ اس قول کی تائید متعدد صحیح احادیث سے ہوتی ہے۔ امام مالک نے اپنے موطا میں یہ حدیث نقل کی ہے کہ ایک دفعہ اس مسئلہ پر حضرت ابن عباس اور عبدالرحمٰن ابن عوف کے صاحبزادے ابو سلمہ کے درمیان گفتگو ہوئی۔ ابن عباس ابعد الاجلین کے قائل تھے اور ابو سلمہ وضع حمل کو عدت کی انتہا کہتے تھے۔ حضرت ابو ہریرہ نے کہا کہ میں اس مسئلہ میں اپنے بھتیجے ابو سلمہ کی تائید کرتا ہوں۔ چنانچہ حضرت ابن عباس کے غلام کریب کو حضرت ام المومنین ام سلمہ کی خدمت میں بھیجا گیا۔ ام المومنین نے بتایا کہ سُبیعہ اسلمیہ کا خاوند فوت ہوا۔ وہ حاملہ تھیں۔ چند روز کے بعد ان کے ہاں بچہ پیدا ہوا۔ سُبیعہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اپنی عدت کے بارے میں پوچھا تو حضور نے فرمایا اب تو حلال ہو گئی۔ جس سے چاہے نکاح کر سکتی ہے۔

امام مسلم نے اپنی صحیح میں یہی حدیث سُبیعہ اسلمیہ کی زبانی روایت کی ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ میں سعد بن خولہ کی بیوی تھی حجۃ الوداع کے موقع پر انہوں نے وفات پائی۔ میں اس وقت حاملہ تھی۔ ابھی چند روز ہی گزرے تھے کہ میرے ہاں بچہ پیدا ہوا۔ مجھے ایک آدمی نے بتایا کہ تمہیں چار ماہ دس دن عدت پوری کرنی ہوگی تب تم نکاح کر سکتی ہو۔ میں بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئی اور اپنا ماجرا بیان کیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ تم آزاد ہو۔ اگر کسی سے نکاح کرنا چاہو تو کر سکتی ہو۔

صحابۂ کرام کی کثیر تعداد کا یہی مسلک ہے۔ ائمہ اربعہ نے بھی یہی قول اختیار کیا ہے۔

لَهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ﴿٤﴾ ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗۤ اِلَيْكُمْ ۗ وَمَنْ يَّتَّقِ

اس کے کام میں آسانی پیدا فرما دیتا ہے ۱۵؎ یہ اللہ کا حکم ہے جو اس نے تمہاری طرف نازل کیا ہے۔ اور جو اللہ سے ڈرتا رہتا ہے

اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗۤ اَجْرًا ﴿٥﴾ اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ

اللہ تعالیٰ دور کر دیتا ہے اس کی برائیوں کو اور (روز قیامت) اس کے اجر کو بڑا کر دے گا۔ انہیں ٹھہراؤ جہاں تم

حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا

خود سکونت پذیر ہو اپنی حیثیت کے مطابق اور انہیں ضرر نہ پہنچاؤ تاکہ تم انہیں

عَلَيْهِنَّ ۗ وَاِنْ كُنَّ اُولٰتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى

تنگ کرو ۱۶؎ اور اگر وہ حاملہ ہوں تو ان پر خرچ کرتے رہو یہاں تک

مسئلہ: اگر پیٹ میں ایک سے زیادہ بچے ہوں تو عدت آخری بچے کی پیدائش کے وقت ختم ہو گی۔

مسئلہ: اگر حمل ساقط ہو جائے اور یہ یقین ہو کہ جو چیز نکلی ہے وہ حمل ہی ہے تو اس وقت بھی عدت ختم ہو جائے گی۔

۱۵؎ یہاں پھر تنبیہ فرما دی کہ ان ارشاداتِ خداوندی کی تعمیل میں غفلت نہ برتنا اور اس سے ڈرتے رہنا۔ اگر تم نے تقویٰ کو اپنا شعار بنا لیا تو وہ تمہاری مشکلات کو آسان فرمائے گا اور جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے گا، اللہ تعالیٰ اس کی برائیوں کو مٹا دے گا اور اس کو قیامت کے دن اجر عظیم عطا فرمائے گا۔

۱۶؎ جو عورتیں عدت گزار رہی ہوتی ہیں ان کے احوال مختلف ہوتے ہیں۔ خاوند نے اسے طلاق رجعی دی ہے اور وہ حاملہ نہیں، خاوند نے اسے طلاق رجعی دی ہے اور وہ حاملہ بھی ہے، خاوند نے اسے طلاق مغلظہ دی ہے اور وہ حاملہ نہیں، خاوند نے اسے طلاق مغلظہ دی ہے اور وہ حاملہ بھی ہے۔ اس میں سب ائمہ متفق ہیں کہ اگر عورت طلاق رجعی کی عدت گزار رہی ہے تو نفقہ اور سکنیٰ دونوں خاوند کے ذمہ ہوں گے خواہ وہ حاملہ ہو یا نہ ہو۔ اسی طرح جو عورت طلاق مغلظہ کی عدت گزار رہی ہے اور حاملہ بھی ہے تو اس کا نفقہ اور سکنیٰ بھی مرد کے ذمہ ہوگا۔ اختلاف اس میں ہے کہ وہ عورت غیر حاملہ ہے اور طلاق مغلظہ کی عدت گزار رہی ہے کیا اس صورت میں نفقہ اور سکنیٰ دونوں خاوند کے ذمہ ہوں گے یا صرف سکنیٰ خاوند کے ذمہ ہوگا یا خاوند نفقہ اور سکنیٰ دونوں سے بری الذمہ ہوگا؟ حضرات سیدنا عمر، ابن مسعود، امام زین العابدین، قاضی شریح اور ابراہیم نخعی کا قول یہ ہے کہ اس عورت کے نفقہ اور سکنیٰ دونوں کی ذمہ داری مرد پر ہوگی اور احناف کا بھی یہی مسلک ہے۔

حضرات سعید بن مسیب، سلیمان بن یسار، امام مالک، امام شافعی کا قول یہ ہے کہ اس کا سکنیٰ تو مرد کے ذمہ ہے لیکن نفقہ اس

کے ذمہ نہیں۔

تیسرا گروہ جس کے سرخیل امام حسن بصری اور حماد ہیں ان کے نزدیک ایسی عورت کا نفقہ اور سکنیٰ مرد کے ذمہ نہیں۔

احادیث صحیحہ سے پہلے مسلک کی ہی تائید ہوتی ہے حضرت جابر بن عبد اللہ روایت کرتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ المطلقة ثلاثا لها السكنى والنفقة (دار قطنی) جس عورت کو تین طلاقیں دی گئی ہوں عدت کے دوران اس کا نفقہ اور سکنیٰ مرد کے ذمہ ہوگا۔ اس سے بھی زیادہ واضح اور اقویٰ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا وہ ارشاد ہے جو حضرت فاروق اعظم سے مروی ہے۔ سمعت رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم يقول لها السكنى والنفقة۔ حضرت عمر فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ایسی عورت کو سکنیٰ اور نفقہ مہیا کیا جائے گا۔

ابوبکر جصاص لکھتے ہیں کہ ہمیں غور کرنا چاہیے کہ جن عورتوں کو عدت میں نفقہ دیا جاتا ہے اس کی وجہ کیا ہے۔ کیا اس لیے کہ وہ حاملہ ہیں؟ ایسا تو نہیں کیونکہ مطلقہ رجعیہ غیر حاملہ کو سب کے نزدیک نفقہ دیا جاتا ہے۔ کیا اس لیے کہ بعض مصلحتوں کے پیش نظر وہ عورتیں اپنے سابقہ خاوندوں کے گھروں میں رہنے پر مجبور ہیں۔ اس لیے ان کا نفقہ خاوند پر لازم ہے۔ تو یہ علت مطلقہ مغلظہ میں بھی پائی جاتی ہے' اس لیے جب نفقہ کی علت موجود ہے تو نفقہ خاوند کو ادا کرنا پڑے گا۔

جن حضرات نے نفقہ اور سکنیٰ دونوں کا انکار کیا ہے یا صرف نفقہ کا انکار کیا ہے وہ حضرت فاطمہ بنت قیس کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں۔ وہ یہ کہتی تھیں کہ مجھے خاوند نے طلاق مغلظہ دی تھی اور حضور نے مجھے نہ نفقہ دیا تھا اور نہ سکنیٰ۔ لیکن یہ حدیث ایسی ہے جس پر صحابہ کرام نے عمل کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ حضرت فاروق اعظم کے سامنے جب یہ روایت پیش کی گئی تو آپ نے ان الفاظ سے اس کو رد کر دیا۔ لسنا بتاركي اية في كتاب الله وقول رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم لقول امراة لعلها أوهمت سمعت رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم يقول لها السكنى والنفقة۔

یعنی ہم آیت قرآن اور فرمان نبوی کو ایک عورت کے قول سے چھوڑنے کے لیے تیار نہیں، شاید وہ کسی وہم میں مبتلا ہوئی ہو۔ میں نے رسول کریم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مطلقہ مغلظہ کے لیے سکنیٰ اور نفقہ دونوں ہیں۔

حضرت عائشہ، اسامہ و فاطمہ بنت قیس کے دوسرے شوہر، جب وہ یہ حدیث بیان کرتیں تو سخت برہمی کا اظہار کرتے۔

البتہ ایک بات ابھی تک خلش پیدا کر رہی ہے کہ اگر معتدہ غیر حاملہ کے لیے بھی نفقہ ہوتا تو پھر وان كن اولات حمل فانفقوا عليهن میں حمل کو نفقہ کے لیے بطور شرط کیوں ذکر کیا گیا۔

علامہ جصاص لکھتے ہیں کہ کیونکہ حمل کی مدت طویل بھی ہو سکتی ہے' خاوند اتنی مدت کے لیے اس عورت کو خرچہ دینے پر خوشی رضامند نہیں ہوتا جس سے اس کی نفرت کا یہ عالم ہے کہ اس نے اس کو حالت حمل میں طلاق دے دی ہے' اس لیے اس آیت میں مزید تاکید فرما دی کہ مدت مختصر ہو یا طویل ہر حالت میں ایام عدت کا نفقہ تمہارے ذمہ ہی ہے۔

اس عورت کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے جس کا خاوند فوت ہو گیا ہے اور وہ حاملہ ہے۔ علامہ ابوبکر جصاص نے فقہاء کے متعدد اقوال لکھے ہیں جنہیں بالاختصار یہاں نقل کر رہا ہوں۔

يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَإِنْ أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۚ وَأْتَمِرُوا

کہ وہ بچہ جنیں۔ پھر اگر وہ (بچے کو) دودھ پلائیں تمہاری خاطر تو تم انہیں ان کی اجرت دو ۵۱ اور (اجرت کے بارے میں)

۱۔ حضرات ابن عباس، ابن مسعود، ابن عمر، شریح، ابوالعالیہ، شعبی اور ابراہیم رضی اللہ عنہم کا مذہب یہ ہے کہ شوہر نے جو ترکہ چھوڑا ہے اس سے اس کو نفقہ ادا کیا جائے گا۔

۲۔ حضرات جابر، ابن زبیر، حسن، ابن المسیب اور عطا رضی اللہ عنہم کہتے ہیں کہ اس کا نفقہ اس کے اپنے ذمہ ہے۔ خاوند کے مال سے اس کو نفقہ نہیں ملے گا۔ حضرت ابن عباس سے یہ قول بھی منقول ہے۔

۳۔ ابن ابی لیلیٰ کہتے ہیں کہ شوہر کے مال سے جس طرح اس کا قرض ادا کیا جاتا ہے عورت کا نفقہ بھی ادا کیا جائے گا۔

۴۔ امام مالک کے نزدیک اس کے لیے نفقہ نہیں البتہ سکنیٰ ہے۔

۵،۶۔ امام شافعی سے دو قول مروی ہیں: ① اسے نفقہ اور سکنیٰ دونوں دیے جائیں گے ② نہ اسے نفقہ ملے گا اور نہ سکنیٰ۔

۷۔ امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف، امام محمد اور امام زفر کا مذہب یہ ہے کہ خاوند کے مال سے نہ نفقہ کا حق رکھتی ہے اور نہ سکنیٰ کا۔ کیونکہ خاوند کی وفات کے بعد اس کا ملک ختم ہو گیا۔ یہ سارا مال اب وارثوں کا ہے۔ عورت بھی اس کی وارث ہے، اس لیے اپنے حصہ وراثت سے یہ اپنے اخراجات پورے کرے گی۔

۵۱۔ جب عدت گزارنے والی حاملہ بچہ جنے گی تو عدت ختم ہو جائے گی۔ اب وہ اپنے پہلے خاوند سے بالکل اجنبی ہو گی۔ بچہ کو دودھ پلانا اور اس کو پالنا ماں کی نہیں باپ کی ذمہ داری ہے۔ اب تو نکاح کا رشتہ بھی ٹوٹ گیا ہے۔ اس لیے باپ بچے کی ماں کو مجبور نہیں کر سکتا کہ وہ اس کو ضرور دودھ پلائے۔ ماں کا دل چاہے تو یہ خدمت انجام دے اور دل نہ چاہے تو انکار کر دے۔ البتہ اگر بچہ ماں کے علاوہ کسی اور کا دودھ پیتا ہی نہیں یا کوئی دوسری دودھ پلانے والی ملتی ہی نہیں تو پھر ماں کو مجبور کیا جائے گا کہ وہ ضرور دودھ پلائے کیونکہ بچے کے ہلاک ہونے کا خطرہ ہے۔ اگر وہ دودھ پلانے پر رضامند ہو جائے تو خاوند پر لازم ہے کہ وہ اسے مناسب معاوضہ ادا کرے اور یہ معاوضہ باہمی مشورہ سے طے کیا جا سکتا ہے۔ خاوند کو چاہیے کہ وہ بخل سے کام نہ لے اور اپنی حیثیت کے مطابق فراخ دلی سے معاوضہ ادا کرے۔ اسی طرح ماں کے لیے بھی مستحسن ہے کہ وہ سابق خاوند کو زیادہ اجرت دینے پر مجبور نہ کرے۔

یہ مسئلہ زیر غور رہے کہ بے شک عورت پر بچے کی رضاعت کی ذمہ داری نہیں لیکن اگر وہ دودھ پلانے پر رضامند ہو جائے درآں حالیکہ وہ خاوند کے نکاح میں ہے یا ایام عدت گزار رہی ہے تو وہ رضاعت کا معاوضہ طلب نہیں کر سکتی۔ ہاں اگر عدت گزر چکی ہے تو وہ معاوضہ کی مستحق ہو گی۔

بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَإِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗٓ أُخْرٰى ۞٦

آپس میں مشورہ کرلیا کرو دستور کے مطابق۔ اور اگر تم آپس میں طے نہ کرسکو تو اسے کوئی دوسری دودھ پلائے ۱۸؎

لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ۖ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ

خرچ کرے وسعت والا اپنی وسعت کے مطابق۔ اور وہ تنگ کردیا گیا ہے جس پر اس کا رزق

فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ۚ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ۚ

تو وہ خرچ کرے اس سے جو اللہ نے اسے دیا ہے ۱۹؎ اور تکلیف نہیں دیتا اللہ تعالیٰ کسی کو مگر اس قدر جتنا اسے دیا ہے۔

سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۞٧ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ

عنقریب اللہ تعالیٰ تنگی کے بعد فراخی دے دے گا ۲۰؎ کتنی بستیاں تھیں جنہوں نے سرتابی کی

ع ۱
۱۷

۱۸؎ علامہ ابن منظور تَعَاسَرَ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ جب خرید و فروخت کرنے میں بائع اور مشتری کسی بات پر متفق نہ ہوسکیں تو اہل عرب کہتے ہیں۔ تَعَاسَرَ الْبَيِّعَانِ۔ لَمْ يَتَّفِقَا۔ اسی طرح میاں بیوی بھی اگر کسی متفقہ فیصلہ پر نہ پہنچیں اور کشاکش باقی رہے تو کہا جاتا ہے تعاسر الزوجان۔ (لسان العرب) اس تشریح کے پیش نظر اِنْ تَعَاسَرْتُمْ کا مطلب یہ ہوگا کہ اگر اجرت کے بارے میں اتفاق رائے نہیں ہوسکا خاوند کم دینے پر مصر ہے یا ماں زیادہ کا مطالبہ کر رہی ہے تو پھر کسی دوسری عورت کو دودھ پلانے کے لیے مقرر کردیا جائے۔ صاحب قاموس اس لفظ کے ضمن میں لکھتے ہیں۔ تَعَسَّرَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ وَتَعَاسَرَ وَاسْتَعْسَرَ اِشْتَدَّ وَالْتَوٰى۔ یعنی جب کوئی کام سخت پیچیدہ ہوجائے اور الجھ جائے تو عرب کہتے ہیں۔ تَعَاسَرَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ۔

مسئلہ: اگر ماں اتنی اجرت کا ہی مطالبہ کرتی ہے جو خاوند ایک اجنبیہ کو دے رہا ہے تو ماں کا حق زیادہ ہے۔

۱۹؎ باپ کو نصیحت کی جارہی ہے کہ اگر وہ خوشحال ہے تو فراخ دلی سے اپنے بچے کی رضاعت کا معاوضہ ادا کرے۔ بخل اور کنجوسی سے کام نہ لے۔ لیکن اگر وہ مفلس ہے تو پھر حسب توفیق جو وہ دے گا وہی کافی ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کسی کو اس کی استطاعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔

۲۰؎ یعنی اگر کسی وقت غربت اور تنگ دستی کا سامنا کرنا پڑے تو گھبراؤ نہیں جی لگا کر محنت کرو، صبر کا دامن ہاتھ سے مت چھوڑو۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے کوئی بعید نہیں کہ وہ تمہیں بہت جلد خوشحال اور متمول کردے۔

عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَ رُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّ عَذَّبْنٰهَا

اپنے رب کے حکم سے اور اس کے رسولوں کے فرمان سے تو ہم نے بڑی سختی سے ان کا محاسبہ کیا ۲۱ اور ہم نے

عَذَابًا نُّكْرًا ۝۸ فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَ كَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا

انہیں بھاری سزا دی۔ پس انہوں نے اپنے کرتوتوں کا وبال چکھا اور ان کے کام کا انجام زا

خُسْرًا ۝۹ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِي

خسارہ تھا ۲۲ تیار کر رکھا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے ایک سخت عذاب ۲۳ پس اللہ سے ڈرتے رہا کرو اے

الْاَلْبَابِ ۛۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛۚ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝۱۰ رَّسُوْلًا

دانشمندو ۲۴ جو ایمان لائے ہو۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا تمہاری طرف ذکر۔ ایک ایسا رسول

۲۱ ے بہت سے ایسے احکام مذکور ہوئے ہیں جن کا تعلق مسلمانوں کی ازدواجی زندگیوں سے ہے، مناسب طور پر ان احکام کی بجا آوری کی تاکید بھی کی گئی ہے۔ اب بڑے کھلے الفاظ میں بتایا جا رہا ہے کہ اگر تم نے اپنی پسند اور ناپسند کو احکام الٰہیہ پر مقدم رکھا، اپنی نفسانی خواہشات کو ترجیح دی اور ارشاداتِ الٰہیہ کو پس پشت ڈال دیا تو اس کا انجام بڑا عبرت ناک ہوگا۔ ذرا ان قوموں کی تاریخ پڑھو اور ان برباد شدہ شہروں اور بستیوں کی درد بھری داستانیں سنو جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے حکم کی نافرمانی کی اور اس کے رسولوں کی اطاعت سے منہ موڑا، جنہوں نے تمرد و سرکشی کا راستہ اختیار کیا تو ہم نے ان سے بڑی شدید بازپرس کی اور ان پر ایسا عذاب نازل کیا جس نے ان کو تہس نہس کر کے رکھ دیا۔

۲۲ ے اس دنیا ہی میں ان کو ان کے کرتوتوں اور بد اعمالیوں کا مزہ چکھا دیا گیا۔ انہوں نے جیتے جی اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ سرکشی کی جو روش انہوں نے اختیار کی اس کا انجام کتنا خوفناک تھا۔ وہ تو اپنی عیاریوں اور فسوں سازیوں سے بڑی منفعتوں کی آس لگا بیٹھے تھے لیکن یہ سب ان کی حماقت اور نادانی تھی۔ انجام کار انہیں گھاٹا ہی گھاٹا ہوا۔ انہیں ایسا خسارہ ہوا جس کی تلافی کی کوئی صورت ہی نہیں۔

۲۳ ے اس رسوائی اور ذلت سے تو انہیں دنیا میں دوچار ہونا پڑا، روزِ محشر جب وہ اپنی قبروں سے اٹھیں گے تو اپنے لیے ایسا دردناک عذاب تیار پائیں گے جس کا ابھی وہ تصور بھی نہیں کر سکتے۔

۲۴ ے اس سرزنش کے بعد اہل خرد کو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنے کی تلقین کی جا رہی ہے۔ الذین اٰمنوا فرما کر اس حقیقت کو آشکارا کر دیا کہ دانا لوگ وہ نہیں جو علوم و فنون میں ماہر ہوں، جو بڑے چالباز اور سیاستدان ہوں، بلکہ حقیقی دانشمند تو وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں ایمان کا چراغ ضوفشاں ہے۔

يَتْلُوا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

جو پڑھ کر سناتا ہے تمہیں اللہ کی روشن آیتیں ۲۵؎ تاکہ نکال لے جائے انہیں جو ایمان لے آئے اور

الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ

نیک عمل کرتے رہے اندھیروں سے نور کی طرف ۲۶؎ اور جو ایمان لاتا ہے اللہ پر اور نیک عمل

صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ

کرتا ہے ۲۷؎ تو وہ اس کو داخل فرمائے گا باغات میں جن کے نیچے نہریں رواں ہیں جن میں وہ لوگ تا ابد

۲۵؎ ذِکْرًا اور رَسُوْلًا کا باہمی تعلق کیا ہے؟ بعض علماء نے لکھا ہے کہ رَسُوْلًا سے پہلے اَرْسَلَ مقدر ہے اور ذکر سے مراد قرآن ہے۔ اب معنی یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری طرف قرآن نازل کیا اور اپنا رسول بھیجا اور علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ ذکر سے مراد بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور رسولا اس کا بدل ہے۔ ذکرا ھو النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عُبّر بہ عنہ لمواظبتہ علیہ الصلوٰۃ والسلام علی تلاوۃ القرآن الذی ذکر او قولہ تعالیٰ رسولا بدل منہ۔

۲۶؎ یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ رسول جو سراپا ذکر ہے تمہاری طرف اس لیے مبعوث فرمایا ہے کہ اہل ایمان کو اور نیک عمل کرنے والوں کو طرح طرح کے اندھیروں سے نکال کر ہدایت کے نور تاباں تک پہنچائیں۔

اس سیاق میں اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ جو عائلی قانون اور ازدواجی زندگی کے بارے میں ضوابط حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی امت کو عطا فرمائے ہیں ان کی برکت سے یہ امت گمراہی کے ان اندھیروں سے نکل کر ہدایت کی روشنی میں پہنچ گئی ہے جن اندھیروں میں ابھی تک اقوام عالم بھٹکتی پھر رہی ہیں۔ آپ کو فرصت ملے تو آپ اسلام کے عائلی قوانین کا دنیا بھر کی اقوام کے جدید و قدیم عائلی قوانین سے موازنہ کریں، آپ کو اس قول کی صداقت کا یقین آجائے گا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ہم شرح صدر سے ان قوانین کو اپنائیں جو ہماری بہتری اور بھلائی کے لیے اللہ تعالیٰ نے ہماری طرف نازل کیے ہیں۔

۲۷؎ یہ بتانے کے بعد کہ میرا رسول اہل ایمان کو اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لا رہا ہے، اب یہ بتایا جا رہا ہے کہ قیامت کے دن ان لوگوں کے ساتھ بڑی مہربانی کا سلوک ہوگا۔ انہیں ان باغات میں بسایا جائے گا جہاں میٹھے اور ٹھنڈے پانی کی ندیاں بہ رہی ہیں۔ وہاں ان کا قیام عارضی نہیں ابدی ہوگا۔ وہاں سے ان کو نکالا نہیں جائے گا۔

أَبَدًا ۖ قَدْ أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقًا ﴿١١﴾ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَ

رہیں گے۔ بلاشبہ اللہ نے اس (مومن) کو بہترین رزق عطا فرمایا۔ اللہ وہ ہے جس نے سات آسمان پیدا فرمائے اور

مِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ

زمین کو بھی انہی کی مانند ۲۸؎ نازل ہوتا رہتا ہے حکم ان کے درمیان ۲۹؎ تاکہ تم جان لو کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ وَأَنَّ اللَّهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿١٢﴾

کامل قدرت رکھتا ہے۔ اور بے شک اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا اپنے علم سے احاطہ کر رکھا ہے۔

۲۸؎ اس سورت کا اختتام اس آیت سے ہو رہا ہے۔ اس میں بتایا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی وہ ذات ہے جس نے سات آسمانوں کو پیدا فرمایا اور اسی طرح زمین کی بھی تخلیق کی۔ کائنات کا ذرہ ذرہ اس کی شان کبریائی کی جلوہ گاہ ہے اور اس کی عظمت اور بڑائی پر گواہی دے رہا ہے۔

ومن الارض مثلھن میں مماثلت کی دو وجہیں بیان کی گئی ہیں:

(۱) آسمان بھی سات پیدا فرمائے اور زمینیں بھی سات پیدا فرمائیں۔

(۲) یعنی جس طرح آسمان کی اس نے تخلیق کی ہے اسی طرح زمین کی بھی اسی نے تخلیق کی ہے۔ اگر زمینوں کی تعداد بھی سات مانی جائے تو امام رازی نے کہا ہے کہ سات زمینوں سے مراد وہ سات براعظم ہیں جنہیں بڑے بڑے سمندر ایک دوسرے سے جدا کیے ہوئے ہیں، یا سات زمینوں سے مراد سات کواکب ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

اس مقام پر بعض مفسرین نے حضرت ابن عباس سے ایک قول نقل کیا ہے۔ آپ نے کہا:

فی کل ارض آدم کآدم ونوح کنوح ونبی کنبیکم۔ اس کے متعلق علامہ ابی الحیان اندلسی بحر محیط میں لکھتے ہیں وعن ابن عباس من روایۃ الواقدی الکذاب وھذا حدیث لا شک فی وضعہ کہ یہ قول واقدی نے ابن عباس سے روایت کیا ہے اور واقدی کذاب ہے اور یہ وہ حدیث ہے جس کے موضوع ہونے میں کوئی شک نہیں۔

۲۹؎ آسمانوں اور زمین کی تخلیق کے بعد اللہ تعالیٰ ان سے لاتعلق نہیں ہو گیا بلکہ ہر لحظہ اس کے احکام و اوامر کا ان میں نزول ہو رہا ہے اور ہر جگہ انہیں کی تعمیل ہو رہی ہے۔ موت و حیات، غنیٰ و فقر، عزت و ذلت، بناؤ اور بگاڑ غرضیکہ جو تغیرات اور انقلابات آپ بلندیوں اور پستیوں میں مشاہدہ کرتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے حسن تدبیر کی جلوہ نمائی ہے۔ ای یجری امر اللہ تعالیٰ وقضاءہ و قدرہ عز وجل بینھن۔ (روح المعانی) اگر تم ان میں غور و فکر کرو گے تو تمہیں یقین ہو جائے گا کہ اللہ تعالیٰ قادر مطلق ہے۔ جو چاہتا ہے ہو جاتا ہے۔ اور تمہیں یقین ہو جائے گا کہ اس کا علم کائنات ارضی و سماوی کے ذرہ ذرہ کو احاطہ کیے ہوئے ہے۔ بے شک وہی ذات

اقدس معبود برحق اور مسجود برحق ہونے کے لائق ہے۔ جس کی قدرت بھی بے پایاں ہے اور جس کا علم بھی بے کراں ہے۔ یہ بت جن کی مشرکین پوجا کرتے ہیں اور انہیں اپنا کارسازِ حقیقی خیال کرتے ہیں، عاجز ہیں' ان میں کچھ طاقت نہیں، جاہل ہیں انہیں کسی چیز کی خبر نہیں۔ بھلا ان کو اپنا خدا اور معبود تسلیم کرنا کہاں کی دانشمندی ہے۔

فتبارك الله رب العلمين الذى لا اله الا هو لا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم
والصلوة والسلام على حبيبنا المكرم وشفيعنا المعظم سيدنا محمد سيد المرسلين
وامام المتقين وخاتم النبيين وعلى اله وصحبه اجمعين۔
ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم وتب علينا انك انت التواب الرحيم۔

تعارف

سُورۃ التحریم

نام : اس سورت کا نام 'التحریم' ہے۔ جو پہلی آیت کے کلمہ 'لِمَ تُحَرِّمُ' سے ماخوذ ہے۔ اس کی بارہ آیتیں ہیں۔ اس کے کلمات کی تعداد ۲۴۷ اور حروف کی تعداد ۱۰۶۰ (ایک ہزار ساٹھ) ہے۔

نزول : یہ مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی۔ سال نزول سنہ ۸ھ یا ۹ھ ہے کیونکہ حضرت حاطبؓ سات ہجری میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا دعوت نامہ لے کر مقوقس والیٔ اسکندریہ کے پاس گئے۔ اس نے ماریہ قبطیہ اور ایک مصری خاتون سیرین نامی کو بطور ہدیہ حضور کی خدمت میں بھیجا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت ماریہ کو شرف زوجیت بخشا۔ انکے بطن سے ۸ھ کے آخری ماہ میں حضرت ابراہیم تولد ہوئے کیونکہ اس سورت کا اس واقعہ سے بھی تعلق ہے اس لیے سالِ نزول ۸ھ یا ۹ھ ہی بنتا ہے۔

مضامین : (۱) حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک موقع پر ایک حلال چیز سے اجتناب کرنے کی قسم کھالی (جس کی تفصیل آگے آرہی ہے) اگر وہ پابندی برقرار رہتی تو حضور کو تکلیف ہوتی۔ نیز امت کے لوگ ایسا کرنے کو سنت نبوی سمجھ لیتے اور اپنے اوپر ناروا پابندیاں عائد کرنے کو اعمال صالحہ میں شمار کرنے لگتے۔ اسی طرح اسلامی معاشرہ رفتہ رفتہ خود ساختہ مشکلات اور محرومیوں کے دلدل میں پھنس کر رہ جاتا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ قسم کا کفارہ ادا کردیں اور اس پابندی سے رستگاری حاصل کریں۔ آپ کی اور آپ کی امت کی تکلیف اور مشقت رحمت الٰہی کو گوارا نہیں۔

یہاں تحریم سے مراد شرعی تحریم نہیں کہ کسی حلال چیز کو انسان حرام اعتقاد کرنے لگے بلکہ کسی چیز کے استعمال سے اجتناب و احتراز مراد ہے تفصیل آیت کے ضمن میں ملاحظہ فرمایئے۔

(۲) ازواج مطہرات کے دلوں میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی جو بے پناہ محبت تھی وہ بعض اوقات رقابت کے جذبہ کو بھڑکا دیتی اور ایسی صورتِ حال پیدا ہو جاتی جو حضور کے لیے خاصی پریشان کن ہوتی۔ اللہ تعالیٰ نے اس سورت میں ازواج مطہرات کی تادیب فرمائی کہ وہ آئندہ ایسی کوئی حرکت نہ کریں جو حضور کے خاطر عاطر پر بار ہو۔ خواہ اس کا محرک تمہارا والہانہ جذبۂ محبت ہی کیوں نہ ہو۔ تمہاری محبت کو خود سر نہیں ہونا چاہیے بلکہ رضائے حبیب کا حلقہ بگوش ہونا چاہیے۔ تمہارے جذبات شوق کے تقاضے کچھ ہوں انہیں ہر حال میں میرے نبی کی پسند اور ناپسند کا پابند ہونا چاہیے۔

(۳) ایک زوجۂ مکرمہ افشاء راز کر بیٹھیں، انہیں سرزنش فرمادی۔ اس سے امت کی خواتین کو بھی سبق مل گیا کہ وہ بھی اپنے

شوہروں کے رازوں کو محفوظ رکھا کریں ورنہ ان کی معمولی سی غفلت ان کے لیے ان کے خاندان کے لیے تباہ کن ثابت ہو سکتی ہے۔

(۴) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی گھر والیوں کی اصلاح کے بعد اب غلامانِ مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء کو حکم دیا جا رہا ہے کہ وہ خود بھی دوزخ کا ایندھن بننے سے بچیں اور اپنے اہل وعیال کی بھی ایسی صحیح تربیت کریں کہ وہ جہنم کے عذاب سے بچ جائیں۔ گویا ماں باپ پر فرض کر دیا کہ وہ اپنے بچوں کے اخلاق کی کڑی نگرانی کریں۔

(۵) انسانوں سے گناہوں اور خطاؤں کا صدور ہوتا ہی رہتا ہے اس لیے توبۃ نصوحا یعنی خالص توبہ کرنے کی تلقین فرمائی تاکہ ہمارا دامنِ عمل ان بدنما داغوں سے پاک ہو جائے۔

(۶) آخر میں دو مثالیں ذکر فرمائیں، ایک کفار کے لیے اور ایک اہل ایمان کے لیے تاکہ دونوں گروہوں کو اپنی حیثیت کا پورا علم ہو جائے۔ وہ کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ رہیں۔ ایمان اور محبتِ الٰہی کمزور سے کمزور انسان کو کس طرح ناقابلِ تسخیر بنا دیتی ہے اس کو ذہن نشین کرانے کے لیے حضرت آسیہ کا تذکرہ فرمایا۔ حضرت مریم علیہا السلام کی پاکدامنی کا ذکر کر کے مسلم خواتین کو ترغیب دلائی کہ وہ بھی اپنے گوہرِ عصمت کی حفاظت کریں۔ اسے کسی قیمت پر بے آب نہ ہونے دیں۔ ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے لطف وکرم سے انہیں بھی کسی نیک بخت اور نامور فرزند کی ماں بننے کا شرف بخش دے۔

سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اِثْنَتَا عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ التحریم مدنی ہے۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس کی آیات ۱۲ رکوع ۲

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ

اے نبی (مکرم)! آپ کیوں حرام کرتے ہیں اس چیز کو جسے اللہ نے آپ کے لیے حلال کر دیا ہے۔ (کیا) آپ (اپنی بیویوں کی خوشنودی چاہتے ہیں [1]

[1] اس سے پہلی سورت میں اہل ایمان کی ازدواجی زندگی سے متعلق احکام و ہدایات کا ذکر ہوا۔ اس سورت میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خانگی زندگی کے کچھ حالات بیان ہو رہے ہیں تاکہ امت اپنے نبی کریم کے اسوۂ حسنہ پر عمل کر سکے۔

ان آیات کے شانِ نزول کے بارے میں دو روایتیں بیان کی جاتی ہیں۔ پہلے میں اس روایت کا خلاصہ پیش کرتا ہوں جسے امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے اپنی صحیحین میں نقل کیا ہے۔

سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادتِ مبارکہ تھی کہ نمازِ عصر کے بعد ازواج مطہرات کے حجروں میں تشریف لے جاتے اور تھوڑا تھوڑا وقت ہر رفیقۂ حیات کے پاس تشریف رکھتے۔ ایک دفعہ ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں کسی نے شہد تحفۃً بھیجا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب ان کے کاشانۂ اقدس میں رونق افروز ہوتے تو وہ بڑے اہتمام سے شہد پیش کرتیں۔ حضور کو طبعی طور پر شہد بہت پسند تھا۔ اس لیے شوق فرماتے۔ اس طرح حضرت زینب کے ہاں معمول سے زیادہ قیام ہو جاتا۔ حضرت زینبؓ کی مسرت کی حد نہ تھی۔ انہیں اللہ کے محبوب اور اپنے سرتاج کے روئے زیبا کے دیدار کا موقع زیادہ ملتا۔ لیکن دیگر اُمہات المومنین کے حصے سے یہ لمحے صرف ہوتے۔ ان کے لیے یہ صورتِ حال ناقابلِ برداشت ہوتی گئی۔ محبت جتنی زیادہ ہوتی ہے رقابت کا جذبہ اتنا ہی قوی ہوتا ہے۔ آخر حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ضبط نہ ہو سکا۔ انہوں نے آپس میں یہ طے کیا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت زینب کے پاس سے اٹھ کر ان میں سے جس کے ہاں آئیں وہ یہ کہے کہ حضور! آپ کے دہن مبارک سے مغافیر کی بو آرہی ہے۔ کیا حضورؐ نے مغافیر تناول فرمایا ہے؟ (مغافیر: عرفط درخت کی گوند جس میں خفیف سی بساند ہوتی ہے) انہیں علم تھا کہ حضورؐ اپنی نفاستِ مزاج کے باعث بدبو کو سخت ناپسند کرتے ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا میں نے مغافیر تو نہیں کھایا۔ البتہ زینب کے ہاں شہد نوش کیا ہے۔ اس کے بعد میں شہد نہیں پیوں گا۔ تم کسی سے اس کا ذکر نہ کرنا۔ فَلَنْ اَعُوْدَ لَهٗ فَقَدْ حَلَفْتُ لَا تُخْبِرِيْ بِذٰلِكَ اَحَدًا۔ اس وقت یہ آیتیں نازل ہوئیں۔

دوسری روایت یہ ہے کہ جب سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مختلف ممالک کے سربراہوں کو اسلام قبول کرنے کے دعوت نامے بھیجے تو حضرت حاطب ابن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضورؐ کا گرامی نامہ لے کر اسکندریہ کے والی مقوقس کے پاس گئے۔ اس نے قاصد کی بڑی تکریم کی اور جب وہ واپس روانہ ہوئے تو مقوقس نے ایک عریضہ بھی حضورؐ کی خدمت میں ارسال کیا اور دو اعلیٰ خاندان کی لڑکیاں بھی بھیجیں جن میں سے ایک کا نام سیرین اور دوسری کا نام ماریہ (MARY) تھا۔ حضرت حاطبؓ کی تبلیغ و تلقین سے دونوں

نے مدینہ طیبہ پہنچنے سے پہلے ہی اسلام قبول کر لیا۔ حضورؐ نے سیرین نامی لڑکی حضرت حسان رضی اللہ عنہ بن ثابت کو مرحمت فرما دی اور ماریہ کو آزاد کر کے اپنی زوجیت کا شرف بخشا۔ انہیں کے بطن سے ذی الحجہ ۸ھ میں حضورؐ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم پیدا ہوئے جو بعد میں ۱۸ ماہ کی عمر میں انتقال فرما گئے۔ ایک روز ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی باری تھی۔ حضورؐ سے اجازت لے کر وہ اپنے والد حضرت عمرؓ سے ملنے چلی گئیں۔ وہیں حضرت ماریہؓ آ گئیں اور تخلیہ میں حضورؐ کے ساتھ رہیں۔ ابھی دروازہ بند تھا کہ حضرت حفصہؓ بھی واپس آ گئیں اور باہر بیٹھ کر انتظار کرنے لگیں۔ جب حضورؐ نے دروازہ کھولا اور حضرت حفصہؓ نے ماریہؓ کو اپنے حجرے میں دیکھا تو انہیں سخت ناگوار گزرا اور یوں شکوہ کرنے لگیں۔ میری باری، میرا حجرہ، میرا بستر اور ماریہ۔ یا رسول اللہ آپ مجھے حقیر سمجھتے ہیں اس لیے آپ نے ایسا کیا۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی جان نثار زوجہ کی آزردگی اور پریشانی برداشت نہ کر سکے اور قسم کھائی کہ آئندہ ماریہ سے ازدواجی تعلق نہ رکھیں گے اور حضرت حفصہ کو تاکید فرمائی کہ وہ اس کا ذکر کسی سے نہ کریں۔

واقعے یہ دو ہیں لیکن روایات میں بڑا اختلاف اور تعارض ہے۔ کہیں کسی کا نام ہے کہیں کسی کا۔ اس لیے ان واقعات کی مختلف روایتیں نقل کرنے کے بعد امام ابن جریر طبری اپنی تفسیر میں اپنی رائے ان الفاظ میں تحریر کرتے ہیں:

والصواب من القول فی ذلك ان یقال ان الذی حرمه النبی صلی اللہ علیه وسلم علی نفسه شیئ کان اللہ قد احله له۔ یعنی میرے نزدیک صحیح قول یہ ہے کہ یہ آیت اس وقت نازل ہوئی جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اوپر ایک ایسی چیز کو حرام کر دیا جس کو اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے حلال کیا تھا۔

قال النووی فی شرح مسلم الصحیح ان الآیة فی قصة العسل لا فی قصة ماریه المرویة فی غیر الصحیحین ولم تأت قصة ماریه فی طریق صحیح۔ صحیح مسلم کی شرح میں امام نووی کہتے ہیں کہ درست بات یہ ہے کہ یہ آیت شہد کے قصہ میں نازل ہوئی اور ماریہؓ کے واقعہ میں نازل نہیں ہوئی جیسا غیر صحیحین میں مذکور ہے اور ماریہ کا واقعہ کسی صحیح سند سے مروی نہیں۔

یہ آپ سن چکے۔ آئیے اب آیات طیبہ میں غور و فکر کریں۔

زمخشری معتزلی اور اس کے پیروکاروں نے یہاں بڑی ٹھوکریں کھائی ہیں اور ایسی باتیں لکھی ہیں جن سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دامن عصمت پر حرف آتا ہے۔ آپ ائمہ اہل سنت کی تفسیر ملاحظہ فرمائیں جن کو اللہ تعالیٰ نے حق فہمی اور محبت مصطفوی دونوں نعمتوں سے مالا مال فرمایا ہے۔

علامہ ابی حیان اندلسی اپنی تفسیر "البحر المحیط" میں تحریر فرماتے ہیں۔ یایها النبی نداء اقبال وتشریف۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے یایها النبی سے خطاب فرما کر اپنے حبیب کو اپنی طرف متوجہ کیا ہے اور شرف ندا سے سرفراز فرمایا ہے۔ لم تحرم سوال تلطف۔ یعنی از راہ لطف و محبت دریافت کیا ہے کہ اے حبیب! آپ نے ایسا کیوں کیا۔ اس کا قرینہ یہ ہے کہ پہلے بڑے احترام سے خطاب فرمایا پھر سوال کیا۔ جس طرح عفا اللہ عنك لم اذنت لهم میں ہے۔ پھر فرماتے ہیں تحریم سے مراد تحریم شرعی نہیں۔ یعنی جس طرح وحی الٰہی سے کسی چیز کو جو پہلے حلال تھی حرام کر دیا جاتا ہے اور اس کے بارے میں یہ اعتقاد رکھنا ضروری ہوتا ہے کہ یہ حرام ہے، بلکہ یہاں تحریم سے مراد امتناع ہے۔ یعنی کسی چیز کے استعمال سے رک جانا۔ جیسے کوئی شخص کسی حلال اور مباح چیز کے استعمال کرنے سے اپنے آپ کو باز رکھ لیتا ہے اور کبھی یہ

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ① قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ

اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے ۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے مقرر کردیا ہے تمہارے لیے تمہاری قسموں کی گرہ کھولنے کا طریقہ (یعنی کفارہ)

امتناع کسی کی دلجوئی کے لیے ہوتا ہے جس کی خوشنودی مطلوب ہوتی ہے۔ آخر میں لکھتے ہیں کہ ہم زمخشری کی عبارت نقل کرنے سے دانستہ گریز کر رہے ہیں کیونکہ اس نے ایسی باتیں لکھی ہیں جو عصمت نبوت کے لائق نہیں۔

علامہ آلوسی نے بھی تحریم کا مفہوم امتناع ہی بیان کیا ہے۔ والمراد بالتحریم الامتناع (روح المعانی) مطلب یہ ہے کہ آپ ایک حلال چیز کو استعمال کرنے سے کیوں اجتناب کرتے ہیں۔

۲ علامہ سید آلوسی اس کی تفسیر بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

فیہ تعظیم شانہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لان ترک الاولی بالنسبۃ الی مقامہ السامی الکریم یعد کالذنب وان لم یکن فی نفسہ کذلک۔ یعنی اگرچہ آپ نے کسی گناہ کا ارتکاب نہیں کیا، زیادہ سے زیادہ اولیٰ کا ترک ہوا، لیکن آپ کے عالی اور کریم مقام کے لیے یہ بھی مناسب نہ تھا۔ لیکن ہم غفور ہیں ہم نے معاف کردیا۔ مزید فرماتے ہیں کہ آیت میں جو عتاب ہے وہ کسی ناراضگی کی وجہ سے نہیں بلکہ مزید اعتنا کی وجہ سے ہے۔ اللہ تعالیٰ کو آپ کی ہر ہر ادا کا خیال ہے۔ اسے یہ گوارا نہیں کہ آئینہ نبوت پر ادنیٰ سا غبار بھی پڑے۔ زمخشری کے متعلق لکھتے ہیں کہ اس کا قدم حسب عادت یہاں بھی پھسل گیا ہے۔ اس نے تحریم سے مراد شرعی تحریم لی ہے جو گناہ ہے اور غفور میں اسی گناہ کی آمرزش کی طرف اشارہ ہے۔ آلوسی کہتے ہیں کہ ابن منیر نے یہاں زمخشری کے خوب بخیے ادھیڑے ہیں۔ ما حاصلہ ان ما اطلقہ فی حقہ علیہ الصلوٰۃ والسلام تَقَوُّلٌ وَافْتِرَاءٌ والنبی علیہ الصلوٰۃ والسلام منہ براء۔ ابن منیر کی تنقید کا حاصل یہ ہے کہ زمخشری نے حضور کے حق میں جو کچھ کہا ہے وہ اس کا اپنا گھڑا ہوا افترا ہے اور حضور کی ذات اقدس اس سے بری ہے۔ کیونکہ حلال کی تحریم کی دو صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ کسی حلال چیز کو حرام اعتقاد کرلیا جائے۔ یہ ممنوع ہے بلکہ کفر ہے اور نبی معصوم سے اس کا صدور ممکن نہیں۔ دوسری صورت یہ ہے کہ حلال کو حلال ہی سمجھا جائے لیکن اس کے استعمال سے اجتناب کیا جائے۔ ایسا کرنا مباح اور حلال ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تحریم کی یہی صورت تھی۔ انما عاتبہ اللہ تعالیٰ علیہ رفقابہ وتنویھا بقدرہ واجلالا لمنصبہ علیہ الصلوٰۃ والسلام ان یراعی مرضاۃ ازواجہ بمایشق علیہ۔ جریا علی ما الف من لطف اللہ تعالیٰ بہ۔ ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے عتاب کی وجہ یہ ہے کہ حضور نے اپنی ازواج کی خوشنودی کے لیے اپنے اوپر پابندی عائد کرلی جس سے حضور کو تکلیف اور مشقت کا سامنا کرنا پڑتا۔ اللہ تعالیٰ کو یہ ہرگز گوارا نہیں کہ اس کے محبوب کو تکلیف پہنچے۔ اس لیے فرمایا کہ آپ نے ایسا کیوں کیا آپ کو اپنی ازواج کی خوشنودی مطلوب ہے تو مجھے آپ کا آرام اور آپ کی راحت مرغوب ہے۔ ایسی ناروا پابندیوں کی اجازت میں آپ کو کیوں کرنے دے سکتا ہوں۔

یہاں اس امر کا ذکر کردینا بھی فائدہ سے خالی نہ ہوگا کہ یورپ کے کئی متعصب مصنفین نے حضرت ماریہ قبطیہ کے واقعہ کی آڑ لے کر شان رسالت میں بڑی گستاخیاں کی ہیں اور ان کی تحریروں سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اسلام اور پیغمبر اسلام سے ان کی عداوت

وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى

اور اللہ ہی تمہارا کارساز ہے ۳ اور وہی سب کچھ جاننے والا، بہت دانا ہے۔ اور (یہ واقعہ بھی یاد رکھنے کے لائق ہے) جب نبی کریم نے

نے ان کو اندھا اور بہرہ کر دیا ہے۔ نہ صدائے حق کو وہ سن سکتے ہیں اور نہ نورِ حق انہیں دکھائی دیتا ہے۔ حضرت ماریہؓ کوئی اجنبی عورت نہ تھیں جن سے خلوت شرع اور عقل کی نظر میں حرام ہوتی۔ وہ حضورؐ کی ازواجِ مطہرات میں سے ایک تھیں۔ مقوقس والیٔ اسکندریہ نے انہیں حضورؐ کی خدمت میں بھیجا تھا۔ حضورؐ نے انہیں آزاد فرمایا اور اپنی زوجیت کا شرف بخشا تھا۔ خاوند کا اپنی بیوی سے خلوت کرنا کسی قانون کسی شریعت اور کسی نظامِ حیات میں قبیح نہیں۔ اس کو غلط رنگ دے کر پیش کرنا علم اور دیانت کا منہ چڑانا ہے اور اس کے ساتھ اپنی شقاوت پر مُہرِ ثبت کرنا ہے۔ یہ تو بیگانے لوگ تھے جن کے دلوں میں اسلام کے متعلق گوناگوں عداوتیں تھیں لیکن تعجب بلکہ ندامت اس وقت ہوتی ہے جبکہ کئی مدعیانِ علم منبروں پر کھڑے ہو کر اس واقعہ کو بیان کر کے تنقیصِ شانِ رسالت کا پہلو نکالتے ہیں۔ کبھی حضورؐ کے خداداد علم پر انگشت نمائی کی جاتی ہے۔ یہ دیکھو فلاں چیز کا علم نہ تھا۔ کبھی حضورؐ کی شان کا انکار کیا جاتا ہے۔ یہ دیکھو حضورؐ حلال کو حرام نہیں کر سکتے، معلوم ہوا کہ حضورؐ کو کوئی اختیار نہیں۔ اپنی امت کو اور اپنے غلاموں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتے وغیرہ وغیرہ۔ اللہ تعالیٰ کج فہمی سے بچائے۔ وہ اتنا بھی نہیں جانتے یا جانتے ہیں تو دانستہ اغماض کرتے ہیں کہ اللہ کا رسول اس لیے مبعوث نہیں کیا جاتا کہ وہ اللہ کے اذن کے بغیر اللہ کی حلال کی ہوئی چیزوں کو از خود حرام کر دے۔ یہ ممنوع ہے بلکہ کفر ہے۔ یہاں تحریم سے مراد کسی حلال چیز کو حلال اعتقاد کرتے ہوئے اس سے اجتناب کرنا ہے جس کی تفصیل آپ پہلے پڑھ چکے ہیں۔ اور شہد کو حرام کرنا اس لیے نہیں کہ آپ کو علم نہیں تھا بلکہ اس کی وجہ خود قرآن کریم نے بتا دی تبتغی مرضات ازواجك کہ آپ اپنی ازواجِ مطہرات کی دلجوئی کرنا چاہتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کی بتائی ہوئی وجہ کو پسِ پشت ڈال کر اپنی طرف سے عدمِ علم کو اس کا سبب قرار دینا ایک مومن کو تو ہرگز زیب نہیں دیتا۔ اللہ تعالیٰ حق فہمی کی صلاحیت سلب کر لیتا ہے تو اسی قسم کے دلخراش الفاظ انسان کی زبان سے نکلتے ہیں۔ اللهم انا نعوذ بك من سخطك وسخط نبيك المكرم صلى الله عليه وسلم۔

۳ تَحِلَّةَ کا وزن تفعلۃ ہے۔ یہ باب تفعیل کا دوسرا وزن ہے۔ کَرَّمَ سے تکریم اور تکرمۃ۔ کَمَّلَ سے تکمیل اور تکملۃ دونوں وزن آتے ہیں۔ یہ بھی حَلَّلَ — تحلیلاً کا دوسرا مصدر ہے۔ علامہ راغب نے قد فرض الله لكم تحلة ايمانكم کا یہ معنی لکھا ہے أی بيّن ما تنحل به عقدة ايمانكم من الكفارة۔ یعنی اللہ نے وہ چیز بیان کر دی جس سے تمہاری قسموں کی گرہ کھل جاتی ہے یعنی کفارہ۔ یعنی قسم کھا کر جو گرہ تم نے ڈال لی تھی اس کے کھولنے کا طریقہ تمہیں بتا دیا کہ کفارہ ادا کرو اور پابندی سے آزاد ہو جاؤ۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو یہ کہتا ہے کہ میں نے تجھے حرام کیا تو اس پر کیا اثر مرتب ہوگا؟ اس میں فقہاء کے متعدد اقوال ہیں۔ میں یہاں صرف حضرت امام اعظمؒ کا قول نقل کروں گا۔

علامہ ابوبکر جصاص احکام القرآن میں رقمطراز ہیں کہ ہمارے علماء کے نزدیک اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو حرام کہتا ہے تو وہ قسم ہوگی گویا اس نے یوں کہا واللہ لا اقربك بخدا میں تمہارے قریب نہیں جاؤں گا۔ اس صورت میں وہ مُولی ہوگا اور اگر اس نے یہ الفاظ کہے اور طلاق کی نیت کی تو وہ طلاق ہوگی۔ اگر ایک طلاق کی نیت کی تو طلاق بائن ہوگی اور اگر تین کی نیت کی تو طلاق مغلظ۔

بَعۡضِ اَزۡوَاجِهٖ حَدِيۡثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتۡ بِهٖ وَاَظۡهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيۡهِ

رازداری سے اپنی ایک بیوی کو ایک بات بتائی ۳؎ پھر جب اس نے دوسری کو راز بتا دیا اور (ق) اللہ نے آپ کو اس پر آگاہ

عَرَّفَ بَعۡضَهٗ وَاَعۡرَضَ عَنۡۢ بَعۡضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتۡ

کر دیا آپ نے (اس بیوی کو) کچھ بتا دیا اور کچھ سے چشم پوشی فرمائی۔ پس جب آپ نے اس کو اس پر آگاہ کیا تو اس نے پوچھا

۳؎ وہ بات کیا تھی جو حضورؐ نے رازداری سے اپنی ایک رفیقہ حیات کو بتائی تھی اور منع فرمایا تھا کہ کسی دوسری سے وہ اس کا ذکر کرے۔ جن علماء نے حدیث عسل کو ان آیات کے نزول کا سبب تسلیم کیا ہے ان کے نزدیک وہ راز یہ تھا کہ حضورؐ نے فرمایا میں پھر شہد نہیں کھاؤں گا اور تم یہ کسی کو نہ بتانا کہ میں نے شہد نہ کھانے کی قسم کھائی ہے اور جن علماء کے نزدیک اس کی شان نزول ماریہؓ قبطیہ کا واقعہ ہے تو انہوں نے اس راز سے یہ مراد لیا ہے کہ وہ کسی کو نہ بتائیں گی کہ حضورؐ نے ماریہؓ سے آئندہ مقاربت نہ کرنے کا حلف اٹھایا ہے۔

اگر علامہ ابن جریر کے قول کو ترجیح دی جائے تو کسی راز کے تعین کی ضرورت نہیں رہتی۔ ہمارے لیے اتنا سمجھنا ہی کافی ہے کہ کوئی راز کی بات تھی جو حضورؐ نے اپنی ایک زوجہ کو بتائی اور انہیں تاکید کر دی کہ کسی دوسری کو اس کا پتہ نہ چلے لیکن وہ اس راز کو افشا کر بیٹھیں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو آگاہ کر دیا کہ آپ کی اہلیہ نے وہ راز افشا کر دیا ہے۔ حضورؐ نے جب اس کو بتایا کہ اس نے یہ راز ظاہر کر دیا ہے تو وہ حیران رہ گئیں اور خیال کیا کہ شاید دوسری بیوی نے بتایا ہوگا۔ پوچھا حضور آپ کو کس نے آگاہ کیا ہے کہ میں نے یہ راز فاش کر دیا تو حضورؐ نے فرمایا کہ مجھے میرے رب نے خبر دی ہے جو سب کچھ جاننے والا اور ہر راز سے باخبر ہے۔

بعض روایات میں منقول ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب حضرت ماریہؓ کے بارے میں حضرت حفصہؓ کو ملول اور رنجیدہ پایا تو ماریہؓ کو اپنے اوپر حرام کر دینے کے ساتھ ساتھ یہ بھی فرمایا کہ میرے بعد ابوبکرؓ اور ان کے بعد تمہارے والد عمرؓ خلیفہ ہوں گے۔ یہ وہ راز تھا جو حضرت حفصہؓ چھپا نہ سکیں اور حضرت عائشہؓ سے بھی اس کا ذکر کر دیا۔ چند روایات ملاحظہ ہوں:

(۱-۲) اخرج ابن مردویہ عن ابن عباس وابن ابی حاتم عن مجاھد ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اسرّ الی حفصۃ تحریم ماریۃ وان ابابکر وعمر یلیان الناس بعدہ۔ ترجمہ: ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس سے اور حضرت ابن ابی حاتم نے مجاہد سے روایت کی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رازداری سے یہ بات کہی کہ ماریہ مجھ پر حرام ہے اور میرے بعد ابوبکرؓ اور عمرؓ لوگوں کے والی ہوں گے۔

(۳) ابن مردویہ نے متعدد طریقوں سے حضرت سیدنا علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی ہے کہ ان دونوں حضرات نے فرمایا۔ ان امارۃ ابی بکر وعمر لفی کتاب اللہ۔ واذ اسر النبی الی بعض ازواجہ حدیثا قال لحفصۃ ابوک وابو عائشۃ والیا الناس بعدی فایاک ان تخبری احدا۔ ترجمہ: ابوبکرؓ اور عمرؓ کی خلافت تو کتاب اللہ میں موجود ہے۔ واذ اسر النبی الخ اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ حضورؐ نے حضرت حفصہؓ کو فرمایا کہ تیرا باپ اور عائشہ کا باپ میرے بعد لوگوں کے امیر ہوں گے خبردار! یہ راز کسی کو نہ بتانا۔

(۴-۵) واخرج ابو نعیم فی فضائل الصحابۃ عن الضحاک انہ قال فی الآیۃ اسر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الی حفصۃ

مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ قَالَ نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ ۝ اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَى

آپ کو اس کی خبر کس نے دی ہے۔ فرمایا مجھے اس نے آگاہ کیا ہے جو علیم و خبیر ہے۔ اگر تم دونوں اللہ کے حضور توبہ کر لو تو تمہارے

اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَ اِنْ تَظٰهَرَا عَلَیْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ

دل بھی توبہ کی طرف مائل ہو چکے ہیں (تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے)۔ اور اگر تم نے ایکا کر لیا آپ کے مقابلہ میں تو خوب جان لو کہ اللہ تعالیٰ آپ

ان الخلیفۃ من بعدی ابوبکر ومن بعد ابی بکر عمر۔

(۶) واخرج ابن ابی حاتم نحوہ۔ ترجمہ: ابو نعیم نے فضائل الصحابہ میں ضحاک سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا کہ اس آیت کا راز یہ ہے کہ حضورؐ نے حضرت حفصہؓ سے فرمایا کہ میرے بعد ابو بکر خلیفہ ہوں گے اور ان کے بعد عمر۔

ابن ابی حاتم نے بھی اسی قسم کی روایت نقل کی ہے۔

یہ تو اہل سنت کی کتب کے حوالے تھے۔ شیعہ کے جلیل القدر علماء نے بھی اس روایت کو نقل کیا ہے۔ چنانچہ علامہ طبرسی اپنی تفسیر مجمع البیان میں زجاج سے روایت کرتے ہیں۔ قال لما حرم علیہ الصلوٰۃ والسلام ماریۃ القبطیۃ اخبرات یملك من بعدی ابوبکر وعمر فعرفھا بعض ما افشت من الخبر واعرض عن بعض ان ابابکر وعمر یملکان من بعدی وقریباً من ذلك مارواہ العیاشی بالاسناد عن عبد اللہ ابن العطاء المکی عن ابی جعفر الباقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ ترجمہ: جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ماریہ قبطیہ کو حرام کیا تو یہ بھی بتایا کہ آپ کے بعد ابو بکر اور عمر والی ہوں گے اور اسی کے ہم معنی وہ روایت بھی ہے جو عیاشی نے عبد اللہ ابن العطاء کے واسطے سے حضرت امام باقر سے روایت کی ہے۔

یہاں ایک بات توجہ طلب ہے۔

قرآن کریم میں صراحت سے اس راز کو بیان نہیں کیا گیا۔ لیکن راز کے افشا ہونے اور اس پر افشا کرنے والی کو سرزنش کا تفصیلی تذکرہ موجود ہے۔ اس سے جہاں یہ پتہ چلتا ہے کہ اپنے اہل خانہ سے راز کی بات کہنا درست ہے وہاں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جس کو راز دار بنایا جائے وہ اس راز کی پوری پوری نگہداشت کرے۔ خصوصاً ان لوگوں کے اہل خانہ جو اہم ملکی اور ملی مہمات کو انجام دینے کے لیے مقرر ہیں، اگر ان کی بیویاں یا دوسرے مقرب ان کے رازوں کی حفاظت نہیں کریں گے بلکہ افشا کر دیا کریں گے تو دشمن ان کے منصوبوں کو خاک میں ملا سکتا ہے اور انہیں ناقابل تلافی نقصان پہنچا سکتا ہے۔

؎ تتوبا کا فاعل حضرت حفصہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ نے جب حضرت فاروق اعظمؓ سے اس آیت کا مصداق پوچھا تو آپ نے ان ہی دو کا نام لیا۔ توبہ کی وجہ بتا دی فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا۔ صغی کا معنی ہے مائل ہونا، جھک جانا۔ جب ستارے ڈوبنے لگتے ہیں تو عرب کہتے ہیں۔ صَغَتِ النُّجُوْمُ۔ آیت کا مطلب ہوگا کہ تمہارے دل مائل ہو گئے ہیں۔ کدھر مائل ہو گئے ہیں؟ اس کی تشریح علامہ آلوسی نے بایں الفاظ بیان کی ہے۔ مَالَتْ عَنِ الْوَاجِبِ مِنْ مُخَالَفَتِهٖ بِحُبِّ مَا یُحِبُّهٗ وَكَرَاهَةِ مَا

مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ

کا مددگار ہے، جبریل اور نیک بخت مومنین بھی آپ کے مددگار ہیں ؎ اور ان کے علاوہ سارے فرشتے بھی مدد کرنے

ظَهِيْرٌ ﴿۴﴾ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا

والے ہیں ؎ کچھ بعید نہیں کہ اگر نبی کریم تم سب کو طلاق دے دیں تو آپ کا رب تمہارے عوض آپ کو ایسی بیبیاں عطا فرمائے جو تم سے

یکرھہ الی مخالفتہ۔ تم پر واجب تو یہ تھا کہ ہر بات میں حضور کی موافقت کرتیں۔ جو چیز حضور کو پسند ہوتی تم بھی اس کو پسند کرتیں۔ جو چیز حضور کو ناپسند ہوتی تم بھی اسے ناپسند کرتیں۔ لیکن تم نے ایسا نہ کیا۔ تمہارے لیے یہ کسی طرح مناسب نہ تھا۔ اس لیے اس فروگزاشت سے جتنی جلد توبہ کرو گی تمہارے لیے اتنا ہی بہتر ہو گا۔

اللہ تعالیٰ نے جب زاغت زیغ جس کا معنی ٹیڑھا ہونا یا کج ہونا ہے، کا لفظ استعمال نہیں کیا، بلکہ صَغَتْ کا لفظ استعمال کیا ہے تو اس کا ترجمہ تمہارے دل کج ہو گئے ہیں یا ٹیڑھے ہو گئے ہیں یا سیدھی راہ سے ہٹ گئے ہیں کسی طرح مناسب نہیں۔

؎ یہ تظاہر سے مضارع کا صیغہ ہے۔ اصل تتظاھرا ہے۔ ایک تا کو حذف کر دیا تظاھرا ہو گیا۔ اس کا معنی ہے تعاوناً یعنی ایک دوسرے کی اعانت کرنا پشت پناہی کرنا، ایکا کرنا۔ مقصد یہ ہے کہ اگر تم نے میرے حبیب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اذیت دینے پر ایکا کر لیا تو تم ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکو گی۔ کیونکہ آپ کا مددگار اللہ تعالیٰ ہے۔ کروبین کا سردار جبریل اور نیک بخت اہل ایمان آپ کے مددگار ہیں۔ ان کے علاوہ فرشتوں کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ آپ کی اعانت کے لیے تیار کھڑے ہیں۔ جس کی مدد کرنے والا اللہ تعالیٰ ہو جس کی نصرت و تائید کرنے والے ایسے جلیل القدر لوگ ہوں اسے بھلا کوئی زک پہنچا سکتا ہے۔ یہاں مَوْلٰی کا معنی ناصر ہے اور تمام کے لیے یہی معنی درست ہے۔ وما نع من ان یکون المولیٰ فی الجمیع بمعنی الناصر لا یخفی۔ (روح المعانی) یعنی اللہ تعالیٰ بھی حضور کا مددگار ہے، جبریل اور صالح المؤمنین بھی حضور کے مددگار ہیں۔ صالح بظاہر واحد ہے لیکن اس سے مراد جنس ہے جس کا قلیل اور کثیر سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ بعض کا یہ قول ہے کہ اصل میں صالحون جمع تھا۔ اضافت کی وجہ سے نون گر گیا۔ صالحوا المؤمنین ہو گیا، لیکن یہاں واؤ کا تلفظ نہیں کیا جاتا اس لیے کاتبانِ قرآن نے واؤ کی کتابت بھی ترک کر دی اور صالح المؤمنین لکھنے پر اکتفا کیا۔ اس قسم کے شواہد قرآن کریم میں بکثرت موجود ہیں۔ سورہ بنی اسرائیل کی آیت ۱۱ میں ویدع الانسان مکتوب ہے۔ اصل میں ویدعو ہے لیکن کیونکہ واؤ کا تلفظ نہیں اس لیے کتابت بھی ترک کر دی گئی۔

؎ صاحب تاج العروس لکھتے ہیں ظہیر کا معنی: المعین الواحد والجمع فی ذلک سواء وانما لم یجمع ظہیر لان فعیلا و فعولا قد یستوی فیھما المذکر والمؤنث والجمع کما قال عزوجل انا رسول رب العالمین ــــ والملئکۃ بعد ذلک ظہیر (تاج العروس) یعنی ظہیر بروزن امیر اس کا معنی معین و مددگار ہے۔ واحد اور جمع کے لیے یہ لفظ استعمال ہوتا ہے۔ ظہیر کو جمع ذکر نہیں کیا کیونکہ فعیل اور فعول کبھی کبھی مذکر اور مؤنث اور جمع سب کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے انا رسول رب العالمین۔ رسول تثنیہ ہونا چاہیے تھا کیونکہ کہنے والے حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام ہیں، لیکن فعول کا وزن ہونے کی وجہ سے تثنیہ پر بھی دلالت کرتا ہے اور ظہیر فعیل

مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ

بہتر ہوں گی پکی مسلمان ، ایمان والیاں ، فرمانبردار ، توبہ کرنے والیاں، عبادت گزار ، روزہ دار ،

ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ

کچھ پہلے بیاہیاں اور کچھ کنواریاں ؂ اے ایمان والو! تم بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو

نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ

اس آگ سے جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہوں گے ؂ اس پر ایسے فرشتے مقرر ہیں جو بڑے تندخو سخت مزاج ہیں

کے وزن کے باعث جمع پر بھی دلالت کرتا ہے۔

؂ ازواج مطہرات کو تادیب کی جارہی ہے کہ بے شک تمہاری بڑی شان ہے تم معزز خاندانوں کی چشم وچراغ ہو، لیکن اگر تم نے میرے نبی مکرم کی خوشنودی حاصل نہ کی اور تمہاری کسی غلطی سے ناراض ہو کر آپ نے تمہیں اپنے شرف زوجیت سے محروم کردیا تو گھاٹا تمہیں ہی ہوگا، انہیں کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ ہم ان کی زوجیت کے لیے ایسی بیبیاں فراہم کردیں گے جو تم سے بہتر ہوں گی اور ان تمام مذکورہ خوبیوں سے بدرجہ اتم موصوف ہوں گی جن کا نبی آخر الزمان کی ازواج مطہرات میں پایا جانا ضروری ہے۔ دوسرے الفاظ کے معانی تو واضح ہیں۔ سائحات کا معنی عام طور پر صائمات کیا جاتا ہے، یعنی روزہ رکھنے والیاں۔ لیکن اس کا دوسرا معنی مہاجرات بھی کیا گیا ہے کیونکہ سائح سیاحت سے ہے اور اسلام میں سیاحت صرف ہجرت ہی ہے۔ قال ابن زید لیس فی الاسلام سیاحة الا الھجرة۔

ثَيِّبَة : اس عورت کو کہتے ہیں جس کی پہلے شادی ہو چکی ہو اور بعد میں اسے طلاق دے دی گئی ہو یا اس کا خاوند فوت ہو چکا ہو۔

؂ اہل ایمان کو حکم دیا جارہا ہے کہ وہ اپنے آپ کو آتش جہنم سے بچائیں لیکن ان کی ذمہ داری اپنی ذات تک محدود نہیں بلکہ اپنے اہل وعیال کو بھی عذاب دوزخ سے بچانے کی پوری کوشش کرنا ان پر لازم ہے۔ حضرت عمر کا ارشاد ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو میں نے عرض کیا یارسول اللہ نقی انفسنا فکیف لنا باھلینا۔ اے اللہ کے رسول اپنے آپ کو تو دوزخ سے بچانے کا مفہوم سمجھ میں آگیا۔ ہم اپنے اہل وعیال کو کیونکر دوزخ سے بچا سکتے ہیں۔ فقال تنھونھم عما نھاکم اللہ وتامرونھم بما امر اللہ۔ فرمایا تم اس طرح ان کو بچا سکتے ہو کہ جن چیزوں سے اللہ تعالیٰ نے تمہیں روکا ہے تم اپنے اہل وعیال کو بھی ان سے روکو اور جن کاموں کو بجا لانے کا اس نے حکم دیا تم انہیں حکم دو کہ وہ بھی بجالائیں۔

مقاتل کہتے ہیں ہر شخص پر فرض ہے کہ وہ اپنے آپ کو، اپنی اولاد، اپنی بیوی اور اپنے خدام کو عذاب جہنم سے بچانے کی کوشش کرے۔ علامہ قرطبی نے الکیا کا قول نقل کیا ہے۔ وعلینا تعلیم اولادنا واھلینا الدین والخیر ومالا یستغنی عنه من الادب۔ یعنی ہم پر فرض ہے کہ ہم اپنی اولاد اور اہل خانہ کو دین کی تعلیم دیں، اچھی باتیں سکھائیں اور وہ ادب وہ ہنر جس کے بغیر چارہ نہیں اس کی تعلیم دیں۔

لَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا

نافرمانی نہیں کرتے اللہ کی جس کا اس نے انہیں حکم دیا ہے اور فوراً بجا لاتے ہیں جو ارشاد انہیں فرمایا جاتا ہے لے اے

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشادِ گرامی ہے حق الولد علی الوالدان یحسن اسمہ ویعلمہ الکتابۃ ویزوجہ اذا بلغ یعنی باپ پر اولاد کا حق یہ ہے کہ جب وہ پیدا ہوں تو ان کے لیے عمدہ نام تجویز کرے۔ جب وہ بڑے ہوں تو انہیں تعلیم دے اور جب وہ بالغ ہوں تو ان کی شادی کرے۔

دوسرا فرمانِ نبوی ہے ما نحل والدٌ ولدًا افضل من ادب حسن۔ کسی باپ نے اپنے بچے کو حسنِ ادب سے بہتر کوئی تحفہ نہیں دیا۔

دینی تعلیم اور عملی تربیت کا آغاز بچپن سے ہی ہو جانا چاہیے۔ اوائلِ عمر میں جو سبق دیا جاتا ہے تادمِ واپسیں وہ یاد رہتا ہے۔ جس کام کی عادت بچپن میں پڑ جاتی ہے وہ اس کی فطرتِ ثانیہ بن جاتی ہے۔ جو والدین بچپن میں اپنے بچوں کو اطاعتِ خداوندی کی طرف راغب نہیں کرتے ان کی اولاد عموماً راہِ حق سے بھٹک جایا کرتی ہے۔ اسی لیے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنی امت کو حکم دیا۔ مُرُوا ابناءکم بالصلوٰۃ لِسَبْعٍ وَاضربوھم لعشر وفرقوا مضاجعھم۔ جب تمہارے بچے سات سال کے ہو جائیں تو انہیں نماز پڑھنے کا حکم دو اور جب دس سال کے ہو جائیں اور نماز نہ پڑھیں تو انہیں مار کر پڑھاؤ اور اسی عمر میں ان کی خواب گاہیں جدا کر دو۔

کاش ہم اس فرمانِ خداوندی اور ان ارشاداتِ نبوی کی روشنی میں اپنی اولاد کی تعلیم و تربیت کی طرف توجہ دیں تو ہمیں اپنے بچوں اور بچیوں سے بے راہ روی اور آوارہ مزاجی کا شکوہ نہ رہے۔ آج جبکہ درس گاہوں کالج اور یونیورسٹیوں میں دینی تعلیم و تربیت کا کوئی مؤثر اور حکیمانہ اہتمام نہیں بلکہ یہ درس گاہیں لادینی نظریات اور ملحدانہ افکار کی رزم گاہیں بن چکی ہیں۔ جب معاشرے کی وہ حس تیزی سے کند ہوتی جا رہی ہے جو کسی نازیبا حرکت پر آتش زیر پا ہو جایا کرتی تھی اور ایسا کرنے والے کے خلاف احتجاج کی ایک تیز و تند لہر کو ابھرتی تھی آج جب سینما اور ٹی۔ وی کے مخربِ اخلاق پروگرام رہی سہی کسر بھی نکال دینے کے درپے ہیں اس وجہ سے ماں باپ کی ذمہ داریاں دو چند ہو گئی ہیں کہ وہ اپنی اولاد کی سخت نگرانی کریں۔ اور اس سے بھی اہم یہ کہ اپنے حسنِ عمل اور اچھے نمونے سے ان کے دلوں میں نیکیوں اور بھلائیوں سے ایک والہانہ محبت پیدا کر دیں۔ اگر ہماری بے حسی کے باعث لادینی کی بپھری ہوئی موجوں نے ہمارے گھر کا مورچہ بھی سر کر لیا تو پھر آنے والی نسلوں کا خدا ہی حافظ ہے۔

لے اس آگ پر فرشتوں کو بطور داروغہ مقرر کیا گیا ہے۔ وہ فرشتے بڑے تند خو اور سخت مزاج ہیں۔ کوئی گریہ وزاری کر کے ان کو متاثر نہیں کر سکتا۔ وہ بڑے قوی اور توانا ہیں۔ کوئی ان کی گرفت سے بھاگ نہیں سکتا۔ ان کا کام صرف اللہ تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری ہے۔ نہ ان سے تعمیلِ حکم میں سستی ہو سکتی ہے اور نہ وہ نافرمانی کر سکتے ہیں۔

الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ۖ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٧﴾

کفار! آج بہانہ نہ بناؤ [11] تمہیں اسی کا بدلہ ملے گا جو (کرتوت) تم کیا کرتے تھے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ۭ عَسٰى رَبُّكُمْ

اے ایمان والو! اللہ کی جناب میں سچے دل سے توبہ کرو [12] امید ہے تمہارا رب

[11] اے کفار! قیامت کے دن بہانہ سازی کام نہ آئے گی، عذر اور مجبوریاں پیش کرنے سے چھٹکارا نہ ہوگا۔ اس دن تمہیں ان کرتوتوں کی سزا ضرور ملے گی جو منع کرنے کے باوجود تم کرتے رہے اور کسی نصیحت کرنے والے کی نصیحت کو تم نے قبول نہ کیا بلکہ ان کے درپے آزار رہے۔

[12] آیت میں اہل ایمان کو ہدایت کی جا رہی ہے کہ اگر اس سے پہلے جہالت، کم فہمی یا بشری کمزوری کی وجہ سے تم سے غلطیاں سرزد ہوتی رہی ہیں تو وقت ضائع نہ کرو۔ فوراً اللہ تعالیٰ کے حضور میں صدقِ دل سے توبہ کرو تاکہ تمہارا رحیم و کریم خدا تمہارے گناہوں کے بدنما داغوں کو اپنے دامنِ کرم میں یوں چھپا لے کہ کسی کو ان کا اتہ پتہ بھی معلوم نہ ہو سکے۔ روزِ محشر فرشتے بھی تمہارے نامۂ اعمال سے کوئی ایسی چیز پیش نہ کر سکیں جو تمہاری رسوائی کا باعث ہو۔ توبہ کرنے کے ساتھ توبہ کی قسم بھی بتا دی۔ فرمایا توبہ کرو تو توبۃً نصوحا کرو۔

توبۃً نصوحا کی تشریح میں علماء کے کم و بیش بائیس تئیس اقوال منقول ہیں جن سے چند پیشِ خدمت ہیں اور آپ کے لیے انہی میں کفایت ہے۔

① وہ شہد جس کو موم اور دیگر آلائشوں سے پاک کر دیا گیا ہو اسے عسل ناصح (شہد خالص) کہتے ہیں۔ اگر نصوحا اس سے ماخوذ ہو تو مقصد یہ ہوگا کہ تمہاری توبہ نفاق، ریا اور کاہلی کی آلائشوں سے پاک ہونی چاہیے۔

② پھٹے ہوئے کپڑے کو مرمت کرنا، چاکوں کو رفو کرنا نصاحۃ الثوب کہلاتا ہے۔ اگر نصوحا کا یہ ماخذ ہو تو پھر مطلب یہ ہوگا کہ جس طرح گناہوں سے تم نے اپنے ایمان کا لباس تار تار کر دیا ہے اور اپنے تقویٰ کے پیراہن میں چاک ڈال دیئے ہیں اب ایسی توبہ کرو کہ وہ چاک رفو ہو جائیں اور ان کا کوئی نشان بھی باقی نہ رہے۔

③ نصوحا کی اصل نصیحت ہے۔ اس وقت اس کا یہ مطلب ہوگا کہ ایسی توبہ کرو کہ اس کے آثار تم میں نمایاں ہو جائیں۔ تم میں نمودار ہونے والی خوشگوار تبدیلی کو دیکھ کر دوسرے گناہگار بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں اور وہ بھی اپنی غفلت و عصیاں سے آلودہ زندگی کو ترک کرنے پر مجبور ہو جائیں۔ یہ تشریح لغوی معانی کے اعتبار سے ہے۔ اب زبانِ نبوت سے اس کا مفہوم سنیے:

حضرت معاذ ابن جبل رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ ما التوبۃ النصوح۔ اے جانِ عالم! توبۂ نصوح کس کو کہتے ہیں۔ ارشاد فرمایا ان یندم العبد علی الذنب الذی اصاب فیعتذر الی اللہ تعالیٰ ثم لا یعود الیہ کما لا یعود اللبن الی الضرع۔ یعنی جو گناہ بندے سے

اَنۡ یُّكَفِّرَ عَنۡكُمۡ سَیِّاٰتِكُمۡ وَ یُدۡخِلَكُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهَا

دور کر دے گا تم سے تمہاری برائیاں ۱۳؎ اور تمہیں داخل کرے گا ایسے باغات میں جن میں نہریں

سے سرزد ہو اس پر نادم اور شرمسار ہو، بارگاہِ الٰہی میں معذرت طلب کرے۔ جس طرح دودھ گھیری میں دوبارہ داخل نہیں ہو سکتا پھر اس سے یہ گناہ صادر نہ ہو۔

امام نووی فرماتے ہیں سچی توبہ وہ ہے جس میں تین چیزیں جمع ہوں۔ (۱) اس گناہ کو ترک کر دے۔ (۲) جو گناہ کر بیٹھا ہے اس پر دل میں ندامت اور شرمندگی محسوس کرے۔ (۳) پختہ عزم کرے کہ پھر یہ گناہ نہیں کرے گا۔

حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ نے ایک اعرابی کو سنا کہ وہ کہہ رہا ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ۔ یا اللہ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیرے حضور توبہ کرتا ہوں۔ فرمایا اے اعرابی! یہ تو جھوٹوں کی توبہ ہے۔ عرض کیا فرمائیے سچوں کی توبہ کیا ہے۔ آپ نے فرمایا جس توبہ میں یہ چھ چیزیں پائی جائیں وہ سچوں کی توبہ ہوتی ہے۔ ① جو گناہ پہلے ہو چکے ہیں ان پر ندامت ② جو فرض ادا نہیں ہوئے ان کی قضا۔ ③ کسی کا حق غصب کیا ہے تو اسے لوٹا دے۔ ④ جس کے ساتھ لڑائی جھگڑا کیا ہے اس سے معافی لے لے۔ ⑤ پختہ عزم کرے کہ آئندہ گناہ نہیں کرے گا۔ ⑥ جس طرح پہلے تو نے اپنے نفس کو بدکاریوں سے فربہ کیا ہے اب اطاعتِ الٰہی میں اس کو گلا دے۔

یہ سچوں کی توبہ ہے، یہ کاملین کی توبہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ایسی ہی توبہ کی توفیق ارزانی فرمائے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

؎ توبہ چوں باشد پشیماں آمدن	بر در حق نو مسلماں آمدن
خدمتے از سر گرفتن با نیاز	با حقیقت روئے کردن از مجاز

یہ یاد رہے کہ گناہوں پر کبھی ندامت کبھی افسوس اس لیے ہوتا ہے کہ ان سے صحت تباہ ہو گئی، مال برباد ہو گیا، عزت خاک میں مل گئی۔ اگر کوئی شخص ان وجوہات سے اپنے گناہوں پر نادم ہوتا ہے تو اسے توبہ نہیں کہا جائے گا۔ توبہ اس وقت ہو گی جب اسے اس بات پر ندامت ہو کہ اس نے اپنے ربِ کریم کی حکم عدولی کی ہے، اپنے نفسِ امارہ کو خوش کرنے کے لیے اپنے پروردگار کو ناراض کر دیا ہے۔ اسے ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا، ایسا کر کے اس نے اپنے اوپر ظلم ڈھایا ہے۔

۱۳؎ یعنی اگر تم سچے دل سے توبہ کرو گے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے کچھ بعید نہیں کہ وہ تمہارے گناہوں کو اپنے دامنِ کرم سے ڈھانپ دے اور اس طرح ڈھانپ دے کہ ان کا سراغ ہی نہ ملے۔ علامہ راغب اصفہانی کَفَّرَ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں، اَلتَّكْفِیْرُ سَتْرُهٗ وَتَغْطِیَتُهٗ حَتّٰی یَصِیْرَ بِمَنْزِلَةِ مَا لَمْ یُعْمَلْ۔ یعنی کسی گناہ کو یوں ڈھانپ دینا اور اس پر یوں پردہ ڈال دینا کہ وہ ایسا نسیاً منسیاً ہو جائے جیسے یہ ہوا ہی نہ تھا۔ علامہ موصوف فرماتے ہیں کہ یہ باب تفعیل ہے اور باب تفعیل کبھی مجرد کے معنی کے ازالہ کے لیے مستعمل ہوتا ہے جیسے مَرِضَ کا معنی بیمار ہونا اور مَرَّضَ۔ تَمْرِیْضًا تیمارداری کرنا، بیماری کو دور کرنا۔ قَذَا کا معنی ہے آنکھ میں تنکا پڑ جانا۔ تَقْذِیَة کا معنی ہے تنکا نکال دینا۔ یہاں بھی کَفَّرَ کا معنی اگر یہ لیا جائے کہ کفر یا کفران کا ازالہ تو بھی درست ہے۔ تاج العروس میں ازہری کا یہ قول منقول ہے

الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ

بہ رہی ہوں گی اس روز رسوا نہیں کرے گا اللہ تعالیٰ (اپنے) نبی کو اور ان لوگوں کو جو آپ کے ساتھ ایمان لائے ۱۴؎ (اس روز) ان کا نور

يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا

ایمان دوڑتا ہوگا ان کے آگے آگے اور ان کے دائیں جانب ۱۵؎ وہ عرض کریں گے اے ہمارے رب! مکمل فرما دے

وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ

ہمارے لیے ہمارا نور اور بخش دے ہمیں۔ بے شک تو ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔ اے نبی! کفار اور

اصل الکفر تغطیۃ الشیئ تغطیۃ تستهلکہ: کسی چیز کو ایسا ڈھانپ دینا کہ اس کا نام ونشان ہی باقی نہ رہے۔

جوہری فرماتے ہیں کہ ثواب مٹ جائے تو اس کے لیے احباط کا لفظ استعمال ہوتا ہے اور اگر گناہ معاف کر دیے جائیں تو ان کے لیے تکفیر کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ التکفیر فی المعاصی کالاحباط فی الثواب۔ (الصحاح)

۱۴؎ کفار کو اپنی ثروت اور اپنی سروری پر بڑا گھمنڈ ہوتا ہے اور اہل حق کی غربت اور بے بسی کو دیکھ کر وہ اس غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ جس طرح آج ہم معزز اور سرفراز ہیں اور یہ لوگ کمزور اور بے نوا ہیں۔ پہلے تو قیامت آئے گی ہی نہیں اور اگر برپا ہو بھی گئی تو وہاں بھی یہی حالات ہوں گے۔ ہماری ہی عزت افزائیاں ہوں گی۔ ہم پر ہی انعام واکرام کی بارش ہوگی اور یہ مسلمان اس دن بھی اسی کس مپرسی کے عالم میں ہوں گے۔ اس آیت میں ارشاد فرمایا کہ قیامت کا دن ہمارے محبوب مکرم اور اس کے غلاموں کی عزت وسرفرازی کا دن ہوگا اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کی شان کو بلند کرے گا۔ مقام محمود پر آپ جلوہ افروز ہوں گے۔ لواء الحمد آپ کے دست مبارک میں ہوگا۔ جملہ انبیاء آپ کے ظل ہمایوں میں پناہ لیے ہوں گے اور وہ مسلمان جو آپ کے ساتھ ایمان لائے ان کی شان ہی نرالی ہوگی۔ بارگاہ الٰہی سے انہیں گوناگوں انعامات بخشے جائیں گے۔ انہیں اذن ملے گا کہ اپنے ماں باپ، بیویوں، بچے بچیوں، بھائی بہنوں اور دوست واحباب کی شفاعت کریں۔ اللہ تعالیٰ اس دن اپنے نبی کو اور اس کے غلاموں کو رسوا ہرگز نہیں کرے گا۔ یہ کفار کی غلط فہمیاں ہیں۔ ان کی کوئی حقیقت نہیں۔

۱۵؎ اہل ایمان میدان حشر میں بالکل ممتاز ہوں گے۔ ان کے آگے ان کا نور ایمان چمک رہا ہوگا۔ ان کی دائیں جانب بھی روشنی ہی روشنی ہوگی اور دوسرے لوگ اندھیروں میں ٹھوکریں کھا رہے ہوں گے۔ مومن عرض کریں گے کہ اے رب ہمارے نور کو اور تابانیاں بخش، ایسا نہ ہو کہ راستہ میں بجھ جائے۔ الٰہی جنت کا جو سفر ہمیں درپیش ہے اس میں یہ شمع روشن رہے، یہ چراغ جلتا رہے۔ ہمیں بخش دے۔ بے پایاں رحمتوں کے باوجود ان کے عجز ونیاز کا یہ عالم ہوگا۔ اہل حق کی یہی امتیازی شان ہے۔

الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ

منافقین سے جہاد جاری رکھو اور ان پر سختی کرو ۱۹ اور (آخرت میں) ان کا ٹھکانا جہنم ہے۔ اور وہ لوٹ کر

الْمَصِيْرُ ۝۹ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّ

آنے کی بہت بری جگہ ہے۔ بیان فرمائی ہے اللہ نے کفار کے لیے نوحؑ کی بیوی اور

امْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ

لوطؑ کی بیوی کی مثال ۲۰ وہ دونوں ہمارے بندوں میں سے دو نیک بندوں کے نکاح میں تھیں پھر ان دونوں

۱۹ حکم ہو رہا ہے کہ اے میرے نبی! کفار و منافقین سے جہاد جاری رکھو۔ کبھی شمشیر و سناں سے، کبھی نوکِ قلم اور قوتِ بیان سے، کبھی میدانِ کارزار میں، کبھی افکار و نظریات کی رزم گاہ میں۔ تمہارا نعرۂ اللہ ھو بلند ہوتا رہے۔ مخالفت کے طوفانوں میں بھی حق کا چراغ روشن رہے۔ تمہاری جوانمردیاں اور عالی ظرفیاں باطل کا تعاقب کرتی رہیں۔ تمہاری شدت اور سختی سے کفر پر لرزہ طاری رہے۔ لوگوں کو حلم اور نرمی کی تلقین کی جاتی ہے لیکن حضور کا حلم اور شانِ رحمت اتنی عمیق ہے کہ حضور کو وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ کا حکم دیا جاتا ہے۔ (ملاحظہ فرمائیے ضیاء القرآن جلد دوم سورۂ توبہ آیت ۷۳ کا حاشیہ)

۲۰ مشرکین مکہ کہا کرتے کہ ہم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قریبی رشتہ دار اور ہمسائے ہیں۔ ہمیں ایمان لانے اور جان جوکھوں میں ڈالنے کی کیا ضرورت ہے۔ اگر قیامت آ ہی گئی تو حضور ہماری شفاعت کریں گے اور کفر کے باوجود ہم بخش دیے جائیں گے۔ ان کی اس غلط فہمی کو دور کرنے کے لیے یہ پہلی مثال دی کہ بیوی کا اپنے خاوند سے بڑا قریبی اور گہرا تعلق ہوتا ہے۔ دنیوی اعتبار سے دونوں کی خوشی اور غم، دونوں کی راحت اور تکلیف، دونوں کی خوشحالی اور محرومی یکساں ہوتی ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ تعلق بھی اس وقت تک بے معنی ہے جب تک بیوی رشتۂ اسلام میں منسلک نہ ہو۔ یہ سمجھانے کے لیے کسی ولی، کسی عالم، کسی بزرگ کی بیوی کی مثال پیش نہیں کی، بلکہ جلیل القدر انبیاء کی بیویوں کی مثال پیش کی ہے۔ ایک حضرت نوح علیہ السلام کی بیوی اور دوسری حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی۔ ان کے دلوں میں نفاق اور کفر تھا۔ وہ اپنے نامدار شوہروں کی رسالت پر ایمان نہ رکھتی تھیں، بلکہ ان کا مذاق اڑاتی تھیں۔ ان کی غیبت کیا کرتیں اور ان کا دل دکھایا کرتیں۔ اس لیے چونکہ وہ کافر تھیں، ایمان سے محروم تھیں، ان کا پیغمبروں کی بیویاں ہونا انہیں اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نہ بچا سکا اور انہیں دوسرے جہنمیوں کے ساتھ جہنم رسید کر دیا گیا۔ اے کفارِ مکہ! تم یہ غلط فہمی اپنے دلوں سے نکال دو۔ جب تک تم کفر و شرک سے توبہ کر کے ایمان سے بہرہ ور نہ ہو گے کسی کی شفاعت تمہارے کام نہیں آئے گی بلکہ تمہارے لیے شفاعت کرنے کی کسی کو اجازت ہی نہ ہوگی۔

متعدد مقامات پر تفصیلاً بتایا جا چکا ہے کہ شفاعت مومن گنہگار کے لیے ہے۔ کفار و مشرکین اور منافقین کے لیے نہیں۔ بکثرت ایسی صحیح احادیث موجود ہیں جن سے صراحۃً پتہ چلتا ہے کہ حضور سرورِ عالم شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم گنہگاروں کی شفاعت فرمائیں

فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ

نے ان دونوں سے خیانت کی ۱۸؎ پس وہ دونوں (نبی) ان کے شوہر اللہ کے مقابلہ میں انہیں کوئی فائدہ نہ پہنچا سکے اور انہیں حکم ملا تم دونوں داخل

مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ

ہونے والوں کے ساتھ دوزخ میں داخل ہوجاؤ۔ اور اسی طرح اللہ نے اہل ایمان کے لیے فرعون کی بیوی کی مثال

فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ

پیش فرمائی ۱۹؎ جب کہ اس نے دعا مانگی اے میرے رب! بنا لے میرے لیے اپنے پاس ایک گھر جنت میں اور بچا لے مجھے

گے حضور کی امت کے اولیاء، شہداء اور علماء بھی شفاعت کریں گے اور اللہ تعالیٰ ان کی شفاعت کو قبول فرمائے گا۔

۱۸؎ یعنی حضرت نوح اور حضرت لوط علیہما السلام کی بیویوں نے اپنے شوہروں سے خیانت کی۔ ان کی خیانت کی نوعیت یہ تھی کہ دونوں کافر تھیں۔ دلوں میں نفاق کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ حضرت نوح کی بیوی آپ کو مجنوں اور دیوانہ کہتی اور مذاق اڑاتی۔ حضرت لوط کی بیوی آپ کے دشمنوں کے ساتھ ملی ہوئی تھی جب بھی آپ کے ہاں کوئی مہمان آتا تو وہ انہیں اطلاع کر دیتی اور وہ بے غیرت دندناتے ہوئے حضرت لوط کے مہمان خانہ پر دھاوا بول دیتے۔

خیانت سے مراد بدکاری نہیں کیونکہ ہر نبی کی بیوی اس عیب سے ہمیشہ پاک ہوتی ہے۔

۱۹؎ فرعون کی بیوی کا نام آسیہ بنت مزاحم تھا۔ جنہوں نے دریا سے حضرت موسیٰ کا صندوق اسی نے نکالا تھا اور حضرت موسیٰ کی پرورش کا اہتمام کیا تھا۔ بعد میں آپ کے معجزات کو دیکھ کر مسلمان ہو گئی تھیں اور ہمیشہ فرعون کے مقابلے میں حضرت موسیٰ کی طرفداری کیا کرتی تھیں۔ آخر فرعون کو پتہ چل گیا کہ آسیہ اسے خدا نہیں تسلیم کرتی اور موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لا چکی ہے اور موسیٰ کے خدا کو ہی اپنا خدا مانتی ہے۔ چنانچہ اس ظالم نے آپ کے دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں میں میخیں ٹھونک دیں اور چلچلاتی دھوپ میں ڈال دیا لیکن آپ کی استقامت اور پامردی کا یہ عالم تھا کہ اس وقت بھی مسکراتی رہیں۔ فرعون نے جب انہیں مسکراتے دیکھا تو کہنے لگا یہ تو پاگل اور دیوانی ہو گئی ہے۔ اس حالت میں یہ مومنہ صادقہ اپنے رب کی جناب میں دامن طلب پھیلا دیتی ہے اور عرض کرتی ہے الٰہی! میرے لیے اپنے حریم قرب میں ایک محل تعمیر فرما دے۔ فرعون کے منحوس وجود اس کی بداعمالیوں اور ستم رانیوں کی نحوست سے مجھے بچا لے اور یہ ظالم قوم جو اپنے مالک حقیقی کو چھوڑ کر اس فانی انسان کو اپنا خدا ماننے لگی ہے۔ ان کے شر سے بھی مجھے محفوظ رکھ۔ احادیث میں آیا کہ جب حضرت آسیہ کے ہاتھوں اور پاؤں میں میخیں گاڑ دی گئیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کے جنت کے محل کو منکشف کر دیا جس سے ان کی ساری تکلیفیں دور ہو گئیں اور اپنے رب کے اس لطف و کرم کو دیکھ کر وہ مسکرانے لگیں۔ دعا میں عِنْدَكَ کا کلمہ آپ کی خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔ اہل محبت جنت کے طلبگار نہیں ہوتے۔ مہکتے ہوئے پھولوں، لذیذ پھلوں، مست خرام ندیوں اور آرام و آسائش کی تمنا ان کے دلوں میں کوئی جگہ نہیں پاتی۔ وہ تو صرف اپنے محبوب حقیقی کے دیدار کے متمنی ہوا کرتے ہیں۔ وہ جنت جو انہیں کوچۂ دلدار سے دور کر دے ان کے لیے کوئی کشش نہیں رکھتی۔ وہ تو اپنے محبوب کے سایۂ دیوار پر فردوس بریں کی ہزاروں نعمتوں کو قربان کر دیتے ہیں۔ عِنْدَكَ: اپنے پاس، اپنے قریب، بالکل قریب۔ شوق کی یہ بے تابیاں اور جذب کی یہ مستیاں

مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۱﴾ وَمَرْيَمَ

فرعون سے اور اس کے (کافرانہ) عمل سے اور مجھے اس ستم پیشہ قوم سے نجات دے۔ اور (دوسری مثال)

ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا

مریم دختر عمران کی ہے ۲؎ جس نے اپنے گوہر عصمت کو محفوظ رکھا تو ہم نے پھونک دی اس کے اندر اپنی طرف سے روح

وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿۱۲﴾

اور مریم نے تصدیق کی اپنے رب کی باتوں کی اور اس کی کتابوں کی اور وہ اللہ کے فرمانبرداروں میں سے تھی۔

عشق کی سرخروئی کا عنوان ہیں اور ان سے صرف وہی آشنا ہوتے ہیں جن کو محبت کے بادہ گلفام کا کوئی جام پلایا جاتا ہے۔

حسن بی گفت کہ شائے نہ پذیرد سحرم   عشق بی گفت تب و تاب ہے دہلے دارم

عِندَكَ کا معنی کیا گیا ہے فی اعلیٰ درجات المقربین۔ بعض نے عندک کا معنی یہ لکھا ہے۔ محض اپنے فضل سے بغیر کسی استحقاق کے مجھ پر یہ کرم فرما۔ دعا میں بیتاً فی الجنۃ سے عندک کو مقدم کیا ہے۔ صرف اہل محبت ہی اس سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

۲؎ آخر میں حضرت مریم دختر عمران علیہا السلام کے ذکر مبارک سے اس سورہ کا اختتام کیا۔ مریم جو ایک پارسا والدین کی بیٹی تھی جنہوں نے اسے بیت المقدس کی خدمت کے لیے وقف کر دیا تھا۔ عمر بھر سب لوگوں سے الگ ایک حجرہ میں ذکر و فکر میں مشغول رہی جس کی نگرانی اللہ کے پیارے نبی حضرت زکریا علیہ السلام کے سپرد تھی۔ اسے کنوارپنے میں حاملہ کر دیا گیا۔ یہاں تک کہ اس کے ہاں ایک خوبرو اور صحت مند بچہ پیدا ہوا۔ لوگوں نے طوفان برپا کر دیا۔ طعن و تشنیع کے تیروں کی ہر طرف سے بارش برسنے لگی۔ لیکن اللہ کی یہ بندی پیکر تسلیم و رضا بنے اپنے رب کی مشیت کو پورا ہوتے دیکھتی رہی۔ ایسی آزمائش میں پورا اترنا مریم کا ہی کام تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب مقدس میں اس کی پاکدامنی کی شہادت دی۔ فرمایا وہ بڑی عفیفہ تھی۔ اس نے اپنے گوہر عصمت کی پوری پوری حفاظت کی ہم نے اپنی طرف سے ایک خاص روح اس میں پھونک دی جو عیسیٰ بن مریم کے پیکر میں نمودار ہوئی۔ علیہ وعلی امہ صلوٰۃ وسلامہ۔ اس نے اللہ تعالیٰ کے تمام ارشادات اور تمام نازل شدہ آسمانی کتب کی تصدیق کی اور اس کا شمار ان خوش نصیب لوگوں کے زمرہ میں ہے جو ہمیشہ اپنے رب کی عبادت و طاعت میں سرگرم رہتے ہیں۔

فنفخنا فیہ من روحنا کی تشریح کے لیے ملاحظہ فرمائیے ضیاء القرآن جلد اول سورۃ النساء کی آیت ۱۷۱ کے حواشی۔

○

الحمد للہ رب العالمین الذی بتوفیقہ تتم الطاعات والصلوٰۃ والسلام علی حبیبنا وشفیعنا محمد الذی بجاھہ تقبل الطاعات وعلی آلہ وصحبہ ومن تبعہ الی یوم الدین۔ فاطر السمٰوات والارض انت ولی فی الدنیا والآخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔

تعارف

سُورَۃُ المُلک

نام : پہلی آیت میں "الملک" کا کلمہ ہے اسی کو اس کا عنوان مقرر کر دیا گیا۔ اس کی ۳۰ آیتیں ہیں۔ یہ تین سو تیس کلموں اور ایک ہزار تین سو تیرہ حروف پر مشتمل ہے۔

زمانہ نزول : اس کے مضامین سے پتہ چلتا ہے کہ عہدِ نبوت کے آغاز میں اس کا نزول ہوا۔ اس زمانہ میں نازل شدہ دوسری سورتوں کی طرح یہاں بھی انسان کو بار بار غور و فکر کی دعوت دی گئی ہے۔ اس کے سامنے اللہ تعالیٰ کی توحید اور کبریائی کے تکوینی دلائل بڑے موثر انداز میں پیش کیے جا رہے ہیں۔ متعدد سوالات اٹھا کر ان کے جوابات کی ذمہ داری لوگوں کے فہم سلیم کے سپرد کر دی گئی ہے۔ غور و تدبر کے نئے افق اس کے سامنے کشادہ کر دیے گئے ہیں اور خداداد قوتوں سے کام لینے کی دعوت دی گئی ہے۔

مضامین : اس سورت کی ابتدا، اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلال کے ذکر سے کی جا رہی ہے اور اس کا ذکر خود زبانِ قدرت سے ہو رہا ہے۔ حق تو یہ ہے کہ اسے ہی زیب دیتا ہے کہ اپنی حمد و ثنا کرے۔

یہ بتا کر کہ حیات و موت کا تسلسل اللہ تعالیٰ نے قائم کیا ہے فوراً انسان کی توجہ اس کی حکمت کی طرف موڑ دی کہ اس سے مقصد صرف تمہارا امتحان ہے کہ تم میں سے کون اپنی زندگی اچھے بلکہ اچھے سے اچھے کاموں کے لیے وقف کرتا ہے۔

اس کے بعد اپنی قدرت و حکمت کے ثبوت کے لیے اپنی کائنات کو پیش کیا اور دُنیا بھر کے نقادوں کو بار بار دعوت دی کہ اس میں کوئی عیب تلاش کریں یا اس سے بہتر کوئی اور نقشہ تجویز کر کے دکھائیں جب کسی کو جرأت نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی کسی چیز پر انگشت نمائی کر سکے۔ اس سے بہتر تو کجا اس کا متبادل بھی پیش کرنے سے ساری دُنیا کے ماہرین عاجز ہیں۔ تو پھر نادان نہ بنو اپنے سروں کو اس کے سامنے جھکا دو۔ اس کی وحدانیت اور اس کی تمام صفات کمال پر ایمان لے آؤ۔ ورنہ انجام بڑا اندوہناک ہو گا۔ ایسے دوزخ میں پھینک دیے جاؤ گے جس کے شعلے غیظ و غضب سے گرج رہے ہوں گے اس وقت تم اپنی غلطیوں کا اعتراف کرو گے، لیکن اس وقت اعترافِ جرم کا تمہیں کوئی فائدہ نہ ہو گا۔

اسی ضمن میں بتا دیا کہ سب انسان حق ناشناس نہیں کچھ وہ بھی ہیں جو اپنے رب کو بن دیکھے مانتے ہیں، اور اس کی ناراضگی سے ہر وقت لرزاں ترساں رہتے ہیں، ایسے لوگوں کے گناہ بھی بخش دیے جائیں گے اور انہیں اجر کبیر عطا فرمایا جائیگا۔

اس کے بعد اپنی قدرت کی کئی اور نشانیوں کو ذکر کیا۔ پھر انہیں جھنجھوڑا کہ اگر تم نے انکار کی یہ روش نہ بدلی، تو

اللہ تعالیٰ کے لیے یہ کوئی مشکل نہیں کہ تمہیں زمین میں دھنسا دے یا پتھر برسا کر تمہیں فنا کر دے۔

حسب عادت بطور استہزاء انہوں نے وقوعِ قیامت کے بارے میں سوال کیا۔ اس کا جواب دیا کہ اس کا علم اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ جب اس کا مقررہ وقت آجائے گا اور وہ برپا ہوگی تو اس وقت تمہارے چہرے مسخ ہو جائیں گے۔

آخر میں ان سے ایک اہم سوال کر کے جس کا ان کی روزمرہ کی زندگی کے ساتھ بڑا گہرا تعلق ہے ان کے معبودوں کی بے بسی کو آشکارا کر دیا تاکہ وہ غور کریں اور سمجھیں اور اپنے قادرِ مطلق پروردگار کی جناب پاک میں جبین نیاز جھکا دیں اور اس کے محبوب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین کو قبول کر کے سعادت دارین کے مستحق ہو جائیں۔

آخر میں چند احادیث لکھ رہا ہوں جس میں اس سورت کی قدر و منزلت بیان کی گئی ہے۔ خدا کرے قارئین کرام انہیں غور سے پڑھیں اور ان سے فائدہ اٹھائیں۔

۱۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے:

قَالَ ضرب بعض اصحاب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خِبَاءَهٗ عَلٰی قَبْرٍ وَهُوَ لَا يَحْسَبُ اَنَّهٗ قَبْرٌ فَاِذَا قبر انسانٍ يقرأ سُوْرَةَ الْمُلْكِ حَتّٰى خَتَمَهَا فَاَتَى النَّبِيَّ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و اخبره فقال رَسُوْلُ اللّٰهِ علیہ الصلوٰۃ والسلام هِيَ المانعة هِيَ الْمُنْجِيَةُ تُنْجِيْهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ۔ (اخرجہ الترمذی وغیرہ)

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے اپنا خیمہ ایک قبر پر نصب کیا اسے یہ علم نہیں تھا کہ یہاں قبر ہے۔ پس اچانک انہوں نے سنا کہ کوئی آدمی سورۂ ملک پڑھ رہا ہے یہاں تک کہ اس نے اس سورت کو ختم کیا۔ وہ صحابی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوا اور سارا ماجرا عرض کیا۔ رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ یہ سورت اللہ تعالیٰ کے عذاب کو روکنے والی ہے۔ یہ سورت اپنے قاری کو عذاب قبر سے نجات دلانے والی ہے۔

۲۔ عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اِنَّ سُوْرَةً مِنْ كتاب اللّٰه مَا هِيَ اِلَّا ثلثون آيَةً شَفَعَتْ لِرَجُلٍ حَتّٰى غُفِرَ لَهٗ۔

حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ حضور نے فرمایا کہ تبارک الذی اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ایک سورت ہے جس کی صرف تیس آیتیں ہیں۔ اس نے ایک آدمی کے لیے شفاعت کی یہاں تک کہ اسے بخش دیا گیا۔ (ابوداؤد، ترمذی وغیرہما)

۳۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے:

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم كَانَ يقرأ الٓمٓ تنزيل السجدة و تبارك الذی بيده الملك كُلَّ ليلة لا يدعهما فی سَفَرٍ وَلَا حَضَرٍ۔

یعنی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ ہر رات سفر و حضر میں سورہ سجدہ اور سورہ ملک پڑھا کرتے۔

۴۔ حضرت ابن عباس ؓ نے ایک شخص کو کہا کہ کیا میں تمہیں ایک ایسا تحفہ نہ دوں جس سے تم خوش ہو جاؤ۔ اس نے

عرض کی بڑی مہربانی۔ آپ نے فرمایا:

اِقْرَأْ تَبَارَكَ الَّذِیْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَعَلِّمْهَا أَهْلَكَ وَجَمِيْعَ وَلَدِكَ وَصِبْيَانَ بَيْتِكَ وَجِيْرَانَكَ فَإِنَّهَا الْمُنْجِيَةُ وَالْمُجَادِلَةُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ رَبِّهَا لِقَارِئِهَا۔

آپ نے فرمایا کہ سورہ ملک پڑھا کرو۔ اپنی بیوی کو بھی سکھاؤ۔ اپنی ساری اولاد، اپنے گھر کے بچوں اور اپنے پڑوسیوں کو بھی سکھاؤ کیونکہ یہ نجات دینے والی ہے۔ یہ قیامت کے دن اپنے رب کے حضور میں اپنے قاری کے لیے جھگڑا کرے گی اور اسے عذاب سے بچائے گی۔

۵۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مروی ہے:

لَوَدِدْتُ أَنَّهَا فِیْ قَلْبِ كُلِّ إِنْسَانٍ مِنْ أُمَّتِیْ۔

میں اس بات کو بہت پسند کرتا ہوں کہ میری اُمت کے ہر مرد و زن کو یہ سورت یاد ہو۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی تلاوت کی، اس کے معانی و اثرات سے بہرہ ور ہونے کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔

سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ الملک مکی ہے، اس کی ۳۰ آیتیں اور ۲ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۙ﴿۱﴾

منزہ و برتر ہے [۱] وہ جس کے قبضہ میں (سب جہانوں کی) بادشاہی ہے [۲] اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے [۳]

الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ

جس نے پیدا کیا ہے موت اور زندگی کو تاکہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے عمل کے لحاظ سے کون بہتر ہے [۴]

[۱] تبارک کا ماخذ برکۃ ہے۔ تمام اہل لغت کہتے ہیں البرکۃ: النماء والزیادۃ (لسان، تاج، صحاح) یعنی برکت کا معنی ہے نشوونما پانا اور زیادہ ہونا۔ اسی سے تبارک مشتق ہے۔ یہ باب تفاعل ہے جو مبالغہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ علامہ ابن منظور تبارک اللہ کا مفہوم بیان کرتے ہیں تقدس وتنزہ و تعالٰی وتعاظم لا تکون ھذہ الصفۃ لغیرہ، وہ پاک ہے منزہ ہے اعلیٰ ہے اور عظیم ہے۔ اس کے سوا یہ صفت کسی اور میں نہیں پائی جاتی۔ ہم نے اپنے ترجمہ میں (منزہ و برتر ہے) ان تمام معانی کو سمونے کی کوشش کی ہے۔

اس کا دوسرا معنی کثرت خیر اور دوام خیر بھی کیا گیا ہے۔ اس صورت میں تبارک الذی کا مفہوم یہ ہوگا باعتبار کثرۃ ما یفیض منہ سبحانہ علی مخلوقاتہ من فنون الخیرات (روح المعانی) یعنی اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق پر گوناگوں خیرات و برکات کی بارش اس کثرت سے کرتا ہے کہ اس کا شمار ممکن نہیں ہوتا۔ اس اعتبار سے تبارک کا کلمہ اللہ جل مجدہ کے لیے مستعمل ہوا ہے۔ مزید وضاحت کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن سورۃ الفرقان آیت ۱ کا حاشیہ۔

[۲] یعنی منزہ و برتر ہے وہ ذات جس کے قبضہ قدرت میں سارے جہانوں کی سلطانی اور فرمانروائی ہے۔ بلندیاں ہوں یا پستیاں آسمان ہوں یا زمین، ہر طرح کی مخلوقات، ہر قسم کے شئون، حالات، واقعات سب اسی کے تصرف میں ہیں۔ فراز عرش سے تحت الثریٰ تک ازل سے ابد تک اسی کی بادشاہی کا سکہ چل رہا ہے۔ ید کا معنی یہ جسمانی ہاتھ نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ جسم اور جسمانیات سے پاک ہے۔ اس کا معنی قبضہ اور تصرف ہے اور ہم اپنی زبان میں ہاتھ کا لفظ قبضہ قدرت کے معنی میں بے تکلف استعمال کرتے رہتے ہیں۔ الملک پر الف لام جنس بھی ہو سکتا ہے اور استغراق بھی۔ مدعا یہ ہے کہ ہر طرح کی سلطانی، ہر جگہ کی بادشاہی، ہر چیز پر تصرف، اسی کو حاصل ہے۔

[۳] پہلے بتایا کہ تمام موجودات اس کے قبضہ قدرت میں ہیں اور اس جملہ سے اس امر کی تصریح فرما دی کہ جو ممکنات ابھی موجود نہیں وہ بھی اسی کے قبضہ قدرت میں ہیں۔

[۴] یہ آیت یا تو پہلے موصول الذی بیدہ، کا بدل ہے یا ھو مبتدا محذوف کی خبر ہے۔ بیدہ الملک دعویٰ ہے۔ اب اس کے دلائل و

وَهُوَ الْعَزِيزُ الْغَفُورُ ۝ الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۚ

اور وہی دائمی عزت والا بہت بخشنے والا ہے۔ جس نے بنائے ہیں سات آسمان اوپر نیچے شہ

مَا تَرٰى فِي خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِن تَفٰوُتٍ ۖ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ

تمہیں نظر نہیں آئے گا (خداوند) رحمٰن کی آفرینش میں کوئی خلل۔ ذرا پھر نگاہ اٹھا کر دیکھو، کیا

شواہد پیش کیے جارہے ہیں۔ سب سے پہلے فرمایا کہ موت اور حیات کا تسلسل قائم کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ اسی کے حکم سے کوئی چیز معرض وجود میں آتی ہے اور اسی کے حکم سے نیست و نابود ہوتی ہے۔ کوئی چیز نہ خود بخود موجود ہو سکتی ہے اور نہ از خود معدوم ہو سکتی ہے۔ ساتھ ہی اس کی حکمت بھی بیان کر دی کہ اس سے مقصد تمہارا امتحان لینا ہے کہ ہم نے سمع و بصر، فہم و تدبر کی جو بے پناہ صلاحیتیں تمہیں عطا فرمائی ہیں، پھر اس نظام کائنات میں تمہیں اعلیٰ و ارفع مقام بخشا ہے اور تمہاری رہنمائی کے لیے انبیاء و رسل کو مبعوث فرمایا ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ ان نعمتوں کی تم قدر پہچانتے ہو اور ان قوتوں کو اپنی خوشی سے رضائے الٰہی کے حصول کے لیے صرف کرتے ہو یا دولت اور اقتدار، جوانی اور صحت کا نشہ تمہیں بدمست کر دیتا ہے اور تم اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں اپنی قوتیں اور اپنا وقت عزیز خرچ کرتے ہو۔

انسان اگر آیت کے صرف اسی حصہ میں غور کرے لیبلوکم ایکم احسن عملاً تو اس کی ہدایت پذیری کے لیے کافی ہے۔ اس کے دل میں یہ احساس پختہ ہو جاتا ہے کہ یہ دنیا اس کے لیے امتحان گاہ ہے۔ یہ حیات مستعار اس کے لیے امتحان کی مدت ہے اور امتحان وہ لے رہا ہے جو ظاہر و باطن، خفی و جلی، غیب و شہادت کا جاننے والا ہے۔ اگر یہ یقین حاصل ہو جائے تو پھر کیا مجال کہ انسان گناہوں سے اپنا دامن حیات ملوث کرے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کو اس حقیقت کی طرف بڑے دل نشیں انداز میں متوجہ فرمایا۔ ایک ارشاد گرامی آپ بھی سن لیں۔ ایک مرتبہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن عمر کو ان الفاظ سے نصیحت فرمائی۔ خذ من صحتك لسقمك ومن شبابك لهرمك ومن فراغك لشغلك ومن حياتك لموتك فانك لا تدري ما اسمك غدا (ترجمہ: "اپنی صحت کی حالت میں بیماری کے لیے، اپنی جوانی کی حالت میں بڑھاپے کے لیے، اپنے فرصت کے لمحات میں مصروفیت کے لیے اور جب تک زندگی کی شمع روشن ہے موت کے لیے ذخیرہ جمع کر لو۔ تو نہیں جانتا کہ کل تیرا کیا نام ہوگا۔"

شہ اس کی ترکیب میں بھی تین قول ہیں۔ (۱) یہ ھو مبتدا محذوف کی خبر ہے۔ (۲) یا الغفور کی صفت ہے۔ (۳) یا پہلے موصول کا بدل ہے۔

طباق کا معنی ہے بعضها فوق بعض۔ ایک دوسرے کے اوپر تہ در تہ۔ اس کے منصوب ہونے کی دو وجہیں ہو سکتی ہیں۔ یا تو یہ سبع کی صفت ہے اور کیونکہ یہ مصدر ہے اس لیے جمع کی صفت واقع ہو سکتی ہے اور یا خلق کا مفعول ثانی ہے۔

اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کی ایک اور دلیل پیش کی جارہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی وہ ذات ہے جس کی قدرت کاملہ اور بے مثال کا کرشمہ آپ کو آسمانوں کی تخلیق میں صاف نظر آرہا ہے۔ سات آسمان بنائے ہیں، بے ہنگم اور بکھری ہوئی صورت میں نہیں بلکہ ایسی عمدگی سے انہیں ترتیب دی گئی ہے کہ ایک دوسرے کے اوپر منطبق نظر آتے ہیں۔

تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴿۳﴾ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ

تجھے کوئی رخنہ دکھائی دیتا ہے۔ پھر بار بار نگاہ ڈالو لوٹ آئے گی تیری طرف

الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ﴿۴﴾ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ

تیری نگاہ ناکام ہوکر وہاں حالانکہ وہ تھکی ماندی ہوگی ؎۵ اور بے شک ہم نے قریبی آسمان کو چراغوں سے آراستہ کر دیا ہے ؎۶

؎۵ پھر دنیا بھر کے نقادوں اور انجینیئروں اور علوم لطیفہ کے ماہرین کو دعوت دی جا رہی ہے کہ جو کچھ ہم نے پیدا کیا ہے آسمان، زمین، پہاڑ، ہر قسم کی بے جان اور جاندار مخلوق، سب کو دیکھو، غور سے دیکھو، تنقیدی نگاہ سے دیکھو، ایک بار نہیں بار بار دیکھو اور بتاؤ تمہیں اس میں کوئی نقص، کوئی عیب، کوئی رخنہ، کوئی شگاف یا ترتیب و تناسق میں کوئی کوتاہی نظر آتی ہے؟ تم عمر بھر کسی نقص کی تلاش میں سرگرداں رہو، تمہاری نگاہیں تھک کر چور ہو جائیں گی لیکن انہیں کوئی عیب تلاش کرنے میں کامیابی نہیں ہوگی۔ جو ہم نے بنا دیا ہے، جیسا بنا دیا ہے، اس سے بہتر کا تصور ہی نہیں کیا جا سکتا۔ کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ آسمان کی اتنی بلندی اور اتنا پھیلاؤ نہیں ہونا چاہیے تھا اور اس کی فضا میں جو اربوں تارے جگمگا رہے ہیں ان کی ترتیب درست نہیں ہے؟ یا جس طرح زمین کو بنایا گیا ہے اس میں رد و بدل کی گنجائش ہے۔ ان بڑی بڑی چیزوں کو رہنے دو، ذرا اپنے انسانی پیکر میں غور کرو اور اس کے نقشہ میں کوئی ترمیم پیش کرو۔ چہرے پر ناک، منہ، آنکھیں، ہونٹ، دانت، زبان اور جو کچھ بنایا ہے اس میں کوئی تبدیلی کر کے دکھاؤ۔ اگر کوئی ترمیم، کوئی تجویز، کوئی رد و بدل ممکن ہی نہیں۔ جو بنا دیا وہی حرف آخر ہے تو پھر تمہیں ضد نہیں کرنی چاہیے بلکہ سچے دل سے مان لینا چاہیے کہ بیدہ الملك وهو على كل شيء قدير۔

ان آیات کے چند الفاظ: مِنْ تَفٰوُتٍ۔ مِنْ زائدہ ہے یا بیانیہ۔ تفاوت: اعوجاج، اختلاف۔ فطور: شگاف، رخنہ۔ كَرَّتَيْنِ اگرچہ یہ كَرَّة کا تثنیہ ہے لیکن تکثیر کے لیے ہے یعنی بار بار۔ التثنية للتكثير اى كرة بعد كرة كما فى لبيك (مظہری) والمراد بكرتين ههنا التكثير (قرطبی) خاسئا: قال ابن عباس الخاسئ الذى لم ير ما يهوى۔ یعنی جس کو وہ چاہتا تھا وہ نظر نہیں آیا۔ حسير: قد بلغ غاية الاعياء۔ حد درجہ کی تھکاوٹ اور درماندگی۔ (قرطبی)

؎۶ اپنی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کی ایک اور دلیل پیش کی جا رہی ہے۔ الدنيا، ادنى کا مؤنث ہے جس کا معنی قریب تر ہے۔ یہ السماء کی صفت ہے۔ وہ آسمان جو زمین کے قریب تر ہے یعنی آسمان اول۔ مصابیح: مصباح کی جمع ہے چراغ۔ مطلب یہ ہے کہ ذرا آنکھ اٹھا کر اوپر دیکھو کروڑوں اربوں ستارے تمہیں یوں نظر آئیں گے گویا انہیں گنبد نیلوفری میں بڑے سلیقے اور مہارت سے آویزاں کر دیا گیا ہے۔ ان سے رات کے اندھیروں میں تم روشنی ہی حاصل کرتے ہو اور لق و دق صحراؤں اور بے کراں سمندروں میں سفر کرتے ہوئے ان کے ذریعہ ہی تم اپنی منزل کی سمت کا تعین کرتے ہو۔ مزید برآں ان کی وجہ سے جو حسن، جو رعنائی اس کائنات کو نصیب ہے اس کا تو اندازہ ہی نہیں کیا جا سکتا۔ ذرا تصور کرو اگر فضا میں کوئی چاند، کوئی تارا، کوئی کہکشاں رات کے وقت نظر نہ آتی تو یہ منظر کتنا ہولناک اور ڈراؤنا ہوتا۔ وہ خود جمیل ہے۔ اس کی تخلیقات کے گوشہ گوشہ میں حسن و جمال کے گلشن آباد ہیں جنہیں دیکھ کر بے ساختہ زبان سے نکلتا ہے تبارك الله احسن الخالقين۔

وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ۝۵

اور بنا دیا ہے انہیں شیاطین کو مار بھگانے کا ذریعہ شہ اور ہم نے تیار کر رکھا ہے ان کے لیے دہکتی آگ کا عذاب شہ

وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۶

اور جنہوں نے انکار کیا اپنے رب کا ان کے لیے عذاب جہنم ہے۔ اور جہنم بڑی بری لوٹنے کی جگہ ہے۔

اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِىَ تَفُوْرُ ۝۷ تَكَادُ تَمَيَّزُ

جب وہ اس میں جھونکے جائیں گے تو اس کی زور دار گرج سنیں گے اور وہ جوش مار رہی ہوگی لہ (ایسا معلوم ہوتا ہے) گویا مارے غضب

شہ رُجُوم جمع ہے۔ اس کا واحد رَجْم ہے جو مصدر ہے۔ لیکن اس کا اطلاق اس چیز پر ہوتا ہے جس سے مارا جاتا ہے۔ اسی استعمال کے باعث اس کی جمع رجوم بنی ورنہ مصدر کی جمع نہیں ہوتی۔ پہلے بتایا یہ ستارے چراغوں کی طرح روشنی پھیلا رہے ہیں اور مسافروں کی رہنمائی کرتے ہیں۔ اس جملہ میں ان کے ایک دوسرے فائدے کا بھی ذکر کر دیا کہ ان سے شیطانوں پر بھی سنگباری کی جاتی ہے تاکہ وہ اسرار الٰہیہ کا سراغ نہ لگا سکیں۔ علمائے کرام نے صراحۃً لکھا ہے کہ اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہی ستارے اپنی جگہ سے اکھیڑ کر شیاطین پر دے مارے جاتے ہیں بلکہ ان سے جو شہاب اور شعلے پیدا ہوتے ہیں وہ شیاطین پر برسائے جاتے ہیں۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں لا ینزولھا عن مکانھا بل بانقضاض الشھب فیھا (مظہری) علامہ قرطبی لکھتے ہیں ولا یسقط الکوکب نفسہ انما ینفصل منہ شیئ یرجم بہ من غیر ان ینقص ضوءہ ولا صورتہ (قرطبی) دونوں عبارتوں کا مطلب یہ ہے کہ ستارے اپنی جگہ سے نہیں گرتے بلکہ ان سے ایک شعلہ سا جدا ہوتا ہے جو ان شیاطین پر پھینکا جاتا ہے۔ اس شعلہ کی جدائی سے نہ ان کی روشنی میں کمی ہوتی ہے اور نہ ان کی صورت میں کوئی فرق پڑتا ہے۔ امام فخر الدین رازی نے بھی اس چیز کو وضاحت سے اپنی تفسیر میں لکھا ہے۔

وجعلنٰھا رجومًا الخ کا ایک اور مفہوم بھی ذکر کیا گیا ہے کہ شیاطین سے مراد شیاطین انس ہیں جو ستاروں کی حرکات و سکنات کو مد نظر رکھ کر مستقبل کے بارے میں پیش گوئیاں کرتے ہیں اور غیب دانی کا دعویٰ کر کے سادہ لوح عوام بلکہ خواص کا بھی مال لوٹتے ہیں اور رجوم سے مراد ظنون ہیں۔ مطلب یہ ہوگا کہ ہم نے ان ستاروں کو پیدا کیا اور نجومیوں کے لیے ظنون و گمان کا ایک سبب بنا دیا۔ الوجہ الثانی انا جعلناھا ظنونا ورجوما بالغیب لشیاطین الانس وھم الاحکامیون من المنجمین۔ (رازی) مزید تشریح کے لیے ملاحظہ فرمائیے ضیاء القرآن سورۃ الحجر آیت ۱۸ کا حاشیہ۔

شہ ہر کافر کے لیے بھڑکتی ہوئی آگ کا عذاب ہے خواہ وہ جن ہو یا انسان ہو یا شیطان۔

لہ اب وہ منظر بیان کیا جا رہا ہے جب کفار کو دوزخ میں پھینکا جائے گا۔ فرمایا اس وقت جہنم کی آگ بھڑک رہی ہوگی۔ اس کے شعلے جوش مار رہے ہوں گے۔ اس سے ایک شدید ہولناک اور مکروہ شور اٹھ رہا ہوگا۔ دیکھنے والے کو یوں محسوس ہوگا گویا دوزخ کے شعلے اور دہکتے ہوئے انگارے غصہ سے بے قابو ہو رہے ہیں اور شدت غضب سے ابھی پھٹا چاہتے ہیں۔ آگ کا عذاب ویسے ہی ناقابل برداشت حد تک اذیت ناک ہوتا ہے لیکن جب اس کے بھڑکتے ہوئے شعلوں اور جوش مارتے ہوئے انگاروں کا یہ حال ہو کہ ان سے خوفناک شور بلند ہو رہا ہو تو پھر اس کے عذاب

مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ

کے پھٹا چاہتی ہے۔ جب بھی اس میں کوئی جتھا جھونکا جائے گا تو ان سے دوزخ کے محافظ پوچھیں گے کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا

نَذِيرٌ ۝٨ قَالُوا بَلَىٰ قَدْ جَاءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ

نہیں آیا تھا؟[11] وہ کہیں گے کیوں نہیں بے شک ہمارے پاس ڈرانے والا آیا تھا پس ہم نے اس کو جھٹلایا اور ہم نے اس کو صاف صاف کہہ دیا

اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ كَبِيرٍ ۝٩ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا

کہ اللہ تعالیٰ نے تو کوئی چیز نہیں اتاری۔ تم لوگ کھلی گمراہی میں مبتلا ہو۔ وہ کہیں گے کاش! ہم (ان کی نصیحت کو)

کی اذیت ناکی کا کون اندازہ لگا سکتا ہے اور کون ہے جو اپنے آپ کو ان کے چنگل میں پھنسانے کا خطرہ مول لے۔

چند الفاظ کی تشریح: الشهيق: اقبح الاصوات. قال الزجاج الزفير والشهيق من اصوات المكروبين. قال والزفير من شديد الانين وكبيره. والشهيق: الانين الشديد المرتفع جداً۔ سخت قبیح اور ناگوار آواز کو شہیق کہتے ہیں۔ زجاج کہتے ہیں عذاب میں مبتلا لوگوں سے جو آوازیں نکلتی ہیں ان کی یہ دو قسمیں ہیں: زجاج کہتے ہیں سخت قسم کی آہ وزاری کو زفیر کہتے ہیں اور جو فریاد سخت اور بہت اونچی ہو اس کو شہیق کہا جاتا ہے۔ تفور: تغلى كغليان المرجل۔ ہانڈی کی طرح ابلنا، جوش مارنا۔ تميز: اى تتشقق۔ پھٹ جانا، پارہ پارہ ہونا۔

[11] دوزخ کے محافظ فرشتے اپنی بے علمی دور کرنے کے لیے یہ سوال ان سے نہیں پوچھیں گے بلکہ اس سے مقصد ان کفار کی سرزنش اور توبیخ ہوگا۔ اس وقت وہ بدنصیب تسلیم کریں گے کہ یہ اندوہناک عذاب ہماری حماقت اور غلط کاریوں کا نتیجہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تو ہمیں سمجھانے کے لیے اور گمراہی کی راہ کو چھوڑ کر ہدایت کی شاہراہ پر چلنے کے لیے پورا اہتمام فرمایا۔ انبیاء بھیجے، رسول مبعوث فرمائے۔ ان انبیاء ورسل نے اللہ تعالیٰ کا کلام پڑھ کر ہمیں سنایا، عظیم معجزات سے اپنی دعوت کی سچائی کو ثابت کیا، دلائل وبینات سے ہمارے شکوک وشبہات کو دور کیا لیکن صد حیف! ہم اس دعوت کو قبول کرنے سے محروم رہے۔ اپنی شقاوت اور بدبختی کے باعث ہم ان کا تمسخر اڑاتے رہے۔ بڑی بے حیائی سے انہیں دو ٹوک کہہ دیا کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر کوئی وحی نازل نہیں کی۔ یہ سب کچھ تم اپنے پاس سے گھڑ کر پیش کرتے ہو۔ ہم نے انہیں کہا کہ اے نبیو! تم ہمیں گمراہ کہتے ہو۔ ہم تو بڑے زیرک اور ذی فہم لوگ ہیں۔ اپنی زندگی کے لیے جو راستہ ہم نے تجویز کیا ہے وہ غلط راستہ نہیں ہو سکتا دیکھو یہ دولت کی ریل پیل، ہمارے یہ قصور ومحلات، ہمارا یہ جاہ وطمطراق، کیا ہمارے ہدایت یافتہ ہونے کے ناقابل تردید دلائل نہیں ہیں۔ گمراہ ہم نہیں، گمراہ تم ہو۔ تمہارے مقدر میں بھوک ہے، افلاس ہے، محرومیاں ہیں اور رسوائیاں ہیں۔ جن کا صاف مطلب یہ ہے کہ تم سیدھی راہ سے بھٹک گئے ہو۔

نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿۱۰﴾ فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ

سنتے اور سمجھتے تو (آج) ہم دوزخیوں میں نہ ہوتے ۱۲ پس (اس روز) اپنے گناہوں کا اعتراف کریں گے ۱۳

فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿۱۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ

پس پھٹکار ہو اہل جہنم پر ۱۴ بے شک جو لوگ اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں ۱۵

۱۲ لیکن آج حقیقت آشکارا ہوگئی کہ گمراہ وہ نہ تھے جو اپنے رب پر ایمان رکھتے تھے۔ خود بھی حق پر تھے اور ہمیں بھی راہ حق پر چلنے کی دعوت دیا کرتے تھے۔ گمراہ، بدبخت اور شقی تو ہم تھے کہ جان بوجھ کر ان کا انکار کرتے رہے۔ ان کے روشن معجزات دیکھ کر بھی مدہوش بنے رہے۔ ان کے دل گداز مواعظ کو سن کر بھی حق کی طرف مائل نہ ہوئے۔ کاش ہم ان کے ارشادات کو گوش ہوش سے سنتے اور ان کی دعوت کو سمجھنے کی کوشش کرتے تو آج ہماری یہ درگت نہ بنتی اور اس کربناک انجام سے دوچار نہ کر دیے جاتے۔

سمع کو عقل پر مقدم کیا تاکہ دلائل سمعیہ کی اولیت کا احساس ہو جائے اور یہ معلوم ہو جائے کہ عقل بغیر دلائل سمعیہ کی تائید کے قابل اعتماد نہیں۔ نیز اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ عقل سلیم، نقل صحیح کے مخالف نہیں ہوا کرتی بلکہ ان میں یکسانیت ہوا کرتی ہے۔

۱۳ جہنم کے محافظوں کے اس سوال کا مقصد یہی تھا کہ وہ اپنے جرموں کا اعتراف اپنی زبان سے کریں تاکہ انہیں پتہ چل جائے کہ ان پر کسی قسم کی زیادتی نہیں کی گئی۔ انہیں بلاوجہ اس عذاب الیم میں جھونک نہیں دیا گیا۔

۱۴ مفعول مطلق ہے۔ اس کا فعل محذوف ہے۔ فاسحقھم اللہ سحقا یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی رحمت وعنایت سے دور کر دیا اور وہ راندۂ درگاہ بنا دیے گئے۔

۱۵ بدنصیبوں اور ازلی محروموں کے عبرتناک احوال بیان ہو چکے۔ اس آیت میں سعادت مند اور خوش نصیب بندوں کا فرحت انگیز اور حوصلہ بخش ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ یہاں ان کی ایک خاص صفت بیان کی کہ یہ لوگ اپنے رب کو دیکھے بغیر اس سے ہر حالت میں لرزہ براندام رہتے ہیں۔ مجمع عام ہو یا کنج عزلت، ان کا کوئی ذاتی معاملہ ہو یا اجتماعی مسئلہ، ان کا دنیاوی مفاد وابستہ ہو یا ان کی عزت وآبرو کا سوال ہو، ہر حالت میں وہ اپنے رب سے ڈرتے رہتے ہیں۔ کوئی ایسا بول اپنی زبان سے نہیں نکالتے، کوئی قدم اس راہ پر نہیں اٹھاتے جس سے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا اندیشہ ہو۔ آپ سوچیے! جس بندے کے دل میں اپنے رب کا خوف اس حد تک گھر کر چکا ہو کیا وہ کسی کی عزت و آبرو، جان و مال پر دست درازی کر سکتا ہے؟ کیا جبر و ظلم کا صدور اس سے ممکن ہے؟ ہرگز نہیں۔ انسان کی اصلاح اور تربیت کا موثر طریقہ جو قرآن کریم نے اختیار کیا ہے وہ یہی ہے کہ بندے کے دل میں اس کے خالق و مالک کی خشیت پیدا کر دی جائے۔ اس کے شعور میں یہ چراغ روشن ہو جائے تو اس کی عمل کی دنیا میں کوئی تاریک گوشہ باقی ہی نہیں رہتا جس میں چھپ کر وہ کوئی گناہ کر سکے۔ وہ چاہے بھی تو گناہ نہیں کر سکتا۔ آپ اللہ تعالیٰ کے کسی بندے میں اس کا خوف پیدا کر دیں، پھر بے شک اسے آزاد چھوڑ دیں اور یقین رکھیں کہ اس کی ساری قوتیں اس کے سارے وسائل، اس کی جملہ صلاحیتیں خیر کو فروغ دینے اور شر کا قلع قمع کرنے کے لیے وقف رہیں گی۔ اس کے اثر و نفوذ کا حلقہ

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿١٢﴾ وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ اِنَّهٗ

ان کے لیے (اللہ کی) مغفرت اور اجر عظیم ہے ١٦ تم اپنی بات آہستہ کہو یا بلند آواز سے (اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا) بے شک

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿١٣﴾ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۭ وَهُوَ اللَّطِيْفُ

وہ خوب جاننے والا ہے جو کچھ سینوں میں ہے ١٧ (نادانو!) کیا وہ نہیں جانتا (بندوں کے احوال کو) جس نے (انہیں) پیدا کیا ہے ١٨ وہ بڑا باریک بین

جتنا وسیع ہوگا اتنا ہی لوگوں کے اطمینان، مسرت و خوش حالی میں اضافہ ہوگا۔ جتنا ہی وہ طاقتور ہوگا باطل کو اتنی ہی فیصلہ کن شکست دے گا۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ کے حبیب اور برگزیدہ بندے اور اس کی ساری کائنات کے محبوب آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا رأس الحکمۃ مخافۃ اللہ۔ اللہ تعالیٰ کا خوف حکمت و دانائی کا سرچشمہ ہے۔

فلسفی یہی سر مارتا رہا ہے کہ لوگوں کو محاسن اخلاق کا گرویدہ بنائے اور حق کی بالادستی قائم کرے۔ لیکن اس کی مصلحت بین عقل اور مفاد پرست ذہن خود محاسن اخلاق سے بے بہرہ اور حق سے کوسوں دور ہے۔ وہ دوسرے کی رہنمائی کیسے کر سکتا ہے۔ جو نظریات ہر لحظہ بدلتے رہتے ہیں ان میں اتنی سکت کہاں کہ ذاتی اغراض اور عیش و عشرت کی ہوس کا مقابلہ کر سکیں۔ انسانی معاشرہ کی اصلاح کے لیے فقط قانون پر بھی بھروسہ نہیں کیا جا سکتا۔ ایک تو قانون ساز انسان ہیں، غلطی کر سکتے ہیں، اس کو ہر وقت بدلا جا سکتا ہے، اس کو نافذ کرنے والے اس کے نفاذ میں غافل ہو سکتے ہیں، انہیں فریب دیا جا سکتا ہے، انہیں مرعوب کیا جا سکتا ہے۔ اصلاح احوال کے لیے ان پر کلی اعتماد بھی کوئی عقلمندی نہیں۔ مزید دشواری یہ ہے کہ قانون کی عملداری انسانی زندگی کے ایک محدود حلقہ تک ہے۔ انسانی زندگی کے بیشتر گوشے ایسے ہیں جہاں قانون کا کوئی پاسبان قدم نہیں رکھ سکتا۔ بلکہ ان میں جھانک تک نہیں سکتا۔ اس لیے اگر آپ سچے دل سے یہ چاہتے ہیں کہ انسانی معاشرہ میں نیکی کی بالادستی ہو اور برائی کا خاتمہ ہو تو اس کا بھی ایک قابل اعتماد اور موثر طریقہ ہے کہ لوگوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کا خوف پیدا کیا جائے۔ ارشاد الٰہی ہے اما من خاف مقام ربہ و نھی النفس عن الھوی فان الجنۃ ھی الماوٰی (۷۹: ۴۰-۴۱) یعنی جو اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرا اور نفس کو خواہش سے روکا جنت اس کا ٹھکانا ہوگی۔

١٦ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کو دو انعاموں سے نوازا جاتا ہے۔ ایک تو یہ کہ اگر بشری کمزوری کے باعث ان سے کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اسے بخش دیتا ہے اور جو نیک اعمال انہوں نے کیے ہیں ان پر انہیں اجر کبیر مرحمت فرمایا جاتا ہے۔ علامہ پانی پتی کبیر کی تشریح کرتے ہیں ویصغر بالنسبۃ الیہ کل ما یخطر بالبال من اللذۃ۔ یعنی دل میں جس لذت و سرور کا تصور کیا جا سکتا ہے وہ بھی اس کے اجر کے سامنے ہیچ ہوگا۔

١٧ کوئی چھپ کر بات کرے یا بلند آواز سے اللہ تعالیٰ کے سامنے سب یکساں ہیں۔ وہ سب کو جانتا ہے۔ بلکہ تمہارے دل کے نہاں خانہ میں جو خیالات و افکار انگڑائیاں لے رہے ہیں ان سے بھی وہ آگاہ ہے۔ اہل ایمان اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہیں اور کفار اسے تسلیم کرنے سے گریزاں ہیں۔

١٨ اس آیت سے کفار کی اس غلط فہمی کا ازالہ کیا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی کارستانیوں پر مطلع نہیں۔ فرمایا کائنات کی ہر چیز کا جب وہ خالق ہے، ہر چیز میں حسب حالات مختلف صلاحیتیں، خاصیتیں اور اثرات اسی نے ودیعت کیے ہیں تو پھر یہ کیسے مان لیا جائے کہ اسے خبر

الْخَبِيرُ ﴿۱۴﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا

ہر چیز سے باخبر ہے۔ وہی تو ہے جس نے نرم کر دیا ہے تمہارے لیے زمین کو پس (اطمینان سے) چلو اس کے راستوں پر

وَكُلُوا مِن رِّزْقِهِ ۖ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ ﴿۱۵﴾ أَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن

اور کھاؤ اس کے دیئے ہوئے رزق سے ۱۹ اور اسی کی طرف تم کو (قبروں سے) اٹھ کر جانا ہے ۲۰ کیا تم بے خوف ہو گئے ہو اس سے جو آسمان میں ہے کہ

بھی نہ ہو کہ کون کیا کر رہا ہے؟ اس کی دی ہوئی قوتوں سے کس طرح کام لے رہا ہے۔ یہ بڑے اچنبھے کی بات ہے۔ عقل سلیم اس کو تسلیم نہیں کرتی۔ پھر یہ سوچو کہ وہ اللطیف ہے۔ باریک سے باریک بات کو بھی وہ جانتا ہے۔ وہ الخبیر ہے۔ ہر چیز سے وہ باخبر ہے۔ کوئی چیز اس کے علم سے باہر نہیں۔ جس کی یہ شان ہو اور یہ صفات ہوں، وہ اپنی مخلوق کے احوال سے کیونکر بے خبر ہو سکتا ہے۔

۱۹؎ فرمانبردار اونٹنی جس پر آسانی اور سہولت سے سواری کی جا سکے، عرب اسے نَاقَةٌ ذَلُوْلٌ کہتے ہیں۔ اس آیت میں ذلول کو زمین کی صفت ذکر کیا گیا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو اس طرح بنایا ہے کہ انسان اس پر آسانی اور سہولت کے ساتھ چل سکتا ہے۔ نہ تو ساری سخت پتھریلی ہے اور نہ دلدل ہے کہ اس پر چلنا دشوار ہو جائے۔ اس خالق کریم نے ان گنت مصلحتوں کے باعث زمین پر جگہ جگہ پہاڑوں کے فلک بوس سلسلے کھڑے کر دیئے ہیں۔ ان کو بھی ناقابل عبور نہیں رہنے دیا۔ مناسب مسافتوں پر ایسے درے بنا دیئے ہیں جہاں سے انسانوں کے قافلے اور مویشیوں کے گلے آسانی سے گزر سکتے ہیں۔ صرف اسی پر بس نہیں بلکہ اس رب کریم نے ہر جگہ تمہارے رزق کا سامان بھی مہیا کر دیا ہے۔ جہاں سے گزرو گے اس کے لطف و کرم کا وسیع دستر خوان بچھا ہوا پاؤ گے جس میں کھانے کی رنگ برنگی ذائقہ دار چیزیں بھی ہوں گی۔ بتاؤ تم اس کی کس کس نعمت کا شکر ادا کر سکتے ہو۔ اگر ساری زمین دلدل ہوتی تو کیا تم اس میں سے بآسانی گزر سکتے۔ اگر اس نے اپنے دست قدرت سے گزرگاہیں نہ بنائی ہوتیں اور تمہیں ان کی برف پوش چوٹیوں کو عبور کر کے آنا جانا پڑتا تو تمہیں چھٹی کا دودھ یاد آجاتا۔ میدانوں میں دریا بہہ رہے ہیں، نشیبی علاقوں میں بھی پانی کے زیر زمین ذخائر موجود ہیں۔ جب بلند پہاڑوں پر تم جاتے ہو تو وہاں میٹھے اور ٹھنڈے پانی کے چشمے تمہاری تشنگی کا مداوا کرنے کے لیے موجود ہوتے ہیں۔ اگر وہاں تمہیں کنواں کھود کر پانی نکالنا پڑتا تو تمہیں دن کو تارے نظر آنے لگتے۔ الغرض اس کے لطف و کرم کے بغیر تم جادۂ زیست پر ایک قدم بھی نہیں بڑھا سکتے۔ کیوں جاہل بنتے ہو اور اس کی وحدانیت کا انکار کرتے ہو۔ ذَلُوْل: سہل۔ مَنَاكِب: مَنْكِب کی جمع ہے۔ منکب کندھے کو کہتے ہیں۔ یہاں پہاڑوں کے وہ کنارے مراد ہیں جہاں قدرتی درّے بنے ہوتے ہیں۔

۲۰؎ یاد رکھو یہ دنیا اور اس کا مال و متاع سب فانی ہے۔ ایک روز آئے گا اور یقیناً آئے گا جب تم اللہ تعالیٰ کے حضور میں پیش کیے جاؤ گے اور تم سے حساب لیا جائے گا۔ کیا تم نے اس روز کے لیے کچھ تیاری کر لی ہے۔

يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ۝١٦ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ

وہ تمہیں زمین میں غرق کردے ۲۱؎ اور وہ زمین تھر تھر کانپنے لگے۔ کیا تم بے خوف ہوگئے ہو اس سے جو آسمان میں ہے

اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ۭ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ۝١٧ وَلَقَدْ

کہ وہ بھیج دے تم پر پتھر برسانے والی ہوا۔ تب تمہیں پتہ چلے گا کہ میرا ڈرانا کیسا ہوتا ہے۔ اور جو

۲۱؎ پہلے اپنے الطاف و احسانات کا ذکر کر کے انہیں راہ ہدایت کی طرف راغب کیا گیا اب اپنے قہر و جلال سے انہیں ڈرایا جا رہا ہے۔ یعنی تم جو اس دیدہ دلیری سے کفر و شرک پر اڑے ہوئے ہو بڑی بے باکی اور بے حیائی سے فسق و فجور کا بازار گرم کیے ہوئے ہو تمہیں کبھی یہ خوف نہیں آیا کہ آسمانوں کا خالق اگر تمہارے کرتوتوں کے باعث ناراض ہوگیا اور اس نے تمہیں زمین میں غرق کر دیا تو پھر تمہارا کیا حال ہوگا۔ زمین تھر تھر کانپ رہی ہوگی، تم زمین کی گہرائیوں میں جذب ہوتے چلے جا رہے ہوگے۔ ہوش میں آؤ۔ آنکھیں کھولو اور اس سے قبل کہ تمہاری بربادی کے حتمی احکام صادر ہو جائیں، تلافی مافات کر لو۔ تمہیں کیفر کردار کو پہنچانا کون سا مشکل کام ہے۔ اگر تیز جھکڑ چلنے لگیں اور پتھر اور سنگریزے اڑ اڑ کر تم پر برسنے لگیں تو تمہارا ستیاناس ہو جائے۔ تمہارا نام و نشان بھی باقی نہ رہے۔ پڑی جتنی تمہاری اوقات ہے اور لگے ہو مالک الملک بیدہ الملک وهو علی کل شیئ قدیر کی شان والے کی نافرمانی اور حکم عدولی کرنے۔ تم نے غور و فکر کے سارے دیے کیوں بجھا دیے ہیں۔

تَمُوْرُ: تمُّ تضطرب و تتحرک۔ زمین کا ہچکولے کھانا اور تھر تھرانا۔ جہاں کہیں زلزلہ آیا ہو وہاں کے لوگوں سے پوچھو کہ جب بھونچال آتا ہے تو زمین، اونچے پہاڑ اور بلند ماڑیاں کس طرح لرزتی اور کانپتی ہیں۔ حاصب: ریحٌ شدیدۃٌ تحمل التراب و الحصباء (لسان العرب) وہ تند آندھی جو گرد و غبار اور سنگریزوں کو اپنے ساتھ اڑا لے جاتی ہے۔

ان دو آیتوں میں مَنْ فِي السَّمَآءِ کے کلمات مذکور ہیں جن کا لفظی معنی یہ ہے کہ "جو آسمان میں ہے"۔ کیا ان آیات سے کوئی استدلال کر سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں میں مقیم ہے؟ اگر ایسا نہیں تو پھر ان کلمات کا مفہوم کیا ہوگا؟ گزارش ہے کہ یہ آیتیں متشابہات میں سے ہیں۔ یعنی ان کے الفاظ کا ظاہری معنی مراد نہیں ہوتا۔ اس لیے آسمانوں میں اللہ تعالیٰ کے مقیم ہونے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کیونکہ آسمانوں کو اس نے پیدا کیا ہے۔ یہ سب حادث ہیں۔ جب یہ نہیں تھے تو وہ کہاں تھا۔ نیز اللہ تعالیٰ مکان و مکانیات سے منزہ ہے۔ وہ کسی ایک جگہ یا ایک جہت میں قیام پذیر نہیں بلکہ وہ تو ہر جگہ ہے۔ اَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ۔ جدھر بھی تم رخ کرو گے وہاں اللہ تعالیٰ کی ذات موجود ہوگی ــــ اس لیے ایسی آیات کے بارے میں علماء کے دو قول ہیں:

① ایک اسلاف کرام کا ② دوسرا متاخرین کا۔ متاخرین ایسی آیات کی تاویل کرتے ہیں۔ ان کا ایسا محمل بیان کرتے ہیں جو آیاتِ محکمات سے بھی موافقت رکھتا ہو اور شانِ خداوندی کے بھی شایان ہو۔ لیکن اسلاف اس کی تاویل نہیں کرتے۔ الفاظ کو اپنے ظاہر پر رکھتے ہیں لیکن اس کے مفہوم کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیتے ہیں۔ متاخرین کے نزدیک مَنْ فِي السَّمَآءِ کی یہ تاویل ہوگی کہ وہ فرشتے جنہیں احکام تکوینی کی تنفیذ کا کام سپرد کیا گیا ہے وہ آسمان میں ہیں۔ مَنْ فِي السَّمَآءِ سے مراد یہ فرشتے ہیں۔ دوسری تاویل یہ کی گئی ہے کہ قضاء و قدر اور احکام

كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۱۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ

لوگ ان سے پہلے گزرے انہوں نے بھی جھٹلایا (خود دیکھ لو کہ ان پر) میرا عذاب کتنا سخت تھا ۲۲؎ کیا انہوں نے پرندوں کو اپنے اوپر اڑتے

الٰہی کا مخزن آسمانوں میں ہے" لیکن سلف صالحین ایسی تاویلیں نہیں کرتے۔ وہ کہتے ہیں مَنْ فِی السَّمَآءِ کا معنی ہے کہ جو آسمان میں ہے" اور اس سے مراد بھی اللہ تعالیٰ کی ذات ہے لیکن وہ آسمان میں کس طرح ہے؟ جس طرح مکین مکان میں یا مظروف ظرف میں، وہ کہتے ہیں ہم اس کا یقین نہیں کر سکتے۔ وہ ہے آسمان میں، لیکن اس طرح ہے جس طرح اس کی شان تنزیہ کے شایان ہے۔ اہل تحقیق نے اسی قول کو پسند کیا ہے۔ نیز یہ بھی ایک طبعی بات ہے کہ جب ہم اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرتے ہیں، فریاد کرتے ہیں، اس سے کوئی سوال کرتے ہیں تو بے ساختہ ہماری نگاہیں آسمان کی طرف اٹھ جاتی ہیں، زمین کی طرف نہیں جاتیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی ذات "عظمت" بلندی اور کبریائی سے موصوف ہے۔ اس کے ذکر کے وقت آسمان کی طرف آنکھوں کا اٹھ جانا ایک قدرتی امر ہے۔ شاید اسی لیے مَنْ فِی السَّمَآءِ فرمایا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ و رسولہ الکرم اعلم بالصواب۔

ابوداؤد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ایک شخص حبشن لونڈی لے کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ مجھ پر ایک مومن غلام آزاد کرنا واجب ہو گیا ہے۔ کیا میں اس لونڈی کو آزاد کر کے بری الذمہ ہو سکتا ہوں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس لونڈی سے پوچھا اللہ تعالیٰ کہاں ہے تو اس نے انگلی سے آسمان کی طرف اشارہ کیا۔ حضور نے پھر پوچھا اور میں کون ہوں۔ اس نے پہلے حضور کی طرف اور پھر آسمان کی طرف اشارہ کیا۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ آپ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئے ہیں۔ اس پر حضور نے فرمایا اسے آزاد کر دو۔ یہ مومنہ ہے۔

۲۲؎ یعنی تم ہی پہلے لوگ نہیں ہو جنہوں نے کفر و شرک اختیار کیا ہو اور اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کو اپنا شعار بنایا ہو۔ تاکہ تمہارے انجام کے بارے میں شک و شبہ کی گنجائش ہو کہ یہ ایک نئی جماعت ظہور پذیر ہوئی ہے جن کے انداز نرالے ہیں۔ دیکھیے ان کا انجام کیا ہوتا ہے۔ یوں نہیں ہے بلکہ تمہارے جیسے نابکار پہلے بھی گزرے ہیں اور اپنی بد اعمالیوں کے فطری انجام سے دوچار ہو چکے ہیں۔ تم بابل و نینوا کے شکستہ کھنڈروں سے پوچھو کہ تمہارے بسانے والوں پر کیا بیتی۔ تم موہنجو ڈارو اور ہڑپہ سے برآمد ہونے والی ٹوٹی پھوٹی دیواروں سے پوچھو کہ تمہارے مکینوں پر کیا افتاد پڑی۔ اتنی عظیم ثقافت اور اتنے اعلیٰ تمدن کے باوجود انہیں لوح ہستی سے حرف غلط کی طرح کیوں مٹا دیا گیا۔ وہ تمہیں بتائیں گے کہ ہمارے بسانے والوں نے اپنے خالق حقیقی سے منہ موڑ لیا تھا، انہوں نے حق کا دامن چھوڑ دیا تھا ظلم و طغیان اور فسق و فجور کو انہوں نے اختیار کر لیا تھا۔ خدا کا غضب ان پر نازل ہوا اور وہ نیست و نابود کر دیے گئے۔

برباد شدہ قوموں کی ان دردِ فرسا داستانوں میں اگر عبرت کا پہلو تمہیں نظر آتا ہے تو عبرت حاصل کر لو، یوں نہ ہو کہ تمہیں بھی پیہم سرکشیوں اور نافرمانیوں کی پاداش میں تہس نہس کر دیا جائے۔ کیف نذیر اصل میں کیف نذیری اور کیف نکیر اصل میں کیف نکیری تھا۔

فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ۘ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ۭ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍۢ

کبھی پر پھیلائے ہوئے اور کبھی پر سمیٹ بھی لیتے ہیں، نہیں روکے ہوئے انہیں کوئی (فضا میں) بجز رحمٰن کے ۲۳ بے شک وہ ہر چیز کو خوب

بَصِيْرٌ ۝۱۹ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ

دیکھنے والا ہے ۲۴ (بتاؤ اے منکرو!) کیا تمہارے پاس کوئی ایسا لشکر ہے جو تمہاری مدد کرے (خدا وند) رحمٰن کے

الرَّحْمٰنِ ۭ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ۝۲۰ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ

علاوہ ۲۵ بے شک منکرین دھوکا میں مبتلا ہیں۔ کیا کوئی ایسی ہستی ہے جو تمہیں رزق پہنچا سکے

اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ۝۲۱ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا

اگر اللہ تعالیٰ اپنا رزق بند کر لے ۲۶ لیکن یہ لوگ سرکشی اور حق سے نفرت میں بہت دور نکل گئے ہیں ۲۷ کیا وہ شخص جو منہ کے بل گرتا پڑتا

۲۳ اب اپنی قدرت کی ایک ایسی نشانی کی طرف توجہ دلائی جا رہی ہے جس کا مشاہدہ ہر شخص دن میں کئی کئی بار کرتا ہے۔ پرندے ہوا میں اُڑ رہے ہوتے ہیں، اثنائے پرواز وہ کبھی اپنے پروں کو پھیلا دیتے ہیں اور کبھی ان کو سکیڑ لیتے ہیں۔ ذرا غور کرو کہ اس پرندہ کو اُڑنے کے لیے موزوں پر کس نے دیئے ہیں اور اس کو اُڑنے کا ڈھنگ کس نے سکھایا ہے۔ ہوا میں اگر ایک چھٹانک وزنی روڑا پھینکا جائے تو وہ چشم زدن میں نیچے گر پڑتا ہے۔ اس ہوا میں یہ صلاحیت کس نے پیدا کی ہے کہ کئی سیر وزنی پرندہ اس میں پہروں مصروف پرواز رہتا ہے اور گرتا نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کون ہے جس نے یہ سارے انتظامات کر دیے ہیں۔ انسان کے لیے زمین کو مسخر کر دیا اور پرندوں کے لیے ہوا کو فرمانبردار بنا دیا۔ صافات: باسطات اجنحتهن في الجو عند طيرانها۔ یعنی اُڑتے وقت فضا میں پرندوں کا اپنے پروں کو پھیلا دینا۔ يقبضن: اجنحتها الى جنوبهن۔ یعنی اپنے پروں کو پہلوؤں کے ساتھ سکیڑ لینا۔

۲۴ وہ صرف پرندوں کی رکھوالی نہیں کرتا، کائنات کی ہر چیز اس کی نگاہوں میں ہے اور وہ ان کی نگہبانی کر رہا ہے۔

۲۵ یعنی وہ لوگ جو نافرمانی کی راہ پر گامزن ہیں کیا ان کے پاس کوئی ایسی فوج ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کا عذاب ان پر نازل ہو تو وہ ان کی مدد کر سکے اور آگے بڑھ کر انہیں اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بچا سکے؟ ہرگز نہیں۔ یہ کفار تو شیطان کے دام فریب میں پھنس چکے ہیں، اتنی کھلی بات بھی سمجھنے سے قاصر ہیں کہ دنیا میں ایسی کوئی طاقت نہیں جو انہیں عذاب الٰہی سے بچا سکے۔

۲۶ اسی طرح اگر اللہ تعالیٰ اپنے رزق کے دروازے ان پر بند کر دے تو انہیں ایک دانہ بھی دستیاب نہ ہو اور بھوک سے بلک بلک کر لقمۂ اجل بن جائیں۔ لیکن ایسی بے بسی اور بے کسی کے باوصف یہ لوگ ہیں کہ سرکشی اور حق سے گریز کرنے میں حد سے بڑھ چکے ہیں۔

۲۷ مشکل الفاظ کی تشریح: عُتُوّ: طغیان یعنی سرکشی۔ نفور من الحق: حق سے نفرت وبیزاری۔ لَجُّوْا: تمادوا واصروا، کسی چیز پر اڑ جانا۔

عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٢٢﴾

چلا جا رہا ہے وہ راہ راست پر ہے یا جو سیدھا ہو کر صراط مستقیم پر گامزن ہے ۲۸

قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ

آپ فرمائیے وہی تو ہے جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہارے لیے کان ، آنکھیں اور دل بنائے ۲۹

قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٣﴾ قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَ

(لیکن) تم بہت کم شکر کیا کرتے ہو ۳۰ آپ فرمائیے اسی نے تم کو پھیلا دیا ہے ۳۱ زمین میں اور (روز حشر)

کسی چیز سے چمٹ جانا۔

۲۸ کافر کی حالت کو ایک ایسے شخص سے تشبیہ دی جا رہی ہے جو سر اوندھا کیے کسی راستہ پر چل رہا ہے۔ نہ دائیں دیکھتا ہے اور نہ بائیں اور نہ سامنے اس کی نظر پڑتی ہے۔ کسی وقت بھی وہ شخص کسی چیز سے ٹکرا کر اپنا حلیہ بگاڑ سکتا ہے۔ دائیں بائیں کسی گڑھے میں گر کر اپنی ہڈی پسلی توڑ سکتا ہے۔ ایسے شخص کا منزل مقصود تک پہنچنا بعید از امکان ہے۔ اور مومن کو ایسے شخص سے تشبیہ دی گئی ہے جو سیدھا ہو کر سر اٹھائے چل رہا ہے۔ دور دور تک آگے بھی اسے صاف نظر آ رہا ہے اور دائیں بائیں ہر طرف بھی وہ دیکھ رہا ہے۔ ایسا شخص جب چلتا ہے تو راستہ کو دیکھ کر چلتا ہے۔ راہ میں کوئی گڑھا ہو کوئی درخت ہو کوئی اور چیز حائل ہو تو وہ اس سے بچ کر نکل سکتا ہے۔ دائیں بائیں سے اگر اس پر کوئی حملہ ہوئے تو وہ اس سے اپنا بچاؤ کر سکتا ہے۔ ایسے شخص کا اپنی منزل پر پہنچنا یقینی ہے۔ اب تم خود فیصلہ کرو کہ صحیح راہ پر کون گامزن ہے۔ کتنی پیاری، واضح اور دل نشیں مثال ہے۔

۲۹ کائنات کی ہر چیز کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے، اسی طرح انسان کی تخلیق بھی اسی نے کی ہے، لیکن اسے چند مزید صلاحیتیں ارزانی فرمائی ہیں جو اور کسی کو نہیں بخشی گئیں۔ اسے ایسے کان دیے ہیں جن سے وہ دعوت حق کو سن سکتا ہے، اسے ایسی آنکھیں بخشی ہیں جن سے وہ نور حق کو دیکھ سکتا ہے۔ مزید برآں اسے ایسا دل عطا فرمایا ہے جو ان دلائل و بینات میں غور و تدبر کر سکتا ہے اور حق و باطل میں تمیز کر سکتا ہے۔ پھر اسے اختیار ہے کہ اپنی مرضی سے حق کو قبول کرے اور باطل کو مسترد کر دے۔ جس مخلوق کو ایسی صلاحیتیں بخشی گئی ہوں وہ اگر انہیں ایسے مسئلہ کے سمجھنے میں استعمال نہ کرے جس پر اس کی ابدی فلاح کا انحصار ہے تو بڑے ہی افسوس کی بات ہے۔

۳۰ بتا دیا کہ بہت کم ایسے انسان ہیں جو ان نعمتوں کو صحیح طور پر استعمال کر کے شکر گزاری کا حق ادا کرتے ہیں۔

۳۱ ذَرَاَ کے دو معنی ہیں: پیدا کرنا اور پھیلا دینا۔ دونوں درست ہیں۔

إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿۲۴﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿۲۵﴾

تم اسی کے پاس جمع کیے جاؤ گے۔ اور کفار (ازراہِ مذاق) پوچھتے ہیں کہ (بتاؤ) یہ وعدہ کب پورا ہوگا اگر تم سچے ہو ۳۲

قُلْ إِنَّمَا الْعِلْمُ عِندَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَأَوْهُ

آپ فرمائیے (اس کا) علم تو اللہ ہی کے پاس ہے۔ میں تو محض واضح طور پر خبردار کرنے والا ہوں ۳۳ پھر جس وقت اسے قریب

زُلْفَةً سِيئَتْ وُجُوهُ الَّذِينَ كَفَرُوا وَقِيلَ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم

آتے دیکھیں گے تو کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے اور انہیں کہا جائے گا کہ یہ ہے جس کا تم بار بار

بِهِ تَدَّعُونَ ﴿۲۷﴾ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَهْلَكَنِيَ اللَّهُ وَمَن مَّعِيَ أَوْ

مطالبہ کرتے تھے ۳۴ آپ فرمائیے بھلا سوچو تو (ذرا غور تو کرو) اگر اللہ تعالیٰ مجھے اور جو میرے ساتھ ہیں کو ہلاک کر دے یا

۳۲ کفار بار بار پوچھتے تھے کہ بتاؤ قیامت کب برپا ہوگی لیکن ان کے پوچھنے کا مقصد یہ نہ تھا کہ اگر انہیں پتہ چل جائے کہ قیامت کس سال، کس تاریخ کو کتنے بجے قائم ہونے والی ہے تو وہ ایمان لے آئیں گے۔ اب تک جو وہ قیامت پر ایمان لانے سے گریز کر رہے ہیں اس کی محض یہ وجہ ہے کہ انہیں سال اور تاریخ نہیں بتائی گئی۔ ان کی یہ غرض نہ تھی، بلکہ محض استہزاء و تمسخر کے لیے وہ یہ سوال کیا کرتے تھے کہ صدیاں گزر گئیں، جو پیغمبر بھی آیا، وہ اپنی قوم کو قیامت سے ڈراتا رہا۔ ابھی تک وہ آئی نہیں اور اگر آپ بھی اس کے لیے کوئی حتمی تاریخ مقرر نہیں کر سکتے، تو ہم یہ باور کرنے میں حق بجانب ہوں گے کہ یہ محض گپ ہے۔ کھوکھلی دھمکی ہے جو سادہ لوح عوام کا استحصال کرنے کے لیے مذہبی لیڈر ہر زمانہ میں استعمال کرتے رہے ہیں۔ اگر قیامت کو آنا ہوتا تو وہ کب کی آچکی ہوتی۔ اگر اس کی کوئی حقیقت ہوتی تو آپ ہمیں اس کی معین تاریخ بتا دیتے۔ اس قسم کے خیالات محض ان کی حماقت کا اظہار تھا۔ جس واقعہ کے لیے اللہ تعالیٰ نے ایک وقت مقرر کر دیا ہے، جب تک وہ گھڑی نہ آجائے قیامت کیسے برپا ہو سکتی ہے۔

۳۳ اس کا علم اس کی ذات کے ساتھ مخصوص ہے۔ مجھے تو اس لیے تمہارے پاس بھیجا گیا ہے کہ میں تمہیں قبل از وقت خبردار کر دوں تاکہ تم توبہ کر لو اور قیامت کے دن رسوائی کے عذاب سے اور آتشِ جہنم سے بچ جاؤ۔ علمِ قیامت کے بارے میں متعدد مقامات پر بحث گزر چکی ہے۔

۳۴ آج تو تم قیامت کے لیے جلدی مچا رہے ہو۔ جب وہ برپا ہوگی تو تمہاری حالت دیدنی ہوگی۔ مارے خوف کے چہرہ بگڑ جائے گا۔ رخساروں کی سرخی غائب ہو جائے گی ہونٹ لٹکنے لگیں گے زبان باہر نکل آئے گی آنکھیں اندر دھنسی جا رہی ہوں گی، حواس باختہ ہو گئے دماغی توازن کھو بیٹھو گے۔ اس وقت تمہارے پاس آتی ہوش کب ہوگی کہ تم اس پر ایمان لاؤ اور اگر ایمان لے بھی آئے تو اس وقت کا ایمان بارگاہِ الٰہی میں مقبول نہیں ہوگا۔ اس وقت تمہیں کہا جائے گا یہ لو! وہ قیامت آگئی جس کا تم بڑی شدت اور اصرار سے مطالبہ کیا کرتے تھے۔

رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾ قُلْ هُوَ

ہم پر رحم فرمائے تو کون بچائے گا کافروں کو دردناک عذاب سے ۳۵ فرمائیے وہ (میرا خالق)

الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ

بڑا ہی مہربان ہے ہم اسی پر ایمان لائے ہیں اور اسی پر ہم نے توکل کیا ہوا ہے۔ پس عنقریب تمہیں پتہ چل جائے گا کہ کھلی

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ

گمراہی میں کون ہے ۳۶ آپ پوچھیے اگر کسی صبح تمہارا پانی زمین کی تہہ میں اتر جائے تو تمہیں

يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾

میٹھا صاف پانی کون لا دے گا؟ ۳۷

ع ۲

۳۵ یعنی ہمارے ساتھ تو جو ہو گی تم اس کی فکر نہ کرو، تم اپنی خیر مناؤ۔ اللہ تعالیٰ کی ذات پر تم ایمان نہیں رکھتے۔ جب اس نے تمہیں پکڑ لیا تو تمہیں کون آکر نجات دے گا۔ تمہارا سارا وقت ہم پر زبانِ طعن دراز کرنے میں گزر جاتا ہے۔ شب و روز تم ہم پر تنقید کے تیر برساتے رہتے ہو۔ کبھی اپنے گریبان میں بھی جھانک لیا کرو اور اپنے انجام کے بارے میں بھی سوچ لیا کرو۔

۳۶ ہم تو اپنے پروردگار پر جو رحمٰن ہے، صدقِ دل سے ایمان لے آئے ہیں۔ اسی پر ہمارا بھروسہ ہے کہ اس دنیا میں بھی وہ ہمیں کامیاب و کامران فرمائے گا، دین کا ڈنکا چار دانگ عالم میں بجنے لگے گا اور آخرت میں بھی وہ اپنی رحمت اور رأفت سے نوازے گا۔ تم بتاؤ جن کا رحمٰن اور رحیم خدا پر نہ ایمان ہے، نہ اس پر بھروسہ ہے۔ تمہارا انجام کیا ہوگا۔ تمہارے یہ بے جان بت تمہارے کیا کام آئیں گے۔ اب تم ہی فیصلہ کرو کہ گمراہ کون ہے۔ خداوندِ رحمٰن پر ایمان لانے والے یا اس کا انکار کر کے بتوں کو خدا بنانے والے، اس قادر و توانا پر توکل کرنے والے یا اصنام و اوثان پر تکیہ رکھنے والے۔

۳۷ غَوْرًا بمعنی غائر۔ یعنی پانی کا زمین میں اتنا گہرا چلا جانا کہ ڈول بھی وہاں نہ پہنچ سکیں۔ ای ذاھبًا فی الارض لاتنالہ الدلاء۔ پانی کی ویسے ہی سارے حجاز میں قلت تھی۔ دو تین چشمے تھے یا بارش کا پانی کہیں کہیں حوضوں میں اکٹھا کر لیا جاتا تھا۔ انہی پر ان کی گزر اوقات ہوتی تھی۔ اگر بارش کچھ عرصہ نہ ہوتی اور وہ حوض خشک ہونے لگتے تو ان کی جان پر بن آتی۔ آخری آیت میں ان کی دکھتی رگ کو چھیڑا گیا ہے۔ ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ جن کو تم اپنا معبود اور خدا سمجھ رہے ہو کیا ان میں اتنی طاقت ہے کہ اگر تمہارے یہ دو چار چشمے سوکھ جائیں یا ان کا پانی زمین میں جذب ہو جائے تو وہ ان کو ازسرِنو جاری کر سکیں۔ اگر ان میں یہ قوت نہیں اور تمہیں بھی تسلیم ہے کہ نہیں، تو پھر اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے کہ جس ذاتِ اقدس نے تمہیں پیدا کیا، تمہیں زندگی بخشی اور تمہیں زندہ رہنے کے لیے بن مانگے ساری ضروریات مہیا کیں،

پانی جس کے بغیر تم اور تمہارے سارے مویشی زندہ نہیں رہ سکتے اس کو تمہارے لیے انتظام فرمایا۔ ایسے کریم حکیم اور رحیم پروردگار پر تو تم ایمان نہیں لاتے اس کے حضور میں تو سر نہیں جھکاتے اور ان پتھر کے بے جان اور بے علم اور بے اختیار بتوں سے ہر وقت چمٹے رہتے ہو۔ کبھی ان کو سجدہ کرتے ہو کبھی ان کا طواف کرتے ہو۔ اشرف المخلوقات انسان ہو کر تمہاری یہ حرکتیں بڑی افسوسناک ہیں۔

یاد رکھو! کہ پانی کے یہ چشمے اسی رحمان نے جاری کیے ہیں جو میرا رب ہے۔ اسی نے بارش برسا کر تمہارے حوضوں کو پانی سے لبریز کر دیا ہے۔ اگر یہ حوض خشک ہو جائیں یا ان چشموں کا پانی زمین میں جذب ہو جائے تو اس میں اور صرف اسی میں یہ قدرت ہے کہ وہ چشم زدن میں ان چشموں کو از سر نو جاری کر دے جن سے ٹھنڈا اور میٹھا پانی بکثرت بہنے لگے۔

بزرگوں کا ارشاد ہے کہ جب یہ آیت پڑھے تو دل میں کہے اللہ رب العٰلمین۔ تاکہ سوال کا صحیح جواب آجائے۔

○

الحمد للہ وحدہٗ لا شریک لہٗ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیئ قدیر۔
والصلوٰۃ والسلام علی حبیب المصطفٰی ورسولہ المرتضٰی سید الخلق محمد المبعوث
رحمۃ للعٰلمین وعلی اٰلہ واصحابہ ومن احبہ واتبعہ الی یوم الدین۔
فاطر السمٰوٰت والارض انت ولیی فی الدنیا والاٰخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔

○

تعارف

سُورہ القلم

نام : یہ سورت دو ناموں سے زیادہ مشہور ہے۔ سورۃ "نٓ" اور "القلم"۔ یہ دو رکوعوں، باون آیتوں، تین سو کلمات اور ایک ہزار دو سو چھپن حروف پر مشتمل ہے۔

نزول : باتفاق علماء اس کا نزول مکہ مکرمہ میں ہوا۔

مضامین : حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت وارشاد کا سلسلہ بڑی گرمجوشی سے شروع کر دیا ہے۔ قرآن کریم کی جو سورتیں یا آیات نازل ہوتی ہیں حضور اپنے کیف آگیں لہجہ میں اس کی تلاوت کرتے ہیں اور لوگوں کو سناتے ہیں۔ احکام الٰہیہ کی خود بھی پابندی فرماتے ہیں اور دامنِ رحمت سے جو وابستہ ہو جاتا ہے وہ بھی سرخوشی سے ان پر عمل پیرا ہو جاتا ہے۔ سارا مکہ بھڑک اٹھتا ہے ظلم وستم کا آغاز ہو جاتا ہے۔ اس کے باوجود اللہ کے بندے اپنے اللہ کے بتائے ہوئے راستہ پر بڑی جوانمردی سے گامزن ہیں۔ لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس والہانہ جوش وخروش کو دیکھ کر تصویرِ حیرت بن جاتے ہیں اور آخر اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ یہ دیوانہ ہے، اس کا دماغ ناکارہ ہو گیا ہے۔ سود وزیاں میں تمیز کی صلاحیت باقی نہیں رہی۔ اللہ تعالیٰ قسم اٹھا کر کفار کے ان الزامات کی تردید کرتے ہیں کہ میرا محبوب دیوانہ نہیں ہے بلکہ اخلاق عالیہ کی ان رفعتوں پر فائز ہے جہاں کسی کی رسائی نہیں ہو سکتی۔ جس کا کردار اتنا بلند ہو، جس کی سیرت اتنی بے داغ اور جس کے اعمال سراپا قدسیوں بھلا اس کو مجنون کہنا کس طرح روا ہے؟

اس کے بعد فرمایا کہ اے حبیب وہ تو چاہتے ہیں کہ آپ ان کے ساتھ مداہنت سے کام لیں اور مصالحت کا وطیرہ اختیار کریں تو وہ بھی آپ کے ساتھ سختی کا سلوک ترک کر دیں لیکن آپ کا یہ شیوہ ہی نہیں، وہ لوگ جو اپنے معاشرہ کے رؤسا ہیں اپنے شرکیہ عقائد کے سرغنے ہیں۔ ذرا ان کے اعمال پر تو نظر ڈالو ہر قسم کی اخلاقی برائیوں کے وہاں ڈھیر لگے ہوئے ہیں نیکی کی کوئی کرن بھی تو وہاں نظر نہیں آتی تیرے جیسا مرقعِ دلبری وزیبائی بھلا ان کی پیروی کیسے کر سکتا ہے۔ جس دولت وثروت اور جاہ ومنصب پر یہ اترا رہے ہیں تیرے رب کی جناب میں تو اس کی کوئی وقعت نہیں۔

پھر مادہ پرستانہ اور سرمایہ دارانہ ذہنیت کی ایسی صحیح تصویر کھینچ کر رکھ دی کہ جسے دیکھ کر طبیعت میں ایسی ذہنیت سے خود بخود نفرت پیدا ہو جاتی ہے۔ جو شخص دولت کی فراوانی کے باوجود کسی غریب کو ایک حبہ تک دینے سے گریزاں ہو اس سے برا انسان اور کون ہو سکتا ہے۔ ساتھ ہی یہ بھی بتا دیا کہ متقی لوگوں کے لیے جنت ہے اور ان کے ساتھ جو معاملہ

کیا جائیگا وہ اُس سے بالکل الگ ہوگا جو معاملہ مجرموں کے ساتھ روا رکھا جائے گا۔ خوابِ غفلت میں بے سُدھ پڑے رہنے والوں کو بتا دیا کہ اب وقت ہے جبینِ نیاز اپنے پروردگار کے حضور جھکا لو ورنہ قیامت کے دن تم چاہو گے کہ سجدہ کر سکو لیکن ہزار کوشش کے باوجود تم ایسا نہیں کر سکو گے۔ تمہاری پُشت اور گردن اکڑ جائے گی۔

اللہ تعالیٰ آخر میں اپنے حبیب کو تسلی دے رہا ہے کہ یہ سرکش ہمیشہ دندناتے نہ پھریں گے۔ ہم انہیں یوں بربادی کے گڑھے میں دھکیل دیں گے کہ انہیں خبر تک نہ ہوگی۔

آخر میں حضرت یونس علیہ السلام کا واقعہ بیان کر کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو صبر کی تلقین فرما دی گئی۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۱۶۔۴۔۷۷

سُورَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اثْنَتَانِ وَخَمْسُونَ آيَةً وَفِيهَا رُكُوعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

سورۃ القلم مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں ۵۲ آیتیں اور دو رکوع ہیں

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝۱ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ۝۲

ن، قسم ہے قلم کی اور جو کچھ وہ لکھتے ہیں ۱؎ آپ اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں ہیں ۲؎

۱؎ نٓ، حروفِ مقطعات میں سے ہے۔ ان کے بارے میں تحقیق پہلے گزر چکی ہے کہ یہ اللہ اور اس کے رسول کرم کے درمیان راز ہیں اور اولیائے کاملین کو ان کا علم بارگاہِ رسالت سے ارزانی ہوتا ہے۔

یہاں ایک اور توجیہ بھی قابلِ غور ہے جو سید شریف جرجانی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کی ہے۔ وہ اپنی کتاب التعریفات میں لکھتے ہیں النون: العلم الاجمالی یرید بہ الدواۃ فان الحروف التی ہی صور العلم موجودۃ فی مدادہا اجمالاً وفی قولہ تعالیٰ نٓ والقلم، ہو العلم الاجمالی فی الحضرۃ الاحدیۃ والقلم حضرۃ التفصیل۔

النون سے مراد دوات ہے جو علم اجمالی سے عبارت ہے کیونکہ حروف جو علم کی صورتیں ہیں بالاجمال اس میں موجود ہیں اور نٓ والقلم میں نٓ سے مراد علم اجمالی ہے جو مرتبہ احدیت میں ہوتا ہے اور القلم تفصیل کا مرتبہ ہے۔ واؤ، قسم کے لیے ہے۔ القلم سے بعض حضرات نے وہ قلم مراد لیا ہے جس نے امرِ الٰہی سے تقادیرِ عالم کو لوحِ محفوظ میں تحریر کیا جس کی ماہیت سے اللہ تعالیٰ ہی آگاہ ہے۔ اکثر علماء کی رائے یہ ہے کہ القلم سے مراد جنس قلم ہے اور اسی کی قسم کھائی جا رہی ہے۔ علوم و فنون، نظریات و افکار کی تعلیم اور اشاعت میں بے شک زبان کی قوتِ بیانیہ کا بڑا حصہ ہے لیکن اس کی افادیت زمان و مکان کی حد بندیوں میں محصور ہے۔ قلم ایک ایسا آلہ ہے جو زمان و مکان کی مسافتوں کو تسلیم نہیں کرتا۔ وہ گزشتہ صدیوں کے علوم و فنون سے حال و مستقبل کو روشن کرتا ہے اور دور دراز علاقوں میں پیدا ہونے والے اولوالعزم حکماء و فضلاء کے افکار و نظریات کو دنیا کے گوشہ گوشہ تک پہنچاتا ہے۔

قرآن حکیم جو علم و حکمت کی برتری کا علمبردار ہے جس نے آدم خاکی کی عظمت کا راز اس بات کو قرار دیا ہے کہ اس کا سینہ علوم و فنون کا گنجینہ تھا کوئی مخلوق حتیٰ کہ نوری فرشتے بھی اس کی ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتے اس لیے قرآن کریم نے قلم کو جو علم کی نشر و اشاعت کا موثر اور بے مثال ذریعہ ہے اس کی جلالتِ شان کو ظاہر کرنے کے لیے اس کی قسم کھائی تاکہ اس قرآن کریم کے ماننے والے قیامت تک حکمت و دانش کے کارواں کی قیادت کرتے رہیں۔ اس کے حصول کے لیے پیہم جدوجہد سے اکتا نہ جائیں اور دنیا کے گوشہ گوشہ کو اس کی روشنی سے منور کرنے کے لیے اپنی ہر امکانی کوشش کریں۔ صرف قلم کی قسم کھا کر اس کی عزت افزائی نہیں کی گئی بلکہ وما یسطرون فرما کر علم کے ان جواہر پاروں کی بھی قسم کھائی گئی ہے جو نوکِ قلم سے صفحۂ قرطاس کی زینت بنتے ہیں۔ اس طرح ان کی شان کو بھی دوبالا کر دیا۔

۲؎ یہ جوابِ قسم ہے۔ کفار و مشرکین حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر جنون کا بہتان لگاتے تھے۔ ان کے اس جھوٹے الزام کی تردید خود خالقِ دوجہاں قسم اٹھا کر رہا ہے۔ فرمایا قسم ہے قلم اور وما یسطرون کی۔ اس میں اس امر کی طرف بھی اشارہ ہے کہ جس ذاتِ پاک کے بارے میں یہ ایسی لغو باتیں کرتے ہیں وہ تو ایسی ستودہ صفات ہستی ہے کہ قلم کو اس کی تعریف و ثنا سے فرصت نہ ملے گی۔ وہی تحریریں علمی دنیا کے

وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ﴿٣﴾ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿٤﴾

اور یقیناً آپ کے لیے ایسا اجر ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا ؁۳ اور بے شک آپ عظیم الشان خلق کے مالک ہیں ؁۴

لیے باعثِ عزو افتخار ہوں گی جن میں اس محبوب دلربا کا ذکر پاک ہوگا۔ اس پر تو اس کے رب نے فضل و کرم فرمایا ہے۔ اس کے رُوئے زیبا کو دیکھ کر آنکھیں روشن ہوتی ہیں، اس کی حکمت بھری باتیں سن کر دلوں کے ویرانوں میں بہار آجاتی ہے۔ بدبخت اس کی صحبت میں پل بھر بیٹھیں تو انہیں ابدی سعادت کا تاج پہنا دیا جاتا ہے۔ اس کے نامِ مبارک پر جو لوگ اپنا سر کٹا دیتے ہیں انہیں حیاتِ سرمدی سے سرفراز کر کے شہادت کے منصبِ عالیہ پر فائز کیا جاتا ہے۔ ہر سچائی اور صداقت کے لیے اس کا قول و فعل شاہد عادل تسلیم کیا جاتا ہے۔ خود سوچو جس کا خُلق عظیم ہو، جس کا علم بیکراں ہو، جس کا گلشن حکمت سدا بہار ہو، جس کی برکات بے شمار اور خوبیاں ان گنت ہوں، جس کی فصاحت و بلاغت کا دنیا بھر میں کہیں جواب ہی نہ ہو کیا اس کو مجنون کہنا روا ہے؟ جو اس مرقعِ زیبائی و دلبری کو مجنون کہتا ہے اس سے بڑا دیوانہ، اس سے بڑا پاگل کوئی اور ہو ہی نہیں سکتا۔

حضرت علامہ عارف ربانی اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کا ایک دوسرا مفہوم ذکر کرتے ہیں،

وفی التاویلات النجمیة ما انت بنعمة ربك بمستور عما کان من الازل وما یکون الی الابد۔ لان الجن هو الستر و ما سمی الجن جنا الا لاستتاره من الانس بل انت عالم لما کان وخبیر لما یکون ویدل علی احاطة علمه بقوله علیه السلام فوضع کفه علی کتفی فوجدت برد ذبین ثدیی وعلمت ما کان وما یکون۔

تاویلاتِ نجمیہ میں ہے کہ مجنون کا معنی مستور ہے۔ آیت کا معنی یہ ہے اے حبیب! اللہ تعالیٰ کی نعمت سے آپ پر جو ازل میں ہو چکا یا جو ابد تک ہونے والا ہے وہ مستور پوشیدہ نہیں۔ کیونکہ مجنون، جن سے ہے اور اس کا معنی پردہ ہے اور جن کو بھی جن اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ انسانوں کی آنکھوں سے چھپا ہوا ہوتا ہے۔ بلکہ آپ جو کچھ ہو چکا اس سے بھی واقف ہیں اور جو ہوگا اس سے بھی خبردار ہیں اور حضور کے اس علم کامل پر یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا دستِ قدرت میرے دو کندھوں کے درمیان رکھا، میں نے اس کی ٹھنڈک کو اپنے سینے میں پایا۔ پس میں نے ماکان و مایکون کو جان لیا۔

یہ اس حدیث شریف کی طرف اشارہ ہے جو امام ترمذی نے روایت کی ہے اور اس کی سند کے بارے میں لکھا ہے حسن صحیح فسألت محمد بن اسماعیل البخاری عن هذا الحدیث فقال هذا حدیث صحیح۔ امام ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ میں نے اس حدیث کے متعلق امام بخاری سے دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔ تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن سورۃ النمل آیت ۶۵ کا حاشیہ۔

؁۳ اے حبیب! نبوت کے اس بارگراں کو جس خوبی سے آپ نے اٹھایا ہے، میرے دین کی تبلیغ و اشاعت میں جس استقامت اور عزیمت کا مظاہرہ آپ نے کیا ہے، میری مخلوق کے قلوب و اذہان کو میرے نورِ توحید سے جس طرح آپ نے روشن کیا ہے اس کی کوئی نظیر نہیں۔ یہ آفتابِ صداقت ابد تک درخشاں و تاباں رہے گا۔ توحید کے یہ دل نشیں نغمے بلند ہوتے ہی رہیں گے۔ قیامت تک آنے والے انسان اس سے فیضیاب ہوں گے۔ اس لیے آپ کا اجر بھی ہمیشہ ہمیشہ جاری رہے گا۔ یہ سلسلہ کبھی منقطع نہ ہوگا۔ ممنون، مقطوع، کٹ جانا، ٹوٹ جانا، منقطع ہونا۔

؁۴ خالق کی زبان اپنی تخلیق کے شاہکار کی توصیف فرما رہی ہے۔ اس سے پوری طرح لطف اندوز ہونے کے لیے آپ کو ذرا صبر سے

کام لینا ہوگا۔ اس آیت کا ہر کلمہ اپنے اندر معانی و معارف کی ایک دنیا لیے ہوتے ہے، اس لیے ہر کلمہ کا دقتِ نظر سے مطالعہ کریں گے تو شاید لطفِ خداوندی پردے کو سرکا دے اور شاہدِ معنی کی ایک جھلک نصیب ہو جائے۔

پہلے یہ سمجھیے کہ خُلق کس کو کہتے ہیں۔ امام فخر الدین رازی اس کی تشریح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں: اَلْخُلُقُ مَلَكَةٌ نَفْسَانِيَّةٌ يَسْهُلُ عَلَى الْمُتَّصِفِ بِهَا الْإِتْيَانُ بِالْأَفْعَالِ الْجَمِيلَةِ۔ یعنی خُلق نفس کے اس ملکہ اور استعداد کو کہتے ہیں جس میں وہ پایا جائے اس کے لیے افعالِ جمیلہ اور خصالِ حمیدہ پر عمل پیرا ہونا آسان اور سہل ہو جائے۔ (کبیر)

پھر فرماتے ہیں کسی اچھے اور خوبصورت فعل کا کرنا الگ چیز ہے، لیکن اس کو سہولت اور آسانی سے کرنا الگ چیز ہے۔ کوئی کام خُلق اسی وقت کہلائے گا جب اس کے کرنے میں تکلف سے کام لینے کی نوبت نہ آئے۔ (کبیر) یعنی جس طرح آنکھ بے تکلف دیکھتی ہے، کان بے تکلف سنتے ہیں، زبان بے تکلف بولتی ہے، اسی طرح سخاوت، شجاعت، حیا، حق گوئی، تقویٰ وغیرہ تجھ سے کسی تردد اور توقف کے بغیر صدور پذیر ہونے لگیں تو اس وقت ان امور کو تیرے اخلاق شمار کیا جائے گا۔

عظیم: بہت بڑا۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں: اى لايدرك شأوه احد من الخلق۔ مخلوق میں سے جس کی سرعتِ رفتار یا عزمِ بلند کو کوئی نہ پا سکے اسے عظیم کہتے ہیں۔

علیٰ استعلاء کے لیے ہے یعنی کسی پر حاوی ہونا، چھا جانا اور قابو پا لینے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ آیت یوں نہیں ہے وَاِنَّ لَكَ خُلُقًا عَظِيْمًا بلکہ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اخلاقِ حمیدہ اور افعالِ پسندیدہ پر حضور کا قبضہ ہے، یہ سب زیرِ فرمان ہیں۔ یہ سب مرکب ہیں حضور ان کے راکب اور شہسوار ہیں۔ اس لیے حضور کو ان امور کے لیے کسی تکلف اور بناوٹ کی ضرورت نہیں۔ آئینۂ ذاتِ محمدی سے صفاتِ محمدیہ اور کمالاتِ احمدیہ کی کرنیں خود بخود پھوٹتی رہتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے بھی حکم دیا قل لا اسئلکم علیہ اجرا وما انا من المتکلفین۔ اے حبیب! آپ اعلان کر دیں کہ میں تم لوگوں سے نہ کسی اجر کا مطالبہ کرتا ہوں اور نہ میں تکلف اور بناوٹ کرنے والوں میں سے ہوں۔

انك لعلی خلق عظیم فرما کر بتا دیا کہ حضور کی ذات تمام کمالات کی جامع ہے۔ وہ کمالات جو پہلے نبیوں اور رسولوں میں متفرق طور پر پائے جاتے تھے، وہ مجموعی طور پر اپنی تمام جلوہ سامانیوں اور اپنی جملہ رعنائیوں کے ساتھ اس ذاتِ اقدس و اطہر میں موجود ہیں۔ شکرِ نوح، خلتِ ابراہیم، اخلاصِ موسیٰ، صدقِ اسماعیل، صبرِ یعقوب، تواضعِ سلیمان علیہم الصلوٰۃ والسلام سب یہاں جمع ہیں۔

حسنِ یوسف، دمِ عیسیٰ، یدِ بیضا داری   آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

امام شرف الدین بوصیری نے اپنے مخصوص انداز میں کیا خوب فرمایا ہے۔

فَاقَ النَّبِيِّيْنَ فِيْ خَلْقٍ وَّفِيْ خُلُقٍ   وَلَمْ يُدَانُوْهُ فِيْ عِلْمٍ وَّلَا كَرَمٍ

فَاِنَّهُ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا   يُظْهِرْنَ اَنْوَارَهَا لِلنَّاسِ فِي الظُّلَمِ

یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی ظاہری شکل و صورت اور سیرت و اخلاق کے اعتبار سے تمام انبیاء سے برتر ہیں۔ کوئی نبی آپ کے مقامِ علم اور شانِ کرم کے قریب بھی نہیں پہنچ سکتا۔ حضور کی ذات بزرگی کا آفتاب ہے۔ سارے انبیاء آپ کے ستارے ہیں اور وہ ستارے عہدِ جاہلیت کے اندھیروں میں آپ کے انوار و رعنائیوں کو ظاہر کرتے رہے ہیں۔

حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے جب کسی نے خلق مصطفوی کے بارے میں پوچھا تو آپ نے مختصر اور جامع جواب دیا کان خلقہ القرآن۔ حضور کا خلق قرآن تھا یعنی جن محاسن اوصاف اور مکارم اخلاق کو اپنانے کا قرآن نے حکم دیا ہے حضور ان سے کمال درجہ متصف تھے اور جن لغو باتوں اور فضول کاموں سے بچنے کی ترغیب دی ہے حضور ان سے پوری طرح منزہ و مبرا تھے۔ ایک دوسرے شخص نے جب یہی سوال کیا تو ام المومنین نے فرمایا سورۂ المومنون کی پہلی دس آیتیں پڑھ لو۔ ان میں ہی حضور کے خلق کی صحیح تصویر ہے۔

محمد بن حکیم ترمذی قدس سرہ فرماتے ہیں: "ہیچ خلق بزرگ تر از خلق محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام نبودہ چہ از مشیت خود دست باز داشت و خود را کلی با حق گزاشت"

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلق سے کسی کا خلق اعلیٰ نہیں کیونکہ حضور اپنی مرضی اور مشیت سے دستکش ہوگئے اور اپنے آپ کو کلیۃً حق تعالیٰ کے سپرد کر دیا۔

امام قشیری کا ارشاد ہے: "نہ از بلا منحرف شد و نہ از عطا منصرف گشت۔" (روح البیان) یعنی نہ آلام و مصائب کے باعث شاہد حقیقی سے منہ موڑا اور نہ جود و عطا سے دامن بھر لینے کے بعد اس سے بے رخی برتی۔

حضرت جنیدؒ کی رائے ملاحظہ ہو: سمی خلقہ عظیما لانہ لم تکن لہ ھمۃ سوی اللہ تعالیٰ (قرطبی) حضور کے خلق کو عظیم اس لیے کہا گیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے بغیر حضور کی کوئی خواہش نہ تھی۔

حضرت حسانؓ نے کیا خوب ترجمانی کی ہے۔ ؎

لَہٗ ھِمَمٌ لَا مُنْتَھٰی لِکِبَارِھَا   وَھِمَّتُہُ الصُّغْرٰی اَجَلُّ مِنَ الدَّھْرِ

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہمتیں اور حوصلے بے شمار ہیں۔ جو ان میں سے بڑے حوصلے ہیں ان کی تو حد ہی نہیں حضور کی چھوٹی سے چھوٹی ہمت اور حوصلہ زمانہ سے بزرگ تر ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد گرامی ہے اَدَّبَنِیْ رَبِّیْ تَادِیْبًا حَسَنًا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے ادب سکھایا اور اس کا ادب سکھانا بہت خوب تھا۔

جب اس عبد کریم کا مؤدب، مربی اور معلم خود رب العالمین ہے تو پھر اس تلمیذ ارشد کے حسن ادب، حسن تربیت اور کمال علم کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے لگاتار دس سال حضور کی خدمت کی۔ حضور نے مجھے کبھی اف نہیں کہا۔ جو کام میں نے کیا اس کے متعلق کبھی نہیں فرمایا کہ تو نے کیوں کیا اور جو کام نہیں کیا اس کے متعلق کبھی نہیں پوچھا کہ کیوں نہیں کیا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حسن و جمال میں بھی تمام لوگوں سے برتر تھے۔ میں نے کسی اطلس یا ریشم کو حضور کی ہتھیلیوں سے زیادہ نرم نہیں پایا۔ کوئی مشک کوئی عطر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پسینے سے زیادہ خوشبودار میں نے نہیں سونگھا۔

شاہ خوباں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صرف خود ہی سر کمال، پیکر جمال، پیکر رعنا اور تصویر جمیل نہ تھے بلکہ اپنے نیاز مندوں کو بھی ان نعمتوں سے مالا مال کر دیا۔ ان کی ایسی تربیت فرمائی کہ آنے والی نسل انسانی کے لیے وہ ایک دل کش نمونہ بن گئے۔ بے شمار ارشادات نبوی میں سے

صرف چند آپ بھی سنیے جن میں صحابہ کرام کو اخلاقِ حسنہ کی تلقین فرمائی گئی ہے۔

(۱) عن ابی ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اتق اللہ حیثما کنت واتبع السیئۃ الحسنۃ تمحھا وخالق الناس بخلق حسن۔ (ترمذی حسن صحیح)

حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے ابوذر! تم جہاں بھی ہو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔ کوئی گناہ ہوجائے تو اس کے فوراً بعد نیکی کرو۔ وہ نیکی اس گناہ کو مٹا دے گی۔ اور لوگوں کے ساتھ حُسنِ خُلق سے پیش آیا کرو۔

(۲) عن ابی الدرداء رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم قال ما من شیئ اثقل فی میزان المؤمن یوم القیامۃ من خلق حسن۔ وان اللہ تعالیٰ لیبغض الفاحش البذی۔ فرمایا قیامت کے دن مومن کے میزان میں حُسنِ خلق سے زیادہ وزنی اور کوئی چیز نہ ہوگی اور اللہ تعالیٰ فحش کلام کرنے والے بدزبان سے بغض رکھتا ہے۔

(۳) وعنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یقول ما من شیئ یوضع فی المیزان اثقل من حسن الخلق وان صاحب حسن الخلق لیبلغ بہ درجۃ صاحب الصلوٰۃ والصوم۔ فرمایا میزانِ عمل میں جتنی چیزیں رکھی جائیں گی ان میں حُسنِ خُلق زیادہ وزنی ہوگا اور اچھے اخلاق کا مالک اپنے حُسنِ خُلق کے باعث نماز پڑھنے والے، روزہ رکھنے والے کے مرتبہ کو پالیتا ہے۔

مندرجہ ذیل حدیث خصوصی توجہ سے پڑھیے:

عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ان من احبکم الیّ واقربکم منی مجلساً یوم القیامۃ احاسنکم اخلاقاً۔ ۔ ۔ قال ان ابغضکم الیّ وابعدکم منی مجلساً یوم القیامۃ الثرثارون والمتشدقون والمتفیھقون قالوا یا رسول اللہ قد علمنا الثرثارون والمتشدقون فالمتفیھقون قال المتکبرون۔

ترجمہ: حضرت جابر سے مروی ہے حضور نے فرمایا میرے نزدیک تم میں سب سے زیادہ محبوب اور روزِ قیامت تم میں مجھ سے سب سے زیادہ قریب وہ لوگ ہوں گے جن کے اخلاق اچھے ہوں گے۔ پھر فرمایا میرے نزدیک تم میں سے سب سے زیادہ ناپسندیدہ اور قیامت کے دن تم میں سے مجھ سے سب سے زیادہ دور بیہودہ باتیں کرنے والے، زبان دراز اور متفیھقون ہوں گے۔ عرض کیا گیا یارسول اللہ! پہلے دو لفظوں کا مطلب ہماری سمجھ میں آگیا تیسرے لفظ کا کیا مطلب ہے۔ فرمایا متکبر لوگ۔

رُوح البیان میں علامہ اسماعیل حقی نے یہ حدیث نقل کی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک خُلق کی تین سو ساٹھ صورتیں ہیں جس شخص میں توحید کے ساتھ ان میں سے ایک صورت بھی پائی گئی وہ جنت میں داخل ہوگا۔ قال ابوبکر رضی اللہ عنہ ھل فیّ منھا یا رسول اللہ! صدیق نے عرض کی یارسول اللہ! ان میں سے کوئی چیز مجھ میں بھی پائی جاتی ہے؟ قال کلّھا فیک یا ابابکر و احبھا الی اللہ السخاء۔ حضور نے فرمایا اے ابوبکر تم میں حُسنِ خُلق کی سب کی سب صورتیں موجود ہیں اور ان میں سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک سخاوت بہت محبوب ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل ہمیں بھی اخلاقِ حسنہ کی نعمت سے سرفراز فرمائے۔ آمین ثم آمین!

فَسَتُبۡصِرُ وَيُبۡصِرُوۡنَ ۝۵ بِاَيِّكُمُ الۡمَفۡتُوۡنُ ۝۶ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعۡلَمُ

عنقریب آپ بھی دیکھیں گے اور وہ بھی دیکھ لیں گے کہ تم میں سے دراصل مجنون کون ہے [6] بے شک آپ کا رب خوب جانتا ہے

بِمَنۡ ضَلَّ عَنۡ سَبِيۡلِهٖ ۖ وَهُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُهۡتَدِيۡنَ ۝۷ فَلَا تُطِعِ

ان کو جو اس کی راہ سے بھٹک گئے ہیں اور انہیں بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت یافتہ ہیں [7] پس آپ بات نہ مانیں

الۡمُكَذِّبِيۡنَ ۝۸ وَدُّوۡا لَوۡ تُدۡهِنُ فَيُدۡهِنُوۡنَ ۝۹ وَلَا تُطِعۡ كُلَّ

(ان) جھٹلانے والوں کی۔ وہ تو تمنا کرتے ہیں کہ کہیں آپ نرمی اختیار کریں تو وہ بھی نرم پڑ جائیں [8] اور نہ بات مانیے کسی (جھوٹی) قسمیں

[5] حضرت ابن عباسؓ اس آیت کا معنی بیان کرتے ہیں۔ فستعلم ویعلمون یوم القیامۃ۔ یعنی آج تو تم جو جی میں آتا ہے کہہ دیتے ہو۔ حقیقت سے پردہ اس وقت اٹھے گا جب حشر بپا ہوگا اس روز تمہیں پتہ چلے گا کہ دیوانہ کون تھا خدا کو وحدہٗ لاشریک ماننے والا، اس کے احکام کی تعمیل کرنے والا، اس سے ہر وقت ڈرنے والا، یا بتوں کی پوجا کرنے والے، نفس امارہ کی فرمانبرداری کرنے والے، قیامت کا انکار کرنے والے۔

المفتون، المجنون الذی فتنہ الشیطان۔ یعنی وہ دیوانہ جس کو شیطان نے گمراہ کر دیا ہو۔

[6] آپ کا اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ راہِ حق سے کون منحرف ہو گیا اور صراطِ مستقیم پر ہمت و جوانمردی سے کون قدم بڑھاتا ہوا منزل کی طرف جا رہا ہے۔ نہ اسے اپنے آرام کا خیال ہے، نہ اسے لوگوں کی مخالفت کا اندیشہ ہے، نہ مصائب و آلام سے گھبراتا ہے، نہ طولِ سفر اور بُعدِ منزل سے دل برداشتہ ہوتا ہے۔ جب دونوں فریقوں کے حالات سے وہ واقف ہے تو وہی ان کو مناسب حال جزا بھی دے گا۔

[8] علامہ جوہری لکھتے ہیں ودُّ، وَدًّا و وِدًّا ای تمنیت (صحاح) یعنی تمنا کرنا۔ الادھان، التلیین لمن لاینبغی لہ التلیین۔ یعنی اس کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرنا جو ایسے برتاؤ کے قابل نہ ہو۔

کفار کی آرزو تمنا ہے کہ آپ دعوتِ حق اور ردِّ شرک میں کچھ نرمی اختیار کریں تو وہ بھی آپ کی مخالفت میں سختی ترک کر دیں گے۔ چنانچہ ان نادانوں نے نبی برحق کے سامنے یہ تجویز پیش کی کہ آؤ اس آئے روز کی مخالفت کو چھوڑ دیں، باہم مصالحت کر لیں۔ چند روز آپ (معاذ اللہ) ہمارے خداؤں کو پوج لیا کریں اور چند روز ہم آپ کے خدائے ذوالجلال کی عبادت کر لیا کریں گے۔ اسلام اس دورنگی کو کب برداشت کر سکتا ہے۔ اس سے صاف منع کر دیا۔ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔

حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ﴿۱۰﴾ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۢ بِنَمِيْمٍ ﴿۱۱﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ

کھانے والے ذلیل شخص کی جو بہت نکتہ چین، چغلیاں کھاتا پھرتا ہے، سخت منع کرنے والا بھلائی سے، حد سے بڑھا ہوا،

اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ عُتُلٍّۢ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ﴿۱۳﴾ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۱۴﴾

بڑا بدکار ہے۔ اکھڑ مزاج ہے اس کے علاوہ بد اصل ہے شہ یہ غرور و سرکشی اس لیے کہ وہ مالدار اور صاحب اولاد ہے ۹

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۵﴾ سَنَسِمُهٗ عَلَى

جب پڑھی جاتی ہیں اس کے سامنے ہماری آیتیں تو کہتا ہے کہ یہ تو پہلے لوگوں کے افسانے ہیں۔ ہم بہت جلد اس کی سونڈ پر

الْخُرْطُوْمِ ﴿۱۶﴾ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا

داغ لگائیں گے شلہ ہم نے ان (مکہ والوں) کو بھی آزمایا جیسے ہم نے آزمایا تھا باغ والوں کو سللہ جب انہوں نے قسم اٹھائی کہ وہ

شہ ان آیات میں دس عیوب شمار کیے گئے ہیں۔ عام لوگوں میں ان عیوب میں سے دو چار کا پایا جانا تو ممکن ہے لیکن سب میں ان تمام عیوب کا ایک وقت پایا جانا محال نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ چنانچہ علمائے کرام نے لکھا ہے کہ ان آیات میں ایک خاص شخص کا ذکر ہو رہا ہے جس میں یہ تمام نقائص بدرجہ اتم موجود تھے۔ وہ شخص کون تھا، اس سلسلہ میں تین کافروں کا نام لیا جاتا ہے۔ ولید بن مغیرہ، اسود بن عبد یغوث اور اخنس بن شریق۔ اکثر کے نزدیک ولید بن مغیرہ مراد ہے۔

مشکل الفاظ کے معانی: حَلَّافٍ: کثیر الحلف بالباطل کثرت سے جھوٹی قسمیں کھانے والا۔ مَهِيْنٍ: رجل حقیر، حقیر اور ذلیل آدمی۔ هَمَّازٍ: الطعان والعیاب: عیب جو۔ نکتہ چیں۔ مَشَّآءٍۢ بِنَمِيْمٍ: جو چغلی کھانے کے لیے بکثرت چلتا پھرتا ہے۔ مُعْتَدٍ: متجاوز الحد، حد سے تجاوز کرنے والا۔ اَثِيْمٍ: کثیر الاثم، بڑا بدکار۔ عُتُلٍّ: الجافی الغلیظ۔ اکھڑ مزاج۔ الزنیم: الملصق بالقوم الدعی۔ یعنی جو اس قوم سے نہ ہو لیکن زبردستی اسے اس میں شامل کیا گیا ہو۔

ہ وہ کمینہ اور رذیل شخص بارگاہ رسالت میں اس لیے گستاخی کی جرأت کرتا ہے کہ اس کے پاس مال و دولت کی فراوانی ہے اور اس کے بہت سے بیٹے ہیں اور جب اسے میرا رسول میری آیتیں سناتا ہے تو بڑی بے حیائی سے کہتا ہے کہ یہ خدا کا کلام نہیں، پہلے لوگوں کے من گھڑت قصے کہانیاں ہیں جن کی کوئی حقیقت نہیں۔ ہماری بزم عیش و طرب کو مکدر کرنے کے لیے یہ صاحب خواہ مخواہ یہ افسانے سنانے لگتے ہیں۔

شلہ ہم ضرور اس کی سونڈ جیسی قبیح ناک پر داغ لگائیں گے۔ ہر دیکھنے والا اس داغدار ناک والے کو دیکھ کر سمجھ جائے گا کہ مجسم شر بجسم شقاوت یہ صاحب ہیں۔ جنگ بدر میں اس کی تھوتھنی پر تلوار کا ایک نشان لگا جو آخر دم تک رہا۔

سللہ رؤسائے قریش اور سرداران مکہ سید الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مخالفت اور عداوت میں پیش پیش تھے ان کے سامنے

میں فرمایا جارہا ہے کہ ہم نے انہیں فراواں دولت بخشی ہے۔ صاحب اولاد ہیں۔ کعبہ کے متولی ہونے کی وجہ سے اہل عرب ان کی دل سے عزت کرتے ہیں۔ چاہیے تو یہ تھا کہ یہ لوگ ان نعمتوں کا شکر ادا کرتے' ہمارے نبی کی دعوت کو قبول کرتے' لیکن یہ لوگ اس آزمائش میں پورے نہ اترے اس امتحان میں ناکام ہوگئے۔ انہوں نے شرک کرنا شروع کردیا۔ ہمارے نبی پر طرح طرح کے آوازے کسنے لگے' ہمارے کلام کو اساطیر الاولین کہا۔ ان سے پہلے بھی کئی لوگ گزرے ہیں۔ جب ہم نے اپنے انعامات سے ان کی آزمائش کی اور وہ آزمائش میں ناکام ہوگئے تو ہم نے ان سے وہ نعمتیں یکایک سلب کرلیں اور وہ ہمیشہ کے لیے قعر ذلت میں گرا دیے گئے۔ اگر مکہ کے یہ رئیس باز نہ آئے تو ان کا انجام بھی سابقہ ناشکروں کا سا ہوگا۔ چنانچہ ایک ایسی ہی جماعت کا ذکر کیا جارہا ہے۔

مفسرین نے لکھا ہے کہ یمن میں صنعاء کے قریب ایک نیک آدمی رہتا تھا۔ اس نے اپنی زمین میں باغ لگا رکھا تھا۔ وہ اس باغ سے بڑی دریا دلی سے غریبوں مسکینوں کی خدمت کیا کرتا۔ وہ فوت ہوگیا اور اپنے پیچھے تین بیٹے چھوڑ گیا۔ بدقسمتی سے ان کے ذہن مادیت گزیدہ تھے۔ وہ آپس میں کہنے لگے کہ والد صاحب کے زمانے میں مال بافراط تھا اور اخراجات برائے نام تھے۔ اب ہم تین ہیں۔ ہمارا کثیر بال بچہ ہے۔ اخراجات بہت بڑھ گئے ہیں۔ آمدنی وہی سابقہ ہے۔ اب اس کے بغیر چارہ نہیں کہ خیرات و صدقات کا جو دروازہ ہمارے والد صاحب نے کھول رکھا تھا اسے بند کردیا جائے۔ اپنے گاڑھے پسینہ کی کمائی ان مفت خوروں میں نہ لٹائی جائے۔ ورنہ افلاس و غربت کی دلدل میں پھنس جاؤ گے۔ چنانچہ انہوں نے اپنا یہ معمول بنالیا کہ فصل بہت سویرے اندھیرے میں برداشت کرتے جبکہ کسی سائل کے آنے کا کوئی امکان بھی نہیں ہوتا تھا۔

ایک دفعہ ان کے باغ کا پھل پک کر تیار ہوگیا۔ انہوں نے اس کو کاٹنے کا پروگرام بنایا۔ رات کو مشورہ کرکے بیٹھے کہ منہ اندھیرے جائیں گے اور سویرے سویرے پھل توڑ لیں گے۔ انہوں نے انشاء اللہ کہنا بھی گوارا نہ کیا۔ جن کی آنکھ پہلے کھلی انہوں نے سونے والوں کو جگایا اور جلدی جلدی اپنے باغ کی طرف روانہ ہوئے۔ راستہ میں چپکے چپکے ایک دوسرے کو تاکید کرنے لگے کہ دیکھو آج تمہارے باغ میں کوئی غریب مسکین داخل نہ ہونے پائے۔ یہ لوگ خواہ مخواہ تنگ کرتے ہیں۔ مفت میں جھولیاں بھر کرلے جاتے ہیں۔ اس سے ہمیں بڑا نقصان ہوتا ہے جب باغ کے قریب پہنچے تو وہاں منظر ہی اور تھا۔ ہرے بھرے درختوں اور پھلوں سے لدی پھندی ٹہنیوں کے بجائے سیاہ ٹنڈ منڈ دکھائی دیے جیسے کسی نے باغ کو جلا کر راکھ کردیا ہو۔ پہلے کچھ ٹھٹکے۔ خیال گزرا ہم راہ بھول گئے ہیں اور غلطی سے کسی اور جگہ پہنچ گئے ہیں۔ لیکن جب غور سے دیکھا تو چیخ نکل گئی۔ ہائے ہماری قسمت پھوٹ گئی۔ ہمارا باغ برباد ہوگیا۔ ان میں سے جو قدرے سیانا تھا اس نے کہا کہ میں تو تمہیں بار بار نصیحت کرتا تھا کہ اللہ عزوجل کی حمد و تسبیح کرو' اس کے دیے ہوئے رزق میں سے غریبوں اور مسکینوں کو خوشی خوشی ان کا حق دو' لیکن تم نے میری ایک نہ مانی۔ اب بھگتو اپنے کیے کا مزا۔ اس وقت ان کی آنکھیں کھلیں اور انہیں اپنی غلطی کا احساس ہوا اور ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے کہ تیرے غلط مشورے نے ہمیں اس انجام سے دوچار کیا ہے۔

ان آیات کے وضاحت طلب کلمات۔ ولا یستثنون: انہوں نے انشاء اللہ نہ کہا۔ طائف سے مراد عذاب الٰہی ہے جو راتوں رات آیا اور ان کے ہرے بھرے باغ کو خاک سیاہ کر گیا۔ صریم کے کئی معنی مذکور ہیں۔ الصریم اللکدس المصروم من الزرع۔ کٹی ہوئی فصل کا گٹھا۔ صریم۔ الرماد الاسود۔ سیاہ راکھ۔ ریت کا وہ ڈھیر جسے الگ کردیا گیا ہو۔

لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِينَ ﴿١٧﴾ وَلَا يَسْتَثْنُونَ ﴿١٨﴾ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ

ضرور توڑ لیں گے اس کا پھل صبح سویرے۔ اور انہوں نے انشاء اللہ بھی نہ کہا۔ پس پھر لگا گیا اس باغ پر ایک چکر لگانے والا

مِّن رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُونَ ﴿١٩﴾ فَأَصْبَحَتْ كَالصَّرِيمِ ﴿٢٠﴾ فَتَنَادَوْا

آپ کے رب کی طرف سے دراں حالیکہ وہ سوئے ہوئے تھے۔ چنانچہ (لہلہاتا) باغ کٹے ہوئے کھیت کی مانند ہو گیا۔ پھر انہوں نے ایک دوسرے

مُصْبِحِينَ ﴿٢١﴾ أَنِ اغْدُوا عَلَىٰ حَرْثِكُمْ إِن كُنتُمْ صَارِمِينَ ﴿٢٢﴾

کو آواز دی صبح سویرے۔ کہ سویرے سویرے اپنے کھیت کی طرف چلو اگر تم پھل توڑنا چاہتے ہو۔

فَانطَلَقُوا وَهُمْ يَتَخَافَتُونَ ﴿٢٣﴾ أَن لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُم

سو وہ چل پڑے اور ایک دوسرے کو چپکے چپکے کہتے جاتے۔ کہ (خبردار!) اس باغ میں ہرگز داخل نہ ہو آج تم پر

مِّسْكِينٌ ﴿٢٤﴾ وَغَدَوْا عَلَىٰ حَرْدٍ قَادِرِينَ ﴿٢٥﴾ فَلَمَّا رَأَوْهَا قَالُوا إِنَّا

کوئی مسکین۔ اور تڑکے چلے (یہ سمجھتے ہوئے) کہ وہ اس ارادہ پر قادر ہیں [۱۲] پھر جب باغ کو دیکھا تو کہنے لگے (شاید) ہم

لَضَآلُّونَ ﴿٢٦﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ ﴿٢٧﴾ قَالَ أَوْسَطُهُمْ أَلَمْ أَقُل

راستہ بھول گئے۔ نہیں نہیں ہماری تو قسمت پھوٹ گئی۔ ان میں جو زیرک تھا بول اٹھا کہ کیا میں تمہیں

لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُونَ ﴿٢٨﴾ قَالُوا سُبْحَانَ رَبِّنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿٢٩﴾

کہتا نہ تھا کہ تم (اس کی) تسبیح کیوں نہیں کرتے۔ کہنے لگے پاک ہے ہمارا رب، بے شک ہم ہی ظالم تھے۔

[۱۲] اس کی تشریح توجہ طلب ہے۔ حرد کا معنی قصد، ارادہ ہے۔ یعنی انہوں نے جو یہ ارادہ کیا تھا کہ آج کسی غریب کو باغ میں داخل نہیں ہونے دیں گے اور باغ کا پھل کاٹیں گے۔ وہ یہ خیال کر رہے تھے کہ جو ارادہ اور قصد ہم نے کیا ہے ہم اس کو عملی جامہ پہنانے کی قدرت رکھتے ہیں۔ اَوْسَطُهُمْ کا معنی یا تو بھلا بھائی ہے یا اَعْقَلُهُمْ، ان میں سب سے زیادہ زیرک اور عقل مند۔

فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ إِنَّا

پھر ایک دوسرے کی طرف منہ کر کے ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے۔ کہنے لگے تف ہے ہم پر ہم

كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿۳۱﴾ عَسٰى رَبُّنَآ أَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ إِنَّآ إِلٰى رَبِّنَا

ہی سرکش تھے۔ امید ہے کہ ہمارا رب ہمیں (اس کا) بدلہ دے گا جو بہتر ہو گا اس سے۔ ہم (اب) اپنے رب کی طرف

رٰغِبُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ أَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا

رجوع کرنے والے ہیں ۱۳؎ دیکھ لیا! ایسا ہوتا ہے عذاب۔ اور آخرت کا عذاب تو بہت بڑا ہے ۱۴؎ کاش! یہ لوگ

يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ إِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۳۴﴾

(اس حقیقت کو) جانتے۔ بے شک پرہیزگاروں کے لیے اپنے رب کے پاس نعمتوں بھری جنتیں ہیں۔

أَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ مَا لَكُمْ ۟ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۶﴾

کیا ہم فرمانبرداروں کا حال مجرموں کا سا کر دیں گے۔ تمہیں کیا ہو گیا۔ تم کیسے فیصلے کرتے ہو ۱۵؎

۱۳؎ جب انہوں نے اپنے باغ کی یہ حالت دیکھی تو غفلت کی پٹی آنکھوں سے اتر گئی۔ انہیں یقین آ گیا کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں دینے سے نقصان نہیں ہوتا بلکہ اس کی راہ میں خرچ نہ کرنے سے انسان اپنی تباہی کا سامان کرتا ہے۔ چنانچہ وہ صدق دل سے توبہ کر کے اللہ تعالیٰ کی طرف راغب ہوئے۔ اس کریم نے ان کی توقع سے بھی زیادہ اور بہت جلد انہیں اس کا نعم البدل عطا فرما دیا۔

۱۴؎ کذٰلک: مبتدائے مؤخر کی خبر ہے۔ یعنی جو شکر نہیں کرتا دنیا میں ہم اس کو یوں سزا دیتے ہیں۔ کفران نعمت پر جو عذاب انہیں قیامت کے دن ملے گا اس کا تو اندازہ بھی نہیں کیا جا سکتا۔

۱۵؎ کفار، اہل ایمان کو کہا کرتے کہ تم ہمیں قیامت سے خواہ مخواہ ڈرایا کرتے ہو۔ پہلے تو قیامت کا آنا ہی عقلاً محال ہے اور اگر بالفرض قیامت آ بھی گئی تو اس سے تم کو ڈرنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ نے جس طرح اپنے انعامات، دولت، عزت، شہرت، اولاد وغیرہ سے ہمیں یہاں نوازا ہے، وہاں بھی ہمیں ہی اپنی رحمتوں سے سرفراز کرے گا اور جس طرح تم یہاں محرومی اور عسرت کی زندگی بسر کر رہے ہو قیامت کے روز بھی تمہارا یہی حال ہو گا۔ ان کے اس زعم باطل کی تردید کی جا رہی ہے۔ تمہارا یہ خیال سراسر جہالت اور حماقت ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات ایسی تو نہیں کہ فرمانبردار اور نافرمان میں امتیاز ہی نہ کرے کہ جو لوگ ساری عمر اس سے ڈرتے رہے، اس کے ہر حکم کی تعمیل کرتے رہے انہیں تو وہ اپنی مہربانیوں سے محروم کر دے اور فاسقوں، فاجروں کو ان کے کفر اور کفران نعمت کی یہ جزا دے کہ انہیں جنت میں داخل کر دے۔ اللہ تعالیٰ

أَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿٣٧﴾ إِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ﴿٣٨﴾ أَمْ

کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم یہ پڑھتے ہو کہ تمہارے لیے اس میں ایسی چیزیں ہیں جن کو تم پسند کرتے ہو ۱۶ کیا

لَكُمْ أَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ إِنَّ لَكُمْ لَمَا

تمہارے لیے قسمیں ہم پر (لازم) ہیں جو باقی رہنے والی ہیں قیامت تک کہ تمہیں وہی ملے گا جو تم

تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٩﴾ سَلْهُمْ أَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿٤٠﴾ أَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ

حکم کرو گے۔ ان سے پوچھیے ان میں سے کون ان (بے سروپا) باتوں کا ضامن ہے۔ کیا ان کے پاس کوئی گواہ ہیں۔

فَلْيَأْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ إِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿٤١﴾ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ

اگر ہیں تو پھر پیش کریں اپنے گواہوں کو ۱۷ اگر وہ سچے ہیں۔ جس روز پردہ اٹھایا جائے گا

سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٤٢﴾ خَاشِعَةً

ایک ساق سے تو ان (نابکاروں) کو سجدہ کی دعوت دی جائے گی تو اس وقت وہ سجدہ نہ کر سکیں گے ۱۸ ندامت سے جھکی ہوں گی

ع ۵ عند المتقدمین

کے ہاں انصاف ہے، دھاندلی اور اندھیر نہیں۔ کیا تمہاری عقلیں تمہارے اس گمان کی تصدیق کرتی ہیں کہ فرمانبرداروں اور نافرمانوں کے ساتھ یکساں سلوک کیا جائے گا۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے کتنے نامعقول فیصلے تم کر رہے ہو۔

۱۶۔ تمہارے پاس کوئی عقلی دلیل تو ہے نہیں جس سے اس زعم باطل کی تصدیق ہو سکے۔ تمہارے پاس اگر کوئی نقلی دلیل ہے تو وہ پیش کرو۔ کیا کسی آسمانی کتاب کا حوالہ پیش کر سکتے ہو جہاں لکھا ہو کہ فرمانبرداروں اور سرکشوں کے ساتھ یکساں برتاؤ کیا جائے گا۔ یا اس کتاب میں کہیں یہ لکھا ہوا دکھا دو کہ بارگاہ الٰہی سے تمہیں صرف وہی چیزیں ملیں گی جو تم پسند کرو گے۔ جب تمہارے پاس نہ عقلی دلیل ہے اور نہ نقلی تو پھر تم کس بنا پر اپنے آپ کو دھوکا دے رہے ہو۔

۱۷۔ ابھی یہ احتمال باقی تھا کہ وہ کہیں کہ زبانی زبانی ہمارے ساتھ خدا کے عہد و پیمان ہو چکے ہیں کہ وہ ہمیں کوئی عذاب نہ دے گا۔ اس احتمال کو بھی یہ فرما کر ختم کر دیا کہ اگر کوئی ایسا باہمی معاہدہ طے پا چکا ہے تو کوئی ضامن پیش کرو یا گواہ لاؤ جن کے روبرو یہ معاہدہ ہوا۔ الزعیم، الکفیل والضمین۔ کفیل اور ضامن۔ شرکاء ای شہداء۔ گواہ۔ (قرطبی)

۱۸۔ جب کوئی سخت تکلیف دہ اور مصیبت کا وقت آجاتا ہے تو اہل عرب یہ محاورہ استعمال کرتے ہیں۔ جب گھمسان کی لڑائی شروع ہو جاتی ہے تو کہتے ہیں۔ شَمَّرَتِ الْحَرْبُ عَنْ سَاقِهَا۔ جنگ نے اپنی پنڈلی سے تہبند اوپر اٹھا لیا۔ راجز کہتا ہے۔

اَبۡصَارُهُمۡ تَرۡهَقُهُمۡ ذِلَّةٌ ؕ وَ قَدۡ كَانُوۡا يُدۡعَوۡنَ اِلَى السُّجُوۡدِ

ان کی آنکھیں ان پر ذلت چھا رہی ہوگی۔ حالانکہ انہیں (دنیا میں) بلایا جاتا تھا سجدہ کی طرف

وَهُمۡ سٰلِمُوۡنَ ﴿۴۳﴾ فَذَرۡنِىۡ وَمَنۡ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الۡحَدِيۡثِ ؕ

جبکہ وہ صحیح سلامت تھے ۱۹ پس (اے حبیب!) آپ چھوڑ دیجیے مجھے اور اسے جو اس کتاب کو جھٹلاتا ہے ۲۰

سَنَسۡتَدۡرِجُهُمۡ مِّنۡ حَيۡثُ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۴۴﴾ وَاُمۡلِىۡ لَهُمۡ ؕ اِنَّ

ہم انہیں بتدریج تباہی کی طرف لے جائیں گے اس طرح کہ انہیں علم تک نہ ہوگا ۲۱ اور میں نے دے رکھی ہے (انہیں مہلت) انہیں مہلت رکھی ہے۔

قد کشفت عن ساقہا فشدوا وجدت الحرب بکم فجدوا

اے بہادرو! لڑائی نے اپنی پنڈلی ننگی کر دی ہے تو سب زور سے حملہ کرو۔ جنگ زوروں پر ہے۔ اب تم بھی سنجیدگی سے دادِ شجاعت دو۔

جس سال قحط انتہا کو پہنچ جائے اس کا ذکر یوں کرتے ہیں فی سنۃ قد کشفت عن ساقہا یہ اس سال کی بات ہے جس نے اپنی پنڈلی ننگی کر دی۔ اس محاورہ کے مطابق آیت کا معنی ہوگا روزِ قیامت جب حالات بڑے تکلیف دہ اور ہولناک ہو جائیں گے اور ہر شخص جلالِ خداوندی سے لرزہ براندام ہوگا، چہروں پر ہوائیاں اُڑ رہی ہوں گی، دل خوف سے دھڑک رہے ہوں گے۔ اس وقت لوگوں کے ایمان یا کفر، خلوص یا نفاق کو آشکارا کرنے کے لیے انہیں حکم دیا جائے گا کہ آؤ سب اپنے رب کو سجدہ کرو۔ جن کے دلوں میں ایمان اور اخلاص ہوگا وہ تو فوراً سربسجود ہو جائیں گے لیکن کفار اور منافق بہت زور لگائیں گے کہ سجدہ کریں اور خون لگا کر شہیدوں میں شامل ہو جائیں، لیکن ان کی کمر اکڑ جائے گی۔ بڑی کوشش کے باوجود سجدہ نہ کر سکیں گے۔ اس رسوائی پر آنکھیں جھک جائیں گی۔ سب کے سامنے ان کے کفر و نفاق کو ظاہر کر دیا گیا۔ ان کے کھوکھلے دعووں کا بھانڈا چوراہے میں پھوٹ گیا۔ ذلت و رسوائی کی گرد اُن کے چہروں پر پڑ رہی ہوگی۔

۱۹ آج وہ سجدہ کرنے سے کیوں محروم کر دیے گئے، اس کی وجہ بتا دی کہ جب دنیا میں وہ صحیح و سالم تھے انہیں کہا گیا کہ سجدہ کرو، لیکن سجدہ کی توفیق نہ ہوئی۔ اسی حکم عدولی کی پاداش میں آج ان سے سجدہ کرنے کی قوت سلب کر لی گئی ہے۔

۲۰ اے محبوب! آپ انہیں میرے حوالے کر دیجیے، میں ان سے نپٹ لوں گا۔ آپ کو ان کے بارے میں فکر مند ہونے کی ضرورت نہیں۔

۲۱ بسا اوقات انسان غلطی کرتا ہے تو اسے کسی تکلیف میں مبتلا کر دیا جاتا ہے جس سے اس کی آنکھیں کھل جاتی ہیں اور وہ توبہ کر لیتا ہے لیکن بعض بدکاروں کے ساتھ عجیب طرح کا معاملہ کیا جاتا ہے۔ وہ جتنے گناہ کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ مکرم کی جناب میں جتنی گستاخیاں اور بے ادبیاں کرتے ہیں، ان کی دولت، ان کی شہرت، ان کی عزت میں اضافہ ہوتا جاتا ہے اور وہ کمبخت اس غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ جو کچھ وہ کر رہے ہیں یہ عین صواب ہے۔ یہاں تک کہ موت کا فرشتہ ان کو موت کا جام پلا دیتا ہے۔ اس وقت ان کی آنکھیں کھلتی ہیں، تو اپنے آپ کو وہ عذابِ الٰہی میں گرفتار پاتے ہیں۔ مجرموں اور نابکاروں کے ساتھ اس قسم کے سلوک کو قرآن کریم نے استدراج کہا ہے۔

كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿٤٥﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿٤٦﴾

میری خفیہ تدبیر بڑی پختہ ہے ٢٣ کیا آپ ان سے کچھ اجرت مانگتے ہیں پس وہ اس تاوان کے بوجھ سے دبے جاتے ہیں۔

اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿٤٧﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَ

کیا ان کے پاس غیب کی خبر آتی ہے اور وہ اس کو لکھ لیتے ہیں ٢٤ پس انتظار فرمائیے اپنے رب کے حکم کا اور

لَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ﴿٤٨﴾ لَوْلَآ اَنْ

نہ ہو جائیے مچھلی والے کی مانند ٢٥ جب اس نے پکارا اور وہ غم واندوہ سے بھرا ہوا تھا ٢٦ اگر اس کی

اس کی تشریح کرتے ہوئے حضرت سفیان ثوری فرماتے ہیں۔ نُسْبِغُ عَلَيْهِمُ النِّعَمَ وَنُنْسِيْهِمُ الشُّكْرَ یعنی ہم ان پر پے در پے نعمتیں کرتے ہیں اور شکر کرنا انہیں فراموش کرا دیتے ہیں۔ ابو روق کہتے ہیں کلما احدثوا خطيئة جددنا لهم نعمة وانسيناهم الاستغفار جب وہ کوئی نئی خطا کرتے ہیں ہم ان کو نئی نعمت بخش دیتے ہیں اور استغفار کی توفیق سلب کر لیتے ہیں۔ ایک حدیث پاک میں ہے کہ بنی اسرائیل میں سے کسی بدکار نے کہا یا رب کم اعصیك وانت لا تعاقبنی یا اللہ! میں تیری کتنی نافرمانی کرتا ہوں اور تو مجھے سزا ہی نہیں دیتا۔ اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ کے نبی کو وحی کی کہ اس احمق سے کہو کہ میں نے تو تمہیں کئی سزائیں دی ہیں لیکن تمہیں ان کا شعور نہیں۔ ان جمود عينك وقساوة قلبك استدراج منی وعقوبة لو عقلت اگر تجھے عقل ہوتی تو تیری آنکھوں کا آنسوؤں سے محروم ہو جانا اور تیرے دل کا سخت ہو جانا بہت بڑی سزا ہے اور میری طرف سے استدراج ہے۔

٢٢ گناہوں کے باوجود یہ لوگ دندناتے پھر رہے ہیں اس کا مطلب یہ نہیں کیا اچھے کام کر رہے ہیں اور ہم ان سے خوش ہیں اور نہ یہ بات ہے کہ یہ ہمارے قابو سے باہر ہیں اور ہم ان کو سزا نہیں دے سکتے۔ درحقیقت ہم نے انہیں کچھ عرصے کے لیے ڈھیل دے رکھی ہے کہ جی بھر کر گناہ کر لو۔ جب ہم پکڑیں گے تو ان کی کیا مجال کہ کہیں بھاگ سکیں۔ اس وقت پکڑ کر شکنجہ میں کس دیے جائیں گے۔

٢٣ بظاہر خطاب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ہے لیکن مقصد ان منکرین سے یہ پوچھنا ہے کہ تم جو میرے رسول کی بات سننا بھی پسند نہیں کرتے بڑی کراہت اور ناگواری کا اظہار کرتے ہو کیا اس کی وجہ یہ ہے کہ میرا نبی تم سے کچھ مانگتا ہے جس کی وجہ سے تم بوجھل بوجھل رہتے ہو یا تمہارے پاس غیب سے کوئی اطلاع آئی ہے کہ یہ خدا کا فرستادہ نہیں۔ اگر کچھ نہیں تو پھر تمہارے بدکنے اور بھاگنے کی وجہ کیا ہے؟

٢٤ کفار کی ایذا رسانیوں میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو حکم دیتے ہیں کہ آپ صبر کریں اور اپنے رب کے فیصلہ کا انتظار کریں۔ وہی بہتر جانتا ہے کہ ان منکرین کے ساتھ کس وقت کس قسم کا سلوک کرنا چاہیے۔ آپ حضرت یونس علیہ السلام کی طرح نہ ہو جائیں کہ جنہوں نے ہمارے حکم کا انتظار کیے بغیر اپنی قوم سے علیحدگی اختیار کر لی اور ان پر عذاب نازل ہونے میں عجلت کی۔ (مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن سورۂ یونس آیت ٩٨ کا حاشیہ، سورۂ انبیاء کی آیات ٨٧، ٨٨ کے حواشی، الصافات آیات ١٣٩ تا ١٤٨ کے حواشی)

٢٥ جب یونس علیہ السلام کو مچھلی نے نگل لیا تو وہاں آپ نے اپنے رب کے حضور میں فریاد کی۔ لَا اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ

وقف لازم

لَوْلَآ أَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿۴۹﴾

چارہ سازی نہ کرتا اس کے رب کا لطف تو ڈال دیا جاتا اسے چٹیل میدان میں درآں حال کہ اس کی مذمت کی جاتی ۲۶

فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۵۰﴾ وَإِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ

پھر چن لیا اس کو اس کے رب نے اور بنا دیا اس کو اپنے نیک بندوں سے ۔ اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ

كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ

کفار پھسلا دیں گے آپ کو اپنی (بد) نظروں سے جب وہ سنتے ہیں قرآن ۲۷ اور وہ کہتے ہیں کہ

إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔

۲۶ اگر اللہ تعالیٰ ان کی اس دعا کو قبول نہ فرماتا اور اس کی شان رحمت ان کی چارہ سازی نہ کرتی تو جب ان کو مچھلی نے چٹیل میدان میں اگل دیا تو ان کی یہ کیفیت ہوتی کہ لوگ ان پر الزام لگاتے اور ملامت کرتے لیکن جب اللہ تعالیٰ نے ان کی دستگیری کی اور ان کو اپنے لیے منتخب کر لیا تو اب وہ قابل الزام اور لائق مذمت نہ رہے۔ فنبذناه بالعراء وهو سقيم یعنی جب ہم نے ان کو کھلے میدان میں ڈالا تو وہ بیمار تھے۔ یعنی مذموم نہیں تھے۔

۲۷ کفار کے دلوں میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا بغض و عناد کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا خصوصاً اس وقت تو وہ آپے سے باہر ہو جاتے جب حضور قرآن کریم پڑھ کر سنا رہے ہوتے اور وہ ایسی غضبناک نظروں سے گھور گھور کر دیکھتے۔ یوں محسوس ہوتا کہ اگر ان کا بس چلے تو کچا چبا جائیں اور آپ کی شمع حیات کو بجھا کر رہیں۔ ان کی اسی ناپسندیدہ ادا کا یہاں ذکر کیا جا رہا ہے۔ علامہ زمخشری لیزلقونك کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں يعني انهم من شدة تحديقهم ونظرهم اليك شزرا بعيون العداوة والبغضاء يكادون يزلقون قدمك او يهلكونك من قولهم نظر الى نظرا يكاد يصرعني ويكاد ياكلني۔ یعنی عداوت اور بغض بھری آنکھوں سے حضور کو یوں ٹکٹکی باندھ کر اور گھور گھور کر دیکھتے گویا وہ حضور کو اپنی جگہ سے پھسلا دینا چاہتے ہیں یا ہلاک کر دینا چاہتے ہیں۔ عرب کہتے ہیں کہ فلاں نے میری طرف اس طرح دیکھا کہ اگر اس کا بس چلتا تو وہ مجھے گرا دیتا یا کھا جاتا۔ اس آیت کا ایک اور مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے کہ وہ آپ کو اپنی نظر بد سے تکلیف پہنچانا چاہتے ہیں۔

بنی اسد قبیلہ میں کئی آدمی تھے جن کی نظر بد کبھی خطا نہ جاتی۔ اگر وہ کسی شخص کو یا کسی جانور کو ہلاک کرنا چاہتے تو تین دن فاقہ کرتے اور پھر اس چیز کے پاس آ کر کہتے کہ کتنی خوبصورت اور عمدہ چیز ہے۔ ایسی چیز تو آج تک ہم نے کبھی نہیں دیکھی۔ اتنا کہنے کی دیر ہوتی کہ وہ چیز تڑپنے لگتی اور تھوڑی دیر کے بعد دم توڑ دیتی۔ اگر کوئی موٹی تازہ گھنے یا اونٹنی ان کے پاس سے گزرتی اور اس کو وہ نظر بد لگا دیتے تو اسی وقت اپنی لونڈی کو کہتے کہ ٹوکری اٹھاؤ پیسے لو اور اس گھنے کا گوشت خرید لاؤ۔ تھوڑی دیر بعد پتہ چلتا کہ وہ جانور ذبح کر دیا گیا ہے۔ قریش نے بنی اسد میں سے کسی ایسے نظر باز

إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ ۝٥١ وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِينَ ۝٥٢

یہ تو مجنون ہے۔ حالانکہ وہ نہیں مگر سارے جہانوں کے لیے وجہِ عزت و شرف ۲۸

کی خدمات حاصل کیں اور اسے اس امر کے لیے مقرر کیا کہ وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی نظر بد سے گزند پہنچائے۔ لیکن جس کا نگہبان خداوند رحمت ہو یہ ہتھکنڈے اسے کیا اذیت پہنچا سکتے ہیں۔

علامہ ابن کثیر نے یہاں متعدد احادیث لکھی ہیں جن سے ثابت کیا ہے کہ نظر بد کا اثر ہوتا ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے دونوں نواسوں سیدنا حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کو یہ پڑھ کر دم کیا کرتے تھے۔ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ۔

حضورؐ فرمایا کرتے کہ حضرت ابراہیمؑ اپنے دونوں صاحبزادوں اسماعیلؑ و اسحاق علیہم الصلوٰۃ والسلام کو یہ پڑھ کر دم کیا کرتے۔ حضرت حسن بصریؒ سے منقول ہے کہ جس کو نظر بد سے تکلیف پہنچے یہ آیت پڑھ کر اسے دم کیا جائے۔

۲۸ے کفار حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مجنون کہتے تھے۔ ان کے اس الزام کی ابتداء میں بھی تردید کی اور آخری آیت میں بھی اس کا بطلان کیا جا رہا ہے کہ میرا رسول تو سارے جہانوں کے لیے سراپا نصیحت اور باعث صد عزت و شرف ہے۔ اسے مجنون کہنے کی کون جرأت کر سکتا ہے۔ اس کو دیکھ کر اللہ کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ اس کی باتیں سن کر دل میں اس کی محبت کی شمع فروزاں ہو جاتی ہے۔ وقيل الضمير لرسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم وكونه مذكرا وشرفا للعٰلمين لا ريب فيه (روح المعانی) بعض کے نزدیک ھو کا مرجع قرآن کریم ہے اور اس کے مذکر ہونے میں بھی کوئی کلام نہیں۔

○

اللّٰهم لك الحمد ولك الشكر على ما وفقتني لخدمة هذا الكتاب المجيد رب اوزعني ان اشكر نعمتك التي انعمت علي وعلى والدي وان اعمل صالحا ترضاه واصلح لي في ذريتي اني تبت اليك واني من المسلمين۔

اللّٰهم صل وسلم على حبيبك ونبيك وصفيك ونجيك محمد المبعوث رحمة للعٰلمين شفيع المذنبين وعلى اٰله الطيبين واصحابه الاكرمين ومن تبعه واحبه الى يوم الدين۔

○

تعارف

سُورہ الحاقۃ

نام : اس سورت کا نام الحاقۃ ہے۔ اس میں دو رکوع، باون آیتیں، دو سو چھپن کلمات اور ایک ہزار چار سو تینتیس حروف ہیں۔

نزول : علامہ آلوسی اور دیگر مفسرین نے مسند امام احمد سے یہ روایت نقل کی ہے کہ حضرت عمرؓ اپنے اسلام لانے سے پہلے کا ایک واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز میں یہ نیت کر کے گھر سے نکلا کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو جا کر پریشان کروں گا اور جس طرح بن پڑا ان کا دل دکھاؤں گا۔ لیکن میرے پہنچنے سے پہلے حضور حرم میں داخل ہو چکے تھے اور نماز کی نیت باندھ لی تھی۔ یہ جاننے کے لیے کہ آپ کیا پڑھتے ہیں، میں قریب آ کر کھڑا ہو گیا۔ اس وقت حضور سورہ الحاقۃ کی تلاوت فرما رہے تھے۔ میں اس کلام بلاغت نظام کو سن کر حیران و ششدر ہوتا جا رہا تھا۔ میرے دل میں خیال گزرا کہ بخدا آپ بڑے باکمال شاعر ہیں۔ اسی وقت حضور نے یہ آیت تلاوت کی۔ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ قَلِيلًا مَا تُؤْمِنُونَ (یہ کسی شاعر کا قول نہیں ہے تم بہت کم ایمان لے آتے ہو۔) میرے دل میں گزرا کہ کاہن ہیں میرے دل کے خیالات پر آگاہ ہو گئے ہیں۔ فوراً حضور نے یہ آیت پڑھی: وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيلًا مَا تَذَكَّرُونَ (یہ کسی کاہن کا قول بھی نہیں تم بہت کم غور کرتے ہو۔) حضرت عمر کہتے ہیں یہ سورت سن کر اسلام میرے دل کے رگ و ریشہ میں سما گیا۔

اس روایت سے یہ امر واضح ہو گیا کہ یہ سورت مکہ کے ابتدائی دور میں نازل ہوئی جب کہ حضرت عمرؓ ابھی ایمان نہیں لائے تھے۔ اس سورت کے سننے سے آپ کے دل میں اسلام کی عظمت کا پہلا نقش ثبت ہوا، جو رفتہ رفتہ پختہ ہوتا گیا۔ یہاں تک کہ بہن اور بہنوئی کے ساتھ جو واقعہ پیش آیا اس نے تمام پردے چاک کر دیے اور آپ ایمان قبول کرنے کے لیے کشاں کشاں بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو گئے۔

ع گاہ بہ حیلہ می بُرد گاہ بہ زور می کشد (اقبالؒ)

مضامین : حلف اٹھا کر بیان کیا کہ قیامت ضرور واقع ہو گی۔ ساتھ ہی ثمود، عاد اور فرعون کا تذکرہ فرما دیا جو قیامت پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔ اس لیے عمر بھر سرکشی اور طغیانی کا راستہ اختیار کیے رہے جس کا نتیجہ انکی عبرتناک تباہی میں ظاہر ہوا۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ عقیدۂ قیامت افراد اور اقوام کی اصلاح میں کتنا مؤثر کردار انجام دیتا ہے۔

آیات ۱۳ تا ۱۷ میں قیامت کے روز برپا ہونے والے ہولناک حادثات کا ذکر فرمایا گیا ہے۔ آیت ۱۸ سے

ے کر آیت ۳۴ تک میں یہ بتایا کہ جو لوگ یہ ایمان رکھتے تھے کہ ایک دن وہ اپنے پروردگار کے رُوبرو پیش کیے جائیں گے اور ان کا محاسبہ ہو گا۔ اُن کو اس روز ان کا صحیفۂ عمل اُن کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور ان کی بڑی عزت و تکریم کی جائے گی۔ اور جو لوگ وقوعِ قیامت کے منکر تھے اور ساری عمر ہر قسم کی بازپرس سے بے نیاز ہو کر دادِ عیش دیتے رہے۔ اُن کا نامۂ عمل اُن کے بائیں ہاتھ میں پکڑائیں گے۔ اس وقت اُن کی حسرت اور ندامت قابلِ دید ہو گی۔ اور ان کے ساتھ جو خوفناک برتاؤ کیا جائے گا اس کا ذکر سن کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

دُوسرے رکوع میں یہ بتایا کہ قرآنِ کریم کسی شاعر کی نغز بیانی اور قادر الکلامی کا کرشمہ نہیں اور نہ کسی کاہن کی تُک بندی اور ہرزہ سرائی کا نتیجہ ہے بلکہ اس کو رب العالمین نے اپنے رسولِ کریم پر نازل فرمایا ہے۔ میرے رسول کی یہ مجال نہیں کہ اپنی طرف سے کچھ گھڑ کر ہماری طرف منسوب کر دے۔ اگر وہ اس سنگین جرم کا ارتکاب کرے گا تو اس وقت اُس کی رگِ دل کاٹ کر رکھ دی جائے گی۔

سنٹرل جیل سرگودھا

۱۷-۴-۷۷

سُوْرَةُ الْحَاقَّةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثِنْتَانِ وَخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ الحاقہ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں ۵۲ آیات اور ۲ رکوع ہیں

اَلْحَاقَّةُ ﴿۱﴾ مَا الْحَاقَّةُ ﴿۲﴾ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحَاقَّةُ ﴿۳﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ

وہ ہو کر رہنے والی [۱] کیا ہے وہ ہو کر رہنے والی [۲] اور اے مخاطب تم کیا سمجھو وہ ہو کر رہنے والی کیا ہے [۳] جھٹلایا ثمود اور

وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ﴿۴﴾ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ ﴿۵﴾ وَاَمَّا عَادٌ

عاد نے کھڑکھڑا کر پاش پاش کرنے والی کو [۴] پس ثمود تو انہیں ہلاک کر دیا گیا سخت چنگھاڑ سے [۵] رہے عاد

[۱] اس سے مراد قیامت ہے۔ یہ حق سے اسم فاعل مؤنث کا صیغہ ہے۔ حق کا معنی ہے کسی چیز کا متحقق ہو جانا، پایا جانا۔ قیامت کو الحاقہ کہنے کی متعدد وجوہات ہیں۔ یا تو اس لیے کہ اس کا پایا جانا ایک مسلمہ صداقت اور اٹل حقیقت ہے جس میں قطعاً کوئی شک نہیں یا اس لیے کہ اس میں تمام تصفیہ طلب امور کی حقیقت آشکارا ہو جائے گی یا اس لیے کہ اس روز سزا و جزا کا تحقق ہو گا۔ (مظہری)

[۲] جب اہل عرب کسی اہم چیز کا ذکر کرنا چاہتے ہیں تو بسا اوقات مخاطب سے کچھ سوال پوچھتے ہیں تاکہ وہ ہوشیار ہو جائے اور پورے دھیان سے بات کو سنے۔ الاستفهام لتفخيم شانها (مظہری)

[۳] یہ سوال قیامت کی ہولناکی کا تصور ذہن نشین کرانے کے لیے پوچھا جا رہا ہے کہ قیامت اتنی ہولناک اور خوفناک ہو گی کہ تمہاری عقلیں اس کی ہولناکی کو سمجھنے سے بالکل قاصر ہیں۔ یہ ان کی رسائی سے ماوراء ہے۔

[۴] یہ بتانے سے پہلے کہ جب یہ ہو کر رہنے والی برپا ہو گی اس وقت کیا حالات ہوں گے، مختلف اقوام کے ساتھ کیا برتاؤ کیا جائے گا، اس امر کی طرف اشارہ کیا کہ قیامت پر ایمان لانا ابدی فلاح کے لیے ایک بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ انسان کی اصلاح کا دار و مدار اس کو صدق دل سے ماننے پر ہے۔ جو اس پر ایمان رکھتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے باز آ جاتے ہیں، اس کی یاد میں بڑے شوق سے محو رہتے ہیں۔ جو قیامت پر ایمان نہیں رکھتے جن کے نزدیک قبر کا تاریک اور خاموش گڑھا کاروانِ حیات کی آخری منزل ہے، وہ قدم قدم پر پھسلتے ہیں۔ ہر موڑ پر بھٹکتے ہیں، نفس امارہ کو خوش کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی قائم کی ہوئی حدود کو توڑتے ہیں۔ اس کا نتیجہ خدا کا غضب اور اس کا انجام مکمل تباہی ہے۔ عاد و ثمود کی بربادی کا ذکر کیا اور وجہ یہ بتائی کہ وہ قیامت پر ایمان نہیں رکھتے تھے اس لیے راہ راست سے بھٹک گئے۔

القارعة: اس سے مراد بھی قیامت ہے۔ قرع کا معنی ہے ایک سخت چیز کو دوسری چیز سے ٹکرانا۔ القرع: ضرب الشيء الصلب بشيء مثله۔ کیونکہ جب قیامت برپا ہو گی نظام کائنات درہم برہم کر دیا جائے گا۔ سیارگان آپس میں ٹکرائیں گے اور اس ٹکر سے زہرہ گداز آوازیں پیدا ہوں گی اس لیے اس دن کو بھی القارعہ کہہ دیا۔ قیامت کے کئی نام ہیں۔ الطامۃ، الصاخۃ، الواقعۃ، القارعۃ وغیرہ۔ یہ نام قیامت کی مختلف صفات اور کیفیات پر دلالت کرتے ہیں۔

[۵] ثمود اور عاد پر تفصیلی حواشی ضیاء القرآن سورۃ الاعراف نیز ضیاء القرآن سورۃ ہود اور الشعراء میں ملاحظہ فرمائیے۔ پہلے ثمود کی ہلاکت کا ذکر

فَاُهْلِكُوْا بِرِیْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِیَةٍ ۟ۙ سَخَّرَهَا عَلَیْهِمْ سَبْعَ لَیَالٍ

تو انہیں برباد کر دیا گیا آندھی سے جو سخت سرد، بے حد تند تھی۔ اللہ نے مسلط کر دیا اسے ان پر (مسلسل) سات رات

وَّثَمٰنِیَةَ اَیَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ فَتَرَی الْقَوْمَ فِیْهَا صَرْعٰی ۙ كَاَنَّهُمْ

اور آٹھ دن تک جو جڑوں سے اکھیڑنے والی تھی تو تو دیکھتا قوم عاد کو ان دنوں کہ وہ گرے پڑے ہیں گویا وہ

۱؎ بتایا کہ ثمود کو طاغیۃ سے ہلاک کیا گیا۔ یہ طغی سے مشتق ہے۔ اس کا معنی ہے حد سے تجاوز کرنا۔ اس کی جو شکل بھی تھی وہ شدت اور عنف میں تمام حدوں سے آگے نکلی ہوئی تھی۔ اس کے لیے مختلف مقامات پر صَیْحَۃ (کڑک)، رجفۃ (زلزلہ)، صاعقۃ (گرج) الفاظ مذکور ہیں جو عذاب کی مختلف حالتوں کو بیان کرتے ہیں ان میں تضاد نہیں۔

۲؎ عاد کو جھکڑ چلا کر ہلاک کیا گیا۔ اس جھکڑ کی کئی صفات ذکر کی گئی ہیں۔ اسے صرصر، عاتیۃ اور حسومًا سے موصوف کیا گیا ہے۔ ان الفاظ کے معانی پر غور فرمائیے تاکہ اس عذاب کی قہرمانیوں کا آپ کچھ اندازہ کر سکیں۔ صرصر: قال الازهری شدید البرد جدًا وقیل شدید الصوت۔ (لسان) ازہری کہتے ہیں اس کا معنی سخت ٹھنڈی ہوا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ وہ ہوا جس میں بہت شور ہو۔ عاتیۃ: عتا عتوا استکبر وتجاوز الحد۔ یعنی عاتیۃ۔ عتا یعتو سے اسم فاعل ہے۔ اس کا معنی ہے تکبر کرنا، حد سے تجاوز کرنا۔ حُسُومًا: علامہ راغب کہتے ہیں الحسم: ازالۃ اثر الشیئ یقال: قطعہ فحسمہ ای ازال مادتہ۔ فی الآیۃ حسومًا قیل حاسمًا اثرهم۔ قیل حاسمًا خبرهم (مفردات) یعنی کسی چیز کا نام و نشان مٹا دینا، کسی کے مادہ کو نابود کر دینا۔ آیت میں اس کا یہی معنی ہے کہ اس آندھی نے ان کا نام و نشان مٹا دیا۔ ان کی خبر کے حروف محو کر دیے۔ مقصد یہ ہے کہ عاد پر جو عذاب ایسی آندھی کی صورت میں نازل ہوا جو حد درجہ ٹھنڈی تھی اس میں حد سے بڑھی ہوئی تندی اور سرکشی تھی جس نے ان کے تناور پیڑوں کو جڑوں سے اکھاڑ کر پھینک دیا۔ ان کے پختہ مکانات کی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں اور ان کا نام و نشان تک باقی نہ رہنے دیا۔ یہ سلسلہ ایک پہر، ایک دن نہیں رہا بلکہ پوری سات راتیں اور آٹھ دن آندھی لگاتار چلتی رہی۔ ایک لمحہ کے لیے بھی نہ ٹھہری اور نہ اس کی تندی میں کمی آئی۔ خود سوچیے اگر پچاس ساٹھ میل کی رفتار سے ایک گھنٹہ بھر طوفان چلے تو کیا تباہی مچتی ہے اور جہاں ایک سو اسی (۱۸۰) گھنٹے مسلسل یہ محشر خیز تیز و تند آندھی چلی ہو گی کیا وہاں زندگی کا نشان تک بھی باقی رہا ہو گا۔ وہ صحت مند قوم جو قد و قامت میں بھی اپنا ثانی نہ رکھتی تھی، جب ہوا کے تیز جھونکوں نے ان کے لیے تڑنگے جسموں کو زمین پر دے مارا ہو گا تو اس نے ان کا خون اور جسم کی تازگی بھی چاٹ لی ہو گی اور کھجور کے بوسیدہ ٹنڈوں کی طرح اکڑے پڑے ہوں گے۔

صاحب لسان العرب نے حُسُومًا کی تشریح کرتے ہوئے لکھا: هی المتوالی۔ وقال ابن سیدہ الرادۃ المتوالیہ فی الشر خاصۃ۔ یعنی حُسُومًا کا معنی ہے لگاتار، مسلسل۔ ابن سیدہ کہتے ہیں وہ تسلسل جو شر اور شر انگیز کاموں میں ہو اس کو حُسُومًا کہتے ہیں۔ اگر یہ دوسرا معنی لیا جائے تو پھر حُسُومًا کا تعلق لیالی اور ایام سے ہو گا۔ یعنی یہ ٹھنڈی اور تند ہوا مسلسل سات رات اور آٹھ دن چلتی رہی۔

أَعۡجَازُ نَخۡلٍ خَاوِيَةٍ ۝٧ فَهَلۡ تَرٰى لَهُمۡ مِّنۢ بَاقِيَةٍ ۝٨ وَجَآءَ

تنہ ہیں کھوکھلے کھجور کے۔ کیا تمہیں نظر آتا ہے ان کا کوئی باقی ماندہ فرد ؟ اور

فِرۡعَوۡنُ وَمَنۡ قَبۡلَهٗ وَالۡمُؤۡتَفِكٰتُ بِالۡخَاطِئَةِ ۝٩ فَعَصَوۡا رَسُوۡلَ

فرعون اور جو اس سے پہلے تھے اور الٹائی جانے والی بستیوں کے باشندوں نے غلطی کا ارتکاب کیا ؏ پس انہوں نے نافرمانی کی اپنے رب

رَبِّهِمۡ فَاَخَذَهُمۡ اَخۡذَةً رَّابِيَةً ۝١٠ اِنَّا لَمَّا طَغَا الۡمَآءُ حَمَلۡنٰكُمۡ

کے رسول کی تو اللہ نے پکڑ لیا انہیں بڑی سختی سے ؏ ہم نے جب سیلاب حد سے گزر گیا تو تمہیں کشتی میں

؏ یعنی ان کی نسل ہی ختم کر دی گئی۔ سب کو یکبارگی موت کی نیند سلا دیا گیا۔ کیا تمہیں ان کی نسل کا ایک فرد بھی کہیں نظر آتا ہے۔

؏ اس آیت میں دو لفظ تشریح طلب ہیں۔ المؤتفکات اور الخاطئہ۔ المؤتفکات جمع ہے۔ اس کا واحد مؤتفکہ جس کا معنی المنقلبۃ یعنی اُلٹے ہوئے۔ جب کوئی بستی اُلٹ دی جائے تو عرب کہتے ہیں ائتفکت البلدۃ باھلھا اذا انقلبت۔ اور اسی مادہ سے الافک ہے جس کا معنی جھوٹ ہے کیونکہ جھوٹ بھی حقیقت کو اُلٹا دیتا ہے۔ اس سے مراد قوم عاد کی پانچ بستیاں ہیں جس کے نام یہ ہیں: سَدُوم۔ عَمُوْرا۔ اُدْمَہ۔ صَبُوْیِیم۔ صُوْغَر۔ جب اللہ تعالیٰ نے ان کو ہلاک کرنے کا ارادہ کیا تو ان پر آگ اور گندھک کا مینہ برسایا۔ زمین سے بدبودار بخارات نے اٹھ کر ان کو ڈھانپ لیا۔ پھر یہی بخارات پانی میں تحلیل ہو کر ایک بحیرہ کی شکل میں جمع ہو گئے۔ اسی کو آج بحیرۂ مُردار بحیرۂ مُوت یا بحرِ میّت کہتے ہیں۔ اسی کی تہ میں عاد کی وہ اُلٹی ہوئی بستیاں دبی پڑی ہیں جن پر مسلسل سات دن اور آٹھ رات آندھی چلتی رہی۔

الخاطئہ۔ اگر یہ ثلاثی مجرد ہو تو پھر اس کا معنی ہے "جان بوجھ کر غلطی کرنا" اور اگر اس کا باب افعال بنایا جائے تو اس کا معنی ہے بھولے سے غلطی کرنا۔ قیل خطئ اذا تعمد و اخطأ اذا لم یتعمد۔ اموی کہتے ہیں المخطی اسے کہا جاتا ہے جو نیکی کا ارادہ کرے لیکن اس سے غلطی ہو جائے اور خاطی اسے کہتے ہیں جو جان بوجھ کر نامناسب بات کا ارتکاب کرے۔ الخاطئہ کیونکہ مجرد ہے اس لیے اس کا معنی گناہ ہوگا۔ قرطبی لکھتے ہیں الخاطئۃ: الذنب العظیم۔ بہت بڑا گناہ۔

آیت کا معنی یہ ہوا کہ جب فرعون اور اس سے پہلے گزری ہوئی قوموں نے اور ان الٹے ہوئے شہروں کے مکینوں نے جان بوجھ کر بڑے بڑے گناہوں کا ارتکاب کیا تو ہم نے ان پر اپنا عذاب بھیجا۔

؏ مذکورہ بالا اقوام کی طرف اللہ تعالیٰ نے جو رسول بھیجے ان لوگوں نے ان کی نافرمانی کی، ان کی مخلصانہ نصیحتوں کی پروا نہ کی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ جب مہلت کی مقررہ مدت ختم ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے ان پر ایک شدید عذاب جو اپنی شدت میں بہت بڑھا ہوا تھا، نازل کیا اور ان کو تباہ کر دیا۔

رَابِیَۃ: رَبَا یَرْبُو: بڑھنا، زیادہ ہونا۔ ای شدیدۃ زائدۃ فی الشدۃ۔ (قرطبی)

فِي الْجَارِيَةِ ﴿١١﴾ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَتَعِيَهَا أُذُنٌ وَاعِيَةٌ ﴿١٢﴾

میں سوار کر دیا۔ تاکہ ہم بنا دیں اس واقعہ کو تمہارے لیے یادگار اور محفوظ رکھیں اسے یاد رکھنے والے کان ۱۰

فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ نَفْخَةٌ وَاحِدَةٌ ﴿١٣﴾ وَحُمِلَتِ الْأَرْضُ وَ

پھر جب پھونک ماردی جائے گی صور میں ایک بار اور زمین اور پہاڑوں

الْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَاحِدَةً ﴿١٤﴾ فَيَوْمَئِذٍ وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿١٥﴾

کو اٹھا کر دفعتہً چُور چُور کر دیا جائے گا ۱۱ تو اس روز ہونے والا واقعہ ہو جائے گا۔

وَانْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ ﴿١٦﴾ وَالْمَلَكُ عَلَىٰ

اور آسمان پھٹ پڑے گا تو وہ اس دن بالکل بودا ہوگا ۱۲ اور فرشتے اس کے کناروں پر مقرر

أَرْجَائِهَا ۚ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ ﴿١٧﴾

کر دیے جائیں گے ۱۳ اور آپ کے رب کے عرش کو اس روز اپنے اوپر آٹھ فرشتوں نے اٹھا رکھا ہوگا ۱۴

۱۰ ان دو آیتوں میں طوفانِ نوح کا ذکر ہے جس میں منکرین تو غرق ہو گئے لیکن جو مختصر گروہ حضرت نوح پر ایمان لایا تھا وہ کشتی میں سوار ہو کر ڈوبنے سے بچ گیا۔ اگرچہ اس کشتی میں سوار ہونے والے اہل مکہ نہ تھے جو مخاطب ہیں لیکن ان کے اجداد کو بچا کر اللہ تعالیٰ نے صرف ان پر احسان نہیں کیا بلکہ ان کی بعد میں آنے والی نسلوں پر بھی احسان فرمایا۔ اگر وہ ہلاک ہو جاتے تو یہ کہاں سے پیدا ہوتے۔

۱۱ جب قیامت برپا ہوگی اور نظامِ عالم تہ و بالا ہونے لگے گا۔ اس کا ذکر ان آیات میں کیا جا رہا ہے۔ فرمایا زمین اور اس میں گڑے ہوئے پہاڑوں کو کوٹ کر ریزہ ریزہ کر کے ہموار کر دیا جائے گا۔ کوئی بلندی کوئی پستی کوئی ٹیلہ کوئی گڑھا باقی نہ رہے گا۔ دکّۃ کا مفہوم بیان کیا گیا ہے۔ دکّ الارض دکًّا سوّی صعودھا وھبوطھا یعنی زمین کی بلندیوں اور پستیوں کو ہموار کر دینا۔

۱۲ آسمان پھٹ جائے گا۔ اجرامِ فلکی کے کشش کے ضابطے جو آج ہر سیارے کو اپنی اپنی جگہ روکے ہوئے ہیں وہ ختم ہو جائیں گے۔ الواهية: بالية متداعية لا تماسك فيها۔ کسی چیز کا بوسیدہ ہو کر گر پڑنا جیسے اس کے اجزاء میں اب کوئی ارتباط نہیں۔ صاحبِ قاموس وہی کا معنی کرتے ہیں تخرّق وانشقّ واسترخی رباطہ پھٹ جانا، شگاف پڑنا۔

۱۳ وہ فرشتے جو آج اپنے قیام، رکوع، سجود سے آسمان کے چپہ چپہ کو مزین کیے ہوئے ہیں، جب آسمان کا نظام درہم برہم ہو جائے گا تو وہ کناروں پر صفیں باندھ کر کھڑے ہو جائیں گے۔

۱۴ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اللہ تعالیٰ عرش پر تشریف فرما ہوگا اور فرشتے اسے اٹھائے ہوں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ اس سے پاک اور

يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُونَ لَا تَخْفَىٰ مِنكُمْ خَافِيَةٌ ﴿١٨﴾ فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ

وہ دن جب تم پیش کیے جاؤ گے تمہارا کوئی راز پوشیدہ نہ رہے گا۔ پس جس کو دے دیا گیا اس کا نامۂ عمل

بِيَمِينِهِ فَيَقُولُ هَاؤُمُ اقْرَءُوا كِتَابِيَهْ ﴿١٩﴾ إِنِّي ظَنَنتُ أَنِّي

دائیں ہاتھ میں تو وہ (فرطِ مسرت سے) کہے گا لو پڑھو میرا نامۂ عمل ۱۵ مجھے یقین تھا کہ میں

مُلَاقٍ حِسَابِيَهْ ﴿٢٠﴾ فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٢١﴾ فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿٢٢﴾

اپنے حساب کو پہنچوں گا ۱۶ پس یہ دلخوش نصیب (پسندیدہ زندگی بسر کرے گا۔ عالیشان جنت میں۔

منزہ ہے کہ وہ کسی مکان میں سما سکے۔ عرش کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف اس لیے ہے کہ اس نسبت سے عرش کی شان بلند ہو۔ نیز یہ مقام اللہ تعالیٰ کی خصوصی تجلیات کی جلوہ گاہ ہے۔ اضافۃ العرش الی اللہ تعالیٰ التعظیمہ والاختصاصہ بتجلی مخصوصۃ۔

کائناتِ علوی و سفلی میں جس قسم کے تصرفات ہو رہے ہیں، جن تدبیروں کا ظہور ہو رہا ہے ان سب کا مرکز یہ مقام ہے جسے عرش کہا جاتا ہے۔ جس طرح بادشاہ اپنے فرائضِ جہانبانی اپنے تخت پر بیٹھ کر انجام دیتا ہے اسی طرح عالم وجود میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کا منبع اور مصدر یہ مقام ہے۔ اس لیے اسے عرش یعنی تختِ الٰہی کہا گیا ہے۔

آٹھ فرشتے اس کے عرش کو اٹھائے ہوئے ہوں گے۔ ان کے قد و قامت، ان کے جسم اور ان کی شکل و صورت کی تفصیلات پر ایمان لانے کی ہمیں تکلیف نہیں دی گئی۔ اس لیے ہم ان کی تفصیلات طے کرنے میں وقت ضائع نہیں کرتے۔ جو کچھ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے فرمایا وہ حق ہے۔ جو باتیں ہماری علمی سطح سے بلند ہوں ہم ان کو اس ذات کے علم کے سپرد کرتے ہیں جو علیم و خبیر ہے۔

۱۵ صالحین اور ابرار کو ان کا صحیفۂ عمل دائیں ہاتھ میں پکڑایا جائے گا۔ یہ گویا اس امر کی علامت ہوگی کہ یہ لوگ جنتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو بخش دیا ہے۔ اس وقت ان کی مسرت و شادمانی کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔ وہ خوشی سے پھولے نہ سمائیں گے اور اپنے احباب اور اعزہ کو دعوت دیں گے کہ وہ ان کا صحیفۂ عمل خود پڑھ لیں تاکہ انہیں تسلی ہو جائے۔

هَاؤُمُ اسمِ فعل بمعنی خُذُوا، لو پکڑو کے معنی میں ہے۔ کتابیہ۔ حسابیہ۔ سلطانیہ وغیرہ کے آخر میں ھا سکتہ کے لیے ہے۔ وقف کریں گے تو پڑھیں گے۔ وصل کی حالت میں اس کی قرأت ساقط ہو جائے گی۔

۱۶ ظننت کا معنی علمت ہے۔ یعنی میں خوب جانتا تھا۔ اپنے علم کو ازراہِ تواضع ظن کہا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں کسی کو زیب نہیں دیتا کہ وہ اپنے علم کا دعویٰ کرے۔ احتقار النفسہ عن دعوی العلم بحضرۃ ذی الجلال علام الغیوب۔ عالیۃ: رفیعۃ المرتبۃ۔ یعنی وہ جنت جس کی شان بڑی اونچی ہوگی۔ قطوفھا۔ یعنی اس کے خوشے اونچے نہیں ہوں گے کہ ان کی دسترس سے باہر ہوں یا ان کو توڑنے میں انہیں زحمت اٹھانا پڑے بلکہ نیچے جھکے ہوں گے۔ کھڑے، بیٹھے، لیٹے جس حال میں وہ ہوں گے ان کو تناول کر سکیں گے۔

قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ۝٢٣ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔۢا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي

جس کے خوشے جھکے ہوں گے۔ (ان سے کہا جائے گا) کھاؤ اور پیو مزے اڑا کر یہ ان اعمال کا اجر ہے جو تم نے آگے بھیج

الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝٢٤ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ

دیئے گزشتہ دنوں میں ۱۶ اور جس کو دیا جائے گا اس کا نامۂ عمل بائیں ہاتھ میں وہ کہے گا اے

يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ۝٢٥ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ۝٢٦ يٰلَيْتَهَا

کاش! مجھے نہ دیا جاتا میرا نامۂ عمل۔ اور میں نہ جانتا میرا حساب کیا ہے۔ اے کاش!

كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۝٢٧ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ۝٢٨ هَلَكَ عَنِّيْ

موت نے ہی میرا قصہ پاک کر دیا ہوتا۔ آج میرا مال میرے کسی کام نہ آیا۔ میری بادشاہی بھی

سُلْطٰنِيَهْ ۝٢٩ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۝٣٠ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ۝٣١ ثُمَّ فِيْ

فنا ہو گئی ۱۷۔ ۱۸ (فرشتوں کو حکم ہو گا) پکڑو اس کو اور اس کی گردن میں طوق ڈال دو پھر اسے دوزخ میں جھونک دو۔ پھر

۱۶ سلف اس چیز کو کہتے ہیں جو پہلے بھیج دی گئی ہو۔ السلف: المتقدم من الشیئ۔ یعنی جو اعمال صالحہ یہاں پہنچنے سے پہلے تم نے یہاں بھیج دیئے ہیں۔

۱۷ لیکن جس شخص کو اس کا نامۂ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ تڑپ اٹھے گا اور واویلا مچانا شروع کر دے گا۔ یہ جملے اس کے انتہائی قلق اور رنج و اندوہ کے آئینہ دار ہوں گے۔ اے کاش! مجھے میرا نامۂ اعمال دیا ہی نہ جاتا۔ کاش! مجھے اپنے حساب کی خبر ہی نہ ہوتی۔ جو موت مجھے آئی تھی وہی میرا قصہ تمام کر دیتی۔ میرا ذکر مذکور ہی باقی نہ ہوتا۔ مجھے دوبارہ زندہ ہی نہ کیا جاتا۔ کہاں گئے میری دولت کے انبار، کہاں گئی میری حکومت و سلطانی، کہاں مر گئے میرے درباری، آج کوئی بھی میرے کام نہیں آ رہا۔ سلطانی: ملکی و تسلط۔ یعنی میرا ملک اور اقتدار۔ سلطان کا ایک معنی دلیل اور برہان بھی ہے۔ اگر یہاں یہی معنی مقصود ہو تو آیت کا مطلب ہو گا کہ دنیا میں میری حجت بازیاں مسلم تھیں۔ ہر مسئلہ پر میرا ذہن دلائل کے انبار لگا دیا کرتا تھا۔ میری زبان قینچی کی طرح تیز چلتی تھی۔ آج تو میرا ذہن بانجھ ہو گیا ہے۔ میری زبان گونگی ہو گئی ہے۔ مجھے اپنے بچاؤ کی کوئی تدبیر نہیں سوجھتی۔

سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿۳۲﴾ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ

ستر گز لمبی زنجیر میں اس کو جکڑ دو ۱۹ بےشک یہ (بدبخت) ایمان نہیں لایا تھا

بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ﴿۳۳﴾ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۳۴﴾ فَلَيْسَ

اللہ پر جو بزرگ (و برتر) ہے۔ اور نہ ترغیب دیتا تھا مسکین کو کھانا کھلانے کی ۲۰ پس

لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ﴿۳۵﴾ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ﴿۳۶﴾

آج یہاں اس کا کوئی دوست نہیں۔ اور نہ کوئی طعام بجز پیپ کے ۲۱

لَّا يَاْكُلُهٗۤ اِلَّا الْخٰطِئُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَمَا

جسے کوئی نہیں کھاتا بجز خطاکاروں کے۔ پس میں قسم کھاتا ہوں ان چیزوں کی جنہیں تم دیکھتے ہو اور جنہیں

لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿۴۰﴾ وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ

تم نہیں دیکھتے ۲۲ بےشک یہ قول ہے ایک عزت والے رسول کا اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں۔

۱۹ فرشتوں کو حکم ملے گا کہ اس کو پکڑ لو۔ اس کے گلے میں آہنی طوق ڈال دو اور اسے جہنم میں پھینک دو اور وہاں اسے ستر گز لمبی زنجیروں میں جکڑ دو۔ بھلا دیکھیں اب یہ کیسے بھاگتا ہے۔

۲۰ بتایا جا رہا ہے کہ وہ جرموں کی پاداش میں اسے یہ ہولناک سزا دی جا رہی ہے۔ ایک تو یہ اللہ بزرگ و برتر پر ایمان نہیں لایا تھا۔ دوسرا یہ کہ بڑا کنجوس اور سنگدل تھا۔ خود تو اپنے گھر سے کسی کو کھانا کھلانے کی اسے کبھی توفیق نہ ہوئی۔ مزید برآں اس نے کبھی کسی دوسرے کو بھی کسی غریب کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہ دی۔ صرف کنجوس ہی نہیں تھا بلکہ سنگدل بھی تھا۔ (ان اقبح القبائح الکفر باللہ تعالیٰ واشنع الشنائع البخل وقسوۃ القلب۔ قرآن کریم انسان کی مادی اور روحانی ضروریات کی طرف یکساں توجہ دیتا ہے۔ اس نے جہاں بھی اللہ تعالیٰ پر ایمان اور اس کی عبادت کرنے کی تاکید کی ہے وہاں فقراء و مساکین کی ضروریات زندگی کو بہم پہنچانے کا بھی تاکیدی حکم دیا ہے۔

۲۱ غسلین: صدید اھل النار۔ وہ پیپ جو دوزخیوں کے زخموں سے رس رس کر ایک جگہ جمع ہوتی رہے گی۔ دوزخیوں کو جب بھوک تنگ کرے گی اور وہ کھانے کے لیے کوئی چیز مانگیں گے تو انہیں یہ کریہہ غذا دی جائے گی۔ اس روز ان کا کوئی ہمدرد اور دوست نہیں ہو گا۔

۲۲ کفار اس بات کا شدت سے انکار کیا کرتے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر خدا کا کلام نازل ہوتا ہے بلکہ وہ یقین رکھتے تھے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود گھڑ کر یا کسی سے سن کر ہمیں یہ کلام سناتے ہیں۔ کیونکہ اس کلام کی فصاحت و بلاغت کا انکار وہ بھی نہیں کر سکتے تھے، اس لیے کبھی

قَلِيلًا مَّا تُؤْمِنُونَ ﴿٤١﴾ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۚ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ﴿٤٢﴾

لیکن تم بہت کم ایمان لاتے ہو ٢٣ اور نہ ہی یہ کسی کاہن کا قول ہے۔ تم لوگ بہت کم توجہ کرتے ہو۔

تَنْزِيلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿٤٣﴾ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ

بلکہ یہ نازل شدہ ہے رب العالمین کا۔ اگر وہ خود گھڑ کر بعض باتیں ہماری

الْاَقَاوِيلِ ﴿٤٤﴾ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ ﴿٤٥﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ ﴿٤٦﴾

طرف منسوب کرتا تو ہم اس کا دایاں ہاتھ پکڑ لیتے پھر ہم کاٹ دیتے اس کی رگ دل ٢٤

آپ کو شاعر کہتے اور کبھی کاہن۔ ان کے ان الزامات کی تردید قسم کھا کر کی جا رہی ہے۔ فرمایا جو چیزیں تم کو نظر آتی ہیں جن کا تم مشاہدہ کرتے ہو ان کی بھی میں قسم اٹھاتا ہوں اور جو چیزیں تمہیں نظر نہیں آتیں ان کی بھی میں قسم اٹھاتا ہوں۔ یعنی ہر چیز کی قسم اٹھاتی خواہ اس کا تعلق عالم شہادت سے ہو یا عالم غیب سے۔ یہ قول نہ کسی شاعر کا کلام ہے اور نہ کسی کاہن کا بلکہ ایک معزز و محترم رسول کا قول ہے۔ رسول کریم سے مراد حضور کی ذات مقدسہ ہے۔ یہاں نام نہیں لیا بلکہ وصفِ رسالت کو ذکر کیا تاکہ پتہ چل جائے کہ آپ کی حیثیت پیغامبر کی ہے اور ہر دیانت دار پیغامبر اور قاصد اپنی طرف سے گھڑ کر کوئی پیغام نہیں دیتا بلکہ جس نے اسے بھیجا ہے ہو بہو اسی کا پیغام آ کر سناتا ہے۔ اس لیے تمہارا یہ اصرار کہ اپنی طرف سے سورتیں گھڑ کر لوگوں کو سناتے ہیں بے جا تعصب اور ناروا ضد ہے۔ اس لیے اس کے بعد وضاحت فرما دی کہ تنزیل من رب العٰلمین یعنی رب العالمین کا کلام ہے۔ کیونکہ حضور اپنی زبان مبارک سے اسے پڑھتے تھے اس لیے اسے حضور کا قول کہا گیا۔

٢٣ اس آیت کے آخر میں قلیلاً ما تؤمنون اور اگلی آیت کے آخر میں قلیلاً ما تذکرون فرما کر اس امر کی طرف اشارہ کر دیا کہ اس رسول کریم میں اور شاعر اور کاہن میں کوئی دور کی بھی مماثلت نہیں جس کے باعث تم اس غلط فہمی کا شکار ہو جاؤ۔ تم اس چکر میں اس لیے پڑے ہو کہ تم ایمان نہیں لائے اور تم نے کبھی غور و فکر سے کام ہی نہیں لیا۔ اگر تم میرے نبی کریم کی نورانی صحبتوں اور پُر نور شاموں کا مطالعہ کرو، ان کی پاکیزہ مصروفیتوں اور بابرکت سرگرمیوں کا جائزہ لو تو پھر تم کبھی انہیں شاعر نہ کہو۔ جن کے پاس مبالغہ آرائی کے سوا کچھ نہیں۔ پھر تم کبھی انہیں کاہن نہ کہو جن کا سارا دھندا کذب بیانیوں اور ہرزہ سرائیوں کے بل بوتے پر چل رہا ہے۔ اگر ایمان کی بجھی ہوئی شمع روشن ہو جائے اور دل و دماغ کی دنیا میں ایمان کی صبح طلوع ہو جائے تو پھر تم بھولے سے بھی یہ نہ کہو گے کہ یہ کسی شاعر یا کاہن کا کلام ہے۔

٢٤ اس آیت میں مقامِ نبوت کی نازک اور گراں ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی جا رہی ہے۔ یعنی جس کی نبوت کو ہم معجزات اور دلائل سے ثابت کر دیں وہ ہرگز ہرگز اپنے رب کے کلام میں اپنی طرف سے کوئی ملاوٹ نہیں کرتا۔ بفرضِ محال اگر وہ اپنی طرف سے کوئی بات گھڑ کر ہماری طرف منسوب کر دے تو یہ کوئی معمولی سا جرم نہیں جس کا نوٹس نہ لیا جائے یا جس سے اغماض برتا جائے بلکہ یہ تو اتنا بڑا گناہ اور سنگین جرم ہے کہ اگر اسے گوارا کر لیا جائے تو سلسلۂ نبوت کا مقصد ہی فوت ہو جائے گا۔ کسی کو نبی کی بات پر وثوق اور اعتماد ہی نہیں رہے گا۔ اس لیے

فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ

پھر تم میں سے کوئی بھی (نہیں) اس سے روکنے والا نہ ہوتا ۲۵ اور بے شک یہ تو ایک نصیحت ہے

بہر حال اگر ہمارا کوئی فرستادہ ایسی حرکت کرے، تو ادنیٰ توقف کے بغیر ہمارے انتقام کی تلوار بے نیام ہو جائے گی اور آنِ واحد میں اس کی رگِ دل کاٹ کر رکھ دی جائے گی تاکہ دنیا کو معلوم ہو جائے کہ اگر کوئی خدا کا بھیجا ہوا نبی بھی ایسی قبیح حرکت کرے تو عذابِ الٰہی ایک لحظہ بھی اسے مہلت نہیں دیتا، فوراً اسے فنا کے گھاٹ اتار دیا جاتا ہے۔

الوَتِین: عرق فی القلب اذا انقطع مات صاحبہ (لسان العرب)۔ عرق یسقی الکبد اذا انقطع مات صاحبہ (مفردات) دل کی ایسی رگ کو وتین کہتے ہیں کہ اگر وہ کٹ جائے تو انسان فوراً ہلاک ہو جائے (لسان)۔ رگ جو جگر کو سیراب کرتی ہے جب کٹ جائے تو انسان مر جاتا ہے (مفردات)۔ اس آیت سے مرزا قادیانی کے چیلے یہ استدلال کرتے ہیں کہ اگر مرزا سچا نبی نہ ہوتا اور اللہ تعالیٰ کی طرف غلط باتیں منسوب کرتا تو اس ارشادِ الٰہی کے مطابق اس کی رگِ دل کاٹ دی جاتی اور اسے اسی وقت ہلاک کر دیا جاتا۔ لیکن کیونکہ ایسا نہیں کیا گیا اس لیے ثابت ہوا کہ وہ معاذ اللہ سچا نبی تھا۔ اگر عقل کے یہ اندھے اس آیت میں ذرا تامل کرتے تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ یہ سزا اس جھوٹے شخص کے لیے نہیں جس نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا ہو، بلکہ اس کے لیے ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنا نبی بنا کر بھیجا ہو، پھر معجزات اور دلائلِ قطعیہ سے اس کی نبوت کی صداقت کو ثابت کیا ہو۔ اگر ایسا نبی کوئی غلط بات اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرے گا تو اس کو یہ سزا ملے گی۔ اور ان دونوں باتوں میں بڑا فرق ہے۔ مرزا صاحب پہلے شخص تو نہیں جنہوں نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا ہو۔ ان سے پہلے بھی کئی طالع آزما لوگوں نے نبوت کا سوانگ رچایا۔ کیا مرزا صاحب اور ان کے حواری یہ بتا سکتے ہیں کہ ایسے لوگوں کی رگِ جان کاٹ کر انہیں ہلاک کر دیا گیا۔ کیا ان کے ساتھ ایسا معاملہ نہ ہونا ان کی نبوت کی دلیل بن سکتا ہے۔ لوگ تو خدا بننے کا بھی دعویٰ کرتے رہے ہیں اور بڑے ٹھاٹھ سے انہوں نے اپنی زندگیاں گزاری ہیں۔ فرعون وغیرہ بیسیوں مثالیں آپ کے سامنے ہیں۔

غیرتِ خداوندی اپنے مقربین سے اس قسم کی غلطی کو برداشت نہیں کرتی۔ جھوٹا تو پہلے ہی جھوٹا ہے۔ اس کے ساتھ یہ معاملہ نہیں کیا جاتا، البتہ اس کے جھوٹ کو ثابت کرنے کے لیے دیگر دلائل سے کام لیا جاتا ہے جن سے ہر دانشمند اس کو جھوٹا سمجھنے لگتا ہے۔ تَقَوَّلَ: افتریٰ وتکلف وتصنع فی القول۔ کسی پر بہتان باندھنا، تصنع اور بناوٹ کرنا۔ الاقاویل: الاقوال المفتراۃ۔ وہ جھوٹی باتیں جو بطور افترا اور بہتان کہی گئی ہوں۔ یمین سے مراد یا تو قوت وقدرت ہے۔ اس صورت میں آیت میں مِنْہُ میں مِنْ زائد ہوگا۔ عبارت یوں ہوگی۔ لَاَخَذْنَاہُ بِالْیَمِیْنِ۔ یعنی ایسے مفتری کو ہم پوری قوت سے پکڑ لیں گے اور اگر یمین کا معنی دایاں ہاتھ لیا جائے تو پھر آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ ہم اس مفتری کا دایاں ہاتھ پکڑ لیں گے تاکہ وہ بھاگ نہ سکے پھر اس کی رگِ جان کاٹ دیں گے۔

۲۵ جب ایسے مفتری کو ہم یہ عبرتناک سزا دینے لگیں تو تم میں سے کسی میں یہ ہمت وجرأت نہیں کہ آڑے آ جائے اور اسے ہماری سیفِ غضب سے بچا لے۔

لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَ اِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ مُّكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾ وَ اِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ

پرہیزگاروں کے لیے۔ اور ہم خوب جانتے ہیں کہ تم میں سے بعض جھٹلانے والے ہیں۔ اور یہ بات باعث حسرت ہوگی

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾ وَ اِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۵۱﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۵۲﴾

کفار کے لیے۔ اور بے شک یہ یقیناً حق ہے [۲۶] پس اے حبیب! آپ تسبیح کیا کریں اپنے رب کی جو عظمت والا ہے [۲۷]

[۲۶] یہاں حق صفت ہے جسے موصوف الیقین کی طرف مضاف کیا گیا ہے۔ ای انہ الیقین الحق۔ یعنی ایسا یقین جو سراسر حق ہے جس میں باطل کی ذرا ملاوٹ تک نہیں۔

[۲۷] اے حبیب! اپنے رب کی پاکی بیان کیا کرو جس نے آپ کو ان لامحدود انعامات سے سرفراز فرمایا ہے۔ تمام انبیاء و رسل کا آپ کو سردار بنایا ہے۔ آپ کے سر پر ختم نبوت کا تاج سجایا ہے۔ آپ کو رحمۃ للعالمین کا لقب عطا فرمایا ہے اور آپ کو ہر عیب اور نقص سے محفوظ رکھا ہے۔ جس رب نے آپ پر اتنے بڑے احسانات فرمائے ہیں وہ واقعی عظیم ہے۔ اس کی تسبیح کرنا، اس کی حمد کرنا، اس کا شکر بجالانا آپ پر فرض ہے۔

اس ارشاد ربانی کی تعمیل میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بھی بڑی لگن اور بڑے شوق سے مشغول رہا کرتے۔ ساری ساری رات کھڑے ہو کر رب قدوس کی حمد و تسبیح کیا کرتے یہاں تک کہ سحر ہو جاتی اور پاؤں مبارک سوج جایا کرتے۔ جب عرض کیا جاتا تو فرماتے اَفَلَا اَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا۔

○

سبحان ربی العظیم، سبحان ربی الاعلیٰ، سبحان اللہ الملک الصمد، لا شریک لہ، لہ الملک ولہ الحمد وھو علیٰ کل شیئ قدیر۔

والصلوٰۃ والسلام علیٰ حبیبہ المصطفیٰ و رسولہ المرتضیٰ وعلیٰ آلہ قادۃ الوریٰ واصحابہ نجوم الھدیٰ ومن تبعہ الیٰ یوم الدین۔

فاطر السمٰوٰت والارض انت ولی فی الدنیا والاٰخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔

○

تعارف
سُورہ المعارج

نام : اس سورت کی تیسری آیت میں المعارج کا کلمہ ہے اسی کو اس سورت کا عنوان مقرر فرمایا اس میں دو رکوع، چوالیس آیتیں، دو سو چوبیس کلمات، نو سو انتیس حروف ہیں۔

زمانۂ نزول : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ یہ ابتدائی دور میں نازل ہونے والی سورتوں میں سے ایک ہے۔

مضامین : اہلِ مکہ قیامت کے برپا ہونے کو ناممکن اور محال سمجھتے تھے اور جب بار بار انہیں قیامت سے ڈرایا جاتا تو وہ ازراہِ استہزاء کہتے کہ عرصہ دراز سے آپ نے قیامت آئے گی، قیامت آئے گی کی رٹ لگا رکھی ہے لے کیوں نہیں آتے، تاکہ ہم بھی اپنی آنکھوں سے دیکھیں کہ قیامت کیسی ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس بیمار ذہنیت کی اصلاح فرما رہے ہیں کہ اے اہلِ مکہ! قیامت آئے گی ضرور آئے گی، دُنیا کی کوئی طاقت اسے روک نہیں سکتی لیکن وقوعِ قیامت کوئی کھیل تماشہ نہیں کہ ادھر آپ نے فرمائش کی اور ادھر وقوعِ قیامت کا عمل شروع ہو گیا بلکہ یہ تو ایک بڑا ہولناک سانحہ ہو گا۔ آسمان اور پہاڑ پرزے پرزے ہو جائیں گے۔ اس کی ہولناکی اور دہشت سے ہر شخص تھر تھر کانپ رہا ہو گا۔ دوست بھائی، بیوی بچے، ماں باپ سب فراموش ہو جائیں گے ہر کسی کو اپنے نفس کی پڑی ہو گی، اس لیے تم نادان نہ بنو قیامت تمہارے کہنے پر نہیں آئے گی، بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے جو وقت مقرر کر دیا ہے جب وہ وقت آئے گا تو قیامت خود بخود برپا ہو جائے گی۔

(۲) اسلامی نظامِ عبادات اور نظامِ اخلاق، انسان کی خامیوں اور کوتاہیوں کو جس حیرت انگیز طریقہ سے دُور کرتا ہے اس کا اظہار فرما دیا، بتایا کہ انسان اپنی سرشت کے لحاظ سے بڑا بے صبر اور حریص ہے۔ جب اسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو بلبلا اٹھتا ہے جب اسے نعمت دی جاتی ہے تو وہ کنجوس بن جاتا ہے۔ خود سوچیے جس انسان میں یہ عیوب ہوں وہ قطعاً قابلِ احترام شے نہیں لیکن نماز، زکوٰۃ، قیامت پر ایمان، عفت و عصمت، امانت میں دیانت اور عہد کی پاسداری وغیرہ یہ ایسی چیزیں ہیں جن کی تاثیر سے انسان کی خامیاں دُور ہو جاتی ہیں اور اس کے نقائص کی اصلاح ہو جاتی ہے جو انسانیت کے دامن پر بدنما داغ کی حیثیت رکھتے ہیں ایسے انسان میں انسانیت کا وہ عکسِ جمیل نظر آنے لگتا ہے جس کی وجہ سے یہ مسجودِ ملائک بنا اور اسے خلافتِ ارضی کی مسند پر متمکن کیا گیا۔

(۳) پھر فرمایا یہ کفار کس بات پر فخر و ناز کرتے ہیں ان کے اعمالِ بد کے باعث اگر ہم ان کو نیست و نابود کر دیں گے تو دُنیا غیر آباد نہیں ہو جائے گی بلکہ ان کے قائم مقام ہم ایسے لوگ کھڑے کر دیں گے جو اپنے حسنِ عمل سے عروسِ کائنات کے گیسوؤں کو سنوارنے کی صلاحیت رکھتے ہوں گے ــــــــ آخر میں پھر وقوعِ قیامت کے یقینی ہونے کی طرف ان کی توجہ مبذول کرائی۔

سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعٌ وَاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ المعارج مکی ہے، یہ چوالیس آیتوں پر مشتمل ہے اور اس میں دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ﴿۱﴾ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ ﴿۲﴾

مطالبہ کیا ہے ایک سائل نے ایسے عذاب کا جو ہو کر رہے۔ (وہ سن لے) یہ تیار ہے کفار کے لیے اسے کوئی ٹالنے والا نہیں [1]

[1] سائل کے دو معنی ہیں۔ پوچھنا، دریافت کرنا اور طلب کرنا، مانگنا۔ اگر پہلا معنی لیا جائے تو آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ اہل مکہ پوچھتے ہیں کہ جس عذاب کا آپ ہر وقت ذکر کرتے رہتے ہیں، وہ کن لوگوں پر نازل ہوگا تو ان کے اس سوال کا جواب دیا گیا کہ وہ کفار پر نازل ہوگا اور جب نازل ہوگا تو کوئی اس کو ٹال نہ سکے گا۔

اگر سائل کا دوسرا معنی لیا جائے تو پھر اس میں ایک خاص واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ وہ یہ کہ نضر بن حارث نے ایک دفعہ خانہ کعبہ کے پاس کھڑے ہو کر یہ دعا مانگی۔ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ۔ الٰہی! اگر جو کلام یہ ہمیں سناتے ہیں حق ہے اور تیری طرف سے نازل ہوا ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا یا ہم پر کوئی دوسرا دردناک عذاب نازل کر۔ اس آیت میں اس نابکار کی اس احمقانہ دعا کا ذکر ہے کہ وہ ہم سے دعائیں مانگتا ہے کہ اس پر عذاب نازل کیا جائے وہ سن لے کہ جس عذاب کے لیے اس نے دعا مانگی ہے وہ بالکل تیار ہے، اسے اور اس کے ہمنوا کفار کو ضرور اس میں جھونکا جائے گا اور اس وقت دنیا کی کوئی طاقت اس عذاب کو ٹال نہ سکے گی۔ لیکن ابھی نہیں، ابھی تو میرا محبوب تمہارے درمیان تشریف فرما ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے ہم عذاب نازل نہیں کریں گے۔ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ۔ میرے رسول کو یہاں سے جانے دو پھر دیکھو تمہاری کیسی خبر لی جاتی ہے۔ چنانچہ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مکہ سے ہجرت کر کے تشریف لے گئے تو دوسرے سال ہی بدر کی جنگ ہوئی اور اسے بری طرح قتل کر دیا گیا۔ اور پورا عذاب تو قیامت کے دن ملے گا۔ آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ ایک سوال کرنے والے نے ہم سے یہ سوال کیا ہے کہ ہم اس پر عذاب اتاریں اور اس کو اس کے کفر و شرک کا مزا چکھائیں۔ للکافرین الخ سے اس سائل کا جواب ہے اور للکافرین کا متعلق محذوف ہے۔ تقدیر کلام یوں ہے هُوَ اَيْ ذٰلِكَ الْعَذَابُ الْمَسْئُوْلُ عَنْهُ مُهَيَّاً وَ مُرْصَدٌ لِلْكَافِرِيْنَ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْا۔ (تفسیر المظہری) یعنی جس عذاب کے لیے اس نے دعائیں اور التجائیں کی ہیں وہ بالکل تیار ہے، وہ ضرور انہیں چکھایا جائے گا لیکن اپنے وقت پر، جلد بازی کی ضرورت نہیں۔ اور جب وہ مقررہ گھڑی آ جائے گی تو دنیا کی کوئی طاقت اس عذاب کو ٹال نہ سکے گی۔

مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ۝٣ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ

یہ اللہ کی طرف سے ہے جو عروج کے زینوں کا مالک ہے ۲ عروج کرتے ہیں فرشتے اور جبریل اللہ کی بارگاہ میں ۳

يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ۝٤ فَاصْبِرْ صَبْرًا

یہ عذاب اس روز ہوگا جس کی مقدار پچاس ہزار برس ہے ۴ (اے حبیب!) صبر کیجیے جو بہت

۲ یہ عذاب نازل کرنے والا کوئی کمزور اور ضعیف شخص نہ ہوگا جس کو وہ نیچا دکھا سکتے ہیں بلکہ یہ عذاب اللہ جل مجدہٗ کی طرف سے ہوگا۔ وہ اللہ تعالیٰ جو مَعَارِج کا مالک ہے۔

مَعَارِج: عروج سے ہے۔ عروج کا معنی بلند ہونا، اونچا ہونا ہے۔ اس سے اسم آلہ مِعْرَاج اور مِعْرَج ہے۔ اسی کی جمع مَعَارِج اور مَعَارِیج ہے۔ ان کا معنی ہے سیڑھیاں، زینے جن کے ذریعے انسان اوپر چڑھتا ہے۔ حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں مَعَارِج سے مراد آسمان ہیں کیونکہ وہ بھی زینوں کی طرح درجہ بدرجہ ایک دوسرے کے اوپر ہیں۔ قال ابن مسعود ذی المعارج ای ذی السمٰوات۔ یا مَعَارِج سے مراد وہ مراتب و مدارج ہیں جو فرشتوں کو عطا کیے گئے ہیں اور جب معارج کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو اس سے مراد وہ شان اور وہ عظمت ہے جو اس کی ذاتِ اقدس کے شایاں ہے۔

۳ اور رُوح سے مراد جبریل امین ہیں۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں کہ الرّوح سے مراد روحِ انسانی ہے جس کا تعلق عالم امر سے ہے اور انبیاء و اولیاء کی ارواحِ مقدسہ دوری اور غفلت کی پستیوں سے پرواز کر کے رب ذوالجلال کے حریمِ قرب میں نشیمن بنایا کرتی ہیں۔ المراد بالروح روح البشر الذی ھو من عالم الامر فان ارواح البشر من الاولیاء والانبیاء تعرج من خفض البعد والغفلۃ الی معارج القرب والحضرۃ۔ (مظہری)

۴ اس کا تعلق وَاقِع کے ساتھ ہے یعنی جس عذاب کے نزول کے بارے میں وہ دعائیں مانگ رہے ہیں وہ ایسے دن میں واقع ہوگا جو پچاس ہزار سال کے برابر ہوگا۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے:

قال سُئِلَ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عن یوم کان مقدارہ خمسین الف سنۃ ما اطول ھذا الیوم۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے رسولِ کریم سے پوچھا گیا کہ وہ دن تو بہت طویل ہوگا جس کا طول پچاس ہزار سال کے برابر ہوگا۔

فقال علیہ الصلوٰۃ والسلام والذی نفسی بیدہ انہ لیخفف علی المؤمن حتی یکون اخف علیہ من صلوٰۃ مکتوبۃ یصلیھا فی الدنیا۔

ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے، یہ دن مومن کے لیے بڑا مختصر کر دیا جائے گا۔ یہاں تک کہ جتنا وقت فرض نماز کے ادا کرنے میں لگتا ہے اس سے بھی اسے مختصر معلوم ہوگا۔ اس میں قطعاً کوئی اچنبا نہیں۔ وقت کی مقدار ایک ہوتی ہے لیکن کسی کے لیے وہ وقت ایک لمحہ کی طرح گزر جاتا ہے اور کسی کیلئے وہ

وقت بڑا طویل ہوتا ہے۔ قیامت کا دن تو دہی ہوگا لیکن اہل ایمان کو وہ بڑا مختصر معلوم ہوگا اور بعض مجرموں کو وہ ہزار سال کے برابر محسوس ہوگا اور جو سخت متمرد اور باغی ہوں گے انہیں پچاس ہزار سال جتنا لمبا معلوم ہوگا۔ علامہ آلوسی نے عرب کے اشعار سے اس پر استشہاد کیا ہے۔

من قصر الليل اذا زرتنى　　　أشكو وتشتكين من الطول

جس رات تو مجھے ملاقات کا شرف بخشتی ہے تو میں تو شکوہ کرتا ہوں کہ یہ رات نہایت مختصر تھی اور تو اس کے طویل ہونے کی شکایت کرتی ہے۔

بعض نے تو اس سے مراد پورے پچاس ہزار سال لیے ہیں اور بعض کی رائے ہے کہ پچاس ہزار کا عدد مقصود نہیں بلکہ محض اس کی طوالت کو بیان کرنا ہے۔ حضرت ابن عباس سے یہی قول منقول ہے۔

تعرج الملائكة کی ایک اور تفسیر بھی بیان کی گئی ہے کہ اس سے مراد قیامت کا دن نہیں بلکہ اب بھی فرشتے بارگاہ الٰہی میں حاضر ہوتے ہیں اور وہاں سے احکام اور ہدایات حاصل کرتے ہیں اور نہایت قلیل وقت میں ان کی تنفید کے لیے اپنے اپنے مقام پر پہنچ جاتے ہیں۔ یہ مسافت جو وہ پل بھر میں طے کرتے ہیں اتنی طویل ہے کہ اگر انسان اپنی طبعی رفتار سے چلنا شروع کر دے تو پچاس ہزار سال منزل تک پہنچتے پہنچتے لگ جائیں۔

قال محمد بن اسحاق لوسار ابن ادم من الدنيا الى موضع العرش سيرا طبيعيا لسار خمسين الف سنة (مظہری)

علامہ پانی پتی اس کے بعد لکھتے ہیں:

ومن ههنا قالت الصوفية العلية ان فناء القلب الذى يحصل للصوفى بالجذب من الله تعالى بتوسط النبى صلى الله تعالى عليه وسلم والمشائخ لو اراد واحد ان يحصله بالعبادات والرياضات من غير جذب من الشيخ فانما يحصل له فى زمان كان مقدارة خمسين الف سنة واذا لم يتصور بقاء احد بل بقاء الدنيا الى هذه المدة ظهر ان الوصول الى الله تعالى من غير جذب منه تعالى بتوسط احد من المشائخ كما هو المعتاد وبلا توسط روح رجل كما يكون لبعض الاويسين من الافراد محال۔ والله المستعان۔

ترجمہ: اسی لیے صوفیائے کرام نے فرمایا ہے کہ فنائے قلب کا مقام صوفی کو صرف اللہ تعالیٰ کی کشش اور جذب سے حاصل ہوتا ہے اور یہ جذب و کشش حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اور مشائخ کے توسط سے حاصل ہوتا ہے اور اگر کوئی شخص شیخ کامل کی توجہ کے بغیر صرف عبادتوں اور ریاضتوں سے اس مقام تک پہنچنا چاہے تو اس کے لیے پچاس ہزار سال کا عرصہ درکار ہے اور اتنی تو کسی کی عمر نہیں ہو سکتی۔ اس سے یہ بات آشکارا ہو گئی کہ پیر کامل کی توجہ کے بغیر کسی کا اس مقام پر فائز ہونا محال ہے۔ واللہ المستعان (مظہری)

جَمِيلًا ۝۵ إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيدًا ۝۶ وَّنَرَاهُ قَرِيبًا ۝۷ يَوْمَ تَكُونُ

خوبصورت ہو[5] کفار کو تو یہ بہت دُور نظر آتا ہے [6] لیکن ہم اسے قریب دیکھ رہے ہیں [7] اس روز آسمان

السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ ۝۸ وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ۝۹ وَلَا يَسْـَٔلُ

پگھلی ہوئی دھات کی مانند ہو گا [8] اور پہاڑ رنگ برنگی اُون کی طرح ہو جائیں گے [9] اور کوئی جگری دوست کسی

حَمِيمٌ حَمِيمًا ۝۱۰ يُبَصَّرُونَهُمْ ۚ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِي مِنْ

جگری دوست کا حال نہ پوچھے گا [10] دکھائی دیں گے ایک دوسرے کو [11] مجرم تمنا کرے گا کہ کاش! بطور فدیہ دے سکتا

---

[5] کفار کی اس قسم کی باتیں محض مذاق اُڑانے اور حضورؐ کے دلِ رحیم کو دُکھانے کے لیے ہوتی تھیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو ارشاد فرماتے ہیں کہ اے حبیب! ان نادانوں کو ہرزہ سرائی کرنے دیجیے۔ آپ ان کی پروا نہ کریں اور ملول و رنجیدہ خاطر نہ ہوں صبر سے کام لیں۔ اور صبر بھی وہ جو صبرِ جمیل ہے کہ مصائب و آلام کے پہاڑ ٹوٹ پڑیں تو زبان شکوہ سنج نہ ہو۔ لبوں پر حرفِ شکایت نہ آئے۔ صبرِ جمیل کا مفہوم حضرت ابن عباس نے یہ بیان کیا ہے۔ مَا لَا شَكْوَىٰ فِيهِ إِلَىٰ أَحَدٍ غَيْرِ اللّٰهِ تَعَالَىٰ (روح المعانی)

[6] کفار عذابِ قیامت کو بعید خیال کرتے ہیں یعنی قیامت کا وقوع بہت دُور ہے۔ اس کی تاریخ کا بھی کسی کو علم نہیں۔ اور بعید کا ایک معنی یہ بھی ہے کہ وہ اسے ناممکن اور محال سمجھتے ہیں۔ جب قیامت کا وقوع ان کے نزدیک خلافِ عقل اور ناممکن ہے تو عذاب بھی محال و ناممکن ہو گا۔ اي بعيد عن الامكان (روح المعانی) عن الامكان او مستبعدا في العقل محتملا احتمالا ضعيفا (مظہری) لیکن ہم اسے بالکل قریب دیکھ رہے ہیں۔ اس کا برپا ہونا یقینی ہے اور جس کا برپا ہونا یقینی ہو وہ کتنی ہی دور ہو قریب ہوتی ہے کُلُّ مَا هُوَ آتٍ قَرِيبٌ۔ جو چیز آنے والی ہو وہ قریب ہے کیونکہ اسے زود یا بدیر آ کر رہنا ہے۔

[8] مُہل کہتے ہیں پگھلی ہوئی دھات کو۔ تانبہ ہو یا چاندی ہو۔ المُذَابُ مِنَ النُّحَاسِ وَغَيْرِهِ مِنَ الْفِلِزَّاتِ۔ اس کا دوسرا معنی تیل کی تلچھٹ بھی ہے۔ دُرْدِيُّ الزَّيْتِ۔

اس روز آسمان کے مختلف رنگ ہوں گے۔ اس کے رنگوں کے اختلاف کو مختلف مقامات پر مختلف الفاظ میں بیان کیا گیا۔

[9] اَلْعِهْن: وہ اُون جو مختلف رنگوں سے رنگی ہوئی ہو۔ الصُّوفُ الْمَصْبُوغُ أَلْوَانًا۔ کیونکہ پہاڑوں کے رنگ گوناگوں ہوتے ہیں اس لیے ان کو عہن سے تشبیہ دی گئی ہے۔ الحميم: القريب الذي تهتم بامره الصديق۔ ادنیٰ درجے کے دوست کو نہیں کہتے، بلکہ جگری دوست جس کا تجھے از حد خیال رہتا ہے۔ اس کی کسی حالت سے تو بے پروائی اور بے رُخی اختیار نہیں کر سکتا۔

[11] یہ نہیں کہ وہ اس لیے ایک دوسرے کی مدد نہیں کریں گے کہ انہیں پتہ نہ چلے گا کہ ان کے جانی دوست پر کیا بیت رہی ہے بلکہ سب ایک دوسرے کو دیکھ رہے ہوں گے۔ آنکھوں کے سامنے دُرگت بن رہی ہو گی لیکن ہر شخص اپنے بارے میں اتنا متفکر ہو گا کہ

عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ ﴿۱۱﴾ وَصَاحِبَتِهِ وَأَخِيهِ ﴿۱۲﴾ وَفَصِيلَتِهِ

آج کے عذاب سے بچنے کے لیے اپنے بیٹوں کو، اپنی بیوی کو، اپنے بھائی کو، اپنے خاندان کو جو (ہر مشکل میں)

الَّتِي تُؤْوِيهِ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ يُنْجِيهِ ﴿۱۴﴾ كَلَّا ۖ إِنَّهَا

اسے پناہ دیتا تھا اور (بس چلے تو) جتنے لوگ زمین میں ہیں سب کو ؂۹ پھر یہ (فدیہ) اس کو بچا لے (لیکن) ایسا ہرگز نہ ہوگا ؂۱۰ بے شک

لَظَىٰ ﴿۱۵﴾ نَزَّاعَةً لِلشَّوَىٰ ﴿۱۶﴾ تَدْعُو مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّىٰ ﴿۱۷﴾ وَجَمَعَ

آگ بھڑک رہی ہو گی ؂۱۱ تو ادھیڑ دے گی گوشت پوست کو ؂۱۲ وہ بلائے گی جس نے (حق سے) پیٹھ پھیری اور منہ موڑا تھا ؂۱۳ اور مال جمع کرتا رہا پھر

فَأَوْعَىٰ ﴿۱۸﴾ إِنَّ الْإِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوعًا ﴿۱۹﴾ إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

اسے سنبھال سنبھال کر رکھتا رہا۔ بے شک انسان بہت لالچی پیدا ہوا ہے ؂۱۴ جب اسے تکلیف پہنچے تو

کسی کو دوسرے سے پرسشِ حال کا ہوش ہی نہیں ہوگا۔

؂۹ بلکہ اس دن ہر مجرم یہ آرزو کرے گا کہ کاش! اس کی گلو خلاصی ہو جائے، اسے نجات مل جائے اور اس مقصد کے لیے اگر اسے اپنا بیٹا، بیوی، بھائی اور اپنا خاندان بھی فدیہ کے طور پر دینا پڑے تو وہ دے دے گا۔

؂۱۰ لیکن کسی کو وہ اپنے بدلے قربانی کا بکرا نہ بنا سکے گا۔

؂۱۱ اِنَّھَا کی ضمیر کا مرجع آگ بھی ہو سکتی ہے اور جہنم بھی۔ پہلی صورت میں معنی یہ ہوگا کہ وہ ایسی آگ ہو گی جس میں شعلے بھڑک رہے ہوں گے۔ دوسری صورت میں معنی یہ ہوگا کہ وہ جہنم جس کی آگ کے شعلے بھڑک رہے ہوں گے۔

؂۱۲ شوٰی، جمع ہے۔ اس کا واحد الشواۃ ہے۔ یہ سر کی کھال کو بھی کہتے ہیں۔ دونوں ہاتھوں، دونوں پاؤں اور دوسرے اطرافِ جسم جن پر ضرب لگنے سے انسان کی موت واقع نہیں ہوتی، ان کو بھی شوٰی کہا جاتا ہے اور انسان کی ساری ظاہری کھال کو بھی شواۃ کہتے ہیں۔ یقال الشواۃ ظاھر الجلد کلہ۔ (تاج العروس) قرطبی نے ضحاک سے نزاعۃ للشوٰی کا یہ معنی بھی لکھا ہے تفری اللحم والجلد من العظم حتی لا تترک منہ شیئا۔ یعنی یہ آگ انسان کے گوشت اور پوست کو ہڈیوں سے اُدھیڑ دے گی۔

؂۱۳ آگ ان لوگوں کو بلائے گی، کہے گی، اِلَیَّ یَا مُشْرِکُ، اِلَیَّ یَا مُنَافِقُ۔ اے مشرک! کہاں بھاگتے ہو، ادھر آؤ۔ اے منافق! کہاں بھاگتے ہو ادھر آؤ۔

؂۱۴ یہ چند آیات ۱۹ تا ۳۵ آپ کی خصوصی توجہ کی مستحق ہیں۔ یہاں بڑی وضاحت سے اس حقیقت سے پردہ اٹھایا جا رہا ہے کہ اسلام نے عبادات کا جو نظام اپنے ماننے والوں کے لیے تجویز کیا ہے وہ محض پوجا پاٹ اور بے مقصد رسومات نہیں جن کو انسان کی

اصلاح اور تربیت سے دُور کا واسطہ بھی نہ ہو۔ بلکہ یہ وہ انقلاب آفریں پروگرام ہے جو انسان کی صرف تربیت ہی نہیں کرتا بلکہ اس کی سرشت میں جو عیوب اور کمزوریاں ہیں' ان کا بھی قلع قمع کر دیتا ہے اور اس کو ایسی خوبیوں اور کمالات سے مزین کرتا ہے کہ وہ اپنے لیے' اپنے خاندان کے لیے' اپنی قوم کے لیے اور اپنے ملک کے لیے باعث صد عزو افتخار بن جاتا ہے۔ اس کے دم سے حق کا بول بالا ہوتا ہے۔ اس کی دل نوازیوں سے دُکھی انسانیت کے آلام و مصائب میں کمی آجاتی ہے۔ وہ پیکر یمن و برکت' جدھر سے گزر جاتا ہے مسرتوں کے پھول کھل جاتے ہیں۔ خوش حالی کے چراغ روشن ہو جاتے ہیں۔ بے کسوں اور بے بسوں کو نئی زندگی' نئی اُمنگ مل جاتی ہے۔ کیجیے! ذرا ان نورانی آیتوں میں غور کریں اور ان کے دامن میں رحمتوں' برکتوں کے جو خزانے سمٹے ہوئے ہیں ان کا مشاہدہ کریں۔

پہلے مشکل الفاظ کی تشریح سُنیے: هَلُوعٌ: الحريص على ما لا يحل۔ قال مقاتل: ضيق القلب۔ قال عطية عن ابن عباس تفسيره ما بعده۔ یعنی وہ حریص جو حلال و حرام کی تمیز نہ کرے اسے هَلُوعٌ کہتے ہیں۔ مقاتل کہتے ہیں کہ اس کا معنی تنگ دل ہے۔ عطیہ نے ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ اس کا معنی بعد کی دو آیتوں میں بتایا گیا ہے۔

جَزُوعٌ: جزع سے مبالغہ کا صیغہ ہے۔ ضد الصبر، نقيض الصبر۔ یعنی بہت جزع فزع کرنے والا۔

مَنُوعٌ: الضنين الممسك، سخت کنجوس، سخت بخیل۔

اب ان تین آیات کو دوبارہ پڑھیے۔ ان میں بتایا گیا ہے کہ انسان کی سرشت میں تین عیب ہیں۔ ایک تو وہ حریص اور کم ظرف ہے۔ ایسی چیزوں کو بھی ہڑپ کرنے کے لیے بے تاب رہتا ہے جو اس کے لیے حلال نہیں ہوتیں۔ اس کی کوششیں ہر قیمت پر دولت سمیٹنے کے لیے وقف رہتی ہیں۔ خواہ دولت رشوت سے ملے' لوٹ کھسوٹ سے ملے' چوری و راہزنی سے ملے' قوم کی غذائی اجناس کو سمگل کر کے ملے' یا قوم و وطن سے غداری کر کے ملے' وہ باز نہیں آتا۔ ایسے لالچی کو عربی میں "هَلُوعٌ" کہا جاتا ہے۔ دوسرا نقص اس میں یہ ہے کہ وہ جَزُوعٌ ہے' بہت گھبرا جانے والا' جب مصائب کی گھٹا اس کی زندگی کے افق پر نمودار ہوتی ہے تو اس کے ہاتھ پاؤں پھول جاتے ہیں' اوسان خطا ہو جاتے ہیں' امید کی کوئی کرن اس کو نظر نہیں آتی۔ تیسرا نقص یہ ہے کہ وہ سخت کنجوس' سخت بخیل ہے' کسی ملی یا قومی مقصد کے لیے' کسی نادار اور فقیر کی امداد کے لیے ایک دمڑی بھی خرچ نہیں کرتا۔

اب خود سوچیے کہ جس شخص میں حرص اتنی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہو کہ وہ حلال و حرام کی تمیز سے بھی قاصر ہو' جو مصیبت کے وقت اپنے اوسان خطا کر بیٹھے اور مایوس ہو کر اپنے آپ کو حالات کے رحم و کرم پر ڈال دے یا جب وہ دولت مند اور مالدار ہو تو کنجوس' مکھی چوس بن جائے تو کیا ایسے شخص کا وجود' اپنے ملک و ملت کے لیے باعث ننگ و عار نہیں ہوتا۔ اس سے اس کی بستی والے بھی نفرت کرتے ہیں' اس کے گھر والے بھی اس سے بیزار ہوتے ہیں اور سچ تو یہ ہے کہ وہ اپنی ذات کے لیے بھی وبال بن جاتا ہے۔

ایسی فطری کمزوریوں کا پیکر جب اسلام کی تعلیمات کو اپنا لیتا ہے' جب اس کے ارشادات پر عمل پیرا ہو جاتا ہے' جب اپنی زندگی کے روز و شب کو قرآن کریم کے پیش کیے ہوئے اس قالب میں ڈھال لیتا ہے تو اس کی کایا پلٹ جاتی ہے' وہ حریص نہیں رہتا۔ وہ غنی ہو جاتا ہے' اس کا دل غنی ہو جاتا ہے' اس کی آنکھیں سیر ہو جاتی ہیں۔ مصائب کے تند و تیز طوفان جب اس سے آکر ٹکراتے ہیں تو اسے فولاد کی چٹان کی مانند مضبوط پاتے ہیں۔ ان حالات میں اس کی امید کا چراغ اور زیادہ ضیا بار ہوتا ہے۔ سیل حوادث سے وہ گھبراتا نہیں بلکہ اس

جَزُوۡعًا ۝٢٠ وَّاِذَا مَسَّهُ الۡخَيۡرُ مَنُوۡعًا ۝٢١ اِلَّا الۡمُصَلِّيۡنَ ۝٢٢ الَّذِيۡنَ

سخت گھبرا جانے والا اور جب اسے دولت ملے تو حد درجہ بخیل بجز ان نمازیوں کے ۱۵؎ جو

هُمۡ عَلٰى صَلَاتِهِمۡ دَآئِمُوۡنَ ۝٢٣ وَالَّذِيۡنَ فِىۡۤ اَمۡوَالِهِمۡ حَقٌّ

اپنی نماز پر پابندی کرتے ہیں۔ اور وہ جن کے مالوں میں مقررہ

مَّعۡلُوۡمٌ ۝٢٤ لِّلسَّآئِلِ وَالۡمَحۡرُوۡمِ ۝٢٥ وَالَّذِيۡنَ يُصَدِّقُوۡنَ بِيَوۡمِ

حق ہے سائل کے لیے اور محروم کے لیے ۱۶؎ اور جو تصدیق کرتے ہیں روز

وقت اس کی خفتہ توانائیاں انگڑائیاں لینے لگتی ہیں۔ وہ ان سے فرار اختیار نہیں کرتا بلکہ شیروں کی طرح ان پر جھپٹتا ہے۔ اور جب اس پر خوشحالی کا دور آتا ہے تو وہ محتاجوں اور مسکینوں کو ڈھونڈ کر ان کی امداد کرتا ہے، وہ کسی کو پریشان نہیں دیکھ سکتا۔ جب تک وہ کسی کی تکلیف کو دور نہ کر دے اسے چین نہیں آتا۔

یہ وہ تبدیلی ہے جو اسلام کے پیش کیے ہوئے نظام عبادات پر عمل کرنے سے انسان میں رونما ہوتی ہے۔ ہماری شومئ قسمت ملاحظہ ہو کہ آج کا مسلمان اس بابرکت پروگرام کو اپنے لیے ایک ناقابل برداشت بوجھ، ایک ناروا پابندی اور ایک غیر دلچسپ مصروفیت گردانتا ہے۔ اسی وجہ سے وہ فطری کمزوریاں عود کر آئی ہیں اور بڑی قوت سے انہوں نے ہمارے قلب و نظر پر اپنا قبضہ جمالیا ہے۔

اب آئیے! اس نظام عمل کا مطالعہ کریں جو ہمارے خالق و مالک نے ان آیات میں ہمیں عطا فرمایا ہے۔

۱۵؎ ان کمزوریوں سے وہ لوگ نجات پالیتے ہیں جو نماز ادا کرتے ہیں اور نماز ادا کرتے وقت صمیم قلب سے رب کی یاد میں محو ہو جاتے ہیں۔ دائیں بائیں ان کی نظر نہیں اٹھتی۔ یوں اس کیفیت میں ڈوبے رہتے ہیں کہ وہ اپنے رب کے حضور میں حاضر ہیں، ان کی حرکات و سکنات بلکہ دل کے احساسات کو بھی وہ دیکھ رہا ہے۔ اذ المراد من الدوام دوام الحضور۔ ابو الخیر کہتے ہیں کہ ہم نے عقبہ بن عامر سے دریافت کیا کہ کیا اس آیت میں دائمون کا معنی پابندی سے نماز ادا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا یہ معنی نہیں بلکہ اس کا مطلب کسی کی طرف التفات نہ کرنا ہے۔ نمازی کو چاہیے کہ اپنی نگاہ اپنی سجدہ گاہ پر مرکوز رکھے، حضورؐ نے حضرت انس کو فرمایا یا انس اجعل بصرك حيث تسجد اپنی نگاہ اس جگہ رکھو جہاں تم سجدہ کرتے ہو۔ علماء فرماتے ہیں کہ نظر کو اپنی سجدہ کی جگہ پر مرکوز رکھنے سے حضور قلب حاصل ہوتا ہے اور خطرات سے نجات ملتی ہے۔

۱۶؎ وہ مال کو اپنی ذات کے لیے مخصوص نہیں کرتے بلکہ انہوں نے اس میں ایک خاص حصہ مقرر کر رکھا ہے جو وہ سائلوں اور محروموں کو دیتے ہیں۔ سائل سے مراد مانگنے والا، محروم سے مراد وہ شخص ہے جو از حد ضرورت مند ہونے کے باوجود کسی سے مانگ نہ سکتا ہو اور کسی کے سامنے دست سوال دراز نہ کر سکتا ہو۔ یعنی ان لوگوں کو ایسے لوگوں کی تلاش رہتی ہے، وہ رات کے اندھیروں میں ان کے گھر جاتے

الدِّيْنِ ﴿۲۶﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۲۷﴾

جزا کی ؎۱۷ اور جو اپنے رب کے عذاب سے ہمیشہ ڈرنے والے ہیں ؎۱۸

اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ﴿۲۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ

بے شک ان کے رب کا عذاب نڈر رہنے کی چیز نہیں ؎۱۹ اور وہ لوگ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت

حٰفِظُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ

کرنے والے ہیں ؎۲۰ بجز اپنی بیویوں کے یا اپنی کنیزوں کے تو ان پر

غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

کوئی ملامت نہیں۔ البتہ جو خواہش کریں گے ان کے علاوہ تو وہی لوگ حد سے

الْعٰدُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ﴿۳۲﴾

بڑھنے والے ہیں۔ اور جو اپنی امانتوں اور عہد و پیمان کی پاسداری کرتے ہیں ؎۲۱

ہیں اور لوگوں کی نگاہوں سے چھپ چھپ کر ان کی امداد کرتے ہیں۔

؎۱۷ یہ لوگ اس زندگی کو آخری زندگی خیال نہیں کرتے بلکہ ان کا ایمان ہے کہ قیامت کے روز انہیں دوبارہ زندہ کر کے قبروں سے اٹھایا جائے گا اور ان سے ان کے اعمال کے بارے میں بازپرس کی جائے گی۔

؎۱۸ وہ نیکیاں کرتے ہیں لیکن ان پر ناز نہیں کرتے۔ ہر وقت اپنی کوتاہیوں کا احساس کر کے اپنے رب کی ناراضگی سے لرزاں و ترساں رہتے ہیں۔

؎۱۹ وہ جانتے ہیں کہ ان کے رب کے عذاب کو کوئی دور نہیں کر سکتا۔ غیر مامون کا ایک اور معنی بھی کیا گیا ہے ای لا ینبغی لاحد ان یامن عذابہ عزّ وجل۔ یعنی وہ کتنے ہی نیکوکار بن جائیں، وہ اپنے آپ کو اپنے رب کے عذاب سے امن میں نہیں سمجھتے بلکہ اس کی بے نیازی سے ہر لحظہ ڈرتے رہتے ہیں۔

؎۲۰ جو اپنے دامنِ عفت پر داغ نہیں پڑنے دیتے۔ جو اپنے گوہرِ عصمت کی پوری طرح حفاظت کرتے ہیں۔

؎۲۱ جو امانتیں ان کے سپرد کی جاتی ہیں وہ ان میں خیانت نہیں کرتے۔ امانتوں سے مراد یہاں ہر قسم کی امانتیں ہیں۔ ہمارے اعضا، ہمارے ہوش و حواس، ہماری عقل اور ہماری زندگی سب خدا کی امانتیں ہیں۔ ان کو اس کے حکم کے مطابق صرف کرنا دیانت داری ہے اور ان کو اس کی نافرمانی میں خرچ کرنا بددیانتی اور خیانت ہے۔ اگر حکومت نے کوئی ذمہ داری کسی کو سونپی ہے تو اس کو اپنی پوری صلاحیتوں

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ

اور جو لوگ اپنی گواہیوں پر قائم رہنے والے ہیں ۲۲؎ اور جو لوگ اپنی نمازوں کی

يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ۝ فَمَالِ الَّذِيْنَ

حفاظت کرتے ہیں ۲۳؎ یہی لوگ مکرم (و محترم) ہوں گے جنتوں میں ۲۴؎ پس ان کافروں کو کیا ہوگیا ہے کہ

كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ۝ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ ۝

آپ کی طرف ٹکٹکی باندھے بھاگے چلے آرہے ہیں۔ ایک گروہ دائیں طرف سے اور دوسرا گروہ بائیں طرف سے ۲۵؎

اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ۝ كَلَّا

کیا طمع کرتا ہے ان میں سے ہر شخص کہ (ایمان وعمل کے بغیر) نعمتوں بھری جنت میں اسے داخل کیا جائے ۲۶؎ ہرگز نہیں۔

کے مطابق انجام دینا بھی اس میں داخل ہے۔ اگر کوئی ایسا نہیں کرے گا تو وہ خائن ہوگا۔ اسی طرح اگر کسی نے کوئی زیور، کوئی سامان برائے حفاظت اس کے پاس رکھا ہے تو اس کی نگہبانی کرنا اور حسب الطلب اس کو جوں کا توں واپس کر دینا یہ بھی اس میں داخل ہے اور جو ایسا نہیں کرے گا وہ بھی بددیانت اور خائن ہوگا۔

عہد سے بھی عام وعدہ مراد ہے۔ خواہ بندے کا اپنے رب سے کوئی وعدہ ہو یا کسی دوسرے انسان سے اس کا ایفا بھی ازحد ضروری ہے۔

۲۲؎ یعنی جو گواہیاں ان کے ذمہ ہیں انہیں بڑی سچائی سے ادا کرتے ہیں۔ کسی کا خوف، کوئی لالچ، کسی ملامت کرنے والے کی ملامت انہیں سچی گواہی دینے سے باز نہیں رکھتی۔

۲۳؎ جو لوگ پابندی سے نماز پڑھتے ہیں، قضا نہیں کرتے، بے وقت نہیں پڑھتے۔

۲۴؎ ان خوبیوں سے جو لوگ آراستہ ہیں ان میں وہ فطری کمزوریاں باقی نہیں رہتیں، ان کا وجود سب کے لیے باعث رحمت و برکت بن جاتا ہے انہیں خصال حمیدہ کے باعث وہ جنت میں داخل ہوں گے اور وہاں ان کو بڑی عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

۲۵؎ کفار جب حضور کریم کو کہیں بیٹھے ہوئے دیکھ لیتے تو دائیں بائیں سے جتھے کے جتھے بھاگ کر چلے آتے اور ٹکٹکی باندھ کر حضور کو دیکھنے لگتے لیکن ان کی یہ سرگرمی دعوت حق سننے کے لیے نہیں بلکہ مذاق اور ہنسی اڑانے کے لیے ہوا کرتی۔ حضور کے ارد گرد جمع ہو کر طرح طرح کے الزامات لگاتے اور پھبتیاں کستے۔

مُهْطِعِيْنَ: ای مسرعین مقبلین الیک۔ یعنی آپ کی طرف متوجہ ہو کر بڑی تیزی سے آرہے ہیں۔ عِزِيْن: جماعات متفرقۃ۔ ٹولیاں ٹولیاں گروہ در گروہ۔

۲۶؎ اردگرد جمع ہو کر بیٹھ جاتے اور کہتے کہ اگر یہ مفلس اور کنگال مسلمان جنت میں گئے تو ہم ان سے کہیں پہلے جنت کی روشوں پر محو خرام

إِنَّا خَلَقْنَٰهُم مِّمَّا يَعْلَمُونَ ﴿٣٩﴾ فَلَآ أُقْسِمُ بِرَبِّ ٱلْمَشَٰرِقِ وَٱلْمَغَٰرِبِ

ہم نے ان کو پیدا کیا ہے اس مادہ سے جس کو وہ بھی جانتے ہیں ۲۷؎ پس میں قسم کھاتا ہوں مشرقوں اور مغربوں کے رب کی کہ

إِنَّا لَقَٰدِرُونَ ﴿٤٠﴾ عَلَىٰٓ أَن نُّبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ وَمَا نَحْنُ

ہم پوری قدرت رکھتے ہیں کہ ان کے بدلے میں ان سے بہتر لوگ لے آئیں ۲۸؎ اور ہم ایسا کرنے

بِمَسْبُوقِينَ ﴿٤١﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا۟ وَيَلْعَبُوا۟ حَتَّىٰ يُلَٰقُوا۟ يَوْمَهُمُ

سے عاجز نہیں ۲۹؎ سو آپ رہنے دیجیے انہیں کہ خرافات میں الجھے رہیں اور کھیلتے کودتے رہیں حتی کہ وہ ملاقات کریں اپنے اس دن

ہوں گے۔ اگر ان کو اللہ تعالیٰ نے کسی نعمت سے نوازا تو ہم پر وہ اپنی نعمتوں کا مینہ برسائے گا۔ ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ نہ تم ایمان لائے اور نہ نیک عمل کیے، اس پر یہ خوش فہمیاں کہ تمہیں جنت میں داخل کیا جائے گا۔ ع

ایں خیال است و محال است و جنوں

۲۷؎ ان کا خمیر کسی الگ مادہ سے نہیں اٹھایا گیا جس کے باعث انہیں ایمان و عمل کے بغیر جنت میں داخل ہونے کا حق پہنچتا ہے۔ ایک ہی مادہ ہے جس سے سب کی تخلیق ہوئی ہے۔ غریب و امیر، رذیل و شریف سب مساوی ہیں۔ اگر دوسرے لوگوں کو جنت میں داخل ہونے کے لیے ایمان و عمل کی ضرورت ہے تو کفار کو بھی اس کے بغیر چارہ نہیں۔

آیت کا یہ مفہوم بھی ہو سکتا ہے کہ وہ کس منہ سے نخوت و غرور کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے احکام کے سامنے اکڑ جاتے ہیں بحالیکہ انہیں خوب علم ہے کہ ان کو ایک قطرۂ آب سے پیدا کیا گیا ہے۔

۲۸؎ ارشاد ہے کہ ان لوگوں کو شاید یہ غلط فہمی ہے کہ دنیا کی رونق اور آبادی ان کے دم قدم سے ہے۔ اگر یہ نہ ہوں تو گلستان ہستی اجڑ جائے، اس پر خزاں کا عالم طاری ہو جائے۔ فرمایا کہ ہم اپنی ذات کی قسم کھاتے ہیں جو مشارق و مغارب کی پروردگار ہے کہ ہم اس پر قادر ہیں کہ تمہیں تباہ و برباد کر دیں اور تم سے کہیں زیادہ بہتر کسی قوم کو تمہارا جانشین بنا دیں جو تم سے زیادہ نیک بخت ہو، علم اور عمل کی دولت سے مالامال ہو، میری وحدانیت پر ایمان رکھتی ہو اور میرے رسولِ مکرم سے دلی محبت رکھتی ہو ان کے حسنِ عقیدہ اور خوبیٔ عمل کی برکت سے ہر طرف بہار ہی بہار آ جائے۔

مشارق، مشرق کی جمع ہے، مغارب، مغرب کی جمع ہے۔ کیونکہ ہر روز سورج کا مشرق و مغرب بدلتا رہتا ہے اس لیے جمع کے صیغے استعمال کیے۔

۲۹؎ مسبوق اس کو کہتے ہیں جس کو کوئی مدمقابل پیچھے چھوڑ کر خود آگے نکل جائے۔ یہ عجز و کمزوری کی علامت ہے۔ فرمایا ہم عاجز و کمزور نہیں۔

الَّذِي يُوعَدُونَ ﴿٤٢﴾ يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا

سے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے ۳۰ اس روز نکلیں گے (اپنی) قبروں سے جلدی جلدی گویا وہ (اپنے

كَأَنَّهُمْ إِلَىٰ نُصُبٍ يُوفِضُونَ ﴿٤٣﴾ خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ

بتوں کے) استھانوں کی طرف دوڑے جا رہے ہیں ۳۱ جھکی ہوں گی ان کی آنکھیں چھا رہی ہوگی ان پر

ذِلَّةٌ ۚ ذَٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ ﴿٤٤﴾

ذلت ۳۲ یہی وہ دن ہے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا تھا۔

۳۰ اے حبیب! آپ نے تبلیغ کا حق ادا کر دیا۔ انتہائی خلوص کے ساتھ ان کو گمراہی کے اندھیروں سے نکالنے کی کوشش فرمائی یہ پھر بھی باطل سے چمٹے رہنے پر بضد ہیں تو آپ فکرمند اور رنجیدہ کیوں ہوں۔ ان کو چھوڑیئے اپنی خرافات میں غرق رہیں اور اپنی زندگی کی قیمتی ساعتیں کھیل کود میں برباد کرتے رہیں، یہاں تک کہ موت کا گھڑیال بج کر ان کی یہاں سے روانگی کا اعلان کر دے اور پھر انہیں قیامت کے روز قبروں سے نکال کر اپنا حساب دینے کے لیے حاضر کر دے۔

۳۱ روز قیامت قبروں سے ان کے نکلنے کا منظر بیان ہو رہا ہے جب صور پھونکا جائے گا تو قبروں سے فوراً اٹھ کھڑے ہوں گے۔ مجال نہیں ہوگی کہ ذرا توقف بھی کریں، پھر تیزی سے لمبے لمبے ڈگ بھرتے ہوئے اپنی اپنی منزل کی طرف دوڑنے لگیں گے۔ یوں معلوم ہوگا کہ گویا وہ اپنے بتوں کے استھانوں کی طرف جس شوق اور وارفتگی سے دوڑا کرتے تھے وہی وارفتگی آج ان پر طاری ہے۔ انہیں علم ہے کہ آج انہیں جہنم رسید کر دیا جائے گا اگر ان کا بس چلتا تو وہ ضرور راہ فرار اختیار کرتے اور اگر بھاگنا ناممکن تھا تو کم از کم سست روی میں کچھ وقت ضائع کرتے لیکن بلاوا آگیا۔ اب کیا مجال کہ ذرا سستی کریں۔

۳۲ اکڑ کے چلنے والے مغروروں، فرعونوں، ابولہبوں، اشقیوں اور شیطانوں کا یہ حال ہوگا کہ شرم و ندامت کے مارے آنکھیں جھکی ہوں گی اور چہروں پر رسوائی اور ذلت کی دھول بھی ہوگی۔ خستہ حال، کس مپرسی کا عالم۔

الٰہی! ہمیں صحیح عقائد پر ثابت قدم رکھ اور نیک کام کرنے کی توفیق ارزانی فرما۔ جب تک زندہ رہیں تیرے بندے تیرے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے غلام اور دین پاک کے مخلص خادم بن کر زندہ رہیں اور جب یہاں سے رخصت ہوں تو شہادت کی سعادت نصیب فرما اور نبی کریم کے لواء الحمد کے نیچے ہمارا حشر ہو اور تیرے حبیب کی شفاعت نصیب ہو!

فاطر السموات والارض انت ولی فی الدنیا والآخرة توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔ ربنا اغفرلی ولوالدی وللمؤمنین یوم یقوم الحساب۔

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدی رحمۃ للعلمین وعلی الہ الطاہرین وصحبہ المکرمین ومن احبہ وتبعہ الی یوم الدین۔

تعارف

سُورۂ نوح

نام: اس سورت کا نام نوح ہے۔ کیونکہ اس میں نوح علیہ السلام کی مساعی کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس کی آیات کی تعداد ۲۸ ہے، یہ دو سو چوبیس کلمات اور نو سو ننانوے حروف پر مشتمل ہے۔

زمانۂ نزول: یہ بھی ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

مضامین: پہلی آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی قوم کو تباہ کرنے سے پہلے اس کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کے لیے کوئی نذیر بھیجا جاتا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی سنت ہے۔ یوں ہی بے خبری میں کسی کو ہلاک نہیں کر دیا جاتا۔

نوح علیہ السلام کی دعوت کے تین ستون ہیں۔ ۱۔ اللہ وحدہ کی عبادت۔ ۲۔ تقویٰ اور پرہیزگاری۔ ۳۔ اپنے نبی کی اطاعت۔ انہی اصولوں پر تمام اقوامِ عالم کی فلاحِ دارین کا انحصار ہے۔

نوح علیہ السلام نے جس خوبصورتی سے اپنے فرائضِ نبوت کو ادا کیا اس کی تفصیلات آپ آیات ۵ تا ۲۰ میں ملاحظہ فرمائیں گے۔ آپ نے صرف آخرت کی نجات کا راستہ ہی اپنی قوم کو نہیں دکھایا بلکہ ان سے وعدہ کیا کہ اگر تم میری دعوت کو قبول کرو گے تو تم دنیا میں بھی خوشحال ہو جاؤ گے۔ تمہارے بنجر میدانوں میں باغات لہلہانے لگیں گے۔ تمہارے خشک گیتوں میں نہریں رواں ہو جائیں گی، تمہیں اولادِ نرینہ بکثرت دی جائے گی۔ بروقت بارشیں ہوا کریں گی۔ قحط اور خشک سالی کا جو خوف ہر وقت تمہارے اعصاب پر سوار رہتا ہے اس سے نجات مل جائے گی۔

پھر آپ نے اپنی قوم کے رئیسوں کی عیاریوں کا ذکر کیا کہ وہ خود بھی اس دین کو قبول نہیں کرتے۔ اس کی وجہ تو ظاہر ہے کہ اس دین کی تعلیمات ان کے مفاد سے ٹکراتی تھیں، وہ کیسے زکوٰۃ دیں۔ عیش و نشاط سے وہ کیسے دستکش ہو جائیں۔ میخواری اور رقص و سرود کو کس طرح درہم برہم کر دیں۔ لیکن وہ غریبوں اور عوام کو بھی نوح علیہ السلام کے نزدیک نہیں آنے دیتے تھے اور اس کے لیے بڑی بڑی عیاریاں اور مکر کرتے تھے۔ ان کے خیر اندیش اور ناصح مشفق بن کر انہیں نصیحتیں کرتے کہ اے عوام! اے طاقت و قوت کے حقیقی سرچشمو! اے ملک کے اصل حکمرانو! اس نوح سے بچنا، اس کے دام میں نہ آنا، یہ تمہیں تمہارے دیوتاؤں سے برگشتہ کرنا چاہتا ہے۔ خبردار ایسا ہرگز نہ کرنا ہم صرف تمہاری خیر خواہی کے لیے تمہیں مشورہ دے رہے ہیں۔ یہ ڈرامہ ہر زمانے میں کھیلا جاتا رہا ہے۔ اور جنہوں نے پھنسنا ہو، وہ پھنستے رہتے ہیں۔

نوح علیہ السلام ساڑھے نو سو سال تک شب و روز جلوت و خلوت میں ان کو دعوتِ حق دیتے رہے۔ یہ حوصلہ اور

اتنا صبر پیغمبر ہی کو نصیب ہوتا ہے لیکن جب ان پر کوئی اثر نہ ہوا، تو آپ نے بددعا کی کہ الٰہی! ان سب کو غرق کر دے اور ان میں سے کسی کو زندہ نہ رہنے دے۔
آخر میں اپنے لیے اور اپنوں کے لیے دُعائے مغفرت کرتے ہیں اور سب کی بخشش کے لیے دامن پھیلاتے ہیں۔

سورۃ نوح مکیۃ وھی ثمان و عشرون آیۃ فیھا رکوعان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سورہ نوح مکی ہے۔ — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں ۲۸ آیات اور ۲ رکوع ہیں

اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا اِلٰی قَوۡمِہٖۤ اَنۡ اَنۡذِرۡ قَوۡمَکَ مِنۡ قَبۡلِ

بے شک ہم نے بھیجا نوح کو ان کی قوم کی طرف [1] (اور فرمایا اے نوح!) بروقت خبردار کرو اپنی قوم کو اس سے

اَنۡ یَّاۡتِیَہُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ﴿۱﴾ قَالَ یٰقَوۡمِ اِنِّیۡ لَکُمۡ نَذِیۡرٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۲﴾

پہلے کہ نازل ہو جائے ان پر عذاب الیم۔ آپ نے فرمایا اے میری قوم! میں تمہیں صریح طور پر ڈرانے والا ہوں [2]

[1] تورات کی کتاب پیدائش باب پانچ آیات ۳ تا ۲۹ میں حضرت نوح علیہ السلام کے احوال درج ہیں۔ اس میں آپ کا یہ نسب نامہ درج ہے:

نوح بن لمک بن متوسلح بن حنوک بن یارد بن مہلل ایل بن قینان بن انوس بن سیت بن آدم۔

اس طرح بھی آپ حضرت آدم سے دسویں پشت میں ہیں۔ علامہ قرطبی اور دیگر مفسرین نے بھی حضرت نوح کو دسویں پشت ہی میں شمار کیا ہے اور آپ کے آبا کے ناموں میں برائے نام فرق ہے۔ نوح بن لامک بن متوشلخ بن اخنوخ وھو ادریس بن یرد بن مہلائیل بن انوش بن قینان بن شیث بن آدم علیہم السلام۔ قال وھب کلھم مؤمنون۔ وہب کہتے ہیں کہ یہ تمام کے تمام مومن تھے۔

قتل عمد کی ابتدا تو حضرت آدم علیہ السلام کے عہد میں ہو چکی تھی حضرت ادریس علیہ السلام کے زمانہ میں نفاق پھیل گیا۔ لوگ فسق و فجور میں مبتلا ہو گئے حضرت نوح کے عہد تک تو شرک و کفر، ظلم و ستم اور بدکاریوں کی انتہا ہو گئی۔ دل اتنے سخت ہو گئے، مزاج اتنے بگڑ گئے، عقلیں اتنی مسخ ہو گئیں کہ حضرت نوح علیہ السلام نے دس بیس پچاس سال نہیں، ساڑھے نو سو سال تک انہیں صبح و شام سمجھایا، خلوتوں اور جلوتوں میں انہیں دعوتِ حق دی لیکن گنتی کے چند آدمیوں کے سوا کسی نے آپ کی دعوت کو قبول نہ کیا بلکہ ان کا عناد اور بڑھ گیا۔

حضرت نوحؑ، آپ کی تبلیغی مساعی، قوم کی معاندانہ روش کا ذکر آپ پہلے بھی کئی مقامات پر پڑھ آئے ہیں۔ یہ ساری سورت آپ کے حالات پر مشتمل ہے۔ غور فرمائیے جب طبیعتیں بگڑ جاتی ہیں تو اصلاح کی کوششیں کیسے ناکام ہوتی ہیں۔ پہلی آیت میں نوح علیہ السلام کو ان کے فریضۂ نبوت سے آگاہ کیا جا رہا ہے کہ آپ اٹھیے اور اپنی قوم کے پاس تشریف لے جائیے اور انہیں بتائیے کہ ان کی پیہم بدکاریوں اور کفر و شرک کے باعث وہ عذابِ الٰہی کے سزاوار ہو گئے ہیں لیکن ابھی توبہ کا دروازہ بند نہیں ہوا۔ اب بھی اگر وہ آنکھیں کھولیں اور اپنی غلط روش سے باز آجائیں تو ان کی بخشش کی امید کی جا سکتی ہے۔

[2] میں تمہیں عام فہم الفاظ میں اور کھلے کھلے انداز میں ڈرانے والا بن کر آیا ہوں تاکہ تم باز آجاؤ اور توبہ کرو۔

اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَ اتَّقُوْهُ وَ اَطِيْعُوْنِ ﴿۳﴾ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

کہ عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اس سے ڈرو اور میری پیروی کرو ۳؎ وہ بخش دے گا تمہارے لیے تمہارے گناہ ۴؎

وَ يُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ

اور مہلت دے گا تمہیں ایک مقررہ میعاد تک۔ بلاشبہ اللہ کا مقررہ وقت جب آجاتا ہے تو اسے مؤخر نہیں کیا جاسکتا ۵؎

لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ دَعَوْتُ قَوْمِيْ لَيْلًا وَّ نَهَارًا ﴿۵﴾

کاش! تم (حقیقت کو) جان لیتے ۶؎ نوح نے عرض کی اے میرے رب! میں نے دعوت دی اپنی قوم کو رات کے وقت اور دن کے وقت ۷؎

۳؎ میری دعوت کے تین بنیادی اصول ہیں۔ (۱) کفر و شرک چھوڑ دو۔ اللہ وحدہٗ لاشریک کی عبادت کرو۔ اس سے تمہارے عقائد درست ہوجائیں گے۔ توہمات اور وسوسوں سے تمہاری عقلیں آزاد ہوجائیں گی اور جب نورِ توحید چمکے گا تو تمہارا سینہ وادیٔ ایمن بن جائے گا۔ (۲) میری دعوت کا دوسرا اصول یہ ہے کہ تم تقویٰ کو اپنا شعار بناؤ۔ جب تم متقی اور پارسا بن جاؤ گے تو فسق و فجور کی عفونتوں سے تمہارا دامن پاک ہوجائے گا۔ ظلم و ستم، لوٹ کھسوٹ، جھوٹ اور غیبت، خود غرضی اور حرص کا تمہارے معاشرے میں نام و نشان بھی باقی نہ رہے گا۔ خود سوچو اس طرح تمہارے معاشرے میں کتنی خوش آئند تبدیلی رونما ہوگی۔ (۳) میری دعوت کا تیسرا اصول یہ ہے کہ تم میری اطاعت کرو۔ تمہارے رب نے مجھے مرشد و رہنما کر مبعوث فرمایا ہے۔ میں تمہیں سیدھی راہ پر لے چلوں گا اور منزلِ مراد تک پہنچا دوں گا جب تم مجھے اپنا رہنما اور پیشوا تسلیم کرلو گے تو تم میں انتشار اور طوائف الملوکی کے بجائے قومی اتحاد پیدا ہوجائے گا۔ تم ایک منظم اور متحد ملت کی طرح قوت و شوکت کے ساتھ زندگی بسر کرسکو گے۔

۴؎ میری دعوت کو قبول کرنے کا پہلا بابرکت نتیجہ تو یہ نکلے گا کہ تمہارے سابقہ سارے گناہ بخش دیے جائیں گے اور ان گناہوں کے باعث جو عذاب عنقریب تم پر نازل ہوا چاہتا تھا، وہ ٹل جائے گا اور تمہاری مہلت کو لمبا کردیا جائے گا۔

۵؎ جب کوئی قوم اپنے نبی کی دعوت کو ٹھکرا دیتی ہے اور اسے غور و فکر کرنے کے لیے جو مہلت دی گئی ہو، وہ ختم ہوجاتی ہے اور مشیتِ ایزدی اس قوم کو نابود کردینے کا قطعی فیصلہ کردیتی ہے تو پھر کوئی طاقت اس فیصلے کو مؤخر نہیں کرسکتی۔

۶؎ اگر یہ حقیقت تم پر آشکارا ہوجائے تو تم مہلت کے ان قیمتی لمحوں کو ضائع نہ کرو بلکہ فوراً توبہ کرو۔

۷؎ نوح علیہ السلام منصبِ رسالت پر فائز ہونے کے بعد اپنے فرائض کی ادائیگی میں مصروف ہوگئے۔ آپ کو برا بھلا کہا جاتا۔ طعن و تشنیع کے تیر برسائے جاتے۔ افترا و بہتان کے طوفان اٹھائے جاتے۔ حتیٰ کہ آپ کو مار مار کر لہولہان کردیا جاتا۔ آپ پہروں بے ہوش پڑے رہتے۔ آپ کو کسی مکان میں بند کردیا جاتا لیکن اس جور و جفا کے باوجود یہ پیکرِ اخلاص و وفا ان ناہنجاروں کی اصلاح میں لگا رہا۔ بارگاہِ الٰہی میں ان کے لیے دعائیں مانگتا رہا۔ آپ ان کو شب و روز تبلیغ بھی کرتے۔ عام اجتماعوں میں بلند آواز سے انہیں وعظ فرماتے۔ جب وہ اپنی خلوت گاہوں میں بیٹھے ہوتے آپ وہاں جاکر رازدارانہ طور پر اور چپکے چپکے ان کو گمراہیاں چھوڑنے کی تلقین کرتے۔ یہ سلسلہ جاری رہا۔ ماہ و سال نہیں، نو صدیاں بیت

فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْٓ اِلَّا فِرَارًا ﴿٦﴾ وَاِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ

تو میری دعوت کے باعث ان کے فرار (ونفرت) میں ہی اضافہ ہوا۔ اور جب بھی میں نے انہیں بلایا تاکہ تو ان کو بخش دے

جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا

(تو ہر بار) انہوں نے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں ٹھونس لیں ؂ اور اپنے اوپر لپیٹ لیے اپنے کپڑے اور اڑ گئے (کفر پر)

وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ﴿٧﴾ ثُمَّ اِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ﴿٨﴾ ثُمَّ اِنِّيْٓ

اور پرلے درجہ کے مستکبر بن گئے۔ پھر (بھی) میں نے ان کو بلند آواز سے دعوت دی۔ پھر انہیں

اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ﴿٩﴾ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ

کھلے بندوں بھی سمجھایا اور چپکے چپکے بھی انہیں (تلقین) کی۔ پس میں نے کہا (ابھی وقت ہے) معافی مانگو اپنے رب سے

اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ﴿١٠﴾ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ﴿١١﴾ وَّيُمْدِدْكُمْ

بے شک وہ بہت بخشنے والا ہے ؂ وہ برسائے گا آسمان سے تم پر موسلادھار بارش ۔ اور مدد فرمائے گا تمہاری

گئیں ان میں حق پذیری کے آثار نمایاں نہ ہوئے بلکہ ان کی ہٹ اور تعصب میں روز بروز اضافہ ہی ہوتا گیا۔ جب آپ کو ان کے ایمان لانے کی امید نہ رہی تو آپ نے اپنے پروردگار کے حضور میں اپنی روداد الم بیان کرنی شروع کر دی۔ عرض کرتے ہیں الٰہی! ان کو سمجھانے میں میں نے دن رات ایک کر دیا کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی لیکن جتنا میں ان کو حق کی طرف کھینچتا ہوں اتنا ہی وہ اس سے دور بھاگتے ہیں اور ان کی نفرت میں اضافہ ہوتا ہے۔

؂ جب بھی میں ان کو وعظ کرنے کے لیے کھڑا ہوتا ہوں یہ اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس دیتے ہیں تاکہ میری آواز ہی انہیں سنائی نہ دے اور اپنے آپ کو اپنے کپڑوں سے ڈھانپ لیتے ہیں تاکہ میری شکل ہی نہ دیکھ سکیں یا منہ پر چادر ڈال کر گزر جاتے ہیں تاکہ میں نہ ان کو پہچانوں اور نہ ان کو تلقین کروں۔ الٰہی! یہ کفر پر جم کر رہ گئے ہیں۔ انہوں نے بارہا مجھے کھلے لفظوں میں کہا اے نوح! تم خواہ مخواہ اپنا دماغ کھپاتے ہو تم لاکھ دلائل پیش کرو، ہم کفر کو نہیں چھوڑیں گے۔

ان کا رویہ اپنے رسول کے ساتھ از حد متکبرانہ تھا۔ وہ کہتے ہم آپ کو اپنا پیشوا کیسے تسلیم کر لیں کمین اور رذیل قسم کے لوگ آپ کے مرید ہیں، کسی قابل شخصیت نے، کسی رئیس قریہ نے، کسی ملک التجار نے تو آپ کو آج تک نبی تسلیم نہیں کیا، ان کنگلوں کے پاس بیٹھنا بھی ہماری توہین ہے۔ اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ۔ (الشعراء: ١١١)

؂ میں نے انہیں یہ بھی بتایا کہ اگر تم سچے دل سے توبہ کرو گے تو صرف تمہاری آخرت ہی نہیں سنورے گی بلکہ دنیا بھی سنور جائے گی۔

بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾

اموال اور فرزندوں سے ۱۰؎ اور بنائے گا تمہارے لیے باغات اور بنا دے گا تمہارے لیے نہریں۔

مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ﴿۱۳﴾ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿۱۴﴾ اَلَمْ

تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم پروا نہیں کرتے اللہ کی عظمت و جلال کی ۱۱؎ حالانکہ اس نے تمہیں کئی مرحلوں سے گزار کر پیدا کیا ہے ۱۲؎ کیا تم نے

بروقت بارشیں برسیں گی، قحط سالی کا تمہیں کوئی اندیشہ نہ رہے گا، ڈول نکالنے، رہٹ چلانے، نہریں کھودنے، سر اقوں میں آبپاشی کرنے کی زحمت سے بھی نجات مل جائیگی

۱۰؎ صرف آنا ہی نہیں تم پر اور نوازشیں بھی کی جائیں گی، تمہیں خوبصورت، تندرست، توی ہیکل فرزند بھی دیے جائیں گے، مال و دولت میں بھی بہر طور اضافہ

ہو جائے گا، یہ بنجر زمین، یہ چٹیل میدان جو حد نگاہ تک پھیلے ہوئے ہیں یہاں سرسبز و شاداب باغات لہلہانے لگیں گے، ان خشک ریگزاروں میں نہریں بہنے لگیں گی۔ بتاؤ تمہیں اور کیا چاہیے

سورۂ مائدہ کی آیت ۶۶، اعراف کی آیت ۹۶، سورۂ ہود کی آیت ۵۲ اور آیت ۵۳ اسی مضمون کی تائید کرتی ہیں کہ جو قوم اللہ تعالیٰ کی

فرمانبردار بن جاتی ہے اور اپنے گناہوں پر نادم ہو کر استغفار کرتی ہے، اللہ تعالیٰ اس کی مالی حالت بھی بہتر بنا دیتا ہے۔ امام شعبی سے منقول ہے کہ حضرت

عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ استسقاء کے لیے نکلے اور صرف استغفار کی اور واپس چلے آئے اور فوراً بارش برسنے لگی۔ صحابہؓ نے کہا کہ آپ نے نماز استسقاء

تو نہیں پڑھی پھر یہ بارش کیسے آگئی۔ آپ نے جواب دیا۔ لَقَدْ طَلَبْتُ الْمَطَرَ بِمَجَادِيحِ السَّمَآءِ الَّتِيْ يُسْتَنْزَلُ بِهَا الْمَطَرُ ثُمَّ قَرَأَ اِسْتَغْفِرُوْا

رَبَّكُمْ۔ میں نے بارش آسمان کے اس ستارے کے طفیل طلب کی ہے جس کے باعث بارش اترتی ہے۔ پھر یہ آیتیں پڑھیں معلوم ہوا کہ استغفار

بھی نزولِ بارش کا ذریعہ ہے۔

ابن صبیح کہتے ہیں کہ امام حسن بصری کے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے قحط سالی کی شکایت کی۔ آپ نے اسے فرمایا استغفر اللہ۔ اللہ تعالیٰ سے مغفرت

طلب کرو۔ ایک اور آدمی آیا اس نے فاقہ کی شکایت کی اس کو بھی یہی جواب دیا۔ تیسرا آدمی آیا اس نے اولاد نرینہ کے لیے درخواست کی۔ اس کو بھی یہی جواب دیا

ایک اور آدمی آیا اس نے عرض کیا میرا باغ خشک ہو گیا پھل نہیں دیا اسے بھی یہی جواب دیا۔ ہم نے کہا کہ مختلف لوگوں نے مختلف درخواستیں پیش کیں اور آپ نے

سب کا ایک ہی جواب دیا۔ حسن بصری نے کہا کہ میں نے اپنی طرف سے کچھ نہیں کہا بلکہ اللہ تعالیٰ نے سورۂ نوح میں فرمایا ہے استغفروا ربکم انہ

کان غفارا یرسل السماء علیکم مدرارا و یمددکم باموال و بنین و یجعل لکم جنّٰت و یجعل لکم انھارا۔ (قرطبی)

۱۱؎ جب اس بات کا بھی کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہ نکلا تو آپ انہیں سرزنش فرمانے لگے کہ بڑے افسوس کی بات ہے اگر کوئی معمولی آدمی تمہارے

پاس آتا ہے تم اٹھ کر اسے سلام کرتے ہو، اگر کسی علاقے کا کوئی سردار آ جائے تو اس کا تم احترام کرتے ہو۔ اللہ تعالیٰ کی ہی ایک ایسی ذات ہے جس کا

تمہیں کوئی لحاظ نہیں، جس کی تمہیں کوئی پروا نہیں، جس کی گرفت کا تمہیں کوئی خوف نہیں۔ مجاہد اور ضحاک نے آیت کا یہی مفہوم بتایا ہے۔ مالکم لا تبالون

لله عظمة۔ یعنی تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بزرگی کی تم پروا نہیں کرتے۔ قطرب کہتے ہیں کہ حجازی لغت میں اس کا یہی معنی ہے۔ ہُذَیل،

خزاعہ اور مُضَر يَقُوْلُوْنَ لَمْ اَرْجُ : لَمْ اُبَالِ۔ (قرطبی)، وَقَار : عظمت۔

۱۲؎ اطوار کا مطلب یہ ہے کہ تمہیں کئی مرحلوں سے گزارا اور پھر اس شکل و صورت میں آراستہ کر کے پیدا فرمایا۔ قال ابن عباس،

تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ﴿۱۵﴾ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ

نہیں دیکھا کہ اللہ نے کیسے پیدا کیا ہے سات آسمانوں کو تہ بہ تہ ۱۳ اور بنایا ہے چاند کو

فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿۱۶﴾ وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ

ان میں روشنی اور بنایا ہے سورج کو درخشاں چراغ۔ اور اللہ نے تم کو زمین سے

الْاَرْضِ نَبَاتًا ﴿۱۷﴾ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ

عجب طرح اگایا ہے ۱۴ پھر لوٹا دے گا تمہیں اس میں اور (اسی سے) تمہیں (دوبارہ) نکالے گا۔ اور اللہ نے

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ﴿۱۹﴾ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿۲۰﴾

ہی زمین کو تمہارے لیے فرش کی طرح بچھا دیا ہے تاکہ تم اس کے کھلے راستوں میں چلو ۱۵

قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ وَ

نوح نے عرض کی اے میرے پروردگار! انہوں نے میری نافرمانی کی ۱۶ اور اس کی پیروی کرتے رہے جس کو نہ بڑھایا اس کے مال اور

اطواراً ای نطفۃ ثم علقۃ ثم مضغۃ ای طوراً بعد طور الی اتمام الخلق۔ اور بعض نے اس کا یہ مفہوم بتایا ہے کہ پہلے تم بچے تھے پھر جوان ہوئے پھر بڑھاپا آیا پھر یہ قوت بن کر کمزور ہو گئے۔ وقیل اطواراً صبیاناً ثم شباناً ثم شیوخاً وضعفاء۔ اطواراً کا ایک تیسرا معنی بھی بتایا گیا ہے۔ مختلف انواع و اقسام کوئی تندرست کوئی بیمار کوئی بینا کوئی نابینا کوئی غنی کوئی فقیر۔ (قرطبی) وقیل اطواراً ای انواعاً صحیحاً وسقیماً وبصیراً وضریراً وغنیاً وفقیراً۔ (قرطبی)

۱۳ انسانی زندگی کے مختلف مراحل میں اس کی قدرت، حکمت اور رحمت کے جو آثار جلوہ نما ہوتے ہیں ان کے ذکر کے بعد بلندیوں کی طرف متوجہ کیا۔ فرمایا تہ بہ تہ سات آسمانوں کو دیکھو، نور برسانے والے چاند کو دیکھو، نیرِ اعظم آفتاب عالمتاب کو دیکھو۔ کیا اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے لیے اس کے بعد بھی تمہیں کسی دلیل کی ضرورت ہے۔

۱۴ انسان کی تخلیق، موت اور بعثت کی طرف متوجہ کیا۔

۱۵ اللہ تعالیٰ کے ایک اور احسان کا ذکر فرمایا کہ رب کریم نے زمین کو تمہارے لیے فرش کی طرح بچھا دیا ہے اور اس میں بڑے کشادہ راستے بنا دیے ہیں جن پر چل کر تم بآرام منزل تک پہنچ سکتے ہو۔ سُبُل، سبیل کی جمع ہے اور فجاج: فج کی۔ الطریق الواسعۃ وقیل الفج: المسلک بین الجبلین۔ یعنی اس کا معنی کشادہ راستہ ہے اور بعض نے کہا ہے کہ دو پہاڑوں کے درمیانی راستہ کو فج کہتے ہیں۔

۱۶ الٰہی! مجھے تو نے ان کا رسول اور ہادی بنا کر بھیجا تھا۔ انہیں چاہیے تھا کہ وہ کسی پس و پیش کے بغیر میری اطاعت کرتے اور دنیا

وَلَدُهٗٓ اِلَّا خَسَارًا ﴿۲۱﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿۲۲﴾ وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ

اولاد نے بجز خسارہ کے ۔ اور انہوں نے بڑے بڑے مکر و فریب کیے ۔ ۲۲ اور رئیسوں نے کہا (اے لوگو! نوح کے کہنے پر)

اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَ

ہرگز نہ چھوڑنا اپنے خداؤں کو ۲۳ اور (خاص طور پر) وَدّ اور سُواع کو مت چھوڑنا ، اور نہ یغوث ، یعوق اور

اور آخرت کی سعادتوں سے اپنا دامن بھرتے، لیکن انہوں نے میری توجی بھر کر نافرمانی کی اور ایسے بدبخت اور بدکار رئیسوں کو اپنا پیشوا بنا لیا جو مال اور اولاد کی کثرت کے باعث تجھ سے دُور ہو چکے تھے اور رات دن عیش و عشرت میں بسر کرتے اور اپنے گھاٹے کو دن بدن بڑھاتے چلے جاتے تھے ۔

۲۲ یہ رئیس لوگ خود ہی گمراہ اور بدکار نہ تھے بلکہ وہ اس کوشش میں لگے رہتے کہ عوام بھی حضرت نوح سے برگشتہ رہیں اور ان کے دین کو قبول نہ کریں۔ انہیں یہ فکر دامنگیر تھا کہ اگر عوام نے حضرت نوح کے دین کو قبول کر لیا تو ان کی چودھراہٹ ختم ہو جائے گی۔ ان کمزوروں اور ضعیفوں کا اگر شعور بیدار ہو گیا اور خدا کے ساتھ ان کا رابطہ قائم ہو گیا تو وہ ان کی غلامی کا طوق اتار کر دُور پھینک دیں گے۔ اس خطرے کے سدِّباب کے لیے وہ ہر قسم کے مکر و فریب سے کام لیتے۔ ایسی ایسی چالیں چلتے کہ بھلے چنگے سمجھدار لوگ بھی پھنس جاتے ۔ کبھی کہتے نوح ہماری طرح ہی ایک بشر ہے، اس پر کیسے وحی نازل ہو گی (الاعراف: ۶۳) کبھی کہتے اس کے مرید رذیل قسم کے لوگ ہیں کوئی کام کا آدمی تو ان کے ہاں نظر نہیں آتا۔ کیا قوم کے بڑے بڑے رئیس، تاجر اور چودھری سب احمق ہیں اور یہی لوگ ہی اتنے سیانے واقع ہوئے ہیں کہ انہوں نے ان کی دعوت کو قبول کر لیا (ہود: ۲۷) کبھی کہتے اگر اللہ تعالیٰ نے کسی کو نبی بنانا ہوتا تو کسی معصوم فرشتے کو بناتا (المؤمنون: ۲۴) کبھی کہتے کہ نوح نے نبوت کا دعویٰ محض اپنی ریاست قائم کرنے کے لیے اور تمہارا لیڈر بننے کے لیے کیا (المؤمنون: ۲۴) یہ اور اس قسم کی کئی بے سروپا باتیں وہ بڑے جوش و خروش سے کیا کرتے اور اکثر لوگ ان کے اس دامِ فریب میں پھنس جاتے ۔ کُبَّار و کبّار اور کبیر ہم معنی ہیں۔ وقیل کُبَّار للمبالغة ۔ (قرطبی)

۲۳ بڑے ناصح مشفق بن کر انہیں نصیحت کرتے کہ نوح کی باتوں سے متاثر ہو کر اپنے معبودوں کو نہ چھوڑ بیٹھنا خصوصاً جو بڑے پانچ بت ہیں ان کی خدائی پر پختہ یقین رکھنا ورنہ نقصان اٹھاؤ گے۔

وَدّ، سُواع، یغوث، یعوق اور نسر، نوح علیہ السلام کے عہد کے یہ پانچ بڑے دیوتا تھے جن کی پرستش بڑی دھوم دھام سے کی جاتی تھی۔ حضرت نوح علیہ السلام نے صدیوں اپنی قوم کو سمجھایا کہ بے جان بُت کیونکر خدا بن سکتے ہیں، لیکن اس کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہ نکلا۔ اس کا تفصیلی ذکر آپ پہلے بھی کئی مقامات پر پڑھ چکے ہیں اور اس سورت میں بھی پڑھ رہے ہیں۔

یہاں یہ عرض کرنا ہے کہ ان بتوں کی حقیقت کیا تھی۔ عقلِ انسانی نے کیوں انہیں معبود یقین کر لیا۔ صنم پرستی کا رواج اہلِ تحقیق کے نزدیک دو طریقوں سے ہوا۔ پہلا طریقہ صابئین نے اختیار کیا۔ ان کا اعتقاد تھا کہ اجرامِ سماوی ستارے، چاند، سورج، بھی جاندار اور ذی رُوح ہیں

ان کا تعلق اس عالم دنیا سے بھی ہے اور اسی تعلق کی بنا پر یہاں سارے تغیرات ' ولادت ' موت ' صحت ' بیماری ' فتح ' شکست ' عزت ' ذلت وغیرہ ظہور پذیر ہوتے ہیں جب ان کے ذہن میں یہ عقیدہ راسخ ہو گیا تو وہ ان کی عبادت کی طرف راغب ہوئے۔ لیکن یہ اجرام ان کی رسائی سے بالا تھے ان میں سے بیشتر ان کی آنکھوں سے اوجھل تھے' انہوں نے ان کے ناموں پر بت بنا کر سامنے رکھ لیے تاکہ ان کے ذکر و تصور کی وہاں تک رسائی ہو سکے' چنانچہ اس طرح بت ' معرض وجود میں آئے اور پھر ان کی عبادت شروع ہو گئی۔ مذاہب باطلہ میں سے سب سے قدیم مذہب انہی صابئین کا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ پانچ بت ' جن کی پرستش حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے میں ہوتی تھی ' بعض ستاروں کے نام ہوں اور ان کے ناموں پر یہ اصنام تراشے گئے ہوں۔ نسر تو دو ستاروں کا نام ہے۔ ایک کو نسر الواقع اور دوسرے کو النسر الطائر کہتے ہیں۔ اشوریین جو نوح علیہ السلام کے بعد آئے ان کے ایک معبود کا نام نسروخ یعنی نسر عظیم تھا۔ اس کا ایک ہیکل ان کے دارالحکومت نینوا میں بھی تھا جس کی وہ پوجا کیا کرتے تھے۔

اصنام پرستی کی دوسری وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ جب ان میں بعض ایسے لوگ پائے جاتے جو کہانت ' شجاعت ' قوت ' علم یا اخلاق حسنہ میں عام لوگوں کی سطح سے بہت اونچے تھے تو عوام اس غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتے کہ ان میں روح الٰہی نفوذ کیے ہوئے ہے' اس لیے ان سے یہ مافوق البشر اعمال صادر ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے مرنے کے بعد ان کے مجسمے تراش لیتے اور ان کی عبادت کرنے لگتے۔

کتب تفسیر میں ایسی روایات بھی مذکور ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کے پانچ بیٹے تھے۔ ود ' سواع وغیرہ بہت پارسا اور عبادت گزار۔ جب یہ انتقال کر گئے تو لوگوں پر ان کی جدائی بڑی شاق گزری۔ انہیں ان کی موت کا از حد صدمہ پہنچا۔ کیونکہ یہ لوگ انہیں اللہ تعالیٰ کی یاد اور نیکی کی دعوت دیتے تھے' خود بھی سراپا نیکی و طہارت تھے۔ ان کے نورانی چہروں کو دیکھ کر اور ان کی صحبت میں بیٹھ کر انہیں خدا کی یاد آتی تھی' چنانچہ کسی کے مشورے سے (بعض نے لکھا ہے کہ مشورہ دینے والا ابلیس تھا اور انسانی شکل میں ان کے پاس آیا تھا) انہوں نے ان کی تصویریں بنا لیں تاکہ ان کی شبیہوں کو دیکھ کر دلوں کو سکون ملے اور اللہ تعالیٰ کی یاد کا جذبہ کمزور نہ ہونے پائے۔ کئی نسلیں تو اسی حالت پر گزریں لیکن جب کافی عرصہ گزر گیا تو بعد میں آنے والی نسلوں نے رفتہ رفتہ اصل مقصد کو بھلا دیا اور شیاطین جن و انس کے اغوا کرنے پر انہیں اپنا معبود سمجھ لیا اور ان کی عبادت شروع کر دی۔ حضرت نوح علیہ السلام نے انہیں بہت سمجھایا لیکن وہ باز نہ آئے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا غضب ' طوفان کی صورت میں نمودار ہوا اور انہیں اور ان کے بتوں کو خس و خاشاک کی طرح بہا لے گیا۔

اس طوفان سے صرف وہی لوگ بچے جو آپ کے سفینہ میں سوار تھے اور جو توحید پر کامل ایمان رکھتے تھے۔ جب پھر کافی عرصہ گزر گیا تو سابقہ گمراہیاں دوبارہ عود کرنے لگیں' حتیٰ کہ بت پرستی کی رسم بد بھی شروع ہو گئی۔ بعد میں آنے والی نسلوں نے اپنے آباء و اجداد سے یہ تو سن رکھا تھا کہ نوح علیہ السلام کی قوم کے پانچ بڑے دیوتا تھے جن کے یہ نام تھے۔ ان لوگوں نے اپنے جذبہ مذاہب پرستی کی تسکین کے لیے نئے بت تراشے اور انہیں ان پہلے دیوتاؤں کے ناموں سے موسوم کر دیا۔

عرب میں سب سے پہلے بت پرستی کا آغاز کرنے والا عمرو بن لحی بن قمعہ تھا۔ یہ ان لوگوں سے متاثر ہوا۔ اس نے تین صد چالیس سال کی طویل عمر پائی۔ کعبہ کی تولیت پانچ سو سال تک اس کے اور اس کی اولاد کے پاس رہی اور اس نے بت پرستی کو رواج دینے میں اپنی پوری کوششیں صرف کر دیں۔ کعبۃ اللہ جس کو حضرت خلیل علیہ السلام نے اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کے لیے تعمیر کیا تھا اسی بدبخت

نَسْرًا ﴿۲۳﴾ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ﴿۲۴﴾

نسر کو۔ اور انہوں نے گمراہ کر دیا بہت سے لوگوں کو۔ (الٰہی!) تو بھی ان کی گمراہی میں اضافہ کر دے ۱۹؎

مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ

اپنی خطاؤں کے باعث انہیں غرق کر دیا گیا ۲۰؎ پھر انہیں آگ میں ڈال دیا گیا ۲۱؎ پھر انہوں نے نہ پایا اپنے لیے

کے زمانے میں بت خانہ بنا عرب کے مختلف قبائل کے ہاں جو بت تھے ان میں بھی جن بتوں کو بڑی شہرت اور ناموری حاصل تھی وہ پانچ بت ہی تھے جن کے نام وَدّ، سواع، یغوث، یعوق اور نسر تھے۔

چنانچہ بنی کلب کے بت کا نام وَدّ تھا جس کا مندر دومۃ الجندل میں تھا۔ قریش کا بھی ایک بت تھا جس کو وہ وُدّ کہا کرتے تھے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ قریش بنی کلب والا بت ہو اور یہ اس کا تلفظ وُدّ، واؤ مضموم سے کرتے ہوں۔ ہوسکتا ہے یہ ان کا نیا بت ہو اور اس کے مقابلے کے لیے انہوں نے بنایا ہو۔

سواع: یہ بھی ایک بت کا نام تھا جو پہلے ہُذیل کے پاس تھا اور وہاں سے منتقل ہو کر قبیلہ ہمدان کے پاس آیا۔ وہ رہاط کے مقام پر نصب تھا۔ لوگ دور دراز سے اس کا حج کرنے آتے۔ یغوث، بنی مراد کا بت تھا۔ ان کے پاس سے پھر بنی غطیف کے پاس آیا۔ اس کا استھان ملک سبا میں تھا۔ یعوق بنی کنانہ کا بت تھا اور نسر حمیر کے قبیلہ کی ایک شاخ آل ذی الکلاع کا معبود تھا۔ ان کے بارے میں یہ بھی تصریح ہے کہ ان سب کی شکلیں انسانی نہ تھیں بلکہ مختلف تھیں۔ وَدّ کا بت تو ایک ہیکل مرد کی شکل کا تھا۔ سواع ایک عورت کا مجسمہ تھا۔ یغوث کی شکل شیر کی تھی۔ یعوق گھوڑے کا ہم شکل تھا اور نسر عقاب کی صورت پر تھا اور سب مختلف دھاتوں کے بنے ہوئے تھے۔

علم الاصنام، اصنام ہی کی طرح خرافات کا پلندہ ہے۔ توہمات و تخیلات کا مجموعہ، جتنا اس کو سمجھنے کی کوشش کرو اتنا ہی یہ الجھتا چلا جاتا ہے۔ قارئین کے ذوقِ تجسس کا پاس نہ ہوتا تو شاید یہ چند سطور بھی نہ لکھتا۔

۱۹؎ یہ نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قول کا تتمہ ہے۔ عرض کر رہے ہیں کہ الٰہی! ان گمراہ رئیسوں نے گمراہی کا طوفان برپا کر دیا اور سادہ لوح لوگوں کی اکثریت اس میں تنکوں کی طرح بہہ گئی ہے۔ الٰہی! ان ظالموں کی گمراہی میں اور اضافہ کر تاکہ یہ سخت سے سخت ترین عذاب کے مستحق قرار پائیں اور انہیں اپنی بدمعاشیوں، مکاریوں اور شرارتوں کی خوب خوب سزا ملے۔

۲۰؎ ان کی خطاؤں کے باعث ان کو غرق کر دیا گیا۔ اگرچہ ان کے گناہوں کی فہرست بڑی لمبی ہے۔ لیکن سرِ فہرست شرک ہے۔ یہی ان کا وہ گناہ تھا جس کے باعث وہ دوسرے گناہوں کی دلدل میں دھنستے چلے گئے اور انبیاء و صالحین نے ان کو باہر نکالنے کی جس قدر مساعی کیں، انہوں نے اپنی ہٹ دھرمی سے انہیں ناکام بنا دیا۔

۲۱؎ اُدْخِلُوا پر فا آ رہا ہے۔ جہاں ترتیب اور تعقیب بتانا مقصود ہو یعنی یہ کام پہلے کام کے بعد ہوا اور اس کے بعد فوراً ہوا تو یہ فا استعمال ہوتی ہے۔ یعنی ان کے غرق ہونے کے بعد فادخلوا نارا کہ انہیں معاً آگ میں ڈال دیا گیا۔ اسی سے اہلِ سنت عذابِ قبر پر استدلال

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿۲۵﴾ وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ

اللہ کے سوا کوئی مددگار ۲۲؎ اور نوح نے عرض کی اے میرے رب! نہ چھوڑ روئے زمین پر

مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿۲۶﴾ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَ

کافروں میں سے کسی کو بستا ہوا ۲۳؎ اگر تو نے ان میں سے کسی کو چھوڑ دیا تو وہ گمراہ کردیں گے تیرے بندوں کو اور

لَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿۲۷﴾ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَ

نہ جنیں گے مگر ایسی اولاد جو بڑی بدکار، سخت ناشکر گزار ہوگی ۲۴؎ میرے رب! بخش دے مجھے اور میرے والدین کو

کرتے ہیں کیونکہ اگر یہ بتانا مقصود ہوتا کہ قیامت کے روز ان کو واصل جہنم کیا جائے گا تو فادخلوا نہ کہا جاتا بلکہ ثم اُدخلوا ہوتا۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں۔ ہی نار البرزخ فالمراد عذاب القبر۔ ومن مات فی ماء او نار او اکلتہ السباع او الطیر مثلا اصابہ ما یصیب المقبور من العذاب۔ یعنی اس آگ سے مراد برزخ کی آگ ہے۔ مقصد عذاب قبر ہے۔ جو شخص پانی میں ڈوب جائے، آگ میں جل جائے یا اسے درندے یا پرندے نوچ کھائیں تو اس کو بھی وہی عذاب ہوتا ہے جو اس ظاہری قبر میں مدفون کو ہوتا ہے۔ معتزلہ عذاب قبر کے منکر ہیں۔ وہ برزخ کی زندگی کو تسلیم ہی نہیں کرتے۔ انہوں نے اس آیت کی تاویلیں کی ہیں۔ علامہ پانی پتی نے اس مقام پر ان کا رد کیا ہے اور عذاب قبر کے اثبات کے لیے متعدد احادیث نقل کی ہیں۔ ان میں سے صرف ایک پیش خدمت ہے:

حضرت صدیقہ فرماتی ہیں ما رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلّٰی صلوٰۃ الا تعوذ من عذاب القبر۔ میں نے جب بھی حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے دیکھا حضور نماز کے بعد عذاب قبر سے ضرور پناہ مانگتے۔ (متفق علیہ)

۲۲؎ جب اللہ تعالیٰ کے عذاب نے ان کو گھیر لیا تو کوئی نہ تھا جو اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں ان کی امداد کرتا اور انہیں عذاب کے چنگل سے رہائی دیتا۔

۲۳؎ الارض سے مراد آپ کی قوم کی سرزمین ہے۔ ای ارض قومہ (مظہری) آپ نے بددعا کی الٰہی! سب کو ہلاک کر دے۔ ان میں سے کسی کو بھی زندہ باقی نہ رہنے دے۔

۲۴؎ معلوم ہوا کہ نوح علیہ السلام باعلام اللہ تعالیٰ یہ بھی جانتے تھے کہ اب ان کی نسلوں میں کوئی بھی مومن پیدا نہ ہوگا۔ سب فاسق وفاجر، مشرک وکافر پیدا ہوں گے۔

لِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا

اور اسے بھی جو میرے گھر میں ایمان کے ساتھ داخل ہوا اور بخش دے سب مومن مردوں اور عورتوں کو ۲۵ اور کفار کی

تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ؑ ۝۲۸

کسی چیز میں اضافہ نہ کر بجز ہلاکت و بربادی کے ۔

ركوعها ۲ — ع ۱۰

۲۵ ۔ آخر میں اپنے لیے، اپنے والدین کے لیے اپنے عقیدت مندوں کے لیے بلکہ سب اہل ایمان مردوں اور عورتوں کے لیے مغفرت کی دعا مانگی۔

○

ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفرلنا وترحمنا لنکونن من الخاسرین۔ وتب علینا انك انت التواب الرحیم۔ وصل وسلم علی سید الوریٰ امام الانبیاء شفیع المذنبین وعلی اٰلہ وصحبہ ومن احبہ وعزرہ واکرمہ وتبعہ الی یوم الدین۔

○

تعارف

سُورَۃ الجنّ

نام : اس سُورۂ پاک میں جنات کے احوال کا بیان ہے نیز اس کی پہلی آیت میں الجنّ کا لفظ بھی مذکور ہے اس لیے اس کا نام الجنّ تجویز ہُوا ہے۔

نزول : اس بات پر سب علماء متفق ہیں کہ یہ سُورت مکہ مکرمہ میں نازل ہُوئی، لیکن مکی زندگی کے کس دَور میں نازل ہُوئی اس کا تعین مشکل ہے؛ البتہ حضرت ابن عباسؓ کی ایک روایت سے یہ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ اس کا نزول مکی زندگی کے ابتدائی دَور میں ہُوا۔ اس روایت کا ماحصل یہ ہے۔

صحیحین میں حضرت ابنِ عباس سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تبلیغ کی غرض سے اپنے صحابہ کی ایک جماعت کے ساتھ عکاظ کے بازار کی طرف روانہ ہُوئے۔ یہ وہ وقت تھا جب جنات کا آسمان کی طرف پرواز کرنا بند ہوگیا تھا۔ وہ آسمان کے قریب جانے کی کوشش کرتے تو شہاب ثاقب اُن کا تعاقب کرتے۔ اُنہوں نے اس کا ذکر اپنی قوم کے سرداروں سے کیا۔ ایک دُوسری روایت میں ہے کہ اُنہوں نے یہ ماجرا ابلیس سے آکر کہا۔ وہ بولا ضرور کوئی ایسا حادثہ رُونما ہُوا ہے جس کی وجہ سے آسمان کی طرف تمہارا عروج روک دیا گیا ہے۔ اس لیے زمین کے شرق و غرب میں پھیل جاؤ۔ زمین کا گوشہ گوشہ چھان ڈالو اور اس حادثہ کا سراغ لگاؤ۔ جنات کا وہ گروہ جو تہامہ کے علاقہ میں چکر لگانے کے لیے آیا تھا۔ اُنہوں نے نخلہ کے مقام پر حضور کو صبح کی نماز ادا کرتے پایا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس وقت قرآن کریم کی تلاوت کر رہے تھے۔ اُنہوں نے جب کلامِ الٰہی سُنا تو کہنے لگے بخدا یہی وہ چیز ہے جس کی وجہ سے ہمیں روک دیا گیا ہے۔ پھر وہ اپنی قوم کی طرف گئے اور جو سُنا تھا انہیں جاکر بتایا اور اپنے ایمان لانے کا اعلان کردیا۔

اللہ تعالیٰ نے یہ سُورت نازل فرمائی اور اپنے حبیب کو جنات کی آمد اور اُن کے دیگر احوال کے بارے میں آگاہ کیا۔ اس روایت میں غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ مکی دور کی ابتداء میں ہی یہ واقعہ رُونما پذیر ہُوا ہوگا کیونکہ جنات کی آسمان کی طرف پرواز نزولِ وحی کے ساتھ ہی بند کردی گئی تھی۔

حضرت ابنِ عباس سے ایک دُوسری روایت بھی ہے جس میں طائف سے واپسی کے وقت نخلہ میں قیام اور جنات کی حاضری کا بیان ہے۔ طائف کا سفر ۱۰ نبوی میں پیش آیا۔ اس سفر میں حضور کے ہمراہ صرف زید ابنِ حارثہ تھے۔ یہ دو الگ الگ واقعات ہیں۔ آیاتِ قرآنی سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے کیونکہ اس سُورت میں جن جنات کا ذکر ہے وہ مشرک اور

بے دین تھے اور جن کا ذکر سورۂ احقاف میں ہے۔ وہ انبیاء اور آسمانی کتب پر ایمان رکھنے والے تھے۔

کتب احادیث میں جنات کی حاضری کے بارے میں متعدد روایات ہیں۔ محدثین کی تحقیق یہ ہے کہ جنات چھ مرتبہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوئے۔ ان میں سے ایک کا تذکرہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کیا ہے فرماتے ہیں: "ایک روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عشاء کی نماز ادا کی۔ مسجد سے باہر تشریف لے آئے، پھر میرا ہاتھ پکڑا اور چل پڑے یہاں تک کہ ہم ایک مقام پر پہنچے تو حضور نے مجھے ایک جگہ پر بٹھایا اور میرے اردگرد ایک خط کھینچ دیا اور فرمایا کہ تم اس سے باہر ہرگز نہ نکلنا۔ چنانچہ میں وہاں بیٹھ گیا۔ کئی لوگ میرے پاس سے گزرتے رہے۔ حضور سحری کے وقت تک واپس تشریف نہ لائے۔ پھر مجھے طرح طرح کی آوازیں سنائی دینے لگیں۔ یہاں تک کہ حضور پہنچ گئے۔ میں نے عرض کیا: میرے آقا رات بھر آپ کہاں تشریف فرما رہے ہیں؟ فرمایا: مجھے آج جنات کو اسلام کی دعوت دینے کے لیے بھیجا گیا تھا۔ میں نے دریافت کیا یہ آوازیں کیسی تھیں؟ فرمایا یہ ان جنوں کی آوازیں تھیں۔ وہ مجھے الوداع کہہ رہے تھے اور سلام عرض کر رہے تھے۔"

جنات کی حقیقت

جن جمع ہے اس کا واحد جنّی ہے جس طرح "روم" کا واحد رومی ہے۔ اس لفظ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں: اصل الجن ستر الشیء عن الحاسة (کسی چیز کے حواس سے پوشیدہ ہونے کو جن کہتے ہیں)، انہوں نے اس مادہ سے کئی مشتقات کا بھی ذکر کیا ہے ان سب میں یہ معنی موجود ہے۔ ماں کے شکم میں جو حمل ہوتا ہے۔ اس کو جنین کہتے ہیں۔ دل کو "جَنان" کہتے ہیں جو سینے میں پوشیدہ ہوتا ہے "مِجَنّة" ڈھال کو کہتے ہیں جو انسان کو دشمن کے وار سے چھپا لیتی ہے۔ اس لفظ کی لغوی تحقیق کے بعد علامہ مذکور لکھتے ہیں!

ان الروحانیین ثلاثة اخیار وهم الملائكة واشرار وهم الشیاطین واوساط فیهم اخیار و اشرار وهم الجن (مفردات)

ترجمہ: "روحانی مخلوق کی تین قسمیں ہیں۔ ایک قسم وہ ہے جو سراپا خیر ہی خیر ہیں، وہ فرشتے ہیں۔ دوسری قسم ان کی ہے جو سراسر شر ہی شر ہیں، وہ شیاطین ہیں تیسری قسم وہ ہے جس میں کچھ نیک اور کچھ شریر ہوتے ہیں وہ جن ہیں۔"

علامہ ثناء اللہ پانی پتی نے جنات کی حقیقت کے بارے میں اہل سنت کی تحقیقات کا خلاصہ بایں الفاظ رقم فرمایا ہے:

الجن اجسام ذات ارواح کالحیوان عاقلة کالانسان خفیة عن اعین الناس ولذا سمیت جنا خلقت من النار کما خلق آدم من طین ..... تتصف بالذكورة والانوثة وتتوالد والظاهر ان الشیاطین منهم بخلاف الملائكة فانهم لا یتصفون بالذكورة ولا بالانوثة ووجود الجن والشیاطین والملائكة ثابت بالشرع و انكره الفلاسفة (تفسیر مظہری)

ترجمہ: جن اجسام ہیں ان میں ارواح ہوتی ہیں جس طرح حیوان۔ یہ انسان کی طرح عقلمند ہوتے ہیں۔ لوگوں کی آنکھوں سے پوشیدہ ہوتے ہیں اسی لیے انہیں جن کہا جاتا ہے۔ ان کی تخلیق آگ سے کی گئی ہے جیسے آدم کی مٹی سے۔ ان میں نر مادہ بھی ہیں۔ ان کی اولاد بھی پیدا ہوتی ہے لیکن فرشتے نر مادہ نہیں ہوتے۔ جنات،

شیاطین اور ملائکہ کا وجود شریعت سے ثابت ہے، لیکن فلاسفہ ان کا انکار کرتے ہیں۔"

ہمارے متجددین جنات کے وجود کا انکار کرتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ جنات کے بارے میں جو قصے اور واقعات زبان زد عوام ہیں، یہ سب توہمات کی گلکاری ہے۔ قرآن کریم میں جن کا لفظ جو مذکور ہے ان کے نزدیک اس سے مراد کوئی علیحدہ مخلوق نہیں بلکہ انسانوں کے ان گروہوں کو جن کہا گیا ہے جو جنگلوں صحراؤں اور پہاڑوں میں آباد ہیں۔ دوسرے لوگوں سے الگ تھلگ ویرانوں میں اپنی زندگی بسر کرتے ہیں کیونکہ عام آبادیوں میں وہ دکھائی نہیں دیتے اور نگاہوں سے اوجھل رہتے ہیں۔ اس لیے انہیں جن کہا گیا ہے اور یہی جن کا لغوی مفہوم ہے یا جنات سے وہ انسان مراد ہیں جو کھل کر قرآن کریم سننے کی جرأت نہیں کرتے تھے بلکہ لوگوں کی نگاہوں سے چھپ چھپ کر قرآن کریم سننے کی سعادت حاصل کیا کرتے تھے۔

بہتر ہے کہ ہم اس نزاع کے تصفیہ کے لیے قرآن کریم کو ہی اپنا حکم تسلیم کریں۔ اگر قرآن کریم کی آیات سے یہ پتہ چلے کہ جن انسانوں کے ہی بعض گروہ ہیں تو ہمیں تسلیم کرنے میں ذرا تامل نہ کرنا چاہیے اور اگر قرآن کریم کی متعدد آیات ان کے علیحدہ مخلوق ہونے کی شہادت دیں تو ہمیں انکار کی جرأت نہیں کرنی چاہیے۔ قرآن کریم میں جنات کا ذکر ایک بار نہیں بار بار آیا ہے۔ ان مقامات کا آپ مطالعہ فرمائیں حقیقت خود بخود کھل کر سامنے آجائے گی۔ سب سے پہلے سورۃ الرحمٰن کی آیتیں پڑھیے: خلق الانسان من صلصال کالفخار ۙ وخلق الجآن من مارج من نار ۚ

ترجمہ: "انسان کو ٹھیکری کی طرح بجنے والی مٹی سے پیدا کیا گیا ہے اور جنوں کو آگ کے شعلہ سے پیدا کیا گیا ہے۔"

اگر جن نوعِ انسانی کے بعض افراد ہی ہوتے تو ان کی تخلیق بھی مٹی سے ہوئی ہوتی۔ حالانکہ قرآن بتا رہا ہے کہ جنات کی پیدائش آگ کے شعلے سے ہوئی جب دونوں کا مادۂ تخلیق جدا جدا ہے تو پھر جنات کو نوعِ انسانی کے افراد کہنا کیسے صحیح ہو سکتا ہے۔ اس چیز کو قرآن کریم میں متعدد مقامات پر بیان کیا گیا ہے۔ جن و انس کی تخلیق کی غرض و غایت بیان کرتے ہوئے فرمایا:

"ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون ۔" (ہم نے جنوں اور انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔)

اگر جن انسانوں کے ہی کسی مخصوص گروہ کا نام ہوتا تو پھر ان کو یہاں الگ ذکر کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ انسانوں کے متعدد گروہ ہیں۔ ان میں سے اور کسی کا ذکر نہ کرنا صرف جنگلوں اور پہاڑوں میں بسنے والوں کا علیحدہ ذکر کرنا کسی طرح بھی مناسب معلوم نہیں ہوتا۔

آیاتِ قرآنی سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ جنات کی تخلیق انسان سے بہت پہلے ہوئی تھی۔ شیطان جنوں کا ہی ایک فرد تھا جو آدم علیہ السلام کی تخلیق کے وقت موجود تھا اور آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے کے باعث راندۂ درگاہ بن گیا تھا۔ اس کے بارے میں ارشاد ہے: "کَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ"۔ (شیطان جنوں میں سے تھا، پھر اس نے اپنے رب کی نافرمانی اختیار کر لی)، تو جن جو نوعِ انسانی کے باپ آدم علیہ السلام سے پہلے موجود تھے، انہیں ان کی اولاد کیسے شمار کیا جا سکتا ہے؟ جنات کی ایک اور خصوصیت بیان کی گئی ہے جو انسانوں میں نہیں پائی جاتی۔ اس سے بھی پتہ چلتا ہے کہ جنات نوعِ انسانی کے افراد نہیں بلکہ جدا مخلوق ہیں۔ ارشاد ہے: "اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ"

ترجمہ (شیطان اور اس کا قبیلہ تمہیں دیکھتا ہے لیکن تم انہیں نہیں دیکھ سکتے ۔)
کثیر التعداد آیات میں سے صرف چند پیش کی گئی ہیں ۔ اگر آپ غیر جانبداری سے ان کا مطالعہ کریں گے تو آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ انسانوں کی طرح جن بھی ایک علیحدہ مخلوق ہیں ۔ صرف اس لیے ان کا انکار کہ یہ ہمیں نظر نہیں آتے اپنے اندر کوئی معقولیت نہیں رکھتا ۔ کیا ہم اپنے حواس کو اتنا ہمہ گیر خیال کرتے ہیں کہ انہوں نے ہر چیز کو اپنے احاطہ میں لے لیا ہے اور جو چیز ان حواس سے ثابت نہ ہو وہ موجود ہی نہیں ۔ اس طرح تو ہمیں پھر بہت سی چیزوں کا انکار کرنا پڑے گا ۔ رُوح فرشتے ، نزولِ وحی وغیرہ وغیرہ یہ سب چیزیں ہمارے حواس سے ماوریٰ ہیں اور کون ایسا مُسلمان ہے جو ان کو تسلیم کرنے میں پس و پیش کرے ۔

مضامین : پہلے رکوع میں جنات کے اس خاص گروہ کے حالات بیان ہُوئے ہیں جنہیں نخلہ کے مقام پر حضور سرورِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زبانِ مُبارک سے قرآنِ کریم سُننے کی سعادت نصیب ہُوئی تھی اور اس کی وجہ سے جو انقلاب اُن کے افکار و نظریات میں رُونما ہوا تھا اور جس جرأت سے انہوں نے اپنے ایمان لانے کا تذکرہ کیا تھا ، اس کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں ۔ دُوسرے رکوع کی ابتداء سے عقیدۂ توحید کا اعلان کرنے کا حکم دیا جا رہا ہے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نظریۂ توحید کو بیان فرما رہے ہیں ۔ اس کے بعد اُن کُفّار کا ذکر ہے جو خدا اور رسُول کی نافرمانی کو اپنا شعار بنائے ہُوئے ہیں ۔ قیامت کے دن اُن کی حالت بڑی قابلِ رحم ہوگی ۔

آخر میں اس حقیقت کو بیان فرما دیا کہ علمِ غیب صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے مخصوص ہے جب تک وہ کسی کو غیب کا علم نہ دیں اسے کوئی جان نہیں سکتا ۔ اور یہ علمِ غیب جنّوں ، ساحروں اور کاہنوں کو نہیں تعلیم کیا جاتا ۔ یہ نعمت فقط اُن رسولوں کو مرحمت فرمائی جاتی ہے جن کو اللہ تعالیٰ اس شرف کے لیے چُن لیا کرتا ہے ۔

سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٍ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ الجن مکی ہے اس میں — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — ۲۸ آیتیں اور دو رکوع ہیں

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا

آپ فرمائیے میری طرف وحی کی گئی ہے کہ بڑے غور سے سنا ہے (قرآن کو) جنوں کی ایک جماعت نے سے پس انہوں نے (جا کر دوسرے جنات کو) بتایا کہ

ـلـه رسول الثقلین نبی الحرمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جن وانس سب کے نبی تھے۔ جنات نے کئی مرتبہ بارگاہ اقدس میں حاضری دی۔ علامہ پانی پتی، علامہ سید آلوسی، علامہ قرطبی اور دیگر مفسرین نے اپنی تفاسیر میں اسی قول کو ترجیح دی ہے کہ جنات نے حضور سے چھ بار ملاقات کی۔ اس لیے احادیث میں تعارض نہیں جس طرح بعض لوگوں کو غلط فہمی ہوئی ہے اور ان میں سے بعض نے گھبرا کر جنات کے وجود ہی کا انکار کر دیا ہے۔ بلکہ مختلف احادیث میں مختلف ملاقاتوں کے احوال مذکور ہیں۔ ان احادیث میں نہ تضاد ہے اور نہ تعارض اور نہ پریشان ہونے کی کوئی وجہ۔

پہلی حاضری وہ ہے جس کا ذکر ان آیات میں کیا گیا ہے۔ صحیح روایات کے مطابق یہ واقعہ اس وقت رونما ہوا جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے چند صحابہ کے ساتھ عکاظ کے بازار کی طرف جا رہے تھے۔ یہ جگہ مکہ سے دو رات کی مسافت پر ہے۔ یہاں زمانہ جاہلیت میں میلے لگا کرتے، خرید و فروخت ہوتی اور ارد گرد کے سارے قبائل وہاں جمع ہوتے۔ نخلہ کے مقام پر صبح کا وقت ہو گیا۔ حضور صبح کی نماز ادا فرما رہے تھے اور سورۃ اقرأ یا سورۃ طٰہٰ کی تلاوت ہو رہی تھی کہ جنات کے ایک گروہ کا ادھر سے گزر ہوا۔ سوز و گداز میں ڈوبی ہوئی آواز جب انہوں نے سنی تو وہاں رک گئے۔ بڑی خاموشی اور توجہ سے اس کو سنتے رہے۔ اس کلام پاک کے سننے سے ان کے دل کی دنیا بدل گئی، غفلت کے پردے چاک ہو گئے اور نور ایمان سے ان کے سینے روشن ہو گئے۔ دولت ایمان سے مالا مال ہو کر جب وہ اپنے قبیلہ میں پہنچے تو انہوں نے ان کو بھی بتایا کہ ہمارے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا۔ ہم نے کفر و شرک سے توبہ کر لی ہے۔ تمہارے لیے بھی یہی بہتر ہے کہ تم جن گمراہیوں میں مبتلا ہو ان سے برأت کا اظہار کرو اور اس رسول کریم کی دعوت کو قبول کر لو۔ اللہ تعالیٰ نے ان جنات کی آمد، قرآن کریم کو غور سے سننے اور پھر اپنے قبیلہ میں جا کر تمام ماجرا بیان کرنے کے سارے حالات بذریعہ وحی اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو بتا دیے اور حکم دیا کہ آپ سب لوگوں میں اس کا اعلان کریں۔

ـلـه صرف کسی آواز کے سننے کو عربی میں سمع کہتے ہیں اور استمع کا معنی غور اور توجہ سے سننا ہے اور اسی غور و تدبر سے سننے کا یہ نتیجہ نکلا کہ ان کو ہدایت نصیب ہو گئی۔ اس کلام پاک کا یہی اعجاز ہے کہ جو اسے توجہ سے پڑھتا یا سنتا ہے اس کی تاثیر اس کے دل میں اثر کر جاتی ہے اور وہ ہدایت پا جاتا ہے۔

نفر کا لفظ عام طور پر تین سے دس تک کے گروہ کے لیے استعمال ہوتا ہے لیکن اس سے زیادہ پر بھی اس کا اطلاق ہوتا رہتا ہے۔

قُرْاٰنًا عَجَبًا ﴿۱﴾ یَّهْدِیْۤ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَ لَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَاۤ

ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے سلے راہ دکھاتا ہے ہدایت کی پس ہم دل سے اس پر ایمان لے آئے ۔ اور ہم ہرگز شریک نہیں بنائیں گے کسی کو

اَحَدًا ﴿۲﴾ وَّ اَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّ لَا وَلَدًا ﴿۳﴾

اپنے رب کا ۔ اور بے شک اعلیٰ وارفع ہے ہمارے رب کی شان سلے نہ اس نے کسی کو اپنی بیوی بنایا ہے اور نہ بیٹا ۔

وَّ اَنَّهٗ كَانَ یَقُوْلُ سَفِیْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ﴿۴﴾ وَّ اَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنْ لَّنْ

اور یہ راز بھی کھل گیا کہ ہمارے احمق اللہ کے بارے میں ناروا باتیں کہتے رہے شہ اور ہم تو یہ خیال کیے تھے کہ

سلے جنات جب واپس اپنے قبیلہ میں پہنچے تو انہیں جا کر بتایا کہ ہم نے ایک عجیب و غریب قرآن سنا ہے جو ہدایت کی طرف رہنمائی کرتا ہے ۔ ہم تو اس سے اتنے متاثر ہوئے ہیں کہ سنتے ہی اس پر ایمان لے آئے ہیں اور یہ اعلان کرتے ہیں کہ ہم عمر بھر کبھی اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے ۔

عجبا مصدر ہے بمعنی عجیب ۔ اس میں مبالغہ ہے یعنی یہ کلام اتنا عجیب و غریب ہے کہ ہم نے آج تک نہ ایسی فصاحت و بلاغت دیکھی ہے نہ تبلیغ حق کا کہیں ایسا بانکپن نظر آیا ہے ۔ الفاظ ہیں تو جیسے سُچے موتیوں کی لڑیاں ہوں اور معانی ہیں تو اتنے ارفع و اعلیٰ کہ بلند کر طائرِ فکر بھی وہاں دم نہیں مار سکتا اور اثر ہے تو ایسا کہ خود بخود دل کھنچے چلے آتے ہیں ۔

ان آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ جنات پہلے مشرک تھے مشرک قوموں کی طرح انہوں نے بھی کسی کو اللہ تعالیٰ کی جورو اور کسی کو اس کا بیٹا بنا رکھا تھا ۔ قرآن سننے سے جب نورِ ایمان ان کے دلوں میں چمکا تو انہوں نے ان تمام خرافات کو پرے پھینک دیا ۔

سورۃ الاحقاف میں جن جنات کا ذکر ہے وہ حضرت موسیٰؑ کے پیرو تھے اور اہلِ کتاب تھے ۔ اس لیے وہ واقعہ اس واقعہ سے جدا ہے ۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ جنات میں بعض مومن ہوتے ہیں اور بعض کافر —— اور انسانوں کی طرح یہ بھی مکلف ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لائیں اپنے زمانے کے نبی کی اطاعت کریں اور اس کے لائے ہوئے دین کی پوری پوری اطاعت کریں ۔ نیز یہ کہ ان میں سے نبی مبعوث نہیں کیے جاتے بلکہ وہ انسانوں کے نبیوں کے ہی پیروکار ہوتے ہیں ۔

سلے جَدّ کا معنی ہے عظمت و جلال ۔ یعنی ہمارے رب کی عظمت اور اس کا جلال بڑا اعلیٰ وارفع ہے ۔ کوئی اس کی ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتا ۔ وقیل مُلکہٗ و سُلطانہٗ ۔ یعنی جَدّ کا معنی اس کی حکومت اور بادشاہی ۔

شہ سفیہ کا معنی ہے بیوقوف ، احمق ۔ اس سے وہ سرکش جن مراد ہیں جو راہِ حق سے بھٹک گئے اور کفر و گمراہی میں مبتلا ہو گئے ۔

الشطط ، الافراط فی البعد . . . وعُبّر بالشطط عن الجور ۔ لقد قلنا اذًا شططا ای قولًا بعیدًا عن الحق ۔

یعنی شطط کا اصلی معنی بہت دور ہونا ہے ۔ یہ لفظ ذکر کر کے جور کا معنی بھی لیا جاتا ہے اور وہ بات جو حق سے بہت دور ہو اسے بھی قولًا شططًا کہتے ہیں ۔

تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ

انسان اور جن اللہ کے بارے میں کبھی جھوٹ نہیں بول سکتے ؎ اور یہ کہ انسانوں میں سے چند مرد پناہ

الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۝ وَّاَنَّهُمْ

لینے لگے جنات میں سے چند مردوں کی پس انہوں نے بڑھا دیا جنوں کے غرور کو ؎ اور ان

مطلب یہ ہے کہ ہم میں سے جو جن گمراہ اور سرکش ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں ہمیں سراسر جھوٹی اور بعید از حق باتیں بتلاتے رہے ہیں۔

؎ اپنی گزشتہ گمراہی پر وہ معذرت خواہانہ انداز میں کہتے ہیں کہ جن کو آج تک ہم نے اپنا پیشوا بنائے رکھا اور آنکھیں بند کر کے ان کے پیچھے چلتے رہے ہمیں ان کے بارے میں قطعاً یہ خیال نہ تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹی باتیں بھی منسوب کرتے ہیں۔ اسی حسن ظن کے باعث آج تک ہم بھٹکتے رہے۔ اگر ہمیں یہ پتہ چل جاتا کہ انسانوں اور جنوں میں ایسے رذیل اور گستاخ افراد بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹی باتیں منسوب کرتے ہیں تو ہم ہرگز اتنے عرصہ تک ان لوگوں کی پیروی نہ کرتے اور اپنی گزشتہ عمر برباد نہ کرتے۔

؎ عہد جاہلیت میں اہل عرب میں یہ رواج تھا کہ جب کسی ویران اور اُجاڑ وادی میں انہیں رات بسر کرنا پڑتی اور انہیں یہ خوف ہوتا کہ کوئی چیز انہیں گزند پہنچائے گی تو سونے سے پہلے بلند آواز سے وہ یہ کہتے۔ یا عزیز الوادی اعوذ بک من السفهاء الذین فی طاعتک۔ اے اس وادی کے سردار! میں تجھ سے ان احمقوں کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جو تیرے تابعدار ہیں۔ جنات جب یہ سنتے تو ان کے غرور کی کوئی حد نہ رہتی اور کہتے سدنا الجن والانس کہ ہم جنوں اور انسانوں سب کے سردار بن گئے ہیں۔

آیت میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔ رھقًا، قال المجاھد طغیانا وقال مقاتل غیًا۔ سرکشی اور گمراہی۔

علامہ پانی پتی نے اسی آیت کے ضمن میں ایک واقعہ تحریر کیا ہے۔ آپ بھی سن لیجیے:

بنی تمیم کا ایک شخص جس کا نام رافع بن عُمیر تھا وہ اپنے اسلام لانے کی وجہ بیان کرتے ہیں کہ ایک رات میں عالج کے ریگستان میں سفر کر رہا تھا۔ مجھے نیند آگئی۔ میں نے اونٹنی بٹھائی اور سونے سے پہلے جاہلیت کے دستور کے مطابق میں نے بلند آواز سے کہا۔ اعوذ بعظیم ھذا الوادی من الجن۔ جنات کے شر سے میں اس وادی کے سردار کی پناہ مانگتا ہوں۔ پھر میں سو گیا۔ خواب میں کیا دیکھتا ہوں کہ ایک آدمی کے ہاتھ میں نیزہ ہے اور وہ اس سے میری اونٹنی کو ذبح کرنا چاہتا ہے۔ میں گھبرا کر اٹھ بیٹھا۔ ادھر اُدھر دیکھا کوئی آدمی نہ تھا۔ پھر سو گیا۔ دوسری مرتبہ پھر ایسا ہی ہوا۔ تیسری بار جب سویا اور اسی منظر سے گھبرا کر اٹھ بیٹھا تو اب میں کیا دیکھتا ہوں کہ میری اونٹنی تھر تھر کانپ رہی ہے۔ کوئی آدمی ہاتھ میں نیزہ لیے کھڑا ہے۔ ایک بوڑھے آدمی نے اس کا ہاتھ پکڑ رکھا ہے۔ اسی اثناء میں تین جنگلی بیل دوڑتے ہوئے ادھر آنکلے۔ اس بوڑھے نے کہا کہ میری پناہ لینے والے اس انسان کی ناقہ کے عوض تم ایک وحشی بیل پکڑ لو۔ پھر اس نے مجھ سے کہا کہ جب کبھی ایسی وادی میں رات گزارنے کا اتفاق ہو تو کسی جن کی پناہ نہ لیا کرو۔ بلکہ یہ کہا کرو کہ اعوذ باللّٰہ رب محمد من ھول ھذا الوادی۔ کہ میں اللہ تعالیٰ سے جو محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا پروردگار ہے اس وادی کے خوف سے پناہ مانگتا ہوں۔ میں نے پوچھا محمد کون ہیں؟ شیخ نے کہا محمد نبی عربی لا شرقی ولا غربی کہ محمد صلی اللہ

ظَنُّوا كَمَا ظَنَنْتُمْ أَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ أَحَدًا ﴿٧﴾ وَّأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ

انسانوں نے بھی یہی گمان کیا جیسے تم گمان کرتے ہو کہ اللہ کسی کو رسول بنا کر مبعوث نہیں کرے گا اور (دوستو!) ہم نے ٹٹولا آسمان کو

فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ﴿٨﴾ وَّأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ

تو ہم نے اس کو سخت پہروں اور شہابوں سے بھرا ہوا پایا [۸] اور پہلے تو ہم بیٹھ جایا کرتے تھے

مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۖ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ﴿٩﴾

اس کے بعض مقامات پر سننے کے لیے لیکن اب جو کوئی سننے کی کوشش کرے گا تو وہ پائے گا اپنے لیے کسی شہاب کو انتظار میں۔

تعالیٰ علیہ وسلم نبی عربی ہیں۔ نہ ان کا شرق سے کوئی تعلق ہے نہ غرب سے۔ میں نے پوچھا وہ کہاں رہتے ہیں۔ اس نے بتایا یثرب میں جہاں کھجوروں کے بکثرت نخلستان ہیں۔ صبح ہوئی تو اونٹنی پر سوار ہو کر میں نے مدینہ طیبہ کی راہ لی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب مجھے دیکھا تو میرے کچھ عرض کرنے سے پہلے جو گزشتہ رات مجھ پر بیتی تھی سب کا ذکر فرما دیا اور مجھے اسلام کی دعوت دی چنانچہ میں نے اسلام قبول کیا۔ (مظہری)

[۸] صحیح روایات سے ثابت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت کے بعد آسمانوں پر پہرہ سخت کر دیا گیا اور جنات پہلے تو کوئی نہ کوئی ایسی جگہ تلاش کر لیتے تھے جہاں بیٹھ کر وہ آسمان پر ہونے والی گفتگو سن سکتے لیکن اب ان کے لیے ایسا ممکن نہ رہا۔ اب جونہی وہ آسمان کی طرف جانے کی کوشش کرتے تو شہابوں کا مینہ ان پر برسنے لگتا جس کے باعث ان کا اوپر جانا بالکل ناممکن ہو گیا۔ اس اچانک تبدیلی سے وہ بہت حیرت زدہ ہوئے اور اس کی وجہ معلوم کرنے کے لیے متعدد دستے تشکیل دیے گئے کہ روئے زمین پر گشت لگائیں اور اس کی وجہ معلوم کریں۔ انہی میں سے ایک گروہ جو تہامہ کے علاقہ کی چھان بین کے لیے مقرر ہوا تھا نخلہ کے پاس سے اس وقت گزرا جب سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز صبح میں قرآن کریم کی تلاوت فرما رہے تھے۔ وہاں ہی استماع قرآن کا واقعہ پیش آیا۔

اسی کا ذکر اب ان آیات میں کیا جا رہا ہے۔ جن کہتے ہیں کہ جب ہم نے آسمان کو ٹٹولا تو ہم نے دیکھا کہ جگہ جگہ پہرے دار کھڑے ہیں اور شہابوں کے آتشیں گولے ان کا تعاقب کرنے کے لیے تیار ہیں۔ اب اگر کسی جن نے کوئی بات سننے کی کوشش کی تو یہ آتشیں شہاب اس کو جلا کر راکھ کر دیں گے۔

یہاں کسی کو یہ غلط فہمی ہو سکتی ہے کہ شہابوں کے ٹوٹنے کا سلسلہ تو بعثت نبوی سے پہلے بھی تھا بعثت کے بعد کون سا ایسا نیا حادثہ پیش آیا جس کی وجہ سے جنات کا آسمان کی طرف جانا ناممکن ہو گیا۔ اس کا یہ جواب بھی دیا جا سکتا ہے کہ پہلے بھی شہاب تھے لیکن اتنی کثرت سے نہ تھے۔ جنات بچا بچا کر کہیں نہ کہیں بیٹھ کر کوئی نہ کوئی بات سن لیا کرتے۔ لیکن اب انتظامات سخت کر دیے گئے اور اب قطعی طور پر جنات کا اوپر جانا بند ہو گیا۔ صحیح یہ ہے کہ اس امر کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیا جائے۔ جو اس نے فرمایا ہے وہ حق ہے۔ ہم اس کی تصدیق کرتے ہیں۔ لیکن وہ کون سے شہاب ہیں ان کے ذریعے جنات کی کیسے سرکوبی کی جاتی ہے؟ اس کی حقیقت سے ہم آگاہ نہیں۔ ہو سکتا ہے مستقبل قریب

وَّاَنَّا لَا نَدْرِیْۤ اَشَرٌّ اُرِیْدَ بِمَنْ فِی الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ

اور ہم نہیں سمجھتے (اس کی کیا وجہ ہے) کیا کسی شر کا ارادہ کیا جا رہا ہے زمین کے مکینوں کے بارے میں یا ان کے رب نے ان کو

رَبُّهُمْ رَشَدًا ۝۱۰ وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ كُنَّا

ہدایت دینے کا ارادہ فرمایا ہے ۹ اور ہم میں بعض نیک بھی ہیں اور بعض اور طرح کے ہم بھی تو

طَرَآئِقَ قِدَدًا ۝۱۱ وَّاَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِی الْاَرْضِ وَلَنْ

کئی راستوں پر گامزن ہیں ۱۰ اور (اب) ہمیں یقین ہو گیا ہے کہ ہم زمین میں بھی اللہ تعالیٰ کو ہرگز عاجز نہیں کر سکتے اور نہ

نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ۝۱۲ وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰۤی اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ یُّؤْمِنْۢ

بھاگ کر اسے ہرا سکتے ہیں ۱۱ اور (اے جن بھائیو) ہم نے جب پیغام ہدایت سنا تو ہم اس پر ایمان لے آئے۔ پس جو شخص اپنے رب پر ایمان

میں کوئی علمی تحقیق اس راز کو بھی آشکارا کر دے جس طرح کئی تکوینی اسرار بے نقاب ہو چکے ہیں۔

۹ یہ جدید انتظامات دیکھ کر جنات اس کی وجہ معلوم کرنے کے درپے ہوئے اور وہ کہنے لگے کہ یا تو اہل زمین پر عذاب نازل کرنے کے انتظام ہو رہے ہیں۔ اس پروگرام کو صیغۂ راز میں رکھنے کے لیے یہ سارے انتظامات کیے گئے ہیں یا یہ کہ اللہ تعالیٰ کوئی نبی مبعوث فرمانے والا ہے تاکہ ان خفتہ بخت انسانوں کو بیدار کر کے انہیں راہ ہدایت پر گامزن کرے۔ ان اسباب میں سے ہی کوئی سبب ہے۔

۱۰ وہ کہتے ہیں ہم سب جن ایک عقیدے پر نہیں اور نہ ہی سیرت و اخلاق میں ہم یکساں ہیں۔ بعض ہم میں سے صالح اور نیک ہیں جو کسی کو اذیت نہیں پہنچاتے، کسی کا نقصان نہیں کرتے اور بعض فتنہ پرور، شرارتی اور فسادی ہیں۔ پھر ہمارے مذہب بھی الگ الگ ہیں۔ بعض اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کے انبیاء اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہیں اور بعض گمراہ ہیں۔ طرائق جمع ہے طریقة کی اور قِدد جمع ہے قِدَّة کی۔ ای متفرقة مختلفة۔ جدا جدا، الگ الگ۔ ہمارے راستے جدا جدا، الگ الگ ہیں۔

۱۱ پہلے ہم اپنے سفہاء کے فریب میں آ کر گمراہ ہو گئے تھے لیکن قرآن سننے کے بعد اب ہماری آنکھیں کھل گئی ہیں اور ہمیں یقین ہو گیا ہے کہ نہ ہم زمین میں اللہ تعالیٰ کو ہرا کر بچ سکتے ہیں اور نہ یہ ممکن ہے کہ ہم یہاں سے کہیں بھاگ جائیں اور اس طرح اس کے قابو سے نکل جائیں۔ اس آیت کا یہ معنی بھی ہو سکتا ہے کہ قرآن سننے سے پہلے بھی ہمارا یہ عقیدہ ضرور تھا کہ اللہ تعالیٰ بڑی قوت اور قدرت والا ہے ہم اسے عاجز نہیں کر سکتے اور شاید اسی عقیدہ کی برکت سے ہم نے آسانی سے ہدایت قبول کر لی ہے اور جب ہم نے قرآن کا حقیقت افروز پیغام سنا تو شک و شبہ کے سارے بادل چھٹ گئے۔

بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿١٣﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا

لاتا ہے تو اسے نہ کسی نقصان کا خوف ہوتا ہے اور نہ ظلم کا ١٢ اور بے شک ہم میں سے کچھ تو فرمانبردار ہیں اور

الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿١٤﴾ وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ

کچھ ظالم ١٣ تو جنہوں نے اسلام قبول کیا تو انہوں نے حق کی راہ تلاش کر لی ١٤ اور جو حق سے منحرف ہوتے

فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿١٥﴾ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ

ہیں تو وہ جہنم کا ایندھن ہیں اور اگر وہ ثابت قدم رہیں راہِ حق پر تو ہم انہیں سیراب کریں گے

مَّآءً غَدَقًا ﴿١٦﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ

کثیر پانی سے ١٥ تاکہ ہم ان کی آزمائش کریں اس فراوانی سے۔ اور جو منہ موڑے گا اپنے رب کے ذکر سے تو وہ داخل کرے گا

١٢؎ اپنے اہل قبیلہ کو اپنی سرگزشت سنانے کے بعد انہیں یقین دلاتے ہیں کہ جو شخص اپنے رب پر ایمان لائے گا اس کی نہ حق تلفی ہوگی اور نہ اس پر ظلم و زیادتی ہوگی۔ حق تلفی کا مطلب تو یہ ہے کہ جتنے کوئی نیک کام کرے گا اسے پورا پورا اجر ملے گا، اس میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی اور ظلم کا مطلب یہ ہے کہ اسے اس کی نیکیوں کی جزا سرے سے دی ہی نہ جائے یا اسے ناکردہ گناہوں کی سزا دی جائے۔ وہاں تو عدل و انصاف ہے اور مزید براں فضل و احسان ہے۔

١٣؎ قَسَطَ (مجرد) عدل اور جور دونوں معنی میں استعمال ہوتا ہے اور اَقْسَطَ (مزید) صرف عدل کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ مجرد میں معنی کا تعین سیاق و سباق سے ہوگا۔ یہاں قاسطون کا مدِّمقابل الْمُسْلِمُوْنَ ہے اس لیے یہاں اس کا معنی ظالم اور حد سے تجاوز کرنے والا ہوگا۔

١٤؎ بعض کے نزدیک یہ جملہ بھی جنات کا قول ہے اور بعض کہتے ہیں کہ ومنا القاسطون پر جنات کا کلام ختم ہوگیا۔ فَمَنْ اَسْلَمَ سے اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو خطاب فرما رہا ہے۔

تحرّوا: توخّوا وقصدوا۔ تلاش کرنا۔ قصد کرنا۔

١٥؎ اگر جن و انس اسلام کے صراطِ مستقیم پر استقامت و پامردی سے گامزن رہیں تو انہیں دنیا میں بھی خوش حال کر دیا جائے گا۔ انہیں رزق فراخ دیا جائے گا۔ ماءً غدقاً یعنی کثیر مقدار میں پانی بارش کے ذریعہ برسایا جائے گا، خشک سالی دور ہو جائے گی، ہر طرف سبزہ ہی سبزہ نظر آئے گا۔

یہ مضمون ابھی آپ سورۂ نوح میں بھی پڑھ چکے ہیں۔ یہ مال و رزق کی فراوانی بھی ان کی ایک آزمائش ہوگی کہ آیا وہ اس نعمت کا شکریہ ادا کرتے ہیں یا نہیں۔

عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾

اسے سخت عذاب میں ۳۵؎ اور بے شک سب مسجدیں اللہ کے لیے ہیں پس مت عبادت کرو اللہ کے ساتھ کسی کی ۳۶؎

وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾ ع

اور جب کھڑا ہوتا ہے اللہ کا خاص بندہ تاکہ اس کی عبادت کرے تو لوگ اس پر ہجوم کر کے آ جاتے ہیں ۳۷؎

۳۵؎ اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی یاد سے روگردانی کرے گا اس کو شدید عذاب میں داخل کیا جائے گا۔ سلکہ وأسلکہ: ادخل۔ صعدا: شدیدا یعنی سخت عذاب۔

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جہنم میں ایک اونچا پہاڑ ہے جس پر کفار کو چڑھنے کا حکم دیا جائے گا لیکن اس کے املس ہونے کی وجہ سے ان کے قدم بار بار پھسل جائیں گے۔ نعوذ باللہ من عذاب القبر ومن عذاب جہنم شدیدہ وخفیفہ۔

۳۶؎ مکہ کے مشرکوں نے بیت اللہ شریف کو بت کدہ بنا رکھا تھا اور مسجد حرام میں کھلم کھلا بتوں کی پوجا ہوتی اور شرکیہ اعمال کیے جاتے۔ ارشاد ہے کہ یہ مسجدیں تو اللہ تعالیٰ کی ہیں۔ ان میں تو صرف اسی کی عبادت اور اسی کا ذکر ہونا چاہیے۔ اے مشرکین! اس سے بڑا بھی کوئی ظلم ہو سکتا ہے جو تم روا رکھے ہوئے ہو۔ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت تو کسی جگہ بھی جائز نہیں اور تم اس قبیح، حرام اور ممنوع فعل کا ارتکاب اللہ تعالیٰ کے گھروں میں کرتے ہو۔ اس سے باز آجاؤ۔ یہ اللہ تعالیٰ کے گھر ہیں اسی کی عبادت کے لیے ان کو تعمیر کیا گیا ہے۔ کسی غیر کی عبادت کی یہاں ہرگز اجازت نہیں۔ ان ذلک ای لا تعبدوا۔ (روح المعانی)

اس لیے علمائے کرام نے مسجد کے آداب کو ملحوظ رکھنے کا سختی سے حکم دیا ہے۔ اس میں خرید و فروخت کرنا، دنیاوی گفتگو کرنا، گمشدہ چیزوں کے بارے میں اعلانات کرنا منع ہیں۔ ناپسندیدہ اشعار بلند آواز سے پڑھنا ممنوع ہے۔

بعض لوگ مسجد میں حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نعت شریف پڑھنے کو بھی ناجائز کہتے ہیں اور اس آیت سے استدلال کرتے ہیں ہم ان کی توجہ ان متعدد مجالس کی طرف منعطف کراتے ہیں جبکہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے لیے حکم نبوی کے مطابق منبر رکھا جاتا تھا اور وہ اس پر کھڑے ہو کر بارگاہ رسالت میں اپنے مدحیہ اور نعتیہ قصائد پڑھا کرتے تھے۔ ان کے علاوہ کئی دیگر شعراء مثلاً حضرت سواد بن قارب، حضرت زہیر، حضرت عباس رضی اللہ عنہم جیسے نامور اکابر مسجد نبوی میں حضور کے سامنے اپنے نعتیہ قصائد پیش کرتے۔ حضور خوش ہوتے اور دعاؤں سے نوازتے۔

باقی رہا درود و سلام تو آپ نماز میں کیوں پڑھتے ہیں اس میں بھی آپ کہتے ہیں السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ تو جو وظیفہ نماز کا جزو ہے اسے کیسے ناجائز کہا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے محبوب کی تعریف درحقیقت اللہ تعالیٰ ہی کی حمد ہے جس نے اپنے محبوب کو ان بے شمار کمالات سے متصف کر کے مبعوث فرمایا۔

حضرت حسن البصری فرمایا کرتے کہ مساجد سے مراد روئے زمین ہے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے جُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا۔ ساری زمین کو میرے لیے مسجد بنا دیا گیا ہے۔ بعض حضرات نے مساجد سے وہ سات اعضاء مراد لیے ہیں جن پر انسان سجدہ کے وقت ٹیک لگاتا ہے۔

۳۷؎ عبد اللہ سے مراد حضور کی ذاتِ اقدس و اطہر ہے۔ عزت افزائی کے لیے اللہ تعالیٰ نے حضور کو رسول یا نبی کے بجائے عبد اللہ کے

قُلْ إِنَّمَآ أَدْعُوا رَبِّي وَلَآ أُشْرِكُ بِهِۦٓ أَحَدًا ﴿٢٠﴾ قُلْ إِنِّي لَآ أَمْلِكُ

آپ فرمائیے میں تو بس اپنے رب کی عبادت کرتا ہوں اور شریک نہیں ٹھہراتا اس کا کسی کو۔ آپ فرمائیے (اللہ کے اذن کے بغیر) میں نہ تمہیں نقصان

لَكُمْ ضَرًّا وَلَا رَشَدًا ﴿٢١﴾ قُلْ إِنِّي لَن يُجِيرَنِي مِنَ ٱللَّهِ أَحَدٌ ۙ

پہنچانے کا اختیار رکھتا ہوں اور نہ ہدایت کا ١٩ آپ فرمائیے مجھے اللہ تعالیٰ سے کوئی پناہ نہیں دے سکتا ٢٠

خطاب سے نوازا ہے۔

آیت کے دو مفہوم بیان کیے گئے ہیں۔ ایک تو یہ کہ جب نخلہ کے مقام پر اللہ کا محبوب بندہ نماز صبح میں مصروف تھا اور ان جنات کا ادھر سے گزر ہوا تو اللہ تعالیٰ کے اس بندے کو دیکھ کر قرآن کی شان انگیز تلاوت کو سن کر اس کے خشوع و خضوع اور اس کے صحابہ کی اطاعت و انقیاد کو دیکھ کر ان کے دلوں میں ایسی کشش پیدا ہوئی کہ یوں معلوم ہوتا تھا کہ گویا فرط شوق سے حضور پر ٹوٹے پڑتے ہیں۔ ایسا دلنواز اور روح پرور منظر انہوں نے آج تک نہیں دیکھا تھا۔ یہ محویت، یہ استغراق، یہ تواضع، یہ انکسار ان کے لیے بالکل اوپری چیزیں تھیں۔ یا اس آیت میں جن و انس کے کفار و متمردین کا ذکر ہے کہ جب وہ حضور کو اپنے رب کی عبادت میں دنیا و مافیہا سے بے نیاز دیکھتے تو ان کا غصہ اور بڑھ جاتا۔ ان کے عناد کی آگ بھڑکنے لگتی اور ان کا جی چاہتا کہ ان پر ہلہ بول دیں اور ہدایت کی اس شمع کو گل کر دیں لیکن جسے اللہ تعالیٰ روشن رکھے اسے کون بجھا سکتا ہے۔ كاد الجن والانس يكونون مجتمعين لابطال امره يريدون ان يطفئوا نور الله بافواههم ويأبى الله الا ان يتم نوره۔ (مظہری)

١٩ آپ فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ کے اذن کے بغیر میں تمہیں کوئی نقصان پہنچا سکتا ہوں اور نہ راہ ہدایت پر گامزن کر سکتا ہوں۔ حقیقی نفع و نقصان پہنچانے کا اسی کو اختیار ہے۔ کسی کو ہدایت دینا یا کسی کو محروم کر دینا اس کے قبضہ قدرت میں ہے۔ بے شک ہمارا یہی عقیدہ ہے اس میں کسی کلمہ گو کو شبہ نہیں ہو سکتا۔ لیکن وہ جس کو جتنا چاہے دے دے وہ اس خداداد اختیار کے باعث لوگوں کے لیے رشد و ہدایت کا باعث بن سکتا ہے اور اس کی گستاخی کے باعث بڑے بڑے اہل ثروت و اقتدار ملیامیٹ ہو جاتے ہیں۔ جب حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قاصد گرامی نامہ لے کر کسریٰ کے پاس پہنچا اور اس نے از راہ گستاخی اس گرامی نامہ کو چاک کر دیا تو حضور نے فرمایا مَا مَزَّقَ كِتَابِي بَلْ مَزَّقَ مُلْكَهُ۔ اس نے میرے والا نامہ کو چاک نہیں کیا بلکہ اپنی مملکت کو پارہ پارہ کر دیا ہے۔

٢٠ مشرکین نے ایک دفعہ آکر کہا کہ آپ اللہ تعالیٰ کی عبادت چھوڑ دیں تو ہم سب آپ کے محافظ بن جائیں گے کسی دشمن کی مجال نہیں ہوگی کہ آپ کی طرف انگلی بھی اٹھا سکے۔ ان کی اس بے ہودہ پیش کش کو اس طرح ٹھکرانے کا حکم دیا جا رہا ہے کہ اے محبوب آپ فرما دیجیے کہ اگر میں تمہارا کہنا مان لوں اور اپنے رب کو ناراض کر بیٹھوں تو اس کے غضب سے مجھے کوئی نہیں بچا سکتا۔ تم چند ہزار نفوس کی کیا حقیقت ہے۔ سارے جہاں کے لشکر جمع ہو جائیں تب بھی مجھے نہیں بچا سکتے اور میرے لیے اس کی بارگاہ کے بغیر اور کہیں پناہ نہیں۔ مُلْتَحَدًا اي ملتجأ الجأ اليه۔ (قرطبی)

وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾ اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ

اور نہیں پا سکتا ہوں اس کے بغیر کہیں پناہ۔ البتہ میرا فرض صرف یہ ہے کہ پہنچا دوں اللہ کے احکام اور اس کے پیغامات ۲۱؎

وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ

پس (واب) جس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی تو اس کے لیے جہنم کی آگ ہے جس میں (یہ نافرمان) ہمیشہ رہیں گے

اَبَدًا ؕ ﴿۲۳﴾ حَتّٰۤی اِذَا رَاَوْا مَا یُوْعَدُوْنَ فَسَیَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ

تا ابد ۲۲؎ یہاں تک کہ جب وہ دیکھ لیں گے (وہ عذاب) جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے تو انہیں پتہ چل جائے گا کہ کون ہے جس کا

نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾ قُلْ اِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ

مددگار کمزور ہے اور جس کی تعداد کم ہے ۲۳؎ آپ فرمائیے میں (اپنی سوچ بچار سے) نہیں جانتا کہ وہ دن قریب ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا

یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْۤ اَمَدًا ﴿۲۵﴾ عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ

ہے یا مقرر کر دی ہے اس کے لیے میرے رب نے لمبی مدت ۲۴؎ (اللہ تعالیٰ) غیب کو جاننے والا ہے پس وہ آگاہ نہیں کرتا اپنے غیب پر

۲۱؎ میرا فریضہ یہ ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے پیغامات پہنچا دوں اور اس کے احکامات سے آگاہ کر دوں۔ ان کو ماننا یا نہ ماننا تمہارا کام ہے۔ یہ میری ذمہ داری نہیں۔

۲۲؎ جو دین کے بنیادی اصولوں میں سے کسی کا انکار کرے گا اور اس پر ایمان نہیں لائے گا اس کے لیے دوزخ کا ابدی عذاب ہے۔

۲۳؎ اب تو تم اپنے آپ کو بڑا طاقتور اور زور آور سمجھتے ہو تمہارا یہ بھی خیال ہے کہ جس وقت تم نے اپنے حلیف قبائل کو مدد کے لیے للکارا تو جنگجو بہادروں کا تانتا بندھ جائے گا۔ لیکن یہ سب تمہاری غلط فہمیاں ہیں۔ جب عذاب کی مقررہ گھڑی آپہنچے گی جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔ اس وقت تمہیں ٹھیک ٹھیک پتہ چل جائے گا کہ کس کے مددگار کمزور اور بے بس ہیں اور کس کے معاونوں کی تعداد بالکل قلیل ہے۔

۲۴؎ یہاں درایت کی نفی کی جارہی ہے اور درایت مطلق علم کو نہیں کہتے بلکہ وہ علم جو حیلہ اور غور و تدبر سے حاصل ہو۔ علامہ راغب اصفہانی اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ الدرایة، المعرفة المدرکة بضرب من الختل یقال دریتہ و دریت به درية نحو فطنت و شعرت . . . . والدراية لا يستعمل فی الله تعالى وقول الشاعر . لاهم لا ادرى وانت الدرى . فمن تعجرف اجلاف العرب (مفردات)

اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ

کسی کو بجز اس رسول کے جس کو اس نے پسند فرمالیا ہو غیب کی تعلیم کے لیے ۲۵ تو مقرر کر دیتا ہے اس رسول کے

(ترجمہ) درایت اس معرفت کو کہتے ہیں جو کسی حیلے سے حاصل ہو عرب کہتے ہیں دریتہ و دریت بہ۔ اس کا معنی عقل سے سمجھنا اور شعور کرنا ہے اور یہ لفظ اللہ تعالیٰ کے لیے استعمال نہیں ہوتا اور کسی شاعر کا مصرعہ کہ لاہم لا ادری انت الداری۔ یہ گنوار اعرابی کی بڑ ہے۔ اللہ! میں درایت نہیں کرتا اور تو درایت کرنے والا ہے۔ یہ گنوار اعرابی کی بڑ ہے۔

اسی طرح علامہ زبیدی تصریح کرتے ہیں کہ درایت علم سے اخص ہے اور اس کا معنی کسی حیلے سے کسی چیز کو جاننا۔ اسی لیے اس کا اطلاق اللہ تعالیٰ کی ذات پر نہیں کیا جاتا اور راجز کا یہ مصرعہ لاہم لا ادری وانت الداری۔ یہ اعرابی کی بڑ ہے۔ قال شیخنا صریحہ اتحاد العلوم والدرایۃ وصرح غیرہ بان الدرایۃ اخص من العلم۔ او علتہ بضرب من الحیلۃ ولذا لا یطلق علی اللہ تعالی۔ (تاج العروس) کیونکہ قیامت کا علم علوم غیبیہ میں سے ہے اس لیے انسان اپنے عقل و فہم، غور و فکر یا کسی حیلے سے اس پر اطلاع نہیں پاسکتا۔ اس پر مطلع ہونے کا ایک ہی ذریعہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی کو سکھائے۔ چنانچہ علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ فھو غیب لا اعلم منہ الا ما یعرفنیہ اللہ۔ یہ غیب ہے اور میں اس میں سے کچھ نہیں جان سکتا مگر جتنا اللہ تعالیٰ مجھے سکھا دے۔ (مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمایئے ضیاء القرآن سورۃ الاعراف آیت ۱۸۷ کا حاشیہ)

۲۵ غیب کسے کہتے ہیں۔ اس کی تصریح کئی مقامات پر گزر چکی ہے۔ البتہ شیخ عبد القادر مغربی نے اس لفظ کی جو تعریف کی ہے وہ زیادہ واضح ہے۔ لکھتے ہیں:

والغیب ما غاب عنا معشر البشر مما لا نھتدی الیہ بشیئ من حواسنا ومشاعرنا او بشیئ من فراستنا وقیاسنا واستنتاج عقولنا۔

یعنی جو چیز انسانوں سے پوشیدہ اور مخفی ہو اور ہم اپنے حواس اور شعور کی قوتوں سے یا فراست سے یا قیاس سے یا عقل کے زور سے اس تک رسائی حاصل نہ کر سکیں اس کو غیب کہتے ہیں۔ پھر لکھتے ہیں کہ جو چیز ان ذرائع میں سے کسی ایک سے دریافت ہو سکے وہ غیب نہیں۔

عالم الغیب خبر ہے اور اس کی مبتدا ھو محذوف ہے یعنی ھو عالم الغیب۔ یہاں مبتدا اور خبر دونوں معرفہ ہیں۔ اس لیے حصر کا معنی بھی پایا جائے گا یعنی وہی غیب کو جاننے والا ہے۔ اس سے یہ پتہ چل گیا کہ کوئی انسان خواہ وہ کتنا ذہین و فطین ہو، اس کے علم و عرفان کا پایہ کتنا بلند ہو، اس کے درجات کتنے ہی رفیع ہوں، وہ غیب نہیں جان سکتا۔ نہ اپنے حواس سے، نہ قوت شعور سے، نہ فراست سے، نہ قیاس سے اور نہ عقل سے بجز اس کے کہ خدا وند عالم، جو عالم الغیب ہے، وہ خود اس کو اس نعمت سے سرفراز فرما دے۔ یہ بھی بتا دیا کہ علم غیب کے دروازے ہر ایرے غیرے کے لیے کھلے نہیں بلکہ وہ صرف ان رسولوں کو اس نعمت سے نوازتا ہے جن کو وہ چن لیا کرتا ہے۔ یہ ہے وہ صاف اور سیدھا مطلب جو اس آیت سے بغیر کسی تکلف کے سمجھ آتا ہے۔ چنانچہ علامہ بغوی لکھتے ہیں۔

الا من یصطفیہ لرسالتہ فیظھرہ علی ما یشاء من الغیب۔ (معالم التنزیل) کہ اللہ تعالیٰ جس کو اپنی رسالت کے لیے

چن لیتا ہے اس کو جس غیب پر چاہتا ہے آگاہ کر دیتا ہے۔ علامہ خازن لکھتے ہیں الا من یصطفیه لرسالته ونبوته فیظهره علی ما یشاء من الغیب (خازن)۔ علامہ قرطبی کی عبارت ملاحظہ فرمائیے: ثم استثنی من ارتضاه من الرسل فاودعهم ماشاء من غیبه بطریق الوحی الیهم۔ (قرطبی) پھر ان رسولوں کو جن کو اس نے چن لیا ہے مستثنیٰ کر دیا پس ان کو جتنا چاہا اپنے غیب کا علم بطریقہ وحی عطا فرمایا ابوحیان اندلسی رقمطراز ہیں۔ الا من ارتضی من رسول استثناء من احد ای فانه یظهر علی مایشاء من ذلك۔ یعنی من احد سے استثناء کی گئی۔ یعنی رسول مرتضیٰ کو جتنے غیب پر وہ چاہتا ہے مطلع کر دیتا ہے۔

علامہ ابن جریر طبری نے حضرت ابن عباس، قتادہ اور ابن زید سے اس آیت کی یہی تفسیر نقل کی ہے۔ الا من ارتضی من رسول فانه یصطفیهم ویطلعهم علی مایشاء من الغیب۔ یعنی اللہ تعالیٰ رسولوں کو چن لیتا ہے اور انہیں غیب میں سے جتنا چاہتا ہے اس پر آگاہ کر دیتا ہے۔

علامہ زمخشری معتزلی ہیں۔ اپنے عقیدۂ اعتزال کے مطابق اس آیت سے انہوں نے اولیائے کرام کی کرامات کی نفی کی ہے لیکن انبیاء کے لیے علم غیب کا انکار انہوں نے بھی نہیں کیا۔ وہ لکھتے ہیں کہ آیت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ صرف اپنے رسولوں کو غیب پر آگاہ کرتا ہے۔ اولیاء خواہ وہ مرتبہ ارتضیٰ پر بھی فائز ہوں بہرحال وہ رسول نہیں ہیں۔ اس لیے انہیں غیب کا علم نہیں ہو سکتا۔ اس کا آسان اور واضح جواب تو یہ ہے کہ اولیائے کرام کے سارے علوم بارگاہِ مصطفوی کا عطیہ ہوتے ہیں۔ یہ اسی بحرِ علم کے چند قطرے ہیں جو رب کریم نے اپنے رسول کریم کو عنایت فرمایا ہے۔ بلاواسطہ ان پر وحی جلی نہیں ہوتی تاکہ آیت کے منافی ہو۔

علامہ پانی پتی فرماتے ہیں کہ انبیاء و رسل کا علم قطعی اور یقینی ہوا کرتا ہے۔ اس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی۔ لیکن اولیاء کا علم انبیاء کے علم کی طرح قطعی اور یقینی نہیں ہوتا۔

اولیائے کرام کے علوم لدنیہ کے بارے میں جس طرح آپ نے قلم اٹھایا ہے آپ ہی کا حصہ ہے۔ اہل ذوق تفسیر مظہری کا اس مقام پر مطالعہ کریں۔

بعض حضرات نے رائے ظاہر کی ہے کہ جن علوم غیبیہ سے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو آگاہ کیا ہے، وہ فقط علوم شرعیہ ہیں۔ وہ اس طرح رسول کریم سے علوم تکوینیہ کی نفی کرنا چاہتے ہیں۔ میری گزارش ہے کہ ان حضرات نے کیا وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا کا ارشاد الٰہی نہیں پڑھا کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو سب کے سب اسماء سکھا دیئے۔ جب آدم علیہ السلام کی یہ شان ہے جو زمین میں اللہ تعالیٰ کے خلیفہ ہیں تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جو رحمۃ للعالمین ہیں، اور سارے جہانوں میں اللہ تعالیٰ کے خلیفۂ اعظم ہیں ان کے علوم ومعارف کا کوئی کیسے اندازہ لگا سکتا ہے۔ اس لیے سلامتی اسی میں ہے کہ ہم آیات کو وہ معانی نہ پہنائیں جن کو ان کے کلمات قبول نہیں کرتے اور سیدھی اور صاف بات جو قرآن نے فرمائی ہے اس کو صدق دل سے تسلیم کر لیں کہ اللہ تعالیٰ ہی تمام غیبوں کو جاننے والا ہے اور اپنے ان علوم غیبیہ پر کسی کو آگاہ نہیں کرتا بجز اپنے رسولوں کے ان کو جتنا چاہتا ہے علوم غیبیہ عطا فرماتا ہے۔ یہ "جتنا" کتنا ہے؟ اس کو اللہ تعالیٰ جس نے دیا ہے اور اس کا رسول جس نے لیا ہے، وہی بہتر جانتے ہیں ہم بیچارے اختراع بندہ ہیں۔ حضور کے علوم کی بے کرانیوں کا کچھ اندازہ ان احادیث صحیحہ سے ہوتا ہے جن سے کتب احادیث بھری پڑی ہیں۔ ملاحظہ فرمائیے ضیاء القرآن سورۂ آل عمران آیت ۱۷۹۔ سورۃ النمل آیت ۶۵ کا حاشیہ اور دیگر مقامات۔

يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿٢٧﴾ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ

آگے اور اس کے پیچھے محافظ ۲۶ تاکہ وہ دیکھ لے کہ انہوں نے اپنے رب کے پیغامات پہنچا دیے ہیں ۲۷

وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿٢٨﴾

درحقیقت پہلے ہی اللہ ان کے حالات کا احاطہ کیے ہوئے ہے اور ہر چیز کا اس نے شمار کر رکھا ہے ۲۸

۲۶ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی حفاظت کے لیے اس کے آگے اور پیچھے اپنے محافظ فرشتے مقرر کر دیے ہیں تاکہ ان علوم کی پوری طرح حفاظت کی جا سکے۔

۲۷ اور تاکہ اللہ تعالیٰ دیکھ لے کہ فرشتوں نے اس کے پیغامات جوں کے توں اس کے رسول کو پہنچا دیے ہیں۔ تفسیر یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ میں ہے تا بداند خدائے تعالیٰ در حال چنانکہ میدانست در ماضی و میداند در استقبال۔

۲۸ ریت کے ذرے، پانی کے قطرے، درختوں کے پتے، ہر قسم کی مخلوق بے جان، جاندار، زمینی، آسمانی، جن، انسان ہر چیز کو اس نے گن رکھا ہے۔ ہر چیز اس کے علم اور قبضۂ قدرت میں ہے۔

○

سُبحان ذی الملك والملكوت سبحان ذی العزة والهيبة والكبرياء والجبروت سبحان الملك الحی الذی لا يموت۔ وصلی الله تعالىٰ علىٰ عبده المرتضىٰ ورسوله المجتبىٰ ونبيه المصطفىٰ وعلىٰ آله مصابيح الدجىٰ واصحابه نجوم الهدىٰ وبارك وسلم۔ ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم وتب علينا انك انت التواب الرحيم۔

○

تعارف

سُورۃُ المُزَّمِّل

نام : اس سورۂ مبارکہ کا نام "المزمل" ہے۔ اس میں دو رکوع، بیس آیتیں، دو سو پچاسی کلمات اور آٹھ سو اڑتیس حروف ہیں۔

نزول : اس کے زمانۂ نزول کے بارے میں اختلاف ہے بعض علما کہتے ہیں کہ یہ ساری سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی حضرت حسن بصری، عکرمہ، عطاء اور جابر کا یہی قول ہے لیکن بعض علما کی یہ رائے ہے کہ اس کا پہلا رکوع تو مکی ہے، لیکن دوسرا رکوع مدینہ طیبہ میں نازل ہوا تھا۔ اس نے حضرت ابن عباس سے یہی قول نقل کیا ہے۔ آیات بھی اسی کی تائید کرتی ہیں کیونکہ دوسرے رکوع میں جہاد فی سبیل اللہ اور زکوٰۃ کا ذکر ہے۔ یہ دونوں حکم مدینہ طیبہ میں نازل ہوئے کیونکہ مکہ میں تو جہاد کا تصور تک بھی نہ تھا۔ اور اس پر بھی سب علماء کا اتفاق ہے کہ زکوٰۃ کی فرضیت کا حکم مدینہ طیبہ میں نازل ہوا اس لیے حضرت ابن عباس کا قول ہی قرینِ قیاس ہے۔

ابتدائی آیات میں اللہ تعالےٰ نے اپنے حبیب کو سحر خیزی کی تلقین فرمائی ہے کہ آپ رات کا نصف حصہ یا اس سے کم و بیش مصروفِ عبادت رہا کریں کیونکہ رات کی خاموشیوں میں تلاوتِ قرآن اور ذکرِ الٰہی سے رُوح کی توانائیوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس وقت کی عبادت سے اسرارِ الٰہیہ پر مطلع ہونے کی استعداد پیدا ہوتی ہے اللہ تعالےٰ کی طرف سے بندے پر جو فرائض عائد کیے گئے ہیں، اُن سے عمدگی کے ساتھ عہدہ برآ ہونے کی قوت اور ہمت پیدا ہوتی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشادِ گرامی ہے : اَدَّبَنِیْ رَبِّیْ فَاَحْسَنَ تَادِیْبِیْ (میرے رب نے مجھے ادب سکھایا اور ادب سکھانے میں کمال کر دیا)۔ تادیب و تربیتِ خداوندی کا یہ بھی ایک حصہ ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صحابۂ کرام کو بھی سحری کے وقت جاگنے کی ترغیب دلایا کرتے تھے۔ صحابۂ کرام بڑے ذوق و شوق سے سحری کے وقت بیدار ہوتے اور مصروفِ عبادت رہا کرتے۔ انہی ارشاداتِ نبوی کے طفیل اولیائے اُمت اور صالحین سحری کے وقت جاگ کر اپنے رب کے ذکر اور اس کی یاد میں مصروف رہتے ہیں۔ علامہ نے خوب کہا ہے :

عطار ہو، رومی ہو، رازی ہو، غزالی ہو
کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحرگاہی

"رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ" (آیات ۹ تا ۱۴) فرما کر یہ بتایا جا رہا ہے کہ نبوت کی نازک اور گراں ذمہ داریاں

کو ادا کرنے کے راستہ میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیش آئیں گی۔ اے حبیب! آپ ان سے مت گھبرائیے۔ اپنے رب کو اپنا کارساز بنا لیجیے۔ آپ کا رب وہ ہے جو مشرق اور مغرب کی ہر چیز کا پروردگار ہے۔ مخالفین اگر اذیت رسانی پر اتر آئیں تو آپ صبر کی ڈھال پر ان کا ہر وار روکیے۔ ہم خود ان سے نبٹ لیں گے۔ جب ہم نے عذاب کے شکنجہ میں ان کو کسا تو ان کے سارے نشے ہرن ہو جائیں گے۔

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ (آیت ۱۵ تا ۱۹) سے کفار مکہ کو متنبہ کیا جا رہا ہے کہ تمہیں فرعون کے حسرت ناک انجام سے عبرت حاصل کرنی چاہیے۔ اس نے اور اس کی قوم نے ہمارے رسول موسیٰ کلیم اللہ کو جھٹلایا تھا اور اس کو ستانے کی حد کر دی تھی۔ انہیں بھی اپنی قوت اور شوکت پر بڑا گھمنڈ تھا، لیکن جب ہمارے غضب کی بجلی ان پر کوندی تو ان کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا۔ کیا تم اپنے لیے اسی قسم کا انجام پسند کرتے ہو۔

دوسرے رکوع میں نماز تہجد میں تخفیف فرما دی گئی۔ نصف شب جاگ کر عبادت کرنا عام لوگوں کے لیے ازبس دشوار ہے۔ ان میں کئی بیمار، کئی مسافر اور کئی جہاد میں مصروف ہوتے ہیں۔ دن بھر کی تھکاوٹ ان کو چور چور کر دیتی ہے۔ اس لیے ان کے لیے نرمی فرما دی کہ جتنی دیر وہ آسانی سے تلاوت و عبادت کر سکیں اتنا ہی کافی ہے۔ فرض نمازوں کی سختی سے پابندی کریں اور زکوٰۃ ادا کرنے میں سستی کا مظاہرہ نہ کریں۔

آخر میں ارشاد فرمایا کہ اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے اگر تمہیں اپنا مال خرچ کرنا پڑے تو بخل سے کام نہ لیا کرو بلکہ بڑی فیاضی اور دریا دلی سے خرچ کیا کرو۔ اللہ کی راہ میں جو تم خرچ کرو گے وہ رائیگاں نہیں جائے گا۔ وہ تو ایسا ہے گویا تم اپنے رب کو قرض دے رہے ہو۔ اللہ قیامت کے دن یہ قرض کئی گنا بڑھا کر تمہیں واپس کرے گا۔ اس دن تمہیں پتہ چلے گا کہ اللہ کے راستہ میں اپنی دولت خرچ کر کے تم نے کتنے بڑے نفع کا سودا کیا تھا۔ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ فرما کر اس خطرہ سے بھی آگاہ کیا کہ کہیں تم میں غرور پیدا نہ ہو جائے۔ ہمیشہ اپنے رب سے اپنی لغزشوں کے لیے مغفرت طلب کرتے رہا کرو۔ وہ غفور رحیم تمہاری لغزشوں کو معاف فرما دے گا اور تمہارے اعمالِ حسنہ کو شرفِ قبولیت بخشے گا۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۲۱۔۴۔۷۷

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ عِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ مزمل مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں ۲۰ آیتیں اور دو رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ﴿۱﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ

اے چادر لپیٹنے والے [۱] رات کو نماز کے لیے قیام فرمایا کیجیے مگر تھوڑا یعنی نصف رات یا کم کرلیا کریں

[۱] اَلْمُزَّمِّلُ اصل میں اَلْمُتَزَمِّلُ ہے اور تَزَمَّلَ سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے تَلَفَّفَ یعنی اپنے اوپر چادر یا کوئی کپڑا لپیٹ لینا۔

اس میں تو کوئی اختلاف نہیں کہ يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ میں خطاب محبوب کریم علیہ افضل التحیۃ والتسلیم کو ہے۔ البتہ اس خطاب سے نوازنے کا سبب کیا ہے؟ اس بارے میں علماء کے متعدد اقوال ہیں۔ حضرت ابن عباس کا قول یہ ہے اور جمہور کا بھی یہی مذہب ہے کہ جب غار حرا میں جبریل علیہ السلام نے حاضر ہو کر اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ کا فرمان ربانی سنایا تو اس حیرت انگیز واقعہ سے خوف اور دہشت سی طاری ہوگئی اور جسم لرزنے لگا۔ اسی حالت میں حضور اپنے گھر تشریف لائے اور حضرت خدیجہ سے فرمایا زَمِّلُوْنِیْ۔ زَمِّلُوْنِیْ۔ مجھے چادر اوڑھا دو مجھے چادر اوڑھا دو۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب چادر لپیٹ چکے تو جبریل فوراً حاضر ہوئے اور يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ کے خطاب سے وحی کا آغاز کیا۔

عرب میں یہ دستور ہے کہ جب کسی کے ساتھ لطف و محبت کا اظہار کرنا ہو تو جس حالت میں وہ ہو اسی سے نام مشتق کرکے اس کو خطاب کرتے ہیں۔ حضرت حذیفہ ایک دفعہ سو رہے تھے۔ اسی اثنا میں سوئے ہوئے بختوں کو جگانے والا تشریف لے آیا اور فرمایا قُمْ يَا نَوْمَانُ۔ اے سونے والے جاگ! ایک بار حضرت سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت سیدۃ النساء بتول زہرا علی ابیہا وعلیہا اطیب التحیات سے کسی بات پر رنجیدہ ہو کر مسجد کے فرش پر لیٹ گئے۔ حضور آپ کو تلاش کرنے کے لیے تشریف لائے تو فرمایا قُمْ يَا اَبَا تُرَابٍ۔ اے مٹی کے باپ اٹھو! حضرت ابوہریرہ کو آقا نے ایک مرتبہ ابوھریرہ (بلی کا باپ) فرمایا۔ وہ اسی خطاب سے مشہور ہوگئے اور جو نام ماں باپ نے تجویز کیا تھا وہ متروک ہوگیا۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں نداءہ علیہ السلام تانیس له وملاطفة على عادة العرب . . . كل ما يفعل المحبوب محبوب۔ اہل عرب کے دستور کے مطابق ازراہ انس و لطف یوں خطاب فرمایا . . . در حقیقت محبوب کی ہر ادا محبوب ہوا کرتی ہے۔

علامہ ابن جریر نے اس خطاب کی دو وجہیں لکھی ہیں (۱) عن قتادة وصف بانه متزمل فى ثيابه متاهب للصلوٰة۔ قتادہ کہتے ہیں کہ حضور کپڑے پہن کر نماز کے لیے تیار ہوگئے تھے، اس لیے يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ فرمایا۔ اے کپڑے پہن کر میری عبادت کے لیے تیار ہونے والے! (۲) عکرمہ کہتے ہیں کہ یہ "زَمَلَ" سے مشتق ہے۔ اس کا معنی ہے بوجھ۔ عرب کہتے ہیں ازدملہ: فلاں نے وہ بوجھ اٹھالیا۔ اب اس کا معنی یہ ہوگا اے نبوت کے بار گراں کو اٹھانے والے!

علامہ آلوسی مندرجہ بالا اقوال نقل کرنے کے بعد رقمطراز ہیں کہ زمخشری معتزلی نے لکھا ہے کہ اس خطاب سے حضور کو عتاب کیا جارہا ہے کہ آپ ایسے لوگوں کی طرح جن کے سامنے کوئی مقصد نہیں ہوتا چادر لپیٹ کر سو رہے ہیں۔ اٹھو اور اپنا فریضۂ نبوت ادا کرو۔ علامہ آلوسی کہتے ہیں کہ یہ کلام گستاخانہ ہے اور اس کی کوئی تاویل نہیں کی جاسکتی۔ بعض لوگوں نے زمخشری کی طرف سے جواب دینے کی کوشش کی ہے۔ لیکن آپ فرماتے ہیں:

مِنْهُ قَلِيْلًا ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ﴿۴﴾ اِنَّا سَنُلْقِیْ

اس سے بھی تھوڑا سا کم۔ یا بڑھا دیا کریں اس پر اور حسب معمول خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کیجیے قرآن کریم کو ۳؎ بے شک ہم جلد ہی القا کریں گے

ولا یخفی انہ لا یندفع بہ سوء ادب الزمخشری فی تعبیرہ فانہ تعالیٰ وان کان لہ ان یخاطب حبیبہ بما شاء لکنا نحن لا نجری علی ما عاملہ سبحانہ بہ بل یلزمنا الادب والتعظیم بجناب الکریم۔ (روح المعانی)

قائل کی اس توجیہ سے زمخشری کی تعبیر میں جو گستاخی کا پہلو ہے اس کا تدارک نہیں ہوسکتا۔ اللہ تعالیٰ جیسے چاہے اپنے حبیب کو خطاب فرمائے، ہم پر لازم ہے کہ ہم بارگاہ رسالت کے ادب و احترام کو ہر طرح ملحوظ رکھیں۔

عارف کامل حضرت یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں یہ ترجمہ کیا ہے: "ای آراستہ بلباس پیغمبری"۔ رسالت کی خلعت فاخرہ زیب تن فرمانے والے۔

۲؎ اُٹھیے! اور رات کی ان خاموشیوں میں نماز ادا فرمایئے۔

پہلے آپ اس جملہ کی ترکیب ذہن نشین کر لیں تو اس کا معنی سمجھنے میں کوئی دقت نہ ہوگی۔

اللیل مستثنیٰ منہ۔ الا حرف استثنا۔ قلیلاً مستثنیٰ۔ نصفہ۔ قلیلاً کا بدل ہے۔ اس کی ضمیر کا مرجع اللیل ہے۔ اس بدل نے قلیل کے ابہام کو دور کر دیا۔ اَوْ حرف عطف۔ اُنْقُصْ مِنْہُ کی ضمیر کا مرجع اللیل اور نصف دونوں ہو سکتے ہیں۔ قلیلاً کا تعلق اُنْقُصْ سے ہے یعنی نقصا قلیلاً۔

قُمِ اللَّیْلَ سے تو یہ سمجھا جا سکتا تھا کہ ساری رات نماز پڑھتے پڑھتے گزار دیجیے لیکن اِلَّا قَلِیْلًا فرما کر اس خیال کی نفی کر دی۔ فرمایا کچھ تھوڑا سا وقت آرام بھی فرمایئے۔ اب تھوڑے کی مقدار بتائی یعنی نصف رات۔ لیکن نصف شب میں اگر تھوڑی سی کمی یا تھوڑی سی زیادتی ہو جائے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ گویا اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو اختیار دے دیا کہ چاہے نصف رات آرام فرمائیں یا نصف سے کچھ کم یا نصف سے کچھ زیادہ، آپ کو اختیار ہے۔

۳؎ علامہ قرطبی لکھتے ہیں: الترتیل: التنضید والتنسیق وحسن نظام ومنہ ثغر رتل اذا کان حسن التنضید۔ یعنی ترتیل کا معنی ہے بڑی خوبصورتی سے منظم اور مرتب ہونا۔ وہ منہ جس کے دانت خوبصورت اور جڑے ہوئے ہوتے ہیں اسے ثغر رتل کہتے ہیں یعنی کوئی دانت اونچا نیچا نہیں، کوئی جگہ خالی نہیں، کوئی دانت ٹوٹا ہوا نہیں۔ اسی مناسبت سے ترتیل قرآن کا معنی ہوگا کہ اس کو آہستہ آہستہ سوچ سمجھ کر پڑھا جائے اور اس کی تلاوت میں تیزی نہ کی جائے۔ اس آیت کی جامع اور دل نشین تفسیر حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے۔ آپ سے اس آیت کا مفہوم پوچھا گیا تو ارشاد فرمایا: بینہ تبییناً ولا تنثرہ نثر الدقل ولا تھذہ ھذ الشعر، قفوا عند عجائبہ وحرکوا بہ القلوب ولا یکن ھم احدکم اٰخر السورۃ۔ (روح المعانی) آپ نے فرمایا کہ اس آیت کا معنی ہمارے نبی کریم نے ہمیں بتایا کہ جس طرح تم جلدی جلدی ردی کھجوریں بکھیرتے چلے جاتے ہو اور بال کاٹتے چلے جاتے ہو، ایسا نہ کرو۔ جب کوئی نادر نکتہ آئے تو ٹھہر جاؤ۔ اپنے دل کو اس کی اثر انگیزی سے متحرک کرو۔ تمہیں اس سورت کو جلدی جلدی ختم کرنے کا فکر نہ ہو۔

عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ

آپ پر ایک بھاری کلام سکہ بلاشبہ رات کا قیام (نفس کو) سختی سے روندتا ہے شہ اور بات کو

سکہ عنقریب آپ پر ایک گراں قدر کلام نازل ہونے والا ہے۔ جس میں اوامر و نواہی' احکام و ارشادات کا ایک طویل سلسلہ ہوگا اس پر عمل کرنا اور دوسرے لوگوں سے اس پر عمل کرانا بڑی بھاری ذمہ داری ہے۔ اس کے بوجھ کا اندازہ لگانا آسان کام نہیں۔ اگر پہاڑوں پر بھی یہ کلام نازل ہو تو وہ اس کی دہشت اور جلال سے ریزہ ریزہ ہو جائیں۔ خود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نزول آیات کے وقت عجیب کیفیت طاری ہوتی۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں۔ ولقد رأيته ينزل عليه الوحي في اليوم الشديد البرد فيفصم عنه وان جبينه ليتفصد عرقا۔ یعنی میں نے حضور کو اس حالت میں دیکھا جب سخت سردی کے دن بھی وحی نازل ہوتی تو جب وحی کا نزول ختم ہوتا تو حضور کی پیشانی مبارک سے پسینہ کے قطرے ٹپکنے لگتے۔

کلام الٰہی کے ثقیل ہونے کی یہ وجہ بھی بیان کی گئی ہے کہ پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام غار کی خلوتوں میں ذکر الٰہی اور مشاہدہ انوار و تجلیات میں مستغرق رہتے۔ اس طرح دل کو بڑی خوشی اور اطمینان نصیب ہوتا۔ مقام نبوت پر فائز کر کے حضور کو مخلوق کی اصلاح کی طرف متوجہ کیا گیا۔ توجہ کی سمت میں یہ تبدیلی حضور پر بڑی گراں تھی۔ ارشاد و تکمیل کا درجہ اگرچہ استکمال و خلوت سے اعلیٰ و برتر ہوتا ہے لیکن صوفی کے لیے رجوع الی الخلق بڑا صبر آزما ہوتا ہے۔ اسی لیے بعض نے کہا ہے کہ نبی کی شانِ ولایت' اس کی شانِ نبوت سے ارفع ہوتی ہے' کیونکہ پہلی حالت میں ساری توجہ محبوب حقیقی کی طرف ہوتی ہے اور دوسری حالت میں توجہ کا مرکز' مخلوق ہوتی ہے لیکن حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ قول غلط ہے۔ بل النبوة مطلقا افضل من الولاية وهي عبارة عند الصوفية عن السير في الذات والولاية عن السير في الصفات والشتان بينهما یعنی نبوت' ہر لحاظ سے ولایت سے افضل ہے کیونکہ صوفیاء کی اصطلاح میں نبوت سیر فی الذات کا نام ہے اور ولایت سیر فی الصفات کا اور دونوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ (مظہری)

شہ نَاشِئَةً۔ وزن کے لحاظ سے تو اسم فاعل مونث کا صیغہ ہے' لیکن یہ مصدر ہے جس طرح عافیۃ بمعنی عفو ہے۔ نشئة اللیل کا معنی حضرت صدیقہؓ نے یہ بتایا ہے قیام اللیل بعد النوم۔ سونے کے بعد رات کو اٹھنا۔ ابن کیسان کہتے ہیں هي القيام من آخر الليل یعنی رات کے آخری حصہ میں قیام کرنا۔ اَشَدُّ وَطْاً۔ وطی کہتے ہیں پاؤں سے کسی کو تاڑنا' روندنا۔ کیونکہ رات کو خواب راحت سے بیدار ہونا' نرم اور گرم بستر سے اٹھ کر وضو کرنا' نماز پڑھنا' ذکر اذکار کرنا نفس کے لیے بہت گراں ہے۔ اس لیے جو شخص شب بیداری اور سحر خیزی کو اپنی عادت بنا لیتا ہے وہ گویا سرکش نفس کی سرکوبی کر رہا ہے اور اس کے غرور و نخوت کو پاؤں تلے روند رہا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ پہلے چند روز تو نفس اس کو ناگوار سمجھتا ہے۔ اس سے بچ نکلنے کی کوشش کرتا ہے۔ اگر اس کو اٹھا کر مصلیٰ پر کھڑا کر دیا جائے تو اونگھنے لگتا ہے۔ نماز میں خشوع و خضوع پیدا نہیں ہوتا۔ کم ہمت سالک یہ خیال کر کے کہ اس نماز سے کیا فائدہ جس میں خضوع نہ ہو' نفس کے اس فریب کے سامنے ہتھیار ڈال دیتا ہے۔ لیکن ارباب عزیمت نفس کی ان چالوں میں نہیں آتے۔ وہ اس کی ان حرکتوں کے باوجود سحری کو اٹھنے کی مشق جاری رکھتے ہیں۔ چند روز بعد جب ان کا سرکش نفس سدھائے ہوئے گھوڑے کی طرح ان کے اشارے پر عمل کرنے لگتا ہے تو ان کی خوشی کی کوئی انتہا نہیں رہتی۔ اس لیے فرمایا کہ نفس کے غرور کو کچلنے کے لیے اور

قِيْلًا ۝ إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ

درست کرتا ہے۔ یقیناً آپ کو دن میں بڑی مصروفیتیں ہیں ؁ اور ذکر کیا کرو اپنے رب کے نام کا اور

اس کی سرکشی کو ختم کرنے کے لیے یہ نسخہ بڑا کارگر ہے۔ اسے شب بیداری سے خوب لتاڑو، چند دن میں ہی یہ رام ہو جائے گا اور اس کی خرمستیاں باقی نہیں رہیں گی۔ علامہ بوصیری نے کیا خوب کہا ہے:

النفس کالطفل ان تھملہ شب علی　　حب الرضاع وان تفطمہ ینفطم

ترجمہ: نفس بچے کی مانند ہے۔ اگر تم اس کا دودھ نہ چھڑاؤ تو وہ جوان ہونے تک ماں کا دودھ پیتا رہے گا اور اگر تم اس کا دودھ چھڑا دو تو چند روز شور مچانے کے بعد وہ خود ہی ماں کا دودھ چھوڑ دے گا۔

شب بیداری کا ایک اثر تو یہ ہوا اور اس کی دوسری تاثیر اَقْوَمُ قِيْلًا میں ظاہر ہوتی ہے۔ اقوم کا معنی اعدل: بالکل سیدھا ہموار جس میں کوئی کجی نہیں جس میں کوئی خم نہیں۔ قیلاً، قال کا مصدر ہے یعنی قول یعنی اس وقت قرآن کریم کی تلاوت بڑے صحیح طریقہ پر ہو سکتی ہے نہ شور و شغب ہوتا ہے اور نہ کسی اور کام کی جلدی ہوتی ہے۔ انسان مزے لے لے کر اللہ تعالیٰ کے اس پاک کلام کی تلاوت کرتا ہے اور لطف اندوز ہوتا ہے۔

؁ سبح پانی میں تیرنے کو کہتے ہیں۔ وہ گھوڑا جو بہت تیز رفتار ہو اس کو فرس سابح کہا جاتا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ دن میں آپ کو مزاج مصروفیتیں ہیں دعوت حق، تبلیغ احکام، سیاسی اور معاشرتی امور کا انصرام، تنازعات کے فیصلے، لشکروں کی ترتیب وغیرہ اس لیے دن میں فرصت کم ملتی ہے۔ رات کی گھڑیاں ذکر الٰہی اور قرأت قرآن کے لیے بہت موزوں ہے۔

ان آیات میں نماز تہجد کی ترغیب دی جا رہی ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی مختلف دلنشین ارشادات سے اپنے ماننے والوں کو سحری کے وقت اٹھ کر سربسجود ہونے کی تلقین فرمائی ہے۔ چند ارشادات نبوی آپ بھی ملاحظہ فرمائیے:

(۱) عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ینزل ربنا کل لیلۃ الی السماء الدنیا حین یبقی ثلث اللیل الآخر یقول من یدعونی فاستجیب من یسألنی فاعطیہ ومن یستغفرنی فاغفر لہ۔ (متفق علیہ) یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جب رات کا آخری حصہ رہ جاتا ہے تو ہمارا پروردگار پہلے آسمان پر (اپنی شان کے شایان) نزول اجلال فرماتا ہے اور فرماتا ہے کون ہے جو مجھ سے دعا مانگ رہا ہے تاکہ میں اس کی دعا قبول کروں کون ہے جو مجھ سے سوال کر رہا ہے تاکہ میں اس کو دوں، کون ہے جو گناہوں کی بخشش چاہتا ہے تاکہ میں اس کو بخش دوں۔

(۲) عن ابی امامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علیکم بقیام اللیل فانہ دأب الصالحین قبلکم وھو قربۃ لکم الی ربکم ومکفر للسیئات۔ (رواہ الترمذی) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم کو رات کو جاگنا ضروری ہے۔ پہلے زمانے کے نیک لوگوں کا یہ دستور رہا ہے۔ رات کو جاگنا اللہ کے قرب کا ذریعہ ہے اور گناہوں کو ملیامیٹ کرنے والا ہے۔

(۳) عن ابی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثلاثۃ یضحک اللہ الیھم الرجل اذا قام باللیل یصلی والقوم اذا صفوا فی الصلوٰۃ والقوم اذا صفوا فی قتال العدو۔ (رواہ البغوی) حضور نے فرمایا تین آدمی وہ ہیں جن کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ ہنستا ہے۔ (۱) وہ شخص جو رات کے وقت اٹھ کر نماز تہجد پڑھتا ہے (۲) وہ لوگ جو نماز کیلئے صفیں باندھتے ہیں (۳) وہ لوگ جو میدان جنگ میں اپنی صفوں کو درست کرتے ہیں۔

؁ اس کا عطف قم اللیل پر ہے۔ مقصد یہ ہے کہ رات کو قیام کیا کرو، نماز و قرأت میں شب بسر کیا کرو اور ذکر الٰہی رات دن صبح و شام کیا کرو۔

تَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝٨ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

سب سے کٹ کر اسی کے ہو رہو ۸ وہ مالک ہے مشرق و مغرب کا اس کے سوا کوئی معبود نہیں

لیکن یہ مقام حاصل نہیں ہوتا جب تک دل ذاکر نہ ہو اور حق تو یہ ہے کہ صرف دل کا ذکر ہی حقیقی ذکر ہے کیونکہ ذکر کا معنی ہے طرد الغفلۃ غفلت کو دور بھگا دینا اور یہ اسی وقت ہوتا ہے جبکہ دل ذاکر ہو۔ کیونکہ زبان بسا اوقات ذکر کرتی ہے لیکن دل غافل ہوتا ہے۔ ایسے ذکر کو ذکر کہنا بڑی زیادتی ہے۔

۸۔ تبتل کا مفہوم علامہ آلوسی نے یہ بتایا ہے۔ انقطع الیہ تعالیٰ بالعبادۃ وجرد نفسک عما سواہ عزوجل واستغرق فی مراقبتہ سبحانہ۔ یعنی ہر طرف سے تعلق توڑ کر اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہو جا اور اپنے نفس کو ماسوا کے خیال سے پاک کر لے اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کے مراقبہ میں مستغرق ہو جا۔

قاعدہ کے مطابق مفعول مطلق فعل کے باب سے تَبَتُّلًا ہونا چاہیے تھا لیکن کیونکہ بَتَّلَ اور تَبَتَّلَ دونوں کے معنی ایک ہیں اس لیے باب تفعیل کا مصدر ذکر کر دیا تاکہ قوافی کی رعایت ہو جائے۔

اس آیت کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ انسان دنیا سے قطع تعلق کر لے۔ نہ گھر بار سے سروکار نہ اہل و عیال کا خیال۔ اس قسم کے تبتل کی اسلام اجازت نہیں دیتا۔ ارشاد نبوی ہے لا رهبانية في الاسلام کہ اسلام میں رہبانیت کی کوئی گنجائش نہیں۔ حضور نے حضرت ابن عمر کو ارشاد فرمایا: ان لنفسك عليك حقا ولاهلك عليك حقا ولضيفك عليك حقا کہ تیرے نفس کا بھی تجھ پر حق ہے تیرے اہل و عیال کا بھی تجھ پر حق ہے تیرے مہمان کا بھی تجھ پر حق ہے۔ بلکہ مقصد یہ ہے کہ دل میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی طلب نہ رہے۔ صوفیائے کرام کا قول ہے کہ جس راہ کے ہم مسافر ہیں اس پر دو قدم ہی اٹھتے ہیں کہ منزل آ جاتی ہے۔

الخطوۃ الاولیٰ: الانقطاع عن الخلق والثانیۃ الوصول الی الحق۔ پہلا قدم مخلوق سے قطع تعلق اور دوسرا قدم وصول الی الحق۔ یہ دونوں آپس میں لازم و ملزوم ہیں۔ ذرا مزید غور فرمائیے حکم دیا گیا ہے کہ اپنے رب کا نام یاد کرو۔ واذکر ربک نہیں کہا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہماری رسائی اس کے اسمائے حسنیٰ کے ذکر تک ہے اس کی ذات کا ذکر بڑی دور کی منزل ہے۔ دوام ذکر سے دوام حقیقی مراد نہیں بلکہ دوام عرفی ہے یعنی الاکثار بقدر الطاقۃ البشریۃ۔ انسانی طاقت کے مطابق کثرت سے اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا۔ ایسا ذکر انسان کو تبتل کی منزل تک پہنچانے کا وسیلہ بن جاتا ہے بشرطیکہ جذب الٰہی دستگیری فرمائے یا شیخ کامل کی کشش نصیب ہو جائے۔ وکذالک یفضی الی التبتل و وسیلۃ الیہ بشرط الاجتباء من اللہ تعالیٰ او جذب من الشیخ۔ (مظہری)

حضرت یعقوب چرخی لکھتے ہیں: واین معنی را اہل سلوک نفی ماسوا اللہ گویند واین معنی بکثرت ذکر حاصل میشود۔ بعنایت الٰہیہ و بخدمت شیخ کامل و مکمل۔

بے عنایات حق و خاصان حق ... گر ملک باشد سیہ ہستش ورق

ویک نظر مبارک از شیخ کہ محبوب حق و مجذوب مطلق باشد چنداں تصفیہ و تجلیہ ظاہر و باطن حاصل آید کہ از انواع عبادات ظاہرہ حاصل نیاید۔

فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ﴿٩﴾ وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا

پس بنا لیجیے اسی کو اپنا کارساز ۹ اور صبر کیجیے ان کی (دل آزار) باتوں پر اور ان سے الگ ہو جائیے بڑی

جَمِيلًا ﴿١٠﴾ وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ﴿١١﴾

خوبصورتی سے ۱۰ آپ چھوڑ دیں مجھے اور ان جھٹلانے والے مالداروں کو اور انہیں تھوڑی سی مہلت دیں ۱۱

إِنَّ لَدَيْنَا أَنكَالًا وَجَحِيمًا ﴿١٢﴾ وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَعَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٣﴾

ہمارے پاس ان کے لیے بھاری بیڑیاں اور بھڑکتی آگ ہے ۱۲ اور غذا جو گلے میں پھنس جانے والی ہے اور دردناک عذاب ۔

ترجمہ: اس معنی کو ہی اہل تصوف ماسوی اللہ کی نفی کہتے ہیں اور یہ معنی کثرتِ ذکر سے حاصل ہوتا ہے اور عنایت ازلی اور شیخ کامل و مکمل کی خدمت اس کا سبب بنتی ہے۔

اللہ کی عنایت اور خاصانِ حق کی عنایت کے بغیر اگر کوئی فرشتہ بھی ہو تو اس کا نامۂ عمل سیاہ ہوتا ہے۔

شیخ جو محبوبِ حق اور مجذوبِ مطلق ہوتا ہے اس کی ایک نظرِ مبارک سے ظاہر و باطن کی وہ صفائی حاصل ہوتی ہے جو طرح طرح کی ظاہری عبادتوں سے حاصل نہیں ہوتی۔ اللھم ارزقنا من جذباتک ما یلیق بکرمک۔ الٰہی! ہمیں اپنی کششوں سے وہ عطا فرما جو تیری شانِ کرم کے شایاں ہو۔

۹ وہ مشرق کا بھی مالک ہے اور مغرب کا بھی مالک ہے۔ ہر چیز اس کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ ہر کام اسی کی مرضی سے طے پاتا ہے۔ وہی معبودِ برحق ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس لیے اسی کو اپنا کارساز بنالو۔ اپنے سارے کام، اپنے سارے احوال، اپنی ساری ضرورتیں، اسی کے سپرد کر دو اور یقین رکھو کہ وہ کارسازی فرمائے گا اور دین و دنیا میں پوری کامیابی تمہیں نصیب ہوگی۔

۱۰ وہ دل جوان کے لیے ہمدردی اور خلوص کے جذبات سے لبریز تھا وہ آنجہانی کو دکھانے میں لگے رہتے۔ کاہن، شاعر، ساحر، مجنون جیسے مکروہ اور نازیبا الفاظ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے استعمال کرتے۔ مذاق کرنا، جھوٹے الزام تراشنا، غلط تہمتیں لگانا ان کا محبوب مشغلہ بن گیا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے محبوب! یہ جو کچھ بکتے ہیں انہیں بکنے دو، ان کی طرف سے رُخِ انور پھیر لو۔ ان کی گستاخیوں اور اذیت رسانیوں کا انتقام لینے کا خیال بھی قلبِ مبارک میں نہ گزرے۔ آپ نے اپنے سب کام میرے سپرد کر دیئے ہیں۔ اب آپ کو فکر کی ضرورت نہیں، میں خود ان سے نپٹ لوں گا۔ ھجرا جمیلا کا بھی یہی مطلب ہے کہ ان سے الجھنا ان کے منہ لگنا اور ان سے انتقام لینا آپ کو زیب نہیں دیتا۔

۱۱ اے محبوب! آپ نے مجھ پر توکل کر لیا اور مجھے اپنا کارساز بنالیا۔ اب آپ کو فکر کی ضرورت نہیں۔ چنانچہ اس آیت کے نزول کے بعد بہت جلد یہ اُولی النعمۃ میدانِ بدر میں ذلیل و رسوا کر کے قتل کر دیئے گئے۔

۱۲ أنكال: نِكْل کی جمع ہے۔ وہ بھاری بھرکم بیڑیاں جو پاؤں میں ڈال جاتی ہیں اور انسان ہل جل نہیں سکتا۔ النکال: القیود واحدھا نکل

يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿۱۴﴾

یہ اس روز (ہوگا) جس دن لرزنے لگیں گے زمین اور پہاڑ اور پہاڑ ریت کے بہتے ٹیلے بن جائیں گے ۱۳

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى

(اے اہل مکہ!) ہم نے بھیجا ہے تمہاری طرف ایک (عظیم الشان) رسول تم پر گواہ بنا کر ۱۴ جیسے ہم نے فرعون کی طرف

فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا

(موسیٰ کو) رسول بنا کر بھیجا۔ پس نافرمانی کی فرعون نے رسول کی تو ہم نے اس کو بڑی سختی سے

وَّبِيْلًا ﴿۱۶﴾ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ

پکڑ لیا ۱۵ (ذرا سوچو) کہ تم کیسے بچو گے اگر تم کفر کرتے رہے اس روز جو بچوں کو بوڑھا بنا دے

شِيْبًا ﴿۱۷﴾ اِۨالسَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ۭ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿۱۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ

گا (اور) آسمان پھٹ جائے گا اس (دن) کے ہول سے ۱۶ اللہ کا وعدہ تو پورا ہو کر رہے گا۔ یقیناً یہ (قرآن)

وھو مامنع الانسان من الحرکۃ۔ والغصۃ ما یاخذ بالحلق لا ھو نازل ولا ھو خارج۔ وہ چیز جو گلے کو پکڑ لیتی ہے۔ نہ نیچے اترتی ہے نہ باہر نکلتی ہے جیسے غسلین، زقوم وغیرہ۔

۱۳ قیامت کے روز انہیں مذکورہ بالا عذاب میں مبتلا کر دیا جائے گا۔ کثیب: الرمل المجتمع، ریت کا ٹیلہ۔ مھیلا: رملا سائلا متناثرا۔ ایسی ریت کا ڈھیر جو ہوا کے جھونکوں سے یا کوئی ٹھوکر لگنے سے پانی کی طرح بہنے لگتا ہے۔

۱۴ اہل مکہ کے سامنے فرعون کا ذکر کیا جا رہا ہے جس کی شان و شوکت اور غرقابی کے تذکرے وہ اپنے بڑوں سے سنتے چلے آئے تھے۔ انہیں فرمایا جا رہا ہے کہ ہم نے تمہاری طرف ایسا رسول بھیجا ہے جو قیامت کے روز تمہارے کفر و ایمان پر گواہی دے گا۔ شاھدا: یشھد یوم القیامۃ بما صدر منکم من الکفر والعصیان۔ (روح المعانی) جو کفر و نافرمانی تم سے صادر ہوئی ہے قیامت کے روز وہ اس کی گواہی دے گا۔ جس طرح ہم نے تمہاری طرف رسول بھیجا ہے اسی طرح ہم نے فرعون کی طرف موسیٰ علیہ السلام کو رسول بنا کر بھیجا تھا۔

۱۵ تمہاری طرح فرعون نے بھی حضرت موسیٰ کی رسالت سے انکار کر دیا تھا۔ ہم نے اس کو تباہ و برباد کر دیا۔ اگر تم نے میرے رسول کی دعوت رد کر دی تو پھر اس قسم کے انجام کے لیے تیار رہنا۔ وبیل: شدید اور سخت چیز۔ جو بارش بڑی تیز برستی ہے اسے مطر وابل کہتے ہیں۔ جو پانی پینے کے قابل نہ ہو اسے ماء وبیل کہتے ہیں۔ اخذا وبیلا: ثقیلا شدیدا۔

۱۶ اگر تم کفر سے باز نہ آئے اور اس گمراہی و ضلالت پر مصر رہے تو پھر وہ دن جو آنا ہے اتنا ہولناک اور لمبا ہوگا کہ بچے بھی بوڑھے ہو جائیں گے اور

تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿١٩﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ

نصیحت ہے [19] پس اب جس کا جی چاہے اختیار کرلے اپنے رب کی طرف سیدھا راستہ۔ بے شک آپ کا رب جانتا ہے کہ

اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ

آپ (نماز میں) قیام کرتے ہیں کبھی دو تہائی رات کے قریب کبھی نصف رات اور کبھی تہائی رات اور ایک جماعت ان سے

مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ۭ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۭ عَلِمَ اَنْ لَّنْ

جو آپ کے ساتھ ہیں وہ بھی (رات) قیام کرتے ہیں، [20] اور اللہ تعالیٰ ہی ٹھیک اندازہ کرتا رہتا ہے رات اور دن کا۔ وہ یہ بھی جانتا ہے کہ تم

آسمان جیسی مضبوط چیز بھی ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گی تو اس دن عذاب الٰہی سے تم کیونکر بچ سکو گے۔

[19] یہ آیات جو آج ہمارا رسول تمہیں پڑھ کر سنا رہا ہے یہ تمہارے لیے یاددہانی ہے تاکہ تم خواب غفلت سے آنکھیں کھولو اور جس کا جی چاہے وہ اس راستہ پر گامزن ہو جائے جو اس کے پروردگار کی رضا اور معرفت کی طرف لے جاتا ہے۔ علامہ پانی پتی رقمطراز ہیں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے درمیان کوئی حسی بُعد اور ظاہری دُوری تو ہے نہیں کہ کسی راستہ پر چل کر اس کا قُرب حاصل کیا جائے۔ وہ تو شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔ ہمارے اور اس کے درمیان جو بُعد جو دُوری ہے' وہ غفلت کی دوری ہے' وہ ظلمانی حجاب ہے۔ اس حجاب غفلت کو دور کرنے کی ایک ہی صورت ہے کہ ہر وقت اس کو یاد کیا جائے' اس کے ذکر کو اپنا معمول بنا لیا جائے۔ ذکر سے ہی یہ حجاب اٹھتا ہے۔ اس ذکر سے ہی بندے کو اپنے رب کی معیت اور اس کا عشق نصیب ہوتا ہے اور اسی محبت و عشق کے فیض سے اس کی عظمت و کبریائی کے نورانی پردے اٹھتے ہیں اور محب صادق سُرادقاتِ عظمت کو الٹتا ہوا حریم قرب میں جبہ سائی کا شرف حاصل کرتا ہے۔ کشف تلک الحجب یتیسر بالتذکیر فان التذکیر یزیل الغفلۃ ویستوجب المحبۃ مع المعیۃ کما قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم المرء مع من احب المحبۃ یفضی المحب الی المحبوب بحیث لا تمنعہ سرادقات العظمۃ والکبریاء۔ (مظہری)

ترجمہ: ان پردوں کا اٹھنا صرف ذکر الٰہی سے ہی آسان ہوتا ہے' کیونکہ ذکر سے غفلت زائل ہوتی ہے۔ محبت پیدا ہوتی ہے معیت نصیب ہوتی ہے۔ جس طرح ارشاد رسالت ہے۔ ہر انسان اس کے ساتھ ہوتا ہے جس سے وہ محبت کرتا ہے۔ پس محبت' محب کو اپنے محبوب کے قریب پہنچا دیتی ہے۔ عظمت و کبریائی کے پردے اس وقت اس کو روکتے نہیں۔

[20] قُمِ الَّيْلَ کا حکم نازل ہوا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نصف شب یا اس سے تھوڑا کم یا تھوڑا زیادہ تک نماز تہجد ادا کرنا اور اس میں قرآن کریم کی تلاوت کرنا فرض ہو گیا۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ ابتداء میں نماز تہجد تمام مسلمانوں پر فرض تھی اور بعض کا خیال ہے کہ نماز تہجد صرف حضورؐ پر فرض تھی لیکن جب مسلمانوں نے اپنے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نصف شب تک عبادت میں مصروف دیکھا تو ان کے دل میں بھی اپنے رسول کے اتباع کا شوق پیدا ہوا اور وہ بھی اپنے ہادی کے ساتھ اپنے مالک کی عبادت میں مشغول رہنے لگے۔ کیونکہ نصف رات کا وہ صحیح

تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ

اس کی طاقت نہیں رکھتے تو اس نے تم پر مہربانی فرمائی پس تم اتنا قرآن پڑھ لیا کرو جتنا تم آسانی سے پڑھ سکتے ہو ۱۹؎ وہ یہ بھی

اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى الْاَرْضِ

جانتا ہے کہ تم میں سے کچھ بیمار ہوں گے اور کچھ سفر کرتے ہوں گے زمین میں

يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ

تلاش کر رہے ہوں گے اللہ کے فضل (رزق حلال) کو ۲۰؎ اور کچھ لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہوں گے۔

اندازہ نہیں لگا سکتے تھے اس لیے بسا اوقات دو تہائی رات نماز پڑھتے پڑھتے گزر جاتی یہاں تک کہ ان کے پاؤں سوج گئے اور چہروں کی رنگت زرد پڑ گئی۔ اللہ تعالیٰ نے لطف و کرم فرماتے ہوئے اس حکم میں تخفیف کر دی کہ اب نصف رات جاگنے کی پابندی نہیں۔ جتنا تم آسانی سے جاگ سکتے ہو اور جتنا بآسانی قرآن کریم پڑھ سکتے ہو اتنا ہی کافی ہے۔

یہ آیت پہلے حکم کے کتنا عرصہ بعد نازل ہوئی اس میں مختلف اقوال ہیں۔ آٹھ ماہ، سولہ ماہ اور ایک سال اور دس سال کی روایات منقول ہیں۔ آخری روایت سعید بن جبیر سے مروی ہے۔ امام ابن جریر نے اپنی تفسیر میں بارہ ماہ کا عرصہ لکھا ہے اور یہی زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ کسی روایت سے ثابت نہیں کہ مسلمانوں پر نصف شب کا قیام دس سال کی طویل مدت تک فرض رہا ہو اور اس کے بعد تخفیف کی گئی ہو۔

۱۹؎ بعض نے تو اس کا یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ تم اس کا صحیح طور پر اندازہ نہیں لگا سکتے۔ اس وقت کوئی ایسا ذریعہ نہ تھا جس سے بالیقین پتہ چل جاتے کہ ٹھیک آدھی رات گزر گئی ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اس حکم میں نرمی فرما دی اور بعض نے لن تحصوہ کا معنی لن تطیقوا قیامہ کیا ہے کہ تم ہمیشہ اتنی دیر قیام کی طاقت نہیں رکھتے، تم اس حکم کو نباہ نہ سکو گے۔ میرے نزدیک یہی معنی اس مقام سے زیادہ مناسب ہے کیونکہ یہاں بیماری، سفر وغیرہ ان عوارض کا ذکر ہوا ہے جن کے باعث نصف رات تک جاگنا از حد مشکل ہو جاتا ہے۔ یہ ایسے عوارض ہیں جن سے ہر شخص کو کم و بیش واسطہ پڑتا رہتا ہے۔ اگر نصف رات تک جاگنا فرض ہوتا اور ان وجوہات کی بنا پر لوگ ایسا نہ کر سکتے تو وہ نافرمان اور گنہگار ہوتے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے تم پر آسانی اور تخفیف کر دی ہے۔ اب جتنا آسانی سے جاگ سکتے ہو اور آسانی سے تلاوت کر سکتے ہو اتنا ہی کافی ہے۔

۲۰؎ یہاں پہلے حکم میں تخفیف کی علت بیان کی جا رہی ہے کہ انسان ہمیشہ صحت و تندرستی سے گھر میں اقامت پذیر نہیں رہتا۔ کبھی وہ بیمار بھی ہو جاتا ہے، کبھی اسے رزق حلال کی تلاش میں اور علم کے حصول میں سفر بھی کرنا پڑتا ہے۔ کبھی میدان جہاد میں دشمنان اسلام کے مقابلہ میں داد شجاعت بھی دینا پڑتی ہے۔ ان حالات میں سحر خیزی کی یہ پابندی بڑی مشکل ہے اس لیے نصف رات جاگنے کی یہ پابندی ختم کی جاتی ہے۔ اب جتنا تم آسانی سے جاگ سکو اتنا ہی کافی ہے۔

اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

تو پڑھ لیا کرو قرآن سے جتنا آسان ہو ۲۱ اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو ۲۲

ان آیات سے معلوم ہوا کہ اسلام میں رزق حلال کے لیے جدوجہد کا مقام بڑا اونچا ہے کہ اس کو مجاہدین کے ساتھ شمار کیا گیا ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں، سوّی اللہ تعالیٰ فی ھذہ الآیۃ بین درجۃ المجاھدین والمکتسبین المال الحلال للنفقۃ علی نفسہ و عیالہ والاحسان والافضال وکان ھذا دلیلاً علی ان کسب المال بمنزلۃ الجھاد۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے مجاہدین اور رزق حلال کمانے والوں کے درجہ کو برابر کر دیا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ کسب حلال بھی جہاد ہے۔

احادیث طیبہ میں اس حقیقت کو بڑی وضاحت سے بیان کیا گیا ہے:

روی ابراھیم عن علقمۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما من جالب یجلب طعاما من بلد الی بلد فیبیعہ بسعر یومہ الا کانت منزلتہ عند اللہ منزلۃ الشھداء ثم قرأ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ الآیۃ: یعنی جو شخص ایک شہر سے خوراک کا سامان کسی دوسرے شہر میں لے آتا ہے اور اس دن کے بھاؤ کے مطابق فروخت کر دیتا ہے تو اس کا مرتبہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک شہداء کے مرتبہ کے برابر ہے۔ پھر حضورؐ نے یہ آیت طیبہ پڑھی۔ علامہ قرطبی ایک واقعہ لکھتے ہیں:

"واسط شہر میں ایک تاجر رہتا تھا۔ اس نے اپنا گندم سے بھرا ہوا ایک جہاز بصرے کی طرف بھیجا اور اپنے وہاں کے ایجنٹ کو لکھا کہ جس روز یہ جہاز بصرہ میں پہنچے اسی روز اس کو فروخت کر دو اور آنے والے دن کے لیے اسے بچا کر نہ رکھو۔ اتفاق ایسا ہوا کہ جس روز وہ جہاز پہنچا گندم کا بھاؤ گرا ہوا تھا۔ غلہ کے تاجروں نے اس ایجنٹ کو کہا کہ اگر تم ایک ہفتہ انتظار کرو تو کئی گنا نفع زیادہ کماؤ گے چنانچہ اس ایجنٹ نے ایک ہفتہ اس گندم کو فروخت نہ کیا۔ ان ایام میں بھاؤ تیز ہو گیا اور اس نے کئی گنا زیادہ نفع کمایا۔ اس نے اپنے مالک کو اس صورت حال سے آگاہ کیا۔ اس تاجر نے اس کو لکھا یا ھذا انا کنا قنعنا بربح یسیر مع سلامۃ دیننا وقد جنیت علینا جنایۃ فاذا اتاک کتابی ھذا فخذ المال وتصدق بہ علی فقراء البصرۃ ولیتنی انجو من الاحتکار کفافا لا علیّ ولا لی۔

اے فلاں! اگر ہمارا دین سلامت رہے تو ہمیں تھوڑا نفع ہی کافی ہے۔ تو نے ہم پر بڑی زیادتی کی ہے۔ جس وقت میرا یہ خط تمہیں ملے تو سارا مال بصرہ کے فقراء میں تقسیم کر دو۔ اس غلہ کی ذخیرہ اندوزی کا جو جرم تم نے کیا ہے اس کے مواخذہ سے ہی اگر بچ جاؤں تو کافی ہے۔ مجھے اس مال کے صدقہ کرنے سے مزید ثواب کی کوئی آرزو نہیں۔

۲۱ اس مقدار کا تعین ہر شخص کے اپنے حالات پر ہے۔ ویسے بعض نے پچاس آیتیں اور بعض نے سو آیات لکھی ہیں۔

۲۲ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ یہ آیت نماز پنجگانہ اور زکوٰۃ کی فرضیت کے بعد نازل ہوئی تو پھر نماز سے مراد پانچ فرض نمازیں اور زکوٰۃ سے مراد فرض زکوٰۃ ہوگی اور اگر نماز و زکوٰۃ کی فرضیت سے پہلے یہ آیت نازل ہوئی ہے تو پھر الصلوٰۃ سے مراد وہی نماز ہوگی جو اس وقت

وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ

اور اللہ کو قرض حسنہ دیتے رہا کرو ۲۳؎ اور جو (نیکی) تم آگے بھیجو گے اپنے لیے ۲۴؎ تو

خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا

اسے اللہ کے پاس موجود پاؤ گے یہی بہتر ہے اور (اس کا) اجر بہت بڑا ہوگا ۲۵؎ اور مغفرت طلب کیا کرو

اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۲۰

اللہ تعالیٰ سے ۲۶؎ بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔

اداکی جاتی تھی اور زکوٰۃ سے اس کا لغوی معنی مراد ہوگا یعنی صدقۃ التطوع، نفل صدقات۔

۲۳؎ قرض حسن کا مطلب یہ ہے کہ پاک مال سے صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے خرچ کرنا۔ ماقصد به وجه الله تعالیٰ خالصا من المال الطيب۔

۲۴؎ ایک دفعہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کھجور اور دودھ کو ملا کر حیس یعنی حلوا بنایا۔ اسی اثنا میں ایک مسکین آیا۔ آپ نے وہ حلوہ اٹھا کر اس مسکین کو دے دیا۔ اہل مجلس میں سے کسی نے کہا امیر المومنین! اس لذیذ حلوے کی قدر یہ بے چارا مسکین کیا سمجھ سکتا ہے۔ آپ نے فرمایا لکن رب المسكين يدري ما هو۔ مسکین کا رب تو جانتا ہے کہ یہ کیا ہے۔

ایک دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ سے پوچھا کہ تم میں سے کون ہے جس کو اپنا مال اپنے وارث کے مال سے زیادہ پیارا ہو۔ سب نے عرض کی یا رسول اللہ! ہم سب کو اپنا مال وارث کے مال سے زیادہ محبوب ہے۔ حضورؐ نے فرمایا سوچ لو کیا کہہ رہے ہو۔ سب نے عرض کی یا رسول اللہ! ہم تو یہی سمجھتے ہیں کہ ہمیں اپنا مال وارث کے مال سے زیادہ پیارا ہے۔ حضورؐ نے فرمایا نہیں تم سب کو اپنے مال سے وارث کا مال زیادہ محبوب ہے۔ صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ! وہ کیسے؟ قال انما مال احدكم ما قدم ومال وارثه ما اخر۔ رواه البغوی (مظہری) تمہارا مال تو وہ ہے جو تم اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کر کے اپنے سے پہلے بھیج رہے ہو اور وارث کا مال وہ ہے جو تم اپنے پاس رکھتے ہو۔

۲۵؎ خَيْرًا اور اَعْظَمَ، تَجِدُوْهُ کے مفعول ثانی ہیں اس لیے منصوب ہیں۔ هُوَ ضمیر فصل ہے۔ اس کا کوئی اعراب نہیں اور اَجْرًا تمیز ہے۔

۲۶؎ اس سے پہلے بدنی اور مالی عبادات اور اعمال صالحہ کا ذکر کیا گیا۔ ہو سکتا تھا کہ کوئی کوتاہ اندیش اپنے اعمال پر غرور و ناز کرنے لگے، اس لیے آخر میں ہدایت فرما دی کہ اپنے اعمال صالحہ اور نیکیوں پر بھروسہ مت کرو۔ تمہارے اعمال کتنے ہی اچھے کیوں نہ ہوں نقص و عیب سے خالی نہیں اور اگر خالی ہوں بھی تو بارگاہ خداوندی کی عظمتوں اور رفعتوں کے شایان شان نہیں۔ اس لیے تمہاری نگاہ ہمیشہ اپنی کوتاہیوں

اور خامیوں پر رہنی چاہیے اور ہر وقت ان کے لیے مغفرت طلب کرنے میں تمہیں کوشاں رہنا چاہیے۔ اپنی نجات اور بخشش کی امید فقط اس کی رحمت اور مغفرت پر ہونی چاہیے۔ بے شک وہ بہت مغفرت فرمانے والا اور ہر وقت اپنے بندوں کے حال زار پر رحمت فرمانے والا ہے۔

○

اللّٰهم انی ظلمتُ نفسی ظلماً کثیراً لا یغفر الذنوب الا انت فاغفرلی مغفرة من عندک وارحمنی انک انت الغفور الرحیم۔ رب ارحمهما کما ربیانی صغیرا۔ واعف عنا واغفر لنا وارحمنا انت مولٰنا فانصرنا علی القوم الکافرین۔

اللّٰهم صل وسلم وبارک علی المزمل المدثر حبیبک الاکرم سیدنا ومولٰنا محمد المبعوث رحمة للعٰلمین وعلی اٰله واصحابه ومن احبه واتبعه الی یوم الدین۔

○

تعارف

سُورۃ المُدثر

نام : اِس سورۂ مُبارکہ کا نام المدثر ہے۔ اس میں دو رکوع، چھپّن آیتیں، دو سو پچپن کلمات اور ایک ہزار دس حروف ہیں۔

نزول : عُلماء کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ سُورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی لیکن ساری سُورت بیک وقت نازل نہیں ہُوئی بلکہ مختلف اوقات میں اُن کے مناسبِ حال آیتیں نازل ہُوئیں۔

مضامین : پہلی سات آیتوں کے بارے میں بعض حضرات نے یہ بھی کہا ہے کہ نزولِ وحی کا آغاز اِن آیات سے ہُوا۔ لیکن محققین کے نزدیک یہی بات مُسلّم ہے کہ سب سے پہلے سورۂ اقراء کی آیتیں نازل ہُوئیں۔ اس کے بعد کچھ عرصہ کے لیے نزولِ وحی کا سلسلہ منقطع رہا۔ یہ دن حضور کے لیے بڑے کرب و اضطراب کے دن تھے طبیعت ہر وقت بے چین رہتی۔ ایک روز حضور غارِ حرا میں حسبِ معمول عبادت سے فارغ ہو کر گھر واپس تشریف لے جا رہے تھے کہ اچانک اُفقِ آسمان پر آپ کو وہی فرشتہ کرسی پر بیٹھا ہُوا نظر آیا جو پہلی وحی لے کر آیا تھا۔ اس منظر کو دیکھ کر طبیعت میں ہراس پیدا ہوا گھر پہنچے فرمایا : دَثِّرُوْنِیْ ، دَثِّرُوْنِیْ (مجھے لحاف اُڑھاؤ، مجھے لحاف اُڑھاؤ) حضور لحاف اوڑھ کر لیٹ گئے اسی حالت میں یہ آیات نازل ہُوئیں جن میں فرائضِ نبوت کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ پہلی وحی سے صرف یہ بتانا مقصود تھا کہ آپ کو منصبِ نبوت پر فائز کر دیا گیا اور اس وحی سے فرائضِ نبوت سے آگاہ کیا اور ان کی ادائیگی کے لیے کمربستہ ہونے کی تلقین فرمائی۔

آیات گیارہ تا چھبیس میں ایک خاص واقعہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ اس کی تفصیل آیات کی تشریح کے ضمن میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔ ان آیات میں ولید ابن مغیرہ کا نام لیے بغیر اس کے اطوارِ بد کا ذکر کر دیا گیا کہ اس کا دل تو حضور کو سچا رسُول اور قرآن کریم کو کلامِ الٰہی مانتا ہے لیکن اپنی قوم کی ناراضگی کے خوف سے وہ اس کا برملا اظہار نہیں کرتا اور اپنی سرداری کو برقرار رکھنے کے لیے وہ حضور پر افترا بازی سے باز نہیں آتا۔ یہ حضور کو ساحر اور آیاتِ قرآنی کو سحر کہتا ہے۔ اس کو بتا دیا کہ اُسے دوزخ کی آگ کا ایندھن بنایا جائے گا۔ اُس کے شعلے اُس کو بھون کر رکھ دیں گے، نہ وہ زندوں میں شمار ہو گا نہ مُردوں میں۔

آیت ۲۷ سے رکُوع کے اختتام تک دوزخ کے بعض حالات پر روشنی ڈالی۔ دُوسرے رکُوع میں بھی دوزخ اور

دوزخیوں کے حالات کا تذکرہ ہے۔ آپ کی خصوصی توجہ کے لائق وہ سوال و جواب ہے جو اہلِ دوزخ اور اہلِ جنت کے درمیان ہوگا۔ جنتی اُن سے پُوچھیں گے کہ تمہیں کیوں جہنم میں گھسیٹ دیا گیا۔ وہ جواب دیں گے ہمارے جرائم میں سے دو بڑے جُرم یہ تھے کہ ہم نماز نہیں پڑھا کرتے تھے اور ہم غریبوں کو کھانا نہیں کھلایا کرتے تھے۔ غور فرمایئے قرآن کریم غریب اور حاجتمند طبقہ کی مادی ضرورتوں کی فراہمی کو اسلامی معاشرہ اور اس کے خوشحال افراد کی کتنی بڑی ذمّہ داری خیال کرتا ہے جو شخص اس ذمّہ داری کی ادائیگی میں کوتاہی کرتا ہے اُس کا جُرم اتنا ہی سنگین ہے جتنا اس شخص کا جو اپنے ربِّ قدوس کو سجدہ نہیں کرتا جس دین میں غریب پروری کو اتنا اہم مقام دیا گیا ہو اُس کے نام لیواؤں کو اپنے معاشرہ سے غربت و افلاس کی بیخ کنی کے لیے مارکس اور لینن کے اشتراکی فلسفہ کی قطعاً ضرورت نہیں اگر ضرورت ہے تو فقط اس بات کی کہ ہم آیاتِ قرآنی کی سرسری تلاوت نہ کیا کریں بلکہ اس کی گہرائیوں میں اُتریں۔ اس کے تقاضوں کو سمجھیں اور پھر ان تقاضوں کو پُورا کرنے کے لیے اپنے سارے وسائل کام میں لے آئیں۔

فَمَا لَهُمْ آیت ۴۹ سے کفار کے خبثِ طبع کا ذکر فرمادیا کہ اگر انہیں اللہ کا کلام سُنایا جاتا ہے تو وہ اس سے یُوں بدکتے ہیں اور ڈر کر یُوں دُور بھاگتے ہیں جیسے جنگلی گدھے شیر سے ڈر کر بھاگتے ہوں۔ حالانکہ یہ کتاب سراپا نصیحت ہے۔ اس میں ان لوگوں کی فوز و فلاح کا سامان ہے۔ انہیں تو چاہیے تھا کہ ذوق و شوق سے اس کو سُنتے خلوصِ قلب سے اس کو قبول کرتے اور اس کی روشنی میں جادۂ زیست کے نشیب و فراز کو طے کرتے ہوئے منزلِ مقصود تک جا پہنچتے۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۲۱-۴-۷۷

سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سِتٌّ وَّ خَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّ فِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ المدثر مکی ہے اس میں ۵۶ آیتیں اور ۲ رکوع ہیں

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۙ﴿۱﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ۙ﴿۲﴾ وَ رَبَّكَ فَكَبِّرْ ۙ﴿۳﴾ وَ ثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۙ﴿۴﴾

اے چادر لپیٹنے والے ۱؎ اٹھیے اور (لوگوں کو) ڈرایئے ۲؎ اور اپنے پروردگار کی بڑائی بیان کیجیے ۳؎ اور اپنے لباس کو پاک رکھیے ۴؎

۱؎ وہ لباس جو جسم کو مس کرتا ہے اسے عربی میں شعار کہتے ہیں اور اس کے اوپر جو چادر، کمبل وغیرہ پہنا جاتا ہے اسے دثار کہتے ہیں۔ مدثر، دثار سے ہی مشتق ہے۔ اس کا لغوی معنی ہے چادر یا کمبل میں اپنے آپ کو لپیٹنے والے۔

اس کی شان نزول کے بارے میں مذکور ہے کہ غار حرا میں جبرئیل امین جب پہلی مرتبہ وحی لے کر حاضر ہوئے تو اس کے بعد کافی عرصہ تک نزول وحی کا سلسلہ بند رہا۔ اسے فترۃ الوحی کا زمانہ کہا جاتا ہے۔ اس عرصہ میں حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بڑے قلق و اضطراب کی کیفیت طاری رہی۔ کلام الٰہی میں جو چاشنی اور مٹھاس ہے کان اب اس سے آشنا ہو چکے تھے اس کو دوبارہ سننے کے لیے سخت بے تاب تھے۔ اتنا لطف و کرم پھر سکوت، وہ بھی اتنا طویل۔ قبض کی یہ کیفیت بڑی صبر آزما تھی۔ دل بے چین، کان بے تاب اور آنکھیں مشتاق۔ آخر پھر در رحمت کھلا اور سلسلہ وحی شروع ہوا۔ اس کی حالت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خود ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک روز میں چلا جا رہا تھا کہ آسمان کی طرف سے ایک آواز سنائی دی۔ میں نے نگاہ آسمان کی طرف اٹھائی تو کیا دیکھتا ہوں کہ وہی فرشتہ جو حرا میں میرے پاس آیا تھا زمین و آسمان کے درمیان ایک زریں کرسی پر بیٹھا ہوا ہے۔ یہ منظر دیکھ کر مجھے خوف محسوس ہوا۔ گھر واپس لوٹ آیا۔ میں نے کہا زَمِّلُوْنِیْ زَمِّلُوْنِیْ۔ فَدَثِّرُوْنِیْ تو انہوں نے چادر یا کمبل مجھ پر ڈال دیا۔ اس وقت جبرئیل امین آگئے اور یہ پیغام خداوندی آکر سنایا۔

اس خطاب میں بھی اسی لطف و عنایت اور محبت و پیار کا اظہار ہے جس کا تذکرہ آپ ابھی المزمل میں پڑھ آئے ہیں۔ عکرمہ کہتے ہیں معنی یٰاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ ای المدثر بالنبوۃ و اثقالھا۔ اے نبوت اور اس کے بارگراں کو اٹھانے والے۔ صوفیائے کرام نے اس خطاب سے جو معنی سمجھا ہے علامہ آلوسی کے الفاظ میں سماعت فرمایئے۔

قال بعض السادۃ ای یاایھا الساتر للحقیقۃ المحمدیۃ بدثار الصورۃ الآدمیۃ او یاایھا الغائب عن انظار الخلیقۃ فلا یعرفک سوی اللہ تعالیٰ علی الحقیقۃ۔

ترجمہ: اقلیم معرفت کے بعض سرداروں نے اس کا یہ معنی بتایا ہے کہ اے انسانی شکل و صورت سے حقیقت محمدیہ کو چھپانے والے یا لوگوں کی نگاہوں سے اپنے آپ کو مستور رکھنے والے کہ تیری حقیقت کو اللہ تعالیٰ کے بغیر اور کوئی نہیں جان سکتا۔

اس کے بعد علامہ موصوف نے چند اشعار لکھے ہیں۔ ان میں سے قصیدہ بردہ کے دو شعر آپ بھی سن لیجیے:

۱۔ وکیف یدرک فی الدنیا حقیقتہ ۔۔۔ قوم نیام تسلوا عنہ بالحلم

۲۔ فمبلغ العلم فیہ انہ بشر ۔۔۔ وانہ خیر خلق اللہ کلھم

(۱) اس دنیا میں سوئی ہوئی قوم جو محض خیالات سے اپنے دلوں کو بہلا رہی ہے حضور کی حقیقت کو کیسے پہچان سکتی ہے۔
(۲) علم کی انتہا تو یہ ہے کہ آپ بشر ہیں اور اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوقات میں سب سے بہتر ہیں۔
قرآن کریم کے معانی کا سمندر بڑا عمیق ہے۔ اس کی تہہ تک کون پہنچ سکتا ہے۔ اس کے اسرار و معارف کے موتی ان گنت ہیں۔ ان کا شمار کون کر سکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم وحبیبہ الاکرم۔

۲ے آغازِ نبوت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو جو ہدایات دیں، جن احکام اور ارشادات سے نوازا اس سے بہتر کوئی لائحہ عمل ہو ہی نہیں سکتا۔ یایھا المدثر کے محبت بھرے خطاب کے بعد پہلا حکم یہ دیا کہ اٹھیے اکا ہلی اور بے پروائی سے نہیں پکے عزم اور پوری سنجیدگی کے ساتھ اٹھیے۔ آپ کے گرد و پیش بسنے والی مخلوق، غفلت کی نیند سوئی پڑی ہے۔ اسے خبردار کر دیجیے کہ آنکھیں کھولو، اپنی روش بدلو ورنہ عذاب الٰہی نازل ہونے ہی والا ہے۔ اگر اپنی خیر چاہتے ہو تو اس عذاب سے بچنے کا راستہ میں تمہیں دکھاتا ہوں۔ وقت ضائع کیے بغیر اس پر گامزن ہو جاؤ۔

۳ے اس دعوت اور تنذیر کے مخاطب اگرچہ کافۃ الناس ہیں لیکن اولین مخاطب اہل مکہ اور قریش تھے جو صدیوں سے شرک کو قبول کر چکے تھے۔ مشرکانہ عقیدے ان کے قلوب و اذہان میں رچ بس چکے تھے۔ مزید برآں انہیں اپنی برتری کا ایک انوکھا احساس تھا۔ وہ کسی کو خاطر میں ہی نہ لاتے تھے۔ سب سے بڑے معزز، سب سے زیادہ عقل مند، سب سے بڑھ کر دور اندیش، وہ خود تھے۔ مزید طرہ یہ کہ وہ کعبہ کے مجاور تھے، مذہبی رسوم اور دین کے جملہ حقوق انہی کے نام محفوظ تھے۔ اس لیے ان کو خدا کے عذاب سے ڈرانا یا دعوت حق دینا کوئی آسان کام نہ تھا۔ ان کے دلوں کی پتھریلی اور سنگلاخ زمین میں ایمان کی تخم ریزی بڑا دشوار مرحلہ تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو فرماتے ہیں کہ اپنے رب کی بڑائی کا عقیدہ بھی رکھو اور اس کا اعلان بھی کر دو۔ جب آپ کا یہ عقیدہ ہو گا کہ اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے تو پھر دوسرے بڑوں کی آپ کو پروا نہیں رہے گی۔ ٹھیک ہے یہ لوگ بڑے ہوں گے، لیکن ان کی بڑائی چند میلوں اور چند دنوں تک ہے اور آپ کے رب کی بڑائی کا پرچم بحر و بر، دشت و جبل، عرش و فرش پر ازل سے لہرا رہا ہے اور ابد تک لہراتا رہے گا۔ آپ ان فانی بڑوں کی پروا مت کریں۔ ان کا جتنا جی چاہے آپ کے راستوں میں رکاوٹوں کے پہاڑ کھڑے کر دیں آپ کا رب جو حقیقی بڑا ہے وہ انہیں رائی بنا کر اڑا دے گا۔ دل میں اس کی کبریائی کا عقیدہ اور زبان سے اس کی کبریائی کا اعلان یہی تو وہ فریضہ ہے جو آپ نے ادا کرنا ہے۔ اللہ اکبر سے نماز کا افتتاح اسی آیت سے ماخوذ ہے۔

۴ے آپ کو نبوت کے منصب رفیع پر فائز کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنی کبریائی کے اعلان کے لیے منتخب فرمایا ہے۔ آپکے رب کا جمال اس بات کو گوارا نہیں کر سکتا کہ آپ میلے کچیلے ہوں یا آپکے کپڑے گندے یا ناپاک ہوں۔ جس طرح آپ کی زندگی کا مقصد مقدس ہے اسی طرح آپ کا لباس بھی اجلا، صاف اور پاک ہونا چاہیے۔ اس کا دوسرا معنی یہ کیا گیا ہے کہ اپنے اخلاق کو بھی پاک رکھیے، آپکے دامنِ عصمت پر کسی قسم کا کوئی دھبہ لگنے نہ پائے۔ دشمنانِ حق کو انگشت نمائی کا کوئی موقع نہ دیجیے کہ ان کے اعتراضات طالبانِ حق کے لیے رکاوٹ نہ بن جائیں۔ لغت عرب میں پاکدامن آدمی کے لیے طاھر الذیل اور نقی الثوب کے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ یعنی وہ پاکدامن ہے اور اس کا لباس ہر داغ سے پاک ہے۔ فقہاء نے اسی آیت سے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے کہ نماز کے لیے کپڑوں کا پاک ہونا ضروری ہے اور جب کپڑوں کا پاک ہونا ضروری ہے تو نمازی کا اپنا جسم اور وہ جگہ جہاں وہ نماز ادا کر رہا ہے اس کا پاک ہونا بالطریق اولیٰ ضروری ہو گا۔

وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝۵ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝۶ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝۷

اور بتوں سے (حسبِ سابق) دور رہیے [۵] اور کسی پر احسان نہ کیجیے زیادہ لینے کی نیت سے [۶] اور اپنے رب (کی رضا) کے لیے صبر کیجیے [۷]

[۵] عقیدہ اور عمل کی ہر ظاہری اور باطنی قباحت سے حسبِ سابق احتراز کرنے کی تاکید ہو رہی ہے کیونکہ ایک مبلغ کا کلام اس وقت تک مؤثر نہیں ہو سکتا جب تک وہ خود ان برائیوں سے منزہ اور مبرا نہ ہو۔ فرمایا وہ تمام گناہ جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور عذاب کا باعث بنتے ہیں جن میں سب سے بڑا گناہ بتوں کی پرستش ہے، ان سے کنارہ کش رہیے ورنہ لوگ آپ پر زبانِ طعن دراز کریں گے اور تبلیغ کی کوششیں نتیجہ خیز ثابت نہ ہوں گی۔

قرطبی لکھتے ہیں رِجز اور رُجز دو لغتیں ہیں، معنی ایک ہی ہے۔ لُغتان مثل الذِّکر والذُّکر۔ ابو العالیہ، ربیع اور کسائی کہتے ہیں: الرُّجز بالضم الصنم و بالکسر النجاسة والمعصیة۔ یعنی رُجز، بت کو کہتے ہیں اور رِجز پلیدی اور گناہ کو کہتے ہیں۔ کسائی کہتے ہیں بالضم الوثن و بالکسر العذاب۔ (قرطبی) رُجز کا معنی بت اور رِجز کا معنی عذاب۔

[۶] کیا ہی پیاری نصیحت ہے، کتنے اعلیٰ ضابطۂ اخلاق کی تعلیم ہے۔ عام طور پر تو کسی کے ساتھ جب احسان اور بھلائی کی جاتی ہے تو یہ توقع ہوتی ہے کہ جب وقت آئے گا تو یہ مجھ سے بڑھ کر احسان کرے گا۔ لوگ وہاں ہی ایک روپیہ خرچ کرتے ہیں جہاں کم از کم دو کی بازیافت کی امید ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حکم دیتے ہیں کہ ہدایت کا جو احسان آپ ان پر فرما رہے ہیں، معرفتِ الٰہی کی جو دولت آپ انہیں عطا فرما رہے ہیں یہ بڑی بیش قیمت چیز ہے۔ لیکن بھولے سے بھی یہ خیال آپ کے دل میں کبھی نہ آنا چاہیے کہ آپ کے دستِ مبارک پر مشرف باسلام ہونے والے اس احسانِ عظیم کا معاوضہ آپ کو دیں گے۔ آپ محض اور محض اپنے رب کے حکم کی تعمیل اور اس کی رضا کے لیے یہ کام کریں اور کسی انسان سے اس کے معاوضہ کی قطعاً توقع نہ رکھیں۔ آپ کا رب خود آپ کو اس کا اجرِ عظیم اور اجرِ غیر ممنون عطا فرمائے گا۔ ہر قسم کے لالچ یا منفعت سے بے نیاز ہو کر آپ دعوتِ حق کا فریضہ انجام دیں۔

اس آیت کا ایک اور مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ آپ اپنے پروردگار کی عبادت، اس کے دین کی تبلیغ اور اس کے نام کو بلند کرنے کے لیے جو کوششیں کر رہے ہیں ان کو بڑا اور کثیر سمجھ کر اس پر نازاں نہ ہوں بلکہ جتنا بھی آپ جدوجہد کریں اس کو قلیل اور حقیر ہی سمجھیں۔

قال الحسن لا تمنن علی اللہ بعملك فتستكثره۔

[۷] اس دعوت و تبلیغ کے سلسلہ میں جو تکلیفیں پیش آئیں، جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑے ان پر صبر کیجیے اور صبر بھی محض اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے لیے۔

ان آیاتِ طیبات میں جو ہدایات مذکور ہیں کوئی یہ خیال نہ کرے کہ حضور پہلے ان کے خلاف عمل پیرا تھے اور حضور کی اصلاح کے لیے یہ ہدایات نازل کی گئیں بلکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی فطرتِ زکیہ اور طبیعتِ سعید پہلے ہی مکارمِ اخلاق سے متصف تھی ہر قسم کی خامیوں اور عیوب سے حضور کا دامنِ پاک تھا۔ یہ احکام یا تو دوام کے لیے ہیں کہ حسبِ معمول آپ ان پر کاربند رہیے یا قیامت تک آنے والے مبلغین اور خادمانِ دین کے لیے یہ ایک منشور مقرر کر دیا گیا کہ اگر نبوت کی وراثت سے کچھ حصہ لینا چاہتے ہو تو ان اصولوں پر مضبوطی سے کاربند رہو۔

فَاِذَا نُقِرَ فِی النَّاقُوْرِ ۝۸ فَذٰلِكَ یَوْمَىِٕذٍ یَّوْمٌ عَسِیْرٌ ۝۹ عَلَى

پھر جب صور پھونکا جائے گا ۸ تو وہ دن بڑا سخت دن ہو گا ۔ کفار

الْكٰفِرِیْنَ غَیْرُ یَسِیْرٍ ۝۱۰ ذَرْنِیْ وَ مَنْ خَلَقْتُ وَحِیْدًا ۝۱۱ وَّ جَعَلْتُ

پر آسان نہ ہو گا ۔ آپ چھوڑ دیجیے مجھے اور جس کو میں نے تنہا پیدا کیا ہے ۹ اور دے

لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۝۱۲ وَّ بَنِیْنَ شُهُوْدًا ۝۱۳ وَّ مَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِیْدًا ۝۱۴

دیا ہے اس کو مال کثیر ۔ اور بیٹے دیئے ہیں جو پاس رہنے والے ہیں ۔ اور مہیا کر دیا ہے اسے ہر قسم کا سامان ۱۰

۸ ای نفخ فی الصور۔ جب قیام قیامت کے لیے صور پھونکا جائے گا تو وہ دن کفار کے لیے بڑا سخت ہو گا۔ ان کی کوئی تدبیر کام نہ آئے گی ان کا کوئی عذر مقبول نہ ہو گا۔ ان کی ساری آسیں اور امیدیں ٹوٹ جائیں گی۔ ناقور: فاعول کا وزن ہے۔ وہ آلہ جس میں حضرت اسرافیل علیہ السلام پھونک ماریں گے۔ اس آلے کی حقیقت، شکل و صورت سے ہم کو آگاہ نہیں کیا گیا اور نہ اس کی تحقیق کا حکم دیا گیا ہے۔

۹ یہاں سے ولید بن مغیرہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ اپنی ناراضگی اور غضب کا اظہار فرما رہے ہیں۔ اس قسم کا کلام غصہ اور غضب کے اظہار کے لیے بولا جاتا ہے۔ اس غضب شدید کی وجہ آیت ۱۸ سے شروع ہو رہی ہے۔ یہاں صرف اس کی احسان فراموشی اور کفرانِ نعمت کا ذکر ہو رہا ہے۔ وحیدا کے بارے میں دو قول ہیں۔ یا تو خَلَقْتُ کی ضمیر فاعل کا حال ہو گا۔ مطلب یہ ہو گا کہ میں نے کسی مدد کے بغیر اس کو پیدا کیا ہے۔ مجھے اس کو ہلاک کرنے کے لیے کسی دوسرے کی اعانت کی ضرورت نہیں۔ یا یہ مفعول کی ضمیر محذوف خلقتہ کا حال ہو گا۔ اس صورت میں معنی یہ ہو گا کہ اس کو میں نے اس حالت میں پیدا کیا ہے کہ وہ تنہا تھا۔ نہ اس کے پاس مال تھا، نہ دولت، نہ زمین، نہ باغات۔ نہ اس کے پاس کوئی بیٹا تھا اور نہ کوئی ملازم۔ اب ہم نے اس پر یہ احسان فرمایا اس کو اتنا مال دے دیا جو ختم ہونے میں نہیں آتا۔ دس بروایت بارہ بیٹے دیئے جو کسبِ رزق سے مستغنی ہیں۔ تجارت و کاروبار کے لیے انہیں دور دراز ملکوں کی خاک چھاننا نہیں پڑتی۔ کھیتی باڑی میں سارا سارا دن مصروف نہیں رہتے بلکہ تمام ضروریات سے بے نیاز ہو کر ہر وقت اپنے باپ کے پاس حاضر رہتے ہیں۔

شہود کا معنی معروف و مشہور بھی کیا گیا ہے یعنی باپ کی طرح نامور اور معزز ہیں۔ لوگ اپنی حاجات میں ان کے پاس بھی حاضر ہوتے رہتے ہیں۔

۱۰ اس کا مفہوم علامہ پانی پتی کے الفاظ میں یوں ہے: ای بسطت له الرياسة والجاه العريض۔ یعنی میں نے اس کے لیے ریاست و سروری اور عزت و جاہ کے اسباب فراہم کر دیئے ہیں اور مکہ کا کوئی رئیس اس کے ساتھ ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتا یہاں تک کہ اس کے ہم قوم اسے ریحانة قریش، قریش کا گل خنداں کہا کرتے اور یہ اپنے آپ کو وحید بن وحید یگانہ فرزند یگانہ کے متکبرانہ الفاظ سے ملقب کیا کرتا۔

ثُمَّ يَطْمَعُ أَنْ أَزِيدَ ﴿١٥﴾ كَلَّا ۖ إِنَّهُ كَانَ لِآيَاتِنَا عَنِيدًا ﴿١٦﴾ سَأُرْهِقُهُ

پھر طمع کرتا ہے کہ میں اسے مزید عطا کروں ۱۱ ہرگز نہیں ۱۲ وہ ہماری آیتوں کا سخت دشمن ہے۔ میں اسے مجبور کروں گا کہ وہ

صَعُودًا ﴿١٧﴾ إِنَّهُ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ﴿١٨﴾ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿١٩﴾ ثُمَّ قُتِلَ

کٹھن چڑھائی چڑھے ۱۳ اس نے غور کیا اور پھر ایک بات طے کر لی ۱۴ اس پر پھٹکار اس نے کتنی بری بات طے کی۔ اس پر پھر پھٹکار کیسی

۱۱ اتنے عظیم احسانات کے باوجود اسے شکر کی توفیق نصیب نہیں ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کے رسول سے مخاصمت اور عناد اس کا شغل بن کر رہ گیا ہے۔ بایں ہمہ مزید نعمتوں کا خواہاں ہے۔

۱۲ ہرگز نہیں، اب اس کے لیے انعام واکرام کے دروازے بند کیے جا رہے ہیں اور عذاب وعتاب کے دروازے کھولے جا رہے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اس کے بعد ولید کا کاروبار ماند پڑ گیا۔ زراعت وتجارت کی ترقی رک گئی۔ خسارے کا چکر چلنے لگا۔

۱۳ أرهق، سأكلفه۔ ہم اسے جبراً حکم دیں گے کہ وہ اس پہاڑ پر چڑھے۔ آرام وآسائش کی زندگی کا دور ختم ہو گیا۔ اب اسے ذلت ونامرادی، محرومی وتنگدستی کی زندگی بسر کرنا پڑے گی۔ روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ جہنم میں ایک پھسلواں پہاڑ ہے جس کا نام صعود ہے۔ اسے ایسے پہاڑ پر چڑھنے کا حکم دیا جائے گا۔ جان جوکھوں میں ڈال کر جب وہ چوٹی کے قریب پہنچے گا تو اس کا پاؤں پھسل جائے گا اور دھڑام سے نیچے آگرے گا۔ پھر اسے اسی طرح اوپر چڑھنے کا حکم ملے گا۔ اسے مجال انکار نہ ہوگی۔ قال ابن عباس سأكلفه مشقة من العذاب لا راحة له فيه۔ (قرطبی) حضرت ابن عباس نے اس کا معنی یہ بتایا کہ ہم اسے ایک ایسے عذاب کی مشقتوں میں مبتلا کریں گے جس میں اس کو پل بھر کے لیے بھی آرام نصیب نہیں ہوگا۔

۱۴ یہاں سے اس غضب شدید کی وجہ بتائی جا رہی ہے۔ آیات کی تشریح سے پہلے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آپ وہ واقعہ سن لیں جس کا ان آیات میں ذکر ہو رہا ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی دعوت کا آغاز کیے ابھی چند ماہ ہی گزرے تھے کہ حج کا موسم آ گیا۔ اس موقع پر ہر سال عرب کے اطراف واکناف سے لوگ یہاں جمع ہوتے۔ اپنے اپنے رسم ورواج کے مطابق پوجا پاٹ کیا کرتے۔ اہل مکہ کو اب یہ فکر دامنگیر ہوئی کہ ابھی تک قرآن کی دعوت مکہ تک محدود تھی جو کسی کے جی میں آیا کہہ دیا۔ اب بیرونی قبائل کے لوگ آ رہے ہیں۔ وہ اس نئے داعی کے بارے میں ضرور پوچھیں گے اگر ہم سب نے کوئی متفقہ جواب نہ دیا تو وہ ہمارا مذاق اڑائیں گے۔ اس لیے انہوں نے سوچا کہ ایک میٹنگ بلائی جائے اور اس میں طے کر لیا جائے کہ بیرونی لوگ اگر ان کے بارے میں پوچھیں تو انہیں کیا متفقہ جواب دیا جائے۔ چنانچہ دار الندوہ میں ان کا اجتماع ہوا۔ ولید نے ہی گفتگو کا آغاز کیا اور لوگوں کو اس مجلس کے انعقاد کے اغراض ومقاصد سے آگاہ کیا۔ اس نے کہا کہ ہمیں چاہیے کہ ہم سب ایک بات پر متفق ہو جائیں اور جو شخص بھی ان کے بارے میں پوچھے سب ایک ہی جواب دیں۔ چنانچہ بعض لوگوں نے کاہن کا لفظ تجویز کیا۔ ولید بولا بخدا وہ کاہن نہیں ہیں۔ کاہنوں کے بے جوڑ بے ربط فقرے میں نے بارہا سنے ہیں۔ قرآن کو بھلا ان سے کیا نسبت۔ دوسرے لوگ کہنے لگے کہ انہیں مجنون کہنا چاہیے۔ ولید نے اس کی بھی تردید کی اور کہا اگر تم نے ایسی بیہودہ بات کی تو وہ لوگ تمہارا مذاق اڑائیں گے۔ چند لوگوں نے کہا کہ ان کے لیے مناسب لفظ شاعر ہے۔ ولید سے نہ رہا گیا کہنے لگا تم شعر کی

كَيْفَ قَدَّرَ ۝٢٠ ثُمَّ نَظَرَ ۝٢١ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۝٢٢ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۝٢٣

بری بات اس نے طے کی۔ پھر دیکھا۔ پھر منہ بسورا اور ترش رو ہوا ف۱۵ پھر پیٹھ پھیری اور غرور کیا۔

تمام اصناف سے واقف ہو۔ کیا قرآن کی کسی آیت پر ان میں سے کسی صنف کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ جو لوگ اب تک گفتگو میں شریک نہیں ہوئے تھے وہ کہنے لگے اور کوئی لقب ان کے لیے موزوں نہیں البتہ ہم انہیں بڑے اطمینان سے ساحر کہہ سکتے ہیں۔ ولید نے کہا دوستو! جادوگروں کی غلیظ زندگی اور ناپاک کردار کو حضور کے مکارم اخلاق کے اس حسین و جمیل پیکر سے کوئی نسبت ہو سکتی ہے؟ ان الفاظ میں سے کوئی لفظ بھی اگر تم نے استعمال کیا تو ہر ذی شعور انسان تم پر بدگمان ہو جائیں گے اور اسے جھوٹی تہمت خیال کریں گے۔ پھر کہنے لگا ان لہ لحلاوۃ وان علیہ لطلاوۃ وان اعلاہ لمثمر وان اسفلہ لمغدق وانہ لیعلو ولا یعلیٰ علیہ۔ بخدا اس کلام میں بڑی مٹھاس ہے اس کی جڑیں بہت گہری ہیں اس کی ٹہنیاں پھلوں سے لدی ہیں یہ ہر ایک سے اونچا ہے اور کوئی اس سے اونچا نہیں ہو سکتا۔ ولید یہ کہہ کر مجلس سے اٹھا اور گھر چلا گیا۔ مجمع میں شور مچ گیا کہ ولید صابی ہو گیا۔ ابوجہل نے کہا ٹھہرو! یہ مشکل میں حل کرتا ہوں۔ چنانچہ بڑی افسردہ شکل بنا کر اس کے پاس گیا۔ ولید نے پوچھا خیر تو ہے، بیٹے غمگین نظر آ رہے ہو۔ ابوجہل نے کہا اب غمزدہ ہونے کے بغیر چارہ ہی کیا ہے۔ قریش کے لوگ تیرے لیے گھر گھر سے چندہ جمع کر رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ ولید بھوکا ہو گیا ہے اس لیے حضور کا اسم گرامی لے کر اس کی طرف اور ابوبکر کی طرف راغب ہو گیا ہے تاکہ وہ اس کی مالی امداد کریں۔ کم ظرف تھا فوراً مشتعل ہو گیا۔ کہنے لگا لات و عزیٰ کی قسم! میرے جیسا رئیس اعظم محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اور ابوبکر کے ٹکڑوں کا محتاج نہیں ہو سکتا۔ لیکن ان کے بارے میں جو الفاظ تم کہتے ہو وہ غلط ہیں۔ پھر بڑے غور سے سوچنے لگا یوں معلوم ہوتا تھا گویا بحر فکر میں غوطہ زنی کر رہا ہے تاکہ آپ کے لیے کوئی موزوں لفظ نکال لائے۔ کافی دیر تک اسی حالت میں رہا اور آخر کار کہنے لگا کہ ہم اسے ساحر کہہ سکتے ہیں کیونکہ اس نے بھائی کو بھائی سے بیٹے کو باپ سے جدا کر دیا ہے۔

اب ذرا ان آیات کو نظر تعمق سے دیکھیں ایسے شخص کی جو تصویر کشی کی گئی ہے یہ بھی اپنے اندر ایک اعجازی شان رکھتی ہے۔

وہ اس بارے میں غور و فکر کرنے لگا کہ اس نبی مکرم کے لیے کون سا لفظ تجویز کیا جائے کاہن، شاعر، مجنون یا ساحر۔ طویل غور و خوض کے بعد اس نے طے کر لیا کہ انہیں ساحر کہنا درست ہے۔ ایسی سمجھ اور ایسی عقل پر پھٹکار کہ کتاب کی خوبیوں کو پوری طرح جاننے اور صاحب کتاب کے مکارم اخلاق کو تسلیم کرنے کے باوجود وہ ایسا لفظ منہ سے نکالنے کا فیصلہ کرتا ہے۔

ف۱۵ معلوم ہوتا ہے اس کا اپنا ضمیر بھی اس کو ملامت کر رہا ہے۔ وہ انتہائی ذہنی کشمکش میں مبتلا ہے اور اس کے آثار اس کے چہرے پر صاف نمایاں ہو رہے ہیں۔

آخری اعلان سے پہلے ایک مرتبہ پھر رعونت سے مجمع پر نگاہ ڈالتا ہے پھر اس کی پیشانی پر بل پڑ جاتے ہیں۔ پھر وہ منہ بسورتا ہے چہرے کو کرخت بناتا ہے۔ پھر غرور و تکبر سے منہ پھیر لیتا ہے اور کہتا ہے اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ کہ یہ جادو ہے اور اس کتاب کا لانے والا جادوگر ہے۔ پھر لوگوں کو مطمئن کرنے کے لیے کہتا ہے کہ یہ کوئی نئی چیز نہیں۔ اس کا رواج قدیم زمانے سے چلا آ رہا ہے۔ ہر زمانے کے جادوگر اپنے شاگردوں کو اس کی تعلیم دیتے آئے ہیں اور یوں ہی یہ سلسلہ جاری رہا ہے۔ ان کو بھی کسی بڑے جادوگر نے یہ چیزیں سکھا دی ہیں اور گھر گھر میں جو انتشار و افتراق پیدا ہو گیا ہے یہ اسی جادو کا کرشمہ ہے۔

فَقَالَ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ یُّؤْثَرُ ﴿۲۴﴾ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ﴿۲۵﴾ سَاُصْلِیْهِ

پھر بولا یہ نہیں ہے مگر جادو جو پہلوں سے چلا آتا ہے۔ یہ نہیں مگر انسان کا کلام۔ عنقریب میں اسے جہنم

سَقَرَ ﴿۲۶﴾ وَ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿۲۷﴾ لَا تُبْقِیْ وَ لَا تَذَرُ ﴿۲۸﴾ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ﴿۲۹﴾

میں جھونکوں گا ۱۶؎ اور تو کیا سمجھے کہ جہنم کیا ہے۔ نہ باقی رکھے اور نہ چھوڑے ۱۷؎ جھلسا دینے والی آدمی کی کھال کو ۱۸؎

عَلَیْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ﴿۳۰﴾ وَ مَا جَعَلْنَاۤ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓىِٕكَةً

اس پر انیس فرشتے مقرر ہیں ۱۹؎ اور ہم نے نہیں مقرر کیے آگ کے داروغے مگر فرشتے ۲۰؎

۱۶؎ اس پر ہم نے اتنے احسانات کیے۔ بیٹے دیے۔ بے اندازہ دولت دی۔ عزت و سرداری بخشی اور اتنی لمبی عمر عطا فرمائی اور یہ اچھی طرح جانتا ہے کہ نہ آپ ساحر ہیں اور نہ یہ کلام سحر ہے۔ لیکن محض اپنی جھوٹی نام و نمود کے لیے اور چند روزہ سرداری کے لیے وہ ایسا پاک الزام ایسے نبی مکرم پر لگا رہا ہے۔ ایسے نابکار کو ہم ضرور دوزخ کا ایندھن بنائیں گے۔

۱۷؎ نہ تو اسے زندہ رہنے دیتی ہے اور نہ اس کو جلا کر فنا کر دیتی ہے۔ جل کر کوئلہ ہوتے ہیں اور پھر عذاب جھیلنے کے لیے زندہ کر دیے جاتے ہیں۔

۱۸؎ لواح ھو تلویح الجسم و تغییرہ الی سواد۔ یعنی جلد کی رنگت سیاہی مائل کر دینے والی ہے۔ بَشَر جمع ہے بَشَرَۃ کی۔ اس کا معنی انسانی جلد ہے۔

۱۹؎ ہم نے اس کشادہ اور وسیع دوزخ کی حفاظت کے لیے انیس داروغے مقرر کیے ہیں۔ کفار نے جب یہ آیت سنی تو بڑے زور سے قہقہے لگانے لگے۔ بس یہی کچھ ہے اس نبی کے خدا کی فوج۔ ہم تو سمجھے تھے بے شمار لشکر ہوگا جو جہنم کو چاروں طرف سے گھیرے کھڑا ہوگا اور ان کی گرفت سے بچ کر نکلنے کی کسی میں ہمت نہ ہوگی۔ کل انیس! کیا حقیقت ہے ان انیس کی؟ کفار کا مجمع لگا تھا یہی بات موضوع بحث بنی ہوئی تھی۔ ہر شخص بڑھ چڑھ کر نکتہ آفرینیاں کر رہا تھا۔ ابوجہل کہنے لگا دوستو! تم نے سن لیا اس نبی کے خدا کی فوج صرف انیس سپاہیوں پر مشتمل ہے۔ کیا ہم دس دس مل کر بھی ایک ایک کو پکڑ کر اس کا کچومر نکال دیں گے۔ ابو الاشد بن اُسید الجمحی جو اپنے قبیلہ بنی جمح کا زور آور پہلوان تھا وہ بھی وہاں موجود تھا۔ کہنے لگا ابوجہل جی ہی مت ہار! ان میں سے سترہ کو تو میں اکیلا کافی ہوں۔ باقی رہے دو تو آپ سب مل کر ان دو کو سنبھال لیں۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی کہ اے بیوقوفو! یہ تمہاری مانند بشر نہیں، نہ گوشت پوست کے آدمی ہیں کہ دس دس یا سولہ سولہ مل کر ان کو پچھاڑ دو۔ یہ اللہ تعالیٰ کے فرشتے ہیں جن کی قوت و طاقت کا تم تصور بھی نہیں کر سکتے۔ اگر تمہیں کچھ غلط فہمی ہو تو عاد و ثمود اور سدوم و عمورہ سے پوچھو۔ وہ تمہیں ان کی قوت کے بارے میں بتائیں گے۔

۲۰؎ جہنم کے داروغوں کی یہ تعداد بیان کرنے میں کیا حکمت ہے؟ بظاہر تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ سن کر کفار نے اودھم مچا دیا اور اس کے

وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ

اور نہیں بنایا ہم نے ان کی تعداد کو مگر آزمائش ان لوگوں کے لیے جنہوں نے کفر کیا تاکہ یقین کرلیں

أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَانًا وَلَا يَرْتَابَ الَّذِينَ

اہل کتاب اور بڑھ جائے اہل ایمان کا ایمان اور نہ شک میں مبتلا ہوں

أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

اہل کتاب اور مومن اور تاکہ کہنے لگیں جن کے دلوں میں روگ ہے

رسول کو ہدفِ تنقید و استہزا بنا یا۔ اس لیے اس کی حکمت بتائی جارہی ہے کہ جن کے دلوں میں کفر بھرا ہوا ہے اور وہ کسی مصلحت کے باعث ظاہر نہیں کر رہے تو وہ کفر بھی کھل کر سامنے آجائے۔ نیز یہ کہ اہل کتاب کو بھی یقین آجائے کہ واقعی یہ اللہ تعالیٰ کا رسول ہے اور اپنے رب کا فرمان ہی سنا رہا ہے۔ اور مسلمان تو پہلے ہی نور ایمان سے مشرف ہیں۔ وہ تو بے چون و چرا بڑی شرح صدر کے ساتھ اس عدد کو تسلیم کرلیں گے۔ اس طرح ان کے ایمان اور قوتِ ایمان دونوں میں اضافہ ہو جائے گا۔ مسلمانوں کے ایمان میں اضافہ کی بات تو واضح ہے لیکن اہل کتاب کو اس سے کیسے یقین آگیا اس کے بارے میں علما کے مختلف اقوال ہیں۔ بعض کی رائے ہے کہ اہل کتاب کی کتب میں بھی ان کی یہی تعداد مذکور ہے۔ اس پر یہ شبہ کیا جاتا ہے کہ کتب اہل کتاب کی ورق گردانی کے باوجود یہ کہیں نہیں ملا کہ ان کے نزدیک بھی دوزخ کے داروغوں کی تعداد انیس ہے۔ اس بارے میں عرض ہے کہ اہل کتاب کی کتب میں تحریف و تبدل کا سلسلہ مدتوں جاری رہا۔ ہو سکتا ہے یہ عدد کسی تحریف کی زد میں آگیا ہو اور آپ کو نہ ملا ہو۔ دوسرا شبہ یہ ظاہر کیا جاتا ہے کہ اگر انیس کا عدد ان کی کتب میں مل بھی جائے تو اس سے بھی ان کے یقین میں اضافہ کی کوئی صورت نہیں۔ وہ تو الٹا یہ کہہ دیں گے کہ آپ نے ہماری کتابوں سے نقل کیا ہے۔ اس کے لیے گزارش ہے کہ تمام اہل کتاب تو ہٹ دھرم اور متعصب نہیں۔ ان میں کئی حق پسند بھی تو ہوں گے۔ وہ تو یہ جانتے ہیں کہ اس نبی کریم نے عبرانی کتب کا مطالعہ تو کجا اپنی مادری زبان میں بھی ابجد شناسی تک نہیں سیکھی چہ جائیکہ وہ عبرانی کتب سے اخذ کرکے قرآن مرتب کرتے رہے ہوں۔ باقی رہے متعصب تو ایسے لوگوں کے حصہ میں ہدایت لکھی ہی نہیں ان کا کیا ذکر۔

بعض علما نے ان کے یقین میں اضافہ کی یہ توجیہ کی ہے کہ ان کے صحائف میں بھی ایسی چیزیں بکثرت موجود ہیں جن کا تعلق عالم آخرت سے ہے اور اس دنیا میں رہتے ہوئے ان کی کوئی تاویل نہیں کی جاسکتی۔ وہ لوگ بآسانی سمجھ سکتے ہیں کہ یہ عدد بھی عالم آخرت کے حقائق میں سے ایک حقیقت ہے۔ اگر اس کی صحیح سمجھ نہ آسکے کہ اتنے وسیع جہنم اور اتنی بے شمار مخلوق کی حفاظت کے لیے انیس فرشتے کیسے کافی ہو سکتے ہیں تو یہ کوئی ایسی بات نہیں جو صرف قرآن میں ہو اور ان کی کتابیں اس سے خالی ہوں۔

ایک تیسری توجیہ بھی کی گئی ہے کہ اہل کتاب نے دیکھا یہ تعداد سن کر کفار نے وہ اودھم مچایا کہ الامان والحفیظ۔ لیکن حضور نے ان کی اس مخالفت اور استہزا کو کوئی اہمیت نہ دی۔ اسی وثوق سے قرآن کا پیغام پہنچایا تو انہیں یقین آگیا کہ مخالفت کے طوفانوں میں حق بات کہنا اور کہتے رہنا

وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ

اور کفار کیا ارادہ کیا ہے اللہ نے اس بیان سے ۲۱ (یعنی اللہ تعالیٰ رائیگاں ہی بات سے)

مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ

گمراہ کر دیتا ہے جس کو چاہتا ہے اور ہدایت بخشتا ہے جس کو چاہتا ہے ۲۲ اور کوئی نہیں جانتا آپ کے رب کے لشکروں کو بجز اس کے ۲۳

وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ﴿۳۱﴾ كَلَّا وَالْقَمَرِ ﴿۳۲﴾ وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ﴿۳۳﴾

اور نہیں ہے یہ بیان مگر نصیحت لوگوں کے لیے۔ ہاں ہاں! چاند کی قسم ۲۴ اور رات کی قسم جب وہ پیٹھ پھیرنے لگے

ع ۱۵ / ۳۱

صرف پیغمبر ارشیہ وہب؛ عام آدمی کے بس کا روگ نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۱؎ جن کے دلوں میں شک کا روگ ہے اور وہ جن کے دلوں میں کفر سمایا ہوا ہے وہ کہتے ہیں اس تعداد کو بیان نہ کیا جاتا تو کیا حرج تھا۔ اس کو ذکر کر کے حالات کو اور زیادہ پیچیدہ بنا دیا گیا ہے۔ اس قسم کی باتیں وہی لوگ کرتے ہیں جنہیں ایمان کا نور نصیب نہیں ہوتا۔

اس مرض سے مراد نفاق اصطلاحی نہیں جو مدینہ طیبہ میں نمودار ہوا بلکہ اس سے مراد شک ہے اور مکہ میں جہاں ایسے لوگ موجود تھے جو کفر اور کفریات پر دل سے یقین رکھتے تھے، وہاں ایسے لوگوں کی بھی کثیر تعداد موجود تھی جنہوں نے اگرچہ اسلام کو قبول نہیں کیا تھا لیکن اسلامی دعوت کے بارے میں وہ تردد میں مبتلا تھے۔ کبھی کہتے ایسا ممکن ہے، کبھی کہتے یہ غلط ہے۔ اس آیت کو محض اس لیے مدنی کہنا کہ اس میں مرض کا لفظ موجود ہے سراسر تکلف ہے۔

۲۲؎ اس کا مطلب یہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ جبراً کسی کو گمراہ کر دیتا ہے اور مجبور کر کے کسی کو ہدایت دے دیتا ہے ورنہ جواب دہی اعمال نیک و بد کی ذمہ داری، پھر ان پر ثواب و عقاب جو اسلام کے بنیادی ارکان ہیں سب منہدم ہو کر رہ جائیں گے۔ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ عقل و فہم، غور و فکر کی جو صلاحیتیں اللہ تعالیٰ نے انسان کو عطا کی ہیں اس کے بعد اسے آزادی دی کہ چاہے تو وہ اسے نیکی کے لیے استعمال کرے چاہے تو گمراہی میں استعمال کرے۔ اگر کوئی شخص ان قوتوں کو ہدایت پذیری کے لیے خرچ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے ہدایت بخش دیتا ہے ایسا کرنے والے کو جبراً گمراہی کے گڑھے میں پھینک نہیں دیا جاتا اور اگر وہ دانستہ سمجھ بوجھ کر گمراہی کو اختیار کرتا ہے تو قدرت اسے مجبور نہیں کرتی کہ چوہدری صاحب! ہدایت قبول فرمائیے۔

۲۳؎ اللہ تعالیٰ کے لشکروں کو اس کے بغیر کوئی جان نہیں سکتا۔ یہ بے چارا ابوجہل کیا جانے کہ خالق السموات والارض کے لشکروں کی تعداد کیا ہے۔

۲۴؎ اس کا معنی کیا گیا ہے حقاً والقمر: یعنی ہاں ہاں قمر کی قسم! اس وقت کَلَّا پر وقف نہ ہوگا اور اگر کَلَّا کو ان کے زعم باطل کے رد کرنے کے لیے ذکر کیا گیا ہو تو پھر کَلَّا پر وقف کریں گے معنی ہوگا کہ جیسے تم گمان کیے بیٹھے ہو کہ قیامت نہیں آئے گی جیسا کہ تمہارا خیال ہے

وَالصُّبْحِ إِذَآ أَسْفَرَ ﴿٣٤﴾ إِنَّهَا لَإِحْدَى الْكُبَرِ ﴿٣٥﴾ نَذِيرًا لِّلْبَشَرِ ﴿٣٦﴾ لِمَنْ

اور صبح کی قسم جب روشن ہو جائے۔ یقیناً دوزخ بڑی آفتوں میں سے ایک آفت ہے ۲۵ ڈرانے والی ہے لوگوں کے لیے ۲۶ ان کے لیے

شَآءَ مِنْكُمْ أَنْ يَّتَقَدَّمَ أَوْ يَتَأَخَّرَ ﴿٣٧﴾ كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ﴿٣٨﴾

جو تم میں سے آگے بڑھنا چاہتے ہیں یا پیچھے رہنا چاہتے ہیں ۲۷ ہر نفس اپنے عملوں میں گروی ہے ۲۸

إِلَّآ أَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ﴿٣٩﴾ فِيْ جَنّٰتٍ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿٤٠﴾ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٤١﴾

سوائے اصحاب یمین کے ۲۹ جو جنتوں میں ہوں گے۔ اہل جنت پوچھیں گے مجرموں سے ۳۰

ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ چاند کی قسم! قیامت ضرور آئے گی۔

چاند کی قسم کے بعد رات کی قسم جب وہ پیٹھ پھیر رہی ہو۔ بعض اہل لغت نے دَبَرَ اور اَدْبَرَ کا ایک ہی معنی کیا ہے۔ لیکن بعض نے فرق کیا جب رات پیٹھ پھیر رہی ہو اس کو اَدْبَرَ کہتے ہیں اور جب رات پیٹھ پھیر چکے یعنی گزر جائے تو دَبَرَ کہتے ہیں۔

۲۵ الکبر، جمع ہے کُبْرٰی کی جو اَکْبَر کی تانیث ہے۔ اس کا مطلب ہے والکُبَرُ ھی العظائم من العقوبات، یعنی قیامت کا آنا بڑی آفتوں میں سے ایک بڑی آفت ہے۔

۲۶ یہاں صفت مشبہ نہیں تاکہ اس کا معنی ڈرانے والا ہو۔ بلکہ یہ مصدر ہے۔ قال الخلیل النذیر مصدر کالنکیر ولذالک یوصف به المونث۔ خلیل نے کہا ہے کہ یہ نکیر کے وزن پر مصدر ہے۔ اس کا معنی ڈراوا ہے۔ ایسی چیز جس سے ڈرایا جاتا ہے۔ وقال الحسن ما اَنذر الخلائق بشیئ ادھی منھا۔ حسن بصری فرماتے ہیں انسان کے لیے اس سے بڑا ڈراوا اور کوئی نہیں ہے جس سے اس کو خوفزدہ کیا جائے۔

۲۷ اب تمہاری مرضی کہ تم میں سے کون نیکیوں کی طرف سبقت کرتا ہے اور کون برائیوں میں پھنس کر پیچھے رہ جاتا ہے۔

۲۸ آیت میں رَهِيْنَةٌ، رَهِيْنٌ کی تانیث نہیں ہے کیونکہ نحو کا یہ قاعدہ ہے کہ جب فَعِيْل، مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مونث دونوں کے لیے رهين صفت آتی ہے۔ اگر یہ رَهِيْنٌ بمعنی مرهونٌ ہوتا تو یہاں اس کو مونث ذکر کرنے کی حاجت نہ ہوتی۔ بلکہ یہ شَتِيْمَة کی طرح مصدر ہے۔ اس کا معنی رہن، گروی۔ والمعنی کل نفس بما کسبت من السیئات بکفرھا محبوسة فی النار ابدا۔

۲۹ ان سے کون لوگ مراد ہیں اس بارے میں مختلف اقوال ہیں۔ مومنین کے چھوٹے بچے، وہ لوگ جن کو ان کا نامہ عمل دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور ایک پسندیدہ قول یہی ہے کہ وہ لوگ جو اپنے اعمال اور نیکیوں پر اعتماد نہیں کرتے بلکہ اپنے رب کے فضل و احسان پر چشم امید لگائے بیٹھے ہیں۔

۳۰ آیت میں یتساءلون کا معنی یسألون ہے، قرطبی۔ اہل جنت دوزخیوں سے پوچھیں گے تمہیں کس جرم کی پاداش میں جہنم کے دردناک عذاب میں مبتلا کیا گیا؟ وہ جواب دیں گے ہمارے وہ قصور تھے جن کی ہم یہ سزا بھگت رہے ہیں۔ (۱) اپنے رب کریم کو سجدہ نہیں کرتے

مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ ﴿٤٢﴾ قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ ﴿٤٣﴾ وَلَمْ نَكُ

کہ کس جرم نے تم کو دوزخ میں داخل کیا۔ وہ کہیں گے ہم نماز نہیں پڑھا کرتے تھے۔ اور مسکین کو

نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ ﴿٤٤﴾ وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ ﴿٤٥﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ

کھانا بھی نہیں کھلایا کرتے تھے اور ہم بیہودہ سرائی کرنے والوں کے ساتھ بیہودہ سرائی میں لگے رہتے۔ اور ہم جھٹلایا کرتے تھے

بِيَوْمِ الدِّينِ ﴿٤٦﴾ حَتَّىٰ أَتَانَا الْيَقِينُ ﴿٤٧﴾ فَمَا تَنفَعُهُمْ شَفَاعَةُ

روزِ جزا کو۔ یہاں تک کہ ہمیں موت نے آلیا۔ پس انہیں کوئی فائدہ نہ پہنچائے گی شفاعت کرنے

الشَّافِعِينَ ﴿٤٨﴾ فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِينَ ﴿٤٩﴾ كَأَنَّهُمْ

والوں کی شفاعت ۳۱؎ پس انہیں کیا ہو گیا ہے کہ وہ اس نصیحت سے روگرداں ہیں۔ گویا وہ

تھے۔ اکڑے اکڑے رہتے تھے۔ کبھی بھولے سے بھی یہ خیال نہیں آتا تھا کہ جس کریم کے کرم کے صدقے یہ زندگی عزت وآرام سے گزر رہی ہے اسے سجدہ بھی کرنا چاہیے اس کی عبادت بھی ضروری ہے اور دوسری غلطی ہم سے یہ ہوئی کہ خود تو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھایا کرتے لیکن غریبوں مسکینوں کی ضرورت کی طرف توجہ ہی نہ دیتے۔ وہ ہمارے پڑوس میں کئی کئی روز بھوکے بلکتے رہتے۔ ہم نے کبھی ان کی پروا تک نہ کی یہاں بھی آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ نماز جو تمام عبادتوں سے اعلیٰ وارفع ہے اس کا تارک اور فقراء ومساکین کی ضروریاتِ زندگی سے غفلت برتنے والا یکساں عذاب وسزا کے مستحق ہیں۔ اسلام انسان کی معاشی ضروریات کی بہم رسانی کا کتنا خیال رکھتا ہے۔

۳۱؎ جس کی موت کفر پر ہوئی ہو اس کی کوئی شفاعت نہ کر سکے گا۔ کسی کو اس کی شفاعت کی اجازت ہی نہ ہوگی۔ شفاعت تو مومن گنہگار کے لیے ہے۔ اس موضوع پر کافی لکھا جا چکا ہے۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں۔ وقد انعقد الاجماع علی جواز الشفاعۃ لکل مومن . . . . وانکر الشفاعۃ اھل الھواء من المعتزلۃ والخوارج وغیرھم قبحھم اللہ تعالیٰ. وقد تواترت فی ذالک الاحادیث تواتراً معنویاً. کہ امت کا اس پر اجماع ہے کہ ہر مومن کے لیے شفاعت جائز ہے۔ البتہ معتزلہ، خوارج اور ان کے علاوہ دیگر اہلِ ہوا نے شفاعت کا انکار کیا ہے خدا ان کو تباہ کرے۔ حالانکہ احادیثِ شفاعت اتنی کثرت سے ہیں کہ تواتر معنوی کو پہنچی ہوئی ہیں۔

اس کے بعد آپ نے متعدد احادیث ذکر کی ہیں۔ یہ حدیث زید بن ارقم اور تیرہ چودہ دیگر صحابہ سے مروی ہے۔ شفاعتی یوم القیامۃ حق فمن لم یومن بھا لم یکن من اھلھا۔ قیامت کے روز میری شفاعت حق ہے۔ جو شخص شفاعت پر اعتقاد نہیں رکھتا وہ شفاعت کا مستحق نہ ہوگا۔ (مظہری)

حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿۵۰﴾ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿۵۱﴾ بَلْ يُرِيدُ كُلُّ امْرِئٍ

بھڑکے ہوئے جنگلی گدھے ہیں جو بھاگے جا رہے ہیں شیر سے ۳۲ بلکہ ان میں سے ہر شخص چاہتا ہے

مِّنْهُمْ أَنْ يُؤْتَى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿۵۲﴾ كَلَّا ۖ بَلْ لَّا يَخَافُونَ الْآخِرَةَ ﴿۵۳﴾

کہ ان کو کھلے ہوئے صحیفے دیے جائیں ۳۳ ایسا ہرگز نہیں ہوگا، دراصل وہ آخرت سے ڈرتے ہی نہیں ۳۴

كَلَّا إِنَّهُ تَذْكِرَةٌ ﴿۵۴﴾ فَمَنْ شَاءَ ذَكَرَهُ ﴿۵۵﴾ وَمَا يَذْكُرُونَ إِلَّا أَنْ

ہاں ہاں یہ قرآن تو نصیحت ہے۔ پس جس کا جی چاہے نصیحت حاصل کرے اور وہ نصیحت قبول نہیں کریں گے بجز اس کے کہ

يَشَاءَ اللَّهُ ۚ هُوَ أَهْلُ التَّقْوَىٰ وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿۵۶﴾

اللہ تعالیٰ چاہے ۳۵ وہی اس قابل ہے کہ اس سے ڈرا جائے اور وہی بخشنے کے لائق ہے ۳۶

۳۲ ویسے تو ہر جانور کو قدرت نے ایسی حس دے رکھی ہے جو خطرے کو بھانپ لیتی ہے اور وہ حفاظتی تدبیر کر لیتا ہے لیکن ان تمام جانوروں میں گدھے کی شان نرالی ہے۔ جب یہ شیر کو دیکھ لیتا ہے یا اس کی بو سونگھ لیتا ہے تو بدحواس ہو جاتا ہے اور بدحواسی کی حالت میں بھاگ نکلتا ہے۔ قرآن کریم نے ان لوگوں کی مثال ایسے گدھے سے دی ہے جو شیر کی آہٹ پا کر دم دبا کر بھاگ نکلا ہو۔ حُمُر، حمار کی جمع ہے قال ابن عباس اراد الحمر الوحشية ، جنگلی گدھے۔ قَسْوَرَة شیر کو کہتے ہیں۔ ان تیراندازوں کو بھی قسورہ کہا جاتا ہے جو شکار کھیلنے کے لیے نکلے ہوں۔ القسورة : الرماة والصيادون - یہ جمع ہے۔ اس کا واحد قَسْوَر ہے۔

۳۳ کفار مکہ اپنے ایمان لانے کے لیے کئی کئی شرائط پیش کرتے تھے۔ کبھی کہتے ہمارے ان صحراؤں میں سرسبز کھیت اور شاداب باغات لہلہانے لگیں یہاں نہریں جاری ہو جائیں۔ کبھی کہتے آپ ہمارے سامنے آسمان پر چڑھیں اور ایک کتاب لے آئیں۔ بدنیت کے لیے بہانوں کی کمی نہیں ہوتی۔ ان کے احمقانہ مطالبات میں سے ایک مطالبہ یہاں ذکر کیا جا رہا ہے۔ وہ کہتے اس عمومی دعوت کو قبول کرنے کے لیے ہم تیار نہیں۔ اگر ہم سب رئیسوں اور سرداروں کے نام علیحدہ علیحدہ آسمان سے خط آ جائیں جن میں ہمیں مسلمان ہونے کی دعوت دی گئی ہو تب ہم ایمان لانے کے بارے میں غور کر سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو کیا پروا کہ کوئی ایمان لائے یا نہ لائے۔ لوگوں کو اسلام کی ضرورت ہے اسلام کے بغیر وہ گمراہی کی تاریکی سے نہیں نکل سکتے۔ اس شمع جمال پر پروانوں کی کوئی کمی نہیں۔

۳۴ ان کے ان نامعقول مطالبات کی وجہ بتائی جا رہی ہے۔ ان کی اصل بیماری یہ ہے کہ ان کا آخرت پر ایمان نہیں اس لیے یہ ایسی احمقانہ باتیں کر رہے ہیں۔ اگر انہیں یقین ہوتا کہ مرنے کے بعد انہیں پھر زندہ کیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ کے سامنے انہیں پیش کیا جائے گا اور ان سے ان کے عقائد و اعمال کے بارے میں باز پرس ہوگی تو وہ کبھی ایسی باتیں نہ کرتے۔

۳۵ قرآن کریم تو پند و نصیحت ہے۔ یہ غافلوں کو خبردار کرنے کے لیے نازل ہوا ہے۔ ڈنڈے کے زور سے کسی کو اسلام قبول کرنے پر مجبور کرنا اس کا مقصد نہیں۔ جس کا جی چاہے اس سے نصیحت قبول کرے اور اپنی ابدی سعادت کا اہتمام کرے۔ لیکن یہ سعادت اسی کو مل سکتی ہے جس کو اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے نوازنا چاہے۔ محض علم، فہم اور تجربہ کافی نہیں۔

۳۶ آخر میں بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی وہ ذات ہے جو اس بات کی مستحق ہے کہ بندہ اس سے ڈرتا رہے۔ خلوت ہو یا جلوت ایسے کاموں سے احتراز کرے جن سے اس نے منع فرمایا ہے اور اس کے احکامات کو بجا لانے میں کسی حالت میں بھی غفلت نہ کرے اور اس کے ساتھ ہی یہ بھی بتا دیا کہ یہی اسی کی شان ہے کہ جب کوئی بدکار اور روسیاہ اس کی بارگاہ میں معافی مانگنے کے لیے حاضر ہو تو اس کو معاف فرمائے۔ اس کی رحمت بے پایاں ہے۔ اس کی بخشش عام ہے۔ اس کی مغفرت کا دامن بڑا کشادہ ہے۔

○

اللهم انت اهل التقوى واهل المغفرة وانت اكرم المسئولين ان توفقني ان اكون من عبادك المتقين وارجوك ان تغفرلي ولوالدي وللمومنين والمومنات انك انت الغفور الرحيم۔
اللهم صل من صلوٰتك اجملها وسلم من تسليماتك اكملها ومن تحياتك احسنها على حبيبك ونبيك وصفيك سيد الورى سيدنا ومولانا محمد وعلى اٰله واصحابه ومن احبه واتبعه الى يوم الدين۔
فاطر السمٰوات والارض انت ولي في الدنيا والاٰخرة توفني مسلما والحقني بالصالحين۔

○

تعارف

سُورۃ القیامۃ

نام: اس سُورۃ کے دو نام مذکور ہیں. سورۂ "لَا اُقسِمُ" اور سُورۃ "القیامۃ" اس میں دو رکوع، چالیس آیتیں، ایک سو ننانوے کلمے اور چھ سو بانوے حروف ہیں۔

نزول: علماءِ کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ سورۃ مکۂ مکرمہ میں نازل ہُوئی۔ اس کی آیات میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا تعلق مکّی عہد کے ابتدائی دَور سے ہے۔

مضامین: قیامت کے بارے میں کفار و مشرکین جن شکوک و شبہات میں بُری طرح گرفتار تھے کئی قسمیں کھا کر ان کا ازالہ کیا جا رہا ہے۔ فرمایا کہ جس چیز کو تم محال سمجھ رہے ہو ہمارے لیے وہ بالکل آسان ہے۔ اس کے بعد قیامت کے ہولناک احوال کا ذکر کیا گیا اور غافل انسانوں کی بے بسی اور بے کسی کی تصویر کھینچ دی گئی۔

ابتداء میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نزولِ وحی کے وقت بڑی مشقت محسوس فرماتے۔ اس بات کا احساس بے چین رکھتا کہ کہیں کوئی لفظ بھول نہ جائے۔ اس لیے جب جبرائیل امین کلامِ الٰہی کی وحی کرتے تو حضور جلدی جلدی ساتھ ساتھ اس کو دہراتے جاتے۔ اللہ تعالیٰ نے اس خدشہ کو ہمیشہ کے لیے دُور کر دیا۔ فرمایا: اے حبیب! وحی کو آپ کے لوحِ قلب پر ثبت کر دینا بھی ہماری ذمّہ داری ہے۔ اس کے علاوہ اس کے معانی اور مطالب کا سمجھانا، اس کے اسرار و معارف پر آگاہی بخشنا بھی ہم نے اپنے ذمّہ کرم پر لیا ہوا ہے۔ آپ اس بارے میں ہرگز متفکر نہ ہُوا کریں۔

اس اطمینان دہی کے بعد یہ بتایا کہ قیامت کے روز اللہ کے نیک بندے جب حاضر ہوں گے تو اُن کے چہرے گلاب کے پھول کی طرح شگفتہ ہوں گے اُن کی مشتاق نگاہیں انوارِ الٰہی کے دیدار میں مستغرق ہوں گی، لیکن بدکار لوگ جب وہاں پکڑ کر لائے جائیں گے تو ان کے چہروں پر نحوست برس رہی ہوگی۔ خوف سے تھر تھر کانپ رہے ہوں گے۔ پھر ایسے لوگوں کی موت کا منظر پیش فرمایا۔ دُوسرے رکوع میں نام لیے بغیر مکہ کے ایک مغرور اور خود سر رئیس (غالباً وہ ابوجہل ہے۔) کے اطوار و احوال بیان فرمائے اور اُس کو اس کے قطعی انجام سے آگاہ کر دیا، تاکہ عبرت پکڑنے والے عبرت پکڑ سکیں۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۲۱ ۔ ۴ ۔ ۷۷

سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعُوْنَ اٰيَةً فِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ القیامہ مکی ہے اس میں چالیس آیات اور دو رکوع ہیں — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝١ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝٢ اَيَحْسَبُ

میں قسم کھاتا ہوں روزِ قیامت کی ؁ اور میں قسم کھاتا ہوں نفس لوامہ کی (کہ حشر ضرور ہوگا) ؁ کیا انسان یہ خیال

الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ۝٣ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ

کرتا ہے کہ ہم ہرگز جمع نہ کریں گے اس کی ہڈیوں کو ؁ کیوں نہیں ہم اس پر بھی قادر ہیں کہ ہم اس کی انگلیوں کی پور پور درست

؁ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ ابو اللیث سمرقندی کا قول ہے اجمع المفسرون ان معنی لَآ اُقْسِمُ اُقْسِمُ۔ سب مفسرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ لَآ اُقْسِمُ کا معنی ہے میں قسم کھاتا ہوں لیکن لَا کی تفسیر میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ لَا زائد ہے اور کلام کو مزین و آراستہ کرنے کے لیے لایا گیا ہے۔ اہل عرب کے ہاں یہ استعمال عام ہے۔ بعض نے کہا کہ لَا ان کے انکارِ قیامت کا رد ہے۔ عرب جب کہتے ہیں لَا واللّٰہ لا افعل فلا ردٌّ لکلام قد مضی وفائدتہا توکید القسم فی الرد۔ یعنی لَا سے پہلے کلام کا ابطال مقصود ہوتا ہے اور بعد میں قسم اٹھائی جاتی ہے اور اس کا فائدہ یہ ہے کہ قسم مؤکد ہو جائے۔

؁ دوسری قسم نفس لوامہ کی کھائی جا رہی ہے۔ حسن بصری کے نزدیک نفس لوامہ مومن کا نفس ہے جو ہر وقت اپنی کوتاہیوں اور غلطیوں پر اپنے آپ کو ملامت کرتا رہتا ہے۔ صوفیائے کرام کا ارشاد ہے کہ نفس سرکش کو نفس امارہ کہتے ہیں جو امر کا مبالغہ ہے کیونکہ وہ ہر وقت بُرے کاموں کا حکم کرتا رہتا ہے۔ لیکن جب اللہ تعالیٰ کی یاد میں کوشاں ہو جاتا ہے تو مولا کریم کی خصوصی توجہ اور جذب سے اس پر اس کے اپنے عیوب و نقائص منکشف ہو جاتے ہیں۔ اس پر وہ پشیمان ہوتا ہے اور اپنے آپ کو برا بھلا کہتا رہتا ہے۔ اس نفس کو نفس لوامہ کہتے ہیں اور جب وہ ہر ماسوا سے قطع تعلق کر لیتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اس کا دل مطمئن ہو جاتا ہے تو اس کو نفس مطمئنہ کہتے ہیں۔

یہاں دو قسمیں کھائی گئیں۔ لیکن مقسم بہ مقدر ہے۔ ای لَتُبْعَثُنَّ کہ تم ضرور دوبارہ زندہ کیے جاؤ گے۔

؁ ہر وہ انسان جو قیامت پر یقین نہیں رکھتا اسی قسم کے وسوسوں میں پھنسا رہتا ہے۔ وہ جب یہ سوچتا ہے کہ لوگوں کو مرے ہوئے سینکڑوں ہزاروں سال گزر چکے ہیں ان کی قبروں کے نشان تک ناپید ہیں۔ ان کی ہڈیاں گل کر مٹی میں مل گئیں اور اس مٹی کے ذروں کو ہوا کے جھونکے صدہا بار الٹ پلٹ کر چکے اور کہیں کا کہیں اڑا کر پھینک آئے۔ دشت و جبل کی پہنائیوں میں بکھرے ہوئے ان ذروں کا اکٹھا ہو جانا کیسے باور کر لیا جائے۔ پھر کئی انسان تو ایسے تھے جو سمندر میں غرق ہوئے اور مچھلیوں کا نوالہ بن گئے۔ کئی لاشوں کو گدھ اور دوسرے پرندے چٹ کر گئے۔ کئی کو آگ نے جلا کر راکھ کر دیا۔ ان سب کا جمع ہونا، پھر ان کا پہلی حالت میں لوٹ کر وہی انسان بن جانا قطعاً محال اور ناممکن ہے۔ وہ اپنے فکر کے گھوڑے دوڑاتے اور آخر اسی نتیجہ پر پہنچتے کہ قیامت کا برپا ہونا محض گپ ہے۔ اس کی کوئی حقیقت نہیں۔

بَنَانَهٗ ﴿٤﴾ بَلْ يُرِيدُ الْإِنسَانُ لِيَفْجُرَ أَمَامَهٗ ﴿٥﴾ يَسْـَٔلُ أَيَّانَ يَوْمُ

کردیں ۷ بلکہ انسان کی خواہش تو یہ ہے کہ آئندہ بھی بدکاریاں کرتا رہے ۸ وہ ازراہِ تمسخر پوچھتا ہے قیامت کب

ہوسکتا ہے الانسان سے مراد کوئی خاص انسان ہو جیسے روایات میں مذکور ہے کہ اس سے عدی بن ربیعہ مراد ہے۔ وہ ایک دن حضور کے پاس آیا اور قیامت کے بارے میں پوچھنے لگا۔ حضورؐ نے اس کو بتایا قیامت ضرور ہوگی۔ ہر انسان کو اس کی نیکیوں کی پوری جزا اس دنیا میں نہیں مل سکتی اور نہ اس کو اس کی بدکاریوں کی پوری سزا یہاں ملتی ہے۔ انسان کے باشعور اور بااختیار ہونے کا یہ تقاضا ہے کہ ایسا دن آئے جب عدل کا ترازو رکھا جائے۔ ہر شخص کو اس کے اعمال کی پوری پوری جزا اور سزا ملے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابن ربیعہ کو پوری کوشش سے سمجھایا۔ آخر وہ کہنے لگا لو عاینت ذالک الیوم لم اصدقک یا محمد ولم اؤمن بہ۔ اگر میں قیامت کو برپا ہوتے اپنی آنکھوں سے دیکھ بھی لوں تب بھی میں آپ کی تصدیق نہیں کروں گا اور نہ اس پر ایمان لاؤں گا۔ بعض نے کہا ہے الانسان سے مراد ابوجہل ہے۔ بہرحال عدی ہو یا ابوجہل، ان کے یہ مخصوص نظریات نہ تھے بلکہ ان تمام لوگوں کے خیالات ونظریات کے نمائندے تھے جو قیامت کے منکر ہیں۔ ان منکرین سے ایک سوال کیا جارہا ہے اور سوال ایسا ہے کہ اس کا جواب اسی میں مضمر ہے۔ یعنی اگر میرا یہ دعویٰ ہوتا کہ ان بوسیدہ ہڈیوں کو کوئی انسان جمع کرے گا تو تمہارا اعتراض بجا تھا۔ اگر میں یہ کہتا کہ منتشر ذرے خودبخود جمع ہوجائیں گے تب بھی تمہاری حیرت بجا تھی۔ میں نے تو یہ بات کہی ہی نہیں۔ میں نے تو تمہیں بار بار یہی بتایا ہے کہ اللہ جو خالق ارض وسما ہے، جس نے مٹی، پانی، ہوا کے اجزا کو ترتیب دیا اور تیرے جیسا پیکر ناز بنا پیدا کردیا کیا وہ بھی ان بکھرے ہوئے ذروں کو جمع کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ اس کا انکار تو وہ مشرک بھی نہیں کرسکتے جو اللہ تعالیٰ کو زمین وآسمان کا خالق مانتے ہیں۔

۷ تمہارے بڑے بڑے اعضاء اور ان میں جو ہڈیاں ہیں ان کو بنانا تو بجائے خود، وہ تو ایسا قادر مطلق ہے کہ تمہارے ہاتھ پھر ان ہاتھوں کی چھوٹی چھوٹی انگلیاں اور پھر ان کے چھوٹے چھوٹے پوروں کو بھی جوڑ کر درست کرکے انہیں پہلی حالت پر لاسکتا ہے۔ بڑی چیزوں کو اپنی اصلی حالت پر لے آنا اس کے لیے کیونکر مشکل ہوسکتا ہے۔

۸ ان کی طبیعتیں قیامت پر ایمان لانے کی طرف کیوں مائل نہیں ہوتیں۔ ان کے دل اس سراسر حق بات کو قبول کرنے سے کیوں انکار کرتے ہیں، اس کی وجہ اس آیت میں ذکر کردی کہ اصل بات یہ ہے کہ فسق وفجور، مے پرستی ورندی ان کے رگ وریشہ میں سرایت کرچکی ہے۔ اپنے سے کمزوروں پر ظلم وستم، لوٹ کھسوٹ کی انہیں ایسی لت پڑ چکی ہے کہ اب وہ اس سے باز آنے کے بارے میں سوچ ہی نہیں سکتے۔ اگر یہ قیامت کے دن پر ایمان لے آئیں اور ان کے دلوں میں یہ یقین پیدا ہوجائے کہ ان کے سارے اعمال پر ان کا محاسبہ ہوگا تو ساغر ومینا کی کھنک، ساقی وشاہد کی عشوہ طرازیاں ختم ہوکر رہ جائیں۔ ان کی اخلاق باختگی اور بے راہروی جس میں ان کی ساری لذتیں اور عزتیں مرکوز ہیں سب ختم ہوجائیں۔ ہر قدم اٹھانے سے پہلے انہیں یہ دیکھنا پڑے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایسا کرنے والے کا کیا حال ہے۔ یہ پابندیاں ان سے نہیں اٹھائی جاتیں، اس لیے وہ اس عقیدہ کے نزدیک بھی نہیں جاتے جو ان کی بزم نشاط کو الٹ کر رکھ دے جو ان کو کسی ضابطہ اخلاق کا پابند بنادے۔

الْقِيٰمَةِ ۝٦ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝٧ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝٨ وَجُمِعَ الشَّمْسُ

آئے گی ۵ پھر جب آنکھ خیرہ ہو جائے گی ۶ اور چاند بے نور ہو جائے گا ۷ اور (بے نوری میں) سورج اور

وَالْقَمَرُ ۝٩ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ۝١٠ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝١١

چاند یکساں ہو جائیں گے۔ (اس روز) انسان کہے گا کہ بھاگنے کی جگہ کہاں ہے ۸ ہرگز نہیں۔ وہاں کوئی پناہ گاہ نہیں۔

اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ۨالْمُسْتَقَرُّ ۝١٢ يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍۢ بِمَا قَدَّمَ

صرف آپ کے رب کے پاس ہی اس روز ٹھکانا ہوگا۔ آگاہ کر دیا جائے گا انسان کو اس روز جو عمل اس نے پہلے بھیجے اور جو

وَاَخَّرَ ۝١٣ بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۝١٤ وَّلَوْ اَلْقٰى

(اثرات) وہ پیچھے چھوڑ آیا ۹ بلکہ انسان خود بھی اپنے نفس کے احوال پر نظر رکھتا ہے۔ خواہ وہ (زبان سے ہزار) بہانے

۵ یہ سوال بھی محض مذاق اڑانے کے لیے ہے جو اُن کا معمول تھا۔

۶ قیامت کے ساتھ مذاق کرنے والوں کے سامنے قیامت کا ہولناک منظر پیش کیا جا رہا ہے۔ وہ معمولی دن نہیں ہوگا۔ اس کی ہولناکیوں کو دیکھ کر دہشت اور خوف کے مارے آنکھیں چندھیا جائیں گی۔ بَرَقَ بفتح العین ہو تو اس کا معنی لَمَعَ تلألأ، چمکنا اور بَرِقَ (بکسر العین) ہو تو اس کا معنی دَهِشَ وتَحَيَّرَ وَلَمْ يَطْرِفْ۔ دہشت اور حیرت کے مارے اسے کچھ نظر نہ آیا۔

۷ جب قیامت برپا ہوگی تو ابتدائی مرحلوں میں یہ سارا نظام کائنات درہم برہم ہو جائے گا۔ یہ درخشندہ و تابندہ مہر و ماہ بے نور ہو جائیں گے۔ جُمِعَ کا مطلب یا تو یہ ہے کہ دونوں بے نور ہونے میں یکساں ہو جائیں گے اور یا اس کا یہ مطلب ہے کہ کشش کا قانون جو اس عالم میں کارفرما ہے اور نظام شمسی کے ثوابت و سیارات اپنے اپنے مقام پر پختگی کے ساتھ موجود ہیں یہ ختم ہو جائے گا اور چاند سورج کے ساتھ جا ملے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۸ یہ انسان جو آج نخوت و غرور سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بات کو تسلیم نہیں کرتا جب قیامت برپا ہوگی تو اس وقت اس پر عیاں ہوگا کہ وہ آج تک راہ راست سے بھٹکا رہا ہے۔ وہ زور زور سے چلائے گا کہ کوئی پناہ کی جگہ ہو تو بتا دو۔ میں بھی جا کر پناہ لوں لیکن اس دن اسے کوئی پناہ نہیں ملے گی۔ الوزر فی اللغۃ ما یلجأ الیہ من حصن او جبل او غیرھما (قرطبی) وہ قلعہ، پہاڑ یا غار جہاں انسان جا کر پناہ گزیں ہو سکے اسے لغت میں وزر کہتے ہیں۔ الْمُسْتَقَرُّ: الْمُنْتَهٰى، آخر کار ٹھہرنے کی جگہ۔

۹ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ کی بہترین تفسیر وہ ہے جو ابن عباس اور ابن مسعود رضی اللہ عنہم سے منقول ہے۔ ای بما اسلف من عمل سیئ او صالح او اخر من سنۃ سیئۃ او صالحۃ یُعْمَلُ بہما بعدہ (قرطبی) یعنی جو برا یا نیک کام اس نے اپنے سے پہلے بھیجا ہے

مَعَاذِيْرَهٗ ۝١٥ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝١٦ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ

بنا ڈالے ۱۱ (اے حبیب!) آپ حرکت نہ دیں اپنی زبان کو اس کے ساتھ تاکہ آپ جلدی یاد کرلیں اس کو ۱۲ بلاشبہ ہمارے ذمہ ہے اس کو (سینہ مبارک میں) جمع کرنا

اور اَخَّرَ سے مراد وہ بُرا یا اچھا طریقہ ہے جو وہ اپنے پیچھے چھوڑ آیا اور جس پر لوگ عمل کرتے رہے۔ اَخَّرَ سے مراد بعض نے یہ لیا ہے کہ ایسے کام جن کا فیض جاری رہے۔ اس کے مرنے کے بعد بھی ان کاموں کا اجر اسے ملتا رہے گا۔ عن انس بن مالک قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیہ وسلم سبع یجری اجرھن للعبد بعد موتہ وھو فی قبرہ من علم علما او اجری نھرا او حفر بئرا او غرس نخلا او بنی مسجدا او ورث مصحفا او ترک ولدا یستغفر لہ بعد موتہ۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا سات کام ایسے ہیں جن کا اجر بندے کو اس کے مرنے کے بعد بھی ملتا رہے گا درآں حالیکہ وہ اپنی قبر میں ہوگا: (۱) جس نے علم پڑھایا (۲) جس نے کوئی نہر جاری کی (۳) جس نے کنواں کھودا (۴) جس نے درخت لگایا (۵) جس نے مسجد بنوائی (۶) یا قرآن مجید پیچھے چھوڑا (۷) یا ایسی اولاد چھوڑی جو اس کے مرنے کے بعد اس کے لیے مغفرت طلب کرتی رہی۔

۱۱ بصیرۃ: کا معنی ہے شاہد، گواہ۔ معاذیر: اگر معذار کی جمع ہو تو اس کا معنی ہوگا پردے اور اگر یہ عذر سے ماخوذ ہو تو پھر اس کا معنی ہوگا حیلہ بہانہ۔ ان دو آیتوں میں ایک راز سے پردہ اٹھایا جارہا ہے کہ انسان جو برائیاں کرتا ہے ان کا اسے بخوبی علم ہوتا ہے۔ دنیا کے سامنے اپنی راست گفتاری، راست روی، خلوص اور دیانت داری کو ثابت کرنے کے لیے وہ لاکھ پاپڑ بیلے، ہزاروں جتن کرے۔ ممکن ہے لوگ اس کی بات کو سچا مان بھی لیں، ممکن ہے عدالت بھی اس کی حیلہ سازیوں کے باعث اسے بری قرار دے، لیکن کیا وہ اپنے ضمیر کے سامنے بھی اپنے آپ کو بے گناہ اور معصوم ثابت کرسکتا ہے۔ اس کا شعور تو اس وقت بھی اسے لعن طعن کر رہا ہوتا ہے جب وہ اپنے جھوٹے تقدس کا بھرم رکھنے کے لیے جھوٹ کے پل باندھ رہا ہوتا ہے۔ اصل بات تو یہ ہے کہ اس کا ضمیر مطمئن ہو کہ اس نے کوئی جرم نہیں کیا، اس کا دامن کسی آلودگی سے میلا نہیں۔ اگر یوسف صدیق علیہ السلام کی طرح تیرا دامن پاک ہے تو پھر سارا مصر یک زبان ہو کر تجھ پر الزام لگاتا ہے تیری نیند میں خلل نہ ہوگا تیرے دل کی دنیا میں اطمینان کا نور برس رہا ہوگا۔ لیکن اگر ساری دنیا تجھے پاکباز کہتی ہو اور تیرا دل تجھے خائن گردانتا ہو پھر تجھے سکون اور اطمینان نصیب نہیں ہوسکتا۔ یہاں قیامت کا ذکر ہو رہا ہے کہ اس روز انسان کو اس کے اعمال نیک و بد سے پوری طرح آگاہ کر دیا جائے گا۔ تاکہ عدل و انصاف کے ظاہری ضابطے بھی پورے ہو جائیں ورنہ ہر انسان پر اس کے اعمال آشکارا ہیں۔ لوگوں کو دھوکا دینے کے لیے ہزار حیلے بہانے تراشا کرے اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔

۱۲ نبوت کی نازک اور گراں ذمہ داریوں کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو از حد احساس تھا۔ جب وحی نازل ہوتی تو حضور پوری طرح متوجہ ہوتے اور جبرئیل امین جونہی اللہ تعالیٰ کے کلام کی قرأت شروع کرتے حضور بھی اسے جلدی جلدی سے تلاوت کرتے، مبادا کوئی لفظ رہ جائے۔ بیک وقت تین کام۔ سراپا توجہ بن کر سننا، پھر اسی وقت اس کی تلاوت کرنا اور اس کے مفہوم کو سمجھنا بڑا دقت طلب اور تکلیف دہ کام تھا۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے محبوب کی یہ تکلیف گوارا نہ ہوئی۔ اس زحمت سے بچانے کے لیے یہ آیات نازل فرمائیں۔

اس سیاق و سباق میں یہ آیات شاید کسی کو بے ربط معلوم ہوں، لیکن حقیقت یہ نہیں۔ یہی وہ مقام ہے جہاں انہیں ہونا چاہیے۔ حضور

اعضا اس میں پیدا ہوئے ان میں جو جو نزاکتیں ملحوظ رکھی گئیں پھر انسان کو کامل الاعضاء بنا کر اس تاریک کوٹھڑی سے نکالا اور اس رزم گاہ حیات میں کھڑا کر دیا۔ پھر کسی میں باپ بننے کی اور کسی میں ماں بننے کی صلاحیتیں رکھ دیں۔ وہ قوتیں جو قدرت کے غیر مرئی ہاتھوں نے اس بچے میں ودیعت کی تھیں وہ اس دنیا میں آکر پروان چڑھنے لگیں اور انسان اپنی پیہم کوششوں کے باعث آج چاند کی سطح پر اپنی فتمندی کے پرچم گاڑ رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ جس کی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کا شاہکار خود حضرت انسان ہے' کیا اتنی قدرت والا خدا اس بات پر قدرت نہیں رکھتا کہ مُردوں کو از سرِ نو زندہ کر دے۔

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ بَلٰى

اے اللہ! تو ہر نقص اور کمزوری سے پاک ہے۔ تو مُردوں کو دوبارہ زندہ کرنے کی پوری قدرت رکھتا ہے۔

الٰہی! ہمارے مُردہ دلوں کو بھی زندہ فرما دے۔ الٰہی! ہمارے سینوں میں اپنے ذکر کی شمع روشن کر دے۔ اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى شَمْسِ الضُّحٰى بَدْرِ الدُّجٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِ الْمُصْطَفٰى وَآلِهِ الْكُرَمَاءِ وَاَصْحَابِهِ الْاَتْقِيَاءِ وَمَنْ اَحَبَّهٗ وَاتَّبَعَهٗ اِلٰى يَوْمِ اللِّقَاءِ۔

○

تعارف

سُورۃ الدَّھر

نام : اس کو سورۃ الدہر اور سورۃ الانسان کے ناموں سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اس کے اور نام بھی ہیں لیکن وہ زیادہ مشہور نہیں۔ یہ دو رکوعوں ۳۱ اکتیس آیتوں، دو صد چالیس کلموں اور ایک ہزار چوّن حروف پر مشتمل ہے۔

نزول : اس کے متعلق علماء میں شدید اختلاف ہے۔ 'بحر المحیط' میں ہے کہ یہ جمہور کے نزدیک مکۂ مکرمہ میں نازل ہوئی، مجاہد اور قتادہ کہتے ہیں کہ یہ مدنی ہے۔ حضرت حسن بصری، عکرمہ اور کلبی کی رائے ہے کہ یہ سورت مدنی ہے سوائے آیت ۲۴ کے کہ وہ مکی ہے۔ (روح المعانی)

مضامین : انسان جو آج اپنے بازو کی قوت، سازوسامان اور مال و دولت پر نازاں ہے اور اپنے خالق کو بھول بیٹھا ہے اُسے بتایا جا رہا ہے کہ تو ہمیشہ سے ایسا نہ تھا بلکہ تجھے نیست سے ہست کیا گیا ہے اور تمہیں بخشش و گوش کی جو قوتیں عطا کی گئی ہیں ان کا مقصد تمہاری آزمائش ہے کہ کیا تم اللہ کے شکرگزار بندے بننا چاہتے ہو یا کفرانِ نعمت کر کے نافرمانوں کے گروہ میں شامل ہونا چاہتے ہو۔ پھر ان انعامات کا ذکر فرمایا جو شکرگزار بندوں پر کیے جائیں گے۔

وہ دَور خود بینی اور خود غرضی کا دَور تھا۔ دُوسروں کی خستہ حالی کو دیکھ کر رحمت و شفقت کے بجائے نفرت و حقارت کے جذبات اُمڈا کرتے تھے۔ ایسے زمانے میں اُن لوگوں کی توصیف فرمائی جا رہی ہے جو مسکینوں، یتیموں اور اسیروں کو محض اللہ کی رضا کے لیے کھانا کھلایا کرتے تھے۔ پھر اُن نوازشات کا ذکر فرمایا جن سے ایسے لوگوں کو نوازا جائے گا۔ آخری رکوع میں پھر اپنے محبوب کو بتا دیا کہ یہ کتاب مقدس ہم نے آپ پر نازل فرمائی ہے۔ اس کی تبلیغ میں جو تکلیف آئے اس پہ صبر کیجیے اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول رہیے تاکہ رُوحانی قوتیں نشوونما پائیں اور حوصلے بلند رہیں۔

اس کے بعد دُنیا پرستوں کے حالات بیان کیے اور اُن کی کوتاہ نظری پر انہیں تنبیہ کی کہ وہ فانی زندگی کی لذتوں میں مگن رہے اور آخرت کی ابدی راحتوں کو اُنہوں نے پسِ پُشت ڈال دیا ہے۔ آخر میں بتایا کہ یہ کتاب پند و موعظت ہے اب جس کی مرضی ہے وہ اس کی نصیحتوں پر عمل کرے۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۲۱-۴-۷۷

سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اِحْدٰى بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ الدہر مکی ہے اس میں — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اکتیس آیات اور دو رکوع ہیں

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ①

بے شک گزرا ہے انسان پر زمانہ میں ایک ایسا وقت جبکہ یہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا [1]

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا

بلاشبہ ہم ہی نے انسان کو پیدا فرمایا ایک مخلوط نطفہ سے [2] تاکہ ہم اس کو آزمائیں [3] پس (اس غرض سے) ہم نے بنا دیا

[1] یہاں ھَلْ استفہام کے لیے نہیں بلکہ بمعنی قَدْ ہے۔ یعنی ضرور انسان پر ایک ایسا وقت گزرا ہے جبکہ یہ قابل ذکر چیز نہ تھا۔

حِین: الزمان المطلق۔ مطلق زمانہ طویل ہو یا مختصر۔ الدھر: فی الاصل اسم لمدۃ العالم من مبدأ وجودہ الی انقضاءہ۔ وجود عالم کی ابتداء سے لے کر انتہا تک کے عرصہ کو دھر کہتے ہیں۔ (لسان العرب)

ان الفاظ کا مفہوم سمجھ لینے کے بعد اب آیت کا معنی سمجھیے۔ ارشاد ہے کہ دنیا کی لمبی عمر میں ایک وقت ہر شخص پر ایسا گزرا ہے جبکہ وہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا۔ پیدا ہونے سے پہلے تو ویسے ہی معدوم تھا۔ اس کے ذکر کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ جب رحم مادر میں اس نے قرار پکڑا تب بھی کسی کو کیا خبر تھی کہ اس صدف میں کس نوعیت، کس آب و تاب اور کس قدر و قیمت کا موتی پرورش پا رہا ہے اور جب وہ پیدا ہوا تو کمزور سا بچہ۔ نہ چل سکے نہ بول سکے۔ بہر حال ہر شخص پر کوئی نہ کوئی ایسا دور گزر چکا ہے جبکہ یہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا۔ آج اگر وہ شہریار و تاجدار بن گیا ہے، آج اگر وہ لشکر جرار کا سپہ سالار ہے، آج اگر دولت و ثروت کے انبار اس کے قدموں میں لگے ہیں تو اس کو مغرور ہو کر اپنے پروردگار کو فراموش نہیں کر دینا چاہیے بلکہ ہر لحظہ اپنی اصلیت پر نگاہ رکھنی چاہیے۔

[2] اب اس کی پیدائش کی حقیقت بیان کی جا رہی ہے۔ آیت میں غور کرنے سے پہلے دو لفظوں کی تشریح سمجھ لیں۔ نُطْفَة: الماء القلیل یبقی فی الدلو۔ وقیل ھی الماء الصافی۔ (لسان العرب) وہ پانی کے چند قطرے جو ڈول میں رہ جاتے ہیں۔ صاف ستھرے بہتے پانی کو بھی نطفہ کہتے ہیں۔ مرد کے مادہ منویہ پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اور یہاں یہی معنی مراد ہے۔ اَمْشَاج: یہ جمع ہے۔ اس کا واحد مَشِیْج ہے جیسے یتیم کی جمع ایتام۔ ابن سیدہ کہتے ہیں کہ مرد و عورت کے پانی کے خلط ملط ہونے کو مشیج کہتے ہیں لیکن صحیح یہ ہے کہ مرد کا پانی جو عورت کے پانی کے ساتھ مل جاتا ہے اسے مشیج کہا جاتا ہے۔ ابن سکیت کہتے ہیں الامشاج: الاخلاط یرید اختلاط النطفۃ لانھا ممتزجۃ من انواع ولذلک یولد الانسان ذا طبائع مختلفۃ۔ (لسان العرب) امشاج ان عناصر کو کہتے ہیں جن سے نطفہ کا قوام تیار ہوتا ہے کیونکہ یہ مختلف انواع سے مرتب ہوتا ہے۔ عناصر کے اسی تنوع کے باعث انسان کی طبائع میں اختلاف اور صلاحیتوں میں تفاوت ہوتا ہے۔

"نطفہ واحد ہے۔ اس کی صفت بھی واحد ہی آنی چاہیے تھی۔ اس کے بارے میں کہا گیا ہے کہ امشاج جمع نہیں واحد ہے اور جو اسے

بَصِيرًا ﴿۲﴾ إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا ﴿۳﴾ إِنَّا أَعْتَدْنَا

بے اس کو سننے والا دیکھنے والا ۴ ہم نے اسے دکھایا ہے (اپنا) راستہ ۵ اب چاہے شکر گزار بنے چاہے احسان فراموش ۶ بے شک ہم نے بالکل

لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَا وَأَغْلَالًا وَسَعِيرًا ﴿۴﴾ إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ مِن

تیار کر رکھی ہیں کفار کے لیے زنجیریں، طوق اور بھڑکتی آگ ۷ بے شک نیک لوگ پئیں گے (شراب کے) ایسے

كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُورًا ﴿۵﴾ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللَّهِ يُفَجِّرُونَهَا

جام جن میں آبِ کافور کی آمیزش ہوگی ۸ (کافور) ایک چشمہ ہے جس سے اللہ کے (وہ) خاص بندے پئیں گے اور جہاں چاہیں گے

مشیج کو جمع کہتے ہیں جیسے اوپر ذکر ہو چکا ہے، وہ اس کا یہ جواب دیتے ہیں کہ لفظ اگرچہ واحد ہے لیکن یہ متعدد عناصر سے مرکب ہے اس لیے اس کے اجزا کا اعتبار کرتے ہوئے صفت جمع ذکر کر دی گئی۔

۳ فرمایا جا رہا ہے کہ ہم نے انسان کو گوناگوں خوبیوں اور قوتوں سے آراستہ کر کے اس لیے پیدا کیا ہے کہ ہم اسے آزمائیں کہ آیا وہ ہمیں پہچانتا ہے یا نہیں، ہمیں پہچان کر ہماری نعمتوں کا شکر ادا کرتا ہے یا نہیں۔ ای نختبرہ۔ (قرطبی) مبتلیہ کا دوسرا مفہوم یہ بتایا گیا ہے کہ ہم اسے اوامر و نواہی کا مکلف کر سکیں۔ عقل، ارادہ اور اختیار کی جو قوتیں اسے دی گئی ہیں ان کا مقصد یہ ہے کہ وہ احکام شرعی کا بوجھ اٹھا سکے۔

۴ اسی لیے ہم نے اسے سننے اور فہم کی قوتیں بخشی ہیں۔ سمیعا، صرف سننے والا نہیں بلکہ دعوت حق کو سننے والا۔ بصیرا، صرف دیکھنے والا نہیں بلکہ نور حق کو دیکھنے والا۔ ہم نے اپنے فضل و کرم سے اس کو یہ صلاحیتیں عطا فرمائی ہیں۔ اب اس کی مرضی کہ وہ ان سے کام لیتا ہے یا انہیں بیکار چھوڑے رہتا ہے۔

۵ ہم نے اپنے انبیاء کے ذریعے اپنی کتابوں کے ذریعے اسے بتا دیا کہ یہ سیدھی راہ ہے اور یہ ٹیڑھی راہ ہے، یہ ہدایت ہے یہ گمراہی ہے۔

۶ ہم نے اسے ہر قسم کی صلاحیتیں بھی بخشیں، پیغمبروں کے ذریعے حق و باطل کی پہچان کرا دی، اس کے بعد ارادہ اور عمل کی آزادی بھی عطا فرمائی تاکہ ہم دیکھیں کہ یہ کیسا بندہ ثابت ہوتا ہے۔ شکر کرنے والا، ہمیں یاد کرنے والا، ہمارے احکام کی تعمیل کرنے والا یا احسانات و انعامات پر ناشکری کرنے والا، بتوں اور پتھروں کو ہمارا شریک بنانے والا، نفس امارہ کے ہاتھوں اپنی باگ ڈور دے کر فسق و فجور کے گرداب میں غلطاں و پیچاں رہنے والا۔

۷ اگر اس نے دوسری روش اختیار کی اور کفر و انکار کا علمبردار بنا رہا تو وہ آج ہی کان کھول کر سن لے اس کے لیے وہ آتشیں زنجیریں ہیں جن میں اس کو جکڑا جائے گا، وہ آتشیں طوق جو اس کے گلے میں ڈالے جائیں گے اور وہ بھڑکتی ہوئی آگ جس میں اسے جھونک دیا جائے گا، ہر چیز بالکل تیار ہے۔ جب یہ صاحب وہاں پہنچیں گے تو انہیں ایک لمحہ بھی انتظار نہ کرنا پڑے گا۔ دوزخ کے داروغے فوراً طوق و سلاسل لے کر حاضر ہو جائیں گے۔

۸ ابرار کے ساتھ جو ذرہ نوازی کا برتاؤ کیا جائے گا اس کا ذکر ہو رہا ہے۔ چند الفاظ کی تشریح پہلے سن لیں۔ الابرار: جمع ہے اس کا واحد بَرّ ہے جو بِرّ سے ماخوذ ہے۔ بِرّ نیکی کرنے اور صدقہ و احسان کو کہتے ہیں۔ بعض نے ابرار کا واحد بارّ بتایا ہے لیکن بارّ کی جمع

تَفۡجِيۡرًا ۝ يُوۡفُوۡنَ بِالنَّذۡرِ وَيَخَافُوۡنَ يَوۡمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسۡتَطِيۡرًا ۝

لے بہا کر لے جائیں گے ۹ جو پوری کرتے ہیں اپنی منتیں ۱۰ اور ڈرتے ہیں اس دن سے جس کا شر ہر سو پھیلا ہوگا ۱۱

تبتل ہوتی ہے۔ برّ اس کو کہتے ہیں جو اپنی زندگی اپنے رب کی فرمانبرداری میں گزار دے۔ ھو من امتثل امر اللہ۔ یعنی مومن صادق۔ کاس: اس پیالے کو کہتے ہیں جس میں شراب بھری ہو۔ لا تسمی الکاس کاسا الا وفیھا الشراب۔ (صحاح)

مزاج: ملاوٹ، آمیزش۔ کافور: اس کا مطلب یہ نہیں کہ اس میں کافور ملا ہوگا بلکہ خود تصریح فرما دی کہ کافور جنت کے ایک چشمہ کا نام ہے۔ اس کی وجہ تسمیہ یہ ہو سکتی ہے کہ کافور کی طرح اس چشمہ کے پانی کی رنگت سفید براق ہوگی۔ اس کی تاثیر ٹھنڈی ہوگی اور اس سے کافور کی مہک آرہی ہوگی۔

آیت کا مطلب یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کے نیک بندے جنت میں تشریف فرما ہوں گے تو انہیں شراب طہور کے جام بھر بھر کر پلائے جائیں گے اور اس میں جو پانی ملایا جائے گا وہ اس چشمہ کا ہوگا جس کی رنگت، خوشبو اور خنکی کافور کی مانند ہوگی۔

۹ ایسا نہیں ہوگا کہ اہل جنت کو جب پانی کی ضرورت ہو تو اپنے بالا خانوں سے نیچے اتریں۔ انہیں مشکیزوں یا گھڑوں میں بھر کر لانے کی زحمت ہو بلکہ جدھر وہ اشارہ کریں گے اس چشمہ کا پانی اس طرف بہتا چلا جائے گا۔ بلندی و پستی یا کوئی گڑھا اور وادی اس پانی کے رواں ہونے میں رکاوٹ نہیں بنے گی۔

۱۰ ابرار کو جن اعمال حسنہ اور اخلاق حمیدہ کے باعث ان نوازشات سے مالا مال کیا جا رہا ہے اب تفصیل سے ان کا بیان ہو رہا ہے۔ فرمایا ایک تو ان کا یہ معمول تھا کہ جو نذر مانتے تھے اس کو پورا کیا کرتے تھے۔ النذر کی تشریح کرتے ہوئے علمائے کرام لکھتے ہیں۔ النذر ھو ایجاب المکلف علی نفسہ من الطاعات مالم یوجبہ لم یلزمہ۔ یعنی کسی مکلف (عاقل بالغ مومن) کا اپنے اوپر کسی ایسی نیکی اور عبادت کو واجب کر لینا کہ اگر وہ خود اسے اپنے اوپر لازم نہ کرے تو یہ اس پر لازم نہ ہو۔ اس کی تفصیل بحث کا یہ مقام نہیں۔ اس کے لیے کتب فقہ کی طرف رجوع فرمائیں۔ قتادہ نے النذر کا ایک اور مفہوم بھی بیان کیا ہے۔ فرماتے ہیں۔ بما فرض اللہ علیہم من الصلٰوۃ والزکاۃ والصوم والحج والعمرۃ وغیرھا من الواجبات۔ یعنی نماز، زکوٰۃ، روزہ، حج، عمرہ اور ان کے علاوہ دیگر واجبات کو وہ پابندی سے ادا کرتے ہیں۔ خلاصہ یہ ہوا کہ جو عبادتیں اللہ تعالیٰ نے ان پر فرض کی ہیں، ان کی ادائیگی میں بھی سستی نہیں کرتے اور جن نیکیوں اور طاعتوں کو خود اپنے اوپر لازم کر لیا ہے ان کو بھی پابندی سے بجا لاتے ہیں۔

۱۱ ان کی دوسری خوبی یہ ہے کہ ہر وقت قیامت سے خائف رہتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ یہ دن ضرور آئے گا۔ اس کی سنگینیاں اور ہولناکیاں چار سو پھیل جائیں گی۔ دور دور تک کہیں گوشۂ عافیت نظر نہیں آئے گا۔

مُستطیرا: فاشیا وھو فی اللغۃ ممتدا۔ (قرطبی)

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا ﴿٨﴾ إِنَّمَا

اور جو کھانا کھلاتے ہیں ۱۲ اللہ کی محبت میں ۱۳ مسکین، یتیم اور قیدی کو (اور کہتے ہیں) ہم

۱۲ ان کی تیسری خوبی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کے باعث اس کی حاجت مند مخلوق کی ضرورتوں کو اپنی ضرورتوں پر فوقیت دیتے ہیں۔ حاجت مندوں کی فہرست اگرچہ طویل ہے۔ ان میں سے تین اہم اقسام کا ذکر کر دیا۔ اگر کوئی بھوکا، کوئی یتیم یا کوئی قیدی ان کے دروازہ پر آکر دستک دے تو وہ اسے دھتکارتے نہیں بلکہ اس کو کھانا کھلا کر رخصت کرتے ہیں۔

مکہ کے مادہ پرستانہ ماحول میں اس قسم کے فقرا پر جو گزرتی ہوگی وہ کسی سے مخفی نہیں۔ غریبوں اور مسکینوں سے ان کی نفرت اظہر من الشمس تھی۔ حضور کے پاس اگر غریب لوگ بیٹھے ہوئے ہوتے تو مشرکین اس محفل میں بیٹھنا اپنے لیے باعث ہتک سمجھتے۔ جو لوگ اس قسم کے غربا و فقرا پر احسان کیا کرتے اللہ تعالیٰ ان کی عزت افزائی کر رہے ہیں تاکہ دوسرے لوگوں کے دلوں میں بھی ان کے نقش قدم پر چلنے کا شوق پیدا ہو تاکہ اسلامی معاشرہ میں کوئی مسکین کوئی یتیم اور کوئی اسیر ایسا نہ ہو جو رات کو بھوکا سوئے۔

بعض مفسرین نے ایک واقعہ کو ان آیات کی شان نزول بتایا ہے جس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

ایک دفعہ حضرات حسنین کریمین بیمار ہو گئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور دیگر صحابہ عیادت کے لیے گئے۔ کسی نے یہ تجویز پیش کی اے علی! آپ نذر کیوں نہیں مانتے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے ان بچوں کو صحت دی تو آپ نذر کو پورا کریں گے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ نے تین روزے رکھنے کی منت مانی۔ اسی طرح حضرت سیدۃ النساءؓ اور آپ کی کنیز فضہ نے بھی تین تین روزے رکھنے کی نذر مانی۔ اللہ تعالیٰ نے حضرات حسنین کو شفا بخشی۔ اب نذر کے ایفا کا وقت آ گیا۔ کاشانہ حیدری میں روزہ کے افطار کے لیے بھی کوئی چیز نہ تھی۔ چنانچہ آپ شمعون یہودی کے پاس تشریف لے گئے اور تین صاع جو بطور قرض یا بعوض اجرت لے آئے۔ صبح کو سب نے روزہ رکھا۔ حضرت سیدہ نے ایک صاع جو پیسے اور اس کی پانچ روٹیاں پکائیں۔ شام کی نماز کے بعد حضرت علی واپس تشریف لائے تو سب اہل خانہ کھانا تناول کرنے کے لیے بیٹھے۔ اچانک کسی نے دروازے پر دستک دی اور کہا: میں مسکین ہوں بھوکا ہوں۔ آپ نے سب روٹیاں اٹھا کر اسے دے دیں اور خود سادہ پانی پی کر سو گئے۔ دوسرے روز افطار کے بعد کھانا کھانے بیٹھے تو دروازے پر پھر دستک ہوئی۔ آواز آئی یتیم ہوں بھوکا ہوں۔ پھر پانچوں روٹیاں اٹھا کر اسے دے دی گئیں۔ تیسرے روز پھر روزہ رکھا گیا۔ جب کھانا کھانے بیٹھے تو ایک سائل نے آواز دی اسیر ہوں بھوکا ہوں۔ چنانچہ سارا کھانا اس کو دے دیا گیا۔ تین دن اور تین رات کے مسلسل فاقے سے بچوں کی کمزوری کی یہ حالت ہو گئی کہ چوزوں کی طرح کانپ رہے تھے۔ حضرت علی مرتضیٰؓ انہیں لے کر بارگاہ رسالت پناہ میں حاضر ہوئے۔ حضور سب کو لے کر حضرت سیدہؓ کے گھر تشریف لائے۔ دیکھا کہ فرط نقاہت سے حضرت سیدہ بھی ایک کونہ میں سمٹی پڑی ہیں۔ حضور سخت پریشان ہوئے۔ اس وقت جبریل سورۃ الدہر کی یہ آیات لے کر نازل ہوئے۔

لیکن اہل تحقیق نے اس روایت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ روایت اور درایت دونوں اعتبار سے یہ درست نہیں۔ علامہ قرطبی نے بڑی تفصیل سے اس پر جرح و تنقید کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر ایک فقیر آیا تھا تو اسے ایک روٹی دے دی جاتی اور باقی چار روٹیاں پانچوں حضرات کھا لیتے۔ اسی طرح دوسرے دن، تیسرے دن، ایک سائل کو پانچوں روٹیاں دے دینے میں کوئی معقولیت نظر نہیں

نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ۞ اِنَّا نَخَافُ

تمہیں کھلاتے ہیں اللہ کی رضا کے لیے نہ ہم تم سے کسی اجر کے خواہاں ہیں اور نہ شکریہ کے۔ ہم ڈرتے ہیں

مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۞ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

اپنے رب سے اس دن کے لیے جو بڑا ترش رو اور سخت ہے سکا پس بچائے گا انہیں اللہ تعالیٰ اس دن کے شر سے

آتی۔ نیز معصوم بچے ویسے ہی مکلف نہیں اور جبکہ ابھی ابھی وہ بیماری سے شفایاب ہوئے ہیں ان کو لگاتار تین دن تک روزہ رکھنے کی اجازت دینا شرعًا جائز نہیں۔ حضرت سیدنا علیؓ اس کو کیسے روا رکھ سکتے تھے۔ تیسرا یہ کہ اسلام نے جنگی قیدیوں کی خاطر تواضع کا حکم دیا ہے۔ ان کے کھانے اور پینے اور آرام کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے۔ عہد جاہلیت کے قیدیوں کی طرح انہیں بھیک مانگ کر پیٹ بھرنے کی اجازت نہیں دی جاتی تھی۔ اس لیے قرطبی لکھتے ہیں فھذا حدیث مزوق مزیف۔ یہ حدیث من گھڑت اور ضعیف ہے۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں۔ قال الحکیم الترمذی ھذا حدیث مفصل لایروج الا علی احمق وجاھل۔ واوردہ ابن الجوزی فی الموضوعات۔ حکیم ترمذی کا قول ہے کہ اس حدیث کو صرف احمق اور جاہل آدمی ہی قبول کر سکتا ہے۔ ابن جوزی نے اسے موضوع احادیث میں شمار کیا ہے اور کہا ہے کہ اس کے موضوع ہونے میں کوئی شک نہیں۔

سچی بات تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے اہل بیت کو جن کمالات، خصائل حمیدہ، اعمال رشیدہ سے مشرف فرمایا ہے، پھر انہیں جن مراتب عالیہ اور مقامات رفیعہ پر سرفراز کیا ہے انہیں اس قسم کی خلاف عقل روایات کے سہارے کی کوئی ضرورت نہیں۔

ان آیات کے اولین مصداق خاندان نبوت کے یہی حضرات ہیں۔ جن لوگوں نے ان نفوس قدسیہ کی سیرت طیبہ کا مطالعہ کیا ہے ان پر مخفی نہیں کہ خاندان نبوت نے ساری زندگی اپنی ضروریات پر دوسروں کی ضرورتوں کو فوقیت دی۔ خود تکلیف برداشت کی لیکن دوسروں کو خوش و خرم رکھا۔ اگر یہ واقعہ نہ بھی ہو تب بھی ان آیات کے اولین مصداق یہی حضرات ہیں۔

سکا حُبِّہٖ کی ضمیر کے مرجع کے بارے میں دو قول ہیں۔ (۱) اس کا مرجع طعام ہے یعنی انہیں خود کھانے کی ضرورت ہوتی ہے اس کے باوجود وہ اپنے آپ کو نظر انداز کر کے دوسروں کی بھوک کا ازالہ کرتے ہیں۔ (۲) دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا مرجع اللہ تعالیٰ ہے۔ یعنی یہ کام وہ محض اللہ تعالیٰ کی محبت میں کرتے ہیں۔ انما نطعمکم الآیۃ۔ اسی کی تائید کرتی ہے۔ یعنی اپنے قول یا اپنے طرز عمل سے ان پر یہ بات واضح کر دیتے ہیں کہ اس خدمت کا وہ ان سے کوئی معاوضہ نہیں مانگیں گے۔ وہ یہ بھی نہیں چاہتے کہ وہ اظہار تشکر کریں اور لوگوں کے سامنے ان کی سخاوت کا تذکرہ کریں۔ انہوں نے یہ کام محض اپنے رب کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کے لیے کیا ہے۔

سکا وہ کہتے ہیں کہ ہم آج اپنے رب کریم کو راضی کر لینا چاہتے ہیں کیونکہ ہمیں یقین ہے کہ ایک بہت سخت دن آنے والا ہے جس کی ہولناکیوں کا تصور کر کے ہمارے دل آج بھی لرزتے ہیں۔ اگر ہم نے اپنے رب کو خوش کر لیا تو ہمیں یقین ہے کہ قیامت کے روز ہمیں کوئی ڈر نہ ہوگا

وَلَقّٰهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ﴿۱۱﴾ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ﴿۱۲﴾

اور بخش دے گا انہیں چہروں کی تازگی اور دلوں کا سرور [۱۵] اور مرحمت فرمائے گا انہیں صبر کے بدلے جنت اور ریشمی لباس [۱۶]

مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ﴿۱۳﴾

وہاں پلنگوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ نہ نظر آئے گی انہیں وہاں سورج کی تپش اور نہ ٹھٹھرن۔

وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ﴿۱۴﴾ وَيُطَافُ

اور قریب ہوں گے ان سے اس کے درختوں کے سائے اور میووں کے گچھے جھکے ہوئے لٹک رہے ہوں گے۔ اور گردش میں ہوں گے

عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا۠ ﴿۱۵﴾ قَوَارِيْرَا۠

ان کے سامنے چاندی کے ظروف اور شیشہ کے چمکدار گلاس۔ (وہ) شیشے بھی وہ جو

عَبُوْس: اس شخص کو کہتے ہیں جس نے اپنی پیشانی پر بل ڈال رکھے ہوں اور اس کے چہرے سے غصہ اور وحشت برس رہی ہو۔ القمطریر: الشدید۔ بہت سخت، بہت کرخت، ہولناک منظر اور اس پر اس کی طوالت پناہ بخدا!

[۱۵] جن لوگوں کی یہ صفات ہوں گی اللہ تعالیٰ انہیں ہول قیامت سے محفوظ رکھے گا۔ ولقّٰی: اعطی۔ ان کے چہرے پھول کی طرح تروتازہ ہوں گے اور ان کے دل شاداں و فرحاں ہوں گے۔

[۱۶] مومن کی ساری زندگی صبر سے عبارت ہے۔ احکام الٰہی کی ادائیگی پر صبر، نواہی سے اجتناب پر صبر، محرومیوں پر صبر، نقصانات پر صبر، دشمنانِ اسلام کے سامنے معرکۂ کارزار میں صبر اور جنگ جیتنے کے بعد اپنے اقتدار و اختیار کے صحیح استعمال کرنے پر صبر۔ الغرض مومن کی زندگی کا کوئی گوشہ بھی تو ایسا نہیں جہاں صبر کا نور و نمک نہ رہا ہو۔ اس آیت میں ارشاد ہے کہ اہل ایمان نے زندگی کا سفر جس صبر و استقامت سے طے کیا، نفس کے سرکش گھوڑے کو جس عزم سے انہوں نے قابو میں رکھا، آج ان تمام کاموں کا انہیں معاوضہ ملے گا۔

یہاں سے کر آیت ۲۲ تک ان الطاف و عنایات کا ذکر فرمایا جا رہا ہے جن سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو عالم آخرت میں سرفراز فرمائے گا۔ آیات کے مشکل الفاظ کی وضاحت کر دی جاتی ہے مطلب سمجھنا مشکل نہیں۔ ارائک جمع ہے۔ اس کا واحد اریکۃ ہے۔ اس مخصوص پلنگ کو کہا جاتا ہے جو نیا بنا کر دلہن کے لیے بچھایا جاتا ہے۔ ای السریر للحجلۃ۔ زمھریر: شدۃ البرد۔ (قاموس) سخت ٹھنڈک۔ دانیۃ: دنا، یدنو سے اسم فاعل مؤنث کا صیغہ ہے۔ اس کا معنی ہے قریب، نزدیک۔ ذُلِّلَتْ تَذْلِيْلًا: دُنّیت عناقیدہ وجعلت سہل التناول۔ کہ انگور کے گچھوں کو نیچے لٹکا دیا جائے گا اور جنتی بڑی آسانی سے اسے تناول کر سکیں گے۔ اٰنیۃ: جمع ہے اناء کی، ظرف، برتن۔ اکواب: کوب کی جمع ہے۔ وہ پیالہ یا پیالی جس کے ساتھ کنڈا نہ ہو۔ کانت قواریرمن فضۃ کا مفہوم حضرت ابن عباس نے ان الفاظ میں بیان کیا

مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا

چاندی کی قسم کے ہوں گے ساقیوں نے انہیں پورے اندازہ سے بھرا ہوگا ۱۶ اور انہیں پلائے جائیں گے وہاں (ایسی شراب کے) جام جس میں زنجبیل کی

زَنْجَبِيْلًا ﴿۱۷﴾ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿۱۸﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ

آمیزش ہوگی۔ (یہ زنجبیل) جنت میں ایک چشمہ ہے جس کو سلسبیل کہا جاتا ہے ۱۷ اور چکر لگاتے رہیں گے ان کی خدمت میں ایسے بچے جو ایک

مُّخَلَّدُوْنَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿۱۹﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ

ہی حالت پر رہیں گے ۱۸ جب تو انہیں دیکھے تو یوں سمجھے گویا یہ موتی ہیں جو بکھر گئے ہیں۔ اور جدھر بھی تم وہاں دیکھو گے

رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ﴿۲۰﴾ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّ

تمہیں نعمتیں ہی نعمتیں اور وسیع مملکت نظر آئے گی ۱۹ ان کے اوپر لباس ہوگا باریک سبز ریشم کا (بنا ہوا) اور

ہے۔ آنية من فضة صفاء ها كصفاء القوارير۔ یعنی یہ سارے برتن چاندی کے بنے ہوں گے لیکن ان میں چمک اتنی زیادہ ہوگی کہ خیال گزرے گا کہ شیشہ اور بلور ڈھال کر انہیں بنایا گیا ہے۔ پہلا قواریر، کانت کے اسم اکواب کا حال ہے۔ دوسرا قواریر بدل ہے پہلے قواریر کا۔

۱۶ یعنی ساقی گری کی خدمت پر جو خدام مقرر ہوں گے وہ بھی بڑے سلیقہ شعار اور ادا شناس ہوں گے۔ صراحی سے جام میں اتنی مقدار میں شراب انڈیلیں گے جتنی پینے والا چاہے گا۔ جتنی اس کی خواہش ہوگی۔ اندازہ شناس ہوں گے۔ جس کو چند گھونٹ کی خواہش ہو اسے چھلکتا گلاس نہ دیں اور جو زیادہ پینا چاہتا ہو اُسے چند قطروں پر نہ ٹالیں۔ جن کی دلداری اور عزت افزائی مقصود ہے وہ ان کی خواہشات کا پورا پورا احترام کریں گے۔

۱۷ ایک دوسری قسم کی شراب کا ذکر ہو رہا ہے کہ انہیں ایسی شراب دی جائے گی جس میں زنجبیل کی ملاوٹ ہوگی۔ ساتھ ہی بتا دیا کہ یہ بھی جنت کے ایک چشمہ کا نام ہے اور اسی کو سلسبیل بھی کہا جاتا ہے۔ اہل عرب شراب میں سونٹھ ملا کر پیتے تھے۔ انہی کا پسندیدہ نام ذکر فرما دیا اور بتا دیا کہ جنت میں ایک چشمہ اسی نام کا جاری ہے جس میں سونٹھ کی بو تو ہوگی لیکن اس کے ذائقہ کی تلخی نہ ہوگی۔

۱۸ لڑکے ہر وقت ان کی خدمت بجا لانے کے لیے اور ان کے احکام کی تعمیل کے لیے ان کے آگے پیچھے پھرتی سے دوڑ رہے ہوں گے۔ مرور وقت کے ساتھ ساتھ ان کی شکل وصورت اور ان کے رنگ روپ میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی اور جب وہ جنت کے مرغزاروں میں اہل جنت کی خدمت میں ادھر ادھر بھاگے پھر رہے ہوں گے تو یوں معلوم ہوگا کہ گویا موتیوں کی لڑی ٹوٹ گئی ہے اور اس کے تابندہ اور رنگ رنگیلے موتی ادھر ادھر لڑھکتے چلے جا رہے ہیں۔

۱۹ ثَمَّ اشارة الى المكان يعني به الجنة۔ یہ ظرف ہے رویت کے فعل کے لیے یعنی جنت میں جدھر بھی تو دیکھے گا ہر طرف تمہیں نعمتیں ہی نعمتیں نظر آئیں گی اور ایک وسیع مملکت ہوگی جو خداوند کریم نے اپنے ایک ایک بندے کو دے دی ہے۔ سُندس، باریک ریشمی کپڑا۔ استبرق،

اِسْتَبْرَقٌ وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا

اطلس کا اور انہیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے ۲۱؎ اور پلائے گا انہیں ان کا پروردگار نہایت پاکیزہ

طَهُوْرًا ﴿۲۱﴾ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۲۲﴾

شراب ۲۲؎ (انہیں کہا جائے گا) یہ تمہارا صلہ ہے اور (مبارک ہو) تمہاری کوششیں مقبول ہوئیں ۲۳؎

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ﴿۲۳﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَ

ہم نے ہی (اے حبیب!) آپ پر تھوڑا تھوڑا کر کے کلام نازل کیا ۲۴؎ اور اپنے رب کے حکم کا انتظار کیجیے اور

الدیباج الغلیظ: موٹا ریشمی کپڑا۔

۲۱؎ انہیں چاندی کے کنگن پہنائے گئے ہوں گے۔ ایک مقام پر پہلے گزر چکا ہے کہ انہوں نے سونے کے کنگن پہن رکھے ہیں۔ ان میں تطبیق یوں ہو سکتی ہے کہ ان کے پاس سونے اور چاندی کے بنے ہوئے کنگن ہوں گے جب ان کا جی چاہے گا سونے کے اور جب جی چاہے گا چاندی کے کنگن پہن لیں گے یا انہوں نے دونوں قسم کے کنگن پہن رکھے ہوں گے۔

۲۲؎ دو قسم کی شرابوں کا ذکر پہلے ہو چکا۔ ایک وہ جس میں کافور کے چشمے کا پانی ملا ہو گا۔ دوسری وہ جس میں زنجبیل کے چشموں کا پانی ملا ہو گا۔ اب تیسری قسم کی شراب کا ذکر ہے لیکن اس میں وہ ایسی خصوصیتیں ہیں جو پہلی دو قسموں میں نہیں پائی جاتیں۔ اس شراب کو شراب طہور کہا گیا ہے نیز اس کو پلانے والا خود رب العالمین ہے۔ اس لیے حضرت یعقوب چرخی لکھتے ہیں:

"سابقان و مقربان حضرت حق را جل جلالہ از زیر عرش قدرت خود شراب طہور بر ساند و مقتصدان را فرشتگان دہند و عاصیان را غلمان دہند چوں از شراب بہشتی بخورند مست ذوالجلال گردند حجاب برگیرند تا بے چون و بے چگونہ و بے جہت حق تعالیٰ را بینند۔ اللھم ارزقنا واجعلنا بکرمك من المقربین۔" (تفسیر چرخی)

یعنی سابقین اور مقربین کو اللہ تعالیٰ اپنے عرش کے نیچے سے شراب طہور کے بھرے ہوئے پیالے بلا واسطہ پلائے گا۔ درمیانی درجے والوں کو فرشتے پلائیں گے اور عام لوگوں کے ساقی غلمان ہوں گے۔ جب وہ بہشت کے شراب کو پئیں گے تو اللہ تعالیٰ کی محبت میں مست ہو جائیں گے پردوں کو الٹ دیں گے۔ بے چون و بے چگونہ و بے جہت حق تعالیٰ کا دیدار کریں گے۔ الٰہی! ہمیں بھی یہ نعمتیں عطا فرما اور اپنے کرم سے مقربین میں داخل فرما۔

۲۳؎ یہ نوازشیں یہ عنایتیں تمہارے ان مخلصانہ اعمال کی جزا ہیں اور تمہیں مبارک ہو کہ اس کریم و رحیم نے محض اپنے رحم و کرم سے تمہارے ناقص اعمال کو قبول فرما لیا ہے۔ ایک بندہ کے لیے اس سے بڑھ کر خوشی کا اور کیا مقام ہو گا جب اسے یہ مژدہ سنایا جائے گا۔

۲۴؎ کفار کی خوئے بد نے انہیں اعتراض کرنے کے فن کا امام بنا دیا تھا جب اور کوئی اعتراض موثر ثابت نہ ہوا تو کہنے لگے کہ ہم بڑی قوی دلیل سے یہ ثابت کرتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام نہیں بلکہ ان کا اپنا اختراع کردہ ہے۔ اگر خدا کی طرف سے ہوتا تو سارے کا سارا یکبارگی نازل ہو جانا چاہیے

وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ۝٢٤ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝٢٥

نہ کہا مانیے ان میں سے کسی بدکار یا احسان فراموش کا ۲۵ اور یاد کرتے رہا کرو اپنے رب کے نام کو صبح بھی اور شام بھی ۲۶

وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ۝٢٦ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ

اور رات کی تنہائیوں میں بھی اس کو سجدہ کیا کیجیے اور رات کافی وقت اس کی تسبیح کیا کیجیے۔ بے شک یہ لوگ دنیا سے محبت

الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ۝٢٧ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَ

کرتے ہیں اور پس پشت ڈال رکھا ہے انہوں نے بڑے سخت دن کو۔ ہم نے ہی ان کو پیدا کیا ہے اور

شَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ۝٢٨ اِنَّ هٰذِهٖ

ان کے جوڑ بند مضبوط کیے ہیں ۲۷ اور جب ہم چاہیں تو ان کی شکلوں کو بدل کر رکھ دیں ۲۸ بے شک یہ ایک

موسیٰ علیہ السلام کو تورات ایک مرتبہ دی گئی تھی۔ یہ چونکہ خود گھڑتے ہیں اس لیے جتنا گھڑتے ہیں اسے آگے سنا دیتے ہیں، کبھی کم، کبھی زیادہ۔ ان کے اس الزام کی تردید فرمائی جارہی ہے کہ ہم نے اسے اپنے محبوب رسول پر نازل کیا ہے اور اسے تھوڑا تھوڑا کر کے حسب حال اور حسب ضرورت نازل کرنے میں بے شمار حکمتیں ہیں۔

۲۵ اے محبوب! آپ کو اپنے رب کی طرف سے جو احکام ملے ہیں ان کی پابندی کرتے رہیں کسی کی مخالفت کی ہرگز پروا نہ کریں۔ یہ بدکار اور یہ ناشکرے احسان فراموش آپ کو اگر فرمان خداوندی سے منحرف کرنا چاہیں تو آپ ان کا کہنا ہرگز نہ مانیں۔

۲۶ مومن کی طاقت کا سرچشمہ اور اس کی قوت کا راز ذکر الٰہی میں پوشیدہ ہے۔ پہلے اپنے نبی مکرم کو صبر کی تلقین فرمائی، اب ذکر کی طرف متوجہ کیا جارہا ہے۔ وہ شخص جو اپنے رب کا ذکر کثرت سے کرتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ کی معیت نصیب ہوتی ہے اور جس خوش نصیب کو اللہ تعالیٰ کی معیت نصیب ہوجائے باطل کی طاغوتی طاقتیں اس کا بال بھی بیکا نہیں کرسکتیں۔ بعض علماء نے اس سے اوقات نماز مراد لیے ہیں۔ بکرۃ سے مراد صبح کی نماز، اصیلا، زوال سے غروب کے وقت تک کو کہتے ہیں۔ اس سے مراد ظہر اور عصر کی نماز، ومن الیل سے مغرب و عشاء کی نماز، وسبحہ لیلا طویلا سے تہجد کی نماز مراد ہے۔

۲۷ اسر کا معنی ہے ایک چیز کو دوسری کے ساتھ مضبوطی سے باندھ دینا۔ قدرت الٰہی نے انسان کے مختلف اعضا کو ایک دوسرے کے ساتھ پٹھوں، ریشوں اور رگوں کے ذریعے بڑی پختگی سے جوڑ دیا ہے۔ سب اعضا اپنے اپنے فرائض انجام دیتے رہتے ہیں اس کے باوجود ایک دوسرے سے پیوستہ بھی ہیں۔ ایک دوسرے کی قوت و طاقت کا ذریعہ بھی ہیں اور ایک دوسرے کا بوجھ بھی اٹھائے ہوئے ہیں۔ اگر اسی ایک بات پر تم غور کرو تو سب شکوک و شبہات کے تاریک بادل چھٹ جائیں گے۔

۲۸ اس کے دو مفہوم بیان کیے گئے ہیں۔ ایک مفہوم تو یہ ہے کہ اگر ہم چاہیں تو ان کو ہلاک کردیں، نیست و نابود کردیں اور ان کی جگہ کوئی نئی قوم پیدا کریں۔ دوسرا مفہوم یہ ہے کہ ان کے چہروں کی رنگت اور خد و خال کو مسخ کردیں، کسی ایسی بیماری میں مبتلا کردیں کہ دیکھنے والے ان کو پہچان بھی نہ سکیں۔

تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۲۹﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ

نصیحت ہے۔ پس جس کا جی چاہے اختیار کر لے اپنے رب کے قرب کا راستہ ۲۹؎ اور (اے لوگو!) تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے بجز

اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۳۰﴾ ۖ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ

اس کے کہ اللہ خود چاہے ۳۰؎ بے شک اللہ تعالیٰ علیم ہے، حکیم ہے ۳۱؎ جس کو چاہتا ہے اپنے دامن رحمت

فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۱﴾

میں داخل کر لیتا ہے ۳۲؎ اور ظالموں کے لیے تو اس نے تیار کر رکھا ہے دردناک عذاب۔

۲۹؎ یہ قرآن ایک نصیحت ہے۔ جس کا جی چاہے اس نصیحت کو قبول کرے۔ ہدایت کی اس روشنی میں سفر طے کرتا ہوا قرب و رضا کی منزل میں پہنچ جائے اور جس کا جی چاہے اپنی عمر برباد کرے۔

۳۰؎ ساتھ ہی بتا دیا کہ صرف تمہاری خواہش اور آرزو سے کچھ نہیں ہو سکتا جب تک میری مشیت تمہاری سعادتمندی کا فیصلہ نہ کرے۔ اس وقت تک تمہاری کوششیں لاحاصل، تمہاری جدوجہد بے ثمر۔ جب توفیق الٰہی دستگیری فرماتی ہے تو حق تب نظر آتا ہے، دعوت حق تب سنائی دیتی ہے، دل میں شوق کا طوفان اٹھتا ہے، راستے کی ساری مشکلیں سہل ہو جاتی ہیں اور جذب الٰہی درماندہ راہرو کو اپنے حریم ناز میں داخل فرماتا ہے۔

۳۱؎ بے شک اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ کس بندے پر کون سی مہربانی فرمانا ہے۔ کس مسکین کے دل مضطرب پر کیسے کرم فرمانا ہے اور کن اشکبار آنکھوں اور نالہ فرسا ہونٹوں کو اپنے جمال جہاں آرا سے روشن کرنا ہے۔ وہ حکیم ہے۔ اس کے انداز حکیمانہ، اس کی عطا حکیمانہ، اس کی ہر ادا حکیمانہ ہے۔

۳۲؎ جس کو چاہتا ہے گمراہی کے اندھیروں سے نکال کر ہدایت کے نور سے منور کر دیتا ہے۔ جس کو چاہتا ہے ہجر و فراق کی دوریوں سے رہائی بخش کر اپنے وصال کی لذت سے شادکام کر دیتا ہے۔ جس کو چاہتا ہے غفلت کی نیند سے بیدار کر کے اپنی یاد کی نعمت سے مالا مال کر دیتا ہے۔

○

اللّٰھم انت ربی لا الٰہ الا انت یا من بیدہ ناصیتی کن لی رؤفا رحیما۔ فاطر السمٰوٰت والارض انت ولی فی الدنیا والآخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔ و احشرنی تحت لواء حبیبک المکرم و رسولک المعظم شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم۔

○

تعارف

سورہ المُرسلت

نام : اس کا نام المرسلت ہے جو اس سورۃ کا پہلا کلمہ ہے۔ اس میں دو رکوع، پچاس آیتیں، ایک سو اسی کلمے اور آٹھ سو سولہ حروف ہیں۔

نزول : علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

مضامین : متعدد چیزوں کی قسمیں کھا کر ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ قیامت ضرور برپا ہوگی۔ پھر قیامت برپا ہونے کے ہولناک منظر کو بیان کیا گیا ہے۔ آیات نمبر ۱۶، ۱۷، ۱۸ میں ایک سُنّتِ الٰہی ذکر کی گئی ہے کہ جو شخص راہِ راست کو چھوڑ کر بادیۂ ضلالت میں بھٹکتا ہے۔ فسق و فجور کے جرائم کا ارتکاب کرتا ہے۔ اس کی مخلوق پر ظلم اور تشدد کرتا ہے تو اللہ تعالٰی کی سُنّت یہ ہے کہ ایسے شخص کو ہلاک و برباد کر دیا جائے۔ اس کے بعد انسان کی تخلیق پھر اس کی بقا اور نشوونما کے لیے جن اسباب و وسائل کی ضرورت ہے اُن کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ اور آیت انتیس سے لے کر آخر تک کفار کے ساتھ روزِ حشر جو معاملہ کیا جائے گا اس کو بیان فرما دیا۔ ساتھ ہی آیت نمبر اکتالیس تا چوالیس میں متقین پر جو عنایات اور نوازشات کی جائیں گی وہ بتا دیں تاکہ لوگ دونوں گروہوں میں سے جس گروہ میں شامل ہونا چاہیں سوچ سمجھ کر شامل ہوں۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۲۲ - ۴ - ۷۷

سُورَةُ الْمُرْسَلٰتِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ خَمْسُونَ آيَةً وَفِيهَا رُكُوعَانِ

سورۃ المرسلات مکی ہے اس میں اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ پچاس آیات اور دو رکوع ہیں۔

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۙ﴿۱﴾ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۙ﴿۲﴾ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۙ﴿۳﴾

(ان ہواؤں کی) قسم جو پے درپے بھیجی جاتی ہیں۔ ۱ پھر ان کی قسم جو تند و تیز ہیں اور ان کی قسم جو بادلوں کو پھیلانے والی ہیں۔

فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۙ﴿۴﴾ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۙ﴿۵﴾ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۙ﴿۶﴾ اِنَّمَا

پھر ان کی جو بادلوں کو پارہ پارہ کرنے والی ہیں پھر ان کی قسم جو دلوں میں ذکر کا القا کرنے والی ہیں حجت تمام کرنے کے لیے یا ڈرانے کے لیے۔ بے شک جس

تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ؕ﴿۷﴾ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ۙ﴿۸﴾ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ۙ﴿۹﴾

بات کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ ضرور ہو کر رہے گی پس اس وقت جب ستارے بے نور کر دیے جائیں گے اور جب آسمان میں شگاف پڑ جائیں گے ۲

۱۔ صدر الافاضل حضرت مولانا محمد نعیم الدین صاحب مراد آبادی قمطراز ہیں:

ان آیتوں میں جو قسمیں مذکور ہیں وہ پانچ صفات ہیں جن کے موصوفات ظاہر میں مذکور نہیں۔ اسی لیے مفسرین نے ان کی تفسیر میں بہت وجوہ ذکر کیے ہیں۔ بعض نے یہ پانچوں صفتیں ہواؤں کی قرار دی ہیں۔ (ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے) بعض نے ملائکہ کی بعض نے آیات قرآنی کی بعض نے نفوس کاملہ کی جو اکمال کے لیے ابدان کی طرف بھیجے جاتے ہیں پھر وہ ریاضتوں کے جھونکوں سے ماسوائے حق کو اڑا دیتے ہیں پھر تمام اعضا میں اس کا اثر پھیلاتے ہیں پھر حق بالذات اور باطل فی نفسہٖ میں فرق کرتے ہیں اور ذات الٰہی کے سوا ہر شے کو ہالک دیکھتے ہیں پھر ذکر کا القا کرتے ہیں اس طرح کہ دلوں میں اور زبانوں پر اللہ تعالیٰ ہی کا ذکر ہوتا ہے اور ایک وجہ یہ ذکر کی ہے کہ پہلی تین صفتوں سے ہوائیں مراد ہیں اور باقی دو سے فرشتے۔ اس تقدیر پر معنی یہ ہیں کہ قسم ان ہواؤں کی جو لگاتار بھیجی جاتی ہیں پھر زور سے جھونکے دیتی ہیں ان سے مراد عذاب کی ہوائیں ہیں اور ناشرات سے مراد وہ رحمت کی ہوائیں جو بادلوں کو اٹھاتی ہیں۔ اس کے بعد جو صفتیں مذکور ہیں وہ قول اخیر پر جماعت ملائکہ کی ہیں۔ ابن کثیر نے کہا کہ فارقات اور ملقیات سے جماعات ملائکہ مراد لینے پر اجماع ہے۔ (خزائن العرفان)

۲۔ جب قیامت برپا ہوگی تو کائنات کا سارا نظام درہم برہم کر دیا جائے گا۔ ان گنت ستارے جو روشن چراغوں کی طرح چمکتے نظر آتے ہیں سب بے نور ہو جائیں گے۔ یہ آسمان کی نیلگوں چھت جس میں ہزارہا سال گزرنے کے باوجود بوسیدگی اور کہنگی کی کوئی علامت ظاہر نہیں ہوئی اس میں شگاف اور دراڑیں پڑ جائیں گی اور یہ فلک بوس پہاڑ جن کے پتھر از حد سخت ہیں، غبار بن کر یوں اڑ جائیں گے کہ ان کا نام و نشان بھی باقی نہ رہے گا۔ مختلف اوقات میں اور مختلف امتوں کی طرف اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے رسول اپنی امتوں پر گواہی دینے کے لیے وقت مقرر پر اکٹھے ہو جائیں گے

وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ﴿۱۰﴾ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ﴿۱۱﴾ لِاَیِّ یَوْمٍ اُجِّلَتْ ﴿۱۲﴾

اور جب پہاڑ دھنک دھنک کر اڑا دیے جائیں گے اور جب رسولوں کو وقت مقررہ پر اکٹھا کیا جائے گا (تمہیں علم ہے) کس دن کے لیے یہ ملتوی کیا گیا ہے؟ ۳؎

لِیَوْمِ الْفَصْلِ ﴿۱۳﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ الْفَصْلِ ﴿۱۴﴾ وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ

فیصلہ کے دن کے لیے۔ (اے مخاطب!) تجھے کیا علم کہ فیصلے کا دن کیسا ہے۔ تباہی ہوگی اس روز

لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ﴿۱۵﴾ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ

جھٹلانے والوں کے لیے ۴؎ کیا ہم نے ہلاک نہیں کر دیا جو ان سے پہلے تھے ۵؎ پھر ہم ان کے پیچھے بھیج دیں گے بعد

اس ہوشربا منظر کے ذکر سے مقصد ان لوگوں کو اس دن سے ڈرانا ہے جو خواب غفلت میں پڑے ہوئے اپنی زندگی کے قیمتی لمحوں کو برباد کر رہے ہیں۔

۳؎ یہ مذکورہ بالا واقعات کب رونما پذیر ہوں گے، ان کے لیے کون سی تاریخ اور کون سا دن مقرر کیا گیا ہے۔ بتا دیا کہ ان کے لیے یوم الفصل کی تاریخ مقرر ہے۔ اے سننے والے! تم یوم الفصل کی حقیقت کو کیونکر سمجھ سکتے ہو۔ یہ وہ دن ہوگا جب تمام متعلقات تمام تنازعات اور سارے اختلافات کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔

۴؎ اس روز بڑی تباہی اور ہلاکت کا سامنا ان لوگوں کو کرنا پڑے گا جو اللہ تعالیٰ کے رسول اور اس کی لائی ہوئی کتاب کی تکذیب کرتے ہیں، جو وقوع قیامت کا انکار کرتے ہیں اور اسے ناممکن یقین کرتے ہیں۔

مندرجہ بالا آیات میں مشکل الفاظ کی تشریح:

طُمِسَتْ: ذھب نورھا۔ یقال طمس الشیئ اذا ضرس۔ وطمس فھو مطموس۔ طمست، کا مطلب یا تو یہ ہوگا کہ ستاروں کا وجود ہی مٹ جائے گا یا یہ کہ ان کی روشنی مٹ جائے گی۔ یہ بے نور ہو جائیں گے۔ النسف، تفریق الاجزاء حتی تذروھا الریاح۔ کسی چیز کو ریزہ ریزہ کر دینا کہ ہوائیں اس کے اجزا کو اڑا کر لے جائیں۔ فُرِجَتْ، شُقّت فصارت بھا فرجًا۔ کسی چیز کا پھٹ جانا۔ اس میں دراڑیں اور شگاف پڑ جانا۔ ویل، مصدر بمعنی حلول الشر والھلاک۔ یہ مصدر ہے اور اس کا معنی ہے تباہی اور ہلاکت نازل ہوگئی۔

۵؎ اہل مکہ جو بڑی شدت سے وقوع قیامت کا انکار کیا کرتے تھے، انہیں بتایا جا رہا ہے کہ اگر وہ اپنے سے پہلے گزری ہوئی قوموں کے انجام پر غور کریں اور اس کی وجہ تلاش کریں تو انہیں قیامت پر ایمان لانے میں کوئی دقت نہ ہوگی۔ عاد، ثمود، قوم نوح، قوم فرعون جسمانی قوت و زور میں کسی سے کم نہ تھیں، دولت و ثروت کے بھی ان کے پاس انبار لگے تھے۔ ان کے پاس لشکر جرار تھے، ان کے سپاہی تجربہ کار اور جنگجو تھے، ان کے پاس ماہرین حرب و ضرب جرنیلوں کی بھی کمی نہ تھی۔ اپنے زمانے کے معیار کے مطابق وہ علوم و فنون میں بھی کسی قوم سے پیچھے نہ تھے۔ ان کی کاریگری مہارت بھی لاجواب تھی۔ اگر ان چیزوں کو پیش نظر رکھا جائے تو ان قوموں کو مدت دراز تک عزت و اقبال سے زندگی بسر کرنی چاہیے تھی۔ ان کے

الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۷﴾ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

میں آنے والوں کو۔ گناہ گاروں کے ساتھ ہم ایسا ہی سلوک کیا کرتے ہیں۔ تباہی ہوگی اس روز

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۲۰﴾ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ

جھٹلانے والوں کے لیے۔ کیا ہم نے تمہیں حقیر پانی سے پیدا نہیں فرمایا۔ پھر ہم نے رکھ دیا اسے ایک

قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۲۱﴾ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۲﴾ فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿۲۳﴾

محفوظ جگہ (رحمِ مادر) میں ⁵ ایک معین مدت تک ⁶ پھر ہم نے ایک اندازہ ٹھہرایا پس ہم کتنے بہتر اندازہ ٹھہرانے والے ہیں ⁷

اقتدار کا نقارہ دیر تک بجتا رہا۔ لیکن اے اہل مکہ! تم یہ جانتے ہو کہ انہیں آناً فاناً تباہ کر دیا گیا۔ اس کی وجہ اس کے بغیر اور کیا ہو سکتی ہے کہ ان کے کمال بڑے قبیح، ان کی حرکتیں بڑی ذلیل اور ان کے اخلاق بہت بگڑے ہوئے تھے۔ جھوٹ، بدعہدی، کم تولنا، کم ناپنا، کمزور لوگوں پر ظلم و تشدد ان کا وتیرہ بن گیا تھا۔ وہ عیش و عشرت میں بڑی دریا دلی سے اپنی دولت کو لٹاتے اور معصوم عصمتوں کو بڑی بے دردی سے لوٹتے۔ گمراہی اور برائی میں بےفکری کی حد تک کے ان کے یوں مگن ہونے کا سبب یہی تو تھا کہ انہیں اپنے محاسبہ کا کوئی اندیشہ نہ تھا۔ اگر انہیں یہ خیال ہوتا کہ ایک روز انہیں ضرور اپنے رب کے روبرو پیش ہو کر حساب دینا ہے تو وہ یوں فسق و فجور میں غرق نہ ہو جاتے۔ روز حساب سے بےفکر ہو کر وہ فسق و فجور کی دلدل میں دھنستے چلے گئے۔ یہاں تک کہ ان کی بداعمالیوں کے طبعی نتائج اس دنیا میں ہی ظاہر ہو گئے اور انہیں تباہ و برباد کر دیا گیا۔ اے اہل مکہ! اگر تم بھی اسی قسم کے ہولناک انجام سے دوچار ہونا چاہتے ہو تو بےشک اس روش کو مت چھوڑو اور اگر تم اپنے آپ کو تباہ و برباد نہیں کرنا چاہتے تو روز قیامت پر ایمان لاؤ۔ صرف محاسبہ کے ڈر سے ہی تمہارے بگڑے ہوئے دماغ درست ہو سکتے ہیں۔

⁵ اپنی قدرت و حکمت کے ان شاہکار کرشموں کا ذکر کر کے وقوع قیامت کے امکان کی طرف انہیں متوجہ کیا جا رہا ہے۔ فی قرار مکین کے کلمات غور طلب ہیں۔ رحمِ مادر میں جب نطفہ قرار پکڑتا ہے تو اس کی حفاظت کے کتنے مکمل اور مضبوط انتظامات کیے جاتے ہیں کہ وہ اہم تغیرات کے نازک ترین مرحلوں سے بخیر و خوبی گزرتا رہتا ہے۔ خارجی عوامل اس کی نشوونما میں آسانی سے دخل انداز نہیں ہو سکتے۔ ماں اپنے گھر کے کام کاج میں مصروف رہتی ہے بدنی مشقت کے کام بھی وہ کیا کرتی ہے لیکن کسی غیر معمولی حادثہ کے سوا حمل کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔ اسے خوراک بھی پہنچتی رہتی ہے۔ اسے حرکت کرنے میں بھی کوئی دقت نہیں ہوتی۔ ان امور پر غور کرنے سے اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ پر یقین آ جاتا ہے اور ماننا پڑتا ہے کہ جو خالق حکیم اور قادرِ مطلق یہ عجوبہ دکھا سکتا ہے اس کے لیے قیامت کا برپا کرنا قطعاً مشکل نہیں۔

⁶ اس خلوت کدہ میں اس کے رہنے کی صحیح مدت جاننے کے لیے ابھی سائنس نے بھی کوئی آلہ ایجاد نہیں کیا۔

⁷ یعنی ہم نے اس کے بارے میں تمام امور کا اندازہ کر لیا ہے اور ان کے بارے میں اپنا فیصلہ صادر کر دیا ہے۔ ساتھ ہی فرما دیا کہ ہم سے

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۴﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ﴿۲۵﴾

تباہی ہوگی اس روز جھٹلانے والوں کے لیے ۹ کیا ہم نے نہیں بنایا زمین کو سمیٹنے والی۔

اَحْيَآءً وَّاَمْوَاتًا ﴿۲۶﴾ وَّجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّاَسْقَيْنٰكُمْ

(اپنے اندر سمیٹنے والی) زندوں اور مُردوں کو ۱۰ اور ہم نے بنا دیئے اس میں خوب جمے ہوئے اونچے اونچے پہاڑ ۱۱ اور ہم نے ہی تمہیں

بہترین، صحیح اور حکیمانہ اندازہ کون لگا سکتا ہے۔ عن ابن مسعود قال حدثنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وھو الصادق المصدوق ان خلق احدکم یجمع فی بطن امہ اربعین یوما نطفۃ ثم یکون علقۃ مثل ذٰلک ثم یکون مضغۃ مثل ذٰلک ثم یبعث اللہ ملکا باربع کلمات۔ فیکتب عملہ واجلہ ورزقہ وشقی او سعید ثم ینفخ فیہ الروح۔ (متفق علیہ)

حضرت ابن مسعود کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیان فرمایا "مسعود سچے ہیں اور آپ کی تصدیق کی گئی ہے کہ تم میں سے ہر ایک کی تخلیق اس طرح ہوتی ہے کہ چالیس دن تک وہ اپنی ماں کے شکم میں نطفہ کی صورت میں ہوتا ہے۔ پھر اتنی مدت وہ لوتھڑا کی شکل میں ہوتا ہے پھر اتنی مدت وہ گوشت کا ٹکڑا ہوتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ چار باتوں کے ساتھ ایک فرشتہ کو مبعوث کرتے ہیں۔ اس وقت اس کا عمل، اس کی موت کا دن، اس کا رزق اور یہ بات کہ وہ بدبخت ہے یا نیک بخت لکھ دی جاتی ہیں۔ پھر اس میں روح پھونکی جاتی ہے۔

۹ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے اس شاہکار کو دیکھتے ہیں اور پھر اس کے نبی کی تکذیب کرتے ہیں اور قیامت کا انکار کرتے ہیں ان کے لیے قیامت کے دن تباہی و بربادی کے سوا اور کیا ہوگا۔

۱۰ اے قیامت کا انکار کرنے والو! ہماری قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کا مشاہدہ کرو۔ دیکھو کہ زمین کو ہم نے اس طرح پیدا فرمایا ہے کہ ہر قسم کی زندہ اور مردہ مخلوق اس کے دامن میں سمائی ہوئی ہے۔ ہر قسم کے جانداروں کے لیے ان کے مزاج کے مطابق رزق کا اہتمام یہیں سے ہوتا ہے۔ گوشت خوروں کے لیے گوشت، سبزی خوروں کے لیے طرح طرح کے چارے، سبزیاں، ترکاریاں وافر پیدا ہو رہی ہیں۔ اگر انسان کی اپنی بے تدبیری، حرص و لالچ اور کوتاہیاں آڑے نہ آئیں تو کسی کو خوراک کی قلت کی شکایت نہ رہے۔ کچے پکے مکانات اور شاندار محلات اور سنگین قلعوں کی تعمیر کے لیے جس قسم کے سامان کی ضرورت ہو وہ بآسانی دستیاب ہو سکتا ہے۔ جب یہاں سے اپنی زندگی کے مقررہ دن پورے کر کے کوئی چیز رخصت ہوتی ہے تو یہی زمین جو اس کا بوجھ اپنی پشت پر اٹھائے ہوئے تھی اپنا سینہ چیر کر اسے اپنے اندر چھپا لیتی ہے۔

۱۱ ہماری حکمت کا مزید نظارہ کرنا چاہو تو ان فلک بوس پہاڑوں کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھو ان کے شکموں میں قیمتی معدنیات کے انبار لگے ہیں۔ کہیں نمک ہے، کہیں کوئلہ، کہیں تانبا ہے، کہیں چاندی، کہیں سونا ہے اور کہیں فولاد۔ ان کی برف سے سدا سفید رہنے والی چوٹیاں، تمہارے لیے میٹھے اور ٹھنڈے پانی کی بہم رسانی کے مرکز ہیں۔ چشمے ابل رہے ہیں، ندیاں بہہ رہی ہیں اور دریا رواں دواں ہیں۔ پہاڑوں کے دامن میں دراز قامت درخت اگتے ہیں جو مکان بنانے کے کام آتے ہیں۔ ان میں ان گنت جڑی بوٹیاں پیدا ہوتی ہیں جو تمہارے امراض کے لیے اکسیر کا

مَّآءً فُرَاتًا ﴿۲۷﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى

میٹھا پانی پلایا۔ تباہی ہوگی اس دن جھٹلانے والوں کے لیے ۱۲؎ (انہیں حکم ملے گا) چلو اس (آگ)

مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِىْ ثَلٰثِ

کی طرف جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے ۱۳؎ چلو اس سایہ کی طرف جو تین شاخوں

شُعَبٍ ﴿۳۰﴾ لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِىْ مِنَ اللَّهَبِ ﴿۳۱﴾ اِنَّهَا تَرْمِىْ بِشَرَرٍ

والا ہے۔ نہ وہ سایہ دار ہے اور نہ وہ بچاتا ہے آگ کی لپٹ سے۔ وہ (جہنم) پھینک رہی ہوگی بڑے بڑے انگارے

محو رکھتی ہیں۔ اس کے علاوہ ملکوں کی قدرتی حد بندی، موسموں کے تغیر میں ان کا غیر معمولی دخل، بارشوں میں ان کا حصہ، کس کس فائدہ کو تم گن سکتے ہو۔ پھر ہماری رحمت کا یہ پہلو بھی تمہاری نگاہوں سے اوجھل نہ رہے کہ پہاڑوں کی چوٹیوں پر بھی پانی اُبل رہا ہے۔ دامن کوہ میں بھی ندیاں بہہ رہی ہیں، ہموار میدانوں میں بھی دریا خراماں خراماں رواں ہیں اور جہاں یہ نہیں، وہاں کنوئیں کھود کر، ٹیوب ویل نصب کر کے تم پانی کے زیر زمین خزانے سے سیراب ہو سکتے ہو۔

۱۲؎ اگر ان کھلی دلیلوں کے باوجود تم قیامت پر ایمان نہ لاؤ تو پھر اس روز تم پر یقینی تباہی نازل ہو اس کے تم خود ذمہ دار ہو اور اسی کے مستحق ہو۔ کفاتا: الموضع الذی یکفت فیہ۔ جس میں کوئی چیز لپیٹ لی جائے، سمیٹ لی جائے اسے کفات کہتے ہیں۔ شامخات: اونچے، بلند۔ فراتا: عذبا، میٹھا پانی۔

۱۳؎ جب قیامت برپا ہو گی اور ضرور ہو گی کیونکہ مذکورہ بالا دلائل کے بعد کسی صاحب عقل سلیم کے لیے انکار کی گنجائش نہیں رہتی۔ اس وقت منکرین قیامت کو حکم ملے گا چلو، تشریف لے چلو اس جہنم کی طرف جس کا تم انکار کیا کرتے تھے۔ چلو اس سائے کی طرف جس کی تین شاخیں بلند ہو رہی ہیں۔ ساتھ ہی بتا دیا کہ یہ سایہ ٹھنڈا سایہ نہیں جس کے نیچے آگ کی تپش سے نجات مل جائے۔ بظاہر تو یہ سایہ معلوم ہوتا ہے حقیقت میں یہ دوزخ سے اٹھتا ہوا دھواں ہے۔ اگر کوئی بھاگ کر اس کے نیچے پناہ لینا چاہے گا تو اسے پتہ چل جائے گا کہ اس کی کوئی چھاؤں نہیں۔ اس کے نیچے کھڑے ہونے سے کوئی ٹھنڈک محسوس نہیں ہوتی۔ تنور سے اٹھتے ہوئے دھوئیں کو آپ دیکھیں تو پہلے وہ ایک بگولے کی طرح اٹھتا ہے، جب وہ فضا میں بلند ہوتا ہے تو اس کی کئی شاخیں الگ الگ بننے لگتی ہیں۔ دوزخ سے جو دھواں اٹھے گا اس کی تین شاخیں ہوں گی۔

كَالْقَصْرِ ﴿٣٢﴾ كَأَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ﴿٣٣﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٣٤﴾

جیسے محل۔ گویا وہ زرد رنگ کے اونٹ ہیں [۱۴] تباہی ہوگی اس دن جھٹلانے والوں کے لیے [۱۵]

هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ﴿٣٦﴾

یہ وہ دن ہوگا جس میں نہ وہ بول سکیں گے [۱۶] اور نہ انہیں اجازت ملے گی کہ وہ کچھ عذر پیش کریں [۱۷]

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٣٧﴾ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ جَمَعْنٰكُمْ

تباہی ہوگی اس روز جھٹلانے والوں کے لیے [۱۸] (اے کافرو!) یہ فیصلے کا دن ہے (جس میں) ہم نے تمہیں اور

وَالْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٨﴾ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ﴿٣٩﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

اگلوں کو جمع کر دیا ہے [۱۹] پس اگر تمہارے پاس کوئی چال ہے تو میرے خلاف استعمال کرو [۲۰] تباہی ہوگی اس روز

[۱۴] یہاں آتش جہنم کی ہولناکی کا ذکر کیا جا رہا ہے کہ اس کی آگ سے جو شرارے اٹھیں گے وہ اتنے بڑے بڑے ہوں گے جیسے کوئی شاہی محل ہو۔ بلکہ پلک جھپکنے میں جو کچھ کے تو اس کے شرارے اور چنگاریاں ہوں گی اور ان کی رنگت زرد ہوگی۔ دیکھنے سے یوں پتہ چلے گا جیسے زرد رنگ کے اونٹوں کی قطار جنگل میں پھیل گئی ہو۔ پہلے ان کے حجم کا ذکر کیا اب ان کی ڈراؤنی رنگت کی کیفیت بیان کی۔ بعض نے صُفر کا معنی سیاہ بھی کیا ہے۔

[۱۵] جنہوں نے اتنے خوفناک دن اور ایسے دردناک عذاب کو دنیا میں تسلیم نہ کیا بلکہ اس کا انکار کرتے رہے اس کا مذاق اڑاتے رہے وہ خود ہی بتائیں کہ قیامت کے روز ان کے مقدر میں تباہی، رسوائی اور ہلاکت کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے۔

[۱۶] اس روز ان منکرین کا کیا حال ہوگا۔ فرمایا خوف کے مارے زبان گونگی ہو جائے گی۔ قوت گویائی سلب ہو جائے گی ہر وقت قینچی کی طرح تیز چلنے والی زبان ایک لفظ بھی نہ بول سکے گی۔

[۱۷] دنیا میں بہانہ سازی کے فن میں وہ ید طولیٰ رکھتے تھے جب کہیں پھنس جاتے کوئی نہ کوئی ایسا عذر تراشتے کہ ان کی گلو خلاصی ہو جاتی ان کو اپنی اس قابلیت پر بڑا ناز تھا اور اسی چیز نے انہیں بدکاریوں پر دلیر کر دیا تھا۔ دنیا میں تو بے شک ان کی یہ مہارت مُسلّم تھی لیکن قیامت کے دن ان کے لبوں کو سی دیا جائے گا اور انہیں کسی قسم کا عذر بہانہ پیش کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

[۱۸] جب وہ اس طرح پھنسے ہوں گے تو ان کی تباہی و بربادی میں کسی کو کیا شک ہو سکتا ہے۔

[۱۹] انہیں کہا جائے گا یہ مکہ کا بازار نہیں، یہ عکاظ کا میلہ نہیں، یہ پیرس اور جنیوا کے اوپیرا تھیٹر نہیں، یہ یو۔ این۔ او کا ہیڈ کوارٹر نہیں کہ جو کسی کے جی میں آئے بکتا چلا جائے۔ یہ مقدمات کے آخری فیصلہ کا دن ہے۔ یہاں کسی بدکار منکر کو یاوہ گوئی کی اجازت

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٤٠﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٤١﴾ وَّفَوَاكِهَ

جھٹلانے والوں کے لیے ۲۱؎ بے شک پرہیزگار (اللہ کی رحمت کے) سایوں میں اور چشموں میں ہوں گے اور (وہاں) پھلوں میں ہوں گے

مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٤٢﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٤٣﴾ اِنَّا

جن کو وہ پسند کریں گے۔ (انہیں کہا جائے گا) مزے سے کھاؤ اور پیو ان اعمال کے صلہ میں جو تم کیا کرتے تھے۔ ہم

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٤٥﴾ كُلُوْا

یونہی صلہ دیا کرتے ہیں نیکوکاروں کو ۲۲؎ تباہی ہوگی اس روز جھٹلانے والوں کے لیے ۲۳؎ (دنیا میں کچھ دن) اب

نہیں مل سکتی۔

یہ اس وقت کا ذکر ہے جب ان پر فرد جرم ثابت ہو جائے گا۔ فرشتوں کے لکھے ہوئے صحیفے بلکہ ان کے اپنے ہاتھ پاؤں ان پر گواہی دے چکے ہوں گے۔ اس سے پہلے تو وہ بڑے بڑے سوانگ رچائیں گے۔ کبھی کہیں گے ہم دنیا میں دن بھر کے لیے گئے اور واپس بلا لیے گئے۔ اس قلیل مدت میں ہم کیا کرتے۔ کبھی کہیں گے کہ ہمارے پاس آپ کا بھیجا ہوا کوئی رسول نہیں گیا اور نہ کسی نے ہم کو خواب غفلت سے جگایا ہے اور بعض کفار اور بدکار تو اپنے آپ کو بالکل معصوم عن الخطا کہیں گے کہ ہم نے زندگی بھر میں کوئی نافرمانی نہیں کی۔ کوئی حکم عدولی نہیں کی۔ غرضیکہ جتنے منہ اتنی باتیں۔ لیکن جب دلائل سے ان کا مجرم ہونا ثابت ہو جائے گا اس وقت ان سے قوت گویائی سلب کرلی جائے گی۔

۲۰؎ تمہیں اپنی چالاکی اور عیاری پر بڑا گھمنڈ تھا۔ دنیا میں تم اپنے دشمنوں کے خلاف بڑی خطرناک چالیں چلا کرتے تھے۔ اے بڑے عیارو! بڑے چالبازو! اگر تمہاری پٹاری میں کوئی مکر، کوئی چال ہو تو اسے باہر نکالو اور اسے ہمارے خلاف استعمال کرو۔ ہم بھی تو دیکھیں تمہیں اس فن میں کتنا کمال حاصل ہے۔ لیکن اس وقت انہیں جان کے لالے پڑے ہوں گے۔ بھڑکتے ہوئے دوزخ کو سامنے دیکھ کر ان پر جانکنی کی کیفیت طاری ہوگی۔ بجز خاموشی کے کوئی چارہ نہ ہوگا۔

۲۱؎ اس دن جھٹلانے والوں کے حصہ میں ہلاکت و تباہی ہوگی۔ وہ آج کیوں اس تباہی سے بچنے کے لیے فکر نہیں کرتے۔

۲۲؎ مجرموں کے ساتھ تو یہ سلوک ہوگا۔ لیکن وہ لوگ جنہوں نے اپنی ساری زندگی اللہ تعالیٰ سے ڈر کر گزاری، اس کے احکام کی پابندی کرتے رہے، قیامت کے تصور سے ہی ان کے دل لرزتے رہے۔ ان پاکباز اور نیک بخت لوگوں کے ساتھ جو سلوک کیا جائے گا اب اس کا بیان ہو رہا ہے۔

۲۳؎ اہل جنت کے ذکر کے بعد اس جملے کو دہرانے میں کیا حکمت ہے۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں۔ حیث نال اعداءہم ھذا الثواب العظیم وھم بقوا فی العذاب الالیم۔ یعنی ان کے دشمن جن کو زندگی بھر وہ ستاتے رہے، ان پر ظلم توڑتے رہے، ان کو

وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٤٧﴾

کھاؤ اور عیش کر لو تھوڑا سا وقت، بے شک تم مجرم ہو ۲۴ تباہی ہو گی اس روز جھٹلانے والوں کے لیے۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

اور (آج) جب ان سے کہا جاتا ہے اپنے رب کے سامنے جھکو تو نہیں جھکتے ۲۵ تباہی ہو گی اس روز

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٤٩﴾ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٠﴾

جھٹلانے والوں کے لیے ۲۶ آخر کس بات پر وہ اس کتاب کے بعد ایمان لائیں گے؟ ۲۷

طرح طرح کی انگشت نمائیاں کرتے رہے، ان کو حقیر و نادان سمجھتے تھے، وہ آج اپنے پروردگار کے پاس فردوس بریں میں اس کے لطف وکرم سے محظوظ ہو رہے ہیں۔ فرشتے، غلمان اور حوریں ان کی ناز برداریاں کر رہی ہیں اور یہ جو بڑے معزز اور رئیس بنے ہوئے تھے آج اس وقت رنج میں گرفتار ہیں۔

۲۴ سورت کے اختتام سے پہلے منکرین قیامت کو پھر جھنجھوڑا جا رہا ہے کہ طرح طرح کے لذیذ کھانے خوب سیر ہو کر کھا لو۔ دنیوی عزتیں اور بڑائیاں جو تمہیں حاصل ہیں اور جو عیش و عشرت کا سامان تمہیں میسر ہے اس سے جی بھر کر لطف اٹھا لو۔ یہ رونق میلہ چند روزہ ہے۔ درحقیقت تم بدترین مجرم ہو۔ صرف مہلت کی مدت گزرنے اور مقررہ گھڑی آنے کا انتظار ہے۔ تمہیں اپنا انجام معلوم ہو جائے گا۔

۲۵ یعنی کفار کو جب کہا جاتا ہے کہ سرکشی اور نافرمانی کی روش ترک کر دو اور اپنے رب کے حضور میں تواضع و انکساری اختیار کرو، اس کے احکام کے سامنے اپنی اکڑی ہوئی گردنیں جھکا دو۔ اس کے رسول کے فرمان کو قبول کر لو اور نمازیں پڑھا کرو تو انہیں یہ بات سمجھ ہی نہیں آتی۔ نماز کو ادا کرنے کے لیے ان کے دل میں شوق پیدا ہی نہیں ہوتا۔ ارکعوا سے مراد پوری نماز ادا کرنا ہے۔ نماز کو رکوع سے تعبیر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ بنی ثقیف کو جب سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسلام قبول کرنے کی دعوت دی اور نماز کا طریقہ بتایا تو کہنے لگے کوئی ایسی نماز بتائیں جس میں یہ رکوع و سجود نہ ہو۔ ہم رئیسوں کے لیے یوں جھکنا اور پھر زمین پر منہ کے بل گر پڑنا بڑے عیب کی بات ہے تو رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، لاخیر فی دین لیس فیہ رکوع ولا سجود۔ اس دین میں کوئی خوبی نہیں جس میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں رکوع و سجود نہیں۔ وہ مسلمان جو اپنے رب کو سجدہ نہیں کرتے، رکوع نہیں کرتے، نماز ادا نہیں کرتے اور پھر مسلمان ہونے کے مدعی بھی ہیں اور اس افتخار پر خوش بھی ہیں، وہ اپنے انجام کے بارے میں خود سوچ لیں۔

۲۶ جن لوگوں کی پیشانیوں کو اپنے رب کی جناب میں سجدہ کرنے اور جھکنے کی سعادت نصیب نہیں ہوئی بار بار سمجھانے کے باوجود وہ اس شرف سے محروم رہے ان کے لیے روز قیامت بجز ویل وہلاکت کے اور کیا ہو سکتا ہے۔

۲۷ے اگر وہ عقل و خرد سے کام لیتے اور غور و فکر کی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے تو قرآن کریم کے چشمہ صافی و شیریں سے وہ اپنی تشنہ لبی کا درماں کر لیتے۔ اس آفتاب ہدایت کے انوار سے وہ اپنی زندگی کی جلوتوں اور خلوتوں کو روشن کر لیتے لیکن ان بدنصیبوں نے ایسا نہیں کیا۔ اس کے بعد اس سے زیادہ موثر، اس سے زیادہ شیریں، اس سے زیادہ حقیقت افروز کتاب انہیں کہاں نصیب ہوگی کہ وہ اس پر ایمان لے آئیں گے۔ وہ ازلی بدبخت ہیں۔ ان کی قسمت میں ہدایت کی نعمت ہے ہی نہیں۔

○

اللّٰھم إیاك نعبد ولك نصلی ونسجد والیك نسعی ونحفد ونرجو رحمتك ونخشی عذابك ان عذابك بالکفار ملحق۔ اللّٰھم صل وسلم وبارك علی سیدنا ومولانا وحبیبنا وشفیعنا

مُحَمَّدٍ

المبعوث رحمة للعالمین وعلی آلہ واصحابہ ومن احبہ واتبعہ الی یوم الدین۔ رب اوزعنی ان اشکر نعمتك التی انعمت علی وعلی والدی وان اعمل صالحا ترضہ واصلح لی فی ذریتی انی تبت الیك وانی من المسلمین۔ فاطر السمٰوٰت والارض انت ولی فی الدنیا والآخرة توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔

○

تعارف

سُورۃ النبأ

نام : اس سورت مُبارکہ کا نام النبأ ہے جو دوسری آیت سے ماخوذ ہے۔ اس کے علاوہ اسے سورۂ عم، سُورت عَمَّ یتساءلون اور التساؤل بھی کہا جاتا ہے۔ یہ دو رکوعوں اور چالیس یا اکتالیس آیتوں پر مشتمل ہے۔ اس کے کلمات کی تعداد ۱۷۳ اور حروف کی تعداد ۹۷۰ ہے۔

نزول : باتفاقِ علماء یہ عہد نبوت کی ابتداء میں مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

مضامین : حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر بات ہی اہلِ مکہ کے لیے حیرت انگیز تھی۔ وہ لوگ حضور کی باتیں سُنتے اور حضور کے اعمال کا مشاہدہ کرتے تو ان پر عجیب قسم کی سراسیمگی طاری ہو جاتی۔ سب سے زیادہ جس چیز نے انہیں پریشان کر رکھا تھا وہ نبی کریم کا یہ ارشاد تھا کہ اس جہانِ رنگ و بُو کے بعد ایک اور جہان بھی ہے۔ اس چند روزہ زندگی کے بعد ایک ایسی زندگی بھی ہے جس کی انتہا نہیں۔ قیامت کے دن انہیں اور ان کے آباؤ اجداد کو قبروں سے نکال کر ربّ کائنات کے سامنے پیش کیا جائے گا اور وہاں اُن سے اُن کے چھوٹے بڑے اعمال کا حساب لیا جائے گا۔ اُن کی عقل جس کی دقیقہ سنجی پر انہیں بڑا گھمنڈ تھا اس بات کو تسلیم کرنے کے لیے ہرگز تیار نہ تھی۔ ہزاروں صدیوں کی پہنائیوں میں ان کی مشتِ غبار کے بکھرے ہُوئے ذرّے کون جمع کرے گا اور پھر ان میں رُوح کیسے پھُونکی جائے گی۔ وہ اس مسئلہ پر شب و روز غور کرتے، آپس میں بحث و تمحیص کرتے ان کی مجلسوں میں اس موضوع پر گرما گرم مذاکرے ہوتے لیکن وہ کسی صُورت میں وقوعِ قیامت کو ماننے کے لیے اپنے آپ کو تیار نہ پاتے۔ اس نہ ماننے میں ایک نفسیاتی جھجک بھی سدِ راہ بنی ہُوئی تھی۔ اگر وہ وقوعِ قیامت کو تسلیم کرتے ہیں تو ان کی زندگی کا سارا نقشہ تلپٹ ہو کر رہ جاتا ہے۔ اُس معاشرہ میں انہیں لُوٹ کھسوٹ کی جو آزادی میسر تھی۔ عیش و طرب کی محفلیں جن میں مدہوش اور بدمست جوانیاں ساری ساری رات محوِ رقص رہا کرتیں، بادۂ ارغوانی کے بلوریں جام مصروفِ گردش رہتے۔ جہاں کسی ضرورت مند کا استحصال مباح تھا۔ جہاں قرض خواہ اپنے مقروض سے من مانی شرح پر سُود لیا کرتا تھا۔ اگر وہ روزِ حساب پر ایمان لاتے ہیں تو اُن کو تمام لغویات سے دست کش ہونا پڑتا ہے جس کے لیے وہ تیار نہ تھے۔ اس سنگِ گراں کو ان کی راہ سے ہٹانے کے لیے قرآن کریم میں متعدد بار بڑے زور شور سے بڑے زوردار دلائل پیش کیے گئے ہیں۔

اس سورۂ مبارکہ میں بھی یہی موضوع زیرِ بحث ہے۔

پہلے تو دو ٹوک الفاظ میں یہ بتا دیا کہ تمہارے انکار سے حقیقت نہیں بدل سکتی۔ قیامت ضرور برپا ہوگی تم خود اپنی آنکھوں سے

اس کا مشاہدہ کروگے اور اس کا اعتراف بھی کروگے لیکن اُس وقت تمہارا قیامت پر ایمان لانا تمہیں جہنم سے بچا نہ سکے گا۔

پھر اُن کے اس اعتراض کا جواب دیا کہ اُن کے منتشر ذرّوں کو کیسے جمع کیا جائے گا۔ بتایا کہ ان ذرّوں کو جمع کرنے والا وہ قادرِ مطلق اور حکیم و علیم خُدا ہے جس کی قُدرت اور حکمت کے جلوے قدم قدم پر اس کی کبریائی کی گواہی دے رہے ہیں جو ایسے محیّر العقول کام سرانجام دے سکتا ہے اس کے لیے تمہیں از سرِ نو زندہ کرنا قطعاً مشکل نہیں ہے۔

اس کے بعد قیامت برپا کرنے کی حکمت بتائی کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ ایک انسان ساری عمر لوگوں پر ظلم و ستم کرتا رہے غریبوں کو لُوٹتا رہے، دادِ عیش دیتا رہے، اپنے خالق کی نافرمانی کرتا رہے اور دُوسرا شخص ساری عمر بنی نوعِ انسان کی خدمت کرتا رہے، دُکھیوں کی غمگساری محتاجوں کی امداد یتیموں اور بیواؤں کی سرپرستی کرتا رہے۔ اپنے ربِّ کریم کی اطاعت سے سرِ مُو انحراف نہ کرے ان دو شخصوں کے عملوں میں اتنے سنگین تفاوت کے باوجود اس کا نتیجہ یکساں رہے۔ اس سے بڑی ناانصافی اور کیا ہوسکتی ہے۔ بتا دیا کہ قیامت برپا کرنے میں حکمتِ الٰہی یہ ہے کہ بدکاروں کو اُن کی بدی کی سزا دی جائے اور نیکوں کو اُن کی نیکی کا اجرِ عظیم مرحمت فرمایا جائے۔

آخر میں اُس غلط فہمی کا بھی ازالہ کردیا جس میں اکثر کفار مبتلا تھے۔ وہ کہا کرتے کہ اگر قیامت آ بھی گئی تو اُس روز بھی اللہ کی نعمتیں ہمیں ہی ملیں گی۔ ہمیں جو عزت اور سرفرازی اس دُنیا میں نصیب ہے۔ قیامت کے دن بھی یہ ہمیں نصیب ہوگی۔ ہمارے جاں نثار خدام اور وفادار مُلازم اس وقت ہمارے اردگرد حلقہ زن ہوں گے۔ اگر کسی فرشتہ نے ہماری طرف دستِ تعدی دراز کیا تو ہمارے دو جنوں جواں سال اور بہادر بیٹے اُن کو مزا چکھادیں گے اور یہ ہمارے بُت جن کی ہم پرستش کرتے ہیں قیامت کے دن ہماری شفاعت کریں گے۔ اس لیے ہمیں دوزخ کا کوئی اندیشہ نہیں۔ ان کم نگاہوں کو بتا دیا کہ اس قسم کی خام خیالیوں کو اپنے دل سے نکال دو۔ وہاں کسی کی مجال نہ ہوگی کہ دم مارسکے۔ شفاعت کے لیے وہی زبان کھول سکے گا جس کو رحمٰن و رحیم نے منصبِ شفاعت پر سرفراز کیا ہوگا۔ تمہارے یہ بُت اُس روز خود دوزخ کا ایندھن بنیں گے۔ تمہاری نجات کا انہیں کب خیال ہوگا۔ آخر میں تنبیہ فرمادی کہ آج راہِ حق اختیار کرلو۔ اس فرصت کو غنیمت جانو ورنہ قیامت کے روز تمہاری حالت اتنی ناگفتہ بہ ہوگی کہ تم اپنی زندگی سے بے زار ہوگے اور بصد حسرت یہ کہہ رہے ہوگے۔ یٰلَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرٰبًا ○ (کاش کہ میں مٹی ہوجاتا)

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۶ - ۴ - ۷۷

سُوْرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّ فِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ النبأ مکی ہے اور یہ چالیس آیتوں پر مشتمل ہے اور اس میں دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝١ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝٢ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ

وہ کس چیز کے بارے میں ایک دوسرے سے پوچھ رہے ہیں؟ کیا وہ اس بڑی اور اہم خبر کے بارے میں پوچھ رہے ہیں [1] جس میں وہ اختلاف

مُخْتَلِفُوْنَ ۝٣ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٤ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٥ اَلَمْ نَجْعَلِ

کرتے رہتے ہیں [2] یقیناً وہ اسے جان لیں گے پھر یقیناً وہ اسے جان لیں گے (کہ قیامت برحق ہے) [3] کیا ہم نے نہیں

[1] یہ سورت ان سورتوں میں سے ایک ہے جو اعلان نبوت اور آغاز دعوت کے ابتدائی سالوں میں نازل ہوئیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جس ہمہ گیر انقلاب کے داعی بن کر تشریف لائے تھے اس کی کامیابی کا انحصار عقیدۂ قیامت پر تھا اور اسی عقیدہ کو تسلیم کرنا کفار مکہ کے لیے ازحد مشکل تھا۔ اس لیے اس سورت میں بھی قیامت کے بارے میں کفار کی غلط فہمیوں کو دور کیا جا رہا ہے اور ان کے سامنے اپنی قدرت کاملہ کے ایسے دلائل پیش کیے جا رہے ہیں کہ اگر وہ تعصب سے بلند ہو کر ان میں غور کریں تو انہیں وقوع قیامت پر یقین آجائے اور اس کے انعقاد میں جو گوناگوں حکمتیں ہیں وہ ان پر آشکارا ہو جائیں۔

عَمَّ: اصل میں عن ما تھا۔ ما استفہامیہ پر جب حرف جار داخل ہو تو تخفیف کے لیے الف کو گرا دیتے ہیں جیسے لِمَ، فِيمَ، عَمَّ۔ نیز اس طرح ما استفہامیہ اور خبریہ میں امتیاز ہو جاتا ہے۔ پوچھا جا رہا ہے کہ یہ مکہ کے سردار کس موضوع پر تبادلہ خیال کرتے رہتے ہیں، کس چیز کے بارے میں ایک دوسرے سے پوچھ گچھ کر رہے ہیں۔ دوسری آیت میں خود بتا دیا کہ یہ بحث و تمحیص، یہ چہ میگوئیاں ایک بڑی اہم خبر کے بارے میں ہو رہی ہیں۔

علامہ راغب لکھتے ہیں النَّبَأُ خَبَرٌ ذُو فَائِدَةٍ عَظِيمَةٍ۔ نبأ، اس خبر کو کہتے ہیں جس میں بہت بڑا فائدہ ہو (المفردات)۔ اس کو پھر عظیم کی صفت سے موصوف کیا۔ یعنی یہ خبر معمولی قسم کی نہیں جس کا جاننا نہ جاننا برابر ہے، بلکہ اس خبر کا بہت بڑا فائدہ ہے اور یہ اپنی ذات میں بہت ہی بڑی اور اہم ہے۔ اکثر مفسرین کی یہی رائے ہے کہ اس سے مراد قیامت کے وقوع کی خبر ہے۔

[2] فرمایا کہ ان کی چہ میگوئیوں اور بحث و تمحیص کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا۔ اس کے بارے میں وہ متفق اللسان نہیں ہیں بلکہ طرح طرح کی بولیاں بول رہے ہیں۔ اس کے بارے میں ان کی آراء کے اختلاف کی کوئی حد نہیں۔ بعض لوگ وقوع قیامت کو اس لیے ناممکن کہتے ہیں کہ ان کے

نزدیک یہ عالم قدیم ہے۔ ان کا عقیدہ ہے کہ یہ نیلگوں آسمان' اس میں آویزاں اور یہ چمکتے دمکتے ستارے' یہ سورج' یہ چاند' یہ فلک بوس پہاڑ' یہ مختلف عناصر' یہ سب چیزیں ہمیشہ یونہی برقرار رہیں گی۔ ان کے درہم برہم ہو جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور نہ ان کو درہم برہم کر دینا کوئی حکیمانہ فعل ہے۔ اس لیے قیامت کے بارے میں جو کچھ ہمیں بتایا جا رہا ہے یہ سب من گھڑت باتیں ہیں۔

بعض کا یہ خیال ہے کہ ہماری صرف یہی دنیوی زندگی ہے' اس کے بعد اور کوئی زندگی نہیں۔ وہ کہتے ہیں ان ھی الا حیاتنا الدنیا وما نحن بمبعوثین (الانعام آیت ۲۹) بس ہماری یہی دنیوی زندگی ہے اور ہمیں دوبارہ زندہ کر کے ہرگز نہیں اٹھایا جائے گا۔ اس کی وجہ ان کے نزدیک یہ ہے۔ وہ کہا کرتے۔ مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ وَہِیَ رَمِیْمٌ جب ہماری ہڈیاں بوسیدہ ہو جائیں گی اور مٹی میں مل جائیں گی اور ہوا کے جھونکے انہیں صدہا بار الٹ پلٹ کر کے رکھ دیں گے تو بھر ان بکھرے ہوئے ذروں کو جمع کرنا قطعاً ناممکن ہے اور بعض لوگ قیامت کو ناممکن تو خیال نہیں کرتے تھے لیکن انہیں یہ بھی یقین نہ تھا کہ قیامت ضرور آئے گی۔ وہ گومگو کی کیفیت میں مبتلا تھے۔ ان نظن الا ظنا وما نحن بمستیقنین۔

اور بعض اس غلط فہمی میں مبتلا تھے کہ پہلے تو قیامت برپا ہی نہ ہوگی اور اگر بفرض محال برپا ہوئی بھی تو اس روز بھی اللہ تعالیٰ اپنے لطف و احسان سے ہمیں ہی سرفراز کرے گا۔ یہ لوگ جو آج غربت کے شکنجہ میں کسے ہوئے ہیں' ان کا اس روز بھی کوئی پرسان حال نہ ہوگا۔ ان میں سے کئی ایسے لوگ بھی تھے جنہیں علمائے نصاریٰ کے پاس اٹھنے بیٹھنے کا موقع ملا تھا اور ان کی باتوں سے متاثر ہو کر وہ اگرچہ جسمانی بہشت کے قائل تو نہ تھے' لیکن روحانی بہشت کو وہ تسلیم کرتے تھے اور بعض تناسخ کے قائل تھے کہ روح' اپنے نیک و بد اعمال کے بعد جسم بدلتی رہتی ہے وغیرہ وغیرہ۔ جتنے منہ اتنی باتیں۔

۳؎ ان آیتوں میں کَلَّا کا لفظ تحقیق طلب ہے۔ علامہ بدرالدین زرکشی نے اپنی کتاب البرہان فی علوم القرآن میں اس کی خوب تحقیق کی ہے۔ وہیں سے استفادہ کرتے ہوئے یہ چند سطور ہدیہ ناظرین ہیں۔

سیبویہ کے نزدیک کَلَّا حرف ردع اور زجر ہے۔

صفار کہتے ہیں یہ اسم ہے اور کسی کلام کو رد کرنے کے لیے مستعمل ہوتا ہے قال اصحاب موسیٰ انا لمدرکون قال کلا۔ یعنی موسیٰ علیہ السلام کے ساتھیوں نے کہا ہم تو پکڑے گئے۔ آپ نے ان کے اس کلام کی تردید کرتے ہوئے فرمایا کَلَّا۔ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ نہ فرعون ہمیں اپنے محاصرہ میں لے سکتا ہے اور نہ سمندر ہمارا راستہ روک سکتا ہے۔ اور کبھی یہ حقاً کے معنی میں ہوتا ہے۔ اب یہ کیسے معلوم ہو کہ کَلَّا ردع اور رد کے لیے استعمال ہوا ہے یا حقاً کے معنی میں مستعمل ہے' تو علامہ زرکشی کہتے ہیں کہ اگر وقف کَلَّا پر ہو تو اس وقت ردع اور رد کے معنی میں ہوگا اور کَلَّا سے پہلے وقف ہو اور کَلَّا سے اگلے جملے کی ابتدا ہو تو اس وقت یہ حقاً کے معنی میں ہوگا۔ ان دو آیتوں میں کَلَّا سے جملے کی ابتدا ہو رہی ہے اور وقف اس سے پہلے ہے اس لیے یہاں حقاً کے معنی میں ہوگا۔ ومنھم من نظر الی المعنیین فیقف علیھا اذ اکانت بمعنی الردع ویبتدئ بھا اذ اکانت بمعنی التحقیق وھو اولی (البرہان) یہ اختلاف صرف اولیت میں ہے۔ اگر اسے ردع اور رد کے معنی میں لیا جائے تو پھر بھی غلط نہ ہوگا۔ زرکشی اس کی ترکیب کے متعلق لکھتے ہیں۔ وتکون کلا بمعنی حقا عند الکسائی فیبتدأ بھا لتاکید ما بعدھا فتکون فی موضع المصدر ویکون موضعھا نصبا علی المصدر والعامل محذوف ای احق ذلک حقا۔ (البرہان) یعنی کسائی کے نزدیک کَلَّا' حقاً کے معنی میں ہوگا اور اس سے جملے کی ابتدا ہوگی۔ اس کا مقصد بعد میں آنے والے کلام کی تاکید کرنا ہوتا ہے۔ اس وقت یہ مصدر ہوگا اور عامل محذوف کا مفعول مطلق ہوگا اور منصوب ہوگا۔ یعنی

الْاَرْضَ مِهٰدًا ۙ﴿۶﴾ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۙ﴿۷﴾ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۙ﴿۸﴾ وَّجَعَلْنَا

بنا دیا زمین کو بچھونا ؏ اور پہاڑوں کو میخیں ؏ اور ہم نے پیدا کیا ہے تمہیں جوڑا جوڑا ؏ اور ہم نے بنا دیا ہے

نے علامہ زرکشی کی تحقیق کے مطابق ترجمہ کیا ہے۔

علامہ قرطبی نے بھی کلّا کا معنی حقًا ذکر کیا ہے۔ ای حقا لیعلمون۔ (قرطبی)

سَیَعْلَمُوْنَ کا مفعول مذکور نہیں لیکن سیاق کلام سے پتہ چلتا ہے کہ یہ وہی چیز ہے جس کے متعلق وہ چہ میگوئیاں کر رہے ہیں اور جیسے پہلے بتایا گیا ہے کہ اکثر مفسرین کے نزدیک اس سے مراد قیامت ہے۔

؏ منکرین قیامت سے پوچھا جا رہا ہے کہ کیا ہم نے اس کرۂ ارض کو تمہارے لیے بچھونے کی طرح آرام دہ نہیں بنا دیا۔ تمہاری بقا، تمہاری نشوونما اور آرام و آسائش کے لیے جو چیزیں مطلوب تھیں سب کی سب بڑی فیاضی سے تمہارے لیے مہیا کر دی گئی ہیں۔ حدِ نگاہ تک پھیلے ہوئے زرخیز میدان، ان میں لہلہاتے ہوئے کھیت، سرسبز باغات، ابلتے ہوئے چشمے، ٹھنڈے اور میٹھے پانی کے دریا کس نے بہا دیے ہیں۔ جس علیم و قدیر نے تمہیں زندہ و سلامت رکھنے کے لیے کمال حکمت سے ہر چیز فراہم کر دی ہے، کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ تمہیں مارنے کے بعد دوبارہ زندہ کر دے۔

؏ ذرا ان سلسلہ ہائے کوہ کی طرف دیکھو، یوں معلوم ہوتا ہے جیسے کیل کی طرح انہیں زمین میں گاڑ دیا گیا ہے تاکہ اس کے وزن سے کرۂ زمین کی اضطراری حرکت رک جائے۔ اس کے علاوہ ان پہاڑوں میں تمہارے لیے ان گنت فوائد اور منافع ہیں۔ جو ذات اتنے بڑے بڑے پہاڑ پیدا کرنے پر قادر ہے اس کے بارے میں یہ خیال کہ وہ بالشت بھر کے انسان کو دوبارہ پیدا نہیں کر سکتی، کتنا بڑا دھوکہ ہے۔

؏ اگر تمہاری نظر اتنی بینا نہیں کہ وسیع زمین اور فلک بوس پہاڑوں میں اس کی حکمت کے جلووں کو دیکھ سکو تو آؤ! اپنی ذات میں غور کرو۔ اس نے تم سب کو مرد ہی پیدا نہیں کیا اور نہ سب کو عورتیں بنایا۔ تم خود سوچو مرد و زن دونوں کی تخلیق اسی قطرۂ آب سے ہوتی ہے، ایک ہی رحم میں نشوونما پاتے ہیں۔ خوراک بھی دونوں کی یکساں ہے، لیکن کسی کو لڑکا بنا دیا اور کسی کو لڑکی۔ ایک باپ بننے کے قابل ہے دوسری ماں بننے کے قابل ہے۔ جسے باپ بننا ہے اس کو تمام ایسے آلات، قوتیں اور صلاحیتیں بخش دی ہیں جس کے باعث وہ باپ بننے کے منصب پر فائز ہو سکتا ہے، جس کو ماں بننا ہے وہ ماں بننے کی تمام جسمانی اور نفسیاتی صلاحیتوں سے بہرہ ور ہے۔ اگر تمہیں جوڑا جوڑا نہ بنایا جاتا تو افزائش نسل کیسے ہوتی۔ اگر تم جوڑا جوڑا پیدا نہ کیے جاتے تو زندگی کا یہ کٹھن سفر ہر کیف و رنگ سے محروم ہوتا۔ جس ذات پاک نے نسل انسانی کو مرد و زن میں تقسیم کر کے ان کی تمام جنسی ضروریات کا اہتمام کیا ہے اس کے لیے تمہیں دوبارہ زندہ کرنا قطعاً مشکل نہیں۔

نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۝۹ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۝۱۰ وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝۱۱

تمہاری نیند کو باعث آرام ۹ے نیز ہم نے بنا دیا رات کو پردہ پوش ۱۰ے اور ہم نے دن کو روزی کمانے کے لیے بنایا ۱۱ے

۹ے اگر ان باریکیوں میں غوطہ زنی کی تمہیں مہلت نہیں تو ذرا اپنی نیند اور بیداری کی دو مختلف حالتوں میں غور کرو۔ بیداری کی حالت میں تم دماغی یا جسمانی مشقت کرتے ہو، تم تھک کر چور ہو جاتے ہو۔ تم میں مزید کام کرنے کی سکت باقی نہیں رہتی۔ اچانک نیند تمہیں اپنی آغوش میں لے لیتی ہے۔ کچھ وقت کے لیے تم دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو جاتے ہو۔ جملہ تفکرات اور اندیشوں سے تمہیں نجات مل جاتی ہے۔ کچھ دیر سو لینے کے بعد جب تم بیدار ہوتے ہو تو دماغی درماندگی اور جسمانی تھکاوٹ کافور ہو چکی ہوتی ہے۔ جوش و نشاط کی کیفیت عود کر آتی ہے اور تم از سر نو جادۂ زندگی کا آغاز کر دیتے ہو۔

سنو! ہم نے ہی تمہارے لیے نیند کو آرام و راحت کا ذریعہ بنایا ہے۔ اگر ہم تمہیں نیند کی نعمت سے محروم کر دیں تو یہ زندگی تمہارے لیے موت سے بھی زیادہ تکلیف دہ بن جائے اور دنیا کی ساری لذتیں ہیچ ہو جائیں۔ یہ میری قدرت ہے جس نے نیند جسے تم موت کی بہن کہا کرتے ہو اسی کو ہم نے قوت و نشاط کا سرچشمہ بنا دیا ہے۔ جس کی قدرت کا اللہ کا یہ عالم ہے کیا اس کے لیے تمہیں دوبارہ زندہ کرنا ناممکن ہے۔ کچھ تو انصاف سے کام لو۔

لفظ سُبات کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں: وجعلنا نومکم سباتا ای قطعا للعمل واصل السبت القطع (مفردات) سبت کا معنی کسی چیز کے تسلسل کا منقطع ہو جانا۔ جب انسان کو نیند آتی ہے تو اس کا عمل منقطع ہو جاتا ہے اور وہ بے حس و حرکت اپنی چارپائی پر دراز ہو جاتا ہے۔ لیکن جوہری اپنی صحاح میں لکھتے ہیں السبات، النوم واصلہ الراحۃ من قولہ تعالیٰ وجعلنا نومکم سباتا۔ یعنی سبات کا اصل معنی راحت و سکون ہے اور اس آیت میں سبات اسی معنی میں مستعمل ہوا ہے۔

۱۰ے ذرا شب و روز کے اس تسلسل پر غور کرو۔ رات آتی ہے، ساری کائنات پر اندھیرے کا پردہ ڈال دیا جاتا ہے۔ ہر چھوٹی بڑی چیز اس میں لپٹ کر رہ جاتی ہے۔ جو کام دن کے اجالے میں تم نہیں کر سکتے وہ رات کی اس تاریکی میں تم بلا تکلف انجام دے سکتے ہو۔ دن بھر کی تگ و دو کے بعد تم گھر واپس آتے ہو، اپنے بال بچوں کے ساتھ رات بسر کرتے ہو۔ تمہیں رات کے تاریک سناٹوں میں جو آرام ملتا ہے اور جو میٹھی نیند تم سوتے ہو وہ آرام اور میٹھی نیند دن کے اجالے میں کہاں نصیب ہوتی ہے۔ شیطان اور نفس کے پرستار رات کو ہی اپنے عشرت کدوں کی رونق بڑھاتے ہیں اور خداوند رحمٰن کے بندے رات کو اٹھتے ہیں۔ جب ساری دنیا سوتی ہے اور اپنے سجدہ ہائے نیاز سے، اپنے نالہ ہائے جگر گداز سے اور اپنی اشکباریوں سے اپنے گوشۂ خلوت میں چراغاں کرتے ہیں۔ کسی کو خبر تک نہیں ہوتی کہ کسی نے کیسی رات گزاری ہے۔ رات کو ایسا لباس اور مکمل پردہ ہم نے بنایا ہے۔

۱۱ے معاشا ای سببا للمعاش (مظہری) رات کے برعکس جب دن ہوتا ہے تو پردہ اٹھ جاتا ہے۔ ہر چیز نظر آنے لگتی ہے۔ ہر سو روشنی پھیل جاتی ہے۔ زندگی کی رکی ہوئی گاڑی پھر حرکت کرنے لگتی ہے۔ بازار کھل جاتے ہیں۔ منڈیوں میں چہل پہل شروع ہو جاتی ہے۔ کاشتکار اپنی زمینوں میں ہل جوتتے ہیں۔ غرضیکہ سورج طلوع ہوتے ہی کسب معاش کے لیے جدوجہد اور تگ و دو کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ﴿١٢﴾ وَجَعَلْنَا سِرَاجًا وَهَّاجًا ﴿١٣﴾ وَأَنْزَلْنَا

اور ہم نے بنائے تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان) ۱۱ ۔ اور ہم نے ہی ایک نہایت روشن چراغ بنایا ۱۲ ۔ اور ہم نے برسایا

مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاءً ثَجَّاجًا ﴿١٤﴾ لِنُخْرِجَ بِهِ حَبًّا وَنَبَاتًا ﴿١٥﴾ وَجَنّٰتٍ

بادلوں سے موسلا دھار پانی ۱۳ ۔ تاکہ ہم اگائیں اس کے ذریعہ اناج اور سبزی نیز گھنے

۱۱ ہماری قدرت کاملہ اور صنعت کاری کی شان ملاحظہ کرنی ہو تو ذرا آسمانوں کی اس نیلگوں چھت کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھو۔ ہزارہا صدیاں بیت چکی ہیں اس سائبان کو تنے ہوئے۔ بتاؤ شکست و ریخت کا کوئی نشان اس میں نظر آتا ہے۔ کہیں کوئی شکن کوئی سلوٹ کوئی جھول ہرگز نہیں۔ ینقلب الیک البصر خاسئا وھو حسیر۔ بار بار دیکھو، طاقتور دوربینیں لگا کر دیکھو، تمہیں کہنگی اور بوسیدگی کی کوئی علامت دکھائی نہ دے گی۔ ان کو اتنا مضبوط بنا دیا گیا ہے کہ بے شمار ستارے اس میں محو گردش ہیں، لیکن کسی کی مجال نہیں کہ اپنے مدار سے سر مو سرک سکے، تیز روی یا سست گامی کا مظاہرہ کرے یا جو نظام اوقات اس کے لیے مقرر ہے اس میں ایک لمحے کی بھی تاخیر کرے۔ تم ہماری قدرت و طاقت کو اپنی ناقص طاقت پر قیاس کرتے ہو یہ تمہاری سراسر نادانی ہے۔

۱۲ سراج سے مراد سورج ہے۔ اس کو وہاج کی صفت سے موصوف کیا اور وہاج: ھو مبلغ النور والحرارۃ۔ وہاج اس کو کہتے ہیں جو نور و حرارت کا منبع ہو۔ مشہور مفسر مقاتل کہتے ہیں جعل فیہا نورا وحرارۃ والوھج یجمع النور والحرارۃ یعنی اللہ تعالیٰ نے سورج میں نور اور حرارت دونوں کو جمع کر دیا ہے۔

وہ ایک چراغ جو سارے عالم کو منور کر رہا ہے اس کے بنانے والے ہم ہیں۔ وہ صرف روشن ہی نہیں گرم بھی ہے۔ روشنی اور حرارت دونوں زندگی کا سرچشمہ ہیں۔ اہل علم سے مخفی نہیں کہ کائنات کی یہ ساری چہل پہل، گلشن ہستی کی یہ حسن آرائیاں اور جمال آفرینیاں، نور اور حرارت دونوں کا کرشمہ ہیں۔ اگر اس میں صرف نور ہوتا یا صرف حرارت ہوتی تو زندگی نام کی کوئی چیز یہاں نہ پائی جاتی۔

اس سورج کے بارے میں ہی اگر انسان غور کرے تو اللہ تعالیٰ کے قادر مطلق ہونے کا پختہ یقین حاصل ہو جاتا ہے۔ زمین کے حجم سے اس کا حجم تین لاکھ تینتیس ہزار گنا بڑا ہے۔ زمین سے اس کا فاصلہ ۹ کروڑ تیس لاکھ میل ہے۔ اس کا درجہ حرارت ایک کروڑ چالیس لاکھ ڈگری سینٹی گریڈ ہے۔ اس کا قطر آٹھ لاکھ چونسٹھ ہزار میل ہے جو زمین کے قطر سے ۱۰۹ گنا ہے۔ آپ اس پر حیران نہ ہوں، بعض ستارے سورج سے بھی صدہا گنا بڑے ہیں۔ کئی ایسے بھی ہیں جن کا قطر سورج کے قطر سے آٹھ سو گنا ہے۔ (انسائیکلو پیڈیا بریٹانیکا)

زمین سے اتنا دور ہونے کے باوجود وہ مناسب مقدار میں روشنی بھی پہنچا رہا ہے جس کے باعث اس کا چپہ چپہ روشن ہے اور مناسب مقدار میں حرارت بھی فراہم کر رہا ہے جس سے انسانی، حیوانی اور نباتاتی زندگی برقرار ہے۔ زمین سے اس کی مناسب دوری، اس کے طلوع و غروب کا نظام، موسموں کا تغیر و تبدل، رات کا آنا جانا، ہر چیز پکار پکار کر اعلان کر رہی ہے کہ اس کو منبع نور و حرارت بنانے والا، اس کو مناسب دوری پر رکھنے والا، اس کے منظم طلوع و غروب کا لائحہ عمل مرتب کرنے والا، قادر مطلق بھی ہے، حکیم بھی ہے اور علیم بھی۔

۱۳ مُعْصِرَات: ھی الریاح تعصر السحاب۔ یعنی معصرات سے مراد وہ ہوائیں ہیں جو بادلوں کو نچوڑتی ہیں اور بارش برستی ہے۔ معصرات ان بادلوں کو بھی کہتے ہیں جو بارش کے پانی سے بھرے ہوئے ہوتے ہیں اور ابھی انہوں نے برسنا شروع نہیں کیا ہو۔ قال الفراء المعصرات السحاب

اَلْفَافًا ﴿١٦﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿١٧﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِى الصُّوْرِ

باغات ۔ ؎۱۳ بے شک فیصلہ کا دن ایک معین وقت ہے ۔ ؎۱۴ جس روز صور پھونکا جائے گا تو

ینجلب بالقطر ولم یعطر۔ ثجاجا: صبّا متدفقا۔ پانی کا زور سے گرنا، موسلا دھار بارش۔

؎۱۳ یوں بادلوں سے بارشوں کا موسلا دھار برسانا بے مقصد اور عبث نہیں بلکہ بارشیں برسا کر ہم انسانوں کے لیے ہر طرح کا اناج، حیوانات کے لیے ہر قسم کا چارہ اگاتے ہیں اور اس کے پانی سے گنجان باغات بہار دکھا رہے ہیں جن کی شاخوں پر مختلف ذائقوں کے رنگا رنگ پھل تمہارے کام و دہن کی ضیافت کے لیے تیار ہو رہے ہیں۔ یہ سب چیزیں جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کے شاہکار ہیں، جو اس کی حکمت بالغہ اور علم محیط کی گواہی دے رہی ہیں۔ جس کی قدرت کے حیرت افزا نمونے تم دیکھ چکے ہو خود انصاف سے بتاؤ کہ کیا تمہیں وہ دوبارہ زندہ کرنے کی طاقت نہیں رکھتا نیز اس کی ہر قدرت میں اس کی بے پایاں حکمت کے جلوے جلوہ طراز ہیں۔ جس کا ہر کام حکمت ہی حکمت ہے کیا تم اس کے بارے میں یہ باور کر سکتے ہو کہ اس نے انسان کو بے مقصد پیدا کیا۔ انسان کو اشرف المخلوقات بنایا، غور و فکر کی استعداد بخشی، عمل اور ارادہ کی آزادی مرحمت فرمائی، اپنی کائنات کو مسخر کر کے اس کی ترک تازیوں کے لیے میدان ہموار کر دیا۔ وہ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی قوتوں کو اپنی مرضی اور منشا سے استعمال کرتا رہا۔ کسی نے اپنی قوتوں کو عروس گیتی کے نوک پلک سنوارنے کے لیے صرف کیا، علم و حکمت کے کارواں کی قیادت کی، زندگی کے سنسان صحراؤں میں نیکیوں کے خیابان آباد کیے اور شاہراہ حیات پر ہر قدم بڑی ذمہ داری سے اٹھایا اور آخر دم تک اس نے اپنے پروردگار کی بندگی میں کوتاہی نہ کی۔

اور بعض لوگ انسانیت کا سہاگ لوٹتے رہے، گلشن ہستی کو ویرانیوں اور بربادیوں کے شعلوں سے بھسم کرتے رہے، اپنی سفاکیوں اور خون آشامیوں سے بے گناہوں کے معصوم خون سے ہولی کھیلتے رہے۔ نہ انہوں نے اپنے خالق کو پہچانا اور نہ اپنے معبود کی بندگی اختیار کی اور نیکی کے جتنے چراغ ان کی زد میں آئے انہیں گل کرتے رہے اور اسی طرح اپنی زندگی کو برباد کر دیا۔ تم خود سوچو کہ اگر ان دونوں کو دوبارہ زندہ کر کے جزا و سزا نہ دی جائے تو اس سے بڑا ظلم بھی کوئی اور ہو سکتا ہے؟ کیا تم اس اندھیر گردی کی اپنے رب سے جو رحیم بھی ہے اور کریم بھی توقع رکھ سکتے ہو؟ اس کی حکمت کا یہ تقاضا ہے کہ اپنے نیک بندوں کو وہ زندہ کر کے اپنی ابدی نعمتوں سے سرشار کر دے تاکہ انہیں اپنے اعمال صالحہ کا میٹھا پھل نصیب ہو اور بدکاروں اور ظالموں کو دوبارہ زندہ کر کے قعر جہنم میں جھونک دے تاکہ انہیں اپنی فتنہ پرستیوں اور بدکاریوں کی پوری پوری سزا ملے۔ یہ دنیا دار العمل ہے اور وہ عمل جس پر کوئی نتیجہ مرتب نہ ہو وہ فضول اور عبث ہے۔ اس دار العمل میں انسان کو اس کے اعمال کی پوری پوری جزا نہیں مل سکتی۔ خود بتائیے کہ جو حق کی سربلندی کے لیے، اپنے وطن اور قوم کی آزادی کے حصول کے لیے لقمہ اجل بنا اس کو اس دنیا میں اس کا کیا اجر ملا۔ کیا آپ اس عمل کو اتنا معمولی سمجھتے ہیں کہ اس کا اسے کوئی اجر نہ ملنا چاہیے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کی حکمت اس امر کی متقاضی ہے کہ اس زندگی کے بعد ایک اور زندگی ہو، اس فنا ہو جانے والی دنیا کے بعد ایک اور جہان ہو، جہاں ہر شخص کو اپنے نیک یا بد اعمال کی پوری پوری جزا ملے۔

؎۱۴ کفار ازراہ مذاق کہا کرتے کہ جس قیامت کی آمد کے بارے میں اتنا شور مچایا جا رہا ہے اسے کہو کہ وہ برپا ہو جائے۔ ہم بھی تو اپنی

فَتَأْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿١٨﴾ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿١٩﴾ وَّسُيِّرَتِ

تم چلے آؤ گے فوج در فوج ۱۵؎ اور کھول دیا جائے گا آسمان تو وہ دروازے ہی دروازے بن کر رہ جائے گا ۱۶؎ اور حرکت دی جائے گی

الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿٢٠﴾ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿٢١﴾ لِّلطّٰغِيْنَ

پہاڑوں کو تو وہ سراب بن جائیں گے ۱۷؎ درحقیقت جہنم ایک گھات ہے ۱۸؎ (یہ) سرکشوں کا

آنکھوں سے دیکھ لیں کہ جو آپ کہہ رہے تھے وہ سچ ہے۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ قیامت کا برپا ہونا کوئی کھیل تماشا تو ہے نہیں کہ جب کسی نے کہا اسی وقت اس کی نمائش شروع ہو گئی۔ یہ تو ایک نہایت سنگین حادثہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے ایک وقت مقرر کر دیا ہے۔ تم ہزار پاپڑ بیلو، وقتِ مقررہ سے پہلے ایک منٹ بھی یہ برپا نہ ہو گی اور جب اس کا وقت آ جائے گا تو پھر دنیا کی کوئی طاقت اس کو روک نہ سکے گی۔ تمہارا بھلا اسی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نبی کی بات پر یقین کرو اور اس دن کے لیے تیاری شروع کر دو تاکہ اس دن تمہیں پچھتانا نہ پڑے۔

۱۵؎ آج تو تم اس کا انکار کر رہے ہو لیکن جب صور پھونکا جائے گا تو زمین کے جس دور دراز گوشے میں تم مدفون ہو گے یا جہاں جہاں تمہارے ذرّے بکھرے پڑے ہوں گے سب جمع ہو جائیں گے اور تم فوج در فوج کشاں کشاں اللہ تعالیٰ کے دربار میں حاضر ہو رہے ہو گے۔ کسی کی مجال نہ ہو گی کہ چادر تان کر سویا رہے، کسی غار میں چھپ جائے یا کہیں بھاگ کر چلا جائے۔

احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ اس روز گروہ بندی نسل، زبان یا وطن کی بنیادوں پر نہ ہو گی بلکہ نیک و بد اعمال کی اساس پر ہو گی۔ مشرق و مغرب کے سود خور، حرام خور ایک صف میں اکٹھے ہوں گے۔ عرب و عجم کے ظالم و سفاک ایک جگہ جمع ہوں گے۔ اشتراکی اور سرمایہ دار ملکوں میں بسنے والے سارے زانی اور فاجر ایک مقام پر جمع ہوں گے اور سب ایک ساتھ بارگاہ رب العزت میں حاضر کیے جائیں گے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کے نیک لوگوں کی بھی الگ الگ گروہ بندیاں ہوں گی۔ مجاہد اور شہید ایک جگہ، علمائے ربانیین ایک جگہ، اولیائے کاملین ایک جگہ اکٹھے کیے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم ناچیز بندوں کا حشر بھی اس گروہ کے ساتھ کرے جن کے دلوں میں اس کے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے عشق کی شمع فروزاں ہے۔ آمین ثم آمین۔

۱۶؎ روز حشر کی کیفیت پہلے بیان ہوئی۔ قیامت کے ابتدائی مرحلوں کا ذکر اب ہو رہا ہے۔ اس روز یہ مضبوط آسمان جگہ جگہ سے پھٹ جائے گا یوں معلوم ہو گا جیسے ہر جگہ دروازے ہی دروازے ہیں۔ آلام و مصائب کا طوفان کسی رکاوٹ کے بغیر ان سے امڈا چلا آ رہا ہے۔

۱۷؎ یہ جمے ہوئے پہاڑ اپنی جگہ سے اکھڑ جائیں گے۔ ریزہ ریزہ ہو کر ہوا میں اڑ جائیں گے۔ ان کا نام و نشان بھی باقی نہ رہے گا۔ علامہ قرطبی نے سرابًا کا معنی تشبیہ کیا ہے۔ جس طرح سراب کو دیکھنے والا اسے پانی سمجھ کر اس کی طرف بڑھتا ہے جب قریب پہنچتا ہے تو وہاں پانی کا ایک قطرہ بھی نہیں ہوتا۔ سُیِّرَتْ کا معنی ہے جڑوں سے اکھڑ جانا، اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ تشبیہ کما ان السراب کذلک یظنه الرائی ماء ولیس بماء۔ وقیل و سُیِّرَتْ، نُسِفَتْ من اصولها وقیل أزیلت عن مواضعها۔ (قرطبی)

۱۸؎ منکرین قیامت کو جس عذاب میں مبتلا کیا جائے گا اب اس کا ذکر ہو رہا ہے۔ علامہ جوہری لفظ مِرْصَاد کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے

مَاٰبًا ﴿۲۲﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿۲۳﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿۲۴﴾

ٹھکانا ہے۔ ۱۹ وہ پڑے رہیں گے اس میں عرصہ دراز ۲۰ وہ نہیں چکھیں گے اس میں کوئی ٹھنڈی چیز اور نہ پانی۔

ہیں کہ جو شخص کسی کی گھات میں بیٹھا ہوا ہو اس کو راصد کہتے ہیں۔ کسی کی گھات میں تیار ہو کر بیٹھنے کو مرصد کہتے ہیں۔ اصمعی کہتے ہیں کہ اگر تو کسی پر اچانک جھپٹنے کے لیے بالکل تیار ہو کر بیٹھ جائے تو تو کہے گا ارصدته ای اعددت له۔

یہ لکھنے کے بعد علامہ قرطبی اس آیت کا یہ مفہوم بیان کرتے ہیں:

قلت فجهنم معدة مترصدة ای هی متطلعة لمن یأتی۔ یعنی میں کہتا ہوں کہ جہنم تیار ہو کر بڑی بے تابی سے آنے والوں کے لیے گھات لگائے بیٹھا ہو گا۔

مرصاد کا معنی راستہ، راہگزر بھی بتایا گیا ہے۔ اس وقت آیت کا مفہوم یہ ہو گا کہ سب لوگ جہنم کے اوپر سے گزر جائیں گے۔ جہنمی اس میں گر پڑیں گے اور جنتی سلامتی سے اسے عبور کر لیں گے۔ جب حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت گزرنے لگے گی تو حضور پل صراط کے قریب کھڑے ہو کر فرمائیں گے: یَارَبِّ سَلِّمْ سَلِّمْ۔ الٰہی! میرے امتی کو سلامتی سے گزار دے۔ (مظہری)

علامہ قرطبی نے مرصاد کا یہ مفہوم بھی بیان کیا ہے۔ المرصاد: مفعال من ابنیة المبالغة فکانه یکثر من جهنم انتظار الکفار۔ یعنی مرصاد کا وزن مفعال ہے۔ یہ مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس وقت مطلب یہ ہو گا کہ جہنم کفار کا بڑی شدت اور بے تابی سے انتظار کر رہا ہو گا۔

۱۹ طاغی کا معنی سرکش، کفر بھی سرکشی ہے اور بدکاری بھی سرکشی ہے۔ اس لیے طاغین کا لفظ کفار کے لیے بھی استعمال ہو سکتا ہے اور گنہگاروں کے لیے بھی۔ مآب: مرجع، منزل جہاں گھوم پھر کر انسان لوٹ کر جاتا ہے۔

۲۰ احقاب: حُقُبٌ اور حُقْبٌ کی جمع ہے۔ اس کا معنی ہے دہر۔ احقاب کا معنی ہے دھور۔ فراء جو لغت عرب اور نحو کے امام ہیں، وہ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ حُقْبٌ اسّی سال کی مدت کو کہتے ہیں۔ ہر سال تین سو ساٹھ دن کا ہوتا ہے اور آخرت کا ہر دن ایک ہزار دنیوی سالوں کے برابر ہو گا۔ پھر کہتے ہیں کہ اس آیت سے کوئی اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو کہ جب یہ طویل مدت گزر جائے گی تو جہنمی دوزخ سے رہائی پا لیں گے۔ کیونکہ اگر ان احقاب کی تعداد بیان کی جاتی یعنی چار یا دس احقاب کہا جاتا تو توقیت بھی جاتی کہ چار یا دس صدیاں وہ وہاں گزاریں گے۔ یہاں احقاب کی تعداد مذکور نہیں، اس لیے آیت کا معنی یہ ہے کہ انهم یلبثون فیها احقابا کلما مضی حقب تبعه حقب اٰخر۔ (لسان) یعنی وہ قرنہا قرن وہاں رہیں گے۔ جب ایک قرن ختم ہو جائے گی تو اس کے بعد دوسری قرن شروع ہو جائے گی پھر تیسری پھر چوتھی اور یہ سلسلہ ابد الآباد تک جاری رہے گا۔ اس لیے کفار کے جہنم سے نکلنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

لغت عرب کے ایک امام کی اس تشریح کے بعد کسی کج فہمی میں مبتلا ہونا سراسر نادانی ہے۔ خصوصاً جب قرآن کریم میں چونتیس مقامات پر یہ تصریح کی گئی ہے کہ وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے اور بعض مقامات پر صرف خالدین پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ ابدًا کا اضافہ بھی کر دیا گیا ہے۔ اس لیے قرآن کریم کی کسی آیت کا ایسا مفہوم بیان کرنا جو دوسری کثیر آیات کے خلاف ہو کسی مومن کو زیب نہیں دیتا۔ قال قطرب هو الدهر

اِلَّا حَمِيْمًا وَّ غَسَّاقًا ۝۲۵ جَزَآءً وِّفَاقًا ۝۲۶ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ

بجز کھولتے پانی اور گرم پیپ کے ۲۱؎ (ان کے گناہوں کی) پوری سزا۔ یہ لوگ (روزِ) حساب کی توقع ہی نہیں

حِسَابًا ۝۲۷ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ۝۲۸ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ۝۲۹

رکھتے تھے اور انہوں نے ہماری آیتوں کو سختی سے جھٹلایا ۲۲؎ حالانکہ ہر چیز کو ہم نے گن گن کر لکھ لیا تھا۔

فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ۝۳۰ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ۝۳۱

پس (اے منکرو!) اپنے کیے کا مزا چکھو اب ہم نہیں زیادہ کریں گے تم پر مگر عذاب ۲۳؎ بلاشبہ پرہیزگاروں کے لیے کامیابی (ہی کامیابی) ہے۔

حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ۝۳۲ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ۝۳۳ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ۝۳۴

(ان کے لیے) باغات اور انگوروں (کی بیلیں) ہیں۔ اور جوان سال ہم عمر لڑکیاں۔ اور چھلکتا ہوا جام ۲۴؎

الطویل غیر المحدود۔ یعنی امام محمد قطرب نے کہا ہے کہ حقب اس لمبے زمانے کو کہتے ہیں جس کی کوئی حد نہ ہو۔

۲۱؎ حمیم۔ کھولتا ہوا پانی۔ غساق: پیپ، کچ لہو، وہ گندا مادہ جو زخموں سے نکلتا ہے۔ غساق: صدید اهل النار و قیحهم۔

۲۲؎ انہیں ایسی سزا دی جائے گی جو ان کے اعمال کے مطابق ہوگی۔ جزاءً فعل محذوف کا مفعول مطلق ہے۔ اس لئے منصوب۔ اصل عبارت یوں ہے ای جازینا هم جزاءً وافق اعمالهم۔ (قرطبی) کذاب باب تفعیل کے مصادر کا ایک وزن ہے۔ وهو احد مصادر المشدد لان مصدره قد یجیئ علی تفعیل مثل التکلیم وعلی فعال مثل کذاب وعلی تفعلة مثل توصیة وعلی مُفَعَّل مثل مُمَزَّق۔ (قرطبی) باب تفعیل مصدر کے یہ چار وزن ہیں۔ ان میں ایک فعال ہے۔

۲۳؎ یعنی تم یہ سمجھو کہ تمہیں یونہی آوارہ چھوڑ دیا گیا ہے۔ جو تمہارے جی میں آئے کرتے رہو تم سے کوئی بازپرس نہ ہوگی۔ ایسا اندھیر جاہے ہاں نہیں۔ ہم تمہارے اعمال، تمہارے افکار اور تمہارے ارادوں کو گن گن کر ضبطِ تحریر میں لا رہے ہیں اور یہ سارا ریکارڈ قیامت کے دن تمہارے سامنے کھول کر رکھ دیا جائے گا۔

۲۴؎ اب ان لوگوں پر اپنے لطف و کرم کا ذکر ہو رہا ہے جو روزِ قیامت پر ایمان رکھتے تھے خداوند ذوالجلال کے دربار میں حاضری کا خوف ان کو ہر گناہ سے باز رکھتا تھا ــــ مفاز: موضع فوز و نجاة۔ کامیابی و نجات کی جگہ۔ یہ کامیابی کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے۔ حدائق حدیقة وہ باغ جس کے اردگرد چاردیواری تعمیر کر دی گئی ہو۔ اعناب: ای کلوم اعناب۔ انگور کی بیلیں۔ کواعب، اس کا واحد کاعب: نوخیز، نوجوان۔ دهاق: مملوّ۔ لبریز، چھلکتا ہوا۔

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿۳۵﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾

نہ سنیں گے وہاں کوئی بیہودہ بات اور نہ جھوٹ۔ یہ بدلہ ہے آپ کے رب کی طرف سے بڑا کافی انعام ۳۵

رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُونَ مِنْهُ

جو پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، بے حد مہربان ۳۶ انہیں طاقت نہ ہوگی کہ (بغیر اجازت) اس سے

خِطَابًا ﴿۳۷﴾ يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۖ لَّا يَتَكَلَّمُونَ اِلَّا

بات بھی کر سکیں ۳۷ جس روز روح اور فرشتے پرے باندھ کر کھڑے ہوں گے ۳۸ کوئی نہ بول سکے گا بجز اس

۳۵ آپ کے رب کی طرف سے ان متقین کو یہ بدلا ملے گا۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان ہوگا۔ اور یہ اتنی وافر مقدار میں دیا جائے گا کہ لینے والے کہیں گے بس بس۔ ہمیں اتنا ہی بہت ہے ہمیں اور نہیں چاہیے۔ یہ انعام و اکرام کیونکہ ان کے اعمالِ صالحہ کے عوض میں ہے۔ اس لیے اسے جزاء کہا گیا۔ کیونکہ اس میں اس کا فضل و احسان جلوہ نما ہے اس لیے اسے عطاء کہا گیا ہے۔ پھر عطاء کی صفت حساب ذکر کی گئی۔ قتادہ نے اس کا معنی کثیرًا بتایا ہے۔ یقال احسبت فلانا ای کثرت لہ العطاء حتی قال حسبی۔ جب کسی کو کوئی چیز اتنی فراواں مقدار میں دی جائے کہ وہ خود کہہ اٹھے بس بس مجھے اتنا کافی ہے۔ تو لغتِ عرب میں کہتے ہیں احسبتُ فلانًا میں نے اسے بہت عطا کیا۔ مجاہد کہتے ہیں کہ حسابًا سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جتنا کسی کے ساتھ وعدہ کیا ہے عطاء اس کے مطابق ہوگی۔ بعض کو ایک کے بدلے دس، بعض کو ایک کے بدلے سات سو اور بعض کو بے حد و حساب دینے کا وعدہ فرمایا ہے۔ انما یوفی الصابرون اجرھم بغیر حساب۔ ہر شخص کو اس کے خلوصِ نیت، عجز و نیاز کی کیفیت کے مطابق اجر ملے گا۔ (قرطبی)

جزاء من ربک کے الفاظ اہلِ محبت کے لیے اپنے اندر خصوصی کشش رکھتے ہیں۔ جب دوزخیوں کی سزا کا ذکر ہوا تو صرف جزاءً وفاقا فرمایا گیا اور جب اہلِ جنت پر اپنے جود و کرم کی بارش فرمانے کا موقع آیا تو اس کو اپنی ذات کی طرف منسوب کیا اور اپنی شانِ ربوبیت کی اضافت اپنے حبیبِ کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی طرف فرما دی۔ رب تو سب کا ہے لیکن صفتِ ربوبیت کا جو خصوصی تعلق ذاتِ پاک مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء سے ہے وہ کسی اور کو نصیب نہیں۔ نہ عرش کو نہ کرسی کو، نہ جبریل کو نہ نوح و خلیل کو۔

۳۶ یہ بدل ہے ان کا بدل منہ ربک ہے۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں۔ فی الابدال تعظیم لا یخفی۔ اس بدل سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عظمتِ شان یوں ظاہر ہو رہی ہے جو کسی پر مخفی نہیں۔ اس کے بعد لکھتے ہیں۔ وایماء علی ما قیل الی ما روی فی کتب الصوفیۃ من الحدیث القدسی لولاک لما خلقت الافلاک۔ اس میں صوفیاء کی روایت کردہ اس حدیثِ قدسی کی طرف بھی اشارہ ہے کہ اے حبیب! اگر تو نہ ہوتا تو میں آسمانوں کو بھی پیدا نہ کرتا۔ الرحمٰن بھی بدل ہے یا صفت۔

۳۷ کوئی بھی اللہ تعالیٰ کے سامنے زبان نہ کھول سکے گا۔ کسی میں دم مارنے کی ہمت نہ ہوگی۔ کفار و منکرین آج بڑے زبان دراز

مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ

کے جس کو رحمٰن اذن دے اور وہ ٹھیک بات کرے ۲۹ یہ دن برحق ہے، سو جس کا جی

بنے ہوئے ہیں، ذرا روزِ قیامت کا بھی خیال رکھیں۔

۲۸ روح سے مراد اکثر مفسرین کے نزدیک جبریل امین ہیں۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ جبریل علیہ السلام بارگاہ خداوند ذوالجلال میں دست بستہ کھڑے ہوں گے اور مارے خوف کے کانپ رہے ہوں گے اور ان کی زبان پر یہ جاری ہو گا، لا اله الا انت ما عبدناك حق عبادتك۔ جبریل کے علاوہ دوسرے ملائکہ بھی صفیں باندھے حاضر ہوں گے۔

۲۹ جلالِ خداوندی کا یہ عالم ہو گا کہ سب چپ، دم بخود، کسی میں لب ہلانے کی بھی ہمت نہ ہو گی۔ البتہ وہ نفوس قدسیہ جن کو اذن گویائی ملے گا وہ اپنے رب کے حضور اپنی گزارشات اور اپنی التجائیں پیش کر رہے ہوں گے۔ امام بخاری نے اپنی صحیح میں حدیث شفاعت بڑی مفصل درج کی ہے جس کا خلاصہ پیش خدمت ہے:

"کافی عرصہ سب لوگ خاموشی سے سر جھکائے کھڑے رہیں گے اور پسینوں میں شرابور ہوں گے کوئی ٹخنوں تک پسینے میں ہو گا کوئی گھٹنوں تک، کوئی کمر تک کوئی گردن تک پسینے میں ڈوبا ہو گا۔ آخر سب آدم علیہ السلام کے پاس حاضر ہو کر شفاعت کے لیے درخواست کریں گے۔ آپ اپنی معذوری بیان کریں گے۔ چنانچہ مختلف انبیاء کے پاس باری باری حاضر ہوں گے لیکن ناامید ہو کر لوٹیں گے۔ آخر عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جب جائیں گے تو آپ جواب دیں گے کہ میں خود تو شفاعت کی جرأت نہیں کر سکتا البتہ تمہیں ایک ایسی ہستی کا پتہ بتاتا ہوں جس کے پاس سے کوئی سائل نامراد واپس نہیں لوٹتا۔ وہ سب کو بارگاہ محمد مصطفیٰ علیہ وعلیٰ آلہ اطیب التحیۃ والثناء کی طرف جانے کا حکم دیں گے۔ جب در در کی ٹھوکریں کھانے کے بعد سب مخلوق شکستہ خاطر، پراگندہ حال وہاں جائے گی اور شفاعت کی درخواست کرے گی۔ ان درخواست کرنے والوں میں وہ لوگ بھی شامل ہوں گے جو آج بڑے طمطراق سے شفاعتِ مصطفوی کا انکار کرتے ہیں اور اگر انکار نہیں کر سکتے تو اس کی ایسی تاویل کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ایسی خود ساختہ شرائط کا اضافہ کرتے ہیں کہ شانِ مصطفوی کا ظہور نہیں ہوتا۔ وہ لوگ بھی اس دن حاضر ہوں گے۔ حضور سرورِ عالم سب کی فریاد سن کر فرمائیں گے اَنَا لَهَا، اَنَا لَهَا۔ ہاں میں تمہاری شفاعت کروں گا، ہاں مجھے یہ منصب حاصل ہے کہ میں تمہاری شفاعت کروں۔ چنانچہ حضور عرش الٰہی کے قریب جا کر سجدہ ریز ہو جائیں گے اور اپنے پروردگار کی حمد و توصیف کی حد کر دیں گے۔ عرش والا فرمائے گا یا محمد ارفع راسك سل تعطه اشفع تشفع۔ اے پیکر ہر خوبی و زیبائی! اپنا سر مبارک اٹھاؤ، تم مانگتے جاؤ میں دیتا جاؤں گا، تم شفاعت کرتے جاؤ میں شفاعت قبول کرتا جاؤں گا۔ اذنِ شفاعت سے شرف یاب ہو کر مقام محمود پر جلوہ فگن ہوں گے۔ لواء الحمد، حمد کا پرچم دستِ مبارک میں جھوم رہا ہو گا اور جو آئے گا سب کو پناہ دیتے جائیں گے۔"

اللهم صل على شفيع الامم۔ اللهم سلم على صاحب المقام المحمود۔ اللهم بارك على حامل لواء الحمد من الصلوات ازكاها ومن التسليمات اسناها ومن البركات اعلاها وعلى آله واصحابه وعلينا معهم اجمعين۔ اللهم ارزقنا شفاعته۔ واحشرنا في زمرته تحت لواء الحمد۔ اللهم انت اكرم المسئولين۔

شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۝٣٩ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚۖ يَّوْمَ

چاہے بنالے اپنے رب کے جوارِ رحمت میں اپنا ٹھکانا ۳۰؎ بے شک ہم نے ڈرادیا ہے تمہیں جلد آنے والے عذاب سے ۔ اس دن

يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ۝٤٠

دیکھ لے گا ہر شخص (ان عملوں کو) جو اس نے آگے بھیجے تھے اور کافر (بصد حسرت) کہے گا کاش! میں خاک ہوتا ۳۱؎

۳۰؎ آخر میں پھر بتادیا کہ اس دن کا آنا برحق ہے۔ اس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔ جس کا جی چاہے آج اس راستہ پر چل کھڑا ہو جو اس کو اس کے رب کی طرف لے جاتا ہے۔ مآبًا: مرجعًا و سبیلًا۔

۳۱؎ کفار کے اعمال کا کچا چٹھا ان کے سامنے کھول کر رکھ دیا جائے گا۔ اس وقت سارے نقشے بدل جائیں گے۔ ساری نخوتیں خاک میں مل جائیں گی۔ بصد حسرت و یاس کہے گا کاش! میں مٹی میں مل کر مٹی ہو گیا ہوتا اور مجھے یہ روزِ بد دیکھنا نہ پڑتا۔

بعض علماء نے الکافر سے مراد ابلیس لیا ہے۔ اس روز جب اولادِ آدم کے نیکوکاروں کی یہ عزت افزائیاں دیکھے گا تو کہے گا کہ کاش! مجھے آگ سے پیدا نہ کیا جاتا اور اس کی وجہ سے مغرور ہو کر میں گمراہ نہ ہوتا۔ کاش! میری تخلیق مٹی سے ہوتی۔ میں اپنے رب کے حضور عجز و انکساری کا اظہار کرتا اور آج اس رسوائی سے دوچار نہ ہوتا۔

○

سبحان ذی الملك والملكوت سبحان ذی العزة والهيبة والكبرياء والجبروت سبحان الملك الحی الذی لا يموت سبوح قدوس ربنا ورب الملائكة والروح لا اله الا انت سبحانك انی كنت من الظالمين فاطر السموات والارض انت ولی فی الدنيا والآخرة توفنی مسلما والحقنی بالصالحين وارزقنی مرافقة حبيبك المكرم فی الدنيا والآخرة. اللهم صل وسلم وبارك علی شفيع المذنبين قائد الغر المحجلين وعلی آله الطاهرين واصحابه المكرمين وعلی سائر امته اجمعين.

○

تعارف

سُورۃُ النّٰزِعٰت

نام : اس سورۃ کا نام 'النازعات' ہے۔ یہ کلمہ اس کی پہلی آیت میں مذکور ہے۔ اس کے علاوہ اس کو 'الساہرہ' اور 'الطامۃ' بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں دو رکوع، چالیس آیتیں ہیں اس کے کلمات کی تعداد ایک سو تانوے اور حروف کی تعداد سات سو ترپن ہے۔

نزول : حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ اس کا نزول سورۃ "النبا" کے معًا بعد ہوا۔ گویا یہ بھی عہد نبوت کے آغاز میں نازل ہوئی۔

مضامین : کفار کسی قیمت پر وقوع قیامت کو تسلیم کرنے پر آمادہ نہ تھے۔ ان کی اسی اُلجھن کو دُور کرنے کے لیے اس سورت میں بھی خصوصی توجہ مبذول فرمائی گئی ہے۔

اہم تکوینی فرائض کی انجام دہی پر جو ذی شان فرشتے مقرر ہیں اُن کی قسم اُٹھا کر فرما دیا کہ قیامت ضرور برپا ہوگی۔ دُنیا کی کوئی طاقت اس کو روک نہیں سکتی۔ دُنیا بھر کے کفار و مشرکین اگر اس کا انکار بھی کرتے رہیں اور اس کے ناممکن ہونے کا فتویٰ بھی صادر کرتے رہیں اور اس کے وقوع پر اپنی خشم ناکی اور برہمی کا اظہار بھی کرتے رہیں تب بھی قیامت برپا ہو کر رہے گی۔ خداوند ذوالجلال کا یہ اعلان وقوع قیامت کی مُجملہ دلیلوں سے قوی اور ناقابلِ تردید ہے۔ بات اسی پر ختم کر دی جاتی تو مزید کسی وضاحت کی ضرورت نہ تھی لیکن اس کے بعد اُن کے اس اعتراض کو بھی پیش کر دیا جو وہ بڑی شد و مد سے کیا کرتے تھے کہ بھلا یہ ہڈیاں جب بوسیدہ اور خستہ ہو کر ریزہ ریزہ ہو جائیں گی اور ہوا کے تیز جھونکے ان کو زمین کے گوشہ گوشہ میں بکھیر دیں گے۔ ان ذروں کو پھر یکجا کرنا اور ان میں رُوح پھونکنا قطعاً ممکن نہیں۔ اس کا جواب یہ کہہ کر دے دیا کہ جس چیز کو تم ناممکن تصور کر رہے ہو، اس کے لیے تو صرف ہمارے ایک جھڑکے کی ضرورت ہے سب قبروں سے نکل کر میدانِ حشر میں کھڑے ہو جائیں گے۔ تم ایسا نہیں کر سکتے یہ دُرست ہے۔ تم ان بکھرے ہوئے ذروں کے مقام کو نہیں جانتے یہ درست ہے تم ان میں از سرِ نو رُوح نہیں پھونک سکتے یہ درست ہے لیکن کیا خالقِ کائنات بھی ایسا نہیں کر سکتا ؟ کچھ تو سوچو کچھ تو عقل سے کام لو۔

پھر انہیں بتایا گیا کہ اُن سے پہلے بھی اس قسم کے سرکش لوگ گزرے ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے رسُولوں کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا۔ انہیں اپنی قوت اور سلطنت پر بڑا ناز تھا۔ لیکن جب غضب الٰہی کی بجلی کوندی تو ان کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا۔ فرعون کو اے اہل مکہ ! تم سب جانتے ہو اس نے میری مخلوق پر جو مظالم کیے، میرے کلیم کے خلاف جو محاذ آرائی کی اسکا

انجام تمہیں خوب معلوم ہے۔ اگر تم اپنے آپ کو اس عبرت ناک انجام سے بچانا چاہتے ہو تو فرعونی روش کو ترک کردو۔ میرے حبیب کی نافرمانی چھوڑ دو۔ جو دعوت وہ پاک نہاد تمہیں دے رہا ہے اس کو بطیبِ خاطر قبول کرو۔ دونوں جہانوں میں فوز و کامرانی ہوگی۔

اس کے بعد پھر اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کے شواہد پیش کیے اور لوگوں کو دعوت دی کہ چشمِ ہوش کھولیں اور خود فیصلہ کریں کہ جو ذات ان اُمور پر قادر ہے۔ اس کے لیے تمہیں دوبارہ پیدا کرنا ذرا مشکل نہیں۔ ساتھ ہی وقوعِ قیامت میں جو حکمت ہے، اس کا ذکر فرمایا۔

کفار بار بار یہ پُوچھتے کہ اگر قیامت آنی ہے تو آپ ذرا اس کی تاریخ تو بتا دیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے محبوب اس کی تاریخ بیان کرنا آپ کے فرائض میں سے نہیں اور حکمتِ الٰہی کا تقاضا بھی یہی ہے کہ یہ خبر صیغۂ راز میں رہے۔ آپ کا بس اتنا ہی فرض ہے کہ آپ انہیں ڈراتے رہیں تاکہ یہ لوگ اپنی بروقت اصلاح کرلیں۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۷۷-۴-۶

سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتٌّ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورہ النازعات مکی ہے اس کی چھیالیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿۱﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ﴿۲﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿۳﴾

قسم ہے ان فرشتوں کی جو غوطہ لگا کر (جان) کھینچنے والے ہیں [1] اور بند آسانی سے کھولنے والے ہیں [2] اور تیزی سے پیرنے والے ہیں [3]

[1] اس سورت کا آغاز بھی پانچ قسمیں کھا کر کیا گیا ہے لیکن یہاں بھی مقسم بہا کے بجائے ان کے اوصاف کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس لیے علما کے درمیان اختلاف ہے کہ وہ پانچ کون سی چیزیں ہیں جن کی قسم اٹھائی گئی ہے۔ یہاں صرف دو قول ذکر کرنے پر اکتفا کیا جائے گا

پہلا قول تو یہ ہے کہ یہ ملائکہ کی صفات ہیں۔ اس قول کے مطابق آیات کا مفہوم یہ ہو گا کہ قسم ہے ان فرشتوں کی جو جسموں میں غوطہ لگا کر بڑی سختی اور شدت سے روحوں کو باہر نکالتے ہیں۔ النزع: جذب بالشدۃ۔ سختی سے کسی چیز کے کھینچنے کو نزع کہا جاتا ہے اور جب اس پر غرقًا کا اضافہ کر دیا جائے تو پھر اس شدت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ ای اغراقاً فی النزع من اقاصی الاجساد۔ (روح المعانی) یعنی جسم کے دور دراز حصوں میں ڈوب کر روح کو نکالنا۔ اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو کفار کی روحوں کو قبض کرتے ہیں کیونکہ جب موت آتی ہے تو کافر کی روح جسم سے نکلنے سے انکار کر دیتی ہے۔ فرشتے اس کے رگ و ریشہ میں گھس کر اس کو باہر کھینچ لاتے ہیں۔

[2] النشط: الاخراج برفق و سہولۃ۔ کسی چیز کو نرمی اور آسانی سے باہر نکالنے کو عربی میں نشط کہتے ہیں جیسے کوئیں سے پانی کا ڈول نکالا جاتا ہے۔ اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو مومن کی روح کو قبض کرنے آتے ہیں۔ وہ روح پہلے ہی محبوب حقیقی کے وصال کے لیے بے تاب ہوتی ہے اور اس گھڑی کا بے چینی سے انتظار کر رہی ہوتی ہے جب قفس جسم سے اسے اذن رہائی ملے چنانچہ فرشتوں کو مومن کی روح قبض کرنے کے لیے کسی دقت کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ بلکہ اشارہ ملتے ہی وہ بدن کی زنجیروں کو توڑتی ہوئی باہر نکل آتی ہے۔

[3] سَبَحَ کا معنی ہے پانی میں تیرنا، تیز رفتار گھوڑے کو بھی عرب سابح کہتے ہیں۔ اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو ان روحوں کو لے کر فضائے عالم میں تیرتے ہوئے بڑی برق رفتاری سے بارگاہ ربانی میں پیش کرتے ہیں، یا وہ فرشتے ہیں جو احکام کی تعمیل میں آناً فاناً شرق سے غرب اور اوپر سے نیچے محو پرواز رہتے ہیں۔

فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿۴﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿۵﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿۶﴾

پھر تعمیل ارشاد میں جو دوڑ کر سبقت لے جانے والے ہیں [4] پھر حسب حکم ہر کام کا انتظام کرنے والے ہیں [5] جس روز تھرتھرانے کی تھرتھرانے والی [6]

[4] وہ فرشتے جو احکام خداوندی کے بجا لانے میں ذرا سستی نہیں کرتے' دوڑ دوڑ کر ایک دوسرے سے سبقت لے جانا چاہتے ہیں' تعمیل ارشاد ربانی میں بڑی چستی اور مستعدی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

[5] جن تکوینی فرائض کی انجام دہی ان کو سونپی گئی ہے ان کو بڑی خوش اسلوبی سے انجام دیتے ہیں۔ اس کارخانہ ہستی میں موت و حیات صحت و بیماری' بارش و طوفان' ہوائیں اور آندھیاں اور دیگر مختلف تغیرات اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت سے مختلف فرشتوں کو تفویض کیے ہوئے ہیں۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے الملائكة وكلت بتدبير احوال الارض فى الرياح والامطار وغير ذالك۔ کہ زمین کے مختلف احوال کی تدبیر مثلاً ہوائیں' بارشیں وغیرہ مختلف فرشتوں کو سونپی گئی ہیں۔

حضرت عبدالرحمٰن بن سابط سے منقول ہے کہ امور دنیا کی تدبیر چار ملائکہ کے سپرد ہے۔ جبرئیل' میکائیل' عزرائیل اور اسرافیل۔ ہواؤں اور فضائی لشکروں کا انتظام جبرئیل کے ذمہ ہے۔ بارشوں اور کھیتی باڑی کے کام میکائیل کے سپرد ہیں۔ بحر و بر میں روحوں کو قبض کرنا عزرائیل کی ذمہ داری ہے اور اسرافیل تمام احکام ان تک پہنچاتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

دوسرا قول یہ ہے کہ یہ صفات نفوس فاضلہ اور ارواح کاملہ کی ہیں اور انہی کی قسم اٹھائی گئی ہے۔ نازعات سے مراد ان کا جسموں سے اپنا تعلق منقطع کرنا ہے۔ جس جسم کے گھوڑے پر سوار ہو کر انہوں نے رضائے الٰہی اور قرب خداوندی کی منزلیں طے کی ہیں اس سے جدائی انہیں شاق گزرتی ہے۔ عالم ملکوت کی طرف رجوع کرنے کا جب انہیں حکم ملتا ہے تو ان کی خوشی و نشاط کی حد نہیں رہتی۔ شاداں و فرحاں وہاں سے وہ روانہ ہوتے ہیں۔ فضائے بسیط میں تیرتے ہوئے وہ حظائر قدس کی طرف تیزی سے پرواز کرتے ہیں۔ اپنے شرف اور قوت روحانی کے باعث انہیں المدبرات کے زمرے میں شامل کر لیا جاتا ہے۔ تدبیر کے اس مقام پر فائز ہونے کے باعث دنیا سے مفارقت کے باوجود ان سے ایسے آثار و احوال ظاہر ہوتے ہیں جن کا مشاہدہ اہل دنیا کرتے رہتے ہیں۔

یہ بیان کرنے کے بعد علامہ آلوسی لکھتے ہیں ولا شك فى انه يحصل لزائرهم مدد روحانى ببركتهم وكثيرا ما تحل عقد الامور بأنامل التوسل الى الله تعالىٰ بحرمتهم۔ (روح المعانی) یعنی اس میں کوئی شک نہیں کہ جو شخص ان کی زیارت کے لیے جاتا ہے ان کی برکت سے اسے روحانی مدد نصیب ہوتی ہے اور اکثر مشکل امور کی پیچیدہ گرہیں اللہ تعالیٰ کی جناب میں ان کی حرمت کے وسیلے سے کھل جایا کرتی ہیں۔

یہ پانچ قسمیں کھائی گئی ہیں لیکن جواب قسم محذوف ہے یعنی لَتُبْعَثُنَّ کہ تمہیں ضرور دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جائے گا۔

[6] رجف: اضطرب اضطرابا شديدا۔ قال ابو اسحاق الراجفة: الارض ترجف۔ تتحرك حركة شديدة۔ (لسان العرب) کسی چیز کے تھرتھر کانپنے کو رجف کہتے ہیں۔ ابو اسحاق کا کہنا ہے کہ راجفہ سے مراد زمین ہے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں المراد بها الاجرام الساكنة التى تشتد حركتها حينئذ كالارض والجبال۔ (روح المعانی) یعنی راجفہ سے مراد وہ تمام ساکن چیزیں ہیں جو اس وقت زور زور سے کانپنے لرزنے لگیں گی جیسے زمین' پہاڑ وغیرہ۔ یعنی جب نفخہ اولیٰ ہو گا اور نظام کائنات کے درہم برہم ہونے کا حکم صادر ہو گا تو یوں محسوس ہو گا کہ زبردست زلزلہ

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝٧ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۝٨ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝٩

اس کے پیچھے ایک اور جھٹکا ہوگا ۷ کتنے دل اس روز (خوف سے) کانپ رہے ہوں گے ۔ ان کی آنکھیں (ڈر سے) جھکی ہوں گی ۸

يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ۝١٠ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا

کافر کہتے ہیں کیا ہم پلٹائے جائیں گے اُلٹے پاؤں ۹ (یعنی جب) ہم بوسیدہ ہڈیاں بن چکے ہوں

نَّخِرَةً ۝١١ قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۝١٢ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝١٣

گے ۱۰ بولے یہ واپسی تو بڑے گھاٹے کی ہوگی ۱۱ (بس اس واپسی کے لیے) تو فقط ایک جھڑک کافی ہے۔

وقف لازم

وقف لازم

کے جنگلوں سے زمین، پہاڑ، قلعے، مکانات اور ان کے اونچے درخت جب لرزنے لگے ہیں۔

۷ گھوڑے پر جو سوار کے پیچھے آدمی بیٹھتا ہے اس کو ردیف کہتے ہیں یعنی اس کے فوراً بعد عالم بالا میں کہرام مچ جائے گا، آسمان ستارے مہر و ماہ آپس میں ٹکرانے لگیں گے ہر چیز اپنی اپنی جگہ سے اکھڑنے لگے گی۔ وقیل الاجرام التابعة وهی السماء والکواکب فانها تنشق وتنتثر بعد۔

بعض علما کے نزدیک رادفہ سے مراد نفخۂ ثانیہ ہے جو پہلے نفخہ کے بعد ہوگا جس کے بعد سب مُردے دوبارہ زندہ ہو جائیں گے۔

۸ بڑے بڑے شیروں اور بہادر لوگوں کے دل دھڑکنے لگیں گے۔ وجفت القلوب وجفا: اضطرب من شدة الفزع۔ ان کی آنکھیں فرطِ خوف سے جھکی ہوں گی۔ اوپر آنکھ اٹھا کر دیکھنے کی انہیں ہمت نہیں ہوگی۔

یہ حال کفار و منافقین کا ہوگا، لیکن اللہ تعالیٰ کے نیک بندے اس روز ہر حزن و غم سے محفوظ ہوں گے۔ ان کے دل مطمئن ہوں گے۔ ان کی طبیعتوں میں کسی قسم کا اضطراب نہ ہوگا۔ لا یحزنهم الفزع الاکبر وتتلقّٰهم الملٰئکة هٰذا یومکم الذی کنتم توعدون۔ (الانبیاء: ۱۰۳) رنجیدہ نہ کرے گی انہیں وہ بڑی گھبراہٹ اور فرشتے ان کا استقبال کریں گے انہیں بتائیں گے یہی وہ تمہارا دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔

۹ جب کوئی شخص اسی راستے سے پلٹ جائے جس پر چل کر وہ آیا ہے تو عرب کہتے ہیں رجع فلانٌ فی حافرته ای طریقته التی جاء فیها فحفرها۔ یعنی جس راستہ کو وہ پہلے اپنے قدموں سے کھود آیا ہے اور اپنے نقوشِ پا ثبت کر آیا ہے اسی پر وہ لوٹ گیا۔

ان آیاتِ طیبات کو سن کر جن میں قسمیں کھا کر قیامت کے آنے کا ذکر کیا گیا ہے اور اس کے ہولناک مناظر بیان ہوئے ہیں کفار ازراہِ تمسخر ایک دوسرے کو کہتے کیا یہ سچ ہے کہ ہمیں پھر الٹے پاؤں پلٹا دیا جائے گا۔ یعنی جس شاہراہِ حیات پر چل کر ہم قبر کی منزل تک پہنچے ہیں کیا پھر لوٹا کر زندگی کی اسی روندی ہوئی راہ پر ہمیں چلنا پڑے گا۔

۱۰ اور یہ واپسی اس کے بعد ہوگی جب صدیاں گزرنے کے بعد ہماری ہڈیاں بوسیدہ اور کھوکھلی ہو کر ریزہ ریزہ ہو چکی ہوں گی۔ یہ بالکل ان ہونی بات ہے۔ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ نَخِرَةٌ: من نخر العظم ای بلی وصار اجوف تمر به الریح فیسمع له نخیر ای صوت۔ (روح المعانی) جب ہڈی بوسیدہ ہو جائے اس کے اندر کا گودا گل جائے اور وہ خالی ہو جائے اور اس میں سے ہوا گزرنے لگے جس سے

فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ﴿۱۴﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ مُوْسٰى ﴿۱۵﴾ اِذْ نَادٰىهُ

پھر وہ فوراً کھلے میدان میں جمع ہو جائیں گے ۱۱؎ (اے حبیب!) کیا پہنچی ہے آپ کو موسیٰ کی خبر ؟ جب ان کے رب نے

رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿۱۶﴾ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۱۷﴾

انہیں طُویٰ کی مقدس وادی میں پکارا تھا ۱۳؎ (کہ) جاؤ فرعون کے پاس وہ سرکش بن گیا ہے۔

فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰۤى اَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۸﴾ وَ اَهْدِیَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿۱۹﴾

پس (اس سے) دریافت کرو کیا تیری خواہش ہے کہ تو پاک ہو جائے اور (کیا تو چاہتا ہے کہ) میں تیری رہبری کروں تیرے رب کی طرف تاکہ تو (اس سے) ڈرنے لگے ۱۴؎

نخیرہ آواز پیدا ہو۔ ایسی ہڈیوں کو عظامٌ نخرۃ کہتے ہیں۔

۱۱؎ کہنے لگے اگر ایسا ہو گیا تو پھر ہمیں تو خسارہ ہی خسارہ ہوگا۔ ہم ساری عمر اس کی آمد کو جھٹلاتے رہے، اس کے لیے ہم نے کوئی عمل ہی نہیں کیا کوئی تیاری ہی نہیں کی۔ ان کی یہ گفتگو بطور استہزا تھی۔

۱۲؎ تم وقوعِ قیامت کو محال سمجھ رہے ہو، بوسیدہ ہڈیوں اور بکھرے ہوئے ذروں کو اکٹھا کرنا اور ان کو زندہ کرنا تمہیں بڑا مشکل نظر آرہا ہے۔ ایسا کرنا بے شک تمہاری دسترس سے باہر ہے لیکن ہمارے لیے یہ قطعاً مشکل نہیں۔ صرف ایک جھڑک اور ڈانٹ کی دیر ہے۔ بحر و بر، شرق و غرب میں منتشر ذرے جمع ہو جائیں گے اور تم زندہ ہو کر جواب دہی کے لیے فوراً ہمارے روبرو ایک صاف چٹیل کھلے میدان میں کھڑے کر دیئے جاؤ گے۔ الساھرۃ : ای البیضاء۔ (قرطبی)

۱۳؎ قیامت کا ذکر ہو رہا ہے کہ اچانک روئے سخن فرعون کی طرف پھر گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کفارِ مکہ انکارِ قیامت پر سختی سے اڑے ہوئے تھے کسی دلیل سے وہ متاثر نہیں ہو رہے تھے اس لیے ان کے سامنے ایک ایسے شخص کا دردناک انجام پیش کیا جا رہا ہے جو قیامت کا منکر تھا اور اسی وجہ سے وہ سرکشی و طغیان میں اتنا دور نکل گیا تھا۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ اے میرے رسول کے ساتھ ٹکر لینے والو! اور اس کی باتوں کا انکار کرنے والو! تم سے پہلے فرعون جیسے مطلق العنان حکمران نے میرے رسول موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ اسی طرح ٹکر لی تھی۔ وہ بھی ان کی تکذیب کرتا اور قیامت کو تسلیم نہیں کرتا تھا۔ اس کا جو انجام ہوا وہ تم نے بارہا سنا ہے۔ کیا تم اپنے لیے اسی قسم کا انجام پسند کرتے ہو۔ نیز اس میں اللہ تعالیٰ اپنے رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تسلی دے رہے ہیں کہ آپ ان کفار کے انکار اور ان کی ہٹ دھرمی پر رنجیدہ خاطر نہ ہوں۔ جس طرح ہم نے موسیٰ کو کامیاب کیا اور ان کے دشمنوں کو تباہ و برباد کیا اسی طرح ہم آپ کے دین کا بول بالا کریں گے اور آپ کی نبوت کا پرچم ہر جگہ لہرا دیں گے۔ طُویٰ: اس وادی کا نام ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا۔

۱۴؎ موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ فرعون نے بڑا اودھم مچا رکھا ہے۔ اس نے بڑی سرکشی اختیار کر رکھی ہے۔ رعایا کو اس نے مختلف طبقات میں تقسیم کر دیا ہے اور ان کے مفادات کو آپس میں متصادم کر دیا ہے تاکہ وہ متحد ہو کر اس کے ظلم کے خلاف علمِ بغاوت بلند نہ کر سکیں۔ کمزوروں

فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ﴿٢٠﴾ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿٢١﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ﴿٢٢﴾

پس آپ نے دکھائی اسے بڑی نشانی۔ بس اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی ۱۵ پھر روگرداں ہو کر فتنہ انگیزی میں کوشاں ہو گیا

فَحَشَرَ فَنَادٰى ﴿٢٣﴾ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿٢٤﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ

پھر (لوگوں کو) جمع کیا پس پکارا اور کہا میں تمہارا سب سے بڑا رب ہوں۔ آخر کار مبتلا کر دیا اسے اللہ نے آخرت اور

الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ﴿٢٥﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿٢٦﴾ ءَاَنْتُمْ

دنیا کے دوہرے عذاب میں ۱۶ بے شک اس میں بڑی عبرت ہے اس کے لیے جو اللہ سے ڈرتا ہے ۱۷ کیا تمہیں

پر اس کے مظالم کی حد ہو گئی ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ بندہ ہو کر اس نے خدا بننے کا دعویٰ کر رکھا ہے۔ آپ اس کے پاس جائیں اور اسے سمجھائیں کہ اس مشتِ خاک کو یہ غرور زیبا نہیں۔ اگر تو چاہے تو میں تجھے رذائل سے پاک ہونے کا طریقہ سکھا سکتا ہوں۔ اگر تیری مرضی ہو تو اس راہ پر تجھے چلا سکتا ہوں جو اللہ تعالیٰ کی معرفت کی راہ ہے۔ اس طرح تیرے دل سے یہ غرور و پندار دُور ہو جائے گا اور تیرے دل میں اپنے خدا کا خوف پیدا ہو جائے گا اور جب اس کا خوف پیدا ہو گیا تو یہ ساری سرمستیاں کافور ہو جائیں گی اور تُو راہِ راست پر گامزن ہو جائے گا۔

۱۵ موسیٰ علیہ السلام فرعون کے پاس گئے اسے دعوتِ حق دی اور اپنی صداقت پر دلیل پیش کی، اپنا عصا اس کے سامنے زمین پر پھینکا جو اژدہا بن کر پھنکارنے لگا۔ لیکن اتنا بڑا معجزہ دیکھ کر بھی وہ آپ کی تکذیب سے باز نہ آیا اور کہنے لگا کہ یہ سب جادو کی کرشمہ سازی ہے۔

۱۶ پھر اس نے آپ کی طرف سے منہ موڑ لیا اور آپ کے اس معجزہ کا توڑ پیش کرنے کے لیے کوشاں ہو گیا۔ مصر کے گوشے گوشے سے ماہر جادوگروں کو اکٹھا کیا اور ان کو بڑے بڑے انعامات کا لالچ دیا۔ وہ لوگ جنہیں اپنے فن پر بڑا ناز تھا بڑے کروفر سے موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے میں آئے اور اپنی رسیوں پر ایسے منتر پھونکے کہ وہ سانپ بن کر لہرانے لگیں۔ یہ دیکھ کر اس کو اپنے غلبے کا یقین ہو گیا اور اس نے اعلان کر دیا کہ میں ہی تمہارا سب سے بڑا رب ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا غضب جوش میں آیا اور اسے دنیا و آخرت کے عذابوں میں مبتلا کر دیا۔

دنیا کے عذاب سے تو وہ ذلت و رسوائی مراد ہو سکتی ہے جو اسے مجمعِ عام میں اٹھانی پڑی۔ موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا پھینکا تو وہ اژدہا بن کر ان سانپوں کی طرف لپکا اور انہیں نگل گیا۔ صرف یہی شکست فرعون کو نہیں ہوئی بلکہ جن ساحروں کو وہ موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے کے لیے لایا تھا انہوں نے موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانے کا اعلان کر دیا۔ فرعونیت کو جو ہزیمت اور پسپائی اس میدان میں ہوئی اس کی نظیر نہیں مل سکتی اور قیامت کے دن تو اس کے ساتھ جو برتاؤ ہو گا اس کا آج تصور تک نہیں کیا جا سکتا۔

۱۷ فرعون کی اس ہزیمت اور تباہی میں ہر اس شخص کے لیے بڑی عبرت ہے جس کے دل میں خدا کا خوف ہو اور جو دل اس نعمت سے بے بہرہ ہیں وہ کسی نصیحت پر ہدایت قبول نہیں کریں گے۔ ان کی آنکھ صرف اس وقت کھلے گی جب خدا کا عذاب انہیں چاروں طرف سے گھیرے گا اور اس کے غضب کی بجلیاں گر کر انہیں بھسم کر دیں گی۔

أَشَدُّ خَلْقًا أَمِ السَّمَآءُ ۚ بَنٰهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰهَا ﴿۲۸﴾ وَ

پیدا کرنا مشکل ہے یا آسمان کا۔ اس نے اسے بنایا ۱۸؎ اس کی چھت کو خوب اونچا کیا پھر اس کو درست کیا ۱۹؎ اور

أَغْطَشَ لَيْلَهَا وَأَخْرَجَ ضُحٰهَا ﴿۲۹﴾ وَالْأَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰهَا ﴿۳۰﴾

تاریک کیا اس کی رات کو اور ظاہر کیا اس کے دن کو ۲۰؎ اور زمین کو بعد ازاں بچھا دیا ۲۱؎

۱۸؎ دلائل قیامت کا سلسلہ جو درمیان میں منقطع کر دیا گیا تھا اسے پھر شروع کیا جا رہا ہے۔ فرمایا ذرا غور کرو کہ تم یہ سمجھتے ہو کہ تمہیں دوبارہ زندہ کرنا بڑا مشکل کام ہے تم چند بالشت قد و قامت کے مالک ہو اور یہ آسمان جس کی پہنائیوں اور وسعتوں کا اندازہ ہی نہیں لگایا جا سکتا پھر اس میں ان گنت تارے اور کہکشاؤں کا محیرالعقول اور لامتناہی سلسلہ ان سب کو کس نے پیدا کیا ہے۔ اگر تم عقل و انصاف سے بالکل محروم نہیں ہو گئے ہو تو تم بآسانی سمجھ سکتے ہو کہ جو عالم بالا کا خالق ہے اس کے لیے تمہیں پیدا کرنا کوئی مشکل نہیں۔

۱۹؎ آسمان کی تخلیق میں اپنی قدرت کے کرشموں کا ذکر ہو رہا ہے۔ سَمْكٌ کا معنی سَقْفٌ، چھت بھی ہے، یعنی آسمان کو ہم نے بہت اونچا کر دیا اور سمک، ارتفاع اور بلندی کو بھی کہتے ہیں یعنی اس کی بلندی اور اونچائی معمولی نہیں جس کا تم اندازہ کر سکو۔ اس نے آسمان کی بلندی کو اتنا اونچا کر دیا ہے کہ تم اس کو پا نہیں سکتے۔ پھر اس گنبد مینائی کو اس طرح درست کر دیا ہے کہ اس میں کوئی جھول، کوئی شکن اور کوئی شگاف نہیں۔

۲۰؎ رات کی سیاہی اور دن کے اُجالے کو آسمان کی طرف منسوب کیا کیونکہ اس کا تعلق آفتاب کے طلوع و غروب سے ہے جو اجرام سماویہ میں سے ہے۔ اغطش لیلھا ای جعلہ مظلما

۲۱؎ دَحَا الارض یدحوھا دحوا: بسطھا۔ زمین کو بچھا دینا، پھیلا دینا۔ اللہ تعالیٰ اپنی قدرت قاہرہ کی اور نشانی بتاتے ہیں کہ میں نے ہی اس زمین کو تمہارے لیے بچھا دیا ہے اور اسے وسیع اور کشادہ کر دیا ہے تاکہ ان گنت مخلوقات اس پر اپنی زندگی بسر کر سکے۔

اس مقام پر یہ شبہ دل میں پیدا ہوتا ہے کہ اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ زمین کی تخلیق آسمان کی تخلیق اور تسویہ کے بعد کی گئی حالانکہ سورۂ بقرہ کی آیت (خلق لکم ما فی الارض جمیعا ثم استوی الی السماء) اور سورہ فصلت میں یہ صراحت مذکور ہے کہ زمین کی تخلیق پہلے ہوئی اور آسمان کو اس کے بعد پیدا کیا گیا۔ علمائے کرام نے اس کے متعدد جواب دیے ہیں۔ بعض نے فرمایا ہے کہ زمین کا کرہ پہلے بنایا گیا، اس کے بعد آسمان کی تخلیق ہوئی لیکن زمین کو انسانی زندگی کے قابل بنانا اور اس میں ضروریات زندگی کا بہم پہنچانا آسمان کی تخلیق کے بعد ہوا اور یہاں دحو زمین سے یہی مراد ہے۔ لیکن اس جواب کو دوسرے حضرات نے پسند نہیں کیا کیونکہ سابقہ آیات میں صراحت موجود ہے۔ خلق لکم ما فی الارض جمیعا تمہارے لیے زمین میں ہر چیز کو پیدا کیا اور اس کے بعد آسمان کی طرف توجہ فرمائی اس لیے دوسرے حضرات نے اس کا یہ جواب فرمایا ہے کہ زمین میں زندگی کی ضروریات کی بہم رسانی کی صلاحیت اور نشو و نما کی استعداد تو پہلے ہی رکھ دی گئی لیکن اس کا بالفعل ظہور اس وقت ہوا جب آسمان بنا۔ اس میں سورج جو منبع نور و حرارت ہے اس کو پیدا کیا گیا۔ اس کی حرارت اور کرنوں کی تاثیر سے مختلف چیزیں پیدا ہوئیں۔ بعض علماء کا ارشاد ہے کہ یہاں بعد ذٰلك

أَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰهَا ﴿۳۱﴾ وَالْجِبَالَ أَرْسٰهَا ﴿۳۲﴾ مَتَاعًا لَّكُمْ

نکالا اس سے اس کا پانی اور اس کا سبزہ۔ اور پہاڑ (اس میں) گاڑ دیے۔ سامانِ زیست ہے تمہارے لیے

وَلِأَنْعَامِكُمْ ﴿۳۳﴾ فَإِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ

اور تمہارے مویشیوں کے لیے ۲۲؎ پھر جب آئے گی سب سے بڑی آفت ۲۳؎ اس دن انسان یاد کرے گا جو

الْإِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿۳۵﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿۳۶﴾ فَأَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿۳۷﴾

دوڑ دھوپ اس نے کی تھی ۲۴؎ اور ظاہر کر دی جائے گی جہنم ہر دیکھنے والے کے لیے ۲۵؎ پس جس نے سرکشی کی ہو گی

سے تخلیق کی بعدیت مراد نہیں بلکہ مرتبہ کی بعدیت ہے۔ لیکن اس کی جو تفسیر حضرت ابن عباس سے منقول ہے وہ اتنی واضح ہے کہ اس کے بعد کسی تاویل کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوتی۔ آپ فرماتے ہیں بعد ذالک اس جگہ مع ذالک کے معنی میں مذکور ہے جس طرح عتل بعد ذالک زنیم میں ہے۔ چنانچہ حضرت شاہ عبدالعزیز لکھتے ہیں "از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ منقول است کہ بعد ذالک دریں جا بمعنی مع ذالک است چنانچہ آیت عتل بعد ذالک زنیم"۔ وہ جفا کار ہے اور اس کے ساتھ ساتھ بداصل بھی ہے۔

۲۲؎ پانی کے میٹھے چشمے جاری کر دیے۔ اس میں طرح طرح کی سبزیاں اور ترکاریاں اور چارہ پیدا ہونے لگا جس سے تم اپنی ضرورتیں بھی پوری کرتے ہو اور تمہارے مویشیوں گائے بھینس گھوڑے وغیرہ کی خوراک کا سامان بھی مہیا ہو جاتا ہے۔ جو قادرِ مطلق ان تمام کاموں کو بڑی حکمت سے انجام دے رہا ہے اس کے بارے میں تمہیں شک ہے کہ وہ قیامت کے دن تمہیں کیونکر زندہ کرے گا۔

ہماری آسائش اور نشوونما کے لیے جو ان گنت چیزیں زمین کے شکم سے نکل رہی ہیں اس میں آسمان کی بلندی، سورج اور چاند کی کرنوں کے اثرات اور سلسلہ ہائے کوہ اور زمین کی زرخیزی ساری چیزوں کا جو حصہ ہے وہ اہلِ دانش سے مخفی نہیں۔ کائنات کے مختلف اجزا میں اگر موجودہ نظم و نسق کو بدل دیا جائے تو ہر چیز بے اثر ہو کر رہ جائے گی۔

۲۳؎ اب پھر احوالِ قیامت کا تذکرہ کیا جا رہا ہے۔ الطآمّۃ: اعظم الدواھی۔ سب مصیبتوں سے بڑی مصیبت کو الطآمّۃ کہتے ہیں۔ جو چیز اپنی مقدار یا اپنی تعداد کی کثرت کے باعث دوسری چیزوں پر چھا جائے اسے الطآمّۃ کہا جاتا ہے۔ جیسے کہتے ہیں جاء السیل فطم الرکیۃ۔ سیلاب آیا اور اس نے تمام کنوؤں اور ندیوں کو لبریز کر دیا۔ جری الوادی فطم علی القری۔ وادی میں پانی کا ریلا آیا اور اس نے تمام حوضوں کو بھر دیا۔ قیامت کی مصیبت دوسری تمام مصیبتوں سے فزوں تر اور ہولناک ہے۔ اس لیے اس کو طامہ کہا گیا اور ساتھ ہی کبریٰ کا اضافہ کر کے تاکید کر دی گئی تاکہ کوئی شک نہ رہے۔

۲۴؎ اس وقت انسان کی نگاہوں کے سامنے اس کی زندگی کی فلم گھومنے لگے گی۔ وہ اعمال جو اس کو بالکل بھول گئے تھے ایک ایک کر کے نسیان کی گہرائیوں سے ابھرنے لگیں گے۔ اگر اس نے اچھے کاموں میں زندگی گزاری تھی تو اس کی خوشی کی انتہا نہ ہو گی اور اگر بداعمالیوں میں عمر برباد کر کے

وَ اٰثَرَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَاۙ ﴿۳۸﴾ فَاِنَّ الْجَحِیْمَ هِیَ الْمَاْوٰىؕ ﴿۳۹﴾ وَ اَمَّا مَنْ

اور ترجیح دی ہوگی دنیوی زندگی کو۔ تو دوزخ ہی (اس کا) ٹھکانا ہوگا ۲۶؎ اور جو

خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَ نَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰىۙ ﴿۴۰﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ

ڈرتا رہا ہوگا اپنے رب کے حضور کھڑا ہونے سے اور روکتا رہا ہوگا اپنے نفس کو ہر بری خواہش سے۔ یقیناً جنت ہی

هِیَ الْمَاْوٰىؕ ﴿۴۱﴾ یَسْــٴَـلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ مُرْسٰىهَاؕ ﴿۴۲﴾ فِیْمَ اَنْتَ

اس کا ٹھکانا ہوگا ۲۷؎ یہ لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ وہ کب قائم ہوگی۔ آپ کو اس کے بیان

آیا تھا تو اس روز اس کا ملال دوچند ہوگا۔ یا یہ کہ اس کے سامنے اس کے صحائف عمل کھول کر رکھ دیئے جائیں گے۔ جو باتیں اس کو فراموش ہوگئی تھیں وہ بھی یاد آنے لگیں گی۔

۲۵؎ جس جہنم کا وہ آج تک انکار کرتا رہا تھا وہ اس کی آنکھوں کے سامنے ظاہر کر دی جائے گی۔

۲۶؎ اس وقت اولادِ آدم دو گروہوں میں بٹ جائے گی۔ ایک گروہ ان لوگوں کا ہوگا جنہوں نے سرکشی اختیار کی اور اللہ تعالیٰ کی حدود کو توڑ دیا اور دنیوی زندگی کے آرام و آسائش کو ابدی زندگی کے آرام و آسائش پر ترجیح دی۔ ان کی جدوجہد دولت کے حصول، شہرت و ناموری حاصل کرنے کے لیے وقف ہو کر رہ گئی تھی۔ ان کے شب و روز اسی ادھیڑ بن میں گزرتے رہے کہ وہ اس دنیا میں دوسروں سے اونچے منصب پر فائز ہوں۔ اپنی اخروی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے وہاں سرخروئی حاصل کرنے کے لیے ان کے پاس کوئی وقت نہ تھا اور نہ کبھی اس کے بارے میں انہوں نے سوچنے کی زحمت گوارا کی۔ فرمایا ان کا ٹھکانا جہنم ہوگا۔ جن عظمتوں کو حاصل کرنے کے لیے وہ مگن رہے وہ فانی تھیں۔ چند روز ان کی عظمت کا ڈنکا بجا اور پھر ہمیشہ کے لیے فنا کی وادیوں میں گمنام ہو گئے۔

۲۷؎ اور دوسرا گروہ ان لوگوں کا ہوگا جو عمر بھر یہ تصور کر کے ڈرتے رہے کہ انہوں نے ایک دن اپنے رب کے روبرو کھڑے ہونا ہے۔ انہوں نے اپنے نفس کے گھوڑے کو کبھی بے لگام نہیں ہونے دیا۔ انہوں نے شریعت کی قائم کی ہوئی حدوں کو توڑنے کی اسے ہرگز اجازت نہیں دی۔ وہ اس کو ایسی خواہشات سے جو احکام الٰہی سے متصادم تھیں سختی سے باز رکھا کرتے تھے۔ آج جنت کی بہاریں ان کے لیے چشم براہ ہیں۔ حوریں، رنگین اور خوشبودار پھولوں کے ہار پہنے ہوئے ان کا انتظار کر رہی ہیں۔

عارف ربانی یعقوب چرخی هَوٰی کا معنی کرتے ہیں الھویٰ: میل کردن دل بچیزے ناشایستہ۔ دل کا کسی ایسی چیز کی طرف مائل ہونا جو ناجائز ہو۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ الھوٰی کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ الھوی، الانہدام والسقوط من علو۔ بلندی سے پستی کی طرف گرنا اور لڑھکنا۔ فرماتے ہیں ہوٰی کو ہوٰی اس لیے کہا گیا ہے کہ یہ انسان کو دنیا میں ہر مصیبت میں پھنسا دیتی ہے اور آخرت میں ھاویہ یعنی جہنم میں دھکیلتی ہے۔ قیل سمی بہ لانہ یھوی صاحبہ فی الدنیا الی کل داھیۃ وفی الآخرۃ الی الھاویۃ۔ پھر فرماتے ہیں کہ ہوائے نفس کے ترک کے کئی مرتبے ہیں:

مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿٤٣﴾ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿٤٤﴾ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿٤٥﴾

کرنے سے آپ کا کیا تعلق ۲۸؎ آپ کے رب تک اس کی انتہا ہے ۲۹؎ آپ تو صرف خبردار کرنے والے ہیں ہر اس شخص کو جو اس سے ڈرتا ہو ۳۰؎

سب سے نیچے والا درجہ یہ ہے کہ احکام شرعیہ کی مخالفت سے اجتناب، نیز اسلاف کرام کے متفق علیہ عقائد کی مخالفت سے پرہیز۔ اس کا درمیانی درجہ یہ ہے کہ انسان کسی گناہ کا ارادہ کرے اور پھر قیامت کی حاضری کے خوف سے اس سے باز رہے اور مشتبہ چیزوں سے پرہیز کرے۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حضرت بہاؤ الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے کہ اللہ تعالیٰ کے قرب کا سب سے نزدیک راستہ یہ ہے کہ انسان اپنے نفس کی مخالفت کرتا رہے۔ وجدت طریقا اقرب طرق الی اللہ سبحانہ وھی المخالفۃ مع النفس۔ فرماتے ہیں کہ نفس کی چالیں بڑی باریک ہوتی ہیں، کبھی وہ گناہوں سے انسان کو اپنے رب سے دور کرتا ہے اور کبھی نیک اعمال کے باعث ریا اور خود بینی کے جذبات کو ابھار کر انسان کو دور کرتا ہے۔

شیخ پانی پتی لکھتے ہیں: والحصن الحصین فی ھذا المقام: التشبث بذیل شیخ فان فی اللہ باق بہ وان لا یفعل شیئا الا بامرہ و اجازتہ۔ یعنی ہوائے نفس کی دست درازیوں اور شب خونوں سے بچنے کا محفوظ ترین طریقہ یہ ہے کہ اپنے شیخ کامل کے دامن کو مضبوطی سے پکڑے رکھے اس کے حکم اور اس کی اجازت کے بغیر کوئی کام نہ کرے۔

حضرت یعقوب چرخی نے اپنے شیخ خواجہ نقشبند سے پوچھا کہ اگر کسی کو ایسا شیخ کامل نصیب نہ ہو تو وہ کیا کرے تو آپ نے فرمایا کہ وہ کثرت سے استغفار پڑھا کرے یا ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ استغفار پڑھے: استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ۔

آخر میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک حدیث پاک بھی سن لیجیے: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثَلَاثٌ مُهْلِكَاتٌ هَوًى مُتَّبَعٌ وَشُحٌّ مُطَاعٌ وَاِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهٖ وَهِيَ اَشَدُّهُنَّ۔ (رواہ البیہقی عن ابی ھریرہ)

ترجمہ: امام بیہقی نے حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا کہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تین چیزیں انسان کو ہلاک کرنے والی ہیں نفس کی وہ خواہش جس کی پیروی کی جائے۔ بخل اور کنجوسی جس کی اطاعت کی جائے اور خود بینی کہ انسان اپنے نفس کو بہتر سمجھنے لگے۔ فرمایا یہ تیسری چیز سب سے زیادہ مہلک ہے۔

۲۸؎ جب کفار کو قیام قیامت کے متعلق بتایا جاتا تو وہ یہ پوچھنا شروع کر دیتے بتائیے یہ قیامت کس تاریخ کو برپا ہوگی۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے میرے محبوب! آپ کو اس لیے نہیں بھیجا گیا کہ آپ قیامت کے دن کا تعین کر کے انہیں بتائیں بلکہ آپ کی تشریف آوری کا مقصد یہ ہے کہ آپ انہیں خواب غفلت سے جگائیں۔ انہیں دعوت حق سنائیں تاکہ آپ کی دعوت کو قبول کر کے اور آپ کے ارشادات پر عمل کر کے قیامت کے دن یہ سرخروئی حاصل کر سکیں اور ان کا فائدہ اسی میں ہے۔ اگر ان کو قیامت کی تاریخ بتا بھی دی جائے تو اس سے انہیں کیا فائدہ؟ یہ لوگ بے مقصد باتوں میں اپنا وقت ضائع کر رہے ہیں اور وہ امور جن میں ان کا نفع ہی نفع ہے ان کی طرف یہ متوجہ نہیں ہوتے۔ بعض نے فیم پر وقف کیا ہے اور انت من ذکرٰھا ان کے سوال کا جواب ہے کہ آپ اس قیامت کی یاد دہانیوں میں سے اور اس کی نشانیوں میں سے ایک ہیں۔

۲۹؎ یہ اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے جب وہ چاہے گا قیامت برپا ہو جائے گی۔

۳۰؎ آپ کو اس لیے نہیں بھیجا گیا کہ آپ ان کے لیے قیامت کی تاریخ کا تعین فرمائیں بلکہ آپ کی بعثت کا مقصد یہ ہے کہ آپ ان

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا ﴿٤٦﴾

رکوع ٢

گویا وہ جس روز اس کو دیکھیں گے (انہیں یوں محسوس ہوگا) کہ وہ (دنیا میں) نہیں ٹھہرے تھے مگر ایک شام یا ایک صبح ۳۱؎

لوگوں کو بروقت خبردار کر دیں تاکہ وہ اپنی اصلاح کر لیں۔

۳۱؎ آج تو انہیں دنیا کی زندگی بڑی طویل معلوم ہو رہی ہے اور یہ گمان کرتے ہیں کہ جو چیز اتنے لمبے عرصہ میں وقوع پذیر نہیں ہوئی اس کے بعد اس کے وقوع پذیر ہونے کا امکان ہی نہیں۔ اس کا انتظار کرنا عبث اور بے سود ہے۔ فرمایا جب قیامت برپا ہوگی تو اس وقت انہیں اپنی طویل زندگیاں بڑی مختصر معلوم ہوں گی۔ اس وقت وہ قلتِ وقت کا شکوہ کریں گے۔ کہیں گے ہم پل بھر کے لیے دنیا میں گئے اور پھر واپس بلا لیے گئے۔ ہمارا قیام صرف اتنی دیر رہا جتنی دیر صبح یا شام کا وقت ہوتا ہے۔ ہمیں غور و فکر کی مہلت ہی نہیں ملی۔ ہمیں سوچ بچار کا وقت ہی نہیں دیا گیا۔ اتنے قلیل وقت میں ہم اس حقیقت کو کس طرح سمجھ سکتے تھے۔

○

اللّٰهم اجعلنا من السعداء الذين خافوا مقام ربهم ونهوا النفس عن الهوىٰ وارزقنا اتباع حبيبك المكرم صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم وتب علينا انك انت التواب الرحيم۔

○

تعارف

سُورَۃ عَبَسَ

نام : اس سورت کا نام عبس ہے جو اس سورت کا پہلا کلمہ ہے۔ اس میں ایک رکوع، بیالیس آیتیں، ایک سو تیس کلمات اور پانچ سو تینتیس حروف ہیں۔

نزول : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

مضامین : حضرت عبداللہ ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ جو ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ کے خالو زاد بھائی تھے اور ان خوش نصیبوں میں سے تھے جن کا شمار "السابقون الاوّلون" میں ہوتا ہے، یہ نابینا تھے۔ ایک روز بارگاہ رسالت میں شیبہ، عتبہ پسران ربیعہ، ابوجہل، ابیہ ابن خلف، ولید ابن مغیرہ، عباس ابن عبدالمطلب اور دیگر رؤسائے قریش حاضر تھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بڑی دلسوزی اور محویت سے انہیں کفر و شرک کے اندھیروں سے نکالنے کی سعی فرما رہے تھے۔ "حریصٌ علیکم" کی شان اپنے پورے جوبن پر تھی۔ دریں اثنا عبداللہ ابن ام مکتوم حاضر ہوئے۔ نابینا ہونے کی وجہ سے محفل کا رنگ نہ دیکھ سکے۔ انہوں نے اپنے شوقِ فراواں سے مجبور ہو کر آتے ہی عرض کی، "یا رسول اللہ علمنی مما علمك الله" (اے اللہ کے رسول جو اللہ نے آپ کو سکھایا اس میں سے مجھے بھی سکھا دیجئے)

یہ مداخلت بیجا حضور کو پسند نہ آئی۔ رُخِ انور پر ناگواری کے آثار نمایاں ہوئے۔ آدابِ مجلس کا تقاضا بھی یہی تھا کہ جو سلسلۂ کلام پہلے شروع ہے وہ ختم ہو جائے تو نئی بات چھیڑی جائے۔ یہاں تو حضور تبلیغ کا نہایت اہم ترین فریضہ ادا کرنے میں مصروف تھے۔ عبداللہ پہلے ہی مسلمان ہو چکے تھے مزید تعلیم حاصل کرنے کے لیے ان کے پاس بے شمار مواقع تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے حضرت عبداللہ کی دلجوئی کرتے ہوئے یہ سورۂ مبارکہ نازل فرمائی تاکہ دنیا کو پتہ چل جائے کہ اس بارگاہ میں شکستہ دلوں اور سوختہ جگروں کی جو قدر و منزلت ہے وہ کسی اور کی نہیں۔

یہاں ایک چیز غور طلب ہے۔ قرآن کریم میں دوسرے مقامات پر جہاں بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب لبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب فرمایا ہے۔ وہاں محبت، پیار اور دلجوئی کی حد کر دی گئی ہے لیکن ان مقامات کے برعکس یہاں اسلوبِ بیان میں بڑا جلال ہے۔ اندازِ خطاب میں تندی کا پہلو غالب ہے۔ بظاہر غلطی حضرت عبداللہ کی ہے کہ انہوں نے مجلسِ نبوت کے آداب کا پاس نہ رکھا نیز حضور کسی اپنے ذاتی کام میں مصروف نہ تھے بلکہ "بلغ ما انزل الیك" کے حکم کی تعمیل میں مشغول تھے چاہیے تو یہ تھا کہ عبداللہ کو سرزنش کی جاتی کہ انہوں نے فرائض نبوت کی ادائیگی میں مداخلت کیوں کی ہے۔ لیکن ان کے بجائے اپنے

محبوب کریم کو تنبیہ فرمادی کہ آپ نے ناگواری کا اظہار کیوں کیا اور اُس سے بے رُخی کیوں بَرتی ۔ اس میں کیا حکمت ہے ۔

آیات میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسا تُند لہجہ اختیار کر کے رؤسائے مکہ کی ایک غلط فہمی کا ازالہ کرنا مقصود ہے جس میں وہ بُری طرح مُبتلا تھے ۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ اسلام کو ان کی بڑی ضرورت ہے ۔ ان کے مسلمان ہونے سے اسلام کو چار چاند لگ جائیں گے پیغمبرِ اسلام کی عزت اور توقیر میں اضافہ ہوگا ۔ انہیں اسلام کی چنداں ضرورت نہیں اس لیے جس محفل میں وہ موجود ہوں کسی دُوسرے شخص کو درخورِ اعتنا نہیں سمجھنا چاہیے ۔ اللہ تعالٰے نے اس سورت کی ابتدائی آیتوں میں اُن کی اس غلط فہمی کو دُور کر دیا کہ یہاں تو اس کو پذیرائی بخشی جاتی ہے جو خلوص اور طلبِ صادق لے کر حاضر ہوتا ہے ۔ خواہ وہ مفلس و کنگال ہی کیوں نہ ہو جس شخص کو اپنی دولت اور جاہ و منصب پر گھمنڈ ہے جس کے دل میں جذبۂ صادق نہیں اُس کی یہاں کوئی گنجائش نہیں ، انہیں اسلام کی ضرورت ہے تاکہ اُس کی برکتوں اور ضیا پاشیوں سے اُن کا تاریک مستقبل درخشاں ہو جائے ۔ اسلام کو اُن کی قطعاً ضرورت نہیں ۔ اگر وہ اس سے فیض یاب نہ ہوں گے تو کئی دُوسرے خوش نصیب اس چشمۂ شیریں سے آکر سیراب ہوں گے ۔ قیامت تک آنے والے رئیسوں ، دولتمندوں ، خاقانوں اور قیصروں کی اس غلط فہمی کو دُور کر دیا ۔ آیات کے لہجہ میں یہ تُندی ایک اہم ضرورت کے پیشِ نظر اختیار کی گئی ۔

جو لوگ ان آیات سے سرورِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مرتبۂ عالیہ کی تنقیص کرتے ہیں وہ پرلے درجے کے کم فہم ہیں پہلے بھی اہلِ نفاق کا یہ شیوہ تھا ۔ علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں کہ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کو پتہ چلا کہ ایک امام ہمیشہ نماز میں اسی سورت کی قرأت کرتا ہے تو آپ نے ایک آدمی بھیجا جس نے اس کا سر قلم کر دیا ۔ چونکہ وہ حضور کے مرتبہ عالی کی تنقیص کے ارادے سے اس کی قرأت کیا کرتا تھا تاکہ مقتدیوں کے دل میں بھی حضور کی عظمت کم ہو جائے ۔ اس لیے نگاہِ فاروق میں وہ مُرتد تھا ، اور مرتد واجب القتل ہُوا کرتا ہے (رُوح البیان) ایسے مقامات پر انسان کو سنبھل کر قدم اٹھانا چاہیے مُبادا ایمان کی شمع گل ہو جائے ۔

آیت نمبر ۱۷ سے ایک نیا مضمون شروع ہوتا ہے ۔ انسان کی ناشکری کی کیفیت بتائی جارہی ہے کہ جس ربِ کریم نے اس کو پیدا کیا اور اُس کے ظاہری اعضاء اور باطنی قوٰی میں موزونیت کا خیال رکھا ۔ پھر اس کی خوراک کا سامان مہیا فرمادیا اس کو کبھی خیال نہ آیا کہ وہ ایسے کریم پروردگار کا شکریہ ادا کرے ، اس سے بڑھ کر اور بدنصیبی کیا ہو سکتی ہے ۔

آیت نمبر ۳۳ سے آخر تک احوالِ قیامت کی طرف متوجہ کر دیا تاکہ انسان آج ہی اس امتحان کے لیے تیاری شروع کرے

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۲۳ - ۴ - ۷۷

سُورَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اثْنَتَانِ وَأَرْبَعُونَ آيَةً وَفِيهَا رُكُوعٌ وَاحِدٌ كَذَا الخ

سورہ عبس مکی ہے اس کی بیالیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

عَبَسَ وَتَوَلّٰىٓ ﴿۱﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿۲﴾ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰىٓ ﴿۳﴾

چیں بجبیں ہوئے اور منہ پھیر لیا ۱؎ (اس وجہ سے) کہ ان کے پاس ایک نابینا آیا ۲؎ اور آپ کیا جانیں شاید وہ پاکیزہ تر ہو جاتا ۳؎

۱؎ ایک روز بارگاہِ رسالت میں رؤسائے قریش عتبہ، شیبہ پسرانِ ربیعہ، ابوجہل، امیہ بن خلف، ولید بن مغیرہ وغیرہ حاضر تھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام انہیں دعوتِ اسلام دے رہے تھے کہ اچانک عبداللہ ابن اُمِّ مکتوم آگئے اور آدابِ مجلس کی رعایت کیے بغیر عرض کرنے لگے یارسول اللہ اقرئنی وعلمنی مما علمک اللہ۔ یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے جو آپ کو سکھایا ہے مجھے بھی وہ سکھائیے اور مجھے پڑھ کر سنائیے۔ ان کا یہ اندازِ گفتگو حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ناگوار گزرا۔ ناگواری کے آثار چہرہ مبارک پر بھی نمایاں ہوئے جبینِ سعادت پر شکن پڑ گئے۔ اللہ تعالیٰ کو یہ گوارا نہ ہوا۔ اس وقت یہ آیات نازل ہوئیں۔

امام فخرالدین رازیؒ یہاں ایک سوال اٹھاتے ہیں پھر خود ہی اس کا جواب دیتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ غلطی حضرت عبداللہ سے ہوئی تھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کفار کو دعوتِ اسلام دے رہے تھے انہوں نے قطع کلام کرتے ہوئے اپنی بات چھیڑ دی نیز ایک کافر کو دعوتِ اسلام دینا، ایک مسلمان کو قرآن کی تعلیم سے مقدم ہے۔ نیز بارگاہِ رسالت کے جو آداب اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کو سکھائے تھے وہ تو یہ تھے کہ عامیانہ انداز میں حجروں سے باہر کھڑے ہو کر حضور کو نہ بلائیں بلکہ حضور کی آمد کا انتظار کریں۔ پھر اس محفل میں تو انہیں سراپا ادب بن کر بیٹھ رہنا چاہیے تھا یہاں تک کہ حضور تبلیغ سے فارغ ہوتے اور پھر یہ اپنی گزارش کرتے۔ ان تمام باتوں کے پیشِ نظر عتاب حضرت عبداللہ کو ہونا چاہیے تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عتاب کرنے میں کیا حکمت ہے۔

رازی فرماتے ہیں کہ یہ ساری باتیں بجا ہیں اور عتاب کی اس کے بغیر اور کوئی حکمت نہیں کہ وہ کفار جو اس وقت حاضر تھے وہ مکہ کے سردار اور دولت مند لوگ تھے انہیں اپنی اس برتری کا احساس بھی تھا اور اس پر انہیں گھمنڈ بھی تھا۔ ان کی موجودگی میں اپنے کسی نیاز مند کے ساتھ یہ بے اعتنائی عام لوگوں کو اس غلط فہمی میں بآسانی مبتلا کر سکتی تھی کہ یہ بے رخی، تبلیغ میں انہماک کی وجہ سے نہیں برتی گئی بلکہ محض ان لوگوں کی دولت و ثروت اور ان کی ریاست کی وجہ سے ان کی پاسداری کی گئی ہے اور عبداللہ کو محض اس لیے نظر انداز کیا گیا ہے کہ یہ غریب عوام کا ایک فرد ہے اور جس نبی کو اللہ تعالیٰ نے حبیبِ غریب نواز بنا کر بھیجا ہو جس کا مقصدِ اولین ہی شکستہ دلوں اور غمزدوں کی دلجوئی اور دلداری ہو اور جو تشریف ہی اس لیے لایا ہو کہ فقراء و مساکین کی عزت افزائی کرے اس ہستی سے کسی ایسی بات کا صدور جس سے اس کے منصبِ رفیع کے خلاف کوئی وہم پیدا ہو سکے اللہ تعالیٰ کو ہرگز گوارا نہیں۔

عبداللہ بن ام مکتوم کے دلِ نیاز مند پر صد ہا شیبہ و عتبہ قربان کیے جا سکتے ہیں۔ بارگاہِ نبوت کے درویشوں اور فقیروں کی درویشی و فقر کے سامنے دنیا بھر کے رئیسوں کی کوئی حقیقت نہیں۔

قطرۂ آبِ وضوئے قنبرے
خوب تر از خونِ نابِ قیصرے

قنبر کے وضو کے پانی کا قطرہ قیصر کے خونِ ناب سے قدر و قیمت میں کہیں فزوں تر ہے۔

لیکن اس عتاب میں بھی لطف و کرم اور پیار کے جلوے دمک رہے ہیں۔ عتاب کرتے ہوئے عبست و تولیت خطاب کے صیغے استعمال نہیں کیے بلکہ غیاب کے پردے میں عتاب کیا گیا ہے کیونکہ روبرو عتاب خاطرِ عاطر پر بہت گراں گزرتا۔

ان آیات کے نزول کے بعد نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں جب حضرت عبداللہ حاضر ہوتے تو حضور فرماتے مرحبا بمن عاتبنی فیہ ربی۔ خوش آمدید اے وہ شخص جس کے بارے میں میرے رب نے مجھے عتاب فرمایا۔ پھر پوچھتے ھل لک من حاجۃ۔ کوئی کام ہے تو بتاؤ۔ کسی مہم کے سلسلہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بیرونِ مدینہ تشریف لے جاتے تو مدینہ میں اپنا کسی کو نائب بنا جاتے حضرت عبداللہ کو یہ شرف دو بار حاصل ہوا۔

۲۔ حضرت عبداللہ کو نابینا کہنے میں ان کی تحقیر مقصود نہیں بلکہ ان کی طرف سے معذرت پیش کی جا رہی ہے۔ یعنی یہ نابینا معذور تھا۔ نہ محفل کو دیکھ سکا، نہ حاضرین کو پہچان سکا اور نہ اسے یہ پتہ چلا کہ آپ اس قدر مصروف ہیں۔ ان کا نام عبداللہ بن شریح بن مالک بن ربیعہ الفہری ہے بنی عامر بن لوئی کے قبیلہ سے ہیں۔ رازی فرماتے ہیں ام مکتوم ان کی دادی تھیں، لیکن اکثر نے ام مکتوم کو ان کی والدہ لکھا ہے۔ یہ ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پھوپھی زاد بھائی بھی تھے۔

۳۔ حضرت عبداللہ کے پاسِ خاطر کی وجہ بتائی جا رہی ہے کہ وہ کفار جن کی طرف آپ ہمہ تن متوجہ تھے۔ ان میں سے کسی کے دل میں طلبِ حق کا جذبہ نہ تھا۔ انہیں تو اپنی دولت کا گھمنڈ اور اپنے رئیس ہونے پر ناز تھا۔ وہ آپ کی دعوت کو سمجھنے اور سمجھ کر اس کو قبول کرنے کی نیت سے حاضر نہیں ہوئے تھے۔ بلکہ آپ کی خصوصی توجہ کے باعث وہ اس غلط فہمی میں مبتلا ہو گئے تھے کہ اسلام کو ان کی بڑی ضرورت ہے۔ اگر انہوں نے اس دعوت کو قبول نہ کیا تو اسلام کی ترقی اور عروج کے امکانات ختم ہو کر رہ جائیں گے۔ ان نادانوں نے اس حقیقت کو نہ سمجھا کہ بیماروں کو مسیحا کی ضرورت ہوتی ہے، پیاسا چشموں کا محتاج ہوا کرتا ہے نہ کہ اس کے برعکس۔ غیرتِ خداوندی یہ کب گوارا کر سکتی تھی کہ وہ اپنے دل میں اسلام اور ہادیِ اسلام کے بارے میں اس قسم کے تصورات کو جگہ دیں اور یہ درویش تو پہلے ہی حق کی شمع اپنے سینہ میں فروزاں کر چکا تھا اور حضور کی غلامی سے عہدِ وفا باندھ چکا تھا۔ ان ازلی محروموں کے ساتھ جو کوشش ہو رہی تھی انہیں اس کا کوئی فائدہ پہنچنے والا نہ تھا۔ البتہ اسے جو آپ سکھاتے وہ اسے حرزِ جاں بناتا صدقِ دل سے اس پر عمل کرتا، اس کا آئینۂ دل اور زیادہ شفاف اور تابناک ہو جاتا۔

أَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرَىٰ ۝٤ أَمَّا مَنِ اسْتَغْنَىٰ ۝٥ فَأَنْتَ لَهُ

یا وہ غور و فکر کرتا تو نفع پہنچاتی اسے یہ نصیحت ؎۴ لیکن وہ جو پروا نہیں کرتا ؎ آپ اس کی طرف تو

تَصَدَّىٰ ۝٦ وَمَا عَلَيْكَ أَلَّا يَزَّكَّىٰ ۝٧ وَأَمَّا مَنْ جَاءَكَ يَسْعَىٰ ۝٨

توجہ کرتے ہیں اور آپ پر کوئی ضرر نہیں اگر وہ نہ سدھرے ۔ اور جو آپ کے پاس آیا ہے دوڑتا ہوا ؎

وَهُوَ يَخْشَىٰ ۝٩ فَأَنْتَ عَنْهُ تَلَهَّىٰ ۝١٠ كَلَّا إِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۝١١ فَمَنْ

اور وہ ڈر بھی رہا ہے تو آپ اس سے بے رخی برتتے ہیں ؎۵ ایسا نہ چاہیے یہ تو نصیحت ہے ۔ سو جس کا

؎۴ یا آپ اسے جو کلام الٰہی سناتے وہ اس میں مزید غور و فکر کرتا۔ اس سے نصیحت قبول کرتا۔ آپ کی یاد دہانی اس کے لیے بڑا نفع بخش ہوتی۔ دعوتِ اسلام اگرچہ عام ہے لیکن اس سے فائدہ تو وہی اٹھاتا ہے جو اس میں غور و فکر کرے۔

؎۵ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سراپا رأفت و رحمت تھے۔ حضور کی یہ آرزو تھی کہ کوئی بھی نعمتِ ایمان سے محروم نہ رہے اس لیے پوری دل سوزی سے ہر محجوب کو اس کے حجاب سے رہائی دلانے کی سعی فرماتے۔ حضور کی اسی کیفیت کو قرآن نے حریص علیکم کے کلمات سے یاد کیا ہے۔ لیکن ان کی استعداد یکساں نہ تھی۔ ان کے نظریات و افکار میں بڑا تفاوت تھا۔ کچھ تو ایسے تھے جن کے دلوں میں حق کی تلاش کا ذوق موجود تھا اور وہ حضور کی ذاتِ اقدس کو ہی ایسا چشمہ تصور کرتے تھے جہاں سے ان کے ذوق کی تسکین ہو سکتی تھی۔ اکثریت ایسے لوگوں کی تھی جنہوں نے یہ طے کر لیا تھا کہ کچھ بھی ہو جائے وہ اسے ہرگز قبول نہیں کریں گے۔ اگر داعی ان نااہلوں کی طرف زیادہ توجہ مبذول کرے اور حق کے متلاشیوں کی طرف سے بے اعتنائی برتے تو اس دعوت کی ترقی میں غیر معمولی رکاوٹیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کی تادیب و تربیت خود فرماتے ہیں اور ارشاد ہے کہ وہ شخص جو اس دعوت کی طرف سے بے نیازی کا رویہ اختیار کیے ہوئے ہے آپ اس کی طرف تو ہمہ تن متوجہ ہیں۔ حالانکہ اگر وہ مسلمان نہ ہو تو آپ کی بلا سے۔ نہ آپ پر اس کے اسلام لانے کی کوئی ذمہ داری ہے اور نہ آپ کو اس کے کفر سے کوئی ضرر پہنچ سکتا ہے۔ لیکن وہ طالبِ حق' جو پیغامِ حق سننے کے لیے سخت بے تاب ہے' فرطِ شوق سے آپ کے قدموں میں دوڑا چلا آ رہا ہے اور اس کے دل میں خدا کا خوف ہے آپ اس کی طرف سے کیوں بے اعتنائی برتیں۔ اے میرے حبیب! آپ کو یہ بات زیب نہیں دیتی۔ شمعِ ہدایت پر پروانہ وار نثار ہونے والوں کی طرف سے بے رخی آپ کے شایانِ شان نہیں۔

شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾ بِاَيْدِيْ

بھی چاہے اسے قبول کرے ⁸ یہ ایسے صحیفوں میں (ثبت) ہے جو معزز ہیں۔ جو بلند مرتبہ پاکیزہ ہیں ⁸ ایسے کاتبوں کے

سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿۱۷﴾ مِنْ اَيِّ

ہاتھوں سے لکھے ہیں جو بڑے بزرگ اور نیکو کار ہیں ⁸ غارت ہو (منکر) انسان ⁹ وہ کتنا احسان فراموش ہے ¹⁰ کس چیز سے

شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿۱۸﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ

اللہ نے اسے پیدا کیا۔ ایک بوند سے۔ اسے پیدا کیا پھر اس کی ہر چیز اندازہ سے بنائی ¹¹ پھر زندگی کی راہ اس پر

⁶ اگر وقف کَلَّا پر ہو تو پھر اس کا معنی ردع و زجر ہوگا یعنی ایسا ہرگز نہیں ہونا چاہیے اور اگر کَلَّا پر وقف نہ ہو تو پھر یہ حقًّا کے معنی میں ہوگا یعنی یقیناً یہ آیاتِ ربانی ایک تذکرہ ہیں۔ جس کا جی چاہے ان سے نصیحت قبول کرے اور اپنی بگڑی بنالے اور جس کا جی چاہے ان سے اعراض کرے۔ ان لوگوں کو فوز و فلاح حاصل کرنے کے لیے اس دعوت کی حاجت ہے۔ اس دعوت کو ان کی ضرورت نہیں۔

⁷ قرآن کریم کی عظمتِ شان کا ذکر ہو رہا ہے کہ قدرت نے اسے ان باعزت صحیفوں میں محفوظ کر دیا ہے جن کی شان بڑی اونچی ہے جن کا مرتبہ بڑا عالی ہے۔ یہ ہر ملاوٹ اور آمیزش سے پاک ہے۔ کسی کی مجال نہیں کہ اس میں اپنی طرف سے کسی چیز کا اضافہ کرے یا اس میں باطل کو ملا دے۔

⁸ سفرة، سافر کی جمع ہے۔ اس کا معنی ہے پوشیدہ چیز کو ظاہر کرنے والا۔ کاتب کو بھی سافر کہتے ہیں کہ وہ اپنی تحریر سے اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرتا ہے۔

یہاں سے ان فرشتوں کی تعریف کی جا رہی ہے جنہوں نے ان پاکیزہ صحیفوں میں کلام الٰہی کو تحریر کیا ہے کہ وہ بڑے بزرگ ہیں۔ ان سے یہ توقع ہرگز نہیں رکھی جا سکتی کہ انہوں نے کچھ اپنی طرف سے اضافہ کر دیا ہوگا یا کچھ کمی کر دی ہوگی۔ وہ نیکوکار ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل میں غفلت و سستی ان کے لیے ناممکن ہے۔

⁹ مجاہد کہتے ہیں کہ قرآن میں جہاں بھی قُتِلَ الْاِنْسَانُ کے الفاظ آتے ہیں وہاں انسان سے مراد کافر ہے۔ یعنی یہ انسان جو ہر لحظہ ہمارے احسانات سے بہرہ ور ہو رہا ہے لیکن ان کا شکر یہ ادا نہیں کرتا بلکہ کفرانِ نعمت کی روش اختیار کر کے نافرمانی اور بغاوت پر آمادہ ہے۔ بندگی کے بجائے کفر و شرک کا پرچم بلند کیے ہوئے ہے۔ غارت ہو جائے ایسا انسان۔ اس کا وجود انسانیت کے لیے باعثِ ننگ و عار ہے۔ اس کا مٹ جانا اس کے باقی رہنے سے کہیں بہتر ہے۔

¹⁰ اظہارِ تعجب کے لیے آیا ہے۔ اس سے وہ لوگ مراد ہیں جو بارگاہِ نبوت کے درویشوں اور فقیروں کو حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے اور ان کی مجلس میں بیٹھنا بھی اپنی ہتک خیال کرتے تھے۔

¹¹ ذرا یہ لوگ اپنی اصلیت پر تو غور کریں۔ جب یہ دنیا میں آئے تو کیا ان کی سج دھج کا یہی عالم تھا ان کے نخرے لعل و جواہر سے یوں ہی پُر تھے کتنے کم ظرف ہیں یہ لوگ۔ کیا انہوں نے اس قطرۂ آب پر توجہ نہیں کی جس سے ان کا یہ پتلا تیار کیا گیا۔ شکم مادر میں ان کو کس نے پیدا کیا۔ وہ کون ہے

يَسَّرَهٗ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾ كَلَّا لَمَّا

آسان کر دی ۱۲؎ پھر اسے موت دی اور اسے قبر میں پہنچا دیا ۱۳؎ پھر جب چاہے گا اسے دوبارہ زندہ کرے گا ۱۴؎ یقیناً وہ بجا نہ لایا جو اللہ

يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿۲۳﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿۲۴﴾ اَنَّا صَبَبْنَا

نے اسے حکم دیا تھا ۱۵؎ پھر ذرا انسان غور سے دیکھے اپنی غذا کو۔ بے شک ہم نے زور

جس نے ان کے اعضا کی ساخت، شکل و صورت کا تعین، ان کی ذہنی صلاحیتوں، ان کے مقدر کی پستی یا بلندی اور ان کی غربت و ثروت کے بارے میں آخری فیصلہ صادر فرمایا۔ آج جبکہ ان کا طوطی بول رہا ہے اس وقت بھی ان کی یہ مجال نہیں کہ اس الٰہی فیصلہ میں رائی برابر رد و بدل کر سکیں۔ ایسی بے بسی اور فرعونیت کا دعویٰ پرلے درجے کی حماقت اور کوتاہ نظری ہے۔

۱۲؎ یہ بڑی جامع آیت ہے۔ اس کے مفہوم میں یہ بات بھی داخل ہے کہ رحم مادر میں اسے پروان چڑھایا، وہاں سے اس کے باہر نکل آنے کی راہ آسان کر دی، اور یہ بھی اس کے مفہوم میں داخل ہے کہ گوناگوں قوتوں کی اس کے خمیر میں تخم ریزی کی۔ جب اسے اس دنیا میں پیدا کیا تو وہ سارا سامان بڑی فیاضی سے مہیا کر دیے جن کی وجہ سے اس کی امکانی قوتیں عمل جامہ پہن سکیں اور ان کا پوری طرح ظہور ہو سکے۔ اگر اللہ تعالیٰ ان کی نشوونما کے لیے سازگار فضا اور خوشگوار ماحول مہیا نہ کرتا تو وہ قوتیں ہمیشہ خوابیدہ رہتیں۔ وہ بیج بغیر اگے ضائع ہو جاتے۔ یہ انسان جو کچھ بھی نظر آ رہا ہے اس کو اس مرتبہ تک پہنچانے میں قدرت کے لطف و کرم کا ہاتھ ہے۔ نیز اس آیت میں یہ حقیقت بھی بیان کی گئی ہے کہ ابدی فوز و فلاح کی منزل کی طرف جانے والی شاہراہ پر نبوت کے چراغ روشن کر کے رکھ دیے گئے ہیں جس سے سالک کو اپنی منزل تک پہنچنا آسان ہو گیا ہے۔ اگر رسالت کی تنویریں راستے کے نشیب و فراز کو روشن نہ کر دیتیں تو انسان کی کیا طاقت تھی کہ وہ بخیریت منزل تک پہنچ سکتا۔ کسی نہ کسی بھنور یا گرداب میں ڈبکی کھا رہا ہوتا یا کوئی لغزش اسے کسی تاریک غار میں دھکیل دیتی اور وہ وہاں دم توڑ چکا ہوتا۔

۱۳؎ جب تک اس کی موت کا مقررہ وقت نہیں آتا ہزاروں خطرات میں بھی یہ سلامت رہتا ہے۔ بارش کی طرح برستے ہوئے بم بھی اس کا بال بیکا نہیں کر سکتے۔ دشمن کی کوئی سازش اس کو گزند نہیں پہنچا سکتی اور جب صدرِ دفتر سے اس کی موت کا پروانہ جاری ہو چکا ہے تو پھر ہزاروں محافظوں کے جھرمٹ میں سے بھی موت کا ہاتھ اسے اچک لیتا ہے۔ پھر کہیں یہ بھاگ سکتا ہے، نہ چھپ سکتا ہے، نہ خود بچ سکتا ہے اور نہ اسے کوئی بچا سکتا ہے۔ اور پھر جہاں اس کے خالق کی مرضی ہوتی ہے وہاں اسے دفن کر دیا جاتا ہے۔ زمین کا شکم، پرندوں اور درندوں کے معدے اور قعر دریا اس کا مدفن بن سکتے ہیں۔ بے بسی کا یہ عالم اور اس پر اتنا غرور اور گھمنڈ؟

۱۴؎ وہ قادر مطلق جس کے فیصلے جس کی آفرینش، پیدائش، اثنائے حیات اور موت کے بارے میں اٹل تھے وہی جب چاہے گا اسے پھر سے زندہ کر کے اسے کھڑا کر دے گا۔

۱۵؎ یہاں کَلَّا، حقاً کے مترادف ہے یعنی انسان کو اس کے مالک نے جن احکام کو بجا لانے کا حکم دیا، افسوس کہ وہ ان کو بجا لانے سے قاصر رہا۔ اپنی کم فہمی کے باعث وہ ان احکام کو بوجھ سمجھتا رہا۔ اپنی ترقی کی راہ میں سنگ گراں خیال کرتا رہا، حالانکہ اگر وہ ان ارشادات کی کماحقہ تعمیل کرتا تو

الْمَآءَ صَبًّا ۝٢٥ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۝٢٦ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۝٢٧

سے پانی برسایا۔ پھر اچھی طرح پھاڑا زمین کو۔ پھر ہم نے اگایا اس میں غلہ

وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۝٢٨ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ۝٢٩ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۝٣٠ وَّفَاكِهَةً

اور انگور اور ترکاریاں اور زیتون اور کھجوریں اور گھنے باغات اور طرح طرح کے پھل

وَّاَبًّا ۝٣١ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۝٣٢ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ۝٣٣

اور گھاس۔ سامانِ زیست تمہارے لیے اور تمہارے مویشیوں کے لیے ۱۶؎ پھر جب کان بہرا کرنے والا شور اٹھے گا ۱۷؎

اس کا اپنا بھلا ہوتا۔

۱۶؎ انسان کے احوالِ معاد ذکر کرنے کے بعد اب اس کے احوالِ معاش کا ذکر ہو رہا ہے اور اس میں اللہ تعالیٰ کی بے پایاں رحمت اور بے شمار نوازشات کے جو جلوے دکھ رہے ہیں ان کی طرف انسان کو متوجہ کیا جا رہا ہے۔ یعنی تم اپنے دسترخوان پر چنے ہوئے رنگارنگ کھانوں کو ہڑپ کر جاتے ہو اور یہ نہیں سوچتے کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح ان کو پیدا کیا ہے۔ بارش برستی ہے، بیج زمین کا سینہ شق کرتے ہوئے نازک نازک پتیوں کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں، پھر وہ اگتے ہیں، نشوونما پاتے ہیں۔ کہیں کھیت ہیں، تمہارے لیے اناج کے ذخیرے تیار کیے جا رہے ہیں، کہیں انگوروں کی بیلیں زمین پر پھیلی کمال نشوونما پا رہی ہیں۔ کہیں تمہارے جانوروں کے لیے چارہ اگ رہا ہے۔ زیتون اور کھجور کے درخت کہیں بہار دکھا رہے ہیں، کہیں شاداب اور گھنے باغات ہیں جن کے درختوں کی ٹہنیاں رنگارنگ پھولوں اور پھلوں سے لدی ہیں، کہیں گھاس اگ رہی ہے جو تمہارے جانوروں کے کام آتی ہے۔ اس طرح ہم نے اپنی رحمت و قدرت سے تمہارے لیے اور تمہارے حیوانوں کے لیے سامانِ زیست فراہم کر دیا ہے۔

مشکل الفاظ کی تشریح: صبّ: پانی کو اوپر سے انڈیلنا۔ شقًّا: زمین کا پھٹنا اس کا چیرنا۔ حَبًّا سے مراد ہر قسم کا اناج ہے گندم، جو اور تمام وہ غلہ جسے کاٹا جاتا ہے اور جس کا ذخیرہ کیا جاتا ہے۔ ای الحب شعیرا وسائر ما یحصد ویدخر۔ قَضْبًا: قضب کا لغوی معنی کاٹنا ہے۔ وہ چارہ جو کاٹنے کے بعد پھر اگ آتا ہے اس کو بھی قضب کہتے ہیں اور وہ ترکاریاں جن کو اوپر سے کاٹا جاتا ہے اور ان کی جڑیں پھر پھوٹ آتی ہیں ان کو بھی قضب کہا جاتا ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں هو القت والعلف، سمی بذلك لانه يقضب اى يقطع بعد ظهوره مرة بعد اخرى۔ وسائر البقول التی تقطع فينبت اصلها۔ (قرطبی)

غُلْبًا: جو درخت بھاری بھرکم ہو اس کو شجرة غلباء کہتے ہیں۔ شیر کو اغلب کہا جاتا ہے کیونکہ اس کی گردن موٹی اور بھاری ہوتی ہے۔ حدیقة غلباء کا معنی یہ ہو گا کہ وہ باغات جن کے درخت بھاری بھرکم ہوتے ہیں جن کی شاخیں باہم پیوست ہوتی ہیں۔ ابًّا: هو ما تاكله البهائم من العشب۔ وہ چارہ اور گھاس جو جانوروں کے کھانے کے کام آتا ہے۔

۱۷؎ ذکرِ معاش کے بعد پھر ذکرِ معاد ہو رہا ہے تاکہ لوگ اس کے لیے تیار ہو جائیں اور اس طویل سفر کے لیے اعمالِ صالحہ کی زاد فراہم کریں۔

الصَّآخَّةُ: خلیل اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں الصاخة صيحة تصخ الاذان صخا ای تصمها بشدة وقعتها (قرطبی) یعنی صاخة اس

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ۝٣٤ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ ۝٣٥ وَصَاحِبَتِهِ وَ

اس دن آدمی بھاگے گا اپنے بھائی سے اور اپنی ماں سے اور اپنے باپ سے اور اپنی بیوی سے اور

بَنِيهِ ۝٣٦ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ ۝٣٧ وُجُوهٌ

اپنے بچوں سے۔ ہر شخص کو ان میں سے اس دن ایسی فکر لاحق ہوگی جو اسے (سب سے) بے پروا کر دے گی ۱۸ کتنے ہی چہرے

يَوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۝٣٨ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝٣٩ وَوُجُوهٌ

اس دن (نور ایمان سے) چمک رہے ہوں گے۔ ہنستے ہوئے خوش و خرم ۱۹ اور کئی منہ

يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝٤٠ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝٤١ أُولَٰئِكَ هُمُ

اس دن غبار آلود ہوں گے۔ ان پر کالک لگی ہوگی۔ یہی وہ کافر (و)

الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ۝٤٢

فاجر لوگ ہوں گے ۲۰

ع ۲ / ۵

گرجدار آواز کو کہتے ہیں جس کے شور سے کان بہرے ہو جاتے ہیں۔ اس سے مراد نفخۂ ثانیہ ہے جبکہ سب لوگ اپنی قبروں سے اٹھ کھڑے ہوں گے۔

۱۸ اس روز عجیب افراتفری اور نفسا نفسی کا عالم ہوگا۔ کسی کو دوسرے کی ہوش نہ ہوگی ہر ایک اپنی مصیبت میں پھنسا ہوگا۔

۱۹ اس ہولناک دن بھی بعض چہرے ایسے ہوں گے جو چمک رہے ہوں گے۔ خوشی سے ہنس رہے ہوں گے اور ان کے چہروں پر مسرت و فرحت کے شگوفے کھلے ہوں گے۔ انہیں کوئی اندیشہ و فکر نہ ہوگا۔ الا ان اولیاء اللہ لاخوف علیہم ولاھم یحزنون کا منظر ساری دنیا دیکھ رہی ہوگی۔

۲۰ لیکن وہ بدنصیب جنہوں نے سرکشی اور سرتابی کرتے کرتے اپنی عمریں برباد کر دی تھیں ان کے چہروں پر خاک اڑ رہی ہوگی ان کے چہروں پر سیاہی چھائی ہوگی۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جو ساری عمر کفر کرتے رہے اور فسق و فجور میں مبتلا رہے۔

اللّٰھم انت ربنا وانت الرحمٰن الرحیم اجعل وجوھنا یومئذ مسفرۃ ضاحکۃ مستبشرۃ۔ انت اھل التقوٰی و اھل المغفرۃ بجاہ حبیبک الکریم ورسولک المعظم الذی ارسلتہ رحمۃ للعٰلمین والبستہ تاج الشفاعۃ للمذنبین اللھم ابعثہ مقاما محمودا یغبطہ فیہ الاولون والاٰخرون وصل وسلم وبارک علیہ وعلٰی اٰلہ واصحابہ ومن احبہ و اتبعہ الٰی یوم الدین یا اکرم الاکرمین ویا ارحم الراحمین۔ فاطر السمٰوٰت والارض انت ولی فی الدنیا والاٰخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔

تعارف

سُورۃ التکویر

نام : پہلی آیت میں کُوِّرَت باب تفعیل سے ماضی مجہول کا صیغہ مذکور ہے جس کا مصدر تکویر ہے۔ یہی اس سورۃ کا نام ہے۔

زمانہ نزول : آیات کا اسلوب گواہی دے رہا ہے کہ یہ آغاز رسالت کے عہد میں نازل ہوئی نیز جن دو مسئلوں قیامت اور رسالت کو یہاں وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔ وہ بھی اسی کی تائید کرتا ہے۔

مضامین : قیامت اور رسالت کے بارے میں ہی یہاں دلائل و شواہد ذکر فرمائے جا رہے ہیں۔ قیامت کے دو مرحلے ہیں۔ پہلا مرحلہ وہ ہے جب یہ موجودہ نظام کائنات درہم برہم کر دیا جائے گا۔ نہ چرخ نیلوفری رہے گا نہ مہر و ماہ کی تابانیاں ہیں گی اور نہ ان گنت ستارے چمکتے رہیں گے۔ فلک بوس پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر ہوا میں غبار کی طرح اُڑنے لگیں گے۔ چرندو پرند کی حالت دیدنی ہوگی۔ اس کے بعد اس کے دُوسرے مرحلے کا ذکر فرمایا گیا جب دوسری مرتبہ صُور پھونکا جائے گا۔ ہر چیز اپنی اپنی قبروں سے زندہ و بیدار اُٹھ کھڑی ہوگی اور سب کو بارگاہ خداوند ذوالجلال میں محاسبہ کے لیے پیش کر دیا جائے گا۔ ایک طرف آنکھوں کے سامنے دوزخ کے شعلے بھڑک رہے ہوں گے، دوسری طرف جنت اپنی تمام زینت اور آرائش کے ساتھ بندگانِ خدا کے لیے چشم براہ ہوگی۔

ذکر قیامت کے بعد رسالت کا تذکرہ فرمایا پہلے متعدد قسمیں کھائیں پھر بتایا کہ حامل قرآن اللہ کا رسول ہے۔ یہ کلام جو وہ تمہیں پڑھ کر سناتا ہے۔ یہ نہ اس نے خود تالیف کیا ہے اور نہ کسی نے اُسے سکھایا اور پڑھایا ہے بلکہ ایک معزز و محترم فرشتہ جس کی امانت و دیانت ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے۔ وہ فرشتہ اللہ کی جناب سے لے کر آیا ہے۔

اے نادانو! اس چشمہ شیریں کو چھوڑ کر تم سراب کے پیچھے کیوں دوڑے جا رہے ہو۔ ذرا ہوش سے کام لو اپنی عاقبت برباد نہ کرو۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۷۷ - ۴ - ۶

سُورَةُ التَّكْوِيرِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝ هِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً

سورۃ التکویر مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں ۲۹ آیات ہیں۔

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ﴿١﴾ وَإِذَا النُّجُومُ انْكَدَرَتْ ﴿٢﴾ وَإِذَا الْجِبَالُ

(یاد کرو) جب سورج لپیٹ دیا جائے گا ۱؎ اور جب ستارے بکھر جائیں گے ۲؎ اور جب پہاڑوں کو اکھیڑ دیا

سُيِّرَتْ ﴿٣﴾ وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ﴿٤﴾ وَإِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ ﴿٥﴾ وَ

جائے گا ۳؎ اور جب دس ماہ کی گابھن اونٹنیاں چھٹی پھریں گی ۴؎ اور جب وحشی جانور یکجا کر دیے جائیں گے ۵؎ اور

۱؎ وقوع قیامت کے وقت جو ہولناک تغیرات رونما ہوں گے ان کا ذکر کیا جارہا ہے تاکہ لوگ خواب غفلت سے آنکھیں کھولیں اللہ تعالیٰ کی اطاعت وفرمانبرداری اختیار کریں تاکہ اس روز انہیں اپنے اعمال پر پریشانی اور پشیمانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

نظام شمسی میں آفتاب کی اہمیت کسی سے مخفی نہیں۔ جب ابھرتا ہے تو اس کی کرنیں اندھیروں میں ڈوبی ہوئی دنیا کو آناً فاناً منور کر دیتی ہیں۔ اس کی حرارت سے زمین تانبے کی طرح تپ جاتی ہیں لیکن اس روز اس کی نور افشانی کرنے والی کرنیں اس کے اردگرد لپیٹ دی جائیں گی اس کی تیز رفتار شعاعوں کو زنجیر پا کر دیا جائے گا اور جب یہ منبع نور بے نور ہو جائے گا تو اس وقت جو اندھیرا پھیلے گا وہ کس قدر گہرا اور کتنا بھیانک ہوگا اس کا صرف تصور ہی ہوش ربا ہے۔

جب کوئی شخص اپنی لمبی دستار کو سر کے اردگرد لپیٹ لیتا ہے تو عرب کہتے ہیں کورالعمامۃ علی الرأس۔ اسی سے تکویر باب تفعیل ہے۔

۲؎ سورج کے بعد ستاروں کی حالت زار بیان کی جارہی ہے کہ وہ تیزی سے ٹوٹ ٹوٹ کر بکھر جائیں گے۔ انکدر: اسرع وانقض۔ ٹوٹنا۔ وانکدرت النجوم: تناثرت۔ وہ قانون کشش جو ہر ایک ستارہ کو اپنے مقام پر اور ہر ایک سیارہ کو اپنے مدار میں روکے ہوئے ہے وہ قانون منسوخ کر دیا جائے گا۔ ستارے اپنی اپنی جگہ سے ٹوٹ کر بکھر جائیں گے۔ بعض نے انکدرت کا معنی مکدر ہونا یعنی بے نور ہونا کیا ہے یعنی ستاروں کی چمک ختم ہو جائے گی۔

۳؎ اسی طرح کشش ثقل بھی فنا ہو جائے گی۔ پہاڑوں کا وزن باقی نہیں رہے گا۔ ہوا کے جھونکے روئی کے گالوں کی طرح انہیں فضا میں اڑانے لگیں گے۔ انجام کار ان کا نام ونشان بھی باقی نہیں رہے گا۔

۴؎ عشار: اس گابھن اونٹنی کو کہتے ہیں جس کو دسواں مہینہ ہو اور وہ جلد ہی ایک بچے کو جنم دینے کے ساتھ شیر دار ہونے والی ہو۔ اہل عرب کو ویسے ہی اونٹ بڑے عزیز ہوتے ہیں۔ خصوصاً وہ اونٹنی جس کے حمل کو دس ماہ گزر چکے ہوں ان کے نزدیک وہ متاع گراں بہا شمار ہوتی ہے۔ وہ اس کی حفاظت اور رکھوالی پوری توجہ سے کرتے ہیں لیکن قیامت کے روز لوگوں کی بدحواسی کا یہ عالم ہوگا کہ ایسی قیمتی چیز کا بھی کوئی پرسان حال نہ ہوگا۔ ہر ایک کو اپنی جان کی پڑی ہوگی۔

۵؎ صرف انسان ہی بدحواس نہ ہوں گے بلکہ جنگلی جانور جو انسان کی آواز سے بھڑکتے اور اس کے سائے سے دور بھاگتے ہیں وہ بھی جنگل

إِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝٦ وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ ۝٧ وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ

جب سمندر بھڑکا دیے جائیں گے ۶ اور جب جانیں (جسموں سے) جوڑ دی جائیں گی ۷ اور جب زندہ درگور کی ہوئی (بچی)

سُئِلَتْ ۝٨ بِأَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ ۝٩ وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝١٠ وَإِذَا

سے پوچھا جائے گا ۸ کہ وہ کس گناہ کے باعث ماری گئی۔ اور جب اعمال نامے کھولے جائیں گے اور جب

بیابان چھوڑ کر شہروں میں آگھسیں گے۔ نہ کوئی گدھا کسی کو دولتیاں مارے گا، نہ کوئی سانپ کسی کو ڈسے گا اور نہ کسی شیر کو کسی شکار کو چیرنے پھاڑنے کی ہوش ہوگی۔ سب دم دبائے اور سہمے ایک جگہ جمع ہوں گے۔

۶ سمندروں میں اس روز پانی کی لہروں میں آگ کے شعلے اٹھ رہے ہوں گے۔ پانی سے شعلوں کا اٹھنا تعجب انگیز معلوم ہوتا ہے لیکن اگر پانی کے اجزائے ترکیبی پر نظر ڈالی جائے تو تعجب اس پر نہیں ہونا چاہیے کہ اس سے آگ بھڑکے گی بلکہ حیرت اس پر ہوگی کہ پانی ڈالنے سے آگ بجھ کیوں جاتی ہے۔ پانی دو گیسوں آکسیجن اور ہائیڈروجن کا مرکب ہے۔ ان میں سے ایک گیس بھڑکانے والی ہے اور دوسری بھڑک اٹھنے والی ہے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ جب ان کو اکٹھا کیا جائے تو یہ آگ کی صورت اختیار کر لیں لیکن قادر مطلق نے ان کے مرکب کو پانی کی شکل دے دی اور اس میں آگ بجھانے کی تاثیر رکھ دی۔ قیامت کے دن جب دوسرے تکوینی ضابطے بالائے طاق رکھ دیے جائیں گے، سورج، ستارے اور پہاڑ کیا سے کیا بن جائیں گے، پانی کے اس ضابطہ پر بھی قلم تنسیخ کھینچ دیا جائے گا۔ آکسیجن اور ہائیڈروجن اپنی اصلی حالت پر لوٹ آئیں گی اور ان کے بے پایاں ذخائر جو سمندروں میں پانی کی صورت میں آج ٹھاٹھیں مار رہے ہیں وہ بھڑکتے شعلے بن جائیں گے۔ سبحان من لا تنتہی حکمہ ولا یحاط بآثار قدرتہ۔

۷ اس کا ایک مفہوم تو یہ بیان کیا گیا ہے کہ اعمال و اخلاق کے مطابق انسانوں کی گروہ بندی کر دی جائے گی۔ مقربین کا ایک گروہ ہوگا، اصحاب یمین ایک پرچم تلے اکٹھے ہوں گے اور اصحاب شمال کو ایک جگہ جمع کیا جائے گا۔

کند ہم جنس با ہم جنس پرواز

قال الحسن: اُلحق کل امرئ بشیعتہ۔ اور عکرمہ سے اس کا یہ معنی منقول ہے: تقرن الارواح بالاجساد۔ یعنی قیامت کے دن روحوں کو پھر جسموں کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔ (قرطبی)

۸ عہد جاہلیت میں کئی قبیح اور سنگدلانہ رسمیں رائج تھیں جنہیں وہ بڑے شرح صدر سے انجام دیا کرتے تھے۔ انہی غیر انسانی رسوم سے ایک یہ بھی تھی کہ وہ اپنی بیٹیوں کو زندہ درگور کر دیا کرتے تھے۔ اس پر شرمندہ و پشیمان ہونے کے بجائے وہ فخر و مباہات کا اظہار کیا کرتے تھے۔ اس ظالمانہ حرکت کے آغاز کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ ایک دفعہ ربیعہ قبیلہ پر ان کے دشمنوں نے شبخون مارا اور ربیعہ کے ایک سردار کی بیٹی کو وہ اٹھا کر لے گئے۔ جب دونوں قبیلوں کے درمیان صلح ہو گئی تو اس لڑکی کو بھی واپس کر دیا گیا اور اسے اختیار دیا گیا کہ چاہے اپنے باپ کے پاس رہے اور چاہے تو اسیری میں جس کے ساتھ رہ رہی تھی اس کے پاس واپس چلی جائے۔ اس نے اس شخص کے پاس جانا پسند کیا۔ اس کے باپ کو بڑا غصہ آیا اور اس نے اپنے قبیلے میں یہ رسم جاری کر دی کہ جب کسی کے ہاں بچی پیدا ہو تو اس کو زندہ زمین میں دبا دیا جائے تاکہ آئندہ ان کی ایسی رسوائی نہ ہو۔ آہستہ آہستہ دوسرے

قبائل میں بھی یہ رواج مقبولیت اختیار کر گیا اور اس کی کئی وجوہات تھیں۔ ① عام اہل عرب کی معاشی حالت بڑی خستہ ہوتی تھی بچیوں کو پالنا جوان کرنا پھر ان کی شادی کرنا وہ اپنے لیے ناقابل برداشت بوجھ تصور کرتے تھے اس لیے ان کو بچپن میں ہی ٹھکانے لگا دیا کرتے تھے۔ قبائل میں باہمی کشت و خون روزمرہ کا معمول تھا۔ لڑکے جوان ہو کر ایسی لڑائیوں میں ان کا ہاتھ بٹاتے۔ لڑکیاں ان لڑائیوں میں بھی شرکت نہ کر سکتیں اور پھر ان کو دشمن کی دستبرد سے بچانے کے لیے بھی انہیں کافی تردد کرنا پڑتا اس لیے وہ ان کو زندہ رکھنا اپنے لیے وبال جان سمجھتے ② ان کی جاہلانہ نخوت بھی اس کا ایک سبب تھی۔ وہ کسی کو اپنا داماد بنانا اپنی توہین سمجھتے تھے۔ اس سے بچنے کا یہی آسان طریقہ تھا کہ بچی زندہ ہو نہ اسے بیاہا جائے اور نہ کوئی ان کا داماد بنے۔

وجوہات اگرچہ مختلف اور متعدد تھیں لیکن یہ ظالمانہ رسم عرب کے جاہلی معاشرے میں اپنے پنجے بہت گہرے گاڑ چکی تھی۔ عام طور پر اسے کوئی معیوب چیز یا ظلم نہ سمجھا جاتا۔ باپ اپنی اولاد کا مالک کل ہے۔ چاہے اسے زندہ رکھے، چاہے قتل کر دے، کسی کو اس پر اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں لیکن اس سنگدل معاشرے میں خال خال ایسے لوگ موجود تھے جو معصوم بچیوں کی بے کسی پر خون کے آنسو بہاتے اور ان سے جتنا کچھ بن آتا اس سے دریغ نہ کرتے۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چچا زاد بھائی زید بن عمرو بن نفیل کو جب پتہ چلتا کہ فلاں کے ہاں لڑکی پیدا ہوئی ہے اور وہ اس کو زندہ دفن کرنا چاہتا ہے تو وہ دوڑ کر اس کے پاس جاتے اور اس بچی کی پرورش اور اس کی شادی وغیرہ کے اخراجات کی ذمہ داری اٹھاتے اور اس طرح اس معصوم کی جان بچاتے۔

مشہور شاعر فرزدق کے دادا صعصعہ بن ناجیہ المجاشعی کا بھی یہی معمول تھا۔ علامہ آلوسی نے طبرانی کے حوالے سے لکھا ہے کہ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے زمانہ جاہلیت میں بھی نیک کام کیے ہیں، کیا مجھے ان کا بھی اجر ملے گا؟ میں نے تین سو ساٹھ بچیوں کو زندہ درگور ہونے سے بچایا اور ہر ایک کے عوض دو دو دس دس ماہ کی گابھن اونٹنیاں اور ایک ایک اونٹ بطور فدیہ ان کے باپوں کو دیا۔ کیا مجھے اس عمل کا کوئی اجر ملے گا؟ فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اجرہ اذ منّ اللہ علیك بالاسلام۔ نبی رحمت نے فرمایا اس عمل کا اجر تو تجھے مل گیا۔ اللہ تعالیٰ نے تجھ کو اسلام لانے کی توفیق مرحمت فرمائی اور نعمت ایمان سے تجھے سرفراز کر دیا۔ (روح المعانی)

چنانچہ فرزدق اپنے دادا کے اس کارنامے پر فخر کیا کرتا تھا۔ اس کا ایک شعر ہے۔

وجدی الذی منع الوائدة ۔۔۔ فاحیا الوئید فلم توءد

میرا دادا وہ ہے جس نے زندہ درگور کرنے والیوں کو روکا۔ اس طرح ان بچیوں کو زندہ درگور ہونے سے بچا کر زندگی بخش دی۔

لیکن اس ظالمانہ رسم کا پوری طرح قلع قمع اس وقت ہوا جب اللہ تعالیٰ کا محبوب رحمۃ للعالمین بن کر تشریف لایا اور بیٹی کو وہ شان بخش دی کہ وہ باعث عار ہونے کے بجائے اپنے والدین کے لیے وجہ صد افتخار بن گئی۔ حضور نے اپنے دلآویز ارشادات سے اس غلط فہمی کو اہل عرب کے دلوں سے نکال دیا کہ بچی ایک ناگوار بوجھ ہے یا خاندان کی ذلت و رسوائی کا سبب ہے۔ چند ارشادات آپ بھی ملاحظہ فرمائیں تاکہ آپ کے دل میں اپنی بچیوں کی قدر و منزلت پیدا ہو۔

① مَنِ ابْتُلِیَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَیْءٍ فَاَحْسَنَ اِلَیْهِنَّ كُنَّ لَهٗ سِتْرًا مِنَ النَّارِ۔ جو شخص ان بچیوں کا باپ بننے سے آزمایا گیا اور اس نے ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا تو وہ اس کے لیے آتش جہنم سے پردہ ثابت ہوں گی۔ (بخاری و مسلم)

(۲) امام مسلم کی روایت ہے من عال جاریتین حتی تبلغا جاء یوم القیامۃ انا وھو ھکذا وضم اصابعہ۔ جس نے دو لڑکیوں کی پرورش کی یہاں تک کہ وہ بالغ ہو گئیں تو قیامت کے دن میں اور وہ اس طرح کھڑے ہوں گے، یہ فرمایا اور اپنی انگلیوں کو باہم پیوست کر دیا۔

(۳) ابوداؤد کی حدیث ہے من کانت لہ انثی ولم یئدھا ولم یھنھا ولم یؤثر ولدہ علیھا ادخلہ اللہ الجنۃ۔ جس کی ایک بچی ہو وہ اسے زندہ درگور بھی نہ کرے اس کی توہین بھی نہ کرے اپنے بیٹے کو اس پر فوقیت بھی نہ دے تو اس امر کے بدلے اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرے گا۔

آخر میں تعلیم نبوی کی ہمہ گیری کا اندازہ کرنے کے لیے آپ یہ حدیث پاک پڑھیں:

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم قال لسراقۃ بن جعشم الا ادلک علی اعظم الصدقۃ او من اعظم الصدقۃ قال بلی یا رسول اللہ! قال ابنتک المردودۃ الیک لیس لھا کاسب غیرک۔ (ابن ماجہ) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سراقہ بن جعشم سے فرمایا کیا میں تمہیں سب سے بڑے صدقہ پر آگاہ نہ کروں، عرض کیا ضرور مہربانی فرمایئے۔ فرمایا تیری وہ بیٹی جو طلاق پا کر یا بیوہ ہو کر تیری طرف پلٹ آئے اور تیرے سوا اس کے لیے کمانے والا کوئی نہ ہو۔

کثیر التعداد احادیث میں سے صرف چند احادیث یہاں ذکر کی گئی ہیں۔ حضور کے اس قسم کے ارشادات اور اپنی دختران عالی مرتبت کے ساتھ آپ کا غایت درجہ پیار اور ہر موقع پر ان کی قدر افزائی یہی وہ اسباب تھے جن کے باعث بچیوں کے متعلق صرف اہل عرب کے نظریات میں ہی انقلاب نہیں آیا بلکہ دنیا بھر میں بچیوں کی قدر و منزلت بلند ہو گئی۔

اب ذرا آیت کا مفہوم سمجھنے کی کوشش فرمایئے۔

یہ نہیں فرمایا کہ اس کے سنگ دل باپ سے پوچھا جائے گا کہ تو نے اپنی بچی کو کیوں زندہ درگور کیا بلکہ فرمایا کہ اس بچی سے پوچھا جائے گا کہ گویا یہ باپ جس نے اپنی بے گناہ بچی پر ایسا ظلم کیا ہے نگاہِ خداوندی میں اس قابل ہی نہیں کہ اس کو خطاب کیا جائے اسے منہ لگایا جائے۔ اظہار کمال الغیظ والسخط لوائدھا واسقاطہ عن درجۃ الخطاب والمبالغۃ فی تبکیتہ۔ (روح المعانی) یعنی اس انداز سے اپنے غصے اور ناراضگی کی انتہا کا اظہار کیا گیا۔ اس کو مخاطب بنانے کے درجے سے ہی گرا دیا گیا اور اس کو رسوا کرنے میں مبالغہ سے کام لیا گیا۔

نیز ظالم سے اگر اس کے ظلم کے بارے میں پوچھا جائے تو وہ اس کے لیے کئی حیلے بہانے تراشنے لگتا ہے اس لیے مناسب یہی تھا کہ مظلوم سے پوچھا جائے تاکہ وہ اپنے غم و الم کی داستان بیان کرے۔

اس میں ایک اور حکمت بھی ہے۔ وہ یہ کہ دنیا میں کئی مظلوم ہوتے ہیں جنہیں ناحق قتل کر دیا جاتا ہے لیکن ان کا انتقام لینے کے لیے کئی تلواریں بے نیام ہو جاتی ہیں یا کم از کم ان کی مظلومیت پر رنج و غم کے آنسو تو بہائے جاتے ہیں اور یہ ایسی مظلومہ تھی جس پر ظلم اس کے ماں باپ نے کیا۔ اس کی مظلومیت پر کسی نے صدائے احتجاج بھی بلند نہ کی۔ ان کی جواں مرگی پر کوئی آنکھ نمناک تک نہ ہوئی بلکہ اس کا اطمینان کا سانس لیا گیا۔ اس کے قاتل پر تحسین و آفرین کے پھول نچھاور کیے گئے۔ اسے غیرت مند اور اپنے خاندان کی ناموس کے پاسبان کا خطاب ملا۔ کیا مظلومیت میں اس کا کوئی ہمسر ہے۔ اگر ایسی معصوم ستم رسیدہ بچی کی دل جوئی اس کا پروردگار بھی نہ کرے تو اور کون کرے گا۔

اس سوال میں قیامت کے برپا کرنے کی حکمت کی طرف بھی اشارہ کر دیا کہ تم خود سوچو کہ اگر قیامت برپا نہ ہو تو کیا اس مظلومہ کی داد رسی کی کوئی

السَّمَآءُ كُشِطَتْ ﴿١١﴾ وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ ﴿١٢﴾ وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ ﴿١٣﴾

آسمان کی کھال ادھیڑ لی جائے گی ۹ء اور جب جہنم دہکائی جائے گی اور جب جنت قریب کر دی جائے گی۔

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ أَحْضَرَتْ ﴿١٤﴾ فَلَآ أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ﴿١٥﴾ الْجَوَارِ

(تو اس دن) ہر شخص جان لے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے ١٠ء پھر میں قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹ جانے والے تاروں کی (اور قسم کھاتا ہوں) سیدھے چلنے

الْكُنَّسِ ﴿١٦﴾ وَالَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ ﴿١٧﴾ وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ﴿١٨﴾ إِنَّهُ

والے (رک کر) چھپ جانے والے تاروں کی ١١ء اور رات کی جب وہ رخصت ہونے لگے ١٢ء اور صبح کی جب وہ سانس لے ١٣ء کہ یہ (قرآن) ایک

صورت ہو سکتی ہے ایسے ظالم کو سزا دینا ممکن ہے اگر اتنا بڑا ظلم ڈھانے والا ظالم محاسبہ سے بچ جائے تو اس سے بڑی اندھیر گردی اور کیا ہو سکتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں عدل ہے انصاف ہے اندھیر گردی اور جور و ستم نہیں۔

۹ء قیامت کے دوسرے واقعات بیان کیے جا رہے ہیں کشط کہتے ہیں کسی کی کھال ادھیڑ لینا۔ فاصل الکشط السلخ یعنی آج انسان چرخ نیلوفری کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھتا ہے تو اس کے جلال و جمال کو دیکھ کر حیران ہو جاتا ہے۔ لیکن اس روز جب اس کی کھال اتار لی جائے گی تو جلال و جمال سب فنا ہو جائے گا اور اس کے چپے چپے سے وحشت برسنے لگے گی۔

١٠ء اس وقت غفلت کے سارے پردے اٹھ جائیں گے۔ ہر قسم کا خمار اتر جائے گا اور اسے اچھی طرح معلوم ہو جائے گا کہ اس نے اپنی زندگی میں کیا کھویا کیا پایا؟ اس کے اعمال نیک و بد اسے اپنے سامنے نظر آنے لگیں گے۔

یہاں تک سورت کا ایک مضمون اختتام پذیر ہوا۔ اس کے بعد دوسرا مضمون شروع ہوتا ہے اور وہ ہے حضور کی رسالت کا بیان۔

١١ء پہلے خنس، جواری، الکنس کا لغوی معنی ذہن نشین کر لیں۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں الخنس جمع خانس من الخنوس۔ وھو الانقباض والاستخفاء۔ خنس کا واحد خانس ہے جو خنوس سے مشتق ہے۔ اس کا معنی سمٹ جانا اور چھپ جانا ہے۔ الجواری: جمع جاریة من الجری وھو المشی السریع: جواری کا واحد جاریة ہے یہ جری سے مشتق ہے۔ اس کا معنی تیزی سے گزرنا۔

الکنس: جمع کانس وکانسة من کنس الوحش اذا دخل کناسه۔ کنس کا واحد کانس اور کانسہ ہے۔ یہ کنس الوحش سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے کہ جنگلی جانور اپنے ٹھکانے میں داخل ہو گیا۔ اب ان الفاظ سے کیا مراد ہے تو سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا اس سے تمام ستارے مراد ہیں۔ اس کی وجہ تسمیہ یہ بیان کی گئی ہے کیونکہ وہ دن کے وقت آنکھوں سے چھپ جاتے ہیں اس لیے انہیں خنس کہا اور رات کے وقت اپنی اپنی جگہ پر نمودار ہو جاتے ہیں اس لیے انہیں کنس کہا۔ ابن ابی حاتم نے سیدنا علی مرتضیٰ سے یہ قول بھی نقل کیا ہے انه قال ھی خمسة انجم زحل، عطارد، مشتری، مریخ اور زہرہ۔ کہ آپ نے فرمایا ان سے یہ پانچ ستارے مراد ہیں۔ ان کو نجوم متحیرہ کہا کرتے ہیں۔

لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿١٩﴾ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ﴿٢٠﴾

معزز قاصد کا لایا ہوا قول ہے ۱۴؎ جو قوت والا ہے مالکِ عرش کے ہاں عزت والا ہے۔

مُطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ﴿٢١﴾ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿٢٢﴾ وَلَقَدْ رَاٰهُ

سب فرشتوں کا سردار اور وہاں کا امین ہے اور تمہارا یہ ساتھی کوئی مجنون تو نہیں ۱۵؎ اور بلاشبہ اس نے اس

بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿٢٣﴾ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿٢٤﴾ وَمَا هُوَ

قاصد کو دیکھا ہے روشن کنارے پر ۱۶؎ اور یہ نبی غیب بتانے میں ذرا بخیل نہیں ۱۷؎ اور یہ (قرآن)

کیونکہ ان کی رفتار کا حال یکساں نہیں ہوتا بلکہ مختلف ہوا کرتا ہے۔ کبھی تو انہیں دیکھتا ہے کہ وہ ایک سمت کی طرف جا رہے ہیں، پھر وہ اس کے برعکس دوسری سمت کی طرف لوٹتے ہیں، کبھی وہ متحرک ہوتے ہیں اور کبھی وہ ٹھہرے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ اس صورت میں خُنّس کا معنی رواجع یعنی پیچھے پلٹنے والے ہوگا اور کنّس کا معنی اختفاء ها فی مغيبها۔ اس کا اپنے مغیب میں چھپ جانا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۱۲؎ عسعس کے دو معنی کیے گئے ہیں۔ ای ادبر ظلامه او اقبل۔ اندھیرے کا پیٹھ پھیر جانا جیسے رات کے اختتام کے وقت ہوتا ہے۔ اندھیرے کا آ جانا جیسے ابتدائے شب میں ہوتا ہے۔ یہ دونوں معنے حضرت ابن عباس سے مروی ہیں۔ پہلی صورت میں معنی ہوگا رات جب پیٹھ پھیرے اور دوسری صورت میں معنی ہوگا رات جب چھا جائے۔

۱۳؎ تنفّس: جب صبح سانس لے یعنی جب اس کی روشنی پھیلنے لگے۔ زمخشری کہتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ جب صبح طلوع ہوتی ہے تو نسیم صبح چلنے لگتی ہے۔

۱۴؎ یہ پانچ قسمیں کھانے کے بعد فرمایا تمہارا یہ کہنا سراسر باطل ہے کہ یہ قرآن حضور خود گھڑتے ہیں یا کسی انسان سے سیکھ کر لوگوں کو سناتے ہیں، بلکہ یہ وہ کلام ہے جو ایک محترم قاصد لے کر آیا ہے۔ اس سے مراد جبریل امین ہے۔ ان کی چند اور صفات بھی بیان کردیں کہ وہ بڑے طاقتور ہیں، مالکِ عرش کی جناب میں ان کا مرتبہ بڑا بلند ہے اور تمام ملائکہ ان کے حکم کی تعمیل کرتے ہیں اور ان کی امانت میں کسی کو ادنیٰ وہم تک بھی نہیں۔ جب لانے والا ان صفاتِ عالیہ سے متصف ہو ان مراتب رفیعہ پر فائز ہو تو کون یہ خیال کرسکتا ہے کہ اس نے اس کلام میں کوئی کمی بیشی کی ہوگی۔

۱۵؎ لانے والے کی شان بیان کرنے کے بعد اب اس ذاتِ اقدس و اطہر کا ذکر ہو رہا ہے جس کے پاس جبریل یہ کلام لے کر آیا۔ فرمایا وہ کوئی اجنبی نہیں ہے جس کی گزشتہ زندگی سے تم بے خبر ہو، جس کی سیرت و کردار کا تمہیں تجربہ نہ ہو۔ اعلانِ نبوت سے پہلے چالیس سال کا عرصہ انہوں نے تمہارے ساتھ بسر کیا ہے۔ زندگی کی مختلف منزلیں انہوں نے تمہاری آنکھوں کے سامنے طے کی ہیں۔ تم ان کی دیانت، پاکبازی، اولوالعزمی اور دانائی کے خود گواہ ہو۔ تم ہوش و حواس میں ہوتے ہوئے ان کو مجنون کہنے کی جرأت نہیں کرسکتے۔

بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۲۵﴾ فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

کسی شیطان مردود کا قول نہیں ۔ ۱۸ پھر تم (منہ اٹھائے) کدھر چلے جا رہے ہو ۱۹ نہیں ہے یہ مگر نصیحت

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ﴿۲۸﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ

سب اہل جہان کے لیے ۲۰ (لیکن ہدایت وہی پاتا ہے) جو تم میں سے سیدھی راہ چلنا چاہے ۔ اور تم نہیں چاہ سکتے

۱۶ پھر جو فرشتہ ان کے پاس اللہ تعالیٰ کا پیغام لے کر آتا ہے وہ بھی ان کا جانا پہچانا ہے۔ انہوں نے دن کی روشنی میں آسمان کے افق پر اس کو ان آنکھوں سے دیکھا ہے' اس لیے انہیں اس کے بارے میں کوئی غلط فہمی نہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے جیسے معزز فرشتہ جس کو وہ اچھی طرح پہچانتے ہیں' لے کر ان پر نازل ہوا ہے۔

۱۷ تمہارا انہیں کاہن کہنا سراسر زیادتی ہے۔ کاہن کے پاس تو غیب کا علم ہوتا ہی نہیں اور جو کسی قیاس آرائی یا ظن وتخمین کی بنا پر وہ کچھ جانتا ہے' اس کو بتانے کے لیے تیار نہیں ہوتا جب تک اس کی مٹھیں ساتھیں نہ کی جائیں اور اس کا منہ مانگا نذرانہ پیش نہ کیا جائے' وہ منہ سے کچھ اگلتا ہی نہیں اور یہاں تو یہ حال ہے کہ علوم غیبیہ کے خزانے' جو انہیں بخشے گئے ہیں' وہ معارف الٰہیہ جن سے ان کا سینہ معمور ہے' وہ تجلیات ربانی جو ان کے قلب منیر پر ہر لحظہ نازل ہو رہی ہیں' یہ ان کو بتانے میں ذرا بخل سے کام نہیں لیتے بلکہ ان کے علوم و معارف کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے اور ہر تشنہ لب کو اپنی طرف بلا رہا ہے۔ کیا اس بیّن تفاوت کے باوجود تم انہیں کاہن کہہ سکتے ہو۔

مولانا شبیر احمد عثمانی نے اس آیت پر جو تفسیری حاشیہ لکھا ہے وہ حضور کے علم غیب پر اعتراض کرنے والوں کے لیے باعث ہدایت ہو سکتا ہے۔ لکھتے ہیں:

"یعنی یہ پیغمبر ہر قسم کے غیوب کی خبر دیتا ہے' ماضی سے متعلق ہوں یا مستقبل سے یا اللہ کے اسماء وصفات سے یا احکام شرعیہ سے یا مذاہب کی حقیقت و بطلان سے یا جنت و دوزخ کے احوال سے یا واقعات بعد الموت سے اور ان چیزوں کے بتلانے میں ذرا بخل نہیں کرتا۔" (تفسیر عثمانی) الضنین، البخیل۔ بخیل اور کنجوس۔

۱۸ یعنی اس کلام میں توحید کی دعوت ہے' کفر و شرک سے احتراز کا حکم ہے' اخلاق حسنہ کی تاکید ہے' شیطان کو کیا پڑی ہے کہ وہ لوگوں کو توحید کی طرف بلائے' کفر و شرک اور صفات رذیلہ سے اجتناب کی تاکید کرے' یہ کلام اپنے مقاصد کے اعتبار سے تمہاری اس غلط فہمی کی پُرزور تردید کر رہا ہے۔

۱۹ اس چشمہ صافی کو چھوڑ کر سراب کی طرف بھاگ کر جانا کہاں کی عقل مندی ہے' اس نور ہدایت کی تابانیوں سے منہ موڑ کر گمراہی کی تاریکیوں میں بھٹکتے رہنا تمہارے جیسے دانش مندوں کو زیب نہیں دیتا۔

۲۰ جس طرح اس کو نازل کرنے والا رب العالمین ہے اور وہ جس پر یہ نازل ہوا ہے' وہ رحمۃ للعالمین ہے' اسی طرح یہ کتاب بھی ذکر للعالمین ہے۔ زمان و مکان کی حد بندیوں سے آزاد ہے' تمام بنی نوع انسان کے لیے' قیامت تک کے لیے رشد و ہدایت کا چمکتا ہوا

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٩﴾ ع

بجز اس کے کہ اللہ چاہے جو رب العالمین ہے [1]

آفتاب ہے لیکن ان سے مستفید وہی ہو سکتا ہے جس کے دل میں یہ خواہش ہو کہ وہ راہ راست پر گامزن ہو۔

[1] اور حقیقت یہ ہے کہ تم از خود اس کی خواہش بھی نہیں کر سکتے جب تک توفیق الٰہی دستگیری نہ کرے فہم و خرد کے سارے چراغ بجھے رہتے ہیں، راہ راست پر ایک قدم بھی نہیں اٹھ سکتا اور جب اس کی نظر لطف چارہ سازی کرتی ہے تو سب حجاب اٹھ جاتے ہیں، ساری رکاوٹیں دور ہو جاتی ہیں اور انسان پوری یکسوئی کے ساتھ اس منزل کی طرف رواں دواں ہو جاتا ہے۔

○

ما تشاء الا ان يشاء الله رب العلمين لا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم يا حي يا قيوم برحمتك استغيث لا تكلني الى نفسي طرفة عين واصلح لي شاني كله۔

اللّٰهم صل وسلم وبارك على حبيبك المصطفى ونبيك المرتضى ورسولك المجتبى افضل الصلوات واجمل التسليمات واكمل البركات وعلى آله ذوي الدرجات واصحابه أولي الطاعات وعلينا بجاههم الى يوم الدين۔

○

تعارف

سُورۃ الانفطار

نام : اس کی پہلی آیت میں "انفطرت" کا کلمہ ہے جس کا مصدر "انفطار" ہے۔ یہی اس سورت کا نام ہے اس میں ایک رکوع انیس آیتیں، اسی کلمے اور تین سو ستائیس حروف ہیں۔

نزول : یہ بھی مکی دور کے آغاز میں نازل ہونے والی سورتوں میں سے ایک ہے۔

مضامین : وقوعِ قیامت کا ہولناک منظر پیش کرنے کے بعد بتادیا کہ اس روز فریب کے سارے پردے چاک ہوجائیں گے۔ حقیقت اپنی صحیح صورت میں نمایاں ہوجائے گی۔ ہر شخص کو خود بخود اپنے کارناموں کے بارے میں پتہ چل جائے گا کہ وہ دنیا میں کیا کرتا رہا؟ نیکی یا بدی کا جو بیج وہ بو آیا تھا اس کے اچھے یا برے کیا نتائج مرتب ہوئے؟

پھر انسان کو کہا جارہا ہے کہ اے انسان جس رب کریم نے تجھے اپنے لطف وکرم کے آغوش میں پالا اپنے بے پایاں احسانات سے نوازا تم اسی کی ناشکری کررہے ہو۔ تم یہ نہ سمجھو کہ تم جو کچھ کررہے ہو وہ فراموش کردیا جائے گا اور روزِ محشر اس کا کوئی باضابطہ ثبوت پیش نہ کیا جاسکے گا۔ یہ تمہاری غلط فہمی ہے ایسا ہرگز نہیں ہوگا، بلکہ ہم نے معتبر فرشتے مقرر کردیے ہیں جو تیرے ہر فعل اور تیرے ہر جملہ کو ضبطِ تحریر میں لارہے ہیں۔ اس قابلِ وثوق ریکارڈ کے مطابق نیکوں کو ان کی نیکی کا اجر اور بروں کو ان کی برائی کی سزا ملے گی۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا
۶-۴-۷۷

سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هِيَ تِسْعَ عَشْرَةَ اٰيَةً

سورۃ الانفطار مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں انیس آیات ہیں

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ۝۱ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ۝۲ وَاِذَا الْبِحَارُ

جب آسمان پھٹ جائے گا اور جب ستارے بکھر جائیں گے اور جب سمندر بہنے

فُجِّرَتْ ۝۳ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ۝۴ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَ

لگیں گے اور جب قبریں زیروزبر کردی جائیں گی [1] (اس وقت) جان لے گا ہر شخص جو (اعمال) اس نے آگے بھیجے تھے اور

اَخَّرَتْ ۝۵ يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ۝۶ الَّذِيْ

جو اثرات وہ پیچھے چھوڑ آیا تھا [2] اے انسان! کس چیز نے تجھے دھوکے میں رکھا اپنے رب کریم کے بارے میں [3] جس نے تجھے

[1] قیامت کی ہولناکیوں کا ذکر فرمایا جارہا ہے کہ آسمان پھٹ جائے گا، اس میں دراڑیں اور شگاف نمودار ہوجائیں گے، ستارے ٹوٹ ٹوٹ کر بکھرنے لگیں گے، سمندر جو آج ساکن ہیں وہ دریاؤں کی طرح بہنے لگیں گے، وہ غیر مرئی بند جو ایک سمندر کو دوسرے سمندر میں آج خلط ملط نہیں ہونے دیتے وہ ٹوٹ جائیں گے اور سمندروں کا پانی بہنا شروع ہوجائے گا۔ قبروں کو الٹ پلٹ کر رکھ دیا جائے گا۔ ان میں جو لوگ دفن ہیں وہ باہر نکل آئیں گے۔ اس وقت انسان پر اس کے نیک و بد اعمال کی حقیقت آشکارا ہوگی۔ مشکل الفاظ کی تشریح: انفطار: پھٹ جانا۔ انتثار: بکھر جانا۔ تفجیر: بہنا۔ بعثرۃ: زیروزبر ہونا۔

[2] اس کا ایک مفہوم تو وہ ہے جس کے مطابق ترجمہ کیا گیا ہے۔ یعنی جو اعمال، عبادات، صدقات اس نے آج کے دن کے لیے پہلے بھیج دیے تھے ان کا بھی اسے پتہ چل جائے گا اور جن نیک کاموں کی اس نے بنیاد رکھی تھی، اس کے دنیا سے رخصت ہونے کے بعد جو نیک نتائج مدت دراز تک ان پر مرتب ہوتے رہے ان سے بھی اسے آگاہ کر دیا جائے گا۔ اسی طرح جن برے کاموں کی اس نے تخم ریزی کی تھی ان سے جو گمراہیاں پھیلیں، اخلاق و کردار میں جو بگاڑ پیدا ہوا، اس کا بوجھ بھی اس کی گردن پر لاد دیا جائے گا۔

اس کا دوسرا مفہوم یہ ہے کہ جن احکام الٰہیہ کی اس نے تعمیل کی اور جن کی بجاآوری سے وہ پیچھے رہ گیا ان سب کا اس کو علم ہو جائے گا۔ اس کا یہ بھی مطلب بتایا گیا ہے کہ جو کام اس نے ابتدائی زندگی میں کیے اور جو بعد میں کیے سب کے سب اس کے سامنے پیش کر دیے جائیں گے۔

[3] کتنے پیارے انداز میں غافل انسان کو جھنجوڑا جارہا ہے، کس محبت بھرے اسلوب سے اس کو خواب غفلت سے جگایا جارہا ہے۔ ارشاد ہے اے انسان! تیرا پروردگار جو کریم ہے جس کے لطف و عنایت کی آغوش میں تو پل کر جوان ہوا ہے، جس کے انعام و احسان کا دسترخوان ہر وقت تیرے لیے بچھا ہوا ہے، جس کی رحمت و رأفت کے دروازے تیرے لیے کشادہ ہیں، اس سے تجھے کس نے دور کر دیا ہے، کس عیار کے

خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ﴿۷﴾ فِیْۤ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ﴿۸﴾

پیدا کیا پھر تیرے (اعضاء کو) درست کیا پھر تیرے (عناصر کو) معتدل بنایا ؎ (الغرض) جس شکل میں چاہا تجھے ترکیب دے دیا۔

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّیْنِ ﴿۹﴾ وَ اِنَّ عَلَیْكُمْ لَحٰفِظِیْنَ ﴿۱۰﴾ كِرَامًا

یہ سچ ہے بلکہ تم جھٹلاتے ہو روزِ جزا کو ؎ حالانکہ تم پر نگران (فرشتے) مقرر ہیں ؎ جو معزز ہیں (حرف بحرف)

كَاتِبِیْنَ ﴿۱۱﴾ یَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۱۲﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ ﴿۱۳﴾ وَّ

لکھنے والے ہیں۔ جانتے ہیں جو کچھ تم کرتے ہو ؎ بے شک نیک لوگ عیش و آرام میں ہوں گے۔ اور

دامِ فریب میں پھنس کر تو نے اس کے خلاف علمِ بغاوت بلند کر دیا ہے۔ شریف لوگ تو یوں نہیں کیا کرتے۔ کیا تیرے نزدیک احسان کا بدلہ سرکشی اور بغاوت سے دینا انسانیت ہے۔ اگر تو کسی پر مہربانی کرے اور وہ تیرا شکرگزار ہونے کے بجائے تیرے درپئے آزار ہو جائے تو کیا تو اس کو پسند کرے گا۔

؎ اس کریم نے تجھ پر گوناگوں نوازشات فرمائی ہیں۔ اگر وہ تجھے پیدا ہی نہ کرتا، یا تیری ساخت کو بگاڑ دیتا، یا تیرے عناصرِ ترکیبی میں اعتدال کو ملحوظ نہ رکھتا تو تو اس کا کیا بگاڑ سکتا تھا۔ یا اس کی عظمت و کبریائی میں اس سے کیا فتور پیدا ہوتا۔ اس نے تجھے پیدا کیا، تجھے مکمل اعضا بخشے، ان میں مناسبت کا پورا پورا لحاظ رکھا، پھر تیری جسمانی، ذہنی اور نفسیاتی ساخت کو بڑے اعتدال سے پایۂ تکمیل تک پہنچایا اور تو ہے کہ اس کی طرف سے غافل ہے۔ اس کے ذکر اور اس کے شکر کی تجھے فرصت ہی نہیں ملتی اور اسی کی فرمانبرداری تیرے لیے بارِ گراں بنی ہوئی ہے۔

؎ بات در اصل یہ ہے کہ تجھے روزِ جزا پر یقین نہیں۔ اگر تجھے یہ یقین ہوتا کہ ایک دن وہ آنے والا ہے جب تو اپنے خالقِ کریم کے روبرو پیش کیا جائے گا اور تجھ سے تیرے اعمال کا محاسبہ کیا جائے گا تو تو بغاوت و سرکشی کی یہ روش ہرگز اختیار نہ کرتا۔ تیری غفلت اور بے پروائی کی یہ کیفیت نہ ہوتی۔ ذمہ داری کا احساس اور جوابدہی کا خوف تمہیں شترِ بے مہار بن کر زندگی بسر کرنے کی قطعاً اجازت نہ دیتا۔ ہر کام کرنے سے پہلے تو سوچتا اور بار بار سوچتا کہ ایسا کرنے سے روزِ حشر مجھے اپنے پروردگار کے روبرو شرمندگی تو نہ ہوگی۔

؎ تمہارے انکار سے قیامت کا پروگرام منسوخ تو نہیں ہو جائے گا۔ ہم اس روز کے لیے پورے انتظامات کر رہے ہیں۔ تم میں سے ہر شخص کے ساتھ ہم نے ایسے فرشتے مقرر کر دیے ہیں جو تمہارے جملہ اعمال کی یادداشت تیار کر رہے ہیں۔ ہمارے یہ کارندے جن کو یہ اہم کام تفویض کیا گیا ہے معمولی قسم کے اہلکار نہیں بلکہ بڑے بزرگ اور بلند پایہ حضرات ہیں۔ نہ انہیں رشوت دی جا سکتی ہے، نہ انہیں مرعوب کیا جا سکتا ہے اور نہ تمہارے اعمال کو ضبطِ تحریر میں لانے میں وہ کوتاہی کر سکتے ہیں، نہ ان کی کسی سے ذاتی دوستی ہے اور نہ عداوت۔ جو کچھ تم کرتے ہو، بلا کم و کاست، وہ حرف بحرف لکھ رہے ہیں۔

؎ ان کا علم ادھورا اور ان کی معلومات ناقص نہیں۔ تمہاری ہر بات، تمہارا ہر کام بلکہ اس کے پس پردہ تمہارے جو جذبات اور نیتیں ہیں وہ ان سے بھی باخبر ہیں۔ تم خود غور کر لو ایسے غیر جانبدار، دیانتدار اور ہر بات سے خبردار تمہارے اعمال کا جو ریکارڈ تیار کریں گے ان کو تم کس طرح

إِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ ﴿۱۴﴾ يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّينِ ﴿۱۵﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا

یقیناً بدکار جہنم میں ہوں گے۔ داخل ہوں گے اس میں قیامت کے روز۔ اور وہ اس سے غائب

بِغَائِبِينَ ﴿۱۶﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ

نہ ہو سکیں گے۔ اور آپ کو کیا علم کہ روزِ جزا کیا ہے۔ پھر آپ کو کیا علم کہ روزِ جزا

الدِّينِ ﴿۱۸﴾ يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ۖ وَالْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلَّهِ ﴿۱۹﴾

کیا ہے۔ (یہ وہ دن ہوگا) جس روز کسی کے لیے کچھ کرنا کسی کے بس میں نہ ہوگا۔ اور سارا حکم اس روز اللہ ہی کا ہوگا [۸]

ع ۱ ۱۹/۷

جھٹلاؤ گے۔

[۸] قیامت کا دن کوئی معمولی دن نہیں ہوگا۔ اس دن سارے جھوٹے بادشاہوں کی بادشاہیاں ختم ہو جائیں گی۔ کوئی فرعون، کوئی نمرود سر اٹھانے کی جرأت نہ کر سکے گا۔ اس دن صرف اللہ تعالیٰ کی حکمرانی ہوگی اور اسی کا فرمان نافذ ہوگا۔ کسی کی مجال نہ ہوگی کہ اس کی مرضی کے خلاف دم مار سکے یا اس کے فیصلے کو رد کر سکے۔ اس کے اذن کے بغیر کوئی کسی کو فائدہ پہنچانے کا اختیار نہ رکھتا ہوگا۔

○

مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین۔ آمین؛

اللّٰھم صل وسلم و بارک علی سید الاولین والاخرین امام الانبیاء والمرسلین سیدنا و مولانا محمد المبعوث رحمۃ للعلمین وعلی آلہ الطیبین واصحابہ الاکرمین وعلینا معھم اجمعین الی یوم الدین۔

○

تعارف

سُورۃُ المطففین

نام : اس سورۂ پاک کا نام "المطففین" ہے جو اس کی پہلی آیت میں مذکور ہے۔ اس میں ایک رکوع، چھتیس آیتیں، ایک سو انہتر کلمات اور سات سو تیس حروف ہیں۔

نزول : حضرت ابن مسعود، ضحاک اور ان کے ہم خیال لوگوں کی رائے یہ ہے کہ یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی لیکن حضرت ابن عباس کی رائے یہ ہے کہ اس کا نزول ہجرت کے فوراً بعد مدینہ طیبہ میں ہوا۔ وہاں ایک تاجر تھا جس کا نام ابوجہینہ تھا۔ اس نے دو قسم کے باٹ رکھے ہوئے تھے۔ جب کوئی جنس خریدتا تو اس کے لیے اور باٹ استعمال کرتا اور جب فروخت کرتا تو اس کے لیے دوسرے باٹ لیکن صحیح قول یہی ہے کہ اس سورت کا نزول مکہ مکرمہ میں ہوا۔ ایک تیسرا قول بھی منقول ہے کہ اس کا نزول حالتِ سفر میں مکہ اور مدینہ کے درمیان ہوا۔

مضامین : اصلاحِ معاشرہ کے لیے آخرت پر ایمان جو مؤثر کردار انجام دیتا ہے وہ محتاجِ بیان نہیں۔ جو لوگ روزِ جزا پر پختہ یقین رکھتے ہیں اُن کی بظاہر نگرانی نہ بھی کی جائے تو وہ راستی اور دیانتداری کی راہ پر ثابت قدمی سے بڑھتے چلے جائیں گے۔ کوئی لالچ اور کوئی خوف انہیں جادۂ حق سے سرمو منحرف نہیں کرسکتا۔ لیکن وہ معاشرہ جس کے افراد قیامت پر یقین نہیں رکھتے اُن میں طرح طرح کی خرابیاں بڑی آسانی سے راہ پالیتی ہیں۔ تھوڑا سا خوف اور تھوڑا سا لالچ انہیں راہِ راست سے بھٹکانے کیلیے کافی ہے۔ اہلِ مکہ چونکہ عام طور پر تجارت پیشہ تھے اس لیے لین دین میں ڈنڈی مارنا اُن کے ہاں عام مروج تھا۔ اس کی خرابی صرف یہی نہیں تھی کہ دُوسرے کی حق تلفی ہوتی تھی بلکہ انجام کار ایسا کرنے والے کی تجارت کا بھی ستیاناس ہوجایا کرتا تھا۔ اس لیے انکار کو وقوعِ قیامت کی ضرورت اور حکمت پر غور کرنے کے لیے اس سُورت میں جو دعوت دی جارہی ہے۔ اس کی ابتداء "ویل للمطففین" سے کی اور انہیں بتایا کہ اگر وہ اس خبیس حرکت سے اپنی کاروباری سرگرمیوں کو محفوظ رکھنا چاہتے ہیں تو اس کی یہی ایک صورت ہے کہ وہ قیامت پر ایمان لے آئیں۔ اس صُورت میں کسی کی جرأت نہ ہوگی کہ اس بددیانتی کا ارتکاب کرے۔

اس کے بعد یہ بتایا کہ قیامت تو ہر حال میں برپا ہوگی لیکن جو لوگ اس کے برپا ہونے کا یقین نہیں رکھتے تھے۔ وہ ساری عمر بدکاری اور دھوکہ بازی میں برباد کرکے آئے۔ آج وہ اس کی سزا بھگتیں گے جو بڑی دردناک ہوگی لیکن جن لوگوں نے قیامت کے وقوع کو تسلیم کرلیا اور اس روزِ جزا کے مواخذہ سے ساری عمر ڈرتے رہے اور کبھی بھولے سے بھی غلط راستے پر قدم نہ رکھا۔ قیامت کے روز ان کی جس طرح عزت افزائی کی جائے گی اس کا دلکش منظر بھی پیش کردیا۔

آخر میں کفار کی ایک خسیس حرکت کا تذکرہ کر دیا گیا کہ وہ خود ساری خرابیوں کا مجسمہ ہیں۔ اپنی غلاظتوں کو دیکھ کر انہیں کبھی ندامت نہیں ہوتی۔ بایں ہمہ اہل حق کو وہ بڑی حقارت آمیز نظروں سے دیکھتے ہیں کنکھیوں سے اشارے کرتے ہیں۔ اللہ والوں کی تذلیل کے بعد جب گھر لوٹتے ہیں تو بڑے شاداں و فرحاں۔ گویا کوئی بڑا معرکہ سر کر کے آئے ہیں۔ خود بادیہ ضلالت میں بھٹک رہے ہیں اور گمراہی کا الزام اُن پاک طینت لوگوں پر لگاتے ہیں جن پر انسانیت فخر کرتی ہے اور دین حق کو بجا طور پر ناز ہے۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا
۷-۴-۷۷

سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهِيَ سِتٌّ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

سورۃ المطففین مکی ہے ۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۔ اس میں چھتیس آیات ہیں

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۝١ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ۝٢

بربادی ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے [1] جب وہ لوگوں سے ناپ کر لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں۔

[1] اہل لغت کہتے ہیں مُطَفِّف: طفیف سے ماخوذ ہے ۔ وھو القلیل، اس کا معنی قلیل ہے ۔ مُطَفِّف کو اس لیے مطفف کہا جاتا ہے کہ وہ حق دار کو اس کا پورا حق نہیں دیتا بلکہ اس میں کمی کر دیتا ہے ۔ زجاج نے اس کی اور وجہ بیان کی ہے لانہ لا یکاد یسرق من المکیال والمیزان الا الشیئ الطفیف الخفیف ۔ کہ پیمانہ کو جھٹک کر یا ترازو میں ڈنڈی مار کر منوں کے حساب سے تو نہیں چرا تا بلکہ تولے چھٹانک ہی ناحق مارتا ہے اس لیے اسے مُطَفِّف کہا۔

دور جاہلیت میں صرف عقائد میں ہی بگاڑ پیدا نہیں ہوا تھا بلکہ معاملات اور کاروبار میں بھی بددیانتی اپنی انتہا کو پہنچ چکی تھی ۔ قرآن کریم نے صرف عقیدے کی اصلاح پر ہی زور نہیں دیا بلکہ معاملات میں دیانت وامانت کی بھی تلقین کی ہے ۔ اہل مکہ جن کا پیشہ ہی تجارت تھا ان کے ہاں اس قسم کی خرابیاں اپنے شباب پر تھیں ۔ اس کاروباری بددیانتی سے باز آنے کی جب نصیحت کی تو اس کے لیے بڑا پر جلال انداز اختیار فرمایا کہ ویل للمطففین الخ یعنی ایسا کرنے والوں کے لیے ہلاکت و بربادی ہے اور ان کا مقدر رنج و اندوہ ہے ۔ قیل الویل شدۃ الشر ۔ وقیل الحزن والھلاک ۔ آخرت میں تو اس کی جو سزا ملے گی وہ ملے گی اس دنیا میں ہی اس کے برے اثرات کاروبار کو ٹھپ کر کے رکھ دیں گے ۔ جب لوگوں کو اس کی بددیانتی کا پتہ چلے گا تو کوئی گاہک اس کی دکان کا رخ نہ کرے گا اور یہ سارا دن بیٹھا مکھیاں مارتا رہے گا ۔ انجام کار غربت و تنگدستی اس کا مقدر بن جائے گی ۔ صرف وہی تاجر کامیاب ہوتا ہے جس کی دیانت داری پر لوگوں کو پورا اعتماد ہو ۔ صرف اخروی کامیابی ہی نہیں تمہاری دنیوی فلاح کا انحصار بھی اسی پر ہے کہ تم ایسی حرکتیں چھوڑ دو ۔ قرآن کریم میں جابجا اس فعل شنیع سے باز آنے کی تاکید کی گئی ہے ۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کی تباہی کا جہاں تذکرہ ہے وہاں بتایا گیا ہے کہ انہیں کاروباری بددیانتی کی پاداش میں برباد کر دیا گیا۔

اس قسم کے جرائم کی پوری سزا تو قیامت کو ہی ملے گی لیکن ان کے برے اثرات اس دنیا میں بھی ظاہر ہوئے بغیر نہیں رہتے اور ان کی نوعیت اتنی سنگین ہوتی ہے کہ انسان کو دن میں ہی تارے نظر آنے لگتے ہیں ۔ ایک حدیث پاک سماعت فرمائیے :

قال ابن عباس قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم خمس بخمس ما نقض قوم العھد الا سلط اللہ علیھم عدوھم ولا حکموا بغیر ما انزل اللہ الا فشا فیھم الفقر وما ظھرت الفاحشۃ فیھم الا ظھر فیھم الطاعون وما طففوا الکیل الا منعوا النبات واخذوا بالسنین ولا منعوا الزکاۃ الا حبس اللہ عنھم المطر ۔ (قرطبی عن بزاز)

ترجمہ : حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ان پانچ چیزوں پر یہ پانچ سزائیں ملتی ہیں ۔ جو قوم عہد شکنی کرتی ہے اللہ تعالیٰ اس پر اس کے دشمن مسلط کر دیتا ہے ۔ جو قوم احکام الٰہی کے خلاف فیصلہ کرتی ہے اللہ تعالیٰ ان کو تنگ دست کر دیتا ہے ۔ جس قوم میں

وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ۝۳ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ

اور جب لوگوں کو ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو ان کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ کیا وہ اتنا خیال بھی نہیں کرتے کہ انہیں

مَّبْعُوْثُوْنَ ۝۴ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝۵ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۶

قبروں سے اٹھایا جائے گا ایک بڑے دن کے لیے ۲؎ جس دن لوگ (جواب دہی کے لیے) کھڑے ہوں گے پروردگار عالم کے سامنے۔

كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ۝۷ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ۝۸

یہ حق ہے کہ بدکاروں کا نامۂ عمل سجین میں ہوگا۔ اور تمہیں کیا خبر کہ سجین کیا ہے۔

كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝۹ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۰ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ

یہ ایک کتاب ہے لکھی ہوئی ۳؎ تباہی ہوگی اس دن جھٹلانے والوں کے لیے۔ جو جھٹلاتے ہیں

بدکاری عام ہو جاتی ہے اس میں طاعون پھیل جاتی ہے اور جو قوم اپنے ناپ تول میں کمی کرتی ہے وہاں زرعی پیداوار میں برکت ختم ہو جاتی اور قحط سالی پھیل جاتی ہے۔ جو قوم زکوٰۃ نہیں دیتی اللہ تعالیٰ ان پر بارش نازل نہیں کرتا۔

جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہجرت کر کے مدینہ طیبہ میں تشریف لے گئے تو وہاں کے لوگ اس عادت کا بری طرح شکار تھے جب انہوں نے یہ آیت سنی تو توبہ کی اور آج تک اہل مدینہ میں کوئی تاجر کم تولنے اور کم ناپنے کا مرتکب نہیں ہوتا۔

۲؎ ان کفار کے دل میں روز قیامت کی باز پرس کا کوئی خوف نہیں۔ اگر اس بڑے خوفناک اور ہولناک دن کی آمد پر ان کا ایمان ہوتا جب اگلے پچھلے سب لوگ بارگاہِ الٰہی میں حاضر کیے جائیں گے اور ان سے ان کی بداعمالیوں پر باز پرس ہوگی تو یہ لوگ اس طرح بے خوف ہو کر ان جرائم کا ارتکاب نہ کرتے۔

۳؎ وہ یہ نہ سمجھیں کہ قیامت تو عرصہ دراز کے بعد برپا ہوگی۔ اس وقت تک کسے یاد رہے گا کہ کس نے کیا کیا اور وہ صحیفے جن میں ان کے اعمال لکھے جا رہے ہیں وہ بھی بوسیدہ ہو کر پھٹ جائیں گے۔ ان کی اس غلط فہمی کو دور کیا جا رہا ہے کہ ان کے لیے ایک بہت بڑا دفتر ہے جس کا نام سجین ہے۔ جب یہ مر جائیں گے اور ان کے اعمال کا سلسلہ ختم ہو جائے گا تو ان کے تمام اعمال اس بڑے دیوان میں محفوظ کر دیے جائیں گے۔ اس لیے ان کے کرتوتوں کے فراموش ہونے یا ان صحائف کے بوسیدہ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

سجین کے بارے میں بہت کچھ کہا گیا ہے لیکن جب خود قرآن نے اس کی وضاحت کر دی کہ یہ اس کتاب کا نام ہے جس میں ان کے اعمال سیئہ لکھ کر محفوظ کر دیے جائیں گے تو پھر مزید چھان بین کی ضرورت نہیں۔ اس لیے ان آیات میں سجین سے وہ دیوان مراد ہے جہاں اہل جہنم کے اسماء اور ان کے اعمال مندرج ہوں گے۔ بعض احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ سجین ایک جگہ کا نام ہے جہاں دوزخیوں کی روحیں محبوس

يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿١١﴾ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿١٢﴾ اِذَا

روزِ جزا کو۔ اور نہیں جھٹلایا کرتا اسے مگر وہی جو حد سے گزرنے والا گنہگار ہے۔ جب

تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣﴾ كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ

پڑھی جاتی ہیں اس کے سامنے ہماری آیتیں تو کہتا ہے کہ یہ تو پہلے لوگوں کے افسانے ہیں۔ نہیں نہیں درحقیقت زنگ چڑھ گیا ہے

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿١٤﴾ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ

ان کے دلوں پر ان کرتوتوں کے باعث جو وہ کیا کرتے تھے۔ یقیناً انہیں اپنے رب (کے دیدار) سے اس دن

ہوں گی اس لیے علامہ آلوسی لکھتے ہیں وفی الکشف لا یبعد ان یکون السجین علم الکتاب وعلم الموضع ایضا جمعا بین ظاهر الاٰیة و ظواهر الاخبار۔ الکشف میں ہے کہ ہو سکتا ہے کہ اس کتاب کا نام بھی سجین ہو اور اس مقام کا نام بھی سجین ہو جہاں کفار کی روحیں ہیں تاکہ آیت اور اخبار میں کسی قسم کا تعارض نہ رہے۔ (روح المعانی)

۴ے علامہ ابن منظور رَیْن کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں الرَّیْنُ، الصدأ الذی یعلو السیف والمرآة والرین کالصدأ یغشی القلب وقال الحسن هو الذنب علی الذنب حتی یسود القلب۔ (لسان العرب) یعنی رَیْن اس زنگار کو کہتے ہیں جو تلوار یا آئینہ کو لگ جاتا ہے۔ جو غبار دل کو زنگار کی طرح ڈھانپ لیتا ہے اس کو بھی رَیْن کہتے ہیں۔ حسن بصری فرماتے ہیں پے در پے گناہ کرنے سے دل سیاہ ہو جاتا ہے۔ اس سیاہی کو رَیْن کہتے ہیں۔ اس کی وضاحت حدیث شریف میں بھی آئی ہے۔

عن ابی هریرة عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال ان العبد اذا اذنب ذنبا نکتت فی قلبه نکتة سوداء فان تاب ونزع واستغفر صُقِلَ قلبُهٗ وان عاد زادت حتی تعلو قلبه فذلک الرین الذی ذکر اللہ تعالیٰ فی القرآن بل ران علی قلوبهم الخ۔

ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا بندہ جب گناہ کرتا ہے تو دل پر ایک سیاہ داغ بن جاتا ہے۔ اگر وہ توبہ کرے اس گناہ سے باز آجائے اور استغفار کرے تو دل صاف ہو جاتا ہے اور اگر بار بار وہ گناہ کرتا ہے تو وہ داغ بڑھتے جاتے ہیں یہاں تک کہ سارے دل کو گھیر لیتے ہیں۔ یہی وہ رَیْن ہے جس کا اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے۔

جس طرح نیک اعمال کے نتیجہ میں نورانیت پیدا ہوتی ہے۔ آئینۂ دل شفاف ہو جاتا ہے اسی طرح بدکاریوں اور نافرمانیوں کے باعث دل کا آئینہ گرد آلود ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کی چمک بالکل ناپید ہو جاتی ہے۔ ان آیات میں بتایا جا رہا ہے کہ ان سرکشوں کا آئینۂ دل تاریک ہو گیا ہے۔ ان کی فطرت سلیمہ مسخ ہو چکی ہے اسی لیے یہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھوٹی کہانیاں اور بے سروپا افسانے خیال کرتے ہیں اور بڑی بے حیائی سے وقوعِ قیامت کا انکار کر رہے ہیں اور اس انکار کی وجہ سے یہ گناہوں کی دلدل میں پھنستے چلے جا رہے ہیں۔

لَمَحْجُوبُونَ ۝١٥ ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيمِ ۝١٦ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِي

روک دیا جائے گا ؎ پھر وہ ضرور جہنم میں داخل ہوں گے پھر ان سے کہا جائے گا یہی وہ جہنم ہے

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُونَ ۝١٧ كَلَّآ إِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ۝١٨ وَ

جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ یہ حق ہے نیکوکاروں کا صحیفۂ عمل علیین میں ہوگا ؎ اور

مَآ اَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ۝١٩ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝٢٠ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝٢١

تمہیں کیا خبر کہ علیون کیا ہے ؎ یہ ایک لکھی ہوئی کتاب ہے۔ (حفاظت کے لیے) دیکھتے رہتے ہیں اسے مقربین۔

؎ ان نافرمانوں کو دیدارِ الٰہی کی نعمتِ عظمیٰ سے اس دن محروم کر دیا جائے گا۔ ان کے سامنے ان کے گناہ حجاب بن کر آڑے آجائیں گے۔ اولیاء اللہ جب لذتِ دیدار سے شاد کام ہو رہے ہوں گے یہ بدنصیب ان حجابات کے پیچھے سر پیٹ رہے ہوں گے اور اپنی قسمت کو کوس رہے ہوں گے۔

؎ جس دیوان میں ابرار و صالحین کے اعمالِ حسنہ لکھ کر محفوظ کر دیے جائیں گے اس کا نام علیین ہے۔ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ علیین سبز رنگ کی زبرجد کی ایک لوح ہے جو عرش کے ساتھ معلق ہوگی اور اس میں صالحین کے اعمال مکتوب ہوں گے۔ اس مقام پر علامہ ثناء اللہ پانی پتی نے ایک بحث لکھی ہے جس کا خلاصہ ہدیۂ ناظرین ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

بعض احادیث میں مذکور ہے کہ شہداء اور مومنین کی ارواح جنت کے سبز رنگ پرندوں میں ہوں گی اور بعض احادیث میں آیا ہے کہ مومن کی روح اس کے جسم میں لوٹا دی جاتی ہے۔ مثلاً بخاری شریف میں موجود ہے کہ شبِ اسریٰ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی قبر میں نماز پڑھتے دیکھا۔ احادیث میں اس تعارض کا کیا جواب ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ ان متعارض احادیث کی تطبیق اس طرح ہے مومنین کی ارواح کا مستقر (ٹھہرنے کی جگہ) تو علیین میں ہے یا ساتویں آسمان میں اور کفار کی روحوں کا ٹھکانا سجین میں ہے۔ ومع ذلك لكل روح منها اتصال بالجسد في قبره والذي يدرى كنهه الا الله وبذلك الاتصال يسمع سلام الزائر ويجيب المنكر والنكير ونحو ذلك۔ یعنی اس کے باوجود ہر روح کا اپنے جسم کے ساتھ اپنی قبر میں ایک تعلق ہے جس کی حقیقت کو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ اسی تعلق کی وجہ سے میت اپنے زائر کے سلام کو سنتی ہے اور منکر نکیر کے سوالوں کا جواب دیتی ہے۔ اسی طرح دوسرے احوال جو کتاب و سنت سے ثابت ہیں ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ اس کے بعد علامہ موصوف اس کی ایک مثال دیتے ہیں کہ جبریل کا اصل مقام تو آسمانوں میں ہے لیکن وہاں ہوتے ہوئے وہ بارگاہِ رسالت کے اس قدر نزدیک ہوتا کہ اپنے ہاتھ حضور کی رانوں پر رکھ دیتا۔

علیون کے اعراب کے بارے میں فراء کا قول بھی سن لیجیے۔ قال الفراء هو اسم موضوع على صفة الجمع ولا واحد له من لفظه كقولك عشرون وثلاثون۔ یعنی یہ اسم ہے جو جمع کے معنی پر دلالت کرنے کے لیے وضع کیا گیا ہے۔ اس کے اپنے لفظ سے اس کا کوئی واحد نہیں

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ﴿٢٣﴾ تَعْرِفُ فِي

بے شک نیکوکار راحت و آرام میں ہوں گے۔ پلنگوں پر بیٹھے (مناظرِ جنت کا) نظارہ کر رہے ہوں گے شہ آپ پہچان لیں گے

وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ ﴿٢٥﴾ خِتَامُهُ

ان کے چہروں پر راحتوں کی شگفتگی۔ انہیں پلائی جائے گی سربمہر خالص شراب اس کی مہر

مِسْكٌ ۚ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهُ مِن

کستوری کی ہوگی۔ اس کے لیے سبقت لے جانے کی کوشش کریں سبقت لے جانے والے شہ اس میں تسنیم کی

تَسْنِيمٍ ﴿٢٧﴾ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا

آمیزش ہوگی شہ یہ وہ چشمہ ہے جس سے صرف مقربین پئیں گے۔ جو لوگ جرم کیا کرتے تھے

جیسے عشرون، ثلاثون۔ حالتِ رفعی میں علیون اور نصبی وجری میں علیین ہوگا۔

ؔ ابرار و صالحین کے ساتھ جو لطف و کرم فرمایا جائے گا اس کا بیان ہو رہا ہے۔

رحیق: پاکیزہ اور صاف شراب کو کہتے ہیں۔ مقاتل نے کہا ہے الرحیق: الخمر العتیقة البیضاء الصافیة من الغش النیرة (قرطبی)
یعنی پرانی شراب جس کا رنگ سفید جو ہر میل سے پاک اور چمکدار ہو اسے رحیق کہتے ہیں۔ ختامہ مسک: اس کا مطلب یہ ہے کہ بیچ بوریں
مٹکوں میں رکھی ہوئی ہوگی وہ سربمہر ہوں گے اور مہر بھی کستوری کی لگی ہوگی تاکہ کوئی دوسرا آدمی ان کو ہاتھ تک نہ لگا سکے۔ جب بندگانِ خاص وہاں
تشریف لے جائیں گے تو یہ مشک سے سربمہر کیے ہوئے مٹکے کھولے جائیں گے اور خوبصورت نقرئی جاموں میں ڈال کر یہ شراب انہیں پیش
کی جائے گی۔ بعض نے کہا ہے کہ مختوم کا معنی ممزوج ہے۔ یعنی اس میں خالص کستوری ملی ہوگی۔ دنیا کی شرابوں کی طرح اس سے بدبو نہیں اٹھ رہی ہوگی
اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب اس شراب کا آخری گھونٹ پئیں گے تو انہیں یوں محسوس ہوگا کہ اس میں مشک گھول
دی گئی ہے اور تادیر یہی مہک انہیں محسوس ہوتی رہے گی۔

ؔ تنافس: تسابق (رسان) یعنی اگر تم کسی چیز کے حصول میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانا چاہتے ہو تو یہ
نعمت اس قابل ہے کہ اس کی طرف تم ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرو۔ وانی ذلك فلیتبادر المتبادرون (قرطبی)

ؔ اس شراب میں تسنیم کے چشمہ کا پانی ملایا جائے گا۔ جنت کی تمام شرابوں سے یہ اعلیٰ درجہ کی شراب ہوگی۔ یہ
نہروں میں عام نہ بہہ رہی ہوگی بلکہ بلوریں مٹکوں میں بند ہوگی جو کستوری سے سربمہر ہوں گی۔ ان میں بلندیوں سے بہہ کر آنے والے چشمے
تسنیم کا پانی ملا دیا جائے گا اور اس چشمۂ شیریں کا پانی بھی ہر ایک کو پینا نصیب نہیں ہوگا بلکہ صرف مقربین کے لیے

كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ﴿۳۰﴾

وہ اہل ایمان پر ہنسا کرتے تھے ۔ ۱۰ اور جب ان کے قریب سے گزرتے تو آپس میں آنکھیں مارا کرتے

وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا

اور جب اپنے اہل خانہ کی طرف لوٹتے تو دل لگیاں کرتے واپس آتے ۔ اور جب وہ مسلمانوں کو دیکھتے تو کہتے

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۲﴾ وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَالْيَوْمَ

یقیناً یہ لوگ راہ سے بھٹکے ہوئے ہیں ۔ ۱۱ حالانکہ وہ اہل ایمان پر محافظ بنا کر تو نہیں بھیجے گئے تھے ۔ ۱۲ پس آج

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿۳۵﴾

مومنین کفار پر ہنس رہے ہیں ۔ (عزت کی) مسندوں پر بیٹھے (کفار کی خستہ حالی کو) دیکھ رہے ہیں ۔ ۱۳

هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾

کیوں کچھ بدلہ ملا کفار کو (اپنے کرتوتوں کا) جو وہ کیا کرتے تھے ۔

مخصوص ہوگا۔

۱۰ اب پھر ان مجرموں کی سنگدلی اور خبث باطنی کا ذکر ہو رہا ہے۔ اہل ایمان کو دیکھ کر ان کا مسخر اُڑاتے اور ایک دوسرے کو آنکھیں مار مار کر اشارہ بازی کرتے ہیں۔ جب مسلمانوں کی دل آزاری کرنے اور جی بھر کر ان پر پھبتیاں کسنے کے بعد یہ بے فکرے اپنے اپنے گھروں کو لوٹتے ہیں تو دل لگیاں کرتے جاتے ہیں گویا کوئی بڑا قلعہ فتح کر کے گھر لوٹ رہے ہیں۔ یتغامزون : یغمز بعضھم بعضا ویشیرون باعینھم۔ (قرطبی)

۱۱ مسلمانوں کو دیکھ کر کہتے ہیں کہ یہ وہ لوگ ہیں جو راہ راست سے بھٹک گئے ہیں۔ اپنے آباؤ اجداد کے مذہب کو چھوڑ بیٹھے ہیں۔ اپنے خاندانی معبودوں سے قطع تعلق کر چکے ہیں۔

۱۲ اللہ تعالیٰ ان کی ان کمینہ حرکتوں پر تنبیہ فرماتے ہیں کہ تمہیں ان لوگوں کی کیا فکر ہے۔ تم ان کے بارے میں کیوں ہر وقت چہ میگوئیاں کرتے رہتے ہو۔ کیا تم ان کے نگران ہو۔ کیا تم پر ان کو راہ راست پر چلانے کی ذمہ داری عائد ہے۔ تم اپنی خیر مناؤ۔ اپنے انجام کا خیال کرو۔ ان درویشوں کو خواہ مخواہ کیوں دق کرتے ہو۔ ان کا دل دکھانے سے تمہیں کیا ملے گا۔

۱۳ جب قیامت کا دن آئے گا، اس دن کفار روئیں گے۔ اپنی بربادیوں پر آہ و فغاں کریں گے اور میرے محبوب کے یہ

پر ملنے اپنی ابدی فوز و فلاح پر خوش ہو رہے ہوں گے ' اپنے زرنگار پلنگوں پر بیٹھے ہوئے کفار کی تباہ حالیوں کا مشاہدہ کر رہے ہوں گے
اس وقت سب کو پتہ چل جائے گا کہ منکرین نے جو کرتوت کیے تھے ان کا کس طرح انہیں پورا پورا بدلہ مل رہا ہے۔

○

الحمد للہ رب العٰلمین والصلٰوۃ والسلام علیٰ سید المرسلین وعلیٰ آلہ و
اصحابہ اجمعین۔
ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم وتب علینا انک انت التواب الرحیم۔

○

تعارف

سُورۃ اِنشقاق

نام : اس سورت کا نام "الانشقاق" ہے جو "انشقت" کا مصدر ہے۔ اس میں ایک رکوع، ۲۵ آیتیں، ایک سو سات کلمات، چار سو تیس حروف ہیں۔

نزول : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

مضامین : ابتدائی آیات میں اُن ہولناک حادثات کا تذکرہ ہے جو وقوعِ قیامت کے وقت رُونما ہوں گے۔ اسکے بعد انسان کو بتایا جارہا ہے کہ اُسے چارو ناچار ہر حالت میں اپنے رب کے حضور میں پیش کیا جائے گا۔ اس روز تمام اولادِ آدم دو گروہوں میں بٹی ہوئی ہوگی۔ ایک گروہ وہ ہوگا جن کو ازراہِ بشارت اُن کا صحیفۂ عمل اُن کے دائیں ہاتھ میں پکڑایا جائے گا۔ اس وقت اُن کی خوشی کی انتہا نہ ہوگی۔ دُوسرا وہ گروہ جن کو اُن کا نامۂ عمل پس پشت دیا جائے گا۔ اُن کی خستہ حالی اور رنج و اندوہ کا اندازہ لگانا ناممکن ہے۔ اس لیے ہر شخص کو آج یہ فیصلہ کرنا ہے کہ وہ کس زمرہ کے ساتھ اپنا حشر چاہتا ہے۔ یہ فیصلہ کرتے ہُوئے اُسے بار بار غور و فکر کرنا چاہیے کیونکہ جو فیصلہ سوچ سمجھ کر اپنے اختیار سے اپنے بارے میں تم کرو گے روزِ حشر اسی کے مطابق تمہارے ساتھ برتاؤ کیا جائے گا۔

آخر میں کئی قسمیں کھانے کے بعد انہیں بتایا جارہا ہے کہ انہیں ان مرحلوں سے یکے بعد دیگرے ضرور گزرنا ہوگا جیرت ہے اُن لوگوں پر جو یہ جاننے کے بعد ایمان نہیں لا رہے۔ اور جب قرآن کریم کی تلاوت کی جاتی ہے تو وہ سرِ نیاز خدا کی بارگاہِ جلال میں جُھکا نہیں دیتے۔ ان کا انجام بڑا دردناک ہوگا۔ روزِ محشر فقط اہلِ ایمان ہی ایسے اجر سے نوازے جائیں گے جس کی کوئی انتہا نہ ہوگی۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

٧-٣-٧٧

سُورَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ ﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾ هِيَ خَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً

سورۃ الانشقاق مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں پچیس آیات ہیں۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۙ﴿۲﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ

یاد کرو جب آسمان پھٹ جائے گا [١] اور کان لگا کر سنے گا اپنے رب کا فرمان [٢] اور اس پر فرض بھی یہی ہے [٣] اور جب زمین

مُدَّتْ ۙ﴿۳﴾ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۙ﴿۴﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ؕ﴿۵﴾

پھیلا دی جائے گی [٤] اور باہر پھینک دے گی جو کچھ اس کے اندر ہے اور خالی ہو جائے گی [٥] اور کان لگا کر سنے گی اپنے رب کا فرمان اور اس پر فرض بھی یہی ہے

يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۚ﴿۶﴾ فَاَمَّا مَنْ

اے انسان! تو محنت سے کوشاں رہتا ہے اپنے رب کے پاس پہنچنے تک پس تیری اس سے ملاقات ہو کر رہتی ہے [٦] پس جس کو

١ قیامت کے برپا ہونے کی یاد تازہ کی جا رہی ہے۔ یعنی یاد کرو جب آسمان پھٹ جائے گا۔ آسمان پھٹنے کی یہ وجہ نہ ہوگی کہ وہ پرانا ہو کر بوسیدہ ہو جائے گا اس لیے اس میں جگہ جگہ شگاف پڑ جائیں گے۔ نہیں، بلکہ اس کو اپنے رب کا حکم ملے گا کہ پھٹ جا تو وہ پارہ پارہ ہو جائے گا۔ آسمان کا یہ فرض ہے کہ اپنے خالق کے ہر حکم کے سامنے سر تسلیم خم کرے۔

٢ اَذِنَتْ کا معنی ہے کان لگا کر سننا اور جو بات کان لگا کر سنی جائے اس کے مطابق عمل بھی کیا جاتا ہے اس لیے اَذِنَتْ کا معنی استمعت وانقادت کیا گیا ہے۔ (مظہری) یعنی حکم کو سن کر بجا لانا، تعمیل فرمان کرنا۔

٣ یہ کہہ کر بتایا کہ آسمان نے تعمیل ارشاد کر کے کوئی احسان نہیں کیا، کوئی حیرت انگیز بات نہیں کی۔ بلکہ ہر مخلوق کی طرح اس کا بھی یہ فرض اولین ہے کہ وہ بے چون و چرا اپنے خالق کے حکم کے سامنے سرافگندہ ہو جائے۔

٤ جس اطاعت وانقیاد کا مظاہرہ آسمان کرے گا اسی طرح زمین بھی حکم الٰہی بجا لائے گی۔ جب اسے حکم ملے گا کہ بچھ جا، ہموار ہو جا، تجھ میں کوئی نشیب و فراز باقی نہ رہے، تو اونچے اونچے پہاڑ مٹی کا ڈھیر بن کر نشیبی جگہوں کو پر کر دیں گے۔ سمندروں کی گہرائیاں بھی بھر جائیں گی۔ ایک وسیع و عریض سپاٹ میدان بن جائے گا، یہاں سب جن وانس دست بستہ حاضر کر دیئے جائیں گے۔

٥ اس کے شکم میں جتنے لوگ اس وقت تک مدفون ہوں گے اور جو خزانے اپنی تہوں میں اس نے سمیٹ رکھے ہوں گے حکم الٰہی ملتے ہی زمین ان سب کو اگل دے گی۔

٦ کَدَحَ یَکْدَحُ کَدْحًا ھو اکتسابه بمشقة۔ قال ابو اسحاق الكدح في اللغة السعي والحرص او الدؤوب في العمل في باب الدنيا والآخرة (لسان العرب) یعنی کسی چیز کے حصول و کسب میں محنت و مشقت اٹھانا کدح کہلاتا ہے۔ ابو اسحاق کہتے ہیں کہ لغت عرب میں اس کا مفہوم

أُوتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۝۷ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۝۸ وَّيَنْقَلِبُ

دیا گیا اس کا نامۂ عمل اس کے دائیں ہاتھ میں شہ تو اس سے حساب آسانی سے لیا جائے گا اور واپس لوٹے گا

اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝۹ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۝۱۰ فَسَوْفَ

اپنے گھر والوں کی طرف شاداں و فرحاں۔ اور جس (بدنصیب) کو اس کا نامۂ عمل پس پشت دیا گیا شہ تو وہ چلائے گا

یہ ہے کہ انسان دنیا و آخرت کے سلسلہ میں کسی کام میں کوشاں ہو۔ اس کے دل میں اس کی خواہش بھی ہو اور اس کی یہ کوشش لگاتار جاری رہے ان سب امور کے مجموعہ کو کدح کہتے ہیں۔

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ تُو خواہ طالب دنیا ہو یا طالب عقبیٰ، دونوں صورتوں میں تُو بڑی جانفشانی سے اپنے کاموں کی انجام دہی میں کوشاں رہتا ہے۔ ہر قسم کی صعوبت کو برداشت کرتا ہے اور یہ سلسلہ جاری رہتا ہے یہاں تک کہ تیرے رب سے تیری ملاقات کا وقت، یعنی تیری موت کا وقت آجائے۔ اس وقت تیری جدوجہد ختم ہو جاتی ہے اور اس کے بعد اپنے اعمال شاقہ کا پھل کھانے کا وقت آجاتا ہے۔ فملاقیہ فرما کر بتا دیا پس انسان کو وہ پھل ضرور مل کر رہتا ہے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں ای جاهدٌ مُجِدٌّ بما اقی عملك من خیر و شر طول حیاتك الی لقاء ربك ای الی الموت فملاقیہ لا عقیب ذلك۔ (روح المعانی) یعنی تُو اپنے اچھے یا برے اعمال کو انجام دینے میں محنت و مشقت سے کام لیتا رہتا ہے، یہاں تک کہ اپنے رب سے تیری ملاقات کا یعنی تیری موت کا وقت آپہنچتا ہے۔

شہ ہر شخص روز قیامت بارگاہِ خداوندی میں پیش کیا جائے گا۔ جنہوں نے اپنی زندگی اس کی یاد اور اس کی عبادت میں گزاری ہوگی، وہ جب پیش ہوں گے تو ان کا نامۂ عمل ان کے دائیں ہاتھ میں پکڑایا جائے گا اور ان سے بڑا آسان حساب لیا جائے گا۔ زیادہ چھان بین نہیں کی جائے گی۔ ان کے اعمال حسنہ کے باعث ان کے اعمال سیئہ سے صرف نظر کر لی جائے گی اور یہ لوگ جلدی فارغ ہو کر شاداں و فرحاں اپنے گھر والوں کے پاس واپس جائیں گے۔ اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لیس احدٌ یحاسب الا هلك۔ جس سے حساب لیا جائے گا وہ ہلاک ہو جائے گا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں آپ پر قربان جاؤں، کیا یہ اللہ کا فرمان نہیں ہے۔ فاما من اُوتی... قال ذلك العرض یعرضون فمن نُوقش الحساب هلك۔ یعنی یہ تو سرسری پیشی ہوگی لیکن جس کے ساتھ حساب کے وقت سوال جواب شروع ہو گیا وہ تو مارا گیا۔

اللہ تعالیٰ شفیع المذنبین کے طفیل ہمارا نامۂ عمل ہمارے دائیں ہاتھ میں دے اور ہم سے آسان آسان حساب لے۔ آمین ثم آمین!

شہ لوگوں کے روبرو وہ بائیں ہاتھ میں اپنا اعمال نامہ لینے سے شرمائیں گے اور اپنا ہاتھ پیچھے کر لیں گے، لیکن فرشتے کب چھوڑنے والے ہیں۔ وہ وہیں ان کے بائیں ہاتھوں میں ان کی سیاہ کاریوں کے دفتر پکڑا دیں گے۔ اور بعض علماء نے لکھا ہے کہ ان کے دونوں ہاتھ ان کی پیٹھ پیچھے باندھ دیئے جائیں گے اس لیے اسی حالت میں ان کے اعمال نامے ان کے بائیں ہاتھوں میں دے دیئے جائیں گے۔

يَدْعُوا ثُبُورًا ﴿۱۱﴾ وَّيَصْلٰى سَعِيرًا ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُورًا ﴿۱۳﴾

ہائے موت! ہائے موت! ۹؎ اور داخل ہوگا بھڑکتی آگ میں۔ بے شک وہ دنیا میں اپنے اہل وعیال میں خوش وخرم رہا کرتا تھا ۱۰؎

اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ﴿۱۴﴾ بَلٰٓى اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ﴿۱۵﴾

وہ خیال کرتا تھا کہ وہ (اللہ کے حضور) لوٹ کر نہیں جائے گا۔ کیوں نہیں۔ اس کا رب اسے خوب دیکھ رہا تھا۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿۱۶﴾ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ﴿۱۷﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ﴿۱۸﴾

پس میں قسم کھاتا ہوں شفق کی۔ اور رات کی اور جن کو وہ سمیٹے ہوئے ہے اور چاند کی جب وہ ماہِ کامل بن جائے۔

لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿۱۹﴾ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِذَا قُرِئَ

تمہیں (بتدریج) زینہ بہ زینہ چڑھنا ہے ۱۱؎ پس انہیں کیا ہوگیا ہے کہ ایمان نہیں لاتے ۱۲؎ اور جب ان کے سامنے

۹؎ اس وقت اس کی چیخ وپکار اور واویلا دیدنی وشنیدنی ہوگا۔ شور مچائے گا ہائے موت! ہائے موت! تو کدھر گئی۔ ابھی جا۔ مجھے نگل لے تاکہ میں عذاب جہنم سے بچ جاؤں۔ یا ثبوراہ تعالیٰ فھذا اوانک والثبور الھلاک وھو جامع لانواع المکارہ۔ (روح المعانی) ثبوراہ کا معنی ہلاکت ہے۔ ہر قسم کی مکروہ اور ناپسندیدہ چیزوں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ یہاں اس سے مراد موت ہے کیونکہ یہ سب سے زیادہ مکروہ اور ناپسندیدہ ہے۔

۱۰؎ اس کی یہ حالت کیوں ہوگی۔ وجہ بتائی جارہی ہے کہ وہ دنیا میں گلچھرے اڑاتا رہا۔ خود بھی عیش کرتا رہا اور اپنے اہل وعیال کو بھی عیش کراتا رہا۔ کبھی اس کو بھولے سے بھی یہ خیال نہ آیا کہ اسے ایک روز اللہ تعالیٰ کے روبرو پیش ہونا ہے اور اپنی خرمستیوں اور بداعمالیوں کا جواب دینا ہے۔ اسی خود فراموشی کا نتیجہ جناب بصد اداسی آج دیکھ رہے ہیں۔

۱۱؎ تین چیزوں کی قسم کھانے کے بعد فرمایا کہ تم منزل بمنزل بڑھتے چلے جاؤ گے۔ رحم مادر سے تم دنیا میں آئے، بچپن سے جوانی، جوانی سے بڑھاپا، صحت سے بیماری، قوت سے ضعف، خوشحالی سے بدحالی، ان مرحلوں کو طے کرتے ہوئے قبروں میں آگئے۔ پھر قیامت کو دامن جھاڑ کر اٹھ کھڑے ہوگے۔ پھر خدا معلوم کیسی کیسی حالتوں سے گزرتے ہوئے اپنے ابدی مستقر اور آخری ٹھکانے پر پہنچو گے۔

۱۲؎ ان تغیرات کا تم اپنی ذات میں اور اپنے اردگرد پھیلی ہوئی وسیع کائنات میں ہر لحظہ مشاہدہ کررہے ہو پھر بھی قیامت پر ایمان نہیں لاتے۔ وقوع قیامت میں جو حکمتیں اور انسانی اصلاح میں اس کے جو اثرات ہیں ان کو تسلیم نہیں کرتے۔ بڑے تعجب کی بات ہے۔

معٰ ۱۷ عند المتاخرین ۲۲

عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ۝۲۱ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۝۲۲

قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے ۱۳ بلکہ یہ کفار اسے (الٹا) جھٹلاتے ہیں ۱۴

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۝۲۳ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۲۴ اِلَّا الَّذِيْنَ

اور اللہ خوب جانتا ہے جو ان کے دلوں میں بھرا ہوا ہے ۱۵ پس آپ انہیں خوشخبری سنائیں دردناک عذاب کی ۱۶ البتہ جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝۲۵

ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے ایسا اجر ہے جو منقطع نہ ہوگا ۱۷

۱۳ اور ستم یہ ہے کہ قرآن کریم کی آیتیں جن کی تاثیر سے پتھر بھی پگھل جاتے ہیں اور پہاڑوں پر بھی لرزہ طاری ہو جاتا ہے، وہ ان کے سامنے تلاوت کی جاتی ہیں لیکن یہ کوئی اثر قبول نہیں کرتے۔ انہیں سن کر بھی ان کے سر اپنے رب کے حضور سجدہ ریز نہیں ہوتے۔

۱۴ متاثر ہونا یا سجدے میں سر جھکانا تو رہا ایک طرف، یہ ظالم ان کو الٹا جھٹلانا شروع کر دیتے ہیں۔ کبھی کہتے ہیں یہ جادو ہے، کبھی کہتے ہیں یہ ان کا خود ساختہ کلام ہے، کبھی کہتے ہیں ان کو کسی جن نے یہ سکھایا ہے۔ اس سے بڑھ کر انہیں یہ سنانے لگتے ہیں۔ (والعیاذ باللہ)

۱۵ یوعون: یجمعون فی الصدور من الکفر والعداوۃ۔ قال مجاھد ما یکتمون۔ (مظہری) یعنی جو کفر و عداوت ان کے سینوں میں بھرا ہوا ہے اللہ تعالیٰ اسے خوب جانتا ہے۔ مجاہد کہتے ہیں کہ جو کچھ اپنے دلوں میں انہوں نے چھپا رکھا ہے اللہ تعالیٰ اس سے پوری طرح آگاہ ہے۔

۱۶ یہ نابکار، حق ناشناس اس بات کے مستحق ہیں کہ انہیں آپ دردناک عذاب کی بشارت دیں۔

۱۷ ان کا تو یہ حشر ہوگا، لیکن جو لوگ سچے دل سے ایمان لائے اور ایمان کے تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے نیک اعمال کرتے رہے انہیں اجر ملے گا، اجر بھی ایسا جو کبھی منقطع نہیں ہوگا۔ ابد الآباد تک ان پر نوازشات و انعامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اپنے رب کریم کے لطف و کرم سے ہمیشہ ہمیشہ بہرہ اندوز ہوتے رہیں گے۔

○

اللّٰھم لک الحمد ولک الشکر ومنک التوفیق اللّٰھم وفقنا لما تحب وترضی وتقبل منا ما نکدح و فیہ انک سمیع الدعاء رب ارحمھما کما ربیانی صغیرا وصلی اللّٰہ تعالیٰ علی حبیبنا وشفیعنا وطبیب قلوبنا وشفاء ارواحنا محمد وآلہ واصحابہ وبارک وسلم تسلیما کثیرا کثیرا۔

○

تعارف

سُورَۃ البُرُوج

نام : اس سورت کا نام "البروج" ہے جو اس کی پہلی آیت میں مذکور ہے۔ اس میں ایک رکوع، بائیس آیتیں ایک سو نو کلمات اور چار سو پینسٹھ حروف ہیں۔

نزول : یہ مکہ مکرمہ میں اس وقت نازل ہوئی جب اہل ایمان پر کفار کا ظلم و تشدد پورے شباب پر تھا۔ انہوں نے خون، قبیلہ اور ہمسائیگی کے تمام تعلقات کو نظر انداز کر دیا تھا اور ان کے بس میں جتنی قوت تھی اسے مسلمانوں کو اذیت پہنچانے میں صرف کر رہے تھے۔

مضامین : اصحاب الاخدود کون تھے؟ جن اہل ایمان کو انہوں نے انگاروں سے بھری ہوئی خندقوں میں پھینکا تھا۔ وہ کس علاقہ کے باشندے تھے؟ اور یہ کس زمانہ کا واقعہ ہے؟ یہ تفاصیل آپ کو اس سورت کی تشریح کے ضمن میں ملیں گی۔ یہاں صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ کفر اور باطل نعمت ہدایت سے محروم ہونے کے باعث جوہر انسانیت سے بھی عاری ہو جاتا ہے۔ رحمت و شفقت کا کوئی جذبہ اس کے دل میں باقی نہیں رہتا۔ کمزور اور بے بس حق پرستوں پر کفار بھرے ہوئے وحشی درندوں کی طرح جھپٹتے ہیں۔ زندہ انسانوں کو بھڑکتے ہوئے شعلوں میں دھکے دے کر گرانا اور ان کو تڑپتے ہوئے دیکھ کر خوشی سے رقص کرنا ان کا معمول ہوا کرتا ہے لیکن جبر و تشدد کی انسانیت سوز قربانیوں میں اہل حق کی استقامت اور ثابت قدمی بھی اپنے اندر جو حسن اور دلفریبی رکھتی ہے اس کی بھی نظیر نہیں ملتی۔ وہ مظالم کی چکی میں پس رہے ہوتے ہیں، وہ تشدد کے شکنجوں میں کسے جا رہے ہوتے ہیں لیکن ان کے لبوں پر مسکراہٹ کھیل رہی ہوتی ہے۔ ان کی آنکھوں سے کوئی آنسو نہیں ٹپکتا نہ وہ آہ کرتے ہیں نہ فریاد، اپنے مولائے کریم کی خوشنودی کے حصول کو وہ اپنی مسرتوں اور سعادتوں کی معراج یقین کرتے ہیں۔

اس واقعہ کو بیان کرنے سے مدعا یہ ہے کہ مسلمان بھی ظلم و ستم کے اس دور میں عالی ہمتی اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کریں وہ یقین رکھیں کہ کفر کا طلسم بہت جلد ٹوٹ جائے گا۔ طاغوتی قوتیں سرنگوں ہو جائیں گی۔ مخالفت کے طوفان تھم جائیں گے۔ اسلام کو فتح مبین حاصل ہوگی۔ ابوجہل اور ابولہب سے پہلے بھی کئی فرعون اور شمودی گزرے ہیں، لیکن وہ اپنی موت آپ مر گئے اور حق کا پرچم لہراتا رہا اور قیامت تک لہراتا رہے گا۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۷-۴-۷۷

سُورَةُ الْبُرُوجِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اثْنَتَانِ وَعِشْرُونَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ البروج مکی ہے۔ — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں بائیس آیات ہیں۔

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۙ﴿۱﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۙ﴿۲﴾ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ؕ﴿۳﴾

قسم ہے آسمان کی جو برجوں والا ہے ۱؎ اور اس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے ۲؎ اور حاضر ہونے والے کی اور اس کی جس کے پاس حاضر ہوں گے ۳؎

۱؎ اس سورت کا آغاز تین قسمیں کھا کر کیا گیا ہے اور قسم اس بات پر کھائی جا رہی ہے کہ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ یعنی جن کھائی والوں نے اہل حق کو پکڑ پکڑ کر ان دہکتے انگاروں اور بھڑکتے شعلوں میں پھینکا تھا اور یہ قصد کیا تھا کہ حق کو ماننے والا کوئی نہ رہے۔ ہر طرف باطل کا غلبہ ہو، ہر طرف کفر اور شرک کا اندھیرا چھا جائے۔ ایسا کرنے والے، ایسا چاہنے والے برباد ہو گئے۔ ان کا نام و نشان تک بھی نہ رہا۔ ان کی عظمت خاک میں مل گئی ان کے محلات کھنڈرات بن گئے۔ ان کے سنگین قلعے ٹوٹ پھوٹ گئے۔ حق کا بول اب بھی بالا ہے صداقت کا آفتاب اب بھی نور افشاں ہے۔ حق کی شمع پر جو قربان ہو گئے، وہ انسانیت کا سر بلند کر گئے اور اپنے پیچھے جو افروز، اولوالعزموں، وفاکیشوں کا ایسا عظیم قافلہ چھوڑ گئے جن کے نعروں کی گونج سے باطل آج بھی لرزہ براندام ہے۔ انہی کے نقوش پا سے زندگی کی شاہراہ آج بھی جگمگ جگمگ کر رہی ہے۔ جب تک اس گلشن ہستی میں کوئی پھول کھلتا ہے گا، کوئی کلی مسکراتی رہے گی، کوئی بلبل نغمہ الاپتی رہے گی، حق کا پرچم اونچا بہت اونچا لہراتا رہے گا۔

علامہ پانی پتی فرماتے ہیں کہ عوام نے قدیم فلسفیوں کے نظریات کو مانتے ہوئے آسمان کو بارہ موہوم حصوں میں تقسیم کر رکھا ہے۔ ہر حصہ کو برج کہتے ہیں اور ہر برج کے مخصوص ضوابط ہیں اور ان میں سیارات کا بھی نزول ہوتا رہتا ہے۔ انہی وہمی اشکال کے باعث انہوں نے برجوں کے نام مقرر کر رکھے ہیں۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمایئے ضیاء القرآن سورۃ الحجر آیت ۱۶ کے حواشی) آپ فرماتے ہیں اس کی کچھ حقیقت نہیں۔ اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ آسمان ہمیشہ متحرک ہوں اور یہ ستارے ان میں گڑے ہوئے ہوں وکل ذالک باطل کیونکہ کتاب و سنت سے یہ ثابت ہے کہ ہر کوکب اپنے فلک میں تیر رہا ہے۔ (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ فرمائیں ضیاء القرآن سورۃ الانبیاء آیت ۳۳)

جدید سائنسی تحقیقات نے قرآنی نظریہ تسلیم کر لیا ہے۔ اس لیے بروج سے یہاں مراد وہ اصطلاحی بروج نہیں بلکہ وہ بڑے بڑے ستارے مراد ہیں جو اپنی درخشانی کے باعث بہت نمایاں نظر آتے ہیں۔ وقیل المراد بالبروج، عظام الکواکب سمیت بروجا لظهورها کما قال الحسن ومجاهد وقتادة (مظہری)

۲؎ اس سے مراد روز قیامت ہے جس کے آنے کا بار بار پختہ وعدہ کیا گیا ہے۔

۳؎ شاہد اور مشہود کے بارے میں علماء کے بہت سے اقوال ہیں۔ شاہد سے مراد یوم جمعہ ہے۔ مشہود سے یوم عرفہ، شاہد سے مراد حضور نبی کریم ہیں اور مشہود سے مراد قیامت کا دن، شاہد سے مراد انبیائے کرام اور مشہود سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام، شاہد سے مراد اللہ تعالیٰ، فرشتے، کراماً کاتبین، انبیائے کرام، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور جملہ اہل ایمان اور مشہود سے مراد کلمہ توحید اور دین اسلام کی تمام صداقتیں جن کی ان سچے گواہوں نے گواہی دی ہے۔

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ﴿٤﴾ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ﴿٥﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا

مارے گئے کھائی کھودنے والے ف۴ (جس میں) آگ تھی بڑے ایندھن والی ف۵ جب وہ اس (کے کنارہ) پر

ف۴ یہ جواب قسم ہے۔ الاخدود: الشق العظیم المستطیل فی الارض کالخندق۔ (قرطبی) یعنی وہ بڑا اور مستطیل گڑھا جو زمین میں خندق کی طرح کھودا جاتا ہے۔ اصحاب الاخدود کون لوگ تھے؟ اس کے بارے میں متعدد روایات مذکور ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت سے پہلے مذہبی رواداری نام کی کوئی چیز نہ تھی۔ عقائد کے اختلاف کی بنیاد پر خون کے دریا بہا دیے جایا کرتے تھے۔ آبادیوں کو ان کے مکینوں سمیت نذر آتش کر دیا جاتا تھا۔ خصوصاً یہودیت و عیسائیت کی تاریخ اس قسم کی خونریزیوں سے بھری پڑی ہے۔ اس لیے ہر جگہ اس قسم کے واقعات وقوع پذیر ہوتے رہتے تھے۔ ان آیات میں کس مخصوص واقعہ کی طرف اشارہ ہے؟ اس کے بارے میں زیادہ قابل وثوق وہ روایت ہے جو امام مسلم نے اپنی صحیح میں درج کی ہے۔ اس کا ترجمہ حضرت صدر الافاضل رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر خزائن العرفان سے پیش کرتا ہوں:

"مروی ہے کہ پہلے زمانہ میں ایک بادشاہ تھا جب اس کا جادوگر بوڑھا ہو گیا تو اس نے بادشاہ سے کہا کہ میرے پاس ایک لڑکا بھیج دے جسے میں جادو سکھا دوں۔ بادشاہ نے ایک لڑکا مقرر کر دیا۔ وہ جادو سیکھنے لگا۔ راہ میں ایک راہب رہتا تھا۔ اس کے پاس بیٹھنے لگا اور اس کا کلام اس کے دل نشین ہو گیا۔ اب آتے جاتے اس نے راہب کی صحبت میں بیٹھنا مقرر کر لیا۔ ایک روز راستہ میں ایک مہیب جانور ملا۔ لڑکے نے ایک پتھر ہاتھ میں لے کر یہ دعا کی کہ یارب اگر راہب تجھے پیارا ہو تو میرے پتھر سے اس جانور کو ہلاک کر دے۔ وہ جانور اس کے پتھر سے مر گیا۔ اس کے بعد لڑکا مستجاب الدعوات ہوا اور اس کی دعا سے کوڑھے اور اندھے اچھے ہونے لگے۔ بادشاہ کا ایک مصاحب نابینا ہو گیا تھا، وہ آیا۔ لڑکے نے دعا کی، وہ اچھا ہو گیا اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آیا اور بادشاہ کے دربار میں پہنچا۔ اس نے کہا تجھے کس نے اچھا کیا؟ کہا میرے رب نے۔ بادشاہ نے کہا میرے سوا اور بھی کوئی رب ہے؟ یہ کہہ کر اس پر سختیاں شروع کیں یہاں تک کہ اس نے لڑکے کا پتہ بتا دیا۔ لڑکے پر سختیاں کیں، اس نے راہب کا پتہ بتایا۔ راہب پر سختیاں کیں اور اس سے کہا اپنا دین ترک کر۔ اس نے انکار کیا تو اس کے سر پر آرا رکھ کر چروا دیا۔ پھر مصاحب کو بھی چروا دیا۔ پھر لڑکے کو حکم دیا کہ پہاڑ کی چوٹی سے گرا دیا جائے۔ سپاہی اس کو پہاڑ کی چوٹی پر لے گئے۔ اس نے دعا کی، پہاڑ میں زلزلہ آیا۔ سب گر کر ہلاک ہو گئے۔ لڑکا صحیح سلامت چلا آیا۔ بادشاہ نے کہا سپاہی کیا ہوئے؟ کہا سب کو خدا نے ہلاک کر دیا۔ پھر بادشاہ نے لڑکے کو سمندر میں غرق کرنے کے لیے بھیجا۔ لڑکے نے دعا کی، کشتی ڈوب گئی۔ تمام شاہی آدمی ڈوب گئے۔ لڑکا صحیح سلامت بادشاہ کے پاس آ گیا۔ بادشاہ نے کہا وہ آدمی کیا ہوئے؟ کہا سب کو اللہ تعالیٰ نے ہلاک کر دیا اور تو مجھے قتل کر ہی نہیں سکتا جب تک وہ کام نہ کرے جو میں بتاؤں۔ کہا وہ کیا؟ لڑکے نے کہا ایک میدان میں سب لوگوں کو جمع کر اور مجھے کھجور کے ٹھنڈ پر سولی دے۔ پھر میرے ترکش سے تیر نکال کر بسم اللہ رب الغلام (اللہ تعالیٰ کے نام سے جو اس لڑکے کا رب ہے) کہہ کر مار۔ ایسا کرے گا تو مجھے قتل کر سکے گا۔ بادشاہ نے ایسا ہی کیا۔ تیر لڑکے کی کنپٹی پر لگا۔ اس نے اپنا ہاتھ اس پر رکھا اور واصل بحق ہو گیا۔ یہ دیکھ کر تمام لوگ ایمان لے آئے۔ اس سے بادشاہ کو اور زیادہ صدمہ ہوا اور اس نے ایک خندق کھدوائی اور اس میں آگ جلائی اور حکم دیا کہ جو دین سے نہ پھرے اسے اس آگ میں ڈال دو۔ لوگ ڈالے گئے یہاں تک کہ ایک عورت آئی، اس کی گود میں بچہ تھا، وہ ذرا جھجکی۔ بچے نے کہا اے ماں صبر کر، نہ جھجک، تو سچے دین پر ہے۔ وہ بچہ اور ماں بھی آگ میں ڈال دیے گئے۔" یہ حدیث صحیح ہے۔ مسلم نے اس کی تخریج کی۔ اس سے اولیاء کی کرامتیں ثابت ہوتی ہیں۔ آیت میں اس واقعہ

قُعُوْدٌ ﴿٦﴾ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ﴿٧﴾ وَمَا

بیٹھے تھے ۔ اور وہ جو کچھ اہل ایمان کے ساتھ سلوک کر رہے تھے اسے دیکھ رہے تھے ۶ اور نہیں

نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ﴿٨﴾ الَّذِيْ

ناپسند کیا تھا انہوں نے مسلمانوں سے بجز اس کے کہ وہ ایمان لائے تھے اللہ پر جو سب پر غالب سب خوبیوں سراہا ہے ۷ جس کے

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿٩﴾

قبضہ میں آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے ۸ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو دیکھنے والا ہے ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ

بے شک جن لوگوں نے ایذا دی مومن مردوں اور مومن عورتوں کو پھر توبہ بھی نہ کی تو ان کے لیے

کا ذکر ہے۔ (خزائن العرفان)

۵ اُخدود سے بدل ہے۔ النار بدل اشتمال۔ ذات الوقود، جس میں ایندھن ڈالا گیا۔ منظر کی ہیبت کا بیان ہے یعنی آگ جل رہی تھی اور اس میں لکڑیاں اور ایندھن ڈالا جا رہا تھا۔

۶ ان کی سنگدلی کا یہ عالم تھا کہ ان کے بھائی بند ان کے ہم قوم، ان کے ہم وطن بڑی بے رحمی سے آگ میں دھکیلے جا رہے تھے اور یہ پاس بیٹھے تماشا دیکھ رہے تھے۔

۷ کس جرم میں ان کو یہ سزا دی جا رہی تھی، کون سا قصور ان سے سرزد ہوا تھا جس کا انتقام ان سے لیا جا رہا تھا، ان کی کون سی ایسی حرکت تھی جو انہیں از حد ناگوار اور ناپسند تھی اور وہ اس سے برافروختہ ہو کر یہ ستم کرنے پر آمادہ ہو گئے تھے۔ بتایا جا رہا ہے کہ ان پاکبازوں کا اس کے سوا کوئی جرم نہ تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان لے آئے تھے، اس کے احکام کی تعمیل کرتے تھے، بے جان مجسموں یا اپنے فرعون صفت حکمرانوں کو خدا ماننے کے لیے تیار نہ تھے۔ وہ اس اللہ تعالیٰ کو اپنا خالق و مالک سمجھتے تھے جو سب پر غالب، زبردست اور تمام صفات کمال سے موصوف ہے۔

۸ جس کی حکمرانی کا سکہ آسمانوں اور زمین میں چل رہا ہے۔ کائنات ارضی و سماوی میں کوئی پتہ، کوئی ذرہ اس کے حکم کے بغیر جنبش نہیں کر سکتا۔ بلندیوں اور پستیوں میں کوئی ایسی چیز نہیں جس کا اسے علم نہ ہو۔

عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ ﴿١٠﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَ

جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لیے جلائے جانے کی سزا ہے ۹۔ جو لوگ ایمان لے آئے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ۚ ذٰلِكَ

نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔ یہی

الْفَوْزُ الْكَبِيرُ ﴿١١﴾ إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ ﴿١٢﴾ إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَ

بڑی کامیابی ہے۔ بے شک آپ کے رب کی گرفت بہت سخت ہے ۱۰۔ بے شک وہی پہلی مرتبہ پیدا کرتا ہے اور وہی

يُعِيدُ ﴿١٣﴾ وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ ﴿١٤﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ ﴿١٥﴾ فَعَّالٌ

دوبارہ پیدا کرے گا۔ اور وہی بہت بخشنے والا، بہت محبت کرنے والا ہے ۱۱۔ عرش کا مالک ہے، بڑی شان والا۔ کرتا ہے

لِمَا يُرِيدُ ﴿١٦﴾ هَلْ أَتٰىكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ ﴿١٧﴾ فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ ﴿١٨﴾

جو کچھ چاہتا ہے ۱۲۔ کیا پہنچی ہے آپ کے پاس لشکروں کی خبر (یعنی) فرعون اور ثمود (کے لشکروں) کی ۱۳۔

۹۔ جو ظالم اپنی طاقت کے نشہ میں اللہ تعالیٰ کے بندوں اور اللہ تعالیٰ کی بندیوں کو اذیت پہنچاتے ہیں اور پھر اپنی ان غیر انسانی حرکتوں سے تائب بھی نہیں ہوتے وہ یہ نہ سمجھیں کہ ان کی یہ خودسری گوارا کر لی جائے گی۔ قدرت کا قانون مکافات ان کے معاملہ میں بے اثر ہو کر رہ جائے گا۔ ایسا ہرگز نہ ہوگا۔ انہیں دردناک سزا ملے گی اور جلائے کا جو عذاب انہوں نے مقبولان خدا کے لیے تجویز کیا تھا بعینہٖ اسی قسم کے عذاب میں انہیں مبتلا کیا جائے گا۔ اگرچہ دونوں آگوں کی نوعیت میں بعد المشرقین ہوگا۔

۱۰۔ یہ مہلت کے لمحے آپ کے رب کو کمزور نہ جانیں اس کا ہر کام پُر از حکمت ہوتا ہے۔ وہ تنگ مزاج اور زود رنج حکمرانوں کی طرح فوراً بھڑک نہیں اٹھتا۔ ہر کام کے لیے اس نے موزوں وقت مقرر کر رکھا ہے اور جب وہ وقت آ جاتا ہے تو پھر وہ یوں سخت پکڑتا ہے کہ الامان والحفیظ۔ اس کے عذاب سے کوئی چھڑا نہیں سکتا، کوئی بچا نہیں سکتا۔ سارے کر و فر دھرے کے دھرے رہ جاتے ہیں۔

۱۱۔ حضور کے رب کریم کی مزید شانیں بیان کی جا رہی ہیں۔ تمہیں پہلے پیدا بھی اسی نے کیا تمہیں دوبارہ زندہ بھی وہی کرے گا۔ اس کی مغفرت کا دامن بڑا وسیع ہے، اس کو اپنے فرمانبردار بندوں سے بڑی محبت ہے اور بے اندازہ پیار ہے۔ اس کی غیرت انہیں ایذا پہنچانے والوں کو زیادہ دیر مہلت نہیں دیتی۔

۱۲۔ عرش کا مالک وہ ہے، ساری بزرگیاں، ساری عظمتیں، ساری شانیں اسی کے لیے مخصوص ہیں۔ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے سوائے اس

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿١٩﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿٢٠﴾

بلکہ یہ کفار جھٹلانے میں مصروف ہیں ۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ ان کو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿٢١﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿٢٢﴾

بلکہ وہ کمال شرف والا قرآن ہے ۱۴ے ایسی لوح میں لکھا ہے جو محفوظ ہے ۱۵ے

ع ١

کی مرضی اور ارادہ ہوتا ہے وہ ہو کر رہتا ہے۔

۱۳ے اے میرے حبیب! سرکشی اور بغاوت کا علم بلند کرنے والے صرف یہی لوگ نہیں۔ ان سے پہلے کئی فرعون و ثمود اور ان کے جرار لشکر اپنا جاہ و جلال دکھا چکے ہیں، خدا کی مخلوق پر جور و ستم کی انتہا کر چکے ہیں، خدا کی زمین کو بے گناہوں کے خون سے رنگین بنا چکے ہیں۔ لیکن وہ سب فنا ہو چکے۔ سب کا نام و نشان مٹ گیا۔ وہ لوگ اس غلط فہمی میں مبتلا تھے کہ ان سے طاقتور اور کوئی نہیں ان کا گھیراؤ نہیں کیا جا سکتا لیکن وہ خداوند عالم اور اس کی طاقتوں کو بھلائے ہوئے تھے۔

۱۴ے ان قرآنی حقائق کو تم معمولی نہ سمجھو ان میں غور و تدبر کرو۔ ان کو حرز جاں بناؤ۔ شاہراہ حیات پر چلتے ہوئے اگر یہ شمع فروزاں تمہارے ہاتھوں میں ہو، پھر تمہیں گرنے پھسلنے یا راہ سے بھٹک جانے کا کوئی اندیشہ نہ رہے گا۔ یہ بڑی عظمت والی اور اونچی شان والی کتاب ہے۔ اس کے سارے مندرجات حق ہیں، سچ ہیں، ہر شک و شبہ سے بالاتر ہیں۔

۱۵ے یہ ایسی لوح میں مکتوب ہے جو ہر بیرونی دخل اندازی سے قطعاً محفوظ ہے۔

○

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ ومن تبعہ واحبہ واستمسک بذیلہ اجمعین الی یوم الدین۔

رب اوزعنی ان اشکر نعمتک التی انعمت علی وعلی والدی وان اعمل صالحا ترضاہ واصلح لی فی ذریتی انی تبت الیک وانی من المسلمین۔

○

تعارف

سُورَۃ الطَّارق

نام: اس سورۂ پاک کا نام ' الطارق ' ہے جو اس کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ اس میں ایک رکوع، سترہ آیتیں، اکسٹھ کلمے، دوسو انتالیس حروف ہیں۔

نزول: اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

مضامین: اس سورت میں بھی وقوعِ قیامت پر دلائل پیش کیے جارہے ہیں لیکن ان کے بیان سے پہلے قسمیں اٹھا کر یہ بتایا گیا ہے کہ انسان کو پیدا کرنے کے بعد اسے آوارہ نہیں چھوڑ دیا گیا کہ اس کے دل میں جو آئے کرتا رہے اور اسے کسی باز پرس کا اندیشہ نہ ہو کیونکہ یہ حکمتِ الٰہی کے خلاف ہے۔ اللہ تعالےٰ نے انسان کو گوناگوں صلاحیتوں سے مالا مال کر کے پیدا کیا ہے اور یہ دیکھنے کے لیے کہ وہ ان بخشی ہوئی نعمتوں کو کس طرح استعمال کرتا ہے۔ اس کے محافظ بھی مقرر کر دیے ہیں۔

قیامت کے منکرین کو بتایا جارہا ہے کہ میری قدرت کا انکار کرنے سے پہلے ذرا اپنی پیدائش پر غور تو کرو۔ تمہارا مادۂ تخلیق پانی کی ایک بوند ہے۔ تمہاری چشمِ نرگسیں، چاند کی مانند چمکتا ہوا تمہارا چہرہ، تمہاری خوبصورت پیشانی، موتیوں کی طرح دمکتے ہوئے دانت، یہ قامتِ زیبا سب اسی ایک بوند سے نمودار ہوئی ہے۔ پھر جسمانی قوتیں، ذہنی اور روحانی استعداد بھی اسی میں بڑی خوش اسلوبی سے سمٹی ہوئی تھیں۔ جس کی قدرت کا یہ حیرت انگیز شاہکار تمہاری آنکھوں کے سامنے ہے کیا وہ تمہیں مرنے کے بعد دوبارہ زندہ نہیں کر سکتا۔ کیا اس میں کسی شک کی گنجائش ہے؟ یاد رکھو اگر تم راہِ راست اختیار نہیں کروگے تو اس دن تمہیں کوئی ایسا دوست اور مددگار نہیں ملے گا جو خداوندِ قہار کے عذاب سے تمہیں چھڑا سکے۔

سورت کے اختتام سے پہلے صاف طور پر بتا دیا کہ اہلِ مکہ اسلام کو ناکام کرنے کے لیے سازشوں میں مصروف ہیں لیکن اللہ تعالےٰ بھی بے خبر نہیں۔ وہ ان کی کارستانیوں کو خوب جانتا ہے اور وہ اپنی قدرت سے ان کے تمام منصوبوں کو ناکام بنا کر رکھ دے گا۔ یہ کر و فر، یہ شان و شوکت جو انہیں بدست کیے ہوئے ہے چند روزہ ہے۔ غور و تدبر کے لیے جو مہلت انہیں دی گئی ہے وہ جب اختتام پذیر ہوگی تو پھر غضبِ الٰہی کی بجلی کوندے گی اور انہیں خاکِ سیاہ بنا کر رکھ دے گی۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۷۷-۴-۷

سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هِيَ سَبْعَ عَشْرَةَ اٰيَةً

سورۃ الطارق مکی ہے ۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۔ اس میں سترہ آیات ہیں۔

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ﴿۲﴾ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ﴿۳﴾

قسم ہے آسمان کی اور رات کو نمودار ہونے والے کی اور آپ کو کیا معلوم یہ رات کو آنے والا کیا ہے؟ ایک تارا نہایت تاباں [1]

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿۴﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾

کوئی شخص ایسا نہیں جس پر کوئی محافظ نہ ہو [2] سو انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے [3]

[1] طارق، طرق سے مشتق ہے۔ اس کا لغوی معنی کوٹنا، کھٹکھٹانا ہے۔ رات کے وقت آنے والے مہمان کو طارق اس لیے کہتے ہیں کہ وہ سوتے ہوئے میزبان کو جگانے کے لیے اس کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے۔ ستارے کو بھی طارق کہتے ہیں کیونکہ وہ صرف رات کے وقت نمودار ہوتا ہے۔ یہاں الطارق سے مراد ستارہ ہے کیونکہ اگلی آیت میں اس کی تشریح کر دی گئی ہے۔ الثاقب: ثقب سوراخ کو کہتے ہیں۔ اندھیرے میں روشنی کی کرن ایسے دکھائی دیتی ہے گویا اس نے اندھیرے کی دیوار میں سوراخ کر دیا ہے۔ اس لیے وہ تارا جو نہایت چمکدار ہو اور جس کی تیز روشنی اندھیرے کو چیرتی ہوئی دور سے نظر آئے اسے ہی النجم الثاقب کہتے ہیں۔ اس سے مراد کوئی مخصوص تارا نہیں بلکہ جنس ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ صبح کے وقت نمودار ہونے والے تارے کو الطارق کہتے ہیں کیونکہ وہ صبح کا پیغامبر بن کر طلوع ہوتا ہے اس لیے اس کی بڑی شان ہوتی ہے۔ ہندہ زوجہ ابوسفیان کی بیوی احد کی جنگ میں یہ رجزیہ پڑھا کرتی تھی۔

نحن بنات طارق نمشی علی النمارق

اس میں طارق سے مراد ستارہ صبح ہے۔ وہ کہتی ہے ہم نامور باپوں کی بیٹیاں ہیں، نرم و گداز قالینوں پر چلتی ہیں۔

[2] آسمان اور چمکدار ستارے کی قسم کھانے کے بعد جواب قسم کا ذکر ہو رہا ہے۔ فرمایا کہ کوئی شخص ایسا نہیں جس پر نگہبان مقرر نہ ہو۔ یعنی تم اس غلط فہمی کو دل سے نکال دو کہ تمہیں پیدا کرکے ہم نے یونہی بے لگام چھوڑ دیا ہے۔ ایسا نہیں بلکہ ہم نے تمہاری نگہداشت کا پورا انتظام کر دیا ہے تاکہ تم اپنی منزل رموت تک پہنچنے سے پہلے کہیں راستہ ہی میں نہ رہ جاؤ۔ ناگہانی حادثات تمہیں پیس کر نہ رکھ دیں۔ حدیث پاک میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر شخص کی حفاظت کے لیے ایک سو ساٹھ فرشتے مقرر ہیں جو ایسے حادثات و مصائب سے اس کی پاسبانی کرتے ہیں جو اس کی تقدیر میں نہیں . . . اگر انسان کو اس کے اپنے حوالے کر دیا جائے تو شیاطین اور دوسری انسان دشمن قوتیں اس کی تکہ بوٹی کرکے رکھ دیں۔

غیر متوقع حادثات اور اچانک آفات کے جو جھکڑ چل رہے ہیں ان میں سے انسان کا بچ کر نکل جانا معجزہ سے کم نہیں۔ ہر انسان نے اپنی زندگی میں بارہا تجربہ کیا ہوگا کہ کوئی غیر مرئی طاقت اس کی حفاظت کر رہی ہے، ورنہ وہ سانپ جو اس کے پاؤں کو چھو کر نکل گیا ہے ضرور اسے ڈس لیتا۔ جس بلندی سے وہ گرا ہے اس کی ہڈی پسلی ٹوٹ جاتی۔ مہلک بیماری کا جو حملہ اس پر ہوا ہے اس سے اس کا بچ جانا محال تھا۔ اس کا یہ مطلب بھی

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿٦﴾ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿٧﴾

اسے پیدا کیا گیا ہے اچھلتے پانی سے جو (مرد و زن کی) پیٹھ اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے

بیان کیا گیا ہے کہ انسان آزاد نہیں چھوڑ دیا گیا "جو چاہے کرتا ہے اور اس کا کوئی محاسبہ نہ ہو بلکہ اس کے تمام اعمال کو محفوظ کیا جا رہا ہے۔ مزید وضاحت کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن سورۃ الرعد آیت ١١)

لَمّا کا میم اگر مشدد ہو تو یہ اِلّا کا ہم معنی ہوگا اور اِنْ نافیہ ہوگا اور میم مخفف ہو تو اِن اصل میں اِنَّ ہوگا۔ اس کا اسم ضمیر شان محذوف ہوگا اور مَا زائدہ ہوگا۔ (مظہری۔ قرطبی)

٣۔ جب انسان اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کا چشم ہوش سے مطالعہ کرتا ہے تو وقوع قیامت کا اسے یقین ہو جاتا ہے اس لیے حکم دیا جا رہا ہے کہ ہر انسان اپنی آفرینش کی ابتدا میں غور کرے

٤۔ صُلب کہتے ہیں ریڑھ کی ہڈی کو۔ ترائب: تریبۃ کی جمع ہے۔ ھی موضع القلادۃ من الصدر۔ (قرطبی عن ابن عباس) گلے کا ہار سینہ پر جس جگہ لٹکتا ہے اس کو ترائب کہتے ہیں۔ بعض مفسرین نے اس آیت کا یہ معنی کیا ہے کہ مادہ منویہ مرد کی پشت اور عورت کے سینہ کے درمیان سے نکلتا ہے۔ لیکن دوسرے مفسرین جن کے سرخیل حسن بصری ہیں، وہ کہتے ہیں وقال الحسن المعنی: یخرج من صلب الرجل وترائب الرجل ومن صلب المرأۃ وترائب المرأۃ (قرطبی) یعنی یہ مادہ مرد کی ریڑھ کی ہڈی اور اس کے سینے کی ہڈی کے درمیان سے اسی طرح عورت کی ریڑھ کی ہڈی اور اس کے سینے کی ہڈی کے درمیان سے نکلتا ہے۔ یہی قول طبی تحقیقات کے مطابق ہے۔

اس آیت پر بعض ملحدین نے اعتراض کیا ہے کہ مادہ منویہ کے خروج کا کیا مطلب ہے؟ خروج کا مطلب اگر جسم سے باہر خارج ہونا ہو تو بداہۃً غلط ہے کیونکہ منی کا خروج یہاں سے نہیں ہوتا۔ اگر خروج کا معنی اس کا مقر ہے جہاں وہ جمع ہوتی ہے تو یہ بھی درست نہیں کیونکہ اس کا ذخیرہ اوعیۃ المنی، خُصیتین ہیں نہ کہ پشت و سینہ۔ اگر خروج کا مقصد یہ ہے کہ اس کے اجزائے ترکیبی یہاں تیار ہوتے ہیں تو بھی درست نہیں کیونکہ اس کے بنانے میں سب سے زیادہ حصہ دماغ کا ہے نہ کہ صلب و ترائب کا۔

جن لوگوں نے ان امور کا بنظر غائر مطالعہ کیا ہے ان کے نزدیک معترض کا یہ اعتراض اس کی جہالت اور اس کے الحاد کی دلیل ہے۔ قرآن کریم نے بین الصلب والترائب کے مختصر اور جامع الفاظ سے حقیقت کی جس طرح ترجمانی کی ہے اس سے بہتر ناممکن ہے۔ جسم میں کوئی ایک عضو ایسا نہیں جو تنہا اس مادہ تولید کو بناتا ہو، بلکہ تمام اعضائے رئیسہ کے اشتراک سے یہ مادہ تیار ہوتا ہے۔ دماغ، دل اور جگر کا حصہ اس میں نمایاں اور سب سے زیادہ ہے۔ دل اور جگر کا مقام تو بلاشبہ بین الصلب والترائب ہے۔ باقی رہا دماغ تو ریڑھ کی ہڈی میں نُخاع (وہ سفید رنگ کی تار جو دماغ سے گردن سے گزرتی ہوئی ریڑھ کی ہڈی کے سارے مہروں سے ہوتی ہوئی کمر تک پہنچتی ہے) اس مادہ کی تیاری میں حصہ لیتا ہے۔ یہاں اس کے اصل عناصر تیار ہو کر کیسہ منی میں پہنچتے ہیں اور وہاں سے نکل کر کئی نالیوں کو طے کرتے ہوئے باہر نکلتے ہیں۔ چنانچہ علامہ آلوسی نے اس حقیقت کو مندرجہ ذیل سطور میں بیان فرمایا ہے:

واللہ تعالیٰ اعلم ان النخاع والقوی الدماغیۃ والقلبیۃ والکبدیۃ کلھا تتعاون فی ابراز ذلک الفضل علی ما ھو علیہ قابلا

إِنَّهُ عَلَىٰ رَجْعِهِ لَقَادِرٌ ﴿٨﴾ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ ﴿٩﴾ فَمَا لَهُ مِن قُوَّةٍ وَ

بے شک وہ اس کو پھر واپس لانے پر قادر ہے ۸ یاد کرو اس دن کو جب سب راز فاش کر دیئے جائیں گے ۹ پس نہ خود اس میں زور ہو گا اور نہ

لَا نَاصِرٍ ﴿١٠﴾ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ﴿١١﴾ وَالْأَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ﴿١٢﴾

کوئی دوسرا مددگار ہو گا ۱۰ قسم ہے آسمان کی جس سے بارش برستی ہے ۱۱ اور زمین کی جو (بارش سے) پھٹ جاتی ہے ۱۲

لأن يصير مبدأ الشخص على ما تبين في موضعه وقوله سبحانه من بين الصلب والترائب عبارة مختصرة جامعة لتأثير الأعضاء الثلاثة فالترائب يشمل القلب والكبد . . . . والصلب النخاع ويتوسطه الدماغ. (روح المعانی)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ ریڑھ کی ہڈی کا ریشہ' دماغی' قلبی اور جگری قوتیں سب اس مادہ کو اس قابل بنانے میں ایک دوسرے کی اعانت کرتی ہیں' یہاں تک کہ وہ انسان کا مبدأ بن جاتا ہے۔ من بین الصلب والترائب کی مختصر اور جامع عبارت اس امر کی طرف اشارہ کر رہی ہے۔ ترائب قلب اور جگر کو شامل ہے اور صلب سے وہ ریڑھ کی ہڈی کا ریشہ مراد ہے جس کے ذریعے دماغ اس کی تیاری میں حصہ لیتا ہے۔

علاوہ ازیں مادہ منویہ اگرچہ خصیتین پیدا کرتے ہیں اور کیسہ منویہ میں جمع ہو جاتا ہے مگر اس کے اخراج کا مرکز تحریک صلب اور ترائب کے درمیان واقع ہے اور دماغ سے اعصابی رو جب اس مرکز کو پہنچتی ہے تب اس مرکز کی تحریک سے کیسہ منویہ سکڑتا ہے اور اس سے مادہ واقی پچکاری کی طرح نکلتا ہے۔ قرآن کریم کا بیان علم طب کی جدید تحقیقات کے عین مطابق ہے۔

علامہ بیضاوی اور علامہ ثناء اللہ پانی پتی نے بھی اپنی تفاسیر میں اس آیت کا یہی مفہوم بیان کیا ہے۔

۸؎ ایسی قدرت والی ہستی کے لیے انسان کو دوبارہ زندہ کرنا قطعاً مشکل نہیں۔

۹؎ تُبْلیٰ کے دو معنی بتائے گئے ہیں۔ تبلی: تظہر یعنی اس دن تمام راز ظاہر کر دیئے جائیں گے کوئی بات پوشیدہ نہ رہے گی۔ دوسرا معنی تبلی: تمتحن و تختبر (قرطبی) ان کو پرکھا جائے گا' کھوٹا کھرا الگ الگ کر دیا جائے گا۔ جن اسرار کو فاش کرنے کا ذکر فرمایا جا رہا ہے ان میں وہ باتیں بھی ہیں جن کو صرف کرنے والا تو جانتا تھا لیکن دوسرے لوگوں کو اس کام کا علم ہی نہ ہوا یا علم تو ہوا لیکن اس کے پس پردہ جو نیت کارفرما تھی وہ صیغہ راز میں رہی اور بعض راز ایسے ہیں جن کا کرنے والے کو بھی دنیا میں علم نہ ہو سکا یعنی جو کام اس نے کیے ہیں ان کے نتائج کیسے نکلے اور ان نتائج کے اثرات کہاں تک اور کب تک موجود رہے' یہ ساری باتیں اس روز کھول کر سامنے رکھ دی جائیں گی۔

۱۰؎ نہ تو اس کے بازوؤں میں اتنا زور ہو گا کہ وہ اپنے آپ کو بچا سکے اور نہ اس کے دوست احباب اس کے مددگار بن کر آئیں گے اور اس کو عذاب الٰہی سے چھڑا کر لے جائیں گے۔

۱۱؎ رجع کا معنی لوٹنا ہے۔ یہاں اس سے مراد بارش ہے کیونکہ یہ لوٹ لوٹ کر آتی ہے' بار بار برستی ہے۔ یہ نہیں ہوتا کہ ایک

إِنَّهُۥ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ﴿١٣﴾ وَمَا هُوَ بِٱلْهَزْلِ ﴿١٤﴾ إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ﴿١٥﴾

بلاشبہ یہ قرآن قولِ فیصل ہے ۹؎ اور یہ محض مذاق نہیں ہے ۔ یہ لوگ طرح طرح کی تدبیریں کر رہے ہیں ۱۰؎

وَأَكِيدُ كَيْدًا ﴿١٦﴾ فَمَهِّلِ ٱلْكَٰفِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًۢا ﴿١٧﴾

اور میں بھی تدبیر فرما رہا ہوں ۔ پس آپ کفار کو تھوڑی سی مہلت اور دے دیں ۱۱؎ کچھ وقت انہیں کچھ نہ کہیں ۱۲؎

بارہ میں اور پھر بند ہو گئی۔ وقت بے وقت اس کا برسنا جاری رہتا ہے۔ اس کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ پانی بخارات بن کر اڑتا ہے۔ پھر جب اسے مناسب درجہ کی خنکی پہنچتی ہے تو لوٹ کر پانی بن جاتا ہے اور بارش کی صورت میں ٹپکنے لگتا ہے۔

صدع: شگاف کو کہتے ہیں۔ جب کاشتکار زمین میں بیج بوتا ہے تو زمین پر سہاگہ مار کر سطح ہموار کر دیتا ہے۔ جب بیج اگتا ہے تو اس سطح میں سوراخ کر کے باہر نکلتا ہے۔

۹؎ ان حقیقتوں کی طرح جن کا تم بار بار مشاہدہ کرتے رہتے ہو تم انجان اور بھولے بننے کی ہزار کوشش کرو پھر بھی ان کا انکار نہیں کر سکتے اسی طرح قرآن بھی ایسے روشن حقائق کا مجموعہ ہے جن کا انکار کسی ہوش مند انسان کے بس کی بات نہیں۔ یہ قولِ فیصل ہے۔ اس کا ہر فیصلہ قطعی اور اٹل ہے۔ جس چیز کو اس نے حق کہہ دیا وہی حق ہے جس کو اس نے باطل کہہ دیا وہی باطل ہے۔ زمانہ کے تغیرات حالات کے تقاضے قرآنی حقائق کو الٹ پلٹ نہیں سکتے۔ یہ ایسی باتیں نہیں جو ازراہِ مذاق محض دل لگی کے لیے کہہ دی ہوں اور جن کا ظاہر ان کے باطن کے برعکس ہو۔

۱۰؎ کفار اسلام کو زک پہنچانے کے لیے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کام بنانے کے لیے ہر وقت سازشیں کرتے رہتے ہیں۔ چھپ چھپ کر منصوبے تیار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ جو چاہیں منصوبے بنائیں مکر و فریب کے دام بچھائیں۔ میں ان کا توڑ کرتا جاؤں گا۔ ان کی ہر تدبیر الٹی ہو گی۔ ان کی ہر کوشش ان کی ناکامی کا باعث بنے گی۔ اللہ تعالیٰ ان کی جد و جہد کو جو وہ کفر کے غلبہ کو برقرار رکھنے کے لیے کر رہے ہیں ان کی ناکامی اور شکست کا باعث بنائے گا۔

وہ بڑے کر و فر سے بدر کے میدان میں آئے تھے۔ انہوں نے یہ اعلان کیا تھا کہ وہ آج اسلام کا چراغ بجھا کر واپس جائیں گے۔ بڑے بہادر سورما ان کا لشکر وہمراہ لائے تھے لیکن ان کی یہی چال ان کی بربادی کا باعث بن گئی۔ ان کے بڑے بڑے رئیس مارے گئے۔ مکہ کے گھر گھر میں صفِ ماتم بچھ گئی۔ یہی حال ان کی دیگر سازشوں کا ہوا۔

۱۱؎ کس طرح اپنے محبوب کی دلنوازی کی جا رہی ہے کہ آپ ابھی ان نابکاروں کو کچھ مہلت اور دیں مختصر عرصہ کے لیے انہیں اپنے سارے ارمان پورے کر لینے دیں۔ ان کی تکلیف رسانیوں پر صبر کریں میں خود ان سے نپٹ لوں گا۔ میں خود ان کو ان کے کرتوتوں کا مزا چکھا دوں گا۔

۱۲؎ رُوَیْدًا: اَرْوَدَ سے حرفِ زائد کو حذف کر کے رُوَیْدًا اس کی تصغیر بنائی گئی ہے۔ اس کو تصغیرِ ترخیم کہتے ہیں۔ یہ اَرْوَدَتِ الرِّیحُ رَوْدًا، رَوَدَانًا سے ماخوذ ہے جب ہوا آہستہ آہستہ چلے۔ اور یہ لفظ صیغۂ مصغر ہی استعمال ہوتا ہے۔ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انہیں دھمکی دی جا رہی ہے۔

الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین وعلیٰ آلہ وصحبہ ومن احبہ واتبعہ الیٰ یوم الدین۔

رب اشرح لی صدری ویسر لی امری واحلل عقدۃ من لسانی یفقھوا قولی۔

تعارف

سُورہ الاعلیٰ

نام : اس سُورۂ مُبارکہ کا نام "الاعلیٰ" ہے۔ اس میں ایک رکوع، اُنیس آیتیں، بہتّر کلمات اور دو سو اکہتر حروف ہیں۔
نزول : جمہور علماء کے نزدیک یہ سورت مکّہ مکرمہ میں نازل ہُوئی۔ بعض نے اسے مدنی بھی کہا ہے لیکن علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے اس قول کو تسلیم نہیں کیا۔ اُنھوں نے امام بخاریؒ اور دیگر محدثین سے ایک روایت نقل کی ہے جس کے راوی حضرت براء ابنِ عازبؓ ہیں، وہ فرماتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام میں سب سے پہلے ہجرت کر کے مصعب ابن عمیر رضی اللہ اور ابنِ اُمِّ مکتوم مدینہ تشریف لائے اور وہیں قرآن کریم کی تعلیم دینی شروع کی۔ ان کے بعد عمار، بلال اور سعد رضی اللہ عنہم یہاں پہنچے۔ پھر حضرت عمر ابنِ خطاب رضی اللہ عنہٗ اپنے بیس ساتھیوں کے ساتھ یہاں آئے۔ اِن کے بعد رحمتِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سرزمین یثرب کو اپنے قدوم سے سرفراز کیا۔ میں نے اہلِ مدینہ کو جتنا اُس دن شاداں و فرحاں دیکھا ایسا کبھی نہیں دیکھا۔ یہاں تک کہ چھوٹے بچّے اور بچیاں کہہ رہے تھے: "یہ اللہ کے رسُول ہیں جو ہمارے ہاں تشریف لے آئے ہیں۔" اُس وقت میں نے یہ سُورت پڑھی ہوئی تھی۔ اس سے معلوم ہُوا کہ حضور کے ہجرت کرنے سے پہلے ہی یہ نازل ہو چکی تھی۔
مضامین : اس سورت کا آغاز اس حکم سے ہو رہا ہے کہ اپنے ربِّ اعلیٰ کی تسبیح بیان کرو۔ یعنی وہ ہر نقص، ضعف اور ناتوانی سے پاک ہے۔ اُس کی ذات قُدرت و حکمت کا سرچشمہ ہے۔ آسمان، آفتاب و ماہتاب، فضا کی پہنائیاں، پہاڑوں کی بلندیاں، سمندروں کی بے قراریاں اُسی نے پیدا فرمائی ہیں۔ اِن تمام چھوٹی بڑی چیزوں کی تخلیق بے ہنگم اور بے جوڑ نہیں بلکہ ہر چیز کو اُس نے ایک اندازے اور سلیقہ کے مطابق پیدا فرمایا ہے اور ہر چیز کو اپنے طبعی فرائض انجام دینے کے لیے ظاہری اور باطنی قوتیں اور اُن قوتوں سے کام لینے کے لیے آلات و جوارح بھی مرحمت فرمائے ہیں۔
اُس نے ہر چیز کی جسمانی خوراک کا بھی مُناسب انتظام فرمایا ہے اور اُن کی اخلاقی اور رُوحانی بالیدگی کے لیے یہ صحیفۂ رُشد و ہدایت نازل کیا ہے اور اس کے ہر کلمہ کو آپ کی لوحِ قلب پر یُوں ثبت کر دیا ہے کہ اب اس کے بھُولنے کا امکان تک بھی نہیں۔

اس کے بعد اپنے حبیب کو فرمایا کہ آپ کا کام نصیحت کرنا ہے جس کے دل میں حق پذیری کی صلاحیت ہوگی وہ اسے بصد ذوق و شوق قبول کرے گا، لیکن جو ازلی بدبخت ہے وہ اس سے دُور بھاگے گا۔ اور اس انکار کی اسے جو سزا ملے گی بڑی المناک ہوگی۔

آخری آیات میں سمجھا دیا کہ دارین کی کامیابی کا تاج فقط اس شخص کے سر کی زینت بنتا ہے جو فکری اور عملی گمراہیوں سے اپنا دامن بچاتا ہے اور ذکر الٰہی میں شب و روز مصروف رہتا ہے۔ یہ ایک ابدی حقیقت ہے جسے قرآن کریم میں بھی بیان کر دیا گیا ہے اور اس سے پہلے جو آسمانی صحیفے انبیائے سابقین پر نازل ہوئے اُن میں بھی اس حقیقت کو بیان کر دیا گیا تھا۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۷ - ۴ - ۷۷

سُوْرَةُ الْأَعْلٰى مَكِّيَّةٌ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَهِيَ تِسْعَ عَشْرَةَ اٰيَةً

سورۃ الاعلیٰ مکی ہے ۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ ۔ اس میں انیس آیات ہیں

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى ﴿١﴾ الَّذِي خَلَقَ فَسَوّٰى ﴿٢﴾ وَالَّذِي قَدَّرَ فَهَدٰى ﴿٣﴾ وَالَّذِي أَخْرَجَ الْمَرْعٰى ﴿٤﴾ فَجَعَلَهُ غُثَاءً أَحْوٰى ﴿٥﴾

(اے حبیب!) آپ پاکی بیان کریں[1] اپنے رب کے نام کی جو سب سے برتر ہے[2] جس نے (ہر چیز کو) پیدا کیا[3] پھر (ظاہری و باطنی نقائص سے) درست کیا[4] اور جس نے ہر چیز کا اندازہ مقرر کیا پھر اسے راہ دکھائی[5] اور جس نے زمین سے چارا نکالا[6] پھر اسے بنا دیا کوڑا سیاہی مائل۔

[1] اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ اپنے پروردگار کی پاکی بیان کیا کرو۔ یعنی اپنے دل میں بھی یہ اعتقاد رکھو اور اپنی زبان سے بھی اس کا اعتراف کرو کہ میرا پروردگار ہر عیب اور نقص سے پاک ہے۔ وہ ہر چیز پر قدرت کاملہ رکھتا ہے۔ ہر قسم کے اختیارات کا مالک ہے۔ اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ اس کے لیے ایسا لفظ استعمال نہ کیا جائے جس میں کسی نقص یا عیب کا شائبہ ہو یا اس کی صفات کمال کے منافی ہو۔ نیز اس کا ذکر ناپاک جگہ، ناپاک حالات میں نہ کیا جائے۔ ایسی محفل جہاں غلط قسم کے لوگ ہوں، وہاں اس انداز سے اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کیا جائے کہ وہ مضحکہ اڑانے لگیں۔ اس شخص کے سامنے بھی اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا جائے جو اس کو ادب و شوق سے سننے کے لیے تیار نہ ہو۔

[2] رَبِّكَ فرما کر اللہ تعالیٰ نے اپنی ربوبیت پر دلیل پیش کر دی۔ جس نے یتیم کو ان جاودانی عزتوں سے نوازا ہے جس نے اس اُمّی کو سر نہاں خانہ تقدیر کا محرم بنا دیا ہے جس نے تمام ظاہری اسباب کے فقدان کے باوجود ہر میدان میں اسے فتح و نصرت عطا فرمائی ہے جس نے شب اسریٰ اپنے برگزیدہ بندے کو مکان و لامکان کی سیر کرا دی وہ پروردگار یقیناً ہر عیب سے پاک ہے، بلاشبہ ہر خوبی سے متصف ہے۔

عزت و شان میں، قدرت اور کبریائی میں، علم و حکمت میں وہ سب سے ارفع، سب سے اعلیٰ، سب سے برتر، سب سے بالا ہے۔ سب اس سے نیچے، کمتر اور فروتر ہیں۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضور نے فرمایا اس کو اپنے سجدہ کی تسبیح بنا لو۔

[3] یہاں فعل خَلَقَ (پیدا کیا) کو ذکر کیا لیکن مفعول (مخلوق) مذکور نہیں۔ مقصد یہ ہے کہ ہر چیز کا وہ خالق ہے۔ جسے بھی نعمت وجود سے نوازا گیا ہے اس کو نوازنے والا اور کوئی نہیں، وہی ہے، بس وہی ہے۔

[4] یہ کہہ کر بتا دیا کہ اس کی تخلیق بے ہنگم نہیں جہاں سلیقہ اور نظم کا نام و نشان نہ ہو۔ ہر تخلیق میں نظم و نسق، ترتیب اور یکسانیت کارفرما ہے۔ ہر نوع کے کروڑہا افراد ہیں۔ کسی کی وضع و ترتیب میں آپ کو کوئی فرق نظر نہیں آئے گا۔ کہیں بھی تو آپ نہیں دکھا سکتے کہ کسی بلی کا جسم بڑھ کر شیر جتنا ہو گیا ہو یا بیل کی طرح گھوڑے کے سر پر سینگ نکل آئے ہوں۔

[5] ہر چیز کی تخلیق کا مقصد بھی متعین کر دیا ہے۔ اس کی افادیت کا دائرہ بھی مقرر کر دیا ہے۔ جو فرائض اس نے انجام دینے ہیں اور جس مقصد کے لیے اسے استعمال کیا جانا ہے سب کا پوری طرح اندازہ کر دیا ہے۔ غرضیکہ جملہ کلیات و جزئیات کے تمام احوال و کوائف بڑی تفصیل

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝٦ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا

ہم خود آپ کو پڑھائیں گے پس آپ اسے نہ بھولیں گے ۷ بجز اس کے جو اللہ چاہے ۸ بے شک وہ جانتا ہے ظاہر کو اور جو

سے قبل از وقت طے کر دیے گئے ہیں۔ فقط یہی نہیں بلکہ اپنی ایک اور مہربانی کی طرف متوجہ کیا کہ صرف فرائض کا بار گراں لاد کر کسی چیز کو حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ نہیں دیا گیا بلکہ ان کی بجا آوری کے لیے جن جسمانی اور ذہنی طاقتوں کی ضرورت تھی، جو بیرونی اسباب و وسائل درکار تھے، سب کے سب ہر چیز کی حیثیت اور ضرورت کے مطابق مہیا کر دیے گئے۔ یہ ہدایت کائنات کی ہر چیز کو دی گئی ہے۔ نباتات میں غور فرمائیے اگر گندم کا بیج اس موسم میں کاشت کیا جائے جو اس کی کاشت کے لیے مقرر ہے تو بیج اگتا ہے، بڑھ کر پودا بنتا ہے اور اس کے خوشے کی جیب میں دانوں کے موتی بھر دیے جاتے ہیں اور اگر کسی دوسرے موسم میں کاشت کیا جائے تو وہ اگتا ہی نہیں۔ زمین کتنی زرخیز ہو، اس میں کتنی کیمیاوی کھاد ڈالی گئی ہو، اس میں کتنی بار آبپاشی کی گئی ہو، سب بے سود سب بے اثر۔ اس سے بھی زیادہ اس فطری ہدایت کے جلوے حیوانی زندگی میں نظر آئیں گے۔ اگر آپ ایک بطخ کا انڈا اور ایک مرغی کا انڈا لیں۔ دونوں سے بیک وقت بچے نکلیں۔ اگر آپ ان کے سامنے پانی کا برتن رکھیں تو بطخ کا بچہ فوراً اس میں کود جائے گا اور مرغی کا بچہ دور ہٹ جائے گا۔

حضرت انسان تو ایک طور ہے۔ اس کا ذرہ ذرہ حکمتِ الٰہی کی جلوہ گاہ ہے۔ اس کی حیوانی زندگی کو برقرار رکھنے والے اعضا معدہ، جگر، دل، پھیپھڑے، گردے، جسم کے ان گنت مسام اپنے کام میں جتے ہوئے ہیں اور آپ کو ان کی تگ و دو کی خبر ہی نہیں ہوتی۔ آپ کے ارادے کا بھی اس میں کوئی دخل نہیں۔ انسانی زندگی کے تقاضے پورے کرنے کے لیے آپ کو ظاہری حواس کے ساتھ ساتھ باطنی حواس اور ان سے بھی اعلیٰ چیز دماغ عطا فرمایا اور جہاں یہ قوتیں گھٹنے ٹیک دیتی ہیں اور آپ کی راہنمائی سے قاصر ہو جاتی ہیں یا آپ کو بھٹکانے لگتی ہیں تو اس وقت بارگاہِ الٰہی سے نبی، نورِ نبوت سے سراپا نور بن کر تشریف لاتا ہے اور شکوک و شبہات کے اندھیرے کو کافور کر دیتا ہے۔ اس کی حیات آفرین رہنمائی شیطان کی ساری فریب کاریوں اور عیاریوں کو بے اثر بنا کر رکھ دیتی ہے۔ پھر اس میں بھی ہدایت فرمائی اور ہدایت پذیری کے ان گنت درجات ہیں اور ایک مقام وہ بھی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کا دستِ لطف و توفیق اپنے بندے کا ہاتھ پکڑ لیتا ہے اور اس کو منزلِ مراد پر پہنچا دیتا ہے۔ سبحان من شئون لطفه لا تحصی والوانه کرمه لا تعد۔ سبحان ربی الاعلیٰ۔ سبحان ربی العظیم۔

۶؎ مرعی وہ گھاس چارہ جو مویشیوں کی خوراک کے کام آتا ہے۔ غثاء، یابسا متفتتا، جو سوکھ کر ریزہ ریزہ ہو جاتا ہے۔ احوی: اسود، جس کی سبزی و شادابی رخصت ہو جاتی ہے، جس کی رنگت سیاہ ہو جاتی ہے۔

۷؎ حضرت صدر الافاضل رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو بشارت ہے کہ آپ کو حفظِ قرآن کی نعمت بے محنت عطا ہوگی اور یہ آپ کا معجزہ ہے کہ اتنی بڑی کتابِ عظیم بغیر محنت و مشقت اور بغیر تکرار و دور کے آپ کو حفظ ہو گئی۔ (خزائن العرفان)

۸؎ مفسرین نے فرمایا کہ یہ استثناء واقع نہ ہوا اور اللہ تعالیٰ نے نہ چاہا کہ آپ کچھ بھولیں۔ (خزائن العرفان)

يَخْفٰى ۝٧ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝٨ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝٩

چھپی ہوئی ہے۔ اور ہم سہل بنادیں گے آپ کے لیے اس آسان (شریعت پر عمل) ۹؎ پس آپ نصیحت کرتے رہیے اگر نصیحت فائدہ مند ہو ۱۰؎

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝١٠ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝١١ الَّذِيْ يَصْلَى

سمجھ جائے گا جس کے دل میں خدا کا خوف ہوگا ۱۱؎ اور دور رہے گا اس سے بدبخت۔ جو (بالآخر) بڑی

النَّارَ الْكُبْرٰى ۝١٢ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝١٣ قَدْ اَفْلَحَ

آگ میں داخل ہوگا۔ پھر نہ وہ وہاں مرے گا اور نہ جیے گا۔ بےشک اس نے فلاح پائی

مَنْ تَزَكّٰى ۝١٤ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝١٥ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ

جس نے اپنے آپ کو پاک کیا ۱۲؎ اور اپنے رب کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔ البتہ تم لوگ دنیوی زندگی کو ترجیح

۹؎ حقیقت میں شریعت اسلامیہ کو بتایا ہوا راستہ بڑا آسان راستہ ہے کیونکہ اس کے قوانین فطرت انسانی کے عین مطابق ہیں، اس کی صلاحیتوں کی نشوونما میں بڑے معاون ثابت ہوتے ہیں لیکن بعض لوگ جن کے مزاج بگڑ چکے ہیں انہیں اس راہ پر قدم اٹھانا بڑا دشوار معلوم ہوتا ہے۔ یہی اللہ تعالیٰ کا اپنے بندے پر بڑا احسان ہے کہ وہ اس آسان دین کو قبول کرنا آسان بنادے۔

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہیں کہ ہم نے آپ کے لیے اس پر کاربند ہونا آسان بنا دیا ہے۔ اسی لیے حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا سے جب حضور کے اخلاقِ حسنہ کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے جواب دیا خُلُقُهُ الْقُرْاٰن

۱۰؎ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم دعوتِ حق میں ہر لحظہ مشغول رہتے۔ وہ لوگ جو تعصب اور ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کیا کرتے انہیں بھی حضور بڑے خلوص اور دل سوزی سے تبلیغ فرماتے اور جب وہ انکار کرتے تو حضور کو دکھ ہوتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے حبیب! بےشک لوگوں کو نصیحت کرتے رہیے۔ اگر انہیں اس نصیحت سے کوئی نفع پہنچنے کی امید ہو۔ اور جن کے دل پتھر کی طرح سخت ہیں ان پر خونِ جگر صرف نہ کیجیے۔

۱۱؎ بتادیا کہ جس کے دل میں خدا کا خوف ہے، روزِ جزا کا ڈر ہے، وہ تو ضرور نصیحت قبول کرے گا۔ بلکہ وہ خود ہر وقت اس کوشش میں رہے گا کہ اسے ایسی باتیں بتائی جائیں جن پر عمل کرکے وہ قیامت کے روز سرخرو ہو سکتا ہے۔ لیکن جو ازلی بدبخت ہے، شقاوت جس کا مقدر بن چکی ہے، اسے اگر آپ دعوت دیں گے تو وہ اسے قبول نہ کرے گا اور اسی کو اس عذاب میں جس کا ذکر آگے آرہا ہے مبتلا کیا جائے گا۔

۱۲؎ اوپر کی آیت میں سعید اور شقی کا ذکر ہوا تھا اب اس پر مزید روشنی ڈالی جارہی ہے۔ فرمایا وہ شخص جو اپنے آپ کو شرک و کفر کی

الدُّنْيَا ﴿۱۶﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۷﴾ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ

دیتے ہو دنیا کو حالانکہ آخرت کہیں بہتر ہے اس سے اور باقی رہنے والی ہے۔ یقیناً یہ سب کچھ پہلے صحیفوں میں لکھا

آلودگیوں سے بھی پاک کر لیا ہے اپنے دامن عمل کو فسق و فجور، نافرمانی و سرکشی سے بھی آلودہ نہیں ہونے دیتا، جو اپنے رب کی یاد میں ہر وقت مشغول رہتا ہے اور نماز پنجگانہ میں بھی سستی نہیں کرتا، اسی کے سر پر دارین کی کامیابی کا تاج سجایا جائے گا۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں کہ فصلی کا ایک معنی دعا بھی کیا گیا ہے یعنی جو شخص دعا مانگنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرتا ہے۔ آپ نے دعا کے آداب کے سلسلہ میں چند حدیثیں بھی لکھی ہیں جن میں سے دو آپ بھی ملاحظہ فرمائیں:

① حضرت فضالہ کہتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک روز تشریف فرما تھے۔ ایک آدمی آیا۔ اس نے نماز ادا کی، دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور کہا، اللّٰھم اغفرلی وارحمنی۔ اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا عجلت ایھا المصلی۔ اے نمازی! تو نے بڑی عجلت سے کام لیا ہے۔ اذا صلیت فقعدت فاحمد اللہ بما ھو اھلہ، وصل علی ثم ادعہ۔ کہ جب تو نماز پڑھ کر بیٹھے تو اللہ تعالیٰ کی حمد کر جس طرح اس کی شان کے لائق ہے۔ پھر مجھ پر درود پڑھ، پھر دعا مانگ۔ اس کے بعد ایک اور شخص آیا۔ اس نے نماز پڑھی، نماز کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد کی، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھا۔ حضور نے فرمایا۔ ایھا المصلی ادع تجب۔ (رواہ الترمذی) اے نمازی! اب دعا مانگ تیری دعا قبول کی جائے گی۔

② حضرت عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما تھے اور حضور کی خدمت میں حضرت ابوبکر و عمر بھی حاضر تھے۔ جب میں نماز پڑھ چکا تو میں نے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی، پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھا۔ پھر اپنے لیے دعا مانگی، حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سَلْ تُعْطَهْ سَلْ تُعْطَهْ۔ (رواہ الترمذی) مانگ! اب تجھے دیا جائے گا۔ مانگ! اب تجھے دیا جائے گا۔

③ حضرت یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ ان آیات کی تفسیر کے بعد لکھتے ہیں: بخاطر این فقیر می آید واللہ تعالیٰ اعلم کہ دریں آیت اشارت است بمنازل سلوک۔ اوّل توبہ است و تزکیۂ نفس است بازالۂ صفات مذمومہ و اکتساب صفات حمیدہ۔ دوم: مداومت بر ذکر لسانی و قلبی و روحی و سری پس رسیدن بمشاہدات۔ قد افلح من تزکّٰی اشارت باولست وذکر اسم ربہ اشارت بدوم فصلّٰی اشارت بسوم چوں صلوٰۃ معراج مومن است۔ وقرۃ عینی فی الصلوٰۃ اشارت بدیں ست۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ترجمہ: اس فقیر کے دل میں یہ بات آتی ہے اور اللہ تعالیٰ بہتر جاننے والا ہے کہ ان آیات میں منازل سلوک کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ پہلی منزل توبہ اور تزکیہ کی ہے کہ انسان صفات قبیحہ سے توبہ کرے اور ان سے اپنے آپ کو پاک کرے اور صفات حمیدہ کو اختیار کرے۔ دوسری منزل یہ ہے کہ زبانی، قلبی، روحی اور سری ذکر پر مداومت کرے اس کے بعد انوار الٰہی کے مشاہدہ کی منزل آتی ہے۔ قد افلح من تزکّٰی سے پہلی، ذکر اسم ربہ سے دوسری اور فصلّٰی سے تیسری منزل کی طرف اشارہ ہے۔ کیونکہ نماز کو مومن کی معراج فرمایا گیا ہے اور حضور کا ارشاد گرامی ہے کہ میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَ مُوْسٰى ﴿۱۹﴾

ع ۱۹ / ۱

ہوا ہے۔ (یعنی) ابراہیم اور موسیٰ (علیہما السلام) کے صحیفوں میں۔

۳؎ عقلمندی کا تقاضا تو یہ تھا کہ تم تزکیہ نفس کی طرف متوجہ ہوتے، ذکر الٰہی میں مشغول رہتے اور نماز ادا کرتے رہتے لیکن تم اخروی زندگی پر دنیوی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔ ہر وقت تم اسی کوشش میں لگے رہتے ہو کہ یہ چند دن تم آرام و فارغ البالی سے بسر کرو۔ یوم آخرت کے بارے میں تم نے سوچنے کی زحمت ہی کبھی گوارا نہیں کی۔ حالانکہ آخرت کی راحتیں اور مسرتیں کہیں زیادہ بہتر ہیں اور ہمیشہ باقی رہنے والی ہیں۔

○

اللھم وفقنا ان ناثر الحیوة الاخرة علی الحیوة الدنیا ونقتفی آثار من تزکّٰی وذکر اسمك وصلی وافلح فی الدنیا والاخرة۔ اللھم صل وسلم وبارك علی عبدك المصطفٰی ورسولك المرتضٰی ونبیك المجتبٰی سیدنا ومولٰنا وحبیبنا محمد بدر الدجٰی شمس الضحٰی وعلٰی آلہ مصابیح الھدٰی واصحابه نجوم الرشد لمن اقتدٰی بهم من له صلوات افضلها ومن التسلیمات اطیبها ومن البرکات ازکٰها ومن التحیات اسنٰها۔ رب اغفرلی ولوالدی وللمومنین یوم یقوم الحساب۔

○

تعارف

سُورۃ الغاشیہ

نام : اس سورت کا نام "الغاشیہ" ہے۔ اس میں ایک رکوع، چھبیس آیتیں، بانوے کلمات اور ۳۸۱ حروف ہیں۔

نزول : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

مضامین : رسالت کے مکی دور میں سارا زور تین باتوں کو ذہن نشین کرانے پر دیا گیا۔

توحید ۔ رسالت ۔ آخرت۔

یہاں قیامت کا ذکر بڑے اچھوتے انداز سے ایک سوال کی صورت میں کیا جا رہا ہے۔ اے مخاطب! کیا تو نے ایک ایسی چیز کے بارے میں کچھ سنا ہے جو ساری کائنات پر چھا جائے گی، بلندیوں اور پستیوں میں کوئی چیز اس سے بچ نہ سکے گی۔ یہی روزِ قیامت ہے۔ اس روز بنی نوع انسان کو فقط دو گروہوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ ایک گروہ ان بدنصیبوں کا ہوگا جنہوں نے اللہ کے رسولوں کی دعوت کو مسترد کر دیا تھا۔ اس روز ان کی جو درگت بنے گی اس کا ایسا موثر ذکر کیا گیا ہے کہ اسے پڑھ کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ دوسرا وہ گروہ جس نے اپنے رسولوں کی دعوت کو صمیم قلب سے قبول کیا۔ بڑی مضبوطی سے ان کے دامن کو تھام لیا۔ ہجومِ مصائب میں بھی ان کے پاؤں نہ ڈگمگائے۔ اس روز ان کی جس طرح عزت افزائی کی جائیگی اس کا روح پرور نقشہ کھینچ دیا۔

اس تذکرہ کے بعد اب اہلِ عرب کو دعوت دی جا رہی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کے علم و حکمت پر اب بھی وہ ایمان نہیں لائے تو ذرا ان چار چیزوں کی تخلیق پر غور کریں جن کا مشاہدہ سفر و حضر میں وہ ہر وقت کرتے رہتے ہیں۔ ذرا اونٹ کی طرف دیکھو جو بے آب و گیاہ میدانوں اور لق و دق وسیع ریگستانوں کو عبور کرتا ہے۔ اس کے باوجود نہ وہ طول سفر سے تھکتا ہے اور نہ پیاس کی شدت اسے درماندہ کرتی ہے۔ تمہیں اور تمہارے بوجھ کو اٹھائے ہوئے مستانہ وار وہ منزل کی طرف بڑھا چلا جاتا ہے۔ کیا اس کی ساخت، اس کی قوتِ برداشت، بھوک اور پیاس کے باوجود اس کی بے پناہ توانائی اس بات کی گواہی نہیں دے رہی کہ جس نے اس کو پیدا کیا ہے اس کی قدرت اور اس کی حکمت بے عدیل اور بے نظیر ہے۔

ذرا سر اوپر اٹھاؤ اور جزیرۂ عرب کے اس نیلگوں آسمان پر نظر ڈالو، اس کی وسعت، اس کی بلندی، اس کی دل موہ لینے والی رنگت، پھر دن کے وقت اس میں چمکتا دمکتا سورج اور رات کے وقت ستاروں کی ان گنت آویزاں قندیلیں دیکھ کر تمہیں یقین نہیں آتا کہ یہ ایسے خالق کی تخلیق ہے جس کی قدرت اور حکمت لاجواب ہے۔ یہ سلسلۂ کوہ جو تمہیں ہر طرف

پھیلا ہُوا نظر آتا ہے اس کے پتھر اور اس کی چٹانیں اس کی اُونچی چوٹیاں اور پست وادیاں اپنی آفرینش میں جو افادیت رکھتی ہیں کیا تم اس کا انکار کر سکتے ہو؟ یہ فرشِ زمین جو حدِّ نگاہ تک پھیلا ہُوا ہے۔ جو اپنی تہوں میں تمہارے لیے بے شمار خزانے سمیٹے ہُوئے ہے کیا تمہیں غور و فکر کی دعوت نہیں دے رہے۔

آخر میں اپنے حبیبِ مکرّم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتا دیا کہ آپ کا کام فقط ان کو نصیحت کرنا ہے۔ یہ فریضۂ نبوت آپ بڑی دلسوزی اور حسن و خوبی سے انجام دے رہے ہیں۔ اگر وہ ایمان نہیں لاتے تو آپ اس پر دلگیر کیوں ہوں اللہ تعالیٰ ان نابکاروں سے خود نمٹ لے گا۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۸-۴-۷۷

سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هِيَ سِتٌّ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً

سورۃ الغاشیہ مکی ہے۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس میں چھبیس آیات ہیں۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ۝۱ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۝۲ عَامِلَةٌ

کیا پہنچی ہے آپ کو چھا جانے والی آفت کی خبر [1] کتنے ہی چہرے اس دن ذلیل و خوار ہوں گے [2] مشقت میں

نَّاصِبَةٌ ۝۳ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝۴ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝۵ لَيْسَ

مبتلا تھکے ماندے۔ داخل ہوں گے دہکتی ہوئی آگ میں۔ انہیں پلایا جائے گا کھولتے ہوئے چشمہ سے [3] انہیں

[1] غاشیہ کا معنی ہے چھا جانے والی۔ اس سے مراد قیامت ہے۔ کیونکہ بلندیوں اور پستیوں میں کوئی چیز ایسی نہ رہے گی جس پر قیامت کی ہلاکت آفرینیوں کا اثر ظاہر نہ ہو گا۔ ساری مخلوقات لرزہ براندام ہوگی۔ قطرب نے کہا ہے کہ یہاں هَلْ استفہامیہ نہیں بلکہ بمعنی قَدْ ہے یعنی آپ کے پاس اس کی خبر یقیناً آ چکی ہے۔

[2] قیامت کے روز قومیت، وطن یا زبان کی بنیاد پر جتنی گروہ بندیاں ہوں گی سب ختم ہو جائیں گی۔ ساری اولاد آدم دو حصوں میں بانٹ دی جائے گی۔ ایک وہ جنہوں نے دنیوی زندگی انکار، ناشکری اور بغاوت میں برباد کی ہوگی۔ دوسرے وہ جو اطاعت و بندگی کو اپنا شعار بنائے رہے ہوں گے۔ پہلی قسم کے لوگوں کی اس روز یہ حالت ہو گی کہ چہروں پر ذلت و رسوائی برس رہی ہو گی۔ عاملة: دوزخ میں بڑی مشقت جھیل رہے ہوں گے۔ وزنی طوق ان کے گلے میں پڑے ہوں گے۔ ستر ستر گز لمبی آہنی زنجیروں میں جکڑے ہوں گے۔ آگ کی تپش الگ ہوگی۔ ناصبة: تھکے ماندے۔ انسان تھوڑی دیر ایسی مشقتوں میں مبتلا ہو تو وہ تھک جاتا ہے۔ یہاں تو مشقتیں بھی جان لیوا ہوں گی اور پھر یہ سلسلہ کبھی ختم نہ ہو گا۔ اس وقت انسان کی درماندگی اور تھکاوٹ کی جو کیفیت ہوگی اسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔

عاملة ناصبة: کا ایک اور مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے۔ یعنی اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو اسلام کو تو قبول نہیں کرتے ویسے ریاضات و مجاہدات میں دن رات مشغول رہتے ہیں۔ راہب اور جوگی قسم کے لوگ ایسی ایسی ریاضتیں کرتے ہیں کہ سن کر حیرت ہوتی ہے۔ کیونکہ ان کا عقیدہ غلط ہے اور اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ دین کو انہوں نے قبول نہیں کیا اس لیے ان کی یہ ساری محنتیں، شب بیداریاں رائیگاں جائیں گی۔ اسی طرح جو لوگ مختلف علوم و فنون میں کمال حاصل کرنے کے لیے رات دن محنت شاقہ کرتے رہتے ہیں۔ بڑے بڑے سائنس دان اور انجنیئر جو ساری ساری رات بلکہ مسلسل کئی کئی مہینے دماغی کاوش کرتے رہتے ہیں، ایمان کے بغیر ان کی یہ ساری جانکاہیاں ان کے کسی کام نہ آئیں گی۔

[3] اٰنِيَةٍ: کی تشریح کرتے ہوئے علامہ ابن منظور لکھتے ہیں اٰنَی الحمیم، ای انتھیٰ حرّہ۔ وفی التنزیل تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ای متناهية فی شدۃ الحر۔ لسان یعنی حرارت کا انتہائی شدت اختیار کر لینا۔ یہ کفار زنجیروں میں جکڑے ہوں گے۔ آگ میں بھن رہے ہوں گے۔ پیاس کی شدت ہو گی اور پینے کو ملے گا ایسے چشمے کا پانی جو ابل رہا ہو گا۔ کھول رہا ہو گا۔

لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِنْ ضَرِيعٍ ﴿٦﴾ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِي مِنْ جُوعٍ ﴿٧﴾

کوئی کھانا نہ ملے گا بجز خاردار جھاڑ کے ؎ جو نہ فربہ کرے گا اور نہ بھوک دُور کرے گا ؎

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ﴿٨﴾ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ﴿٩﴾ فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿١٠﴾

کتنے ہی چہرے اس دن بارونق ہوں گے ؎ اپنی کاوشوں پر خوش ہوں گے عالی شان جنت میں۔

لَّا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً ﴿١١﴾ فِيهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ﴿١٢﴾ فِيهَا سُرُرٌ

نہ سنیں گے وہاں کوئی لغو بات - اس میں چشمہ جاری ہو گا - اس میں اونچے اونچے تخت

مَّرْفُوعَةٌ ﴿١٣﴾ وَأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ ﴿١٤﴾ وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ ﴿١٥﴾ وَزَرَابِيُّ

بچھے ہوں گے اور ساغر قرینے سے رکھے ہوں گے اور گاؤ تکیے قطار در قطار لگے ہوں گے اور قیمتی قالین

؎ اور جب بھوک ستائے گی تو کھانے کے لیے خاردار جھاڑ ملے گا۔ قال عکرمہ ومجاھد الضریع نبت ذو شوک لاصق بالارض تسمیہ قریش شبرق اذا کان رطبا فاذا یبس فھو الضریع۔ (قرطبی) یعنی عکرمہ اور مجاہد کہتے ہیں کہ ضریع ایک کانٹوں والی بوٹی ہے جو زمین سے چمٹی رہتی ہے۔ جب وہ ہری ہو تو قریش اسے شبرق کہتے ہیں اور جب سوکھ جائے تو اسے ضریع کہا جاتا ہے۔

؎ ضریع کا لفظ ہی کافر کی خوراک کی حقیقت بیان کرنے کے لیے کافی ہے۔ مزید یہ بتا کر کہ اس کے کھانے سے نہ جلا پتلا جسم فربہ ہو گا اور نہ بھوک کی شدت میں کمی آئے گی، مزید اس کی ناپسندیدگی کے بارے میں بتلا دیا۔

؎ ان آیات میں اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں کی حالت کو بیان کیا جا رہا ہے۔

نَاعِمَةٌ: تروتازہ، جن پر نعمت وراحت کے آثار نمایاں ہوں گے۔ لِسَعْيِهَا: جو کوشش وہ زندگی بھر کرتے رہے ہوں گے ان کی جگر سوزیوں، عرق ریزیوں اور جدوجہد کے عوض جو انعامات انہیں ملیں گے انہیں دیکھ کر ان کی خوشی کی کوئی حد نہ رہے گی۔ فردوس بریں میں یہ اقامت گزیں ہوں گے۔ کوئی ایسی بات یہ نہ سنیں گے جو انہیں ناگوار ہو۔ ٹھنڈے اور میٹھے پانی کے چشمے ہر طرف بہہ رہے ہوں گے۔ جگہ جگہ ان کے لیے اونچے اونچے پلنگ بچھے ہوں گے۔ بڑے قرینے سے ساغر اور بلوریں جام رکھے ہوں گے۔ نمارق جمع ہے اس کا واحد نمرقہ ہے۔ چھوٹے چھوٹے تکیے اور وہ گدیلے جو کجاوے کے اوپر ڈالے جاتے ہیں ان کو بھی نمارق کہتے ہیں۔ زرابی، اس کا واحد زربیۃ، قالین، چاندنی جو فرش پر بچھائی جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے ان مہمانوں کی جنت میں جو خاطر مدارات ہوگی ان کے آرام و آسائش کے جو سامان مہیا کیے جائیں گے انہیں جو شرف پذیرائی بخشا جائے گا ان کا اشارۃً تذکرہ آپ نے سنا۔ جو لوگ ان وعدوں کی سچائی پر ایمان رکھتے ہیں انہیں سب کچھ چھوڑ کر جان دے کر بھی اللہ تعالیٰ کو

مَبْثُوْثَةٌ ﴿۱۶﴾ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿۱۷﴾ وَاِلَى السَّمَآءِ

بچھے ہوں گے۔ کیا یہ لوگ (غور سے) اونٹ کو نہیں دیکھتے کہ اسے کیسے عجیب طرح پیدا کیا گیا ہے ۷ اور آسمان کی طرف نہیں

كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿۱۸﴾ وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿۱۹﴾ وَاِلَى الْاَرْضِ

دیکھتے کہ اسے کیسے بلند کیا گیا ہے ۸ اور پہاڑوں کی طرف کہ انہیں کیسے نصب کیا گیا ہے اور زمین کی طرف

كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿۲۰﴾ فَذَكِّرْ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿۲۱﴾ لَسْتَ عَلَيْهِمْ

کہ اسے کیسے بچھایا گیا ہے۔ پس آپ انہیں سمجھاتے رہا کریں، آپ کا کام تو سمجھانا ہی ہے ۹ آپ ان کو جبر سے منوانے والے

راضی کرنا پڑے تو انہیں کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

۷ کفار کو پھر اپنی قدرت کے شواہد میں غور کرنے کی دعوت دی جا رہی ہے۔ سب سے پہلے اونٹ کی طرف ان کی توجہ مبذول کی کیونکہ یہ جانور عرب میں بکثرت پایا جاتا ہے اس کی خوبیوں اور خصلتوں سے یہ لوگ پوری طرح آگاہ تھے اس لیے انہیں اس کی تخلیق میں جو عجوبے ہیں ان میں غور کرنے کی دعوت دی گئی۔

یہ اتنا بڑا جانور ہے لیکن ایک چھوٹا سا بچہ اس کی نکیل پکڑ لے تو یہ بے چون وچرا اس کے ہر حکم کی تعمیل کرتا ہے۔ وہ بیٹھنے کو کہے تو بیٹھ جاتا ہے اٹھنے کا اشارہ کرے تو اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ بوجھ لادے تو اٹھا لیتا ہے۔ کیونکہ اسے وسیع ریگستانوں کو عبور کرنا پڑتا ہے جہاں پانی کی شدید قلت ہے اس لیے اس کے خالق نے اسے ایسا پیدا کیا ہے کہ دوسرے جانوروں کی طرح اسے بار بار پیاس نہیں لگتی۔ یہ لگاتار دس دن تک پانی پئے بغیر سفر کر سکتا ہے۔ وہ جھڑی بوٹیاں جو دوسرے جانور نہیں کھاتے انہیں کھا کر یہ اپنا پیٹ بھر لیتا ہے۔ مزید برآں سارے جانوروں کی تمام خوبیاں اس میں پائی جاتی ہیں۔ بعض جانور دودھ دیتے ہیں۔ بعض بوجھ اٹھاتے ہیں، کوئی سواری کے کام آتے ہیں۔ کسی کا گوشت کھایا جاتا ہے۔ اونٹ ایسا جانور ہے جو دودھ بھی دیتا ہے بوجھ بھی اٹھاتا ہے سواری کے کام بھی آتا ہے اور ذبح کر کے اس کا گوشت بھی کھایا جاتا ہے۔ اس کی ایک اور خصوصیت بھی ہے کہ سواری کے دوسرے جانوروں پر جب کوئی سوار ہوتا ہے تو وہ بیٹھتے نہیں بلکہ کھڑے رہتے ہیں اور یہ سواری کے وقت بیٹھ جاتا ہے۔ اس کی گردن لمبی اس کے پاؤں میں نرم گدیلے اس کے سینہ کے نیچے ایک گدی سی بنی ہوئی ہے۔ الغرض اس کی ہر چیز میں آپ غور کریں گے آپ کو اپنے رب کی حکمتوں کے ان گنت جلوے نظر آئیں گے۔

۸ پھر آسمان کی بلندیوں، پہاڑوں کے جم کر کھڑا ہونے اور فرش زمین کے بچھائے جانے پر غور کرنے کی دعوت دی جا رہی ہے۔

۹ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہیں کہ آپ کا کام ان کو نصیحت کرنا ہے۔ ان کو خواب غفلت سے جگانا ہے۔ آپ اپنا فریضہ ادا کرتے رہیے۔ اس کے باوجود اگر یہ ہدایت قبول نہ کریں تو آپ فکر مند کیوں ہوں۔ ہم نے آپ کو ان کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا کہ اگر یہ ایمان نہ لائیں تو آپ سے باز پرس ہو۔ صحاح اور لسان العرب میں مصیطر کا یہی معنی کیا گیا ہے۔ المصیطر: المسیطر:

بِمُصَيْطِرٍ ﴿٢٢﴾ إِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ﴿٢٣﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ

تو نہیں ہیں۔ مگر جس نے روگردانی کی اور کفر کیا تو اللہ اسے سخت عذاب

الْأَكْبَرَ ﴿٢٤﴾ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿٢٦﴾

دے گا ۲ بے شک انہیں (آخر) ہمارے پاس ہی لوٹ کر آنا ہے پھر یقیناً ہمارے ہی ذمہ ان کا حساب لینا ہے۔

المسلّط على الشيء ليشرف عليه ويتعهد احواله ويكتب عمله۔ یعنی وہ شخص جس کو کسی پر مسلط کر دیا جائے تاکہ وہ اس کی نگرانی کرے اس کے احوال کی خبر رکھے اور اس کے اعمال کو لکھتا رہے اسے مُصَیْطِر کہتے ہیں۔

۲ جو بدبخت آپ کی طرف سے منہ پھیرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو سخت سزا دے گا۔

○

اللھم انک عفو تحب العفو فاعف عنا یا اکرم المسئولین یا ارحم الراحمین واحشرنا فی عبادک المقربین وصل وسلم وبارک علی محب الفقراء والمساکین قائد الغر المحجلین وعلی آلہ واصحابہ وسائر امتہ الی یوم الدین۔

تعارف

سُورۃُ الفجر

نام : اس سورت کا نام "الفجر" ہے۔ اس میں ایک رکوع، اُنتیس یا تیس آیتیں، ایک سو انتالیس کلمے اور پانچ سو ستانوے حروف ہیں۔

نزول : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اور اس کے مضامین پر غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا نزول اس وقت ہوا جب کفار نے مسلمانوں پر بے دریغ مشقِ ستم شروع کر دی تھی۔ وہ انہیں جبراً پھر کفر کی طرف لوٹنے پر مجبور کر رہے تھے مسلمانوں کی حوصلہ افزائی کے لیے اس سورت کا نزول ہوا۔

مضامین : ابتدا میں کفار نے اسلام کی دلوں کو مسخر کر لینے والی قوت کا صحیح اندازہ نہ لگایا تھا۔ وہ سمجھتے تھے کہ یہ آواز لوگوں کے عقائد کی پختگی سے ٹکرا ٹکرا کر خود ہی اپنا سر پھوڑ لے گی اور معاملہ ختم ہو جائے گا لیکن جب اس دعوت کے داعی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کی تابانیاں تعصب و ہٹ دھرمی کی سنگین فصیلوں میں شگاف پیدا کرنے لگیں اور کفر و شرک کے بڑے بڑے ستون گرنے لگے تو اہلِ مکہ نے مزید رواداری اور چشم پوشی کا رویہ ترک کر دیا اور لنگوٹے کس کر اسلام کے سیلِ رواں کو روکنے کے لیے میدان میں نکل آئے اور ہر ایسے شخص پر ظلم و ستم کی حد کر دیتے جو اسلام قبول کر لیتا۔

اللہ تعالیٰ اپنے سرفروش اور جانثار بندوں کی حوصلہ افزائی فرما رہا ہے اور انہیں بتا رہا ہے کہ کفار کی یہ سنگدلانہ حرکات نرالی نہیں۔ آج سے پہلے بھی ایسا ہوتا آیا ہے۔ بڑے بڑے جابر اور طاقتور قبائل نے اور سنگدل حکمرانوں نے اپنے تمام وسائل کو بروئے کار لا کر اہلِ حق کو حرفِ غلط کی طرح مٹانے کی کوششیں کیں، لیکن عذابِ خداوندی نے اُن کو نیست و نابود کر دیا۔ اگر مکہ کے ان رئیسوں نے اپنی یہ ظالمانہ روش نہ چھوڑی تو ان کا انجام بھی ایسا ہی المناک ہوگا۔ اللہ تعالیٰ سب لوگوں کے ہر قسم کے اعمال کو بڑے غور سے دیکھ رہا ہے اور مناسب وقت پر اُن کو عبرتناک سزا دی جائے گی۔

یہاں ایک نظریہ کا بطلان کر دیا جس میں اکثر خدا فراموش قومیں اور افراد پہلے بھی مبتلا تھے اور اب بھی مبتلا ہیں۔ اُن کا یہ خیال ہے کہ اگر انسان خوش حال اور باوقار زندگی بسر کر رہا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کا منظورِ نظر ہے۔ وہ جو کچھ کر رہا ہے اُس کو خدا کی پسندیدگی کی سند حاصل ہے۔ کسی کو اس پر اعتراض کرنے کا حق نہیں اور جو شخص کسمپرسی اور افلاس کی زندگی گزار رہا ہے وہ خدا کی نظروں میں گرا ہوا ہے۔ اس کی کوئی قدر و منزلت نہیں۔ بتا دیا کہ یہ نظریہ سراسر باطل ہے۔ مال کی فراوانی اور مال کی قلت الٰہی آزمائش کے دو رُخ ہیں۔ وہ اپنے بندوں کو قارون کی دولت اور فرعون کا جاہ و جلال دے کر

آزماتا ہے اور کبھی فقر وفاقہ کی سختیوں سے دوچار کر کے ان کو پرکھتا ہے جس نے اس کی نعمتوں پر شکر ادا کیا، اور مصائب میں صبر کا دامن نہ چھوڑا وہ دربارِ خداوندی میں سُرخرو اور کامیاب ہے۔ اے اپنی ثروت کی کثرت اور اپنی ریاست وامارت پر فخر کرنے والے! کبھی تُو نے اپنے اعمال کی طرف دیکھنے کی زحمت گوارا کی ہے۔ نہ یتیم کا احترام، نہ غریب سے ہمدردی، مال ودولت سمیٹنے کے بغیر اور کوئی مقصد ہی پیشِ نظر نہیں۔ جائز وناجائز ذرائع میں بھی امتیاز روا نہیں رکھتے ہو۔ یاد رکھو! قیامت کا دن آنے والا ہے اس وقت تمہاری چشم ہوش کھلے گی لیکن بے سُود۔ البتہ وہ پاک نہاد قُدسی صفات لوگ جو ذکرِ الٰہی سے اپنے قلب کی تسکین کا اہتمام کرتے رہے، جب وہ اس دارِ فانی سے رخصت ہوں گے تو انہیں رضائے الٰہی کے مژدہ سے خورسند کیا جائے گا۔ اللّٰھم اجعلنا منھم۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۹-۴-۷۷

سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

سورۃ الفجر مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ | اس میں تیس آیات ہیں

وَالْفَجْرِ ﴿١﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿٢﴾ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴿٣﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ﴿٤﴾

قسم ہے اس صبح کی اور ان (مقدس) دس راتوں کی اور قسم ہے جفت اور طاق (راتوں) کی ۱؎ اور رات کی جب گزرنے لگے ۲؎

۱؎ دعوتِ اسلام سے مکہ کے مشرکانہ ماحول میں ایک ہلچل پیدا ہو گئی۔ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعوت اس وقت دو چیزوں تک محدود تھی۔ اللہ تعالیٰ کی توحید اور روزِ جزا پر ایمان۔ وہ لوگ وقوعِ قیامت پر طرح طرح کے اعتراضات کیا کرتے اور اسے محال اور خلافِ عقل گمان کرتے۔ ان کے شکوک کے ازالہ کے لیے دیگر متعدد مقامات کی طرح اس سورت کا آغاز بھی پانچ قسمیں کھا کر فرمایا جا رہا ہے ایسی پانچ چیزوں کی قسمیں کھائی ہیں کہ انسان اگر ان میں غور و تدبر کرے تو قیامت کے بارے میں اس کے تمام شکوک و شبہات دور ہو جائیں گے۔ اس کا وقوع ممکن بلکہ عین حکمت معلوم ہونے لگے گا۔

فرمایا قسم ہے فجر کی۔ اس فجر کے بارے میں متعدد اقوال ہیں کہ کونسی فجر مراد ہے لیکن اولیٰ یہی ہے کہ اسے کسی فجر سے مخصوص نہ کیا جائے بلکہ ہر صبح مراد ہو جو طلوع ہوتی ہے تو رات کی تاریکی چھٹ جاتی ہے۔ ہر طرف روشنی پھیل جاتی ہے، پرند، چرند، انسان جو آرام و سکون سے اپنی اپنی قیام گاہوں میں رات بسر کر رہے ہوتے ہیں اب اپنے اپنے معمولات اور فرائض کو انجام دینے میں مصروف ہو جاتے ہیں۔

پھر فرمایا قسم ہے دس راتوں کی جو بڑی شان والی ہیں۔ تنکیر تفخیم شان کے لیے ہے۔ اس سے مراد کون سی راتیں ہیں۔ ذی الحجہ کی پہلی دس راتیں، رمضان کی آخری دس راتیں، محرم کی پہلی دس راتیں علماء سے تینوں قول منقول ہیں۔

اس کے بعد فرمایا قسم ہے شفع (جفت) کی اور وتر (طاق) کی۔ اس کے مصداق کے بارے میں متعدد اقوال ہیں۔ مجھے ان میں سے یہ قول پسند ہے شفع سے مراد مخلوق اور وتر سے مراد خالق۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عطیہ، مجاہد اور دیگر جلیل القدر علمائے تفسیر نے اسی کو ترجیح دی ہے اور اس کی تشریح یوں کی ہے۔ ساری مخلوق دو دو ہے کفر و ایمان، ہدایت و ضلالت، سعادت و شقاوت، لیل و نہار، زمین و آسمان، بحر و بر، شمس و قمر، جن و انس، مذکر و مونث، زندگی اور موت، عزت و ذلت، علم و جہالت وغیرہ وغیرہ۔ لیکن اللہ تعالیٰ اپنی تمام شانوں اور صفات میں یکتا ہے اور طاق ہے۔ وہاں زندگی ہے موت نہیں، عزت ہے ذلت نہیں، علم ہے جہالت نہیں، قوت ہے ضعف نہیں۔ اس کی ذات بھی یکتا، اس کی تمام صفات بھی یکتا۔

بعض نے شفع سے مراد وہ نمازیں لی ہیں جن کی رکعتیں دو یا چار ہوں اور وتر سے وہ نمازیں جن کی رکعتیں تین ہیں جیسے نمازِ مغرب اور وتر۔

۲؎ یعنی اذا سار و ذھب، یعنی جب رات رخصت ہونے لگتی ہے اور صبح کے طلوع کا وقت قریب آ جاتا ہے۔

ان تمام قسموں کا جواب لَتُبْعَثُنَّ محذوف ہے یعنی تمہیں ضرور زندہ کر کے اٹھایا جائے گا۔ یہ ساری چیزیں جس نظم و نسق اور باقاعدگی کے ساتھ رونما ہوتی رہتی ہیں وہ اس بات کی شہادت دے رہی ہیں کہ یہ اندھی بہری فطرت کی کارستانی نہیں بلکہ ایک قادر، حکیم اور علیم ذات کا ارادہ ان

هَلْ فِي ذَٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِي حِجْرٍ ﴿٥﴾ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ﴿٦﴾

یقیناً اس میں قسم ہے عقلمند کے لیے ۳ کیا آپ نے ملاحظہ نہ کیا کہ آپ کے رب نے کیا کیا عاد ۴

إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ﴿٧﴾ الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ﴿٨﴾ وَثَمُودَ

ارم کے ساتھ جو اونچے ستونوں والے تھے ۵ نہیں پیدا کیا گیا جن کا مثل دنیا کے ملکوں میں ۶ اور ثمود کے ساتھ (کیا کیا)

کو معرضِ وجود میں لارہا ہے۔ جس کی قدرت کا یہ عالم ہو اس کے لیے انسان کو دوبارہ پیدا کرنا قطعاً مشکل نہیں۔ جب اللہ تعالیٰ کا ہر فعل حکیمانہ ہے تو وہ حضرتِ انسان کو اتنی قوتوں سے بہرہ ور کرنے کے بعد اس کو یوں ہی چھوڑ نہیں دیتا کہ وہ ان سے پوچھے ہی نہیں کہ انہوں نے خدا کی دی ہوئی قوتوں اور نعمتوں کو کس طرح استعمال کیا ہے۔ یہ بات بھی اس کی حکمت کے سراسر منافی ہے کہ جن لوگوں نے اس کی دی ہوئی قوتوں کو صحیح استعمال کیا ان سے اس کی مخلوق کو فائدہ پہنچایا، نیکی اور اخلاقِ حسنہ کی آبیاری کی ان کو تو کوئی اجر نہ ملے اور جنہوں نے ان نعمتوں پر ناشکری کی اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی تباہی و بربادی کے لیے انہیں استعمال کیا اور فسق و فجور کی داغ بیل ڈالی ان کو ان کے کرتوتوں کی کوئی سزا نہ دی جائے۔

۳ فرمایا جو لوگ عقل و خرد سے بہرہ ور ہیں اتنی ساری قسموں کے بعد انہیں روزِ جزا کا یقین آجائے گا اور اس کے بعد انہیں مزید کسی قسم کی ضرورت نہیں رہے گی اور جو لوگ عقل ہی سے محروم ہیں ان کے سامنے جتنی بھی قسمیں کھائی جائیں وہ ان سے کوئی ہدایت قبول نہیں کریں گے۔ عقل کو حِجر اس لیے کہتے ہیں کہ وہ غلط کاموں سے روکتی ہے۔ غلط راستہ پر کوئی چلنے لگے تو اس کی راہ میں رکاوٹ بن کر کھڑی ہو جاتی ہے۔

۴ اہلِ مکہ دعوتِ حق کو بڑی بے نیازی سے پسِ پشت ڈال رہے تھے۔ چند قوموں کی داستان بطورِ عبرت سنائی جا رہی ہے۔ جو قوت و شوکت میں اپنے اپنے زمانہ میں اپنا جواب نہیں رکھتی تھیں، لیکن اخلاقی بیماریاں ان کو گھن کی طرح کھا گئیں۔ اپنے جرائم اور اعمالِ بد کے بوجھ تلے دب کر وہ فنا ہو گئیں۔ اہلِ مکہ اور دیگر عرب قبائل ان قوموں سے اچھی طرح روشناس تھے۔

تاریخ میں عاد کے دو قبیلے بہت مشہور ہیں۔ ایک کو عادِ ارم کہا جاتا ہے یا عادِ اولیٰ اور دوسرے کو عادِ اُخریٰ۔ عادِ اولیٰ کا نسب نامہ یہ ہے عاد بن ارم بن عوص بن سام بن نوح۔ اسی عاد کی اولاد قوم عاد کے نام سے مشہور ہوئی۔ ہود علیہ السلام انہی کی طرف مبعوث ہوئے لیکن انہوں نے ان کی دعوت کو مسترد کر دیا اس لیے تباہ کر دیئے گئے۔ اس قبیلہ کے جو لوگ اس عذاب سے بچ گئے اور پھر ان کی نسل بڑھی وہ بھی قوم عاد ہی کہلائی۔ دونوں میں امتیاز کرنے کے لیے پہلی قوم کو عادِ اُولیٰ یا عادِ ارم کہا جاتا ہے اور دوسری کو عادِ اُخریٰ۔

۵ علامہ جوہری نے عماد کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے العماد، الابنیة الرفیعة واحدہ عمادۃ۔ وقال الشاعر عمرو بن کلثوم

ونحن اذا عماد الحی خرت علی الاحفاض نمنع من یلینا

وفلان طویل العماد اذا کان منزلہ معلما لزائریہ (الصحاح) بلند و بالا قصور اور محلات کو عماد کہتے ہیں۔ عمرو بن کلثوم شاعر کا شعر ہے کہ ہم جب کسی قوم کا قصرِ عزت گر جاتا ہے تو ہم ان کی حفاظت کرتے ہیں۔ جس کا اونچا مکان اس کے زائرین کو دور سے معلوم ہو جائے تو

الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ﴿٩﴾ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ﴿١٠﴾ الَّذِينَ

جنہوں نے کاٹا تھا چٹانوں کو وادی میں ؎ اور (کیا کیا) فرعون کے ساتھ جو میخوں والا تھا ؎ جنہوں نے

طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ﴿١١﴾ فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ ﴿١٢﴾ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ

سرکشی کی تھی اپنے اپنے ملکوں میں۔ پھر ان میں بکثرت فساد برپا کر دیا تھا۔ پس آپ کے رب نے ان پر

سَوْطَ عَذَابٍ ﴿١٣﴾ إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿١٤﴾ فَأَمَّا الْإِنْسَانُ إِذَا مَا

عذاب کا کوڑا برسایا ؎ بے شک آپ کا رب (سرکشوں اور مفسدوں کی) تاک میں ہے۔ مگر انسان (بھی عجیب شئے ہے) کہ جب

عرب کہتے ہیں فلان طویل العماد۔

۶؎ یہ قد و قامت میں بھی دوسرے لوگوں سے ممتاز تھے اور جسمانی قوت و طاقت میں بھی اپنی نظیر نہ رکھتے تھے۔

۷؎ قوم ثمود سنگ تراشی کے فن میں ید طولیٰ رکھتی تھی۔ انہوں نے پہاڑوں کی چٹانوں کو کھود کر اور کاٹ کر اپنے لیے رہائش گاہیں تعمیر کر رکھی تھیں۔ انہیں ان کی پائیداری اور پختگی پر بڑا ناز تھا۔ انہیں یقین تھا کہ کوئی زلزلہ۔ کوئی سیلاب کوئی جھکڑ ان کو ہلا نہیں سکتا۔ وادی القریٰ میں اب بھی ان کے تراشے ہوئے مکانات دیکھنے والوں کو محو حیرت کر دیتے ہیں۔ جس مہارت سے انہوں نے ان سخت چٹانوں کو کاٹا پھر جس خوبصورتی سے دروازوں پر بیل بوٹے بنائے انہیں دیکھ کر اس فن میں ان کی مہارت کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔

۸؎ عاد و ثمود یہ دو قومیں جزیرہ عرب کی رہنے والی تھیں۔ ان سے اہل عرب خوب واقف تھے۔ ان کی تباہی کی داستانیں بھی اپنے آباء و اجداد سے سنتے آئے تھے۔ فرعون اگرچہ مصر کا فرمانروا تھا لیکن بنی اسرائیل کے ساتھ اہل عرب کا میل جول تھا۔ انہوں نے اس کے مظالم اور پھر اس کی غرقابی کے قصے بھی بارہا سنے تھے اس لیے فرعون کا ذکر ان کے نزدیک اجنبی کا ذکر نہ تھا۔

فرعون کو ذی الاوتاد کہا گیا ہے۔ اوتاد، وتد کی جمع ہے۔ لوہے کی میخوں کو بھی کہتے ہیں اور لکڑی کی کھونٹیاں جن کے ساتھ خیموں کی رسیاں باندھی جاتی ہیں ان کو بھی کہتے ہیں۔ فرعون کا بہت بڑا لشکر تھا۔ جب وہ چڑھائی کرتا تو لشکر کے خیموں کو نصب کرنے کے لیے کیلوں کا ایک بڑا ذخیرہ ان کے ہمراہ ہوتا۔ یا جن لوگوں پر ان کا عتاب نازل ہوتا ان کو زمین پر لٹا کر ان کے ہاتھ پاؤں میں لوہے کی میخیں گاڑ دی جاتیں۔ اس لیے اس کو ذی الاوتاد کہا گیا ہے۔

۹؎ ان قوموں کی تباہی کی وجہ بتا دی کہ انہوں نے سرکشی اختیار کی۔ ظلم و ستم کی حد کر دی۔ کسی کی آبرو، کسی کا مال، کسی کی جان، کسی کی جائیداد محفوظ نہ رہی۔ جس طرح چاہتے زیر دستوں کو لوٹ لیتے۔ ان کی عصمتوں کو تاراج کر دیتے اور ان کے خون کے دریا بہا دیتے اور اس بے محابا ظلم کی وجہ یہ تھی کہ انہیں روز حساب کا کوئی خوف نہ تھا۔ جب ان کے مظالم کی حد ہو گئی۔ ان کے انبیاء ان کی اصلاح سے مایوس ہو گئے۔ ان کے راہ راست پر آنے کی کوئی امید نہ رہی تو عذاب الٰہی کا کوڑا اس زور سے ان پر برسا کہ ان کی ناک تک اٹھا کر رکھ دی گئی۔ ان کی عظمتوں کا نام و نشان باقی نہ رہا۔ ان کی داستان عبرت

ابْتَلٰهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَ نَعَّمَهٗ ۙ۬ فَیَقُوْلُ رَبِّیْۤ اَكْرَمَنِ ؕ۝۱۵ وَ اَمَّاۤ

آزماتا ہے اسے اس کا رب یعنی اس کو عزت دیتا ہے اور اس پر انعام فرماتا ہے تو وہ کہتا ہے میرے رب نے مجھے عزت بخشی ۔ اور جب

اِذَا مَا ابْتَلٰهُ فَقَدَرَ عَلَیْهِ رِزْقَهٗ ۙ۬ فَیَقُوْلُ رَبِّیْۤ اَهَانَنِ ۚ۝۱۶ كَلَّا

اس کو (یوں) آزماتا ہے کہ اس پر روزی تنگ کر دیتا ہے تو کہنے لگتا ہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا[۱۱] ایسا نہیں ہے

سنانے کے لیے ان کے قصور و محلات کے شکستہ کھنڈرات باقی رہ گئے۔

اے اہل مکہ! تم بھی قیامت کا انکار کرتے ہو، اسی لیے تم اپنی باغیانہ روش سے باز نہیں آتے۔ ان گزری ہوئی قوموں کی تباہی میں تمہارے لیے عبرت کے صدہا سامان ہیں۔ اگر تم پھر بھی اپنی اصلاح نہیں کرتے تو اسی انجام کے لیے تیار ہو جاؤ۔

[۱۰] بعض لوگوں کے پاس مال و دولت کی فراوانی ہوتی ہے۔ رہنے کے لیے آرام دہ شاندار مکانات ہوتے ہیں۔ اولاد کی بھی کمی نہیں ہوتی۔ معاشرے میں بھی انہیں قدر و عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ ان کے برعکس بعض لوگ مفلس اور تنگ دست ہوتے ہیں اور کئی قسم کی محرومیوں کا شکار ہوتے ہیں، لیکن ان لوگوں کا ردّعمل یکساں نہیں ہوتا۔ مادہ پرست ذہنیت کے مالک تو یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی یہ خوش حالی اور قدر و منزلت اس وجہ سے ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں وہ بڑے معزز و محترم ہیں، اس لیے ان پر نوازشات کی بارش ہو رہی ہے اور جب وہ تنگ دستی اور غربت کا شکار ہوتے ہیں تو سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی نگاہ کرم سے محروم کر دیا ہے تبھی ان کے ساتھ ایسا سلوک ہو رہا ہے۔ فصل کاشت کرتے ہیں تو اگتی نہیں، باغات ہیں تو وہ پھلتے نہیں، تجارت ہے تو روبہ تنزل۔ ایسے لوگوں کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور ناراضگی کا دارومدار دولت کی کمی بیشی پر ہے، لیکن وہ لوگ جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ پر یقین ہے اور شریعت اسلامیہ کی سچائی پر جن کا پختہ ایمان ہے ان کی سوچ کا انداز بالکل الگ ہوتا ہے۔ وہ دونوں حالتوں کو امتحان سمجھتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ وہ دونوں قسم کے امتحانوں میں کامیاب ہوں۔ اگر ان کی مالی حالت اچھی ہوتی ہے اور علاقہ میں ان کو عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے تو اس پر وہ خداوند کریم کا شکر ادا کرتے ہیں۔ اپنے مالی وسائل اور اثر و رسوخ کو اس کی مخلوق کی خدمت میں صرف کرتے ہیں۔ غریبوں کی امداد کرتے ہیں۔ کمزور اور ضعیف لوگوں پر کوئی ظلم کرنے لگے تو سپر بن کر آگے ہوتے ہیں۔ نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائی کی بیخ کنی کے لیے کوشاں رہتے ہیں اور اگر فقر و غربت کا دور آتا ہے تو صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑ لیتے ہیں۔ کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلاتے۔ اپنی مالی حالت کو درست کرنے کے لیے حرام ذرائع اختیار نہیں کرتے۔ اس غربت و افلاس میں بھی انہیں اپنے علیم و حکیم پروردگار کی بیسیوں حکمتیں نظر آتی ہیں۔

قرآن کریم کی ان آیات میں ان دونوں حالتوں کو ابتلاء آزمائش سے تعبیر کیا گیا ہے جس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ دولت کی قلت و کثرت اللہ تعالیٰ کی رضا و ناراضگی کا معیار نہیں بلکہ ان دونوں صورتوں میں جو طرز عمل آپ اختیار کریں گے اسی کے باعث آپ اپنے رب کی خوشنودی یا غضب کے مستحق ہوں گے۔

[۱۱] ان نادانوں کے اس نظریہ کا بطلان کر دیا۔ دولت اس کے فضل کی نشانی نہیں اور افلاس اس کی تحقیر کی وجہ سے نہیں۔ فلیس

بَلْ لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ﴿١٧﴾ وَلَا تَحٰٓضُّونَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِينِ ﴿١٨﴾

بلکہ (اس کی وجہ یہ ہے کہ) تم یتیم کی عزت نہیں کرتے ۱۲؎ اور نہ تم ترغیب دیتے ہو مسکین کو کھانا کھلانے کی ۱۳؎

وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ﴿١٩﴾ وَّتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿٢٠﴾ كَلَّآ

اور چٹ کر جاتے ہو میراث کا سارا مال ۱۴؎ اور دولت سے حد درجہ محبت کرتے ہو ۱۵؎ یقیناً

الغنی بفضلہ ولا الفقر لہوانہ۔ (قرطبی) نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بڑی وضاحت سے اس حقیقت کو بیان فرمایا یقول اللہ عز وجل کلا انی لا اکرم من اکرمت بکثرۃ دنیا ولا اُھین من اَھنت بقلتہا انما اکرم من اکرمت بطاعتی واُھین من اَھنت بمعصیتی۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میں جس کی عزت کرتا ہوں کثرت دنیا کی وجہ سے نہیں اور جس کو ذلیل کرتا ہوں افلاس کی وجہ سے نہیں بلکہ میں اپنی اطاعت کی وجہ سے کسی کو سرفراز کرتا ہوں اور اپنی نافرمانی کی وجہ سے کسی کو ذلیل و خوار کرتا ہوں۔

۱۲؎ ان کی مادہ پرستانہ ذہنیت ان کو یتیم و غریب پر رحمت و شفقت کے جذبے سے محروم کر دیتی ہے۔ وہ ان یتیموں کے سر پر شفقت کا ہاتھ بھی نہیں پھیرتے بلکہ ان کو نحوست کی علامت خیال کرتے ہیں اور ان کے سائے سے بھی دور بھاگتے ہیں، حتیٰ کہ قریبی رشتہ دار بھی ان سے آنکھیں پھیر لیتے ہیں۔

۱۳؎ ان کی بستی میں، ان کے محلے میں، بلکہ ان کے پڑوس میں کئی لوگ فاقہ کشی کر رہے ہوتے ہیں۔ لیکن یہ اپنی رنگ رلیوں میں مصروف رہتے ہیں۔ انہیں کبھی ان مسکینوں کی تکلیف کا احساس ہی نہیں ہوتا۔ نہ وہ خود ان کی طرف دستِ تعاون دراز کرتے ہیں نہ دوسرے خوش حال لوگوں کو اس کی ترغیب دیتے ہیں۔ انسان کا دل ہمدردی کے جذبات سے خالی ہو جائے تو اس کی سنگ دلی کی یہی کیفیت ہوتی ہے۔

۱۴؎ صرف یہی نہیں بلکہ جب کوئی تمہارا قریبی رشتہ دار مر جاتا ہے تو اس کی ساری جائیداد تم خود سمیٹ لینا چاہتے ہو۔ نہ اس کی بیوی کو کچھ دیتے ہو، نہ اس کی بوڑھی ماں کو کچھ ملتا ہے، بلکہ مرنے والے کے یتیم بچوں کو بھی تم بالکل محروم کر دیتے ہو۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں وکان اھل الشرک لا یورثون النساء ولا الصبیان بل یاکلون میراثھم مع میراثھم یعنی مشرکین عورتوں اور بچوں کو ورثہ میں سے کچھ نہ دیتے تھے بلکہ ان کے حصے کو بھی اپنے حصے کے ساتھ ملا کر ہڑپ کر جاتے تھے۔

لمّا: جمعا اصل اللمّ فی کلام العرب الجمع یقال لممت الشیئ الُمُّہٗ لمّا اذا جمعتہ۔ ترجمہ: لمّا کا معنی ہے جمع کرنا۔ کلام عرب میں لم کا مادہ اسی مفہوم پر دلالت کرتا ہے۔ جب تو کسی چیز کو جمع کرے اور سمیٹ لے تو تو کہے گا لممت الشیئ الُمُّہٗ لمّا۔

۱۵؎ مال کی محبت تمہارے رگ و ریشہ میں سمائی ہوئی ہے۔ تم حلال و حرام کی تمیز بھی نہیں کرتے۔ جس طرح بن پڑے دولت کو دونوں ہاتھوں سے سمیٹنے میں مصروف رہتے ہو۔ الجمّ: الکثیر۔ بہت زیادہ۔ رشوت، جوا، سود، لوٹ مار، چوری و قزاقی کسی طرح بھی مال حاصل ہو تم اس پر ٹوٹے پڑتے ہو۔ اگر انسان غور کرے تو مال کی یہ بے جا خواہش ہی ہزاروں خرابیوں کو جنم دیتی ہے۔ اگر لوگوں کے دلوں سے اس کی یہ بے محابا چاہت ختم ہو جائے تو جرائم کا دائرہ بہت محدود ہو جائے اور مظالم کی یہ شدت بھی باقی نہ رہے۔

إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿۲۱﴾ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿۲۲﴾

جب زمین کو کوٹ کر ریزہ ریزہ کر دیا جائے گا۔ اور جب آپ کا رب جلوہ فرما ہوگا اور فرشتے قطار در قطار حاضر ہوں گے۔

وَجِاىْٓءَ يَوْمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ يَوْمَئِذٍ يَّتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ وَأَنّٰى لَهُ

اور (سامنے) لائی جائے گی اس دن جہنم۔ اس روز انسان کو سمجھ آئے گی لیکن اس سمجھنے کا

الذِّكْرٰى ﴿۲۳﴾ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِىْ قَدَّمْتُ لِحَيَاتِىْ ﴿۲۴﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ

کیا فائدہ؟ ۱۶ (اس دن) کہے گا کاش! میں نے (کچھ) آگے بھیجا ہوتا اپنی (اس) زندگی کے لیے ۱۷ پس اس دن اللہ کے عذاب کی طرح

عَذَابَهٗٓ أَحَدٌ ﴿۲۵﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ أَحَدٌ ﴿۲۶﴾ يٰٓأَيَّتُهَا النَّفْسُ

کوئی عذاب دے سکے گا اور نہ اس کے باندھنے کی طرح کوئی باندھ سکے گا ۱۸ اے نفس

الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِىْٓ إِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾ فَادْخُلِىْ

مطمئن ۱۹ واپس چل اپنے رب کی طرف ۲۰ اس حال میں کہ تو اس سے راضی (اور) وہ تجھ سے راضی ۲۱ پس شامل ہو جا

یہ طریقہ کار صرف زمانہ جاہلیت کے ساتھ ہی مخصوص نہیں۔ آج بھی اکثر لوگ جن کو اسلام کے بتائے ہوئے نظریات پر پورا یقین نہیں وہ سب اسی چکر میں سرگرداں ہیں۔ اس کے بغیر نجات کی کوئی راہ نہیں کہ لوگوں کے سامنے اسلام کا نظریہ حیات دلآویز اسلوب میں پیش کیا جائے تاکہ وہ اشتراکیت اور سرمایہ داری کے سرابوں سے منہ پھیر کر قرآن کے چشمہ صافی و شیریں کی طرف متوجہ ہوں۔

۱۶ جب قیامت برپا ہوگی اور یہ سارا نظام عالم درہم برہم کر دیا جائے گا۔ اس وقت ان غافل انسانوں کی آنکھ کھلے گی اس وقت انہیں پتہ چلے گا کہ اللہ تعالیٰ کے رسولوں نے جو بتایا تھا وہی حق تھا۔ جو قرآن نے دعوت دی تھی اسی میں ان کی فلاح دارین کا راز مضمر تھا لیکن اس روز ان کا یہ سمجھنا ان کے کسی کام نہ آئے گا اور انہیں اپنے کیے کی سزا بھگتنی پڑے گی۔

۱۷ اس روز انسان کف افسوس ملے گا اور کہے گا کاش! میں نے آج کے دن کے لیے اس نہ ختم ہونے والی زندگی کے لیے کچھ توشہ فراہم کیا ہوتا۔ کاش! آج میں تہی دست نہ ہوتا۔

۱۸ اس روز اللہ تعالیٰ کی گرفت بڑی سخت ہوگی اور اسے آہنی زنجیروں میں جکڑ دیا جائے گا۔

۱۹ کفار و منکرین کے حسرت ناک انجام کے ذکر کے بعد اب اپنے مقبول اور محبوب بندوں کا حال بیان کیا جا رہا ہے۔

پہلے آپ یہ سمجھیے کہ نفس مطمئنہ کسے کہتے ہیں۔ علامہ پانی پتی فرماتے ہیں جس طرح مچھلی کو پانی میں سکون اور قرار حاصل ہوتا ہے اسی طرح جس

فِىْ عِبٰدِىْ ﴿۲۹﴾ وَادْخُلِىْ جَنَّتِىْ ﴿۳۰﴾

میرے (خاص) بندوں میں اور داخل ہو جاؤ میری جنت میں ۲۲

شخص کو اللہ تعالیٰ کی یاد میں سکون و اطمینان نصیب ہوا ہے نفس مطمئنہ کہیں گے۔ لکھتے ہیں کہ اس اطمینان کا اس وقت تک تصور نہیں کیا جا سکتا جب تک انسان سے صفات رذیلہ دُور نہ ہو جائیں اور یہ اس وقت تک دور نہیں ہوتیں جب تک انسان اللہ تعالیٰ کی صفات حمیدہ کی تجلیات سے بہرہ ور نہ ہو۔ ان میں وہ فنا ہو جائے اور ان کے ساتھ اس کو بقا نصیب ہو اسی وقت انسان کو ایمان حقیقی نصیب ہوتا ہے اور اسی وقت اسے اطمینان کی دولت ارزانی ہوتی ہے۔

علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں کہ گھبراہٹ اور اضطراب کے بعد جو سکون ملتا ہے اسے اطمینان کہتے ہیں اور نفس کو سکون تب میسر آتا ہے جب وہ یقین، معرفت اور شہود کی اعلیٰ منزل پر فائز ہو جائے اور یہ مقام ذکر الٰہی کی کثرت اور دوام سے حاصل ہوتا ہے۔ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب۔ جب انسان اس مقام پر فائز ہوتا ہے تو پھر اسے "تمکین" سے نوازا جاتا ہے۔ اس کے بعد اسے رد ہونے کا کوئی خطرہ نہیں رہتا۔

علامہ سید شریف جرجانی نے نفس مطمئنہ کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے:

النفس المطمئنة هي التي تنورت بنور القلب حتى تخلّت عن صفاتها الذميمة وتحلّت بالاخلاق الحميدة۔ یعنی نفس مطمئنہ وہ ہے جو نور قلب سے منور ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کی مذموم صفات فنا ہو جاتی ہیں اور وہ اخلاق حمیدہ سے مزین و آراستہ ہو جاتا ہے۔

۲۰۔ ایسے نفس مطمئنہ کو اپنے خطاب دلنواز سے یوں مشرف کیا جائے گا "واپس آجا اپنے رب کے پاس۔" یعنی وہ مخصوص مقام جہاں وہ اپنے بندوں کو اپنی خصوصی عنایات سے سرفراز کرتا ہے۔ تو اس کی محبت میں آنسو بہاتا رہا، تو اس کے عشق کی آگ میں جلتا رہا اور اس کے سوز فراق میں تڑپتا رہا۔ لے! اب فراق کی طویل رات محو اختتام ہو رہی ہے۔ دوریاں سمٹ رہی ہیں، پردے اٹھ رہے ہیں۔ اپنے بے تاب دل اور بے قرار نگاہوں سمیت حاضر ہو جا!

۲۱۔ اور کس شان سے آ۔ اس کا بیان ان دو کلمات میں فرمایا کہ ڈرتے ہوئے نہیں، گھبراتے ہوئے نہیں، اس خیال سے پریشان ہو کر نہیں کہ جس رب کو راضی کرنے کے لیے تُو نے اپنی زندگی وقف کی وہ راضی بھی ہوا یا نہیں۔ ان خدشات کو ان وسوسوں کو دل سے نکال کر باہر پھینک دو۔ حریم نازمیں اس شان سے آؤ کہ تم بھی اپنے رب کریم پر راضی اور وہ بندہ نواز بھی تجھ سے راضی۔ کیا بات ہے کیا کرم ہے کتنی بلند قسمت ہے اس خاکسار بندے کی جس پر یہ عنایت ہوگی۔

۲۲۔ میرے وہ بندے جن پر شیطان کا کوئی مکر کارگر نہ ہوا، جو عمر بھر میرے بنے رہے اور میری خاطر سب جہان سے رُوٹھے رہے، میری بندگی کے بغیر جن کا اور کوئی کام ہی نہ تھا، اے نفس مطمئنہ! تو بھی ان میں داخل ہو جا اور میری وہ جنت جو میری ذاتی اور صفاتی تجلیات کے لیے مخصوص ہے اس میں تشریف لے چل۔ فالدخول في زمرة الخواص هي السعادة الروحية والدخول معهم في الجنات ودرجاتها هي السعادة البدنية (روح البیان) یعنی یہاں دو سعادتوں کا ذکر ہوا۔ ایک خاصانِ بارگاہ خداوندی کی رفاقت۔ یہ رُوحانی سعادت ہے۔ دوسرا ان کی معیت میں جنت میں داخل، یہ بدنی سعادت ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے رب سے اس روحانی سعادت کے بارے میں التجا کی تھی۔ فاطر السموات والارض انت ولی فی الدنیا والاخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔ (یوسف آیت ۱۰۱)

حضرت سلیمان علیہ السلام نے بھی بعینہٖ یہی دعا مانگی تھی۔

یہ بشارت کس وقت دی جائے گی۔ بعض علماء کی رائے ہے کہ روزِ محشر جب یہ لوگ قبروں سے اٹھیں گے تو اس وقت انہیں یہ مژدۂ جانفزا سنایا جائے گا۔ بعض کی رائے ہے کہ مرتے وقت یہ بشارت دی جائے گی لیکن علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں۔ ھذا یقال لھا عند الاحتضار وفی یوم القیامۃ ایضا یعنی دونوں وقت اسے یہ خوش خبری دی جائے گی۔

یہاں ایک روایت بھی سن لیجیے قال عبد اللہ ابن عمرو رضی اللہ عنہما اذا توفی العبد المومن ارسل اللہ ملکین وارسل الیہ بتحفۃ من الجنۃ فیقال لہا اخرجی ایتہا النفس المطمئنۃ الی روح وریحان ورب عنک راض الاخرہ۔

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ جب بندۂ مومن فوت ہونے لگتا ہے اللہ تعالیٰ دو فرشتوں کو اس کی طرف بھیجتا ہے۔ وہ اسے کہتے ہیں اے نفسِ مطمئنہ! اس دارِ فانی سے نکل اور راحت وآرام اور گل پوش وادیوں کی طرف چل اور اپنے اس پروردگار کی طرف چل جو تجھ سے راضی ہے۔

حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت صدیق اکبر بارگاہِ رسالت میں حاضر تھے عرض کرنے لگے کہ یا رسول اللہ ما احسن ھذا۔ اے اللہ کے رسول یہ کتنی ہی اچھی بات ہے۔ فقال اما انہ سیقال لک ھذا۔ حضور نے فرمایا اے ابوبکر جب تم اس دنیا سے رخصت ہو گے تو تمہیں بھی یہ بشارت دی جائے گی۔ (ابن کثیر)

علامہ ابن کثیر نے حافظ ابن عساکر کے حوالے سے یہ حدیث نقل کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو یہ دعا مانگنے کی تلقین فرمائی۔ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لرجل قل اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ نَفْسًا بِکَ مُطْمَئِنَّۃً تُؤْمِنُ بِلِقَائِکَ وَتَرْضٰی بِقَضَائِکَ وَتَقْنَعُ بِعَطَائِکَ۔ اے اللہ تعالیٰ! میں تجھ سے نفسِ مطمئن کا سوال کرتا ہوں جو تیری ملاقات پر ایمان رکھتا ہو جو تیری قضا پر راضی ہو اور جو تیری عطا پر قانع ہو۔

○

الحمد للہ رب العلمین واجمل الصلوات واحسن التسلیمات واکمل البرکات واطیب التحیات علی صاحب المقام المحمود وحامل لواء الحمد سیدنا محمد المبعوث رحمۃ للعلمین وعلی آلہ الطیبین الطاھرین وازواجہ الطاھرات امھات المؤمنین وعلی سائر الصحابۃ والتابعین واولیاء امتہ الکاملین وعلماء ملتہ الربانیین وعلینا معھم الی یوم الدین اللھم انی اسئلک نفسا بک مطمئنۃ تؤمن بلقائک وترضی بقضائک وتقنع بعطائک

○

تعارف

سُورَۃُ البَلَد

نام : اس سورۂ مبارکہ کا نام "البلد" ہے۔ یہ لفظ اس کی پہلی آیت میں مذکور ہے۔ اس میں ایک رکوع، بیس آیتیں، بیاسی کلمے، تین سو بیس حروف ہیں۔

نزول : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اور اس کی آیات کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ مکی زندگی کے اس دور میں نازل ہوئی جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کے رئیسوں کے گھٹیا کردار کو ہدفِ تنقید بنانا شروع کر دیا تھا۔

مضامین : قسم اٹھا کر انہیں بتا دیا گیا کہ تمہارا یہ خیال سراسر لغو ہے کہ تم اتنے طاقتور ہو کہ تم پر کسی کا قابو نہیں۔ تم فضول باتوں میں اور جھوٹی نمود کے لیے اپنا روپیہ پانی کی طرح بہاتے ہو اور پھر اس پر اتراتے ہو۔ کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ جس نے تمہیں یہ رزق عطا فرمایا ہے وہ تمہارے اس غلط استعمال سے آگاہ نہیں۔

اسلام دینِ فطرت ہے۔ وہ انسان کے جسمانی اور رُوحانی دونوں فطری تقاضوں کی تکمیل پر یکساں توجہ مبذول کرتا ہے۔ نہ وہ انسان کو مادی لذتوں میں کھو جانے کی اجازت دیتا ہے اور نہ اُن سے کُلیتاً قطع تعلق کر کے صرف رُوحانی لطافتوں میں محو ہو جانے کی تلقین کرتا ہے۔ اس سُورت میں اُن اعضاء اور جوارح کا ذکر کرنے کے بعد جو انسان کو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے مرحمت فرمائے گئے ہیں۔ اُسے تنبیہ کی جا رہی ہے کہ تجھے عقاب کی قوتِ پرواز دی گئی ہے اس سے کام لیتے ہوئے تمہارا فرض ہے کہ اخلاقِ حسنہ کی بلندیوں کو سر کرنے کے لیے پرُ کشا رہو۔ اس مقصد کے لیے جو اعمالِ حسنہ ناگزیر ہیں اُن کا ذکر بھی کر دیا۔ غلاموں کو آزاد کرنا۔ قحط سالی کے دنوں میں فاقہ زدہ لوگوں کی خوراک کا اہتمام کرنا، یتیموں اور مسکینوں پر شفقت کرنا۔ اس کے ساتھ ساتھ ایمان کے چراغ کو روشن رکھنا، خود صبر کرنا اور دوسروں کو صبر اور ہمدردی کی تلقین کرنا یہ وہ اعمال ہیں جن کے ذریعے انسان اپنی منزل پا لیتا ہے لیکن جو غریبوں کی مادی ضروریات کو استطاعت کے باوجود پُورا کرنے کی طرف مائل نہیں ہوتا، وہ جہنم کا ایندھن بنے گا۔ اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے

نیو سنٹرل جیل سرگودھا
۹-۴-۷۷

سُوْرَةُ الْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَهِيَ عِشْرُوْنَ اٰيَةً

سورۃ البلد مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے — اس میں بیس آیات ہیں

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ﴿۱﴾ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ﴿۲﴾ وَوَالِدٍ

میں قسم کھاتا ہوں اس شہر (مکہ) کی۔ درآں حالیکہ آپ بس رہے ہیں اس شہر میں [1] اور قسم کھاتا ہوں

وَّمَا وَلَدَ ۙ﴿۳﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ كَبَدٍ ؕ﴿۴﴾ اَیَحْسَبُ اَنْ

باپ کی اور اولاد کی [2] بےشک ہم نے انسان کو بڑی مشقت میں زندگی بسر کرنے کے لیے پیدا کیا ہے [3] کیا وہ خیال کرتا ہے کہ

[1] لا زائدہ ہے اور قسم کو مؤکد کرنے کے لیے مذکور ہوا ہے۔

البلد سے مراد مکہ مکرمہ ہے۔ یہاں شہر مکہ کی اس حیثیت سے قسم اٹھائی جا رہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا حبیب محمد مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والثناء اس میں تشریف فرما ہے۔ یہ شہر اگرچہ گوناگوں خوبیوں سے متصف ہے، لیکن اس مکین ذی شان کی وجہ سے جو عزت و شرف اس کو حاصل ہوا ہے اس کی شان ہی نرالی ہے۔

وانت حلّ الخ والاجملہ حال ہے مُقسَم بہ البلد کا۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں اقسم اللّٰہ سبحانہ بمکۃ مقیدا بحلول محمد صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اظہارا لمزید فضلہا باشرف المتمکن علی فضل لہا فی نفسہا (مظہری)۔ وانت حل الخ کے دو مفہوم اور بھی بیان کیے گئے ہیں۔ ایک تو یہ کہ کفار کی اذیت رسانیوں پر اظہار تعجب کیا جا رہا ہے کہ ویسے تو اس شہر کو یہ لوگ امن کا شہر قرار دیتے ہیں، نہ وہاں کسی جنگلی جانور کو ستاتے ہیں، نہ اس کے درختوں اور گھاس کو کاٹتے ہیں۔ ان کے باپ کا قاتل بھی اگر حرم میں پناہ لے لے تو وہ اس پر بھی دست درازی نہیں کرتے، لیکن اسی حرم میں ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے رسول کو دکھ دینے اور اذیت پہنچانے کو اپنے لیے حلال سمجھ رکھا ہے اور حضور کو تکلیف دینے سے یہ لوگ باز نہیں آتے۔ دوسرا مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ آپ کے لیے یہ شہر حلال کر دیا گیا ہے۔ آپ کسی کافر کو قتل کریں یا اس کو سزا دیں آپ اس کے مجاز ہیں۔

[2] والد سے مراد آدم علیہ السلام ہیں اور ما ولد سے مراد آپ کی ساری اولاد ہے۔ اس کی تفسیر میں بھی متعدد اقوال ہیں۔

[3] یہ جواب قسم ہے۔ یعنی ہم نے انسان کی تخلیق اس لیے نہیں کی کہ وہ آرام و آسائش کی زندگی بسر کر کے بزم عالم سے رخصت ہو جائے بلکہ اس کی زندگی کا سفینہ طوفانوں سے نبرد آزما ہونے کے لیے بنایا گیا ہے۔ خطرات و مصائب اور اس کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ جب اس کا حمل رحم مادر میں قرار پکڑتا ہے تو اس وقت سے ہی طرح طرح کے خطرات اس کے گرد منڈلانے لگتے ہیں۔ ہر لحظہ اس کے ضائع ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہے۔ جب وہ اس دنیا میں قدم رکھتا ہے تو بیماریاں، ناکامیاں، محرومیاں اور منافقین کی منافقتیں، نفس و شیطان کی ریشہ دوانیاں قدم قدم پر اس کا راستہ روکے کھڑی ہو جاتی ہیں اور اس کی زندگی کے کارواں کو انہی دشوار گزار گھاٹیوں سے گزرنا پڑتا ہے گویا

لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ۝٥ يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ۝٦

اس پر کسی کا بس نہیں چلے گا ۴ کہتا ہے میں نے ڈھیروں مال فنا کر دیا ۵

اَيَحْسَبُ اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ۝٧ اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ ۝٨ وَلِسَانًا

کیا وہ خیال کرتا ہے کہ اسے کسی نے نہیں دیکھا ۶ کیا ہم نے نہیں بنائیں اس کے لیے دو آنکھیں ۷ اور ایک زبان

انسان کی زندگی کا مقصد مصیبتوں اور تکلیفوں سے نبرد آزما ہونا ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو اس میں مضمر امکانی قوتیں اور صلاحیتیں کبھی نشوونما پا سکیں اور یہ قطرہ کبھی دُرِ شہوار نہ بن سکے۔ الکبد: المشقة والشدة (المنجد) مشقت اور شدت کو کبد کہتے ہیں۔

۴ اس کے باوجود کہ خطرات و آلام نے اسے چاروں طرف سے گھیر رکھا ہے اس کے گھمنڈ کا یہ عالم ہے کہ وہ یہ خیال کرتا ہے کہ اس سے بالاتر کوئی ایسی ہستی نہیں جو اس سے باز پرس کر سکے یا جس کے حکم کے سامنے یہ سر جھکانے پر مجبور ہو۔ یہ محض اس کی کم فہمی ہے۔ اس کی بے بسی کی تو یہ کیفیت ہے کہ حادثات کا ایک ریلا اس کا کچومر نکال کر رکھ دے اور اس کا نام و نشان بھی باقی نہ رہے۔

۵ لُبَدًا، لُبْدَةٌ کی جمع ہے۔ وہ چیز جس کو ڈھیروں میں جمع کیا جائے۔

دنیادار لوگ اپنی ثروت کی نمائش کے لیے ہزاروں لاکھوں روپے پانی کی طرح بہا دیتے ہیں۔ کبھی کوٹھیاں اور محلات تعمیر کر کے اپنی دولت مندی کا مظاہرہ کیا جاتا ہے، کبھی کاریں خرید کر اپنی رئیسانہ شان کا اظہار کیا جاتا ہے۔ بڑے بڑے امراء اور افسروں کی ضیافتیں کی جاتی ہیں، شادی بیاہ کے مواقع پر لاکھوں روپے اُڑا دیے جاتے ہیں اور اس چیز کو ہی یہ لوگ اپنے لیے فخر و مباہات کا ذریعہ سمجھتے ہیں اور اس پر ڈینگیں مارتے ہیں کہ ہم نے ڈھیروں مال خرچ کر دیا، ہم نے روپیہ پانی کی طرح بہا دیا۔

۶ اس آیت سے ان کی اس حرکت کی مذمت کی جا رہی ہے کہ یہ لوگ جو کچھ کر رہے ہیں اور جس طرح اپنی دولت لٹا رہے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی ان حرکتوں کو دیکھ رہا ہے اور ان سے اس فضول خرچی کے بارے میں باز پرس ہوگی کہ تمہارے پڑوس میں صدہا غریب اور مسکین ضروریاتِ زندگی کے لیے ترستے رہے اور تم لوگ اپنی نام و نمود کے لیے دولت کو لٹاتے رہے۔ تمہیں یہ خیال نہ آیا کہ یہ رزق تمہیں اللہ نے دیا ہے اور تم پر یہ فرض تھا کہ تم اس کے حکم کے مطابق اس کو صرف کرتے اور غریبوں اور مسکینوں کی، یتیموں اور بیواؤں کی ضروریات بہم پہنچاتے۔

۷ یہاں ان نعمتوں کا ذکر کیا جا رہا ہے جو اس ناشکر گزار انسان کو عطا کی گئی ہیں۔ اگر وہ ان کی قدر پہچانتا اور ان سے صحیح کام لیتا تو یوں آنکھیں بند کر کے سرکشی کی راہ اختیار نہ کرتا۔ فرمایا ہم نے اس کو دو آنکھیں دی ہیں جن سے وہ اپنے معاشرے کے نشیب و فراز کو پہچان سکتا ہے۔ ضرورت مند لوگوں تک رسائی حاصل کر سکتا ہے، بے نوا اور بے کس لوگوں کے حالات کو پہچان سکتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے دیے ہوئے رزق سے ان کی امداد کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کو زبان دی ہے اور اس کو دو ہونٹ عطا فرمائے ہیں جن کی وجہ سے وہ اپنے مافی الضمیر

وَشَفَتَيْنِ ۝٩ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۝١٠ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ۝١١ وَمَآ

اور دو ہونٹ ۔ اور ہم نے دکھادیں اسے دونوں نمایاں راہیں ۸؎ پھر وہ داخل ہی نہیں ہوا (عمل خیر کی) دشوار گھاٹی میں ۹؎ اور

أَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ۝١٢ فَكُّ رَقَبَةٍ ۝١٣ أَوْ إِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ

کیا آپ سمجھے کہ وہ گھاٹی کیا ہے ۔ وہ (غلامی سے) گردن چھڑانا ہے یا کھانا کھلانا ہے بھوک کے دن

مَسْغَبَةٍ ۝١٤ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ۝١٥ أَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ۝١٦ ثُمَّ

(قحط سالی) میں ۔ یتیم کو جو رشتہ دار ہے ۔ یا خاک نشین مسکین کو ۱۰؎ پھر

صحیح اظہار کرسکتا ہے اور دوسرے لوگوں کو بھی نیکی کی دعوت دے سکتا ہے، غرباء و مساکین کی امداد پر انہیں برانگیختہ کرسکتا ہے۔

۸؎ النجد: الطریق فی ارتفاع۔ بلند سطح پر جو راستہ ہو اس کو نجد کہتے ہیں۔ یعنی ہم نے صرف انسان کو حواس ظاہری اور باطنی ہی عطا نہیں فرمائے بلکہ اپنے پیغمبروں کے ذریعے اس کے سامنے نیکی اور برائی کے راستوں کو واضح کردیا ہے۔ اسے ارادہ اور اختیار کی آزادی دی ہے کہ اب جس راستے کو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے اس پر گامزن ہو جائے۔ قتادہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرمایا کرتے یایھا الناس انما ھما النجدان۔ نجد الخیر ونجد الشر فلم تجعل نجد الشر احب الیک من نجد الخیر (قرطبی) اے لوگو! تمہارے لیے دو راستے ہیں، ایک بھلائی کا راستہ ایک برائی کا راستہ۔ پس تم کیوں برائی کے راستے کو نیکی کے راستے سے زیادہ پسند کرتے ہو۔

۹؎ اقتحم کا معنی ہے بلا سوچے سمجھے اپنے آپ کو کسی چیز میں پھینک دینا۔ الاقتحام الرمی بالنفس فی شیء من غیر رویۃ۔ جب گھوڑا اپنے سوار کو منہ کے بل گرادے تو عرب کہتے ہیں تقحم الفرس فارسہ تقحیما علی وجھہ اذا رماہ۔ العقبۃ: المرقی الصعب من الجبال۔ الطریق فی اعلی الجبال۔ (المنجد) دشوار گزار پہاڑی راستہ۔ وہ راستہ جو پہاڑ کی بلندی کی طرف جاتا ہو۔

آیت کا مدعا یہ ہے کہ بجائے اس کے کہ یہ جھوٹی ناموری حاصل کرنے کے لیے اپنی دولت کو یوں لٹاتے چاہیے تو یہ تھا کہ جب ان کے سامنے بھلائی اور برائی کے راستے واضح کردیے گئے تھے تو وہ اس راستے پر چلتے جو حقیقی بلندیوں کی طرف لے جاتا ہے۔ اگرچہ وہ راستہ کٹھن ہے اور اس کو طے کرنا از حد دشوار ہے لیکن جس منزل کی طرف وہ جاتا ہے وہ منزل انسان کی عظمتوں کے شایان شان ہے۔ وہاں تک پہنچنے کے لیے ہر قسم کی مشقت کو بطیب خاطر انہیں قبول کرنا چاہیے تھا، لیکن سخت کوشی سے ان کی سہل انگار طبیعت کو کوئی مناسبت نہیں۔ وہ لڑکھڑا جاتے ہیں، وہ بلندیوں کی طرف پرواز کرنے سے قاصر ہیں۔

۱۰؎ یہاں سے اس کٹھن راستہ کی تفصیل بیان کی جارہی ہے جو انسان کے شایان شان ہے۔ فرمایا کرنے کا کام تو یہ تھا کہ وہ کسی غلام کو آزاد کرنے کے لیے اپنا مال خرچ کرتے، کسی رشتہ دار یتیم کو ایام قحط سالی کے دنوں میں کھانے پینے کی ضروریات مہیا کرتے یا ایسے مسکین کی طرف دست تعاون دراز کرتے جس کو فقر و تنگ دستی نے خاک نشین بنادیا ہے۔ بے شک ان امور میں مال خرچ کرنے سے ان کی شہرت کا

كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا

پھر ہو وہ ان لوگوں سے جو ایمان لائے ۱۱؎ اور ایک دوسرے کو نصیحت کرتے ہیں صبر کی اور ایک دوسرے کو نصیحت

دکھانا ہوتا۔ اس طرح اگرچہ ان کی دولت کی نمائش لوگوں کی آنکھیں خیرہ نہ کرتی لیکن ضرورت مندوں کی امداد کرکے، ایک انسان کو غلامی کی زنجیروں سے آزاد کرکے وہ ایسا کام کرتے جس کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑی قدر ہے۔

چند مشکل الفاظ۔ مَسْغَبَةٍ: مصدر میمی ہے سغب سے۔ ابوحیان کہتے ہیں کہ عام بھوک کو مسغبۃ کہتے ہیں۔ امام راغب نے اس کی تشریح ان الفاظ میں کی ہے هو الجوع مع التعب۔ بھوک اور تھکن دونوں کے مجموعے کو مسغبۃ کہتے ہیں۔ یعنی ایسے دنوں میں کھانا کھلانا جب ہر طرف قحط کا دور دورہ ہو، غذائی اجناس بازار میں کمیاب ہوں اور ان کی قیمت گراں ہو جائے۔ ایسی حالت میں اپنے رشتہ دار یتیم کو کھانا کھلانا بڑا نیک عمل ہے۔ ہر یتیم کی امداد کرنا اگرچہ کار ثواب ہے لیکن رشتہ دار یتیم کی اعانت سے دگنا ثواب ملتا ہے۔ کیونکہ صدقہ اور صلہ رحمی دونوں یکجا ہو جاتی ہیں۔ مسکیناً ذا متربۃ: متربۃ بھی مصدر میمی ہے۔ یعنی جب وہ اتنا محتاج ہو جائے کہ مٹی کے ساتھ مل جائے۔

یہاں تین چیزیں مذکور ہیں۔ ① عام قحط سالی اور غذائی اجناس کی نایابی کے وقت کھانا کھلانا۔ ② اپنے قریبی رشتہ دار یتیم کو کھانا کھلانا۔ ③ اور ایسے مسکین کو کھانا کھلانا جو خاک نشین ہو۔ اس عمل کو قرآن نے عقبہ کہا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب غذائی اجناس کی ارزانی ہو اور ہر چیز سستے داموں خریدی جاسکے اس وقت کسی کو کھانا کھلانا اتنا مشکل نہیں ہوتا جتنا اس وقت ہوتا ہے جبکہ غذائی اجناس گراں اور نایاب ہوں اور انسان کو اپنی فاقہ کشی کا خطرہ بھی لاحق ہو۔ نیز قریبی رشتہ دار کو اگر کھانا کھلایا جائے تو لوگوں کی نگاہوں میں یہ کوئی قابل قدر چیز نہیں ہوگی۔ ہر شخص یہی سمجھے گا کہ اپنے یتیم رشتہ دار کو کھانا کھلایا ہے کسی غیر کو تو نہیں کھلایا۔ اس لیے اس سے وہ شہرت حاصل نہیں ہوتی جو اہل دنیا کے پیش نظر ہوا کرتی ہے۔ نیز وہ لوگ جن کا پیشہ ہی گداگری ہے ان کو اگر آپ کچھ دیں گے تو وہ جگہ جگہ آپ کی فیاضی اور سخاوت کا چرچا کریں گے لیکن وہ مسکین جس میں اٹھنے کی سکت بھی نہیں، جسے سوال کرنے کی عادت بھی نہیں، جس میں اتنی ہمت بھی نہیں کہ وہ کسی کے سامنے حرف مدعا زبان پر لاسکے۔ ایسے شخص کی جب آپ امداد کریں گے تو وہ اس کو قبول کرلے گا، دل سے آپ کا شکرگزار بھی ہوگا لیکن اس میں یہ ہمت ہی نہیں کہ وہ لوگوں کے سامنے آپ کی سخاوت کے گن گا سکے۔ اس لیے ایسے لوگوں پر اتنی ضرورت کے وقت اپنی دولت خرچ کرنا صرف ان لوگوں کا ہی کام ہے جو فقط اللہ تعالیٰ کی رضا کے متمنی ہیں۔ دنیا میں شہرت حاصل کرنے کے خواہش مند لوگ یہاں مال خرچ نہیں کرسکتے۔ وہ تو وہیں کریں گے جہاں ان کی سخاوت کے گن گائے جائیں گے۔

۱۱؎ یعنی ان تمام اعمال کے ساتھ شرط یہ ہے کہ وہ مومن ہو کیونکہ کوئی عمل ایمان کے بغیر مقبول نہیں۔ فان شرط قبول الطاعة الایمان باللہ۔

ثم کان من الذین اٰمنوا کا معنی علامہ قرطبی نے یہ کیا ہے ای فعل هذه الاشیاء وهو مؤمن۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں ثُمَّ بمعنی واؤ ہے۔

بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کرتے ہیں رحمت کی ۱۲؎ یہی لوگ دائیں ہاتھ والے ہیں ۱۳؎ اور جنہوں نے انکار کیا

بِاٰيٰتِنَا هُمْ اَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ﴿۱۹﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۲۰﴾

ہماری آیتوں کا وہ لوگ بائیں ہاتھ والے ہیں۔ ان پر آگ چھائی ہوئی ہوگی ۱۴؎

ع ۱ ۱۵

۱۲؎ آیت کے ان دو جملوں میں اسلامی معاشرے کی خصوصیتیں بیان کی گئیں کہ ان میں سے ہر فرد دوسرے کو صبر کی تلقین کرتا ہے۔ راہِ حق میں پیش آنے والی مشکلات اور مصائب کو بطیبِ خاطر گوارا کرنے کی نصیحت کرتا ہے۔ خود تو وہ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہے لیکن وہ اس پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ وہ چاہتا ہے کہ امت کا ہر فرد صبر کے دامن کو مضبوطی سے پکڑ لے اور دوسری خصوصیت یہ ہے کہ وتواصوا بالمرحمۃ۔ وہ تنگ دل نہیں ہیں، وہ ایک دوسرے کی تکلیفوں سے بے نیاز نہیں ہیں بلکہ اگر مشرق کے بھائی کے پاؤں میں کانٹا چبھتا ہے تو مغرب میں بسنے والا گو کہ بے تاب ہو جاتا ہے۔ ان کا باہمی رشتہ رحمت و شفقت کا ہے۔ آپ خود سوچیے کہ جو قوم ان دو خصوصیتوں سے متصف ہوگی وہ حق کا بول بالا کرنے کے لیے کتنا زبردست کردار ادا کر سکتی ہے۔ انفرادی نیکی بھی نیکی ہے، انفرادی خوبیاں بھی خوبیاں ہیں لیکن جب تک ان میں اجتماعی اور عمومی رنگ پیدا نہ ہو وہ انسانیت کی تقدیر کو نہیں بدل سکتیں، وہ اس ظلمت کدۂ عالم کو ہدایت کی منزلوں کے نور سے منور نہیں کر سکتیں۔ اس لیے اسلام نے مسلمانوں کو انفرادی طور پر نیک، صالح، متقی اور صابر ہونے کے ساتھ ساتھ اس کی بھی تاکید کی ہے کہ وہ اپنے دوسرے بھائیوں کو بھی اسی رنگ میں رنگنے کی بھرپور کوشش کریں۔

۱۳؎ یعنی یہ لوگ جن کے سینوں میں ایمان کا چراغ بھی روشن ہے اور جو مذکورہ بالا صفات سے بھی متصف ہیں، یہی وہ خوش نصیب ہیں جن کو ان کے اعمال نامے قیامت کے روز دائیں ہاتھوں میں دیے جائیں گے۔

۱۴؎ جو بدنصیب ان خوبیوں سے محروم ہیں ان کے اعمال نامے ان کے بائیں ہاتھوں میں دیے جائیں گے۔ مؤصدۃ: ای مطبقۃ، مغلقۃ۔ جب دروازے کو بالکل بند کر دیا جائے تو اہلِ عرب کہتے ہیں اوصدت الباب ای اغلقتہ۔ یعنی ان کو آگ میں پھینک دیا جائے گا اور دروازے بند کر دیے جائیں گے، نکلنے کی کوئی صورت باقی نہ رہے گی۔ اعاذنا اللہ منھا۔

اللھم ارزقنی شھادۃ فی سبیلک وممانی ببلد حبیبک
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم

تعارف
سُورۃُ الشمس

نام : اس کا پہلا کلمہ "الشمس" ہی اس کا نام ہے۔ اس میں ایک رکوع، پندرہ آیتیں، چوّن کلمات اور دو سو چھیالیس (۲۴۶) حروف ہیں۔

نزول : یہ باتفاقِ علما، مکہ میں نازل ہوئی۔

مضامین : متعدد قسمیں اٹھانے کے بعد انسان کو اس حقیقت سے خبردار کیا کہ جس حکیم خالق نے اس کو پیدا فرمایا ہے اس کو گرانقدر قابلیتیں عطا کی ہیں اور ان کو استعمال میں لانے کیلئے اعضاء سے نوازا ہے۔ اُس نے اس کی فطرت میں نیک و بد، خیر و شر میں امتیاز کی تخم ریزی کر دی ہے۔ جو شخص اس بیج کی مناسب نگہداشت کرتا ہے۔ اس کی نشوونما پر پُوری توجہ دیتا ہے۔ وہ کامیاب و کامران ہے لیکن جو شخص اپنے لاشعور سے اُبھرنے والی آواز کو درخورِ اعتنا نہیں سمجھتا کسی بُرائی کے اقدام پر اس کے نہاں خانۂ دل میں جو ہلچل برپا ہوتی ہے اس کی پروا نہیں کرتا اور اپنے نفس کی خواہشات کے ریلے میں تنکوں کی طرح بہتا چلا جاتا ہے، وہ دونوں جہانوں میں خائب و خاسر ہو گا۔ سُورج کے اُجالے میں بھی وہ اندھوں کی طرح بھٹکتا پھرتا ہے۔ قوم ثمود کا تذکرہ تم بار بار سُن چکے ہو۔ اُن کے نبی نے اُن کے مطالبہ کے مطابق معجزہ دکھایا۔ اُنہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ چٹان پھٹی اور اس سے ایک جیتی جاگتی اونٹنی نمودار ہو گئی لیکن جن کے دل کی آنکھ اندھی تھی اُنہیں پھر بھی ہدایت نصیب نہ ہوئی۔ بلکہ ان کے ایک بدبخت ترین انسان نے اُس ناقہ کی کونچیں کاٹ کر اللہ کے غضب کو چیلنج کیا۔ خود بھی برباد ہوا اور اپنی ساری قوم کو بھی برباد کر ڈالا۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۹-۴-۷۷

سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فِيْ خَمْسَ عَشْرَةَ اٰيَةً

سورۃ الشمس مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں پندرہ آیات ہیں

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ﴿۱﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ﴿۲﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ﴿۳﴾

قسم ہے آفتاب کی اور اس کی دھوپ کی اور قسم ہے مہتاب کی ۱ جب وہ (غروب آفتاب کے) بعد آئے ۲ اور قسم ہے دن کی جب آفتاب کو روشن کرے ۳

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ﴿۴﴾ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ﴿۵﴾ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ﴿۶﴾

اور رات کی جب وہ اسے چھپا لے ۴ اور قسم ہے آسمان کی اور اسے بنانے والے کی ۵ اور زمین کی اور اس کو بچھانے والے کی ۶

۱۔ اس سورت کا آغاز متعدد قسموں سے کیا جا رہا ہے تاکہ مخاطب پوری توجہ اور انہماک سے اس کو سنے اس کے مفہوم کو سمجھنے کی کوشش کرے اور جس حقیقت کو اتنی قسمیں کھا کر بیان کیا گیا ہے اس کی اہمیت کا پورا پورا احساس اس کے دل میں پیدا ہو۔ لغت و نحو کے امام مبرد نے ضحیٰ کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس کا اصل الضحّ ہے جس کا معنی ہے آفتاب کی روشنی۔ الضحّ کی دوسری حاء کو الف سے بدل دیا گیا قال المبرد اصل الضحی من الضح وھو نور الشمس والالف مقلوبة عن الحاء الثانیة۔ (قرطبی)

ضحاک نے حضرت ابن عباس سے ضحاھا کا یہ معنی نقل کیا ہے۔ عن ابن عباس وضحاھا قال جعل فیھا الضوء وجعلھا حارة۔ یعنی ضحیٰ سے سورج کی روشنی اور حرارت دونوں مراد ہیں۔

۲۔ تیسری قسم چاند کی کھائی جا رہی ہے جب وہ سورج کے غروب ہونے کے بعد طلوع ہوتا ہے۔ قمری مہینہ کے ابتدائی پندرہ دنوں میں ایسا ہی ہوتا ہے۔ ادھر سورج غروب ہوتا ہے ادھر چاند نمودار ہو جاتا ہے اور آخری نصف میں چاند پہلے طلوع ہوتا ہے اور سورج اس کے بعد نمودار ہوتا ہے۔

۳۔ چوتھی قسم دن کی کھائی جا رہی ہے جب وہ سورج کو روشن کر دیتا ہے۔ یعنی دن جیسے چڑھتا جاتا ہے سورج کی روشنی بھی زیادہ تیز ہوتی جاتی ہے۔ جلّٰھا کی ضمیر منصوب کا مرجع سورج بھی ہو سکتا ہے جس طرح ذکر ہوا اور اس کا مرجع امور غیر مذکورہ بھی ہو سکتے ہیں جیسے زمین، دنیا، ظلمت وغیرہ۔ اس وقت معنی ہوگا قسم ہے دن کی جب وہ ساری زمین کو روشن کر دیتا ہے۔

۴۔ گویا جب رات آتی ہے تو سورج کو اپنے اندھیروں میں لپیٹ لیتی ہے۔ زمین کا جو حصہ پہلے سورج کی روشنی میں چمک رہا تھا وہاں رات کی تاریکی پھیل جاتی ہے۔

۵۔ ان آیات میں ما مصدریہ بھی ہو سکتا ہے اور ما بمعنی مَنْ بھی ہو سکتا ہے۔ امام حسن بصری، مجاہد اور طبری کا پسندیدہ قول یہ ہے کہ ما بمعنی مَنْ ہے۔ ترجمہ اس کے مطابق کیا گیا ہے۔ باقی رہا یہ شبہ کہ ما کا استعمال بے جان مخلوق اور غیر عاقل اشیاء کے لیے ہوتا ہے یہاں ما سے اللہ تعالیٰ کی ذات کیسے مراد لی جا سکتی ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن کریم میں ما بکثرت مَن کے معنی

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝۷ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝۸ قَدْ

قسم ہے نفس کی اور اس کو درست کرنے والے کی ۷ پھر اس کے دل میں ڈال دیا اس کی نافرمانی اور اس کی پارسائی کو ۸ یقیناً فلاح

میں استعمال ہوا ہے مثلاً فانکحوا ما طاب لکم من النساء ــــ ولا انتم عابدون ما اعبد۔

۶ طحٰی اور دحٰی دونوں ہم معنی ہیں ای بسطہا من کل جانب: یعنی اسے ہر طرف سے کشادہ کر دیا ہے اور بچھا دیا ہے۔

۷ انسان کی ظاہری ساخت، اس کے ظاہری و باطنی حواس، اس میں غور و فکر اور فہم و استنباط کی صلاحیتیں جس علیم و حکیم نے بڑی خوبصورتی اور سلیقہ سے اس میں ودیعت فرمائی ہیں اس ذات کی قسم کھائی جا رہی ہے۔

۸ علامہ ابن منظور الہام کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں اَللَّھْمُ: الابتلاع لھم الشیئ لھمًا و لَھَمًا و تلھّمہ والتھمہ ابتلعہ بمرۃ۔ یکبارگی کسی چیز کو نگل جانا۔ اسی سے الہام مشتق ہے۔ والالہام: ما یلقی فی الروع۔ دل میں کسی چیز کو ڈال دینا۔ ان یلقی اللہ فی النفس امرا یبعثہ علی الفعل او الترک۔ (لسان العرب) یعنی اللہ تعالیٰ کا نفس میں ایسا خیال پیدا کر دینا جس کے باعث وہ کسی کام کو کرے یا ترک کر دے۔

علامہ راغب اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں الالہام: القاء الشیئ فی الروع ویختص ذلک بما کان من جہۃ اللہ تعالیٰ وجہۃ الملأ الاعلیٰ۔ (المفردات) یعنی الہام کسی چیز کے دل میں ڈالنے کو کہتے ہیں۔ اور الہام اس خیال کے لیے مخصوص ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو یا ملاء اعلیٰ کی طرف سے ہو۔

آیت کا مطلب یہ ہو گا کہ اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کو نیک و بد، حق و باطل اور صحیح و غلط میں تمیز کرنے کا شعور عطا فرمایا ہے۔ وہ اچھی اور بری چیزوں میں پوری طرح امتیاز کر سکتا ہے۔ اس کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ انسان میں نیکی کرنے اور برائی کرنے کی دونوں صلاحیتیں موجود ہیں اب اس کی مرضی کہ وہ نیکی کو پسند کرتا ہے یا برائی کو اختیار کرتا ہے۔ اس سے پہلی سورت میں بھی اس مفہوم کو یوں بیان کیا گیا ہے وھدینٰہ النجدین۔ اس کے علاوہ متعدد مقامات پر قرآن کریم نے یہ تصریح کی ہے۔ انا ھدینٰہ السبیل اما شاکرا و اما کفورا۔ حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے قال قرأ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فالھمھا فجورھا وتقوٰھا قال اللّٰھم اٰتِ نفسی تقوٰھا و زکّھا انت خیر من زکّٰھا انت ولیّھا و مولاھا۔ (قرطبی) حضور نے اس آیت کو پڑھا اور اس کے بعد یہ دعا مانگی الٰہی! میرے نفس کو اس کا تقویٰ عطا فرما۔ اور تو ہی اس کو پاک فرما۔ تو بہترین پاک کرنے والا ہے۔ تو ہی اس کا مالک اور مددگار ہے۔

حضرت زید بن ارقم سے مروی ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یوں دعا مانگا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْھَرَمِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ۔

اَللّٰھُمَّ اٰتِ نَفْسِیْ تَقْوٰھَا وَزَکِّھَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکّٰھَا اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلٰھَا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ قَلْبٍ لَّا یَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَعِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ وَدَعْوَۃٍ لَّا یُسْتَجَابُ لَھَا۔

حضرت زید فرمایا کرتے کہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہمیں یہ دعا سکھایا کرتے اور ہم تم کو یہ دعا سکھا رہے ہیں۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝۹ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝۱۰ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ

پا گیا جس نے (اپنے) نفس کو پاک کر لیا ۹ اور یقیناً نامراد ہوا جس نے اس کو خاک میں دبا دیا ۱۰ جھٹلایا قوم ثمود نے (اپنے پیغمبر کو)

بِطَغْوٰىهَآ ۝۱۱ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝۱۲ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اپنی سرکشی کے باعث۔ جب اٹھ کھڑا ہوا ان میں سے ایک بڑا بدبخت ۱۱ تو کہا انہیں اللہ کے رسول نے کہ خبردار رہنا

(مسند احمد، ابن کثیر)

ترجمہ: الٰہی! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں عاجزی سے، سستی سے، بڑھاپے سے، بزدلی سے، بخل سے اور عذاب قبر سے۔

الٰہی! میرے نفس کو اس کا تقویٰ عطا کر، اس کو پاک کر، تو بہترین پاک کرنے والا ہے، تو ہی اس کا مالک اور مددگار ہے۔

الٰہی! میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے دل سے جس میں خشوع نہ ہو، ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو، ایسے علم سے جو نفع نہ دے اور ایسی دعا سے جو مقبول نہ ہو۔

۹ یہ ہے وہ حقیقت جس کو آشکارا کرنے کے لیے اتنی قسمیں کھائی گئی ہیں۔ فرمایا جس نے اپنے نفس کا تزکیہ کیا وہ دونوں جہانوں میں کامیاب و کامران ہو گیا اور جس نے اسے گناہوں کی خاک میں دبا دیا وہ خائب و خاسر ہوا۔ علامہ زمخشری لکھتے ہیں التزكية الانماء والاعلاء والتدسية النقص والاخفاء۔

جو شخص اپنے آپ کو گناہوں سے پاک رکھتا ہے، اپنے آپ کو اخلاق حسنہ سے آراستہ کرتا ہے اس کی فطرت سلیمہ نشوونما پاتی ہے، اس کی قوت و توانائی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ ایسا شخص اپنے اندر ایسا عزم اور ہمت محسوس کرتا ہے کہ وہ مشکل سے مشکل کام کرنے کے لیے آمادہ ہو جاتا ہے، راہ میں حائل ہونے والی رکاوٹوں کو وہ پرکاہ کی وقعت نہیں دیتا، نہایت ثابت قدمی سے نیکی کی راہ پر گامزن رہتا ہے اس کی زندگی کا دامن اعمال حسنہ اور روشن کارناموں سے لبریز ہو جاتا ہے۔ اس کی روحانی قوتیں بیدار ہو جاتی ہیں اور آخرکار وہ اس منزل پر فائز ہو جاتا ہے جس کے بارے میں حدیث قدسی میں فرمایا گیا ہے۔ اكون بصره الذي يبصر به میں اس کی بینائی بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے الخ۔ جب اس کی ظاہری زندگی رحمتوں اور برکتوں کا مخزن و منبع ہوتی ہے تو آخرت میں اس کی جو عزت افزائی ہو گی اس کا اندازہ کون لگا سکتا ہے۔

۱۰ اس کے برعکس جس نے اپنے نفس کی صلاحیتوں کا گلا گھونٹ دیا، جس نے گناہوں کے ڈھیر کے نیچے اس کو بری طرح دبا دیا اور اس کی قوتوں کا غلط استعمال کر کے ناشکری کی انتہا کر دی، وہ شخص اپنی بدنصیبی اور محرومی کا جتنا بھی ماتم کرے کم ہے۔ قال اهل اللغة الاصل دسسها من التدسيس وهو اخفاء الشيء في الشيء فابدلت سينه ياء كما يقال تقضي البازي واصله تقضض البازي۔ یعنی اہل لغت کہتے ہیں کہ دسّٰہا اصل میں دسّسہا ہے۔ یہ تدسیس سے مشتق ہے اس کا معنی ہے کسی چیز کو دوسری چیز میں چھپا دینا۔ اس کے آخری سین کو یاء سے بدل دیا گیا جس طرح تقضّی البازی اصل میں تقضض البازی تھا۔ آخری ضاد کو یاء سے

نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ﴿۱۳﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۙ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ

اللہ کی اونٹنی اور اس کی پانی کی باری سے ۱۲؎ پھر بھی انہوں نے جھٹلایا رسول کو اور اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں۔ پس ہلاک کر دیا انہیں ان کے

رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿۱۴﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿۱۵﴾

رب نے ان کے گناہ عظیم کے باعث اور سب کو پیوند خاک کر دیا ۱۳؎ اور کوئی ڈر نہیں اللہ کو ان کے تباہ کن انجام کا ۱۴؎

بدل دیا۔

۱۱؎ انسانی تاریخ سے ایک مثال پیش کر کے یہ سمجھایا جا رہا ہے کہ جنہوں نے اپنے نفسوں کو گناہوں کی مٹی کے نیچے دبا دیا وہ خائب وخاسر ہوئے۔ قوم ثمود کے حالات سے اہل عرب بے خبر نہ تھے۔ عذاب الٰہی کی جس بجلی میں ثمود کو بھون دیا گیا تھا اس کی تفصیلات سے بھی وہ بخوبی آگاہ تھے۔ تجارتی سفروں میں بارہا ان کا گزر ان ویران کھنڈروں سے ہوا کرتا جہاں کبھی قوم ثمود بڑے کروفر سے آباد تھی۔ اہل مکہ کو ان کی غلط روش سے باز رکھنے کے لیے ان کی توجہ ثمود کے عبرت ناک انجام کی طرف مبذول کرائی جا رہی ہے۔ انہوں نے بھی اپنے نبی کو جھٹلایا تھا۔ وہ اونٹنی جو ان کی فرمائش کے مطابق حضرت صالح علیہ السلام نے بطور معجزہ پیش کی تھی اور ان کو اچھی طرح متنبہ کیا تھا کہ خبردار! اس اونٹنی کو ہرگز اذیت نہ پہنچانا۔ ایک دن کنویں سے سارا قبیلہ پانی پئے۔ دوسرا دن اس اونٹنی کے لیے مخصوص کر دو۔ اس میں رد وبدل کی کوشش ہرگز نہ کرنا ورنہ خدا کا عذاب تمہیں تہس نہس کر کے رکھ دے گا۔ لیکن غرور ونخوت کی جو شراب انہوں نے پی رکھی تھی، اس نے انہیں سرکش ونافرمان بنا دیا تھا۔ اسی سرکشی کے باعث انہوں نے اپنے نبی کی ہدایات کی ذرا پروا نہ کی۔ بلکہ ان کو جھٹلانا شروع کر دیا اور اس ناقہ کی کونچیں کاٹ دیں اور اسے ہلاک کر دیا۔ جس شخص نے یہ ظلم ڈھایا اس کا نام قدار بن سالف تھا جو سارے ثمودیوں میں پرلے درجے کا شریر، مفسدہ پرداز اور خبیث النفس تھا، لیکن اسے ساری قوم کی تائید حاصل تھی اس لیے ساری قوم کو سزا ملی۔ ضحاک سے مروی ہے کہ ایک دن حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ سے پوچھا: اتدری من اشقی الاولین اے علی! کیا تم جانتے ہو کہ پہلے لوگوں میں سب سے زیادہ بدبخت کون تھا؟ میں نے عرض کیا اللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتا ہے۔ حضور نے فرمایا اونٹنی کی کونچیں کاٹنے والا۔ پھر دریافت فرمایا اتدری من اشقی الآخرین کہ بعد میں آنے والوں میں سب سے زیادہ بدبخت کون ہے؟ حضرت علی نے عرض کیا اللہ ورسولہ اعلم۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا قاتلک۔ تیرا قاتل سب سے زیادہ بدبخت ہے۔

۱۲؎ ناقۃ اللہ منصوب ہے جس طرح کہتے ہیں الاسد الاسد۔ اس کا فعل محذوف ہے۔ ای احذروا ناقۃ اللہ۔

۱۳؎ علامہ قرطبی دمدم کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں الدمدمۃ اهلاك باستيصال فدمدم عليهم ای اهلكهم فجعلهم تحت التراب۔ کسی کی چیز کو اکھیڑ کر تباہ کر دینا کہ اس کا نام ونشان بھی باقی نہ رہے۔ یعنی ان کو نیست ونابود کر دیا گیا ان کا نام ونشان تک بھی باقی نہ رہا۔

۱۴؎ قوم ثمود اپنے عہد عروج میں بڑی نامور قوم تھی۔ دیگر قبائل و اقوام کے ساتھ ان کے دوستانہ مراسم تھے یقیناً انہوں نے باہمی معاہدہ کر رکھا ہوگا کہ اگر کسی قوم پر کوئی تاخت و تاراج کرے تو سب مل کر حملہ آور کا مقابلہ کریں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ثمود جیسی قوم کو تباہ و برباد کر دینے کے نتائج کا مجھے کوئی خوف نہیں۔ ان کے کسی حلیف قبیلہ یا دوست قوم کی یہ مجال نہیں کہ ہم سے ان کی بربادی کا انتقام لے سکے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات ان تمام خدشات سے ماوراء ہے۔ اس کی قوت کے سامنے کسی کو دم مارنے کی جرأت نہیں۔ وہ جس کو تباہ و برباد کرنا چاہے کر سکتا ہے۔

ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفرلنا وترحمنا لنكونن من الخاسرين

اللهم صل على حبيبك المكرم وعلى آله واصحابه ومن تبعه و بارك وسلم

تعارف

سُورۃُ اللّیل

نام : اس سورت کا نام "اللّیل" ہے۔ جو اس سورت کا پہلا لفظ ہے۔ اس میں ایک رکوع، اکیس آیتیں، اکہتر کلمے اور تین سو دس حروف ہیں

نزول : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

مضامین : اس سورت میں دیگر اہم نکات کے علاوہ ایک نفسیاتی راز سے پردہ اٹھایا گیا ہے۔ وہ یہ کہ جو انسان اپنے آپ کو نیک اعمال کا عادی بنالیتا ہے۔ اس کے لیے اچھے کام خواہ کتنے کٹھن اور مشکل ہوں آسان ہو جاتے ہیں۔ لوگوں کے لیے تو اطاعت و تقویٰ کا راستہ بڑا دشوار گزار اور خاردار ہوتا ہے لیکن وہ شخص اس پر یوں خراماں خراماں گزر جاتا ہے جیسے اس کے راستہ میں اطلس و کمخواب کا فرش بچھا ہو۔ اس کے برعکس جو لوگ برائیوں کے خوگر ہو جاتے ہیں وہ ان گناہوں میں ایسی کشش اور لذت محسوس کرتے ہیں جو درحقیقت ان کی بربادی، بدنامی اور رسوائی کا باعث ہوتے ہیں۔ وہ ایک شراب کے گھونٹ کے لیے بڑی دریادلی سے اپنی دولت لٹاتے رہتے ہیں۔ جوئے کی ایک بازی پر وہ اپنی بیگمات کی عصمتوں کو داؤ پر لگانے سے بھی باز نہیں آتے۔ اپنے سگے بھائی کے قتل پر بھی نہ انہیں جھجک محسوس ہوتی ہے اور نہ خجالت۔

ارشادِ الٰہی ہے کہ لوگوں کو دعوتِ حق دینا ہم نے اپنے ذمۂ کرم پر لیا ہوا ہے لیکن اس کو قبول کرنے پر ہم کسی کو مجبور نہیں کرتے۔ جو چاہے اپنی خوشی سے راہِ حق پر گامزن ہو جائے۔ اور جو چاہے ہلاکت کے گڑھے میں کود جائے۔ اس کو معاوضہ ویسا ہی ملے گا جیسا اس نے اپنی مرضی سے عمل کیے تھے۔ اللہ کے بندے اپنا مال ضرورت مندوں میں رات کی تاریکی میں چھپ چھپ کر بانٹ رہے ہوتے ہیں۔ اس سے ان کا مقصد کسی کے سابقہ احسان کا بدلہ چکانا نہیں ہوتا۔ وہ محض اپنے ربِّ اعلیٰ کو راضی کرنا چاہتے ہیں۔ اور انہیں مبارک ہو۔ یہ گوہرِ مقصود انہیں بخش دیا جائے گا۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۷۷-۴-۹

سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | احدى وعشرون اٰيَة

سورۂ لیل مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ | اس میں اکیس آیات ہیں

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۙ﴿۱﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۙ﴿۲﴾ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ

قسم ہے رات کی جب وہ (ہر چیز پر) چھا جائے اور قسم ہے دن کی جب وہ خوب چمک اٹھے اور اس کی قسم جس نے پیدا کیا نر

وَالْاُنْثٰٓى ۙ﴿۳﴾ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۭ﴿۴﴾ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۙ﴿۵﴾

اور مادہ کو [1] بے شک تمہاری کوششیں مختلف نوعیت کی ہیں [2] پھر جس نے (راہ خدا میں اپنا) مال دیا اور (اس سے) ڈرتا رہا

[1] اس سورت کا آغاز بھی متعدد قسمیں کھا کر کیا گیا ہے۔

[2] یہ ان قسموں کا جواب ہے۔

آفتاب رسالت کے طلوع ہونے سے پہلے ہر طرف کفر و شرک اور جہالت کا اندھیرا پھیلا ہوا تھا۔ عمیق غاریں اور بلند چوٹیاں سب کی سب تاریکی میں ڈوبی ہوئی تھیں۔ سب اہل عرب ایک ہی ڈگر پر رواں دواں تھے۔ لیکن حضور کی بعثت نے عرب کے معاشرے کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ دونوں گروہوں کے عقائد و نظریات، افکار و جذبات اور اعمال و کردار میں زمین و آسمان سے بھی زیادہ بعد تھا۔ ہر گروہ اپنی روش پر پختہ اور اپنی اپنی منزل کی طرف گرم سیر تھا۔ اللہ تعالیٰ قسم اٹھا کر فرماتے ہیں کہ جس طرح رات اور دن، نر اور مادہ الگ الگ ہیں، ہر ایک کی اپنی خصوصیات اور ان کے الگ الگ نتائج ہیں، اسی طرح ان دو گروہوں کے اعمال کی نوعیت بھی جدا جدا ہے۔ ان میں کسی قسم کی یکسانیت نہیں۔ ایک گروہ اپنے خالق و مالک کی بندگی اختیار کیے ہوئے ہے اس کے احکام کی بجا آوری میں کوشاں ہے اور اس کی رضا کا جویا ہے اور دوسرا گروہ معبودانِ باطل کی چوکھٹ پر سجدہ ریز ہے اپنے نفس کی خواہشات کی تکمیل میں روز و شب مصروف ہے۔ عارضی لذتوں اور فانی جاہ و جلال کے حصول کے علاوہ اس کے پیش نظر کوئی منزل نہیں۔ اس بیّن تفاوت کے باوجود ان دو گروہوں کی جد و جہد یکساں نہیں ہو سکتی اور اس پر ایک جیسے نتائج مرتب نہیں ہو سکتے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس حقیقت کو یوں بیان فرمایا ہے الناس غادیان۔ فمبتاع نفسہ فمعتقها۔ وبائع نفسہ وموبقها۔ (قرطبی) لوگ جب صبح کرتے ہیں تو ان کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ کچھ لوگ اپنے نفس کو خرید کر اس کو آزاد کر دیتے ہیں اور کچھ لوگ اپنے نفس کو فروخت کر کے اس کو ہلاک کر دیتے ہیں۔

شتّٰی، شتیت کی جمع ہے جس طرح مریض کی جمع مرضٰی۔ یعنی متفرق اور منتشر۔ چاہیے تو یہ تھا کہ ان سعیکم لشتیت ہوتا کہ اسم اور خبر دونوں واحد ہوتے۔ لیکن سعی مسلسل جد و جہد کو کہتے ہیں جو متعدد اعمال و افعال پر مشتمل ہوتی ہے اس لیے اگرچہ سعی لفظاً واحد ہے لیکن معناً جمع ہے۔ اس کے اسی معنی کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس کی خبر شتّٰی جمع ذکر کی گئی۔

وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ﴿۶﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ

اور جس نے اچھی بات کی تصدیق کی ۳؎ تو ہم آسان کر دیں گے اس کے لیے آسان راہ ۴؎ اور جس نے بخل کیا

۳؎ ان دو گروہوں کی جدوجہد کے چند اہم پہلو ذکر کر کے ان کے باہمی بُعد اور تفاوت کو واضح کیا جا رہا ہے۔ پہلے اس سعادتمند گروہ کی جدوجہد اور سعی پیہم کے اہم پہلوؤں کو ذکر فرمایا۔ جس گروہ نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی دعوت کو صمیم قلب سے قبول کیا، حضور کے دست حق پرست پر ہاتھ رکھ کر اسلام کی بیعت کی اور ہر قیمت پر اللہ تعالیٰ کی توحید کے پرچم کو سربلند کرنے اور سربلند رکھنے کا عزم کیا، فرمایا یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے دیے ہوئے رزق سے اس کی رضا، اس کے دین کی سربلندی اور اس کے ضرورتمند بندوں کی اعانت کے لیے اپنا مال بصد مسرت خرچ کرتے ہیں۔ اس کو بوجھ نہیں سمجھتے، اس کو تاوان اور چٹی خیال نہیں کرتے بلکہ سب کچھ نثار کر کے شکر ادا کرتے ہیں کہ ان کے رب نے ان کو مال بھی بخشا اور اپنے راستے میں اسے خرچ کرنے کی توفیق بھی مرحمت فرمائی۔ ان کی دوسری خوبی یہ ہے کہ انہوں نے تقویٰ کو اپنا شعار بنا رکھا ہے۔ فرائض و واجبات کی ادائیگی میں بڑے سرگرم ہیں۔ منہیات اور محرمات کے قریب تک نہیں پھٹکتے۔ ان کا ظاہر و باطن تقویٰ کے نور سے جگمگا رہا ہے۔

ان کی تیسری خصوصیت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے رسول نے جن اچھی چیزوں کی انہیں تعلیم دی ہے ان کی وہ تصدیق کرتے ہیں اور دل سے تسلیم کرتے ہیں کہ یہ باتیں سراسر حق ہیں۔

۴؎ یہ جملہ بڑا توجہ طلب ہے۔ فرمایا جس گروہ میں یہ تین صفات پائی جاتی ہیں ہم ان کے لیے وہ راہ آسان کر دیتے ہیں جو انہیں ابدی فلاح اور حقیقی مسرتوں کی طرف لے جانے والی ہے۔ اس راہ پر چلنے کی لگن ہم ان کے دل میں پیدا کر دیتے ہیں اپنی منزل سے انہیں والہانہ عشق ہو جاتا ہے۔ جو کام لگن اور عشق سے کیا جائے وہ بظاہر کتنا کٹھن کیوں نہ ہو جذبۂ عشق کی برکت سے وہ ذرا مشکل نہیں ہوتا۔ اس راہ کے کانٹے بھی پھولوں سے زیادہ پیارے لگتے ہیں۔ ہر مشکل گھاٹی راہی کو نئی لذتوں سے آشنا کرتی ہے۔ نماز اس کے لیے بوجھ نہیں رہتی بلکہ اس کی روح کی غذا بن جاتی ہے جس کے بغیر اسے قرار نہیں آتا۔ عبادات کی ادائیگی میں اسے گرانی محسوس نہیں ہوتی بلکہ اسے وہ خوشی و مسرت حاصل ہوتی ہے جس کا اندازہ ہر شخص کے بس کی بات نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرنے کا شوق نئے نئے بہانے تلاش کرتا ہے اور جب اس کی رضا کے لیے سر کٹانے کا موقع آتا ہے تو اس وقت اس کا ذوق سرفروشی فرشتوں کو بھی محو حیرت کر دیتا ہے۔

اب ذرا آیت کے الفاظ میں غور فرمایئے :

علامہ آلوسی فَسَنُيَسِّرُهٗ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ اصل التیسیر من الیُسر بمعنی السهولة. لکن أرید التهیئة و الإعداد للأمر. یعنی تیسیر، یُسر سے باب تفعیل کا مصدر ہے۔ اس کا اصل معنی آسانی اور سہولت ہے لیکن یہاں اس کا مفہوم یہ ہے کہ کسی کام کے لیے کسی کو مستعد اور تیار کر دینا۔ عرب جب گھوڑے پر زین ڈال کر اور اس کے منہ میں لگام دے کر سواری کے لیے بالکل تیار کر دیتے ہیں تو کہتے ہیں یَسَّرَ الفرس المرکوب إذا أسرجها وألجمها۔

علامہ ابن منظور نے بھی لسان العرب میں اس کا یہی مفہوم بتایا ہے اور متعدد احادیث بطور استشہاد پیش کیں۔ ان میں سے ایک

وَاسْتَغْنٰى ۝۸ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝۹ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝۱۰

اور بے پروا بنا رہا۔ اور اچھی بات کو جھٹلایا ۵ تو ہم آسان کردیں گے اس کے لیے مشکل راہ ۶

آپ بھی سن لیجیے :

فی الحدیث : اعملوا وسددوا وقاربوا فکل میسّر لما خلق لہ ۔ الخ ملخصًا ۔ یعنی حضور نے فرمایا کہ نیک اعمال کرو، راست روی اختیار کرو، میانہ روی اختیار کرو۔ ہر شخص جس مقصد کے لیے پیدا کیا گیا اس کی استعداد اس میں رکھ دی گئی ہے۔ چنانچہ علامہ آلوسی اس جملہ کا مفہوم یوں بیان کرتے ہیں فَسَنُيَسِّرُهٗ للخصلۃ التی تؤدی الی یسر وراحۃ کدخول الجنۃ ومبادیہ۔ یعنی ہم اس میں اس خصلت کی استعداد پیدا کر دیتے ہیں جو اسے آسانی اور راحت کی طرف لے جاتی ہے جس طرح دخولِ جنت اور اس کے لوازمات وغیرہ۔ یُسریٰ، صفت مؤنث ہے لیکن اس کا موصوف مقدر ہے۔ اعمالِ صالحہ، اخلاقِ حسنہ، رضائے الٰہی، دخولِ جنت سب اس کے موصوف ہو سکتے ہیں۔ ان امور کو آسان اور سہل فرمایا گیا ہے۔ اس لیے بھی کہ جب انسان ان کو حاصل کر لیتا ہے تو اس کو ابدی راحت و آرام نصیب ہو جاتا ہے اور اس لیے بھی کہ وہ اس کی فطرتِ سلیمہ کے عین مطابق ہے۔ جو کام انسان کی فطرت سے ہم آہنگ ہو اس کا کرنا مشکل نہیں ہوتا بلکہ انسان بڑی سہولت سے اس کو انجام دے سکتا ہے۔ مشکل کام تو یہ ہے کہ جب کسی شخص کو اس کی فطرت کے تقاضوں کے خلاف کوئی کام کرنے پر مجبور کیا جائے۔ اسے قدم قدم پر اپنی فطرت سے جنگ کرنا پڑتی ہے۔ اپنے جذبات سے برسرِ پیکار ہونا پڑتا ہے اور اپنے مزاج کی مخالفت کرنا پڑتی ہے اور یہ کام واقعی بڑا کٹھن اور مشکل ہوتا ہے۔

علامہ جوہری نے اس کا معنی وَفَّقَہٗ کہا گیا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ اپنے فرمانبردار بندوں کو نیک اعمال کی توفیق عطا فرماتا ہے۔

اس میں انسانی نفسیات کا ایک پیچیدہ مسئلہ بھی حل کر دیا گیا۔ بتا دیا گیا کہ جو شخص نیک اعمال کرتا ہے اس میں مزید نیک اعمال کرنے کی قوت اور ہمت پیدا ہو جاتی ہے۔ جب وہ راہِ راست پر گامزن ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے مزید آگے بڑھنے اور بلند ترین منزل پر خیمہ زن ہونے کا شوق مرحمت فرما دیتا ہے جس کے باعث نیک اعمال اس کے لیے بالکل آسان ہو جاتے ہیں۔

۵ اہلِ سعادت کی خصوصیات بیان کرنے کے بعد اب اہلِ شقاوت کی قبیح عادات اور ان پر مرتب ہونے والے دردناک نتائج و اثرات کا بیان ہو رہا ہے۔

ان کی ایک خصلت یہ ہے کہ راہِ حق میں ایک دمڑی خرچ کرنا بھی ان کے لیے بڑی مصیبت ہے۔ ویسے اپنی نام و نمود کے لیے وہ بے دریغ روپیہ صرف کرتے ہیں۔ اپنی بزمِ عیش و طرب سجانے کے لیے وہ پانی کی طرح روپیہ بہاتے ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کا نام بلند کرنے کے لیے، دعوتِ اسلام کو کامیاب بنانے کے لیے اگر ان کی دولت کی ضرورت ہو تو ان کو سانپ سونگھ جاتا ہے۔ ایک پائی خرچ کرنے کی توفیق بھی انہیں نصیب نہیں ہوتی۔

ان کی دوسری خصلت یہ ہے کہ ان کی ساری تگ و دو دنیوی شہرت و ناموری حاصل کرنے تک محدود ہوتی ہے۔ انہوں نے اپنے انجام کو بالکل بھلا دیا ہے۔ اپنے رب کو راضی کرنے کا خیال تک بھی کبھی ان کے دل میں نہیں گزرتا گویا وہ اس سے بے نیاز ہیں۔ انہیں

وَمَا يُغْنِي عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدَّى ﴿١١﴾ إِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدَى ﴿١٢﴾

اور اس کے کسی کام نہ آئے گا اس کا مال جب وہ ہلاکت (کے گڑھے) میں گرے گا ۔ بے شک ہمارے ذمہ کرم پر ہے رہنمائی کرنا ۔

اپنے خدا کی ضرورت ہے نہ اپنے نیک انجام کی کوئی آرزو ہے۔ اگر زیادہ سے زیادہ وہ دولت سمیٹ لیں اور اونچا سے اونچا منصب انہیں مل جائے تو گویا انہوں نے اپنا گوہرِ مقصود پا لیا۔ ان کی تیسری خصلت بد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا محبوب رسول جن اعلیٰ اور عمدہ باتوں کی انہیں تعلیم دیتا ہے، جن ابدی صداقتوں اور لازوال سچائیوں سے انہیں آگاہ کرتا ہے وہ ان کی سچائی کو ہرگز تسلیم نہیں کرتے بلکہ ان کو اتنا جھٹلاتے ہیں، ان کی تکذیب کرتے ہیں۔ ان کو غلط ثابت کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور صرف کرتے ہیں۔ جب ان کی یہ عادتیں اور خصلتیں ہیں تو آپ خود ہی فیصلہ کر لیں کہ ان کی جدوجہد اور ان پاکبازوں کی جدوجہد کیونکر یکساں ہو سکتی ہیں اور ان کے نتائج ایک جیسے کیونکر ہو سکتے ہیں۔

ے آخر میں فرمایا کہ جن کی یہ عادات ہوں، جن کا یہ طریقۂ کار ہو ان کو یہ سزا دی جاتی ہے کہ ان کے دلوں میں ان کرتوتوں کی محبت پیدا کر دی جاتی ہے جو انہیں کشاں کشاں جہنم کی طرف لے جانے والے ہیں۔ انہیں نیکیوں سے نفرت ہو جاتی ہے گندگی کے کیڑوں کی طرح فسق و فجور کی غلاظتوں میں وہ بڑی خوشی محسوس کرتے ہیں۔ شراب نوشی اور بدکاری سے ان کا لگاؤ اتنا شدید ہو جاتا ہے کہ وہ اپنا مال اور اپنی جائیداد تک ان کی راہ میں ضائع کر دیتے ہیں، اپنی ذاتی عزت اور خاندانی وقار کو بھی خاک میں ملا دیتے ہیں۔ اپنی بیوی کے کانوں کی بالیاں اتار کر بھی وہ دخترِ رز سے اپنا شوق پورا کرتے ہیں۔ چوری کی ایسی لت انہیں پڑتی ہے کہ کوئی سزا انہیں اس سے باز نہیں رکھ سکتی ہر وہ بری چیز جو ان کی تباہی کا باعث ہے اس پر سو جان سے وہ فریفتہ ہو جاتے ہیں۔ انہیں کوئی لاکھ سمجھائے وہ سمجھنے کے لیے تیار نہیں ہوتے۔

عُسْرٰی صفت مونث ہے۔ اس کا موصوف بھی محذوف ہے۔ اعمالِ سیئہ، بداخلاقی، جہنم سب اس کے موصوف ہو سکتے ہیں۔ ان کو مشکل کہنے کی یہ وجہ بھی ہو سکتی ہے کہ جب انسان ان میں مبتلا ہو جاتا ہے تو اس کی تکلیفوں اور مصیبتوں کی انتہا ہو جاتی ہے اور اس لیے بھی انہیں عُسْرٰی کہا گیا کہ ان کرتوتوں کے کرتے وقت اسے اپنی فطرت سے، اپنے مزاج سے جنگ لڑنی پڑتی ہے۔ قدم قدم پر اس کی فطرتِ سلیمہ صدائے احتجاج بلند کرتی ہے۔ اس کا ضمیر اس کو بری طرح ملامت کرتا ہے۔ اس کے باوجود اس کا گناہوں میں مگن رہنا بڑا کٹھن اور دشوار کام ہے۔

اس حقیقت کو قرآن کریم میں متعدد مقامات پر مختلف اسالیب سے بیان فرمایا گیا۔ سورۂ انعام کی ایک آیت ملاحظہ فرمائیے فَمَنْ يُرِدِ اللّٰهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ وَمَنْ يُرِدْ أَنْ يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ۔ (ترجمہ) اور جس خوش نصیب کے لیے اللہ تعالیٰ ارادہ فرماتا ہے کہ ہدایت دے کشادہ فرما دیتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لیے اور جس بدنصیب کے لیے ارادہ فرماتا ہے کہ اسے گمراہ کر دے تو بنا دیتا ہے اس کے سینہ کو تنگ بہت تنگ گویا وہ زبردستی چڑھ رہا ہے آسمان کی طرف۔ (انعام ۱۲۵)

ے جس مال کی محبت میں آج وہ مارا مارا پھر رہا ہے، جائز و ناجائز، حرام و حلال کے درمیان امتیاز بھی نہیں کرتا جب اسے دھکے دے کر جہنم رسید کیا جائے گا تو یہ مال اس کے کسی کام نہ آئے گا۔ اس وقت وہ بہت چاہے گا کہ اس کی ساری جائیداد لے لی جائے اس کے بدلے

وَإِنَّ لَنَا لَلْآخِرَةَ وَالْأُولَىٰ ﴿۱۳﴾ فَأَنذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظَّىٰ ﴿۱۴﴾

یقیناً آخرت اور دنیا کے ہم ہی مالک ہیں۔ پس میں نے خبردار کر دیا ہے تمہیں ایک بھڑکتی آگ سے۔

لَا يَصْلَاهَا إِلَّا الْأَشْقَى ﴿۱۵﴾ الَّذِي كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ﴿۱۶﴾ وَسَيُجَنَّبُهَا

اس میں نہیں جلے گا مگر وہ انتہائی بدبخت جس نے نبی کریم کو جھٹلایا اور (آپ سے) روگردانی کی۔ ۹ اور دور رکھا جائے گا اس سے

الْأَتْقَى ﴿۱۷﴾ الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّىٰ ﴿۱۸﴾ وَمَا لِأَحَدٍ عِندَهُ

وہ نہایت پرہیزگار جو دیتا ہے اپنا مال اپنے (دل) کو پاک کرنے کے لیے ۱۰ اور اس پر کسی کا کوئی

مِن نِّعْمَةٍ تُجْزَىٰ ﴿۱۹﴾ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَىٰ ﴿۲۰﴾

احسان نہیں جس کا بدلہ اسے دینا ہو۔ بجز اس کے کہ وہ اپنے برتر پروردگار کی خوشنودی کا طلب گار ہے ۱۱

زیورات لے لیے جائیں اس کی تجوریوں میں کھنکتے اور چمکتے ہوئے چاندی اور سونے کے سکے سب لے لیے جائیں اور اس کی جان بخشی کر دی جائے لیکن اس روز اس کی کوئی بات نہ سنی جائے گی۔ اس کی سب فریادیں صدا بصحرا ثابت ہوں گی۔ اس کی ساری پیشکشوں کو ٹھکرا دیا جائے گا۔ اذا تردّی ای سقط فی جہنم۔

۸ سیدھی راہ دکھانا ہمارا کام ہے اور اس راہ پر چلنا انسان کا کام ہے۔ حق و باطل کو الگ الگ کر دینا ہمارا کام ہے اور باطل کو چھوڑ کر حق کو اختیار کرنا اس کا کام ہے۔

۹ جب ہم نے بروقت انہیں خبردار کر دیا ہے اس کے باوجود جو راہ حق اختیار نہیں کرتا اور غلط راستہ پر چل کر سیدھا جہنم میں جا گرتا ہے تو اس سے زیادہ بدبخت اور شقی کون ہو سکتا ہے۔ یہاں اشقی سے مراد امیہ بن خلف اور اس کے زمرے کے وہ رؤسائے کفر ہیں جنہوں نے دانستہ دعوتِ حق کو جھٹلایا اور محض عناد اور تعصب کی بنا پر باطل پر اڑے رہے۔

۱۰ ایک طرف اشقی ہے جس کا طریقہ کار حق کی تکذیب اور اسلام سے روگردانی ہے۔ اس کے مدمقابل وہ شخص ہے جو تقویٰ اور پارسائی میں اعلیٰ ترین مقام پر فائز ہے۔ جو دعوتِ حق کو کامیاب کرنے کے لیے بصد مسرت اپنا سارا مال و متاع قربان کرنے کے لیے آمادہ ہوتا ہے۔ دونوں کا انجام یکساں نہیں ہو سکتا ہے۔ ان کے انجام میں اتنا ہی بعد ہے جتنا ان کے فکر و عمل میں تفاوت ہے۔

۱۱ اقلیم تقویٰ و پارسائی کا یہ تاجدار اپنا مال جس دریادلی سے خرچ کر رہا ہے وہ کسی کا احسان اتارنے کے لیے نہیں۔ کسی کی نیکی اور حسن سلوک کا معاوضہ ادا کرنے کے لیے نہیں۔ اس کی نیت ان تمام آلائشوں سے پاک ہے۔ اس کے پیش نظر فقط ایک ہی مقصد ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے وہ اپنی متاعِ جان و دل تک قربان کرنے کے لیے بیتاب ہے۔ وہ مقصد فقط اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی ہے۔

وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝۲۱

اور وہ ضرور اس سے خوش ہوگا ۱۲

حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حلقۂ عقیدت میں داخل ہونے والے سب انہی صفات سے متصف تھے اور ان کی اعلیٰ ترین مثال حضرت صدیق اکبر کے عمل میں ملتی ہے۔ ہجرت سے پہلے وہ اپنی دولت نو مسلم غلاموں اور کنیزوں کو ان کے کافر آقاؤں سے خرید کر آزاد کرنے میں صرف کرتے رہے۔ جب سفر ہجرت میں سید المرسلین کی ہمرکابی کا شرف حاصل ہوا تو گھر میں جتنا روپیہ تھا ساتھ لے لیا ہجرت کے بعد جہاد کے لیے جب بھی سرمائے کی ضرورت ہوئی تو اس میں سب سے بڑھ کر حصہ لیا۔ غزوۂ تبوک کے موقع پر اپنے گھر کا سارا اثاثہ اپنے محبوب کے قدموں میں لاکر ڈھیر کر دیا۔ جب حضور نے دریافت کیا کہ ابوبکر! اپنے گھر میں بھی کچھ چھوڑ گئے ہو؟ تو عرض کیا آپ کا نام اور آپ کے پروردگار کا نام چھوڑ کر آیا ہوں۔

ان آیات کے شان نزول کے بارے میں حضرت ابن عباس سے یہ قول مروی ہے کہ جب حضرت بلال ؓ نے اسلام قبول کر لیا تو ان کے مالک امیہ بن خلف نے ان کو طرح طرح سے ستانا شروع کر دیا۔ ایک روز وہ آپ کو اذیت دے رہا تھا آپ پر غشی طاری تھی۔ اس وقت بھی آپ کی زبان پر احد احد جاری تھا۔ اس اثنا میں رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گزر ہوا۔ فرمایا احدٌ ینجیک۔ جس احد کا نام تم لے رہے ہو وہی تمہیں اس ظلم سے نجات دے گا۔ حضورؐ نے صدیق اکبر سے بلال کی کیفیت بیان کی۔ راز دانِ نبوت حضورؐ کے مدعا کو فوراً تاڑ گئے۔ اسی وقت گھر گئے اور نصف سیر سونا لے کر امیہ بن خلف کے پاس پہنچے اور کہا کیا تو بلال کو بیچنا چاہتا ہے؟ اس نے ہاں میں جواب دیا آپ نے منہ مانگی قیمت ادا کر کے انہیں خرید لیا اور آزاد کر دیا۔ اس وقت یہ آیتیں نازل ہوئیں۔

آپ کے والد ابو قحافہ کو جب علم ہوا کہ ان کا بیٹا ابوبکر کمزور اور نحیف غلاموں اور باندیوں کو خرید کر آزاد کر دیتا ہے تو انہوں نے کہا میرے بیٹے! تم ضعیف اور کمزور لوگوں کو آزاد کرتے ہو۔ اگر تم طاقتور اور بہادر غلاموں کو خرید کر آزاد کرتے تو وہ کسی مشکل کے وقت تمہارے کام آتے۔ آپ نے فرمایا ای ابت انما ارید ما عند اللہ۔ (ابن کثیر) ابا جان میرا اس سے مقصد صرف اللہ تعالیٰ کی رضا ہے۔

۱۲ے یرضیٰ کا فاعل اللہ تعالیٰ اور صدیق اکبر دونوں ہو سکتے ہیں۔ اگر فاعل اللہ تعالیٰ ہو تو جملہ کا مطلب ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ابوبکر پر راضی ہو جائے گا جس کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اس نے سب کچھ قربان کر دیا ہے اس کی رضا اس کو حاصل ہو جائے گی۔ اور اگر فاعل ابوبکر صدیق ہوں تو مطلب یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اپنی نعمتوں کا وہ مینہ ابوبکر پر برسائے گا کہ ابوبکر اپنے رب کریم کے لطف و کرم اور جود و عطا کو دیکھ کر خوش ہو جائے گا۔

○

اللّٰھم انت ربنا نحن نطلب رضاک فارض عنا برحمتک وبکرمک انک رؤف رحیم۔ وصل وسلم وبارک علی سیدنا ومولٰنا محمد وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔

○

تعارف

سُورۃ وَالضُّحٰی

نام : اس سُورۂ مبارکہ طیبہ کا نام "والضحیٰ" ہے جس سے اس سورت کا آغاز فرمایا جارہا ہے۔ اس میں ایک رکوع، گیارہ آیتیں، چالیس کلمے، ایک سو بہتر حروف ہیں۔

شانِ نزول : کُتب تفاسیر میں اس کی شانِ نزول کے بارے میں متعدد روایات درج ہیں میرے نزدیک روایت اور درایت کے نقطۂ نظر سے جو قول زیادہ مُستند اور قرینِ قیاس ہے وہ علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے اپنی تفسیر دُرِّ منثور میں ذکر کیا ہے جو پیشِ خدمت ہے :

اخرج احمد وعبد بن حمید والبخاری ومُسلم والترمذی والنسائی وابن جریر والطبرانی والبیہقی وابو نعیم معافی الدلائل عن جندب البجلی قال اشتکی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلم یقم لیلتین او ثلاثا فاتتہ امرأۃ فقالت یا محمّد ما اری شیطانک الا قد ترکک لم نرہ قربک لیلتین او ثلاثا فانزل اللہ والضحیٰ واللیل اذا سجی ۱/۶ (درمنثور)

ترجمہ : "جندب البجلی سے مروی ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحتِ مبارکہ دُرست نہ رہی۔ چنانچہ حضور دو یا تین راتیں شب خیزی نہ فرما سکے۔ ایک گستاخ عورت آئی اور حضور کا نام لے کر کہنے لگی کہ مجھے یُوں معلوم ہوتا ہے کہ تیرا شیطان تجھے چھوڑ کر چلا گیا ہے۔ ہم نے دو تین رات سے اُسے تمہارے قریب آتے نہیں دیکھا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ سورۂ مبارکہ نازل فرمائی"۔

مضامین : اس کے مضامین کے بارے میں تو آپ آیات کی تشریح کے ضمن میں تفصیلات ملاحظہ فرمائیں گے یہاں مختصراً یہ بات ذہن نشین کر لیجیے کہ ان آیات میں اُن عنایاتِ بے پایاں اور احساناتِ عظیم کا تذکرہ فرمایا جارہا ہے جو رحمٰن و رحیم ربّ العلمین نے اپنے محبوب ترین بندے اور رؤف و رحیم رسول پر فرمائیں۔ بعد ازاں اس رحمت للعالمین کو اپنی مخلوق پر ابرِ رحمت بن کر برسنے کے جو سلیقے اور آداب سکھائے اُن کا ذکر ہو رہا ہے۔ دینے والے کی شانِ کریمی کی کوئی حد نہیں تو لینے والے کے ظرف اور دامن کی وسعت بھی فکرِ انسانی کی حدود سے ماورا ہے۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا
۹-۴-۷۷

سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هِيَ اِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً

سورۃ الضحیٰ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں گیارہ آیات ہیں

وَالضُّحٰى ﴿۱﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿۲﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿۳﴾ وَ

قسم ہے روزِ روشن کی [۱] اور رات کی جب وہ سکون کے ساتھ چھا جائے [۲] نہ آپ کے رب نے آپ کو چھوڑا اور نہ ہی وہ ناراض ہوا [۳] اور

[۱] آیات کی تشریح سے پہلے اس کی شانِ نزول آپ سن لیں، سورت کا مفہوم سمجھنے میں آسانی ہوگی۔ شیخین کی روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم علالتِ طبع کے باعث دو تین روز سحری کے وقت بیدار ہو کر مصروفِ عبادت نہ ہوئے تو ابولہب کی بیوی اُمِّ جمیل جس کا مکان حضور کے مکان کے پڑوس میں تھا، وہاں آئی اور کہنے لگی۔ مَا أَرَى شَيْطَانَكَ إِلَّا قَدْ تَرَكَكَ لَمْ أَرَهُ قَرِبَكَ مُنْذُ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثٍ "میں دیکھتی ہوں کہ تمہارے شیطان نے تمہیں چھوڑ دیا ہے۔ دو تین رات سے میں نے اس کو تمہارے نزدیک آتے ہوئے نہیں دیکھا"۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی اس گستاخی کے جواب میں یہ سورۂ پاک نازل فرمائی۔

دوسری روایت میں یہ مذکور ہے کہ ابتدائے بعثت میں کچھ عرصہ نزولِ وحی کا سلسلہ جاری رہا اور پھر یکدم رک گیا۔ یہ انقطاع بارہ یا پندرہ یا پچیس یا چالیس دن تک باختلافِ روایات برقرار رہا۔ حضور کی طبعِ مبارک پر بہت گراں گزرا۔ وہ کان جو کلامِ الٰہی سننے کے عادی ہو چکے تھے وہ دل جو ارشاداتِ ربانی کا خوگر ہو چکا تھا اس کے لیے یہ بندش ناقابلِ برداشت تھی ــــ نیز کفار نے بھی طعنہ زنی شروع کر دی کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو خدا نے چھوڑ دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ناراض ہو گیا ہے۔ اس لیے وحی کا نزول رک گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کفار کے ان خرافات کی تردید قسم اٹھا کر کی اور اپنے محبوبِ کریم کو بھی تسلی دی کہ آپ پریشان نہ ہوں۔ جس طرح دن کی روشنی کے بعد رات کی تاریکی میں گوناگوں حکمتیں ہیں اسی طرح نزولِ وحی اور پھر اس کے بعد انقطاع میں بھی بڑی بڑی حکمتیں مضمر ہیں۔

جب سورج پوری آب و تاب سے چاشت کے وقت چمکنے لگتا ہے اس وقت کو الضُّحٰى کہتے ہیں۔ اس کی لغوی تحقیق سورۃ الشمس میں گزر چکی ہے۔ لیکن علامہ قرطبی اور کئی دیگر مفسرین نے لکھا ہے کہ الضحیٰ کا لفظ رات کے مقابلہ میں ذکر کیا جائے تو اس وقت اس سے مراد سارا دن ہوتا ہے جیسے سورۂ اعراف میں ہے۔ أَفَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَى أَنْ يَأْتِيَهُمْ بَأْسُنَا بَيَاتًا وَهُمْ نَائِمُونَ. أَوَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَى أَنْ يَأْتِيَهُمْ بَأْسُنَا ضُحًى وَهُمْ يَلْعَبُونَ۔

ترجمہ: کیا بستی کے باشندے اس بات سے بے خوف ہو گئے ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت آئے جب وہ سو رہے ہوں یا بستی کے باشندے بے خوف ہو گئے ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب دن کے وقت آئے جبکہ وہ کھیل رہے ہوں۔

یہاں ضحیٰ سے مراد چاشت کا وقت نہیں بلکہ سارا دن ہے۔

والضحیٰ کے بعد واللیل اذا سجیٰ ہے اس لیے یہاں بھی پورے دن کی قسم کھائی جا رہی ہے۔ علامہ ابن منظور کی بھی یہی رائے ہے ای هو النهار كله. (لسان العرب)

[۲] جب رات خوب تاریک ہو جائے اور ہر سُو آرام و سکون پھیل جائے تو عرب کہتے ہیں سَجَى اللَّيْلُ۔ قال الفراء، اذا اظلم و رکد في

لَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۝۴ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝۵

یقیناً ہر آنے والی گھڑی آپ کے لیے پہلی سے (بدرجہا) بہتر ہے ۴ اور عنقریب آپ کا رب آپ کو اتنا عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے ۵

ظلمہ کما یقال بحرٌ ساجٍ ولیلٌ ساجٍ۔ سمندر پرسکون ہے اور رات پرسکون ہے۔

حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ ضحیٰ سے مراد وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا اور رات سے مراد شبِ معراج ہے۔ (قرطبی)

حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر عزیزی کی چند سطور اہل شوق و محبت کے مطالعہ کے لیے نقل کر رہا ہوں:

"بعضے از مفسرین چنیں گفتہ اند کہ مراد از ضحیٰ روزِ ولادتِ پیغمبر است صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و مراد از لیل شبِ معراج است۔ و بعضے گویند کہ مراد از ضحیٰ روئے پیغمبر است صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم و از لیل موئے او کہ در سیاہی ہمچو شب است۔ و بعضے گویند کہ مراد از ضحیٰ نور علمے است کہ آنجناب را داده بود و بسبب آں پوشیدہائے عالمِ غیب منجلی و منکشف گشتند۔ و مراد از شب خُلقِ عفو اوست کہ عیوبِ امت را پوشید۔ و بعضے گویند کہ مراد از روز علانیہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم است یعنی احوالِ ظاہرہ آنجناب ست کہ خلق براں مطلع شد و مراد از شب سرِ آنجناب یعنی احوالِ باطن او کہ غیر از علام الغیوب کسے براں مطلع نیست۔"

ترجمہ: بعض مفسرین نے کہا ہے کہ ضحیٰ سے مراد حضور کی ولادتِ باسعادت کا دن اور لیل سے شبِ معراج مراد ہے۔ اور بعض فرماتے ہیں کہ ضحیٰ سے مراد حضور کا رُخِ انور ہے اور لیل سے زلفِ عنبریں۔ اور بعض نے فرمایا کہ ضحیٰ سے مراد نورِ علم ہے جو آنجناب کو دیا گیا تھا جس کے سبب عالمِ غیب کے مخفی اسرار بے نقاب اور منکشف ہو گئے اور لیل سے مراد حضور کا عفو و درگزر کا خُلق ہے جس نے امت کے عیبوں کو ڈھانپ دیا۔ بعض علما کا ارشاد ہے کہ دن سے مراد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ظاہری احوال ہیں جن سے مخلوق آگاہ ہے اور رات سے مراد حضور کے احوالِ باطن ہیں جن کو علام الغیوب کے بغیر کوئی نہیں جانتا۔

۳؎ روشن دن اور تاریک اور پُرسکون رات کی قسم کھا کر کفار کے اعتراضات اور مطاعن کی تردید فرمائی اور ساتھ ہی اپنے حبیب کی دلجوئی کر دی کہ اے محبوب! آپ کے پروردگار نے نہ تو آپ کو چھوڑا ہے اور نہ وہ آپ سے ناراض ہوا ہے بلکہ وحی کے نزول میں بھی اس کی حکمت تھی اور اس کے انقطاع میں بھی کئی حکمتیں مضمر ہیں۔

۴؎ فرمایا بلکہ آپ پر آپ کے رب کے لطف و کرم اور انعام و احسان کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا۔ ہر آنے والی ساعت گزری ہوئی ساعت سے، ہر آنے والی گھڑی گزری ہوئی گھڑیوں سے، ہر آنے والی حالت گزشتہ حالات سے اعلیٰ سے اعلیٰ، بہتر سے بہتر اور ارفع سے ارفع ہوگی۔ اس ایک جملہ سے کفار کے طعن و تشنیع اور الزام تراشیوں کا سدِ باب بھی ہو گیا اور اسلام کے درخشاں مستقبل کے بارے میں نوید جانفزا بھی سنا دی۔

دعوتِ اسلام کے ابتدائی دور کا تصور کیجیے جس میں یہ سورت نازل ہوئی۔ گنتی کے چند افراد نے اس دینِ حق کو قبول کیا تھا۔ باقی تمام اہل مکہ حضور کے خون کے پیاسے تھے۔ انہوں نے عزمِ مصمم کر لیا تھا کہ اسلام کے چراغ کو بجھا کر رہیں گے۔ توحید کا یہ گلشن جو مصطفیٰ نے لگایا ہے

ہیں اس کا ایک ایک پودا جڑ سے اکھیڑ پھینکیں گے۔ اس وقت کون یہ خیال کر سکتا تھا کہ یہ دین چند سالوں میں اتنی ترقی کر جائے گا کہ سارا جزیرہ عرب اس کے نور سے جگمگانے لگے گا۔ اس نبی مکرم کو اللہ تعالیٰ وہ عزت و سروری اور شان محبوبی عطا فرمائے گا کہ آج جو خون کے پیاسے ہیں کل اشارۂ ابرو پر اپنی جانیں قربان کرنا سعادت سمجھیں گے اور حضور کے وضو کا پانی نیچے نہیں گرنے دیں گے اس کو اپنے چہروں اور سینوں پر مل لیں گے۔

قال ابن عباس أرى النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مایفتح اللہ علی امتہ بعدہ فسر بذلک ونزل جبرئیل بقولہ وللاٰخرۃ خیر لک من الاولیٰ یعنی حضور کے بعد امت جو فتوحات کرے گی وہ سب کی سب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دکھائی گئیں جسے دیکھ کر حضور بہت مسرور ہوئے۔ اسی وقت جبرئیل یہ آیت لے کر نازل ہوئے وللاٰخرۃ خیر لک من الاولیٰ۔ یعنی ہماری نوازشات صرف ان فتوحات ہی میں منحصر نہیں بلکہ آپ کی ہر آنے والی شان پہلی شان سے اعلیٰ و بالا ہوگی۔

۵ے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اسلام کی اشاعت و ترقی کے لیے ہر وقت فکر مند رہا کرتے۔ دین حق کی سربلندی کے لیے حضور نے اپنی تمام قوتیں اور کوششیں مرکوز کر رکھی تھیں۔ ایک لمحہ بھی بیچینی سے دگر نہ گزرتا تھا۔ اپنی امت کی بخشش و مغفرت کا خیال ہر وقت مضطرب رکھتا تھا۔ ان تمام تفکرات اور اضطرابات کو یہ فرما کر دور کر دیا کہ آپ کا رب اپنے لطف و کرم کا آپ پر وہ مینہ برسائے گا کہ آپ کا قلب مبارک خورسند و مسرور ہو جائے گا۔ علامہ سید محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ اس کی تشریح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں، هو عدة كريمة شاملة لما اعطاه الله تعالیٰ عزوجل فی الدنیا من کمال النفس وعلوم الاولین والاٰخرین وظهور الامر واعلاء الدین بالفتوح الواقعة فی عصره صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وفی ایام خلفائه علیه الصلوٰة والسلام وغیرهم من الملوك الاسلامیة وفشو الدعوة والاسلام فی مشارق الارض ومغاربها ولما ادخر جل وعلا له علیه الصلوٰة والسلام فی الاٰخرة من الکرامات التی لا یعلمها الا هو جل جلاله وعم نواله۔

ترجمہ: یہ اللہ تعالیٰ کا کریمانہ وعدہ ہے جو ان تمام عطیات کو شامل ہے جن سے اللہ تعالیٰ نے حضور کو دنیا میں سرفراز فرمایا یعنی کمال نفس، اولین و آخرین کے علوم، اسلام کا غلبہ، دین کی سربلندی، ان فتوحات کے باعث جو عہد رسالت میں ہوئیں اور خلفائے راشدین کے زمانہ میں ہوئیں یا دوسرے مسلمان بادشاہوں نے حاصل کیں اور اسلام کا دنیا کے مشارق و مغارب میں پھیل جانا نیز یہ وعدہ ان عنایات اور عزت افزائیوں کو بھی شامل ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب مکرم کے لیے آخرت کے لیے محفوظ رکھی ہیں جن کی حقیقت اور نہایت کو اللہ تعالیٰ کے بغیر اور کوئی نہیں جان سکتا۔

علامہ آلوسی نے یہاں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے ایک روایت نقل کی ہے۔

حرب بن شریح کہتے ہیں کہ میں نے امام محمد سے پوچھا کہ جس شفاعت کا ذکر اہل عراق کیا کرتے ہیں کیا یہ حق ہے؟ آپ نے فرمایا بخدا حق ہے۔ مجھے محمد بن حنفیہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی۔ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال اشفع لامتی حتی ینادی ربی أرضیت یا محمد فاقول نعم یا رب رضیت۔

حضرت سیدنا علی سے مروی ہے کہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں اپنی امت کے لیے شفاعت کرتا رہوں گا یہاں تک کہ میرا رب مجھے ندا کرے گا اور پوچھے گا یا محمد کیا آپ راضی ہو گئے ہیں عرض کروں گا ہاں میرے پروردگار میں راضی ہو گیا

اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۠ ۝۶ وَ وَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۠ ۝۷ وَ

کیا اس نے نہیں پایا آپ کو یتیم پھر (اپنی آغوش رحمت میں) جگہ دی ﮱ اور آپ کو اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو منزل مقصود تک پہنچا دیا ﮳ اور

اس کے بعد امام باقر نے اس شخص سے کہا کہ اے اہل عراق تم یہ کہتے ہو کہ قرآن کریم کی سب سے امید افزا آیت یہ ہے: یٰعبادی الذین اسرفوا علی انفسھم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا۔ لیکن ہم اہل بیت یہ کہتے ہیں کہ کتاب الٰہی میں سب سے زیادہ امید افزا آیت یہ ہے ولسوف یعطیک ربک فترضٰی۔

امام مسلم نے اپنی صحیح میں یہ حدیث نقل کی ہے: عن ابن عمر انہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم تلا قول اللہ تعالٰی فی ابراھیم علیہ السلام فمن تبعنی فانہ منی وقول تعالٰی فی عیسٰی ان تعذبھم فانھم عبادک الآیۃ فرفع علیہ السلام یدیہ وقال اللّٰھم امتی امتی وبکٰی۔ وقال اللہ تعالٰی یا جبریل اذھب الی محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وقل لہ انا سنرضیک فی امتک ولا نسوءک۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر فرماتے ہیں کہ ایک روز حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی جس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے عرض کی فمن تبعنی فانہ منی یعنی جس نے میری پیروی کی وہ میرے گروہ سے ہے، پھر یہ آیت پڑھی جس میں عیسٰی علیہ السلام نے عرض کی ان تعذبھم الآیۃ یعنی اگر تو انہیں عذاب دے تو وہ تیرے بندے ہیں، پھر اپنے دونوں مبارک ہاتھوں کو دعا کے لیے اٹھایا اور عرض کی الٰہی میری امت میری امت پھر حضور زار و قطار رونے لگے۔ اللہ تعالٰی نے جبرئیل کو حکم دیا کہ فوراً میرے حبیب کے پاس جاؤ اور اسے جا کر یہ پیغام پہنچاؤ کہ ہم آپ کو آپ کی امت کے معاملہ میں راضی کریں گے اور کبھی آپ کو پریشان نہیں کریں گے۔

یہاں رب کی اضافت اس ضمیر کی طرف ہے جس کا مرجع حضور کی ذات ہے۔ اس میں لطف و محبت کا جو اظہار کیا گیا ہے وہ ارباب ذوق سے مخفی نہیں۔

ﮱ وہ لطف و کرم جس سے اللہ تعالٰی اپنے حبیب مکرم کو نوازنے والا ہے اس کے ذکر کے بعد اب ان انعامات و احسانات کو بیان فرمایا جا رہا ہے جن سے آپ کو اس سے پہلے سرفراز کیا جا چکا ہے تاکہ قلب مبارک کی تسکین و مسرت کا باعث ہو۔ اس لیے اس جملہ کو الگ مستقلاً ذکر کیا گیا۔

اس آیت میں اس واقعہ کی طرف اشارہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام شکم مادر میں ہی تھے کہ والد ماجد کا سایہ اٹھ گیا۔ پیدا ہوئے تو یتیم تھے، لیکن والدہ ماجدہ نے انتہائی محبت و پیار سے پروان چڑھایا۔ عمر شریف چھ سال کی ہوئی تو والدہ ماجدہ بھی دار البقاء کو سدھاریں تو آپ کی پرورش کی خدمت آپ کے دادا حضرت عبد المطلب نے سنبھالی۔ آٹھ سال کی عمر میں جد محترم بھی داغ مفارقت دے گئے تو یہ سعادت حضور کے حقیقی اور شفیق چچا جناب ابو طالب کے سپرد ہوئی۔ انہوں نے تادم واپسیں اس خدمت کو اس حسن و خوبی سے انجام دیا کہ اس کی مثال پیش نہیں کی جا سکتی۔ ویسے تو ہر ماں اپنے لخت جگر پر سو جان سے قربان ہوتی ہے ہر دادا اپنے متوفی فرزند کے یتیم بچے کو بڑی محبت بھری نگاہوں سے دیکھتا ہے اور چچا کا پیار بھی اپنے فوت شدہ بھائی کے فرزند کے لیے بڑا عمیق ہوتا ہے لیکن یہاں معاملہ ہی بالکل جدا ہے بچپن سے ہی جو علامات سعادت و نجابت وقتاً فوقتاً ظاہر ہوتی رہیں اس نے ماں، دادا اور چچا کی محبت میں کئی گنا اضافہ کر دیا۔

حضور کی معصومانہ ادائیں اور پاکیزہ اطوار اور نجابت وسعادت کے وہ آثار جو ہر صبح وشام نمایاں ہوتے رہتے تھے انہوں نے حضور کی محبت میں اتنا اضافہ کر دیا تھا اور آپ کی قدر ومنزلت کو ان حضرات کی نگاہوں میں اتنا بلند فرما دیا تھا جو اور کسی بچے کو نصیب نہیں ہو سکتی اور یہ ساری الطاف وبری اللہ تعالیٰ کی بخشی ہوئی تھی اس لیے فآویٰ کی نسبت اپنی طرف فرمائی کہ ہم نے اپنی خاص مہربانی سے ان کے دلوں میں حضور کی محبت اور ادب واحترام اور قدر ومنزلت پیدا فرما دی۔

علامہ قرطبی نے مجاہد سے ایک اور تفسیر نقل کی ہے قال مجاهد هو من قول العرب درّة يتيمة۔ کہ یہاں یتیم سے مراد در شہوار ہے جو اپنی آب وتاب اور قدر وقیمت میں بے مثال ہو۔ علامہ آلوسی کہتے ہیں والاولی ان يقال الم يجدك واحدا عديم النظير لم يحوِ مثالك صدف الامكان فآواك اليه وجعلك في حق اصطفائه کہ بہتر یہ ہے کہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ساری مخلوقات میں یگانہ اور عدیم النظیر پایا۔ صدفِ امکان کو آپ جیسا موتی آج تک نصیب نہیں ہوا پس اللہ تعالیٰ نے اپنے آغوش رحمت میں آپ کو پناہ دی۔ (روح المعانی)

ے اس آیت کے ترجمہ میں بڑے بڑے مدعیان علم نے بری طرح ٹھوکر کھائی ہے اس لیے اس کو اچھی طرح سمجھنے کی کوشش فرمایئے ضالّ ضلالت سے اسم فاعل ہے۔ عام طور پر ضلالت کا یہی مفہوم سمجھا جاتا ہے راہ راست سے بھٹک جانا، گمراہ ہونا، عقیدہ وعمل میں غلط راستہ اختیار کرنا۔ علمائے اہل سنت کا اس پر اجماع ہے کہ حضور سرور عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام اعلان نبوت سے پہلے بھی اور بعد بھی عقیدہ اور عمل کی ہر کجی سے معصوم تھے۔ حضور نے اس مشرکانہ ماحول میں عمر بسر کی لیکن ایک لمحہ کے لیے بھی شرک نہیں کیا۔ زمانہ جاہلیت کی لغویات سے حضور کا دامن ہمیشہ محفوظ رہا۔ تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ عرب معاشرہ جس قسم کی فکری اور عملی گمراہیوں میں مبتلا تھا، حضور علیہ السلام ان سے ہمیشہ بالکل منزہ اور مبرا تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کی سابقہ زندگی کو آپ کی صداقت کی دلیل کے طور پر پیش کیا ہے۔ وَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِّن قَبْلِهِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۔ (۱۰: ۱۶) میں نے اپنی عمر اس سے پہلے تمہارے درمیان گزاری ہے۔ کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے۔ سورۃ النجم کی اس آیت میں مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَىٰ بھی حضور سے عقیدہ اور عمل کی گمراہی کی نفی کی گئی ہے۔ ان آیات کی موجودگی میں، تاریخ کی ناقابل شہادت کے باوجود یہاں ضالاً کا معنی گمراہ یا بھٹکا ہوا کرنا خود بڑی ضلالت ہے۔ العیاذ باللہ۔

علمائے تفسیر نے اس آیت کی وضاحت کرتے ہوئے بہت سے اقوال بیان کیے ہیں۔ ان میں سے چند آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں:

① ضلالت کا لفظ غفلت کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ لَا يَضِلُّ رَبِّي وَلَا يَنسَى (طٰہٰ: ۵۲) ای لا یغفل۔ میرا رب نہ کسی چیز سے غافل ہوتا ہے اور نہ کسی چیز کو فراموش کرتا ہے۔ مذکورہ آیت میں ضالاً بمعنی غافل مستعمل ہوا ہے۔ یعنی آپ قرآن اور احکام شرعیہ کو پہلے نہیں جانتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو قرآن کا علم بھی بخشا اور احکام شرعیہ کی تفصیلات سے بھی آگاہ فرمایا۔ ای لم تكن تدري القرآن والشرائع فهداك الله الى القرآن وشرائع الاسلام۔ ضحاک، شہر بن حوشب وغیرہما سے یہ قول منقول ہے۔ (قرطبی)

② جب پانی دودھ میں ملا دیا جائے اور پانی پر دودھ کی رنگت وغیرہ غالب آجائے تو عرب کہتے ہیں ضل الماء في اللبن کہ پانی دودھ میں غائب ہو گیا۔ اس استعمال کے مطابق آیت کا معنی ہوگا كنت مغمورا بين الكفار بمكة فقواك الله تعالى حتى اظهر دينه۔

رکھیں یعنی آپ مکہ میں کفار کے درمیان گھرے ہوئے تھے پس اللہ تعالیٰ نے آپ کو قوت عطا فرمائی اور آپ نے اس کے دین کو غالب کیا۔

③ ایسا درخت جو کسی وسیع صحرا میں تنہا کھڑا ہو اور مسافر اس کے ذریعے اپنی منزل کا سراغ لگائیں اس کو بھی عربی میں الضالۃ کہتے ہیں۔ العرب تسمی الشجرۃ الفریدۃ فی الفلاۃ ضالۃ اس مفہوم کے اعتبار سے آیت کا معنی یہ ہوگا کہ جزیرہ عرب ایک سنسان ریگستان تھا جس میں کوئی ایسا درخت نہ تھا جس پر ایمان اور عرفان کا پھل لگا ہوا ہو۔ صرف آپ کی ذات جہالت کے اس صحرا میں ایک پھلدار درخت کی مانند تھی پس ہم نے آپ کے ذریعے مخلوق کو ہدایت بخشی۔ (کبیر) وقالت شجرۃ فریدۃ فی مفازۃ الجہل فوجدتک ضالًا فھدیت بک الخلق۔

④ کبھی قوم کے سردار کو خطاب کیا جاتا ہے لیکن اصل مخاطب قوم ہوتی ہے یہاں بھی یہی معنی ہے۔ ای وجد قومک ضالًا فھداھم بک۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی قوم کو گمراہ پایا اور آپ کے ذریعے ان کو ہدایت بخشی۔ علامہ ابو حیان اندلسی اپنی تفسیر میں اس مقام پر لکھتے ہیں کہ ایک رات خواب میں میں اس آیت کی ترکیب پر غور کر رہا تھا کہ فوراً میرے دل میں یہ خیال آیا کہ یہاں مضاف محذوف ہے۔ اصل میں عبارت یوں ہے۔ وجد رھطک ضالًا فھدایک۔ پھر میں نے کہا کہ جس طرح واسئل القریۃ اصل میں واسئل اھل القریۃ ہے اور اھل جو مضاف ہے محذوف ہے۔ اسی طرح یہاں بھی رھط مضاف محذوف ہے۔ (البحر المحیط)

⑤ حضرت جنید قدس سرہٗ سے منقول ہے کہ ضالًا کا معنی متحیرًا یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ کو قرآن کریم کے بیان میں حیران پایا تو اس کے بیان کی تعلیم فرما دی۔

⑥ امام رازی کہتے ہیں کہ الضلال بمعنی المحبۃ کما فی قولہ تعالیٰ انک فی ضلالک القدیم۔ یعنی یہاں ضلال سے مراد محبت ہے جس طرح سورہ یوسف کی اس آیت میں ہے۔ مذکورہ آیت کا معنی ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنی محبت میں وارفتہ پایا تو ایسی شریعت سے بہرہ ور فرمایا جس کے ذریعہ آپ اپنے محبوب حقیقی کا تقرب حاصل کر سکیں گے۔ علامہ پانی پتی نے اس قول کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

قال بعض الصوفیۃ معناہ وجدک محبًا عاشقًا مفرطًا فی الحب والعشق . . . . فھداک . . . . الی وصل محبوبک حتی کنت قاب قوسین او ادنٰی۔ یعنی بعض صوفیا فرماتے ہیں کہ اس کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنی محبت اور اپنے عشق میں از حد بڑھا ہوا پایا تو آپ کو اپنے محبوب کے وصال کی طرف رہنمائی کی یہاں تک کہ آپ قاب قوسین او ادنیٰ کے مقام پر فائز ہوئے۔

علامہ آلوسی نے اس آیت کے ضمن میں یہ واقعہ بھی لکھا ہے کہ ایک بار حضور عہد طفولیت میں اپنے دادا جان سے الگ ہو کر مکہ کی گھاٹیوں میں چلے گئے۔ حضرت عبد المطلب نے بہت تلاش کیا لیکن آپ نہ ملے جس سے آپ کی بے چینی بہت بڑھ گئی اور غلاف کعبہ کو پکڑ کر بارگاہ الٰہی میں فریاد کرنی شروع کر دی۔ حضور کسی گھاٹی میں گھوم رہے تھے۔ اسی اثنا میں ابو جہل اپنی اونٹنی پر سوار اپنے ریوڑ کو ہانک کر لا رہا تھا۔ اس نے جب حضور کو دیکھا تو اپنی اونٹنی کو بٹھایا۔ اٹھ کر حضور کو اٹھایا اور اپنے پیچھے بٹھایا اور خود آگے بیٹھا اور اونٹنی کو اٹھنے کا اشارہ کیا لیکن اونٹنی اٹھنے کا نام ہی نہ لیتی۔ جب بڑی کوشش کے باوجود اس نے جنبش نہ کی تو ابو جہل حیران رہ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اونٹنی کو قوت گویائی بخشی اور اس نے کہا یا احمق ھو الامام وکیف یکون خلف المقتدی۔ اے بیوقوف یہ امام ہیں اور امام مقتدی کے پیچھے کھڑا نہیں ہوا کرتا۔ اس نے ناچار آپ کو اٹھا کر آگے بٹھایا تو اونٹنی فوراً اٹھ کھڑی ہوئی۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کے ذریعے اپنی والدہ تک پہنچایا تھا اسی طرح اللہ تعالیٰ نے اس امت کے فرعون ابو جہل کے ذریعے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنے جد امجد تک پہنچایا۔

وَجَدَكَ عَآئِلًا فَأَغْنٰى ﴿۸﴾ فَأَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿۹﴾ وَأَمَّا

اس نے آپ کو حاجت مند پایا تو غنی کر دیا ﴿۸﴾ پس کسی یتیم پر سختی نہ کیجیے ﴿۹﴾ اور جو

﴿۸﴾ عائل کے دو معنی کیے گئے ہیں۔ (۱) المفتقر: تنگدست، (۲) ذو عیال، اہل وعیال والا۔ آیت کا مفہوم یہ ہو گا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو عیال دار پایا دیکھو نکہ ساری امت حضور کی عیال ہے، تو غنی کر دیا یا آپ کو تنگ دست پایا تو غنی کر دیا۔ ظاہری غنی کی تو صورت یہ تھی کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنی جان، اپنا سارا مال حاضر کر دیا اور اپنے تمام رشتہ داروں کی موجودگی میں یہ اعلان کر دیا کہ یہ مال اب میرا نہیں بلکہ ان کا ہے، چاہے تو اسے تقسیم کر دیں چاہے اپنے پاس رکھیں۔ ام المومنین کے وصال کے بعد حضرت صدیق اکبر نے اپنا سارا مال ومتاع حضور کی خدمت کے لیے وقف کر دیا لیکن حقیقی غنی وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے بلاواسطہ ارزانی فرمائی کہ قلب مبارک کو غنی کر دیا اور زمین کے سارے خزانوں کی کنجیاں مرحمت فرما دیں اور کائنات کی ہر چیز کو تابع فرمان فرما دیا۔ ایک دن حضور کاشانۂ اقدس میں تشریف لائے۔ مسلسل فاقہ کشی کے باعث شکم مبارک کمر کے ساتھ پیوست ہو گیا تھا۔ یہ حالت دیکھ کر حضرت عائشہ بے تاب ہو گئیں اور ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ شکم مبارک کو بوسہ دیا اور عرض کی یا رسول اللہ! اپنے رب سے اتنا تو مانگیے کہ یوں فاقوں کی نوبت تو نہ آئے۔ حضور نے ارشاد فرمایا اے عائشہ! اگر میں چاہوں تو یہ سارے پہاڑ سونے کے بن کر میرے جلو میں چلنا شروع کر دیں۔ لو شئت لسارت معی ھذہ الجبال ذھبا۔ حضور کا یہ فقر، فقر اضطراری نہ تھا بلکہ فقر اختیاری تھا۔ قاضی محمد سلیمان منصور پوری نے خوب لکھا ہے۔

گزید فقر کہ فرماں روائے ملک ابد
بمشت خاک ندارد ہوائے سلطانی

یعنی حضور نے فقر کو پسند فرمایا کیونکہ جس کو ملک ابد کی سروری بخش گئی ہو وہ مشت خاک پر حکومت کرنے کی کوئی خواہش نہیں رکھتا۔

﴿۹﴾ آپ یتیم تھے اللہ تعالیٰ نے اپنے آغوش لطف وکرم کو آپ کے لیے کشادہ کر دیا۔ اب دنیا بھر کے یتیموں کے لیے آپ کی بے پایاں شفقت ومحبت کا دروازہ ہمیشہ کھلا رہنا چاہیے۔ کسی یتیم بے نوا پر سختی کرنا، اس پر غصہ ہونا یا اس سے بے اعتنائی کرنا آپ کو ہرگز زیبا نہیں۔ اس یتیم پرور آقا نے اپنے غلاموں کو بھی یتیم پروری کی بڑی تاکید فرمائی۔ ایک شخص نے بارگاہ رسالت میں اپنی سنگدلی کی شکایت کی۔ حضور نے فرمایا اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارا دل نرم ہو جائے تو یتیم کے سر پر دست شفقت پھیرا کرو اور مسکین کو کھانا کھلایا کرو۔ بخاری شریف میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا انا وکافل الیتیم فی الجنۃ کھاتین واشار بالسبابۃ والوسطیٰ۔ کہ میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں یوں ساتھ ساتھ ہوں گے، پھر اپنی انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کی طرف اشارہ کیا۔

حضرت ابن عمر فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا ان الیتیم اذا بکی ھتز لبکائہ عرش الرحمٰن کہ جب یتیم روتا ہے تو خداوند رحمٰن کا عرش لرزنے لگتا ہے۔

السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿۱۰﴾ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿۱۱﴾

منگتے آئے اس کو مت جھڑکیے ۱۰ اور اپنے رب کریم کی نعمتوں کا ذکر فرمایا کیجیے ۱۱

۱۰ سائلوں سے برافروختہ وہ ہوتا ہے جس کو اپنے سرمایہ کے ختم ہو جانے یا کم ہو جانے کا اندیشہ ہو۔ جب آپ کے رب نے آپ کو غنی کر دیا ہے تو یہ خزانے کبھی ختم ہونے والے نہیں پھر آپ کسی سائل کو کیوں جھڑکیں یا سائلوں کی کثرت سے تنگ دل کیوں ہوں آپ کو آپ کے رب نے بے شمار دولتیں اور بے حساب نعمتیں عطا فرمائی ہیں۔ آپ انہیں سائل کی استعداد کے مطابق بانٹتے رہیں۔ آپ کے در پر آنے والا کوئی سائل خالی نہ جائے۔

سیرت کی کتب ایسے ان گنت واقعات سے بھری پڑی ہیں جن سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جود و کرم کا اندازہ ہوتا ہے۔ جو سائل درِ اقدس پر حاضر ہوا اس کی جھولی بھر کر اسے واپس کیا گیا اور آج بھی کشورِ معنی کے اس تاجدار کی سخاوت کی دھوم مچی ہے۔ کوئی آئے، جو چاہے مانگے اسے خالی واپس نہیں کیا جاتا۔ حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے کیا خوب لکھا ہے: "معلوم میشود کہ کار ہماں بدستِ ہمت وکرامتِ اوست ہر چہ خواہد ہر کرا خواہد باذنِ پروردگار خود میدہد۔" (اشعۃ اللمعات اول ص ۳۹۶)

اگر خیریت دنیا و عقبیٰ آرزو داری — بدرگاہش بیا و ہر چہ میخواہی تمنا کن

یعنی معلوم ہوتا ہے کہ سب کے معاملات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دستِ ہمت وکرامت کے سپرد ہیں۔ جو چاہتے ہیں جس کو چاہتے ہیں اپنے پروردگار کے اذن سے عطا فرماتے ہیں۔

امام بخاری نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور نے کبھی کسی سائل کے جواب میں لا (نہیں) نہ فرمایا۔

ماقال لا قط الا فی تشهده — لولا التشهد کانت لاءه نعم

یعنی حضور نے لا کبھی نہیں کہا سوائے کلمۂ شہادت کے۔ اگر یہ کلمۂ شہادت نہ ہوتا تو حضور کی "نہ" بھی ہاں ہوتی۔

ترمذی شریف میں ہے کہ ایک مرتبہ بحرین سے نوے ہزار درہم آئے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد میں ایک چٹائی بچھا کر ان کا ڈھیر لگا دیا۔ نماز فجر ادا کرنے کے بعد ان کو بانٹنا شروع کیا اور ظہر تک ایک درہم بھی باقی نہ رہا۔ جب سب درہم بانٹ دیے گئے تو اتفاقاً ایک سائل آگیا۔ حضور نے فرمایا اب تو کوئی چیز باقی نہیں رہی۔ البتہ تم کسی دکاندار کے پاس چلے جاؤ اور تمہیں جس چیز کی ضرورت ہے اس سے لے لو اور اسے کہو کہ وہ میرے نام لکھ لے میں اس کی قیمت ادا کر دوں گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حاضرِ خدمت تھے۔ عرض کرنے لگے یا رسول اللہ! آپ اتنی زحمت کیوں گوارا کرتے ہیں کہ قرض لے کر سائل کو دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس کا مکلف تو نہیں کیا۔ حضور کو یہ بات ناپسند آئی اور رخِ انور پر ناگواری کے آثار نمایاں ہو گئے۔ ایک انصاری بھی اس وقت بارگاہِ اقدس میں حاضر تھا۔ اس نے عرض کیا انفق ولا تخش من ذی العرش اقلالا۔ اے اللہ کے پیارے رسول! بے دریغ خرچ فرمایا کیجیے اور عرش والے پروردگار سے قلت کا خوف مت کیجیے۔ یہ سن کر حضور خوشی سے ہنس پڑے۔ چہرۂ مقدس پھول کی طرح شگفتہ ہو گیا۔ ارشاد فرمایا کہ مرا ہمیں طریق امر فرمودہ اند۔ یعنی میرے رب نے مجھے یہی حکم دیا ہے۔ (تفسیر عزیزی)

اللہ تعالیٰ اپنے بندے پر جو فضل و کرم فرمائے اس کا ذکر اور اس کا اظہار بھی شکر ہے۔ والتحدث بنعم اللہ و الاعتراف بھا شکر۔ (قرطبی)

اس آیت میں نعمت سے مراد کونسی نعمت ہے؟ علامہ آلوسی فرماتے ہیں والظاهر ان المراد بالنعمة ما افاضه الله تعالىٰ على نبيه صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم من فنون النعم التي من جملتها ما تقدم (روح المعانی) یعنی اس نعمت سے مراد وہ گوناگوں نعمتیں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر فرمائی ہیں جن میں سے چند وہ ہیں جن کا ذکر ابھی ابھی ہو چکا ہے۔

چنانچہ سرورِ کون و مکاں، فخرِ زمین و زماں، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان انعامات کا ذکر و اظہار اکثر فرمایا کرتے جن سے آپ کے ربِ کریم نے آپ کو بڑی فیاضی سے نوازا ہے۔ بے شمار احادیث میں سے صرف ایک حدیث سن لیں۔ ایمان تازہ ہو جائے گا۔

عن ابی سعید قال قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم انا سيد ولد آدم يوم القيامة ولا فخر، وبيدي لواء الحمد ولا فخر، وما من نبي يومئذ آدم ومن سواه الا تحت لوائي، وانا اول من تنشق عنه الارض ولا فخر۔ (مشکوٰۃ شریف رواہ الترمذی)

ترجمہ: حضرت ابو سعید کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن تمام اولادِ آدم کا سردار میں ہوں گا یہ بات میں فخریہ نہیں کہہ رہا بلکہ حقیقت کا اظہار ہے۔ اس روز حمد کا پرچم میرے دستِ مبارک میں ہو گا۔ یہ بات میں فخریہ نہیں کہہ رہا بلکہ حقیقت کا اظہار ہے۔ اس دن تمام نبی آدم علیہ السلام اور ان کے علاوہ جتنے ہیں سب کو میرے پرچم کے نیچے پناہ ملے گی اور قیامت کے دن سب سے پہلے زمین سے میں باہر آؤں گا۔ یہ بات فخریہ نہیں کہہ رہا بلکہ اظہارِ حقیقت ہے۔

مولانا ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اس مقام پر لکھتے ہیں:

ومن هذا القبيل ما قال الشيخ محي الدين عبد القادر رضي الله عنه:

وكل ولي له قدم و اني على قدم النبي بدر الكمال

وقول قدمي هذه على رقبة كل ولي الله۔

یعنی حضرت شیخ محی الدین عبد القادر گیلانی رضی اللہ عنہ کے ارشادات اسی قبیلہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ نے فرمایا ہر ولی کا اپنا اپنا مقام ہوتا ہے اور میں حضور کے نقشِ قدم پر ہوں جو کمالاتِ صوری اور معنوی کے ماہِ چہاردہم ہیں۔ نیز آپ کا یہ ارشاد کہ میرا یہ قدم ہر ولی اللہ کی گردن پر ہے۔

اسی طرح حضرت مجدد صاحب نے اپنے مدارجِ قرب کا جو ذکر کیا ہے اور اپنے آپ کو مجدد اور قیوم کہا ہے یہ اقوال بھی اسی زمرہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

فمن انكر على ما قال هؤلاء الرجال في مثل هذا المقال فكانه انكر هذه الآية الكريمة من الله ذي الجلال۔

جو شخص ان اعاظمِ رجال کے ان ارشادات کا انکار کرتا ہے اور زبانِ طعن دراز کرتا ہے وہ گویا اللہ تعالیٰ کی اس آیت کا انکار کرتا ہے۔ (مظہری)

ہر نعمت کا شکر واجب ہے اور شکر کا طریقہ یہ ہے کہ اس نعمت کو منعم کی رضا میں صرف کیا جائے نعمتِ مال کا شکر یہ ہے

کہ وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں خلوص نیت کے ساتھ اسے خرچ کرے۔ صحت کی نعمت کا شکریہ یہ ہے کہ فرائض کو ادا کرے اور گناہوں سے مجتنب رہے اور علم و عرفان کی نعمت کا شکریہ یہ ہے کہ جاہلوں کو علم سکھائے اور گم کردہ راہوں کو راہ راست پر گامزن کرے۔

حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اس سورت کا ایک مجرب خاصہ ذکر فرمایا ہے۔ آپ لکھتے ہیں:

"اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو اس سورت کو انسان سات بار پڑھے اور اپنے سر کے ارد گرد انگشت شہادت پھیرائے جب سات بار پڑھ چکے تو کہے اصبحت فی امان اللہ وامسیت فی جوار اللہ۔ امسیت فی امان اللہ واصبحت فی جوار اللہ۔ خواندہ ودنگ زند۔ او رتال بجائے" (تفسیر عزیزی)

○

الحمد للہ علی حسن توفیقہ

والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین سیدنا ومولانا محمد المبعوث رحمۃ للعٰلمین وعلیٰ الہ واصحابہ اجمعین۔

فاطر السمٰوات والارض انت ولی فی الدنیا والاٰخرۃ توفنی مسلماً والحقنی بالصالحین۔ ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم وتب علینا انک انت التواب الرحیم۔

○

تعارف

سُورۃ الانشراح

نام : اس سورۂ مبارکہ کا نام "الانشراح" ہے جو "الم نشرح" سے باب "انفعال" کا مصدر ہے۔ اس میں ایک رکوع، آٹھ آیتیں، ستائیس کلمے اور ایک سو تین حروف ہیں۔

نزول : اس کا نزول بھی مکہ مکرمہ میں سورۃ "والضحیٰ" کے معاً بعد ہوا۔

مضامین : نبوت کا بارِ امانت کوئی معمولی بوجھ نہ تھا یہ وہ کوہِ گراں تھا جسے آسمانوں اور پہاڑوں نے بھی اُٹھانے سے معذوری ظاہر کردی تھی۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوتِ توحید کا آغاز کیا تو مکہ کی ساری فضا سُلگنے لگ گئی۔ لوگوں کے اطوار بدل گئے، ہر چہرہ پر نفرت، ہر آنکھ میں عناد کے شعلے ناچنے لگے۔ ان سراسر ناموافق حالات میں قلبِ نبوت کے لیے راحت و سکون کا اگر کوئی پیغام ہو سکتا تھا تو وہ اس کے کریم پروردگار کا ہی ارشاد ہو سکتا تھا۔ چنانچہ جبرائیل امین حاضر ہوئے اور یہ سورت اپنے ملکوتی اور نورانی ہونٹوں سے تلاوت کر کے سُنائی۔ ہر آیت میں ایک عظیم احسان کا مژدہ، ہر آیت میں دلجوئی اور بندہ نوازی اپنے جوبن پر ہے۔ جن سے اپنوں نے بھی آنکھیں پھیر لی تھیں، رشتے توڑ لیے تھے، جس کی شمعِ حیات کو بجھانے کے لیے تُند آندھیاں اُمڈ رہی تھیں اس کو یہ بشارت دی جارہی ہے کہ وَرَفَعنَا لَكَ ذِكرَكَ: "اے حبیب پاک ہم نے آپکے ذکر کو بلند فرما دیا ہے۔" عرب کے ریگزاروں میں ہی نہیں دُنیا کے شرق و غرب میں ہی نہیں بلکہ فرازِ عرش پر بھی تیرے ذکر پاک سے بہار کا سماں ہو گا۔ جہاں جہاں خالقِ کائنات کا ذکر ہو گا وہاں وہاں باعثِ تخلیقِ کائنات کے ذکر کے زمزمے بھی فردوس گوش بنیں گے۔

بتا دیا کہ یہ کالی رات سحر آشنا ہونے ہی والی ہے۔ مصائب کی گھنگھور گھٹائیں تھوڑی دیر میں چھٹنے والی ہیں۔ وہ دن عنقریب طلوع ہونے والا ہے جب اہلِ نظر تیری راہ میں آنکھیں بچھائیں گے۔ اہلِ دل سو جان سے تیری خاکِ راہ پر تصدق ہوں گے۔ آپ کا کام یہ ہے کہ جوں ہی فریضۂ تبلیغ سے کچھ فراغت ملے تو یادِ الٰہی میں مشغول ہو جایا کریں۔ یہی زندگی کی منزلِ مُراد ہے اور اسی منزلِ مراد سے زندگی کو رعنائیاں، دلفریبیاں نصیب ہوتی ہیں اور اسی کے فیض سے زندگی کا دامن سچی مسرتوں سے معمور ہو جاتا ہے۔

حقیقت تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی جو نعت اور مدحت ان چند آیات میں فرمائی ہے۔ دُنیا بھر کے نعت گو اس سے دریوزہ گری کرتے رہیں گے۔

سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهِيَ ثَمَانِيْ اٰيَاتٍ

سورۃ الانشراح مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس میں آٹھ آیات ہیں

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿۲﴾ الَّذِيْٓ

کیا ہم نے آپ کی خاطر آپ کا سینہ کشادہ نہیں کر دیا [۱] اور ہم نے اتار دیا ہے آپ سے آپ کا بوجھ [۲] جس نے

[۱] علامہ راغب اصفہانی الشرح کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اصل الشرح بسط اللحم ونحوہ یقال شرحت اللحم وشرحتہ ومنہ شرح الصدر ای بسطہ بنور الٰہی وسکینۃ من جھۃ اللہ وروح منہ۔ (المفردات) یعنی گوشت کاٹنے اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کرنے کو الشرح کہتے ہیں۔ اسی سے شرح صدر ماخوذ ہے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ نور الٰہی سے سینہ کا کشادہ ہو جانا اللہ تعالیٰ کی جانب سے تسکین و طمانیت کا حاصل ہو جانا اس کی طرف سے دل میں مسرت و راحت کا شعور پیدا ہو جانا۔

علامہ سید محمود آلوسی نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ الشرح اصل میں کشادگی اور فراخی کا مفہوم ادا کرتا ہے کسی الجھی ہوئی اور مشکل بات کی توضیح کو بھی شرح کہتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ شرح کے لفظ کا استعمال دلی مسرت اور قلبی خوشی کے لیے بھی ہوتا ہے آخر میں لکھتے ہیں وقد یراد بہ تایید النفس بقوۃ قدسیۃ وانوار الٰھیۃ بحیث تکون میدانا لمواکب المعلومات وسماء لکواکب الملکات وعرشا لانواع التجلیات وفرشا لسوائم الواردات فلا یشغلہ شان عن شان ویستوی لدیہ یکون وکان وما کان (روح المعانی) یعنی شرح صدر کا یہ مفہوم بھی لیا جاتا ہے کہ نفس کو قوت قدسیہ اور انوار الٰہیہ سے اس طرح مؤید کرنا کہ وہ معلومات کے قافلوں کے لیے میدان بن جائے ملکات کے ستاروں کے لیے آسمان بن جائے اور گوناگوں تجلیات کے لیے عرش بن جائے جب کسی کی یہ کیفیت ہوتی ہے تو اس کو ایک حالت، دوسری حالت سے مشغول نہیں کر سکتی۔ اس کے نزدیک مستقبل، حال اور ماضی سب یکساں ہو جاتے ہیں۔ پھر فرماتے ہیں والانسب بمقام الامتنان ھنا ارادۃ ھذا المعنی الاخیر۔ اس مقام پر اللہ تعالیٰ اپنے احسان کا ذکر فرما رہا ہے اس لیے یہاں شرح صدر کا یہی آخری معنی زیادہ مناسب ہے۔

اس تحقیق کے بعد آیت کی تشریح بایں الفاظ فرماتے ہیں:

فَالْمَعْنٰی اَلَمْ نَفْسَحْ صَدْرَكَ حَتّٰی حَوٰی عَالَمَیِ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ وَجَمَعَ بَیْنَ مَلَکَتَیِ الْاِسْتِفَادَةِ وَالْاِفَادَةِ فَمَا صَدَّكَ الْمُلَابَسَةُ بِالْعَلَائِقِ الْجِسْمَانِیَّةِ عَنِ اقْتِبَاسِ اَنْوَارِ الْمَلَکَاتِ الرُّوْحَانِیَّةِ وَمَا عَاقَكَ التَّعَلُّقُ بِمَصَالِحِ الْخَلْقِ عَنِ الْاِسْتِغْرَاقِ فِیْ شُئُوْنِ الْحَقِّ (روح المعانی)

یعنی آیت کا معنی یہ ہے کہ کیا ہم نے آپ کے سینہ کو کشادہ نہیں کر دیا کہ غیب و شہادت کے دونوں جہاں اس میں سما گئے ہیں۔ استفادہ اور افادہ کی دونوں ملکتیں جمع ہو گئی ہیں۔ علائق جسمانیہ کے ساتھ آپ کی وابستگی ملکات روحانیہ کے انوار کے حصول میں رکاوٹ نہیں۔ خلق کی بہبودی کے ساتھ آپ کا تعلق معرفت الٰہی میں استغراق سے رکاوٹ نہیں۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی طرح کی تفسیر بیان کی ہے۔

مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی اس آیت کے ضمن میں لکھتے ہیں:

"اس میں علوم و معارف کے سمندر اتار دیئے اور لوازم نبوت اور فرائض رسالت برداشت کرنے کو بڑا وسیع حوصلہ دیا۔"

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جو علوم و معارف عطا فرمائے امام بوصیری نے قصیدہ بردہ میں یوں بیان کیا ہے۔

؎ فَاِنَّ مِنْ جُوْدِكَ الدُّنْيَا وَضَرَّتَهَا وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

ترجمہ: یعنی دنیا اور آخرت دونوں آپ کی جود و کرم کے مظہر ہیں اور لوح و قلم کا علم آپ کے علوم کا ایک حصہ ہے۔

علامہ علی قاری حنفی آخری مصرعہ کی شرح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

علمهما ان يكون سطرا من سطور علمه ونهرا من بحور علمه۔ کہ لوح و قلم کا علم آپ کے علم کے دفتر کی ایک سطر ہے اور آپ کے علم کے سمندروں کی ایک نہر ہے۔ (شرح قصیدہ بردہ، ملا علی قاری قلمی کتب خانہ گولڑوی افغاناں، ضلع اٹک)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ساری زندگی اس آیت کی آئینہ دار ہے۔ حضور نے جس بلند حوصلگی اور اولوالعزمی سے فرائض نبوت کو ادا کیا، جس صبر اور شکر کے ساتھ اس راہ میں آنے والی مشکلات کو برداشت کیا، وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے شرح صدر کے بغیر ممکن نہ تھا۔ پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انسانی زندگی کے ہر پہلو کو اپنے علم کے نور سے منور کیا اس کو بھی شرح صدر کی برکت کے بغیر اور کیا کہا جا سکتا ہے۔

اس آیت کے ضمن میں کئی مفسرین نے شق صدر کی روایات بھی ذکر کیں لیکن علامہ آلوسی لکھتے ہیں حمل الشرح في الآية على ذلك الشق ضعيف من المحققين کہ یہاں جو شرح صدر مذکور ہے اس سے شق صدر مراد لینا محققین کے نزدیک ضعیف ہے۔ البتہ شق صدر کا ثبوت احادیث نبوی سے ہوتا ہے۔

اس آیت میں غور کرنے سے کلیم اور حبیب کے درمیان فرق بھی نمایاں ہو جاتا ہے۔ دونوں کو شرح صدر بخشا گیا لیکن کلیم کو مانگنے پر اور حبیب کو بن مانگے۔ پھر دونوں کے شرح صدر میں بھی زمین و آسمان کا تفاوت ہے۔

۲؎ یہ دو آیتیں غور طلب ہیں۔ پہلے مشکل الفاظ کی تشریح ملاحظہ فرمائیے:

الوزر: الحمل الثقيل۔ بار گراں۔ اَنْقَضَ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ ابن منظور لکھتے ہیں، اَنْقَضَ، اَثْقَلَ ظَهْرَهٗ۔ ایسا بوجھ جو پیٹھ کو بوجھل کر دے۔

صاحب قاموس نے اَنْقَضَ کا ایک اور معنی تحریر کیا ہے یعنی کسی چیز کا لاغر اور دُبلا ہونا۔ قال ابن عرفة: اي اثقله حتى جعله نقضا اي مهزولا وهو الذي اتعبه السفر والحمل ونقض لحمه۔ (تاج العروس) یعنی اس بوجھ نے آپ کی پیٹھ کو دُبلا اور لاغر کر دیا کیونکہ پیہم سفر اور متواتر کام کرنے سے گوشت دُبلا ہو جاتا ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا ترجمہ اس طرح کیا ہے "آں بار کہ گراں کردہ بود پشت ترا" یعنی وہ بوجھ جس نے آپ کی پشت کو بوجھل بنا دیا تھا۔ میں نے اسی کے مطابق ترجمہ کیا ہے۔ ویسے لغت عرب میں جب اونٹ کی پشت پر زیادہ بوجھ لادا جائے

اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ﴿۴﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ

بوجھل کر دیا تھا آپ کی پیٹھ کو۔ اور ہم نے بلند کر دیا ہے آپ کی خاطر آپ کے ذکر کو۳ پس یقیناً ہر مشکل کے ساتھ

تو اس کی پسلیوں سے ایک قسم کی کڑکڑ کی آواز نکلتی ہے اسے بھی اَنْقَضَ کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

وہ بھاری بوجھ کیا تھا؟ جو پیٹھ کو گراں بار کر رہا تھا اور جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب سے اٹھا لیا۔ علمائے تفسیر نے متعدد اقوال لکھے ہیں۔ ان میں سے دو قول ہی پسندیدہ ہیں:

① اپنی قوم کو کھلی گمراہی میں دیکھ کر خاطر عاطر کو بہت تکلیف ہوتی تھی۔ ان کا بے جان بتوں کو پوجنا، فسق و فجور میں غرق رہنا، قمار بازی اور شراب نوشی میں اپنی صحت و دولت کو برباد کرنا، غریبوں پر ظلم ڈھانا، ان کے حقوق غصب کرنا، باہمی جنگ و جدال اور قتل و غارت، ان کی اخلاقی پستی، ان کی معاشی بدحالی اور ان کی سیاسی ابتری ان تمام چیزوں کو دیکھ کر حضور کو بہت دکھ ہوتا اور اس صورت حال کو یکسر بدل ڈالنے کے لیے دل ہر وقت مضطرب رہتا ——— اللہ تعالیٰ نے منصب نبوت پر فائز کیا اور قرآن کریم جیسا صحیفۂ رشد و ہدایت عطا فرمایا۔ دین اسلام جیسا جامع اور مکمل نظام حیات مرحمت فرمایا جس سے یہ بوجھ اتر گیا۔ منزل کا تعین بھی ہو گیا اور اس منزل کی طرف لے جانے والا راستہ بھی نور نبوت سے روشن ہو گیا۔

② یا اس بوجھ سے بار نبوت و رسالت مراد ہے۔ ایسے لوگ جو صدہا سال سے معبودان باطل کی پوجا پاٹ میں مشغول تھے جن کی کئی پشتیں اخلاق آوارگی کی نذر ہو چکی تھیں، ظلم و ستم لوٹ مار جن کے نزدیک فخر و مباہات کا باعث تھی ان کو ان پستیوں سے نکال کر توحید، اخلاق حسنہ، نظم و ضبط کی بلندیوں پر لے جانا بڑا جان جوکھوں کا کام تھا۔ اس راستہ میں مشکلات کے فلک بوس پہاڑ سینہ تانے کھڑے تھے اور ناکامیوں کی عمیق غاریں منہ کھولے ہوئے نگل جانے کے لیے بے تاب تھیں۔ اس فرض کی ادائیگی کا احساس دل کو ہر وقت بے چین رکھتا۔ ان کا تعصب و عناد باطل سے چمٹے رہنے پر ان کا احمقانہ اصرار اس بے چینی میں مزید اضافہ کر دیا کرتا۔ اللہ تعالیٰ نے شرح صدر کی دولت سے مالا مال فرما کر اس بوجھ کو ہلکا کر دیا۔ طبیعت میں قلق و اضطراب کی جگہ صبر و عزیمت نے لے لی۔ اپنی قوم کی بے اعتنائی اور دل آزاریوں پر دل گرفتہ ہونے کے بجائے ہمت و حوصلہ پیدا ہو گیا۔

حضرت شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تشریح اپنے مخصوص انداز میں فرمائی ہے اور خوب فرمائی ہے:

"آپ کی ہمت عالی اور پیدائشی استعداد جن کمالات و مقامات پر پہنچنے کا تقاضا کرتی تھی قلب مبارک کو جسمانی ترکیب یا نفسانی تشویشات کی وجہ سے ان پر فائز ہونا دشوار معلوم ہوتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے جب سینہ کھول دیا اور حوصلہ کشادہ کر دیا، وہ دشواریاں جاتی رہیں اور سب بوجھ ہلکا ہو گیا۔"

۳ے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اتانی جبرئیل علیہ السلام وقال ان ربک یقول اتدری کیف رفعت ذکرک قلت اللہ تعالیٰ اعلم قال اذا ذکرت ذکرت معی۔

یعنی حضرت جبرئیل میرے پاس آئے اور کہا کہ آپ کا رب کریم پوچھتا ہے کہ آپ جانتے ہیں کہ میں نے آپ کے ذکر کو کس طرح بلند کیا؟ میں نے جواب دیا اس حقیقت کو اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آپ کے رفع ذکر کی کیفیت یہ ہے کہ جہاں میرا ذکر کیا جائے گا وہاں آپ کا بھی میرے ساتھ ذکر کیا جائے گا۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں: واتی رفع مثل ان قرن اسمہ علیہ الصلوٰۃ والسلام باسمہ عزوجل فی کلمتی الشہادۃ وجعل طاعتہ طاعتہ وصلی علیہ فی ملائکتہ وامر المومنین بالصلوٰۃ علیہ۔ وخاطبہ بالالقاب کیاایھا المدثر، یاایھا المزمل، یاایھا النبی، یاایھا الرسول، وذکرہ سبحانہ فی کتب الاولین واخذ علی الانبیاء علیھم السلام وامتھم ان یؤمنوا بہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ترجمہ: اور اس سے بڑھ کر رفع ذکر کیا ہو سکتا ہے کہ کلمہ شہادت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نام کے ساتھ اپنے محبوب کا نام ملا دیا۔ حضور کی اطاعت کو اپنی اطاعت قرار دیا۔ ملائکہ کے ساتھ آپ پر درود بھیجا اور مومنوں کو درود پاک پڑھنے کا حکم دیا اور جب بھی خطاب کیا معزز القاب سے مخاطب فرمایا جیسے یاایہا المدثر، یاایہا المزمل۔ پہلے آسمانی صحیفوں میں بھی آپ کا ذکر خیر فرمایا۔ تمام انبیاء اور ان کی امتوں سے وعدہ لیا کہ وہ آپ پر ایمان لے آئیں۔ آج دنیا کا کوئی آباد ملک ایسا نہیں جہاں روز و شب میں پانچ بار حضور کی رسالت کا اعلان نہ ہو رہا ہو۔

حضور کے سوانح پر اپنوں اور بیگانوں نے جتنی کتابیں لکھی ہیں دنیا کے کسی نبی، مصلح، فاتح اور سلطان کے بارے میں نہیں لکھی گئیں۔ بے شمار اعلیٰ پایہ کے لوگوں نے حضور کریم کے ذکر پاک کو بلند کرنے کے لیے جس طرح اپنی زندگیاں، اپنی علمی قوتیں، روحانی طاقتیں، اپنا مال اور اپنے وسائل وقف کیے ہیں کسی دوسرے کے بارے میں اس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ آپ کے عشاق نے نثر و نظم میں انسانیت کو جو پاکیزہ ادب عطا فرمایا ہے اس کی نظیر بھی نہیں ملتی۔ لادینیت کے اس دور میں بھی آپ کے دین کی تبلیغ اور آپ کی سنت کے احیاء کی کوششیں بڑے خلوص سے کی جا رہی ہیں۔ آپ کا نام پاک لے کر آپ کا ذکر خیر کر کے اور آپ کے محاسن سن کر کروڑوں دلوں کو جو سرور و فرحت نصیب ہوتی ہے اس کا جواب نہیں۔ اپنے تو رہے ایک طرف، بیگانوں اور متعصب مخالفوں کو بھی بارگاہ رسالت میں خراج عقیدت پیش کرنے کے بغیر چارہ نہ رہا۔

اگر آپ ان حالات کو پیش نظر رکھیں جن حالات میں یہ آیت نازل ہوئی اور پھر اس آیت کو پڑھیں تو اس کے پڑھنے کا لطف دوچند ہو جائے گا۔ ساری دنیا مخالف ہے، مکہ کے نامور سردار اور عوام چراغ مصطفوی کو بجھانے کے درپے ہیں۔ جس گلی سے گزرتے ہیں وہاں غلاظت کے ڈھیر لگا دیے جاتے ہیں اور کانٹے بچھا دیے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور میں سجدہ ریز ہوتے ہیں تو مرے ہوئے اونٹ کا اوجھ اٹھا کر گردن مبارک پر لاد دیا جاتا ہے۔ ان حالات میں یہ آیت نازل ہوئی۔ کون یہ تصور کر سکتا تھا کہ ان کا ذکر پاک دنیا کے گوشہ گوشہ میں بلند ہوگا، ان کے دین کی روشنی سے مہذب دنیا کا بہت بڑا علاقہ منور ہوگا اور کروڑوں انسان ان کے نام پر جان دینے کو اپنے لیے باعث سعادت تصور کریں گے۔ لیکن جو وعدہ مولا کریم نے اپنے برگزیدہ بندے اور محبوب رسول کے ساتھ کیا وہ پورا ہو کر رہا اور قیامت تک ذکر محمدی کا آفتاب ضوفشانیاں کرتا رہے گا۔ اعلیٰ حضرت بریلوی نے کیا خوب فرمایا ہے۔

مٹ گئے مٹتے ہیں مٹ جائیں گے اعدا تیرے
نہ مٹا ہے نہ مٹے گا کبھی چرچا تیرا

يُسْرًا ۝٥ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٦ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝٧ وَ

آسانی ہے۔ بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے ۔ پس جب آپ فرائض نبوت سے فارغ ہوں تو (حسب معمول ریاضتوں) میں لگ جائیں

۴؎ کفار مسلمانوں کو طعنہ دیا کرتے تھے کہ تم نادار اور مفلس ہو تم کمزور اور ناتواں ہو۔ ہم تمہیں پیس کر رکھ دیں گے ہم تمہارا نام ونشان تک مٹا دیں گے۔ جو شخص اسلام کو قبول کرتا اس کو ہر قسم کے ظلم وستم کا نشانہ بنایا جاتا۔ ورسے جب وہ فریاد کرتا تو اس کی فریاد سننے والا بھی کوئی نہ ہوتا بلکہ الٹا وہ سنگدل اس کو تڑپتا ہوا دیکھ کر تالیاں بجاتے اور خوشی کے نعرے بلند کرتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے حبیب! ان دشواریوں اور تکلیفوں سے پریشان ہونے کی قطعاً ضرورت نہیں۔ ہمارا یہ قانون ہے کہ ہر تکلیف کے بعد راحت ہوتی ہے، ہر دشواری کے بعد آسانی ہوتی ہے۔ یہ تکالیف جن سے آپ کے ماننے والے دوچار ہو رہے ہیں، یہ عسرت وتنگدستی جس کے باعث بیگانے زبان طعن دراز کیا کرتے ہیں، ختم ہو جائے گی اور عزت واقبال، خوش حالی اور فارغ البالی کا ایک درخشاں دور شروع ہو گا۔

۵؎ یعنی جب تم ایک عبادت سے فارغ ہو جاؤ تو اس عبادت کی توفیق پر شکر ادا کرنے کے لیے دوسری ریاضت اور عبادت شروع کر دو۔ اللہ تعالیٰ نے جو نعمتیں اپنے رسول کریم پر فرمائی تھیں ان کا شمار کیا گیا اور جن نعمتوں سے مستقبل میں سرفراز کرنا تھا ان کا وعدہ کیا گیا اور اس کے بعد حکم دیا گیا کہ ان نعمتوں پر شکر ادا کرو اور اس کی صورت یہ ہے کہ اس کی عبادت میں مشغول رہا کرو۔

علامہ ابن جریر طبری نے حضرت ابن عباس سے اس کا یہ مفہوم نقل کیا ہے عن ابن عباس انہ قال ای اذا فرغت من الصلوٰۃ فانصب فی الدعاء یعنی جب آپ نماز ادا کرنے سے فارغ ہو جائیں تو بڑے خشوع وخضوع کے ساتھ دعا مانگنا شروع کر دیں۔

علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ بندۂ مومن کے لیے مناسب یہی ہے کہ اس کے سارے اوقات یاد و عبادت الٰہی میں مستغرق رہیں یا دنیا کے ضروری کاروبار سے جونہی فرصت ملے خداوند کریم کے ذکر میں مشغول ہو جائے۔ بندۂ مومن کا بیکار بیٹھا رہنا یا فضول مشاغل میں کھوئے رہنا بڑی بے عقلی اور نادانی ہے۔ یہاں انہوں نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک پُر از حکمت ارشاد نقل کیا ہے۔ اسے پیش خدمت کرتا ہوں اور توقع رکھتا ہوں کہ آپ اسے خوبصورت لکھ کر ایسی جگہ آویزاں کریں گے جہاں اکثر آپ کی نظر پڑتی ہے۔

إِنِّي لَأَكْرَهُ أَنْ أَرَى أَحَدَكُمْ فَارِغًا سَبَهْلَلًا لَا فِي عَمَلِ دُنْيَاهُ وَلَا فِي عَمَلِ آخِرَتِهِ (روح المعانی)

یعنی میں اس بات کو سخت ناپسند کرتا ہوں کہ میں تم میں کسی کو نکما بیٹھے ہوئے دیکھوں۔ نہ تم دنیا کا کوئی کام کر رہے ہو اور نہ تم اپنی آخرت کو سنوار رہے ہو۔

آپ نے فارغ کے ساتھ سبہلل کا لفظ اور ذرا رعب دار لفظ استعمال فرمایا ہے اور خود ہی اس کی تشریح بھی فرما دی ہے۔ بیکار نکما جسے نہ دنیا کی فکر نہ عاقبت کا اندیشہ۔ ہاتھ پر ہاتھ دھرے صبح سے شام تک وقت ضائع کرتا رہتا ہے۔ یہی فاروقی تربیت تھی جس کی برکت سے امت مسلمہ نے چند سالوں میں مشرقی اور مغربی عالمی طاقتوں پر فتح حاصل کی تھی اور اپنی عظمت کے پرچم گاڑ دیے تھے۔ جس بے دردی سے آج ہم اپنا قیمتی وقت برباد کرتے ہیں، جس سنگدلی سے ہم اپنے شخصی اور ملی فرائض کی ادائیگی میں کاہلی اور بے اعتنائی کا مظاہرہ کرتے ہیں انہیں دیکھ کر خون کے آنسو ٹپکنے لگتے ہیں۔

اِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ﴿۸﴾

اور اپنے رب کی طرف راغب ہو جائیں ۸؎

۸؎ ہمارے نوجوان جن کے دلوں میں اپنی ملت کا درد ہے، جو اپنی قوم کے مستقبل کو درخشاں دیکھنا چاہتے ہیں، جو موجودہ پستی اور انحطاط پر شکوہ سنج نظر آتے ہیں کاش! وہ حضرت فاروق اعظم کے اس ارشاد کو بلکہ اپنے رب کریم کے اس فرمان واجب الاذعان کو اپنی زندگی کا شعار (MOTTO) بنالیں۔ جب بھی ایک فرض کی ادائیگی سے فارغ ہوں، دوسرا فرض ادا کرنے کے لیے کمر ہمت باندھ لیں۔

فانصب کا لفظ بھی توجہ طلب ہے۔ نصب ایسا کام کرنا جس کے کرنے سے تھکاوٹ ہو جائے اور یہ ظاہر ہے کہ معمولی نوعیت کے کاموں سے تو تھکاوٹ پیدا نہیں ہوتی۔ وہ کام جو اولوالعزمی سے کیے جاتے ہیں، وہ مہمیں جو بڑی محنت اور ریاضت سے سر کی جاتی ہیں، وہ فرائض جن کی انجام دہی کے لیے دیدہ ریزیوں، جگر پاشیوں اور شب بیداریوں کی ضرورت پڑتی ہے ایسے کاموں کے کرنے کی ہی تلقین کی جارہی ہے۔ اہل حق تو مشکل پسند ہوا کرتے ہیں، سہل اور آسان کاموں میں تو ان کا جی ہی نہیں لگتا، بلکہ اللہ تعالیٰ گوارا نہیں کرتا کہ آسان کاموں کے کرنے میں وہ اپنی عمر صرف کریں۔ ایسے کاموں کے لیے اور بہت سی قومیں ہیں۔ ان کے لیے تو کٹھن اور دشوار کام ہیں۔

جنگ بدر کے بارے میں فرمایا کہ تم تو چاہتے تھے کہ تجارتی قافلہ پر حملہ کرو جن کے پاس مزاحمت کے آلات نہیں لیکن ہم نے چاہا کہ تمہاری طاقتوں کو باطل کی ایک بڑی قوت سے ٹکرا دیں تاکہ حق کا بول بالا ہو اور باطل کو رسوائی اور ذلت نصیب ہو۔

ارشاد باری ہے: وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ۔ (الانفال: ۷)

۹؎ اے حبیب! آپ اپنے رب کی طرف ہی راغب رہا کریں۔ اسی کی وہ ذات ہے جو تیرا رب ہے جس نے اس منصب عالی اور مقام بلند پر فائز ہونے کے لیے آپ کی تربیت فرمائی ہے۔ اگرچہ وہ سارے جہانوں کا رب ہے لیکن اس کی شان ربوبیت کا جو خصوصی تعلق تیرے ساتھ ہے وہ کسی کے ساتھ بھی نہیں۔ تُو اس کا، وہ تیرا۔ کسی غیر کی یہاں کیا گنجائش۔

○

اللّٰهم انت ربنا ورب حبيبنا المصطفٰى عليه اطيب التحية واجل الثناء وفقنا ان نقتفي آثاره النيرة السنية ونؤدي ما اوجبت علينا لرفع كلمتك ورفع ذكر نبيك احسن الاداء۔ انت الموفق وبيدك ازمة التوفيق اياك نعبد واياك نستعين۔

○

تعارف

سُورہ التین

نام : اس سورۂ مُبارکہ کا نام "التین" ہے جو اس کا پہلا لفظ ہے۔ اس میں ایک رکوع، آٹھ آیتیں، چونتیس کلمے، ایک سو پانچ حروف ہیں۔

نزول : جمہور علماء کے نزدیک اس کا نزول مکہ مکرمہ میں ہُوا۔ قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ یہ مدنی ہے لیکن یہ درست نہیں۔ کیونکہ "ھٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِیْن" یہ امن والا شہر سے بلا اختلاف مکہ مراد ہے۔ ھٰذَا کا اشارہ اسی کی طرف اس وقت ہی درست ہو سکتا ہے جب کہ اس کا نزول یہاں ہوا ہو۔ مدنی سُورت میں مکہ کا ذکر ھٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِیْن سے کسی طرح مُناسب نہیں۔

مضامین : بعض اُن مقامات کی قسمیں کھا کر اس سُورت کا آغاز کیا گیا ہے جن کا تعلق اولوالعزم رسُولوں میں سے کسی کے ساتھ ہے۔ پھر بتایا کہ ہم نے انسان کی آفرینش اس انداز سے کی ہے کہ صوری اور معنوی اعتبار سے یہ احسن الخلق اور اکمل الخلق ہے۔ انسانی عظمت کا تصور جو قرآن کریم نے پیش کیا ہے دُنیا کا کوئی فلسفی، نفسیات کا کوئی ماہر، عمرانیات کا کوئی اُستاد، طبیعیات کا کوئی معلم اس کی گردِ راہ کو بھی نہیں پہنچ سکتا۔ قرآن نے عظمتِ انسان کا جو نظریہ پیش کیا ہے جب اُس کا مطالعہ کیا جاتا ہے تو باقی سب مُدعیانِ دانش نادان بچوں کی طرح ٹامک ٹوئیاں مارتے نظر آتے ہیں۔

انسان کو احسنِ تقویم کے لقب سے سرفراز فرمانے کے بعد اس حقیقت سے پردہ اٹھایا کہ نوعِ انسانی کے بعض افراد اپنے مقامِ رفیع کے تقاضوں کو پسِ پُشت ڈال لیتے ہیں اور نفس کے سفلی جذبات کی تسکین کے درپے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ اپنے آپ کو ایسی پستیوں میں گرا لیتے ہیں جس سے مزید کسی پستی کا تصور نہیں کیا جا سکتا البتہ وہ لوگ جو خود شناس ہیں اپنی خداداد عظمتوں کے قدردان ہیں۔ ایمان اور عملِ صالح سے اپنے دامنِ حیات کو معمور رکھتے ہیں اُن کے لیے ایسا اجر ہے جو کبھی پایاں پذیر نہ ہوگا۔

اس حقیقت کے بیان کرنے کے بعد قیامت کی ضرورت اور اس کے برپا کرنے میں جو حکمت ہے اس کی طرف اشارہ کر دیا کہ جب "احکم الحاکمین" ہے تو اسکے عدل و انصاف کا یہ تقاضا ہے کہ ایک دن ایسا آئے اور ضرور آئے جب ہر شخص کو اسکے اعمال کے مطابق جزا و سزا ملے۔ اگر ساری عمر پھول کھلانے والا اور ہر سمت میں چراغ روشن کرنے والا اور ساری عمر کانٹے بونے والا اور اندھیر کا بیوپار کرنے والا ایک ہی انجام سے دوچار ہوں تو اس سے بڑی اندھیر گردی اور کیا ہو سکتی ہے۔ کیا کوئی ذی ہوش اُس ذات سے جو احکم الحاکمین ہے اس اندھیر گردی کی توقع رکھ سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔

سُوْرَةُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَهِيَ ثَمَانِيْ اٰيَاتٍ

سورۃ التین مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں آٹھ آیات ہیں

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝۱ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝۲ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝۳

قسم ہے انجیر اور زیتون کی ۱؎ اور قسم ہے طور سینا کی ۲؎ اور اس امن والے شہر (مکہ مکرمہ) کی ۳؎

۱؎ اس سورت کا افتتاح چار چیزوں کی قسمیں کھا کر کیا جا رہا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ سامعین ہمہ تن گوش ہو کر اس سورت کو سنیں کیونکہ اس میں نہایت اہم مضامین بیان کیے جانے والے ہیں۔

تین اور زیتون سے کیا مراد ہے؟ علمائے تفسیر کے اس میں متعدد اقوال ہیں۔ حضرت ابن عباس، حسن، مجاہد وغیرہم کا قول یہ ہے کہ تین سے مراد انجیر ہے اور زیتون سے مراد زیتون کا مشہور و معروف درخت ہے جس سے تیل نکالا جاتا ہے۔ انجیر کا پھل اور زیتون کا درخت اور اس کا تیل بے شمار فوائد اور خوبیوں کے مالک ہیں۔ اس لیے ان کی قسم کھائی۔ حضرت ابن عباس سے یہ قول بھی مروی ہے کہ تین اس مسجد کا نام ہے جو نوح علیہ السلام نے جودی پہاڑ پر تعمیر کی تھی اور زیتون سے مراد بیت المقدس کی مسجد ہے۔ قتادہ کی رائے یہ ہے کہ تین اس پہاڑ کا نام ہے جس پر دمشق کا شہر آباد ہے اور زیتون اس پہاڑ کا نام ہے جس پر بیت المقدس کا شہر ہے۔ ایک اور قول یہ بھی ہے کہ یہاں مضاف محذوف ہے۔ و منابت التین والزیتون یعنی وہ علاقے جو انجیر اور زیتون کی پیداوار کے لیے مخصوص ہیں۔ علامہ قرطبی کی رائے یہ ہے کہ پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ بعض علماء نے قتادہ کے قول کو ترجیح دی ہے۔

علامہ آلوسی کا میلان بھی اسی طرف معلوم ہوتا ہے۔ آپ لکھتے ہیں:

اقسام ببقاع مبارکۃ شریفۃ علی ما ذھب الیہ کثیر (روح المعانی) کہ یہاں مبارک مقامات کی قسمیں اٹھائی گئی ہیں۔ اکثر علماء کی یہی رائے ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲؎ وہ پہاڑ جس پر اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی ہمکلامی کا شرف بخشا اس کا نام طور سینین ہے۔ اسے طور سیناء اور طور سینا بھی کہتے ہیں۔

۳؎ اس سے مراد مکہ مکرمہ ہے۔ مکہ مکرمہ کا شرف محتاج بیان نہیں۔ اس کا سنگ بنیاد اللہ تعالیٰ کے خلیل حضرت ابراہیم اور ان کے فرزند جلیل حضرت اسماعیل علیہما الصلوٰۃ والسلام نے اپنے مبارک ہاتھوں سے رکھا۔ اس شہر کے پرامن ہونے کی دعا بھی آپ نے ہی مانگی۔ رب اجعل ھذا البلد امنا۔ اس دعا کی مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ جس وقت سارا جزیرہ عرب غارت گری، خونریزی اور لوٹ مار کا میدان بنا ہوا تھا اس وقت بھی مکہ مکرمہ فتنہ و فساد کی آگ سے محفوظ تھا۔ کسی کے باپ کا قاتل بھی اگر حرم میں پناہ لیتا تو اس کو کچھ نہ کہا جاتا۔ اگر جنگل میں کوئی چیتا ہرن کو شکار کرنے کے لیے اس کے تعاقب میں دوڑتا اور ہرن حدود حرم میں داخل ہو جاتا تو چیتا اس کا پیچھا چھوڑ کر واپس چلا جاتا۔ یہاں کے درختوں اور گھاس پھونس کو بھی کوئی نہیں کاٹتا تھا۔ کعبہ مقدسہ کی تعمیر سے اس شہر کو مزید شرف نصیب ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے اس خطہ پر مزید کرم یہ فرمایا کہ اسے اپنے محبوب صلی اللہ

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْۤ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ﴿۴﴾ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ

بے شک ہم نے انسان کو پیدا کیا ہے (عقل و شکل کے اعتبار سے) بہترین اعتدال پر ۴ پھر ہم نے لوٹا دیا اسے کو پست ترین

تعالیٰ علیہ وسلم کی جائے ولادت بنایا اور حضورؐ نے نبوت کا اعلان بھی یہیں سے کیا جس کے باعث مکہ کی عظمت کو چار چاند لگ گئے۔

طور کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے نسبت کی وجہ سے عزت نصیب ہوئی۔ یہیں آپ کو پیغمبری ملی۔ یہیں شرف ہمکلامی سے مشرف ہوئے۔ یہیں الواح تورات مرحمت ہوئیں۔ دمشق حضرت مسیح علیہ السلام کا مسکن وماویٰ اور آپ کی تبلیغی سرگرمیوں کا مرکز رہا اور بیت المقدس کو بے شمار انبیاء ورسل سے نسبت کا شرف حاصل ہوا اس لیے ان بابرکت مقامات کی قسمیں اٹھائی گئیں جہاں ایسے نفوس قدسیہ کی ولادت باسعادت ہوئی جو انسانیت کے اعلیٰ ترین مقام نبوت و رسالت کے منصب پر فائز ہوئے جس سے ارفع کسی اور مقام کا تصور ہی نہیں کیا جا سکتا۔

۴ یہ جواب قسم ہے۔ یعنی ہم نے انسان کو شکل وصورت، قدوقامت، عقلی وذہنی قوتوں، قلبی وروحانی بہترین صلاحیتوں سے متصف کر کے پیدا فرمایا ہے۔ ابن عربی کہتے ہیں: لیس لله تعالیٰ خلق احسن من الانسان فان الله خلقه حیا عالما قادرا مریدا متکلما سمیعا بصیرا مدبرا حکیما (قرطبی) کہ اللہ تعالیٰ نے انسان سے زیادہ خوبصورت کوئی چیز پیدا نہیں کی۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا اور اسے ان عظیم صفات سے متصف فرمایا، حی، عالم، بااختیار، بالارادہ، متکلم، شنوا، بینا، مدبر اور حکیم۔

اگر انسان کو بنظر غائر دیکھا جائے تو یہ حقیقت روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ صوری اور معنوی حسن و کمال میں کوئی چیز بھی انسان کی ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتی۔ گراں قیمت حیوان، نرہ و مادہ جانور، درندے، پرندے، ہوائی اور آبی مخلوقات، سب کی سب انسان کے سامنے سرافگندہ ہے اور اس کے حکم سے سرتابی کی جرأت نہیں کر سکتی۔ گرانڈیل ہاتھی سے ایک نیل بان جس طرح چاہتا ہے کام لیتا ہے۔ چھ سات سال کا بچہ اونٹوں کی ایک قطار کو جدھر چاہتا ہے لے کر چلا جاتا ہے۔ شوخ و شنگ برق رفتار گھوڑے پر جب انسان سوار ہوتا ہے تو وہ اس کی مرضی کے مطابق عمل کرتا ہے۔ نوامیس فطرت کو وہ اپنی علمی قوت سے مسخر کر کے ان سے اپنی چاکری لے رہا ہے۔ عقل، فکر و نظر، قیاس و استنباط کی جو بے نظیر قوتیں اسے بخشی گئی ہیں کائنات کی کوئی چیز اس کی برابری نہیں کر سکتی۔ اس کے علم و عرفان کی رفعتوں کا تو یہ حال ہے کہ نوری فرشتے بھی اس کو سجدہ کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ اس کی قامت راست اور اعضاء کی ساخت بھی بے نظیر ہے۔ ہر جانور اپنی خوراک حاصل کرنے کے لیے اپنا سر زمین پر جھکاتا ہے لیکن انسان کو اس کے لیے سر جھکانا نہیں پڑتا بلکہ اس کے ہاتھ لقمہ اٹھا کر منہ میں ڈال لیتے ہیں۔ اس کے جس پہلو کو دیدۂ حق بین سے دیکھا جائے بے ساختہ تبارك الله احسن الخالقين کا نعرہ بلند ہونے لگتا ہے۔ علامہ قرطبی نے ایک واقعہ لکھا ہے کہ عیسیٰ بن موسیٰ ہاشمی کی اپنی بیوی کے ساتھ شدید محبت تھی۔ ایک دن اس نے اس سے کہا انت طالق ثلاثا ان لم تکونی احسن من القمر۔ اگر تو چاند سے زیادہ خوبصورت نہ ہو تو تجھے تین طلاقیں۔ اس نے جب اپنے خاوند کی زبان سے یہ الفاظ سنے تو اٹھ کھڑی ہوئی اور عیسیٰ سے پردہ کر لیا اور کہا کہ تو نے مجھے طلاق دے دی ہے۔ اب ہمارا ازدواجی تعلق منقطع ہو گیا۔ عیسیٰ نے بڑی مشکل سے رات بسر کی۔ صبح سویرے خلیفہ منصور کے پاس پہنچا اور اسے اس واقعہ کی اطلاع دی اور بڑی گھبراہٹ اور ندامت کا اظہار کیا۔ خلیفہ نے فقہاء کو اپنے دربار میں بلایا اور ان سے فتویٰ پوچھا۔ جتنے فقہاء حاضر تھے سب نے کہا کہ طلاق واقع ہو گئی ہے لیکن امام ابوحنیفہ کے شاگردوں سے ایک شخص خاموش بیٹھا رہا۔ منصور نے پوچھا آپ کیوں چپ

سَافِلِينَ ۝ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ

حالت کی طرف ؎ بجز ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو ان کے لیے نہ ختم ہونے

ہیں، کیوں کوئی بات نہیں کرتے تو وہ شخص گویا ہوا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم والتین والزیتون وطور سینین وھذا البلد الامین لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم۔ اے امیرالمؤمنین اس ارشاد الٰہی کے مطابق انسان سب چیزوں سے زیادہ حسین ہے اور کوئی چیز اس سے زیادہ حسین نہیں ہے۔ منصور نے عیسیٰ بن موسیٰ سے کہا کہ اس شخص نے جو کہا ہے درست کہا ہے، تم اپنی بیوی کے ساتھ رہ سکتے ہو اور اس کی بیوی کو بھی کہلا بھیجا کہ طلاق واقع نہیں ہوئی۔ اس لیے اسے چاہیے کہ اپنے خاوند کے گھر آ جائے۔ اس سے معلوم ہوا کہ انسان باطن اور ظاہر میں، صورت کے جمال میں، بناوٹ کی ندرت میں اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق سے زیادہ حسین وجمیل ہے۔ فلاسفہ نے اسی وجہ سے انسان کو عالم اصغر کہا ہے۔

؎ لیکن جو انسان ان نعمتوں کی قدر نہیں کرتا، جو اپنی عدیم النظیر صلاحیتوں کو غلط استعمال کرتا ہے، جو عقل وفہم کے سارے چراغ گل کر دیتا ہے اور ہوائے نفس کی پیروی میں لگ جاتا ہے، اپنے خالق ورازق کی فرمانبرداری سے منہ موڑ لیتا ہے، اس کے رسول کی تعلیمات کو پس پشت ڈال دیتا ہے، تو اسے اس جرم کی سزا بھی بڑی سخت دی جاتی ہے۔ وہ بے شعور اور بے سمجھ حیوانوں سے بھی بدتر ہو جاتا ہے۔ اس سے ایسی ایسی رذیل حرکتیں سرزد ہوتی ہیں جن کا کسی بھلے آدمی سے تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ اپنے ہاتھوں سے گڑھا کھود کر وہ اپنی بچیوں کو زندہ مٹی میں دفن کر دیتا ہے۔ وہ اپنے سگے بھائی کا گلا کاٹنے سے بھی نہیں شرماتا۔ معمولی فائدہ کے لیے وہ اپنی قوم اور وطن سے غداری کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ آپ خود سوچیے وہ سمگلر جو اپنے قومی غذائی ذخائر کو چند ٹکوں کے لالچ میں دشمن ممالک کو ناجائز ذرائع سے برآمد کرتا ہے، جو انجینئر ملک کی شاہراہوں، پلوں اور ڈیموں کی تعمیر میں بددیانتی کرتا ہے، جو صنعت کار اجناس خوردنی اور ادویہ میں ملاوٹ کرنے کا کاروبار کرتا ہے، جو تاجر اجناس خوردنی کی ذخیرہ اندوزی کرتا ہے کیا وہ کتے اور خنزیر سے پست تر نہیں؟ جو شخص فسق وفجور کی غلاظتوں میں خوش رہتا ہے گندگی میں جنم لینے والے کیڑوں سے کیا وہ کسی صورت میں بہتر ہو سکتا ہے۔ ایسے شخص سے انسانیت کی خلعتِ فاخرہ واپس لے لی جاتی ہے۔ اس کے سر سے اشرف المخلوق ہونے کا تاج اتار لیا جاتا ہے۔ معاشرے کی نگاہوں میں وہ حقیر و ذلیل ہو جاتا ہے۔ ایسے انسانوں کے لیے دوزخ کے طبقات میں سے وہ طبقہ مخصوص کیا جائے گا جو پست ترین ہوگا۔

دیکھیے قرآن حکیم، انسانی حمیت کو کس طرح مہمیز لگاتا ہے، انسانی شرف کا واسطہ دے کر خود فراموش انسانوں کو خواب غفلت سے کس طرح جھنجھوڑتا ہے، انسان کے احساس عظمت کو گرما کر گناہوں کی دلدل سے اسے نکل آنے کی جو دعوت دیتا ہے اس کا اسلوب کتنا اثر آفرین ہے۔

غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿٦﴾ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّينِ ﴿٧﴾ أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ ﴿٨﴾

والا اجر ہے۔ ۶ پس کون جھٹلا سکتا ہے آپ کو اس کے بعد جزاو سزا کے معاملہ میں۔ ۷ کیا نہیں ہے اللہ تعالیٰ سب حاکموں سے بڑا حاکم؟ ۸

۶ فرمایا جو لوگ اپنی انسانیت کی لاج رکھتے ہیں، اس کے دامن شرف پر کوئی داغ نہیں لگنے دیتے، اپنے خالق کے ذکر کی شمع روشن رکھتے ہیں اس کے احکام کی بجاآوری میں سرگرم رہتے ہیں، اس کی خوشنودی حاصل کرنے کا شوق انہیں رات دن بے چین رکھتا ہے یہی وہ لوگ ہیں جو احسن تقویم کے کمالات سے موصوف ہیں۔ ان کو ہی اللہ تعالیٰ ایسا اجر دے گا جو کبھی منقطع نہ ہوگا، جب تک وہ اس دنیا میں زندہ رہیں گے ان پر ان کے رب کی رحمت نازل ہوتی رہے گی، جب یہاں سے رخت سفر باندھیں گے تو انہیں ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ کی نوید جانفزا سنائی جائے گی۔ جب قیامت کے دن قبروں سے اٹھیں گے تو لاخوف علیہم ولاہم یحزنون کی شان ان کے چہروں سے ظاہر ہو رہی ہوگی اور جب فردوس بریں میں قدم رکھیں گے تو سلام قولا من رب رحیم سے ان کا استقبال کیا جائے گا۔ انہوں نے تو کچھ مدت اپنے رب کی بندگی میں گزاری لیکن ان کا رب جن نعمتوں سے انہیں نوازے گا وہ پایاں ناپذیر ہوں گی۔

۷ اس آیت کے کئی مفہوم بیان کیے گئے ہیں ان میں سے مجھے وہ مفہوم زیادہ پسند ہے جو علامہ قرطبی نے قتادہ اور فراء سے نقل کیا ہے۔ قال قتادۃ ایضا والفراء المعنی فمن یکذبک ایھا الرسول بعد ھذا البیان بالدین واختارہ الطبری۔ یعنی قیامت کے برپا ہونے اور اس روز نیک و بد کو جزاو سزا کا جو نظریہ آپ نے پیش کیا ہے کون عقل مند اس کی تکذیب کر سکتا ہے۔ یہ کہنے کی جرأت کس میں ہے کہ جس شخص نے ساری عمر احکام الٰہی کی بجاآوری میں گزاری جس نے اپنے آرام و آسائش کو بنی نوع انسان کے آرام و آسائش کے لیے وقف کر دیا جس نے نور حق پھیلانے میں اپنی ساری کوششیں صرف کر دیں اس کو اس کی عمر بھر کی سعی پیہم کا کوئی اجر نہ ملے اور جو اپنے کرتوتوں کے باعث اسفل السافلین تک پہنچا اس کو کوئی سزا نہ ملے؟

۸ اگر کسی چھوٹے سے خطہ کا کوئی حاکم ہو تو تم اس سے عدل و انصاف کی توقع رکھتے ہو۔ اگر وہ ظلم و ستم پر اتر آئے تو تم اس سے نفرت کرنے لگتے ہو اور اگر حالات اجازت دیں تو اس کا تاج و تخت بھی چھین لیتے ہو۔ خود ہی بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ سے بڑا حاکم اور کون ہے؟ اس کی حکومت سے بڑی حکومت کس کی ہے؟ اس کی مملکت سے وسیع مملکت کہاں ہے؟ اس کے باوجود کیا تم اس ظلم کو روا رکھنے کی اس سے توقع رکھتے ہو کہ وہ ظالم کو کچھ نہیں کہے گا اور مظلوم کی داد رسی نہیں کرے گا۔ ہرگز نہیں ہرگز نہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم اس سورت کی تلاوت ختم کرو تو کہو بلی وانا علی ذلک من الشاھدین۔ کبھی حضور اس کی تلاوت کے بعد فرماتے سبحانک فبلی (روح المعانی)

فاطر السموات والارض انت ولی فی الدنیا والاخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔ والصلوۃ والسلام علی رحمۃ للعالمین وعلی آلہ وصحبہ اجمعین۔

تعارف

سُورہ اِقرأ

نام : اس کو سُورۃ "العلق" اور سورۃ "اقرأ" دونوں ناموں سے یاد کیا جاتا ہے۔ "العلق" دُوسری آیت میں مذکور ہے۔ اور "اقرأ" سے اس کا آغاز کیا گیا ہے اس میں ایک رکُوع، اُنیس آیتیں، بانوے کلمے اور دو سو اسّی حروف ہیں۔

نزول : صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک کثیر تعداد جن میں اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، ابن عباس، ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہم کے اسماء سرِفہرست ہیں اور بے شمار علمائے تفسیر کا یہ قول ہے کہ نزولِ قرآن کا آغاز اسی سورت کی پہلی پانچ آیتوں سے ہُوا۔ بقیہ آیات بعد میں نازل ہوئیں۔

مضامین : جس طرح اُوپر بتایا گیا ہے۔ یہ سورت دو حصّوں پر مشتمل ہے۔ پہلی پانچ آیتیں جبریل امین لے کر پہلی مرتبہ غارِ حرا میں تشریف لائے اور پہلی وحی آکر تعلیم کی جس کی تفصیلاً آپ آیات کی تشریح کے ضمن میں مطالعہ کریں گے۔

سورت کا دُوسرا حصّہ بعد میں اُس وقت نازل ہُوا جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حرم شریف میں نماز پڑھنی شروع کی حضور کا اندازِ عبادت اہلِ مکّہ کے لیے بالکل انوکھا تھا۔ لوگ دیکھ کر حیران ہوتے اور گزر جاتے۔ لیکن اَبُوجہل جو جہالت اور اُجڈپن میں اپنی مثال آپ تھا، وہ اس اندازِ عبادت کو دیکھ کر ضبط نہ کرسکا اور دھمکیاں دینی شروع کردیں۔ اس کی حماقت اور حرماں نصیبی پر ناراضگی کا اظہار فرمایا جارہا ہے۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۷۷-۴-۱۰

سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هِيَ تِسْعَ عَشْرَةَ اٰيَةً

سورۃ العلق مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں انیس آیات ہیں

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ﴿۱﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ﴿۲﴾

آپ پڑھیے اپنے رب کے نام کے ساتھ جس نے (سب کو) پیدا فرمایا [۱] پیدا کیا انسان کو جمے ہوئے خون سے [۲]

[۱] مفسرین کا تقریباً اس پر اتفاق ہے کہ سب سے پہلے اسی سورت کی پہلی پانچ آیتیں نازل ہوئیں۔ اس سلسلہ میں سب سے صحیح روایت وہ ہے جس کی راویہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں۔ جسے امام بخاری اور امام مسلم نے صحیحین میں روایت کیا ہے جس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

حضرت ام المومنین کہتی ہیں کہ وحی کی ابتدا سچی خوابوں کی صورت میں ہوئی۔ جو خواب آپ رات کو دیکھتے دن کو اس کی تعبیر ہو بہو دن سامنے آجاتی۔ کچھ عرصہ یہ سلسلہ جاری رہا۔ پھر حضور کے دل میں خلوت گزینی کا شوق پیدا ہوا۔ مکہ سے چند میل کی مسافت پر ایک غار ہے جسے غار حرا کہتے ہیں جس کا راستہ بڑا کٹھن ہے۔ حضور اس غار میں تشریف لے جاتے۔ چند روز وہاں قیام فرماتے اور مشغول عبادت رہتے۔ پھر گھر لوٹ آتے اور کچھ وقت گھر ٹھہرنے کے بعد کھانے پینے کی کچھ چیزیں لے کر حرا کی تنہائیوں میں آکر مصروف عبادت ہو جاتے۔ کافی مدت یہی دستور رہا۔ ایک رات آپ اسی غار میں مصروف ذکر و فکر تھے کہ جبرئیل امین آئے اور کہا اِقْرَاْ: آپ پڑھیے۔ حضور نے فرمایا مَا اَنَا بِقَارِئٍ: میں تو پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ جبرئیل نے آپ کو سینے سے لگا کر خوب زور سے بھینچا جس سے آپ کو کافی تکلیف پہنچی۔ پھر جبرئیل نے کہا اقرأ۔ آپ نے اب بھی وہی جواب دیا۔ جبرئیل نے دوسری بار پھر سینے سے لگا کر خوب بھینچا اور کہا اقرأ۔ حضور نے پھر بھی وہی جواب دیا۔ جبرئیل نے تیسری بار بھی زور سے سینے سے لگا کر بھینچا اور کہا اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ تا مَا لَمْ يَعْلَمْ حضور نے یہ پانچ آیتیں تلاوت فرمادیں۔ اس ناگہانی واقعہ سے حضور پر خوف طاری ہو گیا۔ گھر لوٹے۔ دہشت سے دل کانپ رہا تھا۔ حضرت خدیجہ کو فرمایا زَمِّلُوْنِیْ، زَمِّلُوْنِیْ۔ مجھ پر کپڑا ڈال دو مجھ پر کپڑا ڈال دو۔ انہوں نے کپڑا ڈال دیا۔ جب دہشت و سراسیمگی دور ہو گئی تو حضور نے سارا واقعہ حضرت خدیجہ سے بیان کیا اور فرمایا مجھے تو اپنی جان کا اندیشہ ہے۔ آپ کی دانشمند رفیقہ حیات نے تسلی دیتے ہوئے جواباً عرض کیا کہ یہ اندیشہ آپ ہرگز نہ کریں۔ بخدا آپ کو اللہ تعالیٰ کبھی رسوا نہیں کرے گا۔ صلہ رحمی آپ کا شیوہ ہے۔ لوگوں کا بوجھ آپ برداشت کرتے ہیں۔ ناداروں کی امداد کرتے ہیں۔ مہمان کی خاطر تواضع آپ کا شعار ہے۔ مصیبت کے وقت لوگوں کی امداد کرنا آپ کا طریقہ ہے۔ پھر حضرت خدیجہ آپ کو اپنے ہمراہ ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں جو ان کا چچا زاد بھائی تھا اور زمانہ جاہلیت میں عیسائی مذہب اختیار کر چکا تھا اور انجیل کو عبرانی زبان سے عربی زبان میں لکھا کرتا تھا۔ اب وہ بہت بوڑھا ہو چکا تھا اور بینائی جاتی رہی تھی۔ حضرت خدیجہ نے ورقہ سے کہا اے میرے چچا کے بیٹے اپنے بھتیجے کی بات سنو۔ ورقہ نے کہا بتائیے آپ نے کیا دیکھا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سارا ماجرا کہہ سنایا۔ ورقہ نے سن کر کہا کہ آپ پر وہی ناموس (وحی لانے والا فرشتہ) نازل ہوا ہے جو موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوا کرتا تھا۔ کاش! میں اس وقت طاقتور ہوتا۔ کاش! میں اس

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ﴿۳﴾ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ﴿۴﴾ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ

پڑھیے آپ کا رب بڑا کریم ہے ۳ے جس نے علم سکھایا قلم کے واسطہ سے ۴ے اسی نے سکھایا انسان کو

وقت زندہ ہوتا جس وقت آپ کی قوم آپ کو جلاوطن کرے گی۔ حضور نے فرمایا کیا وہ مجھے یہاں سے نکال دیں گے اور قہ نے کہا بیشک جو بھی وہ چیز لے کر آیا جو آپ لے کر آئے ہیں تو اسے اذیت دی گئی۔ اگر اس وقت میں زندہ ہوا تو آپ کی بھرپور امداد کروں گا۔ اس کے بعد ورقہ جلد انتقال کر گئے۔

حکم ہو رہا ہے کہ اپنے پروردگار کا نام لے کر پڑھنا شروع کرو۔ پہلی آیت میں ہی ربوبیت کی اضافت اس ضمیر کی طرف کی جس کا مرجع آپ ہیں۔ اس میں جو لطف ہے وہ اہل ذوق پر مخفی نہیں۔ نیز اس سے یہ حقیقت بھی واضح ہو جاتی ہے کہ بعثت سے پہلے بھی حضور کو اپنے رب کا عرفان حاصل تھا اسی لیے تو یہ کلمات استعمال ہوئے۔ اگر عرفان نصیب نہ ہوتا تو پہلے رب کی پہچان کرائی جاتی اس کے بعد اس کا نام لے کر پڑھنے کا حکم دیا جاتا جو کائنات کی ہر چھوٹی بڑی چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔ یہاں خَلَقَ کا مفعول کل شیئ محذوف ہے۔

۲ے انسان کیونکہ اللہ تعالیٰ کی صفت تخلیق کا شاہکار ہے اس لیے خصوصیت سے اس کا ذکر فرمایا۔ ساتھ ہی یہ بھی بتادیا کہ انسان کی آفرینش کی ابتدا جمے ہوئے خون کے لوتھڑے سے کی گئی۔ ایک حقیر لوتھڑے سے اس سراپا کمال و جمال انسان کا پیدا کرنا اس کی شان کبریائی اور عظمت کی روشن دلیل ہے۔ نیز انسان کو بھی اس کی حقیقت سے آگاہ کر دیا تاکہ وہ گھمنڈ اور غرور کا شکار ہو کر اپنے خالق کا انکار اور اس کے احکام سے سرتابی نہ شروع کر دے۔

۳ے حضور نے جبرئیل کو تین بار جواب دیا کہ مَا اَنَا بِقَارِی۔ آخر میں جبرئیل نے عرض کیا کہ اقرا باسم ربک الذی خلق کہ آپ پڑھیے اور یہ فکر نہ کیجیے کہ میں جب پڑھنا نہیں جانتا تو کیونکر پڑھوں۔ یہ کوئی عذر نہیں۔ آپ خود تو نہیں پڑھ رہے آپ اپنے رب کا نام لے کر پڑھ رہے ہیں اور اس کی شان کریمی کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔ جب وہ پڑھنے کا حکم دے اور آپ اس کا نام لے کر پڑھنا شروع کریں تو پھر آپ کو علوم و معارف سے سیراب کر دینا اس کا کام ہے۔ کریم کے بجائے اکرم فرمایا۔ یا تو یہ رَبُّكَ کی خبر ہے یا اس کی صفت۔ کریم کے بجائے اکرم فرمایا تاکہ مزید مبالغہ ہو۔ ای الزائد فی الکرم علی کل کریم حیث ینعم بلا غرض مالا یمکن احصاءہ کمًّا وکیفًا (مظہری) اکرم میں کریم سے بھی زیادہ مبالغہ ہے اور اکرم اس کو کہتے ہیں جو بلا غرض انعام کرے اور اتنا کرے جس کے کم و کیف کا شمار نہ ہو سکے۔

۴ے اس کی شان کریمی کا ایک جلوہ یہ ہے کہ اس نے قلم کو تعلیم کا واسطہ بنا دیا۔ علم کی نشر و اشاعت میں قلم کا جو حصہ ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ قدیم زمانہ کے علماء و فضلاء کے علوم کو اگر قلم کے ذریعے صفحہ قرطاس پر تحریر نہ کر دیا جاتا تو صدیاں سال بعد آج ہم ان سے کیونکر استفادہ کر سکتے۔ اگر قلم کا واسطہ نہ ہوتا تو آج زمین کے دور دراز گوشوں میں بسنے والے فضلاء کی تحقیقات اور نگارشات سے دور بسنے والے کیونکر مستفید ہو سکتے۔ یہ قلم ہی کی برکت ہے کہ علم کا کارواں آج ان رفعتوں پر خیمہ زن ہے اور مزید بلندیوں کو سر کرنے کا عزم کیے ہوئے ہے اور جب تک قلم کا فیض جاری رہے گا علوم و فنون میں ترقی اور اضافہ ہوتا رہے گا۔

وہ جس طرح قلم کے ذریعے علوم و معارف کی دولت سے اپنے بندوں کو مالا مال کر رہا ہے وہ جب چاہتا ہے تو قلم

مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝٥ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝٦ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝٧

جو وہ نہیں جانتا تھا ۝٥ ہاں ہاں! بےشک انسان سرکشی کرنے لگتا ہے ۝٦ اس بنا پر کہ وہ اپنے آپ کو مستغنی دیکھتا ہے

اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۝٨ اَرَءَيْتَ الَّذِىْ يَنْهٰى ۝٩ عَبْدًا اِذَا

(اے غافل) یقیناً تجھے اپنے رب کی طرف ہی پلٹنا ہے۔ (اے حبیب!) آپ نے دیکھا اسے جو منع کرتا ہے ایک بندے کو جب وہ

کے سوا بھی جس کے سینے کو چاہے انوار و تجلیات کی جلوہ گاہ بنا دیتا ہے اور بغیر کسی واسطہ کے اس کا دل علم کی روشنی سے بقعۂ نور بن جاتا ہے۔ فکما علم سبحانہ القاری بواسطۃ الکتابۃ بالقلم یعلمک بدونہا۔

شہ انسان کو جو کچھ سکھایا ہے اللہ تعالیٰ نے ہی سکھایا ہے۔ سارے علوم و فنون، اسرار و معارف، اکتشافات و ایجادات اس کے بےپایاں علم کی نہریں ہیں، جتنا چاہتا ہے، جس کو چاہتا ہے اور جس وقت چاہتا ہے عطا فرما دیتا ہے۔ ابو البشر آدم علیہ السلام کو علم الاسماء اسی نے تعلیم کیا۔ انبیائے کرام کے سینوں کو رشد و ہدایت کے نور سے اسی نے منور کیا۔ سابقہ آیت میں عَلَّمَ فعل ذکر کیا مفعول ذکر نہیں کیا۔ یہاں فعل اور مفعول دونوں ذکر کیے تاکہ اس کی قدرت کے کمال پر دلالت کریں۔ علامہ سید محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں والاشعار بانہ تعالیٰ یعلمہ علیہ الصلوٰۃ والسلام من العلوم مالا یحیط بہ العقول مالا یخفی۔ اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اتنے علوم سکھانے کا جن کا احاطہ عقلیں نہیں کر سکتیں۔ (روح المعانی)

علامہ پانی پتی لکھتے ہیں یحتمل ان یکون المراد بالانسان محمدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم . . . فاللہ سبحانہ علم نبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بتلک الغطات الثلاث علوم الاولین والاخرین۔ (مظہری) یعنی ممکن ہے کہ اس آیت میں الانسان سے مراد محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوں۔ پس اللہ تعالیٰ نے جبرئیل کے تین بار بھینچنے سے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اولین و آخرین کے علوم سکھا دیے۔

تہ یہ آیات پہلی پانچ آیات کے نزول کے کافی دنوں بعد نازل ہوئیں۔ پہلے تو یہ بتایا کہ کم ظرف انسان کا رویہ یہ ہوتا ہے کہ جب اس کے پاس مال و دولت کی فراوانی ہو جاتی ہے اور ایک طاقتور جتھہ اس کا فرماں بردار بن جاتا ہے تو وہ اپنے آپ کو اپنے رب سے بھی مستغنی سمجھنے لگتا ہے گویا اس نے اپنے خدا سے جو کچھ لینا تھا لے لیا۔ اب اسے اس کی (العیاذ باللہ) کوئی ضرورت نہیں اور جب اس کی یہ کیفیت ہو جاتی ہے تو وہ سرکشی اختیار کرتا ہے۔ نہ اسے اللہ تعالیٰ کے کسی فرمان کی پروا ہوتی ہے اور نہ اس کے بھیجے ہوئے رسول کے ارشادات کو وہ قابل اعتنا سمجھتا ہے جو اس کے جی میں آتا ہے کر گزرتا ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ اگر وہ ہفت کشور کا سلطان بھی بن جائے اگر دنیا بھر کی دولت بھی وہ جمع کر لے تو پھر بھی وہ ایک بےبس انسان ہے۔ جب اس کی موت کا وقت آئے گا تو فرشتۂ اجل اس کی اکڑی ہوئی گردن مروڑ کر رکھ دے گا اور آخر کار اسے اس کے پروردگار کے دربار میں جواب دہی کے لیے پیش ہونا پڑے گا۔ اس وقت اس کو اپنی ناتوانی اور بےنوائی کا احساس ہوگا۔

شہ اس میں ایک خاص واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ حضرت ابوہریرہ کہتے ہیں کہ ابوجہل نے لات و عزیٰ کی قسم کھا کر کہا کہ اگر اس

صَلّٰی ؕ﴿۱۰﴾ اَرَءَیۡتَ اِنۡ کَانَ عَلَی الۡہُدٰۤی ۙ﴿۱۱﴾ اَوۡ اَمَرَ بِالتَّقۡوٰی ؕ﴿۱۲﴾

نماز پڑھتا ہے۔ بھلا دیکھیے تو اگر وہ ہدایت پر ہوتا ۞ یا پرہیزگاری کا حکم دیتا (تو اس کے لیے کتنا بہتر ہوتا)

اَرَءَیۡتَ اِنۡ کَذَّبَ وَ تَوَلّٰی ؕ﴿۱۳﴾ اَلَمۡ یَعۡلَمۡ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی ؕ﴿۱۴﴾

آپ نے دیکھ لیا اگر اس نے جھٹلایا اور رُوگردانی کی۔ کیا نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ (اسے) دیکھ رہا ہے۔

کَلَّا لَئِنۡ لَّمۡ یَنۡتَہِ ۬ۙ لَنَسۡفَعًۢا بِالنَّاصِیَۃِ ﴿ۙ۱۵﴾ نَاصِیَۃٍ کَاذِبَۃٍ

خبردار اگر وہ (اپنی روش سے) باز نہ آیا تو ہم ضرور (اسے) گھسیٹیں گے اس کے پیشانی کے بالوں سے۔ وہ پیشانی جو جھوٹی (اور)

نے پھر حضور کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو العیاذ باللہ وہ حضور کی گردن کو روند دے گا اور آپ کے منہ کو خاک آلود کر دے گا۔ لیطأن علی رقبتہ ولیعفرن وجہہ۔ ایک دن اس نے حضور کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو آگے بڑھا تاکہ اپنی قسم پوری کرے۔ جب اس بری نیت سے اگے بڑھتے ہوئے نزدیک پہنچا تو لوگوں نے دیکھا کہ وہ پیچھے ہٹ رہا ہے اور اپنے ہاتھوں سے کسی چیز کو پرے ہٹانے کی کوشش کر رہا ہے۔ پوچھا گیا ہوا کیوں پیچھے ہٹ آئے۔ بکنے لگا جب میں نزدیک ہوا تو مجھے ان کے درمیان اور اپنے درمیان ایک خندق دکھائی دی جو آگ سے بھری ہوئی ہے اور اس سے شعلے اٹھ رہے ہیں۔ حضور نے ارشاد فرمایا اگر وہ میرے نزدیک آنے کی جرأت کرتا تو فرشتے اس کا انگ انگ جدا کر دیتے۔ اس وقت یہ آیتیں نازل ہوئیں۔

۞ اگر ابوجہل ہدایت قبول کر لیتا اور لوگوں کو بھی تلقین کرتا کہ وہ تقویٰ اختیار کریں تو اس کے لیے کتنا اچھا ہوتا۔ اب جب اس نے ایسا نہیں کیا بلکہ میرے نبی کریم کی تکذیب کی اور اس کی اطاعت و فرمانبرداری سے رُوگردانی کر لی ہے تو کیا اب وہ عذاب الٰہی سے بچ سکتا ہے؟ کیا وہ نہیں جانتا کہ اس کے سارے کرتوتوں کو اللہ تعالیٰ دیکھ رہا ہے اور اس کا یہ طریقہ ہے کہ اس قسم کے نابکار مجرموں کو وہ بڑے شدید عذاب میں مبتلا کر دیتا ہے۔

ان آیات کا ایک اور مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے:

یہاں اَرَءَیۡتَ کا کلمہ تین مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ دوسرے اَرَءَیۡتَ میں ضمیر خطاب کا مرجع ابوجہل ہے۔ اس صورت میں معنی یہ ہوگا کہ اے ابوجہل تو جس بندے کو نماز سے منع کرتا ہے اگر وہ ہدایت پر ہو اور لوگوں کو تقویٰ اختیار کرنے کا حکم دے رہا ہو تو پھر تمہارا انجام کیا ہوگا؟ وہ ہدایت یافتہ انسان جو تقویٰ کا نور پھیلانے میں کوشاں ہو اس کو ایسے نیک کام سے منع کرنے والا کیا غضب الٰہی سے بچ سکتا ہے؟

خَاطِئَةٍ ﴿١٦﴾ فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ ﴿١٧﴾ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ﴿١٨﴾ كَلَّا ؕ

خطا کار ہے۔ ۹ پس وہ بلالے اپنے ہم نشینوں کو (اپنی مدد کے لیے) ہم بھی جہنم کے فرشتوں کو بلالیں گے۔ ہاں ہاں!

۹ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ایک روز مقام ابراہیم پر نماز ادا کر رہے تھے کہ ابوجہل کا وہاں سے گزر ہوا اور گستاخانہ لہجے میں کہنے لگا کہ کیا میں نے تمہیں نماز پڑھنے سے روکا نہیں، تم پھر وہی کام کر رہے ہو۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسے بڑا کڑوا کسیلا جواب دیا۔ ابوجہل بولا اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) تو مجھے کیونکر دھمکی دے سکتا ہے۔ اعوان و انصار کی جتنی جمعیت میرے پاس ہے بطحا کی ساری وادی میں اور کسی رئیس کے پاس نہیں۔ ایک آواز دوں تو ساری وادی میں تل دھرنے کے لیے بھی جگہ نہ رہے۔ اس وقت جبریل امین یہ آیات لے کر نازل ہوئے جن میں بتایا گیا کہ اگر یہ نابکار اپنی گستاخیوں سے باز نہ آیا تو ہم اس کو اس کی پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر زمین پر گھسیٹیں گے اور یہ پیشانی لوگوں کی نظروں میں تو مکہ کے ایک رئیس کی پیشانی ہے، قریش کے ایک نامور سردار کی پیشانی ہے، لیکن درحقیقت یہ ایک ایسے شخص کی پیشانی ہے جو جھوٹا ہے، جو غلط کار ہے۔ ایسے شخص کی پیشانی اس قابل ہے کہ اسے مٹی میں خوب رگڑا جائے اور اسے خاک مذلت پر گھسیٹا جائے۔ اگر وہ اپنے ہمنشیں دوستوں اور مددگاروں کو بلائے گا تو ہم جہنم کے فرشتوں کو حکم دیں گے کہ اس نابکار کی اور اس کے اعوان و انصار کی تکا بوٹی کر دیں۔

زبانیۃ: ملائکۃ العذاب وھو فی الاصل الشُرَط ای اعوان الولاۃ وسمی ملائکۃ العذاب بذلک لدفعھم۔ زبانیہ: عذاب کے فرشتوں کو کہتے ہیں۔ اس کا اصل معنی پولیس ہے جو افسروں کی اعانت پر مقرر ہوتی ہیں۔ ملائکہ عذاب کو زبانیہ اس لیے کہا گیا ہے کہ وہ مجرموں کو دھکے دے کر جہنم میں پھینکیں گے۔

ان آیات میں جو مشکل الفاظ ہیں ان کی تشریح بھی سن لیجیے:

لَنَسْفَعًا: اصل میں لَنَسْفَعَنْ ہے جو مضارع جمع متکلم کے آخر میں نون تاکید خفیفہ ہے۔ لیکن قرآن کے رسم الخط کا اتباع کرتے ہوئے اسے لَنَسْفَعًا کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ یہ سفع سے ماخوذ ہے۔ قال المبرد: السفع الجذب بشدۃ۔ کسی چیز کو زور کے ساتھ کھینچنا۔ وقیل السفع الضرب۔ طمانچہ مارنا۔ وقیل ھو ماخوذ من سفعتہ النار والشمس اذا غیرت وجھہ الی حال تسوید۔ آگ اور دھوپ کی وجہ سے جب کسی کے چہرے کی رنگت سیاہی مائل ہو جائے۔

ناصیۃ: شعر مقدم الراس۔ پیشانی پر جو بال ہوتے ہیں انہیں ناصیہ کہتے ہیں۔ یعنی ہم اسے پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر اس کے منہ پر تھپڑ رسید کریں گے اور اسے گھسیٹتے ہوئے جہنم میں پھینک دیں گے۔ ناصیہ کا معنی تو پیشانی کے بال ہے لیکن اس سے مراد پورا شخص بھی ہو سکتا ہے۔ اس صورت میں کاذبۃ خاطئۃ کا معنی یہ ہوگا کہ یہ نابکار سراسر جھوٹا اور خطا کار ہے۔

نادیہ: اھل مجلسہ وعشیرتہ۔ انسان کے ہم نشین اور اس کے قبیلہ والوں کو نادی کہتے ہیں۔

زبانیۃ: یہ جمع ہے۔ اس کے واحد کے بارے میں کئی اقوال ہیں۔ کسائی کا قول ہے کہ اس کا واحد زبنی ہے۔ اخفش کی رائے ہے کہ اس کا واحد زابنٌ ہے۔ ابوعبیدہ کہتے ہیں زِبْنِيَۃ ہے۔ بعض نے زبانی بتایا ہے۔ بعض علمائے لغت کے نزدیک یہ اسم جمع ہے جیسے

كَلَّا ؕ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۩ ﴿۱۹﴾

اس کی ایک نہ سنیے، اے حبیب! سجدہ کیجیے اور (ہم سے) اور قریب ہو جائیے۔ ؀

ابابیل اور عبادید۔ جن کی گرفت سخت ہو اہل عرب انہیں زبانیہ کہتے ہیں۔ قال الشاعر:

مطاعیم فی القصوی مطاعین فی الوغی زبانیۃ غلب عظام حلومہا

ترجمہ: وہ لوگوں کو خوب کھانا کھلانے والے ہیں اور جنگ میں ان کی نیزہ بازی بہت سخت ہے۔ ان کی گرفت بہت شدید ہے ان کی گردنیں موٹی ہیں اور ان کی عقلیں بہت بڑی ہیں۔ آیت میں اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو اپنی جسامت کے لحاظ سے بڑے گرانڈیل اور برتاؤ کے اعتبار سے بڑے سخت اور کرخت ہیں۔

؀ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہیں کہ اس جھوٹے بدکار کی بات مت مانیے۔ یہ اگر نماز پڑھنے سے منع کرتا ہے تو اس کی پروا نہ کیجیے۔ آپ اپنے پروردگار کی جناب میں ہمیشہ سجدے کرتے رہیے اور کثرت سجود سے اس کا قرب حاصل کرتے رہیے۔

حضرت ثوبانؓ فرماتے ہیں کہ مجھے سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے نصیحت فرمائی۔ علیک بکثرۃ السجود فانہ لا تسجد للہ تعالیٰ سجدۃ الا رفعک اللہ بہا درجۃ وحط عنک بہا خطیئۃ۔

اے ثوبان! کثرت سے سجدہ کیا کرو کیونکہ جب تو اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرے گا تو اللہ تعالیٰ ہر سجدے کے ساتھ تیرا ایک درجہ بلند کرے گا اور تیری ایک خطا معاف کرے گا۔

حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا اقرب ما یکون العبد من ربہ وھو ساجد کہ بندہ اپنے رب کے نزدیک سب سے زیادہ قریب اس وقت ہوتا ہے جب وہ سجدہ کر رہا ہو۔

صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم جب یہ آیت پڑھتے تو سجدۂ تلاوت ادا فرماتے۔

○

اللّٰھم وفقنا ان نسجدلک ونقترب الیک یا ارحم الراحمین وصل وسلم وبارک علی حبیبک الکریم وعلی آلہ واصحابہ ومن تبعہ الی یوم الدین۔

○

تعارف

سُورۃ القدر

نام : اس کا نام "القدر" ہے۔ اس میں ایک رکوع، پانچ آیتیں، تیس کلمے اور ایک سو بارہ حروف ہیں۔

نزول : علامہ آلوسی اور دیگر مفسرین رقمطراز ہیں کہ سورت کے نزول کے بارے میں علماء کے دو قول ہیں۔ ابُوحیان اندلسی اپنی تفسیر بحرِ محیط میں لکھتے ہیں کہ یہ سورت مَدنی ہے۔ علامہ واحدی کا قول ہے۔ یہ مدینہ طیبہ میں سب سے پہلے نازل ہوئی لیکن اکثر علماء تفسیر کا یہی قول ہے کہ یہ مکی ہے۔ پہلے قول کی تائید میں جو روایات ذکر کی جاتی ہیں وہ سند کے اعتبار سے قابلِ اعتبار نہیں نیز سُورت کا مضمون بھی دُوسرے قول کی تائید کرتا ہے۔ اس سے پہلی سورت میں نزولِ قرآن کا ذکر تھا اس سُورت میں اُس رات کی قدرو منزلت بیان کی گئی ہے جسے یہ اعزاز نصیب ہُوا۔

مضمون : قدر کا معنی تقدیر اور قسمت بھی ہے اور عزت و منزلت بھی۔ یہاں دونوں معنے لیے جا سکتے ہیں۔ بتایا کہ یہ معمولی رات نہیں بلکہ وہ رات ہے جس میں اللہ کے اس کلام معجز نظام کے نزول کی ابتدا ہُوئی جو قسمت اور تقدیر کو بدلنے والا ہے کسی ایک شخص یا قبیلے یا ملک کی نہیں بلکہ نوعِ انسانی کے ان تمام افراد کی جو اس کو قبول کرتے ہیں اور اس پر عمل کرنے کا تہیہ کر لیتے ہیں۔ پھر اس میں کسی زمانہ کی تخصیص بھی نہیں۔ جس طرح اس رسُول کی رسالت قیدِ زمانی سے ماورا ہے۔ اسی طرح اس کا لایا ہُوا کلام بھی ان زمانی حدود سے ناآشنا ہے۔ یا اس سے اُس رات کی قدرو منزلت بیان فرمائی جا رہی ہے جس رات کی خاموشیوں میں یہ صحیفۂ رُشد و ہدایت نازل ہُوا اور اُس ذاتِ اقدس و اطہر کو منصبِ نبوت پر فائز کیا گیا۔ بتا دیا کہ اس رات کی خیرات و برکات ہزار ماہ کی عبادت سے برتر ہیں۔ ساری رات فرشتوں کی آمد اور رحمتوں کے نزول کا سلسلہ جاری رہتا ہے اور سلامتی کی بشارتیں دی جاتی رہتی ہیں۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۷۷-۴-۱۰

سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

سورۃ القدر مکی ہے۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس میں پانچ آیات ہیں

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿١﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ﴿٢﴾ لَيْلَةُ

بے شک ہم نے اس (قرآن) کو اتارا ہے شب قدر میں ۱ اور آپ کچھ جانتے ہیں کہ شب قدر کیا ہے۔ شب

الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ﴿٣﴾ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا

قدر بہتر ہے ہزار مہینوں سے ۲ اترتے ہیں فرشتے اور روح (القدس) اس میں ۳

۱۔ اگرچہ یہاں قرآن مجید کا صراحۃً ذکر نہیں لیکن انزلنا کی ضمیر منصوب کا مرجع بالاتفاق قرآن مجید ہی ہے۔ فرمایا قرآن کسی فرشتے یا کسی انسان کا کلام نہیں، نہ ان میں سے کسی ایک فرد یا مجمع کی تصنیف ہے۔ اس کو اتارنے والے ہم ہیں، یہ ہمارا کلام ہے۔ اس میں کسی غیر کے اختراع کا کوئی وجود نہیں۔ اور ہم نے اس کو اس رات میں اتارا ہے جو قدر و منزلت کے اعتبار سے بے مثل رات ہے یا اس رات میں اتارا جو تقدیر ساز ہے۔ جس کی برکت سے صرف اہل مکہ اور ساکنان حجاز کے مقدر کا ستارہ ہی طلوع نہیں ہوا بلکہ ساری انسانیت کا بخت خفتہ بیدار ہو گیا۔ اس رات میں ایسی کتاب نازل ہوئی جس میں بنی نوع انسان کو اپنی پہچان اور اپنے خالق کا عرفان عطا فرمایا۔

امام زہری فرماتے ہیں سمیت بها للعظمة والشرف . . . . لان العمل فیه یکون ذا قدر عند الله (مظہری)۔ علامہ قرطبی نے اس رات کو لیلۃ القدر رکھنے کی وجہ یوں بیان کی ہے قیل سمیت بذالک لانه انزل فیها کتابا ذا قدر علی رسول ذی قدر علی امة ذات قدر، یعنی اسے شب قدر اس لیے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں ایک بڑی قدر و منزلت والی کتاب، بڑی قدر و منزلت والے رسول پر اور بڑی قدر و منزلت والی امت کے لیے نازل فرمائی۔ اس کی شان نزول یہ بیان کی گئی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی امت کی عمروں کو مختصر پایا اور خیال ہوا کہ وہ مختصر عمروں میں اتنے اعمال صالحہ نہ کر سکیں گے جتنے پہلی امتوں نے اپنی طویل عمروں میں کیے ہیں۔ فاعطاه الله لیلة القدر خیر من الف شهر (مظہری)، تو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کریم کو لیلۃ القدر عطا فرمائی جو ہزار مہینے سے بہتر ہے۔

۲۔ جو تحفہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو مرحمت فرمایا اب اس کی جلالت شان کا بیان ہو رہا ہے۔ خود ہی سوال کیا تو خود ہی جواب دیا۔ فرمایا بھلا تم جانتے ہو لیلۃ القدر کیا ہے؟ خود ہی جواب دیا کہ یہ ایک رات ایک ہزار ماہ سے بھی افضل ہے۔ یہ بہتری اور افضلیت کس اعتبار سے ہے؟ اکثر مفسرین کا یہ قول ہے العمل فیها خیر من العمل فی الف شهر لیس فیها لیلة القدر کہ اس ایک رات میں جو عمل کیا جاتا ہے وہ ایک ہزار ماہ کے عمل سے بہتر ہے جس میں لیلۃ القدر نہ ہو۔ علامہ قرطبی نے اپنی رائے ان الفاظ میں بیان کی ہے۔ وفی تلک اللیلة یقسم الخیر الکثیر الذی لا یوجد مثله فی الف شهر کہ اس رات میں اتنی خیر کثیر تقسیم کی جاتی ہے جتنی ایک ہزار مہینہ میں بھی تقسیم نہیں ہوتی اور یہ بھی مفہوم ہو سکتا ہے کہ انسان کی اصلاح اور فلاح کے لیے جو کام (نزول قرآن) اس ایک رات میں ہوا وہ ہزار مہینے کی کوششوں سے بھی بہتر

اور افضل ہے۔

رہی یہ بات کہ یہ رات کس مہینہ کی ہے اور کس تاریخ کو آتی ہے؟ مہینہ کا فیصلہ تو خود قرآن کریم نے کر دیا کہ قرآن کا نزول رمضان میں ہوا، ثابت ہو گیا کہ یہ رات ماہِ رمضان ہی کی کوئی رات ہے۔ تاریخ کے تعین کے بارے میں علماء کا بڑا اختلاف ہے۔ چالیس کے قریب اقوال مذکور ہیں، لیکن صحیح حدیث میں یہ الفاظ موجود ہیں۔ تحروا لیلۃ القدر فی العشر الاواخر من رمضان کہ رمضان شریف کے آخری عشرہ میں لیلۃ القدر کو تلاش کرو۔ دوسری حدیث میں ہے کہ آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔ اکثر علماء کی رائے یہ ہے کہ رمضان شریف کی ستائیسویں رات لیلۃ القدر ہے۔ حضرت ابی ابن کعب تو اس پر قسم بھی کھایا کرتے تھے۔

اس کو متعین نہ فرمانے میں بھی کئی حکمتیں ہیں تاکہ مسلمان اس رات کی تلاش میں زیادہ نہیں تو کم از کم پانچ طاق راتیں اللہ تعالیٰ کے ذکر اور عبادت میں گزاریں۔ اگر رات متعین کر دی جاتی تو لوگ صرف اسی رات کو ہی جاگتے اور عبادت کرتے۔ نیز اس رات کو اگر مقرر کر دیا جاتا تو اسے ذکر و عبادت میں گزارنے والے تو اجر عظیم کے مستحق قرار پاتے لیکن اسے گناہوں میں صرف کرنے والے بھی سنگین سزاؤں میں مبتلا کیے جاتے کیونکہ انہوں نے شب قدر کو پہچانتے ہوئے اسے خدا کی نافرمانی میں ضائع کیا۔ اس لیے رحمت کا اقتضا یہی ہے کہ اسے مستور رکھا جائے تاکہ اگر کوئی بے نصیب بے خبری میں اس رات کو گناہوں کی بھینٹ چڑھا دیتا ہے تو اسے گناہ ایک عام رات کا ملے اور جاگنے والے زیادہ راتیں جاگتے رہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ جو رات اپنے مالک حقیقی کی یاد میں بسر ہوتی ہے اہل عشق کے لیے وہ بھی لیلۃ القدر ہے۔ عارفِ ربانی عمر ابن فارض قدس سرہ کا یہ شعر کتنا پیارا ہے:

وکل اللیالی لیلۃ القدر ان دنت   کما کل ایام اللقاء یوم جمعۃ

ترجمہ: اگر محبوب کا قرب نصیب ہو جائے تو ساری راتیں لیلۃ القدر ہیں جس طرح اس کی ملاقات کا ہر دن جمعہ کا مبارک دن ہے۔

۳۔ حضرت انس سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اذا کان لیلۃ القدر ینزل جبریل فی کبکبۃ من الملائکۃ یصلون علی کل عبد قائم او قاعد یذکر اللہ عزوجل یعنی لیلۃ القدر کو جبریل فرشتوں کے ایک جم غفیر کے ساتھ زمین پر اترتا ہے اور ملائکہ کا یہ گروہ ہر اس بندے کے لیے دعائے مغفرت اور التجائے رحمت کرتا ہے جو کھڑے ہوئے یا بیٹھے ہوئے اللہ عزوجل کے ذکر میں مشغول ہوتا ہے۔

ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ ان سے مصافحہ بھی کرتے ہیں۔

کتنا خوش نصیب اور بلند اقبال ہے وہ بندہ جو اس رات کو اپنے پروردگار کی یاد میں بسر کرتا ہے، جبرئیل اور فرشتے اس کے ساتھ مصافحہ کرنے کا شرف حاصل کرنے کے لیے آسمان سے اتر کر اس کے پاس آتے ہیں اور اس کی مغفرت و بخشش کے لیے دعائیں مانگتے ہیں۔

حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رمضان شریف کے آخری عشرہ کے لیے خصوصی اہتمام فرمایا کرتے۔ حضرت عائشہ کا ارشاد ہے کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اذا دخل العشر شد مئزرہ واحیا لیلہ وایقظ اھلہ۔ (متفق علیہ) یعنی رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ معمول تھا کہ جب یہ آخری عشرہ شروع ہوتا تو آپ تہ بند کس کر باندھ لیتے۔ راتوں کو ذکر الٰہی سے زندہ کرتے اور اپنے اہل و عیال کو بھی عبادت

بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۛ ﴿۴﴾ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾

اپنے رب کے حکم سے ۴ ہر امر (خیر) کے لیے ۵ یہ سراسر امن و سلامتی ہے۔ یہ رہتی ہے طلوع فجر تک ۶

کے لیے جگاتے۔

حضرت عائشہ ہی کا ارشاد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جتنا مجاہدہ اس آخری عشرہ میں فرماتے کسی دوسرے وقت میں ایسا مجاہدہ نہ کرتے۔

اس آخری عشرہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اعتکاف بھی بیٹھا کرتے اور یہ معمول آخر تک جاری رہا اور اپنے غلاموں کو بھی اعتکاف بیٹھنے کی ترغیب دلاتے۔ حضور کے وصال کے بعد امہات المومنین بھی اپنے آقا کی اس سنت پر پابندی سے عمل کیا کرتیں۔

آیت میں الروح سے مراد جبرئیل امین ہے۔ ان کی جلالت شان کے پیش نظر خصوصیت سے ان کا ذکر کیا گیا۔ بعض علما نے یہ بھی کہا ہے کہ الروح فرشتوں کی ایک صنف ہے جو عام فرشتوں سے زیادہ لطیف ہے۔ جس طرح ہم فرشتوں کو نہیں دیکھ سکتے، عام فرشتے اس صنف کو اس کی حد درجہ لطافت کے باعث نہیں دیکھ سکتے۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ الروح کا معنی رحمت ہے۔ یعنی فرشتوں کا وہ گروہ جو جبرئیل کی قیادت میں اس رات زمین پر اترتا ہے اپنے ساتھ رحمت خداوندی کے بے اندازہ خزانے لے کر آتا ہے۔

۴ یعنی فرشتوں کا یہ نزول از خود نہیں ہوتا بلکہ اللہ تعالیٰ انہیں حکم دیتا ہے کہ زمین پر جاؤ اور اس کے مشارق و مغارب کا چکر لگاؤ جہاں کہیں میرے محبوب کا کوئی 'امتی' میرے ذکر کی شمع روشن کر کے بیٹھا ہے، اس کے پاس پہنچو اور اس کو ہماری طرف سے نوید رحمت سناؤ اس سے مصافحہ کرو اور اس کے لیے مغفرت کی دعائیں مانگو۔ کیا شان ہے اللہ تعالیٰ کے محبوب کی اور اس کے طفیل کیا شان ہے اس کے غلاموں کی۔

حضرت شاہ عبد العزیز صاحب اس مقام پر لکھتے ہیں: "یعنی فرود می آیند ملائکہ از آسمانہا و ارواح از مقام علیین دراں شب برائے ملاقات اہل کمال و اقتباس انوار اعمال بنی آدم و تلذذ بادراک کیفیات کہ در نفوس ارضیاں بنسبت محبوب و معبود خود حاصل شدہ است۔"

ترجمہ: یعنی آسمان سے اس رات فرشتے اترتے ہیں اور علیین سے روحیں نازل ہوتی ہیں تاکہ با کمال انسانوں کے ساتھ ملاقات کریں اور ان کے اعمال کے انوار سے روشنی حاصل کریں اور اپنے محبوب اور معبود کی محبت کا جو جذبہ ان کے سینوں میں جوش مار رہا ہے اس کی لذت سے بہرہ ور ہوں۔

۵ علامہ قرطبی نے لکھا ہے کل امر سے وہ تمام کام مراد ہیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ایک سال تک فیصلہ کر دیا ہے۔

۶ یعنی یہ رات امن و سلامتی کی رات ہے۔ نفس و شیطان کی وسوسہ اندازیاں عابدوں کو پریشان نہیں کرتیں۔ بڑی جمعیت خاطر کے ساتھ وہ اپنے رب سے لو لگائے رہتے ہیں اور اس کے ذکر سے لطف اندوز ہوتے رہتے ہیں اور یہ روح پرور اور ایمان افروز کیفیت رات بھر صبح کے طلوع ہونے تک جاری رہتی ہے۔ بعض علما نے اس کا مفہوم یہ بتایا ہے کہ ملائکہ و ارواح دراں شب بر جمیع مومناں سلام می گویند و با اہل کمال مصافحہ می نمایند پس ایں آیت بیان کیفیت ملاقات آنہاست بعد از بیان نزول آنہا۔"

یعنی فرشتوں کے زمین پر اترنے کے بیان کے بعد اب ان کی ملاقات کی کیفیت ذکر کی جارہی ہے کہ وہ اس رات کو تمام اہل ایمان کو سلام پیش کرتے ہیں اور اہل کمال سے مصافحہ کرتے ہیں۔ (عزیزی)

اس رات کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ جو دعا مانگی جائے وہ قبول ہوتی ہے۔

انسان کو چاہیے کہ بڑی سرگرمی سے اس رات کی تلاش کرے۔ غفلت اور کاہلی سے کام نہ لے۔ ذوق و شوق سے رمضان کے آخری عشرہ کی پانچ طاق راتوں کو بیدار رہے اور انہیں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہوئے گزارے۔ جب دعا مانگے تو ایسی جامع دعا مانگے کہ پھر کوئی حسرت باقی نہ رہے۔ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ لیلۃ القدر نصیب ہو تو کیا دعا مانگوں؟ حضور نے فرمایا یوں دعا کرو۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ۔

اے اللہ تعالیٰ! تو بہت درگزر فرمانے والا ہے۔ تو درگزر کو بہت پسند کرتا ہے۔ میرے گناہوں سے بھی درگزر فرمائے۔

اس رات کے بارے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد گرامی بھی پیش نظر رہے:

من قام ليلة القدر ايمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه۔

یعنی جو شخص لیلۃ القدر میں ایمان کے ساتھ اور حصول ثواب کے لیے قیام کرتا ہے اس کے پہلے سارے گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔

○

واعف عنا واغفر لنا وارحمنا انت مولٰنا فانصرنا على القوم الكافرين

اللهم صل وسلم وبارك على خاتم الانبياء وسيد المرسلين شفيع المذنبين

رحمة للعٰلمين وعلى اله واصحابه ومن تبعه باحسان الى يوم الدين

○

تعارف

سُورَۃُ البیّنہ

نام : اس کا نام سورۃ "البیّنہ" اور سورت "لم یکن" دونوں بتائے جاتے ہیں۔ اس میں ایک رکوع۔ آٹھ آیتیں چورانوے کلمے اور تین سو ننانوے حروف ہیں۔

نزول : اس کے نزول کے بارے میں بھی علماء کے دو قول ہیں۔ علامہ ابو حیان اندلسی کہتے ہیں کہ جمہور کے نزدیک یہ مکی ہے۔ ان کے برعکس ابن الزبیر عطاء ابن یسار اور ابن عطیہ کی رائے ہے کہ یہ مدنی ہے۔ اس کو بھی جمہور کا قول کہا گیا ہے۔ ایک صحیح روایت سے اس دُوسرے قول کی تصدیق ہوتی ہے۔ امام احمد طبرانی اور ابن مردویہ نے ابی خیثمہ البدری سے روایت کیا ہے کہ جب یہ سورت نازل ہوئی تو جبرائیل نے عرض کیا یا رسول اللہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا ہے کہ ابی ابن کعب کو پڑھ کر سنائیے حضور نے ابی کو جب یہ بات بتائی تو انہوں نے ازراہ حیرت عرض کیا : اے اللہ کے رسُول کیا اس بندے کو وہاں بھی یاد فرمایا جاتا ہے؟ حضور نے فرمایا بے شک ابی اپنی یہ عزت افزائی دیکھ کر رو پڑے۔ علامہ آلوسی یہ روایت لکھنے کے بعد فرماتے ہیں۔ "ھذا ھوَ الاصح" (یہی زیادہ صحیح ہے) مشرکین کے ساتھ اہل کتاب کا ذکر بھی اسی قول کی تائید کرتا ہے۔

مضامین : سورۃ "العلق" میں نزول کتاب "القدر" میں اس رات کی قدر و منزلت اور اس سورت میں رسالت کی ضرورت کو بیان فرمایا جارہا ہے کہ مشرک اور اہل کتاب اس وقت تک اپنے باطل عقائد سے دستبردار نہیں ہوں گے جب تک ایسا رسُول تشریف نہ لے آئے جس کی ذات اور جس کا کردار اس کی دعوت کی صداقت کی روشن دلیل ہو۔ پھر بتایا کہ اہل کتاب کا راہ حق سے انحراف اس وجہ سے نہ تھا کہ ان کے پاس کوئی آسمانی صحیفہ نہیں آیا تھا یا ان کی طرف کوئی رسول مبعوث نہیں کیا گیا تھا۔ بلکہ یہ لوگ محض ذاتی اغراض اور شخصی مفاد کی وجہ سے حق کو چھوڑ گئے۔

پھر اس حقیقت کو واضح کیا گیا کہ سب نبی اور رسُول ایک ہی دین کی دعوت دینے کے لیے مبعوث کیے جاتے رہے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ پُورے خلوص اور یکسوئی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت، نماز کی اقامت اور زکوٰۃ کی ادائیگی میں سرگرم رہو۔ جن لوگوں نے اس دعوت کو قبول نہ کیا اور اس پر عمل کرنے سے گریزاں رہے وہ بدترین خلائق ہیں لیکن جن خوش نصیبوں نے اس دعوت کو صمیم قلب سے قبول کیا اور خلوص سے اسکی ہدایات پر عمل پیرا ہے وہ تمام مخلوق سے اعلیٰ و ارفع ہیں۔ جنت کی بشارت کے ساتھ انہیں یہ مژدہ جانفزا بھی سنایا جارہا ہے کہ انہوں نے اپنے رب سے ترساں لرزاں جس طرح اپنی زندگی گزاری اس کے عوض انہیں اس منصب رفیع پر فائز کیا جائیگا جہاں خداوند ذوالجلال اُن سے اور وہ اپنے خداوند کریم سے راضی ہوں گے۔

سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهِيَ ثَمَانِ اٰيَاتٍ

سورۃ البینۃ مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں آٹھ آیات ہیں

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

جن لوگوں نے اہل کتاب میں سے کفر کیا (وہ) اور مشرکین (کفر سے)

مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝١ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا

الگ ہونے والے نہ تھے جب تک کہ نہ آجاتی ان کے پاس ایک روشن دلیل [1] (یعنی) ایک رسول اللہ کی طرف سے جو انہیں پڑھ کر سنائے

[1] رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے عرب کے باشندے دو گروہوں میں بٹے ہوئے تھے۔ ایک گروہ وہ تھا جو سرے سے کسی نبی پر ایمان نہیں رکھتا تھا اور نہ ان کے پاس کوئی آسمانی صحیفہ تھا۔ ان میں سے کوئی بتوں کی پوجا میں مگن تھا کوئی کواکب کی عبادت میں کھویا ہوا اور کوئی آگ کو اپنا معبود بنائے ہوئے تھا ان کے عقائد میں شدید اختلافات کے باوجود شرک قدر مشترک تھا۔

دوسرا گروہ ان لوگوں پر مشتمل تھا جو کسی نبی کے امتی ہونے کے دعویدار تھے ان کے پاس کوئی نہ کوئی آسمانی کتاب بھی تھی لیکن مرور زمانہ سے وہ بھی مکمل گمراہی میں پھنس چکے تھے۔ ان کے آسمانی صحیفے تحریف کی نذر ہو چکے تھے۔ ان کے اعمال و عقائد میں واضح بگاڑ پیدا ہو چکا تھا۔ انبیاء کی تعلیمات سے انہوں نے رخ موڑ لیا تھا اور خود ساختہ مخترعات کو اپنا دین بنا لیا تھا۔ ان کا بگاڑ اس حد تک پہنچ چکا تھا کہ کوئی حضرت عزیر کو فرزند خداوندی کوئی ابن مریم مسیح کو خدا کا بیٹا یقین کرتا تھا۔ اگرچہ شرک میں یہ لوگ بھی دیگر مشرکین سے پیچھے نہ تھے' لیکن قرآن کریم نے ان دو گروہوں کو ہمیشہ الگ الگ ناموں سے یاد کیا ہے۔ پہلے گروہ کو مشرک کہا گیا اور دوسرے گروہ کو اہل کتاب۔ اس لیے کہ دوسرا گروہ اپنے آپ کو ایک ایسے دین کا پیرو کہلاتا ہے جو بنیادی طور پر دین توحید ہے۔ اس لیے قرآن کریم نے انہیں مشرکین کے لفظ سے یاد نہیں کیا۔ شرعی احکام میں بھی اس فرق کو ملحوظ رکھا گیا۔ مشرکین کا ذبیحہ بھی حرام اور ان کی عورتوں کے ساتھ شادی بھی قطعاً ممنوع۔ اس کے برعکس اہل کتاب کی عورتوں سے نکاح کی بھی اجازت ہے اور ان کا ذبیحہ بھی حلال ہے بشرطیکہ وہ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کریں اور شریعت کے بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق ذبح کریں۔

مذکورہ آیت میں ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ ان دونوں گروہوں میں کفر و شرک اتنا راسخ ہو چکا ہے کہ اب دوسرے درجہ کی کوشش انہیں اس دلدل سے نہیں نکال سکتی۔ کوئی عالم، کوئی زاہد، کوئی مصلح اب ان کو راہ راست پر نہیں چلا سکتا۔ جن تاریکیوں نے ان کا محاصرہ کر رکھا ہے کوئی معمولی روشنی اس محاصرہ کو نہیں توڑ سکتی۔ ان کی ہدایت کے لیے تو کسی ایسی قوی اور تابندہ دلیل کی ضرورت ہے جس کی کرنیں تاریکیوں کا سینہ چاک کر کے رکھ دیں۔ شکوک و شبہات کے غبار کو یکسر ناپید کر دیں۔ طلوع آفتاب سے جس طرح زمین کا گوشہ گوشہ چمکنے لگتا ہے' ہدایت کا کوئی ایسا آفتاب طلوع ہو جو ان کے قلب و اذہان کے کونے کونے میں اجالا کر دے۔

منفکین: انفکاک سے ہے یعنی کسی چیز کا کسی چیز سے الگ ہو جانا' جدا ہو جانا۔ البینۃ: روشن دلیل جو حق کو واضح کر دے۔

صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ﴿۲﴾ فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ﴿۳﴾ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِينَ أُوتُوا

پاک صحیفے ؎۲ جن میں لکھی ہوں پکی اور درست باتیں ؎۳ اور نہیں بٹے فرقوں میں اہل

الْكِتَابَ إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ﴿۴﴾ وَمَا أُمِرُوا إِلَّا

کتاب مگر اس کے بعد کہ آگئی ان کے پاس روشن دلیل ؎۴ حالانکہ نہیں حکم دیا گیا تھا انہیں مگر

؎۲ اس دوسری آیت میں بتادیا کہ وہ البینۃ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات ہے جسے اللہ تعالیٰ نے رسالت کے منصب پر فائز کرکے گمراہوں کی ہدایت کے لیے مبعوث فرمایا ہے۔ قال الزجاج رسولٌ رُفِعَ علی البدل من البینۃ (قرطبی) رسول مرفوع ہے کیونکہ یہ البینۃ کا بدل ہے۔

یہ رسول روشنی اور ہدایت کا وہ بلند مینار ہے جس کی تابندہ شعاعوں سے عالمِ انسانیت کے نشیب و فراز جگمگا رہے ہیں۔ کیوں نہ ہو اس لیے کہ وہ ایسی کتاب کی تلاوت فرماتا ہے جو ہر قسم کے نقص اور عیب سے پاک ہے۔ دوسری مذہبی کتابوں کی طرح اس میں شرفِ انسانیت سے گری ہوئی کوئی بات نہیں، عقلِ سلیم کا منہ چڑانے والی کوئی حکایت نہیں۔ اخلاق باختگی کی طرف بلانے والی کوئی دعوت نہیں ہے۔ ہر عیب سے وہ پاک ہے، ہر نقص سے وہ منزہ ہے۔

؎۳ ان کی ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ ان میں صرف ایسے احکام و ہدایات ہیں جو سراسر حق اور درست ہیں۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ آیت میں کتب سے مراد احکام ہیں۔ ان الکتب ھھنا بمعنی الاحکام (قرطبی) وقیمۃ ای مستقیمۃ مستویۃ محکمۃ (قرطبی) یعنی راست، درست اور مستحکم۔ حضور کی ذاتِ اقدس جملہ انسانی کمالات کی مظہرِ اتم تھی۔ حضور کے اخلاق، سیرت اور اعمال ہر آلائش سے اس قدر پاک تھے کہ رخِ انور دیکھ لینے سے حضور کی صداقت کا یقین دل میں پیدا ہو جاتا تھا۔ نیز جو کتابِ مقدس آپ پڑھ کر سنایا کرتے اس کا ہر پہلو سراپا اعجاز تھا۔ جو نظامِ حیات اس کتاب نے انسانیت کو بخشا وہ اپنی افادیت، اپنی ظاہری و باطنی برکتوں کے اعتبار سے اپنا ثانی نہیں رکھتا تھا۔ جب ہدایت کے یہ تمام سامان بہم ہو جائیں تو پھر ہدایت پذیری میں کوئی رکاوٹ باقی نہیں ہوتی۔ بجز اس کے کہ انسان کو اس کی بدبختی اس چشمۂ فیض سے سیراب ہونے سے محروم کر دے۔

؎۴ یہود و نصاریٰ بے شمار فرقوں میں بٹ چکے تھے۔ ہر فرقہ اپنے آپ کو ہی اپنے دین کا ٹھیکیدار یقین کرتا تھا۔ باقی تمام فرقے اس کے نزدیک گمراہ اور راہِ راست سے بھٹکے ہوئے اور دوزخ کا ایندھن تھے۔ ان میں مذہبی تنگ نظری کے باعث باہمی جنگ و جدال کا سلسلہ جاری رہتا جس کو موقع ملتا دوسروں پر پل پڑتا۔ کشتوں کے پشتے لگا دیتا اور خون کے دریا بہا دیتا۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ ان کی یہ تفرقہ بازیاں اور تشتت و افتراق، جہالت اور بے علمی کا نتیجہ نہیں بلکہ بد دیانتوں نے اس وقت تفرقہ بازی کی آگ بھڑکائی جب حق کو کھول کر ان کے سامنے رکھ دیا گیا تھا۔ دلائل و براہین نے حق و باطل کو ممتاز کر دیا تھا۔ محض اپنے ذاتی مفادات اور جھوٹی انا کی قربان گاہ پر اپنے ملی اور دینی اتحاد و یکجہتی کو بھینٹ چڑھا دیا تھا۔ بعض علمائے تفسیر نے اس آیت کا یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ یہاں بھی البینہ سے مراد حضور کی ذاتِ بابرکات ہے۔ حضور کی تشریف آوری سے

لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَ يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

یہ کہ عبادت کریں اللہ تعالیٰ کی دین کو اس کے لیے خالص کرتے ہوئے۔ بالکل یکسو ہوکر اور قائم کرتے رہیں نماز

وَ يُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَ ذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ؕ۵ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ

اور ادا کرتے رہیں زکوٰۃ ؎۵ اور یہی نہایت سچا دین ہے ؎۶ بے شک جنہوں نے کفر کیا

پہلے جملہ اہل کتاب حضور کے لیے چشم براہ تھے۔ بڑی بے چینی سے انتظار کی گھڑیاں گن رہے تھے۔ جب کفار کے ساتھ برسرِ پیکار ہوتے تو سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اسم نامی کا وسیلہ پکڑ کر دشمنوں پر فتح حاصل کرنے کی دعائیں مانگا کرتے۔ لیکن جب وہ ہادیٔ برحق تشریف لے آیا تو ان کے تیور بدل گئے۔ حسد و عناد کے شعلے بھڑک اٹھے اور حضور پر ایمان لانے سے انہوں نے انکار کر دیا۔ اپنی آسمانی کتب میں آخر الزماں نبی کی بیان کردہ نشانیاں حضور میں مشاہدہ کر لینے کے باوجود حضور کو جھٹلانے پر کمربستہ ہو گئے۔ وکانوا من قبل یستفتحون علی الذین کفروا فلما جاءھم ما عرفوا کفروا بہ (البقرہ: ۸۹) (مظہری، قرطبی وغیرہما) اہل کتاب حضور کے وسیلہ سے کفار پر فتح طلب کیا کرتے تھے لیکن جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لے آئے تو انہوں نے نہ پہچانا۔ حضور کے ساتھ کفر کرنا شروع کر دیا۔

؎۵ وہ قومیں جو آج گوناگوں شرک میں مبتلا ہیں ان میں سے کوئی بھی ایسی قوم نہیں جس کو اس کے نبی یا رسول نے اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان لانے کا حکم نہ دیا ہو اور غیر اللہ کی عبادت کو ضلالت و گمراہی نہ کہا ہو۔ ان انبیاء نے انہیں یہی تلقین کی کہ اپنے عقائد کو شرک و کفر کی ہر آلائش سے پاک صاف رکھیں۔ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے عقیدے پر مضبوطی سے جم جائیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جس عقیدۂ توحید کی انہیں دعوت دی ہے یہ کوئی نئی دعوت نہیں۔ پہلے انبیاء و رسل نے بھی اپنی اپنی قوموں کو یہی درس دیا اور اس پر ثابت قدم رہنے کی تاکید فرمائی۔ ہر باطل سے منہ موڑ کر جو شخص صرف حق کی طرف متوجہ ہو جائے اسے حنیف کہتے ہیں۔ حُنَفَاءَ اس کی جمع ہے۔ یعنی انہیں یہ بھی بتایا گیا کہ ان کے گردوپیش باطل اپنی مختلف شکلوں میں موجود ہے۔ ہر باطل سے دامن چھڑا کر وہ پوری یکسوئی کے ساتھ حق کی طرف متوجہ ہو جائیں۔ عقیدہ کی اصلاح کے ساتھ ساتھ انہیں عبادات نماز، زکوٰۃ وغیرہ کی ادائیگی کا بھی بار بار حکم دیا گیا۔ دانائی اور راست بازی کا تقاضا تو یہ ہے کہ وہ حضور کی دعوت کو قبول کریں اور اس ہادیٔ برحق کے نقوشِ پا کو اپنا خضرِ راہ بنا لیں۔

؎۶ وہی دین سچا اور صحیح دین ہو سکتا ہے جس میں اصلاحِ عقائد اور اصلاحِ اعمال کا جامع نظام موجود ہو۔ اسلام کے علاوہ کہیں بھی انہیں عقائد و اعمال کا یہ حسین امتزاج نظر نہیں آئے گا۔ القیمۃ کے بارے میں کئی اقوال ہیں۔ القیمۃ صفت ہے۔ اس کا موصوف الملۃ مقدر ہے۔ عبارت یوں ہے ذلک دین الملۃ القیمۃ۔ یعنی ایک راست رو ملت کا دین ہے۔ دوسرا قول یہ ہے جو زیادہ واضح اور پسندیدہ ہے۔ القیمۃ کے آخر میں تا تانیث کی نہیں بلکہ مبالغہ کی ہے جیسے علامہ میں۔ اور دین جو موصوف ہے۔ اس کو صفت کی طرف مضاف کر دیا گیا۔ القیمۃ الذی لا عوج فیھا۔ جس میں کوئی کجی نہ ہو۔ یعنی ہادیٔ برحق علیہ الصلوٰۃ والسلام کا لایا ہوا دین ایسا دین ہے جس میں کوئی کجی نہیں کوئی خامی نہیں کوئی کمی نہیں۔

أَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ

اہل کتاب سے (وہ) اور مشرکین آتش جہنم میں ہوں گے (اور) اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہی لوگ

هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۞٦ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ

بدترین مخلوق ہیں ۷ (اور) یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے،

اُولٰۗىِٕكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۞٧ جَزَاۗؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ

وہی ساری مخلوق سے بہتر ہیں ۸ ان کی جزا ان کے پروردگار کے ہاں ہمیشگی کی جنتیں

عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ رَضِيَ

ہیں رواں ہوں گی جن کے نیچے نہریں وہ ان میں تا ابد رہیں گے ۹ اللہ تعالیٰ ان

۷ آفتاب ہدایت ضوفشاں ہے، صحیفۂ رشد وہدایت ان کے سامنے ایسا نظامِ حیات پیش کر رہا ہے جو ان کی جسمانی اور روحانی نشوونما اور ان کی دنیوی اور اخروی فلاح کا ضامن ہے۔ جو لوگ اب بھی اس کا انکار کرتے ہیں، جو اب بھی لپک کر نبی کریم کا دامن مضبوطی سے پکڑ نہیں لیتے وہ تمام مخلوق سے بدتر ہیں۔ وہ اسی لائق ہیں کہ انہیں دوزخ کا ایندھن بنا دیا جائے۔ وہ ہمیشہ اس میں جلتے رہیں، یہ لوگ کسی رعایت اور رحم کے مستحق نہیں۔

۸ ان کے برعکس جو لوگ راستے کی صعوبتوں کو خاطر میں نہیں لاتے، آگے بڑھ کر اس رسول معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر سچے دل سے ایمان لے آتے ہیں اور آپ کے بتائے ہوئے راستے پر گامزن ہو جاتے ہیں، یہی نفوسِ قدسیہ فخرِ روزگار ہیں اور انسانیت کی آبرو ہیں۔ کائنات کی کوئی چیز ان کی ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتی۔ ان کا دل پاک، نگاہیں پاک، نیت پاک، عزم بلند، شوق فراواں اور منزل اونچی۔ اتنی اونچی کہ کوئی نوری فرشتہ بھی وہاں پر نہیں مار سکتا۔

۹ بہشت کے سدا بہار باغات، انہی کے لیے چشم براہ ہیں، وہاں بہنے والی ندیاں، انہی کے شوقِ دید میں گرمِ سیر ہیں۔ وہاں کا ہر پھول، ہر برگ، ان کی محبت کے رنگ میں رنگی ہوئی ہے۔ وہ وہاں رہیں گے، تا ابد وہاں رہیں گے۔ جنت کی ساری رونقیں، ان کے دم قدم سے ہیں۔ یہ وہاں نہ رہیں تو شگفتگیاں، اداسیوں میں بدل جائیں۔ بہاریں بھی روٹھ جائیں۔

اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝۸ۧ

سے راضی اور وہ اس سے راضی[10] یہ سعادت اس کو ملتی ہے جو اپنے رب سے ڈرتا ہے[11]

[10] جنت اور اس کی فرحت انگیز ابدی مسرتوں سے بھی ایک اعلیٰ ترین انعام انہیں بخشا جائے گا اور وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ ان پر راضی ہو جائے گا۔ یہ رضا و خوشنودی یکطرفہ نہیں، دو طرفہ ہو گی۔ ان کا پروردگار، ان کی محبت اور نیازمندی کو دیکھ کر ان پر راضی ہو جائے گا اور وہ نیازمند اپنے کریم رب کی بے پایاں عنایات سے بہرہ ور ہو کر اس سے راضی ہو جائیں گے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ اہل جنت کو پکاریں گے یا اھل الجنۃ۔ وہ جواب عرض کریں گے لبیک ربنا وسعدیک والخیر کلّہ فی یدیک۔ اے ہمارے پروردگار! ہم حاضر ہیں، ساری سعادتیں اور بھلائیاں تیرے دستِ قدرت میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ دریافت کریں گے کہ اب تم راضی ہو؟ وہ عرض کریں گے اے ہمارے رب! ہم تجھ پر راضی کیوں نہ ہوں جبکہ تُو نے ہمیں ایسی نعمتوں سے سرفراز کیا ہے جو کسی مخلوق کو نصیب نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا میں اس سے بھی ایک اعلیٰ انعام تمہیں عطا نہ کروں؟ وہ کہیں گے الٰہی! اس سے افضل اور کیا چیز ہو سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا کہ میں تمہیں اپنی رضا اور خوشنودی سے اس طرح سرفراز کر دوں کہ اس کے بعد میری ناراضگی کا تمہیں کوئی اندیشہ نہ رہے۔ (متفق علیہ)

[11] یہ مقامِ بلند اور منصبِ رفیع ہر ایک کو نہیں بخشا جاتا۔ جھوٹی آرزوئیں کرنے والوں کو اس پر فائز نہیں کیا جاتا۔ یہ شرف ان سعادت مندوں کا حصہ ہے جو زندگی بھر اس سے ڈرتے رہتے ہیں۔ اس کی حکم عدولی کی انہیں جرأت ہی نہیں ہوتی۔ اگر بھولے سے لغزش ہو جائے تو خوف اور ندامت کے باعث رو رو کر آنسوؤں کے دریا بہا دیتے ہیں۔ ان لوگوں کو محبوبیت کی خلعتِ فاخرہ پہنائی جاتی ہے۔

چوں تمام افتد سراپا ناز می گردد نیاز قیس را لیلیٰ ہمیں نامند در صحرائے ما

○

اللھم اجعلنا منھم ومعھم وانت اکرم المسئولین۔ فاطر السمٰوٰت والارض انت ولی فی الدنیا والاٰخرۃ توفنی مسلماً والحقنی بالصالحین۔

مسکیں کرم عرشے کند، اے جنتِ عشاق تو خوش
گر من ازیں شاں نیستم در کارِ ایشاں کن مرا[*]

اللھم صل وسلم وبارک علٰی حبیبک الاکرم ومحبوبک المکرم صاحب الوجہ الجمیل والخد الاسیل والطرف الکحیل وعلٰی اٰلہٖ واصحابہٖ واولیاء امتہٖ وعلماء امتہٖ وعلٰی سائر محبیہ الٰی یوم الدین۔

---

[*] شاعر سے معذرت کے ساتھ۔ اصل الفاظ یہ ہیں: مسکیں حسن مے گوید الخ

تعارف

سُورۃ الزلزال

نام : اسے سُورۃ "اِذَا زُلزِلَت" اور سُورت "زلزال" بھی کہتے ہیں۔ اس میں ایک رکوع، آٹھ آیتیں۔ ۳۵ کلمے اور ایک سو اکتالیس حروف ہیں۔

نزول : اس کے نزول کے بارے میں بھی علماء کے دو قول ہیں حضرت ابن عباس، مجاہد اور عطاء کے نزدیک یہ مکی ہے۔ قتادہ اور مُقاتل نے اسے مدنی بتایا ہے لیکن سورت کے مضامین میں غور کیا جائے تو پہلے قول کی تائید ہوتی ہے۔

مضامین : خُدا فراموش انسان بڑی بے باکی اور بے حیائی سے زمین کے گوشے گوشے کو اپنے گناہوں سے داغ دار کرتا رہتا ہے۔ وہ خیال کرتا ہے کہ یہ درخت، یہ پتھر، یہ خاک کے ذرّے گونگے بہرے ہیں۔ انہیں اس کے کرتوتوں کا احساس تک نہیں۔ لیکن یہ اُس کی نادانی ہے۔ جب قیامت کے جھٹکوں سے کرۂ زمین پھٹ جائے گا، اُس میں چھپی ہوئی سب چیزیں آشکارا ہو جائیں گی۔ اُس وقت زمین کے وہ درخت جن کی گھنی چھاؤں میں وہ دادِ عیش دیتا رہا اور وہ چٹانیں جن کی اوٹ میں وہ گناہوں کی بزمیں آباد کرتا رہا وہ چشم دید گواہوں کی طرح گویا ہو جائیں گے اور اُس کے اعمال کا کچا چٹھا کھول کر سامنے رکھ دیں گے۔ اس وقت اس کی آنکھ کھلے گی لیکن بے سُود!

اس وقت لوگ گروہ در گروہ پیش کیے جائیں گے ہر شخص کی ہر چھوٹی بڑی نیکی کا اجر اُسے ملے گا۔ اسی طرح ہر شخص کی ہر چھوٹی بڑی بُرائی کا نتیجہ بھی اُسے دیکھنا پڑے گا۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۷۷-۳-۱۰

سُوْرَةُ الزَّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهِيَ ثَمَانِيْ اٰيَاتٍ

سورۃ الزلزال مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں آٹھ آیات ہیں

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝١ وَ اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝٢

جب تھرتھرانے لگے گی زمین پوری شدت سے [1] اور باہر پھینک دے گی زمین اپنے بوجھوں (یعنی دفینوں) کو [2]

وَ قَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝٣ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝٤ بِاَنَّ

اور انسان (حیران ہو کر) کہے گا اسے کیا ہو گیا [3] اس روز وہ بیان کر دے گی اپنے سارے حالات [4] کیونکہ

[1] زور دار جھٹکے جو بار بار آئیں انہیں زلزلہ کہا جاتا ہے۔ علامہ راغب لکھتے ہیں التزلزل: الاضطراب وتکریر حروف لفظہ تنبیہ علی تکریر معنی الزلل۔ (مفردات) یعنی تزلزل، مضطرب ہونے کو کہتے ہیں اور حروف کا تکرار جھٹکوں کے تکرار پر دلالت کرتا ہے۔ زلزالها ہم کیا اور شدت و قوت کے اظہار کے لیے ہے یعنی جب زمین زور دار جھٹکوں کے باعث پوری قوت کے ساتھ تھرتھرانے لگے گی۔

بعض علما کے نزدیک اس سے مراد وہ زلزلہ ہے جو قرب قیامت کے وقت آئے گا۔ اس کے باعث پہاڑ، لمبے لمبے درخت، اور بڑے بڑے محلات اور سنگین قلعے ریزہ ریزہ ہو کر پیوند زمین ہو جائیں گے اور بعض کا خیال ہے کہ نفخۂ ثانیہ کے وقت زمین پھر لرزے گی یہاں اس دوسرے زلزلہ کا ذکر ہو رہا ہے۔ بعد والی آیت اس کو ترجیح دیتی ہے۔

[2] نفخۂ ثانیہ کے وقت جب زلزلہ آئے گا تو زمین کے بطن میں جو کچھ چھپا ہوا ہے وہ اسے نکال کر باہر پھینک دے گی۔ سارے مُردے جو اس میں دفن ہوتے رہے، وہ جس حالت میں ہوں گے، باہر نکل آئیں گے۔ اگر ان کے ذرے منتشر ہو کر زمین کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے ہوں گے تو ان کو بھی یکجا کر دیا جائے گا۔ جو معدنیات، جتنے خزانے اور ذخائر اس میں مستور ہوں گے، سب ظاہر ہو جائیں گے۔

[3] انسان سے مراد یہاں وہ انسان ہے جو قیامت کا شدت سے انکار کیا کرتا تھا۔ عمدہ دلائل سن لینے کے باوجود اس کا دل اسے تسلیم کرنے کے لیے تیار نہ تھا۔ جب وہ یہ سب کچھ ہوتے ہوئے دیکھے گا تو حیران و ششدر رہ جائے گا۔ فرط حیرت سے پوچھے گا یہ کیا ہو رہا ہے۔ سورۂ یٰسین میں ہے مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا یعنی ہمیں ہماری خوابگاہوں سے کس نے اٹھا دیا ہے۔ اہل ایمان جنہیں وقوع قیامت کا یقین تھا وہ جب دیکھیں گے کہ مُردے زندہ ہو کر قبروں سے نکل رہے ہیں تو ان کا علم الیقین اب عین الیقین کے درجہ پر پہنچ جائے گا وہ کہیں گے هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ۔ یہ وہی کچھ رونما ہو رہا ہے جس کا وعدہ خداوند رحمٰن نے کیا تھا اور رسولوں نے بالکل سچ فرمایا تھا۔

[4] اس وقت زمین اپنی سرگزشت کھول کر بیان کرے گی کہ گزشتہ دنیا میں جو حالات، جو واقعات اس پر رونما ہوئے جو نیک

کام اس پر کیے گئے، جن گناہوں کا اس پر ارتکاب کیا گیا سب کے سب یہ زمین بیان کرے گی۔ ترمذی نے حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا ہے کہ رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ پھر سامعین سے پوچھا جانتے ہو وہ خبریں کیسی ہوں گی۔ صحابہ نے جواب دیا اللہ و رسولہ اعلم۔ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے۔ قال فان اخبارھا ان تشھد علی کل عبد او امۃ بما عمل علی ظھرھا۔ (ترمذی، نسائی) زمین ہر بندے اور ہر بندی کے متعلق گواہی دے گی کہ اس نے سطح زمین پر کیا کچھ کیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے صحابہ کرام کو ہدایت فرمایا کرتے تحفظوا من الارض فانھا امکم۔ وانہ لیس من احد عامل علیھا خیرا او شرا الا وھی مخبرۃ۔ کہ زمین سے اپنی حفاظت کیا کرو یہ تمہاری ماں ہے۔ جو کام بھی اس پر کوئی شخص کرے گا یہ اس کی اطلاع دے گی۔

حضرت سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ طریقہ تھا کہ آپ بیت المال کا سب روپیہ حق داروں میں تقسیم کر دیتے۔ جب وہ خالی ہو جاتا تو اس میں دو نفل ادا کرتے اور پھر فرماتے اے بیت المال کے در و دیوار تمہیں گواہی دینی ہوگی کہ میں نے تمہیں حق کے ساتھ بھرا اور حق کے ساتھ خالی کر دیا۔

آج سے کچھ عرصہ قبل جب یہ آیات تلاوت کی جاتیں تو کمزور ایمان والے لوگ ان کی مختلف تاویلات کرتے۔ اندھی بہری زمین کو کیا پتہ کہ اس پر کیا ہو رہا ہے بے جان در و دیوار کیا جانیں کہ ان کے احاطہ میں کیا کیا گل کھلائے جا رہے ہیں۔ ویرانوں اور تاریکیوں میں نیک و بد اعمال کی جو دنیا آباد رہی ان کا سراغ کیسے لگایا جا سکتا ہے۔ اس قسم کے شکوک انہیں پریشان کیا کرتے لیکن سائنس کی محیر العقول ایجادات نے ان سب سوالات کا عملی جواب ہم پہنچا دیا ہے۔ ریڈیو، ٹیلی ویژن اور پھر ٹیپ ریکارڈر کی ایجاد نے ان تمام شکوک کا ازالہ کر دیا۔ جب ریڈیو اسٹیشن سے نشر ہونے والی آواز آن واحد میں دنیا کے گوشے گوشے میں پہنچ جاتی ہے اور سنی بھی جا سکتی ہے۔ جب ٹیلی ویژن اسٹیشن پر پیش کیا جانے والا پروگرام اپنی تفصیلات کے ساتھ دور دور تک دیکھا جا سکتا ہے۔ مکانوں کی دیواریں، قلعوں کی فصیلیں، اونچے اونچے پہاڑ اور گھنے جنگلات ان تصاویر کو دیکھنے میں مانع نہیں ہو سکتے۔ جب ٹیپ ریکارڈر کے ذریعے ہر آواز کو اس کے لب و لہجہ اور زیر و بم کے ساتھ مقید کیا جا سکتا ہے اور جب کوئی چاہے انہیں بار بار سن سکتا ہے۔ اگر راڈار کی آنکھ ہزاروں میل دور اڑنے والے جہازوں کا سراغ لگا سکتی ہے تو اب اس بات میں کوئی شبہ نہ رہا کہ زمین کا ذرہ ذرہ ایک خاموش تماشائی کی طرح ہماری کارستانیوں کو دیکھ رہا ہے اور اس کا ریکارڈ مرتب کر رہا ہے۔ قیامت کے روز ہماری زندگی کی پوری فلم تفصیل سے ہمیں دکھا دی جائے گی۔ پھر کس میں یہ ہمت ہوگی کہ وہ ان چیزوں کا انکار کرے؟

قرآن کریم نے بڑی صراحت سے ان انتظامات کا تذکرہ کیا ہے جو قدرت کی طرف سے روز حساب کے فیصلوں کو عدل و انصاف کے تقاضوں کے مطابق کرنے کے لیے کر دیئے گئے ہیں۔ کراماً کاتبین موقع پر ہمارے نیک و بد اعمال کا تحریری ریکارڈ تیار کر رہے ہیں۔ ہمارے اعضا قیامت کے دن سلطانی گواہ کی حیثیت سے پیش کیے جائیں گے۔ ارشاد ہے الیوم نختم علی افواھھم وتکلمنا ایدیھم وتشھد ارجلھم بما کانوا یکسبون۔ (یٰس) کہ آج ہم ان کے لبوں پر مہر لگا دیں گے۔ ان کے ہاتھ ہمارے ساتھ گفتگو کریں گے اور ان کے پاؤں ان پر گواہی دیں گے۔ اگر پھر بھی کسی نے اپنی غلطی کو تسلیم کرنے سے انکار کیا تو اس کے سامنے اس کے ٹیپ ریکارڈ اور اس کی زندگی کی فلم پیش کر دی جائے گی۔

رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝٥ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ لِّيُرَوْا

آپ کے ربّ نے اسے ایسا حکم بھیجا ہے ۵ اس روز پلٹ کر آئیں گے لوگ گروہ در گروہ ۶ تاکہ انہیں دکھائے جائیں

اَعْمَالَهُمْ ۝٦ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝٧ وَمَنْ

ان کے اعمال۔ پس جس نے ذرہ برابر بھی نیکی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گا۔ اور جس نے

يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝٨

ذرہ برابر برائی کی ہوگی وہ (بھی) اسے دیکھ لے گا ۷

۵ زمین کے شکم سے مردوں کا زندہ ہو کر نکلنا یا زمین کا اپنی سرگزشت کو من وعن بیان کرنا از خود نہ ہوگا بلکہ اسے اللہ تعالیٰ ایسا کرنے کا حکم دے گا۔

۶ دو لفظ ہیں وارد اور صادر۔ وارد کہتے ہیں نیا آنے والا اور صادر کہتے ہیں لوٹ کر آنے والا۔ آیت کے دو مفہوم بیان کیے گئے ہیں کہ لوگ حساب دہی کے بعد جب لوٹیں گے تو وہ مختلف ٹولیوں میں بٹے ہوں گے۔ نیک، نیکوں کے ساتھ، نمازی نمازیوں کے ساتھ، غازی، غازیوں کے ساتھ اور شہید شہیدوں کے ساتھ۔ اسی طرح چور، چوروں کے ساتھ، گنہگار گناہ گاروں کے ساتھ، قاتل قاتلوں کے ساتھ۔

دوسرا مفہوم یہ ہے کہ جب قبروں سے نکل کر بارگاہِ الٰہی میں حساب کتاب کے لیے جا رہے ہوں گے تو اس وقت وہ جدا جدا ہو کر جائیں گے۔

۷ قرآن کریم نے متعدد مقامات پر اس حقیقت کو واضح کیا ہے کہ انسان ایک ذمہ دار مخلوق ہے۔ جو اچھے یا برے کام یہ کرتا ہے اس کے لیے جواب دہ ہے۔ فرمایا افحسبتم انما خلقناکم عبثا وانکم الینا لا ترجعون۔ کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے تمہیں بے فائدہ پیدا کیا ہے اور تمہیں ہماری طرف لوٹایا نہیں جائے گا۔ دوسری جگہ ہے ان السمع والبصر والفؤاد کل اولٰئک کان عنہ مسئولا۔ کہ تمہارے کان، آنکھیں اور تمہارا دل سب سے باز پرس کی جائے گی۔ اسی حقیقت کو یہاں بھی ایک نئے اسلوب میں بیان کیا جا رہا ہے کہ برے بڑے اعمال حسنہ یا افعالِ سیئہ کا تو کیا پوچھنا' اللہ تعالیٰ کے ہاں تو یہ اصول طے پا چکا ہے کہ اگر ذرہ کے برابر کوئی نیکی کرے گا تو اسے معمولی سمجھ کر ضائع نہیں کر دیا جائے گا بلکہ اس کو خوب حفاظت سے رکھا جائے گا اور جس نے وہ نیکی کی تھی اس کو دکھا دیا جائے گا۔ اسی طرح معمولی سے معمولی گناہ کو بھی پورے اہتمام کے ساتھ محفوظ رکھا جائے گا اور اسے بدکار کے سامنے پیش کر دیا جائے گا۔

اگر عقل سلیم ہو اور انسان غور اور سنجیدگی سے انہی آیات کو پڑھے تو اس کی ہدایت کے لیے مزید کسی وعظ و نصیحت کی ضرورت نہیں رہتی۔

ایک اعرابی بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ مجھے کچھ وعظ فرمائیے۔ حضور نے یہی سورت پڑھ کر اسے سُنا دی سُن کر کہنے لگا والذی بعثک بالحق لا ازید علیہ ابدا کہ آپ کے رب کی قسم! مجھے اب اس سے زیادہ وعظ کی ضرورت نہیں رہی اور رخصت لے کر واپس جانے لگا۔ حضور نے دوبار فرمایا یہ شخص کامیاب ہو کر جارہا ہے۔

بسا اوقات انسان چھوٹی نیکی کو حقیر سمجھ کر اسے نظر انداز کر دیتا ہے۔ بسا اوقات انسان صغیرہ گناہوں کی پروا نہیں کرتا انہیں معمولی خیال کر کے ان کا ارتکاب کرتا رہتا ہے۔ دونوں کو تنبیہہ کر دی کہ ذرہ کے برابر اگر نیکی کروگے تو اس کا بھی اجر ملے گا۔ ذرہ کے برابر اگر برائی کروگے تو اس کی بھی سزا ملے گی۔ اس لیے نہ کسی نیکی کو حقیر سمجھ کر اس کو ترک کرو اور نہ کسی گناہ کو معمولی سمجھ کر اس کا ارتکاب کرو۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے یہ ارشادات خاص توجہ کے مستحق ہیں:

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من تصدق بعدل تمرۃ من کسب طیب ولا یقبل اللہ تعالیٰ الا الطیب۔ فان اللہ یقبلہا بیمینہ ثم یربیہا لصاحبہ کما یربی احدکم فلوہ حتی تکون مثل الجبل (متفق علیہ)

ترجمہ: رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کسبِ حلال سے ایک کھجور بھی صدقہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے قبول کر کے اپنے دائیں ہاتھ میں لے لیتا ہے۔ پھر اس کی نشوونما کرتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ پہاڑ کی طرح بڑا ہو جاتا ہے۔ حضورؐ نے حضرت ابوہریرہ کو ارشاد فرمایا کہ کسی نیکی کو حقیر مت سمجھا کرو اور کچھ نہ ہو سکے تو اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے ملا کرو۔

یہاں ایک چیز دل میں کھٹکتی ہے کہ جب یہ اصول تسلیم کر لیا گیا کہ ہر شخص کو اس کی ذرہ برابر نیکی کا اجر اور ذرہ برابر بدی کی سزا ملے گی تو کیا کفار نے جو نیک کام کیے ہیں انہیں قیامت کے دن ان کا ثواب ملے گا؟ یا نیک لوگوں نے جو گناہ کیے ہیں انہیں ان کی سزا بھگتنی ہوگی؟ علمائے کرام نے فرمایا ہے کہ کفار کے نیک اعمال کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی بے وضو نماز ادا کرے۔ ان کے اعمالِ صالحہ کی قبولیت کے لیے ایمان شرط تھا، شرط کے مفقود ہونے کے باعث ان اعمال کی کوئی حقیقت نہیں ہوگی۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ کفار کو ان کے نیک اعمال کی جزا اس دنیا میں دے دی جاتی ہے، عزت، شہرت، اولاد، دولت کی کثرت، ان صورتوں میں ان کا حساب چکا دیا جاتا ہے۔ نہ قیامت پر ان کا ایمان تھا نہ انہوں نے اس نیت سے نیکیاں کی تھیں کہ انہیں اس روز اس کا ثواب ملے گا۔

بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ جس کی موت کفر پر ہوگی، خلودِ جہنم سے تو اس کو کوئی نیکی نہیں بچا سکے گی، البتہ ان کے اعمال کا اثر عذاب کی شدت میں تخفیف کی صورت میں ظاہر ہوگا۔

وہ مومن جن سے خطائیں سرزد ہوئی ہوں گی تو ان کے بارے میں فرمایا کہ جس شخص نے توبہ کر لی اس کی خطائیں بخش دی جائیں گی۔ نامۂ اعمال سے بھی انہیں محو کر دیا جائے گا۔ فرشتوں کو بھی یاد نہ رہے گا کہ انہوں نے کیا جرم کیے تھے یا ان کی لغزشوں کی سزا انہیں دنیا میں بیماری، غربت اور ناکامی کی شکل میں دے دی جائے گی۔

حضرت انس فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت ابوبکر خدمتِ اقدس میں حاضر تھے اور کچھ کھا رہے تھے۔ یہ بات سُن کر کھانا چھوڑ دیا۔ عرض کیا کیا ہم اپنے تمام نیک و بد اعمال کو دیکھیں گے۔ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

ما رایت مما تکرہ فھو مثاقیل ذر الشر ویدخر لکم مثاقیل ذر الخیر حتی تعطوہ یوم القیامۃ۔ (قرطبی) اس دنیا میں جو تمہیں تکلیف پہنچتی ہے یہ تمہاری خطاؤں کا نتیجہ ہے اور تمہاری نیکیاں محفوظ رکھی جائیں گی اور قیامت کے دن تمہارے حوالے کر دی جائیں گی۔

○

ربنا اللھم ربنا نسئلک ان تغفرلنا و ترحمنا انک ارحم الراحمین بجاہ حبیبک ونبیک وصفیک محمد وعلی آلہ وصحبہ ومن تبعہ واحبہ الی یوم الدین۔

○

تعارف

سُورَۃُ العٰدِیٰت

نام : اس سورۂ مبارکہ کا نام "العٰدیٰت" ہے جو اس کا پہلا لفظ ہے۔ یہ ایک رکوع گیارہ آیتوں، چالیس کلمات اور ایک سو تریسٹھ حروف پر مشتمل ہے۔

نزول : اس کے بارے میں دو قول ہیں بعض علماء کے نزدیک یہ مکی ہے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہی قول ہے اور بعض علماء اسے مدنی کہتے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے یوں ہی مروی ہے۔

مضامین : متعدد قسمیں کھا کر چند حقائق کی نقاب کشائی کی جارہی ہے۔ پہلے تو یہ بتایا کہ انسان اپنے پروردگار کا بڑا ناشکرا ہے۔ بستا رہتا اس کی زمین پر ہے سانس اس کی ہوا میں لیتا ہے۔ اس کے دسترخوانِ نعمت کا ریزہ چین ہے۔ اس کے باوجود نہ اس کا شکر ادا کرتا ہے اور نہ اس کی عبادت و اطاعت کو اپنا وظیفۂ حیات بناتا ہے۔ یہ ایک کھلی حقیقت ہے جس پر اس کے اپنے اعمال و اطوار بطور گواہ پیش کیے جاسکتے ہیں۔ نہ کسی دوسرے گواہ کی ضرورت ہے اور نہ کوئی مزید ثبوت درکار ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ دولت کی محبت اس کے دل میں گھر کر چکی ہے۔ وہ اس کو حاصل کرنے اور اس کو زیادہ سے زیادہ جمع کرنے کی ہوس میں دیوانوں کی طرح شب و روز سرگرداں رہتا ہے۔ اس کی عقل و فہم پر جتنا افسوس کیا جائے اتنا کم ہے۔ اسے اتنی بھی خبر نہیں کہ اس کا خالق اس کے ظاہر و باطن کو جانتا ہے۔ اس کے سینے کے راز بھی اس پر عیاں ہیں، قیامت کے دن اسے اس ربّ کائنات کے سامنے پیش ہونا ہے جو اس کے مجملہ حالات سے پوری طرح باخبر ہے۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۱۰-۴-۷۷

سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهِيَ اِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً

سورۃ العادیات مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں گیارہ آیات ہیں

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝۱ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝۲ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝۳

قسم ہے تیز دوڑنے والے گھوڑوں کی جب وہ سینہ سے آواز نکالتے ہیں پھر پتھروں سے آگ نکالتے ہیں سم مار کر، پھر اچانک حملہ کرتے ہیں صبح کے وقت۔

فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝۴ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝۵ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ

پھر اس سے گرد و غبار اڑاتے ہیں۔ پھر اسی وقت دشمن کے لشکر میں گھس جاتے ہیں ۔ؔ بے شک انسان اپنے رب کا بڑا

۔ؔ آیات میں جو مشکل الفاظ ہیں پہلے ان کی وضاحت کی جائے گی اور اس کے بعد ان کا مفہوم سمجھنے میں دقت نہ ہوگی۔

العادیات: الجاریات بسرعۃ۔ بڑی تیزی سے دوڑنے والیاں۔ الضبح: تصویۃ جھیر عند العدو الشدید لیس بصہیل ولا رغاء ولا نباح۔ وہ آواز جو تیز دوڑتے وقت گھوڑے کے سینے سے نکلتی ہے۔ یہ آواز ہنہنانے وغیرہ سے بالکل جدا ہوتی ہے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں الجمہور علی انہ قسم لخیل الغزاۃ فی سبیل اللہ تعالیٰ التی تعدو۔ کہ جمہور علماء کا یہ قول ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرنے والے غازیوں کے گھوڑوں کی قسم کھائی جا رہی ہے جو تیزی سے دوڑتے ہیں۔

مُوریات: الوریُ اخراج النار والقدح: ھو الضرب والصک یقال قدح فاوری اذا اخرج نارًا۔ پتھر سے آگ نکالنے کو ایراء کہتے ہیں قدح، دو سخت چیزوں کا آپس میں ٹکرانا جس سے چنگاریاں جھڑتی ہیں۔ یہاں مجاہدین کے گھوڑوں کی دوسری صفت بیان کی جا رہی ہے کہ اپنے سُم جب زور سے پتھر پر مارتے ہیں تو اس سے چنگاریاں جھڑنے لگتی ہیں۔ ان چنگاریوں کو اہل عرب نار الحباحب کہتے ہیں۔ حباحب ایک بخیل آدمی کا نام تھا، وہ کھانا پکانے کے لیے اس وقت آگ جلاتا جب سب لوگ کھانا پکا کر اور کھا کر سو جاتے اور کسی مہمان کے آنے کا وقت بھی گزر جاتا۔ اس وقت بھی وہ آگ کو زیادہ روشن نہ کرتا بلکہ بڑی مدھم، تو پر کھانا پکاتا اور کسی کے پاؤں کی آہٹ سنتا تو اس کو بجھا دیتا۔ ایسی آگ جس سے کوئی فائدہ نہ اٹھایا جائے اسے نار الحباحب کہتے ہیں۔ گھوڑوں کے سُموں سے جو آگ نکلتی ہے اسی وجہ سے اس کو بھی اس لفظ سے یاد کیا جاتا ہے۔

المغیرات: المغار علی العدو، ھجم علیہ بغتۃ بخیلہ۔ کسی پر اچانک حملہ کر دینا۔ حملہ آور اکثر صبح کے وقت دشمن پر ناگہانی حملہ بولتے تھے تاکہ دشمن کو بے خبری میں جا لیں۔ وہ وقت آرام و سکون کا ہوتا ہے اور دشمن کی غفلت سے فائدہ اٹھانے کا بہترین موقع ہوتا ہے نیز صبح کے اجالے میں خوب دیکھ کر نشانہ باندھا جا سکتا ہے۔

النقع: غبار کو کہتے ہیں۔ اثرن، غبار اڑانا، گرد کو پھیلانا۔ جمع: جتھہ، انبوہ، لشکر۔ حملہ آور جب حملہ کرتے ہیں تو وہ دشمن کی فوجوں میں داخل ہو کر ان پر اپنے وار کرتے ہیں۔

مشکل الفاظ سمجھ لینے کے بعد اب آیات کے مفہوم پر مزید غور فرمایئے۔

لَكَنُوْدٌ ۚ⑥ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۚ⑦ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۭ⑧

ناشکر گزار ہے ؎۲ اور وہ اس پر (خود) گواہ ہے ؎۳ اور بلاشبہ وہ مال کی محبت میں بڑا سخت ہے ؎۴

اس سورت کا آغاز بھی قسم کھا کر کیا جا رہا ہے اور قسم مجاہدین کے ان گھوڑوں کی کھائی جا رہی ہے جو ان خوبیوں سے متصف ہوتے ہیں۔ وہ تیز رفتاری سے جب دوڑتے ہیں تو ان کے سینوں سے ایک خاص قسم کی آواز نکلتی ہے جو دشمن کو مرعوب کرنے میں بڑی مؤثر ہوتی ہے۔ وہ اپنے جاری سموں کے ساتھ جب پتھروں پر زور سے مارتے ہیں تو آگ کی چنگاریاں نکلنے لگتی ہیں، وہ صبح سویرے دشمن پر یلغار کرتے ہیں اور ان کی وجہ سے ساری فضا گرد و غبار سے اَٹ جاتی ہے۔ وہ بے خطر دشمن کی صفوں میں گھس جاتے ہیں اور ان کو تہ و بالا کر کے رکھ دیتے ہیں۔

حافظ ابو بکر ابن العربی احکام القرآن میں لکھتے ہیں اقسم بمحمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وقال یٰس والقرآن الحکیم واقسم بحیاتہ وقال لعمرک انھم لفی سکرتھم یعمھون واقسم بخیلہ وصھیلھا وغبارھا وقدح حوافرھا النار من الحجر۔ (احکام القرآن)

یعنی اللہ تعالیٰ نے حضور کی ذات کی بھی قسم اٹھائی جیسے یٰس والقرآن الحکیم میں ہے۔ حضور کی حیاتِ طیبہ کی بھی قسم اٹھائی جس طرح لعمرک الآیۃ اور حضور کے گھوڑوں کی، ان کے ہنہنانے کی، ان کی اڑائی ہوئی غبار کی اور ان کے سموں سے جو آگ نکلتی ہے اس کی بھی قسم اٹھائی۔

ان آیات میں اگر غور کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ یہاں فقط صفات بیان کی گئی ہیں۔ عادیات، موریات وغیرہ لیکن ان کا موصوف بیان نہیں کیا گیا۔ اس سے یہ بھی سمجھا جا سکتا ہے کہ ہر زمانہ کے غازیوں کے سامانِ حرب کی اللہ تعالیٰ قسم اٹھاتا ہے جن میں یہ صفات پائی جائیں۔ اس زمانے میں مجاہد گھوڑوں پر سوار ہو کر جہاد کیا کرتے تھے اور ان گھوڑوں میں یہ صفات پائی جاتی تھیں۔ آج گھوڑوں کی جگہ ٹینکوں نے لے لی ہے اور یہ تمام صفات بدرجۂ اتم ان میں بھی پائی جاتی ہیں۔ وہ جب تیزی سے دشمن پر حملہ آور ہوتے ہیں تو ان سے ایک خاص قسم کی گڑگڑاہٹ نکلتی ہے۔ وہ آگ بھی اگلتے ہیں جہاں سے گزرتے ہیں گرد و غبار بھی اڑاتے ہیں، دشمنوں کے مورچوں میں بھی گھس جاتے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ ان ٹینکوں کی قسم ہے تو بھی بعید نہ ہوگا اور مستقبل قریب میں کوئی اور اسلحہ تیار ہو جائے جو ٹینکوں کی جگہ لے اور اس میں یہ خوبیاں پائی جائیں تو ان کا اطلاق اس جدید اسلحہ پر بھی ہو سکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

؎۲ یہ جوابِ قسم ہے کہ انسان اپنے رب کے احسانات اور نوازشات پر سخت ناشکری کا اظہار کرنے والا ہے۔ اس کے لبوں پر ہمیشہ شکوہ رہتا ہے، ہزاروں نعمتوں کے باوجود اگر اس کی کوئی ایک تمنا پوری نہ ہو تو شکایات کا دفتر کھول دیتا ہے جو ختم ہونے میں نہیں آتا۔

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں لکنود: لکفور: جحود لنعم اللہ تعالیٰ۔ کنود کا معنی کفور ہے۔ یعنی ناشکرا، اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔ حسن بصری کہتے ہیں یذکر المصائب وینسی النعم کہ مصیبتوں کا ذکر کرتا ہے اور نعمتوں کو بھول جاتا ہے۔ الکنود: الذی ینفق نعم اللہ تعالیٰ فی معاصی اللہ۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو اس کی نافرمانی میں خرچ کرے اس کو کنود کہتے ہیں۔ اس

اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ﴿۹﴾ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ﴿۱۰﴾

کیا وہ اس وقت کو نہیں جانتا جب نکال لیا جائے گا جو کچھ قبروں میں ہے ۵؎ اور ظاہر کر دیا جائے گا جو سینوں میں (پوشیدہ) ہے ۶؎

لیے اس زمین کو بھی کنود کہتے ہیں جو بنجر اور کاشت کے قابل نہ ہو۔ ومنہ الارض الکنود التی لا تنبت شیئا۔

۳؎ اس چیز کو ثابت کرنے کے لیے کہ انسان ناشکر گزار ہے، کسی غیر معمولی غور و خوض کی ضرورت نہیں۔ انسان کے اپنے اطوار و اعمال اس بات کی شہادت دینے کے لیے کافی ہیں۔

۴؎ خیر سے مراد یہاں مال و دولت ہے اور مال و دولت سے انسان کی محبت اظہر من الشمس ہے۔ گناہوں کا یہ سیل بے پناہ، مظالم کی یہ آندھیاں، مزدور اور سرمایہ داروں کے درمیان یہ خونریز تصادم، سب کے پس پردہ دولت کی یہی بے پناہ محبت اور لالچ کارفرما ہے۔ دوست، دوست کو لوٹ رہا ہے، بھائی بھائی کا گلا کاٹ رہا ہے، انسان، انسان کے درپے آزار ہے۔ یہ سب کچھ دولت کے لالچ کے باعث ہو رہا ہے۔ تمام تعلقات، تمام دوستیاں، تمام رشتہ داریاں، دولت کے طلسم ہوشربا کے سامنے بے معنی ہو کر رہ جاتی ہیں۔ انسان کا عمل اس بات کی شہادت دے رہا ہے کہ اس کو جتنی ہوس سیم و زر کی ہے اس کے دل میں جتنی چاہت، دولت و ثروت کی ہے اتنی اور کسی چیز کی نہیں۔ اس کے حصول کے لیے جو ان تھک محنتیں کرتا ہے، اپنے وطن کو چھوڑتا ہے، اپنی آسائش سے دست کش ہوتا ہے اور بسا اوقات اپنی عزت و آبرو کو بھی خاک میں ملا دیتا ہے اور اپنی زندگی کو طرح طرح کے خطرات سے دوچار کر دیتا ہے اس کی اور کہیں مثال نہیں ملتی۔

۵؎ یہ شخص جو دولت کے جنون میں تمام اقدار کو بڑی بے دردی سے پامال کر رہا ہے، اپنے رب کو بھی بھولے ہوئے ہے اور اس کی مخلوق کو بھی طرح طرح کی تکلیفیں پہنچا رہا ہے۔ کیا اس نادان کو اتنی بھی خبر نہیں کہ ایک دن آنے والا ہے جب اسے قبر سے نکال کر حشر کے میدان میں کھڑا کر دیا جائے گا اور اس سے اس کی دنیوی زندگی کے بارے میں سختی سے بازپرس کی جائے گی۔

۶؎ قال ابن عباس حُصِّلَ: اُبْرِزَ۔ یعنی اس کا معنی ظاہر کرنا ہے۔ قیامت کے دن صرف اس کے ظاہری اعمال کی ہی جانچ پڑتال نہیں ہوگی بلکہ اس کے ارادوں، نیتوں اور اس کے قلبی جذبات اور باطنی کیفیات سب کی سب آشکارا کر دی جائیں گی اور ہر ایک کو پرکھا جائے گا کہ اس نے جو کچھ کیا اس کے پس منظر میں کون سے جذبات کارفرما تھے، کس نیت سے اس نے یہ سارے کام کیے۔ اس کے وہ گھناؤنے مقاصد جن پر اس نے حسن بیان کے ریشمی غلاف چڑھا رکھے تھے سب ظاہر کر دیے جائیں گے۔ نہاں خانۂ دل میں کوئی چیز باقی نہیں رہے گی۔ اگرچہ دنیوی عدالتیں بھی مجرم کی نیت اور ارادے کو اہمیت دیتی ہیں لیکن ان کے پاس کوئی ایسا آلہ نہیں جس کے ذریعے وہ اس نازک ذمہ داری کو پورے وثوق کے ساتھ انجام دے سکیں۔ یہ کام صرف عدالت الٰہیہ میں ہی بحسن و خوبی انجام پا سکتا ہے اس لیے اس عدالت کے فیصلے سراسر حق ہوں گے۔ عدل و انصاف کے ادنیٰ سے ادنیٰ اور نازک سے نازک تقاضوں کو بھی پورا کیا جائے گا۔

ع ۱ ۱۱ ۲۵

اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ﴿۱۱﴾

یقیناً ان کا رب ان سے اس روز خوب باخبر ہوگا ے

ے اگرچہ اللہ تعالیٰ آج بھی ان کے حالات سے پوری طرح واقف ہے لیکن اس روز کی آگاہی اور باخبری کی کیفیت بالکل جداگانہ ہوگی۔ ای عالم لا یخفی علیہ منہم خافیۃ۔ وھو عالم لھم فی ذلک الیوم وفی غیرہ ولکن المعنی انہ یجازیھم فی ذلک الیوم۔

○

اللھم انا نشھد انک خبیر بما فی صدورنا ونشھد انک عفو کریم تحب العفو فاعف عنا یا غفور یا رؤف یا رحیم۔ اللھم صل وسلم وبارک علی شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔
ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم۔

○

تعارف

سُورَۃ القارعۃ

نام : اس سورۃ کا نام القارعۃ ہے۔ اس میں ایک رکوع، آٹھ آیتیں، چھتیس کلمے اور ایک سو باون حروف ہیں۔

نزول : باتفاقِ علماء یہ مکی سورت ہے۔

مضامین : پہلے قیامت کے بارے میں استفسار کر کے لوگوں کو چوکنا کر دیا۔ اس کے بعد ان لرزہ خیز حالات کو بیان کیا جو روزِ قیامت رُونما ہوں گے۔ لوگ پروانوں کی طرح مدہوش بکھرے پڑے ہوں گے۔ پہاڑ دھنی ہُوئی رنگین اُون کی طرح فضا میں اُڑ رہے ہوں گے۔

پھر ارشاد فرمایا، سُن لو جس شخص کی نیکیوں کا پلڑا اس روز بھاری ہو گا فقط اُسے ہی خوش و خرم زندگی نصیب ہو گی لیکن جس کی نیکیوں کا پلڑا ہلکا ہو گا وہ "ہاویہ" میں پھینک دیا جائے گا۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا

۱۰-۴-۷۷

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهِيَ اِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً

سورۃ القارعہ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں گیارہ آیات ہیں۔

اَلْقَارِعَةُ ۙ﴿۱﴾ مَا الْقَارِعَةُ ۚ﴿۲﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ؕ﴿۳﴾ يَوْمَ

دل ہلا دینے والی کڑک۔ یہ دل زہرہ گداز کڑک کیا ہے؟ اور آپ کو کیا معلوم کہ یہ کڑک کیا ہے ۱؎ جس دن

يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۙ﴿۴﴾ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ

لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہوں گے ۲؎ اور پہاڑ رنگ برنگی دُھنکی ہوئی اُون کی

الْمَنْفُوْشِ ؕ﴿۵﴾ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ﴿۶﴾ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ

مانند ہوں گے ۳؎ پھر جس کے (نیکیوں کے) پلڑے بھاری ہوں گے ۴؎ تو وہ دل پسند عیش (و مسرت)

۱؎ دو چیزوں کا آپس میں شدت سے اس طرح ٹکرانا کہ خوفناک آواز پیدا ہو۔ اسے عربی میں القرع کہتے ہیں۔ القرع: هو الضرب بشدة بحيث يحصل منه صوت شديد۔ (روح المعانی)

علامہ قرطبی لکھتے ہیں: واهل اللغة يقولون تقول العرب: قرعتهم القارعة وفقرتهم الفاقرة اذا وقع بهم امر فظيع۔ یعنی علمائے لغت کہتے ہیں کہ جب کوئی قوم کسی حادثہ فاجعہ سے دوچار ہو اور کسی عظیم مصیبت میں مبتلا ہو تو عرب کہتے ہیں قرعتهم القارعة وفقرتهم الفاقرة۔ اس سے مراد وقوع قیامت کے وقت جو دل دہلا دینے والی آوازیں پیدا ہوں گی۔ جب اجرام فلکی آپس میں ٹکرا کر ریزہ ریزہ ہو جائیں گے، جب فلک بوس پہاڑ ٹوٹ پھوٹ جائیں گے۔ اس وقت جو زہرہ گداز کڑک اٹھے گی اور روح فرسا کڑک پیدا ہوگی اس کا اندازہ کیونکر کیا جا سکتا ہے۔ کسی بڑی توپ کا گولہ پھٹنے سے کانوں کے پردے پھٹ جاتے ہیں۔ آپ اس وقت کا تصور کیجیے جب عطارد اور مشتری، زحل اور مریخ جیسے سیارات باہم ٹکرائیں گے تو کتنا خوفناک دھماکا پیدا ہوگا۔ ما القارعة اور ما ادرٰك ما القارعة: اس کڑک کی زہرہ گدازیوں کو بطور استفہام ذکر کیا جا رہا ہے۔

۲؎ وقوع قیامت کے پہلے مرحلے کا ذکر ہو رہا ہے۔ اس وقت کے ہولناک واقعات سے انسان ہوش و حواس کھو بیٹھے گا، ذہنی توازن برقرار نہ رہے گا۔ جس طرح بکھرے ہوئے پروانے سراسیمگی کی حالت میں ادھر اُدھر گر رہے ہوتے ہیں اسی طرح حضرت انسان کی بھی حالت ہوگی۔ کوئی ہوش باختہ یہاں گرا پڑا ہوگا، کوئی وہاں گرا پڑا ہوگا۔ انسان کا غرور و تکبر سب کافور ہو جائے گا۔ المبثوث: المتفرق المنتشر یعنی بکھری ہوئی پراگندہ۔

۳؎ رنگدار اون کو العهن کہتے ہیں۔ العهن: الصوف المصبوغ۔ منفوش: دھنی ہوئی یعنی پہاڑ اپنی جگہ سے اکھڑ جائیں گے اور دھنی ہوئی

رَّاضِيَةٍ ۝۷ وَأَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ ۝۸ فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ ۝۹

میں ہوگا۔ اور جس کے (نیکیوں کے) پلڑے ہلکے ہوں گے ۸ تو اس کا ٹھکانا ہاویہ ہوگا۔

رنگدار صوف کی طرح ہوا میں اُڑ رہے ہوں گے۔

۷ موازین جمع ہے۔ اس کے واحد کے بارے میں دو قول ہیں۔ یہ موزون کی جمع ہے یا میزان کی۔ پہلی صورت میں آیت کا معنی یہ ہوگا کہ جس کے نیک اعمال وزنی ہوں گے۔ دوسری صورت میں معنی ہوگا جس کے نیکیوں کے پلڑے بھاری ہوں گے۔ عیشۃ راضیۃ ای عیش مرضی یرضاہ صاحبہ (قرطبی) یعنی پسندیدہ زندگی جس کو زندگی بسر کرنے والا دل سے پسند کرے۔ الفاعل ھنا بمعنی المفعول ای عیشۃ مرضیۃ۔

مطلب یہ ہے کہ جن لوگوں کی نیکیوں کے پلڑے بھاری ہوں گے ان کو ایسی زندگی بخشی جائے گی جس میں آرام و آسائش کے ہزاروں سامان ہوں گے۔ حزن و ملال کا وہاں نام و نشان بھی نہ ہوگا۔ زندگی گزارنے والا ایسی زندگی سے مطمئن اور مسرور ہوگا۔ توقع سے بہت زیادہ وہ شاداں و فرحاں ہوگا۔

۸ لیکن جن بدبختوں کی نیکیوں کے پلڑے ہلکے ہوں گے۔ کفر و نفاق کی وجہ سے ان کے وہ اعمال جو بظاہر بڑے نیک اور صالح تھے بارگاہ الٰہی میں ان کا کوئی وزن نہ ہوگا۔ ان بدنصیبوں کا ٹھکانا ہاویہ ہوگا۔ حدیث پاک میں ہے۔ قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم انہ لیأتی الرجل العظیم السمین یوم القیامۃ لا یزن عند اللہ جناح بعوضۃ ثم قرأ فلا نقیم لھم یوم القیامۃ وزنا۔ قیامت کے دن ایک بڑا موٹا تازہ آدمی پیش کیا جائے گا اللہ تعالیٰ کے نزدیک مچھر کے پر سے بھی وہ ہلکا ہوگا۔ پھر یہ آیت پڑھی فلا نقیم الآیۃ کہ قیامت کے دن ان کا کوئی وزن نہیں ہوگا۔ الھاویۃ، دوزخ کے طبقات میں سے ایک طبقہ کا نام ہے جو اتنا گہرا ہوگا کہ اس کی گہرائی کا اندازہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں ہوگا۔ (مظہری)

لیکن یہ معاملہ سب کو پیش نہیں آئے گا۔ بعض وہ خوش نصیب ہوں گے جنہیں بلاحساب جنت میں داخلہ کی اجازت مل جائے گی اور بعض ایسے مجرم ہوں گے جن کے چہروں سے ہی ان کے جرم کی نوعیت عیاں ہوگی اور انہیں ان کی پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ لیا جائے گا۔ یعرف المجرمون بسیماھم فیؤخذ بالنواصی والاقدام۔

حضرت انس سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ترازو نصب کر دیے جائیں گے، پھر اہل صلوٰۃ کو بلایا جائے گا اور ان ترازوؤں پر تول کر ان کو اجر دیا جائے گا۔ اسی طرح حجاج کے ساتھ بھی یہی برتاؤ کیا جائے گا۔ لیکن جب اہل بلاء کی باری آئے گی تو ترازو نصب کیا جائے گا نہ ان کے اعمالنامے کھولے جائیں گے بلکہ ان پر اپنی رحمتوں کی بغیر حساب بارش کی جائے گی جس طرح قرآن کریم میں ہے انما یوفی الصبرون الآیۃ۔ صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بغیر حساب کے دیا جائے گا۔

علامہ پانی پتی یہ حدیث نقل کرنے کے بعد رقمطراز ہیں لعل المراد باھل البلاء ھھنا ایضا بلاء العشاق المحبین للہ تعالیٰ الراضین بالبلاء کرضاھم بالعطاء۔ (مظہری)

وَمَآ اَدۡرٰىكَ مَا هِيَهۡ ؕ﴿۱۰﴾ نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿۱۱﴾

اور آپ کو کیا معلوم کہ وہ ہاویہ کیا ہے؟ ایک دہکتی ہوئی آگ ۶

شاید اہل بلا سے مراد اللہ تعالیٰ کے عاشق اور محب ہیں جو اس کی نازل کی ہوئی مصیبتوں پر بھی اسی طرح راضی رہتے ہیں جس طرح اس کی نعمتوں پر وہ راضی ہوتے ہیں۔

۶ وہ آگ جو حرارت اور تپش میں تمام حدود سے تجاوز کر گئی ہو۔ ذات حمی بلغت النهاية فی الحرارة

○

ربنا وقنا عذاب النار انك انت الغفار

واحشرنا مع الابرار انك انت الستار

اللهم صل علی سیدنا و مولٰنا محمد واٰله وصحبه وبارك وسلم

○

تعارف

سُورۃ التکاثر

نام : اس سورت کا نام التکاثر ہے یہ لفظ پہلی آیت میں مذکور ہے ۔ اس کا ایک رکوع اور آٹھ آیتیں ہیں۔ اس کے کلمات کی تعداد اٹھائیس اور حروف کی تعداد ایک سو بیس ہے ۔

زمانۂ نزول : اگرچہ بعض روایات میں یہ سُورت مدنی ہے لیکن جمہور علماء کے نزدیک اس کا نزول مکہ مکرمہ میں ہی ہوا ۔ یہی قول قرینِ صحت ہے ۔

اس کے شانِ نزول کے بارے میں تفسیر عزیزی میں یہ روایت مذکور ہے کہ قریش کے دو قبیلوں بنی عبد مناف اور بنی سہم کے درمیان اس بحث کا آغاز ہوا کہ ان دونوں میں سے اعلیٰ و ارفع کون ہے ۔ چنانچہ اپنے حریف پر اپنی فوقیت اور برتری ثابت کرنے کے لیے ہر قبیلہ نے اپنے اموال' اپنی جائیدادیں اور اپنے افراد کی کثرت تعداد کو پیش کیا ۔ یہاں تک کہ جو لوگ اس روز سے پہلے مر چکے تھے ان کی قبروں کا بھی شمار کیا گیا ۔ اللہ تعالیٰ نے یہ سُورت نازل فرما کر ان کی اس احمقانہ معرکہ آرائی کی حقیقت کو آشکارا کر دیا ۔

مضامین : اس سُورت میں بڑی وضاحت سے ان لوگوں کی نادانی اور کم ہمتی کا پردہ چاک کیا گیا ہے جو ایسی چیزوں پر فخر کرتے ہیں جو فانی ہیں ۔ ان اُمور کو اپنے لیے باعثِ عزّ و افتخار شمار کرتے ہیں جو مقام انسانیت سے فروتر ہے ۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ تم اپنے انجام سے آنکھیں بند کیے ہوئے دولت کے انبار سمیٹنے میں ازحد مصروف ہو' تمہیں اتنی فرصت بھی نہیں کہ اپنے مستقبل کے بارے میں غور و فکر کر سکو لیکن یاد رکھو جب تمہیں موت کا پیالہ پلایا جائے گا تو اس وقت تمہاری بند آنکھیں کھلیں گی اور مستور حقیقتیں عیاں ہو جائیں گی ۔ تمہیں جہنم کی وادی پر کھڑا کر دیا جائے گا اس وقت تم پچھتاؤ گے' کفِ افسوس ملو گے لیکن سب بے سُود ۔ اگر تم چاہتے ہو کہ مرنے کے بعد تمہیں شرمندگی اور خجالت نہ ہو تو اب آنکھیں کھولو ۔ ہوش میں آؤ ۔ اور فانی لذتوں کے پیچھے بھاگنے کے بجائے اللہ تعالیٰ کی رضا کی جستجو میں اپنی صلاحیتوں کو وقف کر دو ۔ یہ مال و دولت' یہ فرزند و زن' یہ عزّ و جاہ جس نے تمہیں بدمست کر دیا ہے اور منعمِ حقیقی کی یاد کا چراغ بھی تم نے گل کر دیا ہے ۔ یہ تمہیں اسلیے تو نہیں دی گئی تھیں کہ تم سرکش بن جاؤ اور اپنے پروردگار کے خلاف علمِ بغاوت بلند کرو ۔ عقلمندی کا تقاضا تو یہ تھا کہ تم احسان شناس بنتے اور ان نعمتوں سے لطف اندوز ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے ربِّ کریم کا شکریہ ادا کرتے ۔ یاد رکھو قیامت کے دن جب تم داورِ محشر کے سامنے پیش کیے جاؤ گے تو تم سے ان تمام نعمتوں کے بارے میں بازپُرس کی جائے گی اور تمہیں اس کا جواب دینا ہو گا ۔

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهِيَ ثَمَانِيْ اٰيَاتٍ

سورۃ التکاثر مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں آٹھ آیات ہیں

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ﴿۱﴾ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ؕ﴿۲﴾ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ﴿۳﴾

غافل رکھا تمہیں زیادہ سے زیادہ مال جمع کرنے کی ہوس نے[1] یہاں تک کہ تم قبروں میں جا پہنچے[2] ہاں ہاں تم جلد جان لوگے[3]

[1] علامہ راغب لکھتے ہیں اللھو مایشغل الانسان عما یعنیہ ویھمہ (مفردات) یعنی جو چیز انسان کو مفید اور اہم امر سے غافل کردے اسے لہو کہتے ہیں۔

التکاثر: اس کے دو معنی ذکر کیے گئے ہیں۔ مال جمع کرنے میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانا۔ دوسرا مال و دولت کی کثرت پر فخر کرنا۔

جو لوگ زیادہ سے زیادہ دولت جمع کرنے کی دوڑ میں لگے ہوئے ہیں ان کو بڑی اہم اور ضروری چیزیں فراموش ہو جاتی ہیں۔ دولت سمیٹنے کی خواہش جنون کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ اس وقت انہیں نہ خدا یاد رہتا ہے نہ موت یاد آتی ہے اور نہ قبر کا وہ تاریک گڑھا جس میں انہوں نے ایک نہ ایک دن آکر فروکش ہونا ہے۔ بس ایک ہی خیال میں مگن رہتے ہیں کہ جیسے بھی بن پڑے زیادہ سے زیادہ دولت جمع کر لی جائے خدا ناراض ہوتا ہے تو ہو جائے، قوم سے خیانت، اپنے ملک سے غداری، اپنے فرائض کی ادائیگی میں بددیانتی کے جرائم سرزد ہوتے ہیں تو ہوتے رہا کریں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ایسے بدنصیب لوگ خوف خدا اور آخرت کو ہی بھول نہیں جاتے بلکہ وہ پرلے درجے کے خود فراموش بھی ہوتے ہیں۔ اپنی ذات، اپنی آبرو، اپنی شہرت سب کچھ داؤ پر لگا دیتے ہیں اور آخر یہ بازی ہار جاتے ہیں۔ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے۔ لَوْ اَنَّ لِابْنِ اٰدَمَ وَادِيًا مِنْ ذَهَبٍ لَاَحَبَّ اَنْ يَكُوْنَ لَهٗ وَادِيَانِ وَلَنْ يَمْلَاَ فَاهُ اِلَّا التُّرَابُ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ۔ (بخاری) اگر کسی شخص کے پاس سونے سے بھری ہوئی ایک وادی ہو تو اس کی خواہش ہوتی ہے کہ کاش اس کے پاس ایک کے بجائے سونے سے بھری ہوئی دو وادیاں ہوتیں۔ اس کے منہ کو صرف مٹی ہی بھر سکتی ہے اور اللہ تعالیٰ جس پر چاہتا ہے چشم کرم فرماتا ہے۔ دوسری حدیث میں نبی رحمت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قناعت و سیر چشمی کی یوں تلقین فرمائی ہے۔ مطرف عن ابیہ اتیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وھو یقرأ الھٰکم التکاثر الاٰیۃ قال یقول ابن اٰدم مالی مالی۔ ھل لک یا ابن اٰدم من مالک الا ما اکلت فافنیت او لبست فابلیت او تصدقت فامضیت وما سوٰی ذٰلک فذاھب وتارکہ للناس (مسلم) مطرف کے والد کہتے ہیں میں حضور کی خدمت میں حاضر ہوا حضور اس وقت الھٰکم التکاثر پڑھ رہے تھے۔ فرمایا کہ انسان میرا مال میرا مال کہتا ہے۔ اے فرزند آدم کیا تمہارا مال کچھ ہے سوائے اس کے جو تم نے کھایا اور فنا کر دیا یا پہنا اور بوسیدہ کر دیا یا صدقہ کیا اور اس مال کو اپنے لیے آگے بھیج دیا تاکہ قیامت کے دن کام آئے۔ اس کے سوا جو کچھ ہے تو اسے لوگوں کے لیے چھوڑ کر چلا جائے گا۔

تکاثر کا دوسرا معنی لیا جائے تو آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ الھٰکم ایھا الناس المباھاۃ بکثرۃ المال والعدد عن طاعۃ ربکم وعما ینجیکم من سخط علیکم۔ یعنی اے لوگو! تم مال و دولت کی بنا پر فخر کرتے ہو۔ اس چیز نے تمہیں اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے غافل کر دیا ہے اور

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٤﴾ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ﴿٥﴾

پھر ہاں! تمہیں (اپنی کوششوں کا انجام) جلد معلوم ہو جائے گا [۳] ہاں ہاں! اگر تم (اس انجام کو) یقینی طور سے جانتے تو ایسا ہرگز نہ کرتے [۴] [۵]

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ﴿٦﴾ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ﴿٧﴾ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ

تم دیکھ کر رہو گے دوزخ کو۔ پھر آخرت میں تم دوزخ کو یقین کی آنکھ سے دیکھو گے [۶] پھر ضرور پوچھا جائے گا تم سے

اس چیز سے بے پروا کر دیا ہے جو تمہیں اس کی ناراضگی سے بچا سکتی ہے۔ تم اسی تفاخر میں اتنے مصروف رہتے ہو کہ تمہیں اپنے خالق کی عبادت کی بھی فرصت نہیں ملتی اور نہ تمہارے پاس ایسے کام کرنے کے لیے وقت ہے جن کے باعث اس کے غضب سے اپنے آپ کو بچا سکو۔

[۲] تم اسی دھن میں مست رہتے ہو یہاں تک کہ حیاتِ مستعار کا سورج ڈوب جاتا ہے، موت کا فرشتہ آ کر تمہاری روح قبض کر لیتا ہے اور تم ہمیشہ کے لیے قبر کی آغوش میں لٹا دیے جاتے ہو۔ جو شخص مر جائے اہل عرب کہتے ہیں قد زار قبرہ۔ گویا زیارتِ قبر کا لفظ قبر میں دفن ہونے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

[۳] کلّا زجر و توبیخ کے لیے ہے یعنی جو نادانی کا وتیرہ تم نے اختیار کیا ہوا ہے یہ ہرگز درست نہیں۔ اگر تم اس سے باز نہ آئے اور اس بیہودہ شغل سے دستبردار نہ ہوئے اور ذکر الٰہی اور احکام کی بجا آوری کی طرف متوجہ نہ ہوئے اور اسی غفلت کی حالت میں موت آ گئی تو اس وقت تمہیں معلوم ہو گا کہ تم کتنے غلط کار تھے، تم کتنے خسارے کے کاروبار میں مصروف رہے، لیکن اس وقت آنکھیں کھل بھی گئیں تو کیا فائدہ؟ جب فرصت کی گھڑیاں تم نے خود برباد کر دیں۔

[۴] وعید بعد وعید۔ دوبارہ دھمکی دی جا رہی ہے اور تکرار سے مراد تاکید اور تغلیظ ہے، لیکن حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ پہلی وعید سے مراد عذابِ قبر ہے اور دوسری وعید سے مراد عذابِ آخرت ہے۔ دونوں حالتوں کو الگ الگ بیان کیا گیا تکرار نہیں۔

[۵] یہ بھی زجر و توبیخ کے لیے ہے یعنی اگر تم کو اس بات کا یقینی علم ہوتا تو تم فانی لذتوں، ناپائیدار عزتوں اور دولت و ثروت کے لیے اپنے اوقات کا قیمتی خزانہ اس بے دردی سے نہ لٹاتے۔ تمہارا ہر سانس، ہر لحظہ اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی، ابدی نعمتوں اور لازوال راحتوں کے حصول کے لیے وقف رہتا۔ لو تعلمون کا جواب محذوف ہے لما الہاکم التکاثر۔ علم الیقین کا معنی ہے ای علمًا کعلمکم الامر المتیقن (زمخشری) یعنی ایسا علم جو کسی یقینی بات کا ہوتا ہے۔

[۶] قیامت کے دن تم جہنم کو اپنی آنکھوں سے دیکھو گے۔ مومن بھی اسے دیکھیں گے اور کفار بھی لیکن دونوں کے دیکھنے میں بڑا فرق ہو گا۔ فھی للکفار دار وللمومنین ممر۔ کفار کے لیے یہ گھر ہو گا۔ وہ وہیں ٹھہریں گے اور مومنوں کے لیے محض گزرگاہ۔ کئی بجلی کی سرعت کے ساتھ گزر جائیں گے، کوئی ہوا کی تیزی سے اور کوئی پرندوں کی طرح، اپنے اپنے درجات کے مطابق ان کے گزرنے کی رفتار ہو گی۔

ع ۱
۲۷

يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ ﴿٨﴾

اس دن جملہ نعمتوں کے بارے میں ۸

۸۔ امام مسلم نے اپنی صحیح میں یہ روایت لکھی ہے۔ اس کے مطالعہ سے اس آیت کا مفہوم واضح ہو جائے گا حضرت ابوہریرہ کہتے ہیں کہ ایک روز حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور ابوبکر و عمر سے ملاقات ہوئی۔ حضور نے فرمایا اس وقت تم دونوں اپنے گھروں سے باہر کیسے آئے ہو۔ دونوں نے عرض کی الجوع یا رسول اللہ۔ اے اللہ کے پیارے رسول ! سخت بھوک لگی ہے۔ حضور نے فرمایا بخدا میں بھی اسی وجہ سے باہر نکلا ہوں۔ حضور دونوں کو ہمراہ لے کر ایک انصاری کے گھر تشریف لے گئے۔ (دوسری روایت میں ان کا نام مالک بن التیہان درج ہے) لیکن وہ گھر میں موجود نہ تھے۔ ان کی بیوی نے جب حضور کو دیکھا تو بڑی گرمجوشی سے خوش آمدید کہا۔ حضور نے پوچھا تمہارا شوہر کہاں ہے؟ اس نے عرض کیا ہمارے لیے میٹھا پانی لینے گئے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد انصاری آ گئے۔ جب حضور کو اور حضور کے ساتھیوں کو دیکھا تو خوشی کی انتہا نہ رہی۔ کہنے لگے الحمد للہ ما احد الیوم اکرم اضیافا منی۔ الحمد للہ آج روئے زمین پر کوئی ایسا شخص نہیں ہے جس کے پاس میرے مہمانوں سے زیادہ عزت والے مہمان آئے ہوں۔ یہ کہہ کر وہ اپنے باغ کی طرف چلا گیا اور کھجوروں کا ایک گچھا توڑ کر لے آیا جس میں پختہ، نیم پختہ اور تر کھجوریں تھیں خدمتِ اقدس میں رکھا اور تناول فرمانے کی التجا کی۔ پھر اس نے چھری پکڑی حضور نے فرمایا ایاک والحلوب۔ شیردار بکری کو ذبح نہ کرنا۔ پس اس نے ایک بکری ذبح کی اور ان معزز مہمانوں نے اس کا گوشت بھی تناول فرمایا اور کھجوریں بھی کھائیں اور ٹھنڈا میٹھا پانی بھی پیا۔ جب سیر ہو گئے تو اللہ تعالیٰ کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دونوں یاروں سے فرمایا اس خدا کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ روز قیامت تم سے آج کی نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ فاقہ نے تم کو اپنے گھروں سے نکالا اور تم ان نعمتوں سے شاد کام ہو کر اب واپس جا رہے ہو۔

اس آیت میں تمام انسانوں کو اس بات کی طرف متوجہ کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ ان پر جو انعام فرمائے وہ اس کا شکر ادا کرنے کی کوشش کریں اور اس بات کو کبھی فراموش نہ کریں کہ ان کے بارے میں ان سے بازپرس ہوگی۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی ہر قسم کی نعمتوں سے بہرہ ور فرمائے اور ہمیں ان کا حق ادا کرنے کی بھی توفیق مرحمت فرمائے تاکہ جب قیامت کے روز بازپرس ہو تو ہمیں ندامت نہ ہو۔ واللہ ولی التوفیق۔

تعارف

سُورَۃ وَالعصر

نام : اس سورت کا نام العصر ہے جو پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ یہ ایک رکوع اور تین آیات پر مشتمل ہے۔ اس کے کلمات کی تعداد چودہ اور حروف کی تعداد اڑسٹھ ہے۔

زمانہ نزول : جمہور علماء کے نزدیک یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس کا اسلوب بیان اسی قول کی تائید کرتا ہے۔

شانِ نزول : حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا شانِ نزول یہ بتایا ہے کہ کلاہ بن اُسید جس کی کنیت ابوالاسدین تھی۔ عہد جاہلیت میں حضرت ابوبکرؓ سے اس کا بڑا یارانہ تھا۔ حضرت ابوبکر مشرف باسلام ہوئے تو یہ ناصح مشفق بن کر آپ کو سمجھانے آیا۔ کہنے لگا کہ اے ابوبکر! تمہاری قابلیت اور دانشمندی ہر شک و شبہ سے بالاتر تھی۔ کاروبار میں بھی تمہارا کوئی ہمسر نہ تھا۔ اپنی تاجرانہ مہارت کے باعث تمہارا ہر سودا نفع بخش ہوا کرتا تھا۔ بایں فہم و دانش تم نے اپنے آباؤ اجداد کا طریقہ چھوڑ دیا۔ لات و ہبل کی عبادت ترک کر دی اور ان کی شفاعت سے اپنے آپ کو محروم کر دیا۔ تم سے ایسی نادانی کی توقع ہرگز نہ تھی۔ آخر تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ آپ نے اس کو جواب دیا کہ جو شخص حق کو قبول کر لیتا ہے اور ثابت قدمی سے راہ راست پر گامزن ہو جاتا ہے، وہ زیاں کار نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل فرمائی جس سے حضرت صدیقؓ کے قول کی تصدیق ہوتی ہے۔ (تفسیر عزیزی)

مضامین : یہ تین آیات ہیں یا اسرار و معارف کے ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر ہیں جن کا کنارا ناپید ہے اور انکی گہرائی بے اندازہ ہے۔ عبارت کے ایجاز کو دیکھ کر فصحاء عرب تصویر حیرت بن گئے اور معانی کے شانِ اعجاز کو دیکھ کر عقلِ انسانی دنگ رہ جاتی ہے۔

علامہ ابن کثیر نے لکھا ہے کہ عمرو بن عاص ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے کہ ان کی ملاقات مسیلمہ کذاب سے ہوئی۔ اثنائے گفتگو میں مسیلمہ نے پوچھا کہ بتاؤ اس عرصہ میں تمہارے صاحب پر کیا نازل ہوا ہے۔ عمرو نے کہا بڑی مختصر اور انتہائی بلیغ سورت نازل ہوئی ہے۔ اس نے پوچھا کون سی؟ انہوں نے یہ سورت پڑھ کر سنائی۔ چند لمحے اس نے توقف کیا پھر کہا اسی قسم کی سورت مجھ پر بھی نازل ہوئی ہے اور یوں پڑھنے لگا :

"یا وَبَرُ یا وَبَرُ وانما انت اذنان وصدر وسائرک حفر نقر۔"

پھر داد طلب نگاہوں سے عمرو بن عاص کی طرف دیکھنے لگا اور پوچھا بتاؤ کیسی ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ اے مسیلمہ تجھے خوب علم ہے کہ میں تجھے پرلے درجے کا جھوٹا جانتا ہوں۔ وَبَر بلی کا ہمشکل ایک جانور ہے جس کے دونوں کان اور

سینہ بہت بڑے ہوتے ہیں اور اس کا بقیہ جسم بڑا بدصورت ہوتا ہے۔ مسیلمہ کذاب نے چاہا قرآن کریم کی اس نورانی سورت کا ایسے خرافات سے مقابلہ کرے۔ بھلا قرآن کی آیات کے مقابلہ میں اس ہذیان سرائی کی کیا وقعت ہو سکتی تھی۔ اہل ایمان تو کجا ایک ایسا شخص جو ابھی کفر و شرک کی آلائشوں سے آلودہ ہے اس کا ذوقِ سلیم بھی اس مجموعہ خرافات کو مسترد کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

صحابہ کرام کو اس سورت کی معنویت اور عظمت کا پورا پورا احساس تھا؛ چنانچہ طبرانی نے عبید اللہ بن حفص سے روایت کیا ہے کہ جب کبھی دو صحابی ایک دوسرے سے ملاقات کرتے تو رخصت ہونے سے پہلے ایک صاحب یہ سورت پڑھ کر سناتے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے بالکل بجا کہا ہے:

لو تدبر الناس ھٰذہ السورۃ لوسعتھم : یعنی اگر لوگ اس ایک سورت میں ہی غور و تدبر کریں تو ان کی فلاح دارین کے لیے یہ ایک سورت ہی کافی ہے۔

سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ

سورۃ العصر مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں تین آیات ہیں

وَالْعَصْرِ ۝۱ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝۲ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

قسم ہے زمانہ کی [۱] یقیناً ہر انسان خسارہ میں ہے [۲] بجز ان (خوش نصیبوں) کے جو ایمان لے آئے اور نیک

[۱] اس سورت کا آغاز العصر کی قسم کھا کر کیا جا رہا ہے۔ عصر کا معنی زمانہ بھی ہے اور عصر دن کے اس حصے کو بھی کہتے ہیں جس میں ظہر اور مغرب کی نمازوں کے درمیان نماز ادا کی جاتی ہے۔ اس سورت میں جو حقیقت بیان کی جا رہی ہے اس کی صداقت پر سب سے بڑا گواہ خود زمانہ ہے۔

آپ انسانی تاریخ کے کسی دور کا مطالعہ کریں، آپ یقیناً اسی نتیجہ پر پہنچیں گے جو اس مختصر سورت میں بیان کیا گیا ہے۔ جو افراد اور قومیں ان مذکورہ چار صفات سے متصف نہیں ہوتیں وہ خائب و خاسر ہی رہتی ہیں۔ نمرود اور فرعون کو دیکھو، قوم نوح اور قوم ثمود کے حالات کا مطالعہ کرو، ہر جگہ اس حقیقت کی سچائی روز روشن کی طرح واضح ہے۔ نمرود اپنے وقت کا بہت بڑا بادشاہ تھا، ساری رعایا اس کی فرمانبردار تھی، ملک کی ساری دولت اس کے قبضہ میں تھی۔ اس کے شاہی خزانے سونے چاندی اور دیگر نوادرات سے بھرے ہوئے تھے۔ فوج بھی اپنے بادشاہ کے ساتھ وفا کے جذبہ سے سرشار تھی۔ یہی حال فرعون کا تھا۔ ان دونوں میں اگر کسی چیز کی کمی تھی تو صرف یہ کہ وہ دونوں ان صفات جلیلہ سے محروم تھے جو انسانی فوز و فلاح کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہیں۔ ان کا انجام کیا ہوا۔ ایک مطلق العنان بادشاہ فرمانروا کو ایک حقیر مچھر نے ہلاک کر دیا۔ دوسرے کو سمندر کی موجیں خس و خاشاک کی طرح بہا کر لے گئیں۔ ان کے حسرتناک انجام پر ایک آنکھ بھی تو نمناک نہ ہوئی۔ ایک دل بھی تو سوگوار نہ ہوا۔ وما بکت علیہم السموٰت والارض۔ ان بدبختوں کی تباہی و بربادی پر چشم فلک سے کوئی آنسو ٹپکا اور نہ ہی زمین کی آنکھیں اشکبار ہوئیں۔ خس کم جہاں پاک۔ قوم نوح کو جب طوفان کی بپھری ہوئی موجوں نے گھیر لیا اور وہ سب کے سب غرق ہو گئے تو ان ظالموں کی بربادی پر کائنات نے حمد باری تعالیٰ کے گیت گائے۔

بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ والعصر سے مراد وہ عہد جاویاں ہے جب یہ جہان محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وجود مسعود سے منور ہوا۔ ویسے تو ہر زمانہ اس سورت میں بیان کردہ مضامین کی حقانیت کا گواہ ہے، لیکن جیسی اٹل، ناقابل تردید شہادت عہد مصطفوی نے دی ہے اس کی کہیں نظیر نہیں مل سکتی۔ جن لوگوں نے دعوت محمدی کو قبول نہ کیا وہ اپنی امارتوں، ریاستوں اور گوناگوں دیگر خصوصیتوں کے باوجود نیست و نابود ہو گئے۔ انسانیت نے ان کو فراموش کر دیا اور جن کی کچھ یاد باقی ہے ان کا نام گالی کے طور پر ہی استعمال ہوتا ہے لیکن جن خوش نصیبوں نے اس ہادی برحق کی دعوت کو قبول کر لیا اور اس کی غلامی کی سعادت سے بہرہ ور ہونے کے باعث ان چار خوبیوں سے اپنی زندگی کا دامن بھر لیا وہ انسانیت کی آبرو بن گئے، چشم گیتی کا نور، گلشن ہستی کی بہار اور فخر روزگار بن گئے۔ ان کا نام زبان پر آتا ہے تو پاکبازی اور نفع رسانی کی دنیا میں نور پھیل جاتا ہے۔ ان کے ذکر سے طاغوتی طاقتوں پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار قدسیوں کا یہ گروہ اور ان کے نقوش پا کو خضر راہ

الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝۳

عمل کرتے رہے ۳؎ نیز ایک دوسرے کو حق کی تلقین کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی تاکید کرتے رہے ۳؎

ع ۱ ۲۸

بنانے والے کاروانِ انسانیت کی قیادت کا فریضہ ادا کرتے رہے ہیں۔ انہوں نے اپنی قُلبیت اور خلوصِ عمل سے انسان کے سرِ افتخار کو بلند کردیا ہے۔

اس لیے اگر والعصر سے عہدِ رسالت مراد لیا جائے تو نہایت موزوں ہوگا۔

۲؎ زندگی کے اس کاروبار میں ہمارا سرمایہ وقت ہے اور اس سے بیش قیمت اور عزیز القدر کوئی دوسرا سرمایہ نہیں۔ جو لوگ اس کو بے مقصد ضائع کرتے ہیں، عیش و عشرت میں برباد کرتے ہیں، باقیاتِ صالحات کے بجائے زوال پذیر اور فانی چیزوں کے حصول میں صرف کرتے ہیں، وہ کاروبارِ زیست سے نفع کیا خاک حاصل کریں گے۔ انہوں نے تو اپنی پونجی ہی ڈبو دی ہے۔ اس سے بڑا خسارہ اور کیا ہو سکتا ہے۔ نفع کے بجائے نقصان اٹھایا اور نقد وقت بھی ہاتھ سے کھو بیٹھے۔ کاروبارِ زیست کو از سرِ نو شروع کرنے کا امکان بھی ختم ہوگیا۔ آپ نے کبھی اس مسافر کی حالت زار دیکھی ہے جو منزل کی طرف پیٹھ کرکے بھاگ رہا ہو، سورج ڈوبنے والا ہو، رات کی تاریکی چاروں سو پھیل رہی ہو۔

۳؎ البتہ نوعِ انسانی کے وہ خوش قسمت افراد جن میں مندرجہ ذیل خوبیاں پائی جاتی ہیں، حقیقی فلاح کا تاج انہی کے سر پر سجایا جاتا ہے۔

پہلی اور اہم بات یہ ہے کہ وہ صدقِ دل سے اپنے ربِ کریم پر ایمان لے آئیں نیز ان کے پروردگار نے ان کی ہدایت و رہنمائی کے لیے جس نبی کو مبعوث فرمایا ہے اس کی تصدیق کریں اور اس نبی نے ان کے سامنے جو نظامِ حیات پیش کیا ہے اس کو تہہ دل سے قبول کریں۔

دوسری صفت یہ ہے کہ اپنی زبان سے جس قلبی ایقان کا انہوں نے اظہار کیا ہے، میدانِ عمل میں اٹھنے والا ان کا ہر قدم اس کی تصدیق کرے۔

۴؎ جہاں تک ان کی انفرادی کامیابی کا تعلق ہے وہ تو ان دو صفتوں کے پائے جانے سے حاصل ہوگئی۔ لیکن اسے چراغ کون کہے گا جو اپنے ماحول کی تاریکیوں کو شکست نہ دے سکے، وہ دریا ہی کیا ہوا جو صحراؤں اور چٹیل میدانوں کو سیراب کرکے رشکِ فردوس نہ بنا دے۔ اس لیے فرمایا تیسری خوبی یہ ہے کہ وہ اپنے حلقۂ اثر میں حق کی پذیرائی اور اس کی بالادستی قائم کرنے کے لیے بھرپور کوشش کرتا ہے اور یہ کوشش اس وقت تک بارآور نہیں ہو سکتی جب تک یہ خود اور اس کی محنت سے حق کو قبول کرنے والے اس راہ کی صعوبتوں کو جوانمردی سے برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا نہ کرلیں۔ یہ اسی وقت ممکن ہے جب وہ ایک دوسرے کو صبر و استقامت کا درس دیتے ہیں۔ مصائب و آلام میں خود استقامت کا مظاہرہ کرکے دوسروں کے لیے دلکش نمونہ پیش کرتے رہیں۔ یہ صبر کامیابی کی اہم اور چوتھی شرط ہے۔ اس سے مراد فقط یہی نہیں کہ آپ کو کوئی تکلیف آئے اور آپ گھبرائیں نہیں، بلکہ اس کے علاوہ نیکیاں کرنے پر صبر، گناہوں سے اجتناب پر صبر، احکامِ شرعیہ کی پابندی پر صبر، ماحول کے دباؤ کے مقابلہ میں صبر۔ جب ایک ایسی امت وجود میں آجائے گی جو ان صفات سے متصف ہوگی تو پھر حق کا

پرچم ہمیشہ سربلند رہے گا۔ کوئی طوفان اس کو سرنگوں نہ کر سکے گا۔ کوئی آندھی اس کی روشن کی ہوئی شمع کو بجھا نہ سکے گی۔ آپ ان خوش نصیب انسانوں کی سعادت مندی کا اندازہ لگائیں جن کی عرق ریزیاں، جگر کاویاں اور شب بیداریاں کے باعث حق کو قوت و غلبہ نصیب ہوا اور جن کی سرفروشی اور جذبۂ ایثار و خلوص نے ایسی شمعیں روشن کر دی ہیں جن سے وہ راستہ جگمگا رہا ہے جو انسان کو اپنی حقیقی اور بلند منزل کی طرف لے جانے والا ہے۔

یہاں تواصوا کا استعمال اور اس کا تکرار بڑا غور طلب ہے۔ علامہ ابن منظور لکھتے ہیں اوصی الرجل ووصاہ، عہد الیہ (لسان العرب) یعنی کسی شخص کا کسی دوسرے کو کسی کام کی تاکید کرنا۔ علامہ راغب اس کی تشریح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں الوصیۃ: التقدم الی الغیر بما یعمل بہ مقترنا بوعظ من قولھم ارض واصیۃ متصلۃ النبات (المفردات) کسی کو پند و موعظت سے کوئی کام کرنے پر اجارنا اور انگیختہ کرنا۔ اس کے علاوہ اس میں تسلسل کا مفہوم بھی پایا جاتا ہے۔ وہ زمین جس میں مسلسل کاشت ہوتی رہے اور فصلیں اگتی رہیں اسے ارض واصیۃ کہتے ہیں۔ جوہری نے صحاح میں اور زبیدی نے تاج العروس میں اس کی یہی تشریح کی ہے۔

اس تحقیق کی روشنی میں آیت کے اس جملہ کا مفہوم یہ ہوگا کہ حق کو قبول کرنے اور اس راہ میں پیش آنے والی مشکلات کا مقابلہ کرتے وقت صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑنے کی تلقین و تاکید کی جا رہی ہے۔ ان کے آباء و اجداد نے ان کو ان امور کے بارے میں جو وصیت کی ہے وہ اپنی آنے والی نسلوں کو اس کی وصیت کرتے رہیں۔

کیونکہ حق کو قبول کرنا اور اس راہ میں صبر و استقامت کا مظاہرہ کرنا دونوں باتیں نہایت اہم ہیں اس لیے تواصوا کو مکرر ذکر کیا تاکہ قاری ان کی مستقل وصیت کو پیش نظر رکھے۔

○

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم۔

○

تعارف
سورۃ الھمزۃ

نام : اس سورت کا نام الھمزہ ہے جو اس کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ یہ ایک رکوع اور نو آیات پر مشتمل ہے۔
اس کے تیس کلمات اور ایک سو تیس حروف ہیں۔

زمانۂ نزول : علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

مضامین : کفار مکہ یوں تو سب کے سب حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بغض و عناد رکھتے تھے لیکن ان میں چند ایسے بدباطن بھی تھے جو جھوٹے الزامات لگانے اور بہتان تراشی میں پیش پیش تھے۔ ان کی کیفیت بھی یکساں نہ تھی۔ کچھ ایسے تھے جو پس پشت ترغیبت و عیب جوئی میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھتے لیکن رُو برو کوئی ناروا بات کہنے کی وہ جسارت نہ کرتے۔ بعض بدبخت اور بے حیا ایسے بھی تھے جو منہ پر بھی طعن و تشنیع سے باز نہ آتے۔ اخنس بن شریق ان کا سرغنہ تھا۔ انہی لوگوں کے بارے میں یہ سورت نازل ہوئی۔

بتایا جا رہا ہے کہ چاند کی چاندنی سے روشن تر قطرہ ہائے شبنم سے پاکیزہ تر، گلاب کی پتی سے بھی زیادہ لطیف سیرت طیبہ پر جو لوگ نازیبا الزام لگاتے ہیں ان کا اپنا کردار کیا ہے۔ ان کے دلوں میں دولت کی محبت رچی بسی ہوئی ہے۔ مال جمع کرنا ان کا محبوب مشغلہ ہے۔ دراہم و دنانیر کو گننا اور بار بار گننا ان کی مرغوب تفریح ہے۔ خود تو مکھی کی طرح دُنیا کی غلاظتوں پر بھنبھنا رہے ہیں اور بے ادبیاں کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے اس محبوب کی ذاتِ اطہر پر جس کی ضیاء پاشیوں سے ایک عالم منور ہے۔

وہ صرف دولت کے پجاری اور پرلے درجے کے کنجوس ہی نہیں بلکہ عقل و فہم سے بھی بے بہرہ ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ دولت کی فراوانی انہیں موت کے چنگل سے چھڑا لے گی۔ کوئی بیماری ان کے قریب نہیں آئے گی۔ وہ ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہیں گے حالانکہ اگر ایسا ہوتا تو ان سے پہلے جو ان سے بھی کئی گنا زیادہ دولت مند لوگ تھے، وہ خاک میں مل کر خاک نہ ہو چکے ہوتے۔ کیا یہ لوگ آج ان کا کوئی نام و نشان دکھا سکتے ہیں، ایسے ناعاقبت اندیش لوگوں کے انجام کے بارے میں بھی وضاحت فرما دی تاکہ کوئی شخص کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ رہے۔ جس شخص کی تمنا ہے کہ وہ ایسے المناک انجام سے دوچار نہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ آج ہی سلامتی اور ہدایت کی راہ پر گامزن ہو جائے۔

سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعُ اٰيٰتٍ

سورہ الھمزہ مکی ہے اور اس کی نو آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ① الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ②

ہلاکت ہے ہر اس شخص کے لیے جو رو برو طعنے دیتا ہے، پیٹھ پیچھے عیب جوئی کرتا ہے ۱؎ جس نے مال جمع کیا اور اسے گن گن کر رکھتا ہے ۲؎

۱؎ یہاں دو لفظ ھمزہ ، لمزہ استعمال ہوئے ہیں۔ علمائے لغت نے ان کی تشریح کرتے ہوئے متعدد اقوال ذکر کیے ہیں قال ابن عباس ھم المشاؤن بالنمیمۃ المفرقون بین الاحبۃ ۔ الباغون للبراء العیب ومعناھما واحد۔ یعنی یہ دونوں لفظ ہم معنی ہیں، ہر چغلی کھانے والے، دوستوں میں جدائی اور تفرقہ ڈالنے والے، بے قصور اور بے عیب انسان میں نقص نکالنے والے کو ہمزہ اور لمزہ کہتے ہیں۔

مقاتل کا قول یہ ہے الھمزۃ الذی یعیبک فی الوجہ واللمزۃ الذی یعیبک فی الغیبۃ ۔ یعنی جو رو برو طعنہ زنی کرے اسے ہمزہ اور جو پس پشت عیب جوئی کرے اسے لمزہ کہتے ہیں۔ ابو العالیہ اور حسن نے ان کا معنی برعکس کیا ہے۔ ان کے علاوہ اور بھی کئی اقوال مذکور ہیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ الفاظ اتنے قریب المعنی ہیں کہ اہل لغت کے لیے ان کا الگ الگ معنی متعین کرنا مشکل ہو گیا۔

کفار میں یہ کمزوریاں عام تھیں، جہاں کسی غریب اور کمزور سے آمنا سامنا ہوا تو اس کے منہ پر اس کو برا بھلا کہتے کیونکہ انہیں اس کی طرف سے کسی مزاحمت یا جوابی کارروائی کا کوئی اندیشہ نہ ہوتا اور جہاں کوئی اپنے سے طاقتور مد مقابل ہوا اس کے سامنے اس کی تعریف بھی کر دی، اس کی خوشامد میں چند جملے بھی بول دیے اور جب وہ چلا گیا تو اس کی غیبت کرنا شروع کر دی۔ یہ ایسا ہے، ویسا ہے، اس میں یہ عیب ہے، اس میں فلاں کمزوری ہے۔ ناحق شناس لوگ اس اخلاقی کمزوری میں عموماً مبتلا ہوتے ہیں۔

۲؎ دوسرے لوگوں پر زبان طعن دراز کرنے کی عادت اس میں اس لیے ہے کہ یہ بڑا مالدار اور دولت مند ہے۔ اسی وجہ سے وہ اپنے آپ کو بڑا آدمی سمجھنے لگا ہے اور دوسرے لوگوں کو بنظر حقارت دیکھتا ہے لیکن دولت مند ہونے کے باوجود بڑا کنجوس ہے۔ گن گن کر بڑی احتیاط سے سنبھال کر رکھتا ہے، ایک درہم بھی خرچ کرنے کی اسے ہمت نہیں ہوتی۔ بعض علماء نے عددہ کا معنی اعدہ کیا ہے، یعنی اس نے ناگہانی مصائب کا مقابلہ کرنے کے لیے مال جمع کر رکھا ہے۔ وجعلہ عُدّۃ النوازل۔

يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ۝۳ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۝۴ وَ

وہ یہ خیال کرتا ہے کہ اس کے مال نے اسے لافانی بنا دیا ہے ۳؎ ہرگز نہیں وہ یقیناً حطمہ میں پھینک دیا جائے گا ۴؎ اور

مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝۵ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝۶ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى

تم کیا جانو کہ حطمہ کیا ہے۔ وہ اللہ کی آگ ہے خوب بھڑکائی ہوئی ۵؎ جو دلوں تک جا

الْاَفْـِٕدَةِ ۝۷ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝۸ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝۹

پہنچے گی ۶؎ بے شک وہ آگ ان پر بند کر دی جائے گی ۷؎ اس کے شعلے لمبے لمبے ستونوں کی صورت میں ہوں گے ۸؎

۳؎ وہ اس غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ اگر اس کی دولت اس کے پاس رہی تو موت کا فرشتہ اس کے قریب نہیں پھٹکے گا۔ اسی کر و فر کے ساتھ یہ ہمیشہ زندہ رہے گا۔

بعض علماء نے اس کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ یہ مال اس کے پاس ہمیشہ رہے گا، کبھی فنا نہ ہوگا، کبھی ختم نہ ہوگا۔

۴؎ نَبْذٌ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں۔ النبذ: القاء الشیئ وطرحه لقلة الاعتداد به۔ کسی چیز کو حقیر سمجھتے ہوئے اسے پھینک دینا۔ کہتے ہیں نبذت النعل الخلق۔ میں نے پرانی جوتی اتار کر پھینک دی۔

ایسے ننگِ انسانیت کو دوزخ میں پھینکنے کا ذکر کرتے وقت ایسا لفظ استعمال فرمایا جو اس مفہوم کو ادا کرنے کے ساتھ اس کی تحقیر و تذلیل کی طرف بھی اشارہ کر رہا ہے۔

یعنی آج وہ اپنے آپ کو بڑا رئیس اور سردار تصور کرتا ہے، معاشرے میں اس کو وجاہت حاصل ہے، دولت کی کثرت کے باعث لوگوں کے دلوں پر اس کا رعب بیٹھا ہوا ہے اس لیے یہ اپنے آپ کو کوئی بڑی چیز سمجھنے لگا ہے، لیکن خداوند کریم کے نزدیک یہ پھٹی پرانی جوتی سے بھی زیادہ حقیر ہے۔

حطمہ: حطم سے ہے۔ اس کا لغوی معنی توڑ ڈالنا، پیس ڈالنا، ریزہ ریزہ کر دینا۔ یہ دوزخ کے ایک طبقے کا نام ہے جس کی آگ اتنی تیز ہوگی کہ جو چیز اس میں پھینکی جائے گی آنِ واحد میں اس کو پیس کر رکھ دے گی، اس کے پرزے اڑا دے گی۔

۵؎ اس حطمہ کی مزید تشریح کر دی۔ یہ وہ آگ ہے جسے اللہ نے جلایا ہے، جو ہمیشہ بھڑکتی رہے گی، کبھی نہیں بجھے گی۔

۶؎ جس کی آنچ دلوں تک پہنچ جائے گی، اس کی سوزش اور تپش سے دل بھن کر کباب ہو جائیں گے۔

۷؎ جب کسی دروازے کے کواڑوں کو بھینچ کر بند کر دیا جائے اور کنڈی لگا دی جائے اور ان کے دوبارہ کھلنے کی بظاہر کوئی صورت نہ ہو تو عرب کہتے ہیں آصدت الباب۔ اسی سے مؤصدة اسم مفعول ہے۔ یعنی ان نابکاروں کو حطمہ میں ڈال دیا جائے گا اس کے دروازے بڑی مضبوطی سے مقفل کر دیے جائیں گے، نہ انہیں کوئی کھول سکے گا اور نہ اس عذاب الیم سے ان کے نکلنے کی کوئی صورت ہوگی۔

۸ عَمَد: عمود کی جمع ہے یعنی ستون۔ ممددۃ: طویل لمبے۔ یعنی اس آگ کے شعلے لمبے لمبے ستونوں کی صورت میں بلند ہوں گے، نہ وہ بجھیں گے اور نہ ان کے درد والم میں کوئی تخفیف ہوگی۔

○

یا حی یا قیوم برحمتك استغیث لا تکلنی الی نفسی طرفۃ عین واصلح لی شانی کلہ وقنا ربنا عذاب النار وتوفنا مع الابرار۔ وصل وسلم و بارك علی النبی المختار ما تغنت فی ایکہا الاطیار۔

تعارف

سُورۃ الفیل

نام : اس سورہ مبارکہ کا نام الفیل ہے۔ اس میں ایک رکوع 'پانچ آیتیں 'بیس کلمات اور چھیانوے حروف ہیں۔

زمانہ نزول : مکہ مکرمہ میں عہدِ نبوت کے آغاز میں نازل ہوئی۔

تاریخی پس منظر : اس سورت میں جس واقعہ کی طرف اشارہ ہے اس کو پوری طرح سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ اس واقعہ کی تفصیلات کا بنظرِ غائر مطالعہ کیا جائے۔ صرف اسی طرح ہم اس سورت کے مقصدِ نزول سے آگاہ ہو سکتے ہیں۔

نقشہ پر نظر ڈالنے سے پتہ چل جاتا ہے کہ بحر احمر کے دائیں طرف یمن کا ملک ہے اور اس کے مد مقابل دوسری طرف براعظم افریقہ کا ملک حبشہ ہے جسے ایتھوپیا یا ابی سینیا بھی کہا جاتا ہے۔ علم انساب کے ماہرین کا خیال ہے کہ حبش کے باشندے دراصل یمن کی قوم سبا کے ہی افراد تھے جنہوں نے یمن کی خوشحالی کے دور میں یمن سے نقل مکانی کر کے ابی سینیا کے ساحل پر اپنی تجارتی منڈیاں اور مراکز قائم کر لیے تھے' زیادہ دیر تک وہ اپنی انفرادیت قائم نہ رکھ سکے۔ افریقہ کے اصلی باشندوں کے ساتھ ان کے شادی بیاہ کا سلسلہ شروع ہو گیا یہاں تک کہ نہ وہ خالص سبائی رہے اور نہ خالص افریقی بلکہ ایک مخلوط قوم بن گئے۔ اسی لیے ان کو حبش کہا جاتا ہے جس کا معنی اختلاط و امتزاج ہے۔ گویا سبا کی قوم دو حصوں میں بٹ گئی۔ ایک حصہ اپنے اصلی وطن یمن میں اقامت پذیر رہا' انہیں سبائے حمیر کہا جاتا ہے اور جو لوگ ترکِ وطن کر کے یہاں آکر آباد ہو گئے انہیں سبائے حبش کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

یمن کے اصلی باشندے ستاروں کی پوجا کیا کرتے تھے۔ مختلف ستاروں کے لیے انہوں نے بڑے بڑے معبد بنوائے تھے' لیکن اس زمانہ میں افریقہ قیصر روم کے قبضہ میں تھا۔ رومی عیسائی تھے۔ ان کے حکومتی اثر اور سرگرم تبلیغی کوششوں کے باعث عیسائیت کو یہاں بڑا فروغ حاصل ہوا۔ حبشہ کے باشندے بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ ان کی اکثریت نے عیسائی مذہب کو قبول کر لیا۔ یمن میں بھی عیسائی مبلغین کی کوششوں سے نجران کے خطہ میں عیسائیت نے اپنا اثر و رسوخ قائم کر لیا۔ ذونواس حمیر کا آخری بادشاہ عیسائیت کے فروغ سے آتش زیر پا ہو گیا اور اس نے گڑھے کھدوائے۔ ان میں آگ جلائی اور ان عیسائیوں کو آگ میں پھینک کر جلا دیا۔ اس کا تفصیلی تذکرہ آپ ابھی ابھی سورہ البروج میں پڑھ چکے ہوں گے۔ یمن کا ایک عیسائی امیر دوس بن ثعلبان جو بچ نکلنے میں کامیاب ہو گیا تھا' وہ نجاشی بادشاہ حبشہ کے پاس فریادی ہوا۔ نجاشی نے قیصر روم سے مشورہ کیا اور یمن پر حملہ کرنے کی تیاری شروع کر دی۔ بعض مؤرخین کہتے ہیں کہ چند عیسائی جو بچ گئے تھے وہ قیصر کے پاس

قسطنطنیہ پہنچے اور وہاں جا کر اپنے بھائیوں کی داستانِ الم بیان کی۔ قیصر نے نجاشی کو یمن پر حملہ کرنے اور ان مقتولین کا انتقام لینے کی ہدایت کی۔ چنانچہ حبشی لشکر یمن پر حملہ کرنے کے لیے روانہ ہوا۔ قیصر نے اپنا بحری بیڑہ فراہم کیا تاکہ یہ لشکر جرار اس کے ذریعہ بحرِ احمر کو عبور کرے۔ قیصر نے یہ رویّہ کیوں اختیار کیا، اس فراخدلانہ اعانت کا محرک کیا صرف مذہبی جذبہ تھا؟ بعض مؤرخین کی رائے ہے کہ یہ محض بہانہ تھا۔ اصل مقصد یہ تھا کہ اس تجارتی شاہراہ پر اپنی گرفت مضبوط کی جائے جس کے ذریعے مشرقی ممالک کا قیمتی سامانِ تجارت مغربی ممالک تک پہنچتا ہے۔ اس سے پیشتر اس شاہراہ پر اہلِ عرب کی اجارہ داری تھی اور انہی کے انگنت اُونٹوں پر مشتمل قافلے اس سامان کو بحرِ احمر کی بندرگاہ سے اٹھا کر بحرِ روم کے ساحل تک پہنچایا کرتے تھے۔ کئی صدیوں سے رومی للچائی ہُوئی نظروں سے اس شاہراہ کو دیکھتے تھے اور محض کسی بہانہ کی تلاش میں تھے۔ عرصہ سے رومیوں اور ایرانیوں میں جنگ شروع تھی اور حالتِ جنگ میں اس راستہ کی اہمیت بہت زیادہ بڑھ گئی تھی۔ ممکن ہے قیصر کے اس اقدام کے محرک یہ دونوں سبب ہوں۔

الغرض جب حبشی لشکر حملہ آور ہُوا تو شاہِ یمن ذونواس نے عدن اور حضر موت کے ساحل پر اس کا استقبال کیا اور اسے پسپا ہونے پر مجبور کر دیا۔ حبشی وطن واپس آئے اور از سرِ نو بڑے زور شور سے دوبارہ حملہ کرنے کی تیاری شروع کر دی۔ اس دفعہ ذونواس ان کے حملے کی تاب نہ لا سکا۔ اس کا حمیری لشکر بُری طرح شکست سے دوچار ہوا۔ ذونواس نے راہِ فرار اختیار کی اور اپنا گھوڑا ایک دریا میں ڈال دیا، لیکن وہیں اس کا کام تمام کر دیا گیا۔ اس کے قتل کے بعد اس کا نائب ذوجدن مقابلہ کے لیے بڑھا لیکن وہ بھی مارا گیا۔ ذوالنیران نے حبشی فوج کا مقابلہ کرنے کی کوشش کی لیکن ناکام ہوا۔ اس طرح ۵۲۵ عیسوی میں سارا یمن حبشیوں کے قبضہ میں چلا گیا۔ عرب مؤرخین کے نزدیک اس حبشی لشکر کے سالار کا نام ارباط تھا۔ شاہ نجاشی نے اسی کو وہاں کا والی مقرر کر دیا۔ لیکن یُونانی مؤرخ اس سالار کا نام 'اسیمیفس' بتاتے ہیں اور اس وقت کے نجاشی کا نام 'ایلباس' لکھتے ہیں۔

عربی روایات کے مطابق ارباط نے تقریباً ۲۰ سال تک یمن پر حکومت کی۔ اس کے بعد حبشی فوج نے ایک فوجی افسر ابرہہ کی قیادت میں اس کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا۔ ارباط مارا گیا اور ابرہہ یمن کا والی بن بیٹھا۔ سال کا تعین مشکل ہے البتہ ایک کتبہ جو ابرہہ کا نصب کردہ ہے اس پر ۶۵۸ یمنی سال مرقوم ہے جو ۵۴۳ء کے مطابق ہے۔

نجاشی نے ابرہہ کی بغاوت اور ارباط کے قتل کی خبر سُنی تو بہت غضبناک ہُوا۔ قسم اٹھائی کہ وہ خاکِ یمن کو اپنے پاؤں تلے روند ڈالے گا اور ابرہہ کا خُون بہائے گا۔ ابرہہ نے ایک شیشی میں اپنا خون بھرا اور یمن کی کچھ مٹی ایک خریطہ میں بند کی۔ دونوں کو بادشاہ کے پاس بھیجا اور لکھا کہ میں آپ کا حلقہ بگوش غلام ہوں۔ آپ نے جو حلف اٹھایا ہے اُس کو پُورا کرنے کے لیے اپنا خون اور یمن کی مٹی بھیج رہا ہُوں۔ آپ اس مٹی کو اپنے پاؤں سے روند ڈالیے اور میرا خون جو شیشی میں ہے اسکو زمین پر بہا دیجیے۔ ابرہہ کی اس پیشکش سے نجاشی بہت خوش ہُوا اور اسے یمن کا والی برقرار رکھا۔

جب ابرہہ کو کچھ اطمینان ہُوا تو اس نے یمن میں عیسائیت کی تبلیغ کے لیے تحریک شروع کر دی۔ بڑے بڑے شہروں

میں گرجے تعمیر کیے اور یمن کے دارالسلطنت صنعاء میں ایک بہت بڑا عظیم الشان گرجا تعمیر کیا جس کو عرب اَلْقُلَّیْس یا اَلْقَلِیْس کہتے ہیں یہ لفظ کلیسا کا معرب ہے۔ اس کی زیب وزینت و آرائش پر دل کھول کر روپیہ خرچ کیا۔ ان تمام کوششوں اور اقدامات کے باوجود عیسائیت کی اشاعت میں اسے حسبِ منشا کامیابی حاصل نہ ہوئی۔ اس کے سامنے ایک ایسی رکاوٹ تھی جس نے اس کی کوششوں کو تقریباً بے اثر بنا دیا۔ مکہ مکرمہ میں جو کعبہ حضرت خلیل اور اسماعیل علیہما السلام نے اپنے مبارک ہاتھوں سے تعمیر کیا تھا ہر عربی باشندے کو اس سے قلبی اور فطری عقیدت تھی، وہ کسی قیمت پر اس سے صرفِ نظر نہیں کر سکتا تھا عیسائیت قبول کرنے کا فوری نتیجہ اس رشتہ کا انقطاع تھا جس کے لیے اہلِ عرب بالکل تیار نہ تھے۔

ابرہہ نے اس رکاوٹ کو اپنے راستے سے ہٹانے کا عزم کر لیا۔ اس نے عرب کے تمام علاقوں میں منادی کرا دی کہ میں نے تمہارے لیے ایک بہت خوبصورت کعبہ بنایا ہے تم وادی غیر ذی زرع میں واقع ان گھڑے سیاہی مائل پتھروں کے بنے ہوئے کعبہ کے بجائے یہاں آکر اپنا حج کیا کرو جو صنعاء کی جنت نظیر وادی میں انسانی فنِ تعمیر کا ایک شاہکار ہے، لیکن اس کی یہ دعوت صدا بصحرا ثابت ہوئی۔ لوگ اس کے ہر طرح کے پراپیگنڈے کے باوجود تپتے ہوئے صحرا بے آب وگیاہ ریگستانوں کو مستانہ وار عبور کرتے ہوئے مکہ مکرمہ حاضر ہوتے اور کعبہ مشرفہ کا طواف کر کے سکونِ دل حاصل کرتے۔ اس چیز نے ابرہہ کو اور مشتعل کر دیا۔ اس نے قسم کھائی کہ وہ اس گھر کو گرا کر نیست ونابود کر دے گا۔ ان حالات میں ایک اور واقعہ رونما ہوا جس نے جلتی پر تیل کا کام کیا۔ کہتے ہیں بنی کنانہ کے کسی شخص نے رات کو اس کلیسا میں جا کر قضائے حاجت کر دی بعض کی رائے ہے کہ چند عرب نوجوانوں نے اس کلیسا کو نذرِ آتش کرنے کی کوشش کی، لیکن مقاتل بن سلیمان کی رائے یہ ہے کہ چند مسافر رات بسر کرنے کے لیے اس گرجا کے پڑوس میں اُترے۔ انھوں نے کھانا پکانے کے لیے آگ جلائی۔ آندھی آگئی اور کوئی چنگاری اُڑ کر اس گرجے میں جا پہنچی جس سے وہاں آگ بھڑک اُٹھی۔ ابرہہ یہ سن کر برافروختہ ہو گیا اور اس نے مکہ پر فوری چڑھائی کا عزم کر لیا۔ چند روز میں ایک لشکر جرار کعبہ کو منہدم کرنے کے لیے مکہ کی طرف روانہ ہو گیا اس کا سالارِ اعلیٰ خود ابرہہ تھا۔ جزیرۂ عرب میں یہ خبر آگ کی طرح پھیل گئی۔ خود یمنی امراء و سرداروں نے کعبہ مقدسہ کو بچانے کے لیے سر دھڑ کی بازی لگا دی۔ یمن کے ایک رئیس ذونفر نے اپنی قوم اور جملہ قبائلِ عرب کو ابرہہ کا مقابلہ کرنے کے لیے للکارا۔ اس دعوت پر لبیک کہتے ہوئے بیشمار لوگ اس کے جھنڈے تلے جمع ہو گئے گھمسان کی جنگ ہوئی لیکن ذونفر کے لشکر نے شکست کھائی اور یہ خود گرفتار کر لیا گیا۔ ابرہہ اس کو اپنے ہمراہ لے کر مکہ کی طرف روانہ ہوا جب اس کا گزر بلادِ خثعم سے ہوا تو بنی خثعم کے سردار نفیل بن حبیب خثعمی نے اس کا مقابلہ کیا۔ بنی خثعم کے دونوں قبیلے شہران اور ناہس اس کے ساتھ تھے لیکن انہیں بھی شکست کا منہ دیکھنا پڑا نفیل گرفتار کر لیا گیا۔ ابرہہ نے اس کو قتل کرنے کا ارادہ کیا لیکن پھر اسے معاف کر دیا۔ اس نے اس کو بھی ساتھ لیا تاکہ بلادِ حجاز میں وہ اس کا دلیل کارواں بن سکے۔

جب یہ لشکر طائف کے قریب پہنچا تو اہلِ طائف کو یہ خطرہ لاحق ہوا کہ کہیں ابرہہ ان کے مندر کو منہدم نہ کر دے جس میں ان کے معبود لات کا بت نصب تھا، چنانچہ وہاں کے رؤسا ابرہہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسے بتایا کہ ہمارا یہ معبد وہ نہیں جس کو گرانے کا تم نے قصد کیا ہے بلکہ وہ آگے مکہ میں ہے اور ہم اس سلسلہ میں آپ کی ہر خدمت بجا لانے کے لیے

تیار ہیں۔ چنانچہ ابرہہ نے ان کو اطمینان دلایا، ان کی عزت و تکریم کی۔ اُنہوں نے ابو رغال کو اس کے ہمراہ بھیجا تاکہ وہ راستہ بتائے اور کعبہ کی نشاندہی کرے۔ جب ابرہہ اپنے لشکر جرار کو ساتھ لیے مکہ کے نزدیک وادی مغمس میں خیمہ زن ہُوا تو اس کے لشکریوں نے مار دھاڑ شروع کر دی۔ بھیڑ، بکریاں اور اُونٹ جو چیز ان کے ہتھے چڑھی ہانک کر وہ اسے اپنے پڑاؤ میں لے آئے۔ اس لُوٹ کے مال میں حضرت عبد المطلب کے دو صد اُونٹ بھی تھے۔

ابرہہ نے حمیر قبیلہ کے حناطہ نامی ایک شخص کو مکہ بھیجا تاکہ وہاں کے لوگوں کو یہ بتائے کہ ابرہہ ان سے جنگ کرنے کے لیے نہیں آیا بلکہ خانہ کعبہ کو گرانے آیا ہے۔ اگر اہل مکہ نے مزاحمت نہ کی تو انہیں کچھ نہیں کہا جائے گا لیکن اگر اُنہوں نے مزاحمت کی کوشش کی تو پھر نتائج کے وہ خود ذمہ دار ہوں گے۔ حناطہ مکہ گیا۔ اُس نے لوگوں سے پُوچھا تمہاری بستی کا سردار کون ہے اُنہوں نے حضرت عبد المطلب کا نام لیا۔ اس نے آپ سے مُلاقات کی اور ابرہہ کا پیغام پہنچایا۔ آپ نے فرمایا کہ ابرہہ سے جنگ کرنے کا نہ ہمارا ارادہ ہے اور نہ ہم میں اس کی ہمت ہے۔ یہ اللہ کا گھر ہے اور اس کے خلیل کا حرم ہے۔ اگر وہ چاہے گا تو خود اسکی حفاظت کرے گا ورنہ جیسے اس کی مرضی۔ حناطہ نے آپ کو ساتھ چلنے کے لیے کہا۔ آپ اس کے ہمراہ ابرہہ کے پاس تشریف لائے۔ آپ کی بارُعب شخصیت اور نُورانی چہرہ دیکھ کر وہ بہت متاثر ہُوا۔ تخت سے نیچے اُتر آیا اور آپ کے ساتھ فرش پر بیٹھ گیا۔ ترجمان کے ذریعے اُس نے پُوچھا کوئی ارشاد؟ آپ نے کہا میری درخواست تو یہ ہے کہ تمہارے لشکری میرے دو صد اُونٹ ہانک کرلے آئے ہیں وہ مجھے واپس کر دیے جائیں۔ ابرہہ اس غیر متوقع جواب سے بہت حیران ہُوا۔ کہنے لگا جب میں نے آپ کو پہلی مرتبہ دیکھا میرے دل میں آپ کا از حد احترام پیدا ہو گیا، لیکن آپ کی یہ حقیر درخواست سُن کر احترام کا جذبہ ناپید ہو گیا۔ آپ کو اپنے اُونٹوں کا تو اتنا خیال ہے اور کعبہ کا ذرا خیال نہیں جس کی وجہ سے تمہاری عزت کی جاتی ہے۔ آپ نے بڑی سادگی سے جواب دیا: اِنِّیْ اَنَا رَبُّ الْاِبل و ان للبیت ربا سَیَمْنَعُہٗ۔ یعنی میں اُونٹوں کا مالک ہوں ان کی حفاظت میری ذمہ داری ہے۔ اس گھر کا بھی ایک مالک ہے وہ خود اس کی حفاظت کرے گا۔ ابرہہ نے بڑے غرور سے کہا اب اس گھر کو میری تاخت و تاراج سے کوئی چیز نہیں بچا سکتی۔ حضرت عبد المطلب واپس آئے اور قریش کو حکم دیا سب مکہ سے کوچ کر جائیں اور پہاڑوں کی چوٹیوں پر چڑھ جائیں تاکہ یمنی لشکر ان کو تس نس کر کے نہ رکھ دے۔ آخر میں آپ اپنی قوم کے رئیسوں کو ساتھ لے کر کعبہ کے پاس آئے تاکہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں دُعا کریں کہ وہ انہیں اور کعبہ کو ابرہہ کی دستبُرد سے بچائے۔ کعبہ کے دروازہ کے کنڈا کو پکڑ کر عبد المطلب نے بڑے عجز و نیاز سے فریاد کی عرض کیا:

لَاھُمَّ اِنَّ الْمَرْءَ یَمْنَعُ — رِحْلَہٗ فَامْنَعْ رِحَالَکْ

اے اللہ! ہر شخص اپنے گھر کی حفاظت کرتا ہے تو بھی اپنے گھر کی حفاظت فرما۔

لَا یَغْلِبَنَّ صَلِیْبُھُمْ — وَ مِحَالُھُمْ اَبَدًا مِحَالَکْ

کل ان کی صلیب اور ان کی قوت تیری قوت پر غالب نہ آجائے۔

ان کُنت تارکھم وقبـ — لتنا فامر ما بدالك

(اگر تو انہیں اور ہمارے قبلہ کو اپنے حال پر چھوڑ دینا چاہتا ہے تو جو تیری مرضی ہوا کر۔)

ابن جریر نے عبدالمطلب کے یہ اشعار بھی نقل کیے ہیں جو اس موقع پر دعا مانگتے ہوئے اُنہوں نے ارتجالاً کہے:

یَارَبِّ لَا ارجو لھم سواكَ یَارَبِّ فامنع منھم حماكَ

(اے میرے پروردگار تیرے بغیر میں اُن کے مقابلہ کی کسی سے توقع نہیں رکھتا اے میرے پروردگار ان کی دستبرد سے اپنے حرم کی حفاظت فرما۔)

اِنَّ عدوَّ البیت من عاداكَ امنعھم ان یخربوا قراكَ

(اس گھر کا دشمن تیرا دشمن ہے ان کو روک دے کہ وہ تیری بستی کو ویران نہ کریں۔)

دُعا سے فارغ ہوئے تو سب کو ساتھ لے کر پہاڑوں میں فروکش ہو گئے۔ ابرہہ نے صبح سویرے مکہ پر چڑھائی کا ارادہ کیا۔ اس کے لشکر میں نو یا بارہ جنگی ہاتھیوں کا دستہ تھا۔ سب سے بڑے ہاتھی کا نام محمود تھا۔ جب اس ہاتھی کو مکہ کی طرف پیشقدمی کے لیے ہانکا گیا تو وہ زمین پر بیٹھ گیا۔ فیل بان نے آنکس سے بڑے کچوکے دیئے اور تبر سے اسے مارا، لیکن وہ اُٹھنے کا نام نہ لیتا تھا اگر کسی اور سمت اُسے چلنے کا اشارہ کیا جاتا تو بغیر کسی توقف کے وہ چلنے لگتا۔ نفیل بن حبیب بنی خثعم کا سردار جو اب تک ابرہہ کے ہمراہ تھا بھاگ کر پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گیا۔ انہی حالات میں فضا میں چھوٹے چھوٹے پرندوں کے غول در غول نمودار ہوئے۔ ہر ایک نے ایک سنگریزہ اپنی چونچ میں اور ایک ایک اپنے دونوں پنجوں میں پکڑا ہوا تھا۔ — ان سنگریزوں کی مقدار چنے یا مسور کے دانہ کے برابر تھی۔ ہر سوار پر ایک ایک پرندہ ایک کنکر مارتا تھا جو اس کے فولادی خود، آہنی زرہ اور اس کے جسم کو چیرتا ہوا زمین میں دھنس جاتا تھا۔ لشکر کا اکثر حصہ تو وہیں تباہ و برباد ہو گیا۔ ایک مختصر تعداد جن میں ابرہہ بھی تھا وہاں سے بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئی۔ لیکن ان کے جسموں میں اتنی زبردست خارش پیدا ہو گئی کہ وہ ہر وقت کھجلاتے رہتے۔ کھجلانے سے زخم نمودار ہو گئے۔ زخموں سے پیپ اور لہو بہنے لگا۔ گوشت گل سڑ کر نیچے گرنے لگا۔ کئی راستہ میں ہی ہلاک ہو گئے۔ ابرہہ صنعاء پہنچ گیا لیکن اس کی حالت یہ تھی کہ سارا جسم ناسور بنا ہوا تھا اور وہ ہیل تن گراں ڈیل جوان چوزے کی مانند دُبلا پتلا ہو گیا تھا۔ یہ تکلف بڑھتی گئی یہاں تک کہ اس کا سینہ شق ہو گیا اور اس نے دم توڑ دیا۔

اس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے گھر کی حفاظت فرمائی وہ دشمن جسے اپنی قوت اور لشکر کی کثرت پر بڑا گھمنڈ تھا۔ اس کو چھوٹے چھوٹے پرندوں کی سنگباری سے فنا و برباد کر دیا۔ اللہ تعالیٰ چاہتا تو بنی کنانہ کے سردار ذونفر کے ہاتھوں اسے موت کے گھاٹ اتار دیتا۔ اگر چاہتا تو بنی خثعم کے سردار نفیل کو اس کی بربادی کا باعث بنا دیتا، لیکن اس کی حکمت کا تقاضا یہ تھا کہ وہ دشمن کو حرم خلیل تک پیشقدمی کرنے کی مہلت دے اور تمام لوگوں کے سامنے اپنی قوت قاہرہ کا مظاہرہ کرے تاکہ قیامت تک کسی کو شک و شبہ کی گنجائش نہ رہے۔ اس سال کو اہل عرب عام الفیل کہتے ہیں۔

یہ واقعہ ۵۷۰ء عیسوی میں رونما ہوا، محرم کا مہینہ تھا۔ اسی سال ربیع الاول کے مبارک مہینہ میں کعبہ مقدسہ کو بتوں کی نجاستوں سے پاک کرنے والے، اس کے در و دیوار کو نورِ توحید سے منور کرنے والے اور اس کو ذکر الٰہی کے نغموں سے آباد کرنے والے اللہ تعالیٰ کے حبیب و محبوب اور اس کی مخلوق کے ہادی و مرشد محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی۔

سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

سورۃ الفیل مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے — اس میں پانچ آیات ہیں

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ؕ﴿۱﴾ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ

کیا آپ نے ملاحظہ نہیں کیا کہ آپ کے رب نے ۱؎ ہاتھی والوں کے ساتھ کیا سلوک کیا ۲؎ کیا اللہ تعالیٰ نے ان کے مکر و فریب کو

۱؎ یہ عبرت انگیز واقعہ کس سال میں ظہور پذیر ہوا اس کے بارے میں متعدد اقوال ہیں، لیکن صحیح قول وہ ہے جو ابن عباس اور دیگر محققین علماء سے منقول ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے تقریباً پچاس دن پہلے یہ واقعہ رونما ہوا یعنی مینہ کے ماہ محرم کی سترہ تاریخ تھی اور بارہ ربیع الاول کو سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رونق افزائے بزم گیتی ہوئے۔ ارشاد نبوی ہے وُلِدْتُ عام الفیل کہ میری ولادت عام الفیل میں ہوئی۔

ابو نعیم لکھتے ہیں کہ حملہ آور فوج نصاریٰ تھی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیروکار اور انجیل کو ماننے والے تھے۔ اہل مکہ کا اس وقت مذہب بُت پرستی تھا۔ تین سو ساٹھ بُت کعبہ شریف میں رکھے ہوئے تھے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ ان مشرکین اور بُت پرستوں کے مقابلہ میں ابرہہ کی مدد کی جاتی اور کعبہ خلیل کو صنم کدہ بنانے والوں کو عبرت ناک سزا دی جاتی۔ لیکن ایسا نہیں ہوا۔ اس کی حکمت یہ ہے کہ اب کعبہ کو آباد کرنے والے، اس کو نور توحید سے روشن کرنے والے کی آمد کا وقت قریب تھا۔ ابرہہ اگرچہ عیسائی تھا لیکن دنیائے عیسائیت میں حضرت عیسیٰ اور ان کی والدہ کے مجسموں کی پرستش بڑے دھڑلے سے کی جاتی تھی اس لیے عقیدے کے لحاظ سے مشرکین مکہ اور ابرہہ میں اگر کوئی فرق تھا تو محض برائے نام۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی ولادت کے سال میں اہل مکہ پر ایسا فضل و کرم فرمایا جس کا شکریہ وہ تاقیامت ادا نہیں کر سکتے۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں: کانت قصة الفيل توطيه لنبوته ومقدمة لظهوره وبعثته۔ یعنی اس قصہ کا وقوع حضور کی آمد سے پہلے بمنزلہ تمہید کے تھا۔

آیت میں استفہام اظہار تعجب و حیرت کے لیے ہے۔ الم تر کا معنی جاننا، مطلع ہونا بھی کیا گیا ہے۔ مزید لطف یہ ہے کہ الم تر ما فعل ربك کے بجائے الم تر كيف فعل ربك فرمایا گیا ہے۔ یعنی آپ کے رب نے کیسا سلوک کیا۔ مقصد یہ ہے کہ اس واقعہ کا ظہور اس صورت میں ہوا کہ اس کا ہر پہلو انسان کو محو حیرت کر دیتا ہے۔ اس واقعہ کی تفصیلات اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ، علم محیط اور کعبہ کی عظمت و شرف کی گواہی دے رہی ہیں۔

۲؎ ابرہہ کا لشکر ساٹھ ہزار جنگجو سپاہیوں پر مشتمل تھا۔ لیکن اس میں ایک ہاتھیوں کا دستہ بھی تھا جس میں ۹ یا ۱۲ ہاتھی شریک تھے۔ یہ دستہ لشکر کے جلو میں جھوم جھوم کر چل رہا تھا۔ اہل مکہ، بلکہ اہل عرب نے نہ کبھی اتنی فوج دیکھی تھی اور نہ اس ساز و سامان اور اسلحہ کا انہوں نے کبھی تصور کیا تھا۔ ہاتھی اہل عرب کے لیے بالکل ایک نئی چیز تھی۔ اسی خصوصیت کے باعث اس سارے لشکر کو اصحاب الفیل کہا گیا۔ چند غیرت مند قبائل نے ابرہہ کا مقابلہ کرنے کی کوشش کی مگر کامیابی نہ ہوئی۔ مکہ والے بے بسی اور بے چارگی کی حالت میں کعبہ کو چھوڑ کر ادھر ادھر پہاڑوں میں جا چھپے۔ کعبہ کو گرانے میں بظاہر کوئی رکاوٹ نظر نہ آتی تھی۔ ان حالات میں اللہ تعالیٰ نے اپنے گھر کو جس طرح بچایا اور اپنے پیارے

فِىْ تَضْلِيْلٍ ﴿۲﴾ وَّ اَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ﴿۳﴾ تَرْمِيْهِمْ

ناکام نہیں بنا دیا ؎ اور (وہ یوں کہ) بھیج دیے ان پر ہر سمت سے پرندے، ڈاروں کے ڈار۔ جو برساتے تھے

بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۴﴾ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ﴿۵﴾

ان پر کنکر کی پتھریاں ؎ پس بنا ڈالا ان کو جیسے کھایا ہوا بھوسہ ؎

رسول کی اولین درس گاہ کی عزت و حرمت کا سکہ جس طرح لوگوں کے دلوں پر بٹھایا، عقل انسانی اس کو دیکھ کر دنگ رہ جاتی ہے۔ انسان یہ کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ جس ذات کا یہ گھر ہے اس کی قدرت بے پناہ، اس کی حکمتیں بیکراں اور اس کی تدبیریں لاجواب ہیں۔ جس بات کا وہ ارادہ فرماتا ہے وہ ہو کر رہتی ہے اسے کوئی روک نہیں سکتا۔

۳؎ ابن منظور نے الکید کے دوسرے معانی کے ساتھ ساتھ اس کا یہ معنی بھی ذکر کیا ہے۔ الکید: التدبیر بباطل او بحق۔ (لسان العرب) یعنی کسی اچھے یا برے، غلط یا صحیح کام کرنے کے لیے تدبیر کرنا۔ یہاں اس کا یہی معنی مراد ہے۔ ابرہہ کی لشکر کشی پوشیدہ اور چھپی ہوئی نہ تھی۔ اس کے مذموم ارادے بھی کوئی راز نہ تھے۔ اس نے ڈنکے کی چوٹ سے یہ اعلان کر دیا تھا کہ وہ کعبہ کو منہدم کرنے کے لیے آیا ہے۔ یہاں کید کا معنی خفیہ تدبیر یا مکر کرنا درست معلوم نہیں ہوتا۔ تضلیل کہتے ہیں کسی تدبیر کا ناکام ہو جانا، کسی سعی کا بار آور نہ ہونا، کسی جد و جہد کا اکارت جانا۔

ابرہہ نے کعبہ مقدسہ کو گرانے کا عزم کیا۔ اس عزم کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اس نے پوری تدبیر کی۔ مکہ کا شہر جس کی آبادی چند ہزار سے زیادہ نہ تھی، ان میں بوڑھے، بچے اور عورتیں بھی تھیں، اس شہر پر اتنے بڑے عظیم لشکر سے حملہ آور ہونا اس بات کا پتہ دیتا ہے کہ وہ اپنی کامیابی کو یقینی بنانا چاہتا تھا۔ وہ شکست کے ہر امکان کو ختم کر دینا چاہتا تھا، پھر جنگی ہاتھیوں کا ایک دستہ بھی اپنے ہمراہ لے گیا۔ یہ ساری تدبیریں صاف صاف بتا رہی تھیں کہ وہ اپنے اس ارادے کو ہر قیمت پر عملی جامہ پہنانا چاہتا تھا۔ اس نے اپنے جنگی منصوبے میں ناکامی کا ایک فیصد شائبہ بھی نہ رہنے دیا تھا۔ مکہ اور اس کے حلیف قبائل اگر اپنے تمام جنگجو مردوں کو جمع کر لیتے تو اس لشکر کا عشر عشیر بھی نہیں ہو سکتے تھے۔ ابرہہ نے تو جنگی تدبیر میں کوئی کسر نہ رہنے دی تھی، لیکن اے محبوب! آپ کے پروردگار کی حکمت نے اس کی ساری تدبیروں کو ناکام بنا دیا، اس کی ساری چالوں کو خاک میں ملا دیا۔ کسی کوشش و تدبیر کو ناکام بنانے کو عربی میں تضلیل کہتے ہیں۔

۴؎ ان کے اس حملہ کو پسپا کرنے کے لیے رب مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء نے کیا جوابی کارروائی کی اس کا ذکر اس آیت میں ہو رہا ہے کہ اس لشکر جرار کو جو ہر قسم کے اسلحہ سے لیس تھا، اس کے آگے آگے چنگھاڑتے ہوئے مست ہاتھی اپنی سونڈیں لہرا لہرا کر دلوں میں خوف و ہراس پیدا کر رہے تھے۔ ایسے لشکر کو تباہ کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کو کسی غیر معمولی طاقت کے استعمال کی ضرورت نہ پڑی۔ اپنے مختلف قسم کے ان گنت لشکروں میں سے اس نے چھوٹے چھوٹے پرندوں کے چند ڈار بھیج دیے جو اشارہ ملتے ہی ساحل سمندر کی طرف سے اُمڈ پڑے اور چند لمحوں کی سنگباری سے اس لشکر کا بھرکس نکال دیا۔ علامہ قرطبی لفظ ابابیل کی تشریح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

ابابیل: قال عكرمة مجتمعة وقيل متتابعة بعضها في اثر بعض وقيل مختلفة متفرقة تجيئ من كل ناحية من ههنا ومن ههنا.
قال النحاس هذه الاقوال متفقة وحقيقة المعنى انها جماعات عظام۔ (قرطبی)

یعنی عکرمہ کہتے ہیں کہ ابابیل کا معنی مجتمع ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ اس کا معنی مختلف ٹکڑیاں ایک کے بعد دیگرے آنا ہے۔ بعض نے اس کا معنی کیا ہے کہ ہر طرف سے اِدھر اور اُدھر سے مختلف جھنڈ نمودار ہو گئے۔ نحاس کہتے ہیں کہ ان مختلف اقوال کا مفہوم ایک ہی ہے۔ سب کا خلاصہ یہ ہے کہ پرندوں کی بڑی بڑی جماعتیں اچانک ہر طرف سے نمودار ہو گئیں۔

ان پرندوں کو خدائی اسلحہ خانہ سے مسلح کر کے بھیجا گیا تھا۔ ان کا اسلحہ چھوٹے چھوٹے سنگریزوں سے عبارت تھا۔ وہ سنگریزے ایسے تھے جنہیں آتش جہنم میں پکایا گیا تھا۔ ایسی بھٹیوں میں جو چیز پک کر آتی ہے اس کی تباہ کاری کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ جو بم ان پرندوں نے اٹھائے ہوئے تھے وہ تو جہنم کی بھٹی میں تیار ہوئے تھے۔ ان کا حجم چنے یا مسور کے دانے کے برابر تھا، لیکن ان کی قوت کا اندازہ فقط اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ ہر پرندے کو صرف تین تین بم برسانے کا حکم دیا گیا تھا۔ ایک بم انہوں نے اپنی اپنی چونچ میں اور دو بم اپنے پنجوں میں پکڑے ہوئے تھے۔ وہ اڑتے ہوئے آئے، آن واحد میں لشکر پر چھا گئے اور حسب حکم ایک ایک سنگریزہ ایک ایک سوار پر پھینکا۔ مسور کے حجم کا دانہ ان کے فولادی خود، ان کی آہنی زرہوں کو چیرتا ہوا ان کے گٹھے ہوئے جسموں کو گھائل کرتا ہوا، ان کی سواری کے جانوروں کو چھلنی کرتا ہوا زمین میں دھنس جاتا۔ نشانہ خطا ہونے کا امکان ہی نہ تھا۔ جس کو لگا اس کے جسم میں زہریلے اثرات سرایت کر گئے۔ فوراً پھنسیاں پھوڑے نمودار ہونے لگے اور ان سے پیپ اور خون بہنے لگا۔ درد کی شدت ناقابل برداشت تھی۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ گوشت گل سڑ کر گرنے لگا۔ اس ناگہانی سنگباری نے ان کے اوسان خطا کر دیے۔ فوجی نظم وضبط کی پابندی کا کسی کو ہوش تک نہ رہا۔ چند لمحے پہلے جو فوج، فوجی نظم وضبط سے بڑے کروفر کے ساتھ مکہ کی طرف بڑھ رہی تھی، اب بدنظمی کا شکار تھی۔ ہر کوئی جدھر موقع ملا منہ اٹھائے بھاگا جا رہا تھا۔ لشکر کا بیشتر حصہ تو وہاں ہی تباہ و برباد ہو گیا، چند لوگ صنعاء تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئے۔ ان کی حالت بھی ناگفتہ بہ تھی۔ جسم پھوڑوں سے بھرے ہوئے، ہر پھوڑے سے پیپ کا دریا رواں، بدبو کے مارے دم گھٹا جا رہا تھا۔ ان کی آہ و فغاں سے صنعاء کی فضا وحشت ناک ہو گئی تھی۔ ان لوگوں میں ابرہہ بھی تھا۔ وہ سرو قامت، خوبرو، جواں سال اور قوت وطاقت کا مجسمہ اب گل سڑ کر ایک چوزے کی مانند ہو گیا جس کا گوشت آہستہ آہستہ گلتا جا رہا تھا۔ یہاں تک کہ اس کا سینہ گل کر پھٹ گیا اور اس طرح کعبہ کے گرانے کا ارادہ کرنے والے اپنے کیفر کردار کو پہنچ گئے۔

ان لوگوں کو اپنے دار السلطنت صنعاء میں زندہ پہنچانے میں یہ حکمت بھی ہو سکتی ہے کہ صرف اہل مکہ ہی نہیں، بلکہ یمن والے بھی اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر لیں کہ جو لوگ ایسی گستاخی کے مرتکب ہوتے ہیں، غضب الٰہی ان کو کس طرح تباہ و برباد کرتا ہے۔

ك ان کی خستہ حالی اور تباہی کی کتنی صحیح اور موثر تصویر کھینچ کر رکھ دی گئی ہے۔ عصف کہتے ہیں گندم، باجرہ، مکئی وغیرہ کے پتوں کو۔ ماکول یعنی کہ جانوروں نے کھا لیا ہو۔ جب کوئی جانور چارہ کھاتا ہے تو پہلے وہ اسے اپنے دانتوں سے چبا کر ریزہ ریزہ کرتا ہے۔ وہ چبائے ہوئے پتے معدے میں جا کر ہضم کا مرحلہ طے کرتے ہیں اور آخر گوبر یا لید بن کر باہر نکلتے ہیں۔ خود سوچو ان پتوں کی حالت کتنی خستہ اور تباہ ہوتی ہے؟ یہی حالت ان کی بھی ہو گئی تھی۔

بعض لوگ اللہ تعالیٰ کی قدرت کو محض اپنی سمجھ کی کسوٹی پر پرکھتے ہیں۔ ان کے نزدیک یہ واقعہ جسے قرآن نے بیان کیا ہے، قابل تسلیم نہیں،

اس لیے وہ اس کی تاویلیں کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ طیر سے مراد پرندے نہیں بلکہ وبال ہے اور حجارۃ سے مراد پتھر نہیں بلکہ مصیبت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ممکن ہے پرندوں کی ٹکڑیاں نمودار ہوئی ہوں، نہ ان کی چونچوں اور پنجوں میں سنگریزے تھے اور نہ انہوں نے سنگباری کر کے اس لشکر کو تہس نہس کیا، بلکہ اس لشکر میں زہریلے چیچک کی وبا پھوٹ پڑی اور اس کی وجہ سے وہ لشکر تباہ ہو گیا۔

اگر ان کی اس بھونڈی تاویل کو تسلیم کر لیا جائے تو پھر وہ وبا اس لشکر تک ہی کیوں محدود رہی، وہاں کی مقامی آبادی اس سے کلیۃً کیوں محفوظ رہی؟ ایک مثال بھی تو یہ لوگ نہیں بتا سکتے کہ اہل مکہ میں سے کوئی شخص اس وقت اس وبا سے مرا ہو۔ آیات قرآنی کی من مانی تاویلیں کرنا یا اغیار کی خوشنودی کے لیے ایسا رد و بدل کرنا جسے عربی بلاغت قبول کرنے سے قاصر ہو بہت بڑی زیادتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کی خطاؤں کو معاف فرمائے۔ آمین!

اللہ تعالیٰ نے جب اپنی قدرت کاملہ سے حملہ آوروں کو تباہ و برباد کر دیا اور اپنے گھر کو بچا لیا تو حضرت عبدالمطلب نے ان الفاظ سے اپنے رب کی حمد اور اس کا شکر ادا کیا:

انت منعت الحبش والافیالا   وقد رعوا بمکۃ الاجبالا

وقد خشینا منهم القتالا   وکل امر لهم معضالا

شکرا وحمدا لک یا ذا الجلالا

ترجمہ: تُو نے حبشی لشکر اور ہاتھیوں سے ہماری حفاظت کی اور وہ کافی دن مکہ کے پہاڑوں میں اپنے جانوروں کو چراتے رہے۔ ہمیں یہ اندیشہ تھا کہ وہ ہم سے برسرِ پیکار ہوں گے۔ اے خداوند ذوالجلال ہم تیرا شکر ادا کرتے ہیں اور ہم تیری ثنا کرتے ہیں۔

جیسے آپ پہلے پڑھ آئے ہیں کہ بنی خثعم کے سردار نفیل بن حبیب کو ابرہہ اپنے ہمراہ لایا تھا تاکہ وہ بلاد حجاز کے راستوں سے اسے آگاہ کرے۔ جب ابرہہ کا لشکر کعبہ پر حملہ کرنے کے لیے روانہ ہوا تو وہ وہاں سے کھسک کر اہل مکہ سے جا ملا جو پہاڑ کی چوٹی پر فروکش تھے۔ اس نے جب پرندوں کو سنگباری کرتے ہوئے اور ابرہہ کے لشکر کو تباہ و برباد کرتے ہوئے دیکھا تو وہ کہنے لگا:

ردینۃ لو رایت ولا تریہ   لدی جنب المحصب ما رأینا

اے ردینہ! (اس کی بیوی کا نام) کاش تُو اس منظر کو دیکھتی جو ہم نے وادی محصب کے قریب دیکھا تھا۔

اذا لعذرتنی وحمدت امری   ولم تأسی علی مافات بینا

تب تُو مجھے معذور سمجھتی اور میرے کارنامہ کی تعریف کرتی اور جو چیز فوت ہو گئی ہے اس پر تُو افسوس نہ کرتی۔

حمدت اللہ اذ ابصرت طیرا   وخفت حجارۃ تلقی علینا

جب میں نے پرندوں کے جھنڈ کو دیکھا تو میں نے اللہ تعالیٰ کی حمد کی اور جب پتھر برسنے لگے تو میں خوفزدہ ہو گیا۔

وکل القوم تسأل عن نفیل   کأن علی للحبشان دینا

ابرہہ کی فوج کا ہر سپاہی پوچھتا تھا کہ نفیل کہاں ہے تاکہ وہ ہمیں یہاں سے بھاگ جانے کا راستہ دکھائے۔ وہ میرے بارے میں یوں استفسار کر رہے تھے گویا ان حبشیوں کا کوئی قرض میرے ذمہ واجب الادا تھا۔

ان اشعار سے بھی ہمارے تجدد پسند مفسرین کے مفروضے کی تکذیب ہوتی ہے۔

اس واقعہ کا ایک خوش آئند اثر یہ ہوا کہ مشرکین عرب کا اعتماد ان بتوں سے اٹھ گیا اور تمام اللہ رب العزت کی بارگاہ بے کس پناہ میں اس مصیبت سے نجات پانے کے لیے بڑی عاجزی سے فریاد کرنے لگے۔ کہتے ہیں کہ یہ اثر ان پر سات سال تک باقی رہا اور وہ صرف اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کرتے رہے۔

اس سورت سے اس امر کی طرف بھی اشارہ ہے کہ اے اہل مکہ! تم میرے حبیب کی دعوت توحید کو بڑی بے رخی سے ٹھکرا رہے ہو اور ان بتوں کی الوہیت کے نظریہ سے دست بردار ہونے کے لیے کسی قیمت پر تیار نہیں ہو۔ تمہیں عام الفیل کا وہ واقعہ بھول گیا اس روز تمہیں اس لشکر جرار سے کس نے نجات دی تھی۔ کس نے عالم غیب سے پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ بھیجے تھے؟ کس کے حکم سے ان پرندوں نے سنگباری کر کے تمہارے دشمن کو تہس نہس کر دیا تھا؟ اس نے تمہارا بھی بال بیکا نہ ہونے دیا اور اس گھر کی بھی حفاظت فرمائی جس سے تمہاری عظمتیں اور عزتیں وابستہ ہیں۔

○

سبحان ذی الملك والملكوت

سبحان ذی العزة والهيبة والكبرياء والجبروت

لاغالب الا انت۔ انك انت العزيز الحكيم

اللهم زد بيتك عزا وشرفا وصل وسلم على رسولك الذی ارسلته بالهدى ودين الحق ليظهره على الدين كله

تعارف

سُورۃ قریش

نام : اس سورہ پاک کا نام قریش ہے یہ کلمہ اس کی پہلی آیت میں مذکور ہے۔ اس کا ایک رکوع اور چار آیتیں ہیں۔ اس کے کلمات کی تعداد سترہ اور حروف کی تعداد تہتر ہے۔

زمانۂ نزول : اگرچہ ضحاک اور کلبی کی رائے میں یہ سورت مدنی ہے لیکن جمہور علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ اس کا نزول مکہ مکرمہ میں سورۃ الفیل کے بعد جلد ہی ہوا مضمون کی یگانگت اور کلمات کا باہمی تعلق بھی اسی قول کی تائید کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ بعض حضرات نے انہیں دو علیحدہ علیحدہ سورتوں کے بجائے ایک سورت ہی شمار کیا ہے لیکن حضرت سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے قرآن کریم کے جو نسخے کتابت کرائے تھے ان میں ان دو سورتوں کے درمیان بسم اللہ مرقوم ہے جس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ یہ دو الگ الگ سورتیں ہیں۔

مضامین : اس میں قریش پر اپنے عظیم احسانات کا تذکرہ فرمایا جا رہا ہے اور ان احسانات کو یاد دلانے کے بعد انہیں اپنے رب کریم کی عبادت کی دعوت دی جا رہی ہے۔

قریش عرب کا ایک مشہور اور معزز ترین قبیلہ ہے۔ اس کا اطلاق نضر کی اولاد پر ہوتا ہے جس کا نسب نامہ یہ ہے: نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر۔ بعض علماء کے نزدیک نضر کے پوتے فہر بن مالک کی اولاد کو قریش کہا جاتا ہے لیکن پہلا قول صحیح ہے۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے ارشادات سے بھی اسی قول کی تصدیق ہوتی ہے۔ ارشاد ہے: اِنَّا وُلْدُ نضر بن کنانہ لَا نَقْفُو اُمَّنَا وَلَا ننتفی من ابینا (قرطبی)، یعنی ہم نضر بن کنانہ کی اولاد ہیں نہ ہم اپنی ماؤں کو متہم کرتے ہیں اور نہ اپنے باپوں سے اپنے نسب کی نفی کرتے ہیں یعنی ہمیں اپنی ماؤں کی عفت پاکی، اپنے باپوں کی شرافت و بزرگی دونوں پر ناز ہے۔ دوسرا ارشاد ہے: واثلہ بن اسقع راوی ہیں، قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰی كِنَانَةَ مِنْ وُلْدِ اسمٰعيل وَاصْطَفٰى مِنْ بَنِي كِنَانَةَ قُرَيْشًا وَاصْطَفٰى مِنْ قُرَيْشٍ بَنِي هَاشِمٍ وَاصْطَفَانِي مِنْ بَنِي هَاشِمٍ۔

ترجمہ : حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اولادِ اسماعیل سے کنانہ کو چنا اور بنی کنانہ سے قریش کو اور قریش سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم سے مجھ کو۔

ان احادیث سے بھی معلوم ہوا کہ کنانہ کے بیٹے نضر کی اولاد قریش کہلائی۔

کنانہ کے دوسرے بیٹوں کی اولاد کا شمار قریش میں نہیں ہوتا۔
وجہ تسمیہ : قبیلہ قریش کی وجہ تسمیہ کیا ہے اس کے بارے میں متعدد اقوال منقول ہیں۔
۱۔ یہ تقرش سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی التجمع والالتئام کسی کا منتشر و متفرق ہو جانے کے بعد اکٹھا اور مجتمع ہو جانا۔ قریش کا قبیلہ پہلے سارے عرب میں منتشر تھا قصی بن کلاب نے انہیں مکہ مکرمہ میں یکجا کیا اور حرم کے پڑوس میں آباد کیا۔ شاعر کہتا ہے :

ابونا قصیّ کان یُدعٰی مُجمّعا   بہٖ یجمع اللّٰہ القبائل من فھر

ہمارا باپ قصی ہے جسے مجمّع کہا جاتا ہے فہر کی اولاد کے قبائل کو اللہ تعالیٰ نے اس کے ذریعہ جمع کیا۔
۲۔ یہ تقرش سے ماخوذ ہے جس کا معنی تکسّب ہے۔ کیونکہ قریش تجارت پیشہ تھے اور اس طرح اپنا رزق خود کمایا کرتے تھے، اس لیے انہیں قریش کہا گیا۔
۳۔ قرش کا ایک اور معنی تفتیش اور تلاش ہے۔ اس قبیلہ کا یہ شیوہ تھا کہ حاجیوں کی ضروریات و مشکلات کے بارے میں تجسّس کیا کرتے تھے اور جب انہیں پتہ چلتا تو ان ضروریات کو پُورا کرنے اور ان مشکلات کو دُور کرنے کی حتی الامکان سعی بلیغ کرتے، اس لیے ان کو قریش کہا گیا۔
۴۔ یہ قول حضرت ابن عباس سے منقول ہے۔ حضرت امیر معاویہؓ نے حضرت ابن عباس سے قریش کی وجہ تسمیہ دریافت کی۔ آپ نے فرمایا : لدابۃ فی البحر من اقوی دوابہ یقال لھا القرش تاکل ولا توکل وتعلو ولا تعلیٰ :
سمندری جانوروں میں سے ایک بڑے طاقتور جانور کو قرش کہتے ہیں جو دُوسرے جانوروں کو ہڑپ کر جاتا ہے لیکن اس کو کوئی نہیں کھا سکتا۔ مقابلہ میں وہ ہمیشہ غالب رہتا ہے مغلوب نہیں ہوتا۔
علامہ ابو عبد اللہ قرطبی اپنی شہرہ آفاق تفسیر الجامع لاحکام القرآن میں لکھتے ہیں : عبد مناف کے چار فرزند تھے۔ ہاشم، عبد شمس، مطلب اور نوفل چاروں بڑی خوبیوں اور صلاحیتوں کے مالک تھے۔ ہر ایک نے اپنے پڑوسی بادشاہوں میں سے کسی نہ کسی کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کر رکھے تھے اور انہوں نے ان کو یہ مراعات دی تھیں کہ یہ لوگ ان کے ملکوں میں ہر طرح کی تجارت اور کاروبار کر سکتے ہیں اور جس شخص کے پاس ان کا دیا ہوا امان نامہ ہوگا اسے بھی یہ رعایت حاصل تھی۔ ہاشم کے تعلقات شام کے بادشاہ سے تھے۔ عبد شمس نے حبشہ، مطلب نے یمن، نوفل نے فارس کے بادشاہوں سے اپنے لیے اور اپنی قوم کے لیے مراعات حاصل کر لی تھیں۔
قریش نے تجارت کے پیشہ کو کن حالات میں اختیار کیا اس کے بارے میں بھی علامہ قرطبی نے بڑی وضاحت سے لکھا ہے قصی نے قریش کو حرم کعبہ کے پڑوس میں لا کر آباد تو کر دیا لیکن یہاں کھیتی باڑی کا کوئی امکان نہ تھا۔ نہ پانی دستیاب تھا اور نہ زمین قابل کاشت تھی۔ ان کی معیشت کا سارا انحصار ان نذرانوں اور خدمات پر تھا جو ایام حج میں جزیرہ عرب کے گوشہ گوشہ سے آنے والے حاجی پیش کیا کرتے تھے۔ جب قریش کا کوئی خاندان مفلس اور کنگال ہو جاتا اور فاقہ کشی کی نوبت پہنچتی تو اس کے افراد ایک مقررہ جگہ پر چلے جاتے، وہاں ایک خیمہ نصب کر لیتے اور اس کے اندر داخل ہو جاتے یہاں تک کہ موت انہیں اپنی آغوش میں چھپا لیتی۔

عبدمناف کا بلند اقبال فرزند جن کا نام عمرو تھا اور جو ہاشم کے لقب سے مشہور ہوئے۔ ان کا ایک بیٹا تھا جس کا نام اسد تھا۔ بنی مخزوم کے قبیلہ کے ایک لڑکے سے اسد کا دوستانہ تھا۔ اس کے خاندان کو جب بھوک نے اپنے نرغہ میں لے لیا اور انہوں نے حسب دستور فیصلہ کیا کہ کل وہ مقررہ جگہ پر خیمہ نصب کر کے اس میں داخل ہوں گے یہاں تک کہ موت ان کا قصہ تمام کر دے۔ اپنے دوست کی یہ بات سن کر اسد کو بہت صدمہ پہنچا۔ وہ روتا ہوا اپنی ماں کے پاس آیا اور سارا ماجرا کہہ سنایا۔ ماں نے اسد کو اس کے مخزومی دوست کے خاندان کے لیے چربی اور آٹا کی وافر مقدار دی۔ چنانچہ چند روز کے بعد جب وہ راشن ختم ہو گیا اور نوبت فاقہ کشی پر آپہنچی۔ اس نے اپنے دوست اسد کو اپنے فیصلے سے آگاہ کیا۔ اسد روتا ہوا اس دفعہ اپنے باپ عمرو (ہاشم) کے پاس آیا اور ساری داستان بیان کی۔ عمرو کو یہ سن کر از حد قلق ہوا۔ انہوں نے اپنے قبیلہ کا اجلاس عام طلب کیا اور تقریر کرتے ہوئے کہا کہ تم نے ایک ایسا طریقہ اختیار کر لیا ہے جس سے تمہاری تعداد گھٹتی چلی جا رہی ہے اور دوسرے عرب قبائل کی تعداد میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ تم کمزور اور ذلیل ہو جاؤ گے اور دوسرے قبائل تم پر غلبہ پالیں گے حالانکہ تم اللہ کے حرم کے باشندے ہو اور اولاد آدم میں سب سے زیادہ معزز و محترم ہو۔ باقی تمام لوگ تمہارے پیروکار ہیں۔ یہ موت کے خیمہ میں داخلہ کی رسم تمہیں فنا کر کے رکھ دے گی۔ سامعین نے کہا آپ حکم دیں ہم آپ کا حکم ماننے کے لیے تیار ہیں۔ ہاشم نے کہا پہلے اسد کے دوست کے والدین کو اس ہلاکت سے چھڑا لیں۔ چنانچہ اسی وقت ان کے لیے خورد و نوش کا اہتمام کر دیا گیا پھر ہاشم نے خود اونٹ بھیڑ بکریاں ذبح کیں۔ ان کے شوربے میں روٹی کو تر کر کے ثرید بنائی اور لوگوں کو خوب کھانا کھلایا اسی وجہ سے عمرو کا لقب ہاشم مشہور ہوا۔ چنانچہ شاعر کہتا ہے :

عمرو الذی ھشم الثرید لقومه ورجال مكة مسنتون عجاف

یعنی عمرو وہ ہے جس نے اپنی قوم کی ضیافت کے لیے شوربہ میں روٹی کو بھگویا، حالانکہ مکہ کے دوسرے لوگ بری طرح قحط کا شکار تھے اور مسلسل فاقوں سے لاغر و کمزور ہو گئے تھے۔

اس کے بعد ہاشم نے اپنے قبیلہ کے ہر خاندان کو تجارت کرنے کی ترغیب دی۔ ہر خاندان سال میں دو تجارتی سفر اختیار کیا کرتا۔ سردیوں میں یمن کی طرف اور گرمیوں میں شام کی طرف ان کے قافلے بحیرۂ احمر کی مشرقی بندرگاہوں سے مشرقی ممالک کا آیا ہوا مال اٹھاتے اور اسے شام اور مصر تک پہنچاتے پھر اسی طرح شام سے مال اٹھاتے اور یمن کی بندرگاہوں پر پہنچاتے۔

اس کاروبار اور تجارت سے انہیں جتنا نفع حاصل ہوتا وہ امیر و غریب آپس میں برابر تقسیم کر لیتے۔ اس طرح تجارت اسکے نفع کی مساویانہ تقسیم سے چند سالوں میں سارے قریش کی مالی حالت بہت بہتر ہو گئی۔ یہاں تک کہ دولت و ثروت میں عرب کا کوئی دوسرا قبیلہ ان کا ہمسر نہ تھا۔ اس شعر میں اسی کی طرف اشارہ ہے :

والخالطون فقیرھم بغنیھم حتی یصیر فقیرھم کالکافی

یعنی ہم (قریش)، وہ لوگ ہیں کہ غریب کو امیر کے ساتھ حصہ دار بنا دیتے ہیں یہاں تک کہ فقیر بھی کسی کا محتاج نہیں رہتا۔

وہ اسی حالت میں تھے کہ اسلام کا آفتاب عالمتاب طلوع ہوا۔

مقصد: مکہ کے معزز قبیلہ قریش کو اپنے احسانات کی یاد دلائی جا رہی ہے۔ پھر انہیں یہ سمجھایا جا رہا ہے کہ اس خانہ کعبہ پر ابرہہ نے حملہ کیا تو اس کی حفاظت تمہارے ان بتوں نے نہیں کی بلکہ رب العالمین نے پرندوں کی ایک ٹکڑی بھیج کر ابرہہ کے لشکر جرار کو فنا کے گھاٹ اتار دیا اور اس گھر کی حفاظت فرمائی۔

تجارت کا راستہ کھول کر تمہارے لیے خوشحالی اور فارغ البالی کا سامان بھی اللہ تعالیٰ نے فراہم کیا۔ لوگوں کے دلوں میں تمہارا اس قدر احترام پیدا کر دیا جس کے باعث تم بڑے امن وسکون سے جہاں چاہو جا سکتے ہو۔ تمہارے کاروانِ تجارت کی طرف کوئی میلی ہوئی نظر نہیں اٹھا سکتا۔ جس نے تمہیں ان انعامات سے بہرہ ور فرمایا ہے وہی اس لائق ہے کہ اس کی عبادت کی جائے۔

◎

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهِيَ اَرْبَعُ اٰيٰتٍ

سورۃ القریش مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں چار آیات ہیں

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ﴿۱﴾ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ﴿۲﴾

اس لیے کہ اللہ نے قریش کے دلوں میں الفت پیدا کر دی 1 الفت تجارتی سفر کی جاڑے اور گرمی (کے موسم) میں 2

1 مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قریش پر گوناگوں بے شمار احسانات فرمائے ہیں' انہیں چاہیے تھا کہ وہ اس کے شکر گزار بندے بنتے کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراتے بڑے ذوق و شوق سے اس کی عبادت و بندگی میں مصروف رہتے۔ اگر دوسرے احسانات انہیں یاد نہیں ہے اور ان کا شکر ادا کرنے کا احساس ان کے دلوں میں پیدا نہیں ہوا تو وہ اس احسان کو تو فراموش نہ کرتے کہ اس وادی غیر ذی زرع میں' اس لق و دق صحرا میں جہاں غذائی اجناس کے پیدا ہونے کا احتمال تک نہیں' سامان زیست اور ضروریات زندگی کا کلیۃً فقدان ہے' اللہ تعالیٰ نے ان کی رزق رسانی کا بھی انتظام فرمایا کہ ان کے دلوں میں تجارت کی الفت پیدا فرما دی۔ جاڑے اور گرمی کے موسموں میں یہ الگ الگ علاقوں میں کاروبار کرنے کے لیے جاتے ہیں اور انہیں کوئی نہیں روکتا۔ رہتے یہ صحرا میں ہیں' اس کے باوجود دنیا بھر کی نعمتوں سے لطف اندوز ہوتے رہتے ہیں۔ مکہ کے بازاروں میں اشیائے خوردنی کے ڈھیر لگے رہتے ہیں۔ تازہ پھلوں سے ان کی دکانیں بھری ہوتی ہیں تو انہیں چاہیے تھا کہ اس گھر کے رب کی عبادت کو اپنا شعار بنا لیتے اور کسی غیر کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنا بھی گوارا نہ کرتے۔

علامہ زمخشری لکھتے ہیں کہ لایلف پر جو لام ہے وہ لام تعلیلیہ ہے اور اس کا متعلق فلیعبدوا ہے۔ علامہ قرطبی نے بھی اسی توجیہ کو پسند کیا ہے۔ لکھتے ہیں ای فلیعبدوا ہؤلاء رب هذا البیت لایلافهم رحلة الشتاء والصيف للامتیار (قرطبی) یعنی انہیں چاہیے کہ اس گھر کے پروردگار کی عبادت کریں کیونکہ کسب معاش کے لیے اسی نے ان کے دلوں میں سردی اور گرمی کے تجارتی سفروں کی الفت و محبت پیدا کی۔

2 جس طرح تفصیل سے سورۃ کے تعارف میں بیان کیا جا چکا ہے' قریش تجارت پیشہ تھے۔ وہ سردی کے موسم میں جزیرہ عرب کے جنوبی صوبہ یمن کی بندرگاہوں میں پہنچتے۔ یہاں سے ہندوستان اور جنوبی ایشیا کے دوسرے ممالک کی مصنوعات وغیرہ موجود ہوتیں' انہیں خریدتے اور اونٹوں پر لاد کر رومی سلطنت کے علاقے شام میں لے جا کر فروخت کرتے۔ اسی طرح گرمی کے موسم میں شام و فلسطین کے ٹھنڈے اور خنک علاقوں میں جاتے۔ وہاں سے مغربی دنیا کی درآمدات و مصنوعات خرید کر یمن میں لے جا کر فروخت کرتے۔ جو خرید و فروخت کی سکت نہیں رکھتے تھے وہ باربرداری میں کافی اجرت کما لیتے۔ یمن اور شام کے درمیان ایک وسیع صحرا ہے۔ یہ لوگ ہی اس کے نشیب و فراز سے واقف تھے۔ اس کو طے کرنے کا حوصلہ بھی انہی کو تھا۔ اس زمانے میں عرب میں کوئی متمدن حکومت نہ تھی۔ افراتفری کا دور دورہ تھا۔ تجارتی قافلوں کو قدم قدم پر صحرائی بدوؤں اور رہزنوں سے واسطہ پڑتا تھا لیکن قریش کو ان تمام خطرات اور راہزنی کی وارداتوں سے محفوظ تھے۔ عرب کا کوئی باشندہ ان کے قافلے کی طرف للچائی ہوئی نظر سے نہیں دیکھ سکتا تھا۔ اور ان پر دست درازی کی کسی میں ہمت تھی۔ یہ بھی ان پر اللہ تعالیٰ کا عظیم احسان تھا کہ اپنے گھر کی برکت سے جزیرہ عرب کے تمام باشندوں کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے قریش کے لیے مسخر کر دیا تھا۔

فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ﴿۳﴾ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ

پس چاہیے کہ وہ عبادت کیا کریں اس خانہ (کعبہ) کے رب کی ۳؎ جس نے انہیں رزق دے کر فاقہ سے نجات بخشی ۴؎

وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ﴿۴﴾

اور امن عطا فرمایا انہیں (فتنہ و) خوف سے ۵؎

۳؎ جب اللہ تعالیٰ نے ان کی رزق رسانی کا ایسا باعزت انتظام فرما دیا ہے تو انہیں چاہیے کہ اب اسی ذات کی عبادت کریں جو اس کعبہ کا مالک ہے۔ جس نے ابھی چند سال پہلے ابرہہ کی یلغار سے اس کی حفاظت کی اور حملہ آوروں کو ایسی عبرت ناک سزا دی کہ اب آئندہ کوئی ایسی جرأت نہ کر سکے گا۔

۴؎ یہاں مِنْ بمعنی بَعْدَ ہے۔ یعنی کافی عرصہ ان کی مالی حالت ناگفتہ بہ رہی۔ بارہا فاقہ کشی کی نوبت بھی آ جاتی۔ لیکن اس نے اپنی حکمت سے ان کے دلوں میں کاروبار کی رغبت پیدا کر کے ان کو خوشحال بنا دیا۔

۵؎ جزیرہ عرب میں ہر طرف بدامنی کے شعلے بھڑک رہے تھے۔ فتنہ و فساد کی آگ لگی ہوئی تھی۔ عام شاہراہوں پر لوٹ مار کا سلسلہ جاری رہتا۔ کسی مسافر کا سلامتی سے واپس گھر پہنچنا ایک معجزہ تصور کیا جاتا۔ ہر قبیلہ اپنی جگہ خوفزدہ رہتا۔ شہروں اور دیہات میں بھی ہر وقت قزاقوں کے آدھمکنے کا دھڑکا لگا رہتا لیکن قریش کعبہ مشرفہ کی برکت سے جہاں جاتے ان کی عزت کی جاتی۔ ان پر دست درازی کی کسی کو جرأت نہ ہوتی۔ یہ بھی محض اللہ تعالیٰ کا احسان تھا کہ اس نے لوگوں کے دلوں میں ان کا احترام پیدا کیا تھا اور اس کی محض یہ وجہ تھی کہ یہ اللہ تعالیٰ کے گھر کے خادم ہیں۔

○

ایاک نعبد و ایاک نستعین اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم

وصل وسلم وبارک علی حبیبک الکریم محمد وآلہ واصحابہ ومن تبعھم الی یوم الدین

تعارف

سُورۃ الماعون

نام : اس سُورت کی آخری آیت میں الماعون کا کلمہ مستعمل ہے۔ یہی اس سورت کا عنوان ہے۔ اس کی سات آیتیں اور ایک رکُوع ہے پچیس کلمات اور ایک سو پچیس حروف پر مشتمل ہے۔

نزول : عطا اور جابر کے نزدیک یہ مدنی ہے۔ حضرت ابنِ عباس کا ایک قول بھی یہی ہے لیکن جمہور نے اسے مکی سُورتوں میں شمار کیا ہے۔

مضامین : اس سُورت میں ان لوگوں کے اخلاق و کردار کی تصویر کشی کی گئی ہے جو روزِ جزا پر ایمان نہیں رکھتے۔ اس فانی زندگی کو ہی انسانی زندگی خیال کرتے ہیں اور اسی کو زیادہ سے زیادہ آرام دہ اور معزز بنانے کی دھن میں مگن رہتے ہیں۔ خود سوچیے جو معاشرہ در پر آنے والے خستہ حال یتیموں کو دھکے دے کر اپنے ہاں سے نکال دیتا ہے۔ جو غریب فاقہ کشوں پر نہ خود رحم کھاتا ہے اور نہ دُوسرے لوگوں کو ان کی اعانت کی ترغیب دیتا ہے۔ از خود تو اس سے انسانی ہمدردی کے جذبہ کا اظہار نہیں ہوتا لیکن اگر کوئی چار و ناچار اس سے بھلائی صادر ہوجاتی ہے تو پھر ریا و نمود سے اس کو غارت کر دیتا ہے۔ نیکی کی توفیق سے وہ اس قدر محروم ہے کہ کسی کے لیے کوئی بڑا ایثار تو رہا ایک طرف اس سے تو معمولی نیکی بھی سرزد نہیں ہوتی۔ وہ روزمرہ کے استعمال میں لائی جانے والی چیزیں بھی اپنے دوستوں اور پڑوسیوں کو استعمال کے لیے نہیں دیتا۔ جس شخص کا کردار یہ ہو اس سے زیادہ بدبخت کون ہوسکتا ہے۔ قرآن کریم کا ہم پر یہ کتنا بڑا احسان ہے کہ اس نے ہمیں ذلّت و رسوائی اور نحوست کے اس گڑھے سے نکلنے اور بلندیوں پر آشیاں بند ہونے کا درس دیا۔

سُوۡرَةُ الۡمَاعُوۡنِ مَكِّيَّةٌ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ وَهِيَ سَبۡعُ اٰيَاتٍ

سورۃ الماعون مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں سات آیات ہیں

اَرَءَيۡتَ الَّذِىۡ يُكَذِّبُ بِالدِّيۡنِ ؕ﴿۱﴾ فَذٰلِكَ الَّذِىۡ يَدُعُّ الۡيَتِيۡمَ ۙ﴿۲﴾

کیا آپ نے دیکھا ہے اس کو جو جھٹلاتا ہے (روزِ) جزا کو ۱۔ پس یہی وہ (بدبخت) ہے جو دھکے دے کر نکالتا ہے یتیم کو ۲۔

وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الۡمِسۡكِيۡنِ ؕ﴿۳﴾ فَوَيۡلٌ لِّلۡمُصَلِّيۡنَ ۙ﴿۴﴾

اور نہیں برانگیختہ کرتا ہے (دوسروں کو) ۳ کہ غریب کو کھانا کھلائیں ۳۔ پس خرابی ہے ایسے نمازیوں کے لیے

۱۔ استفہام اظہارِ تعجب کے لیے ہے۔ رَأَيْتَ سے آنکھوں سے دیکھنا بھی مراد ہو سکتا ہے اور کسی کو جاننے اور پہچاننے کے لیے بھی یہ مستعمل ہوتا ہے۔

الدین کے دونوں معنی مراد لیے جا سکتے ہیں۔ الدین سے مراد دینِ اسلام ہو۔ یعنی کیا تم اس احمق کے حالات کو جانتے ہو جو اس دینِ حق کی تکذیب کرتا ہے اور اگر دین سے مراد روزِ جزا ہو تو پھر معنی ہوگا کہ جو نادان روزِ جزا پر ایمان نہیں رکھتا کیا تم نے اس کی اخلاقی پستی کا اندازہ لگایا؟

۲۔ یہاں فا جزائیہ ہے۔ جملہ شرطیہ محذوف ہے۔ یہ عبارت اس کی جزا ہے۔ تقدیرِ کلام یوں ہے۔ هل عرفت الذی یکذب بالجزاء او بالاسلام ان لم تعرفه فذلك الذی۔ یعنی جو روزِ جزا یا دینِ اسلام کا منکر ہے۔ اگر تم اس کی حالت کو جانتے ہو تو فبہا اور اگر نہیں جانتے تو اب جان لو کہ اس کی اخلاقی پستی کا یہ حال ہے کہ اگر کوئی یتیم اس کے ہاں رحمت و شفقت کا خواستگار بن کر آتا ہے تو اس کو اس کی خستہ حالی پر ذرا ترس نہیں آتا۔ اس کی بے کسی کو دیکھ کر اس کا دل نہیں پسیجتا بلکہ قہر آلود اور حقارت آمیز نگاہوں سے اس کی طرف دیکھتا ہے اور دھکے دے کر اس کو اپنے ہاں سے نکال دیتا ہے۔ دعّ بمعنی الدفع ہے یعنی دھکے دے کر نکالنا۔ اس کا دوسرا معنی کسی کو کسی کے حق سے محروم کر دینا ہے۔ ای یدفعه عن حقه ويقهره ويظلمه (قرطبی) یتیم کے ساتھ ان کے اس سنگدلانہ برتاؤ کی کیا وجہ ہے؟

اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ انہیں اس سنگدلی پر معاشرہ کی طرف سے کسی ردِ عمل کا کوئی اندیشہ نہیں۔ انہیں یقین ہے کہ یتیم بچوں سے ان کا حق چھین لینے کے خلاف کوئی صدائے احتجاج بلند نہ ہوگی اور نہ ان سنگدلانہ حرکتوں کے باعث ان کی ساکھ میں کمی واقع ہوگی۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ قیامت پر انہیں یقین نہیں۔ وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ اگر ہم نے اس یتیم کے ساتھ کوئی احسان کیا تو یہ بے آسرا، بے سہارا، کمسن بچہ انہیں اس کا کیا معاوضہ دے گا۔ جہاں دس خرچ کر کے سو ملنے کی امید نہ ہو وہاں اپنا مال خرچ کرنا پرلے درجے کی بیوقوفی خیال کرتے ہیں۔ اگر انہیں قیامت پر یقین ہوتا تو وہ اس امید پر اس بچے کے ساتھ احسان و مروّت کا سلوک کرتے کہ اگرچہ یہاں تو مجھے اس کا کوئی معاوضہ نہیں ملے گا لیکن جب قیامت برپا ہوگی تو اللہ تعالیٰ کی جناب سے اس کو اس کا بڑا فیاضانہ بدلہ ملے گا۔

۳۔ قیامت پر ایمان نہ رکھنے والے انسانی ہمدردی کے جذبے سے کس قدر بے بہرہ ہو گئے ہیں۔ فرمایا کہ وہ خود تو ان یتیموں کی

الَّذِينَ هُمْ عَن صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ ﴿٥﴾ الَّذِينَ هُمْ يُرَاءُونَ ﴿٦﴾

جو اپنی نماز (کی ادائیگی) سے غافل ہیں ۵ وہ جو ریاکاری کرتے ہیں ۶

کچھ امداد نہ کر سکے گنجائش نہ تھی یا بخل نے ہاتھ پکڑ لیے لیکن دوسرے لوگوں کو تو ان مفلوک الحال لوگوں کی ضروریاتِ زندگی فراہم کرنے کی ترغیب دے سکتے تھے۔ وہ بدنصیب اس سے بھی قاصر رہے۔ کوئی غریب ان کے نزدیک امداد و اعانت کا مستحق نہیں۔ انہوں نے ایک خود ساختہ ضابطہ بنا رکھا ہے۔ کہتے ہیں انطعم من لو یشاء اللہ اطعمہ (یٰس) یعنی اگر اس غریب کو فارغ البال کرنا مناسب ہوتا تو اللہ تعالیٰ کے ہاں کس چیز کی کمی تھی۔ وہ خود اس کو ضروریاتِ زندگی مہیا فرما دیتا۔ جب اس نے اسے مفلس و کنگال رہنے دیا ہے تو ہم ایسے گستاخ کیوں بنیں کہ ایسے شخص کی امداد کر کے مشیتِ خداوندی کا مقابلہ کریں۔

ان آیات میں غور فرمائیے آپ کو پتہ چل جائے گا کہ اللہ تعالیٰ کی یہ کتاب معاشرہ کے بے سہارا اور ضرورت مند افراد کی امداد اور ان کو ضروریاتِ زندگی فراہم کرنے کو کتنی اہمیت دیتی ہے۔ جو لوگ اسلامی تعلیمات کے اس پہلو کو در خورِ اعتنا نہیں سمجھتے وہ کتنے کوتاہ نظر ہیں اور ان کے رویہ میں کتنی سنگدلی اور کٹھنگی پائی جاتی ہے۔

۴ اس کا مفہوم راغب نے اطعام المسکین بتایا ہے۔ میں نے ترجمہ اس کے مطابق کیا ہے۔ لیکن دوسرے علماء نے طعام سے مراد غذا ہی لی ہے۔ اگرچہ وہ غذا اس شخص کی ملکیت ہے جس نے اس کو پکایا ہے اور جو اپنے ہاتھوں سے غریبوں کو دے رہا ہے۔ لیکن یہاں اس کی اضافت المسکین کی طرف کر کے یہ بتایا کہ یہ غذا اس مسکین کا حق ہے۔ گویا یہ دینے والے کی ملکیت نہیں بلکہ لینے والا اس کا مالک ہے۔ دینے والا دے کر کوئی احسان نہیں کر رہا بلکہ اسی کی چیز اسی کو دے رہا ہے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں بان المسکین کانہ مالک لما یعطی لہ وفیہ اشارۃ الی عدم الامتنان (روح المعانی)

۵ کھلے بندوں جو آخرت کا انکار کرتے تھے ان کا حال تو آپ نے سنا۔ اب ذرا ان منافقین کا حال بھی سنیے جنہوں نے بظاہر تو اپنے آپ کو مسلمانوں کے زمرے میں شامل کر رکھا ہے لیکن ان کے دلوں میں قیامت پر ایمان نہیں۔ اس لیے نماز کے بارے میں بڑی غفلت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ساھون: غافلون۔ یعنی نماز کی ان کے نزدیک کوئی اہمیت نہیں۔ نماز ادا ہو گئی تو ہو گئی۔ نہ ہوئی تو انہیں ذرا دکھ نہیں۔ اگر نماز پڑھتے ہیں تو کسی ثواب کے امیدوار نہیں ہوتے اور اگر نہیں پڑھتے تو کسی عذاب کا اندیشہ نہیں ہوتا۔ اگر لوگوں میں گھر گئے تو نماز پڑھ لی ورنہ ہوسکے تو ختم کر گئے یا نماز پڑھتے تو ہیں لیکن صحیح وقت پر ادا نہیں کرتے۔ یونہی بیٹھے گپیں ہانکتے رہتے ہیں اور جب وقت ختم ہونے کے قریب ہوتا ہے تو تیزی سے اٹھتے ہیں اور تین چار ٹھونگے مار کر فارغ ہو جاتے ہیں یا نماز میں جس خشوع و خضوع کی ضرورت ہے اس کی انہیں ہوا تک نہیں لگی ہوتی۔ کھڑے تو نماز میں ہوتے ہیں لیکن دل افکار وغیرہ سے پر ہوتے ہیں۔ عبادت و ذکر الٰہی کی لذت سے کبھی سرشار نہیں ہوتے۔ غفلت کی یہ قسمیں ہیں۔ سچے مومن کو چاہیے کہ ان تمام سے پرہیز کی پوری پوری کوشش کرے۔ عطاء نے بڑی پیاری بات کہی ہے۔ فرماتے ہیں الحمد للہ الذی قال عن صلاتہم ولم یقل فی صلاتہم۔ یعنی اللہ کا شکر ہے کہ عن صلاتہم فرمایا۔ فی صلاتہم نہیں فرمایا۔ ورنہ شاید ہی کوئی نمازی اس وعید سے محفوظ رہتا۔ ہر مسلمان کو اثنائے نماز میں سہو و نسیان سے کبھی نہ کبھی سابقہ پڑتا رہتا ہے۔ اس کی تلافی کے لیے سجدۂ سہو کا حکم دیا گیا۔

وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ ﴿٧﴾

اور مانگے بھی نہیں دیتے روزمرہ استعمال کی چیز ۶؎

۵؎ نماز کے معاملہ میں غافل ہونے کے ساتھ ساتھ وہ ریاکار بھی ہیں۔ کوئی کام اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے نہیں کرتے۔ خلوصِ نیت سے یکسر محروم ہیں۔ جو نیکی کرتے ہیں اس خیال سے کرتے ہیں کہ لوگ انہیں نیک کہیں گے۔ ان کی عبادتوں کو دیکھ کر لوگوں کے دلوں میں ان کی عزت پیدا ہو جائے گی۔ انہیں شہرت و ناموری حاصل ہوگی اور اس طرح وہ دنیوی منفعتیں اور مفادات آسانی سے حاصل کر سکیں گے۔

۶؎ ماعون کے متعدد معانی بتائے گئے ہیں۔ حضرات سیدنا علی، ابن عباس، محمد بن حنفیہ کی رائے میں ماعون سے مراد زکوٰۃ ہے۔ لیکن علمائے تفسیر کی کثیر جماعت نے اس کا معنی روزمرہ استعمال کی چیزیں بتایا ہے جو ہر پڑوسی بوقتِ ضرورت اپنے پڑوسی سے عاریۃً لے لیتا ہے اور اپنی ضرورت پوری کر کے مالک کو واپس کر دیتا ہے جیسے ہنڈیا، ڈول، کلہاڑا، چقماق وغیرہ وغیرہ۔

منکرین قیامت کی اخلاقی پستی، منافقین کی عبادات سے کلیۃً بے اعتنائی اس پر ریاکاری اور اپنے ہمسائیوں، عزیز و دوستوں، قریبی رشتہ داروں سے عام ضرورت کی چیزوں کو روکنے کی قبیح عادت کا ذکر کر کے مسلمانوں کو ان سے اجتناب کی تلقین کی۔ بتایا یہ خصلتیں ان لوگوں کی ہیں جو دین کو نہیں مانتے۔ جن کے دلوں میں نفاق کی غلاظت ہے۔ تم تو قیامت پر ایمان رکھتے ہو۔ اللہ تعالیٰ کی توحید، اس کے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صداقت اور قرآن کریم کے کلام الٰہی ہونے پر یقین رکھتے ہو۔ تمہیں تو اپنے دامن کو ان آلائشوں سے ہرگز آلودہ نہ ہونے دینا چاہیے ورنہ تم میں اور ان لوگوں میں وجہ امتیاز کیا رہے گی، خطِ فاصل کہاں کھینچا جائے گا۔

○

لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین۔ فاطر السمٰوات والارض انت ولی فی الدنیا والآخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔

یارب صل وسلم علی من خلقہ عظیم واسوتہ حسنۃ وشمائلہ سنیۃ وعلیٰ اٰلہ واصحابہ ومحبیہ الیٰ یوم الدین۔

تعارف

سُورۃ الکوثر

نام : اس سورہ طیبہ کا نام الکوثر ہے جو اس کی پہلی آیت میں مذکور ہے۔ یہ ایک رکوع اور تین آیات پر مشتمل ہے۔ اس کے دس کلمات اور چالیس حروف ہیں۔

نزول : علامہ جلال الدین سیوطی نے اس سورت کے نزول کے بارے میں دو قول لکھے ہیں۔ ایک حضرت انس کا قول ہے وہ کہتے ہیں کہ اس سورت کا نزول مدینہ طیبہ میں ہوا اور ان کی روایت کا مفہوم یہ ہے کہ ہم حضور کی خدمت میں حاضر تھے اچانک نزولِ وحی کی کیفیت طاری ہوگئی۔ حضور کا سر مبارک جھک گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد تبسم فرماتے ہوئے اپنے سر کو اٹھایا۔ لوگوں نے تبسم کی وجہ پوچھی تو ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے ابھی مجھ پر یہ سورت نازل فرمائی ہے۔ پھر الکوثر کی تلاوت کی لیکن ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس، حضرت عبد اللہ بن زبیر، اُم المومنین عائشہ صدیقہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ ان اکابر صحابہ کے قول کو بہرحال حضرت انس کے قول پر ترجیح دی جائے گی۔ اور ان کی اس روایت کی توجیہ یوں بیان کی جاسکتی ہے کہ کئی سورتیں ایسی ہیں جن کا نزول متعدد بار ہوا۔ ہوسکتا ہے یہ سورت اس محفل میں کسی خاص حکمت کے پیشِ نظر دوسری بار نازل کی گئی ہو۔ اس کی تائید حضرت انس کی دوسری روایت سے ہوتی ہے جسے امام مسلم اور ترمذی و دیگر محدثین نے روایت کیا ہے۔

حضور نے ارشاد فرمایا کہ شبِ معراج جب میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے وہاں ایک نہر دیکھی۔ اس کے دونوں کناروں پر موتیوں کے خیمے نصب تھے میں نے جب اس کے پانی میں ہاتھ مارا تو اس سے خالص کستوری کی مہک اٹھنے لگی۔ اس کے بارے میں جبرئیل سے پوچھا تو انہوں نے جواب دیا ھذا الکوثر الذی اعطاکہ اللہ۔ یعنی یہ نہر کوثر ہے جو اللہ تعالےٰ نے آپ کو عطا فرمائی ہے۔ معراج تو مکہ میں ہوئی، اسی رات کو الکوثر کے عطا فرمائے جانے کا مژدہ ملا۔ اس لیے اس کی اطلاع بھی مکہ میں ہی دی گئی ہوگی۔ چنانچہ سیوطی لکھتے ہیں: المشہور بین اھل التفاسیر والمغازی ان ھذہ السورۃ مکیۃ (درمنثور) یعنی علماء تفسیر اور مغازی کے نزدیک یہی بات زیادہ مشہور ہے کہ یہ سورت مکی ہے۔ اس کا انداز بیان بھی مکی سورتوں سے زیادہ مشابہت رکھتا ہے۔

شانِ نزول : اُم المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بطن مبارک سے حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی چار صاحبزادیاں اور دو صاحبزادے تولد ہوئے۔ ایک صاحبزادے کا نام نامی قاسم اور دوسرے کا اسم گرامی عبداللہ تھا۔

ان کا لقب طیب اور طاہر بھی ہے۔ اعلانِ نبوت سے پہلے یہاں کے باشندے حضور کا بڑا احترام کرتے تھے۔ انہوں نے آپ کی ذات سے بڑی حسین توقعات وابستہ کر رکھی تھیں۔ آپ کی سیرت و کردار سے وہ اتنے متاثر تھے کہ آپ کو صادق اور امین کہہ کر پکارا کرتے تھے۔

حضور نے صفا کی چوٹی پر کھڑے ہو کر جب قولوا لا الٰہ الا اللہ تفلحوا کی دعوت دی تو اہلِ مکہ کے تیور بدل گئے۔ دلوں میں نفرت، حقارت اور عداوت کے جذبات اُمڈ آئے۔ انہیں حضور کی ہر بات سے چڑ ہو گئی۔ ہر وہ حادثہ جس سے نبی کریم کے خاطر عاطر کو دکھ پہنچا ان کے لیے وہ مسرت و شادمانی کا باعث بنتا چنانچہ جب دونوں صاحبزادے یکے بعد دیگرے کمسنی میں وفات پا گئے تو ان جانکاہ حادثوں پر اہلِ مکہ کو ذرا رنج نہ ہوا، بلکہ انہوں نے اطمینان کا سانس لیا اور خوشی کے شادیانے بجائے۔ ان کے اعتقادات، انکے رسم و رواج اور ان کے تمدن و معاشرہ کو اسلام سے جو سنگین قسم کا خطرہ محسوس ہو رہا تھا اس کی شدت میں کمی آ گئی۔ انہوں نے یہ کہہ کر اپنے آپ کو بہلانا شروع کر دیا کہ جب ان کی شمعِ زیست بجھے گی تو ان کا یہ لایا ہوا دین بھی دم توڑ دے گا۔ لڑکا تو کوئی ہے نہیں جو اس سلسلہ کو جاری رکھ سکے۔

ابتر: اس شخص کو کہا جاتا ہے جس کا کوئی فرزند نہ ہو۔ قریش کے گستاخ یہی لفظ اللہ تعالیٰ کے محبوب کے حق میں استعمال کرنے لگے تھے۔ ابولہب حقیقی چچا تھا، لیکن بغض و عناد کی یہ حالت تھی کہ جب حضور کے دوسرے صاحبزادے کا انتقال ہوا، تو اس کی خوشی کی حد نہ رہی۔ دوڑا ہوا مشرکین کے پاس گیا اور ان کو یہ مژدہ جانفزا سنایا بَتِرَ مُحَمَّدٌ اللیلۃ۔ یعنی آج رات محمد کی نسل منقطع ہو گئی ہے۔ عاص بن وائل بھی کہا کرتا تھا: ان محمدا ابتر لا ابن لہ یقوم مقامہ بعدہ فاذا مات انقطع ذکرہ واسترحتم منہ۔ یعنی محمد (علیہ الصلوٰۃ والسلام) ابتر ہیں ان کا کوئی بیٹا نہیں جو ان کی وفات کے بعد انکا جانشین بنے جب یہ فوت ہو جائیں گے، ان کا ذکر مٹ جائے گا اور اس وقت تمہیں راحت و آرام کا سانس لینا نصیب ہوگا۔

اس قسم کی دلآزاریاں جب تہذیب و شائستگی کی ساری حدود کو توڑ گئیں، ان کے طعن و تشنیع کے تیروں سے صبر کا دامن تار تار ہونے لگا۔ اس وقت اللہ کریم نے اپنے محبوب بندے اور برگزیدہ رسول پر یہ سورۂ مبارکہ نازل فرمائی جس میں انتہائی مختصر اور بعد مؤثر انداز میں ان بے حد و بے حساب خیرات و برکات کا مژدہ سنایا گیا جن کا اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو مالک بنا دیا تھا جس کی تفصیل آگے آ رہی ہے۔ بتا دیا کہ تم یہ سمجھتے ہو کہ میرے محبوب کا ذکر مٹ جائے گا۔ ان کا کوئی نام و نشان باقی نہیں رہے گا۔ سن لو! یہ سراسر غلط ہے۔ میرے پیارے رسول کا چشمۂ فیض تا ابد جاری رہے گا۔ دنیا اس سے ہمیشہ ہمیشہ سیراب ہوتی رہے گی۔ اہلِ دل اس کی بارگاہِ جمال میں اپنے عقیدت و محبت کے رنگین پھول پیش کرتے رہیں گے۔ اربابِ ذوق و شوق بزمِ عالم کو اس کے ذکرِ خیر سے آباد رکھیں گے۔ درود و سلام کی روح پرور صدائیں ہر لحظہ گلشنِ ہستی کے لیے مژدۂ بہار سناتی رہیں گی جب تک میری کبریائی کا پرچم فرش و عرش پر لہرا رہا ہے اس وقت تک میرے پیارے رسول کا ذکر ہوتا رہے گا۔ یہ شمع جس کو میں نے خود روشن کیا ہے۔ تند و تیز طوفانوں کے باوجود ہمیشہ نور افشاں رہے گی۔ فنا تو وہ ہوگا، نام و نشان تو اس کا مٹے گا۔ جڑ تو اس کی کٹے گی جس کے دل میں میرے نبی کریم کی عداوت ہوگی۔ سلام

کی چودہ صد سالہ تاریخ اس ارشادِ خداوندی کی تصدیق و توثیق کر رہی ہے اور ہمیشہ ہمیشہ ایسا ہی ہوتا رہے گا بلکہ ان لوگوں نے خود دیکھا کہ چند سال بعد وہ دل و جان سے اس کے خادم اور پیروکار بن گئے تھے۔ وہ ذات اقدس و اطہر جس نے ایک تاریک شب میں مکّہ سے بڑی بے سروسامانی کی حالت میں ہجرت کی تھی جس کا رفیق سفر صدیق اکبر کے بغیر اور کوئی نہ تھا، چند سال بعد وہ دس ہزار کا لشکر لے کر مکّہ کی سمت بڑھا تو مکّہ نے اپنے بند دروازے اس کے استقبال کے لیے کھول دیے اور قریش کے سارے سردار گردنیں جھکاتے ہوئے اس کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہو گئے۔

ایک نکتہ اور یاد رکھنے کے قابل ہے۔ قرآن کریم میں جس جس موقع پر حضور رحمت للعالمین کی شانِ رفیع کا بیان ہوا ہے ان تمام آیات میں ایک بات قدرِ مشترک ہے وہ یہ کہ پہلے اللہ تعالیٰ نے اپنا ذکر کیا ہے اور اس کے بعد اپنے حبیب کی شان بتائی ہے۔ مثلاً سبحان الذی اسرٰی بعبدہٖ لیلاً۔ وما ارسلناك الا رحمة للعالمین۔ اسی طرح یہاں بھی انا اعطینٰك الکوثر۔ اس کی حکمت کیا ہے؟ جہاں تک اس ناقص کی فہمِ نارسا کی رسائی ہے مجھے تو اس میں دو حکمتیں جلوہ کناں نظر آتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ لوگ حضور کے بے اندازہ کمالات کو دیکھ کر حضور کو خدا نہ سمجھنے لگیں۔ بتا دیا کہ یہ کمالات ان کے ذاتی نہیں، بلکہ میں جو رب السموات والارض ہوں نے انہیں ارزانی فرمائے ہیں۔ دوسری حکمت یہ ہے کہ کوئی کم نظر حضور کے کمالات کا انکار نہ کر سکے کیونکہ یہ سب کمالات خود اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائے ہیں جو علیم بھی ہے حکیم بھی ہے اور قدیر بھی ہے۔ جو کمالاتِ رسالت کا انکار کرتا ہے وہ درحقیقت اللہ تعالیٰ کی قدرت و حکمت اور اس کی صفتِ جود و عطا کا انکار کرتا ہے۔

الحمد للہ الذی اعطی نبینا من المواھب السنیة ما لا تحصی والمحامد الجلیلة ما لا تعد۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ

سورۃ الکوثر مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں تین آیات ہیں

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝۱ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝۲ اِنَّ

بے شک ہم نے آپ کو (ہر خیر و فضیلت میں) بے حد و بے حساب عطا کیا [1] پس آپ نماز پڑھا کریں اپنے رب کے لیے اور قربانی دیں (اسی کی خاطر) [2]

[1] حضور رحمت للعالمین شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے محامد و کمالات کے ذکر کا جو سلسلہ سورہ والضحیٰ سے شروع ہوا ہے وہ ابھی جاری ہے۔ ان تمام درمیانی سورتوں میں مختلف عنوانوں سے اللہ تعالیٰ نے ان انعامات و احسانات کا ذکر فرمایا جو اس نے اپنے حبیب لبیب پر یا اس کے طفیل اس کی امت پر فرمائے ہیں۔ اس سورت میں ان تمام عنایات کو الکوثر کے ایک کلمہ میں سمو کر رکھ دیا تاکہ چشم حق بین حسن محمدی کے ایک ایک جلوے کو دیکھتی رہے اور سرشار ہوتی رہے۔ اس پیکر جمیل و رعنا کی رعنائیوں اور دلربائیوں میں کھوئی رہے۔ دل اس حسن سرمدی کی دلنوازیوں پر قربان ہوتا رہے۔ اس کی ایک ایک ادا جان پرور ہے۔ اس کا ایک ایک انداز روح افزا ہے۔ زبان قدرت جب اپنے حبیب کی شان بیان کرتی ہے وہاں اسلوب ہی نرالا اختیار کیا جاتا ہے۔ ارشاد فرمایا اِنَّا۔ ہم نے۔ جمع کی ضمیر استعمال ہوئی۔ جمع کا صیغہ کبھی کثرت اور تعدد پر دلالت کرتا ہے اور کبھی عظمت و شان کے اظہار کے لیے آتا ہے۔ یہاں یہی مقصد ہے۔ یعنی ہم نے جو زمین و آسمان کے خالق و مالک ہیں، ہم جو ہر دو گیتی کو سنوارنے اور نکھارنے والے ہیں، ہم جن کے جود و کرم کا وسیع دستر خوان ہر وقت بچھا ہوا ہے اور ہر ایک کے لیے صلائے عام ہے۔ اے حبیب! ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمایا ہے۔ جو چیز ہم عطا فرمانا چاہیں اسے کوئی روک نہیں سکتا۔ جو چیز ہم عطا فرما دیں اسے کوئی چھین نہیں سکتا۔

یہاں اٰتَيْنَا کے بجائے اَعْطَيْنَا مذکور ہے۔ ان دونوں کے مفہوم میں بین فرق ہے۔ اعطی کے لفظ کی لغوی تحقیق کرتے ہوئے ابن منظور رقمطراز ہیں:

الاعطاء والمعاطات جميعا: المناولة وقد اعطاه الشيء. وعطوت الشيء: تناولته باليد. یعنی اپنے ہاتھ سے کوئی چیز کسی کے حوالے کر دینا۔ (لسان العرب)

اس تحقیق کی رو سے آیت کا مفہوم یہ ہوا کہ ہم نے اپنے دست قدرت سے الکوثر آپ کے حوالے کر دیا۔ آپ کو اس کا مالک بنا دیا۔

علامہ نیشاپوری اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ اس آیت میں گوناگوں مبالغہ ہے۔ منها التصدير بان ومنها الجمع المفيد للتعظيم ومنها لفظ الاعطاء دون الايتاء وفي الاعطاء دليل التمليك دون الايتاء ومنها صيغة الماضي الدالة على التحقيق. (نیشاپوری)

ترجمہ: اس آیت کی ابتدا اِنَّ سے کی گئی ہے جو تاکید پر دلالت کرتا ہے۔ پھر ضمیر جمع ذکر کی گئی ہے جو تعظیم کا مفہوم دیتی ہے۔ نیز یہاں اعطاء کا لفظ استعمال ہوا ہے ایتاء کا نہیں اور اعطاء میں ملکیت پائی جاتی ہے ایتاء میں یہ معنی نہیں پایا جاتا۔ پھر یہاں ماضی کا صیغہ ذکر کیا جو تحقیق پر دلالت کرتا ہے۔ یعنی یہ کام ہو گیا۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں وفی اسناد الاعطاء الیہ دون الایتاء اشارۃ الی ان ذلک ایتاء علی جہۃ التملیک۔ یہاں اعطاء کا اسناد ضمیر متکلم کی طرف کیا گیا ہے ایتاء کا نہیں۔ اس سے اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو الکوثر کا مالک بنا دیا ہے۔ کیا شان جود و سخا ہے دینے والے کی اور کیا مقام رفعت و عُلا ہے لینے والے کا۔

اب ذرا الکوثر کو سمجھنے کی کوشش کیجیے تب آپ کو پتہ چلے گا کہ اس میں فضائل و مکارم کے کتنے سمندر سمو دیے گئے ہیں۔

١۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں الکوثر: ھو فوعل من الکثرۃ صیغۃ مبالغۃ الشیئ الکثیر کثرۃ مفرطۃ۔ کوثر کثرت سے ماخوذ ہے اس کا وزن فوعل ہے جو مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس کا معنی ہے کسی چیز کا اتنا کثیر ہونا کہ اس کا اندازہ نہ لگایا جا سکے۔

٢۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں والعرب تسمی کل شیئ کثیر فی العدد والقدر والخطر کوثرا۔ یعنی جو چیز تعداد میں، قدر و قیمت میں اور اپنی اہمیت کے لحاظ سے بہت زیادہ ہو اسے کوثر کہتے ہیں۔ یہاں ایک چیز بڑی غور طلب ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ موصوف اور صفت دونوں کیجا مذکور ہوتے ہیں، لیکن یہاں معاملہ اس کے برعکس ہے۔ الکوثر جو صفت ہے وہ مذکور ہے لیکن اس کا موصوف مذکور نہیں۔ اس میں کیا حکمت ہے؟ علماء فرماتے ہیں اگر ایک چیز اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو کثیر بے حد و بے حساب عطا کی ہوتی تو اس کو ذکر کر دیا جاتا۔ اگر چند چیزیں ہوتیں تو ان کے بیان کا تکلف کیا جاتا — یہاں تو حالت یہ ہے کہ جو عطا فرمایا بے حد و بے حساب عطا فرمایا۔ کس کا ذکر کیا جائے اور کس کا نہ کیا جائے۔ اس لیے صفت ذکر کر دی اور موصوف کو قاری کے ذہن پر چھوڑ دیا گیا۔ مقصد یہ ہے کہ اے حبیب! میں نے آپ کو جو نعمتیں عطا فرمائی ہیں وہ بے حد و بے حساب ہیں۔ علم، حلم، جود و کرم، عفو و درگزر الغرض جن محامد سے اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو سرفراز فرمایا وہ ایک سمندر ہے بے پایاں کنار، جس کی حد کو کوئی پا نہیں سکتا

علمائے تفسیر نے الکوثر کی تفسیر میں متعدد اقوال ذکر کیے ہیں۔ چند آپ بھی سماعت فرمایئے:

١۔ کوثر سے مراد جنت کی وہ نہر ہے جس سے جنت کی ساری نہریں نکلتی ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو عطا فرما دی ہیں۔ عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الکوثر نھر فی الجنۃ حافتاہ من ذھب ومجراہ علی الدر والیاقوت تربتہ اطیب من المسک وماءہ احلی من العسل وابیض من الثلج۔

ترجمہ: یعنی حضور نے فرمایا کہ کوثر جنت کی ایک نہر ہے جس کے دونوں کنارے سونے کے ہیں۔ موتیوں اور یاقوت کا فرش بچھا ہوا ہے اس کی مٹی کستوری سے زیادہ خوشبودار ہے۔ اس کا پانی شہد سے زیادہ میٹھا اور برف سے زیادہ شفاف ہے۔

٢۔ اس حوض کا نام ہے جو میدان حشر میں ہوگا جس سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی امت کے پیاسوں کو سیراب فرمائیں گے جس کے کناروں پر پیالے اتنی کثرت سے رکھے ہوں گے جتنے آسمان پر ستارے ہیں تاکہ در حبیب پر آ کر کسی پیاسے کو انتظار کی زحمت نہ اٹھانی پڑے۔ اس حوض کے بارے میں احادیث متواترہ مذکور ہیں اور علماء نے یہ بھی لکھا ہے۔ وان علی ارکانہ الاربعۃ خلفاءہ الاربعۃ۔ اس کے چاروں کونوں پر خلفائے اربعہ تشریف فرما ہوں گے۔ جو شخص ان میں سے کسی کے ساتھ بغض کرے گا اسے حوض کوثر سے ایک گھونٹ بھی نہیں ملے گا۔

٣۔ النبوۃ۔ انبیاء تو حضور سے پہلے بھی تشریف لائے لیکن نبوت محمدیہ کے فیوض و برکات کی کثرت کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔ نبوت کا دامن ساری نوع انسانیت کو سمیٹے ہوئے ہے بلکہ آپ ساری کائنات کے نبی ہیں۔ آپ کا بحر رسالت زمان و مکان کی حدود سے

آشنا نہیں۔

۴۔ کوثر سے مراد قرآن کریم ہے۔ انبیاء سابقین بھی صحائف اور کتابیں لے کر آئے لیکن جو جامعیت اور ابدیت اس کی تعلیمات میں ہے اس کی نظیر کہاں۔ علوم و معارف کے جو خزینے اس صحیفۂ رشد و ہدایت میں مستور ہیں وہ کسی اور کو نصیب نہیں۔ انسانی زندگی کے ان گنت شعبوں پر جس طرح اس کتاب مبین کا نور ضیا پاشیاں کر رہا ہے وہ کسی بصیرت والے سے مخفی نہیں۔

۵۔ اس سے مراد دین اسلام ہے۔

۶۔ اس سے مراد صحابہ کرام کی کثرت ہے۔ جتنے صحابہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تھے کسی دوسرے نبی یا رسول کو اتنے صحابہ میسر نہیں آئے۔

۷۔ اس سے مراد رفع ذکر ہے۔ ساری کائنات کی بلندیوں اور پستیوں میں جس طرح اس نبی رحمت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذکر مبارک کا ڈنکا بج رہا ہے اس کی مثال نہیں ملتی۔

۸۔ قال جعفر الصادق علیہ وعلی آبائہ الکرام السلام۔ نور قلبہ النبی دلہ علی اللہ تعالیٰ وقطعہ عما سواہ۔ یعنی امام جعفر صادق کے نزدیک کوثر سے مراد حضور کے دل کا نور ہے جس نے آپ کی اللہ تعالیٰ تک رہنمائی کی اور ماسوا سے ہر قسم کا رشتہ منقطع کر دیا۔

۹۔ مقام محمود۔ روز محشر جب شفیع المذنبین شفاعت عامہ فرمائیں گے۔

۱۰۔ حضرت ابن عباس نے الکوثر کی تفسیر بیان کی ہے الخیر الکثیر۔ یعنی خیر کثیر۔

حضرت سعید بن جبیر نے عرض کیا کہ لوگ تو کہتے ہیں کوثر جنت کی ایک نہر کا نام ہے تو آپ نے فرمایا وہ بھی اس خیر کثیر میں سے ایک ہے۔ ھو من الخیر الکثیر۔

علامہ اسماعیل حقی الکوثر کے بارے میں متعدد اقوال نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔ والاظہر ان جمیع نعم اللہ داخلۃ فی الکوثر ظاھرۃ وباطنۃ۔ فمن الظاھر خیرات الدنیا والآخرۃ ومن الباطنۃ العلوم اللدنیہ الحاصلۃ بالفیض الالٰھی بغیر اکتساب۔ یعنی ظاہر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ساری ظاہری و باطنی نعمتیں کوثر میں داخل ہیں۔ ظاہری نعمتوں سے مراد دنیا و آخرت کی بھلائیاں ہیں اور باطنی نعمتوں سے مراد وہ علوم لدنیہ ہیں جو بغیر کسب کے محض فیضان الٰہی سے حاصل ہوتے ہیں۔

علامہ قرطبی نے بھی اسی سے ملتی جلتی تشریح کی ہے۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں انہ الخیر الکثیر والنعم الدنیویۃ والاخرویۃ من الفضائل والفواضل ۔ ۔ ۔ ۔ وفیہ اشارۃ الی ان ما فی الاحادیث من تفسیرہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایاہ بالنھر من باب التمثیل والتخصیص لنکتۃ۔ یعنی کوثر سے مراد خیر کثیر ہے اور دنیوی و اخروی نعمتیں جن میں فضیلتیں اور فضائل سب شامل ہیں۔ اس میں اس امر کی طرف بھی اشارہ ہے کہ احادیث میں کوثر کا معنی نہر بتایا گیا ہے یہ بطور تمثیل ہے۔

۲؎ پہلے اپنی بے پایاں عنایات سے اپنے حبیب کو سرفراز کرنے کا ذکر فرمایا۔ اب ان انعامات و احسانات کا شکر ادا کرنے کی تلقین فرمائی جا رہی ہے۔ ارشاد ہے اے حبیب! اپنے رب کے لیے نماز پڑھا کرو اور اسی کی خاطر قربانی دیا کرو۔ کم فہم لوگ کھاتے اللہ تعالیٰ کے دسترخوان سے ہیں پلتے اس کی رحمت کے ٹکڑوں پر ہیں۔ نشوونما اس کے آغوش لطف و کرم میں پاتے ہیں لیکن شکریہ غیروں کا ادا کرتے ہیں۔ عبادت باطل معبودوں کی کرتے ہیں۔ قربانیاں بتوں کے نام پر دیتے ہیں۔ اے میرے محبوب! آپ ان کی روش کو اختیار نہ کرنا۔ یہ

شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ۝۳

یقیناً آپ کا جو دشمن ہے وہی بے نام و نشاں ہو گا ۳ے

سب سے بڑی ناشکری اور کفرانِ نعمت ہے۔

اس عبدِ منیب اور حبیبِ لبیب کی تعمیل ارشاد کی یہ حالت تھی کہ ساری ساری رات کھڑے رہ کر نماز ادا فرماتے رہتے یہاں تک کہ پاؤں بھی سوج جاتے۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ! حضور اتنی زحمت کیوں اٹھاتے ہیں فرمایا افلا اکون عبداً شکوراً۔ کیا میں اپنے رب کی بے پایاں نعمتوں پر اس کا شکر گزار بندہ نہ بنوں۔ ساری عمر ہی عبادت و ذکر الٰہی میں بسر ہوئی۔ روز و شب کا ایک لمحہ بھی تو غفلت میں نہ گزرتا تھا۔ جس نبی مکرم، ہادیٔ معظم کی ساری زندگی سجود و رکوع اور خضوع و خشوع میں گزری اس کی امت اگر اپنے رب کے ذکر سے محروم ہو جائے ان کی پیشانیوں پر اگر سجدوں کے نشان چمک نہ رہے ہوں، انہیں اگر نماز کی سعادت نصیب نہ ہو تو اس سے بڑی بدقسمتی اور کیا ہو سکتی ہے۔

۳ے شانی: مبغض، جس کے دل میں بغض و عداوت ہو تو اس کو شانی کہتے ہیں۔ ابتر: بتر سے ہے اور بتر کا معنی القطع۔ کسی چیز کو کاٹ دینا۔ اہل لغت کے نزدیک وہ مرد جس کا فرزند نہ ہو اسے ابتر کہتے ہیں۔ وہ چار پایہ جس کی دم نہ ہو اسے بھی ابتر کہتے ہیں۔ نیز ہر وہ کام جس کا نیک اثر باقی نہ رہے اس کو بھی ابتر کہتے ہیں۔ (قرطبی)

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بطن سے حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی یہ اولاد پیدا ہوئی، قاسم، پھر زینب، پھر عبداللہ، پھر ام کلثوم، پھر فاطمہ، پھر رقیہ۔ صلی اللہ علی ابیہم وعلیہم اجمعین۔ پہلے قاسم کا انتقال ہوا، پھر عبداللہ جن کا لقب طیب و طاہر ہے، داغِ مفارقت دے گئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دعویٰ نبوت کے بعد تو سارے مکہ والے دشمن بن گئے تھے۔ جب انہوں نے دیکھا کہ ان کے دونوں فرزند فوت ہو گئے ہیں، اب صرف صاحبزادیاں ہی ہیں تو انہوں نے طرح طرح کی باتیں بنانا شروع کر دیں۔ عاص بن وائل کہنے لگا قد انقطع نسلہ وھو ابتر۔ کہ ان کی نسل منقطع ہو گئی پس وہ ابتر ہیں۔

کفار جب اسلام کی روز افزوں ترقی کو دیکھتے تو اپنا دل بہلانے کے لیے کہتے فکر کی کوئی بات نہیں، یہ چند روزہ کھیل ہے۔ لڑکا ان کا کوئی نہیں جو ان کے بعد اس مشن کو جاری رکھ سکے۔ یہ چند سال کے مہمان ہیں۔ جب یہاں سے رخصت ہوں گے تو ان کا یہ دین بھی اسی روز نیست و نابود ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے اس ایک آیت سے ان کی گستاخیوں کا منہ توڑ جواب دیا۔ ان کی خوش فہمیوں کا خاتمہ کر دیا فرمایا جو میرے محبوب کا دشمن ہو گا، جو اس کے دین کا بدخواہ ہو گا، جو اس کے نظام شریعت سے پرخاش رکھے گا وہ مٹ جائے گا۔ اس کی قوم اسے بھول جائے گی۔ تاریخ اسے فراموش کر دے گی۔ اس کا کوئی نام لینے والا نہیں ہو گا۔ اس کی اولاد بھی اس کا نام لینا چھوڑ دے گی اس کی طرف ہر قسم کی نسبت ان کے لیے باعث ننگ و عار بن جائے گی اور میرے محبوب کی یہ شان ہے کہ اس کا ہر امتی خواہ وہ کسی قبیلہ کا فرد ہو، کسی ملک کا رہنے والا ہو، کوئی زبان بولنے والا ہو، میرے محبوب کریم کے ذکر پاک کی شمع ہر وقت روشن رکھے گا۔ دوسرے لوگوں کی نسل ان کے بیٹوں سے چلتی ہے، لیکن میں اپنے حبیب کی نسل ان کی نورِ نظر، لختِ جگر بتول زہرا، خاتونِ جنت سیدہ طاہرہ

ذریہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے چلاؤں گا اور اس نسل میں اتنی برکت دوں گا کہ دنیائے اسلام کے گوشے گوشے میں یہ نسل پھیل جائے گی۔

یہ سورت اپنے اختصار و ایجاز کے باوصف فصاحت و بلاغت کا وہ مرقع جمیل ہے کہ فصحائے عرب، بلغائے حجاز کو بھی اسے پڑھ کر کہنا پڑا۔ ماھذا کلام البشر۔ یہ کسی انسان کا کلام نہیں ہے۔

○

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی سیدنا رسول اللہ الذی اعطاہ ربہ الکوثر۔ کلما ذکرہ الذاکرون وغفل عن ذکرہ الغافلون۔ اللھم ارزقنا حبہ واتباعہ واحشرنا فی زمرتہ تحت لوائہ واغفرلنا ولوالدینا وذریتنا بشفاعتہ یارب العلمین یا اکرم المسئولین۔

○

تعارف

سورۃ الکافرون

نام : اس سورت کا نام الکافرون ہے۔ اس کی آیتیں چھ اور ایک رکوع ہے۔ اس کے کلمات کی تعداد چھبیس اور حروف کی تعداد چورانوے ہے۔

نزول : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اور حضور نے مجمع عام میں جا کر اس کی تلاوت کی۔

مقاصدِ نزول : باطل بڑا عیار ہے۔ حق سے نبرد آزما ہونے کے لیے وہ طرح طرح کے بھیس بدل کر آیا کرتا ہے۔ کسی قسم کا حربہ استعمال کرنے میں اسے کوئی جھجک محسوس نہیں ہوتی۔ بسا اوقات وہ اپنے موقف میں بھی بے حد لچک پیدا کر لیا کرتا ہے اس کا مقصد صرف اتنا ہوتا ہے کہ حق حق نہ رہے۔ باطل تو ہر حال میں باطل ہے کسی چیز کی ملاوٹ اس کے بطلان پر اثر انداز نہیں ہو سکتی بلکہ جو پاک چیز اس میں ملے گی وہ بھی پلید ہو جائے گی۔ وہ اس حقیقت سے پوری طرح باخبر ہے کہ حق صرف اس وقت تک حق ہے جب تک یہ ہر قسم کی ملاوٹ اور آمیزش سے پاک ہے۔

رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب دعوتِ توحید کا آغاز کیا تو ابتدا میں کفار نے اس کو درخورِ اعتنا ہی نہ سمجھا، لیکن سعادت مند روحیں اس کی طرف جب کھنچ کھنچ کر جانے لگیں انہیں اپنے ماحول میں تبدیلی کے کچھ آثار دکھائی دینے لگے تو انہوں نے اس دعوت کی طرف توجہ دینی شروع کی۔ انہوں نے سوچا کہ ہمارے پاس بے پناہ وسائل ہیں۔ اس داعیِ حق کو خریدنے کے لیے ہم بڑی سے بڑی قیمت ادا کر سکتے ہیں؛ چنانچہ حضرت ابوطالب کی معرفت سودا بازی کا آغاز ہوا۔ کفار کے ایک وفد نے جناب ابوطالب سے ملاقات کی اور آ کر کہا کہ آپ کا بھتیجا ہمارے بتوں کے بارے میں جن خیالات کا اظہار کرتا ہے وہ ہمارے لیے ناقابلِ برداشت ہیں، آپ قوم کے سردار ہیں ہمارے دلوں میں آپ کا از حد احترام ہے۔ اسی وجہ سے ہم آپ کے بھتیجے کی باتیں سن کر اب تک خاموش رہے ہیں لیکن اب پیمانۂ صبر لبریز ہو چکا ہے۔ آپ اپنے بھتیجے کو کہیں کہ اگر اس کو مال و دولت کی خواہش ہے تو ہم سونے چاندی کا ڈھیر اس کے قدموں میں لگانے کے لیے تیار ہیں۔ اگر اس کو حاکم بننے کا شوق ہے تو ہم متفقہ طور پر اس کو اپنا رئیسِ اعلیٰ تسلیم کرنے پر رضامند ہیں اور اگر کوئی رشتہ مطلوب ہے تو وہ صرف اشارہ کر دیں ہم فخر و مسرت کے ساتھ وہ رشتہ پیش کر دیں گے۔

طالع آزما لوگ جو مذہب و دین کو اپنے مقصد کے حصول کے لیے بطور زینہ استعمال کرتے ہیں انہی چیزوں میں سے کوئی چیز ان کا مقصد ہوا کرتی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب ان کی یہ پیشکش سنی تو فرمایا کہ وہ نادان مجھے پہچان نہیں سکتے۔

میرے دائیں ہاتھ پر اگر وہ سُورج لاکر رکھ دیں اور بائیں ہاتھ پر چاند لاکر رکھ دیں تو بھی میں اپنے رب کی توحید کی تبلیغ میں رائی برابر بھی سُستی نہیں کروں گا۔

جب اس سودا بازی میں ناکام ہوئے تو انہوں نے ایک اور چال چلی۔ ولید بن مغیرہ، عاص بن وائل، اسود بن عبدالمطلب اور امیہ بن خلف رؤسا مکہ اکٹھے ہو کر ایک روز حضور کے پاس آئے۔ کہنے لگے آپ کی تبلیغ اور دعوت سے قوم میں انتشار و افتراق پھیل رہا ہے یہ کسی اچھے مستقبل کا پیش خیمہ نہیں۔ اگر ہمارے اور آپ کے درمیان انتشار کی یہ خلیج یونہی وسیع ہوتی چلی گئی تو ایک دن ایسا آئے گا جب ہماری قوت کا جنازہ نکل جائے گا۔ اور دشمن قبائل ہم پر ہلہ بول کر ہمیں ختم کر کے رکھ دیں گے۔ اس صُورتِ حال سے ہم سخت پریشان ہیں۔ آؤ ایک ایسی تجویز پر متفق ہو جائیں کہ آپ کی بات بھی رہ جائے اور قوم کی یکجہتی اور اتحاد بھی برقرار رہے۔ اس کے لیے انہوں نے یہ تجویز پیش کی۔ ایک سال ہم سب مل کر آپ کے خدا کی عبادت کیا کریں اور دُوسرے سال آپ ہمارے ساتھ مل کر ہمارے معبودوں کی پرستش کیا کریں۔ یہ تجویز سُن کر نبی مکرم نے فرمایا: معاذ اللہ ان اشرك باللہ غیرہ۔ میں اس بات سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں اس کے ساتھ کسی اور کو شریک ٹھہراؤں۔ اس وقت یہ سورۂ مبارکہ نازل ہوئی جس نے ان کی ساری اُمیدوں کو خاک میں ملا دیا اور انہیں ہمیشہ کے لیے مایوس کر دیا کہ وہ اپنی حیلہ سازیوں سے حق کو اپنے دامِ فریب میں پھانس سکتے ہیں۔ چنانچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام حرم میں تشریف لے گئے۔ کفر و شرک کے سارے سرغنے وہاں جمع تھے۔ مجمع عام میں بڑی جرأت کے ساتھ حضور نے یہ سُورت پڑھ کر انہیں سُنائی تاکہ ان کے دل میں پھر اس قسم کے فاسد خیال پیدا ہونے کا امکان ہی ختم ہو جائے۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

سورۃ الکافرون مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ — اس میں چھ آیات ہیں

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱﴾ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲﴾ وَلَاۤ اَنْتُمْ

آپ فرما دیجیے اے کافرو! [1] میں پرستش نہیں کیا کرتا ان بتوں کی جن کی تم پرستش کرتے ہو [2] اور نہ ہی تم عبادت

[1] وہ لوگ اگرچہ کفر و شرک میں بُری طرح پھنسے ہوئے تھے لیکن اپنے آپ کو کافر کہتے اور نہ یہ پسند کرتے کہ ان کو کافر کہا جائے۔ حضورؐ کو یہاں انہیں یاایھا الکافرون سے خطاب کرنے کا حکم دیا جا رہا ہے۔ گویا اعلان کر دیا کہ مجھے تمہارا کوئی ڈر نہیں۔ میرے دل میں تمہارے لیے کوئی عزت و احترام نہیں اور نہ ہی میں کسی مداہنت کے پیش نظر تمہارے لیے کوئی ایسا لفظ استعمال کرنا روا رکھتا ہوں جس سے اس قسم کا شبہ تک بھی پیدا ہو۔ میرے نزدیک تم کافر ہو اور میں اسی لفظ سے تمہیں مخاطب کر رہا ہوں نیز کافرون کہہ کر اس امر کی طرف بھی اشارہ کر دیا کہ میری تمہاری کوئی ذاتی مخاصمت نہیں۔ میری اور تمہاری عداوت کی وجہ یہ بھی نہیں کہ میرے اور تمہارے دنیاوی مفادات میں تصادم ہے۔ میں نے تو فقط اس لیے تم سے قطع تعلق کر لیا ہے کہ تم نے کفر کو اپنا شعار بنا لیا ہے۔ اگر تم کفر کو ترک کر دو اور ایمان قبول کر لو تو میری اور تمہاری دشمنی محبت و اخوت میں بدل جائے گی میں تمہیں اپنے سینے سے لگا لوں گا اور ہم سب توحید کے پرچم کے نیچے متحد و متفق ہو جائیں گے۔

[2] ان آیات کا ترجمہ تو واضح ہے۔ بظاہر ان میں تکرار نظر آتا ہے لیکن درحقیقت ایسا نہیں پہلی دو آیتیں مستقبل سے متعلق ہیں اور پچھلی دو آیتیں ماضی سے تعلق رکھتی ہیں۔ دو ٹوک الفاظ میں فرما دیا کہ نہ میں نے زمانہ ماضی میں کبھی تمہارے معبودان باطل کی پرستش کی اور نہ آئندہ کبھی تم مجھ سے اس کی توقع کر سکتے ہو۔ تم یہ چاہتے ہو کہ میں ایک سال تمہارے معبودوں کی پرستش کروں اور ایک سال تم میرے خداوند حقیقی کی عبادت کرو۔ کان کھول کر سن لو ایک سال تو بڑا لمبا عرصہ ہے میں تو ایک لمحے کے لیے بھی تمہارے ان جھوٹے خداؤں کی عبادت نہیں کروں گا۔ میرا سر جھکے گا تو صرف اپنے پروردگار کے سامنے جو وحدہٗ لاشریک ہے میری جبین نیاز سجدہ ریز ہو گی تو صرف اپنے اس خداوند قدوس کی بارگاہ اقدس میں جو کائنات کی ہر چیز کا خالق بھی ہے اور مالک بھی۔ مجھے پیدا بھی اسی نے کیا ہے، مجھے نبوت و رسالت کا رتبہ بھی اسی نے بخشا ہے۔ میں ایک لمحے کے لیے بھی یہ تصور نہیں کر سکتا کہ اس کے علاوہ کسی غیر کو اپنا معبود و مسجود بناؤں؛ چنانچہ علامہ زمخشری کہتے ہیں لا اعبد اریدبہ العبادۃ فیما یستقبل لان لا۔ لاتدخل الا علی مضارع فی معنی الاستقبال۔ یعنی مضارع پر لا داخل ہے اور اس صورت میں مستقبل کی نفی کرتا ہے۔

ان آیات کی تفسیر میں مندرجہ توجیہ کے علاوہ متعدد اقوال بھی ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ چوتھی آیت دوسری آیت کی تاکید کر رہی ہے کیونکہ دوسری آیت جملہ فعلیہ ہے جو تجدد و حدوث پر دلالت کرتا ہے اور چوتھی جملہ اسمیہ ہے جو ثبات اور ہمیشگی پر دلالت کرتا ہے۔ چوتھی آیت سے دوسری آیت کو مؤکد کر دیا۔ تیسری آیت کی تاکید پانچویں آیت کر رہی ہے کیونکہ الفاظ

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ﴿۳﴾ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ﴿۴﴾ وَلَآ اَنْتُمْ

کرنے والے ہو اس (خدا) کی جس کی میں عبادت کیا کرتا ہوں [3] اور نہ ہی میں کبھی عبادت کرنے والا ہوں جن کی تم پوجا کیا کرتے ہو [4] اور نہ تم اس

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ﴿۵﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ﴿۶﴾

کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کیا کرتا ہوں [5] تمہارے لیے تمہارا دین ہے اور میرے لیے میرا دین [6]

بالکل یکساں ہیں، کلام عرب میں اس قسم کی تاکید نظم و نثر دونوں میں کثیر الاستعمال ہے، چنانچہ ایک شعر ہے ؂

نعق الغراب ببین لیلی غدوۃ کم، کم وکم بفراق لیلی ینعق

کہ جدائی کا کوا صبح کے وقت لیلی کی جدائی کی خبر دینے کے لیے بولا وہ کب تک، کب تک، کب تک لیلی کے فراق پر چلاتا رہے گا۔

اس تکرار کا مدعا یہ ہے کہ کفار کو ہمیشہ کے لیے مایوسی ہو جائے کہ مسلمان ان کے کفر کو ایک لمحے کے لیے بھی قبول نہیں کریں گے۔ نیز ان کے بارے میں بتا دیا کہ وہ کبھی مسلمان نہیں ہوں گے۔ وفائدۃ ھذا التوکید قطع اطماع الکفار وتحقیق الاخبار بموافاتھم علی الکفر وانھم لا یسلمون ابدًا (بحر)

[3] الکافرون سے کیونکہ وہ گنتی کے چند بدبخت مراد ہیں جن کی قسمت میں ایمان لانے کی سعادت نہ تھی اس لیے ان کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا جس حی و قیوم کی میں عبادت کرتا ہوں تم کبھی اس کی عبادت نہ کرو گے۔ کفر میں تم اس قدر متعصب ہو کہ تم نے غور و فکر کے سارے دیے بجھا دیے ہیں۔ عقل و فہم کی قوتوں کو تم نے بانجھ بنا دیا ہے۔

[4] زمخشری کہتے ہیں کہ اس کا تعلق زمانہ ماضی سے ہے کہ میں نے آج تک کسی معبود باطل کی عبادت نہیں کی جن کے سامنے تم اپنی پیشانیوں کو گھساتے رہتے ہو اور اپنی ناک رگڑتے رہتے ہو۔ یعنی لم تعھد منی عبادۃ صنم فی الجاھلیۃ فکیف ترجی منی فی الاسلام۔ (کشاف) نبوت کے اعلان سے پہلے جب میرا دامن کفر و شرک کی ہر آلائش سے پاک رہا ہے، تو اب جبکہ میں نے اپنی نبوت کا اعلان بھی کر دیا ہے اور میرے خداوند نے میرے سینے کو نور نبوت سے روشن اور مستنیر کر دیا ہے شک و شبہ کا شائبہ تک بھی باقی نہیں رہا۔ اس وقت اگر تم مجھ سے شرک کی توقع کرو تو تم سے بڑا بے وقوف دنیا میں اور کوئی نہیں۔

[5] اسی طرح تم نے گزشتہ زمانے میں کبھی اس معبود برحق کی عبادت نہیں کی جس کی عبادت کا شرف مجھے حاصل رہا۔

کہا جاتا ہے کہ ما کا لفظ عام طور پر غیر ذوی العقول اور بے جان چیزوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس لیے ما اعبد کی جگہ من اعبد ہوتا تو زیادہ بہتر تھا۔ اس کے کئی جواب دیے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ پہلی دو آیتوں میں ما۔ الذی کے معنی میں مستعمل ہے اور دوسری دو آیتوں میں ما مصدریہ ہے۔ ای اعبد عبادتکم ولا تعبدون عبادتی۔ یعنی جس طرح تم عبادت کرتے ہو میں عبادت نہیں کرتا اور جس طرح میں عبادت کرتا ہوں اس طرح تم عبادت نہیں کرتے۔ دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ

ما یہاں ذات پر دلالت کرنے کے لیے نہیں بلکہ صفت پر دلالت کر رہا ہے۔ کانہ قال لا اعبد الباطل ولا تعبدون الحق۔

۶ے حق و باطل میں آمیزش کا میں قائل نہیں۔ مجھے ایسے اتحاد کی بھی ضرورت نہیں جو باطل کے ساتھ مصالحت پر موقوف ہو۔ بے شک تم اپنے کفر پر ڈٹے رہو، میری خاطر تم اس کفر میں توحید کا پیوند نہ لگاؤ۔ ان دونوں میں کوئی جوڑ نہیں۔ ان میں کوئی مناسبت نہیں۔ اس طرح میں تمہارے فریب میں آکر توحید کو کدر ہرگز نہیں کروں گا کیونکہ اس صورت میں توحید، توحید نہ رہے گی۔ حق کا نور پھیلانے کے لیے مجھے مبعوث کیا گیا ہے۔ اگر میں تمہاری بات مان لوں تو حق، باطل بن جائے گا۔

تم اپنے حال میں مست رہو، میں اپنے حق پر ثابت قدم رہتا ہوں۔ حق و باطل کا یہ معرکہ اپنے منطقی نتیجہ پر پہنچ کر رہے گا۔ تم دیکھو گے کہ چند بدنصیبوں کے سوا سارا جزیرۂ عرب اسلام قبول کرے گا۔

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین
وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ وصفیہ محمد وعلیٰ
الہ واصحابہ وبارک وسلم۔

تعارف

سُورۂ النصر

نام : اس سورہ مبارکہ کے کئی نام ہیں۔ اسے سورۂ تودیع یعنی الوداعی سورۃ بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ اس میں اس امر کی طرف واضح اشارہ ہے کہ اللہ کا حبیب صلی اللہ علیہ وسلم اپنے فرائض نبوت کو بحسن وخوبی انجام دینے کے بعد اپنے رب کے حضور میں مراجعت فرما ہونے سے پہلے اپنے جاں نثار غلاموں کو الوداع کہہ رہا ہے۔

اسے سورت فتح بھی کہتے ہیں، لیکن اس کا مشہور ترین نام النصر ہے جو پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔

یہ ایک رکوع اور تین آیات پر مشتمل ہے۔ اس کے کلمات کی تعداد اُنیس ہے اور حروف کی اناسی۔

زمانۂ نزول : ہجرت کے بعد جو سُورتیں نازل ہوئیں انہیں مدنی کہا جاتا ہے خواہ ان کا نزول مدینہ طیبہ میں ہُوا ہو یا اثنائے سفر مدینہ سے باہر کسی دُوسرے مقام پر۔ ہجرت کے بعد جو سُورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اُسے بھی مدنی سورتوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، لیکن ہجرت کے بعد نازل ہُوئی اس لیے اسے مدنی ہی کہا جاتا ہے۔

علماء کرام نے تصریح فرمائی ہے کہ قرآن کریم کی یہ آخری مکمل سورت ہے جو سرور عالمیاں علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہوئی۔

اس سورت کے نزول کے وقت کے بارے میں دو قول ہیں ایک یہ کہ یہ فتح مکہ کے وقت نازل ہُوئی۔ یہ وہ ساعتِ سعید ہے کہ چند سال پہلے جو ہستی یہاں سے ہجرت کرنے پر مجبور ہُوئی تھی اور اس کے ساتھ صرف ایک جاں نثار ابوبکر تھا، آج وہ دس ہزار کے لشکرِ جرار کو ہمراہ لیے مکہ میں داخل ہو رہی ہے۔ اہلِ مکہ نے اتنا بڑا لشکر آج تک نہیں دیکھا تھا۔ ہر قبیلہ کا اپنا اپنا رسالہ ہے۔ گھوڑوں اور اُونٹوں پر سوار ہیں۔ جسموں پر آہنی زرہیں اور سروں پر فولادی خود چمک رہے ہیں۔ جوش وخروش کا عجیب عالم ہے۔ جب یہ فوج ظفر موج وادئ بطحا سے گزرتی ہے تو زمین ان کے قدموں کے نیچے لرز جاتی ہے۔ ایک عجیب رُوح پرور منظر ہے۔ کفر کے سارے دفاعی مورچے پیوند خاک ہو چکے ہیں۔ مخالفت کے طوفان سہم کر رہ گئے ہیں۔ ہر شخص کو اپنے انجام کی فکر نے حواس باختہ کر دیا ہے لیکن اس لشکر کے سپہ سالار نے تاکیدی ہدایات جاری کر دی ہیں کہ خون خرابہ سے قطعاً اجتناب کیا جائے۔ کسی پر دست درازی نہ کی جائے۔ تلواریں میانوں میں، تیر ترکشوں میں، کمانیں کندھوں سے آویزاں رہیں۔ اس وقت تک کوئی تلوار بے نیام نہ ہو جب تک مکہ والوں کی طرف سے پہل نہ ہو۔ اعلان عام کر دیا گیا ہے کہ جو حرم میں پناہ لے گا، جو گھر کے کواڑ بند کر دے گا، بلکہ جو ابوسفیان کی حویلی میں داخل ہو جائے گا سب کو امان ہے۔

مکہ کا فاتح اگر کوئی بادشاہ ہوتا، کوئی ڈکٹیٹر ہوتا، کوئی فوجی جرنیل ہوتا تو آج مکہ کی اینٹ سے اینٹ بجادی جاتی، قتلِ عام کا حکم دے دیا جاتا۔ پل بھر میں کشتوں کے پشتے لگ جاتے، خون کے دریا بہنے لگتے۔ ہر سو آگ کے شعلے بھڑک رہے ہوتے، لیکن ان باتوں میں سے کوئی ایک بات بھی تو آج نہیں ہو رہی۔ کیونکہ آج کا فاتح محمد رسول اللہ ہے۔ آج کا فاتح رحمۃ للعالمین کی خلعتِ فاخرہ پہنے ہوئے ہے۔ آج کا فاتح قیامت تک فاتح بن کر داخل ہونے والوں کے لیے اپنا اسوۂ حسنہ پیش کرنا چاہتا ہے۔ حضور اپنی ناقہ قصویٰ پر سوار ہیں۔ سر فخر سے تنا ہوا نہیں۔ گردن غرور سے اکڑی ہوئی نہیں، بلکہ سر جھکا ہوا ہے اتنا جھکا ہوا کہ پالان کے سامنے والی لکڑی کو چھو رہا ہے۔ چشمِ مبارک سے آنسوؤں کی جھڑی لگی ہے۔ ہونٹوں پر اپنے خدائے کریم کی عظمت و کبریائی کے کلمات ہیں۔ دل اپنے رؤف و رحیم پروردگار کے الطاف بے پایاں پر شکر گزار ہے۔ ہر ادا دلنواز ہے۔ ہر نگاہ روح پرور ہے۔ ہر قدم ناز پر امیدوں اور آرزوؤں کے چمن آباد ہو رہے ہیں۔ اس وقت جبریل امین یہ مبارک سورت لے کر بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوتے ہیں اور فتح و کامرانی کی تقریب منانے کا الٰہی منشور پیش کرتے ہیں۔

دیگر روایات کے مطابق یہ سورت حجۃ الوداع کے موقع پر نازل ہوئی۔ منیٰ کا میدان قدسی صفات بندوں کے پُرنور چہروں اور ضیا بار پیشانیوں کے باعث نور علیٰ نور ہے۔ تہلیل و تسبیح کی دلنواز صدائیں ہر گوشہ سے بلند ہو رہی ہیں۔ شرک و بت پرستی کے وطن میں آج توحید کا بابرکت پرچم نصب کیا جا رہا ہے۔ سارا جزیرۂ عرب اسلام قبول کر چکا ہے۔ عناد و فساد کی آخری چنگاری بھی بجھ گئی ہے۔ انسانیت کا ہادیٔ برحق اور مرشد کامل اپنے خالق کا محبوب بندہ اور برگزیدہ رسول اپنی ناقہ پر سوار ہو کر اپنا تاریخ ساز خطبہ ارشاد فرما رہا ہے۔ بین الاقوامی قانون، بین الاقوامی اخلاقی ضابطوں اور فلاحِ دارین کے اصول بیان کر رہا ہے۔ اس وقت یہ سورت نازل ہوتی ہے جس میں فتح و کامرانی کی حالت میں جن آداب کی پابندی ضروری ہے ان کی وضاحت کی جا رہی ہے۔

ہر میدان میں اسلام کی عظمت کے پرچم لہرانے کی اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے۔ اور ہر حالت میں ہمیں ان آداب کی پابندی کی ہمت بخشے جو اس نے امتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا احسن الصلوٰۃ واجمل التحیہ کے لیے مقرر فرمائے ہیں۔

آمین بجاہ طٰہٰ و یٰس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم

◎

سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُ اٰيٰتٍ

سورہ النصر مدنی ہے اور اس کی تین آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ① وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ

جب اللہ کی مدد آپہنچے اور فتح (نصیب ہو جائے) اور آپ دیکھ لیں لوگوں کو کہ وہ داخل ہو رہے ہیں اللہ کے دین میں فوج

اللّٰهِ اَفْوَاجًا ② فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ③

در فوج۔ تو اس وقت، اپنے رب کی حمد کرتے ہوئے اس کی پاکی بیان کیجیے[1] اور اپنی امت کے لیے اس سے مغفرت طلب کیجیے[2] بے شک وہ بہت توبہ قبول فرمانے والا ہے[3]

[1] پہلی آیت میں ہی بتا دیا کہ اگر تکمیلِ فرض کی سعادت حاصل ہو، کسی مہم میں کامیابی نصیب ہو تو اے بندگانِ خدا بھولے سے بھی یہ خیال نہ کرنا کہ اس کامیابی میں تمہاری قابلیت، تمہاری ہونہاری، تمہاری ہوشیاری کا بھی دخل ہے، بلکہ یہ یقین رکھنا کہ یہ میرے بندہ نواز خدا کی نصرت اور تائید کی برکت ہے۔ میری یہ کامیابی اس کی امداد کی مرہونِ منت ہے۔ اگر تم اسے اپنی قابلیت کا نتیجہ خیال کرو گے تو تمہارے دل میں غرور پیدا ہو جائے گا اور مغرور فاتحین سے ایسی ایسی نازیبا حرکتیں سرزد ہوتی ہیں کہ ان کی کامیابی، شکست سے بھی زیادہ ان کے لیے رسوا کن بن جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے پیارے رسول اور پیارے بندے محمد مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثنا کو فرما رہا ہے کہ جب میری مدد تیری پناہی کے لیے پہنچ جائے اور میری مہربانی سے فتح نصیب ہو جائے اور جو لوگ اب تک شمعِ اسلام کو بجھانے کے لیے طوفان بن کر اٹھتے رہے وہ اس پر پروانوں کی طرح نثار ہونے لگیں اور فوج در فوج اس دین کو قبول کرنے لگیں تو آپ کا فرض یہ ہے کہ آپ اپنے رب کی حمد کرتے ہوئے اس کی پاکی بیان کریں۔

فتحِ مکہ کے بعد نو دس ہجری میں جزیرہ عرب میں دُور و نزدیک جتنے قبائل آباد تھے وہ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہونے لگے اور حضور کے دستِ حق پرست پر اسلام قبول کرنے لگے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس کثرت سے لوگوں کے اسلام قبول کرنے پر اللہ تعالیٰ کی حمد و تسبیح کثرت سے فرمایا کرتے۔

خود سوچیے جس قوم کو دشمن پر مکمل فتح بھی مدہوش اور بدمست نہ کر سکے وہ کتنی عالی ظرف قوم ہے، اس کا وجود انسانیت کے لیے منبعِ خیر و سعادت ہے۔ جب تک اس کا آفتابِ اقبال چمکتا رہے گا، غم و اندوہ کی تاریکیاں انسانیت کے نزدیک آنے

کی جرأت نہ کرسکیں گی۔

۲؎ اس جملے سے اللہ تعالیٰ اپنے محبوب رسول کو استغفار کا حکم دے رہا ہے تاکہ قیامت تک آنے والے غلاموں کے لیے استغفار ان کے نبی کی سنت بن جائے اور کوئی شخص طلب مغفرت میں مذبذب محسوس نہ کرے۔ علمائے تفسیر نے اس کا یہ مطلب بھی بیان کیا ہے کہ اپنی امت کے گناہوں کے لیے اپنے رب سے بخشش کی التجا کیجیے۔ آپ کے ہاتھ استغفار کے لیے جب اٹھیں گے تو وہ خالی واپس نہیں کیے جائیں گے۔ چنانچہ علامہ ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں۔ او المعنی استغفر لِاُمَّتِكَ. (تفسیر مظہری) یعنی اے حبیب! آپ اپنی امت کے لیے مغفرت طلب کیجیے۔ یہی الفاظ علامہ قرطبی نے بھی تحریر کیے ہیں۔ وقیل استغفر لِاُمَّتِكَ. (قرطبی)

اس مفہوم کو حضرت شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مخصوص انداز میں یوں لکھا ہے:

"چوں عارف بمرتبۂ تکمیل رسید و از ہر گونہ مردم تابع او شدند و استعدادات آں ہا در نقصان و کمال تفاوت فاحش دارد لاجرم او را می باید کہ برائے تکمیلِ ناقصاں طلب آمرزش نماید تا آں ہمہ نقصانات اصلیہ استعداد با تباع او روزِ محشر منجبر بکمال استقلالی او گردد"

ترجمہ: جب عارف ایسے مرتبہ پر فائز ہوتا ہے جہاں وہ دوسروں کو باکمال بنا سکتا ہے تو اس کے مریدوں میں ہر قسم کے لوگ شامل ہو جاتے ہیں جن کی صلاحیتوں اور استعدادوں میں بہت تفاوت ہوتا ہے۔ کوئی بالکل ناقص اور کوئی کامل مکمل اس وقت عارف کے لیے ضروری ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرے تاکہ اس کے ناقص مرید بھی مرتبۂ کمال پر فائز ہو جائیں اور عارف کی اس دعائے مغفرت کے باعث جبلی استعداد میں جو خامی تھی وہ پوری ہو جائے۔

۳؎ اس کا ایک معنی تو یہ ہے کہ وہ بہت توبہ قبول کرنے والا ہے جب کوئی رُو سیاہ اور بدکار اس کے درِ کرم پر پہنچ جاتا ہے تو اس کی رحمت اس کا استقبال کرتی ہے اور اس کے گناہوں کو معاف کر دیا جاتا ہے۔ دوسرا معنی شاہ صاحب موصوف نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

"ہر آئینہ او تعالیٰ بفیض رجوع می کند در حق ناقصاں، و تکمیل رحمت می فرماید پس از وے بعید نیست کہ اتباع ترا بطفیل تو کامل سازد" یعنی اللہ تعالیٰ اپنی نگاہ فیض سے ناقصوں کی طرف توجہ فرماتا ہے اور ان کے نقص کو کمال سے بدل دیتا ہے۔ اے اللہ کے رسول! اس کی رحمت سے ذرا بعید نہیں کہ وہ آپ کے طفیل آپ کے ناقص امتیوں کو مرتبۂ کمال پر فائز فرمائے۔

○

اللّٰھم تب علینا انك انت التواب الرحیم بجاہ حبیبك محمد الرؤف الرحیم علیہ و علی الہ واصحابہ افضل الصلوٰۃ واجمل التسلیم۔

○

تعارف

سُورۃ اللھب

نام: اس سورت کا نام اللھب ہے۔ اس میں ایک رکوع، پانچ آیتیں، بیس کلمات اور اسّی حروف ہیں۔

نزول: یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس کی شان نزول کے بارے میں اس سورت کا حاشیہ (۱) ملاحظہ فرمائیے۔
یہاں صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ قرآن کریم میں نام لے کر ابولہب کا ذکر کیوں کیا گیا۔ حالانکہ مکہ، مدینہ اور دیگر قبائل عرب میں حضور کے دشمنوں اور دین کے بدخواہوں کی کمی نہ تھی۔ ان کی اذیت رسانیاں، دلآزاریاں اور اسلام کو بحیثیت دین ناکام کرنے کی کوششیں ابولہب کی سازشوں سے کسی طرح کم نہ تھیں۔ پھر اس کی کیا خصوصیت ہے جس کے باعث اس کا نام لے کر اس کی گوشمالی کی گئی۔

جہاں محبت کی توقع ہو وہاں سے اگر نفرت و عداوت کا لاوا پھوٹ نکلے۔ جہاں سے تائید و اعانت کی امید ہو وہاں سے مخاصمت کا طوفان اُمڈنے لگے تو یقیناً یہ چیز بڑی تکلیف دہ ہوتی ہے۔ ابولہب حضور کا حقیقی چچا تھا۔ حضرت عبداللہ اور ابولہب دونوں حقیقی بھائی تھے۔ اس سے بجا طور پر یہ اُمید کی جاسکتی تھی کہ وہ اپنے سگے بھائی کے یتیم بیٹے کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہوگا اور اس کی تائید و نُصرت میں ذرہ برابر کوتاہی نہیں کرے گا۔ نیز یہ بنی ہاشم کا رئیس تھا۔ عرب کا وہ معاشرہ جس میں ہادیٔ برحق صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اس میں ہر قسم کی مرکزیت قبیلہ کو حاصل تھی۔ قبیلہ کے ہر فرد کی امداد کرنا اس قبیلہ کے سردار کی اخلاقی اور سیاسی ذمہ داری تھی۔ اگر وہ فرد ظالم بھی ہوتا تو مظلوم کی مدد کے بجائے قبیلے کے سارے افراد اپنے ظالم بھائی کی مدد کرنا ضروری سمجھتے۔ ابولہب بنی ہاشم کا رئیس تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی ہاشمی تھے۔ اس کا یہ فرض اوّلین تھا کہ وہ اپنے خاندان کے ایک باکمال فرد کی دعوت کو قبول کرتا اور دعوت کو کامیاب بنانے کے لیے اپنے سارے وسائل داؤ پر لگا دیتا۔

خونی اور خاندانی قریبی تعلقات کے علاوہ وہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پڑوسی تھا۔ دونوں مکانوں میں صرف ایک دیوار حائل تھی۔ پڑوسی کا حق دُنیا کے ہر معاشرہ میں مسلّم ہے۔ نیز ہمسائیگی کے باعث وہ حضور کے ذاتی اور عائلی ایسے حالات کو بھی جانتا تھا جن سے عموماً دُوسرے لوگ واقف نہیں ہوتے۔ ایسی پاکیزہ زندگی، ایسی مَن موہنی سیرت، ایسے بے داغ کردار کا مشاہدہ وہ شب و روز کرتا اور پھر بھی اس مرقع زیبائی و رعنائی پر کیچڑ اچھالنے سے باز نہ آتا تھا۔ پھر جس شدّت اور خست سے وہ اپنی عداوت کا مظاہرہ کیا کرتا، اس کی بھی نظیر مشکل سے ہی ملے گی۔ حضور اپنے گھر میں جب مصروف عبادت ہوتے تو وہ مُردہ جانوروں کے بدبودار اوجھ، گلی سڑی آنتیں اٹھا کر لاتا اور حضور پر پھینک دیتا۔ گھر کے آنگن میں

کوڑا کرکٹ ڈالنا اور جہاں ہنڈیا پک رہی ہوتی وہاں غلاظت پھینکنا اس کا روزمرّہ کا معمول تھا۔ صرف اسی پر بس نہیں؛ اس کی بدبخت بیوی امارت و وجاہت کے باوصف خود جنگل میں جاتی اور خاردار ٹہنیاں چنتی، ان کا گٹھا اپنے سر پر اٹھا کر لاتی اور رات کے وقت حضور کی راہ میں ڈال دیتی تاکہ آخر شب جب حضور حرم کی طرف تشریف لے جائیں تو آپ کے نرم و نازک پاؤں میں کوئی کانٹا ہی چبھ جائے۔

اعلانِ نبوت سے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دو صاحبزادیاں اس کے دو بیٹوں، عتبہ اور عتیبہ کے ساتھ بیاہی گئی تھیں، جب سرورِ عالم نے اسلام کی تبلیغ شروع کی تو اس نے اپنے دونوں بیٹوں کو بلایا اور واشگاف الفاظ میں کہا کہ اگر تم ان کی بیٹیوں کو طلاق نہیں دو گے تو تمہاری میری بول چال، لین دین، آنا جانا قطعاً بند ہو جائے گا۔ تم میرا منہ بھی نہ دیکھ سکو گے۔ چنانچہ دونوں نے حضور کی صاحبزادیوں کو طلاق دے دی اور عتیبہ نے اپنے خبثِ باطن کا کچھ زیادہ ہی مظاہرہ کیا۔ کہنے لگا میں والنجم اذا ھوٰی کے ربّ کا کفر کرتا ہوں۔ اس ناپاک نے رُخِ انور پر تھوکنے کی جسارت کی جو لوٹ کر اسی کے قبیح منہ پر آ پڑی۔ حضور کی زبان سے نکلا، الٰہی اپنے کتوں میں سے ایک کتا اس ناہنجار پر مقرر فرما دے۔ چنانچہ ایک سفر میں ایک شیر نے اسے پھاڑ ڈالا، لیکن نہ اس کا ناپاک خون پیا اور نہ اس کے پلید گوشت کو کھایا۔ اس واقعہ کی تفصیل آپ سورۃ النجم کے حواشی میں پڑھ چکے ہوں گے۔

ابولہب کی بدباطنی کا ایک اور واقعہ سنیئے: نبوت کے ساتویں سال کفارِ مکّہ نے حضور کے ساتھ اور حضور کے سارے خاندان بنی ہاشم اور بنی مطلب کے ساتھ مکمل بائیکاٹ کا اعلان کیا تو بنی ہاشم اور بنی مطلب کے وہ افراد بھی جنہوں نے اسلام قبول نہیں کیا تھا محض قبائلی عصبیت کے باعث شعبِ ابی طالب میں محصور ہو گئے، لیکن ابولہب نے ہاشمی ہوتے ہوئے حضور کی مخالفت کی اور اس بائیکاٹ میں کفارِ مکّہ کا ساتھ دیا۔

دینِ اسلام اور رسولِ اسلام سے اس کا بغض و عناد اتنا شدید تھا کہ وہ ہر وقت حضور کے پیچھے لگا رہتا اور حضور کی تکذیب کرتا۔ حضور کا یہ معمول تھا کہ جہاں کہیں تجارتی بازار لگتے یا لوگوں کا اجتماع ہوتا وہاں تشریف لے جاتے اور حاضرین کو توحید کی دعوت دیتے۔ یہ کمبخت ہر ایسے موقع پر پہنچ جاتا اور چلا چلا کر لوگوں کو کہتا کہ اے لوگو! یہ میرا بھتیجا ہے، یہ دیوانہ ہو گیا ہے اس کے قریب مت جانا، اس کی بات ہرگز نہ سننا ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے۔ الغرض اس سے اسلام کی تائید و نصرت کی جتنی توقعات وابستہ کی جا سکتی تھیں وہ ان کے برعکس اتنی شدت سے ہی اسلام کی مخالفت میں سرگرم رہا کرتا۔ عداوت و مخالفت میں اس کا بڑا نمایاں کردار تھا جو ایک انفرادی حیثیت کا مالک تھا۔ اس لیے قرآنِ کریم میں اس کا نام لے کر لعنت کی بوچھاڑ کی گئی۔ ابولہب اس کی کنیت تھی اور اسی سے وہ زیادہ مشہور تھا۔ عبدالعزّیٰ اس کا نام تھا۔ یہ ناپاک نام اس قابل نہ تھا کہ اس کو قرآن میں ذکر کیا جاتا۔ اس لیے اس کے نام کے بجائے اس کی کنیت ابولہب ذکر کی گئی تاکہ لوگوں کو اس کے دوزخی ہونے کا بھی پتہ چل جائے۔

اس سورت کے مطالعہ سے اس امر کا بآسانی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ بارگاہِ رسالت میں معمولی سی گستاخی سے جبینِ قدرت پر کس طرح شکن پڑ جاتے ہیں، غضبِ خداوندی کے شعلے کس طرح بھڑکنے لگتے ہیں۔ اس بدنصیب نے تو ایک انگلی اٹھا کر

اشارہ کیا اور نازیبا الفاظ بکے۔ اس کے جواب میں رحمتِ عالم نے تو اسی حلم اور عفو و درگزر کا ثبوت دیا جو آپ کی شایانِ شان تھا لیکن غیرتِ خداوندی جوش میں آگئی اور تبت یدا ابی لھب فرما کر ہر بے ادب اور ہر گستاخ کو صاف صاف بتا دیا کہ اگر تم سے کوئی ایسا لفظ یا فعل صادر ہوا جس سے میرے حبیب کی شان میں بے ادبی کا کوئی پہلو نکلے تو یاد رکھو غضب الٰہی کی بجلی کوندے گی اور تمہیں جلا کر خاکستر کر دے گی۔ عزت بخاری نے کیا خوب فرمایا ہے ؎

ادب گاہیست زیرِ آسماں از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید جنیدؒ و بایزیدؒ ایں جا

سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسُ آيَاتٍ

سورہ اللھب مکی ہے اور اس میں پانچ آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝١ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝٢

ٹوٹ جائیں ابولہب کے دونوں ہاتھ اور وہ تباہ و برباد ہو گیا[۱] کوئی فائدہ نہ پہنچایا اسے اس کے مال نے اور جو اس نے کمایا[۲]

[۱] تَبَّ کا لفظ خسران، نامرادی اور بربادی کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ وَمعنی تَبَّتْ خَسِرَتْ وقیل خابَتْ وقیل هَلَكَتْ. (قرطبی)

جب حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی: وانذر عشیرتک الاقربین کہ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیے۔ اس ارشاد الٰہی کی تعمیل کے لیے حضور صفا کی پہاڑی پر کھڑے ہوئے اور یا صباحا بلند آواز سے کہا۔ عرب کا دستور تھا کہ جب کوئی ناگہانی آفت آجاتی اور لوگوں کو امداد کے لیے بلانا مقصود ہوتا تو "یا صباحا" کے الفاظ سے ندا کرتے۔ لوگوں نے جب یہ ندا سنی تو بھاگتے ہوئے صفا کی پہاڑی کے دامن میں آپہنچے اور جو خود حاضر ہونے سے قاصر تھے انہوں نے حقیقت حال دریافت کرنے کے لیے اپنے نمائندے بھیجے۔ جب سارے قریشی قبیلے جمع ہو گئے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں تمہیں یہ بتاؤں کہ اس پہاڑ کے پیچھے سے دشمنوں کا لشکر سوار دستہ تم پر حملہ کرنے کے لیے آرہا ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے؟ سب نے بیک زبان جواب دیا بے شک ہم آپ کی تصدیق کریں گے کیونکہ ہم نے آج تک آپ کی زبان سے سچ ہی سنا ہے۔ حضور نے فرمایا میں تمہیں تنبیہ کرتا ہوں کہ اگر تم شرک سے باز نہ آئے تو خدا کا عذاب تمہیں نیست و نابود کر دے گا۔ ابولہب، جو حضور کا چچا تھا، اس نے انگلی اٹھا کر اشارہ کیا اور گستاخی کرتے ہوئے بولا تَبًّا لَكَ اَمَا جَمَعْتَنَا اِلَّا لِهٰذَا۔ اللہ تعالیٰ کو اس گستاخ کی گستاخی اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں سخت ناگوار گزری اور انتہائی غضب اور ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں جن ہاتھوں کی ایک انگلی بے ادبی کے لیے اٹھی ہے وہ دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں۔ انہیں کبھی اپنے مقصد میں کامیابی نہ ہو۔ یہ بددعا ہے۔ وَتَبَّ فرمایا کہ وہ تباہ و برباد ہو گیا، وہ ٹوٹ پھوٹ کر رہ گیا، اس کا جسم ریزہ ریزہ کر دیا گیا اور جو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا تھا اسے پورا ہونے میں زیادہ دیر نہ لگی۔ بزدلی کے باعث بدر کی جنگ میں یہ شریک نہ ہوا، لیکن بدر کی عبرتناک شکست پر ابھی صرف ایک ہفتہ ہی گزرا تھا کہ اس کے جسم پر ایک زہریلا پھوڑا (العدسہ) نمودار ہوا جو چند دنوں میں اس کے سارے جسم پر پھیل گیا۔ ہر جگہ سے بدبو دار پیپ بہنے لگی۔ گوشت گل گل کر گرنے لگا۔ اس کے بیٹوں نے جب دیکھا کہ اسے ایک متعدی بیماری لگ گئی ہے تو انہوں نے اس کو اپنے گھر سے باہر نکال دیا اور تڑپتے تڑپتے اس نے جان دے دی۔ اب بھی اس کی نعش کو ٹھکانے

سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝۳ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝۴

عنقریب وہ جھونکا جائے گا شعلوں والی آگ میں ۳ اور اس کی جورو بھی ۴ بدبخت ایندھن اٹھانے والی ۵

لٹکانے کے لیے کوئی عزیز اس کے قریب نہ گیا۔ تین دن تک اس کی لاش پڑی رہی جب اس کے تعفن اور بدبو سے لوگ تنگ آ گئے اور اس کے بیٹوں کو لعنت ملامت شروع کی تب انہوں نے چند حبشی غلاموں کو اس کی لاش ٹھکانے لگانے پر مقرر کیا۔ انہوں نے ایک گڑھا کھودا اور لکڑیوں سے اس کی لاش کو دھکیل کر اس گڑھے میں پھینک دیا اور اوپر سے مٹی ڈال دی۔ اتنے بڑے قوم کے سردار اور مکہ کے چوٹی کے چار رئیسوں میں سے ایک رئیس کا یہ حشر اللہ تعالیٰ کے غضب ہی کا نتیجہ ہو سکتا ہے۔ اولاد اپنے باپ کو یوں کس مپرسی کے عالم میں نہیں چھوڑا کرتی مرنے کے بعد اس کی لاش کو یوں گلتے سڑتے نہیں دیکھ سکتی۔ لیکن جب اللہ تعالیٰ کا غضب آتا ہے تو اولاد کے دل میں محبت یا فاہرداری کے جذبات بھی ختم ہو جاتے ہیں اور اس کا وہی حشر ہوتا ہے جو اس گستاخ بارگاہ نبوت کا ہوا۔ سارے اہل مکہ نے دیکھا کہ مصطفیٰ کریم نے اپنے رب کی طرف سے جو یہ پیشگوئی کی تھی وہ حرف بحرف پوری ہوئی۔ نعوذ باللہ من غضبہ ومن غضب رسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم۔

بعض علما کا خیال ہے کہ تَبَّتْ یہ جملہ خبریہ ہے اور تَبَّ بھی جملہ خبریہ اور اس سے مراد تاکید ہے۔ لیکن علامہ قرطبی نے فراء کا یہ قول نقل کیا ہے کہ تَبَّتْ يَدَا۔ یہ بددعا ہے اور تَبَّ جملہ خبریہ ہے۔ پہلے فرمایا ایسا ہو جائے پھر بتا دیا ایسا ہو گیا۔ قال الفراء الاول دعاء والثانی خبر۔ (قرطبی) علامہ پانی پتی بھی فرماتے ہیں: اخبار بعد اخبار للتاکید او الاولی دعائیة والثانی اخباریة۔ (مظہری)

ابولہب کا نام عبد العزیٰ تھا۔ اپنے حسن و جمال اور چمکتے ہوئے چہرے کی وجہ سے اس نے اپنی کنیت ابولہب رکھی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی کنیت ذکر کی اور اس کا نام ذکر نہیں کیا۔ اس کی ایک وجہ تو یہ بتائی گئی ہے کہ وہ اپنے نام سے زیادہ اپنی کنیت سے مشہور تھا اور دوسری وجہ یہ کہ عبد العزیٰ (عزیٰ کا بندہ) یہ نام اس قابل نہ تھا کہ اسے قرآن کریم میں ذکر کیا جاتا۔

۲ یہ مکہ کے چار دولت مندوں میں سے ایک تھا۔ اس کے پاس آٹھ سیر سے زیادہ سونے کی اشرفیاں تھیں۔ دیگر جائیداد، سامان، مال مویشی اس کے ماسوا تھے اور صاحب اولاد بھی تھا۔ اس کے کئی لڑکے تھے جو اس کی موجودگی میں پورے جوان تھے لیکن جب اللہ تعالیٰ نے اسے پکڑا اور ایک زہریلا آبلہ اس کے جسم پر نمودار ہوا تو سارے نوکر، خادم، بھائی، رشتہ دار حتیٰ کہ اس کے اپنے فرزند بھی اس کو تڑپتا چھوڑ کر چلے گئے۔ اس دنیا ہی میں اس نے دیکھ لیا کہ جس دولت کی کثرت پر وہ فخر کیا کرتا تھا جن بیٹوں پر اس کو بڑا ناز تھا مصیبت کے وقت وہ اسے بے یار و مددگار چھوڑ کر چلے گئے اور اس کے ذرا کام نہ آئے۔ مَا كَسَبَ کا معنی بعض علما نے اولاد کیا ہے۔

۳ آج یہ میرے محبوب کی جناب میں گستاخی کرتا ہے، بے ادبی سے انگلی کا اشارہ کرتا ہے اور بڑی ڈینگیں مارتا ہے۔ قلیل عرصے کے بعد ہم اسے اس گستاخی کا مزا چکھائیں گے اور اسے ایسی آگ میں جھونکیں گے جس میں شعلے اٹھ رہے ہوں گے۔

۴ اس کی بیوی کا نام اروہ تھا اور کنیت ام جمیل تھی۔ یہ ابوسفیان کی بہن تھی اور بھینگی تھی اور اس کے دل میں حضور کی عداوت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ اسلام دشمنی میں یہ اپنے بدبخت خاوند سے کسی طرح پیچھے نہ تھی۔ اس کا مشغلہ یہ تھا کہ دن کے وقت جنگل میں نکل جاتی، خاردار لکڑیاں چنتی رہتی اور گٹھا باندھ کر اٹھا لاتی اور رات کے وقت اُس راستے میں ان کانٹوں کو بچھا دیتی جس سے گزر کر اللہ کا حبیب اپنے پروردگار

فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۟ؒ

اس کے گلے میں مونج کی رسّی ہوگی ؂

کی جناب میں سجدہ ریز ہونے کے لیے حرم کی طرف تشریف لے جاتا۔ جب یہ سورت نازل ہوئی تو یہ سن کر آگ بگولا ہوگئی اور اپنی مٹھیوں میں سنگریزے بھر کر حضور کی تلاش میں نکل کر جہاں ملیں گے ان پتھروں سے خبر لوں گی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کعبہ کے پاس بیٹھے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق حاضرِ خدمت تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق نے جب اس کو آتے ہوئے دیکھا تو عرض کی۔ یارسول اللہ! اُمّ جمیل آرہی ہے اور یہ ضرور کوئی خباثت کرے گی۔ حضور نے ارشاد فرمایا وہ مجھے نہ دیکھ سکے گی چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ وہ قریب آکر حضور کو نہ دیکھ سکی اور بڑبڑاتے ہوئے واپس چلی گئی۔ ارشاد فرمایا جس آگ میں اس کا گستاخ خاوند جلایا جائے گا اسی آگ میں وہ بھی جھونکی جائے گی۔

ؓ حطب: ایندھن کو کہتے ہیں۔ جلانے کی لکڑی۔ حمالۃ: اٹھانے والی۔ ان الفاظ سے اس کے اس معمول کو بیان کیا گیا ہے جس پر وہ عمل پیرا رہی۔

حمالۃ الحطب کا ایک اور مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے۔ جو شخص لوگوں کے درمیان چغل خوری کرے اس کے بارے میں کہتے ہیں۔ فلان یحطب علی فلان اذا ورش علیہ۔ جب کوئی شخص لوگوں کے درمیان چغلیاں کھائے اور مخالفت کی آگ کو بھڑکائے اس کے لیے یہ لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ ایسے شخص کی حدیث پاک میں بھی بڑی مذمت کی گئی ہے۔ ارشادِ نبوی ہے: لا یدخل الجنۃ نمّام۔ کوئی چغلخور جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

کعب احبار سے مروی ہے کہ بنی اسرائیل میں قحط پڑ گیا۔ موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کے ہمراہ تین دن تک بارش کی دعا کرتے رہے۔ لیکن ایک بوند بھی نہ گری۔ آخر آپ نے عرض کی: الٰھی عبادک۔۔۔ الٰہی یہ تیرے بندے ہیں۔ اگر تو رحم نہیں فرمائے گا تو کون رحم کرے گا۔ اللہ تعالیٰ نے وحی کی کہ موسیٰ! میں تمہاری دعا قبول کروں گا اور نہ تمہارے ساتھیوں کی۔ کیونکہ ان میں ایک ایسا آدمی ہے جو چغلخور ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا یارب العالمین! وہ کون ہے تاکہ ہم اسے اپنی صفوں سے نکال دیں۔ ارشاد ہوا اے موسیٰ! میں تمہیں چغل خوری سے روکتا ہوں۔ میں خود اس شخص کی چغلی کیسے کھا سکتا ہوں۔ چنانچہ سب نے مل کر توبہ کی پھر انہوں نے بارش کے لیے دعا مانگی جو قبول ہوئی۔ اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ چغل خوری کبیرہ گناہ ہے۔ حضرت فضیل بن عیاض کا قول ہے: ثلاث تھد العمل الصالح ویفطرن الصائم وینقضن الوضوء: الغیبۃ والنمیمۃ والکذب۔ یعنی تین ایسی باتیں ہیں جو نیک اعمال کو غارت کر دیتی ہیں، روزہ توڑ دیتی ہیں اور وضو ٹوٹ جاتا ہے: غیبت، چغلی اور جھوٹ۔

اس کی ترکیب کے بارے میں متعدد اقوال ہیں، لیکن صحیح قول یہ ہے کہ اس کی نصب مذمت کی وجہ سے ہے۔ حمالۃ الحطب بالنصب علی الذم کانھا اشتھرت بذلک فجاءت الصفۃ للذم لا للتخصص۔ یعنی اپنی اس صفت کی وجہ سے وہ مشہور و معروف تھی اس لیے یہ صفت اس کی تخصیص کے لیے نہیں بلکہ اس کی مذمت کے لیے ہے۔

؂ جید: گردن۔ حبل: رسّی۔ مسد: مونج۔ اُمّ جمیل کے بارے میں خصوصی طور پر یہ الفاظ استعمال کرنے میں

یہ راز ہے کہ وہ مکہ کے رئیسِ اعظم کی بیوی تھی۔ اس کے گلے میں جواہرات کا گراں بہا ہار تھا اور وہ کہتی تھی، واللّات والعزّٰی لانفقنّھا فی عداوۃ محمد۔ کہ لات و عزّٰی کی قسم میں موتیوں کے اس بیش قیمت ہار کو فروخت کر کے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی عداوت میں خرچ کروں گی۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اسی اکڑی ہوئی گردن میں جس میں آج بڑا قیمتی ہار ہے، ہم مونج کی رسّی ڈال کر اسے جہنم میں گھسیٹیں گے جو شر گز لمبی ہوگی۔ بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ وہ حسبِ معمول خاردار لکڑیوں کا گٹھا سر پہ اٹھائے ہوئے آرہی تھی۔ وہ گٹھا مونج کی رسّی میں بندھا ہوا تھا۔ وہ ایک پتھر پر آرام کرنے کے لیے بیٹھ گئی۔ وہ گٹھا پیچھے ہٹ گیا اور رسّی اس کے گلے میں حائل ہوگئی جس سے اس کا دم گھٹ گیا اور وہ مرگئی۔

لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم
اللّٰھم انا نعوذ بك من سوء الادب فی حضرۃ المصطفیٰ
و نعوذ بك بجاھہ عندك من سخطك و سخط نبیك و
حبیبك واجعلنا من خدامہ المتادبین فی جنابہ
المتمسكین بذیلہ المقتفین بآثارہ النیرۃ علیہ و
علی الہ من الصلوات اطیبھا ومن التسلیمات ازکٰھا

۱۰ر رمضان المبارک ۱۳۹۹ھ

تعارف

سُورۃ الاخلاص

نام : اس سورۂ مبارکہ کے بہت سے نام ہیں جو اس کی عظمتِ شان اور مقامِ رفیع پر دلالت کرتے ہیں ان میں سے چند آپ بھی ملاحظہ فرمائیں۔

سُورۂ توحید کیونکہ اس میں عقیدۂ توحید کو بڑی جامعیت اور دلکش انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

سُورۂ نجات : اس کے ذریعہ انسان کو کفر و شرک کی آلودگیوں سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ نیز عذابِ جہنم سے بھی رستگاری کا ذریعہ ہے۔

سُورۂ مقشقشہ : تقشقش کہتے ہیں بیماری سے شفایاب ہو جانا۔ اس سُورت کے ذریعے کیونکہ کفر و شرک کے مرض سے شفا نصیب ہوتی ہے اسی لیے اسے مقشقشہ کہا گیا۔

سُورۂ الاساس : کیونکہ ایمان و عمل کا قصرِ رفیع توحید کی بُنیادوں پر تعمیر ہوتا ہے۔ اس کے بغیر اعلیٰ سے اعلیٰ عمل بھی بے معنی اور بے سُود ہے۔

سُورۂ المانعہ : یہ اپنے قاری کو عذابِ دوزخ سے بچا لیتی ہے۔

سُورۂ النور : اس کی ضیاء پاشیوں سے مومن کے دونوں جہاں رُوشن ہو جاتے ہیں۔ اس کے ذہن اور اس کے دل دونوں میں اُجالا ہو جاتا ہے۔

سورۂ الامان : اس سُورت پر ایمان رکھنے والے کو خداوندِ ذوالجلال کے قہر و غضب سے امان مل جاتی ہے۔

سورۂ الاخلاص : اس سورت کے متعدد ناموں میں سے یہ اس کا مشہور ترین نام ہے کیونکہ توحیدِ خالص کا مضمون پُوری فصاحت سے اس میں مذکور ہے گویا یہ نام اس سورت کے لیے بطور علامت مستعمل نہیں ہُوا بلکہ اس کے مضامین و مطالب کا ایک جامع عنوان ہے۔

اس کی آیات کی تعداد چار اور بروایت پانچ۔ یہ پندرہ کلمات اور ۴۷ حروف پر مشتمل ہے۔

زمانۂ نزول : اس کے مکی اور مدنی ہونے میں اختلاف ہے۔ بعض علماء کے نزدیک یہ سُورت مکہ مکرمہ میں نازل ہُوئی اور بعض کے نزدیک مدینہ طیبہ میں۔ کُتبِ حدیث میں دونوں قسم کی روایات موجود ہیں۔ بعض سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا نزول مکہ مکرمہ میں ہوا۔ اور بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ میں یہ سورت نازل ہُوئی۔ پہلے ہم وہ احادیث آپ کے

سامنے پیش کرتے ہیں جن سے اس کے مکی ہونے کی تائید ہوتی ہے۔

۱۔ عن ابی العالیہ عن ابی بن کعب ان المشرکین قالوا للنبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا محمد انسب لنا ربک فانزل اللہ تعالیٰ قل ھو اللّٰہ احد الایۃ (رواہ احمد)

ترجمہ: ابوالعالیہ ابی ابن کعب سے روایت کرتے ہیں کہ مشرکین کا ایک گروہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) جس رب پر ایمان لانے کی آپ ہمیں دعوت دیتے ہیں اس کا نسب نامہ تو ہمیں بتائیے تاکہ ہمیں اس کی پہچان ہو جائے۔ اس وقت اللہ تعالے نے انکے جواب میں یہ سورت نازل فرمائی۔

۲۔ عن الشعبی عن جابر ان اعرابیا جاء الی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال انسب لنا ربک فانزل اللہ قل ھو اللہ احد۔ الایۃ۔

ترجمہ: شعبی حضرت جابر سے نقل کرتے ہیں کہ ایک اعرابی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ کہنے لگا اپنے رب کا نسب نامہ ہمیں سنائیے۔ اس وقت اللہ تعالے نے یہ سورت نازل فرمائی۔

۳۔ عن ابی وائل عن ابن مسعود قالت قریش لرسول اللہ صلے اللہ تعالے علیہ وسلم انسب لنا ربک فنزلت ھذہ السورۃ

ترجمہ: ابی وائل حضرت ابن مسعود سے روایت کرتے ہیں کہ قریش نے ایک دفعہ اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے فرمائش کی کہ اپنے رب کا نسب نامہ تو ہمیں بتائیے۔ اس وقت یہ سورت نازل ہوئی۔

ان تینوں روایات سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ وہیں کے مشرکوں اور قریش نے یہ سوال پوچھا اور انہیں کو یہ جواب دیا گیا۔

لیکن مندرجہ ذیل روایات سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس کا نزول مدینہ طیبہ میں ہوا۔

۱۔ عن ابن عباس ان الیھود جاءوا الی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم و معھم کعب بن اشرف فقالوا یا محمد ھذا اللہ خلق الخلق فمن خلق اللہ فغضب نبی اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام فنزل جبرئیل فسکنہ وقال اخفض جناحک یا محمد فنزل قل ھو اللہ احد الآیۃ۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ یہودیوں کا ایک گروہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا۔ ان کے ساتھ کعب بن اشرف یہودی بھی تھا۔ انہوں نے کہا یہ اللہ ہے جس نے مخلوق کو پیدا کیا۔ پس اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ازحد غضبناک ہو گئے۔ جبریل حاضر ہوئے تو حضور کو تسلی دی اور عرض کیا اپنے پروں کو نیچا کیجئے۔ اس وقت یہ سورت نازل ہوئی۔

۲۔ روی عطاء عن ابن عباس قال قدم وفد نجران فقالوا صف لنا ربک أمن زبرجد او یاقوت اوذھب او فضہ۔ وقال ان ربی لیس من شیٔ لانہ خالق الاشیاء فنزلت قل ھو اللہ احد۔

ترجمہ: عطاء حضرت ابن عباس سے نقل کرتے ہیں کہ جب نجران کے نصاریٰ کا وفد آیا تو انہوں نے حضور سے کہا کہ

اپنے رب کی حقیقت ہمیں بتائیے وہ زبرجد کا بنا ہوا ہے یا قوت کا بنا ہوا ہے یا سونے چاندی کا بنا ہوا ہے حضور نے فرمایا کہ میرا رب ان چیزوں میں سے نہیں، میرا رب ان تمام اشیاء کا خالق ہے۔ اس وقت یہ سورت نازل ہوئی۔ یہودیوں کا وفد بھی مدینہ طیبہ میں حاضرِ خدمت ہوا تھا اور نجران کے عیسائی بھی اسی مقام پر حاضری سے شرف یاب ہوئے تھے۔ ان دو حدیثوں سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سورت مدنی ہے۔

اہلِ تحقیق نے روایات کے اس تعارض کو یہ کہہ کر ختم کیا کہ اس سورت کا نزول دو بار ہوا۔ ایک بار مکہ میں اور دوسری بار مدینہ میں۔ اس کی توجیہ یہ بھی کی جاسکتی ہے کہ یہ سورت نازل تو مکہ مکرمہ میں ہوئی لیکن جب اسی قسم کے سوالات یثرب کے یہودیوں اور نجران کے عیسائیوں نے پوچھے تو ان کے جواب کے لیے اس سورت کی طرف توجہ مبذول کرادی۔ اسی کو نزولِ سورت سے تعبیر کیا گیا ہے۔

مضامین: اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کی صفاتِ کاملہ کے بارے میں جس قسم کی غلط فہمیاں نوعِ انسانی کے کسی حلقہ میں پائی جاتی تھیں ان تمام کا ازالہ یہ سورت نازل کرکے کردیا۔ بعض کہتے تھے کہ یہ عالم قدیم ہے۔ اس کا کوئی خالق اور مبدأ نہیں۔ اپنی محیّر العقول بوقلمونیوں اور بے عدیل باہمی نظم و ضبط کے ساتھ یہ خود بخود معرضِ وجود میں آگیا ہے۔ یہ کہنے والے یونان کے قدیم فلسفی ہوں یا عصرِ حاضر کے ملحد دانشور ہوں، مصر اور بابل کے ترقی یافتہ تمدنوں کے بانی ہوں یا وحشی قبائل، سب غلط کہتے ہیں، بتادیا اس کائنات کا خالق ہے اور ہے بھی وہ وحدہٗ لاشریک۔ قل ہو اللہ احد۔

بعض قومیں ذاتِ خداوندی کو تسلیم کرتی تھیں لیکن اس کی صفاتِ کاملہ کا عرفان انہیں نصیب نہیں ہوا تھا، اس لیے اوہام و ظنون کی وادیوں میں صدیوں سے بھٹک رہی تھیں۔ باقی آیات سے ان کے شکوک و شبہات کا ازالہ کردیا اور انہیں کفر و شرک کے اندھیروں سے نکال کر معرفتِ الٰہی کی روشنی میں پہنچادیا۔

یہی مسئلہ توحید اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے۔ تمام انبیاء و رسل یہی سبق لوگوں کو ذہن نشین کرانے کے لیے تشریف فرما ہوئے خاتم النبیین رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی بعثت کا مقصد وحید بھی یہی تھا۔

اس سورت کی چند مختصر آیات میں قدیم و جدید ہر قسم کی فکری گمراہیوں کا استیصال کردیا۔

فضیلت و اہمیت: اس سورۂ پاک کی فضیلت و اہمیت اس کے مضمون سے عیاں ہے لیکن بطورِ تبرک زبانِ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بھی اس کی عظمتِ شان کا تذکرہ سنیے:

۱۔ عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعث رجلا علی سریۃ فکان یقرأ لاصحابہ فی صلوتہ و یختم بقل ھو اللہ احد۔ لما رجعوا ذکروا ذلک للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال سلوہ لای شیئ یصنع ذلک فسألوہ فقال لانہا صفۃ الرحمٰن وانا احب ان اقرأ بہا وقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اخبروہ ان اللہ تعالیٰ یحبہ (بخاری۔ مسلم)

ترجمہ: حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو ایک لشکر کا امیر بنا کر کسی مہم پر روانہ کیا۔

ان کا یہ معمول تھا کہ جب وہ جماعت کراتے ہر رکعت کی قرأت کے اختتام پر سورۂ اخلاص تلاوت کرتے۔ واپسی پر لشکریوں نے اس بات کا تذکرہ بارگاہِ رسالت میں کیا۔ حضور نے فرمایا تم اس سے پوچھو وہ ایسا کیوں کیا کرتا ہے۔ اس سے دریافت کیا گیا تو اس نے جواب دیا: اس سورت میں خداوند رحمٰن کی صفت ہے اس لیے میں اس کی تلاوت کو محبوب رکھتا ہوں۔ نبی کریم نے فرمایا اسے بتادو کہ اللہ تعالیٰ بھی اس کو محبوب رکھتا ہے۔

۲۔ عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کان رجل من الانصار یؤمّھم فی مسجد قباء فکان کلما افتتح سورۃ یقرأبہا لھم فی الصلوٰۃ ممن یقرأ بہ افتتح بقل ھو اللہ احد حتی یفرغ منہا ثم کان یقرأ سورۃ اخری معہا۔۔

... وقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا فلان ما یمنعک ان تفعل ما یأمرک بہ اصحابک وما حملک علی لزوم ھذہ السورۃ فی کل رکعۃ قال انی احبہا قال حبّک ایاھا ادخلک الجنۃ (بخاری)

ترجمہ: حضرت انس سے مروی ہے کہ ایک انصاری مسجدِ قبا میں انصار کی امامت کیا کرتے تھے۔ ان کا یہ دستور تھا کہ وہ سورت پڑھنے سے پہلے سورۂ اخلاص کی تلاوت کرتے۔ ان کے مقتدیوں نے انہیں کہا کہ یہ آپ کیا کرتے ہیں یا سورہ اخلاص پڑھا کیجیے یا کوئی دُوسری سُورت۔ اُنہوں نے کہا میں تو ایسا ہی کروں گا۔ اب آپ کی مرضی ہو تو جماعت کرا لیا کریں اور اگر آپ کی مرضی نہ ہو تو کسی دُوسرے کو اپنا امام مقرر کر لیجیے۔ ان کی نیکی اور پارسائی کی وجہ سے لوگ کسی دُوسرے کو امام مقرر کرنا پسند نہ کرتے تھے چنانچہ اس کا تذکرہ حضور کی خدمتِ اقدس میں کیا گیا۔ حضور نے فرمایا تمہارے مقتدی جس طرح کہتے ہیں تم ایسا کیوں نہیں کرتے۔ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے اس سورت سے بڑا پیار ہے۔ حضور نے ارشاد فرمایا اس کی محبت نے تجھے جنت میں داخل کر دیا ہے۔

اگرچہ یہ سورت صرف چار آیات پر مشتمل ہے لیکن اپنی عظمت شان کے باعث اس کو ایک بار پڑھنے سے دس پاروں کی تلاوت کا ثواب ملتا ہے۔

۱۔ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم احشدوا فانی ساقرأ علیکم ثلث القرآن فحشد من حشد ثم خرج فقرأ قل ھو اللہ احد الٰی ثم دخل ... فقال انی قلت ساقرأ علیکم ثلث القرآن الا وانہا تعدل ثلث القرآن۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ کہتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک روز صحابہ کو حکم دیا کہ اکٹھے ہو جاؤ میں تمہیں ایک تہائی قرآن سناؤں گا چنانچہ لوگ جمع ہو گئے۔ حضور تشریف لائے۔ سورۂ اخلاص کی تلاوت فرمائی اور حجرۂ مبارکہ میں تشریف لے گئے۔ لوگ کہنے لگے حضور نے تو فرمایا تھا کہ میں تمہیں ایک تہائی قرآن سناؤں گا۔ اور آپ صرف ایک سُورت سُنا کر تشریف لے گئے ہیں۔ حضور نے واپس آکر فرمایا کہ میں نے تمہیں یہی کہا تھا کہ میں تمہیں ایک تہائی قرآن سناؤں گا۔ کان کھول کر سُن لو یہ سُورت ایک تہائی قرآن کے برابر ہے۔

۲۔ عن ابی سعید قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لاصحابہ ایعجز احدکم ان یقرأ ثلث القرآن فی لیلۃ

فشق ذالك عليهم قالوا اينا يطيق ذالك يارسول الله فقال الله الواحد الصمد ثلث القرآن ۔

ترجمہ: ایک روز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے صحابہ کو فرمایا کیا تم ایک تہائی قرآن ہر رات تلاوت نہیں کر سکتے۔ انہوں نے عرض کی یارسول اللہ ہم میں سے کون اس کی طاقت رکھتا ہے۔ فرمایا قل ھو اللہ احد الخ قرآن کی ایک تہائی ہے۔

اس سورت کو قرآن کریم کی ایک تہائی کہنے کی کئی وجوہات علماء نے ذکر کی ہیں۔ سب سے بہتر یہ ہے کہ قرآن میں تین چیزوں پر پوری توجہ صرف کی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان، رسالت پر ایمان اور روزِ قیامت پر ایمان۔ اس سورت میں توحید کا ذکر کیا گیا ہے جو ان تین چیزوں میں سے ایک ہے اس لیے اسے قرآن کی ایک تہائی فرمایا گیا۔

اس بابرکت سورت کے واسطہ سے اللہ تعالیٰ کی جناب میں جب دامنِ طلب پھیلایا جاتا ہے، وہ کریم اسے خالی واپس نہیں کرتا۔

عن ابی هريرة رضى الله عنه انه دخل مع رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم المسجد فاذا رجل يصلى يدعو يقول اللهم انى اسألك بانى اشهد ان لا اله الا انت الاحد الصمد الذى لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد، قال والذى نفسى بيده لقد سأله باسمه الاعظم الذى اذا سئل به اعطى واذا دعى به اجاب ۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ کہتے ہیں کہ میں حضور کریم کی معیت میں مسجد میں داخل ہوا تو وہاں ایک شخص نماز پڑھ کر دعا مانگ رہا تھا اور عرض کر رہا تھا: اللهم انى اسألك بانى اشهد ان لا اله الا انت الاحد الصمد الذى لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد۔ یہ سن کر حضور نے فرمایا اس ذات پاک کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے اس شخص نے اپنے رب سے اس کے اسم اعظم کے وسیلہ سے دعا مانگی ہے۔ جب بھی اس کے وسیلہ سے سوال کیا جاتا ہے وہ عطا فرماتا ہے اور جب بھی دعا کی جاتی ہے وہ قبول کرتا ہے۔

روى انه دخل المسجد فسمع رجلا يدعو ويقول اسألك يا الله يا احد يا صمد يا من لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد فقال غُفِرَ لك غُفِرَ لك غُفِرَ لك ثلاث مرات (تفسیر کبیر)

ترجمہ: ایک دفعہ حضور مسجد میں تشریف لے گئے اور ایک شخص کو یوں دعا کرتے ہوئے سنا۔ وہ عرض کر رہا تھا: اسألك يا الله يا احد يا صمد يا من لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد۔ یہ سن کر حضور نے تین مرتبہ فرمایا: اے شخص تجھے بخش دیا گیا، اے شخص تجھے بخش دیا گیا، اے شخص تجھے بخش دیا گیا۔

روى انه كان جبرئيل عليه السلام مع الرسول عليه الصلوٰة والسلام اذا اقبل ابوذر الغفارى۔ قال جبرئيل هذا ابوذر قد اقبل وقال عليه الصلوٰة والسلام او تعرفونه قال هو اشهر عندنا منه عندكم۔ قال عليه الصلوٰة والسلام بماذا نال هذه الفضيلة قال لصغره فى نفسه وكثرة قرأته قل هو الله احد۔ (تفسیر کبیر)

ترجمہ: ایک دفعہ حضرت جبرئیل بارگاہِ رسالت میں حاضر تھے کہ ابوذر غفاری آ گئے۔ جبرئیل نے عرض کی یہ ابوذر ہیں جو آ رہے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پوچھا کیا تم ملائکہ ابوذر کو پہچانتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ وہ یہاں سے زیادہ ہمارے

ہاں مشہور ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دریافت فرمایا کس وجہ سے انہیں یہ فضیلت ملی ہے۔ انہوں نے عرض کی، ایک تو یہ اپنے آپ کو اپنے دل میں چھوٹا سمجھتے ہیں، دوسرا قل ھو اللہ احد کی کثرت سے قرأت کرتے ہیں۔

علامہ ابو عبداللہ الانصاری القرطبی اپنی تفسیر میں اس مقام پر ایک روایت نقل کرتے ہیں۔ آپ بھی سنئیے اور اس پر عمل کیجیے: عن سهل بن سعد الساعدي قال شكا رجل الى رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم الفقر وضيق المعيشة فقال له رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم اذا دخلت البيت فسلم ان كان فيه احد وان لم يكن فيه احد فسلم علىّ واقرأ قل هو الله احد مرة واحدة ففعل الرجل فادرّ الله عليه الرزق حتى افاض على جيرانه۔

(القرطبی)

ترجمہ: سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے بارگاہ رسالت میں اپنے فقر اور تنگدستی کی شکایت کی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے فرمایا کہ جب تم اپنے گھر میں داخل ہو اگر وہاں کوئی موجود ہو تو اس کو سلام کہو اور اگر کوئی موجود نہ ہو تو مجھ پر سلام بھیجو اور پھر ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھو۔ اس آدمی نے حسب ہدایت عمل کیا، اللہ تعالیٰ نے اسے اتنا وافر رزق عطا فرمایا کہ وہ اپنے پڑوسیوں کو بھی مستفید کرنے لگا۔

قاضی عیاض شفا شریف میں ان مقامات کا ذکر کرتے ہوئے جہاں نبی رحمت صلے اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ والسلام بھیجنا مستحب ہے رقمطراز ہیں:

وقال عمرو بن دينار في قوله فاذا دخلتم بيوتا فسلموا على انفسكم قال ان لم يكن في البيت احد فقل السلام على النبي ورحمة الله وبركاته۔

ترجمہ: عمرو بن دینار (جو امام حدیث ہیں اور صحاح ستہ کے مصنفین نے ان سے احادیث روایت کی ہیں) اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے ضمن میں فاذا دخلتم (الآیۃ) لکھتے ہیں جب تم اپنے گھروں میں داخل ہو تو اپنے آپ پر سلام بھیجو۔ ابن دینار کہتے ہیں اگر گھر میں کوئی نہ ہو تو کہو السلام على النبي ورحمة الله وبركاته۔

علامہ علی قاری شرح شفا میں اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

اى لان روحه عليه السلام حاضر فى بيوت اهل الاسلام

یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی روح مبارک اہل اسلام کے گھروں میں حاضر ہوتی ہے۔ اس لیے حضور پر سلام عرض کرنا چاہیے۔ (شرح شفا۔ قاضی عیاض جلد ۲ صفحہ ۱۱۸)

اُٹھایا ہوا ہے، وہ کھاتا کیا ہے؟ ان کے ذہنوں کی تنگ دامانی اور ان کے انکار کی گمی عجیب وغریب سوالات کے پیکر میں ظاہر ہو رہی تھی۔ اس اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر یہ سُورۂ مبارکہ نازل کی اور اس کی چند آیتوں میں گمراہی کی انگنت صورتوں کا قلع قمع کر دیا۔ ارشاد ہے: قُلْ: اے عبدِ کامل! سب سے بڑی سچائی کا اعلان تو اپنی زبان سے فرما تاکہ کسی کو مجالِ انکار نہ رہے۔

بسا اوقات کمال بھی حجاب بن جایا کرتا ہے۔ کمالات بھی بے شمار ہیں اور ان سے پیدا ہونے والے حجابات بھی انگنت ہیں۔ کہیں حُسن، کہیں قوت، کہیں علم، کہیں دولت، کہیں اقتدار و حکومت اور کہیں جنگی فتوحات کے نقاب حق کے رُوئے زیبا کو مستور کر دیتے ہیں۔ ان حجابات کو وہی اٹھا سکتا ہے، ان نقابوں کو وہی اُلٹ سکتا ہے جو خود جملہ کمالات سے یوں متصف ہو کہ اس کی نظیر پیش نہ کی جا سکے۔ اے حبیب! ہم نے آپ کو تمام کمالات کا پیکرِ رعنا بنا کر بھیجا ہے۔ اُٹھیے اور اپنی صدائے دلنواز سے نخوت و پندار کے ان بُتوں کو ریزہ ریزہ کر دیجیے۔ فرعون نے ملکِ مصر کی حکمرانی سے اپنا دماغی توازن کھو دیا تھا اور خدائی کا دعویٰ کیا تھا۔ تجھے تو ہم نے وہ سلطانی عطا فرمائی ہے کہ تیری انگلی کے اشارے سے چاند دو ٹکڑے ہو جاتا ہے۔ اس بے مثال سلطانی کے باوجود اگر تو یہ کہے گا کہ لا الٰہ الا اللہ تو کسی حکمران کی یہ مجال نہیں ہو گی کہ وہ اپنی خدائی کا اعلان کر سکے۔ ہم نے تجھے وہ شانِ رفیع عطا فرمائی ہے کہ سب نبی، سب رسول اس کی جلالتِ شان کو دیکھ کر سرنگوں ہیں۔ جب تو یہ کہے گا لا الٰہ الا اللہ کہ میں بایں ہمہ کمال خدا نہیں، بلکہ بندہ ہوں تو کسی کو یہ حق نہ پہنچے گا کہ وہ کسی نبی یا رسول کو خدا یقین کرے۔ تیرے علم کا بحرِ بے پایاں کنار کان و مایکون کو محیط ہے۔ تیری نگاہِ رسا اسرار و معارف کی گہرائیوں تک پہنچی ہوئی ہے۔ اس علمِ بے پایاں کے باوجود اگر تو یہ کہے گا کہ میں خدا نہیں، بلکہ اس کا بندہ ہوں، جب تیری زبان سے لا الٰہ الا اللہ کا اعلان ہو گا تو کسی علامۂ دہر اور فاضلِ اجل کو جرأت نہ ہو گی کہ اپنی خدائی کا دم بھر سکے۔

آپ کے جدِ امجد میرے خلیل نے لوہے کی گُرز سے اپنی قوم کے صنم کدے میں سجے ہوئے بُتوں کو توڑ پھوڑ کر رکھ دیا تھا۔ اے فرزندِ خلیل! اُٹھیے اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ کی کہسار شکن ضرب سے افکار و نظریات کے بُتکدوں کو پاش پاش کر دیجیے تاکہ اس کے بعد کوئی سلیم الفطرت انسان یہ کہنے کی جرأت نہ کر سکے کہ تیرے خدا کے بغیر بھی کوئی اور خدا ہے، تیرے رب کے بغیر بھی اس جہان کا کوئی رب ہے۔ تیرے عزتوں والے، شانوں والے، قوتوں والے، حکمت والے، ہمہ بین اور ہمہ دان پروردگار کے سوا کوئی اور بھی خدا ہے۔ تیرے لبوں سے حق کی صدا نکلے گی تو زمین کی وسعتیں، فضا کی پہنائیاں، آسمان کی رفعتیں، عرش کی بلندیاں اس صدائے حق سے گونجنے لگیں گی۔

اللہ تعالیٰ نے جو چاہا، وہ پورا ہو کر رہا۔ بطحا کی سنسان وادی سے اٹھنے والی یہ میٹھی آواز سارے جہاں کی غوغا آرائیوں پر غالب آ گئی۔ دینِ اسلام کا آفتاب کیا طلوع ہوا کہ مذاہبِ باطلہ کے چراغ بے نور ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوق، آدم کی اولاد کو اپنے خالق و مالک کا صحیح عرفان نصیب ہو گیا۔ حکم ہوا قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یعنی آپ ان پوچھنے والوں کو بتا دیجیے کہ جس معبود کی طرف میں تمہیں بلا رہا ہوں، جس کی حریمِ ناز تک میں تمہیں لے جانا چاہتا ہوں، وہ تمہارے ان خود ساختہ بُتوں کی طرح تانبے، پتھر یا لکڑی کا بنا ہوا نہیں ہے، وہ اللّٰہ ہے جو احد ہے، جو یکتا ہے۔ اَحَدٌ، اس ایک کو کہتے ہیں جس کا دوسرا نہ ہو، نہ ذات میں، نہ صفات میں، نہ کمالات میں۔ اس اعلان کے ہوتے ہی سونے، چاندی، لوہے، تانبے، پتھر، لکڑی کے بنے ہوئے جو معبود صدیوں سے خدائی کی مسند پر بیٹھے کروفر سے براجمان تھے سب کے

ترجمہ: علماء لکھتے ہیں کہ شرک کبھی عدد میں ہوتا ہے "احد" کہہ کر اس کی نفی فرما دی، کبھی مرتبہ و منصب میں ہوتا ہے "صمد" کہہ کر اس کا بطلان کر دیا، کبھی نسب میں ہوتا ہے "لم یلد ولم یولد" سے اس کا ابطال کر دیا اور کبھی کوئی کام کرنے اور اثر اندازی میں ہوتا ہے اس کی تردید "لم یکن لہ کفوا احد" سے کر دی۔ توحید کے اسی جامع مضمون کے باعث اس سورت کو سورۃ اخلاص کہا جاتا ہے۔

اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له، له الملك وله الحمد وهو على كل شيئ قدير، واشهد هو الله احد، الله الصمد، لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوًا احد، واشهد ان سيدنا ومولنا وحبينا وحبيب ربنا محمدا رسول الله۔ اللهم صل من الصلوات اطيبها وسلم من التسليمات ازكيها وبارك من البركات اسناها على حبيبي وشفيعي وقرة عيني وسرور قلبي عبدك ونبيك محمد وعلى اٰله الطيبين الطاهرين وعلى ازواجه الطاهرات امهات المومنين وعلى سائر الصحابة والتابعين وعلى اولياء امته الكاملين وعلى علماء شريعته الربانيين وعلينا معهم اجمعين۔ فاطر السمٰوات والارض انت ولى فى الدنيا والاٰخرة توفنى مسلمًا والحقنى بالصالحين اٰمين بجاه طٰهٰ ويٰسين صلى الله عليه وسلم۔

تعارف

سُورۃُ الفلق والنّاس

نام : پہلی سورت کا نام 'الفلق' اور دُوسری کا 'الناس' ہے۔ دونوں سُورتوں کا نزول بھی بیک وقت ہُوا مفہوم معنی اور مقصد کے اعتبار سے بھی ان میں اس قدر اتصال ہے کہ انہیں الگ الگ کرنا بہت دُشوار ہے۔ اس لیے انہیں معوذتین کے ایک نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ اِن کے الگ الگ تعارف لکھنے کے بجائے ایک ہی تعارف پر اکتفا کروں گا۔

پہلی سورۃ 'الفلق' ایک رکوع، پانچ آیتوں، تیئس کلموں اور چوہتر حروف پر مشتمل ہے اور دُوسری سورت الناس، میں ایک رکوع، چھ آیات، بیس کلمے اور اناسی حروف ہیں۔

نزول : اس بات پر تو سب متفق ہیں کہ یہ دونوں سُورتیں ایک ساتھ نازل ہُوئیں لیکن کہاں نازل ہُوئیں؟ اس میں دو قول ہیں۔ حضرت حسن بصریؒ، عطاءؒ، عکرمہ اور جابر رضی اللہ عنہم کی یہ رائے ہے کہ ان کا نزول مکہ میں ہُوا حضرت ابنِ عباس کے ایک قول سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے لیکن قتادہ، ابوصالح اور ابن عباس کے علاوہ علماء کی ایک جماعت کا یہ قول ہے کہ یہ دونوں سورتیں مدنی ہیں۔ بعض مفسرین نے پہلے قول کو ترجیح دی ہے لیکن احادیثِ مرفوعہ دُوسرے قول کی تائید کرتی ہیں، اس لیے مرفوع حدیث کے مقابلہ میں کسی کے قول کو ترجیح دینا بہت مشکل ہے۔ ایک مرفوع حدیث جسے مُسلم، ترمذی، نسائی، احمد بن حنبل علیہم الرحمۃ نے حضرت عقبہ بن عامر سے یوں روایت کیا ہے۔ عقبہ کہتے ہیں ایک روز رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: الم تر آیات انزلت اللیلۃ لم یر مثلھن اعوذ برب الفلق، اعوذ برب الناس یعنی تمہیں خبر ہے اللہ تعالے نے آج رات مجھ پر ایسی آیتیں نازل فرمائی ہیں جن کی پہلے مثال نظر نہیں آتی۔ وہ اعوذ برب الفلق اور اعوذ برب الناس ہیں۔

عقبہ ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ میں مشرف بہ اسلام ہُوئے تھے۔ ان کو حضور کا یہ ارشاد کہ "آج رات مجھ پر ایسی آیتیں نازل ہُوئی ہیں جن کی مثال پہلے نظر نہیں آتی" یہ اس بات کی قطعی دلیل ہے کہ ان سورتوں کا نزول مدینہ طیبہ میں ہُوا۔ دُوسری حدیث جو اس قول کی تائید کرتی ہے وہ ہے جس میں ان کے شانِ نزول کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ اس حدیث کو ائمہ کبار بغویؒ، نسفیؒ، بیہقیؒ، ابن سعدؒ نے روایت کیا ہے۔ ان کے علاوہ شراح حدیث میں سے حافظ ابن حجر عسقلانیؒ اور علامہ بدرالدین عینی نے اپنے اپنے اسفار جلیلہ میں لکھا ہے کہ سات ہجری میں جب ایک یہودی لبید بن اعصم نے جادو کیا۔ (جس کی تفصیل آگے بیان ہو رہی ہے۔) اُس وقت اس جادو کے اثرات کو کالعدم کرنے کے لیے یہ دو سورتیں نازل ہُوئیں۔ ان ائمہ حدیث کی تحقیق کے بعد اور حضرت عقبہ کی مرفوع روایت کے بعد مزید کسی دلیل کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس لیے ان سُورتوں کے مکی ہونے پر اصرار کرنا اور

ان صریح روایات کے بارے میں یہ کہہ دینا کہ "ان مواقع پر ان سورتوں کی طرف توجہ مبذول کرائی گئی جو پہلے مکہ میں نازل ہو چکی تھیں"
بہرحال میرے لیے ناقابلِ فہم ہے۔ جہاں تک میری سمجھ اور تحقیق کا تعلق ہے، میں تو اسی نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ یہ مدینہ طیبہ میں نازل ہوئیں۔
چند مباحث : یہاں چند ایسے اُلجھے ہوئے مباحث ہیں۔ جن سے دامن بچا کر آگے نکل جانا کسی طرح درست نہیں۔
ان سورتوں کے تعارف کے ضمن میں ان مباحث کا تذکرہ اور ان سے جو شبہات جنم لیتے ہیں اُن کا ازالہ از بس ضروری ہے۔
اس لیے قارئین کرام سے ان مباحث کے تذکرہ کی اجازت طلب کرتا ہوں۔

بحث اوّل : کیا یہ دونوں سورتیں قرآن کریم کا جزو ہیں اور قرآن کریم کی دُوسری سورتوں کی طرح ان کا جزوِ قرآن ہونا قطعی الثبوت ہے ؟

یہ سوال اس لیے پیدا ہوا کہ بعض ایسی روایات موجود ہیں جن میں یہ مذکور ہے کہ حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ انہیں قرآن کی سُورتیں شمار نہیں کیا کرتے تھے اور جو مصحف اُنہوں نے مرتب کیا تھا۔ اُس میں بھی یہ سُورتیں موجود نہ تھیں علامہ سیوطیؒ نے صراحۃً لکھا ہے۔

اخرج احمد والبزاز والطبرانی وابن مردویه من طرق صحیحة عن ابن مسعود انه کان یحك المعوذتین من المصحف ویقول لا تخلطوا القرآن بما لیس منه انهما لیستا من کتاب الله انما امر النبی صلی الله علیه وسلم ان یتعوذ بهما وکان ابن مسعود لا یقرء بهما (الدر المنثور)

ترجمہ : امام احمد بزاز، طبرانی، ابن مردویہ نے صحیح طریقوں سے حضرت ابن مسعود سے نقل کیا ہے کہ وہ معوذتین کو مصحف سے محو کر دیا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے قرآن کے ساتھ ایسی چیزیں خلط ملط نہ کرو جو اس میں سے نہیں ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تو ان دو سُورتوں کے ساتھ فقط پناہ مانگنے کا حکم دیا تھا نیز حضرت ابن مسعود ان سُورتوں کی تلاوت نماز میں نہ کیا کرتے۔ (الدر المنثور)

اس میں تو کلام نہیں یہ سب اخبار احاد ہیں۔ علماء اصولِ حدیث نے یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ اخبارِ احاد کی صحت کے لیے صرف راویوں کی عدالت اور قوتِ حافظہ ہی کافی نہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ اخبارِ احاد کا درایت کے معیار پر پُورا اُترنا بھی لازمی ہے اور اُن میں سے ایک یہ ہے کہ وہ روایت بداہتِ عقل کے خلاف نہ ہو۔ اگر اس قاعدہ کو پیشِ نظر رکھا جائے تو ان روایات کو بُنیاد بنا کر انکار کی عمارت استوار کرنا قرینِ دانشمندی نہیں۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اُن صحابہ میں سے نہ تھے جنہیں ساری عُمر میں ایک آدھ بار حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی ہو یا دُنیاوی مصروفیتوں کے باعث بارگاہِ نبوت میں کبھی حاضری کی سعادت مل جاتی ہو اور کبھی نہ ملتی ہو۔ بلکہ آپ اُن خوش نصیب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے تھے جو ہمیشہ خدمتِ عالیہ میں حاضر باش رہا کرتے تھے۔ آپ کا شمار اصحابِ صُفّہ میں تھا جو آٹھوں پہر مسجد نبوی میں پڑے رہتے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت، خدمت میں حاضری، ارشادِ رسالت کو سُننا، اُن کو یاد رکھنا۔ قرآنِ کریم کی جو آیتیں نازل ہوتیں اُن کو حفظ کرنا۔ ان کی زندگی کی ساری سرگرمیاں انہی چند باتوں میں سمٹ کر رہ گئی تھیں۔ وہ تقریباً ہر نماز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ادا کیا کرتے تھے۔ عقبہ ابن عامر جو ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ میں ایمان

لائے تھے، انہیں تو ان سُورتوں کے بارے میں علم ہو کہ یہ قرآن کا حصّہ ہیں اور ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ، جو ہجرت سے پہلے ہی دولتِ ایمان سے مُشرف ہو چکے تھے اور شاذ و نادر ہی کبھی غیر حاضر ہُوئے ہوں۔ حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار ان سُورتوں کو نماز میں تلاوت فرمایا۔ صدہا صحابہ نے اپنے کانوں سے اسے سُنا، یہ کیسے تسلیم کر لیا جائے کہ حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ جیسے ہمہ وقت حاضر باش ہر نماز حضور کی اقتداء میں پڑھنے والے کو یہ معلوم نہ ہو کہ یہ قرآن کی سُورتیں ہیں یا نہیں؟ بڑی تعجب خیز بات ہے۔

اس لیے یہ روایات جو سب کی سب احاد ہیں، ان کی بناء پر حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ خیال اور خیال بھی ایسا جس سے فقط ابنِ مسعود پر ہی اعتراض وارد نہیں ہوتا، بلکہ ایک ایسا دروازہ کھل جاتا ہے جس سے کفار و ملحدین کو مجملہ قرآنِ کریم کے بارے میں زبانِ طعن دراز کرنے کی سند مل جاتی ہے، کم از کم میرے فہم سے یہ بات بالاتر ہے۔

یہ روایت جو ابنِ قتیبہ نے نقل کی ہے کہ عبد اللہ ابنِ مسعود اپنے مصحف میں معوذتین کو نہ لکھا کرتے تھے کیونکہ وہ سُنا کرتے تھے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ دو سُورتیں پڑھ کر سیدنا حسن اور سیدنا حسین رضی اللہ عنہم کو دم فرماتے ہیں اور یہ دُوسرے دموں کی طرح ایک دَم ہی ہے۔ یہ بات بھی کسی طرح قابلِ تسلیم نہیں، کیونکہ قرآنِ کریم سراپا اعجاز ہے۔ جس کی مثال لانا کسی ایک فرد کسی انسانی جماعت بلکہ فصحاء و بلغاء کے کسی مجمع علمی سے بھی ممکن نہیں۔ اس میں اور دُوسرے دموں میں کیوں کر التباس پیدا ہو سکتا ہے خصوصاً ابنِ مسعود جیسی شخصیت کو جو فصیح اللسان، لغتِ عربی کے ماہر، اسالیبِ کلام اور اندازِ گفتگو کے عارف تھے۔ مزید براں جسے افصح العرب والعجم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیضانِ صحبت نے کُندن بنا دیا تھا اُن کا اس اشتباہ میں مبتلا ہونا ناممکن ہے۔ خود علامہ سیوطیؒ نے طبرانی سے ایک حدیث بیان کی ہے:

اخرج الطبرانی فی الاوسط بسند حسن عن ابنِ مسعود عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال لقد انزل علی آیات لم ینزل علی مثلھن المعوذتین۔ (الدرالمنثور)

ترجمہ: طبرانی نے اوسط میں سندِ حسن سے حضرت ابنِ مسعود سے یہ ارشادِ رسالت نقل کیا ہے کہ حضور نے فرمایا کہ مجھ پر ایسی آیتیں نازل ہوئی ہیں جن کی مثل مجھ پر نازل نہیں ہُوئی اور وہ معوذتین ہیں۔

اس حدیث سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت ابنِ مسعود کو ان آیات کے نزول کے بارے میں آگاہ فرمایا۔ ہو سکتا ہے کہ پہلے آپ کا یہی خیال ہو کہ یہ محض جھاڑ پھونک کے لیے چند جُملے نازل ہُوئے ہیں اور قرآن کا جزو نہیں ہیں لیکن حضور کا یہ ارشاد سُننے کے بعد اگر ان کے بارے میں انہیں کوئی شک تھا بھی تو وہ دُور ہو گیا اور آپ نے اپنے پہلے قول سے رجُوع کر لیا۔

یہ الگ بات ہے کہ کسی کے دل میں صحابہ کو غلط کار ثابت کرنے کا اتنا زیادہ شوق ہو کہ وہ ان تمام واضح حقائق کو بھی بآسانی نظر انداز کرنے کے لیے تیار ہو جس طرح صاحبِ تفہیم القرآن نے اس مقام پر اظہارِ خیال کیا ہے۔ اگر مان بھی لیا جائے کہ حضرت ابنِ مسعود کے مصحف میں یہ سورتیں مرقوم نہ تھیں، اس لیے وہ ان کو قرآن کا جزو نہیں سمجھتے تھے۔ تو عرض ہے کہ ان کے مصحف میں تو سورۃ فاتحہ بھی مرقوم نہ تھی۔ کیا اس کا آپ یہ مطلب لیں گے کہ وہ اسے بھی قرآن کی سُورت شمار نہ کرتے تھے۔

جس کو وہ ہر نماز کی ہر رکعت میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قرأت فرماتے ہوئے اپنے کانوں سے سُنا کرتے تھے۔ ان سُورتوں کے نہ لکھنے کی معقول وجہ یہی ہو سکتی ہے کہ وہ بکثرت تلاوت کی جاتی تھیں، اس لیے انہیں نوک برزبان تھیں انہیں قطعاً یہ وہم تک بھی نہ تھا کہ وہ انہیں فراموش ہو جائیں گی۔ یہ مصحف آپ نے اپنی سہولت کے لیے مرتب کیا تھا۔ ان سورتوں کے لکھنے کی انہوں نے ضرورت محسوس نہ کی اس لیے نہ لکھیں۔

مختلف کُتب میں اس قسم کی روایات پائی جاتی ہیں۔ ہر قاری کے پاس نہ اتنی استعداد ہوتی ہے اور نہ اتنی فرصت کہ وہ ان روایات کی تحقیق کر سکے، اس لیے وہ لوگ طرح طرح کی غلط فہمیوں کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ان تمام اعتراضات اور شبہات کو دُور کرنے کے لیے اس ایک اصول کو آپ خوب ذہن نشین کر لیں کہ قرآن کریم کس کو کہتے ہیں؟ قرآن کریم وہ ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے سُنا اور پھر بذریعہ تواتر نقل کیا۔ صحابہ سے تابعین نے اسی تواتر سے سُنا۔ یوں ہی سلسلہ وار وہ ہم تک منقول ہوتا چلا آیا ہے۔

سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد میں صحابۂ کرام نے بالاتفاق حضرت زید ابن ثابت کے مدون کردہ نسخہ کے مطابق ایک نسخہ تیار کیا اور اس کی متعدد نقول اپنی نگرانی میں تیار کر کے مملکتِ اسلامیہ کے مختلف اُمراء کی طرف روانہ کیں تاکہ عرب و عجم میں اسی کے مطابق تلاوت کی جائے اور عمل کیا جائے۔ اس لیے قرآن کریم صرف اسی مصحف مبارک کا نام ہے۔ اس کے خلاف آپ کو جو روایت نظر آئے یا وہ سند کی وجہ سے ساقط الاعتبار ہو گی یا وہ خبرِ واحد ہو گی یا کسی کا اپنا ذاتی قول ہو گا۔ الغرض کلام اللہ وہی ہے جو اس مصحف عثمانی کے مطابق ہے جس پر تمام صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا اجماع ہے اور اس وقت سے لیکر آج تک اس میں نہ کسی لفظ کی کمی بیشی ہوئی نہ کسی آیت میں تقدیم و تاخیر رونما ہوئی نہ کلمات کی ترتیب میں کوئی تغیر رونما پذیر ہوا۔

بحثِ دوئم: نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر کیا جادو کیا گیا؟ اور ذاتِ اقدس و اطہر پر اس کا اثر کیا ظاہر ہوا؟

اس کے بارے میں اپنی تحقیق پیش کرنے سے پہلے میں قارئین کرام کے سامنے اُن تمام روایات کا خلاصہ پیش کرتا ہوں جو مختلف کُتب میں باختلافِ الفاظ منقول ہیں۔ اس کے بعد اُن اعتراضات کا ذکر کروں گا جو قدیم اور جدید معتزلیوں نے وارد کیے ہیں۔ بعد ازاں اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اہلِ سُنت کے موقف کو بیان کروں گا۔

"یثرب کے یہودیوں کو روزِ اول سے ہی جو بلاوجہ عداوت اور حسد حضور کی ذاتِ اقدس کے ساتھ تھا اس کی تفصیلات کئی مقامات پر آپ پڑھ چکے ہیں۔ جیسے جیسے اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کی شان کو بلند کرتا۔ فتوحات کے دروازے کھلتے جاتے، ایسے ایسے ہی ان کی عداوت کے شعلے بھڑکنے لگتے۔ سنہ ۷ھ میں جب حدیبیہ سے حضور بخیریت واپس تشریف لائے تو خیبر کے یہودیوں کا ایک وفد مدینہ کے ایک مشہور جادوگر لبید ابن اعصم کے پاس آیا۔ بعض مؤرخین نے اسے یہودی کہا ہے لیکن یہ درحقیقت انصار کے ایک قبیلہ بنی زُریق کا ایک فرد تھا۔ ممکن ہے اُس نے یہودی مذہب اختیار کر لیا ہو۔ اس لیے اسے یہودی کہا گیا ہو۔ خیبر کے وفد نے آکر اس کے سامنے اپنی بپتا بیان کی اور کہا کہ مکہ کے اس قریشی نے یہاں آکر ہماری عزت خاک میں ملا دی ہے۔ ہم نے سیاسی طور پر ان کو ناکام بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، سازشیں کیں، منصوبے بنائے، مشرک قبائل کو ان کے خلاف بھڑکایا لیکن

ناکام رہے۔ اس کے علاوہ ہمارے ہاں جتنے ماہر جادوگر تھے اُنہوں نے بھی بڑے جتن کیے، بڑی زور آزمائی کی لیکن نتیجہ کچھ نہ نکلا۔ ہمارے اس علاقہ میں تمہارے سحر کی دھوم مچی ہُوئی ہے ہر طرف سے مایُوس ہو کر ہم تیرے پاس آئے ہیں۔ اگر تو ہماری امداد کرے تو یہ مشکل آسان ہو سکتی ہے۔ اُنہوں نے اس کی خدمت میں بھاری نذرانہ بھی پیش کیا۔ چنانچہ اُس نے حامی بھرلی۔

ایک یہودی لڑکا حضور کی خدمت میں رہا کرتا تھا کسی طرح ورغلا کر اُس سے حضور کی کنگھی کا ایک ٹکڑا اور چند موئے مبارک حاصل کر لیے۔ اُس نے اور اُس کی بیٹیوں نے جو اس فن میں اپنے باپ سے بھی دو قدم آگے تھیں جادو کیا اور ان چیزوں کو کھجور کے خوشے کے غلاف میں رکھ کر بنی زُریق کے ایک کنویں کی تہ میں ایک بھاری پتھر کے نیچے دبا دیا۔ اس کنویں کا نام "ذروان یا ذی اروان" بتایا جاتا ہے۔ بعض نے اس کا نام "بئرِ اریس" بھی لکھا ہے۔

چھ ماہ گزرنے کے بعد معمولی معمولی اثر ظاہر ہونے لگا۔ آخری چالیس دن زیادہ تکلیف کے تھے۔ ان میں سے بھی آخری تین دن تکلیف اپنی نہایت کو پہنچ گئی۔ اس جادو سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کس قسم کی تکلیف محسوس ہوتی تھی۔ اس کے بارے میں بھی تصریحات موجود ہیں۔ علامہ سیوطی لکھتے ہیں:

كان النبي صلى الله عليه وسلم يذوب ولا يدري ما وجعه : یعنی حضور کی طبیعت گھٹنے لگی۔ نقاہت بڑھنے لگی لیکن بظاہر اس کی کوئی وجہ معلوم نہ ہوتی۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں: حتی یخیل الیہ انہ فعل الشیء ولم یکن فعلہ (رُوح المعانی)

یعنی ایسا کام جو نہ کیا ہوتا، اس کے بارے میں حضور کو خیال ہوتا کہ کر لیا گیا ہے۔

کُتبِ حدیث میں اس جادو کے اثرات کے بارے میں جتنی روایات ملتی ہیں۔ اُن کا یہی نچوڑ ہے کہ جسمانی طور پر نقاہت و کمزوری محسوس ہوتی لیکن ایسی کوئی ضعیف سے ضعیف روایت بھی موجود نہیں جس سے یہ پتہ چلتا ہو کہ فرائضِ نبوت کی ادائیگی میں کبھی بال برابر فرق آیا ہو۔ کبھی ایسا نہیں ہُوا کہ نماز کے ارکان میں تقدیم و تاخیر سرزد ہوئی ہو یا تلاوتِ قرآن کے وقت نسیان طاری ہو گیا ہو یا مملکتِ اسلامیہ کی توسیع اور استحکام یا اسلام کی تبلیغ میں کوئی معمولی سا رخنہ بھی پیدا ہُوا ہو۔

جب تکلیف زیادہ بڑھی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بارگاہِ الٰہی میں دُعا کے لیے ہاتھ اُٹھائے۔ اُسی رات حضور کو خواب میں حقیقتِ حال سے آگاہ فرما دیا گیا؛ چنانچہ حضور نے اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ ؓ کو بتایا کہ اے عائشہ میں نے اپنے ربّ سے جس بات کے بارے میں دریافت کیا تھا میرے خُدا نے مجھے اس کے متعلق بتا دیا ہے۔ حضرت عائشہ نے عرض کی یا رسول اللہ کیا بتایا گیا ہے۔ ارشاد ہُوا رات کو خواب میں دو آدمی میرے پاس آئے۔ ایک میرے سرہانے بیٹھ گیا اور دُوسرا پاؤں کے نزدیک۔ (بعض روایات میں ہے کہ وہ جبرائیل اور میکائیل تھے)، ایک نے دُوسرے سے پُوچھا "انہیں کیا تکلیف ہے"۔ دُوسرے نے جواب دیا "انہیں جادو کیا گیا ہے"۔ پُوچھا "کس نے کیا ہے؟" جواب ملا "لبید ابن اعصم نے"۔ پُوچھا "کس چیز میں"۔ بتایا "کنگھی کے ایک ٹکڑے کو اور چند بالوں کو کھجور کے خوشہ کے پردے میں رکھ کر"۔ پُوچھا "کہاں رکھا ہے؟" بتایا "ذی اروان کے کنوئیں کی تہ میں ایک پتھر کے نیچے"۔ پُوچھا "اب کیا کرنا چاہیے"۔ بتایا "اس کنوئیں کا سارا پانی نکال دیا جائے پھر اس

پتھر کے نیچے سے ان چیزوں کو نکالا جائے"۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فوراً حضرت سیدنا علی، عمار ابن یاسر اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم کو اس مقصد کے لیے اس کنویں کی طرف بھیجا۔ انہوں نے پانی نکال کر اس کنویں کو خشک کر دیا۔ اتنے میں حضور خود بھی وہاں تشریف لے گئے۔ پتھر کو اٹھایا تو اس کے نیچے سے وہ غلاف نکلا، اسے کھولا تو اس کے اندر کنگھی کا ایک ٹکڑا، چند بال جو تانت کے ایک ٹکڑے میں بندھے ہوئے تھے اور اس تانت میں گیارہ گرہیں لگی ہوئی تھیں۔ اسی اثنا میں حضرت جبرائیل حاضر ہوئے اور یہ دو سورتیں پڑھ کر سنائیں اور عرض کیا کہ "آپ ان سورتوں کی ایک ایک آیت پڑھتے جائیں اور ایک ایک گرہ کھولتے جائیں اور ایک ایک سوئی نکالتے جائیں"۔ چنانچہ دونوں سورتوں کی گیارہ آیتیں پڑھی گئیں۔ ان کی تلاوت سے گیارہ گرہیں کھلیں اور ساری سوئیاں نکل گئیں۔ اس طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طبیعت ہشاش بشاش ہو گئی اور جادو کا سارا اثر زائل ہو گیا۔

صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اجازت ہو تو اس خبیث کا سر قلم کر دیا جائے۔ حضرت سید عالم نے ارشاد فرمایا:

اما انا فقد شفانی اللہ واکرہ ان اثیر علی الناس شرا۔

ترجمہ: "مجھے تو اللہ تعالیٰ نے شفا بخش دی ہے۔ میں اپنے لیے لوگوں میں فتنہ کی آگ بھڑکانا نہیں چاہتا"۔

سبحان اللہ رحمت للعالمین کی کیا شان ہے۔ اپنی ذات کے لیے اپنی جان کے دشمنوں سے بھی کبھی انتقام نہیں لیا۔ صلی اللہ علیک یا رسول اللہ۔ صلی اللہ علیک یا مقیل العثرات۔ صلی اللہ علیک یا صفوح عن الزلات وبارک وسلم۔

اس واقعہ کا خلاصہ آپ نے ملاحظہ فرما لیا ہے۔ اب ذرا قدیم معتزلہ اور جدید عقلیت پسندوں کے اعتراضات کا مطالعہ فرمائیے۔ وہ ان تمام روایات کو ساقط الاعتبار، ناقابلِ اعتماد قرار دیتے ہوئے بیک قلم ان پر خطِ تنسیخ کھینچ دیتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اگر ان روایات کو صحیح تسلیم کیا جائے، تو اس سے منصبِ نبوت کی توہین ہوتی ہے بلکہ ہر قسم کی وحی اور شریعت کے جملہ احکام پر سے وثوق اٹھ جاتا ہے۔ کیونکہ اگر ان روایات کے مطابق مان لیا جائے کہ حضور پر جادو کا اثر ہو گیا تھا تو پھر یہ بھی ممکن ہے کہ اس کے اثر سے کوئی آیت ذہن سے اتر گئی ہو قرآنی آیت کے بجائے کسی خود ساختہ جملہ کو آیتِ قرآنی فرض کر لیا گیا ہو۔ شریعت کا یہ قانون اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہ ہو بلکہ سحر کی فسوں کاری کا کرشمہ ہو نیز یہ روایات اس آیت کے بھی منافی ہیں۔ "واللہ یعصمک من الناس"۔ "کہ لوگوں کی شرانگیزیوں سے اللہ تعالیٰ آپ کا محافظ ہے"۔ جب عصمتِ نبوت کی ذمہ داری خود اللہ رب العزت نے لی ہے تو پھر یہ کیسے مان لیا جائے کہ یہودیوں کے سحر کا حضور پر اثر ہو گیا ہو۔ عقل کے جدید اور قدیم پرستاروں کا نظریہ آپ نے پڑھ لیا۔ بات کا جس طرح انہوں نے بتنگڑ بنایا ہے اس کو بھی آپ نے دیکھ لیا۔

ان اعتراضات اور شکوک کے بارے میں اہلِ سنت یہ کہتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دو حیثیتیں تھیں۔ ایک حیثیتِ نبوت اور دوسری حیثیتِ بشریت۔ عوارضِ بشری کا ورود ذاتِ اقدس پر ہوتا رہتا تھا۔ بخار، درد، چوٹ لگنا، دندانِ مبارک کا شہید ہونا۔ طائف میں پنڈلیوں کا لہولہان ہونا اور احد میں جبینِ سعادت کا زخمی ہونا۔ یہ سب واقعات

تاریخ کے صفحات کی زینت ہیں۔ یہ لوگ بھی ان سے انکار کی جرأت نہیں کر سکتے اور ان عوارض سے حضور کی شانِ رسالت اور حیثیتِ نبوت پر قطعاً کوئی اعتراض وارد نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح یہاں بھی جادو کا اثر حضور کی جسمانی صحت تک محدود تھا رسالت کا کوئی پہلو قطعاً اس سے متاثر نہ تھا۔ اگر ایسا ہوتا کہ اس جادو سے حضور کوئی آیت بھول جاتے یا الفاظ میں تقدیم و تاخیر کر دیتے یا قرآن میں اپنی طرف سے کوئی جملہ بڑھا دیتے یا نماز کے ارکان میں رد و بدل ہو جاتا تو اسلام کے بدخواہ اتنا شور و غل مچاتے کہ الامان والحفیظ! ابطالِ رسالت کے لیے انہیں ایک ایسا مہلک ہتھیار دستیاب ہو جاتا کہ اس کے بعد انہیں دعوتِ اسلامی کو ناکام کرنے کے لیے مزید کسی ہتھیار کی ضرورت نہ رہتی لیکن اس قسم کا کوئی واقعہ کسی حدیث یا تاریخ کی کتاب میں موجود نہیں۔ دشمنانِ اسلام نے آج تک جتنی کتابیں پیغمبرِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں لکھی ہیں اُن میں بھی اس قسم کا کوئی واقعہ درج نہیں۔ معلوم ہوا کہ لبید یہودی کے جادو کا اثر فقط اس حد تک ہوا کہ صحتِ گرامی متاثر ہوئی جس طرح علامہ سیوطیؒ اور علامہ آلوسیؒ کے حوالے نقل کیے جا چکے ہیں۔

رہی یہ بات کہ جادو کی کوئی حقیقت ہے یا نہیں؟ جادو سے کسی چیز کی حقیقت بدل جاتی ہے یا فقط نظر بندی کے طور پر چیز ہوتی کچھ ہے اور دکھائی کچھ دیتی ہے۔ یہ ایک الگ بحث ہے لیکن اس سے لوگوں کا متاثر ہونا ایک یقینی چیز ہے۔ ساحرانِ فرعون کا تذکرہ قرآن مجید میں متعدد مقامات پر فرمایا گیا ہے۔ نصِ قرآنی سے یہ چیز ثابت ہے کہ لوگ ان رسیوں کو سانپ خیال کرنے لگے۔ سانپوں کی طرح انہیں لہراتے ہوئے دیکھ کر وقتی طور پر موسیٰ علیہ السلام بھی خائف و ہراساں ہو گئے قرآن کریم کے الفاظ ملاحظہ فرمائیے:

فاذا حبالھم وعصیھم یخیل الیہ انھا تسعی۔ فاوجس فی نفسہ خیفۃ موسیٰ قلنا لا تخف انک انت الاعلیٰ۔

ترجمہ: پس ان کی رسیاں اور سونٹیاں آپ کو یوں معلوم ہوتا کہ وہ دوڑ رہی ہیں، ان کے دل میں خوف پیدا ہوا۔ ہم نے کہا اے موسیٰ! مت ڈرو۔ تم ہی سربلند ہو۔

انہیں کے بارے میں سورہ طٰہٰ میں ہے: سحروا اعین الناس: یعنی ان جادوگروں نے لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا تھا۔

بحثِ سوئم: جھاڑ پھونک کے بارے میں اسلام کا کیا حکم ہے؟

ایک بات پہلے ہی ذہن نشین کر لینا ضروری ہے۔ جھاڑ پھونک کا رواج ہر انسانی معاشرہ میں قدیم ازمنہ سے موجود ہے اس مقصد کے لیے جو منتر، طلسم یا نقوش اُن کے ہاں رواج پذیر تھے۔ اُن کی دیویاں، دیوتاؤں کے نام، شیطانی قوتوں سے استمداد، آسمانی کواکب و سیارات سے استغاثہ وغیرہ عام تھا۔ نیز وہ ان چیزوں کو مؤثرِ حقیقی اور فاعلِ مستقل یقین کرتے تھے۔

اسلام نے شرک کو بیخ و بن سے اکھیڑ کر رکھ دیا۔ اُن کے اس عقیدہ کے بطلان کو طشت از بام کر دیا کہ اللہ کے علاوہ کوئی دیوی، دیوتا، کوئی چاند تارا یا سورج مؤثرِ حقیقی ہو سکتا ہے۔ اس لیے یہ تو گمان ہی نہیں کیا جا سکتا کہ اسلام کسی ایسے منتر یا جھاڑ پھونک کی اجازت دے جس میں شرک یا شرکیہ عقائد کا شائبہ تک بھی پایا جاتا ہو۔ اس لیے ایسے تمام منتر، طلسم، نقوش

تعویذات وغیرہ اسلام میں قطعاً حرام اور ممنوع ہیں۔ جن احادیث میں دم کرنے، جھاڑ پھونک کرنے وغیرہ کی ممانعت کی گئی ہے ان جملہ احادیث سے اسی قسم کے شرکیہ اعمال مراد ہیں لیکن ایسا دم یا تعویذ جس میں اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے کوئی اسم مبارک، کوئی آیت قرآنی یا سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ پاک سے نکلا ہوا کوئی جملہ ہو یا جس نقش میں یا دم میں شرکیہ بات نہ ہو اس کا کرنا جائز ہے۔ حضور خود بھی اپنے آپ کو دم فرمایا کرتے اور صحابہ کرام پر بھی دم کرتے اور حسنین کریمین کو تو خصوصی دم فرمایا کرتے۔ عہدِ رسالت میں اور اس کے بعد صحابہ کا بھی یہ معمول تھا۔ اس وقت سے لے کر اب تک پاکانِ امت کا بھی یہ دستور رہا ہے۔ آپ چند شواہد ملاحظہ فرمائیے!

سب سے پہلی دلیل قرآن دو سورتوں کا نزول ہے اور ان کے پڑھنے کی برکت سے جادو کی تاثیر کا ختم ہو جانا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ معمول تھا کہ ہر شب آرام کرنے سے پہلے آخری تینوں قُل پڑھتے، اپنے مبارک ہاتھوں پر دم فرماتے پھر اپنے سارے جسم پر انہیں پھیر لیتے۔ یہ معمول حضرت عائشہ صدیقہ سے مروی ہے۔ جو خود عینی شاہد ہیں۔ جن محدثین نے اس روایت کو اسنادِ صحیحہ سے نقل کیا ہے۔ ان میں امام بخاری، امام مسلم، امام مالک، ابن ماجہ، ابوداؤد علیہم الرحمۃ جیسے اکابر ہیں۔

نیز امام بخاری، امام احمد، ترمذی، ابن ماجہ نے حضرت ابن عباس سے یہ روایت نقل کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سیدنا امام حسن اور سیدنا امام حسین کو یہ پڑھ کر دم فرمایا کرتے:

أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ

حضرت عثمان بن ابی العاص ثقفی نے ایک روز عرض کیا: یا رسول اللہ! جب سے مسلمان ہوا ہوں مجھے شدید درد ہوتا ہے یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ جان لیوا ثابت ہوگا۔ حضور نے فرمایا: درد کی جگہ پر اپنا دایاں ہاتھ رکھو، پھر تین بار بسم اللہ الخ اور سات مرتبہ یہ پڑھتے ہوئے درد کی جگہ پر ہاتھ رکھو: أَعُوذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ۔

مسند امام احمد اور طحاوی میں طلق بن علی کی روایت ہے کہ مجھے رسول اللہ کی موجودگی میں بچھو نے ڈنگ مارا، حضور نے مجھے دم فرمایا اور دستِ مبارک پھیرا۔

صحیح مسلم میں ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم بیمار ہوئے عیادت کے لیے جبریل امین حاضر ہوئے۔ پوچھا: جانِ عالم! کیا آپ بیمار ہو گئے؟ فرمایا ہاں۔ جبریل نے یہ پڑھ کر دم کیا:

بِاسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنِ حَاسِدٍ، اَللّٰهُ يَشْفِيكَ۔ بِاسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيكَ۔ (ترجمہ) میں اللہ کا نام لے کر آپ کو دم کرتا ہوں ہر اس چیز سے جو آپ کو اذیت دے اور ہر نفس اور حاسد کی نظر سے۔ اللہ آپ کو شفا دے۔ میں اللہ کا نام لے کر آپ کو دم کرتا ہوں۔

مسند امام احمد میں ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم میرے حجرہ میں رونق افروز ہوئے میرے پاس شفاء نامی ایک خاتون بیٹھی تھی جو نملہ (دیاب) کا دم کیا کرتی تھی۔ حضور نے فرمایا شفاء یہ دم حفصہ کو بھی سکھا دو۔ خود شفاء بنت عبد اللہ کہتی ہیں کہ مجھے حضور نے فرمایا کہ تم نے حفصہ کو جس طرح لکھنا پڑھنا

سکھایا ہے نملہ کا دم بھی سکھا دو۔ (مسند امام احمد، ابُوداؤد، نسائی)

صحیح مسلم میں عوف ابن مالک اشجعی کی یہ روایت مذکور ہے کہ ہم نے حضُور کی خدمت میں عرض کیا یا رسُول اللہ! ہم جاہلیت میں جھاڑ پھُونک کیا کرتے تھے۔ اب اس کے بارے میں کیا ارشاد ہے۔ حضُور نے فرمایا: جو پڑھ کر تم دم کیا کرتے تھے وہ مجھے سناؤ۔ جھاڑنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے جب تک اس میں شرک نہ ہو"

حضرت جابر ابن عبداللہ کی روایت ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھاڑ پھُونک سے منع فرما دیا۔ پھر حضرت عمرو ابن حزم کے خاندان کے لوگ آئے اور عرض کیا کہ ہمارے پاس ایک عمل تھا جس سے ہم بچھو سانپ کے کاٹے کو دم کیا کرتے تھے مگر حضورؐ نے ان کاموں سے منع فرما دیا ہے۔ پھر انہوں نے وہ دم پڑھ کر سنایا۔ حضُور نے فرمایا: اس میں تو میں کوئی مضائقہ نہیں پاتا، تم میں سے جو شخص اپنے کسی بھائی کو فائدہ پہنچا سکتا ہے وہ ضرور پہنچائے۔

(مُسلم۔ مسند احمد۔ ابن ماجہ)

مَیں نے کثیر التعداد احادیث میں سے صرف چند احادیث پیش کی ہیں۔ طالبِ حق کے لیے اس میں کفایت ہے۔

ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ ہر چیز اسی وقت نفع پہنچاتی جب اذنِ الٰہی ہو۔ اس کے علاوہ کوئی چیز بھی اثر نہیں کرتی۔ اگر جڑی بوٹیاں، گولیاں، شربت، معجونیں اور ٹیکے اذنِ الٰہی سے صحت و عافیت کا سبب بن جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ آیاتِ قرآنی اور فرمودات رسالتؐ اذنِ الٰہی سے کیوں مؤثر نہیں ہو سکتے۔ آخر میں ایک بات کی طرف اشارہ کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ کیا دم اور تعویذ پر نذرانہ وصول کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ اس کے لیے حضرت ابُو سعید خُدری کی اُس روایت سے استدلال کافی ہے جو امام بخاری، امام مسلم، ترمذی اور دیگر کتب احادیث میں منقول ہے۔ اس کا خلاصہ مندرجہ ذیل ہے:

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک مہم پر اپنے چند صحابہ کو بھیجا جن میں حضرت ابوسعید خدری بھی تھے۔ ان کا گزر ایک بستی سے ہوا جہاں ایک عرب قبیلہ سکونت پذیر تھا۔ اُنہوں نے اُس قبیلہ سے اپنے لیے کھانے کا مطالبہ کیا، لیکن انہوں نے انہیں کوئی چیز دینے سے انکار کر دیا۔ چنانچہ مسلمانوں نے بغیر کچھ کھائے رات بسر کی۔ اسی اثنا میں قبیلہ کے سردار کو کسی زہریلے بچھو نے ڈنگ مار دیا۔ جب اس کی تکلیف حد سے زیادہ بڑھی تو وہ لوگ مسلمانوں کے پاس آئے اور آکر کہا کہ ہمارے سردار کو بچھو نے کاٹا ہے۔ وہ درد سے تلملا رہا ہے۔ اگر تم لوگوں کے پاس کوئی دوا ہو یا کوئی دم کر سکتا ہو تو وہ آکر اسے دم کرے۔ حضرت ابوسعید نے کہا کہ ہمارے پاس اس کا علاج تو ہے لیکن تم نے بڑی بے مروّتی کا سلوک کیا ہے ہمیں کھانا تک نہیں دیا اس لیے جب تک تم ہمیں کچھ معاوضہ دینا طے نہ کر لو اس وقت تک ہم اس کا علاج نہیں کریں گے۔ اُنہوں نے وعدہ کیا کہ اگر ہمارے سردار کو آرام آگیا تو ہم تمہیں بکریوں کا ایک ریوڑ دیں گے۔ حضرت ابوسعید گئے اور سورۂ فاتحہ پڑھنے کے بعد اپنا لعابِ دہن اُس پر ملا۔ درد زائل ہو گیا اور اُن کا سردار بالکل تندرست ہو گیا۔ قبیلے والوں نے وعدہ کے مطابق ریوڑ جس میں تیس بکریاں تھیں مُسلمانوں کو دیا۔

جب حضرت ابوسعید وہ ریوڑ لے کر مسلمانوں کے پاس واپس آئے تو انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ جب تک حضور نبی کریم سے مسئلہ دریافت نہ کر لیں اس وقت تک ہمیں یہ بکریاں استعمال میں نہیں لانی چاہئیں۔ جب مہم سے فارغ ہونے کے بعد یہ حضرات مدینہ طیبہ واپس پہنچے تو سارا قصہ عرض خدمت کیا۔ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسکراتے ہوئے فرمایا۔ تمہیں یہ کس طرح پتہ چلا کہ یہ سورت پڑھ کر دم کیا جاتا ہے۔ بکریاں لے لو اور اس میں سے میرا حصہ بھی نکالو۔

اس روایت کے بعد اس مسئلہ پر مزید بحث کی گنجائش ہی نہیں رہتی۔

موضوع ان سورتوں کی تشریح کے ضمن میں تمام چیزیں تفصیل سے بیان کر دی گئی ہیں۔ یہاں آپ اتنا ہی خیال رکھیں کہ بندہ کتنا ہی کمزور کیوں نہ ہو اگر وہ حق کے لیے سر بکف باطل کے سامنے میدانِ جہاد میں قدم رکھتا ہے تو ایک ذات ایسی ہے جس کے دامن میں اُسے پناہ مل سکتی ہے اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات ہے۔ مسلمان کو چاہیے کہ کبھی ہراساں اور مایوس نہ ہو اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھے اور ان کلماتِ طیبات سے اس کی بارگاہ میں پناہ کے لیے عرض کرتا رہے۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا
۱۵ اپریل ۱۹۷۷ء

کل مجھے اور میرے پانچ ساتھیوں کو رحیم بخش فیاض مجسٹریٹ درجہ اول بھلوال نے چار ماہ قید بامشقت کی سزا سنائی۔ الحمد للہ۔

اللھم اغفر لکاتبہ

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسُ اٰيٰتٍ

سورہ الفلق مدنی ہے اور اس میں پانچ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ

آپ عرض کیجیے میں پناہ لیتا ہوں صبح کے پروردگار کی [1] ہر اس چیز کے شر سے جس کو اس نے پیدا کیا [2] اور (خصوصاً) رات کی

[1] علامہ راغب عوذ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: العوذ: الالتجاء الی الغیر والتعلق بہ۔ کسی کی پناہ لینا اور اس کے ساتھ چمٹ جانا۔ علامہ ابن منظور لکھتے ہیں: عاذ بہ یعوذ عوذا: لاذ بہ والجأ الیہ واعتصم (لسان العرب) کسی کی پناہ لینا، کسی کا دامن مضبوطی سے پکڑ لینا۔

الفلق کا اصلی معنی تو چیرنا اور پھاڑنا ہے۔ اس آیت میں اس سے مراد صبح ہے جو رات کا سینہ چاک کر کے باہر نکلتی ہے۔ قرآن کریم کی یہ دو آخری سورتیں ہیں۔ انہیں معوذتین کہتے ہیں۔ اس کتاب مقدس میں انسان کا منشور حیات پیش کر دیا گیا۔ اس کی منزل متعین کر دی گئی جس کے بغیر اور کوئی منزل اس قابل نہیں کہ نوع انسانی کے کسی فرد کی یا کسی جماعت کی منزل بن سکے۔ یہی وہ بلند منزل ہے جس پر خیمہ زن ہونے کے لیے پرکشش ہونا اس مسجود ملائک کو زیب دیتا ہے، لیکن اس منزل کی راہ مشکلات سے اٹی ہوئی ہے۔ قدم قدم پر رکاوٹوں کے پہاڑ راستہ روکے کھڑے ہیں، کمین گاہوں میں اس کے دشمن اس کی تاک میں بیٹھے ہیں تاکہ جب موقع ملے وہ اس پر جھپٹ پڑیں۔ اس کی دشمن قوتیں ایسی بھی ہیں جو اس کی جسمانی صلاحیتوں کو فنا کرنے کے لیے پر تول رہی ہیں۔ بعض ایسی ہیں جو اس کی متاع ایمان کو غارت کر دینا چاہتی ہیں۔ یہ مشت خاک بیک وقت ان تمام دشمنوں سے کیسے برسر پیکار ہو سکتا ہے اور کیونکر ان میں سے ہر ایک کو پچھاڑ سکتا ہے؟ اس لیے اس راہرو منزل شوق کو قرآن کریم ایک ایسی ہستی کی پناہ لینے کا درس دے رہا ہے جو سب سے اعلیٰ سب سے بالا اور سب سے اقویٰ اور سب پر غالب ہے۔ وہ تیرے ظاہری اور باطنی دشمنوں کو جانتا ہے، وہ تیرے جسمانی اور روحانی اعداء کو بھی پہچانتا ہے۔ تیرے خلاف ان کے کھلے منصوبوں اور خفیہ سازشوں سے اچھی طرح آگاہ ہے اور ان منصوبوں کو خاک میں ملانے اور ان کی سازشوں کو ناکام کرنے کی بھی پوری قوت رکھتا ہے۔ آؤ! اس کی پناہ لے لو۔ اس کے دامن کرم کو مضبوطی سے پکڑ لو پھر بے خوف و خطر اپنی منزل کی طرف بڑھتے چلو۔ تم کس بلندی پر اپنا آشیانہ بناتے ہو، یہ تمہارے عزم اور ہمت پر منحصر ہے۔ خارجی اور داخلی مزاحمتوں سے اب تمہیں ڈرنے کی ضرورت نہیں۔

اس سورت میں ان امور کا ذکر کیا گیا جو انسان کی جسمانی نشوونما اور صحت و عافیت کے لیے خطرناک ہیں اور دوسری سورت میں

غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝۳ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝۴ وَ

تاریکی کے شر سے جب وہ چھا جائے ۳ اور ان کے شر سے جو پھونکے مارتی ہیں گرھوں میں ۴ اور

ان خطرات کا ذکر کیا گیا جو اس کے ایمان وایقان کو اس سے چھین لینا چاہتے ہیں۔

اس سورت کی پہلی آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو حکم دیا اور حضور کے واسطے سے ہر غلام بارگاہ رسالت کو حکم دیا کہ "میں پناہ لیتا ہوں صبح کے پروردگار کی جس نے رات کی تاریکی کو صبح کے اجالے سے بدل دیا" رات کے سناٹے اور ویرانے کو دن کی رونقوں سے نواز دیا، جس نے رات کی وحشتوں کو دن کی دلچسپیوں میں تبدیل کر دیا، جو ناساعد حالات کو یوں تبدیل کرنے پر قادر ہے، وہ تیری بگڑی بھی بنا سکتا ہے، تیری امیدوں کی دنیا میں جو گھپ اندھیرا ہے اس کی نظر کرم سے وہ بھی کافور ہو سکتا ہے، اس کی بارگاہ بےکس پناہ میں حاضر ہو کر فریاد تو کر، پھر دیکھ کیا ہوتا ہے؟

۲ میں ہر چیز کی اذیت رسانی اور شر انگیزی سے پناہ مانگتا ہوں۔ کیونکہ ہم نہ تمام چیزوں کو شمار کر سکتے ہیں اور نہ ہر چیز کی مضرتوں کا اندازہ لگا سکتے ہیں، اپنے ناقص علم کے باعث ہم ایک چیز کو اپنے لیے بڑا فائدہ مند خیال کرتے ہیں درحقیقت وہی چیز ہمارے لیے ضرر اور تکلیف دہ ثابت ہوتی ہے، اس لیے تفصیلات کو رہنے دو اور یہ عرض کرو کہ جس چیز کا تو خالق ہے، اس میں مضرت اور تکلیف کا میرے لیے جو پہلو ہے، جسے تو خوب جانتا ہے اور جس کے دور کرنے پر تو قادر ہے، میں تجھ سے ہی اس کی پناہ مانگتا ہوں۔

۳ الغاسق: اللیل المظلم: تاریک رات، شب دیجور۔ وَقَبَ: کسی چیز کا کسی چیز میں داخل ہو جانا، اس کے رگ و پے میں سما جانا۔

رات کی تاریکی کی شدت کا ذکر ہو رہا ہے کہ جب اس کی ظلمت کائنات کی ہر چیز کو اپنے دامن میں لپیٹ لے، ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا پھیل جائے، یہ منظر بذات خود بڑا دہشت ناک اور کرب انگیز ہوتا ہے۔ نیز رات کی تاریکی سے فائدہ اٹھا کر چور، چوری کرتا ہے، قاتل خونریزی کرتا ہے، آبروئیں اور عصمتیں اسی کی اوٹ میں لوٹی جاتی ہیں، شر انگیز قوتیں ہر قسم کی مزاحمت سے بےخوف ہو کر شر انگیزی کی حد کر دیتی ہیں اور جس کو لوٹنا ہوتا ہے، وہ خود خواب غفلت میں بےسدھ پڑا ہوتا ہے۔ دشمن بےخبری میں اس کو اپنے نرغے میں لے لیتا ہے، اسے اتنی فرصت بھی نہیں ملتی کہ وہ مدد کے لیے اپنے کسی دوست کو پکار سکے، اس لیے رات کی تاریکی کے شر سے بالخصوص پناہ مانگنے کی تلقین کی جا رہی ہے۔

۴ نفاثات: نفاثہ کی جمع ہے، یہ مبالغہ کا صیغہ ہے۔ نَفَثَ کا معنی ہے قذف الریق القلیل (مفردات) تھوڑی سی تھوک پھینکنا، لیکن علامہ ابن منظور کہتے ہیں کہ تھوڑی سی تھوک پھینکنے کو التفل کہا جاتا ہے۔ نفث اس سے بھی نیچے کا درجہ ہے جو پھونک مارنے سے زیادہ مشابہت رکھتا ہے۔ النفث اقل من التفل لان التفل لا یکون الا معہ شیئ من الریق والنفث شبیہ النفخ۔ (لسان العرب)

مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝۵

(اور میں پناہ مانگتا ہوں) حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے ۵

عُقَد: عقدہ کی جمع ہے اور اس کا معنی ہے گرہ۔ جادوگر جب جادو کرتے ہیں، تو وہ منتر اور طلسم پڑھ کر ایک دھاگے میں گرہ ڈالتے ہیں اور اس پر پھونک مارتے ہیں۔ جس طرح پاک کلام کے پاکیزہ اثرات ہوتے ہیں، اسی طرح ابلیسی منتروں اور شیطانی طلسموں کے تکلیف دہ نتائج ہوتے ہیں۔ سحر سے کسی چیز کی حقیقت بدلتی ہے یا نہیں؟ یہ ایک الگ موضوع ہے، لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ اس سے انسان نفسیاتی طور پر ضرور متاثر ہوتا ہے۔ ہاروت و ماروت کے واقعہ میں بھی یہ بتایا گیا ہے کہ شیاطین لوگوں کو ایسا جادو سکھایا کرتے تھے مایفرقون بہ بین المرء و زوجہ کہ اچھا بھلا رستا بستا گھر اختلاف کی نذر ہو جاتا۔ میاں بیوی کی باہمی محبت و پیار، نفرت و عداوت سے بدل جاتی۔ ساحران فرعون کے متعلق بھی قرآن کریم میں مذکور ہے کہ جب انہوں نے اپنے منتر پڑھ کر رسیوں پر پھونک ماری تو ہزارہا لوگ جو وہاں دربار میں موجود تھے، ان سب کو یہی نظر آیا کہ وہ رسیاں سانپ بن گئی ہیں اور سانپ کی طرح لہرا رہی ہیں۔

کسی کو کیا خبر کہ کوئی خبیث الفطرت انسان اس کے لیے کیا کیا جادو کر رہا ہے اور چند ٹکوں کے عوض کس طرح اس کے درپئے آزار ہے، اس لیے اس چیز کو بھی خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا کہ الٰہی جو بدکیش مجھے دکھ پہنچانے، میرے گھر کا سکون برباد کرنے، میری صحت کو بگاڑنے کے لیے ان ذلیل حرکتوں میں لگے ہوئے ہیں، میں خود ان کے شر سے اپنی حفاظت نہیں کر سکتا۔ اے میرے مولا! اے میرے نگہبان! مجھے اپنی پناہ میں لے لے اور ان کے شر سے مجھے بچا لے۔

جادوگری کا پیشہ اکثر و بیشتر عورتیں کیا کرتی تھیں، اس لیے نفاثات مونث کا صیغہ استعمال کیا۔

۵ حسد کی تشریح کرتے ہوئے ابن منظور لکھتے ہیں: اذا تمنّٰی ان تتحول الیہ نعمتہ و فضیلتہ او یُسلبھما ھو (لسان العرب) یعنی کسی کی خوشحالی اور عزت کو دیکھ کر جلنا اور یہ آرزو کرنا کہ کاش یہ دولت اس کے بجائے مجھے ملتی، اس عزت و فضیلت سے اس کے بجائے میں بہرہ ور ہوتا ——— اور اگر یہ چیزیں میرے نصیب میں نہ تھیں، تو کم از کم اس سے چھین لی جاتیں، اس کو بھی ان سے محروم کر دیا جاتا۔

یہ جذبہ انسان کی کمینگی اور خست طبع پر دلالت کرتا ہے، لیکن بات یہاں تک محدود نہیں رہتی۔ لبا اوقات یہ بڑے بڑے جور و ستم کا سبب بن جاتی ہے۔ جو انسان حسد کی آگ میں جل رہا ہوتا ہے، وہ ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھا نہیں رہتا بلکہ ایسی تدبیریں سوچتا ہے ایسی سازشیں کرتا ہے، اس قسم کے گٹھ جوڑ کرتا ہے جس سے وہ اپنی ناپاک آرزو کو پورا کر سکے۔ اس سے ایسی ایسی مذموم حرکتیں سرزد ہوتی ہیں جو شرف انسانی سے کوئی مناسبت نہیں رکھتیں۔ قابیل نے ہابیل کو حسد کی وجہ سے ہی قتل کیا تھا۔ ابوجہل اور دیگر اکابر قریش یہ جانتے ہوئے بھی کہ حضور سچے نبی ہیں، محض حسد کی وجہ سے دین اسلام کو قبول نہیں کرتے تھے۔

جس انسان پر اللہ تعالیٰ کا کوئی خصوصی کرم ہوتا ہے، اس کے بدخواہ اکثر پیدا ہو جاتے ہیں، وہ ان کی عزت کرتا ہے، ان کی

دلجوئی کرتا ہے' جہاں تک بن پڑے ان کی خدمت سے بھی گریز نہیں کرتا اس کے باوجود حاسدوں کے سینوں میں حسد کی آگ بھڑکتی رہتی ہے۔ وہ بلا وجہ جلتے رہتے ہیں۔ انسان نہ تو خود ہر حاسد کو پہچان سکتا ہے اور نہ حاسدوں کے منصوبوں سے آگاہ ہو سکتا ہے اور اگر آگاہ ہو بھی جائے تو بسا اوقات ان کا تدارک کرنے سے قاصر ہوتا ہے۔ اس لیے حکم دیا جا رہا ہے کہ تم اپنے رب کریم کے دامن عاطفت میں پناہ لے لو۔ بے شک ان حاسدوں کی شر انگیزیوں سے وہی بچ سکتا ہے جسے اس کی پناہ حاصل ہو جائے۔

الٰہی! تیرا یہ زار و ناتوان' ضعیف و بے نوا بندہ تیرے دامن لطف و کرم میں پناہ طلب کرتا ہے۔ تیری پناہ کے بغیر اس کا کوئی ٹھکانا نہیں۔

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولنا محمد الحامد المحمود وعلى اله وصحبه ومن تبعه و احبه الى يوم الدين.

تعارف

سُورۃُ الفلق والنّاس

نام : پہلی سورت کا نام 'الفلق' اور دُوسری کا 'الناس' ہے۔ دونوں سُورتوں کا نزول بھی بیک وقت ہُوا مفہوم معنی اور مقصد کے اعتبار سے بھی ان میں اس قدر اتّصال ہے کہ انہیں الگ الگ کرنا بہت دُشوار ہے۔ اس لیے انہیں معوذتین کے ایک نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ ان کے الگ الگ تعارف لکھنے کے بجائے ایک ہی تعارف پر اکتفا کروں گا۔

پہلی سورۃ 'الفلق' ایک رکوع، پانچ آیتوں، تیئس کلموں اور چوہتّر حروف پر مشتمل ہے اور دُوسری سورت الناس، میں ایک رکوع، چھ آیات، بیس کلمے اور اناسی حروف ہیں۔

نزول : اس بات پر تو سب متفق ہیں کہ یہ دونوں سُورتیں ایک ساتھ نازل ہُوئیں لیکن کہاں نازل ہُوئیں؟ اس میں دو قول ہیں۔ حضرت حسن بصری، عطاء، عکرمہ اور جابر رضی اللہ عنہم کی یہ رائے ہے کہ ان کا نزول مکہ میں ہُوا حضرت ابن عباس کے ایک قول سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے لیکن قتادہ، ابوصالح اور ابن عباس کے علاوہ علماء کی ایک جماعت کا یہ قول ہے کہ یہ دونوں سورتیں مدنی ہیں۔ بعض مفسّرین نے پہلے قول کو ترجیح دی ہے لیکن احادیث مرفوعہ دُوسرے قول کی تائید کرتی ہیں، اس لیے مرفوع حدیث کے مقابلہ میں کسی کے قول کو ترجیح دینا بہت مشکل ہے۔ ایک مرفوع حدیث جسے مُسلم، ترمذی، نسائی، احمد بن حنبل علیہم الرحمۃ نے حضرت عقبہ بن عامر سے یوں روایت کیا ہے۔ عقبہ کہتے ہیں ایک روز رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: الم تر آیات انزلت اللیلۃ لم یر مثلھن اعوذ برب الفلق، اعوذ برب الناس یعنی تمہیں خبر ہے اللہ تعالےٰ نے آج رات مجھ پر ایسی آیتیں نازل فرمائی ہیں جن کی پہلے مثال نظر نہیں آتی۔ وہ اعوذ برب الفلق اور اعوذ برب الناس ہیں۔

عقبہ ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ میں مشرف باسلام ہُوئے تھے۔ ان کو حضور کا یہ ارشاد کہ "آج رات مجھ پر ایسی آیتیں نازل ہُوئی ہیں جن کی مثال پہلے نظر نہیں آتی" یہ اس بات کی قطعی دلیل ہے کہ ان سورتوں کا نزول مدینہ طیبہ میں ہُوا۔ دُوسری حدیث جو اس قول کی تائید کرتی ہے وہ ہے جس میں ان کے شانِ نزول کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ اس حدیث کو ائمہ کبار بغوی، نسفی، بیہقی، ابن سعد نے روایت کیا ہے۔ ان کے علاوہ شراح حدیث میں سے حافظ ابن حجر عسقلانی اور علامہ بدرالدین عینی نے اپنے اپنے اسفارِ جلیلہ میں لکھا ہے کہ سات ہجری میں جب ایک یہودی لبید بن اعصم نے جادو کیا۔ (جس کی تفصیل آگے بیان ہو رہی ہے۔) اُس وقت اس جادو کے اثرات کو کالعدم کرنے کے لیے یہ دو سورتیں نازل ہُوئیں۔ ان ائمہ حدیث کی تحقیق کے بعد اور حضرت عقبہ کی مرفوع روایت کے بعد مزید کسی دلیل کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس لیے ان سُورتوں کے مکی ہونے پر اصرار کرنا اور

ان صریح روایات کے بارے میں یہ کہہ دینا کہ "ان مواقع پر ان سورتوں کی طرف توجہ مبذول کرائی گئی جو پہلے مکہ میں نازل ہو چکی تھیں" بہرحال میرے لیے ناقابل فہم ہے۔ جہاں تک میری سمجھ اور تحقیق کا تعلق ہے، میں تو اسی نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ یہ مدینہ طیبہ میں نازل ہوئیں۔

چند مباحث : یہاں چند ایسے اُلجھے ہوئے مباحث ہیں، جن سے دامن بچا کر آگے نکل جانا کسی طرح درست نہیں۔ ان سورتوں کے تعارف کے ضمن میں ان مباحث کا تذکرہ اور ان سے جو شبہات جنم لیتے ہیں اُن کا ازالہ ازبس ضروری ہے۔ اس لیے قارئین کرام سے ان مباحث کے تذکرہ کی اجازت طلب کرتا ہوں۔

بحث اوّل : کیا یہ دونوں سورتیں قرآن کریم کا جزو ہیں اور قرآن کریم کی دوسری سورتوں کی طرح ان کا جزو قرآن ہونا قطعی الثبوت ہے؟

یہ سوال اس لیے پیدا ہوا کہ بعض ایسی روایات موجود ہیں جن میں یہ مذکور ہے کہ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ انہیں قرآن کی سورتیں شمار نہیں کیا کرتے تھے اور جو مصحف اُنہوں نے مرتب کیا تھا۔ اُس میں بھی یہ سورتیں موجود نہ تھیں علامہ سیوطی" نے صراحۃً لکھا ہے۔

اخرج احمد والبزاز والطبرانی وابن مردویه من طرق صحيحة عن ابن مسعود انه كان يحك المعوذتين من المصحف ويقول لا تخلطوا القرآن بما ليس منه انهما ليستا من كتاب الله انما امر النبی صلی الله عليه وسلم ان يتعوذ بهما وكان ابن مسعود لا يقرء بهما (الدر المنثور)

ترجمہ: امام احمد، بزاز، طبرانی، ابن مردویہ نے صحیح طریقوں سے حضرت ابن مسعود سے نقل کیا ہے کہ وہ معوذتین کو مصحف سے محو کر دیا کرتے تھے اور کہا کرتے قرآن کے ساتھ ایسی چیزیں خلط ملط نہ کرو جو اس میں سے نہیں ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے توان دو سورتوں کے ساتھ فقط پناہ مانگنے کا حکم دیا تھا نیز حضرت ابن مسعود ان سورتوں کی تلاوت نماز میں نہ کیا کرتے۔ (الدر المنثور)

اس میں تو کلام نہیں یہ سب اخبار احاد ہیں۔ علماء اصول حدیث نے یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ اخبار احاد کی صحت کے لیے صرف راویوں کی عدالت اور قوت حافظہ ہی کافی نہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ اخبار احاد کا درایت کے معیار پر پورا اترنا بھی لازمی ہے اور اُن میں سے ایک یہ ہے کہ وہ روایت بداہتِ عقل کے خلاف نہ ہو۔ اگر اس قاعدہ کو پیش نظر رکھا جائے تو ان روایات کو بنیاد بنا کر انکار کی عمارت استوار کرنا قرین دانشمندی نہیں۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اُن صحابہ میں سے نہ تھے جنہیں ساری عمر میں ایک آدھ بار حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی ہو یا دُنیاوی مصروفیتوں کے باعث بارگاہِ نبوت میں کبھی حاضری کی سعادت مل جاتی ہو اور کبھی نہ ملتی ہو۔ بلکہ آپ ان خوش نصیب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے تھے جو ہمیشہ خدمت عالیہ میں حاضر باش رہا کرتے تھے۔ آپ کا شمار اصحاب صُفّہ میں تھا جو آٹھوں پہر مسجد نبوی میں پڑے رہتے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت، خدمت میں حاضری، ارشاد رسالت کو سُننا، اُن کو یاد رکھنا۔ قرآن کریم کی جو آیتیں نازل ہوتیں اُن کو حفظ کرنا۔ ان کی زندگی کی ساری سرگرمیاں انہی چند باتوں میں سمٹ کر رہ گئی تھیں۔ وہ تقریباً ہر نماز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ادا کیا کرتے تھے۔ عقبہ ابن عامر جو ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ میں آیا

لائے تھے، انہیں ان سورتوں کے بارے میں علم ہو کہ یہ قرآن کا حصہ ہیں اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ، جو ہجرت سے پہلے ہی دولت ایمان سے مشرف ہو چکے تھے اور شاذ و نادر ہی کبھی غیر حاضر ہوئے ہوں۔ حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار ان سورتوں کو نماز میں تلاوت فرمایا۔ صدہا صحابہ نے اپنے کانوں سے اسے سنا۔ یہ کیسے تسلیم کر لیا جائے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ جیسے ہمہ وقت حاضر باش ہر نماز حضور کی اقتدا میں پڑھنے والے کو یہ معلوم نہ ہو کہ یہ قرآن کی سورتیں ہیں یا نہیں؟ بڑی تعجب خیز بات ہے۔۔۔

اس لیے یہ روایات جو سب کی سب احاد ہیں، ان کی بناء پر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ خیال اور خیال بھی ایسا جس سے فقط ابن مسعود پر ہی اعتراض وارد نہیں ہوتا، بلکہ ایک ایسا دروازہ کھل جاتا ہے جس سے کفار و ملحدین کو بھی قرآن کریم کے بارے میں زبان طعن دراز کرنے کی سند مل جاتی ہے کم از کم میرے فہم سے یہ بات بالاتر ہے۔

یہ روایت جو ابن قتیبہ نے نقل کی ہے کہ عبداللہ ابن مسعود اپنے مصحف میں معوذتین کو نہ لکھا کرتے تھے کیونکہ یہ سنا کرتے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ دو سورتیں پڑھ کر سیدنا حسن اور سیدنا حسین رضی اللہ عنہم کو دم فرماتے ہیں اور یہ دوسرے دموں کی طرح ایک دم ہی ہے۔ یہ بات بھی کسی طرح قابل تسلیم نہیں کیونکہ قرآن کریم سراپا اعجاز ہے جس کی مثال لانا کسی ایک فرد کسی انسانی جماعت بلکہ فصحاء و بلغاء کے کسی مجمع علمی سے بھی ممکن نہیں۔ اس میں اور دوسرے دموں میں کیوں کر التباس پیدا ہو سکتا ہے خصوصاً ابن مسعود جیسی شخصیت کو جو فصیح اللسان، لغت عربی کے ماہر اسالیب کلام اور انداز گفتگو کے عارف تھے۔ مزید برآں جسے افصح العرب والعجم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیضان صحبت نے کندن بنا دیا تھا ان کا اس اشتباہ میں مبتلا ہونا ناممکن ہے۔ خود علامہ سیوطیؒ نے طبرانی سے ایک حدیث بیان کی ہے:

اخرج الطبرانی فی الاوسط بسند حسن عن ابن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لقد انزل علی آیات لم ینزل علی مثلھن المعوذتین۔ (الدر المنثور)

ترجمہ: طبرانی نے اوسط میں سند حسن سے حضرت ابن مسعود سے یہ ارشاد رسالت نقل کیا ہے کہ حضور نے فرمایا کہ مجھ پر ایسی آیتیں نازل ہوئی ہیں جن کی مثل مجھ پر نازل نہیں ہوئی اور وہ معوذتین ہیں۔"

اس حدیث سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت ابن مسعود کو ان آیات کے نزول کے بارے میں آگاہ فرمایا۔ ہو سکتا ہے کہ پہلے آپ کا یہی خیال ہو کہ یہ محض جھاڑ پھونک کے لیے چند جملے نازل ہوئے ہیں اور قرآن کا جزو نہیں ہیں لیکن حضور کا یہ ارشاد سننے کے بعد اگر ان کے بارے میں انہیں کوئی شک تھا بھی تو وہ دور ہو گیا اور آپ نے اپنے پہلے قول سے رجوع کر لیا۔

یہ الگ بات ہے کہ کسی کے دل میں صحابہ کو غلط کار ثابت کرنے کا اتنا زیادہ شوق ہو کہ وہ ان تمام واضح حقائق کو بھی بآسانی نظر انداز کرنے کے لیے تیار ہو جس طرح صاحب تفہیم القرآن نے اس مقام پر اظہار خیال کیا ہے اگر مان بھی لیا جائے کہ حضرت ابن مسعود کے مصحف میں یہ سورتیں مرقوم نہ تھیں، اس لیے وہ ان کو قرآن کا جزو نہیں سمجھتے تھے۔ تو عرض ہے کہ ان کے مصحف میں تو سورۃ فاتحہ بھی مرقوم نہ تھی۔ کیا اس کا آپ یہ مطلب لیں گے کہ وہ اسے بھی قرآن کی سورت شمار نہ کرتے تھے۔

جس کو وہ ہر نماز کی ہر رکعت میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قرأت فرماتے ہوئے اپنے کانوں سے سنا کرتے تھے۔ ان سورتوں کے نہ لکھنے کی معقول وجہ یہی ہو سکتی ہے کہ وہ بکثرت تلاوت کی جاتی تھیں، اس لیے انہیں نوکِ بر زبان تھیں انہیں قطعاً یہ وہم تک بھی نہ تھا کہ وہ انہیں فراموش ہو جائیں گی۔ یہ مصحف آپ نے اپنی سہولت کے لیے مرتب کیا تھا۔ ان سورتوں کے لکھنے کی انہوں نے ضرورت محسوس نہ کی اس لیے نہ لکھیں۔

مختلف کتب میں اس قسم کی روایات پائی جاتی ہیں۔ ہر قاری کے پاس نہ اتنی استعداد ہوتی ہے اور نہ اتنی فرصت کہ وہ ان روایات کی تحقیق کر سکے، اس لیے عام لوگ طرح طرح کی غلط فہمیوں کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ان تمام اعتراضات اور شبہات کو دُور کرنے کے لیے اس ایک اصول کو آپ خوب ذہن نشین کر لیں کہ قرآن کریم کس کو کہتے ہیں؟ قرآن کریم وہ ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے سنا اور پھر بذریعہ تواتر نقل کیا۔ صحابہ سے تابعین نے اسی تواتر سے سنا۔ یوں ہی سلسلہ وار وہ ہم تک منقول ہوتا چلا آیا ہے۔

سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد میں صحابہ کرام نے بالاتفاق حضرت زید ابن ثابت کے مدون کردہ نسخہ کے مطابق ایک نسخہ تیار کیا اور اس کی متعدد نقول اپنی نگرانی میں تیار کر کے مملکتِ اسلامیہ کے مختلف اُمرا کی طرف روانہ کیں تاکہ عرب و عجم میں اسی کے مطابق تلاوت کی جائے اور عمل کیا جائے۔ اس لیے قرآن کریم صرف اسی مصحف مبارک کا نام ہے۔ اس کے خلاف آپ کو جو روایت نظر آئے یا وہ سند کی وجہ سے ساقط الاعتبار ہو گی یا وہ خبرِ واحد ہو گی یا کسی کا اپنا ذاتی قول ہو گا۔ الغرض کلام اللہ وہی ہے جو اس مصحفِ عثمانی کے مطابق ہے جس پر تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اجماع ہے اور اس وقت سے لیکر آج تک اس میں نہ کسی لفظ کی کمی بیشی ہوئی نہ کسی آیت میں تقدیم و تاخیر رونما ہوئی نہ کلمات کی ترتیب میں کوئی تغیر رونما پذیر ہوا۔

بحث دوم: نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر کیا جادو کیا گیا؟ اور ذاتِ اقدس واطہر پر اس کا اثر کیا ظاہر ہوا؟

اس کے بارے میں اپنی تحقیق پیش کرنے سے پہلے میں قارئین کرام کے سامنے اُن تمام روایات کا خلاصہ پیش کرتا ہوں جو مختلف کتب میں باختلافِ الفاظ منقول ہیں۔ اس کے بعد ان اعتراضات کا ذکر کروں گا جو قدیم اور جدید معتزلیوں نے وارد کیے ہیں۔ بعد ازاں اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اہلِ سنت کے موقف کو بیان کروں گا۔

"یثرب کے یہودیوں کو روزِ اول سے ہی جو بلاوجہ عداوت اور حسد حضور کی ذاتِ اقدس کے ساتھ تھا اس کی تفصیلات کئی مقامات پر آپ پڑھ چکے ہیں۔ جیسے جیسے اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کی شان کو بلند کرتا۔ فتوحات کے دروازے کھلتے جاتے، ویسے ویسے ہی ان کی عداوت کے شعلے بھڑکنے لگتے۔ ۷ ھ میں جب حدیبیہ سے حضور بخیریت واپس تشریف لائے تو خیبر کے یہودیوں کا ایک وفد مدینہ کے ایک مشہور جادوگر لبید ابن اعصم کے پاس آیا۔ بعض مؤرخین نے اسے یہودی کہا ہے لیکن یہ درحقیقت انصار کے ایک قبیلہ بنی زریق کا ایک فرد تھا۔ ممکن ہے اس نے یہودی مذہب اختیار کر لیا ہو۔ اس لیے اسے یہودی کہا گیا ہو۔ خیبر کے وفد نے آکر اس کے سامنے اپنی بپتا بیان کی اور کہا کہ مکہ کے اس قریشی نے یہاں آکر ہماری عزت خاک میں ملا دی ہے۔ ہم نے سیاسی طور پر ان کو ناکام بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، سازشیں کیں، منصوبے بنائے، مشرک قبائل کو ان کے خلاف بھڑکایا لیکن

ناکام رہے۔ اس کے علاوہ ہمارے ہاں جتنے ماہر جادوگر تھے انہوں نے بھی بڑے جتن کیے، بڑی زور آزمائی کی لیکن نتیجہ کچھ نہ نکلا۔ ہمارے اس علاقہ میں تمہارے سحر کی دھوم مچی ہوئی ہے ہر طرف سے مایوس ہو کر ہم تیرے پاس آئے ہیں۔ اگر تو ہماری امداد کرے تو یہ مشکل آسان ہو سکتی ہے۔ انہوں نے اس کی خدمت میں بھاری نذرانہ بھی پیش کیا۔ چنانچہ اس نے حامی بھر لی۔

ایک یہودی لڑکا حضور کی خدمت میں رہا کرتا تھا کسی طرح ورغلا کر اس سے حضور کی کنگھی کا ایک ٹکڑا اور چند موئے مبارک حاصل کر لیے۔ اس نے اور اس کی بیٹیوں نے جو اس فن میں اپنے باپ سے بھی دو قدم آگے تھیں جادو کیا اور ان چیزوں کو کھجور کے خوشے کے غلاف میں رکھ کر بنی زریق کے ایک کنویں کی تہہ میں ایک بھاری پتھر کے نیچے دبا دیا۔ اس کنویں کا نام "ذروان یا ذی اروان" بتایا جاتا ہے۔ بعض نے اس کا نام "بئر اریس" بھی لکھا ہے۔

چھ ماہ گزرنے کے بعد معمولی معمولی اثر ظاہر ہونے لگا۔ آخری چالیس دن زیادہ تکلیف کے تھے۔ ان میں سے بھی آخری تین دن تکلیف اپنی نہایت کو پہنچ گئی۔ اس جادو سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کس قسم کی تکلیف محسوس ہوتی تھی۔ اس کے بارے میں بھی تصریحات موجود ہیں۔ علامہ سیوطی لکھتے ہیں:

کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یذوب ولا یدری ما وجعہ: یعنی حضور کی طبیعت گھٹنے لگی۔ نقاہت بڑھنے لگی لیکن بظاہر اس کی کوئی وجہ معلوم نہ ہوتی۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں: حتی لیخیل الیہ انہ فعل الشیء ولم یکن فعلہ (روح المعانی)

یعنی ایسا کام جو نہ کیا ہوتا، اس کے بارے میں حضور کو خیال ہوتا کہ کر لیا گیا ہے۔

کتب حدیث میں اس جادو کے اثرات کے بارے میں جتنی روایات ملتی ہیں۔ ان کا یہی نچوڑ ہے کہ جسمانی طور پر نقاہت و کمزوری محسوس ہوتی لیکن ایسی کوئی ضعیف سے ضعیف روایت بھی موجود نہیں جس سے یہ پتہ چلتا ہو کہ فرائض نبوت کی ادائیگی میں کبھی بال برابر فرق آیا ہو۔ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ نماز کے ارکان میں تقدیم و تاخیر سرزد ہوئی ہو یا تلاوت قرآن کے وقت نسیان طاری ہو گیا ہو یا مملکت اسلامیہ کی توسیع اور استحکام یا اسلام کی تبلیغ میں کوئی معمولی سا رخنہ بھی پیدا ہوا ہو۔

جب تکلیف زیادہ بڑھی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بارگاہ الٰہی میں دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے۔ اسی رات حضور کو خواب میں حقیقت حال سے آگاہ فرما دیا گیا؛ چنانچہ حضور نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کو بتایا کہ اے عائشہ میں نے اپنے رب سے جس بات کے بارے میں دریافت کیا تھا میرے خدا نے مجھے اس کے متعلق بتا دیا ہے۔ حضرت عائشہ نے عرض کی یا رسول اللہ کیا بتایا گیا ہے۔ ارشاد ہوا رات کو خواب میں دو آدمی میرے پاس آئے۔ ایک میرے سرہانے بیٹھ گیا اور دوسرا پاؤں کے نزدیک۔ (بعض روایات میں ہے کہ وہ جبرائیل اور میکائیل تھے) ایک نے دوسرے سے پوچھا "انہیں کیا تکلیف ہے"۔ دوسرے نے جواب دیا "انہیں جادو کیا گیا ہے"۔ پوچھا کس نے کیا ہے؟ جواب ملا: "لبید ابن اعصم نے"۔ پوچھا "کس چیز میں"۔ بتایا: "کنگھی کے ایک ٹکڑے کو اور چند بالوں کو کھجور کے خوشہ کے پردے میں رکھ کر"۔ پوچھا "کہاں رکھا ہے؟" بتایا: "ذی اروان کے کنوئیں کی تہ میں ایک پتھر کے نیچے"۔ پوچھا "اب کیا کرنا چاہیے"۔ بتایا: "اس کنوئیں کا سارا پانی نکال دیا جائے پھر اس

پتھر کے نیچے سے ان چیزوں کو نکالا جائے۔"

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فوراً حضرت سیدنا علی، عمار ابن یاسر اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم کو اس مقصد کے لیے اس کنویں کی طرف بھیجا۔ انہوں نے پانی نکال کر اس کنویں کو خشک کر دیا۔ اتنے میں حضور خود بھی وہاں تشریف لے گئے پتھر کو اٹھایا تو اس کے نیچے سے وہ غلاف نکلا، اسے کھولا تو اس کے اندر کنگھی کا ایک ٹکڑا، چند بال جو تانت کے ایک ٹکڑے میں بندھے ہوئے تھے اور اس تانت میں گیارہ گرہیں لگی ہوئی تھیں۔ اسی اثنا میں حضرت جبرائیل حاضر ہوئے اور یہ دو سورتیں پڑھ کر سنائیں اور عرض کیا کہ "آپ ان سورتوں کی ایک ایک آیت پڑھتے جائیں اور ایک ایک گرہ کھولتے جائیں اور ایک ایک سوئی نکالتے جائیں۔" چنانچہ دونوں سورتوں کی گیارہ آیتیں پڑھی گئیں۔ ان کی تلاوت سے گیارہ گرہیں کھلیں اور ساری سوئیاں نکل گئیں۔ اس طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طبیعت ہشاش بشاش ہو گئی اور جادو کا سارا اثر زائل ہو گیا۔

صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اجازت ہو تو اس خبیث کا سر قلم کر دیا جائے۔ حضرت سید عالم نے ارشاد فرمایا:

اما انا فقد شفانی اللہ واکرہ ان اثیر علی الناس شرا۔

ترجمہ: "مجھے تو اللہ تعالیٰ نے شفا بخش دی ہے۔ میں اپنے لیے لوگوں میں فتنہ کی آگ بھڑکانا نہیں چاہتا۔"

سبحان اللہ رحمت للعالمین کی کیا شان ہے۔ اپنی ذات کے لیے اپنی جان کے دشمنوں سے بھی کبھی انتقام نہیں لیا۔ صلی اللہ علیک یا رسول اللہ۔ صلی اللہ علیک یا مقیل العثرات۔ صلی اللہ علیک یا صفوح عن الزلات و بارک وسلم۔

اس واقعہ کا خلاصہ آپ نے ملاحظہ فرما لیا ہے۔ اب ذرا قدیم معتزلہ اور جدید عقلیت پسندوں کے اعتراضات کا مطالعہ فرمائیے۔ وہ ان تمام روایات کو ساقط الاعتبار، ناقابلِ اعتماد قرار دیتے ہوئے بیک قلم ان پر خطِ تنسیخ کھینچ دیتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اگر ان روایات کو صحیح تسلیم کیا جائے، تو اس سے منصبِ نبوت کی توہین ہوتی ہے بلکہ ہر قسم کی وحی اور شریعت کے جملہ احکام پر سے وثوق اٹھ جاتا ہے۔ کیونکہ اگر ان روایات کے مطابق مان لیا جائے کہ حضور پر جادو کا اثر ہو گیا تھا تو پھر یہ بھی ممکن ہے کہ اس کے اثر سے کوئی آیت ذہن سے اتر گئی ہو قرآنی آیت کے بجائے کسی خود ساختہ جملہ کو آیتِ قرآنی فرض کر لیا گیا ہو۔ شریعت کا یہ قانون اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہ ہو بلکہ سحر کی فسوں کاری کا کرشمہ ہو نیز یہ روایات اس آیت کے بھی منافی ہیں۔ "واللہ یعصمک من الناس۔" کہ لوگوں کی شرانگیزیوں سے اللہ تعالیٰ آپ کا محافظ ہے۔" جب عصمتِ نبوت کی ذمہ داری خود اللہ رب العزت نے لی ہے تو پھر یہ کیسے مان لیا جائے کہ یہودیوں کے سحر کا حضور پر اثر ہو گیا ہو۔ عقل کے جدید اور قدیم پرستاروں کا نظریہ آپ نے پڑھ لیا۔ بات کا جس طرح انہوں نے تبنگڑ بنایا ہے اس کو بھی آپ نے دیکھ لیا۔

ان اعتراضات اور شکوک کے بارے میں اہلِ سنت یہ کہتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دو حیثیتیں تھیں۔ ایک حیثیتِ نبوت اور دوسری حیثیتِ بشریت۔ عوارضِ بشری کا ورود ذاتِ اقدس پر ہوتا رہتا تھا۔ بخار، درد، چوٹ لگنا۔ دندانِ مبارک کا شہید ہونا۔ طائف میں پنڈلیوں کا لہولہان ہونا اور احد میں جبینِ سعادت کا زخمی ہونا۔ یہ سب واقعات

تاریخ کے صفحات کی زینت ہیں۔ یہ لوگ بھی ان سے انکار کی جرأت نہیں کر سکتے اور ان عوارض سے حضور کی شانِ رسالت اور حیثیتِ نبوت پر قطعاً کوئی اعتراض وارد نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح یہاں بھی جادو کا اثر حضور کی جسمانی صحت تک محدود تھا رسالت کا کوئی پہلو قطعاً اس سے متاثر نہ تھا۔ اگر ایسا ہوتا کہ اس جادو سے حضور کوئی آیت بھول جاتے یا الفاظ میں تقدیم و تاخیر کر دیتے یا قرآن میں اپنی طرف سے کوئی جملہ بڑھا دیتے یا نماز کے ارکان میں ردوبدل ہو جاتا تو اسلام کے بدخواہ اتنا شوروغل مچاتے کہ الامان والحفیظ! ابطالِ رسالت کے لیے انہیں ایک ایسا مہلک ہتھیار دستیاب ہو جاتا کہ اس کے بعد انہیں دعوتِ اسلامی کو ناکام کرنے کے لیے مزید کسی ہتھیار کی ضرورت نہ رہتی لیکن اس قسم کا کوئی واقعہ کسی حدیث یا تاریخ کی کتاب میں موجود نہیں۔ دشمنانِ اسلام نے آج تک جتنی کتابیں پیغمبرِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں لکھی ہیں اُن میں بھی اس قسم کا کوئی واقعہ درج نہیں۔ معلوم ہوا کہ لبید یہودی کے جادو کا اثر فقط اس حد تک ہوا کہ صحتِ گرامی متاثر ہوئی جس طرح علامہ سیوطی اور علامہ آلوسی کے حوالے نقل کیے جا چکے ہیں۔

رہی یہ بات کہ جادو کی کوئی حقیقت ہے یا نہیں؟ جادو سے کسی چیز کی حقیقت بدل جاتی ہے یا فقط نظر بندی کے طور پر چیز ہوتی کچھ ہے اور دکھائی کچھ دیتی ہے۔ یہ ایک الگ بحث ہے لیکن اس سے لوگوں کا متاثر ہونا ایک یقینی چیز ہے۔ ساحرانِ فرعون کا تذکرہ قرآن مجید میں متعدد مقامات پر فرمایا گیا ہے۔ نصِ قرآنی سے یہ چیز ثابت ہے کہ لوگ ان رسیوں کو سانپ خیال کرنے لگے۔ سانپوں کی طرح انہیں لہراتے ہوئے دیکھ کر وقتی طور پر موسیٰ علیہ السلام بھی خائف و ہراساں ہو گئے قرآن کریم کے الفاظ ملاحظہ فرمایئے:

فاذا حبالھم وعصیھم یخیل الیہ انھا تسعی۔ فاوجس فی نفسہ خیفۃ موسیٰ قلنا لا تخف انک انت الاعلیٰ۔

ترجمہ: پس ان کی رسیاں اور سونٹیاں آپ کو یوں معلوم ہوتا کہ وہ دوڑ رہی ہیں، ان کے دل میں خوف پیدا ہوا۔ ہم نے کہا اے موسیٰ! مت ڈرو۔ تم ہی سربلند ہو۔

انہیں کے بارے میں سورہ طٰہٰ میں ہے: سحروا اعین الناس: یعنی ان جادوگروں نے لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا تھا۔

بحثِ سوئم: جھاڑ پھونک کے بارے میں اسلام کا کیا حکم ہے؟

ایک بات پہلے ہی ذہن نشین کر لینا ضروری ہے۔ جھاڑ پھونک کا رواج ہر انسانی معاشرہ میں قدیم ازمنہ سے موجود ہے اس مقصد کے لیے جو منتر، طلسم یا نقوش اُن کے ہاں رواج پذیر تھے۔ اُن کی دیویاں، دیوتاؤں کے نام، شیطانی قوتوں سے استمداد، آسمانی کواکب و سیارات سے استغاثہ وغیرہ عام تھا۔ نیز وہ ان چیزوں کو مؤثرِ حقیقی اور فاعلِ مستقل یقین کرتے تھے۔

اسلام نے شرک کو بیخ و بُن سے اکھیڑ کر رکھ دیا۔ اُن کے اس عقیدہ کے بطلان کو طشت از بام کر دیا کہ اللہ کے علاوہ کوئی دیوی، دیوتا، کوئی چاند تارا یا سُورج مؤثرِ حقیقی ہو سکتا ہے۔ اس لیے یہ تو گمان ہی نہیں کیا جا سکتا کہ اسلام کسی ایسے منتر یا جھاڑ پھونک کی اجازت دے جس میں شرک یا شرکیہ عقائد کا شائبہ تک بھی پایا جاتا ہو اس لیے ایسے تمام منتر، طلسم نقوش

تعویذات وغیرہ اسلام میں قطعاً حرام اور ممنوع ہیں۔ جن احادیث میں دم کرنے، جھاڑ پھونک کرنے وغیرہ کی ممانعت کی گئی ہے ان جملہ احادیث سے اسی قسم کے شرکیہ اعمال مُراد ہیں لیکن ایسا دم یا تعویذ جس میں اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے کوئی اسم مُبارک، کوئی آیت قرآنی یا سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ پاک سے نکلا ہُوا کوئی جُملہ ہو یا جس نقش میں یا دم میں شرکیہ بات نہ ہو اُس کا کرنا جائز ہے۔ حضور خود بھی اپنے آپ کو دم فرمایا کرتے اور صحابہ کرام پر بھی دم کرتے اور حسنین کریمین کو تو خصوصی دم فرمایا کرتے۔ عہدِ رسالت میں اور اس کے بعد صحابہ کا بھی یہ معمول تھا۔ اُس وقت سے لے کر اب تک پاکانِ اُمّت کا بھی یہ دستور رہا ہے۔ آپ چند شواہد ملاحظہ فرمایئے!

سب سے پہلی دلیل قرآن دو سُورتوں کا نزول ہے اور ان کے پڑھنے کی برکت سے جادو کی تاثیر کا ختم ہو جانا ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ معمول تھا کہ ہر شب آرام کرنے سے پہلے آخری تینوں قُل پڑھتے، اپنے مبارک ہاتھوں پر دم فرماتے پھر اپنے سارے جسم پر انہیں پھیر لیتے۔ یہ معمول حضرت عائشہ صدیقہ سے مروی ہے۔ جو خود عینی شاہد ہیں۔ جن محدثین نے اس روایت کو اسنادِ صحیحہ سے نقل کیا ہے۔ اُن میں امام بخاری، امام مُسلم، امام مالک۔ ابن ماجہ، ابوداؤد علیہم الرحمۃ جیسے اکابر ہیں۔

نیز امام بخاری، امام احمد، ترمذی، ابن ماجہ نے حضرت ابن عباس سے یہ روایت نقل کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سیّدنا امام حسن اور سیّدنا امام حُسین کو یہ پڑھ کر دم فرمایا کرتے:

أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

حضرت عثمان بن ابی العاص ثقفی نے ایک روز عرض کیا: یا رسُول اللہ! جب سے مُسلمان ہُوا ہوں مجھے شدید درد ہوتا ہے یُوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ جان لیوا ثابت ہوگا۔ حضُور نے فرمایا: درد کی جگہ پر اپنا دایاں ہاتھ رکھو، پھر تین بار بسم اللہ پڑھو اور سات مرتبہ یہ پڑھتے ہُوئے درد کی جگہ پر ہاتھ رکھو: أَعُوذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ۔

مسند امام احمد اور طحاوی میں طلق بن علی کی روایت ہے کہ مجھے رسُول اللہ کی موجودگی میں بچھو نے ڈنگ مارا۔ حضُور نے مجھے دَم فرمایا اور دستِ مُبارک پھیرا۔

صحیح مسلم میں ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم بیمار ہُوئے، عیادت کے لیے جبریل امین حاضر ہُوئے، پُوچھا: جانِ عالم! کیا آپ بیمار ہوگئے؟ فرمایا ہاں۔ جبرئیل نے یہ پڑھ کر دم کیا:

بِاسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ، اَللّٰهُ يَشْفِيكَ ـ

بِاسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ۔ (ترجمہ) میں اللہ کا نام لے کر آپ کو دم کرتا ہُوں ہر اُس چیز سے جو آپ کو اذیت دے اور ہر نفس اور حاسد کی نظر سے۔ اللہ آپ کو شفا دے۔ مَیں اللہ کا نام لے کر آپ کو دم کرتا ہُوں۔

مُسند امام احمد میں اُمُّ المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم میرے حُجرہ میں رونق افروز ہُوئے میرے پاس شفاء نامی ایک خاتون بیٹھی تھی جو نملہ (دنباب) کا دم کیا کرتی تھی۔ حضور نے فرمایا شفاء یہ دَم حفصہ کو بھی سکھا دو۔ خود شفاء بنت عبدُاللہ کہتی ہیں کہ مجھے حضور نے فرمایا کہ تم نے حفصہ کو جس طرح لکھنا پڑھنا

سکھایا ہے نملہ کا دم بھی سکھا دو۔ (مسند امام احمد، ابوداؤد، نسائی)

صحیح مسلم میں عوف ابن مالک اشجعی کی یہ روایت مذکور ہے کہ ہم نے حضورؐ کی خدمت میں عرض کیا یا رسول اللہ! ہم جاہلیت میں جھاڑ پھونک کیا کرتے تھے۔ اب اس کے بارے میں کیا ارشاد ہے۔ حضورؐ نے فرمایا: جو پڑھ کر تم دم کیا کرتے تھے وہ مجھے سناؤ۔ جھاڑنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے جب تک اس میں شرک نہ ہو"

حضرت جابر ابن عبداللہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھاڑ پھونک سے منع فرما دیا۔ پھر حضرت عمرو ابن حزم کے خاندان کے لوگ آئے اور عرض کیا کہ ہمارے پاس ایک عمل تھا جس سے ہم بچھو سانپ کے کاٹے کو دم کیا کرتے تھے مگر حضورؐ نے ان کاموں سے منع فرما دیا ہے۔ پھر انہوں نے وہ دم پڑھ کر سنایا۔ حضورؐ نے فرمایا: اس میں تو میں کوئی مضائقہ نہیں پاتا، تم میں سے جو شخص اپنے کسی بھائی کو فائدہ پہنچا سکتا ہے وہ ضرور پہنچائے۔

(مسلم، مسند احمد، ابن ماجہ)

میں نے کثیر التعداد احادیث میں سے صرف چند احادیث پیش کی ہیں۔ طالبِ حق کے لیے اس میں کفایت ہے۔

ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ ہر چیز اسی وقت نفع پہنچاتی جب اذنِ الٰہی ہو۔ اس کے علاوہ کوئی چیز بھی اثر نہیں کرتی۔ اگر جڑی بوٹیاں، گولیاں، شربت، معجونیں اور ٹیکے اذنِ الٰہی سے صحت و عافیت کا سبب بن جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ آیاتِ قرآنی اور فرمودات رسالت اذنِ الٰہی سے کیوں مؤثر نہیں ہو سکتے۔ آخر میں ایک بات کی طرف اشارہ کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ کیا دم اور تعویذ پر نذرانہ وصول کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں، اس کے لیے حضرت ابوسعید خدری کی اس روایت سے استدلال کافی ہے جو امام بخاری، امام مسلم، ترمذی اور دیگر کتب احادیث میں منقول ہے۔ اس کا خلاصہ مندرجہ ذیل ہے :

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک مہم پر اپنے چند صحابہ کو بھیجا جن میں حضرت ابوسعید خدری بھی تھے۔ ان کا گزر ایک بستی سے ہوا جہاں ایک عرب قبیلہ سکونت پذیر تھا۔ انہوں نے اس قبیلہ سے اپنے لیے کھانے کا مطالبہ کیا، لیکن انہوں نے انہیں کوئی چیز دینے سے انکار کر دیا۔ چنانچہ مسلمانوں نے بغیر کچھ کھائے رات بسر کی۔ اسی اثنا میں قبیلہ کے سردار کو کسی زہریلے بچھو نے ڈنگ مار دیا۔ جب اس کی تکلیف حد سے زیادہ بڑھی تو وہ لوگ مسلمانوں کے پاس آئے اور آکر کہا کہ ہمارے سردار کو بچھو نے کاٹا ہے۔ وہ درد سے تلملا رہا ہے۔ اگر تم لوگوں کے پاس کوئی دوا ہو یا کوئی دم کر سکتا ہو تو وہ آکر اسے دم کرے۔ حضرت ابوسعید نے کہا کہ ہمارے پاس اس کا علاج تو ہے لیکن تم نے بڑی بے مروتی کا سلوک کیا ہے ہمیں کھانا تک نہیں دیا اس لیے جب تک تم ہمیں کچھ معاوضہ دینا طے نہ کرلو اس وقت تک ہم اس کا علاج نہیں کریں گے۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ اگر ہمارے سردار کو آرام آگیا تو ہم تمہیں بکریوں کا ایک ریوڑ دیں گے۔ حضرت ابوسعید گئے اور سورۂ فاتحہ پڑھنے کے بعد اپنا لعاب دہن اس پر ملا۔ درد زائل ہو گیا اور ان کا سردار بالکل تندرست ہو گیا۔ قبیلے والوں نے وعدہ کے مطابق ریوڑ جس میں تیس بکریاں تھیں مسلمانوں کو دیا۔

جب حضرت ابوسعید وہ ریوڑ لے کر مسلمانوں کے پاس واپس آئے تو انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ جب تک حضور نبی کریم سے مسئلہ دریافت نہ کرلیں اس وقت تک ہمیں یہ بکریاں استعمال میں نہیں لانی چاہئیں۔ جب مہم سے فارغ ہونے کے بعد یہ حضرات مدینہ طیبہ واپس پہنچے تو سارا قصہ عرض خدمت کیا۔ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسکراتے ہوئے فرمایا۔ تمہیں یہ کس طرح پتہ چلا کہ یہ سورت پڑھ کر دم کیا جاتا ہے۔ بکریاں لے لو اور اس میں سے میرا حصہ بھی نکالو۔

اس روایت کے بعد اس مسئلہ پر مزید بحث کی گنجائش ہی نہیں رہتی۔

موضوع ان سورتوں کی تشریح کے ضمن میں تمام چیزیں تفصیل سے بیان کردی گئی ہیں۔ یہاں آپ اتنا ہی خیال رکھیں کہ بندہ کتنا ہی کمزور کیوں نہ ہو اگر وہ حق کے لیے سر بکف باطل کے سامنے میدان جہاد میں قدم رکھتا ہے تو ایک ذات ایسی ہے جس کے دامن میں اُسے پناہ مل سکتی ہے اور وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات ہے۔ مسلمان کو چاہیے کہ کبھی ہراساں اور مایوس نہ ہو اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھے اور ان کلمات طیبات سے اس کی بارگاہ میں پناہ کے لیے عرض کرتا رہے۔

نیو سنٹرل جیل سرگودھا
۱۵ اپریل ۱۹۷۷ء

کل مجھے اور میرے پانچ ساتھیوں کو رحیم بخش فیاض مجسٹریٹ درجہ اول بھلوال نے چار ماہ قید بامشقت کی سزا سنائی۔ الحمد للہ۔

اللھم اغفر لکاتبہ

سُوْرَةُ النَّاسِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

سورہ الناس مدنی ہے اور اس میں چھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ النَّاسِ ۝۲ اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳

(اے حبیب!) عرض کیجیے میں پناہ لیتا ہوں سب انسانوں کے پروردگار کی۔ سب انسانوں کے بادشاہ کی۔ سب انسانوں کے معبود کی۔[1]

[1] اس سے پہلی سورت میں ان مضرتوں اور شر انگیزیوں سے پناہ طلب کی گئی تھی جو انسان کے ظاہری حالات اور جسمانی ضروریات کو متاثر کرتی ہیں، اس لیے جس کی پناہ لینے کی تلقین کی گئی اس کا تعارف صرف رب الفلق (صبح کا پروردگار) سے کرانے پر اکتفا کیا گیا۔ اب ایمان اور ایقان کو جو خطرات درپیش ہیں، ان کی روحانی دنیا پر جن لٹیروں اور رہزنوں کا اندیشہ ہے ان سے پناہ لینے کی ہدایت کی جا رہی ہے۔ متاعِ دین و ایمان یقیناً جسم اور جسمانی نعمتوں سے کہیں اہم اور بیش قیمت ہے، اس لیے جس ذاتِ پاک کے دامنِ عاطفت میں پناہ لینے کا حکم دیا جا رہا ہے اس کا تفصیلی تعارف کرا دیا گیا تاکہ ہر شخص اپنی ہمت اور ذہنی بالیدگی کے مطابق اس کی عظمت کا اعتراف کر سکے اور حسبِ حیثیت اسی جذب و شوق سے اس کی پناہ لے۔

عام آدمی کی نگاہ فقط ان نعمتوں تک محدود رہتی ہے جو اس کی ظاہری نشو و نما میں ممد و معاون ثابت ہوں۔ اگر اسے کھانا اچھا مل جائے، رہنے کے لیے آرام دہ مکان میسر آ جائے، اس کی روزمرہ کی ضروریات آسانی بلکہ فراوانی سے پوری ہوتی رہیں تو وہ مطمئن اور مسرور ہو جاتا ہے۔ معاشی حوائج کی سرحد سے آگے جھانکنے کی اس کو کبھی نہ خواہش ہوتی ہے اور نہ اس میں ایسی صلاحیت پائی جاتی ہے۔ ایسے لوگوں کے لیے "رب الناس" (لوگوں کا پروردگار) کے کلمات سے اللہ تعالیٰ کا تعارف کرایا کہ تمہیں ایسی ذات سے پناہ مانگنے کا حکم دیا جا رہا ہے جو تمہاری جملہ ضروریات کا کفیل ہے، جس کی مہربانی سے تمہاری زندگی محرومیوں اور مایوسیوں سے پاک ہو جائے گی تو وہ مطمئن ہو جاتے ہیں۔

لیکن تمام انسانوں کے حوصلے یہاں تک محدود نہیں ہوتے۔ بعض چاہتے ہیں کہ عدل و انصاف کی بالادستی ہو، کسی پر ظلم نہ کیا جائے، کسی کو اس کے جائز حقوق سے محروم نہ کیا جائے۔ اگر کوئی ظالم بننے کی کوشش کرے یا کسی کا حق غصب کرنے کا ارادہ کرے تو اس کی تمام وجاہتوں اور شوکتوں کو بالائے طاق رکھ کر انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔ یہ کام ایک با اختیار سلطان اور طاقتور حاکم ہی انجام دے سکتا ہے، اس لیے ان لوگوں کو بتایا کہ جس کی پناہ لینے کا تمہیں درس دیا جا رہا ہے وہ صرف تمہاری معاشی ضروریات کا کفیل ہی نہیں بلکہ وہ بادشاہ اور فرمانروا بھی ہے۔ اس کا حکم ہر وقت، ہر جگہ، ہر چیز پر نافذ ہے۔

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ ﴿٤﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ

بار بار وسوسہ ڈالنے والے، بار بار پسپا ہونے والے کے شر سے[۲] جو وسوسہ ڈالتا رہتا ہے

کسی کی مجال نہیں کہ اس کے حکم سے سرتابی کر سکے۔ وہ عادل اور منصف ہے۔ کسی پر جبر و تشدد اس کا شیوہ ہی نہیں۔ اس قسم کے لوگوں کو ایسے عظیم سلطان کا تعارف مَلِكِ النَّاسِ کے کلمات سے کرایا گیا تاکہ ان کا اضطراب دُور ہو جائے۔

تیسرے اور اعلیٰ قسم کے وہ لوگ ہیں جو محض اس لیے اس سے محبت کا دم بھرتے ہیں، محض اس لیے اس کے دامن عاطفت کے سایہ کے طلب گار ہیں کہ وہ ان کا معبود ہے۔ وہ بھوک برداشت کر سکتے ہیں، وہ محرومیوں پر راضی برضا رہ سکتے ہیں، وہ طاغوتی قوتوں کے ہر تیرِ ستم کے سامنے خوشی سے اپنا سینہ تان سکتے ہیں، ان کے ہونٹ حرفِ شکایت سے بھی آشنا نہیں ہوتے، وہ فقط اس لیے اس سے پیار کرتے ہیں کہ وہ معبودِ برحق ہے، وہ ان کا خداوندِ کریم ہے۔ ایسے لوگوں کے لیے اِلٰهِ النَّاسِ کے مبارک کلمے ذکر کیے گئے۔

جب انسان اللہ تعالیٰ کو اس کی ان تینوں صفاتِ کمالیہ سے پہچان لیتا ہے تو وہ اسی کی جناب میں فریاد کرتا ہے کہ اے میرے پروردگار! اے ملکوت السمٰوات والارض کے حقیقی فرمانروا! اے مجھ جگر سوختہ اور دلِ خستہ کے عشق و مستی کے مرکز! مجھے ہر قسم کے شیاطین کی چیرہ دستیوں سے بچا۔ ان کی وسوسہ اندازیوں کا مقابلہ کرنے کی ہمت عطا فرما اور اس نحیف و نزار کی دستگیری کر اور اسے اس کی منزل تک پہنچا۔ جب یہ سعادت اسے حاصل ہوتی ہے تو اس کی اولوالعزمی کی شان قابلِ دید ہوا کرتی ہے۔ حضرت ہاجرہ سے شیطان آکر کہتا ہے: جانتی ہے ابراہیمؑ تیرے لختِ جگر کو آج نہلا دھلا کر اسے ذبح کرنے کے لیے لے جا رہا ہے؟ ہاجرہ نے کہا: پاگل تو نہیں ہو گئے، کبھی باپ بھی اپنے بیٹے کو ذبح کیا کرتا ہے؟ پھر وہ باپ جس کو پیرانہ سالی میں چاند سے حسین تر بچہ نصیب ہوا ہو، اس نے کہا اس کے خدا نے اسے حکم دیا ہے کہ اپنے بچے کو ذبح کر دے۔ یہ سُن کر ہاجرہ نے بڑی بے نیازی سے کہا اگر میرے رب کا حکم ہے تو ایک اسماعیل کیا لاکھوں اسماعیل اس کی رضا کے لیے قربان کیے جا سکتے ہیں۔ یہ ان لوگوں کی حالت ہوتی ہے جنہیں ربِ کریم اپنی پناہ میں لے لیا کرتا ہے۔

[۲] وسوسہ: حدیثِ نفس کو کہتے ہیں۔ وسواس: دل میں طرح طرح کے خیالات ڈالنے والا۔ خنّاس: پیچھے کھسک جانے والا، دبک جانے والا۔

جب کوئی شخص کسی کو اس کی افتادِ طبع کے خلاف کسی کام پر اکساتا ہے تو اس کا پہلا ردِ عمل بڑا شدید ہوتا ہے۔ وہ بڑی حقارت سے اس خیال کو جھٹک دیتا ہے۔ ہر وسوسہ انداز اصرار نہیں کرتا، بلکہ پیچھے کھسک جاتا ہے۔ بظاہر پسپائی اختیار کر لیتا ہے پھر موقع ملنے پر وہی بات اس کے کانوں میں ڈالتا ہے۔ اگر وہ پھر بھی تیوری چڑھائے تو وہ دبک جاتا ہے۔ یہ تسلسل جاری رہتا ہے آہستہ آہستہ اس کا ردِ عمل کمزور ہونے لگتا ہے، یہاں تک کہ وہ دن آ جاتا ہے کہ یہ شخص جس بات پر پہلی بار برافروختہ ہو گیا تھا، وہ خود لپک کر اس کی طرف بڑھتا ہے۔ شیطان کا یہی طریقہ ہے۔ وہ انسان کو گمراہ کرنے کی کوششوں سے تھکتا نہیں، بلکہ لگاتار اپنی کوشش

صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾

لوگوں کے دلوں میں - خواہ وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں سے ۳؎

جاری رکھتا ہے۔ کبھی حملہ کرتا ہے، کبھی دفاعی پسپائی اختیار کرتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ بڑے سے بڑے زیرک انسان کو اگر اسے اپنے رب کی پناہ حاصل نہ ہو تو چاروں شانے چت گرا دیتا ہے۔ اس کی ان دونوں چالوں کو وسواس اور خناس کے الفاظ استعمال کر کے بیان کر دیا۔

بعض علماء فرماتے ہیں کہ جب شیطان، انسان کو ذکر الٰہی سے غافل پاتا ہے تو اس کے حملے شروع ہو جاتے ہیں اور جب انسان اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے لگتا ہے تو وہ پیچھے ہٹ جاتا ہے اور کسی کونے میں چھپ جاتا ہے۔ بعینہٖ اسی طرح جیسے کوئی چور نقب لگا رہا ہو اور کہیں سے روشنی نمودار ہو جائے تو وہ نقب لگانا بند کر دیتا ہے اور ایک بے جان پتھر کا روپ دھار لیتا ہے اور جب روشنی بجھ جاتی ہے تو پھر اپنا شغل شروع کر دیتا ہے۔

۳؎ اس کی وسوسہ اندازی بڑے ماہرانہ اور عیارانہ انداز سے ہوتی ہے۔ چپکے سے وہ دلوں میں وسوسے ڈالتا رہتا ہے۔ وہاں کی پرسکون فضا میں تہلکہ برپا کر دیتا ہے۔ وسوسہ اندازی کا یہ دھندا جنوں اور انسانوں میں سے شریر نفوس دونوں کرتے ہیں۔ ایسے افراد کو قرآن کی اصطلاح میں شیاطین کہا گیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: وکذالک جعلنا لکل نبی عدوا شیاطین الانس والجن۔ بے شک بندے کو جب تک اللہ تعالیٰ کی پناہ نہ ملے اس کی متاع جان و ایمان کا محفوظ رہنا مشکل بلکہ ناممکن ہے۔

الٰہی! تیرا یہ عاجز بندہ جس کا علم بھی ناقص، فہم بھی نارسا، ہمت بھی پست اور قوت مدافعت بھی نہ ہونے کے برابر ہے، اسے اپنی پناہ میں لے لے۔

میرا ایمان، میرا یقین، میرا ذوق، میرا شوق، تیرے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے محبت کی ایک ٹمٹماتی ہوئی شمع، سب تیری پناہ میں دیتا ہوں۔ اپنی توفیق سے اپنی اس کتاب مقدس کی خدمت کی جو سعادت تو نے اس ذرہ ناچیز بندۂ بےکس کو ارزانی فرمائی ہے، اس کو قبول فرما!

تیرے محبوب بندے حضرت غوث الاعظم سیدنا عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ کے یہ دو شعر یہ رو سیاہ بھی خدمت عالیہ میں پیش کرنے کی جرأت کرتا ہے۔

اید رکنی ضیم وانت ظھیری ۔۔۔ أاظلم فی الدنیا وانت نصیری

فعار علی حامی الحمی وھو قادر ۔۔۔ اذا ضاع فی البیدا عقال بعیری

الٰہی! اس ناچیز بندے پر رحم فرما۔ اسے نگاہ لطف و کرم سے ہمیشہ نواز! اس کی خطاؤں کو بخش دے۔ اس کے ماں باپ کو بخش دے! ان کے درجات کو بلند فرما! اس کے اہل و عیال کو بخش دے! اس کے احباب گرامی کو بخش دے۔ دار العلوم محمدیہ

خورشید کے اساتذہ، طلبہ اور اس کے معاونین کو بخش دے۔ ضیاء القرآن کو شرفِ قبول عطا فرما! اس کو اپنے بندوں کی ہدایت کا سبب بنا! اور مجھ خطاکار و روسیاہ کی بخشش کا سامان بنا!

الحمد للہ رب العٰلمین الرحمٰن الرحیم مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین آمین۔

اللھم صل علی حبیبک الاکرم و نبیک المعظم ورسولک المحتشم حبیبی وقرۃ عینی وسرور قلبی ملجائی وملاذی فی الدارین سیدی وسید الخلق محمد منبع الجود والکرم من الصلوات اطیبھا ومن التسلیمات ازکٰھا ومن البرکات اسنٰھا ومن التحیات اجملھا وعلی آلہ الکرام واصحابہ العظام و من احبہ واتبعہ الی یوم الدین۔ اللھم اجعلنا من احبائہ ومن خدام دینہ وانصار شریعتہ وارزقنا محبتہ واحشرنا فی زمرتہ تحت لواء الحمد یا ارحم الراحمین۔

رب اوزعنی ان اشکر نعمتک التی انعمت علی وعلی والدی وان اعمل صالحا ترضاہ واصلح لی فی ذریتی انی تبت الیک وانی من المسلمین۔

فاطر السمٰوات والارض انت ولی فی الدنیا والاخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔

اشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھد ان سیدی وحبیبی محمدا عبدہ ورسولہ۔

سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم۔

لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

اپنے کریم و رحیم اور عزیز و حکیم پروردگار پر توکل کرتے ہوئے یہ نحیف و ضعیف مسافر جس منزل کی طرف یکم رمضان المبارک ۱۳۷۹ھ بروز دوشنبہ ۲۹ فروری ۱۹۶۰ء روانہ ہوا تھا، اپنے کریم و رحیم اور عزیز و حکیم پروردگار کی توفیق سے آج بتاریخ ۲۹ رمضان المبارک ۱۳۹۹ھ بروز خمیس ۲۳ اگست ۱۹۷۹ء اس منزل پر اس ساعتِ سعید میں پہنچا جب مؤذن عصر کی اذان میں

اشھد ان محمدا رسول اللہ

کا جاں پرور اور جہاں افروز اعلان کر رہا ہے۔ میں بھی اعلان کرتا ہوں:

اشهد ان لا الٰہ الا اللہ

اشہد ان محمداً رسول اللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علیٰ طور التجلیات الاحسانیۃ ومھبط الانوار الرحمانیۃ

عبدک وحبیبک محمد

وعلیٰ آلہ واصحابہ ومن احبہ واتبعہ الیٰ یوم الدین

عبدک المسکین

محمد کرم شاہ